عَلَّمَ الْإِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ

١٣٣٩

ڈاکٹر ذاکر حسین لائبریری

جامعہ ملیہ اسلامیہ

نئی دہلی

Ref.

شعبہ 491.4393

شمارہ 168K7ز2

عدد داخلہ 3520

A H Faruqi

DR. ZAKIR HUSAIN LIBRARY

JAMIA MILLIA ISLAMIA

NEW DELHI - 25

Ref.

Call No. 491.4393
168K7;2

Acc. No. 3520

Date of Release

A sum of **5 Paise** on general books and **25 Paise** on text-books per day, shall be **charged** for books not returned on the date last stamped.

اُردو کا جامع اور مستند لغت

فیروز اللغات

اُردو

ہر دو حصہ مکمل

جس میں

ہندوستان کی مشترکہ اور پاکستان کی قومی زبان اُردو کے

پچاس ہزار سے اوپر

الفاظ ، محاورات اور ضرب الامثال

اپنے تفصیلی معانی اور صحیح تلفظ کے ساتھ درج ہیں

جس پر

مصنف کو پنجاب گورنمنٹ کی طرف سے پانسو روپیہ نقد انعام مل چکا ہے

—— * ——

لغت کی تمام کتابوں اور سابقہ ایڈیشنوں سے

بالکل جداگانہ چیز ہے

ملک کے سررشتہ ہائے تعلیم سے منظور شدہ

مصنفہ و مؤلفہ

الحاج مولوی فیروز الدین

فیروز سنز

پرنٹرز پبلشرز بک سیلرز اینڈ [illegible]

کراچی

قیمت پندرہ روپے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دیباچہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَکَفٰی وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی

اُردو زبان میں ایک مکمل لُغت کی ضرورت محسوس کر کے پانچ سال کی محنتِ شاقہ کے بعد **فیروز اللغات** کا پہلا ایڈیشن شائع کیا گیا تھا۔

اِس وقت اُردو کے جتنے لُغت موجود ہیں ان میں فرہنگ آصفیہ اور امیراللغات خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔

فرہنگ آصفیہ میں چھپن ہزار الفاظ کا دعویٰ کیا گیا ہے۔ مگر ان میں سے بہت سے الفاظ درحقیقت الفاظِ ماسبق کی گردانیں ہیں۔ دوسرے اِس لغت میں طرزِ قدیم پر پچیس (۲۵) فیصدی سے زیادہ الفاظ و محاورات کے لئے شعرائے اُردو کے اشعار بطور سند پیش کئے گئے ہیں۔ جس سے یہ لُغت غیر ضروری حد تک طویل و ضخیم ہو گیا ہے۔

حضرت امیر مینائی مرحوم نے جس محنت و جانفشانی سے **امیراللغات** کی تدوین شروع کی تھی۔ اگر مرحوم کی زندگی میں تکمیل پا جاتی تو یہ اپنی قسم کا لاجواب لُغت ہوتا مگر افسوس موصوف کی عمر نے وفا نہ کی۔

آپ کے بعد عرش آشیاں نواب حامد علی خان مرحوم والیٔ رام پور کی فیاضِ طبعی اور علم دوستی نے اس لغت کی تکمیل کے لئے اساتذۂ فن کی خدمات حاصل کیں مگر نواب صاحب موصوف کی زندگی میں بھی اس کی تکمیل نہ ہو سکی۔ حضرتِ امیر مینائی نے بھی معنی کے لئے اشعار سے سند پیش کرنے کا التزام رکھا تھا۔

اِن دونوں لُغتوں کی موجودگی میں بھی ایک مختصر مگر جامع لُغت کی اشد ضرورت محسوس کی جا رہی تھی۔ پنجاب میں لے دیکر چند ایسے لغت تھے جن سے جُوں توں کر کے کام چلایا جا رہا تھا۔

لُغات فیروزی ان میں سے ایک ہے جو مولوی فیروزالدین صاحب ڈسکوی کی تالیف ہے لیکن مولوی صاحب موصوف کے انتقال کے بعد تجارت پیشہ ناشروں نے اِس کی صورت بالکل مسخ کر دی۔ ہمنامی کی وجہ سے اس کتاب کو میری تالیف سمجھکر لوگ مجھ سے اس کی اغلاط اور فروگذاشتوں کا جواب مانگتے تھے۔ اکثر خطوط کا مَیں نے یہی جواب دیا کہ چونکہ میں اس کتاب کا مؤلف نہیں ہُوں۔ اس لئے اس کی کمزوریوں کا ذمہ دار نہیں۔ آخر کار مجبور ہو کر ایک نئے لُغت کی تصنیف کا بوجھ

اپنے ناتواں کندھوں پر اُٹھانا پڑا ؛

فیروز اللغات کے پہلے تین ایڈیشن اس طرح ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو گئے کہ عجلت کی وجہ سے مجھے ان پر نظرثانی کی مہلت بھی نہ ملی۔ اسی سے اس لُغت کی مقبولیت کا اندازہ کیا جاسکتا ہے ؛

چوتھے اور پانچویں ایڈیشن کی اشاعت کے وقت اُردو کی تدریجی ترقی کے پیشِ نظر اس میں مناسب ترمیم و اضافہ کرنا پڑا ؛

آج اُردو زبان کا دامن وسعت بہت زیادہ پھیل چکا ہے اور اس کا یہ دامن جدید علوم و فنون کے سرمائے سے بتدریج بھرتا جارہا ہے۔ دوسری زبانوں کے الفاظ جس کثرت و سرعت سے اُردو میں داخل ہورہے ہیں وہ محتاج بیان نہیں۔ اس کی عالمگیری صاف کہے دیتی ہے کہ یہی ہندوستان کی مشترکہ اور پاکستان کی قومی زبان ہوں۔ اب زبان دانی اور اہلِ زبان ہونے کے جھگڑوں میں پڑکر زبان کو ایک دائرے میں محدود و مقید کرنے کا وقت نہیں رہا۔ ہندی اُردو کے میٹھے ہلکے پھلکے اور سیدھے سادے الفاظ کو ایک دوسرے میں سمونے کی کوشش ہورہی ہے۔ اس کوشش نے زبان کی ترقی کے لئے ایک وسیع میدان پیدا کردیا ہے۔ اب "پرچار"، "ماترِبھومی"، "کارن"، "دیش"، "سودیشی"، "ستیہ گرہ" وغیرہ اُردو کے لئے اجنبی نہیں ہیں۔ اس کے علاوہ رات دن نئے نئے الفاظ ایجاد ہو رہے ہیں۔ ہر قسم کی علمی، ادبی، معاشرتی، اصلاحی، صنعتی اور تمدنی تحریروں میں نئے سے نئے الفاظ نظر آتے ہیں۔ جن سے معانی و مطالب اخذ کرنا اکثر جگہ مشکل ہوجاتا ہے۔ ساتھ ہی ساتھ قدیم محاورات، مصطلحاتِ زبان کو بھی بھلایا نہیں جاسکتا۔ اساتذۂ سلف کے کلام سے پوری طرح لُطف اندوز ہونے کے لئے ان کا برقرار رکھنا بھی ضروری ہے ؛

اس کے لئے ایک ایسے لغات کی ضرورت تھی جو مختصر ہونے کے علاوہ ان سب ضروریات پر حاوی ہو ؛

چند لُغت جو حال ہی میں تیار اور مرتب ہوئے ہیں۔ ان کے مؤلفین کی کوششیں قابلِ قدر ہیں۔ لیکن ان کی ضخامت اور قیمتوں کے پیشِ نظر ہر شخص ان سے فائدہ نہیں اُٹھا سکتا ؛

اس لئے مجھے **فیروز اللغات** کو نئے سرے سے ترتیب دینے کا خیال پیدا ہوا۔ کسی کتاب کی ازسرِنو ترتیب و تدوین بھی کوئی آسان کام نہیں ہے۔ بیسیوں کتابوں کی ورق گردانی کے بعد صحیح راستہ نظر آتا ہے ؛

بہرحال خدا کا شکر ہے کہ مجھے اپنی کوشش میں کامیابی ہوئی۔ اور اب آپ کے سامنے اُردو کا ایک ایسا لغت موجود ہے۔ جسے صحیح معنوں میں جامع کہہ سکتے ہیں۔ کیونکہ یہ قدیم و جدید لغات کا نچوڑ ہے۔ مجھے یقین ہے کہ اس کی موجودگی میں آپ ہر دوسرے لغت سے بے نیاز ہو جائیں گے ؛

اسنادِ معانی میں شعرائے اُردو کے اشعار کی اس دفعہ بھی میں نے کوئی ضرورت نہیں سمجھی جس کے دو وجوہ ہیں۔ اوّل تو یہ کہ اب صرف نظم ہی اُردو کی ٹکسال نہیں رہی۔ بلکہ تعلیمی، ڈاکٹری، قانونی، ادبی اور تاریخی کتابیں، قومی



الحاج مولوی فیروز الدین صاحب رحمہ اللہ علیہ

و ملکی اخبارات و رسائل اور مقبولِ عام مقرروں کی تقریریں بھی اس کی ٹکسالیں ہیں جن کو بطور ثبوت اور سند پیش کرنے میں دشواری بھی ہے اور طوالت بھی۔ ہر لفظ اور ہر فقرہ اپنے معنی آپ بتا دیتا اور محلِ استعمال خود سمجھا دیتا ہے جس کی تصدیق اور شہادت کی ضرورت نہیں رہتی۔ دوسرے جن لغتوں میں یہ التزام رکھا گیا ہے اُن کا طغرائے امتیاز بھی قائم رہے گا اور یہ کتاب اُن کے حارج اور مانع نہ ہو سکے گی۔

زیرِ نظر کتاب میں تقریباً ساٹھ ہزار الفاظ اور محاورات استعمال کئے گئے ہیں۔ اُردو زبان کے تدریجی ارتقا کو ظاہر کرنے کے لئے تمام قدیم و جدید الفاظ پہلو بہ پہلو درج کئے گئے ہیں تاکہ اس موضوع پر جملہ کتابوں کا مطالعہ کئے بغیر اسی ایک کتاب سے یہ عقدہ حل ہو جائے اور اس کی جامعیت کا امتیاز نمایاں ہو۔ لفظوں کے معنی درج کرنے میں یہ ترتیب ملحوظ رکھی گئی ہے کہ پہلے مشہور معنی دئے گئے ہیں۔ پھر وہ تمام معانی ترتیب و شمار کے ساتھ دئے گئے ہیں جن میں وہ لفظ مستعمل ہوتا یا ہو سکتا ہے۔ ترتیب و تدوین کے دوران میں اس حقیقت کو ہر جگہ پیشِ نظر رکھا گیا ہے کہ یہ لغت اُس زبان کا ہے۔ جسے ہندوستان کی مشترکہ اور پاکستان کی قومی زبان اردو کہتے ہیں۔

کسی زبان کے سیکھنے کے لئے تلفظ کی درستی ایک نہایت اہم چیز ہے۔ لیکن افسوس ہے کہ جس قدر یہ چیز اصولاً ضروری ہے اُسی قدر عام لغت نویسوں نے اس کی طرف سے غفلت کا اظہار کیا ہے۔ اس لغت میں یہ اہم اصول پوری طرح ملحوظ رکھا گیا ہے یعنی ہر لفظ کے ساتھ اس کے صحیح تلفظ کے اظہار کے لئے محض اعراب کے بجائے انگریزی کی طرح وہ اجزا علامات کے ساتھ درج کئے گئے ہیں۔ جن سے اس کی صوتی صورت بالکل واضح طور پر ظاہر ہو جاتی ہے۔ اس جدت کی بنا پر زیرِ نظر لغت کو نہایت آسانی سے "پرونا اُن سِنگ ڈِکشنری" (PRONOUNCING DICTIONARY) یعنی تلفظ بتانے والا لغت کہا جا سکتا ہے۔

تلفظ کے متعلق بعض خاص باتوں کی توضیح نہایت ضروری ہے۔ مثلاً جہاں کسی لفظ میں مستعمل حرف کی حیثیت رکھنے اور بولنے والا نون غنہ آیا ہے۔ وہاں اس کے نیچے جزم کی یہ علامت (ٛ) دے دی گئی ہے۔ جیسے "چھنْد"۔ جہاں اسی قسم کے نون غنہ کے آگے "گ" اور بعد میں کوئی دوسرا حرف یا حروف آئے ہیں وہاں صحیح تلفظ کی وضاحت کے لئے "گ" کی تکرار سے کام لیا گیا ہے۔ جیسے انگور (انگ۔گور)۔ واوِ معروف اور یائے معروف کے لئے سیدھا جزم (ـٚ) اور واوِ مجہول کے لئے اُلٹا جزم (ـٛ) دیا گیا ہے۔ جیسے کھیر اور تیز۔

اس جدید ایڈیشن کو سابقہ ایڈیشنوں کے مقابلہ میں امتیازی حیثیت حاصل ہے کہ اس میں عام الفاظ، محاورات اور ضرب الامثال کی تعداد بہت زیادہ کر دی گئی ہے۔ مختلف علوم و فنون سے متعلق اصطلاحی

[illegible] نہایت مفید اور اہم اضافہ کیا گیا ہے ۔

اِس لغت میں بعض ایسے خصوصی امتیازات ہیں، جو دوسرے لُغتوں میں نظر نہیں آتے ۔ مثلاً :-

(۱) قدیم لُغتوں میں جدید الفاظ کا پتہ نہیں اور جدید لُغتوں میں قدیم الفاظ نہیں ملتے ۔ لیکن اس کتاب میں قدیم و جدید دونوں الفاظ یک جا کر دئے گئے ہیں ۔

(۲) اتنی ضخامت کے لُغت میں محاورات ۔ ضرب الامثال اور مُصطلحات کی اتنی بڑی تعداد کہیں موجود نہیں ۔

(۳) اُردو کے تمام جامع لُغتوں میں الفاظ کا تلفظ ایسے جُداگانہ اصُول ۔ وضاحت اور اہتمام کے ساتھ ناپید ہے ۔

ان مابہ الامتیاز کی روشنی میں پورے وثوق کے ساتھ کہا جاسکتا ہے کہ اس لُغت کو ماضی و حال کے مُستند لُغتوں کی صفِ اوّل میں نہایت بلند درجہ حاصل ہے ۔

ہر لفظ کے ساتھ قوسین میں ایک علامت دی گئی ہے ۔ جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ لفظ کس زبان کا ہے ۔ مثلاً :-

ہ (ہندی)	ف (فارسی)	ع (عربی)
ت (ترکی)	س (سنسکرت)	انگ (انگریزی)
ا (اُردو) وغیرہ		

ڈاکٹر فیروز الدین [illegible]

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

فیروزُ اللّغاتِ اُردُو

حِصّۂ اوّل

الفِ ممدُودہ

آ (اٰ) (ہ) (۱) مد کے ساتھ حروف تہجی کا پہلا حرف۔ (۲) جا کی سند، کسی کو بلانے کی آواز۔ (۳) کبوتروں کو بلانے کی آواز۔ (۴) سُر یا تان لینے کی آواز ۔

آ آ (ہ) مرغیوں کو بلانے کی آواز ۔

ا - ب

آب (آب) مذکر (۱) پانی۔ جل۔ ماء۔ (۲) پسینہ۔ (۳) آنسو (۴) عرق (۵) شراب (۶) مواد (۷) شوربا (۸) پھلوں کا قدرتی رس (۹) (مؤنث) صفائی۔ چمک دمک جِلا۔ (۱۰) دھار (۱۱) تازگی (۱۲) (مذکر و مؤنث) کاٹ (۱۳) پتلا۔ رقیق ۔

آب آب (آب۔ آب) (ف) گھُلا ہوا ۔

آب آب کر مر گئے سرہانے دھرا رہا پانی۔ (ا) مثل۔ دیس کی بول چال کے خلاف بولنے کی نسبت طنزاً کہا جاتا ہے ۔

آب آب کرنا (ل) (۱) شرمندہ کرنا (۲) نرم کرنا ۔

آب آب ہونا ۔ (ل) (۱) پانی پانی ہونا۔ نادم ہونا۔ شرم آنا۔ غیرت آنا۔ (۲) نادم ہونا ۔

آبِ آتش رنگ یا مزاج (آب۔ آ۔ تش۔ رنگ) ۔
آتش ناک یا آتشیں } مؤنث۔ آ۔ تش۔ ناک ۔

آبِ آتشیں (ف۔ ع) مذکر (۱) شراب سرخ (۲) خون کے آنسو ۔

آب آجانا (ل) (۱) اوزار یا ہتھیار کی دھار تیز ہو جانا۔ باڑ چڑھ جانا۔ (۲) چمک اور جلا کا آ جانا۔ صفائی پیدا ہو جانا ۔

آب آمد تیمم برخاست ف، مثل۔ پانی آنے پر تیمم جاتا رہتا ہے۔ اصلی چیز کے ملنے پر عارضی بے کار ہو جاتی ہے ۔

آبِ آہن (آ ب۔ آ۔ ہن) (ف) لوہے کی چمک ۔

آبِ آہن تاب (آ۔ ب۔ آ۔ ہن۔ تاب) (ف) وہ پانی جس میں لوہا گرم کر کے بجھایا گیا ہو ۔

آبِ آئینہ (آ۔ ب۔ آ۔ اِی۔ نہ) (ف) آئینے کی صفائی۔ قلعی ۔

آب اُترنا یا اُتر جانا (ل) (۱) چمک کھونا۔ (۲) بے عزت ہونا ۔

آبِ احمر یا ارغوانی (آب۔ اَح۔ مَر۔ اَر۔ غوا۔ نی) (ف) مذکر۔ شراب ۔

آب اُترنا (ل) چمک جاتی رہنا ۔

آب از سر گزشت (ف) پانی سر سے گزر گیا۔ زیادہ رونے یا مصیبت کے وقت بولتے ہیں ۔

آبِ اِستادہ (آب۔ اِس۔ تا۔ دہ) (ف) مذکر (۱) کھڑا

اور بند پانی۔ (۲) افغانستان کی ایک جھیل ۔

آب انگور (آ۔ب۔ اَن۔گُور) (ف) (۱) انگور کا پانی۔ انگور کا عرق۔ (۲) (مجازاً) شراب ۔

آب باراں (آ۔ب۔با۔رَاں) (ف) مذکر۔ مینہ کا پانی۔ بارش کا پانی ۔

آب بازی (آب۔با۔زِی) (ف) مؤنث۔ پانی سے کھیلنا ۔

آب باشی (آب۔با۔شِی) (ف) مؤنث۔ بچے کو دودھ چھڑانے سے پہلے یا پہلی دفعہ پانی پلانا ۔

آب بستہ (آ۔ب۔بَس۔تہ) (ف) مذکر۔ (۱) برف۔ (۲) اولے ۔

آب بقا (آب۔بَقا) (ف۔ع) مذکر۔ زندگی کا پانی۔ امرت کا پانی۔ وہ پانی جس کی بابت مشہور ہے کہ اس کے پینے سے قیامت تک موت نہیں آتی ۔

آب بگڑنا (ف) (۱) چمک جاتی رہنا۔ ماند ہونا۔ (۲) دھار کند ہو جانا ۔

آب بینی (ف) مذکر۔ ناک کا پانی۔ رینٹ ۔

آب پاش (آ۔ب۔پاش) (ف) مذکر۔ درختوں اور کھیتوں میں پانی چھڑکنے کا آلہ ۔

آب پاشاں (آب۔پا۔شاں) ایران کا ایک تہوار جس میں ایک دوسرے پر گلاب چھڑکتے ہیں ۔

آب پاشی (آ۔ب۔پا۔شِی) (ف) مؤنث۔ (۱) چھڑکاؤ۔ درختوں کو پانی دینا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (۲) محکمۂ نہر۔

آب پیکاں (آ۔ب۔پَے۔کاں) (ف) مؤنث۔ تیر کی نوک کی تیزی ۔

آب تاختن (آ۔ب۔تاخ۔تَن) (ف) پیشاب کرنا ۔

آب تیغ (آب۔تیغ) (ف) مؤنث۔ تلوار کی کاٹ۔ تیزی۔ چمک۔ صفائی ۔

آب جو (آ۔ب۔جُو) (ف) مؤنث۔ چشمہ۔ ندی۔ نالہ ۔

آب جوش (آ۔ب۔جُوش) (ف) مذکر۔ (۱) یخنی۔ گوشت کا عرق۔ (۲) سوڈا واٹر ۔

آب تلخ (آ۔ب۔تَلخ) (ف) مذکر۔ شراب ۔

آب تیشہ (آ۔ب۔تے۔شہ) (ف) تیشے کی دھار یا کاٹ ۔

آب ٹپکانا (ف) بوند بوند کر کے پانی گرانا ۔ ٹپکنا (لازم) ۔

آب جانا (ف) (۱) چمک دور ہونا۔ (۲) دھار کند ہونا ۔

آب جاری (آ۔ب۔جا۔ری) (ف۔ع) مذکر۔ بہتا پانی ۔

آب چڑھانا (ف) (۱) صاف کرنا۔ جلا کرنا۔ (۲) دھار تیز کرنا۔ (۳) پانی کو اونچی جگہ پہنچانا ۔ چڑھنا (لازم) ۔

آب چشم (آ۔ب۔چَشم) (ف) مذکر۔ آنکھ کا پانی۔ آنسو۔ اشک۔ ٹسوا ۔

آب چک (آب۔چک ف) مذکر۔ پانی ٹپکنے کی جگہ ۔

آب چو از سر گزشت چہ یک نیزہ چہ یک دست۔ (ف) مثل۔ جب پانی سر کے اوپر سے گزر جائے۔ تو چاہے ہاتھ بھر اونچا ہو چاہے بانس بھر سب برابر ہے۔ یعنی جب مصیبت یا بدنامی حد سے زیادہ بڑھ جائے تو اس کا اتنا ہی رہنا یا اور زیادہ ہو جانا دونوں برابر ہیں ۔

آب حرام (آ۔ب۔حَرام) (ف) مذکر (۱) ناپاک پانی۔ وہ چیز جس کا پینا درست نہیں (۲) (مجازاً) شراب یا کوئی دوسرا نشہ پیدا کرنے والا عرق ۔

آب حیات (آ۔ب۔حَیات) (ف۔ع) مذکر (۱) ہمیشہ کی زندگی دینے والا پانی۔ (۲) مؤنث۔ شمس العلما مولانا محمد حسین آزاد مرحوم کی ایک کتاب ۔

آب حیواں (آ۔ب۔حے۔واں) (ف۔ع) مذکر۔ آب حیات ۔

آب خاصہ (آ۔ب۔خا۔صَہ) (ف) مذکر۔ امیروں یا بادشاہوں کے پینے کا پانی ۔

آب خانہ (آب۔خا۔نہ) (ف) مذکر۔ پانی رکھنے کی جگہ۔ پاخانہ ۔

آب خست (آب۔خَست) (ف) مؤنث۔ پانی کے درمیان کی سوکھی جگہ ۔

آب خضر (آ۔ب۔خِضر) (ف۔ع) مذکر۔ آب حیات ۔

آب خورد (آب۔خُورد) (ف) مذکر۔ مقسوم۔ نصیب ۔

آب خورہ (آب۔خُور۔رہ) (ف) مذکر۔ پانی پینے کا مٹی کا برتن ۔

آب خورے بھرنا (ف) کسی بات کی منت ماننا اور اس کے بر آنے پر دودھ یا شربت آب خوروں میں بھر کر نیاز دلوانا۔ آب خورے میں دودھ یا شربت یا پانی بھرنا ۔

آب خیز (آب۔خیز) (ف) مؤنث۔ (۱) لہر۔ موج۔ (۲) وہ زمین جسے تھوڑا سا کھودنے سے پانی نکل آئے۔ (۳) نیچی زمین (۴) وہ زمین جس پر سے دریا کا پانی گزر چکا ہو ۔

آب دار (آب۔دَار) (ف) مذکر (۱) پانی رکھنے والا۔

(بادشاہوں اور امیروں کے یہاں پانی رکھنے اور پلانے والا خاص معتبر آدمی مقرر ہوتا ہے) (۲) چمکیلا۔ صاف ۔ (۳) تیز دھار کا ہتھیار۔ (۴) جلا۔ خوب صورت ۔

آب دار خانہ (آب۔ دا۔ خا۔ نہ) (ف) مذکر۔ پانی رکھنے کا مکان ۔

آب داری (آب۔ دا۔ ری) (ف) مؤنث۔ (۱) آبدار خانے کی خدمت۔ (۲) جلا۔ (۳) باڑھ۔ (۴) تیزی۔ (۵) چمک دمک۔ (۶) خوبی۔ عزت ۔

آب داری دینا (ف) (۱) چمکانا۔ پالش کرنا۔ (۲) اوزار پر پانی چڑھانا ۔

آب دست (آب۔ دَسْت) (ف) مؤنث۔ (۱) استنجا۔ طہارت۔ (۲) پاکیزگی جو پانی سے کی جائے ۔

آب دست کرنا یا لینا (ف) استنجا کرنا۔ قضائے حاجت کے بعد پانی سے دھونا ۔

آب دیدہ (آب۔ دی۔ دَہ) (ف) مذکر۔ آنسو ۔

آبدیدہ (آب۔ دی۔ دہ) (ف) مذکر (۱) وہ شخص جس کی آنکھیں ڈبڈبائی ہوئی ہوں (۲) جو چیز پانی پڑنے سے بے رونق ہو گئی ہو ۔

آبدیدہ رہنا (ف) چشم پُرنم رہنا۔ آنکھوں میں آنسو بھرے رہنا۔ غمگین رہنا ۔

آب دُر (آ۔ ب۔ دُر) (ف) مؤنث۔ موتی کی چمک ۔

آب دینا (ف) چھری۔ چاقو۔ تلوار وغیرہ کو تیز کرنا۔ (۲) چمکانا۔ جلا دینا۔ صیقل کرنا۔ سان پر رکھنا ۔

آب رواں (آ۔ ب۔ رَواں) (ف) مذکر۔ بہتا ہوا پانی۔ جاری پانی (۲) جالی کی قسم کا ایک نہایت باریک کپڑا ۔

آب رحمت (آ۔ ب۔ رح۔ مَت) (ف ۔ ع) (۱) مہربانی کا پانی۔ مینہ۔ (۲) بخشش۔ معافی ۔

آب زن (آب۔ زَن) (ف) وہ برتن جس میں دوا کا پانی بھر کر مریض کو پانی میں بٹھاتے ہیں کہ مریض گردن تک پانی میں رہے۔ ٹب ۔

آب زن کرنا (ف) دوا کے پانی میں بٹھانا ۔

آب زر (آ۔ ب۔ زَر) (ف) مذکر۔ سونے کا پانی۔ پانی جو ملمع۔ نقاشی۔ کاغذ۔ چمڑے وغیرہ پر لگانے کے کام آتا ہے ۔

آب زلال (آ۔ ب۔ زُلال) (ف ۔ ع) مذکر (۱) صاف شفاف اور میٹھا پانی۔ نتھارا ہوا پانی ۔

آب زمزم (آ۔ ب۔ زَم۔ زَم) (ف ۔ ع) مذکر۔ مکہ معظمہ کا ایک خاص چشمہ جو وہاں حضرت اسمٰعیل ع کے لئے جاری ہوا تھا۔ اور آج تک کنوئیں کی شکل میں موجود ہے ۔

آبشار (آب۔ شار) (ف) مؤنث۔ جھرنا۔ وہ جگہ جہاں پانی اوپر سے نیچے گرتا ہے ۔

آب شور (آ۔ ب۔ شُور) (ف) مذکر۔ کھاری پانی۔ سمندر کا پانی۔ نمکین پانی ۔

آب شورہ (آ۔ ب۔ شو۔ رَہ) (ف) مذکر۔ شورے میں ٹھنڈا کیا ہوا پانی ۔

آبکار (آب۔ کار) (ف) مذکر۔ شراب کھینچنے اور بیچنے والا۔ کلال ۔ مے فروش۔ بادہ فروش ۔

آبکاری (آب۔ کا۔ ری) (ف) مؤنث (۱) وہ کارخانہ جس میں شراب کھینچی اور بیچی جائے۔ (۲) کلال خانہ۔ شراب کی دکان۔ (۳) شراب کا اہتمام کرنے والا محکمہ ۔

آب کوثر (آ۔ ب۔ کَو۔ ثَر) (ف ۔ ع) مذکر۔ بہشت کا حوض کوثر یا اس کا پانی ۔

آب گریہ (آ۔ ب۔ گِر۔ یَہ) (ف) مذکر۔ آنسو ۔ اشک ۔

آب گوشت (آ۔ ب۔ گو۔ شْت) (ف) مذکر۔ گوشت کا شوربا۔ گوشت کا پانی ۔

آبگوں (آب۔ گُوں) (ف) (۱) پانی کے رنگ کا۔ آسمانی نیلا (۲) مذکر۔ آسمان (۳) شیشہ (۴) برف (۵) چمکیلی تلوار (۶) خوارزم کا ایک دریا ۔

آبگینہ (آب۔ گی۔ نَہ) (ف) مذکر۔ کانچ۔ شیشہ۔ بلور ۔

آبگینۂ فانوس (ف) مذکر۔ لالٹین کا شیشہ ۔

آب مت جانا (ف) دیکھو "آب نہ رہنا"۔

آب مروارید (آ۔ ب۔ مَر۔ وا۔ رِید) (ف) مؤنث۔ موتی کی چمک ۔

آبنائے (آ۔ ب۔ نائے) (ف) مؤنث۔ پانی کا وہ تنگ حصہ جو دو بڑے پانیوں کو آپس میں ملا دے۔ جیسے آبنائے باسفورس ۔

آب ندامت (آ۔ ب۔ نَدا۔ مَت) (ف ۔ ع) مذکر۔ شرم کا پانی۔ شرم اور غیرت سے آنے والا پسینہ ۔

آب ندیدہ موزہ کشیدہ (ف) مثل۔ پانی دیکھے بغیر موزہ اتارنا۔ کسی خطرے میں مبتلا ہونے سے پہلے آہ کرنا ۔

آب نقرہ (آ۔ ب۔ نُق۔ رَہ) (ف ۔ ع) مذکر (۱) چاندی کا پانی (۲) چاندی کا ملمع یا گلٹ یا قلعی جو کاغذ اور

چمڑے پر لکھنے کے کام بھی آتا ہے ٭

آب نہ رہنا (ا) (۱) بے رونق ہو جانا (۲) ہتھیار کُند ہو جانا (۳) بے عزت ہو جانا (۴) قلعی اتر جانا ٭

آب نے (آ - ب - نےٗ) (ف) مؤنث - حقّے کی وہ نلی جس کے ایک سرے پر چلم رکھتے ہیں - اور دوسرا پانی میں ڈوبا رہتا ہے ٭

آب نیساں (آ - ب - نَیْ - سَاں) (ف) مذکر - موسم بہار کی بارش - "نیساں" ساتویں رومی مہینے کا نام ہے جو ہندی مہینے پھاگن اور چیت کے مطابق ہوتا ہے اس مہینے میں جو پانی برستا ہے - اُسے آب نیساں کہتے ہیں - مشہور ہے کہ اس کے قطروں سے سیپ میں موتی - بانس میں بنسلوچن یعنی تباشیر اور گائے کے سینگ میں گورلوچن بنتا ہے ٭

آب و تاب (آبُ - تَاب) (ف) مؤنث (۱) چمک دمک (۲) حُسن و خوبی ٭

آب و خور (آ - بُ - خُرْ) (ف) (۱) پینا کھانا (۲) اَن جل - رزق - دانہ - پانی ٭

آب و دانہ (آ - بُ - دَا - نَہْ) (ف) مذکر (۱) کھانا پینا (۲) رزق - خوراک ٭

آب و دانہ اُٹھنا (ا) دانہ پانی ہو چکنا - رزق ختم ہو جانا - سفر پیش آنے - نوکری چھوٹنے اور مرنے پر بولتے ہیں ٭

آب و رنگ (آ - بُ - رَنْگ) (ف) مذکر (۱) آب و تاب - رونق - (۲) رنگ رُوپ ٭

آب و گِل (آ - بُ - گِلْ) (ف) مؤنث - (۱) پانی اور مٹی (۲) سرشت - خمیر - وہ عناصر جن سے خدا نے دنیا اور اس کی چیزیں بنائی ہیں ٭

آب و نمک (آ - بُ - نَمَکْ) (ف) مذکر (۱) مزہ - ذائقہ (۲) نمک - مرچ ٭

آب و ہوا (آ - بُ - ہَوَا) (ف) مؤنث (۱) پانی اور ہوا (۲) رُت - موسم - رنگ ڈھنگ ٭

آب و ہوا راس آنا (ا) آب و ہوا کا طبیعت سے موافقت کرنا - آب و ہوا کا مزاج کے موافق ہونا ٭

آب ہِند (آ - ب - ہِنْدْ) (ف) مذکر - دریائے سندھ ٭

آبی (آ - بی) (ف) (۱) پانی میں رہنے والا - (۲) پھیکا - بے مزہ (۳) مؤنث - تری زمین - (۴) نیلگوں - ہلکا نیلا رنگ - (۵) مؤنث - ایک قسم کی روئی جو کمی یا پلیتھن کی بجائے پانی لگا کر تیار کی جاتی ہے ٭

آبی بُرج (ا) مذکر - نجوم والوں نے آسمان کے بارہ برجوں کو چار حصّوں یعنی آبی - بادی - آتشی - خاکی خواص پر تقسیم کیا ہے - اور ایک ایک حصّے میں تین تین برج قائم کئے ہیں - چنانچہ آبی برج تین سرطان - عقرب - حوت یعنی کرکٹ - برچھک - مین کے آبی خواص بتائے ہیں ٭

آبی حرف (ا) مذکر - جفر کے قاعدے سے ابجد کے سات حروف ج - ز - ک - س - ق - ث - ظ کو آبی خواص والا بتایا گیا ہے ٭

آبیار (آ - بْ - یَار) (ف) مذکر - پانی دینے والا - سینچنے والا - پلیوا کرنے والا ٭

آبیاری (آ - بْ - یَا - رِی) (ف) مؤنث - باغوں کھیتوں کو پانی دینا - سینچنا - پلیوا کرنا ٭

آبا (آ - بَا) (ع) مذکر - (۱) اَبْ کی جمع (۲) باپ دادا (۳) اگلی پیڑھیاں ٭

آبا و اجداد (ع) مذکر - باپ دادا - اب و جد کی جمع

آبائی (ع) (۱) باپ دادا کی طرف منسوب - (۲) جدی پیشہ - خدمت - خطاب - جائداد کے متعلق بولا جاتا ہے ٭

آبائے عُلوی (ع) مذکر - (لغوی معنی) عالی رتبہ بزرگ - (۲) (مجازاً) نو آسمان یا سات سیاروں سے مراد ہے ٭

آباد (آ - بَاد) (ف) (۱) بھرپور - آدمیوں سے بسا ہوا - معمور - پُر - (۲) پھلا پھولا - سرسبز - شاداب (۳) خوش حال - پُر رونق ٭

آبادانی - (ف) مؤنث (۱) بستی (۲) چہل پہل (۳) آراستگی - رونق ٭

آباد کار (ف) مذکر - وہ شخص جو ویران یا غیر مزروعہ زمین کو پہلے جا کر آباد کرے ٭

آباد کرنا (ا) رونق دینا - بسانا - معمور کرنا - (۲) کاشت کرنا ٭

آبادی (ف) مؤنث - (۱) بستی - (۲) چہل پہل - رونق - (۳) آرام - چین - معمورہ - بستی - (۴) کھیڑہ - کھیڑہ - دہ - قصبہ - گاؤں - اُجاڑ کی ضد ٭

آبان (آ - بَان) (ف) مذکر - (۱) آٹھواں شمسی مہینہ - (۲) شمسی مہینے کا دسواں دن - (۳) لوہے کا فرشتہ ٭

آبرُو (آب-رُوْ) (ف) مؤنث (۱) قدر و منزلت۔ پت۔ عزّت و حرمت۔ (۲) ناموس۔ عصمت (۳) چہرے کی چمک۔ پیشانی کی دمک۔ منہ کا نور۔ (۴) اعتبار۔ (۵) شرم ۔

آبرُو اُتارنا (ف) رسوا کرنا۔ ذلیل کرنا۔ بے عزّت کرنا ۔

آبرُو بنانا (ف) (۱) عزّت پیدا کرنا۔ اعتبار پیدا کرنا۔ (۲) حیثیت درست کرنا ۔

آبرُو پر پانی پھیر دینا (ف) (۱) بے عزّت اور ذلیل کرنا۔ (۲) بے عصمت کرنا ۔

آبرُو پر حرف آنا (ف) عزّت کو نقصان پہنچنا۔ حرمت میں کمی آنا ۔

آبرُو جا کے نہیں آتی (ف) مقولہ۔ عزّت جا کر واپس نہیں آتی۔ بدنامی کے بعد نیک مشہور ہونا مشکل ہے۔

آبرُو جگ میں رہے تو بادشاہی جانیئے (ف) مثل۔ دنیا میں آبرو کے ساتھ زندہ رہنا بادشاہی کے برابر ہے ۔

آبرُو خاک میں ملا دینا (ف) بے عزّت و حرمت کرنا۔ (۲) عصمت و ناموس کو برباد کرنا ۔

آبرُو رکھنا (ف) عزّت۔ آبرو اور ناموری کو قائم رکھنا۔ پت بنائے رکھنا ۔

آبرُو ریزی (ف) مؤنث۔ بے عزّتی۔ بے توقیری ۔

آبرُو کے پیچھے پڑنا (ف) عزّت و حرمت کا دشمن ہونا۔ کسی کی عزّت کھونے کے در پے ہونا ۔

آبرُو کھونا (ف) عزّت برباد کرنا۔ حرمت گنوانا۔ پت کھونا ۔

آبرُو میں بٹہ لگانا (ف) اعتبار اور ساکھ کھو دینا۔ عزّت میں دھبّا لگانا ۔

آبریز (آب-ریز) (ف) مؤنث (۱) پانی گرنے کی جگہ۔ (۲) دوات میں پانی ڈالنے کی چمچی ۔

آ بلا گلے پڑ (ف) مثل۔ خود بخود مصیبت میں پھنسنا۔ آپ جھگڑا مول لینا ۔

آبلہ (آب-لہ) (ف) مذکر۔ چھالا۔ پھپھولا۔ تبخالہ ۔

آبلہ پا (ف) (۱) پاؤں کا چھالا (۲) وہ شخص جس کے پاؤں میں چھالے پڑ گئے ہوں ۔

آبلہ پائی (ف) مؤنث۔ تھکن۔ ماندگی۔ پاؤں کے چھالے ۔

آبلۂ فرنگ (ف) مذکر۔ آتشک۔ باد فرنگ۔ گرمی ۔

آبنوس (آب-نُوس) (ع) مذکر ایک مشہور درخت کا نام جس کی لکڑی سخت۔ وزنی اور سیاہ رنگ کی ہوتی ہے ۔

آبنوس کا کندہ (ف) مذکر (۱) آبنوس کی لکڑی کا موٹا پورا (۲) مجازاً موٹے اور کالے آدمی کو بھی کہتے ہیں (۳) (صفت) سیہ فام۔ کالا بھجنگا۔ کالا بھوتنا ۔

آبنوسی (ف) - (۱) آبنوس کا بنا ہوا (۲) کالا- وہ شے جس کا رنگ نہایت کالا ہو۔ اسے آبنوسی کہتے ہیں ۔

آ بنی سر اپنے چھوڑ پرائی آس (ہ) مثل مصیبت پڑ جانے پر دوسروں سے امید نہ رکھنی چاہیئے ۔

آبو (آ-بُوْ) (ہ) مذکر۔ راجپوتانہ کا ایک پہاڑ اور قصبہ ۔

آبیانہ (ف) مذکر۔ پانی کا محصول۔ وہ رقم جو محکمۂ نہر کھیتوں میں پانی دینے کے بدلے وصول کرتا ہے ۔

آبے سونٹے تیری باری۔ کان چھوڑ کنپٹی ماری کسی کام میں لگاتار ناکام رہ کر آخری تدبیر کے وقت کہتے ہیں ۔

آبے لونڈے جابے لونڈے کرنا (ہ) محاورہ۔ پھرانا۔ دوڑانا۔ ہیرا پھیری کرنا۔ وقت گزاری کرنا ۔

آ بیل مجھے مار (ف) خواہ مخواہ جھگڑے میں پڑنا۔ اپنے ہاتھوں آپ مصیبت میں پھنسنا۔ لڑائی مول لینا ۔

آپ

آپ (آ-پْ) (ہ) ضمیر (۱) خود۔ اپنی ذات سے۔ (۲) ذات خدا (۳) رُوح۔ آتما۔ (۴) غائب اور حاضر کے لئے تعظیماً مستعمل ہوتا ہے تم۔ ہم۔ آپ ۔

آپ آپ کرنا (ہ) خوشامد کرنا۔ نہایت عزّت و تعظیم کرنا ۔

آپ آئے بھاگ آئے (ہ) مثل آپ کیا آئے۔ ہمارے نصیب جاگ اُٹھے ۔

آپ اپنے پاؤں پر کلہاڑی مارنا۔ اپنا نقصان آپ کرنا۔ آپ اپنی مصیبت میں پھنسنا ۔

آپ اپنے حق میں کانٹے بونا (ہ) اپنے ہاتھوں آپ مصیبت کھڑی کرنا۔ آپ اپنے لئے خرابی پیدا کرنا ۔

آپ بھلے تو جگ بھلا (ہ) جو خود اچھا ہو۔ اُسے

چمڑے پر لکھنے کے کام بھی آتا ہے ؎

ب نہ رہنا (ا) (۱) بے رونق ہوجانا (۲) ہتھیار کند ہوجانا (۳) بے عزّت ہوجانا (۴) قلعی اتر جانا ؎

ب نے (آ۔ پ۔ نَے) (ف) مؤنّث۔ حقّے کی وہ نلی جس کے ایک سرے پر چلم رکھتے ہیں۔ اور دوسرا پانی میں ڈوبا رہتا ہے ؎

ب نیساں (آ۔ پ۔ نَے۔ سَاں) (ف) مذکّر۔ موسم بہار کی بارش۔ "نیساں" ساتویں رُومی مہینے کا نام ہے جو ہندی مہینے پھاگن اور چیت کے مطابق ہوتا ہے اس مہینے میں جو پانی برستا ہے۔ اُسے آبِ نیساں کہتے ہیں۔ مشہور ہے کہ اس کے قطروں سے سیپ میں موتی۔ بانس میں بنسلوچن یعنی تباشیر اور گائے کے سینگ میں گورلوچن بنتا ہے ؎

ب وتاب (آبُ۔ تَاب) (ف) مؤنّث (۱) چمک دمک (۲) حُسن و خوبی ؎

ب وخور (آ۔ بُ۔ خُر) (ف) (۱) پینا کھانا (۲) اَن جل۔ رزق۔ دانہ۔ پانی ؎

ب ودانہ (آ۔ بُ۔ دَا۔ نَہ) (ف) مذکّر (۱) کھانا پینا (۲) رزق۔ خوراک ؎

ب ودانہ اُٹھنا (ا) دانہ پانی ہوچکنا۔ رزق ختم ہوجانا۔ سفر پیش آنے۔ نوکری چھوٹنے اور مرنے پر بولتے ہیں ؎

ب ورنگ (آ۔ بُ۔ رَنگ) (ف) مذکّر (۱) آب و تاب۔ رونق۔ (۲) رنگ رُوپ ؎

ب وگل (آ۔ بُ۔ گِل) (ف) مؤنّث۔ (۱) پانی اور مٹّی (۲) سرشت۔ خمیر۔ وہ عناصر جن سے خدا نے دنیا اور اس کی چیزیں بنائی ہیں ؎

ب ونمک (آ۔ بُ۔ نَمَک) (ف) مذکّر (۱) مزہ۔ ذائقہ (۲) نمک۔ مزے ؎

ب وہوا (آ۔ بُ۔ ہَوَا) (ف) مؤنّث (۱) پانی اور ہوا (۲) رُت۔ موسم۔ رنگ ڈھنگ ؎

ب وہوا راس آنا (ا) آب وہوا کا طبیعت سے موافقت کرنا۔ آب وہوا کا مزاج کے موافق ہونا ؎

ب ہند (آ۔ بِ۔ ہِند) (ف) مذکّر۔ دریائے سندھ ؎

بی (آ۔ بی) (ف) (۱) پانی میں رہنے والا۔ (۲) پھیکا۔ بے مزہ (۳) مؤنّث۔ تری زمین۔ (۴) نیلگوں۔ ہلکا نیلا رنگ۔ (۵) مؤنّث۔ ایک قسم کی روئی جو

گھی یا پلیتھن کی بجائے پانی لگا کر تیار کی جاتی ہے ؎

آبی بُرج (ا) مذکّر۔ نجوم والوں نے آسمان کے بارہ برجوں کو چار حصّوں یعنی آبی۔ بادی۔ آتشی۔ خاکی خواص پر تقسیم کیا ہے۔ اور ایک ایک حصّے میں تین تین برج قائم کئے ہیں۔ چنانچہ آبی برج میں سرطان عقرب۔ حوت یعنی کرک۔ برچھک۔ مین کے آبی خواص بتائے ہیں ؎

آبی حرف (ا) مذکّر۔ جفر کے قاعدے سے ابجد کے سات حروف ج۔ ز۔ ک۔ س۔ ق۔ ث۔ ظ کو آبی خواص والا بتایا گیا ہے ؎

آبیار (آ۔ بْ۔ یَار) (ف) مذکّر۔ پانی دینے والا۔ سینچنے والا۔ پلیوا کرنے والا ؎

آبیاری (آ۔ بْ۔ یا۔ رِی) (ف) مؤنّث۔ باغوں اور کھیتوں کو پانی دینا۔ سینچنا۔ پلیوا کرنا ؎

آبا (آ۔ بَا) (ع) مذکّر۔ (۱) اَب کی جمع (۲) باپ دادا (۳) اگلی پیڑھیاں ؎

آباواجداد (ع) مذکّر۔ باپ دادا۔ اب وجد کی جمع

آبائی (ع) (۱) باپ دادا کی طرف منسوب۔ (۲) جدّی پیشہ۔ خدمت۔ خطاب۔ جائداد کے متعلق بولا جاتا ہے ؎

آباءِ عُلوی (ع) مذکّر۔ (لغوی معنی) عالی مرتبہ بزرگ۔ (۲) (مجازاً) نو آسمان یا سات سیاروں سے مراد ہے ؎

آباد (آ۔ بَاد) (ف) (۱) بھرپور۔ آدمیوں سے بسا ہوا۔ معمور۔ پُر۔ (۲) پھلا پھولا۔ سرسبز۔ شاداب (۳) خوش حال۔ پُر رونق ؎

آبادانی۔ (ف) مؤنّث (۱) بستی (۲) چہل پہل (۳) آراستگی۔ رونق ؎

آبادکار (ف) مذکّر۔ وہ شخص جو ویران یا غیر مزروعہ زمین کو پہلے جاکر آباد کرے ؎

آباد کرنا (ا) رونق دینا۔ بسانا۔ معمور کرنا۔ (۲) کاشت کرنا

آبادی (ف) مؤنّث۔ (۱) بستی۔ (۲) چہل پہل۔ رونق۔ (۳) آرام۔ چین۔ معمورہ۔ محلّہ۔ (۴) کھیڑہ۔ کھیڑہ۔ دِہ۔ قصبہ۔ گاؤں۔ اُجاڑ کی ضد ؎

آبان (آ۔ بَان) (ف) مذکّر۔ (۱) آٹھواں شمسی مہینہ۔ (۲) شمسی مہینے کا دسواں دن۔ (۳) لوہے کا فرشتہ ؎

آبرُو (آب۔رُوْ) (ف) مؤنث (۱) قدر و منزلت۔ پت۔ عزّت و حرمت۔ (۲) ناموس۔ عصمت (۳) چہرے کی چمک۔ پیشانی کی دمک۔ منہ کا نور۔ (۴) اعتبار۔ (۵) شرم ٭

آبرُو اُتارنا۔ (ل) رسوا کرنا۔ ذلیل کرنا۔ بے عزّت کرنا ٭

آبرُو بنانا (ل) (۱) عزّت پیدا کرنا۔ اعتبار پیدا کرنا۔ (۲) حیثیت درست کرنا ٭

آبرُو پر پانی پھیر دینا (ل) (۱) بے عزّت اور ذلیل کرنا۔ (۲) بے عصمت کرنا ٭

آبرُو پر حرف آنا (ل) عزّت کو نقصان پہنچنا۔ حرمت میں کمی آنا ٭

آبرُو جا کے نہیں آتی (ل) مقولہ۔ عزّت جا کر واپس نہیں آتی۔ بدنامی کے بعد نیک مشہور ہونا مشکل ہے ٭

آبرُو جگ میں رہے تو بادشاہی جانیئے (ل) مثل۔ دنیا میں آبرو کے ساتھ زندہ رہنا بادشاہی کے برابر ہے ٭

آبرُو خاک میں ملا دینا (ل) بے عزّت و حرمت کرنا۔ (۲) عصمت و ناموس کو برباد کرنا ٭

آبرُو رکھنا (ل) عزّت۔ آبرو اور ناموری کو قائم رکھنا۔ پت بنائے رکھنا ٭

آبرُو ریزی (ف) مؤنث۔ بے عزّتی۔ بے توقیری ٭

آبرُو کے پیچھے پڑنا (ل) عزّت و حرمت کا دشمن ہونا۔ کسی کی عزّت کھونے کے درپے ہونا ٭

آبرُو کھونا (ل) عزّت برباد کرنا۔ حرمت گنوانا۔ پت کھونا ٭

آبرُو میں بٹہ لگانا (ل) اعتبار اور ساکھ کھو دینا۔ عزّت میں دھبّا لگانا ٭

آبریز (آب۔ریْز) (ف) مؤنث (۱) پانی گرنے کی جگہ۔ (۲) دوات میں پانی ڈالنے کی چمچی ٭

آبلا گلے پڑ (ل) مثل۔ خود بخود مصیبت میں پھنسنا۔ آپ جھگڑا مول لینا ٭

آبلہ (آب۔لَہ) (ف) مذکر۔ چھالا۔ پھپھولا۔ تبخالہ ٭

آبلہ پا (ف) (۱) پاؤں کا چھالا (۲) وہ شخص جس کے پاؤں میں چھالے پڑ گئے ہوں ٭

آبلہ پائی (ف) مؤنث۔ تھکن۔ ماندگی۔ پاؤں کے چھالے ٭

آبلۂ فرنگ (ف) مذکر۔ آتشک۔ باد فرنگ۔ گرمی ٭

آبنوس (آب۔نُوْس) (ع) مذکر ایک مشہور درخت کا نام جس کی لکڑی سخت۔ وزنی اور سیاہ رنگ کی ہوتی ہے ٭

آبنوس کا کُندہ (ل) مذکر (۱) آبنوس کی لکڑی کا موٹا پورا (۲) مجازاً موٹے اور کالے آدمی کو بھی کہتے ہیں (۳) صفت) سیاہ فام۔ کالا بھجنگا۔ کالا کلوٹا ٭

آبنوسی (ل) ۔ (۱) آبنوس کا بنا ہوا (۲) کالا۔ وہ شے جس کا رنگ نہایت کالا ہو۔ اُسے آبنوسی کہتے ہیں ٭

آبنی سر اپنے چھوڑیے۔ اپنی آس (ہ) مثل مصیبت پڑ جانے پر دوسروں سے اُمید نہ رکھنی چاہیے ٭

آبو (آ۔بُوْ) (ہ) مذکر۔ راجپوتانہ کا ایک پہاڑ اور قصبہ ٭

آبیانہ (ف) مذکر۔ پانی کا محصول۔ وہ رقم جو محکمۂ نہر کھیتوں میں پانی دینے کے بدلے وصول کرتا ہے ٭

آبے سونٹے تیری باری۔ کان چھوڑ کنپٹی ماری کسی کام میں لگا تار ناکام ہو کر آخری تدبیر کے وقت کہتے ہیں ٭

آبے لونڈے جابے لونڈے کرنا (ہ) محاورہ۔ پھرانا۔ دوڑانا۔ ہیرا پھیری کرنا۔ وقت گزاری کرنا ٭

آ بیل مجھے مار (ل) خواہ مخواہ جھگڑے میں پڑنا۔ اپنے ہاتھوں آپ مصیبت میں پھنسنا۔ لڑائی مول لینا ٭

آپ

آپ (آ۔پْ) (ہ) ضمیر (۱) خود۔ اپنی ذات سے۔ (۲) ذاتِ خدا (۳) رُوح۔ آتما۔ (۴) غائب اور حاضر کے لئے تعظیماً مستعمل ہوتا ہے۔ تم۔ ہم۔ آپ ٭

آپ آپ کرنا (ہ) خوشامد کرنا۔ نہایت عزّت و تعظیم کرنا ٭

آپ آئے بھاگ آئے (ہ) مثل آپ کیا آئے۔ ہمارے نصیب جاگ اُٹھے ٭

آپ اپنے پاؤں پر کلہاڑی مارنا۔ اپنا نقصان آپ کرنا۔ آپ اپنی مصیبت میں پھنسنا ٭

آپ اپنے حق میں کانٹے بونا (ہ) اپنے ہاتھوں آپ مصیبت کھڑی کرنا۔ آپ اپنے لئے خرابی پیدا کرنا ٭

آپ بھلے تو جگ بھلا (ہ) جو خود اچھا ہو۔ اُسے

دوسرے بھی بھلے معلوم ہوتے ہیں۔ اور جو خود نیک ہو۔ دوسرے بھی اس کے ساتھ اچھا سلوک کرتے ہیں یعنی نیک کا کوئی دشمن یا نقصان پہنچانے والا نہیں ٭

آپ بیتی (ہ) مؤنث۔ اپنی سرگزشت۔ اپنے اوپر گزری ہوئی ٭

آپ بیتی کہوں یا جگ بیتی (ہ) اپنے آپ پر گزری ہوئی کہوں یا دوسروں پر۔ اپنی کہانی کہوں یا دوسروں کی ٭

آپ جائیں۔ آپ کا کام جانے (ہ) آپ اپنا کام خود کریں۔ میں ذمہ دار نہیں ٭

آپ خورا دے۔ آپ مرا دے (ہ) صفت (۱) خود غرض (۲) غریبی کی حالت میں امیروں کا ٹھاٹھ بنا کر جی خوش کرنے والا ٭

آپ ڈال ڈال ہیں تو میں پات پات (ہ) کسی سے زیادہ ہوشیار ہوں ٭

آپ ڈوبے تو جگ ڈوبا (ہ) مثل۔ خود ڈوبے تو ہمارے نزدیک تمام جہان ڈوب گیا ٭

آپ ڈوبے تو ڈوبے اور کو بھی لے ڈوبے (ف) مثل۔ خود برباد اور ساتھ دوسرے کو برباد کرنا ٭

آپ زندہ جہان زندہ آپ مردہ جہان مُردہ (ف) مثل مشہور ہے کہ جی ہے تو جہان ہے۔ اگر آپ ہی نہ اُٹھے تو گویا جہان نہ اٹھا۔ بعض ظرافت پسند "آپ زندم جہاں زندم۔ آپ مردم جہاں مردم" بھی بولتے ہیں ٭

آپ سے (ہ) (۱) خود بخود۔ آپ ہی آپ (۲) بے بلائے۔ بلا سبب (۳) تم سے۔ تمہاری ذات سے ٭

آپ سے آپ (ہ) خود بخود۔ آپ ہی آپ ٭

آپ سے آئے تو آنے دے (ہ) مثل۔ خود ہی بے بلائے آئے تو آ جائے۔ کوشش کے بغیر مال ملے تو لے ہم کوشش نہ کریں گے ٭

آپ سے ایسے ہونا (ہ) معزز سے حقیر بننا ٭

آپ سے باہر ہو جانا (ہ) غصے میں حد سے بڑھ جانا۔ ہوش و حواس نہ رہنا ٭

آپ سے جانا (ہ) (۱) کسی کے ہاں بے بلائے جانا۔ (۲) بے ہوش ہو جانا ٭

آپ سے گزر جانا (ہ) مغرور ہونا۔ گھمنڈ کرنا۔ (۲) بے ہوش ہو جانا۔ ہوش و حواس میں نہ رہنا (۳) مر جانا ٭

آپ سے گیا جہان سے گیا (ہ) مثل۔ جو چیز اپنے ہاتھ سے گئی۔ گویا جہان سے جاتی رہی ٭

آپ فضیحت اور کو نصیحت (ف) محاورہ۔ خود بُرے کام کرنا اور دوسروں کو ان سے منع کرنا جیسے فارسی میں "خود را فضیحت دیگراں را نصیحت" ٭

آپ کا (ہ) تمہارا۔ جناب کا۔ غائب اور حاضر دونوں کے لئے آتا ہے ٭

آپ کا بایاں قدم لیجئے (ف) کسی کی چالاکی یا فتنہ پردازی کے وقت اسے شرارت کا استاد جتانے کے لئے بولتے ہیں۔ تم بہت بدمعاش ہو۔ بہت چالاک ہو۔ بہت شہدے ہو ٭

آپ کا پاس ہے (ف) آپ کا لحاظ ہے ٭

آپ کا قطع سخن یا قطع کلام ہوتا ہے (ف) محاورہ کسی دوسرے کی بات روک کر خود بات کرتے وقت بطور عذر گستاخی بولا جاتا ہے ٭

آپ کا کیا بگڑتا ہے؟
آپ کا کیا جاتا ہے؟
آپ کا کیا لیتا ہوں؟
(ہ) یہ جملے ایسے موقع پر بولے جاتے ہیں۔ جہاں یہ کہنا مقصود ہو کہ اس میں آپ کا کیا حرج یا نقصان ہے ٭

آپ کا گھر ہے (ہ) محاورہ۔ میرا گھر آپ کا گھر ہے ٭

آپ کا بڑا حفظہ ہے (ہ)
آپ کا منہ ہے (ف)
آپ کا لحاظ ہے۔ آپ کی خاطر ہے ٭

آپ کاج مہا کاج (ہ) مثل۔ اپنا کام جیسا انسان خود کر سکتا ہے۔ دوسرا نہیں کر سکتا۔ جو کام اپنے ہاتھ سے ہو سکے۔ وہی مفید اور اعلیٰ ہے ٭

آپ کو آسمان پر کھینچنا (ف) (۱) مغرور ہونا۔ اپنے آپ کو بڑا جاننا۔ گھمنڈ کرنا ٭

آپ کو دور کھینچنا (ف) (۱) دوسروں سے نفرت کرنا۔ (۲) ناز اور غرور کرنا۔ گھمنڈ کرنا ٭

آپ کو شاخ زعفران جاننا۔ سمجھنا یا گننا۔ (ف) اپنے آپ کو بہت بڑا سمجھنا ٭

آپ کھائے بلی کو بتائے (ہ) خود قصور کر کے دوسروں کے سر تھوپنا ٭

آپ کے منہ کا اُگال ہمارے پیٹ کا ادھار (ہ) مثل۔ تمہارے آگے کا بچا ہوا ہمارے لئے کافی ہے۔ مالدار کی ادنیٰ توجہ سے مفلس کا بھلا ہو جاتا ہے ٭

آپ موئے تو جگ مُوا (ہ) مثل۔ خود مر گئے۔ تو

گویا تمام دنیا مرگئی ۔

آپ میاں صوبے دار۔ گھر میں بیوی جھونکے بھاڑ (۱) مفلسی میں امیرانہ ٹھاٹھ رکھنا ۔

آپ میاں ننگے باہر کھڑے درویش۔ (۱) مثل۔ میاں خود بھوکے ہیں در وازے پر فقیر کھڑے ہیں ۔

آپ میں آنا (ف) (۱) سنبھلنا۔ ہوش میں آنا (۲) غرور اور گھمنڈ کو چھوڑنا ۔

آپ میں نہ رہنا (ف) ہوش میں نہ رہنا۔ بدحواس ہو جانا۔ بے ہوش ہونا۔ (۲) غرور کرنا ۔

آپ ہارے بہو کو مارے (ف) مثل۔ اپنا الزام دوسرے پر رکھ دینا ۔

آپ ہی آپ (ف) (۱) خود بخود (۲) بلا وجہ۔ بے سبب ۔

آپ ہی آپ باتیں کرنا (ف) اپنے جی سے باتیں کرنا۔ فکر اور رنج کی حالت میں خود بخود بڑبڑانا ۔

آپ ہی کا کھاتا ہوں (ف) آپ ہی کے دئے ہوئے پر گزارہ کرتا ہوں ۔

آپ ہی کی جوتیوں کا صدقہ ہے (ف) مثل۔ آپ ہی کی بدولت ہے۔ آپ ہی کا طفیل ہے ۔

آپ ہی مارے آپ ہی چلائے (ف) آپ ہی ظلم کرے۔ آپ ہی فریاد کرے ۔

آپ ہیں؟ (ف) کلمۂ تعجب۔ کسی دوست آشنا کو بعد اشتباہ یا یکایک پہچاننے یا دیکھنے پر یہ کلمہ بولا جاتا ہے ۔

آپ ہی ناک چوٹی میں گرفتار ہیں۔ یا رہتے ہیں (ف) (عو) (۱) گھر کے دھندوں یا دنیا کے بکھیڑوں میں گرفتار ہیں یا رہتے ہیں (۲) عزت و حرمت سنبھالنے میں مصروف رہتے ہیں۔ (۳) بڑے دماغ دار اور نازک مزاج ہیں۔ (۴) اپنے ہی بناؤ سنگار سے فرصت نہیں ۔

آپا (آ-پا) (ت) مؤنث۔ بڑی بہن۔ ہمشیرہ۔ جیجی (۲) اپنی ذات۔ خودی (۳) ہوش و حواس ۔

آپا تجے سو ہر کو بھجے (ف) مثل (۱) جو شخص خودی کو چھوڑ دے۔ وہی خدا کی پرستش کر سکتا ہے (۲) محنت و مشقت ہی سے مقصد ملتا ہے ۔

آپا دھاپی (ف) مؤنث (۱) اپنی اپنی فکر کرنا۔ (۲) نفسا نفسی۔ خود غرضی ۔

آپا سنبھالنا (ف) اپنے آپ کو درست کرنا۔ اپنے آپ کو سنوارنا ۔

آپے سے باہر ہو جانا (ف) (۱) غصے یا خوشی کے مارے قابو میں نہ رہنا۔ حد اعتدال سے بڑھنا۔ (۲) بپھرنا۔ پھیلنا۔ بس میں نہ رہنا ۔

آپڑنا (ف) (۱) آجانا۔ آموجود ہونا (۲) حملہ کرنا۔ کسی کے گھر آکر رہ پڑنا ۔

آپ ٹروسن لڑیں (ف) (عو) بے سبب۔ زبردستی یا خود چھیڑ کر تکرار کرنے کے موقع پر کہا جاتا ہے ۔

آپ ٹروسن مجھ سی ہو (ف) اپنے ساتھ دوسروں کو دکھ میں پھنسانا۔ اپنے ساتھ دوسروں کو بھی برباد کرنا ۔

آپس (آ-پس) (ف) باہم۔ ایک دوسرے کے ساتھ مل کر

آپسداری (ف) مؤنث۔ میل جول۔ رسنہ داری۔ ۔۔دری۔ قرابت۔ یگانگی ۔

آپس کا معاملہ (ف) مذکر۔ یگانگی کی بات۔ گھر کی سی بات۔ نج کی بات چیت ۔

آپس کی پھوٹ } (ف) مؤنث (۱) آپس کی نااتفاقی باہم آپس کی دشمنی۔ (۲) خاوند

آپس میں گرہ پڑنا } جورو کا بگاڑ۔ آپس کی لڑائی باہمی رنجش ۔

آپس میں رہنا (ف) پڑوسیوں سے میل جول رکھنا۔ برادری سے مل کر رہنا۔ آپس میں اتفاق سے رہنا۔

آپہنچنا (ف) پہنچ جانا۔ پکڑ لینا۔ آلینا۔ منزل طے کر چکنا۔ جہاں کا ارادہ کرکے چلنا وہاں پہنچ جانا۔ داخل ہونا ۔

آپھنسنا (ف) (۱) فریب میں آنا۔ دھوکا کھانا (۲) گرفتار ہونا ۔

آپی۔ آپ ہی کا مخفف۔ خود ہی ۔

آ - ت

آتا (آ-تا) (ف) مذکر (۱) قرضہ (۲) "آنا" سے ماضی تمنا کاش وہ میرے گھر آتا۔ (۳) کسی کام کا جاننا جیسے اُسے یہ کام آتا ہے ۔

آتا جاتا (ف) مذکر۔ آنے جانے والا۔ راہرو۔ مسافر۔ آئندہ روندہ ۔

آتا نہ چھوڑے جاتا نہ موڑے (ف) [illegible]

ملتی ہو۔ اسے چھوڑنا نہیں چاہئے اور جو شے ہاتھ
سے جاتی رہے اس پہ پچھتانا نہیں چاہئے۔

آسنے بھلے نہ جانے (ہ) جس کے آنے جانے میں
نقصان ہی نقصان ہو اس کا نہ آنا بھلا نہ جانا بھلا۔

آتش (آ۔ تش) (ف) مؤنث (۱) آگ۔ اگنی۔ اربعہ
عناصر سے ایک عنصر کا نام (۲) لکھنؤ کے مشہور شاعر
خواجہ حیدر علی مرحوم کا تخلص۔

آتش بار (ف) (۱) آگ برسانے والا (۲) آگ بگولا (۳) مؤنث
ایک قسم کی بندوق (۴) مذکر۔ سوختہ دان (۵) چقماق

آتش باز (ف) مذکر۔ آتش بازی بنانے والا۔ آگ کے
کھلونے بنانے والا۔ بارود کا کھیل بنانے والا۔

آتش بازی (ف) مؤنث۔ آگ کا کھیل۔ بارود کے
کھلونے۔

آتش بیان (ف) تیز گفتار۔ تیز بیان۔

آتش بے دود (ف) مؤنث (۱) شراب (۲) آفتاب
(۳) غصہ۔

آتش پرست (ف) مذکر۔ آگ کا پوجنے والا۔ پارسی۔
گبر۔ چونکہ آگ پوجنے کو پارسی قوم کے پیشوا زرتشت
نے انتہائے عروج پر پہنچایا تھا۔ اس لئے پارسی قوم
آتش پرست کہلاتی ہے۔

آتش تر (ف) مؤنث۔ شراب۔

آتش خانہ (ف) مذکر۔ آگ کی جگہ۔ وہ مکان جہاں
آتش پرست پوجنے کے لئے آگ جلاتے ہیں۔ آتش
پرستوں کا معبد۔

آتش خو (ف) غصہ ور۔ تندخو۔ بری عادت والا جھلا۔
گرم مزاج والا۔

آتش دان (ف) مذکر۔ انگیٹھی۔ چولھا۔ آگ رکھنے
کی جگہ۔

آتش رخ (ف) (۱) سرخ چہرے والا۔ معشوق گلعذار
سرخ رنگ والا (۲) غصے والا۔

آتش زبان (ف) زیادہ بولنے والا۔ خوش بیان۔
اپنی باتوں سے لوگوں پہ اثر ڈالنے والا۔ اپنے بیان
سے طبیعتوں کو نرم کر کے اپنی طرف کھینچنے والا۔
یہ لفظ اکثر شاعروں اور مقرروں کی صفت میں
آتا ہے۔

آتش زدگی (ف) مؤنث۔ آگ کا لگنا۔ مکان یا کسی
چیز کا آگ سے جلنا۔

آتش زنی (ف) مؤنث۔ آگ لگانا۔

آتش سیال (ف۔ع) مؤنث۔ شراب۔

آتش فشاں (ف) آگ برسانے والا۔ شعلے اور
چنگاریاں چھوڑنے والا (۲) جس جگہ سے آگ
نکلتی ہو۔

آتش کا پرکالہ (ف) مذکر (۱) آگ کا ٹکڑا (۲) (مجازاً)
شریر۔ فتنہ پرداز (۳) تیز طبع۔ ذہین (۴) خوب
صورت (۵) بلا۔ چلبلا۔

آتش کدہ (ف) مذکر (۱) آتش پرستوں کا معبد۔ جہاں
آتش پرست پوجنے کے لئے آگ رکھتے ہیں (۲)
(مجازاً) نہایت گرم مکان۔

آتش گیر (ف) مذکر۔ آگ پکڑنے کا اوزار۔ دست پناہ
[illegible]

آتش مزاج (ف) تیز مزاج۔ تندخو۔ غصہ ور۔

آتش موسےٰ (ف۔ع) مؤنث۔ آگ جو حضرت
موسیٰ کو کوہ طور پر نظر آئی تھی وہ دراصل آگ نہ
تھی بلکہ خدا کا نور تھا۔

آتش ناک (ف) غصہ ور۔ تندخو۔ بدمزاج۔

آتش نمرود (ف۔ع) مؤنث۔ وہ آگ جو نمرود نے
حضرت ابراہیمؑ کو زندہ جلانے کے لئے لکڑیوں کا
ڈھیر لگا کر جلائی تھی اور آپ کو جھولے کے ذریعے
سے اس میں پھینکا گیا تھا۔ مگر حضرت ابراہیمؑ کو اس
میں آگ کے بجائے پھولوں کے باغ میں سیر کرنے
کا مزہ حاصل ہوا۔

آتشک (آ۔ تشک) (ف) مؤنث۔ باد فرنگ۔ آبلہ
فرنگ۔ گرمی کا روگ۔

آتشکیا (آ۔ تشک۔ یا) (ا) مذکر۔ آتشک کا مریض۔ گرمی
کا روگی۔ باد فرنگ کا بیمار۔

آتشی (آ۔ تشی) (ف) صفت۔ جو آگ سے پیدا ہوا
ہو۔ گرم مزاج۔ آگ سے بنا ہوا۔ جن۔

آتشی شیشی (ف۔ ا) مؤنث۔ کانچ کی شیشی جس کے
ذریعے سے اکثر چیزوں کے تیل نکالے جاتے ہیں۔
اور آگ کی حرارت سے نہیں ٹوٹتی۔

آتشیں (آ۔ تشیں) (ف) آگ جیسا۔

آتما (آت۔ ما) (س) مؤنث (۱) روح (۲) دل (۳)
جیو۔ ایشور۔

آتما ٹھنڈی ہونا (ہ) (۱) دل خوش ہونا۔ روح
تازہ ہونا۔

آتما مسوسنا (ہ) کسی کے ظلم سہنا۔ دکھ سہنا۔ مجبوراً

صبر کرنا ۔

آتا میں پڑے تو پدما تما کی سوجھے (ہ) مثل۔ بھوکے سے عبادت نہیں ہوتی۔ پیٹ بھرے تو کام چلے ۔

آتو۔ آتون (آ۔تُو۔آ۔تُون) (ت) مؤنث۔ اُستانی ۔

آتی پاتی (آ۔تی + پا۔تی) (ہ) مؤنث۔ بچوں کا ایک کھیل جس میں پتا توڑ کر ساتھیوں کو چھوتے ہیں ۔

آ - ٹ

آٹا (آ۔ٹا) (ہ) مذکر۔ (۱) آرد۔ باریک پسا ہوا غلہ۔ (۲) برادہ (۳) کُٹن ۔

آٹا دال اُلو بھی (ہ) (۱) خوبیوں کے ساتھ برائیاں بھی ہیں (۲) بے جوڑ بات کہتے وقت بھی بولتے ہیں ۔

آٹا گیلا ہونا (ہ) (۱) آٹے میں زیادہ پانی ہو جانا۔ (۲) مصیبت میں پڑنا۔ کام بگڑ جانا ۔

آٹا نبڑا بوجا سٹکا (ہ) مثل۔ مفلسی کے وقت خوشامدی کھسک جاتے ہیں۔ مطلب پورا ہو جانے پر مطلب پرست لوگ ملنا چھوڑ دیتے ہیں۔ کھانا ختم ہونے پر گتا بھاگ جاتا ہے ۔

آٹے دال کا بھاؤ کھلنا (ہ) دکھ اور مصیبت کا پتہ لگنا۔ دکھ میں پھنسنا۔ مصیبت میں گرفتار ہونا ۔

آٹے کی آپا (ہ) مؤنث۔ بھولی عورت۔ بیوقوف۔ گوبر گنیش ۔

آٹے کی بلی ہے (ہ) صرف ظاہر کا ڈر ہے۔ باطن میں کچھ خوف نہیں ۔

آٹے کے ساتھ گھن پسنا (ہ) گنہگار کے ساتھ بے گناہ کا سزا پانا یا دکھ میں پھنسنا۔ بعض جگہ سوکھے کے ساتھ گیلا بھی جل جاتا ہے۔ بولتے ہیں ۔

آٹم پاٹم (آ۔ٹم + پا۔ٹم) (ہ) ہر جگہ۔ اوپر نیچے ۔

آٹے میں نمک (ہ) محاورہ۔ ذرا سا۔ تھوڑا سا۔ (۲) واجبی (۳) مناسب۔ ٹھیک۔ گوارا ۔

آٹھ (آ۔ٹھ) (ہ) اسم عدد۔ ۸۔ 8۔ ہشت۔ سات اور ایک کی جمع ۔

آٹھ۔ اٹھا۔ ۵۔ اٹھائیس (ہ) صفت (۱) پریشان۔ تتر بتر (۲) منحوس۔ بعض لوگ ان تاریخوں کو منحوس جانتے ہیں ۔

آٹھ آٹھ آنسو رونا (ہ) زار زار رونا۔ بہت رونا۔ پھوٹ پھوٹ کر رونا ۔

آٹھ بار نو تیوہار (ہ) مثل۔ عیش پسندی کے اظہار کے لئے کہتے ہیں کہ آٹھ دن میں نو میلے مناتے ہیں ۔

آٹھ پہر (ہ) (۱) ہر آن۔ ہر وقت۔ چوبیس گھنٹے۔ رات دن (۲) مدام۔ ہمیشہ ۔

آٹھ پہر سوگی ہے (ہ) ہر وقت ماتمی ہے۔ دن رات مصیبت میں ہے۔ ہمیشہ رنجیدہ ہے۔ سدا دکھی ہے

آٹھ پہر سولی ہے (ہ) محاورہ۔ ہر وقت موت سامنے کھڑی ہے۔ ہر دم مرنے کا کھٹکا ہے ۔

آٹھ پہر میان سے باہر رہنا (ہ) محاورہ۔ ہر دم غصے میں بھرا رہنا۔ ہر وقت لڑنے کو تیار رہنا ۔

آٹھ جُلاہے نو حقے۔ اس پر بھی دھکم دھکے (ہ) ضرورت سے زیادہ سامان ہونے کے باوجود جھگڑا ۔

آٹھواں (آٹھ۔واں) (ہ) صفت۔ آٹھواں حصہ۔ ⅛ ہشتم۔ (۲) مجازاً حمل کا آٹھواں مہینہ ۔

آٹھوں (ہ) مذکر (۱) ہولی کا آٹھواں دن (۲) آٹھ کے آٹھ ۔

آٹھوں پہر (۱) ہر گھڑی۔ (۲) رات دن۔ شب و روز۔ ہر وقت ۔

آٹھوں کا میلہ (ہ) مذکر۔ ہولی کے آٹھویں دن بعد ہندوؤں کا ایک میلہ ۔

آٹھوں گانٹھ کمیت (ہ) (۱) وہ کمیت گھوڑا جس کے آٹھوں جوڑ سیاہ ہوتے ہیں (۲) ہشیار۔ مستعد۔ چست۔ چالاک۔ تجربہ کار (۳) شریر۔ دنگئی۔ بد معاش ۔

آ - ث

آثار (آ۔ثار) (ع) مذکر۔ اثر کی جمع (۱) نشان۔ صورتیں (۲) نیو۔ بنیاد (۳) لچھن۔ ڈھنگ (۴) نقش۔ علامات ۔

آثارِ بد (ع۔ف) بُرے شگون۔ بُری فال ۔

آثارِ شریف (ع) مذکر (۱) اولیا کے مقبرے۔ بزرگوں کے مزار (۲) انبیا کے تبرک ۔
آثارِ صنادید (ع) مذکر۔ بزرگوں اور بادشاہوں کی نشانیاں۔ عمارتیں وغیرہ ۔
آثارِ قدیمہ (ع) مذکر۔ پرانے نشانات ۔
آثارِ قیامت (ع) مذکر۔ قیامت کی نشانیاں ۔
آثارِ نیک (ف) اچھے شگون۔ نیک فال ۔
آثم (آ-ثِم) (ع) مذکر۔ گنہگار۔ عاصی۔ خطاکار ۔

آ - ج

آج (آج) مذکر۔ موجودہ دن۔ امروز۔ فی زمانتا۔ اِن دنوں ۔
آج برس کے پھر نہ برسُونگا (ہ) مثل۔ مینہ کے لگاتار برسنے سے تنگ آکر مینہ کا مقولہ بیان کرتے ہیں۔ ہمیشہ کے بدلے آج ہی برس لُوں گا۔ عمر بھر کے بدلے آج ہی رو لُوں گا ۔
آج زبان کھلی ہے کل بند (ہ) مثل۔ زندگی کا کچھ بھروسہ نہیں۔ اکثر ایمان داری جتاتے وقت بولتے ہیں ۔
آج کا کام کل پر اُٹھا رکھنا } (ہ) سستی کرنا ۔
ٹالنا۔ چھوڑنا۔ ڈالنا یا رکھنا }
آج کدھر سے چاند نکلا (ہ) محاورہ۔ ایسی اچھی چیز کیونکر مل گئی۔ جب کوئی شخص بہت عرصے کے بعد ملے۔ اس وقت بولتے ہیں ۔
آج کرے گا کل پائیگا (و) جیسا کرے گا۔ ویسا بھرے گا۔ جو کچھ زندگی میں کریگا۔ اس کا اجر آخرت میں پائیگا۔ جو بوئے گا۔ سو کاٹے گا ۔
آج کس کا مُنہ دیکھا ہے (ہ) محاورہ۔ نحوست کا اظہار۔ بھوکا رہنے یا کوئی حادثہ پیش آنے یا دن بھر پریشان رہنے کے موقع پر بولا جاتا ہے ۔
آج کل (ہ) (۱) اِن دنوں۔ فی زمانتا۔ (۲) بہت جلد۔ (۳) ٹال مٹول۔ حیلہ۔ بہانہ ۔
آج کل تمہارے نام کمان چڑھتی ہے (ہ) مثل۔ کسی کی ترقی و اقبال کے اظہار میں کہتے ہیں بڑے بہادر ہو۔ ترقی کے دن ہیں۔ اقبال کا زمانہ ہے ۔
آج کل اِن کے دَورے دَورے ہیں (ہ) مثل۔ بڑا زور شور ہے۔ حکومت ہے۔ آج کل اِن کی عزت ہے یا بات بنی ہوئی ہے ۔
آج کل بارہ برس کی ٹھمیا بر مانگے ہے (ہ) مثل۔ زمانے کی حالت بہت خراب ہے۔ یعنی بارہ برس کی بیٹی بھی خاوند کی خواہاں ہے ۔
آج کیا جانی دُنیا دیکھی (ہ) مثل۔ کسی عزیز یا دوست کے مدت کے بعد آنے یا التفات کرنے پر بولتے ہیں۔ کیا قیامت ہونے والی تھی کہ تم نے درشن دیئے یا توجہ فرمائی ۔
آج کے تھپے آج ہی نہیں جلتے (ہ) فوراً کام نہ ہو سکنے پر بولتے ہیں۔ آج کے تھپے ہوئے اُپلے آج نہیں جلتے۔ سوکھنے دو۔ رفتہ رفتہ سب کام ہو جائے گا ۔
آج مُوئے کل دُوسرا دن (ہ) مثل۔ دُنیا کی بے ثباتی اور عمر کی ناپائداری کے بیان میں کہتے ہیں ۔

آ - چ

آچا (آ-چا) (ف) مذکر (۱) (لغوی معنی) باپ۔ دادا۔ نانا۔ (۲) (اصطلاحًا) پرانا نوکر۔ بوڑھی خادمہ ۔
آچار (آ-چار) (ف) مذکر۔ دیکھو "اچار" ۔

آ - خ

آخ (آخ) (ا) مؤنث۔ کھنکھارنے کی آواز ۔
آخ تھو (ا) مؤنث (۱) کھنکھار کر تھوکنے کی آواز۔ (۲) ملامت۔ پھٹکار۔ لعنت کی جگہ مستعمل ہوتا ہے ۔
آختہ (آخ-تہ) (ف) صفت۔ خصی۔ وہ جانور جس کے خصیے نکال دئے گئے ہوں ۔
آخ تھو کھٹے ہیں (ا) مثل۔ جب کسی چیز کے نہ ملنے سے ناامید ہو کر کوئی اپنا دل رکھنے یا بات بنانے کو اسی چیز میں عیب نکالتا ہے تو اس جگہ طنزاً بولا جاتا ہے ۔
آخر (آ-خِر) (ع) مذکر (۱) پچھلا (۲) انتہا۔ حد (۳) انجام۔ تمام ۔
آخر آدمی نے کچا دودھ پیا ہے (ا) غلطی کرنا

آدمی کی فطرت میں ہے ❖

آخرالامر (ع) انجام کار ❖

آخربین (ع-ف) انجام پر نظر رکھنے والا۔ دُور اندیش ❖

آخرزمان (ع-ف) (۱) قربِ قیامت (۲) بڑھاپا۔ (۳) زوال کے دن (۴) موت کا قرب ۔ خاتمے کا وقت ❖

آخرفنا آخرفنا (ا) مقولہ۔ ہر چیز آخر فنا ہو جائیگی ❖

آخرت (ع) مؤنث۔ عقبیٰ۔ وہ عالم جہاں موت کے بعد نیک و بد اعمال کی جزا و سزا ملے گی۔ قیامت۔ پرلوک ❖

آخرت سنوارنا (ا) نیک کام کرنا۔ حکم کے موافق چلنا ❖

آخری (ف) پچھلا۔ آخر کا ❖

آخری بہار (ا) مؤنث (۱) اخیر موسم۔ گزری ہوئی رُت ۔ (۲) عمر کا آخری حصّہ ❖

آخری چہار شنبہ (ف) مذکّر۔ صفر کے مہینے کا آخری بدھ۔ جس دن آنحضرتؐ بیماری کے بعد سبزے کی سیر کو تشریف لے گئے تھے۔ مسلمان اس دن کو مبارک سمجھ کر سیر و تفریح کرنا اچھا سمجھتے ہیں ❖

آخری دم (ف) مذکّر۔ دمِ واپسیں۔ دم نکلنے کا وقت ۔ وقتِ جان کنی۔ نزع کا وقت۔ موت کا وقت ❖

آخری دیدار (ف) مذکّر۔ موت کے وقت مریض کو دیکھنا۔ وقتِ نزع کا دیدار۔ جس ملاقات کے بعد پھر ملاقات نہ ہو ❖

آخری سواری (ا) مؤنث۔ جنازہ ❖

آخری صحبت (ف-ع) مؤنث۔ آخری مجلس ❖

آخری وقت (ف-ع) مذکّر (۱) موت کی نزدیکی کا وقت۔ (۲) پچھلا زمانہ ❖

آخریں (ف) پچھلا ❖

آخور (آ-خُر) (ف) مؤنث (۱) جانوروں کے گھاس چارے کی جگہ (۲) طویلہ۔ اصطبل (۳) بے کار چیز۔ کوڑا کرکٹ۔ ردّی (۴) نکمّا۔ خراب۔ ناکارہ ❖

آخور کی بھرتی (ا) محاورہ۔ نکمّی اور خراب چیزیں اکٹھا کرنا ❖

آخون - آخوند (آ-خُون + آ-خُند) (ف) مذکّر۔ اُستاد۔ معلّم۔ مدرّس۔ پڑھانے والا۔ ماسٹر۔ میاں جی ❖

آخون زادہ ف، مذکّر۔ استاد زادہ۔ اُستاد کا بیٹا ❖

آ - د

آد (آد) (ہ) آغاز۔ شروع۔ ابتدا۔ پہل۔ آرمبھ ❖

آداب (آ-دَاب) (ع) مذکّر۔ جمع ادب کی۔ حفظِ مراتب۔ دستور۔ قاعدہ۔ سلیقہ۔ تمیز۔ تہذیب (۲) اخلاق۔ تعظیم سے سلام کرنا (۳) تعظیمی الفاظ جو خطوط میں القاب کے بعد لکھے جاتے ہیں ❖

آداب بجالانا (ا) (۱) عاجزی سے سلام کرنا۔ بڑوں کو سلام کرنا۔ (۲) شکریہ ادا کرنا (۳) رخصت ہونا۔ (۴) قائل کرنے والے کا معقول کو طنزاً سلام کرنا۔ (۵) دستور اور قاعدے ادا کرنا ❖

آدابِ شاہانہ یا شاہی (ف) مذکّر۔ بادشاہوں کو سلام۔ ان سے بات چیت کرنے اور دربار کی حاضری کے طریقے ❖

آدابِ محفل (ف) مذکّر۔ مجلس میں بات چیت کرنے اور اٹھنے بیٹھنے کے قاعدے ❖

آداب و القاب (ع-ف) مذکّر۔ خط کی ابتدا میں مکتوب الیہ کے مرتبے کے مطابق دعائیہ فقرات۔ سرنامہ ❖

آدر (آ-دَر) (ہ) مؤنث۔ عزّت۔ خاطر تواضع۔ آؤ بھگت۔ تعظیم و تکریم۔ سنسکار ❖

آدم (آ-دَم) (ع) مذکّر (۱) انسان (۲) (مجازاً) سب سے پہلا آدمی۔ ابوالبشر۔ بابا آدمؑ۔ جس سے انسان کی نسل چلی ❖

آدم بے سایہ (ف) (۱) کنایہ ہے جناب سرورِ عالم رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کی طرف۔ بے مثال (۲) جس کا کوئی ثانی نہ ہو ❖

آدمِ ثانی (ف) مذکّر۔ حضرت نوحؑ۔ چونکہ آپ کے زمانے میں طوفان آکر دنیا کی کل آبادی تباہ ہوگئی تھی۔ پھر آپ ہی کی نسل سے دوبارہ دنیا کی نشو و نما ہوئی۔ اس لئے آپ کو آدمِ ثانی یعنی دوسرا انسان کہتے ہیں ❖

آدم خاکی (ف) مذکّر (۱) خاک کا پُتلا۔ انسان۔ آدمی (۲) گندمی رنگ والا۔ مٹی کا بنا ہُوا۔ مٹیالا ❖

آدم خور (ف) مذکر۔ وہ جنگلی یا وحشی لوگ جو انسان کو کھا جاتے ہیں ٭

آدم را گندم بہشت نسازد (ف) آدمی کو بہشت کا گیہوں ناموافق ہے۔ اچھا کھانا نہیں پچتا ٭

آدم نہ آدم زاد (ف) محاورہ۔ ویرانہ۔ وہ مقام جہاں کوسوں آبادی نہ ہو ٭

آدمی (آ۔ دَمی) (ف) مذکر (۱) انسان (۲) مرد (۳) نوکر چاکر (۴) قاصد (۵) خاوند۔ شوہر ٭

آدمی آدمی انتر کوئی ہیرا کوئی کنکر (ہ) مثل۔ سب انسان ایک جیسے نہیں ہوتے۔ کوئی بُرا ہے۔ تو کوئی اچھا ٭

آدمی اناج کا کیڑا ہے (ا) انسان اناج کھانے ہی سے جیتا ہے ٭

آدمی بننا (ا) (۱) شائستہ ہونا۔ مہذب ہونا۔ (۲) نیک و بد کی تمیز کرنا ٭

آدمی پیٹ کا کتا ہے (ا) مثل۔ رزق کے لئے آدمی کتے کی طرح مارا مارا پھرتا ہے ٭

آدمی سا کوئی پکھیرو نہیں (ا) مثل۔ انسان اپنے خیالات اور عقل و فراست سے اتنی دور پہنچ جاتا ہے کہ پرندہ بھی وہاں نہیں پہنچ سکتا ٭

آدمی کا شیطان آدمی ہے (ا) محاورہ۔ آدمی آدمی کی صحبت سے خراب ہو جاتا ہے ٭

آدمی کچھ کھو کر ہی سیکھتا ہے۔ آدمی کو نقصان اٹھانے کے بعد تجربہ ہوتا ہے ٭

آدمی کیا جو آدمی کو نہ پہچانے۔ وہ آدمی نہیں جو اچھے برے کی تمیز نہ کر سکے ٭

آدمی کی کسوٹی معاملہ ہے۔ واسطہ پڑنے سے آدمی کی اچھائی برائی معلوم ہوتی ہے ٭

آدمی نے کچا دودھ پیا ہے (ا) مثل۔ انسان سے خطا ہو ہی جاتی ہے ٭

آدمی ہو یا جانور (ا) بے وقوفی یا بے تمیزی کے موقع پر غصے یا مذاق سے کہتے ہیں ٭

آدمیت (آ۔ دَمی یَت) (ع) مؤنث (۱) عقل و شعور۔ انسانیت (۲) ملنساری (۳) شائستگی۔ تربیت۔ تعلیم ٭

آدمیت آنا (ہ) تہذیب آنا۔ عقل آنا ٭

آدمیت اُٹھ جانا (ا) اچھی خصلتوں کا جاتا رہنا۔ تہذیب۔ تمیز۔ نیکی کا دُور ہو جانا ٭

آدمیت پکڑنا (ا) تربیت پانا۔ مہذب بننا۔ شائستہ ہونا ٭

آدمیّت سے گزر جانا (ا) انسانیت کی باتیں چھوڑ دینا ٭

آدھ (آدھ) (ہ) آدھا کا مخفف۔ نصف ٭

آدھ پاؤ آٹا چوبال میں رسوئی (ہ) مثل۔ اس جگہ بولتے ہیں جہاں کوئی کم حیثیت شخص شیخی بگھارتا ہے۔ بے موقع کام کرنا۔ فضول کام کرنا۔ اپنی حیثیت سے بڑھ کر چلنا ٭

آدھ سیر آٹا کے سر ہو جانا (ہ) گزارے کے لائق کام مل جانا ٭

آدھا (آ۔ دھا) نصف۔ نیم۔ $\frac{1}{2}$ ٭

آدھا تیتر آدھا بٹیر (ہ) مثل۔ بے قاعدہ۔ بے ڈھنگا۔ بے جوڑ۔ بے میل ٭

آدھارہ جانا (ہ) گھٹ جانا۔ دُبلا ہو جانا۔ کمزور ہو جانا ٭

آدھا ساجھا (ہ) مذکر۔ آدھے حصّے کی شراکت ٭

آدھا سیسی (ہ) مؤنث۔ آدھے سر کا درد۔ دردِ شقیقہ ٭

آدھا نام لینا (ا) نفرت یا محبت سے آدھا نام پکارنا ٭

آدھار (آ۔ دھار) (ہ) مذکر (۱) سہارا۔ وسیلہ۔ امداد (۲) خوراک۔ کھانا ٭

آدھمکنا (ہ) بے روک ٹوک چلا آنا ٭

آدھوڑی (آ۔ دھو۔ ڑی) (ہ) مؤنث۔ ادیم۔ کھال چمڑا۔ چام۔ پوست۔ چرم خام ٭

آدھوں آدھ (ہ) ایک چیز کے برابر دو ٹکڑے۔ نصفا نصف۔ آدھا آدھا ٭

آدھی (آ۔ دھی) (ہ) (صفت) مؤنث) نصف۔ $\frac{1}{2}$ ٭

آدھی بات (ہ) مؤنث۔ ادھوری۔ نامکمل بات۔ ناگوار بات ٭

آدھی بات نہ پوچھنا (ہ) قدر نہ کرنا۔ متوجہ نہ ہونا۔ حقیر سمجھنا۔ بے عزت سمجھنا۔ ناچیز جاننا ٭

آدھی چھوڑ ساری کو دوڑے۔ آدھی رہے نہ ساری (ہ) مثل۔ جہاں کوئی شخص اپنے قابو کی آدھی چیز کو چھوڑ کر ساری کی طرف دوڑتا ہے۔ وہ آدھی بھی گنوا بیٹھتا ہے۔ اسی مضمون کی یہ مثل بھی مشہور ہے۔ "آدھی چھوڑ ساری کو دھائے ایسا ڈوبا تھاہ نہ پائے" یعنی جو شخص بے صبری سے اپنی آدھی کو چھوڑ کر ساری کے لئے دوڑ

محبوب کرتا ہے۔ وہ ایسا گہرا ڈوبتا ہے۔ جس کی انتہا نہ ہو ۔
آدھی رات (ہ) مؤنث نیم شب نصف شب۔ ساڑھے بارہ بجے کا وقت
آدھی رات اِدھر آدھی رات اُدھر۔ بارہ بجے۔ رات کا وقت ۔
آدمی کا ساجھی برابر کی چوٹ (ہ)۔ مثل ۔ آدھے کا حصّہ دار برابر کی حکومت رکھتا ہے۔ جہاں کہیں مدِمقابل کو برابر حیثیت کا کہنا منظور ہو وہاں بولتے ہیں ۔
آدھے (آ- دھے) (ہ) آدھا کی جمع ۔
آدھے قاضی قدوہ آدھے باوا آدم (ا) مذکر۔ مثل۔ روایت ہے کہ قاضی قدوہ کی بیوی ایک بار میں کئی کئی بچے جنتی تھی۔ اس سبب سے کہا جاتا ہے کہ دنیا کی آبادی میں آدھے کے شریک قاضی قدوہ اور آدھے کے باوا آدم ہیں۔ مجازاً بہت اولاد والا زیادہ بیٹوں پوتوں والا ۔
آدیس۔ آدیش (آ- دیس + آ- دیش) (ہ) حرفِ ندا (۱) جوگیوں اور فقیروں کا عقیدت مندانہ سلام (۲) اجازت رخصت یا کسی بات کے کرنے کے لئے حکم دینا ۔
آدینہ (آ- دِی- نہ) (ف) مذکر۔ جمعہ کا دن۔ شکر وار ۔

آ - ڈ

آڈٹ (آ- ڈِٹ) (انگریزی) (AUDIT.) مذکر۔ محاسبہ کرنا۔ حساب جانچنا ۔
آڈٹنا (آ- ڈُٹ- نا) (ہ) آ موجود ہونا۔ آ بیٹھنا۔ آ دھمکنا ۔
آڈمبر (آ- ڈَم- بَر) (س) مذکر (۱) شور (۲) غرور (۳) نمائش ۔
آڈیٹر (آ- ڈِی- ٹَر) (انگریزی) (AUDITOR) مذکر۔ محاسب۔ محتسب۔ حساب کی جانچ پڑتال کرنے والا ۔

آ - ذ

آذار (آ- ذار) (ف) مذکر۔ چھٹا رومی مہینہ۔ چیت یا مارچ کے مطابق ۔
آذر (آ- ذَر) (ف) مذکر (۱) آگ (۲) شمسی سال کا نواں مہینہ (۳) حضرت ابراہیم کا باپ ۔
آذر (آ- ذُر) (ف) مذکر (۱) آگ۔ (۲) عشق۔ (۳) شمسی سال کا ایک مہینہ جو پوس کے مطابق ہوتا ہے ۔

آ - ر

آر (آر) (ہ) مؤنث۔ لوہے کی ایک نوک دار کیل جو نرم چیزوں میں سوراخ کرنے کے کام آتی ہے۔ چمڑا سینے کا اوزار ۔
آر (آر) (ف) (۱) آوردن کا امر۔ لا۔ لے آ۔ (۲) مرکبات کے آخر میں آتا ہے۔ جیسے خریدار۔ گرفتار وغیرہ ۔
آرا (آ- را) (ہ) مذکر۔ لوہے کا ایک لمبا سا اوزار جو لکڑی چیرنے کے کام آتا ہے ۔
آرا کش (ہ) مذکر۔ آرے سے لکڑی چیرنے والا۔ آرا کھینچنے والا ۔
آرے سر پر چل گئے تو بھی مدار ہی مدار (ہ) مثل۔ آفت اور مصیبت کے وقت بھی اپنی بات پر قائم رہنا۔ اپنے اعتقاد کو نہ چھوڑنا ۔
آرائشگی (آ- رائش- گی) (ف) مؤنث۔ سجاوٹ۔ زیب۔ وزینت۔ درستی۔ ترتیب ۔
آراستہ (آ- راس- تہ) (ف) ٹھیک ٹھاک۔ سجا سجایا۔ تیار۔ لیس ۔
آرام (آ- رام) (ف) مذکر (۱) قرار۔ سکون۔ چین۔ (۲) راحت۔ افاقہ۔ صحت۔ شفا۔ استراحت۔ سُکھ ۔
آرام پائی (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا خوبصورت ملائم اونچی ایڑی جوڑے پنجے کا جوتا ۔
آرام پسند (ف) سُست۔ کاہل۔ آرام طلب ۔
آرام تلخ ہونا (ہ) عیش میں خلل پڑنا ۔
آرام جان (ف) (۱) مذکر۔ محبوب۔ پیارا۔ معشوق۔ دلدار (۲) اولاد ۔
آرام دان (ہ) مذکر۔ پانوں کی پٹاری۔ چھوٹا بُرجی دار پان دان ۔
آرام دل۔ (ف) مذکر (۱) دل کا آرام (۲) مجازاً۔ معشوق ۔

آرام رساں (ف) چین دینے والا۔ آسائش پہنچانے والا۔ آرام پہنچانے والا۔ سُکھ دینے والا ✦

آرام سے پاؤں پھیلانا (و) بے فکری سے گزران کرنا۔ چین سے بسر کرنا۔ بے فکری سے سونا ✦

آرام طلب (ف) مذکر۔ آرام چاہنے والا۔ (دیکھو آرام پسند) ✦

آرام کرسی (ا) مؤنث۔ آرام کرنے کی کرسی۔ تکیہ دار چوکی جس پر آدمی آرام سے پاؤں پھیلا کر بیٹھ یا لیٹ سکتا ہے ✦

آرام گاہ (ف) مؤنث۔ آرام کا مکان۔ آرام کرنے کی جگہ۔ سونے کا مکان ✦

آرائش (آ۔ را۔ ئِش) (ف) مؤنث (۱) بناؤ سنگار۔ سجاوٹ (۲) مجازاً اس کاغذی باغ کو بھی کہتے ہیں جو بعض امرا براتوں کے ساتھ لے جایا کرتے ہیں ✦

آرپار (آر۔ پار) (ہ) مؤنث۔ اِدھر سے اُدھر تک چھید۔ وار پار ✦

آرپن (آر۔ پَن) (ہ) مذکر۔ وقف۔ خدا کی راہ پر دی ہوئی چیز ✦

آرپن کرنا (ہ) وقف کرنا۔ اللہ کے راستے پر دینا ✦

آرتھوگرافی (آر۔ تھو۔ گرا۔ فی) (انگریزی) (ARTHOGRAPHY) (۱) علم حروف میں گرامر کا وہ حصّہ جو الفاظ کے تلفظ بتائے (۲) عمارت کا ایستادہ نقشہ ✦

آرتی (آر۔ تی) (ہ) مؤنث۔ پوجا کی ایک قسم جس میں دیوتاؤں کے سامنے چراغ دکھا دیا پھرایا جاتا ہے ✦

آرتی کے وقت سو گئے۔ مال بھوگ کے وقت جاگ اُٹھے (ہ) مثل۔ کام کے وقت غائب۔ کھانے کے وقت موجود ✦

آرٹ (آرٹ) (انگریزی) (ART) مذکر (۱) ہنر۔ فن (۲) صفائی ✦

آرٹسٹ (آر۔ ٹِسٹ) (انگریزی) (ARTIST) مذکر۔ صنّاع۔ مصوّر۔ تصویریں بنانے والا۔ کاریگر۔ نقّاش ✦

آرٹیکل (آر۔ ٹی۔ کل) (انگریزی) (ARTICLE) (۱) مضمون (۲) قانون کی دفعہ ✦

آرٹیکلز آف وار (آر۔ ٹی۔ کلز۔ آف۔ وار) (انگریزی) (ARTICLES WAR) مذکر۔ وہ مجموعۂ قوانین جو افواج کے انتظام اور سزاؤں وغیرہ سے متعلق ہو۔ ضابطۂ جنگ ✦

آرچ بشپ (آرچ۔ بِشپ) (ARCHBISHOP) (انگریزی) مذکر۔ لاٹ پادری۔ پادریوں کا اعلیٰ افسر ✦

آرد (آرْد) (ف) مذکر۔ آٹا۔ چون۔ پسان ✦

آرڈر (آر۔ ڈر) (انگریزی) (ORDER) مذکر۔ حکم۔ ارشاد۔ فرمان۔ فرمائش

آرڈر بک (آر۔ ڈر۔ بُک) (انگریزی) (ORDER BOOK) مؤنث (۱) حکم لکھنے کی کتاب (۲) وہ کتاب جس میں خریدار وہ چیزیں تحریر کردے جو وہ مول لینا چاہتا ہے ✦

آرڈر دینا یا کرنا (ا) کسی چیز کے خریدنے کی فرمائش کرنا

آرڈر لینا (و) (۱) کسی چیز کے خریدنے کی فرمائش لینا (۲) حکم حاصل کرنا ..

آرڈنری (آر۔ ڈی۔ نری) (ORDINARY) (انگریزی) رسمی۔ معمولی ✦

آرزو (آر۔ زُو) (ف) مؤنث۔ خواہش۔ چاہت۔ تمنّا۔ مراد۔ مطلب ✦

آرزو بر آنا — (ا) خواہش پوری ہونا حسرت نکلنا۔ آرزو پوری ہونا مطلب پورا ہونا۔ تمنّا بر آنا ✦

آرزو خاک میں مل جانا (و) مایوس ہو جانا۔ حسرت و ارمان نہ نکلنا ✦

آرزو عیب نہیں (ا) جملہ۔ کسی چیز کی آرزو کرنا جو اپنے مرتبے سے زیادہ ہو۔ بُرا نہیں ✦

آرزو کا خون ہونا (ا) مایوس ہو جانا۔ تمنّا کا بر نہ آنا ✦

آرزو کرنا (ا) خواہش کرنا۔ منّت اور التجا کرنا ✦

آرزومند (ف) خواہش مند۔ تمنّا کرنے والا۔ شائق۔ مشتاق ✦

آرزو نکلنا (ا) خواہش پوری ہونا ✦

آرسی (آر۔ سی) (ہ) مؤنث (۱) آئینہ (۲) ایک زیور کا نام ہے جو انگوٹھے میں پہنا جاتا ہے اور اس پر شیشہ جڑا ہوتا ہے ✦

آرسی مصحف (و) دولھا دلھن کو عقد کے بعد قرآن مجید اور آئینہ دکھانا۔ دلھن دولھا کا ایک دوسرے کو منہ دکھانا ✦

آرکیالوجی (آر۔ کے۔ آل۔ لو۔ جی) (انگریزی) — (ARCHAEOLOGE) مؤنث۔ قدیم چیزوں کا علم ✦

آرکیالوجیکل ڈیپارٹمنٹ (آر۔ کے۔ آل۔ لو۔ جی۔ کل۔ ڈی۔ پارٹ۔ مینٹ) (انگریزی) —

مذکر۔ آثارِ قدیمہ کا محکمہ ۔

آرمیڈا (آر۔ مِی۔ ڈا) (انگ ARMAEDA) مذکر۔ جہازوں کا بیڑا جو ۱۵۸۸ء میں فلپ دوم شاہِ ہسپانیہ نے انگلستان پر حملہ کرنے کیلئے روانہ کیا تھا۔

آروغ (آ۔ رُوغ) (ف) مذکر۔ ڈکار ۔

آرہنا (آ۔ رَہ۔ نا) (۱) چلے آنا۔ آبسنا۔ (۲) گر پڑنا۔ ٹھہر جانا ۔

آری (آ۔ ری) (ہ) مؤنث (۱) چھوٹا آرا جس کے ایک طرف لکڑی کا دستہ ہوتا ہے ۔

آریہ (آر۔ یَہ) (س) مذکر (۱) بزرگ۔ معزز۔ (۲) وہ قوم جس کی بولی سنسکرت تھی۔ اور پہلے پہل وسط ایشیا میں رہتی تھی (۳) کاشت کار۔ کھیتی کرنے والا (۴) ڈھور چرانے اور پالنے والا ۔

آریہ سماج (س) مؤنث۔ آریہ مذہب یا آریہ لوگوں کے اعتقاد اور طریق پر چلنے والے ہندوؤں کی جماعت۔ پنڈت دیانند سرستی کی پیروی کرنے والی جماعت ۔

آریہ ورت (س) مذکر (۱) آریوں کا ملک۔ جب آریہ ہندوستان میں آئے اور ان کی حکومت ہندوستان میں قائم ہو گئی تو آریوں نے اس ملک کا نام آریہ ورت رکھا یعنی زراعتی ملک (۲) مجازاً ہندوستان ۔

آرسے (آ۔ رسے) (ف) مذکر۔ ہاں ۔

آرسے بلے کرنا (ہ) ٹالنا۔ حیلہ حوالہ کرنا ۔

آرے (ہ) مذکر۔ آرا کی جمع۔ لکڑی چیرنے کے لمبے اوزار ۔

آرے چلنا (ہ) رنج و مصیبت اٹھانا۔ تکلیف برداشت کرنا۔ جان پر بننا ۔

آ ڑ

آڑ (آڑ) (ہ) مؤنث (۱) اوٹ۔ روک۔ حفاظت۔ پناہ۔ پردہ۔ (۲) چھپّا (۳) ٹیک۔ سہارا ۔

آڑبند (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا لنگوٹ۔ کاچھا۔ لنگر ۔

آڑا (آ۔ ڑا) (ہ) ترچھا۔ ٹیڑھا۔ خم دار (۲) مذکر۔ ایک کپڑے کا نام جس میں دھاریاں ہوتی ہیں ۔

آڑ پکڑنا (ہ) سہارا لینا۔ وسیلہ پکڑنا۔ اوٹ میں آنا۔ چھپ جانا۔ پناہ لینا ۔

آڑا ترچھا ہونا (ہ) خفا ہونا۔ بگڑنا۔ ناراض ہونا۔ ٹیڑھا ہونا ۔

آڑا چوتالہ (ہ) مذکر۔ موسیقی میں ایک تال ۔

آڑا آتارنا (ہ) محاورہ۔ پتنگ کو ہوا کے رُخ سے ترچھا کرکے اتارنا ۔

آڑا چڑھانا (ہ) ایک پتنگ باز کا دوسرے کے پتنگ پر اپنے پتنگ کو ترچھے لے جانا ۔

آڑا گوری (ہ) مؤنث۔ دوسرے کی ٹانگ میں اپنی ٹانگ اٹکا کر اس کا پاؤں زمین سے اکھاڑ دینا ۔

آڑو (آ۔ ڑو) (ہ) مذکر۔ شفتالو۔ مشہور میوہ ہے ۔

آڑھت (آ۔ ڑھت) (ہ) مؤنث (۱) دکان یا کوٹھی جہاں ایک جگہ کے سوداگروں کا مال دوسری جگہ کے سوداگروں اور دوسرے لوگوں کے ہاتھ اجرت۔ کمیشن۔ فیس۔ تلائی وغیرہ پر بیچا جاتا ہے۔ (۲) دلالی۔ دستوری۔ ایجنسی۔ کمیشن۔ دلالی پر فروخت ۔

آڑھتی، آڑھتیا (ہ) مذکر۔ آڑھت کی دکان رکھنے والا۔ اجرت، کمیشن۔ فیس۔ دستوری۔ تلائی پر لوگوں اور سوداگروں کا مال بیچنے والا۔ ایجنٹ ۔

آڑی (آ۔ ڑی) (ہ) مؤنث (۱) حمایتی۔ ساتھی۔ طرفدار۔ مددگار۔ سہارا دینے والا۔ روک کرنے والا۔ (۲) لڑکے دو جماعتیں بن کر کھیل کھیلتے ہیں تو ہر جماعت کا ایک افسر ہوتا ہے۔ باقی اس کے آڑی کہلاتے ہیں (۳) ترچھی۔ ٹیڑھی ۔

آڑے (آ۔ ڑے) (ہ) آڑا کی جمع۔ ٹیڑھے ترچھے ۔

آڑے آنا (ہ) کام آنا۔ مدد کرنا۔ سہارا دینا۔ حمایت کرنا ۔

آڑے ہاتھوں لینا (ہ) لتاڑنا۔ قائل معقول کرنا۔ بُرا بھلا کہنا ۔

آ - ز

آز (آز) (ف) مؤنث۔ ہوس۔ لالچ۔ حرص ۔

آزاد (آ۔ زاد) (ف) (۱) بری۔ رستگار (۲) خودمختار۔ فارغ۔ (۳) بے غم۔ بے قید۔ جو کسی کا پابند نہ ہو۔ غلام کی ضد ۔

آزادانہ (ف) کھلے طور پر۔ بے باکانہ۔ بے روک ٹوک۔ بے تکلّف ۔

آزاد رَو (ف) بے تعصب۔ نڈر۔ بے خوف ۔

آزاد طبع (ف) بے خوف طبیعت رکھنے والا۔

صاف گو۔

آزاد کا سونٹا (ہ) مذکر۔ منہ پھٹ۔ اکھڑ۔ بے لحاظ۔ بے باک۔

آزاد کا قشقہ (ہ) مذکر۔ ماتھے پر آزاد فقیر ہونے کی نشانی۔

آزاد کرنا (ہ) (۱) قید غلامی سے نجات دینا۔ رحم کرنا۔ خلاصی دینا۔ رخصت کر دینا (۲) موقوف کر دینا۔ نکال دینا۔ روانہ کرنا۔ بھیج دینا (۳) چھٹکارا دینا۔

آزادگی (ف) مؤنث۔ آزادی۔ رہائی۔

آزاد مشرب (ف) آزاد طبع۔ صاف گو۔ جو کسی گروہ یا سوسائٹی کے اصولوں کا پابند نہ ہو۔ ظرف دار۔ وارستہ مزاج۔

آزادہ (ف) جس کی رہائی اپنے اختیار میں ہو۔

آزادہ رَو (ف) دیکھو "آزاد رَو"۔

آزادی (ف) مؤنث (۱) غلامی سے نجات۔ رہائی۔ رستگاری (۲) فراغت۔ چھٹکارا۔ بے غمی۔ بے پروائی۔ خود مختاری۔

آزادی بیچ کرنا (ہ) آزادی کو بیچ دینا۔ نوکری کرنا۔ غلام بن جانا۔ محکوم بننا۔

آزار (آ۔زار) (ف) مذکر۔ رنج۔ تکلیف۔ دُکھ۔ بیماری۔ روگ۔

آزاری (ف) روگی۔ بیمار۔ دائم المرض۔ دکھی۔

آزَر (آ۔زَر) (ع) حضرت ابراہیمؑ کے باپ کا نام جو بت تراشی اور بت پرستی میں مشہور تھے۔ رفتہ رفتہ آزر ہر بُت پرست کو بھی کہنے لگے۔

آزُردہ (آ۔زُر۔دَہ) (ف) مذکر۔ خفا۔ ناخوش۔ دُکھی۔ ناراض۔

آزُردہ خاطر (ف) مذکر۔ اداس۔ خفا۔ ناراض۔ دُکھی۔

آزُقہ۔ آزُوقہ (ف) مذکر۔ تھوڑا گزارہ۔ کم تنخواہ۔ تھوڑی غذا۔ (یہ لفظ ذال سے لکھنا غلط ہے)۔

آزمانا (آز۔ما۔نا) (ہ) تجربہ اور امتحان کرنا۔ جانچنا۔ کسنا۔

آزمائش (آز۔ما۔ئش) (ف) مؤنث۔ تجربہ۔ امتحان۔ جانچ۔ پرتال۔

آزمودہ (آز۔مو۔دَہ) (۱) آزمایا ہوا (۲) تجربہ کار۔

آزمودہ را آزمودن جہل است (ف) مثل۔ آزمائے ہوئے کو آزمانا غلطی ہے۔

آزمودہ کار (ف)۔ تجربہ کار۔ واقف کار۔ ہوشیار۔ دانشمند۔ جہاندیدہ۔ سرد و گرم چشیدہ۔ زمانے کے بھلے بُرے حالات سے واقف۔

آ - س

آس (آس) (ہ) مؤنث (۱) امید۔ توقع۔ آسرا۔ بھروسہ (۲) اولاد ہونے کی امید۔

آس اولاد (ہ) مؤنث۔ بال بچے۔

آس بیگانی جو تکے وہ جیوت ہی مر جائے (ہ) مثل۔ پرائے بھروسے پر زندہ رہنے سے مرنا اچھا ہے۔

آس توڑنا (ہ) نا امید ہونا۔ بھروسہ چھوڑنا۔

آس دینا (ہ) (۱) گویّے یا مرثیہ خواں کو گلے یا ساز سے سُر میں مدد دینا (۲) سہارا دینا۔ تسلی دینا۔ امیدوار کرنا۔

آس کا نام دُنیا ہے (ہ) مثل۔ دنیا بہ امید قائم کا ترجمہ ہے۔ امید پر دنیا زندہ ہے۔ امید کا نام دنیا ہے۔

آس لگی ہونا (ہ) امیدوار ہونا۔ امید بندھی ہونا۔ آسرا لگا رہنا۔

آس مُراد (ہ) مذکر۔ آل اولاد۔ مال دولت۔

آس ہونا (ہ) (۱) امید ہونا۔ بھروسہ ہونا۔ (۲) حمل ہونا۔ پیٹ ہونا۔

آس پاس (ہ) (۱) نزدیک (۲) اردگرد (۳) پڑوس۔

آس پاس برسے دِلّی پڑی ترسے (ہ) مثل۔ دوسروں کو فائدہ ہو رہا ہے۔ اپنے پڑے ترس رہے ہیں۔

آس (ف) مؤنث (۱) چکّی۔ (۲) گنجفہ۔ (۳) تاش کا یکّہ۔

آسا (آ۔سا) (ہ) (۱) مثل۔ مانند (۲) مؤنث۔ امید۔ بھروسا (۳) مذکر۔ ایک راگ کا نام جو صبح کے وقت گایا جاتا ہے۔

آسا جیئے نراسا مرے (ہ) مثل۔ انسان امید کے سہارے جیتا ہے۔ اور مایوسی سے مر جاتا ہے۔

آسا مرے نراسا جیئے (ہ) مثل۔ یہ پہلی مثال کی ضد ہے کہ امیدوار کی زندگی تو صبر و انتظار سے

تلخ ہو جاتی ہے۔ اس سے تو نا اُمّید ہی اچھا۔ بھروسہ
رکھنے والا مرا ہوا ہے۔ البتّہ بھروسہ نہ رکھنے والا
زندہ ہے۔ مطلب یہ ہے کہ بھروسے پر زندہ رہنے
والے کی زندگی موت ہے۔ اور بھروسہ نہ رکھنے والے
کی زندگی زندگی ہے ۔

آسام (آ۔سَام) (ف) مذکر۔ ہندوستان کے ایک
صوبے کا نام جو برما کے شمال مغرب اور بنگال کے
جنوب میں واقع ہے ۔

آسان (آ۔سَان) (ف) سہل۔ بلا وقت۔ سہج۔
دشوار کی ضد ۔

آسانی (ف) مؤنث۔ سہولت۔ وقت کی ضد ۔

آسائش (آ۔سَا۔ئِش) (ف) مؤنث۔ آرام۔ راحت۔
سُکھ۔ آسودگی ۔

آستان } (آس۔تَان + آس۔تَا۔نَہ) (ف) مذکر (۱)
آستانہ } اولیاء اللہ کے مقبرے (۲) بادشاہوں کی
ڈیوڑھی (۳) ڈیوڑھی۔ دروازہ۔ چوکھٹ ۔

آستان بوس } (ف) (۱) چوکھٹ چُومنے والا (۲) خادم۔
آستانہ بوس } غلام۔ عقیدت مند۔ معتقد ۔

آستین چڑھانا (ہ) (۱) آستین اوپر کھینچنا (۲) کام
کرنے پر مستعد ہونا (۳) لڑنے مرنے پر تیار ہونا (۴)
ذبح کرنے پر آمادہ ہونا ۔

آستین جھاڑنا (ہ) (۱) ترک کرنا (۲) عطا کرنا۔ سب
کچھ بخش کر آپ الگ کھڑے ہونا۔ جو کچھ پاس ہو۔
بانٹ کر خالی ہاتھ ہونا ۔

آستین کا سانپ (ہ) مذکر۔ چھپا ہوا دشمن۔ دوستی
کے پردے میں دشمنی کرنے والا ۔

آستین میں چھُری رکھنا (ہ) دشمن پر وار کرنے کے
لئے تیار رہنا ۔

آستین میں سانپ پالنا (ہ) دشمن اور بدخواہ کے
ساتھ سلوک کرنا ۔

آستین پکڑنا (ہ) سر ہونا۔ زبردستی کرنا۔ مجبور کرنا۔
تقاضا کرنا۔ ٹھہرانا۔ لڑائی جھگڑا کرنا ۔

آسٹریا (آس۔ٹرِ۔یا) (انگ) (AUSTRIA)
مذکر۔ یورپ کا ایک مشہور ملک ۔

آسٹریلیا (آس۔ٹرے۔لیا) (انگ) (AUSTRALIA)
مذکر۔ یوریشیا میں سب سے بڑے جزیرے کا نام
ہے جو آج کل برطانیہ کے قبضے میں ہے ۔

آسرا (آس۔رَا) (ہ) مذکر۔ اُمّید۔ آس۔ سہارا۔ بھروسا۔
توقع۔ وسیلہ ۔

آسرا دینا (ہ) اُمّید دلانا۔ سہارا دینا ۔

آسرا ڈھونڈنا (ہ) سہارا تلاش کرنا ۔

آسریا (ہ) آسرا تکنے والا۔ سہارا ڈھونڈنے والا۔
محتاج۔ مجبور ۔

آسکت (آس۔کَت) (ہ) (۱) سستی۔ کاہلی (۲) جمائی۔ انگڑائی ۔

آسمان (آس۔مَان) (ف) مذکر۔ مرکب ہے آس (چکّی)
اور مان (مانند) سے۔ چکّی کی مانند گول اور پھرنے
والا۔ آکاس۔ سما۔ فلک۔ چرخ۔ گردون۔ چونکہ
پرانے نظامِ شمسی کے مطابق زمین کو ساکن اور آسمان
کو متحرک مانتے تھے۔ اس لئے آسمان نام ہو گیا۔
کہ چکّی کا اوپر کا پاٹ چلتا اور نیچے کا ساکن رہتا
ہے ۔

آسمان پر اُڑنا (ہ) بلند پروازی کرنا۔ حزدر کرنا۔
شیخی مارنا ۔

آسمان پر پہنچا دینا } (ہ)، (۱) سربلند کرنا۔ عزت
آسمان پر چڑھانا } دینا (۲) خوشامد کرنا۔ تعریف
کرنا۔ بڑائی کرنا ۔

آسمان پر دماغ ہونا (ہ) مغرور ہونا ۔

آسمان پھٹنا (ہ) قہرِ الٰہی نازل ہونا۔ سخت حادثہ
ہونا۔ مصیبت پڑنا ۔

آسمان ٹوٹنا یا ٹوٹ پڑنا (ہ) بالکل تباہ و برباد
ہو جانا ۔

آسمان جاہ (ف) (۱) آسمان کی بلندی والا۔ آسمان
کی اونچائی والا۔ بہت عزت والا۔ زیادہ مرتبے والا۔
اونچے درجے والا۔ بڑے رتبے والا (۲) سلطنت
آصفیہ کے ایک وزیرِ اعظم کا خطاب ۔

آسمان دیکھنا (ہ) نا اُمیدی اور مجبوری کی حالت میں
آسمان کی طرف نظر اٹھانا ۔

آسمان زمین ایک کر دینا (ہ) (۱) بہت کوشش
کرنا (۲) ہل چل ڈال دینا۔ ہڑبڑ مچا دینا۔ انقلاب عظیم
برپا کر دینا ۔

آسمان زمین کا رونا (ہ) رنج۔ غم اور افسوس کا
عام ہونا ۔

آسمان زمین کا فرق (ہ) عظیم فرق۔ بہت بڑی
دُوری ۔

آسمان (و) زمین شق کیوں نہیں ہو جاتے۔
(ہ) آسمان و زمین ٹوٹ کیوں نہیں جاتے یا پھٹ

کیوں نہیں جاتے۔ یہ فقرہ کسی سخت صدمے یا بہت بڑے گناہ یا بے شرمی اور بے حیائی پر نفرت سے بولا جاتا ہے ٭

آسمان زمین کھا گئے (ف) بے پتہ۔ بے پتہ شے جس کے ہونے یا لینے کا کوئی اقرار کرنے والا نہ ہو اس وقت بولا جاتا ہے۔ جب کہیں پتہ نشان نہ ملے ٭

آسمان زمین کے قلابے ملانا (ف) (۱) انتہا درجے کی کوشش کرنا (۲) بہت جھوٹ بولنا۔ گپ مارنا۔ لاف زنی کرنا ٭

آسمان زمین میں دھوم پڑنا (ف) بہت بڑی شہرت ہونا۔ دنیا میں مشہور ہو جانا ٭

آسمان زمین میں سناٹا ہو گیا (ف) آسمان سے زمین تک خاموشی چھا گئی ٭

آسمان سر پر اٹھانا (ف) شور و غل مچانا۔ اترانا۔ آفت برپا کرنا۔ فساد جھگڑے کرنا۔ زیادہ ظلم کرنا ٭

آسمان سے آگ برسنا (ف) سخت گرمی پڑنا ٭

آسمان سے اترنا (ف) (۱) نہایت عمدہ اور نایاب چیز کی تعریف میں کہا جاتا ہے گویا آسمان سے اتری ہے۔ (۲) ذلیل ہونا۔ عزت و آبرو جلتے رہنا۔ رتبے سے گرنا ٭

آسمان سے باتیں کرنا (ف) محاورہ (۱) بہت اونچا ہونا (۲) بہت مغرور ہونا ٭

آسمان سے تارے اتار لانا (ف) محاورہ۔ دشوار و ناممکن کام کرنا ٭

آسمان سے ٹکر لینا (ف) بہت اونچا ہونا۔ دگنے چوگنے سے مقابلہ کرنا۔ حیثیت سے بڑھ کر قدم رکھنا۔ دُور کی لینا ٭

آسمان سے گرا۔ کھجور میں اٹکا (ف) مثل۔ بڑی مشکل سے رہائی پا کر کامیاب ہو جانا۔ اور چھوٹی سی رکاوٹ سے ناکام رہ جانا۔ اونچی سرکار سے کام نکل جانے اور کسی معمولی اہلکار کی رکاوٹ سے رک جانے پر کہتے ہیں ٭

آسمان کا تھوکا اپنے منہ پر آتا ہے (ف) مثل۔ بھلے آدمی کی برائی کرنے والا خود بدنام ہوتا ہے۔ شیخی مارنے والا خود ذلیل ہو جاتا ہے ٭

آسمان کا رکھا نہ زمین کا (ف) مثل۔ خراب کر دیا۔ غارت کر دیا۔ بے کار کر دیا ٭

آسمان کا رنگ بدلنا (ف) انقلاب برپا ہونا ٭

آسمان کی باتیں (ف) مؤنث۔ جو باتیں سمجھ میں نہ آئیں ٭

آسمان کی خبر لانا (ف) بہت اونچا اڑنا یا جانا ٭

آسمان کی سوجھنا (ف) دُور کی سوجھنا ٭

آسمان کی سیر کرنا (ف) خیالات کا دُور دُور پہنچنا ٭

آسمان کی طرف دیکھنا (ف) حسرت کے وقت آسمان کی طرف نگاہ کا اٹھ جانا ٭

آسمان کے تارے توڑنا (ف) محاورہ (۱) بہت دشوار کام کرنا۔ نہ ہونے والے کام کو کرنا۔ ناممکن کو ممکن بنانا (۲) نہایت چالاکی سے کام لینا ٭

آسمان گیر (ف) مذکر (۱) چھجا (۲) پال۔ شامیانہ (۳) بنگلہ (۴) ٹٹی ٭

آسمان میں تھگلی لگانا (ف) آسمان پر پیوند لگانا کمال عیاری اور فریب کی جگہ بولتے ہیں ٭

آسمان نہ پھٹ پڑے (ف) محاورہ۔ کسی کے بہت جھوٹ بولنے یا صریح تہمت۔ ظلم یا علانیہ گناہ کرنے پر بولتے ہیں۔ آفت نہ آ جائے ٭

آسمان ہلا دینا (ف) آسمان کو لرزا دینا۔ پُر اثر آہ و نالہ کرنا اور شور و غل مچانا ٭

آسمانی (آس۔ ما۔ نی) (ف) (۱) آسمان کی نسبت والا۔ آسمانی رنگ والا۔ نیلا رنگ (۲) آسمان سے آیا ہوا۔ آسمان پر رہنے والا۔ آسمان سے تعلق رکھنے والا (۳) ناگہانی۔ اچانک۔ یکا یک۔ دفعتاً ٭

آسمانی پلانا (ف) بھنگ پلانا۔ کوئی نشیلی چیز پلانا ٭

آسمانی رنگ (ف) مذکر۔ آسمان کا سا رنگ۔ نیلا رنگ۔ ہلکا رنگ ٭

آسمانی زبان (ف) مؤنث۔ ہندوؤں کے نزدیک سنسکرت اور مسلمانوں کے نزدیک عربی زبان۔ فرشتوں کی زبان ٭

آسمانی کتاب - وہ کتاب جو خدا کی طرف سے کسی پیغمبر کو دی جائے۔ الہامی کتاب۔ توریت۔ زبور۔ انجیل۔ قرآن ٭

آسمانی گولہ (ف) مذکر (۱) تیار فصل پر برف اولا گرنا (۲) وبا۔ قحط۔ سوکھا پڑنا (۳) مصیبت آنا۔ بے وقت صدمہ۔ قہر الٰہی ٭

آسن (آ۔ سَن) (ہ) مذکر (۱) بیٹھنے کی جگہ۔ بیٹھنے کی چٹائی۔ فقیروں کے رہنے کی جگہ (۲) بیٹھنے کا قاعدہ

(۳) اونی یا ریشمی کپڑے یا گھاس کی بنی ہوئی چٹائی جس پر پوجا کے وقت بیٹھتے ہیں (۴) جماع کرنے کا طریق ۔

آسن اکھڑنا (ہ) (۱) سوار کی ران گھوڑے پر نہ جمنا۔ سوار کا اپنی جگہ سے اکھڑ جانا۔ (۲) فقیر کا کٹی کو چھوڑ کر دوسری جگہ چلے جانا ۔

آسن جمانا (ہ) (۱) ران جما کر گھوڑے پر بیٹھنا۔ (۲) کسی جگہ قیام کرنا۔ رہنے لگنا (۳) قابو کرنا۔ قبضے میں لانا ۔

آسن سے آسن جوڑنا (ہ) جوگیوں کی طرح زانو بہ زانو ایک دوسرے کے سامنے بیٹھنا ۔

آسن کے نیچے آنا (ہ) (۱) ران کے نیچے آنا۔ سواری دینا۔ (۲) قابو میں آنا۔ محکوم ہو جانا ۔

آسن مارنا یا مار کر بیٹھنا (ہ) (۱) جوگیوں کی طرح بیٹھنا (۲) اس ارادے سے بیٹھنا کہ پھر نہ اٹھیں گے (۳) گھوڑے پر جم کر بیٹھنا ۔

آسنی (آ۔سَنی) (ہ) مؤنث (۱) گھاس کی بنی ہوئی چھوٹی چٹائی (۲) ریشمی یا اونی کپڑا جس پر بیٹھ کر پوجا کی جاتی ہے (۳) فقیروں کے بیٹھنے کا بستر ۔

آسُود (آ۔سُود) (ف) آسودن (آرام پانا) کی ماضی ۔

آسُودگان (ف) مذکر (۱) آرام پائے ہوئے (۲) مُردے ۔

آسُودگانِ خاک (ف) مذکر۔ مرے ہوئے نیک لوگ۔ مُردے ۔

آسُودگی (ف) مؤنث۔ خوش حالی۔ فارغ البالی۔ دولت مندی ۔

آسُودہ (آ۔سُو۔دَہ) (ف) (۱) خوشحال (۲) دولتمند ۔

آسُودہ حال (ف) خوش حال۔ امیر ۔

آسُودہ حالی (ف) مؤنث۔ خوش حالی۔ دولت مندی ۔

آسُودہ دل (ف) خوش حال۔ بے فکر ۔

آسیا (آ۔سِیَا) (ف) مؤنث۔ چکی ۔

آسیب (آ۔سِیب) (ف) مذکر۔ بھوت پریت کا اثر۔ جن۔ دیو۔ پری کا سایہ ۔

آسیب اُتارنا (ہ) (۱) عمل اور علم۔ تعویذ گنڈے حاضرات کے ذریعے سے آسیب دُور کرنا ۔

آسیب زدہ (ف) آسیب کا مارا ہوا۔ بھوت پریت۔ جن و پری کا ستایا ہوا ۔

آسیب کا اثر
آسیب کا خلل
آسیب کا دخل
(ہ) مذکر۔ جن بھوت کا اثر۔ پری کا سایہ ۔

آسیب کا سر پر کھیلنا (ہ) آسیب زدہ عورت یا مرد کے سامنے پھول اور خوشبو رکھ کر گانا سنایا جاتا ہے۔ تاکہ وہ جن یا بھوت یا پیر فقیر آسیب زدہ کے سر پر آجائے۔ چنانچہ گانا سنتے سنتے آسیب زدہ سر ہلا ہلا کر کھیلنے لگتا ہے۔ اسی کو آسیب کا سر پر کھیلنا کہتے ہیں۔ اور اسی حالت میں بعض لوگ کچھ پوچھ بھی لیتے ہیں ۔

آسیبی (ف) آسیب والا۔ جسے آسیب کا خلل ہو ۔

آسیبی مکان (ہ) مذکر۔ وہ مکان جس میں بھوت رہتے ہوں ۔

آسیہ (آ۔سِیَہ) (ع) مؤنث۔ فرعون کی بی بی کا نام ہے۔ جو حضرت موسیٰؑ کی مددگار رہتیں اور فرعون کے حکم سے اس جرم میں قتل کرا دی گئیں کہ وہ حضرت موسیٰؑ کے مذہب کو کیوں مانتی ہیں ۔

آ - ش

آش (آش) (ف) مؤنث۔ وہ غذا جو اتنی پتلی ہو کہ پی سکیں۔ مثلاً شوربا۔ حریرہ ۔

آش پلاؤ (ف) مذکر۔ ایک قسم کا پلاؤ جو مریض کو دیا جاتا ہے ۔

آش جَو (ف) مذکر۔ جَو کا پکا ہوا پانی۔ جَو کا جوش دیا ہوا پانی ۔

آشام (آ۔شَام) (ف) مذکر (۱) ایک قسم کا لطیف حریرہ۔ (۲) آشامیدن کا امر۔ پی۔ پی لے ۔

آشتی (آش۔تِی) (ف) مؤنث (۱) صلح (۲) میل ملاپ۔ اتفاق۔ محبّت ۔

آشرم (آش۔رَم) (س) مذکر (۱) سادھوؤں رشیوں وغیرہ کے رہنے کا مقام۔ کٹی (۲) مکان (۳) برہمن کی زندگی کا ایک حصّہ (۴) جھونپڑی جو کسی خوشی کے موقع پر بنائی جائے (۵) مدرسہ۔ سکول۔ کالج (۶) جنگل۔ درختوں کا جھنڈ ۔

آشفتہ (آ۔شُف۔تَہ) (ف) (۱) پریشان۔ پراگندہ (۲) عاشق (۳) دیوانہ۔ پاگل۔ سڑی (۴) آوارہ (۵) حیران

آشفتہ حال / آشفتہ خاطر / آشفتہ دل (ف) مذکر۔ پراگندہ دل - پریشان حال - خراب - خستہ ۔

آشفتہ سر (ف) مذکر۔ سڑی - سودائی - دیوانہ - پاگل - مجنوں ۔

آشفتگی (آ - شُف - تگی) (ف) مؤنث - پریشانی - حیرانی ۔

آشفتہ مو (ف) (۱) جس کے بال بکھرے ہوئے ہوں - (۲) غمگین - پریشان حال ۔

آشفتہ نوا (ف) جس کی آواز یا نالہ و فریاد سے پریشانی کا اظہار ہو ۔

آشکار / آشکارا (آش - کاز + آش - کا را) (ف) ظاہر - کھلا ہوا - علانیہ - نمایاں - کھُلّم کھُلّا - صاف - عیاں - روشن - واضح ۔

آشنا (آش - نا) (ف) مذکر (۱) روشناس - جاننے والا - دوست - یار (۲) واقف - آگاہ (۳) کسی عورت سے ناجائز تعلق رکھنے والا ۔

آشنا پرست (ف) مذکر۔ دوستی کا سچا - دوست کا پوجنے والا - بامروّت - دوست کی قدر کرنے والا - دوست کو ملنے والا - بالحاظ ۔

آشنائی (ف) مؤنث (۱) محبت - دوستی - چاہ - پیار - (۲) شناسائی - صاحب سلامت ۔

آشنائی کا جھوٹا (۱) مذکر۔ جھوٹی دوستی کرنے والا - نباہ نہ سکنے والا - بے وفا دوست ۔

آشنائی کا سچا (۱) مذکر۔ دوستی کا پورا - وہ شخص جو دوستی نباہ سکے ۔

آشنائی مُلّا تا سبق (ف) مثل - مُلّا کی دوستی سبق تک ہے - مطلب پرست - خود غرض ۔

آشنائی کرنا (ہ) دوستی کرنا ۔

آشوب (آ - شوب) (ف) مذکر (۱) شور - غوغا - فتنہ - فساد - انقلاب - غدر (۲) آنکھ دکھنا ۔

آشوب چشم (ف) مذکر۔ آنکھ دُکھنا - آنکھ آنا - آنکھ میں درد ہونا ۔

آشوب روزگار (ف) مذکر (۱) زمانے کا فتنہ - آفتِ دہر (۲) معشوق ۔

آشوب محشر (ف) مذکر۔ ہنگامۂ قیامت - بہت بڑا شور و غل ۔

آشیان - آشیانہ (آش یاں + آش یا - نہ) (ف) مذکر۔ گھر - گھونسلا - رہنے سہنے کا مکان ۔

آشیاں یا آشیانہ باندھنا - بنانا - چھانا - کرنا یا لگانا (ہ) گھونسلا بنانا ۔

آشیرباد (آ - شیر - باد) (س) دیکھو "اشیرباد" ۔

آ - ص

آصف (آ - صَف) (عبرانی) (۱) حضرت سلیمانؑ کے وزیر کا نام جو برخیا کے بیٹے تھے - (۱) مجازاً ہر لائق وزیر (۲) جمع کرنا - اکٹھا کرنا - ضبط کرنا (۲) زمانۂ حضرت داؤد علیہ السلام کے ایک قوّال کا نام ۔

آصف الدولہ (ع) خطاب - نوّاب وزیر کا لقب جو پہلے دہلی کے وزیرِ اعظم تھے اور پھر اودھ کے خود مختار فرمانروا ہو گئے ۔

آصف جاہ (ف) مذکر۔ شاہانِ مغلیہ کے زمانے میں بہت بڑے اُمراء و وزراء کا لقب ہوتا تھا - چنانچہ فرمانروائے حیدرآباد دکن بھی اسی لقب سے ملقب ہیں ۔

آصفیہ (آ - صِفی - یَہ) (ع) مؤنث - اس میں "ی" حرفِ نسبت ہے یعنی آصف سے نسبت رکھنے والا - جیسے سلطنت آصفیہ اور مملکت آصفیہ یا خدامِ آصفیہ ۔

آ - غ

آغا (آ - غا) (ت) مذکر (۱) آقا - مالک (۲) بڑا بھائی (۳) مغلوں - پٹھانوں کے سردار کا تعظیمی لقب ۔

آغا میر کی دائی سب سیکھی سکھائی (ہ) مثل - جو عورت پوری طرح نہایت چالاک اور عیار ہو - اس کی نسبت بولتے ہیں (آغا میر دہلی کے ایک باتمیز رئیس تھے) جو خود ہشیار ہو - اُسے سمجھانے کی ضرورت نہیں ۔

آغاز (آ - غاز) (ف) مذکر - ابتدا - عنوان - شروع - پہل ۔

آغاز و انجام نہ سوچنا - بے سوچے سمجھے کام کرنا - ناعاقبت اندیشی - آگا پیچھا نہ دیکھنا ۔

آغشتہ (آ - غش - تہ) (ف) مذکر - آلودہ - لتھڑا ہوا ۔

آغوش (آ۔غوش) (ف) مذکّر و مؤنّث۔ گود۔ کنار۔ بغل۔ پہلو۔ کولی ٭
آغوش گرم کرنا (ا) گود میں لینا۔ بغل میں لینا ٭
آغوش لحد میں جا سونا۔ سونا یا لیٹنا (ا) (ا) قبر میں دفن ہونا ٭
آغوش میں بیٹھنا (ا) گود میں بیٹھنا۔ پہلو میں بیٹھنا ٭
آغوش میں دبانا (ا) گود میں بھینچنا۔ بغل میں دبانا ٭
آغوں (آ۔غُوں) (ہ) مؤنّث۔ دُودھ پیتے بچے کی آواز ٭

آ - ف

آفات (آ۔فات) (ع) مذکّر۔ آفت کی جمع۔ بلائیں۔ مصیبتیں ٭
آفاتِ آسمانی یا سماوی (ف) مؤنّث۔ آسمانی حادثات۔ ناگہانی بلائیں ٭
آفاتِ ارضی (ع) زمین سے پیدا ہونے والی خرابیاں۔ بلائیں۔ مصیبتیں ٭
آفاق (آ۔فاق) (ع) مذکّر۔ افق کی جمع (۱) آسمان کے کنارے (۲) دنیا۔ جہان۔ عالم۔ جگت۔ سنسار ٭
آفاق گیر (ع) (ا) دنیا پر چھا جانے والا۔ دنیا کا لینے والا۔ (۲) مذکّر۔ بادشاہ ٭
آفت (آ۔فت) (ع) مؤنّث (۱) بلا۔ مصیبت۔ دکھ۔ بپتا۔ تکلیف۔ قہر۔ غضب (۲) عیّار۔ شریر۔ بدذات (۳) دشواری۔ مشکل۔ دقّت (۴) وبا۔ قحط (۵) غل۔ شور (۶) عذاب۔ وبال (۷) دشمن (۸) جلدی۔ گھبراہٹ ٭
آفت برپا کرنا (ا) (ا) ظلم و ستم توڑنا (۲) قیامت اٹھانا۔ شور و غل کرنا۔ رونا۔ چلّانا ٭
آفت پڑنا (ا) (ا) قہر نازل ہونا (۲) صدمہ پہنچنا ٭
آفت توڑنا (ا) (ا) ستم کرنا۔ غضب ڈھانا (۲) غصّے ہونا ٭
آفت ٹوٹنا (ا) آفت توڑنا کا لازم ٭
آفت جان (ع۔ف) مذکّر (ا) جان کا دشمن۔ جان کا عذاب (۲) مجازاً معشوق ٭
آفت جھیلنا (ا) مصیبت اٹھانا۔ صدمہ سہنا۔
آفت خیز (ف) (ا) آفت برپا کرنے والا۔ (۲) آفت اُٹھنے کی جگہ ٭
آفت ڈھانا (ا) قیامت برپا کرنا۔ ستم توڑنا ٭
آفت رسیدہ (ف) دکھ کا مارا ہوا (۲) محبّت میں گرفتار ٭
آفتِ روزگار (ف) (۱) زمانے کی آفت۔ زمانے کو مصیبت میں ڈالنے والا (۲) مذکّر۔ مجازاً معشوق ٭
آفت زدہ (ف) مصیبت کا مارا ہوا۔ دکھوں کا مارا ہوا ٭
آفت سر پر لینا (ا) (۱) مصیبت اپنے سر لینا۔ (۲) جھگڑے میں پڑنا (۳) جھگڑا خریدنا ٭
آفت سہنا (ا) صدمہ برداشت کرنا ٭
آفت کا پرکالہ یا آفت کا ٹکڑا (ا) (۱) بلائے روزگار۔ سراپا آفت۔ ہمہ تن شرارت (۲) ذہین۔ ذکی۔ زود فہم (۳) مصیبت کا پُتلا۔ ستم گر۔ ظالم (۴) مذکّر۔ مجازاً معشوق ٭
آفت کی پُڑیا یا آفت کی پوٹ (ا) مؤنّث۔ عیّارہ۔ دغا باز۔ شریر ٭
آفت مچانا (ا) شرارت کرنا۔ شور مچانا ٭
آفتاب (آف۔تاب) (ف) مذکّر (ا) شمس۔ سورج۔ خورشید۔ مہر (۲) دھوپ ٭
آفتاب آمد دلیلِ آفتاب (ف) مثل۔ ظاہر بات سے ثبوت کی ضرورت نہیں ٭
آفتاب برآمد ہونا (ا) سورج کا نکلنا۔ سورج کا باہر آنا۔ صبح ہونا ٭
آفتاب بیں (ف) مؤنّث۔ سورج کو دیکھنے والی دوربین ٭
آفتاب پرست (ف) مذکّر۔ سورج کو پوجنے والا۔ سورج کی پرستش کرنے والا ٭
آفتاب ڈھلنا (ا) آفتاب کا وسطِ آسمان سے مغرب کی طرف جھکنا۔ دن کا زوال شروع ہونا ٭
آفتاب سر پر آنا (ا) دوپہر ہونا۔ بارہ بجے کا وقت ہونا ٭
آفتابِ شام (ف) مذکّر (ا) سورج جب قریب غروب ہو (۲) مرنے کے قریب بوڑھا ٭
آفتاب غروب ہونا (ا) سورج کا چھپنا۔ شام ہونا۔ سورج کا ڈوبنا ٭
آفتاب کا ایک نیزے یا سوا نیزے پر آنا (ا)

(۱) قیامت آنا (۲) سخت تکلیف اور نہایت گرمی کا اظہار۔
آفتاب کا مغرب سے نکلنا (۱) مسلمانوں کا اعتقاد ہے کہ جب تک آفتاب مغرب سے نہ نکلے۔ توبہ کا دروازہ کھلا ہے۔ قیامت کے قریب جب آفتاب مغرب سے نکلے گا۔ پھر کسی کی توبہ قبول نہ ہو سکے گی۔
آفتاب کو چراغ دکھانا (۱) تجربہ کار کو کام کا ڈھنگ بتانا۔ قابل کے سامنے نا قابل کا شیخی بگھارنا۔
آفتاب لب بام (ف۔ محاورہ) (۱) سورج کا غروب کے قریب ہونا (۲) کنایۃً ہر چیز پر جو زوال کے قریب ہو بولتے ہیں (۳) مرنے کے قریب۔
آفتاب محشر (ف) مذکر (۱) قیامت کے دن کا سورج۔ (۲) نہایت گرم اور تیز سورج (۲) معشوق۔ حسین۔ خوب صورت۔
آفتابہ (آ-فْ-تا-بَہ) (ف) مذکر۔ ڈھکنے والا لوٹا۔
آفتابی (آ-فْ-تا-بی) (ف) مؤنث (۱) ایک آتشبازی کا نام ہے (۲) ہم شکل آفتاب (۳) گول۔ چمک دار۔ (۴) دھوپ میں پکایا ہوا۔ دھوپ دیا ہوا۔ دھوپ میں گرم کیا ہوا۔ سورج سے گرمایا ہوا۔
آفتابی چہرہ (ف) آفتاب کی طرح گول چہرہ۔
آفتابی دائرہ (ف) بالکل گول دائرہ۔ دائرے کی دو قسمیں ہیں۔ ایک آفتابی جو بالکل گول مثل آفتاب کے ہو۔ دوسرا بیضوی جو بیضہ یعنی انڈے کے ہم شکل ہوتا ہے۔
آفریدگار (آ-فْ-رِی-دَہ-گار) (ف) مذکر۔ خالق۔ پیدا کرنیوالا۔
آفریدہ (آ-فْ-رِی-دَہ) (ف) مذکر۔ پیدا کیا گیا۔ مخلوق۔
آفریدی (آ-فْ-رِی-دی) (ف) مذکر۔ پٹھانوں کی ایک قوم جو پنجاب کی سرحد پر رہتی ہے۔
آفریں (آ-فْ-رِیں) (ف) مؤنث۔ کلمۂ تحسین۔ سبحان اللہ۔ واہ واہ۔ شاباش۔
آفریں باد بریں ہمت مردانۂ تو (ف) تیری مردانہ ہمت پر تحسین ہے۔ شاباش۔
آفریں کہنا (۱) تعریف کرنا۔ شاباش کہنا۔ سراہنا۔
آفرینش (آ-فْ-رِی-نِش) (ف) مؤنث۔ پیدائش۔ مخلوقات۔ دنیا۔ سرشٹی۔
آفس (آ-فِس) (انگ۔ OFFICE) مذکر۔ دفتر۔
آفس آف فارن ایکسچینج (آ-فِس-آف-فا-رِن ایکس-چینج) (انگ FOREIGN EXCHANGE OFFICE OF) مذکر۔ ممالکِ غیر کے مبادلے کا دفتر۔ سرحدی ڈاک خانہ۔
آفندی (آ-فَن-دی) (ت) مذکر۔ تعظیم کا خطاب۔ صاحب۔ حضور۔ جناب۔ مالک۔
آفیسر (آ-فِی-سَر) (انگ OFFICER) مذکر۔ افسر۔ حاکم۔
آفیشل (آ-فِی-شَل) (انگ OFFICIAL) (۱) سرکاری۔ دفتری۔ حکمانہ (۲) مذکر۔ عہدہ دار۔

آ-ق

آقا (آ-قا) (ف) مذکر (۱) مالک۔ صاحب۔ میاں۔ خاوند (۲) حاکم۔ افسر
آقائے ولی نعمت (ف) سرکار۔ ملازم اپنے آقا کو کہتے ہیں۔

آ-ک

آک (آ-کْ) (ہ) مذکر۔ ایک درخت کا نام ہے۔ جسے آکھ۔ اکھوا۔ مدار۔ اکوا اڑ۔ اکوا بھی کہتے ہیں۔
آک کا ڈوڈا (ہ) مذکر۔ آک کا پھل۔ آک کی بڑھیا۔
آک کا کیڑا آک میں راضی۔ ڈھاک کا ڈھاک میں (۱) ہر شخص اپنے مناسب کام پر خوش رہتا ہے۔
آکا (آ-گا) (ف) مذکر۔ بڑا بھائی۔ کلمۂ خطاب۔ اس لفظ کا رواج اکثر مغلوں میں ہوتا ہے۔
آکاس (آ-کاش) (ہ) مذکر۔ خلا۔ حدِ نگاہ۔ بعض کے نزدیک آگ۔ پانی۔ خاک۔ ہوا کے علاوہ پانچواں عنصر خلا ہے۔
آکاس بیل (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی زرد رنگ کی بیل جو درختوں سے لپٹی ہوتی ہے۔ افتیمون کا ہندی نام
آکاس گنگا (ہ) کہکشاں۔ آسمان پر چھوٹے چھوٹے تاروں کا مسلسل ہجوم جس کو آکاس جنیئو۔ اندر کے ہاتھی کا راستہ اور آسمان کی بدھی کہتے ہیں۔
آکسفورڈ (آکْس-فورْڈ) (انگ OXFORD) مذکر انگلستان کا ایک مشہور شہر جس میں ایک پرانی نامور یونیورسٹی قائم ہے۔
آکسیجن (آک-سی-جَن) (انگ OXYGEN)

مؤنث۔ ایک قسم کی گیس جو پانی کا جزوِ اعظم ہے۔ لطیف عنصر۔

آکھ (آکھ) (ہ) مؤنث (۱) تیلی (۲) جنگلی درندہ جانوروں کے رہنے کی جگہ۔ چوپاؤں کا مسکن۔ خصوصاً شیر کے رہنے کی جگہ۔

آ-گ

آگ (آگ) (ہ) مؤنث (۱) آتش۔ نار۔ اگنی۔ اگن۔ (۲) گرمی کی شدّت۔ (۳) سوزش۔ تپش۔ تیزی۔ (۴) آتشک۔ باد فرنگ۔ (۵) بھوک۔ پیاس کی شدّت۔ (۶) ممتا۔ جوشِ خون۔ (۷) سوز و گداز۔ عشق و محبت (۸) مصیبت۔ آفت۔ (۹) غصّہ۔ جھلّاپن۔ (۱۰) حسد۔ عداوت۔ لڑائی جھگڑا۔ (۱۱) گرم۔ جلے تن۔ غضب ناک۔ (۱۲) تشبیہاً بہت سرخ (۱۳) تشبیہاً چمک دمک۔ روشنی۔

آگ اور بیری کو کم نہ سمجھئے (ہ) مثل۔ آگ خواہ تھوڑی اور دشمن چاہے حقیر ہو۔ دونوں کو بے حقیقت نہ سمجھنا چاہئے۔ کہ آگ تھوڑی سی بھی بھڑک کر مکان کو جلا دیتی ہے۔ اور حقیر دشمن بھی سخت نقصان پہنچا سکتا ہے۔ جیسا کہ فارسی میں "دشمن نتواں حقیر و بیچارہ شمرد" کی مثل مشہور ہے۔

آگ اور پھوس ایک جا ہو تو ممکن نہیں کہ نہ جلے (ا) مثل۔ اگر مرد اور عورت اکٹھے ہوں تو ضرور زنا کی نوبت آتی ہے۔

آگ ببولا (ہ) دیکھو آگ بگولا۔

آگ بجھانا (ہ) (۱) جھگڑا مٹانا۔ غصّہ فرو کرنا (۲) بھوک پیاس مٹانا۔ تشنگی رفع کرنا۔ پیٹ بھر کر کھلانا۔ (۳) تسکین دینا۔ اطمینان دینا۔ (۴) آگ کو فرو کرنا۔ آگ کو ٹھنڈا کرنا۔

آگ بجھنا (ا) جلا پا کٹنا۔ تڑپ جاتی رہنا۔ آگ کا ٹھنڈا ہونا۔

آگ برسانا (ا) (۱) پے در پے توپ۔ بندوق۔ مشین گن کے گولے برسانا اور بم برسانا (۲) آتش بازی چھوڑنا (۳) باہم نفاق پیدا کرنا۔

آگ بگولا بنا دینا (ہ) کسی کو برافروختہ کرنا۔ کسی کو غصّہ دلانا۔

آگ بن دھواں کہاں؟ (ہ) مثل۔ ہر بات کی بنیاد ضروری ہے۔ ہر جھگڑے کا کوئی نہ کوئی سبب ہوا کرتا ہے۔

آگ بنا دینا (ہ) غصّہ دلانا۔ بھڑکانا۔

آگ بنانا (ہ) (۱) آگ سلگانا (۲) رنج دلانا۔

آگ بن جانا (ہ) غصّے سے سُرخ ہو جانا۔

آگبوٹ (ا) مذکر۔ دھوئیں کا جہاز۔ دخانی کشتی۔ بوٹ انگریزی لفظ ہے بمعنی کشتی۔

آگ بھبھوکا بن جانا (ہ) غصّے سے سُرخ ہو جانا۔

آگ بھری ہونا (ہ) (۱) سوز و گداز ہونا (۲) جلن ہونا۔ (۳) دشمن ہونا (۴) گرم مزاج ہونا (۵) پیٹ میں سوزش ہونا (۶) آتشک ہونا (۷) پُر شہوت ہونا۔

آگ بھڑکانا (ہ) (۱) آگ کو ہوا دے کر مشتعل کرنا۔ (۲) فتنہ اٹھانا۔ فساد بڑھانا۔ نفاق ڈالنا۔ (۳) شوق اور محبت بڑھانا۔ بے تاب اور بے قرار کرنا۔

آگ بھڑکنا۔ یا۔ آگ بھڑک اُٹھنا (ہ) (۱) آگ کا دہکنا۔ (۲) شعلے بلند ہونا (۲) لڑائی فساد حسد اور کینہ زیادہ ہونا (۳) شوق بڑھنا (۴) جلن اور گرمی زیادہ ہونا۔

آگ بھی نہ لگاؤں (ہ) عورتیں کسی چیز سے نفرت ظاہر کرتے وقت کہتی ہیں۔

آگ پانی کا بیر (ا) محاورہ۔ آگ اور پانی کی طبیعت میں ضد ہے۔ فطری مخالفت۔ جبلّی عداوت۔

آگ پانی کا سنجوگ (ہ) دو مخالف طبع چیزوں کا جوڑا۔ اجتماعِ ضدّین۔

آگ پانی کا کھیل (ہ) محاورہ (۱) حلوائی یا باورچی سے جب کوئی چیز پکانے میں بگڑ جاتی ہے۔ تو اپنی برأت کے لئے بولتے ہیں۔ ہماری کوئی خطا نہیں۔ یہ تو آگ پانی کا کھیل ہے۔ اپنا کیا اختیار ہے۔ (۲) آگ پانی سے چلنے والی مشین اور انجن۔

آگ پانی میں لگانا (ا) نہ لڑنے والے آدمی کو لڑا دینا۔ دشمنی پیدا کرنا۔ بیر کرنا۔ غصّہ دلانا۔

آگ پر تیل ڈالنا یا ٹپکانا (ہ) (۱) آگ کو اور بھڑکانا (۲) غصّے کو تیز کرنا۔

آگ پر لوٹنا (ا) بے چین اور بے قرار ہونا۔ تڑپنا۔ رشک و حسد سے جلنا۔

آگ بھڑ جانا (ہ) (۱) جلن پیدا ہونا۔ تکلیف زیادہ ہونا۔ (۲) دشمنی پیدا ہو جانا۔

آگ پڑنا (ہ) (۱) دھوپ کی سخت تیزی ہونا (۲) مہنگا ہونا۔

آگ پھانکنا (ہ) (۱) جھوٹ بولنا۔ (۲) مبالغہ کرنا۔ (۳) حسد کرنا۔ کسی کو خوش دیکھ کر جلنا۔

آگ پھوس میں بیر ہے (ہ) آگ اور پھوس میں ضد ہے۔ آگ پھوس ایک جگہ اکٹھے نہیں رہ سکتے۔ اگر ایک جگہ ہوں گے تو پھوس ضرور جل کر برباد ہو جائے گا۔ مخالف مل کر نہیں رہ سکتے۔

آگ پھیلانا (ہ) فساد برپا کرنا۔ فتنہ برپا کرنا۔ رنج بڑھانا۔

آگ تاپنا (ہ) آگ سے ہاتھ پاؤں سینکنا۔

آگ تلووں سے لگنا (ہ) (۱) غصّہ آنا (۲) رشک کی آگ سے جلنا۔

آگ ٹھنڈی کرنا (ل) (۱) آگ بجھانا (۲) غصّہ ٹھنڈا کرنا (۳) دشمنوں میں میل کرانا۔ غدر۔ فساد اور فتنے کو دبانا۔ لڑائی کو دور کرنا۔ آگ بجھانا۔

آگ کا جاگ اٹھنا (ل) (۱) بجھی ہوئی آگ کا مشتعل ہو جانا (۲) شوق بڑھ جانا۔ فساد کا دوبارہ ہونا (۳) دشمنی ہونا (۴) فساد۔ فتنہ۔ غدر کا ٹھنڈا ہو کر دوبارہ بھڑکنا۔

آگ جانے لوہار جانے دھونکنے والے کی بلا جانے (ہ) حکم کی تعمیل کرنے والا ظلم کا ذمّہ دار نہیں۔ دھونکنے والے کا کام دھونکنا ہے۔ لوہا خراب ہو جائے یا اچھا۔ وہ اُس کا ذمّہ دار نہیں۔ اُسے لوہار جانے۔

آگ جگانا (ہ) (۱) بجھی ہوئی آگ کو بھڑکانا۔ (۲) شوق بڑھانا۔

آگ جھاڑنا (ہ) (۱) آگ سے راکھ پھونک کر اڑا دینا۔ (۲) پتھر اور چقماق سے آگ نکالنا۔

آگ دبانا یا دابنا (ہ) (۱) انگاروں کو راکھ وغیرہ سے چھپا دینا۔ (۲) فتنہ فساد مٹانا۔ غصّہ کو دور کرنا۔

آگ دکھانا (ہ) (۱) گرم کرنا (۲) جلانا۔ آگ لگانا۔ (۳) فلیتہ دینا (۴) سر کرنا (بندوق وغیرہ کا)۔

آگ دھونا (ہ) آگ کو جھاڑ کر صاف کرنا۔ انگارے کی راکھ جھاڑ کر خالص کرنا۔

آگ دینا (ہ) (۱) جلانا۔ فلیتے سے آگ لگانا (۲) روشن کرنا (۳) چمکانا۔ رونق دینا۔ (۴) کسی چیز کو آگ پر کشتہ کرنا۔

آگ روشن کرنا (ل) آگ جلانا۔

آگ سرد ہونا (ہ) (۱) آگ بھسم ہونا (۲) شوق باقی نہ رہنا۔ (۳) فتنہ و فساد رفع ہونا۔ آگ بجھنا۔

آگ سلگانا (ہ) (۱) آگ جلانا (۲) مجازاً لگائی بجھائی کرنا۔

آگ سے پانی ہو جانا (ہ) (۱) غصّہ دور ہو جانا۔ سخت مزاج کا نرم دل ہو جانا (۲) مشکل کام کا آسان ہو جانا۔

آگ کا باغ (ل) مذکّر (۱) آتش بازی (۲) سُنار کی کٹھالی (۳) آتشِ نمرود۔

آگ کا پُتلا آگ کو دھائے (ہ) مثل۔ آگ کا بنا ہوا آگ میں جاتا ہے۔ ہر چیز اپنی اصل کی طرف رجوع کرتی ہے۔

آگ کا جلا آگ سے اچھا ہوتا ہے (ہ) مثل۔ (۱) آگ کے جلے کو سینکنا مفید پڑتا ہے (۲) سختی کرنے والے پر سختی کی جاتی ہے تو اس کا مزاج درست ہو جاتا ہے۔ بد کے ساتھ بدی سے پیش آنے پر سمجھ آتی ہے۔ جیسے کو تیسا۔

آگ کر دینا (ہ) افروختہ کرنا۔ غصّہ دلانا۔ شرم کرنا۔

آگ کو آگ مارتی ہے (ہ) مثل۔ شریر شریر ہی سے دبتا ہے۔ لوہے کو لوہا ہی کاٹتا ہے۔

آگ کو دامن سے ڈھانکنا (ہ) مثل۔ بات کو اس طرح چھپانا کہ راز فاش ہو جائے۔

آگ کھائیگا تو انگارے ہگیگا (ہ) مثل۔ جو بُرا کام کرے گا۔ وہ اس کا نتیجہ بُرا ہی بھگتے گا۔ جو جیسا کرے گا۔ ویسا بھرے گا۔ جو بوئے گا تو جو ہی کاٹے گا۔

آگ کھائے مُنہ جلے۔ اُدھار کھائے پیٹ۔ (ہ) جیسے آگ سے منہ جلتا ہے۔ ویسے ہی قرض سے پیٹ جلتا ہے۔

آگ کہتے مُنہ نہیں جلتا (ہ) کسی چیز کا نام لینے سے اس کا اثر نہیں ہوتا۔ زہر کا نام لینے سے

آدمی نہیں مرتا ٭

آگ کے مول یا مولوں (ہ) (۱) نہایت مہنگا۔ بہت گراں (۲) وقت طلب ٭

آگ گاڑنا (ہ) (۱) دیکھو "آگ دبانا" (۲) کسی کے عیب کو جس سے لڑائی جھگڑا یا نا اتفاقی ہونے کا ڈر ہو چھپانا اور پوشیدہ کرنا ٭

آگ لگا کے پانی کو دَوڑنا (ہ) (۱) اپنے عیب کو چھپانا۔ دو آدمیوں کو لڑانا اور اپنے آپ کو ملاپ کرنے والا ظاہر کرنا۔ (۲) مکاری۔ فریب کاری۔ عیاری۔ چالاکی ٭

آگ لگانا (ہ) (۱) جلانا۔ پھونکنا (۲) محبت و عشق میں پھنسانا۔ شوق دلانا۔ بُرے کام کا چسکا لگانا۔ (۳) مال اڑانا۔ لٹا دینا ٭

آگ لگنا (ہ) (۱) جل اٹھنا (۲) عشق و محبت ہو جانا۔ شوق لگ جانا (۳) رشک و حسد ہونا۔ ضد و عداوت ہونا (۴) مہنگا ہونا (۵) غصہ آنا۔ (۶) بھوک پیاس کا غالب آنا ٭

آگ لگنتا جھونپڑا جو نکلے سو لابھ (ہ)
آگ لگنتی جھونپڑی جو نکلے سو لابھ } مثل جاتی ہوئی چیز میں سے جو کچھ مل جائے۔ وہی غنیمت ہے ٭

آگ لگے پر بلّی کا مُوت ڈھونڈنا (ہ)۔ (۱) بے سُود اور بے وقت کوشش کرنا (۲) بے کار اور بے موقع محنت کرنا (۳) بے وقت اور فضول علاج ٭

آگ لگے پر پانی کہاں؟ (ہ) مثل۔ غصے کے وقت سمجھ۔ عقل۔ ہوش۔ صبر نہیں رہ سکتا ٭

آگ لگے پر کنواں کھودنا (ہ) بیہودہ کام کرنا۔ فضول کام کرنا۔ بیکار کام کرنا۔ بے وقت کام کرنا ٭

آگ لگے تو بجھے جل سے
جل میں لگے تو بجھے کیسے } (ہ) مثل۔ بچے کی تو اصلاح کی جا سکتی ہے لیکن عادی مجرم کسی طرح درست نہیں ہو سکتا ٭

آگ لینے آنا (ہ) آتے ہی پلٹ جانا۔ آ کر جلد چلا جانا ٭

آگ میں آگ لگانا (ہ) (۱) جلے ہوئے کو جلانا۔ دکھے ہوئے کو ستانا (۲) فساد میں فساد پیدا کرنا ٭

آگ میں پانی ڈالنا (ہ) غصہ فرو کرنا۔ لڑائی فساد مٹانا ٭

آگ میں جو چیز پڑی آگ ہے (ہ) جیسی صحبت میں رہے گا۔ ویسا ہی ہو جائے گا۔ ہر چیز کہ در کان نمک رفت۔ نمک شد ٭

آگ میں جھونک دینا (ہ) آگ میں ڈال دینا۔ جلا دینا۔ بھسم کرنا۔ راکھ کر دینا ٭

آگ میں کود پڑنا (ہ) جان کی پروانہ کرنا۔ مصیبت یا بلا میں پڑنا ٭

آگ نہ اگل لعل اگل (ہ) مثل۔ اچھی باتیں کر ٭

آگا (آ۔ گا) (ہ) مذکر (۱) پیش۔ سامنا۔ چہرہ (۲) جسم یا لباس کا اگلا حصہ ٭

آگا پیچھا (ہ) مذکر (۱) لباس کا اگلا پچھلا حصہ (۲) انسان کا پس و پیش (۳) ہر کام کی ابتدا و انتہا۔ آغاز و انجام ٭

آگا پیچھا دیکھنا یا سوچنا (ہ) غور کرنا۔ سوچنا۔ نتیجہ سوچنا۔ فکر کرنا۔ آغاز و انجام پر نگاہ کرنا ٭

آگا تاگا لینا (ہ) کن سوئیاں لینا۔ چھپ کر کسی کے حالات معلوم کرنا۔ کسی کے راز معلوم کرنا ٭

آگاہ (آ۔ گاہ) (ف) واقف۔ دانا۔ باخبر۔ جاننے والا۔ راز دان ٭

آگاہی (آ۔ گا۔ ہی) (ف) مؤنث۔ واقفیت۔ جاننا علم ہونا۔ خبر۔ اطلاع ٭

آگرہ (آگ۔ رہ) (ہ) مذکر۔ دریائے جمنا کے کنارے اکبر بادشاہ کے بسائے ہوئے مشہور شہر اکبر آباد کا نام جس کے قریب سکندرہ آباد میں اکبر کا مقبرہ ہے ٭

آگے (آ۔ گے) (ہ) (۱) سامنے۔ روبرو (۲) گزشتہ زمانے میں (۳) آئندہ زمانے میں ٭

آگے آگرہ پیچھے لاہور (ہ) مثل۔ غلط راستے میں پڑ گئے ہیں ٭

آگے آگے گرو پیچھے پیچھے چیلا (ہ) (۱) مثل۔ آگے گرو چلتا ہے۔ پیچھے چیلا چلتا ہے جس لیاقت کا اُستاد ہوتا ہے۔ شاگرد بھی ویسی ہی قابلیت حاصل کرتا ہے ٭

آگے آیت (ع) بات ختم ہوئی۔ کام ہو چکا۔ فقرہ تمام ہوا۔ بس ٭

آگے بڑھو آگے چلو (ہ) (۱) چلے جاؤ۔ ہٹ جاؤ۔ (۲) ترقی کرو۔ بڑھو۔ بڑھے چلو ٭

آگے پیچھے سب چل بسینگے (ہ) مثل۔ دنیا کی بے ثباتی کے بیان میں کہتے ہیں۔ سب مر جائیں گے۔

آگے پیچھے سب چلے جائیں گے۔

آگے جاتے گھٹنے ٹوٹیں۔ پیچھے دیکھے آنکھیں پھوٹیں (ہ) مثل (۱) ایک طرح کی قسم ہے جس شخص کا جانا منظور نہیں ہوتا۔ اسے بجائے قسم دلانے کے استعمال کرتے ہیں (۲) مجبوری۔ معذوری۔ ناکامی کا اظہار۔ "نہ پائے رفتن نہ جائے ماندن"۔

آگے خدا کا نام (ہ) محاورہ (۱) بس خاتمہ ہے۔ (۲) اس سے آگے کچھ نہیں۔

آگے دوڑ پیچھے چھوڑ (ہ) ایک پورا کئے بغیر دوسرا اور دوسرا پورا کئے بغیر تیسرا کام شروع کرنا۔ کسی کام کو پورا نہ کرنا۔

آگے دھر لینا۔ یا۔ رکھ لینا - (ہ) پکڑ لینا۔ گرفتار کر لینا (۲) نشانے پر رکھ دینا۔

آگے دیکھ کے (ہ) ہوشیاری سے۔ سوچ سمجھ کر دیکھ بھال کر۔

آگے ڈال دینا (ہ) سامنے رکھ دینا۔ روبرو حاضر کر دینا۔

آگے۔ تک لائے گا (ہ) (۱) بعد میں حال ظاہر ہوگا بعد میں پاؤں پھیلائے گا (۲) پیچھے دھوکا دے گا۔ آخر میں جھگڑا کرے گا۔

آگے سے ہوتی آئی ہے (ہ) ہمیشہ سے ایسا ہی ہوتا رہا ہے۔

آگے قدم رکھنا (ہ) پیش قدمی کرنا۔ بڑھنا۔ ترقی کرنا۔

آگے کا قدم پیچھے پڑنا (ہ) گھبراہٹ اور اضطراب میں کچھ نہ سوجھنا۔ ناکامی۔

آگے کو کان ہوئے (ہ) آئندہ احتیاط یعنی اب آگے سمجھ گئے۔ آئندہ ایسا نہ ہوگا۔

آگے قسمت (ہ) آئندہ جو ہوگا۔ دیکھا جائیگا۔ جو مقسوم میں ہو گا مل کر رہیگا۔ مایوسی میں توکّل کا اظہار۔

آگے ناتھ نہ پیچھے پگھا۔ جیسے ڈھول میں لوٹے گدھا
آگے ناتھ نہ پیچھے پگھا سب سے اچھا کمہار کا گدھا
(ہ) مثل۔ جس کا والی وارث کوئی نہ ہو۔ وہ اچھا۔ آزاد آدمی سب سے اچھا۔

آگے نکل جانا (ہ) سبقت لے جانا۔ سامنے سے گزر جانا۔ بڑھ جانا۔ جیت جانا۔

آگے نہ ہونا (ہ) مقابلہ نہ کرنا۔ سامنے نہ آنا۔

آگے ہاتھ پیچھے پات (ہ) مثل۔ نہایت مفلس جسے سترپوشی کے لئے کپڑا بھی میسّر نہ ہو۔ اپنا آگا ہاتھ سے اور پیچھا پتے سے ڈھانپنے والا۔

آگے ہونا (ہ) (۱) قدم بڑھانا۔ آگے چلنا (۲) مقابلہ کرنا لڑنے کو آمادہ ہونا۔ سامنے ہونا۔

آگے ہی (ہ) پہلے ہی۔ پیشتر ہی۔

آگے ہی سے (ہ) پہلے ہی سے۔ پیشتر ہی سے۔

آگیا (آ۔گیا) (ہ) آپہنچا۔ واپس آگیا۔ چلا آیا۔

آگیا (آگ۔گیا) (س) مؤنث۔ فرمان۔ حکم۔ ارشاد۔ اجازت۔ امر۔

آگیا پالنا۔ حکم ماننا۔ فرمانبرداری کرنا۔ تعمیل ارشاد کرنا۔ امر کے موافق کام کرنا۔ اجازت پر چلنا۔

آ - ل

آل (آن) (ہ) (۱) پیاز۔ آنڈی۔ پیاز کے پتّے (۲) لمبا گھیا (۳) سُرخ رنگ کی لکڑی کا ایک درخت جس کی جڑ رنگنے کے کام آتی ہے۔

آل (ع) مؤنث) بیٹے پوتے (۲) اولاد۔ اہلِ بیت کنبہ۔

آل اولاد (ع) مؤنث۔ بیٹا۔ بیٹی۔ پوتا۔ پوتی اور ان کے بال بچے۔ خاندان۔ نسل۔

آل تمغا (ف) مذکر (۱) سُرخ مہر (۲) مجازاً فرمانِ شاہی (۳) معافی یا جاگیر کی سند۔

آلِ رسُولؐ (ع) مؤنث۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹی۔ جناب فاطمۃ الزہراؓ کی اولاد۔

آلِ عبا (ع) مذکر۔ حضرت فاطمہؓ۔ حضرت علیؓ۔ حضرت امام حسن و حضرت امام حسین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم سے مراد ہے۔

آل (انگ ALL) تمام۔ کُل۔ سب۔ جملہ۔

آل انڈیا مسلم لیگ (انگریزی) (ALL INDIA MUSLIM LEAGUE) مؤنث۔ ہندوستان کے تمام مسلمانوں کی متفقہ سیاسی مجلس۔

آل انڈیا ہندو مہاسبھا (انگریزی) (ALL INDIA HINDU MAHASABHA) مؤنث۔ ہندوستان کے تمام ہندوؤں کی باہمی صلاح مشورہ کرنے والی مجلس۔

آلا (آ-لاَ) (ہ) مذکر (۱) طاق۔ طاقچہ (۲) (صفت) ہرا۔ کچا (۳) مجازاً زخم۔ (۴) گیلا۔ تر (۵) لمبی کہانی۔ ختم نہ ہونے والی بات ٭

آلا دے نوالا (ہ) مثل۔ وہاں بولتے ہیں۔ جہاں کوئی کمینہ اعلیٰ درجے کو پہنچے۔ مگر فطرتاً اس کا کمینہ پن نہ جائے۔ روایت ہے کہ کسی فقیرنی کو ایک بادشاہ نے اپنے گھر میں ڈال لیا تھا۔ ہر قسم کے زیورات اور کھانے اس کے پاس مہیا رہتے۔ لیکن وہ کمزور اور دُبلی ہوتی جاتی تھی۔ حکما کے علاج ناکام رہے۔ تو کسی طبیب نے رائے دی کہ مکان کے طاقوں میں جُدا جُدا قسم کے کھانے رکھوا دیئے جائیں۔ اور کھانے کا کوئی انتظام نہ کیا جائے۔ لہٰذا ایسا ہی کیا گیا۔ تب وہ ہر طاق یعنی آلا کے قریب جاکر "آلا دے نوالہ" کی صدا کرتی اور طاق سے نوالہ لے کر کھاتی۔ چنانچہ تھوڑے عرصے میں تندرست ہوگئی۔ جب سے یہ مثل مشہور ہوئی ٭

آلا بالا (ہ) مذکر (۱) ٹال مٹول۔ ٹالم ٹولا۔ (۲) ڈھاک کو گول بتانا (۳) چال۔ فریب۔ (۴) سستی۔ کاہلی ٭

آلاپ (آ-لاَپ) (ہ) (۱) آواز۔ تان۔ سُر۔ (۲) بول چال ٭

آلات (آ-لاَت) (ع) مذکر۔ ہتھیار۔ اوزار۔ ساز وسامان۔ آلہ کی جمع ٭

آلاتِ حرب (ع) مذکر۔ لڑائی کے ہتھیار۔ بھک سے اڑنے والے مادّے ٭

آلاتِ کشاورزی (ع-ف) مذکر۔ کھیتی باڑی کے اوزار ٭

آلاراسی (ہ) بے پروا۔ بے فکر۔ لاابالی ٭

آلا گانا (ہ) (۱) تعریف کرنا (۲) اپنا رونا رونا۔ اپنی کہانی کہنا ٭

آلام (آ-لاَم) (ع) مذکر۔ الم کی جمع۔ رنج وغم۔ فکر ومصیبت ٭

آلان (آ-لاَن) (ہ) مؤنث (۱) ہاتھی کے باندھنے کی زنجیر (۲) ہاتھی پر ڈالنے کا گدّا ٭

آلائش (آ-لاَ-اِش) (ف) مؤنث (۱) آلودگی۔ میل کچیل (۲) ریم۔ پیپ۔ مواد۔ انتڑیاں۔ اوجھ (۳) کوڑا کرکٹ۔ ٹوٹا پھوٹا سامان (۴) ناپاکی ٭

آلپٹنا (آ-لپَٹ-نا) (ہ) آکر چمٹ جانا ٭

آلت (آ-لَت) (ع) مذکر (۱) اوزار۔ ہتھیار (۲) جہاز کی رسّی (۳) برتن (۴) آلۂ تناسل ٭

آلتی پالتی (آل-تی-پال-تی) (ہ) مؤنث۔ ایک نشست۔ چار زانو بیٹھنا ٭

آل جنجال (آل-جَن-جاَل) (ہ) مذکر۔ ڈراؤنا خواب ٭

آلسی سدا روگی (ہ) مثل۔ سست آدمی سدا روگی رہتا ہے ٭

آلکس۔ آلکسی (آل-کَس۔ آل-کَسی) (ہ) مؤنث۔ سستی ٭

آلکسیا (ہ) مذکر۔ سست ٭

آلگنا (آ-لَگ-نا) (ہ) (۱) قریب تر ہونا (۲) گھات میں بیٹھ رہنا (۳) پڑ جانا۔ پہنچنا (۴) پناہ لینے کی جگہ ٭

آلن (آ-لَن) (ہ) مذکر۔ پھٹکی بیسن یا آٹا جو ساگ میں ڈالتے ہیں ٭

آلنا (آل-نا) مذکر۔ گھونسلا۔ آشیانہ۔ گھر۔ آشیاں ٭

آلنگ (آ-لَنگ) (ہ) مؤنث۔ گھوڑی کا جوانی کے جوش پر آنا۔ جوانی کا جوش۔ جوڑے کی خواہش۔ نر کی ضرورت جفتی کی ضرورت ٭

آلو (آ-لُو) (ہ) مذکر۔ مشہور ترکاری کا نام ہے۔ جو جڑ کی قسم سے ہے۔ اس کا مزاج سرد وخشک ہوتا ہے ٭

آلو بخارا (ف) مذکر۔ ایک مشہور میوۂ ترش وشیریں کا نام جو بخارا کے ملک سے منسوب ہے ٭

آلوچہ (آ-لُو-چَہ) (ف) مذکر۔ ایک مشہور ترش میوے کا نام ہے جو آلو بخارا کے ہم شکل ہوتا ہے ٭

آلودگی (آ-لُو-دَگی) (ف) مؤنث (۱) آلائش۔ گندگی۔ (۲) تعلّقاتِ دنیوی ٭

آلودہ (آ-لُو-دَہ) (ف) (۱) مذکر۔ بھرا ہُوا۔ لتھڑا ہُوا۔ (۲) بُرے کاموں کا مرتکب ٭

آلودہ دامن (ف) گنہگار۔ عاصی۔ بُرے کام کا مرتکب ٭

آلہ (آ-لَہ) (ع) مذکر۔ اوزار۔ ہتھیار۔ جمع آلات ٭

آلۂ تناسُل (ع) مذکر۔ ذکر۔ کیر۔ عضو تناسل۔ قضیب۔ لنگ ٭

آلۂ حرارت (ف-ع) مذکر۔ گرمی دیکھنے کا آلہ ٭

آلۂ کار (ف) مذکر۔ کام کا آلہ۔ ذریعہ۔ وسیلہ ٭

آلۂ مُہلک (ع) مذکر۔ مار ڈالنے کا ہتھیار۔ ہلاک

کرنے کا آلہ ❋

آلی (آ-لِی) (ہ) مؤنّث (۱) تر-گیلی-نم (۲) سکھی-سہیلی-گوئیاں (۳) باکرہ-خام-کچّی ❋

آلے بالے (آ-لے-بَا-لے) (ہ) مذکّر-حیلے حوالے-بہانے-ٹال مٹولے ❋

آ-م

آم (آم) (ہ) مذکّر-اَنبہ-ہندوستان کے مشہور اور لذیذ میوے کا نام ❋

آم بوؤ آم کھاؤ-اِملی بوؤ اِملی کھاؤ (ہ) مثل-جو بوؤگے وہی کاٹوگے-جیسا کروگے ویسا بھروگے ❋

آم پال رکھنا-یا-ڈالنا (ہ) ایک خاص قاعدے سے کچے آموں کا بھُوسے وغیرہ میں رکھ دینا-تاکہ پک جائیں ❋

آم ٹپکنا (ہ) آم کا پک کر درخت سے گرنا ❋

آم کھانے سے کام یا پیڑ گننے سے (ہ) مثل-مطلب سے مطلب ہے-بے فائدہ باتوں سے کیا کام ❋

آم کھائے پال کا خربُوزہ کھائے ڈال کا پانی پئے تال کا (ہ) سمجھ داری کے اصول اس مثل میں بتائے ہیں کہ آم تو پال کا پکا ہُوا کھانا چاہیئے-خربوزہ تازہ اور پانی تالاب کا پینا چاہیئے ❋

آم کے آم گٹھلی کے دام (ہ) مثل-آم کھائے-گٹھلیوں کو بیچ کر دام وصول کر لئے-ہر طرح نفع ہی نفع ہونا-وہ کام جس میں نقصان کا ڈر نہ ہو ❋

آم میں مَور آنا (ہ) آم کے درخت میں پھول آنا ❋

آمن (آ-مَن) (ہ) مؤنّث-ایک قسم کا پتلا لمبا اور میٹھا آم ❋

آماج (آ-مَاج) (ف) مذکّر-نقطۂ ہدف-نشانہ ❋

آماج گاہ (ف) مذکّر و مؤنّث-نشانے کی جگہ ❋

آمادگی (آ-مَا-دَگِی) (ف) مؤنّث (۱) تیاری-مستعدی-(۲) رضامندی ❋

آمادہ (آ-مَا-دَہ) (ف) مذکّر (۱) مستعد-تیار (۲) راضی-رضامند ❋

آمادۂ فساد (ف-ع) فساد کرنے پر تیار-فسادی ❋

آماس (آ-مَاس) (ف) پھُلاوا-سُوجن-ورم ❋

آمد (آ-مَد) (ف) مؤنّث (۱) آمدنی-(۲) آیا-گیا کی ضد (۳) بے ساختگی-بے تکلّفی-بناوٹ کے بغیر ❋

آمد آمد (ف) مؤنّث-آنے کا چرچا-آنے کا ذکر-جلد آنے کی خبر ❋

آمدم برسرِ مطلب (ف-ع) مثل-اب میں اصل مطلب بیان کرتا ہوں ❋

آمدن بہ ارادت رفتن بہ اجازت (ف) مثل-آنا اپنے ارادے سے ہوتا ہے-جانا دوسرے کی اجازت سے ❋

آمدنی (ف) مؤنّث-محاصل-یافت-فائدہ ❋

آمد و خرچ (ف) مذکّر-آمدنی اور خرچ-آنا اور نکلنا-حاصل اور صرف ❋

آمد و رفت (ف) مؤنّث (۱) آنا جانا (۲) میل ملاپ-تعلق-واسطہ ❋

آمد و شد (ف) (۱) آنا جانا-آمد و رفت (۲) بڑھنا-نکلنا (۳) تعلق-واسطہ ❋

آمر (آ-مِر) (ع) مذکّر-حاکم-حکم دینے والا-ڈکٹیٹر ❋

آمرزش (آ-مُر-زِش) (ف) مؤنّث-بخشش-معاف کرنا ❋

آمرزگار (آ-مُر-زْ-گَار) (ف) بخشنے والا-معاف کرنے والا-خدا ❋

آمرزگاری (آ-مُر-زْ-گَا-رِی) بخشش ❋

آملہ (آ-مْلَہ) (ف) مذکّر-آؤلہ-آملج-ایک قسم کا ترش پھل جس کا مُربّہ اور اچار ڈالا جاتا ہے-اکثر دوا میں کام آتا ہے ❋

آمنا سامنا (آم-نَا-سَام-نَا) (ہ) (۱) مقابلہ-مڈبھیڑ (۲) لڑائی-باہم-سخت سُست باتیں ❋

آمنّا و صدّقنا (آ-مَن-نَا و صَد-دَق-نَا) (ع) (۱) ہم ایمان لائے اور ہم نے تصدیق کی (۲) بجا اور درست ہے-ٹھیک ہے-سچ ہے ❋

آمنہ (آ-مِنَہ) (ع) مؤنّث-آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کی والدۂ ماجدہ کا نام ❋

آموختہ (آ-مُوخ-تَہ) (ف) مذکّر-پڑھا ہوا-پچھلا سبق-سیکھا ہوا ❋

آموزگار (آ-مُوز-گَار) (ف) سکھانے والا-اُستاد-معلّم-پڑھانے والا ❋

آمیزش (آ-مے-زِش) (ف) مؤنّث-میل-ملاوٹ-ملونی ❋

آمین (آ-مِین) (ع) مؤنث (۱) ایک کلمہ جو اجابتِ دعا کے لیئے استعمال کرتے ہیں۔ خدا دعا قبول کرے۔ ایسا ہی ہو (۲) ختم قرآن کے موقع پر لڑکیوں کی اُستانیاں پڑھتی ہیں ٭

آ - ن

آن (آن) (ف) مؤنث (۱) شان۔ ادا (۲) وضع۔ ڈھنگ (۳) چھب (۴) (ع) وقت۔ لمحہ۔ پل ٭

آن بان م (۱) مؤنث۔ شان و شوکت ٭

آن و ادا (ف) (۱) ناز و ادا۔ بانکپن۔ چھب۔ (۲) وضع داری۔ تمکنت۔ غرور۔ اکڑ (۳) ہٹ۔ ضِد ٭

آن بان والا (ا) مذکر (۱) شان و شوکت والا۔ ناز و ادا والا۔ بانکا۔ وضعدار ٭

آن توڑنا (ہ) قول و قرار توڑنا۔ عہد شکنی کرنا۔ قسم توڑنا خلافِ رسم کرنا ٭

آن کا مہمان (ا) فقط کوئی دم کا مہمان۔ مرنے کے قریب۔ تھوڑی دیر کا مہمان ٭

آن کی آن (ا) دم کے دم۔ ساعت کی ساعت۔ تھوڑی دیر ٭

آن کی آن میں (ا) دم بھر میں۔ تھوڑی سی دیر میں ٭

آن لگنا (ہ) (۱) پاس آ جانا (۲) ختم ہونے کے قریب آنا ٭

آن لینا (ہ) آ پکڑنا۔ آ دبانا ٭

آن ماننا (ا) قائل ہونا۔ مجبور ہونا۔ تسلیم کرنا۔ ہار ماننا ٭

آن نکلنا (ہ) معشوقانہ انداز پیدا ہونا۔ حُسن و خوبی کا چمکنا ٭

آنا (آ-نا) (۱) جانا کی ضد۔ پہنچنا (۲) دکھائی دینا۔ نظر آنا (۳) چلنا۔ اترنا ٭

آناً فاناً (آ-نَن-فا-نَن) (ع) اچانک۔ آن واحد میں۔ فوراً۔ دُمادم۔ اک دم۔ یکایک۔ یکبارگی ٭

آنا کانی (آ-نا-کا-نی) (ہ) مؤنث۔ ٹال مٹول ٭

آنا کانی کرنا (ہ) واقف ہو کر پہلوتہی کرنا۔ ٹال مٹول کرنا۔ آنکھ چرانا۔ سُنی اَن سُنی کر جانا۔ گمراپن کرنا۔ طرح دینا۔ ٹالنا۔ انجان بننا ٭

آنت (آ-نْت) (ہ) مؤنث (۱) انتڑی (۲) طول طویل ٭

آنت اُترنا (ہ) مؤنث۔ فتق۔ بادخایہ۔ فوطوں میں آنت کا اترنا ٭

آنت بھاری تو مات بھاری (ہ) مثل۔ معدے کے فساد سے دردِ سر ہوتا ہے۔ آنت میں خرابی ہوتی ہے تو دردِ سر ہو جاتا ہے ٭

آنتوں کا بل کھلنا (ا) (۱) فاقوں کے بعد پیٹ بھر کر کھانا (۲) بھوک لگنا ٭

آنتوں کا قل ھو اللہ پڑھنا (ا) بہت بھوکا ہونا۔ بھوک کے مارے تاب نہ رہنا ٭

آنتیں گلے میں آنا (ہ) سخت مصیبت میں گرفتار ہونا۔ کسی بلا میں پھنسنا ٭

آنتیں مُنہ کو آنا (ہ) ناک میں دم آنا۔ دم گھٹنا ٭

آنٹ (آ-نْٹ) (ا) مؤنث۔ کسنا۔ سونے یا چاندی کا اصل اور نقل معلوم کرنے کے لیئے سوہن سے جو لکیر کھینچتے ہیں اسے آنٹ کہتے ہیں (۲) گانٹھ۔ پھندا۔ پیچ۔ گرہ (۳) ان بن۔ لاگ ڈانٹ۔ کینہ۔ عداوت ٭

آنٹ سانٹ (ا) (۱) مؤنث۔ سازش۔ کسی بات میں باہمی رفاقت۔ ناجائز ساجھا (۲) میل ملاپ۔ دوستی۔ محبت (۳) جھگڑے کا تصفیہ ٭

آنٹ لگانا (ہ) (۱) روکنا۔ بند کرنا (۲) چاندی کو تپا کر کھوٹا کھرا معلوم کرنا (۳) گرہ لگانا (۴) جھگڑا ڈالنا۔ عداوت کرنا۔ رقابت کرنا ٭

آنٹی (آں-ٹی) (ہ) مؤنث (۱) مروڑی پھی (۲) گھاس یا لکڑی کا گٹھا (۳) دھاگے کا گچھا یا لچھا (۴) گانٹھ۔ پھندا جس میں کوئی چیز اٹکائی جائے (۵) کشتی میں ٹانگ اڑانا ٭

آنٹی دینا یا لگانا (ہ) کشتی میں ٹانگ اڑانا۔ اڑنگا لگانا۔ مقابل کی گردن میں ہاتھ ڈال کر کولے پر اٹھا لینا ٭

آنچ (آ نْچ) (ہ) مؤنث (۱) آگ۔ گرمی۔ حرارت (۲) محبت۔ عشق۔ جوش۔ ممتا (۳) نقصان۔ رنج ٭

آنچ آنا (ہ) نقصان ہونا۔ تکلیف پہنچنا ٭

آنچ کا کھیل ہے (ہ) دیکھو "آگ پانی کا کھیل ہے" ٭

آنچل (آں-چَل) (ہ) مذکر۔ دوپٹے کا سِرا۔ اوڑھنی کا پلّو۔ دامن کا کنارہ۔ گھونگھٹ ٭

آنچل پلّو (ا) مذکر۔ ایک قسم کا دوپٹہ جس کے کناروں پر چوڑے پٹھے کی وضع کا بادلے سے بنا ہوا گوٹا لگاتے اور اس کے آگے مقیش کی جھالر بڑھا کر بھاری کر دیتے ہیں۔ ایک قسم کا بنارسی دوپٹہ ٭

آنچل پھاڑنا (ہ) (۱) دوپٹے کا پلّو پھاڑنا (۲) پردہ نشین

کا غیر شخص سے بات کرنا۔ دُلہن کا گھونگھٹ کے دوں میں تڑاق تڑاق باتیں کرنا (۳) گستاخانہ گفتگو بے باد بی (۴) ٹوٹکا۔ جادو۔

آنچل مُنہ پر رکھنا یا لینا (ف) دوپٹہ منہ پر لینا۔ گھونگھٹ نکالنا۔

آنچل میں بات باندھ رکھو (ف) یاد رکھو۔ نہ بھولو۔

آنچل میں گرہ دینا (ف) پلّو میں گرہ لگانا۔ دامن میں گانٹھ لگانا۔ کسی بات کو یاد رکھنے کے لئے اکثر پلّو یا دامن یا رومال یا کمر بند کے کنارے میں گانٹھ لگاتے ہیں۔

آنحضرتؐ۔ آں سرورؐ (آں۔حَض۔رَت۔ آں۔سَر۔وَر) (ف) مذکر (۱) پیغمبر اسلام حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مراد ہے (۲) تعظیم کے لئے نام کی جگہ بولتے ہیں وہ بزرگ۔ وہ سردار۔

آں دفتر را گاؤ خورد (ف) (۱) وہ دفتر برباد ہوگیا۔ (۲) وہ کام خراب ہوگیا۔ وہ سامان نہ رہا۔ تباہ ہوگیا۔

آندھل جھپٹ (آں۔دَھل۔جَھپَٹ) (ہ) اندھا دھند بے ہودہ۔ فضول۔ جلد جلد۔

آندھی (ہ) مؤنث۔ بادِ صرصر۔ تیز ہوا کا طوفان۔ گرد و غبار (صفت) تیز چلنے والا۔ پھرتیلا۔

آندھی آئے بیٹھ جائے۔ مینہ آئے بھاگ جائے (ہ) مثل (۱) جس وقت اور جہاں آندھی آئے۔ وہیں بیٹھ جانا چاہئے اور مینہ آنے کے وقت کسی سائے کی جگہ کی طرف بھاگ جانا چاہئے (۲) معمولی مصیبت کو برداشت کرنا اور تکلیف کے وقت شکر کرنا چاہئے۔

آندھی کی طرح آنا (ہ) فوراً آنا۔ زور شور سے آنا۔

آندھی کی طرح آیا۔ بگولے کی طرح گیا (ہ) محاورہ۔ آتے ہی جلدی سے چلا گیا۔ فوراً چلا گیا۔

آندھی کے آم (ہ) بہت ارزاں چیز۔ کیونکہ آندھی میں آم بکثرت گرتے اور سستے بکتے ہیں۔ کسی چیز کا مفت ہاتھ آجانا۔

آندھی ہونا (ہ) نہایت تیزی سے کوئی کام کرنا۔ جلد بازی کرنا۔

آنڈی بانڈی (آں۔ڈِی۔باں۔ڈِی) (ہ) مؤنث
آنڈے بانڈے (آں۔ڈے۔باں۔ڈے) (ہ) مذکر
سیر۔ گشت۔

آنڈی بانڈی یا آنڈے بانڈے کھانا (ہ) (۱) سیر کرنا پھرنا۔ (۲) بچوں کا ایک کھیل۔

آنر (آ۔نر) (انگ HONOUR) مؤنث۔ عزت۔ بڑائی۔ مرتبہ۔

آں را کہ حساب پاک ست از محاسبہ چہ باک۔ (ف) مثل۔ جس کا حساب صاف ہو اُسے پڑتال کا ڈر نہیں۔ جو شخص چور نہیں اُسے حاکم کا خوف نہیں۔ جس میں کھوٹ (عیب) نہیں اُسے چغلی اور چغل خور سے نقصان نہیں پہنچ سکتا۔

آنریبل (آن۔رے۔بل) (انگ HONOURABLE) مذکر (۱) ذی عزت۔ صاحب مرتبہ (۲) معزز۔

آنریری (آن۔رے۔ری) (انگ HONORARY) تعظیمی۔ امتیازی۔ اعزازی۔ بلا تنخواہ کام کرنے والا۔

آنریری جج (انگ HONORARY JUDGE) مذکر۔ تنخواہ کے بغیر کام کرنے والا جج۔

آنریری سکرٹری (انگ HONORARY SECRETARY) مذکر۔ وہ سکرٹری جو تنخواہ نہ لے۔

آنریری مجسٹریٹ (انگ HONORARY MAGISTRATE) اعزازی یعنی تنخواہ لئے بغیر کام کرنے والا مجسٹریٹ۔

آنسو (آں۔سُو) (ہ) مذکر۔ اشک۔ ٹسوا۔ اشرو۔ آنجو۔ جو پانی خوشی یا غم میں آنکھ سے بہتا ہے۔

آنسو آنا (ہ) آنکھوں میں آنسو بھر آنا۔

آنسو ایک نہیں۔ کلیجہ ٹوک ٹوک (ہ) مثل۔ جھوٹ موٹ کا رونا۔ بناوٹی رونا۔

آنسو بھر آنا }
آنسو بھر لانا } (ہ) آب دیدہ ہونا۔ آنکھوں میں پانی بھر لانا۔

آنسو پونچھنا (ہ) (۱) تسکین دینا۔ دلاسا دینا۔ تسلی اور اطمینان دینا (۲) زیادہ چیز کے بدلے تھوڑا عوض دینا۔

آنسو پھوٹ نکلنا (ہ) آنسو بہ نکلنا۔ آنسو نکل پڑنا۔ اشک جاری ہونا۔

آنسو پی جانا (ہ) (۱) ضبط کرنا۔ صبر کرنا (۲) آنسو نہ گرنے دینا۔

آنسو ڈالنا (ہ) رونا۔ گریہ کرنا۔ آنسو گرانا۔ زار زار رونا۔

آنسو ڈبڈبا آنا (ہ) آنکھوں میں آنسو بھر آنا۔

آنسو ڈھال (ہ) مؤنث (۱) آنکھ سے آنسو برابر جاری رہنا (۲) خصوصاً گھوڑے کی آنکھ سے آنسو بہنے کی ایک بیماری کا نام۔

آنسو نکل پڑنا (ہ) آنکھ سے بے اختیار آنسو گرنا ◆

آنسوؤں سے مُنہ دھونا (ہ) زار زار رونا۔ بہت رونا۔ پھُوٹ پھُوٹ کر رونا کہ تمام مُنہ آنسوؤں سے تر ہو جائے ◆

آنسوؤں کا تار باندھنا یا آنسوؤں کی جھڑی لگا دینا۔ (ہ) لگا تار آنسو بہانا۔ پے در پے آنسو بہانا ◆

آنسوؤں کا چھالا (ہ) آنسوؤں کی گرمی سے اکثر چھالا پڑ جاتا ہے ◆

آنسوؤں کی سیلی (ہ) مؤنث۔ آنسوؤں کا تار۔ آنسوؤں کی لڑی ◆

آں قدح بشکست و آں ساقی نماند (ف) مثل وہ پیالہ ٹوٹ گیا۔ اور وہ پلانے والا نہ رہا۔ وہ مزہ اور لطف جاتا رہا۔ وہ زمانہ ہی نہ رہا۔ وہ صحبتیں ہی نہ رہیں ◆

آنک (آ۔نک) (ہ) مؤنث (۱) ہندسہ۔ حرف (۲) پرکھ۔ جانچ ◆

آنکڑا (آ۔نک۔ڑا) (ہ) مذکر (۱) وہ ٹیڑھی آہنی سیخ جس سے درختوں کے پھل توڑتے ہیں۔ لوہے کا کانٹا۔ ہُک۔ بانک۔ آنکس (۲) ہندسہ۔ لکیر ◆

آنکس (آں۔کس) (ہ) مذکر۔ بانک۔ آنکڑا۔ ہاتھی کو کوچنے کا ہتھیار ◆

آنکس مارنا (ہ) ہاتھی کو چلانے کیلئے ضرب لگانا۔ مطیع کرنا ◆

آنکنا (آنک۔نا) (ہ) (۱) جانچنا۔ پرکھنا۔ تخمینہ لگانا۔ نشان کرنا (۲) عمل یا منتر سے زہریلے جانور کے کاٹے یا ڈسے کا روکنا ◆

آنکھ (آنکھ) (ہ) مؤنث (۱) چشم۔ دیدہ (۲) بصارت۔ بینائی (۳) اشارہ۔ ایما (۴) اندازہ (۵) مروّت۔ محبت (۶) امید۔ توقع ◆

آنکھ آشنا نہیں (ڈ) ناواقف۔ انجان۔ جیسے آنکھ نے نہ دیکھا ہو ◆

آنکھ (آنکھیں) آشوب کر آنا (ہ) آنکھ دُکھنا۔ آنکھ آنا ◆

آنکھ آنا۔ (ہ) آنکھ دُکھنا۔ آشوبِ چشم ہونا ◆

آنکھ اُٹھا کر نہ دیکھنا (ہ) (۱) شرمانا۔ لجانا (۲) التفات نہ کرنا۔ خاطر میں نہ لانا (۳) ناراض ہونا۔ خفا ہونا ◆

آنکھ اُٹھنا (ہ) نظر سامنے ہونا ◆

آنکھ اُچٹ جانا (ہ) (۱) نیند سے بیدار ہونا۔ جاگ پڑنا (۲) نشانہ خطا ہو جانا ◆

آنکھ اوٹ پہاڑ اوٹ۔ آنکھ اوجھل پہاڑ اوجھل۔ (ہ) مثل۔ جو چیز آنکھ سے پوشیدہ ہے۔ وہ گویا پہاڑ کی اوٹ میں ہے۔ جو چیز آنکھ کے سامنے نہیں۔ وہ اگر قریب بھی ہو۔ تو بھی دور ہے ◆

آنکھ اونچی نہ کرنا (ہ) (۱) نظر اُوپر نہ اٹھانا (۲) ادب کرنا۔ (۳) شرمانا۔ حیا کرنا۔ (۴) ڈرنا۔ خوف کرنا ◆

آنکھ ایک نہیں کجلوٹیاں نَو نَو (ہ) بدصورتی میں سجاوٹ بناوٹ کا شوق ہونا۔ آنکھ ایک نہیں سرمہ دانیاں نَو نَو موجود ہیں ◆

آنکھ بچا جانا (ہ) (۱) بچ کر نکل جانا (۲) چشم پوشی کرنا ◆

آنکھ بچانا (ہ) (۱) آنکھ کو چوٹ سے محفوظ رکھنا۔ (۲) شرمانا۔ جھینپنا ◆

آنکھ بچی مال دوستوں کا (ہ) نگاہ چوکی اور مال چوری گیا۔ تھوڑی غفلت میں نقصان ہو جانا۔ تھوڑی بے پروائی میں دشمن کا داؤ چل جاتا ہے ◆

آنکھ بدل جانا
آنکھ بدل لینا
آنکھ بدلنا۔
(ہ) (۱) پہلی سی نظر نہ رہنا۔ اگلی سی بات نہ رہنا (۲) بے مروّتی اور بے رُخی کرنا۔ تیور بدلنا (۳) بے مروّت ہو جانا (۴) بے وفائی کرنا۔ وعدہ وفا نہ کرنا ◆

آنکھ بنانا (ہ) (۱) آنکھ کا پانی نکالنا (۲) پھُوٹی ہوئی آنکھ کی جگہ پتھر وغیرہ کی آنکھ بنا کر قائم کرنا (۳) آنکھ کا علاج کرنا ◆

آنکھ (آنکھیں) بند کر کے کوئی کام کرنا (ہ) (۱) بے وسواس۔ بے تامل۔ بے دھڑک کوئی کام کرنا (۲) بے پروائی اور بے توجہی سے کوئی کام کرنا ◆

آنکھ بند کر لینا (ہ) (۱) سو جانا (۲) مر جانا (۳) نفرت کرنا۔ غفلت کرنا (۴) بے مروّتی کرنا (۵) بے شرمی کرنا۔ بے حیائی کرنا (۶) مرعوب ہونا۔ خوف زدہ ہونا۔ (۷) بے وفائی کرنا ◆

آنکھ بند کرنے میں (ڈ) بہت جلد ◆

آنکھ بند کئے چلے جاؤ (ا) (۱) بے دھڑک چلے جاؤ۔ بے خوف اور بے کھٹکے چلے جاؤ (۲) سیدھے چلے جاؤ ۔

آنکھ بند کی سال گزرا (ا) بہت جلد سال گزر گیا ۔

آنکھ بند ہو جانا (ف) (۱) سو جانا (۲) مر جانا (۳) خوف چھا جانا ۔

آنکھ بنوانا (ف) (۱) آنکھ کی پتلی کو صاف کرانا (۲) شیشے یا پتھر کی آنکھ بنوانا ۔

آنکھ (آنکھیں) بنواؤ (ا) لیاقت پیدا کرو۔ پرکھ اور پہچان سیکھو۔ تمیز سیکھو ۔

آنکھ بھبھوکا ہونا (ف) غصّے یا نشے سے آنکھ کا لال ہو جانا ۔

آنکھ بہ جانا (ف) آنکھ کا پانی نکل جانا۔ آنکھ خراب ہو جانا ۔

آنکھ بھر کر دیکھنا (ف) (۱) نظر جما کر دیکھنا (۲) گھورنا۔ غور سے دیکھنا۔ توجّہ کے ساتھ دیکھنا ۔

آنکھ بھوں ٹیڑھی کرنا (ف) خفا ہونا۔ نفرت ظاہر کرنا ۔

آنکھ بیٹھ جانا (ف) درد چشم یا کسی اور مرض سے آنکھ کے ڈھیلے کا اندر دھنس جانا ۔

آنکھ پر تنکا رکھنا (ف) آنکھ کی پھڑک بند کرنے کو آنکھ پر دھاگا یا تنکا رکھ لیا کرتے ہیں۔ ٹوٹکا کرنا ۔

آنکھ (آنکھوں) پر چڑھنا (ف) پسند آنا۔ نظروں میں بچ جانا۔ نگاہ میں سما جانا ۔

آنکھ پڑنا (ف) (۱) نگاہ پڑنا۔ دیکھا جانا (۲) رغبت ہونا۔ لالچ ہونا (۳) اتفاقیہ نظر پڑنا (۴) پسند کرنا۔ (۵) عاشق ہو جانا ۔

آنکھ (آنکھیں) پھاڑ پھاڑ کے دیکھنا۔ (ف) بڑے غور سے دیکھنا۔ (۲) حیرت اور اچنبھے کی نگاہ سے دیکھنا (۳) محبت اور پیار کی نظر سے دیکھنا ۔

آنکھ پہچاننا (ف) (۱) نگاہ پرکھنا۔ تیور پہچاننا (۲) دل کی بات سمجھ جانا۔ خواہش کو جان لینا۔ منشا کو تاڑ لینا (۳) اشارے پر کام کرنا ۔

آنکھ (آنکھیں) پھڑکنا (ف) آنکھ کے پپوٹے کا حرکت کرنا۔ ضعیف الاعتقاد لوگوں کے خیال میں مرد کی داہنی اور عورت کی بائیں آنکھ پھڑکے تو اُس کا کوئی عزیز یا پیارا ملتا ہے اور مرد کی بائیں اور عورت کی داہنی پھڑکے تو کچھ رنج یا صدمہ پہنچتا ہے ۔

آنکھ پھوٹنا (ف) (۱) بینائی جاتے رہنا۔ اولاد کا ضائع ہو جانا ۔

آنکھ پھوٹی پیڑ گئی (ف) (۱) آنکھ پھوٹ گئی۔ درد جاتا رہا۔ درد کا صدمہ اٹھانے سے اندھا ہونا اچھا (۲) تعلق ہی جاتا رہا تو ہمدردی کیسی ۔

آنکھ پھوڑ ٹڈا (ف) مذکر (۱) سبز رنگ کا ایک کیڑا جس کے پَر سُرخ ہوتے ہیں۔ (۲) بدطینت۔ اور فتنہ پرداز آدمی ۔

آنکھ پھوڑنا (ف) اندھا کرنا ۔

آنکھ پھیر لینا (ف) (۱) خفا ہونا (۲) بیزار ہونا۔ (۳) مر جانا ۔

آنکھ پھیلا کر دیکھنا (ف) چاروں طرف غور سے دیکھنا ۔

آنکھ پیدا کرنا (ف) دیکھنے یا پرکھنے کی لیاقت پیدا کرنا ۔

آنکھ تاڑ جانا (ف) تیور سے ارادہ سمجھ جانا ۔

آنکھ تر ہونا (ف) آنسو بھر آنا۔ رِقّت ہونا ۔

آنکھ ٹھنڈی کرنا (ف) تسلّی دینا۔ دل خوش کرنا ۔

آنکھ ٹیڑھی کرنا (ف) برہم ہو کر دیکھنا۔ تُرش رُو ہونا ۔

آنکھ جا پڑی (ف) یکا یک نگاہ پڑ گئی۔ اتفاقیہ نظر پڑ گئی ۔

آنکھ جانا (ف) دفعتہً نظر جا پڑنا ۔

آنکھ جھپکنا (ف) (۱) ذرا سا سو جانا (۲) چُندھیانا (۳) دب جانا۔ ہار جانا (۴) شرمانا ۔

آنکھ (آنکھیں) جھکنا (ف) شرم کے مارے آنکھیں نیچی کر لینا ۔

آنکھ (آنکھیں) چار ہونا (ف) نظر سے نظر ملنا۔ ملاقات ہونا۔ آمنا سامنا ہونا ۔

آنکھ چرا کر دیکھنا (ف) (۱) جان پہچان ہو جانا۔ محبت ہو جانا (۲) کن انکھیوں سے دیکھنا (۳) شرم سے دیکھنا ۔

آنکھ چرانا۔ یا آنکھ چھپانا (ف) آنکھ سامنے نہ کرنا۔ منہ چھپانا۔ جھینپنا۔ شرمانا ۔

آنکھ دبنا (ف) مغلوب ہونا۔ دب جانا ۔

آنکھ دکھانا (ف) علاج کی غرض سے مُعالج کو آنکھ

دکھانا۔ (۲) ڈرانا۔ دھمکانا۔ (۳) تنبیہ کرنا۔ ڈانٹنا۔ سزا دینا۔

آنکھ کو کھنا (ف) آنکھ میں درد یا کھٹک پیدا ہونا۔

آنکھ کوڑانا (ف) تلاش و تجسس کرنا۔ ڈھونڈنا۔ اِدھر اُدھر دیکھنا۔ سہارا ڈھونڈنا۔

آنکھ دھوئی دھائی (ف) مؤنث (۱) بے شرمی۔ بے حیائی۔ بے مروّتی۔ دیدہ دلیری۔ (۲) آنکھ صاف ہونا۔

آنکھ دیکھنا (ف) صحبت میں رہنا۔ تعلیم پانا۔ شاگردی کرنا۔ مرید ہونا۔

آنکھ ڈالنا (ف) (۱) دیکھنا۔ نگاہ کرنا (۲) شوق کی نظر سے دیکھنا۔ مائل ہونا (۳) کسی چیز کی تاک میں ہونا (۴) بُری نظر سے دیکھنا (۵) نظر لگانا (۶) سرسری طور پر دیکھنا۔

آنکھ ڈبڈبانا (ف) آنکھوں میں آنسو بھر لانا۔ رنجیدہ ہونا۔

آنکھ رکھنا (ف) (۱) آسرا رکھنا۔ امید رکھنا۔ سہارا ڈھونڈنا (۲) شناخت اور پرکھ ہونا۔

آنکھ روشن ہونا (ف) کسی کی ملاقات سے خوش ہونا۔ (۲) صاحبِ اولاد ہونا۔

آنکھ سامنے کرنا (ف) (۱) نظر ملانا۔ ڈھٹائی سے آنکھ مقابل کرنا۔ (۲) متوجہ ہونا۔ التفات کرنا۔

آنکھ سامنے نہ ہونا (ف) (۱) دیکھنے کی تاب نہ لانا۔ (۲) نادم ہونا۔ حیا آنا۔

آنکھ سے آنسو اُمنڈ آنا یا اُمنڈنا (ف) آنکھوں سے آنسو زور سے نکلنا۔

آنکھ سے آنکھ لڑنا (ف) نگاہیں چار ہونا۔ عاشق ہونا۔

آنکھ سے آنکھ ملانا (ف) (۱) ہمسری اور برابری کرنا۔ بے حیائی اور ڈھٹائی سے آنکھ ملانا (۲) مقابلہ کرنا (۳) دوستی کرنا۔

آنکھ سے اوجھل ہونا (ف) نظر کے سامنے نہ ہونا۔ نظر سے غائب ہونا۔

آنکھ سے دیکھ کر کام کرنا (ف) دیکھ بھال کر کام کرنا۔ سوچ سمجھ کر کام کرنا۔ غور و فکر سے کام کرنا۔

آنکھ سے سلام لینا (ف) متکبّر اور مغرور شخص کے سلام کا جواب زبان کی بجائے آنکھ سے دینا۔

آنکھ سیدھی ہونا (ف) مہربانی کی نظر ہونا۔

آنکھ سے گرنا (ف) وقعت نہ رہنا۔ بے قدر ہونا۔ بے عزّت ہونا۔ ذلیل ہونا۔

آنکھ سے لہو آنا (ف) بہت رونے سے آنکھوں سے بجائے آنسو کے لہو یا سُرخ آنسو نکلنا۔

آنکھ سینکنا (ف) پیارے کو دیکھنا۔ دید بازی کرنا۔

آنکھ کا اندھا گانٹھ کا پورا (ف) مثل۔ بیوقوف مالدار فضول خرچ رئیس اور مسرف کی تعریف۔

آنکھ کا پانی ڈھل جانا (ف) (۱) بے شرم ہونا۔ بے حیا ہونا (۲) آنکھ میں پانی اتر آنا۔

آنکھ کا پردہ (ا) مذکر (۱) آنکھ کی جھلی (۲) لحاظ۔ مروّت۔

آنکھ کا تارا (ف) مذکر (۱) آنکھ کی پُتلی۔ آنکھ کا تل۔ مردمِ چشم (۲) بہت پیارا۔ بہت عزیز۔ محبوب۔ (۳) اولاد (۴) معشوق۔

آنکھ کا تل (ف) آنکھ کی پتلی۔

آنکھ کا جالا (ف) مذکر۔ ایک مرض ہے۔ آنکھ کے تل پر آجانے والی جھلی۔

آنکھ کا حجاب (ف) مذکر (۱) شرم و حیا کا پردہ (۲) آنکھ کی اوپر والی جھلی۔

آنکھ کا ڈھلکا (ف) مذکر۔ ایک بیماری جس میں آنکھ سے پانی بہتا ہے۔

آنکھ کا غبار (ف) مذکر۔ آنکھ کا دُھند۔ آنکھ کا گدلا پن۔ آنکھ کی تاریکی۔ آنکھ میں اندھیرا ہو جانا۔

آنکھ کا کاجل چُرانا (ف) بے انتہا عیاری اور چالاکی کرنا۔

آنکھ کا لحاظ (ا) مذکر۔ قدرتی شرم جو عورت کو مرد سے ہوتی ہے۔

آنکھ کا لہو کی بوٹی ہو جانا (ف) آنکھ کا سرخ ہو جانا۔

آنکھ کا ناسور (ف) مذکر۔ آنکھ سے ہمیشہ بہنے یا جاری رہنے والا زخم۔

آنکھ کھلنا (ف) (۱) جاگنا (۲) حقیقتِ حال معلوم ہونا۔ ہوشیار ہونا (۳) آنکھ میں روشنی آجانا۔

آنکھ کی بدی بھوں کے آگے (ف) مثل۔ عزیز دوست کی برائی عزیز دوست کے آگے۔ کسی شخص کا عیب اس کے کنبے یا دوست کے آگے بیان کرنا۔

آنکھ کی پُتلی بنانا (ف) (۱) نہایت عزیز رکھنا۔ بہت محبت کرنا (۲) آنکھ کی پتلی کو علاج کر کے

درست کرنا ✦

آنکھ کی ٹھنڈک (ا) مؤنث۔ وہ عزیز دوست یا کوئی پیارا جسے دیکھ کر آنکھیں ٹھنڈی ہوں ✦

آنکھ کی حیا (ا) مؤنث۔ آنکھ کا لحاظ ✦

آنکھ کی سبیل (ف) مؤنث۔ آنکھ سے بہنے والا پانی۔ آنکھ کی تری۔ آنسو۔ آنکھ کا پانی ✦

آنکھ کی کیچڑ (ف) مؤنث۔ وہ کثافت جو آنکھ کے کونوں میں جمع ہو جاتی ہے ✦

آنکھ گاڑنا (ف) نظر جمانا۔ غور سے دیکھنا۔ ٹکٹکی لگا کر دیکھنا ✦

آنکھ لال کرنا (ف) غصّے کی نظر سے دیکھنا ✦

آنکھ لڑانا (ف) (۱) آنکھ ملانا۔ آنکھیں چار کرنا (۲) گھورنا۔ تاکنا (۳) عاشق ہونا (۴) مقابلہ کرنا (۵) لگاوٹ سے دیکھنا ✦

آنکھ لجائی دِصی ہوئی پرائی (ف) لڑکی کے عزیز و اقارب شادی کا پیغام پہنچنے پر لڑکے کے عزیز و اقارب سے شرم کے باعث آنکھیں نیچی کر لیتے ہیں تو اِس سے معلوم ہوتا ہے کہ انہیں ناتا منظور ہے۔ لڑکی ہماری ہو گئی ✦

آنکھ لگانا (ف) (۱) آشنائی کرنا (۲) عاشق ہونا۔ دوستی کرنا (۳) سونا (۴) تاک میں رہنا۔ انتظار کرنا راہ دیکھنا ✦

آنکھ لگ جانا یا لگنا (ف) (۱) نیند آ جانا۔ (۲) آشنائی ہونا (۳) عشق ہونا (۴) آسرا ہونا (۵) انتظار رہنا ✦

آنکھ للچائی ہوئی پڑنا (ف) (۱) نہایت محبت سے دیکھنا۔ نہایت پیار سے دیکھنا۔ نہایت بیتابی سے دیکھنا۔ (۲) حرص یا لالچ کی نظر سے دیکھنا ✦

آنکھ مارنا (ف) (۱) پلک جھپکانا (۲) اشارہ کرنا (۳) متوجہ کرنا ✦

آنکھ مچول۔ یا ۔مچولا (ف) مذکر }
آنکھ مچولی (ف) مؤنث } بچّوں کا ایک کھیل ہے کہ ایک لڑکے کی آنکھیں بند کر کے باقی لڑکے چھُپ جاتے ہیں پھر وہ آنکھیں کھول کر ڈھونڈتا پھرتا ہے۔ اور جسے پا کر چھُو لیتا ہے۔ اسے آنکھ بند کر کے بیٹھنا پڑتا ہے۔ (پنجابی، انکھ میٹی) ✦

آنکھ ملنا (ف) آنکھیں چار ہونا۔ نظر سے نظر ملنا ✦

آنکھ مُند جانا (ف) (۱) آنکھیں بند ہو جانا (۲) مر جانا (۳) سو جانا (۴) روشنی کی تاب نہ لانا ✦

آنکھ مُونڈ لینا (ف) (۱) آنکھیں بند کر لینا (۲) بے التفاتی کرنا (۳) تصوّر باندھنا۔ مراقبے میں بیٹھنا (۴) سو جانا (۵) مر جانا (۶) غفلت کرنا ✦

آنکھ میلی کرنا (ف) تیوری چڑھانا۔ غصّہ کرنا۔ غصّے کی نظر سے دیکھنا ✦

آنکھ میں بسنا (ف) آنکھ میں سمانا۔ منظورِ نظر ہونا۔ آنکھ میں جگہ کر لینا۔ موہ لینا۔ قابو کر لینا۔ گرویدہ بنا لینا۔ معشوق بن جانا۔ مطلوب ہو جانا ✦

آنکھ میں پانی نہیں (ا) (۱) بے شرم ہے۔ بے حیا ہے (۲) بے بصر آنکھ۔ بے نور آنکھ ✦

آنکھ میں نتھی شرم دل کی نتھی نرم (ف) مثل۔ نہ ماننے کی بات مان جانا۔ آنکھ کی شرم اور دل کی نرمی بامروّت ہونے کی دلیل ہے ✦

آنکھ میں جگہ کرنا (ف) عزیز ہو جانا۔ محبوب ہو جانا۔ آنکھ میں سمانا۔ آنکھ میں بسنا ✦

آنکھ میں چوب آنا (ف) چوٹ سے آنکھ میں سُرخی آ جانا ✦

آنکھ میں ذرا سیل نہیں (ف) ذرا مروّت اور رحم نہیں۔ شرم اور لحاظ مطلق نہیں ✦

آنکھ میں شرم ہو۔ تو جہاز سے بھاری ہے (ف) مثل۔ شرم و حیا سے بہت عزّت ہوتی ہے ✦

آنکھ میں کھُبنا (ف) آنکھوں کو اچھا معلوم ہونا۔ پسند آنا ✦

آنکھ میں کھٹکنا (ف) (۱) آنکھ میں چبھنا (۲) ناگوار ہونا۔ بہت بُرا معلوم ہونا ✦

آنکھ میں موتی کوٹ کوٹ کر بھرے ہونا (ف) آنکھ کا بہت خوب صورت ہونا ✦

آنکھ میں نیل کی سلائی پھیرنا (ا) اندھا کر دینا۔ نیل کی سلائی پھیرنے سے آنکھیں اندھی ہو جاتی ہیں۔ بددُعا کرتے ہوئے بولتے ہیں "تیری آنکھ میں نیل کی سلائی" ✦

آنکھ ناک سے درست ہے (ف) بے عیب ہے۔ تندرست ہے۔ کوئی بگاڑ نہیں۔ خوبصورت ہے ✦

آنکھ ناک سے ڈرنا (ف) جب کوئی جھوٹ بولتا ہے

تو عورتیں کہتی ہیں کہ "خدا سے نہیں ڈرتا۔ جھوٹ بولتا ہے۔ ایسا نہ ہو کہ اس کی پاداش میں اسے اللہ تعالیٰ اندھا یا ذلیل کر دے"۔

آنکھ نم کرنا (ف) آبدیدہ ہونا۔

آنکھ نہ اُٹھانا (ف) (۱) آنکھ اوپر نہ کرنا۔ نظر نہ اٹھانا۔ شرم کرنا۔ (۲) کام میں مشغول رہنا۔ ادب و لحاظ کرنا۔

آنکھ نہ پسیجنا (ف) (۱) آنسو نہ نکلنا (۲) رحم نہ آنا۔

آنکھ نہ جھپکنا (ف) (۱) ٹکٹکی باندھنا۔ شوق اور رغبت سے دیکھتے رہنا (۲) نیند نہ آنا۔ جاگتے رہنا۔ (۳) شرمندۂ احسان نہ ہونا (۴) ڈھیٹ ہونا (۵) نظر جمی رہنا۔ برابری کرنا۔ نہ دبنا۔

آنکھ نہ چھپنا (ف) تیوروں سے مزاج کی حالت ظاہر ہونا۔

آنکھ نہ دیدہ کاڑھے کشیدہ (ف) نہ آنکھ ہے۔ نہ آنکھ میں روشنی۔ کشیدہ کاڑھنے کا دعویٰ۔ لیاقت کچھ نہیں۔ دعوے بڑے بڑے۔

آنکھ نہ ڈالنا (ف) توجہ نہ کرنا۔ پروا نہ کرنا۔

آنکھ نہ لگنا (ف) جاگتے رہنا۔ نیند نہ آنا۔

آنکھ نہ ناک بنو چاند سی (ف) مؤنث۔ مثل۔ نہ آنکھ نہ ناک دلھن چاند سی۔ بدصورتی کی حالت میں سنگار کرنے کی دُھن۔ آنکھ۔ ناک نہ ہوتے ہوئے سنگار کرنا۔ اور خوب صورتی کی کوشش کرنا۔

آنکھ نہ ملانا (ف) شرمانا۔ لجانا۔

آنکھ نیچی ہونا (ف) شرمندہ ہونا۔

آنکھ والا (ف) مذکر۔ پہچاننے پرکھنے والا۔ جوہر شناس۔ دیکھنے والا۔

آنکھ ہونا (ف) (۱) بصیرت ہونا (۲) آنکھ کسی کی طرف ہونا۔

آنکھوں آنکھوں میں باتیں کرنا (ف) اشاروں سے باتیں کرنا۔

آنکھوں آنکھوں میں رات کٹنا (ف) رات بھر جاگتے گزرنا۔

آنکھوں پر بٹھانا (ف) عزت و توقیر کرنا۔ بہت محبت کرنا۔ تپاک سے پیش آنا۔

آنکھوں پر بیٹھئے (ف) محاورہ۔ کسی کے آنے کی نہایت خوشی اور محبت کے اظہار پر کہتے ہیں۔

آنکھوں پر پٹّی باندھنا (ف) بے درد اور بے مروّت ہو جانا۔

آنکھوں پر پردے پڑ جانا (ف) (۱) کچھ نہ سوجھنا۔ متحیّر اور غافل ہو جانا (۲) اندھا ہو جانا (۳) دھوکا کھا جانا۔

آنکھوں پر پلکوں کا بوجھ نہیں ہوتا (ف) محاورہ۔ جس سے محبت ہوتی ہے۔ وہ دل پر گراں نہیں گزرتا۔

آنکھوں پر ٹھیکری رکھ لینا (ف) محاورہ۔ بے مروّتی اختیار کرنا۔ بے حیا بننا۔

آنکھوں پر دیوار اُٹھانا (ف) مُکر جانا۔ جان بوجھ کر انکار کرنا۔

آنکھوں پر قدم (ف) یہ نہایت تواضع اور تکریم کرنے اور مہمان کے ہاتھوں ہاتھ لینے کی جگہ بولتے ہیں۔ فارسی "قدم بر چشم" کا ترجمہ ہے۔

آنکھوں پر ہاتھ رکھ لینا (ف) جھینپ جانا۔ شرمندہ ہونا۔

آنکھوں دیکھی بھٹ پڑا۔ سچّے کانوں سننے دے (ف) مثل۔ جب کسی کی آنکھوں دیکھی ہوئی بات کو جھوٹا اور اپنے کانوں سے سنی ہوئی بات کو سچّا ثابت کرنے کی کوشش کی جائے۔ تو کہتے ہیں۔ "آنکھوں کی دیکھی ہوئی بھاڑ میں گئی۔ مجھے کانوں سننے دے"۔ یعنی میں آنکھوں سے دیکھی ہوئی بات کو جھوٹا اور کانوں سے سُنی ہوئی بات کو سچّا سمجھتا ہوں۔

آنکھوں دیکھا جانا۔ کانوں سُنا نہ مانا (ف) مثل۔ یعنی جو کچھ انسان اپنی آنکھوں سے دیکھے۔ اس پر یقین لائے۔ سنی سنائی بات کا کیا اعتبار۔ فارسی میں "شنیدہ کے بود مانند دیدہ"۔

آنکھوں دیکھی (ف) (۱) چشم دید۔ جسے خود دیکھا ہو (۲) اپنے زمانے کی۔

آنکھوں دیکھتے مکھی نہیں نگلی جاتی (ف) مثل۔ جان بوجھ کر مصیبت میں نہیں پھنسا جاتا۔

آنکھوں سُکھ کلیجے ٹھنڈک (ف) مثل۔ بہت خوب خوشی سے منظور ہے۔ "چشم ما روشن دلِ ما شاد"۔

آنکھوں سے (ف) بسر و چشم۔ خوشی سے۔

آنکھوں سے اُتر جانا یا اُترنا (ف) بے قدر ہو جانا۔ حقیر ہو جانا۔ ذلیل ہو جانا۔

آنکھوں سے اوجھل ہونا (ف) آنکھوں سے پوشیدہ ہونا۔ غائب ہو جانا۔ چھُپ جانا۔

آنکھوں سے بجا لانا (ف) نہایت خوشی سے حکم کی

تعمیل کرنا۔ خوشی سے کہنا ماننا۔

آنکھوں سے تلوے سہلانا (ا) تلوؤں سے آنکھیں ملنا۔ انتہائے محبت کا اظہار۔

آنکھوں سے ٹکر ٹکر دیکھنا (ف) خاموش دیکھتے رہنا۔ چپ چاپ دیکھتے رہنا۔

آنکھوں سے خون بہانا (ا) بہت رونا۔ بے انتہا رونا۔

آنکھوں سے دم نکلنا (ا) مرنے کے وقت آنکھ کان۔ ناک۔ منہ اور پا گلانہ کے مقام سے رُوح نکلتی ہے۔ اور کبھی دماغ پھٹ کر نکلتی ہے۔ جو لوگ کسی کے انتظار میں مرتے ہیں۔ اُن کی رُوح آنکھوں کی راہ سے نکلتی ہے۔ نہایت انتظار میں دم نکلنا۔

آنکھوں سے دیکھا جو کبھی کانوں سے بھی نہ سُنا تھا (ف) کسی نئی عجیب و غریب بات کا دیکھنا۔ ایسی بات جسے کبھی کانوں سے بھی نہ سنا ہو۔ اسے اپنی آنکھوں سے دیکھنا۔

آنکھوں سے دیکھا نہ کانوں سے سُنا (ا) ایسی بات جو کبھی کانوں سے سنی نہ آنکھوں سے دیکھی۔ تعجب خیز واقعہ۔

آنکھوں سے کام کرنا (ف) بہت خوشی اور شوق سے کام کاج کرنا (۲) دانشمندی سے کام کرنا۔

آنکھوں سے لگا کے رکھنا۔ یا لگا رکھنا (ف) بہت عزیز رکھنا۔ حفاظت سے رکھنا۔ محبت پیار سے رکھنا۔ احتیاط سے رکھنا۔

آنکھوں سے لگانا (ف) تعظیم کرنا۔ عزّت دینا۔

آنکھوں سے معذور ہونا (ف) اندھا ہونا۔ نابینا ہونا۔ ہمیشہ آنکھوں کا بیمار رہنا۔

آنکھوں سے موہنی پیدا کرنا (ف) آنکھوں سے عشق کی علامتیں ظاہر کرنا۔

آنکھوں سے نیند اُڑ جانا (ف) نیند نہ آنا یا نیند اُچٹ جانا۔

آنکھوں سے ہاتھ دھو بیٹھنا یا دھونا (ف) اندھا ہو جانا۔

آنکھوں کا پانی ڈھل جانا (ف) بے شرم۔ بے غیرت اور بے حیا ہو جانا۔

آنکھوں کا تارا (ا) دیکھو "آنکھ کا تارا"۔

آنکھوں کا تیل نکالنا (ف) دیدہ ریزی کرنا۔ آنکھوں سے نہایت سخت کام لینا۔ باریک کام زیادہ محنت سے کرنا۔

آنکھوں کا جاتے رہنا (ف) اندھا ہو جانا۔ نابینا ہونا۔

آنکھوں کا چلنا۔ پھرنا (ف) شوخی سے نظر نہ ملنا۔ نگاہ نہ ٹھہرنا۔ تاکنا۔ جھانکنا۔ اِدھر اُدھر دیکھنا۔

آنکھوں کا رونا (ف) (۱) آنکھوں کا شکوہ۔ آنکھوں کی شکایت (۲) بینائی جاتے رہنے کا افسوس۔ (۳) آنکھوں کا ہمیشہ بیمار رہنا۔

آنکھوں کا نور (ا) مذکر (۱) بصارت۔ روشنیٔ چشم۔ (۲) لڑکا۔ اولاد۔

آنکھوں کا نیل ڈھل جانا (ا) مرتے وقت جو چند قطرے پانی کے آنکھوں سے نکلتے ہیں۔ اسے آنکھوں کا نیل ڈھل جانا کہتے ہیں۔ کہ ان کے بعد بینائی نہیں رہتی۔

آنکھوں کو چکا چوندی آنا (ف) روشنی کے سامنے آنکھوں کا نہ ٹھہرنا۔

آنکھوں کو رو بیٹھنا (ف) آنکھوں سے معذور ہو جانا۔ بینائی کھو بیٹھنا۔

آنکھوں کو فرش کرنا (ا) دیکھو "آنکھیں بچھانا"۔

آنکھوں کی پتلیاں پتھرانا (ف) (۱) آنکھ کا بے نور اور بے حِس ہو جانا۔ یہ حالت اکثر مرتے وقت ہوا کرتی ہے (۲) بہت انتظار کرنا۔

آنکھوں کی راہ سے دل میں آنا (ا) نگاہوں میں سما کر دل میں گھر کرنا۔ آنکھوں اور دل کو اچھا معلوم ہونا۔

آنکھوں کی سوئیاں نکالنی رہ گئیں (ف) مثل وہاں بولتے ہیں۔ جہاں کسی کام میں بہت کچھ محنت و مشقت ہو چکے اور تھوڑی سی کوشش باقی رہے (۲) نہایت کوشش سے کام کرنے پر بھی ناکام رہنا۔

آنکھوں کی سیاہی سفید ہونا (ا) (۱) بامروّت شخص کا بے وفا ہو جانا (۲) قریب مرگ ہونا۔

آنکھوں کی قسم (ا) عورتیں ان الفاظ سے قسم کھاتی ہیں۔

آنکھوں کے آگے آئے (ف) بد دعا ہے۔ خود تیری یا اپنے پیاروں کی بُری حالت تیری آنکھوں کے سامنے آئے۔

آنکھوں کے آگے اندھیرا آ جانا (ف) غش آنا۔

آنکھوں کے آگے پھرنا (ہ) تصوّر میں کسی اصل واقعہ کا ہو بہو آنکھوں کے سامنے نظر آنا۔

آنکھوں کے آگے تارے چھٹکنا۔یا۔ چھٹنا (ہ) ضعف یا صدمے سے چکّر آ جانے میں جو ترمرے سے نظر آتے ہیں۔ انھیں تارے چھٹکنا کہتے ہیں۔

آنکھوں کے آگے چاندنا ہو جانا (ہ) (۱) آنکھوں کے آگے صفائی ہونا (۲) کچھ نہ دیکھنا۔ آنکھوں کا ہونا نہ ہونا برابر ہونا۔

آنکھوں کے آگے ناک سُوجھے کیا خاک۔ (ہ) مثل۔ کسی بے وقوفی کے اظہار کے لئے طنزاً کہا جاتا ہے۔ آنکھوں کے آگے ناک آ جانے سے آنکھیں نہیں دیکھ سکتیں (۲) اپنے عیب اور اپنے عزیزوں کے قصور دکھائی نہیں دیتے۔

آنکھوں کے اندھے۔ نام شیخ روشن
آنکھوں کے اندھے۔ نام نین سُکھ } (ل) برعکس نہند نام زنگی کافور۔ بے ہودگی۔ غلط نام یا غلط تعریف۔

آنکھوں کے بل چلنا (ہ) نہایت ادب یا نہایت شوق سے چلنا۔

آنکھوں کے ڈورے (ہ) مذکر۔ آنکھوں کی لال لال رگیں۔

آنکھوں کے ڈھیلے (ہ) مذکر۔ دیدے یعنی سیاہی سپیدی اور پُتلی۔

آنکھوں کے ناخن لو (ہ) دیکھنے کی لیاقت پیدا کرو۔ سمجھ پیدا کرو۔ تمہاری آنکھوں میں قصور ہے۔ یا آنکھوں میں بیماری ہے۔ "آنکھوں کی فصدیں لوتہ بھی بولتے ہیں۔

آنکھوں میں آنا (ہ) نظروں میں سمانا۔

آنکھوں میں اندھیرا آجانا (ہ) دیکھو "آنکھوں کے آگے اندھیرا آنا"۔

آنکھوں میں بچن ہونا (ہ) آنکھوں آنکھوں میں وعدے اور اقرار ہونا۔ آنکھوں آنکھوں میں قول و اقرار ہونا۔ آنکھوں آنکھوں میں دوستی کی باتیں اور محبت کے اقرار ہو جانا۔

آنکھوں میں بسنا (ہ) (۱) پسند آنا۔ بھانا۔ (۲) نگاہوں میں جگہ کرنا۔

آنکھوں میں بہار آنا۔ پھولنا۔یا۔ چھانا (ل) نگاہوں سے خوشی ٹپکنا۔ دل شگفتہ ہونا۔

آنکھوں میں بھنگ گھُٹنا (ہ) بھنگ کا خوب نشہ ہونا۔ گہرا نشہ ہونا۔

آنکھوں میں پالنا (ہ) بہت محبت اور ناز و نعم سے پرورش کرنا۔ کوئی تکلیف نہ ہونے دینا۔

آنکھوں میں پھر جانا۔یا۔ پھرنا (ہ) تصوّر میں پیش نظر رہنا۔ ہر وقت نظروں میں رہنا۔ ہر وقت تصوّر ہونا۔ ہر دم یاد آنا۔

آنکھوں میں پھیکا لگنا (ہ) خوش نما اور اچھا نہ معلوم ہونا۔ پسند نہ آنا۔

آنکھوں میں پی جانا (ہ) (۱) رغبت و شوق سے تاکنا۔ گھورنا۔ آنکھوں سے کسی کے حُسن و خوبی کو دیکھ کر ضبط کرنا۔ خاموش ہو رہنا۔ کسی کی بدحرکت کو آنکھوں سے دیکھ کر خاموش ہو جانا۔ کسی مرغوب شے کو خاموش آنکھوں سے دیکھتے رہنا۔

آنکھوں میں تکلے چبھونا (ہ) (۱) اس کا استعمال ایسی خطا پر ہوتا ہے۔ جو آنکھ سے متعلق ہو۔ جیسے صریح ظلم کرنا۔ رونج و نقصان پہنچانا (۲) سخت ایذا دینا۔

آنکھوں میں تُلنا (ہ) (۱) نظروں میں جچنا (۲) نہایت ہلکا ہونا۔ نہایت سُبک ہونا۔

آنکھوں میں تیل لگانا (ہ) بہانہ بنانا۔

آنکھوں میں ٹھنڈک پڑنا (ل) آنکھوں میں طراوت آنا۔ دل خوش ہونا۔

آنکھوں میں جان آنا (ل) آنکھوں میں طاقت پیدا ہو جانا۔ آنکھوں کو آرام ملنا (۲) قریب مرگ ہونا۔

آنکھوں میں جگہ دینا (ہ) (۱) بہت عزیز سمجھنا۔ محبت کرنا (۲) تعظیم و توقیر کرنا۔

آنکھوں میں جہان تاریک ہونا (ل) انتہائے غم و رنج میں مصیبت کا اظہار یا کسی عزیز کا مرجانا۔ گھر کا تباہ ہو جانا۔ گھر والی کا مر جانا۔

آنکھوں میں چربی چھانا (ل) (۱) مغرور ہونا (۲) اپنے اچھے بُرے کو نہ سمجھنا۔ نیک و بد میں تمیز نہ ہونا (۳) بینائی کا کم ہونا۔

آنکھوں میں چڑھنا (ہ) اچھا لگنا۔ پسند آنا۔ عزّت پانا۔

آنکھوں میں چکا چوند ہونا (ل) آنکھوں کا چندھیانا۔

نگاہ کا خیرہ ہونا۔
آنکھوں میں خار گزرنا - معلوم ہونا - یا - ہونا (ف) (۱) نظروں کو بُرا معلوم ہونا۔ آنکھوں میں کھٹکنا۔ کریہ المنظر ہونا۔ بدصورت ہونا (۲) دشمن ہونا۔
آنکھوں میں خاک ڈالنا - یا - جھونکنا (ف) (۱) دھوکا دینا۔ دغا کرنا۔ فریب دینا (۲) جھٹلانا (۳) اٹھائی گیرا پن کرنا۔ (۴) دغا فریب سے کچھ لے لینا۔ (۵) ناقص چیز کو دھوکے اور فریب سے فروخت کرنا۔
آنکھوں میں خاک کی چٹکی بھی نہ دوں (ک) اتنی خاک بھی نہ دوں۔ جو آنکھ میں ڈال سکے۔ کچھ بھی نہ دوں۔ کبھی نہ دوں۔ ہرگز نہ دوں۔ تھوڑا بھی نہ دوں۔
آنکھوں میں خون اُترنا (ف) بہت غصّہ آنا۔ غصّے کے مارے آنکھیں سُرخ ہو جانا۔
آنکھوں میں دم آجانا (ف) (۱) جان بلب ہونا۔ قریب مرگ ہونا۔ انتظار میں مرنے کے قریب ہو جانا۔
آنکھوں میں دنیا سیاہ - اندھیر - یا - تاریک ہونا (ف) صدمے یا غم کے باعث کچھ نہ سجھائی دینا۔
آنکھوں میں ڈر نہ ہونا (ف) ڈھیٹ اور نڈر ہونا۔
آنکھوں میں رات کاٹنا (ف) جاگ کر صبح کرنا۔ نہایت انتظار کا اظہار۔ بےچینی اور تکلیف کا اظہار۔
آنکھوں میں رات کٹنا (ف) کسی کے انتظار یا اضطراب میں رات بھر جاگنا۔
آنکھوں میں رائی لون (ف) محاورہ۔ جب کوئی کسی بچّے یا اور کسی چیز کو ٹوکتا ہے تو اس ڈر سے کہ نظر نہ لگ جائے۔ عورتیں یہ جملہ بولتی ہیں۔
آنکھوں میں رسیلا پن ہونا (ف) آنکھوں کا خوب صورت ہونا۔
آنکھوں میں رہنا (ف) آنکھوں میں بسنا۔ تصوّر میں رہنا۔
آنکھوں میں سُبک ہونا (ف) حقیر ہونا۔ ذلیل ہونا۔ بے عزّت ہونا۔
آنکھوں میں سحر ہونا (ف) رات جاگتے گزارنا۔
آنکھوں میں سرسوں پھولنا (ف) (۱) زردی ہی زردی نظر آنا (۲) ہر چیز بھلی معلوم ہونا۔ خوشی ہونا۔ آنکھوں میں ٹیسو پھولنا بھی کہتے ہیں۔
آنکھوں میں سفیدی چھانا (ف) اندھا ہو جانا۔ آنکھوں میں جالا پھیل جانا۔
آنکھوں میں سماں بندھنا (ف) کسی کیفیت کی تصویر نظروں کے سامنے ہونا۔ آنکھوں کو لطف آنا۔
آنکھوں میں سوال و جواب ہونا (ف) اشاروں میں بات چیت ہونا۔
آنکھوں میں شرم نہ ہو تو ڈھیلے اچھے (ک) جن آنکھوں میں شرم (حیا - غیرت - لحاظ - لاج) نہ ہو ان سے مٹی کے ڈھیلے اچھے۔
آنکھوں میں کُوٹ کُوٹ کے موتی بھرے ہیں (ف) محاورہ۔ بہت آب دار اور خوبصورت آنکھیں ہیں۔
آنکھوں میں کھائے جاتا ہے (ف) (۱) کٹیلی آنکھیں ہیں۔ خوبصورت آنکھیں ہیں۔ بُری نظر سے آنکھوں سے دیکھتا ہے۔ آنکھوں سے گھائل کئے دیتا ہے۔ آنکھوں سے لبھاتا ہے (۲) غصّے سے آنکھیں نکال کر ڈراتا ہے۔
آنکھوں میں کُھب جانا - یا - کُھبنا (ف) نہایت پسند آنا۔ نگاہ کو بہت ہی اچھا معلوم ہونا۔ آنکھوں میں سما جانا۔
آنکھوں میں کھٹکنا (ف) بُرا معلوم ہونا۔ ناگوار گزرنا۔ کسی کو دیکھ کر جلنا۔
آنکھوں میں گھر کرنا (ف) آنکھوں میں بسنا۔ نظروں میں سمانا۔
آنکھوں میں لہو اترنا (ف) دیکھو "آنکھوں میں خون اترنا"۔
آنکھوں میں مرچیں بھرنا (ف) سونے نہ دینا۔
آنکھوں میں مروّت نہ ہونا (ف) آنکھوں میں حیا نہ ہونا۔ بے حیا اور بے وفا ہونا۔
آنکھوں میں موہنی ہونا (ف) آنکھوں میں لبھانے کی طاقت ہونا۔ آنکھوں میں جادو ہونا۔ آنکھوں میں تسخیر کا مادّہ ہونا۔
آنکھوں میں نون دینا - یا - جھونکنا (ف) (۱) اندھا کرنا۔ (۲) تکلیف دینا۔ آنکھوں میں نمک ڈالنا۔
آنکھوں والے آنکھیں بڑی نعمت ہیں (ک)

اندھے فقیر کی صدا کہ بینا ہونا بڑی نعمت ہے۔ آنکھوں کی قدر کرنا چاہیئے۔ آنکھیں خدا کا بہت بڑا انعام ہیں ٭

آنکھوں ہی آنکھوں میں جواب دینا (ف) آنکھ کے اشارے سے اقرار یا انکار جتانا ٭

آنکھیں آنا - (ف) آنکھیں دُکھنا - آنکھوں کا آشوب کرآنا ٭

آنکھیں اُلٹ جانا (ف) (۱) پتلیاں چڑھ جانا - (۲) زیادہ نشہ ہونا (۳) مرنے کے قریب ہونا ٭

آنکھیں آسمان سے لگی رہتی ہیں (ا) نظر ہر وقت اوپر رہتی ہے - نیچے دیکھتے ہی نہیں ٭

آنکھیں اُمنڈنا (ف) رونے کا جوش ہونا ٭

آنکھیں بچھانا (ف) نہایت خاطر مدارات کرنا - بڑی تعظیم و تکریم کرنا ٭

آنکھیں بدلنا (ف) (۱) بے مروّتی اور بے اتفاقی کرنا - (۲) نزع کا موقع ٭

آنکھیں نعمت ہیں (ا) یہ جملہ آنکھوں کی تعریف میں بولا جاتا ہے ٭

آنکھیں بنانا (ف) (۱) آنکھوں کا جالا اور جھلّی وغیرہ کاٹنا (۲) شیشے کی آنکھیں پھوٹی ہوئی آنکھوں میں بنا کر رکھ دینا (۳) بصیرت پیدا کرنا - آنکھیں دینا (۴) طرح طرح سے آنکھوں کی شکل و صورت بدلنا ٭

آنکھیں بند کرنا (ف) (۱) مرجانے سے کنایہ (۲) سونا (۳) غور کرنے اور تصوّر باندھنے کی جگہ (۴) بے ہوشی اور غفلت کی جگہ (۵) حیرت کی جگہ بولتے ہیں ٭

آنکھیں بھبھوکا - یا - لال بھبھوکا ہونا (ف) (۱) آنکھوں کا غصّے یا دُکھنے یا نشہ کے سبب بے حد سُرخ ہونا (۲) افروختہ ہونا - یکایک غصّے میں آجانا ٭

آنکھیں بھر آنا (ف) آنکھوں میں آنسو بھر آنا - آب دیدہ ہونا ٭

آنکھیں بھر کر دیکھنا (ف) غور سے دیکھنا ٭

آنکھیں بیٹھ جانا (ف) بے حد کمزوری سے آنکھوں کا حلقہ چشم میں دھنس جانا ٭

آنکھیں پانی ہو کر بہ جانا (ف) بہت رونا - یہاں تک کہ آنکھیں خراب ہو جائیں ٭

آنکھیں پتھرا جانا (ف) آنکھوں کا اس طرح کھلا رہ جانا کہ نہ ان میں نور باقی رہے - نہ حس و حرکت - گویا پتھر ہو گئیں - اور اس کے مختلف مقامات ہیں - مثلاً حسرت و انتظار کی حالت میں - حیرت کے وقت - حالتِ نزع میں ٭

آنکھیں پُر آب ہونا (ف) آنکھوں میں آنسو آجانا ٭

آنکھیں پٹم ہو جائیں (ف) محاورہ - آنکھیں اندھی ہو جائیں - آنکھیں پھوٹ جائیں - دیکھنا بند ہو جائے ٭

آنکھیں پونچھنا (ف) (۱) آنسو صاف کرنا (۲) تسلّی دینا (۳) پیچھا چھڑانا ٭

آنکھیں پھاڑ (پھاڑ) کر دیکھنا (ف) (۱) غور سے دیکھنا (۲) شوق و رغبت سے دیکھنا (۳) حسرت سے دیکھنا (۴) گھبرا کر دیکھنا ٭

آنکھیں پھٹنا (ف) آنکھوں کا کھلا رہ جانا (۲) حیران رہ جانا - ہکّا بکّا ہو جانا - بھونچکّا ہو جانا (۳) سخت صدمہ ہونا ٭

آنکھیں پھوٹ جائیں یا پھوٹیں (ف) (عو) (۱) اندھا ہو جائے (۲) قسم ٭

آنکھیں پھیر لینا (ف) تیور بدل لینا - بے مروّتی کرنا - نظرِ التفات نہ رکھنا - ناراض ہو جانا ٭

آنکھیں پھیرے طوطے کی سی باتیں کرے مینا کی سی (ف) میٹھی باتیں کرنے والا مخالف - دغا داری کی باتیں کرنے والا بے مروّت شخص - ظاہر کچھ باطن کچھ رکھنے والا - دوستی کی باتیں اور دشمنی کے کام کرنے والا ٭

آنکھیں ترسنا (ف) دیکھنے کی بہت آرزو ہونا - ملنے کی خواہش - ملاقات کی آرزو - دیکھنے کی تمنا میں بے چینی اور اضطراب ہونا ٭

آنکھیں تلووں سے ملنا (ف) خوشامد اور پیار کرنا - محبّت کا اظہار کرنا ٭

آنکھیں تو کھلی رہ گئیں اور مر گئی بکری (ف) مثل اچانک موت آگئی ٭

آنکھیں ٹمٹمانا (ف) آنکھوں کا ذرا ذرا کھولنا - زندگی کی علامت ٭

آنکھیں جاتی رہنا (ف) بینائی جاتی رہنا - اندھا ہو جانا (۲) رہنما کا چھوٹ جانا اور مر جانا - مددگار اور سہارا دینے والے کا علیحدہ ہو جانا یا مر جانا ٭

آنکھیں جھپکنا (ف) (۱) آنکھیں کھلنا اور بند ہونا۔ (۲) نظر کا نہ ٹھہرنا۔ (۳) نیند نہ آنا۔ (۴) سونا ؞

آنکھیں چار کرنا (ف) (۱) نظر سے نظر ملانا (۲) ڈھٹائی سے دیکھنا ؞

آنکھیں چرنے گئی ہیں؟ (جملہ استفہامیہ) یعنی کیا تیری آنکھیں غیر حاضر ہیں۔ جو کچھ نظر نہیں آتا ؞

آنکھیں چڑھانا (ف) (۱) تیوری چڑھانا۔ خفا ہونا۔ بگڑنا۔ خاطر میں نہ لانا (۲) آنکھوں کا روگ مٹانے کے لئے مزار وغیرہ پر منت مان کر سونے چاندی کی آنکھیں چڑھانا ؞

آنکھیں چڑھنا (ف) آنکھوں میں نیند یا خمار کا ہونا۔ نشے کا خمار ہونا ؞

آنکھیں چندھیا جانا۔ یا۔ چندھیانا (ف) دھوپ یا روشنی کی تیزی کے باعث آنکھوں کا بند ہو جانا۔ آنکھیں خیرہ ہونا ؞

آنکھیں چھت سے یا چھت کو لگ جانا (ف) (۱) اوپر کی طرف ٹکٹکی بندھ جانا۔ اکثر نزع یا فکر و تردد میں کہ انسان چپکا پڑا ہوا چھت کی طرف دیکھا کرتا ہے۔ (۲) عرصے تک بیمار پڑے رہنا ؞

آنکھیں دکھانا (ف) دھمکانا۔ چشم نمائی کرنا۔ ڈرانا ؞

آنکھیں دیکھی ہیں (ف) صحبت اٹھائی ہے۔ تربیت پائی ہے۔ تعلیم حاصل کی ہے ؞

آنکھیں ڈبڈبانا (ف) آبدیدہ ہونا۔ آنسو بھر آنا ؞

آنکھیں ڈگر ڈگر کرنا (ف) ضعف۔ نقاہت۔ کمزوری اور دُبلاپن کا اظہار ؞

آنکھیں ڈھلنا (ف) نظارہ کرنا۔ دید بازی کرنا ؞

آنکھیں ڈھونڈتی ہیں (ف) آنکھیں دیکھنا چاہتی ہیں۔ آنکھیں نہایت مشتاق ہیں ؞

آنکھیں رکھنا (ف) جانچ اور پرکھ کرنا۔ تجربہ کار ہونا۔ بصیرت رکھنا ؞

آنکھیں روشن کرنا (ل) (۱) کسی عزیز یا دوست کے دیدار یا کسی خوش رنگ چیز کے دیکھنے سے آنکھوں کو تازگی اور طراوت دینا (۲) اندھے کی آنکھوں کا بینا کرنا ؞

آنکھیں روشن ہونا (ل) (۱) آنکھوں میں نور آنا۔ بینائی کا تیز ہونا ؞

آنکھیں زمین سے لگ جانا (ل) نادم ہونا۔ شرمانا۔ پشیمان ہونا ؞

آنکھیں سر پر ہونا (ف) مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ قیامت کے دن ایسا ہوگا۔ تاکہ کوئی کسی کی حالت نہ دیکھ سکے ؞

آنکھیں سینا (ف) (۱) پلک سے پلک سی دینا (۲) دھوکا دینا۔ گھات کرنا ؞

آنکھیں سینکنا (ف) حسینوں کو گھورنا۔ نظارہ بازی کرنا ؞

آنکھیں فرشِ راہ ہونا (ل) کمالِ انتظار اور شوق کا اظہار۔ بہت تواضع و تکریم کرنا ؞

آنکھیں کڑوانا (ف) آنکھ کھٹکھٹی ہونا۔ دکھنے آنا۔ نیند کی وجہ سے آنکھ میں کڑواہٹ آنا ؞

آنکھیں کھل جانا (ف) (۱) حیران ہو جانا (۲) دیکھنے لگنا (۳) حقیقت کھل جانا۔ تجربہ ہو جانا۔ (۴) ہوشیار ہو جانا۔ عقل آجانا ؞

آنکھیں کھلی کی کھلی رہ گئیں (ف) (۱) سکتے کی حالت میں دم نکل گیا۔ (۲) حیران ہو گیا۔ دم بخود ہو گیا ؞

آنکھیں کہیں ہیں دل کہیں ہے (ل) جملہ۔ کسی کی بے توجہی اور بدحواسی کا اظہار۔ دو دلی کم توجہی۔ کرنا کچھ سوچنا کچھ۔ یعنی نظر کسی اور طرف ہے۔ اور دھیان کسی اور طرف ؞

آنکھیں گدی میں ہونا (ل) (۱) بے وقوف ہونا۔ (۲) مغرور ہونا (۳) بے خود ہونا۔ بدمست ہونا۔ (۴) اچھا برا نہ دیکھنا۔ نفع نقصان کا خیال نہ رکھنا ؞

آنکھیں گرم کرنا (ل) غصے ہونا ؞

آنکھیں گرم ہونا (ل) نیند آجانا ؞

آنکھیں گڑ جانا (ف) کسی چیز کو برابر تکتے جانا۔ ٹکٹکی لگا کر دیکھتے رہنا ؞

آنکھیں گلابی ہونا (ل) (۱) آنکھیں سرخ ہونا (۲) خمار ہونا۔ نشہ ہونا۔ محبت ہونا ؞

آنکھیں لال کرنا (ف) (۱) غصے ہونا (۲) بہت رونا ؞

آنکھیں لگانا (ف) (۱) عاشق ہونا۔ محبت کرنا (۲) آنکھوں سے چھونا یا بوسہ دینا (۳) انتظار کرنا۔ راہ دیکھنا ؞

آنکھیں مانگنا (ف) بینائی کا خواستگار ہونا۔ آنکھوں

کی خواہش کرنا ٭

آنکھیں مٹکانا (ہ) آنکھوں کو حرکت دینا۔ ناز اور نخرے کرنا۔ اترانا ٭

آنکھیں مَلنا (ہ) (۱) سونے سے اٹھ کر نیند کا خمار دُور کرنے یا آتی ہوئی نیند ٹالنے کے لئے آنکھوں کو سوزش کی وجہ سے مَلنا (۲) عجز و محبت یا اعتقاد سے کسی چیز سے آنکھیں رگڑنا ٭

آنکھیں مُندتے کیا دیر ہے (ہ) مرنے میں دیر نہیں لگتی۔ زندگی کا کیا بھروسہ ہے ٭

آنکھیں نکال لینا (ہ) (۱) اندھا کرنا۔ ڈھیلے باہر نکال دینا (۲) غصّے سے دیکھنا (۳) آنکھیں پیدا کرنا ٭

آنکھیں نکلوانا (ہ) اندھا کرانا ٭

آنکھیں نیلی پیلی ہونا (ہ) غصّے ہونا۔ غضب ناک ہونا۔ ناراضی ظاہر ہونا ٭

آنکھیں ہونا (ہ) (۱) متنبہ ہونا (۲) بصیرت ہونا ٭

آنکھیں ہوئیں چار۔ دل میں آیا پیار }
آنکھیں ہوئیں اوٹ۔ دل میں آیا کھوٹ } (ا)
منہ دیکھے کی محبت ہے۔ غیر حاضری میں خیال ہی نہیں ٭

آنگن (آں۔ گَنْ) (ہ) مذکّر۔ صحن۔ انگنائی ٭

آنند (آ۔ نَنْدْ) مذکّر۔ خوش۔ شادمان۔ راضی (۲) بخیر و عافیت۔ صحت سے ٭

آنند کرنا (ہ) مزے اڑانا ٭

آنند کے تار بجانا (ا) لطف اٹھانا۔ عیش کرنا ٭

آنند منگل (ہ) لطف و خوشی۔ عیش و آرام۔ سُکھ چین ٭

آنو (آنُوْ) (ہ) مؤنّث۔ پیچش میں جو آنتوں کی رطوبت نکلتی ہے۔ اُسے آنو کہتے ہیں ٭

آنول (آں۔ وَلْ) (ہ) مذکّر (۱) وہ ملکیا جو بچّے کی پیدائش کے وقت اُس کے ساتھ لگی ہوتی ہے جسے کاٹ کر دفن کر دیتے ہیں۔ نفاس۔ (۲) آنولا ٭

آنول گٹّا (ہ) مذکّر۔ ہلیلہ خشک۔ پیڑ پر سُوکھے ہوئے آنولے ٭

آنول نال (آں۔ وَلْ۔ نَالْ) (ہ) مؤنّث۔ نالی جو پیدا ہونے کے وقت بچّے کی ناف سے لگی ہوتی ہے۔ جیل ٭

آنولا (آں۔ وَلَا) (ہ) مذکّر۔ دیکھو "آملہ" ٭

آنولا سار گندھک (ہ) مؤنّث۔ آنولے کے رنگ سے مشابہ گندھک جو اعلیٰ درجے کی ہوتی ہے ٭

آنولے کا کھایا اور بڑے کا کہا بعد میں مزہ دیتا ہے (ہ) مثل۔ ناگوار نصیحت کا فائدہ پیچھے معلوم ہوتا ہے۔ جس طرح آنولا کھانے میں کسیلا ہوتا ہے۔ اور بعد میں منفعت بخشتا ہے ٭

آنہ (آ۔ نَہْ) روپے کا سولھواں حصّہ۔ چار پیسے۔ اکنّی ٭

آنہ پائی (ہ) مذکّر۔ کوڑی کوڑی۔ دام دام۔ تمام ٭

آنی بانی (آ۔ نِی۔ بَا۔ نِی) (ہ) مؤنّث۔ چھیڑ چھاڑ۔ ہنسی ٹھٹھا ٭

آنی جانی (آ۔ نِی۔ جَا۔ نِی) (ہ) بے بنیاد۔ ناپائدار۔ بے ثبات۔ فانی ٭

آ - و

آوا (آ۔ وَا) (ہ) مذکّر۔ پژاوہ جس میں اینٹیں پکاتے ہیں ٭

آوا ہی بگڑا ہے (ہ) تمام کے تمام نالائق ہیں ٭

آوے کا آوا ہی (بگڑا) خراب ہے (ہ) سارا خاندان کچا ہے ٭

آوے میں نانند کھو گئی (ہ) ناممکن بات صریح جھوٹ۔ جرم سے بری ہونے کے لئے فضول عذر پیش کرنا ٭

آوا جائی (آ۔ وَا۔ جَا۔ ئِی) (ہ) مؤنّث۔ بے ضرورت آمد و رفت۔ بے مطلب آنا جانا ٭

آوا جہ (آ۔ وَا۔ جَہْ) (ف) مذکّر۔ روزنامچہ۔ جمع خرچ ٭

آوارگی (آ۔ وَا۔ رَ۔ گِی) (ف) مؤنّث۔ آوارہ گردی۔ ابتری۔ پریشانی۔ خرابی ٭

آوارہ (آ۔ وَا۔ رَہْ) (ف) (۱) بدحال۔ سرگردان۔ پریشان (۲) بدکار۔ بدچلن ٭

آوارہ گرد (ف) (۱) آوارہ پھرنے والا (۲) وہ شخص جو نوکری اور ظاہری وسائل کے بغیر بھیک مانگتا اور پھرتا ہُوا پایا جائے ٭

آوارہ گردی (ف) مؤنّث۔ آوارہ پھرنا ٭

آوارہ مزاج (ف) لاابالی۔ بے پروا ٭

آوارہ مزاجی (ف) مؤنّث۔ بے پروا ہونا۔ لاابالی پن ٭

آوارہ وطن (ف) مذکّر۔ غریب الوطن۔ مسافر۔

وطن سے چھوٹا ہُوا یا بچھڑا ہُوا ۔

آوارہ وطنی (ف) مؤنث - وطن سے چھوٹ جانا۔ غریب الوطن ہونا ۔

آواز (آ - واز) (ف) مؤنث - (۱) آواز - صدا (۲) کھٹکا - آہٹ - جھنکار ۔

آواز آنا (۱) آواز سُنائی دینا ۔

آواز بدل جانا (۱) بیماری یا کسی اور سبب سے آواز میں فرق آجانا ۔

آوازِ بکا یا گریہ (ف) مؤنث - رونے کی آواز ۔

آواز بگڑ جانا (۱) آواز خراب ہو جانا ۔

آواز بلند کرنا (۱) چلّا کے بولنا - آواز اونچی کرنا ۔

آواز بیٹھنا (۱) گلا بیٹھ جانا - آواز کا نہ نکلنا - آواز بند ہونا ۔

آوازِ پا (ف) مؤنث - پاؤں کی آہٹ - پاؤں کی آواز ۔

آواز پر گولی لگانا (ہ) (۱) دیکھے بغیر آواز پر نشانہ لگانا (۲) قادر اندازی کی تعریف ۔

آواز پر لگا ہونا (۱) آواز یا بولی پہچانتے ہی کام کرنے کا عادی ہونا - اشارے پر کام کرنا ۔

آواز پھولنا (ہ) آواز کا بھاری ہو جانا - اور صاف نہ نکلنا ۔

آوازِ جرس یا درا (ف) مؤنث - گھنٹے کی آواز - گھڑیال کا شبد - بانگ - درا ۔

آواز دینا (ہ) پکارنا - بلانا ۔

آوازِ سگاں کم نہ کند رزقِ گدا را (ف) مثل - بد باطن لوگوں کے باعث کسی کی روزی کم نہیں ہوتی ۔

آواز سے آواز ملنا (۱) ایک آواز یا سُر کا دوسری آواز یا سُر سے ملنا - ہم آواز ہونا ۔

آوازِ صور (ف - ع) مؤنث - اس تُرہی کی آواز جو حضرت اسرافیلؑ قیامت کے دن پھونکیں گے ۔

آوازِ غیب (ف - ع) مؤنث - الہامی آواز - ہاتف کی ندا - غیب کی آواز ۔

آواز کا پاٹ (ہ) مذکر - آواز کی حد - آواز کی رسائی - آواز کی پہنچ - آواز کی انتہا ۔

آواز کا چڑھاؤ اُتار (ہ) (۱) آواز کا نیچا اور اونچا ہونا (۲) آواز کا باقاعدہ ہونا ۔

آواز کان پڑی نہ سُنائی دینا - بے حد شور و غل ہونا - چیخ پکار ہونا ۔

آواز کرنا (۱) (۱) پکارنا - آواز دینا (۲) بندوق یا تمنچہ چھوڑنا (۳) توڑنا - چٹخنا (۴) فقیر کا صدا دینا ۔

آواز کھُل جانا (۱) آواز صاف ہونا - آواز ٹھیک ہو جانا ۔

آواز لڑنا (۱) آواز کا خوب سُر پر پہنچنا ۔

آواز میں پیٹی لگ جانا (۱) کسی سبب سے آواز کا کھرکھرانے لگ جانا ۔

آواز میں چھُریاں (کٹاریاں) بھری ہونا - (۱) آواز کا نہایت دردناک یا ناگوار ہونا ۔

آواز میں لوچ ہونا (ہ) نزاکت یا بیماری سے آواز میں نرمی اور دلکشی ہونا ۔

آواز میں نمک ہونا (۱) آواز میں درد ہونا ۔

آوازہ (آ - وا - زہ) (ف) مذکر (۱) شہرت - شہرہ - دھوم (۲) بلند آواز - غل - شور (۳) طعن و تشنیع ۔

آوازہ بلند ہونا (۱) (۱) مشہور اور نامور ہونا - دھوم مچنا (۲) آواز یا شور پیدا ہونا ۔

آوازے پھینکنا - یا - آوازے سنانا - یا - آوازے کسنا - طعنہ زنی کرنا - چھیڑنا ۔

آوازیں (آ - وا - زیں) (۱) مؤنث - آواز کی جمع ۔

آواگون (آ - وا - گون) (ہ) مذکر - ہندوؤں کے اعتقاد کے مطابق انسان کا مر کر کسی دوسری شکل (جون) میں پھر پیدا ہونا آواگون کہلاتا ہے - (آنا جانا) ہندوؤں کے نزدیک کئی لاکھ جون میں تبدیل ہونے کے بعد مردہ پھر انسانی قالب میں آتا ہے - تناسخ ۔

آورد (آ - ورد) (ف) مؤنث (۱) عادت کے خلاف کوشش اور محنت سے بات کا پیدا کرنا (۲) تکلّف سے شعر لکھنا - مشکل نظم تیار کرنا - شعرا کا مضمون بمشکل پیدا کرنا ۔

آوردہ (آ - ور - دہ) (ف) مذکر - لایا ہُوا - متوسّل - طفیلی ۔

آویزاں (آ - وے - زاں) (ف) لٹکا ہُوا - معلق ۔

آویزش (آ - وے - زِش) (ف) مؤنث - لڑائی - فساد ۔

آویزہ (آ - وے - زہ) (ف) مذکر - بُندہ - لٹکن -

کان میں پہننے کا ایک زیور ۔

آ - ہ

آہ (آہ) (ف) کلمۂ تاسف ۔ حیف ۔ ہائے ۔
آہ (ف) مؤنث سانس ۔ دم ۔ تنفس ۔
آہ بھر کے رہ جانا (ا) ضبطِ غم کرنا ۔ کلیجہ تھام کے رہ جانا ۔ افسوس کرنا ۔
آہ بھرنا (ا) آہ کرنا ۔
آہ پڑنا (ا) صبر کرنا ۔ مظلوم کی آہ سے ظالم کو کوئی صدمہ پہنچنا ۔
آہ رسا (ف) مؤنث ۔ پہنچنے والی آہ ۔
آہ کرنا ۔ یا ۔ آہ کھینچنا (ا) آہ منہ سے نکالنا ۔ کراہنا ۔
آہ لینا (ا) کسی کو ستا کر بد دُعا لینا ۔ ستانا ۔ ظلم کرنا ۔
آہ نہ آئے (ا) محاورہ ۔ ذرا افسوس نہ ہو ۔
آہِ نیم شب (ف) مؤنث ۔ آدھی رات کی آہ ۔
آہ و بُکا ۔ } (ف) مؤنث ۔ رونا پیٹنا ۔ واویلا ۔
آہ و زاری } ہائے ہائے ۔
آہ و فغاں (ف) مؤنث ۔ نالہ و فریاد ۔ چیخ پکار ۔ رونا پیٹنا ۔
آہا (آ-ہا) (ہ) مذکر ۔ کلمۂ تعجب ۔ خوشی کا اظہار ۔
آہار (آ-ہا-ر) (ہ) مذکر (۱) کھانا ۔ بھوجن (۲) وصلی پر پھیرنے کا کلف یا مادہ ۔
آہٹ (آ-ہَٹ) (ہ) مؤنث ۔ آوازِ پا ۔ کھٹکا ۔
آہستگی (آ-ہِس-تَگی) (ف) مؤنث ۔ سہولت ۔ نرمی ۔ آسانی ۔
آہستہ (آ-ہِس-تہ) (ف) ٹھہر کر ۔ آسانی سے ۔ نرمی سے ۔
آہستہ آہستہ (ف) ٹھہر ٹھہر کر ۔ آسانی کے ساتھ ۔ سج سج ۔ رفتہ رفتہ ۔ نرمی سے ۔ چپکے چپکے ۔ دھیرے دھیرے ۔ دِھیمے دِھیمے ۔ ہولے ہولے ۔ آرام آرام سے ۔
آہک (آ-ہَک) (ف) مذکر ۔ چونہ ۔ قلعی ۔
آہن (آ-ہَن) (ف) مذکر ۔ لوہا ۔ فولاد ۔
آہن رُبا (ف) مذکر ۔ سنگ مقناطیس ۔ وہ پتھر جو لوہے کو اپنی طرف کھینچتا ہے ۔
آہنگر (ف) مذکر ۔ لوہار ۔ لوہے کا کام بنانے والا ۔
آہنگری (ف) مؤنث ۔ لوہار کا پیشہ ۔
آہنی ۔ } (ف) آہن سے منسوب ۔ لوہے کا بنا ہوا ۔
آہنیں } جیسے آہنی قلم ۔ لوہے کا قلم ۔
آہنگ (آ-ہَنگ) (ف) مذکر (۱) گانے کی الاپ ۔ آواز ۔ نغمہ (۲) قصد ۔ ارادہ ۔
آہو (آ-ہُو) (ف) مذکر (۱) ہرن ۔ ہرنی (۲) عیب نقص ۔
آہو چشم (ف) معشوق ۔ ہرن کی سی آنکھ والا ۔ مرگ نین ۔
آہوئے حرم (ف-ع) مذکر (۱) مکۂ معظمہ کی ایک خاص مقررہ حد میں رہنے والا ہرن جس میں شکار ممنوع ہے (۲) معشوق سے کنایہ ہے ۔ جو شکار نہیں ہو سکتا ۔
آہوئے فلک (ف) مذکر ۔ مہر ۔ آفتاب ۔ سورج ۔

آ - ئ

آئرش (آ-ئِرِش) (انگ IRISH) مذکر ۔ (۱) آئرلینڈ کا باشندہ (۲) (صفت) آئرلینڈ کا (۳) مؤنث ۔ آئرلینڈ کی زبان ۔
آئرش فری سٹیٹ (IRISHFREE STATE) (انگ) مؤنث ۔ آئرلینڈ کا آزاد حصّہ جس کے لئے علیحدہ پارلیمنٹ بن گئی ہے ۔
آئرلینڈ (آ-اِر-لَینڈ) (انگ IRELAND) مذکر ۔ برطانیہ کے مغرب کی طرف ایک جزیرے کا نام ۔
آؤ (آ-ؤ) (ہ) آنا مصدر سے صیغہ جمع امر حاضر (۱) بلانے کے لئے خطاب کیا جاتا ہے (۲) چلو ۔
آؤ بھگت (ہ) مؤنث ۔ خاطر مدارات ۔ تواضع ۔
آؤ پڑوسن کا گھر بھی لے جاؤ (ہ) مثل ۔ کسی نفع کی امید پر اپنی گرہ سے بھی کھو بیٹھنا ۔ فائدے کی امید پر نقصان اٹھانا ۔
آؤ پڑوسن لڑیں (ہ) دیکھو "آ پڑوسن لڑیں" ۔
آؤ پیر ۔ گھر کا بھی لے جاؤ (ا) مثل ۔ جو تھوڑا بہت اعتقاد ہو ۔ اُسے بھی دور کر دینا ۔ خدا کی یاد میں جو کچھ تھوڑا بہت کرتے ہوں ۔ اُسے بھی چھڑا دینا ۔
آؤ جاؤ گھر تمہارا ۔ کھانا مانگے دشمن ہمارا (ا) ۔

مثل - نہایت کنجوس شخص کی نسبت کہتے ہیں - گھر بار تمہارا - کرٹھی کٹھلے کو ہاتھ نہ لگانا +

آؤ دیکھا نہ تاؤ (ہ) جملہ - بے محل جلدی سے کچھ کر بیٹھے +

آئی (آ - ئی) (ہ) (۱) "آنا" سے ماضی مطلق صیغہ واحد غائب مؤنث (۲) قضا - موت - اجل +

آئی ایس (انگ - I.S.) مذکر - انڈین سروس کا مخفف ہے - وہ عہدہ دار جن کا تقرر وائسرائے ہند کے ہاتھ میں ہے +

آئی - سی - ایس (انگ - I.C.S.) مذکر - انڈین سول سروس کا مخفف ہے - وہ عہدہ دار جن کا تقرر انڈین سول سروس کا امتحان ہو جانے پر ولایت سے ہوتا ہے +

آئیس لینڈ (آ - ئیس - لینڈ) (ICELAND) (انگ) بحر اوقیانوس کے شمال میں ایک بڑے جزیرے کا نام +

آئی بات کو روکنا ذہن کو کند کرتا ہے (۱) دماغ میں آئی ہوئی بات کو نہ کہنے سے ذہن کند اور کھوٹا ہو جاتا ہے +

آئی بلا سر سے ٹالنا (و) آئی ہوئی مصیبت سر سے دور کرنا +

آئی پر نہیں چوکتے (و) حاضر جوابی - بے خوفی - بے دھڑکی - ضبط نہ کر سکنا - پیٹ میں بات نہیں پچا سکتے +

آئی تو رمائی - نہیں تو خالی چارپائی (و) بازاری آدمیوں کی اصطلاح - آئی تو کام میں لائے - ورنہ خیر سلا +

آئی تو روزی نہیں تو روزہ (و) مثل (۱) متوکل اور صابر - مفلس - قلاش کو مزدوری میں کچھ مل گیا تو کھا لیا - نہیں تو فاقہ کیا - "آئی تو نوش نہیں تو فراموش" بھی اسی کے ضمن میں بولتے ہیں (۲) کاہل وجود اور سست لوگوں کا مقولہ ہے +

آئی گئی ہو گئی (و) مثل (۱) ضائع ہو گئی (۲) بھول گئی - یاد بھی نہ رہی +

آئی نہیں ٹلتی (ہ) جملہ - قضا نہیں رکتی - موت اپنے وقت پر آئے بغیر نہیں ٹلتی +

آئی ہے جان کے ساتھ جائے گی جنازے کے ساتھ (ہ) مثل - پیدائشی عادت یا حالت یا علت مرتے دم تک ساتھ رہتی ہے پہلے نہیں چھوٹتی +

آئیں (آ - ئیں) (ہ) مؤنث - "آنا" سے ماضی مطلق صیغہ جمع غائب مؤنث +

آئیں بی عاقلہ سب کاموں میں داخلہ (ہ) مثل - کسی بات کو نہ جانتے ہوئے اس میں دخل دینے والی - ہر کام میں دانستہ یا نادانستہ دخل دینے والی عورت +

آئین (آ - ئین) (ف) مذکر - قانون - دستور العمل - قاعدہ - رسم و رواج +

آئینِ دیوانی (ف) مذکر - لین دین کا قانون +

آئینِ فوجداری (ف) مذکر - وہ قوانین جن میں جرائم فوجداری کی سزائیں مقرر ہوں - اور جرم کی تعریف لکھی ہو +

آئینِ مال (ف) مذکر - قواعد مال گزاری اراضی - محاصل و مداخل کے قانون +

آئینہ (آئینہ) (آ - ئی - نہ - آ - ئینہ) (ف) مذکر - (۱) درپن - شیشہ - مرآت - کانچ (۲) ظاہر کرنے والا - شاہد (۳) حیران - ششدر (۴) ظاہر - عیاں - واضح - صاف +

آئینہ اندھا ہو جانا (و) آئینہ کا ایسا خراب ہو جانا کہ اس میں اچھی طرح نظر نہ آئے +

آئینۂ باطن (ف) مذکر - پاک دل - صاف باطن - روشن ضمیر - دل کی بات جان لینے والا - نیک - دین دار آدمی +

آئینہ بنانا (و) (۱) حیران کر دینا - ہوش و حواس کھو دینا (۲) شیشہ تیار کرنا +

آئینہ بندی (ف) مؤنث - آلات شیشہ و بلور وغیرہ سے مکان کو سجانا +

آئینۂ حلب یا حلبی (ف) مذکر - حلب ایک شہر کا نام ہے - وہاں کا آئینہ بہت مشہور ہے - حلب کا بنا ہوا آئینہ +

آئینہ خانہ (ف) مذکر - وہ مکان جس میں آئینے ہوں +

آئینہ دار (ف) مذکر - شیشہ دکھانے والا - سنگار کرانے والا - نائی - حجام +

آئینہ دکھانا (و) (۱) عیب و ہنر ظاہر کرنا - (۲) نصیحت کرنا (۳) شیشہ سامنے کرنا +

آئینہ رُخ } (ف) معشوق - ماہرو - محبوب - دلبر - بہت خوب صورت +
آئینہ رُو }

آئینہ ساز - یا - آئینہ گر (ف) شیشہ

بنانے والا ۔

آئینہ سامنے سے نہ ہٹنا (ف) ہر وقت بناؤ سنگار میں لگے رہنا ۔

آئینۂ سکندری (ف، مذکر) لوہے سے بنا ہوا آئینہ ۔ کہتے ہیں کہ سب سے پہلے سکندر بادشاہ نے آئینہ بنوایا تھا ۔

آئینہ سیما (ف) آئینے کی مانند جسم والا ۔ نہایت خوب صورت ۔ معشوق ۔ حسین ۔

آئینہ کر دینا (ف) (۱) ظاہر کر دینا ۔ چمکا دینا ۔ صاف کر دینا ۔ صیقل اور قلعی کے عمدہ ہونے کی تعریف ۔ (۲) حیران کر دینا ۔

آئینہ ہو جانا ۔ یا ۔ ہونا (ف) (۱) ظاہر ہونا ۔ کھل جانا (۲) صاف اور شفاف ہونا (۳) حقیقت نما ہونا ۔

آئینے میں بال آجانا ۔ یا ۔ بال پڑ جانا (ف) آئینے کا ٹوٹ جانا ۔ آئینے میں درز یا شگاف آنا ۔

آئینے میں چاند دیکھنا (ف) (۱) چاند کو شیشے کے ذریعے دیکھنا ۔ بعض لوگ شام سے کچھ پہلے چاند شیشے میں دیکھا کرتے ہیں (۲) معشوق یا دوست کو آئینے میں دیکھنا ۔

آئینے میں منہ تو دیکھو (ف) مقولہ (۱) اپنی حیثیت اور طاقت سے زیادہ کام کرنے کا ارادہ یا دعویٰ کرنے پر طنزاً کہا جاتا ہے (۲) اپنی لیاقت سے زیادہ شے کا سوال یا درخواست کرنے پر بولا جاتا ہے ۔

آئے (آ ۔ ئے) (ف) "آنا" ماضی مطلق صیغہ جمع غائب مذکر ۔

آئے بائے کھاٹ کے پائے (ف) مثل ۔ واہیات اور بے معنی باتیں ۔

آئے پیر ۔ بھاگے بیر (ف) مثل ۔ بد لوگ نیکوں کے سامنے نہیں ٹھہر سکتے ۔ پیروں کے سامنے بھوت کی کیا اصل ؟

آئے تو کیا آئے (ف) آئے نہ آئے برابر ہو گئے ۔ فوراً چلے گئے ۔ دم بھر ٹھہر کر چلے گئے ۔

آئے دن (ف) ہر روز ۔ ہمیشہ ۔ بارہ مہینے ۔

آئے نہ گئے دسیرے (ف) مثل ۔ جو بیکار ادھر ادھر مارا پھرے ۔ اس کی نسبت بولتے ہیں ۔

آئے کی خوشی نہ گئے کا غم (ف) مثل ۔ بے پروائی ۔ بے تعلقی کی جگہ بولتے ہیں یعنی نہ حاصل ہونے کی خوشی نہ جانے کا غم ۔

آئے گا کتا ۔ تو پائے گا ٹکا (ف) مثل ۔ دوڑ دھوپ

اور کوشش و محنت کے بغیر کوئی فائدہ حاصل نہیں ہو سکتا کوشش سے سب کچھ حاصل ہو سکتا ہے ۔

آئیں (آ ۔ ئیں) (ف) "آنا" سے فعل مضارع صیغہ جمع غائب ۔

آئیں بائیں شائیں (ف) مؤنث ۔ ٹال مٹول ۔ بے معنی ۔ لغویات ۔ بے ٹھکانے ۔ بے سر و پا ۔ عام لوگ "آئے بائے ۔ کھاٹ کے پائے" بھی بولتے ہیں ۔

آ - ی

آیا (آ ۔ یا) (ف) مؤنث (۱) دایہ ۔ دودھ پلانے والی اتا (۲) کلمۂ استفہام ۔ کچھ پوچھنے کے بغیر (۳) "آنا" سے ماضی مطلق صیغہ واحد غائب ۔ مذکر ۔

آیا گری (ف) مؤنث ۔ دایہ کا پیشہ ۔

آیا بندہ آئی روزی گیا بندہ گئی روزی (ف) مثل ۔ آدمی پیدا ہوتا ہے تو اس کا رزق بھی ساتھ ہی پیدا ہوتا ہے ۔ اور جب مرتا ہے تو روزی بھی ساتھ ہی اٹھ جاتی ہے ۔

آیا رمضان بھاگا شیطان (ف) مثل ۔ نیک آدمی کے سامنے برا آدمی نہیں ٹھہر سکتا ۔ روزے میں نفس کشی کے سبب نفس کمزور ہو جاتا ہے ۔ اور شیطانی حرکت سے بچا رہتا ہے ۔ اس لئے کہتے ہیں ۔ شیطان بھاگ گیا ۔

آیا کتا کھا گیا تو بیٹھی ڈھول بجا (ف) امیر خسرو کسی ایسے مقام پر پہنچے ۔ جہاں چار عورتیں کنوئیں پر پانی بھر رہی تھیں ۔ آپ نے ان سے پانی پلانے کی درخواست کی ۔ عورتوں کو معلوم ہو گیا کہ آپ امیر خسرو ہیں ۔ ہر ایک نے ایک ایک بات کی فرمائش کی کہ ہماری بات ملا دو ۔ تب پانی پلائیں گے ۔ ایک نے کہا کھیر ۔ دوسری نے کہا چرخہ ۔ تیسری نے کہا کتا ۔ چوتھی نے کہا ڈھول ۔ آپ نے فرمایا ۔

شعر

کھیر پکائی جتن سے چرخہ دیا جلا
آیا کتا کھا گیا تو بیٹھی ڈھول بجا

لا پانی پلا ۔ شعرا کی اصطلاح میں اسے اصل کہتے ہیں ۔

آیا گیا (ہ) مذکر (۱) آنے جانے والا - وارد - مہمان - مسافر (۲) بھولا بسرا ٭

آیات (آ-یا-ت) (ع) مؤنث - آیت کی جمع ٭

آیاتِ متشابہات (ع) مؤنث - قرآن شریف کی وہ آئتیں جن کے حقیقی معنی جاننے میں شبہ ہو ٭

آیت (آ-یت) (ع) مؤنث (۱) نشان (۲) قرآن شریف کا جملہ ٭

آیتِ مطلق (ع) مؤنث - مجازاً اُس علامت وقف کو کہتے ہیں - جس پر قطعی ٹھہرنا پڑے ٭

آیندہ (آ-یَن-دَہ) (ف) (۱) آنے والا (۲) آنے والا زمانہ (۳) پھر کبھی - دوبارہ ٭

آیندہ اِختیار بدستِ مختار (ف) مثل - کسی کو سمجھاتے اور نصیحت کرتے وقت کہتے ہیں - یعنی ہمیں سمجھانے سے سروکار تھا - اب مانو نہ مانو - جو چاہو کرو - مختار ہو ٭

آیوڈوفارم (آ-یو-ڈو-فارم) (انگریزی) (IODOFORM) مذکر - زرد رنگ کی ایک بو دار مرکب دوا جو زخموں پر انہیں سڑنے سے بچانے کے لئے چھڑکی جاتی ہے ٭

آیوڈین (آ-یو-ڈین) (انگ) (IODINE) ایک کیمیائی عنصر جو دواؤں میں برتا جاتا ہے - اس کا ٹنکچر چوٹوں پر لگایا جاتا ہے ٭

آیہ (آ-یَہ) (ع) مذکر - دیکھو "آیت" ٭

الفِ مقصورہ

اَ - (ع، مذکر (۱) حروفِ تہجی کا پہلا حرف - (۲) مجرّد - مفرد - اکیلا - ایک ٭

ا - ب

اَب (اَب) (ہ) (۱) اس وقت (۲) فوراً - اسی دم - (۳) دوبارہ - پھر کبھی - آئندہ (۴) زیادہ - اس سے سوا (۵) تھوڑے دن بعد - تھوڑا زمانہ گذرا - (۶) اس زمانے میں (۷) فی الحال (۸) (ع) باپ - والد ٭

اَب اَب کرنا (ہ) ٹال مٹول کرنا - حیلہ حوالہ کرنا - وعدہ خلافی کرنا - آج کل کرنا ٭

اَبّا (اَب-بَا) (ہ) ظاہرا عربی لفظ اَب سے بنا ہے - مذکر (۱) باپ - والد - پتا (۲) اے باپ ٭

ابّاجان - ابّا جانی - ابّا میاں (ہ) مذکر (ع) باپ - پتا - والد کو محبت اور پیار سے کہتی ہیں ٭

ابّا جی (ہ) مذکر - لڑکے باپ کو کہتے ہیں ٭

اِبا (اِ-با) (ع) مذکر - انکار ٭

اِبا کرنا (ہ) انکار کرنا ٭

ابابیل (اَ-با-بیل) (ع) مؤنث - سیاہ رنگ کا ایک چھوٹا سا پرندہ جو صبح وشام مل کر اپنی ٹولیوں میں اُڑتا ہے - یہ ٹولیاں آسمان پر جھومر سا ڈال دیتی ہیں - چونکہ اس پرند کا سر چھوٹا ہوتا ہے - اس لئے بعض بن سرا بھی کہتے ہیں - پنجابی میں سلارا اور فارسی میں پرستو کہتے ہیں ٭

اباحت (اِ-با-حَت) (ع) مؤنث - جائز کرنا - اجازت ٭

اُبال (اُ-بال) (ہ) مذکر (۱) سر جوش - جھلک - غصہ - جھاگ - کف - باسی کڑھی میں اُبال آنا (۲) حرارت -

اُبال آجانا - یا آنا (ہ) جوش آنا شروع ہو جانا

اُبال اُٹھنا (ہ) اُبال آنا ٭

اُبالا سُبالا (ہ) مذکر - سُبالا تابع مہمل ہے - بغیر گھی کے پکایا ہوا - بے مزہ کھانا جو بھونا بگھارا نہ گیا ہو ٭

اُبالنا (ہ) جوش دینا ٭

اُبالی دال ملنا (ہ) معمولی خوراک ملنا ٭

اَب بھی (ہ) با ایں ہمہ - تاہم - اس پر بھی ٭

اَب بھی میرا مُردہ تیرے زندے پر بھاری ہے

(۵) مثل۔ میں گیا گزرا بھی تیرے لئے کافی ہوں ۔
اب پچھتائے کیا ہوت جب چڑیاں چُگ گئیں کھیت (۵) مثل۔ چیز کے جاتے رہنے پر پچھتانے سے کچھ حاصل نہیں۔ وقت کو ہاتھ سے کھونے کے بعد افسوس کرنا بے سُود ہے ۔

اب تب ہو رہی ہے (۵) حالت غیر ہے۔ قریب مرگ ہے۔ گھڑی پل گِن رہے ہیں ۔

اِبتدا (اِب۔ تِدَا) (ع) (۱) انتہا کی ضد۔ شروع۔ آغاز۔ اوّل۔ پہل (۲) نکاس (۳) ازل ۔

اِبتدا کرنا (۱) شروع کرنا ۔

اِبتداءً (اِب۔ تِدَا۔ اَنْ) (ع) پہلے پہل۔ شروع میں ۔

اِبتدائی (اِب۔ تِدَا۔ ئی) (ف۔ ع) (۱) قدیم (۲) ازلی (۳) شروع کا۔ پہلا (۴) سادہ (۵) اصلی (۶) حساب میں وہ اشکال یا لکیریں وغیرہ جن سے دوسری بنائی گئی ہوں ۔

اِبتدائی تعلیم (ف۔ ع) مؤنث۔ پہلی پانچ جماعتوں کی تعلیم ۔

اِبتدائی رسوم (ف۔ ع) مذکر (۱) پہلا سرکاری حق۔ پہلا محنتانہ۔ زمینداری کا حق۔ شکرانہ۔ نذرانہ۔ فیس کورٹ کا حق (۲) مذکر و مؤنث۔ شروع کی رسمیں ۔

اِبتذال (اِب۔ تِذَال) (ع) مذکر (۱) بیہودہ خرچ کرنا۔ کھو دینا (۲) مجازاً بے اعتباری۔ بے قدری۔ ہلکا پن ۔

اَبتر (اَب۔ تَر) (ع) مذکر (۱) دُم کٹا۔ ناقص۔ (۲) (ف) پراگندہ۔ ضائع۔ پریشان۔ تتر بتر۔ منتشر (۳) بدچلن۔ آوارہ (۴) خراب۔ خستہ۔ نامہذب ۔

اَبتر ہونا - فعل لازم (۱) بگڑنا۔ بدچلن ہونا۔ آوارہ ہونا (۲) گنجفے کی ابتدائی تقسیم میں جب کسی کے پاس میر نہیں آتا تو وہ گنجفہ ملا دیتا ہے اور کہتا ہے بے میر بازی ابتر ۔

اَبتری (ف) مؤنث۔ خرابی۔ پریشانی۔ بربادی۔ تباہی۔ گڑبڑ۔ سراسیمگی ۔

اَب تک (۵) اس وقت تک۔ تا حال۔ ہنوز ۔

اِبتلا (اِب۔ تِلَا) (ع) مذکر۔ آزمائش۔ آزمانا۔ بلا میں پڑنا ۔

اُبٹن - اُبٹنا (اُب۔ ٹَن ۔ اُب۔ ٹنَا) (۵) مذکر لکھنؤ والے اُبٹن اور دہلی والے اُبٹنا کہتے ہیں وہ خوشبودار مسالا۔ جو اکثر شادی کے موقع پر جسم کو صاف اور ملائم کرنے کے لئے دولہا دلھن کے ملا جاتا ہے ۔

اَبجد (اَب۔ جَد) (ع) مذکر۔ مفرد حروف۔ حروف تہجی۔ وہ آٹھ الفاظ جو بحساب جمل عربی کے ۲۸ حروف سے ترتیب دئے گئے ہیں۔ ابجد۔ ہوز۔ حطی۔ کلمن۔ سعفص۔ قرشت۔ ثخذ۔ ضظغ۔ عربی میں ۲۸۔ فارسی میں "پ" "چ" "گ" اور "ژ" بڑھا کر ۳۲ ہوتے اور اُردو میں "ٹ" "ڈ" "ڑ" بڑھا کر ۳۵۔ مشرقی شاعروں نے ان حروف کے عدد بھی مقرر کر دئے ہیں۔ تاکہ چند لفظوں کے لکھنے سے کسی واقعہ یا مولود کا سال پیدائش معلوم ہو جائے۔ اعداد یہ ہیں:

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص		
۲۰	۳۰	۴۰	۵۰	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰		
ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض		
۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰		
ظ	غ								
۹۰۰	۱۰۰۰								

اَبجد خواں (ف) الف بے پڑھنے والا۔ مبتدی۔ نو آموز ۔

اَبحار (اَب۔ حَار) (ع) مذکر۔ بحر کی جمع۔ سمندر ۔

اَبخرہ (اَب۔ خِرَہ) (ع) اسم مذکر (بخار کی جمع) بخارات۔ بھاپ۔ دھواں۔ مگر اردو میں ابخرہ کو واحد تصور کر کے جمع کے لئے ابخرے بولتے ہیں۔ اور خائے معجمہ کو بہ فتح فصیح جانتے ہیں۔

اَبخل (اَب۔ خَل) (ع) مذکر۔ بہت بخیل۔ زیادہ کنجوس۔ مہا بیچڑ ۔

اَبد (اَبَد) (ع) مؤنث (۱) بقا۔ ہمیشہ۔ آخر زمانہ جس کی انتہا نہیں (۲) مجازاً روز قیامت ۔

ابدال (اِب۔ دَال) (ع) مذکر۔ اولیاء اللہ کا وہ خاص گروہ جس پر دنیا بھر کے قیام کا انحصار ہے ۔

اَبدُالآباد (اَبَدُل۔ آ۔ بَاد) (ع) مذکر۔ ہمیشہ۔ مدام۔ سدا ۔

ابدالی (اَب۔ دَا۔ لی) (ف) مذکر۔ افغانوں کے ایک

قبیلے کا نام ◆

آبدھُوت (اَبْ - دھُوت) (ہ) مذکر - جوگی - ہندو فقیروں کا ایک گروہ جو واجب الوجود کے سوا اور کسی کو نہیں مانتا - اور نہ کسی خاص قاعدے پر خدا کی پرستش ہی کرتا ہے ◆

آبدی (آ بَ دی) (ع) ابد کی طرف منسوب - جاودانی - دائمی - دامی ◆

اَبر (اَ بْر) (ف) مذکر (۱) بادل (۲) اصطلاحاً جوہرِ شمشیر - (۳) وہ نشان جو ہتھیاروں وغیرہ پر تیزاب سے ڈالتے ہیں - جیسے ابرِ تیغ - ابرِ سپر ◆

اَبرار (اَبْ - رَار) (ع) مذکر - بر کی جمع - نیکوکار - پرہیزگار لوگ ◆

اَبر اُمنڈنا (ا) بہت جوش سے گھٹا آنا - بادل چڑھنا ◆

اِبراہیم (اِبْ - رَا - ہِیم) (ع) مذکر (۱) لغوی معنی مہربان باپ (۲) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اجداد میں سے ایک پیغمبر کا نام جن کا لقب خلیل اللہؑ تھا - نمرود نے آپ کو آگ کے ڈھیر میں ڈال دیا مگر آگ خدا کے حکم سے گلزار ہوگئی - خانۂ کعبہ کی دوبارہ تعمیر بھی آپ ہی نے کی - جو طوفانِ نوحؑ میں معدوم ہوگیا تھا ◆

ابراہیم ادہمؒ (ع) مذکر - ایک مشہور ولی اور درویش کا نام جو بلخ کی بادشاہت چھوڑ کر فقیر ہوگئے تھے - ادہم آپ کے باپ کا نام تھا ◆

ابرِ بہار (ف) مذکر - وہ ابر جو فصلِ بہار میں آئے ◆

ابرِ بہمن (ف) مذکر - بہمن فارسی مہینے کا نام ہے - جو پھاگن یا مارچ کے مطابق ہوتا ہے - اس مہینے میں جو ابر آئے - اُسے ابرِ بہمن کہتے ہیں ◆

ابرِ تر (ف) مذکر - برسنے والا بادل ◆

ابرِ تصویر (ف) مذکر - کاغذ پر ابر کی شکل ◆

ابرِ تُنک (ف) مذکر - ہلکا بادل - خفیف ابر ◆

ابرِ تیغ (ف) تلوار میں جا دلوں کی مانند زنگاری لکیروں کا سلسلہ ◆

ابر چھا جانا (ا) بادل کا آسمان پر گھِر آنا - گھٹا چھا جانا ◆

ابرِ دریا بار (ف) بہت زیادہ برسنے والی گھٹا - بے انتہا برسنے والا بادل ◆

ابرِ رحمت - یا - ابرِ کرم (ف) مہربانی کی گھٹا - بخشش کا بادل ◆

ابرِ سیاہ - یا - سیاہ تاب (ف) مذکر - کالی گھٹا ◆

ابرص (اَبْ - رَص) (ع) (مادہ - برص - کوڑھ) کوڑھی وہ جس کے بدن پر سفید داغ ہوں ◆

ابرق (ع) } مذکر - ایک قسم کا چمکیلا معدنی پتھر
ابرک (ا) } ہے - جو ورقوں کی صورت میں تہ بہ تہ ہوتا ہے - جب اسے صاف کرتے ہیں تو بڑے بڑے ورق آئینے کی طرح ہو جاتے ہیں - آگ میں رکھنے سے نہیں جلتا - البتہ برقی آگ اسے جلا دیتی ہے ◆

ابرِ قبلہ (ا) مذکر - قبلہ کی جانب سے اُٹھی ہوئی گھٹا جس کی بابت مشہور ہے کہ بہت زیادہ برستی ہے ◆

ابر کا لکہ (ا) مذکر - بادل کا ٹکڑا ◆

ابر کو دیکھ کر گھڑے پھوڑنا (ا) موہوم امید پر موجودہ چیز بھی کھو بیٹھنا ◆

ابرِ کوہسار - کہسار (یا) کہساری (ف) مذکر - پہاڑ کی طرف سے اُٹھنے والی گھٹا ◆

ابر کھُلنا (ا) بادل سے آسمان کا صاف ہو جانا ◆

اَبر گھِرنا (ا) بادل کا چاروں طرف سے سمٹ کر یک جا ہو جانا - گھٹا چھا جانا ◆

اَبرِ مُردہ (ف) مذکر - اسفنج یا اسپنج - سمندر میں بعض آبی جانوروں کے رہنے کے گھر ہوتے ہیں جنہیں غوطہ خور کاٹ لاتے ہیں - یہ ملائم چیز کافی پانی جذب کر لیتی ہے - جو بعد میں نچوڑ دینے سے خشک بھی ہو جاتا ہے - اس زمانے کے محققوں نے اِسے سمندری حیوانات میں شمار کیا ہے ◆

اَبرن (اَبْ - رَن) (ہ) مذکر - گہنا - زیور - قوم - کان - سر - ناک - ماتھا - گلا - سینہ - بازو - ہاتھ - ہاتھ کی انگلی - کمر - پاؤں - پاؤں کی انگلی میں پہننے کے بارہ زیور ◆

ابر رنگ لائی گلہری (ہ) محاورہ - جب کسی کی چھپی ہوئی شوخیاں اور چالاکیاں ظاہر ہوں تو وہاں بولتے ہیں ◆

اَبرِ نیسان (ف) وہ ابر جو فصلِ ربیع میں نوروز سے چالیس دن قبل یا چالیس دن بعد برستا ہے - مشہور ہے کہ اس سے سیپ میں موتی - کیلے میں کافور - کالے سانپ میں زہر پیدا ہوتا ہے (نیسان

رُومیوں کا ساتواں مہینہ ہے۔ آفتاب ان دنوں میں بُرج اسد و سنبلہ میں ہوتا ہے)

اَبرُو (اَب۔رُو) مذکّر۔ بھوں۔ سنسکرت میں بھرو ے عربی میں حاجب۔ ہندی میں بھرکٹی۔ وہ جگہ اور بال جو آنکھوں کے پپوٹوں سے اوپر اور ماتھے کے نیچے بشکل قوس ہوتے ہیں۔ اس کی صفت عشوہ ساز۔ پُرخم۔ مشکین۔ کمان وغیرہ آتی ہے

اَبر و باد (ف) مذکّر۔ مینہ اور آندھی

اَبرُو پر مَیل نہ آنا (ہ) (۱) مستقل مزاج ہونا صدموں اور تکلیفوں یا نقصان کی پروا نہ کرنا۔ ذرا بھی خیال نہ کرنا (۲) بیحیائی بے شرمی کے لئے بھی بولتے ہیں

اَبرُو میں بَل آنا۔ یا۔ بَل پڑنا (ہ) تیوری چڑھنا غصّہ آنا۔ ناراض ہونا

اَبرُوئے پیوستہ (ف) مذکّر۔ آپس میں ملی ہوئی بھویں

اَبرُوئے فلک (ف۔ع) مذکّر۔ ہلال

اَبرَہ (اَب۔رَہ) (ف) مذکّر (۱) دوہر۔ دولائی۔ رضائی وغیرہ۔ دوہرے کپڑے کی اوپر والی تہ (۲) ڈھانکنے والا

اَبرہہ (اَب۔رَہَہ) (ع) مذکّر (۱) ایک پرندہ۔ (۲) حبش کا ایک بادشاہ جس نے زمانۂ جاہلیت میں مکّۂ معظمہ پر حملہ کیا تھا۔ قرآن مجید میں اصحاب الفیل کا قصّہ اسی سے متعلق ہے

اَبری (اَب۔رِی) (ف) صفت (۱) رنگ دار۔ کئی رنگ کی۔ دھبّوں والی (۲) مؤنّث۔ بیل دار اور پھول دار کاغذ جو کتابوں کی جلدوں پر لگایا جاتا ہے

اَبریشم (اَب۔رے۔شَم) (ف) مذکّر (۱) ریشم کا کویہ۔ پیلہ (۲) ریشم کا کیڑا جو عموماً ایران۔ چین۔ ہندوستان میں ہوتا ہے۔ یہ اپنے لعاب دہن سے کھجور کے پھل کے برابر اپنے جسم پر غلاف بنا لیتا ہے۔ اور خود اس کے اندر ہو جاتا ہے۔ اس غلاف یا کوئے کو جوش دے کر لوگ چرخی سے ریشم نکالتے ہیں۔ اکثر دواؤں میں بھی کام آتا ہے۔ فارسی و عربی میں ابریشم کہلاتا ہے۔ ریشم

اِبریق (اِب۔رِیق) (ع) مذکّر (۱) چھاگل۔ صُراحی۔ پانی پینے کا لوٹا۔ پانی کا ایک ٹونٹی والا اور دستہ دار برتن (۲) چمکیلی تلوار

اب ستونتی ہو کر بیٹھی لُوٹ کھایا سنسار (ہ) محاورہ۔ بدکار کا نیک بن کر بیٹھنا۔ نو سو چوہے کھا کر بلّی حج کو چلی

اُبسنا (اُبَس۔نا) (ہ) گلنا۔ سڑنا۔ بوسیدہ ہونا (کھانے کی چیز کا) سڑنے کے آثار پیدا ہونا۔ بند رہنے کی وجہ سے ذائقے میں فرق آنا

اب سے آئے گھر سے آئے (ہ) محاورہ۔ پہلے جو کچھ نادانستگی میں کر چکے۔ وہ کر چکے۔ اب ایسا نہ کریں گے

اَب سے دُور (ہ) محاورہ۔ گذرے ہوئے دکھ درد کی کہانی "اب اس سے خدا محفوظ رکھے" کی جگہ بولتے ہیں

اَبصار (اَب۔صَار) (ع) جمع بصر۔ آنکھیں

اِبطا (اِب۔طَا) (ع) مذکّر۔ روک تھام۔ مزاحمت۔ اٹکاؤ۔ دیر۔ التوا

اِبطال (اِب۔طَال) (ع) مذکّر۔ باطل کرنا۔ جھوٹا کرنا

ابعادِ ثلاثہ (اَب۔عَادِ۔ثَلَا۔ثَہ) (ع) مذکّر۔ عرض۔ طول۔ عمق یا ارتفاع

اَبکار (اَب۔کَار) (ع) مؤنّث جمع بکر۔ کنواری لڑکیاں

اُبکائی (اُب۔کا۔ئی) (ہ) مؤنّث۔ چھوٹی سی قے۔ قے ہونے کے آثار

اُبکائی لگنا (ہ) بار بار ابکائی کرنا

اب کی بات اب کے ساتھ۔ جب کی بات جب کے ساتھ (ہ) مثل پہلے زمانے کی بات پہلے موزوں تھی۔ اب جو رنگ زمانے کا ہے۔ اب اس کے مطابق چلنا چاہیئے۔ پہلے جھگڑے سے اس کا کوئی تعلق نہیں

اب کے (ہ) اِس دفعہ اِس مرتبہ

ابلا (اَبلَا) (س) مؤنّث۔ کمزور عورت۔ نازک عورت۔ نازک اندام اور خوب صورت عورت

اُبل (اُبَل) (ہ) "اُبلنا" کا امر

اُبل آنا (ہ) (۱) سوجنا۔ آشوب کرنا (۲) جوش سے باہر نکل آنا

اُبل پڑنا (ہ) (۱) بُرا بھلا کہنا۔ بہت خفا ہونا۔ (۲) کم ظرفی سے کچھ کہہ اُٹھنا۔ اوچھے پن سے بھید نہ چھپا سکنا۔ حد سے باہر نکلنا (۳) ہانڈی۔ دُودھ یا پانی کا اُبل جانا

اُبلنا (اُبَل۔نا) (ہ) (۱) جوش کھانا (۲) بہتات سے ہونا (۳) آپے سے باہر ہو جانا۔ مغرور ہونا

اِبلاغ (اِب۔لَاغ) (ع) مذکّر۔ پہنچانا۔ بھیجنا

اَبلَق (اَب - لَق) (ع) مذکر۔ دو رنگا۔ خصوصاً سیاہ و سفید۔ زیادہ تر اُس گھوڑے کو کہتے ہیں۔ جو دو رنگا ہو ٭

اَبلَقا (اَب - لَقا) (ع) مذکر۔ تلیر کے برابر سیاہ پروں اور سفید پوٹے کا پرند۔ جسے خوش آوازی کے باعث اکثر شوقین پالتے ہیں۔ یہ مینا کی قسم میں شمار کیا جاتا ہے ٭

اَبلقِ ایّام - یا - ابلقِ لیل و نہار (ف) رات دن سے مراد ہے ٭

اَبلق چشم (ا) مذکر۔ خوب صورت آنکھوں والا۔ سیاہ و سفید رنگ کی آنکھوں والا ٭

اَبلہ (اَب - لَہ) (ف) بیوقوف۔ احمق۔ سادہ۔ نادان۔ کُورکھ ٭

اَبلہ فریب (ف) مذکر۔ مکّار۔ فریبی۔ چال باز۔ جعل ساز ٭

ابلہی (ف) مؤنث۔ بے وقوفی ٭

اِبلیس (اِب - لِیس) (ع) مذکر۔ خُدا کی رحمت سے نا اُمید (۱) مایوس (۲) شیطان۔ خبیث۔ پلید۔ شریر۔ مغوی۔ فتنہ انگیز۔ مکّار۔ فریبی۔ دھوکا دینے والا ٭

ابلیس کا پیشاب (ا) مذکر۔ شیطان کا بچّہ۔ بد معاش۔ شُہدا۔ بدذات ٭

اِبْن (اِبْن) (ع) مذکر۔ بیٹا۔ فرزند۔ پُوت۔ پِسَر ٭

اِبنُ السّبیل (ع) مذکر۔ مسافر ٭

اِبنُ الغرض (ع) مذکر۔ خود غرض آدمی ٭

اِبنُ الوقت (ع) مذکر (۱) ابن الوقت۔ وہ شخص جو بمقتضائے وقت کام کرتا ہو۔ تابع وقت۔ حیلہ گر۔ مطلب پرست (۲) ایک کتاب کا نام جس کے مصنّف ڈاکٹر حافظ نذیر احمد صاحب مرحوم دہلوی تھے ٭

ابنائے جہاں (اَب - نا - ئے - جہاں) (ع - ف) مذکر۔ افرادِ انسانی۔ اولادِ آدم جو ازروئے سلسلۂ نوعِ انسانی سب آپس میں بھائی ہیں۔ ابنائے دُنیا۔ ابنائے دہر۔ ابنائے جنس۔ انسانی برادری ٭

ابنِ رشید یا رشد (ع) مذکر۔ یہ شخص ہسپانیہ کا رہنے والا۔ اور ان عربوں کی نسل سے تھا جنہوں نے مدّت دراز تک ہسپانیہ پر فتح کا ڈنکا بجایا۔ یہ حکیم مختلف عہدوں پر ممتاز رہا۔ آخر میں صدر مہتمم ہو گیا۔ ارسطاطالیس کی تصنیفات کا معتقد تھا۔ اور اس قدر شرحیں لکھیں کہ شارح ارسطو مشہور ہو گیا۔ علمِ ہیئت کے متعلق بھی اس نے بہت کچھ لکھا۔ سنہ ۱۲۰۶ء میں بمقام مراکش وفات پائی ٭

ابنِ مریم (ع) مذکر۔ حضرت مریم علیہا السّلام کے بیٹے حضرت عیسٰی علیہ السّلام کا نام ٭

اَب نہ تب (ہ) نطقی انکار ٭

اَبُو (اَبُو) (ع) مذکر (۱) باپ۔ والد۔ پدر (۲) صاحب۔ خداوند ٭

اَبواب (اَب - وَاب) (ع) مذکر (۱) باب کی جمع۔ دروازے (۲) وہ روپیہ جو مال گزاری کے ساتھ سڑک اور مدرسے وغیرہ کے چندے میں زمینداروں سے وصول کیا جاتا ہے ٭

اَبوابِ مُلکی (ع - ف) مذکر۔ صوبائی مالگزاری ٭

اَبُو البشر (ع) مذکر۔ نسلِ انسان کا باپ حضرت آدم علیہ السّلام ٭

اَبُو البشر ثانی (ع) مذکر۔ نسلِ انسانی کا دوسرا باپ۔ حضرت نوح علیہ السّلام ٭

اَبُو الحسن (ع) مذکر۔ اہلِ اسلام کے ایک نامور حکیم کا نام۔ جس نے علمِ ہندسہ اور ہیئت میں نہایت مہارت حاصل کی تھی۔ عمر خیام اسی حکیم کے شاگردوں میں سے تھا۔ اس نے آیاتِ متعلقہ ہیئت کی خوب تفسیر لکھی ٭

اَبُو الفضل (ع) مذکر۔ شہنشاہِ ہند جلال الدّین اکبر کے نو رتنوں میں سے تھا۔ وزیر فیضی کا بھائی اور شیخ مبارک کا بیٹا جو جہانگیر کے اشارے سے سنہ ۱۰۱۱ھ میں قتل کیا گیا۔ بڑا عالم و فاضل تھا۔ اکبر نامہ۔ آئینِ اکبری وغیرہ اسی کی تصانیف ہیں ٭

اَبُو الکلام آزاد (ع) مذکر۔ اصلی نام محی الدّین احمد سنہ ۱۸۸۸ء میں بمقام مکّہ معظّمہ پیدا ہوئے۔ والدہ کی طرف سے عربی النسل ہیں۔ بچپن ہی میں علمِ منقول و معقول قرآن و حدیث اور فقہ و فلسفہ کا مطالعہ کیا۔ اور دیگر علومِ مروجہ میں بھی کافی دستگاہ حاصل کی۔ سنہ ۱۹۱۲ء میں دہلی دربار کے موقع پر جب تقسیم بنگال کی منسوخی کا اعلان ہوا۔ آپ نے ادب اور لٹریچر کو خیرباد کہہ کر

سیاسیات میں قدم رکھا۔ اخبار "الہلال" آپ ہی کے زیرِ ادارت نکلتا تھا۔ آپ عربی فارسی اور اُردو کے زبردست عالم اور محقق ہیں۔ اپنے حالات "تذکرہ" کی صورت میں لکھے ہیں ✣

اَبُوبکرؓ (ع) اسلام کے خلیفۂ اوّل کا نام۔ چونکہ حضرت رسُولِ کریم صلّی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم کی تصدیقِ رسالت کرنے والے آزاد مردوں میں سب سے پہلے مرد تھے۔ اس لئے صدیق لقب ہوا۔ پُرانا نام ابُوبکر تھا ✣

اَبُوتُراب (ع) مذکّر۔ مٹی کا باپ۔ اسلام کے خلیفۂ چہارم حضرت علیؓ کی کنیت۔ ایک روز آپ مسجد کے فرش پر آرام فرما رہے تھے۔ آنحضرت صلّی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم نے آپ کے رخسار اور بدن کو گرد آلود دیکھ کر فرمایا۔ قُمْ یَا اَبَا تُرَاب (اے علیؓ اٹھ کھڑے ہو) ✣

اَبُوجہل (ع) مذکّر (جہالت کا باپ) کنیت عمرو ابن ہشام کی جو آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کے مخالفوں کا سرغنہ تھا۔ آخرکار جنگِ بدر میں مارا گیا ✣

اَبُوحنیفہ (ع) مذکّر۔ کنیت ہے نعمان ابنِ ثابت کی جن کا لقب امامِ اعظم ہے۔ چار مجتہدوں میں سے آپ امامِ اوّل ہیں۔ فرقۂ حنفیہ آپ کا مقلّد ہے۔ آپ ۴۲ برس تک روزانہ ایک وضو سے پانچوں نمازیں پڑھتے اور تمام رات نفل ادا کرتے رہے۔ ماہِ رمضان میں ۶۱ بار قرآن مجید یعنی ایک باجماعت اور ۶۰ علیحدہ ختم کرنے کا معمول تھا۔ آپ نے بچپن میں کئی حج کئے۔ پہلا حج سولہ سال کی عمر میں کیا ✣
خلیفہ منصور نے آپ کو عہدۂ قضا پیش کیا۔ آپ نے انکار کر دیا۔ اس پر آپ کو قید کیا گیا۔ اور دس دُرّے روزانہ لگائے جاتے۔ لیکن آپ نے انکار ہی رکھا۔ آخرکار ستّر برس کی عمر میں ماہ رجب ۱۵۰ھ میں راہیِ عالمِ جاودانی ہوئے۔ آپ کے جنازے کے ساتھ ۷ لاکھ آدمی تھے ✣

اُبھارنا (اُبھا۔ رْ۔ نا) (ف) (۱) آمادہ کرنا۔ رغبت دلانا (۲) بلند کرنا۔ اُوپر اٹھانا (۳) لے بھاگنا۔ بہکا لے جانا ✣

اِبہام (اِب۔ ہام) (ع) مذکّر (۱) انگوٹھا (۲) پوشیدہ کہنا۔ گنول کر بیان نہ کرنا (۳) ایک صنعت کا نام ✣

اُبہت (اُب۔ ہَت) (ع) مؤنّث (۱) بزرگی۔ (۲) رونق (۳) شکوہ۔ عظمت ✣

اُبھر کر چلنا (ف) اکڑ کر چلنا۔ غرور سے چلنا۔ حیثیت سے باہر قدم رکھنا ✣

اُبھرن (اُبھَ۔ رَن) (ف) مذکّر (۱) زیور۔ جواہر (۲) زینت ✣

اُبھرنا (اُبھَر۔ نا) (ف) (۱) شہرت پانا (۲) ظاہر ہونا (۳) اترانا۔ غرور کرنا (۴) جنبش کرنا (۵) اُونچا ہونا۔ اٹھنا (۶) پانی میں ڈوب کر اوپر آنا ✣

ابھی (اَب۔ ھی) (ف) اسی وقت۔ فوراً۔ اِسی دم (۲) اب تک۔ اس وقت تک (۳) اتنی جلدی ✣

ابھی تم صاحبزادے ہو (ف) ابھی تم نوجوان ہو۔ ابھی تم ناتجربہ کار ہو ✣

ابھی چھٹی کا دودھ نہیں سُوکھا۔ ابھی دودھ کے دانت نہیں ٹوٹے۔ ابھی مُنہ سے دُودھ ٹپکتا ہے۔ ابھی مُنہ کی رال نہیں جھڑی۔ ابھی ہونٹوں کا دُودھ نہیں سُوکھا یہ سب فقرے کسی کی کم سنی۔ ناتجربہ کاری اور نادانی کی جگہ طنزاً بولتے ہیں۔ لڑکپن ہے۔ بچے ہو۔ نادان ہو۔ ناسمجھ ہو۔ بے وقوف ہو۔ نابالغ ہو۔ ناتجربہ کار ہو ✣

ابھی دلّی دُور ہے (ف) مثل۔ ابھی کامیابی میں دیر ہے۔ ابھی منزلِ مقصود دُور ہے۔ "ہنوز دلّی دُور است" ✣

ابھی سے (ف) محاورہ۔ قبل از وقت۔ پیشتر سے۔ اِسی وقت سے ✣

ابھی سیر میں سے پُونی بھی نہیں کتی ہے (ف) مثل۔ ابھی کام شروع ہی ہوا ہے۔ ابھی تھوڑا کام ہوا ہے ✣

ابھی کچا برتن ہے۔ ابھی کچی لکڑی ہے۔ کم سن اور ناتجربہ کار ہے۔ دوشیزہ ہے۔ کنواری ہے۔ چھوٹی ہے ✣

ابھی کچے گھڑے پانی بھرنا ہے۔ یا۔ ابھی کچے گھڑے پانی کے بھرنے ہیں (ف) مثل۔ ابھی بہت مشکل کام کرنے باقی ہیں ✣

ابھی کل کی بات ہے (ف) مثل۔ تھوڑے عرصے کا واقعہ ہے ✣

ابھی کیا ہے (ف) فقرہ۔ اسی پر خاتمہ نہیں۔ مدح اور ہجو دونوں جگہ مستعمل ہے ✣

اِبّی دِبّی (اِب۔ بی۔ دِب۔ بی) (ف) مؤنّث۔ گلّی ڈنڈا کھیلتے وقت جب گلّی کو اچھال کر ڈنڈے پر روکتے ہیں

تو پہلی ضرب کو اِبّی اور دُوسری کو دِبّی کہتے ہیں ٭
اِبّی دِبّی کھیلنا (ہ) گلّی ڈنڈا کھیلنا۔ جس میں گلّی کو اچھالتے اور ڈنڈے پر روکتے ہیں۔ پہلی ضرب اِبّی اور دِبّی کہلاتی ہے ٭
ابیات (اَبْ۔ یَاتْ) (ع) مذکّر (۱) بیت کی جمع۔ گھر۔ (۲) مذکّر و مؤنّث۔ اشعار ٭
ابیر (اَبِیْر) (ہ) مذکّر۔ ابرک یا برادہ جو ہولی کے دنوں میں بخوشی کے وقت ہندو عموماً ایک دُوسرے کے ماتھے پر گلال میں ملا کر ملتے ہیں ٭
ابیض (اَبْ۔ یَضْ) (ع) مذکّر۔ سفید۔ چٹّا۔ اُجلا۔ سپید ٭
ابے (اَبے) (ہ) (۱) عام طور پر حقارت کا لفظ ہے (۲) اسے بے تکلّفی اور پیار سے بھی کہتے ہیں ٭
ابے تبے کرنا (ہ) حقارت کے کلمات کہنا۔ بدتہذیبی اور بدکلامی سے پیش آنا۔ گستاخانہ کلام کرنا ٭

ا - پ

اپاپ (اَپَاپْ) (ہ) بے گناہ ٭
اپادھی (اُپَا۔ دِھیْ) ۔ ظالم۔ فسادی ٭
اپار (اَپَارْ) (۱) بے حد۔ انتہاہ (۲) ابدی (۳) ناقابلِ گزر (۴) بے مثل۔ انوپ ٭
اُپاڑ (اُپَاڑْ) (ہ) مذکّر (۱) بدن کی کھال کا اڑنا (۲) اکھاڑ (۳) آبلہ پڑنا ٭
اُپاڑنا (ہ) اکھاڑنا ٭
اپاہج (اَپَا۔ ہَجْ) (ہ) (۱) وہ شخص جس کے ہاتھ پاؤں لنجے ہوں۔ بے کار اور چلنے پھرنے سے مجبور۔ اندھا۔ لنگڑا (۲) مجازاً کاہل اور سست۔ ناکارہ۔ نکمّا ٭
اپائنٹ منٹ (اَپَا۔ ئِنْٹْ۔ مَنْٹْ) (انگریزی)۔ (APPOINTMENT) مؤنّث۔ تقرّر۔ تعیّن ٭
اُپتن (اُپْ۔ تَنْ) (ہ) مؤنّث۔ پیدائش۔ نسل۔ کنبہ۔ پیداوار (مذکّر) وصول شدہ معاملہ ٭
اُپج (اُپَجْ) (ہ) مؤنّث۔ نئی بات۔ ایجاد ٭
اُپج کی لینا (ہ) (۱) نئی بات کہنا۔ ایجاد کرنا (۲) نئی تان لگانا ٭
اُپجاؤ (اُپْ۔ جَا۔ ؤُ) (ہ) زرخیز۔ شاداب ٭
اُپجنا (ہ) (۱) اُگنا۔ نکلنا (۲) پیدا ہونا۔ ظاہر ہونا ٭

اُپدیش (اُپْ۔ دِیْشْ) (ہ) مذکّر (۱) نصیحت۔ مشورہ۔ نیک صلاح۔ فہمائش (۲) تعلیم۔ وعظ (۳) تجویز۔ ہدایت ٭
اُپدیشک (ہ) مذکّر (۱) ناصح۔ اُستاد (۳) واعظ۔ (۴) لیکچرار ٭
اپرنٹس (اَپْ۔ رَنْ۔ ٹِسْ) (APPRENTICE) (انگ) مذکّر۔ امّیدوار۔ کام سیکھنے کا آرزومند ٭
اپریل (اَپْ۔ رَیْلْ) (مصدر) (انگ۔ اپرل APRIL) مذکّر۔ سال کا چوتھا مہینہ ٭
اپریل فُول (ا) (انگ۔ اپرل فول APRILFOOL) مذکّر۔ اپریل کا احمق۔ یورپ میں دستور ہے کہ یکم اور ۳۰۔ اپریل کو بعض لوگوں کو احمق بنانے کے لئے فضول تحفے اور چٹھیاں بھیجتے ہیں۔ اور اخبارات میں بھی ظریفانہ مضامین چھاپ کر لوگوں کو احمق بناتے ہیں۔ اب ہندوستان میں بھی اس کا رواج ہوگیا ہے ٭
اَپسَرا (اَپْ۔ سَرَا) (س) مؤنّث (۱) اندر کے دربار کی رقاصہ (۲) پہاڑ۔ جنگل یا سمندر کی دیوی (۳) طوائف ٭
اُپلا (اُپْ۔ لَا) (ہ) مذکّر۔ تھاپی۔ کنڈا۔ گوہا ٭
اپلائی (اَپْ۔ لَا۔ ئِیْ) (انگ APPLY) مذکّر۔ درخواست کرنا۔ عرضی کرنا ٭
اپلی کیشن (اَپْ۔ لِی۔ کے۔ شَنْ) (APPLICATION) (انگ) مؤنّث۔ درخواست۔ عرضی ٭
اپنا (اَپْ۔ نَا) (ہ) ضمیر (۱) میرا۔ ہمارا (۲) خود۔ خویش (۳) غیر کی ضد۔ عزیز۔ رشتہ دار (۴) ذاتی۔ خاص۔ سچ کا۔ (۵) ہمدرد۔ ساتھی۔ شریک ٭
اپنا آپا (ہ) مذکّر۔ اپنا نفس یا دل ٭
اپنا اپنا (ہ) ہر ایک کا۔ جُدا جُدا۔ الگ الگ ٭
اپنا اپنا پرایا پرایا (ہ) عزیز سے لاکھ بگڑی ہو۔ پھر بھی عزیز ہے۔ اور غیر ہزار دوستی کا دم بھرے۔ مگر عزیز کے برابر نہیں ہوسکتا۔ اپنی چیز سے جو کام نکلتا ہے۔ اور اس پر جیسا بس ہوتا ہے۔ وہ بات پرائی چیز سے حاصل نہیں ہوسکتی۔ چاہے اچھی سے اچھی کیوں نہ ہو ٭
اپنا اپنا کرنا۔ اپنا اپنا بھرنا (ہ) مقولہ۔ جو جیسا کرے گا۔ ویسا بھرے گا۔ ہمیں کوئی تعلق نہیں۔ ہم الگ ہیں ٭

اپنا اُلو سیدھا کرنا (ہ) اپنا مطلب نکالنا۔ اپنا کام بنانا۔ کسی کو فریب دے کر اپنا کام نکالنا۔ بے وقوف بنا کر اپنا مطلب پورا کرنا۔

اپنا اُلو کہیں نہیں گیا (ہ) محاورہ۔ کوئی نفع اٹھائے یا نقصان۔ ہم اپنے ٹکے سیدھے کر لینگے (۲) ہمارا مطلب بہر حال میں نکل ہی آئے گا۔ روایت ہے کہ کسی راجہ کے یہاں کوئی گھوڑوں کا سوداگر آیا۔ راجہ نے ایک لاکھ روپیہ دیا۔ کہ ہمارے لئے عرب سے گھوڑے لے آنا۔ سوداگر روپیہ لے کر چلا گیا۔ لیکن اس راجہ کے شہر میں ایک تاریخ نویس تھا۔ اس نے تاریخ میں لکھا "راجہ اُلو ہے"۔ راجہ کو معلوم ہوا تو تاریخ نویس کو بلا کر پوچھا۔ تم نے "راجہ اُلو ہے" کیوں لکھا ہے؟ تاریخ نویس نے کہا کہ یونہی ناواقف آدمی کو لاکھ روپے دے دینا اُلو پن ہے یا عقلمندی۔ سوداگر پاگل نہیں کہ ایک لاکھ روپیہ گھر بیٹھ کر نہ کھائے۔ اور آپ کو گھوڑے لا کر دے۔ راجہ نے کہا "اگر وہ گھوڑے لے آیا؟" مؤرخ نے جواب دیا۔ پھر آپ کا نام کاٹ کر اس کی جگہ اُس کا نام لکھ دوں گا۔ لہٰذا اپنا اُلو کہیں نہیں گیا۔ وہ تو اپنی جگہ ہی رہا۔

اپنا بالا اوپر - یا ڈھینگرا - اپنا پوت پرایا ڈھینگر (ہ) ایک ہی بات پر اپنے بچے کو نادان سمجھ کر چھوڑ دینا اور دوسرے کو بُرا کہنا۔

اپنا بنا لینا (ہ) موافق کر لینا۔ اپنے ساتھ ملا لینا۔ دوست بنا لینا۔

اپنا بیگانا - اپنا پرایا (ف) اپنا اور بیگانہ۔ عزیز و غیر عزیز۔

اپنا پیٹ تو کتا بھی پال لیتا ہے (ہ) مثل۔ اپنی آمدنی سے خود ہی فائدہ اٹھانا یا اپنے کام میں لانا اس سے دوسرے کو حصّہ نہ دینا۔

اپنا پیٹ کاٹ کر قرض اُتارا (ف) بھوکا رہ کر پیسہ بچا کر قرض ادا کیا۔

اپنا پیسہ کھوٹا پرکھنے والے کا کیا دوش۔ (ع) جب اپنی اولاد نالائق نکلی تو دوسرے کی کیا خطا۔

اپنا تن پہلے ڈھانکو۔ دوسرے کو ننگا پیچھے کہنا (ہ) مثل۔ پہلے اپنی برائیاں دُور کرو۔ پھر دوسرے میں عیب بتانا۔

اپنا توشہ اپنا بھروسہ - یا - اپنا توشہ اپنے ساتھ (ف) اپنا بندوبست خود کرنا چاہیئے۔ دوسرے کے بھروسے پر نہ رہنا چاہیئے۔

اپنا ٹھکانا کرنا - اپنے گزارے یا رہنے کا بندوبست کرنا۔ نوکری مکان ڈھونڈنا۔ اپنے رہنے کی جگہ پیدا کرنا۔

اپنا ٹھیک نہیں اور کا ٹھیک نہیں (ہ) مثل۔ اپنی خطا دوسرے کے ذمے لگانا۔ اپنے پاس عقل نہیں۔ دوسرے کی رائے پسند نہیں۔

اپنا ٹینٹ نہیں نہارتے اور کی پھلی کو دیکھتے ہیں (ہ) مثل۔ اپنے بڑے بڑے عیبوں کو نہیں دیکھتے لیکن دوسروں کی تھوڑی خطا کو بھی معاف نہیں کرتے۔ یا بیان کرتے ہیں۔

اپنا جوہر دکھانا (ف) محاورہ۔ اپنا ہنر دکھانا۔ اپنے عیبوں کا ظاہر کرنا۔

اپنا حساب کر لو (ف) محاورہ (۱) اپنا لین دین صاف کر لو۔ اپنا حساب چکتا کر لو (۲) نوکری چھوڑ دو۔

اپنا راستہ یا رستہ لو (ف) اپنا کام کرو۔ جاؤ۔

اپنا رکھ پرایا چکھ (ہ) محاورہ۔ اپنا جوڑ اور کا کھا۔ یہ اس جگہ بولتے ہیں۔ جب کوئی اپنی چیز رسیان پن سے محفوظ رکھے اور دوسرے کی ضائع کرے۔

اپنا سا منہ لے کے آجانا - یا - رہ جانا (ہ) خفیف اور نادم ہونا۔ شرمندہ ہونا۔ ناکام رہنا۔ ہار جانا جس بات کا دعویٰ ہو۔ اس سے خجالت اٹھانا۔ کسی بات کا جواب نہ بن پڑنا۔

اپنا سُبیتا کرنا (ہ) اپنی فکر کرنا۔ اپنے لئے آرام کی صورت پیدا کرنا۔

اپنا سر پیٹو (ہ) محاورہ۔ اپنا خمیازہ بھگتو۔ اپنے کئے پر خود پشیمان ہو۔ جیسا کیا۔ ویسا پایا۔

اپنا سر کھاؤ (ف) جو مرضی ہے کرو۔

اپنا سوپ مجھے دے - تو ہاتھوں پچھوڑ (ہ) مثل۔ اپنا چھاج مجھے دے دے اور تو اپنا غلہ اپنے ہاتھوں ٹھیک کر لے۔ نہایت خود غرض۔ خود مطلب۔

اپنا سوجھتا کرنا (ہ) اپنے لئے کوئی فکر اور تدبیر کرنا۔

اپنا قلّہ شجرہ رکھ چھوڑئیے - یا - اپنا قلّہ شجرہ رکھیئے (ا) قلّہ کلاہ سے بگڑ کر بنا ہے - پیر اپنے مریدوں میں سے جب کسی کو خلافت دیتا ہے تو شجرہ اور ٹوپی دیتا ہے - یہ محاورہ روٹھنے کے موقع پر بولا جاتا ہے - اپنے کام کو خود سنبھالو - میں تمہاری چیز یا تمہارے کام کو پسند نہیں کرتا۔

اپنا کام کرو (ا) محاورۃ (۱) اس جگہ بولتے ہیں جہاں کوئی اپنا کام چھوڑ کر دوسری طرف مخاطب ہو - یا دخل درمعقولات دے (۲) جاؤ - چلے جاؤ - اپنی راہ لو۔

اپنا کُتّا باندھو - ہم بھیک سے باز آئے (ہ) مثل - نفع نہ پہنچاؤ - تو دُکھ بھی نہ دو - ہمیں تم سے نفع کی اُمید نہیں۔

اپنا کیا پانا (ہ) جیسا کرنا ویسا پانا - کیفر کردار کو پہنچنا - اپنی بُرے کام کی سزا پانا۔

اپنا گوشت کھانا (ہ) دل ہی دل میں کُڑھنا - مجبوری میں غصّہ کھا کر چُپ رہ جانا۔

اپنا گھر بھرنا (ہ) کسی کا مال اپنے قبضے میں کرنا

اپنا لال گنوائے در در مانگیں بھیک - (ہ) مثل - اپنا مال کھو کر دوسروں کا سہارا ڈھونڈنا - اپنے نا عقول خرابی کو پہنچنا - وہ شخص جو اپنا مال متاع بے ہودہ مصارف میں اڑا کر محتاج ہو جائے اور بھیک مانگتا پھرے۔

اپنا لہو پینا (ا) مذکر - غم و غصّہ کھانا - دُکھ اور مصیبت سہنا - پیچ و تاب کھانا۔

اپنا مار بگا تو پھر چھاؤں میں بٹھائیگا (ہ) مثل - اپنا دُکھ دے گا تو بھی رحم کے ساتھ - عزیز لاکھ ناخوش ہو اسے رحم آ ہی جاتا ہے۔

اپنا مال اپنی چھاتی تلے (ہ) محاورہ - اپنا مال اپنے پاس ٹھیک ہے۔

اپنا مرن جگت کی ہنسی (ہ) مثل - خود برباد ہونا - اور دوسروں کو اپنے آپ پر ہنسانا۔

اپنا مُنہ دیکھو - اپنا مُنہ بنواؤ (ا) محاورہ اپنی لیاقت پر خیال کرو - اپنی قابلیت دیکھو۔

اپنا مُنہ کر صابن دھو - یا - اپنا منہ دھو رکھو - (ا) محاورہ - تمہارے بس کا یہ کام نہیں - تم اس چیز کے لائق نہیں۔

اپنانا (ہ) اپنا کرنا - اپنی ملکیت بنانا - اپنے استعمال میں لانا۔

اپنا نام بدل ڈالیں (ہ) محاورہ - ضرور ایسا ہی ہوگا - اگر ایسا نہ ہو تو ہم اپنا نام بدل ڈالیں۔

اپنا ہی رونا رونا (ہ) اپنی ہی مصیبت کا بیان کرنا - اپنی ہی بات کہے جانا۔

اپنا ہی مال جائے - آپ ہی چور کہلائے (ا) مثل - اپنا ہی نقصان ہو اور اپنی ہی بدنامی ہو - اپنا ہی نقصان ہو اور آپ ہی بُرا بھلا سنیں۔

اپنایت (ہ) مؤنث (عزیز داری) یگانگی - قرابت - رشتہ داری۔

اُپنشد (اُپ - نِشَد) (س) مذکر - ہندوؤں کی مذہبی کتابیں جن میں ویدوں کا انتخاب وغیرہ درج ہے۔

اپنی (ہ) مؤنث (۱) میری - ذاتی - نج کی (۲) رشتہ کی (۳) سگی۔

اپنی آگ میں آپ جلے جاتے ہیں (ہ) محاورہ - رشک و حسد سے جلنا - کسی کو خوش حال دیکھ کر رنجیدہ ہونا - دوسرے کا کچھ نہ کر سکنا - دوسرے پر قابو نہ پانا - اپنے غصّے سے خود ہی نقصان اٹھانا - غرور میں پھنکنا۔

اپنی اپنی بولی بولنا (ہ) محاورہ (۱) ہر ایک کا جُدا جُدا رائے ظاہر کرنا (۲) اپنے اپنے مطلب کی کہنا - ہر شخص کا سمجھانا - ہر شخص کا بُرا بھلا کہنا - ہر شخص کا اپنی ہی بات کہنا۔

اپنی اپنی پڑنا (ہ) اپنی اپنی فکر کرنا - اپنا اپنا مطلب ڈھونڈنا - نفسی نفسی ہونا - بے سُدھ ہونا۔

اپنی اپنی ڈفلی اپنا اپنا راگ (ہ) مثل - ہر شخص کی طبیعت اور مذاق الگ ہے۔

اپنی اپنی گور اپنی اپنی منزل (ہ) مثل - کوئی کسی کا ساتھی نہیں - اپنے ٹھہرنے کا مقام اپنی ہی قبر ہے - کوئی دوسرے کی قبر میں نہیں ٹھہرتا۔

اپنی ایڑی دیکھو (ہ) (عو) محاورہ - نظر نہ لگاؤ - ٹوکو نہیں - جب کوئی بے ساختہ کسی کی خوبصورتی کی تعریف کرے تو اس خیال سے کہ تعریف کرنے والے کی نظر نہ لگ جائے - کہتی ہیں - اپنی ایڑی دیکھو۔

اپنی بات اپنے ہاتھ ہے (ہ) مثل - اپنی عزت اپنے ہاتھ میں ہے۔

اپنی بات پر آ جانا (ہ) محاورہ - اپنی بات کی پچ کرنا۔

اپنی بات کا ایک (ہ) محاورہ - مذکر - بات کا پکا - راسخ القول - زبان کا پورا - وعدہ وفا۔

اپنی بیتی کہوں کہ جگ بیتی (ہ) دیکھو "آپ بیتی کہوں یا جگ بیتی"۔

اپنی پیٹھ نہیں دکھائی دیتی (ا) مثل - اپنا عیب اپنے آپ کو معلوم نہیں ہوتا۔

اپنی تکّی اُڑائے جانا (د) اپنے ہی مطلب کی کہے جانا - اپنی غرض کے پیچھے لگے رہنا۔

اپنی جان سب کو پیاری ہوتی ہے (ہ) مقولہ - ہر شخص کو اپنا دکھ بڑا معلوم ہوتا ہے - اپنی جان بچانے کی سب کوشش کرتے ہیں۔

اپنی چال سے نہ چوکنا (ہ) اپنے کرتوت سے باز نہ آنا - دھمکیاں دینے سے باز نہ آنا۔

اپنی چلم بھرنے کو میرا جھونپڑا جلاتے ہو (ہ) مثل - اپنے تھوڑے سے فائدے کی غرض سے مجھے برباد کرتے ہو۔

اپنی چھاتی پر کودوں دلوانا (ہ) مثل - اپنی آنکھوں سے ظلم ہوتے دیکھنا - اور کچھ کر نہ سکنا گوارا کرنا۔

اپنی چھاتی پر ہاتھ دھر کے دیکھو (ہ) انصاف کرو - اپنا سا حال دوسروں کا بھی جانو - دوسرے کے دکھ کو بھی دکھ سمجھو۔

اپنی داڑھی گنتے کے پیشاب سے منڈوا ڈالیں (د) دیکھو "اپنا نام بدلوا ڈالیں"۔

اپنی ڈیڑھ (اڑھائی) اینٹ کی مسجد الگ بنانا (ا) خود رائے ہونا - کسی کی رائے کو نہ ماننا - اپنی ہی سمجھ سے کام کرنا - دنیا سے نرالا کام کرنا - دنیا سے نرالا ہونا۔

اپنی ذات سے اچھے ہیں (د) دیکھو "اپنے دم سے اچھے ہیں"۔

اپنی راہ دھا کو یاد کرو (ا) محاورہ - اپنا کام کرو - جاؤ ہمارا کچھ واسطہ نہیں۔

اپنی ران کھولئے آپ ہی لاجوں مریئے - (ہ) مثل - اپنے گھر کا حال بیان کر کے خود ہی شرمندہ ہوجیے - اپنے راز کو کھول کر خود ہی بدنام ہوجیے۔

اپنی راہ لگو (ہ) محاورہ - اپنا کام کرو - جاؤ آگے بڑھو۔

اپنی سی ہمت کی (ہ) محاورہ - جہاں تک ہو سکا - کوشش کی - اپنی طرف سے بخوبی سعی کر لی۔

اپنی طرف خیال کرنا (ہ) نیکی کرنا - اپنے مرتبہ - عزت اور بزرگی کا خیال رکھنا۔

اپنی عقل اور پرائی دولت بہت بڑی معلوم ہوتی ہے (ہ) ہر شخص اپنی عقل اور دوسرے کی دولت کو بہت زیادہ جانتا ہے۔

اپنی غرض کو گدھے چراتے ہیں (ہ) مثل - غرض مند کو ذلیل سے ذلیل کام بھی کرنا پڑتا ہے - اپنے مطلب کے لئے سب کچھ کرتے ہیں۔

اپنی غرض کو لوگ گدھے کو بھی باپ بناتے ہیں (ہ) مقولہ - غرض مند کو ذلیل شخص کی بھی خوشامد کرنی پڑتی ہے۔

اپنی قسمت کو رونا (ا) اپنی قسمت کی شکایت کرنا - اپنی بدنصیبی پر افسوس کرنا۔

اپنی کرنی پار اُترنی (ہ) مثل - اپنے ہی اعمال کام آتے ہیں۔

اپنی کرنی پر دان کیا ہندو کیا مسلمان (ا) مثل - اپنے اعمال کام آئیں گے - چاہے کوئی ہندو ہو یا مسلمان - اپنے عملوں کے موافق سزا جزا دی جائے گی ہندو مسلمان کی کوئی رعایت نہیں ہوسکتی۔

اپنی کھال میں مست ہونا (ہ) اپنے حال میں خوش ہونا - غریبی میں مگن رہنا۔

اپنی کہی نہ اور کی سُنی (ہ) اچانک گزر گئے - کچھ کہے سنے بغیر وفات پا گئے۔

اپنی گانٹھ نہ ہو پیسہ تو پرایا آسرا کیسا (ہ) مقولہ - وقت پر اپنی گانٹھ کا پیسہ کام آتا ہے - دوسرے کی گرہ کا کام نہیں آتا۔

اپنی گرہ سے کیا جاتا ہے (ہ) اپنا کیا نقصان ہوتا ہے - ہمارا کیا خرچ ہوتا ہے۔

اپنی گرہ کا (ا) مذکر - اپنے پلّے کا - جمع جتھا - اپنے جیب کا - اپنے پاس کی چیز۔

اپنی گڑیا سنوار دینا (ہ) اپنے حسب مقدور لڑکی کی شادی کرنا۔

اپنی گلی میں کتا بھی شیر ہوتا ہے (ہ) مثل - اپنے گھر پر کمزور کو بھی حوصلہ ہوتا ہے۔

اپنی گور گا نٹھنا (ا) چاپلوسی سے اپنا کام نکالنا۔

اپنی گوں کا یار (ف) خود مطلب۔ اپنی غرض کا یار۔ مطلبی دوست ۔

اپنی مصلحت ہر شخص خوب جانتا ہے (ف) مثل۔ ہر شخص اپنے معاملے کو خوب جانتا ہے ۔

اپنی مونچھ مُنڈا ڈالیں (ف) دیکھو "اپنا نام بدل ڈالیں" ۔

اپنی ناک کٹی تو کٹی پرائی بدشگونی تو ہو گئی (ف) مثل۔ کسی کے نقصان سے خوش ہونا۔ اپنی بدنامی اور نک کٹی ہو کر بھی دوسرے کو تھوڑا نقصان پہنچ جائے تو غنیمت سمجھنا ۔

اپنی نیند سونا اپنی بھوک کھانا | اپنی نیند سونا اپنی نیند اُٹھنا (ف) محاورہ۔ بے فکری اور امن چین سے بسر کرنا۔ کسی کا پابند نہ ہونا ۔

اپنی والی پر آنا (ف) (۱) ضد کرنا۔ ہٹ کرنا (۲) اپنی حیثیت اور لیاقت کا اظہار کرنا ۔

اپنی ہانڈی اَور وں پر گنوائی (ف) مثل۔ اپنا الزام دوسروں کے سر لگا دیا ۔

اپنے (ف) (۱) اپنا کی جمع (۲) عزیز۔ یگانے (۳) کہیں حُسنِ کلام کے لئے زائد بھی آتا ہے ۔

اپنے آپ (ف) (۱) خود ہی۔ اپنی ذات سے ۔

اپنے آپ کو (ف) اپنی ذات کو ۔

اپنے اپنے حال میں مست ہیں (ف) جو جس حال میں ہے اسی میں خوش ہے ۔

اپنے اپنے گھر سب بادشاہ ہیں (ف) مثل۔ اپنے گھر کا سب کو اختیار ہے۔ اپنے اپنے گھر کے سب مالک ہیں۔ اپنے گھر چیونٹی بھی شیر ہے ۔

اپنے اللہ سے پائے (ف) محاورہ۔ خدا اس کی سزا دے ۔

اپنے پچھوڑے کے دانت سب کو معلوم ہوتے ہیں (ف) مثل۔ اپنی حرکات اور افعال سب کو معلوم ہوتے ہیں۔ اپنی حالت کو سب جانتے ہیں ۔

اپنے بیروں کو کمجڑا کھٹے نہیں بتاتا (ف) دیکھو "اپنے دہی کو ..... " ۔

اپنے پاؤں میں (پر) آپ کلہاڑی مارنا - (ف) خود اپنا نقصان کرنا۔ اپنے ہی قول و فعل سے اپنا نقصان کرنا ۔

اپنے تئیں (ف) (متروک) اپنے آپ کو۔ اپنی ذات کو ۔

اپنے جامے سے باہر ہونا (ف) آپے میں نہ رہنا۔ بے خود ہو جانا۔ خوشی یا غصّے سے بیتاب ہو جانا۔ مغرور ہو جانا۔ اپنی حیثیت سے نکل چلنا ۔

اپنے جھونپڑے کی خیر مانگو (ف) مثل۔ دوسرے کی فکر نہ کرو۔ تم اپنی خیر مناؤ ۔

اپنے حال میں نہ رہنا (ف) (۱) اپنی حیثیت کے موافق نہ رہنا (۲) بے خود ہو جانا ۔

اپنے حق میں کانٹے بونا (ف) اپنے لئے بُرائی کرنا۔ وہ کام کرنا جو اپنی ذات کو نقصان پہنچائے۔ اپنے واسطے کنواں کھودنا۔ اپنا بُرا چاہنا ۔

اپنے دام کھوٹے پرکھنے والے کو کیا دوش (ف) مثل۔ اپنے عیبوں کو دیکھو عیب بیان کرنے والے کو بُرا نہ کہو۔ اپنی برائیوں پر نظر کرو۔ نصیحت کرنے والے کو بُرا نہ سمجھو ۔

اپنے دل کے مختار ہیں (ف) محاورہ۔ جو چاہیں سو کریں۔ کسی کے پابند نہیں ۔

اپنے دم سے اچھے ہیں (ف) محاورہ۔ اپنے دل سے اچھے ہیں۔ خود بھلے مانس ہیں ۔

اپنے دنوں کو رونا (ف) اپنی بدقسمتی پر حسرت و افسوس کرنا۔ گزشتہ ایّام عیش و آرام کو یاد کر کے پچھتانا ۔

اپنے دہی کو کون کھٹا کہتا ہے | اپنے دہی کو کوئی نہیں کھٹا کہتا (ف) جملے۔ کوئی اپنے بُرے عزیز یا بری چیز کو بھی بُرا نہیں کہتا ۔

اپنے ڈھائی چاول الگ گلانا - یا - اپنے ڈھائی چاولوں کی کھچڑی الگ پکانا (ف) اپنی مرضی کے موافق کام کرنا۔ کسی کے سمجھائے نہ سمجھنا۔ سب کی رائے سے علیحدہ رہنا یا چلنا۔ جو دل میں آنا سو کرنا ۔

اپنے ڈھب کا (ف) اپنے مذاق کا۔ اپنے رنگ کا۔ اپنی پسند کا۔ اپنے کام کا۔ اپنے قابو کا ۔

اپنے ساتھ لپیٹنا (ف) اپنے ساتھ شامل کرنا ۔

اپنے سائے سے وحشت ہونا (ف) مثل۔ حد سے زیادہ وہمی ہونا ۔

اپنے قدح کی خیر منانا (ف) اپنی بہتری چاہنا۔ اپنے فائدے کا خیال رکھنا ۔

اپنے کام سے کام رکھتے ہیں (ف) محاورہ۔ اپنے کام میں لگے رہتے ہیں۔ کسی کو تکلیف نہیں پہنچاتے۔ بے آزار ہیں ۔

اپنے کو گھالم گھولا - اور کی بار کو ٹال مٹولا (ف) مثل۔ اپنی غرض کا بہت خیال رکھنا۔ اور

گھُل مل جانا۔ اور دوسرے کے کام کے وقت شامل مشغول کرنا۔

اپنے کیئے پر پچھتانا (ہ) کوئی کام کر کے بعد میں پشیمان ہونا۔

اپنے کیئے کا علاج نہیں } (ل) اپنی کی ہوئی غلطی
اپنے کیئے کا کیا علاج } یا بُرائی کا نتیجہ بھگتنا پڑتا ہے۔

اپنے کیئے کی خود سزا پانا۔ بُرے کاموں کا نتیجہ بھگتنا۔

اپنے گریبان میں مُنہ ڈالنا (ل) اپنے عیب دیکھنا۔ اپنے کیئے پر گردن نیچی کرنا۔

اپنے گھر پر چیونٹی بھی شیر ہوتی ہے۔ (ہ) دیکھو۔ اپنے گھر میں کُتا بھی شیر ہوتا ہے۔

اپنے لگے تو پیٹھ میں اور کے لگے تو بھیت میں (ہ) محاورہ۔ اپنے دُکھ درد کو دُکھ درد جاننا اور دوسرے کے دُکھ درد کی پرواہ نہ کرنا۔ اپنے چوٹ لگی تو جسم پر لگی۔ دوسرے کے چوٹ لگی۔ تو گویا دیوار پر لگی۔

اپنے مرے بن سُرگ نہیں ملتا (ہ) مثل۔ اپنی کوشش کے بغیر کامیابی نہیں ہوتی۔

اپنے مزے کے آگے کچھ نہیں سوجھنا (ہ) محاورہ۔ اپنے فائدے۔ اپنی نفسانی خواہش اور اپنی زبان کے ذائقے کے آگے نیک اور بد جائز و ناجائز کی تمیز نہیں رہتی۔

اپنے من سے جانیئے پرائے من کی بات (ہ) محاورہ۔ اپنی تکلیف اور دکھ سے دوسرے کی تکلیف اور دُکھ کو سمجھنا چاہیئے۔

اپنے مُنہ پر طمانچے مارنا (ہ) محاورہ۔ اپنے کیئے پر خود پشیمان ہونا۔

اپنے مُنہ سے دھنا بائی (ہ) مثل۔ اپنی تعریف آپ کرنا۔ اپنے حُسن و خوبی اور گویائی کی تعریف کرنا۔ شیخی مارنا۔

اپنے مُنہ میاں مٹھو بننا (ہ) آپ اپنی تعریف کرنا۔ خودستائی کرنا۔

اپنے نام کا ایک (ہ) مذکر۔ بات کی پچ کرنے والا۔ بے مثال۔ بے نظیر۔

اپنے نام کا پاس ہے۔ (ہ) اپنی عزت کا خیال ہے۔

اپنے نین گنوا کے در در مانگی بھیک (ہ) مثل۔ اپنی دولت کو برباد کر کے دوسروں کا محتاج ہونا۔ اپنی چیز کھو کر دوسروں کے گھر سے مانگتے پھرنا۔

اپنے نینا مجھے دے تو گھوم پھر کے دیکھ (ہ) کہاوت۔ اپنی آنکھ مجھے دے دے۔ اور تو خود ٹکریں مارتا پھر۔

اپنے وقت کا ارسطو یا افلاطون ہے۔ (ل) بڑا دانا ہے۔ بہت عقل مند ہے۔

اپنے وقت کا حاتم ہے (ل) مقولہ۔ بڑا سخی ہے۔ بڑا فیاض اور دریا دل ہے۔ بڑا داتا ہے۔ بڑا خرچ کرنے والا ہے۔

اپنے ہاتھ بل جل جائے جیسا من چاہے ویسا کھائے (ہ) مثل۔ اپنے ہاتھ کے قربان جائیے۔ جیسا جی چاہا۔ ویسا پکا کر کھا لیا۔ دوسرے کی احتیاج کے بغیر جو کام ہو۔ وہی بہتر ہے۔

اپنے ہاتھوں (ہ) خود۔ اپنے آپ۔ اپنے فعل سے۔

اپنے ہاتھوں اپنی قبر کھودنا } (ل) محاورہ۔ خود
اپنے ہاتھوں کانٹے بونا } اپنا نقصان کرنا۔ خود مصیبت میں پھنسنا۔ خود برباد ہونا۔ خود بلا میں گرفتار ہونا۔ خود موت کے منہ میں جانا۔ اپنے مرنے کا آپ بندوبست کرنا۔

اپنے ہاتھ ہے (ہ) اپنے اختیار میں ہے۔ اپنے بس میں ہے۔ اپنے قابو میں ہے۔

اپنے ہی تن کا پھوڑا ستاتا ہے (ہ) مثل (۱) اپنوں ہی سے دُکھ پہنچتا ہے (۲) اپنے عزیزوں کا درد ہوتا ہے۔

اپنے ہی گھر سے آگ لگی ہے (ہ) محاورہ۔ اپنے ہی گھر سے لڑائی شروع ہوئی ہے۔ اپنے ہی گھر سے فساد برپا ہوا ہے۔

اَپولو (اَپَو۔ لُو) (یونانی) مذکر۔ جوانی۔ حسن اور راگ کا دیوتا۔

اپولونیس (اَپو۔ لُو۔ نی۔ اَس) (APPOLONIUS) (انگ) مذکر۔ یونان کے ایک فلاسفر اور زبردست حساب دان کا نام جس کی اپولونیس تھیوری مشہور ہے۔

اپھار۔ اپھارا (اَپھا۔ ر۔ اَپھا۔ رَا) (ہ) مذکر۔ پیٹ پھولنا۔

اپھر (اَپھَر) (ہ) اپھرنا کا امر۔

اپھرا (ہ) (۱) پھولا ہوا (۲) معدہ بھرا ہوا (۳)

غرور سے پھولا ہوا ۔

اَپھر جانا (ہ) (۱) پیٹ پھولنا (۲) پیٹ بھر کر کھانا۔ (۳) مغرور ہو جانا ۔

اَپھرنا (ہ) (۱) پھول جانا (۲) معدے کا اتنا بھر جانا کہ پھوٹنے لگنا (۳) ریح کے سبب پھول جانا (۴) سیر ہونا (۵) اکتانا (۶) ٹھونسنا (۷) موٹا ہو جانا (۸) حد سے بڑھ جانا (۹) مغرور ہو جانا (۱۰) شیخی مارنا۔ (۱۱) امیر ہو جانا ۔

آپی (آپی) (ہ) (۱) چمک دار (۲) میان سے باہر نکلی ہوئی شمشیر (۳) سان پر چڑھی ہوئی (تلوار) ۔

اَپیل (اَپیل) (انگ APPEAL) مذکر۔ چھوٹے حاکم کے فیصلے سے ناراض ہو کر بڑے حاکم کے پاس درخواست کرنا کہ پہلے حاکم کا فیصلہ منسوخ کیا جائے ۔

اَپیل خارج یا مسترد ہونا (ف) مقدمے کا فیصلہ درخواست کرنے والے (اپیلانٹ) کے خلاف ہونا۔ اور ابتدائی فیصلہ بحال رہنا ۔

اَپیل خاص (انگ-ع) مذکر۔ پریوی کونسل میں اپیل دائر کرنے کی درخواست ۔

اَپیل داخل کرنا (ف) حاکم بالا کے پاس مقدمہ لے جانا ۔

اَپیل سرسری (ف) مذکر۔ وہ اپیل جو ایک ہی گواہی پر فیصل ہو جائے ۔

اَپیل کرنا (ف) دیکھو۔ اپیل داخل کرنا ۔

اَپیل متخالف (انگ-ع) مذکر۔ ایک دوسرے کے خلاف اپیل ۔

اَپیل منظور ہو جانا (ف) مقدمے کا فیصلہ اپنے موافق ہو جانا۔ حاکم اعلیٰ کی عدالت سے ابتدائی حاکم کا فیصلہ منسوخ ہو جانا۔ مطلب بر آنا۔ اپنے منشا کے مطابق فیصلہ ہونا ۔

اپیلانٹ (اَپی-لانٹ) (انگ APPEALANT) مذکر۔ اپیل کرنے والا۔ چھوٹے حاکم کے فیصلے کے خلاف اعلیٰ حاکم سے فریاد کرنے والا ۔

ا-ت

اَت (اَت) (س) مؤنث۔ نہایت۔ بہت۔ زیادہ سے زیادہ۔ بے انتہا۔ بے حد ۔

اَت کا بھلا نہ برسنا اَت کی بھلی نہ دُھوپ
اَت کا بھلا نہ بولنا اَت کی بھلی نہ چُپ
(ہ) محاورہ۔ ہر چیز کی زیادتی بری اور نقصان دہ ہوتی ہے۔ ہمیشہ انسان کو یکساں نہیں رہنا چاہیئے۔ بلکہ زمانے کے اقتضا کے مطابق جس طرف وہ پھرے۔ پھر جانا چاہیئے ۔

اُتّا (اُتّا) (ت) مذکر۔ باپ ۔

اتابک (اَتا-بک) (ف) مذکر (۱) مالک (۲) اُستاد (۳) ایران میں بادشاہوں اور وزیروں کا لقب ۔

اتاترک (اَتا-تُرک) (ت) مذکر (۱) ترکوں کا باپ۔ (۲) غازی مصطفیٰ کمال پاشا مرحوم کا لقب ۔

اُتار (اُتار) (ہ) مذکر (۱) ڈھلاؤ۔ نشیب (۲) توڑ (۳) گھٹاؤ۔ کمی۔ تنزل ۔

اُتار (ہ) مذکر (۱) اوتار کا مخفف (۲) مؤنث۔ بدا اور لڑاکی عورت ۔

اُتارا (ہ) مذکر (۱) صدقہ۔ ردّ بلا (۲) چاول دہی۔ مٹھائی وغیرہ سر کے اوپر پھرا کر کہیں چورا ہے میں کھنا (۳) پڑاؤ۔ ٹھہرنے کی جگہ (۴) گھاٹ ۔

اُتار چڑھاؤ (ف) مذکر (۱) نشیب و فراز۔ مد و جزر۔ بلند و پست (۲) کمی بیشی گھٹاؤ بڑھاؤ ۔

اُتارن (اُتا-رَن) (ہ) پہنا ہوا لباس نیا ہو یا پرانا ۔

اُتارنا (ہ) (۱) اونچی جگہ سے نیچے لانا (۲) دریا کے پار لے جانا (۳) بدن سے جدا کرنا (۴) نثار کرنا۔ وارنا (۵) چربہ کھینچنا (۶) نقل کرنا (۷) کاٹنا۔ جدا جدا کرنا (۸) ٹھہرانا۔ جگہ دینا (۹) گرانا۔ ذلیل اور حقیر کرنا (۱۰) معزول کرنا (۱۱) نگلنا۔ حلق سے نیچے اتارنا (۱۲) نازل کرنا (۱۳) گرانا۔ ڈھانا (۱۴) مٹانا۔ اُڑانا (۱۵) گھٹانا۔ کم کرنا ۔

اَتالیق (اَتا-لیق) (ع) مذکر۔ استاد معلم۔ تعلیم دینے والا۔ ادیب ۔

اَتالیقی (اَتا-لی-قی) (ع) مؤنث۔ اُستادی۔ معلمی ۔

اُتاولا (اُتا-وَلا) (ہ) جلد باز ۔

اُتاولا سو باؤلا (ہ) مقولہ۔ بے سوچے سمجھے جلدی کام کرنے والا دیوانہ ہوتا ہے۔ جلد باز پاگل ہوتا ہے ۔

اتائی (اَتا-ئی) (ہ) مذکر۔ بے اُستاد۔ جس نے کسی فن یا تعلیم کو باقاعدہ حاصل نہ کیا ہو۔ یا وہ فن اس کا آبائی پیشہ نہ ہو ۔

اَتباع (اَت۔ بَاع) (ع) مذکر۔ تابع کی جمع۔ پیرو۔ مرید ۔

اِتباع (اِت۔ بَاع) (ع) مذکر۔ پیروی۔ اطاعت۔ فرماں برداری ۔

اِتّباع (اِت۔ تبَاع) (ع) مذکر۔ پیروی کرنا۔ تقلید کرنا۔ متابعت کرنا۔ موافقت کرنا ۔

اِتّحاد (اِت۔ تحَاد) (ع) مذکر (۱) دوستی۔ محبت۔ پیار۔ میل جول (۲) مطابقت (۳) یکساں ہونا ۔

اتّحادِ یورپ (ا) مذکر (۱) انگریزی لکھنے والوں کی مجلس (۲) انگریزی ایڈیٹروں کا وہ گروہ جو مل کر تمثیل مجلسی سرانجام دے ۔

اُتّر (اُت۔ تر) (ہ) مذکر۔ شمال ۔

اُتّر جاؤ کہ دکھن وہی کرم کے پھوٹن (و) مثل۔ جہاں جاؤ قسمت اپنے ساتھ ہے۔ سفر کرنے سے کچھ فائدہ نہیں ۔

اُتّر میمانسا (ہ) مؤنث۔ ویدانت فلسفے کی ایک مشہور کتاب ۔

اُترا شحنہ مردک نام (ف) مثل۔ شحنہ بمعنی کوتوال۔ مردک بمعنی نفر آدمی۔ کوتوال برخاست ہونے پر لفظ مردک کر پکارا جاتا ہے۔ عہدے سے علیحدہ ہونے پر عزت نہیں ہوتی ۔

اُتر آنا (ہ) آمادہ ہونا ۔

اُتر پڑنا (ہ) کسی کام یا کسی مصیبت پر آمادہ ہونا۔ ٹھہرنا ۔

اِترانا (اِت۔ رَا۔ نَا) (ہ) (۱) گھمنڈ کرنا۔ غرور کرنا۔ شیخی مارنا۔ فخر کرنا۔ تھوڑی سی دولت پر آپے سے باہر ہو جانا ۔

اُترائی (اُت۔ رَا۔ اِی) (ہ) مؤنث (۱) نشیب۔ اُتار۔ ڈھلوان (۲) دریا کے پار ہونے کا محصول۔ ناؤ کا کرایہ (۳) بہاڑے واپسی کا زمانہ ۔

اُترتا چاند (ہ) مذکر۔ چاند کے ماہ کے آخری دن۔ آخر ماہ ۔

اُترتی برسات (ہ) مؤنث۔ برسات کا نکلتا ہوا موسم۔ برسات کا آخری زمانہ ۔

اُترتی ندی کنارے ڈھائے (ہ) مثل (۱) ندی چڑھنے کے بعد اترتی ہے تو کناروں کی مٹی پانی کے ساتھ بہائے جاتی اور ڈھاتی ہے (۲) نقصان ہو جانے یا بھوک لگنے پر چڑچڑانا۔ کمزوروں کو مارنا۔ یا بُرا بھلا کہنا ۔

اُترسوں (اُت۔ تَر۔ سُوں) پرسوں سے اگلا دن۔ چوتھا روز ۔

اُتر گئی لوئی تو کیا کرے گا کوئی (ہ) مثل۔ جس نے سخت بے حیائی اختیار کر لی۔ اسے کسی کا کیا ڈر؟ بے لحاظ آدمی کا کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکتا ۔

اُترن (اُت۔ رَن) (ہ) مؤنث۔ پرانا لباس۔ اترے ہوئے کپڑے۔

اُترنا (ہ) (۱) اونچی جگہ سے نیچے آنا (۲) پہننے اوڑھنے کی چیز کا الگ ہونا (۳) گھٹنا۔ کم ہونا (۴) سستا ہونا (۵) خرچ کم ہونا (۶) ذلیل اور حقیر ہونا (۷) ٹھہرنا۔ مقیم ہونا (۸) نازل ہونا (۹) زائل ہونا۔ (۱۰) دریا سے پار ہونا (۱۱) نقل بن جانا (۱۲) کٹ جانا۔ جدا ہونا (۱۳) پیوست ہونا (۱۴) پورا ہونا (۱۵) تیار ہونا (۱۶) سوار ہونا یا چڑھنا کی ضد۔ (۱۷) معزول ہونا (۱۸) کسی عضو کا اکھڑ جانا (۱۹) سبکدوش ہونا (۲۰) غائب ہونا۔ جاتا رہنا (۲۱) چل جانا۔ پھٹنا (۲۲) جھکنا۔ لٹکنا (۲۳) ڈھلنا (۲۴) بے رونق ہونا (۲۵) ٹھہرنا۔ آنا (۲۶) بھول جانا۔ یاد نہ رہنا (۲۷) ٹلنا۔ چھٹنا (۲۸) رفع ہونا۔ مٹنا (۲۹) بے عزت اور بے عصمت ہونا۔ (۳۰) الگ ہو جانا (۳۱) اکڑ جانا (۳۲) ترشنا (۳۳) پھیلنا (۳۴) ٹوٹنا (۳۵) مرجانا۔ فوت ہو جانا ۔

اُترنگ (اُت۔ رَنگ) (ہ) مذکر۔ وہ لکڑی جو دروازے میں اوپر کی طرف چوکھٹ کے مقابلے میں لگائی جاتی ہے ۔

اُتری ہوئی پاپوش (ف) مؤنث (۱) اترا ہوا جوتا۔ پرانا جوتا (۲) بے عزت۔ حقیر آدمی یا عورت (۳) نظروں سے گری ہوئی بے قدر اور بے حقیقت چیز۔ (۴) چھوڑی ہوئی عورت ۔

اُتسو (اُت۔ سَو) (س) مذکر (۱) خوشی کا عام مظاہرہ۔ (۲) تہوار۔ جشن (۳) غصہ۔ ناراضی۔ بے صبری ۔

اِتّصال (اِت۔ تِصَال) (ع) مذکر۔ ملاپ۔ میل۔ قرب۔ نزدیکی۔ انفصال کی ضد۔ اصطلاح جغرافیہ میں دو دریاؤں کے ملنے کی جگہ کو مقامِ اتصال کہتے ہیں ۔

اِتّفاق (اِت۔ تِفَاق) (ع) مذکر۔ نفاق کی ضد (۱) موافقت۔ میل جول (۲) ایکا۔ یک دلی۔ اتحاد۔ محبت۔ دوستی ۔

اِتّفاقاً (ع) یکایک۔ اچانک۔ بے سان گمان۔ لاعلمی میں ۔

اِتّفاقات (اِت۔تِفا۔قات) (ع) مذکر۔ واقعات۔ حادثات ٭

اِتّفاقِ حسنہ (ع) مذکر۔ حسبِ دل خواہ موقع۔ مبارک موقع ٭

اِتّفاقِ رائے (ع) رائے کا متفق ہونا۔ رائے کا مل جانا۔ ہم خیالی ٭

اِتّفاق کرنا (ف) مل جانا۔ ایک ہو جانا ٭

اِتّفاقی (ع۔ف) بے سان گمان۔ اچانک ٭

اِتّفاقی شگوفہ (ع۔ف۔ مذکر (۱) علمِ نباتات میں وہ غنچہ یا شگوفہ جو خود بخود زمین سے اُگتا ہے (۲) خودرو گھاس کی مانند ٭

اِتّفاقیہ (ع۔ف) اتفاقی ٭

اِتّقا (اِت۔تِقا) (ع) مذکر۔ پاکبازی۔ پرہیزگاری۔ ممنوعاتِ شرعی سے بچنا۔ شرع کے موافق کام کرنا ٭

اَتقیا (اَت۔قِیا) (ع) مذکر۔ تقی کی جمع۔ پرہیزگار لوگ۔ شرع کے مطابق چلنے والے ٭

اِتّکا (اِت۔تِکا) (ع) مذکر۔ تکیہ کرنا۔ بھروسہ کرنا ٭

ات گت (اَت۔گَت) (س) بیحد۔ بے انتہا۔ حد سے زیادہ ٭

اتگہ (اُت۔گہ) (ت) مذکر۔ انّا یا دائی کا شوہر ٭

اِتلاف (اِت۔لاف) (ع) مذکر۔ تلف کرنا۔ ضائع کرنا ٭

اُتّم (اُت۔تَم) (ہ) (۱) سب سے اونچا۔ بڑا یا اعلیٰ (۲) اچھا۔ عمدہ۔ نفیس (۳) پہلا ٭

اُتم سے اُتم ملے اور ملے نیچ سے نیچ
پانی سے پانی ملے اور ملے کیچ سے کیچ } (ہ) مقولہ شریف شریفوں سے اور رذیل رذیلوں سے ملتے ہیں۔ جو جیسا ہوتا ہے۔ ویسے ہی سے ملتا ہے ٭

اُتم کھیتی مدھم بیوپار (بان) نکھد چاکری بھیک ندار (ندان) (ہ) کھیتی سب سے اچھی ہے تجارت اوسط درجے کا کام ہے۔ گرا ہوا کام نوکری ہے۔ بھیک مانگنا سب سے بُرا کام ہے ٭

اُتم گانا مدھم بجانا (ہ) مثل۔ گانے کا درجہ اعلیٰ ہے اور بجانے کا اوسط ٭

اَتَم (اَتَم) (ع) نہایت مکمل۔ تمام کی تفضیل کُل ٭

اِتمام (اِت۔مام) (ع) مذکر۔ پورا کرنا۔ انجام کو پہنچانا۔ تکمیل۔ تکمیل ٭

اِتمامِ حجّت (ع) مذکر (۱) حجت کا پورا کرنا۔ فیصلہ کرنا۔ معاملہ طے کرنا۔ بات کو آخر کرنا۔ جھگڑا مٹانا۔ تکرار کا ختم کرنا (۲) انتہائی کوشش کرنا ٭

اِتنا (اِت۔نا) (ہ) مذکر (۱) اِس قدر (۲) اِس قابل۔ اِس درجہ۔ یہاں تک ٭

اُتنا (اُت۔نا) (ہ) مذکر (۱) اُس قدر (۲) اُس قابل۔ اُس درجہ۔ وہاں تک ٭

اِتنا بھرا کہ چھلک گیا (ہ) مثل۔ زیادہ خیانت کرنا۔ بہت رشوت کھانا جس کا چھُپنا مشکل ہو۔ (۲) اتنا مذاق کرنا جو برداشت سے باہر ہو (۳) اتنا کھانا جو ہضم نہ ہو سکے (۴) اتنا نفع لینا جس سے بدنامی ہو جائے ٭

اِتنا پکا کہ باسی تھڑکا (ہ) مثل (۱) بات کا بڑھ جانا۔ جھگڑا طول پکڑ گیا (۲) کھانا اتنا زیادہ پکایا گیا کہ باسی ہو کر خراب ہو گیا ٭

اِتنا جھوٹ بولو جتنا آٹے میں نمک (ہ) مثل۔ جھوٹ بہت کم بولو۔ اتنا جھوٹ بولو کہ کھپ سکے۔ اور فوراً ظاہر نہ ہو جائے ٭

اِتنا سا فتنہ مذکر۔ **اتنی سی فتنی** مؤنث (ہ) (۱) مکار بچہ۔ چھوٹا بچہ (۲) چھوٹی سی یا معمولی بات جس کے باعث کوئی جھگڑا ہو ٭

اتنا سا مُنہ نکل آیا (ہ) چہرہ اتر گیا۔ نہایت کمزور اور دُبلا ہو گیا۔ شرمندہ ہو گیا ٭

اِتنا کھائے جتنا آٹے میں نمک۔ اتنا کھائے جتنا پچے (ہ) مثل۔ لوٹ نہ مچانی چاہیئے۔ خیانت یا رشوت اتنی نہ ہو جس کا چھپانا مشکل ہو۔ اتنا کھائے جتنا ہضم ہو سکے ٭

اِتنی (اِت۔نی) (ہ) مؤنث۔ اِس قدر ٭

اُتنی (اُت۔نی) (ہ) مؤنث۔ اُس قدر ٭

اِتنی سی جان گز بھر کی زبان (ہ) مثل۔ چھوٹا مُنہ بڑی بات۔ چھوٹی عمر میں زبان درازی کرنے یا بہت زیادہ بولنے پر کہتے ہیں ٭

اِتنی عقل بھی اجیرن ہوتی ہے (ہ) مثل۔ زیادہ عقل بعض اوقات نقصان یا دکھ کا باعث ہو جاتی ہے۔ زیادہ ہوشیاری سے بھی کام بگڑ جاتا ہے ٭

اِتنی ہی تھی
اِتنی ہی لکھی تھی } (ہ) مؤنث (۱) اسی قدر تھی۔ (۲) اِتنی عمر تھی۔ (۳) صبر کرو ٭

اِتنے (اِت۔نے) (ہ) مذکر۔ اِتنا کی جمع۔ اِس قدر ٭

اُتنے (اُت۔نے) (ہ) مذکر۔ اُتنا کی جمع۔ اُس قدر ٭

اِتنے سے اِتنا ہونا} اِتنے سے اِتنے ہونا} (ہ) محاورہ۔ چھوٹے سے بڑا ہونا (۲) غریب سے مال دار ہونا ❖

اِتنے کی بُڑھیا نہیں جتنے کا لہنگا پھٹ گیا۔ (ہ) مثل۔ اتنا فائدہ نہ ہُوا۔ جتنا نقصان ہوگیا۔ دمڑی کی بڑھیا ٹکا سر منڈائی ❖

اُتّو (اُت۔ تُّو) (ف) مذکر۔ وہ آلہ جس سے کپڑوں پر نقش و نگار اور بیل بوٹے بناتے ہیں۔ مگر اب نقش و نگار کشیدہ ہی کو اُتّو کہتے ہیں۔ جو کپڑے پر کیا گیا ہو۔ نہایت باریک کشیدہ ❖

اتوار (اِت۔ وَار) (ہ) مذکر۔ یک شنبہ۔ ایت وار۔ آفتاب کا دن۔ آفتاب ایک قدیم دیوتا تھا۔ جس سے یہ دن منسوب ہے ❖

اُتّو بنا دینا۔ یا۔ بنانا (ا) دیکھو اُتّو کرنا نمبر ۲ ❖

اُتّو ساز (ف) مذکر۔ اُتّو کرنے والا۔ کپڑے پر نقش و نگار کرنے والا ❖

اُتّو کرنا (ا) (۱) کپڑے پر نشان کرنا۔ بیل بُوٹے کھینچنا (۲) اتنا مارنا کہ نشان پڑ جائیں۔ زخمی کرنا۔ کھال اڑانا۔ پرزے اڑانا۔ لہولہان کرنا۔ مار مار کر قیمہ کر دینا ❖

اُتّو کش} اُتّو گر} (ف) دیکھو اُتّو ساز ❖

اتہاس (اِت۔ تہاس) (س) مذکر (۱) بیان۔ کہانی۔ قصہ (۲) تاریخ۔ حکایت۔ روایت (۳) تاریخی نظم ❖

اِتّہام (اِت۔ تہام) (ع) مذکر۔ تہمت۔ دوش۔ الزام۔ بہتان۔ شک و شبہ (۲) تہمت لگانا۔ الزام لگانا ❖

اتھاہ (اَتھَاہ) (ہ) بہت گہرا پانی۔ جس کی تھاہ نہ ہو۔ بہت دُور۔ عمیق ❖

اتھک (اَتھَک) (ہ) مذکر۔ نہ تھکنے والا۔ بڑا محنتی ❖

اُتھل۔ اُتھل۔ اُتھلا (اُتھ۔ تھَل۔ اُتھَل۔ اُتھ۔ لا) (ہ) (۱) کم گہرا (۲) چھچھورا (۳) چغل خور (۴) مذکر۔ کم گہرا برتن ❖

اُتھل پُتھل (ہ) اُلٹا پلٹا۔ نیچے اوپر ❖

اُتھل پُتھل کرنا (ہ) اُلٹ پلٹ کرنا۔ اوپر نیچے کرنا۔ تہ و بالا کرنا۔ زیر و زبر کرنا۔ بے ترتیب کرنا ❖

اتیاچار (اَت۔ تیا۔ چار) (س) مذکر (۱) مقررہ فرائض کی پابندی نہ کرنا۔ مذہبی اور اخلاقی باتوں کی تحقیر کرنا ❖

اَتیت (ہ) مذکر۔ اصل میں "اتِتھ" ہے۔ "تتھ" دن۔ وہ مہمان جس کے آنے کا دن مقرر نہ ہو۔ اتفاقیہ آنے والا۔ مجازاً ایک جگہ نہ ٹھہرنے والا فقیر ❖

ا۔ٹ

اَٹ ۔ اٹنا کا امر ❖

اَٹ جانا۔ اٹنا (ہ) (۱) مٹی سے بھر جانا (۲) جمع ہونا۔ بھر جانا ❖

اَٹا ٹَٹ (اَٹَا۔ ٹَٹ) (ہ) بھرپور۔ بھرا ہُوا ❖

اٹاچی (اَٹَا۔ چی) (انگ ATTACHE) مذکر۔ شامل۔ ملا ہُوا۔ ایک عہدہ دار جو جنگوں اور ریاستوں میں حکامِ بالا کے ساتھ شامل ہوا کرتا ہے ❖

اٹاری (اَٹَا۔ رِی) (ہ) مؤنث (۱) بالاخانہ۔ بلند مکان (۲) لاہور اور امرتسر کے عین درمیان ایک گاؤں کا نام ہے جہاں پہلے پہل سردار شام سنگھ خسر مہاراجہ رنجیت سنگھ نے اونچا مکان بنوایا تھا ❖

اٹالا (اَٹَا۔ لا) (ہ) مذکر (۱) اسباب خانہ داری۔ گھر کا اثاثہ (۲) انگڑ کھنگڑ۔ کاٹھ کباڑ۔ بے کار سامان۔ فضول اسباب۔ فالتو چیزیں۔ ڈھیر۔ تودہ ❖

اَٹاوہ (اَٹَا۔ وَہ) (ہ) مذکر۔ صوبجاتِ متحدہ کا ایک شہر ❖

اٹاوہ کا کاریگر (ا) مذکر۔ وہ کاریگر جو اپنے آپ کو بڑا استاد ظاہر کرے۔ لیکن کام میں پورا نہ اُترے ❖

اٹرنی (اَٹ۔ ٹر۔ نی) (انگ ATTORNEY) مذکر۔ ایسا وکیل یا مختار جو صرف مقدمہ مرتب کر کے بیرسٹر یا وکیل کو دے اور خود تقریر نہ کرے ❖

اَٹ سَٹ (اَٹ۔ سَٹ) (ہ) مؤنث۔ لاگ لپیٹ۔ سازش۔ جوڑ توڑ۔ ملاقات۔ تعلق ❖

اٹک (اَٹَک) (ہ) مذکر (۱) پنجاب کے ایک مشہور دریا اور ضلع کا نام (۲) مؤنث۔ روک۔ مزاحمت۔ جھجک۔ اڑکاؤ ❖

اٹکانا (اَٹ۔ کا۔ نا) (ہ) روکنا۔ جھگڑا ڈالنا۔ الجھانا (۲) نوکر کرا دینا۔ تعلق کرانا (۳) لٹکا دینا ❖

اٹکاؤ (اَٹ۔ کا۔ ؤ) (ہ) مذکر۔ روک تھام۔ دیر۔

اِلتوا۔ رُکنے کی وجہ ⁂

اَٹکَر لَیس (اُٹک کِر۔ لَیس) (ہ) بے قاعدہ۔ بے قرینہ۔ بے ترتیب ⁂

اَٹکل (اَٹ۔کَل) (ہ) مؤنث (۱) دانِشت۔ اندازہ۔ قیاس (۲) سلیقہ۔ شعور۔ تمیز ⁂

اَٹکل باز (ہ) مذکر۔ تاڑنے والا۔ قیاس کرنے والا۔ اندازہ کرنے والا۔ بھانپنے والا ⁂

اَٹکل پچّو (ہ) مذکر۔ خیالی۔ قیاسی۔ تخمیناً ⁂

اَٹکل پچّو غیر مُقرّر (ف) محاورہ۔ خیالی۔ قیاسی بات۔ اوٹ پٹانگ۔ بے سوچے سمجھے ⁂

اَٹکنا (اَٹک۔نا) (ہ) (۱) رُکنا۔ ٹھہرنا (۲) پھنسنا۔ (۳) آشنائی ہونا۔ دل لگنا (۴) نوکر ہونا۔ (۵) مُبتلا ہونا۔ دِل اَٹکنا (۶) رُک رُک کر بات کرنا توتلا ہونا ⁂

اَٹکن بٹکن (اٹ۔کَن۔ بَٹ۔کَن) (ہ) مذکر۔ بچّوں کا ایک کھیل ہے جس میں وہ زمین پر ہاتھ رکھ بیٹھتے ہیں اور ایک بچّہ "اٹکن بٹکن دہی چٹاخن اگلا جھولے بگلا جھولے۔ ساون ماس کریلا پھولے۔ پھُول پھُول کی بالیاں۔ باوا گئے دلّی لائے سات کٹوریاں ایک کٹوری پھوٹ گئی۔ نیولے کی ٹانگ ٹوٹ گئی" کہتا جاتا ہے۔ جس کے ہاتھ پر ساری بات ختم ہوتی ہے اس سے پوچھتا ہے۔ تو کھنڈ لے گا یا چھُری۔ اگر وہ کہتا ہے کھنڈا۔ تو اس کا ہاتھ اٹھا کر اس کے منہ پر رکھتا ہے۔ اور کہتا ہے۔ تیری ماں کا پیٹ ٹھنڈا۔ اگر چھُری مانگتا ہے۔ تو کہتا ہے تیری ماں بُری ⁂

اَٹکن بٹکن کھیلنا (ہ) مجازاً۔ بے کار شغل اور فضول کام کرنا ⁂

اٹکھیلیاں (اَٹ۔ کھے۔ لِیاں) (ہ) مؤنث (۱) معشوقانہ چال۔ مستانہ چال۔ خرام ناز۔ چال میں شوخی۔ دل لگی۔ مذاق۔ مسخراپن۔ کھلاڑپن ⁂

اٹکھیلیوں سے چلنا (ہ) ناز سے چلنا۔ اِترا کر چلنا۔ خراماں چلنا ⁂

اَٹل (اَٹَل) (ہ) مذکر (۱) اپنی جگہ سے نہ ٹلنے والا۔ قائم۔ لازوال (۲) مست۔ بے پروا ⁂

اَٹلس (اَٹ۔لَس) (انگ ATLAS) مذکر۔ ملکوں کے نقشوں کی کتاب ⁂

اَٹم (اَٹَم) (ہ) مذکر۔ ڈھیر۔ انبار۔ تودہ ⁂

اِٹنا (اِٹ۔نا) (انگ ETNA) مذکر۔ یورپ کے جزیرۂ سسلی میں ایک آتش فشاں پہاڑ ⁂

اُٹنگا (اُٹنگ۔گا) (ہ) اونچا۔ اوپر چڑھا ہوا۔ اوچھا کپڑا ⁂

اٹنگن (اُٹنگ۔گن) (ہ) مذکر۔ ایک خاردار درخت کا نام۔ جس کا تخم اکثر دواؤں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ اور بدن کو چھو جانے سے خارش ہونے لگتی ہے ⁂

اُٹنگی ہونا (ہ) اونچی اور بدقطع ہونا ⁂

اَٹوائی کھٹوائی (اَٹ۔وا۔ئی۔ کھٹ۔وا۔ئی) (ہ) مؤنث۔ کھاٹ کھٹولا۔ استر۔ بستر۔ اوڑھنا۔ بچھونا ⁂

اٹوائی کھٹوائی لے کر پڑنا (ہ) سوگ۔ رنج۔ غم یا غصّے میں چارپائی پر اوڑھنا اوڑھ کر پڑ رہنا۔ سوگوار بننا۔ کسی فکر میں تنہائی اختیار کرنا ⁂

اَٹھّا (اَٹھ۔ٹھا) (ہ) مذکر۔ گنجفے اور تاش کا وہ پتّہ جس پر آٹھ صفر یا لکیریں ہوتی ہیں ⁂

اُٹھّا بیٹھی (اُٹھ۔ٹھا۔ بَے۔ٹھی) (ہ) مؤنث۔ (۱) جلد جلد اٹھنا بیٹھنا۔ بے چینی۔ بے کلی (۲) بیٹھک لگانا ⁂

اُٹھّا بیٹھی لگا رکھنا (ہ) لگاتار اٹھنا بیٹھنا ⁂

اٹھارہ (اَٹھا۔رہ) (ہ) مذکر۔ ہژدہ۔ دس اور آٹھ۔ ۱۸ ⁂

اٹھاسی (اَٹھا۔سی) (ہ) مؤنث۔ اسّی اور آٹھ۔ ہشتاد وہشت۔ ۸۸ ⁂

اُٹھا لانا (ہ) (۱) بیٹھے کو بلا لانا۔ لے آنا۔ (۲) خرید لانا ⁂

اُٹھا لے جانا (ہ) کسی چیز کو لے جانا۔ مُردہ کو لے جانا۔ لاش کو لے کر چلا جانا ⁂

اُٹھا مارنا (ہ) (۱) پچھاڑنا۔ دے پٹکنا۔ (۲) کوئی چیز اٹھا کر کسی کو مارنا۔ (۳) کہیں دور بھیج دینا ⁂

اُٹھان (اُٹھان) (ہ) مؤنث (۱) اُبھار۔ بالیدگی۔ (۲) شروع۔ ابتدا۔ آغاز۔ شباب ⁂

اُٹھان کا (ہ) (۱) اونچا اڑنے والا (۲) اونچا اڑتا ہوا ⁂

اُٹھانا (ہ) لیٹے ہوئے کو بٹھانا۔ یا بیٹھے ہوئے کو کھڑا کرنا۔ (۲) اونچا کرنا۔ (۳) اختیار کرنا۔ (۴) جھیلنا۔ (۵) اُڑانا۔ صاف کرنا (۶) نکالنا۔

باہر کر دینا۔ (۷) کوئی چیز کسی جگہ سے ہٹانا۔ (۸) فنا کرنا۔ جان لینا۔ (۹) پڑھنا۔ (۱۰) بنانا۔ تعمیر کرنا (۱۱) چُگنا۔ چننا۔ (۱۲) چھوڑ دینا۔ توڑ دینا۔ (۱۳) جگانا۔ (۱۴) صرف کرنا۔ (۱۵) خرچ کرنا (۱۶) موقوف کرنا (۱۷) سنبھالنا۔ (۱۸) نکالنا۔ لے جانا۔ (۱۹) برپا کرنا۔ قائم کرنا۔ (۲۰) لینا۔ (۲۱) حاصل کرنا۔ پانا۔ (۲۲) انجام دینا۔ بڑھانا۔ (۲۳) ملتوی کرنا۔ (۲۴) ہٹانا۔ الٹنا۔ (۲۵) سہنا۔ ضبط و تحمل کرنا۔ (۲۶) چھوڑ دینا۔ باقی رکھنا۔ (۲۷) مٹانا۔ (۲۸) پھیلانا۔ (۲۹) اتارنا۔ ہٹانا۔ (۳۰) کھینچنا۔ (۳۱) رفع کرنا۔ (۳۲) ابھارنا۔ (۳۳) بند کرنا (۳۴) چھین لینا۔ لے لینا۔ (۳۵) پکڑنا۔ (۳۶) ہٹانا۔ (۳۷) دے دینا۔ (۳۸) اڑا لینا۔ چرا لینا۔

اٹھاون (اُٹھ۔ ٹھا۔ وَن) (ہ) پچاس اور آٹھ۔ پنجاہ و ہشت۔ ۵۸۔

اُٹھاؤ چُولہا (اُٹھا۔ ؤ۔ چو۔ لھا) (ہ) مذکر۔ وہ چولہا جو ہر جگہ لے جا سکیں۔ مجازاً وہ آدمی جو ایک مقام پر جم کر نہ رہے آوارہ گرد۔ خانہ بدوش۔

اُٹھاؤ میرا کمنا میں گھر سنبھالوں اپنا (ہ) محاورہ۔ میرا گھر تم دیکھ لو کہ میں اپنا گھر سنبھالوں۔ یہ مقولہ اس عورت کا فرض کیا گیا ہے۔ جو بیاہ ہوتے ہی شوہر کے گھر کا انتظام کرنے لگے۔ اور میاں کو بے رسا سسرال سے الگ ہو جانے۔

اٹھاؤنی (اُٹھا۔ اُنی) (ہ) مؤنث (۱) تیجا۔ سوم۔ پھول (۲) کسی دیوتا یا پیر پیغمبر کے نام پر کوئی چیز یا غلہ وغیرہ سے حصہ نکال کر اٹھا رکھنا (۳) ہندوؤں کی ایک رسم۔ جب مردے کی ہڈیاں گنگا میں ڈالتے اور اپنے کاروبار میں مصروف ہو جاتے ہیں۔

اُٹھائی گیرا (اُٹھا اِئی۔ گیرا) (ہ) مذکر۔ اُچکا۔ لفنگا۔ بدمعاش۔ بدچلن۔

اُٹھ بیٹھنا (ہ) (۱) جاگ اٹھنا (۲) صحت پانا (۳) بے ہوشی سے ہوش میں آنا۔

اُٹھتا بیٹھتا (ہ) گرتا پڑتا۔ درجہ بدرجہ۔

اُٹھتا جوبن (ہ) مذکر۔ آغازِ شباب۔ سینے کا ابھار۔

اُٹھتی جوانی (کونپل) (۱) مؤنث۔ جوانی کا آغاز۔ شباب کا شروع۔ نمو کے دن۔

اُٹھتی جوانی میں اُٹھ گیا (ہ) نوجوان ہی مر گیا۔

اُٹھتے جوتی بیٹھتے لات (ہ) نہایت ذلت سے رکھنا۔ سختی اور تنبیہ کرتے رہنا۔

اُٹھ جانا (ہ) (۱) چلا جانا۔ رخصت ہو جانا (۲) مر جانا۔ فوت ہو جانا (۳) خرچ ہو جانا (۴) جاتا رہنا۔ حکومت یا عمل کا بدل جانا۔

اُٹھک بیٹھک (اُٹھ۔ ٹھک۔ بے۔ ٹھک) (ہ) مؤنث (۱) اٹھنا بیٹھنا (۲) طنزاً نمازہ۔

اُٹھ کر پانی نہیں پیا جاتا (ہ) بہت کمزور ہے۔ کاہل وجود سست۔

اُٹھ کھڑا ہونا (ہ) (۱) چلنے پر مستعد اور تیار ہونا۔ (۲) پیدا ہو جانا (۳) اچھا ہو جانا۔ صحت پانا۔ (۴) مرتے مرتے بچ جانا۔ بیماری سے صحت پا جانا۔

اِٹھلانا (اِٹھ۔ لا۔ نا) (ہ) (۱) ناز نخرے سے چلنا۔ غرور و تمکنت سے چلنا (۲) معشوقانہ چال چلنا۔ ناز و شوخی کی حرکتیں کرنا (۳) اترانا۔

اُٹھلّو (اُٹھ۔ لّو) (ہ) مذکر۔ متلون مزاج۔ جم کر کام نہ کرنے والا۔ جس کا ایک جگہ قیام نہ ہو۔

اُٹھملاری (اُٹھ۔ مَلا۔ ری) (ہ) مذکر۔ آٹھ فائر کا طپنچہ۔

اُٹھنا (اُٹھ۔ نا) (ہ) (۱) کھڑا ہونا (۲) بلند ہونا۔ (۳) نکلنا۔ اُگنا۔ (۴) ہٹنا (۵) چلنا۔ جانا (۶) برداشت ہونا (۷) ہلنا۔ زائل ہونا (۸) خرچ ہو جانا (۹) تعمیر ہونا۔ (۱۰) تیار ہونا (۱۱) انجام پانا (۱۲) ملتوی ہونا (۱۳) باقی رہنا۔ رہ جانا (۱۴) جاتا رہنا (۱۵) ترک ہو جانا (۱۶) پہلے دخل ہونا (۱۷) کھلنا۔ نمودار ہونا (۱۸) موقوف ہونا۔ بند ہونا۔ (۱۹) شادی ہونا (۲۰) چوری جانا (۲۱) الٹ جانا (۲۲) دام لگنا (۲۳) اٹھنا (۲۴) ابھرنا۔ (۲۵) آگے کو بڑھنا (۲۶) ملنا۔ حاصل ہونا (۲۷) بیدار ہونا۔ جاگنا (۲۸) معدوم ہو جانا (۲۹) پڑنا (۳۰) برخاست ہونا۔ بڑھ جانا (۳۱) علم ہونا۔ کھینچنا۔

(۳۲) آنا (۳۳) گوارا ہونا (۳۴) منقطع ہونا- ختم ہونا (۳۵) پیدا ہونا (۳۶) مرجانا (۳۷) چھنا ہونا (۳۸) سنبھلنا (۳۹) برپا ہونا- (۴۰) بکنا ٭

اَٹھنّی (اَٹھَن-نی) (ہ) مؤنّث- آٹھ آنے کا سکہ آدھا روپیہ ٭

اَٹھوارا (اَٹھ-وا-را) (ہ) مذکّر- آٹھ دن کا زمانہ- آٹھ دن رات ٭

اَٹھوانس (اَٹھ-وانس) (ہ) ہشت پہلو- مثمّن- ہشت پہل- حساب میں وہ شکل جس کے آٹھ کونے ہوں ٭

اَٹھوانسا (ہ) مذکّر (صحیح آٹھ ماسا) وہ بچّہ جو بجائے نو مہینے کے آٹھ مہینے میں پیدا ہو- (۲) آٹھ پہلو کا- ہشت پہل (۳) زبانِ قلعہ میں آٹھویں مہینے حاملہ عورت کے ناخن کتروانے کی رسم (۴) وہ زمین جو آٹھ مہینے تک نیشکر کے لئے بوئی جاتی ہے ٭

اَٹھی پینٹھ آٹھویں دن (ہ) وقت کو ہاتھ سے دینے میں دیر تک موقع کا انتظار کرنا پڑتا ہے ٭

اَٹّی (اَٹ-ٹی) (ہ) مؤنّث (۱) سُوت کا لچھّا (۲) پولی- گٹھا- گیہوں کی بالوں کا مُٹھا (۳) پگڑی ٭

اَٹیا (اَٹ-یا) (ہ) مؤنث- اٹّی کی تصغیر (۲) چھت پر کا چھوٹا کمرہ (۳) جھونپڑی- کٹیا ٭

اَٹیرن (اَٹے-رَن) (ہ) مذکّر (۱) سوت کی انٹی بنانے کا آلہ- جنگلوک (۲) ڈیلا پن (۳) پہلوانوں کی اصطلاح میں ایک پیچ کا نام (۴) الٹا سیدھا چکر دینا- گھوڑے کو چکر دینا ٭

اٹیرن پھیرنا (ہ) گھوڑے کو کاوا دینے کا ایک طریق ٭

اٹیرن کر دینا (ہ) باندھ دینا- چکرا دینا- دم نہ لینے دینا ٭

اٹیرنا (ہ) کاتے ہوئے سوت کا اٹیرن پر لپیٹنا (۲) گھوڑے کو کاوا دینا ٭

اٹیک (اَٹیک) (ہ) سہارے کے بغیر- لٹکا ہُوا- بے مدد ٭

ا - ث

اثاث البیت (اثا-ثل-بَیت) (ع) مذکّر- اسباب خانہ داری- گرہست کی چیزیں ٭

اثاثہ (اَثا-ثہ) (ع) مذکّر- جمع کیا ہُوا- جوڑا ہُوا- سرمایہ- زیور- اسباب- کپڑا لتّا وغیرہ سامان جو اکٹھا کیا ہُوا ہو ٭

اِثبات (اِث-بات) (ع) مذکّر- ثابت کرنا- ثبوت دینا (نفی کی ضد) ٭

اِثباتِ جرم (ع) مذکّر- جرم ثابت ہونا ٭

اِثباتِ جُرم کو مُسترد کرنا (ف) جرم کے ثبوت کو نامنظور کرنا ٭

اَثر (اَثَر) (ع) مذکّر (۱) نشان- علامت- (۲) کھوج (۳) تاثیر (۴) نتیجہ- فائدہ (۵) خاصیّت (۶) دل کش و دل گداز کیفیّت (۷) سنّتِ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم (۸) حدیث کی قسموں سے ایک قسم ٭

اثر پذیر (ع-ف) اثر قبول کرنے والا ٭

اثرِ قانون (ع) مذکّر- قانون کا اثر یا عمل ٭

اَثر کرنا- خاصیّت کا فعل صادر ہونا- تاثیر ہونا- سایہ ڈالنا- رنگ جمانا ٭

اَثر ہونا- سمجھ میں آنا- ذہن نشین ہونا ٭

اَثقال (اَث-قال) (ع) جمع ثقل کی- بوجھ- وزن ٭

اَثمار (اَث-مار) (ع) مذکّر- ثمر کی جمع- پھل- خوشے- میوے ٭

اَثنا (اَث-نا) (ع) ثنیٰ کی جمع- وقفہ- درمیان- بیچ- دَوران ٭

اَثنائے تجویز (ع-ف) تحقیقات کے دوران میں ٭

اِثنا (اِث-نا) (ع) دو ٭

اِثنا عشر (ع) (۱) بارہ (۲) اصطلاحًا بارہ امام علیہم السّلام سے مراد ہے ٭

اِثنا عشری / اِثنا عشریہ (ع) مذکّر- شیعہ- امامیہ- بارہ اماموں کو ماننے والے ٭

اِثنان (اِث-نان) (ع) مذکّر- اثنین- دو- دوسرا ٭

اَثیر (اَثیر) (ع) مذکّر- عالی- بلند (۲) آسمان ٭

اَثیم (اَثیم) (ع) مذکّر- گنہگار- مجرم- خاطی ٭

ا - ج

اِجابت (اِجا-بَت) (ع) مذکّر (۱) قبولیّت (۲) دفع براز- پاخانہ خارج ہونا- جواب دینا ٭

اِجارہ (اِجا۔رَہ) (ع) مذکر (۱) ٹھیکہ ۔ کرایہ ۔ (۲) اختیار ۔ امانی کی ضد ٭

اِجارہ اُجاڑا (ا) ٹھیکے کا کام خراب ہوتا ہے ٭

اِجارہ دار ۔ مذکر ۔ ٹھیکیدار (۲) دعوے دار ۔ حاکم ۔ مالک ٭

اِجارہ نامہ (ع ۔ ف) مذکر ۔ اجارہ ۔ پٹہ ٭

اِجارے دینا (ا) ٹھیکے دینا ٭

اُجاڑ (اُجاڑ) (ہ) غیر آباد ۔ ویران ۔ خراب ۔ برباد ۔ آباد کی ضد ٭

اُجاڑنا (ہ) (۱) ویران کرنا ۔ (۲) اُکھاڑنا ۔ نوچنا (۳) تباہ کرنا ۔ مٹانا ۔ برباد کرنا ٭

اُجاڑو (ہ) مذکر ۔ (۱) ویران کرنے والا ۔ (۲) لٹانے والا ۔ بیجا صرف کرنے والا ۔ فضول خرچ کھاؤ ۔ لٹاؤ ۔ تباہ کن ٭

اِجازت (ع) (اِجا۔زَت) مؤنث ۔ (۱) پروانگی ۔ رخصت ۔ منظوری ۔ حکم ۔ ارشاد ٭

اِجازت نامہ (ع ۔ ف) مذکر ۔ وہ تحریر جو سندًا حکومت کی طرف سے ممنوعات کے اجرا کیلئے حاصل کی جائے ٭

اُجاگ (اُجاگ) (ت) مذکر ۔ چولھا ۔ دیگ دان ٭

اُجاگر (اُجا۔گَر) (ہ) جاگتا ہوا ۔ روشن ۔ دلچسپ ظاہر ۔ کھلا ہوا ٭

اُجالا (اُجا۔لا) (ہ) مذکر ۔ (۱) روشنی (۲) صبح کا تڑکا (۳) رونق ۔ چہل پہل ۔ اُجیالا ٭

اُجالنا (اُجال۔نا) (ہ) چمکانا ۔ جلا کرنا ۔ صاف کرنا ۔ نکھارنا ۔ میل دور کرنا ٭

اُجالے کا پہرا (ہ) مذکر ۔ پچھلی رات کا پہرا جو صبح کو شروع ہوتا ہے ٭

اُجالے کا تارا (ہ) مذکر ۔ صبح کا ستارہ ۔ زہرہ ٭

اَجانب (اَجا۔نِب) (ع) مذکر ۔ اجنبی لوگ ۔ غیر لوگ ٭

اِجتماع (اِج۔تِما۔ع) (ع) مذکر ۔ جمع ہونا ۔ اکٹھا ہونا یکجا ہونا ۔ (۲) اتفاق رائے (۳) منجموں کی اصطلاح میں آفتاب و ماہتاب کے ایک ہی برج اور ایک ہی درجے اور دقیقے میں جمع ہونے کو اجتماع کہتے ہیں ٭

اجتماعِ ضدین (ع) (۱) دو مخالف چیزوں یا باتوں یا شخصوں کا ایک جگہ جمع ہونا (۲) ناممکن بات کا ممکن ہونا ٭

اِجتماعی (ع ۔ ف) مجموعی ۔ اکٹھا ۔ جملہ ٭

اِجتناب (اِج۔تِنا۔ب) (ع) مذکر ۔ پرہیز ۔ کنارہ کشی ۔ نفرت ۔ گھن ۔ بچنا ۔ علیحدگی ٭

اِجتہاد (اِج۔تِہا۔د) (ع) مذکر ۔ کوشش کرنا بہت سوچنا ۔ سعی ۔ غور و خوض سے کسی مسئلے کا حل کرنا ۔ ایجاد ۔ نئی بات پیدا کرنا ۔ جد و جہد ۔ قرآن ۔ حدیث اور اجماع پر قیاس کرکے شرعی مسائل کا استنباط کرنا ٭

اَجداد (اَج۔داد) (ع) مذکر ۔ جد کی جمع ۔ دادا اور اُس کے اوپر کی پشتیں ٭

اَجدھیا (اَجُدھ۔دِھیا) (ہ) مذکر ۔ ایک پرانا شہر جہاں راجہ رام چندر جی پیدا ہوئے تھے ۔ اُس زمانے میں یہ سلطنت کوشلیا کا پایۂ تخت تھا ۔ اب دریائے گاگرا کے کنارے فیض آباد کے قریب ایک چھوٹا سا قصبہ ہے ٭

اُجڈ (اُ۔جَڈّ) (ہ) مذکر ۔ گنوار ۔ جاہل ۔ اکھڑ ۔ اجہل ۔ احمق ۔ بیوقوف ٭

اَجر (اَجْر) (ع) مذکر ۔ نیک کام کا عوض ۔ ثواب ۔ بدلہ ۔ اُجرت ۔ انعام ٭

اَجرِ جائز (ع) مذکر ۔ قانونًا جائز محنتانہ ٭

اِجرا (اِج۔را) (ع) مذکر ۔ لغوی معنی ۔ جاری کرنا ۔ شروع کرنا ۔ کام چلانا ٭

اِجرائے ڈگری (ا) مذکر ۔ ڈگری کا جاری کرنا ٭

اِجرائے سفینہ (ع) مذکر ۔ طلبی کا حکم ۔ سمن جاری کرنا ٭

اَجرام (اَج۔رام) (ع) مذکر (۱) جِرم کی جمع بہت سے گناہ ۔ (۲) جُرم کی جگہ ۔ بہت سے بے جان جسم ٭

اَجرامِ فلکی ۔ یا ۔ سماوی (ع ۔ ف) مذکر ۔ سورج چاند ۔ ستارے وغیرہ ٭

اِجرام (اِج۔رام) (ع) مذکر ۔ گناہ کرنا ٭

اُجرت (اُج۔رَت) (ع) مؤنث ۔ کام کا عوض مزدوری ۔ بدلہ ٭

اُجرتِ خالص (ع) نقد مزدوری ۔ کسی کام کا عوض نقدی کی صورت میں ٭

اُجڑا پجڑا (اُج۔ڑا ۔ پَج۔ڑا) (ہ) مذکر ۔ لٹا ہوا ۔ برباد ۔ ویران ٭

اُجڑنا ۔ (اُجَڑ۔نا) (ہ) (۱) ویران ہونا (۲) تباہ

اور برباد ہونا (۳) اُکھڑنا - پامال ہونا - (۴) رمٹ جانا - غارت ہو جانا ٭

اُجڑے گھر کا بلینڈا (ہ) سارا گھر تباہ ہو جانے پر بچے آدمی کا باقی رہنا - تمام خاندان برباد ہو جانے پر کسی بچّے کا باقی رہ جانا ٭

اجزا (اَجْ - زا) (ع) مذکر - جزو کی جمع - حصّے ٹکڑے ٭

اَجزا خانہ (ع - ف) مذکر - عطاری کی دُکان ٭

اَجزائے ترکیبی (ع) مذکر - ٹکڑے یا حصّے جن سے مل کر کوئی چیز بنی ہو ٭

اجزائے متناسبہ (ع) مذکر - وہ اجزا جو اجتماعی صورت میں تناسب کے لحاظ سے موزوں ہوں - اور اُن میں کسی قسم کی کمی یا زیادتی نہ پائی جائے ٭

اَجساد (اَجْ - سَاد) (ع) جسد کی جمع - بہت سے جسم ٭

اَجگر (اَجْ - گَر) (س) مذکر - اژدہا - بڑا سانپ ٭

اَجگر کے داتا رام (ہ) (مثل) - جو چلنے پھرنے اور کام کرنے سے مجبور ہیں - اُنھیں خدا دیتا ہے - اجگر اپنی جسامت کے باعث چلنے پھرنے سے معذور ہوتا ہے ٭

اَجل (اَجَلّ) (ع) بہت بزرگ - بڑا ذیشان ٭

اَجَل (اَجَل) (ع) مؤنث - قضا - موت - مرگ مرتیو ٭

اُجل (اُجْ - جَل) (ہ) صفت - صاف شفاف - نرمل - سفید براق ٭

اُجلا (اُجْ - لا) (ہ) مذکر - صاف - سفید ٭

اِجلاس (اِجْ - لاس) (ع) مذکر (۱) بٹھانا (۲) مجازاً کچہری - حاکم کے مقدمات کرنے کی جگہ - دربار (۳) جلسہ - نشست ٭

اِجلاس کامل (ع) مذکر - وہ اجلاس جس میں عدالت کے سب ارکان شامل ہوں ٭

اِجلاس واحد (ع) مذکر - ایک کمرے میں ایک ہی جج کا کچہری کرنا ٭

اجلاف (اَجْ - لَاف) (ع) مذکر (جلف کی جمع) کمینے - رذیل - چھوٹے اور رذیل پیشوں کے لوگ - کمینے سفلے - کمشیل - شودر ٭

اِجلال (اِجْ - لَال) (ع) مذکر - بزرگی - شان و شوکت - جلا - رونق ٭

اُجلا مُنہ ہونا (ہ) (۱) سُرخرو ہونا - بے گناہ ثابت ہونا (۲) قرض ادا ہونا - کسی کی امانت دیدینا ٭

اَجل رسیدہ - یا - اَجل گرفتہ (ع - ف) قریب مرگ جسے موت آیا چاہتی ہو - موت کے پھندے میں پھنسا ہوا ٭

اَجل سر پر کھیلنا (ہ) موت کا آپہنچنا - ایسا کام کرنا جس میں موت کا اندیشہ ہو ٭

اَجلّہ (اَجِلْ - لَہ) (ع) مذکر - جلیل کی جمع - بڑے آدمی ٭

اُجلی (ہ) مؤنث - (۱) صاف ستھری - (۲) دھوبن ٭

اُجلی سمجھ (ہ) مؤنث - ذہن رسا - بات کی تہ کو جلد پہنچنے والی طبیعت ٭

اُجلی گزران (ہ) مؤنث - خوش گزران - اچھی طرح گزارہ کرنا - دولتمندی ٭

اِجماع (اِجْ - مَاع) (ع) مذکر (۱) جمع ہونا - اکٹھا ہونا - (۲) اتفاق ٭

اِجمال (اِجْ - مَال) (ع) مذکر (مصدر) (۱) تحریر یا تقریر جس کا مطلب پوری طرح واضح نہ ہو - دقیق (۲) مختصر ٭

اَجمل (اَجْ - مَل) (ع) نہایت خوبصورت ٭

اَجمیر (اَجْ - میر) (ہ) مذکر - راجپوتانہ کے ایک مشہور مقام کا نام - جہاں حضرت خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ کا مزار شریف ہے ٭

اَجناس (اَجْ - نَاس) (ع) مذکر - جنس کی جمع - چیزیں - اشیا ٭

اَجنبی (اَجْ - نَبِی) (ع) مذکر - ناواقف - ناآشنا - غیر - انجان - پردیسی ٭

اجنبیت (اَجْ - نَبی - یَت) (ع) مؤنث - ناواقفی بیگانگی ٭

اَجنٹ (اَجْنْٹ) (انگ) مذکر - دیکھو "ایجنٹ" ٭

اَجنٹا (اَجَنْ - ٹا) (ہ) مذکر - علاقہ حیدرآباد میں ایک گاؤں اور ندی کا نام - اس کے غار مشہور ہیں ٭

اَجنسی (اَجَنْ - سی) (انگ) مذکر - دیکھو "ایجنسی" ٭

اَجوائن (اَجْ - وَا - ئِن) (ہ) مؤنث - مشہور دوا کا نام جو دو قسم کی ہوتی ہے - ایک دیسی - دوسری خراسانی ٭

اَجودھیا (اَجُو - دھیا) (س) مذکر - دیکھو "اجُدھیا" ٭

اَجورہ (اَجُو - رَہ) (ع) مذکر - اجرت - مزدوری - روزینہ -

حق المحنت - کام کا بدلہ ۔
اَجہل (اَج - ہَل) (ع) مذکر - بڑا جاہل - بہت ہی اُجڈ - نہایت بیوقوف ۔
اُجھینا (اُجھے - نا) (ہ) مذکر - دودھ وغیرہ کی ہانڈی کے نیچے ایک بار اُپلے لگا دینا - جو اُس کے پکنے تک کفایت کریں ۔
اَجی (اَ - جی) (ہ) مذکر - کلمۂ خطاب - اے جناب - اے صاحب ۔
اُجیالا (اُج - یا - لا) (ہ) مذکر (۱) روشنی - چمک - (۲) رونق ۔
اُجیالی (ہ) مؤنث - گھوڑے کی اندھیری ۔
اَجیت (اَ - جیت) (ہ) مذکر - (۱) غیر مفتوحہ - (۲) جسے کوئی جیت نہ سکے - ناقابل فتح - (۳) نہایت زبردست - (۴) نہایت مضبوط ۔
اجیٹن (اَجی - ٹَن) (مستعد انگ - ایڈ جوٹنٹ - ADJUTANT) (۱) فوجی عہدے کا نام (۲) سارس کی طرح کا ایک پرندہ جسے گور کہتے ہیں ۔
اَجیر (اَ - جیر) (ع) مذکر - اُجرت پر کام کرنے والا - مزدور - محنتی - تنخواہ دار غلام ۔
اجیرن (اَجی - رَن) (ہ) مذکر (۱) بار خاطر دوبھر - (۲) بدہضمی - (۳) جمادات - نباتات - غیر ذی روح ۔
اجیرن کو اجیرن ہی جھیلے - نہیں تو سر چوٹ جھیلے - طاقت والے کا مقابلہ طاقت والا ہی کر سکتا ہے - اگر کمزور کر بیٹھا تو مارا جائے گا ۔
اجیرن ہونا (ہ) (۱) بار خاطر ہونا (۲) دشوار ہونا (۳) باعث تکلیف ہونا ۔
اُجّین (اُج - جَین) (ہ) مذکر - ریاست گوالیار میں ہندوؤں کا ایک مقدس شہر جو مہاراجہ بکرماجیت کا پایہ تخت تھا ۔

ا - چ

اُچاپت (اُچا - پت) (ہ) مؤنث - (۱) دکاندار سے اُدھار کا لین دین (۲) شور و غل - کود پھاند ۔
اُچاٹ (اُچاٹ) (ہ) بیزار - برداشتہ خاطر - اُکتایا ہوا - اُداس - اُکھڑا ہوا ۔
اُچاٹ ہونا (ہ) مذکر - دل ہٹ جانا - طبیعت سیر ہونا ۔
اَچار (اَچا - ر) (ہ) مذکر - پھل وغیرہ جو سرکہ - تیل - یا پانی میں مرچ مسالا ڈال کر ترش و خوش ذائقہ تیار کیا جاتا ہے ۔
اَچار ڈالنا (ہ) (۱) اچار تیار کرنا (۲) بند کرنا - (۳) قید میں ڈالنا ۔
اَچار کرنا / اَچار نکالنا } (ہ) بہت پیٹنا - گت بنانا ۔
اَچارج (اَچا - رَج) (ہ) مذکر - (۱) گرو - پاٹھک معلم - اُستاد - ادیب - (۲) برہمن (۳) کسی فرقہ کا بانی (۴) ایک خطاب جو لائق آدمیوں کے نام کے ساتھ لگاتے ہیں - (۵) پانڈوؤں کے اُستاد درون کا لقب ۔
اَچانچک - یا - اچانک (اَچان - چَک - یا - اَچا - نَک) (ہ) یکایک - دفعتہً - یکبارگی - بلا اطلاع - بے خبری میں - ناگہاں - ناگاہ ۔
اَچپل - اچپلا (اَچ - پَل - اَچ - پلا) (ہ) مذکر - (۱) شوخ - چُلبلا - چنچل - چُست - چالاک - (۲) شریر - مضطرب - بے قرار - وہ شخص جو نچلا نہ رہے ۔
اُچٹنا (اُچَٹ - نا) (ہ) برداشتہ خاطر ہونا - (۲) اُجاڑ ہونا - جاتا رہنا - (۳) بھڑکنا - کھٹکنا (۴) خطا کر جانا - چوکنا ۔
اَچرج (اَچ - رَج) (ہ) مذکر (۱) اچنبا - تعجب - حیرت (۲) انوکھا ۔
اُچکا (اُچَک - کا) (ہ) مذکر - اُٹھائی گیرا - بدمعاش - بدچلن - جیب کترا ۔
اُچکاپن (ہ) بدمعاشی - چوری ۔
اُچک لے جانا (ہ) اُڑا لے جانا - چالاکی سے لے بھاگنا - لے لینا - چھین لینا - غافل کر کے کوئی چیز لے جانا - چالاکی سے لے بھاگنا ۔
اَچکن (اَچ - کَن) (ہ) مؤنث - بٹنوں والا انگرکھا - ایک قسم کا مشہور لمبا کوٹ ۔
اُچکنا (ہ) (۱) اُچھلنا - کودنا - اُبھرنا - (۲) ٹیکنا - (۳) لے اُڑنا - (۴) اُوپر ہی اُوپر سے لینا ۔
اَچل (اَ - چَل) (ہ) صفت - جو اپنی جگہ سے نہ چل سکے ۔
اچنبا - اچنبھا (اَچَم - با - اَچم - بھا) (ہ) مذکر (۱)

تعجّب - حیرت - اچرج ٭

اَچّھا (اَچھ - چھا) (ع) مؤنّث - بُرائی ضد - (۱) تندرست - بے روگ - (۲) بہتر - مناسب - ٹھیک درست - (۳) بہت خوب - (۴) مبارک - مسعود نیک - (۵) مفید - سزاوار - موافق - (۶) بے عیب کھرا - (۷) افضل - اعلےٰ - (۸) تسلّی - اطمینان - (۹) تعریف ٭

اَچھا بَھلا } (ا) مذکّر - بھلا چنگا - تندرست -
اَچھا خاصا } صحیح و سلامت ٭

اَچھّا کرنا (ا) (۱) روگ دُور کرنا - تندرست کرنا - (۲) نیکی کرنا - سلوک کرنا - مدد کرنا (۳) کام کا خوبی کے ساتھ کرنا - عمدہ کام کرنا ٭

اَچھّا کیا خُدا نے - بُرا کیا بندے نے (ا) مثل - (۱) اگرچہ نیکی بدی دونوں منجانب اللہ ہیں - لیکن بھلائی خدا کی طرف سے ہے - (۲) ایک ہی کام جسے حاکم - بادشاہ - آقا کرے تو تعریف ہو - ماتحت نوکر کرے تو بُرائی ہو ٭

اَچھّا لگنا (ا) بھلا معلوم ہونا - پسند خاطر ہونا ٭

اَچھّا ہونا (ا) (۱) تندرست ہونا - مرضی کے موافق ہونا - (۲) نیک ہونا خوش خلق ہونا ٭

اِچھّا (اِچھ - چھا) (ع) مؤنّث - خواہش - چاہنا - مرضی - آرزو ٭

اُچھالا (اُچھا - لا) (ع) مذکّر - وہ رسّی جس سے لکڑی کا زینہ چھت سے باندھا جاتا ہے - باڑھ - (۲) قے - اُبال - جوش (۳) پانی میں ڈوبتے ہوئے پانی کے اُوپر آنا ٭

اُچھال چھکّا (اُچھال - چھک - کا) (ع) مؤنّث شوخ - اوباش - بدکار - فاحشہ عورت - چھنال ٭

اُچھالنا - کسی چیز کو اوپر پھینکنا - اُبھارنا - (۲) ظاہر کرنا - مشہور کرنا - روشن کرنا ٭

اُچھل (اُچھل) (ع) اُچھلنا کا امر ٭

اُچھل پڑنا (ا) (۱) بغیر قصد - محبّت - خوشی - خوف یا شدّت تپ سے اوپر کو کودنا ٭

اُچھل کُود (ع) مؤنّث - کھیل کُود - کود پھاند ٭

اُچھلنا - (ع) (۱) تیزی سے تڑپ کر نکلنا - (۲) پیدا ہونا - (۳) مرض کا عود کرنا - (۴) اُبھرنا - (۵) دھڑکنا - (۶) ناز و غرور کرنا - کسی کے بل بوتے پہ اترانا - کُودنا ٭

اُچھلنا کودنا (ع) (۱) کُودنا پھاندنا - (۲) بہت غصّہ ظاہر کرنا - جوش میں آنا ٭

اُچھو (اُچھ - چھو) (ع) مذکّر - انسان کے گلے میں دو رگیں ہیں - ایک کھانے کی اور دوسری سانس لینے کی - جب کھانے پینے کی کوئی چیز سانس کی رگ میں اٹک جائے تو مٹا گلے میں پھندا پڑ جاتا ہے - اِسی حالت کو اُچھو کہتے ہیں ٭

اُچھو آنا - یا - لگنا - یا - ہونا - اُچھو کی حالت پیدا ہونا - دم بند ہونا ٭

اَچھوانی (اَچھ - وا - نی) (ع) مؤنّث - کاڑھا - جوش دی ہوئی دوا جو زچہ کو پلائی جاتی ہے ٭

اَچھوتا (اَچھو - تا) (ع) مذکّر - (۱) نہ چھُوا ہُوا - (۲) پاک و صاف - (۳) محفوظ - جُوں کا تُوں - نہ برتا ہُوا - (۴) کورا - کنوارا - نیاز نذر کا ٭

اَچھوتی (ع) مؤنّث - نہ چھوئی ہوئی - نذر نیاز کی - کنواری ٭

اَچھوتی کوکھ (ع) مؤنّث - وہ عورت جس کا کوئی بچّہ نہ مرا ہو ٭

اَچھّوں کے اَچھّے ہی ہوتے ہیں (ع) مثل نیکوں کی اولاد بھی نیک ہوتی ہے ٭

اَچھّی (ع) مؤنّث - بُری کی ضد - (۱) پیاری - مہربان - (۲) بھلی - نیک - درست - ٹھیک - (۳) بے عیب - تندرست ٭

اَچھّی چیز اپنے لئے آپ جگہ کر لیتی ہے - (ع) مثل - اچھی چیز خود اپنی قدر و منزلت کرا لیتی ہے ٭

اَچھّی طرح - (ف) (۱) خاطر خواہ - جیسا چاہئے - خُوب (۲) خیر و عافیت اور چین سے ہونا ٭

اَچھّے (ع) اچھّا کی جمع - بُرے کی ضد - تعریف کے لائق - عمدہ ٭

اَچھّے اَچھّے (ع) مذکّر (۱) بہت اچھّے (۲) بڑے بڑے (۳) ذی علم (۴) دولت مند (۵) حسین (۶) باکمال (۷) اولیاء اللہ (۸) بزرگ لوگ ٭

اَچھّے بُرے میں چار اُنگل کا فرق ہے (ا) مثل - اچھّے کام کرنے میں بُرے کام کرنے سے زیادہ محنت نہیں کرنی پڑتی ٭

اَچھّے دِن (ع) (۱) خوش اقبالی کے دن - فلاح کا

زمانہ۔ وقت کا موافق ہونا۔ (۲) اچھا موسم ٭
اچھے رہے (ا) (۱) مزے میں رہے۔ آرام سے رہے (۲) سبحان اللہ۔ خوب رہے (۳) نفع میں رہے۔ اچھی طرح رہے ٭
اچھے ہیں پر خدا کام نہ ڈالے (ہ) مثل (۱) ظاہر ہیں اچھے ہیں مگر باطن میں بہت بُرے آدمی ہیں۔ (۲) اچھے بُرے کی جانچ کام پڑنے پر ہوتی ہے۔ ورنہ یوں تو سب اچھے ہیں ٭

۱۰ - ح

اَحاد (اَ۔حَاد) (ع) (اَحد کی جمع) ایک سے نو تک گنتی یا ہندسے ٭
احادیث (اَحَا۔دِیث) (ع) مؤنث۔ حدیث کی جمع۔ باتیں۔ خبریں۔ پیغمبر اسلام صلے اللہ علیہ وسلم کے اقوال و افعال ٭
اِحاطہ (اِ۔حَا۔طَہ) (ع) مذکر (۱) گھیرا۔ چاردیواری سے گھری ہوئی جگہ۔ (۲) پریزیڈنسی۔ صوبہ۔ سرکل۔ (۳) گروہ۔ منڈل ٭
احاطہ کرنا (ا) مذکر۔ (۱) گھیرا ڈالنا۔ حصار کرنا (۲) حد باندھنا۔ مکان بنانا۔ (۳) قبضہ کرنا ٭
اَحِبّا (اَ۔حِب۔بَا) (ع) مذکر۔ (حبیب کی جمع) دوست۔ عزیز ٭
احباب (اَحْ۔بَاب) (ع) مذکر (حبیب کی جمع) دوست۔ آشنا ٭
احبار (اَحْ۔بَار) (ع) مذکر (حبر کی جمع) (۱) عقلمند لوگ۔ (۲) یہودیوں کے علما ٭
اِحتباس (اِحْ۔تِبَاس) (ع) مذکر (۱) حیض بند ہونے کی بیماری ٭
احتجاج (اِحْ۔تِجَاج) (ع) مذکر۔ (۱) حجت کرنا انکار کرنا۔ اعتراض کرنا (۲) اعتراض۔ حجت۔ انکار۔ عذر ٭
اِحتراز (اِحْ۔تِرَاز) (ع) مذکر۔ پرہیز۔ کنارہ کشی۔ بچاؤ۔ علیحدگی ٭
اِحتراق (اِحْ۔تِرَاق) (ع) مذکر۔ (۱) جلنا (۲) کسی ستارے کا آفتاب کے ساتھ ایک بُرج میں ہونے کے سبب اُس کی شعاع میں چھپ جانا۔ (۳) شدت گرمی ٭

اِحترام (اِحْ۔تِرَام) (ع) مذکر۔ عزت۔ توقیر۔ آؤ بھگت ٭
اِحتشام (اِحْ۔تِشَام) (ع) مذکر۔ شان و شوکت۔ دبدبہ۔ شان و شکوہ۔ لاؤ لشکر ٭
اِحتضار (اِحْ۔تِضَار) (ع) مذکر۔ نزاع کا وقت۔ موت کا آنا ٭
اِحتضارِ علم (ع) مذکر۔ علم کا تازہ ہونا ٭
اِحتظاظ (اِحْ۔تِظَاظ) (ع) مذکر۔ حظ اٹھانا۔ مزہ پانا ٭
اِحتلام (اِحْ۔تِلَام) (ع) (۱) بدخوابی۔ خواب میں صحبت کرنا۔ نہانے کی حاجت ہونا۔ ناپاک ہو جانا ٭
اِحتمال (اِحْ۔تِمَال) (ع) مذکر (۱) شک۔ گمان۔ وہم (۲) خوف۔ ڈر۔ فکر۔ کھٹکا ٭
احتمالِ قانونی (ع) مذکر۔ قانون کے رُو سے ایک گمان۔ یا۔ قیاس ٭
احتیاج (اِحْ۔تِیَاج) (ع) مؤنث۔ حاجت۔ ضرورت۔ غرض۔ خواہش ٭
اِحتیاط (اِحْ۔تِیَاط) (ع) مؤنث۔ ہوشیاری۔ بچاؤ۔ حفاظت۔ دُور اندیشی ٭
اِحتیاطاً (ع) احتیاط کے طور پر۔ دُور اندیشی سے ٭
اَحد (اَ۔حَد) (ع) مذکر (۱) ایک۔ اکیلا۔ یگانہ۔ لاشریک (۲) خداتعالیٰ کا صفاتی نام ٭
اَحدالطرفین } (ع) مذکر۔ دو گروہوں میں
اَحدالفریقین } سے ایک ٭
اَحدالمتخاصمین۔ (ع) مذکر۔ مقدمے کے دو فریقوں میں سے ایک ٭
اُحُد (اُ۔حُد) (ع) مذکر۔ ملکِ عرب میں مدینہ طیبہ کے قریب ایک پہاڑی کا نام ہے ٭
اَحَدی (ع) مذکر۔ اَحد (خدا) سے نسبت رکھنے والا ٭
اَحدی (اَحْ۔دِی) (ف) مذکر (۱) ایک پرانی جماعت۔ اکبر بادشاہ نے تیر اندازوں کی ایک فوج تیار کی تھی۔ جو اکثر بقایا مال گزاری کے حصول کو بھیجی جاتی تھی۔ اور دوسروں کے مکانوں پر بیٹھی تنخواہ پاتی تھی۔ (۲) (۱) سُست۔ کاہل ٭
اَحدیت (اَحَدِی۔یَت) (ع) مؤنث۔ ایک ہونا۔ یکتائی ٭

اَحرار (اَح - رار) (ع) مذکر (۱) جمع حُر کی - آزاد - شریف - (۱ غلام کی ضد) (۲) ہندوستان میں مسلمانوں کی ایک جماعت ٭

اِحراز (اِح - راز) (ع) محفوظ رکھنا - بچائے رکھنا - نگاہ رکھنا ٭

اِحرام (اِح - رام) (ع) مذکر - (مصدر) مقررہ جگہوں سے خانہ کعبہ کی زیارت کرنے تک چند جائز کاموں کو اپنے اوپر حرام کرنا ٭

اِحرام باندھنا - (ع) مذکر - مقررہ مقامات سے زیارت کعبہ کرنے تک چند جائز باتوں کو اپنے اوپر حرام کر لینا - اور بے سلے کپڑوں سے بدن ڈھانکے رکھنا ٭

اَحزاب (اَح - زاب) (ع) مذکر - حزب کی جمع - فوجیں ٭

اِحساس (اِح - ساس) (ع) مذکر - حواس خمسہ میں سے کسی حس کے ذریعے سے کچھ معلوم کرنا - تاثر ٭

اِحسان (اِح - سان) (ع) مذکر - (۱) نیکی کرنا - اچھا سلوک - بھلائی - (۲) شکر - بھلائی کی داد ٭

اِحسانات (ع) مذکر - احسان کی جمع - مہربانیاں ٭

اِحسان اُٹھانا - (ف) (۱) ممنون ہونا - احسان لینا - (۲) چاہنا - سہارا ڈھونڈنا - شکر گزار ہونا ٭

اِحسان جتانا - (ف) سلوک کا زبان پر لانا - اپنی نیکی اور بھلائی یاد دلانا ٭

اِحسان رکھنا - (ف) ممنون بنانا ٭

اِحسانِ عظیم (ع) مذکر - بڑا احسان ٭

اِحسان فراموش (ع - ف) مذکر - بھلائی کی داد نہ دینے اور احسان نہ ماننے والا ٭

اِحسان کا عوض احسان ہے - (ف) مقولہ نیکی کا بدلہ نیکی ملتا ہے ٭

اِحسان لیجئے جہان کا نہ احسان لیجئے شاہجہان کا - (ف) مثل - دنیا بھر کا احسان اٹھا لینا اچھا ہے - مگر کسی امیر یا دولتمند رشتہ دار کا احسان نہ اٹھانا چاہیے - استغنا بڑی چیز ہے ٭

اِحسان ماننا - (ف) شکر گزار ہونا ٭

اِحسان مند (ع - ف) ممنون - شکر گزار - احسان ماننے والا ٭

اِحسان ناشناس (ع - ف) احسان نہ ماننے والا ٭

اَحسن (اَح - سَن) (ع) مذکر - بہت نیک - بہت خوب ٭

اَحسنت (اَح - سَنت) (ع) مؤنث آفرین مرحبا شاباش واہ واہ ٭

اَحسنت کہنا - (ف) تعریف کرنا - تحسین و آفرین کہنا - مرحبا کہنا - شاباش کہنا ٭

اَحشا (اَح - شا) (ع) مذکر - جو کچھ معدے اور انتڑیوں کے اندر ہو - جو کچھ دل وغیرہ کے اندر ہو ٭

اِحصا (اِح - صا) (ع) مذکر - گننا - ضبط کرنا ٭

اِحصار (ع) مذکر - گھیرنا - حصار میں لانا ٭

اِحضار (اِح - ضار) (ع) مذکر (۱) حاضر کرنا - بلانا - لانا (۲) طلبی کا حکم نامہ ٭

اِحضار بالجبر (ع) مذکر - جبر سے حاضر کرنا طلب کرنا ٭

اَحفاد (اَح - فاد) (ع) حفد کی جمع - مذکر - پوتے - نواسے ٭

اِحقاق (اِح - قاق) (ع) مذکر - کسی امر کی سچائی ثابت کرنا - کسی کا حق ظاہر یا قائم یا ثابت کرنا - حق دلانا ٭

اَحقر (اَح - قر) (ع) مذکر - زیادہ حقیر - بڑا ذلیل (انکسار سے) ٭

اَحقر العباد (ع) مذکر - سب بندوں سے زیادہ حقیر - ناچیز - براہ انکسار اپنے آپ کو کہتے ہیں ٭

اَحکام (اَح - کام) (ع) مذکر - حکم کی جمع - ہدایات - فرامین - ارشادات - حکمنامے ٭

اَحکام درمیانی (ع - ف) مذکر - ضمنی یعنی بیچ کے احکام - آخیر فیصلے سے پہلے کے احکام ٭

اَحکام مستزاد (ع) مذکر - غیر ضروری احکام ٭

اَحکام ناطق (ع) مذکر - قطعی اور یقینی احکام ٭

اَحکم (اَح - کم) (ع) مذکر - بہت مضبوط ٭

اَحکم الحاکمین (ع) سب حاکموں سے زیادہ دانا اور طاقت والا - خدا ٭

اَحمد (اَح - مَد) مذکر - بہت تعریف کیا گیا - آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک ٭

اَحمد کی پگڑی محمود کے سر - (ف) مثل (۱) ایک کا حق دوسرے کو دے دینا - ناانصافی کرنا - حق تلفی - (۲) ذمہ داری کے کام سے بے خبری - غفلت ٭

اَحمد کی ڈاڑھی بڑی ہے یا محمود کی (اُ) مثل - فضول باتیں - بیکار بحث - بے نتیجہ کام ۔

اَحمدی (اَح - مَدی) (ع - ف) مذکر - (۱) مرزا غلام احمد قادیانی کا پیرو (۲) سونے کا ایک سکّہ جو سلطان ٹیپو کے عہد میں جاری ہوا - (۳) احمد شاہ کا سکّہ جو اُس نے دہلی میں جاری کیا تھا ۔

احمدیہ (ع - ف) مذکر - ایک فرقہ جس کے بانی مرزا غلام احمد قادیانی تھے وہ مسیح موعود ہونے کے مدعی تھے

اَحمر (اَح - مَر) (ع) مذکر - بہت سُرخ - لال (۲) ایک بھیڑیے کا نام ۔

اَحمق (اَح - مَق) (ع) مذکر - بے وقوف - نادان - بے عقل ۔

احمق الذی (ع) مذکر - بیوقوف کی اولاد - بیوقوف کا جنا (۲) بیوقوف - نادان - اُجڈ - جاہل ۔

اَحمق النّاس (ع) مذکر - (۱) بے وقوف آدمی - انسانوں میں سب سے زیادہ بیوقوف (۲) احمقانہ - بیوقوفانہ - احمقوں کا سا کام ۔

اَحمق بنانا (اُ) (۱) کسی کو بے وقوف بنانا - (۲) دھوکا دینا - فریب دینا - کسی کے ساتھ چالاکی کرنا ۔

اَحمق پن - یا - پنا (اُ) مذکر - بے عقلی - نادانی - بے وقوفی - حماقت ۔

احناف (اَح - ناف) (ع) مذکر - حنفی کی جمع ۔

اَحوال (اَح - وال) (ع) مذکر (حال کی جمع) بیان - کیفیتیں - حالات - واقعات - اُردو میں واحد کی جگہ مستعمل ہوتا ہے ۔

اَحوال پُرسی (اُ) حال پُوچھنا - خیر و عافیت دریافت کرنا ۔

اَحول (اَح - وَل) (ع) مذکر - بھینگا - وہ شخص جو ایک چیز کو دو دیکھے - ایک بیماری ہے - جس میں ایک شے کی دو نظر آتی ہیں ۔

اِحیا (اِح - یا) (ع) مذکر - زندہ کرنا - جان ڈالنا ۔

اِحیاناً (اِح - یا - نَن) (ع) (۱) اتفاقاً - حسبِ اتفاق - (۲) کبھی کبھی (۳) شاید (۴) کسی زمانے میں (۵) بھولے سے - بے خبری میں ۔

اَحیاء العلوم (ع) مؤنث - حضرت امام غزالی رح کی مشہور تصنیف ۔

ا - خ

اَخ (اَخ) (ع) مذکر - بھائی - ماں جایا - برادر ۔

آخاہ (آ - خاہ) (اُ) کلمۂ تعجب - بہت خوب ۔

اَخوی (ع) بھائی کا ۔

اَخی (ع) مذکر - میرا بھائی ۔

اَخ (اُ) (۱) ایک آواز جو تھوکنے سے پہلے نکالی جاتی ہے (۲) بعض اوقات نفرت کا اظہار کرنے کے لئے ۔

اَخ تھو (اُ) مؤنث - کھنکار کے تھوکنا (۲) نفرت اور ملامت کا اظہار (۳) حریف کو چھیڑنے کے لئے عہدِ شاہی کے بانکوں کی آواز ۔

اَخ تھو کھٹے ہوتے ہیں - (اُ) مثل - جب کوئی چیز نہ مل سکے - تو اُس کی بُرائی بیان کر کے دل کو تسلی دینے کے لئے کہتے ہیں ۔

اَخبار (اَخ - بار) (ع) مذکر - (۱) خبر کی جمع - خبریں - حالات (۲) شرعِ اسلام کی اصطلاح میں احادیث نبوی صلّی اللہ علیہ وسلّم سے مراد ہے - (۳) وہ پرچہ جس میں مختلف مقامات کی خبریں لکھی جاتی ہیں - روزنامہ - نیوز پیپر ۔

اَخبارات (ع) مذکر - اخبار کی جمع ۔

اَخبار نویس (ع - ف) مذکر - خبریں لکھنے والا - ایڈیٹر ۔

اَخبار نویسی (ع - ف) مؤنث - اخبار لکھنے کا فن ۔

اَخباری (ف) اخبار سے نسبت رکھنے والا ۔

اُخت (اُخْت) (ع) مؤنث - بہن ۔

اِختتام (اِخ - تتام) (ع) مذکر - خاتمہ - آخر - انجام ۔

اَختر (اَخ - تَر) (ف) مذکر - (۱) نجم - تارا - ستارہ (۲) واجد علی شاہ بادشاہ کا تخلص - (۳) طالع - جھنڈا - (۴) شگون - فال ۔

اَختر شماری (ف) مؤنث - تارے گننا - بےچینی سے رات کاٹنا - انتظار میں جاگنا - شغلِ تنہائی ۔

اَختر شناس (ف) مذکر - منجّم - جوتشی - ستاروں کی چال کا علم رکھنے والا ۔

اِختراع (اِخ - تِ - راع) (ع) مذکر - ایجاد کرنا - طبیعت سے نئی بات پیدا کرنا - نئی چیز بنانا ۔

اَختر بختر - یا - اختر بختر (اُ) مذکر - اسباب ۔

استر بستر - برتن بھانڈا - اوڑھنا بچھونا ✦
اِختصار (اِخ - تِصَار) (ع) مذکّر - کم کرنا - گھٹانا - خلاصہ - مختصر - چھانٹا ہوا ✦
اختصار نویس (ع - ف) وہ شخص جو اشارات کی تحریر لکھنے والا ہو ✦
اِختصار نویسی (ع - ف) مؤنّث - انگریزی کی ایک تحریر جس میں پُورے الفاظ کی جگہ چند اشارات ہوتے ہیں - اشارات کی تحریر ✦
اِختصاص (اِخ - تِصَاص) (ع) مذکّر (۱) خصُوصیّت (۲) خصوصیّت رکھنا - خاص کرنا ✦
اختلاج (اِخ - تِلَاج) (ع) مذکّر - پھڑکنا - دھڑکنا - بیچین ہونا - بیقرار ہونا - دِل کا دھڑکنا ✦
اختلاجِ قلب (ع) مذکّر - دل کی دھڑکن - ہَولِ دِل - ایک مرض کا نام ہے - جس میں دِل بہت دھڑکتا ہے ✦
اختلاط (اِخ - تِلَاط) (ع) مذکّر - (۱) آمیزش - (۲) محبّت - دوستی - میل جول - ربط ضبط - (۳) چھیڑ چھاڑ - گرم جوشی - بے تکلّفی ✦
اِختلاف (اِخ - تِلَاف) (ع) مذکّر - اِتّفاق کی ضد (۱) خلاف ہونا - ناموافقت کرنا (۲) پھوٹ - بگاڑ - اَن بَن (۳) فرق - تفاوت - تفریق - عِلمِ حساب میں رقوم سے اختلاف و تفریق معلوم کرنے کو کہتے ہیں ✦
اِختلال (اِخ - تِلَال) (ع) مذکّر - خلل ڈالنا - خلل پڑنا ✦
اِختلالِ حواس - (ع) مذکّر - حواس میں فتور آنا - بدحواسی ✦
اختُو بختُو (اَخ - تُو - بَخ - تُو) (ا) مؤنّث - لکڑی کی دو پُتلیاں جنھیں پُتلیوں کا تماشا کرنے والے لڑاتے ہیں ✦
اختہ (اَخ - تہ) دیکھو "آختہ" ✦
اِختیار (اِخ - تِیَار) (ع) مذکّر - (۱) قابو - بس (۲) قبول - منظور (۳) حکومت - قدرت - (۴) امکان (۵) اجازت ✦
اِختیارات (ع) مذکّر - اختیار کی جمع - حکومت - زور - مداخلت ✦
اختیاراتِ ابتدائی (ع - ف) مذکّر - ابتدائی سماعت کے اختیارات ✦
اختیاراتِ اِنفکاکِ رہن (ع) مذکّر - گِرو توڑنے کے اختیارات ✦
اِختیار بدستِ مختار (ف) مثل - حکومت حاکم کے ہاتھ ہے - قابُو پانے والا جو چاہے سو کرے ✦
اِختیاری (ع) بس کی - قابو کی - امکان میں ✦
اَختی گھوڑی (ا) مؤنّث - بازاری لوگ پھبتی کے طور پر اس عورت کو کہتے ہیں - جس کی چھاتیاں نہ ہوں ✦
اَخذ (اَخْذ) (ع) مذکّر - (۱) پکڑنا - لینا - حاصل کرنا - اختیار کرنا (۲) نتیجہ نکالنا ✦
اَخذ کرنا (ا) لینا - چننا - انتخاب کرنا - چھانٹنا - استنباط کرنا - پکڑ لینا ✦
اِخراج (اِخ - رَاج) (ع) مذکّر - (۱) نکاسی (۲) شہر بدر کرنا - دُور کرنا - باہر کرنا - الگ کرنا (۳) گرانا (۴) صرف - خرچ ✦
اخراجات (ع) مذکّر - خرچ کی جمع الجمع - زیادہ خرچ - مصارف ✦
اخروٹ (اَخ - رُوٹ) (ہ) مذکّر - گردگاں - چہار مغز - جوز - مشہور میوہ ✦
اُخروی (اُخ - رَوِی) (ع - ف) اگلے جہان کے متعلق ✦
اَخص (اَخَص) (ع) خاص کی تفضیل کل - نہایت اعلٰے - نہایت افضل ✦
اَخضر (اَخ - ضَر) (ع) مذکّر - (۱) سبز - ہرا - (۲) ایک بحیرہ کا نام ہے ✦
اِخفا (اِخ - فَا) (ع) مذکّر - پوشیدہ کرنا - چھپانا ✦
اخفائے تولّد (ع) مذکّر - بچّے کی لاش چُپ چاپ دفن کر دینا ✦
اَخفائے واردات (ع) مذکّر - واقعے کا چھپانا ✦
اَخفش (اَخ - فَش) (ع) مذکّر - (۱) چُندھا - (۲) زمانۂ سلف کے ایک بہت بڑے نجومی کا لقب - جس کا نام ابوالحسن سعید تھا ✦
اَخگر (اَخ - گَر) (ف) مذکّر - انگارہ - آگ کا ڈلا ✦
اَخلاص (اِخ - لَاص) (ع) مذکّر - (۱) ربط ضبط - میل ملاپ - دوستی - محبّت (۲) قرآن مجید کی ایک سورت کا نام (۳) عبادتِ بے ریا - طاعتِ خالص ✦
اِخلاص بڑھانا - (ا) ربط زیادہ کرنا - محبّت بڑھانا - میل جول بڑھانا - پیار اور محبّت کو ترقّی دینا ✦

اِخلاص کرنا ۔ (۱) دوستی کرنا۔ محبت کرنا۔ ربط حاصل کرنا۔
اِخلاص مند (ع) مذکر (۱) سچا دوست۔ خیرخواہ دوست۔ یار صادق (۲) مؤنث۔ سہیلی۔ بہنیلی۔ گوئیاں ٭
اِخلاط (اِخ۔ لاط) (ع) مذکر۔ خلط کی جمع۔ خون۔ بلغم۔ سودا۔ صفرا۔ ان چار خلطوں سے خدا نے انسان کو بنایا ہے۔ اِن کی کمی و بیشی ہو جانے پر صحت ٹھیک نہیں رہتی ٭
اِخلاطِ فاسدہ (ع) مذکر۔ بگڑے ہوئے خلط ٭
اَخلاق (اَخ۔ لاق) (ع) مذکر۔ خلق کی جمع۔ (۱) خصائل۔ عادات (۲) انسانیت۔ ملنساری۔ مروت۔ (۳) وہ علم جس میں تہذیب نفس اور معاد و معاش وغیرہ کی بحث ہے ٭
اَخلاقیات (ع) اخلاق کی جمع۔ علم الاخلاق۔ اصولِ اخلاق۔ وہ علم جس میں اخلاق اور ان کے ربط و ضبط کے متعلق بحث کی گئی ہے ٭
اِخوان (اِخ۔ وان) (ع) مذکر۔ اخ کی جمع (۱) بھائی۔ بھائی بند۔ عزیز (۲) دوست ٭
اِخوان الزمان (ع) مذکر۔ ہم عہد۔ ہم عصر۔ معاصرین ٭
اِخوان الشیاطین (ع) مذکر۔ شریر اور بدمعاش لوگ ٭
اِخوان الصفا (ع) مذکر (۱) اچھے لوگ۔ پاک دل لوگ (۲) بصرے کی علمی مجلس کا نام ٭
اُخوّت (اُخُو۔ وَت) (ع) بھائی چارا۔ رابطہ۔ اتحاد ٭
اَخیار (اَخ۔ یار) (ع) مذکر۔ خیر کی جمع۔ بھلے لوگ ٭
اَخیافی (اَخ۔ یا۔ فی) (ع) وہ بہن بھائی جن کے باپ الگ الگ ہوں اور ماں ایک ہو ٭
اَخیر (اَ۔ خیر) (ع) (۱) پچھلا۔ (۲) انتہائی۔ حد۔ (۳) تمام (۴) آخر کو۔ انجام کار (۵) قریب ختم (۶) کنارہ ٭

ا - د

اَد ۔ (ہ) دیکھو اُدھ ٭
اَدا (اَدَا) (ع) مؤنث (۱) بے باق (۲) پورا کرنا۔ دے دینا۔ اُتار دینا۔ (۳) ناز و انداز (۴) اشارہ۔ قرینہ (۵) طریقہ۔ ڈھنگ۔ (۶) عادت۔ رمز و اشارہ ٭
اَدات (اَ۔ دات) (ع) اوزار۔ کسی شے کے حاصل کرنے کے آلے ٭
اَدا دکھانا (ع) اندازِ معشوقانہ کے ساتھ ناز کرنا۔ نخرے دکھانا ٭
اِدارات (اِ۔ دَا۔ رَات) (ع) مذکر۔ اِدارہ کی جمع ٭
اِداراتِ قانونی (ع) مذکر۔ کسی قانون کے ماتحت قائم کی ہوئی مجلسیں ٭
اِدارت (اِ۔ دَا۔ رَت) (ع) مؤنث۔ ایڈیٹری۔ رسالہ۔ اخبار۔ کتاب وغیرہ مرتب کرنا ٭
اِدارہ ۔ (اِ۔ دَا۔ رَہ) (ع) مذکر (۱) نظام۔ ضبط (۲) محکمہ۔ دفتر ٭
ادارۂ مُلکی (ع۔ ف) مذکر۔ محکمۂ مال ٭
ادارۂ نظامی (ع۔ ف) مذکر۔ محکمۂ فوج ٭
اِدارے (ا) اِدارہ کی جمع ٭
اُداس (اُ۔ داس) (ہ) مذکر۔ (۱) افسردہ۔ غمگین (۲) سُونا۔ بے رونق (۳) بیزار۔ برداشتہ خاطر (۴) کم کم۔ بجھی بجھی روشنی (۵) ہلکا۔ پھیکا (۶) شوخ کی ضد ٭
اُداسا (اُ۔ دا۔ سا) (ہ) مذکر۔ آزاد فقراء اپنی اصطلاح میں بوریے۔ بستر۔ اوڑھنے بچھونے کو کہتے ہیں ٭
اُداسا کسنا (ہ) بوریا بستر باندھنا۔ ارادۂ سفر کرنا۔ سامانِ سفر باندھنا۔ چلنے کا ارادہ کرنا ٭
اُداسا کھینچنا (ہ) یکسو ہونا۔ سب طرف سے قطع تعلق کرکے ایک طرف دھیان لگانا ٭
اُداسی ۔ (ہ) مؤنث۔ (۱) غمی۔ پریشانی۔ (۲) بے رونقی۔ ویرانی (۳) فقیروں کے ایک فرقے کا نام جو بابا نانک صاحب کے بیٹے کے پیرو ہیں ٭
اُداسی برسنا } **اُداسی چھانا** } (ہ) (۱) غمی یا پریشانی ظاہر ہونا۔ (۲) بے رونقی کا اظہار ٭
اَدا شناس } **اَدا فہم** } (ف) مذکر۔ ایما اور اشارے یا قرینے سے بات تاڑ لینے والا۔ اشاروں کو سمجھنے والا ٭
اَداکار (ع۔ ف) مذکر۔ مؤنث۔ ایکٹر۔ ایکٹرس ٭
اَداکاری (ع۔ ف) مؤنث۔ ایکٹری۔ ایکٹنگ ٭
اَدا کرنا (ہ) (۱) بیباق کرنا۔ چکانا (۲) بجا لانا (۳) عمل میں لانا (۴) لکھنا (۵) کہنا (۶) پڑھنا (۷) حرکاتِ معشوقانہ کرنا (۸) اُتارنا (۹) قرآن قرأت کے مطابق پڑھنا۔ مخارج سے حروف نکالنا ٭

ام (اَ دَ ام) (ع) ہمیشہ رکھے۔ ہمیشہ زندہ رہے ✤

ام اللہ (ع) خدا ہمیشہ رکھے۔ خدا ہمیشہ زندہ رکھے ✤

م اللہ فیوضہم (ع) خدا اُن کے فیض کو ہمیشہ رکھے ✤

ہنت (اُدا۔ ہَنت) (ا) مؤنث۔ اوداپن۔ بیگنی رنگ ✤

ائی (ع۔ ف) مؤنث۔ قرض یا رقم وغیرہ ادا کرنا ✤

ائے شہادت (ع) مذکر۔ گواہی دینے کا کام ✤

ائے لگان (ع۔ ہ) مذکر۔ لگان ادا کرنا۔ لگان وہ ہے جو زمیندار اپنی اسامیوں سے وصول کرتا ہے ✤

ائے مال گزاری (ع۔ ف) مذکر۔ مال گزاری ادا کرنا۔ (مال گزاری وہ ہے۔ جو سرکار زمینداروں سے وصول کرتی ہے) ✤

ب (اَدَب) (ع) مذکر۔ (۱) ہر چیز کی حد کو نگاہ رکھنا۔ (۲) حفظِ مراتب۔ لحاظ (۳) تہذیب۔ شائستگی۔ تمیز (۴) علم زبان جس میں نحو۔ لغت۔ عروض۔ انشاء۔ معانی اور بیان وغیرہ داخل ہیں (۵) حیا۔ شرم۔ لاج (۶) تعظیم و تکریم ✤

با (اُدَبا) (ع) مذکر۔ ادیب کی جمع۔ ادب جاننے یا سکھانے والے ✤

بار (اِ دْ۔ بار) (ع) مذکر (۱) لغوی معنی پیٹھ دکھانا (۲) اصطلاحی دولت کا منہ موڑنا (۳) نحوست (۴) ہزیمت۔ شکست (۵) تنزل۔ مفلسی۔ ناداری۔ فلاکت۔ افلاس۔ نکبت۔ اقبال کی ضد ✤

ب آموز (ا) مذکر۔ ادیب۔ ادب سکھانے والا ✤

بدا (اَدْ۔ بَدَا) (ہ) بدانا کا امر ✤

بدا کر (ہ) (۱) خواہ مخواہ۔ ضرور۔ (۲) ضد سے۔ شرارت سے ✤

ب العالیہ (ع) مذکر۔ اعلےٰ علم ادب ✤

ب سکھانا (ع) ادب دینا۔ تہذیب کی تعلیم دینا۔ شائستگی سکھانا ✤

خال (اِ دْ۔ خال) (ع) (۱) داخل کرنا (۲) داخل کرانا۔ رجسٹر میں درج کرانا ✤

سار (اِدْ۔ رار) (ع) مذکر (۱) جاری ہونا (۲) تیز پانی برسنا۔

(۳) پیشاب کھل کر آنا (۴) مطلق پیشاب ✤

اِدراک (اِدْ۔ راک) (ع) مذکر۔ دریافت کرنا۔ عقل۔ فہم۔ سمجھ ✤

اَدرسا (اَدْ۔ رَسا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا سوتی سفید اور باریک کپڑا ✤

اِدرک (اَدْ۔ رَک) (ف) مؤنث۔ ایک قسم کی خوشبودار جڑ جو خشک ہوجانے پر سونٹھ کہلاتی ہے۔ زنجبیل۔ ہری سونٹھ ✤

اَدرک کا لچھا (ہ) باریک کی ہوئی ادرک ✤

اَدرکی (ہ) ایک قسم کی مٹھائی۔ ادرک کا مُربا ✤

اِدریس (اِدْ۔ رِیس) (ع) مذکر۔ اخنوخ پیغمبر کا نام درس و تدریس میں زیادہ مشغول رہنے کے باعث ادریس ہوگئے۔ جو زندہ بہشت میں داخل ہوئے ✤

اُدڑ گدڑ۔ اُدڑا گدڑا (اُدَڑ۔ گدَڑ۔ اُدْڑا۔ گدْڑا) (ہ) مذکر (۱) پھٹے پُرانے کپڑے۔ چیتھڑے (۲) وہ شخص جس نے پھٹے پُرانے کپڑے پہن رکھے ہوں ✤

اُدڑ گدڑ سووے۔ مرجاد والا روئے (ہ) مثل۔ غریب مزے سے سوتا ہے۔ امیر کو نیند نہیں آتی ✤

اِدّعا (اِدْ۔ دِعا) (ع) مذکر۔ دعوے کرنا۔ خواہش کرنا۔ بے دلیل بات کہنا۔ اپنی طرف ایسی بات منسوب کرنا جو واقعی نہ ہو ✤

اِدّعائے مالکیت (ع) مذکر۔ مالکیت کا جھوٹا دعوے کرنا ✤

اَدعیہ (اَدْ۔ عِیَہ) (ع) دُعا کی جمع۔ دعائیں ✤

اَدعیۂ ماثورہ (ع) مؤنث۔ وہ دعائیں جو آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم سے منقول ہیں ✤

اِدغام (اِ دْ۔ غام) (ع) مذکر (۱) ایک جنس کے دو حرفوں کو آپس میں ملا دینا (۲) ایک صنعت کا نام ✤

اَدَق (اَ دَق) (ع) نہایت دقیق۔ نہایت مشکل کٹھن۔ دوبھر۔ سخت ✤

اَدَقچہ (اَدَق۔ چَہ) (ت) مذکر۔ کارچوبی۔ سفید حاشیہ کی چادر جو توشک کے نیچے بچھائی جاتی ہے ✤

اَدگدرا (اَدْ۔ گَدْ۔ رَا) (ہ) صفت نیم پختہ۔ آدھا پکا۔ اُدھا کچا ✤

اَدلا (اَدْ۔ لا) (ع) عضلہ کا معرب۔ بڑے بڑے حلال جانوروں کی ٹانگ کا بے ریشہ گوشت ✤

اَدلا بدلا۔ اَدل بدل (ہ) مذکر، اَدلی بدلی (ہ)

مؤنث (۱) عوض معاوضہ۔ ایک چیز دے کر اُس کے عوض دوسری لینا۔ الٹ پھیر کرنا (۲) تغیر و تبدل۔

اَدل بَدل کرنا} اَدلی بَدلی کرنا} (ف) (۱) تغیر و تبدل کرنا (۲) الٹ پھیر کرنا (۳) تبادلہ کرنا۔ ایک چیز کے عوض دوسری چیز بیچنا۔

اَدلے کا بدلہ (ف) مثل۔ جیسا کام کوئی کرے۔ ویسا ہی اُس کے ساتھ کیا جائے۔ نیکی کے بدلے نیکی۔ بدی کے بدلے بدی۔ جیسے کو تیسا۔ چور کے گھر مور۔ آڑے کے بدلے تاڑ۔

اُدّم (اُدْ۔ دَم) (ف) مذکر۔ محنت۔ کوشش۔

اُدّم سے دلدر گھٹے (ف) مثل۔ محنت اور کوشش سے نحوست دور ہو جاتی ہے۔

اَدنےٰ (اَدْ۔ نا) (ع) مذکر۔ اعلےٰ کی ضد۔ (۱) کمینہ۔ چھوٹے درجے کا۔ ہیچ۔ کم قدر۔ خفیف۔ تھوڑا۔ کنگال۔ مفلس۔ غریب۔

اَدوار (ع) مذکر۔ دَور کی جمع۔ (۱) زمانے۔ عرصے۔ مدتیں (۲) چکر۔

اَدوان} اَدواین} (اَدْ۔ وَان، اَدْ۔ وَاین) (ف) مؤنث وہ رسی جو پلنگ کے کسنے اور چُست رکھنے کیلئے پائنتی کی طرف لگائی جاتی ہے۔

اَدوِیات (اَدْ۔ وِیَات) (ع) مؤنث۔ دوا کی جمع الجمع۔

اَدوِیہ (اَدْ۔ وِیَہ) (ع) مؤنث۔ دوا کی جمع۔ دوائیں۔ دارُو۔

اَدھ (آدھ) (ف) آدھا کا مخفف۔ الفاظ کے شروع میں آتا ہے۔ اکیلا نہیں آتا۔

آدھا (آدْ۔ دھا) (ف) مذکر۔ کسی مقدار یا تعداد معینہ کا نصف۔ بوتل کا نصف (۲) لڑکوں کے ایک کھیل کا نام۔ (۳) طبلہ اور پکھاوج کی ایک تال کا نام۔

اَدھار (اَدْ۔ ھار) (ف) مذکر۔ خوراک۔ اتنی غذا جس سے بھوک جاتی رہے۔ مگر سیری نہ ہو۔

اُدھار (اُدْ۔ ھار) (ف) مذکر۔ نقد کی ضد۔ قرض۔ وام۔

اُدھار دیجئے دُشمن کیجئے (ف) قرض (اُدھار) دینا دوست کو دُشمن بنانا ہے۔

اُدھار کھانا پھُوس سے تاپنا برابر ہے (ف) مثل۔ جیسے پھُوس جلد جل کر راکھ ہو جاتا ہے۔ ایسے اُدھار کا پیسہ جلد ختم ہو جاتا ہے۔ اُدھار لینے والا کبھی مطمئن اور خوش حال نہیں رہ سکتا۔

اُدھار کھائے بیٹھے ہیں} اُدھار کھائے ہوئے ہیں} (ف) تُلے بیٹھے ہیں۔ ہمہ تن مستعد ہیں۔ تیار ہیں۔

اُدھار کی کیا ماں مری ہے (ف) (۱) نقد پاس نہ سہی۔ قرض تو ملیگا۔ (۲) اُدھار تو کہیں نہ کہیں سے مل ہی جائیگا۔

اَدھر (اَدْ۔ ھَر) (ف) صفت۔ بے سہارے۔ اِدھر نہ اُدھر۔ معلق۔ بین بین۔

اِدھر (اِدْ۔ ھَر) (ف) (۱) یہاں۔ پاس (۲) اِس طرف۔ اِس سمت۔

اُدھر (اُدْ۔ ھَر) (ف) (۱) اُن کا۔ اُس کا۔ (۲) اُس طرف۔ اُس جانب۔

اِدھر اُدھر۔ (ف) (۱) اِس طرف اُس طرف۔ (۲) آس پاس۔ اِردگرد۔ چاروں طرف۔ (۳) بے ترتیب۔ ایسی ویسی۔ (۴) دونوں طرف۔ دائیں بائیں۔ (۵) پراگندہ۔ مُنتشر۔ تتر بتر۔ (۶) جگہ جگہ۔ ہر جگہ۔

اِدھر اُدھر کی باتیں (ف) محاورہ۔ فضول اور بیکار باتیں۔ بے نتیجہ کام۔

اَدھر چلنا۔ (ف) (۱) اس طرح چلنا کہ پاؤں زمین پر نہ لگیں۔ (۲) اِترا کر چلنا۔

اِدھر سے اُدھر۔ اُدھر سے اِدھر (ف) ایک جگہ نچلا نہ بیٹھنا۔ ایک کام کو اُستقلال سے نہ کرنا۔

اِدھر سے اُدھر کر دینا (ف) محاورہ۔ غائب کر دینا اُڑا دینا۔ چُرا لینا۔

اِدھر قبلہ اُدھر قطب۔ بی خدیجہ سووے کدھر (ف) مثل۔ کوئی بات کرتے نہیں بنتی۔ یُوں بھی مشکل وُوں بھی مشکل۔

اِدھر کاٹے اُدھر پلٹ جائے (ف) مثل۔ آزار پہنچا کر صاف مُکر جانا۔ نقصان پہنچا کر انکار کر جانا۔ سانپ کی طرح کاٹتے ہی پلٹ جانا۔

اِدھر کنواں اُدھر کھائی۔ (ف) مثل۔ ہر طرح نقصان ہے۔ ہر صورت سے مشکل ہے۔ کچھ کرتے بن نہیں پڑتی۔ فریقین سے تعلق ہے۔

اِدھر کی اُدھر لگانا (ف) چغلخوری کرنا۔ یہاں کی وہاں

بات وہاں اور وہاں کی یہاں آکر کہنا۔ دشمنی ڈلوانا۔
رنج پیدا کرنا۔ یہاں کی بُرائی وہاں۔ وہاں کی بُرائی
یہاں کہنا ٭

اِدھر کی دُنیا اُدھر ہو جانا ۔ (ف) زمانے کا درہم
برہم ہو جانا۔ عالم کا تہ و بالا ہو جانا ٭

اِدھر کی نہ اُدھر کی یہ بلا کدھر کی (ہ) مثل۔
ناقابل۔ جو کسی قابل نہ ہو۔ جسے کوئی نہ پُوچھے ٭

اِدھر کے نہ اُدھر کے ۔ (ہ) محاورہ کسی طرف کے
نہیں۔ کسی شمار میں نہیں ٭

اِدھر یا اُدھر ہونا ۔ (ہ) بیمار کو صحت ہو جانا۔
یا مرجانا۔ یکسوئی ہونا۔ جھگڑا چُکنا ٭

اُدھر ہی اُدھر ۔ (ہ) باہر ہی باہر۔ اُوپر ہی اُوپر۔
بالا بالا ٭

اُدھڑنا (اُدھڑ۔ نا) (ہ) (۱) سیون کھُلنا۔ ٹانکے
ٹوٹنا۔ (۲) کھال اُتر جانا۔ بدن سے پوست جُدا
ہونا (۳) تباہ اور زیر بار ہونا ٭

ادھ سیرا (ہ) مذکر۔ آدھ سیر کے وزن کا باٹ ٭

ادھ پکا (ہ) مذکر۔ آدھا پکا ہُوا پھل ٭

ادھ کچلا ۔ (ہ) مذکر۔ نیم کوفتہ۔ آدھا کوٹا ہُوا۔ موٹا
کوٹا ہُوا۔ سفوف ٭

ادھ گلا (ہ) مذکر۔ آدھا گلا ہُوا۔ نیم پختہ ٭

اُدھل (اُدھَل) (ہ) اُدھلنا کا امر ٭

اُدھل جانا (ہ) (۱) آوارہ اور خراب ہو جانا (۲) جوش
مستی میں آپ سے باہر ہونا ٭

اَدھم (اَ دَھم) (ف) مذکر۔ (۱) ایک بادشاہ کا نام
ہے۔ جو ابراہیم بلخی کے باپ تھے۔ اور یہ اسی
مناسبت سے ابراہیم ادھم مشہور ہیں۔ (۲)
سیاہ رنگ کا گھوڑا۔ مشکی گھوڑا ٭

اُدھم (اُدھ۔ دَھم) (ہ) مؤنث۔ شور و غل۔
ہنگامہ ٭

اُدھم مچانا ۔ (ہ) شور و غل مچانا۔ ہنگامہ برپا کرنا۔
چیخ پکار کرنا ٭

ادھ مُوا ۔ (ف) مذکر۔ (۱) نیم جان۔ (۲) پژمردہ۔
مُرجھایا ہُوا (۳) نہایت دُبلا۔ کمزور۔ ضعیف۔
ناتواں ٭

اَدھن (اَدْ۔ ہَن) (ہ) مذکر۔ (۱) وہ پانی جو چاول
یا کھچڑی پکانے کے لئے جوش کیا جاتا ہے۔ کھولتا
ہُوا پانی ٭

اَدھن (آدھَن) (ہ) (۱) مفلس۔ کنگال۔ غریب
(۲) مذکر۔ مفلس آدمی وغیرہ ٭

اَدھنا (اَدھَن۔ نا) مذکر۔ دو پیسے کا سکہ۔ ٹکا۔
پچہ پائی ٭

اَدھواڑ (اَدھَ۔ وَا۔ ڑ) (ہ) بیچوں بیچ۔ جہاں
سے کوئی چیز آدھوں آدھ ہو۔ درمیان۔ اوسط
نصفا نصف ٭

اَدھوتر (اُدھو۔ تَر) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا سوتی
دیسی کپڑا۔ دھوتر ٭

اَدھورا (اَدھُو۔ رَا) (ہ) ناتمام۔ نامکمل۔
ناکارہ۔ ناقص ٭

اَدھوڑی (اَدھو۔ ڑِی) (ہ) مؤنث۔ موٹا کچا
چمڑا۔ گائے بھینس کا چمڑا۔ جسے پنجابی میں
دھوڑی کہتے ہیں ٭

اَدھوڑی تاننا ۔ (ہ) اتنا کھانا کہ پیٹ خوب تن
جائے۔ اور سانس پیٹ میں نہ سمائے ٭

اَدھی (اَدْھ۔ دِھی) (ہ) مؤنث۔ (۱) پیسے کا
آٹھواں حِصّہ۔ (۲) ایک قسم کا نہایت عمدہ باریک
اور سفید سوتی کپڑا ٭

اَدھی اَدھی پر جان دینا ۔ بڑا کنجوس ہونا۔ کمال
بخل کرنا ٭

اَدھی اَدھی کا حساب ۔ ذرا ذرا سی چیز کا حساب ٭

ادھیانا (اَدھ۔ یا۔ نا) (ہ) دو برابر حصّے کرنا۔
آدھوں آدھ کرنا۔ نصفا نصف کرنا ٭

اَدھیراج (اَدِھی۔ رَاج) (ہ) مذکر۔ راجاؤں کا
راجہ۔ مہاراجہ ٭

اَدھیڑ (اَدِھیڑ) (ہ) درمیانہ عمر کا۔ نہ جوان نہ بوڑھا۔
جس کی عمر جوانی اور بڑھاپے کے درمیان ہو ٭

اُدھیڑ (اُدِھیڑ) (ہ) اُدھیڑنا کا امر ٭

اُدھیڑبُن (اُدھیڑ۔ بُن) (ہ) مؤنث۔ سوچ بچار۔
غور و فکر۔ منصوبہ ٭

اُدھیڑنا ۔ (ہ) (۱) سیون کھولنا۔ ٹانکے توڑنا۔ (۲)
چھت کا اُکھاڑنا۔ (۳) پر نوچنا۔ کھال کھینچنا۔
(۴) مارنا۔ (۵) راز فاش کرنا۔ عیب ظاہر کرنا ٭

اَدھی کی چُوں چُوں (ہ) چُوں چُوں لڑکوں کا ایک
کھلونا ہے جو دمڑی اَدھی کو بکتا ہے ٭

اَدھی کی ہانڈی بھی ٹھونک بجا کر لیتے ہیں ۔
(ہ) مثل۔ سمجھدار آدمی ہر چیز دیکھ بھال کر

لیتا ہے۔ ہر کام سوچ سمجھ کا محتاج ہے ؎

آدھی کے نون کو جاؤں۔ لاؤ میری پالکی۔ اس شیخی خورے کی نسبت بولتے ہیں۔ جسے نئی نئی دولت ملی ہو۔ اور وہ کسی چیز کو موقع بے موقع استعمال کر کے چھچھوراپن دکھائے ؎

اَدھی کے واسطے پیسے کا تیل جلانا۔ بیوقوفی سے تھوڑے سے فائدے کے لئے بہت نقصان اٹھانا ؎

اَدھیلا (اَدِھے۔ لاَ) (ہ) مذکّر۔ آدھا پیسہ۔ دھیلا۔ پائی ؎

اَدھیلا نہ دے ادھیلی دے (د) مثل۔ تھوڑے خرچ میں جو شخص کنجوسی کرتا ہے۔ اُس کا زیادہ نقصان ہو جاتا ہے۔ جو خوشی سے دھیلا نہ دے اُسے زبردستی اٹھنی دینی پڑتی ہے ؎

آدھیلی (اَدھے۔ لیَ) (ہ) مؤنّث۔ آدھا روپیہ ۸ ر۔ آٹھ آنے ؎

ادھین (ہ) مذکّر (۱) فرمانبردار۔ مطیع (۲) ملازم ؎

اَدِیب (ع) مذکّر۔ (۱) علم ادب جاننے والا۔ زبان دان۔ (۲) ادب سکھانے والا۔ اتالیق ؎

ادیم (اَدِیم) (ع) مذکّر۔ (۱) خوشبودار چمڑا جو عرب میں تیار کیا جاتا ہے (۲) سطح زمین یا آسمان ؎

اَدیم یمنی (ع۔ ف) مذکّر۔ یمن کا خوشبودار دھاری والا چمڑا ؎

ا - ڈ

اَڈا (اَڈْ۔ ڈا) (ہ) مذکّر (۱) لکڑی۔ تیل یا لوہے کی بیٹھک جو پالتو چڑیوں کے بیٹھنے کو بنائی جاتی ہے (۲) جالی کاڑھنے اور کار چوبی کام بنانے کا چوکھٹا۔ (۳) وہ مقام جہاں کرائے کے ڈولے۔ تانگے۔ ٹمٹمیں وغیرہ کھڑی رہتی ہیں۔ (۴) گوٹے کناری کے تھان کی مقدار۔ (۵) چکلا۔ آوارہ عورتوں کی بدکاری کی مقرّرہ جگہ (۶) وہ تپائی جس پر بیٹھ کر کپڑا بنا جاتا ہے (۷) ٹھہرنے کی جگہ ؎

اڈمشن (اَڈْ۔ مِشَن) (انگ (ADMISSION)) مؤنّث۔ اجازت۔ پروانگی۔ داخلہ ؎

اڈمنسٹریشن (اَڈْ۔ مِنِس۔ ٹرے۔ شَن) (انگ۔ (ADMINISTRATION)) مذکّر۔ انتظام حکومت ؎

اُڈو اُڈو (اُڈْ۔ ڈو۔ اُڈْ۔ ڈو) (ہ) مؤنّث۔ آوارہ پھرنے والی عورت ؎

اُڈو اُڈو ہونا۔ (ہ) مذکّر۔ محاورہ۔ بدنام ہونا۔ رسوا ہونا۔ نکو ہونا۔ نگاہوں سے گر جانا۔ انگشت نما ہونا ؎

اَڈی (اَڈْ ی) (ہ) مؤنّث۔ جوتے کا پچھلا حصّہ ؎

اَڈیٹر۔ دیکھو "ایڈیٹر" ؎

اَڈیشن۔ دیکھو "ایڈیشن" ؎

اَڈیشنل۔ دیکھو "ایڈیشنل" ؎

ا - ذ

اذان (اَذان) (ع) مؤنّث (۱) لغوی معنی آگاہ کرنا۔ کان میں خبر پہنچانا (۲) اصطلاحاً بانگ نماز۔ نماز کے لئے بلانا ؎

اذان دینا / اذان کہنا (ہ) بانگ دینا۔ مگر اذان اُس آواز یا اُن کلمات کو کہتے ہیں۔ جو نماز کے بلاوے کے لئے مخصوص ہیں ؎

اُذبک (اُذْ۔ بک) (ت) مذکّر (۱) تاتاری ترکوں کے ایک قبیلہ کا نام (۲) اصطلاحاً احمق۔ بیوقوف (۳) زیادہ لمبا ؎

اِذعان (اِذْ۔ عان) (ع) مذکّر۔ یقین کرنا۔ اعتبار کرنا۔ بھروسہ کرنا ؎

اَذفر (اَذْ۔ فَر) (ع) خالص اور ہر وہ چیز جس کی بو تیز ہو۔ جیسے مُشک اذفر ؎

اَذکار (اَذْ کار) (ع) مذکّر۔ جمع ذِکر کی (۱) بیانات۔ قصّے۔ کہانیاں۔ (۲) وعظ (۳) وِرد۔ وظیفے ؎

اِذکار (اِذْ۔ کار) مذکّر (۱) حمد کرنا۔ تسبیح پڑھنا (۲) یاد دلانا۔ اطاعت کی ہدایت کرنا ؎

اذکیا (اَذْ۔ کِیا) (ع) مذکّر۔ ذکی کی جمع۔ ذہین اور ہوشیار لوگ ؎

اِذن (اِذْن) (ع) اجازت۔ حکم۔ آگیا۔ فرمان ؎

اِذنِ عام (ع) مذکّر (۱) عام اجازت۔ سب کو آنے جانے کی اجازت۔ کسی کو روک ٹوک نہ کرنا ؎

اَذہان (اَذْ۔ ہان) (ع) مذکّر۔ ذہن کی جمع۔ عقل۔ سمجھ۔ ادراک۔ لیاقت ؎

اَذِیَّت (اَ۔ذِی۔یَت) (ع) مؤنث۔ تکلیف۔ دُکھ۔ ایذا۔ نقصان ٭

ا - ر

اَر (اَ۔ر) (ا) مذکر (۱) ایک قسم کی بہت ہلکی لکڑی ہوتی ہے جس سے اکثر صندوق اور تلوار کے میان وغیرہ بنائے جاتے ہیں (۲) (ف) اگر ٭

ارارا کے بیٹھ جانا۔ ارارا کے گر پڑنا۔ دفعۃً گر پڑنا۔ کسی درخت یا چھت کا بیٹھ جانا۔ عمارت کا دفعۃً اس طرح گر جانا کہ اس سے بڑی آواز آئے ٭

اَرابہ (اَ۔را۔بَہ) (ف) مذکر۔ بیل گاڑی۔ چھکڑا۔ رہڑو۔ سامان لادنے کی گاڑی ٭

اِرادت (اِ۔را۔دَت) (ع) مؤنث۔ اعتقاد۔ یقین ٭

ارادت مند (ع۔ف) معتقد۔ اعتقاد رکھنے والا ٭

ارادت مندی (ع۔ف) مؤنث۔ اعتقاد ٭

اِرادہ (اِ۔را۔دَہ) (ع) مذکر۔ عزم۔ قصد۔ نیت۔ خواہش۔ منصوبہ۔ منشا ٭

ارادہ باندھنا۔ (ع) قصد کرنا۔ آہنگ کرنا۔ ٹھاننا ٭

اِرادی (اِ۔را۔دی) (ف) اختیاری ٭

ارادے (اِ۔را۔دے) (ا) ارادہ کی جمع ٭

اَراذِل (اَ۔را۔ذِل) (ع) مذکر۔ ارذل کی جمع۔ کمینے۔ کم ذات۔ ہیچ۔ اوچھے ٭

اراراٹ (اَ۔را۔راٹ) (ا) مذکر۔ آرمینیا میں ایک پہاڑ کا نام۔ کہتے ہیں کہ حضرت نوح کی کشتی اسی پہاڑ پر آ کر ٹھہری تھی ٭

اراروٹ (اَ۔را۔رُوٹ) (ہند) (انگ سایہ رُوٹ ARROW ROOT) مذکر۔ ایک قسم کی غذا جو ہندوستان میں ایک درخت کی جڑ سے حاصل ہوتی اور بچوں اور مریضوں کو پانی یا دودھ کے ساتھ دی جاتی ہے ٭

اَراضی (اَ۔را۔ضی) (ع) مؤنث۔ ارض کی جمع۔ زمین۔ دھرتی۔ زمین کاشت۔ کھیت ٭

اراضی افتادہ (ع۔ف) مؤنث۔ غیر آباد اور بیکاشت زمین ٭

اراضی بندوبستی (ع۔ف) مؤنث۔ وہ زمین جس کا بندوبست کیا گیا ہو ٭

اراضی جلکر (ع۔ہ) مؤنث۔ وہ زمین جس میں بارش کا پانی اس کی آبپاشی کے لئے جمع کیا جائے ٭

اراضی خالصہ (ع) مؤنث۔ خالص سرکاری زمین ٭

اراضی دریا برآمد (ع۔ف) مؤنث۔ دریا کے سبب نکلی ہوئی زمین ٭

اراضی دریا بُرد (ع۔ف) مؤنث۔ جو زمین دریا کی طغیانی سے ڈوب گئی ہو ٭

اراضی سکنی (ع۔ف) مؤنث۔ وہ زمین جس پر مکانات بنائے جاتے ہیں ٭

اراضی شاملات یا شاملاتی (ع۔ف) مؤنث۔ مشترکہ زمین جو تقسیم نہ ہوئی ہو ٭

اراضی شور (ع۔ف) مؤنث۔ ناقابل کاشت یا کلر زمین ٭

اراضی لاخراج (ع) مؤنث۔ وہ زمین جس کا لگان معاف ہو ٭

اراضی معافی (ع) مؤنث۔ وہ زمین جس کی مالگزاری معاف ہو ٭

اراضی منضبطہ (ع) مؤنث۔ وہ زمین جو ضبط ہو گئی ہو ٭

اراضی نوتردد (ع) مؤنث۔ نئی کاشت کی ہوئی زمین ٭

اراضی وقف (ع) مؤنث۔ وہ زمین جو کسی کی ملکیت نہ ہو۔ اور مسجد۔ مندر وغیرہ کے لئے چھوڑی گئی ہو ٭

اراضیات (اَ۔را۔ضِیات) (ع) مؤنث۔ علم طبقات۔ کرۂ ارض۔ علم ترکیب زمین۔ وہ علم جو زمین اور اس کی ہیئت مجموعی کے متعلق ہے ٭

اراکین (اَ۔را۔کِین) (ع) مذکر۔ رکن کی جمع۔ (۱) کھمبے۔ ستون (۲) بادشاہت یا ریاست کے کام کرنے والے منتظم۔ بندوبست کرنے والے۔ امرا۔ وزرا ٭

اَرَب (اَ۔رَب) (ہ) مذکر۔ سو کروڑ ٭

ارب کھرب (ہ) مجازاً۔ بے اندازہ۔ بے شمار۔ سو ارب کا ایک کھرب ہوتا ہے ٭

اَرباب (اَر۔باب) (ع) مذکر (۱) رب کی جمع۔ صاحب۔ مالک۔ والی (۲) دوست (۳) پالنے والے ٭

ارباب سخن (ف) مذکر۔ شاعر۔ ناظم ٭

ارباب عدالت (ع) مذکر۔ عدالت کے عہدہ دار ٭

ارباب عشرت (ف) مذکر۔ محفل عشرت کے شریک ٭

ناچ رنگ دیکھنے والے۔ ہم صحبت۔ جلیس ٭

ارباب نشاط (ف) مذکر۔ ناچنے گانے والے ٭

آربسی (اَر۔بَسی) (ہ) مؤنث (۱) راجہ اندر کے دربار کی ایک پری (۲) بھُوت پریت۔ سایہ (۳) چمک دمک۔ روشنی (۴) چھاتی پر پہننے کا ایک زیور ٭

اَربع (اَر۔بَع) (ع) چار ٭

اربع جیبوں کا تیوں۔ کنبہ بیٹھا کیوں (۱) مثل اپنی بیوقوفی سے اپنا گھر برباد کرنا اور پھر قائل نہ ہونا ٭

اَربعہ عناصر (ع) مذکر۔ چار عنصر۔ آتش۔ باد۔ آب۔ خاک۔ یعنی آگ۔ ہوا۔ پانی۔ مٹی۔ کل اجسام کی انہی سے ترکیب ہوئی ہے ٭

اَربعہ متناسبہ (ع) مذکر۔ حساب کا ایک قاعدہ ہے جس میں تین عدد معلوم کے ذریعے سے چوتھا نامعلوم عدد دریافت کیا جاتا ہے ٭

اَربعین (اَر۔بَعِین) (ع) (۱) چالیس (۲) چالیس دن (۳) چلّہ (۴) چالیس حدیثوں کے مجموعے جو مختلف لوگوں نے یک جا جمع کئے ہیں ٭

اِرتباط (اِر۔تِبَاط) (ع) مذکر۔ (۱) ربط۔ تعلق۔ واسطہ۔ میل جول۔ دوستی۔ (۲) محبت ٭

اِرتحال (اِر۔تِحَال) (ع) مذکر۔ رحلت کرنا۔ مرجانا ٭

اِرتداد (اِر۔تِدَاد) (ع) مذکر۔ پھر جانا۔ مرتد ہونا اسلام چھوڑنا ٭

اِرتعاش (اِر۔تِعَاش) (ع) مذکر۔ کانپنا۔ رعشہ ٭

اِرتسام (اِر۔تِسَام) (ع) مذکر۔ نقش کرنا ٭

اِرتفاع (اِر۔تِفَاع) (ع) مذکر۔ اونچان۔ بلندی۔ اُبھار ٭

اِرتقا (اِر۔تِقَا) (ع) مذکر۔ (۱) اصول ترقی۔ مادہ و موجودات۔ بتدریج ترقی کرنا۔ نشوو۔ اِنکشاف (۲) فوج یا جنگی جہازوں کی باقاعدہ حرکت ٭

اِرتکاب (اِر۔تِکَاب) (ع) مذکر۔ اختیار کرنا۔ عمل کرنا۔ گناہ یا جُرم کرنا ٭

اِرتکاب جرم (ع) مذکر۔ جُرم کرنا ٭

اَرتھ (اَرتھ) (ہ) مذکر۔ (۱) معنی۔ بیان۔ ترجمہ (۲) نیت۔ ارادہ۔ مطلب ٭

ارتھمیٹک (اَرتھ۔مے۔ٹک) انگریزی (ARITH-METIC) مذکر (۱) علم حساب کی کتاب (۲) علم حساب ٭

اَرتھی (اَر۔تھی) (ہ) مؤنث۔ (۱) ہندوؤں کا جنازہ (۲) مردہ اٹھانے کے لئے بانس کی ایک سیڑھی سی ٭

ارتھی نکلے (ہ) محاورہ۔ جنازہ نکلے۔ لاش نکلے۔ مرجائے۔ (کوسنا ہے) ٭

اِرث (اِرث) (ع) مؤنث۔ میراث۔ ترکہ۔ وہ مال جو کسی کے مرنے کے بعد اس کے وارث کو ملے ٭

ارج (اَرَج) (ف) مؤنث۔ قدر۔ قیمت۔ جوہر۔ لیاقت شان و شوکت۔ مرتبہ۔ عزت ٭

اَرجمند (اَرج۔مَند) (ف) مذکر۔ قدر و قیمت والا ذی مرتبہ۔ بلند رتبہ۔ عزت والا ٭

ارجاع (اِر۔جَاع) مذکر۔ دائر کرنا۔ رجوع کرنا ٭

اِرجاع نالش (ع۔ف) مذکر۔ نالش دائر کرنا ٭

ارجل۔ (اَر۔جَل) (ع) مذکر۔ وہ گھوڑا جس کا ایک پاؤں سفید اور تین اور رنگ کے ہوں۔ یہ منحوس سمجھا جاتا ہے ٭

اَرجن (اَر۔جُن) (ہ) تیرانداز۔ ایک پہلوان کا نام جو پانچ پانڈوؤں میں سے ایک تھا۔ کرشن جی کا پھپھیرا بھائی اور بہنوئی ٭

اَرجنٹ (اَر۔جنٹ) انگریزی (URGENT) ضروری۔ فوری ٭

اَرحام (اَر۔حَام) (ع) مذکر۔ رحم کی جمع۔ (۱) بچہ دان۔ کوکھ (۲) مادری رشتہ دار (۳) وہ بھائی بہن جن کی ماں ایک اور باپ مختلف ہوں ٭

اَرحم (اَر۔حَم) (ع) مذکر۔ زیادہ رحم کرنے والا۔ بہت مہربانی کرنے والا۔ رحیم۔ رحمان ٭

اَرحم الرّاحمین (ع) مذکر۔ رحیموں میں سب سے زیادہ رحم کرنے والا۔ خدا ٭

اُرد۔ اُڑد (اُرد۔ اُڑد) (ہ) مذکر۔ ماش۔ مشہور غلے کا نام ٭

اُرد (اُڑد) پر سفیدی (ہ) محاورہ۔ مقدار قلیل سے کنایہ ہے۔ مجھے تو مجھ سے اتنی محبت نہیں جتنی اُرد پر سفیدی ٭

اُرد (اُڑد) کے آٹے کی طرح اینٹھنا۔ خواہ مخواہ اکڑنا ٭

اُردا بیگنی (اُر۔دا۔بیگ۔نی) (۱) مؤنث۔ مردانہ لباس پہن کر ہتھیار لگا کر شاہی محلات میں پہرہ دینے اور خبر پہنچانے والی سپاہی عورت۔ قلماقن ٭

اُرْداس (اَر - دَاس) (ہ) مؤنث (۱) آس - اُمید - توقع - آسرا - (۲) عرض معروض - عرضداشت - التماس - التجا - (۳) بھینٹ - نذر نیاز ۔

اُرْدَاوَا (اَر - دَا - وَا) (ہ) مذکر - مویشی کو دینے کیلئے گیہوں وغیرہ کا موٹا آٹا ۔

اَرْدَب (اَر - دَب) (ف) مذکر (۱) درمیان میں آنے والا - چوٹ بچانے والا - روکنے والا (۲) شطرنج کی اصطلاح میں بادشاہ کو شکست سے بچانے کے واسطے درمیان میں آنے والا مہرہ ۔

اُردبہشت (اُرْدْ - بِہِشْت) (ف) مذکر - (اُرد معنی مانند یعنی بہشت کی مانند) ایرانیوں کا دوسرا مہینہ جو اپریل کے مطابق ہوتا ہے ۔

اَرْدَبِیل (اَرْدَ - بِیْل) (ف) مذکر - آذر بائیجان کا ایک شہر ۔

اِرْدگِرْد (اِرْدْ - گِرْدْ) (ہ) چاروں طرف - آس پاس - اِدھر اُدھر - چوگرد ۔

اَرْدَلی (اَرْ - دَ - لی) (مستعمل انگ - آرڈلی ORDERLY) مذکر (۱) پیادہ - ساتھ رہنے والا سپاہی - اطلاع لانے اور لے جانے والا ۔

اَرْدَلی بازار - (ہ) بادشاہ اور حکام کے دورے میں ساتھ رہنے والا بازار - رسد دینے والا ۔

اَرْدَلی سارجنٹ (ا) مذکر - حوالدار - جمعدار - داروغہ ۔

اُرْدو (اُرْ - دُوْ) (ت) مذکر (۱) فوج کیمپ (۲) مؤنث لشکر کی بولی (۳) وہ زبان جو عربی - فارسی - ترکی - سنسکرت بھاشا اور انگریزی وغیرہ سے مل کر بنی ہے شاہجہان بادشاہ دہلی کے لشکر میں ہر ملک کا آدمی موجود تھا - اُن کی گفتگو اور خرید و فروخت میں ہر زبان کے الفاظ خلط ملط ہونے سے جو نئی زبان پیدا ہوئی - اُس نے اُردو نام پایا - اور مرغوب عام ہو کر ایک مستقل زبان ہو گئی - یہ کسی فرقہ یا قوم کی خاص زبان نہیں - تمام فرقے اور سب قومیں اس میں برابر کی شریک ہیں ۔

اُردو بازار - (ہ) مذکر - چھاؤنی کا بازار - صدر بازار - کیمپ کا بازار - لشکر کا بازار ۔

اُردوئے معلّٰے (ف) مؤنث (۱) فصیح اور مستند اُردو (۲) حضرت غالب مرحوم کے مجموعۂ خطوط کا نام ۔

اُردی (ف) مذکر - دیکھو "اُرد بہشت" ۔

اُرْدی بہشت (ف) مذکر (۱) وہ تہوار جو ہر مہینے کے تیسرے دن منایا جاتا تھا (۲) فرشتہ جو پہاڑوں پر مقرر ہے (۳) آگ ۔

اُردی بہشت (ف) مذکر - مرکب ہے لفظ اُرد (مانند) اور بہشت سے یعنی بہشت کی مانند - ایرانیوں کا دوسرا مہینہ جو ہندی جیٹھ کے مطابق ہوتا ہے ۔

اَرْذَل (اَرْ - ذَل) (ع) رذیل تر - نہایت کمینہ - بُرے کاموں کا کرنے والا ۔

اَرْڑانا (اَر - ڑَا - نا) (ہ) چیخنا ۔

اَرْز (اَرْزْ) (ف) مذکر - قیمت - مقدار - (۲) عزت - قدر - مرتبہ - بزرگی ۔

اَرْزاق (اَرْ - زَاق) (ع) مذکر - رزق کی جمع - مال و دولت ۔

اَرْزاں (اَرْ - زَاں) (ف) گراں کی ضد - سستا - کم قیمت ۔

اَرزاں بعلت گراں بہ حکمت - (ف) مقولہ - کم قیمت چیز میں کوئی نہ کوئی عیب اور بیش قیمت چیز میں کوئی نہ کوئی وصف ضرور ہوتا ہے ۔

اَرْزانی - (ف) مؤنث - (۱) سستاپن (۲) کثرت بہتات - زیادتی - (۳) کم قدری - بے توقیری ۔

اَرزق - غلط ہے - دیکھو ازرق ۔

اَرْزَن (اَرْ - زَن) (ف) مذکر - ایک غلّے کا نام - چینا ۔

اَرْژَنگ (اَر - ژَنگ) (ف) مذکر - (۱) چین کے مشہور و بے مثال مصور مانی کا نگار خانہ - جس میں مانی کی دستی تصاویر اور نقشے سجے ہوئے تھے - (۲) بعض کا خیال ہے کہ ارژنگ چین کے ایک مصور کا نام ہے - جو مانی کا ہمعصر تھا - (۳) ایک دیوتا کا نام جسے رستم نے ماژندران میں قتل کیا تھا - (۴) توران کے ایک پہلوان کا نام جو طوس کے ہاتھ سے مارا گیا - (۵) تصویر اور نقشوں سے سجا ہوا مکان - (۶) تصویروں کی کتاب ۔

اِرْسال (اِرْ - سَال) (ع) مذکر - (۱) بھیجنا - روانہ کرنا (۲) مال گزاری کا روپیہ جو سرکاری خزانے میں داخل کیا جاتا ہے ۔

ارسطاطالیس - ارسطو (اَرَس - طَا - طَا - لِیْس - اَرَس - طُوْ) (یونانی) مذکر - (۱) کامل (۲) فاضل

(۳) مجازاً۔ مناظرہ کرنے والا (۴) سکندر بادشاہ کے استاد اور وزیر اعظم کا نام جو حکمائے یونان کے طبقہ میں بہت بڑا حکیم ہوا ہے۔ افلاطون کا شاگرد تھا۔ گرتا ہیئت اور علم میں افلاطون سے بڑھ کر تھا۔ طب کے مدرسے کی بنیاد ڈالی۔ اور بہت سی کتابیں تصنیف کیں علم نحو۔ ادب۔ معانی۔ بیان۔ نظم و نثر مختلف علما سے۔ اور اخلاق۔ سیاست۔ طبعیت۔ الٰہیات کی تعلیم افلاطون سے حاصل کی۔ ۳۸۴ قبل مسیح میں ۶۱ سال کی عمر میں مرگیا۔ مرنے کی روایات مختلف ہیں ٭

اَرِسطوبُولُس (یو) مذکر۔ سکندریہ کا ایک یہودی جو یہودی فلسفے کا بانی سمجھا جاتا ہے ٭

اَرسلان (اَر۔سَلاں) (ت) مذکر۔ شیر ٭

اِرشاد (اِر۔شاد) (ع) مذکر (۱) نیک ہدایت (۲) مجازاً حکم ٭

اِرشاد بجالانا (د) حکم کی تعمیل کرنا ٭

اِرشاد فرمانا۔ یا۔ ارشاد کرنا (د) حکم دینا۔ کہنا ٭

اَرشد (اَر۔شَد) (ع) مذکر (۱) بہت ہدایت یافتہ۔ (۲) مرزا عبدالغنی گو بیگ کا مرحوم کا تخلص ٭

اَرشمیدس (ار۔شی۔ڈس) (یونانی) مذکر۔ ایک بڑے ریاضی دان حکیم کا نام ہے۔ جس کے مقابلے کا آج تک کوئی ریاضی دان نہیں ہوا۔ علم جرِ ثقیل کا ماہر تھا۔ اس کا دعوٰے تھا کہ اگر مجھے زمین کے سوا کوئی جگہ مل جائے تو میں اپنی کلوں کے ذریعے سے زمین کو کھینچ لوں۔ اس نے اجرام فلکیہ کی حرکات معلوم کرنے کا ایک آلہ تیار کیا تھا۔ اس کے علاوہ آتشی شیشہ ایسا ایجاد کیا کہ گھر بیٹھے کوسوں دُور رکھی ہوئی چیز کو پھونک دے۔ ۲۱۲ قبل مسیح میں ایک ہیئت کا مسئلہ حل کرتے ہوئے رومیوں کی لڑائی میں ایک جاہل سپاہی کے ہاتھ سے قتل ہوا ٭

اَرض (اَرْض) (ع) مؤنث۔ زمین۔ ملک۔ علاقہ۔ اراضی۔ کھیت ٭

ارضِ مقدس (ع) مؤنث۔ فلسطین ٭

ارض و سما (ع) مذکر۔ زمین اور آسمان ٭

اَرضی (ع) زمین کا۔ زمین کے متعلق ٭

اَرضیات (ع) مذکر۔ زمین کے طبقوں کا علم ٭

اَرغن۔ اَرغنون (اَر۔غَن۔ اَر۔غنُون) (ف) مذکر۔ آرگن۔ ارغن۔ افلاطون کے ایجاد کئے ہوئے باجے کا نام۔ جو کوک دینے سے بجتا ہے ٭

اَرغوان (اَر۔غوَان) (ف) مذکر۔ سُرخ رنگ کا خوشنما پھول جو مزے میں کچھ میٹھا ہوتا ہے ٭

اَرغوانی (ف) بہت سُرخ۔ اس میں یائے نسبتی ہے۔ منسوب بہ ارغوان ٭

اَرفع (اَر۔فَع) (ع) مذکر۔ نہایت اونچا ٭

اَرقام (اَر۔قَام) (ع) مذکر و مؤنث۔ رقم کی جمع۔ بہت سی رقوم ٭

اِرقام (اِر۔قَام) (ع) مذکر۔ لکھنا۔ تحریر کرنا ٭

اَرکان (اَر۔کَان) (ع) مذکر (۱) رکن کی جمع۔ ستون تھم (۲) مجازاً امیر وزیر جن پر مدارِ سلطنت ہو۔ یا وہ امور جن پر خاص خاص دنیوی یا دینی مسائل کا مدار ہو۔ جیسے ارکانِ نماز۔ ارکانِ حج۔ ارکانِ دولت وغیرہ ٭

ارکانِ دولت۔ ارکانِ سلطنت (ع) مذکر۔ وزرا۔ امرا۔ منتظمین سلطنت ٭

ارگجا (اَر۔گجا) (ہ) مذکر۔ ایک مشہور مرکب عطر کا نام ٭

ارگن (اَر۔گن) (انگریزی) ORGAN مذکر۔ آواز دینے والا۔ ایک خاص قسم کا باجہ۔ دیکھو ارغنون ٭

ارل (اَر۔ل) (انگ) EARL مذکر۔ نواب۔ انگلستان میں تیسرے درجے کے امرا کا خطاب ٭

اِرم (اِ۔رَم) (ع) مذکر (۱) بہشت کے نمونے کا وہ مشہور باغ جو اپنے وقت میں یمن کے بادشاہ شداد نے بنوایا تھا (۲) مجازاً بہشت۔ جنّت ٭

اَرمان (اَر۔مَان) (ف) مذکر (۱) تمنا۔ خواہش۔ آرزو۔ (۲) حسرت۔ افسوس۔ تاسّف۔ دریغ ٭

ارمان بھری گھونگا (و) مثل۔ دل میں بہت سے ارمان رکھنے والی عورت کے متعلق کہتے ہیں ٭

ارمان جی کے جی میں رہنا۔ (ل) خواہش پوری نہ ہونا۔ حسرت رہ جانا۔ جی کی جی میں رہنا ٭

ارمان نکالنا (و) خواہش پوری کرنا۔ حوصلہ نکالنا ٭

اَرمغان (اَر۔مُغان) (ع) مذکر۔ تحفہ۔ ہدیہ۔ سوغات ٭

اَرمن ۔ اِرمنستان (اَرمن ۔ اَرمِ ۔ نِس ۔ تان) کوہ قاف کی آبادی جس میں ارمنی قوم آباد ہے ۔

ارمنی ۔ ارمنیہ (ف) ارمن کا باشندہ ۔ ارمن کا رہنے والا ۔

ارنا (اَر ۔ نا) (۱) جنگلی (۲) مذکّر جنگلی بھینسا (۳) موٹا کالا آدمی ۔

ارنا اُپلا (ہ) جنگلی اُپلا ۔

ارنا بھینسا (۱) مذکّر (۱) جنگلی بھینسا ۔ جو بہت موٹا اور تنومند ہوتا ہے (۲) مجازاً موٹا ۔ طاقت ور ۔ جوان ۔

اِرنڈ (اَ ۔ رنڈ) مذکّر ۔ بید انجیر ۔ جس کے پتّے چوڑے اور جڑ نہایت کمزور ہوتی ہے ۔ اور اس کے بیجوں کا تیل نکالتے ہیں ۔

اَرنڈ خربوزہ (ہ) مذکّر ۔ پپیتا ۔ کیسا ہی سخت گوشت کیوں نہ ہو ۔ پکتے میں یہ تھوڑا سا ڈال دیا جائے تو ملوا ہو جاتا ہے ۔ اس کے درخت کے پتّے ارنڈ کے درخت کے پتّوں کے ہم شکل ہوتے ہیں ۔ اس لئے یہ نام ہو گیا ۔ کھانے میں آتا ہے ۔

ارنڈی کا تیل ۔ مذکّر ۔ یہ تیل انگریزی معالجہ میں مسہل وغیرہ کے لئے مریض کو دیتے ہیں ۔

ارنڈی کی جڑ ۔ (ہ) مؤنّث (۱) بید انجیر کی جڑ (۲) مجازاً نہایت کمزور اور بودی چیز ۔

اَرنڈی (ارنڈ) کی جڑ چاکری ۔ (ہ) مثل ۔ (۱) ملازمت بہت بری چیز ہے (۲) ملازمت کا کیا اعتبار ہے ؟ آج ہے ۔ کل نہیں ۔

اَرنی (اُور نی) (ہ) مؤنّث (۱) جنگلی بھینس ۔ (۲) باسری بنانے کا سرکنڈا ۔

ارِنی (اَرِ نی) (ع) "دکھا مجھے" روایت ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السّلام نے خدا سے درخواست کی تھی ۔ "رَبِّ اَرِنی" الٰہی ! مجھے اپنا جلوہ دکھا" جواب ملا "لَنْ تَرَانِی" تو مجھے دیکھ نہ سکے گا ۔" شعرا نے عموماً شوقِ دیدار کے مضمون میں بطور تمثیل و تائید اس لفظ کو استعمال کیا ہے ۔

اَرِنی کہنا (ف) دیدار کا طالب ہونا ۔

اَرِنی گو ۔ اَرِنی گوئے طور (ع ۔ ف) مذکّر ۔ حضرت موسیٰ ۔

اَرواح (اَرْ وَاح) (ع) مؤنّث (۱) روح کی جمع ۔ آتما ۔ جان جیو (۳) نیت ۔ اندرونی خواہش ۔

اَرواح اِدھر ہی رہے (ف) عورتوں کا محاورہ ہے ۔ مردے کا ذکر کرتے ہوئے کہا جاتا ہے کہ اس کی رُوح نہ ستائے ۔

اَرواح بھٹکنا (ف) (۱) رُوح کا پریشان پھرنا ۔ (۲) کسی حسرت میں مرجانا (۳) طبیعت سیر نہ ہونا ۔ خواہش باقی رہنا ۔

اَرواح بھر جانا (ف) طبیعت کا سیر ہو جانا ۔ خواہش کا پورا ہو جانا ۔

اَرواح لگی رہنا (ف) نیت لگی رہنا ۔

اَرُوپ (اَرُوپ) (س) (۱) بدشکل ۔ بھدّا ۔ (۲) مؤنّث ۔ بھدّاپن ۔ بدنمائی ۔

اَروپا (اَرُو ۔ پا) (ا) مذکّر ۔ یورپ ۔

اَروڑا (اَرُو ۔ ڑا) (ہ) مذکّر ۔ ہندوؤں کی ایک ذات ۔

اَروگی (اَرُو ۔ گی) (ہ) مذکّر ۔ جسے کوئی بیماری نہ ہو ۔

اَرولی (اَر ۔ وَلی) (ہ) ایک قسم کا کاغذ جو کسی قدر سفید اور موٹا ہوتا ہے ۔

اَروی (اَر ۔ وی) (ہ) ایک عام لیس دار ترکاری کا نام ۔ جو آلو کی طرح جڑ کی قسم سے ہوتی ہے ۔ (پنجابی ۔ اَرْبی) ۔

اَرہ (اَرْ ۔ رَہ) (ف) مذکّر ۔ لکڑی ۔ وغیرہ چیرنے کا اوزار ۔ آرا ۔

اَرہر (اَر ۔ ہر) (ہ) مؤنّث ۔ مشہور غلّے کا نام جو دال کی طرح پکا کر کھاتے ہیں ۔

اَرہر کی ٹٹیا اور گجراتی تالا (ہ) مثل ۔ ناموزوں کام ۔

اَری (اَری) (ہ) مؤنّث ۔ کم رتبہ عورت کو حقارتاً بلانے کا حرف ندا ۔

اَرے (اَرے) (ہ) مذکّر ۔ (۱) کم رتبہ مرد کو حقارتاً بلانے کا حرف ندا ۔ (۲) بعض اوقات بے تکلفی میں برابر والوں سے بھی ارے ۔ او ۔ ابے ہو جاتا ہے (۳) اچانک کوئی غلطی سرزد ہونے ۔ کام بگڑ جانے یا اچانک بدتمیزی سننے پر بطور کلمہ تعجب بھی بولا جاتا ہے ۔

اَرے ترے کرنا ۔ (ف) ابے تبے کرنا ۔ بے ادبی

اور گستاخی سے پیش آنا ٭

اُریب (اُ-ریب) (ف) آڑا۔ ترچھا ٭

اُریب کی باتیں (ا۔) مار پیچ کے فقرے۔ دغا فریب کی باتیں ٭

اُریب کی چال (ا۔) مؤنث۔ دغا فریب کے کام دھوکے کی باتیں ٭

اُرہیوان (ہ) (ھو) (۱) ترچھا۔ آڑا۔ (۲) ٹیڑھا ٭

ا - ڑ

اَڑ (اَڑ) (ہ) مؤنث۔ (۱) ضد۔ ہٹ (۲) ٹیڑا۔ مقابلہ ٭

اَڑ اڑا کے گرنا (ہ) دھماکے سے گرنا۔ مکان کا بلند آواز سے گرنا ٭

اَڑ بیٹھنا (ہ) ضد کرنا۔ اصرار کرنا ٭

اُڑان (اُڑان) (ہ) مؤنث۔ پرواز۔ اڑنا ٭

اُڑان جھلا (ہ) مذکر۔ لڑکوں کا ایک کھیل۔ جھلا میری ٭

اُڑان گھائی بتانا (ہ) انٹی مارنا۔ دغا دینا۔ فریب دینا۔ دھوکا دینا۔ یہ اصطلاح جواریوں سے لی گئی ہے۔ کیونکہ وہ انگلیوں کی گھائی میں اکثر کوڑی اڑا کر دھوکا دیتے ہیں ٭

اَڑانا (اَڑانا) (۱) مذکر (۱) ٹیکن۔ اڑواڑ۔ تھم۔ ستون۔ وہ مضبوط لکڑی جو مخدوش دیوار یا چھت کے سنبھالنے کے لئے لگائی جائے۔ (۲) اٹکانا۔ پھنسانا۔ جیسے فلاں شخص کو وہاں اڑا دیا۔ (۳) ٹھہرانا۔ شامل کرنا۔ ملانا۔ جیسے اسے یہاں اڑا دو ٭

اُڑانا (اُڑانا) (ہ) (۱) پرند یا کسی دوسری چیز کا فضا میں پہنچانا۔ (۲) بڑھائے جانا۔ جیسے تم اڑائے جاؤ۔ (۳) کاٹنا۔ قلم کرنا۔ جیسے اس کا سر اڑا دو۔ (۴) نقل کرنا۔ طرز سیکھ جانا۔ جیسے تم نے یہ ہنر فلاں شخص سے اڑایا ہے۔ (۵) غائب کرنا۔ چوری ہو جانا۔ جیسے وہ چیز تم اڑا گئی۔ (۶) ٹالنا۔ جیسے وہ باتوں میں اڑا گئے ہیں۔ (۷) صرف بے جا کرنا۔ جیسے وہ روپیہ اڑا رہا ہے۔ (۸) فقرے بنانا جیسے وہ تو کپتیں ہی اڑا رہے ہیں۔ (۹) بھگالے جانا۔ جیسے وہ اُسے لے اڑا۔ (۱۰) رونق دینا۔ چمکانا۔ جیسے تم تو اُسے لے اُڑے۔ (۱۱) ہٹانا۔ نکالنا۔ جیسے بس اسے یہاں سے اڑاؤ۔ (۱۲) تیز لے جانا۔ جیسے وہ تو گھوڑا اڑاتے ہوئے چلے گئے۔ (۱۳) حد سے بڑھنا۔ ناجائز تعریف کرنا۔ جیسے وہ تو ہمیں ناحق اڑا رہے ہیں۔ (۱۴) جھنڈا یا نشان قائم کرنا۔ جیسے واشنگٹن نے امریکہ پر اپنا جھنڈا اڑایا تھا۔ (۱۵) تناول کرنا۔ کھانا۔ جیسے بس اسے اڑا جاؤ۔ (۱۶) نوکری سے چھڑانا۔ موقوف کرنا۔ جیسے اسے اب اڑا ہی دو۔ (۱۷) لوٹنا۔ اٹھانا۔ جیسے انہوں نے سب کچھ اڑا لیا۔ (۱۸) چھیلنا۔ محو کرنا۔ جیسے اس لفظ کو اڑا دو۔ (۱۹) تان لگانا۔ جیسے اب بھیرویں اڑاؤ۔ (۲۰) برباد کرنا۔ جیسے اس نے تو اسے جڑ سے اڑا دیا۔ (۲۱) تاڑ جانا۔ سمجھ جانا۔ جیسے ہم نے تو دیکھتے یا سنتے ہی اڑا لیا تھا۔ (۲۲) ہنسی۔ مذاق میں ٹالنا۔ جیسے ہم تو ایسے لوگوں کو یونہی اڑا دیا کرتے ہیں۔ (۲۳) نشانہ ٹھیک لگانا۔ جیسے اس نے فلاں چیز نشست باندھ کر دن سے اڑا دی۔ (۲۴) بات کاٹنا۔ جیسے تم کیوں اڑا رہے ہو (۲۵) شہرت دینا۔ جیسے یہ خبر اڑ رہی ہے۔ (۲۶) خلاف قیاس باتیں یا جھوٹی خبریں گھڑنا جیسے یہ بے پر کی اڑ رہی ہے (۲۷) پرزے پرزے کرنا۔ پھاڑنا۔ جیسے اس کی دھجیاں اڑ گئیں (۲۸) سناٹے اور ویرانی کا اظہار۔ جیسے وہاں تو خاک اڑ رہی ہے۔ (۲۹) لطف لینا۔ جیسے مزے اڑاؤ (۳۰) اترانا۔ غرور کرنا۔ جیسے وہ تو آسمان پر اڑے پھرتے ہیں (۳۱) ناپید ہونا۔ معدوم ہونا۔ جیسے اب تو دنیا سے رسم وفا اڑ گئی۔ (۳۲) بے قابو ہونا۔ جیسے وہاں تو بڑوں بڑوں کے ہوش یا رنگ اڑ جاتے ہیں (۳۳) پریشان ہونا۔ جیسے دوا کی بو سے دماغ اڑ گیا (۳۴) حاصل ہونا جیسے اب تو خوب جلسے اڑ رہے ہیں ٭

اُڑاؤ۔ اُڑاؤ کھاؤ (اُڑاؤ۔ اُڑاؤ۔ کھاؤ) (ہ) فضول خرچ شخص گھر لٹا دینے والا۔ چٹورا بدچلن ٭

اُڑ بڑ (اُڑ۔ بڑ) (ہ) ناہموار۔ اونچا نیچا ٭

اَڑ بنگا (اڑ۔ بنگ۔ گا) (ہ) مذکر۔ لغوی معنی آڑا اور بانکا (۱) ٹیڑھا ترچھا (۲) روک۔ آڑ (۳) جھمیلا۔ بکھیڑا

رخنہ (۴) پورب والے ضدی آدمی کو بھی کہتے ہیں ۔

اُڑ بھاگنا (ہ) تیزی سے بھاگنا۔ ہاتھ سے نکل جانا۔ بے قابو ہو جانا ۔

اُڑ بھنبھیری ساون آیا (ہ) مثل۔ کسی تو دولت کو جب اتفاقاً دولت مل جائے اور وہ پھولے اُڑائے تو طنزاً کہتے ہیں کہ بھنبھیری جیسی بے حقیقت شے کے اُڑنے کے یہی دن ہیں۔ خوب مزے کرو ۔

اُڑتا کپتا (ہ) مذکر۔ اُڑتے جانور کا نشانہ کرنا ۔

اڑتالیس (اَڑ۔تا۔لیسْ) (ہ) آٹھ اور چالیس۔ چہل و ہشت۔ ۴۸ ۔

اڑتلا (اَڑ۔تَلا) (ہ) مذکر (۱) آڑ۔ بھروسہ۔ آسرا۔ پناہ۔ حمایت۔ (۲) بہانہ۔ عذر ۔

اُڑتی تول (ہ) کم تولنا ۔

اُڑتی چڑیا کو پہچانتا یا اُڑتی چڑیا کے پر کترنا (ہ) ذہین ہونا۔ سمجھ دار ہونا۔ چالاک ہونا۔ ہر شخص یا ہر معاملے کا اندازہ کر لینا ۔

اڑتیس (اَڑ۔تیسْ) (ہ) آٹھ اور تیس۔ سی و ہشت۔ ۳۸ ۔

اُڑتی سی خبر یا۔ اُڑتی ہوئی خبر (ل) مؤنث۔ افواہ۔ سنی سنائی بات۔ بے تحقیق خبر جو کسی غیر معتبر سے سنی جائے ۔

اُڑ جانا (ہ) (۱) غائب ہو جانا۔ (۲) صرف ہو جانا۔ (۳) جلدی سے روانہ ہو جانا ۔

اُڑ جائے۔ (ہ) بد دعا۔ دفع و نشان ہو جائے مٹ جائے ۔

اُڑ چلنا (ہ) (۱) اترانا۔ مغرور ہونا (۲) اپنی حیثیت سے بڑھ کر چلنا (۳) بدچلنی اور چالاکی اختیار کرنا ۔

اُڑ فاختہ (ل) سادہ۔ بے وقوف ۔

اڑڑا دھم یا اڑڑا دھڑم یا اڑڑا دھوں (ہ) آدمی یا کسی وزن دار چیز کے گرنے کی آواز ۔

اڑسٹھ (ہ) آٹھ اور ساٹھ۔ ۶۸ ۔

اُڑس (اُڑَسْ) (ہ) مذکر (۱) کھٹمل۔ (۲) اُڑسنا کا امر ۔

اُڑس لینا (ہ) اٹکا لینا۔ کھونس لینا ۔

اُڑسنا (ہ) (۱) گھسیڑنا۔ داخل کرنا۔ (۲) چھیدنا۔ (۳) کھبونا۔ چبھونا۔ (۴) تہ کرنا۔ (۵) بھر دینا (۶) ڈاٹ لگا دینا۔ منھ بند کر دینا ۔

اُڑ کر کہاں جاؤ گے (ل) محاورہ (۱) مجھ سے کہاں جا کر چھپو گے (۲) تمہاری عیاری نہ چل سکے گی ۔

اَڑ کھڑا ہونا۔ (ہ) سدّ راہ ہونا۔ راستہ روک کر کھڑا ہونا ۔

اَڑ کے بیٹھنا (ہ) جم کر بیٹھنا۔ دھرنا دینا۔ اس قصد سے بیٹھنا کہ جب تک کام پورا نہ ہو نہ اٹھیں گے ۔

اُڑ کے لگنا۔ (ہ) ایک کی بیماری دوسرے کو ہو جانا ۔

اُڑ کے ملنا (ل) (۱) آپ ہی پہنچ جانا (۲) وسیلے کے بغیر پہنچ جانا (۳) بڑے اشتیاق سے ملنا ۔

اُڑ کے منہ میں کھیل نہیں گئی (ہ) محاورہ کچھ نہیں کھایا۔ بالکل خالی پیٹ ہیں۔ کچھ چکھا تک نہیں ۔

اَڑ گڑا (اَڑ۔گَڑا) (ہ) مذکر (۱) وہ جگہ جہاں گھوڑے پھیرے جاتے ہیں۔ (۲) جوت کی وہ لکڑی جس میں نئے گھوڑے جوڑ کر سدھائے جاتے ہیں (۳) کرائے کی گاڑیوں کے کھڑا ہونے کا اڈّا ۔

اُڑ گیا (ہ) کلمۂ تنفّر۔ خانہ خراب۔ غارت شدہ ۔

اڑم (اَڑَم) (ہ) مذکر۔ انبار۔ ڈھیر ۔

اَڑنا۔ (ہ) جمنا۔ قائم ہونا۔ (۲) رکنا۔ پھنسنا۔ (۳) حائل ہونا۔ سدّ راہ ہونا۔ (۴) ضد کرنا۔ مچلنا۔ (۵) گڑنا۔ چبھنا ۔

اُڑنا۔ (ہ) (۱) پرواز کرنا۔ بلند ہونا (۲) ترشنا۔ کٹ کر علیحدہ ہو جانا۔ (۳) نقل اترنا۔ (۴) غائب ہونا یا چوری ہونا۔ (۵) بہت جلد صرف ہو جانا۔ (۶) اترانا۔ غرور کرنا۔ (۷) بھاگ جانا۔ چل جانا۔ (۸) گھوڑے کا طرارے بھرنا۔ (۹) کھا یا پیا جانا۔ (۱۰) ملنا۔ حاصل ہونا۔ (۱۱) مٹنا۔ (۱۲) ادھڑنا۔ (۱۳) ہلاک ہو جانا۔ (۱۴) گھٹنا۔ (۱۵) نابود ہونا۔ (۱۶) معدوم ہونا۔ (۱۶) اُچٹنا۔ (۱۷) نشانہ ہونا۔ (۱۸) کٹنا۔ نوچنا۔ (۱۹) بے تکی ہانک لگانا۔ (۲۰) پھٹنا۔ پُرزے پُرزے ہونا۔ (۲۱) سنّاٹا ہونا۔ ویرانی ہونا۔ (۲۲) تباہ و برباد ہونا۔ (۲۳) پھڑکنا۔ (۲۴) جلنا۔ شعلہ دینا۔ (۲۵) پھیلنا۔ مشہور ہونا۔

(۲۶) رنگ پھیکا پڑنا۔ یا رنگ کا جاتے رہنا۔ (۲۷) پریشان و پراگندہ ہونا۔ (۲۸) عیش و عشرت کرنا۔ (۲۹) تیز چلنا۔ (۳۰) ہنسی مذاق ہونا ؛

اُڑ ناگن (۱) مؤنث (۱) سانپن جو اُچھل کر کاٹتی ہے (۲) پردار ناگن۔ (۳) (مجازاً) غصے والی عورت۔ ظالم عورت ؛

اُڑن چھو (اُڑَن۔ چھُو) (ہ) (۱) گم۔ غائب (۲) بھاگا ہوا ؛

اُڑن چھو ہو جانا (ہ) ہوا ہو جانا۔ غائب ہو جانا۔ کھو جانا ؛

اُڑن کھٹولا (ہ) مذکر (۱) ہوا میں چلنے والا تخت سلیمان (۲) موجودہ زمانے کا ہوائی جہاز (۳) پریوں کے سیر کرنے کا تخت رواں ؛

اڑنگا (اَڑَنگ۔ گا) (ہ) مذکر۔ (۱) پہلوانوں کی اصطلاح میں ایک داؤ کا نام جس سے حریف کی ٹانگ میں اپنی ٹانگ اڑا کے اسے گرا دیتے ہیں (۲) رخنہ۔ جھمیلا۔ روک۔ آڑ ؛

اڑنگا لگانا (ہ) ہوتے ہوئے کام میں رخنہ ڈالنا جس سے اور خلل ہونا۔ کام خراب کر دینا۔ روک دینا ؛

اڑنگ بڑنگ (اَڑَنگ۔ بَڑَنگ) (ہ) لڑکوں کے ایک کھیل کا نام (۲) مہمل اور بے سر و پا باتیں ؛

اڑنگے پر چڑھانا (ہ۔ ف) اڑنگے کے پیچ میں لانا (۲) قابو کرنا (۳) فریب دینا ؛

اڑواڑ (اَڑ۔ وَاڑ) (ہ) مؤنث (۱) ٹیک۔ ستون۔ تھم (۲) دیوار ؛

اڑوس پڑوس (اَڑُوس۔ پَڑُوس) (ہ) مذکر پاس پڑوس۔ ہمسائگی۔ قرب و جوار ؛

اڑھائی (اَڑھا۔ ئی) (ہ) دو اور آدھا۔ دو نیم۔ $2\frac{1}{2}$ ؛

اڑھائی چاول الگ گلانا - (ہ) اپنی رائے الگ ظاہر کرنا۔ علیحدہ رائے رکھنا ؛

اڑھائی چلو لہو پینا (ہ) نہایت تنگ کرنا۔ بہت دکھ دینا ؛

اڑھائی دن (کی) سقّے نے بھی بادشاہی کر لی - (ف) مثل۔ چند روزہ حکومت قابل فخر بات نہیں۔ ادنیٰ سے اعلیٰ ہو جانا کوئی بڑی بات نہیں۔ انقلاب زمانہ ہے ؛

اڑھائی دن کا جھونپڑا (ہ) مذکر (۱) اجمیر شریف میں ایک مکان ہے۔ جسے ڈھائی دن کے اندر گرا کر دوسری شکل میں تبدیل کر دیا گیا تھا (۲) بجازاً ناپائیدار مکان ؛

اڑھائی دن کی بادشاہت (ہ) مؤنث مجازاً چند روزہ عیش و عشرت۔ ناپائدار خوشی ؛

اڑھائی سو (ہ) دو سو پچاس۔ ۲۵۰۔ ۲۵۰ ؛ 250

اڑھائی گھڑی کی موت آنا (ہ) فوراً مر جانا۔ بد دعا اور کوسنے کے موقع پر عورتیں استعمال کرتی ہیں ؛

اڑھیا (اَڑھی۔ یا) (ہ) (۱) اڑھائی سیر وزن کا باٹ (۲) نجومیوں کی اصطلاح میں سنیچر یعنی زحل ستارہ کا ایک برج میں قیام ؛

اڑی (اَڑِی) (ہ) مؤنث۔ (۱) مصیبت اور تکلیف کا زمانہ (۲) چوسر۔ پچیسی کھیلنے والوں کی اصطلاح میں مشکل داؤ کا نام (۳) پہلوانوں کے ایک پیچ کا نام ؛

اُڑی اُڑی طاق پر جا بیٹھی - (ف) محاورہ۔ بات کا پھیل جانا۔ بے حقیقت چیز کا بہت بڑھ جانا۔ رفتہ رفتہ مشہور ہو گئی ؛

اڑے تھڑے میں کام آنا - (ہ) برے وقت میں مددگار ہونا۔ مصیبت میں کام آنا ؛

اڑیل (اَڑ۔ یَل)۔ (ہ) اَڑ جانے والا۔ ضدی۔ ہٹیلا۔ سرکش۔ انسان اور حیوان دونوں پر بولا جاتا ہے ؛

اڑی مار (اَڑی۔ مار) (ہ) (۱) منڈچھا۔ زبردستی مانگنے والا (۲) فریبی۔ دغاباز ؛

اَڑ پیچ (اَڑ۔ پیچ) (ہ) مؤنث۔ کاوش۔ دشمنی۔ بغض و عداوت ؛

اَڑ پیچ رکھنا (ہ) دشمنی وغیرہ رکھنا ؛

اَڑ پیچ نکالنا (ہ) (۱) اعتراض کرنا۔ حجت نکالنا۔ (۲) روڑے اٹکانا (۳) نقص نکالنا ؛

اَڑے وقت کا گہنا - (ف) مذکر۔ مصیبت یا ضرورت کے وقت کام آنے والی چیز۔ ایشیائی ممالک میں چونکہ زیور سے بیوی کے سنگار کے علاوہ ضرورت کے وقت اپنا کام بھی نکال لیتے ہیں۔ اس لئے زیور (گہنا) کو "اڑے وقت" پر کام آنے والی شے

سمجھا جاتا ہے ۔

ا - ز

اَز (اَز) (ف) حرف ربط ہے (معنی) سے ۔
اِزار (اِ ۔ زار) (ع) مذکر و مؤنث ۔ شلوار ۔ پاجامہ ۔ تہبند ۔
اِزار بند (ف) مذکر ۔ ریشم یا سوت کا کمربند یا ناڑا جو پاجامے کے نیفے میں ڈالا جاتا ہے ۔
اِزار بند کی ڈھیلی ۔ (ہ) مؤنث ۔ بدکار و فاحشہ عورت ۔
اِزار بند کی سچّی ۔ (ا) مؤنث ۔ پاک دامن عورت ۔ باعصمت خاتون ۔
اِزار بند کا رشتہ (ہ) مذکر ۔ جورو کی طرف کا رشتہ ۔ سسرالی رشتہ ۔ مگر عموماً اس کا استعمال غیر کفو کی رشتہ داریوں پر ہوتا ہے ۔
ازار میں ڈال کر پہن لیا ہے ۔ (ا) بے حیا خاطر میں نہیں لاتا ۔ بے ادب ادب و لحاظ نہیں کرتا ۔
اِزالہ (اِ ۔ زا ۔ لہ) (ع) مذکر ۔ زائل کرنا مٹانا ۔ دور کرنا ۔ پاک کرنا
ازالۂ بکر (ع) مذکر ۔ کنوارپن کھونا ۔ کنواری عورت سے پہلی شب ہم بستری کرنا ۔
اِزالۂ حیثیتِ عرفی (ع) مذکر ۔ عزّت و آبرو اتارنا ۔ ہتک کرنا ۔ بدنامی کرنا ۔ شہرت عام بگاڑنا ۔
اَز بر (اَز ۔ بَر) (ف) حفظ ۔ نوک زبان ۔ بن دیکھے یاد سے پڑھنا ۔
اَز برائے خدا ۔ (ف) خدا کے لئے ۔ خدا کے واسطے ۔
از بس ۔ (ف) (۱) بہت ۔ بے انتہا ۔ نہایت (۲) نتیجہ ۔ غرض ۔ نہایت ۔
اُزبک (ت) دیکھو اُزبک ۔
از حد (ف) نہایت ۔ بہت ۔ بے حد ۔
از خرس موئے بس است ۔ (ف) مقولہ ۔ ریچھ سے بال مل جانا بھی غنیمت ہے ۔ نالائق سے تھوڑی سی بھلائی بھی بہت ہے ۔ کنجوس سے تھوڑی خیرات بھی اچھی ہے ۔ بھاگتے چور کی لنگوٹی ہی سہی ۔
از خود (ف) (۱) اپنے آپ ۔ خود بخود ۔ (۲) عمداً ۔ قصداً ۔ جان بوجھ کر ۔ (۳) بلا امداد غیرے ۔ بلا سہارے ۔
از خود رفتگی ۔ (ف) مؤنث ۔ آپے سے باہر ہونا ۔ بے خودی ۔
از خود رفتہ (ف) اپنے آپ سے باہر ۔ بے خود ۔ بے بس ۔ بے عقل ۔ دیوانہ ۔ باولا ۔
از خرداں خطا و از بزرگاں عطا ۔ (ف) مقولہ ۔ چھوٹوں کا کام غلطی کرنا ہے ۔ اور بڑوں کا کام بخش دینا ۔
اِزدحام (اِز ۔ دِحام) (ع) (۱) انبوہ (۲) بھیڑ بھاڑ کثرت ۔ ہجوم ۔
اِزدواج (اِز ۔ دِ ۔ واج) (ع) مذکر ۔ نکاح کرنا ۔ بیاہ کرنا ۔
اِزدیاد (اِز ۔ دِیاد) (ع) مذکر ۔ زیادہ ہونا ۔ کثرت زیادتی ۔
از دیدہ دور از دل دور (ف) مثل ۔ (۲) نظر سے دور جو ہو ۔ دل سے دور ہوتا ہے ۔
اَزرق ۔ (اَز ۔ رَق) (ع) نیلا ۔ نیلگوں ۔ آسمانی ۔
ازرق چشم ۔ (ع ۔ ف) (۱) نیلی آنکھوں والا ۔ گربہ چشم ۔ کنجا ۔ (۲) بے مروّت ۔ بے دید ۔
از راہِ محبت (ف) پیار کے طریق سے ۔ دوستی کے طور پر ۔ بہ نیتِ اخلاص ۔
از سر تا پا (ف) (۱) سر سے پاؤں تک ۔ اوّل سے آخر تک (۲) بالکل ۔ تمام و کمال ۔
از سرِ نو (ف) نئے سرے سے پھر ۔ دوبارہ ۔
از غیبی (ف) غیب کی طرف سے ۔ نامعلوم طریقے سے ۔ یکایک ۔ بےخبری میں ۔
از غیبی دھکّا }
از غیبی گولا } (ا) مذکر آسمانی مار ۔ ناگہانی آفت ۔ قہرِ خدا ۔ یک بیک آجانے والی مصیبت ۔
اِزغیبیا (ا) مذکر ۔ عوام ۔ ولد الزّنا ۔ حرامی ۔
از کار رفتہ (ف) نامرد ۔ نکمّا ۔ کام کے ناقابل ۔
اَزکیا (اَز ۔ کِیا) مذکر ۔ زکی کی جمع ۔ (۱) شریف ۔ پرہیزگار اور نیک لوگ ۔
اَزل (اَ ۔ زَل) (ع) مؤنث ۔ ابد کی ضد وہ زمانہ جس کی ابتدا نہ ہو ۔ دوام ۔ مخلوق کی پیدائش اوّل کا زمانہ ۔ شروع ۔ آغاز ۔ مبداء ۔
اَزلی (ع) ہمیشہ سے ۔ دوامی ۔

زماست کہ برماست۔ (ف) مقولہ۔ ہم پر جو مصیبت ہے۔ اپنے ہی ہاتھوں کی لائی ہوئی ہے۔ اپنے کئے کی سزا ہے ۔

زمان۔ ازمنہ (اَزْ۔ مَانْ۔ اَزْ۔ مِنَہ) (ع) مذکر۔ (۱) زمن کی جمع۔ (۲) زمانہ کی جمع۔ اوقات۔ زمانے۔ موسم ۔

زواج (اَزْ۔ وَاجْ) (ع) مؤنث۔ زوج کی جمع۔ جوڑیاں۔ منکوحہ عورتیں۔ بیویاں ۔

زواجِ مطہرات (ع) مؤنث (۱) پاک بیبیاں (۲) حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی بیویاں ۔

زہار (اَزْ۔ ہَارْ) (ع) مذکر۔ زہر کی جمع۔ بے کھلے پھول ۔

زہار (اِزْ۔ ہَارْ) (ع) مذکر (۱) چراغ جلانا (۲) آگ سلگانا (۳) پھول کھلنا ۔

زہر (اَزْ۔ ہَرْ) (ع) (۱) بہت روشن (۲) مصر کی ایک پرانی یونیورسٹی بھی اسی نام سے موسوم ہے۔ "جامع ازہر"

زیں سُو راندہ وازاں سُو راندہ (ف) مثل۔ اِدھر سے پھٹکار۔ اُدھر سے دھتکار۔ نہ اِدھر کا نہ اُدھر کا۔ اِدھر سے مردود۔ اُدھر سے مجبور ۔

ا - ژ

ژدر (اَژْ۔ دَرْ) (ف) مذکر۔ بڑا سانپ۔ اجگر ۔

ژدرِ موسٰی ؑ (ف) مذکر۔ حضرت موسٰی ؑ کا وہ عصا جو اژدہا بن کر فرعون کو نگل جاتا تھا ۔

ژدہا (اَژْ۔ دَہَا) (ف) مذکر۔ بہت بڑا اور لمبا سانپ ۔

ژدہائے فلک (ف۔ ع) مذکر۔ ایک آسمانی شکل کا نام ۔

ژدہے کے منہ میں ہاتھ دینا۔ یا۔ ڈالنا (ہ) مثل۔ خطرناک کام کرنا۔ دشمن کے قبضے میں جانا۔ بدآدمی سے میل جول رکھنا ۔

ژدہے کے منہ میں ہونا (و) دشمن کے چنگل میں پھنسنا۔ موذی سے سابقہ پڑنا ۔

ژدھات (اَژْ۔ دَھَاتْ) (ہ) (۱) ہفت جوش یعنی سونے چاندی۔ تانبے۔ پیتل۔ رانگ۔ جست اور لوہے کی مرکب دھات (۲) نہایت پختہ۔ ٹھوس اور مضبوط ۔

ا - س

اِس (اِسْ) اشارۂ قریب۔ ضمیرِ غائب ۔

اُس (اُسْ) اشارۂ بعید۔ ضمیرِ غائب ۔

اساتذہ (اَسَا۔ تِذَہْ) (ع) مذکر۔ اُستاذ کی جمع۔ کاملانِ فن۔ تعلیم دینے والے ۔

اَسارا (آسَا۔ رَا) (ہ) مذکر۔ ریشم کا بنا ہوا باریک ڈورا جس پر تانا۔ چڑھا کر کلابتون بناتے ہیں ۔

اُسارا (اُسَا۔ رَا) (ہ) مذکر (۱) چھپّر۔ برآمدہ۔ سائبان۔ (۲) آبِ زلال۔ دوا کا نتھارا ہوا پانی ۔

اَساڑھ (اَسَاڑھ) (ہ) مذکر۔ تیسرا ہندی مہینہ۔ جس سے برسات کا آغاز ہوتا ہے۔ یہ عموماً نصف جون سے نصف جولائی تک رہتا ہے ۔

اَساڑھ جو ڑا سے برکھا ہووے (ہ) مثل۔ اساڑھ میں گرمی پڑے تو بارش ہو ۔

اساڑھی (ہ) مؤنث (۱) ربیع کی فصل۔ گیہوں۔ چنا۔ جَو وغیرہ اجناس۔ (۲) ہندوؤں کے ایک تہوار کا نام ۔

اَساس (اِسَاسْ) (ع) مؤنث۔ بنیاد۔ جڑ ۔

اَساسی (ع) بنیادی اصولی ۔

اساطیر (اَسَا۔ طِیْر) (ع) مؤنث۔ اسطارہ۔ اسطورہ کی جمع۔ قصّے کہانیاں ۔

اَساطیرُ الاوّلین (ع) مؤنث۔ اگلے لوگوں کے قصّے کہانیاں ۔

اَساطین (اَسَا۔ طِیْن) (ع) مذکر۔ اسطوانہ کی جمع۔ بہت سے ستون ۔

اَسافل (اَسَا۔ فِلْ) (ع) مذکر۔ اسفل کی جمع۔ کمینے لوگ ۔

اَسالیب (اَسَا۔ لِیْب) (ع) مذکر۔ اسلوب کی جمع طرز۔ طریقے ۔

اَسامی (اَسَا۔ مِی) (ع) مؤنث۔ اسم کی جمع الجمع (۱) نام (۲) لوگ (۳) (ہ) کسان۔ کاشتکار (۴) آدمی۔ شخص (۵) لین دین رکھنے والا۔ گاہک۔ خریدار (۶) عہدہ۔ نوکری (۷) مال دار۔ امیر۔ روپے والا ۔

اَسامی بلاحق دخیل کاری (ف۔ ع) مؤنث۔

وہ اسامی جو دخل یابی کا حق نہ رکھتی ہو ۔

اَسامی بنانا (ہ) ٹھگنا۔ بے وقوف بنا کر فائدہ اٹھانا۔ اپنے مطلب کا بنانا ۔

اَسامی شکمی (ہ۔ ف) مؤنث۔ ماتحت کاشتکار۔ اندرونی شریک۔ چھوٹا کسان۔ کسی پتی کا شریک ۔

اَسامی غیر موروثی (ہ۔ ع) مؤنث۔ وہ کاشتکار جسے دوامی کاشت کا حق حاصل نہ ہو ۔

اَسامی مستقل (ہ۔ ع) مؤنث۔ وہ کاشتکار جو دخل کا مستحق ہو ۔

اَسامی موروثی (ہ۔ ع) مؤنث۔ وہ شخص جو مالک تو نہ ہو۔ لیکن جب تک مقررہ لگان ادا کرتا رہے۔ بے دخل نہ کیا جا سکے ۔

اَسامی وار (ہ۔ ف) اسامیوں کے ناموں کی ترتیب سے ۔

اَسانا (اَ۔سا۔نا) (ہ) برسانا۔ پھٹکنا۔ غلّے کو بھوسے سے جدا کرنا ۔

اَسانید (اَ۔سا۔نید) (ع) مؤنث۔ اسناد کی جمع۔ وہ کتابیں جن میں حدیثیں مع راویوں کے ناموں کے لکھی گئی ہیں۔ مثلاً بخاری۔ مسلم وغیرہ ۔

اَساوری (اَ۔سا۔وَ۔ری) (ہ) مؤنث (۱) سری راگ کی پانچ راگنیوں میں سے ایک راگنی کا نام۔ (۲) ایک قسم کا ریشمی باریک کپڑا جس کے بانے میں سرخ۔ سبز۔ زرد پٹریاں اور تانے میں روپہلے تار ہوتے ہیں ۔

اَسپ (اَسْپ) (ف) مذکر (۱) گھوڑا (۲) شطرنج کا ایک مہرہ

اسپی طاقت (ف۔ ع) مؤنث۔ گھوڑوں کی سی طاقت۔ موجودہ زمانے کی تاربرقی اور ڈائنمو وغیرہ کی طاقت کا اندازہ سائنس دانوں نے گھوڑوں کی طاقت سے لگایا ہے ۔

اَسباب (اَس۔باب) (ع) مذکر (۱) سبب کی جمع۔ وجوہ (۲) ضرورت کا سامان ۔

اَسبابِ مانعِ ارث (ع) مذکر۔ وہ سبب جو ورثہ پانے سے روک دیں ۔

اَسباط (اَس۔باط) (ع) مؤنث۔ سبط کی جمع۔ پوتے۔ پوتیاں۔ دوہتے۔ دوہتیاں ۔

اِس برتے پر تتّا پانی (ہ) کہاوت۔ ناقابلیت پر لیاقت کا دعویٰ۔ نامردی پر مردی کا اظہار ۔

اِسبغول۔ دیکھو "اسپغول"۔

اِس بھول کا خدا حافظ۔ (ہ) کہاوت۔ اس بھول کا کوئی علاج نہیں۔ بہت بھولنے والے کو کہتے ہیں ۔

اَسپ۔ دیکھو "اسب"۔

اَسپات (اِس۔پات) (ہ) مذکر۔ لوہے کی ایک پختہ قسم کا نام۔ فولاد ۔

اَسپتال (اِس۔پتال) معرّب (انگ۔ ہوس۔پی۔ٹل) (HOSPITAL) مذکر۔ شفاخانہ۔ وہ مقام جہاں ڈاکٹر مریضوں کا علاج کرتا ہے ۔

اِسپرنٹو (اِس۔پرَن۔ٹو) (انگ) (ESPERANTO) مؤنث۔ ایک زبان جو ڈاکٹر زمین ہاف نے اہلِ یورپ کے مشترکہ استعمال کے لئے بنائی تھی ۔

اِسپرنگ (اِس۔پرِنگ) (انگ) (SPRING) مؤنث۔ پیچ دار کمانی ۔

اِسپغول (اِس۔پغول) (ف) مذکر۔ مشہور دوا کا نام جس سے سفید لعاب نکلتا ہے ۔

اِسپنج (اِس۔پنج) معرّب (انگ) (SPONGE) **اِسفنج** (اِس۔فنج) مذکر۔ سمندر میں ہوتیا جانوروں کے رہنے کے گھونسلے جو اکثر غوطہ خور کاٹ لاتے اور بازار میں بیچ دیتے ہیں۔ ان کی بناوٹ ایسی جوف دار ہوتی ہے کہ پانی میں رکھ دئے جائیں۔ تو بہت سا پانی سما جاتے۔ اور نچوڑ دو تو فوراً خشک ہو جاتے ۔

اِسپند (اِس۔پند) (ف) مذکر۔ کالا دانہ۔ حرمل۔ اسے اکثر نظر بد کے لئے جلاتی ہیں ۔

اِسپیچ (اِس۔پیچ) (انگ) (SPEECH) مؤنث۔ تقریر۔ لیکچر۔ ایڈریس۔ بیان ۔

اِسپیشل (اِس۔پے۔شل) (انگ) (SPECIAL) خاص۔ خصوصی ۔

اِسپیشل ٹرین (انگ) (SPECIAL TRAIN) مؤنث۔ وہ ٹرین (ریل گاڑی) جو کسی شخص کے لئے مخصوص ہو۔ اور اس میں عام مسافر سوار نہ ہوں ۔

اِسپیشل کلاس (انگ) (SPECIAL CLASS) مؤنث۔ خاص درجہ ۔

اِسپیکر (اِس۔پی۔کر) (انگ) (SPEAKER) مذکر۔ تقریر کرنے والا۔ مقرر ۔

اِسپین (اِس۔پین) (انگ) (SPAIN) مذکر۔

ہسپانیہ۔ اندلس ۔

اِسپینیل (اِس۔ پَے۔ نِیل) (انگ۔ SPANIEL) مذکر۔ (۱) ایک قسم کا شکاری کتا۔ اس کی نسل ملک سپین سے اور ملکوں میں پھیلی ہے۔ (۲) خوشامدی۔ چاپلوس ۔

اُستا (اُس۔ تا) (ف) مؤنث۔ ژند کی شرح ژند۔ آتش پرستوں کے پیشوا زرتشت کی تصنیف ہے ۔

اِستاد (اِس۔ تاد) (ف) مذکر (۱) بیچھے کا کھڑا ہونا (۲) کھمبا اور شامیانے کی چوب۔ ستون ۔

اِستادگی (اِس۔ تا۔ دگی) (ف) مؤنث (۱) کھڑا ہونا۔ قیام۔ (۲) مضبوطی۔ پائداری۔ (۳) آلۂ تناسل کا سخت ہونا ۔

اِستادہ (اِس۔ تا۔ دَہ) (ف) (۱) کھڑا ہوا۔ قائم۔ (۲) مذکر۔ دیکھو اِستاد ۲ ۔

اُستاد (اُس۔ تاد) (ف) مذکر (۱) سکھانے والا۔ پڑھانے والا۔ معلم (۲) کامل فن۔ آزمودہ کار (۳) چالاک۔ عیّار ۔

اُستاد باپ کی جگہ ہے ۔ (۱) مقولہ۔ اُستاد کا درجہ باپ کے برابر ہے۔ باپ انسانی صورت اور استاد انسانی سیرت بناتا ہے ۔

اُستاد بیٹھے پاس کام آئے راس ۔ (۱) مثل۔ اُستاد کے پاس بیٹھنے سے کام درست ہوتا ہے۔ اُستاد کے پاس بیٹھنے والا کامیاب ہوتا ہے ۔

اُستادی (ف) (۱) کمال ہنرمندی۔ (۲) چالاکی۔ عیّاری ۔

اُستاذ (اُس۔ تاذ) (ع) مذکر۔ استاد کا معرب ۔

اِستامبول۔ اِستانبول۔ دیکھو اِستنبول ۔

اُستانی (اُس۔ تا۔ نی) (ف) مؤنث (۱) اُستانی۔ معلمہ۔ پڑھانے والی عورت (۲) اُستاد کی بیوی ۔

اِستبداد (اِس۔ تب۔ داد) (ع۔ مذکر) (۱) خودمختاری مطلق العنانی (۲) ضد۔ ہٹ۔ استقلال۔ کسی کام کو کر کے چھوڑنا ۔

اِستبدادی ۔ رجعت پسند۔ موجودہ نظم ونسق میں تبدیلی کا مخالف۔ لکیر کا فقیر ۔

اِستبرق (اِس۔ تب۔ رَق) (ع) مذکر۔ سبز اطلس کی قسم کا ایک ریشمی کپڑا ۔

اِستثنا (اِس۔ تث۔ نا) (ع) مذکر۔ علیحدہ کرنا الگ کرنا۔ نکالنا ۔

اِستحالہ (اِس۔ تحا۔ لَہ) (ع) مذکر۔ صورت بدل جانا۔ حالت تبدیل ہو جانا (۲) محال ہونا۔ ناممکن ہونا ۔

اِستحسان (اِس۔ تح۔ سان) (ع) مذکر۔ نیک گننا۔ پسندیدگی ۔

اِستحصال (اِس۔ تح۔ صال) (ع) مذکر۔ حاصل کرنا۔ حاصل کرنے کی خواہش ۔

اِستحصال بالجبر (ع) مذکر۔ (۱) زبردستی حاصل کرنا۔ (۲) ڈرا دھمکا کر کوئی چیز لے لینا (۳) (قانون) جب چیز لینے کے وقت لینے والا متضرر کے سامنے موجود ہو ۔

اِستحصال ناجائز (ف۔ ع) مذکر۔ خلاف قانون طریق پر حاصل کرنا ۔

اِستحقار (اِس۔ تح۔ قار) (ع) مذکر۔ حقارت حقیر سمجھنا۔ نفرت کرنا۔ بدنام کرنا ۔

اِستحقاق (اِس۔ تح۔ قاق) (ع) مذکر۔ حق چاہنا۔ حق دار ہونا۔ اختیار رکھنا۔ سزاوار ہونا ۔

اِستحقاقِ ترکہ (ع) مذکر۔ ورثے کا حق ۔

اِستحقاقِ تشخیص (ع) مذکر۔ جمع بندی کی جانچ پڑتال کا حق ۔

اِستحقاقِ حفاظت (ع) مذکر۔ اپنے یا دوسرے کے مال یا جان کی حفاظت کا حق ۔

اِستحقاقِ حفاظت خود اختیاری (ع۔ ف) مذکر۔ اپنی جان یا مال کے بچاؤ کا حق ۔

اِستحقاقِ شفع۔ حق شفع۔ ہمسائگی کا حق ۔

اِستحقاقِ شفع بر بنائے جار و خلیط (ع۔ ف) مذکر۔ ہمسائگی اور شرکت کی بنا پر خریداری کا حق ۔

اِستحقاقِ نالش (ع۔ ف) مذکر۔ قانونی اصطلاح میں نالش کرنے کا مجاز ہونا۔ نالش کرنے کا حقدار ہونا ۔

اِستحکام (اِس۔ تح۔ کام) (ع) مذکر۔ مضبوطی۔ پختگی۔ استقلال۔ ٹھہراؤ۔ قیام ۔

اِستحلال (اِس۔ تح۔ لال) (ع) مذکر۔ بچے کی آواز جو پیدائش کے وقت ظاہر ہوتی ہے۔ جس کے ظاہر اور ثابت ہونے سے وراثت پہ اثر پڑتا ہے ۔

اِستخارہ (اِس۔ تخا۔ رَہ) (ع) (۱) طلب خیر کرنا۔ نیکی کی توفیق مانگنا (۲) اصطلاح شرعی میں کسی کام کے ہونے یا نہ ہونے کی نسبت ایک خاص طریق پر اشارۂ غیبی چاہنا ۔

اِستخارے کا ساہ دینا۔ یا استخارہ آنا ۔ (۱)

استغاثے کا جواب اثبات میں ملنا۔ فال کا حسب مراد نکلنا ۔

اِستخراج (اِس۔ تِخ۔ رَاج) (ع) مذکر (۱) چھانٹنا۔ نکالنا۔ برآمد ہونا۔ نکاس۔ (۲) خارج کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ جُدا کرنا (۳) اصطلاح حساب میں بڑی رقموں میں سے چھوٹی رقموں کو تفریق کرنا۔

اِستخفاف (اِس۔ تِخ۔ فَاف) (ع) مذکر (۱) ہلکا سمجھنا۔ خفیف سمجھنا۔ (۲) حقارت۔ سبکی۔ خفت۔ شرمندگی (۳) آزادی کی کوشش کرنا۔ خلاصی چاہنا ۔

اِستخلاص (اِس۔ تِخ۔ لَاص) (ع) مذکر چھڑانے کی کوشش کرنا (۲) خلاصی۔ چھٹکارا۔ رہائی۔ آزادی ۔

اُستخوان (اُس۔ تُخ۔ خَان) (ف) مذکر۔ ہڈی ۔

اُستخوان فروشی (ف) مؤنث مرے ہوئے باپ دادا کی بدولت خود عزت چاہنا ۔

اِستدانت (اِس۔ تِدَا۔ نَت) (ع) مؤنث۔ قرض کی نالش کرنا ۔

اِستدراج (اِس۔ تِد۔ رَاج) (ع) خارق عادت کام خلاف معمول عمل۔ تعجب خیز بات جو غیر مسلم سے دیکھی جائے ۔

اِستدراک (اِس۔ تِد۔ رَاک) (۱) پانا۔ سمجھ حاصل کرنا۔ جا پکڑنا۔ پہنچنا (۲) سمجھنا۔ ذہن نشین کرنا۔ (۳) تدارک کرنا ۔

اِستدعا (اِس۔ تِد۔ عَا) (ع) مؤنث۔ چاہنا۔ خواہش۔ درخواست۔ دعویٰ۔ طلب ۔

اِستدلال (اِس۔ تِد۔ لَال) (ع) مذکر۔ دلیل۔ ثبوت ۔

اَستر (اَس۔ تَر) (ف) مذکر۔ دُہرے یا روئی دار کپڑے کے نیچے کی تہ۔ اور مطلق تہ کو بھی کہتے ہیں ۔

اِستراحت (اِس۔ تِرَا۔ حَت) (ع) مؤنث (۱) آرام کی خواہش۔ آسائش (۲) مجازاً سونا۔ نیند لینا ۔

اِسترخا (اِس۔ تِر۔ خَا) (ع) مذکر۔ ڈھیلا ہو کر لٹک پڑنا ۔

اِسترداد (اِس۔ تِر۔ دَاد) (ع) مذکر۔ رد کرنا ۔

اِسترداد نیلام (عربی۔ پرتگالی) مذکر۔ نیلام کا توڑ دینا ۔

اَستر کاری (ف) مذکر۔ اینٹ کی دیواروں پر چونا سرخی وغیرہ لیپنا ۔

اُسترہ (اُس۔ تُرَہ) (ف) مذکر۔ بال مونڈنے کا اوزار ۔

اُسترہ لینا (۱) ناف کے نیچے کے بال مونڈنا۔ بال مونڈنا۔ پاکی کرنا ۔

اِستری (اِس۔ تِری) (ہ) مؤنث (۱) وہ لوہے کا آلہ جسے گرم کر کے کپڑوں پر پھیرتے ہیں۔ اس سے کپڑوں کی شکنیں دور ہو کر صفائی آ جاتی ہے۔ (۲) عورت۔ زوجہ۔ بیوی ۔

اِستری دھن (ہ) مذکر۔ غیر منقولہ جائداد جو عورت کو ماں باپ سے ملے۔ وہ اسباب جو عورت اپنی محنت سے حاصل کرے۔ زیور وغیرہ جو شادی کے وقت خاوند سے ملے ۔

اِستسقاء (اِس۔ تِس۔ قَا) (ع) مذکر۔ پانی مانگنا۔ ایک بیماری کا نام ہے جس میں مریض کو پیاس بہت ستاتی ہے۔ جلندھر کا روگ۔ اس کی تین قسمیں ہیں۔ استسقائے لحمی۔ استسقائے طبلی۔ استسقائے زقی ۔

اِستشہاد (اِس۔ تِش۔ ہَاد) (ع) مذکر (۱) گواہوں کو بلانا۔ ثبوت (۲) شہادت لانا۔ شہادت سننا یا لینا (۳) شہید ہونا۔ شہادت پانا ۔

اِستشہاد نامہ (ع۔ ف) مذکر۔ سند۔ ڈپلوما ۔

اِستصواب (اِس۔ تِص۔ وَاب) (ع) مذکر۔ مشورہ لینا۔ رائے پوچھنا۔ تجویز چاہنا ۔

اِستطاعت (اِس۔ تِطَا۔ عَت) (ع) مؤنث۔ حیثیت۔ بساط۔ مقدور۔ دسترس ۔

اِستعارات (اِس۔ تِعَا۔ رَات) (ع) مذکر۔ استعارہ کی جمع ۔

اِستعارہ (اِس۔ تِعَا۔ رَہ) (ع) مذکر۔ علم بیان کی اصطلاح میں مضاف الیہ کو مضاف سے تشبیہ ہونے کی حالت میں مضاف کو استعارہ کہتے ہیں جیسے گل رخ۔ سرو قد یا حقیقی اور مجازی معانی کے درمیان تشبیہ کا ہونا۔ جیسے بہادر انسان کو شیر کہہ دینا وغیرہ ۔

اِستعارہ بالکنایہ (ع) مذکر۔ مشبہ بہ کو چھوڑ کر مشبہ کا بیان کرنا۔ جیسے رُخ روشن میں مشبہ کا بیان ہے۔ اور مشبہ بہ یعنی آفتاب کا ذکر نہیں ۔

اِستعانت (اِس۔ تِعَا۔ نَت) (ع) مؤنث۔ مدد چاہنا۔ معاونت مانگنا۔ سہایتا ۔

اِستعجاب (اِس۔ تِع۔ جَاب) (ع) مذکر۔ تعجب۔ حیرانی۔ اچرج۔ اچنبھا ۔

اِستعداد (اِس۔ تِع۔ دَاد) (ع) مؤنث۔ آمادگی۔ قابلیت۔ فطری صلاحیت۔ علمی مادہ۔ لیاقت ۔

اِستعفا (اِس۔ تِع۔ فَا) (ع) مذکر (۱) عفو چاہنا۔ معافی مانگنا (۲) اصطلاحاً نوکری چھوڑ دینے کی

مخاصمت دینا ۔

استعمال (اِس ۔ تِع ۔ مَال) (ع) مذکر ۔ کام میں لانا ۔ برتنا ۔

استغاثہ (اِس ۔ تِغَا ۔ ثَہ) (ع) مذکر (۱) دعویٰ کرنا ۔ مدد چاہنا (۲) قانونی اصطلاح میں صیغہ فوجداری میں استغاثہ ہوتا ہے ۔ اور مالی معاملات میں دعویٰ ۔

استغراق (اِس ۔ تِغ ۔ رَاق) (ع) مذکر ۔ کسی خیال میں ڈوب جانا ۔ محویت ۔

استغراقِ فصل (ع) مذکر ۔ فصل کا قرض وغیرہ میں صرف ہو جانا ۔

استغفار (اِس ۔ تِغ ۔ فَار) (ع) مذکر ۔ بخشش مانگنا ۔ توبہ کرنا ۔

استغفر (اِس ۔ تَغ ۔ فِر) (ع) میں مغفرت چاہتا ہوں ۔

استغفر اللہ (ع) میں خدا سے مغفرت چاہتا ہوں ۔ توبہ ۔ انکار اور نفرت کی جگہ مستعمل ہوتا ہے ۔

استغنا (اِس ۔ تِغ ۔ نَا) (ع) مؤنث ۔ بے پروائی ۔ بے نیازی ۔ بے فکری ۔

استفادہ (اِس ۔ تِفَا ۔ دَہ) (ع) مذکر (۱) فائدہ حاصل کرنا ۔ نفع اٹھانا ۔ (۲) فائدہ ۔ نفع ۔ مفاد ۔

استفاضہ (اِس ۔ تِفَا ۔ ضَہ) (ع) مؤنث ۔ فیض پانا ۔ فائدہ اٹھانا ۔ لابھ پانا ۔

استفتا (اِس ۔ تِف ۔ تَا) (ع) مذکر (۱) فتوے چاہنا ۔ مسئلہ دریافت کرنا ۔ جائز و ناجائز کا سوال دریافت کرنا ۔ (۲) وہ تحریر جس پر مسئلہ کا جواب مانگا جائے ۔

استفراغ (اِس ۔ تِف ۔ رَاغ) (ع) مذکر ۔ قے کرنا ۔

استفسار (اِس ۔ تِف ۔ سَار) (ع) مذکر ۔ پوچھنا ۔ دریافت کرنا ۔

استفہام (اِس ۔ تِف ۔ ہَام) (ع) مذکر (۱) سمجھنے کی خواہش کرنا (۲) اصطلاحی طور پر سوال کی علامت ؟ اس کی تین قسمیں ہیں ۔ استفہام استخباری جس سے صرف دریافت کرنا مقصود ہو ۔ جیسے کیا کہتے ہو ؟ استفہام اقراری جس سے ثبوت پایا جائے ۔ جیسے کہتے کیوں نہیں ؟ استفہام انکاری جس سے نفی ثابت ہو جیسے ایسی بات کیوں کہتے ہو ؟

استقالہ (اِس ۔ تِقَا ۔ لَہ) (ع) مذکر ۔ کسی سے معاہدے کو توڑ دینے کی درخواست کرنا ۔

استقرا (اِس ۔ تِق ۔ رَا) (ع) مذکر (۱) تلاش کرنا ۔ ڈھونڈنا (۲) تتبع کرنا ۔ پیروی کرنا ۔

استقرار (اِس ۔ تِق ۔ رَار) (ع) مذکر ۔ قرار پانا ۔ ٹھہرنا ۔ قائم ہونا ۔ طے پانا ۔

استقراریہ ڈگری (ا) مؤنث ۔ خاص شرط پر ٹھہری ہوئی ڈگری ۔

استقبال (اِس ۔ تِق ۔ بَال) (ع) مذکر (۱) زمانۂ آئندہ ۔ (۲) آگے بڑھ کر لینا ۔ پیشوائی ۔

استقلال (اِس ۔ تِق ۔ لَال) (ع) مذکر (۱) ثابت قدمی ۔ پائداری (۲) صبر و تحمل ۔ مستقل مزاجی ۔ استقامت ۔

استکبار (اِس ۔ تِک ۔ بَار) (ع) مذکر ۔ غرور ۔ فخر ۔ مان ۔

استکشاف (اِس ۔ تِک ۔ شَاف) (ع) مذکر ۔ کسی چیز کے اظہار کی خواہش کرنا ۔ ظہور ۔ وضاحت ۔

استکمال (اِس ۔ تِک ۔ مَال) (ع) مذکر ۔ تکمیل چاہنا ۔ کمال پر پہنچانا ۔ کمال تکمیل ۔

استلزام (اِس ۔ تِل ۔ زَام) (ع) مذکر ۔ لازم کرنا ۔ ضروری بنانا ۔ ضرورت ۔

استماع (اِس ۔ تِمَاع) (ع) مذکر ۔ سننا ۔ گانا سننا ۔

استمالت (اِس ۔ تِمَا ۔ لَت) (ع) مؤنث ۔ دلجوئی کرنا ۔ خوشامد کرنا ۔

استمداد (اِس ۔ تِم ۔ دَاد) (ع) مؤنث ۔ مدد چاہنا ۔ سہارا ڈھونڈنا ۔

استمرار (اِس ۔ تِم ۔ رَار) (ع) مذکر ۔ ہمیشہ رہنا ۔ ہمیشگی ۔

استمراری (ع) دوامی ۔ ہمیشہ کے لئے ۔

استمراری بندوبست (ع ۔ ف) مذکر ۔ ہمیشہ کا بندوبست ۔

استمراری پٹہ (ع ۔ ہ) مذکر ۔ ایسا پٹہ جو ہمیشہ کے لئے دیا جائے ۔

استمزاج (اِس ۔ تِم ۔ زَاج) (ع) مذکر ۔ مرضی دریافت کرنا ۔ دلی بات پوچھنا ۔ رائے معلوم کرنا ۔

استناد (اِس ۔ تِنَاد) (ع) مذکر ۔ سند لینا ۔

استنباط (اِس ۔ تِم ۔ بَاط) (ع) مذکر ۔ چننا ۔ اخذ کرنا ۔ نکالنا ۔ چھانٹنا ۔

استنبول (اِس ۔ تَم ۔ بُول) یورپی ترکی کے دارالخلافہ کا پرانا نام قسطنطنیہ ۔ (اصل میں اسلامبول تھا) ۔

استنجا (اِس ۔ تِن ۔ جَا) (ع) مذکر ۔ بول و براز کے بعد

طہارت لینا۔ ڈھیلا کرنا۔ ڈھیلے اور پانی سے مقامات بول و براز کا صاف کرنا اور دھونا۔

اِستنجے کا ڈھیلا (ہ) مذکر (۱) مٹی کا ڈھیلا جسے استنجا کرکے پھینک دیا جاتا ہے۔ (۲) وہ آدمی جسے کام نکال کر نظروں سے گرا دیا جائے۔ بے عزت۔ ذلیل۔ ناکارہ۔ کم قدر۔

اِستوا (اِس۔ تِوا) (ع) مذکر (۱) برابر ہونا۔ برابری۔ (۲) دیکھو خطِ استوا۔

اُستوار (اُس۔ تُوار) (ف) مذکر۔ مضبوط۔ مستحکم۔ پائدار۔

اُستھاپن (اُس۔ تھا۔ پن) (ہ) مذکر۔ کھڑا کرنا۔ لگانا (۲) تقرر۔ ٹھہراؤ (۳) نوکری۔

اُستھاپن کرنا (ہ) (۱) مورتی کو مندر میں رکھنا۔ (۲) ٹھکانے لگانا۔

اَستھان (اَس۔ تھان) (ہ) مذکر (۱) جگہ۔ مکان۔ ٹھکانا۔ مسکن (۲) بزرگوں کے رہنے کی جگہ۔ آستانہ۔

اِستہزا (اِس۔ تِہ۔ زا) (ع) مذکر۔ ٹھٹھا کرنا۔ مذاق اڑانا۔ ہنسی کرنا۔

اِستیصال (اِس۔ تِی۔ صال) (ع) مذکر۔ جڑ سے اکھاڑنا۔ برباد کرنا۔

اِستیعاب (اِس۔ تِی۔ عاب) (ع) مذکر (۱) ساری چیز لینا (۲) کسی مضمون یا کتاب وغیرہ کا شروع سے آخر تک پڑھنا۔

اِستیلا (اِس۔ تِی۔ لا) (ع) مذکر۔ غلبہ۔ اختیار۔ حکومت۔

اِسٹابری (اِس۔ ٹا۔ بری) (انگریزی) (اسٹابری۔ STRAWBERRY) مؤنث ایک قسم کا میوہ دار درخت ہے جس کا پھل بیدانہ سے مشابہ ہوتا ہے۔

اِسٹاف (اِس۔ ٹاف) (انگ STAFF) مذکر۔ (۱) عملہ۔ محکمہ کے ملازمین (۲) ڈنڈا۔ لاٹھی (اصل سٹاف)۔

اِسٹام (اِس۔ ٹام) **اِسٹامپ** (اِس۔ ٹامپ) (انگ STAMP) مذکر۔ دستاویز۔ لکھنے کا سرکاری کاغذ جس پر سکہ مع قیمت کا نقش چھپا ہوتا ہے۔ (اصل سٹیمپ)۔

اِسٹوڈنٹ (اِس۔ ٹو۔ ڈنٹ) (انگ STUDENT) مذکر۔ طالب علم (اصل سٹوڈنٹ)۔

اِسٹیٹ (اِس۔ ٹیٹ) (انگ STATE) مؤنث۔ جائداد۔ ریاست۔ سلطنت (اصل سٹیٹ)۔

اِسٹیج (اِس۔ ٹیج) (انگ STAGE) مذکر۔ چبوترہ۔ پلیٹ فارم۔ نمایاں جگہ۔ ممتاز جگہ (اصل سٹیج)۔

اِسٹیشن (اِس۔ ٹے۔ شن) (انگ STATION) مذکر (۱) ٹھہرنے کی جگہ۔ ٹھہراؤ۔ مقام (۲) اڈا۔ ریل کا پڑاؤ۔

اِسٹیل (اِس۔ ٹیل) (انگ STEEL) مذکر۔ فولاد۔ (اصل سٹیل)۔

اِسٹیمر (اِس۔ ٹی۔ مر) (انگ STEAMER) مذکر۔ دخانی جہاز۔ بڑے دریاؤں اور سمندروں میں چلنے والا جہاز (اصل سٹیمر)۔

اِسٹیمیٹ (اِیس۔ ٹی۔ میٹ) (انگ ESTIMATE) مذکر۔ تخمینہ۔ اندازہ۔ جانچ۔

اِسحاق (اِس۔ حاق) (ع) مذکر۔ حضرت ابراہیمؑ کے بیٹے جو حضرت یعقوبؑ کے والد تھے۔ مشہور پیغمبر ہوئے ہیں۔

اَسد (اَ۔ سَد) (ع) مذکر۔ شیر۔ شینہ۔ سنگھ (۲) آسمان کے بارہ برجوں میں سے ایک برج کا بھی نام ہے جس کی صورت شیر سے مشابہ مانی گئی ہے۔

اَسداللہ (ع) مذکر۔ خدا کا شیر۔ حضرت علی مرتضےٰؓ کا لقب۔

اَسرار (اَس۔ رار) (ع) مذکر۔ سِر کی جمع (۱) بھید۔ راز۔ خفیہ باتیں (۲) آسیب۔ سایہ (جن پری کا)۔

اِسراف (اِس۔ راف) (ع) مذکر۔ روپیہ اڑانا۔ بیجا خرچ۔ روپے کا لٹنا۔

اِسرافیل (اِس۔ را۔ فیل) (ع) مذکر۔ ایک مقرب فرشتے کا نام ہے جس کے سپرد قیامت کے دن صور پھونکنے کی خدمت کی گئی ہے۔

اِسرائیل (اِس۔ را۔ ئیل) (ع) مذکر۔ حضرت یعقوبؑ کا دوسرا نام اسرائیل ہے۔ اور اسی نام کے اعتبار سے آپ کی نسل کو بنی اسرائیل کہتے ہیں۔

اِسرائیلی (ع۔ ف) مذکر۔ فرقۂ بنی اسرائیل سے۔ یہودی۔

اَسسٹنٹ (اَ۔ سِس۔ ٹنٹ) (انگریزی ASSISTANT) نائب۔ مددگار۔ معاون۔

اِس سے اچھا تو خدا کا نام ہے (ہ) محاورہ۔ عورتیں جب کسی لڑکے کی نہایت تعریف کریں تو یہ فقرہ بولتی ہیں یعنی بہت نیک ہے۔ نہایت

قابلِ تعریف ہے ۔

اس سے تو کٹے کی ناک بھی نہ کٹے (۱) محاورہ۔ کند چھری یا استرے کی نسبت بولتے ہیں ۔

اس سے کیا پورا پڑیگا (۱) محاورہ۔ یہ بہت کم ہے۔ اس سے کام نہ چلے گا ۔

اس سے ہاتھ دھو لو (۱) محاورہ۔ یہ تم کو نہ ملے گا۔ یہ کام نہ ہوگا ۔

اسطوخودوس (اُس۔ طُو۔ خُد۔ دُوس) (یونانی) مذکر۔ ایک قسم کی گھاس ہے۔ جس کے پھول دوا کے طور پر استعمال کئے جاتے ہیں ۔

اسفل (اَس۔ فَل) (ع) مذکر (۱) ادنیٰ۔ (اعلیٰ کی ضد) نیچ۔ کمینہ۔ (۲) انتہا کا ذلیل ۔

اسفل السافلین (ع) دوزخ کے سب سے نچلے طبقے کا نام۔ ذلیل ترین جگہ ۔

اسفندیار (اِس۔ فن۔ دِ۔ یار) (ف) مذکر۔ دارا گشتاسپ کے بیٹے کا نام جو نہایت طاقتور تھا۔ اور لوگ جانتے تھے کہ اس کا جسم لوہے کی طرح مضبوط ہے ۔

اِسقاط (اِس۔ قاط) (ع) مذکر (۱) گرانا۔ حمل ڈالنا۔ (جانور کا) (۲) حمل گرانا ۔

اسقاطِ حمل (ع) مذکر (۱) حمل کا گرانا (۲) حمل کا گر جانا۔ حمل کا ضائع ہونا ۔

اَسقام (اَس۔ قام) (ع) مذکر۔ سُقم کی جمع۔ عیب۔ برائیاں ۔

اُسقف (اُس۔ قُف) (ع) مذکر۔ لاٹ پادری۔ پادریوں کا سردار۔ لارڈ بشپ ۔

اِس کان سُنا اُس کان نکال دیا (۱) محاورہ۔ نصیحت پر عمل نہیں۔ کہنا نہ کہنا بے سُود ۔

اِس کا مُنہ بھی جھلس دو (۱) محاورہ۔ اسے بھی کچھ دے دلا کر ٹال دو ۔

اسکاٹ (اِس۔ کاٹ) (انگ SCOT) سکاٹ لینڈ کا باشندہ (اصل سکاٹ) ۔

اسکاچ (اِس۔ کاچ) (انگ SCOTCH) (۱) سکاٹ لینڈ یا وہاں کے باشندوں سے متعلق۔ (۲) مؤنث۔ سکاٹ لینڈ کی زبان (۳) مذکر۔ سکاٹ لینڈ کے باشندے۔ (اصل سکاچ) ۔

اُسکانا (اُس۔ کانا) (ہ) (۱) بتی روشن کرنا (۲) تحریک کرنا جوش دلانا۔ اُبھارنا ۔

اِسکرو (اِس۔ کرُو) (انگ SCREW) مذکر۔ پیچ۔ خصوصاً بوتل کے کاگ کھولنے کا پیچ ۔

اِسکندر (اِس کَن۔ دَر) (یونانی) مذکر۔ مشہور یونانی بادشاہ کا نام۔ جس نے مقدونیہ (یونان) سے چل کر بلخ و بخارا اور ایران کے ساتھ شمالی ہندوستان کا بھی بہت سا حصہ فتح کر لیا تھا۔ اور ہندوستان سے جاتے ہوئے بابل کے قریب پہنچ کر وفات پا گیا ۔

اسکندریہ (اِس۔ کَن۔ دَرِی۔ یَہ) ن۔ بحیرہ روم کے کنارے ملکِ مصر کا مشہور بندرگاہ جو سکندر کے نام پر آباد ہے ۔

اسکوائر (اِس۔ کوا۔ ئر) (انگ۔ ESQUIRE) مذکر۔ بہادر۔ صاحب۔ عموماً شرفا کے نام کے ساتھ آتا ہے ۔

اس کو تو پتھر مارے بھی موت نہیں آتی (۱) محاورہ۔ نہایت سخت جان ہے۔ نہایت ڈھیٹ ہے ۔

اس کوٹھی کے دھان اُس کوٹھی میں کرنا (ہ) بے فائدہ کام کرنا ۔

اس کو چیل کوؤں کو دُوں ۔ (ہ) عورتوں کا کوسنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرکے چیل کوّوں کو کھلا دُوں ۔

اسکورٹ (اِس۔ کورٹ) (انگ۔ SCORT) مذکر۔ فوجی دستہ۔ ہمراہی۔ بدرقہ (اصل سکورٹ) ۔

اسکول (اِس۔ کُول) (انگ۔ SCHOOL) مدرسہ پڑھنے کی جگہ۔ تعلیم گاہ۔ مکتب۔ (اصل سکول) ۔

اس کی جڑ تو پاتال میں ہے (ہ) اس کی نیو نہایت گہری ہے ۔

اس کی چھاتی کو سراہیئے (ہ) محاورہ۔ بہادری۔ حوصلے یا بُردباری کی تعریف میں آتا ہے ۔

اس کی گردن وہاں ماریئے جہاں پانی نہ ملے (۱) محاورہ۔ ذرا رحم کے قابل نہیں ۔

اس کے دل گردے کو تو دیکھو ۔ (۱) محاورہ بڑا بہادر ہے۔ نہایت حوصلے والا ہے۔ بڑا بخشنے والا ہے ۔

اس کے نام کا کُتّا بھی نہیں پالتے ۔ اس کو کوئی بھی لحاظ نہیں کرتا وہ اس لائق نہیں کہ اس کا نام بھی لیا جائے ۔

اس گھر کا باوا آدم ہی نرالا ہے ۔ (۱) اس گھر کا

رواج دنیا بھر سے الگ ہے۔ نالائق ہیں۔

اَسلاف (اَس۔ لاف) (ع) سلف کی جمع۔ اگلے وقتوں کے لوگ۔

اِسلام (اِس۔ لام) (ع) مذکر (۱) خدا تعالیٰ کی فرمانبرداری (۲) دینِ محمدیؐ کا نام۔

اِسلامبول۔ دیکھو "استنبول"۔

اِسلام قبول کرنا۔ یا۔ لانا (ف) (۱) خدائے تعالیٰ کی فرمانبرداری کرنا۔ (۲) دینِ محمدیؐ قبول کرنا۔ مسلمان ہونا۔

اَسلحہ (اَس۔ لِحَہ) (ع) مذکر۔ لڑائی کے اوزار۔ ہتھیار۔ سلاح کی جمع۔

اَسلحہ خانہ (ع۔ ف) مذکر۔ وہ مکان جہاں ہتھیار پڑے ہوں۔ میگزین۔

اَسلم (اَس۔ لَم) (ع) (۱) نہایت محفوظ (۲) سانپ کا کاٹا ہوا۔

اُسلوب (اُس۔ لُوب) (ع) مذکر۔ راہ۔ طریقہ۔ قاعدہ۔ ڈھنگ۔

اِسم (اِسْم) (ع) مذکر۔ نام۔ وہ عُرف عام ہر شے کا جو عَلَم۔ خطاب۔ لقب یا کنیت بتائے۔ اس کی جمع اسماء ہے۔

اِسماء (اَس۔ ما) (ع) مذکر۔ اسم کی جمع۔ بہت سے نام۔ (۲) ایک خوبصورت عورت کا نام جس پر سعد عاشق تھا۔

اسمِ اعظم (ع) خدا تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک بزرگ تر نام۔ بعض علما کے نزدیک اللہ اسمِ اعظم ہے کہ یہی اسمِ ذات ہے۔ بعض کے نزدیک صمد۔ حیّ و قیّوم۔ رحمٰن و رحیم اور مہیمن اسمِ اعظم ہیں۔

اسماعیل۔ اسمٰعیل (اِس۔ ما۔ عِیل) (ع) مذکر۔ ایک جلیل القدر پیغمبر کا نام۔ آپ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بیٹے تھے۔ اور انھوں نے آپ کے ساتھ مل کر بیت اللہ بنایا تھا۔ چنانچہ مکہ کی آبادی کا یہی باعث ہوئے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اجداد میں سے ہوئے ہیں۔

اسمٰعیلیہ (اِس۔ ما۔ عی۔ لی۔ یَہ) (ع) مذکر۔ ایک فرقہ جس کا بانی حسن بن صباح تھا۔

اسماء الرجال (ع) مذکر۔ لوگوں کے نام۔

اسم بامسمّٰی (ع) جیسا نام ویسے گُن رکھنا۔ نام کا اپنی صفات کے ساتھ موافق ہونا۔

اِس مرض کا طوطا میں نہیں پالتا۔ یا۔ اِس مرض کا طوطا کوئی اَور پالتا ہوگا (ہ) محاورہ۔ میں ایسے بکھیڑے میں نہیں پڑتا۔ میں ایسا فضول کام نہیں کر سکتا۔

اسم نویسی (ع۔ ف) مؤنث (۱) گواہوں کی فہرست (۲) وہ کاغذ جو نسبت کے رقعے سے پہلے لکھا جاتا ہے اور جس میں طرفین کی باتیں درج ہوتی ہیں (۳) حاضری کا کاغذ۔ (۴) رجسٹر میں درج کرنا (۵) نام درج کرنے کا رجسٹر۔

اس میں کچھ نہ ہے یا / اس میں کچھ نی ہے (ہ) اس میں کوئی خرابی ہے۔ اس میں کوئی چال ہے۔ اس میں کچھ دھوکا ہے۔

اس میں کچھ ہے (ہ) مثل۔ اس موقع پر کہتے ہیں۔ جب کوئی شخص اپنی بات پر فضول اصرار کرے۔ اور کسی طرح نہ مانے۔ پھر اسے چالبازی سے خاموش کرا دیا جائے۔

اَسناد (اَس۔ ناد) (ع) مؤنث سند کی جمع۔ دلیلیں۔ سرٹیفکیٹ۔ وثیقے۔

اِسناد (اِس۔ ناد) (ع) مذکر۔ سند پیش کرنا۔

اِسوار۔ دیکھو "سوار"۔

اَسواری۔ دیکھو "سواری"۔

اَسوانسی (اَس۔ واں۔ سی) (ہ) مؤنث۔ زمین ناپنے کا پیمانہ جو بسوانسی کا بیسواں حصہ ہوتا ہے۔

اَسوج (اَسُوج) (ہ) مذکر۔ ہندی سال کا چھٹا مہینہ جو عموماً نصف ستمبر سے نصف اکتوبر تک ہے۔

اَسوَد (اَسْوَد) (ع) کالا۔ سیاہ رنگ کا۔

اَسود و احمر (ع) مذکر (۱) [illegible]۔ (۲) عرب و عجم۔

اُسوہ (اُس۔ وَہ) (ع) مذکر۔ پیشوا۔ نمونہ۔

اِس ہاتھ دے۔ اُس ہاتھ لے (ہ) محاورہ۔ ہاتھوں ہاتھ بدلہ ملتا ہے۔

اِسہال (اِس۔ ہال) (ع) مذکر۔ پتلا پاخانہ۔ دست۔ پاخانے کا بار بار آنا۔

اِسہام (اِس۔ ہام) تیروں کے ذریعے سے قرعہ نکالنا۔

اَسہل (اَس۔ ہَل) (ع) نہایت آسان۔

اَسّی (اَس۔ سی) (ہ) ہشتاد۔ بیس کم سو۔ چار بیسی۔ ۸۰۔

اِسی (اِسی) (ہ) اِس ہی کا مخفف۔

اُسی (اُسی) (ہ) اُس ہی کا مخفف۔

اسیاف (اَس۔یاف) (ع) مذکر (۱) سیف کی جمع۔ تلواریں (۲) سیف کی جمع۔ کنارے۔ ساحل ۔

اسی بِرتے پر (۱) محاورہ اسی زور و قوت پر۔ اسی لیاقت پر۔ اسی دولت پر۔ اسی حوصلے پر ۔

اسّی برس کی عمر نام میاں معصوم (۱) مثل۔ بڑھاپے میں طفلانہ حرکتیں کرنا۔ جان بوجھ کر بھولپن دکھانا ۔

اسی دن کو پالا تھا۔ اِسی دن کو پال کر اِتنا بڑا کیا تھا۔ (۱) محاورہ۔ یہ فقرہ اپنے فرزند یا پرورش یافتہ سے کوئی رنج و ملال پہنچنے پر بولا جاتا ہے۔ یا لڑکے اور پرورش کردہ کی موت پر بولا جاتا ہے ۔

اسی کی جوتی اُسی کے سر (۱) محاورہ۔ جب کسی سے حاصل کیا ہوا روپیہ اسی کی فرمائش یا خاطرداری پر خرچ کیا جائے۔ وہاں کہتے ہیں۔ ہمارا کیا گیا۔ اُسی کا مال اُسے کھلا دیا۔ اسی کی جوتی اُسی کا سر ۔

اِسے چھپاؤ اُسے دِکھاؤ (۱) مثل۔ دونوں یکساں ہیں۔ کچھ فرق نہیں ۔

اَسیر (اَسِیر) (ع) مذکر۔ (۱) قیدی۔ پابند۔ (۲) عاشق ۔

اَسیر باد (۱) مؤنث۔ دیکھو "اشیر باد" ۔

اَسیرِ سُلطانی (ع۔ف) بادشاہی قیدی۔ نظربند ۔

اسیری (ع۔ف) مؤنث۔ قید ۔

اَسیس (اَسِیس) (ہ) مؤنث۔ دعائے خیر ۔

اسیسر (اَسِیس۔سَر) (انگ - ASSESSOR) مذکر۔ مشخص کرنے والا۔ تجویز کرنے والا۔ مخبر۔ مددگار۔ پنچ۔ وہ شخص جو مقدمات فوجداری میں سشن جج کو اپنی رائے دے ۔

اسیسنا (اَسِیس۔نا) (ہ) اسیس دینا۔ دعا دینا ۔

ا - ش

اِشارات (اِشا۔رات) (ع) مذکر (۱) اشارہ کی جمع یعنی۔ کنائے۔ علامتیں (۲) (ف) ریلوے سگنل ۔

اِشارہ (اِشا۔رہ) (ع) مذکر۔ کنایہ۔ ایما۔ رمز۔ جمع اشارات ۔

اِشارے پر چلنا (۱) ایما پر چلنا۔ اشارہ بازی کرنا۔ اشارے سے دل کا مطلب ظاہر کرنا (۲) ناجائز طور پر اشارے کنائے سے باتیں کرنا ۔

اَش اَش (اَش۔اَش) (ف) مذکر (ع) سے بھی لکھتے ہیں اور الف سے بھی۔ حسرت اور خوشی نیز تعجب کے موقع پر بولا جاتا ہے ۔

اشاعت (اِشا۔عت) (ع) مؤنث۔ شائع کرنا۔ مشہور کرنا۔ پھیلانا ۔

اشباع (اِش۔باع) (ع) مذکر (۱) حرکات کو اس طرح کھینچنا کہ زبر سے الف۔ زیر سے ی اور پیش سے واؤ پیدا ہو جائے (۲) (علم عروض) حرف دخیل کی حرکت کا نام ۔

اِشباہ (اِش۔باہ) (ع) مذکر۔ کسی کی مانند ہونا۔ مشابہ ہونا ۔

اِشتباہ (اِش۔تِباہ) (ع) مذکر۔ شبہ۔ شک۔ گمان۔ دھوکا کھانا ۔

اَشباہ (اَش۔باہ) (ع) شبہ کی جمع (۱) شکلیں۔ تصویریں (۲) شکلیں۔ صورتیں ۔

اِشتداد (اِش۔تِداد) (ع) مذکر۔ شدت۔ زیادتی۔ بہتات۔ کثرت ۔

اُشتُر (اُش۔تُر) (ف) مذکر۔ اونٹ ۔

اِشترا (اِش۔تِرا) (ع) مذکر۔ خرید۔ تجارت ۔

اِشتراک (اِش۔تِراک) (ع) مذکر۔ ساجھا۔ شرکت۔ میل ۔

اِشتراکِ انقلابی - (۱) اتحاد یا اشتراک جو ملک کے نظم و نسق میں تغیر و تبدل کے لئے مختلف مذاہب یا گروہوں میں پیدا ہو ۔

اِشتراکیت (ع) مؤنث۔ ایک طریقہ جس سے سوسائٹی کی اصلاح کرنے کے لئے جائداد برابر تقسیم کی جاتی ہے۔ ایک دوسرے کا مقابلہ کرنے کے بجائے اجتماعی طور پر کوئی کام کرنا۔ سوشلزم ۔

اِشتعال (اِش۔تِعال) (ع) مذکر۔ بھڑکنا۔ جوش اور غصّے میں آنا ۔

اِشتعالِ طبع (ع) مذکر۔ طبیعت میں جوش اور غصّے کا بھڑکانا ۔

اِشتعالک (۱) مؤنث۔ بھڑکانا۔ چمکانا۔ جوش دلانا۔ غصّہ دلانا ۔

اِشتغال (اِش۔تِغال) (ع) مذکر۔ مشغول ہونا۔ شغل۔ کام۔ کاروبار ۔

اِشتقاق (اِش۔تِقاق) (ع) مذکر۔ ایک کلمے سے دوسرا کلمہ بنانا ۔

اشتمال (اِش۔تِمال) (ع) مذکر۔ شامل ہونا۔ شریک ہونا۔

اشتہا (اِش۔تِہا) (ع) مؤنث۔ بھوک۔ خواہش۔

اشتہار (اِش۔تِہار) (ع) مذکر۔ شہرت۔ اعلان۔ نوٹس۔ وہ چھپا ہوا کاغذ جس کے ذریعے سے کسی چیز کی شہرت کی جائے۔

اشتہاری ۔ (ع) (۱) اس میں "ی" نسبت کی ہے منسوب بہ اشتہار۔ جیسے اشتہاری مجرم۔ وہ مجرم جس کی گرفتاری کا اشتہار جاری ہو (۲) (اُو) اشتہار دینے والا۔ جیسے اشتہاری حکیم۔

اشتیاق (اِش۔تِیاق) (ع) مذکر۔ شوق۔ آرزو۔ تمنا۔

اشٹمی (اَشٹ۔مِی) (ہ) مؤنث۔ ہر ہندی مہینے کی آٹھویں تاریخ۔

اشجار (اَش۔جار) (ع) مذکر۔ شجر کی جمع۔ درخت پیڑ۔

اشجع (اَش۔جَع) (ع) مذکر (۱) بہت بہادر (۲) ایک قسم کا سانپ۔

اشخاص (اَش۔خاص) (ع) مذکر۔ جمع شخص کی۔ لوگ۔ آدمی۔

اشد (اَشَد) (ع) مذکر۔ بہت سخت۔ نہایت زیادہ۔

اشدھ (اَشُدھ) (س) ناپاک۔ گندہ۔

اشر (اَشَر) (ع) مذکر۔ نہایت شریر۔

اشرار (اَش۔رار) (ع) مذکر۔ شریر کی جمع۔ برے۔ شرارتی لوگ۔

اشراف (اَش۔راف) (ع) مذکر۔ شریف کی جمع۔ عالی خاندان۔ مہذب۔ شائستہ۔ بزرگ۔

اشراف پاؤں پڑے۔ کمینہ سر پر چڑھے (اُو) مثل۔ شریف تو اپنی شرافت کی وجہ سے نرمی کرتا ہے۔ اور کمینہ سر چڑھتا ہے۔

اشرافت (اَش۔رافَت) (ا) مؤنث۔ بھلمنسائی۔ شائستگی۔

اشراف وہ ہے جس کے پاس اشرفی ہے (اُو) مقولہ۔ اس زمانے میں مال دار ہی اشراف سمجھا جاتا ہے۔

اشرافیہ (اَش۔را۔فی۔یَہ) (ع) مؤنث (۱) حکومت یا وہ جماعت جو ملک کا حق نیابت رکھتی ہے (۲) وہ خاندان جس کے افراد بادشاہ کے عزیز ہونے کی وجہ سے حقوق امتیازی رکھتے ہوں۔

اِشراق (اِش۔راق) (ع) مذکر (۱) روشن ہونا۔ چمکنا۔ (۲) آفتاب طلوع ہونا (۳) بُہائی۔ وہ چار رکعت نماز نفل جو آفتاب کے نکلنے کے بعد پڑھی جاتی ہے۔ (۴) روشن ضمیری۔ حکمت۔

اشراقیین (اِش۔را۔قی۔یِین) (ع) حکماء کا وہ مرتاض گروہ جو تصفیۂ قلب اور کشف کے ذریعے سے شاگردوں کو دور بیٹھے تعلیم دیا کرتا ہے۔

اشرف (اَش۔رَف) (ع) مذکر۔ نہایت شریف۔

اشرف المخلوقات (ع) (۱) تمام مخلوق سے بزرگ تر۔ (۲) حضرت انسان۔ آدمی۔

اشرفی (اَش۔رَفی) (ف) مؤنث۔ سونے کا سکہ۔ پونڈ گنی۔ ساورن۔ طلا۔ دینار۔

اشرفیاں کشین کوئلوں پر مہر (اُو) مثل۔ بیہودہ مصارف پر کوڑکھوں آڑیں۔ مگر ضروری اخراجات میں بخل کیا جائے۔

اشرفی بوٹی (اُو) اشرفی کی قد و قامت کی بوٹیاں جو اکثر کم خواب یا دوسری چھینٹوں پر بنی ہوتی ہیں۔

اشعار (اَش۔عار) (ع) شعر کی جمع۔ ابیات۔

اشعری (اَش۔عَری) (ع) (۱) ابوالحسن علی بن اسمٰعیل۔ (۲) ابو بردا عامر بن ابی موسیٰ (۳) ابوالحسن علی استاد امام غزالی (۴) ابوموسیٰ۔

اشعریہ (ع) مذکر۔ حکمائے اسلام کا ایک طبقہ۔

اشغال (اَش۔غال) (ع) مذکر۔ شغل کی جمع۔ مشغلے۔ کام۔

اُشغلا (اُش۔غلا) (اُو) مذکر۔ فتنہ و فساد کی بات۔

اُشغلا اٹھانا (اُو) فتنہ و فساد برپا کرنا۔ نئے نئے

اُشغلے چھوڑنا گل کھلانا۔

اشفاق (اَش۔فاق) (ع) مذکر۔ شفقت کی جمع۔ مہربانیاں۔ عنایتیں۔

اِشفاق (اِش۔فاق) (ع) مذکر۔ شفقت۔ نرمی۔ رحم۔ دردمندی۔ ترس۔

اشقیاء (اَش۔قِیا) (ع) مذکر۔ شقی کی جمع۔ سنگدل۔ کٹھے۔ بے رحم۔ ظالم۔ بدنصیب۔

اشک (اَشک) (ف) مؤنث۔ آنسو۔ شورہ۔

اَشکال (اَش۔کال) (ع) مؤنث۔ شکل کی جمع۔ شکلیں۔ صورتیں۔ مورتیں۔

اِشکال (اِش۔کال) مذکر۔ مشکل۔ دقت۔

اَشک باری ۔ (ف) مؤنث۔ رونا ۔

آنسو بہانا۔

اشک شوئی (ف) مؤنث (۱) آنسو پونچھنا۔ روتے کی آنکھ پونچھنا (۲) تسلی دینا۔ دلاسا دینا۔

اشلک (اِش۔ لَک) (ت) مذکر۔ تہمت۔ بہتان۔

اشلک لگانا (ہ) تہمت دھرنا۔ بہتان جوڑنا۔ الزام لگانا۔

اشلوک (اَش۔ لوک) (س) مذکر (۱) شعر۔ نظم۔ بیت (۲) صفحے۔ فقرہ۔

اشنان (اَش۔ نان) (س) مذکر۔ نہانا۔ غسل۔

اشوک (اَ شوک) (ہ) مذکر۔ ہندوستان کا ایک مشہور راجہ۔

اَشہاد (اَش۔ ہاد) (ع) مذکر۔ شاہد کی جمع۔ گواہ۔ چشم دید گواہ۔

اِشہاد (اِش۔ ہاد) (ع) مذکر۔ شہادت پیدا کرنا۔ ثبوت پیش کرنا۔ دیکھنے کے لیے لے جانا۔

اَشہب (اَش۔ ہَب) (ع) مذکر۔ سیاہ رنگ کا گھوڑا۔ جس میں سفیدی غالب ہو۔ سبزہ۔ گھوڑا۔ بعض دفعہ مطلق گھوڑے پر بھی بولا جاتا ہے۔

اشیا (اش۔ یا) (ع) مؤنث۔ چیزیں۔ شے کی جمع۔

اشیرباد (اَشیر۔ باد) (س) مؤنث۔ دعائے خیر۔ آداب۔

ا - ص

اِصابت (اِصا۔ بَت) (ع) مؤنث۔ رسائی۔ پہنچ۔ پختگی۔ مضبوطی۔

اِصالت (اِصا۔ لَت) (ع) مؤنث۔ اصلیت۔ پیدائش۔ خاصیت۔ نطفے کی تاثیر۔ ذات اور خاندان کا اثر۔

اِصالتاً (ع) خود۔ بذاتِ خاص۔ بنفسِ نفیس۔ اپنے آپ۔

اصالت پر آجانا۔ یا۔ اصالت پر جانا (۱) قدرتی یا خاندانی اثر دکھانا۔ (۲) شرارت پر آجانا۔ (۳) کمینہ پن پر آجانا۔

اصح (اَ صَح) (ع) مذکر۔ بہت صحیح۔ نہایت درست۔

اصحاب (اَص۔ حاب) (ع) مذکر۔ صاحب کی جمع (جمع) (۱) مصاحب۔ ہمنشین۔ دوست۔ آقا۔ (۲) اصطلاحاً مطلق اصحاب کا لفظ زمانۂ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے اُن بزرگوں کی نسبت مخصوص ہے۔ جنہوں نے بحالت ایمان آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا۔ اور آپ کا فیضِ صحبت اُٹھایا۔ اور بحالت ایمان فوت ہو گئے۔

اصحابِ فیل (ع) (۱) ہاتھیوں والے (۲) (اصطلاحاً) وہ فیل نشین فوج جس نے ابرہہ بن صباح حاکمِ یمن کی سرکردگی میں مکۂ معظمہ پر حملہ کیا۔ اور خدا نے اُن کی سزا کو ابابیلوں کا لشکر بھیج دیا۔ جس میں سے ہر ایک اپنی چونچ میں کنکریاں اُٹھا لایا۔ اور سب نے ایک ہی دفعہ اس فیل نشین فوج پر اتنا پتھراؤ کیا۔ کہ سب ہلاک ہو گئے۔

اصحابِ کہف (ع) مذکر (۱) غار والے لوگ (۲) (اصطلاحاً) وہ پانچ سات یا نو آدمی جنہوں نے دقیانوس کے زمانے میں اُس کے خدائی دعوے سے تنگ آکر اپنا وطن چھوڑ دیا۔ اور ایک غار میں پڑ کر سو رہے۔ آنکھیں کھلیں تو صدہا برس گزر چکے تھے۔ چنانچہ وہ کچھ کھانا کھا کر پھر سو رہے۔ اور اب آخر زمانہ تک بڑی نیند رہیں گے۔ یہ غار دمشق یا میرین واقع ہے۔ اس طرف کے اکثر لوگ زیارت کو جاتے ہیں۔ سید عبداللہ عاصم میرزا پی کمیشن کے ساتھ ۱۸۶۸ء میں وہاں گئے تھے۔ جنہوں نے اِس غار کے حالات میں ایک مختصر رسالہ بھی لکھ کر شائع کیا تھا۔ بقول اُن کے سات درازقد آدمی غار میں لحاف اوڑھے پڑے ہیں۔ جن کے نفس کی جنبش برابر دیکھی جاتی ہے۔ واللہ اعلم۔

اصدار (اِص۔ دار) (ع) مذکر۔ صادر کرنا۔ بھیجنا۔ اتارنا۔

اِصرار (اِص۔ رار) (ع) مذکر۔ (۱) ہٹ۔ تکرار۔ ضد۔ (۲) تاکید۔

اَصراف (اَص۔ راف) (ع) مذکر۔ صرف کی جمع۔ بہت خرچ۔

اِصراف (اِص۔ راف) (ع) مذکر۔ (۱) خرچ کرنا (۲) خرچ۔ مصرف۔

اصطباغ (اِص۔ طباغ) (ع) مذکر۔ عیسائی مذہب اختیار کرتے وقت سر پر پانی چھڑکنے کی رسم کا نام۔ بپتسمہ۔ رنگنا۔

اصطبل (اِص - طَبَل) (ع) مذکّر - گھوڑوں کے باندھنے کا مکان - طویلہ ۔

اصطبل کی بلا بندر کے سر (ا) مثل - گناہ کوئی کرے - پکڑا کوئی جائے ۔

اصطرلاب (اِص - طُر - لاب) (یونانی) مذکّر - پیتل کا ایک مدوّر گول - جس پر آفتاب اور ستاروں کی بلندی اور بُعد دریافت کرنے کے لئے نقوش و حروف بنے ہوتے ہیں - اور ہر ستارے کا مقام و رفتار دریافت ہو سکتا ہے ۔

اصطفا (اِص - طِفا) (ع) مؤنّث - برگزیدگی - منتخب ہونا ۔

اصطلاح (اِص - طِلاح) (ع) مؤنّث - کسی گروہ کا کسی لفظ کے معمولی معنوں کے علاوہ کوئی اور معنے ٹھہرا لینا ۔

اصغر (اَص - غَر) (ع) مذکّر - چھوٹا - کمسن - اسی کی تانیث صغریٰ ہے ۔

اصفار (اَص - فار) (ع) مذکّر - صفر کی جمع - نقطے ۔

اصفر (اَص - فَر) (ع) زرد - زعفرانی ۔

اصفہان (اِص - فہان) (ف) مذکّر - ایران کے ایک مشہور شہر کا نام - جہاں کا سُرمہ اور تلوار مشہور ہے ۔

اصفہان نصف جہان (ف) مثل - اصفہان آدھی دنیا کے برابر ہے - کسی زمانے میں یہ شہر بہت آباد تھا ۔

اصفیا (اَص - فِیا) (ع) مذکّر - صفی کی جمع - برگزیدہ لوگ - چُنے ہوئے - پاک باطن ۔

اصل (اَص‍ْل) (ع) مذکّر - (۱) بُنیاد - نیو - جڑ - (۲) ماخذ - مادہ - (۳) خلاصہ - لبِّ لباب - (۴) حقیقت (۵) بساط - کائنات (۶) ذات - نطفہ - نسب (۷) واقعی - ٹھیک (۸) مول - اصل زر - (۹) خالص - بے میل ۔

اصلاً - اصلاً (اَص - لَا - اَص - لَن) (ع) مذکّر (۱) درحقیقت (۲) ہرگز - کسی طرح (۳) ذرا سا - برائے نام ۔

اصلاب (اَص - لاب) (ع) مذکّر و مؤنّث - صُلب کی جمع - پشتیں - پیڑھیاں ۔

اصلاح (اِص - لاح) (ع) مؤنّث - (۱) دُرستی - ترمیم (۲) حجامت خط بنوانا - (۳) ترتیب دینا - نقص دُور کرنا - سنوارنا ۔

اصلاح بنوانا - (ا) حجامت بنوانا - خط بنوانا ۔

اصلاح دینا - (ا) درست کرنا - غلطی نکالنا ۔

اصلاحِ مذہبی (ا) مؤنّث - مذہبی خرابیاں دُور کرنا - درست کرنا ۔

اصل اصل ہے نقل نقل ہے - (ا) محاورہ - جو خوبی اصل میں ہو سکتی ہے نقل میں نہیں ہو سکتی ۔

اصلُ الاصول (ع) مذکّر - اصل جڑ - اصلی بنیاد ۔

اصل السوس (ع) مؤنّث - ملٹھی ۔

اصل بد از بدی خطا نہ کند - (ف) مثل - محاورہ - بد اصل ضرور بدی کرتا ہے - کمینہ بدی کو چھوڑ نہیں سکتا ۔

اصل خیر سے - (ا) محاورہ - خیریت سے - بخیر و خوبی - سلامتی کے ساتھ ۔

اصل سے خطا نہیں - کم اصل سے وفا نہیں (ا) مقولہ - شریف بُرائی نہیں کر سکتا - اور رذیل سے بھلائی نہیں ہوتی ۔

اصلوں (اَص - لوں) (ا) (عو) بالکل ۔

اصلی - (ع) مؤنّث - (۱) جبلی - فطرتی - پیدائشی (۲) عمدہ - ٹھیک - واقعی ۔

اصلیت - (ع) مؤنّث - حقیقت - اصلی بات

اصم (اَصَم) (ع) مذکّر - بہرا - نہ سُننے والا ۔

اصمعی (اَص - مَعی) (ع) مذکّر - مشہور عربی ادیب ابوسعید عبدالملک ابن قریب ۔

اصناف (اَص - ناف) (ع) صنف کی جمع قسمیں - طرح ۔

اصنام (اَص - نام) (ع) مذکّر - صنم کی جمع (۱) پتھر وغیرہ کے بُت (۲) (مجازاً) معشوق کردہ بھی لاکھ منت زاری کرو - پتھر کی طرح ٹس سے مس نہیں ہوتا ۔

اصوات (اَص - وات) (ع) مذکّر و مؤنّث - آوازیں - شور ۔

اُصول (اُ - صول) (ع) مذکّر - اصل کی جمع - قاعدے - قانون - آئین ۔

اُصول باندھنا (ا) قاعدے مقرر کرنا ۔

اُصولِ کلام (ع) مذکّر - علم کلام میں مسائل نقل کو دلائل عقلی سے ثابت کرنا ۔

اصولِ موضوعہ (ع) مذکّر - قائم کیا ہوا قاعدہ -

مقرر کیا ہوا اصول۔

اصیل (اَ۔صِیل) (ع) ۔ (۱) اچھی نسل کا۔ عمدہ قوم کا جیسے اصیل گھوڑا۔ اصیل مرغ۔ اصیل تلوار (۲) شریف۔ نجیب۔ عالی خاندان آدمی (۳) خاندانی۔

اصیل گھوڑے کو چابک کی حاجت نہیں۔ (۱) مثل۔ اصیل گھوڑا مار کھائے بغیر سمجھتا اور اچھا چلتا ہے۔

اصیل مرغ ٹکے ٹکے (۱) مثل۔ بے قدری شریف کی قدر نہ ہونا۔

اصیل مرغی کی ایک ٹانگ (۱) مثل۔ اپنی بات پر ضد کرنا۔ اپنی ہی کہے جانا۔ مشہور ہے کہ کسی امیر نے نوکر کو مرغی پکانے کے لئے حکم دیا۔ نوکر نے مرغی پکائی۔ تو ایک ٹانگ خود چٹ کر گیا۔ امیر نے دیکھ کر پوچھا۔ دوسری ٹانگ کیا ہوئی۔ نوکر نے عرض کی۔ حضور اس کی ایک ہی ٹانگ تھی۔ امیر نے فرمایا۔ نامعقول! کہیں مرغی کی ایک ٹانگ بھی ہوتی ہے؟ مگر اس نے پھر یہی کہا۔ کہ حضور اس کی تو ایک ہی ٹانگ تھی۔ دوسرے تیسرے دن امیر نوکر کے ساتھ کہیں باہر جا رہے تھے گزرا۔ تو اتفاقاً کوئی مرغ ایک ٹانگ اٹھائے نظر آیا۔ نوکر نے دیکھتے ہی دست بستہ عرض کی۔ دیکھئے حضور اصیل مرغی کی ایک ہی ٹانگ ہوا کرتی ہے۔ جب سے یہ مثل مشہور ہو گئی۔

ا - ض

اِضافت (اِ۔ضَا۔فَت) (ع) مؤنث۔ (۱) اعراب میں سے زیر کا نام۔ (۲) نسبت۔ علاقہ۔ لگاؤ۔ ارباب تحقیق کے نزدیک اضافت کی چار قسمیں ہیں۔ ۱۔ تملیکی۔ ۲۔ تخصیصی۔ ۳۔ بیانی۔ ۴۔ ظرفی۔ مگر نحویوں نے ان میں کچھ اضافہ کیا ہے۔

اضافہ (اِ۔ضا۔فَہ) (ع) مذکر۔ بیشی۔ ترقی۔ زیادتی۔

اضافی (اِضا۔فِی) (ع) صفت نسبتی۔ جو اصلی نہ ہو۔

اضحیٰ (اَض۔حا) (ع) مؤنث۔ قربانی۔

اضحوکہ (اُض۔حو۔کَہ) (ع۔ مذکر) جس سے ہنسی آئے۔

اضحیہ (اُض۔حِیَہ) (ع۔ مؤنث) قربانی کا جانور۔

اضداد (اَض۔داد) (ع۔ مؤنث) ضد کی جمع۔ مخالفین۔

اضطراب (اِض۔طِراب) (ع) مذکر۔ بے تابی۔ گھبراہٹ۔ بے چینی۔

اضطرار (اِض۔طِرار) (ع۔ مذکر) بے قراری۔ بے اختیاری۔

اضعاف (اَض۔عاف) (ع) دگنا تگنا۔

اضعاف (اِض۔عاف) (ع۔ مذکر) دگنا کرنا۔

اضعف (اَض۔عَف) (ع۔ مذکر) بہت کمزور۔ بہت ضعیف۔

اضغاث (اَض۔غاث) (ع۔ مذکر) سبزی اور بوٹیوں کے گٹھے۔

اضغاث احلام (ع۔ مذکر) پریشان خواب جن کی کوئی تعبیر نہ ہو۔

اضلاع (اَض۔لاع) (ع) مذکر۔ ضلع کی جمع (۱) ایک ٹکڑا (۲) پسلیاں۔ پہلو۔ (۳) حدود اشکال کے خطوط۔ (۴) ایک کمشنر کے تحت علاقہ۔

اضلال (اِض۔لال) (ع۔ مذکر) گمراہ کرنا۔

اضمار (اِض۔مار) (ع۔ مذکر) کلام میں کسی اسم کے لئے ضمیر لانا۔

اضمار قبل الذکر (ع۔ مذکر) کسی کے ذکر سے پہلے اس کے لئے ضمیر لانا۔

اضمحلال (اِض۔مِح۔لال) (ع۔ مذکر) پژمردگی۔ سستی۔ کاہلی۔ کمزوری۔

ا - ط

اِطاعت (اِ۔طا۔عَت) (ع) مؤنث۔ متابعت۔ حکم ماننا۔ فرمانبرداری۔

اُطاق (اُ۔طاق) (ت۔ مذکر) کمرہ۔ حجرہ۔

اطال (اَطال) (ع۔ لمبا) ہے۔ بڑھائے۔

اَطال اللہ عمرہٗ (ع) دعائیہ فقرہ۔ خدا اس کی عمر بڑھائے۔

اطالیہ (اِطا۔لِیَہ) (یورپ) اٹلی۔

اطبا (اَ۔طِبّا) (ع۔ مذکر) طبیب کی جمع۔ معالج۔

حکیم۔ بید۔ ڈاکٹر ۔

اطراز (اِط۔ راز) (ع) مذکر نقش کرنا ۔

اطراف (اَط۔ راف) (ع) مؤنث۔ طرف کی جمع۔ سمتیں۔ کنارے۔ گرد اگرد ۔

اطریفل (اَط۔ رِی۔ فل) (ع۔ مذکر) ایک قسم کی معجون جو ہرڑ، بہیڑا اور آملہ سے تیار کی جاتی ہے ۔

اطعمہ (اَط۔ عِمَہ) (ع) طعام کی جمع۔ کھانے۔ غذا۔ بھوجن ۔

اطفا (اِط۔ فا) (ع۔ مذکر) بجھانا ۔

اطفال (اَط۔ فال) (ع) مذکر۔ طفل کی جمع لڑکے بالے۔ بال بچے ۔

اطلاع (اِط۔ لاع) (ع) مؤنث۔ آگاہی۔ خبر۔ رپورٹ۔ نوٹس۔ اعلان ۔

اطلاع نامہ (ف) مذکر۔ سمن نوٹس۔ پروانہ۔ تکتامہ ۔

اطلاق (اِط۔ لاق) (ع۔ مذکر) کھولنا۔ آزاد کرنا۔ چھوڑنا ۔

اطلاق نویس (ع۔ ف، مذکر) سمنوں کے اجرا اور خرچ کا حساب کتاب لکھنے والا افسر ۔

اطلس (اَط۔ لَس) (ع) مؤنث۔ ایک قسم کا چمکیلا ریشمی کپڑا ۔

اطمینان (اِط رِی۔ نان) (ع) مذکر۔ تسلّی۔ تشفی۔ دل سا ڈھارس۔ دلجمعی۔ صبر۔ طمانیت ۔

اطناب (اَط۔ ناب) (ع) مذکر و مؤنث۔ طنا بیں۔ تنبوکی رسّیاں ۔

اطناب (اِط۔ ناب) (ع) مذکر۔ بات کو طول دینا ۔

اطنہ (اَط۔ نہ) (یونان) دیکھو "یتھنز" ۔

اطوار (اَط۔ وار) (ع مذکر) طور کی جمع، روش۔ ڈھنگ۔ چال چلن۔ وضع ۔

اطہار (اَط ہار) (ع۔ مذکر) بہت پاک لوگ ۔

اطہار (اِط۔ ہار) (ع۔ مذکر) پاک ہونا ۔

اطہر (اَط۔ ہَر) (ع) بہت پاک۔ نہایت پاک ۔

اطیب (اَط۔ یَب) (ع) نہایت پاک۔ نہایت خوشبودار ۔

ا - ظ

اظلال (اَظ۔ لال) (ع) ظل کی جمع سائے ۔

اظلم (اَظ۔ لَم) (ع، مذکر۔ بڑا ظالم۔ نہایت تکلیف دینے والا ۔

اظہار (اِظ ہار) (ع۔ مذکر) (۱) کھولنا۔ ظاہر کرنا۔ (۲) بیان دینا (۳) شہادت دینا۔ گواہی دینا ۔

اظہار حلفی (ع۔ مذکر) قسمیہ گواہی ۔

اظہار دینا (۱) گواہی دینا ۔

اظہار قانونی (ع مذکر) قانون کے رُو سے درست گواہی ۔

اظہار نویس (ف) مذکر۔ محرر جو بیان اور شہادت لکھتا ہے ۔

اظہر (اَظ۔ ہَر) (ع) خوب ظاہر۔ روشن۔ واضح صریح ۔

اظہر من الشمس (ع) آفتاب سے زیادہ روشن۔ بہت واضح اور کھلا ہوا ۔

ا - ع

اعادہ (اِعا۔ دَہ) (ع) مذکر۔ لوٹانا۔ پھیرنا۔ دہرانا۔ کسی بات یا فعل کا دوبارہ سہ بارہ کہنا یا کرنا ۔

اعاظم (اَعا۔ ظِم) (ع۔ مذکر) اعظم کی جمع۔ بہت بڑے ۔

اعانت (اِعا۔ نت) (ع۔ مؤنث) امداد۔ حمایت سہارا ۔

اعانت مجرمانہ (ع۔ ف۔ مؤنث) جرم کی ترغیب یا اس میں مدد دینا ۔

اعانہ (اِعا۔ نہ) (ع) مذکر۔ چندہ ۔

اعتاق (اِع تاق) (ع) مذکر۔ آزاد کرنا۔ غلام باندی آزاد کرنا ۔

اعتبار (اِع۔ تبار) (ع) مذکر۔ (۱) یقین۔ (۲) اعتماد۔ ساکھ (۳) بھروسا۔ قیام۔ ثبات۔ (۴) لحاظ۔ نظر ۔

اعتبار اٹھ جانا۔ اعتبار جاتا رہنا۔ اعتماد نہ رہنا۔ ساکھ نہ رہنا ۔

اعتدال (اِع۔ تدال) (ع) مذکر۔ (۱) برابر ہونا۔ نہ کمی نہ زیادتی (۲) میانہ روی ۔

اعتذار (اِعْ۔تِذَار) (ع۔ مذکر) عذر کرنا۔
اعتراض (اِعْ۔تِرَاض) (ع) مذکر۔ عیب نکالنا۔ شبہ کرنا۔ نکتہ چینی کرنا۔ گرفت۔
اعتراض کرنا (ف) عیب نکالنا۔ نکتہ چینی کرنا۔
اعتراف (اِعْ۔تِرَاف) (ع۔ مذکر) مان لینا۔ تسلیم کرنا۔ اقرار کرنا۔
اعتراف مہلک (ع۔ مذکر) خطرناک اقرار۔
اعتصام (اِعْ۔تِصَام) (ع۔ مذکر) پنجہ مارنا۔ تمسک کرنا۔
اعتقاد (اِعْ۔تِقَاد) (ع) مذکر عقیدہ۔ یقین۔ اعتبار۔ ایمان۔
اعتکاف (اِعْ۔تِکَاف) (ع۔ مذکر) مسجد میں گوشہ نشین ہونا۔ نفس کو دنیوی لذات سے باز رکھنا۔
اعتکاف سے نکلنا (ف) اعتکاف اور معینہ گوشہ نشینی کو ختم کرنا۔
اعتلا (اِعْ۔تِلَا) (ع۔ مذکر) بلندی۔ اونچائی۔
اعتماد (اِعْ۔تِمَاد) (ع۔ مذکر) بھروسہ۔ یقین۔ اعتبار۔
اعتنا (اِعْ۔تِنَا) (ع۔ مؤنث) (۱) غمخواری کرنا۔ ہمدردی کرنا۔ شریک درد ہونا۔ (۲) پروا کرنا۔ غور و پرداخت کرنا۔
اعجاز (اِعْ۔جَاز) (ع۔ مذکر) معجزہ۔ خرق عادات۔ کرامت۔ کرشمہ۔
اعجاز بیان (ع) مذکر۔ جادو بیانی۔ فصیح کلام۔
اعجاز مسیحائی (ع) مذکر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا معجزہ۔ بیمار کا تندرست کرنا۔ اندھے کو بینائی بخشنا۔ مردے میں جان ڈال دینا وغیرہ۔
اعجوبہ (اُعْ۔جُو۔بَہ) (ع) مؤنث۔ عجیب شے۔ انوکھی چیز۔ طرفہ چیز۔ نادر چیز۔
اعدا (اَعْ۔دَا) (ع) عدو کی جمع۔ دشمن۔ مخالف۔ بیری۔
اعداد (اَعْ۔دَاد) (ع۔ مذکر) عدد کی جمع (۱) گنتی۔ ہندسہ۔ رقم شمار (۲) اقتصادیات میں وہ ارقام جو ثبوت کے لئے پیش کی جائیں۔
اعداد متباین (ع۔ مذکر) وہ ہندسے جنہیں کوئی ہندسہ پورا تقسیم نہ کر سکے۔ جیسے ۵۔ ۷ وغیرہ۔
اعداد متداخل (ع۔ مذکر) وہ ہندسے جنہیں کوئی عدد پورا تقسیم کر سکے۔ جیسے ۳۔ ۹ وغیرہ۔
اعداد متماثل (ع۔ مذکر) ایک دوسرے سے مشابہ عدد جیسے ۲۔ ۴ وغیرہ۔
اعداد متوافق (ع۔ مذکر) وہ ہندسے جو دوسرے ہندسوں کو پورا تقسیم کر سکیں۔ جیسے ۸ اور ۲۰ کو ۱۲ اور ۴ پورا تقسیم کر دیتے ہیں۔
اعداد (اِعْ۔دَاد) (ع۔ مذکر) گننا۔
اعدل (اَعْ۔دَل) (ع) بڑا منصف۔
اعراب (اَعْ۔رَاب) (ع۔ مذکر) بدو۔ عرب کے صحرا نشین۔
اعراب (اِعْ۔رَاب) (ع۔ مذکر) (۱) زیر۔ زبر۔ پیش۔ حروف کی حرکات۔ (۲) واضح اور روشن کرنا۔
اعرابی (اَعْ۔رَا۔بی) (ع۔ مذکر) بدو۔ عرب کا رہنے والا۔ صحرا نشین عرب۔ گنوار۔ اجڈ۔
اعراض (اَعْ۔رَاض) (ع) عرض کی جمع۔ (۱) عزتیں۔ آبروئیں۔ (۲) جوہر کی ضد۔ وہ چیزیں جو اپنی ذات سے قائم نہ ہوں (۳) بیماری کی ظاہری علامتیں۔
اعراض (اِعْ۔رَاض) (ع) مذکر۔ روگردانی۔ منہ پھیرنا۔
اعراف (اَعْ۔رَاف) (ع) مذکر۔ (۱) دوزخ اور بہشت کا درمیانی مقام۔ (۲) قرآن مجید کی ایک سورت کا نام۔
اعزاز (اِعْ۔زَاز) (ع) مذکر۔ عزت۔ رتبہ دینا۔ توقیر۔ وجہ دینا۔
اعزہ (اَعِزْ۔زَہ) (ع) مذکر عزیز کی جمع۔ بزرگ۔ بھائی بند۔ رشتہ دار۔ اقربا۔
اعشیٰ (اَعْ۔شا) (ع۔ مذکر) (۱) رات کا اندھا (۲) زمانۂ جاہلیت کے اخیر کا ایک عرب نابینا شاعر (۳) کوفہ کا ایک شاعر۔
اعصاب (اَعْ۔صَاب) (ع) مذکر عصب کی جمع پٹھے۔
اعضا (اَعْ۔ضَا) (ع) مذکر۔ عضو کی جمع۔ بدن کے اجزا۔ ہاتھ پاؤں وغیرہ۔
اعضا شکنی (ع۔ ف) مؤنث۔ بدن ٹوٹنا۔ جوڑ جوڑ میں درد ہونا۔
اعضائے رئیسہ (ع) مذکر۔ دل۔ جگر اور دماغ وغیرہ عضو۔
اعطا (اِعْ۔طَا) (ع) مذکر۔ بخشنا۔ دینا۔ عطا کرنا۔
اعظم (اَعْ۔ظَم) (ع) بہت بڑا۔ بزرگ۔

اعقاب (اَعْ۔قَاب) (ع) مذکر۔ عقب کی جمع۔ آل و اولاد جو باپ کے مرجانے کے بعد باقی رہے۔ ورثا۔ پچھلی نسل ❊

اعلا (اِعْ۔لا) (ع۔ مذکر) بلند کرنا ❊

اعلام (اَعْ۔لَام) (ع۔ مذکر) جھنڈے ❊

اعلام (اِعْ۔لَام) (ع۔ مذکر) خبر دینا جتلانا۔ علم کرانا۔ ظاہر کرنا۔ کھولنا ❊

اعلان (اِعْ۔لَان) (ع۔ مذکر) (۱) اظہار کرنا ظاہر کرنا۔ (۲) شہرت دینا۔ کھولنا۔ نوٹس دینا۔ خبر کرنا ❊

اعلم (اَعْ۔لَمْ) نہایت عقل مند۔ علم پڑھا ہوا۔ یا دانا ❊

اعلےٰ (اَعْ۔لَا) (ع۔ مذکر) (۱) بہت بلند۔ بڑا اونچا۔ (۲) بہت بہتر۔ نہایت عمدہ (۳) ادنےٰ کی ضد۔ معزز آدمی۔ بلند مرتبہ ❊

اعلیٰ علیّین (ع۔ مذکر) بلند بہشت ❊

اعم (اَعَم) (ع) بہت عام ❊

اعماق (اَعْ۔مَاق) (ع۔ مذکر) اعمق کی جمع۔ گہرائیاں ❊

اعمال (اَعْ۔مَال) (ع۔ مذکر) عمل کی جمع۔ افعال۔ کام۔ ورد۔ وظائف ❊

اعمالنامہ (ع۔ ف) مذکر۔ (۱) وہ کتاب جس میں آدمی کے اعمال کراماً کاتبین لکھا کرتے ہیں۔ قیامت کے دن اُسی کی رُو سے ہر شخص کا حساب کتاب ہوگا۔ (۲) نوکری کے اچھے بُرے کاموں کی کتاب ❊

اعمام (اَعْ۔مَام) (ع) مذکر۔ عم۔ (چچا) کی جمع ❊

اعمیٰ (اَعْ۔مَا) (ع) مذکر۔ اندھا۔ جو ماں کے پیٹ سے اندھا پیدا ہوا ہو ❊

اعنی (اَعْ۔نِی) (ع) میں مراد رکھتا ہوں ❊

اعوان (اَعْ۔وَان) (ع) مذکر۔ (۱) عون کی جمع۔ مددگار معاون۔ سہائک۔ (۲) راجپوتوں کی ایک قوم کا نام ❊

اعیان (اَعْ۔یَان) (ع) مذکر (۱) عین (آنکھ) کی جمع۔ آنکھیں۔ (۲) چشمے۔ (۳) اُمرا و وزرا جو گویا سلطنت کی آنکھیں ہیں۔ (۴) افراد موجودہ ❊

ا۔غ

اغتشاش (اِغْ۔تِشَاش) (ع) مذکر۔ کھوٹ۔ ملاوٹ ❊

اغراض (اَغْ۔رَاض) (ع) مذکر و مؤنث۔ غرض کی جمع۔ مطالب۔ مقاصد۔ نیتیں۔ ارادے ❊

اغذیہ (اَغْ۔ذِیَہ) (ع) مؤنث۔ غذا کی جمع۔ غذائیں۔ خوراکیں۔ کھانے ❊

اغراق (اِغْ۔رَاق) (ع) مذکر۔ (۱) ڈبو دینا۔ (۲) مبالغہ ❊

اغلاط (اَغْ۔لَاط) (ع) مذکر و مؤنث۔ غلطی کی جمع۔ بھول چوک۔ خطائیں ❊

اغلاق (اِغْ۔لَاق) (ع) مذکر۔ مشکل کرنا۔ مغلق کرنا۔ پیچیدہ کرنا ❊

اِغلام (اِغْ۔لَام) (ع) مذکر۔ لونڈوں سے بدفعلی کرنا ❊

اغلامی (اِغْ۔لَا۔مِی) (ع۔ ف) مذکر۔ لونڈے باز ❊

اغلب (اَغْ۔لَب) (ع) مذکر (۱) غالب تر (۲) قوی۔ گمان۔ یقیناً ❊

اغل بغل (اَغَل۔ بَغَل) (ا) محاورہ۔ اِدھر اُدھر۔ آس پاس ❊

اغلط (اَغْ۔لَط) (ع) بہت غلط ❊

اغماز (اِغْ۔مَاز) (ع) مذکر (۱) آبرو کو گھٹانا۔ (۲) غمزہ۔ نخرہ (۳) غرور کرنا۔ اِترانا ❊

اغماض (اِغْ۔مَاض) (ع) مذکر۔ چشم پوشی۔ بے پروائی۔ درگزر ❊

اغنیاء (اَغْ۔نِیَا) (ع) مذکر۔ غنی کی جمع۔ دولتمند لوگ۔ مالدار لوگ۔ بے پروا لوگ ❊

اغوا (اِغْ۔وَا) (ع) مذکر۔ (۱) ورغلانا۔ بہکانا۔ (۲) (قانون) بھگا لے جانا۔ لے بھاگنا۔ (۳) اُبھارنا۔ اُکھیڑنا۔ اُکسانا ❊

اغوا کرنا (ف) بہکانا۔ ورغلانا۔ اُبھارنا۔ اُکھیڑنا ❊

اغیار (اَغْ۔یَار) (ع) مذکر۔ غیر کی جمع (۱) بیگانے اجنبی۔ ناواقف۔ (۲) دشمن۔ رقیب ❊

ا - ف

اُف (اُف) (ع) مؤنث (۱) حسرت۔ افسوس۔ آہ (۲) غلطی اور بھول کے موقع پر بھی منہ سے نکلتا ہے ۔

اُف تیرا کاٹا نہ جیئے ۔ محاورہ۔ زہر قاتل۔ سخت ظلم۔ دغاباز۔ مفسد اور مردم آزار کے لئے کہتے ہیں جس کے فریب سے کوئی بچ نہ سکے ۔

اُف رے (۱) اُو رے۔ اوہ رے ۔

اُف کر دینا ۔ جلا کر خاک سیاہ کر دینا۔ تباہ کر دینا ۔

اُف نہ کرنا یا اُف نہ نکالنا ۔ (۱) سانس نہ نکالنا۔ آہ نہ کرنا۔ صدمے کو پی جانا۔ شکایت زبان پر نہ لانا ۔

اُف ہو جانا ۔ (۱) خاک اُڑ جانا۔ کچھ باقی نہ رہنا ۔

افادہ (اِ۔ فَا۔ دَہ) (ع) مذکر۔ فائدہ پہنچانا۔ نفع ۔

افادۂ عام ۔ (ع) مذکر۔ سب کو فائدہ پہنچانا ۔

افاضل (اَفا۔ضِل) (ع) مذکر۔ افضل کی جمع۔ بزرگ آدمی ۔

افاضہ (اِ۔ فَا۔ ضَہ) (ع) فیض پہنچانا۔ فائدہ پہنچانا ۔

افاغنہ (اَفا۔ غِنَہ) (ع) مذکر۔ افغان کی جمع۔ پٹھان ۔

افاقہ (اِ۔ فا۔ قَہ) (ع) مذکر (۱) آرام۔ صحت۔ مرض میں کمی۔ تخفیف۔ فرق (۲) ہوش میں آنا ۔

افتا (اِف۔ تا) (ع) مذکر۔ فتویٰ دینا ۔

افتاد (اُف۔ تاد) (ف) مؤنث۔ (۱) دُکھ۔ مصیبت و رنج کا پڑ جانا۔ (۲) فطرت۔ خصلت۔ (۳) اتفاقیہ اور اچانک سانحہ۔ (۴) بنیاد۔ ابتدا۔ شروع ۔

افتادگی (اُف۔ تا۔ دَگی) (ف) مؤنث۔ عاجزی۔ انکسار۔ خاکساری ۔

افتادہ (اُف۔ تا۔ دَہ) (ف) ناکارہ۔ فضول۔ غیر مزروعہ۔ غیر آباد زمین ۔

افتاں خیزاں (اُف۔ تاں۔ خے۔ زاں) (ف) گرتے پڑتے۔ بدحواسی کی حالت میں ۔

افتتاح (اِف۔ تِتا۔ ح) (ع) مذکر۔ کھولنا۔ شروع کرنا۔ ظاہر کرنا۔ بے نقاب کرنا ۔

افتتاحی (اِف۔ تِتا۔ حی) (ع۔ ف) افتتاح سے متعلق ۔

افتتاحیہ (اِف۔ تِتا۔ حیَہ) (ع۔ ف) مذکر۔ ابتدائیہ کسی اخبار وغیرہ کا خاص پہلا مضمون ۔

افتخار (اِف۔ تِخا۔ ر) (ع) مذکر۔ فخر کرنا۔ ناز۔ عزت۔ بڑائی۔ گھمنڈ کرنا ۔

افترا (اِف۔ تِرا) (ع) مذکر۔ بہتان باندھنا۔ تہمت۔ جھوٹا الزام لگانا ۔

افترا باندھنا ۔ (۱) تہمت لگانا۔ بہتان جوڑنا ۔

افترا پرداز (ع۔ ف) تہمت لگانے والا۔ بہتان باندھنے والا۔ مفسد ۔

افترا پردازی (ع۔ ف) مؤنث۔ بہتان لگانا۔ تہمت رکھنا۔ جھوٹا الزام لگانا ۔

افتراق (اِف۔ تِرا۔ ق) (ع) مذکر۔ جدائی۔ جدائی کرنا ۔

افتیمون (اَف۔ تِی۔ مُون) (ع) مؤنث۔ اکاس بیل۔ امربیل۔ نرادھار ۔

افراتفری (اَف۔ را۔ تَف۔ رِی) (و) (۱) افراط تفریط کا مخرب) مؤنث۔ ہل چل۔ تہلکہ۔ گھبراہٹ۔ پریشانی۔ کھلبلی ۔

افراد (اَف۔ راد) (ع) مذکر۔ فرد کی جمع۔ لوگ۔ آدمی ۔

افراسیاب (اَف۔ را۔ سیاب) (ف) مذکر۔ طوران کے ایک بہادر بادشاہ کا نام ۔

افراط (اِف۔ راط) مؤنث۔ زیادتی۔ کثرت۔ بہتات۔ حد اعتدال سے بڑھ جانا ۔

افراط و تفریط (ع) مؤنث۔ کمی بیشی۔ غیر معتدل حالت ۔

افرنجیت (اَف۔ رَن۔ جی۔ یَت) (معرب) مؤنث۔ فرنگی پن ۔

افروختہ (اَف۔ رُوخ۔ تَہ) (ف) (۱) جلتا ہوا۔ بھڑکتا۔ (۲) روشن ۔

افروختہ کرنا (۱) غصہ دلانا۔ بھڑکانا ۔

افریقہ (اَف۔ رِی۔ قَہ) (ع) مذکر۔ بر اعظم کا نام۔ یورپ کے نیچے خطِ استوا کی سیدھ پر واقع ہے ۔

اُف رے ۔ (۱) ہائے رے۔ اللہ رے۔ کسی چیز کی کثرت یا زیادتی ظاہر کرنے کو بطور مبالغہ کہتے ہیں ۔

افزائش (اَف۔ زا۔ ئش) (ف) مؤنث۔ بیشی۔ زیادتی۔ ترقی ۔

افزوں (اَف۔ زُوں) (ف) زیادہ ۔ بیش ۔ بڑھ کر ۔ بہت ۔

افساد (اِف۔ ساد) (ع) مذکر ۔ فساد کرنا ۔

افساں (اَف۔ ساں) (ف) مؤنث ۔ سان ۔ چھری چاقو وغیرہ تیز کرنے کا آلہ ۔

افسانہ (اَف۔ سا۔ نہ) (ف) مذکر (۱) داستان ۔ قصہ کہانی (۲) جھوٹی بات (۳) سرگزشت ۔ حال ۔ روئداد (۴) طویل بات (۵) ذکر ۔ مذکور ۔ چرچا ۔

افسانہ آنا ۔ (ل) افسوس آنا ۔ حسرت آنا ۔

افسر (اَف۔ سَر) (ف) مذکر ۔ (۱) تاج ۔ مُکُٹ ۔ ٹوپی ۔ کلاہ ۔ (۲) حاکم ۔ سردار ۔

افسر پرمٹ (ا) مذکر ۔ چُنگی کا افسر ۔

افسر مال (ا) مذکر ۔ وہ حاکم جس کے پاس ضلع کی مالگزاری کا کام ہو ۔

افسردگی (اَف۔ سُر۔ دَ۔ گی) (ف) مؤنث ۔ بے رونقی ۔ اداسی ۔ بدمزگی ۔ بدشوقی ۔

افسردہ (اَف۔ سُر۔ دَہ) (ف) مُرجھایا ہُوا ۔ غمگین ۔ اُداس ۔ پژمردہ ۔ بے اُمنگ ۔ بجھا ہوا ۔

افسردہ خاطر ۔ افسردہ دل } (ف) مذکر ۔ غمگین طبع ۔ رنجیدہ خاطر ۔ مُردہ دل ۔ بجھے ہوئے دل والا ۔

افسنتین (اَف۔ سَن۔ تین) (ف) مؤنث ۔ ستاور مشہور دوا کا نام ۔

افسوس (اَف۔ سُوس) (ف) مذکر ۔ حسرت ۔ دریغ ۔ غم ۔ رنج ۔ تاسّف ۔

افسوس کرنا یا کھانا ۔ رنج ظاہر کرنا ۔ تاسّف کرنا ۔

افسوس ناک (ف) افسوس کے لائق ۔ جس پر رنج آسکے ۔

افسوں (اَف۔ سُوں) (ف) مذکر ۔ (۱) سحر ۔ جادو ۔ منتر (۲) فریب ۔ مکر ۔ حیلہ ۔

افسوں کرنا یا پھونکنا ۔ (ا) جادو کرنا ۔ منتر پھونکنا ۔ ہنکانا ۔

افشا (اِف۔ شا) (ع) مذکر ۔ ظاہر کرنا ۔ فاش یا آشکارا کرنا ۔

افشائے راز ۔ (ف) بھید کھولنا ۔ راز ظاہر کرنا ۔ پوشیدہ بات کھولنا ۔

افشاں (اَف۔ شاں) (ف) مؤنث ۔ سونے یا چاندی کی باریک کترن جو عورتیں آرائش کے لئے ماتھے پر چُنتی اور بالوں پر چھڑکتی ہیں ۔

افشاں چُننا (ا) پیشانی اور رخساروں پر افشاں لگانا ۔

افشاں کرنا ۔ (ل) رنگ چھڑکنا ۔ رنگ لگانا ۔

افشانی کاغذ (ف) مذکر ۔ وہ کاغذ جس پر رنگ یا خوشبو چھڑکی ہوئی ہو ۔

افشردہ (اَف۔ شُر۔ دَہ) (ف) نچوڑا ہوا ۔ نچڑا ہوا ۔ مسلا ہوا ۔ وہ شربت جس میں لیموں نچوڑ کر پیتے ہیں ۔ بعض لوگ صرف افشرہ بھی کہہ دیتے ہیں ۔

افصح (اَف۔ صَح) (ع) مذکر ۔ خوش بیان ۔ بہت فصیح ۔ نہایت اچھا بولنے والا ۔

افضال (اَف۔ ضال) (ع) مذکر ۔ جمع فضل کی ۔ بخششیں ۔ مہربانیاں ۔

افضل (اَف۔ ضَل) (ع) مذکر ۔ بڑا ۔ نہایت بزرگ ۔ بہت بہتر ۔ نہایت اچھا ۔ سب سے عمدہ ۔

افضلیت (اَف۔ ضَلی۔ یَت) (ع) مؤنث ۔ بزرگی ۔ بڑائی ۔

افطار (اِف۔ طار) (ع) مذکر ۔ روزہ کھولنا ۔

افطار کرنا (ا) روزہ کھولنا ۔

افطاری (اِف۔ طا۔ ری) (ا) مؤنث ۔ (۱) روزہ کشائی (۲) (مجازاً) افطار کرنے کی چیزیں ۔

افعال (اَف۔ عال) (ع) مذکر ۔ فعل کی جمع (۱) کام ۔ اعمال ۔ (۲) مشتقات مصدر (۳) تاثیر ۔ خواص ۔

افعی (اَف۔ عی) (ع) مذکر ۔ سانپ کی قسم ہے ۔ زہریلا سانپ ۔ کالا سانپ ۔

افغان (اَف۔ غان) (ف) مذکر و مؤنث ۔ (۱) فریاد (۲) پٹھان یا افغانستان کا باشندہ ۔

افغانستان (اَف۔ غا۔ نِس۔ تان) (ف) مذکر ۔ ملک کا نام ۔ پٹھانوں کے رہنے کا ملک ۔

اُفق ۔ اُفُق (ع) مذکر ۔ آسمان کا کنارہ جو زمین سے ملا ہوا معلوم ہوتا ہے ۔ کنارہ ۔

افکار (اَف۔ کار) (ع) فکر کی جمع (۱) تردد ۔ غور ۔ فکر ۔ انتشار (۲) کلام ۔ اشعار ۔

اُف کر دینا (ا) (۱) خاک کر دینا ۔ راکھ کر دینا ۔ تباہ کر دینا (۲) صرف بیجا کرنا ۔

افگار (اف-گار) ف مجروح-زخمی-چاک چاک-ٹکڑے-چور۔

افگندہ (اف-گن-دہ) ف گرا ہوا-عاجز-منکسر۔

افلاس (اف-لاس) (ع) مذکر-غریبی-تنگ دستی-مفلسی-محتاجی-بے روزی۔

افلاطون (اَفلا-طون) یونانی مذکر۔ یونان کے ایک بہت بڑے مشہور حکیم کا نام ہے۔ جو ارسطو (ارسطاطالیس) کا استاد اور بقراط کا شاگرد تھا۔ چونکہ اس نے الٰہیات میں اکثر رسالے لکھے ہیں۔ اس لئے افلاطون الٰہی مشہور ہے۔ ۴۲۷ قبل مسیح میں پیدا ہوا۔ ۸۰ سال عمر پائی۔ نہایت پاک باطن-نیک نفس اور عالم تھا۔

افلاطون کا سالا (ا) مذکر-بڑا متکبر اور گھمنڈی شخص۔ وہ آدمی جو کسی زبردست یا صاحب حکومت کا رشتہ دار ہو۔

افلاطون کے سالے بنے پھرتے ہیں (ا) محاورہ۔ اپنی عقل پر بڑا گھمنڈ کرتے ہیں۔ بڑے مغرور ہیں۔

افلاک (اَف-لاک) (ع) مذکر-فلک کی جمع-آسمان-گردوں-چرخ۔

اُف نہ کرنا - (ف) (۱) کمال ضبط کرنا-سہارنا- (۲) رنج و تکلیف میں افسوس کرنا۔

افواج (اَف-واج) (ف) مؤنث-فوج کی جمع-لشکر-جتھا-بیڑہ۔

افواہ (اف-واہ) (ع) مؤنث-اڑتی ہوئی خبر-بے اصل بات-بازاری خبر-شہرت-گپ۔

افواہ اڑانا - (ف) گپ اڑانا-جھوٹی خبر دینا۔

اُفوہ (اُف-فوہ) (ف) تعجب-تاسف-کثرت درد-صدمے اور بھول چوک کے موقع پر بولا جاتا ہے۔

اَفہام (اَف-ہام) (ع) مذکر-فہم کی جمع-بہت سے فہم-سمجھیں۔

افہام (اِف-ہام) (ع) مذکر-سمجھانا-بجھانا-جتانا۔

اَفیم (اَفیم) (ا) (مؤنث) تریاق-افیون-مشہور زہریلی اور نشیلی چیز جو پوست کے دودھ کو منجمد کرکے بنائی جاتی ہے۔

افیم کھائے امیر یا کھائے فقیر (ف) مثل۔ چونکہ افیمی آدمی از خود رفتہ اور بیکار ہو جاتا ہے۔ اس لئے افیم امیر یا فقیر ہی کھا سکتے ہیں۔ کہ ان کی کوئی حالت ہو۔ ان کے بغیر کسی کام میں حرج نہیں ہوتا۔ سوا امیر اور فقیر کے تیسرے آدمی کو افیم کھانا اچھا نہیں۔

افیمچی (افیم-چی) (ا) مذکر-افیون کا عادی۔

افیمن (ا) مؤنث-افیم کھانے والی عورت۔

افیمی (اَفی-می) (ا) دیکھو افیمچی۔

افیمی تین منزل سے پہچانا جاتا ہے (ف) افیمی کی پہچان بہت دور سے ہو جاتی ہے۔ افیمی کی صورت ہی الگ ہوتی ہے۔

افیمی چڑا (ا) مذکر-بہت افیم کھانے والا۔

افیون (اَف-یون) (ع) مؤنث-دیکھو افیم۔

افیونچی (اف-یون-چی) (ا) مذکر-دیکھو افیمچی۔

افیون کا گھولنا - یا - گھولوا (ا) مذکر-افیون کو پانی میں گھول کر پینا۔

افیونی (اَف-یو-نی) (ف) افیون کھانے والا۔

افیونی جنونی - (ا) مذکر-افیم کھانے والا دیوانہ ہوتا ہے۔

ا-ق

اقادیمیہ (اَقا-دی-میہ) معرب-مؤنث-اکیڈیمی-علم و ادب کو ترقی دینے والی انجمن۔

اقارب (اَقا-رِب) (ع) مذکر-رشتہ دار-اعزہ-قرابت دار-سگے-خاندانی۔

اقالہ (اِقا-لہ) (ع) مذکر-بیع کو رد کرنا۔

اقالیم (اَقا-لیم) (ع) اقلیم کی جمع-ممالک-سلطنتیں۔

اقامت (اِقا-مت) (ع) مؤنث (۱) قیام-قرار-مسکن-ٹھہرنا- (۲) باجماعت نماز کی نیت باندھنے سے پہلے اذان کی تکرار۔

اقانیم (اَقا-نیم) (ع) مذکر-اقنوم کی جمع- (۱) اصل بنیادیں- (۲) مقدس تثلیث کے افراد۔

اقانیم ثلاثہ (ع) مذکر-تثلیث کے افراد۔

اقبال (اِق-بال) (ع) مذکر (۱) ادبار کی ضد-خوش نصیبی-کامیابی-زمانے کا موافق ہونا-بامراد زمانہ-

(۲) اقرار تسلیم - (۳) برکت - طفیل ‌‌۔
اقبالِ دعوے (ع) مذکر۔ مخالف کے دعوے کو تسلیم کرنا۔ مخالف کے دعوے کا صحیح ماننا ۔
اقبال کرنا (ف) قبول کرنا - اقرار کرنا - اعتراف کرنا - مقرّ ہونا ۔
اقبال مند (ف) مذکر۔ صاحب نصیب - خوش قسمت - بھاگوان ۔
اقبالی (اِق - با - لی) (ع - ف) مذکر - اقبال کرنے والا - مان لینے والا ۔
اقتباس (اِق - تبا - س) (ع) مذکر۔ چھناؤ کرنا - انتخاب کرنا۔ نقل کرنا ۔
اقتدا (اِق - تدا) (ع) مؤنث - پیروی کرنا۔ متابعت کرنا۔ پیچھے چلنا ۔
اقتدار (اِق - تِدا - ر) (ع) مذکر - (۱) اختیار۔ حکومت - مرتبہ - (۲) طاقت - زور - قدرت - قوت - بڑائی ۔
اقتدارِ جائز (ع) مذکر - وہ اختیار جو قانوناً درست ہو ۔
اقتران (اِق - تِرا - ن) (ع) مذکر۔ نزدیک ہونا - قریب ہونا - پاس ہونا ۔
اقتصاد (اِق - تِصا - د) (ع) مذکر - (۱) اعتدال سے کام کرنا ۔
اقتصادی (اِق - تصا - دی) اقتصاد سے متعلق ۔
اقتصادیات (اِق - تِصا - دی - یا - ت) (ع) مؤنث علم المعیشت - وہ علم جس میں ملک کی مادی پیداوار کے اچھی جگہ خرچ کرنے کی تعلیم ہوتی ہے ۔
اقتضا (اِق - تِضا) (ع) مذکر - خواہش کرنا - چاہنا - تقاضا - لازمہ - ضرورت ۔
اقدام (اَق - دا - م) (ع) مذکر - قدم کی جمع ۔
اقدام (اِق - دا - م) (ع) مذکر - (۱) آگے جانا - پیش قدمی کرنا - (۲) ارتکاب - دلیری - (۳) ارادہ - قصد ۔
اقدامِ خود کشی (ف) مذکر۔ خود کو ہلاک کرنے کا ارادہ ۔
اقدامِ قتل (ف) مذکر۔ کسی کو مار ڈالنے کا قصد - قتل کا ارادہ ۔
اقدامِ قتل عمد (ع) مذکر - جان بوجھ کر قتل کرنے کی پیش قدمی کرنا ۔
اقدس (اَق - دَس) (ع) مذکر۔ بہت پاک - اطہر ۔

اقدم (اَق - دَم) (ع) سب سے اوّل ۔
اقدمیہ (اَق - دَم - یَہ) (ف) مؤنث۔ دیکھو "اکادیہ" ۔
اقرار (اِق - رار) (ع) مذکر - انکار کی ضد - وعدہ - قول و اقرار - عہد و پیمان - اعتراف - تسلیم کرنا - ماننا ۔
اقرار جرم اصلاحِ جُرم (ع) مثل - جرم کا مان لینا اس کی سختی کو کم کرتا ہے ۔
اقرارِ صالح - (ع) مذکر - پکا اقرار - حلفی بیان ۔
اقرار کرنا (ف) قبول کرنا - ماننا - وعدہ کرنا - عہد کرنا ۔
اقرار نامہ (ع - ف) مذکر - معاہدے کا کاغذ - اقرار کی دستاویز ۔
اقراری (اِق - را - ری) (ع) اقرار کرنے والا - اقبالی ۔
اقران (اَق - را - ن) (ع) مذکر - (۱) قرن (۳۰ - ۸۰ یا ۱۰۰ برس کا عرصہ) کی جمع - زمانے (۲) قرین کی جمع - پاس کے لوگ ۔
اقرب (اَق - رَب) (ع) (۱) نہایت قریب - (۲) مذکر - رشتہ دار ۔
اقربا (اَق - رِبا) (ع) مذکر - قریب کی جمع - بھائی بند - رشتہ دار - قریبی - اپنے - یگانے ۔
اقساط (اَق - سا - ط) (ع) مذکر و مؤنث - قسط کی جمع - ٹکڑے - حصے - اجزا ۔
اقسام (اَق - سا - م) (ع) مذکر و مؤنث - قسم کی جمع - انواع - طرحیں - قسمیں ۔
اقصیٰ (اَق - صا) (ع) مذکر - بہت دور ۔
اقطار (اَق - طا - ر) (ع) قطر کی جمع - وہ خطِ مستقیم جو مرکز پر ہو کر گزرتا ہے - اور محیط کے دو برابر حصے کرتا ہے ۔
اقطاع (اَق - طا - ع) (ع) مذکر - جاگیریں - اطرافِ زمین ۔
اقل (اَ - قَل) (ع) بہت ہی کم - حقیر - قلیل - تھوڑا ۔
اقلیت (ع) مؤنث - (۱) کمی - تھوڑا ہونا - (۲) وہ قوم جو تعداد میں تھوڑی ہو
اُقلیدس (اُق - لی - دَس) (یونانی) مذکر - (اُقلی - کنجی - دس - ہندسہ) حساب کی کنجی - مصر کے ایک مشہور ریاضی دان کا نام - جس نے اسکندریہ میں مدرسہ ریاضی کی بنیاد ڈالی - اسے علم ہندسہ کا

ایسا شوق تھا کہ نام ہی اقلیدس ہو گیا۔ اُس کی تصنیف علم ہندسہ کی مشہور کتاب اقلیدس ہے۔

اقلیل الملک (اِق۔ لی۔ لُل۔ مَلِک) (ع) مذکر۔ ایک دوا کا نام جو گرم خشک ہوتی ہے۔ زیادہ تر ضماد کے کام آتی ہے۔

اِقلیم (اِق۔ لیم) (ع) مؤنث۔ ولایت۔ مُلک۔ کرۂ ارض کے پانچ حصوں میں سے ہر ایک کو اقلیم کہتے ہیں۔

اقمار (اَق۔ مار) (ع) مذکر۔ (۱) قمر کی جمع۔ بہت سے چاند (۲) (کنایۃً) بہت سے معشوق۔

اقمر (اَق۔ مَر) (ع) بہت سفید۔

اقمشہ (اَق۔ مِشَہ) (ع) مذکر۔ قماش کی جمع (۱) پونجیاں (۲) قیمتی کپڑے۔

اقنوم (اُق۔ نُوم) (ع) مذکر (۱) ہر چیز کی اصل بنیاد۔ (۲) دین عیسوی میں خدا کا جز یعنی تینوں باپ۔ بیٹے۔ روح القدس میں سے ہر ایک کو اقنوم کہتے ہیں۔

اقوا (اِق۔ وا) (ع) مذکر۔ اعراب کی تبدیلی سے قافیہ کا بدل جانا جو ایک عیب ہے۔

اقوال (اَق۔ وال) (ع) مذکر۔ قول کی جمع۔ باتیں۔ مقولے۔ نصیحتیں۔

اقوام (اَق۔ وام) (ع) مذکر۔ قوم کی جمع۔ فرقے۔ ذات۔ گروہ۔

ا - ک

اِک (اِک) (ہ) ایک کا مخفف۔

اِکّا (اِک۔ کا) (ہ) مذکر (۱) مشہور سواری کا نام۔ (۲) بازو پر باندھنے کا تعویذ۔ (۳) زمین پر رکھ کر جلانے والا ایک بتی کا شمعدان۔ (۴) بھاری گُدر جو ایک ہی اُٹھایا جاتا ہے۔ (۵) تاش اور گنجفہ میں ایک نشان والا پتہ۔ (۶) پہرہ چوکی پر مقرر کرنے کا ذمہ دار فوجی افسر جو شاہی زمانے میں ہوتا تھا۔ (۷) ریاستوں کے خاندانی رئیس زادے جو گھر بیٹھے تنخواہ پاتے ہیں۔ اُن میں سے ہر ایک کو اکا کہتے ہیں۔ (۸) اکیلا۔ تنہا۔ واحد۔ (۹) بے نظیر۔ بے مثال۔ لاثانی۔

اکابر (اَکا۔ بِر) (ع) اکبر کی جمع۔ بزرگ لوگ۔ بڑے اور معتبر آدمی۔

اکادشی (اَکا۔ دَشی) (ہ) مؤنث۔ ہندی مہینے کی گیارھویں تاریخ۔

اِکّا دُکّا (ہ) مذکر۔ ایک دو۔ کوئی کوئی۔

اکاذیب (اَکا۔ ذِیب) (ع) مؤنث۔ جھوٹی باتیں۔

اکارت (اَکا۔ رَت) (ہ) بے فائدہ۔ لاحاصل۔ برباد۔ ضائع۔ بےکار۔

اکارت جانا۔ (ہ) ضائع ہونا۔

اکاس (اَکا۔ س) (ہ) مذکر۔ (دیکھو آکاس)

اکاسرہ (اَکا۔ سِرَہ) (ف) مذکر۔ کسریٰ کی جمع۔

اکاسی (اِکا۔ سی) (ہ) ہشت وئیک۔ اسی اور ایک۔ ۸۱۔

اکال (اَ۔ کال) (ہ) مذکر۔ (۱) قحط سالی۔ خشک سالی۔ (۲) نہ مرنے والا۔

اکانوے (اِکا۔ نوے) (ہ) نود وئیک۔ نوے اور ایک ۹۱۔

اکاون (اِکا۔ وَن) (ہ) پنجاہ وئیک۔ پچاس اور ایک ۵۱۔

اکاؤنٹ (اَکا۔ ؤنٹ) (انگ ACCOUNT) مذکر۔ حساب۔

اکاؤنٹس ڈیپارٹمنٹ (انگ ACCOUNTS DEPARTMENT) مذکر۔ حساب کا محکمہ۔

اکاؤنٹنٹ (اَکا۔ ؤن۔ ٹنٹ) (انگ ACCOUNTANT) مذکر۔ محاسب۔ حسیب۔ حساب کی پڑتال کرنے والا۔ جانچ کرنے والا۔ حساب رکھنے والا۔

اکاؤنٹنٹ جنرل (انگ ACCOUNTANT GENERAL) مذکر۔ محکمۂ حساب و کتاب کا اعلیٰ افسر۔

اکائی (اِکا۔ ئی) (ہ) مؤنث۔ شمار کا پہلا درجہ۔ ریاضی میں ایک سے نو تک ہر ہندسہ اکائی میں شمار کیا جاتا ہے۔

اِکبارہ۔ یا۔ اِکبارگی (ف) (۱) ایک ہی دفعہ۔ (۲) یک لخت۔ دفعتہً۔ ناگاہ۔

اکبر (اَک۔ بَر) (ع) مذکر (۱) بہت بڑا۔ (۲) مغلیہ سلطنت کے مشہور بادشاہ کا لقب۔ جس کا نام جلال الدین تھا۔

اکبری نورتن (ا) مذکر (۱) اکبر کے نو جواہر یعنی اکبر کے نو مصاحب کمال وزیر۔ (۱) مرزا عبدالرحیم خان خانان پسر بیرم خان ترکمان۔ (۲) خانِ اعظم مرزا عزیز کوکلتاش ہفت ہزاری۔ (۳) ابوالفتح گیلانی (۴) ملک الشعرا علامہ ابوالفیض فیضی (۵) موتمن الدولہ ابوالفضل (۶) حکیم ہمام (۷) راجہ ٹوڈرمل صدر دیوان (۸) راجہ بیربل سہ ہزاری۔ (۹) راجہ مان سنگھ پنج ہزاری۔

اِک پیچا - (ہ) مؤنث - (۱) ایک قسم کی پگڑی - (۲) صرف ایک پیچ کا پیچوان حقہ ◆

آکت (اُکَت) (ہ) مؤنث - تنی یا انوکھی بات ◆

اُکتا جانا - (ہ) پریشان ہو جانا - اُداس ہو جانا - اچاٹ ہونا - تنگ ہونا ◆

اِکتارا - (ہ) مذکر (۱) ڈورئیے سے مشابہ ایک بہت ہی باریک کپڑا - (۲) تنبورے سے مشابہ ایک تار کا ساز (۳) ایک تار کا ڈورا ◆

اِکتالا - (ہ) مذکر - طبلے کی ایک گت کا نام ◆

اِکتالیس - (ہ) چہل و یک - چالیس اور ایک ◆

اُکتائی کمہاری ناخن سے مٹی کھودے (ہ) مثل - بے دلی سے کام کرنا - طبیعت سے کام نہ کرنا ◆

اکتساب (اِک - تِسَاب) (ع) مذکر - کوشش سے حاصل کرنا - محنت اور کوشش سے پیدا کرنا - ہنر اور پیشہ سے حاصل کرنا - کمانا ◆

اکتشاف (اِک - تِشَاف) (ع) مذکر - ظاہر ہونا - کھلنا - دریافت ◆

اکتفا (اِک - تِفَا) (ع) مذکر و مؤنث - کفایت - بس ◆

اِکتفا کرنا - (ف) (۱) قناعت کرنا (۲) پورا ہونا - بس کرنا (۳) بہت ہونا - کافی ہونا ◆

اکتوبر (اَک - تُو - بَر) (انگ) (انگ: اکتوبر OCTOBER) مذکر - انگریزی سال کا دسواں مہینہ - جو ہمیشہ اکتیس دن کا ہوتا ہے ◆

اِکتیس (ہ) ایک اور تیس - سی و یک - ۳۱ ◆

اکٹ (آکَٹ) (ہ) الف نفی کا - مضبوط اور سخت چیز جو نہ کاٹے کٹے اور نہ توڑے ٹوٹے (۲) یکتا - کامل ◆

اِکٹ " دیکھو ایکٹ " ◆

اِکٹھا - (ہ) یکجا - ایک ساتھ - فراہم ◆

اکثر (اَک - ثَر) (ع) کمتر کی ضد - بہت زیادہ - بیشتر - بارہا - ہمیشہ - خصوصاً ◆

اکثریت - (ع) مؤنث - (۱) زیادتی - (۲) وہ قوم جو تعداد میں زیادہ ہو ◆

اِک جا - (ف) یکجا - اکٹھا - ایک جگہ - مجموعی ◆

اِک جہاں - یا - ایک جہان دیکھا ہے (ہ) مثل - بہت ہوشیار ہے - بہت تجربہ کار ہے - ساری دنیا کو دیکھا ہے ◆

اِک چت (ہ) یک دل - ایک بات پر قائم رہنے والا ◆

اِک دَرا (ف) مذکر - ایک در کا مکان - ایک دروازے کا گھر ◆

اِک ڈال (ہ) (۱) بے جوڑ - یکساں - (۲) وہ پیش قبض - چھری - کٹار وغیرہ جس کا پھل اور دستہ ایک ہی لوہے کا ہو ◆

اِک ڈالا - (ہ) ایک کنول کی دیوارگیری ◆

اکرا (آکَ - رَا) (ہ) مذکر - ایک ادنےٰ اور ناقص قسم کا غلہ جو جانوروں کو کھلایا جاتا ہے ◆

اکرام (اِک - رَام) (ع) مذکر - (۱) کرم کرنا - بخشش - عطا - (۲) عزت - تعظیم - توقیر - بزرگی ◆

اکراہ (اِک - رَاہ) (ع) مذکر - (۱) کراہت - نفرت - گھن - (۲) زبردستی - جبر ◆

اِک رُخی - (ف) مؤنث - یک طرفی - طرف داری کی - جانب داری کی ◆

اکرکرا (اَکَر - کَرَا) (ہ) مذکر - عاقرقرحا - جڑ کی ایک قسم - سفید اور تیز ◆

اکروڑا (آکَ - رُو - ڑَا) (ہ) مذکر - وہ کسیلی دوا جو زچہ کو اسقاط میں پلاتے یا جس سے آبدست کراتے ہیں ◆

اکڑ (آکَڑ) (ہ) مؤنث - بل - غرور - سرکشی - بدمزاجی ◆

اکڑ باز - (ف) مغرور ◆

اکڑ جانا (ف) (۱) اینٹھ جانا - (۲) بگڑ بیٹھنا ◆

اکڑ فوں کرنا - (ہ) غرور کرنا - گھمنڈ کرنا ◆

اکڑنا - (ف) (۱) سینہ ابھارنا - (۲) گھمنڈ کرنا - (۳) بگڑ بیٹھنا - ناراض ہونا - (۴) زور دکھانا - سرکشی کرنا (۵) ٹھٹھرنا - جکڑ جانا ◆

اکڑو - اکڑوں (اُک - ڑُو - اُک ڑُوں) - پاؤں کے تلے زمین پر اور بوجھ پاؤں پر ◆

اکڑو (اکڑوں) بیٹھنا - (ہ) پاؤں پر جسم کا بوجھ ڈال کر بیٹھنا ◆

اُکس (اُکَس) (ہ) اُکسنا کا امر ◆

اُکسا (ہ) (۱) اکسانا کا امر (۲) اکسنا کی ماضی ◆

اَکسار - (ہ) (۱) ہموار - (۲) برابر - یکساں ◆

اُکسانا - (ہ) (۱) روشنی تیز کرنے کے لئے چراغ

کی جی بڑھانا۔ (۲) آمادہ کرنا۔ اُبھارنا۔ (۳) اُٹھانا۔ ہلانا۔

اکسائیز (اَک۔ سا۔ ئیز) (انگ EXCISE) مذکر۔ چونگی وغیرہ کا محصول۔

اکسائیز آفیسر (انگ EXCISE OFFICER) مذکر۔ محکمۂ آبکاری کا افسر۔

اکسائیز ڈیپارٹمنٹ۔ (انگ EXCISE DEPARTMENT) مذکر۔ آبکاری کا محکمہ۔

اکسپرٹ (اِکس۔ پَرٹ) (انگ EXPERT) ماہر۔ ماہرِ فن۔

اکسپورٹ (اِکس۔ پورٹ) (انگ EXPORT) مذکر۔ کسی ملک کا تجارتی مال جو باہر بھیجا جائے۔

اکسٹرا (اِکس۔ ٹرا) (انگ EXTRA) فالتو۔ زائد۔

اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر (انگریزی) EXTRA ASSISTANT COMMISSIONER.

(مذکر) نائب مددگار کمشنر۔ ڈپٹی کمشنر "ای۔ اے۔ سی" اسی کا مخفف ہے۔

اکسٹھ (ہ) شصت و یک۔ ساٹھ اور ایک ۶۱۔

اُکسنا۔ (س) ہلنا۔ ہٹنا۔ سر اٹھانا۔ نمودار ہونا۔ اُبھرنا۔

اُکسنے نہ دینا (د) ہلنے نہ دینا۔ اُبھرنے نہ دینا۔ (۲) ترقی نہ کرنے دینا۔ عزت نہ پانے دینا۔

اِکسیر (اِک۔ سیر) (ع) مؤنث۔ (۱) کیمیا۔ پارس۔ وہ شے جو دھات کو سونا چاندی بنا دے۔ (۲) مؤثر دوا۔ لازمی اثر کرنے والی۔

اکسیر گر (ع ف) کیمیا بنانے والا۔

اِکشا (اِک۔ شا) (انگ EXSHA) مؤنث۔ ایک قسم کی شراب۔ (برانڈی)۔

اِکفا (اِک۔ فا) (ع) مذکر۔ عیوب قافیہ میں سے ایک عیب۔

اِک گونہ۔ (ف) کسی قدر۔ تھوڑا سا۔ اِک طرح کا۔ اِک قسم کا۔

اَکل (اَکَل) (ف) واحد۔ اکیلا۔ تنہا۔

اکل (اَکل) (ع) مذکر۔ (۱) کھانا۔ غذا۔ (۲) روزی۔

اَکلانا۔ (ہ) (۱) اُکتانا۔ بے قرار ہونا۔ گھبرانا (۲) تھک جانا۔ تنگ آنا۔ جی متلانا۔

اکل کھرا } (ہ) (۱) بے مروت۔ غیر مانوس۔
اکھل کھرا } بے لحاظ (۲) بدمزاج۔ تُند خو۔

اکل کھرا جگ سے بُرا۔ (ہ) مقولہ۔ بے مروت سب سے بُرا ہے۔ بدمزاج ہمیشہ سے خراب ہے۔

اکلوتا۔ (ہ) مذکر۔ اکیلا بیٹا۔ ایک ہی بیٹا۔

اکل و شرب۔ (ع) مذکر۔ کھانا پینا۔ خورد و نوش۔ دانہ پانی۔ کھانے پینے کی چیزیں۔

اِکلیل (اِک۔ لیل) (ع) مذکر۔ تاج۔ افسر۔ کلاہ۔

اکلیل الملک۔ (ع) مذکر۔ دیکھو "اقلیل الملک"۔

اکمل (اَک۔ مَل) (ع) مذکر۔ بہت بڑا کامل۔ نہایت کامل۔ اپنے ہنر میں طاق۔

اِک منزلا۔ (ہ) مذکر۔ وہ مکان جس پر بالا خانہ نہ ہو۔ ایک چھت والا۔

اکناف (اَک۔ ناف) (ع) مذکر۔ اطراف۔ کنارے۔ سمتیں۔ "کنف" کی جمع۔

اکنالجمنٹ (اَک۔ نا۔ لج۔ منٹ) (انگریزی) (ACKNOWLEDGMENT) مؤنث۔ اقرار۔ رسید۔ قبولیت۔

اک نظر دیکھنا۔ (ہ) تھوڑی دیر دیکھنا۔

اکنگ (اَکنگ) (ہ) مؤنث۔ (۱) ایک کھیل کا نام ہے۔ جو لکڑی سے کھیلا جاتا ہے۔ (۲) اپنے قول سے نہ پھرنے والا۔ (۳) یک رنگ۔ ایک بات والا۔ (۴) تنہا۔

اکواہی (اِک۔ وا۔ ہی) (ہ) ایک زانو بیٹھنا۔ ایک پہلو لیٹنا۔

اکوائی (اِک۔ وا۔ ای) (ہ) (دلالوں کی اصطلاح) تین۔

اکوتا (اِکو تا) (ہ) مذکر۔ (۱) ایک سوداوی مرض ہے۔ جس سے اکثر ہاتھوں اور پاؤں کی جلد پر ننھے ننھے دانے نکل کر اُن سے رطوبت نکلتی رہتی ہے۔ (۲) کُوت سے سودا کرنا۔ چکا کر خریدنا۔ تمام چیز کا بے تول جوکھ خرید کرنا۔

اکولا (اَکو لا) (ہ) برار میں ایک مشہور شہر کا نام ہے۔

اکونا (اِکو نا) (ہ) مذکر۔ ایک ایک کرکے چُنا ہوا۔ صاف اور چُنا ہوا اناج۔

اکونے (اَکونے) (ہ) مؤنث۔ وہ مٹی جو حاملہ عورت

کو ہوتی ہے ۔

اکھاڑ (اُکھاڑ) (ہ) (۱) اکھاڑنا کا امر (۲) مؤنث۔ بربادی۔ جڑ سے نکالنا ۔

اکھاڑا (اَکھاڑا) (ہ) مذکر۔ (۱) پہلوانوں کی کشتی گاہ۔ دنگل۔ (۲) ناچ رنگ کی محفل حسینوں کا جمگھٹ

اکھاڑ پچھاڑ ۔ (ہ) مؤنث۔ (۱) تغیر و تبدل۔ موقوفی بحالی۔ (۲) لگائی بجھائی۔ پیچ کشی۔ کوشش سعی ۔

اکھاڑنا۔ یا۔ اکھیڑنا ۔ (ہ) (۱) جڑ سے باہر نکالنا۔ گاڑنا کی ضد۔ (۲) موقوف کرانا۔ (۳) بدلنا۔ بگاڑنا۔ (۴) جوڑ سے الگ کرنا (۵) کھودنا (۶) ڈھانا ۔

اکہتر ۔ (ہ) ہفتاد و یک۔ ستر اور ایک۔ ۷۱ ۔

اکھشا ۔ (دیکھو اکھشا) ۔

اکہرا (اِکہرا) (ہ) مذکر۔ دوہرے کی ضد۔ ایک ہی تہ کا ۔

اکہرا بدن (ہ) مذکر۔ دُبلا۔ چھریرا۔ وہ جسم جو کبھی موٹا نہ ہو ۔

اکھرنا (اَکھرنا) (ہ) ناگوار گزرنا۔ بار خاطر ہونا ۔

اکہری سواری ۔ (ہ) ڈولی یا پینس وغیرہ میں ایک شخص کے سوار ہونے کو اکہری سواری کہتے ہیں ۔

اکھڑ (اَکھڑ) (ہ) مذکر۔ سخت مزاج۔ جاہل۔ اُجڈ۔ غیر مہذب۔ ناشائستہ۔ بدتمیز۔ جھگڑالو۔ سرکش ۔

اکھڑ پن (ہ) مذکر۔ ضد۔ بدتمیزی۔ سرکشی۔ سخت مزاجی۔ جہالت ۔

اکھڑنا (اُکھڑنا) (ہ) (۱) جڑ سے الگ ہونا۔ (۲) عضو کا جوڑ سے جدا ہونا۔ (۳) بیزار اور بردا شتہ خاطر ہونا۔ (۴) بھاگ نکلنا۔ مغلوب اور عاجز ہونا (۵) ٹوٹ پڑنا۔ (۶) سانس کا سلسلہ آمد و رفت جاتا رہنا۔ (۷) گھوڑے کا قدم برابر نہ پڑنا۔ (۸) آواز کا بے تال اور بے سُرا ہو جانا۔ (۹) بھڑک جانا۔ اُچٹ جانا۔ (۱۰) ٹوٹنا۔ چھوٹنا۔ (۱۱) اوپر اُٹھ آنا جنبش میں آنا۔ (۱۲) کھلنا الگ ہو جانا۔ (۱۳) خیمہ اُٹھنا۔ (۱۴) پیچھے ہٹ جانا۔ (۱۵) کھدنا۔ گڑی ہوئی چیز کا باہر نکل آنا ۔

اکھڑی اکھڑی باتیں کرنا ۔ (ہ) رنجش آمیز گفتگو کرنا۔ دل برداشتگی کے ساتھ بولنا ۔

اکھل (اُکھل) (ہ) مذکر } لکڑی کا ایک
اکھلی (اُکھلی) (ہ) مؤنث } برتن۔ جس میں دھان وغیرہ ڈال کر چھلکا جدا کرنے کیلئے کوٹتے ہیں ۔

اکھلی میں سر دیا تو دھمکیوں کا کیا ڈر (ہ) مثل۔ جب آپ ہی کوئی کام اپنے ذمے لے لیا۔ تو کسی کے ڈرانے دھمکانے کا کیا ڈر ۔

اکھنڈ (اَکھنڈ) (ہ) مؤنث۔ کم عمر اور کمسن بچھیرا ۔

اکھولا (اَکھولا) (ہ) مذکر۔ گنے کی چوٹی ۔

اکھو مکھو (اَکھو۔ مکھو) (ہ) مؤنث۔ چراغ کی لو تک ہاتھ لے جا کر بچے کے منہ پر پھیرنا ۔

اکید (اَکید) (ع) مضبوط ۔

اکیڈمی دیکھو اکادیمیہ ۔

اکیس (اِکیس) (ہ) بست و یک۔ بیس اور ایک۔ ۲۱ ۔

اکیس رہنا ۔ (ہ) غالب رہنا ۔

اکیلا (اکیلا) (ہ) مذکر۔ (۱) تنہا۔ (۲) خالی۔ غیر آباد۔ (۳) یکتا۔ لاثانی ۔

اکیلا چنا بھاڑ نہیں پھوڑ سکتا ۔ (ہ) مثل تنہا آدمی سے کسی بڑے کام کا پورا ہونا بہت مشکل ہے ۔

اکیلا ہنسنا بھلا نہ روتا ۔ (ہ) مقولہ۔ اکیلا آدمی نہ دکھ درد سہار سکتا ہے۔ نہ عیش و آرام کا مزہ پا سکتا ہے ۔

اکیلنا (اَکیلنا) (ہ) ادھیڑنا۔ چھیلنا۔ مغز سے پوست الگ کرنا۔ بٹے ہوئے دھاگے کا بل نکالنا ۔

اکیلی (اکیلی) (ہ) مؤنث۔ تنہا ۔

اکیلی تو لکڑی بھی نہیں جلتی ۔ (ہ) مثل۔ تنہا آدمی سے کوئی کام نہیں ہو سکتا ۔

اکیلی جان ۔ (ہ) مؤنث۔ تن تنہا۔ نہ کوئی واقف کار نہ کوئی یار غمگسار نہ کوئی دشمن۔ نہایت بے لطف زندگی ۔

اکیلے چلئے نہ باٹ۔ بھار بیٹھیے کھاٹ (ہ) مثل۔ اکیلے سفر نہ کرنا چاہئے۔ چارپائی کو پہلے جھاڑ لو۔ پھر اس پر بیٹھو ۔

اکیلے دُکیلے کا اللہ بیلی (ہ) مثل۔ تنہا آدمی کا

اللہ ہی مددگار (دوست) ہے۔

ا - گ

اُگارنا (اُگا ر - نا) (ہ) کنواں صاف کرنا۔ کنوئیں کی مٹی نکالنا۔ کنواں سینا۔

اگاڑی (اَ گا - ڑی) (ہ) مؤنث۔ (۱) سامنے۔ روبرو۔ آگے۔ (۲) گھوڑے کے گلے کی وہ رسی جو دائیں بائیں دو میخوں میں باندھی جاتی ہے۔

اگال (اُ گال) (ہ) مذکر۔ پیک۔ پان کا پھوک۔ تھوک دہن۔ اُگلی ہوئی چیز۔

اُگالدان (ف) مذکر۔ پیک ڈالنے اور تھوکنے کا برتن۔ پیکدان۔

اُگاہنا (اُگاہ - نا) (ہ) وصول کرنا۔ حاصل کرنا۔ لینا۔

اگتا پیچھی (اُگ - تا - پَی - چھی) (ہ) غصّے کی حالت میں کچھ دینا اور اپنے احسانات جتانا۔

اُگلنا - اگلنا (اُگ - لْ - نا - اُگ - لْ - نا) (ہ) (۱) بار بار احسان جتانا (۲) جھلا کے کسی کے عیب کھول دینا۔ (۳) بے بہا یا نامناسب بات کو ظاہر کرنا۔

اُگد (اُ گد) (ہ) مذکر۔ فیلبانوں کی اصطلاح میں ہاتھی کے تیز چلانے اور آگے بڑھانے کی آواز۔

اگر (اَ گر) (ف) جو۔ جب۔ بشرطیکہ۔ مبادا۔ بالفرض۔

اَگَر (اَ گَر) (ہ) مؤنث۔ عود ہندی۔ ایک قسم کی لکڑی جو جل کر خوشبو دیتی ہے۔

اگرچہ - (ف) کلمۂ شرط۔ ہرچند۔ باوجودیکہ۔ ہر طرح۔ بار بار۔ گو۔

اگردان - (ف) مذکر۔ اگرسوز۔ اگروٹا۔ وہ ظرف جس میں اگر کی بتیاں جلاتے ہیں۔

اگردھوں دھوں - (ہ) مذکر۔ دھونسے کی سی آواز۔ (۲) موٹا آدمی۔ بدن کا بھاری اور بھپس آدمی۔

اگرسوچ (ہ) مؤنث۔ دور اندیشی۔

اگر کی بتی (ہ) مؤنث۔ وہ بتی جو اگر اور صندل کے برادے وغیرہ خوشبودار چیزوں سے بنائی اور محفلوں مجلسوں میں اکثر ہوا کی صفائی اور خوشبو کے لئے جلائی جاتی ہے۔

اگر ماند شبے ماند شبے دیگر نمے ماند - (ف) مثل۔ تھوڑی دیر کی رونق ہے۔ اگر رہی تو ایک رات۔ دوسری رات تک نہ رہے گی۔

اگر مگر کرنا - (۱) پس و پیش کرنا۔ ہچکچانا۔ (۲) حجت کرنا۔ جھگڑنا۔

اگرنا (اُگ - نا) (ہ) کنوئیں کا صاف ہو جانا۔

اگروال (اَگ - رْ - وَال) (ہ) مذکر۔ (۱) بنیوں
اگروالا (اَگ - رْ - وَالا) کا ایک فرقہ جو تجارت کرتا ہے۔ (۲) راجہ اگر کی اولاد۔

اگری - (ہ) (۱) سیاہی مائل صندلی رنگ جو گردن کے قریب ہوتا ہے۔ (۲) ایک قوم کا نام جو پھاوڑے یا پھاوڑے سے مٹی نکلتی ہے۔ اور آگرہ سے اپنے نکاس بتاتی ہے۔ (۳) شاہان دہلی کی ایک پلٹن کا نام جس کی وردی اگرئی تھی۔

اگڑم بگڑم (اَگ - ڑَم - بَگ - ڑَم) (ہ) مذکر۔ (۱) بے کار۔ مہمل اور بے معنی باتیں۔ (۲) فضول چیزیں۔ بیکار اشیا۔ (۳) ملی جلی۔ گڈمڈ۔

اگزالٹڈ ہائینس (اگ - زال - ٹِڈ - ہا - اِن - نِس) (انگ۔ EXALTED HIGHNESS) مذکر۔ اعلےٰ حضرت۔ جس الفد۔ یہ خطاب سلطنت انگریزی کی طرف سے صرف اعلےٰ حضرت میر عثمان علی خان بہادر نظام الملک آصف جاہ سابع کے لئے وضع کیا گیا ہے۔ اور نہیں کو حاصل ہے۔

اگزکٹو (اگ - زِک - ٹو) (انگ۔ EXECUTIVE) انتظامی۔

اگزمینر دیکھو "اگزمینر" (EXAMINER)۔

اگست (اگست) (انگ۔ AUGUST) مذکر۔ انگریزی آٹھواں مہینہ جو اکتیس دن کا ہوتا ہے۔

اگلا پچھلا (اَگ - لا - پچھ - لا) (ہ) مؤنث۔ گھوڑے کی برابر کی جانب برابر جوڑنے کے آگے پیچھے جوڑنا۔

اگلا (اَگ - لا) (ہ) (۱) پہلا۔ پہلے کا۔ اوّلین۔ (۲) گزشتہ زمانہ۔ (۳) آئندہ وقت۔ (۴) پیش رو۔

اگلا پچھلا (ہ) (۱) پہلا اور آخری۔ (۲) مذکر۔ گزرا ہوا اور موجودہ وقت۔ روزہ رکھنے اور کھولنے کے اوقات۔

اگلا جنم (ہ) مذکر۔ ہندوؤں کے عقیدے میں اگلی

پیدائش ۔

اگلا کتنا ہو ۔ تو آپ چُپ رہیئے ۔ (ف) مثل ۔ بات کاٹ کر بات نہ کرنا چاہیئے ۔ پہلا بات کہنے والا جب تک ختم نہ کرے ۔ چپ رہو ۔

اگلا لیپا دوسے بہا ۔ اب کا لیپا آگے لا ۔ (ف) مثل ۔ (۱) پہلے احسانوں کی ناشکری کر کے نئے احسان کی اُمید کرنا ۔ (۲) پہلے کئے کام کو مٹا کر نئے سرے سے دوبارہ کرنا ۔ (۳) فضول محنت کرنا ۔ کام کا بڑھانا ۔

اُگل (اُ ۔ گل) اُگلنا کا امر ۔

اُگل آنا | اُگل پڑنا (ہ) (۱) نگلی ہوئی چیز کا منہ سے باہر نکل آنا ۔ (۲) تلوار کا میان سے باہر نکل پڑنا ۔ (۳) غصے ہو جانا ۔ بُرا بھلا کہنا ۔ (۴) دل کی بات کا ظاہر کرنا ۔

اُگلنی تلوار اور بیسوا اُگالی خصم کو مار رکھتی ہے ۔ (ف) مثل ۔ میان سے نکل پڑنے والی تلوار اور بیسوا اُگالی مالک کی دشمن ہوتی ہے ۔ میان سے باہر نکلنے والی تلوار اور حرام کار عورت خاوند کو مروا دیتی ہے ۔

اُگلنا ۔ (ہ) (۱) تھوکنا ۔ منہ سے باہر کرنا ۔ (۲) نکالنا ۔ پیدا کرنا ۔ (۳) بھید کھولنا ۔ (۴) مال واپس کرنا ۔ چوری یا بددیانتی سے کھایا ہوا مال واپس دینا ۔

اُگل نگل کے کھانا | اُگل اُگل کے کھانا (ہ) نہایت بے رغبتی سے کھانا ۔ تکلیف سے کھانا ۔ آہستہ آہستہ کھانا ۔ ناپسند کھانا ۔

اُگلے تو اندھا کھائے تو کوڑھی ۔ (ف) مثل ۔ مشہور ہے کہ اگر سانپ چھچھوندر کو اُگل دے تو اندھا اور کھا جائے تو کوڑھی ہو جاتا ہے ۔ نہ چھوڑے بنے نہ کھائے بنے ۔ کرنا نہ کرنا دونوں صورتوں کا نامکن ہونا ۔ کرنے میں نقصان ۔ ترک کرنے میں ضرر ۔

اگلے دفتر کھولنا ۔ (ف) محاورہ ۔ گزری ہوئی باتیں کرنا ۔ پچھلی شکایتیں کرنا ۔

اگلے زمانے والے ۔ یا ۔ اگلے لوگ ۔ (ف) (۱) پرانے آدمی ۔ پہلے وقتوں کے آدمی ۔ متقدمین ۔ (۲) بھولے بھالے ۔ (۳) سادہ لوح ۔ بے وقوف ۔

اگلے کو گھاس نہ پچھلے کو پانی ۔ (ف) مثل ۔ نہایت بدانتظامی ہے ۔ بہت گڑبڑ ہے ۔ کچھ بندوبست نہیں ۔

اگلے نے کیا پچھلے پر آئی ۔ (ف) محاورہ ۔ بڑے نے قصور کیا ۔ چھوٹے نے سزا پائی ۔ افسر نے خطا کی ۔ ماتحت ملزم ٹھیرا ۔

اگلے ہوئے پچھلے ۔ پچھلے ہوئے پردھان ۔ (ف) مثل ۔ آزمائے ہوئے لوگوں کو غیر آزمائے لوگوں پر ترجیح دینا ۔ معزز آدمی کو معزول کر کے غیر معزز کو عزت بخشنا ۔

اَگم (اَ ۔ گم) (ہ) مذکر ۔ علم غیب ۔ ہونی ۔ ہونے والی بات ۔ (۲) عاقبت ۔ عقبیٰ ۔ (۳) خفیہ ۔ اندرونی ۔ باطنی ۔

اگم بدھیا | اگم جانی (ہ) مذکر ۔ نجومی ۔

اگم شاستر (س) مذکر ۔ وہ کتاب جس میں علم غیب یا علم باطن کا بیان ہو ۔

اگن (اَ ۔ گن) (ہ) مذکر ۔ (۱) ایک چھوٹے سے خوش آواز پرند کا نام ۔ (۲) مؤنث ۔ آگ ۔

اُگنا (اُگ ۔ نا) (ہ) پیدا ہونا ۔ نکلنا ۔ نمو پانا ۔ ظاہر ہونا ۔

اگن باؤ ۔ (ہ) مؤنث ۔ (۱) گھوڑوں کا ایک مرض ہے ۔ جس میں اُن کی کھال اُدھڑ جاتی ہے ۔ اور رونگٹے گر جاتے ہیں ۔ (۲) گرمی ۔ آتشک ۔ (۳) بادسموم ۔

اگنبوٹ ۔ (ا) مذکر ۔ آگ بوٹ ۔ اسٹیمر ۔ دُخانی کشتی ۔ آگ سے چلنے والی ناؤ ۔

اگن چڑیا ۔ (ہ) سمندر کا جانور ۔ آگ کا کیڑا ۔

اگنی ۔ (ہ) مؤنث ۔ آگ ۔

اگوا (اَگ ۔ وا) | **اگواکار** (اَگ ۔ وا ۔ کار) (ہ) مذکر ۔ پیشوا ۔ سردار ۔ ہادی ۔ راہنما ۔ رستہ بتانے والا ۔

اگواڑ (اَگ ۔ واڑ) (ہ) مذکر ۔ مکان کے آگے کا حصہ ۔

اگوائی (اَگ ۔ وا ۔ ئی) (ہ) مؤنث ۔ (۱) برات کی پیشوائی ۔ استقبال ۔ (۲) رہنمائی ۔ (۳) اوپر کا کام کاج کرنے والا ۔

اگولا (اگو ۔ لا) (ہ) مذکر ۔ دیکھو "اکھولا" ۔

اُگھاڑنا / اُگھاڑنا (اُ۔گھا۔ڑ۔نا) (ف) کھولنا ۔ پردہ فاش کرنا ۔

اُگھاڑو ۔ (ف) مظہر ۔ ظاہر ہونے کی جگہ ۔

اُگھانا ۔ (ف) دیکھو اُگاہنا ۔

اُگھانی (ف) مونث ۔ سیری ۔ آسودگی ۔

اگھن (اگھن) (ف ۔ مذکر) فصلی کا تیسرا مہینہ ۔ قمری نواں مہینہ جو تقریباً نصف نومبر سے نصف دسمبر تک ہوتا ہے ۔ (۲) اکشودہ ۔ جنگل ۔ کھلا ہوا بن ۔

اگھور پنتھ (اگھو۔ر۔پنتھ) (ف) مذکر ۔ ہندوؤں

اگھوری (اگھو۔ری) کا اگھوری فرقہ جو شیو جی کا پجاری ہے ۔ دو پانانہ ۔ پیشاب اور کھانے پینے کی چیزوں میں تمیز نہیں کرتا ۔

اگیا بیتال (اگ۔یا۔بے۔تال) (ف) مذکر ۔ غول بیابانی ۔ ایک دخانی مادہ جو اکثر دلدل ۔ پرانے قبرستان یا مرگھٹ میں رات کو چراغ جلنے کی طرح نظر آتا ہے ۔ اور عام لوگ اُسے بھوت پریت خیال کرتے ہیں ۔

اگیاری (اگ۔یا۔ری) (ف) مونث ۔ (۱) آگ جلانا ۔ ہوَن ۔ ہوم ۔ دیوتاؤں کے پوجنے کے لئے آگ جلا کر اُس میں خوشبوئیں ۔ میوہ جات ۔ گھی وغیرہ کا ڈال کر پھونکنا ۔

اگیانا (اگ۔یا۔نا) (ف) دھات کے برتنوں کو پاک کرنے کی غرض سے گرم کرنا ۔

اگیانی (اگ۔یا۔نی) (ف) جاہل ۔ نہ جاننے والا ۔

ا ۔ ل

ال (اَل) (ف) مونث ۔ (۱) آبائی لقب ۔ کنیت ۔ (۲) کل خاندان ۔

اِلّا (اِل۔لا) (ع) مذکر ۔ مگر ۔ لیکن ۔ بغیر ۔

اِلّا اللہ ۔ (ع) کلمہ طیبہ کا جزو ۔ اہل ذکر فقرا کا وظیفہ ۔

الا بلا (اَلا۔بَلا) (ف) مونث ۔ (۱) بری سے بری اور خراب سے خراب چیز ۔ (۲) مصیبت ۔ دکھ ۔ درد ۔ (۳) بھوت پریت ۔

الا بلا بگردن مُلا ۔ (ف) عذاب ثواب مُلا کی گردن پر ۔

الاپ (اَلاپ) (ف) (۱) بول چال ۔ آواز ۔ نغمہ ۔ (۲) آواز کا اُتار چڑھاؤ ۔ گانے میں سُروں کا اونچا کرنا ۔ تان ۔ سُر ۔

الاچا ۔ الائچا (اِلا۔چا ۔ اِلا۔ئچا) (ف) مذکر ۔ ریشمی یا سوتی دھاری دار کپڑا ۔

الاچی ۔ الائچی (اِلا۔چی ۔ اِلا۔ئچی) (ف) مونث ۔ بیل ۔ قاقلہ ۔ قد اور رنگ کے لحاظ سے الائچی کی دو قسمیں ہیں ۔ اور خاصیتیں بھی جدا جدا ہیں ۔ یعنی چھوٹی ۔ بڑی ۔ سیاہ ۔ سرخ ۔ چھوٹی الائچی پان وغیرہ کے ساتھ کھائی جاتی ہے ۔ بڑی اکثر مسالوں میں ڈالی جاتی ہے ۔

الاچی / الائچی دانہ ۔ (ف) مذکر ۔ (۱) الائچی کا بیج یعنی بیج ۔ (۲) الائچی کے دانوں پر کھانڈ چڑھی ہوئی مٹھائی کا نام ۔

اُلار (اُ۔لا۔ر) (ف) پچھلا بوجھ زیادہ ہونے کے باعث گاڑی کا اگلا حصہ اوپر کو اُٹھ جانا ۔

الاراسی ۔ دیکھو آلار اسی ۔

الارم (اَلا۔رَم) (انگ ALARM) گھنٹی کی آواز ۔ گھڑی میں جگانے کی آواز ۔

الارم کلاک ۔ (انگ ALARM CLOCK) مذکر ۔ جگانے والی گھڑی ۔

اُلارنا (اُ۔لار۔نا) (ف) اُلٹا دینا ۔ جھونکنا ۔ سلا دینا ۔

الاسٹک (اِلاس۔ٹِک) (انگ ELASTIC) مذکر (۱) لچک والی چیز جو کھینچ کر چھوڑ دینے پر پھر اپنی اصلی جگہ آ جائے ۔ (۲) ربڑ یا ربڑ کا بنا ہوا فیتہ ۔

الاقرب کالعقرب (اَل۔اَق۔رَب۔کَل۔عَق۔رَب) (ع) قرابت والے بچھو کی طرح ہوتے ہیں ۔ جب عزیز رشتہ داروں سے تکلیف پہنچتی ہے ۔ تو کہا جاتا ہے ۔

الالو (اُلا۔لو) (ف) دیکھو اُلّالُو ۔

الالوں بلالوں کھنک سرکانوں ۔ مثل ۔ چکنی چپڑی باتیں بنا کر مطلب نکالنا ۔ خوشامد سے اپنا کام بنا لینا ۔

الا ماشاء اللہ ۔ (ع) مگر جو اللہ چاہے ۔ نہ ہونے والی بات ہے ۔

الامان (اَل۔اَما۔ن) (ع) مونث ۔ امن مانگنا ۔ پناہ چاہنا ۔ امن ۔ پناہ ۔ رحم ۔ حفاظت ۔ بچاؤ ۔

الان ۔ دیکھو آلان ۔

الانتظار اشد من الموت ۔ (ع) مقولہ ۔ انتظار

موت سے بھی سخت تر ہے ۔ انتظار کی سخت
تکلیف کی جگہ کہتے ہیں ۔

الآنَ کماکان (اَل ۔ آن ۔ کَما ۔ کَان) (ع) اب
تک ویسا ہے ۔ ہنوز روز اوّل ہے ۔

اُلانگنا (اُلانگ ۔ نا) (ہ) (۱) پھلانگنا ۔ کسی چیز کے
اُوپر سے اس طرح جانا کہ اس پر پاؤں نہ
پڑے (۲) چابک سواروں کی اصطلاح میں پہلی
مرتبہ گھوڑے پر چڑھنا ۔

الاہنا (اُلاہ ۔ نا) (ہ) مذکر (۱) گلہ ۔ شکوہ ۔
(۲) بُرائی ۔ بدنامی ۔

الاؤ (اَلا ۔ ؤ) (ہ) مذکر ۔ آگ کا ڈھیر ۔ گڑھے میں
آگ سلگانا اور رکھنا ۔

الاؤنس (اِلا ۔ ؤنس) (انگ ۔ ALLOWANCE)
مذکر ۔ بھتّا ۔ زائد خرچ ۔

الائے بلائے ۔ (ہ) دیکھو "الا بلا" ۔

الباب (اَل ۔ باب) (ع) مذکر ۔ لُب کی جمع ۔
عقلیں ۔

البتّہ (اَل ۔ بَت ۔ تَہ) (ع) ضرور ۔ بیشک ۔ (۲)
مگر ۔ لیکن (۳) ہاں ۔ بہت بہتر ۔

البرٹ میڈل (اَل ۔ بَرٹ ۔ مے ۔ ڈل) (انگ ۔ ALBERT MEDAL) مذکر ۔ پرنس البرٹ کا یادگاری
تمغہ ۔

البرز (اَل ۔ بُر ۔ ز) (ف) مذکر ۔ ایران کا ایک پہاڑ ۔

ال بل (اَل ۔ بل) (ہ) مذکر ۔ غرور ۔ گھمنڈ ۔ (۲)
فرق ۔ کمی بیشی ۔ (۳) صدقے ۔ قربان ۔

البم (اَل ۔ بَم) (انگ ۔ ALBEM) مذکر ۔ تصویریں
رکھنے کی کاپی ۔ تصویروں کی کتاب ۔

البیٹ (اَل ۔ بیٹ) (ہ) مؤنث ۔ بل ۔ مروڑ ۔
لپیٹ ۔ گرہ ۔ پیچ ۔

البیلا (اَل ۔ بے ۔ لا) (ہ) (۱) جوان رعنا ۔ چھیلا ۔
بانکا ۔ (۲) لہری ۔ آزاد طبع ۔ بے پروا (۳)
اکھڑ ۔ (۴) انوکھا ۔ نرالا ۔

البیلی نے پکائی کھیر دُودھ کی جگہ ڈالا نیر ۔
(ہ) مثل ۔ بے ڈھنگی نے کھیر پکائی ۔ دُودھ
کی جگہ پانی ڈال دیا ۔ بیوقوفی سے کام بگاڑ دینا ۔
کچھ کا کچھ کر دینا ۔

الپ (اَ لَپ) (ت) (۱) بہادر ۔ (۲) مضبوط
آدمی ۔

الپ ارسلان ۔ (ت) ابن داؤد شاہ ایران ۔

الپاکا ۔ الپکا (اَل ۔ پا ۔ کا + اَل ۔ پَکا) (انگ ۔ ALPARA) مذکر ۔ دراصل الپکا ایک جانور
کا نام ہے ۔ جو افریقہ میں ہوتا ہے ۔ مگر یہاں عموماً
سیاہ یا دوسرے رنگوں کے ایک کپڑے کو کہا
جاتا ہے ۔ جس سے کوٹ بنائے جاتے اور
گرمیوں میں پہنے جاتے ہیں ۔

الپین (اَل ۔ پین) (انگ) مؤنث ۔ گھنڈی والی
سوئی ۔ پن ۔

التباس (اِل ۔ تِبا ۔ س) (ع) مذکر ۔ ہمشکل ہونا ۔
شباہت ۔

التجا (اِل ۔ تجا) (ع) مؤنث ۔ منّت ۔ سماجت ۔
خوشامد ۔ (۲) تمنّا کرنا ۔ آرزو کرنا ۔ (۳)
گزارش کرنا ۔ درخواست کرنا ۔

التزام (اِل ۔ تِزا ۔ م) (ع) مذکر ۔ کسی چیز کو
لازمی کر لینا ۔ ضروری ہونا ۔

التفات (اِل ۔ تِفا ۔ ت) (ع) مذکر ۔ توجہ ۔ مہربانی ۔
دھیان ۔ رغبت ۔

التماس (اِل ۔ تِما ۔ س) (ع) مؤنث ۔ عرض ۔
گزارش ۔

التمش (اَل ۔ تَمش) (ت) مذکر (۱) ہراول (۲) خاندان
غلامان کے بادشاہ شمس الدین کا لقب ۔

التمغا (اَل ۔ تَم ۔ غا) (ت) مذکر ۔ دیکھو "آل تمغا" ۔

التنی (اَل ۔ تَنی) (ہ) مؤنث ۔ ہاتھی کی گردن میں
باندھنے کی رسّی ۔ جس پر مہاوت رکاب کے
طور پر پاؤں رکھتا ہے ۔

التوا (اِل ۔ تِوا) (ع) مذکر ۔ دیر ۔ اُٹھا رکھنا ۔ ٹال
دینا ۔

التہاب (اِل ۔ تِہاب) (ع) مذکر ۔ شعلہ بھڑکنا ۔
آگ بھڑکنا ۔

التیام (اِل ۔ تِیام) (ع) مذکر ۔ (۱) آپس میں مل
جانا ۔ میل ملاپ ۔ (۲) زخم کا بھر آنا ۔

اُلٹا (اُل ۔ ٹا) (ہ) (۱) سیدھے کی ضد ۔ ٹیڑھا ۔
(۲) پلٹا ہوا (۳) اوندھا ۔ (۴) خلاف ۔ برعکس
(۵) برگشتہ ۔ (۶) فوراً ۔ بلا توقف ۔ (۷) خلاف
قاعدہ ۔ خلاف معمول ۔ (۸) واپس ۔

اُلٹا پڑنا ۔ (ہ) (۱) حملہ کرنا ۔ (۲) لوٹ آنا ۔
واپس ہونا ۔ (۳) خلاف ہونا ۔ (۴) پلٹا کھانا ۔

کروٹ بدلنا۔

اُلٹ پلٹ ہونا۔ (ہ) تباہ ہونا۔ درہم برہم ہونا۔ اِدھر اُدھر ہونا۔

اُلٹ پھیر۔ (ہ) مذکر۔ (۱) طلسم۔ کرتب۔ (۲) برگشتگی۔

اُلٹ جانا۔ (ہ) (۱) ایک رُخ سے دوسرے رُخ ہو جانا (۲) پست ہو جانا۔ پٹ کھا جانا (۳) اوندھا ہو جانا (۴) برعکس ہو جانا (۵) پھر جانا۔ برگشتہ ہونا (۶) بدل جانا۔ انقلاب ہو جانا۔ (۷) پلٹ جانا۔ واپس جانا۔ (۸) تباہ و برباد ہو جانا (۹) ہٹ جانا۔ اُٹھ جانا۔ (۱۰) مفلس ہو جانا۔ (۱۱) مدہوش ہو جانا۔

اُلٹ دینا۔ یا۔ اُلٹنا۔ (ہ) (۱) پلٹنا۔ اوندھا کرنا۔ (۲) اُٹھانا۔ ہٹانا۔ (۳) بھرنا۔ (۴) مدہوش کرنا۔ (۵) تہ و بالا کرنا۔ (۶) رُوگرداں کرنا۔ (۷) گرانا۔ (۸) بچھاڑنا۔ (۹) بدلنا۔ کچھ سے کچھ کرنا۔ (۱۰) اُجاڑنا (۱۱) بار بار کہنا۔ (۱۲) اُنڈیلنا۔ (۱۳) مفلس کر دینا۔ (۱۴) سیدھا کرنا۔ (۱۵) رد کرنا۔ (۱۶) چڑھ جانا۔

اُلٹ کے کروٹ نہ لینا۔ (ہ) توجہ نہ کرنا۔ خبر نہ ہونا۔ انتہائی غفلت کرنا۔

اُلٹا (اُل ٹا) (ہ) مذکر۔ دیکھو "اُلٹ" (سوا نمبر ۹ و ۸)۔

اُلٹا پاسا پڑنا (ہ) محاورہ۔ ہار جانا۔ معاملہ اپنے خلاف ہونا۔ کوشش رائگاں جانا

اُلٹا پلٹا (ہ) (۱) بے ترتیب۔ تلے اوپر (۲) بے ڈھنگا۔ اُلٹا سیدھا۔

اُلٹا پھر آنا۔ (ہ) جاتے جاتے پلٹ پڑنا۔ پہنچتے ہی واپس آنا۔

اُلٹا توا۔ (ہ) مذکر۔ نہایت سیاہ۔ کالا کوئلہ۔ حبشی۔ سیاہ فام آدمی۔ کالا بھجنگا۔ کالا کلوٹا۔

اُلٹا چور کوتوال کو ڈانٹے۔ (ہ) مثل۔ اپنے کرتوت پر شرمانے کی بجائے دھینگا مشتی کرنا۔ اپنے کیے پر نادم ہونے کی جگہ اُلٹا دوسرے کو ڈانٹ دینا۔

اُلٹا دھڑا باندھنا۔ (ہ) اپنی خطا کو دوسرے کے سر تھوپنا۔ خطا کر کے اُلٹی شکایت کرنا۔

اُلٹا زمانہ ہے۔ (ا) بُرا زمانہ ہے۔ خراب زمانہ ہے۔

اُلٹا سبق پڑھانا۔ (ا) خلاف بات سکھانا۔

الٹوانسی (ہ) مؤنث۔ اپنا الزام دوسری طرف عائد کرنا۔

اُلٹی۔ (ہ) مؤنث۔ (۱) اُلٹا کا تانیث۔ (۲) خلاف بات۔ (۳) قے۔

اُلٹی آنکھیں دکھانا۔ (ہ) بےجا غصہ کرنا۔ خود ہی قصور کرنا۔ خود ہی ناراض ہونا۔

اُلٹی اُلٹی سانسیں بھرنا۔ (ہ) اوپر کو دم کھینچنا۔ اُکھڑی سانسیں بھرنا۔ مرنے کے قریب ہونا۔

اُلٹی پٹی پڑھانا۔ (ہ) بہکانا۔ غلط سبق پڑھانا۔ ورغلانا۔ برگشتہ کر دینا۔ پھیر دینا۔ بُرائی کرنا۔

اُلٹی ٹانگیں گلے پڑنا۔ (ہ) اپنی ہی باتوں سے خود قائل ہونا۔ اپنے داؤں سے خود پھنسنا۔

اُلٹی چھُری سے حلال کرنا۔ (ہ) مؤنث۔ سخت ظلم کرنا۔ نہایت بے رحمی سے مارنا۔ تڑپا تڑپا کر مارنا۔ چھُری کی پشت سے ذبح کرنا۔

اُلٹی چین۔ (ا) مؤنث۔ بخیے کی بندش کی ایک قسم کا نام۔

اُلٹی رات کا۔ (ہ) مذکر۔ بے وقوف۔ احمق۔

اُلٹی ریت۔ (ہ) مؤنث۔ خلاف دستور۔ اوندھی رسم۔ اُلٹا رواج۔

اُلٹی سمجھ۔ یا۔ اُلٹی مت۔ (ہ) مؤنث۔ خراب عقل۔ اوندھی سمجھ۔

اُلٹی سمجھے نہ سیدھی۔ (ہ) مثل۔ کسی طرح نہیں مانتا۔ ضدی ہے۔

اُلٹی سیدھی سُنانا۔ (ہ) بُرا بھلا کہنا۔ سخت کلامی سے پیش آنا۔

اُلٹی سیفی۔ (ا) مؤنث۔ سیفی وہ عمل ہے جو دشمن کی تباہی اور بربادی یا قتل کے لئے پڑھا جائے۔ ایسے وظیفے کا اثر اُلٹا پڑنا۔ عمل کا اثر اُلٹا پڑنا یعنی خود تباہ ہونا۔

اُلٹی کبیری۔ (ا) فقیروں کی باتیں۔

اُلٹی کرنا۔ (ہ) استفراغ کرنا۔ قے کرنا۔

اُلٹی کھوپری اندھا گیان۔ (ہ) محاورہ۔ احمق بیوقوف۔ اوندھی کھوپری میں اندھی عقل۔

اُلٹی کھوپری کا۔ (ہ) اُلٹی سمجھ والا۔ کج فہم۔ کوڑ مغز۔ بیوقوف۔

اُلٹی گنگا بہنا - (ہ) خلاف دستور بات کرنا ✦

اُلٹی مالا پھیرنا - (ہ) اُلٹی تسبیح پڑھنا - خلاف دستور کرنا - اُلٹی باتیں کرنا ✦

الٹی میٹم - (انگ - ULTIMATUM) مذکر - لڑائی کی اطلاع - اعلانِ جنگ -

اُلٹے - (ہ) برعکس - خلاف ✦

اُلٹے بانس بریلی کو یا - اُلٹے بانس پہاڑ چڑھے (ہ) مثل - برعکس بات - خلاف معمول کام - اُلٹی باتیں - بے صورت کام - بیفائدہ کام ✦

اُلٹے پاؤں پھرنا - (ہ) فوراً واپس ہونا - ترت پلٹ جانا - جلد لوٹنا ✦

اُلٹے کانٹے تولنا - (ہ) کم تولنا ✦

اُلٹے ملک کے ہو - (ہ) نہایت بیوقوف ہو - ہر بات عقل کے خلاف کرتے ہو ✦

اُلٹے ہاتھ کا داؤ - (ہ) مذکر - نہایت آسان - بہت ہی سہل ✦

مال جاؤں بل جاؤں جلوے کے وقت ٹل جاؤں (ہ) مثل - یوں تو صدقے قربان جانا - مگر وقت پر کنی کترا جانا - مصیبت کے وقت دھتا بتانا ✦

الجبرا (اَل - جَب - رَا) (انگ - ALGEBRA) مذکر - علم جبر و مقابلہ ✦

الجوع (اَل - جُوْع) (ع) مذکر - جوع بھوک - بھوک کی شدت میں پکارنا

اُلجھا (اُل - جھا) (ہ) مذکر - لپٹا - گتھا ✦

اُلجھانا - (ہ) (۱) پھنسانا - عشق و محبت میں مبتلا کرنا (۲) اٹکانا - مصروف و متوجہ کرنا (۳) جھگڑے میں ڈالنا ✦

اُلجھاؤ - (ہ) مذکر - (۱) بکھیڑا - دقت - مشکل (۲) جھگڑا - رنجش - (۳) پھندا - ✦

اُلجھ جائے گا تو سُلجھ جائے گا - (ہ) مثل - بیاہ ہو جانے پر آپ ہی آپ ٹھیک ہو جائے گا ✦

اُلجھن - (ہ) مؤنث - (۱) گھبراہٹ - بے چینی - (۲) تشویش - قلق ✦

اُلجھنا - (ہ) (۱) پھنس جانا - اٹکنا - (۲) مصروف و مشغول ہونا - (۳) رُکنا - رہ جانا - (۴) اُکتانا - گھبرانا - بیزار ہونا - (۵) عشق و محبت میں مبتلا ہونا - (۶) باہم لڑنا جھگڑنا - (۷) ٹوکنا -

اعتراض کرنا ✦

الجھیڑا (اُل - جھے - ڑا) (ہ) مذکر - جھگڑا - جھنجھٹ - بکھیڑا ✦

اُلچنا (اُلچ - نا) (ہ) پانی پھینکنا - کسی جگہ سے پانی نکال کر پھینکنا ✦

الحاج (اَل - حَاج) (ع) مذکر - حاجی ✦

الحاح (اِل - حَاح) (ع) مؤنث - زاری کرنا - التجا کرنا - خوشامد ✦

الحاد (اِل - حَاد) (ع) مذکر (۱) لغوی معنی سیدھے راستے سے کترا جانا - (۲) دین سے پھرنا - ملحد ہونا ✦

الحاصل (اَل - حَا - صِل) (ع) (۱) آخرکار - قصہ کوتاہ (۲) مذکر - نتیجہ ✦

الحال (اَل - حَال) (ع) مذکر - ابھی - اسی وقت - فی الحال - بالفعل ✦

الحاق (اِل - حَاق) (ع) مذکر - شامل ہونا - ملنا - داخل ہونا - شریک ہونا ✦

الحان (اَل - حَان) (ع) مذکر و مؤنث - لحن کی جمع - آوازیں ✦

اِلحان (اِل - حَان) (ع) مذکر - اچھی آواز سے گانا یا پڑھنا ✦

الحذر (اَل - حَذَر) (ع) مذکر - الامان - پناہ - خوف - ڈر - پرہیز - بچنا ✦

الحذر مانگنا - (ہ) پناہ مانگنا - امن مانگنا - بیزاری ظاہر کرنا ✦

الحفیظ (اَل - حَفِیظ) (ع) مذکر - خدا کی پناہ - خدا بچائے ✦

الحق (اَل - حَق) (ع) مذکر - (۱) حق ہے - سچ ہے - (۲) بیشک - درست - لاریب ✦

الحمد (اَل - حَمْد) (ع) مؤنث - سورۃ فاتحہ - قرآن شریف کی پہلی سورت ✦

الحمدُ لِلّٰہ - (ع) سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں - خدا کا شکر ہے - خدا کی عنایت ✦

الحمرا (اَل - حَمْ - رَا) (ع) مؤنث - ہسپانیہ میں ایک عربی عمارت ✦

الخ (اَلَخ) (ع) اِلیٰ آخرہ کا مخفف - آخر تک - تمام - سب - کل ✦

الخالق (اَل - خَا - لِق) (ت) رُوئی دار قبا - جس کی آستینوں کا چاک اور پردہ کھلا ہوتا ہے ✦

الخاموشی نیم رضا (اَل - خَا - مُو - شی - نِیم - رِضَا) (ا) مقولہ - خاموش رہنا آدھی رضامندی ہے ✦

الزام (اِل۔ زام) (ع) دوش۔ قصور۔ اتہام۔ تہمت۔ بہتان ٭

الزام دینا۔ (ف) (۱) عیب لگانا۔ خطاوار ٹھہرانا۔ کسی کو گنہگار قرار دینا ٭

الزام لگنا۔ مجرم ٹھہرایا جانا۔ الزام ذمے آنا۔ قصور عائد ہونا ٭

السانا (اَل۔ سا۔ نا) (ہ) اونگھنا۔ سست ہونا ٭

الست (اَ لَسْتُ) (ع) اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ کی طرف اشارہ ہے۔ جس کے معنی ہیں "کیا میں تمہارا رب نہیں" ٭

اَلسَّلامُ عَلَیْکُم (اَس۔ سلا۔ مُ۔ عَلَے۔ کُم) (ع) (۱) دُعائیہ فقرہ کہ تم پر سلامتی ہو۔ (۲) طریقۂ اسلام کے مطابق مسلمانوں کا سلام ٭

النا بلنا (اِل۔ لنا۔ بلنا) (ہ) (ع) عیش کرنا۔ مزے اُڑانا ٭

الِسنہ (اَل۔ سِنَہ) (ع) مؤنث۔ لسان بمعنی زبان کی جمع۔ زبانیں۔ بولیاں ٭

السی (اَل۔ سی) (ہ) مؤنث۔ ایک درخت اور اس کے بیج کا نام ہے۔ اس کا تیل جلانے وغیرہ کے کام آتا ہے ٭

السیٹ۔ السیٹھ (اَل۔ سیٹ۔ اَل۔ سیٹھ) (ہ) مؤنث۔ (۱) دغا۔ فریب۔ فند۔ (۲) جھگڑا۔ اُلجھاؤ۔ (۳) نادہندی ٭

السیٹیا۔ (ہ) (۱) دغاباز۔ فریبی (۲) جھگڑالو۔ (۳) نادہند ٭

اُلش (اُ لُش) (ت) مذکر۔ پس خوردہ۔ بچا ہوا کھانا۔ کسی بزرگ کا جھوٹا کھانا ٭

الصاق (اِل۔ صاق) (ع) مذکر۔ ملانا۔ چسپاں کرنا ٭

الطاف (اَل۔ طاف) (ع) مذکر۔ لُطف کی جمع۔ مہربانیاں۔ عنایتیں ٭

الطاف نامہ۔ (ف) مذکر۔ مہربانی کا خط۔ کرپا پتر۔ عنایت کی چٹھی ٭

العبد (اَل۔ عَبد) (ع) مذکر۔ (۱) بندہ۔ فدوی۔ (۲) مؤنث۔ دستخط۔ نشانی ٭

العطش (اَل۔ عَطَش) (ع) شدت کی پیاس ٭

العظمۃ للہ (اَل۔ عظ۔ مَتُ۔ لِل۔ لَاہ) (ع) بزرگی اللہ کے لئے ہے ٭

الغاروں (اَل۔ غا۔ رُوں) (ت۔ ف) بہت کثرت سے۔ بافراط۔ بےحد۔ (۲) نہایت گہرا ٭

الغرض (اَل۔ غَرَض) (ع) الحاصل۔ القصہ۔ قصہ مختصر۔ غرض یہ ہے۔ مطلب یہ ہے۔ منشاء ٭

الغوزہ (اَل۔ غو۔ زا) (ع) مذکر۔ ایک قسم کی بانسری ٭

الغیاث (اَل۔ غیاث) (ع) پناہ۔ فریاد۔ دہائی پُکار ٭

اَلِف (اَ۔ لِف) (ع) مذکر۔ (۱) ابجد کا پہلا حرف۔

اَلْف (ع) مذکر۔ ہزار۔ دس سو۔ ۱۰۰۰ ٭

اِلف (اِلْف) (ع) (۱) دوستی۔ (۲) اردو۔ (۳) عادی ہونا ٭

الفا (اِل۔ فا) (ع) دیکھو "الفی" ٭

الفاظ (اَل۔ فاظ) (ع) مذکر۔ لفظ کی جمع۔ کلمات۔ سخن ٭

الف اللہ۔ (ع) (۱) بے لاگ۔ تنہا۔ اکیلا دم۔ (۲) مفلس۔ محتاج۔ (۳) آزاد فقیروں کا ٹیکا جسے وہ اپنے ماتھے تک کھینچتے ہیں ٭

الف۔ بے یا الف بے تے۔ (ف) مؤنث۔ حروفِ تہجی۔ الف سے ی تک کی تعلیم جو ابتدا سے بچوں کو سکھائی پڑھائی جاتی ہے ٭

الفا بیٹیکل چارٹس۔ (ا) انگریزی (ALPHABETICAL CHARTS) مذکر بچوں کو الف بے۔ تے سکھانے کے تختے ٭

اُلفت (اُل۔ فَت) (ع) مؤنث۔ دوستی۔ محبت۔ پیار۔ اُنس۔ اختلاط ٭

اَلفنٹہ (اَلَف۔ ٹَہ) (ف) مذکر۔ (۱) لغوی معنی پریشان (۲) مفت خورا۔ (۳) لچا۔ شُہدا۔ قلاش۔ (۴) غیر۔ بیگانہ۔ (۵) بدچلن۔ آوارہ۔ بدمعاش ٭

الفراق (اَل۔ فِراق) (ع) مذکر۔ جُدائی کے وقت حسرت و افسوس کا کلمہ ٭

اَلفربہ خواہ مخواہ مرد آدمی۔ (ف) مقولہ۔ موٹا آدمی خواہ مخواہ بھلا مانس معلوم ہوتا ہے ٭

الف سے بے نہ کہنا۔ (ہ) کسی کو بُرا نہ کہنا۔ نامُلائم کلمہ زبان پر نہ لانا ٭

اَلفَقرُ فَخری (اَل۔ فق۔ رُ۔ فخ۔ ری) (ع) (۱) فقیری میرے فخر کا باعث ہے۔ پیغمبرِ اسلام کی مشہور حدیث ہے (۲) مجازاً۔ فقیری میں خوش ہونا ٭

الف کھینچنا - (۱) فقیر بننا - آزاد فقیر ہو جانا ۔
الف کے نام بے نہیں جانتے - (۱) بالکل اَن پڑھ ہیں - قطعی جاہل ہیں ۔
الف لیلہ (ع) مؤنث - قصّے کی ایک مشہور کتاب جس میں ایک وزیر زادی نے بادشاہ کو ایک ہزار راتیں تک (۱) کہانیاں سُنائیں ۔
اَلِفِ مقصورہ (ع) مذکر - وہ الف جو مدّ نہ رکھتا ہو - جیسے ابا - اماں - انسان اور اعظم وغیرہ کا الف ۔
اَلِفِ ممدودہ (ع) مذکر - وہ الف جو مدّ رکھتا ہو - اور کھینچ کر پڑھا جائے - جیسے آبادہ ۔
اَلف ہونا - (ف) چراغ پا ہونا - گھوڑے کا پچھلی ٹانگوں پر کھڑا ہونا (۲) ننگا ہونا - مادرزاد ننگا ہونا ۔
اَلفی (اَل - فی) (ع) مؤنث - آستین کے بغیر کُرتہ کفنی - فقیر کی پوشاک ۔
اِلقا (اِل - قا) (ع) مذکر - الہام ڈالنا — وہ بات جو خدا کسی آدمی کے دل میں ڈال دے ۔
اَلقاب (اَل - قاب) (ع) مذکر - (۱) لقب کی جمع (۲) خط کا عنوان ۔
القصّہ (اَل - قِص - صَہ) (ع) (۱) الحاصل - غرض - قصّہ کوتاہ - (۲) خلاصہ - یعنی ۔
القط (اَل - قط) (ع) مذکر - کاٹ دینا - الگ کر دینا - موقوف کر دینا ۔
القط کرنا - (۱) چھوڑنا - ترک کرنا - (۲) نکال دینا جواب دے دینا - (۳) الگ کرنا ۔
اَلکَرِیمُ اِذا وَعَدَ وَفا - (ع) مقولہ - کریم جب وعدہ کرتا ہے تو اُسے پُورا کرتا ہے - ایفائے وعدہ کا تقاضا کرنا ۔
اَلکس - (ہ) دیکھو "آلکس" ۔
اَلکسانا - (ہ) سُستی یا کاہلی کرنا - اونگھنا ۔
الکسی (ہ) دیکھو "آلکسی" ۔
الکسی سوار ہونا - (ہ) کاہلی اور سُستی ہونا - بدن کا بھاری ہونا - کام کرنے کو دل نہ چاہنا ۔
الکلی (اَل - کلی) (انگ - مذکر) ایک قسم کا کھار ۔
الکن (اَل - کَن) (ع) ہکلا ۔
الکھ (اَ لَکھ) (ہ) مذکر - (۱) خدا - جو دیکھنے میں نہ آئے - پوشیدہ - غائب - (۲) جوگیوں کا سلام ۔
الکھ پُرش کی مایا کہیں دُھوپ کہیں سایا - (ہ) مثل - خدا کی قدرت ہے - کسی کو غریب کیا ہے کسی کو امیر - کہیں شادی ہے کہیں غمی - کہیں دُھوپ ہے کہیں چھاؤں - کوئی بیمار ہے کوئی تندرست - کوئی دُکھی ہے کوئی سُکھی ۔
الکھ جگانا - (ہ) محاورہ - دنیا کو جگانا - دنیا کو ہشیار کرنا (۲) خدا کے نام پر مانگنا ۔
الگ (اَ لَگ) - (ہ) (۱) کچھ دور - فرق سے (۲) شامل کے خلاف - علیحدہ (۳) انوکھا - نرالا (۴) آہستہ - چپکے سے (۵) علاوہ (۶) مستثنےٰ - خارج (۷) اکیلا - تنہا (۸) اپنی جگہ سے ہٹا ہؤا (۹) ٹوٹا ہؤا (۱۰) جُدا (۱۱) بے تعلق - (۱۲) غیر متصل - اچھوتا ۔
الگ الگ - (ہ) جُدا جُدا - دُور دُور - پرے پرے ۔
الگ تھلگ - (ہ) (۱) جُدا - بعید - تنہا - (۲) بے لاگ ۔
الگ کرنا - (ہ) (۱) جُدا کرنا - ہٹانا - (۲) القط کرنا - (۳) توڑ ڈالنا - (۴) موقوف کرنا - (۵) تقسیم کرنا - (۶) چھڑانا - (۷) پہچاننا - (۸) بیچ ڈالنا (۹) اُکھاڑنا - (۱۰) چھوڑنا - (۱۱) تراشنا - کاٹنا - (۱۲) ہٹانا - (۱۳) اُڑا لینا - چُرا لینا ۔
الگنی (اَ لَگ - نی) (ہ) مؤنث - وہ ڈوری وغیرہ جو کپڑے لٹکانے کے لئے باندھتے ہیں ۔
الگنی پر ڈالنے کے لائق ہو گئے - (ہ) مثل - (۱) پُرانے ہو گئے - بیکار ہو گئے - (۲) بہت لاغر و نحیف ہو گئے - زیادہ بڈھے ہو گئے ۔
الگوجا - الگوزہ (ف) دیکھو "الغوزہ" ۔
الگ ہی الگ (ہ) اوپر ہی اوپر - اکیلے اکیلے ۔
البچھیرا (اَل - بچھے - رَا) (ہ) مذکر - وہ بچھیرا جس پر سواری نہ ہوئی ہو - اکھنڈ - آزاد - (۲) بے پروا دل لگا کر کام کاج نہ کرنیوالا - بے غم و رنج ۔
الٹپ (اَل - ٹپ) } (ہ) (۱) بے محاورہ (۲) اندھا
الٹپو (اَل - ٹپو) } دھند - اٹکل پچو - بے ٹھکانے - باد ہوائی ۔
اللذی نہ اللذی (ع) دیکھو "نہ اللذی نہ اللذی" ۔
الّنا (اُل - نا) (ہ) ایک طرف اونچا ہونا - دوسری طرف زیادہ جُھک جانا ۔
اللہ (اَل - لاہ + اَل - لَہ) (ع) مذکر - (۱) خدا - پرمیشر - خدا کا اسم ذات - (۲) بحالتِ ندا - اے خدا - الٰہی -

(۲) کلمۂ تعجب و حیرت و افسوس - واہ - آہ - اوہ - آہاہ ٭

اللہ آمین سے پالنا - (ف) نہایت ناز و نعم اور دعائیں مانگ مانگ کر پالنا - لاڈ پیار سے پالنا ٭

اللہ آمین کا - (ف) ناز پروردہ - اللہ میاں کا - منتوں مرادوں کا ٭

اللہُ اکبر - (ع) ندا - (۱) خدا بہت بڑا ہے - تکبیر جو نماز میں نیت کے بعد رکوع و سجود وغیرہ - جنگ میں حملہ کرنے - جانوروں کو ذبح کرنے وقت - اذان اور کسی بدعت کے موقع پر کہی جاتی ہے - (۲) تعجب حیرت - (۳) شکوے شکایت - (۴) کمال مبالغے اور فخر و مباہات کی جگہ مختلف مقامات پر استعمال کرتے ہیں ٭

اللہ اللہ - (ع) (۱) واہ واہ - تحسین و آفرین - (۲) شکوے شکایت کی جگہ بھی استعمال ہوتا ہے - (۳) جاہل فقرا کا سلام ٭

اللہ اللہ خیر سلا - (ف) (۱) فراغت ہوئی - فرصت ملی - خیریت سے ختم ہوا - (۲) اس سے آگے کچھ نہیں - سب اختلاف باقی رہا ٭

اللہ اللہ کرکے - (ف) خدا خدا کرکے - بڑی مشکل سے ٭

اللہ اللہ کرنا - (ف) خدا کا نام لینا - ورد وظیفہ پڑھنا - قناعت و توکل کرنا ٭

اللہ بخشے - (ف) دعائیہ کلمہ - خدا اُسے معاف کرے - کسی مرے ہوئے شخص کا ذکر کرتے وقت اس کے نام یا لقب کے ساتھ مرحوم و مغفور کی جگہ کہتے ہیں ٭

اللہ بس باقی ہوس (ع - ف) مقولہ - خدا کے سوا کوئی ہمیشہ زندہ نہیں رہتا ٭

اللہ بیلی - (ف) محاورہ - خدا حافظ - اللہ نگہبان - اللہ دوست - اللہ مددگار ٭

اللہ پر نظر رکھو - (ف) خدا پر بھروسہ رکھو - ہراساں نہ ہو - نا اُمید نہ ہو ٭

اللہ توکّلی - (ف) خدا کے توکل پر - خدا کے بھروسے پر - کسی کی امداد کے بغیر ٭

اللہ جانتا ہے - (ف) خدا واقف ہے - خدا کو علم ہے - (۲) خدا کی قسم ٭

اللہ جانے - (ف) خدا کو علم ہے - خدا جانے - (۲) نہیں معلوم - (۳) کسی امر سے واقفیت نہ ہونے کی جگہ بھی کہتے ہیں ٭

اللہ دے اور بندہ لے - (ف) مثل - خوشی اور رنج - دکھ درد - عیش اور آرام سب خدا ہی دیتا ہے - اسے شکریے کے ساتھ برداشت کرنا چاہیئے ٭

اللہ رکھے - (ف) دعائیہ فقرہ - خدا زندہ رکھے - قائم رکھے - خدا سلامت رکھے - دکھ درد سے محفوظ رکھے ٭

اللہ رکھے تو کون چکھے - (ف) جسے اللہ رکھے اُسے کون مار سکتا ہے - اللہ کے رکھے ہوئے کو کوئی نہیں چکھ سکتا ٭

اللہ رے تیرے دیدے کی صفائی - (ف) مقولہ - اُف رے بے حیائی - ہائے تیری ڈھٹائی - اُف ری بے وفائی ٭

اللہ رے ہم - (ف) اپنی خوش قسمتی پر ناز کرنا ٭

اللہ سلامت رکھے - (ف) دعائیہ فقرہ - خدا زندہ رکھے - خدا اچھا رکھے ٭

اللہ سے ڈرو یا اللہ کو مانو - (ف) محاورہ - خدا کا خوف کرو - جھوٹ نہ بولو - گناہ سے بچو - شریک درد ہو ٭

اللہ غنی - (ع) کلمۂ تعجب و تحسین - اللہ بے پروا ہے - جسے جو چاہے دے سکتا ہے ٭

اللہ غنی تو کاہے کی کمی - (ف) مقولہ - (۱) خدا سب کچھ دے سکتا ہے - (۲) نا اُمید نہ ہونا چاہیئے ٭

اللہ کا بندہ - (ف) مذکر - (۱) ناچیز بندہ - خدا کی بندگی کرنے والا - (۲) رحم دل - نیک شخص کی بابت بھی کہتے ہیں - (۳) آدمی - (۴) (طنزاً) بیوقوف ٭

اللہ کا کلام - (ف) مذکر - قرآن شریف - کلام اللہ ٭

اللہ کا گھر - (ف) مذکر - (۱) خانہ کعبہ - کعبہ شریف - (۲) مسجد - (۳) دل ٭

اللہ کا نام سچا - (ف) فقیروں کی آواز ٭

اللہ کا نام لو - (ف) محاورہ - (۱) خدا خدا کرو - توبہ کرو - (۲) اتنا جھوٹ نہ بولو ٭

اللہ کا نام ہے - (ف) کچھ نہیں - محتاج ہیں - مفلس ہیں - اللہ کے نام کے سوا ہمارے پاس کچھ نہیں ٭

اللہ کا نور - (ف) مذکر - (۱) خدا کی تجلی - (۲) ڈاڑھی - (۳) نہایت حسین شخص ٭

اللہ کرے - (ف) کلمہ تمنا - اللہ ایسا ہی کرے ٭

اللہ کی امان پیر پیغمبر کا سایہ } (ا) (عو)
اللہ کی امان پیروں کا سایہ } اللہ اور پیر پیغمبر کی حفاظت میں دیتی ہوں ◆

اللہ کی باتیں اللہ ہی جانے (ا) مقولہ ہماری سمجھ میں نہیں آتا۔ خدا کی باتیں انسان کی عقل سے باہر ہیں ◆

اللہ کی پناہ - (ا) کلمۂ دعائیہ - (۱) خدا نگہبانی کرے (۲) ایسے ظالم سے خدا بچائے۔ ایسے جھوٹے سے خدا دُور رکھے ◆

اللہ کی چوری نہیں تو بندے کی کیا چوری - (ا) مقولہ - علانیہ دھڑلے سے - بے حیائی - بے غیرتی - بے شرمی سے گناہ کرتے وقت کہتے ہیں ◆

اللہ کی دین ہے - (ا) بخشے پائے - اللہ دے ◆

اللہ کی شان - (ا) اپنی حیثیت یا مرتبے سے بڑھ کر یا نالائق دعوے کرنے - بے عزت کو عزت ملنے - غریب کے دولتمند ہونے - مرض الموت سے چھٹکارا پانے - بھلے چنگے کے مرجانے وغیرہ کے موقعوں پر بولتے ہیں ◆

اللہ کی قدرت ہے (ا) مقولہ بعید از گمان و عقل واقعے کے ظہور پر بولتے ہیں ◆

اللہ لگتی (ا) مؤنث - حق بات - انصاف کی بات - سچ بات ◆

اللہ لوگ یا اللہ والے لوگ - (ا) - (۱) مذکر - بھولے بھالے - سیدھے سادے - نیک - معصوم (۲) خدا کی عبادت کرنے والے - (۳) توکّل پر رہنے والے - (۴) بے آزار - کسی کو دُکھ نہ دینے والے ◆

اللہ مارا - (ا) مذکر (۱) نگوڑا - خدائی خوار - (۲) مصیبت زدہ - مفلس - کنگال - (۳) سست - کاہل ◆

اللہ ملائی جوڑی ایک اندھا ایک کوڑھی (ا) مثل دونوں ایک جیسے ہیں - ہر ایک میں کوئی نہ کوئی عیب ضرور ہے ◆

اللہ میاں - (ا) مذکر - اللہ صاحب - اللہ بزرگ - اللہ مالک ◆

اللہ میاں بہرے کو بھرتے ہیں (ا) مقولہ اس موقع پر کہتے ہیں - جب حاجتمند محروم رہ جائے - اور غیر حاجتمند کو اور مل جائے ◆

اللہ میاں کی بھینس - (ا) مؤنث - (۱) سیاہ رنگ کا ایک کیڑا جو بہت ہی سخت جان ہوتا ہے (۲) مجازاً سیاہ فام موٹا آدمی ◆

اللہ میاں کی گائے (ا) مؤنث (۱) - نہایت بھولا بھالا اور سیدھا آدمی - نیک آدمی - بھلا آدمی (۲) آزاد شخص ◆

اللہ نہ دکھائے - (ا) محاورہ - مصیبت دُکھ یا بُری چیز دیکھنے پر بولا جاتا ہے ◆

اللہ ہی اللہ ہے - (ا) محاورہ - (۱) خدا ہی خدا ہے - خدا کی ذات کے سوا سب ہیچ ہے - (۲) تعریف میں مبالغے کی جگہ کہتے ہیں - (۳) فقرا کی صدا - (۴) فقرا کی صدا کا جواب کچھ نہیں ◆

اللہ یار ہے تو بیڑا پار ہے - (ا) محاورہ - خدا مددگار ہے تو سب مشکلیں آسان ہیں ◆

اللّے تللّے (اَل - لے - تَل - لے) (ا) مذکر بے جا خرچ - فضول خرچی - عیش و عشرت ◆

الم (اَلَم) (ع) مذکر - رنج و غم - فکر و تردّد ◆

الماری (اَل - ما - رِی) (ا) مؤنث - لمبا دراز دار صندوق جس میں کتابیں وغیرہ رکھتے ہیں ◆

الماس (اَل - ماس) (ع) مذکر - ہیرا - پنا - ایک بہت قیمتی جواہر کا نام جو نہایت چمکیلا سفید اور سخت ہوتا ہے ◆

الماغونچی (اَل - ما - غون - چی) (ا) مذکر - (۱) وہ شخص جس کے نسب کا ٹھکانا نہ ہو - (۲) خراب اور ناکارہ چیزیں ◆

المانی - المانوی (اَل - ما - نی - اَل - ما - نَوی) (ع) جرمنی کا ◆

المانیہ - (ع) مذکر - جرمنی ◆

اُلمبا (اُل - لَم - با) (ہ) (عو) مذکر - گلٹی ◆

المجسطی (اَل - مِجَس - طی) (ع) مؤنث - علم ہیئت و ہندسہ میں ایک مشہور و معروف کتاب جسے بطلیموس مصری نے تصنیف کیا - عربی میں کئی ترجمے ہوئے - متداول مجسطی نصیر الدّین طوسی کا ترجمہ ہے ◆

المختصر (اَل - مُخ - تَصر) (ع) (۱) الحاصل - قصّہ کوتاہ - (۲) آخری بات - نتیجہ ◆

المدد (اَل - مَدَد) (ع) مذکر - سہارا دے - آسرا دے ◆

اَلمَرءُ یَقِیسُ عَلٰی نَفسِہٖ - (ع) مقولہ - ہر شخص دوسرے کو اپنے نفس پر قیاس کرتا ہے۔

اَلَست (اَل - سِت) (ف) دیوانہ - بے ہوش - سرشار۔

اَلمُضاعَف (اَل - مُضا - عَف) (ع) دگنا - دوچند۔

اَلمَعنٰی فِی بَطنِ الشّاعِر - (ع) مثل - شعر کے معنے شاعر خود ہی جانتا ہے - دقیق یا بے معنی شعر پر اس کا اطلاق ہوتا ہے۔

المعی (اَل - مَعی) (ع) بڑا عقل مند۔

اَلَم غَلَم (اَ - لَم - غَل - لَم) (ا ، ل) - مذکر - بے معنی اور مہمل باتیں - جن کا سر پاؤں نہ ہو۔ (۲) اسباب اور نکمی چیزیں۔

اَلمَکتُوبُ نِصفُ المُلاقات - (ع) مثل - خط آدھی ملاقات کے برابر ہوتا ہے - خط لکھنے کی تاکید کرتے وقت بولتے ہیں۔

اَلَل ٹَلَل (اَ - لَل - ٹَ - لَل) (ہ) مذکر - (عو) ضروری کام ترک کرنا۔

اَلمِنَّۃُ لِلّٰہ (اَل - مِن - نَتُ - لِل - لَاہ) (ع) (احسان اللہ کیلئے ہے) خدا کا شکر ہے۔

الم نشرح (اَ - لَم - نَش - رَح) (ع) مؤنث - (۱) قرآن شریف کی ایک سورت - (۲) اس سورت کی پہلی آیت کے پہلے دو لفظ (۳) (صفت) (مجازاً) مشہور - ظاہر۔

الم نشرح کرنا - (۱) مشہور کر دینا - اعلان کرنا - اشتہار کرنا - ظاہر کرنا - بدنام کرنا۔

الموت (اَل - مُوت) (ع) مذکر - قزوین اور گیلان کے درمیان ایک مشہور قلعے کا نام۔

اُلَن (ہ) مؤنث - (۱) اُلّو کی مادہ - (۲) بیوقوف عورت۔

اَلنّادِرُ کَالمَعدُوم (ع) مقولہ جو چیز کمیاب ہوتی ہے - وہ نہ ہونے کے برابر ہے۔

اُلنڈنا (اُ - لَن - ڈ - نا) (ہ) انڈیلنا - الٹانا۔

النگ (اَ - لَنگ) (ہ) مؤنث - طرف - سمت - پہلو - جانب۔

اُلّو (اُل - لُو) (ہ) مذکر - (۱) بُوم - ایک نہایت منحوس اور ویرانوں میں رہنے والا پرندہ - (۲) بیوقوف آدمی - احمق آدمی۔

اَلوان (اَل - وَان) (ع) مذکر - لون کی جمع - (۱) رنگ - قسمیں - (۲) پشمینہ - اونی چادر - (۳) کپڑا

گوشت جو نو عمر بکرے یا بھیڑ کا ہو۔

اُلّو بنانا (ہ) (۱) احمق بنانا (۲) بدمست کرنا۔

اُلّو بولتا ہے } (ہ) محاورہ - برباد ہوگیا - تباہ ہوگیا
اُلّو بول گیا } لٹ گیا - ویران ہوگیا۔

اُلّو بولنا - (ہ) ویران ہونا - اجڑنا - برباد و تباہ ہو جانا۔

اُلّو پ انجن (اُل - لُو - پ - ان - جن) (ہ) مذکر - وہ سرمہ جس کے لگانے سے انسان کو کوئی نہ دیکھ سکے - مگر وہ سب کو دیکھے۔

اُلّو پھنسنا - (ہ) محاورہ - کسی شخص کا فریب میں آ جانا - قابو میں ہونا۔

اَلوِداع (اَل - وِداع) (ع) مؤنث - رخصت - وداع۔

اُلّو کا پٹھا (ہ) مذکر (۱) نہایت بیوقوف - احمق - (۲) مشہور اُلّو یا لڑکا پٹھہ۔

اُلّو کا گوشت کھلانا - (۱) احمق بنانا - بڑا نے وہمیوں کے نزدیک جو شخص چاہے کہ فلاں شخص میرے قابو اور قبضے میں آجائے تو اسے اُلّو کا گوشت کھلائے وہ قابو میں آجائے گا۔

اُلّو کی دُم فاختہ - (ہ) محاورہ - نہایت بیوقوف اور احمق شخص۔

اَلوِل کَلوِل (اَل - وِل - کَل - وِل) (ہ) مذکر - کھیل کود۔

اَلونا (اَ - لو - نا) (ہ) بے نمک - پھیکا - بے مزہ۔

اَلوَند (اَل - وَند) (ف) مذکر - ہمدان (ایران) کے قریب ایک بہت بڑے پہاڑ کا نام۔

اُلّو ہو جانا (ہ) (۱) نشے میں غرق ہو جانا (۲) بیوقوف بن جانا۔

اُلوہیّت (اُ - لُو - ہی - یَت) (ع) مؤنث - خدائیت - ربانیت۔

اِلٰہ (اِ - لاہ) (ع) مذکر - معبود - اللہ۔

اِلٰہا (اِ - لا - ہا) (ع) اے اللہ!

اِلٰہُ العالَمِین - (ع) مذکر - تمام زمانوں کا معبود۔

اِلہام (اِل - ہام) (ع) مذکر - القا - وہ بات جو خدا کی جانب سے دل میں ڈالی جائے۔

اَلھڑ (اَل - ھڑ) (ہ) (۱) کمسن - نادان - بے پروا۔

اُلہنا (اُ - لَہ - نا) (ہ) مذکر - الزام - تہمت - بہتان - رہنا۔

اِلٰہی (اِلا-ہی) (ع) میرے خدا - میرے اللہ ٭
الہیا (اِلہ-یا) (ہ) مؤنث - ایک راگنی کا نام ٭
اِلٰہیات - (ع) مؤنث - وہ علم جس میں وجود ذات و صفات باری تعالیٰ پر بحث ہو - خدا کی ہستی اور اُس کی صفات کا مدلل بیان ہو ٭
الٰہی توبہ - (ع) - اللہ میری توبہ - آیندہ کسی فعل کے نہ کرنے کا وعدہ کرنا ٭
اِلیاس (اِل-یا-س) (ع) مذکر - ایک پیغمبر کا نام جو خشکی میں بھولے بھٹکے گم گشتہ مسافروں کو راہ بتاتے ہیں ٭
اِلی الآن (اِلل-آن) (ع) اب تک ٭
اُلیچنا (اُلیچ-نا) کسی مقام سے پانی نکال کر پھینکنا - پانی سونتنا ٭
الیکٹڈ ممبر (اِلک-ٹِڈ-مم-بر) (انگریزی) ELECTED MEMBER مذکر - منتخب شدہ ممبر ٭
الیکٹرک (اِلِک-ٹرِک) (انگ) (ELECTRIC) مؤنث - بجلی کے متعلق ٭
الیکشن (اِلِک-شَن) (انگ) (ELECTION) مذکر - انتخاب - چناؤ - چھانٹ ٭
اَلیل (اُبِیل) (ہ) مؤنث (۱) البیلی - شوخی - اُچھل کود - دلی اُمنگ - دل کی لہر (۲) مذکر - بچھیرا (۳) ناتجربہ کار ٭
الیم (اَلیم) (ع) دردناک ٭
الیمان (اَلی-مان) (ع) مذکر - ایک شہر جہاں کی تلواریں مشہور ہیں ٭
الیمانی تلوار - (ا) مؤنث - شہر الیمان کی تلوار ٭
الینڈنا (اُلینڈ-نا) (ہ) انڈیلنا ٭

ا-م

اُمّ (اُمّ) (ع) مؤنث - ماں ٭
اَمّا (اَم-ما) (ع) لیکن - مگر - پر ٭
اَمّا بعد - (ع) اس کے بعد - بعد ازاں ٭
اِمارت (اِما-رَت) (ع) مؤنث - دولتمندی - حکومت - سرداری ٭
اَمّارہ (اَم-ما-رَہ) (ع) مذکر (۱) امر کرنے والا - بُرا حکم دینے والا (۲) سرکش - ظالم ٭

اَماکن (اَما-کِن) (ع) مکان کی جمع الجمع - جگہیں - مقامات ٭
اُمّ الامراض - (ع) مؤنث - بیماریوں کی ماں - مجازاً کھانسی - زکام ٭
اُمّ الخبائث - (ع) مؤنث - خباثتوں کی ماں - وہ برائیوں کی - مجازاً شراب - مے ٭
اُمّ الصبیان (ع) مؤنث - بچوں کی مرگی - صرع - ڈبہ ٭
اُمّ العلوم (ع) مؤنث - علم صرف ٭
اُمّ القریٰ (ع) مؤنث - شہروں کی ماں - مکہ معظمہ ٭
اُمّ الکتاب - (ع) مؤنث - (۱) کتابوں کی ماں - قرآن شریف - (۲) سورۂ فاتحہ یعنی الحمد ٭
اُمّ الولد - (ع) - مؤنث - وہ لونڈی جس نے اپنے مالک کے نطفے سے کوئی اولاد جنی ہو - ایسی لونڈی مالک کی وفات کے بعد خود بخود آزاد ہو جاتی ہے - اور ترکے میں وارثوں کو نہیں ملتی ٭
اِمالہ (اِما-لَہ) (ع) مذکر - مائل کرنا - اصطلاحاً الف کو ی بنانا - جیسے کتاب سے کتیب ٭
اِمام (اِمام) (ع) مذکر - پیشوا - ہادی - رہبر - اگوا - لیڈر - (۲) تسبیح کے دانوں کے اوپر کا لمبا دانہ ٭
امام احمد حنبل - (ع) مذکر - آپ چار اماموں میں سے چوتھے امام ہیں - اصل نام احمد بن محمد - کنیت ابو عبد اللہ - ربیع الاول ۱۶۴ھ میں بمقام بغداد پیدا ہوئے - امام شافعیؒ کے خاص شاگردوں میں سے تھے - دس لاکھ حدیثیں یاد تھیں - امام بخاریؒ اور امام مسلمؒ آپ ہی کے شاگرد ہیں - حدیث میں ایک بڑی مستند کتاب آپ کی یادگار ہے - ترسیٹھ سال کی عمر میں بارھویں ربیع الاوّل یوم جمعہ ۲۴۱ھ کو انتقال فرمایا - فضا سے آپ کے جنازے پر پرندے گرے پڑتے تھے - اس حال کو دیکھ کر ہزاروں گبر و ترسا اسلام لائے - آپکا مزار مقدس بغداد میں ہے - اور فرقۂ حنبلیہ آپکا مقلد ہے ٭
امام اعظم رح - (ع) مذکر - آپ ائمۂ اربعہ میں سے اول امام ہیں - فرقۂ حنفیہ آپ کا مقلد ہے - (دیکھو ابو حنیفہ) ٭
امام باڑہ - (ہ) خانقاہ - مجلس خانہ - تعزیہ گاہ ٭

امامت (اِمَا۔مَت) (ع) مؤنث ۔ رہنمائی۔ رہبری ٭

امام رازی (ع) مذکر۔ امام فخر الدین محمد بن ضیاءالدین بن عمر۔ آپ رَے میں پیدا ہوئے۔ آپ فرماتے تھے۔ جو وقت خواب و خور میں گزرتا ہے۔ مجھے افسوس رہتا ہے کہ اُس وقت شغل علمی اور مطالعۂ کتب سے محروم رہتا ہوں کتاب شفا جس میں ساٹھ فن ہیں۔ حدائق الانوار کتاب المواصل اور تفسیر کبیر جو ایک مقبول عام تفسیر ہے۔ آپ کے جوہر طبع اور عقل خداداد کا نتیجہ ہیں۔ آپ غرّہ شوال روز جمعہ سنہ ۵۴۴ھ کو پیدا ہوئے۔ اور سنہ ۶۰۶ھ میں رحلت فرمائی ٭

امام شافعی رح۔ (ع) مذکر۔ ائمۂ اربعہ میں سے تیسرے امام ہیں۔ آپ کا اسم مبارک محمد بن ادریس کنیت ابوعبداللہ۔ لقب ناصر الحدیث ہے۔ آپ اپنے جدّ امجد شافع بن سائب کی نسبت سے شافعی مشہور ہوئے۔ عرب۔ مصر۔ بمبئی میں آپ کے پیرو بکثرت ہیں۔ سنہ ۱۵۰ھ میں پیدا ہوئے۔ سنہ ۲۰۴ھ میں مصر میں رحلت فرمائی ٭

امام ضامن رح۔ مذکر۔ آپ کا نام مبارک حضرت علی بن موسیٰ الکاظم علیہ السلام ہے۔ آپ آٹھویں امام ہیں اسی وجہ سے آپ کو امام ثامن بھی کہتے ہیں۔ آپ سنہ ۱۴۸ھ میں بمقام مدینہ منورہ پیدا ہوئے۔ کنیت ابوالحسن اور القاب رضا صابر زکی ولی ہے۔ آپ خلفائے عباسیہ میں سے خلیفہ مامون بن ہارون الرشید کے زمانے میں موجود تھے۔ خلیفہ نے آپ کو اپنا ولیعہد مقرر کرکے اپنی بیٹی اُمّ حبیب سے نکاح کر دیا تھا۔ مگر مسند حکومت پر بیٹھنے سے پہلے انتقال فرمایا۔ آپ آدمیوں ہی کی نہیں حیوانات کی بھی ضمانت کرلیتے تھے۔ اِس لئے امام ضامن مشہور ہوئے ٭

امام غزالی رح۔ (ع) آپ کا نام محمد کنیت ابوحامد اور لقب حجۃ الاسلام زین الدین ہے۔ سنہ ۴۵۰ھ میں پیدا ہوئے۔ مدرسہ نظامیہ نیشاپور میں تحصیل علم کی پھر نیشاپور سے بغداد میں تشریف لائے۔ اور آخر عمر میں اپنے وطن خاص میں خانقاہ۔ مدرسہ صوفیہ اور ایک مدرسہ طلبہ کے لئے تعمیر کیا۔ مدتوں تعلیم فرماتے رہے۔ سلوک اور تصوف میں بہت سی کتابیں تصنیف فرمائیں۔ مذہباً شافعی تھے۔ سنہ ۵۰۵ھ میں وفات پائی۔ قصبہ طابران میں دفن ہوئے۔ آپ بہت بڑے صوفی۔ فقیہ۔ تمام فاضل۔ حکیم۔ مولوی محقق اور مصنف تھے ٭

امام مالک رح۔ (ع) آپ ائمۂ اربعہ میں سے دوسرے امام ہیں۔ سنہ ۹۵ھ میں پیدا ہوئے۔ مدت تک سوائے حج کے سوا ہمیشہ مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں درس دیتے رہے۔ بغیر غسل و وضو اور پاکیزہ لباس کسی کو حدیث نہ سنائی۔ حضرت امام شافعی رح و حضرت ذوالنون رح آپ کے شاگرد ہیں حافظہ نہایت قوی تھا۔ خود فرماتے ہیں کہ میں نے جو بات ایک مرتبہ یاد کی۔ پھر اُسے کبھی نہیں بھولا۔ آپ کی تصانیف میں حدیث کی عمدہ کتاب مؤطا بڑی مشہور ہے۔ چوراسی سال کی عمر میں ساتویں ربیع الاول روز پنجشنبہ سنہ ۱۷۹ھ کو بمقام مدینہ منورہ انتقال فرمایا۔ اور وہیں دفن ہوئے ٭

امامیہ۔ (ع) مذکر۔ شیعہ۔ اہل تشیع ٭

امان (اَ۔مَان) (ع) مؤنث (۱) پناہ۔ حفاظت (۲) آرام۔ آسائش۔ عافیت ٭

اماں (اَم۔مَاں) (ع) مؤنث۔ ماں۔ مادر۔ والدہ اُم۔ ماتا ٭

امانا (اَ۔مَا۔نَا) (ہ) بھر جانا ٭

امانت (اَمَا۔نَت) (ع) مؤنث۔ (۱) سپرد کی ہوئی چیز۔ تحویل۔ (۲) ایمانداری۔ (۳) عہدے کا نام ٭

امانت جاری۔ (ع) مؤنث۔ انتقال کی مال گزاری ٭

امانت خانی زردہ۔ (ا) مذکر۔ ایک قسم کا کھانے کا تمباکو جسے کسی امیر امانت خاں نے رواج دیا ٭

امانت دار۔ (ف) مذکر۔ (۱) امین۔ معتمد۔ راز دار۔ (۲) امانت رکھنے والا۔ تحویل دار۔ ایماندار ٭

امانت رکھنا۔ (ا) حفاظت کے لئے کوئی چیز کسی کے سپرد کرنا ٭

امانت گزار۔ (ع۔ ف) مذکر۔ وہ شخص جو کوئی چیز امانت میں رکھے ٭

امانت میں خیانت (ا) مؤنث کسی کی رکھی ہوئی چیز میں تصرف کرنا ٭

امانت میں خیانت تو زمین بھی نہیں کرتی۔

مثل کہتے ہیں سونپ دینے سے زمین تک لاش میں خیانت نہیں کرتی - یہ مقولہ بطور ملامت و الزام بولا جاتا ہے ٭

امانت نامہ - (ع - ف) مذکر - کوئی چیز امانت رکھنے کی دستاویز ٭

امانی (اَ مَا - نِی) (ع) مؤنث - وہ کام جو اپنے طور پر ہوتا یا جاتے - اجارے کی ضد - بغیر ٹھیکے کے ٭

امانی آبادی اجارہ اُجاڑا - (ق) امانی میں کام اچھا بنتا ہے - اور ٹھیکے میں خراب ہوتا ہے ٭

اماوس (اَ مَا - وَس) (ہ) مؤنث - پاکھ کی پندرھویں تاریخ - قمری مہینے کا آخری دن ٭

امبر (اَم - بَر) (ہ) مذکر (۱) لغوی معنی چادر (۲) آسمان - آکاس (۳) بادل (۴) راجہ کی پوشاک ٭

امبولنس (اَم - بُو - لَنس) (انگ - AMBULANCE) مذکر - فوجی ہسپتال جو دورے پر رہے ٭

امبیا (اَم - بِیا) (ہ) مؤنث - کیری کچا آم ٭

امپائر (اَم - پا - ئر) (انگ EMPIRE) مذکر - کھیلوں خصوصاً گیند بلے میں مقرر کیا ہوا منصف ٭

امپائر (اِم - پا - ئر) (انگ - EMPIRE) مؤنث - بادشاہت - سلطنت - راج ٭

امپیرر (اَم - پِی - رَر) (انگ - EMPEROR) مذکر - بادشاہ - شہنشاہ - چکرورتی راجہ ٭

امپیرر آف انڈیا - (انگریزی EMPEROR OF INDIA) مذکر - قیصر ہند - ہند کا بادشاہ ٭

امپورٹ (اِم - پو - رٹ) (انگ IMPORT) مذکر - کسی ملک کا تجارتی مال جو باہر سے آئے - مال درآمد ٭

امپیریل (اِم - پی - رِی - اَل) (انگریزی IMPERIAL) مذکر - شاہی - بادشاہی ٭

امپیریل کونسل - (انگ - IMPERIAL COUNCIL) (۱) شاہی مجلس - وہ گروہ جس کے مشورے سے بادشاہت کی جائے (۲) (مجازاً) وائسرائے ہند کی مجلس ٭

اُمّت (اُم - مَت) (ع) مؤنث - گروہ - پیرو - تابع - جماعت ٭

امتثال (اِم - تِثَال) (ع) مذکر - (۱) داستان کہنا (۲) حکم ماننا ٭

امتثال امر (ع) مذکر - حکم کی تعمیل ٭

امتحان (اِم - تِحَان) (ع) مذکر - آزمائش - جانچ - پڑتال ٭

امتحان پاس کرنا - (ف) کامیاب ہونا - آزمائش میں پورا اُترنا ٭

امتداد (اِم - تِدَاد) (ع) مذکر - (۱) مدّت - زمانہ - (۲) درازی - طوالت - لمبائی ٭

امتزاج (اِم - تِزَاج) (ع) مذکر - ملانا - آمیزش کرنا - مرتب کرنا ٭

امتزاج کیمیائی (ف) مذکر - علم طبعیات کے ذریعے سے چند چیزوں کو ملا کر ایک نئی شے پیدا کرنا ٭

امتلا (اِم - تِلَا) (ع) مذکر - بدہضمی - معدے کا پُر ہونا - جی متلانا - قے کرنے کی حالت ٭

امتناع (اِم - تِنَاع) (ع) مذکر - روک - ممانعت - مناہی ٭

امتنان (اِم - تِنَان) (ع) مذکر - احسان کرنا ٭

اُمتی - (ع) اُمت کے لوگ - فرقے کے آدمی ٭

امتیاز (اِم - تِیَاز) (ع) مذکر - (۱) تفریق - تمیز - (۲) سمجھ - شعور - (۳) ترجیح ٭

امتیاز نامہ (ع - ف) مذکر - لائسنس ٭

امتیازی حقوق - مذکر - وہ رعایت یا بخشش جو کسی گروہ یا شخص کو اس کے عہدہ اور منصب کی وجہ سے حاصل ہو - اور اُسے دوسروں سے ممتاز بنا دے ٭

امٹ (اَ مِٹ) (ہ) نہ مٹنے والا - غیر فانی - لازوال - مستحکم - پختہ ٭

امثال (اَم - ثَال) (ع) مؤنث - (۱) مثل کی جمع کہاوتیں (۲) مانند - ہم صورت - ہم شکل ٭

امثلہ (اَم - ثِلَہ) (ع) مؤنث - مثال کی جمع - مثالیں ٭

ام جانا - (ہ) شل ہو جانا - بھر جانا - اعضا کا بھاری ہو جانا ٭

امجد (اَم - جَد) (ع) مذکر - بہت بزرگ ٭

امچور (اَم - چُور) (ہ) مذکر - (۱) کچے آم کی سوکھی پھانکیں - انبہ کی کھٹائی (۲) دبلا پتلا - نہایت سوکھا ہوا آدمی ٭

امداد (اِم - دَاد) (ع) مؤنث - مدد - حمایت -

امانت - سہارا - سلوک ۔

امدادِ باہمی (ع - ف) مؤنث - باہم مل کر کسی کام کو کرنا - کسی مقصد کو حاصل کرنے کے لیے مختلف جماعتوں کا آپس میں ملنا ۔

امدادِ قحط (ع) مؤنث - وہ امداد جو قحط زدہ لوگوں کو دی جائے ۔

امدادی - (ع) مدد کیا ہوا - سہارا دیا ہوا - دینے والا ۔

اَمر - (اَمْر) (ع) مذکر - (۱) حکم - فرمان - بات - فعل - کام - (۲) باب - معاملہ ۔

امر (اَمَرْ) (ہ) (۱) نہ مرنے والا - (۲) لازوال - (۳) (مذکر) ایشور کا ایک نام - (۴) آم کا درخت - (۵) دیوتا ۔

اُمَرا (اُمَرَا) (ع) مذکر - امیر کی جمع - (۱) دولتمند - رئیس - مالدار - معزز (۲) ارکانِ سلطنت

امراض (اَم - رَاض) (ع) مذکر - مرض کی جمع - بیماریاں - دُکھ - روگ - عارضے ۔

اَمربیل - (ہ) مؤنث - اکاس بیل - افتیمون - ایک زرد بیل کا نام ۔

امرت (اَم - رِت ۔ اَم - رَت) (ہ) مذکر - (۱) اکسیر - زہر کی ضد - آبِ حیات - (۲) شربت - شہد (۳) مجازاً - بہت لذیذ اور شیریں چیز ۔

امرت بانی - (س) مؤنث - میٹھی باتیں - خوش کلامی - گفتگو ۔

امرِ تنقیح طلب - (ع) مذکر - وہ امر جس میں کسی چیز کی تفصیل یا تشریح مطلوب ہو - وہ تصفیہ طلب امر جو عدالت مقدمے کی روئداد سن کر آئندہ فیصلے کی آسانی کے لئے مقرر کر دیتی ہے ۔

امرتی (اِم - رِتی) (ہ) مؤنث - ایک مٹھائی جو ماش کے آٹے کی بنائی جاتی اور شکل میں جلیبیوں سے مشابہ ہوتی ہے ۔

اَمرد (اَم - رَد) (ع) مذکر - نوعمر - نوخیز - کمسن - خوبصورت لڑکا - نابالغ - بے داڑھی مونچھ کا لڑکا ۔

امرس (اَم - رَس) (ہ) مذکر - آم کا رس - پکے آم کا حریرہ ۔

امرِ غیر منقولہ (ع) مذکر - وہ بات جو مقدمے کی بحث سے خارج ہو ۔

امرلوک (س) مذکر - جنت - بہشت - سورگ - عالمِ بقا ۔

اَمرود (اَم - رُود) (ف) مذکر - جام پھل - ایک مشہور میوے کا نام - خاص کر دہلی اور الہ آباد کے مشہور ہیں ۔

امروز فردا (اِم - رُوز - فَر - دَا) (ف) مؤنث - (۱) آج کل (۲) ٹال مٹول (۳) صبح شام - جلد - عنقریب - تھوڑے دن ۔

امر و نہی (ع) مذکر - حکم اور ممانعت - کرنے اور نہ کرنے کے کام ۔

امریان (اَم - رِی - یَان) (ہ) آم کا باغ - دہلی (قطب صاحب) میں ایک باغ کا نام ۔

امریکہ (اَم - رِی - کہ) ہند (انگ امیریکہ - AMERICA) مذکر - نئی دنیا جسے کولمبس نے ۱۴۹۲ء میں معلوم کیا - ایک برِاعظم ہے ۔

امریکن (اَم - رِی - کَن) (ہند) (انگ - امیریکن - AMERICAN) مؤنث (۱) امریکہ کا رہنے والا (۲) امریکہ سے نسبت رکھنے والا ۔

امزجہ (اَم - زِجَہ) (ع) مذکر - مزاج کی جمع ۔

اُمس (اُمَس) (ہ) مؤنث - گھمس - گھمسا - حبس - گھٹ - شدید گرمی ۔

اِمساک (اِم - سَاک) (ع) مذکر - (۱) رُکنا - ٹھہرنا - کھینچ - (۲) دیر - کمی - (۳) خسّت - کنجوسی (۴) بارش کا نہ ہونا - خشک سالی (۵) دیر سے انزال ہونا ۔

امسال (اِم - سَال) (ف) مذکر - اب کے برس - اس سال میں - اس سنہ میں ۔

امشب (ف) مؤنث - آج کی رات - اس رات ۔

امصار (اَم - صَار) (ع) مذکر - مصر کی جمع - شہر - بلد ۔

امعان (اِم - عَان) (ع) گہری نظر کرنا - غور ۔

امکا ڈھمکا (اَم - کا - ڈھَم - کا) (ہ) مذکر - یہ - وہ - ایسا ویسا - ایرا غیرا ۔

امکان (اِم - کَان) (ع) مذکر (۱) مجال - طاقت - مقدور - مقدرت - (۲) قابو - اختیار ۔

امک ڈھمک (ہ) مؤنث - خراب اور نکمّی چیزیں ۔

امگا (اُم - گا) (ہ) اُبھرا - اُبھرا ہوا ۔

امل (اَمَل) (۱) (ہ) مذکر - نشہ (سوائے شراب) (۲) (ع) مؤنث - امید ۔

اِملا (اِم - لَا) (ع) مذکر و مؤنث - رسم الخط کے موافق لکھنا - تحریر کرنا - بتلائے ہوئے مضمون کو لکھنا ۔

املاک (اَم - لَاک) (ع) مؤنث - مِلک کی جمع - جائداد - مال و اسباب - جاگیر ۔

امل بید - (ہ) مذکر - لیمو دراز - لیموں کی طرح کا

پھل +

امل پانی کرنا - (ہ) نشہ پانی کرنا - نشہ پینا - بھنگ پینا +

امل پتی (ہ) مؤنث - چپٹی تڑپن کی سلائی جو املی کی پتی کے برابر چوڑی تڑپلی بنائی جاتی ہے +

املتاس (اَمَل - تاس) (ہ) مذکر - خیار شنبر - مغز فلوس جو پھلی کی طرح ہوتی اور مسہل کے لئے دی جاتی ہے +

اَمکنا (ہ) (۱) کند ہونا - ترش ہونا - (۲) پیٹ کے پٹھوں کا کھنچنا - تشنج اعصاب ہونا +

اِملی (اِم - لی) (ہ) مؤنث - مرہٹی - کتارا - ایک درخت کا پھل +

اُمم (اُمَم) (ع) مؤنث - اُمّت کی جمع - اُمّتیں +

امن (اَمن) (ع) مذکر - (۱) پناہ - حفاظت - (۲) اطمینان - دلجمعی - آرام +

امن چین - (ہ) مذکر - آرام و اطمینان - سکون اور خیریت +

اُمنڈنا (اُمنڈ - نا) (ہ) (۱) جوش پر آنا (۲) بھر آنا - (۳) گھر آنا - ہجوم کرنا - جمع ہونا - (۴) چڑھنا - طغیانی پر آنا +

اُمنگ (اُمَنگ) (ہ) مؤنث - جوش - ولولہ - شوق - چاؤ - گدگداہٹ +

امن و امان - (ع) مذکر - حفظ و امان - حفاظت - بچاؤ - آرام +

امو‌ا (اَم - وا) (ہ) مذکر - آم +

اموّا (اَمُو - وا) (ہ) گہرا سبز رنگ - وہ رنگ جو آم کی رنگت سے مشابہ ہوتا ہے +

اموات (اَم - وات) (ع) مؤنث - موت کی جمع - وفات - مرنا +

امواج (اَم - واج) (ع) مؤنث - موج کی جمع - لہریں +

اموال (اَم - وال) (ع) مذکر - مال کی جمع - مال و دولت - روپیہ - پیسہ - دھن دولت +

اُمور (اُمُور) (ع) مذکر - امر کی جمع - بہت سے کام - احکام - باتیں - فرامین +

اُمورِ ملکی (ف ع) مذکر - مہام سلطنت - وہ کام یا باتیں جو ملک کے متعلق ہوں +

اموتبا - (انگ) دیکھو امیونیا +

اُمّہات (اُم - مَہات) (ع) مؤنث - اُم کی جمع - مائیں +

اُمّی (اُم - می) (ہ) مؤنث (۱) ماں (۲) سوتیلی ماں +

اُمّی (اُم - می) (ع) (۱) (مجازاً) بے لکھا پڑھا آدمی (۲) (کنایتہً) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم +

امیٹھنا (امینٹھ - نا) (ہ) مروڑنا - بل دینا - اینٹھنا +

امی ٹیشن (اِمی - ٹے - شن) - (انگریزی IMITATION) - مذکر - مصنوعی جواہر - ملمع +

امی جمی (اَمی - جَمی) (ہ) (عو) مؤنث - اطمینان کی حالت - خیریت +

اُمّید - (اُم - مید) (ف) مؤنث - (۱) آس - توقع - (۲) خواہش - آرزو - (۳) حمل +

اُمّید سے ہونا - (ہ) حاملہ ہونا - پیٹ سے ہونا +

اُمّیدگاہ - (ف) مؤنث - اُمید کی جگہ - جس پر اُمید ہو +

اُمّیدوار - (ف) مذکر - (۱) توقع رکھنے والا - آرزومند - (۲) آئندہ کے بھروسے پر کام کرنے والا - پروبیشنر - اپرنٹس +

اُمّید و بیم (ف) مؤنث - مشتبہ حالت - اُمید اور ڈر - دُبدا +

اُمیر (اَمیر) (ع) مذکر - (۱) حاکم - امر کرنے والا - حکم دینے والا - (۲) والئے کابل کا لقب - (۳) منشی امیر احمد لکھنوی مرحوم کا تخلص +

امیر الامرا (ع) مذکر - بہت بڑا رئیس - نہایت دولتمند +

امیر البحر - (ع) مذکر - میر بحر - بحری فوج کا افسر +

امیر المومنین (ع) مذکر - مسلمانوں کا سردار - خلیفۂ وقت - اسلام کا اعلےٰ حاکم - سب سے پہلے یہ لقب حضرت عمر فاروق رضؓ نے اختیار کیا تھا - مسلمانوں کا مذہبی بادشاہ +

امیر خسرو - (ع - ف) مذکر - دہلی کے مشہور شاعر اور صوفی کا تخلص جو طوطیِ ہند کے لقب سے موسوم ہیں - آپ سلطان بلبن کے وقت اُس کے ولیعہد سلطان محمد کے رفیق و ادیب اور حضرت نظام الدینؒ محبوب الٰہی کے خلیفہ تھے - ۷۲۵ھ میں وہیں وفات پائی - اپنے مرشد کے پاس الگ گنبد میں مدفون ہیں - سب سے انتہا ذکی اور نہایت قادر الکلام ہوئے ہیں

دو صرف چار دیوان بلکہ کئی مثنویاں اور نثر کی کئی کتابیں آپ کی یادگار ہیں۔ بلکہ آپ کے کلام میں سے کئی مصرعے۔ شعر قطعے اور غزلیں زبان زد عام و خاص ہیں ؁

امیرزادہ - (ف) مذکر۔ امیر کا لڑکا۔

امیر کو جان پیاری۔ فقیر کو ایک دم بھاری (ا) مقولہ۔ امیر کو مرنا اور فقیر کو جینا پسند نہیں۔

امیر کے پڑوس میں خدا فقیر بھی نہ بنوائے۔ مقولہ۔ غریب کو امیر کے پڑوس میں دکھ ہی دکھ ہوتا ہے مالدار ہمسایہ سے ہر طرح دکھ پہنچتا ہے ؁

امیری - (ع) مؤنث۔ دولتمندی۔ مالداری ؁

امیری اور فقیری کی بو چالیس برس تک نہیں جاتی - (ا) مقولہ۔ امارت اور فقر کا اثر بہت مشکل سے جاتا ہے۔ عادت نہیں بدلتی۔ امیری اور فقیری کی بو بگڑ جانے پر ۴۰ برس تک قائم رہتی ہے ؁

امیری کارخانہ ہے - (ا) محاورہ۔ بڑے بے گنتی ہے یعنی بیقاعدہ خرچ ہیں۔ بے پروائی ہے ؁

امین (اَمِین) (ع) مذکر۔ (۱) امانتدار۔ معتمد۔ (۲) عہدے کا نام ؁

امین الملتہ۔ یمین الدولہ - (ع) مذکر (۱) مذہب کا امانتدار۔ سلطنت کا دایاں ہاتھ (۲) سلطان محمود غزنوی کا خطاب ؁

امین سرکاری - وہ معتمد یا عہدہ دار جو سرکار کی طرف سے عوام کے لئے مقرر ہو یا عوام خود اُسے منتخب کرلیں ؁

ا - ن

اَن (آن) (س - ا) مذکر۔ دانہ۔ غلّہ۔ اناج۔ غذا۔ (۲) سوا۔ علاوہ۔ بجز۔ غیر۔ اَور ؁

اَن بَن (ہ) مؤنث۔ ناموافقت۔ بگاڑ۔ رنجیدگی

اَن پانی
اَن جل } (ہ) مذکر۔ دانہ پانی۔ کھانا پینا ؁

اَن پڑھ (ہ) ناخواندہ۔ جاہل۔ اُمّی ؁

اَن داتا - (ہ) مذکر۔ رزق۔ پالنے والا۔ (۲) مالک۔ خداوند نعمت۔ سردار۔ آقا ؁

اَن دیکھا - (ہ) بن دیکھا۔ نادیدہ۔ مخفی۔ غائب ؁

اَن سمجھ - (ہ) بچہ۔ بے وقوف ؁

اَن کا کیڑا (ہ) مذکر۔ اَن دھاری۔ مراد انسان۔ آدمی ؁

اِن (اِن) (ہ) اشارہ قریب۔ جمع اور تعظیم کے لئے ؁

اُن (اُن) (ہ) اشارہ بعید۔ جمع اور تعظیم کے لئے (۲) خاوند۔ خصم۔ شوہر۔ پتی ؁

اَنّا (اَن - نا) (س) مؤنث۔ دایہ۔ آیا۔ دودھ پلانے والی عورت ؁

اناالحق (اَ - نَل - حَق) (ع) مذکر۔ میں خدا ہوں۔ حضرت منصورؒ محویت کی حالت میں یہ کلمہ کہا کرتے تھے۔ اس لئے وہ علما کے فتوے سے سولی پر چڑھا دیئے گئے ؁

انابت (اِنا - بت) (ع - مؤنث) اللہ کی طرف رجوع کرنا ؁

انابیب (اَنا - بیب) (ع) مؤنث۔ انبوب کی جمع۔ (۱) نرکل کی پوریں۔ (۲) نالیاں۔ اثر ورکس۔ پانی کے نل ؁

انابیب شعری (ع) مؤنث۔ بال جیسی باریک پائپیں۔ سوراخ جیسے جتی اور مصری میں ہوتے ہیں ؁

اناپ شناپ (اَناپ - شَناپ) (ہ) اندھا دھند۔ بے سوچ بچار۔ بے سمجھے بوجھے۔ اوٹ پٹانگ ؁

اناٹومی (اَنا - ٹو - می) (انگ ANOTOMY) مؤنث علم تشریح۔ علم الابدان۔ انسانی جسم کی شناخت و پرداخت کا علم ؁

اناث (اُناث) (ع) مؤنث۔ عورتیں ؁

اناج (اَناج) (ہ) مذکر۔ غلّہ۔ جنس ؁

اناج کا دشمن - (ا) مذکر۔ زیادہ کھانے والا۔ سُست۔ کاہل وجود۔ وہ شخص جو کھائے تو زیادہ۔ مگر کام کچھ نہ کرے ؁

اناج کال نہیں ہے۔ یہ راج کال ہے (ا) (ہ) مثل۔ یہ مہنگا سماں حکومت کے باعث ہے ؁

اناجیل (اَنا - جیل) (ع) مؤنث۔ انجیل کی جمع ؁

اناجیل اربعہ - (ع) متی۔ مرقس۔ لوقا۔ یوحنا کی چار انجیلیں۔ واضح ہو کہ متی اور یوحنا حواری مسیح ہیں۔ اور مرقس و لوقا تابعین سے ہیں۔ یعنی مسیح کے نہ دیکھنے والے ؁

اناد - انادی (اَناد + اَنادی) (س) ازلی۔ جس

کی ابتدا نہ ہو ۔

انار (اَ نَار) (ف) مذکر ۔ (۱) رُمّان ۔ ایک مشہور پھل کا نام ۔ (۲) ایک قسم کی آتشبازی کا نام ۔

انارا (اَ نَا ۔ رَا) (ا) مذکر ۔ سُرخ آنکھ والا کبوتر ۔ دِلّی میں اناری کہتے ہیں ۔

انار دانہ ۔ (ف) مذکر ۔ سُرخ اناروں کے سُکھائے ہوئے دانے ۔ (۲) ایک قسم کے چارخانے کپڑے کا نام ۔

انار دانہ بنا ہُوا ہے ۔ (ا) موٹا تازہ بنا ہوا ہے ۔

انارکسٹ (اَ نَار ۔ کِسٹ) (انگ ANARCHIST) مذکر ۔ انتہا پسند ۔ سلطنت کے تباہ و برباد کرنے کی سازش کرنے والا ۔ سلطنتِ شخصی کا دُشمن ۔

انارکلی ۔ (ا) (۱) مؤنث ۔ اکبر بادشاہ کی کنیز زادی نادرہ بیگم کا عرف ۔ (۲) مذکر ۔ لاہور کا ایک مشہور بازار ۔

انارکی (اَ نَار ۔ کی) (انگ ۔ ANARCHY) مؤنث ۔ سلطنت کے خلاف سازش اور شورش ۔ نراج ۔ فوضویت ۔

اناڑی (اَ نَا ۔ ڑی) (ہ) مذکر ۔ کھلاڑی کی ضد ۔ ناتجربہ کار ۔ ناواقف ۔ بے سلیقہ ۔

اناڑی کا سونا بارہ باٹ ۔ (ہ) مثل ۔ ناتجربہ کار کسی کام سے فائدہ نہیں اُٹھا سکتا ۔ بیوقوف کی قیمتی چیزیں کوڑیوں کے مول جاتی ہیں ۔

اُناسی ۔ (ہ) ہفتاد و نُہ ۔ ستر اور نو ۔ ۷۹ ۔

اِنّا لِلّٰہِ وَ اِنّا اِلَیہِ رَاجِعُون ۔ (ع) "تحقیق ہم اللہ ہی کے ہیں اور اُسی کی طرف رجوع کرنے والے ہیں" ۔ قرآن مجید کی ایک آیت ہے ۔ جو حالتِ مصیبت یا کسی کے مرنے کی خبر سُن کر پڑھتے ہیں ۔ سب کو اُدھر ہی جانا ہے ۔ سب کو مرنا ہے ۔

انام (اَ نَام) (ع) مذکر ۔ خلقت ۔ پیدا کی ہوئی چیزیں ۔ مخلوق ۔ دنیا ۔ موجودات ۔

انامل (اَ نَا ۔ مِل) (ع) ۔ مذکر و مؤنث ۔ انگلیاں ۔ انگلیوں کے سرے ۔

انانیت (اَ نَا ۔ نِی ۔ یَت) (ع) مؤنث ۔ خودی ۔ پندار ۔ غرور ۔ گھمنڈ ۔

انبار (اَم ۔ بَار) (ف) مذکر ۔ ذخیرہ ۔ ڈھیر ۔ تودہ ۔ پٹاؤ ۔

انباری (اَم ۔ بَا ۔ رِی) (صفت) مؤنث ۔ عماری ۔ ہودہ ۔ ہاتھی کی کاٹھی ۔

انبساط (اِم ۔ بِسَاط) (ع) مؤنث ۔ خوشی ۔ خُرّمی ۔ شادمانی ۔

انبعاث (اِم ۔ بِعَاث) (ع) مذکر ۔ اٹھنا ۔ کھڑا ہونا ۔

انبوہ (اَم ۔ بُوہ) (ف) مذکر ۔ ہنگامہ ۔ ہجوم ۔ بھیڑ ۔ کثرت ۔ زیادتی ۔ بہتات ۔

انبہ (اَم ۔ بَہ) (ف) مذکر ۔ آم ۔ مشہور میوہ کا نام ۔

ان بھول (ہ) مؤنث ۔ (۱) لاعلمی (۲) بھول چوک ۔ سہو ۔ (۳) سادہ مزاجی (۴) مذکر و مؤنث ۔ بچہ ۔ (۵) صفت ۔ ناواقف ۔ انجان ۔ ناتجربہ کار ۔

انبیاء (اَم ۔ بِیا) (ع) مذکر ۔ نبی کی جمع ۔ رسول ۔ پیغمبر ۔ نبی ۔

انبیا (اَم ۔ بِیا) (ہ) مؤنث ۔ کیری ۔ کچا آم جس میں جالی نہ پڑی ہو ۔

انت (اَنت) (س) مذکر ۔ آخر ۔ انجام ۔ خاتمہ ۔

انتالیس (اُن ۔ تا ۔ لِیس) (ہ) سی و نُہ ۔ تیس اور نو ۔ ۳۹ ۔

انتباہ (اِن ۔ تِبَاہ) (ع) خبرداری ۔ اطلاع ۔ آگاہی ۔ علم ۔ جاننا ۔

انت بُرے کا بُرا ۔ انت بھلے کا بھلا (ہ) مقولہ ۔ آخر بُرے کا انجام بُرا ۔ اور اچھے کا انجام اچھا ہوتا ہے ۔

انت بنت (ہ) مؤنث ۔ بناؤ سنگار ۔

انتخاب (اِن ۔ تِخَاب) (ع) مذکر ۔ پسند کرنا ۔ چُننا ۔ چھانٹنا ۔

انتر (اَن ۔ تَر) (ہ) مذکر ۔ فاصلہ ۔ دُوری ۔ فرق ۔

انترا (اَن ۔ تَرا) (ہ) مذکر ۔ (۱) کڑی ۔ ٹیک (۲) بند ۔ بول ۔ ٹیپ (۳) درمیان ۔

انتربید ۔ انتربیدی ۔ (ہ) مؤنث ۔ دو دریاؤں کے درمیان کی زمین ۔ دوآبہ ۔

انترجامی (ہ) مذکر ۔ (۱) ہر چیز کا اندر ۔ روح اعلیٰ ۔ (۲) برہما شیو جی ۔ (۳) صفت ، دانائے راز ۔ واقف حال ۔

انتردوار ۔ (ہ) مذکر ۔ چور دروازہ ۔

انتردھیان (ہ) مذکر (۱) قیاس سے باہر (۲) فنا فی اللہ ۔ (۳) غائب غلّہ ۔

انتر منتر - (ہ) مذکر - جادو ٹونا - جھاڑ پھونک ۔
انتڑی (اَ نت - ڑی) (ہ) مونث - آنت - اوجھ ۔
انتڑیاں جلنا - (ہ) نہایت بھوکا ہونا ۔
انتڑی میں روپ اور پنڈی میں چھب (ہ) کہاوت۔ منہ سے رنگ روپ جھلکتا ہے۔ اور پوشاک سے بدن کی زیبائش نکلتی ہے ۔
انتزاع (اِن - تِزْ - ع) (ع) مذکر - اکھیڑنا - اکھاڑنا ۔
انتساب (اِن - تِ - سا - ب) (ع) مذکر - لگاؤ - تعلق - نسبت - واسطہ - منسوب ہونا ۔
انتشار (اِن - تِ - شا - ر) (ع) مذکر - (۱) گھبراہٹ - پریشانی - تردد - فکر (۲) شہوت ۔
انتظار (اِن - تِ - ظا - ر) (ع) مذکر (۱) راہ دیکھنا (۲) آسرا - امید ۔
انتظار کرنا - (۱) راہ دیکھنا (۲) آسرا تکنا ۔
انتظام (اِن - تِ - ظا - م) (ع) مذکر - (۱) بندوبست - اہتمام - تدبیر - (۲) ترتیب - آراستگی - (۳) قاعدہ - ضابطہ ۔
انتفاع (اِن - تِ - فا - ع) (ع) مذکر - منافع - فائدہ - آمدنی - حاصل ۔
انتقاد (اِن - تِ - قا - د) (ع) مذکر (۱) تنقید کرنا - جانچنا - پرکھنا (۲) نقد روپیہ لینا ۔
انتقاض (اِن - تِ - قا - ض) (ع) مذکر - توڑ دینا ۔
انتقاضِ شرط - (ع) مذکر - کسی کی شرط کو توڑ دینا ۔
انتقاضِ معاہدہ - (ع) مذکر - معاہدے کو توڑ دینا ۔
انتقال (اِن - تِ - قا - ل) (ع) مذکر (۱) بدلی - ایک جگہ سے دوسری جگہ بدلنا - (۲) موت - مرگ - مرنا - وفات ۔
انتقالِ اراضی - (ع) مذکر - مقبوضہ مشترکہ زمین کی تبدیلی - داخل خارج کرانا ۔
انتقالِ جائداد - (ع - ف) مذکر - جائداد کا ایک شخص کے قبضے سے دوسرے شخص کے قبضے میں چلا جانا ۔
انتقالِ ذہنی - (ع) مذکر - ذہن کا منتقل ہو جانا - ذہن کا ایک طرف سے ہٹ کر دوسری طرف رسائی کرنا ۔
انتقالِ رہن - (ع) مذکر - رہن کی تبدیلی - رہن در رہن - گرو در گرو ۔
انتقال بہی - (ا) مونث - وہ بہی جس میں انتقال جائداد کا حساب کتاب رہتا ہے ۔
انتقام (اِن - تِ - قا - م) (ع) مذکر - بدلہ - عوض - پاداش ۔
انت کال - (ہ) مذکر - جان کنی ۔
ان تلوں میں تیل نہیں - (ہ) مثل - (۱) بہت بے مروت اور بے فیض ہیں - بہت خسیس ہیں۔ یہاں کام نہیں بنے گا ۔
انت لینا - (ہ) نہایت دق کرنا ۔
انتہا (اِن - تِ - ہا) مونث - آخر - انجام - خاتمہ - حد - نہایت (۲) علم حساب میں جہاں ارقام جا کر ختم ہوتے ہوں ان کو انتہا کہتے ہیں ۔
انتہائی نقطے - (ع) مذکر - وہ نقطے جو جبر و مقابلہ کے علم میں خطوط کے ختم کرنے والے ہوں ۔
انتی (اَن - تی) (ہ) مونث - کان میں پہننے کا ایک زیور جو نتھ کی قسم کا ہوتا ہے ۔
انتیس (اُن - تیس) (ہ) بست و نہ - بیس اور نو - ۲۹ ۔
انتی سار ہو کر نکلے - ہ بددعا - زخموں کی راہ نکلے - کٹ کٹ نکلے ۔
انٹا - (اَن - ٹا) (ہ) مذکر - (۱) بڑی گولی - (۲) افیون کی بڑی گولی - (۳) انگریزی کھیل کا نام جو ہاتھی دانت کی گولیوں سے میز پر کھیلا جاتا ہے ۔
انٹا چت (ہ) نشے میں چور - بدمست -
انٹا غفیل (ا) بے ہوش ۔
انٹا گھر - (ہ) مذکر - وہ مکان جہاں انٹا کھیلتے ہیں ۔
انٹرپریٹر (اِن - ٹر - پرِ - ٹر) انگریزی (INTERPRETER) مذکر - ایک شخص کی گفتگو دوسری زبان میں دوسرے شخص کو سمجھانے والا - ترجمان ۔
انٹرمیڈیٹ (انگ - INTERMEDIATE) (۱) عام طور پر درمیانی درجہ - وسطی درجہ (۲) خصوصاً ایف اے کا درجہ - ڈیوڑھا درجہ ۔
انٹرنیشنل - (انگ - INTERNATIONAL) بین الاقوامی ۔
انٹرنیشنل لا (انگ - INTERNATIONAL LAW) مذکر - قانون بین الاقوام - سلطنت ہائے یورپ کا باہمی معاہدہ ۔

انٹروڈیوس - (انگ - INTRODUCE) مذکر - ملاقات ◆
انٹروڈیوس کرانا - کرنا - (ف) پیش کرنا - ملانا - پہچنوانا - ملاقات کرانا ◆
انٹرینس (اَین - ٹر یَنس) - (انگ - ENTRANCE) مذکر داخلہ - شروع - ابتدا - امتحان کا داخلہ - ابتدائی تعلیم کا آخر امتحان (۲) (مجازاً) مقفقہ نائی - دسویں جماعت ◆
انٹ کا سنٹ - (ہ) (عوام) اوٹ پٹانگ - بیہودہ ◆
انٹی (اَن - ٹی) (ہ) مؤنث - (۱) پھینٹی - سوت یا ریشم کی پچھی - انی - (۲) گھائی - دو انگلیوں کے بیچ کی جگہ ◆
انٹی باز / انٹی مار (ہ) مذکر (۱) جواریوں کی اصطلاح میں وہ شخص جو انگلیوں کی درمیانی جگہ میں کوئی چیز چھپا لے (۲) دغاباز - فریبی - شعبدہ باز ◆
انٹی پر چڑھ جانا - (ہ) قابو میں آ جانا - دھوکے میں آ جانا - دام میں آنا ◆
انثی (اُن - ثا) (ع) مؤنث - مادہ - عورت ◆
انجاح (اِن - جاح) (ع) مذکر - مطلب پورا کرنا - مراد بر لانا ◆
انجام (اَن - جام) (ع) مذکر - آغاز کی ضد - (۲) خاتمہ - انتہا - (۲) نتیجہ - مآل - (۳) تکمیل - پورا ہونا ◆
انجام بخیر ہونا - (ف) (۱) نتیجہ اچھا نکلنا - مآل کا اچھا ہونا - (۲) خاتمہ اچھا ہونا - ایمان کے ساتھ مرنا ◆
انجام سوچنا - (ف) دُور اندیشی کرنا - عاقبت بینی کرنا - نتیجے پر نظر کرنا ◆
انجام کار - (ف) (۱) آخر کار - آخر کو - (۲) مآلِ کار - نتیجہ ◆
انجان (اَن - جان) (ہ) ناواقف - نا آشنا - ناتجربہ کار ◆
انجبار (اَن - جبار) ◆ (اِن - جبار) (ف) مذکر - ایک بیل جو دواؤں میں کام آتی ہے ◆
انجذاب (اِن - جذاب) (ع) مذکر جذب کرنا - کھینچنا - اصطلاح نباتات میں پودوں کا پانی جذب کرنا ◆
انجر پنجر (اَن - جر - پن - جر) (ہ) مذکر - اعضا ہڈی پسلی - جوڑ جوڑ - عضو عضو ◆

انجر پنجر ڈھیلے ہو گئے - (ہ) (۱) اعضا تھک گئے - مضمحل ہو گئے - (۲) جوڑ جوڑ ہل گیا ◆
اُنجل (اُن - جل) (س) مذکر - دعا کی طرح ملے ہوئے ہاتھ ◆
انجم (اَن - جُم) (ع) مذکر - نجم کی جمع - ستارے - تارے - اختر ◆
انجماد (اِن - جماد) (ع) مذکر - جماؤ ◆
انجمن (اَن - جُمَن) (ف) مؤنث - (۱) سبھا - مجلس - (۲) محفل - (۳) کمیٹی ◆
انجمن اتحادِ مزدوراں - (ف) وہ مجلس یا سبھا جو اہلِ حرفت و صنعت کا مرکز ہو - تجارت کا گھر ◆
انجن (اَن - جن) (ہ) مذکر - سُرمہ - کاجل ◆
انجن سار - (ہ) سُرمگیں ◆
انجن سارنا - (ہ) سُرمہ لگانا - سرمہ گھلانا ◆
انجن (اِن - جن) (ہند) (انگ انجن - ENGINE) مذکر - کل - بھاپ کی کل - آلہ ◆
انجنا - آنجھنا - (ہ) سرمہ لگانا ◆
انجن ڈرائیور (ہند) (انگ - ENGINE DRIVER) مذکر - انجن چلانے والا ◆
انجن ہاری - (ہ) مؤنث - (۱) گھانجنی - (۲) ایک قسم کی مکھی جسے کمھاری کہتے ہیں ◆
انجنیر (اِن - جی - نیر) (ہند) (انگ - انجینیئر - ENGINEER) مذکر - تعمیرات یا کلوں کا کام جاننے والا ◆
انجیر (اِن - جیر) (ف) مذکر - مشہور میوہ ہے جو گول - سیاہی مائل اور شیریں ہوتا ہے ◆
انجیل (اِن - جیل) (یونانی) مؤنث - (۱) مژدہ - خوشخبری - (۲) وہ آسمانی کتاب جو حضرت عیسٰے علیہ السّلام پر نازل ہوئی ◆
انچ (اِنچ) - (انگ - INCH) گز کا چھتیسواں حصّہ - پیسے کی لمبائی یا چوڑائی ◆
انچارج (اِن - چارج) (انگ - INCHARGE) وہ شخص جس کے اہتمام میں کوئی چیز یا انتظام ہو ◆
انچاس (اُن - چاس) (ہ) چہل و نہ - چالیس اور نو - ۴۹
انچاس (اُنچاس) (ہ) مؤنث - اونچائی ◆
اُنچاؤ (اُنچا - اُؤ) (ہ) مذکر - بلندی ◆
اُنچائی (اُنچا - ای) (ہ) مؤنث - ارتفاع - اُنچائی ◆

انچھر (اَن - چُھر) (ہ) مذکر (۱) (مجازاً) جادو کے بول - منتر (۲) حرف ۰

اَنچے اَنچے رہنا (ا) محاورہ - دُور دُور رہنا - الگ الگ رہنا - کھنچے رہنا - ناراض رہنا ۰

انحراف (اِن - حِرَاف) (ع) مذکر - انکار - پھرنا - مخالفت - نافرمانی - روگردانی ۰

انحراف معاہدہ (ع) - مذکر - اقرار سے پھر جانا ۰

انحصار (اِن - حِصَار) (ع) مذکر - گھِرنا - محصور رہنا - سمانا - منحصر ہونا - موقوف ہونا ۰

انحطاط (اِن - حِطَاط) (ع) مذکر - کمی - گھٹاؤ - تنزل ۰

اندارا (اِن - دَا - رَا) } (ہ) مذکر - بہت بڑا عمیق
انہارا (اِن - ہَا - رَا) } (ہ) گہرا پختہ کنواں جس میں بے انتہا پانی ہو ۰

انداز (اَن - دَاز) (ف) مذکر (۱) طرز - ڈھنگ - طور (۲) ناز - آن - معشوقانہ لگاوٹ (۳) قرینہ - قیاس - اٹکل (۴) اعتدال - حد - مقدار معین - (۵) نمونہ - پیمانہ ۰

انداز اُڑانا (ا) کسی کا ڈھنگ سیکھ لینا - کسی کی وضع اُڑانا - کسی کے طریقے پر چلنا - سیکھنا - حاصل کر لینا ۰

اندازپیٹی (ا) مؤنث - اپنے ناز و انداز پر فخر کرنے والی عورت ۰

اندر سے باہر ہونا (ا) حد سے بڑھ جانا - حیثیت سے نکل جانا - طاقت سے باہر کام کرنا ۰

اندازہ (ف) مذکر - (۱) قیاس - اٹکل - تخمینہ - کوت - جانچ - (۲) حد - اعتدال - (۳) ناپ - پیمانہ ۰

اندام (اَن - دَام) (ف) مذکر - بدن - انگ - جسم ۰
اندامِ نہانی (ف) مؤنث - شرمگاہ - فرج - ستر ۰

اندر (اَن - دَر) (ف) باہر کی ضد - بھیتر - بیچ - درمیان میں ۰

اِندر (اِن - در) (ہ) مذکر - (۱) چترائی - چالاکی - (۲) دیوتاؤں کا راجہ (۳) بہشت کا راجہ (۴) مینہ برسانے والا دیوتا (۵) رعد - گرج - بجلی ۰

اندرائن (اِنْدْ - رَا - اِن) (ف) مؤنث - حنظل - پھر پھیندوا - خربزۂ تلخ ۰

اندرائن پھل دیکھنے کا ہے - چکھنے کا نہیں (ہ) مثل - ظاہر اچھا ہے - باطن خراب - صحبت کے لائق نہیں - صورت اچھی ہے - سیرت خراب ہے ۰

اندرائن کا پھل (ہ) مذکر - (۱) خربزۂ تلخ - (ا) حنظل - پھر پھیندوا - اندرائن کے درخت کا پھل (۲) بدمزاج - تندمزاج - لڑائی کرنے والا - دشمنی ڈالنے والا - دلوں میں کدورت پیدا کرنے والا آدمی ۰

اِندرجال (ہ) مذکر - فریب - دھوکا - شعبدہ - چھل ۰

اِندر جَو (ہ) مذکر - لسان العصافیر - زبانِ گنجشک - ایک درخت کا پھل جو جَو کے ہم شکل ہوتا ہے ۰

اندرسا (اَنْدْ - رَسَا) (ہ) مذکر - ایک قسم کی مٹھائی جو چاولوں کے آٹے کو شکر میں ملا کر گھی میں تل کر بناتے ہیں ۰

اندر کا اکھاڑا (ہ) مذکر - راجہ اندر کی سبھا - وہ محفل جس میں اربابِ نشاط اور حسینوں کا جمگھٹ ہو - راگ رنگ کی محفل ۰

اَندر والا (ہ) مذکر - (۱) دل - جی - من - (۲) بچہ جو رحم مادر میں ہو ۰

اندرون (اَن - دَرُون) (ف) اندر - درمیان - بیچ ۰

اِندری (اِنْدْ - رِی) (ہ) مؤنث - (۱) اِدراک کا آلہ - آلۂ احساس (۲) عضو تناسل - اندامِ نہانی (۳) خواہش نفسانی (۴) حواس خمسۂ باطنی - فہم - تیز ادراک - یاد وغیرہ ۰

اندفاع (اِن - دِفَاع) (ع) مذکر - دُور ہونا ۰

اندک (اَن - دَک) (ف) کم - قلیل - تھوڑا - ذرا سا - خفیف ۰

اندلس (اَن - دَلُس + اَن - دُلُس + اَن - دُلَس) (ع) مذکر - ہسپانیہ ۰

اندمال (ع) (اِن - دِمَال) (ع) مذکر (۱) زخم کا بھر آنا - (۲) تسلی - اطمینان ۰

اندوختہ (اَن - دُوخ - تَہ) (ف) مذکر - جمع کیا ہوا - بچا ہوا - پس انداز ۰

اندوہ (اَن - دُوہ) (ف) مذکر - (۱) فکر و تردد (۲) رنج و غم ۰

اندوہگیں - یا - اندوہناک (ف) غمگین۔ رنجیدہ۔ دردمند۔ دُکھی ٭

اندھا (اَن - دَھا) (ہ) مذکر (۱) کور۔ نابینا۔ (۲) دیکھ کر کام نہ کرنے والا۔ دیکھے بغیر۔ اندھا دُھند چلنے والا ٭

اندھا آئینہ (ہ) مذکر بے قلعی کا آئینہ۔ دُھندلا شیشہ ٭

اندھا بانٹے ریوڑیاں ہر پھر کے اپنوں ہی کو دے (ہ) مثل۔ ہر صورت اپنوں ہی کو نفع دینا ٭

اندھا بنانا (ہ) (۱) دھبہ کا کرنا (۲) سامنے سے چیز اُڑا لے جانا (۳) صریح جھٹلانا۔ (۴) فریب دینا۔ نابینا کر دینا ٭

اندھا بھینسا (ہ) مذکر (۱) لڑکوں کے ایک کھیل کا نام ہے۔ جس میں ایک لڑکے کی آنکھیں بند کرکے دوسرا لڑکا کمر پر سوار ہو جاتا ہے۔ باقی لڑکے باری باری اس کے نیچے ہو کر نکلتے ہیں۔ سوار لڑکا نیچے سے نکلنے والے لڑکے کا نام دریافت کرتا ہے۔ اگر صحیح نام بتا دیتا ہے۔ تو پوچھنے والا بھینسا بنتا ہے۔ اور نام بتانے والا اُس پر سوار ہوتا ہے۔ غلط بتائے تو (۲) نابینا گاؤمیش (۳) (مجازاً) بدراہ اور اُجڈ آدمی ٭

اندھا بے ایمان (۱) مقولہ۔ نظر نہ آنے کے باعث ڈر رہتا ہے۔ کہ لوگ اُسے دھوکا دیں گے۔ اِس لئے اس کا ایمان درست نہیں رہتا ٭

اندھا جانے آنکھوں کی سار (ہ) مثل۔ آنکھوں کی قدر اندھا ہی جان سکتا ہے ٭

اندھا دُھند (ہ) (۱) تاریکی۔ (۲) اندھیرا (۳) بے حساب۔ بے ٹھکانے (۴) بے دھڑک۔ بے احتیاطی سے ٭

اندھا کنواں (ہ) مذکر۔ (۱) خشک اور تاریک کنواں (۲) لڑکوں کے ایک کھیل کا نام ٭

اندھا کیا جانے لالے کی بہار (ہ) مثل۔ جس میں کسی چیز کا مادہ ہی نہ ہو۔ وہ اُس کی قدر کیا جانے گا ٭

اندھا کیا چاہے دو آنکھیں (ا) مثل۔ حاجتمند ہمیشہ اپنی حاجت روائی چاہتا ہے ٭

اندھا گائے بہرا بجائے (ہ) مثل۔ ناقابلوں کا مجمع۔ نالائقوں کی مجلس۔ بیوقوفوں کی سوسائٹی ٭

اندھا گھوڑا (ہ) مذکر (۱) آزاد فقیروں کی اصطلاح میں جوتے کو کہتے ہیں۔ پاپوش۔ کھڑاؤں (۲) نابینا گھوڑا ٭

اندھا ہونا (ہ) (۱) نابینا ہونا۔ (۲) گمراہ ہونا۔ (۳) نشہ یا جوش جوانی میں بدمست ہونا۔ (۴) مغرور ہونا (۵) دیکھ کر نہ چلنا (۶) بے دیکھے بھالے کام کرنا ٭

اندھڑ (اَن - دَھڑ) (ہ) (۱) مذکر۔ تیز و تند ہوا۔ آندھی۔ صرصر (۲) بدانتظامی۔ لوٹ گھسوٹ ٭

اندھکار (اَندھ - کار) (ہ) مذکر۔ آندھی کا طوفان ٭

اندھوں میں کانا راجا (ہ) مثل۔ نالائقوں میں جو کوئی ذرا سی بھی سمجھ رکھتا ہو۔ وہی بڑا سمجھا جاتا ہے۔ بیوقوفوں میں نسبتاً عقلمند ٭

اندھیارا (اَندھ - یا - رَا) (ہ) مذکر۔ تاریکی ٭

اندھیاری (ہ) دیکھو "اندھیری" ٭

اندھی پیسے کتا کھائے (ہ) مثل۔ بدسلیقگی اور پھوہڑپن کی جگہ بولتے ہیں ٭

اندھی سرکار (ہ) مؤنث۔ ناانصاف بادشاہ۔ ظالم حاکم ٭

اندھیر (اَن - دھیر) (ہ) مذکر۔ (۱) ظلم ستم غضب۔ آفت (۲) بے انصافی۔ بدنظمی (۳) دغا۔ فریب۔ بے ایمانی (۴) سیاہی۔ تاریکی ٭

اندھیرا (اَندھے - را) (ہ) مذکر۔ اجالا کی ضد۔ تاریکی۔ ظلمت

اندھیرا کرنا (ہ) (۱) روشنی کو روکنا۔ (۲) چراغ گل کرنا ٭

اندھیر اگھُپ (ہ) مذکر انتہائی تاریکی۔ جس میں کچھ نہ سوجھے۔ دُھواں دھار تاریکی ٭

اندھیر کھاتا (ہ) مذکر۔ بدمعاملگی۔ بے انصافی۔ ناحق شناسی۔ بدنظمی۔ بدعملی ٭

اندھیر مچانا (ہ) ظلم و ستم ڈھانا۔ ہڑ مچانا ٭

اندھیر نگری چوپٹ راجا ٹکے سیر بھاجی ٹکے سیر کھاجا (ہ) مثل۔ ناانصاف حاکم۔ بے پروا حکومت۔ بے قانون بادشاہت۔ جہاں حاکم کی غفلت اور بے پروائی سے اندھا دُھند مچی ہو وہاں بولتے ہیں ٭

اندھیر ہونا (ہ) (۱) بے حد تاریکی (۲) ظلم ہونا

نا انصافی ہونا ٭

اندھیری (ہ) مؤنث - (۱) گھوڑے کی آنکھوں پر باندھنے کا چمڑے کا چشمہ (۲) تاریک ٭

اندھیری رات (ہ) مؤنث - شبِ تار - شبِ تاریک ٭

اندھیری کوٹھڑی (ہ) مؤنث (۱) تاریک مکان - (۲) مجازاً جسم کا اندرونی حصہ (۳) نامعلوم شے ٭

اندھیری لگانا (ہ) (۱) آنکھوں پر پٹی باندھنا - (۲) چمڑے کا چشمہ لگانا جو گھوڑے کی آنکھوں پر باندھا جاتا ہے ٭

اندھیرے اُجالے (ہ) وقت بے وقت - موقع بے موقع - اوبیر سویر - کسی نہ کسی وقت ٭

اندھیرے گھر کا اُجالا (ہ) مذکر - اکلوتا بیٹا - گھر کا چراغ ٭

اندھیرے مُنہ (ہ) بہت سویرے - تڑکے - علی الصباح ٭

اندھے کو رات دن برابر ہے - یا - اندھے نے بھانویں رات دن برابر ہے (ہ) مثل - ناسمجھ - احمق جاہل اچھے بُرے کو نہیں جانتا - بیوقوف نیک و بد میں تمیز نہیں کر سکتا ٭

اندھے کی جورو کا اللہ بیلی (د) مثل جس کی کوئی خبر لینے والا نہیں - اس کا خدا ہی مددگار ہے - جس کی دیکھ بھال کرنے والا کوئی نہیں ہوتا - اس کی اللہ نگہبانی کرتا ہے ٭

اندھے کی داد نہ فریاد - اندھا مار بیٹھے گا (د) مثل - معذور کا کوئی جرم قابلِ سزا و ملامت نہیں - مجبور کا کام جرم نہیں ٭

اندھے کی لاٹھی یا لکڑی (ہ) مؤنث (۱) وہ بچہ جو کئی بچوں میں سے بچا ہوا اور مدارِ زندگی ہو - (۲) بڑھاپے کا سہارا (۳) سہارا دینے والا - وسیلہ - معاون ٭

اندھے کے آگے روئیے اپنی آنکھیں کھوئیے (ہ) مثل - نااہل کو نصیحت کرنا مفت کی سر دردی ہے - نااہل کو نصیحت کارگر نہیں ہوتی ٭

اندھے کے ہاتھ بٹیر لگی (ہ) مثل - کسی شخص کو جب اس کی حیثیت - حوصلہ - یا لیاقت سے بڑھ کر کوئی چیز مل جائے اور وہ اس کا استعمال بے جا کرے - وہاں طنزاً بولتے ہیں ٭

اندیشہ (اَن - دے - شہ) (ف) مذکر - دھڑکا - خوف کھٹکا - ڈر ٭

اندیشہ ناک (ف) پُرخطر - خوفناک ٭

اندیک (اَن - دیک) (ف) اُمید ہے

انڈا (اَن - ڈا) (ہ) مذکر - بیضہ ٭

انڈا بائل کرنا (ا) بائل انگریزی لفظ ہے یعنی جوش دینا - انڈے کو گرم پانی میں جوش دینا - انڈا اُبالنا

انڈا کھٹکنا (ہ) انڈے کا تڑقنا جو بچہ نکلنے کی علامت ہے ٭

انڈا گندہ ہونا (ہ) بیضہ مرغ کا خراب ہونا - جو کھانے کے کام کا نہ ہو - اور بچہ حاصل نہ کرنے کے لائق ٭

انڈانا (انڈ - ا - نا) (ہ) اٹھلانا - مچلنا - شوخیاں کرنا ٭

اَنڈل پڑنا (ہ) گر پڑنا ٭

انڈنٹ (اِن - ڈینٹ) (انگ - INDENT) مذکر - درخواست ٭

اِن ڈور (اِن - ڈور) (انگ - INDOUR) مذکر - دروازے کے اندر ٭

انڈوں پر ہونا (ہ) محاورہ - انڈے سینا - انڈوں پر بیٹھنا ٭

انڈے (اَن - ڈے) (ہ) مذکر - انڈا کی جمع ٭

انڈیا (اِن - ڈیا) (انگ - INDIA) مذکر - ہندوستان - بھارت ورش - آریہ ورت ٭

انڈے اُڑانا (ہ) (۱) جھوٹ بولنا - (۲) انڈے میں پارہ بھر کر منہ کو موم سے خوب بند کر دیتے ہیں - تو حرارت پا کر انڈا اڑنے لگتا ہے ٭

انڈے بول میں بچے کھجور میں (ہ) مثل - (۱) کوئی چیز کہیں ہے کوئی کہیں (۲) بدانتظامی - ناقابلیت ٭

انڈے بچے (ہ) مذکر - (مجازاً) لڑکے بالے - آل - اولاد ٭

انڈے سینا (ہ) (۱) انڈوں سے بچے نکالنے کی غرض سے مرغی یا کسی اور جانور کا انڈوں پر بیٹھ کر انھیں گرم کرنا - (۲) گھر میں بیٹھے رہنا ٭

انڈے سیوے فاختہ اور کوّے بچّے کھائیں۔ (ف) مثل۔ فاختہ محنت کرکے بچّے نکالے اور بچّوں کو کوّے کھا جائیں۔ محنت کوئی کرے۔ مزے کوئی پائے۔ حرام خور آدمی کو کہتے ہیں۔

انڈے سیوے کوئی بچّے لیوے کوئی (ف) مثل۔ ایک محنت کرے۔ دوسرا فائدہ اُٹھائے۔

انڈے کا شہزادہ (ا) (۱) وہ شخص جو گھر سے کبھی باہر نہ نکلا ہو (۲) ناتجربہ کار۔ ناواقف۔ بھولا بھالا۔

انڈیکس (اِن۔ ڈیکس) (انگ۔ INDEX) مذکر۔ فہرست۔ ضمیمہ۔

انڈے لڑانا (ف) قمارباز اکثر نوروز کے دن اپنے اپنے ہاتھوں میں انڈے لے کر ایک دوسرے پر مارتے ہیں۔ جس کا انڈا پھوٹ جاتا ہے۔ وہ ہار جاتا ہے۔ دوسرا جیت کر جو بازی بدی ہو۔ حاصل کرلیتا ہے۔

اُنڈیلنا (ف) اُلینڈنا۔ اوندھانا۔ لوٹنا۔ لُنڈھانا۔ ایک برتن سے دوسرے برتن میں کرنا۔ گرانا۔ ڈالنا۔

انڈین (اِن۔ ڈِین) (انگ۔ INDIAN) مذکر۔ ہندوستانی۔ ہندوستان کا رہنے والا۔

انڈین امپائر (انگ۔ INDIAN EMPIRE) ہندوستانی بادشاہت۔ یہ نام ۱۸۷۷ء میں ملکہ وکٹوریہ کے خطاب قیصرۂ ہند اختیار کرنے کی یادگار میں مقرر کیا گیا تھا۔

انڈین پینل کوڈ (انگ۔ INDIAN PENAL CODE) مؤنث۔ تعزیرات ہند۔ ہندوستان کا قانون فوجداری۔

انڈین سول سروس (انگ۔ INDIAN CIVIL SERVICE) مؤنث۔ ہندوستان کی ملکی ملازمت جس کا مخفف آئی۔ سی۔ ایس ہے۔ اس منصب کو حاصل کرنے کیلئے مقابلے کا امتحان پاس کرنا پڑتا ہے اور چوٹی کے کامیاب اُمیدوار لئے جاتے ہیں۔

انڈین کونسل (انگ۔ INDIAN COUNCIL) مؤنث (۱) ہندوستانی کونسل۔ ہندوستان کی مجلس شوریٰ۔ ہندوستانی سبھا (۲) (مجازاً) وزیر ہند کی کونسل۔ جس کے ممبروں میں دو ہندوستانی بھی شریک ہوتے ہیں۔

انڈین نیشنل کانگرس (انگ۔ INDIAN NATIONAL CONGRESS) ہندوستان کی قومی مجلس جس کا آغاز ۱۸۸۵ء سے لارڈ ڈفرن کے عہد میں ہوا۔

انڈے ہونگے تو بچّے بہت ہو رہیںگے (ف) مثل۔ (۱) عورت مرد ہونگے۔ تو اولاد بھی ہو ہی جائیگی۔ (۲) کام کرینگے تو فائدہ بھی ہو ہی جائے گا۔

انرتھ (اَنَرتھ) (س) (۱) بے معنی (۲) بے وجہ۔ (۳) بے فائدہ (۴) ناواجب (۵) نقصان دہ (۶) مذکر۔ بیہودگی۔

انزال (اِن۔ زال) (ع) مذکر۔ (۱) اُترنا۔ اُتارنا (۲) منی نکلنا۔ جھڑنا۔

انزجار (اِن۔ زِ۔ جار) (ع) مذکر۔ ہٹ جانا۔ پلٹ جانا۔

انزوا (اِن۔ زِوا) (ع) مذکر۔ گوشہ نشینی۔

اَنس (اَنَس) (ف) مذکر (۱) توانائی۔ طاقت (۲) حصّہ۔ درجہ۔ بھاگ (۳) منی۔ تخم۔ بیج۔

اَنَس (ع) مذکر (۱) ایک صحابی اور خادم جناب رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کا نام۔

اِنس (اِنْس) (ع) مذکر۔ انسان۔ آدمی۔

اُنس (اُنْس) (ع) مذکر۔ (۱) محبت۔ پیار۔ اختلاط رغبت۔ میل جول۔

انساب (اَن۔ ساب) (ع) مذکر نسب کی جمع۔ قومیں۔ نسلیں۔ خاندان۔ شجرے۔

انسان (اِن۔ سان) (ع) مذکر۔ (۱) آدمی۔ بنی آدم منش۔ پُرش۔ (۲) محبت رکھنے والا۔

انسان بنانا (ف) مذکر۔ محبت۔ اخلاق۔ ہمدردی۔ مروت کی تعلیم دینا۔ تربیت کرنا۔ آدمی بنانا۔

انسان کیا پکھیرو ہے (ف) مثل۔ بہت سیر و سیاحت کرنے والا ہے۔

انسانیّت (اِن۔ سا۔ نِی۔ یت) (ع) مؤنث۔ (۱) آدمیت۔ (۲) دانائی۔ شعور۔

انسانیّت سے پیش آنا (ف) مروّت کا برتاؤ کرنا۔ اخلاق و تہذیب سے بات چیت کرنا۔

انسب (اَن۔ سَب) (ع) مذکر۔ مناسب۔ نہایت بہتر۔ بہت ٹھیک۔ درست۔

انسپکٹر (اِنْس۔ پِک۔ ٹر) (انگ۔ INSPECTOR) مذکر۔ معائنہ کرنے والا۔ دیکھ بھال کرنے والا۔

انسپکٹر جنرل (انگ۔ INSPECTOR GENERAL) بڑا معائنہ کرنے والا۔ صوبے کا نگران۔ مہتمم اعلےٰ۔

[redacted] (اِن-سَ)(ع) پچاس اور نو - ۵۹ ÷

انسٹیٹیوٹ (اِنس-ٹی-ٹیوٹ) } (انگریزی)
انسٹیچیوٹ (اِنس-ٹی-چیوٹ) }
(INSTITUTE) مؤنث - محکمہ - محکمۂ تعلیم و حرفت - ترقی علوم و فنون کی انجمن - افادۂ عام کی کمیٹی ÷

انسٹیٹیوشن (اِنس-ٹی-ٹیو-شن) } (انگ)
انسٹیچیوشن (اِنس-ٹی-چیو-شن) }
(INSTITUTION) مؤنث - (۱) علمی مجلس - اصولوں یا قاعدوں کا ایک ضابطہ (۲) سکول - کالج وغیرہ ÷

انسداد (اِن-سِداد) (ع) مذکر - روک تھام بندوبست - انتظام ÷

انس و جان (ع) مذکر - انسان اور جن ÷

انشاء (اِن-شا) (ع) مؤنث - (۱) لغوی معنی دل سے کوئی بات پیدا کرنا (۲) عبارت - طرز تحریر (۳) وہ کتاب جس میں قواعد خط و کتابت اور خطوط لکھے ہوں (۴) سیّد انشاء اللہ خاں مرحوم لکھنؤ کے مشہور و معروف شاعر کا تخلّص ÷

انشاء اللہ تعالےٰ (ع) اگر اللہ نے چاہا ÷

انشاء پرداز (ع - ف) منشی - نثّار - نثر لکھنے والا ÷

انشاء پردازی (ع - ف) مؤنث - عبارت آرائی - خط یا عبارت لکھنے کا ڈھنگ - مضمون لکھنے کا طریق ÷

انشائیہ (اِن-شا-اِی-یَہ) (ع) وہ جملہ جس میں سچ اور جھوٹ دونوں کا احتمال ہو ÷

انشراح (اِن-شِراح) (ع) مذکر - کھلنا - کشادہ ہونا - واضح ہونا - ظاہر ہونا ÷

انصاب (اَن-صاب) (ع) مذکر - نصب کی جمع - بُت ÷

انصار (اَن-صار) (ع) مذکر - ناصر کی جمع (۱) مددگار (۲) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو مدینہ میں مدد دینے والے اصحاب ÷

انصاری (ع) مذکر - انصار سے نسبت رکھنے والا ÷

انصاف (اِن-صاف) (ع) مذکر (۱) لغوی معنے برابر کے دو ٹکڑے کرنا (۲) اصطلاحی - عدل - داد - نیاؤ ÷

اِنصاف چُکانا - یا - کرنا - (۱) داد رسی کرنا - فیصلہ کرنا ÷

انصاف کا خون کرنا (۱) محاورہ - انصاف نہ کرنا ÷

انصرام (اِن-صِرام) (ع) مذکر - بندوبست - انتظام - انجام کو پہنچنا ÷

انضباط (اِن-ضِباط) (ع) مذکر (۱) لغوی معنے پختگی و مضبوطی ہونا (۲) اصطلاحی - تعیّن - ضابطہ - وضع ÷

انضباط اوقات (ع) مذکر - وقت کی تقسیم - وقت کی پابندی - وقت کا تعیّن ÷

انضمام (اِن-ضِمام) (ع) مذکر - پیوستہ ہونا - پیوند ہونا - وصل ہونا ÷

انطاکیہ (اَن-طا-کِیَہ) (ع) مذکر - ملک روم کا ایک مشہور شہر ÷

انطباع (اِن-طِباع) (ع) مذکر - نقش ہونا - چھپنا ÷

انطباق (اِن-طِباق) مذکر - منطبق ہونا - آپس میں ملنا ÷

انطفا (اِن-طِفا) (ع) مذکر - بجھ جانا ÷

انعام (اِن-عام) (ع) مذکر - نعمت - عطیہ - تحفہ - خلعت - بخشش - بدلہ - اجر - معاوضہ - کسی نیک نامی یا کارکردگی کا صلہ جو حکام کی طرف سے عطا کیا جائے ÷

انعام و اکرام (ع) مذکر - خلعت و عزت - دیکھو "انعام" ÷

انعدام (اِن-عِدام) (ع) مذکر - نیست و نابود ہونا ÷

انعطاف (اِن-عِطاف) (ع) مذکر - لوٹنا - پھرنا - جھکنا ÷

انعقاد (اِن-عِقاد) (ع) مذکر - بندھنا - منعقد ہونا ÷

اِنعکاس (اِن-عِکاس) (ع) مذکر - (۱) عکس - سایہ (۲) اُلٹ - انحراف ÷

انف (اَنف) (ع) مذکر - ناک

انفار (اَن-فار) (ع) مذکر - نفر کی جمع - لوگ -

انفارمر (اِن-فار-مَر) (انگ - INFORMER) مذکر - مخبر - اطلاع دینے والا ÷

انفارمیشن (اِن-فار-مے-شن)

(انگ- INFORMATION) مؤنث- اطلاع- خبر۔

انفارمیشن بیورو (انگریزی) (INFORMATION BUREAW) مذکر- محکمۂ اطلاعات۔

انفاس (اَن-فَاس) (ع) نفس کی جمع- دم- سانس۔

انفحہ (اِن-فَحَہ) (ع) مذکر (۱) پنیر مایہ (۲) معدہ- حیوانات سے متعلق عضو۔

انفراد (اِن-فِرَاد) (ع) مذکر- تنہا ہونا- اکیلا ہونا۔

انفرادی (ع- ف) ایک ایک کا- اکیلے کا- فرداً فرداً- اجتماعی کی ضد۔

انفراغ (اِن-فِرَاغ) (ع) مذکر- فراغت پانا- فرصت ملنا- کام ختم ہونا- بے فکر ہونا۔

انفس (اَن-فُس) (ع) مذکر- نفس کی جمع- نفوس- روحیں- دل- بہت سے آدمی۔

انفساخ (اِن-فِسَاخ) (ع) مذکر- ٹوٹ جانا۔

انفساخ معاہدہ (ع) مذکر- معاہدے کا ٹوٹنا۔

انفصال (اِن-فِصَال) (ع) مذکر- جدا ہونا- فیصلہ ہونا- طے ہونا۔

انفعال (اِن-فِعَال) (ع) مذکر- شرمندہ ہونا۔

انفکاک (اِن-فِکَاک) (ع) مذکر- جدا ہونا- الگ ہونا۔

انفکاک رہن (ع) مذکر- روپیہ ادا کرکے رہن کی ہوئی جائداد کا واپس لینا۔

انفلوئنزا (اِن-فلُو-اَین-زا) (انگریزی) (INFLUENZA) مذکر- زکامی بخار- وبائی بخار۔

انفلوئینس (اِن-فلُو-اینس) (انگریزی) (INFLUENCE) مذکر- رسوخ- رعب- اثر۔

انفنٹری (اِن-فَنٹ-رِی) (انگریزی) (INFANTRY) مؤنث- پیادہ فوج- پیدل پلٹن۔

انقباض (اِن-قِبَاض) (ع) مذکر- گرفتگی- بستگی- رکاوٹ- قبض۔

انقراض (اِن-قِرَاض) (ع) مذکر- قطع ہونا- مقررہ مدت کا ختم ہونا۔

انقرہ (اَن-قِرَہ) (ت) مذکر- ترکی کا دارالخلافہ- انگورہ۔

انقسام (اِن-قِسَام) (ع) مذکر- منقسم ہونا- حصہ حصہ ہونا۔

انقضا (اِن-قِضَا) (ع) مذکر- گزرنا- پورا ہونا- چھوٹ جانا۔

انقلاب (اِن-قِلَاب) (ع) مذکر- تغیر و تبدل- الٹ پلٹ (۲) نیرنگ زمانہ- گردش دوران۔

انقیاد (اِن-قِیَاد) (ع) مذکر- فرمانبرداری- پابندی۔

انکار (اِن-کَار) (ع) مذکر- اقرار کی ضد (۱) کسی بات کو نہ ماننا (۲) انحراف- مخالفت- تسلیم نہ کرنا- (۳) منع کرنا۔

انکاؤ (اَن-کَا-ؤ) (ہ) مذکر- تخمینہ- جانچ۔

انکسار (اِن-کِسَار) (ع) مذکر (۱) ٹوٹ جانا- (۲) خاکساری- فروتنی۔

انکشاف (اِن-کِشَاف) (ع) مذکر (۱) کھلنا- (۲) کھولنا۔

انکک (ان-کک) (س) مذکر- حسابی- خاندان کا محاسب۔

ان کلیمڈ (اَن-کلیمڈ) (انگ- UNCLAIMED) وہ مال جس کا کوئی وارث نہ ہو- لاوارث مال۔

ان کمپلیٹ (اِن-کَم-پلیٹ) (انگریزی) (INCOMPLETE) نامکمل- ادھورا۔

انکم ٹیکس (اِن-کَم-ٹیکس) (انگریزی) (INCOME TAX) مذکر- آمدنی کا ٹیکس- رعایا پر آمدنی کے حساب سے سرکاری محصول- آمدنی پر محصول۔

انکنا (اَنک-نا) (ہ) (۱) جچنا (۲) اندازہ- تخمینہ۔

انکوٹ (اَن-کوٹ) (ہ) مذکر- ہندوؤں کا ایک تہوار جو دیوالی کے دوسرے روز ہوتا ہے۔

انکھڑیاں (اَنکھ-ڑیاں) (ہ) آنکھ- دیدہ- چشم- عین۔

انکھوا (اَنکھ-وَا) (ہ) مذکر- (۱) آنکڑا- نوک- (۲) آٹے کا شگوفہ بنا کر گھی میں پکاتے اور شیرے

میں ڈال کر کھاتے ہیں (۳) ماش اور مونگ کے بنڈے جو دال دلتے سے الگ ہو جاتے ہیں ۔

انکھیارا (اَنکھ۔یا۔رَا) (ہ) (۱) مذکر۔ آنکھوں والا ۔

انکھیاں (اَنکھ۔یاں) (ہ) مؤنث۔ آنکھیں ۔

اُن کے پیشاب سے چراغ جلتا ہے (۱) اُن کی بڑی حکومت ہے۔ بڑا رعب ہے۔ بڑا سکّہ بیٹھا ہوا ہے ۔

ان کے کھائے رُوکھ نہیں رہے (ہ) محاورہ۔ کھاؤ کھسپ ہے۔ جو اُس کے قبضے میں آ گیا۔ وہ تباہ ہو گیا۔ بڑا چالاک ہے۔ بڑا ٹھگ ہے ۔

انگ (اَنگ) (ہ) مذکر (۱) تن۔ جسد۔ بدن۔ اندام۔ جسم۔ (۲) بند۔ عضو۔ جوڑ۔ (۳) چھاتی۔ پستان ۔

انگا (اَنگ۔گا) (ہ) مذکر۔ جامہ۔ انگرکھا۔ پیراہن ۔

انگارا (اَنگ۔گا۔رَا) (ہ) مذکر (۱) آگ کا دہکتا ٹکڑا۔ دہکتا ہوا بڑا کوئلہ۔ (۲) نہایت سُرخ۔ چمکتا ہوا ۔

انگارا بننا (ہ) کسی شے کا نہایت لال ہونا۔ غصّے میں لال ہونا (۲) تندرستی میں رنگ کا سُرخ ہونا ۔

انگاروں پر لوٹنا (ہ) (۱) بے تاب و بے قرار ہونا۔ تڑپنا۔ (۲) رشک و حسد سے جلنا۔ حسرت و افسوس کرنا ۔

انگارے برسنا (ہ) کنایۃً۔ شدّت کی گرمی پڑنا۔ لُو چلنا ۔

انگ بدیا (س) مؤنث۔ علم الاجسام۔ علم تشریح بدن۔ علم طب۔ ڈاکٹری ۔

انگبین (اَنگ۔بِین) (ف) مذکر۔ شہد۔ عسل ۔

انگرکھا (ہ) مذکر۔ ایک قسم کی مردانہ پوشاک ہے۔ جو خاص ہندوستان کی ایجاد ہے ۔

انگریز (اَنگ۔رِیز) (ا) مذکر۔ فرنگی۔ یورپ کا رہنے والا۔ یورپین۔ گورہ ۔

انگریزی (ا) مؤنث۔ (۱) انگریزوں کی زبان۔ (۲) انگلینڈ یا یورپ کی اشیا (۳) یورپ سے متعلق۔ انگلینڈ سے متعلق ۔

انگریزی راج۔ تن کو کپڑا نہ پیٹ کو ناج (۱) مثل۔ انگریزوں کی حکومت میں ہر چیز مہنگی ہے۔ اس لئے اب تھوڑی آمدنی والے کا گزارہ نہیں ہو سکتا ۔

انگڑانا (اَنگ۔ڑا۔نا) (ہ) انگڑائی لینا۔ بدن پھیلانا۔ بستر پر کروٹ بدلنا ۔

انگڑائی (اَنگ۔ڑا۔ئی) (ہ) مؤنث۔ خمیازہ۔ جسم کا خود بخود اکڑنا ۔

انگڑائی توڑنا (ہ) سُستی اُتارنا۔ انگڑائی لینا ۔

انگڑائی لینا۔ خمیازہ کشی کرنا۔ سُستی اُتارنا ۔

انگڑ کھنگڑ (اَنگ۔گڑ۔کھنگ۔گڑ) (ہ) مذکر۔ پُرانا اسباب۔ شکستہ سامان۔ کاٹھ کباڑ۔ بیکار چیزیں۔ فضول سامان ۔

انگش بنگش (اَنگ۔گش۔بَنگ۔گش) (ہ) اول جلول۔ بیہودہ ۔

انگشت (اَنگ۔گُشت) (ف) مؤنث۔ اُنگلی ۔

انگشتانہ (اَنگ۔گُش۔تا۔نَہ) (ف) مذکر۔ (۱) لوہے یا پیتل کا وہ خول جسے کپڑا سیتے وقت اُنگلی میں پہنتے ہیں۔ (۲) وہ گیر۔ ہڈی یا بینک کا حلقہ جو تیراندازی کے وقت انگوٹھے میں پہنا جاتا ہے ۔

انگشت بدنداں ہونا (ف) (۱) دانتوں میں اُنگلی دینا (۲) حیرت۔ تعجب۔ افسوس یا حسرت کا اظہار کرنا ۔

انگشتری (اَنگ۔گش۔تَری) (ف) مؤنث۔ انگوٹھی۔ اُنگلی سے متعلق زیور ۔

انگشت شہادت (ف۔ع) مؤنث۔ سبابہ۔ دہنے ہاتھ کے انگوٹھے کے پاس کی اُنگلی۔ تصدیق کی انگلی ۔

انگشت نما (ف) (۱) اُنگلی دکھانے والا۔ (۲) بدنام۔ مشہور۔ مطعون۔ رُسوا۔ عیب دار ۔

اُنگل (اُنگ۔گل) (ہ) مذکر۔ (۱) انگشت۔ اُنگلی کی چوڑائی کی مقدار (۲) ناپنے کا آلہ۔ پیمانہ ۔

انگلانا (اَنگ۔لا۔نا) (ہ) اُنگلی کرنا۔ دِق کرنا۔ اُکسانا ۔

انگلس (اَنگ۔لس) (ع) مؤنث۔ پنشن۔ وظیفہ ۔

انگلس پانا (ہ) پنشن پانا ۔

انگلستان (اَنگ۔لِس۔تان) (ا) مذکر۔ انگریزوں کا وطن۔ جزائر انگلینڈ۔ جزائر برطانیہ ۔

انگلستانِ حالیہ (ا) مذکّر - موجودہ انگلینڈ مع ترقی اور آراستگی کے ٭

انگلسیم
انگلسیا } (ہ،ا) ہوشُوں پلنے والا (۲) مجازاً سُست ٭

انگلش (اِنگ-لِش) (ا) ENGLISH - انگ (۱) انگلستان کا - انگریزی (۲) بطانیہ کی اشیا (۳) برطانیہ کا رہنے والا (۴) انگریزی زبان ٭

انگ لگنا (ہ، (۱) معانقہ - بغلگیر ہونا - کولم کولا ہونا - بدن سے بدن مِلنا - چھاتی سے لگنا - (۲) موٹا تازہ ہونا - کھانے کی چیزوں کا جزوِ بدن ہونا (۳) کام میں آنا ٭

انگ لگو (اَنگ-لَگ-گُو) (ہ) مذکّر - جو بچّہ ہر وقت ماں کی گودی میں رہے ٭

انگلی (ا) مؤنث - انگشت ٭

اُنگلیاں اُٹھانا (ہ) (ا) اشارہ کرنا - (۲) رُسوا اور بدنام شخص کی طرف اشارہ کرنا ٭

اُنگلیاں توڑنا - (ہ) انگلیوں کو توڑ کر آواز نکالنا ٭

انگلیاں چمکانا
انگلیاں نچانا } (ا) (۱) نقل کرنا - ہاتھوں کا بے محل ہلانا جلانا (۲) بدتہذیبی - بیہودہ حرکت - حماقت (۳) مسخراپن (۴) چلبلاپن - (۵) چڑانا ٭

انگلی پکڑتے پہنچا پکڑنا (ہ) مثل - پاؤں پھیلانا - سرہو جانا - تھوڑے تعلق پر بھاری دعوے کرنا ٭

انگلی دھرنا
انگلی رکھنا } (ا) (۱) نکتہ چینی کرنا - عیب نکالنا - (۲) قبضہ کرنا - دخل جمانا - قابو کرنا - (۳) دوستی لگانا - تعلّق پیدا کرنا ٭

انگلی لگانا (ہ) انگلی چھوڑنا - تیغ سے مارنا ٭

انگلی نہ لگانا (ا) نہ چھونا - ہاتھ نہ لگانا - نہ چھیڑنا ٭

انگلیوں پر نچانا - (ا) ذلیل بنانا - خاطر میں نہ لانا - ذلیل اور خفیف کرنا ٭

انگلیٹ - **انگلیٹھ** (اَنگ-لیٹ - اَنگ-لیٹھ) (ہ) مؤنث - جُثّہ - ڈیل ڈول - وضع قطع - اُٹھان - جسم کی بناوٹ - قدوقامت ٭

انگلینڈ (اِنگ-لَینڈ) (انگ - ENGLAND) مذکّر - انگریزوں کا جزیرہ - انگلستان - یورپ میں ایک بڑا جزیرہ جو انگریزوں کا وطن ہے ٭

انگنا برس - بچّے کی عمر کا آٹھواں سال عورتیں آٹھ کو نحس سمجھ کر آٹھ کی بجائے انگنا کہتی ہیں ٭

انگنا مہینہ (ہ) آٹھواں مہینہ - جو بچّہ آٹھویں مہینے پیدا ہو چونکہ وہ عموماً زندہ نہیں رہتا - اِس لئے عورتیں آٹھ کو منحوس سمجھتی ہیں - اور آٹھ کی بجائے انگنا کہتی ہیں - نیز زائچہ کا آٹھواں خانہ موت کا گھر ہے ٭

انگنائی (اَنگ-نا-اِی) (ہ) مؤنث - صحن - آنگن - چبوترہ - کھلی ہوئی جگہ ٭

اَن گنت (ہ) بہت - بے شمار - بے حساب - بکثرت - جس کی گنتی نہ ہو سکے ٭

انگوٹھا (اَنگ-گُو-ٹھا) (ہ) مذکّر - انگشتِ نر ٭

انگوٹھا چومنا (ا) محاورہ - خوشامد کرنا - چاپلوسی کرنا (۲) عاجزی - انکسار - متابعت - (۳) از حد محبّت کرنا ٭

انگوٹھا دکھانا (ا) محاورہ (۱) چڑانا - چھیڑنا - (۲) انکار کرنا - صاف جواب دینا (۳) بد دیانتی اور خیانت کرنا کسی کی چیز لے کر واپس نہ دینا ٭

انگوٹھی (اَنگ-گُو-ٹھی) (ہ) مؤنث - انگشتری - خاتم - نگین (از قسم زیور) ٭

انگوچھا (اَنگ-گو-چھا) (ہ) مذکّر - (۱) رومال - بدن صاف کرنے والا کپڑا - تولیا - (۲) چھوٹی دھوتی ٭

انگور (اَنگ-گُور) (ف) مذکّر - (۱) رز - تاک - عنب - داکھ - ایک مشہور تر اور شیریں میوہ ہے (۲) زخم کا کھرنڈ - پپڑی ٭

انگور بندھنا (ا) زخم کا اندمال پر آنا - زخم اچھا ہو کر اُس پر سخت سی پپڑی آجانا ٭

انگور پھٹ جانا (ہ) بھرے ہوئے زخم کا تڑق جانا ٭

انگور کھٹّے ہیں - کھانے کے قابل نہیں (ہ) مثل - دیکھو آخ تھو کھٹّے ہوتے ہیں ٭

انگور کی ٹٹیاں (ا) مؤنث - بانس کی ٹٹیاں جن پر انگور کی بیلیں چڑھاتے ہیں ٭

انگوری بیل (ا) مؤنث - کپڑے پر کڑھی یا بنی ہوئی بیل جو انگور کی بیل کے مشابہ ہو ٭

انگوری شراب (ا) مؤنث - انگور کی کھینچی ہوئی شراب - انگور سے بنائی ہوئی شراب ٭

انگھڑ (ہ) (۱) بد قطع۔ بیڈول۔ ناموزوں۔ بے ترتیب۔ (۲) بے سلیقہ۔ بے ڈھنگا۔

ان گھڑت بات (ا) مؤنث۔ بے تکی بات۔

انگیا (اَنگ۔یا) (ہ) مؤنث۔ محرم۔ چولی۔ چھوٹا کپڑا۔ انگی۔ سینہ بند۔

انگیا کا بنگلہ (ا) مذکر۔ انگیا کی کٹوریوں پر گوٹ کناری سے کچھ پھانکیں بنانا۔

انگیا کا پھیرا (ا) مذکر۔ وہ بٹا ہوا سوت کا ڈورا جو انگیا کی کمر اور کٹوریوں کی گوٹ کے اندر رہتا ہے۔

انگیا کا گھاٹ (ا) مذکر۔ انگیا کا گریبان۔ انگیا کی بناوٹ۔ کتر بیونت۔

انگیا کی چڑیا (ا) مؤنث۔ وہ سیون جو انگیا کی دونوں کٹوریوں کے بیچ میں ہوتی ہے۔

انگیا کی خواصی (ا) مؤنث۔ بغل کے برابر ایک دھجی سی جسے کھاٹی بھی کہتے ہیں۔

انگیا کی دیواریں (ا) مؤنث۔ کٹوریوں کے نیچے کے حصے۔

انگیا کی کٹوریاں (ا) مؤنث۔ انگیا کا وہ حصہ جس میں چھاتیاں رہتی ہیں۔

انگیا کے پان (ا) مذکر۔ کٹوریوں میں کپڑے کے دو ٹکڑے ہوتے ہیں۔ چھوٹے کو پان اور بڑے کو دیوار کہتے ہیں۔

انگیا کے پیچھے (ا) مذکر۔ انگیا کی چوڑی گوٹ۔

انگیٹھی (اَنگ۔گی۔ٹھی) (ہ) مؤنث۔ آتش دان۔ مجمر۔ آگ رکھنے کا ظرف۔

انگیزنا (اَنگ۔گیز۔نا) (ا) اٹھانا۔ برداشت کرنا۔ گوارا کرنا۔ ذمہ لینا۔ سر دھرنا۔

ان لینڈ (اِن۔لَینڈ) (انگ IN LAND) اندرونِ ملک۔ خشکی کے اندر۔ ملک کے اندر۔

انمان (اَن۔مان) (ہ) مذکر۔ اندازہ۔ نتیجہ۔

انمت (اَن۔مَت) (ہ) بے عقل۔

انمل / **انملا** } (ہ) (۱) بیگانہ خو۔ غیر جنس۔ مل جل کے نہ رہنے والا۔ (۲) بے جوڑ۔

انمل بے جوڑ (ہ) بے تکی باتیں۔ بے قرینے اور بے ڈھنگے کام۔

انمنا (اَن۔مَنا) / **انمنی** (اَن۔مَنی) } (ہ) (عو) ناساز۔ بیمار۔

انمول (ہ) بے بہا۔ بہت ہی عمدہ۔ نہایت نادر۔ بے حد قیمتی۔ بیش قیمت۔

ان میل (اَن۔میل) (ہ) ناموافق۔ مختلف۔

انناس (اَن۔ناس) (ہ) مذکر۔ ایک مشہور پھل ہے۔ جو خربوزے سے چھوٹا۔ لمبوترا اور خوشبودار ہوتا ہے۔

اننت (اَ۔نَنت) (ہ) (۱) بے انتہا (۲) چودہ گرہ کا وہ ڈورا جسے ہندو بھادوں سدی چودس کے پوجا کر کے اپنے ہاتھ پر باندھتے ہیں۔

اننت چودس (ہ) مؤنث۔ بھادوں سدی کی چودھویں تاریخ جس میں اننت باندھتے ہیں۔

انند (ہ) دیکھو "آنند"۔

انند بدھاوا (ہ) مذکر۔ خوشی کا گیت۔ بدھائی۔

انند کے تار بجانا۔ دیکھو "آنند کے تار بجانا"۔

انند منگل (ہ) دیکھو "آنند منگل"۔

انندی پرش (ہ) ہنس مکھ۔

ان نون (اَن۔نون) (انگ UNKNOWN) نامعلوم۔

ان نینن کا یہی بسیکھ وہ بھی دیکھا یہ بھی دیکھ (ہ) مقولہ۔ (۱) دنیا کبھی ایک حال پر نہیں رہتی۔ (۲) آنکھوں کا کام ہے کہ بھلا برا جو سامنے آئے دیکھیں (۳) انسان کو دکھ سکھ سب برداشت کرنا چاہیئے۔ عیش اور مصیبت دونوں کو ہنسی خوشی گزار دے۔

انوار (اَن۔وار) (ع) مذکر۔ نور کی جمع۔ روشنی۔ اجالا۔ تجلی۔ ضیا۔ چمک۔

انواسنا (اَن۔واس۔نا) (ہ) کورے برتن کو کھنگالنا۔

انواسی (ہ) (۱) بیاہی ہوئی (۲) کھنگالی ہوئی۔

انواع (اَن۔واع) (ع) مؤنث۔ نوع کی جمع۔ طرح طرح۔ بھانت بھانت۔ قسم قسم۔ وضع وضع۔ رنگارنگ۔

انوپ (اَ۔نُوپ) (ہ) بے مثال۔ بے نظیر۔ یکتا۔ لاثانی۔

انوپان (ہ) مذکر۔ طریقۂ استعمال۔ کھانے کا قاعدہ۔ دوا کے کھانے اور اس کے ساتھ پرہیز کی چیزیں۔

انوٹ (اَن۔وَٹ) (ہ) مؤنث۔ (۱) ایک گھنگرو دار زیور جو انگوٹھے میں پہنا جاتا ہے (۲) چھب ادا۔ ناز۔ انداز۔ نخرہ۔ لچک۔

انوٹھا (اَن-ٹھا) (ہ) مذکر- (۱) جھوٹے کی ضد- (۲) کھانے کی چیز جس میں سے کسی نے کھایا نہ ہو- (۳) انوکھا ۔

انوٹھی بات (ہ) انوکھی بات- نئی بات- نادر بات ۔

انور (اَن-وَر) (ع) مذکر- بہت روشن- خوبصورت- نہایت نورانی- زیادہ چمکیلا ۔

انور پاشا (۱۹۲۲) مشہور ترک جرنیل جس کی کوشش سے ترک جنگ عظیم میں شامل ہوئے- اور خود بالشویکوں کے خلاف لڑتا ہوا مارا گیا ۔

انوری (اَن-وَری) (ع ف) مذکر- فارسی کے مشہور شاعر کا تخلص جو پہلے خاوری تخلص کرتے تھے ۔

انوکھا (اَن-وکھا) (ہ) مذکر (۱) نرالا- نادر (۲) سب سے الگ ۔

انھ (اُنھ) } (ہ) مؤنث- (۱) بے پروائی اور نفرت
اونھ (اُونھ) } کا کلمہ (۲) کراہنے کی آواز ۔

انہتّر (اُنہت-تَر) (ہ) شصت و نہ- ساٹھ اور نو- ۶۹ ۔

انہدام (اِن-ہِدَام) (ع) مذکر- ڈھانا- گرانا- برباد کرنا- مسمار کرنا ۔

انہزام (اِن-ہِزَام) (ع) مذکر- شکست کھانا- بھاگ جانا ۔

انہماک (اِن-ہِمَاک) (ع) محویت- مصروفیت- لگاؤ- مشغولی ۔

ان ہوا (ہ) غیر شخص ۔

ان ہوت (ہ) مؤنث- نہایت غریبی ۔

ان ہوریاں (اَن-ہو-رِیَاں) (ہ) مؤنث- گرمی دانے (پنجابی) پت ۔

ان ہونی (ہ) نہ ہونے والی بات- محال- ناممکن ۔

ان ہونی ہونی نہیں اور ہونی ہون ہار (ہ) مقولہ- نہ ہونے والی بات نہیں ہو سکتی- اور ہونے والی ہو کر رہتی ہے ۔

انھیں (ہ) اشارۂ قریب- اِن کو ۔

اُنھیں (ہ) اشارۂ بعید- اُن کو ۔

اَنی (اَ-نی) (ہ) مؤنث- (۱) آر- نوک- (۲) پھکیتوں کی اصطلاح میں سامنے کی سیدھی چوٹ ۔

انیا ٹانک (اَن-نیا-ٹانک) (ہ) (عوام) ٹھیک تول ۔

انیائی (اَن-یا-ئی) (ہ) (۱) ناانصاف (۲) ظالم (مجازاً) شریر بچہ ۔

انیتی (اَنی-تی) (ہ) مؤنث (۱) شرارت (۲) ظلم (۳) بدعت (۴) شور ۔

انیس (اَ-نِیس) (ع) مذکر- (۱) اُنس رکھنے والا- دوست- ہمدم (۲) میر ببر علی لکھنوی مرحوم کا تخلص- جو مرثیہ گوئی میں یکتائے روزگار گزرے ہیں ۔

اُنیس (اُن-نِیس) (ہ) نوزدہ- دس اور نو- ۱۹ ۔

اُنیس بیس (ہ) (۱) ذرا سا فرق- تھوڑا فرق ۔

انیسون (ہ) مؤنث- ایک دوا کا نام ۔

انیلا (اَ-نی-لا) (ہ) مذکر- ناتجربہ کار- نادان- بھولا- ناواقف- خام ۔

انیلا پن (ہ) مذکر- نادان پن- بھولا پن- ناتجربہ کاری- ناواقفیت ۔

انیلی (ہ) مؤنث- ناتجربہ کار- نادان (۲) بھولی بھالی ۔

ا - و

او (اَو) (ہ) حرف- ندا- اے- ارے ۔

اواخر (اَوَا-خِر) (ع) مذکر- آخر کی جمع- انتہا- حد- ابد- ختم- انجام ۔

اوارجہ- اوارچہ (اَوَا-رِجَہ- اَوَا-رِچَہ) (ف) مذکر- روزنامچہ- حساب کی کتاب- بہی- رسید بک ۔

اوازہ توازہ (اَوَا-زَہ- تَوَا-زَہ) (ہ) مذکر- طعن تشنیع- بول ٹھولی ۔

اواسط (اَوَا-سِط) (ع) مذکر- اوسط (میانہ) کی جمع ۔

اوامر (اَوَا-مِر) (ع) مذکر- امر کی جمع- احکام ۔

اوائل (اَوَا-ئِل) (ع) مذکر- اوّل کی جمع- ابتدا- آغاز- شروع- (۲) چرخے کی مال ۔

اوائل عمر (ع) مؤنث- بچپن ۔

اوائی (اَوَا-ئی) (ہ) مؤنث- آمد- کسی کے آنے کی خبر- شہرت- افواہ- بے سروپا بات ۔

اوائی اڑانا }
اوائی اُڑنا } (ہ) جھوٹی خبر کا پھیلنا- چرچا ہونا ۔

اوباش (اَو-بَاش) (ع) بدچلن- آوارہ- شہدا- بدمعاش- عیاش ۔

اوباشی (ع) مؤنث- بدمعاشی ۔

اوبزرویٹری (اَوب - زَر - وے - ٹَری) (انگ OBSERVATORY) مؤنث - رصدگاہ - وہ بلند مینار جس پر چڑھ کر ستاروں کی چال معلوم کی جاتی ہے ؛

اوبنا (اُوب - نا) (ہ) اُکتانا -

اوبی (اُو - بی) (ہ) مؤنث - وہ گڑھا جو ہاتھی کے پھنسانے کے لئے جنگل میں خس پوش کیا جاتا ہے ؛

اوپ (اُوپ) (ہ) مؤنث - چمک - آب و تاب - جلا - ضیا - رونق ؛

اوپچی (ت) مذکر - ہتھیار بند - سر سے پاؤں تک ہتھیار سے سجا ہوا - بانکا سپاہی - مسلح ؛

اُوپر (اُو - پَر) (ہ) (۱) نیچے کی ضد - اونچا - بالا (۲) باہر - (۳) بعد - (۴) اس سے پہلے - (۵) اپنی ذات پر - اپنے حال پر - (۶) زیادہ ؛

اوپر اوپر (ہ) (۱) الگ الگ - بالا بالا - پوشیدہ (۲) ظاہری دکھاوٹ ؛

اُوپر اُوپر جانا (ہ) بے کار جانا - بے اثر اور لاحاصل ہونا ؛

اوپر تلے (ہ) بار بار - متواتر - ایک کے بعد دوسرا - ایک کے اوپر ایک - پے در پے - پیہم ؛

اوپر تلے کے (ہ) وہ بچے جن کے درمیان میں کوئی اور بچہ نہ پیدا ہوا ہو ؛

اوپر دھری (ہ) مؤنث - (۱) ناحق کا الزام - مفت کی تہمت (۲) ظاہری باتیں - دکھاوے کی باتیں ؛

اُوپر سے (ہ) (۱) اس پر - دوسرے - اس کے علاوہ - (۲) بالائی رقم - تنخواہ کے علاوہ - رشوت وغیرہ ؛

اُوپر کا (ہ) مذکر - (۱) بیگانہ - غیر - اجنبی (۲) فالتو - (۳) رشوت کا ؛

اوپر کے دم بھرنا (ہ) اوپر کے سانس لینا - آخری سانس لینا - اکھڑے سانس لینا ؛

اوپر والا (ہ) مذکر - (۱) خدا - پرمیشور - (۲) نیا چاند ؛

اوپر والیاں (ہ) مؤنث - (۱) پریاں - چڑیلیں - (۲) انّائیں - پیش خدمت - سہیلیں ؛

اوپر والے (ہ) مذکر - (۱) غیر - بے تعلق - دوسرے - اَور - (۲) حکام - (۳) کوٹھے پر رہنے والے - (۴) ستارے - فضا میں رہنے والے ؛

اوپر والے پکڑنا (ہ) (۱) قیاس سے معلوم کرنا - (۲) تہمت دھرنا -

اوپری (ہ) (۱) ظاہری - دکھاوے کی - (۲) اجنبی - غیر - (۳) بالائی - (۴) ناموزون ؛

اوپنی (اُوپ - نی) (ہ) مؤنث - سان ؛

اوت (اُوت) (ہ) مذکر - بے وقوف - نادان - احمق - مورکھ - (۲) لاولد - نامراد - ناکام - (۳) پلید ارواح - (۴) منحوس ؛

اُوت پڑنا (ہ) نفع یا بچت ہونا ؛

اُوت کسر ماری جانا (ہ) نفع یا نقصان ہونا ؛

اُوت نپوتا (ہ) بن بیاہا اور بے اولاد - وہ شخص جو کنوارا اور بے اولاد رہے ؛

اوتاد (اَو - تاد) (ع) (۱) مذکر - اولیاء اللہ کا ایک خاص درجہ ؛

اوتار (اَو - تار) (ہ) مذکر - (۱) پیغمبر - رسول - (۲) باصطلاح ہنود خدا کا کسی جسم میں داخل ہو کر اصلاح کی غرض سے دنیا میں اترنا - آنا - (۳) نیک - فرشتہ خو - مقدس - (۴) بدخصلت - شریر (۵) اُستاد - مُرشد ؛

اوتاری (ہ) (۱) فرزند (۲) شریر لڑکا -

اوتر پاتر (اُو - تر - پا - تر) (ہ) (۱) الگ کیا ہوا - بیچا ہوا - (۲) ادا کیا ہوا ؛

اوتر پاتر ہونا (ہ) بیباق ہونا ؛

اوٹ (اُوٹ) (ہ) مذکر - (۱) آڑ - پردہ - حجاب - چھپاؤ - اوجھل - (۲) غائب - سامنے کی ضد (۳) ٹھونگ سٹے - دیوار - (۴) نقاب - (۵) گھات - کمین گاہ (۶) پناہ - سرن - سایہ - حمایت - (۷) عقب - پیچھے - پوشیدہ - چھپا ہوا - غائب ؛

اوٹا (اُو - ٹا) (ہ) مذکر - (۱) وہ پتھر جو دروازے کے آگے سیدھے اور بائیں ہاتھ پر بیٹھنے کے لئے لگا دیتے ہیں (۲) چرخہ اوٹنے والا ؛

اُوٹ پٹانگ (اُوٹ - پَٹا - نگ) (ہ) مہمل - بے معنی - بیہودہ - بے تُک - بے جوڑ ؛

اوٹل (اُو - ٹَل) دیکھو اوٹ ٭

اوٹل ہو جانا (ہ) نظر سے چھپ جانا ٭

اوٹنا (اَوٹ - نا) (ہ) (۱) خرچ دینا - (۲) بیلنا - روئی کو بنولوں سے جدا کرنا ٭

اوٹنی (اَوٹ - نِی) (ہ) مؤنث - خرچی ٭

اوج (اَوْج) (ع) مذکر - (۱) بلندی - اونچائی - (۲) مرتبہ - عزّت - عروج (۳) ترقی ٭

اوجاغ (اُجاغ) (ت - مذکر) چولھا ٭

اوجڑ (اُو - جَڑ) (ہ) ویران - غیر آباد - تباہ - خراب ٭

اوجڑ نگری سونا دیس (ہ) مثل - (۱) گاؤں برباد - ملک تباہ - ویران بادشاہت - (۲) ظالم حاکم ٭

اَوج موج (ہ) مؤنث - شان و شوکت - بلند اقبالی - عیش و عشرت ٭

اوجھ (اُو - جَھ) (ہ) مذکر - چوپایوں کا معدہ - پیٹ - شکم ٭

اوجھ بھرے نہ روگ بڑھے (ہ) مقولہ - کسی قدر بھوک رکھ کر کھانا بیماریوں سے محفوظ رکھتا ہے ٭

اوجھڑ لگانا - یا - مارنا (ہ) ڈھال کی جھڑپ لگانا - دشمن کی سپر پر سپر مارنا - دھکا دینا - ضرب لگانا - صدمہ دینا ٭

اوجھڑی (ہ) مؤنث جانوروں کا معدہ - اوجھ ٭

اوجھل (اُو - جھَل) دیکھو "اوٹ" ٭

اوجھنا (ہ) اٹھ لینا ٭

اوچھا (اُو - چھا) (ہ) (۱) کمینہ - کم ظرف - احسان جتانے والا (۲) ادھورا - ہلکا - (۳) اتنگا - چھوٹا (۴) کم گہرا - خفیف ٭

اوچھا برتن اُبلتا ہے - (۱) محاورہ - کم ظرف تھوڑی پونجی پر اترانے لگتا ہے ٭

اوچھا ہاتھ پڑنا (ہ) ہلکا ہاتھ پڑنا - جس سے چوٹ کم آئے ٭

اوچھن پوچھن (اُو چھَن - پُو - چھَن) (ہ) مذکر - جھوٹا بچا ہوا کھانا ٭

اوچھی پونجی خصم کو کھائے (ہ) مثل - تھوڑے روپے سے بیوپار کرنے میں اصل بھی برباد ہو جاتا ہے ٭

اوچھے کا احسان بُرا ہوتا ہے (۱) محاورہ کم ظرف کا احسان کبھی نہ لینا چاہئے - کمینے سے مدد نہ لینا چاہیئے ٭

اوچھے کی پیت بالو کی بھیت (ہ) مثل - کم ظرف کی دوستی کا اعتبار نہیں ٭

اوچھے کے گھر کا کھانا جنم جنم کا طعنہ (۱) مثل - کم ظرف تھوڑا احسان کر کے ہمیشہ طعنہ دیا کرتا ہے ٭

او خویشتن گم است کرا رہبری کند (ف) مثل - جو شخص خود کسی قابل نہ ہو - وہ دوسرے کی مدد کیا کر سکے گا ٭

اودا (اُو - دَا) (ہ) بینگنی یا بینجی رنگ - سیاہ سُرخی مائل - کبود ٭

اودا ہٹ (ہ) مؤنث - بینگنی رنگ کا ہونا ٭

اود بلاؤ (اُود - بلَا - اُؤ) (ہ) مذکر (۱) دریائی بلّی - (۲) بے وقوف آدمی ٭

اود بلاؤ کی ڈھبری (ہ) مؤنث - وہ جھگڑا جو کبھی طے نہ ہو ٭

اودسا - اودا سا (اُود - سا - اُو - دَا - سَا) (ہ) مؤنث مصیبت ٭

اودھ (اَوَدھ) (ہ) مذکر - مشہور صوبے کا نام جس کا صدر مقام لکھنؤ ہے ٭

اودھم (ہ) دیکھو "اُدھم" غلغلہ - ہنگامہ - فساد ٭

اودھم مچانا (ہ) دیکھو "اُدھم مچانا" ٭

اودھمی (اُو - دَھمِی) (ہ) جھگڑالو - فسادی - شریر ٭

اودھو (اُو - دھو) (س) مذکر کرشن جی کے ایک سچے بھگت کا نام ٭

اودھو کا لین نہ ماموں کا دین (ہ) مثل - سب جھگڑوں سے الگ ٭

اَور (اَوْر) (ہ) (۱) حرف عطف - (۲) پھر - آگے - (۳) نیا - جدید - طرفہ (۴) علاوہ - ماسوا - (۵) غیر - بیگانہ - (۶) خلاف - برعکس - (۷) بے شک - ضروری - (۸) دوسرا ٭

اَور تو اَور (ہ) غیر تو ایک طرف رہے ٭

اور چھور (اُور - چھور) (ہ) مذکر - (۱) ابتدا اور انتہا - آغاز و انجام (۲) کنارہ - حد ٭

اَوراد (اَوْ - رَاد) (ع) مذکر - ورد کی جمع - وظیفے

اوراق (اَوْ - رَاق) (ع) مذکر - ورق کی جمع - (۱) کاغذ - پرت (۲) پتے ؛
اورڈرنگ (انگ) دیکھو "آرڈر بک" ؛
اورس چورس (اَوْ - رَس - چَوْ - رَس) (ہ) ہموار ؛
اور سنو (ہ) محاورہ - نئی بات سنو - نیا راگ سنو نیا تماشا دیکھو ؛
اور سے اور ہوجانا (ہ) (۱) محاورہ - ترقی کر جانا - بدل جانا - (۲) کمزور ہوجانا - حالت تغیر ہوجانا ؛
اور کو نصیحت - اپنے تئیں فضیحت (۱) مثل اس شخص کی نسبت بولتے ہیں - جو اوروں کو نصیحت کرے - مگر خود عمل نہ کرے ؛
اور کیا (ہ) بیشک - فی الحقیقت (۲) کلمۂ استفہام ؛
اور کے نام انڈے بچے - ہمارے نام کڑک (ہ) مثل اوروں سے سلوک کرتے ہو - ہم سے نہیں - غیر مزے کریں - اپنے بھوکے مریں ؛
اُورما (اُوْ - رَما) (ہ) مذکر ایک قسم کی سلائی ؛
اورما بنانا (ہ) (۱) بہت مارنا - مارتے مارتے
اورما کرنا لوکر دینا - (۲) اورمے کی سلائی کرنا ؛
اورنگ (اَوْ - رَنْگ) (ف) مذکر (۱) تخت شاہی (۲) ایک پھول کا نام - یعنی گل فندق ؛
اورنگ زیب (ف) مذکر - (۱) تخت کی رونق - (۲) سلطان عالمگیر شہنشاہ ہندوستان خلد آشیاں کا لقب ؛
اورنگ زیبی بات (۱) مؤنث - پیچ کی بات ؛
اورنگ زیبی پھوڑا (۱) مغلی پھوڑا - ایک قسم کا سخت تکلیف دہ دنبل جس کا علاج نہایت مشکل ہے - کاربنکل ؛
اور ہی بات ہے (۱) محاورہ (۱) کچھ اور ہی مزہ ہے - کچھ اور ہی لطف ہے (۲) نئی بات ہے - عجیب و غریب بات ہے - دوسری بات ہے ؛
اورینٹل (انگ - ORIENTAL) مشرقی - پورانی ؛
اُورے دھورے (اُوْ - رے - دُھو - رے) (ہ) آس پاس ؛

اوڑا (اَوْ - ڑا) (ہ) مذکر - توڑا - کمی - تنگی - قحط ؛
اوڑا پڑنا (ہ) ناپید ہونا - غارت ہونا - مٹنا - کمی یا قحط پڑنا ؛
اوڑھ لی لوئی تو کیا کرے گا کوئی (ہ) مثل - بے شرم کی نسبت بولتے ہیں ؛
اوڑھنا (اَوْ - ڑھ - نا) (ہ) مذکر (۱) سر یا بدن پر کپڑا ڈالنا - ڈھانکنا (۲) دوپٹہ - چادر - چنری وغیرہ ؛
اوڑھنا اُتارنا (ہ) (۱) بے عزت کرنا - ہتک کرنا - (۲) سر برہنہ کرنا - بدن عریان کرنا - چادر یا دوپٹہ یا چنری اتار لینا ؛
اوڑھنا اُڑھانا - یا - ڈالنا (ہ) (۱) بیوہ کے ساتھ شادی کرنا - رانڈ کی شادی کرنا - (۲) چنری یا دوپٹہ یا چادر کا اڑھانا ؛
اوڑھنا بچھونا (ہ) مذکر - (۱) لحاف - توشک - استر بستر (۲) پونجی - کمائی (۳) تھوڑا مال ؛
اوڑھنا گلے میں ڈالنا (ہ) محاورہ - پیشانی سر ہونا - تہمت لگانا - بہتان جوڑنا - الزام لگانا - گلے پڑنا ؛
اوڑھنی (ہ) مؤنث - بچی کا دوپٹہ یا چادر ؛
اوڑھنی بدلنا (ہ) بہنا پا کرنا سہیلی بنانا - منہ بولی بہن بنانا ؛
اوڑھوں کہ بچھاؤں (ہ) محاورہ - کسی کام کا نہیں - فضول ہے - بے کار ہے ؛
اوڑھی چادر ہوئی برابر - میں بھی شاہ کی خالہ ہوں - (۱) مثل - (۱) تھوڑی حیثیت پر اترانا (۲) بڑے آدمی سے خواہ مخواہ رشتہ ظاہر کرنا ؛
اوزار (اَوْ - زَار) (ف) مذکر - آلات - ہتھیار ؛
اوزان (اَوْ - زَان) (ف) مذکر - وزن کی جمع - باٹ - بٹے تولنے کے پیمانے
اوس (اُوْس) (ہ) مؤنث - شبنم - پانی کی بوندیں جو صبح کو گھاس وغیرہ پر پڑی ہوتی ہیں ؛
اوس پڑنا (ہ) (۱) شبنم کا گرنا (۲) پژمردہ ہونا - کملانا - بے رونق ہونا - (۳) شرمندہ ہونا - لاجوں مرنا - لجانا ؛
اوس چاٹے پیاس نہیں بجھتی (ہ) زیادہ خواہش پر تھوڑی چیز سے اطمینان نہیں ہوتا -

حرص زیادہ ہو تو تھوڑی شے سے آسودگی نہیں ہوتی ۔

اوس کے موتی (ہ) زائل یا فنا ہونے والی چیز ۔

اوس سے پیاس نہیں بجھتی (ہ) مثل ۔ زیادہ خواہش میں تھوڑی چیز ملنے کی جگہ کہتے ہیں کہ اس سے آسودگی نہیں ہو سکتی ۔

اَوس (اَوْس) (ع) مذکر ۔ (۱) بھیڑیا (۲) عطا ۔ عوض (۳) عرب کا ایک قبیلہ ۔

اوسان (اَو ۔ سان) (ہ) مذکر ۔ (۱) حواس ۔ ہوش و حواس (۲) ہمت ۔ جرأت ۔ حوصلہ ۔

اَوسان آنا (ہ) ہوش آنا ۔ حواس بجا ہونا ۔

اوسان جاتے رہنا (ہ) حواس بجا نہ رہنا ۔

اوسان خطا ہونا ۔ } گھبرا جانا ۔ عقل درست نہ رہنا ۔ استقلال جاتا رہنا ۔

اوسان گئی (ہ) مؤنث ۔ بدحواس عورت ۔ بے عقل اور بے شعور عورت ۔

اوسان لے جانا (ہ) دیوانہ بنا دینا ۔ ہوش و حواس کھو دینا ۔

اوسانوں میں آنا (ہ) ہوش میں آنا ۔ ہوش و حواس درست ہونا ۔ سامان اور قابو میں آنا ۔

اَوسَر (اَو ۔ سَر) (ہ) مؤنث ۔ جوان گائے یا بھینس ۔

اُوسَر (اُو ۔ سَر) (ہ) (۱) بنجر (۲) مؤنث ۔ شور زمین ۔ بنجر زمین ۔ ناقابل کاشت زمین ۔

اَوسَر (اَو ۔ سَر) (ہ) مذکر (۱) سماں ۔ وقت ۔ (۲) رُت ۔ موسم ۔

اوسرا (ہ) مذکر ۔ (۱) باری ۔ نمبر ۔ نوبت ۔ دور ۔ وار ۔

اوسر چوکی ڈومنی گائے تال بے تال (ہ) مثل ۔ وقت کا چوکا کامیاب نہیں ہوتا ۔

اوسر کھیت میں کیسر (ہ) مثل ۔ بد لوگوں میں کسی نیک آدمی کا پیدا ہونا ۔ یا بسر کرنا ۔ کم نصیب اور کنگال لوگوں کے ہاں صاحب اقبال بچہ ہونا ۔ نا اہلوں میں اہل کا پیدا ہونا ۔ یا بسر کرنا ۔

اوسط (اَو ۔ سَط) (ع) بیچ کا ۔ درمیانی ۔

اوصاف (اَو ۔ صَاف) (ع) مذکر ۔ وصف کی جمع ۔ (۱) کمالات ۔ جوہر ۔ ہنر (۲) تعریفیں ۔ خوبیاں (۳) حالات ۔ (۴) عادات ۔ اخلاق ۔ صفات ۔ (۵) نیکیاں ۔ بھلائیاں ۔ (۶) پتہ ۔ نشان ۔

اوصیا (اَو ۔ صِیَا) (ع) مذکر ۔ وصی کی جمع ۔ وہ لوگ جنہیں وصیت کی گئی ہو ۔

اوضاع (اَو ۔ ضَاع) (ع) وضع کی جمع (۱) ڈھنگ ۔ طور طریق ۔ انداز (۲) بناوٹ ۔

اوفس (انگ) دیکھو آفس ۔

اوفیسر (انگ) دیکھو آفیسر ۔ حاکم ۔ افسر ۔ سردار ۔ بالا دست ۔

اوفیشل (انگ) دیکھو آفیشل ۔

اوفیشیئیٹ (اَو ۔ فِی ۔ شِیئیٹ) (انگریزی OFFICIATE) قائم مقامی کرنا ۔ خدمت کو انجام دینا ۔ عوضی کرنا ۔

اوفیشیئیٹنگ (انگ ۔ OFFICIATING) قائم مقام ۔ کسی کے عوض اس کی عدم موجودگی میں کام کرنے والا ۔ خدمت کو سرانجام دینے والا ۔

اوقات (اَو ۔ قَات) (ع) مذکر ۔ وقت کی جمع (۱) سماں ۔ زمانہ (۲) مؤنث ۔ حیثیت ۔ استطاعت ۔ بساط ۔

اوقات بسری (ع ۔ ف) مؤنث ۔ وقت گزارنا ۔ بسر اوقات کرنا ۔ وقت پورا ہونا ۔

اوقات تلخ ہونا (ہ) بُری طرح زندگی بسر ہونا ۔ بُرا وقت آنا ۔

اوقات ضائع کرنا (ہ) وقت بے کار کھونا ۔ نکما کام کرنا ۔ کچھ نہ کرنا ۔ فضول باتیں کرنا ۔

اوقاف (ع) مذکر ۔ وقف کی جمع ۔ علیحدہ کی ہوئی چیزیں ۔

اوک (اُوک) (ہ) مذکر ۔ چُلّو ۔

اوک چوک (اُوک ۔ چُوک) (ہ) مؤنث ۔ بھول چوک ۔ خطا ۔ نسیان ۔ سہو ۔

اوکشن (اَوک ۔ شَن) (انگ ۔ AUCTION) مذکر ۔ نیلام ۔ بولی بول کر خریدنا ۔

اوکنا (اُوک ۔ نَا) (ہ) قے کرنا ۔ استفراغ کرنا (۲) چوکنا ۔ غلطی کرنا ۔ سہو کرنا ۔ (۳) نشانہ خطا کرنا ۔

اوکھد (اَو کھد) مؤنث ۔ نیشکر ۔ گنّا ۔ پونڈا ۔

اَوکھد (اَو۔کَھد) (ہ) مؤنث۔ دوا دارو۔ علاج معالجہ ۔ دوا۔

اوکھلی (اُو کَھ۔لی) (ہ) دیکھو "اکھلی"۔

اوکھلی میں سر دیا تو دھمکوں (موسلوں) کا کیا ڈر (ہ) دیکھو اکھلی میں سر دیا۔

اوکھلی میں سر دینا (ہ) دانستہ خطرے میں پڑنا۔ جان بوجھ کر نقصان کا کام کرنا۔

اَوکھی (اَو۔کھی) (ہ) مؤنث۔ بے جا۔ خراب۔ بے موقع۔ خلاف شان۔ کھوٹی۔ ناقص۔ پُر عیب۔

اوکے چوکے (ہ) بھولے بھٹکے۔ اتفاق سے۔ کبھی کبھی۔ بے ارادہ۔

اُوکیلنا (اُو۔کیل۔نا) (ہ) بٹی ہوئی ڈوری کا بل کھولنا۔

اوگرا (اُو گ۔را) (ہ) اُبالا ہوا۔ گھی کے بغیر پکایا ہوا کھانا۔

اَوگن (اَو۔گن) (ہ) مذکر (۱) عیب۔ نقص۔ خرابی۔ (۲) بے ہنری (۳) برائی۔ بدی (۴) بدتہذیبی۔ (۵) دکھ۔ بگاڑ۔

اَوگنا (اَو۔گ۔نا) (ہ) منھ کے وقت سلوک اور احسان کو ظاہر کرنا۔

اَوگھٹ (اَو۔گھَٹ) (ہ) مذکر (۱) ٹیڑھا۔ اوندھا۔ ناہموار (۲) دشوار۔ مشکل۔ کٹھن۔ آمد و رفت کے ناقابل۔

اَوگھی (اَو۔گھی) (ہ) مؤنث۔ لمبا چابک۔ وہ لمبی رسی جسے پکڑ کر جھٹکارنے سے بڑی آواز نکلتی ہے۔ گھوڑے سدھانے اور جانوروں کے اڑانے میں کام دیتا ہے۔

اولی (اَو۔لی) (ہ) مؤنث۔ کارچوبی جوتے کا پتا۔ گھلی جوتے کا کام دار پتا۔

اوّل (اَوَّ۔وَل) (ع) (۱) ابتدا۔ آغاز۔ شروع۔ پہل۔ (۲) بہتر۔ عمدہ۔ اعلیٰ۔ افضل (۳) پہلے۔ مقدم (۴) ایک۔

اَول (اَوَل) (ت) مذکر (۱) ضمانت میں دیا ہوا آدمی۔ یرغمال۔ وہ آدمی جو رہن یعنی گرو ہو۔

اولا (اَو۔لا) (ہ) مذکر (۱) ژالہ۔ بجری (۲) مصری یا کھانڈ کے لڈو (۳) (مجازاً) نہایت ٹھنڈا۔

اَولا (اَو۔لا) (ہ) مذکر۔ پردہ۔ راز۔ بھید۔ آڑ۔

اَولاد (اَو۔لاد) (ع) مؤنث (۱) ولد۔ بیٹا بیٹی۔ لڑکے بالے (۲) نسل۔ عیال۔

اولادِ اناث (ع) مؤنث۔ بیٹیاں۔

اولادِ ذکور (ع) مؤنث۔ بیٹے۔

اولادِ صحیح النسب (ع) مؤنث۔ حلال کی اولاد۔

اولا مولا (ہ) بیہودہ۔

اُولتی (اُول۔تی) (ہ) مؤنث۔ کھپریل۔ جہاں سے مینہ کا پانی نیچے گرتا ہو۔

اولتی کا پانی بلینڈے (مگری) پہنچا (ہ) مثل بات کہاں تک پہنچا دی۔ کمینہ امیر ہو گیا۔ جھوٹ کی فتح ہوئی۔

اولتیوں کا بھیک بھونا (ہ) بدستی کرنا۔

اولڈ ٹام (اَولڈ۔ٹام) (بے ضمہ) (انگریزی۔ اولڈ ٹام۔ OLD TOM) مؤنث۔ ایک قسم کی انگریزی شراب۔

اَول جلول (اَول۔جلول) (ہ) بیہودہ۔ بے ڈھنگا۔ بے قرینہ۔

اوّل خویش بعدہٗ درویش (ف) مثل۔ پہلے اپنے اعزہ کے ساتھ سلوک کرنا چاہئے۔ پھر دوسرے سے۔

اوّل دن سے (ہ) ابتدا سے۔ شروع سے پیدائش کے دن سے۔

اولڈ (اُولڈ) (انگریزی۔ OLD) (۱) پہلا۔ پرانا۔ قدیم۔

اوّل طعام بعدہٗ کلام (ع) محاورہ (۱) جہاں کوئی کھانا کھانے میں بہت باتیں کرے۔ وہاں اسے روکنے کے لئے کہتے ہیں۔ کہ کھانا کھانے کے بعد بات کرنی چاہئے۔ (۲) کھانا مقدم ہے۔ (۳) کھائے بغیر کچھ نہیں ہو سکتا۔

اوّل قول بکنا (ہ) مذکر۔ گالی گلوچ دینا۔ طعن و تشنیع کرنا۔ دشنام دینا۔ بیہودہ بکنا۔

اولما (اَول۔ما) (ت) مذکر۔ انتڑیوں میں قیمہ بھر کر پکانا۔ (۲) کھال اتارنا۔ گرم پانی جسم پر ڈال کر یا جسم کو گرم پانی میں ڈال کر کھال اتارنا۔

اولما کرنا (ہ) قیمہ قیمہ کرنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ ریزہ ریزہ کرنا۔

اوّل مرنا آخر مرنا پھر مرنے سے کیا ڈرنا (ہ) مثل۔ جو کام کرنا ہے اس میں توقف بے فائدہ

ہے۔ جس کام کے کئے بغیر گزارہ نہ ہو۔ اُسے فوراً کرنا چاہیے۔

اَوّل منزِل (ع) (۱) پہلا پڑاؤ۔ (۲) قبر۔ قبر میں پہلی رات۔

اَوّل منزل پہنچانا (ف) قبر میں رکھنا۔ دفن کرنا۔

اَول میں چول دہی میں مُوسل (ف) مثل۔ غیر متعلق گفتگو۔ ایک کام میں دوسرا غیر متعلق کام شروع کر دینا۔

اُول میں دینا (ہ) اپنے بیٹے یا رشتہ دار کو بطور ضمانت سپرد کرنا۔ ضمانت میں دینا۔

اولو (اَو۔لُو) (ہ) نیا۔ ناموزوں۔

اَولو اَولو (ہ) نیا نیا۔ اکھڑا اکھڑا۔

اُولو (اُلُو) (ع) مذکر۔ مالکان۔ قابضان۔ صاحبان۔

اُولو الابصار (اُلُل۔اَب۔صار) (ع) مذکر۔ سمجھ دار۔ دانا۔

اُولو الالباب (ع) مذکر۔ عقل و شعور والے۔

اُولو الامر (ع) مذکر۔ صاحبان حکم۔ با اختیار لوگ۔ حاکم۔

اُولو العزم (ع) مذکر۔ (۱) صاحبان عزم۔ عالی ہمت۔ عالی حوصلہ۔ (۲) ثابت قدم۔ مستقل مزاج۔ صابر۔ متحمل۔

اولوں کا مارا کھیت۔ باقی کا مارا گاؤں۔ رچھلوں کا مارا پچھڑ نہیں پنپتا (ہ) مثل۔ جس کھیت میں اولے پڑ جائیں سبز نہیں ہوتا۔ جس گاؤں کا زر مال گزاری ادا نہیں ہوتا کبھی آباد نہیں رہتا۔ جس پچھڑے سے دمبدم چلم بھری جلتے۔ اس میں آگ تاؤ نہیں رہتی۔

اولوں ماری فاختہ (ہ) مثل۔ مصیبت زدہ۔ دکھیاری۔ بے وجہ ستائی ہوئی۔ بے قصور سزایاب۔

اُولی (اُلی) (ع) دیکھو اُولو۔

اُولی اجنحہ (ع) مذکر (۱) بال و پر والے (۲) کنایہ فرشتوں سے۔

اُولیٰ (اُو۔لا) (ع) مؤنث۔ پہلی عورت۔ پہلی چیز۔

اَولےٰ (اَو۔لا) (ع) بہت بہتر۔ بہت مناسب۔ نہایت اچھا۔

اَولیا (اَو۔لیا) (ع) مذکر۔ ولی کی جمع (۱) لغوی معنی دوست۔ رفیق۔ ساتھی۔ ہمنشین۔ صاحب۔ مالک تھا۔ خداوند (۲) (اصطلاحاً) اہل اللہ۔ خدا رسیدہ۔ مقرب الٰہی (۳) اداشناس اور بھولے آدمی کی نسبت بھی کہتے ہیں۔

اَولیا کے گھر بھُوت (ہ) مثل۔ نیکوں کے گھر بد۔ بھلے آدمی کے گھر بد اولاد۔

اَولیاء اللہ (ع) مذکر۔ وہ لوگ جنہیں قرب روحانی حاصل ہے۔ عارفانِ الٰہی۔ اہل اللہ۔

اولیائے دولت (ع) مذکر۔ صاحبانِ حکومت۔ رئیس۔ امیر۔ وزیر۔ سردار۔ اولی الامر۔ ارکانِ دولت۔

اَولیائے مفلسین (ع) مذکر۔ وہ لوگ جو غریب بچوں کے کفیل ہوں اور انہیں اپنی حفاظت میں لے لیں۔

اولیائے ہند (ف) مذکر۔ وہ ولی جو ہند میں نہایت مشہور و معروف اور زبان زدِ خاص و عام ہیں۔

اَوّلیت (اَوْ۔وَ۔لِی۔یَت) (ع) مؤنث۔ اوّل ہونا۔ بہتری۔ فوقیت۔

اَویل۔ اولول (اُبیل۔اُلُول) (ہ) مؤنث۔ گھوڑے کی اچھل کود۔

اَوّلین (اَو۔وَ۔لین) (ف) (۱) پہلا۔ گزرا ہوا۔ گزشتہ زمانہ (۲) اگلے لوگ۔ پہلے زمانے والے۔

اوم (اُوم) (س) مذکر (۱) ایشور کا سب سے مقدس نام (۲) ہاں۔ واقعی۔ آمین۔

اُون (اُوْن) (ہ) بال۔ پشم۔ صُوف۔ ریشہ۔

اُونا (اُو۔نا) (ہ) (۱) جو پورا نہ بھرا ہوا ہو (۲) مؤنث ایک قسم کی چھوٹی اور پتلی تلوار۔

اُونا ماسی (اُو۔نا۔ما۔سی) (ہ) مؤنث۔ بسم اللہ

اونبچی (اون۔بچی) (ہ) مذکر (۱) گیہوں کے ہولے۔ (۲) جنگلی ہاتھیوں وغیرہ کے پکڑنے کا خس پوش گڑھا۔

اُونٹ (اُونٹ) (ہ) مذکر۔ شتر۔ بعیر۔ سانڈ۔

اونٹ بڑھا ہوا بر موتنا نہ آیا (ہ) مثل۔ اتنا بڑا ہو گیا مگر تمیز نہ آئی۔ اُونٹ نے بڑھا ہو کر بھی سیدھی طرح موتنا نہ جانا۔

اُونٹ برابر ڈیل بڑھایا پوش بھر عقل نہ آئی (ہ) مثل۔ اتنا بڑا ڈیل اور عقل نہیں۔ اونٹ کے برابر بڑھ گیا۔ مگر تمیز خاک نہیں۔

اُونٹ بلبلاتا ہی لدتا ہے (ہ) مثل۔ اس جگہ کہتے ہیں۔ جہاں کوئی شخص کام کرتے وقت بڑبڑاتا ہو۔

اُونٹ جب بھاگتا ہے تو پچھم کو۔ یا۔ اونٹ کھے ہی کو بھاگتا ہے (ف) مثلیں۔ ہر ایک اپنی اصل کی طرف رجوع کرتا ہے۔

اُونٹ جب تک پہاڑ کے نیچے نہ آئے۔ اپنے سے اونچا کسی کو نہیں جانتا (ف) مثل۔ اپنے سے زبردست کا مقابلہ ہونے پر اپنی طاقت پر غرور کرنے والا ڈھیلا پڑ جاتا ہے۔

اُونٹ چرتے بوٹ مانگے (ف) مثل۔ بے موقع اور بے محل بات یا کام کرنا۔

اُونٹ دیکھئے کس کل بیٹھے یا بیٹھتا ہے (ف) مثل کسی معاملے کی نسبت کہتے ہیں کہ دیکھا چاہیے کیا ظہور میں آئے۔ اور انجام کار کیا ہو۔

اونٹ دو میں بھیڑ بکری چھا مانگیں (ف) مثل اس جگہ کہتے ہیں۔ جہاں کسی امر میں بڑوں کی خفیف ہو۔ اور ادنیٰ آدمی اپنی نسبت شکایت کرے۔

اونٹ رے اونٹ تیری کونسی کل سیدھی۔ یا اونٹ کی کونسی کل سیدھی (ف) مثل۔ جھوٹے کی کسی بات کا اعتبار نہیں۔

اُونٹ سے بڑے اور نام چھوٹے خان (ف) محاورہ۔ اپنی حیثیت۔ حالت اور طاقت کے خلاف کام کرنا۔ اپنی اور خاندان کی عزت خراب کرنا۔

اُونٹ فرشتے کی ذات ہے (ف) مثل اونٹ نہایت حلیم۔ صابر اور قانع جانور ہے۔ نہایت نیک ہے۔

اُونٹ کا پاؤں زمین کا نہ آسمان کا (ف) مثل۔ بے فیض دولت مند۔ کنجوس۔

اُونٹ کٹارا۔ یا۔ اونٹ کٹیلا (ف) ایک چھوٹے سے خاردار درخت کا نام ہے۔

اُونٹ کی پکڑ اور عورت کے مکر سے خدا بچائے (ف) مقولہ۔ اونٹ پکڑ کر پھر نہیں چھوڑتا بدن کا حصّہ الگ کر لیتا ہے۔ اور عورت کے مکر کو انسان نہیں جان سکتا۔

اُونٹ کے گلے میں بلّی (ف) مثل (۱) غلط مثال۔ بے ہودہ دلیل۔ (۲) بے جا تقریر (۳) بے میل رشتہ۔ (۴) خلاف صحبت سوسائٹی۔ (۵) سخت شرائط۔ روایت ہے کہ کسی شخص کا اونٹ گم ہو گیا۔ اُس نے قسم کھائی کہ اگر اُونٹ مل گیا تو ٹکے میں فروخت کر دوں گا۔ اونٹ مل گیا تو تشویش ہوئی کہ اسے ٹکے میں کیوں کر بیچ دوں۔ آخر تجویز نکالی اور اشتہار دیا کہ ایک ٹکے میں اونٹ فروخت کرتا ہوں۔ اور ڈیڑھ سو روپیہ میں بلّی بیچتا ہوں۔ شرط یہ ہے کہ اونٹ لینے والے کو بلّی بھی ساتھ خریدنی ہو گی۔

اونٹ کے منہ میں زیرہ (ف) مثل۔ بڑے پیٹ والے کو ذرا سی چیز کھانے کو دینا۔ بہت بڑے کام کی تھوڑی اجرت۔

اونٹ گاؤ (ف) مذکر۔ شتر گاؤ۔ زرافہ۔ افریقہ کا جانور ہے جس کی گردن اونٹ کی سی۔ پوست چیتے کا سا۔ پاؤں اور سُم گائے کے سے اور دُم ہرن کی سی ہوتی ہے۔

اونٹ لدے بیگار میں (ف) مثل۔ اونٹ بیگار میں خوب لدتا ہے جتنا بوجھ چاہا لاد دیا۔ کوئی دردمند نہیں۔

اُونٹنا (اُونٹ۔ نا) (ف) کھولنا۔

اُونٹنی (اونٹ۔ نی) (ف) مؤنث۔ مادہ شتر۔ سانڈنی ناقہ۔

اُونچا (اُوں۔ چا) (ف) (۱) بلند (۲) معزز۔ عالی مرتبہ۔ دولت مند (۳) بڑھا ہوا۔ نکلتا ہوا۔ ابھرا۔

اُونچا سُر (ف) مذکر۔ وہ سُر یا تان جو موسیقی میں اونچا کہلاتی ہے۔

اُونچا سُننا۔ یا۔ سنائی دینا (ف) کم سنائی دینا۔

اُونچا گھرانا (ف) مذکر۔ امیر گھر۔ نامور خاندان۔ بڑا گھرانا۔

اُونچا نیچا (ف) مذکر۔ بلند و پست۔ ناہموار۔ درشت۔

اُونچا ہاتھ (ف) (۱) بالادست (۲) سخی۔ بافیض۔

اُونچ نیچ (اُونچ۔ نیچ) (ف) مؤنث۔ نشیب و فراز۔ نیک و بد۔ نفع و نقصان۔ بھلا بُرا۔

اُونچ نیچ سمجھانا (ف) نشیب و فراز سمجھانا۔ بُرائی بھلائی سے آگاہ کرنا۔

اُونچی (اُوں۔ چی) (ف) مؤنث۔ بلند۔ مرتفع۔

اُونچی دکان (ف) مؤنث (۱) زیادہ مال کی دُکان۔ بڑی دکان (۲) اور دکانوں سے اونچائی پر بنی ہوئی دکان۔

اُونچی دکان پھیکا پکوان (ف) مثل۔ مشہور دکان

جس پر مال عراب رہتا ہو۔ شہرت کے خلاف ہونا۔ نام مشہور مگر اصل میں ذلیل ۔

اونچی ناک کرنا (ہ) آبرو بخشنا۔ عزّت دینا ۔

اونچی ناک ہونا (ہ) عزّت و آبرُو ہونا ۔

اونچے سے گِرا سنبھل سکتا ہے۔ نظروں سے گرا نہیں سنبھلتا (ل) مثل۔ کنگال ہو کر آدمی پھر مال دار ہو سکتا ہے۔ مگر بے عزّت ہو کر ویسی عزّت نہیں پاتا۔ بلندی سے گرا ہؤا پھر عزّت پا سکتا ہے۔ مگر نظروں سے گرا ہؤا پھر کبھی نہیں اُٹھ سکتا ۔

اوند۔ اوندھ (اُونْد۔ اُونْدھ) (ہ) مؤنّث۔ وُہ رسّی جو چھپّر کو اوپر کی طرف کھِچا اور تنا رہنے کے لیے باندھتے ہیں ۔

اوندھا (اَوْں۔ دَھا) (ہ) (۱) واژگوں۔ معکوس۔ (۲) اُلٹا۔ منقلب (۳) ٹیڑھا (۴) احمق۔ اُلٹی سمجھ کا (۵) بے وقوف۔ کج بحث ۔

اوندھانا (ہ) (۱) اُلٹنا۔ اوندھا کرنا۔ برتن میں سے پانی گرانا۔ لنڈھانا (۲) برباد کرنا۔ ستیاناس کرنا۔ زیر و زبر کرنا ۔

اوندھی پیشانی یا کھوپڑی (ہ) مؤنّث (۱) جھکا ہؤا ماتھا۔ بدقطع۔ بے ہنگم آدمی (۲) بدقسمت۔ بد نصیب (۳) کُند ذہن۔ بے وقوف ۔

اوندھی کھوپڑی اُلٹی مت (ہ) محاورہ۔ احمق کی بے وقوفی کی نسبت بولتے ہیں ۔

اوندھے مُنہ دُودھ پینا (ہ) نہایت نادان اور بے سمجھ ہونا ۔

اوندھے مُنہ شیطان کا دھکّا (ل) بددُعا۔ اوندھے مُنہ گرے اوپر سے شیطان کی مار پڑے ۔

اوندھے مُنہ گرنا (ہ) (۱) مُنہ کے بل گرنا۔ (۲) ندامت اٹھانا۔ اپنی غلطی سے خفیف ہونا۔ نہایت راغب ہونا۔ ٹوٹ پڑنا (۴) ہار جانا۔ شکست فاش کھانا ۔

اونڑی (اَوْن۔ ڑی) (ہ) مؤنّث۔ مشک کی رسّی ۔

اونس (اَوْنْس) (انگ۔ Ounce) مذکّر۔ پونڈ کا بارھواں حصّہ۔ سوا دو تولہ۔ آدھی چھٹانک ۔

اونگنا (اُونْگ۔ نا) (ہ) گاڑی کے دھُرے کو چکنائی دینا ۔

اونگھ (اُونْگھ) (ہ) مؤنّث۔ غنودگی۔ نیند کی جھپکی۔ غفلت ۔

اُونگھتا جائے۔ موئے کی خبر لائے (ل) مثل۔ ہر چیز کی علامتوں سے اس کا انجام معلوم ہو جاتا ہے۔ سست نوکر کی نسبت بولتے ہیں ۔

اُونگھتے کو ٹھیلتے کا بہانہ (ہ) مثل۔ حیلہ ملنا۔ بہانہ پانا۔ سبب ہونا ۔

اُونگھتے کو سوجاتے کیا دیر (ل) ارادہ کرلیا تو کرنے میں کیا دیر۔ جس کام یا بات کا ارادہ کرلیا۔ وہ کئے برابر ہے ۔

اونگھنا (ہ) غنودہ ہونا۔ نیند کی جھپکی آنا۔ غافل ہونا ۔

آن ہز میجسٹیز سروس اونلی (انگریزی) (ON HIS MAJESTY'S SERVICE ONLY) بکارِ سرکار۔ صرف سرکاری کام کے لیے ۔

اُونی (ہ) اُون کا۔ پشمینہ کا۔ صوف کا ۔

اونے پونے (اَوْنے۔ پَوْنے) (ہ) کم قیمت پر۔ نقصان اٹھا کر۔ قیمت کا لحاظ نہ کرتے ہوئے ۔

اَونے پونے بیچ ڈالنا (ہ) قیمت کی کمی بیشی کا لحاظ نہ رکھتے ہوئے بیچ دینا ۔

اوورٹائم (اُو۔ وَر۔ ٹائِم) (انگ۔ OVERTIME) مذکّر۔ زائد وقت ۔

اوورسیر (انگ۔ OVERSEER) مذکّر۔ ناظر۔ داروغہ۔ مہتمم عمارت ۔

اوورکوٹ (انگ۔ OVER COAT) مذکّر۔ لمبا کوٹ۔ بارانی کوٹ۔ دگلا۔ قبا ۔

اوہ (اَوَہ) (ہ) مؤنّث (کلمۂ استغنار) کیا پرواہ ہے۔ کچھ فکر نہیں ۔

اوہ یا اوئی (ل) عو۔ مؤنّث (۱) کلمۂ تعجب و افسوس (۲) انداز و ناز (۳) اظہارِ درد ۔

اوہا (اَوْ۔ ہا) (ہ) مذکّر۔ چولھے کے اوپر کا گول حلقہ۔ جس پر توا یا دیگچی وغیرہ رکھی جاتی ہے ۔

اَوہام (اَوْ۔ ہام) (ع) مذکّر۔ وہم کی جمع۔ تخیّل۔ افکار۔ ذہنی تصوّر ۔

اوہو (اُو۔ ہُو) (ہ) مؤنّث (۱) کلمۂ تعجب و حیرت۔ اَہو (۲) اظہارِ مسرّت۔ شاباش۔ واہ وا ۔

اوہوت (اُو۔ ہُوت) (ہ) مذکّر۔ حرفِ ندا۔ او میاں جانے والے ۔

اوبیر سویر (اَبیر۔ سَویر) (ہ) (۱) وقت بے وقت۔

(۲) آگے پیچھے کسی کسی وقت ۔

اویس قرنی (اُوَیس۔ قَرَنی) ایک صحابی کا نام۔ جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے نادیدہ عاشق اور جانباز پیرو تھے۔ اور ملک یمن کے رہنے والے تھے۔

ا - ہ

اہا (اَہا) (ہ) مذکر۔ کلمۂ تعجب وانبساط۔

اہار (اَہار) (ہ) مذکر (۱) کھانا (۲) کلف دینا۔ چیپ لگانا۔

اہالی موالی (اَہا۔ لی۔ مَوا۔ لی) (ع) مذکر۔ یار دوست مصاحب۔ نوکر چاکر۔ بال بچے۔ متعلقین۔ ذریعے والے۔ وسیلے والے۔

اہانت (اِہا۔ نَت) (ع) مؤنث۔ بے عزتی۔ توہین۔ ہتک۔

اہانت عدالت (ع) مؤنث۔ عدالت کی توہین۔

اہاہا۔ یا۔ اہاہاہا (ہ) کلمۂ تحسین وانبساط۔ واہ وا۔ خوب۔

اہتدا (اِہ۔ تِدا) (ع) مذکر۔ ہدایت کرنا۔ رستہ بتانا۔ راہ پر لانا۔

اہتزاز (اِہ۔ تِزاز) (ع) مذکر (۱) ہوا کا چلنا۔ ہلنا (۲) کھلنا۔ خوش ہونا۔

اہتمام (اِہ۔ تِمام) (ع) مذکر۔ انتظام۔ بندوبست۔ سرانجام۔

اہدا (اِہ۔ دا) (ع) مذکر۔ تحفہ بھیجنا۔

اہرا (اَہ۔ را) (ہ) مذکر۔ اُپلے یا لکڑی کا ڈھیر لگا کر آگ جلانا۔ زیادہ کنڈے رکھ کر اس پر دودھ وغیرہ کی ہانڈی رکھنا۔ جو پکنے تک کو کافی ہو۔ الاؤ۔ الاوہ۔

اہرام (اَہ۔ رام) (ع) مذکر۔ ہرم کی جمع۔ مینار۔ مخروطی شکل کے چار پہلو مینار۔

اہرام مصری (ع) مذکر۔ مصر کے مثلث نما چوپہل مینار۔

اہر تہر (اَہر۔ تَہر) (ہ) مؤنث (عو) (۱) تلاطم۔ (۲) گھبراہٹ خصوصاً مرتے دم کی بے چینی۔

اہرمن (اَہ۔ رَمَن) (ف) مذکر۔ دیو۔ شیطان۔

اہرن (اَہ۔ رَن) (ہ) مذکر۔ سندان۔ لوہے کی نہائی جس پر لوہار لوہا کوٹتے اور سنار سونا چاندی رکھ کر گھڑتے ہیں۔

اہل (اَہل) (ع) مذکر (۱) صاحب۔ مالک۔ خداوند۔ (۲) کنبہ۔ خاندان (۳) قابل۔ لائق۔ ہنرمند۔ شریف۔ بھلا۔

اہل اللہ (ع) مذکر۔ اللہ والے۔ ولی۔ خدا رسیدہ۔ عابد۔ زاہد۔

اہلاً وسہلاً ومرحبا (ع) خوش آمدید۔ اہل عرب مسافر کے آنے پر کہتے ہیں۔

اہل باطن۔ یا۔ اہل دل (ع) مذکر۔ وہ لوگ جن کا دل صاف ہو۔ صاف باطن۔ عارف۔ صاحب کشف وکرامت۔

اہلبیت (ع) مذکر (۱) گھر کے۔ خاندانی۔ رشتہ دار۔ متعلقین۔ کنبہ والے (۲) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے خاندان عظمت نشان کے لوگ۔ محمد رسولؐ وعلیؓ فاطمہؓ وحسینؓ وحسنؓ۔

اہل تسنن (ع) مذکر۔ اہل سنت والجماعت۔ وہ فرقہ جو حضرت ابوبکر صدیق رضؓ۔ حضرت عمر فاروقؓ۔ حضرت عثمان غنیؓ۔ حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہٗ۔ ہر چہار خلفا کو مانتا اور امام اعظم رحؒ۔ امام شافعیؒ امام مالکؒ۔ امام احمد حنبلؒ ہر چہار اماموں میں سے کسی کی پیروی کرتا اور چاروں کو تسلیم کرتا ہے۔ سنی فرقہ۔

اہل تشیع ۔ (ع) مذکر۔ شیعہ جو خلفائے اربعہ رضؓ میں سے سوا حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کے اور کسی کو نہیں مانتے۔ اور ایام محرم میں ماتم امام حسینؓ کیا کرتے ہیں۔

اہل جیوری (ا) مذکر۔ معتبر اشخاص کا گروہ جو دورے کے مقدمات میں عدالت کو مقدمے کا فیصلہ کرنے میں مدد دیتا ہے۔

اہل حرفہ (ع) مذکر۔ پیشہ ور۔ کاریگر۔ ہنرمند۔

اہل خانہ (ع۔ ف) مؤنث۔ گھر والی۔ بیوی۔ زوجہ۔ استری۔ گھر کی مالک۔

اہل دنیا (ع) مذکر۔ دنیا کے بندے۔

اہل دول (ع) مذکر۔ دولتمند۔ مال دار۔ امیر۔ بادشاہ۔

اہل رزم (ع۔ ف) مذکر۔ سپاہی لوگ۔

اہل روزگار (ع۔ ف) مذکر۔ نوکری پیشہ۔

اہل زبان (ع۔ ف) مذکر (۱) صاحب زبان۔ زبان کے مالک۔ گھر کی زبان والے (۲) زبان کے پوری طرح جاننے والے۔ زبان کے ماہر۔ زبان کے واقف۔

اہلِ سخن (ف) مذکر۔ شاعر۔ سخن گو۔ سخندان ۔
اہلِ سیف (ع) مذکر۔ تلوار والے۔ فوجی آدمی۔ فن جنگ کے ماہر ۔
اہلِ شرع (ع) مذکر۔ شریعت دان۔ مشرّع لوگ۔ شرع (قانونِ اسلام) پر چلنے والے ۔
اہلِ صنعت (ع) مذکر۔ کاری گر۔ ہنرمند۔ دست کار ۔
اہلِ صورت (ع) مذکر۔ ظاہر بین لوگ ۔
اہلِ غرض (ع) مذکر۔ غرض مند۔ ضرورت والے مطلبی ۔
اہلِ قلم (ف) مذکر۔ لکھے پڑھے آدمی۔ صاحبِ قلم۔ قلم کا کام کرنے والے۔ منشی۔ کلرک۔ محرّر ۔
اہلِ کار (ف) مذکر۔ کارکن۔ عامل۔ کارندہ۔ منشی۔ متصدی۔ عملہ وغیرہ ۔
اہلِ کتاب (ع) مذکر۔ کتاب والے۔ ان پیغمبروں کے پیرو جن پر آسمانی کتابیں نازل ہوئی ہوں ۔
اہلِ مدہ (ع) مذکر۔ کسی ایک صیغے کا کام کرنے والا ۔
اہلِ نظر (ف) مذکر۔ (۱) آنکھوں والے۔ (۲) نگاہ میں اثر رکھنے والے۔ (۳) جانچنے والے۔ پرکھنے والے۔ (۴) عاشق۔ طالبِ دیدار۔ حُسن پرست ۔
اہل وعیال (ع) مذکر۔ بال بچے۔ متعلقین ۔
اہلِ ہنر (ا) مذکر۔ کام کے جاننے والے۔ اُستاد۔ ماہرِ فن۔ ہنر کے جاننے والے ۔
اَہلیّت (اَہ۔ لی۔ یَت) (ع) مؤنث۔ قابلیّت۔ لیاقت۔ سمجھ۔ تمیز ۔
اہلے گہلے (اَہ۔ لے۔ گَہ۔ لے) (ہ) غرور اور ناز و انداز کی چال ۔
اَہلے گہلے پھرنا (ا) خوش خوش پھرنا۔ اترائے پھرنا۔ ناز اور نخرے سے چلنا ۔
اہلیہ (اَہ۔ لی۔ یہ) (ع) مؤنث۔ جورو۔ بیوی۔ بیگم حرم۔ گھر والی۔ زوجہ۔ استری ۔
اہم (اَہم) (ع) (۱) سخت تر۔ بہت مشکل۔ کٹھن۔ دشوار (۲) ضروری ۔
اُہوں (اُہوں) (ہ) نہیں ۔
اُہو ہو۔ اُہو ہو ہو (اُہو۔ ہو + اُہو۔ ہو۔ ہو) (ہ) کلمۂ تحسین و انبساط و استعجاب ۔

اہیر (اَہیر) (ہ) مؤنث۔ گوالا۔ ہندوؤں میں ایک ادنیٰ قوم ہے ۔

ا - ع

اِئتلاف (اِء۔ تِلا۔ ف) (ع) مذکر (۱) میل ملاپ۔ اتحاد۔ (۲) محبت۔ بے تکلفی۔ (۳) تعلق (۴) خط و کتابت ۔
اَئمّہ (اَء۔ مِّہ) (ع) مذکر۔ امام کی جمع ۔

ا - ے - ی

اَے (اَے) (ف) حرفِ ندا۔ پکارنے میں استعمال ہوتا ہے ۔
ایار (اَیار) (ف) مذکر۔ رومیوں کا ایک مہینہ جو ہندی کے جیٹھ کے مطابق ہوتا ہے ۔
ایاز (اَیاز) (ف) مذکر۔ سلطان محمود غزنوی کے نہایت باوفا۔ جانباز۔ دیانت دار۔ امین اور معتمد ترکی غلام کا نام جس سے سلطان عشق کے درجے کی محبت کرتا تھا ۔
ایاز قدرِ خود بشناس (ف) مثل۔ اپنی عزّت اپنے ہاتھ ہے۔ ہر ایک اپنی حالت کو اچھی طرح جانتا ہے ۔
ایاغ (اَیاغ) (ف) مذکر۔ پیالہ۔ گلاس۔ ساغر۔ کوزہ۔ پیمانۂ شراب ۔
ایال (اَیال) (۱) (ا) مؤنث۔ یال (۲) (ف) گھوڑے کی گردن کے بڑے بڑے بال (۳) چوپائے کی گردن کے لمبے بال ۔
ایام (اَیّام) (ع) مذکر۔ یوم کی جمع (۱) دن۔ روز۔ تنخ (۲) زمانہ۔ عرصہ۔ وقت۔ (۳) حیض کے دن ۔
ایامِ اشوفی (ع) تاریک دن۔ قمری مہینے کی ۲۷-۲۸-۲۹ تاریخیں ۔
ایامِ بیض (ع) مذکر۔ روشن دن۔ ہر مہینے کی تیرھویں۔ چودھویں۔ پندرھویں تاریخیں۔ وہ راتیں جن میں پورا چاند نکلتا ہے۔ ان تاریخوں میں روزے رکھنا بڑا ثواب ہے ۔
ایام سے ہونا (ا) حیض آنا۔ کپڑوں سے ہونا ۔

اے بادِ صبا ایں ہمہ آوردۂ تست (ف) مثل۔ یہ سارا فساد تمہارا ہی اٹھایا ہوا ہے ۔

ایبک (اَے۔ بَک) (ف) مذکر۔ معشوق۔ غلام۔ قاصد ۔

ایتام (اَے۔ تام) (ع) مذکر۔ یتیم کی جمع ۔

ایتر (اِی۔ تَر) (ہ) مذکر۔ کم ظرف۔ کمینہ۔ رذیل۔ سفلہ۔ اوچھا ۔

ایتر کے گھر تیتر باہر باندھوں کہ بھیتر (ہ) مثل۔ کم ظرف کو جب کوئی چیز مل جاتی ہے۔ تو اِتراتا ہے۔ اور طرح طرح سے اس کی نمود چاہتا ہے۔ کبھی اندر لے جاتا ہے۔ کبھی باہر۔ بعض اوقات "ایتر کے گھر تیتر۔ سبحان تیری قدرت" انہی معنوں میں بولتے ہیں ۔

ایتلاف (اِی۔ تِلاف)۔ دیکھو "ائتلاف" ۔

ایتھر (ای۔ تھر) (انگ مذکر) (ETHER) (۱) ایک مائع چیز جو دواؤں میں کام آتی ہے (۲) ایک مادہ جو ماہرینِ طبعیات کے نزدیک خلا میں بھرا ہوا ہے ۔

ایتھنز (اَے۔ تھنز) (یورپ) (ATHENS) یونان کا پایۂ تخت ۔

ایٹ ہوم (اَیٹ۔ ہوم) (انگ - AT HOME) (۱) گھر پر۔ مکان میں۔ (۲) گھر پر دعوت کھلانا ۔

ایٹی کٹ (اَے۔ ٹی۔ کِٹ) (- ETIQUETTE) (انگ) مذکر آدابِ مجلس۔ تہذیب ۔

ایثار (اِی۔ ثار) (ع) مذکر۔ دوسرے کے نفع کی خاطر خود نقصان برداشت کرنا ۔

ایجاب (اِی۔ جاب) (ع) مذکر۔ قبول کرنا۔ منظور کرنا ۔

ایجاب و قبول (ع) مذکر (۱) قبول و منظور۔ قول و قرار۔ (۲) نکاح۔ عقد ۔

ایجاد (اِی۔ جاد) (ع) مذکر و مؤنث۔ اختراع۔ نئی بات پیدا کرنا ۔

ایجادِ بندہ اگرچہ گندہ (ف) مثل۔ اپنے کام کی نئی چیز بنا کر انکسار و عاجزی کے ساتھ پیش کرتے وقت کہتے ہیں ۔

ایجاز (اِی۔ جاز) (ع) مذکر۔ مختصر کرنا ۔

ایجنٹ (اے۔ جنٹ) (انگ - AGENT) مذکر۔ گماشتہ۔ سربراہ کار۔ قائم مقام۔ آڑھتی ۔

ایجنسی (اَے۔ جن۔ سی) (انگ - AGENCY) کمیشن۔ ایجنٹی۔ آڑھت۔ وہ دکان جس کی معرفت کسی چیز کی خرید و فروخت ہو ۔

ایجوکیٹڈ (اَے۔ جو۔ کے۔ ٹڈ) (EDUCATED) (انگ) مذکر۔ تعلیم یافتہ۔ پڑھا لکھا۔ ودوان۔ عالم ۔

ایجوکیشن (اے۔ جو۔ کے۔ شن) (EDUCATION) (انگ) تعلیم ودیا ۔

ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ (انگریزی) (EDUCATION DEPARTMENT) مذکر۔ محکمۂ تعلیم۔ سررشتۂ تعلیم ۔

ایجوکیشنل (اَے۔ جو۔ کیش۔ نل) (انگریزی) (EDUCATIONAL) منسوب بہ تعلیم۔ تعلیمی ۔

ایجی ٹیٹر (اَے۔ جی۔ ٹے۔ ٹر) (AGITATOR) (انگریزی) مذکر۔ تحریک کرنے والا۔ جوش پھیلانے والا ۔

ایجی ٹیشن (اَے۔ جی۔ ٹے۔ شن) (AGITATION) (انگ) تحریک۔ جوش۔ شورش ۔

اینچ پیچ (اینچ۔ پینچ) (ہ) مذکر۔ چکر۔ ایر پھیر ۔

اینچ پیچ کی باتیں (ہ) مؤنث۔ پیچ دار باتیں ۔

اینچ پیچ نہ جاننا (ہ) سیدھا سادہ ہونا ۔

ایڈ (ایڈ) (انگریزی) (AID) امداد۔ سہارا۔ اعانت ۔

ایڈجوٹنٹ جنرل (اَیڈ۔ جو۔ ٹنٹ جن۔ رَل) (ADJUTANT GENERAL - انگ) مذکر۔ ایک اعلیٰ فوجی عہدہ۔ منتظمِ فوج ۔

ایڈریس (اَیڈ۔ رَیس) (انگ - ADDRESS) مذکر (۱) القاب۔ سرنامہ۔ پتہ (۲) سپاس نامہ۔ کسی شخص کی خوبیوں کا اظہار ۔

ایڈوانس (اَیڈ۔ وانس) (انگ ADVANCE) مؤنث (۱) پیشگی۔ آگے۔ پہلے۔ اوّل (۲) ترقی۔ اصلاح ۔

ایڈوائزر (اَیڈ۔ وا۔ اِی۔ زَر) (انگریزی) (ADVISER) مذکر۔ صلاح کار۔ نصیحت کرنے والا ۔

ایڈورٹائزمنٹ (اَیڈ۔ وَر۔ ٹا۔ اِز۔ منٹ)

(انگ - ADVERTISEMENT) اشتہار۔
نوٹس۔
ایڈووکیٹ (اَیڈ۔ وَ۔ کیٹ) (ADVOCATE) (انگ) مذکر (۱) وکیل۔ پلیڈر۔ مشیر قانونی۔ صلاح دینے والا (۲) مددگار۔ معاون۔
ایڈووکیٹ جنرل۔ (انگ ADVOCATE GENERAL) مذکر۔ حکومت کا اعلیٰ مشیر قانونی۔
ایڈمیرل (اَیڈ۔ مِی۔ رَل) (انگ ADMIRAL) مذکر۔ امیرالبحر۔ بحری سپہ سالار۔ بحری فوج کا اعلیٰ افسر۔
ایڈیٹر (اَے۔ ڈی۔ ٹر) (انگ EDITOR) مذکر۔ اخبار یا رسالے وغیرہ کو مرتب کرنے والا۔
ایڈیٹوریل (اَے۔ ڈی۔ ٹو۔ رِیل) (انگریزی EDITORIAL) ایڈیٹر سے منسوب۔ ایڈیٹر کا لکھا ہوا مضمون۔
ایڈیٹوریل نوٹ (انگ - EDITORIAL NOTE) مذکر۔ ایڈیٹر کا لکھا ہوا نوٹ۔ شذرہ۔
ایڈیشن (اَے۔ ڈی۔ شَن) (انگ - EDITION) مذکر۔ طبع۔ اشاعت۔
ایڈیشنل (اَے۔ ڈِیش۔ نَل) (انگریزی ADDITIONAL) زائد۔
ایڈی کانگ (ہند) (اصل انگریزی ایڈ ڈی کیمپ AIDE-DE-CAMP) مذکر۔ صوبہ یا صوبے کے حاکم اعلیٰ کے ماتحت حکم بردار افسر۔
ایذا (اِی۔ ذَا) (ع) مؤنث۔ تکلیف۔ دُکھ۔ اذیت۔
ایذا رسانی (ع۔ ف) مؤنث۔ تکلیف دینا۔
ایرا (اَے۔ رَا) (ہ) مذکر۔ شطرنج کا وہ مہرہ جو شاہ کو کشت سے بچانے کے لئے بیچ میں لایا جاتا ہے۔
ایرا پھیری (اَے۔ رَا۔ پھے۔ رِی) (ہ) مؤنث (۱) سودا خرید کر بار بار اُسے پھیرنا اور بدلوانا۔ ہیرا پھیری۔ (۲) آنا جانا۔ بار بار آنا جانا۔ اِدھر اُدھر گھومتے پھرنا۔
ایراد (اِی۔ رَاد) (ع) مذکر۔ اعتراض۔ ردوکد۔ عیب جوئی۔
ایرا غیرا (اَے۔ رَا۔ غَے۔ رَا) (ہ) مذکر۔ (۱) بے۔ ہودہ (۲) اجنبی (۳) معمولی حیثیت کا آدمی۔
ایرا غیرا نتھو خیرا (ہ) مذکر۔ معمولی حیثیت کے لوگ۔ ہر کوئی۔
ایران (اِی۔ رَان) (ف) مذکر۔ فارس کا مشہور نام وہ ملک جو افغانستان اور بلوچستان کے مغرب میں واقع ہے۔
ایرانی (اِی۔ رَا۔ نِی) (ف) (۱) ایران سے منسوب۔ (۲) ایران کا رہنے والا (۳) ایران کی شے۔
ایراوتی (اِی۔ رَا۔ وَتی) (ہ) مؤنث۔ دریائے راوی کا قدیم نام۔
ایرپھیر (اَیر۔ پھیر) (ہ) مذکر (۱) تجارت۔ بار بار مال کی خرید و فروخت کرنا (۲) گردشِ زمانہ (۳) دور۔ چکر (۴) چالاکی۔ فریب۔ ہیرپھیر (۵) اختلاف۔
ایرپھیر کرنا (ہ) (۱) بیوپار (۲) گردش۔ انقلاب۔ اِدھر کا اُدھر کرنا (۳) چالاکی۔ مکاری۔ حیلہ بازی۔ دھوکا دینا۔
ایرکھا (اَیر۔ کھا) (ہ) مؤنث۔ حسد۔
آسے روشنی طبع تو بر من بلا شدی (ف) مثل۔ اس جگہ کہتے ہیں۔ جہاں کسی کی قابلیت اور ذہانت اس کی مصیبت اور دُکھ کا باعث ہو جائے۔
ایرے غیرے (ہ) مذکر۔ اغیار۔ بے تعلق۔ غیر۔ ناواقف۔
ایڑ (اَیڑ) (ہ) مؤنث۔ ایڑی۔ مہمیز۔ کانٹا۔
ایڑ کرنا۔ یا۔ لگانا (ہ) (۱) گھوڑے کو تیز کرنا۔ ایڑی مارنا (۲) چل دینا۔
ایڑی (اَے۔ ڑِی) (ہ) مؤنث۔ پاؤں کا پچھلا حصّہ۔ کھُری۔ پاشنہ۔ جُوتے کا پچھلا حصّہ جس پر پاؤں کی ایڑی ہوتی ہے۔
ایڑیاں رگڑنا۔ یا۔ ایڑیاں گھسیٹنا } (ہ) (۱) نہایت مصیبت میں زندگی کاٹنا (۲) جان کنی کی اذیت اٹھانا (۳) دوڑ دھوپ اور نہایت کوشش کرنا (۴) ضد کرنا۔ مچلنا۔
ایڑی چوٹی پر سے قربان کرنا۔ یا۔ وارنا۔ یا۔ نثار کرنا (ہ) (ع) حقیر و ذلیل سمجھنا۔ وقعت نہ کرنا۔
ایڑی چوٹی کا پسینہ ایک کر دینا }
ایڑی چوٹی کا پسینہ بہا دینا } (۱) محاورہ۔ بہت سخت محنت کرنا۔ زیادہ محنت کرنا۔ سر سے پسینہ بہہ کر پاؤں کے

پسینے سے جا ملنا۔ بے انتہا جدّ و جہد کرنا۔
ایڑی دیکھو (ہ) محاورہ۔ حفاظت نظر۔ چشم بد دُور۔ تیرے منہ میں خاک۔ نام خدا۔
ایڑی سے چوٹی تک (ہ) اوّل سے آخر تک۔ آغاز سے انجام تک۔
ایزد (اے۔ زَد) (ع) مذکر۔ خدائے تعالیٰ۔ اللہ جل جلالہٗ۔
اے زر تو خدا نہ ولیکن بخدا ستار عیوب و قاضی الحاجاتی (ف) مثل۔ روپیہ تمام عیبوں کو چھپاتا اور ضرورتوں کو پورا کرتا ہے۔
ایس۔ ایسان (اِیس + اِی۔ سان) (س) مذکر۔ شمال مشرقی گوشہ۔
ایسا (اَے۔ سا) (ہ) (۱) اِس قسم کا۔ اِس شکل کا۔ (۲) مماثل۔ مانند (۳) اِس نمونے کا۔ اِس طرح۔ یوں۔
ایسا تیسا (ہ) مذکر۔ کلمۂ حقارت۔ کمین۔ حقیر۔ ذلیل۔
ایسا جیسے روپے کے ٹکے بھنا لئے (ہ) مثل۔ صاف معاملہ اور کھرے آدمی کی نسبت بولتے ہیں۔
ایسا کیا گیا گزرا ہے (ہ) محاورہ۔ بالکل نکما تو نہیں ہے۔ اتنا ذلیل و خوار نہیں۔
ایسا گیا جیسے محفل میں سے جوتا (ہ) مثل۔ فوراً روپوش ہو جانے والے آدمی کی نسبت بولتے ہیں۔
ایسا ویسا (ہ) (۱) معمولی۔ رسمی۔ بے حقیقت۔ (۲) بُرا بھلا (۳) واہیات۔ بے ہودہ (۴) جیسا ہو۔
ایسا ویسا بھاتا نہیں خوان ملو کا آتا نہیں۔ (ہ) مثل۔ جو میسّر ہے۔ وہ پسند نہیں۔ بادشاہی کھانا نصیب نہیں۔ محتاجی میں شاہی مزاج ہیں۔
ایس۔ اے۔ وی (اَیس۔ اے۔ وی) (انگ S-A.V) سینیر اینگلو ورنیکلر ایک امتحان ہے۔ جو بی۔ اے کے بعد پاس کرنے سے آدمی سکول میں مدرّس ہو سکتا ہے۔
ایسٹ (ایسٹ) (انگریزی EAST) مشرق۔ پورب۔

ایسٹ انڈیا ریلوے (انگریزی۔ EAST INDIA RAILWAY) انگریزی کمپنی کی وہ ریل جو شملہ سے کلکتہ تک چلتی ہے۔ ای۔ آئی۔ آر۔
ایسٹ انڈیا کمپنی (انگ - EAST INDIA COMPANY) مشرقی ہند کی کمپنی۔ انگلستان کے تاجروں کی وہ جماعت جس نے پہلے پہل ۱۶۰۰ء میں ہندوستان پر قبضہ کیا اور پھر ۱۸۵۸ء میں ملک ہند حکومت انگلستان کے حوالے کر دیا۔
ایسٹر (اِیس۔ ٹر) (انگ EASTER) مذکر۔ حضرت عیسیٰ ؑ کا موت سے زندہ ہو کر آسمان پر چلے جانے کا دن۔
ایسٹ کوسٹ ریلوے (انگریزی EAST COAST RAILWAY) مشرقی ساحل کی ریلوے مدراس احاطہ کی ایک ریلوے کا نام۔
ایسٹیٹ (اِیس۔ ٹیٹ) (انگ ESTATE) مؤنث۔ جائداد۔ ملکیت۔ ترکہ۔
ایسر آئیں دلدّر جائیں (ہ) مثل۔ دولت آئے۔ ذلّت دُور ہو۔
ایسر سے بھینٹ نہیں دلدّر سے بگاڑ۔ (ہ) مثل۔ مال داروں سے جان پہچان نہیں۔ غریبوں سے دشمنی ہے۔
ایسر گئے دلدّر آئے (ہ) مثل۔ اچھے دن گئے۔ خراب دن آئے۔
ایسوسی ایشن (اَیسو۔ سِی۔ اے۔ شَن) (انگریزی ASSOCIATION) مؤنث۔ جماعت۔ مجلس۔ اجتماع۔ کمیٹی۔ سبھا۔
ایسی (اَے۔ سی) (ہ) مؤنث (۱) اِس قسم کی۔ اِس شکل کی (۲) مانند (۳) اِس نمونے کی۔ اِس طرح کی۔ اس طرز کی۔
ایسی تیسی (ہ) کلمۂ تحقیر و تذلیل۔ مہذّب اور شرفا کی گالی۔
ایسی تیسی کرنا (ہ) (۱) بُرا بھلا کہنا۔ سخت کلامی کرنا۔ (۲) بہت خراب کام کرنا۔ کام کو بگاڑ دینا۔
ایسی کہی کہ دھوئے نہ چھوٹے (ہ) محاورہ۔

(۱) نہایت مؤثر۔ دل کو لگتی ہوئی بات۔ معقول بات۔ (۲) وہ بات جس کا جواب ہی نہ ہو ۔

ایسی کیا تیرے ہی تلے گنگا بہ رہی ہے (۱) مثل۔ تجھ میں کیا خصوصیت ہے۔ تو ہی بڑا مالدار ہے اور کوئی نہیں۔ کیا تیرے سوا اور کوئی نہیں کر سکتا؟

ایسی کیا قاضی کی گدھی چرائی ہے؟ (۱) مثل۔ میں نے کیا جرم کیا ہے۔ مجھے کسی کا کیا ڈر ہے؟

ایسی میں جا لگے (ک) محاورہ۔ دوزخ یا بھاڑ میں جائے ۔

ایسی ویسی بات کرنا (ک) نازیبا بات یا بری حرکت کرنا ۔

ایسے (ئے۔ سے) (ک) مذکر۔ ایسا کی جمع ۔

ایسے (اَیس۔ سے) (انگ ESSAY) مذکر۔ جواب مضمون۔ کسی خاص موضوع پر لکھا ہوا مضمون ۔

ایسے پر تو ایسی کا جل ڈال لئے پر گیسی (ک) نہایت خوب صورت آنکھ ہے نہایت حسین ہے۔ بلا بناؤ سنگار کے بغیر تو یہ کیفیت ہے۔ بناؤ سنگار پر کیا حال ہوگا؟

ایسے پر تین حرف بھیجتے ہیں (۱) لعن طعن کرتے ہیں۔ برا جانتے ہیں ۔

ایسے تو میری جیب میں پڑے رہتے ہیں۔ یا ایسے تو میرے ناخنوں میں پڑے رہتے ہیں (۱) میں تم سے زیادہ چالاک ہوں۔ تمہاری چال میں نہیں آ سکتا ۔

ایسے کیڑے پڑیں گے (ک) محاورہ۔ ایسی بری حالت ہوگی ۔

ایسے گئے جیسے گدھے کے سر سے سینگ (ک) مثل۔ ایسے نیست و نابود ہوئے۔ کہ نشان تک باقی نہ رہا۔ ایسے گئے کہ پھر پتہ بھی نہ لگا ۔

ایسے میں (ک) اس زمانے میں اس حالت میں۔ ایسے موقع پر ۔

ایسے ہوتے تو عید بقر عید کے کام آتے۔ (ک) محاورہ۔ کسی قابل نہیں۔ نہایت نکما اور بے کار محض ہے ۔

ایسے ہی بھولے ہیں (۱) محاورہ۔ بہت ہوشیار ہیں۔ بہت چلتے ہوئے ہیں۔ بھولے نہیں ہیں ۔

ایشان (اِی۔ شان) (س) مذکر۔ پورب اور اُتر کا درمیانی کونہ۔ شمال مشرقی کونہ ۔

ایشور (اِیش۔ وَر) مذکر۔ خدا۔ اللہ۔ ایزد۔ پرمیشور ۔

ایشیا (اے۔ شیا) (انگ ASIA) مذکر۔ ہمارے برِ اعظم کا نام۔ وہ بہت سے ملکوں کا مجموعہ جس میں ہندوستان بھی ہے ۔

ایشیائی (ا) (۱) ایشیا کی چیزیں (۲) ایشیا کے رہنے والے ۔

ایصال (اِی۔ صال) (ع) (۱) پہنچانا۔ ملانا (۲) وصول کرنا

ایصالِ ثواب (ع) مذکر۔ ثواب پہنچانا ۔

ایصالِ حرارت (ع) مذکر۔ علم طبعی میں وہ عمل جس کے ذریعے سے گھاس یا سیال اشیا میں حرارت ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچ جاتی ہے ۔

ایصالِ مالگزاری (ف) مال گزاری وصول کرنا۔ مال گزاری کا داخل کرنا۔ زمین کا ٹیکس داخل کرنا ۔

ایضاً (اَے۔ ضَن) (ع) وہی۔ بشرح صدر۔ ویسا ہی۔ اسی طرح کا۔ بجنسہٖ ۔

ایطا (اِی۔ طا) (ع) (۱) لغوی معنی پامال کرنا۔ (۲) اصطلاح عروض میں قافیہ کا بجنسہٖ لفظاً و معناً مکرّر لانا ۔

ایطائے جلی۔ جس میں قافیے کی تکرار خوب واضح ہو ۔

ایطائے خفی۔ جن قافیوں میں تکرار کی طرف ذہن فوراً منتقل نہ ہو ۔

ایفا (اِی۔ فا) (ع) پورا کرنا۔ ادا کرنا ۔

ایفائے وعدہ (ع) مذکر۔ اقرار پورا کرنا۔ وعدہ وفائی ۔

ایف۔ اے (اَیف۔ اے) (انگ F.A) فرسٹ آرٹس یعنی بی۔ اے سے دو سال نیچے کا درجہ ۔

ایقان (اِی۔ قان) (ع) مذکر۔ یقین ہونا۔ یقینی طور پر جاننا ۔

ایک (اَیک) (ہ) (۱) واحد۔ ا۔ ایک عدد (۲) دوسرا (۳) بڑا۔ نہایت (۴) صرف۔ تنہا (۵)

منتخب - یکتا - بے نظیر (۶) کوئی (۷) یکساں -
متفرقہ - برابر - (۸) متفق (۹) سارا - تمام -
(۱۰) پورا - پکا ۔

ایکا (اے - کا) (ف) مذکر - اتفاق - یک دلی میں ملاپ - سازش ۔

ایکا ایکی (ف) دفعتًہ - اچانک - یکبارگی - ناگاہ - یکایک ۔

ایکا کرنا (ف) متفق ہونا - سازش کرنا - اتفاق کرنا ۔

ایکانت (اے - کا - نت) (ف) مؤنث - علیحدگی ۔

ایکانت میں رہنا (ف) خلوت میں رہنا ۔

ایک آدھ (ف) اکا دکا کوئی کوئی - خال خال - جُدا جُدا

ایک آدم کی دو پہچانیں ہیں (ا) محاورہ دونوں ہم شکل ہیں کچھ فرق نہیں ۔

ایک آنچ کی کسر رہ گئی (ا) محاورہ - تھوڑی کسر رہ گئی - کام بنتے بنتے رہ گیا ۔

ایک آنکھ پھوٹتی ہے تو دوسری پر ہاتھ رکھتے ہیں (ف) مثل - دودھ کا جلا چھاچھ پھونک پھونک کر پیتا ہے - ایک دفعہ دھوکا کھا کر آئندہ کو تجربہ ہو جاتا ہے - نقصان اٹھانے پر سمجھ آ جاتی ہے ۔

ایک آنکھ سب کو دیکھنا (ف) (۱) سب کو برابر جاننا - یکساں برتاؤ کرنا - اپنے بیگانے کو برابر سمجھنا (۲) انصاف کرنا

ایک آنکھ میں لہر بہر ایک آنکھ میں خدا کا قہر (ف) مثل - تھوڑی دیر میں مہربان - تھوڑی دیر میں ناراض - متلون مزاج اور مغلوب الغضب کی نسبت بولتے ہیں ۔

ایک آنکھ نہ بھانا (ف) ذرا پسند نہ آنا - بالکل نہ بھانا - قطعی پسند نہ آنا ۔

ایک آنکھ یہ ایک آنکھ وہ - (ا) دونوں ایک جیسے ہیں - دونوں سے برابر محبت ہے - دونوں کے دکھ سے دکھ ہوتا ہے - دونوں کی خوشی سے خوشی ہوتی ہے ۔

ایک آوے کے برتن ہیں (ف) مثل - سب ایک ہی ہیں - کوئی نیک نہیں - کوئی ایک دوسرے سے کم نہیں ۔

ایک انار سو بیمار (ا) مثل "یک انار و صد بیمار" کا ترجمہ - چیز ایک اور سو خریدار ۔

ایک انڈا وہ بھی گندہ (ا) مثل - ایک بیٹا وہ بھی نالائق - ایک دوست وہ بھی بے وفا ۔

ایک انگور سو زنبور (ا) ایک انگور پر سو تیتے - چیز تھوڑی اور حاجت مند زیادہ ۔

ایک اور ایک گیارہ (ف) مقولہ - اتفاق سے سب کام بن جاتے ہیں - مل کر رہنا سب مشکلوں کو آسان کر دیتا ہے ۔

ایک اور سو کا فرق ہے (ا) محاورہ - رات دن کا فرق ہے - صبح شام کا فرق ہے - زمین آسمان کا فرق ہے - اس سے اس کو کیا نسبت ہے ۔

ایک ایک (ف) (۱) ہر ایک - سب - کل - تمام (۲) فرداً فرداً - باری باری - اکیلے اکیلے ۔

ایک ایک دم میں سو سو رنگ بدلتا ہے - (ا) محاورہ - بہت جھوٹا ہے - غیر معتبر ہے - متلون مزاج ہے - کسی بات پر قائم نہیں ۔

ایک ایک قدم ایک ایک منزل ہونا (ف) سخت رنج یا تکان سے قدم اٹھاتے ہوئے تکلیف ہونا ۔

ایک ایک کا دامن پکڑ کے رونا (ا) محاورہ - ہر ایک کے سامنے اپنا دکھ بیان کرنا - ہر ایک سے مدد چاہنا

ایک ایک کا منہ تکنا - یا - دیکھنا (ف) محتاجی - ہر ایک سے امید رکھنا - مجبوری ۔

ایک ایک کرکے (ف) (۱) ایک بارگی کی ضد - رفتہ رفتہ (۲) فرداً فرداً - جدا جدا - تھوڑا تھوڑا کرکے (۳) سب - کل ۔

ایک ایک کی چار چار (دس دس) لگانا - (ف) بات کو بڑھا کر سنانا - ذرا سی بات کو نمک مرچ لگا کر طول دیتے ہوئے بیان کرنا - کہ لڑائی ہو جائے ۔

ایک ایک کے دو دو ہونا (ف) تجارت میں دگنا نفع ہونا - کام بڑھ جانا ۔

ایک اینٹ کے لئے مسجد ڈھانا (ا) (۱) تھوڑے سے فائدے کے لئے بہت بڑا نقصان گوارا کرنا - (۲) دنیا کے لئے دین کھونا ۔

ایک بات (ف) مؤنث (۱) آسان کام - معمولی اور

ادنیٰ کام (۲) ٹھیک قیمت۔

ایک بات میں (ہ) مؤنث۔ ذرا سے اشارے میں۔

ایک بارگی (ف) بیکایک۔ فوراً۔

ایک پاپی ناؤ کو لے ڈوبتا ہے (ہ) مقولہ۔ ایک کی بد چلنی سے گھر کا گھر بدنام ہو جاتا ہے۔

ایک پاؤں اندر ایک پاؤں باہر۔ ایک پاؤں گھر میں ایک پاؤں باہر (ہ) محاورہ۔ گھڑی یہاں گھڑی وہاں۔ کبھی اندر کبھی باہر۔

ایک پر ایک گرا پڑتا ہے (ہ) محاورہ۔ بہت ہجوم ہے۔ بہت بھیڑ بھاڑ ہے۔

ایک پر بیٹھ رہنا (ہ) محاورہ۔ ایک شخص کے ساتھ عمر بسر کر دینا۔ ہر شخص سے محبت اور دوستی نہ لگانا۔

ایک پلک (ہ) پل بھر۔ دم کی دم۔ ذرا دیر۔ ایک آن۔

ایک پنتھ دو کاج (ہ) مثل۔ ایک تدبیر دو کام ہو جانا۔ "بیک کرشمہ دو کار" کا ترجمہ ہے۔ آم کے آم گٹھلیوں کے دام۔

ایک پیٹ کے (ا) حقیقی بھائی بہن۔ سگے۔ ایک ماں جائے۔

ایک ترکش کے تیر ہیں (ہ) محاورہ۔ ایک آوے کے برتن ہیں۔ آرام دینے والا کوئی نہیں۔ سب دکھ دینے والے ہیں۔

ایک تندرستی ہزار نعمت (ف) مقولہ۔ ایک تندرستی ہزار نعمتوں سے بہتر ہے۔

ایک تنکے کا احسان نہ لینا (ہ) نہایت مستغنی اور صابر ہونا۔ کسی کا سہارا نہ ڈھونڈنا۔ تھوڑا احسان بھی نہ اٹھانا۔

ایک تنکے کا سہارا بھی بہت ہوتا ہے۔ (ف) محاورہ۔ حالتِ ناداری اور بے کسی میں تھوڑا سہارا بھی بہت ہوتا ہے۔

ایک تو چوری دوسرے سینہ زوری (ا) مثل۔ قصور پر نادم نہ ہونا۔ اُلٹا تمرّد کرنا۔

ایک تو شیر دوسرے بکتر پہنے (ہ) مثل۔ بہادر کو بے خوفی کے اور سامان ملنا۔ حکومت کے ساتھ اور حمایتی پیدا ہونا۔

ایک تو کڑوا کریلا دوسرے نیم چڑھا (ہ) مثل۔ خود تو کڑوے تھے۔ صحبت بھی کڑوی ہی پائی۔ بد کو بدوں کی صحبت ملنا۔

ایک تو میاں اونگھتے اس پر کھائی بھنگ۔ (ہ) مثل۔ کاہل آدمی کا کاہلی بڑھانے والے کام کرنا۔

ایک توے کی روٹی کیا چھوٹی کیا موٹی (ہ) مثل۔ سب ایک سے ہیں۔ کوئی کم و بیش نہیں۔

ایک تھان کے ٹکڑے ہیں۔ ایک تھیلی کے چٹے بٹے ہیں۔ ایک تھیلی کے چٹے بٹے ہیں (ہ) مثل۔ سب ایک سے ہیں۔ کوئی نیک نہیں۔ سب کے سب بدمعاش ہیں۔

ایکٹ (اَیکٹ) (انگریزی ACT) مذکر (۱) نقل۔ سوانگ (۲) ضابطہ۔ قانون۔ بادشاہ یا کسی با اختیار جماعت کی طرف سے جاری کیا ہوا قانون۔

ایک ٹانگ (ہ) مؤنث (۱) کسی چیز کی چوتھائی۔ $\frac{1}{4}$ (۲) چوتی۔

ایک ٹانگ پھرنا (ہ) برابر پھرتے رہنا۔ دم نہ لینا۔ انتہائی گردش اور دوڑ دھوپ کرنا۔

ایک ٹانگ کھڑے رہنا (ہ) حکم بجا لانے کے لئے ہر وقت تیار رہنا۔

ایکٹر (اَیک۔ ٹَر) (انگریزی ACTOR) مذکر۔ نقل کرنے والا۔ تماشا کرنے والا۔ پارٹ کرنے والا مرد۔

ایکٹریس (اَیک۔ ٹَرِس) (انگ- ACTRESS) مؤنث۔ نقل کرنے والی عورت۔ پارٹ کرنے والی عورت۔

ایک جا کرنا (ہ) اکٹھا کرنا۔

ایک جان (ہ) مذکر۔ دلی دوست۔

ایک جان دو قالب (ف) کمال اتحاد۔ انتہائی دوستی۔ عاشق و معشوق۔ حبیب و محبوب۔ لنگوٹیے یار۔

ایک جان کرنا (ہ) کئی چیزوں کو ملا دینا۔ حل کرنا۔

ایک جان کے ساتھ سب سامان ہے۔ (ف) محاورہ۔ ایک آدمی کے دم سے سب عیش کر رہے ہیں۔

ایک جان ہزار ارمان (ف) محاورہ۔ ایک دل

ہزاروں حسرتیں۔ ایک دل ہزاروں خواہشیں - بہت سی تمنائیں ہونا ۔

ایک جان ہزار اُمید (ا) زندگی کے ساتھ اُمیدیں ہیں۔ جب تک زندگی ہے۔ تب تک اُمید ہے ۔

ایک جان ہزار غم اور ایک دل ہزار داغ (ا) محاورہ۔ زندگی میں تو غم ہی غم ہیں۔ ایک جان کے لئے ہزاروں غم ہیں۔ جب تک دل ہے۔ تب تک رنج ہی رنج ہیں۔ ایک دل کو ہزاروں رنج ہیں ۔

ایک جان ہونا (ہ) بہت سی چیزوں کا اچھی طرح مل جانا۔ حل ہونا ۔

ایک چپ لاکھ بلا ٹالتی ہے (ا) محاورہ۔ ایک خاموش رہنا ہزاروں برائیوں سے بچاتا ہے ۔

ایک چپ ہزار کو ہرا دے }
ایک چپ ہزار چپ - } (ا) محاورہ۔ خاموشی ایسی چیز ہے کہ سب کے منہ بند کردیتی ہے۔ کسی سے نہ بولو۔ کوئی تم سے نہ بولے گا ۔

ایک چنے کی دو دالیں ہیں (ہ) دونوں ایک ہی شکل وصورت کے ہیں۔ ایک آم کی دو پھانکیں ہیں ۔

ایک چیخ زمین ایک چیخ آسمان (ا) بے انتہا چیخنا چلانا ۔

ایک حسن آدمی ہزار حسن کپڑا }
لاکھ حسن زیور۔ کروڑ حسن نخرا } کپڑے سے عورت کا حسن زیادہ ہوجاتا ہے۔ اور زیور اور ناز نخرے سے اور بھی بڑھ جاتا ہے

ایک حمام میں سب (سبھی) ننگے ہیں (ا) مثل۔ برائی میں سب شریک ہیں۔ سب ایک حال میں ہیں ۔

ایک خطا دو خطا تیسری مادر بخطا (ا) مثل۔ ایک دو دفعہ بھولنا بشریت ہے۔ مگر عادی ہونا گنہگاری ہے۔ بار بار خطا کرنا اچھا نہیں ۔

ایک در بند ہزار در کھلے (ا) مثل۔ اگر ایک جگہ سے روزی بند ہوجاتی ہے تو ہزار دروازے کھل جاتے ہیں ۔

ایک دل یاروں میں ایک چوکیداروں میں (ا) محاورہ۔ دو دلی ہونا۔ پریشانی ہونا۔ فکر کی زیادتی ۔

ایک دم (ف) برابر۔ بلا توقف۔ پیہم۔ یکساں۔ متواتر ۔

ایک دم کا دمامہ ہے (ہ) مثل۔ تھوڑی سی زندگی کے لئے بہت سے بکھیڑے کرنے پڑتے ہیں ۔

ایک دم میں ہزار دم (ا) کلمۂ اُمید۔ ایک سانس باقی ہے تو ہزاروں سانسوں کی اُمید ہے۔ نا اُمید نہ ہوجانا چاہئے۔ جب تک سانس ہے۔ اچھا ہونے کی اُمید ہے۔ سانس ہے تو آس ہے ۔

ایک دن سب کو مرنا ہے (ا) محاورہ۔ ہمیشہ کوئی زندہ نہیں رہ سکتا۔ موت سب کو آنی ہے۔ مرنا لازمی ہے ۔

ایک دن کا مہمان دو دن کا مہمان تیسرے دن کا بلائے جان (ا) مقولہ۔ ایک دو دن مہمان کی خدمت ہوسکتی ہے۔ پھر وبال معلوم ہوتا ہے ۔

ایک دن کا مہمان گلاب کا پھول۔ دُوسرے دن کا مہمان کنول کا پھول۔ تیسرے دن کا مہمان گھر کیوں گیا بھول (ا) محاورہ۔ پہلے دن کا مہمان گلاب کا پھول ہوتا ہے۔ دُوسرے دن کا کنول کا پھول۔ تیسرے روز گھر والا مہمان سے بیزار ہوجاتا ہے ۔

ایک دو (ف) چند۔ تھوڑے ۔

ایک دیگا دس پائیگا (ا) ایک سلوک کرنے والے کو دس گنا ثواب ملتا ہے۔ خیرات کا بڑا ثواب ہے ۔

ایک ڈوبے تو جگ سمجھائے یہاں تو سب جگ ڈوبا جائے (ا) مثل۔ ایک میں نقص ہو تو لوگ سمجھائیں۔ مگر جب ساری دنیا رسم و رواج کے سمندر میں ڈوب رہی ہو۔ اُسے کون منع کرے ۔

ایک ذات کا (ا) ایک جنس کا۔ برابر۔ بکثرت ۔

ایک راس (ا) محاورہ۔ ایک قسم۔ ایک جنس۔ ایک ذات۔ ایک ڈھیری ۔

ایک رسّی میں بندھنا (ف) محاورہ (ا) اتفاق کرنا۔ باہم مشورہ کرنا۔ مشورے میں شریک ہونا۔

(۲) ایک سردار بنا کر اُس کے حکم پر چلنا ۔

ایک رنگ آتا ہے ایک جاتا ہے (ہ) رنگ فق ہے ۔ مُنہ پر ہوائیاں چھوٹ رہی ہیں ۔ نہایت غم و رنج ہے ۔

ایک زبان (ا) (۱) ایک بات ایک سخن (۲) متفق اللفظ ۔ ہمرائے ۔ ایک ہی زبان رکھنے والے ۔

ایک زبان رکھنا (ا) بات کا پکّا ہونا ۔

ایک سانچے کے ڈھلے ہیں (ہ) سب ایک ہی سے ہیں ۔ فرق نہیں ۔

ایکسچینج (انگ - EXCHANGE) مذکّر تبادلہ ایک سکّے سے دوسرے سکّے کا تبادلہ ۔

ایکسرسائز (انگ - EXERCISE) مؤنث ۔ ورزش ۔ کسرت ۔ مشق ۔

ایک سر ہزار سودا (ا) مثل ۔ ایک شخص کو ہزاروں کام ۔ ہزاروں فکر ۔ ہزاروں خواہشیں ۔

ایک سرے سے سب کو ہلا دینا (ہ) سب کو حیران کر دینا ۔

ایک سُورما چنا بھاڑ نہیں پھوڑ سکتا ۔ (ہ) اکیلا آدمی چاہے کیسا ہی لائق اور ہمّت والا ہو ۔ اس کام کو انجام نہیں دے سکتا ۔ جو بہت سے آدمیوں کے کرنے کا ہے ۔

ایک سے ایک اعلیٰ سُبحانَ ربّیَ الاعلیٰ (ا) مثل ۔ اُس جگہ طنزاً کہتے ہیں ۔ جہاں بدی اور شرارت میں ایک سے ایک بڑھا ہوا ہو ۔

ایک سے دِن نہیں رہتے (ا) مقولہ ۔ کسی کا زمانہ یکساں نہیں رہتا ۔ دولت اور حکومت سدا نہیں رہتی ۔

ایک سے دو بھلے (ا) مقولہ (۱) نااتفاقی بُری ہے ۔ (۲) اکیلا ہنستا بھلا نہ روتا بھلا (۳) اتفاق اچھا ہے ۔

ایک سے ہونا (ہ) (۱) ہم خیال ہونا ۔ ہم رائے ہونا ۔ (۲) ایک جیسے ہونا ۔

ایک شبر مارتا ہے سولومڑیاں کھاتی ہیں (ا) مثل ۔ بہادر اپنی کمائی سے محتاجوں کا پیٹ بھرتے ہیں ۔

ایک طرح کا (ا) ایک قسم کا ۔

ایک طرف کا بازار بند ہے (ا) کانا ہے ۔ ایک آنکھ ہے ۔

ایک عالم (ا) مذکّر ۔ سارا جہان ۔ تمام دُنیا ۔

ایک عمر (ا) مؤنث ۔ مدّتوں ۔ بہت زمانہ ۔ تمام عمر ۔

ایک قلم (ا) یک قلم ۔ یک لخت ۔ بالکل ۔ برابر ۔

ایک کا مُنہ شکر سے بھرا جاتا ہے سُو کا خاک سے بھی نہیں بھرا جا سکتا (ا) محاورہ ۔ ایک کا مطلب بخوبی پورا ہو سکتا ہے ۔ لیکن سُو کا تھوڑا تھوڑا مطلب پورا کرنا بھی مشکل ہے ۔

ایک کرے دس بھریں (ہ) ایک کی وجہ سے سب کا بدنام ہو جانا ۔ ایک خطا کرے ۔ دس سزا پائیں ۔

ایک کو پانی اور ایک کو پیچ (ہ) مثل ۔ ناانصافی نامنصفی ۔

ایک کو دے رُتبۂ عالی ایک کو دے کھُرپا جالی (ہ) مثل ۔ خدا کسی کو مسرّت دیتا ہے ۔ کسی کو رنج و غم ۔ کسی کو راحت اور کسی کو کلفت ۔

ایک کو سائی ایک کو بدھائی (ہ) مثل ۔ (۱) ہرجائی پنا (۲) بیوفائی کرنا ۔ وعدہ وفا نہ کرنا (۳) دروغ گوئی ۔ جھوٹ بولنا ۔ ایک سے کچھ وعدہ ۔ دوسرے سے کچھ ۔

ایک کھائے ملیدا ایک کھائے بھُس (ہ) مثل ۔ اپنا اپنا نصیب ہے ۔ کوئی عیش کرے ۔ کوئی دُکھ بھوگے ۔

ایک کہو گے دو سنو گے (ہ) مثل ۔ اگر تم کسی کو ایک بُری بات کہو گے تو وہ تم کو دو بُری باتیں سنائے گا ۔ زبان روکنے اور زبان درازی سے باز رکھنے کی جگہ بولتے ہیں ۔

ایک کہے نہ چار سنے (ہ) مقولہ ۔ نہ کسی کو بُرا کہے ۔ نہ خود بُرا سنے ۔ نہ کسی کو گالی دے ۔ نہ گالی کھائے ۔

ایک کی دارو دو ۔ ایک کی دوا دو ۔ (ہ) مثل ۔ ایک شخص کے مغلوب کرنے کو دو آدمی کافی ہوتے ہیں ۔

ایک کی سَو یا ایک کی دس سنانا ہے (ہ) مثل ۔ سخت بدزبان اور بدکلام ہے ۔ ایک بات کے جواب میں سَو بات کہتا ہے ۔

ایک کی لاٹھی دس جنے کا بوجھ (ہ) مثل ۔ وہاں بولتے ہیں جہاں ایک ساتھ بہت سے آدمیوں کا اپنا سوال پورا کرنا چاہیے ۔

ایک گھاٹ اُتارنا (ہ) سب کے ساتھ ایک

ہی سا معاملہ اور یکساں برتاؤ کرنا۔

ایک لاٹھی سب کو ہانکنا (ہ) مثل۔ اعلیٰ و ادنیٰ میں امتیاز نہ کرنا۔ شریف و رذیل کو نہ پہچاننا۔

ایک لکڑی کیا جلے اور کیا اُجالا ہو (ہ) مثل۔ تنہا آدمی کیا کر سکتا ہے۔ اکیلے کی کوشش کہاں تک کامیاب ہو سکتی ہے۔

ایکلیسیہ (ایک۔ لی۔ سیَہ) (انگ۔ ECCLESIA) مؤنث۔ ایتھنز کی مجلس وضع آئین۔

ایک ماں باپ کا ہونا (ہ) ایک نطفے سے ہونا۔ سگے ہونا۔ ماں جائے ہونا۔ ایک صورت ہونا۔ ایک سی عادت رکھنا۔

ایک مچھلی سارے تالاب کو گندہ کر دیتی ہے (ہ) مثل۔ ایک نالائق کے باعث سارے خاندان پر حرف آتا ہے۔ ایک کی بُرائی سے قوم بدنام ہو جاتی ہے۔

ایک مرغی نو جگہ حلال نہیں ہو سکتی (ا) مثل۔ تھوڑی چیز بہت جگہ الگ الگ نہیں بانٹی جا سکتی۔

ایک مشت (ف) محاورہ۔ یک بارگی۔ اکٹھا۔ تمام۔ کُل۔

ایک منہ (ہ) ہم زبان۔ بالاتفاق۔

ایک مُنہ میں ہزار باتیں کر جانا (ا) محاورہ۔ ایک دم ہزاروں کھری کھری باتیں کہہ دینا۔ یاوہ گوئی۔

ایک میان میں دو تلواریں نہیں رہ سکتیں (ا) مثل۔ ایک چیز کے دو برابر کے خواستگار مل کر نہیں رہ سکتے۔

ایک نیس۔ ایک میرا بھائی تیسرا انجام تائی (ا) مثل۔ وہاں بولتے ہیں جہاں کوئی شخص بہت سے آدمی ساتھ لائے اور تابع ہر یہ کرے کہ میں کسی کو نہیں لایا۔

ایک نت کھٹ (ہ) بہت شریر۔ ڈھیٹ

ایک نظر (ا) محاورہ۔ تھوڑی دیر۔ ذرا۔ ایک نگاہ۔

ایک نگاہ کے گنہگار ہیں (ا) محاورہ۔ آنکھ سے تو ضرور دیکھا ہے اور کچھ نہیں جانتے۔

ایک نور آدمی ہزار نور کپڑا (ا) مقولہ۔ کپڑوں سے آدمی کا وقار ہزار گنا بڑھ جاتا ہے۔

ایک نہ ایک (ہ) کوئی نہ کوئی۔

ایکھ (ایکھ) (ہ) مؤنث۔ گنا۔ نے شکر۔ اوکھ۔

ایک نہ سُننا } (ہ) بالکل قبول نہ کرنا۔ تسلیم نہ کرنا۔
ایک نہ ماننا } راضی نہ ہونا۔

ایک نہ شد دو شد (ف۔ ا) ایک کے بعد دوسرا عجیب امر واقع ہونا۔

ایکونائٹ (اے۔ کو۔ نائٹ) (انگ ACONITE) مؤنث۔ ایک قسم کا زہر۔

ایک ہاتھ (ایک ہاتھ) سے تالی نہیں بجتی (ا) مثل (۱) محبت کا نشہ دونوں طرف سے ہوتا ہے (۲) عشق و محبت اور دشمنی دونوں طرف سے ہوتی ہے (۳) دونوں کا قصور ہے۔

ایک ہو جانا (ہ) محاورہ۔ متفق ہو جانا۔ ایکا کرنا۔ اکٹھا ہو جانا

ایک ہے (ا) محاورہ (۱) بے مثل ہے۔ فرد ہے۔ بے نظیر ہے۔ اپنا جواب نہیں رکھتا (۲) تنہا ہے۔ اکیلا ہے۔

ایگریکلچر (ایگ۔ ری۔ کل۔ چر) (انگریزی AGRICULTURE) (۱) مؤنث۔ کاشتکاری۔ (۲) زراعت۔

ایگریمنٹ (ایگ۔ ری۔ منٹ۔ (انگریزی AGREEMENT) مذکر۔ اقرار نامہ۔ معاہدہ۔

ایگزیمینر (انگریزی۔ EXAMINER) ۔ پرچے جانچنے والا۔ ممتحن۔ امتحان لینے والا۔

ایگزیمن (ایگ۔ زے۔ من) (EXAMINE) (انگ) امتحان لینا۔ پڑتال کرنا۔ معاینہ کرنا۔

ایگزیمینی (انگ۔ EXAMINEE) امتحان دینے والا۔ امتحان میں شریک ہونے والا۔

ایل۔ ایل (ایل ایل) (انگ۔ L.L) مؤنث۔ قانون کا سندار۔ وکیل۔ سند یافتہ

ایل۔ ایل۔ بی (انگ۔ L.L.B) مؤنث۔ بیچلر آف لاز کا مخفف۔ قانونی امتحان جسے پاس کر کے وکالت ہو سکتی ہے۔ وکالت کا اعلیٰ امتحان۔

ایل۔ ایل۔ ڈی (انگ۔ L.L.D) مؤنث۔ ڈاکٹر آف لاز کا مخفف۔ قانون کی سب سے اعلیٰ ڈگری۔ بعض یونیورسٹیاں اعزازی طور پر بھی عطا کرتی ہیں۔

ایل۔ ایم۔ ایس (انگ۔ L.M.S) مؤنث۔ ڈاکٹری کا لائسنس دار۔ سند یافتہ۔

ایلچی (ایل۔ چی) (ت) مذکر۔ قاصد۔ پیغامبر۔ نامہ بر۔ سفیر۔

ایلچی گری (ا) مؤنث۔ سفارت۔ وکالت ۔

ایلڈرمین (اَیل۔ ڈَر۔ مِین) (انگ ALDERMAN) انگلستان میں مجسٹریٹ کو کہتے ہیں ۔

ایل کلی (اَیل۔ کلی) (معتد) (عربی۔ انقلی) مؤنث۔ بجی ۔

ایلو (اے۔ لو)۔ (ا) ۔ دیکھو۔ سنو۔ کلمۂ تعجب۔ یہ اور سنو ۔

ایلوا (اِیل۔ وا) (ہ) مذکر۔ مصبر۔ گھیکوار کے گودے کا خشک کیا ہوا رس ۔

ایلومینیم (اَے۔ لو۔ مِی۔ نیَم) (ALUMINIUM) (انگ) ایک قسم کی دھات۔ جو برتن وغیرہ بنانے کے کام آتی ہے ۔

ایم۔ آر۔ اے۔ ایس (ایم۔ آر۔ اے۔ ایس) (انگ M.R.A.S) مذکر۔ ممبر آف رائل ایکڈیمی آف سائنس کا مخفف۔ سائنس کی شاہی مجلس (لندن) کا رکن ۔

ایم۔ او۔ ایل (انگ M.O.L) مؤنث۔ پنجاب یونیورسٹی کی مشرقی زبان کی سب سے اعلیٰ ڈگری ۔

ایم۔ اے (انگ M.A) مؤنث۔ ماسٹر آف آرٹ کا مخفف۔ انگریزی اور دیگر علموں کی سب سے اعلیٰ ڈگری ۔

ایم۔ ایس۔ سی (انگ M.S.C) مؤنث۔ ماسٹر آف سائنس کا مخفف۔ سائنس کی سب سے اعلیٰ ڈگری ۔

ایم۔ ایل۔ اے (انگ M.L.A) مذکر۔ ممبر آف لیجسلیٹو اسمبلی کا مخفف۔ مجلس وضع قوانین کا رکن ۔

ایم۔ ایل۔ سی (انگ M.L.C) مذکر۔ ممبر آف لیجسلیٹو کونسل کا مخفف۔ قانون ساز کونسل کا رکن ۔

ایم۔ بی (انگ M.B) مؤنث۔ یونیورسٹی کی ڈگری ڈاکٹروں کے لئے جو بی۔ اے کے برابر ہوتی ہے ۔

ایم۔ ڈی (انگ M.D) مؤنث۔ ڈاکٹری کی ایک اعلیٰ ڈگری ۔

ایم۔ پی (انگ M.P) مذکر۔ پارلیمنٹ کا ممبر ۔

ایماء (اِی۔ ما) (ع) مذکر (۱) اشارہ۔ حکم (۲) منشاء۔ عندیہ ۔

ایما لینا (ف) منشا دریافت کرنا ۔

ایمان (اِی۔ مان) (ع) مذکر (۱) (لغوی معنی) بے خوف کرنا۔ امن دینا (۲) (اصطلاحی) عقیدہ۔ مذہب۔ دھرم ۔

ایمان بغل میں دبانا (ف) بے ایمانی کرنا۔ جھوٹ بولنا ۔

ایمان بیچنا (ف) دنیا کے لئے دین کھونا۔ روپے کے لالچ میں صداقت چھوڑنا۔ ایمان کے خلاف کرنا ۔

ایمان پر چھوڑنا (ف) ایمان پر منحصر کرنا۔ ایمان پر موقوف رکھنا ۔

ایمان ٹھکانے نہ ہونا (ف) (۱) بدنیت ہونا۔ بدگمان ہونا (۲) ایمان پر قائم نہ رہنا ۔

ایمان دار (ع + ف) (۱) دیانتدار۔ راست باز۔ دھرماتما۔ دیندار (۲) منصف ۔

ایماندار کھائے بوٹی بے ایمان کھائے روٹی۔ دیانت دار ہمیشہ تکلیف اٹھاتا۔ اور بددیانت عیش کرتا ہے ۔

ایمان داری (ع + ف) مؤنث۔ راست گفتاری۔ دیانت داری۔ صداقت ۔

ایمان کا (ف) ایمان دار۔ سچا ۔

ایمان کانپتا ہے (ف) خدا سے ڈر آتا ہے ۔

ایمان کی کہنا (ف) حق بات کہنا۔ خدا لگتی کہنا۔ سچ بولنا ۔

ایمان لانا۔ یا۔ لے آنا (ف) (۱) دین اسلام قبول کرنا۔ مسلمان ہونا۔ خدا کو برحق جاننا۔ پیغمبر اور قیامت پر یقین لانا ۔

ایمان میں فرق آنا (ف) اعتقاد نہ رہنا۔ بددیانت ہو جانا۔ نیت بگڑ جانا ۔

ایمان ہے تو سب کچھ ہے (ف) مقولہ۔ ایمان سب چیزوں سے بہتر ہے ۔

ایمن (اے۔ مَن) (ع) (۱) مبارک تر (۲) دہنی طرف (۳) کوہ طور کی دہنی جانب کی وادی ۔

ایمن (اِی۔ مَن) (ع) (۱) بے خوف۔ نڈر (۲) (ہ) مؤنث۔ دیپک راگ کی ایک راگنی ۔

ایمن (اِی۔ مَن) (ع) بڑا بے خوف۔ بڑا نڈر ۔

ایمونیا (اے۔ مُو۔ نِی۔ آ) (انگ AMMONIA)

مذکر۔ چونے اور تھاورکا مرکب ۔

ایمونیشن (اَم۔ مُو۔ نی۔شن) (AMMUNITION) انگ۔ مذکر۔ بارود۔ سامانِ جنگ وغیرہ

ایمہ (اَ۔ ئے۔ مَہ) ت مذکر۔ معانی عالیہ

این (اَین) (ع) مذکر۔ گائے بھینس کی بدھ۔ ہوانا کھیری ۔

ایں (آئیں) (ف) (۱) کلمہ تعجب (۲) استفہام (۳) تنبیہ تہدید (۴) ضرور (۵) کلمہ دریافت کرنا ۔

ایں (اِیں) (ف) یہ

اینٹ (اِینٹ) (ہ) مونث۔ خشت ۔

اینٹ سے اینٹ بجانا (ہ) مسمار اور برباد کرنا تباہ کرنا۔ ڈھانا۔ گرانا ۔

اینٹ کا جواب پتھر سے ملنا (ہ) محاورہ۔ بُرا بھلا کہہ کر اس سے زیادہ سخت بُرا سننا ۔

اینٹ کا گھر مٹی کر دینا (ہ) گھر تباہ کر دینا دولت برباد کر دینا ۔

اینٹ کی خاطر مسجد ڈھانا (ہ) تھوڑے نفع کے لئے بہت بڑا دینی نقصان کرنا ۔

اینٹھ (اَینٹھ) (ہ) مونث۔ غرور۔ سرکشی۔ اکڑ ۔

اینٹھ جانا (ہ) اکڑ جانا۔ خفا ہونا ۔

اینٹھ رکھنا } (ہ) (۱) کسی چیز کو دبا رکھنا (۲)
اینٹھ لینا } الجھن میں رکھنا ۔

اینٹھ کر چلنا (ہ) غرور سے ساتھ چلنا ۔

اینٹھن (ہ) مونث۔ تشنج۔ رگوں کا کھنچنا (۲) بل پڑنا ۔

اینٹھنا (ہ) (۱) مکر کرنا۔ بٹنا (۲) چال کرکے کوئی چیز کسی سے لے لینا۔ مار بیٹھنا یا مار بیٹھنا (۳) اعضا میں کھنچاؤ۔ درد تشنج ہونا (۴) ٹھٹھرنا سکڑنا (۵) آزردہ ہونا۔ روٹھنا۔ کشیدہ ہونا ۔

اینٹھے باز } (ہ) مذکر۔ اکڑ باز ۔
اینٹھے خاں }

ایں جانب (اِیں۔ جا۔نب) (ف) ہم ما بدولت ۔

اینچ (اینچ) (ہ) (۱) اینچنا کا امر (۲) مونث۔ کھینچ۔ کشش (۳) پھیلاؤ۔ دباؤ۔ میلان (۴) مرضی خواہش (۵) ترکول (۶) ... (۷) کمی (۸) لگان ادا ہونے کا ایک طریقہ ۔

اینچا (اِین۔ چا) کھنچا ہوا ۔

اینچا تانی (ہ) کھینچا تانی ۔

اینچا تان } (ہ) مونث۔ کشاکش۔ کھینچا۔
اینچا کھینچی } کھینچا کھینچی ۔

اینچ پینچ کی باتیں کرنا (ہ) مکر و فریب کی باتیں کرنا

اینچ پیچ کے (ہ) مونث جو مشکل سے کھنچ کے ... ۔

اینچ دینا (ہ) رسائی دینا

اینچ کرنا (ہ) کھینچنا (۲) بے تعلقی کرنا ۔

اینچ لینا (ہ) (۱) کھینچ لینا (۲) میان سے تلوار کھینچنا (۳) پینا (۴) ذمہ دار ہونا (۵) بہت سا روپیہ کمانا ۔

اینچو (ہ) مونث۔ کشاکش

اینچنا (ہ) (۱) کھینچنا (۲) تصویر بنانا (۳) تاننا (۴) اپنے ذمے لینا ۔

ایں خانہ تمام آفتاب است (ف) (مثل) (۱) گھر کو گھر لائق یا نالائق ہے تمام خاندان نیک ہے۔ (۲) گھر کا گھر بدمعاش ہے ۔

ایندھن (اِیں۔ دھن) (ہ) مذکر۔ لکڑی۔ اپلے وغیرہ جلانے کی چیزیں ۔

ایندھن ہو جانا (ہ) (۱) جلانے کے قابل ہو جانا۔ ناکارہ ہونا۔ بڑھیا ہو جانا۔ تھس جانا ۔

اینڈ (اینڈم) (ہ) اتھرا۔ ادھورا ۔

اینڈا (اَین۔ڈا) (ہ) مذکر۔ تکمیہ وغیرہ ۔

اینڈا اینڈا پھرنا (ہ) اتراتے پھرنا ۔

اینڈ کر چلنا (ہ) اکڑ کر چلنا۔ اترانا۔ اور سختی سے چلنا ۔

اینڈ کر دینا (ہ) ٹیڑھا کر دینا ۔

اینڈنا (ہ) (۱) غرور کرنا۔ اکڑنا (۲) بدن کو تانا۔ بار بار انگڑائیاں لینا ۔

اینڈ ہو جانا (ہ) نکمہ ہو جانا۔ بگڑ جانا۔ بھنس جانا۔

اینڈ ہونا (ہ) اکڑنا ۔

اینڈی بینڈی (ہ) ناشائستہ۔ سخت سست۔ ٹیڑھی ترچھی ۔

اینڈے بینڈے (ہ) ٹیڑھے ترچھے بے ڈھنگے

ایں کار از تو آید و مرداں چنیں کنند (ف) (مثل)

کیا کہنا ہے۔ یہ کام تمہیں سے ہو سکتا ہے۔ مرد ایسے ہی کرتے ہیں۔

ایں گل دیگر شگفت (ف) مثل۔ یہ دوسرا گل کھلا۔ یہ تازہ واقعہ ہوا۔ یہ دوسری حرکت ظاہر ہوئی۔ یہ اور بدمعاشی ظاہر ہوئی۔

اینگلو انڈین (اِین۔ گ۔ لو۔ اِن۔ ڈِین) (انگ) (Anglo Indian) ہندوستان میں رہنے والا انگریز۔

اینگلو اورینٹل (انگ) (Anglo Oriental) انگریزی مشرقی۔

اینگلو سنسکرت (انگ) (Anglo Sanskrit) انگریزی سنسکرت۔

اینگلو عربک (انگ) (Anglo Arabic) انگریزی عربی۔

اینگلو محمڈن (انگ) (Anglo Mohammedan) انگریزی مذاق کا مسلمان۔

اینگلو ورنیکلر (انگ) (Anglo Vernacular) دیسی اور انگریزی سکول۔

این و آں (ف) مذکر۔ (۱) یہ وہ (۲) (کنایۃً) حجت۔ دلیل۔ چون و چرا۔ اعتراض۔ بحث۔

ایں ہم اندر عاشقی بالائے غمہائے دگر (ف) مقولہ۔ یہ مصیبت بھی دوسری مصیبتوں کے ساتھ آ گئی۔ جہاں اور بہت سی مصیبتیں ہیں۔ وہاں یہ بھی سہی۔

ایں ہم بچہ شتر است (ف) محاورہ۔ یہ بھی اونٹ کا بچہ ہے۔ یعنی یہ بھی تنگ کرنے والا ہے۔ یہ بھی اسی خاندان سے ہے۔

ایں ہم بر سر الم (ف) مقولہ۔ بہت سی مصیبتوں میں ایک اور بھی سہی۔

ایوارا (اے۔ وا۔ رَ) (ہ) مذکر۔ وہ مکان جو مویشیوں کے لئے جنگل میں بناتے ہیں۔

ایوان (اِے۔ وان) (ف) مذکر۔ محل۔ مکان۔

ایوان تجارت (ف۔ ع) مذکر۔ وہ کمرہ جہاں تجارتی مجلس یا سبھا بیٹھ کر تجارتی قوانین بناتی اور ملک میں نشر کرتی ہے۔

ایوان ہائے پارلیمنٹ (ا) مذکر۔ وہ مکان یا محل جہاں برطانیہ عظمےٰ اور آئرلینڈ کی مجلس اعلےٰ بیٹھ کر قوم کی فلاح و بہبود کے متعلق اجلاس منعقد کرتی ہے۔

ایوب (اَی۔ یوب) (ع) مذکر۔ ایک پیغمبر کا نام جو مصیبتوں اور بلاؤں کے امتحان میں نہایت صابر اور شاکر ثابت ہوئے۔ اسی لئے صابر کا لفظ اُن کی طرف منسوب ہے۔

اے وقت تو خوش کہ وقت ما خوش کردی (ف) مقولہ (دعا) جیسا اس وقت تو نے مجھے خوش کیا۔ تو بھی خوش رہ۔

ایوننگ پارٹی (اِی۔ وو۔ ننگ۔ پار۔ ٹی) (انگ۔ مؤنث) (Evening party) وہ انگریزی جلسہ جو شام کے وقت ہو۔ شام کے وقت کی دعوت۔

ایہام (اِی۔ ہام) (ع) مذکر (۱) وہم میں ڈالنا (۲) اصطلاح شاعری میں اس صنعت کو کہتے ہیں کہ شاعر شعر میں ایک ایسا لفظ لائے جس کے دو معنے ہوں۔ ایک معنی اس مقام کے قریب ہو اور دوسرے بعید۔ لیکن شاعر بعید سے مراد لے۔

ب

ب (ع) مؤنث ۔ عربی ۔ فارسی ۔ اردو حروف تہجی کا دوسرا اور ہندی کا تیسواں حرف (۲) ابجد کے حساب سے اس کے دو عدد ہیں ۔ (۳) یہ حرف اردو میں عربی اور فارسی کے الفاظ کے ساتھ کبھی معنی قسم کبھی صلہ انصال کبھی صاحب اور والا کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے ۔

ب ۔ ا

با (بَا) (ف) حرف ربط ۔ ساتھ ۔ ہمراہ ۔ سنگ ۔

با ادب با نصیب ۔ بے ادب بے نصیب : (۱) مثل ۔ ادب کرنے والا خوش نصیب اور گستاخ بدبخت ہوتا ہے ۔

با اثر (ف) (۱) تاثیر رکھنے والا (۲) صاحب رسوخ ۔

با اختیار (ف) مختار ۔ جسے کامل اختیار ہو ۔

با ایمان (ف) ایمان والا ۔ دیندار ۔ سچا ۔ دیانتدار ۔

با تدبیر (ف) دور اندیش ۔ سوچ بچار والا ۔ ہوشیار ۔ دانا ۔

با تمیز (ف) تمیزدار ۔ شائستہ ۔ مہذب ۔ مؤدب ۔

با حیا (ف) شرم و حیا والا ۔ حیادار ۔ نیک ۔

با خبر (ف) خبر رکھنے والا ۔ واقف ۔ ماہر ۔ آگاہ ۔ عارف کامل ۔

با شوق (ف) خوشی کے ساتھ ۔ رضا و رغبت ۔

با ضابطہ (ف) قاعدے کے ساتھ ۔ دستور کے مطابق ۔ قانون کے اندر ۔ جیسا چاہیئے تھا ۔

با قاعدہ (ف) ترتیب وار ۔ قرینے سے ۔ موقع سے ۔ ٹھیک ۔ درست ۔ صحیح ۔

با مروّت (ف) (۱) ملنسار ۔ خوش اخلاق (۲) با دفا ۔ لحاظ والا (۳) فیاض ۔ سخی ۔ شرم والا ۔

با نوا (ف) مذکر (۱) آزاد سیروں کا ایک گروہ (۲) صاحب ساز و سامان ۔ مال و دولت والا ۔ ملک لشکر کا مالک ۔

با وضع (ف) مذکر (۱) خوش اخلاق ۔ شائستہ (۲) تمیزدار ۔ مؤدب (۳) وضع کا پابند (۴) خوبصورت (۵) نباہ کرنے والا ۔

با وفا (ف) (۱) وفادار ۔ نباہنے والا (۲) بات کا پکا ۔ قول و قرار کا سچا ۔

باب (بَاب) (ع) مذکر (۱) دروازہ ۔ دوار (۲) مقدمہ ۔ معاملہ (۳) کتاب کا حصہ ۔ فصل ۔ ادھیائے ۔ عنوان (۴) قسم ۔ نوع (۵) بابت ۔ حساب (۶) مطلب ۔ مقصد ۔ غرض (۷) تذکرہ ۔ مضمون ۔ بحث (۸) دربار ۔ بارگاہ ۔

بابا (بَابَا) (ف) مذکر (۱) باپ ۔ والد ۔ پتا (۲) دادا ۔ جد (۳) فقیر ۔ بزرگ ۔

بابا (مخرب) ۔ انگریزی بے بی (Baby) مذکر ۔ بالک ۔ ننھا ۔ زنجیوں کا شیر خوار بچہ (مِس بابا) ۔

بابت (بَابَت) (ع) مؤنث (۱) بارہ (۲) صیغہ (۳) لئے ۔ واسطے (۴) معاملہ (۵) سبب ۔ نسبت ۔ متعلق (۶) بدلہ ۔ عوض ۔ اجرت ۔ مزدوری ۔

بابر (بَا ۔ بَر) ۔ (۱) مؤنث ۔ (۱) ایک قسم کی گھاس جس سے بان بٹتے ہیں ۔ (۲) مذکر ۔ خاندان مغلیہ میں سے ایک مشہور بادشاہ کا نام جو سلطان جلال الدین اکبر اعظم کا دادا تھا ۔

با برنگ (با ۔ بر ۔ نگ) }
باذرنگ (با ۔ ذَر ۔ نگ) } (ف) مؤنث ایک دوا کا نام ۔

بابک (با ۔ بک) (ف) مذکر ایک بادشاہ کا نام ۔

بابُل (با بُل) (ہ) مذکر باپ - پتا - پدر - والد ۔

بابِل (با بِل) (ع - مذکر -) عراق کا ایک شہر جو کسی زمانے میں جادو کے باعث مشہور تھا ۔

بابن (با بِن) (انگریزی) (Bobbin) ڈوری - بلیک نیڈ وسیاہی کے گولوں میں لگا جاتا ہے ۔

بابن لیٹ (بابِن لیٹ) (انگ - یا بسٹ - Bobbinet) مؤنث - نہایت باریک جالیدار کپڑا ۔

بابو (با - بُو) (ہ) مذکر (۱) تعظیمی خطاب - (۲) شہزادہ (۳) بالک - بچہ - (۴) انگریزی دان ہندوستانی - (۵) کلرک ۔

بابونہ (با - بُو - نَہ) (ف) مذکر - ایک قسم کی بوٹی جس کے پھولوں کا روغن اکثر جوڑوں کے درد میں مفید ہوتا ہے ۔

بابی (با - بی) (ف) مذکر ایک مذہبی فرقہ ۔

باپ (بَ پ) (ہ) مذکر - (۱) پتا - والد - ابّا - دادا - میاں - (۲) بزرگ - بڑا ۔

باپ بنانا (ہ) (۱) والد کے برابر رکھنا - بزرگ ماننا - (۲) خوشامد کرنا ۔

باپ بنیا اور پوت نواب (ہ) مثل - باپ کوڑی کوڑی جوڑتا ہے - بیٹا فضول خرچی کرتا ہے

باپ بھکاری پوت بھنڈاری (ہ) مثل - (۱) باپ بھیک مانگ کر جمع کرتا ہے - بیٹا خواہ مخواہ لٹاتا ہے - (۲) باپ کی حیثیت کو دیکھ کر بیٹے کا فضول خرچی کرنا ۔

باپ بھلا نہ بھیا - سب سے بھلا روپیہ (ہ) مثل - طنزاً روپے کی تعریف میں کہتے ہیں ۔

باپ پر پوت - پتا پر گھوڑا
بہت نہیں تو تھوڑا تھوڑا } (ہ) مثل - اولاد باپ سے تھوڑی بہت ضرور ملتی ہے ۔

باپ تک جانا - یا - پہنچنا (ہ) کسی سے باپ کو برا بھلا کہنا - باپ کی گالی دینا ۔

باپ دادا (ہ) مذکر (۱) باپ وجد - بڑے بوڑھے - (۲) اوپر کی پیڑھی - پشت

باپ رے باپ (ہ) پورب میں تعجب یا خوف کے موقع پر بولتے ہیں

باپ کا (ہ) (۱) موروثی ورثہ کا - پشتینی - (۲) باپ کی ملکیت ۔

باپ کرے باپ پائے - بیٹا کرے بیٹا پائے (ہ) مثل - (۱) ہر شخص اپنے کئے کا بدلہ پاتا ہے - (۲) جو کرے - سو بھرے - جو کرے گا - سو بھرے گا

باپ مارے کا بَیر (ہ) محاورہ - قدیم عداوت - پشتینی دشمنی - بڑا سخت بَیر ۔

باپ مریں تو پوت راج کریں (ہ) مثل - جب کوئی شخص باپ کے مرنے پر پھولے اڑاتا ہے - تو کہتے ہیں ۔

باپ نہ دادا سات پشت کا حرامزادہ (ہ) مثل جس کا سرپرست نہیں - وہ بے لگام ہوتا ہے ۔

باپ نہ ماری پدڑی بیٹا تیرانداز (ہ) مثل (۱) نامرد باپ کا بہادر بیٹا - (۲) نامرد خاندان کے آدمی کا ڈینگ ہانکنا ۔

بات (بَاتْ) (ہ) مؤنث - (۱) لفظ - فقرہ - کلمہ - کلام جو آدمی کے منہ سے نکلے - (۲) مقولہ - کہا - (۳) مثل - کہاوت - ضرب المثل - (۴) حال - احوال - ماجرا - سرگزشت - (۵) قصّہ - کہانی - ذکر - (۶) چرچا - افواہ - (۷) پیام - سندیسا (۸) شادی کا پیغام - نسبت - سگائی - (۹) مضمون - عبارت - (۱۰) طعنہ - طنز (۱۱) گلہ - شکوہ - (۱۲) الزام - حرف - (۱۳) ڈھکوسلا - (۱۴) بہانہ - حیلہ - (۱۵) بڑائی - غیبت - (۱۶) ضد - اڑ - ہٹ (۱۷) قصور - تقصیر - (۱۸) سبب - وجہ (۱۹) قول - عہد و پیمان - (۲۰) اعتبار - ساکھ - (۲۱) عزّت - پت - (۲۲) پند - نصیحت - (۲۳) نکتہ - حکمت - (۲۴) دانائی - عقلمندی (۲۵) چٹکلہ - لطیفہ (۲۶) کیفیت - لطف - (۲۷) وصف - خوبی - (۲۸) ہنر - کام - (۲۹) سوال - (۳۰) عندیہ - منشاء (۳۱) مفہوم - مافی الضمیر (۳۲) مقصد - مدعا (۳۳) خواہش - ضرورت (۳۴) تمنّا - آرزو - (۳۵) اختلاط - اخلاص - (۳۶) تدبیر - علاج - (۳۷) تجویز - صلاح - (۳۸) باب - معاملہ - مقدمہ - (۳۹) کام کاج کاروبار - (۴۰) شغل - تعلق (۴۱) راز - بھید (۴۲) ڈھنگ - اطوار - (۴۳) آن - انداز (۴۴) رمز - اشارہ

(۴۵) حادثہ۔ معاملہ۔ (۴۶) موقع۔ محل۔ (۴۷) نہایت آسان کام۔ (۴۸) مشکل۔ دشوار۔ (۴۹) چیز۔ (۵۰) وصل۔ (۵۱) آواز۔ صدا۔ (۵۲) ریت۔ رسم۔ (۵۳) مول۔ قیمت۔ (۵۴) رائے۔ سمجھ۔ (۵۵) خیال۔ دھیان۔ (۵۶) دلیل۔ وجہ۔ ثبوت (۵۷) قضیہ قصہ۔ جھگڑا۔ فساد ؎

بات آنا (ف) (۱) الزام آنا۔ برائی آنا۔ (۲) پیغام نسبت آنا۔ منگنی آنا (۳) بول چال کر سکنا ؎

بات اُٹھانا (ف) (۱) بات کو گوارا کرنا۔ بات کا برداشت کرنا۔ (۲) آرزو پوری کرنا (۳) حکم بجا لانا۔ (۴) سوال یا قول یا بات دہرانا۔ (۵) سوال چھیڑنا ؎

بات بات میں (ف) (۱) ہر بات میں۔ اُٹھتے بیٹھتے بات میں۔ ہر دفعہ۔ ہر بار (۲) سرتاسر۔ بالکل ؎

بات بات میں چھری کٹاری (ف) محاورہ۔ ہر بات پر لڑائی کا سامان۔ ہر بات میں کشت و خون کی تیاری ؎

بات بات میں کھچنا (ف) خواہ مخواہ روٹھنا۔ ہر بات میں برا ماننا ؎

بات باندھنا (ف) مکرنا۔ خلاف بیان کرنا۔ جھوٹی دلیل کرنا ؎

بات بدلنا (ف) زبان پھیرنا۔ کہہ کر پلٹنا۔ مکرنا۔ کہے ہوئے کے خلاف کرنا۔ بیان کے خلاف بیان کرنا ؎

بات بدلی سا کھ بدلی (ف) (۱) محاورہ۔ بات میں فرق آتے ہی اعتبار میں فرق آجاتا ہے (۲) وعدہ خلافی سے اعتبار جاتا ہے ؎

بات بڑھانا (ف) بات کو طول دینا۔ بہت بڑھا (۲) فساد یا جھگڑا بڑھانا۔ تکرار بڑھانا۔ (۳) کسی کی بات کو ترجیح دینا۔ تائید کلام کرنا۔ (۴) عزت دینا ؎

بات بننا (ف) (۱) کامیاب ہونا۔ (۲) عزت پانا۔ نیک نامی ملنا۔ سرداری ملنا۔ آبرو پیدا ہونا۔ (۳) موقع ملنا ؎

بات پانا (ف) (۱) مطلب سمجھ لینا۔ (۲) ہمدردی اور بھلائی دیکھنا۔ بات کی اصلیت کا معلوم ہو جانا ؎

بات پچنا (ف) (۱) بات کا پوشیدہ رکھا جانا (۲) ضبط ہونا۔ بات ہضم ہونا ؎

بات پر آنا (ف) ضد کرنا۔ ہٹ کرنا۔ اپنی بات کی پچ کرنا ؎

بات پر بات یاد آنا (ف) باتیں کرتے ہوئے بھولی ہوئی بات کا یاد آنا۔ بات میں سے بات پیدا ہونا۔ ایک بات میں دوسری بات یاد آنا ؎

بات پکا کرنا (ف) (۱) معاملہ طے کرنا۔ ارادہ کرنا (۲) وعدے کا پکا کرنا۔ (۳) سچائی کا اظہار کرنا ؎

بات پکڑنا (ف) (۱) نکتہ چینی کرنا۔ نقص نکالنا (۲) کسی شخص کو اس کے قول سے قائل کرنا ؎

بات پوچھنا (ف) (۱) بات دریافت کرنا۔ حال دریافت کرنا (۲) خبر لینا۔ ذکر کرنا۔ (۳) عزت کرنا۔ قدر و مدارات کرنا ؎

بات پھوٹنا
بات پھیلنا } (ف) بات ظاہر ہونا ؎

بات پھیلانا (ف) بات مشہور کرنا ؎

بات پھینکنا (ف) محاورہ۔ طعنہ مارنا۔ آوازہ کسنا۔ لعن طعن کرنا ؎

بات پی جانا (ف) بری بات کا برداشت کرنا۔ برا بھلا سن کر خاموش ہونا۔ ضبط کرنا ؎

بات پیدا کرنا (ف) (۱) طرز پیدا کرنا۔ (۲) حیلہ کرنا۔ بہانہ کرنا۔ (۳) کمال حاصل کرنا (۴) عزت پیدا کرنا ؎

بات ٹالنا (ف) (۱) سنی ان سنی کرنا۔ ادھر ادھر کی باتیں کرنا۔ بات کا جواب نہ دینا۔ اور اور باتیں کرنا۔ (۲) وعدے کا پورا نہ کرنا۔ حیلے حوالے کرنا ؎

بات ٹھنڈی پڑ جانا (ف) معاملہ دب جانا۔ شورش دور ہو جانا ؎

بات ٹھہرانا۔ یا۔ ٹھہرنا (ف) (۱) تجویز قرار پانا۔ (۲) نسبت یا سگائی قرار پانا۔ وعدے وعید ہو جانا ؎

بات جانا (ف) اعتبار جاتے رہنا۔ عزت میں فرق آنا۔ ساکھ نہ رہنا۔ پت جاتے رہنا ؎

بات جمانا (ف) بات ذہن نشین کرنا ؎

بات جو چاہے پیئے پانی مانگ نہ پی (ف) مثل۔ اپنی عزت چاہے تو پانی تک کا احسان نہ لے یعنی کسی کا تھوڑا احسان رکھنے میں بھی عزت

نہیں رہتی ✦

بات چبانا (ف) کلام کا رُخ پلٹ دینا ✦

بات چلانا (ف) (۱) ذکر چھیڑنا۔ (۲) جھگڑا شروع کرنا۔ (۳) اعتبار پیدا کرنا ✦

بات چیت (ا) مؤنث۔ (۱) بول چال۔ گفتگو۔ گفت شنید۔ (۲) ٹھہراؤ۔ (۳) قول قرار ✦

بات دہرانا (ف) ایک بات کو دوبارہ کہنا۔ پھر کر کہنا ✦

بات دینی آنا (ف) جواب دہ ہونا۔ ذمہ دار ہونا۔ الزام آنا ✦

بات رکھ لینا (ف) (۱) کہا مان لینا (۲) عزت رکھ لینا۔ آبرو بچا لینا۔ (۳) وقت پر کام دینا۔ آڑے وقت پر کام آنا ✦

بات رہ جانا (ف) (۱) عزت رہ جانا۔ (۲) الزام یا برائی سے بری ہو جانا۔ (۳) رائے کا قائم رہنا۔ (۴) کامیاب ہونا ✦

باتری (بَاتْ۔ رِی) } (ا) (انگ بیٹری

باٹری (بَاٹْ۔ رِی) } Battery) مؤنث۔ توپ خانہ ✦

بات کا بتنگڑ ہو گیا (ف) مثل۔ تھوڑی سی بات بہت بڑھ گئی ✦

بات کا پورا (ص) (۱) بات کا پکا۔ صادق القول۔ وعدے کا سچا۔ باوفا (۲) راست باز۔ (۳) معزز ✦

بات کاٹنا (ف) قطع کلام کرنا۔ گفتگو میں دخل دینا۔ دوسرے کی بات میں بات کرنا ✦

بات کا سر پیر نہ ہونا (ف) (۱) کسی بات کی ابتدا و انتہا کی خبر نہ ہونا۔ (۲) سلسلۂ گفتگو کا درست نہ ہونا۔ نامکمل بات ✦

بات کان پڑنا (ف) کسی بات کا سُننا۔ خبر ملنا۔ اطلاع پانا۔ افواہ سُننا ✦

بات کا ہیٹا (ص) قول کا کچا۔ جھوٹا۔ لغوگو۔ وعدے سے پھرنے والا۔ اپنی بات کا خیال نہ رکھنے والا ✦

بات کرتے پتھر مارتا ہے (ف) سخت کلام ہے

بات کرتے میں (ف) دم کے دم میں۔ آناً فاناً۔ لمحے میں۔ پل میں ✦

بات کرسی نشیں ہونا (ف) بات ٹھیک بیٹھنا ✦

بات کرنا (ف) بولنا۔ گفتگو کرنا۔ متوجّہ ہونا۔ مخاطب ہونا ✦

بات کو آنچل میں باندھنا (ف) کسی قول کو یاد رکھنا۔ وصیت یا نصیحت پر عمل کرنا ✦

بات کو کھٹائی میں ڈالنا (ف) (۱) جھگڑا کرنا۔ (۲) دیر لگانا۔ ٹال مٹول کرنا۔ حیلہ حوالہ بتانا۔ لیت لعل کرنا ✦

بات کھلنا (ف) افشائے راز ہونا۔ بھید ظاہر ہونا ✦

بات کھو دینا (ف) ساکھ بگاڑ لینا ✦

بات کہی پرائی ہوئی (ف) مثل۔ مُنہ سے نکلی ہوئی بات چھپائے نہیں چھپتی ✦

بات کہے پھول جھڑنا (ف) خوش کلام اور خوش گفتار ہونا ✦

بات کی بات۔ لات کی لات۔ بات کی بات خرافات کی خرافات (بکری کے سینگوں کو چر گئے۔ بیری کے پات) (ف) مثل۔ دل لگی میں کوئی ناگوار بات کہتے یا کسی ناگوار واقعے کی طرف اشارہ کرتے وقت بولتے ہیں ✦

بات کی بات میں (ف) فوراً۔ جلد۔ تُرت۔ پھُرتی۔ تھوڑی دیر میں۔ آناً فاناً ✦

بات کی پیچ (ا) مؤنث۔ سخن پروری۔ بات پرست کرنا۔ بات پر اَڑنا ✦

بات گرہ باندھنا۔ یا۔ گرہ میں باندھنا (ف) (۱) بات کو یاد رکھنا۔ (۲) نصیحت کو ماننا۔ وصیت پر عمل کرنا ✦

بات گھڑنا (ف) جھوٹی بات بنانا۔ ڈھکوسلا کھڑا کرنا۔ افواہ اُڑانا

بات لاکھ کی کرنی خاک کی (ف) مثل۔ باتیں بڑی بڑی اور کرتے کچھ نہیں ✦

بات لانا (ف) (۱) نسبت یا سگائی لانا۔ پیغام لانا۔ (۲) الزام لگانا۔ عیب لگانا یا رکھنا ✦

بات لگانا (ف) لگائی بجھائی کرنا۔ کان بھرنا۔ غیبت کرنا ✦

بات ماننا (ف) محاورہ۔ منظور کرنا۔ قبول کرنا ✦

بات منہ پر رکھنا۔ یا۔ لانا (ف) محاورہ (۱) کسی بات کو جتانا۔ ذکر کرنا۔ (۲) طعن مارنا۔ (۳) اظہار احسان کرنا ✦

بات میں سے بات نکالنا (ف) محاورہ۔ (۱)

نئی بات ایجاد کرنا۔ (۲) دوسرے کے قول سے اپنا مُدعا ثابت کرنا۔ (۳) نکتہ چینی کرنا ÷

بات میں فرق آنا (ف) محاورہ (۱) بے اعتباری ہونا۔ ساکھ جاتے رہنا۔ (۲) قول میں پورا نہ اترنا۔ درجہ ٹوٹ جانا۔ تنزّل ہونا ÷

بات میں پخ نکالنا (ف) محاورہ۔ اعتراض کرنا۔ نکتہ چینی کرنا۔ بات بگاڑنا۔ نقص نکالنا۔ حوالے جتانا۔ عیب ظاہر کرنا ÷

بات نہ پوچھنا (ف) محاورہ۔ متوجّہ نہ ہونا ÷

بات نہ کرنا (ف) خاطر میں نہ لانا۔ مغرور ہونا ÷

بات نیچی پڑنا (ف) محاورہ۔ (۱) حقیر ہونا۔ (۲) ہار جانا۔ (۳) بے عزّت ہونا ÷

باتُون (با۔ تُون) (ص) مذکّر۔ بہت باتیں بنانے والا۔ بکواسی۔ فضول گو۔ زیادہ بولنے والا ÷

باتوں (با۔ توں) (ف) مؤنث۔ بات کی جمع ÷

باتوں باتوں میں (ف) محاورہ۔ (۱) اثنائے کلام میں۔ دوران گفتگو میں۔ (۲) فوراً۔ یکایک ÷

باتوں باتوں میں کام نکالنا (ف) محاورہ۔ ترکیب سے کام بنانا ÷

باتوں کا جھاڑ باندھنا (ف) محاورہ۔ لگاتار بولے جانا۔ باتوں کا تار باندھ دینا ÷

باتوں کا دھنی (ص) محاورہ۔ باتونی۔ سخن ساز۔ بہت باتیں کرنے والا ÷

باتوں میں آنا (ف) (۱) کہنے میں آنا۔ (۲) دم یا فریب میں آنا۔ دھوکا کھانا ÷

باتوں میں اڑانا (ف) محاورہ۔ (۱) ہنسی میں اڑانا۔ ٹالنا۔ دھوکا دینا۔ (۲) کام نہ کرنا ÷

باتوں میں دھر لینا (ف) لاجواب کرنا۔ قائل کرنا۔ باتوں میں بالینا

باتونی - یا - باتُونیا (ص) مذکّر۔ بہت باتیں بنانے والا۔ یاوہ گو۔ بکواسی۔ تلّی ÷

باتھ روم (باتھ۔ رُوم) (انگ) Bath Room مذکّر۔ مغتسل خانہ۔ نہانے کا کمرہ ÷

بات ہے (ف) محاورہ۔ (۱) سہل ہے۔ آسان ہے۔ (۲) ڈھکوسلا ہے۔ گھڑت ہے ÷

بات ہیٹا (ص) مذکّر۔ بے اعتبار ÷

باتیں (ف) مؤنث۔ بات کی جمع۔ گفتگوئیں ÷

باتیں بگھارنا (ف) محاورہ۔ باتیں بنانا۔ جھوٹ بولنا۔ (۲) خوشامد کرنا۔ (۳) طعنے مارنا۔ (۴) الزام دھرنا

باتیں چبا چبا کے کرنا (ف) غرور اور تکبّر کی گفتگو کرنا۔ مُنہ سے پوری بات نہ نکالنا ÷

باتیں چھانٹنا (ف) محاورہ۔ طنز آمیز باتیں کرنا۔ طعنے مارنا۔ باتیں سنانا ÷

باتیں سُننا (ف) محاورہ۔ بغور سُننا۔ دھیان سے سُننا۔ بُرا بھلا سہنا۔ ناگوار باتیں برداشت کرنا ÷

باتیں ہی باتیں ہیں (ف) محاورہ۔ (۱) سوا باتوں کے اور کسی کام کا نہیں۔ نکمّا ہے۔ باتیں ہی کرنا جانتا ہے۔ (۲) بڑا ڈراوا ہے ÷

باٹ (باٹ) (ہ) مذکّر۔ (۱) بٹ۔ تولنے کے اوزان۔ بٹّے۔ (۲) رستہ۔ راہ۔ سڑک۔ طریق ÷

باٹ پیمانہ (ہ۔ ف) مذکّر۔ مال تجارت کی جانچ پڑتال کرنے والا آلہ ÷

باٹ چلے جانیئے یا باٹ پڑے جانیئے (ہ) مثل۔ ساتھ رستہ چلنے یا واسطہ پڑنے سے انسان کی حقیقت معلوم ہوتی ہے ÷

باٹ دیکھنا (ہ) محاورہ۔ (۱) انتظار کرنا۔ راہ دیکھنا۔ (۲) اوزان (بٹّے) کی تلاش کرنا ÷

باٹ کا آٹا (ہ) مذکّر۔ وہ باریک آٹا جو چکّی کے گرنڈ میں گرنے سے خود بخود جمع ہوتا ہے ÷

باٹی (با۔ ٹی) (ہ) مؤنث۔ روٹی کی چھوٹی چھوٹی ٹکیاں جو انگاروں پر رکھ کر سینک لیتے ہیں ÷

باج (باج) (ہ) مذکّر۔ خراج۔ محصول۔ زرِ مالگزاری ÷

باجا (با۔ جا) (ہ) مذکّر۔ بجنے کی چیز۔ ساز۔ مزامیر ÷

باجا گاجا (ہ) مذکّر۔ (۱) گانا بجانا۔ (۲) خوشی۔ انبساط۔ راحت و تفریح ÷

باجپئی (باج۔ پئی) (ہ) مذکّر۔ برہمنوں کی ایک قسم ÷

باجرا (باج۔ را) (ہ) مذکّر۔ (۱) ایک قسم کا غلّہ۔ (۲) پھوار۔ ننھی ننھی بوندیں ÷

باجرا برسنا (ہ) پھوار پڑنا ÷

باجرا (ت۔ اج۔ را) (ف۔ ع) جاری کرنے سے۔ تعمیل کرنے سے ÷

باجگزار (ف) مذکّر۔ محصول۔ خراج۔ نذر دینے والا۔ مطیع۔ زیرِ اثر ÷

باجن (با۔ جن) (ہ) ڈھول تاشہ وغیرہ۔ یہ لفظ جمع میں بولا جاتا ہے ÷

باجنا (باج۔ نا) (ہ) مشہور ہونا۔ موسوم ہونا ÷

باجنتر۔ باجنتری (با۔ جن۔ تر۔ با۔ جن۔ تری) (ہ)

(۱) باجے والا۔ (۲) مذکر۔ وہ رقم جو گانے ناچنے والوں سے لیا جاتا ہے۔

باجی (با۔ جی) (ت) مؤنث۔ آپا۔ بہن۔ بی بی۔ ہمشیرہ۔ خواہر ✣

باچھ (باچھ) (ہ) مؤنث۔ (۱) گوشہ لب۔ کنجک دہان (۲) پتی۔ چندہ (۳) تقسیم بندی۔ کھاتہ ✣

باچھ ڈالنا (ہ) محصول وغیرہ ادا کرنا ✣

باچھا (با۔ چھا) (ہ) مذکر۔ بچھڑا ✣

باچھیں آنا (ہ) ہونٹوں کے کونوں کا پک جانا۔ باچھیں پکنا یا پھٹنا ✣

باچھیں ٹھوڑی تک آنا (ہ) محاورہ (۱) کھلکھلا کر ہنسنا (۲) نہایت غصے میں بکنا۔ چیخنا ✣

باچھیں کھل جانا (ہ) (۱) ہنسنا۔ کھلکھلانا۔ قہقہہ لگانا۔ (۲) نہایت خوش ہونا ✣

باختر (باخ۔ تر) (ف) مذکر۔ اکثر بمعنی مشرق مستعمل ہے۔ اور کہیں کہیں معنی مغرب بھی ہے ✣

باد (باد) (ہ) مذکر۔ (۱) دستوری۔ پتہ۔ دلالی۔ (۲) مقدمہ۔ نالش۔ (۳) زیادتی۔ بیشی۔ بڑھوتری۔ (۴) بحث۔ تکرار۔ جھگڑا ✣

باد (باد) (ف) مؤنث۔ پون۔ باؤ۔ ہوا ✣

بادِ آبستنی (ف) مؤنث۔ نباتات کو باردار کرنے والی ہوا ✣

بادِ تند (ف) جھکڑ۔ تیز ہوا۔ آندھی۔ طوفان باد ✣

بادِ رفتار (ف) نہایت چالاک اور تیز گھوڑا۔ ہوا کی مانند چلنے والا ✣

بادرنجبویہ (ع) مؤنث۔ بادرنگبویہ۔ بلی لوٹن مشہور دوا ہے ✣

بادِ صبا (ف) مؤنث (۱) صبح کے وقت شمال مشرقی گوشے کی ہوا۔ (۲) بہشت کی ہوا (۳) نسیم ✣

بادِ مخالف (ف) مؤنث۔ طوفان۔ آندھی۔ اُلٹی ہوا۔ آگے بڑھنے کو روکنے والی ہوا۔

بادِ موافق (ف) مؤنث۔ بادِ شرط۔ باد مراد۔ مفید و موافق ہوا۔ وہ ہوا جو چلنے میں مدد دے ✣

بادنما (ف) مذکر۔ وہ آلہ جس سے ہوا کا رُخ معلوم ہو ✣

بادام (با۔ دام) (ف) مذکر۔ (۱) مشہور میوہ ہے۔ (۲) (مجازاً) معشوق کی آنکھ۔ چشم محبوب ✣

بادامہ (با۔ دا۔ مہ) (ف۔ مذکر) ایک قسم کا ریشمی کپڑا ✣

بادامی (با۔ دا۔ می) (ف) (۱) بادام کے رنگ کا۔ ہلکا زرد رنگ۔ (۲) وہ خواجہ سرا جس کا عضو تناسل نہایت چھوٹا ہو (۳) ایک قسم کی مخروطی ڈبیہ ✣

بادبان (باد۔ بان) (ف۔ مذکر) پال۔ مستول۔ جھنڈا جو جہاز پر لگاتے ہیں تاکہ جلد چلے۔

بادخایہ (باد۔ خا۔ یہ) (ف۔ مذکر) ایک بیماری ہے۔ جس سے فوطے بڑھ جاتے ہیں۔ فتقاق۔ گھوڑے کے فوطے بڑھنے کا مرض ✣

بادخورہ (باد۔ خو۔ رہ) (ف۔ مذکر) گنج۔ ایک بیماری جس سے گھوڑے کے بال اڑ جاتے ہیں ✣

بادریسہ (باد۔ ری۔ سہ) } (ف۔ مذکر) ایک قسم
بادریشہ (باد۔ ری۔ شہ) } کی گول سوراخ دار لکڑی جو خیمے کی چوب کے اوپر رکھتے ہیں ✣

بادریہ (باد۔ ری۔ یہ) (ف۔ مذکر) چھت کا روشندان ✣

بادشاہ (باد۔ شاہ) (ف۔ مذکر) (۱) سلطان۔ شاہ۔ تخت کا مالک۔ راجہ (۲) مالک۔ حاکم۔ مختار۔ (۳) سردار۔ کامل۔ اُستاد۔ (۴) آزاد۔ خود مختار ✣

بادشاہانہ (ف) بادشاہوں کی مانند۔ شان و شوکت کا ✣

بادشاہت (ف) مؤنث۔ راج۔ سلطنت۔ حکومت۔ قلمرو ✣

بادشاہوں کی باتیں بادشاہ ہی جانیں (ہ) مثل۔ بڑوں کی باتیں بڑے ہی جان سکتے ہیں ✣

بادشاہی (ف) (۱) مؤنث۔ سلطنت۔ حکومت۔ قلمرو۔ راج (۲) شاہانہ ✣

بادشاہی خرچ (ہ) مذکر۔ شاہانہ خرچ۔ امیرانہ خرچ۔ فضول خرچ۔ حیثیت سے بڑھ کر خرچ ✣

بادشاہی سند (ہ) مؤنث۔ شاہی فرمان۔ شاہی سرٹیفکیٹ ✣

بادفروش (ف) بانونی۔ خوشامدی ✣

بادکش (باد۔ کش) (ف) مذکر۔ پنکھا ✣

بادل (با۔ دل) (ہ) مذکر۔ ابر۔ سحاب۔ گھٹا ✣

بادل آنا (ہ) ابر کا نمودار ہونا۔ آسمان پر گھٹا دکھائی دینا ✣

بادل پھٹنا (ہ) ابر کھلنا۔ مطلع صاف ہونا۔ گھٹا کا ہٹنا ✣

بادل چھانا (ہ) گھٹا کا گھرنا۔ محیط ہونا ✣

بادل دیکھ کر گھڑے پھوڑنا (۱) محاورہ۔ اُمید بندھنے کے آثار پا کر نقصان کر بیٹھنا ۔

بادل گرجنا ۔ کڑکنا ۔ بادل کے ٹکرانے کی آواز کا ہونا ۔

بادلا (بَادْ - لَا) (ہ) مذکر ۔ (۱) سونے اور چاندی

بادلہ (بَادْ - لَہ) کے تار ۔ (۲) زری کا کپڑا ۔ جو ریشم اور چاندی کے تاروں سے بُنا جاتا ہے ۔

بادمہرہ (ف ۔ مذکر) سانپ کا مہرہ جو مار گزیدہ کے لئے تریاق ہے ۔

بادنجان (بَادِنْ - جَان) (ع) مذکر ۔ بادنجان بینگن ۔

بادہ (بَا - دَہْ) (ف) مذکر ۔ شراب ۔ مے خمر ۔

بادہ کش ۔ یا ۔ بادہ نوش (ف) شرابی ۔ مے خوار ۔

بادھ (بَادْھ) (ہ) مؤنث ۔ ڈوری ۔ رسّی ۔

بادھا (بَا - دَھا) (ہ) مذکر ۔ (۱) بڑھوتری ۔ زیادتی ۔ بیشی ۔ (۲) اسرار ۔ آسیب ۔ بھوت پریت کا عمل ۔ (۳) دُکھ ۔ درد ۔ بیماری ۔

باد ہوائی (ف) مؤنث ۔ بیہودہ ۔ بے معنی ۔ آوارہ بیکار ۔ نکمّا ۔

بادی (بَا - دِی) (ہ) مؤنث ۔ (۱) مدّعی ۔ نالشی ۔ (۲) شریر ۔ بدذات ۔

بادی (بَا - دِی) (ف) (۱) نفاخ ۔ ریحی ۔ (۲) بارد ۔ سرد ۔

بادی (بَا - دِی) (ع) (۱) شروع ۔ اوّل ۔ (۲) شروع کرنے والا ۔ (۳) مصنّف ۔

بادی النظر (ع) ابتدائی نظر ۔

بادیان (بَا - دِیَان) (ف) مؤنث ۔ سونف ۔

بادیان رومی (ف) مؤنث ۔ انیسون ۔ ایک دوا کا نام ہے ۔

بادی پھیلانا (ہ) محاورہ ۔ (۱) جھگڑا کرنا ۔ فساد کرنا ۔ خرابی ڈالنا ۔ (۲) سستی پھیلانا ۔

بادی چور (ہ) مذکر ۔ پکا چور ۔ بڑا چور ۔ گھٹا چور ۔

بادیہ (بَا - دِیَہ) (ع) مذکر ۔ (۱) صحرا ۔ بیابان ۔ دشت ۔ جنگل ۔

بادیہ (ف) مذکر ۔ بڑا پیالہ ۔ بڑا کٹورا ۔

بادیہ پیما (ف) بادیہ گرد ۔ جنگل میں پھرنے والا ۔

بادی گارڈ (بَا - ڈِی - گَارْڈ) (انگریزی ۔ Body Guard) مذکر ۔ حفاظتی دستہ فوج ۔ جسم کا محافظ ۔ رکھوالا ۔

بار (بَار) (ف) مذکر ۔ (۱) وقت ۔ سماں ۔ موقع (۲) یوم ۔ دن ۔ روز ۔ تیتھ (۳) دیر ۔ بیر ۔ مرتبہ ۔ (۵) پنجاب میں ایک علاقے کا نام ۔

بار بار (ہ) گھڑی گھڑی ۔ متواتر ۔ بلا دقفہ ۔

بار (بَار) (ف) مذکر ۔ بوجھ ۔ اسباب ۔ (۲) رخصت ۔ اجازت ۔ (۳) پھل ۔ ثمر ۔ (۴) نوبت ۔ مرتبہ ۔ (۵) اندوہ ۔ غم ۔ (۶) عدالت ۔ مجلس ۔ (۷) مشکل ۔ دشوار ۔ ناگوار ۔ (۸) گریہ ۔ حمل ۔

بارّ (بَارّ) (ع ۔ مذکر) (۱) نیکی کرنے والا ۔ (۲) خدا کا نام ہے ۔

بارالٰہ (ع) مذکر ۔ خدائے بزرگ ۔

بارالٰہا (ع ۔ ف) اے خدائے بزرگ ۔

بارِ خدا (ع ۔ ف) مذکر ۔ خدائے بزرگ ۔

بارِ خدایا (ع ۔ ف) اے خدائے بزرگ ۔

بار (بَار) (انگریزی ۔ Bar) مذکر (۱) عدالت میں وکیلوں کے تقریر کرنے کی جگہ ۔ (۲) بیرسٹروں اور وکیلوں کی جماعت ۔

بار ایٹ لا (انگریزی ۔ Bar at-Law) بیرسٹر ایٹ لا کا مخفف ۔ قانون کی آخری حد ۔ یک امتحان ہے ولایت میں کہ اس سے آگے قانون ختم ہو جاتا ہے ۔

بار روم ۔ (انگریزی ۔ Bar Room) مذکر ۔ بیرسٹروں اور وکیلوں کی مجلس یا کمرہ ۔

باربر (بَارْ - بَرْ) (انگریزی ۔ Barber) مذکر ۔ حجام ۔ مُوتراش ۔

بار بردار (ف) مذکر ۔ بوجھ اٹھانے والا ۔ قلی ۔

بار برداری (ف) مؤنث ۔ (۱) اسباب لے جانے کا سامان ۔ (۲) وہ چوپائے جو بوجھ کھینچتے یا اُٹھا کر لے جاتے ہیں ۔ گاڑی ۔ چھکڑا ۔ خچر ۔ اونٹ گدھا وغیرہ ۔

بار تردید (ف ۔ ع) مذکر ۔ جواب دہی کی ذمّہ داری ۔

بار ثبوت (ف ۔ ع) مذکر ۔ ثبوت دینے کا ذمّہ ۔

بار ثبوت کا منتقل کرنا (۱) ثبوت کی ذمّہ داری فریق ثانی پر ڈالنا ۔

بار خاص (ف ۔ ع) مذکر ۔ (۱) خاص اجازت ۔ (۲)

کچ کا اجلاس ٭

بارِ خاطر (ف ۔ ع) ناگوار ۔ خلافِ طبع ۔ ناپسند ٭

بارِد (بَا ۔ رِد) (ع) ٹھنڈا ۔ سرد ۔ خنک ٭

باردار (ف) (۱) پھل دار ۔ پھلنے والا ۔ میوہ دار (۲) حاملہ ۔ گربھ والی ۔ گیابھن ۔ (۳) صاحب اولاد ۔ (۴) خوش قسمت ۔ نصیبے والا ۔ مالدار دولتمند ۔ (۵) بوجھ اُٹھانے والا ٭

باردانہ (ف) مذکر ۔ (۱) کسی چیز کے رکھنے کا برتن (۲) اسباب رکھنے اور باندھنے کا سامان ۔ (۳) فوج وغیرہ کے کھانے پینے کا سامان (۴) برتن بھانڈے ۔ سوداگری کا اسباب ۔ (۵) باورچی خانہ کا سامان ۔ (۶) اوپری صرف ۔ متعلق خرچ ۔ پیکنگ وغیرہ کا صرفہ ٭

بارِ عام (ف ۔ ع) مذکر ۔ (۱) اجازتِ عام ۔ (۲) دربارِ عام ٭

بارا (بَا ۔ را) (ہ) مذکر ۔ پانی کا چرس کھینچتے وقت کا راگ یا گیت ۔ (۲) جنتری میں تار کھینچنے کو بھی بارا کہتے ہیں ٭

بارات (ہ) دیکھو ۔ برات ٭

باراجوری (بَا ۔ رَا ۔ جُو ۔ رِی) (ہ) مؤنث ۔ زبردستی ۔ دھینگا مشتی ٭

باران (بَا ۔ رَان) (ف) مذکر ۔ مینہ ۔ بارش ٭

بارانی (ف) مؤنث ۔ (۱) وہ زمین جس کی سرسبزی صرف بارش پر منحصر ہو (۲) وہ کپڑا جو بارش کا بچاؤ کرے ۔ واٹر پروف ۔ برساتی کوٹ ٭

باراہ (بَا ۔ رَاہ) (ہ) مذکر (۱) سُؤر ۔ خنزیر ۔ خوک ۔ (۲) وشن کا تیسرا اوتار جو سُؤر کے روپ میں ہوا تھا ۔ (۳) گاؤں کے قریب کی زمین ٭

بارتنگ (بَا رْ ۔ تَنگ) (ف) مذکر ۔ ایک مشہور دوا کا نام ٭

بارِز (بَا ۔ رِز) (ع) آشکار ۔ ظاہر ٭

بارش (بَا ۔ رِش) (ف) مؤنث ۔ مینہ ۔ برکھا ۔ برشگال ٭

بارِک (بَا ۔ رِک) (ع) خدا تجھے برکت دے ٭

بارک (بَا رَک) (انگ Barrack) مؤنث فوج کے سپاہیوں کا مکان ۔ وہ بنگلے یا کوٹھیاں جن میں سپاہ رہے ۔ مسلسل مکانات کی بین ٭

بارک اللہ (بَا رَ ۔ کَ لّٰہ) (ع) (صفا) (۱) خدا تجھے برکت دے ۔ (۲) آفرین ۔ شاباش ٭

بارک ماسٹر (انگ Barrack Master) مذکر ۔ فوجی مکانات کا محافظ ۔ مہتمم ۔ منتظم ٭

بارکش (ف) ۔ بوجھ کھینچنے والا ۔ سامان لے جانے والا ٭

بارگاہ (ف) مؤنث ۔ اجلاس کی جگہ ۔ کچہری ۔ عدالت ۔ دربار کا مقام ٭

بارگیر (ف) (۱) وہ سوار جس کا ذاتی گھوڑا نہ ہو ۔ (۲) بوجھ اُٹھانے والا جانور ٭

بارگیری (ف) مؤنث ۔ گھوڑے پر سواری کی نوکری ٭

بارندہ (بَا ۔ رِن ۔ دَہ) (ف) برسنے والا ٭

بارو (بَا ۔ رُو) (ہ) (عوام) ریت ٭

باروت (بَا ۔ رُوت) (ت) } مؤنث ۔ گندھک
بارود (بَا ۔ رُود) (ت) }
شورے ۔ کوئلے کا مرکب جس سے توپ وغیرہ چھوڑتے ہیں ٭

باروَر (بَا رْ ۔ وَر) (ف) پھل والا ۔ پھل سے لدا ہوا ٭

بارہ (بَا ۔ رَہ) دوازدہ ۔ دس اور دو ۔ ۱۲ ٭

بارہ ابھرن سولہ سنگار (ہ) مذکر ۔ عورتوں کا پورا سنگار ۔ (بارہ زیور اور سولہ سجاوٹیں ہیں) ٭

بارہ امام (ہ) مذکر ۔ مسلمانوں کے فرقہ امامیہ کے بارہ پیشوایانِ دین جو آنحضرت صلعم کے اہل بیت سے ہوئے ہیں یعنی حضرت علی کرم اللہ وجہہ ۔ حسن ۔ حسین ۔ زین العابدین ۔ باقر ۔ جعفر صادق ۔ موسیٰ کاظم ۔ رضا ۔ محمد تقی ۔ محمد نقی ۔ حسن عسکری ۔ مہدی ٭

بارہ باٹ (ہ) (۱) لغوی معنے ۔ بارہ رستے (۲) اصطلاحاً آوارہ ۔ منتشر (۳) حیران و پریشان ۔ (۴) متفرق ۔ جدا جدا ۔ (۵) ضائع ۔ بے کار ۔ (۶) مختلف الرائے ۔ (۷) برباد ۔ ویران ۔ تباہ ٭

بارہ بانی ۔ یا ۔ بارہ بانی کا ۔ (ہ) (۱) پورا کامل ماہر (۲) بے نقص ۔ بے عیب (۳) تھوڑی تھوڑی دیر میں بات بدلنے والا ۔ (۴) خالص ۔ کھرا ۔ (۵) صحیح ۔ سلامت ۔ (۶) تجربہ کار ٭

بارہ بچے والی (ہ) مؤنث ۔ (۱) کثیر الاولاد ۔ (۲) خنزیر کی مادہ ٭

بارہ برس دلّی میں رہے مگر بھاڑ ہی جھونکا کئے ۔

(۱) مثل۔ لائق آدمیوں میں رہ کر بھی لیاقت نہ آئی۔ ہنرمندوں میں رہ کر بھی ہنر نہ آیا۔

بارہ برس کے پیچھے گھورے کے بھی دن پھرتے ہیں (ہ) مثل۔ تنگدستی و تنگ حالی ہمیشہ نہیں رہتی ٭

بارہ پتھر (ہ) مذکر۔ حدود شہر۔ چھاؤنی کی چاروں طرف کی حدیں ٭

بارہ پتھر باہر کرنا۔ (ہ) حد سے نکال دینا۔ شہر بدر کرنا ٭

بارہ ٹوپی (ہ) مؤنث۔ (۱) بارہ عقلمند اور زیرک آدمیوں کی کونسل (۲) بارہ قسم کی ٹوپیاں۔ خصوصاً مذہب عیسوی کے بارہ فرقوں کے آدمی جو مختلف الوضع ٹوپیاں پہنتے ہیں ٭

بارہ خانوادے (ف) مذکر۔ فقرا کے بارہ فرقے۔ جو بارہ صوفیائے کرام کے نام سے مشہور ہیں:۔ قادریہ۔ منسوب بہ شیخ عبداللہ در گیلانی۔ نقشبندیہ منسوب بہ خواجہ نقشبند۔ صفویہ۔ منسوب بہ شیخ صفی عبداللہ۔ چشتیہ۔ منسوب بہ شیخ عبدالرزاق۔ نوریہ۔ منسوب بہ ابوالحسن نوری۔ شطاریہ۔ منسوب بہ شیخ عبداللہ شطاری۔ یوسفیہ۔ منسوب بہ شیخ احمد یوسفی۔ انصاریہ۔ منسوب بہ عبداللہ انصاری۔ زاہدیہ۔ منسوب بہ خواجہ بدرالدین زاہد۔ قلندریہ منسوب بہ محمد قلندر۔ خضرویہ۔ منسوب بہ احمد خضروی۔ حسینیہ۔ منسوب بہ امام حسین ٭

بارہ دری۔ (ہ) مؤنث (۱) بارہ دروازوں کا مکان۔ جو عموماً باغ میں یا دریا کے کنارے بنایا جاتا ہے (مجازاً) ہوادار مکان ٭

بارہ سنگا (ہ) مذکر۔ شاخ در شاخ سینگوں والا ہرن۔ شاخ گوزن ٭

بارہ گنی لکھتی ہوں (ہ) محاورہ۔ بارہ گنی چار پر شرط باندھتی ہوں۔ ایک کے بارہ بارہ دونگی ٭

بارہ ماسہ (ہ) مذکر۔ بارہ مہینے کے حالات کا بیان۔ بارہ مہینے کے فراق کے مصائب کا ذکر (پنجابی) بارہ ماہہ ٭

بارہ مہینے (ہ) (۱) دوازدہ ماہ۔ تمام سال۔ (۲) ہمیشہ۔ نت۔ سدا۔ عمر بھر ٭

بارہ میں تین گئے۔ تو رہے کیا خاک (ہ) مثل اگر برسات کے تین مہینوں میں بارش نہ ہو تو زمیندار تباہ ہو جاتا ہے ٭

بارہ وفات (ہ) مذکر۔ (۱) ربیع الاوّل کے وہ بارہ دن جن میں رسول مقبول صلعم بیمار رہے۔ اور وفات پائی۔ (۲) عورتیں ربیع الاوّل کے مہینے کو بارہ وفات کا مہینہ بولتی ہیں ٭

بارہ ہاتھ کی زبان ہے (ہ) بہت بیہودہ بکتی ہے ٭

بارہا (بار۔ ہا) (ف) باربار۔ اکثر۔ بہت دفعہ ٭

باری (با۔ ری) (ع) مذکر۔ (۱) بنانے والا۔ پیدا کرنے والا۔ خالق۔ (۲) مؤنث۔ نوبت۔ دفعہ۔ (۳) موقع۔ وقت۔ (۴) پہرہ۔ چوکی۔ (۵) (پنجابی) کھڑکی۔ دریچہ ٭

باری تعالےٰ (ع) مذکر خدائے بزرگ۔ خالق۔ برتر ٭

باری دار (ہ) مذکر۔ چوکی والے۔ محافظ۔ پاسبان۔ دربان۔ چوکیدار ٭

باری کی تپ (ہ) مؤنث۔ وقفہ سے کر آنے والا بخار ٭

باریاب (ف) (۱) اجازت پانے والا۔ پہنچنے والا ملاقات کرنے والا۔ (۲) کامیاب۔ فتحمند ٭

باریابی (ف) مؤنث بارگاہ میں حاضری۔ دربار میں داخلہ۔ حضوری پانا ٭

باریک (با۔ ریک) (ف) (۱) پتلا۔ مہین۔ نازک۔ (۲) مشکل۔ دقیق۔ (۳) خفیف۔ (۴) نہایت چھوٹا ٭

باریک بات (ہ) مؤنث۔ لطیف بات۔ نکتہ ٭

باریک بین (ف) (۱) تیز فہم۔ رموز دان۔ (۲) منتظم۔ واقف کار ٭

باریک بینی (ف) مؤنث۔ تیز فہمی۔ رمزدانی۔ بات کی تہ کو سمجھنا ٭

باریک کام۔ (ف) مذکر۔ دقیق کام۔ نازک اور دیدہ ریزی کا کام ٭

باریکہ (ہ) مذکر۔ باریک بالوں کا بنا ہوا قلم ٭

باریکی (ف) مؤنث۔ (۱) پتلا پن۔ (۲) نکتہ۔ دقیقہ (۳) نکتہ۔ ظرافت۔ موشگافی ٭

باریکیاں نکالنا (ہ) (۱) نکتہ چینی کرنا۔ اعتراض کرنا۔ (۲) عمدگی کی تلاش کرنا۔ خوبیاں دیکھنا ٭

بارے (با۔ رے) (ف) (۱) آخر الامر۔ آخرکار الغرض (۲) لیکن ٭

باڑ (باڑ) (ہ) مؤنث۔ (۱) دھار۔ آب۔ (۲)

باڑھ (باڑھ) کنارہ۔ کور۔ حد۔ حاشیہ (۳) چڑھاؤ

۳۔ طغیانی۔ (۴) عتاب۔ تپ۔ (۵) جوش۔ (۶) تعداد۔ صف۔ (۷) حاطہ۔ گھیرا۔ چار دیواری۔ کانٹوں کی چار دیواری۔ آڑ۔ (۸) مہرہ۔ سامنے۔ آگے۔ زد پر۔ (۹) ایک دم بہت سی بندوقوں یا توپوں کا فیر۔ (۱۰) محافظ۔ چوکیدار ۔

باڑ اُتارنا۔ باڑ جھاڑنا۔ باڑ چھوڑنا۔ باڑ مارنا (ہ) ایک ساتھ کئی توپیں یا بندوقیں داغنا۔ بندوقوں اور توپوں یا فقط بندوقوں کا مسلسل چھوڑنا۔ قطار باندھ کر یک دم فیر کرنا ۔

باڑ باندھنا (ہ) کانٹوں یا جھاڑی سے حاطہ گھیرنا۔ محفوظ کرنا ۔

باڑ پر چڑھانا (ہ) (۱) دھار تیز کرنا۔ سان پر گھسنا (۲) دم میں لانا۔ آمادہ کرنا۔ اکسانا ۔

باڑا باندھے نام ہو تلوار کا۔ (۱) مثل۔ فتح کریں سپاہی نام پائیں سردار۔ کام کوئی کرے نام کسی کا ہو ۔

باڑیا (با۔ڑیا) (ہ) مذکر۔ دھار تیز کرنے والا۔ صیقل گر۔ سان پر رکھنے والا ۔

باڑا (با۔ڑا) } (ہ) مذکر (۱) مکان۔ گھر۔ احاطہ۔
باڑہ (با۔ڑہ) } چار دیواری (۲) گورستان۔ خانقاہ۔ (۳) جنگل۔ میدان۔ کھیت۔ آبادی کے قریب سرسبز شاداب اچھی پیداوار کی زمین (۴) دنگل۔ تماشا گاہ ۔

باڑی (با۔ڑی) (ہ) مؤنث۔ (۱) مسکن (۲) باغیچہ۔ باغیچی۔ چھوٹا چمن۔ پائیں باغ (۳) کپاس یا روئی کا درخت ۔

باز (باز) (ف) مذکر (۱) ایک شکاری پرندے کا نام (۲) کھلاڑی (۳) اجتناب۔ پرہیز۔ انکار ۔

باز آنا (ف) (۱) لوٹنا۔ پلٹنا۔ واپس آنا (۲) ہاتھ اٹھانا۔ چھوڑنا۔ توبہ کرنا۔ (۳) انکار کرنا ۔

بازار (با۔زار) (ف) مذکر۔ (۱) ہاٹ۔ منڈی۔ دکانوں کا سلسلہ۔ پینٹھ۔ (۲) نرخ۔ بھاؤ۔ (۳) ساکھ۔ اعتبار۔ (۴) بکری ۔

بازار بٹا۔ (ف) مذکر۔ کٹوتی۔ منہائی۔ ڈسکونٹ۔ کمیشن ۔

بازار بند ہونا (ف) ہڑتال ہونا۔ بازار کی دکانوں کا بند ہونا ۔

بازار خرچ (ف) مذکر۔ جیب خرچ ۔

بازار سرد ہونا (ف) بے رونق ہونا۔ خرید و فروخت کی کمی۔ بکری نہ ہونا ۔

بازار کا بھاؤ۔ (ف) مذکر۔ (۱) بازار کا نرخ۔ عام نرخ۔ (۲) واجبی قیمت ۔

بازار کا چلن (ف) مذکر۔ بازار کا دستور یا برتاؤ ۔

بازار کی مٹھائی (ف) مؤنث۔ (۱) مجازاً کسبی عورت (۲) آسانی سے مل جانے والی چیز ۔

بازار کے بھاؤ پٹنا (ف) خوب پٹنا۔ شارع عام میں پٹنا۔ سرِ راہ پٹنا ۔

بازار گرم ہونا۔ (ف) (۱) بازار چمکنا۔ بخوبی خرید و فروخت ہونا۔ (۲) کسی چیز کی قدر ہونا۔ چاہت ہونا ۔

بازار لگانا (ف) (۱) دکان کھولنا۔ چیزوں کو پھیلانا۔ (۲) بھیڑ کرنا۔ انبوہ کرنا ۔

بازار لگا نہیں۔ گٹھ کٹے والے ہوت (ف) مثل۔ وقت سے پہلے موقع ڈھونڈنا ۔

بازار مندا ہونا (ف) بکری کم ہونا ۔

بازار ناپنا (ف) آوارہ پھرنا۔ ناحق اور بے فائدہ بازاروں کے چکر لگانا ۔

بازاری (با۔زا۔ری) (ف) مذکر۔ (۱) بازار سے نسبت رکھنے والا (۲) عام آدمی۔ معمولی لوگ (۳) بازار کے بیٹھنے والے۔ اوباش۔ لچے۔ بے اعتبار (مؤنث) (۴) کسبی۔ بیسوا۔ رنڈی ۔

بازاری گپ (ف) مؤنث۔ افواہ۔ اڑائی ۔

بازپرس (ف) مؤنث۔ پوچھ گچھ۔ محاسبہ۔ جواب دہی۔ تحقیقات ۔

بازپرس کرنا (ف) جواب طلب کرنا۔ استفسار کرنا ۔

بازخواست (ف) مؤنث۔ مطالبہ ۔

بازخواہ (ف) مذکر۔ جواب طلب کرنے والا۔ محاسب۔ تحقیقات کرنے والا ۔

باز دعوے (ف۔ع) مذکر۔ دعوے سے دست بردار ہونا ۔

بازدہی (ف) مؤنث۔ واپسی ۔

بازگشت (ف) مؤنث۔ واپسی۔ مراجعت۔ لوٹنا۔ واپس ہونا۔ پلٹنا۔ پھرنا ۔

بازگیری (ف) مؤنث۔ ضبطی۔ معاملہ ۔

بازنامہ (ف) مذکر۔ عرضی سے دست برداری ۔

بازو (با۔زو) (ف) مذکر۔ (۱) ڈنڈ۔ کہنی سے شانے تک کا حصہ۔ (۲) پرندوں کا پنکھ۔ (۳) معاون۔ مددگار (۴) دائیں بائیں کی فوج (۵) ثانی۔ مقابل۔ دوسرا۔ (۶) سگا بھائی۔ دوست۔ (۷) مرثیہ خوانوں کا جوڑی دار ۔

بازوبند (ف) مذکر۔ بازو پر باندھنے کا زیور۔ تعویذ ؛
بازو پھڑکنا۔ کسی دوست سے ملنے کا شگون ؛
باز کو باز ہی لقمہ دے (۱) مثل۔ ہم جنس کو تکلیف پہنچنے پر ہم جنس ہی مدد کرتا ہے ؛
بازو دعوے (۷) مذکر۔ عورت کا تاوان۔ عورت سے اپنے خاوند کے ساتھ نہ رہنے کی صورت میں اُسے ہمراہ رکھنے کے لئے جو دعوے کیا جائے ؛
بازی (بَا۔ زِی) (ف) مؤنث۔ (۱) تماشا۔ کھیل (۲) فریب۔ دھوکا۔ (۳) (۷) شرط کا روپیہ۔ (۴) کبوتر کا پلٹیاں کھانا (۵) داؤں۔ روک ؛
بازیاب (ف) پھر پانے والا ؛
بازیابی (ف) مؤنث۔ پھر پانا ؛
بازیافت (ف) مؤنث۔ کھویا مل جانا۔ چوری گیا ہوا مال جو پورا یا کسی قدر مل جائے ؛
بازی یاری با ریش با باہم بازی (ف) مثل۔ بچپن کی بازی سے بنی بنی کب ہے جب کوئی کسی بڑے سے جھگڑا کرے۔ تو کہتے ہیں ؛
بازی بدنا۔ شرط لگانا۔ داؤ لگانا ؛
بازی دینا۔ بازی کرنا۔ بازی کھانا۔ (۷) (۱) ہار دینا۔ مات کر دینا۔ (۲) کبوتروں کا پلٹیاں کھانا ؛
بازی لے جانا۔ (۷) غالب جانا۔ جیتنا۔ فتح پانا ؛
بازیچہ (بَا۔ زِی۔ چَہ) (ف) مذکر۔ کھیل تماشا۔ کھلونا۔ کھیل کی جگہ۔ تماشا گاہ ؛
بازیگر (بَا۔ زِی۔ گَر) (ف) مذکر۔ تماشا گر۔ شعبدہ باز۔ مداری۔ نٹ ؛
باس (بَاس) (۷) مؤنث (۱) بُو۔ خوشبو۔ مہک۔ (۲) مذکر۔ سڑاند ؛
باسا (بَا۔ سَا) (۷) مذکر۔ سکونت لینے کی جگہ ؛
باسا کرنا (۷) بسر کرنا۔ آرام کرنا۔ ٹھہرنا۔ بسنا۔ رہنا ؛
باسترضا (بِہ۔ اِس۔ تِر۔ ضَا) (ع) رضامندی سے
باستشفاع (بِہ۔ اِس۔ تِش۔ فَاع) (ع) سفارش سے
باسٹھ (بَا۔ سَٹھ) (۷) ساٹھ اور دو۔ ۶۲ ؛
باسط (بَا۔ سِط) فراخی دینے والا۔ خدائے تعالےٰ کا نام ؛
باسک (بَا۔ سُک) }
باسکی (بَا۔ سُکی) } (۷) مذکر۔ وہ سانپ جس کی بابت ہندوؤں کا اعتقاد ہے کہ وہ زمین کو تھامے ہوئے ہے۔ سانپوں کا بادشاہ۔ شیش ناگ ؛
باسلیق (بَا۔ سَلِیق) (یونانی) مؤنث۔ ایک رگ کا نام جو دل اور جگر میں ملی ہوئی ہاتھ میں آتی ہے جس کے کٹ جانے سے انسان مر جاتا ہے
باسمتی (بَاس۔ مَتی) (۷) مذکر۔ ایک قسم کے عمدہ اور خوشبودار چاول ؛
باسن (بَا۔ سَن) (۷) مذکر۔ برتن۔ بھانڈا۔ ظرف ؛
باسنا (۷) مؤنث۔ خوشبو۔ مہک۔ بو (۲) خوشبو میں بسانا ؛
باسی (بَا۔ سی) (۷) (۱) رات کا۔ پچھلا (۲) کملایا ہوا۔ (۳) باس رکھنے والا ؛
باسی بچے نہ کتا کھائے۔ (۷) مثل۔ باقی نہ رکھنا سب خرچ کر ڈالنا ؛
باسی پھولوں باس نہیں پردیسی ملم سری آس نہیں۔ (۷) مثل (عو)۔ جیسے باسی پھول میں خوشبو نہیں رہتی اسی طرح پردیسی سے محبت کے نباہ کی اُمید نہیں ؛
باسی عید۔ (۷) مؤنث۔ عید کا دوسرا روز۔ ٹر ؛
باسی کڑھی میں اُبال آنا (۷) مثل۔ بعد از وقت جوش آنا ؛
باسی منہ (۷) مذکر۔ نہار منہ۔ ناشتہ نہ کیا ہوا ؛
باشندہ (بَا۔ شِن۔ دَہ) (ف) مذکر۔ ساکن۔ رہنے والا۔ بسنے والا ؛
باشہ (بَا۔ شَہ) (ف) مذکر۔ ایک شکاری پرندے کا نام ؛
باصر (بَا۔ صِر) (ع) دیکھنے والا ؛
باصرہ (بَا۔ صِرَہ) (ع) (بصرا) آنکھ کی بینائی۔ دیکھنے کی قوت۔ بینائی کی قوت ؛
باطل (بَا۔ طِل) (ع) (۱) جھوٹا۔ کھوٹا۔ (۲) غلط۔ جھوٹ۔ بے اصل (۳) لغو۔ بیہودہ۔ بے فائدہ۔ نکما۔ بے کار ؛
باطن (بَا۔ طِن) (ع) مذکر۔ اندرون۔ پوشیدہ۔ دل اندرونی حصہ ؛
باطنی (ع۔ ت) دلی۔ اندرونی ؛
باطنیہ (ع۔ ت) (۱) باطن سے منسوب (۲) ایک قدیم سیاسی فرقہ جس کا بانی حسن بن صباح تھا ؛

باعث (با-عِث) (ع) مذکر-(۱) وجہ-سبب- علت- (۲) موجب-(۳) حقیقت-اصل-بنیاد ؁

باعث اشتعال طبع (ع) مذکر-وہ امر جس کے سبب سے کسی کا غصہ بھڑک اُٹھے ؁

باغ (باغ) (ف) مذکر-گلزار- پھلواڑی-درختوں کا جھنڈ ؁

باغ باڑی (ہ) مونث-(۱) پھلواڑی- پھولوں کا تختہ-(۲) بال بچے-اولاد ؁

باغ باغ (ف) نہایت-خوش و خرم ؁

باغ باغ ہونا (ہ) نہایت خوش ہونا- پھولے نہ سمانا ؁

باغبان (باغ-بان) (ف) مذکر-مالی-باغ کا محافظ ؁

باغچہ (باغ-چہ) }
باغیچہ (با-غی-چہ) } (ف) مذکر-چھوٹا سا باغ-تختہ ؁

باغ سبز دکھانا (ہ) دھوکا دینا-فریب دہی کرنا-

باغ لگا نہیں منگتوں نے ڈیرے ڈال دیے (ہ) مثل-فصل پکی نہیں-مانگنے والے پہلے ہی آموجود ہوئے-کام بنا نہیں خیر پہلے ہی خیرات مانگنے کے لیے آ گئے

باغی (با-غی) (ف) مخالف-منحرف-برگشتہ- پھرا ہوا-منکر-نافرمان-سرکش ؁

بافتہ (باف-تہ) (ف) مذکر-(۱) ایک قسم کا ریشمی کپڑا (۲) بنا ہوا ؁

بافندگی (با-فن-دگی) (ف) مونث-بنائی یا جلاہے کا کام-بنائی ؁

بافندہ (با-فن-دہ) (ف) مذکر- بننے والا-جلاہا ؁

باقر (با-قر) (ع) (۱) عالم (۲) رشین (۳) حضرت ابو جعفر محمد بن علی ابن الحسین کا لقب ؁

باقر خانی (ت) مونث-روغنی روٹی-جو شکر- دودھ اور میدہ ملا کر تنور میں پکائی جاتی ہے ؁

باقلا (با-قلا) (ع) مذکر-ایک ترکاری کا نام جس کی اکثر پھلیاں پکائی جاتی ہیں ؁

باقی (با-قی) (ع) مونث-(۱) بچی ہوئی-بقیہ (۲) نہ مرنے والا-موجود-زندہ-خدائے تعالیٰ کا صفاتی نام ؁

باقی جمع (ع) مونث-معاملے کی رقم جو گزشتہ برسوں کے معاملے میں سے باقی ہو

باقی دار (ف) مذکر-دیندار-مقروض ؁

باقی دار (ف) باقی پھر سہی-ابھی باقی ہے ؁

باقی غیر ممکن الوصول (ع) مذکر-وہ بقیہ جس کا وصول ہونا غیر ممکن ہو ؁

باقی ماندہ (ف) باقی بچا ہوا-باقی رہا ہوا ؁

باقی نام اللہ کا (ہ) محاورہ-خدا کے سوا کوئی زندہ رہنے والا نہیں-سوا خدائے پاک کے سب کو موت ہے ؁

باقیات (با-قیات) (ع) مونث-باقی رقم-جو وصول شدہ نہ ہو ؁

باقیات الصالحات }
باقیات صالحات } (ع) مونث-صدقۂ جاریہ-رفاہِ عام کے لیے کوئی کام-اولادِ صالح ؁

باقیات حساب روال (ع) مونث-چلتے حساب کا بقایا ؁

باقیات مشتبہ الوصول (ع) مونث-بقایا جس کا وصول ہونا مشکل ہو ؁

باک (باک) (ف) مذکر-خوف-ڈر-خطرہ ؁

باکرہ (با-کرہ) (ع) مونث-دوشیزہ-کنواری-اچھوتی ؁

باگلی (ہ) مونث-گنوار گفتگو-بلا ہوا اناج ؁

باکھہ (با-کھہ) (ہ) مذکر-پن-ہوا-کھیری ؁

باکھڑی-باکھلی (با-کھڑی-با-کھلی) (ہ) مونث-وہ بھینس یا بھینس جو حمل کے پانچ مہینے دودھ دے کر رک جائے ؁

باکھل (با-کھل) (ہ) مونث-باڑا-احاطہ-محلہ ؁

باگ (باگ) (ف) مونث-عنان-راس-لگام ؁

باگ اٹھانا (ہ) گھوڑا دوڑانا-روانہ ہونا-

باگ لینا } چل پڑنا ؁

باگ ڈور (ہ) مونث-باگ ڈور-کوتل-گھوڑے کی لگام میں باندھنے کی رسی ؁

باگ ڈھیلی کرنا (ہ) (۱) گھوڑا دوڑانا-(۲) فعل مختار کرنا-(۳) خبر نہ لینا-توجہ نہ کرنا ؁

باگ مڑنا (ہ) (۱) لگام پھرنا (۲) جھیک کا مرجھانا (۳) توجہ دوسری طرف ہو جانا ؁

باگ موڑنا (ہ) (۱) گھوڑے کا رخ پھیرنا-گھوڑے کو موڑنا-(۲) توجہ دوسری طرف کرنا ؁

باگ ہاتھ سے چھوٹنا (ف) موقع جاتا رہنا - بے قابو ہونا - اختیار نہ رہنا ۔

باگا (با - گا) (ہ) مذکر - دولہا کا جوڑا - پوشاک ۔

باگڑ (با - گڑ) (ہ - مذکر) ہرنوں کا گلہ ۔

باگڑ بلا (ہ - مذکر) ایک قسم کا بڑا بلا ۔

باگھ (با گھ) (ہ) مذکر - (۱) شیر - چیتا - چیتا - (۲) مجازاً غصہ ور - غضب ناک - خونخوار ۔

باگھ نکھ یا نکھ (ہ) مذکر - شیر کے ناخن جو چاندی میں مڑھ کر دھاگے میں پرو کر آفات سے بچنے کے لیے بچوں کے گلے میں ڈالتے ہیں ۔

باگھن - باگھنی (ہ) مؤنث - چیتے کی مادہ ۔

باگھی (با گھی) (ہ) مؤنث - وہ گرہ جو کسی زخم یا سوزاک کی وجہ سے جڑوں میں پڑ جاتی ہے ۔

باگیسری (با - گیں ری) (ہ) مؤنث - ایک راگنی ۔

بال (بال) (انگ Ball) مؤنث - ایک قسم کا ناچ ۔

بال - (انگ Ball) گیند - کرکٹ - گیند بلا ۔

بال (بال) (ہ) مؤنث - جوار - باجرا یا گیہوں وغیرہ کا خوشہ - سٹّہ ۔

بالک (ہ) مذکر - (۱) بچہ - بالک - سات آٹھ سال کا لڑکا - یا سولہ برس سے کم عمر کی لڑکی ۔

بال بچوں والی - (ہ) مؤنث - (۱) اولاد والی - ماں - (۲) ہندو عورتیں مجازاً چیچک کو بھی کہتی ہیں ۔

بال بچے - (ہ) مذکر - (۲) ونیچے - کنبہ ۔

بال بدھ - (ہ) مؤنث - (۱) لڑکپن کی عقل - ناتجربہ کاری - بچوں کی سی سمجھ - (۲) ایک ہندی کتاب کا نام ۔

بال بدھوا (ہ) کمر پیوہ - بچپن کی رانڈ ۔

بال گوپال (ہ) مذکر - (۱) لڑکے بالے - بال بچے - (۲) چیلے چانٹے - مرید ۔

بال ہتیا (ہ) مؤنث - (۱) بچوں کا قتل کرنا (۲) حمل گرانا ۔

بال ہٹ (ہ) مؤنث - بچوں کی ضد - اَتھر ۔

بال (ہ) مذکر - (۱) مو - رُواں - رونگٹا - پشم - کیس - (۲) باریک دراڑ یا شگاف (۳) کوزہ مصری کا تاگا ۔

بال آنا (ہ) (۱) بال پیدا ہونا (۲) دراڑ آنا - شگاف پڑنا ۔

بال اُترنا (ہ) (۱) بال گرنا (۲) مُوتراشی ہونا ۔

بال بال (ہ) (۱) ہر بال (۲) ذرا ذرا (۳) بالکل - مُو بمُو - صاف صاف ۔

بال بال بچنا (ہ) صاف صاف بچنا - ذرا سا صدمہ نہ پہنچنا ۔

بال بال گج موتی پرونا (ہ) خوب آراستہ و پیراستہ ہونا - سر کی مانگ چوٹی تک بناؤ سنگار کرنا - ہر بال میں موتی پرونا ۔

بال بال گنہگار رہے - (ہ) محاورہ - انسان بہت زیادہ گنہگار رہنے - بہت گنہگار ہے ۔

بال باندھا (ہ) (۱) تابع مطیع - بے عذر فرمانبردار (۲) غلاموں کی مانند ۔

بال باندھا چور (ہ) محاورہ - (۱) پورا چور - دزد کامل (۲) عاشق کا دل جو معشوق کے ہر بال سے وابستہ ہے ۔

بال باندھا غلام (ہ) محاورہ - عوام نہایت تابع اور فرمانبردار - غلام - اشارے پر کام کرنے والا ۔

بال برابر (ہ) مذکر - (۱) ذرا سا - تھوڑا سا - نہایت قلیل - (۲) بال ہونے کے برابر ۔

بال بکھرنا (ہ) بالوں کا پریشان ہونا - سر کھلا ہونا - (۲) پریشانی - بدحواسی ۔

بال بنانا (ہ) (۱) چوٹی گوندھنا - کنگھی کرنا - مانگ چوٹی کرنا - (۲) حجامت بنانا - خط بنانا ۔

بال بیکا نہ ہونا (ہ) بال ٹیڑھا نہ ہونا (۲) ذرا بھی صدمہ یا دکھ نہ ہونا - (۳) آنچ نہ آنا - بُرا اثر نہ ہونا ۔

بال پکنا (ہ) (۱) بال سفید ہونا - بڑھاپا آنا - (۲) خوشہ یا پھل کا پختہ ہونا - سٹّے اور پھلے کا پک جانا ۔

بال توڑ (ہ) مذکر - پھوڑا جو جسم کے بال ٹوٹنے سے ہو جاتا ہے ۔

بال جنجال بال سنگار (ہ) مثل - بال تکلیف کا باعث بھی ہیں اور خوبصورتی کا موجب بھی ۔

بال جھڑنا (ہ) دماغی ناطاقتی یا کنگھی سے بالوں کا گرنا ۔

بال چھتری (ہ) مؤنث - شاہجہانی پگڑی - سر پہ سایہ کرنے والی پوشاک ۔

بال چھڑ (ہ) مذکر - سنبل الطیب - خوشبودار گھاس کی قسم ہے ۔

بال خورا (ا) مذکر۔ مرض کا نام جس سے مویشیوں وغیرہ کے بال جھڑ جاتے ہیں۔

بال رکھنا (ہ) بالوں کو بڑھنے دینا۔

بال سفید ہونا (ہ) بڑھاپا آنا۔ سر داڑھی کے بال چٹے ہونا۔

بال صفا (ف) مذکر۔ بال اڑانے کا پوڈر۔ بال اڑانے کی دوا۔

بال کا کمبل بنانا } (ا) محاورہ۔ چھوٹی بات کا بڑا کرکے
بال کی بھیڑ بنانا } دکھانا۔ بات کا بتنگڑ بنانا۔

بال کترنے سے مُردہ ہلکا نہیں ہوتا (ہ) بڑے ذخیرے میں سے تھوڑا سا نکال لینے سے کوئی حرج نہیں ہوتا۔

بال کمانی (ا) مؤنث۔ گھڑی کے اندر کی وہ کمانی جو نہایت باریک ہوتی ہے۔ سپرنگ۔

بال کھڑے ہونا (ا) (۱) خوف لگنا۔ ڈر معلوم ہونا۔ (۲) جاڑا لگنا۔ سردی پڑھنا۔

بال کی کھال نکالنا (ا) (۱) نکتہ چینی کرنا۔ (۲) بحث کرنا (۳) باریکی نکالنا (۴) نقص ڈھونڈنا۔

بال بنانا (ا) استرہ لینا۔ موئے زہار کا ڈھونڈنا۔ صفائی کرنا۔

بال و پر نکلنا (ا) (۱) پر نکلنا۔ اڑنے کے قابل ہونا۔ ہوش سنبھالنا (۲) شریر ہونا۔ فتنہ انگیز ہونا۔ (۳) نیا مال ہاتھ لگنا۔

بال و پر نکالنا (ا) (۱) اڑنے لگنا۔ اڑان بھرنا۔ پرواز کرنا۔ (۲) شرارت اور چالاکی کرنا۔ بدمعاشی کرنا۔ (۳) مخالفت کرنا۔ مقابلے پر آنا۔

بال (بال) (ف) پرندے کے بازو کا پچھلا حصہ جس کے ذریعے پرواز کرتا ہے۔ بازو۔

بالا (با۔ لا) (ہ) مذکر۔ کان میں پہننے کا زیور۔ بڑی بالی۔

بالا (ہ) مذکر۔ چھوٹی عمر کا بچہ۔ بچوں کا سا۔ نادان۔ ناسمجھ۔

بالا (با۔ لا) (ف) (۱) اوپر۔ اوپر کا حصہ۔ چوٹی (۲) قد۔ (۳) دھوکا۔ (۴) اونچا۔ (۵) آشنا۔ (۶) غائب (۷) اوپر گزرا یا لکھا ہوا۔

بالا بالا (ف) اوپر ہی اوپر۔ الگ۔ الگ۔ پوشیدہ پوشیدہ۔ بے اطلاع۔

بالا بتانا (ہ) (۱) ٹالنا۔ بہانہ کرنا۔ (۲) فریب دینا۔ اوپر ہی اوپر ٹالنا۔

بالا بھولا (ہ) (۱) معصوم۔ وہ لڑکا جو فن و فریب نہ جانے (۲) سیدھا سادہ۔ بے ریا۔

بالا پردہ (ف) مذکر۔ انگرکھے کا بڑھا ہوا دامن۔ اچکن کا اگلا پردہ۔ اوپر کا دامن۔

بالا پوش (ف) مذکر۔ لحاف۔ غلاف۔ پلنگ پوش۔

بالاتفاق (بِل۔ اِت۔ تِفاق) (ع) اتفاق کے ساتھ۔ سب کے اتفاق سے۔ متفق الرائے ہو کر۔

بالاجمال (بِل۔ اِج۔ مال) (ع) اجمالاً۔ مختصر طور پر۔

بالا خانہ (ف) مذکر۔ چوبارہ۔ کوٹھا۔ مکان کے اوپر کا کمرہ۔

بالا دست (ف) (۱) اوپر کا۔ اعلیٰ۔ زبردست۔ (۲) افسر۔ حاکم (۳) صدر مجلس (۴) عمدہ (۵) نہایت نفیس۔

بالارادہ (بِل۔ اِرا۔ دَہ) (ع) ارادے سے جان بوجھ کر۔ عمداً۔ قصداً۔

بالا نشین (ف) مذکر۔ (۱) صدر نشین۔ میر مجلس اونچا بیٹھنے والا۔ (۲) عمدہ۔ امیرانہ۔ (۳) کرسی نشین۔ معزز۔ صاحب حیثیت۔

بالانفراد (بِل۔ اِن۔ فِراد) (ع) فرداً فرداً۔ الگ الگ کرکے۔

بالائی (با۔ لا۔ ای) (ف) (۱) اوپر کا۔ بلند۔ اونچا (۲) دودھ کی ملائی۔

بالائی یافت (ف) مؤنث۔ تنخواہ کے علاوہ آمدنی جیسے ان یا رشوت وغیرہ۔

بالائے طاق ہونا (ہ) (۱) دفع ہونا۔ دور ہونا۔ (۲) بھولنا۔ خیال نہ رہنا۔ دھیان نہ کرنا۔

بالتخصیص (بِت۔ تخ۔ صِیص) (ع) خصوصاً۔ خاص کر۔

بالتصریح (بِت۔ تص۔ رِیح) (ع) مشرح۔ صاف صاف کھول کر۔

بالتفصیل (بِت۔ تف۔ صِیل) (ع) الگ الگ۔ تفصیل وار۔

بالچھڑ (بال۔ چھڑ) (ہ) مؤنث۔ ایک بوٹی کی جڑ۔

بالجملہ (بِل۔ جُم۔ لَہ) (ع) خلاصہ کلام۔

بالخصوص (بِل۔ خُصُوص) (ع) خاص کر۔

بالسطرین (با۔ لس۔ طَرَین) (ع) ...

Ballast train مؤنث - سامان ڈھونے والی ریل گاڑی ٭

بالش (با۔ لِش) (ف) مذکر - (۱) تکیہ - مسند - (۲) زیادتی ٭

بالشت (با۔ لِشت) (ف) مؤنث - بارہ انگل کا پیمانہ ٭

بالشتیا (۱) مذکر - بالشت کے برابر آدمی - بونا - پستہ قد ٭

بالشوزم (بال۔ شوِزم) (انگ Bolshevism) مؤنث - بالشویکوں کا طریق عمل ٭

بالشویک (بال۔ شوِیک) (انگ Bolshevik) مذکر - (۱) روس کی اشتراکی جماعت (۲) اس جماعت کا ایک فرد ٭

بالضرور - بالضرورت - (بِض۔ ضَرور + بِض۔ ضَرو۔ رَت) (ع) ضرور - البتہ - بلاشک - ضروری ٭

بالعکس (بِل۔ عَکس) (ع) اُلٹا - خلاف - برعکس ٭

بالعموم (بِل۔ عُموم) (ع) عام طور پر ٭

بالغ (با۔ لِغ) (ع) (۱) پہنچا ہوا - پورا - (۲) جوان - سیانا - اٹھارہ برس سے زیادہ عمر کا - (۳) ہوشیار - تجربہ کار - رسا ٭

بالغ نظر (ع) حقیقت بین - تجربہ کار - پکی نگاہ والا ٭

بالغہ (با۔ لِغہ) (ع) مؤنث - جوان عورت - پوری عورت جوانی کو پہنچی ہوئی - سولہ برس کی ٭

بالغہ بالسن (ع) مؤنث - عمر کے اعتبار سے بالغ عورت شرع اسلام کے رو سے پندرہ سال کی عورت ٭

بالغہ بالعلامات (ع) مؤنث - نشانیوں کے لحاظ سے بالغ عورت یعنی وہ عورت جس کی عمر پندرہ سال کی نہ ہوئی ہو - مگر حیض وغیرہ علامات بلوغت سے پیشتر ہی پائی جائیں ٭

بالفرض (بِل۔ فَرض) (ع) بطور فرض - تسلیم کیا - مانا ٭

بالفعل (بِل۔ فِعل) (ع) اس وقت - فی الحال - موجودہ حالت میں - اب ٭

بالقوہ (بِل۔ قُوْ۔ وَہ) (ع) (۱) از روئے قوت - قوت میں - (۲) دراصل - حقیقت میں ٭

بالک (با۔ لَک) (ہ) مذکر - بچہ - بالا - نادان - کم عمر ٭

بالک چوری (ہ) مؤنث - بچوں کو بھگا کرلے جانا ٭

بالکا (بال۔ کا) (ہ) مذکر - (۱) بچہ (۲) مرید - چیلا - شاگرد ٭

بالکل (بِل۔ کُل) (ع) تمام و کمال - سب - جملہ - کل - سارا - قطعی ٭

بالگیر (۱) دیکھو بارگیر ٭

بالم (با۔ لَم) (ہ) مذکر (۱) خاوند - شوہر - پتی - (۲) عاشق ٭

بالمشافہہ (بِل۔ مُشا۔ فَہہ) (ع) دو بدو - روبرو - آمنے سامنے ٭

بالمقطع (بِل۔ مُق۔ طَع) (ع) بھاؤ تاؤ کے بغیر - چکتا - کوت - قطعی ٭

بالم کھیرا (ہ) مذکر - بڑا کھیرا جو اکثر برسات میں ہوتا ہے ٭

بالمواجہہ (بِل۔ مُوا۔ جَہہ) (ع) موجودگی میں - سامنے - روبرو ٭

بالمیک (بال۔ مِیک) (ہ) مذکر - رامائن کے مصنف کا نام جو ایک مشہور شاعر گزرے ہیں ٭

بالنگو (با۔ لَنگ۔ گو) (ف) مذکر - ایک دوا - بادرنجبویہ ٭

بالو (با۔ لو) (ہ) مذکر - ریت - ریگ ٭

بالوشاہی (۱) مذکر - مشہور مٹھائی ٭

بالی (با۔ لی) (ہ) مؤنث (۱) کان میں پہننے کا چھوٹا حلقہ (۲) بچی ٭

بالیدگی (با۔ لی۔ دَگی) (ف) مؤنث - روئیدگی - پیدائش - نمود ٭

بالی عمر (۱) ادائل عمر - لڑکپن کی عمر - کم سنی ٭

بالین (ف) مذکر - تکیہ - سہارا - سرہانا - ٹیک - بالش ٭

بالے میاں (با۔ لے۔ مِیاں) (۱) مذکر - سالار مسعود غازی جو سلطان محمود غزنوی کے بھانجے اور ان کے علمبردار تھے - بعض لوگ آپ کے نام کی چھڑیاں کھڑی کرتے اور میلہ مناتے ہیں ٭

بام (بام) (ف) مذکر - (۱) چھت کے اوپر کا حصہ - کوٹھا - (۲) (ہ) مؤنث - سانپ کی شکل کی مچھلی ٭

بامداد (بام۔ داد) }
بامدادان (بام۔ دا۔ دان) } (ف) صبح - تڑکا ٭

بامسلماں اللہ اللہ با برہمن رام رام (ف)

مثل - ہر شخص سے اتفاق اور اتحاد کے ساتھ ملنا چاہیئے - کسی کی دل شکنی نہ کرو ٭

بامن (با - مَن) (ہ) مذکر - (۱) بونا - ٹھنگنا (۲) وشنو کا پانچواں اوتار ٭

بامن کی بیٹی کلمہ بھرے یا پڑھے (۱) محاورہ (عو) کسی چیز کے نہایت خوش ذائقہ ہونے کی تعریف میں کہتے ہیں - یعنی اگر بامن (برہمن) کی لڑکی بھی اسے کھائے - تو مسلمان ہو جائے ٭

بامنی (ہ) مؤنث - (۱) بامن کی عورت - برہمنی - ہندنانی (۲) خوش رنگ چمکیلا - لمبا کیڑا (۳) آنکھ کی پلک کے بال گر جانا (۴) کنول کے پھول کا زرد زردا (۵) تخم ریزی ٭

بان (بانْ) (ف) مذکر - (۱) ایک ایسا لفظ جو بعض اسما کے اخیر میں لگانے سے مالک و محافظ کے معنے دیتا ہے - جیسے دربان - رتھ بان - بیکّہ بان - وغیرہ - (۲) ہندی میں سبھاؤ - مزاج اور عادات کے معنوں میں آتا ہے ٭

بان (ہ) مذکر - مونج وغیرہ کی وہ باریک بٹی ہوئی رسی جس سے چارپائی وغیرہ بنتے ہیں ٭

بان (ہ) مؤنث - عادات - خو - سبھاؤ - (۲) طور ڈھنگ - (۳) مائیاں - شادی سے چند روز پہلے دولہا دلہن کے ساتھ ایک رسم برتی جاتی ہے - (۴) جزرومد - جوار بھاٹا ٭

بانا (با - نا) (ہ) مذکر - (۱) لباس - پوشاک (۲) وضع - رُوپ - سروپ (۳) عادت - سبھاؤ - (۴) وہ تار جن سے کپڑے بُنتے ہیں (۵) ایک قسم کے ہتھیار کا نام ٭

بانا باندھنا (ہ) (۱) مسلح ہونا (۲) تیار رہونا (۳) پکا ارادہ کرنا - ٹھاننا (۴) کسی کام میں لاجواب اور لاثانی ہونے کا دعوےٰ کرنا ٭

بانات (با - نات) (ا) مؤنث - ایک قسم کا اُونی دبیز اور گرم کپڑا جو ہر رنگ کا ہوتا ہے ٭

بانبی (بان - بی) (ہ) مؤنث - سانپ کا بل - سانپ کا سوراخ ٭

بانٹ (بانْٹ) (ہ) مؤنث (۱) تقسیم - بٹوان - (۲) خارج قسمت - حاصل قسمت (۳) دودھ نکالنے کے وقت چوپائے کے آگے رکھنے کا کھانا ٭

بانٹ چونٹ کر (ہ) دے دلا کر - تقسیم کر کے ٭

بانٹا (ہ) مذکر - حصّہ - بخرہ - تقسیم کا حصّہ ٭

بانٹنا (ہ) تقسیم کرنا - حصّہ لگانا - بخرہ کرنا ٭

بانجھ (بانجھْ) (ہ) (۱) بے اولاد عورت - عقیمہ - (۲) بنجر زمین - کلّر - شور - (۳) ایک پہاڑی درخت کا نام جس کے پھل کی گٹھلیاں بعض ہندو بچوں کے گلے میں بیماری سے محفوظ رہنے کے لیئے ڈالتے ہیں ٭

بانچنا (بانچْ - نا) (ہ) (۱) پڑھنا - حرف اُٹھانا (۲) بغور دیکھنا - مطالعہ کرنا ٭

باندا (باں - دا) (ہ) مذکر - زرد رنگ کی وہ بیل جو اور درختوں پر پیدا ہو کر انھیں تباہ کر دیتی ہے - آکاس بیل ٭

باندھ (باندْھ) (ہ) (۱) باندھنا کا امر (۲) مؤنث - بند - روک - مینڈ (۳) قید - (۴) پشتہ ٭

باندھ رے موئے تو ہینگ کی پُڑی
میری بیٹی کاتے تو لنگر ٹی } (ہ) مثل - (اپنی نہایت معمولی چیز کی بیحد تعریف کر کے اُسے ٹھکانے لگانا ٭

باندھنا (ہ) (۱) بندش کرنا - کسنا - (۲) گرہ لگانا - (۳) لٹکانا - (۴) لپیٹنا - تہ کرنا - (۵) مقرر کرنا - ٹھہرانا - شرط کرنا - (۶) الزام لگانا - پکڑنا - گرفتار کرنا - (۷) اثر کھونا - باطل کرنا - (۸) عقد کرنا - نکاح کرنا - (۹) پابند کرنا - (۱۰) بال گوندھنا - (۱۱) لگانا - ذمّے ڈالنا - (۱۲) جوڑ ملانا - (۱۳) لکھنا - بیان کرنا - (۱۴) جمانا - بٹھانا - (۱۵) تجویز کرنا - (۱۶) گھیرنا - حلقہ کرنا - (۱۷) تشبیہ دینا - تنظیر دینا ٭

باندھنو (ہ) مذکر - (۱) بندش کی گرہیں - جو اکثر رنگریز مختلف رنگوں کے لیئے ڈورے سے باندھا کرتے ہیں - (۲) تہمت - بہتان - الزام (۳) ارادہ - قصد - (۴) خیال - تصوّر ٭

باندھو (باں - دھو) (س) مذکر - (۱) رشتہ دار - (۲) دوست ٭

باندی (باں - دی) (ہ) مؤنث - لونڈی - چیری - کنیز - چھوکری ٭

باندی تھی سو بیوی ہوئی اور
بیوی تھی سو باندی ہوئی } (ہ) مثل - عورتیں اس وقت کہتی ہیں - جب نوکر مالک کے منہ لگ کر

خود مختار ہو جائے - اور بیوی یا عزیزوں کی ان کے آگے کچھ پیش نہ جائے ٭

باندی کے آگے باندی } (ہ) مثل - کمینے دولتمند
مینہ برسے نہ آندھی } یا حاکم نوکروں کی قدر نہیں کرتے - کمینے کی خدمتگاری مصیبت ہے ٭

بانڈا (باں - ڈا) (ہ) (۱) ٹیڑھی ٹانگوں والا - (۲) کبڑا - کوزپشت (۳) دُم کٹا ٭

بانڈی (باں - ڈی) (ہ) مؤنث - ہاتھ کی لکڑی - چھڑی - سونٹی ٭

بانڈی باز (ہ) مذکر - (۱) بانڈیوں سے لڑنے والا - لٹھ باز - (۲) فسادی - جھگڑالو ٭

بانڈی چلنا (ہ) مار کٹائی ہونا - لڑائی ہونا - لاٹھی چلنا ٭

بانس (بانس) (ہ) مذکر - ایک قسم کی لکڑی جو اندر سے خالی ہوتی ہے ٭

بانس پر چڑھانا (ہ) (۱) بدنام کرنا - رسوا کرنا - (۲) بے شرم اور بد لحاظ کرنا - (۳) تعریف کرنا ٭

بانس پر چڑھنا (ہ) رسوا ہونا - بدنام ہونا ٭

بانس واڑی (ہ) مؤنث - بانسوں کا جنگل ٭

بانسا (باں - سا) (ہ) مذکر - (۱) ناک کی ہڈی (۲) ریڑھ کی ہڈی ٭

بانسا پھر جانا (ہ) مرنے کی علامت کا ظاہر ہونا - کیونکہ مرنے سے پہلے ناک کے بانسے میں خم آ جاتا ہے ٭

بانسری (بانس - ری) (ہ) مؤنث - نے - مرلی - بانسلی ٭

بانسی (ہ) (۱) مؤنث - پتلی قسم کا بانس جس سے نیچے بنائے جاتے ہیں - (۲) ایک قسم کا پتھر ٭

بانسوں اچھلنا - یا - کودنا (ہ) محاورہ - نہایت خوش ہونا - بہت اچھلنا کودنا ٭

بانک (بانک) (ہ) مذکر - (۱) بنوٹ - کٹار - خنجر - چھری وغیرہ سے بیٹھ اور لیٹ کر لڑنا (۲) ٹیڑھا ترچھا - پیچ - خمیدہ (۳) کمان - دھنک - دھنش - (۴) گنے چھیلنے کا نعل کے ہم شکل آلہ (۵) ٹیڑھے کڑے جو بعض عورتیں پاؤں میں پہنتی ہیں - (۶) بلدار چوڑیاں جو مسلمان عورتیں ہاتھوں میں پہنتی ہیں - وہ زیور جو بازو پر پہنا جاتا ہے (۷) دریا کا گھماؤ - موڑ - (۸) الی کا کنارہ جو حلقہ بن گیا ہو (۹) گاڑی کے پہیئے کی بیرونی طرف کی ایک ٹیڑھی اور لمبی لکڑی جو پہیئے کو گاڑی میں روکے رہتی ہے (۱۰) نشتر - (۱۱) نصف دائرے کی شکل کا ٭

بانکا (باں - کا) (ہ) مذکر - (۱) ٹیڑھا - ترچھا - چھیلا - البیلا - (۲) دلیر - بہادر - (۳) خود نما - (۴) لچا - شہدا ٭

بانکا چور (ہ) مذکر - طرار اور چالاک چور - پُرفن چور ٭

بانکپن (بانک - پَن) (ہ) مذکر - (۱) ٹیڑھا پن - (۲) البیلا پن - (۳) وضعداری جو خود نمائی کے ساتھ ہو (۴) سرکشی - شہدا پن - کج روی ٭

بانکیا (باں - کیا) (ہ) مذکر - تانبے یا پیتل کا ترہی جیسا باجا - جو مہنتوں اور سادھوؤں کے آگے بجایا جاتا ہے ٭

بانکی ادا (ہ) مؤنث - (۱) انداز معشوقانہ (۲) نرالا ڈھنگ ٭

بانگ (بانگ) (ف) مؤنث - (۱) آواز - صدا - (۲) مطلق اذان - نماز کا بلاوا - (۳) مرغ کی آواز - مرغ کی اذان ٭

بانگ جرس (ف) دیکھو بانگ درا - نمبرا ٭

بانگ درا (ف) مؤنث - (۱) قافلے کی رخصت کے وقت گھنٹی کی آواز (۲) علامہ اقبال کا اردو دیوان ٭

بانگ دینا (ف) آواز دینا - پکارنا - (۲) اذان دینا ٭

بانگر (باں - گر) (ف) اونچی زمین - وہ زمین جس میں پانی کے بغیر کاشت ہو سکے ٭

بانگڑو (بانگ - ڑو) (ہ) بے وقوف - احمق - بے تمیز ٭

بانگی (باں - گی) (ہ) مؤنث - نمونہ - چاشنی ٭

بانگی (باں - گی) (ف) مذکر - بانگ یا اذان دینے والا ٭

بانو (با - نو) (ف) مؤنث - بیگم - بیوی - شہزادی - خاتون - ملکہ ٭

بانوا (باں - وا) (س) مؤنث - ایک قسم کی پانی کی چڑیا ٭

بانہہ (بانہہ) (ہ) مؤنث - (۱) بازو (۲) وسیلہ - سہارا -

رفیق - مددگار (۳) آستین (۴) حقیقی بھائی - (۵) ضامن کفیل (۶) طاقت - زور - قوت ٭

باتھ پکڑنا (ھ) (۱) مدد کرنا - دستگیری کرنا - سہارا دینا - (۲) وعدہ کرنا - قول دینا ٭

باتھ ٹوٹنا (ھ) (۱) بازو ٹوٹ جانا (۲) پنکھ اکھڑ جانا - (۳) مددگار کا مر جانا - (۴) بھائی کا مر جانا ٭

باتھ لگے کی لاج (محاورہ) دستگیری کی شرم - پاسِ حمایت ٭

باتھیں چڑھانا (ھ) لڑنے کی تیاری کرنا - آستین سمیٹنا - آستین اٹھانا ٭

بانی (بَا - نِی) (ھ) مؤنث - (۱) آواز - صدا (۲) بولی - (۳) وعظ و نصیحت (۴) فقیروں کی صدا (۵) اصول (۶) ہندی دوہے یا بیت (۷) قول - مقولہ ٭

بانی (ع) (۱) بنیاد ڈالنے والا (۲) شروع کرنے والا - موجد (۳) سرچشمہ - منبع (۴) باعث - سبب ٭

بانیٔ فساد (ع) مذکر - فساد کا باعث - مفسد - سرغنہ - فساد برپا کرنے والا -

بانیٔ کار (ع - ف) (۱) کام کا موجد (۲) بہت چالاک اور ہوشیار - (۳) تیز آدمی - فساد کی جڑ ٭

باوا (بَا - وَا) (ھ) مذکر - (۱) باپ - پدر - پتا - بابا (۲) درویش - (۳) مرشد - استاد ٭

باوا آدم ۴ (ھ - ع) مذکر - (۱) ابوالبشر حضرت آدمؑ مہادیو - نسلِ انسانی کا مورثِ اعلیٰ ٭

باوا آدم نرالا ہونا (۱) نیا انداز ہونا - سب سے جدا کام کرنا - کسی سے متفق نہ ہونا ٭

باوا باوا اونٹ بکاؤ - بیٹا بہت مہنگا
باوا باوا اونٹ بکاؤ - بیٹا بہت سستا } (ھ)
مثل - غریبی میں سستی چیز بھی مہنگی اور امیری میں مہنگی چیز بھی سستی معلوم ہوتی ہے ٭

باوا بھلا نہ بھیا - سب سے بھلا روپیہ (ھ) مثل - دیکھو - (باپ بھلا الخ) ٭

باوا کا (۱) موروثی - اپنا - ذاتی - جدی - نج کا ٭

باوجود (بَا - وُجُوْد) (ف - ع) ہوتے ہوئے - اس پر بھی ٭

باوجودیکہ (ف - ع) اس امر کے ہوتے ہوئے کہ - حالانکہ ٭

باور (بَا - وَر) (ف) مذکر - یقین - بھروسا - اعتبار - اعتماد ٭

باورچن (بَا - وَر - چَن)
باورچنی (بَا - وَر - چِنی) } (ھ) مؤنث - کھانا پکانے والی عورت ٭

باورچی (ف) مذکر - طباخ - کھانا پکانے والا - رسوئیا ٭

باورچی خانہ (ف) مذکر - مطبخ - رسوئی - کھانا پکنے کی جگہ ٭

باوصف (بَا - وَصْف) (ف - ع) باوجود ٭

باون (بَا - وَن) پنجاہ و دو - پچاس اور دو - (۵۲) ٭

باون بیر (ھ) مذکر - (۱) باون بہادر (۲) فطرتی - منتفنی ٭

باون تولے پاؤ رتی (ھ) مثل - جیسے کا تیسا - بجنسہ - جوں کا توں - ٹھیک - درست - عمدہ ٭

باون گز کا (ھ) (۱) لمبا - طویل - دراز قامت - (۲) فسادی - شریر ٭

باہ (بَاہ) (ع) مؤنث - قوت مردمی - قوتِ جماع ٭

باہ (ھ) مذکر - معاملہ - واسطہ - تعلق - کام ٭

باہا (بَا - ہَا) (ھ) مذکر - (۱) پانی نکلنے کا رستہ - نالی - نہر (۲) وہ برتن جس میں گنے بیلتے وقت رس پڑتا ہے ٭

باہر (بَا - ہَر) (ھ) (۱) بیرون - خارج - نکلا ہوا (۲) علیحدہ - جدا (۳) پردیس میں - مسافرت میں ٭

باہر باہر (ھ) دور - دور - پرے پرے ٭

باہر جانا (ھ) (۱) سفر کو جانا (۲) پاخانے کو جانا - (۳) احاطے سے نکل جانا ٭

باہر کا (ھ) مذکر - (۱) اجنبی - غیر (۲) دہقانی ٭

باہر کرنا (ھ) (۱) نکالنا - دھتکارنا - (۲) چھوڑنا - (۳) شرکت یا ورثے سے علیحدہ کرنا ٭

باہر میاں ہفت ہزاری گھر بیوی کرموں کی ماری (ھ) مثل - میاں تو نواب بنے پھرتے ہیں - بیوی نصیبوں کو روتی ہے - حیثیت سے بڑھ کر قدم رکھنے والا ٭

باہر والا (ھ) مذکر - خاکروب - مہتر - بھنگی - حلال

غرور ◆

باہم (با-ہَم) (ف) مل جل کر - آپس میں - ایک دوسرے کے ساتھ ◆

باہمن (باہَ-مَن) (ہ) مذکر - برہمن ◆

باہمہ (با-ہَمَہ) (ف) سب کے ساتھ ◆

باہمی (با-ہَمی) باہم سے مشتق - آپس میں ◆

باہن (با-ہَن) (ہ) مذکر - (ہندو) (۱) دیوتاؤں کی سواری (۲) ہل کی لکڑی (۳) جوت کر تیار کی ہوئی زمین ◆

باہنا - باناؔ (باہَ-نا ◆ با-نا) (ہ) (۱) پھیلانا - کھولنا - جیسے منہ باہنا - (۲) ہل چلانا - تخم ریزی کرنا - بونا - (۳) محنت کرنا - (۴) پیچھے پڑنا - درپے ہونا (۵) کنگھی کرنا - (۶) گھسانا - داخل کرنا ◆

بائت (با-ئِت) (ہ - مذکر) (۱) وہ طرف جو آخر شطرنج کے کونے میں ہے - (۲) نشانہ خطا ہوجانا - (۳) بے اثر کلام (۴) عجیب (۵) اور - دوسرا (۶) علیحدہ ◆

بائع (با-ئِع) (ع) مذکر - بیچنے والا - فروخت کرنے والا - بیع کرنے والا ◆

بائلر (با-اِلَر) (انگ Boiler) مذکر - لوہے کا وہ حصہ جو ریل کے انجن میں سے بھاپ وغیرہ نکالتا ہے - نیز اس میں سے پانی کھول کر انجن کے چلنے میں مدد دیتا ہے ◆

باؤ (با-اُو) (ہ) مؤنث - (۱) ہوا - باد - پون - (۲) گوز - پاد - ریح (۳) خرد ماغی - غرور - جیسے باؤ پر سوار ہے (۴) درد - وجع المفاصل - گٹھیا کا درد ◆

باؤ برنگ (ہ) دیکھو باؤبڑنگ ◆

باؤ بندی (ہ) مؤنث - (۱) خیالِ باطل مبالغہ آرائی اور بے اصل بات (۲) فریب - دھوکا - (۳) دھوکا دینے کی دلیل ◆

باؤ بھڑکنا (ہ) دیوانہ ہو جانا - سودائی ہوجانا - پاگل ہو جانا ◆

باؤ بھک - یا - باؤ جھک (ہ) مؤنث - (۱) بلبلا - حباب (۲) بیہودہ - بکواس ◆

باؤٹا (با-اُو-ٹا) (ہ) مذکر - (۱) جھنڈا - نشان - پھریرا - (۲) ایک قسم کا زیور (۳) ریح - تشنج - اینٹھن ◆

باؤٹا اُڑانا (ہ) جھنڈا اُڑانا - پھریرا کھڑا کرنا - نشان گاڑنا ◆

باؤ ونڈی پھرنا (ہ) واہی تباہی پھرنا - ڈانواں ڈول پھرنا - آوارہ پھرنا ◆

باؤرا (با-اُو-را) (ہ) مذکر (عوام) دیکھو باؤلا ◆

باؤ سرنا (ہ) پاد آنا ◆

باؤ سول (ہ) مذکر - درد ریح ◆

باؤ کھمبا (ہ) مذکر - ایک دوا کا نام ہے ◆

باؤ کے گھوڑے پر سوار ہونا (ہ) (۱) جلد باز ہونا (۲) مغرور ہونا - متکبر ہونا ◆

بائوگریفی (بائی-آ-گ-رَ-فی) (انگریزی - Biography) مذکر - روایات - تذکرہ - سوانح عمری ◆

باؤگولہ (ہ) مذکر - ہوا یعنے ریح کا گولہ - وہ درد جو تلی میں ہوا بھر جانے کے باعث لاحق ہو ◆

باؤلا (با-اُو-لا) (ہ) مذکر - (۱) پاگل - دیوانہ - سودائی - (۲) بے وقوف - احمق ◆

باؤلر (با-اُو-لَر) (انگ Bowler) مذکر - گیند پھینکنے والا لڑکا ◆

باؤلی (با-اُو-لی) (ہ) مؤنث - (۱) وہ لمبا چوڑا کنواں جس میں پانی بھرنے کے لئے سیڑھیاں بنی ہوں (۲) ایک قسم کا آلہ جس سے پرندوں کو شکار کرنا سکھاتے ہیں - شکاری جانور کی تیاری - (۳) سودائن - پگلی - دیوانی - سڑن (۴) فریب چالاکی ◆

باؤلی دینا (ہ) (۱) بھڑکی دینا - شکاری پرندے کسی دوسرے پرند کو چھوڑ کر تیز اور دلیر کرنا (۲) چال دینا - دھوکا دینا ◆

باؤلی گھاٹ کے باؤلے پاٹے
باؤلی رانڈ کے باؤلے جائے } (ہ) مثل - جیسا باپ ویسی اولاد - سب ایک جیسے احمق ◆

باؤنی (با-اُو-نی) بیج بونے کا وقت ◆

بائی (با-ای) (ہ) مؤنث - (۱) مہارانی - رانی - بیگم - لیڈی (۲) بہن - ہمشیرہ - بُوا (۳) (ہندو) گانے والی عورت - ناچنے والی (۴) گوز - ریح - پاد - (۵) اینٹھن - تشنج (۶) سرسام ◆

بائیبل (با-اِی-بَل) (انگ Bible) مؤنث -

عیسائیوں کی آسمانی کتاب۔ انجیل +
بائیس (با-ئِیس) (ہ) بست و دو - بیس اور دو - (۲۲) +
بائیسکل (انگ Bicycle) مؤنث۔ سائیکل۔ ہوا گاڑی - ایک قسم کی دو پہیہ گاڑی جو پاؤں کی حرکت سے چلتی ہے +
بائیکاٹ (با-اِئی-کاٹ) (انگ Boycott) عدم تعاون - ترکِ موالات - تجارتی اور معاشرتی تعلقات کا قطع کرنا +
بائیں بائیں کرنا (ہ) (۱) بیہودہ بکنا - بکواس کرنا - (۲) غل مچانا - شور مچانا +
بائیں ہاتھ کا داؤں یا کھیل (ہ) بہت آسان کام - نہایت سہل +
بایاں (با-یاں) (ہ) مذکر - (۱) اُلٹا (ہاتھ) چپ - (۲) وہ طبلہ یا مجیرا جو بائیں ہاتھ کی طرف رہتا ہے (۳) نیچا سُر یا سُر جو خاص کر طبلے - ڈھولک اور پکھاوج سے بائیں ہاتھ سے نکلتا ہے +
بایاں پاؤں پوجنا - یا - بایاں قدم لینا (ہ) کسی کے کمال کا اقرار کرنا - خواہ کمال بدی میں ہو یا نیکی میں تسلیم کرنا - مان جانا - قائل ہونا - مقر ہونا - تعریف کرنا +
باید (با-یَد) (ف) چاہیئے +
باید و شاید (ف) جیسا چاہیئے - جیسا لائق ہے +
بایں (بہ-اِیں) (ف) اِس کے ساتھ +
بایں ہمہ (ف) اس سب کے ساتھ - اِن تمام باتوں کے باوجود +

ب - ب

ببادی (بَبا-دی) (ہ) (۱) جھگڑالو - فسادی - حجتی - تکرار کرنے والا - (۲) بدّی - مدّعا علیہ +
ببر (بَبر) (ع) مذکر - ایک قسم کا بڑا شیر جس کی گردن پر بال ہوتے ہیں - اکثر افریقہ کے جنگلوں میں پایا جاتا ہے +
ببر (بَب-بَر) (ہ) مذکر - وہ شخص جو اونٹ اور گھوڑوں کے بال کاٹتا ہے +
ببرا (بَب-رَا) (ہ) مذکر - کسی کبوتر - وہ نیلے رنگ کا کبوتر جس کے بازوؤں پر کالی چتیاں ہوں +

ببری (ہ) مؤنث - (۱) کاکل - زُلف - لٹ - پیشانی کے پیچیدہ بال جو عورتیں خوبصورتی کے لئے چھوٹے کرکے ماتھے پر چھوڑتی ہیں - (۲) وہ نیلی کبوتری جس کے بازوؤں پر کالی کالی چتیاں ہوتی ہیں +
ببریاں چھوڑنا (ہ) زلفیں چھوڑنا - لٹیں چھوڑنا - چوٹی گوندھتے وقت دونوں طرف خوبصورتی کے لئے کچھ بال چھوڑنا +
ببوا (بَب-وَا) (ہ) مذکر (۱) بابو کی تصغیر (۲) بچہ - لڑکا (۳) کھلونا - مٹی کا پُتلا +
ببول (بَبُول) (ہ) مذکر - ایک خاردار درخت جسے ہندی میں کیکر اور فارسی میں مغیلاں کہتے ہیں - جلانے کا ایندھن +
ببول کا گوند (ہ) مذکر - کیکر کا گوند +
ببول کے پیڑ بونا (ہ) (۱) کیکر کے درخت لگانا - (۲) مجازاً بُرے کام کرنا +
ببولا (بَبُو-لا) (ہ) مذکر - گرد باد - بگولا +
ببھاس (بَبھَاس) (ہ) مؤنث - ایک راگنی +
ببئی (بَبَہئی) (ہ) مؤنث - (۱) ایک خوشبودار بوٹی - (۲) اس کا بیج (۳) ایک قسم کی مینا +
ببی (بَب-بی) (ہ) مؤنث - بوسہ - چوما - پیار +
ببیانا (بِب-یا-نا) (ہ) (۱) زنانہ (۲) وہ چیزیں جو خاص عورتوں کے استعمال کے لئے ہوں - وہ چیزیں جو یورپین لیڈیوں سے مخصوص ہیں +
ببیس - ببیسی (بَبِیس + بَبے-سی) (ہ) مؤنث - (۱) بواسیر (۲) اغلام کرانے کی علت +
ببیسیا (ہ) مذکر - وہ شخص جسے بواسیر ہو (۲) وہ شخص جسے اغلام کرانے کی علت ہو +

ب - پ

بپا (بَپا) (ف) برپا - کھڑا +
بپت (بِپَت) (ہ) مؤنث - (۱) دکھ - تکلیف - **بپتا** (بِپ-تا) مصیبت - آفت - بلا +
بپت پڑی جب بھینٹ مانی - نکر گیا جب دینی آئی (ہ) مثل - مصیبت پڑنے پر آدمی بہت کچھ دینے کو تیار ہو جاتا ہے - لیکن اس کے گزر جانے پر بہت

کچھ بھول جاتا ہے +

بپتسمہ (ہند) (انگ - بپٹیزم Baptism) مذکر - پانی چھڑکنا - پانی میں غوطہ دینا - اصطباغ - عیسائی بنانے کی رسم +

بپوتی (بپو - تی) (ہ) (۱) نسلی - موروثی (۲) مؤنث - ورثہ - میراث +

بپھارا (بپھا - را) (س، مذکر (۱) بخارات - بھاپ - (۲) پسینہ لانے والی دوا +

بپھرنا (بپھر - نا) (ہ) (۱) ضد کرنا - بگڑنا - مچلنا - (۲) خشمناک ہونا - جھلانا (۳) جوش میں بھرنا - قابو سے باہر ہونا (۴) گھوڑے کا چمکنا - بدکنا - (۵) بغاوت کرنا (۶) لڑنے پر آمادہ ہونا +

ب - ت

بت (بَت) (ت) مؤنث - ایک قسم کی مرغابی - بط اسی کا معرّب ہے +

بت (بِت) (ہ) مؤنث - (۱) طاقت - قوت - بساط - قدرت - حوصلہ - (۲) دولت - مال - دھن (۳) شان وشوکت - دبدبہ (۴) عمر - (۵) قدو قامت - ڈیل ڈول +

بت (بُت) (ف) مذکر - (۱) مورتی - پتلی - نعبت (۲) معشوق - پریتم (۳) خاموش - چپ - گونگ (۴) احمق - مورکھ - بیوقوف - (۵) مُکا - گھونسا - ڈگ (۶) پانسہ پھینکنے یا چوسر کی کوڑیاں لڑھکانے کا تختہ (۷) وہ چراغدان جسے تارکش اپنے کندھے پر رکھ کر اُس کی روشنی میں کام کرتے ہیں +

بت پرست (ف) مذکر - مورتی پوجنے والا +

بت تراش (ف) مذکر - مورتی بنانے والا +

بت خانہ - یا - بت کدہ - (ف) مذکر - شوالہ - مندر - صنم کدہ - مورتی رکھنے کی جگہ - مورتی پوجنے کا مقام +

بت بننا (ل) چپ لگنا - گنگ ہونا - خاموش ہونا - صم بکم ہونا +

بتّا (بُت - تا) (ہ) مذکر - (۱) دم - فریب - جھانسا (۲) حیلہ - بہانہ - دھوکا - دھونس +

بتّا دینا (ہ) (۱) دھوکا دینا - جھانسا دینا - دغا دینا - (۲) بہانہ بتانا - ٹالنا +

بتاسا - یا - بتاشا (بتا - سا + بتا - شا) (ہ) مذکر - (۱) حباب - بلبلہ (۲) ایک قسم کی شیرینی جو حباب کی شکل کی ہوتی ہے (۳) آتشبازی کا چھوٹا انار +

بتاسے کا قفل (ہ) مذکر - چھوٹا سا گول تالا - گول قفل +

بتاسے کی طرح بیٹھ جانا - یا - گھل جانا (ہ) دفعۃً لاغر اور کمزور ہو جانا - تھوڑی تکلیف یا بیماری میں گھل جانا +

بتام (بتام) (ہند) (انگ - بٹن Button) مذکر - بٹن +

بتانا (بتا - نا) (ہ) (۱) کہنا - جتانا - واقف کرنا - (۲) دکھانا (۳) ظاہر کرنا - کھولنا (۴) اشارہ کرنا (۵) سمجھانا (۶) پیٹنا (۷) سکھانا - پڑھانا - تعلیم دینا (۸) ناچنے میں ہاتھ پاؤں ابرو کے اشارے سے پتہ دینا (۹) کہنا - بیان کرنا (۱۰) نام ظاہر کرنا (۱۱) کام دینا - (۱۲) پہچان کرانا (۱۳) مذکر - چوڑی کا پیمانہ جو چوڑی چڑھانے میں مدد کرتا ہے +

بتاؤں (بتا - اؤں) (ہ) (۱) کہوں (۲) سمجھاؤں (۳) ماروں (۴) دکھاؤں (۵ پنجابی) بینگن - بادنجان +

بتاؤ نہیں آئی (ہ) بارش کی کثرت کے باعث زمین اتنی خشک نہیں ہوئی کہ ہل جوتا جاسکے +

بت بتا (ہ) مذکر - (۱) جھوٹی باتیں گھڑنے والا - باتونی (۲) چرب زبان +

بتر (بتر) (ف) بدتر کا مخفف - نہایت برا - نکما - ناقص +

بترا (بت - را) (ہ) کند - کھوٹا - دھار بگڑا ہوا ہتھیار +

بتراضی طرفین (ب - تراضی - طر - فین) (ف - ع) فریقین کی رضامندی سے +

بترانا (ہ) (۱) عیب نکالنا - نقص نکالنا (۲) الزام لگانا +

بتک (بتک) (ہ) مؤنث - بط - بطخ +

بتکا (بت - کا) (ہ) مذکر - نر بطخ +

بتکڑ (بتک - کڑ) (ہ) مذکر - ذرا سی بات کو طول دینا

اَور بہت بڑا بنانا - نہایت مبالغہ کرنا ◆

بتلانا (ہ) دیکھو - بتانا ◆

بتمامہ (بِ - تما - مہی) (ف - ع) بالکل - سب ◆

بتنگ (بَتَنگ) عاجز - مجبور - بیزار ◆

بتنگڑ - بتنگڑا (بَتَنگ - گڑ - بَتَنگ - گڑا) دیکھو بتنگڑ ◆

بتورا (بتُو - را) (ہ) مذکر - خشک اُپلوں کا ڈھیر ◆

بتورن (بتُو - رَن) (ہ) مذکر - گاہنے کے بعد غلّے کا ڈھیر ◆

بتورن بتورنا (ہ) غلّے کا ایک جگہ جمع کرنا ◆

بتوری (بتُو - رِی) (ہ) مؤنث - ایک چھوٹی قسم کا اناج - چینی (۲) پتھر جیسا سخت ورم ◆

بتول (بتُول) (ع) مؤنث (۱) (لغوی معنی) کنواری (۲) تارک (۳) (اصطلاحی) حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا لقب ◆

بتولا (بتُو - لا) (ہ) مذکر - دھوکا - ہنسی کی بات ◆

بتولن (بتُو - لن) (ہ) مؤنث - باتونی اور دغاباز عورت ◆

بتولے بنانا (ہ) سخن سازی کرنا - باتیں بنانا ◆

بتہ (بَت - تہ) (ہ) مذکر - خارج کرنا - تفریق کرنا - کاٹنا ◆

بتھرانا (بتھ - را - نا) (ہ) پھینکنا - ضائع کرنا - بکھیرنا ◆

بتھرنا (بتھر - نا) (ہ) گرنا - پھیلنا - بکھرنا ◆

بتھوا (بتھ - وا) (ہ) مذکر - ایک قسم کا دست آور ساگ - جو گیہوں میں پیدا ہوتا ہے ◆

بتھوے کا ساگ کن ساگوں میں ۔ خلیا ساس کن ساسوں میں (ہ) اونے چیز کی کچھ قدر و قیمت نہیں - اور دُور کا رشتہ کوئی رشتہ نہیں ◆

بتھیا (بتھ - یا) (ہ) مؤنث - خشک اُپلوں کا ڈھیر ◆

بتّی (بَت - تی) (ہ) مؤنث - (۱) فتیلہ (۲) رُوئی یا سُوت کی ڈوری جو لیمپ اور چراغ وغیرہ میں جلائی جاتی اور زخم میں بھی رکھی جاتی ہے - (۳) موم یا چربی کی شمع (۴) پگڑی کا باریک بٹا ہوا پیچ (۵) بانس یا سرکنڈے کی گڈی (۶) لاکھ - اگر - صندل یا بارود وغیرہ کا فتیلہ - شتابہ (۸) حیوانات کی ہڈی کے اِدھر اُدھر کا گوشت ◆

بتّی (بَت - تی) (ہ) مؤنث - (۱) گنتی (۲) لڑکوں کا ایک کھیل ◆

بتّی جلانا (ہ) چراغ جلانا - روشنی کرنا ◆

بتّی چڑھانا (ہ) (۱) فانوس یا کنول وغیرہ میں چربی کی بتّی رکھنا (۲) زخم میں دوا کی بتّی بنا کر داخل کرنا (۳) بتّی کا اوپر کو سرکانا ◆

بتّی دکھانا (ہ) (۱) بندوق اور توپ کو آگ دینا - (۲) روشنی کرنا ◆

بتّی دینا (ہ) آگ لگانا - داغنا ◆

بتّی کی طاقت (ہ) مؤنث - برقی اصطلاح میں برقی لیمپ کی روشنی کا حساب جو شمع کے حساب سے رکھا گیا ہے

بتیا (بَت - یا) (ہ) مذکر (۱) ہرا اور کچّا پھل (۲) لمبا بینگن ◆

بتّیس (بَت - تیس) (ہ) سی و دو - تیس اور دو - ۳۲ ◆

بتّیس دانت کی بھاکا خالی نہیں جاتی (ہ) مثل - مظلوم آدمی کی بد دعا رائگاں نہیں جاتی ◆

بتّیس دانتوں میں زبان (ہ) مثل - سب طرف سے پھنسا ہوا - دشمنوں سے گھرا ہوا ◆

بتّیس دھار (ہ) مذکر - ماں کا دودھ جو ہر شخص بچپن میں پیتا ہے ◆

بتّیس دھار ہو کر نکلنا (ہ) دُعائے بد - بتّیس زخموں کے راستے سے نکلنا - پھوٹ پھوٹ کے نکلنا ◆

بتّیس دھاریں دودھ بخشنا (ہ) ماں کا اپنا پلایا ہوا دودھ مرتے ہوئے جوان بیٹے کو بخش دینا ◆

بتّیسا (بَت - تی - سا) (ہ) مذکر - (۱) ایک قسم کا سخت حلوا جو عورتیں جننے کے بعد بتّیس دوائیں ڈال کر کھاتی ہیں - (۲) گھوڑی کو بچّہ جننے کے بعد جو مسالہ دیا جاتا ہے (۳) سوہن حلوے کی قسم کی مٹھائی جو پنجاب میں بنتی ہے ◆

بتّیسی (بَت - تی - سی) (ہ) مؤنث - آدمی کے دانتوں کی دونوں لڑیاں - کل دانت ◆

بتّیسی بجنا (ہ) دانت بجنا - کپکپانا - دانت آپس میں ایک دوسرے سے ٹکرانا ◆

بتّیسی بند ہونا (ہ) حالتِ غشی میں دانت جکڑ جانا - اوپر اور نیچے کی لڑی کا مل کر بند ہو جانا ◆

بتّیسی دکھانا (ہ) (۱) بیہودہ ہنسنا - دانت دکھانا (۲)

چڑانا۔ ہنسی کرنا (۳) عاجز ہونا۔ انکسار کرنا۔ (۴) لجاجت اور خوشامد کرنا ◆

ب ۔ ٹ

بَٹ (بَٹ) (ہ) مذکر۔ (۱) ٹکڑا۔ حصہ۔ تقسیم (۲) بل۔ سلوٹ (۳) تولنے کے اوزان ◆

بَٹ (ہ) مؤنث۔ (۱) وہ شکنیں جو فربہی کے باعث بدن پر پڑیں (۲) راہ۔ پگ ڈنڈی۔ بٹیا (۳) وہ سوجن جو کسی ضرب کے صدمے سے ہو جاتی ہے (۴) اوجھڑی کا موٹا دبا وہ گوشت جس میں خانے نہیں ہوتے (۵) کشمیریوں کی ذات ◆

بٹّا (بَٹ۔ ٹا) (ہ) مذکر۔ (۱) تولنے کے وزن۔ باٹ (۲) کٹوتی۔ کمی۔ گھاٹا۔ کسر (۳) فرق۔ جیسے زمین آسمان کا بٹا ہے۔ (۴) کھوٹ۔ نقص۔ خرابی۔ (۵) دھبہ۔ عیب (۶) مسالہ پیسنے کا پتھر۔ (۷) زیور رکھنے کا ڈبہ یا کیس (۸) گول آئینہ (۹) مداریوں کے گول گول ڈھکنے جن میں گولیاں رکھ کر غائب کرتے ہیں (۱۰) فصاد کا وہ کاٹھ کا گولا جو خون نکالتے وقت ہاتھ میں پھراتے ہیں (۱۱) ارباب نشاط کا انعام (۱۲) پیتل کی ٹکیا ◆

بٹّا باز (ہ) مذکر۔ (۱) مداری۔ شعبدہ باز۔ بازی گر۔ (۲) ٹھگ۔ عیار۔ مکار ◆

بٹّا ڈھال (ہ) ہموار۔ برابر۔ سپاٹ ◆

بٹّا سٹّا (ہ) مذکر۔ (۱) ایک قسم کی زرہ (۲) سازش ◆

بٹّا لگانا (ہ) (۱) کمی کٹوتی کاٹنا۔ (۲) عیب لگانا۔ دھبہ لگانا ◆

بٹّا لگنا (ہ) کٹوتی لگنا۔ کمی ہونا۔ عیب لگنا۔ حرف آنا۔ ساکھ بگڑنا ◆

بٹالین (بَٹا۔ لِین) (انگ Battalion) مذکر۔ پلٹن۔ پیدل فوج کی ایک ہزار سپاہیوں کی رجمنٹ ◆

بٹانا (بٹا۔ نا) (ہ) تقسیم کرانا۔ اِدھر اُدھر کرنا ◆

بٹاؤ (بٹا۔ اُؤ) (ہ) مذکر۔ (۱) راہ گیر۔ مسافر۔ (۲) غیر۔ دوسرا ◆

بٹاؤ (بٹا۔ اُؤ) (ہ) مذکر۔ تقسیم۔ بانٹ ◆

بٹائی (بٹا۔ اِی) (ہ) مؤنث۔ (۱) تقسیم۔ پیداوار کی وہ تقسیم جو اجارہ دار اور مالک زمین میں قرار پاتی ہے۔ (۲) غلہ تیار ہو کر بٹنے کا موسم (۳) بانٹنے کی اجرت ◆

بٹائی دار (ہ۔ ف) مالک سے فصل کا حصہ بانٹنے والا زمیندار ◆

بٹ مرائی (ہ) مؤنث۔ سرکار کی طرف سے ہانڈیوں کی سالانہ جانچ ◆

بٹلوہی (بَٹ۔ لو۔ ہی) (ہ) مؤنث۔ پیتل کا وہ

بٹلوئی (بَٹ۔ لو۔ اِی) برتن جس میں پانی پیتے یا دودھ دوہتے ہیں ◆

بٹ مار (ہ) مذکر۔ راہزن۔ قزاق۔ ڈاکو۔ راستہ لوٹنے والا ◆

بٹن (بَٹَن) (انگ Button) مذکر۔ بوتام۔ گھنڈی۔ تکمہ ◆

بٹنا (بَٹ۔ نا) (ہ) مذکر۔ اُبٹنا۔ جسم چمکانے کا مسالہ ◆

بٹنا (ہ) (۱) بل دینا۔ لپیٹنا (۲) حاصل کرنا۔ کمانا۔ (۳) تقسیم ہونا ◆

بٹنگ (بَٹَنگ) (ہ) مذکر۔ ناشپاتی کی مانند ایک میوہ ہے ◆

بٹنی (بَٹ۔ نِی) (ہ) مؤنث۔ عورت کی چھاتیوں کا منہ جس سے بچہ دودھ پیتا ہے ◆

بٹوا (ہ) مذکر۔ روپے پیسے یا الائچیاں رکھنے کا چھوٹا سا جیبی کیسہ۔ پاکٹ۔ بیگ ◆

بٹوا سا قد (ا) مذکر۔ مٹکنا سا قد۔ بوٹا سا قد۔ چھوٹا اور گول قد ◆

بٹوا سا منہ (ا) چھوٹا سا منہ۔ خوبصورت منہ۔ پیاری شکل۔ غنچہ سا دہن ◆

بٹوار (بٹ۔ وار) (ہ) مذکر۔ محصول اکٹھا کرنے والا۔ اُگراہی کرنے والا ◆

بٹوارا۔ بٹوارہ (ہ) مذکر۔ تقسیم کرنا۔ الگ الگ کرنا۔ حصہ لگانا۔ بانٹنا ◆

بٹورن (بٹو۔ رَن) (ہ) مؤنث۔ (۱) بچی کھچی چیز۔ کوڑا کرکٹ (۲) چنی ہوئی۔ فراہم کی ہوئی چیز ◆

بٹورنا (بٹو۔ رنا) (ہ) اکٹھا کرنا۔ سمیٹنا ◆

بٹورا (ہ) دیکھو "بٹوارا" ◆

بٹوری (بٹو۔ ری) (ہ) مؤنث۔ معاملہ یا محصول جو دیہاتی دکانداروں پر لگایا جائے ◆

بٹوئیا (بَٹو-یا) (ہ) مذکر۔ راہ گیر۔ مسافر ۔
بٹھانا۔ بٹھلانا (بِٹھا-نا ۔ بِٹھ-لا-نا) (ہ) (۱) قائم کرنا۔ کھڑا کرنا (۲) جوڑنا (۳) کسی جانور سے انڈے سِوانا (۴) تخت نشین کرنا (۵) تباہ کردینا جیسے وہ تو اب بالکل بیٹھ گئے (۶) مقرر کرنا۔ جیسے پہرہ بٹھانا۔ پنچایت بٹھانا ۔
بٹھار کھنا (ہ) (۱) کنوارا رکھنا۔ شادی کے بعد سُسرال نہ بھیجنا۔ (۲) بے کار رکھنا۔ گھر پڑ رکھنا ۔
بٹھک (بِٹھک) (ہ) مذکر۔ دیمک کا گھر ۔
بٹھور (بِٹھوُر) (ہ) مؤنث۔ چولہے کی جلی ہوئی لال مٹی ۔
بٹھیٹی (بِٹھیٹی) } (ہ) مؤنث۔ کلابتون بٹنے کا کام۔
بٹیٹی (بِٹیٹی) } سوت یا مونج یا سن بٹنے کا کام ۔
بٹھیٹیا (بِٹھیٹی-یا) (ہ) مذکر۔ کلابتون۔ سوت۔ مونج یا سن بٹنے والا ۔
بٹی (بَٹ-ٹی) (ہ) مؤنث (۱) چھوٹا پھل (۲) ریل کا گولا (۳) شمع (۴) عرق کھینچنے کا بھبکا ۔
بٹیا (بَٹ-یا) (ہ) مؤنث۔ (۱) چھوٹا باٹ۔ پتھری۔ سنگ ریزہ (۲) پگ ڈنڈی۔ تنگ راستہ ۔
بٹیا (بِٹ-یا) (ہ) مؤنث (۱) بیٹی کی تصغیر۔ چھوٹی بیٹی۔ لڑکی۔ دختر۔ صبیہ۔ (۲) تار یل کی گری ۔
بٹیے (بَٹ-یے) (ہ) مذکر۔ بٹیا کی جمع ۔
بٹیاں (بَٹ-ٹیاں) (ہ) مؤنث۔ نو عمر عورت کی چھاتیاں ۔
بٹیر (بَٹیر) (ہ) مؤنث۔ ایک چھوٹا پرندہ جو کھانے اور لڑانے کے کام آتا ہے ۔
بٹیر باز (ا) مذکر۔ بٹیر پالنے اور لڑانے والا ۔
بٹیر کا بہ جانا (ہ)۔ بٹیر کا دانہ نہ ملنے کے باعث پتلا حال ہو جانا ۔
بٹیری (بَٹیے-ری) (ہ) مؤنث۔ بیٹی والوں کی طرف سے دولہا کا نذرانہ خلعت دینے کی رسم ۔
بٹے کھاتے (بَٹ-ٹے-کھا-تے) (ہ) (۱) نفع نقصان (۲) نا قابل وصول روپیہ ۔

ب - ج

بجا (بَجا) (ف) مذکر۔ (۱) ٹھیک۔ درست۔ صحیح۔ مناسب۔ جائز۔ (۲) جگہ پر۔ ٹھکانے پر۔ مناسب موقع۔ (۳) (طنزاً) ناواجب۔ بے موقع ۔
بجا آوری (ف) مؤنث۔ تعمیل حکم۔ اجراء کار۔ انجام دہی ۔
بجا کہے جسے عالم اُسے بجا سمجھو (ا) مثل۔ جس بات کو دنیا ٹھیک سمجھے۔ اُسے ٹھیک سمجھنا چاہیئے ۔
بجالا (بَجا-لا) (ہ) مذکر۔ بیجوں سے بھرا ہوا ۔
بجالانا (ا) تعمیل حکم کرنا۔ انجام دینا۔ کہنے کے موافق کرنا ۔
بجار (بِجا ر) (ہ) مذکر۔ (۱) سانڈ۔ (۲) شہوتی آدمی۔ (۳) زبردست۔ قد آور۔ (۴) موٹا تازہ ۔
بجانا (بَجا-نا) (ہ) (۱) باجے کی آواز نکالنا۔ (۲) مجامعت کرنا (۳) پرکھنا۔ جیسے روپے کو بجانا ۔
بجائے (بَجا-ئے) (ف) قائم مقام کے طور پر۔ جگہ پر۔ عوض۔ بدلہ ۔
بج بجانا (ہ) (۱) کسی چیز میں سڑ کر بلبلے اُٹھنا (۲) کیڑوں کی کثرت اور ان کا حرکت کرنا ۔
بجٹ (بَجَٹ) (انگ Budget) مذکر۔ (۱) ملکی جمع خرچ کا حساب (۲) فردِ حساب۔ محاصل۔ اندازہ۔ اٹکل ۔
بجد ہونا (بَجِد-ہو-نا) (ا) ضد کرنا۔ جد وجہد کرنا۔ اڑنا۔ بسر ہونا۔ اصرار کرنا ۔
بجّر (بَج-جر) (ہ) مذکر۔ (۱) (لغوی معنے) پتھر (۲) (مجازاً) سخت اور بھاری۔ بوجھل۔ کڑا۔ کٹھن۔ مشکل (۳) سست۔ کاہل وجود ۔
بجرا (بَج-رَا) (ہ) مذکر۔ ایک بڑی قسم کی گول اور نہایت خوبصورت کشتی ۔
بجر بٹو (ہ) مذکر۔ (۱) ایک کالا جنگلی پھل۔ (۲) ایک قسم کا کھلونا ۔
بجری (ہ) مؤنث (۱) سنگ ریزہ (۲) برف کی پھوار ۔

بجز (بِ۔جُز) (ف) صرف۔ سوا۔ علاوہ۔ بغیر ٭
بجلد و (بِ۔جِل۔دُو) (ف۔ت) بدلے میں ٭
بجلی (بِج۔لی) (ہ) مؤنث۔ (۱) برق۔ صاعقہ۔ چمک (۲) گٹھلی کا مغز۔ آم کی گری (۳) مذکر چالاک۔ پھرتیلا۔ چست۔ تیز ٭
بجلی بسنت (ہ) مؤنث۔ بسنت رُت کی بجلی۔ موسم بہار کی کڑک جو اور موسموں کی نسبت زیادہ ہوتی ہے۔ (۲) تیز۔ چالاک۔ طرّار ٭
بجلی بل (ہ) مذکر۔ قوت برقی۔ طاقت کہربائی ٭
بجلی پڑنا یا گرنا (ہ) بجلی کا شعلہ گرنا۔ (۲) آفت آنا۔ موت آنا ٭
بجلی ٹوٹے۔ یا۔ گرے۔ یا۔ پڑے (دُعائے بد) (۱) آگ لگے۔ مرجائے۔ تباہ و برباد ہو جائے ٭
بجلی چمکنا (ہ) بادل میں سے شعلہ نکلنا ٭
بجلی کے بالے (ہ) مذکر۔ کانوں میں پہننے کے جڑاؤ اور چوڑے حلقے ٭
بجلی کی تلوار (ا) مؤنث۔ بجلی کی طرح کاٹ کرنے والی تلوار۔ تیغ بُرّاں ٭
بجلی مہمان گھر میں نہیں تنکا (ل) مثل۔ خود غریب ہے اور امیروں کو دعوت دیتا ہے ٭
بجنا (بَج۔نا) (ہ) (۱) آواز نکلنا (۲) خبر ہونا۔ (۳) (آپس میں) کھرا روپیہ ٭
بُجنا (بُج۔نا) (ہ) مذکر۔ چیقس کی گدّی۔ چیقس کا لتہ۔ (پنجابی) بُجّا ٭
بجنتری (بَجن۔تری) (ہ) مذکر۔ وہ محلہ جہاں گانے بجانے والے رہتے ہوں ٭
بجنسہٖ (بِجِن۔سِہی) (ع) (۱) جوں کا توں۔ ٹھیک ٹھیک۔ ہو بہو۔ (۲) کل۔ سب کا سب ٭
بجّو (بِج۔جُو) (ہ) (۱) ایک قسم کی جنگلی بلی۔ جو مُردوں کو قبروں سے نکال کر کھاتی ہے۔ (۲) مجازاً چالاک اور تیز آنکھوں والا نقصان رساں انسان ٭
بجوانا (بَج۔وا۔نا) بجانا کا متعدّی ٭
بجوٹھا (بِجو۔ٹھا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا زیور جسے ہندو عورتیں بازوبند کی جگہ استعمال کرتی ہیں ٭
بجورنا (بِجو۔ڑ۔نا) (ہ) (۱) خوب پیٹنا (۲) مجامعت کرنا (۳) ملنا۔ رگڑنا۔ دابنا ٭
بجوگ (بِجو۔گ) (ہ) مذکر۔ (۱) منحوس ستاروں کا طالع میں قِران (۲) جدائی (۳) مصیبت (۴) ہرج مرج (۵) سبب۔ باعث (۶) صدمہ۔ حادثہ۔ (۷) بدنصیبی (۸) خلاف ٭
بجوگ پڑنا (ہ) (۱) جدائی اور مفارقت ہونا۔ بچھڑنا (۲) مصیبت پڑنا۔ بپتا پڑنا ٭
بجھانا (بُجھا۔نا) (ہ) (۱) آگ پر پانی ڈالنا۔ (۲) خاموش کرنا۔ دُور کرنا۔ رفع کرنا۔ جیسے غصّہ بجھانا (۳) آب دینا (آب چڑھانا) (۴) چاندی یا سونے یا اینٹ کو لال کر کے پانی میں ڈالنا۔ ٹھنڈا کرنا۔ سرد کرنا (۵) پژمردہ کرنا۔ حوصلہ توڑنا (۶) دھیما کرنا۔ ملائم کرنا ٭
بُجھنا (بُجھ۔نا) (ہ) (۱) سرد ہونا۔ (۲) مُرجھانا۔ ٹھٹھرنا (۳) ٹوٹنا۔ حوصلہ نہ رہنا ٭
بجھوتا (بُجھو۔تا) (ہ) مذکر۔ (۱) حساب کا سالانہ اوسط۔ سالانہ پیداوار کا اوسط (۲) دریافت کرنا۔ حساب فہمی کرنا ٭
بجھوّل (بُجھو۔وَل) (ہ) مؤنث۔ پہیلی۔ بجھارت۔ چیستان ٭
بجھارت (بُجھا۔رَت) (ہ) مؤنث۔ حساب کا تصفیہ ٭
بجھرا (بَجھ۔را) (ہ) مذکر۔ (۱) گگرا جس میں گرم پانی رکھتے ہیں۔ (۲) ایک خاص وضع کا سرپوش جسے گھڑوں پر رکھتے ہیں ٭
بجھرا (بَجھ۔را) (ہ) مذکر۔ بیجھڑ (۲) جو گیہوں اور چنا ملا ہوا غلّہ (۳) ملا ہوا ٭
بجھگاہ (بِجھ۔گاہ) (ہ) مذکر۔ پرندوں کے ڈرانے کا پُتلا۔ کالی ہانڈی جو پرندوں کو ڈرانے کے لئے کھیتوں میں لکڑی پر لٹکا دیتے ہیں ٭
بُجھیرا (بُجھے۔را) (ہ) مذکر۔ لکڑی کا آلہ جس پہ صراحی رکھی جاتی ہے ٭
بجھیل (بُجھیل) (کا) لدا ہوا۔ بھاری ٭
بجے (بِجے) (ہ) مذکر۔ فتح۔ جیت۔ جے ٭
بجے دسمی (ہ) مذکر۔ (۱) دسہرہ۔ (۲) کنوار مہینے کی دسویں تاریخ جس میں سری رامچندر جی نے راون سے دسویں لڑائی فتح کرنے کی طرف اشارہ ہے ٭
بجیا (بِج۔یا) (ہ) مؤنث۔ بھنگ۔ سبزی ٭
بجیلا (بِجے۔لا) (ہ) صفت (۱) وہ اراضی جس میں بیج کثرت سے پیدا ہو۔ (۲) وہ پھل جس میں بیج بکثرت ہوں ٭

ب - چ

بچ (بَچ) (ہ) مؤنث - (۱) ایک مشہور اور مفید کڑوی دوا - (۲) بچنا کا امر ٭
بچا (بَچ - چا) (ہ) کان کٹا - چھوٹے کانوں والا ٭
بچانا (ہ) (۱) چھوڑ جانا - بھول جانا - (۲) رعایت کرنا ٭
بچار (بِچار) (ہ) مؤنث - (۱) سوچ بچار - غور - فکر - دھیان (۲) قیاس - اندازہ - اٹکل - (۳) سمجھ عقل (۴) تمیز - تدبیر - (۵) ارادہ ٭
بچارنا - یا - بچار کرنا (ہ) (۱) سوچنا - فکر کرنا - (۲) خیال کرنا - غور کرنا - (۳) عقل لڑانا - سمجھنا (۴) امتیاز کرنا - (۵) قیاس کرنا - (۶) اندازہ کرنا - جانچنا - (۷) شمار کرنا - (۸) ستاروں کی چال دیکھنا - (۹) تخمینہ لگانا - (۱۰) بدگوئی کرنا - (۱۱) ارادہ کرنا - قصد کرنا ٭
بچارا (بِچا - رَا) (۱) سیدھا سادا - بھولا - غریب - مفلس - (۲) مؤنث کے لئے بچاری کہتے ہیں ٭
بچاکھچا - یا - بچا کچا (ہ) مذکر - باقی - بقیہ ٭
بچالانا - چھپانا - محفوظ کرنا ٭
بچالی (بِچا - لی) (ہ) مؤنث - ایک قسم کی گھاس وہ گھاس جو گھوڑوں کے تھان پر بچھائی جاتی ہے ٭
بچانا - (ہ) (۱) حفاظت کرنا - پناہ دینا - حمایت کرنا (۲) ایک رُخ کو کرنا - (۳) رکھنا - جمع کرنا - (۴) بری کرنا - (۵) سنبھالنا - روکنا - (۶) نجات دینا - چھڑانا - (۷) چرانا - غبن کرنا - (۸) اُڑانا - اٹک کرنا - (۹) چھپانا - (۱۰) مدد کرنا - دستگیری کرنا (۱۱) آرزو کرنا - چھوڑ دینا ٭
بچاؤ (ہ) مذکر - (۱) حفاظت - آسرا - ٹ - براءت (۲) پناہ - سلامتی (۳) نجات - مخلصی - (۴) عذر - (۵) بہانہ - (۶) حفاظت کی جگہ ٭
بچاؤ کرنا - یا - نکالنا - (ہ) (۱) براءت کی تجویز کرنا - (۲) حفاظت کرنا ٭
بچپن (بَچ - پَن) (ہ) مذکر (۱) لڑکپن - کم عمری - (۲) بال پن - صغرسنی ٭
بچپن کی باتیں - (۱) ناسمجھی کی باتیں - الھڑپن کی باتیں ٭
بچت (بَچَت) (ہ) بقایا - نفع - فائدہ ٭
بچک (بِچَک) (ہ) مؤنث - خوف - بھڑک - مایوسی ٭
بچکانا (بَچ - کا - نا) (ہ) (۱) بچوں کا - (۲) کم عمر - کم سن - (۳) بچہ کا جوتا ٭
بچکانا (بِچ - کا - نا) (۱) ڈرانا - خوف دلانا (۲) پیچھے ہٹانا (۳) ناامید کرنا (۴) وعدے سے پھر جانا ٭
بچکانی (ہ) مؤنث - (۱) چھوٹی لڑکی - نوجوان لڑکی - (۲) ناٹک کی پالی ہوئی لڑکی ٭
بچکنا (ہ) (۱) ڈرنا - (۲) ہٹ جانا - (۳) موچ آنا - (۴) ناامید ہونا ٭
بچکنی (بَچ - کَنی) (ہ) مؤنث - ایک قسم کا زیور ٭
بچ کے چلنا (ہ) (۱) سنبھل کے چلنا - (۲) احتیاط کرنا ٭
بچ کھیلنا (ہ) اپنے آپ کو بچا کر کچھ کام کرنا - اپنا بچاؤ کرنا ٭
بچل (بِچَل) (ہ) مذکر - وسطی - بیچ کا - منجھلا ٭
بچلا (ہ) منجھلا - متوسط - اوسط درجے کا ٭
بچلنا (بِچَل - نا) (ہ) (ہندو) (۱) پھسلنا - (۲) بہکنا - بھولنا - غلطی کرنا - (۳) گم ہو جانا - رستہ بھولنا (۴) مچلنا - اڑنا - ضد کرنا - (۵) بدکنا - بھڑکنا (۶) دیوانہ ہونا - جنون ہونا ٭
بچن (بَچَن) (ہ) مذکر - (۱) قول - بات - گفتگو - کلام (۲) عہد و پیمان - شرط - (۳) شگون ٭
بچن پالنا (ہ) (۱) اپنے قول پر قائم رہنا - (۲) ایمان پر ثابت قدم رہنا ٭
بچن توڑنا - یا - چھوڑنا (ہ) اقرار توڑنا - قول سے پھرنا ٭
بچن دینا (ہ) قول کرنا - عہد و پیمان کرنا - زبان دینا ٭
بچن لینا (ہ) (۱) اقرار لینا - وعدہ لینا - عہد لینا - قول و قرار لینا - (۲) قسم لینا ٭
بچن نباہنا (ہ) اپنی بات پر قائم رہنا - بات کا پاس کرنا - ایفا کرنا ٭
بچنوں کا باندھا کھڑا ہے آسمان (۱) مثل - وعدہ پورا کرنے کی بنا پر دنیا قائم ہے ٭
بچن ہارنا (ہ) (۱) زبان دینا - اقرار کرنا - وعدہ کرنا - عہد کرنا - (۲) قول سے پھرنا - بات پر قائم نہ رہنا ٭

بچنا ـ (ہ) (۱) الگ رہنا ـ محفوظ رہنا ـ (۲) باقی رہنا ـ بڑھنا ـ (۳) زندہ رہنا ـ چھپنا ـ (۴) ہٹنا ـ (۵) آرام ہونا ـ اچھا ہونا ـ (۶) پرہیز کرنا ـ (۷) رہائی پانا ـ (۸) بہانہ کرنا ـ (۹) خرچ نکال کر فائدہ ہونا ـ نفع ہونا ـ (۱۰) جُدا رہنا ۔

بچو ـ (ہ) (۱) صیغۂ امر ـ ہٹو ـ الگ ہو جاؤ ـ (۲) احتیاط کرو ۔

بچُو (بَچ ـ چُو) (ہ) پیار سے بچّے کو اور غصّے میں حقارت سے مخالف کو کہتے ہیں ۔

بچورنا (بِچُور ـ نا) (ہ) مالیدہ کرنا ـ ملنا ـ رگڑنا ۔

بچولیا (بِچَو ـ لِیا) (ہ) مذکر ـ (۱) ثالث ـ پنچ ـ (۲) درمیانی ـ دلاّل ـ ضامن ـ (۳) فیصلہ کرنے والا ـ نزاع دُور کرنے والا ۔

بچوں (بَچ ـ چُوں) (ہ) مذکر ـ بچّہ کی جمع ۔

بچوں کا کھیل (ہ) مذکر ـ (۱) آسان کام ـ سہل بات (۲) بچوں کے کھیلنے کی چیز ـ (۳) فضول بات ـ بیکار کام ۔

بچونگڑہ (بِچُونگ ـ ڑہ) (ہ) مذکر ـ (۱) بچّہ ـ طفل ـ بالک ـ (۲) نادان ـ بیوقوف ـ ناواقف ۔

بچہ (بَچ ـ چہ) (ف) مذکر ـ (۱) طفل ـ کودک ـ بال ـ بالک (۲) چھوٹی عمر کا پودا ـ (۳) نادان ـ (۴) چوزہ ـ (۵) فقیروں کا تکیہ کلام ـ (۶) معصوم ـ بے گناہ ـ پاک ۔

بچہ بازی (ہ) مؤنث ـ لونڈے بازی ـ اغلام ۔

بچہ دان ـ (ف) مذکر ـ رحم ـ بچے دانی ـ کوکھ ۔

بچہ کش ـ (ہ) وہ عورت جو بہت بچے جنے ـ بچے دینے والی ۔

بچہ کشی ـ (ف) مؤنث بچے مار ڈالنا ـ بال ہتیا ۔

بچۂ عیسیٰ ـ (ف) مذکر کنایۃً شراب کو کہتے ہیں ۔

بچھ (بِچھ) (ہ) بچھنا کا امر ۔

بچھا (بِچھ ـ چھا) (ہ) مذکر ـ (۱) فاصلہ ـ وقفہ ـ عرصہ ـ فرق ـ مہلت (۲) درمیان ـ بیچ ۔

بچھا جانا ـ (ہ) (۱) عجز و انکسار کرنا ـ جھکنا ـ (۲) بہت اخلاص و مدارات کرنا ۔

بچھنیا (بِچھَن ـ یا) (ہ) مؤنث ـ چھپکلی ۔

بچھڑا (بَچھ ـ ڑا) (ہ) مذکر ـ گائے کا نر بچہ ـ گوسالہ ۔

بچھڑا (بِچھ ـ ڑا) (۱) بچھڑنا کا امر (۲) بچھڑنا کی ماضی (۳) جُدا ـ دُور افتادہ ۔

بچھڑا کھونٹے کے بل کودتا ہے (۱) زبردست کا حمایتی کے بل اترانا ـ یا ـ باتیں بنانا ـ حمایتی پر گھمنڈ کرنا ۔

بچھڑا ہوا ـ (ہ) مذکر ـ آوارہ ـ گم شدہ ـ کھویا ہوا ـ قافلے سے الگ ہوا ـ مہجور ـ علیٰحدہ ـ جُدا ـ الگ ۔

بچھڑ جانا ـ (ہ) جُدا ہو جانا ـ گم ہو جانا ـ آوارہ ہو جانا ـ بھول جانا ۔

بچھڑیا (بِچھ ـ ڑِیا) (ہ) مؤنث ـ ہاتھی کا مادہ بچّہ

بچھنا (بِچھ ـ نا) (ہ) فرش ہونا ـ عجز کرنا ۔

بچھناک (بِچھ ـ ناک) (ہ) مذکر ـ ایک زہریلی اور مہلک دوا کا نام ۔

بچھو (بِچھ ـ چھو) (ہ) مذکر ـ (۱) (زہریلا جانور) کژدم ـ عقرب ـ برچھک ـ (۲) پہاڑی پودا جس کا پتہ چھو جانے پر بچھو کے کاٹنے کی طرح جلن ہوتی ہے (۳) خطرناک آدمی ۔

بچھوا (بِچھ ـ وا) (ہ) مذکر (۱) بیچوا ـ کٹار ـ خنجر ـ جمدھر ـ چھوٹا خنجر ـ ایک ہتھیار کا نام ہے جو بچھو کی دم کی مانند ٹیڑھا ہوتا ہے (۲) پاؤں کی انگلیوں میں پہننے کا ایک زیور (۳) ایک قسم کا نہایت تیز اچار ۔

بچھوانا (ہ) فرش کرانا ۔

بچھورنا ـ **بچھوڑنا** (بِچھور ـ نا ـ بِچھوڑ ـ نا) (۱) جُدا کرنا ـ ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۲) رُوئی کا بیج سے علیحدہ کرنا ـ بیلنا ۔

بچھو کا منتر نہ جانے بانبی میں ہاتھ ڈالے ـ یا ـ بچھو کا منتر یاد نہیں سانپ کے بل میں ہاتھ ڈالے (ہ) مثل ـ چھوٹا کام تو کر نہیں سکتے ـ بڑے کام میں ہاتھ ڈالنے لگے ۔

بچھونا (بِچھَو ـ نا) (ہ) مذکر ـ (۱) بستر ـ فرش (۲) سوگ کا بوریا ـ یا ـ ٹاٹ ۔

بچھونا اٹھانا ـ (ہ) (۱) سوگ کا ختم ہونا ـ (۲) بستر اٹھانا ۔

بچھوہا (بِچھَو ـ ہا) / **بچھویا** (بِچھَو ـ یا) } (ہ) مذکر ـ جُدائی ـ مفارقت ـ ہجر ۔

بچھیا (بَچھ ـ یا) (ہ) مؤنث ـ (۱) گائے کا مادہ بچہ ـ (۲) بنیوں کی ایک رسم ۔

بچھیا کا باوا ـ (ہ) مذکر ـ (۱) بیل ـ (۲) نہایت بیوقوف ـ

احمق ۔ بے عقل ۔ گاؤدی ◆

بچھیرا (بَچھے ۔ را) (ہ) مذکر ۔ گھوڑے کا نر بچہ ◆

بچھیرا پلٹن ۔ (ا) مذکر ۔ (۱) نو عمر لڑکوں کی فوج (۲) نوعمر بچے ◆

بچھیری (بَچھے ۔ ری) (ہ) مؤنث ۔ چھوٹی عمر کی گھوڑی ◆

بچی (بَچ ۔ چی) (ہ) مؤنث ۔ (۱) چھوٹی لڑکی ۔ دختر ۔ دوشیزہ ۔ (۲) ڈاڑھی کا امام ۔ وہ بال جو نیچے کے ہونٹ اور ٹھوڑی کے بیچ میں ہوتے ہیں ◆

بُچی (بُچ ۔ چی) (ہ) کان کٹی ◆

بچے (بَچ ۔ چے) (ہ) مذکر ۔ بچہ کی جمع ◆

بچیانا (بَچ ۔ یا ۔ نا) (ہ) گھوڑے کا کان کھڑے کرنا ◆

بچے بھرانا ۔ (ہ) جانوروں کا اپنے بچوں کو چونچ سے دانہ کھلانا ۔ چوگا دینا ◆

بچے تو آپ سے نہ بچے تو سگے باپ سے (ا) مثل ۔ عورت ذات اپنی مرضی سے بچ سکتی ہے حفاظت کرنے سے نہیں ◆

بچے کچے ۔ (ہ) مذکر ۔ لڑکے بالے ۔ چھوٹے بڑے بچے ◆

بچے والی ۔ (ہ) مؤنث ۔ (۱) بچہ دار ۔ اولاد والی ۔ زچہ ۔ (۲) وہ مرغی جس کے آگے بچے ہوں ۔ (۳) پروین ۔ ستاروں کا مجموعہ ◆

ب ۔ ح

بحال (بَحَال) (ع) (۱) برقرار ۔ قائم ۔ (۲) ٹھہرا ہوا ۔ خوش ۔ اچھی حالت میں ۔ (۳) سرسبز ۔ شاداب ۔ تروتازہ ◆

بحال رکھنا ۔ (ا) قائم کرنا ۔ بدستور رکھنا ◆

بحال کرنا ۔ (ا) دوبارہ اسی عہدے پر مقرر کرنا ۔ بدستور اجازت دینا ◆

بحال ہونا ۔ (ا) (۱) تندرست ہونا ۔ (۲) پھر مقرر ہونا ۔ اپنے کام پر لگنا ◆

بحالی (بَحَا ۔ لی) (ا) مؤنث ۔ (۱) برطرفی کے خلاف ۔ بدستور مقرر ہونا ۔ (۲) خوش دلی ۔ فرصت ۔ افاقہ ◆

بحث (بَحْث) (ع) مؤنث (۱) (لغوی معنی) کھودنا ۔ چھان بین کرنا (۲) (لفظی) تکرار کرنا ۔ مباحثہ ۔ تقریر ۔ حجت ۔ دلیل ۔ (۳) جھگڑا ۔ سوال و جواب ۔ گفتگو ۔ مناظرہ ۔ (۴) واسطہ ۔ تعلق ◆

بحثا بحثی (ا) مؤنث ۔ (دیکھو) بحث ◆

بحثنا ۔ (ا) بحث کرنا ۔ مباحثہ کرنا ۔ جھگڑنا ۔ تکرار کرنا ۔ مناظرہ ۔ گفتگو کرنا ◆

بحر (بَحْر) (ع) مذکر (۱) بڑا دریا ۔ جھاسا گر ۔ سمندر (۲) شعر کا وزن ۔ علم عروض میں نظم کے انتیس وزن ہیں جن میں سے ہر وزن کو بحر کہتے ہیں ◆

بحر الکاہل (ع) مذکر ۔ سمندر کے ایک وسیع حصے کا نام جو نئی دنیا کے مغرب اور براعظم ایشیا کے مشرق کی طرف واقع ہے ◆

بُحران (بُح ۔ رَان) (ع) مذکر ۔ بیماری کے زور کا دن ۔ طبیعت اور مرض کا مقابلہ ◆

بحر اوقیانوس (ع) مذکر ۔ وہ سمندر جس کے مشرق میں یورپ اور افریقہ اور مغرب میں امریکہ ہے ◆

بحر کھلنا (ا) (۱) دل کا پردہ اٹھنا ۔ ذہن و حافظہ بڑھنا ۔ (۲) بے تکلف بولنا ◆

بحر ہند (ع) مذکر ۔ ہندوستان سے جنوب کی طرف کے سمندر کو بحر ہند کہتے ہیں ◆

بحور (بُحُور) (ع) مذکر ۔ بحر کی جمع ۔ اوزان ۔ اوزان شعر ◆

بحری (بَح ۔ ری) (ع) (۱) بحر سے منسوب ۔ دریائی ۔ سمندری (۲) پانی کا رہنے والا ◆

بحرین (بَح ۔ رَین) (ع) مذکر ۔ دریائے روم اور دریائے فارس ◆

بحریہ (بَح ۔ رِی ۔ یَہ) (ع) مذکر ۔ جنگی جہاز کا محکمہ ۔ وہ ادارہ جس میں جہازوں کی جانچ پڑتال اور تعلیم وغیرہ ہوتی ہے ◆

بحساب رسدی (بَ حِسَابِ رَسَدِی) (ف ۔ ع) جس قدر حصہ کسی کو مل سکے ۔ اس کے حساب سے ◆

بحساب سر شماری (ف ۔ ع) فی سر (شخص) کے حساب سے ◆

بحق مدعا علیہ (ف ۔ ع) مدعا علیہ کے فائدے میں ◆

بحل (بِحِل) (ع) معاف کرنا ۔ چھوڑنا ۔ عفو کرنا ◆

بحیرہ (بُحَے ۔ رَہ) (ع) مذکر ۔ بحر کی تصغیر ۔ چھوٹا سمندر ۔ ساگر ◆

بحیرۂ احمر (ع) مذکر ۔ وہ سمندر جو افریقہ اور عرب کے درمیان واقع ہے ◆

بحیرۂ خضر (ع) مذکر ۔ ایک سمندر کا نام جس کے مشرق میں چین واقع ہے ◆

ب - خ

بُخار (بُخَار) (ع) مذکر - (۱) حرارت - بھاپ - گرمی - (۲) تپ (۳) جوش - ملال ۔

بُخارات (بُخَا - رَات) (ع) مذکر - بخار کی جمع ۔

بخار آنا - یا - بخار چڑھنا (ل) (۱) تپ چڑھنا - بدن گرم ہونا - (۲) ڈرنا - خوف آنا ۔

بخار دل میں رکھنا - (ل) عداوت و کینہ و بغض رکھنا ۔

بخار نکالنا - (ل) (۱) دل کا جوش نکالنا - غصہ اُتارنا - لڑائی کرنا - (۲) حسرت نکالنا ۔

بُخاری (بُخَا - رِی) (ل) مؤنث - باورچی خانہ یا دالان کی وہ کوٹھڑی جو غلّے کے لئے دیوار میں بناتے ہیں - (۲) چمنی - انگیٹھی جو دیوار میں بنائی جاتی ہے اور دھواں چھت کے اوپر نکالا جاتا ہے - (۳) بخارا کا رہنے والا (۴) بخارا کی چیز - (۵) احادیث نبویہؐ کی ایک ضخیم صحیح اور معتبر کتاب جو اپنے مؤلف حضرت امام بخاری رحؒ کے نام سے موسوم ہے ۔

بخت (بَخْت) (ف) مذکر - حصہ - نصیب - طالع - بھاگ - اقبال - قسمت ۔

بخت اُڑ گئے بلندی رہ گئی - (ل) مثل - نام کی ریاست - نام کے رئیس - نواب بنے ملک - ریاست اور ملک تلف ہو کر محض نام باقی رہ گیا - (۲) گرہ میں پیسہ نہیں - نواب بنے پھرتے ہیں ۔

بخت آزمائی - (ف) مؤنث (۱) تقدیر آزمانا - مقدر کا جانچنا - نصیب کا پرکھنا - (۲) کوشش - سعی - جدوجہد ۔

بختاور (بَخْ - تَا - وَر) (ل) (۱) صاحب نصیب - بھاگوان - اقبال مند (۲) (طنزاً) بدقسمت - بدنصیب ۔

بختوں جلی (بَخْ - تُوں - جَلی) (ل) مؤنث - (۱) بدنصیب - بدقسمت - (۲) بے اولاد - (۳) رانڈ - بال بدھوا ۔

بختوں کے بلیا - پکائی کھیر - ہو گیا دلیا (ل) مثل بدنصیبی میں اچھا کام بھی خراب ہو جاتا ہے ۔

بَخْتے (بَخْ - تے) (ل) مذکر - دلے ہوئے بھنے چنے - جن پر چھلکا نہیں ہوتا - بھنے ہوئے چنوں کے دلے ہوئے دانے - نخود بریاں کی دال ۔

بُختی (بُخْ - تی) (ت) مذکر - بڑا اُونٹ - شتر تیز رفتار ۔

بختیار (بَخْت - یَار) (ف) (۱) خوش قسمت - نصیبے والا - دولت مند - صاحب اقبال - (۲) ایران میں ایک قبیلے کا نام ۔

بخرا - بخرہ (بَخْ - رَا - بَخْ - رَہ) (ف) مذکر - حصہ - بھاگ - بھاجی ۔

بخش (بَخْش) (۱) بخشنا کا امر - (ف) (مذکر) (۲) حصہ - بخرہ - (۳) کھانے کا پورا حصہ جو تقریبوں میں بانٹا جاتا ہے ۔

بخش دینا - (ل) (۱) بلا معاوضہ دے دینا - مفت دے دینا - (۲) معاف کر دینا - عفو کرنا - سزا نہ دینا ۔

بخشش (بَخْ - شِش) (ف) مؤنث - (۱) انعام - عطیہ - (۲) معافی - عفو ۔

بخشنا (بَخْش - نَا) (ل) (۱) عطا کرنا (۲) معاف کرنا ۔

بخشو (ل) معاف کرو - پیچھا چھوڑو ۔

بخشوانا (بَخْش - وَا - نَا) (ل) (۱) معاف کرانا - عفو کرانا - (۲) چھڑانا ۔

بخشو بی بلّی چوہا (مرغا) لنڈورا ہی (بھلا) جیئے گا (ل) مثل - میں آپ کی عنایت نہیں چاہتا - میں آپ کی مہربانی کے بغیر ہی اچھا ہوں - روایت ہے کہ کسی چوہے پر کسی بلّی نے ہاتھ مارا - چوہے کی پونچھ تو ہاتھ آ گئی - مگر چوہا بلّی کے ہاتھ سے نکل گیا - جب پونچھ ہی بلّی کے ہاتھ میں رہ گئی - تو بلّی نے کہا - بھانجے میں تو تجھے پیار کرتی تھی - میرے پاس آنا تاکہ تیری پونچھ ٹھکانے پر لگا دوں - لنڈورا بُرا معلوم ہوتا ہے - چوہے نے جواب دیا "بخشو بی بلّی چوہا لنڈورا ہی جیئے گا" ۔

بخشی (بَخْ - شی) (ف) مذکر - (۱) فوج کی تنخواہ تقسیم کرنے اور حساب کتاب رکھنے والا عہدہ دار جو کہ فوج کی تنخواہ بانٹنے والا (۲) سپہ سالار جنرل یا کمانڈر انچیف ۔

بخشی الممالک (ف - ع) مذکر - کمانڈر انچیف - جس کے سپرد تقسیم تنخواہ بھی ہوتی ہے ۔

بخشی خانہ (ف) مذکر۔ فوج کی تنخواہ تقسیم ہونے کی جگہ ٭

بخشی کا دھکّر - یا - دھگڑا (۱) مذکر۔ سپہ سالار کا آشنا۔ رنڈی آور کا دوست۔ رشتہ کا سالا۔ کوتوال کا یار ٭

بخشی گری (ف) مؤنث۔ فوج کی تنخواہ بانٹنے کا عہدہ ٭

بخل (بُخل) (ع) مذکر (۱) لالچ۔ طمع۔ حرص۔ (۲) کنجوسی۔ تنگ دلی ٭

بخوبی (بخوبی) (ف) بآرام۔ خوبی کے ساتھ۔ آسائش سے ٭

بخور (بَخُور) (ع) مذکر۔ وہ چیزیں جن کے جلانے سے خوشبو نکلتی ہے۔ عود۔ لوبان وغیرہ ٭

بخیر (بخیر) (ف) (۱) اچھی طرح خیریت کے ساتھ ٭

بخیل (بَخِیل) (ع) مذکر۔ کنجوس۔ تنگدل۔ ممسک ٭

بخیلی (بخی۔لی) (ف) مؤنث۔ کنجوسی۔ تنگ دلی ٭

بخیہ (بخ۔یَہ) (ف) مذکر۔ (۱) ایک قسم کی مضبوط اور پاس پاس سیون۔ یکتا ٹانکا۔ دوہرا ٹانکا۔ (۲) جمع۔ سرمایہ۔ پونجی۔ (۳) حوصلہ۔ بساط۔ قابلیت ٭

بخیے (بخ۔یے) (۱) بخیہ کی جمع ٭

بخیے ادھیڑنا ۔ (۱) راز فاش کرنا۔ حقیقت کھولنا ٭

ب - د

بد (بَد) (ہ) مذکر۔ وہ پھوڑا جو چڈوں میں اُٹھتا ہے ٭

بد (بَد) (ف) (۱) نیک کے خلاف۔ بُرا۔ خراب۔ (۲) ناقص۔ نکمّا۔ (۳) شریر۔ فسادی ٭

بد آموز (ف) (۱) جس نے بُری تعلیم پائی ہو (۲) بُری بات سکھانے والا ٭

بد اچھا بدنام بُرا ۔ (۱) محاورہ۔ رُسوا اور نکمّا ہونا بدکاری سے بھی زیادہ خراب ہے ٭

بد اخلاق (ف۔ع) (۱) بد اطوار۔ ناشائستہ۔ نالائق۔ بُری خصلت والا ٭

بد اسلوب (ف۔ع) (۱) بے ڈھنگا۔ بُری شکل کا (۲) چال چلن کا خراب ٭

بد اصل (ف۔ع) (۱) پاجی۔ (۲) بد ذات۔ کم اصل ٭

بد اطوار (ف۔ع) بُرے چال چلن کا۔ بُرے ڈھنگوں کا ٭

بد اعمال (ف۔ع) بد چلن۔ بُرے کام کرنے والا ٭

بد انتظامی (ف۔ع) مؤنث۔ بد عملی۔ اندھیر۔ انتظام کی خرابی ٭

بد اندیش ۔ (ف) بُرا چاہنے والا۔ مخالف۔ دشمن ٭

بد اوسان (ف) گھبرایا ہُوا۔ بد حواس ٭

بد باطن (ف۔ع) کینہ ور۔ سیاہ دل۔ بُرے دل والا ٭

بد بخت (ف) (۱) بد نصیب۔ بد قسمت۔ (۲) مصیبت زدہ ٭

بد بلا ۔ (۱) مؤنث۔ (۱) بڑی بھاری چڑیل (۲) نہایت شریر۔ ظالم ٭

بد بُو ۔ (ف) مؤنث۔ سڑاند۔ خراب بُو ٭

بد پرہیز ۔ (ف) پرہیز نہ کرنے والا۔ بے احتیاط۔ بلا نوش ٭

بد پرہیزی (ف) مؤنث۔ (۱) بے احتیاطی۔ بے اعتدالی۔ (۲) فضول خرچی ٭

بد تر (ف) نہایت خراب۔ بہت بُرا۔ بہت خراب ٭

بد جانور (۱) مذکر۔ خنزیر۔ سُوّر۔ خوک۔ بد ٭

بد چلن (ف) (۱) بد راہ۔ بد اطوار۔ بدکار۔ بد وضع۔ (۲) فضول خرچ ٭

بد حال (ف) ردّی حالت والا۔ بد حیثیت ٭

بد حواس (ف) (۱) بے ہوش۔ بے حواس۔ (۲) پریشان۔ حیران ٭

بد خط ۔ (ف) بُرا لکھنے والا ٭

بد خطی ۔ (ف) مؤنث۔ بُری لکھائی ٭

بد خلق ۔ (ف) بد مزاج۔ الھڑ۔ طبیعت کا ناقص۔ بد طینت۔ روکھا۔ بے فیض ٭

بد خو ۔ (ف) بُری خصلت کا۔ بد اخلاق۔ بُری عادت والا۔ بُری طبیعت کا ٭

بد خواب ہونا ۔ (۱) (۱) بُرا سپنا دیکھنا۔ (۲) احتلام ہونا۔ (۳) نیند اُچٹ جانا ٭

بد خوابی ۔ (ف) مؤنث۔ (۱) ڈراؤنا خواب (۲) احتلام۔ (۳) بے چینی۔ نیند نہ آنا ٭

بد خواہ ۔ (ف) بُرا چاہنے والا۔ دُشمن۔ بیری۔ مخالف ٭

بدخواہی (ف) مؤنّث۔ دُشمنی۔ بَیر۔ بدظنی۔ مخالفت ۔

بددُعا (ف) مؤنّث۔ کوسنا۔ بُری دعا ۔

بددل (ف) (۱) ناخوش (۲) ناراض۔ بدگمان۔ بدظن ۔

بددماغ (ف۔ ع) (۱) چڑچڑا۔ تنک چڑھا (۲) مغرور۔ گھمنڈی ۔

بددماغی (ف) مؤنّث۔ غرور۔ نازک دماغی۔ چڑچڑاپن۔ گھمنڈ ۔

بددیانت (ف) مذکّر۔ خیانت کرنے والا۔ دغا باز۔ فریبی۔ چور۔ بے اعتبار ۔

بددیانتی (ف) مؤنّث۔ دل کی وہ حالت جس میں انسان جانتے بوجھتے ہوئے دوسرے کو نقصان پہنچانے والا کام یا بات کرے۔ بے ایمانی۔ خیانت ۔

بدڈول (ا) بے ڈھنگا ۔

بدذات (ف) مذکّر (۱) کمینہ۔ کم ذات (۲) شوخ شریر (۳) سفلہ۔ پاجی ۔

بدذہن (ف) مذکّر۔ کند ذہن۔ کوڑ مغز۔ ناقص العقل ۔

بدراہ (ف) مذکّر۔ بدوضع۔ بدچلن۔ بدکار۔ گمراہ ۔

بدرکاب (ف) مذکّر (۱) وہ گھوڑا جو رکاب میں پاؤں نہ رکھنے دے (۲) شریر ۔

بدرگ (ف) کمینہ ۔

بدرنگ (ف) مذکّر (۱) خراب رنگ (۲) رنگ بدلا ہوا۔ (۳) بُری قسم کا ۔

بدزبان (ف) مذکّر۔ بدکلام۔ گستاخ۔ گالی گلوچ بکنے والا ۔

بدزیب (ف) مذکّر۔ بے ڈول۔ نازیبا۔ ناموزوں ۔

بدسلوکی (ف) مؤنّث۔ بُری طرح پیش آنا۔ بُرا برتاؤ ۔

بدسیرت (ف) بُری عادت والا ۔

بدسے بدنام بُرا (ہ) مثل۔ بد ہونے سے بدنام ہونا بہت بُرا ہے ۔

بدشگونی (ف) }
بدشگنی (ا) } مؤنّث۔ نحوست۔ بدفالی ۔

بدصورت (ف) بھونڈی صورت والا۔ بھدی شکل والا۔ بدشکل ۔

بدطینت (ف) بُری عادت والا۔ بدخصلت ۔

بدظن (ف) بدگمان۔ شکی ۔

بدعملی (ف) مؤنّث۔ اندھیر۔ بدانتظامی۔ بدنظمی ۔

بدعہد (ف) بے وفا۔ قول سے پھر جانے والا۔ وعدہ خلاف ۔

بدفعلی (ف + ع) مؤنّث۔ بُرا کام کرنا۔ بدکاری۔ حرام کاری۔ بدچلنی۔ بدکرداری ۔

بدکار (ف) زناکار۔ فاسق۔ بدچلن۔ خراب۔ بدکردار ۔

بدکاری (ف) مؤنّث۔ زناکاری۔ حرامکاری۔ بدچلنی۔ بدفعلی ۔

بدکردار (ف) بدعمل۔ بدچلن ۔

بدگمان (ف) بُرا گمان رکھنے والا۔ بُرا خیال رکھنے والا۔ بدظن۔ شکی ۔

بدگمانی (ف) مؤنّث۔ بے جا شبہ۔ بدظنی ۔

بدگوہر۔ بدگہر (ف) بدذات ۔

بدگوئی (ف) مؤنّث۔ غیبت۔ برائی۔ چغلی ۔

بدلحاظ (ف) بے شرم۔ بے حیا۔ گستاخ ۔

بدلحاظی (ف) مؤنّث۔ بے شرمی۔ بے حیائی۔ حفظِ مراتب کا خیال نہ رکھنا۔ گستاخی۔ بزرگوں کے روبرو ناشائستہ حرکتیں کرنا ۔

بدلگام (ف) (۱) وہ گھوڑا جو لگام کو نہ مانے۔ بے قابو (۲) مجازاً بے ادب۔ منہ پھٹ آدمی ۔

بدمزاج (ف) چڑچڑا۔ غصہ ور۔ تند خو ۔

بدمزاجی (ف) مؤنّث۔ ترش روئی۔ تند خوئی۔ چڑچڑاپن ۔

بدمزگی (ف) مؤنّث (۱) بدذائقہ پن (۲) رنجیدگی۔ مخالفت۔ ناموافقت۔ رنجش ۔

بدمزہ (ف) بے سواد۔ بدذائقہ۔ خوش مزہ کی ضد ۔

بدمزہ ہونا (ا) بے ذائقہ ہونا۔ خفا ہونا۔ ترش رو ہونا۔ بگڑنا۔ ناراض ہونا ۔

بدمست (ف) (۱) مدہوش۔ بے ہوش۔ مست۔ نشہ میں چور (۲) پرشہوت (۳) شریر ۔

بدمستی (ف) مؤنّث (۱) مدہوشی (۲) شہوت پرستی۔ (۳) شرارت ۔

بدمعاش (ف) (۱) وہ شخص جس کی روزی بُرے کاموں پر منحصر ہو (۲) حرام خور۔ شریر۔ لچا۔ غنڈا ۔

بدمعاشی (ف) مؤنّث۔ شرارت۔ حرام خوری۔ بدذاتی۔ بدچلنی ۔

بدمعاملگی (ف) مؤنث (۱) بے ایمانی۔ لین دین کی صفائی نہ رکھنا (۲) بدعہدی کھوٹاپن۔

بدمعاملہ (ف ۔ ع) مذکر۔ لین دین کا کھوٹا۔ بے ایمان بددیانت۔ بدعہد۔

بدنام (ف) رُسوا۔ پُرعیب۔ بُرا۔ ناقص۔

بدنامی (ف) مؤنث۔ رُسوائی۔ بُری شہرت۔ بُرا نام۔

بدنصیب (ف) مذکر۔ کم بخت۔ بدقسمت۔

بدنظر دیکھنا (ف) (۱) بُری نگاہ سے دیکھنا۔ نفسانی خواہش کے ارادے سے گھورنا (۲) دشمنی کی نظر سے دیکھنا۔

بدنما (ف) بدزیب۔ بھونڈا۔ بدشکل۔ بُرا۔ بھدا۔ ناقص۔

بدنیت (ف ۔ ع) ۔ (۱) بُرا ارادہ (۲) بُرے ارادے والا (۳) لالچی۔ حریص (۴) ندیدہ ۔ بُری نیت والا (۵) زنا کا ارادہ۔ حرامکاری کی خواہش (۷) حرامکاری۔

بدفعلی (ف ۔ ع) مؤنث۔ کوئی ناجائز فعل یا لاراہ یا بلا بعذر جائز کرنا۔

بدوضع (ف ۔ ع) مذکر (۱) بدچلن۔ بداطوار۔ حرامکار (۲) بدصورت۔ نازیبا۔

بدہضمی (ف) مؤنث۔ گرانی۔ سُوءِ ہضمی۔ ہضم نہ کرنا۔

بدہیئت (ف ۔ ع) مذکر۔ بدصورت۔ بدشکل۔ مہیب صورت۔

بدا (بُدا) (س) مقرر۔ قسمت میں لکھا ہوا۔ طے شدہ۔

بدا ہونا (ہ) قسمت میں ہونا۔ نصیب میں ہونا۔ لازمی ہونا۔ شرطیہ ہونا۔

بِدا (بِدا) (ہ) مؤنث۔ رُخصت۔ الوداع۔ روانگی۔ جدائی۔

بدا بدی (بَدا۔ بَدی) (ہ) (۱) ضروری۔ شرطی (۲) تکرار۔ بحث

بداہت (بَدا۔ ہت) (ع) مؤنث (۱) فی البدیہہ بات کہنا۔ (۲) ناگہانی واقعہ یا حادثہ (۳) یقینی ہونا۔ صریحی ہونا۔

بداءت (بَدا۔ اَت) (ع) مؤنث۔ شروع کرنا۔ آغاز کرنا۔

بدائع (بَدا۔ اِع) (ع) مذکر و مؤنث۔ بدیع کی جمع۔ عجائبات۔

بدایوں (بُدا۔ یوں) (ہند) صوبجات متحدہ میں ایک ضلع۔

بدایوں کے مُلّا (ہ) محاورہ۔ نادان۔ مورکھ۔ احمق۔ بے وقوف۔

بدبدانا (بُد۔ بُدا۔ نا) (ہ) چُپکے چُپکے کہنا۔

بَد بَد کرنا (ہ) بدگمان کرنا۔ بدظن کرنا۔ شک میں ڈالنا۔

بدخشاں (بَدَ خ۔ شاں) (افغانستان) ایک مشہور شہر جو کسی زمانے میں لعل و یاقوت کے لئے شہرت رکھتا تھا۔

بدر (بَدْر) (ع) مذکر۔ چودھویں رات کا چاند۔ پورن ماشی کا چاند۔

بدر کے بعد ہلال ہے (ہ) مثل۔ کمال کے بعد زوال ہے۔

بدر (بَدَر) (ف) بیرون۔ باہر۔

بدررو (ف) مؤنث۔ پانی باہر جانے کا راستہ۔ موری۔ بڑی نالی۔

بدر کرنا (ہ) جلاوطن کرنا۔ باہر نکالنا۔ دیس نکالا دینا۔ شہر سے باہر کرنا۔

بُدر بُدر (بُدَر۔ بُدَر) (ہ) آہستہ آہستہ۔

بُدر بُدر کرنا (ہ) آہستہ آہستہ بُرا بھلا کہنا۔

بدر پیشی (بَدَر۔ پے۔ شی) (ف) (۱) پیشی میں۔ (۲) مؤنث۔ پیشی کی حالت۔

بدرقہ (بَد۔ رَقہ) (ف) مذکر (۱) رہبر۔ رہنما۔ ہم سفر (۲) مدد۔ سہارا۔ وسیلہ۔ اعانت (۳) اصلاح۔ درستی (۴) اعتدال پر لانا (۵) سپاہ۔ محافظ۔ نگران۔ رکھوالا (۶) ترکیب۔ تدبیر۔ دفعیہ۔

بدرنویسی (ف) مؤنث (۱) حساب کی جانچ پڑتال (۲) ملازمین دفتر کے جرمانوں کی فہرست (۳) مطالبہ کے وجوہ جن کی بنا پر عمال سے مواخذہ کیا جاتا ہے۔

بدرہ (بَد۔ رَہ) (ع) مذکر۔ تھیلی۔ ہزار روپے کی تھیلی۔

بَدری (بَد۔ ری) (ہ) مؤنث چھوٹی تھیلی۔

بِدری (بِد۔ ری) (ہ) مؤنث۔ جست کے برتن پر چاندی کا کام۔

بدستور (بَدَس۔ تور) (ف) جیسا پہلے تھا۔ حسب سابق۔ دستور کے مطابق۔ قاعدے کے مطابق۔ جُوں کا تُوں۔

بدعت (بِد۔ عت) (ع) مؤنث (۱) دین میں کوئی نئی بات یا نئی رسم نکالنا۔ نیا دستور یا رسم و رواج (۲)

سختی۔ ظلم (۳) جھگڑا۔ فساد۔ شرارت ۔

بدعتی (ع) مذکر (۱) مذہب میں نئی رسم یا نیا طریقہ اختراع کرنے والا (۲) مجاز۔ نیا دستور یا بُری رسم جاری کرنے والا (۳) فساد۔ شرارت پھیلانے والا۔ خرابی ڈالنے والا۔ نقص پیدا کرنے والا ۔

بدکانا (بِد۔کا۔نا) (ف) گھوڑے کو ڈرانا۔ بھڑکانا۔ اکھیڑنا۔ چمکانا ۔

بدکنا (بِدَک۔نا) (ف) ڈر کر چونکنا۔ بھڑکنا (۲) ڈرنا۔ اکھڑنا۔ چمکنا۔ بھاگنا ۔

بدکنا (بُدَک۔نا) (ف) اچھلنا ۔

بدل (بَدَل) } (ع) مذکر (۱) عوض۔ معاوضہ۔
بدلا (بَد۔لا) } پلٹا۔ تبادلہ (۲) اجرت۔ (۳) سزا ۔

بدل جانا (ف) وعدہ خلافی کرنا۔ حالت غیر ہونا۔ بھول جانا۔ اور کا اور ہو جانا ۔

بدل لینا (ف) پلٹ لینا۔ ایک چیز دے کر دوسری چیز لے لینا ۔

بدلائی (بَد۔لا۔ئی) } (ف) مؤنث۔ عوض معاوضہ۔
بدلوائی (بَد۔لَوا۔ئی) } بٹا۔ تبدیلی سکہ کا معاوضہ۔ بدل۔ پلٹ ۔

بدلنا (بَدَل۔نا) (ف) (۱) تبادلہ کرنا۔ پلٹنا (۲) انقلاب ہونا (۳) رنگ متغیر ہونا (۴) تبدیل کرنا ۔

بدلہ (بَد۔لہ) (ع) مذکر (۱) عوض معاوضہ (۲) اجر۔ انتقام (۳) عطا۔ انعام (۴) محنتانہ اجرت (۵) نقصان۔ تاوان (۶) جزا۔ قصاص ۔

بدلہ لینا (ف) عوض لینا۔ بدی کی بجائے بدی کرنا۔ قصاص لینا ۔

بدلی (بَد۔لی) (ف) مؤنث (۱) پلٹی تبدیلی۔ منتقلی (۲) بادل کا ٹکڑا۔ ابر۔ گھٹا (۳) تبدیل شدہ ۔

بدلی کی چھاؤں کیا (ف) مثل ناپائدار چیز سے کچھ نفع نہیں ۔

بدن (بَدَن) (ع) مذکر (۱) تن۔ جسم۔ اندام (۲) شرمگاہ۔ ستر ۔

بدن بگڑ جانا (ف) جذام یا کوڑھ ہو جانا ۔

بدن پر نہیں لتا پان کھائیں البتہ (ف) مثل۔ غریبی میں امیرانہ ٹھاٹھ رکھنا۔ گھر بیوی جھونکے بھاڑ باہر میاں محلہ دار ۔

بدن پھل جانا۔ یا۔ پھلنا (ف) تمام جسم میں پھوڑے پھنسی یا گرمی دانے ہو جانا ۔

بدن پھیکا ہونا (ف) پنڈا گرم ہونا۔ بخار ہونا۔ حرارت ہونا ۔

بدن توڑنا (ف) (۱) انگڑائیاں لینا (۲) عذر کرنا ۔

بدن ٹوٹنا (ف) اعضا شکنی ہونا۔ کسمساہٹ ہونا ۔

بدن چرانا (ف) جسم کو سکیڑنا۔ جسم کو چھپانا ۔

بدن کے رونگٹے کھڑے ہونا (ف) خوف یا سردی سے بالوں کا کھڑا ہونا۔ سردی لگنا۔ ڈر لگنا ۔

بدنی (بَدَ نی) (ع) بدن کے متعلق۔ جسمانی۔ جیسے سزائے بدنی ۔

بدنا (بَد۔نا) (ہ) (۱) شرط لگانا۔ اقرار کرنا۔ عہد کرنا۔ (۲) خاطر میں لانا۔ سمجھنا۔ (۳) قرار دینا۔ ٹھہرانا ۔

بدنی (بَدنی) (ف) مؤنث (۱) شرط۔ بازی (۲) فصل آنے سے پہلے غلے کا نرخ وغیرہ شرائط طے کرنا۔ سائی۔ بیعانہ۔ قیمت دے دینا ۔

بدو (بَد۔دُو) (ع) مذکر۔ عرب کے خانہ بدوش لوگ۔ جنگلی ۔

بدو کرنا (ف) بدنام کرنا۔ رُسوا کرنا ۔

بدولت (بَدَو۔لَت) (ف) (۱) طفیل۔ باعث۔ سبب۔ وجہ۔ وسیلہ (۲) آسرا ۔

بدوں (بِدُوْن) (ف) حرفِ استثنا۔ بغیر۔ سوا۔ بلا۔ بن۔ بجز ۔

بدھ (بَدھ) (س) مذکر۔ جان سے مارنا ۔

بدھ ڈنڈ (ہ) مذکر۔ موت یا قتل کی سزا ۔

بدھ (بُدھ) (ہ) مؤنث (۱) خدا۔ پرمیشر (۲) چاند۔ قمر۔ ماہ (۳) وضع۔ طور۔ ڈھب (۴) اچھے ستاروں کا ملنا (۵) جوڑ۔ میزان۔ حساب کا ٹھیک بیٹھ جانا ۔

بدھ کھانا۔ یا۔ ملنا (ف) (۱) میزان درست ہونا۔ (۲) اتفاق رائے ہونا۔ معاملہ پٹ جانا۔ بات قرار پا جانا (۴) نتیجہ مطابق ہونا (۵) پڑت پڑ جانا۔ کام بن جانا ۔

بدھ ملانا (ہ) (۱) جنم پتری ملانا (۲) میزان کا مقابلہ کرنا (۳) موافقت پیدا کرنا (۴) قیمت لگانا ۔

بُدھ (س) مذکر (۱) علیم کل (۲) عقل سمجھ۔ ہوش

دانائی۔ہوشیاری۔تیزی فہم (۳) بھگوان وشنو کا نواں اوتار (۴) عطارد (۵) چہارشنبہ۔بُدھ کا دن۔ (۶) گوتم بُدھ۔بُدھ مذہب کے بانی کا لقب۔

بدھوان (ہ) (۱) ذہین۔تیز فہم۔ہوشیار۔سنجیدہ۔عاقل۔ (۲) دُور اندیش (۳) تمیزدار (۴) گیانی۔عالم۔

بُدّھی (بُدّھ۔دھی) (ہ) مؤنث (۱) دانائی۔عقل۔سمجھ۔فہم۔گیان۔بُدھ۔ (۲) سمجھنے اور جاننے کی جس۔

بدھاتا (بِدھا۔تا) (س) مذکر۔ خدا۔علیم۔پرمیشر۔

بدھاوا (بَدھا۔وا) (ہ) مبارک باد۔بیاہ کا انعام۔

بدھائی (بَدھا۔ئی) (ہ) مؤنث۔ شادیانہ۔خوشی کے گیت۔

بدھائی دینا (ہ) مبارکباد گانا۔مبارک باد دینا۔

بدھنا (بَدھ۔نا) (ہ) مؤنث۔مٹی کا لوٹا۔

بدھنی (بَدھ۔نی) (ہ) مؤنث۔مٹی کی ٹونٹی دار چھوٹی سی کُٹیا۔

بُدّھو (بُدّھ۔دھو) (ہ) مذکر۔ بے وقوف۔نادان۔مورکھ۔کم عقل۔

بدھوا (بِدھ۔وا) (س) مؤنث۔بیوہ۔رانڈ۔

بُدّھی (بُدھ۔دھی) (ہ) مؤنث (۱) پھولوں کا ہار۔ (۲) تلوار کا آڑا زخم (۳) تسمے۔قمچی یا کوڑے کی مار کا نشان (۴) پھنکا۔حجام کا چھوٹا (۵) برمے کا چمڑا۔ (۶) گلے میں ڈالنے کا ایک زیور۔

بدھیا (بَدھ۔یا) (ہ) مؤنث (۱) آختہ۔خصی۔فوطے نکلا ہوا بیل (۲) چھوٹا اور دوشاخہ گتکا (۳) نامرد۔خنثہ۔ہیجڑا۔خوجہ۔

بدھیا بیٹھنا (ہ) (۱) چلتے ہوئے بیل کا بیٹھ جانا یا بےکار ہو جانا (۲) نقصان ہونا۔دیوالہ نکلنا۔مفلس ہونا۔

بدھیا کرنا (ہ) آختہ کرنا۔خصی کرنا۔نامرد کرنا۔

بدھیا مری تو مری آگرہ تو دیکھا (ہ) مثل۔ تھوڑی آسائش کے لئے زیادہ نقصان اٹھانا۔تھوڑی تفریح کے لئے زیادہ گھاٹے کی پروا نہ کرنا۔

بدھیاں پڑنا (ہ) چوٹ کا نشان پڑنا۔

بدھیاں ڈالنا (ہ) مار کر کھال اُڑا دینا۔

بدی۔ بدی (بَد۔اِی۔بَدی) (س) مؤنث۔اندھیرا پاکھ۔چاند کا دوسرا پکھواڑا۔چاند کے مہینے کے آخری پندرہ دن۔

بدی (بَدی) (ف) مؤنث۔ برائی۔بدخواہی۔غیبت۔

بدی پر آنا (ع) (۱) بُرائی پر آمادہ ہونا۔دشمنی پر کمر باندھنا (۲) سرکشی کرنا۔ہٹ کرنا۔ضد کرنا۔

بدی کرنا (ف) (۱) بُرائی کرنا۔دشمنی کرنا (۲) تکلیف دینا۔ستانا (۳) غیبت کرنا۔

بِدّیا (بِد۔دیا) (س) مؤنث (۱) واقفیت۔علم۔ہنر۔فن۔گُن (۲) چالاکی۔دھوکا۔چال (۳) علم کی دیوی (۴) جادو۔ٹونا۔چھومنتر۔شعبدہ بازی۔

بِدّیارتھی (س) طالب علم۔علم کا خواہشمند۔

بِدّیاوان (س) عالم۔فاضل۔گیانی۔ماہرفن۔

بدیس (بَدیس) (ہ) مذکر۔غیرملک۔پردیس۔

بدیسی (ہ) مذکر۔ پردیسی۔مسافر۔اجنبی۔

بدیع (بَدیع) (ع) (۱) انوکھا۔نادر (۲) بنانے والا۔موجد (۳) مؤنث۔ نو ایجاد شے۔

بدیہہ (بَدیہہ) (۱) برجستہ۔برموقع۔برمحل۔ (۲) صریح۔ظاہر۔

بدیہی (ع) وہ بات جس میں دلیل کی حاجت نہ ہو۔ظاہر۔روشن۔

بدیہیات (ع) مؤنث۔ظاہر باتیں۔

ب ۔ ڈ

بڈارنا (بُڈار۔نا) (ہ) (۱) جلاوطن کرنا۔نکالنا۔ (۲) چیرنا پھاڑنا۔ٹکڑے کرنا (۳) بےترتیب کرنا۔خراب کرنا۔

بڈھا (بِڈھا) (ہ) مذکر۔ لمبا چوڑا گڑھا۔کھائی۔

بڈھا لگانا (ہ) (۱) کھدائی کا کام شروع کرنا (۲) نقب لگانا۔

بُڈھا (بُڈھ۔ڈھا) (ہ) بوڑھا۔عمر رسیدہ۔معمر۔ضعیف۔

بُڈھا پھونس (ہ) نہایت بوڑھا۔شیخ فانی۔

بُڈھرا ۔ بُڈھڑی (بُڈھ ۔ ڑا ۔ بُڈھ ۔ ڑی) (ہ) مؤنث ۔ ایک قسم کی خوشبودار گھاس ۔

بُڈھی ۔ بُڈھیا (بُڈھ ۔ ڈھی ۔ بُڈھ ۔ یا) (ہ) مؤنث ۔ بہت بوڑھی عورت ۔

بُڈھی گھوڑی لال لگام (ہ) مثل ۔ اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی بوڑھا جوانوں کا سا لباس پہنے ۔

ب - ذ

بذاتہٖ (بِذا ۔ تہی) (ع) (۱) خاص آپ ۔ اپنی ذات سے ۔ خود ۔ بنفسِ نفیس ۔

بذل (بَذل) (ع) انعام ۔ بخشش ۔ جو دوسخا ۔ عطا ۔

بذلہ (بَذ ۔ لہ) (ع) مذکر ۔ لطیفہ ۔ چٹکلا ۔

بذلہ سنج ۔ بذلہ گو (بَذ ۔ لہ ۔ سَنج ۔ بَذ ۔ لہ ۔ گو) (ف) مذکر ۔ خوش طبع ۔ لطیفہ گو ۔ نکتے بیان کرنے والا ۔ ہنس مکھ ۔

ب - ر

بَر (بَر) (ع) مذکر ۔ بحر کی ضد ۔ خشکی ۔ جنگل ۔ بیابان ۔ زمین ۔ دھرتی ۔ میدان ۔

بر (بَر) (ہ) مذکر (۱) برکت ۔ غیبی امداد (۲) دولھا ۔ نوشہ ۔ خاوند ۔ زوج ۔ پتی (۳) تمنا ۔ مراد (۴) دعا ۔ اسیس (۵) جنوائی ۔

بر جوگ (ہ) (۱) جوان ۔ بالغ ۔ بیاہنے کے لائق (۲) ٹھیک جوڑ یعنی دولھا دلھن کا درست جوڑ ۔

بر دینا (ہ) (۱) دعا دینا (۲) طاقت بخشنا (۳) قول دینا ۔ وعدہ کرنا ۔

بر مانگنا (ہ) (۱) دعا چاہنا ۔ مراد مانگنا (۲) قول کرنا ۔ وعدہ لینا ۔

بر (بَر) (ف) مذکر (۱) بلند ۔ اوپر (۲) پھل (۳) بدن ۔ پستان (۴) آغوش ۔ بغل (۵) چوڑائی (۶) حافظہ (۷) باہر (۸) حاصل ۔

بُرا (بُرَ) (ہ) مؤنث (۱) اندام نہانی ۔ فرج (۲) کپڑے کے اوپر کا رُواں ۔

بُرا (بُرا) (ہ) (۱) خراب ۔ نکما ۔ ناقص ۔ (۲) نازیبا ۔ ناشائستہ (۳) بدصفات ۔ شریر (۴) دشمن ۔ مخالف ۔

بُرا بننا (ہ) ملزم ہونا ۔ مخالف بننا ۔ دشمن ہونا ۔

بُرا بھلا (ہ) (۱) نیک و بد (۲) نازیبا ۔ خلافِ تہذیب (۳) سخت سُست (۴) گالی گلوچ ۔

بُرا بھلا کہنا (ہ) (۱) لعنت ملامت کرنا ۔ سخت سُست کہنا (۲) جھڑکنا ۔

بُرا بیٹا اور کھوٹا پیسہ وقت پر کام آتا ہے (ہ) مثل ۔ اپنی کوئی شے ناقص اور بیکار نہ سمجھو وقت پر برا بھی کارآمد ہو جاتا ہے ۔

بُرا حال کرنا ۔ برا درجہ کرنا (ہ) (۱) دق کرنا ۔ ستانا ۔ (۲) خراب کرنا ۔ تباہ کرنا ۔ برباد کرنا ۔ خراب خستہ کرنا (۳) مصیبت میں پھنسانا ۔ دُکھ میں ڈالنا ۔

بُرا کام (ہ) مذکر (۱) ادب اور تہذیب کے خلاف حرکت ۔ ناشائستہ فعل ۔ اخلاق کے خلاف کام ۔ (۲) حرام کاری ۔ زناکاری ۔

بُرا لکھا (ہ) مذکر (۱) خراب تقدیر (۲) بدخط ۔

برا ماننا (ہ) خفا ہونا ۔ ناراض ہونا ۔ آزردہ خاطر ہونا ۔

بُرا ہو (ہ) دعائے بد ۔ بُرا ہو ۔ آفت آئے ۔ مصیبت آئے ۔

بُرے وقت کا کوئی ساتھی (شریک) نہیں ۔ (ہ) مثل ۔ مصیبت پڑنے پر کوئی ساتھ نہیں دیتا ۔

برابر (بَرا ۔ بَر) (ف) (۱) مساوی (۲) ہمسر ۔ ہم عمر ۔ ہم پایہ (۳) یکساں ۔ ہموار (۴) بھما ۔ (۵) سیدھا (۶) پہلو ۔ بازو ۔ کنارہ ۔ جانب ۔ مقابل ۔ آگے (۷) ترتیب وار ۔ مسلسل ۔ بلاناغہ ۔ (۸) ایک ساتھ ۔ اک دم ۔ بے روک (۹) نصفا نصفی ۔ آدھا (۱۰) ہمیشہ ۔ سدا (۱۱) قریب ۔ پاس ۔

برابر برابر (ف) (۱) پہلو بہ پہلو ۔ پاس پاس قریب قریب (۲) مسلسل ۔ لگاتار ۔ ترتیب وار ۔ باقاعدہ (۳) آدھا آدھا ۔ نصفا نصفی (۴) ساتھ ساتھ ۔ کنارے ۔

برابر سرابر (ہ) (۱) یکساں ۔ مساوی ۔ (۲) بے باقی ۔

برابر کا (ہ) (۱) ہم قد ۔ جوان (۲) جوڑ کا ۔ ہمسر ۔ ہم مرتبہ (۳) صنف کا (۴) قریب کا (۵) ہم عمر ۔ مقابل کا ۔ ٹکر کا ۔ جوڑ کا (۶) یکساں ۔ مساوی ۔

برابر کرنا (ف) (۱) یکساں کرنا (۲) مطابق کرنا۔ ہم وزن کرنا (۳) مساوی کرنا۔ چلانا (۴) کمی بیشی دُور کرنا۔ نصفا نصفی کرنا (۵) شکایت رفع کرنا۔ (۶) تباہ و برباد کرنا۔ اُجاڑنا۔ ویران کرنا (۷) گنوانا۔ صرف کر دینا۔ ختم کر دینا۔ تمام کرنا (۸) درست کرنا۔ ٹھیک کرنا۔ ترتیب دینا۔ باقاعدہ کرنا (۹) متواتر کرنا۔ پے درپے کرنا۔ مسلسل کرنا۔ بلا ناغہ کرنا۔ بے روک تھام کرنا۔ بلا توقف کرنا ۔

برابر کی بانٹ (ف) مؤنث (۱) برابر کا بھائی۔ چھوٹا بھائی (۲) ساتھی۔ رفیق۔ دوست۔ معاون۔ مددگار ۔

برابر کی بیٹی (ف) مؤنث۔ جوان لڑکی ۔

برابر کی ٹکر (ف) مؤنث۔ ہم رتبہ۔ ہم پلّہ۔ ہمسر۔ مقابلے کا۔ جوڑ کا۔ ٹکر کا۔ برابر۔ طاقت والا۔ زور آور ۔

برابر والا (ف) مذکر۔ ہمسر۔ جوڑ کا ۔

برابری کرنا (ف) (۱) جھگڑنا (۲) گستاخی کرنا۔ (۳) نقل کرنا (۴) ہمسری کرنا ۔

برات (بَرات) (ع) مؤنث (۱) دولھا کی سواری کا جلوس۔ دولھا کے ہمراہی (پنجابی) جنج (۲) انبوہ۔ اژدحام (۳) گنجفہ کی ایک بازی کا نام (۴) (ف) حصّہ۔ قسمت۔ نصیب ۔

برات پیچھے دھونسا۔ عید پیچھے ٹر (ا) مثل۔ موقع گزر جانے پر کوئی بات یا کام کرنا ۔

برات چڑھنا (ف) دولھا کا جلوس کے ساتھ دلھن کے گھر جانا ۔

برات عاشقاں برشاخ آہو (ف) مثل۔ مقصد حاصل ہونا ممکن نہیں ۔

براتی (بَرا۔تی) (ع) مذکر۔ دولھا کے ہمراہی ۔

براتی تو کھا پی کر الگ ہو جاتے ہیں۔ کام دولھا دلھن سے پڑتا ہے (ف) مثل۔ قرض لے کر شادی کرنے کے موقع پر بولتے ہیں کہ براتی تو کھا پی کر علیحدہ ہو جاتے ہیں۔ اور مصیبت کو دولھا دولھن پر آتی ہے ۔

براث (بُرا۔ث) (ع) مؤنث۔ خوب صورتی۔ شان و شوکت ۔

براجمان (بِرا۔جِ۔مان) (ف) (۱) روشن (۲) عظیم الشان (۳) عصائے شاہی رکھنے والا (۴) دربار میں بیٹھنے والا (۵) صدر مجلس ۔

براجمان ہونا (ف) رونق افروز ہونا۔ تشریف رکھنا۔ آنا۔ موجود ہونا ۔

براجنا (بِرا۔ج۔نا) (ف) (۱) سجنا (۲) بیٹھنا (۳) رونق افروز ہونا ۔

برادر (بَرا۔دَر) (ف) (۱) بھائی۔ بھیا (۲) رشتہ دار (۳) ہم مذہب (۴) ہم پیشہ ۔

برادر اخیافی (ف+ع) مذکر۔ وہ بھائی جن کے باپ جدا جدا اور ماں ایک ہو۔ ماں کے ساتھ آیا ہوا ۔

برادر عینی
برادر حقیقی } (ف+ع) مذکر۔ سگا بھائی۔ حقیقی بھائی ۔

برادر حقیقی دشمن مادرزاد ہے (ا) مثل۔ اگر سگے بھائیوں میں جھگڑا ہو جائے تو وہ ایک دوسرے کے جانی دشمن ہو جاتے ہیں ۔

برادر رضاعی (ف) مذکر۔ دودھ بھائی۔ کوکہ ۔

برادر زادہ (ف) بھائی کا بیٹا۔ بھتیجا ۔

برادر علاتی (ف+ع) مذکر (۱) سوتیلا بھائی (۲) وہ بھائی جن کی مائیں جدا جدا اور باپ ایک ہو ۔

برادر نسبتی (ف+ع) مذکر (۱) سالا (۲) بہنوئی ۔

برادری (بِرا۔دَری) (ف) مؤنث (۱) قوم۔ ذات۔ خاندان (۲) یگانگت۔ رشتہ داری۔ گروہ ۔

بُرادہ (بُرا۔دَہ) (ف) مذکر (۱) چورا۔ ریزہ۔ پاؤڈر۔ لکڑی یا دھات کا چورا۔ چھیلن ۔

براز (بَراز) (ع) مذکر۔ فضلہ۔ گُو۔ پاخانہ۔ میلا ۔

برازی (بَرا۔زی) (ع) مذکر۔ جنگل ۔

برازیل (بَرا۔زِیل) مذکر۔ جنوبی امریکہ میں ایک علاقہ ہے۔ جو تقریباً تمام صحرا ہے ۔

براعت الاستہلال (بَرا۔عَت۔اِس۔تِہ۔لال) (ع) مؤنث۔ علم ادب کی ایک صنعت جس میں ایسے الفاظ یا مضامین تمہید میں لاتے ہیں جن سے اصل مقصود کا پتہ چلتا ہو ۔

برّاعظم (ع) مذکر۔ خشکی کا وہ بڑا حصّہ جس میں بہت سے ملک آباد ہوں۔ جیسے ایشیا۔ افریقہ وغیرہ ۔

بُراق (بُرا۔ق) (ع) (۱) چمکدار۔ جگمگاتا ہوا (۲) تیز رو۔ بجلی کی طرح تیز رفتار (۳) ہوشیار۔ مشتاق (۴) تیز ذہن۔ زیرک۔ ذکی (۵) نہایت سفید صاف شفاف ۔

بُراق (بُ۔راق) (ع) مذکر (۱) وہ بہشتی گھوڑا جس پر رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم شب معراج کو سوار ہو کر عرش معلی پر تشریف فرما ہوئے (۲) تعزیہ جس کا دھڑ گھوڑے کا اور چہرہ آدمی کا سا ہوتا ہے ۔

برآمد (بَر۔آ۔مَد) (ف) مؤنث (۱) نکاسی۔ خرچ۔ (۲) روانگی (۳) نکلنا۔ دریا میں سے نکلی ہوئی زمین (۴) باقی۔ بقایا۔ وہ مال جو دوسرے ملکوں کو بھیجا جائے۔ ایکسپورٹ ۔

برآمد ہونا (ف) (۱) باہر نکلنا۔ ظاہر ہونا (۲) پا جانا۔ (۳) باہر آنا ۔

برآمدہ (بَر۔آ۔مَدَہ) (ف) مذکر (۱) برانڈہ (۲) نکلا ہوا (۳) غلام گردش (۴) پایا ہوا مال۔ گرفتار شدہ مال۔

برامکہ (بَرا۔مِکَہ) (ع) برمک کی جمع۔ برمک بلخ کے آتش کدہ میں آگ جلانے پر ملازم تھا۔ بعد میں مسلمان ہوا۔ اس کی اولاد برامکہ کے نام سے مشہور ہے۔ یہ لوگ خلفائے بنی عباس کے وزیر اور مشیر تھے ۔

برآنا (ف) (۱) کامیاب ہونا۔ کام پورا ہونا۔ ہاتھ آنا۔ (۲) حاصل ہونا۔ ملنا (۳) جیتنا۔ بازی لے جانا ۔

بُرّاں (بُر۔راں) (ف) نہایت کاٹ کرنے والا۔ بہت تیز ۔

بَرّانا (بَر۔را۔نا) (ہ) (۱) بڑ ہانکنا (۲) بکنا۔ بہکنا (۳) بے معنی گفتگو کرنا۔ بکواس ہانکنا۔ بُڑ بڑانا ۔

برانچ (بِرانچ) (انگ Branch) مؤنث شاخ۔ ٹکڑا۔ ڈالی ۔

برانداز (بَر۔اَن۔داز) (ف) (۱) برباد کرنے والا۔ کھاڑو۔ لٹاؤ۔ (۲) پائدان۔ پا انداز (۳) ڈولی وغیرہ کا پردہ۔ گردنی۔ نقاب۔ برقع۔ اوپر ڈالنے کا کپڑا ۔

برانڈہ (ہ) دیکھو برآمدہ ۔

برانڈی (بَران۔ڈی) (انگ Brandy) مؤنث۔ ایک قسم کی تیز انگریزی شراب ۔

برانڈی (بَران۔ڈی) (ل) مؤنث۔ اوپر پہننے کا موٹا کوٹ۔ بارانی ۔

برانگیختہ (بَر۔اَنگ۔گیخ۔تہ) (ف) بھڑکایا ہوا۔ مشتعل ۔

برانگیختہ کرنا (ف) بھڑکانا۔ اکسانا۔ اغوا کرنا۔ آمادہ کرنا ۔

براوا دینا (بَرا۔وا۔دے۔نا) (ہ) (عورت) ٹال مٹول کرنا ۔

برآورد (بَر۔آ۔وَرد) (ف) مؤنث۔ فرد حساب۔ بجٹ۔ تنخواہ کا کاغذ۔ گوشوارہ ۔

براہمہ (بَرا۔ہِمَہ) (ف) مذکر۔ برہمن کی جمع ۔

براہین (بَرا۔ہِین) (ع) مذکر و مؤنث۔ برہان کی جمع۔ دلیلیں ۔

براہی (بَرا۔ہی) (ہ) مؤنث۔ چھوٹی قسم کا گنا ۔

براءت (بَرا۔اَت) (ع) مؤنث۔ بیزاری۔ چھٹکارا۔ صفائی۔ جرم سے بری ہونا ۔

براؤ (بَرا۔ؤ) (ہ) مذکر (عو) احتیاط۔ حفاظت ۔

براؤن (بَرا۔اُن) (انگ Brown) گندمی رنگ کا۔ خاکی۔ بھورا ۔

بُرائی (بُ۔را۔ای) (ہ) مؤنث (۱) بدی (۲) نقصان۔ خرابی۔ عیب۔ نقص۔ جھوٹ (۳) نحوست۔ (۴) شرارت (۵) غیبت (۶) بدگوئی (۷) الزام۔ جھوٹ ۔

برائے (بَرا۔اِے) (ف) حرف ربط۔ لئے۔ واسطے ۔

برائے بیت (ف۔ع) (۱) شعر کی ضرورت سے۔ (۲) زائد۔ فالتو (۳) برائے نام ۔

برائے خدا (ف) خدا کے لئے ۔

برایا (بَرا۔یا) (ع) مؤنث۔ مخلوق۔ جہان۔ دنیا ۔

برباد (بَر۔باد) (ف) (۱) تباہ۔ ویران۔ غارت۔ خراب (۲) تلف۔ ضائع ۔

بربادی (بَر۔با۔دی) (ف) مؤنث۔ تباہی۔ ویرانی۔ خرابی ۔

بُربُرا (بُر۔بُرا) (ہ) مذکر۔ بھربھرا۔ خستہ ۔

بُربُرانا (بُر۔بُرا۔نا) (ہ) چھڑکنا۔ بُرکنا۔ چھینٹا دینا ۔

بربری (بَر۔بَری) (ف) مؤنث (۱) بے سینگ چھوٹی بکری جس کے لئے مشہور ہے کہ ہرن اور بکری ملنے سے پیدا ہوتی ہے (۲) ملک بربر کی بکری۔ (۳) بربر کی ہر شے ۔

بربط (بَر۔بَط) (ف) مذکر۔ ایک باجے کا نام ۔

برپا (بَر۔پا) (ف) قائم۔ برقرار۔ ٹھہرا ہوا ۔

برت (بَرَت) (س) مذکر۔ روزہ۔ صوم ۔

برت (بِرَت) (س) مؤنث (۱) معیشت۔ وجہ معاش (۲) آمدنی (۳) مال۔ جائداد (۴) معافی زمین (۵) حق۔ ورثہ۔ انعام (۶) بجان۔ بے ورثہ

کرنے والا ۔

برتا (بَرْ۔تا) (ہ) مذکر (۱) طاقت۔ بل۔ زور (۲) بھروسا۔ امید (۳) حوصلہ۔ ہمت (۴) لیاقت۔ استعداد۔ قابلیت (۵) وسعت۔ گنجائش (۶) مدد۔ اعانت ۔

بَرتانا (بَرْ۔تا۔نا) (ہ) تقسیم کرنا۔ بانٹنا۔ دینا ۔

برتاؤ (بَرْ۔تا۔ؤ) (ہ) مذکر (۱) راہ و رسم میل جول۔ رسم۔ سلوک (۲) تصرف۔ استعمال ۔

برتاؤ اچھا ہونا (ہ) طرزِ عمل یا سلوک اچھا ہونا ۔

بَرتر (بَرْ۔تَر) (ف) (۱) نہایت عمدہ (۲) اعلیٰ۔ ارفع۔ زیادہ بلند (۳) بہتر۔ افضل ۔

برتری (بَرْ۔تَری) (ف) مؤنث۔ فضیلت۔ عمدگی۔ بڑائی۔ بزرگی۔ بہتری ۔

برتش (بَرْ۔تِش) (ہ) مؤنث۔ وہ زمین جس میں چاول کاٹ لینے کے بعد گنا بو دیا جائے ۔

برتن (بَرْ۔تَن) (ہ) مذکر۔ ظرف۔ بھانڈا۔ برتنے کے ظروف ۔

برتنا (بَرَت۔نا) (ہ) (۱) کام میں لانا۔ عمل میں لانا (۲) تجربہ کرنا۔ امتحان میں لانا (۳) استعمال کرنا۔ خرچ کرنا (۴) نباہنا ۔

برتھا۔ برتھا (بَرْ۔تھا۔ بِرتھا) (ہ) (۱) فضول۔ نکما (۲) بے ضرورت۔ بے وجہ (۳) مذکر۔ نکمی چیز۔ (۴) مؤنث۔ گمنام چٹھی (۵) جنگل کی زمین جس میں کوئی غلہ وغیرہ پیدا نہ ہوتا ہو ۔

برتھ ڈے (بَرتھ۔ ڈے) (انگ Birth day) مذکر۔ جنم دن۔ سالگرہ ۔

برتھ کنٹرول (انگ Birth Control) مذکر۔ بچوں کی پیدائش پر اختیار اور قابو رکھنا۔ زیادہ اولاد پیدا نہ ہونے دینا۔ ضبط تولید۔ حمل ہونے سے روکنا ۔

برتی (بَرْ۔تی) (ہ) مؤنث۔ روزہ دار ۔

برٹش (برٹش) (انگ British) برطانیہ کا۔ منسوب بہ ملک برطانیہ ۔

برٹش انڈیا (انگ British India) مذکر۔ برطانی ہند۔ ہندوستان کا وہ علاقہ جو سرکار انگریزی کے ماتحت ہے ۔

برٹن (بَرٹن) (انگ Britain) مذکر (۱) برطانیہ۔ (۲) برطانیہ کا رہنے والا ۔

بَرَج (بَرَج) } **بَرِج** (بِرَج) } (ہ) مذکر (۱) گئوشالہ۔ باڑا (۲) آگرہ اور متھرا کا علاقہ ۔

برج بھاکا (ہ) مؤنث۔ برج کی بول چال۔ متھرا اور متھرا کے آس پاس کی زبان ۔

بُرج (بُرْج) (ع) مذکر۔ گنبد۔ گمٹ (۲) راس یعنی ستارے کا مقام دائرۂ آسمانی کا نظری طور پر بارھواں حصّہ ۔

بُرجی (بُرْ۔جی) (ا) مؤنث۔ برج کی تصغیر۔ مینار۔ چھوٹا برج۔ گنبد کے اوپر کا گول حصّہ ۔

برجستہ (بَرْ۔جَس۔تہ) (ف) (۱) بروقت۔ بے ساختہ۔ (۲) برمحل۔ بے تکلف ۔

برجنا (بَرْ۔جَنا) (ہ) (۱) باز رکھنا۔ روکنا (۲) سمجھانا۔ فہمائش کرنا ۔

برجیس (بِرْ۔جیس) (ف) مذکر۔ ستارے کا نام جو چھٹے آسمان پر ہے۔ اُسے مشتری اور قاضی فلک بھی کہتے ہیں ۔

برچھ (بِرْ۔چھ) (ہ) مذکر۔ درخت۔ رُکھ۔ پیڑ ۔

برچھا (بَرْ۔چھا) (ہ) مذکر۔ بھالا۔ بَلَم۔ نیزہ ۔

برچھی (بَرْ۔چھی) (ہ) مؤنث۔ چھوٹا بھالا۔ بلم۔ نیزہ ۔

برچھیت (بَرْ۔چھیت) (ہ) مذکر۔ بھالا بردار۔ نیزہ باز ۔

برچھک (بِرْ۔چھک) (ہ) مذکر۔ برج عقرب۔ آسمان کا آٹھواں برج ۔

برحق (بَرْ۔حَق) (ف + ع) بجا۔ سچ۔ ٹھیک۔ صحیح۔ درست ۔

برخاست (بَرْ۔خاست) (ف) بند۔ موقوف ۔

برخاست کرنا (و) (۱) علیحدہ کرنا (۲) کام سے بند کرنا (۳) موقوف کرنا ۔

برخاستگی (بَرْ۔خاس۔تگی) (ف) مؤنث۔ برطرفی۔ موقوفی۔ رخصت ۔

برخلاف (بَرْ۔خِلاف) (ف + ع) برعکس۔ اُلٹا۔ مخالف ۔

برخوردار (بَرْ۔خُر۔دار) (ف) (۱) اقبال مند۔ صاحب نصیب (۲) زندگی کا پھل اٹھانے والا۔ پھل کھانے والا (۳) بیٹا۔ فرزند (۴) (دعائیں) جیتے رہو۔ سلامت رہو ۔

برخورداری (بَر۔خُر۔دَا۔رِی) (ف) (۱) کثیر اولادی (۲) بہو کا لقب ٭

بُرد (بُرْد) (ف) مؤنث (۱) رشوت۔ بالائی آمدنی۔ نفع۔ یافت (۲) شرط (۳) شطرنج کی بازی میں اکیلا بادشاہ ہی رہ جائے تو وہ بازی بُرد کہلاتی ہے ٭

بُرد مارنا (ف) (۱) آدھی بازی جیتنا (۲) فائدہ اٹھانا (۳) مال مارنا (۴) رشوت لینا۔ غبن کرنا ٭

برداشت (بَر۔دَا۔شْت) (ف) مؤنث (۱) تحمل۔ سہنا۔ بُردباری (۲) صبر (۳) سودا قرض لینا۔ اُچاپت ٭

برداشتہ (ف) اٹھایا ہوا ٭

برداشتہ خاطر ہونا (ف) بے دل ہونا۔ گھبرانا۔ اداس ہونا۔ طبیعت کا اکھڑنا۔ دل نہ لگنا۔ پریشان خاطر ہونا ٭

بُردبار (بُرْد۔بَار) (ف) برداشت کرنے والا۔ صابر۔ متحمل۔ سہنے والا ٭

بُردباری (بُرْد۔بَا۔رِی) (ف) مؤنث۔ تحمل۔ صبر۔ برداشت۔ سہارا ٭

بَرْدنا (بَرْد۔نَا) (ہ) (۱) اینٹھنا۔ غرور کرنا (۲) دوسرے کو حقیر سمجھنا ٭

بردہ (بَر۔دَہْ) (ف) مذکر (۱) غلام۔ داس (۲) قیدی۔ بندہ ٭

بردہ فروش (ف) غلام بیچنے والا ٭

بردہ فروشی (ف) مؤنث۔ غلاموں کی سوداگری۔ غلام بیچنا ٭

برڈوا (بَر۔ڈْوَا) (ہ) مؤنث۔ ریتلی اور پتھریلی زمین ٭

برزباں تسبیح و در دل گاؤ خر (ف) مثل۔ ظاہر میں نیک اور باطن میں بد۔ دل میں کچھ زبان پر کچھ ٭

برزخ (بَر۔زَخْ) (ع) مذکر (۱) روک۔ مزاحمت (۲) وقفہ۔ مرنے سے قیامت تک کا زمانہ (۳) خیالی صورت (۴) دو مخالف چیزوں کے درمیان کی چیز ٭

برزن (بَر۔زَنْ) (ف) مذکر۔ گلی۔ کوچہ۔ بازار۔ سڑک ٭

برس (بَرَس) (ہ) مذکر۔ سال۔ سنہ۔ بارہ مہینے کا زمانہ ٭

برسابرس (ہ) ہر سال۔ سارا برس ٭

برس دن کا دن (ہ) مذکر۔ تہوار۔ تعطیل۔ سال بھر میں ایک دن ٭

برس گانٹھ (ہ) مذکر (۱) سالگرہ۔ بچے کی پیدائش کے سال یاد رکھنے کے لئے ڈورے میں ہر سال پیدائش کی ایک گانٹھ لگانا (۲) سالگرہ کا سالانہ جلسہ ٭

برسات (بَر۔سَات) (ہ) مؤنث۔ بارش کا موسم۔ برشگال۔ برکھا رُت ٭

برسات برسے ساتھ (ہ) مثل۔ برسات کا لطف جب ہے کہ شوہر پاس ہو ٭

برساتی (ہ) مؤنث (۱) گھوڑوں یا اونٹوں کی ایک بیماری کا نام جو برسات میں ہو جاتی ہے (۲) بارش سے بچنے کا کوٹ جسے بارانی یا برانڈی بھی کہتے ہیں ٭

برساتی پھنسیاں (ہ) مؤنث۔ وہ چھوٹی پھنسیاں جو برسات کے اثر سے ہو جاتی ہیں ٭

برسام (بَر۔سَام) (ف) مذکر۔ چھاتی کی سوجن۔ سینے کا درد۔ پھیپھڑوں میں پانی پڑ جانا ٭

برسانا (بَر۔سَا۔نَا) (ہ) (۱) بارش کرنا (۲) اناج سے بھوسہ اڑانا یا علیحدہ کرنا ٭

برساؤ (بَر۔سَا۔ؤ) (ہ) برسنے والا۔ برسنے کے لائق ٭

برسیت۔ دیکھو برسیت ٭

برس پڑنا (ہ) (۱) گالیاں دینا۔ مارنے لگنا۔ بُرا بھلا کہنے لگنا (۲) مہربانی کرنا (۳) بارش کا شروع ہو جانا ٭

بر سرِ فرزندِ آدم ہرچہ آید بگزرد (ف) مثل۔ انسان پر جو کچھ پڑتی ہے۔ بھگت لیتا ہے۔ یا گزر جاتی ہے ٭

برسنا (بَر۔سْ۔نَا) (ہ) (۱) مینہ پڑنا۔ پانی پڑنا (۲) غصہ اتارنا۔ خفا ہونا (۳) پھوٹنا۔ کسی شے کا کثرت سے ہونا ٭

برسوری (بَر۔سُو۔رِی) (ہ) (۱) سالانہ۔ فی سال (۲) سالانہ محصول یا کرایہ (۳) سالانہ شرح (۴) آمدنی ٭

برسویں دن (ہ) سال میں ایک دفعہ۔ ہر سال میں ایک دن ٭

بَرَسی (ہ) مؤنث۔ مردے کے سال پورا ہونے کا فاتحہ ٭

بُرسی۔ بُروسی (بُر۔سِی۔ بُرُو۔سِی) (ہ) مؤنث۔

(۱) آگ جلانے کا مٹی کا برتن (۲) سُنار کی انگیٹھی۔ کٹھالی ٭

بَرَش (بَرَش) (ف) مذکر۔ ایک مرکّب دوا کا نام ہے جس کا جزوِ اعظم افیون ہے ٭

بُرُش (بُرُش) (ہندی) (انگ بُرُش Brush) مذکر۔ (۱) قلم۔ بالوں کا قلم (۲) کوچی (۳) کپڑے وغیرہ صاف کرنے کا آلا ٭

بُرُش نما (ہندی) (ف) بُرُش کی شکل کا ٭

بُرِش (بُرِش) (ف) مؤنث۔ تیزی کاٹ ٭

برشتہ (بَرِش۔تہ) (ف) بریاں۔ بھونا ہُوا ٭

برشگال (بَر۔شگال) (مفرس) مؤنث۔ برسات۔ بارش۔ برکھا۔ مینہ ٭

برص (بَرص) (ع) سفید کوڑھ۔ جسم پر سفید داغ ہو جانا۔ کچا کوڑھ ٭

برطبق (بَر۔طَبَق) (ف) موافق ٭

برطرف (بَر۔طَرَف) (ف+ع) موقوف۔ جدا۔ علیحدہ۔ ایک طرف۔ برخاست۔ ڈسمس ٭

برطرفی (ف) مؤنث۔ موقوفی۔ جدائی۔ علیحدگی۔ برخاستگی ٭

برعکس (بَر۔عَکس) (ف+ع) اُلٹا۔ خلاف۔ نقیض ٭

برف (بَرف) (ف) مؤنث (۱) کہر۔ پالا (۲) (صفت میں) سفید۔ اُجلی (۳) اولا۔ نہایت ٹھنڈا (۴) برف میں جمایا ہُوا دودھ یا شربت وغیرہ ٭

برف پڑنا (ا) نہایت سردی پڑنا۔ پالا پڑنا۔ برف برسنا ٭

برفانی (ا) مذکر (۱) نہایت سرد (۲) جہاں برف پڑتی ہے ٭

برفی (بَر۔فی) (ف) مؤنث۔ ایک قسم کی مٹھائی جو دودھ اور کھانڈ کے قوام سے تیار ہوتی ہے ٭

برفیا (ہ) مذکر۔ برف بیچنے والا ٭

برق (بَرق) (ع) مؤنث (۱) بجلی۔ صاعقہ۔ چمک۔ (۲) (صفت میں) چالاک۔ تیز رفتار ٭

برق دم ہونا (ہ) (۱) مستعد ہونا۔ تیز ہونا۔ (۲) چمکدار ہونا ٭

برق گھنٹی (ع+ا) وہ گھنٹی جو برقی طاقت سے بجتی ہے ٭

برقی قوتیں (ا) وہ برقی طاقتیں جو مختلف طریقے پر کام کر سکتی ہوں ٭

برقی لیمپ (ا) بجلی سے جلنے والا لیمپ ٭

برقرار (بَر۔قَرار) (ف) (۱) قائم۔ باقی (۲) موجود۔ حاضر (۳) بحال۔ مستقل۔ جیسے اپنی جگہ پر برقرار ہو گیا ٭

بُرقع (بُر۔قَع) (ع) مذکر (۱) نقاب۔ پردہ۔ گھونگھٹ۔ چادر (۲) مجازاً وہ کپڑا جسے عورتیں پردے کے لئے سر سے پاؤں تک اوڑھتی ہیں ٭

بُرقع اُٹھانا (ہ) (۱) بے پردہ کرنا۔ منہ سے نقاب ہٹانا (۲) راز فاش کرنا ٭

بُرقع میں چھپچھوندے لگانا (ہ) نیک چلنی کے پردے میں بدچلنی کرنا ٭

برقنداز (بَر۔قَن۔دَاز) (ف) مذکر (۱) بندوقچی۔ چپراسی۔ سپاہی (۲) اردلی۔ محافظ ٭

برک (بَرَک) (ف) مذکر۔ ایک قسم کا اونی کپڑا جو اونٹ کے بالوں سے بنایا جاتا ہے ٭

برکا (بَر۔کا) (ہ) مذکر۔ قاش۔ پھانک ٭

برکات (بَرَکات) (ع) برکت کی جمع۔ برکتیں۔ نعمتیں ٭

برکت (بَرَکَت) (ع) مؤنث (۱) زیادتی۔ بہتات۔ کثرت۔ افزونی (۲) جیسے کوئی چیز تولتے وقت پہلی تول پر ایک کی بجائے بولتے ہیں ٭

برکلا۔ بُرکلا (بَر۔کَلا۔ بُر۔کُلا) (ہ) مذکر۔ گوبر کے چھوٹے اُپلوں کا ہار جو ہولی ماتا پر چڑھایا جاتا ہے ٭

برکنا (بَرَک۔نا) (ہ) چھڑکنا۔ ڈالنا۔ بکھیرنا۔ چھینٹا لگانا ٭

برکھ (بِرکھ) (س) مذکر۔ آسمان کے دوسرے بُرج کا نام جو بیل کی شکل کا ہے۔ ثور ٭

برکھا (بَر۔کھا) (ہ) مؤنث۔ بارش۔ مینہ۔ برسات۔ برشگال ٭

بُرکی (بُر۔کی) (ہ) مؤنث (۱) چٹکی۔ سفوف جو انگوٹھے اور اس کے پاس کی انگلی سے اٹھایا جا سکے ٭

بُرکی ڈالنا۔ یا۔ مارنا (ہ) (۱) چھڑکنا۔ ڈالنا۔ (۲) جادو کرنا (۳) عاشق کرنا۔ فریفتہ کرنا (۴) قابو کرنا ٭

برگ (بَرگ) (ف) مذکر (۱) پتّا۔ ورق۔ پات۔ (۲) سامان۔ اسباب ٭

برگ سبز است تحفۂ درویش (ف) مثل۔ فقیر

سبز قبا نذر کرتا ہے۔ یہ مصرع تحفہ دیتے وقت انکسار کے طور پر کہا جاتا ہے ؛

برگد (بَرْ۔ گَدْ) (ہ) مذکر۔ بڑ کا درخت ؛

برگزیدہ (بَرْ۔ گُزِیْ۔ دَہْ) (ف) پسندیدہ۔ چُنا ہوا۔ ہردلعزیز۔ منتخب۔ چھانٹا ہوا ؛

برگشتہ (بَرْ۔ گَش۔ تَہْ) (ف) سرکش۔ باغی۔ مخالف۔ پھرا ہوا ؛

برگشتہ بخت (ف) (۱) بدنصیب۔ بدقسمت (۲) مفلس۔ کنگال ؛

برلانا (بَرْ۔ لَا۔ نَا) (ہ) پورا کرنا۔ انجام کو پہنچنا ؛

برما (بَرْ۔ مَا) (ہ) مذکر (۱) لکڑی میں چھید کرنے کا اوزار۔ سُنبہ (۲) ہندوستان کا انتہائی مشرقی صوبہ جسے برہما بھی کہتے ہیں ؛

برمانا (ہ) برمے سے سوراخ کرنا۔ چھیدنا ؛

برمحل (بَرْ۔ مَحَلْ) (ف) موقع پر۔ اچھے وقت پر۔ برجستہ ؛

برم راکس (ہ) دیکھو برہم راکھشس ؛

برمک (بَرْ۔ مَکْ) (ف) مذکر۔ ایک مشہور خاندان جس کے بہت سے افراد خاندانِ عباسیہ کے وزیر رہے ہیں ؛

برملا (بَرْ۔ مَلَا) (ف) کھلے طور پر۔ سب کے سامنے علانیہ۔ دوبدو ؛

برمواہی (بُرْ۔ مُو۔ اہی) (ہ) (۱) بدشکل ہیبت ناک (۲) مذکر۔ بدنما چہرہ (۳) مؤنث۔ چڑیل ؛

برن (بَرَنْ) (ہ) مذکر (۱) رنگ۔ روپ۔ نقشہ۔ بناؤ۔ جسم۔ بدن (۲) ذات۔ قوم۔ جنس۔ فرقہ۔ نسل۔ نوع (۳) مذہب۔ پنتھ (۴) اکھر۔ حروف۔ اچھر ؛

برن شنکر (ہ) مذکر (۱) وہ شخص جس کی ماں اور قوم کی ہو اور باپ اور قوم کا — دوغلا آدمی (۲) آزاد ؛

برن مالا (ہ) مؤنث۔ حروفِ تہجی الف۔ بے۔ تے حروف کا سلسلہ۔ حرفوں کا ہار ؛

برنا (بُرْ۔ نَا) (ف) مذکر۔ جوان۔ نوعمر ؛

برنج (بِرِنْج) (ف) مذکر (۱) چاول۔ (۲) پیتل ؛

برنج کابلی (ف) مذکر۔ باؤ برنگ ؛

برنج مشک (ف) مذکر ایک دوا کا نام جسے بالنگو کہتے ہیں ؛

برنجن (بَرَنْ۔ جَنْ) (ف) مؤنث۔ سونے چاندی کی چوڑیاں ؛

برنجی (ف) (۱) پیتل کا برتن (۲) چھوٹی کیل ؛

برنگا (بَرَنْگ۔ گَا) (ہ) مذکر۔ لکڑی کا چھوٹا تختہ جو چھت پاٹنے کے کام آتا ہے ؛

برتن (بَرْ۔ نَنْ) (ہ) مذکر (۱) بیان۔ اظہار (۲) تحریر (۳) تعریف ؛

برنی (بَرْ۔ نِی) (ہ) وہ جگہ جہاں پلکیں نکلتی ہیں ؛

بروا (بَرْ۔ وَا) (ہ) مذکر (۱) خراب قسم کی ریتلی زمین۔ (۲) ایک راگنی ؛

بروا (بِرْ۔ وَا) (ہ) مذکر (۱) پودا (۲) درخت (۳) نوعمر لڑکا۔ نوجوان۔ ہونہار ؛

بروت (بُرُوت) (ف) مؤنث۔ مونچھیں ؛

بروٹ (بَرْ۔ وَٹ) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی گھنڈی جو پیٹ میں ریاح جمع ہونے کے باعث نکل آتی ہے ؛

بروٹھا (بَرَوْ۔ ٹھَا) (ہ) مذکر۔ ڈیوڑھی۔ دہلیز۔ دروازہ۔ چوکھٹ۔ در۔ باب ؛

بروج (بُرُوج) (ع) برج کی جمع ؛

برودت (بُرُو۔ دَتْ) (ع) مؤنث۔ سردی۔ خنکی ٹھنڈک ؛

برودھ (بِرُودْھ) (س) مذکر (۱) مخالفت۔ اعتراض (۲) دشمنی۔ عداوت ؛

برودھی (س) مخالف۔ معترض۔ دشمن۔ بیری ؛

بروق (بُرُوق) (ع) مؤنث۔ برق کی جمع۔ بجلیاں ؛

بروقت (بَرْ۔ وَقْت) (ف) (۱) عین موقع پر۔ برمحل۔ وقت پر (۲) برجستہ (۳) ٹھیک ؛

بروگ (بِرُوگ) (ہ) مذکر۔ جدائی۔ فراق۔ تفرقہ۔ علیحدگی ؛

بروگن (ہ) مؤنث۔ فراق زدہ عورت۔ جوگن۔ مہجورہ۔ عاشقہ ؛

بروگی (ہ) مذکر۔ فراق زدہ مرد۔ مہجور۔ جوگی۔ عاشق ؛

برومند (بَرْ۔ وَمَنْد) (ف) (۱) پھل لانے والا۔ بارآور (۲) کامیاب۔ خوش نصیب ؛

برون (بِرُوں) (ف) باہر ؛

برّہ (بَرْ۔ رَہْ) (ف) مذکر۔ بھیڑ یا بکری کا چھوٹا بچہ۔ حلوان۔ بزغالہ ؛

برّۂ فلک (ف + ع) مذکر۔ برج حمل ؛

برہ (بِرَہ) (ف) مذکر۔ ہجر۔ جدائی۔ دُوری۔ فراق۔ عشق (۲) جدائی کا گیت ۔

برہا (بِرْ۔ ہا) (ہ) مذکر (۱) رسّی۔ دھاگا۔ تسمہ (۲) پانی کی نالی (۳) گاؤں کی زمین جو دُور ہو۔ چارپایوں کے چرنے کی زمین۔ کھیت ۔

برہا (بِرْ۔ ہا) (۱) دیکھو بِرَہ۔ (۲) دھوبیوں کا ایک گیت ۔

برہان (بُرْ۔ ہان) (ع) مؤنث۔ دلیل۔ حجّت ۔

برہان اِنّی (ع) مؤنث۔ دلیل کی ایک قسم جس میں معلول سے علّت کی طرف استدلال کرتے ہیں ۔

برہان لِمّی (ع) مؤنث۔ دلیل کی ایک قسم جس میں علّت سے معلول کی طرف استدلال کرتے ہیں ۔

برہسپت (برِھس۔ پت) (ہ) مذکر (۱) ایک ستارے کا نام۔ مشتری (۲) پنجشنبہ۔ جمعرات ۔

برہم (بَرْ۔ ہَم) (ف) خفا۔ ناراض۔ رنجیدہ

برہم (بَرْ۔ ہَم) (س) مذکر (۱) ہر جگہ موجود۔ خدا۔ پرمیشر (۲) برہما (۳) برہمن (۴) روح ۔

برہما۔ دیکھو برہم نمبر (۲) ۔

برہمچاری (س) مذکر (۱) وہ شخص جو علم وید حاصل کرنے کے لئے سپاہی کرے (۲) ویدانتی۔ ایشور کا متلاشی ۔

برہم راکھشس (ہ) مذکر۔ ایک خاص قسم کا خبیث مرے ہوئے برہمن کی روح ۔

برہمن (بَرْہَ۔ مَن) (ہ) مذکر (۱) پنڈت۔ عالم۔ خداشناس (۲) ہندو اقوام سے ایک اعلیٰ فرقہ کا نام ۔

بَرہمی (ف) مؤنث (۱) ابتری۔ گڑبڑ۔ خرابی (۲) ناراضی خفگی ۔

برہمی (ف) مؤنث (۱) ملک برہما کا رہنے والا (۲) ملک برہما کی چیزیں ۔

برہمن (بَرْ۔ ہَمَن) (ہ) مؤنث۔ بیچارہ۔ عاشقزار۔ بردگن ۔

برہنہ (بِرَہ۔ نَہ۔ بَرْ۔ ہَنَہ) (ف) ننگا۔ عریاں۔ کھلا ہوا ۔

برہی (بِرْ۔ ہی) (ہ) مؤنث (۱) وہ روٹی جس کے اندر دال یا قیمہ یا ساگ وغیرہ بھر کر پکاتے ہیں (۲) ایک قسم کی گھاس جس میں سے لیموں کی خوشبو آتی ہے ۔

برھیلا (بَرْ۔ ھے۔ لا) (ہ) مذکر۔ بڑھیلا۔ سؤر۔ خنزیر۔ خوک۔ جنگلی سؤر ۔

برئی (بَرْ۔ ئی) (ہ) مذکر۔ پان بونے اور بیچنے والا ۔

بری (بَرِی) (ہ) مؤنث۔ ساچق کا سامان۔ بری میوہ پارچہ وغیرہ جو دولھا کی جانب سے دلھن کے یہاں بھیجا جاتا ہے

بری (بَرِی) (ع) (۱) آزاد۔ چھوٹا ہوا۔ باہر۔ خارج (۲) بے گناہ۔ بے قصور ۔

بری الذمّہ (ع) ذمّہ داری سے محفوظ۔ جوابدہی سے مستثنیٰ ۔

برّی (بَرْ۔ رِی) (ع) خشکی کا۔ زمین کا ۔

پری (پَرِی) (ہ) مؤنث۔ ہاتھی کو ہانکنے کا کلمہ جو فیلبان بولتے ہیں ۔

بُری (بُرِی) (ہ) ناقص۔ نکمّی۔ معیوب۔ بد ۔

بُری بست (ا) مؤنث۔ حرام چیز۔ بُری چیز۔ ناقص شے ۔

بریار (بَرْ۔ یار) (س) (۱) مضبوط۔ شدید (۲) زرخیز (۳) مذکر۔ ایک پودا ۔

بریان (بِرْ۔ یان) (ف) بُھنا ہوا۔ پکا ہوا ۔

بریانی (بِرْ۔ یا۔ نی) (ف) مؤنث۔ ایک قسم کا پلاؤ۔ جس میں گوشت بھون کر ڈالا جاتا ہے ۔

برت (بَرْ۔ یَت) (ہ) مؤنث۔ وہ نشان جو کسی نوکیلی چیز کی مار سے جسم پر پڑ جائے ۔

برت (بَرْ۔ یت) (ہ) مؤنث۔ چرس کھینچنے کی موٹی رسی ۔

بریچ لوڈر (بَرِیچ۔ لو۔ ڈَر) (انگ Breach Loader) مؤنث۔ پچھلی جانب سے بھری جانے والی بندوق ۔

برید (بَرِید) (ف) مذکر (۱) قاصد۔ پیغام بر۔ ایلچی (۲) ہرکارہ (۳) ڈاک ۔

برید فلک (ف+ع) مذکر۔ چاند۔ زحل۔ سنیچر۔

بریگیڈ (بِرِی۔ گیڈ) (انگ Brigade) مذکر۔ فوج کا ایک حصّہ۔ توپ خانے اور رسالے کی فوج۔ پیدل فوج ۔

برین (بَرِین) (ف) (۱) عالی۔ بلند۔ برتر (۲) اس پر ۔

برین عقل و دانش بباید گریست (ف) مثل۔ اس عقل اور سمجھ پر رونا چاہئے۔ بیوقوفی کی بات پر کہتے ہیں ۔

برین مژدہ گر جان فشانم رواست (ف) مثل۔ اس خوشخبری پر اگر میں جان بھی قربان کر دوں۔ تو جائز ہے۔ خوشخبری سننے پر کہتے ہیں ۔

بریّہ (بَرِیْ۔ یَہ) (ع) مؤنث۔ مخلوق ۔

بُرے (بُ۔ رے) (ہ) بُرا کی جمع ۔

بُرے حالوں جینا (ہ) بُری حالت میں زندگی بسر کرنا ۔

بُرے کی جان کو رونا (ا) جبر و ستم اور ظلم پر صبر کرنا۔ ظالم کی شکایت کرنا ۔

برپھا (بر۔ تھا) (ہ) مذکر۔ دھوبی - کپڑے صاف کرنے والا ۔

بریز۔ بریز (بر ِیز۔ بریز) (ف) (۱) بھاگا ہوا۔ شکست خوردہ (۲) رحم کی درخواست کرنے والا (۳) رحم رحم مدد۔ مدد (۴) کھلبلی - بدحواسی ۔

بریز بریز کرنا - یا - کہنا (ف) (۱) ماننا۔ دبنا۔ شکایت کرنا ۔

برشیم (بر ِ۔ شم) (ف) مذکر۔ دیکھو ابریشم ۔

بریک (بریک) (انگ BRAKE - فقرہ) مؤنث۔ ریل کی وہ گاڑی جس میں مال روانہ ہوتا ہے ۔

بریلی جانے کا کام کیا (ا) مقولہ - اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو الکّوں جیسی کوئی حرکت یا خلاف عقل کام کرے۔ (پنجاب میں بریلی کی جگہ لاہور کہتے ہیں)

بریمن (بر۔ رین) (ہ) مذکر۔ تخم کا بیج ۔

بریتی (بر۔ ریتی) (ہ) مؤنث۔ بر کی جمع۔ بھڑیں ۔

ب - ڑ

بڑ (بڑ) (ہ) مؤنث۔ برگد۔ ایک قسم کا درخت جس میں لال لال داڑھی کی طرح جڑیں سی نکلتی رہتی ہیں۔ (پنجابی) بوہڑ ۔

بڑ (بڑ) (ہ) مؤنث۔ جھک۔ بکواس۔ بذیاں مجنونانہ کلام ۔

بڑبا گرگٹ (ہ) مذکر۔ ایک قسم کی بڑی چمگادڑ ۔

بڑبولا (ہ) مذکر۔ (۱) بڑا بول بولنے والا۔ شیخی مارنے والا (۲) زیادہ گو۔ زیادہ بولنے والا ۔

بڑبھاگی (ہ) بڑے نصیبے والا۔ اقبال مند ۔

بڑپن - یا - بڑپنا (ہ) مذکر۔ بزرگی۔ بڑائی۔ عزت شان شوکت ۔

بڑپیٹا - یا - بڑپیٹو (ہ) (۱) بڑے پیٹ والا (۲) بہت کھانے والا (۳) حریص۔ لالچی ۔

بڑتلے کا بھوت (ا) مثل۔ وہ شخص جس سے پیچھا چھڑانا مشکل ہو ۔

بڑدنتا (ہ) بڑے بڑے دانتوں والا۔ دراز دندان ۔

بڑگرو (ہ) مذکر۔ بڑا استاد۔ گرو گھنٹال ۔

بڑھی (بڑ۔ ھی) (ہ) مؤنث (عو) (۱) بڑی توند والی عورت (۲) سوڑنی ۔

بڑنکا (ہ) مذکر۔ بڑی ناک والا ۔

بڑا (بڑا) (ہ) مذکر۔ مونگ یا اُڑد کی پیٹھی کی تلی ہوئی ٹکیاں یا ٹکیں ۔

بڑا (ہ) (۱) بزرگ۔ کلاں۔ اعلیٰ برتر (۲) لمبا۔ دراز (۳) بلند اونچا (۴) معزز امیر۔ دولتمند (۵) زیادہ۔ بیش ۔

بڑا آدمی (ا) مذکر (۱) دولت مند آدمی۔ امیر (۲) معمر۔ زیادہ عمر کا آدمی (۳) دراز قد کا آدمی ۔

بڑا آزار (ہ) مذکر (عو) (۱) تپ دق۔ سل (۲) بڑی مصیبت۔ بھاری دکھ (۳) لاعلاج مرض ۔

بڑا بوڑھا (ہ) مذکر (۱) سرپرست۔ بزرگ (۲) معمر۔ زیادہ عمر کا ۔

بڑا بول (ہ) مذکر (۱) شیخی (۲) غرور۔ تکبر ۔

بڑا بول بولنا (ہ) نخوت کا کلمہ منہ سے نکالنا۔ غرور کرنا ۔

بڑا آدم کلا ہے (ل) مثل۔ سخت چالباز اور بدمعاش ہے۔

بڑا دن (ہ) مذکر (۱) دسمبر کی ۲۵ تاریخ جس دن سے دن بڑھنا شروع ہو جاتا ہے (۲) مسیح کی پیدائش کا دن۔ کرسمس ڈے ۔

بڑا دیدہ ہونا (ہ) (۱) (عو) شوخ چشم اور نڈر ہونا۔ دل چلا ہونا۔ بے باک اور بے خوف ہونا۔ (۲) بڑی آنکھ ہونا ۔

بڑا راستہ پکڑنا (ف) (۱) دور کا سفر اختیار کرنا (۲) مرنا۔ انتقال کرنا (۳) سب سے بہتر اور عمدہ طریق اختیار کرنا ۔

بڑا روگ (ہ) مذکر۔ تپ دق ۔

بڑا شخص (ل) نہایت تجربہ کار۔ جہاں دیدہ۔ عالی دماغ۔ دیکھو (بڑا آدمی) ۔

بڑا صاحب (ف) مذکر۔ حاکم اعلیٰ ۔

بڑا کرنا (ہ) (۱) بڑھانا۔ بلند کرنا۔ اونچا کرنا (۲) جوان کرنا۔ پرورش کرنا (۳) چراغ گل کرنا۔ (۴) عزت دینا۔ تائید کرنا ۔

بڑا کوئی (ف) (عو) (۱) مرشد۔ چالاک۔ چتر۔ ہوشیار۔ (۲) شہدہ۔ بدمعاش۔ بے ڈھب ۔

بڑا گھر (ہ) مذکر (۱) لمبا چوڑا مکان (۲) امیر گھرانا۔ (۳) قید خانہ۔ جیل ۔

بڑا گھرانا (ہ) مذکر۔ اعلیٰ خاندان۔ امیر گھرانا۔ معزز خاندان ۔

بڑا نام کرنا (ل) (۱) شہرت پانا۔ ناموری حاصل کرنا مشہور کرنا۔ سب سے بہتر کام کرنا ۔

بڑا نوالہ کھائیے بڑا بول نہ بولیے (ل) مثل

غذا عمدہ کھائے۔ مگر شیخی نہ بگھارے ۔

بڑا پا (بڑا۔ پا) (ہ) مذکر۔ بزرگی۔ بڑاپن۔ عظمت۔ بڑائی ۔

بڑانا (بڑا۔ نا) (ہ) (گنوار) (۱) دخول کرنا۔ گھسانا۔ (۲) دھکیلنا ۔

بڑاتا (بڑ۔ڑا۔تا) } (ہ، (عو) کسی چیز کی تعلی
بڑا جاتا (بڑ ڑا۔ جاتا) } کے باعث گھبرا جاتا۔ حواس باختہ ہو جاتا ۔

بڑائی (بڑا۔ائی) (ہ) مؤنث (۱) عظمت۔ بزرگی (۲) عمر میں بڑا ہونا (۳) وسعت۔ کشادگی (۴) موٹائی۔ حجم (۵) تعریف۔ مدح (۶) درازی۔ لمبائی (۷) فضیلت۔ برتری (۸) منصب (۹) ادب (۱۰) شیخی۔ لاف زنی ۔

بڑائی کرنا (ہ) (۱) تعریف کرنا۔ ستائش کرنا (۲) شیخی مارنا۔ ڈینگ مارنا۔ خودستائی کرنا ۔

بڑائی مارنا (ہ) خود آرائی۔ خودستائی کرنا۔ بڑ ہانکنا ۔

بڑبڑ (ہ) مؤنث۔ جھک جھک۔ بکواس ۔

بڑبڑانا (بڑ۔ بڑا۔ نا) } (ہ) ۔ چپکے چپکے بڑ اکھنا۔
بڑبڑاتا (بڑ۔ بڑا۔ نا) } بکتا۔ اونچی آواز سے نہ بولنا۔ اور منہ ہی میں بڑبڑ کرنا۔ (۲) (تحقیراً) تسبیح پھیرنا۔ وظیفہ کرنا ۔

بڑبڑیا (بڑ۔ بڑ۔یا) (ہ) مذکر۔ بکی۔ بڑ ہانکنے والا۔ زیادہ گو ۔

بڑبڑی (بڑ۔بڑے۔ڑی) (ہ) مؤنث۔ مرے ہوئے بزرگوں کا فاتحہ جو عورتیں شادی کی ہر تقریب میں کرتی ہیں ۔

بڑبھس (بڑ۔ بھس) (ہ) مؤنث۔ بڑھاپے میں جوانی کی باتیں کرنا۔ بوالہوسی ۔

بڑبھس لگنا (ہ) بڑھاپے میں مستی چھوٹنا ۔

بڑرا (بڑ۔ را) (ہ) مذکر۔ گیہوں اور چنے کا ملا ہوا اناج ۔

بڑک (بڑک) (ہ) مؤنث۔ ڈبکی ۔

بڑما (بڑ۔ ما) (ہ) مؤنث (۱) بڑی اماں (۲) تحقیراً بوڑھی عورت ۔

بڑ مارنا } (ہ) یاوہ گوئی کرنا۔ بے تکی ہانک لگانا۔
بڑ ہانکنا } شیخی بگھارنا ۔

بڑنا (بڑ۔نا) (ہ) داخل ہونا۔ گھسنا۔ اندر پہنچنا ۔

بڑنگا (بڑ۔نگ۔گا) (ہ) مذکر۔ کڑی۔ شہتیر ۔

بڑولی (بڑو۔لی) (ہ) مؤنث۔ بڑ کا پھل ۔

بڑونکھا (بڑ۔ؤں۔کھا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا بڑ ۔

بڑوں کی بڑی بات (ہ) محاورہ۔ بڑوں کی بات تجربے سے پختہ۔ مضبوط اور صحیح ہوتی ہے ۔

بڑھاپا (بڑھا۔پا) (ہ) مذکر۔ پیری۔ کہن سالی ۔

بڑھار (بڑھار) (ہ) مؤنث (ہندو) دلہن والوں کی طرف سے رخصتی کی دعوت ۔

بڑھانا (بڑھا۔ نا) (ہ) (۱) زیادہ کرنا۔ بڑا کرنا۔ (۲) لمبا کرنا (۳) پھیلانا (۴) کھینچنا (۵) بلند کرنا۔ اونچا کرنا (۶) ترقی کرنا (۷) آگے لانا۔ پاس کرنا (۸) تعریف میں مبالغہ کرنا (۹) امیر کرنا۔ دولت مند بنانا (۱۰) اٹھانا۔ اتارنا (۱۱) خاموش کرنا۔ چراغ بجھانا (۱۲) کنکوا یا پتنگ اونچا کرنا (۱۳) دسترخوان سامنے سے اٹھانا (۱۴) جوش۔ ابھار ۔

بڑھاوا (بڑھا۔وا) (ہ) مذکر (۱) (لغوی معنی) زیادتی۔ (۲) جھوٹی تعریف (۳) لوبھ۔ لالچ (۴) خوشامد۔ (۵) بہکاوا (۶) دام۔ فریب ۔

بڑھاوا دینا (ہ) جھوٹی ہمت باندھنا۔ لالچ دینا۔ جھوٹی تعریف کرکے کسی کام پر آمادہ کرنا ۔

بڑھاوے میں آنا (ہ) خوشامد میں آنا۔ دھوکے میں آنا۔ تعریف پر پھولنا ۔

بڑھ (بڑھ) (ہ) بڑھنا کا امر۔ آگے ہو ۔

بڑھ بڑھ کے بولنا (ہ) حد سے گزر کر بات کرنا۔ شیخی مارنا۔ بات کاٹ کر باتیں کرنا۔ گستاخی کرنا۔ اپنی لیاقت اور حیثیت سے زیادہ گفتگو کرنا ۔

بڑھتی (بڑھ۔ تی) (ہ) (۱) معمول سے زیادہ۔ (۲) زیادتی۔ افزونی۔ برکت۔ ترقی۔ بہتات۔ کثرت ۔

بڑھتی دولت (ہ) مؤنث۔ ترقی کرنے والی دولت۔ کامیابی ۔

بڑھ جانا (ہ) (۱) اندازے سے زیادہ ہو جانا۔ (۲) ترقی کرنا (۳) آگے نکل جانا۔ سبقت لے جانا ۔

بڑھ چلنا (ہ) گستاخ اور مغرور ہونا۔ اپنی حیثیت سے آگے قدم رکھنا ۔

بڑھ کر (ہ) اوّل درجے کا۔ عمدہ۔ اعلیٰ۔ بیش

قیمت۔ بہتر۔

بڑھ کر بولنا (ہ) حدِّ ادب سے گزر کر گفتگو کرنا۔ بڑا بول زبان سے نکالنا۔ اپنے مرتبے سے زیادہ بولنا۔

بڑھل (بَڑھَل) (ہ) مذکر۔ ایک درخت کا نام جس کا پھل گول زرد رنگ کا ہوتا ہے۔

بڑھنا (ہ) (۱) بلند ہونا۔ اونچا ہونا (۲) حجم اور جسامت میں زیادہ ہونا (۳) لمبا ہونا۔ دراز ہونا (۴) حد سے گزرنا (۵) زیادہ ہونا۔ (۶) بچنا۔ فاضل ہونا (۷) ترقی کرنا (۸) امیر ہونا (۹) آگے جانا (۱۰) نفع ہونا (۱۱) پیش قدمی کرنا (۱۲) چراغ گُل کرنا (۱۳) دکان بند کرنا۔

بڑھو (بُڑھو) (ہ) مذکر۔ (تحقیراً) بوڑھا۔

بڑھوا (بُڑھ۔وا) (ہ) بوڑھا۔

بڑھوا منگل (ہ) مذکر۔ بنارس کا ایک میلہ جو منگل کو ہوتا ہے۔

بڑھوتری (بڑھو۔تری) (ہ) مؤنث (۱) زیادتی۔ بیشی (۲) منافع (۳) ترقی۔ افزونی۔

بڑھوتی (بڑھو۔تی) (ہ) مؤنث۔ بڑھاپا۔

بڑھیئی (بڑھیئی) (ہ) مذکر (۱) نجار (۲) ہُدہُد۔ کٹھ پھوڑا مشہور جانور۔

بڑھی۔ دیکھو بڑھوتری۔

بڑھیا (بڑھ۔یا) (ہ) اعلیٰ قسم کا۔ اعلیٰ درجے کا۔

بڑھیا (بُڑھ۔یا) (ہ) مؤنث (۱) بوڑھی عورت۔ ضعیفہ۔ کہن سالہ۔ پیرزال (۲) ماں۔ والدہ (۳) آک کے ڈوڈے کی روئی۔

بڑھیا آفت کی پڑیا (ہ) محاورہ۔ نہایت عیّارہ۔ فتنہ انگیز۔ حرّافہ۔ مکّارہ۔ قحبہ۔

بڑھیا دیوانی ہوئی پرائے برتن اٹھانے لگی (ہ) مثل۔ اسے دیوانگی میں بھی اپنا فائدہ ہی سوجھتا ہے۔ مطلب کی دیوانی ہے۔

بڑھیا مری تو مری فرشتوں نے گھر دیکھ لیا۔ (ہ) مثل۔ ایک بار کا نقصان آئندہ کے خطروں کی تمہید ہے۔

بڑھیل (بُڑھیل) (ہ) مؤنث۔ تحقیراً۔ پیرزال۔ بہت بوڑھی عورت۔

بڑی (بَڑی) مؤنث۔ ایک قسم کی ٹکیاں جو اُڑد یا مونگ کی دال دھو کر پیسنے کے بعد مسالہ ڈال کر سکھا لیتے ہیں اور حسبِ موقع پکا کر کھاتے ہیں بعض لوگ قیمہ ڈال کر بھی بناتے ہیں۔

بڑی (بڑی) (ہ) مؤنث (۱) کلاں۔ دراز۔ بزرگ۔ (۲) بہت۔ از حد۔

بڑی الائچی (ہ) مؤنث۔ سرخ الائچی۔

بڑی بات (ہ) مؤنث (۱) مشکل بات۔ امرِ محال (۲) عمدہ اور اچھی بات۔ بہتر بات۔

بڑی بات نہیں (ہ) محاورہ۔ کچھ مشکل نہیں۔ آسان ہے۔

بڑی بہو (ہ) مؤنث (۱) بڑے بیٹے کی بیوی۔ بڑی دلھن (۲) تحقیراً۔ پھوہڑ اور بے وقوف بہو۔

بڑی بہو کو بلاؤ جو کھیر میں نون ڈالے (ہ) مثل۔ باوجود بڑی عمر ہونے کے ناتجربہ کاری کے اظہار پر بولتے ہیں۔ کہ کام خراب کرنے میں مشہور ہے۔

بڑی بی (ہ) مؤنث۔ تعظیماً بڑی عورت کو کہتے ہیں۔ بڑھیا۔

بڑی ٹیڑھی کھیر ہے (ہ) مثل۔ بہت مشکل کام ہے۔

بڑی چیز (ہ) مؤنث (۱) قرآن شریف۔ فرقانِ حمید۔ کلام مجید (۲) غیر معمولی (۳) قیمتی (۴) جسیم۔ طویل عریض۔ بھاری۔ لمبی چوڑی (۵) نایاب۔ قابلِ تعریف۔

بڑی چیز اُٹھانا۔ یا بڑی چیز پر ہاتھ رکھنا (ہ) (۱) قرآن شریف کی قسم کھانا (۲) قیمتی چیز لینا یا پسند کرنا (۳) وزنی یا لمبی چوڑی چیز کو پکڑنا (۴) نایاب اور قابلِ تعریف چیز ہاتھ میں لینا (۵) مشکل کام کی ذمہ داری لینا (۶) دولت مند اسامی کو قابو کرنا۔

بڑی روٹی (ہ) مؤنث۔ قرآن شریف۔

بڑیاں (بڑ۔یاں) (ہ) مؤنث۔ بڑی کی جمع۔ مونگ یا اُڑد کی بنائی ہوئی ٹکیاں۔

بڑیاں توڑنا (ہ) چھاج یا بوریا وغیرہ پر بڑیاں بنانا۔ پیٹھوڑیاں بنانا۔

بڑے (بڑے) (ہ) مذکر۔ بڑا کی جمع۔

بڑے بول کا سر نیچا (ہ) مثل۔ غرور کرنے والا ذلیل ہوتا ہے۔ شیخی باز بے عزت ہوتا ہے۔

بڑے بے ڈھب ہو (ہ) محاورہ۔ نہایت چالاک

اور خرہ رہو۔ بڑے فطرتی ہو۔ غضب کے چال باز ہو ۔

بڑے پاک ہو (ل) محاورہ۔ نہایت بے حیا اور بے عزت ہو ۔

بڑے شہر کا بڑا چاند (و) مثل (۱) بڑے آدمیوں کی ہر بات بڑی سمجھی جاتی ہے (۲) بڑے گھرانے والوں کے حوصلے بھی بڑے ہوتے ہیں (۳) بڑے بڑے شہروں میں بدمعاش بھی بڑے ہوتے ہیں ۔

بڑے صاحب (و) مذکر۔ (۱) بڑے میاں (۲) امیر کا بڑا بیٹا (۳) عدالت کا حاکم۔ اعلیٰ افسر ۔

بڑے گھرانے میں غریب کا رشتہ درست نہیں بیٹھتا (ہ) مثل۔ دولت مند کے ہاں رشتہ کرنے سے بجز مفت خدمت کرنے کے کچھ ہاتھ نہیں آتا ۔

بڑے گھر پڑے پتھر (اینٹیں) ڈھو ڈھو مرے (ہ) مثل۔ امیر گھرانے میں بیاہے جانے پر عمر بھر خدمت گاری کرنی پڑتی ہے ۔

بڑے گھر جانا (و) (۱) مرجانا۔ انتقال کرنا مرنا۔ (۲) قید ہو جانا۔ جیل میں جانا ۔

بڑے میاں (ل) (۱) بزرگ خاندان۔ گھر کا سردار۔ (۲) بزرگ معمر (۳) کلمۂ تعظیم۔ بڑا بوڑھا

بڑے میاں سو بڑے میاں چھوٹے میاں سبحان اللہ (ہ) مثل۔ بڑے تو بدمعاش تھے ہی۔ چھوٹے اُن سے بھی بڑھ گئے ۔

ب ۔ ز

بُز (بُز) (ف) مذکر و مؤنث۔ بکرا۔ گوسفند۔

بُزِ اخفش (ف + ع) مذکر (۱) روایت ہے کہ اخفش نے اپنا سبق سنانے کے لئے ایک بکرا پالا تھا۔ جب تک بکرا گردن نہ ہلاتا۔ یا بول نہ اٹھتا۔ اخفش برابر سبق یاد کئے جاتا۔ اور یہی جانتا تھا کہ ابھی تک سبق یاد نہیں ہوا جس وقت اس بکرے کو ذبح کرکے دیکھا تو اُس کا دماغ خالی تھا۔ (۲) بے سمجھے گردن ہلانے والا (۳) بے وقوف۔ نا سمجھ ۔

بُزدل (ف) } ڈرپوک۔ بے ہمت۔ نامرد۔ کم
بُزدلا (ل) } حوصلہ۔ کمزور ۔

بُزدلی (ف) مؤنث۔ نامردی۔ ڈرپوک پن۔ بے ہمتی۔ کمزوری ۔

بُزغالہ (ف) مذکر (۱) بکری کا بچہ۔ حلوان (۲) جنگلی یا پہاڑی بکرا ۔

بزّا (بَزْ۔ زا) (ہ) مذکر۔ ایک پرندہ ۔

بزار (بزّار) (ل) (عوام) بازار ۔

بزّاز (بَزْ۔ زاز) (ع) مذکر۔ کپڑا بیچنے والا۔ پارچہ فروش ۔

بزّازا (ل) مذکر۔ کپڑے کا بازار۔ پارچہ کی منڈی ۔

بزّازی (ع + ف) مؤنث۔ پارچہ فروشی۔ کپڑا بیچنے کا پیشہ ۔

بزرجمہر (بُزُرْ جْ۔ مِہْر) (ف) مذکر۔ نوشیرواں کا وزیر اعظم ۔

بزرقطونا (بزر۔ قطو۔ نا) (ف) مذکر۔ اسبغول ۔

بزرگ (بُزُرْگ) (ف) (۱) بڑا۔ کلاں (۲) عمر رسیدہ۔ بڑی عمر کا آدمی (۳) بالغ۔ سیانا (۴) معزز۔ شریف (۵) عارف۔ خدا رسیدہ۔ ولی۔ (۶) آبا و اجداد۔ سرپرست (۷) سنجیدہ۔ سمجھ دار۔ (۸) طنزاً۔ شریر آدمی۔ بد آدمی (۹) ذی شان۔ باشوکت ۔

بزرگانہ (ف) بزرگوں کی طرح کا ۔

بزرگداشت (ف) مؤنث۔ خاطر داری ۔

بزرگ زادہ (ف) مذکر۔ شریف زادہ۔ عالی خاندان۔ مرشد زادہ ۔

بزرگوار (ف) بزرگ کی مانند ۔

بزرگوں کا ٹھیکرا (ل) موروثی مکان ۔

بزرگی (ف) (۱) بڑا پن (۲) برتری (۳) عزت۔ (۴) شرافت (۵) ادب (۶) شان ۔

بزرگی بعقل است نہ بسال (ہ) مثل۔ بزرگی عقل پر موقوف ہے عمر پر نہیں ۔

بزم (بَزْم) (ف) مؤنث۔ سبھا۔ محفل مجلس ۔

بزمِ سخن (ف) مشاعرے کی محفل۔ شعراء کی محفل ۔

بزمگاہ (ف) مذکر۔ عیش کی جگہ۔ مجلس کی جگہ ۔

بزمِ ماتم (ف) غم کی مجلس ۔

بزن (بِزَن) (ف) مذکر (۱) مادر قتل کر (۲) قتل کا حکم (۳) قتلِ عام ۔

بزن کرنا (۱) مارنا - قتل عام کرنا ٭

بزور (بَزُور) (ف) (۱) زبردستی سے - ہیکڑی سے - جبراً - طاقت سے - (۲) حکماً ٭

ب - س

بس (بَس) (ف) (۱) کافی - بہت - (۲) صرف - فقط - (۳) چپ رہو - خاموش رہو - (۴) القصہ - حاصل کلام (۵) موقوف (۶) (ہ) قابو - زور - طاقت - اختیار ٭

بس بس (ا) (۱) بہت ہے - کافی ہے - (۲) چپ رہو ٭

بس جانا (ہ) خوشبو کا کسی چیز یا مکان یا کپڑے میں گھر کر جانا ٭

بس چلنا (ہ) قابو پانا - اختیار ہونا - قبضہ ہونا - زور چلنا ٭

بس حد ہوگئی (ا) نہایت ہوگئی - حجت ختم ہوگئی - بہت بُری ہوئی ٭

بس دیکھ لیا (ا) محاورہ - اب آزمانے کی حاجت نہیں - خوب آزما لیا - بہت امتحان کر لیا - تمہارا حال کھل گیا ٭

بس میں پڑنا (ہ) کسی کے پنجے میں پھنسنا - قابو میں آنا -

بس میں کرنا یا لانا (ہ) قابو میں لانا - مغلوب کرنا - زیر کرنا (۲) موہنا - فریفتہ کرنا ٭

بس نہ چلنا (ہ) زور نہ چلنا - قابو نہ پانا - قبضہ میں نہ آنا ٭

بِس (بِس) (ہ) مذکر (۱) زہر - سم - ہلاہل - (۲) کھوٹ - عیب - (۳) جھگڑا - ٹنٹا - فساد - (۴) شریر - فتنہ پرداز ٭

بس اُگلنا (ا) (۱) زہر تھوکنا - (۲) بُرا کہنا (۳) بدلہ لینا - جھگڑا کھڑا کرنا - چغلی کھانا ٭

بس بھری (ہ) مؤنث - (عو) زہر آلود - زہریلی - (۲) کینہ ور (۳) فسادی - فتنہ انگیز ٭

بس کی گانٹھ (ہ) (۱) زہر قاتل - (۲) شریر - مفسد - فسادی - (۳) کینہ ور ٭

بسا اوقات (بَسا - اَوْ - قَات) (ف) بہت دفعہ ٭

بسار (بَسَار) } (ہ) مذکر - اُدھار لیا ہوا بیج
بسارا (بَسَا - رَا) } جو فصل کی تیاری پر ادا کیا جائے ٭

بسارنا (بِسار - نا) (ہ) بھولنا - فراموش کرنا ٭

بِساط (بِسَاط) (ع) مذکر - (۱) بستر - بچھونا - فرش (۲) چوسر اور شطرنج کھیلنے کا کپڑا یا تختہ - (۳) سرمایہ - جمع - پونجی - (۴) حوصلہ - ہمت - وسعت - طاقت - قدرت - (۵) سطح - پھیلاؤ ٭

بِساطی (ع) مذکر - خردہ فروش - چھوٹی چھوٹی چیزیں بیچنے والا ٭

بسالت (بَسا - لَت) (ع) مؤنث - دلیری - بہادری ٭

بسان (بَسَان) (ف) مانند ٭

بسانا (بَسا - نا) (ہ) (۱) آباد کرنا - معمور کرنا - معطر کرنا ٭

بِساند (بِسَانْد) (ہ) مؤنث - بُو - باس - بھکراند - گوشت یا مچھلی وغیرہ کی بُو ٭

بِساندا (ہ) (۱) بدبودار - (۲) بدمزہ ٭

بساوٹ (بَسا - وَٹ) (ہ) مؤنث - مہک ٭

بساوری (بَسا - وَری) (ہ) مؤنث - زمین کا لگان ٭

بساہا (بِسا - ہا) (ہ) مذکر - کتا جس کے بیس ناخن اور زہریلے دانت ہوتے ہیں ٭

بسائط (بَسَا - اِئط) (ع) مذکر - بسیط کی جمع (مجازاً) اربعہ عناصر ٭

بست (بَسْت) (ہ) مؤنث - (۱) اسباب (۲) چیز - شے ٭

بَست (بَسْت) (ف) بستن (باندھنا) کی ماضی (۲) مذکر - عاشق - معشوق (۳) پگڑی (۴) پھولوں کا تاج (۵) گانٹھ (۶) پناہ گاہ (۷) پشتہ (۸) پہاڑ - (۹) نہروں اور نالیوں میں پانی کی تقسیم (۱۰) کسی کام کو گھٹا دینا ٭

بست و کشاد (ف) مؤنث - (۱) بند اور کھلا ہوا - (۲) مذکر - حل و عقد ٭

بِست (بِسْت) (ف) بیس - ۲۰ ٭

بست در بست کا تعویذ (ا) مذکر - ایک قسم کا نقش ٭

بستار (بِس - تَار) (ہ) مذکر - (۱) پھیلاؤ - کشادگی - (۲) بات کو بڑھا کر بیان کرنا ٭

بستار کرنا (ا) (۱) پھیلانا (۲) بات کو بڑھا کر بیان کرنا ٭

بستان (بُس۔تَان) (بوستان کا معرب) مذکر۔ باغ ٭
بستر (بِس۔تَر) (ف) مذکر (۱) لباس۔ پوشاک۔ کپڑے۔ (۲) سامان۔ اسباب ٭
بستر (بِس۔تَر) (ف) } مذکر۔ (۱) بچھونا۔ فرش۔
بسترا (بِس۔تَرا) (ا) }
(۲) (ا) فقیروں اور سپاہیوں کا بچھونا ٭
بستر لگانا۔ یا۔ جمانا (ا) کسی جگہ رات بسر کرنے کے لیے بچھونا کرنا۔ علی الخصوص رات کے سونے کا سامان کرنا ٭
بستگی (بَس۔تَگی) (ف) مؤنث۔ قبض۔ بند ہونا۔ تفریح نہ ہونا ٭
بستم بستہ (بَس۔تَم۔بَس۔تَہ) (ا) مؤنث۔ (۱) مو بولنے کی روک ٹوک ٭
بستنی (بَس۔تَنی) (ف) مؤنث۔ غلاف یا بستہ۔ پنجرے یا ستار وغیرہ کی پوشش اور باندھنے کا کپڑا ٭
بستہ (بَس۔تَہ) (ف) مذکر۔ (۱) بندھا ہوا۔ جما ہوا۔ (۲) جزدان۔ بقچہ ٭
بستی (بَس۔تی) (ہ) مؤنث (۱) گاؤں۔ قصبہ۔ شہر۔ قریہ۔ دِہ (۲) آبادی۔ رونق ٭
بُسد (بُسَد) (ف) مذکر۔ مرجان۔ مونگا ٭
بسر (بَسَر) (ف) مؤنث۔ گزر ٭
بسر کرنا (ا) (۱) گزارنا۔ بھرنا۔ (۲) پورا کرنا۔ نباہنا ٭
بسر ہونا (ا) گزرنا۔ پورا ہونا۔ انجام کو پہنچنا ٭
بِسر (بِسَر) (ہ) مذکر۔ بھول ٭
بِسرا (بِس۔رَا) (ہ) بھولا ہوا ٭
بِسر جانا (ہ) بھول جانا۔ چوک جانا۔ یاد نہ رہنا ٭
بِسرام (بِس۔رام) (ہ) مذکر۔ (۱) آرام۔ سکھ (۲) ٹھہراؤ۔ توقف (۳) تحریر میں نقطہ ٭
بسرام کرنا۔ لینا (ہ) ٹھہرنا۔ آرام کرنا۔ مقیم ہونا ٭
بِسرانا (بِس۔رَا۔نَا) (ہ) بھلانا۔ دل سے اتارنا ٭
بِسرانت (بِس۔رَا۔نت) (ہ) (۱) آرام کرنے والا۔ (۲) مؤنث۔ آرام (۳) مؤنث۔ وہ گھاٹ جس میں سیڑھیاں بنی ہوتی ہیں ٭
بسر و چشم (بَسَرُو۔چَشم) (ف) سر آنکھوں پر۔ خوشی سے ٭
بسط (بَسط) (ع) مذکر۔ شرح۔ تفصیل۔ تشریح ٭
بسکٹ (بِس۔کٹ) (انگ، BISCUIT) مذکر۔ روغنی ٹکیہ۔ کلچہ ٭
بسکھپرا (بِس۔کھپ۔رَا) (ہ) مذکر۔ (۱) ایک دوا کا پودا (۲) ایک زہریلا جانور جو گرگٹ سے مشابہ ہوتا ہے ٭
بسم اللہ (بِس۔مِل۔لَاہ) (ع) مؤنث۔ (۱) اللہ کے نام سے مخفف ہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا جس کے معنے ہیں۔ میں مہربان اور رحم کرنے والے اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں۔ (۲) مکتب نشینی کی رسم (۳) خدا کا نام لینا (۴) کلمۂ ایجاب۔ بہت بہتر۔ بہت اچھا۔ (۵) کسی بڑے آدمی کے آنے پر تعظیماً بولتے ہیں ٭
بسم اللہ کا گنبد (ا) مذکر۔ (۱) جائے پناہ۔ مقام امن۔ بچاؤ کی جگہ۔ حفاظت کا مقام (۲) ابتدائی منزل۔ شروع کار میں رہ جانا۔ جیسے انہیں جب دیکھو بسم اللہ کے گنبد میں چکر لگا رہے ہیں ٭
بسم اللہ کرنا (ا) (۱) شروع کرنا۔ بنیاد ڈالنا۔ (۲) کھانا تناول کرنا۔ (۳) مکتب میں بیٹھنا ٭
بسم اللہ کے گنبد میں بیٹھنا (ا) سلامتی کی جگہ میں بیٹھنا۔ امن و امان میں رہنا۔ پناہ میں رہنا ٭
بسم اللہ ہی غلط (ا) محاورہ۔ ابتدا ہی غلط۔ چھوٹتے ہی غلط ٭
بسمل (بِس۔مِل) (ع) قربان کیا ہوا جانور۔ ذبیحہ۔ (۲) گھایل۔ زخمی۔ مجروح۔ (۳) عاشق۔ مفتون۔ مبتلا ٭
بسنا (بَس۔نَا) (ہ) (۱) رہنا۔ گھر بنانا۔ آباد ہونا۔ (۲) ٹھہرنا۔ ٹکنا (۳) رچنا۔ معطر ہونا ٭
بُسنا (بُس۔نَا) (ہ) سڑنا۔ بودار ہونا۔ باس دینا۔ اُبسنا ٭
بسنت (بَسَنت) (س) مؤنث۔ (۱) موسم بہار کا ایک تہوار (۲) بسنت کا موسم (۳) موسم بہار (۴) سری راگ کی چوتھی راگنی (۵) سیتلا۔ چیچک۔ (۶) سرسوں کے کھلے ہوئے زرد زرد پھول ٭
بسنت پنچمی (ہ) مؤنث۔ ہندوؤں کا ایک تہوار ٭
بسنت پھولنا (ہ) (۱) سرسوں کے پھولوں کا کھلنا۔ (۲) زردی چھانا ٭
بسنت کی خبر (ا) مؤنث۔ زمانے کے انقلاب اور حال آئندہ کی واقفیت ٭

بسنتی (ہ) (۱) زرد - پیلا - زعفرانی - (۲) چیچک - سیتلا ۔

بسنتی پوش (ف) مذکر - زرد لباس پہننے والا - زرد پوش ۔

بسندر (بَسَن - دَر) (ہ) مؤنث - (۱) اگنی دیوتا (۲) پاک اور مقدس آگ ۔

بسنی (بَس - نِی) (ہ) مؤنث - ہتھیلی ۔

بسنی (بِس - نِی) (ہ) (۱) بدچلن - عیاش - لُچا - رنڈی باز (۲) نازک - نفیس - خوش باش - (۳) مذکر - آوارہ شخص - رنڈی باز شخص - عیاش آدمی - رنڈیاں اپنے پاس زنا کے لئے آنیوالے شخص کو بسنی یا بشنی کہتی ہیں ۔

بسواری (بَس - وا - رِی) (ہ) مذکر - بانسوں کا باغ - بانس کا جنگل ۔

بسوانسی (بِس - وان - سِی) (ہ) مؤنث - بسوے کا بیسواں حصّہ - بیس کچوانسی کی ایک بسوانسی مقدار ۔

بسورنا (بِسُور - نا) آہستہ آہستہ رونا - رونے کی شکل بنانا - رونے کا ارادہ کرنا ۔

بسولا (بَسُو - لا) (ہ) مذکر - تیشہ - ایک لکڑی چھیلنے کا اوزار ۔

بسولی (ہ) مؤنث - معماروں کا تیشہ - اینٹیں گھڑنے کا اوزار ۔

بسوہ (بِس - وَہ) (ہ) مذکر - (۱) بیگھہ کا بیسواں حصّہ (۲) زمین کا حصّہ ۔

بسوہ بس کی گانٹھ (ہ) مثل - گاؤں میں زمین کا حصّہ فساد کی جڑ ہے ۔

بسوہ دار (ف) مذکر - کاشتکاری کا حق رکھنے والا - زمین کے کسی حصّے کا مالک ۔

بسہا (بِس - ہا) (ہ) (۱) زہریلا - (۲) مذکر - زہریلا رینگنے والا جانور - سانپ - بچھو وغیرہ (۳) ایک کُتا جس کے زہریلے دانت اور بیس ناخن ہوتے ہیں ۔

بسہری (بِسَہ - رِی) (ہ) مؤنث - (۱) زہریلا رینگنے والا جانور - سانپ - (۲) ایک قسم کا پھوڑا جو ہاتھ کی انگلیوں پر ہوتا ہے ۔

بسیت (بَسِیت) (ہ) مذکر - گاؤں کا چودھری - نمبردار - پٹیل ۔

بسیٹ - بسیٹھ (بَسِیٹ - بَسِیٹھ) (ہ) مذکر - (۱) قاصد - ایلچی (۲) ثالث - درمیانی آدمی - (۳) چغل خور ۔

بسیرا (بَسیے - را) (ہ) مذکر - شب باشی - رہنا - ٹھہرنا - قیام - سونا - آرام کرنا - رات کو ٹھہرنے کی جگہ - مکان ۔

بسیرا لینا (ہ) شب باش ہونا - رات کو آرام کرنا - جانوروں کا سونا ۔

بسیرے کا وقت (ہ) آرام کا وقت - شام ۔

بسیط (بَسِیط) (ع) مذکر - (۱) بچھا ہوا (۲) کشادہ وسیع (۳) عروض کی ایک بحر جو مستفعلن فاعلن کو آٹھ بار دُہرانے سے بنتی ہے - (۴) بالائی - اوپری (۵) مفرد - غیر مرکب شئے ۔

بسیکھ (بِسِیکھ) (ہ) مذکر - خاصیت - عادت - سبھاؤ ۔

بسیلا (بِسِی - لا) (ہ) (۱) زہریلا مسموم - (۲) ایک قسم کی پھنسی جو کسی زہریلی چیز کے اثر سے اکثر ہاتھ کی انگلی پر نکلتی ہے ۔

بسیندھا (بِسِیں - دھا) (ہ) بدبودار - سڑا ہوا - بسا ہوا ۔

ب - ش

بشارت (بِشا - رَت) (ع) مؤنث - (۱) خوشخبری - مژدہ - (۲) الہام - غیبی آواز - اِلقاء ۔

بشارت دینا (ف) مژدہ سُنانا - (۲) خواب میں جتانا ۔

بشاش (بَش - شاش) (ع) خوش و خرم - مسرور آنند - مگن - (۲) شگفتہ - تر و تازہ ۔

بشاشت (بَشا - شَت) (ع) مؤنث - (۱) خوش اخلاقی (۲) خوشی - مسرت - (۳) تازگی - فرحت ۔

بشپ (بِشَپ) (انگ Bishop) بڑا پادری - مجتہد دین عیسوی ۔

بشر (بَشَر) (ع) مذکر - آدمی - انسان - مَنُش ۔

بشرطیکہ (بَشَر - طے - کَہ) (ف - ع) اس شرط کے ساتھ ۔

بُشرہ (بُش - رَہ) (ع) مذکر - چہرہ - مکھڑا - پیشانی - (۲) حلیہ - (۳) قیافہ ۔

بشریت (بَش - رِی - یَت) (ع) مؤنث - آدمیت - انسانیت ۔

بشن (بِشَن) (ہ) مذکر-(۱) وِشن-خدا-پروردگار-دولت کا خاوند ❖
بشن پد (ہ) مذکر- حمد کا گیت- بشن کی تعریف کا گیت- ایک قسم کا ہندی راگ ❖
بشنی (بِش-نی) (ہ) مذکر-(۱) وشن کا ماننے والا-(۲) زناکار- بدکار- رنڈی کا یار ❖
بشیر (بَشِیر) (ع) مذکر- خوشخبری دینے والا- نیک بات سنانے والا ❖

ب-ص

بصارت (بَصَا-رَت) (ع) مؤنث- نظر- بینائی-(۲) آنکھ کی روشنی ❖
بصر (بَصَر) (ع) مؤنث-(۱) نظر (۲) آنکھ ❖
بصرہ (بَص-رَہ) (ع) مذکر- عراق عرب کا ایک شہر- جہاں کی کھجوریں بہت مشہور ہیں ❖
بصل (بَصَل) (ع) مذکر- پیاز ❖
بصیر (بَصِیر) (ع) مذکر-(۱) بینا- دیکھنے والا (۲) دانا- ہوشیار (۳) (اصطلاحاً) نابینا- اندھا-(۴) خدائے تعالےٰ کا ایک صفاتی نام (۵) ماہر- مُبصر ❖
بصیرت (بَصِی-رَت) (ع) مؤنث (۱) بینائی (۲) دانائی (۳) رائے- خیال- عموماً بصارت چشم ظاہر کے لئے اور بصیرت چشم باطن کے لئے استعمال کرتے ہیں ❖
بصیغۂ دیوانی (بَصِی-غَۂ-دِی-وَا-نِی) (ف) دیوانی میں ❖

ب-ض

بضاعت (بِضَا-عَت) (ع) مؤنث-(۱) پُونجی- سرمایہ- دھن- دولت- سامان- اسباب-(۲) پیچّی- حِصّہ ❖

ب-ط

بط (بَط) (ع) مؤنث- بطخ- ایک آبی جانور ❖
بطے (ع-ف) مؤنث- شراب کی صراحی ❖
بطال (بَط-طَال) (ع) مذکر- بڑا جھوٹا- مکّار- اور بیہودہ آدمی ❖
بطانہ (بِطَا-نَہ) (ع) مذکر- پگڑی کے نیچے باندھنے کا کپڑا یا اوڑھنے کی ٹوپی ❖
بطحا (بَط-حَا) (ع) مذکر-(۱) (مراداً) مکّۂ معظمہ (۲) (لغوی) زمین فراخ- کشادہ زمین-(۳) وہ زمین جہاں سے پانی گزرے یا جس پر سے سیلاب گزر چکا ہو ❖
بطح
بطخ (بَطَخ-بَط-طَخ) (ا) مؤنث- دیکھو بط ❖
بطریق (بِط-رِیق) (ع) مذکر- نصاریٰ اور آتش پرستوں کا پیشوا (۲) منکر- بطّال (۳) بڑا مکّار- نکمّا- بیہودہ آدمی ❖
بطک (بَطَک) (ف) مؤنث (۱) چھوٹی بطخ-(۲) شراب کا چھوٹا شیشہ ❖
بطل (بَطَل) (ع) مذکر-(۱) بہادر-(۲) ہیرو ❖
بطلان (بُط-لَان) (ع) مذکر- تردید کرنا- مٹانا- باطل ہونا- ضائع ہونا ❖
بطلیموس (بَط-لِی-مُوس) (یونانی) مذکر- مشہور مہندس حکیم جو اسکندریہ کا باشندہ اور جالینوس کا شاگرد تھا- نجوم اور ہندسہ کا بہت بڑا ماہر ہوا ہے- اسی نے سب سے پہلے تصحیح نجوم کے لئے ایک رصدخانہ کی بنیاد ڈالی- اور زمین کا نقشہ ترتیب دیا- جو اب تک موجود ہے ❖
بطن (بَطن) (ع) مذکر-(۱) معدہ- جھیتر- پیٹ- شکم- کوکھ ❖
بطناً بعد بطنٍ (ع) (۱) نسلاً بعد نسلٍ- پشت در پشت-(۲) آبائی- موروثی ❖
بطی (بَطِی) (ع) دیر کرنے والا ❖
بطیخ (بِطّا-طِیخ) (ع) مذکر- خربوزہ- تربوز ❖

ب-ع

بعث (بَعث) (ع) مذکر-(۱) بھیجنا- پیغام بر بھیجنا-(۲) اُٹھانا- اُبھارنا-(۳) مُردے کو زندہ کرنا-(۴) فوج جو بھیجی جائے-(۵) قیامت ❖
بعثت (بِع-ثَت) (ع) مؤنث-(۱) رسالت- پیغمبر کا بھیجا جانا (۲) رسالت کا زمانہ خصوصاً آنحضرت صلّے اللہ علیہ وسلّم کا ❖
بعث و نشر (ع) مذکر (۱) زندہ کرنا اور پریشان کرنا-

(۲) (مجازاً) روزِ قیامت ٭
بعد (بَعْد) (ع) پس - پیچھے - آخر ٭
بعد از خرابیِ بسیار (ع - ف) بڑی مشکل سے ٭
بعد از مرگ واویلا (ع - ف) کسی کام کے ہو چکنے کے بعد شور مچانا ٭
بُعد (بُعْد) (ع) مذکر - دوری - فاصلہ - فرق - تفاوت - مسافت ٭
بُعد المشرقین (ع) مذکر - پورب اور پچھم کی دوری - بہت زیادہ فرق ٭
بعض (بَعْض) (ع) (۱) کوئی - چند (۲) متعدد (۳) خاص (۴) مختلف - متفرق ٭
بعضے (ف) چند - کئی ٭
بعید (بَعِید) (ع) دور - الگ - فاصلے پر ٭
بعید العقل (ع) (۱) عقل کے خلاف - سمجھ میں نہ آنے والا - (۲) (مراداً) غلط لغو ٭
بعینہٖ (بِعَے - نِہٖ) (ع) ہو بہو - بجنسہٖ - کا توں حقیقتاً - ویسا ہی ٭

ب - غ

بُغارہ (بُغا - رَہ) (ف) مذکر - (۱) رخنہ - کپڑے یا دیوار کا بڑا چھید - پھٹ - (۲) گہرا زخم - گھاؤ (۳) روزن ٭
بغال (بِغال) (ع) مذکر - بغل کی جمع - خچر ٭
بغاوت (بَغا - وَت) (ع) مؤنث - سرکشی - نافرمانی - بلوہ - سرتابی - روگردانی - انحراف - مخالفت ٭
بغبغا (بَغ - بَغا) (ع) مذکر - غبغب - ٹھوڑی کے نیچے کے وہ بل جو اکثر فربہی کے باعث پڑجاتے ہیں ٭
بغبغانا (بَغ - بَغا - نا) (ہ) (۱) کبوتر کا مستی میں گونجنا - (۲) اونٹ کا مستی میں بلبلانا مست ہونا - مستانا ٭
بغتۃً (بَغْ - تَتَنْ) (ع) اچانک - ناگاہ ٭
بُغچہ (بُغْ - چَہ) (ت) مذکر - بقچہ - گٹھڑی ٭
بُغچی (بُغْ - چی) (ہ) مؤنث - بہت چھوٹی گٹھڑی - پوٹلی ٭
بغداد (بَغْ - داد) (ف) مذکر - عراق عرب میں نوشیرواں کا بسایا ہوا شہر جو خلفائے عباسیہ کا قدیم دار الخلافہ تھا۔ اور جہاں کی یونیورسٹی مسلمانوں کے زمانے میں تمام دنیا میں مشہور تھی ٭
بُغدا (بُغْ - دا) (ف) مذکر - قیمہ کوٹنے کا چھرا ٭

بغدی (بَغْ - دی) (ف) مذکر - ایک قسم کا بیش بہا اونٹ ٭
بغرا (بُغْ - را) (ف) مذکر - (۱) وہ پھین جو اونٹ کے منہ سے مستی میں نکلتا ہے - (۲) بغرا خان ترکستانی کی ایجاد کی ہوئی سوئیاں ٭
بُغض (بُغْض) (ع) مذکر (۱) (لغوی معنے) نفرت کرنا - (۲) (اصطلاحی) بیر - عداوت - دشمنی - کینہ - حسد ٭
بُغضِ للّٰہی (ہ) مذکر - خدا واسطے کا بیر - ناحق کی دشمنی ٭
بغل (بَغَل) (ف) مؤنث - (۱) شانے کے نیچے کا حصہ - (۲) پہلو - بازو - کنارہ - طرف - جانب کروٹ - (۳) برابر - ایک طرف ٭
بغل کا دشمن (ہ) مذکر - دغاباز - دوست نما دشمن جو پاس رہ کر دشمنی کرے - قریبی دشمن ٭
بغل گرم ہونا (ہ) معشوق کا پہلو میں لے کر سونا گود میں لینا - گود میں سُلانا ٭
بغل گند (ہ) مؤنث - بغل سے بدبو آنا - جو ایک بیماری ہے ٭
بغل گیر ہونا (ہ) گلے لگنا - ہم آغوش ہونا - سینہ بسینہ ملنا ٭
بغل میں ایمان دبانا (ہ) ایمان کو بالائے طاق رکھنا - بددیانتی کرنا - ایمان نگلنا ٭
بغل میں چھری منہ میں رام رام (ہ) - مثل - ظاہر میں دوست - باطن میں دشمن ٭
بغل میں چھری نیت بری (ہ) مثل - نیت بگڑ جانے پر کسی کو دکھ دینے کی تیاری کرنا ٭
بغل میں دبانا (ہ) (۱) کسی چیز کو بغل میں چھپانا (۲) فریب دے کر کسی چیز پر قبضہ کرلینا (۳) بغل میں پکڑنا - سنبھالنا - کولی میں لینا ٭
بغلول (بَغْ - لُول) (ہ) مذکر - کوڑ مغز - نادان مورکھ - احمق - بے وقوف ٭
بغلی (بَغْ - لی) (ہ) (۱) پہلو کا - کنارے کا - (۲) ایک طرف کا - ایک جانب کا (۳) مگدر ہلانے کا ایک طریقہ - (۴) تلے دانی - جس میں سوئی تاگا رکھتے ہیں - (۵) فقیر کی جھولی - زنبیل - (۶) کشتی کے ایک داؤں کا نام (۷) ڈنڈے

کھیلنے کا طریقہ ٭
بغلی ڈوبنا (ف) حریف کی بغل میں سے نکل کر اسے پکڑ (نا (کشتی کے ایک داؤں کا نام) ٭
بغلی تکیہ (ف) بغل کے نیچے رکھنے کا تکیہ ٭
بغلی گھونسہ (ف) مذکر۔ (۱) آستین کا سانپ۔ (۲) چھپی مار۔ (دیکھو بغل کا دشمن) ٭
بغلیں (بَغ۔لیں) (ف) مؤنث۔ بغل کی جمع ٭
بغلیں بجانا (ف) (۱) کسی کے نقصان یا دکھ اور مصیبت پر خوش ہونا (۲) فخر کرنا۔ خوشی میں اُچھلنا ٭
بغلیں جھانکنا (ف) (۱) شرمندہ ہونا۔ نادم ہونا (۲) جواب نہ بن پڑنا (۳) پریشان ہونا ٭
بغلیں لینا (ف) بغلوں کے بال مونڈنا ٭
بغیا (بَغ۔یا) (ف) مؤنث۔ چھوٹا بُستان۔ چھوٹا باغ۔ باغیچہ ٭
بغیر (بَغیر) (ف۔ع) سوا۔ علاوہ۔ بجُز۔ بدُوں۔ بِن ٭

ب۔ق

بقا (بَقا) (ع) مؤنث۔ قیام۔ ہمیشگی۔ دوام۔ پائداری ٭
بقّال (بَق۔قال) (ع) مذکر۔ (۱) (لغوی معنے) کنجڑا۔ سبزی فروش۔ ترکاری بیچنے والا۔ (۲) (اصطلاحی) مودی۔ بنیا ٭
بقایا (بَقا۔یا) (ع) مؤنث۔ باقی کی جمع۔ (۱) بقیہ۔ بچا ہوا۔ (۲) بچت ٭
بقایا تقاوی (ع) مؤنث۔ اس روپے کا بقیہ جو کاشتکاروں کو زراعت کی امداد کے لئے دیا گیا ہو ٭
بق بق (بَق۔بَق) (ع) مؤنث۔ بک بک ٭
بق بق زق زق (ع) مؤنث۔ بکواس ٭
بقچہ (ف) (دیکھو۔ بُقچہ) ٭
بقچی (ف) (دیکھو۔ بُقچی) ٭
بقر (بَقر) (ع) مذکر۔ گائے۔ بیل ٭
بقراط (بُق۔راط) (یونانی) مذکر۔ ایک مشہور حکیم گزرا ہے۔ جس نے فنِ طب میں بڑے بڑے کارنامے نمایاں کئے۔ اور تمام طبی مسائل کو کتابی طور پر جمع کرکے اس فن کو دنیا میں عام کر دیا ٭
بقرعید (ع) مؤنث۔ عید قربان۔ عید اضحےٰ۔ مسلمانوں کا ایک مشہور تیوہار ہے جو دسویں ذی الحجہ کو ہوتا ہے اس موقع پر اہل اسلام قربانیاں کرتے ہیں ٭

بقعہ (بُق۔عَہ) (ع) مذکر (۱) خانقاہ (۲) مقبرہ (۳) جگہ (۴) وہ زمین کا ٹکڑا جو اور ٹکڑوں سے ممتاز ہو ٭
بقل۔ بقلہ (بَقل۔ بَق۔لَہ) (ع) مؤنث۔ ترکاری۔ سبزی۔ ساگ ٭
بقول (بَقَول) (ع) موافق۔ بموجب ٭
بقیّہ (بَقی۔یَہ) (ع) مذکر۔ بچا ہوا۔ بچا کھچا ٭

ب۔ک

بُک (بُک) (انگ Book) مؤنث۔ کتاب۔ نسخہ۔ پستک۔ پوتھی ٭
بُک پوسٹ (انگ Book post) بذریعہ ڈاک پیکٹ کے طور پر۔ ایسا پلندہ جس کی دونوں طرفیں کھلی ہوں
بُک کرنا (ا) (۱) بھیجنے والوں سے اسباب لینا (۲) اسباب دوسری جگہ بھیجنا ٭
بُک کیپنگ (انگ Book Keeping) مذکر۔ حساب کتاب رکھنے کا علم ٭
بُک نالج (انگ Book Knowledge) مذکر۔ کتابی علم۔ وہ علم جو کتابیں پڑھ کر حاصل کیا گیا ہو ٭
بُکنگ (بُکنگ) (انگ Booking) مذکر (۱) بھیجنے والوں سے اسباب لینا۔ (۲) اسباب دوسری جگہ بھیجنا ٭
بُکنگ آفس (انگ Booking office) مذکر۔ ٹکٹ گھر۔ وہ جگہ جہاں سے ٹکٹ ملتے ہیں ٭
بُکنگ کلرک (انگ Booking Clerk) مذکر۔ ٹکٹ دینے والا بابو۔ وہ آدمی جو ٹکٹ وغیرہ کے حساب پر نوکر ہو ٭
بُک ہونا (ا) (۱) بھیجنے والوں سے اسباب لیا جانا۔ (۲) رجسٹر میں درج ہونا ٭
بَک (بَک) (ہ) مؤنث۔ (۱) بڑ۔ بکواس۔ بے کار بات۔ فضول گوئی (۲) بکنا کا امر ٭
بُکا (بُکا) (ع) مذکر۔ رونا۔ پیٹنا۔ ماتم کرنا۔ گریہ زاری۔ فریاد۔ دُہائی ٭
بُکّا (بُک۔کا) (ہ) مذکر۔ مٹھی۔ لپ ٭
بکار (بِکار) (ہ) مذکر۔ (۱) خرابی۔ نقص۔ بگاڑ۔

(۲) بیماری - روگ - مرض (۳) حالت میں تبدیلی ۔

بکارا (بُکا - رَا) (ہ) مذکر - (۱) زبانی خبر یا پیغام - (۲) ایلچی (۳) بھوت پریت کے سامنے دینے کا جواب (۴) چالان - بیجک - خط ۔

بکارت (بِکا - رَت) (ع) مؤنث - دوشیزگی - کنوارپن ۔

بکان - بکائن (بَکاَن - بَکاَ اِن) (ہ) مذکر - ایک درخت جس کی پتی نیم کی طرح ہوتی ہے - اور اُس میں چھوٹے چھوٹے گچھے لگتے ہیں ۔

بکاول (بَکاَ - وَل) (ت) مذکر - باورچی - کھانا پکانے والا - رسوئیا - خانساماں ۔

بکاولی (بَکاَ - وَلی) (س) مؤنث - راجہ اندر کی پری - وہ پریوں کی خوب صورت لڑکی کا نام - جس کا قصہ گل بکاولی کے نام سے مشہور ہے ۔

بکاؤ (بِکا - اُو) (ہ) بکری کا - فروختنی ۔

بک بک (ہ) مؤنث - بڑبڑ - جھک جھک بکواس زٹل - بیہودہ گفتگو - بے معنی باتیں ۔

بکبکا (بَکب - بَکاَ) (ہ) خراب - بدمزہ - بے لذت ۔

بک بک کرنا (ہ) بیہودہ بکنا - ہرزہ سرائی کرنا - خواہ مخواہ بولنا ۔

بکتر (بَکت - تَر) (ت) مذکر - لوہے کی کڑیوں کا بنا ہوا جامہ - زرہ ۔

بکٹ (بِکَٹ) (ہ) (۱) بڑا - (۲) خوفناک - (۳) کٹھن - (۴) بدصورت ۔

بکٹ (بُکَٹ) (ہ) مذکر - پنجہ - پورا چنگل ۔

بکٹا (بُک - ٹا) (ہ) مذکر - وہ مقدار جو چنگل میں آئے ۔

بکٹا بھرنا (ہ) چنگل مارنا - نہٹا مارنا ۔

بکٹ پہاڑہ (ہ) مذکر - کسروں کا پہاڑہ - جیسے ڈیوڑھا - ڈھونچا - سوایا - پونا وغیرہ ۔

بک جانا (ہ) فروخت ہونا - (۲) ممنون ہونا - بے دام غلام بننا ۔

بکر (بِکر) (ع) مؤنث - (۱) دوشیزگی - کنوارپن - (۲) غیر مستعمل - کام میں نہ آئی ہوئی چیز ۔

بکرا (بَک - رَا) (ہ) مذکر - بکری کا نر - گوسفند ۔

بکر توڑنا (ع) عورت کے ساتھ پہلی دفعہ جماع کرنا - ازالۂ بکارت کرنا ۔

بکرم (بَک - رَم) (انگ Buckram) ڈاکڑ (کپڑا) قمیض وغیرہ کی آستینوں میں تہ کے طور پر لگانے والا موٹا کپڑا - میان تہ - کگی ۔

بکری (بَک - رِی) (ہ) مؤنث - بکرا کی مادہ ۔

بکری (بِک - رِی) (ہ) مؤنث - فروخت - حاصلِ فروخت ۔

بکری جان سے گئی - کھانے والے کو مزہ نہ آیا (ہ) مثل - وہاں بولتے ہیں جہاں سخت محنت سے کسی کا کام کیا جائے - اور وہ ناشکری ظاہر کرے ۔

بکری ناؤ میں خاک اڑاتی ہے؟ یا بی بکری ناؤ میں خاک اڑاتی ہو؟ (ہ) مثل - وہاں کہتے ہیں - جہاں کسی کو بے وجہ دکھ دینا یا نقصان پہنچانا منظور ہو ۔

بکری نے دودھ دیا مینگنیں بھرا (ہ) مثل - کام کرکے پھر خراب کر دینا - ایسا کرنا نہ کرنے سے بدتر ہے - اس کرنے سے نہ کرنا اچھا تھا - ایسا دینا نہ دینے سے بدتر ہے ۔

بکرے کی ماں کب تک خیر منائے گی (ہ) مثل - عادی چور کا ایک دن پکڑا جانا لازمی ہے - بدکاری کب تک چھپ سکتی ہے؟ بکرا جو ذبح ہونے کی چیز ہے - ضرور ایک دن ذبح ہوگا ۔

بکس (بَکس) (انگ BOX) مذکر - (۱) صندوق - پیٹی - (۲) ڈبیا - ڈبا ۔

بکسا (بَک - سَا) (ہ) مذکر - کسیلا - کڑوا - تلخ ۔

بکسنا (بِکس - نَا) (ہ) (۱) کلی کھلنا - کلی چٹکنا - (۲) مسکرانا - خوش ہونا - (۳) پژمردہ ہونا - کملانا - مرجھانا ۔

بکسوا (بَک - سُوا) (ہ) مذکر - وہ لوہے کا کانٹا جس کے ساتھ کسی چیز کے اٹکانے یا باندھنے کے لئے حلقہ لگا رہتا ہے ۔

بکسیلا (بَک - سے - لا) (ہ) کسیلا - کساؤ کی چیز ۔

بکل - بکلا (بَک - کَل - بَکت - لَا) (ہ) مذکر - (۱) چھال - درخت کا چھلکا - (۲) پوست - کھال ۔

بُکل (بُک - کَل) (ہ) مذکر و مؤنث - ایک خاص طریق پر دوپٹے کی لپیٹ ۔

بکل مارنا (ہ) رضائی یا دوپٹے وغیرہ کو ایک خاص طریق سے الٹ کر کندھے پر لپیٹنا یا اوڑھنا ۔

بکم (بُکم) (ع) مذکر - ابکم کی جمع - گونگے لوگ ۔

بکمی (بَک-مِی) (ہ) مؤنّث۔ وہ عورت جو شوہر کے ہوتے ہوئے دوسری شادی کرے۔

بکنا (بَک-نَا) (ہ) بیہودہ بکنا۔ یاوہ گوئی کرنا۔ بکواس کرنا۔

بکنا (بِک-نَا) (ہ) فروخت ہونا (۲) قبضے میں آنا۔ (۳) غلام بننا۔

بکنی (بُک-نِی) (ہ) مؤنّث۔ (۱) بُرادہ۔ سفوف۔ چورا۔ (۲) بوسیدہ۔

بکوا (بَک-وَا) } (ہ) مؤنّث۔ بک بک۔ زٹل۔ طول کلام۔ جھک جھک۔
بکواس (بَک-وَاس)

بکواسی (ہ) مذکّر۔ بکّی۔ نہایت بکنے والا۔ زق زق بق بق کرنے والا۔ جھک جھک۔ بک بک کرنے والا۔

بکوانا (بِک-وَا-نَا) فروخت کرانا۔ سودا کرانا۔ مول تول کرانا۔

بکوائی (بِک-وَا-اِی) (ہ) مؤنّث۔ بیچنے کی اُجرت۔

بکوٹا۔ دیکھو بکٹا۔

بکوٹنا (بَکوٹ-نَا) (ہ) مذکّر۔ نوچنا۔ کھسوٹنا۔ ناخن سے کھرچنا۔ ناخن سے زخم لگانا۔

بکولی (بکو-لِی) (ہ) مؤنّث۔ سبز کیڑا جو دھان کی فصل کو نقصان پہنچاتا ہے۔

بکھ (بِکھ) (ہ) مذکّر۔ زہر۔ بِس۔ سم۔

بکھار۔ بکھاری (بَکھار-بَکھا-رِی) (ہ) مؤنّث۔ کھتّا۔ کھتّی۔ اناج کا گودام۔ کوٹھی۔ ذخیرہ۔ کھلیان۔

بکھان (بَکھان) (س) مذکّر۔ (۱) تشریح۔ تفصیل۔ (۲) بیان۔ حال۔ (۳) نام رکھنا۔ بلانا۔ (۴) مدح۔ تحسین۔ (۵) تشہیر فضیحتا۔

بکھاننا (بَکھان-نَا) (ہ) (۱) بار بار بیان کرنا۔ (۲) پوشیدہ راز کھولنا (۳) بُرا کہنا۔ گالی دینا۔

بکھر۔ بکھیر (بَکھر۔ بکھ۔ کھیر) (ہ) مذکّر۔ (ہندو) (۱) کچی شکر کا میل (۲) ایک قسم کا ہل (۳) مکان۔ احاطہ۔ گائے بھینس کے باندھنے کی جگہ (۴) روغن دار بیج۔

بکھر (بِکھر) (ہ) بکھرنا کا امر۔

بکھر جانا (ہ) (۱) گر پڑنا۔ منتشر ہو جانا۔ (۲) قابو سے باہر ہونا۔

بکھر پکانا (ہ) کچی کھانڈ یا شکر کا شیرہ یا قوام کرکے اس سے میل نکالنا۔ کچی شکر سے نکلا ہوا میل پکانا۔

بکھرنا (بِکھر-نَا) (ہ) (۱) پراگندہ ہونا۔ منتشر ہونا۔ تتر بتر ہونا۔ پریشان ہونا (۲) خستہ ہونا۔ بھربھرا ہونا۔ (۳) گر پڑنا۔ اُلٹ جانا (۴) بپھرنا۔ غصّے ہونا۔ (۵) بدحال ہونا۔

بکھری (بَکھ-رِی) (ہ) مؤنّث۔ (عوام) مکان۔ جھونپڑا۔ ایک قسم کی کشتی۔

بکھل (بَکھ-کھَل) (ہ) مؤنّث۔ مکان۔ احاطہ۔

بکھی (بَکھ-کھِی) (ہ) مؤنّث۔ پہلو کی ہڈی کے نیچے کی جگہ۔ بغل کے نیچے کا گوشت۔ چھچھڑی۔

بکھیر (بِکھیر) (ہ) مؤنّث۔ (۱) روپیہ پیسہ پھینکنا۔ نثار کرنا۔ قربان کرنا۔ نچھاور کرنا۔ (۲) بصیغۂ امر) اُڑا۔ پھینک۔ پراگندہ کر۔

بکھیڑا (بکھیے-ڑا) (ہ) مذکّر۔ (۱) الجھاؤ۔ جنجال (۲) جھگڑا۔ ٹنٹا۔ (۳) دنگا۔ فساد۔ (۴) حجّت۔ تکرار (۵) ہنگامہ۔ اندیشہ۔ (۶) پھیلاؤ۔ طوالت۔ (۷) حرج۔ روک۔ (۸) دقّت۔ دشواری۔ (۹) مال۔ اسباب۔ (۱۰) کام۔ دھندا۔ (۱۱) خرابی۔

بکھیڑا چکانا (ہ) جھگڑا ختم کرنا۔ معاملہ طے کرنا۔ لڑائی بند کرنا۔ اندیشہ دُور کرنا۔

بکھیڑا ڈالنا (ہ) جھگڑا ڈالنا۔ کام بڑھانا۔ خرابی ڈالنا۔

بکھیڑیا (بکھیڑ-یا) (ہ) مذکّر۔ (۱) جھگڑالو۔ فسادی (۲) کام بڑھانے والا۔ (۳) پاکھنڈی۔ مکّار۔ جھمیلیا۔ کھڑاگی۔ (۴) کباڑی۔ کباڑیا۔

بکھیڑے میں ڈالنا (ہ) جھگڑے میں ڈالنا۔ دقّت میں ڈالنا۔ اندیشے میں ڈالنا۔ عذاب میں پھنسانا۔

بکّی (بَک-کِی) (ہ) مذکّر۔ بکواسی۔ بہت بک بک کرنے والا۔

بُکّی (بُک-کِی) (ہ) مؤنّث۔ مٹھی۔ گھونسلا۔

بکیت (بَکیت) (ہ) مذکّر۔ (۱) بانک کا فن جاننے والا۔ (۲) بانکا۔ معشوق۔

ب۔گ

بُگّا (بُگ۔گا) (ف) (۱) بھولا۔ معصوم (۲) بیوقوف۔ (۳) موٹا ٭

بگاڑ (بِگاڑ) (ہ) مذکر۔ (۱) سنوار کے خلاف۔ خرابی۔ (۲) رنجش خفگی۔ بیر۔ دشمنی۔ (۳) نقصان۔ ضرر۔ (۴) کھوٹ۔ عیب۔ نقص۔ (۵) خطا۔ قصور۔ جرم۔ (۶) روگ۔ مرض۔ (۷) نااتفاقی۔ (۸) بغاوت۔ سرکشی (۹) نفاق۔ (۱۰) جھگڑا۔ ناچاقی ٭

بگاڑ ڈال دینا (ہ) رنجش کرا دینا۔ ناراض کر دینا۔ دشمنی ڈالنا ٭

بِگاڑنا (ہ) (۱) خراب کرنا۔ (۲) ناراض کرنا۔ (۳) اصلی حالت کو بدل دینا۔ (۴) بدصورت کر دینا۔ (۵) ناپاک کرنا۔ (۶) ناکارہ کرنا۔ (۷) بےجا خرچ کرنا۔ (۸) نقصان پہنچانا۔ (۹) تباہ کرنا۔ (۱۰) ورغلانا۔ بہکانا۔ (۱۱) عصمت خراب کرنا ٭

بِگاڑو (بِگا۔ ڑو) (ہ) مذکر (۱) بگاڑنے والا۔ (۲) اُڑاؤ۔ کھاؤ۔ فضول خرچ (۳) دشمنی کرنے والا ٭

بگ ٹُٹ (بَگ۔ ٹُٹ) (ہ) سرپٹ۔ بلا تحاشا گھوڑے کو دوڑانا ٭

بگرہلی (بَگ۔ رے۔ لی) (ہ) مؤنث۔ ایک چھوٹا سا پہاڑی پرندہ ٭

بگڑ (بِگَڑ) (ہ) بگڑنا کا امر ٭

بکھڑا (بِکھ۔ ڑا) (ہ) مذکر۔ (۱) تکلیف۔ (۲) جھگڑا (۳) بہانہ۔ (۴) دُعا ٭

بگڑا شاعر مرثیہ گو۔ بگڑا گویا مرثیہ خواں۔ (۱) مثل۔ معمولی شاعر مرثیہ کہہ کر اور معمولی گویا مرثیہ پڑھ کر شوق پورا کرتا ہے ٭

بگڑ بیٹھنا (ہ) (۱) ناراض ہو جانا۔ خفا ہو جانا۔ (۲) باغی ہو جانا۔ (۳) جھگڑے پر آمادہ ہونا۔ (۴) لڑ پڑنا ٭

بِگڑنا (ہ) (۱) خراب ہونا۔ (۲) عصمت کھونا۔ فاحشہ ہونا۔ (۳) ضائع ہونا۔ (۴) بدمزہ ہونا۔ (۵) باغی ہونا۔ (۶) نقصان ہونا۔ (۷) خفا ہونا۔ (۸) فرق آنا۔ (۹) بےسُرا ہونا۔ (۱۰) غریب ہونا۔ (۱۱) بدگمان ہونا۔ (۱۲) بپھر بیٹھنا۔ غصّے میں اکڑنا (۱۳) ہیئت بدلنا۔ (۱۴) مٹنا۔ (۱۵) ٹوٹ پھوٹ جانا۔ (۱۶) بے ترتیب ہونا۔ (۱۷) ناپاک ہونا۔ (۱۸) زہریلا ہونا۔ (۱۹) معاملہ خراب ہونا۔ (۲۰) امتحان میں پورا نہ اترنا۔ (۲۱) شریر یا سرکش ہونا۔ (۲۲) بدچلن ہونا۔ (۲۳) لڑائی ہونا۔ (۲۴) عداوت ہونا۔ دشمنی ہونا ٭

بِگڑے دل (ا) (۱) دل چلا۔ وہ شخص جس کا دل قابو میں نہ رہے۔ (۲) نڈر۔ بےباک۔ ہر ایک سے اُلجھنے والا ٭

بِگُل (بِگُل) (انگ Bugle) مذکر۔ نرسنگا۔ صور۔ ترئی ٭

بگلا (بَگ۔ لا) (ہ) مذکر۔ (۱) ماہی خور۔ بوتیمار۔ کلنگ۔ ایک قسم کا آبی پرندہ۔ (۲) (صفت) نہایت سفید چِٹّا ٭

بگلا بھگت (ہ) مذکر۔ (۱) فریبی۔ مکّار۔ زاہد خشک۔ گربہ مسکین۔ بدمعاش جو صورت اور لباس نیکوں کا رکھتا ہو اور دکھاوے کے لئے نیک کاموں میں شریک ہو کر عابد زاہد بنے ٭

بگلے پکڑنا (ہ) مثل۔ کسی کام کے کرنے کے لئے فضول ترکیب بنانا ٭

بگولا (بَگو۔ لا) (ہ) مذکر۔ (۱) بھولا۔ گرد باد۔ باؤ بگولا۔ ہوا کی گانٹھ۔ ہوا کا چکر۔ (۲) تیز۔ تند۔ (۳) متلاشی ٭

بگویا (بِگو۔ یا) (ہ) مؤنث (عو) (۱) بدی۔ غیبت۔ بُرائی۔ (۲) ہجوم ٭

بگھار (بَگھار) (ہ) مذکر۔ (۱) وہ گھی یا تیل جس میں پیاز وغیرہ ڈال کر داغ دیا گیا ہو۔ (۲) داغ دیا ہوا پیاز یا مسالا ٭

بگھار لگانا یا بگھارنا (ہ) (۱) جھونکنا۔ داغ کرنا۔ بھوننا۔ تلنا۔ روغن جوش کرنا۔ تڑکا دینا۔ (۲) شراب پی کر حقّہ پینا ٭

بگھن (بَگھن) (ف) مذکر۔ (۱) کھانا کھانے میں محقّہ پینا۔ (۲) سدّ راہ۔ روک تھام۔ خرابی ٭

بگ ہنس (بَگ ہنس) (ف) مذکر۔ سیاہی مائل سفید رنگ کا ہنس ٭

بگھی (بگھ۔ گی) (ہ) سواری کی چوپہیہ گاڑی۔ گھوڑا گاڑی۔ بگی۔ (۲) ایک قسم کی مکھی جو گھوڑے کو بہت ستاتی ہے ٭

بگھیل (بَگھیل) (ہ) مذکر-(۱) تیندوا - پلنگ -
بگھیلا (بَگھے-لا) } نوجوان شیر (۲) راجپوتوں کا فرقہ جو بگھیل کھنڈ میں آباد ہے ٭

بگیر بچہ (بَگیر-بَچَّہ) (ف) (۱) بکھیڑے - ایک رسم جو چھٹی کے روز زچہ کو تارے دکھلانے کے بعد ادا کی جاتی ہے ٭

بگیری (بَگے-رِی) (ہ) مؤنث - ایک قسم کی چھوٹی چڑیا ٭

بگیلنا (بَگیل-نا) (ہ) مذکر- دھکیلنا ٭

بگینی (بَگے-نی) (ہ) مؤنث - وہ گائے یا اونٹ جس کا دودھ کم ہو گیا ہو ٭

ب-ل

بِل (بِل) (انگ Bill) مذکر-(۱) حساب کی فرد- دستاویز- قبض الوصول - ہنڈوی - (۲) قانون - ضابطہ ٭

بِل آف لیڈنگ (انگ Bill of Lading) مذکر- کاغذ کا ٹکڑا- فہرست اسباب- فرد اشیا و کرایہ وغیرہ ٭

بِل پاس ہونا (ہ) (۱) حساب کی فرد کا منظور ہونا- (۲) کسی مسودۂ قانون کا منظور ہو کر قانون بن جانا ٭

بِل (بِل) (ہ) مذکر- سوراخ - چھید - بھٹ - روزن - بھٹا ٭

بِل ڈھونڈنا (ہ) چھپنا - روپوش ہونا - دبکنا ٭

بَل (بَل) (ہ) مذکر-(۱) زور- طاقت - قوت - (۲) پیچ و تاب - مروڑ - اینٹھ- (۳) خم - کجی - ٹیڑھ- (۴) رُخ - سمت - (۵) فرق - تفاوت - دوری- (۶) غرور - گھمنڈ - (۷) قربانی - فدیہ - نذر- بھینٹ - وہ قربانی جو خاص دیوتاؤں کے لئے کی جائے - دیوتا کا بھوگ - (۸) ایک راجے کا نام جسے سری کرشن جی نے پاتال میں بھیج دیا تھا ٭

بل آنا (ہ) (۱) زور آنا - طاقت آنا - قوت آنا (۲) پیچ پڑنا - مروڑنا - (۳) اینٹھنا - (۴) خم پڑنا - ٹیڑھا ہونا - (۵) فرق پڑنا - تفاوت ہونا - حساب میں میزان کا برابر نہ بیٹھنا - (۶) شکن پڑنا - بٹ پڑنا - سلوٹ آنا ٭

بل بوتا (ہ) مذکر-(۱) زور و طاقت - (۲) تن و توش - ڈیل ڈول - (۳) ہمت - جرأت - (۴) اکڑ - ڈینگ - شیخی ٭

بل بھرنا (ہ) (۱) طاقت جتانا - زور دکھانا - (۲) اینٹھنا - ناراض ہونا ٭

بل پڑنا (ہ) (۱) شکن پڑنا - سلوٹ پڑنا (۲) خرابی آنا - (۳) رنجش ہونا - (۴) گانٹھ لگنا - مروڑی پڑنا - (۵) غلطی پڑنا - جیسے حساب میں بل پڑتا ہے ٭

بل دار (ف) مڑا ہوا - پیچیدہ - خمیدہ - آڑا - ترچھا ٭

بل دینا (ہ) (۱) بٹنا - (۲) مروڑنا - اینٹھنا - (۳) قربانی کرنا - نذر چڑھانا ٭

بل کرنا (ہ) (۱) اکڑنا - زور دکھانا - (۲) غرور کرنا - (۳) کینہ رکھنا ٭

بل کھانا (ہ) پیچ و تاب کھانا - (۲) خم کھانا - ٹیڑھا ہو جانا - (۳) اکڑنا - اینٹھنا ٭

بل کھلنا (ہ) پیچ و تاب دور ہونا - خم نکلنا - (۲) سیدھا ہونا - (۳) غرور گھمنڈ دور ہونا - (۴) غصہ دور ہونا ٭

بل نکالنا (ف) (۱) کجی دور کرنا - (۲) سزا دینا - (۳) درست کرنا - سیدھا کرنا - (۴) صحیح کرنا - فرق نکال ڈالنا ٭

بل نکلنا (ہ) (۱) غرور کا دور ہونا - (۲) کجی کا جاتے رہنا ٭

بلّا (بَل-لا) (ہ) مذکر- گیند کھیلنے کا چھینکا - گُلّی اچھالنے کا ڈنڈا ٭

بِلّا (بِل-لا) (ہ) مذکر-(۱) بلی کا نر - گربہ نر- (۲) (ف) نشان - تمغہ ٭

بُلّا (بُل-لا) (ہ) مذکر- بلبلا ٭

بِلا (بِلا) (ہ) مذکر- (عوام) بِل - سوراخ ٭

بِلا (بِلا) (ف) مذکر- بغیر - سوا - بنا - بن ٭

بِلا اِکراہ و اجبار (ف-ع) محبت پیار کے ساتھ - سختی اور جبر کے بغیر - رضامندی کے ساتھ - بخوشی و رضا ٭

بِلا تامّل (ف-ع) اندھا دھند - بے دیکھے بھالے-

بدحواسی کے ساتھ ٭

بلاتحاشا - دیکھو - بے تحاشا ٭

بلاتردّد (ف - ع) (۱) بے اندیشہ - بے فکر - بغیر کشمکش و پیچ - (۲) بے کھیتی زمین ٭

بلاتصنّع (ف - ع) (۱) بلا تکلف - بلا بناوٹ - بے ساختہ (۲) صحیح صحیح - ٹھیک ٹھیک ٭

بلاتکلف (ف - ع) (۱) بلا تصنع - بغیر بناوٹ - (۲) بے ساختہ - فی البدیہہ - (۳) بلا وسواس ٭

بلاتوقف (ف - ع) فوراً - جلد - سُرعت - بلا تامّل - سوچ بچار کے بغیر ٭

بلاریب (ف - ع) بے شک - بے شبہ - بالکل صحیح - قطعی درست - کچھ شک نہیں - کچھ شبہ نہیں ٭

بلاشرط (ف - ع) شرط کے بغیر - پابندی کے بغیر - بلا وعدہ وعید - بلا اقرار مدار - بغیر شرط - آزادی کے ساتھ ٭

بلاشک (ف - ع) (۱) بے شبہ - بے شک - صحیح - درست - ٹھیک ٭

بلاناغہ (ف) برابر - روزمرہ - سلسلہ وار - روز روز - متواتر - مسلسل ٭

بلاواسطہ (ف - ع) (۱) بے وسیلہ - براہِ راست - (۲) ناحق - بے سبب - (۳) بے غرض - بے مطلب - (۴) بے تعلق ٭

بلاوجہ (ف - ع) (۱) بے سبب - ناحق - خواہ مخواہ - (۲) بے قصود - بغیر باعث ٭

بَلا (بَلا) (ع) مؤنث - (۱) سختی - زحمت - (۲) مصیبت - دُکھ - آفت - قہر - غضب - صدمہ - (۳) چڑیل - ڈائن - آسیب - (۴) چُست و چالاک - (۵) قیامت - غضب - جیسے کام کرنے میں بلا ہے - (۶) (صفت) مہیب - خوفناک - ہیبت ناک - (۷) ڈراؤنا (۸) از حد - بہت - نہایت - بیحد - جیسے بلا کا چالاک ہے ٭

بلا بدتر (ہ) ناقص - نکمّا - ناکارہ - بُری یا بُرا ٭

بلا بوتھا (ہ) بیہودہ - نا مہذب - خیلا - بد وضع (۲) بدشکل - بدہیئت - بھونڈا - خراب ٭

بلا پیچھے لگانا (ہ) (۱) عذاب میں پھنسنا - مصیبت میں گرفتار ہونا - دُکھ مول لینا - (۲) الزام لگانا - دُکھ میں ڈالنا - جھگڑے میں پھنسا دینا ٭

بلاٹنگ پیپر (بَلا - ٹِنگ - پے - پَر) (ا) انگ Blotting paper) مذکر - جاذب - سیاہی چوس ٭

بلا جانے (ہ) ہم نہیں جانتے - ہم سے کوئی تعلق نہیں - ہمیں کیا خبر ٭

بلاچٹ - یا - **بلا نوش** (ہ) الم غلم سب کھا جانیوالا - صدقہ کھانے والا - اناپ شناپ کھانیوالا ٭

بلاد (بِلاد) (ع) مذکر - بلدہ کی جمع (۱) شہر - قصبے - (۲) ممالک - صوبے وغیرہ ٭

بلادت (بَلا - دَت) (ع) مؤنث - کند ذہنی ٭

بلادر (بَلا - دُر) (ف) مذکر - ایک درخت - بھلاواں ٭

بلار (بُلار) (ہ) مذکر - (عوام) بِلّا ٭

بلا سے (ہ) کلمۂ استغنا - کچھ پروا نہیں - کچھ غم نہیں ٭

بلا کا (ہ) غضب کا - بے انتہا - بہت - بے حد - بہت زیادہ - (۲) چالاک - (۳) سخت ٭

بلاکش (ف) آفت جھیلنے والا - مصیبت برداشت کرنے والا - دُکھ سہارنے والا ٭

بلا کی طرح پیچھے پڑنا (ہ) سر ہو جانا - چمٹ جانا - ہر وقت ساتھ رہنا - پیچھا نہ چھوڑنا ٭

بلاگرداں (ف) دوسرے کی آفت اپنے اوپر لینے والا - قربان ہونے والا - مصیبت زدہ - آفت میں مبتلا ٭

بلاگرداں ہونا (ہ) تصدّق ہونا - جاں نثار ہونا - قربان ہونا ٭

بَلاؤں (ہ) ندا - (عو) صدقے جاؤں - قربان جاؤں - واری جاؤں ٭

بلا میں پڑجانا (ہ) مصیبت میں مبتلا ہو جانا - دُکھ میں گرفتار ہو جانا - بیمار ہو جانا ٭

بلائیں لینا (ہ) واری جانا - صدقے قربان ہونا - پیار کرنا ٭

بُلا (بُلا) (ہ) بُلانا کا امر ٭

بُلا بھیجنا (ہ) بُلوانا - بُلانا - طلب کرنا ٭

بُلا لانا (ہ) (۱) ساتھ لے جانا - ہمراہ لے آنا - (۲) راضی کر لانا - منا لانا ٭

بُلانا (ہ) (۱) طلب کرنا - پکارنا - (۲) آواز دینا - (۳) منظور کرنا - پسند کرنا - (۴) نوکر رکھنا - (۵) تقرّر کرنا ٭

بُلاوا (بُلا ۔ وا) ۔ (ہ) مذکّر ۔ (۱) طلب ۔ دعوت ۔ طلبی (۲) نیوتا ۔ (۳) چاہنا ۔ خواہش ٭

بُلائی نہ چلائی ۔ میں دُلھن کی چچی (ہ) مثل ۔ وہاں بولتے ہیں ۔ جہاں کوئی بُلائے بغیر آجائے ۔ اور تعلق کا اظہار کرے ٭

بلوانا (بل ۔ وا ۔ نا) (ہ) بُلانا ٭

بِلاپ (بِلا ۔ پ) (ہ) مذکّر ۔ (۱) رونا پیٹنا ۔ ماتم ۔ آہ وزاری ۔ سوگ ۔ کہرام ۔ بیان کرکے رونا ٭

بِلا جانا ۔ بِلانا (ہ) (عوام) (۱) غائب ہو جانا ۔ (۲) مٹ جانا ۔ (۳) غائب کر دینا ۔ (۴) مٹا دینا ۔ بانٹنا ۔ ضائع کرنا ٭

بِلاس (بِلا س) (ہ) مذکّر (ہندو) خوشی عیش وعشرت ۔ انبساط ۔ لہو ولعب ۔ رنگ رلیاں ۔ سوانگ تماشے ٭

بلاسنا (ہ) خوشیاں منانا ۔ عیش اُڑانا ۔ رنگ رلیاں کرنا ۔ سوانگ تماشے کرنا ۔ کھیل کود ۔ لہو ولعب ۔ ناچ رنگ کرنا ٭

بلاغ (بلا غ) (ع) مذکّر ۔ پہنچانا ٭

بلاغت (بَلا ۔ غت) (ع) مؤنّث ۔ علم بیان کے انتہائی درجے پر پہنچنا ۔ مناسب موقع کلام ۔ فصیح کلام ۔ حسب موقع گفتگو ٭

بُلاق (بُلا ق) (ت) مذکّر ۔ (۱) منکا ۔ ناک میں پہننے کا ایک زیور ۔ (۲) چشمۂ آب ۔ پانی کا سوتا ٭

بلاک (بلاک) (انگ Block) مذکّر کسی عمارت یا احاطے کا حصّہ ٭

بلاکیڈ (بلا ۔ کیڈ) (انگ Blockade) مذکّر ۔ ناکا بندی ٭

بلال رض (بلا ل) (ع) حضرت رسول اللہ صلّے اللہ علیہ وسلّم کے مؤذن اور عاشق ٭

بِلاّنا (بِلاّ ۔ نا) (ہ) تڑپنا ۔ زار و قطار رونا ٭

بِلاند (بِلا ند) (ہ) مؤنّث ۔ بالشت بھر پیمانہ ۔ جو ۱۶ انگل یا چار گرہ یا نو انچ کے مساوی ہوتا ہے ٭

بلاول (بلا ۔ ول) (ہ) مؤنّث ۔ رات کو گانے کی ایک راگنی ٭

بلاہر ۔ بلاہر (بلا ۔ ہر ۔ بُلا ۔ ہر) (ہ) مذکّر ۔ (۱) شودر ۔ ٹہلوا ۔ خدمتی ۔ کمین ۔ (۲) ہرکارہ ۔ (۳) رہنما ۔ رہبر ۔ (۴) بیگاری (۵) پاسبان ۔ چوکیدار ٭

بلاؤ (بلا ۔ اؤ) (ہ) مذکّر ۔ گربۂ نر ۔ بلاّ ٭

بلائی کند (بِلا ۔ ای ۔ کند) (ہ) مذکّر ۔ ایک دوا کا نام ٭

بُلبُل (بُل ۔ بُل) (ف) مذکّر و مؤنّث ۔ عندلیب ۔ گلدم ۔ ہزار داستان ۔ مرغ چمن ۔ مشہور پرندہ ٭

بُلبُل چشم (ف) مذکّر ۔ ایک کھیس کی بناوٹ کے کپڑے کا نام ۔ جس میں بلبل کی سی آنکھیں بنی ہوتی ہیں ٭

بُلبُلا (بُل ۔ بلا) (ہ) مذکّر ۔ (۱) پانی میں ہوا بھر جانے یا کسی چیز کے سڑ کر اُبلنے سے جو حباب سا بنتا ہے ۔ (۲) مجازاً ناپائدار ۔ بہت جلد فنا ہونے والا ٭

بَلبَلانا (بَل ۔ بَلا ۔ نا) (ہ) (۱) اونٹ کے بولنے کی آواز ۔ (۲) مستی پر آنا ۔ (۳) غصّے میں لال پیلا ہونا ۔ تیور بدلنا ٭

بِلبِلانا (بِل ۔ بِلا ۔ نا) (ہ) (۱) رونا ۔ تڑپنا ۔ بے قرار ہونا ۔ بے چین ہونا ۔ مضطرب ہونا ۔ (۲) مشتاق ہونا ۔ طالب ہونا ۔ خواہش مند ہونا ٭

بلبل ٹین (بل ۔ بل ۔ ٹین) (مہنّد) (انگ ۔ ویلویٹین Velveteen) مؤنّث ۔ سوتی مخمل نقلی مخمل ٭

بل بل جانا (ہ) (۱) واری جانا ۔ صدقے قربان ہونا ۔ نثار ہونا ۔ (۲) نہایت محبّت کرنا ٭

بُل بھکوا (بُل ۔ بھک ۔ وا) (ہ) بو الہوس ۔ حریص ۔ بڑھاپے میں جوانی کی خواہشات رکھنے والا ٭

بل بے (ا) کلمۂ استعجاب وتحسین ۔ (۱) لغوی معنے واہ رے ۔ (۲) اصطلاحی ۔ اُف رے ۔ اوہو ۔ آہا (۳) واہ واہ ۔ شاباش ۔ مرحبا ٭

بِلٹی (بِل ۔ ٹی) (مہنّد) (انگ ۔ بلٹ Billet) مؤنّث چھوٹا بِل ۔ مال کی رسید جو جہاز یا ریلوے والوں سے ملتی ہے ٭

بلدان (بل ۔ دان) (ہ) مذکّر ۔ دیوتا یا ایشور کے نام پر نذر دینا ۔ قربانی کرنا ۔ بھینٹ چڑھانا ۔ چڑھاوا چڑھانا ٭

بلدہ (بَل ۔ دَہ) (ع) مذکّر ۔ شہر ۔ نگر ۔ قصبہ ۔ بستی ٭

بلدیہ (بَل ۔ دی ۔ یہ) (ع) مؤنّث ۔ محکمہ جو شہر کی صفائی اور حفظان صحت کے لئے ہو ۔ میونسپلٹی ٭

بل رانڈ (بل ۔ رانڈ) (ہ) مؤنّث ۔ بال بدھوا بچپن

کی رانڈ - صغر سنی کی رانڈ - چھوٹی عمر کی بیوہ ۔

بِلَسنا (بِلَس - نَا) (ہ) (عو) (۱) سکھ پانا - لطف اُٹھانا - (۲) استعمال میں لانا - برتنا - کام میں لانا - کام نکالنا ۔

بلعم باعور (بَل - عَم - بَا - عُوْر) (ع) مذکر - بنی اسرائیل کے ایک عالم کا لقب ۔

بلغاء (بُلَغَاء) (ع) مذکر - بلیغ کی جمع ۔

بلغم (بَل - غَم) (ع) مذکر - کف - کھنکار - تھوک - چار خلط انسانی میں سے ایک خلط ۔

بلغمی (ع) (۱) بلغم پیدا کرنے والی چیز - (۲) وہ جسم جس میں بلغمی خلط زیادہ ہو - (۳) موٹا - پھسپھس ۔

بلقیس (بِل - قِیس) (ع) مؤنث - ایک ملکہ کا نام جو حضرت سلیمان علیہ السلام کے زمانے میں ملک شام میں یا سبا کی ملکہ اور مذہب سے سورج پرست تھی مگر حضرت سلیمان ؑ سے ملاقات ہوئی - تو آپ کے زہد اور عبادت سے متاثر ہو کر حلقۂ اسلام میں داخل ہونے کے بعد حضرت کے نکاح میں آگئی - اور اب ہزاروں خاتونوں کے نام بلقیس رکھے جاتے ہیں ۔

بلکانا (بِل - کَا - نَا) (ہ) (۱) رُلانا - بھڑکانا - (۲) بےچین کرنا - بےقرار کرنا ۔

بُلک ٹرین (بُلَک - ٹرَ - یَن) (انگ Bullock train) مؤنث - بیلوں کی ڈاک گاڑی - چو پہیے کی ڈاک ۔

بِلکنا (بِلَک - نَا) (ہ) (۱) رونا - بلبلانا - (۲) بیقرار ہونا - بےتاب ہونا ۔

بلکہ (بَل - کِہ) (ف) حرفِ ربط - پھر - لیکن - وگرنہ - مگر ۔

بلّلا (بَلَل - لَا) (ہ) احمق - بیوقوف - بیہودہ - بےسلیقہ - (۲) متلوّن مزاج - (۳) اناڑی - ناتجربہ کار ۔

بلم (بَل - لَم) (ہ) مذکر - (۱) بھالا - برچھا - نیزہ - (۲) عصا - نشان - بڑی لاٹھی - وہ سنہری یا روپہلی عصا جو امیروں اور بادشاہوں کی سواری کے آگے لے کر چلتے ہیں - (۳) شوہر - مالک - (۴) معشوق ۔

بلم بردار (ف) مذکر - (۱) نیزہ باندھنے والا - (۲) عصا رکھنے والا - وہ شخص جو بادشاہوں اور امیروں کی سواری کے آگے عصا لے کر چلتا ہے - نشان لے کر چلنے والا ۔

بلم - بلما (بَلَم - بَل - مَا) (ہ) مذکر - (۱) خاوند - خصم (۲) عاشق ۔

بلمانا (ہ) (۱) شادی کرانا - خاوند بنانا - مالک بنانا - (۲) معشوق بنانا - محبت لگانا - پیت لگانا - محبوب کرنا - مطلوب بنانا ۔

بلم ٹیر (مُعرّب) (انگ والنٹیر Volunteer) مذکر - وہ شخص جو اپنی مرضی سے فوج میں بھرتی ہو - یا نوکری اختیار کرے - خوشی سے قومی و ملکی حفاظت کے لئے سپاہی بننے والا - رضاکار ۔

بلنا (بَل - نَا) (ہ) (۱) جلنا - سلگنا - (۲) روشن ہونا - شعلہ اُٹھنا - بھڑکنا ۔

بلند (بُلَند) (ف) (۱) اونچا - عالی - برتر - (۲) دراز - لمبا - طویل ۔

بلند آواز (ف) مؤنث - (۱) بڑی آواز - اونچا سُر - (۲) بڑی آواز والا ۔

بلند پرواز (ف) (۱) اونچی اُڑان یا اونچا اُڑنے والا - (۲) عالی خیال - گہری فکر - غائر نظر والا ۔

بلند حوصلہ (ف - ع) (۱) عالی ہمّت - دل چلا - جری - بہادر - بڑا سخی - دلاور ۔

بلند نظر (ف - ع) (۱) بڑے حوصلے والا - (۲) سیر چشم - اپنی حیثیت سے بڑھ کر کام کرنے والا ۔

بلندی (بُلَن - دِی) (ف) مؤنث - (۱) اونچائی - ارتفاع - برتری (۲) درازی - لمبائی - (۳) نخوت - غرور ۔

بلنگنا (بِلَنگ - نَا) (ہ) (۱) کودنا - اچھل کر پکڑنا - (۲) کسی شے کی طرف اُٹھنا یا چڑھنا - (۳) لٹکنا (۴) پکڑنا - نہ چھوڑنا ۔

بلنگنی (بِلَنگ - نِی) (ہ) مؤنث - الگنی - لٹکنا - لٹکن - کپڑے وغیرہ لٹکانے کی ڈوری ۔

بلنی (بَل - نِی) (ہ) مؤنث - آنکھوں کی ایک بیماری جس میں پلکیں گر پڑتی ہیں ۔

بلوا - بلوہ (بَل - وَا + بَل - وَہ) (ف) مذکر - (۱) ہنگامہ - دنگا - فساد - سرکشی - (۲) ہلچل - بدانتظامی - (۳) بھیڑ - ہجوم ۔

بلوا بنانا (بَل - وَا - بَنَا - نَا) (ہ) نہایت چالاکی سے دھتا بتانا ۔

بلو بک (بلُو - بُک) (انگ Blue book)

مونّث - (۱) پارلیمنٹ کی رپورٹیں اور کاغذات (۲) ہندوستان اور انگلستان کی سرکاری اطلاع کی کتاب - (۳) خاص نوٹ بک ٭

بلوان (بَل - وَان) (ہ) (۱) زور آور - طاقتور - بل والا - (۲) مضبوط - مستحکم ٭

بلوائے عام (ف) مذکّر - (۱) بہت سے آدمیوں کی سرتابی - (۲) عام بدروا جی ٭

بلوٹا (بلو - ٹا) (ہ) مذکّر - بلی کا بچہ ٭

بلّور (بِل - لَوْر) (ع) مذکّر (۱) ایک چمک دار کانی جوہر کا نام - (۲) صاف - شفاف - چمک دار ٭

بلّوریں (ف) (۱) بلّور کا بنا ہوا - (۲) بلّور کے مثل - بلّور کی مانند ٭

بلوط (بَلُّوط) (ع) مذکّر - بالوجفت - سیتاسپاری - سیتابرچھ - ایک قسم کا درخت ٭

بلوغ - یا - بلوغت (بُلوغ - بُلوُ - غَت) (ع) جوانی - شباب - کمال - حد کو پہنچنا ٭

بلونا (بِلو - نا) (ہ) متھنا - گھنگھولنا - پھرانا - پے در پے حرکت دینا ٭

بلوں بلوں (بِلوں - بِلوں) (ہ) مونّث - (عو) واویلا - ہائے ہائے ٭

بلوں بلوں کرنا - (ہ) (۱) ہائے واسطے کرنا - گھبرانا - حواس ٹھکانے نہ رہنا - (۲) مصیبت کے مارے چیخ اٹھنا - (۳) گمی پڑنا - ٹھٹھر جانا ٭

بلونت - (ہ) (۱) بل والا - طاقتور - زور آور - بلوان - (۲) صاحب قدرت ٭

بلہاری (بَل - ہا - رِی) (ہ) مونّث - صدقے - واری - قربان - نثار ٭

بلہرا (بَلہ - رَا) (ہ) مذکّر - پان رکھنے کا لمبا ڈبا ٭

بلی (بَل - لی) (ہ) مونّث - (۱) لمبا بانس یا درخت - (۲) ٹیک - اڑواڑ - لکڑی یا بانس کا تھم (۳) ناؤ چلانے کا بانس - ناؤ کھینے کا بانس ٭

بلّی (بِل - لی) (ہ) مونّث - (۱) گربہ - ایک چھوٹا سا جانور ہے - جو شیر سے مشابہ ہوتا ہے - اور اکثر چوہے وغیرہ کا شکار کرتا ہے ٭

بلّی آل جانا (ہ) (۱) بلّی کا سامنے ہو کر گزرنا - (۲) آمادۂ فساد ہونا - لڑنے کے ارادے سے آنا - (۳) بے سبب غصے ہونا - اہل شگون کی اصطلاح عام میں بلّی کا سامنے سے ہو کر گزر جانا لڑائی جھگڑے یا کسی بڑے نقصان کی علامت ہے ٭

بلّی بھی لڑتی ہے تو منہ پر پنجہ دھر لیتی ہے (ہ) مثل - حیوان بھی لڑنے سے شرم کرتے ہیں ٭

بلّی سے چھیچھڑوں کی رکھوالی (ہ) مثل - بددیانت اور خائن کو خزانچی بنانا - چور کو امین بنانا ٭

بلّی کی میاؤں سے ڈر لگتا ہے (ہ) مثل - زور آور کا رعب ہی کافی ہے ٭

بلّی کے بھاگوں چھینکا ٹوٹا - (ہ) مثل - خواہش کے مطابق کام بن گیا - حسب ضرورت چیز مل گئی ٭

بلّی کے خواب میں چھیچھڑے (ہ) مثل (۱) خواب بھی مطلب سے خالی نہیں - ہر شخص اپنے ہی مطلب کی سوچتا ہے (۲) اپنی لیاقت اور حیثیت کے مطابق ہی ہر شخص رائے دے سکتا ہے

بلّی لوٹن (ہ) مونّث - بالچھڑ - بادرنجبویہ - سنبل الطیب - ایک خوشبودار گھاس ٭

بلیٰ (بَلا) (ع) ہاں ٭

بلیات (بَلِی - یَات) (ع) مونّث - الا بلا ٭

بلید (بَلِید) (ہ) کند ذہن - بُرا ٭

بلیڈ (بلیڈ) (انگ Blade) دھار - پھل چاقو وغیرہ کا ٭

بلیرڈ (بِل - یَرڈ) (انگ Billiard) مذکّر - انگریزی کا ایک کھیل ٭

بلیغ (بَلِیغ) (ع) (۱) کامل - مکمل - پورا - (۲) انتہا کو پہنچا ہوا - فاضل - (۳) حسب موقع گفتگو کرنے والا ٭

بلیلہ (بَلِیلہ - لَہ) (ف) بہیڑا - ایک دوا کا نام ہے - جو بڑی ہڑ کی قسم سے ہے ٭

بلینڈا (بلیں - ڈا) (ہ) مذکّر - (۱) چھت کی کڑی - چھپر کی منڈیر یا بیچ کا بڑا بانس (۲) سخت مزاج آدمی کا نام ٭

بلیّہ (بَلِی - یَہ) (ع) مونّث - بلا

ب - م

بَم (بَم) (ا) مؤنث (۱) بگھی کا بانس جس میں گھوڑا جوتا جاتا ہے۔ (۲) (ع) چشمہ ۔ منبع ۔ پانی کا سوراخ ۔ سوت ۔ سوتہ۔ (۳) غل ۔ شور ۔ چیخ (۴) نقارہ ۔ دھونسا ۔ مجیرا ۔ دمامہ ۔ (۵) (ف) راگ یا باجے کی اونچی آواز ✦

بم پولیس (ا) مذکر۔ عام جائے ضرور ✦

بم پھوٹنا ۔ (ہ) کنوئیں کی تہ سے پانی کا زور سے اُبلنا ✦

بم چخ (ہ) مؤنث ۔ شور و غل ✦

بم چخ مچانا ۔ (ا) شور و غل کرنا ۔ دہائی دینا ✦

بم مہادیو ۔ (ہ) ندا ۔ (۱) مہادیو کی جے ۔ مہادیو کا بول بالا ۔ (۲) مہادیو کی مدد کریا باوا آدم مدد ✦

بمان - بوان (بِمَان - بِوَان) (ہ) مذکر ۔ (۱) دیوتاؤں کا رتھ ۔ تخت رواں ۔ (۲) اُڑن کھٹولا ۔ ہوائی جہاز ۔ بیلون ۔ غبارہ ۔ زیپلن ۔ (۳) تابوت یعنی نہایت سجی ہوئی ارتھی ✦

بمب (بَمب) (بَمب، بَم) (انگ Bomb) مذکر ۔ بھک سے اُڑ جانے والا مادہ ✦

بمبا (بَم - بَا) (ا) مذکر ۔ منبع ۔ چشمہ ۔ نہر ۔ نالی ۔ نالہ ✦

بمبو (بَم - بُو) (انگ Bamboo) مذکر ۔ (۱) بانس ۔ بم ۔ (۲) چنڈو پینے کی نلکی ✦

بمبئی (بَم - بَئی) (ہند) (۱) ہندوستان کے مشہور شہر کا نام ۔ (۲) ایک قسم کا آم ✦

بمنا (بَم - نَا) (ہ) مذکر ۔ ایک رنگ کا کبوتر ✦

بمنزلہ (بِمَن - زِلَہ) (ع) بجائے ۔ بطور ۔ بالعوض ✦

بمنی (بَم - نی) (ہ) مؤنث ۔ ایک رنگ کی کبوتری ✦

بمیٹا (بَم - نے - ٹا) (ہ) مذکر ۔ (عوام) برہمن کا بیٹا ✦

بموجب (بِمُو - جَب) (ا) موافق ۔ مطابق ۔ حسب ۔ جیسا ✦

ب - ن

بَن (بَن) (ہ) مذکر ۔ (۱) جنگل ۔ بیلا ۔ جہاں کثرت سے درخت ہوں ۔ (۲) صحرا ۔ بیابان ۔ میدان ۔ ریگستان ۔ (۳) باڑی (۴) کپاس پنبہ ۔ قطن ✦

بن باس (ہ) مذکر ۔ جنگلوں میں رہنا ۔ دیس نکالا ✦

بن باس کرنا ۔ (ہ) آبادی سے نکال دینا ۔ جنگل میں رہنے کا حکم دینا ✦

بن باسی ۔ (ہ) مذکر ۔ (۱) جنگل میں رہنے والا جنگلی ۔ (۲) آبادی سے باہر رہنے والا ✦

بن بلاؤ ۔ (ا) جنگلی بلا ۔ گربہ دشتی ۔ بیابانی بلا ✦

بن کریلا ۔ (ہ) مذکر ۔ جنگلی کریلا جو چھوٹا اور بے حد کڑوا ہوتا ہے ✦

بن مانس (ہ) مذکر ۔ جنگلی آدمی ۔ وحشی انسان ۔ انسانی صورت سے مشابہ بندر کو کہتے ہیں ✦

بن (بَن) بننا کا امر ✦

بن آنا ۔ (ہ) (۱) حسب مراد ہونا ۔ قسمت کھل جانا (۲) موقع ملنا ۔ (۳) ممکن ہونا ✦

بن بن کے بگڑنا ۔ (ہ) (۱) کسی کام کا مراد پر پہنچ پہنچ کر بگڑ جانا (۲) ہوتے ہوتے کام خراب ہو جانا ۔ (۳) بنتے بنتے کام بگڑ جانا ۔ (۴) بار بار خفا ہو جانا ۔ (۵) کسی طرح نہ سنورنا ۔ کسی طرح نہ بننا ✦

بن بیٹھنا ۔ (ہ) (۱) تیار ہو جانا ۔ (۲) دولت مند ہو جانا ۔ مال دار ہو جانا ✦

بن پڑنا ۔ (ہ) دیکھو ۔ بن آنا ✦

بن جانا - یا - بننا ۔ (ہ) تیار ہونا ۔ درست ہونا ۔ (۲) تصنیف و تالیف ہونا ۔ (۳) ایجاد ہونا ۔ (۴) مکمل ہونا ۔ (۵) اتفاق ہونا ۔ موقع پڑنا ۔ (۶) ہونا ۔ سنورنا ۔ قائم رہنا ۔ سلامت رہنا ۔ (۷) کام ہونا ۔ (۸) سنور جانا ۔ (۹) ترکاری وغیرہ تیار ہونا ۔ (۱۰) تعمیر ہونا ۔ چنا جانا ۔ (۱۱) امیر ہونا ۔ دولت مند ہونا ۔ (۱۲) خوش ذائقہ ہونا ۔ (۱۳) صلح ہونا ۔ (۱۴) بیتنا ۔ گزرنا ۔ (۱۵) آراستہ ہونا ۔ (۱۶) موزوں ہونا ۔ (۱۷) اصلاح ہونا ۔ (۱۸) کسی درجے پر

پہنچنا۔ (۱۹) حاصل ہونا۔ (۲۰) بیوقوف ٹھہرنا۔ احمق ہونا۔ (۲۱) بھیس بدلنا۔ (۲۲) موقع ملنا (۲۳) تکلیف کرنا ٭

بن کر کھیل بگڑ جانا (ہ) کام ہوتے ہوتے رہ جانا۔ ناکامیاب ہونا۔ امید ہوتے ہوتے ناکامی ہونا ٭

بن نہ آنا / بن نہ پڑنا (ہ) (۱) بند وبست نہ ہو سکنا۔ کام نہ بننا۔ (۲) مجبور ہونا۔ (۳) جواب نہ دے سکنا ٭

بِن (اِبْن) (ع) مذکر۔ بیٹا۔ ولد۔ پسر۔ اولاد ٭

بِن (بِنْ) (ہ) بغیر۔ سوا۔ بدوں۔ بجز ٭

بن آئی (ہ) مؤنث۔ (ع و) بغیر مرگ ناگہانی ٭

بن آئی مرنا۔ (ہ) (۱) بے موت مرنا۔ بے وقت مرنا۔ (۲) ناحق تباہ ہونا۔ بے گناہ مارا جانا ٭

بن بلائی احمق لے دوڑی صحنک۔ (ہ) مثل۔ ایک تو بلا طلب آنا اور دوسرے کھانا ساتھ لے جانے کا سامان کرنا احمقی ہیں (ا) حمق ہے ٭

بن داموں غلام۔ (ہ) مذکر (۱) مفت کا غلام۔ بے پیسے کا غلام۔ (۲) نہایت فرمانبردار۔ بے عذر (۳) نہایت زیر بار احسان۔ ممنون۔ مرہون ٭

بن مارے کی توبہ (ہ) مؤنث۔ ناحق کی فریاد۔ بے جا فریاد ٭

بن مانگے ماں بھی بچے کو دودھ نہیں دیتی (ہ) مثل۔ جب تک منہ سے نہ کہو۔ کہ فلاں چیز درکار ہے۔ کیا تم کو دے دی جائیگی؟ بغیر کوشش کچھ نہیں ملتا ٭

بن مانگے موتی ملیں مانگے ملے نہ بھیک (ہ) مثل۔ (۱) متوکل کو سب کچھ مل جاتا ہے۔ (۲) مطلوب بڑی مشکل سے ملتا ہے (۳) بن مانگے قیمتی چیز مل جاتی ہے۔ لیکن جس کی طلب ہو۔ مانگنے سے بھی نہیں ملتی ٭

بُن (بُن) مذکر۔ قہوہ۔ کافی۔ ایک تخم کا نام ہے۔ جسے بھون کر کھاتے ہیں۔ اور اکثر چائے کی طرح جوش دے کر پیتے ہیں ٭

بُن (بُن) بُننا کا امر ٭

بُنا (بُنا) بُننا کی ماضی ٭

بَنّا۔ (ہ) مذکر۔ (۱) دولھا۔ نوشہ۔ (۲) پیارا۔ لاڈلا ٭

بِنا (ہ) دیکھو (بن) ٭

بِنا (بِنا) (ع) مؤنث۔ (۱) جڑ۔ بنیاد۔ (۲) اصل۔ نہاد۔ (۳) باعث۔ سبب۔ موجب۔ کارن۔ (۴) شروع۔ آغاز۔ ابتدا ٭

بِنا ڈالنا۔ (ہ) (۱) بنیاد رکھنا۔ ڈھنگ ڈالنا۔ (۲) خاکہ ڈالنا۔ شروع کرنا۔ جڑ جمانا۔ نیو جمانا۔ بنیاد رکھنا ٭

بنائے دعوے (ع) مؤنث۔ دعوے کی وجہ استغاثہ کا باعث ٭

بُنا (بُنا) بُننا کی ماضی ٭

بنا بنایا (ہ) ٹھیک۔ درست۔ تیار۔ لیس۔ مکمل ٭

بنات (بَنات) (ع) مؤنث۔ بنت کی جمع۔ بیٹیاں ٭

بنات النعش (ع) مؤنث۔ سات تاروں کا جھمکا۔ عقد ثریا ٭

بنا ٹھنا۔ (ہ) آراستہ۔ سنگار کیے ہوئے۔ بنا سنورا۔ ٹھیک ٹھاک۔ درست۔ سجا سجایا ٭

بنادر (بَنا۔ دِر) (ع) مذکر۔ بندر (بندرگاہ) کی جمع ٭

بنارس (بَنارَس) (ہ) مذکر۔ ممالک متحدہ میں مشہور شہر کا نام جو ہندوؤں کا بڑا تیرتھ ہے۔ یہاں کے ٹھگ بہت چالاک اور عیار ہوتے ہیں ٭

بنارسی ٹھگ۔ (ہ) دھوکا باز۔ پکا ٹھگ ٭

بناس پتی (بَناس۔ پَتی) (ہ) مؤنث (۱) نباتات۔ گھاس پھونس۔ (۲) گھاس کی پتی ٭

بناگوش (بُنا۔ گوش) (ف) مؤنث۔ کان کی لو ٭

بنالا (بُنا۔ لا) (ہ) مذکر۔ گوٹہ کناری وغیرہ کا بانا ٭

بنامی (بِنامی) (ہ) مؤنث۔ رہن یا بیع کی وہ معاملت جو دوسرے کے نام سے کی جائے۔ اور اصلی شخص کوئی اور ہو ٭

بنان (بَنان) (ف) مذکر۔ بنانہ کی جمع۔ انگلیوں کے سرے ٭

بنانا۔ (ہ) (۱) درست کرنا۔ تیار کرنا۔ (۲) آراستہ کرنا۔ (۳) تعمیر کرنا۔ (۴) گھڑنا۔ (۵) تصنیف و تالیف کرنا۔ (۶) شکار کو صاف کرنا۔ (۷) ہنسی اڑانا۔ احمق بنانا۔ (۸) سنوارنا۔ تہذیب سکھانا۔ (۹) اصلاح دینا۔ (۱۰) ایجاد کرنا۔ (۱۱) دولتمند کرنا۔ (۱۲) حاصل کرنا ٭

بناوٹ (بَنا۔ وَٹ) (ہ) مؤنث۔ (۱) ساخت وضع

(۲) تکلّف۔ تصنّع۔ (۳) دکھلاوا۔ نمود۔ (۴) سخن سازی (۵) جھوٹ۔ بطلان۔ مکر و فریب۔ جعل سازی۔

بُناوٹ (بُنا۔ وَٹ) (ہ) مؤنث۔ بُننے کی وضع۔

بناوٹی (ہ) مصنوعی۔ خود ساختہ۔ دکھاوے کا۔

بناؤ (بَنا۔ اُو) (ہ) مذکر (۱) آراستگی۔ سجاوٹ۔ آرائش۔ سنگار۔ سنوار (۲) دوستی۔ موافقت۔ میل (۳) (امر) تیار کرو۔ درست کرو۔ مکمل کرو۔ سنوارو۔

بناؤ سنگار (ہ) دیکھو بناؤ نمبرا۔

بنائے نہ بننا (ہ) اختیار سے باہر ہونا۔ تدبیر کارگر نہ ہونا۔ مجبور ہونا۔

بنت (بُنَت) (ہ) مؤنث۔ ایک طرح کی توئی کا نام ہے جس میں گوکھرو۔ سلمہ۔ ستارا لگا ہوتا ہے۔

بنت (بِنت) (ع) مؤنث۔ لڑکی۔ دختر۔ بیٹی۔

بنت العنب (ع) مؤنث۔ شراب۔

بنتی۔ بینتی (بَن۔ تی + بین۔ تی) (ہ) مؤنث (۱) معذرت۔ عذر خواہی (۲) عرض۔ التجا۔ التماس (۳) منت و سماجت۔ ہندوؤں میں لڑکی والوں کی طرف سے دولہا کی خدمت میں ایک نظم کے ذریعے سے اپنا انکسار اور دولہا کی مدح کر کے لڑکی پر مہربانی کرنے کی التجا کی جاتی ہے۔

بنٹا (بَن۔ ٹا) (ہ) مذکر۔ بڑا لوٹا۔ کھانا پکانے کا بڑا برتن۔ پیتل کا گھڑا۔

بنٹا دھار کر دینا (ہ) برباد کر دینا۔ تہس نہس کر دینا۔

بنج (بَنج) (ہ) مذکر (۱) خرید و فروخت۔ تجارت۔ لین دین۔ بیوپار۔ سوداگری (۲) رشتہ۔ ناتا (۳) پیشہ۔ کار۔ کسب۔

بنج کریں گے بامنے اور کریں گے ریس
بنج کیا تھا جاٹ نے رہ گئے سو کے تیس (ہ)
(۱) مثل۔ بنج بیوپار کرنا بنیوں کا کام ہے۔ یعنی ہر شخص کو اپنا پیشہ کرنا چاہئے۔ دوسروں کی ریس کرنے سے نقصان ہوتا ہے۔

بنجارا (ہ) مذکر (۱) سوداگر غلہ۔ چاول کا تاجر (۲) پھیر پھرا کر آنکھیں بنانے والا۔

بنجارنی (ہ) مؤنث (۱) بنجارے کی عورت (۲) بنجاروں کا ڈیرا - (۳) - سوداگری - تجارت۔

بنجر (بَن۔ جَر) (ہ) مؤنث (۱) غیر مزروعہ زمین۔ (۲) ناقابل کاشت زمین (۳) جنگل۔

بنجر توڑنا (ہ) غیر مزروعہ زمین کی زراعت کرنا

بنجر جدید (ہ۔ ع) مؤنث۔ وہ زمین جس میں چار سال تک متواتر کوئی جنس پیدا نہ ہو۔ اور میوہ دار درخت بھی نہ ہوں۔

بنجر خارج الجمع (ہ۔ ع) مؤنث۔ وہ غیر مزروعہ زمین جس کا معاملہ نہ لیا جائے۔

بنجر قدیم (ہ۔ ع) مؤنث۔ وہ زمین جو نئے بندوبست تک غیر مزروعہ رہے۔

بنجیا (بنج۔ یا) (ہ) مؤنث۔ بستی کے آس پاس کی زمین۔

بنچ (بَنچ) (انگریزی) (Bench) مؤنث۔ تخت۔ لکڑی کی ایک خاص قسم کی شے جس پر لوگ بیٹھتے ہیں۔ عام طور پر باغوں میں نصب ہوتی ہے۔

بنچنا (بنچ۔ نا) (ہ) (۱) پڑھنا۔ مطالعہ کرنا (۲) پڑھنے میں آنا۔ پڑھا جا سکنا۔

بند (بَند) (ف) مذکر (۱) جوڑ۔ عضو (۲) گرہ۔ گانٹھ۔ (۳) روک۔ پشتہ۔ مینڈ (۴) سہارا۔ بندھن۔ بندش (۵) ڈورا۔ فیتہ (۶) قید۔ حبس (۷) داؤں۔ پیچ (۸) ٹیپ کا مصرع یا شعر۔ (۹) مسدود۔ روکا گیا (۱۰) مقفل (۱۱) رکا ہوا۔ وہ پانی جو ایک جگہ ٹھہرا ہوا ہو (۱۲) افسردہ۔ پژمردہ۔ (۱۳) گھرا ہوا۔ تنگ (۱۴) ڈبل روٹی کی ایک قسم (۱۵) ٹھہرا ہوا (۱۶) گوبھی کی ایک قسم (۱۷) خاموش۔ چپ۔

بند باندھنا (ہ) (۱) پشتہ باندھنا (۲) گرہ لگانا (۳) انتظام کرنا۔ تدبیر کرنا (۴) پیش بندی کرنا (۵) منصوبہ کرنا (۶) فقرہ گھڑنا (۷) روک تھام کرنا۔ (۸) تہمت لگانا۔ بہتان جوڑنا۔

بند بند (ف) مذکر۔ ہر جوڑ۔ جوڑ جوڑ (۲) گرہ گرہ۔ (۳) (صفت) رکا رکا۔ چپ چپ۔ افسردہ۔ پژمردہ۔

بند بند جدا کرنا (ہ) جوڑ جوڑ الگ کرنا۔ پرزے اُڑوانا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ الگ کرنا۔

بند بند جکڑ جانا (ف) جوڑ جوڑ میں اینٹھن ہو جانا۔ ہر جوڑ کا بستہ ہو جانا۔ ہر بند کا بندھ جانا۔

بند بند ڈھیلے کر دینا (ف) جوڑ جوڑ ہلا دینا۔ تھکا دینا۔

بند چھڑانا (ف) (۱) قید سے آزاد کرانا (۲) فکر سے چھڑانا (۳) جوڑ الگ کرنا۔ عضو جدا کرنا۔

بند رہنا (ف) (۱) رکا رہنا (۲) دبا رہنا (۳) خاموش رہنا۔

بند کرنا (ف) (۱) روکنا (۲) مقفل کرنا (۳) قید کرنا۔ (۴) خاموش کرنا۔ چُپ کرنا۔

بند کے جائے بند ہی (میں) نہیں رہتے (ف) مثل۔ یہ ضروری نہیں کہ غریب لوگ ہمیشہ غریب ہی رہیں۔

بند میں گرہ دینا یا لگانا (ف) یادداشت کے لئے انگرکھے کے بند میں گرہ لگانا کہ ہر وقت یاد رہے۔

بند ہونا (ف) (۱) رُکنا۔ تھمنا (۲) مسدود ہونا (۳) کسی کام کا چلتا نہ ہونا (۴) ختم ہونا (۵) جاری نہ رہنا (۶) چُپ ہونا (۷) جکڑ جانا (۸) چال نہ رہنا (۹) آمد و رفت نہ رہنا (۱۰) کند ہو جانا۔ دھار موٹی ہو جانا۔

بِند۔ بِندی (بِنْد + بِنْ۔ دِی) (ہ) مذکر (۱) (ہندسہ) صفر۔ نقطہ۔ بندی (۲) بوند۔ قطرہ۔

بَندا (بَنْ۔ دَا) (ہ) مذکر (۱) درختوں پر پھیل جانے والی ایک قسم کی بیل (۲) زمین سے اونچا مکان جو اناج کے لئے بناتے ہیں۔ اناج کا گودام (۳) دیکھو بندہ۔

بِندا (بِنْ۔ دَا) (ہ) مذکر۔ قشقہ۔ وہ گول ٹیکا جو ہندو اشنان کے بعد ماتھے پر لگاتے ہیں۔

بُندا (بُنْ۔ دَا) (ہ) مذکر۔ آویزہ۔ گوشوارہ۔ صراحی دار نگینہ۔ ایک قسم کا زیور۔

بِندال (بِنْ۔ دَال) (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کی تلخ گھاس جو دوا کے طور پر کام آتی ہے (۲) ایک قسم کا پھل۔

بندال پھلا}
بندال ڈوڈا} (ہ) مذکر۔ بندال کا پھل۔ ڈوگرہ کا پھل۔

بَندر (بَنْ۔ دَر) (ف) مذکر۔ سمندر کے کنارے کا شہر جہاں آکر جہاز ٹھہرتے ہیں۔ بندرگاہ۔

بَندر (بَنْ۔ دَر) (ہ) مذکر۔ بوزنہ۔ میمون۔ ایک جنگلی جانور کا نام جس کی شکل آدمی سے ملتی جلتی ہے۔

بندر بانٹ (ہ) مؤنث۔ مثل۔ اس موقع پر بولتے ہیں۔ جب دو شخصوں میں کسی چیز کی تقسیم پر جھگڑا ہو جائے۔ اور وہ انصاف کے لئے کسی ثالث کے پاس جائیں۔ ثالث بانٹتے بانٹتے خود ہی وہ چیز ہضم کر جائے اور فریقین کو نا امید کر کے لوٹا دے۔

بندر کا گھاؤ (ہ) (۱) اچھا نہ ہونے والا زخم (۲) دور نہ ہونے والی مصیبت۔

بندر کیا جانے ادرک کا سواد (ف) مثل۔ جب کو کسی کام سے دلچسپی نہیں۔ وہ اُس کے لطف کو نہیں جان سکتا۔

بندر کی دوستی جی کا جنجال (زبان) (ف) مثل۔ کمینے دوست سے ہمیشہ نقصان پہنچتا ہے۔

بندر کی طرح نچانا (ف) نہایت ستانا۔ بے حد دق کرنا۔

بندر کی کیا آشنائی (ف) مؤنث۔ بے مروّت اور بے تمیز کا کیا بھروسہ۔

بندر کے گلے میں موتیوں کی مالا (ہ) مثل۔ رذیل کو شریفوں کی پوشاک۔ نالائق کی تعریف کرنا۔ حقیر اور ذلیل شخص کو عزّت دینا۔

بندرگاہ (ف) مذکر و مؤنث۔ جہازوں کے ٹھہرنے کی جگہ۔ سوداگری کی منڈی۔ بندر۔

بندری۔ بندریا (ف) مؤنث۔ بندر کی مادہ۔ میمونہ۔

بندش (بَنْ۔ دِش) (ف) مؤنث (۱) گرہ۔ گانٹھ۔ (۲) گٹھت۔ شعر کے الفاظ کا حسب موقع اور باترتیب ہونا۔ (۳) خیال۔ (۴) سازش (۵) تمہید۔ اٹھان۔ (۶) داؤں۔ گھات (۷) تدبیر۔ پیش بندی (۸) بناوٹ۔ تکلیف (۹) ساخت (۱۰) تہمت۔ الزام (۱۱) ترتیب الفاظ (۱۲) باندھنے کا فعل یا کیفیت۔

بند کشاد (ف) مذکر۔ عضو تناسل کے سوراخ کا بڑھ جانا۔

بندک بندھا (ہ) مذکر (عو) روک ٹوک۔

بُندکی (بُنْ۔ دَکِی) (ف) مؤنث۔ بوند کی تصغیر (۱) چھوٹے چھوٹے نقطے (۲) چھینٹے (۳) پھوار کی بوندیں۔

بندگانِ عالی (بَن - دَگا - نِ - عا - لی) (ف) (۱) ملازم - خادم - محکوم (۲) مُرادِ - حضور - خود بدولت - سرکار -

بندگی (بَن - دَگی) (ف) مؤنث (۱) عبادت - پرستش - (۲) آداب - کورنش - تسلیم (۳) عجز - انکسار - غریبی (۴) خدمت - نوکری - فرماں برداری - غلامی - (۵) سلام - خدا حافظ۔

بندگی بجالانا (ا) (۱) سلام کرنا (۲) تعظیم کرنا - جھکنا (۳) آداب کرنا (۴) حکم کی تعمیل کرنا - فرماں برداری کرنا۔

بندگی بیچارگی (ا) (۱) نوکری اور فرمانبرداری لازمی ہے - ملازمت (۲) مجبوری - معذوری - بے بسی۔

بندلی (بَن - دَلی) (ہ) مذکر - ایک قسم کا چاول جو روہیل کھنڈ میں ہوتا ہے۔

بندلی (بِن - دَلی) (ہ) مؤنث - شیشے کا چھوٹا سا گول ٹکڑا جسے ہندو عورتیں پیشانی پر لگاتی ہیں۔

بندوبست (بَن - دَو بَسْت) (ف، مذکر - (۱) انتظام - انضباط (۲) اہتمام - انصرام (۳) ضابطہ - قاعدہ (۴) سلیقہ - سُگھڑاپا (۵) زمین کی حد بندی اور انتظام تحصیلات (۶) ترتیب (۷) تدبیر - تجویز۔

بندوبست اسامی وار (ا) مذکر - وہ بندوبست جو اسامی کی ترتیب سے ہو۔

بندوبست استمراری (ف) مذکر - دائمی بندوبست - ایک بار مال گزاری قائم کر دینا - ہمیشہ کے لئے ایک ہی دفعہ مال گزاری تشخیص کر دینا۔

بندوبست چند روزہ (ف) مذکر - عارضی بندوبست۔

بندوبست دیہی (ا) مذکر - زمین کے کاغذات تیار کرنا - مال گزاری تشخیص کرنا - محصول لگانا - جمع کا بڑھانا گھٹانا - زمین کی حیثیت اور پیداوار کا اندازہ کرنا۔

بندوبست سرسری (ف) مذکر - عارضی بندوبست جو قانونی بندوبست تک کے لئے کیا جائے۔

بندوبست قانونی (ف) مذکر - وہ بندوبست جس میں جمع کی تشخیص اوّل مرتبہ کی جائے - اور کاغذات حقیت پہلی دفعہ تیار کئے جائیں۔

بندور - بندوڑ (بَن - دُوَر - بَن - دُوڑ) - (ہ) مؤنث (۱) باندی کی تصغیر - کنیزک - چیری - (۲) نہایت ذلیل اور کم رتبہ لونڈی (۳) وہ لونڈی جسے بیوی بنالیں۔

بندوق (بَن - دُوق) (ع) مؤنث (۱) (لغوی معنی) گولی (۲) (ا) وہ لوہے کی نلی جس میں بارود بھر کر چھوڑتے ہیں۔

بندوق چھتیانا (ا) بندوق کو چھاتی سے لگا کر شست باندھنا - بندوق چھوڑنے پر آمادہ ہونا۔

بندوقچی (ا) مذکر - بندوق رکھنے والا - تراول - بندوق چلانے والا - بندوق چھوڑنے والا۔

بندہ (بَن - دَہ) (ف، مذکر (۱) غلام - داس - سیوک (۲) نوکر چاکر - ملازم (۳) نیازمند - خاکسار (۴) انسان - بشر - آدمی - نفر (۵) عابد - خادم - سر جھکا دینے والا - حکم ماننے والا۔

بندہ بشر ہے (ا) محاورہ - انسان کی فطرت میں سہو و خطا داخل ہے۔

بندہ پرور (ف) مذکر (۱) بندہ نواز - آقا - سردار (۲) جناب - حضرت (۳) غلاموں کا پالنے والا - خادموں کی پرورش کرنے والا (۴) فیاض - سخی۔

بندہ جوڑے پلی پلی رام لنڈھائے کُپّا - (ہ) (ہ) مثل - بندہ تھوڑا تھوڑا کر کے جمع کرتا ہے - اور خدا ایک ہی دفعہ سارا خرچ کرا دیتا ہے۔

بندۂ درگاہ (ف، مذکر (۱) ملازم شاہی - (۲) نیازمند (۳) دربان - دروازے پر پڑا رہنے والا - چوکھٹ سے لگا رہنے والا (۴) نہایت فرماں بردار - خادم - غلام۔

بندہ زادہ (ف) مذکر (۱) غلام زادہ (۲) میرا بیٹا (۳) آپ کا غلام (۴) غلام کی اولاد - خادم کا بچہ۔

بندہ عاجز ہے (ا) محاورہ (۱) انسان محتاج ہے - مجبور ہے - بے اختیار ہے (۲) میں مجبور ہوں - بے بس ہوں۔

بندہ نواز (ف) مذکر (۱) مالک - مختار - حاکم (۲) غلاموں کو عزّت دینے والا - خادموں کو توقیر بخشنے والا۔

بندھ (س) مذکر (ہندو) (۱) ضمانت - امانت (۲) مؤنث - دیکھو بند۔

بندھا (ہ) جکڑا ہوا - رُکا ہوا - مقرّرہ۔

بندھا خوب مار کھاتا ہے (ہ) مثل - مجبور کو چاہو سزا دو - قابو میں آیا ہوا مجبور ہوتا ہے۔

بندھانی (بَنْدھا - نی) (ہ) مذکر (۱) کڑی - تختہ (۲) مزدور - قلی (۳) گولہ انداز - توپچی۔

بندھائی (بَنْدھا-اِئی) (ہ) مؤنث (۱) بندش (۲) باندھنے کی اجرت ✽

بندھک (بَنْ-دُھک) (ہ) مذکر (۱) رہن-گروی-آڑ-وہ چیز جو گروی رکھی جائے (۲) رہن نامہ-تمسک ✽

بندھ (بَنْدھ) (ہ) باندھنا کا امر ✽

بندھ گیا سو موتی-رہ گیا سو پتھر (ہ) مثل-(۱) جیسا کچھ بھی ہو گیا-غنیمت ہے (۲) جو کچھ ہاتھ آ گیا-وہی سب کچھ ہے (۳) جُست اچھا ہے-ٹھیک ہے (۴) انسان ہنروالا ہو تو انسان ہے-ورنہ حیوان ✽

بندھن (بَنْ-دھَن) (ہ) مذکر (۱) بندش-پٹی (۲) روک-مزاحمت-اٹکاؤ (۳) لگاؤ-لاگ-تعلق-میل-سمبندھ-رشتہ-ناتا (۴) وظیفہ-روزینہ-تنخواہ-دستورالعمل (۵) دیکھو بندش ✽

بندھن وار باندھنا (ہ) پھول پتوں کا ہار لٹکانا-خوشی کے وقت بندھن وار کر حسب موقع مکان کے دروازے میں بندھن ہار لٹکانا چورا ہے اور بازاروں میں باندھنا اور لٹکانا ✽

بندھنا (ہ) (۱) گرہ لگنا (۲) بندش میں آنا-پابند ہونا (۳) گرفتار ہونا-قید ہونا-پکڑا جانا-پھنسنا (۴) تقرر ہونا-ملازم ہونا-نوکری کرنا-مقرر ہونا (۵) شعر کا ٹھیک اور درست ہونا-(۶) شادی ہو جانا (۷) ضابطہ میں آ جانا-معمول کے مطابق کام کرنا (۸) مذکر (ہندو-عو) وہ تھیلی جس میں سینے پرونے کا سامان رکھیں-خریطی-تلے دانی (۹) (اصطلاحاً) جھگڑنا-لڑنا (۱۰) کسی چیز کے گرد لپٹنا ✽

بندھنا (بِنْدھ-نا) (ہ) (۱) سوراخ ہونا-چھدنا-بسلنا-وار پار ہونا (۲) پرو یا جانا (۳) رگ رگ میں پیوستہ ہونا (۴) کام پورا ہونا-حسب مراد کام ہونا (۵) شادی ہو جانا ✽

بندھو (بَنْ-دُھو) (ہ) مذکر-رشتہ دار-بھائی بند-برادری-دوست-متعلقین-واسطہ رکھنے والے ✽

بندھوا (بَنْدھ-وا) (ہ) مذکر (۱) بندھا ہوا-قیدی-اسیر (۲) (عو) پابند-غلام-خدمت گار ✽

بندھوانا (ہ) (۱) قید کرانا (۲) پکڑوانا (۳) جکڑوانا-گرہ دلوانا (۴) باندھنے کا حکم دینا (۵) الزام لگانا-مجرم بنانا ✽

بندھی بات (ہ) مؤنث (۱) ایک بات (۲) ٹھیک-صحیح-درست-بے کم و کاست (۳) حسب دستور معمول کے مطابق (۴) قاعدہ-قانون-ضابطہ کے مطابق (۵) اٹل حکم (۶) روزی کا کام-دستورالعمل ✽

بندھیج (بَنْ-دِھیج) (ہ) مذکر (۱) کفایت شعاری (۲) سلیقہ-خانہ داری (۳) مضبوطی-استقلال (۴) ممانعت-روک (۵) پرہیز-اعتدال (۶) دستور-معمول (۷) امساک-قبض (۸) بستگی-انجماد (۹) (صفت) بستہ-بندھا ہوا ✽

بندھی مٹھی (ہ) (۱) پوشیدہ-رازبستہ (۲) حرکت-سلوک-اتحاد-اتفاق-جتھا-ایکا (۳) اکٹھا-یک مشت (۴) چُپ چاپ-خاموش-بے خوف-بے کھٹکے ✽

بندھی مٹھی لاکھ برابر (ہ) مثل-رازداری سے اعتبار بنا رہتا ہے-اتفاق سے خوب کام چلتا ہے-یک دل آدمی لاکھوں پر فتحیاب ہوتے ہیں ✽

بندھیل کھنڈ (بَنْ-دھیل-کھَنْڈ) (ہ) مذکر-ہندوستان کا وہ علاقہ جس میں بندیلے آباد ہیں ✽

بندی (بَنْ-دِی) (ہ) مؤنث (۱) لونڈی-باندی-کنیزک (۲) عاجزہ-خادمہ ✽

بندی (بَنْ-دِی) (ف) مذکر-قیدی-اسیر-بندھوا ✽

بندی خانہ (ف) مذکر-قید خانہ-قیدیوں کے رہنے کی جگہ-جیل-زنداں ✽

بندی (بَنْ-دِی) (ہ) مؤنث (۱) روک-ممانعت (۲) ایک زیور جسے ہندو عورتیں ماتھے پر پہنتی ہیں ✽

بندی (بِنْ-دِی) (ہ) مؤنث (۱) صفر-نقطہ (۲) نشان-چھینٹ (۳) چھوٹا سا ٹیکا (۴) قشقہ-تلک-ٹیکا (۵) کانچ کی رنگین ٹکلی جو ساون کے مہینے میں عورتیں ماتھے پر چپکاتی ہیں ✽

بندیا (بِنْدِ-یا) (س) مؤنث-بِندی ✽

بندیلا (بَنْ-دِے-لا) (ہ) مذکر-ہندوؤں کی ایک قوم ✽

بندیلن (ہ) مؤنث (۱) بندیل قوم کی عورت (۲) عطر-پھلیل بیچنے والی عورت-تنبلن ✽

بنڈا (بَن-ڈا) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کی ترکاری (۲) دُم کٹا۔

بنڈا (بن-ڈا) (ہ) مذکر (۱) لکڑیوں کا گٹھا (۲) گھاس پھوس کا گٹھا (۳) ایندھن۔

بنڈل (بَن-ڈَل) (انگریزی Bundle) گٹھڑی-پیکٹ-پلندہ۔

بنڈی (بن-ڈی) (ہ) مؤنث-آستینوں کے بغیر کُرتی یا کوٹ جو کُرتے کے اُوپر اور چغے وغیرہ کے نیچے پہنتے ہیں-مُنڈی آستین کی فراخ کُرتی۔

بنڈیری (بَن-ڈے-ری) (ہ) مؤنث-لمبی لکڑی جس پر چھپر رکھتے ہیں۔

بنڈیلا (بَن-ڈے-لا) (ہ) مذکر-جنگلی سؤر۔

بنرا-بنڑا (بَن-رَا + بَن-ڑا) (ہ) مذکر (۱) دولھا-نوشہ-بنا (۲) خاوند-شوہر۔

بنڑی (بَن-ڑی) (ہ) مؤنث-دلھن-عروس-بنی۔

بنس (بَنْش) (س) مذکر-اولاد-نسل-خاندان-گھرانا-کنبہ۔

بنسلوچن (بَنْش-لَو-چَن) (ہ) مذکر-طباشیر-ایک سفید دوا کا نام جو بانس کی گرہوں سے نکلتی ہے۔

بنسی (بَن-سی) (ہ) مؤنث (۱) بانسلی-مرلی-الغوزہ-نے (۲) مچھلی پکڑنے کی ڈوری اور کانٹا۔

بنصر (بِن-صَر) (ع) مؤنث-بیچ کی انگلی اور چھنگلیا کی درمیانی انگلی۔

بنفشہ (بَنَف-شَہ) (ف) مؤنث-ایک خود رو بوٹی جو اکثر برفانی پہاڑوں پر یا لب دریا پیدا ہوتی ہے-اور اسہال وغیرہ کے لئے استعمال کی جاتی ہے۔

بنفشین-دو دواؤں کی مرکب شے جو چوٹ اور درد کے لئے مفید ہے۔

بنک (بَینک) (انگریزی Bank) مذکر (۱) وہ جگہ جہاں امانتاً روپیہ رکھا جائے-ساہوکارے کی کوٹھی-بنک گھر (۲) روپیہ جمع رکھنے والی کمپنی۔

بنکارنا (بَن-کَار-نا) (ہ) (۱) بولنا-غل مچانا-دہاڑنا-شور کرنا-چیخ کر بولنا (۲) بھوت پریت کا سایہ سر پر آکر بولنا (۳) ڈینگ مارنا-شیخی بگھارنا۔

بنکڑی (ہ) دیکھو بَنگڑی۔

بنگ (بَنگ) (ف) مؤنث-ایک نشیلی بوٹی-سبزی-بھنگ۔

بنگا (بَنگ-گا) (ہ) مذکر-بانس کا ٹوٹا ہوا بمبو-ڈنڈا۔

بنگا ٹھونکنا (ہ) (۱) میخ لگانا (۲) روک دینا-بند کر دینا-خرابی ڈالنا-روڑا اٹکانا۔

بنگال (بَنگ-گال)
بنگالہ (بَنگ-گا-لَہ) } (ہ) ہندوستان کا مشہور صوبہ جس کا دارالحکومت کلکتہ ہے۔

بنگالی (ہ) مؤنث (۱) بنگالہ کی بولی (۲) بنگالہ کا رہنے والا (۳) بنگال کی چیز۔

بنگالی جو آدمی تو پریت کہو کس کو (ہ) مثل-اگر بنگالی آدمی ہے تو پھر بھوت کون ہے-بنگالی بڑا شریر ہوتا ہے۔

بُنگاہ (بُنگ-گاہ) (ف) مؤنث-جگہ-مکان-اسباب رکھنے کی جگہ۔

بنگری-بنگڑی (بَنگ-رِی + بَنگ-ڑِی) (ہ) مؤنث (۱) بانکڑی-ٹیڑھی-مروڑ دار-مروڑی کی- (۲) ایک قسم کی بل والی چوڑی۔

بنگلہ (بَنگ-لَہ) (ہ) مذکر (۱) پان کی ایک قسم یعنی بنگال کا پان (۲) چھپر کا چوٹی دار مکان-(۳) کوٹھی۔

بنگی (بَنگ-گی) (ہ) مؤنث-بنگو-بجنے والا لٹو جس میں چھید ہوتا ہے۔

بُننا (بُن-نا) (ہ) دھاگوں کو ترتیب سے لگا کر کپڑا وغیرہ تیار کرنا۔

بنو (بَن-نُو) (ہ) مؤنث (ع) بانو کا مخفف (۱) بیوی-بیگم (۲) دلھن-عروس-بہو (۳) چھوٹی-لاڈلی-نئی بیاہی ہوئی عورت۔

بنوانا (بَن-وَا-نا) (ہ) (۱) تیار کرانا-درست کرانا- (۲) تعمیر کرانا-چنوانا (۳) کھانا پکانا۔

بُنوانا (بُن-وَا-نا) (ہ) (۱) کپڑے وغیرہ کے تاروں کو اکٹھا کرانا (۲) چارپائی وغیرہ درست کرانا-گندھوانا۔

بنوائی (بَن-وَا-ئی) (ہ) مؤنث-بنوانے کی اُجرت۔

کسی کام کے کرانے کی مزدوری۔

بُنوائی (بُن۔ وا۔ اِئی) (ہ) مؤنث۔ بُننے کی اُجرت۔

بنوٹ (بَن۔ نُوٹ) (ہ) مؤنث۔ سپہ گری کے ایک فن کا نام۔ بانک۔ پکیتی۔ پھکیتی۔

بنولا (بِنَو۔ لا) (ہ) مذکر۔ کپاس کا بیج۔ پنبہ دانہ۔

بنی (بَنی) (ہ) مؤنث (۱) دیکھو بنڑی (۲) خوش اقبالی (۳) موافقت۔

بنی (بَنِی) (ع) مذکر۔ ابن کی جمع۔ بیٹے۔ اولاد۔ نسل۔

بنی آدم (ع) مذکر۔ آدم زادہ۔ اولادِ آدم۔ انسان۔

بنی جان (ع) مذکر۔ جنّات کی ذرّیات۔ جن کی نسل و قوم۔

بنی کے سب ساتھی ہیں۔ بگڑی کا کوئی نہیں (ہ) مثل۔ بنے ہوئے کام کے سب یار ہیں۔ بدی کے وقت کا کوئی ساتھی نہیں۔

بنی کے سو سالے۔ بگڑی کا کوئی جنوائی نہیں بنتا (ہ) مثل۔ عیش میں سب شریک ہیں۔ مصیبت کا کوئی ساتھی نہیں بنتا۔ عیش میں ساتھ رہنے والے مصیبت میں بھاگ جاتے ہیں۔

بنیا (بَن۔ یا) (ہ) مذکر (۱) بقّال۔ مودی۔ آٹا دال بیچنے والی قوم (۲) بودا۔ بزدل۔ تھڑدلا (۳) کنجوس۔ بخیل۔ ممسک۔

بنیا اپنا گڑ بھی چھُپا کر کھاتا ہے (ہ) مثل۔ اپنا عیب ظاہر کرنے سے چھپانا بہتر ہے۔ ہر کام کو راز میں رکھنا چاہیئے۔

بنیا جب بولتا ہے زیادہ ہی بولتا ہے (ا) مثل۔ ہوشیار آدمی ہر حال میں اپنا مطلب نہیں جانے دیتا۔

بنیا جس کا یار۔ اُس کو دشمن کیا درکار (ہ) مثل۔ قرض دینے والا سب سے بڑا دشمن ہوتا ہے۔ بنیے کی دوستی عین دشمنی ہے۔

بنیے سے سیانا سو دیوانہ (ا) مثل۔ لین دین کے معاملے میں بقّال سے بڑھ کر کوئی ہوشیار بنے۔ تو دیوانہ سمجھو۔

بنیے کا بہکایا اور جوگی کا پھٹکارا خراب ہوتا ہے (ا) مثل۔ ایسا شخص تکلیف اٹھاتا ہے۔ اور کہیں نہیں ٹھہرتا۔

بنیے کا بیٹا کچھ دیکھ کر ہی گرتا ہے (ا) مثل۔ عقل مند آدمی کا کوئی کام فائدے سے خالی نہیں ہوتا۔ سیانا آدمی کسی خاص نفع کی امید ہی پر نقصان اٹھاتا ہے۔

بنیے کا پھیلا آدھا اُجلا آدھا میلا (ا) کاروباری آدمی شوقینی نہیں کر سکتا۔

بنیے کی کمائی۔ مکان یا بیاہ نے کھائی (ہ) مثل۔ بنیے کی آمدنی صرف مکان بنوانے یا بیاہ رچانے پر خرچ ہوتی ہے۔

بُنیاد (بُن۔ یاد) (ف) مؤنث (۱) جڑ۔ اصل۔ نیو۔ (۲) طاقت۔ مقدور۔ بساط۔ حوصلہ۔

بنیاد ڈالنا (ف) (۱) نیو رکھنا (۲) کام شروع کرنا۔ ابتدا کرنا۔

بنیاد نہ ہونا (ف) وجود نہ ہونا۔ اصلیت نہ ہونا۔ حقیقت نہ ہونا۔ جڑ نہ ہونا۔

بُنیان (بُن۔ یان) (ف) مذکر (۱) جسم کے ساتھ رہنے والا کپڑا۔ بنا ہوا کرتہ (۲) قمیص۔

بنیٹی (بنے۔ ٹی) } (ہ) مؤنث۔ ایک بانس جس
بنیٹھی (بنے۔ ٹھی) } کے دونوں سروں پر کپڑا لپٹا ہوتا ہے۔ اور اُسے آگ لگا کر سر اور بدن کے گرد پھراتے ہیں۔

بنیٹی یا بنیٹھی پھینکنا یا ہلانا (ہ) بنیٹی کی ورزش کرنا۔

بنینی (بن۔ ینی) (ہ) مؤنث۔ بنیے کی جورو۔

ب - و

بو (بُو) (ف) مؤنث (۱) باس۔ مہک (۲) بدبُو۔

بُو آنا (ف) (۱) باس آنا۔ مہک آنا (۲) بدبو آنا۔ سڑاند آنا (۳) شمیم آنا۔ خوش بو آنا۔ خوش بُو کا ظاہر ہونا۔

بُو پھوٹنا (ف) (۱) بو پھیلنا (۲) افشائے راز ہونا۔ طشت از بام ہونا۔ بھید کھلنا۔

بُوا (بُوا) (ہ) مؤنث (۱) خواہر۔ بہن۔ ہمشیرہ۔ آپا۔ (۲) باپ کی بہن۔ پھوپھی۔

بُوا بھسکو نے سلیقہ کیا۔ میاں کی پھار گھٹنے پر پیوند کیا (سیا) (ہ) مثل۔ اُس وقت بولتے ہیں۔ جب کوئی شخص اپنے خیال میں عقل مندی کا۔ لیکن اصل میں بیوقوفی کا کام کرے۔

بوار (بُو۔ آر) (ہ) مذکر۔ بونا۔ بونے کا موسم۔

بواسیر (بُوَا-سِیر) (ع) مؤنث۔ باسُور کی جمع (۱) پھنسیاں (۲) (اصطلاحاً) مقعد کی پھنسیاں۔ مسّے۔ اگر ان میں سے خون خارج ہوتا ہو تو خونی بواسیر۔ اور اگر خشک خارش یا درد ہو تو بادی یا بلغمی بواسیر کہتے ہیں۔

بوالعجب (بُل-عَجَب) (ع) (۱) بازی گر۔ شعبدہ باز (۲) انوکھا۔ عجیب شخص (۳) حیران۔ متحیر۔ (۴) احمق۔ بے وقوف (۵) اچنبھا پیدا کرنے والی شے۔ طرفہ معجون۔

بوالفضول (ع) بکواسی۔ یاوہ گو۔ وہ شخص جو بیٹھا باتیں بنایا کرے۔

بوالہوس (ع) (۱) بڑا لالچی۔ نہایت طامع۔ بہت حریص۔ (۲) نفسانی خواہشات کا بہت سخت حریص۔

بُوانا (بُوا-نا) (ہ) بیج ڈلوانا۔ کاشت کرانا۔ بوائی کرانا۔

بُوائی (بُوا-اِی) (ہ) مؤنث۔ بیج بونے کا موسم۔

بَوائی (بِوا-اِی) (ہ) مؤنث۔ وہ درز یا شگاف جو سردی یا خشکی کی وجہ سے پاؤں کی ایڑی میں ہو جاتا اور تکلیف دیتا ہے۔ بعض اوقات خون بھی بہنے لگتا ہے۔

بوائی پھٹنا (ہ) ایڑی کی درز یا شگاف کا پھٹ جانا۔

بُوباس (ہ) مؤنث (۱) جسم یا پھول کی خوشبو۔ (۲) سراغ۔ کھوج۔ پتہ۔ نشان (۳) انداز۔ طور۔ ڈھنگ۔ روش۔ عادت۔ سبھاؤ۔

بوبک (بُو-بَک) (ہ) مذکر (۱) بوڑھا۔ بڈھا (۲) پیر نابالغ (۳) احمق۔ بے وقوف۔

بُو بُو (بُو-بُو) (ہ) مؤنث بہن۔ خواہر۔ بُوا۔ ہمشیرہ (۲) وہ ذی عزت بوڑھی کنیز جس کی گود میں بچے نے پرورش پائی ہو۔

بوتا (بُو-تا) (ہ) مذکر۔ بل۔ طاقت۔ زور۔ مقدور۔ حیثیت۔

بوتا (بُو-تا) (ہ) (۱) درخت کا تنا (۲) نریلے یا حقے کی نالی۔

بوتا (بُو-تا) (ف) مذکر۔ اونٹ کا بچہ۔

بوتام (بُو-تام) (مہند) (انگ بٹن Button) مذکر۔ بٹن۔ گھنڈی۔ تکمہ۔

بوتل (بُو-تَل) (مہند) (انگ بوٹل Bottle) مؤنث۔ شیشہ۔ قرابہ۔ مینا۔

بوتہ (بُو-تہ) (ت) مذکر (۱) مٹی کا وہ برتن جس میں سونے چاندی کا کام ہو (۲) اونٹ کا بچہ۔ (۳) چھوٹا درخت۔

بوتیمار (بُو-تی-مار) (ف) مذکر۔ بگلا۔

بوٹ (بُوٹ) (انگ Boot) مذکر۔ انگریزی جوتا جس میں سارا پاؤں چھپ جائے۔

بوٹ (بوٹ) (انگ Boat) مؤنث۔ کشتی۔ مرکب آبی۔ چھوٹا جہاز۔ ڈونگا۔ ناؤ۔

بوٹا (بُو-ٹا) (ہ) مذکر۔ (۱) چھوٹا درخت۔ پودا۔ (۲) درخت کا جھاڑ (۳) گلکاری۔ جھاڑ۔ پھول پتی۔

بوٹا سا قد (ہ) چھوٹا اور خوب صورت قد۔

بوٹی (بُو-ٹی) (ہ) مؤنث (۱) جڑی۔ گھاس۔ پودا (۲) دوا (۳) بھنگ۔ سبزی (۴) چھوٹا پھول۔

بوٹی (بُو-ٹی) (ہ) مؤنث (۱) پارۂ گوشت۔ تکا۔ گوشت کا ٹکڑا (۲) (صفت) نہایت سرخ۔ لال۔

بوٹی بوٹی پھڑکنا (ہ) (عو) (۱) عضو عضو متحرک ہونا (۲) شوخ و شنگ۔ چنچل اور نہایت شریر ہونا۔

بوٹی توڑنا (ہ) (عو) (۱) زور سے چٹکی لینا (۲) تکا نوچنا۔

بوٹی چڑھنا (ہ) (عو) موٹا ہونا۔ فربہ ہونا۔ بدن پر گوشت چڑھنا۔

بوٹیاں (ہ) مؤنث۔ بُوٹی کی جمع۔

بوٹیاں (ہ) مؤنث۔ بوٹی کی جمع۔

بوٹیاں اُڑانا (ہ) (عو) (۱) بہت زیادہ مارنا۔ سخت سزا دینا (۲) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

بوٹیاں توڑنا۔ یا۔ کاٹنا۔ یا۔ نوچنا (ہ) (عو) (۱) جسمانی سزا دینا۔ گودنا۔ کٹنے دینا۔

بوٹیاں کھانا (ہ) (عو) (۱) صدمہ دینا۔ رنج دینا۔ ستانا (۲) فکر میں مبتلا ہونا (۳) گوشت کے پچے کھانا۔ گوشت کے تکے کھانا۔

بوجوت (بُو-جُوت) (ہ) مؤنث۔ بونا جوتنا۔

بوجھ (بُوجھ) (ہ) مؤنث (۱) فہم۔ سمجھ۔ دانش۔ فراست

(۲) عقل۔ تمیز۔ ادراک ۔

بوجھ (بُوجھ) (ہ) مذکر (۱) وزن۔ بار۔ حمل۔ بوجھا۔ (۲) گٹھڑی۔ ایک آدمی کے اٹھانے کا اندازہ (۳) پاسنگ (۴) فکر۔ خیال (۵) دقت۔ مشکل۔ (۶) قرضہ ۔

بوجھ اتارنا (ہ) (۱) چھٹکارا پانا۔ بری الذمہ ہونا۔ (۲) قرض ادا کرنا۔ بیباق کرنا (۳) بے پروائی سے کام کرنا (۴) کسی کے احسان کا بدلہ اتارنا ۔

بوجھ اٹھانا (ہ) (۱) بار سر پر رکھنا (۲) ذمہ لینا (۳) کام سنبھالنا (۴) بے فکر کرنا۔ سبکدوش کرنا۔ (۵) برداشت کرنا (۶) کسی کا احسان مند ہونا ۔

بوجھ بٹائی (ہ) مؤنث۔ اناج کا گٹھڑیوں میں باندھنا ۔

بُوجھ بجھوّل (ہ) مؤنث۔ پہیلیاں بوجھنے کا کھیل۔ چیستان بازی۔ پہیلیاں بوجھنا۔ ان کا جواب دینا اور جواب مانگنا ۔

بُوجھ کیا۔ چکی کا پاٹ (ہ) مثل۔ اس شخص کے متعلق کہتے ہیں۔ جو دعوئی علم وعقل کے باوجود سخت بے وقوف ہو ۔

بوجھل (ہ) (۱) بھاری۔ وزنی۔ سنگین (۲) لدا ہوا۔ گراں بار (۳) دولت مند۔ مال دار (۴) معزز۔ خاندانی ۔

بُوجھنا (ہ) (۱) سمجھنا۔ خیال کرنا (۲) جاننا۔ واقف ہونا (۳) پوچھنا۔ دریافت کرنا (۴) شمار کرنا۔ حساب لگانا (۸) شگون دیکھنا۔ فال نکالنا ۔

بُوچا (بُو۔ چا) (ہ) مذکر۔ کیکر کی چھال کا وہ برادہ جو ادھوڑی رنگنے کے بعد رہ جاتا ہے ۔

بُوچا (بُو۔ چا) (ہ) (۱) کن کٹا۔ گوش بریدہ۔ چھوٹے چھوٹے کانوں والا۔ بے کان کا (۲) بے غیرت۔ بے شرم۔ بے لحاظ ۔

بوچا سب سے اونچا (ہ) محاورہ۔ ڈینگیا۔ لاف زن جس نے کبھی کوئی کام تو نہ کیا ہو۔ مگر ڈینگ بہت مارے ۔

بُوچڑ (بُو۔ چڑ) ہند (انگ بچر Butcher) مذکر۔ قصاب۔ گوشت بیچنے والا۔ قصائی۔ خصوصاً گائے کا گوشت بیچنے والا ۔

بُوچھار۔ بوچھاڑ (بُو۔ چھار۔ بُو۔ چھاڑ) (ہ) مؤنث (۱) مینہ کا کثرت سے جھکے کے ساتھ پڑنا مینہ کا ہوا کے تھپیڑے سے ترچھا برسنا (۲) کثرت۔ زیادتی۔ بہتات ۔

بوچھاڑ پڑنا (ہ) کسی بات کا لگاتار ہونا۔ چاروں طرف سے اعتراض ہونا۔ تیر یا گولیوں وغیرہ کا کثرت سے پڑنا ۔

بُوچھاڑ کرنا (ہ) (۱) برا بھلا کہنا۔ دھکے دینا۔ گالی گلوچ دینا۔ پھٹکارنا (۲) بکثرت خرچ کرنا (۳) تتر بتر کرنا۔ (۴) برسانا (۵) اعتراض کرنا۔ معترض ہونا (۶) بکھیرنا۔ لٹانا (۷) باتوں کا تار باندھ دینا ۔

بوچھاڑی (ہ) مؤنث۔ وہ سائبان جو بوچھاڑ سے بچنے کے لئے مکان کے سامنے ڈالتے ہیں ۔

بُوچی (بُو۔ چی) (ہ) (۱) بن کانوں کی۔ کن کٹی (۲) زیور سے خالی کان والی۔ ننگے کان والی عورت۔ (۳) چھوٹے چھوٹے کانوں والی (۴) بے غیرت۔ بے شرم عورت۔ بے حیا عورت ۔

بُود (بُود) (ف) مؤنث (۱) وجود۔ قیام ہستی۔ ترجیح۔ (۲) تھا (بودن کی ماضی) ۔

بودا (بُو۔ دا) (ہ) (۱) تھڑدلا۔ بزدل۔ کم ہمت۔ نامرد۔ ڈرپوک (۲) لاغر۔ کمزور۔ دبلا۔ ضعیف ناتواں (۳) پھس پھسا۔ بے مزہ۔ گلا ہوا۔ فرسودہ۔ پرانا۔ کہنہ ۔

بودا کرنا (ہ) (۱) ہمت تڑوانا۔ کچا کرنا۔ ہٹانا۔ ہمت ہارنا (۲) ضعیف و ناتواں بنانا ۔

بُودار (ف) (۱) بسیلا۔ متعفن۔ سڑا ہندا (۲) مذکر۔ وہ کتا جو شکار کی بُو پر لپکے۔ بُو پر لگا ہوا شکاری جانور (۳) معطر۔ مہکا ہوا (۴) سگندھت ۔

بودلا (بُود۔ لا) (ہ) (۱) سیدھا سادہ۔ بھولا بھالا۔ معصوم (۲) احمق۔ بے وقوف (۳) مذکر۔ سادہ شخص۔ بھولا آدمی ۔

بُودم (ف) ماضی بودن سے میں تھا ۔

بودم بے دال (ف) (مذاقاً) بُوم۔ اُلّو ۔

بود و باش (ف) مؤنث۔ سکونت۔ قیام۔ مسکن۔ رہنا سہنا۔ ٹھکانا ۔

بُودھ۔ بُدھ (بُودھ۔ بُدھ) (ہ) مذکر (۱) معرفت۔ علم۔ گیان۔ سمجھ (۲) ایک مذہب کا نام جو کپل وستو کے راجہ کے اکلوتے بیٹے اور ولی عہد سلطنت گوتم نے قائم کیا۔ یہ سن عیسوی سے ۵۵ برس قبل پیدا ہوا ۔

بودہم پیشہ یا ہم پیشہ دشمن (ف) مثل۔ ایک ہی قسم کا کام کرنے والوں میں لاگ ہو جاتی ہے۔

بودی (بُو۔دِی) (ہ) بودا کی تانیث۔

بودی بات (ہ) مؤنث۔ اوچھی اور ہلکی بات۔ رتبے سے گری ہوئی بات۔

بُور (ہ) مؤنث (۱) (لغوی معنی) بافراط خیرات کرنا۔ (اصطلاحی) نچھاور۔ نثار۔ دکشنا (۲) بھوسی۔ چوکر (۳) خرابی۔ نقص۔

بُور کے لڈو (ہ) مذکر (۱) بھوسی میں کھانڈ ملا کر بنائے ہوئے خوب صورت لڈو (۲) دھوکا۔ چال بازی۔ دغا۔ فریب۔

بُور کے لڈو کھائے تو پچھتائے۔ اور نہ کھائے تو پچھتائے (ف) مثل۔ وہ کام جس کے کرنے پر افسوس اور نہ کرنے پر حسرت ہو۔

بَورا (بَو۔رَا) (ہ) دیوانہ۔ باؤلا۔ پاگل۔ سڑی۔ سودائی۔ مجنوں۔

بُورا (بُو۔رَا) (ہ) مؤنث (۱) شکرتری۔ شکر سفید۔ کھانڈ۔ چینی (۲) مذکر۔ برادہ۔ چورن۔ سفوف۔ پوڈر۔

بورا (بُو۔رَا) (ہ) مذکر۔ تھیلا۔ گون۔ پلّہ۔

بورانی (بُو۔رَا۔نِی) (ف) مؤنث۔ تلے ہوئے بینگن اور دہی سے ملا کر بنایا ہوا سالن۔ بینگن کا رایتہ۔

بُور بُور کرنا (ہ) (عو) ریزہ ریزہ کرنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

بورڈ (بُو۔رْڈ) (انگ Board) مذکر۔ (۱) مجلس۔ سبھا۔ انجمن۔ کمیٹی (۲) میز۔ تختہ۔ (۳) جہاز کی سطح (۴) موٹا کاغذ۔

بورڈ آف ٹریڈ (انگ Board of Trade) مذکر۔ تجارت کے متعلق پریوی کونسل کی خاص کمیٹی۔

بورڈ آف ڈائرکٹرز (انگ Board of Directors) مذکر۔ کسی بنک یا کمپنی کے مالکوں کی کمیٹی۔

بورڈ آف ریونیو (انگ Board of Revenue) مذکر۔ صیغۂ مال کے اعلیٰ افسر۔

بورڈر (بُو۔رْ۔ڈَر) (انگ Boarder) مذکر۔ روزانہ۔ ہفتہ وار یا ماہانہ خرچ خوراک اور کرایہ ادا کرنے والا۔ بورڈنگ ہاؤس یا ہوسٹل میں رہنے والا۔

بورڈنگ ہاؤس (بُو۔رْ۔ڈِنگ۔ہَاؤس) (انگ Boarding House) مذکر۔ سکولوں اور کالجوں کے لڑکوں کے رہنے کا مکان۔

بوری (بُو۔رِی) (ہ) مؤنث (۱) بھنے اور صاف کئے ہوئے جو (۲) باؤلی۔ پگلی۔ دیوانی۔

بوریا (بُو۔رِ۔یَا) (ف) مذکر۔ صف۔ چٹائی۔

بوریا بدھنا سنبھالنا (ہ) محاورہ۔ جگہ بدلنا۔ کوچ کرنا۔ چل دینا۔ کوچ کی تیاری کرنا۔

بوڑ سہاگن ہو (ہ) دعا (عو) صحیح۔ بوڑھ سہاگن ہو جس کا خاوند بڑھاپے تک زندہ رہے۔ بڑھاپے تک بوڑھی بنی رہے۔ مرتے وقت تک رانڈ نہ ہو۔

بوڑنا (بُو۔ڑْ۔نَا) (ہ) ڈبونا۔ غوطہ دینا۔ بھگونا۔ قلم میں سیاہی بھرنا۔

بُوڑھا (بُو۔ڑھَا) (ہ) بڑی عمر کا۔ کہن سال۔ ضعیف۔

بُوڑھا بالا برابر (ہ) مثل (۱) بوڑھے اور بچے کی عقل برابر ہوتی ہے (۲) بوڑھا اور بچہ دونوں کام کرنے میں برابر ہیں۔ دونوں ناقابل کار ہوتے ہیں۔ اوّل و آخر کے ساتھ ایک نسبت ہے۔

بُوڑھا بُونک (ہ) مذکر۔ بڑھاپے میں شوقینی۔ سج دھج اور جوانی کے انداز۔

بُوڑھا چونچلا جنازے کے ساتھ (ہ) مثل۔ مرتے دم تک ناز و انداز اور سج دھج سے باز نہ آنا طنزاً بولا جاتا ہے۔

بُوڑھا چونڈا (ہ) مذکر۔ محاورہ۔ بوڑھی عورت کے سفید بال۔ پیرانہ سال عورت۔

بُوڑھا خرانٹ (ہ) مذکر۔ ہوشیار۔ بوڑھا تجربہ کار بوڑھا۔ گرگ کہن۔

بُوڑھا طوطا (ہ) مذکر۔ بڑی عمر کا بے وقوف آدمی۔

بُوڑھا گھاگ (ہ) مذکر۔ جہاں دیدہ۔ چالاک۔ خرانٹ۔

بُوڑھی جروا (ہ) مؤنث۔ بڑی عمر کی زوجہ۔ سن رسیدہ عورت۔ بڈھی لگائی۔

بُوڑھی عید (ہ) مؤنث۔ رمضان کے پورے تیس روزوں کے بعد آنے والی عید۔

بوڑھی گھوڑی لال لگام (ہ) مثل۔ دیکھو بڈھی گھوڑی۔

بوڑھے طوطے بھی کہیں پڑھتے ہیں؟ بوڑھے طوطے کہیں نہیں پڑھتے (ف) سن رسیدہ آدمی علم حاصل نہیں کر سکتا۔ جس نے جوانی میں نہیں سیکھا۔ وہ بڑھاپے میں کچھ نہیں سیکھ سکتا۔

بوڑھے مُنہ مُہاسے (ہ) مثل۔ بڑھاپے میں جوانی کی باتیں۔

بوزا (بُو۔ زا) (ف) مذکر۔ ایک قسم کی شراب۔ جو
بوزہ (بُو۔ زہ) } اور چاول وغیرہ کے شیرے سے بنی ہوئی شراب۔ بیئر۔

بُوزنہ (بُوز۔ نہ) (ف) مذکر۔ بندر۔ میمون۔ ایک جنگلی جانور جس کی شکل آدمی سے ملتی جلتی ہے۔

بوستاں (بُو۔ ستاں) (ف) مذکر (۱) باغ۔ باغیچہ۔ (۲) مؤنث۔ شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ کی ایک مشہور منظوم کتاب۔

بوس وکنار (بُوس۔ و۔ کنار) (ف) مذکر۔ بوسہ بازی۔ چوما چاٹی۔ چومنا اور بغل میں لینا۔ محبت اور پیار کرنا۔

بوسہ (بُو۔ سہ) (ف) مذکر۔ چوما۔ مٹھی۔ پیار۔

بوسہ بازی (ف) مؤنث۔ چوما چاٹی۔ بوسے لینا دینا۔

بوسہ دینا (ف) (۱) چومنا (۲) تعظیم کرنا۔ عزت کرنا۔ عاجزی اور انکسار کرنا۔

بوسیدگی (بُو۔ سی۔ دگی) (ف) پرانا پن۔ کہنگی۔

بوسیدہ (بُو۔ سی۔ دہ) (ف) پھٹا پرانا۔ گلا سڑا۔ پھٹا ٹوٹا۔

بوغبند (بُوغ۔ بند) (ف) مذکر (۱) وہ دُہرا سیا ہوا کپڑا جس میں لحاف۔ توشک، یا گھوڑے کا زین وغیرہ باندھتے ہیں۔ تھیلا (۲) گٹھڑی باندھنے کا کپڑا (۳) گٹھڑی۔ بندھنا۔ بقچہ۔

بوغرا (بُوغ۔ را) (ت) مذکر۔ آٹے اور ابلے ہوئے گوشت سے بنایا ہوا کھانا جسے بغرا خاں نے ایجاد کیا تھا۔ قیمہ۔ کُنجی۔

بوغما نکالنا (ف) بھرکس نکالنا۔ مارتے مارتے پلپلا کر دینا۔ ٹھکائی کرنا۔ بہت مارنا۔

[illegible] (ف) مذکر (۱) گھوڑے کا ایک [illegible] آنا [illegible]

(۵) الابلا۔ بھوت۔ چڑیل (۶) بدشکل۔ بھدی صورت (۷) بھونڈی۔ بھدی۔ بے ڈھنگی (۸) بے ڈول فربہی۔ فالتو گوشت چڑھا ہوا پھپھس (۹) بے اصل۔ بے حقیقت۔ بے قدر چیز (۱۰) گلے کا بھوڑا۔

بوق (بُوق) (ع) مؤنث۔ بگل۔

بوقلموں (بُو۔ قلموں) (ف) رنگا رنگ۔ تعجب انگیز۔

بوقلمونی (ف) مؤنث۔ رنگا رنگی۔

بوک (بُوک) (ہ) مذکر (۱) مست اور جوان بکرا۔ (۲) بوڑھا بکرا۔

بوکھل (بُو۔ کھل) (ہ) گھبرایا ہوا۔ وحشی۔

بوکھلانا (بُوکھ۔ لا۔ نا) } (ہ) گھبرانا۔ بیقرار ہونا۔
بولانا (بُو۔ لا۔ نا) } بدحواس ہو جانا۔ حواس باختہ ہو جانا

بوگی (بُو۔ گی) (انگ Bogie) مؤنث (۱) ایک قسم کی ریل کی بڑی گاڑی (۲) ڈاٹن۔ ہوّا۔

بول (بُول) (ع) مذکر۔ پیشاب۔ موت۔

بول (بُول) (ہ) مذکر (۱) سخن۔ بات۔ قول۔ کلام۔ سکم (۲) بند۔ ٹیپ۔ فقرہ۔ استرہ (۳) طعن۔ تشنیع۔ طنز (۴) نام۔ شہرت۔ عزت۔ ہمت۔

بول اُٹھنا (ہ) (۱) بات چیت کرنے لگنا۔ کہ دینا۔ (۲) چیخ اٹھنا۔ پکارنے لگنا (۳) شکست کھانا۔ (۴) ہار مان جانا (۵) اپنی خوبی اور عمدگی کی خود گواہی دینا۔ جیسے تصویر کا بول اٹھنا (۶) شکست تسلیم کرنا۔ (۷) راضی ہونا (۸) چیں مان جانا۔

بول جانا (ہ) (۱) ہو چکنا۔ ختم ہونا۔ کمی پر آنا۔ تمام ہونا (۲) جواب دے دینا۔ عاجز آ جانا۔ مجبور ہو جانا (۳) ہار جانا۔ تھک جانا۔ پست ہو جانا (۴) چلا اٹھنا (۵) حواس باختہ ہو جانا (۶) بوسیدہ ہو جانا۔ پرانا ہو جانا۔ پھٹ جانا۔ دم نہ رہنا (۷) دیوالا نکل جانا۔ گھاٹا آنا (۸) برداشت نہ رہنا۔ سہار نہ سکنا۔ گنجائش نہ رہنا (۹) استقلال ہاتھ سے جاتا رہنا (۱۰) بُرا بھلا کہ جانا۔ سخت سست کہ جانا (۱۱) کوچ کر جانا۔

بولا چالی (بُو۔ لا۔ چا۔ لی) (ہ) مؤنث۔ بات چیت

گفت و شنید (۲) لڑائی جھگڑا (۳) دوستی - تعلق - ملاپ۔

بول بالا ہونا (ل) (۱) بات بڑی ہونا۔ بردل عزیز ہونا (۲) اقبال یاور ہونا - ترقی دولت وجاہ ہونا (۳) شہرت زیادہ ہونا۔ بہت نام ہونا۔ (۴) بن آنا - حسبِ مراد کام ہونا (۵) عزت و توقیر بڑھنا۔

بول سنانا (ف) باتیں سنانا۔ طعنے دینا۔ خفگی ظاہر کرنا۔

بول مارنا (ف) طعنے دینا۔ سُنی اَن سُنی کرنا۔

بولتا (بُو لْ - تا) (ف) مذکر (۱) نفس - سانس - دم - رُوح (۲) جی - دل - من (۳) (فقیروں کی اصطلاح میں) حُقّہ (۴) (صفت) خوب بولنے والا انسان (۵) بجتا بجاتا ہوا (۶) چہچہاتا۔

بول چال (ف) مؤنث (۱) گفتگو بات چیت - گفت و شنید - کہنا سُننا (۳) زبان - روز مرہ بولنے کا طریقہ (۴) اتحاد - میل ملاپ - صلح - موافقت (۵) تکرار - بحث۔

بول چال ہوجانا (ل) (۱) موافقت ہوجانا (۲) تکرار ہوجانا۔

بولنا (بُو لْ - نا) (ف) (۱) بات کرنا - گفتگو کرنا۔ آواز دینا - بجنا (۲) پرندوں کا خوش الحانی کرنا۔ چہچہانا (۳) (عو) ہم بستر ہونا - مباشرت کرنا۔ (۴) نیلام کی آواز لگانا (۵) بلانا - پکارنا (۶) بتانا - بتانا (۷) جواب دینا (۸) (ہندو - عو) منت ماننا۔

بولی (بُو - لی) (ف) مؤنث (۱) گفتگو - زبان - بھاشا (۲) آواز - چہچہانا (۳) طعن تشنیع (۴) بول - کلام (۵) نیلام میں قیمت کی آواز۔

بولی ٹھولی (ف) مؤنث - طعن تشنیع - آوازہ - تمسخر - مذاق۔

بولیاں (بُو - لیاں) (ف) مؤنث - بولی کی جمع۔

بولیاں بولنا (ف) (۱) اپنی اپنی آوازیں نکالنا۔ قسم قسم کی آواز نکالنا۔ اپنی اپنی رائے ظاہر کرنا (۲) طعنے مارنا - آوازے کسنا۔

بولیاں سُننا (ف) (عو) طعنے مہنے سننا - لعن طعن برداشت کرنا - بولیاں مارنا (ہندو عو) طعنے مارنا۔

بولے سو مارا جائے ، نہ بولتا نہ مارا جاتا (ف) مثل - اسی وقت بولتے ہیں جب کسی شخص کی بے موقع بات پر گرفت کی جاتی ہے۔

بُوم (بُوْم) (ف) مذکر (۱) اُلّو - چُغد - ایک منحوس اور ویرانہ پسند جانور جو دن کو آنکھیں بند رکھتا اور رات کو شکار کے لئے نکلا کرتا ہے (۲) زمین - دھرتی۔

بُوم خصلت (ف) ویرانہ پسند - منحوس۔

بَونا (بَو - نا) (ف) مذکر (۱) پستہ قد - ٹھگنا - نہایت چھوٹا (۲) پانچواں اوتار۔

بونا (بو - نا) (ف) تخم ریزی کرنا - بیج ڈالنا - بوائی کرنا۔

بُونٹ (بو - نٹ) (ف) مذکر (۱) چنے کا بوٹا - ہرا چنا - (۲) مضبوط گھوڑا۔

بُونٹ پلاؤ (ل) سبز چنے کا پلاؤ۔

بُوند (بُوْنْد) (ف) مؤنث (۱) قطرہ (۲) نطفہ (۳) ایک قسم کا کپڑا۔

بُوندا (بُوں - دا) (ف) مذکر (۱) چھوٹی کلی - کچی کلی۔ نئی کلی کم رس - بھٹا (۲) پوست کا ڈوڈا۔

بوندا باندی (ف) مؤنث - ترشح - تقاطر - تھوڑی بارش۔

بوند بوند تالاب بھرتا ہے (ل) مثل - تھوڑا تھوڑا جمع ہو کر بہت ہو جاتا ہے۔

بوند بھر (ف) ذرا سا - بہت کم - ایک قطرے کی مقدار - تھوڑا سا۔

بوند چُرانا (ف) (بازاری) حاملہ ہونا۔

بوندی (بُوں - دی) (ف) مؤنث (۱) راجستان میں ایک ریاست کا نام جس کی کناری مشہور ہے (۲) چھوٹی بوند - چھوٹا قطرہ (۳) ایک مٹھائی کا نام۔

بوندیں (ف) مؤنث - بوند کی جمع - چھینٹیں - قطرے۔

بونڈلا (بُوں نْڈ - لا) (ف) مذکر - بگولا۔

بونڈی (بُوں - ڈی) (ف) مؤنث (۱) جوار کی بالی۔ (۲) کھلنے کے قریب کلی۔

بونس (بُو - نَس) (انگ Bonus) مذکر - خاص انعام جو تنخواہ کے علاوہ دیا جائے۔

بَونگا (بُوں - گا) (ف) بے موقع اور بے محل بات کرنے والا - بیوقوف - احمق۔

بونگاہ (بُوں - گاہ) (ف) مذکر - بھس کا ڈھیر۔

بونگی (ف) بونگا کی تصغیر اور تانیث (۱) چھوٹا بونگاہ (۲) بے وقوف عورت - احمق عورت۔

بوئی (بُو - ئی) (ف) مؤنث - بیج بونے کا موسم۔

بوہایا (بُو۔ہا۔یا) (ھ) مذکر۔ آتشک کا بیمار۔

بوہرا (بُوہ۔رَا) (ھ) مذکر (۱) مہاجن۔ ساہوکار (۲) ایک تاجر قوم جو بمبئی اور گجرات میں زیادہ آباد ہے۔

بوہنی (بُوہ۔نی) (ھ) مؤنث۔ بِکری کی ابتدا۔ شروع پہل۔

بوئی (بُو۔ئی) (ھ) مؤنث (۱) ہوا۔ بُوبُو (بچوں کے ڈرانے کا فرضی نام) (۲) ایک جنگلی بوٹا جو اکثر جنگل میں رہنے والوں کے جلانے کے کام آتا ہے۔

بوٹیا (بُو۔ٹِیا) (ھ) مذکر۔ نہایت چھوٹی اور تنگ منہ کی ڈکری۔ پیٹھو۔

بوئینی (بُو۔ای۔نی) (ھ) مؤنث۔ بہت چھوٹا بوٹیا۔

بویام (بُو۔یام) (ھ) مذکر۔ مرتبان۔ مٹی کا قرابہ۔ بیالم۔

بویا نہ جوتا اللہ نے دیا پوتا (ھ) مثل۔ بے مشقت کام بن گیا۔

بوئیسیا (بُو۔ئے۔سِیا) (ھ) (۱) بکواسی۔ بکّی۔ بہت بولنے والا (۲) دیکھو بیسیا۔

ب - ہ

بِہ (بِہ) (ھ) بہنا کا امر۔

بِہ (بِہ) (ھ) مذکر۔ عورتوں کا ناک یا کان کا وہ چھید جس میں موتی یا زیور ڈالتی ہیں۔

بِہ (بِہ) (ف) بہتر۔ اچھا۔ عمدہ۔

بہا (بَہا) (ف) مذکر۔ مول۔ قیمت۔ دام

بھابی (بھا۔بی) (ھ) مؤنث۔ بھاوج۔ بھائی کی عورت۔

بھاپ (بھاپ) (ھ) مؤنث۔ بخارات۔ پسینہ۔ دھواں۔

بھات (بھات) (ھ) مذکر (۱) خالص پکے ہوئے چاول۔ خشکہ (۲) بہن کے یہاں کسی تقریب میں بھائی کی طرف سے جو سامان بطور امداد بہن کو بھیجا جاتا ہے۔

بھاٹ (بھاٹ) (ھ) مذکر (۱) ہر ایک کی تعریف کرنے کے باعث ہر ایک کو بھانے والا۔ خوشامدی (۲) تعریف کرنے والا۔ کبت بنانے یا سنانے والا۔ (۳) برہمن جن کا کام شجرۂ خاندان یاد رکھنا اور بیاہ شادی وغیرہ کے موقعوں پر ظاہر کرنا ہوتا ہے۔

بھاٹا (بھا۔ٹا) (ھ) مذکر (۱) تنزل۔ اتار۔ جزر۔ گھٹنا۔

کمی پر ہونا۔ دریا۔ سمندر اور آتش فشاں پہاڑ سے متعلق اکثر استعمال کیا جاتا ہے (۲) پتھر۔ روڑا (۳) بینگن۔

بھاجڑ (بھا۔جَڑ) (ھ) (۱) سامان۔ اسباب۔ اثاثہ۔ (۲) پریشانی۔ حیرانی۔

بھاجی (بھا۔جی) (ھ) مؤنث (۱) حصّہ۔ بخرہ (۲) پکی ہوئی ترکاری۔ ساگ۔ سالن۔

بھاجی کی بھاجی۔ کیا دوسرے کی محتاجی (ھ) مثل۔ احسان کے بدلے احسان کر دینا چاہیے دوسرے کا احسان اپنے سر پر نہیں رکھنا چاہیے۔

بہادر (بَہا۔دُر) (ف) (۱) جوانمرد۔ شجاع۔ جنگی۔ سورما (۲) دلیر۔ نڈر۔

بہادری (ف) مؤنث۔ جرأت۔ دلیری۔ شجاعت جوانمردی۔ بے خوفی۔

بھادوں (بھا۔دُوں) (ھ) مذکر۔ ہندی سال کا پانچواں مہینہ۔

بھادوں سے بچے تو پھر ملینگے (ھ) مثل۔ چونکہ بھادوں کے مہینے میں اکثر ہیضے کی بیماری ہو جاتی ہے۔ اور مرطوب بخارات سے انفلوئنزا وغیرہ امراض بھی بکثرت ہو جاتے ہیں۔ اس لئے اس مہینے کو سخت سمجھ کر مثل ہو گئی کہ بھادوں میں زندہ رہ گئے تو پھر ملیں گے۔

بھادوں کی بھرن (ھ) مؤنث۔ بھادوں کے مہینے کی بارش۔

بھار (بھار) (ھ) مذکر (۱) وزن۔ بوجھ (۲) ناگوار۔ اجیرن۔

بہار (بَہار) (ف) مؤنث (۱) پھول کھلنے کا موسم بسنت رُت۔ موسم ربیع (۲) نارنج کا پھول۔ کھٹے کا پھول (۳) لطف۔ کیفیت۔ مزہ۔ رونق۔ جوبن (۴) خوشی۔ موج۔ لہر (۵) شباب۔ آغاز جوانی۔ (۶) سرسبزی۔ شادمانی۔ تر و تازگی (۷) سیر۔ تماشا۔ دل لگی۔ تفریح (۸) آنند۔ سرور (۹) نشہ کا چڑھاؤ۔

بہار پر آنا (ل) (۱) جوبن پر آنا۔ جوان ہونا (۲) پھولوں کا کھلنا۔

بہار لوٹنا (ل) (۱) عیش کرنا۔ مزے اڑانا (۲) تماشا دیکھنا۔ سیر کرنا (۳) تباہ و برباد کرنا۔ کسی رونق دار اور آباد جگہ کو بے رونق کرنا۔

بھارت (بھا-رَت) (س) مذکر (۱) ہندوستان۔ (۲) مؤنث۔ دیکھو مہابھارت۔

بھارت ماتا (س) مؤنث۔ ہندوستان۔ مادرِ وطن۔

بھارکس (بھار-کَش) (ہ) مذکر (صحیح بارکش ہے) (۱) چھکڑا۔ بوجھ لادنے کی گاڑی (۲) وہ تسمہ جو گھوڑی یا بیل کے پیٹ پر لپٹا رہتا ہے۔ جوت۔

بُھارَن (بُھا-رَن) (ہ) مذکر۔ جھاڑن۔ جھاڑنے کا کپڑا۔

بُھارنا (بُھار-نا) (ہ) جھاڑ دینا۔

بُھارو (بُھا-رُو) } (ہ) مؤنث۔ جھاڑو۔
بُھاری (بُھا-رِی) } جاروب

بھاری (ہ) (۱) وزنی۔ بوجھل (۲) دوبھر۔ ناگوار (۳) منحوس۔ وبالِ جان (۴) آسیب زدہ (۵) وہ چیز جس پر بہت سا کلا بتونی کام کیا ہوا ہو۔ بیش قیمت (۶) بہت۔ کثیر (۷) طویل۔ لمبا (۸) دولت مند۔ مالدار (۹) خوفناک۔ خطرناک (۱۰) غالب۔ زبر (۱۱) سخت۔ مشکل۔ کٹھن (۱۲) سخت۔ مضبوط (۱۳) بڑا۔ کلاں۔ ضخیم۔

بھاری بھرکم (ہ) (۱) متحمل۔ بُرد بار (۲) سنجیدہ۔ متین (۳) فربہ تن۔ موٹا (۴) عزت دار۔ معزز (۵) شریف۔ بھلا مانس (۶) بھرم والا۔ امتیازی۔

بھاری پتھر (ہ) (۱) وزنی پتھر۔ بوجھل چیز (۲) (عو) بن بیاہی بیٹی (۳) قابو سے باہر۔

بھاری پتھر چوم کر چھوڑ دینا (ہ) محاورہ۔ مشکل کام سے باز رہنا۔ مشکل کام دیکھ کر چھوڑ دینا۔

بھاری ہونا (ہ) (۱) وزنی ہونا۔ بوجھل ہونا (۲) سخت ہونا۔ مشکل ہونا (۳) غالب ہونا (۴) نامبارک ہونا۔ منحوس ہونا۔ جیسے آج کی رات بھاری ہے (۵) جن و پری کا گزر ہونا۔

بھاڑ (بھاڑ) مذکر۔ بھٹی۔ تنور۔ گلخن۔

بھاڑ جھونکنا (ہ) (۱) بھاڑ میں پتے وغیرہ کوڑا ڈالتے رہنا (۲) ذلیل و خوار ہونا (۳) بے ہنرا رہنا۔ کوئی فن۔ کوئی ہنر۔ کوئی کام نہ جاننا۔

بھاڑ میں پڑے (یا) جائے (ہ) دعائے بد۔ (عو) آگ لگے۔ ہمارے کس مطلب کا۔

بھاڑ میں پڑے وہ سونا جس سے ٹوٹیں کان (ہ) مثل۔ دیکھو بھٹ پڑے ۔۔۔۔

بھاڑ میں جھونکنا (ہ) (۱) جلانا۔ چولھے میں ڈالنا۔ (۲) پھینکنا۔ ضائع کرنا۔ (۳) خراب و برباد کرنا۔ لٹانا۔ اڑانا۔ بیکار اور بےمصرف خرچ کرنا۔

بھاڑا (بھا-ڑا) (ہ) مذکر۔ کرایہ۔ محصول۔ اجرت۔

بھاڑے کا ٹٹو (ہ) مذکر (۱) کرایہ کا گھوڑا۔ لدو گھوڑا (۲) بودا۔ ناپائدار (۳) علتی۔ عادی (۴) وہ چیز جس کی ہمیشہ مرمت ہوتی رہے (۵) وہ آدمی جو روپیہ کا خوگر ہو۔

بھاشا (بھا-شا) (س) مؤنث (۱) زبان۔ بولی۔ (۲) روزمرہ کی گفتگو۔

بھاکا (بھا-کا) } (ہ) مؤنث۔ دیکھو بھاشا
بھاکھا (بھا-کھا) }

بہاگ (بہا-گ) (ہ) مذکر۔ راگنی کا نام۔ گیت کی قسم۔

بھاگ (بھاگ) (ہ) مذکر (۱) حصہ۔ ٹکڑا۔ بخرا۔ بھاجی۔ بانٹا (۲) قسمت۔ نصیب۔ تقدیر۔ مقدر (۳) ورہ (۴) محصول (۵) تقسیم (۶) اقبال۔ خوش نصیبی۔

بھاگ بھری (ہ) مؤنث (عو) (۱) نیک نصیب۔ خوش قسمت۔ اچھی تقدیر والی (۲) دولت مند۔ مال دار۔ وصفی (۳) سعادت مند۔ شریف۔ بھلی مانس (۴) صاحبِ اولاد۔ دودھ پوت والی۔ بال بچوں والی (۵) طنزاً۔ بد نصیب۔ بدقسمت۔ بُری تقدیر والی۔

بھاگ پھوٹنا (ہ) ہندو (عو) قسمت بگڑ جانا۔ تقدیر لوٹ جانا۔ نصیب پلٹ جانا۔

بھاگ جاگنا۔ بھاگ کھلنا۔ بھاگ لگنا (ہ) (۱) نصیب کھلنا۔ اقبال چمکنا (۲) مراد بر آنا۔ (۳) دولت مند ہونا۔ مال دار ہونا (۴) عزت پانا۔

بھاگ (بھاگ) (ہ) بھاگنا کا امر۔

بھاگا بھاگ (ہ) دوڑا دوڑ۔ رواں دواں۔ دوڑتا ہوا۔

بھاگتے بھوت (چور) کی لنگوٹی ہی سہی (ہ) مثل۔ مفلس مقروض سے تھوڑا ہی وصول ہو جانا غنیمت ہے۔ کھوئی ہوئی چیز سے جو کچھ مل جائے اچھا

سے ہے۔ کنجوس سے تھوڑی خیرات کا ہونا بہت ہے۔

بھاگتے کے آگے مارنے کے پیچھے (ہ) (ہ) مثل۔ طنزیہ بزدل۔ نامرد کی تعریف۔

بھاگ جانا (ہ) (۱) فرار ہو جانا۔ چلا جانا (۲) پیٹھ دکھا جانا (۳) ہمت ہار دینا۔ شکست کھانا۔ (۵) کام چھوڑ دینا (۶) بے وفائی کرنا۔ حسب اقرار وعدے کا پورا نہ کرنا۔ نباہ نہ کرنا (۷) تیزی سے جانا۔

بھاگڑ (ہ) مؤنث (۱) گھبراہٹ۔ اضطراب۔ ہلچل۔ (۲) بھاگنے کی جگہ (۳) بھاگ دوڑ (۴) بے سر و سامانی کے ساتھ بھاگنا۔ بے ترتیبی اور بدانتظامی سے بھاگنا (۵) شکست۔ ہار۔

بھاگل پوری (بھا۔گَل۔پُو۔رِی) (۱) بھاگل پور کا کپڑا (۲) بھاگل پور کا باشندہ (۳) بھاگل پور سے تعلق رکھنے والا

بھاگم بھاگ (ہ) دیکھو بھاگا بھاگ۔

بھاگنا (ہ) (۱) دوڑنا۔ فرار ہونا (۲) پیٹھ دکھانا۔ (۳) پرہیز کرنا۔ کنارہ کرنا (۴) چھوڑنا۔ نباہ نہ کرنا۔ بیوفائی کرنا۔

بھاگوان (بھا۔گ۔وَان) (ہ) (۱) اقبال مند۔ صاحب نصیب۔ خوش قسمت (۲) دولت مند۔ مال دار (۳) کریم۔ سخی۔ فیاض (۴) سعادت مند۔ شریف۔ بھلا مانس (۵) صاحب اولاد۔ دودھ پوت والی یا والا (۶) طنزاً۔ بدنصیب۔ بد قسمت۔

بھال (بھَال) (ہ) مؤنث (۱) برچھی کا پھل۔ انی۔ تیر کی نوک۔ سنگین کی نوک (۲) تلاش۔ ڈھونڈ۔ بطور تفتیش۔ جیسے دیکھ بھال۔

بھالا (بھا۔لا) (ہ) مذکر۔ برچھا۔ نیزہ۔

بھالو (بھا۔لو) (ہ) مذکر۔ ریچھ۔ خرس۔

بھان (بھَان) (ہ) مؤنث۔ صبح۔ تڑکا۔

بھان (بھَان) (ہ) مذکر (۱) سورج۔ مہر۔ شمس۔ خورشید۔ آفتاب (۲) کرن۔ شعاع۔ روشنی۔ اجالا۔ چمک۔ نور (۳) مؤنث۔ ریزہ۔ خردہ۔ ٹکڑا۔ ریزگاری۔

بھانا (بھا۔نا) (ہ) (۱) پسند آنا۔ بھلا لگنا۔ گوارا ہونا۔ (۲) راس آنا۔ مزاج کے موافق ہونا۔ موافق پڑنا۔

بہانا (بہا۔نا) (ہ) (۱) پانی گرانا (۲) پانی میں بہانا۔ پانی میں ڈالنا (۳) ضائع کرنا (۴) سستا بیچنا۔ تھوڑی قیمت پر دینا۔ ارزاں فروخت کرنا۔ کوڑیوں کے مول دینا۔

بھانپ (بھَانپ) (ہ) بھانپنا کا امر۔

بھانپنا (ہ) (۱) پہچاننا (۲) تاڑنا۔ خیال میں رکھنا۔ جانچنا (۳) غور سے دیکھنا۔ دھیان لگانا۔

بھانپو (ہ) مذکر۔ بھانپنے والا۔ جانچنے والا۔ تاڑو۔ تاڑنے والا۔ نگاہ میں رکھنے والا۔

بھانت (بھَانت) (ہ) مؤنث (۱) قسم۔ طرح (۲) انداز۔ طور۔ طریق۔ رنگ ڈھنگ۔ وضع قطع۔

بھانت بھانت کا (ہ) طرح طرح کا۔ قسم قسم کا۔ وضع وضع کا۔

بھانج (بھَانج) (ہ) مؤنث۔ کمی جو روپیہ بھناتے وقت دینی پڑے۔

بھانجا (بھَان۔جا) (ہ) مذکر۔ بہن کا بیٹا۔ خواہر زادہ۔ ہمشیرہ زادہ۔

بھانجی (ہ) مؤنث۔ بہن کی بیٹی۔ خواہر زادی۔ ہمشیرہ زادی۔

بھانجی (بھَاں۔جی) (ہ) مؤنث (۱) روک۔ آڑ۔ اٹکاؤ۔ مزاحمت (۲) برائی۔ نقص۔ خلل۔ (۳) چغلی۔

بھانجی خور (ا) مذکر۔ کسی کی بھلائی میں رخنہ ڈالنے والا۔ چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانے والا۔ خلل انداز۔ چغل خو۔

بھانجی مارنا (ہ) (۱) رخنہ ڈالنا۔ خلل انداز ہونا۔ (۲) چغلی کھانا۔ خرابی ڈالنا۔

بھانڈ (بھَانڈ) (ہ) مذکر (۱) نقال۔ مسخرا (۲) پیٹ کا ہلکا (۳) جھوٹی تعریف یا برائی کرنے والا۔ راز فاش کرنے والا۔ بھانڈا پھوڑنے والا۔

بھانڈا (بھَاں۔ڈا) (ہ) مذکر (۱) مٹی کا بڑا برتن۔ مٹکا (۲) بھید۔ راز۔ پوشیدہ بات۔

بھانڈا پھوڑنا (ہ) (۱) راز فاش کرنا۔ خفیہ بات کا اظہار کرنا۔ بھید کھولنا (۲) نقص کا اظہار کرنا۔ عیب کا کھولنا۔

بھانڈ ڈوبتا ہے۔ لوگ کہتے ہیں (تماشا ہے)

گاتا ہے (ہ) مثل۔ دُوسرے کی مصیبت اور بربادی کو کھیل سمجھتے ہیں ۔

.بھان متی (بھان۔ مَتی) (ہ) مذکر (۱) مداری شعبدہ باز (۲) دھوکا باز۔ فریبی ۔

.بھانْنا (بھان۔ نا) (ہ) (۱) مروڑنا۔ بل دینا۔ جیسے رسّا بھانْنا (۲) خراد پر چڑھانا (۳) گھمانا۔ پھیرنا۔ جیسے تسبیح بھانْنا۔ بار بار پڑھنا۔ رٹنا ۔

.بھانور۔ بھانوری (بھاں۔ وَر۔ بھاں۔ وَری) (ہ) مؤنث۔ گردش ۔

.بھانوری پھرنا (ہ) (۱) قربان ہونا۔ گرد پھرنا۔ (۲) ہندوؤں کے ہاں دولہا دلھن کا ساتھ ساتھ آگ کے گرد طواف کرنا ۔

.بھانوی (بھاں۔ وِی) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی روئی ۔

.بھانویں (بھاں۔ وِیں) (ہ) (حرف) (۱) اگر (۲) خیال۔ توجہ (۳) خبر (۴) خواہ ۔

.بہانہ (بَہا۔ نَہ) (ف) مذکر (۱) حیلہ۔ عذر۔ ٹالنا۔ (۲) دھوکا۔ دم۔ جھانسا۔ چھل۔ فریب۔ مکر (۳) ظاہر داری (۴) سبب۔ ذریعہ۔ وجہ۔ وسیلہ (۵) موقع۔ ڈھب۔ قابو۔ داؤں۔ پیچ۔ جیسے پچھاڑنے کا بہانہ ڈھونڈتا ہے ۔

.بہانہ جوئی (ف) مؤنث
بہانہ ڈھونڈنا (ا) } موقع تلاش کرنا۔ حیلہ ڈھونڈنا۔ عذر تلاش کرنا ۔

.بہانہ خور (ف) مذکر۔ لپیٹ باز۔ مکّار ۔

.بھاوج (بھا۔ وَج) (ہ) مؤنث۔ بھائی کی جورو۔ بھابی ۔

.بھاویں (ہ) "دیکھو بھانویں" ۔

.بہائم (بَہا۔ اِم) (ع) مذکر۔ بہیمہ کی جمع۔ چوپائے۔ حیوان۔ مویشی ۔

.بہاؤ (بَہا۔ اَو) (ہ) مذکر (۱) ڈھلاؤ۔ روانی (۲) چڑھاؤ۔ طغیانی ۔

.بھاؤ (بھا۔ اَو) (ہ) مذکر (۱) حالت۔ کیفیت۔ رُوپ۔ رنگ۔ ڈھنگ۔ طور۔ طریق (۲) مول۔ قیمت۔ دام۔ نرخ (۳) شرح (۴) سمجھ۔ مت (۵) عادت (۶) محبت۔ اُلفت (۷) نخرہ۔ ناز و انداز (۸) مروّت۔ خاطر تواضع ۔

.بھاؤ بتانا (ا) (۱) حالت ظاہر کرنا (۲) اشارے کنائے (۳) ناچ کے انداز ۔

.بھاؤ تاؤ (ا) مذکر (۱) نرخ۔ قیمت (۲) کیفیت۔ حالت ۔

.بھاؤ تیز ہونا (ہ) مہنگا ہونا۔ دام چڑھنا۔ قیمت گراں ہونا ۔

.بھاؤ نکالنا (ہ) قیمت ٹھہرانا۔ نرخ مقرّر کرنا ۔

.بہالی (بَہا۔ لِی) (ہ) مؤنث (۱) بچوں کو نیند میں ہنسانے رُلانے والی روح (۲) وہ خواب جسے دیکھ کر بچے سوتے میں ہنسنے یا رونے لگتے ہیں (۳) مذکر۔ (ہندو) ایک گیت جو بچہ پیدا ہونے پر گایا جاتا ہے ۔

.بھائی (بھا۔ اِی) (ہ) مذکر (۱) برادر۔ اخ (۲) رفیق۔ دوست۔ ساتھی (۳) برادری ۔

.بھائی بند (ا) مذکر۔ برادر۔ ہم قوم۔ رشتہ دار۔ عزیز۔ اقارب

.بھائی بندی مؤنث
.بھائی چارا۔ مذکر } (ا) (۱) برادری۔ یگانگت۔ پکّی دوستی۔ (۲) حسبی نسبی۔ رشتہ برادری (۳) لین دین۔ شادی غمی میں شرکت ۔

.بھائی تو کھائی۔ نہیں چھینکے پہ دھر اُٹھائی۔ (ہ) مثل۔ دل چاہا کیا۔ نہ دل چاہا نہ کیا ۔

.بھائی جیسا دوست نہیں۔ بھائی جیسا دشمن نہیں (ا) مثل۔ بھائی دوستی کرے تو سب سے بڑھ کر کرتا ہے اور دشمنی کرے تو بھی سب سے بڑھ کر ۔

.بھائیں (بھا۔ اِیں) (ہ) خوفناک۔ بھیانک ۔

.بھائیں بھائیں (ہ) مؤنث۔ بھیڑیے کی آواز ۔

.بھائیں بھائیں کرنا (ہ) (عو) کسی جگہ یا مکان کا غیر آباد ہونے کے باعث خوفناک معلوم ہونا ۔

.بھبک (بھَبَک) (ہ) مؤنث (۱) شعلے کی بھڑک (۲) جلن۔ شعلہ (۳) تیز بدبُو۔ تیز سڑاند۔ تعفّن ۔

.بھبکا (بھَب۔ کا) (ہ) مذکر (۱) عرق کھینچنے کا ظرف۔ (۲) بُو۔ شعلہ (۳) تعفّن۔ سڑاند۔ بدبو (۴) غرّانا۔ غصّے ہونا ۔

.بھبکنا (ہ) (۱) گرم ہونا۔ تیز ہونا۔ غصّے ہونا۔ بگڑنا۔ لال پیلا ہونا (۲) شعلہ اٹھنا۔ آگ لگنا۔ جلنا ۔

.بھبکی (ہ) مؤنث۔ دھمکی۔ گھُرکی۔ ڈراوا۔ تخویف۔ (۲) بھبکا کی تصغیر و تانیث ۔

.بھبکیاں دینا (ہ) دھمکانا۔ ڈرانا۔ خوف دلانا ۔

.بھبکی میں آنا (ہ) دھمکی میں آجانا۔ ڈر جانا ۔

بھبوت (بَھبُوت) (ھ) مذکر و مؤنث۔ وہ راکھ جو جوگی یا سنیاسی لوگ بدن پر ملتے ہیں ⁂

بھبوت رمانا (یا) ملنا (ھ) (۱) ہندو فقیروں کا بدن پر راکھ ملنا (۲) فقیر ہونا۔ بیراگ ہونا۔ ایک جگہ بیٹھ جانا۔

بہبود (بِہ۔بُود) (ف) مؤنث (۱) بہتری۔ نفع۔ فائدہ۔ بھلائی۔ خیریت۔ عافیت (۲) خوش اقبالی۔ فراغ بالی (۳) ترقی۔ افزونی۔ بیشی۔ بہتات ⁂

بھبوکا (بَھبُو۔کا) (ھ) مذکر (۱) شعلہ۔ شرارہ۔ آگ لپٹ۔ انگارہ (۲) (صفت) حسین۔ صبیح۔ خوش رنگ۔ خوب صورت۔ سرخ سفید (۳) روشن چمک دار۔ گرم۔ دہکتا ہوا (۵) غضب ناک۔ لال پیلا۔

بھبوکا بننا (ھ) (۱) غصّے ہونا۔ غضب ناک ہونا۔ آگ بگولا ہونا (۲) سرخ کپڑے پہننا

بھبوکے اُٹھنا (ھ) (عو) (۱) شعلے اٹھنا۔ آگ لگنا (۲) جلنا (۳) حسد کرنا ⁂

بھبّھا (بھبّھہ۔بھا) (ھ) مذکر۔ خود را۔ وہ شخص جو نہ آپ ہی سوچے نہ کسی کی صلاح مانے ⁂

بھپارا (بَھپا۔را) (ھ) مذکر (۱) جوش کی ہوئی دوا۔ (۲) دم۔ فریب۔ جھوٹ (۳) بھاپ (۴) اُبال (۵) دھونی۔

بھپارا دینا (ھ) (۱) بھاپ دینا۔ سینک دینا۔ (۲) دم دینا۔ فریب دینا ⁂

بھپک (ھ) دیکھو بھبک ..

بھپکا (ھ) دیکھو بھبکا ⁂

بھپکنا (ھ) دیکھو بھبکنا.

بھپکی (ھ) دیکھو بھبکی.

بھپوری (بَھپُو۔ری) (ھ) مؤنث۔ ایک قسم کی منگیچی (مونگ کی پکوڑی) ⁂

بہت (بَہُت) (ھ) (۱) زیادہ۔ نہایت کثیر۔ بے حد۔ بہ افراط۔ فراواں (۲) وافی۔ کافی۔ بس۔ (۳) بڑا۔ وسیع (۴) ذوہ ڈھیر۔

بہت اچھا (ھ) (۱) خیر کیا مضایقہ ہے۔ کیا ڈر ہے (۲) زیادہ بہتر۔ بہت مناسب (۳) تسلیم۔ ماننا۔ اقرار کرنا۔

بہت دور رہو (ھ) (۱) دُور کی سوچتے ہو۔ (۲) نہایت دُور دراز فاصلے پر ہو (۳) تمہاری عقل بھی وہاں نہیں پہنچ سکتی ⁂

بہت نکٹوں میں ایک ناک والا نکّو (ھ) مثل۔ بہت عیب والوں میں ایک بے عیب عیب والا سمجھا جاتا ہے ⁂

بہت ہے (ھ) محاورہ (۱) برکت ہے۔ (۲) نہیں ہے ⁂

بہتا (بَہ۔تا) (ھ) (۱) بہنا کی ماضی مشترک یا تمنائی (۲) جاری۔ بہتا ہوا۔ تیرتا ہوا (۳) جاتا ہوا۔

بہتا ہوا جوڑا (ھ) محاورہ۔ جلد جلد انڈے دینے والا کبوتروں کا جوڑا۔

بھتّا (بَھت۔تا) (ھ) مذکر (۱) اُبلے ہوئے چاول خشکہ (۲) خوراک۔ سفر خرچ (۳) الاؤنس۔ زائد تنخواہ ⁂

بُہتات (بُہ۔تات) (ھ) مذکر۔ کثرت۔ زیادتی۔ افراط۔ افزونی۔

بھتار (بھتّار) (ھ) مذکر (عوام۔عو) شوہر۔

بُہتان (بُہ۔تان) (ع) مذکر (۱) تہمت۔ الزام (۲) عیب۔ بدنامی ⁂

بہتان جوڑنا۔ یا۔ دھرنا۔ یا۔ دینا۔ یا۔ رکھنا۔ یا۔ لگانا (ھ) (عو) الزام لگانا۔ عیب دھرنا۔

بہتّر (بَہت۔تَر) (ھ) (۱) ستّر اور دو۔ ۷۲۔ (۲) کثرت ⁂

بہتر (بِہ۔تَر) (ف) (۱) اچھا۔ خوب (۲) بہت اچھا۔ اعلیٰ۔ افضل (۳) ماننا۔ تسلیم کرنا ⁂

بہتری (ف) مؤنث۔ بھلائی۔ نیکی۔ خوبی۔ فائدہ۔ (۲) فضیلت۔ بڑائی۔ بزرگی.

بہترین (بِہ۔تَرین) (ف) سب سے اچھا ⁂

بھت کلھیا (بھَت۔کُلھ۔یا) (ھ) مؤنث چھوٹی ہانڈیوں میں چھوٹی لڑکیوں کی پکائی ہوئی چیزیں ہنڈکلھیا ⁂

بُھتنا (بُھت۔نا) (ھ) مذکر (۱) ناپاک روح۔ پلید۔ خبیث۔ پریت (۲) بدصورت۔ مٹی وغیرہ میں لتھڑا ہوا جسم ⁂

بھتنی (ھ) مؤنث (۱) چڑیل۔ بلا (۲) بدصورت عورت ⁂

بھتیجے کی چڈھی (ھ) مؤنث۔ لڑکوں کا ایک کھیل۔

بھتی۔ (بھت۔ تی) (ھ) مؤنث۔ کسی کے مرنے پر عزیز قریب کے گھر سے آیا ہوا کھانا۔ حلوا۔ چاول وغیرہ اتی کھانا۔ سوگ بھوک۔ حاضری۔

بھتی پکاؤں۔ (ھ) محاورہ (عو) تجھے روؤں پیٹوں۔ تیرا ماتم کروں۔ تو مر جائے۔ تیرے ماتم کا کھانا پکاؤں۔

بھتیجا (بھتی۔ جا) (ھ) مذکر۔ بھائی کا بیٹا۔ برادر زادہ۔

بھتیجی (ھ) مؤنث۔ بھائی کی بیٹی۔ برادر زادی۔

بہتے دریا۔ یا۔ بہتی گنگا میں ہاتھ دھونا (ھ) فیاضی سے فائدہ اٹھانا۔

بھتیرا (بہ۔ تے۔ را) (ھ) زیادہ۔ بہت۔ کافی۔ بس۔

بھٹ (بھٹ) (ھ) مذکر (۱) غار۔ کھوہ (۲) سانپ۔ کا بل (۳) برہمنوں کا ایک فرقہ۔ (۴) چولھے کی جلی ہوئی سرخ مٹی۔

بھٹ پڑے وہ سونا جس سے ٹوٹیں کان (مثل) ایسا سونا چولھے میں جلے۔ جس سے کان ٹوٹتے ہوں۔ سنگار اتنا ہی زیبا ہوتا ہے جو تکلیف کا موجب نہ ہو۔

بھٹا (بھٹ۔ ٹا) (ھ) مذکر (۱) اینٹ چونہ وغیرہ پکانے کی بھٹی۔ آوا۔ پزاوہ (۲) بڑا چولھا۔ تنور۔ بھاڑ۔

بھٹا (بھٹ۔ ٹا) (ھ) مذکر۔ مکئی کی بال۔ بٹلا۔

بھٹاچارج (بھٹ۔ ٹا۔ چا۔ رج) (ھ) مذکر (۱) بہت بڑا عالم (۲) قنوجی اور بنگالی برہمنوں کا لقب۔

بھٹا سا اڑانا (ھ) ایک ہی ضرب میں صفائی کے ساتھ کسی چیز کا کاٹ دینا۔

بھٹک (بھٹک) (ھ) مؤنث۔ (۱) گمراہی آوارگی۔ (۲) صفت۔ جلد۔ فوراً۔

بھٹکا پھرنا (ھ) ڈانواں ڈول پھرنا۔ آوارہ پھرنا۔

بھٹکتے پھرنا (ھ) (۱) حیران و سرگردان پھرنا (۲) جستجو کرنا۔ تلاش کرنا (۳) بھولا بھٹکا پھرنا۔ گم ہونا۔ بھول جانا۔

بھٹ کٹیا۔ بھٹ کٹائی (ھ) مؤنث۔ ایک خاردار بوٹی۔

بھٹکنا (ھ) (۱) گمراہ ہونا۔ راہ بھول جانا۔ (۲) سرگشتہ ہونا۔ آوارہ پھرنا (۳) کسی کو ڈھونڈنا کسی کی تلاش میں سفر کرنا۔ گم ہو جانا۔ (۴) بے چین و مضطرب ہونا۔ بیقرار ہونا۔

بھٹنا (بھٹ۔ نا)
بھٹ جانا (بھٹ۔ جانا) } (ھ) کسی چیز پر زنگ یا میل کا چھا جانا۔ آلودہ ہونا۔

بھٹنا (بھٹ۔ نا) (ھ) [illegible] آمنا سامنا ہونا۔ مقابلہ ہونا۔

بھٹنام [illegible] (ھ) مذکر۔ کا ستھول [illegible] کوت۔

بھٹنی (بھٹ۔ نی) (ھ) مؤنث (۱) [illegible] بھٹیارن (۲) [illegible]

بھٹوار (بھٹ۔ وار) (ھ) مؤنث۔ (۱) بھاڑ کے کی پیداوار۔ خشکی کے موسم کی پیداوار (۲) خشکی کے موسم میں پیداوار کی زمین۔

بھٹواس (بھٹ۔ واس) (ھ) مذکر۔ ایک قسم کا غلہ۔

بھٹئی (بھٹئی) (ھ) مؤنث (۱) بھاٹ کی طرح تعریف کرنا (۲) گدائی۔ مدح سرائی۔ تعریف گوئی (۳) ہجو۔ برائی۔ پھکڑ بازی۔ عیب جوئی۔

بھٹی (بھٹ۔ ٹی) (ھ) مؤنث (۱) بھٹا کی تانیث و تصغیر۔ جیسے شراب کی بھٹی۔ (۲) راجپوت قوم کی ایک گوت۔

بھٹی چڑھانا (ھ) (۱) بھٹی گرم کرنا۔ بڑا دہ دہکانا۔ (۲) کسی شے کا صاف کرنے کے لئے بھٹی پر پکانا۔ جیسے کپڑے بھٹی پر چڑھاتے ہیں۔

بھٹی دار (ھ) کلال۔ مے فروش۔ بادہ فروش۔

بھٹیارا (بھٹ۔ یا۔ را) (ھ) مذکر (۱) روٹی پکانے والا۔ نانبائی۔ (۲) سرائے کا خادم۔ مسافروں کو ٹھہرانے اور ان کی خدمت کرنے والا۔

بھٹیار خانہ (ھ) مذکر (۱) سرائے (۲) کمینوں کے رہنے کا مکان۔ وہ جگہ جہاں ہر کوئی داخل ہو سکے۔

بھٹیاری (ھ) مؤنث (۱) بھٹیارے کی جورو۔ (۲) سرائے میں ٹھہرنے والی عورت۔

بجج (بجج) (س) مذکر (ہندو) (۱) مثلث کا ضلع۔ (۲) بازو ۔

بُھجا (ہ) مذکر۔ (۱) بازو۔ بجج۔ (۲) مثلث کا ضلع۔ یا ساق (۳) بغل ہونا ۔

بہ جانا (ہ) (۱) رَو میں پانی یا ہوا کے ساتھ چلا جانا (۲) پھیل جانا (۳) برباد ہو جانا۔ تباہ ہو جانا (۴) اسقاط ہونا ۔

بھجاوٹ (بھجا - وٹ) (ہ) مذکر۔ موٹا تختہ جو شہتیر یا بجو پر ڈاٹ لگانے اور چھت پاٹنے کے کام آتا ہے ۔

بھج بند (ہ) مذکر۔ (ہندو - عو) ایک زیور کا نام ہے بازو بند کا بگاڑ ۔

بہجت (بہ - جت) (ع) مؤنث - خوشی - شادمانی - تازگی - سرور - امید ۔

بھجن (بھجن) (ہ) مذکر۔ (۱) خدا کی تعریف کا گیت (۲) نعت - تعریف کے اشعار - (۳) شکریہ (۴) گیت ۔

بھجن گانا (ہ) (۱) بھگوان کا دھیان کرنا - (۲) آنند ہونا - خوشی منانا۔ (۳) شکریہ ادا کرنا - گن گانا ۔

بھجنا (ہ) (۱) مالا پھیرنا - جپنا - بھجن - جپ کرنا۔ (۲) تعریف کرنا - حمد کرنا - سراہنا - عبادت کرنا ۔

بُھجنگ (بھجنگ) (ہ) (۱) اژدہا - کالا سانپ - (۲) سیاہ فام آدمی ۔

بُھجنگا (ہ) مذکر - (۱) ایک کالے پرند کا نام ہے جو کوئل سے مشابہ ہوتا ہے (۲) نہایت کالا - سیاہ فام ۔

بھجوانا (بھج - وا - نا) (ہ) - بھیجنا کا متعدی المتعدی ۔

بُھجیا (بھج - یا) (ہ) مؤنث - (۱) بھاجی - پکا ہوا ساگ (۲) بھنے ہوئے دھان

بھچ (بھچ) (ہ) (۱) گنوار (۲) نہایت موٹا - نہایت کالا (۳) اَن پڑھ (۴) ہوگرفتار (۵) مذکر - وحشی یا جنگلی آدمی - گنوار یا بیوقوف شخص ۔

بھچا (بھچا) (ہ) تنگ - دبا ہوا - پست ۔

بھچک (بھچک) (۱) ڈرا ہوا (۲) ہکا بکا ۔

بھچک رہ جانا (ہ) متحیر ہو جانا - سراسیمہ ہو جانا - ہکا بکا رہ جانا ۔

بھج (بھج) بھجنا کا امر ۔

بھجا (بھجا) بھجنا کی ماضی ۔

بھچ جانا - بھچنا (ہ) (۱) دبنا - پچکنا - جھجکنا (۲) سکڑنا - سمٹنا - شرمانا - (۳) ناچار ہونا ۔

بھچیڑ (بھچیڑ) (ہ) مؤنث (عوام) (۱) تنگی (۲) بے ایمانی ۔

بھدا (بھد - دا) (ہ) (۱) موٹا - پھیپس - (۲) ہیئت - بھونڈا - (۳) سست - کاہل (۴) بے وقوف ۔

بھداک (بھداک) (ہ) مذکر - (۱) گرنے کی
بھداکا (بھداکا) } آواز - دھماکا (۲) پٹخنا بھدکنا - (۳) حلوے کھیر کڑھی وغیرہ کھانوں میں کھدبدی کھدبدی کی آواز ۔

بھدانا (بھدا - نا) (ہ) (عوام) کسی چیز میں نمک جذب کرانا ۔

بہدانہ (بہ - دا - نہ) (ف) مذکر - بہی کا بیج - مشہور دوا کا نام ۔

بھد بھد (بھد - بھد) (ہ) مؤنث - (۱) آدمی یا بطخ وغیرہ کے چلنے پھرنے کی آواز - (۲) پے درپے پھسل پڑنے کی آواز (۳) آہٹ ۔

بھدرا (بھد - را) (ہ) مذکر - (۱) جوتش کے رو سے منحوس دن یعنی چاند کی دوسری - ساتویں - بارھویں تاریخیں (۲) سری کرشن جی کی ایک استری کا نام (۳) گھوٹ موٹ - چارابرو کا صفایا - (۴) مونڈن - کسی عزیز کے مرنے پر سر اور مونچھ داڑھی وغیرہ کا منڈانا - سوگ کی علامت ۔

بہ دریہ (بہ - در - یہ) (ف) تفصیل وار - سلسلہ وار ۔

بھدر بھدر کرنا (ہ) (عو) اس طرح دوڑنا کہ پاؤں کے زمین پر لگنے کی بھد بھد آواز ہو ۔

بھدرک (بھد - رک) (س) مؤنث - (۱) لابھ - فائدہ نفع (۲) استقلال - استحکام - (۳) اعتبار وقعت (۴) سیفہ - سکھڑاپا - (۵) لطف - خوبی ۔

بھدکنا (بھدک - نا) (ہ) (عوام) کشتی میں گرا دینا - ہرا دینا ۔

بھدنا (بھد - نا) (ہ) (عو) پسے ہوئے نمک یا کسی اور سفوف کا کسی دوسری چیز میں مل جانا - سرایت کر جانا ۔

بھدوار (بھد - وار) (ع) مؤنث - وہ زمین جو گنّے کے لئے تیار کی جاتی ہے۔

بھدّی (ع) بھدّا کی مؤنث۔

بھدئی (بھد - ئی) (ع) بھادوں کی پیداوار (۲) برسات کے موسم کا چاول - جو بھادوں میں کاٹا جاتا ہے۔

بھدیاں (بھد - یاں) (۱) بھادوں کی فصل کا - (۲) بھادوں کا آم۔

بھدیس - بھدیسا (بھد یس - بھد یسا) } (ع)
بھدیسل - بھدیسلا (بھد یسل - بھد یسلا) }
(۱) بھدّا - (۲) ناہموار۔

بھدیسلی (ع) بھدیسلا کی مؤنث

بھر (بھر) (ع) (۱) بھرنا کا امر (۲) تھوڑا - قدرے (۳) تمام - سارا - کُل (۴) مقدار - اندازہ - (۵) تک -

بھرا (بھرا) (ع) (۱) بھرنا کی ماضی (۲) بھرانا کا امر (۳) بھرا ہوا (۴) سالم (۵) موجود (۶) آباد (۷) موٹا تازہ (۸) مذکر - بوجھ - بھرت - تکیہ (۹) گولی بارود۔

بھرا پُرا (ہ) (ع) (۱) آسودہ - فارغ البال (۲) صاحبِ اولاد (۳) صاحبِ مال - خوش نصیب - (۴) کُنبے قبیلے والا۔

بھترا (بھتر - را) (ع) مذکر (۱) ترغیب - تحریک - تحریص (۲) دم - دھوکا - جھانسا - چھل - فریب (۳) یکبارگی کبوتروں کے اُڑنے کی آواز۔

بھرا بھرتا (ع) (۱) فالتو مد میں صرف کرنا - خرچ اُٹھانا - (۲) بھرائی یا رشوت دینا (۳) قرض ادا کرنا (۴) کنبہ پالنا (۵) تنگدستی سے گزارہ کرنا (۶) تمرپوری کرنا۔

بھرا دینا (ع) (۱) دم دینا - جھانسا یا چھل دینا (۲) کبوتروں کو یکبارگی اُڑانا۔

بہرا (بہ - را) (۱) کانوں سے معذور - سماعت سے مجبور۔ (۲) خدمت گارِ خاصہ۔

بھرا (بھر - را) (ع) نہایت گلے کی صفت میں بولا جاتا ہے۔

بھرّاٹا (بھر را - ٹا) (ع) مذکر۔ پرندوں کے اُڑنے کی آواز۔

بھرا جانا (ع) (۱) پُر ہو جانا (۲) آلودہ ہو جانا (۳) حاملہ ہو جانا۔

بھرا گھر (ع) عو - (۱) آباد گھر - پورا کنبہ - مال اور آدمیوں کی افراط (۲) اسبابِ خانہ داری سے بھرا ہوا گھر۔

بہرام (بہ - رام) (ف) مذکر (۱) پانچویں آسمان کا ایک ستارہ (۲) عراق کا ایک بادشاہ جسے گورخر کے شکار کا بہت شوق تھا۔

بھرّانا (بھر - را - نا) (ع) مذکر - پرندوں کے اُڑانے کی آواز۔

بھر آنا (ع) (۱) زخم بھر جانا - زخم مندمل ہو جانا - انگور بندھنا - (۲) رِقّت آنا - ہمدردی ہونا - رحم آنا - (۳) آنسو لانا - (۴) پُر ہونا - لبریز ہونا۔

بھرانا (ع) (۱) پرندوں کا بچوں کو چوگا دینا - کھلانا - (۲) کسی چیز کو بھروانا - (۳) چوپائے کو گیابھن کرانا۔

بھراؤ (بھرا - ؤ) (ع) مذکر (۱) بھرتی - داخلہ (۲) بوری کا ڈلاؤ - بھرائی (۳) آباشی۔

بھرائی (بھرا - ئی) (ع) مؤنث - (۱) پُر کرنے کی اُجرت - (۲) بھراؤ کا صلہ (۳) آبپاشی کی مزدوری (۴) بھراؤ کرنا - پُر کرانا - چوپائے کو گیابھن کرانے کا معاوضہ - موکھ۔

بھُر بھُرا (بھُر - بھُرا) (ع) خستہ - خشک - کرارا - کھرکھرا - بکھرا - بکھرا ہوا۔

بھُر بھُرانا (ع) (۱) بکھرنا - بکھیرنا - خستہ کرانا - (۲) ولولہ - جوش - اُمنگ - چاہت پیدا ہونا (۳) دل کا گدگدانا (۴) جرأت کرنا۔

بھر بھرانا (بھر - بھرا - نا) (ع) (۱) سوجن ہونا - سوجنا - (۲) تمتمانا۔

بھر بھراہٹ (بھر - بھرا - ہٹ) (ع) مؤنث - ورم - سوجن - آماس۔

بھُر بھُراہٹ (بھُر - بھُرا - ہٹ) (ع) مؤنث - خستگی - خستہ پن۔

بھر بھنڈ (بھر - بھنڈ) (ع) مؤنث - گڑبڑ۔

بھر پانا (ع) (۱) کوڑی کوڑی وصول ہونا - (۲) باز آنا - نجات پانا - اپنے کئے پر پچھتانا۔

بھر پائی (بھر - پا - ئی) (ع) مؤنث - پورے داموں کی رسید۔

بھرپور (بھر - پور) (ع) (۱) پورا - کامل - تمام - (۲) لبریز - بھرا ہوا (۳) بے پروا - مستغنی۔

بھرت (بھرت) (ع) مؤنث - سنسکرت کی دھاتیں مل کر بنائی ہوئی دھات کا نام جس میں جست - تانبا - سیسہ ملا ہوا ہوتا ہے۔

• بھرت (بَھ۔رَت) (س) مذکر (۱) راجہ دسرتھ کے بیٹے کا نام جو کیکئی کے بطن سے تھا (۲) اس مشہور راجہ کا نام جس کے نام پر بھرت کھنڈ یا بھارت ورش مشہور ہے۔

• بھرت کھنڈ (ہ) مذکر۔ (۱) کمل ملک۔ مراد ہندوستان کہ اپنی آبادی اور پیداوار میں ہر طرح کامل اور بھر پور ہے۔ (۲) بھرت بن راجہ دسرتھ کا۔ پراثر ملک۔

• بھُرتا (بھُر۔تا) (ہ) مذکر۔ (۱) بالے یا بھوبھلائے ہوئے پھل یا دال۔ ترکاری جیسے اور بھون بگھار کر تیار کیا ہوا سالن جو عموماً مونگ۔ چنا۔ آلو۔ بینگن۔ شلجم۔ مولی۔ کچھوا وغیرہ کا بناتے ہیں۔

• بھُرتا کر دینا۔ (ہ) (۱) کسی چیز کو مل کر رگ و ریشہ ایک کر دینا۔ (۲) مجازاً۔ نہایت مار پیٹ کرنا۔ بہت مارنا۔

• بھرتری ہری (بھَر۔تَری۔ہَری) (ہ) ایک مشہور شاعر اور رِشی۔

• بھرتی (بھَر۔تی) (ہ) مؤنث (۱) بھراؤ۔ کسی کمی کو پورا کرنے کی تجویز (۲) وہ محکمہ جہاں سپاہی وغیرہ نوکر رکھے جاتے ہوں (۳) تکمیل۔ پرتی۔ پورا۔ (۴) بیکار اسباب۔ فضول۔ بوجھ۔

• بھرتی بھرنا (ہ) گودڑ وغیرہ ڈال کر کسی چیز کو بھر دینا۔ (۲) سوداگری کا مال بھرنا۔

• بھرتی کا شعر (ا) مذکر۔ جس شعر میں کوئی خاص بات اور خوبی نہ ہو۔ معمولی شعر۔ غزل پوری کرنے کے لئے داخل کیا ہوا بے لطف شعر۔

• بھرتی کرنا (ہ) نوکر رکھنا۔ کسی محکمے میں داخل کرنا۔

• بھرتیا (بَھر۔تیا) (ہ) مذکر۔ (۱) پیتل یا بھرت کا برتن بنانے والا۔ (۲) کسیرا۔ ٹھٹھیرا۔ دھات کے برتن ڈھالنے والا۔

• بہرحال (بہ۔ہَر۔حال) (ف۔ع) ہر طرح۔ ہر طریقہ سے۔ ہر طور پر۔

• بھر دینا (ہ) (۱) پُر کر دینا۔ لبریز کر دینا۔ مالامال کر دینا۔ (۲) نقصان پورا کرنا۔ تاوان ادا کرنا (۳) سیر کر دینا۔ آسودہ کر دینا (۴) آلودہ کرنا۔ لتھیڑ دینا۔ دے دینا۔ ادا کرنا (۵) آبپاشی کرنا۔ سیراب کرنا۔

• بھرڑی (بھَر۔ڑی) (ہ) مذکر (۱) وہ اناج جو گاہنے کے بعد بالیوں میں رہ جائے۔ (۲) ایک علاقہ۔

• بھرشٹ (بھرشٹ) (س) (۱) ذلیل (۲) ناپاک۔ (۳) گنہگار (۴) خراب (۵) بے دین (۶) نیچ۔

• بھرشٹ کرنا (ہ) (۱) بگاڑنا۔ خراب کرنا۔ (۲) گندہ کرنا۔ ناپاک کرنا۔ (۳) بے دین کرنا۔ گمراہ کرنا۔

• بہر طور (ف۔ع) ہر طریقے سے۔

• بھرکس (بھُر۔کَس) (ہ) مذکر۔ (۱) ٹکڑا۔ کرچ کرچ (۲) چھلکا (۳) چورا۔

• بھرکس نکال دینا یا نکالنا (ہ) مار مار کر ہڈی پسلی توڑ دینا۔ کچومر نکالنا۔ چورا چورا کرنا۔ مارتے مارتے بھُس کر دینا۔

• بہرکیف (ف۔ع) ہر حالت میں۔ بہرحال۔ ہر طرح۔ جس طرح ممکن ہو۔

• بھرے منہ گالی دینا (ہ) صاف صاف گالی دینا۔ نام لے کر گالی دینا۔

• بھر لینا (ہ) پُر کر لینا۔ (۲) وصول کر لینا۔

• بھرم (بھَرَم) (ہ) مذکر۔ (۱) ساکھ۔ اعتبار۔ بھروسا۔ (۲) شبہ۔ گمان۔ دھوکا (۳) شہرت۔ ناموری (۴) راز۔ بھید۔

• بھرم جانا (ہ) (۱) شبہ میں پڑنا۔ (۲) وہم میں گرفتار ہونا۔ (۳) دھوکے میں پڑنا۔ (۴) گمراہی۔ بے اعتقادی۔

• بھرم کھل جانا یا کھلنا (ہ) (۱) بھید ظاہر ہونا۔ راز فاش ہونا۔ (۲) اعتبار اٹھنا۔ ساکھ جانا۔ بھروسہ نہ رہنا۔ (۳) شہرت اور نام میں بٹہ لگنا۔

• بھرم گنوانا (ہ) ساکھ کھونا۔ اعتبار ضائع کرنا۔ شہرت اور ناموری میں بٹہ لگانا۔

• بھرمار (بھَر۔مار) (ہ) مؤنث۔ کثرت۔

• بھرمار کرنا (ہ) (۱) بوچھاڑ کرنا۔ بہت زیادہ کرنا (۲) بکثرت دینا۔ بافراط لینا یا دینا۔

• بھرمانا (بھَر۔ما۔نا) (ہ) (۱) دھوکا دینا۔ ورغلانا۔ پھسلانا۔ (۲) لالچ دینا۔ (۳) بہلانا۔ دمکنا۔ (۴) شبہ میں ڈالنا۔ وہم میں پھنسانا۔ دبدھے میں ڈالنا۔ (۵) گمراہ کرنا۔ بے دین و بے اعتقاد کرنا۔ بے راہ کرنا۔

بھرمنا (بھَرَم ۔ نا) (ھ) (ہندی) بھٹکنا ۔ ڈانواں ڈول پھرنا ؛

بھرن (بھَرَن) (ھ) مؤنث ۔ زور کی بارش ۔ بکثرت مینہ ؛

بھرنا (ھ) (۱) پُر کرنا ۔ لبالب کرنا ۔ (۲) پورا کرنا ۔ تمام کرنا ۔ ختم کرنا ۔ (۳) لتھڑنا ۔ آلودہ کرنا ۔ (۴) رنج میں عمر بسر کرنا ۔ گزارنا ۔ نباہنا ۔ (۵) سمانا ۔ آجانا ۔ پُر ہو جانا ۔ (۶) تاوان ادا کرنا (۷) سیر ہونا ۔ (۸) سہنا ۔ برداشت کرنا (۹) موٹا ہونا ۔ (۱۰) غضب ناک ہونا (۱۱) حاملہ ہونا (۱۲) دام وصول کرنا ۔ (۱۳) بھٹکنا ۔ (۱۴) ہندی (عو) آسیب وغیرہ کا سر پہ آنا (۱۵) بہکانا ۔ برگشتہ کرنا (۱۶) غیبت کرنا چغلی کھانا ۔ (۱۷) ناراض کرنا (۱۸) آبپاشی کرنا ۔ سیراب کرنا ۔ پانی دینا ۔ (۱۹) مالامال کرنا ۔ (۲۰) بجالانا ۔ تعمیل کرنا ۔ (۲۱) رنگ چڑھانا ؛

بھرنی (بھَر ۔ نی) (ھ) مؤنث ۔ (۱) باتا ۔ (۲) نال ؛

بہروپ (بَہ ۔ رُوپ) (س) مذکر ۔ طرح طرح کے بھیس بدلنا ۔ سوانگ بھرنا (۲) دھوکا ۔ مکر ۔ مکاری ؛

بہروپ بدلنا (ھ) بھیس بدلنا ۔ سوانگ بھرنا ۔ نیا روپ دکھانا ؛

بہروپیا (ھ) مذکر ۔ (۱) نقال ۔ بھیس بدلنے والا ۔ (۲) مکار ۔ فریبی ۔ ٹھگ ۔ (۳) ریاکار ۔ حیلہ ساز ؛

بھرونی (بھَر ۔ وَ ۔ نی) (ھ) مؤنث ۔ (۱) کمل ادائی کی رسید (۲) قبض الوصول (۳) معاوضہ ؛

بھرونا (بھَر ۔ وَ ۔ نا) (ھ) مذکر ۔ گھاس یا لکڑی کا گٹھا ۔ سر بوجھا ؛

بھروسا ۔ یا ۔ **بھروسہ** (ھ) مذکر ۔ (۱) اعتبار ۔ یقین ۔ توقع ۔ اعتماد ۔ (۲) امید ۔ آسرا ۔ توکل ؛

بھرول (بھَر ۔ وَل) (ھ) مذکر ۔ بہت پھل والی فصل ؛

بہرہ (بَہ ۔ رَہ) (ف) مذکر ۔ (۱) نصیب ۔ قسمت (۲) حصہ ۔ بھاگ ؛

بہرہ کھلنا (ھ) نصیبا کھلنا ۔ قسمت یاور ہونا ۔ بھر جاگنا ۔ حصہ ملنا (۲) متبحر ہونا ۔ کامل ہونا ؛

بہرہ مند ۔ **بہرہ ور** ۔ **بہرہ یاب** (ف) صاحب نصیب ۔ خوش قسمت ۔ خوش طالع ۔ فائدہ اٹھانے والا ؛

بہری (بَہ ۔ رِی) (ف) مؤنث ۔ (۱) ایک شکاری پرندہ (۲) وہ عورت جس کی قوت سامعہ جاتی رہے ؛

بھری (بھَری) (ھ) (۱) بھرا کی مؤنث (۲) روپیہ بھر کا ایک وزن (۳) ایک قسم کی گھڑ سدری (۴) فصل کا اتنا گٹھا جو ایک آدمی اٹھا سکے ؛

بھری برسات (ھ) مؤنث ۔ برسات کا موسم ۔ زور کی بارش ۔ بارش کا موسم ؛

بھری مجلس ۔ یا ۔ **بھری محفل میں** (۱) عین مجلس میں ۔ پوری محفل میں ۔ سامنے بیٹھے ہیں ؛

بھرے بیٹھے ہیں ۔ یا ۔ **بھرے ہوئے ہیں** (محاورہ) (۱) خفا ہیں ۔ ناخوش ہیں ۔ رنجیدہ ہیں ۔ غمگین ہیں (۲) پُر از شکوہ ہیں ۔ (۳) دکھی ہیں ۔ تنگ ہیں (۴) آنسو ڈبڈبائے ہوئے ہیں ؛

بھرے پر چڑھانا (ھ) دم پر چڑھانا ۔ جھانسے میں لانا ۔ تعریف کر کے کسی بات پر آمادہ کرنا ؛

بھرے ہی کو بھرتا ہے (ھ) مثل ۔ خدا بھی دولت مند ہی کو دیتا ہے ؛

بھڑ (بھَڑ) (ھ) مذکر ۔ کسی چیز کے پھٹنے یا بندوق وغیرہ کے چلنے یا گوز کی آواز ؛

بھڑ (ھ) مؤنث ۔ (۱) زرد ستیا ۔ زنبور ۔ (۲) ببی دھموڑی ۔ ڈہموں ؛

بھڑ (بھَڑ) (ھ) بھڑنا کا امر

بھڑا (بھِڑا) (ھ) (۱) بھڑنا کی ماضی ۔ (۲) بھڑانا کا امر ؛

بھڑا بھڑ (بھڑا ۔ بھڑ) (۱) دو چیزوں کے گرنے کی آواز (۲) گوز کی آواز ؛

بھڑا دینا (ھ) مقابلہ کرا دینا ۔ لڑائی کرا دینا ؛

بھڑاس (بھَڑاس) (ھ) مؤنث ۔ دل کا بخار ۔ غبار ۔ کینہ ۔ عداوت ؛

بھڑاس نکالنا (ھ) جی کا بخار نکالنا ۔ طبیعت کا غبار ظاہر کرنا ۔ دل کی کوفت اور جلن ظاہر کرنا

رنج خاطر کا بیان کرنا۔ ملال طبع کو پکار کر کہنا ٭

بھڑبھڑانا (بھَڑ۔ بھَڑا۔نا) (ف) (۱) تڑکنا۔ چیخنا۔ آگ کا بھڑکنا۔ بھڑبھڑانا (۲) طبلہ بجانا ٭

بھڑبھڑیا (بھَڑ۔ بھَڑ۔یا) (ف) مذکر۔ (۱) فضول باتیں کرنے والا۔ بیوقوف (۲) پیٹ کا ہلکا ٭

بھڑبھونجا (بھَڑ۔ بھُوں۔جا) (ف) مذکر۔ (۱) بھاڑ جھونکنے۔ اناج بھوننے والا۔ (۲) (صفت) سیاہ فام۔ کالے رنگ کا۔ بدحال و بدصورت ٭

بھڑبھونجن (ف) مؤنث۔ (۱) اناج بھوننے والی عورت۔ (۲) کالی بدصورت عورت ٭

بھڑتنگا (بھَڑ۔ تِنگ۔گا) (ف) مذکر۔ غل غپاڑا شور ٭

بھڑک (بھَڑَک) (ف) مؤنث۔ (۱) چمک دمک۔ سنگار۔ رونق۔ ٹیپ ٹاپ (۲) رسیدگی۔ وحشت۔ جھجک۔ (۳) اشتعال۔ ابھار۔ امنگ ٭

بھڑک اٹھنا (ف) (۱) مشتعل ہونا۔ (۲) جل پڑنا۔ (۳) غصے ہونا۔ (۴) چمک جانا۔ رونق پانا ٭

بھڑکا چھتا (ف) مذکر۔ (۱) تتیوں کے رہنے کا گھر۔ (۲) (صفت) مفسد لوگ۔ (۳) کا شخص جسے چھیڑ کر پیچھا چھڑانا مشکل ہو جائے۔ ایذا رساں ٭

بھڑکانا (ف) (۱) آگ کو تیز کرنا۔ مشتعل کرنا۔ (۲) بہکانا۔ غصہ دلانا۔ (۳) بدکانا۔ ڈرانا۔ (۴) تمباکو جلد سوختہ کرنا ٭

بھڑک دار (ف) چمکیلا۔ چمکدار۔ بارونق۔ خوبصورت ٭

بھڑکنا (ف) (۱) مشتعل ہونا۔ جل پڑنا۔ آگ کے شعلے اٹھنا (۲) چونکنا۔ یک دم ڈرنا۔ خوف کھانا (۳) غصے ہونا۔ تیز ہونا۔ [illegible] ہونا۔ (۴) اعصاب کا کھنچ جانا۔ [illegible] (۵) تمباکو کا جلد جل جانا ٭

بھڑکے بیٹھنا (ف) (۱) مل کر بیٹھنا۔ بہت پاس بیٹھنا۔ زانو بہ زانو بیٹھنا۔ (۲) حاجت مندوں کا بکثرت ہونا ٭

بھڑکے چھتے کو چھیڑنا۔ یا۔ بھڑ کے چھتے میں ہاتھ ڈالنا (ف) مفسد لوگوں سے تعلق کرنا۔ بدمعاشوں سے واسطہ ڈالنا۔ گنہگاروں سے لین دین وغیرہ کرنا ٭

بھڑکیلا (ف) زرق برق۔ چمکیلا۔ بھڑک دار ٭

بھڑل (بھَڑ۔ ل) (ف) مذکر۔ (۱) بے شرم (۲)

مسخرا۔ بھڑوا ٭

بھڑنا (ف) (۱) پیوستہ ہونا۔ ملنا۔ نزدیک ہونا۔ قریب ہونا۔ (۲) لڑنے کو آمادہ ہونا۔ مقابل ہونا۔ آمنے سامنے ہونا (۳) ٹکر کھانا۔ ٹکرانا ٭

بھڑنگ (بھَڑَنگ) دیکھو بھڑبھڑیا ٭

بھڑوا (بھَڑ۔ وا) (ف) مذکر۔ (۱) دیوث۔ قلتبان۔ بچولیا۔ دلال۔ کٹنا۔ کٹن (۲) بے غیرت۔ بے شرم۔ بےحیا۔ بے لحاظ ٭

بھڑوائی (ف) مؤنث۔ (۱) بھڑواپن۔ (۲) دلالی۔ قلتبانی ٭

بھڑوے کو بھی منہ پر بھڑوا نہیں کہتے (ف) مثل۔ کسی برے شخص کا عیب اس کے منہ پر اس طرح نہیں کہنا چاہئے کہ اسے برا معلوم ہو ٭

بھڑی (بھَڑی) (۱) لانچ۔ (۲) کبوتروں کو اڑانا ٭

بھڑی۔ یا۔ بھڑیاں دینا (ف) (۱) کبوتروں کو بار بار کر اڑانا۔ (۲) حیران کرنا۔ تنگ کرنا۔ دق کرنا۔ ستانا ٭

بھڑیری (بھَڑے۔ ری) (ف) مؤنث۔ برتنوں کا ڈھیر ٭

بہزاد (بِہ۔ زاد) (ف) مذکر۔ شاہ اسمعیل صفوی کے زمانے کا ایک مشہور نقاش۔ (۲) اسفندیار۔ (۳) ایک گھوڑے کا نام ٭

بھس (بھُس) (ف) مؤنث۔ (۱) راکھ۔ (۲) خاک۔ دھول ٭

بھس (بھُس) (ف) مذکر۔ چوکر۔ بھوسی۔ اناج کا چھلکا۔ اناج کے پیڑوں کا چورا۔ بھوسہ۔ بھسکن ٭

بھساکو (بھُسا۔کو) (ف) مذکر۔ ہلکا تمباکو۔ وہ تمباکو جس میں کڑواہٹ نہ ہو۔ بھس کی مانند تمباکو ٭

بھس بھروانا (ف) مذکر۔ (۱) بھوسے کا لوٹے یا کوٹھے میں رکھوانا (۲) کھال کھنچوا کر اس میں بھس بھروا دینا ٭

بھسنڈ (بھَس۔ نڈ) (ف) نہایت موٹا آدمی۔ بھدا آدمی۔ بھینسا ٭

بھسکنا (بھَس۔کَ۔نا) (ف) (ہندو) (۱) گرنا۔ (۲) چبانا۔ کھانا۔ (۳) بھینس کی طرح کھانا ٭

بھسکو (بھَس۔ کو) (ف) مذکر۔ بہت کھانے والا مرد۔ پیٹو ٭

بھسکو (بھ-سک-کو) (ہ) مؤنث - (۱) بہت کھانے والی - بے تمیزی کے ساتھ کھانے والی - ہرجائی عورت ۔

بھس کے مول ملیدہ (ہ) (۱) قیمتی چیز کا نہایت سستے داموں بکنا ۔

بھسم (بھسم) (ہ) مذکر - راکھ - خاک - بھبھوت ۔

بھس ملانا - خرابی پیدا کرنا ۔

بھسمنت (بھس-منت) (ہ) مذکر - (۱) راکھ - (۲) وہ چیز جو بھسم ہوگئی ہو ۔

بھسم ہونا (ہ) (۱) جل کر راکھ ہونا (۲) ہضم ہو جانا (۳) غصے میں آگ ہو جانا ۔

بھس میں چنگاری (چنگی) ڈال جمالو دور کھڑی - مثل - لڑائی کرا کر الگ ہو جانا ۔

بھسنڈ (بھ-سنڈ) (ہ، ا) (۱) سیاہ (۲) مشٹنڈا - موٹا - فربہ - (۳) ایک کوے کا نام - کاگ بھسنڈ ۔

بھسونڈا (بھ-سو-نڈا) (ہ) مذکر - ہاتھی کی کنپٹی ۔

بھسونڈے (ج) بھسونڈا کی جمع ۔

بہشت (بہ-شت) (ف) مؤنث - (۱) خلد - باغ - جنت - فردوس - جناں - عیش کا مقام - آرام کی جگہ ۔

بہشت کا میوہ (ف) مذکر - انار ۔

بہشت کی قمری (ف) مؤنث (۱) کنچنی - ناچنے گانے والی عورت (۲) زنخہ ۔

بہشت میں لات مارنا (ف) محاورہ (۱) نیکوں کے ساتھ بدی سے پیش آنا (۲) ماں باپ سے بدسلوکی کرنا ۔

بہشتی (ف) مذکر - (۱) بہشت کا رہنے والا - (۲) پانی بھرنے والا - ماشکی - سقا (۳) (صفت) جنتی - فردوسی - نیک - بھلا آدمی - نیکوکار ۔

بھشٹا (بھش-ٹا) (ہ) مؤنث - (۱) فضلہ - گوبر - غلاظت ۔

بھشٹل (بھش-ٹل) (ہ) مؤنث (۱) ناپاک - گندی - غلیظ - نجس - پلید - بھرشٹ - (۲) پھوہڑ - بدسلیقہ (۳) بدشکل ۔

بھق بھق (بھق - بھق) (ہ) مؤنث - (۱) انجن سے دھواں نکلنے کی آواز (۲) تیز بدبو ۔

بھقر بھقر بو آنا (ہ) (ع) تیز بدبو آنا ۔

بہک (بہک) (۱) بہکنا کا امر (۲) بہکی باتیں - (۳) گمراہی - (۴) بدنصیبی (۵) شراب کے نشے میں کچھ کا کچھ کہنا ۔

بھک (بھک) (ہ) مؤنث - (۱) اُڑ جانے والا مادہ - (۲) جوہر - بخارات - تیزابی ۔

بھُک (بھُک) (ہ) مؤنث - بھوک کا مخفف ۔

بھُکا (بھُک-کا) (ہ) بھوکا کا مخفف ۔

بھکا بھیر (ہ) مذکر - وہ خبیث جو سب چیزیں نگل جاتا ہے - (۲) بہت کھانے والا (۳) لالچی ۔

بہک اٹھنا (ہ) (۱) نشے میں بکنا - ترنگ میں آنا - (۲) واہی باتیں کرنا - بڑبڑانا - (۳) غلطی کرنا ۔

بھکاری (بھ-کا-ری) (ہ) مذکر - فقیر - منگتا - گداگر - بھک منگا - گدا ۔

بہکانا (بہ-کا-نا) (ہ) (۱) اغوا کرنا - بھگانا (۲) دھوکا دینا - پھانسنا - فریب دینا - (۳) غلطی کرانا (۴) جھوٹی امید بندھانا (۵) کان بھرنا - بدگوئی کرنا ۔

بہکاوا (بہ-کا-وا) (ہ) مذکر (۱) دھوکا - فریب (۲) خوف ۔

بہکاوٹ (بہ-کا-وٹ) (ہ) مؤنث - دم - فریب - اغوا - جھانسہ ۔

بہکاوے یا بہکائے میں آنا (ہ) (۱) دھوکے میں آنا - (۲) حمایت پر پھولنا ۔

بھگت (بھگت) (س) مذکر (ہندو) (۱) عابد - زاہد (۲) پرہیزگار - متقی (۳) پجاری ۔

بھگتی (س) مؤنث - (۱) عبادت - پرستش - پوجا (۲) خلوص (۳) عقیدت ۔

بہک چلنا (ہ) بڑھ چلنا - حد سے پاؤں نکالنا - مغرور ہونا ۔

بھکرانا (بھک-را-نا) (ہ) بدبو دینا ۔

بھکراند (بھک-راند) (ہ) بہت کھانا - پھوٹنا نکلنا (۲) بھربھرانا - بے لیے بکھرنا ۔

بھکس بھکسی (بھکس، بھک-سی) (ہ) (۱) مذکر (۲) مؤنث) قید خانہ ۔

بھک سے اڑ جانا (ہ) (۱) دفعۃً اڑ جانا - (۲) صاف کٹ جانا ۔

بھکشا (بھک-شا) (س) مؤنث - (۱) بھیک -

خیرات (۲) مانگ۔ طلب ۔

بھکل (بھَکَل) (ہ) مؤنث۔ گرم ہوا جو کسی محدود مکان میں بند ہو ۔

بھک منگا (بھَک مَنگ۔ گا) (ہ) مذکر۔ (۱) فقیر۔ گداگر۔ بھیک مانگنے والا۔ بھوکا۔ کنگال (۲) مانگنے میں حیا نہ کرنے والا ۔

بھک موا (بھَک مُوا) (ہ) مذکر۔ بھوکوں سے مرنے کا سانحہ۔ فاقوں کے مارے ہوئے کی شکل۔ روٹیوں سے محتاج کا چہرہ ۔

بہکنا (ہ) (۱) راستے سے پھرنا۔ بھٹکنا۔ (۲) دھوکا کھانا۔ (۳) پھسلنا۔ (۴) نشہ۔ نیند۔ ہذیان یا بخار میں باتیں کرنا (۵) لڑکھڑانا۔ لرزنا۔ (۶) نشے میں شور مچانا۔ (۷) اترانا۔ حد سے بڑھ کر چلنا ۔

بھکنا (بھُک۔نا) (ہ) گھس جانا۔ اتر جانا۔ گھپنا۔ چبھنا ۔

بھکوا (بھَک۔وا) (ہ) مذکر۔ (۱) نادان۔ احمق۔ بیوقوف (۲) بھڑوا۔ (۳) مسخرا ۔

بھکوسنا (بھکوس۔نا) (ہ) (عو) کھانا۔ نگلنا ۔

بھکوئی (بھَک۔وئی) (ہ) مؤنث۔ بھکوا کی تانیث ۔

بھگ (بھَگ) (س) (۱) عورت کا اندام نہانی۔ فرج ۔

بھگا (بھگا) (ہ) بھگانا کا امر ۔

بھگا (بھُگ۔گا) (ہ) (۱) سادہ لوح۔ بیوقوف۔ ناتجربہ کار (۲) چورا۔ برادہ۔ چورن۔ سفوف۔ پھنکی ۔

بھگانا (ہ) (۱) دوڑانا۔ سرپٹ لے جانا۔ (۲) علیحدہ کرنا۔ گھر سے نکال لانا۔ (۳) شکست دینا۔ (۴) منہ پھیر دینا۔ (۵) دھتکارنا ۔

بھگت (بھگت) (ہ) مذکر۔ (۱) دیکھو بھکت۔ (۲) طنزاً۔ بدمعاش۔ آوارہ ۔

بھگت (بھگت) (ہ) بھگتنا کا امر ۔

بھگتا (بھُگتا) (ہ) بھگتانا کا امر ۔

بھگتان (بھُگ۔تان) (ہ) مذکر (۱) (عو) سزا۔ (۲) (عوام) قرضے کی بے باقی ۔

بھگتانا (ہ) (۱) پورا کرنا۔ ادا کرنا۔ انجام کو پہنچانا (۲) تعمیل کرنا۔ بجا لانا۔ (۳) بے باق کرنا۔ (۴) فیصلہ کرنا۔ طے کرنا (۵) تقسیم کرنا۔ بھگتان کرنا۔ دینا۔ (۶) حساب کرنا۔ جھگڑا چکانا ۔

بھگت باز (ہ) مذکر۔ ہندوؤں کا وہ فرقہ جو لڑکوں کو نچاتا اور سوانگ وغیرہ بھر کر تماشا دکھاتا ہے۔ راس دھاری۔ سوانگی ۔

بھگت لینا (ہ) (۱) بدلہ لینا۔ عوض لینا۔ (۲) وصول کرنا (۳) سزا دینا۔ مار پیٹ کرنا (۴) کردار کو پہنچانا ۔

بھگتنا (ہ) (۱) انجام کو پہنچنا۔ ختم ہونا۔ پورا ہونا (۲) برداشت کرنا۔ سہارنا۔ (۳) بے باق ہونا (۴) بھرنا۔ بھوگنا۔ (۵) فیصلہ ہونا۔ (۶) (عو) نباہنا (۷) تاوان دینا (۸) سمجھنا ۔

بھگتی (بھَگ۔تی) (ہ) (۱) مؤنث۔ عبادت (۲) مذکر۔ بھگتی کرنے والا۔ عابد۔ زاہد۔ پرہیزگار ۔

بھگتی۔ یا۔ بھگتیا (ہ) مذکر۔ ناچنے گانے والا۔ بھانڈ۔ نقال۔ رقص کرنے والا۔ رقاص۔ راس دھاری۔ ایکٹر ۔

بھگدر (بھَگ۔دَر) (ہ) مؤنث۔ بھاگنے کی ہلچل۔ افراتفری ۔

بھگر (بھگر) (ہ) مذکر۔ گلا ہوا اناج ۔

بھگل (بھگل) (ہ) مذکر۔ (۱) مکر۔ فریب۔ دھوکا۔ بہروپ۔ دغا (۲) مؤنث۔ ماری ہوئی (۳) بزدل ۔

بھگل بنانا (ہ) (۱) دھوکا دینا (۲) جھوٹی غریبی ظاہر کرنا ۔

بھگند (بھگند) (ہ) مذکر۔ بواسیر ۔

بھگندر (بھگن۔دَر) (ہ) مذکر۔ (۱) ایک قسم کا پھوڑا جو چوتڑ یا اس کے پاس ہوتا ہے۔ (۲) (س) بواسیر ۔

بھگو (بھگ۔گو) (ہ) بھگوڑا ۔

بھگو (بھگو) بھگونا کا امر ۔

بھگوان (بھگ۔وان) (س) مذکر۔ خدائے تعالیٰ۔ پرمیشر۔ ایشور ۔

بھگو بھگو کے لگانا۔ یا۔ مارنا (ہ) (۱) بھگو بھگو کر جوتیاں لگانا۔ سخت لعنت ملامت کرنا ۔

بھگوتی (بھگو۔تی) (س) مؤنث۔ درگا دیوی۔ دیبی ۔

بھگوڑا (بھگو۔ڑا) (ہ) مذکر۔ بھگو۔ ڈرپوک۔

بزدل - نامرد - ڈرپوک - بھاگ جانے والا ۔

بھگونا (بھگو - نا) (ف) حرکت کرنا - بھلا کرنا ۔

بھگی (بھگ - گی) (ا) مؤنث - بھاگڑ - ریل پیل ۔

بھگی پڑنا (ف) (۱) بھگی ہونا - خوف کے مارے بھاگنا (۲) شکست کھانا - ہارنا ۔

بھگیلا (بھگے - لا) (ا) مذکر - وہ پرندہ جو لڑائی میں بھاگ گیا ہو ۔

بھل (بھَل) (ا) مؤنث - بھلی ۔

بھل (بھِل) (ف) پھوڑ ۔

بھل (بھُل) (ا) مذکر - جانب - رُخ - پہلو - بل ۔

بھلا (بھلا) (ا) بانجھ گائے یا بکری وغیرہ ۔

بھلا (بھلا) (ا) (۱) عمدہ - خوب - اچھا - مناسب - بہتر (۲) نیک - پاک - (۳) عجیب - انوکھا - سہانا - دلکش (۴) ہاں (۵) ٹھہر - صبر کر (۶) کلمۂ تنبیہ - تخویف - دھمکی - (۷) سلوک بھلائی - نیکی (۸) شریف - اشراف - نیک (۹) خوش - مبارک (۱۰) تروگ - تندرست ۔

بھلا (بھل - لا) (ا) مذکر - ہندوؤں میں ایک ذات ۔

بھلا (بھلا) (ف) بھلانا کا امر ۔

بھلا آدمی (ا) مذکر - (۱) اچھا آدمی - شریف آدمی - نیک انسان (۲) (طنزاً) شریر - نالائق - چالاک - بدچلن - بدمعاش ۔

بھلاجی یا بھلا صاحب (ف) (طنزاً) کیا مضائقہ ہے - کیا قدر ہے ۔

بھلا چنگا (ا) مذکر - تندرست - اچھا خاصا - صحیح سالم - موٹا تازہ ۔

بھلا دینا (ف) غم غلط کردینا - مٹادینا - یاد نہ رکھنا ۔

بھلا کرنا (ف) (۱) اچھا کرنا - (۲) سلوک کرنا - نیکی کرنا - خیرات کرنا ۔

بھلا لگنا (ف) اچھا معلوم ہونا - زیب دینا ۔

بھلا مانس (ا) مذکر - (۱) بھلا آدمی - مہذب (۲) ملنسار - خوش مزاج (۳) شریف - اشراف - (۴) نیک بخت - (۵) سیدھا - صاف دل - (۶) (طنزاً) شریر - بد ۔

بھلانا (ف) (۱) یاد سے اُتارنا - یاد نہ رکھنا - (۲)

دھوکا دینا - فریب دینا ۔

بہلانا (بہ - لا - نا) (ف) (۱) کھیل میں لگانا - بچے کو رونے سے باز رکھنا - دل خوش کرنا (۲) فریب دینا - دھوکا دینا ۔

بھلاوا (بھلا - وا) (ا) مذکر - مغالطہ - بہکاوا - دھوکا - فریب ۔

بہلاوا (بہ - لا - وا) (ا) مذکر - تفریح - دل خوش کرنے کا مشغلہ ۔

بھلاواں (بھلا - واں) (ا) مذکر - ایک پھل کا نام ہے جو اکثر دواؤں میں پڑتا ہے ۔

بھلا ہوا گیری مشکل ٹوٹی - میں دہی بیچنے سے چھوٹی (مثل) نقصان ہوگیا تو کیا ہوا - جھگڑا تو ختم ہوا ۔

بھلائی (بھلا - ائی) (ا) مؤنث - (۱) نیکی - بہتری - (۲) خیرخواہی (۳) نیک نامی (۴) فائدہ (۵) حسن - خوبی - عمدگی - سلوک - احسان ۔

بھلائی لینا (ف) سلوک کرنا - احسان کرنا - خیرخواہی کرنا - نیکی کرنا - بھلائی کرنا - دعا لینا - ثواب حاصل کرنا - نیک نامی حاصل کرنا ۔

بھل بھل (بھل - بھل) (ا) مؤنث - پانی کے بکثرت گرنے کی آواز - دھار بندھ کر خون یا پانی وغیرہ رقیق شے کا گرنا - دھار بندھنا ۔

بھل بھل (بُھل - بُھل) (ا) مؤنث - بھوبھل ۔

بھلبھلانا (بھل - بھلا - نا) (ف) بہنا ۔

بھلبھلانا (بُھل - بھلا - نا) (ف) (۱) بھوبھل یا بھاڑ میں کسی چیز کو بھوننا - (۲) نیم برشتہ کرنا - ادھ بھنی کرنا ۔

بھلس (بھلس) (ف) بھلسنا کا امر ۔

بھلسا (ف) بھلسانا کا امر ۔

بھلسا دینا - بھلسانا (ف) (عو) جلانا - تکلیف پہنچانا ۔

بھلسنا (بھلس - نا) (ف) جلانا - بھوننا - جھلسنا ۔

بھلک (بھلک) (ا) مذکر - بھالو - ریچھ ۔

بھلک بھلک رونا (ف) (عوام - عو) جی کھول کر بہت رونا ۔

بھلکڑ (بھلک - کڑ) (ا) بھولنے والا - بھول جانے والا - غبی - کند ذہن ۔

بھلنساہٹ (بَھل۔مَن۔سا۔ہَٹ)
بھلنسائی (بَھل۔مَن۔سا۔ای)
بھلمنسی (بَھل۔مَن۔سی) } (ع) مؤنث۔ آدمیت۔ شرافت۔ انسانیت ۔

بہلنا (بَہَل۔نا) (ع) سیر تماشے سے خوش ہونا ۔

بہلول (بُہ۔لُول) (ع) مذکر۔ (۱) وہ بادشاہ جس میں تمام خوبیاں ہوں (۲) ہنس مکھ (۳) پاگل ۔

بہلہ (بَہ۔لہ۔ بَہ۔لَہ) (ت۔ع) (۱) عقدی اور کاغذ آت رکھنے والا بڑا بٹوا۔ (۲) چمڑے کا دستانہ جو شکاری ہاتھ میں پہن کر اس پر باز وغیرہ بٹھاتے ہیں ۔

بہلی (بَہ۔لی) (ع) مؤنث۔ یکے کی مانند بیلوں کی چھوٹی گاڑی ۔

بھلے آئے (ع، محاورہ۔ (طنزاً): (۱) خوب آئے۔ (۲) بہت دیر میں آئے (۳) وعدہ پورا نہیں کیا ۔

بھلے بُرے میں ایک بالشت کا فرق ہے۔ (۱) مثل۔ ظاہر میں تو سب انسان ایک جیسے ہیں صرف اعمال ہی سے آدمی اچھا یا بُرا ہو جاتا ہے ۔

بھلے کا زمانہ نہیں (ع) مثل (۱) نیکی کرنے کا وقت نہیں۔ (۲) دنیا میں احسان فراموشی ہے۔ (۳) سیدھے آدمی کو مصیبت ہے ۔

بھلے کو (ع) خوب ہوا۔ اچھا ہوا۔ خیر ہوئی ۔

بھلے گھوڑے کو ایک چابک۔ بھلے آدمی کو ایک بات (ع) مثل۔ نیک طینت کو تھوڑی نصیحت کافی ہے ۔

بہم (بَہَم) (ف) ساتھ۔ آپس میں۔ باہم ۔

بھمباکا (بَھم۔با۔کا) (ع) مذکر۔ بڑا سوراخ۔ وہ بڑا چھید جو آر پار ہو جائے ۔

بھمبو (بَھم۔بُو) (ع) مؤنث۔ بہت موٹی۔ بہت توانا اور تندرست۔ ضرورت سے زیادہ موٹی ۔

بہم پہنچنا (ع) (۱) ملنا۔ میسر آنا۔ دستیاب ہونا۔ حاصل ہونا۔ (۲) ہمراہ پہنچنا۔ ساتھ پہنچنا۔ اکٹھے پہنچنا (۳) مجموعی طور پر پہنچنا۔ ایک دوسرے کے ساتھ پہنچنا۔ (۴) آگے آنا۔ سامنے آنا۔ روبرو پہنچنا مہیا ہونا ۔

بہمن (بَہ۔مَن) (ف) (۱) چالاک۔ ذہین (۲) مذکر۔ عقلِ کل (۳) برستا ہوا بادل (۴) دھوپ سے پگھل کر پہاڑ سے نیچے گرنے والی برف (۵) ایرانی

گیارھواں مہینہ (۶) اللہ تعالیٰ۔ دن کا مؤکل (۷) جرجان کا ایک چشمہ (۸) (مؤنث) ایک بوٹی ۔

بھمیا (بَھم۔یا) (ع) مذکر۔ پرانا سانپ ۔

بہن (بَہَن) (ع) مؤنث۔ (۱) ہمشیرہ۔ خواہر۔ باجی۔ بجیا۔ باجائی (۲) بہنیلی۔ سہیلی۔ سکھی ۔

بہن (بِہَن) (ع) مذکر۔ بیج ۔

بہنا (بَہ۔نا) (ع) (۱) جاری ہونا۔ رواں ہونا۔ چلتا ہونا۔ چلا جانا۔ رَو میں آجانا۔ چلنا۔ جیسے ہوا بہنا۔ (۲) پھیل جانا۔ (۳) پیٹ گرنا۔ حمل گرنا۔ (۴) مواد نکلنا۔ جیسے پھوڑا بہنا۔ پتلا ہو جانا۔ رقیق ہونا (۵) پگھلنا۔ (۶) برباد ہونا۔ ضائع ہونا۔ خراب ہونا۔ غارت ہونا۔ پریشان ہونا (۷) تربتر ہونا (۸) کثرت سے انڈے دینا۔ بکثرت پھول نکالنا ۔

بھُنا۔ بھُننا (بُھن۔نا) (ع) (۱) بریاں ہونا۔ (۲) جلنا۔ تپنا۔ افروختہ ہونا۔ حسد کرنا۔ بغض رکھنا۔ کینہ رکھنا (۳) روپے وغیرہ کا خردہ ہونا ۔

بہناپا (بَہ۔نا۔پا) (ع) مذکر۔ (۱) دوستی۔ سہیلی پن۔ بہنیلی پنا۔ بہن بننا ۔

بہناپا جوڑنا یا کرنا۔ (ع) سہیلی بننا۔ دوستی کرنا ۔

بھنتاس (بَھن۔تاس) (ع) مذکر (۱) ہاتھی کے باندھنے کا موٹا کھونٹا (۲) بکل۔ کھال۔ تسمہ (۳) ذکر۔ آلۂ تناسل ۔

بھُنانا (بُھنا۔نا) (ع) (۱) بریاں کرانا۔ (۲) روپیہ پیسہ تڑوانا۔ خردہ کرانا ۔

بھُنائی۔ بھُنوائی (بُھنا۔ای۔ بُھن۔وا۔ای) (ع) مؤنث۔ (۱) بھُنانے کی اُجرت۔ (۲) بھنا کنوتی۔

بھنبوڑنا۔ بھنبھوڑنا (بَھم۔بوڑ۔نا۔ بَھم۔بھوڑ۔نا) (۱) درندہ جانور کا دانتوں سے کسی کو کاٹنا پھاڑنا۔ نوچنا ۔

بھن بھن (بِھن۔بِھن) (ع) مؤنث۔ مکھیوں کے اڑنے کی آواز ۔

بھنبھنا (بِھن۔بِھنا) (ع) (۱) خنخنا۔ غنغنہ۔ ناک میں بولنے والا (۲) مُنبلا کھیلا ۔

بھنبھنانا (بِھن۔بِھنا۔نا) (ع) (۱) ہجوم کر کے مکھیوں کے اڑنے کی آواز۔ بھنکنا (۲) ناک میں بولنا ۔

بھنبھناہٹ (بِھن۔بِھنا۔ہَٹ) (ع) مؤنث۔

مکھیوں کی آواز ۔

بھنبھنیا (بھَن۔ بھَنی۔ یا) (ا) مذکر۔ (۱) ہر جگہ مارا مارا پھرنے والا شخص ۔

بھنبھوا (بھَم۔ بُھوا) (ا) مذکر۔ (۱) بھوک کے مارے ٹوٹ مارنے والا فقیر (۲) بھوک کی شدت میں دوسروں کی چیز کھا جانے والا ۔

بھنبھیری (بھَنبھی۔ ری) / **بھنبیری** (بھَنبی۔ ری) } (ا) مؤنث۔ (۱) تیز دوڑنے والا۔ پھرتیلا۔ چُست۔ چالاک۔ تیتریا۔ (۲) ایک برساتی پردار کیڑا۔ تیتری کے ہمشکل ۔

بھنجن (بھَن۔ جَن) (ا) مؤنث۔ علیحدگی۔ روپے کا بنانا ۔

بھنڈ۔ بھنڈا (بھَنڈ۔ بھَن۔ ڈا) (ا) مذکر۔ (۱) سوکھا ہوا ڈلا۔ (۲) بنا ہوا تمباکو ۔

بھنڈا بردار (ا) مذکر۔ حقہ پلانے والا ملازم ۔

بھنڈار (بھَنڈار) (ا) مذکر۔ (۱) گودام۔ ذخیرہ۔ (۲) سطح آب۔ (۳) پانی کا ذخیرہ ۔

بھنڈارا (بھَنڈا۔ را) (ا) مذکر۔ (۱) عام خیرات خانہ۔ فقیروں کا لنگر۔ (۲) کھوپری۔ سری (۳) پیٹ۔ شکم ۔

بھنڈاری (بھَنڈا۔ ری) (ا) مذکر۔ (۱) بھنڈار کا مالک۔ (۲) بھنڈار کا محافظ۔ گودام کا داروغہ ۔

بھنڈ پھیرا (بھَنڈ۔ پھے۔ را) / **بھنڈ قدما** (بھَنڈ۔ قَد۔ ما) } (ا) منحوس ۔

بھنڈ سیاں (بھَنڈ۔ سیاں) (ا) مؤنث۔ بودی کانا۔ گودام۔ بھتی۔ کھتا۔ ذخیرہ۔ کولا۔ گنج۔ وہ کوٹھا جس میں غلہ مہنگے ہونے کی اُمید پر بھر رکھتے ہیں ۔

بھنڈسالی (بھَنڈ۔ سا۔ لی) (ا) مذکر۔ ۔۔ رکھا ہوا لندع۔ (۲) مال خرید کر دستگا بیچنے کے لئے گودام میں بھر رکھنے والا ۔

بھنڈی (بھِن۔ ڈی) (ا) مؤنث۔ ایک ترکاری کا نام جو لمبی سی ہوتی ہے اور اس پر بہت سے روئیں ہوتے ہیں ۔

بھنڈی خانہ (ا) مذکر۔ وہ کوٹھڑی یا مکان جس میں ٹھٹھے کا سامان رہتا ہے۔ مسخرہ خانہ ۔

بھنڈیلا (بھَنڈ۔ ڈے۔ لا) (ا) (۱) نقال۔ بھانڈ (۲) بھکڑباز۔ (۳) جگت باز ۔

بھنک (بھِنَک) (ا) مؤنث (۱) دھیمی آواز۔ (۲) اُڑتی ہوئی خبر۔ (۳) مکھیوں کی آواز۔ خبر۔ اطلاع ۔

بھنکنا (ف) (۱) مکھیوں کا بھنبھنانا اور ہجوم کرنا۔ (۲) سُست بیٹھنا۔ بیکار رہنا۔ (۳) میلا کچیلا رہنا۔ غلیظ رہنا ۔

بہن کے گھر بھائی کتا۔ سالے کے گھر جنوائی کتا (ک) مثل۔ بہن کے گھر بھائی اور خسر کے گھر داماد کتے کے برابر ہے ۔

بھنگ (بھَنگ) (ا) مؤنث۔ (۱) سبزی۔ ایک قسم کی نشیلی پتی۔ (۲) بربادی۔ تباہی ۔

بھنگا (بُھن۔ گا) (ا) مذکر۔ ایک چھوٹا کیڑا جو اکثر برسات میں پیدا ہوتا ہے ۔

بھنگڑ (ا) مذکر۔ (۱) بھنگ پینے والا۔ (۲) گپتی۔ زیادہ گو ۔

بھنگرا (بھَنگ۔ رَا) / **بھنگرا** (بھَنگ۔ رَا) } (ا) مذکر۔ (۱) ایک مشہور گھاس جو دوا میں کام آتی ہے ۔

بھنگ کے بھاڑے میں جانا (ف) مفت جانا۔ ضائع جانا ۔

بھنگن (ا) مؤنث۔ (۱) مہترانی۔ حلال خوری (۲) بھنگ پینے یا بیچنے والی ۔

بھنگی (ا) مذکر۔ (۱) خاکروب۔ جاروب کش۔ مہتر۔ حلال خور (۲) بھنگ پینے والا ۔

بہنگی (بَہَنگی) (ا) مؤنث۔ بانس کی وہ موٹی لکڑی جس کے دونوں طرف رسی باندھ کر بوجھ اٹھاتے ہیں ۔

بھنگیرا (ا) مذکر۔ پسی ہوئی بھنگ بیچنے والا ۔

بھنگیر خانہ (ا) مذکر۔ بھنگ گھوٹنے اور پینے کی خاص جگہ ۔

بھنگیر خانے کی گپ (ا) مؤنث۔ بے سروپا بات ۔

بھنگیرن (ا) مؤنث۔ رانڈن۔ بھنگ اور حقہ تیار کر کے پلانے والی ۔

بھننک (بھَننَک) (ا) مؤنث۔ دھیمی دھیمی آواز ۔

بھنور (بھَنوَر) (ا) مذکر۔ (۱) گرداب۔ ورطہ۔ پانی کا چکر۔ (۲) بلا۔ غم۔ دکھ۔ الزام ۔

بھنور پڑنا (ف) پانی کا چکر کھانا۔ گرداب پڑنا ۔

بھنور جال (ہ) مذکر دنیا کے مخمصے - دنیا کا چکر اور اس کی گردش ۔

بھنور کلی (ہ) مؤنث - کنڈا - کڑی - لوہے یا پیتل وغیرہ کا حلقہ جو کتے یا بکری وغیرہ کے گلے میں ڈالتے ہیں ۔

بہنوئی (بہ - نو - ای) (ہ) مذکر - بہن کا خاوند - جیجا - دولہا بھائی ۔

بہنی (بہ - نی) (ہ) مؤنث - پہلی بکری - اوّل اوّل دام لے کر بیچنا ۔

بہنیلی (بہ - نے - لی) (ہ) مؤنث - سہیلی - منہ بولی بہن ۔

بہو (بہو) (ہ) مؤنث - (۱) دلھن - عروس (۲) نئی بیاہی ہوئی عورت - جورو - بیوی - لگائی - استری (۳) بیٹے کی جورو - (۴) معزز ہندو عورت

بہو بیگم نام رکھنا (ہ) اپنے آپ معزز اور بڑا جتنا ۔

بہو رہی کنواری - ساس رہی واری
بہو آئی بیاہی - پھر گئی خواری } (ہ) مثل - منگنی کے بعد بہو کی بڑی خاطر مدارات کی جاتی ہے - لیکن بیاہ کے بعد جھگڑے فساد شروع ہو جاتے ہیں ۔

بھو (بھو) (ہ) مؤنث - (۱) خوف - ڈر - دہشت ۔

بھو - بھوا (بھو - بھو - آ) مؤنث - (ہندو) باپ کی بہن - پھوپھی ۔

بھوانی (بھوا - نی) (ہ) مؤنث - (۱) شیو جی کی بیوی (۲) چیچک ۔

بھوبل (بھو - بل) (ہ) مؤنث - (۱) جلی ہوئی گرم یا خاک (۲) ریت - بالو ۔

بھوپال (بھو - پال) (ہ) وسط ہند کی مشہور اسلامی ریاست ۔

بھوپالی (ہ) مؤنث - ایک راگنی - (۲) (صفت) ریاست بھوپال سے نسبت رکھنے والا ۔

بھوت (بھوت) (س) مذکر - (۱) پریت - شیطان - خبیث - ناپاک روح (۲) حکمائے ہند کے مجوزہ عنصروں میں ایک عنصر - (۳) (صفت) مر جانے والا - پیچھا نہ چھوڑنے والا (۴) بدصورت - بدشکل - (۵) نشے میں چور - سرشار ۔

بھوت اترنا (ہ) (۱) جن اترنا - غصہ اترنا ۔

بھوت بننا - یا - بھوت ہو جانا (ہ) (۱) نشے میں سرشار ہونا (۲) غصے میں آپے سے باہر ہو جانا (۳) خاک آلود ہونا - (۴) جن بننا ۔

بھوت کا پکوان (ہ) مذکر - (۱) بھوت کے ذریعے سے ملا ہوا پکوان - (۲) مفت کی دولت - آسانی سے ملا ہوا مال ۔

بھوت ہو کر چمٹنا - یا - لپٹنا (ہ) نہایت گرویدہ ہونا - سر ہونا - چمڑی ہو کر لپٹنا - پیچھے لگنا - ہر وقت ساتھ رہنا - منشا کے خلاف سائے کی طرح لگا رہنا ۔

بھوتنی (بھوت - نی) (ہ) مؤنث - دیکھو (بھتنی) بھوت کی تانیث ۔

بھوتنی والا (ہ) مذکر - چڑیل کا - بدمعاش - شریر - بے ایمان وغیرہ ۔

بھوج (بھوج) (ہ) مذکر - (۱) کھانا (۲) دعوت - ضیافت (۳) قنوج کے مشہور راجہ کا نام (۴) بھنا ہوا غلہ ۔

بھوجائی - بھوجی (بھو - جا - ای - بھو - جی) (ہ) مؤنث - بڑے بھائی کی بیوی - بھاوج ۔

بھوج پتر (ہ) مذکر - ایک قسم کے درخت بھوج کے پتے ۔

بھوجن (بھو - جن) (ہ) مذکر - کھانا - طعام - غذا - کھانے کی چیز - (۲) خشک ترکاری - بھنی ہوئی ترکاری (۳) بھونی ہوئی شے ۔

بھوچک - بھوچکا (بھو - چک - بھو - چک - کا) (ہ) (۱) بدحواس - پریشان - حواس باختہ (۲) حیران - متحیر (۳) بھولا ہوا - غلط راستے پر چلتا ہوا - ڈرتا ہوا - خوف زدہ ۔

بھوچکا رہنا یا ہونا (ہ) حیران و متعجب ہونا

بھوڈل (بھو - ڈل) (ہ) مذکر - ابرک ۔

بھور (بھور) (ہ) مؤنث - صبح - تڑکا - علی الصباح ۔

بھور ہونا (ہ) (۱) صبح ہونا - تڑکا ہونا - سفیدی پھیلنا - (۲) بڑھاپا آنا - بال سفید ہونا (۳) خاتمہ ہونا - مرنا ۔

بھورا (بھو - را) (ہ) دیکھو بھونرا

بھورا (بھو - را) (ہ) (۱) مٹیالا رنگ - سیاہ مائل بہ زردی - سرخی - قسمری رنگ (۲) مٹیالا کبوتر

جس کا کوئی پرسفید نہ ہو ؛

بھورا (بھو - را) (ہ) مذکر - ریزہ - روٹی - طعام - مٹھائی وغیرہ کا چھوٹا سا ٹکڑا ؛

بھورے (ہ) بھورا کی جمع ؛

بھوڑ (بھوڑ) (ہ) مؤنث - ریگستان - ریتلی زمین ؛

بھوڑا (بھو - ڑا) (ہ) مذکر - واپسی کا کھانا - ماحضر ولیمہ - دلھن کے ساتھ جو کھانا برات کی واپسی کے وقت بھیجا جاتا ہے ؛

بھوڑال (ہ) دیکھو بھوڈل ؛

بھوسی (بھو - سی) (ہ) مؤنث - بھوس - چوکر - غلہ کا فضلہ - چھلکا - بھوس کی تانیث ؛

بھوشن (بھو - شن) (س) مذکر - (۱) سجاوٹ (۲) زیورات - جواہرات - (۳) پوشاک (۴) وشنو جی ؛

بھوک (بھوک) (ہ) مؤنث (۱) کھانے کی خواہش - جوع - (۲) ضرورت - خواہش - حاجت - چاہنا - (۳) کمی - کسر ؛

بھوک بند ہونا (ہ) بھوک نہ رہنا - بھوک نہ لگنا - خواہش نہ ہونا - اشتہا نہ لگنا ؛

بھوک پیاس (ا) (۱) کھانے پینے کی ضرورت ہونا - آب و خورش کی خواہش - (۲) مجازاً غریبی - کنگالی - نقر - فاقہ - تنگی - مفلسی ؛

بھوک کو بھوجن کیا اور نیند کو بچھونا کیا (ہ) مثل - سخت بھوک میں آدمی جو کچھ مل جائے کھا لیتا ہے اور سخت نیند میں بستر کا خیال نہیں کرتا ؛

بھوک لگنا (ہ) (۱) اشتہا ہونا - کھانے کی خواہش ہونا ؛

بھوک مرنا (ہ) اشتہا جاتی رہنا - بھوک جاتی رہنا ؛

بھوکا (بھو - کا) (ہ) (۱) خواہشمند - محتاج - حاجتمند - ضرورت والا - خواہاں (۲) قحط زدہ - فاقہ کش (۳) نہایت مفلس - غریب - کنگال - قلاش - (۴) عاشق - فریفتہ (۵) آرزومند - متمنی - مشتاق ؛

بھوکا بنگالی بھات بھات پکارے (ہ) جن چیزوں کی عادت ہوتی ہے وہی یاد آتی ہیں ؛

بھوکا کیا نہ کرتا (ہ) مثل - مجبوری میں سب کچھ کرنا پڑتا ہے - مجبوری سب کچھ کراتی ہے ؛

بھوکے شریف سے پیٹ بھرے رذیل سے ڈرنا چاہئے (ہ) مثل - شریف نادار بھی ہو تو اس سے ذلت نہیں پہنچتی - اور رذیل سے دُکھ ؛

بھوگ (بھوگ) (ہ) مذکر - (۱) بھوجن - کھانا - طعام - پرشاد - تبرک (۲) دیوتاؤں کا چڑھاوا (۳) ایک بھجن اور پھر باقی راگنی (۴) خوشی - آرام - عیش (۵) جماع - صحبت - ہمبستری (۶) بھگتنا - بدلہ - نتیجہ - صلہ - عوض - سزا - جزا - (۷) تخلص - جو شاعر اپنے کلام میں لاتے ہیں ؛

بھوگ بلاس (س) مذکر - عیش و عشرت - سرور و انبساط - حظوظ نفسانی - رنگ رلیاں - جشن و شادمانی - لطف زندگانی - آنند - مزہ - زندگی کے مزے - خواہشات کا پورا کرنا - ناچ رنگ - گانا ناچنا - سیر و تماشا - کھیل کود - لہو و لعب - تعیش ؛

بھوگ پڑنا (ہ) عو - گالیاں پڑنا - لعنت ملامت پڑنا - دُر دُر پھٹ پھٹ ہونا ؛

بھوگ دینا - یا - سنانا (ہ) (۱) گالیاں دینا - لعنت ملامت کرنا - (۲) تبرک دینا ؛

بھوگ کرنا (ہ) مجامعت کرنا - ہمبستر ہونا - جماع کرنا ؛

بھوگلی (بھوگ - لی) (ہ) مؤنث - (ہندو - عو) ناک کا ایک چھوٹا زیور ؛

بھوگنا (ہ) (۱) مزے اُڑانا - عیش کرنا - لطف اُٹھانا - (۲) برداشت کرنا - بھگتنا - سہنا - بھرنا - مجبور ہونا (۳) بدلہ پانا - عوض پانا - نتیجہ بھگتنا - سزا پانا (۴) جرمانہ ادا کرنا ؛

بھوگی (ہ) مذکر (۱) عیاش - شہوت پرست - زناکار - زانی (۲) کھانے والا - ساش خوراک - (۳) دیوتاؤں کے بھوگ دینے والا - چڑھاوا چڑھانے والا - (۴) آرام طلب - عیش پسند - (۵) گرہستی - خانہ دار ؛

بھول (بھول) (ہ) مؤنث (۱) سہو و نسیان - چوک - غلطی (۲) قصور (۳) دھوکا (۴) بھولنا کا امر ؛

بھول پڑنا (ہ) سہو ہونا - یاد سے اُتر جانا ؛

بھول چوک (ا) مؤنث - (۱) قصور - خطا - غلطی - لغزش - (۲) کمی بیشی (۳) گناہ - پاپ ؛

بھول چوک لینی دینی (ف) محاورہ - کمی بیشی لی دی جائے گی۔

بھول کے نہ کرنا (ف) کبھی نہ کرنا - ایسا نہ کرنا - ہرگز نہ کرنا - کسی حال میں نہ کرنا۔

بھول گئے ناچ رنگ - بھول گئی چوکڑی تینوں چیز یاد رہی - نون تیل لکڑی (ف) مثل - بیاہ کے بعد دنیا کے کام دھندوں میں سب کچھ بھول جاتا ہے۔

بھولا (بھو - لا) (ف) (۱) سیدھا سادہ - بے تکلف - بے کینہ - چھل کپٹ نہ کرنے والا - (۲) ناتجربہ کار - غیر آزمودہ کار - بھلے برے کی تمیز نہ رکھنے والا - (۳) شریف - اشراف۔

بھولا (بھو - لا) (۱) بھولنا کی ماضی (۲) گم شدہ - گمراہ (۳) فراموش - بھولنے والا (۴) غافل۔

بھولا بسرا - یا - بھولا چوکا (ف) بھولا چوکا - یاد سے اترا ہوا - چوکا ہوا۔

بھولا بھالا (ف) مذکر - (۱) سیدھا سادہ بے تکلف (۲) معصوم - بے گناہ - بچہ۔

بھولا بھٹکا (ف) راستہ بھولا ہوا - راہ کھویا ہوا۔

بھولا پن - یا - بھولپن (ف) مذکر (۱) سادگی - سادہ پن (۲) نادانی - سادہ لوحی (۳) ناتجربہ کاری (۴) خوبی (۵) وہ بھولا پن جس میں شرارت نہ ہو۔

بھولا چیتا (ف) مذکر - غائب حافظہ - سہو کی عادت - بھول کا مادہ (۲) بھولا ہوا یاد آنا - بھول کر یاد آ جانا۔

بھولا ناتھ (ف) مذکر - شو جی کا لقب۔

بھول بھلیاں (ف) مؤنث - پیچ در پیچ راستے کا مکان یا راستہ جس میں چلتے ہوئے آدمی چکرا جائے اور راستہ بھول جائے (۲) گورکھ دھندے کا مکان (۳) وہ کام یا بات جو بار بار سمجھانے سے بھی سمجھ میں نہ آئے - (۴) ایک تماشے کا نام جو اکثر تھیٹروں میں دکھایا جاتا ہے۔

بھولنا (ف) (۱) دھیان نہ رکھنا - فراموش کرنا - یاد نہ رہنا - (۲) غلطی کرنا - خطا کرنا - (۳) بھٹکنا - گم کرنا - کھونا - (۴) دھوکا کھانا - فریب میں آنا - (۵) غرور کرنا - (۶) بے خبر رہنا - غافل ہونا۔

بھولی (ف) مؤنث - نادان عورت - سیدھی سادی۔

بھولی بھولی باتیں (ف) بچوں کی سی باتیں پیاری پیاری باتیں - سادہ لوحی کی باتیں۔

بھولی بھالی صورت (ف) مؤنث (۱) پیاری صورت اچھی شکل (۲) سادہ مزاج - بے تکلف۔

بھولے بھٹکے (ف) کبھی کبھی - راستہ بھول کر - بھولے چوکے۔

بھوم (بھوم) (ف) مؤنث - (۱) زمین - ارض - دھرتی (۲) دنیا - سنسار (۳) جگہ - مقام (۴) ملک - ولایت (۵) وطن - دیس۔

بھومیا (بھوم - یا) (ف) مؤنث - (۱) زمیندار - زمین کا مالک (۲) پرانا باشندہ (۳) وہ بہت پرانا سانپ جس کے سر پر بال نکل آئے ہوں۔

بھوں (بھوں) (ف) مؤنث - ابرو - آنکھ اور ماتھے کے درمیانی بال۔

بھون (بھون) (س) مذکر - (۱) مقام - جگہ - گھر - مسکن (۲) دیوی کا استھان۔

بھوں (بھوں) (ف) مؤنث - (۱) سانپ کی آواز - (۲) بولی آواز (۳) کتے کی آواز۔

بھوں بھوں (ف) مؤنث - (۱) کتے کی آواز - (۲) رونے کی آواز۔

بھوں بھوں کرنا (ف) (۱) بھونکنا - بکنا - بکواس کرنا (۲) کرخت اور سخت آواز سے بولنا - (۳) کتے کی آواز کی نقل۔

بھونپو (بھوں - پو) (ف) مذکر - (۱) نرسنگا - ترئی - پھنکنی (۲) بھاری اور بری آواز۔

بھونچال (بھوں - چال) (ف) مذکر - زلزلہ - لرزہ۔

بھونچکا (ف) دیکھو بھوچکا۔

بھوندو (بھوں - دو) (ف) نادان - احمق - بیوقوف - کندۂ ناتراش۔

بھونڈا (بھوں - ڈا) (ف) (۱) بدصورت - بدشکل - (۲) بدوضع - بے ڈول۔

بھونڈا پن - یا - بھونڈا پنا (ف) مذکر - (۱) بدتمیزی (۲) بدشکلی - بدصورتی۔

بھونڈا نخرہ (ف) مذکر - (۱) نازِ بے جا - شتر غمزہ۔

بھونڈی (ف) بھونڈا کی تانیث۔

بھونڈی باتیں (ف) مؤنث - سخن نازیبا - بدتمیزی

کی باتیں ؎

بھونڈی صورت (ا) مؤنث۔ بدشکل۔ صورت ناموزوں ؎

بھونرا (بھوں۔ رَا) (ہ) مذکر۔ (۱) مذہب۔ ایک قسم کا سیاہ بھنبیا جو اکثر لکڑی میں چھید کر کے رہتا ہے۔ اس کی گونج دار سہانی آواز گرمی کا سماں خوب باندھتی ہے۔ ہندی شاعر اسے کنول کے پھول کا عاشق اور چمپا کا دشمن باندھتے ہیں۔ (۲) تہ خانہ۔ دخمہ (۳) نہایت کالی چیز کو بھی اس سے تشبیہ دیتے ہیں ؎

بھونری (بھوں۔ رِی) (ہ) مؤنث۔ (۱) بالوں کا چکّر جو گھوڑے یا آدمی کی پیشانی وغیرہ پر ہوتا ہے جس سے وہ نحوس خیال کیا جاتا ہے (۲) پوربی ا ... ؎

بھونسنا (بھوں۔ سْ۔ نَا) (ہ) (۱) بھونکنا (۲) بکنا ؎

بھونکانا (بھوں۔ کا۔ نا) (ہ۔ متعدی) (۱) بھنوانا۔ بکوانا (۲) دق کرنا۔ ستانا ؎

بھونکڑا (بھوں۔ کْ۔ ڑا) (ہ۔ ا) موٹا۔ بھدا (۲) موٹی ناک۔ چوڑی چپٹی بڑی ناک (۳) (مجازاً) اُجڑا ناکا۔ بے تمیزی کا بیٹا۔ بے قاعدہ میوں

بھونکنا (بھوں۔ کْ۔ نا) (ہ۔ ا) کتّے کا چلّانا۔ بھوں بھوں کرنا (۲) بکنا۔ بکواس کرنا (۳) غل مچانا۔ چیخنا ؎

بھونکنا (بھوں۔ کْ۔ نا) (ہ۔ ا) چبھونا۔ مارنا۔ چھیدنا۔ گھسیڑنا۔ گھونپنا (۲) موٹی موٹی سلائی کرنا ؎

بھون کھانا (ہ۔ ا) پکا کر کھانا (۲) اُڑانا۔ صرف بے جا کرنا ؎

بھوننا (ہ ا) بریان کرنا۔ تلنا (۲) سوختہ کرنا۔ جلانا۔ بھلبھلانا (۳) تنگ کرنا۔ ستانا۔ دل جلانا۔ دق کرنا ؎

بھونی بھانگ نہ ہونا (ا) کچھ بھی نہ ہونا۔ مفلس اور کنگال ہونا ؎

بھیّی (بھَیْ۔ یی) (ہ) مذکر۔ بھائی کا مخفف۔ کلمہ خطاب ؎

بہی (بہی) (ہ) مؤنث۔ وہ رجسٹر یا کتاب جس میں حساب وغیرہ لکھتے ہیں۔ روزنامچہ ؎

بہی پر اتارنا۔ یا۔ چڑھانا (ہ) بہی پر نقل کرنا۔ یادداشت میں درج کرنا۔ بہی میں لکھنا ؎

بہی خسرہ (ہ) مؤنث۔ روزنامچہ ؎

بہی دھروڑ (ہ) مؤنث۔ رکھے ہوئے حساب کی بہی ؎

بہی کھاتا (ہ) مذکر۔ حساب کی کتاب۔ روزنامچہ کھاتہ۔ اکاؤنٹ بک۔ روزانہ اسم وار حساب کی کتاب نام بنام آمد و خرچ کا حساب ؎

پہی (بہی) (ہ) مؤنث۔ میوے کا نام جو سیب سے مشابہ ہے اور کابل و کشمیر میں پیدا ہوتا ہے ؎

بھی (ہ) حرف ربط۔ نیز۔ اور۔ علاوہ۔ زیادہ۔ مزید ؎

بھے (بْھَے) (ہ) مذکر۔ ڈر۔ اندیشہ ؎

بھیّا (بھی۔ یا) (ہ) مذکر۔ بھائی۔ برادر۔ کلمہ خطاب ؎

بھیّاچارہ (ہ) مذکر (۱) بھائی چارہ (۲) شرکت کی زمین۔ شاملات ؎

بھیّاچارہ غیر مکمل (ا) مذکر۔ شاملات کی زمین۔ جو تقسیم نہ ہوئی ہو ؎

بھیادوج (ہ) مؤنث۔ جم دُتیا۔ ایک تہوار۔ جس میں ہندو عورتیں بھائیوں کے لئے شیرینی بھیجتی یا لے جاتی ہیں ؎

بھیانک (بھیا۔ نک) (ہ) (۱) ڈراؤنا۔ خوفناک۔ مہیب۔ متوحش۔ متحیر۔ (۲) ڈرا ہوا۔ گھبرایا ہوا۔ (۳) سنسان۔ ویران۔ بے رونق ؎

بھیت (بھیت) (ہ) مؤنث۔ دیوار۔ پاکھار۔ چار دیواری فصیل (۲) راز۔ بھید ؎

بھیتر (بھی۔ تر) (ہ) (۱) اندر۔ درمیان۔ (۲) پوشیدہ۔ گپت۔ مخفی ؎

بھیتری مار (ہ) مؤنث (عو) (۱) وہ چوٹ جس کا نشان نظر نہ پڑے۔ (۲) اندرونی چوٹ (۳) دلی صدمہ۔ جگری غم ؎

بھیٹ۔ بھینٹ (بھیٹ۔ بھینٹ) (ہ) مؤنث (۱) ٹکر۔ ٹکرانا۔ بھڑنا۔ لڑنا۔ آمنا سامنا۔ مٹ بھیڑ (۲) ملاقات۔ میل۔ (۳) پیشکش۔ سوغات۔ ڈالی۔ تحفہ۔ نذرانہ۔ (۴) قربانی۔ صدقہ۔ (۵) رشوت ؎

بھیٹ لینا (ہ) (۱) نذر لینا۔ چڑھاوا لینا۔ (۲) بار ڈالنا۔ جان لینا۔ (۳) رشوت لینا۔ (۴) قربانی منظور کرنا ؎

بھیٹ بکرا (ہ) مذکر۔ منت کا بکرا۔ نذر کا بکرا ؎

بھیجا (بھے۔ جا) (ہ) مذکر (۱) مغز۔ دماغ۔ گودا۔ گری۔ (۲) روانہ کیا۔ چلتا کیا ؎

بھیجا بکنا (ہ) (عو) کسی کی بک بک سے دماغ پریشان

ہونا۔ دردِ سر ہونا۔

بھیجا کھایا (ہ) دماغ پراگندہ کرنا۔ سمع خراشی کرنا۔

بھیجنا (ز بھیج ۔ نا) (ف) (۱) ارسال کرنا۔ روانہ کرنا۔ چلتا کرنا۔

بھینچنا۔ بھینچنا (بھینچ ۔ نا ۔ بھینچ ۔ نا) (ہ) (۱) دبانا۔ مروڑنا۔ دبوچنا (۲) کچلنا۔ مسوسنا۔ مسلنا۔ (۳) مجبور کرنا۔ بار ڈالنا۔ بوجھ ڈالنا۔

بھید (بھید) (ہ) مذکر ۔ (۱) گپت ۔ پوشیدہ راز۔ دلی بات ۔ (۲) سراغ ۔ اثر ۔ پتہ نشان ۔ (۳) بوجھ ۔ پہیلی ۔ (۴) موتی یا چھدے ہوئے کانوں کا سوراخ ۔ چھید۔

بھید کھولنا (ہ) افشائے راز کرنا ۔ (۲) بھرم کھولنا۔

بھید لینا (ہ) (۱) راز معلوم کرنا ۔ (۲) عندیہ لینا۔ (۳) پتہ لگانا ۔ چھان بین کرنا۔

بھیدی (ہ) مذکر ۔ (۱) ہمراز ۔ راز دان ۔ واقف حال ۔ محرم راز (۲) کھوجی ۔ سراغ رساں مخبر ۔ جاسوس۔

بھیر (بھیر) (ہ) مؤنث ۔ (۱) فوج کے متعلقین اور سامان تجارت (۲) فوج کے بازار کا علاقہ (۳) بھیڑ ۔ انبوہ۔

بھیر بھنگا ۔ بھیرو بھنگا (ز) مذکر ۔ فوج کے شاگرد پیشہ اور خیمہ و خرگاہ۔

بھیروں (بھے ۔ روں) (ہ) مذکر ۔ (۱) شیوجی کا اوتار (۲) چھ راگوں میں سے ایک راگ (۳) مجازاً کالا کلوٹا آدمی۔

بھیروں ناچنا (ہ) ہندو ۔ (۱) صحت کا ۔ فربہ ہونا ۔ رنگ میں بھنگ پڑنا ۔ (۲) اکھو ہوں جانا ۔ اجاڑ ہونا ۔ تباہ و برباد ہو جانا ۔ کام بگڑ جانا۔

بھیرویں (بھیر ۔ ریں) (ہ) مؤنث ۔ (۱) بھیروں کی استری ۔ درگا کالی چنڈی وغیرہ (۲) بھیروں کی پانچ راگنیوں میں سے ایک راگنی۔

بھیرویں اڑانا ۔ یا ۔ گانا (۱) خوشی کے گیت گانا ۔ عیش منانا ۔ بھیرویں راگ کا الاپنا۔

بھیرویں ہے تو ہماری بھی واہ (ہ) مثل ۔ اس وقت بولتے ہیں ۔ جب مجلس میں کوئی بے خبر شخص اسی راگنی کی فرمائش کرے ۔ جو گائی جا رہی ہو یا دور بتلائے جانے پر فرمائش کرنے والا شرمندہ ہو کر اسکی تعریف کرنے

بھیڑ (بھیڑ) (ہ) مؤنث ۔ (۱) مادہ میش ۔ بھیڑی (۲) غریب ۔ سیدھا سادہ مسکین ۔ بے کیوں۔

بھیڑ جہاں جائیگی وہیں منڈیگی (ز) مثل ۔ (۱) ماتحت و محکوم جہاں جائیگا ۔ وہیں ماتحتی کرے گا ۔ کمزور ہی رہے گا ۔ (۲) مالدار کو ہر جگہ خرچ کرنا پڑیگا۔

بھیڑ چال (ہ) مؤنث ۔ بے سوچے سمجھے ۔ دیکھا دیکھی کام کرنا ۔ رسم و رواج کے پیچھے ہو لینا۔

بھیڑ کی لات ٹخنوں تک (ز) مثل ۔ کمزور کی بہادری سے کسی کو تکلیف نہیں پہنچ سکتی ۔ کمزور کی مار بے کار ہے ۔ کمزور سے نقصان نہیں پہنچ سکتا۔

بھیڑ (بھیڑ) (ہ) مؤنث ۔ (۱) انبوہ ۔ ہجوم ۔ ازدحام ۔ (۲) مصیبت ۔ آفت۔

بھیڑ بھاڑ (ہ) مؤنث ۔ کثرت ۔ زیادتی ۔ بہتات دھوم دھام۔

بھیڑ بھڑکا (ہ) مذکر ۔ دیکھو بھیڑ بھاڑ۔

بھیڑ پڑنا (ہ) (۱) مصیبت آنا ۔ آفت آنا ۔ (۲) مہم پیش آنا ۔ دقت واقع ہونا۔

بھیڑ لگانا (ہ) بہت سے لوگوں کو جمع کرنا۔

بھیڑا (بھے ۔ ڑا) (ہ) مذکر ۔ ہبیلہ ۔ ایک قسم کی بڑی ہڑ۔

بھیڑنا (بھیڑ ۔ نا) (ہ) (۱) پٹ لگانا ۔ دروازہ بند کرنا (۲) قفل لگانا ۔ مقفل کرنا (۳) دینا ۔ حوالے کرنا۔

بھیڑنی (ہ) مؤنث ۔ بھیڑیے کی مادہ۔

بھیڑی (ہ) مؤنث ۔ بھیڑ۔

بھیڑیا (بھیڑ ۔ یا) (ہ) مذکر ۔ ایک درندے کا نام گرگ۔

بھیس (بھیس) (ہ) مذکر (۱) رنگ روپ ۔ ہیئت وضع (۲) طرز ۔ طور ۔ ڈھنگ (۳) لباس ۔ پوشاک (۴) سوانگ (۵) گروہ ۔ فرقہ (۶) تقلید ۔ پیروی۔

بھیس بدلنا (ہ) (۱) روپ بھرنا ۔ سوانگ بھرنا ۔ (۲) ہیئت پلٹنا ۔ لباس تبدیل کرنا۔

بھیک (بھیک) (ہ) مؤنث ۔ بھکشا ۔ گدائی خیرات ۔ سوال۔

بھیک کا ٹکڑا (ہ) مذکر (۱) خیرات کا لقمہ گدائی کی روٹی ۔ مانگے تانگے کا ٹکڑا (۲) لطف سے تعلق ۔ حرام کا بچہ ۔ (۳) مانگی ہوئی چیز۔

بھیک کا ٹھیکرا (ہ) مذکر (۱) کچکول۔ کاسۂ گدائی۔ مانگنے کا پیالہ (۲) کمائی کا وسیلہ۔ وہ چیز جس کے ذریعے سے روٹی کما کھائیں (۳) کسب۔ فن۔ ہنر کے آلات۔

بھیک مانگنا (ہ) (۱) گدائی کرنا۔ گداگری کرنا (۲) خیرات چاہنا۔ مفت مانگنا۔

بھیگنا (بھیگ۔ نا) (ہ) گیلا ہونا۔ تر ہونا۔ نم ہونا۔

بھیگی بلی بتانا (ہ) بہانہ کرنا۔ ٹالنا۔ بے جا انکار اور ٹال مٹول کرنا۔ روایت ہے کہ کسی جگہ استاد شاگرد سو رہے تھے۔ اور بارش ہو رہی تھی۔ صبح منہ اندھیرے استاد کی آنکھ کھلی تو اس نے شاگرد سے کہا۔ باہر جا کر دیکھ آؤ کہ بارش تو نہیں ہو رہی۔ شاگرد تھا کاہل۔ وہیں بیٹھے لیٹے جواب دیا کہ بارش ہو رہی ہے۔ استاد نے کہا ظالم! چارپائی سے تو ہلا نہیں۔ اور کہتا ہے کہ بارش ہو رہی ہے۔ شاگرد نے جواب دیا۔ بلی باہر سے بھیگی ہوئی آئی ہے۔ اسی سے بھیگی بلی بتانا عذر بے جا کی ضرب المثل ہو گئی ہے۔

بھیگی مرغی (و) مسکین صورت۔ نہایت غریب۔ عاجز۔ منکسر۔

بھیل (بھیل) (ہ) مذکر۔ ہندوستان کے اصلی باشندے جو کسی قدر راجپوتانہ میں باقی رہ گئے ہیں۔

بھیلسا (بھیل۔ سا) (ہ) مذکر (۱) ریاست گوالیار میں ایک قصبہ جہاں کا تمباکو مشہور ہے (۲) اس قصبے کا تمباکو۔

بھیلی (بھے۔ لی) (ہ) مؤنث۔ گڑ کا گول ڈلا یا چکی جو موٹا پانچ سیر کی ہوتی ہے۔

بھیلیا (بھے۔ لیا) (ہ) (۱) چڑی مار۔ شکاری (۲) ایک شکاری قوم۔

بھیم (بھیم) (س) مذکر (۱) خوفناک (۲) خطرہ (۳) پانڈوؤں میں سے ایک زبردست پہلوان جس نے جنگ مہابھارت میں دریودھن کو قتل کیا تھا۔

بھیمڑا (بھیم۔ ڑا) (ہ) مذکر۔ منہ۔

بھیمڑا پسارنا (ہ) ہندی بچے کا بری طرح منہ بنا بنا کر رونا۔

بھیں (بھیں) (ہ) مؤنث۔ بھیڑ کے بولنے کی آواز۔

بھینا (بھے۔ نا) (ہ) مؤنث (۱) بہن۔ خواہر۔ ہمشیرہ (۲) سہیلی۔ سکھی۔ گوئیاں۔

بھینا (بھی۔ نا) (ہ) ہلکا۔ مہک۔ لطیف۔

بھینٹ (ہ) ہ بھینٹ۔

بھینٹنا (بھینٹ۔ نا) (ہ) بھینٹ ملنا۔ چھوا جانا۔

بھینس (بھینس) (ہ) مؤنث (۱) گاؤ میش از قسم چوپایہ بھی بڑی موٹی (۲) مجازاً۔ موٹی عورت۔

بھینس کے آگے بین بجائے (ہ) مثل۔ بے بھینس کھڑی پگرا میں بھیا پائی } وقوف سے دانشمندی کی امید فضول ہے۔

بھینسا (ہ) مذکر۔ بھینس کا نر۔ جاموش۔ سانڈ۔

بھینسا دا د (ہ) مذکر۔ جو ایک سخت داد جو فساد خون سے ہو جاتی ہے۔

بھینسا گوگل (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا گوند جو اکثر دوا میں پڑتا ہے۔

بھینسا لہسن (ہ) بڑا اسٹرنج یا سفید یا سیاہ نشان جو اکثر گال یا گردن وغیرہ کی جلد میں ہو جاتا ہے۔

بھینگا (بھیں۔ گا) (ہ) احول۔ آنکھ دبا کر دیکھنے والا۔

بھینی (بھی۔ نی) (ہ) مؤنث۔ ہلکی۔ دھیمی۔

بھینی بھینی (ہ) ہلکی ہلکی دھیمی دھیمی۔

بھینی بھینی بو (ہ) مؤنث۔ میٹھی میٹھی خوشبو۔ بھینی ہلکی خوشبو۔ لطیف بو۔

ب-ی-ے

بی (بی) (ا) مؤنث۔ بی بی کا مخفف۔ کلمۂ خطاب ہے۔ جو عورتوں سے مخاطب ہوتے وقت کہتے ہیں (۱) بیوی۔ بیگم۔ رانی۔ مالکہ (۲) بڑی بوڑھی۔

بی بی (ا) مؤنث (۱) مانو۔ بیگم۔ خانم۔ خاتون (۲) امیر زادی۔ شریف زادی (۳) نیک۔ پاک۔ عفیفہ۔ پارسا۔ صالحہ عورت (۴) بڑی بوڑھی۔ ساس۔ ماں۔ مالکہ۔ گھر والی۔ صاحب خانہ (۵) ہمشیرہ۔ بہن۔ بوا۔ خواہر عزیزہ (۶) بڑی نند۔ نند۔ شوہر کی بہن (۷) مراد از حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا۔

بی بی خطا کرے باندی پکڑی جائے (۱) مثل بڑے کی خطا پر غریب کی کم بختی۔ اپنی غلطی کو نوکر یا خادم کے سر تھوپنا۔

بی بی خیلا دو چٹے اک میلا (۱) مثل۔ پھوہڑ کو موزونیت کی کچھ پروا نہیں ہوتی۔

بی بی کا دانہ (۱) محاورہ (عو) حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی نیاز کا کھانا۔

بی بی کا کونڈا (۱) مذکر۔ جلیبیاں جن پر حضرت فاطمہؓ کی نیاز ہوتی ہے۔

بی بی کا کھانا دانہ کھانے والی (۱) محاورہ۔ پاک دامن یا پارسا عورت جو حضرت فاطمہؓ کی نیاز کا کھانا کھانے کی اہلیت رکھتی ہو۔

بی بی کی صحنک (۱) مؤنث۔ دیکھو بی بی کا دانہ

بی بی کی کرکرایا (۱) مؤنث۔ گلہری۔

بی بی کی نیاز (۱) مؤنث۔ حضرت فاطمہؓ کے فاتحہ کا کھانا جو صرف پاک دامن عورتیں کھاتی ہیں۔

بی جی (۱) مؤنث (۱) بیوی جی کا مخفف (۲) زنخہ زنانہ۔ عورتوں کے سے ڈھنگ رکھنے والا شخص۔

بی نتادی (۱) مؤنث (عو) ایک فرضی نام جو عورتوں نے بچوں کے ڈرانے کے لئے تجویز کر رکھا ہے۔ ہوّا۔ ہُو بُو۔ دیچا۔

بی (بی) (انگ B) مؤنث۔ انگریزی الف ب کا دوسرا حرف۔

بی۔ اے (انگ B.A) (۱) بیچلر آف آرٹس کا مخفف۔ جس نے چودھویں جماعت کا امتحان پاس کرکے یہ ڈگری لی ہو۔ گریجویٹ (۲) مذکر۔ چودھویں جماعت۔

بی۔ ایس۔ سی (انگ B.S.C) سائنس میں بی۔ اے۔

بی۔ او۔ ایل (انگ B.O.L) فارسی میں بی۔ اے۔

بے (بے) (ف) (۱) خالی۔ بغیر۔ بن۔ بلا۔ سوا (۲) اے۔ اے۔ تم۔ تو۔ او۔

بے آب (ف) بغیر پانی کے۔ بے رونق۔

بے آبرو (ف) بے عزت۔ بے حیا۔

بے آبروئی (ف) مؤنث۔ بے عزتی۔ بے حیائی۔

بے آرامی (ف) مؤنث۔ بے چینی۔ دکھ۔ تکلیف۔ ناسازی۔

بے احتیاط (ف۔ع) جو بچاؤ نہ کرے۔

بے احتیاطی (ف) مؤنث۔ بچاؤ نہ کرنا۔

بے اختیار (ف۔ع) (۱) بے قابو۔ بے بس۔ مجبور۔ ناچار (۲) نہایت۔ از حد (۳) جبراً۔ چار و ناچار۔

بے ادب (ف۔ع) (۱) گستاخ۔ شوخ۔ شریر (۲) ناشائستہ۔ غیر مہذب (۳) حد سے باہر۔ تابعے سے باہر۔

بے ادب بے نصیب۔ با ادب۔ با نصیب (۱) مثل۔ دیکھو با ادب ......

بے اصل (ف۔ع) (۱) بے بنیاد۔ بے ٹھکانے (۲) خلاف۔ غلط۔ بے حقیقت۔ جس میں سچائی نہ ہو۔

بے اندازہ (ف) (۱) بے حد (۲) بے اٹکل۔ بے قیاس۔

بے اولاد (ف۔ع) لاولد۔ جس کے اولاد نہ ہو۔

بے ایمان (ف۔ع) (۱) ادھرمی۔ بے دین (۲) بد اعتقاد (۳) بد نیت (۴) بد دیانت (۵) دغا باز۔ فریبی۔ مکار (۶) جھوٹا۔ دروغ گو (۷) غیر منصف۔

بے باقی کرنا (۱) (۱) حساب صاف کرنا (۲) ادا کرنا۔ دینا۔ چکانا۔ نمٹانا۔ بھرنا۔ بھگتنا۔ بھگتان کرنا (۳) ختم کرنا۔ پورا کرنا (۴) سبکدوش ہونا یا کرنا (۵) فیصلہ کرنا۔

بے باک (ف) (۱) نڈر۔ بے خوف (۲) آزاد (۳) دلیر۔ بہادر (۴) شوخ (۵) مسخرا (۶) بے ادب (۷) آوارہ۔ بے پروا۔

بے بال و پر (ف) (۱) بے یار۔ بے مددگار۔ جس کا کوئی رفیق نہ ہو۔ تنہا۔ اکیلا۔ بے سہارا (۲) مفلس۔ عاجز۔ مجبور۔ ناچار (۳) کمزور۔ ناطاقت (۴) جس کے بازو اور پر نہ ہوں۔ کنڈ منڈ۔

بے بدل (ف۔ع) لاثانی۔ بے نظیر۔ جس کی مثال نہ ہو۔

بے برگ (ف) (۱) پتوں کے بغیر (۲) مجازاً۔ محتاج۔

بے بس (ف) (۱) ناچار۔ مجبور۔ عاجز۔ ناتوان۔ ضعیف (۲) بے قابو۔ بے اختیار (۳) مقید۔

محبُوس ۔

بے بہا (ف) (۱) بیش قیمت۔ انمول۔ بے اندازہ قیمت والی چیز۔ بہت زیادہ قیمت کی شے۔ (۲) نایاب۔ کم یاب (۳) نفیس۔ عمدہ۔ عجیب و غریب ۔

بے بھاؤ کی پڑنا (ہ) (۱) بہت مار پڑنا۔ (۲) بہت زیادہ جوتیاں لگنا ۔

بے بہرہ (ف) (۱) محروم۔ بے نصیب (۲) (عو) آوارہ۔ خراب۔ خستہ (۳) بدتمیز۔ گستاخ۔ بے ادب ۔

بے بہرہ پھرنا (ا) (عو) بے پردہ پھرنا۔ آوارہ پھرنا ۔

بے بہرہ ہونا (ا) بدتمیز ہونا۔ خود مختار اور آزاد ہونا۔ بے خبر ہونا ۔

بے پایاں (ف) جس کا اور نہ چھور۔ بے انتہا۔ بے حد ۔

بے پر (ف) (۱) بے کس۔ غریب۔ مفلس۔ بے سرو سامان (۲) کمزور۔ ناتوان (۳) مجبور۔ ناچار۔ محتاج (۴) لنڈ منڈ۔ پر بُریدہ ۔

بے پردگی (ف) مؤنث (۱) بے شرمی۔ بے لحاظی۔ (۲) بے حجابی (۳) افشائے راز۔ بھید کا اظہار ۔

بے پردہ (ف) (۱) پردے سے باہر (۲) کھلم کھلا۔ (۳) کھلے منہ۔ بغیر برقع ۔

بے پر کی اڑانا (ا) غلط اور بے معنی بات کہنا۔ گپ اڑانا۔ بے بنیاد خبر مشہور کرنا ۔

بے پروا (ف) (۱) مستغنی۔ بے فکرا۔ غافل (۲) دولت مند (۳) سست۔ کاہل (۴) توجہ نہ کرنے والا۔ دھیان نہ دینے والا (۵) بے غرض بے پروا۔ متوکل ۔

بے پیر۔ یا۔ بے پیرا (۱) (ف) (۲) (ا) بے اُستاد۔ بے مُرشد (۲) بے ایمان۔ لامذہب۔ بد اعتقاد (۳) بے درد۔ بے رحم۔ سنگدل۔ خود غرض (۵) بدذات۔ شریر (۶) بے ہنر۔ بے کمال ۔

بے تاب (ف) (۱) بے طاقت۔ ناتواں۔ کمزور۔ (۲) بے چین۔ مضطرب۔ بے قرار (۳) برداشت نہ کرنے والا ۔

بے تابانہ (ف) (۱) گھبرایا ہوا (۲) بہت جلد۔ فوراً بلا تامّل ۔

بے تابی (ف) مؤنث (۱) بے چینی۔ گھبراہٹ۔ (۲) شتابی۔ جلدی ۔

بے تاثیر (ف-ع) (۱) بے اثر (۲) بے فیض۔ بے فائدہ ۔

بے تحاشا (ع) (۱) بے حواس۔ بے تابانہ (۲) اندھا دُھند۔ بے دھڑک (۳) بے حد۔ نہایت۔ بہت۔ از حد ۔

بے تردد اراضی (ف-ع) مؤنث۔ جو زمین تین سال تک کاشت نہ کی گئی ہو ۔

بے تعویق (ف-ع) بلا تامّل۔ بلا توقف ۔

بے تقصیر (ف-ع) بے قصور۔ بے خطا۔ بے گناہ۔ بے جرم (۲) ناحق۔ بے وجہ ۔

بے تکلف (ف-ع) (۱) بناوٹ کے بغیر۔ قدرتی۔ نیچرل (۲) بے تامّل۔ بے دھڑک۔ بے ساختہ۔ (۳) بے اندیشہ (۴) بے حجاب۔ آزادانہ (۵) سیدھا سادہ (۶) رازدان۔ محرم راز ۔

بے تکلفی (ف) مؤنث۔ بے حجابی۔ دل کھلی۔ محرم راز ہونا۔ ہمرازی۔ آزادی ۔

بے تمیز (ف-ع) (۱) بے ادب۔ بے لحاظ۔ (۲) جاہل۔ نامہذب۔ نا قابل (۳) پہچان نہ رکھنے والا فرق نہ کرنے والا :

بے تھاہ (ہ) (۱) نہایت گہرا (۲) نہایت عمیق۔ بے پایاں۔ جس کے نیچے زمین نہ ہو ۔

بے ٹھکانے۔ یا۔ بے ٹھور (ہ) (۱) بے موقع۔ بے وقت (۲) آوارہ آدمی۔ جس کی سکونت اور قیام کی جگہ نہ ہو (۳) بے نشان۔ بے پتہ (۴) بے معنی۔ نادرست۔ بے ہودہ۔ جیسے بے ٹھکانے تقریر کی ۔

بے ثبات (ف-ع) ناپائدار۔ بودا۔ کمزور ۔

بے جا (ف) (۱) بے موقع۔ بے وقت۔ بے محل۔ بے ہنگام۔ بے ٹھور (۲) نامناسب۔ بے زیب۔ نازیبا (۳) فضول۔ بیکار۔ ناجائز (۴) ناحق۔ بلا سبب ۔

بے جان (ف) (۱) مردہ۔ مرا ہوا (۲) مرجھایا ہوا۔ پژمردہ (۳) نحیف۔ ضعیف۔ کمزور (۴) گلا ہوا۔ بوسیدہ (۵) جمادات ۔

بے جگر (ف) بے پروا۔ بہادر ۔

بے جگری (ف) بے پروائی۔ بہادری ۔

بے جوڑ (ہ) خراب۔ غیر موزوں۔ نامناسب

نادرست ..

بے چارہ (ف) (۱) بے بس۔ مجبور۔ عاجز (۲) غریب۔ مفلس۔ نادار۔ (۳) لا علاج (۴) بدبخت۔ بد نصیب ٭

بے چراغ کرنا (ف) ویران کرنا۔ اجاڑنا۔ تباہ کرنا۔ برباد کرنا ٭

بے چوبہ (ف) مذکر (۱) وہ خیمہ جس میں چوب نہیں لگائی جاتی۔ بغیر کھمبے کا شامیانہ (۲) (مجازاً) آسمان ٭

بے چون (ف) بے مثل۔ بے نظیر ٭

بے چون و چرا (ف) کسی عذر کے بغیر ٭

بے چین (ف) بے قرار۔ بے آرام۔ بے کل ٭

بے چینی (ف) مؤنث۔ بے قراری۔ بے آرامی۔ پریشانی۔ بے کلی ٭

بے حال (ف۔ع) (۱) برا حال۔ ردّی حالت (۲) قریب مرگ (۳) ماندہ۔ ضعیف۔ بیمار (۴) کمزور۔ دبلا۔ نحیف۔ مفلس ٭

بے حجاب (ف۔ع) (۱) بے پردہ۔ بے آڑ۔ بے شرم۔ بے لحاظ (۳) بے تکلف۔ کھلے خزانے ٭

بے حد (ف۔ع) (۱) بے انتہا۔ بے روک (۲) بے شمار۔ بے اندازہ۔ بے حساب (۳) نہایت۔ بہت زیادہ ٭

بے حرمت کرنا (ف) (۱) عزت اتارنا۔ ذلیل کرنا۔ رسوا کرنا۔ (۲) عصمت اتارنا۔ عصمت دری کرنا ٭

بے حرمتی (ف) مؤنث (۱) بے عزتی۔ ذلت۔ خواری (۲) عصمت دری ٭

بے حساب (ف۔ع) بے شمار۔ لاتعداد۔ بے گنتی۔ بے انتہا ٭

بے حس و حرکت (ف۔ع) (۱) غیر متحرک۔ بے حرکت (۲) حیران۔ ششدر ٭

بے حمیّت (ف۔ع) بے شرم۔ بے غیرت۔ بے ننگ و ناموس ٭

بے حواس (ف۔ع) بے اوسان۔ بے خود۔ بدحواس آپے سے باہر۔ مخبوط الحواس پاگل۔ مجنوں ٭

بے حیا (ف۔ع) (۱) بے شرم۔ بے غیرت (۲) بے ادب گستاخ۔ بد لحاظ (۳) بدکار۔ بدچلن ٭

بے حیائی (ف) مؤنث۔ بے شرمی۔ بے غیرتی۔

بے حیائی کا برقع منہ پر لینا یا بے حیائی کا جامہ پہننا (ف) (۱) بے شرمی کی نقاب چہرے پر ڈالنا۔ (۲) بے شرمی۔ بے غیرتی پر کمر باندھنا ٭

بے خار (ف) (۱) کانٹوں کے بغیر (۲) بے خوف (۳) نوجوان۔ نوخیز ٭

بے خانماں (ف) بے گھر۔ بے وطن ٭

بے خبر (ف۔ع) مذکر (۱) غافل۔ بے ہوش (۲) بھولا ہوا۔ آوارہ۔ گمراہ (۳) ناواقف۔ انجان۔ جاہل (۴) اچانک۔ بلا اطلاع ٭

بے خطا (ف۔ع) بے گناہ۔ بے قصور ٭

بے خطر (ف۔ع) نڈر۔ بے خوف۔ محفوظ۔ مطمئن ٭

بے خود (ف) (۱) آپے سے بے خبر۔ از خود رفتہ۔ بے ہوش۔ مدہوش۔ بدحواس (۲) سرشار ٭

بے خودی (ف) مؤنث (۱) بے ہوشی۔ از خود رفتگی۔ (۲) سرشاری۔ مستی

بے خور و خواب (ف) (۱) بہت بے چین۔ نہایت بے آرام۔ بہت مصیبت زدہ (۲) بغیر کھائے اور سوئے ہوئے ٭

بے خوف (ف۔ع) (۱) بے ہوش۔ مدہوش۔ بے خبر آپے کی سُدھ نہ رکھنے والا (۲) مست (۳) نشے میں سرشار ٭

بے داغ (ف) (۱) بے دھبا۔ بے نشان (۲) صاف۔ بے عیب۔ بے گناہ۔ بے جرم۔ بے قصور ٭

بے دال کا بودم (ف) (۱) بودم کی دال دور کرنے سے بوم رہتا ہے۔ الو (۲) بے وقوف۔ احمق ٭

بے دخل کرنا (ف) خارج کرنا۔ قبضہ ہٹانا۔ الگ کرنا۔ نکالنا ٭

بے درد (ف) (۱) بے رحم۔ سنگ دل۔ کٹر۔ کٹھور۔ (۲) مجازاً معشوق کو بھی کہتے ہیں ٭

بے درد قصائی کیا جانے پیڑ پرائی (ف) مثل۔ ظالم دوسرے کے دکھ کو محسوس نہیں کرتا۔ ظالم کو مظلوم پر رحم نہیں آتا ٭

بے دردی (ف) مؤنث۔ ظلم۔ بے رحمی۔ سنگ دلی ٭

بے دردی سے مارنا (ف) بے رحمی سے مارنا ٭

بے درنگ (ف) (۱) دیر لگائے بغیر فوراً۔ (۲) تیز۔ چالاک ٭

بے دریغ (ف) (۱) بغیر دریغ اور افسوس کے (۲)

بے سوچے بچار۔ بلا توقف۔ بلا تامل (۳) نیاض سخی (۴) کثرت سے۔ افراط سے ۔

بے دست و پا (ف) (۱) بے ہاتھ پاؤں والا۔ لنجا۔ اپاہج۔ لولا لنگڑا (۲) عاجز۔ مجبور۔ لاچار ۔

بے دستور (ف۔ع) بے قاعدہ۔ خلاف رواج۔ بے قانون۔ غیر مناسب۔ بے اصول۔ خلاف ۔

بے دل (ف) (۱) رنجیدہ۔ اداس۔ مغموم (۲) اچاٹ افسردہ۔ اکھڑا ہؤا (۳) بے خواہش۔ بے نفس۔ تنگ آیا ہوا (۴) دل برداشتہ (۵) نڈر۔ بہادر۔ سُورما۔ بے جگرہ ۔

بے دم (ف) (۱) بے جان۔ مردہ (۲) کمزور۔ بودا۔ (۳) پُرانا۔ کہنہ۔ بوسیدہ (۴) تھکا ماندہ۔ ہارا۔ (۵) سُست۔ کاہل ۔

بے دماغ (ف۔ع) نازک مزاج۔ زود رنج۔ تنگ مزاج۔ چڑچڑا ۔

بے دودھ کا لڑکا رکھنا (۱) جیسے حوالے کرنا۔ ٹال مٹول کرنا ۔

بے دوش (ا) (۱) بے گناہ۔ بے قصور۔ بے خطا۔ (۲) بے عیب۔ بے نقص (۳) عمدہ۔ اچھا ۔

بے دولھا کی برات (ا) مؤنث۔ بے معنی جلسہ یا اجتماع ۔

بے دھڑک (ا) (۱) بے خوف۔ بے اندیشہ (۲) بے تکلف۔ بے تامل (۳) بہادر۔ جی دار۔ دلیر ۔

بے ڈول (ا) بے ڈھنگا۔ بد نما۔ بھونڈا۔ بدزیب۔ ناموزوں ۔

بے ڈھب (ا) (۱) بے طرح (۲) بے موقع (۳) بے قابو (۴) بے جگہ۔ بے ٹھکانا (۵) نہایت۔ ازحد۔ بہت زیادہ (۶) عجیب۔ انوکھا۔ طرفہ۔ (۷) چلتا ہؤا۔ چالاک۔ متفنی (۸) ظالم۔ بے رحم۔ ناترس (۹) داؤ پیچ میں نہ آنے والا۔ زور آور۔ (۱۰) دلیر۔ دل چلا (۱۱) کٹھن۔ دشوار۔ سخت۔ کڑا (۱۲) بہت مشکل۔ ازحد دشوار (۱۳) مہلک۔ خطرناک۔ جیسے بے ڈھب زخم ہے (۱۴) بدنما بھونڈا ۔

بے ڈھنگا (ا) (۱) بے سلیقہ۔ بے قاعدہ (۲) ناشائستہ۔ غیر موزوں۔ بدتہذیب۔ بدنما (۳) بدچلن۔ بد اطوار۔ بد راہ ۔

بے ذوق (ف۔ع) بے مزہ۔ پھیکا ۔

بے راہ (ف) (۱) گمراہ۔ بے طریق (۲) بے اصول (۳) غلط۔ بے جا (۴) خلاف قاعدہ (۵) بدچلن۔ بد اطوار (۶) ناجائز۔ خلاف رسم و رواج (۷) ناانصافی۔ ظلم ۔

بے راہ رو (ف) غلط راستے پہ چلنے والا ۔

بے ربط (ف۔ع) (۱) بے ستق (۲) بے تعلق۔ بے واسطہ (۳) بے موقع ۔

بے رحم (ف۔ع) سخت ظالم۔ نامہربان۔ سنگدل ۔

بے رُخ ہونا (ا) (۱) منہ پھیرنا۔ بے مروّت ہونا۔ (۲) ناراض ہونا۔ خفا ہونا (۳) دھیان نہ رکھنا۔ خیال پھیر لینا ۔

بے رُوپ (ا) (۱) بدشکل (۲) بدرنگ (۳) ناقص۔ خراب (۴) بے رونق۔ بے آب۔ ماند۔ بھدّا ۔

بے ریا (ف) دکھاوے کے بغیر۔ صاف باطن۔ بلا تصنع۔ صاف صاف ۔

بے ریش۔ یا۔ **بے ریشا** (ا۔ف) (۱) لڑکا بے ڈاڑھی والا (۲) ناتجربہ کار۔ نادان۔ بے وقوف احمق۔ بے عقل ۔

بے ریشہ (ف) صوف کے بغیر۔ صاف ۔

بے زبان (ف) (۱) نہ بولنے والا۔ گونگا (۲) خاموش۔ چپ۔ کم گو (۳) باشرم۔ باحیا۔ لحاظ دار (۴) مظلوم۔ مجبور (۵) حیوان۔ جانور ۔

بے زر (ف) مفلس۔ غریب۔ کنگال

بے زوال (ف۔ع) (۱) قائم۔ پائدار (۲) احتمال واندیشہ سے بری ۔

بے ساختگی (ف) سادگی۔ بناوٹ نہ ہونا ۔

بے ساختہ (ف) خود بخود۔ بلا تصنع۔ بلا تکلف۔ بے ارادہ۔ برجستہ۔ فی البدیہہ۔ بلا تامل۔ بلا غور و فکر (۲) سادہ۔ غیر متکلف (۳) نیچرل۔ قدرتی ۔

بے ساختہ پن (ا) مذکر۔ سادہ پن۔ بے تکلفی۔ برجستگی۔ رنگینی۔ بے ساختگی ۔

بے سامانی (ف) مؤنث۔ بے زری۔ مفلسی۔ اسباب و آلات کا نہ ہونا ۔

بے سرا (ا) (۱) آمادہ۔ بدچلن (۲) بے سردار۔ بے رہنما۔ بلا ہادی۔ بلا سر (۳) خود سر۔ گمراہ

رہ جائے (۴) لاوارث۔ جس کا کوئی والی وارث نہ ہو ✦

بے سُرا (ہ) بے تالا۔ بد آواز ✦

بے سر و پا (ف) (۱) حیران و پریشان (۲) مجبور۔ محتاج۔ بے والی وارث (۳) بے معنی۔ غلط۔ جھوٹ (۴) غیر معتبر۔ بازاری ✦

بے سر و سامان (ف) بے زر۔ مفلس۔ بے نوا۔ فقیر۔ محتاج۔ کنگال ✦

بے سلیقہ (ف۔ع) (۱) بے شعور۔ بے تمیز۔ بے ڈھنگا (۲) پھوہڑا ✦

بے شعور (ف۔ع) بے عقل۔ بے تمیز۔ نادان ✦

بے شک (ف۔ع) (۱) بے شبہ (۲) درست۔ ٹھیک صحیح (۳) لازمی۔ ضروری ✦

بے شمار (ف) (۱) بے گنتی۔ بے حساب۔ شمار سے باہر (۲) بکثرت۔ بافراط۔ زیادہ

بے صبر۔ یا۔ بے صبرا (ہ۔ف۔ع) ناصبور ناشکیبا۔ غیر مطمئن۔ مضطرب۔ بے قرار۔ بے چین ✦

بے صبری (ف) مؤنث۔ بے قراری۔ بے اطمینانی۔ ناصبوری۔ گھبراہٹ۔ بولاہٹ ✦

بے صرفہ (ف۔ع) بے فائدہ ✦

بے ضابطہ (ف۔ع) بے قاعدہ۔ خلافِ قانون۔ بے طریقہ ✦

بے طرح (ف۔ع) (۱) بُری طرح۔ عجیب طرح۔ (۲) بے حد۔ زیادہ (۳) خلافِ دستور۔ جیسے بے طرح غزل ✦

بے طریق (ف۔ع) ناجائز طور پر ✦

بے طریق ہاتھ لگانا (ہ) زنا کرنا ✦

بے عدیل (ف۔ع) بے مثال ✦

بے عزّت (ف۔ع) ذلیل۔ خوار۔ بدنام۔ بے آبرو ✦

بے عزّتی کرنا (ہ) ذلیل و خوار کرنا۔ بے آبرو کرنا۔ بے توقیر کرنا۔ کرکری کرنا۔ رسوا کرنا ✦

بے عقل (ف۔ع) ناسمجھ۔ کم فہم۔ نادان ✦

بے عیب (ف۔ع) (۱) بے نقص۔ پاک۔ صاف۔ (۲) عمدہ۔ اچھا۔ کھرا ✦

بے غرض (ف۔ع) خواہش نہ رکھنے والا۔ بلا مطلب۔ بے تعلق۔ بلا واسطہ ✦

بے غِل و غش (ف۔ع) (۱) بلا تکلف۔ بے دریغ۔ اندھا دھند (۲) بے پروائی کے ساتھ (۳) بلا تکلیف و محنت۔ بے دردسری ✦

بے غم (ف) مگن۔ خوش ✦

بے غیرت (ف۔ع) بے شرم۔ بے حیا ✦

بے فائدہ (ف۔ع) (۱) بے کار۔ اکارت۔ فضول۔ ناحق۔ بے وجہ۔ بے ضرورت ✦

بے فصل کی بہار (ہ) (۱) موسم کے خلاف یا بے وقت بہار (۲) بے موسم پھل بیچنے وقت پھیری والے کی صدا ✦

بے فکر (ف۔ع) فکر سے بری۔ بے پروا۔ عاقبت نااندیش۔ غور و فکر نہ کرنے والا۔ آزاد ✦

بے فیض (ف۔ع) (۱) شوم۔ بخیل۔ کنجوس (۲) وہ شخص جس سے کوئی فائدہ نہ ہو ✦

بے فیض اگر یوسفِ ثانی ہے تو کیا ہے (ہ) مثل۔ جس سے اپنا مطلب پورا نہ ہو۔ وہ کسی کام کا نہیں ✦

بے قابو (ف۔ع) (۱) قابو سے باہر۔ اختیار سے باہر (۲) آزاد۔ خود مختار ✦

بے قاعدہ (ف۔ع) (۱) خلافِ قانون (۲) دستور کے خلاف (۳) بے جا۔ بے موقع۔ بے ترتیب ✦

بے قدر (ہ) (۱) بے عزّت۔ ذلیل (۲) قدر نہ کرنے والا۔ ناقدردان۔ ناشکرا ✦

بے قرار (ف۔ع) بے صبر۔ بے تاب۔ بے چین ✦

بے قصور (ف۔ع) بے خطا۔ بے گناہ۔ بے جرم ✦

بے قیاس (ف۔ع) (۱) اٹکل سے باہر۔ سمجھ سے دُور۔ خیال سے باہر (۲) لاانتہا۔ بہت۔ بے شمار ✦

بے قید (ف۔ع) (۱) آزاد۔ خود مختار (۲) بے روک۔ بے پابندی ✦

بیکار (ف) (۱) نکمّا۔ ناکارہ (۲) ناقص۔ خراب۔ (۳) بے روزگار (۴) معطل۔ خالی ✦

بیکار مباش کچھ کیا کر کپڑے ہی اُدھیڑ کر سیا کر (ہ) مثل۔ آدمی کو کچھ شغل ضرور چاہئے۔ خالی رہنے سے کپڑوں کا ادھیڑا ادھیڑ کر سینا ہی اچھا ہے ✦

بیکاری (ف) مؤنث (۱) بے روزگاری۔ نکمّا پن۔ بے کاستگی (۲) علیحدگی ✦

بےکراں (ف) (۱) بہت زیادہ۔ نہایت وسیع (۲) بےکنارہ۔ بے حدود۔

بےکس (ف) (۱) ساتھی کے بغیر۔ دوست آشنا کے بغیر۔ تنہا۔ اکیلا (۲) بے یار۔ بے مددگار (۳) محتاج۔ کنگال (۴) مسافر۔ پردیسی (۵) یتیم۔

بےکسی (ف) مؤنث۔ اکیلا پن۔ بے مددگاری۔ عاجزی۔ لاچاری۔

بےکل (ہ) بے چین۔ بے قرار۔ بے آرام۔ بے تاب۔ مضطر۔

بےکلی (ہ) مؤنث (۱) بے چینی۔ بے قراری۔ بے آرامی (۲) ناف ٹل جانا۔ بچہ دانی کا جگہ سے ہٹ جانا۔

بےکم و کاست (ف) بالکل درست۔ ٹھیک ٹھیک۔ کمی بیشی کے بغیر۔ سچ سچ۔

بےگماں (ف) بے شک۔

بےگمانی (ف) شک نہ ہونا۔

بےگناہ (ف) بے قصور۔ بے خطا۔ بے جرم۔

بےگھرا (ف) مذکر (۱) بے ٹھکانے۔ بے ٹھور۔ خانہ خراب۔ برباد۔ تباہ (۲) آوارہ۔ سرگرداں۔ بیوی بچے نہ رکھنے والا۔

بےلاگ (ہ) (۱) بے لگاؤ۔ بے تعلق۔ آزاد (۲) صاف ستھرا۔ پاک (۳) غیر طرف دار۔ بے تعصب (۴) بلا سہارا۔ بلا امداد۔

بےلحاظ (ف۔ع) بے شرم۔ بے حیا۔ بے غیرت۔ (۲) شوخ۔ بے ادب۔

بےلطف (ف۔ع) بے مزہ۔ بے لذت۔ بے ذائقہ۔

بےلگام (ف) (۱) بے ادب (۲) منہ پھٹ۔ بد زبان۔ کٹھور۔ سرکش۔ بے قابو۔

بےلگاؤ (ہ) (۱) بے جوڑ۔ بے ربط (۲) بے لاگ۔

بےمایگی (ف) دولت نہ ہونا۔ مفلسی۔

بےمایہ (ف) بے دولت۔ مفلس۔

بےمثال (ف۔ع) جس کی مثال نہ ہو۔ لاجواب۔ لاثانی۔

بےمحابا (ف۔ع) بے خوف۔ بے دھڑک۔ بلا تامل۔

بےمحل (ف۔ع) (۱) بے موقع (۲) بیجا۔ نامناسب۔

بےمروت (ف۔ع) (۱) لحاظ نہ کرنے والا۔ طوطا چشم (۲) نامہرباں۔ بے درد۔ ظالم۔

بےمزگی (ف) مؤنث (۱) بے لطفی (۲) رنجیدگی۔ شکر رنجی (۳) ناسازی۔ علالت۔

بےمزہ (ف) (۱) بے لذت۔ بے لطف (۲) ناساز۔ علیل۔ بیمار (۳) رنجیدہ۔ ناراض۔ خفا۔

بےمعنی (ف۔ع) مہمل۔ لغو۔ بیہودہ۔ بے سروپا۔

بےمقدور (ف۔ع) بے حیثیت۔ مفلس۔ غریب۔

بےمنت (ف۔ع) (۱) بے نیاز۔ بے پروا۔ مستغنی (۲) بے احسان (۳) بے محنت۔ بلا کوشش (۴) بلا تردد۔ بلا فکر۔ بلا غور و خوض۔

بےمنتا (ہ) مذکر (۱) کسی کا احسان نہ اٹھانے والا۔ (۲) دوشاخی لکڑی جس میں کپڑا (صافی) باندھ کر بھنگڑ لوگ بھنگ چھانتے ہیں۔

بےموجب (ف۔ع) (۱) بے سبب۔ بلا وجہ (۲) ناحق۔ ناواجب۔

بےموسم (ف۔ع) بے وقت۔ بے رُت۔

بےموقع (ف۔ع) (۱) بے محل۔ بے وقت (۲) نامناسب۔ نازیبا۔

بےمہر (ف) بے محبت۔

بےمہری (ف) بے محبتی۔

بےنام و نشان (ف) بے پتہ۔ بے ٹھکانا۔

بےنصیب (ف۔ع) مذکر (۱) بدبخت۔ بدقسمت۔ محروم (۲) نالائق۔ ناقابل۔ ناشائستہ

بےنظیر (ف۔ع) لاثانی۔ بے بدل۔ بے مانند۔ بے مثال۔ بے مثل۔

بےنقط سنانا (ہ) بے انتہا گالیاں دینا۔ بے تعداد طعنے دینا۔

بےنماز (ف) (عو) حائضہ۔ ایام ماہواری سے۔ (۲) تارک نماز۔ نماز نہ پڑھنے والا۔

بےنماز ہونا۔ یا۔ بےنمازی ہونا (ہ) (۱) عورت کا میلے سر ہونا۔ حائضہ ہونا۔ ماہواری ایام سے ہونا۔

بےنمک (ف) (۱) الونا۔ پھیکا۔ بے مزہ (۲) بے رونقی۔ رنگت میں ملاحت کا نہ ہونا۔

بےننگ و ناموس (ف۔ع) (۱) بے شرم۔ بے حیا۔ (۲) بدوضع۔ بدچلن (۳) آزاد۔ مجرد۔

بےنوا (ف) بے سامان۔ فقیر۔

بےنیاز (ف) بے پروا۔ نا طمع۔ بے غرض۔ مستغنی۔

بےنیازی (ف) مؤنث (۱) بے پروائی۔ استغنا۔ غیر محتاجی (۲) آزادی۔ خود مختاری۔

بے وحدت (ف - ع) (۱) بے لحاظ - بے ادب - (۲) ناہموار - بے ہودہ ۔

بے وفا (ف - ع) (۱) بد عہد - وعدے کا پورا نہ کرنے والا - نہ نباہنے والا (۲) بے مروّت - نامہربان (۳) ناشکرا ۔

بے وفائی (ف) (۱) بدعہدی - بے مروّتی (۲) دغابازی - نمک حرامی (۳) بدکاری (۴) ناشکرگزاری ۔

بے وقت (ف - ع) بے موقع - بے محل - اویر سویر ۔

بے وقر (ف - ع) بے عزّت - بے قدر - ذلیل - خوار - اوچھا ۔

بے وقری (ف - ع) (۱) مؤنث - بے عزّتی - بے قدری - ذلّت - خواری - اوچھاپن ۔

بے وقوف (ف - ع) مؤنث - بے عقل - احمق - نادان ۔

بے وقوف کے سر پر کیا سینگ ہوتے ہیں (و) مثل - بے وقوف کی کوئی خاص ظاہری پہچان نہیں ۔

بے وقوفی (ف - ع) مؤنث - نادانی - حماقت - بے عقلی - جہالت ۔

بے ہمّت (ف - ع) (۱) کم حوصلہ - پست ارادہ - (۲) سُست - کاہل (۳) بزدل - نامرد ۔

بے ہمتا (ف) بے مثل - جس کے برابر کوئی نہ ہو ۔

بے ہنر - یا - بے ہنرا (ا - ف) وہ شخص جسے کوئی کام نہ آتا ہو - نکمّا - پھوہڑ ۔

بے ہنگم (ف) بے ڈول - غیر موزوں - بدزیب - بھونڈا ۔

بے ہوش (ف) (۱) بے خبر - ناواقف (۲) مدہوش - بے خود - غافل ۔

بیا (بَیا) (ہ) چڑیا کی طرح کا ایک پرندہ - جسے آدمی سدھا کر بہت سے کھیل کھیلتے ہیں - اس کا گھر بنانا مشہور عام ہے ۔

بیابان (بِیا بانْ) (ف) مذکر - ریگستان - جنگل - ویرانہ - اُجاڑ جہاں کوسوں تک پانی اور درخت نہ ہو ۔

بیاپنا (بِیا - پنا) (ہ) (۱) سمانا - بسانا - بیٹھنا (۲) سرایت کرنا - اثر کرنا (۳) گزارنا - کھٹکنا - ہونا ۔

بیاج (بیاج) (ہ) مذکر - سُود - ربا - نفع - بڑھوتری - زیادتی ۔

بیاج پر بیاج (ہ) مذکر - سُود در سُود - سُود مرکب - بیشی بر بیشی ۔

بیاج خور (ہ) مذکر (۱) سُود خوار - ربا خوار - (۲) ناجائز مال کھانے والا ۔

بیاجو (ہ) مذکر - سُود پر دیا ہوا مال - سودی روپیہ ۔

بیادھ (بیادھ) (ہ) مذکر (۱) روگ - بیماری - دکھ - (۲) فتنہ - فساد - جھگڑا ۔

بیار - بیال (بیار - بیال) (ہ) مؤنث (۱) باد - ہوا - وایو (۲) آندھی - جھکڑ ۔

بیاری (بیا - ری) (ہ) مؤنث - رات کا کھانا ۔

بیاسی (بیا - سی) (ہ) ہشتاد و دو - اسّی اور دو - ۸۲ ۔

بیاض (بَیاض) (ع) مؤنث (۱) سفیدی - اجلاپن - چٹاپن (۲) یادداشت کی کاپی - بہی - پاکٹ بک - (۳) وہ کتاب جس میں اشعار لکھتے ہیں ۔

بیاکرن (بیا - کرن) (س) مؤنث - اصل لفظ ویاکرن ہے - گرامر - قواعد - صرف و نحو - وہ علم جس سے لفظ اور عبارت و نظم صحیح لکھنا اور بولنا آتا ہے ۔

بیاکل (بیا - کل) (س) مذکر - مضطرب - بے چین - بے قرار - مضطر - متفکر ۔

بیاگرافی (بیا - گرے - فی) (Biography انگ) مؤنث - سوانح عمری ۔

بیالو (بیا - لو) (ہ) مذکر - رات کا کھانا ۔

بیالیس (بیا - لیس) (ہ) چہل و دو - چالیس اور دو - ۴۲ ۔

بیان (بَیان) (ع) مذکر (۱) صاف - روشن - واضح (۲) اُپدیش - وعظ - تقریر - لیکچر (۳) گفتگو - بات - ذکر - کتھا - کہانی (۴) اظہار - شہادت - گواہی (۵) رپورٹ - خبر - اطلاع (۶) ایک علم جس میں تشبیہ - مجاز - استعارہ - کنایہ وغیرہ کی امداد سے الفاظ و معانی میں ربط دیا جاتا ہے (۷) مقولہ - قول ۔

بیان امر واقعی (ع - ف) مذکر - ایک ٹھیک بات کا اظہار ۔

بیان بدلنا (ہ) (قانون) اپنے قول - اظہار یا شہادت کو پلٹنا ۔

بیان تائیدی (ع - ف) مذکر - کسی کی تائید میں گواہی ۔

بیان دعویٰ (ع) مذکر - ثبوت دعویٰ - صورت حال - حقیقت حال ۔

بیان ضمنی (ع - ف) مذکر - وہ بیان جو اصل مطلب کے

درمیان یونہی آجائے۔

بیانا (بِیا۔نا) (ہ) (۱) جننا۔ مویشی کا بچہ دینا۔

بیاہ (بِیاہ) (ہ) مذکر۔ شادی۔ کتخدائی۔ عقد۔ نکاح۔

بیاہ رچانا (ہ) شادی کا سامان کرنا۔ خوشی منانا۔

بیاہ مانگنا (ہ) (۱) شادی کی خواہش کرنا (۲) بالغ ہونا (۳) برات لانے کی تاریخ دریافت کرنا۔ بیاہ کا دن ٹھہرانا۔

بیاہ نہیں کیا۔ براتیں تو دیکھی ہیں (ہ) مثل۔ اگرچہ خود یہ کام نہیں کیا۔ ہوتے تو دیکھا ہے۔

بیاہا (ہ) نکاح شدہ۔ شادی شدہ۔ کتخدا۔

بیاہتا (ہ) وہ بیوی جسے شرعی طور پر عقد میں لایا گیا ہو۔ منکوحہ۔ نکاحی۔

بیاہنا (ہ) شادی کرنا۔ کتخدا ہونا۔

بیاہی بیٹی پڑوسن داخل (ہ) مثل۔ بیاہ ہونے پر بیٹی کا تعلق پڑوسن کی مانند ہوتا ہے۔

بیائی (بِیا۔اِئی) (ہ) مؤنث (۱) غلہ تولنے والے کو اجرت میں دیا ہوا غلہ (۲) غلہ تولنے کی اجرت۔

بیبل۔ دیکھو بائیبل۔

بیپار (بے۔پار) (ہ) مذکر (صحیح بیوپار ہے) تجارت سوداگری۔ بنج۔

بیپاری (بے۔پا۔رِی) (ہ) مذکر۔ اصل لفظ بیوپاری ہے (۱) تاجر۔ سوداگر۔ خرید و فروخت کرنے والا۔ بنجارا۔ مال کا یہاں سے وہاں اور وہاں سے یہاں لاکر فروخت کرنے والا۔

بیت (بَیت) (ع) مؤنث (۱) گھر۔ مکان۔ حویلی۔ محل (۲) فرد۔ شعر۔ دوہا۔

بیت الحرام (ع) (۱) خانۂ کعبہ۔ مکۂ معظمہ (۲) مکۂ معظمہ کی وہ حدود جہاں پہنچ کر کئی جائز باتوں کو اپنے اوپر حرام کر لیا جاتا ہے (۳) وہ احاطہ جہاں قتل۔ شکار اور گرفتاری حرام تھے۔

بیت الحزن (ع) (۱) غمکدہ۔ رنج کا مقام۔ مصیبت کا گھر (۲) عاشق کے رہنے کی جگہ۔

بیت الخلا (ع) مذکر۔ جائے ضرور۔ پاخانہ۔ ٹٹی۔ بول و براز سے فراغت پانے کا کمرہ۔

بیت السقر (ع) مذکر۔ دوزخ۔

بیت السلاح (ع) مذکر۔ اسلحہ خانہ۔ میگزین۔

بیت الشرف (ع) مذکر (۱) رسائی کا مقام پہنچنے کی جگہ۔ جہاں پہنچ کر بزرگی اور عزت حاصل ہو (۲) بزرگی کا گھر۔ عزت کا گھر (۳) معشوق کا گھر (۴) قصرِ شاہی۔ بادشاہ کا ملاقاتی مکان۔ (۵) آفتاب کے لئے برج حمل۔ چاند کے لئے برج ثور۔ مشتری کو برج سرطان۔ زہرہ کو حوت۔ عطارد کو سنبلہ۔ مریخ کو جدی۔ زحل کو میزان۔

بیت الصنم (ع) (۱) بت خانہ۔ شوالہ۔ مورتی کا استھان۔ (۲) خانۂ محبوب۔ مکانِ معشوق۔ مطلوب کا گھر۔

بیت العتیق (ع) مذکر (۱) پرانا مکان۔ قدیم گھر (۲) مراد خانۂ کعبہ کہ عبادتِ الٰہی کے لئے دنیا میں سب سے پہلا مقام اور مکان ہے۔ جسے حضرت آدم علیہ السلام نے خدا کی عبادت کے لئے مقرر کیا۔

بیت العروس (ع) مذکر (۱) دلہن کا کمرہ (۲) خانۂ کعبہ۔

بیت العلوم (ع) مذکر۔ کالج۔ یونیورسٹی۔

بیت العنکبوت (ع) مذکر۔ مکڑی کا جالا۔

بیت العوام (ع) مذکر۔ وہ مقام یا جگہ جہاں انگلستان اور آئرلینڈ کی مجلس وضع آئین و قوانین کے عام ممبر بیٹھ کر اجلاس کرتے ہیں۔

بیت الامرا (ع) مذکر۔ وہ مقام جو امرا بیٹھنے کے لئے مخصوص ہے۔ جہاں وہ مجلس مشاورت منعقد کرتے ہیں۔

بیت الغزل (ع) مذکر۔ غزل کی روح۔ غزل کی جان غزل کا بہترین شعر۔

بیت اللحم (ع) مذکر۔ فلسطین میں ایک گاؤں جہاں حضرت عیسیٰؑ پیدا ہوئے تھے۔

بیت المال (ع) مذکر (۱) مال گھر۔ خزانۂ عامرہ سرکاری خزانہ۔ شاہی خزانہ (۲) خیراتی فنڈ (۳) ملک کا محاصل (۴) وہ مال جس کا کوئی خاص مالک نہ ہو۔ عام لوگوں کا حصہ ہو۔ اور جس سے ہر شخص کو مدد دی جائے۔

بیت المعمور (ع) مذکر (۱) بھرا گھر۔ آباد مکان۔ (۲) مراد اس مسجد سے ہے۔ جو طوفانِ نوحؑ کے زمانے میں فرشِ زمین سے عرشِ چہارم پر اٹھا کر عین خانۂ کعبہ کے مقابل قائم کی گئی۔ اور اس کی زیارت کے لئے ہر وقت فرشتوں کی کثیر تعداد

موجود رہتی ہے۔ واللہ اعلم بالصواب ۔

بیت المقدس (ع) مذکر (۱) پاک گھر۔ متبرک مکان۔ پرتو استھان (۲۔مجازاً) خانۂ خدا (۳) مراد مسجد اقصیٰ جو پہلا قبلہ ہے۔ یروشلم کی عبادت گاہ۔ جس کی بنیاد حضرت داؤدؑ نے ڈالی۔ اور قدِ آدم تعمیر ہونے کے بعد ممانعت فرمائی کہ بس آئندہ اس کی تعمیر نہ کرو۔ اس کی تکمیل تمہارا فرزند ارجمند کرے گا۔ لہٰذا تعمیر بند کردی گئی۔ بعد میں حضرت سلیمانؑ نے اسے بیش قیمت جواہرات اور سونے چاندی سے تعمیر کیا۔ اور تکمیل کو پہنچایا۔ بخت نصر بابلی اس کے تمام زر و جواہرات ۵۸۶ قبل مسیح میں بابل کو لے گیا۔ بعد ازاں حضرت عمرؓ کے زمانہ میں اس مسجد کی مرمت و تعمیر ہوئی۔ اس کی تعظیم مسلمان عیسائی یہودی وغیرہ اہل کتاب فرقے عام طور پر یکساں کرتے ہیں ۔

بیت اللہ (ع) مذکر (۱) خانۂ کعبہ۔ مکۂ معظمہ۔ خدا کا گھر۔ خانۂ خدا (۲) مسجد ۔

بیت بازی۔ یا بیت بھتی (ف۔ ع) مؤنث۔ بیتا بھتی۔ شعروں سے مقابلہ کرنا ۔

بیتال (بے۔تال) (ھ) مذکر۔ بھوت۔ پلید۔ نجس روح۔ بھوت پریت۔ بلا۔ آسیب۔ خلل۔ اوپری۔ روگ۔ خبیث روح ۔

بیت المال (بیت۔ لا) (ع) مذکر (۱) لاوارث مال جس کا کوئی قدمی نہ ہو (۲) چوروں کی اصطلاح میں چوری کا مال (۳) (عو) طراب۔ نکما ۔

بیتلی (و۔ عو) (۱) کم بخت۔ بدنصیب (۲) ناکارہ۔ خراب۔ نگوڑی۔ موئی ۔

بیتنا (بیت۔ نا) (ھ) (۱) گزرنا۔ بسر ہونا۔ تمام ہونا پورا ہو چکنا۔ (۲) رفع دفع ہونا۔ (۳) واقع ہونا ۔

بیتی (بی۔ تی) (ھ) مؤنث (۱) گزری۔ ختم ہوئی (۲) واقعہ۔ سرگزشت۔ کہانی ۔

بیسٹ (بیٹ) (ھ) مؤنث (۱) بیچال۔ چرکین۔ پرندوں کا گوبر (۲) ایک قسم کا نمک جس میں گندھک ملی ہوئی ہوتی ہے ۔

بیٹ (بیٹ) (انگ BAT) بلّا۔ کرکٹ کھیلنے کی لکڑی ۔

بیٹا (بے۔ ٹا) (ھ) مذکر (۱) فرزند۔ ولد۔ لڑکا۔ پسر (۲) بیٹے کی مانند۔ عزیز۔ پیارا ۔

بیٹا بنانا (ھ) متبنیٰ کرنا۔ گود لینا۔ لے پالک بنانا ۔

بیٹا بن کر کھاتے ہیں باپ بن کر نہیں کھاتے (۱) مثل۔ خدمت کرکے اور چھوٹا بن کر ہر کوئی کھاتا ہے۔ زبردستی کوئی نہیں کھاتا ۔

بیٹھ (بَیٹھ) (ھ) بیٹھنا کا امر ۔

بیٹھا (ھ) بیٹھنا کی ماضی ۔

بیٹھا بنیا کیا کرے۔ اِس کوٹھی کے دھان اُس کوٹھی میں دھرے (ھ) مثل بے کار آدمی فضول کام کرنے لگتا ہے ۔

بیٹھ جانا (ھ) (۱) بیٹھنا (۲) سوار ہونا (۳) پسند آنا۔ (۴) سما جانا (۵) ٹھگ کر لینا (۶) درست ہونا۔ صحیح ہونا (۷) صبر کرنا۔ سہارا لینا (۸) بیکار ہونا۔ موقوف ہونا (۹) دریا میں ڈوب جانا (۱۰) پگھل جانا۔ جیسے چاندی بیٹھ جانا (۱۱) دیوالہ نکلنا۔ بگڑنا۔ جیسے کاروبار بیٹھ جانا (۱۲) ہمت ہارنا۔ استقلال چھوڑنا (۱۳) انکار کرنا۔ آمادہ نہ ہونا۔ جیسے زید کا ساتھ دینے سے بیٹھ جانا (۱۴) نرم ہو جانا۔ جیسے گڑ کا بیٹھ جانا (۱۵) ٹھکانے لگنا۔ درست ہونا۔ جیسے چول بیٹھ جانا (۱۶) جم جانا۔ تہ نشین ہونا۔ جیسے تلچھٹ بیٹھ جاتا ہے (۱۷) جلوس کرنا۔ نشست کرنا۔ جیسے فلاں حاکم بیٹھ گیا (۱۸) گر پڑنا۔ ڈھے جانا۔ جیسے چھت کا بیٹھ جانا۔ (۱۹) ناطاقت ہونا۔ کمزور ہونا۔ جیسے دکھوں سے بیٹھ جانا (۲۰) خانہ نشین ہونا۔ کام کاج چھوڑ دینا (۲۱) گلنتی ہو جانا۔ گھل جانا۔ جیسے چاول بیٹھ جانا (۲۲) منجمد ہونا۔ جم جانا۔ جیسے پارہ بیٹھ جانا ۔

بیٹھ رہنا (ھ) (۱) صبر کرنا (۲) آس چھوڑ دینا (۳) دبر لگانا۔ سستی کرنا۔ جیسے جاکر بیٹھ رہنا (۴) ہمت ہارنا۔ کوشش چھوڑ دینا۔ جیسے کام سے بیٹھ رہنا (۵) چپ ہو جانا۔ خاموش ہو جانا۔ (۶) دست بردار ہونا (۷) ہار جانا۔ شکست کھانا۔ (۸) برخاست ہونا۔ الگ ہونا۔ جیسے ملازمت سے بیٹھ جانا ۔

بیٹھک (ھ) مؤنث (۱) نشست گاہ۔ دیوان خانہ۔ مردانہ مکان (۲) چبندی۔ تلا (۳) نشست۔

آسن جلسہ۔ بیٹھنے کا طریق (۴) بیٹھکی شلنگ۔
ڈنڈ کی ایک قسم (۵) پریوں وغیرہ کی حاضرات ۔
بیٹھک دینا (ہ) (۱) پریوں۔جنوں وغیرہ کی حاضرات کرنا (۲) تعظیم دینا (۳) بٹھانا۔ آسن دینا ۔
بیٹھن (ہ) مذکر (۱) بستہ۔ بندھن۔ بندھنا۔ بستنی۔ (۲) کپڑا جس میں سوداگر پارچہ اور گوٹہ وغیرہ احتیاط کے ساتھ باندھ کر رکھتے ہیں (۳) چادر جو میز پر بچھا کر اس پر کپڑوں کو استری کیا جاتا ہے ۔
بیٹھنا (ہ) (۱) دبکھو بیٹھ جانا (۲) لاگت آنا (۳) قائم مقام ہونا (۴) کام بگڑ جانا (۵) وزن کا اترنا (۶) داخل ہونا۔ بھرتی ہونا (۷) مشق ہونا۔ درست ہونا (۸) (قماربازوں کی اصطلاح) جوا کھیلنا۔ داؤں پر لگانا۔ رکھنا (۹) (چاند کے متعلق) دیر کرکے نکلنا (۱۰) (شطرنج میں) مہرے کا گھر پر رکھنا (۱۱) (پتنگ کا) جھنتی کھانا (۱۲) (انڈے) سینا۔ جوڑ لگانا۔ (۱۳) (تخت پر) تخت نشین ہونا۔ بادشاہ ہونا ۔
بیٹھوال (ہ) (۱) بیٹھا ہوا۔ چپٹا (۲) جس کی پینیدی چپٹی ہو (۳) بھدا جوتا ۔
بیٹھے بٹھائے۔ یا بیٹھے بیٹھے (ہ) یکایک۔ اچانک۔ اچانک۔ ناگہاں (۲) بلاوجہ خواہ مخواہ۔ بے واسطہ (۳) بے راہ۔ ناحق ۔
بیٹھے بیٹھے تو قارون کا خزانہ بھی خالی ہو جاتا ہے (ل) مثل۔ بیکار بیٹھ کر خرچ کرنے سے کتنی ہی جائداد ہو۔ ختم ہو جاتی ہے ۔
بیٹھے رہو (ہ) (۱) کچھ نہ کرو (۲) آرام کرو (۳) وظیفہ لو۔ کھاتے رہو (۴) خاموش رہو۔ چپ رہو ۔
بیٹھے سے بیگار بھلی (ل) مثل۔ بیکار رہنے کے بجائے کچھ کام کرنا ہی چاہئے۔ چاہے اس میں فائدہ بہت کم ہو ۔
بیٹی (بے۔ ٹی) (ہ) مؤنث (۱) دختر۔ دھی۔ بنت۔ نورچشم۔ لڑکی (۲) بیٹی کی طرح عزیز۔ بھتیجی۔ بھانجی وغیرہ (۳) بیٹے کی دلہن۔ بہو ۔
بیٹی دینا (ہ) (۱) بیٹی بیاہنا۔ بیٹی کی شادی کرنا۔ (۲) داماد بنانا ۔
بیٹی بیٹی کرنا (ہ) گالی دینا ۔
بیٹی کا باپ (ل) مرد حقیر۔ ذلیل۔ نامراد۔ بودا ۔
بیٹی والے (ہ) مذکر۔ سمدھی۔ سمدھیانے والے۔

دلہن کے ماں باپ یا عزیز قریبی رشتہ دار ۔
بیج (بیج) (انگ Badge) چپراس۔ نشان ۔
بیج (بیج) (ہ) مذکر (۱) تخم (پنجابی) بی (۲) اصل۔ بنیاد (۳) نطفہ ۔
بیج بونا (ہ) (۱) تخم ریزی کرنا (۲) کسی بات کی بنیاد ڈالنا (۳) باعث ہونا۔ سبب ہونا ۔
بیج جمنا (ہ) (۱) اُگنا۔ نکلنا۔ پھوٹنا (۲) حمل ٹھہرنا۔ نطفہ قرار پانا ۔
بیج مارا جانا (ہ) تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ غارت ہونا۔ کسی چیز کا آگے کے لئے ناپید ہونا ۔
بیج ناس کرنا (ہ) تباہ کرنا۔ بالکل نیست و نابود کرنا ۔
بیجنا (بیج۔ نا) (ہ) مذکر (۱) پنکھا۔ بادکش (۲) (پ) بونا۔ تخم ریزی کرنا ۔
بیجنا ڈھلانا۔ یا۔ ڈھلنا (ہ) (ہندو۔ عو) پنکھا ہلانا۔ بادکش جھلنا ۔
بیجو (بی۔ جو) (ہ) بونے کا غلہ۔ بونے کے لائق اناج۔ بونے کے لائق بیج ۔
بیجو (بی۔ جو) (ہ) مذکر۔ بجّو ۔
بیجو باورا۔ مذکر۔ ایک مشہور گویا ۔
بیجھر۔ بیجھڑ۔ بیجھڑا (بے۔ جھڑ + بے۔ جھڑ) (بے۔ جھڑا) (ہ) مذکر و مؤنث (۱) جَو چنے یا گیہوں چنے ملے ہوئے۔ مٹر ملے ہوئے جو (۲) موٹا اناج۔ (۳) ملی جلی فصل ۔
بیجیا۔ بیجدار (بی۔ جیا۔ بیج۔ دار) } (ہ) مذکر۔
بیجیلا۔ بیجیلا (بی۔ جی۔ لا + بیجی۔ لا) } بیج دار۔ زیادہ بیجوں والا۔ جس میں بکثرت بیج ہوں ۔
بیچ (بیچ) (انگ Batch) مذکر۔ گھان کسی چیز کی وہ تعداد جو ایک وقت میں تیار کی جائے ۔
بیچ (بیچ) (ہ) (۱) درمیان میں۔ اندر۔ بھیتر۔ مابین (۲) وسط۔ میانہ۔ قلب۔ ناف (۳) فرق۔ دوری۔ فاصلہ۔ بُعد۔ تفاوت (۴) باہم۔ بایک دیگر۔ آپس میں (۵) مرکز ۔
بیچا بیچ (ہ) عین وسط۔ بیچوں بیچ۔ مرکز پر۔ عین درمیان۔ ٹھیک بیچ ۔
بیچ بچاؤ (ل) (۱) فیصلہ۔ تصفیہ (۲) رفع شر۔ لڑائی دور کرنا۔ جھگڑا چکانا (۳) صلح۔ میل ملاپ۔ اتفاق۔ اتحاد ۔

بیچ کا (ہ) منجھلا۔ درمیانی۔ متوسط۔

بیچ کھیت (ہ) (۱) عین وسط میں۔ کھیت کا مرکز (۲) میدان کے بیچ میں موقع پر (۳) علانیہ۔ ڈنکے کی چوٹ۔ سب کے آگے (۴) میدانِ جنگ۔ رزمگاہ۔ لڑائی کا میدان (۵) ضرور بالضرور۔ لازمی ہزاروں میں۔ جیسے لسوے۔

بیچ کی اُنگلی (ہ) مؤنث۔ انگشتِ درمیانہ وسطی۔ درمیانی اُنگلی۔

بیچ کی اُنگلی بڑی ہوتی ہے (ہ) مثل۔ ہر بات میں اعتدال اچھا ہوتا ہے۔

بیچ کی راس (ہ) درمیانی۔ اوسط درجہ۔ معمولی۔ نہ بُرا نہ اچھا۔

بیچ کے گھڑے کی (ہ) (۱) نہایت تیز خالص شراب (۲) درمیان رکھے ہوئے گھڑے میں کی۔

بیچ میں پڑنا (و) (۱) ثالث بننا۔ بیچ ہونا (۲) درمیان میں پاؤں دینا (۳) ذمّہ لینا۔ ضمانت کرنا۔ کفیل ہونا۔ وکالت کرنا (۴) راستے میں آنا۔

بیچل بیچ (ہ) دیکھو بیچا بیچ۔

بیچا (بی۔ چا) (ہ) مذکر۔ بیچا۔ ہوّا۔ بچّوں کے ڈرانے کا ایک فرضی نام۔

بیچ (بیچ) (ہ) بیچنا کا امر۔

بیچا (بے۔ چا) (ہ) مذکر (۱) فروخت کیا۔ بیع کیا۔ منتقل کیا۔ تبدیل کیا (۲) بیچنے والا۔ بیچنے کا ارادہ رکھنے والا۔ فروشندہ۔ بیع کرنے والا۔ منتقل کرنے والا۔ تبدیل کرنے والا۔ فروخت کرنے والا۔

بیچک (بی۔ چک) (ہ) مذکر۔ مال کی فرد۔ مال کی فہرست جس میں نرخ۔ ہر چیز کی قیمت اور کُل میزان درج ہو۔

بیچ کھانا (ہ) ضائع کر ڈالنا۔

بیچلر (بیچ۔ اے۔ لر) (انگ Bachelor) مذکر۔ کنوارا۔ ناکتخدا۔ بن بیاہا۔

بیچلر آف آرٹس (Bachelor of arts) (انگ) بی۔ اے اسی کا مخفف ہے۔ وہ شخص جو بی۔ اے پاس ہو۔

بیچنا (ہ) (۱) فروخت کرنا۔ بیع کرنا۔ مول دینا (۲) ہنڈی کی پشت پر بیچا لکھ دینا۔

بیچو (ہ) مذکر۔ بیچنے والا۔ فروشندہ۔

بیچھی (بی۔ چھی) (ہ) مؤنث (ھو) بچھو۔

بیخ (بیخ) (ف) مؤنث (۱) اصل۔ جڑ۔ مول (۲) بنیاد۔ نیو۔

بیخ بنیاد (ف) مؤنث (۱) جڑ۔ مول (۲) اصل نسل۔ حسب و نسب۔

بیخ کنی کرنا (و) جڑ اکھاڑنا۔ بنیاد کھود ڈالنا۔ ستیا ناس کر دینا۔ نیست و نابود کرنا۔

بید (بید) (ہ) مذکر۔ حکیم۔ ویدک۔ طبیب۔ یونانی حکیم۔

بید (بید) (ف) مذکر۔ ایک قسم کا درخت جس کی شاخیں نہایت لچک دار ہوتی ہیں۔

بید کی طرح کانپنا (و) خوف کے مارے تھر تھر کانپنا۔ بید کی طرح لرزنا۔

بید مجنوں (ف) مذکر۔ ایک قسم کا درخت جس کی شاخیں جھکی رہتی ہیں۔ شاعر اسے مجنوں سے تشبیہ دیتے ہیں۔

بید مُشک (ف) مذکر۔ ایک قسم کا درخت جس کا عرق بطور دوا فرحتِ دل کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

بید (بید) (ہ) مذکر۔ ہندوؤں کی مذہبی اور آسمانی کتاب جس کے چار حصّے ہیں (۱) رگ وید (۲) سام وید (۳) یجر وید (۴) اتھروید۔

بیداد (بے۔ داد) (ف) مؤنث۔ ظلم۔ تعدی۔ جبر۔ جور۔ جفا۔

بیدار (بے۔ دار) (ف) ہوشیار۔ جاگتا۔ چوکنّا۔

بیدار بخت (ف) خوش نصیب۔ اقبال مند۔

بیدار دل (ف) ہوشیار۔ روشن طبع۔

بیدار مغز (ف) ہوشیار۔ عالی دماغ۔ عاقل۔ سمجھ دار۔

بیداری (ف) مؤنث۔ ہوشیاری۔ جاگ۔

بیدانت (بے۔ دا۔ نت) (ہ) مؤنث۔ بیاس جی کا بنایا ہوا وہ شاستر جس میں توحید کی بحث ہے۔

بیدانتی (ہ) مذکر۔ بید کا علم جاننے والا۔ توحید کا مسئلہ سمجھنے والا۔

بیدک (بے۔ دک) (ہ) مؤنث (۱) طبابت۔ حکمت۔ علم طب (۲) مذکر۔ طبیب۔ معالج۔ حکیم۔

بیدن۔ بیدنا (بے۔ دن + بید۔ نا) (ہ) مذکر و

مؤنث (ہندو) (عو) درد۔ دکھ۔ تکلیف ۔
بیدھا (بے۔ دُھا) (ہ) مذکر (۱) جس پر جادو کا اثر ہو (۲) آفت زدہ ۔

بیدید (بے۔ دِید) (ف) (۱) بے مروّت۔ بے حیا۔ بے وفا (۲) سنگ دل ۔

بیر (بِیر) (ہ) (۱) بہادر۔ دلیر۔ زور آور۔ سُورما۔ (۲) مذکر۔ پہلوان (۳) مؤکل۔ ہمزاد۔ جِن۔ (۴) بھائی۔ برادر ۔

بیرا (بِی۔ ا) (ہ) مذکر۔ (گنوار) بھائی۔ عزیز۔ خویش۔ برادر ۔

بیربر یا بیربل (ہ) مذکر (۱) لغوی معنی۔ زور آور۔ پہلوان (۲) راجہ مہیش داس وزیر اکبری کا عرفی نام

بیر (بیر) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا پھل (۲) مؤنث۔ (ہندو) عورت۔ زن ۔

بیر کھانسی کا گھر ہیں (ہ) مثل۔ کھانے سے اکثر کھانسی ہو جاتی ہے ۔

بیری (بے۔ رِی) (ہ) مؤنث۔ بیر کا درخت ۔
بیر (بِیَر) (انگ BEER) مؤنث۔ ایک قسم کی شراب جو جَو سے بنائی جاتی ہے ۔
بَیر (بَیْر) (ہ) مذکر (۱) دشمنی۔ عداوت۔ کینہ۔ بغض۔ (۲) ضد۔ مخالف (۳) بدلہ۔ معاوضہ ۔
بیراکھیری (بے۔ را۔ کھے رِی) (ہ) مؤنث۔ دشمنی ۔
بیر پڑنا (ہ) دشمنی ہونا۔ ان بن ہونا ۔
بیر لینا یا نکالنا (ہ) بدلہ نکالنا۔ عوض لینا ۔
بَیری (بے۔ رِی) (ہ) مذکر (۱) دشمن۔ بدخواہ۔ مخالف ۔

بیرا (ہند) (انگ۔ بیرَر Bearer) انگریزوں کا ملازم۔ سردار ۔
بیراگ (بَے۔ راگ) (ہ) (۱) ریاضت۔ نفس کُشی۔ خواہش نفسانی کو مارنا (۲) فقیری۔ جوگ ۔
بیراگا (ہ) مذکر۔ وہ چھوٹی سی ٹیڑھی لکڑی جس پر بیراگی فقیر ٹیک لگا کر بیٹھتے ہیں ۔
بیراگن (ہ) مؤنث (۱) بیراگی فقیر کی بیوی (۲) جوگن۔ فقیرنی ۔
بیراگی (ہ) مذکر (۱) تارک الدنیا۔ جوگی ۔
بیربہٹی۔ بیر بہوٹی (بِیر۔ بہٹی۔ بِیر بہو۔ ٹی) (ہ) مؤنث (۱) ایک سرخ رنگ کا کیڑا جو اکثر برسات میں پیدا ہوتا ہے۔ ان کا تیل اکثر دواؤں میں کام آتا ہے (۲) تشبیہاً۔ نہایت سرخ ۔

بیرسٹر (بے۔ رِس۔ ٹر) (انگ Barrister) مذکر۔ وہ وکیل جس نے ولایت سے وکالت ڈگری حاصل کی ہو ۔

بیرسٹرایٹ لا (بے۔ رِس۔ ٹر۔ اَیٹ۔ لا) (انگ Barrister at Law) مذکر۔ بیرسٹر ۔
بیرق (بے۔ رق) (ف) مذکر۔ نشان۔ علم۔ جھنڈا ۔
بیرم (بے۔ رَم) (ت) مذکر (۱) عید (۲) جشن (۳) تماشہ (۴) پربا ۔

بیرن (بِی۔ رَن) (ہ) مذکر۔ بھائی۔ برادر ۔
بَیرن (بے۔ رَن) (ہ) مؤنث۔ دشمن عورت۔ بدخواہ عورت ۔
بیرن (بے۔ رَن) (انگ Baron) مذکر۔ انگلستان میں امیروں کا خطاب
بیرنگ (بے۔ رَنگ) (ہند) (انگ۔ بیرنگ Bearing) وہ مال یا خط جس کا محصول بھیجنے والے نے ادا نہ کیا ہو
بیروزہ (بے۔ رُو۔ زَہ) (ف) مذکر۔ ایک قسم کا مادہ جو چیڑ کی لکڑی میں سے نکلتا ہے۔ گندہ بیروزہ ۔
بیرومیٹر (بے۔ رُو۔ مِی۔ ٹر) (Barometer) (انگ) مذکر۔ مقیاس الہوا۔ وہ آلہ جس سے ہوا کا رُخ اور اندازہ وغیرہ معلوم کرتے ہیں ۔
بیرون (بے۔ رُون) (ف) (۱) باہر۔ اندر کے خلاف (۲) سوا۔ علاوہ ۔
بیرونجات (ف) مذکر۔ دیہات۔ قصبات۔ شہر کے باہر ۔
بیرونٹ (بے۔ رُو۔ نٹ) (انگ Baronet) مذکر۔ انگریزی میں ایک نوابی خطاب جو "سر" کے برابر ہوتا ہے ۔
بیری (بے۔ رِی) (ہ) مؤنث۔ دیکھو بیری ۔
بیڑا (بے۔ ڑا) (ہ) مذکر (۱) ناؤ۔ کشتی۔ بانسوں کا وہ بڑا گٹھڑا جس کے ذریعے سے دریا کے پار اترتے ہیں (۲) جہازوں یا کشتیوں کی قطار (۳) رسالہ۔ فوج۔ منڈلی۔ جتھا (۴) احاطہ۔ صحن۔ آنگن ۔
بیڑا باندھنا (ہ) بہت سے آدمیوں کو جمع کرنا۔

مجمع اکٹھا کرنا۔

بیڑا پار کرنا۔ یا۔ لگانا (ہ) (۱) کشتی وغیرہ کو سلامتی کے ساتھ کنارے پر پہنچانا (۲) مصیبت دور کرنا۔ آڑے آنا۔

بیڑا پار ہونا (ہ) (۱) ناؤ یا جہاز کا سلامتی کے ساتھ منزل مقصود پر پہنچنا (۲) مشکل آسان ہونا۔ کامیاب ہونا (۳) خاتمہ ہونا۔ پورا ہونا۔ انجام کو پہنچنا۔

بیڑا (بی۔ڑا) (ہ) مذکر۔ گلوری۔ بنایا ہوا پان۔

بیڑا اٹھانا (ہ) (۱) ذمہ لینا۔ عہد کرنا۔ عزم بالجزم کرنا (۲) آمادہ ہونا۔ مستعد ہونا۔

بیڑنی۔ بیڑھنی (بیڑ۔نی۔ بیڑھ۔نی) (ہ) مؤنث گانے والی عورتوں کا ایک فرقہ۔

بیڑوی (بیڑ۔وی) (ہ) مؤنث۔ پیٹھی سے بھری ہوئی روٹی۔ پوری۔ بوری۔

بیڑھا (بے۔ڑھا) (ہ) ٹیڑھا۔ اردو میں ٹیڑھا بیڑھا بولتے ہیں۔

بیڑھی روٹی (ہ) مؤنث۔ دال بھری روٹی۔

بیڑی (بی۔ڑی) (ہ) مؤنث (۱) پان کی گلوری۔ چھوٹا بیڑا (۲) ایک قسم کا دیسی سگرٹ جو تمباکو کو پتے میں لپیٹ کر بنایا جاتا ہے۔

بیڑی (بے۔ڑی) (ہ) مؤنث (۱) لوہے کی زنجیر جو مجرموں اور ہاتھی یا گھوڑے وغیرہ کو ڈالتے ہیں (۲) چمڑے کا ڈول یا ٹوکرا جس سے کھیتوں کو پانی دیتے ہیں (۳) جورو۔ بچے۔ دنیوی تعلقات۔

بیڑی بڑھانا (ہ) منت کی زنجیر یا حلقہ میعاد مقررہ کے بعد نذر نیاز دلا کر اتارنا۔

بیڑی پڑنا (ہ) (۱) قید ہونا۔ پابند ہونا (۲) بال بچوں میں گرفتار ہونا۔ شادی ہونا۔

بیڑی سونے کی بھی بری (ہ) مثل۔ قید بری چیز ہے۔ خواہ اس میں کیسا ہی آرام ہو۔

بیڑی کٹنا (ہ) (۱) زنجیر اترنا (۲) آزاد ہونا۔ رہا ہونا۔

بیڑیاں (ہ) (۱) بیڑی کی جمع۔ بہت سی زنجیریں۔

بیزار (بے۔زار) (ف) متنفر۔ خفا۔ ناراض۔ ناخوش۔

بیس (بَیش) (ہ) مؤنث۔ ویش۔ ہندوؤں کی تیسری ذات جس کا کام تجارت اور زراعت ہے۔

بیس (بیس) (ہ) دس اور دس۔ بست۔ ۲۰۔

بیس بسوے (ہ) (۱) ایک بیگھہ (۲) کل۔ تمام۔ پورا (۳) غالباً۔ اغلب۔ یقیناً۔

بیساکھ (بے۔ساکھ) (ہ) مذکر۔ ہندوؤں کا وہ مہینہ جو ۱۵ اپریل سے ۱۵ مئی تک رہتا ہے۔

بیساکھی (ہ) مؤنث۔ ہندوؤں کا وہ مشہور تہوار جو بیساکھ کی پہلی کو آتا ہے۔ اس موقع پر امرتسر میں مویشیوں کی بڑی منڈی ہوتی ہے۔

بیستون (بے۔ستون) (ف) مذکر۔ ایک مشہور پہاڑ جسے فرہاد نے کھودا تھا۔

بیسر (بے۔سر) (ہ) مؤنث۔ ناک میں پہننے کی چھوٹی نتھ۔ نتنی۔

بیسن (بے۔سن) (ہ) مذکر۔ چنے کی دال کا آٹا۔

بیسنی روٹی (ہ) مؤنث۔ بیسن کی روٹی۔ چنے کے آٹے کی روغنی اور مسالے دار روٹی۔ (پنجابی) مسّی روٹی۔

بیسوا (بیس۔وا) (ہ) مؤنث۔ رنڈی۔ کسبی۔ قحبہ۔ فاحشہ۔

بیش (بیش) (ف) (۱) زیادہ۔ افزوں (۲) بہتر۔ افضل۔ عمدہ۔ اچھا۔

بیش از بیش (ف) زیادہ سے زیادہ۔ نہایت درجہ۔

بیش باد (ف) دعا۔ خدا زیادہ کرے۔ بڑھتی دولت اور بڑھائے۔

بیش بہا (ف) بھاری قیمت کا۔ قیمتی۔ بڑھیا۔

بیش تر (ف) (۱) اکثر۔ زیادہ تر (۲) بارہا۔

بیش قیمت (ف) (۱) بیش بہا۔ قیمتی (۲) نفیس عمدہ۔

بیشنو (بیش۔نو) (ہ) (۱) وشن جی کا یا ان کے متعلق (۲) مذکر وشن جی کا پیرو (۳) سادھوؤں کا ایک فرقہ۔

بیشہ (بے۔شہ) (ف) مذکر۔ اجاڑ۔ جنگل۔ بیابان۔

بیشی (ف) مؤنث زیادتی۔ افزونی۔ بڑھوتری۔

بیض (بَیض) (ع) مذکر۔ دستخط۔

بیضا (بَے۔ضا) (ع) روشن۔ سفید۔

بیضوی (بَے۔ضَوی) (ع) انڈے کی مانند۔ انڈے کی طرح۔ گول۔ بیضوی نُما۔

بیضہ (بَے۔ضَہ) (ع) مذکر (۱) انڈا (۲) فوطہ۔ خصیہ۔

بیضۂ نوروز (ف۔ع) مذکر۔ نوروز یعنی ماہ فروردین کی پہلی اور مارچ کی بارھویں تاریخ۔ پارسی اس روز بڑا جشن مناتے اور اُس کے بازی لگا کر انڈوں سے کھیلتے ہیں۔

بیطار (بَے۔طار) (ع) مذکر۔ سوتری۔ گھوڑوں کا ڈاکٹر۔

بیع (بَیع) (ع) مؤنث۔ بکری۔ فروخت۔

بیع استطاعی (ع) مؤنث۔ بے مقدوری۔ افلاس۔

بیع بامرابح (ع) مؤنث۔ نافع بکری۔

بیع بالوفا (ع) مؤنث۔ وہ سودا جس میں میعاد مقررہ پر روپیہ ادا کرنے سے چیز آل گئی ہو جائے شرطی رہن کا پورا ہو جانا۔ بیع کا پورا ہو جانا۔

بیع سلطانی (ف۔ع) مذکر۔ جو بیع بادشاہ کے حکم سے ہو۔

بیع شرطی (ع) مؤنث۔ وہ بکری جو کسی شرط کے پورا ہونے پر موقوف ہو کچی بکری۔

بیع قطعی (ع) مؤنث پکی بکری۔ مکمل بیع۔ فروخت کامل۔

بیع ناقص (ع) مؤنث۔ وہ بیع جو پوری نہ ہو۔ اور جس نے قبضے کا فیصلہ ملتوی رہے۔

بیع نامہ (ف۔ع) مذکر۔ قبالہ۔ کسی چیز کی فروخت کی دستاویز۔

بیع نمائشی (ف۔ع) مؤنث۔ دکھاوے کی اور فرضی بیع۔

بیع وشری (ع) مؤنث۔ خرید و فروخت۔ لینا اور بیچنا۔

بیعانہ (بَے۔عانَہ) (ع۔ف) مذکر۔ سائی۔ وہ رقم جو کسی سودے کو پکا کرکے اصل قیمت ادا کرنے سے پہلے بائع کو دی جائے۔ یہ حساب بے باق کرتے وقت وضع کر لی جاتی ہے۔

بیعت (بَے۔عَت) (ع) مؤنث (۱) اطاعت کا عہد (۲) مرید بننا۔ چیلا بننا۔

بیکا (بی۔کا) (ہ) ٹیڑھا۔ ترچھا۔

بیکر (بے۔کر) (انگ Baker) مذکر۔ نانبائی۔ روٹی پکانے والا۔ بسکٹ اور ڈبل روٹی بنانے والا۔

بیک کرشمہ دوکار -یا- **بیک تیر دو فاختہ** (ف) مثل۔ ایک تیر سے دو کام بن جانا۔

بیکنٹھ (بے۔کُنٹھ) (س) مذکر۔ بہشت۔ جنت۔ فردوس۔ سُرگ

بیکنٹھ باشی (س) بہشت میں رہنے والا۔ جنت نشان

بیگ (بَیگ) (ت) مذکر (۱) امیر۔ سردار۔ شہزادہ۔ (۲) مغلوں کا ایک خطاب۔ خط جیسے مرزا بیگ جو ان کا نام کے آخر میں لگاتے ہیں۔

بیگ (بَیگ) (انگ Bag) مذکر۔ تھیلا۔ بٹوا۔

بیگار (بے۔گار) (ف) (۱) وہ کام جو جبراً بلا مزدوری کیا جائے (۲) بے دلی کا کام۔

بیگار ٹالنا (ہ) بے دلی اور کم توجہی سے کوئی کام کرنا۔

بیگار کا کام (ہ) بے دلی کا کام۔ مفت کا کام۔

بیگاری (ف) مذکر (۱) بیگار میں کام کرنے والا۔ (۲) بے دلی سے کام کرنے والا۔

بیگانگی (بے۔گا۔نَگی) (ف) مؤنث۔ غیریت۔ مغایرت۔

بیگانہ (بے۔گا۔نہ) (ف) (۱) غیر۔ اجنبی (۲) ناواقف۔ انجان (۳) پرایا۔ اپنے کی ضد۔

بیگانہ خو (ف) وہ شخص جس کی سرشت میں محبت نہ ہو۔

بیگانہ وار (ف) غیروں کی مانند۔ غیروں کی طرح۔ روکھا۔

بیگانے بردے آزاد کرتے ہیں (ہ) مثل۔ پرائے غلام چھوڑ کر مفت کا ثواب کماتے ہیں۔ غیر کے مال پر فیاض بنتے ہیں۔

بیگم (بے۔گم) (ت) مؤنث۔ خانم۔ خاتون۔ لیڈی۔ بیگم امیرزادی۔

بیگمی (بے۔گَمی) (ہ) (۱) ایک قسم کے نہایت عمدہ اور نفیس چاول (۲) ایک قسم کا کافوری اور عمدہ پان۔

بیگہ (بی۔گہ) (ہ) مذکر۔ زمین کی ایک مقدار۔

ایک سو بیس مربع فٹ زمین۔

بیل (بَیل) (ہ) مذکر (۱) گائے کا نر۔ نر گاؤ۔ (۲) بے وقوف۔ احمق۔ گاؤدی۔

بیل نہ کُودا کُودی گون۔ یہ تماشا دیکھے کون (ہ) مثل۔ وہاں بولتے ہیں۔ جہاں کوئی امید کے خلاف کام کرے یا دخل در معقولات دے۔

بیل (بیل) (ہ) مؤنث (۱) درخت یا پودے کی وہ شاخیں جو زمین یا کسی سہارے سے اوپر چڑھتی ہیں (۲) فیتہ۔ ریشمی یا زری وغیرہ کا کنارہ (۳) وہ گُل بوٹے جو کپڑوں پر کاڑھے ہیں (۴) نثار۔ تصدق۔ نچھاور۔ صدقہ (۵) وہ انعام جو ارباب نشاط کو دیا جائے (۶) ناؤ کھینے کا بانس۔ چپّو (۷) ایک درخت اور اس کے پھل کا نام (۸) آل وعیال۔ نسل (۹) بھاوڑا۔ کُدال۔

بیل پٹّا (ہ) مذکر۔ نثار نچھاور۔ وہ انعام جو ارباب نشاط کو دیا جائے۔

بیل بڑھنا (ہ) (۱) بال بچے زیادہ ہونا (۲) قد بڑھنا (۳) درخت یا پودے وغیرہ کی بیل کا پھیلنا۔

بیل بوٹا (ہ) مذکر۔ نقش و نگار۔

بیل منڈھے چڑھنا (ہ) (۱) شادی کا وقت آنا۔ (۲) مراد کو پہنچنا۔ کامیاب ہونا۔

بیلا (بے۔ لاَ) (ہ) مذکر (۱) بڑا کٹورا (۲) ایک قسم کا باجا جو سارنگی کی طرح ہوتا ہے (۳) وہ جنگل جو دریا کے کنارے واقع ہو (۴) وہ نقدی جو بیاہ شادی وغیرہ کے موقع پر بطور خیرات تقسیم کی جائے۔

بیلا بٹنا (ہ) خیرات تقسیم ہونا۔ نقدی بٹنا۔

بیلچہ (بَیل۔ چَہ) پھاوڑے کی قسم کا ایک اوزار۔

بیلدار (ف) مذکر (۱) پھاوڑے سے کام کرنے والا کھودنے والا (۲) وہ چیز جس پر بیل بوٹے اور نقش و نگار ہوں۔

بیلک (بے۔ لَک) (ف) مؤنث۔ تیر کی اَنی۔

[illegible]

بیلنا (بیل۔ نا) (ہ) (۱) بیلن سے روٹی وغیرہ کو بڑھانا یا پھیلانا (۲) روئی سے بنولے علیحدہ کرنے کا آلہ۔

بیلنس (بے۔ لَنس) انگ Balance مذکر (۱) ترازو (۲) باقی۔ بقایا۔

بیلون (بے۔ لُون) انگ Baloon مذکر۔ غبارہ۔ ہوائی جہاز۔

بیلہ (بے۔ لہ) (ہ) مذکر (۱) دریا کے کنارے کا جنگل۔ چراگاہ (۲) ایک قسم کا سفید خوشبودار پھول جس کا پھیل بنتا ہے۔

بیلی (بے۔ لی) (ہ) مذکر۔ نگہبان۔ محافظ۔ مددگار۔ ساتھی۔

بیم (بیم) (ف) مذکر۔ خوف۔ خطر۔ اندیشہ۔ ڈر۔

بیمات بھائی (ہ) مذکر۔ سوتیلا۔ سوتیلی۔ وہ بھائی یا بہن جن کا باپ ایک اور ماں اور ہو۔ برادرِ علاتی۔

بیمار (بی۔ مار) (ف) مذکر (۱) مریض۔ دکھی۔ روگی۔ (۲) عاشق۔

بیمار پُرسی (ف) مؤنث۔ عیادت۔ بیمار کا حال پوچھنا۔

بیمار خانہ (ف) مذکر۔ بیماروں کے رہنے کا گھر۔ شفاخانہ۔

بیمارداری (ف) مؤنث۔ تیمارداری۔ بیمار کی خبرگیری یا خدمت کی ذمہ داری

بیماری (ف) مؤنث (۱) روگ۔ مرض۔ دکھ۔ علالت۔ ماندگی (۲) عادت۔ علت۔ لت۔

بیمہ (بی۔ مہ) (ف) مذکر۔ ٹھیکہ۔ ضمانت۔ ایک مقام سے دوسرے مقام پر مال پہنچانے کی ذمہ داری۔ مال کی قیمت یا مر جانے پر مقررہ رقم بھر دینے کی ذمہ داری۔ انشورنس۔

بیمۂ زندگی (ف) مذکر۔ زندگی کا بیمہ کرنے والی کمپنی کا اقرارنامہ جس میں وہ عہد کرتی ہے کہ اگر بیمہ کرانے والا ایک مقررہ مدت تک ایک خاص رقم ماہوار ششماہی یا سالانہ ادا کرتا رہے گا۔ تو وہ مقررہ مدت کے خاتمے یا موت پر مقرر کردہ رقم ادا کرے گی۔

بین (بِین) (ہ) مؤنث۔ تونبے کا بنا ہوا منہ سے بجنے والا ایک ساز

بین (بَین) (ہ) مذکر (۱) بیان۔ کیفیت (۲) مُردے

کی خوبیاں بیان کر کے رونا اور رُلانا۔ نوحہ ۔
بین (بَین) (ع) مذکر۔ درمیان۔ بیچ (۲) فاصلہ۔ فرق ۔
بین السطور (ع) مذکر۔ سطروں کے بیچ کا فاصلہ۔ سطروں کے درمیان ۔
بیّن (بی۔ یَن) (ع) ظاہر۔ صاف۔ آشکارا ۔
بیّنات (بی۔ یِنات) (ع) (۱) بیّنہ کی جمع۔ روشن دلائل (۲) گواہانِ صادق (۳) ایک قسم کی ابجد کا حساب ۔
بیّنہ (بی۔ یِنہ) (ع) مؤنث۔ روشن دلیل ۔
بینا (بی۔ نا) (ہ) مذکر۔ جھومر کی قسم کا ایک زیور۔ جو ماتھے پر پہنا جاتا ہے ۔
بینا (بی۔ نا) (ف) (۱) دیکھنے والا۔ مُبصر۔ ناظر۔ (۲) دانا۔ عقلمند۔ ہوشیار ۔
بینائی (ف) مؤنث۔ (۱) بصارت۔ نظر۔ آنکھ کی روشنی (۲) دانائی۔ ہوشیاری ۔
بین بین (ع) (۱) متوسط۔ درمیانی۔ بیچ کا۔ (۲) رلا جلا ۔
بینجنی (بَین۔ جَنی) (ہ) اُودا۔ سیاہ مائل بہ سُرخی۔ بینگن کے رنگ کا ۔
بینچ (بینچ) (انگ Bench) مذکر (۱) دیکھو بنچ۔ (۲) اجلاس کی میز۔ سشن جج کا محکمہ ۔
بیندھنا (بیندھ۔ نا) (ہ) (۱) سوراخ کرنا۔ چھید کرنا۔ (۲) طعنے دینا۔ بیچ کے دینا ۔
بینڈ (بینڈ) (ہ) مؤنث۔ سرکنڈوں یا نرسلوں کا مٹھا ۔
بینڈ (بینڈ) (انگ Band) مذکر۔ گروہ۔ جماعت۔ جتھا۔ انگریزی باجے والوں کا گروہ ۔
بینڈا (بیں۔ ڈا) (ہ) (۱) ترچھا۔ ٹیڑھا۔ آڑا (۲) سخت۔ مشکل۔ بے ڈھب (۳) ناشائستہ۔ اُجڈ۔ اکھڑ (۴) ایک کیڑے کا نام جو برسات میں درختوں میں پیدا ہوتا ہے ۔
بینڈی (ہ) بینڈا کی تانیث۔ ٹیڑھی۔ ترچھی۔ کج ۔
بینڈی (ہ) (۱) بینڈ کی تانیث (۲) بالوں کا جوڑا۔ (۳) بالوں یا سُتلی وغیرہ کی پِنڈی ۔
بینڈیا (بیں۔ ڈیا) (ہ) مذکر۔ تیسرا یا پانچواں بیل جو بوجھ کے آگے سہارا دینے کے لئے جوڑا جاتا ہے ۔

بینش (بی۔ نِش) (ف) مؤنث۔ دیکھنا۔ نظر۔ دانائی ۔
بینکر (بینک۔ کر) (انگ Banker) مذکر۔ مہاجن۔ صراف۔ روپیہ کا لین دین کرنے والا ۔
بینگن (بیں۔ گن) (ہ) مذکر۔ بادنجان۔ آدھے بھٹ کی ایک ترکاری (پ) بتاؤں ۔
بینٹھنا (بینٹھ۔ نا) (ہ) چُننا۔ پھٹکنا۔ علیحدہ کرنا۔ چھانٹنا ۔
بینندہ (بی۔ نِن۔ دہ) (ف) دیکھنے والا۔ دانا ۔
بیں ہتھا (بیں۔ ہَت۔ تھا) (ہ) مذکر۔ بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا ۔
بینی (بی۔ نی) (ف) مؤنث (۱) ناک (۲) (ہ) وہ لمبی لکڑی جو کواڑوں میں اس لئے لگا دیتے ہیں کہ بند کرنے وقت بیچ میں جھری نہ رہے۔ اور مل کر ایک ہو جائیں (۳) کتاب کی جلد کا وہ حصہ جو آگے کو بڑھا ہوا ہوتا ہے۔ اور کتاب بند کرنے کے بعد اوپر آ جاتا ہے ۔
بینی پاک (ف) مذکر۔ ناک صاف کرنے کا رومال ۔
بینی کوہ (ف) مذکر۔ پہاڑ کی چوٹی۔ قلّہ ۔
بیوپار (بیو۔ پار) (ہ) مذکر۔ تجارت۔ لین دین۔ سوداگری۔ بنج ۔
بیوپاری (ہ) مذکر۔ تجارتی۔ سوداگر۔ بنجارا ۔
بیوتات (بُیو۔ تات) (ع) (بیت کی جمع الجمع (۱) (لغوی معنی) بہت سے گھر (۲) شاہی محل (۳) گھر کا خرچ ۔
بیورا (بیو۔ را) (ہ) مذکر (۱) خبر۔ پیغام۔ بات (۲) حال احوال (۳) خوشخبری۔ بشارت۔ مژدہ (۴) بھید۔ پتا۔ نشان (۵) تفصیل۔ تشریح۔ وضاحت (۶) روزنامچہ۔ چٹھا ۔
بیورے وار (ہ) تفصیل وار۔ مفصل ۔
بیوستھا (بیوس۔ تھا) (س) فتویٰ۔ مذہبی حکم۔ دھرم شاستر کے بموجب فیصلہ ۔
بیوگ (بیوگ) (س) مذکر۔ جدائی۔ مفارقت۔ مہجوری۔ فراق ۔
بیونت (بیو۔ نت) (ہ) مذکر (۱) کاٹ۔ تراش۔ قطع۔ (۲) اندازہ۔ ماپ (۳) حساب۔ پرت۔ تقسیم۔ (۴) موقع۔ ڈھب (۵) جُزرسی کا طریق۔ کفایت شعاری کا قاعدہ ۔
بیونت پھیلنا (ہ) پرت کھلنا۔ حساب پھیلنا۔ اندازہ نہ ہونا ۔

بیونتنا (ہ) تراشنا ۔ کاٹنا ۔ قطع کرنا ۔ کپڑے کی قطع و برید کرنا ۔

بیوہ (بے ۔ وَہ) (ف) مؤنث ۔ رانڈ ۔ بدھوا ۔ وہ عورت جس کا خاوند مر گیا ہو ۔

بیوہ قابض (ف ۔ ع) مؤنث ۔ جو بیوہ اپنے خاوند کی جائداد پر قابض ہو ۔

بیوہار (بیَو ۔ ہار) (ہ) مذکر (۱) بیوپار ۔ تجارت ۔ بنج ۔ لین دین ۔ سوداگری (۲) کام کاج ۔ پیشہ ۔ (۳) معاملہ ۔ واسطہ ۔ تعلّق (۴) قاعدہ ۔ دستور ۔ طریقہ ۔ ڈھنگ (۵) خط و کتابت ۔ نامہ و پیام (۶) بیاہ شادی ۔ نسبت ۔ مناکحت ۔

بیوہار کی بات (ہ) مؤنث ۔ معاملے کی بات ۔ دستور کی بات ۔ اصول کی بات ۔ قاعدے کی بات ۔

بیوی (ا) مؤنث ۔ دیکھو "بی بی"

بیوی بیوی عید آئی ۔ چل دور سمجھے اپنی ڈال تمیا سے ہم (ہ) مثل ۔ دنیا کی عیش و عشرت سے غریبوں کو کیا سروکار ۔

بیوی جی بیوی جی چاول گل گئے ۔ ڈر کتیا مردار تیرے دن مل گئے (ہ) مثل ۔ عورتیں اس عورت کے متعلق کہتی ہیں جو خوش حال نصیب ہو کر اپنا پہلا غریبی کا زمانہ بھول جاتی ہے ۔

بیوی کا دانہ یا کونڈا ۔ بیوی کی صحنک یا نیاز (ا) دیکھو "بی بی کا ......"

بیوی کا دانہ کھانے والا (ا) مذکر ۔ جورو کی روٹیوں پر پلنے والا ۔ وہ بے غیرت اور بے حمیت جو آپ نکما ہے ۔ اور سسرال کے ٹکڑے کھا کر اینٹھے ۔ درپوش ۔ محتاج ۔ زن ۔

بیوی کا غلام (ا) مذکر ۔ عورت کا محکوم ۔ زن مرید ۔ عورت کے اشاروں پر چلنے والا ۔

بیوی نیک بخت دمڑی کی دال تین وقت (ا) مثل ۔ نیک عورت کفایت شعاری کرتی ہے ۔

بیوی وارے باندی کھائے گھر کی بلا باہر نہ جائے (ا) مثل ۔ صدقہ اور خیرات کا گھر ہی میں نکلنا ۔ کسی کے نہایت بخل پر بولتے ہیں ۔

بیہ (بِیْہ) (ہ) مذکر (۱) سوراخ (۲) کان یا ناک کا سوراخ ۔

بیہڑ (بے ۔ ہڑ) (ہ) (۱) ناہموار زمین جو اونچی نیچی ہو (۲) بن ۔ بیلہ ۔ جنگل ۔ چراگاہ ۔

بیہودگی (بے ۔ ہُو ۔ دَگی) (ف) مؤنث (۱) بے سلیقگی ۔ پھوہڑپن (۲) ناشائستگی ۔ نالائقی ۔ (۳) نادانی ۔ حماقت ۔

بیہودہ (بے ۔ ہُو ۔ دَہ) (ف) (۱) فضول ۔ لغو ۔ واہیات (۲) خراب ۔ نکما (۳) ناحق ۔ باطل (۴) نامعقول ۔ غیر مہذب (۵) بے سود ۔ بے فائدہ (۶) آوارہ ۔ سرگرداں (۷) فحش ۔

بیہودہ پھرنا (ا) آوارہ و سرگرداں پھرنا ۔

بیہودہ گوئی (ف) مؤنث ۔ ہرزہ سرائی ۔ فضول گوئی ۔ بک بک ۔ جھک جھک ۔

ب

پ

پ (پے) (ف) مؤنث (۱) فارسی اردو کا تیسرا اور ہندی کا اکیسواں حرف ہے (۲) حسابِ جمل میں اس کے دو عدد شمار کئے جاتے ہیں ۔

پ - ا

پا (پا) (ف) مذکر (۱) پاؤں۔ قدم۔ پیر (۲) نیچے۔ زیریں۔ تحت (۳) پائداری۔ مضبوطی۔ استقلال۔ ٹھہراؤ (۴) بیخ۔ بنیاد ۔

پا افروز (ف) مؤنث۔ جوتی ۔

پا افشار (ف) مؤنث۔ کھڑاؤں ۔

پا انداز (ف) مذکر۔ دروازے کے سامنے پڑا ہوا۔ پاؤں صاف کرنے کا ٹاٹ وغیرہ ۔

پابجولاں (ف) (۱) پاؤں میں بیڑی۔ پاؤں میں زنجیر۔ پابہ زنجیر (۲) مقید۔ محبوس (۳) مجبور۔ معذور۔ محتاج۔ بے بس (۴) ملازم۔ نوکر۔ غلام۔ خدمتگار (۵) بیاہا ہوا ۔

پا بدستِ دگرے دست بدستِ دگرے (ف) پاؤں ایک کے ہاتھ میں۔ ہاتھ دوسرے کے ہاتھ میں۔ کشاں کشاں۔ جبر سے ۔

پا برکاب (ف) جانے پہ آمادہ ۔

پابزنجیر (ف) مذکر۔ دیکھو "پا بجولاں" ۔

پا بگل (ف) قیدی۔ بے بس ۔

پابند (ف) مذکر (۱) عادی۔ خوگر (۲) نوکر۔ ملازم۔ فرمانبردار۔ محکوم۔ ماتحت۔ مطیع (۳) گرفتار۔ بندھا ہوا۔ رکا ہوا۔ قیدی (۴) قائم۔ ٹھہرا ہوا۔ مستقل۔ مضبوط (۵) بیڑی۔ سلاسل۔ زنجیر ۔

پابند کرنا (ف) روکنا۔ نوکر رکھنا۔ مقید کرنا ۔

پابندی (ف) مؤنث (۱) روک تھام۔ بندش۔ مناہی (۲) ملازمت۔ نوکری۔ متابعت۔ غلامی۔ فرمانبرداری (۳) قید۔ گرفتاری (۴) استقلال۔ قیام۔ استحکام (۵) بیڑی۔ جولاں (۶) لحاظ۔ خیال۔ دھیان (۷) عادت۔ خو ۔

پابندی ایک کی بھلی (ف) اطاعت ایک ہی کی اچھی طرح ہو سکتی ہے ۔

پابوس (ف) مذکر (۱) قدم چومنے والا۔ پاؤں چومنے والا۔ قدمبوس۔ پیروں پر گرنے والا (۲) جھکنے والا۔ تسلیم کرنے والا (۳) خوشامدی (۴) پاؤں چومنا ۔

پابوسی (ف) (۱) پاؤں چومنا۔ قدم لینا۔ قدمبوس ہونا (۲) جھکنا۔ تسلیم کرنا (۳) بڑوں کی ملاقات ۔

پا پیادہ (ف) پیدل۔ سواری کے بغیر ۔

پاپ (پاپ) (س) (۱) گناہ۔ دوش۔ قصور۔ جرم۔ خطا (۲) دکھ۔ عذاب۔ مصیبت۔ آفت (۳) برائی۔ بدی۔ عیب۔ نقص۔ خرابی۔ کھوٹ (۴) ظلم۔ جبر۔ سختی ۔

پاپ ابھرے پر ابھرے (ہ) برا کام پوشیدہ نہیں رہتا ۔

پاپ روپ (ہ) مذکر (۱) بدشکل۔ بدصورت (۲) ظالم۔ جابر۔ بے رحم (۳) پاپی۔ گنہگار ۔

پاپ کاٹنا (ہ) (۱) جھگڑا چکانا۔ قضیہ طے کرنا۔ لڑائی بند کرنا (۲) واسطہ چھوڑنا۔ الگ کرنا۔ جدا کرنا (۳) قرضہ ادا کرنا۔ نجات دینا (۴) گناہ دور کرنا۔ قصور معاف کرنا۔ خطا بخشنا ۔

پاپ کرنا (ہ) (۱) حرکت بیجا کرنا (۲) زنا کرنا ۔

پاپا (پا-پا) (انگ Papa) مذکر (۱) باپ۔ پدر۔ والد۔ ابا۔ بابا یا بادا (۲) پوپ۔ رومی عیسائیوں کا بڑا پادری ۔

پاپاخ (پا-پاخ) (ت) مؤنث۔ سیاہ دنبے کی کھال کی لمبی ٹوپی ۔

پاپڑ (پا-پڑ) (ہ) مذکر (۱) باریک۔ پتلا۔ کا فذسا-

پان کی شکل۔ پتّے کی مانند (۲) اُردو۔ مونگ۔ چنے وغیرہ کے بھسے کی نہایت پتلی اور باریک ٹکی چپاتی جو تیل یا گھی میں پکتی ہے۔ پاپڑی (۳) نہایت خشک سوکھی (۴) نہایت کمزور ٭

پاپڑ بیلنا۔ یا۔ پاپڑ پیٹنا (ف) (۱) دکھ بھوگنا۔ مصیبت یہ دامشقت کرنا (۲) تنگی اور مفلسی میں دن گزارنا۔ افلاس و تنگدستی میں۔ غم و الم میں۔ رنج و مصیبت میں عمر کاٹنا (۳) پاپڑ بنانا ٭

پاپن (پا۔ پَن) (ہ) مؤنث (۱) گنہگار عورت۔ خطاکار۔ مجرمہ (۲) ظالمہ ٭

پاپوش (پا۔ پوش) (ف) مؤنث۔ جوتا۔ کفش۔ پیزار ٭

پاپوش پر مارنا (ف) (۱) ذلیل۔ حقیر۔ بے عزّت جاننا (۲) ذلیل۔ حقیر۔ بے عزّت کرنا (۳) ٹھکرانا (۴) خاطر میں نہ لانا۔ پروا نہ کرنا ٭

پاپوش کی نوک سے (ف) بلا سے۔ کچھ پروا نہیں۔

پاپوش کے برابر نہ سمجھنا (ف) محاورہ (عو) ذرا خاطر میں نہ لانا۔ حقیر اور ذلیل سمجھنا ٭

پاپی (پا۔ پی) (ہ) مذکر (۱) پاپ کرنے والا گناہ کرنے والا۔ گنہگار۔ قصوروار۔ مجرم (۲) ظالم۔ ناخداترس (۳) بدکار۔ بدراہ۔ بدچلن (۴) بے رحم۔ سنگ دل۔ کٹھور۔ کٹر (۶) ممسک۔ کنجوس۔ بخیل ٭

پاپی کنواں (ف) مذکر۔ وہ کنواں جس میں ہر سال کوئی نہ کوئی آدمی ڈوبتا ہو ٭

پاپی کی ناؤ منجدھار میں ڈوبتی ہے (ہ) مثل۔ گنہگار کو اس کے عروج کے وقت گناہ کی سزا ملتی ہے۔ گنہگار کو نہایت سخت سزا ملتی ہے ٭

پات (پات) (ہ) مذکر (۱) پتّا۔ برگ۔ ورق۔ ساگ (۲) کان میں پہننے کا زیور ٭

پات تیرتے ہیں۔ پتھر ڈوبتے ہیں (ہ) مثل۔ غریب اور ادنیٰ درجے کے لوگ مزے میں رہتے ہیں امیر یا عزّت والے دکھ اٹھاتے ہیں ٭

پاتابہ (پا۔ تا۔ بَہ) (ف) مذکر (۱) تلا۔ چمڑا جو پاؤں کے نیچے جوتے کے اندر ڈالا جاتا ہے (۲) کپڑے کا بنا ہوا جُرّا جو موزے کے اوپر پاؤں میں پہنتے ہیں جس سے موزہ محفوظ رہتا ہے ٭

پاتاکیری (پا۔ تا۔ کے۔ رِی) (ہند) (انگ اپیتھیکری Apothecary) مذکر۔ عطار۔ دواساز ٭

پاتال (پا۔ تال) (ہ) مؤنث۔ تحت الثریٰ۔ اسفل السافلین۔ سب سے نیچے کا طبقہ۔ نرک ٭

پاتر (پا۔ تر) (س) مؤنث (۱) کسبی۔ رنڈی۔ بیسوا۔ قحبہ (۲) پتلا۔ دُبلا۔ نازک۔ چھریرا (۳) برتن۔ ظرف۔ کٹورا ٭

پاتِرتا (ہ) مؤنث۔ پاک دامن و عصمت مآب عورت ٭

پاتِرتا کو گزی نہیں۔ بیسوا اوڑھے خاصا نیک تکلیف میں رہتے ہیں۔ بد عیش اڑاتے ہیں ٭

پاتک (پا۔ تک) (س) مذکر (۱) پاپ۔ گناہ۔ دوش۔ دکھ (۲) وہ ناپاکی یا نجاست وغیرہ جو کسی شخص کے مرنے کے باعث اہل خاندان پر عائد ہوتی ہے ٭

پاٹ گھاپرا (ہ) (۱) نہایت ڈرپوک۔ بزدل (۲) تھوڑے کھٹکے سے گھبرانے والا۔ ذرا کھٹکے سے چونکنے اور اندیشہ کرنے والا۔ پتّے کے کھڑکے سے بے قرار ہونے والا ٭

پاتن (پا۔ تن) (س) مؤنث (۱) پاپوش۔ جوتی (۲) نقصان۔ پت جھڑ (۳) زوال۔ گراؤ۔ آمد ٭

پاتھر (پا۔ تھر) (ہ) مذکر۔ پتھر۔ سنگ۔ حجر ٭

پاتھنا (پاتھ۔ نا) (ہ) تھاپنا۔ بنانا۔ ڈھالنا۔ تھوپنا ٭

پاتی (پا۔ تی) (س) مؤنث (۱) چٹھی۔ خط۔ رقعہ۔ تحریر (۲) پیغام۔ سندیسا۔ خبر۔ اطلاع (۳) پتہ۔ کھوج۔ نشان ٭

پاٹ (پاٹ) (ہ) مذکر (۱) عرض۔ چوڑائی (۲) چکّی کا پاٹ۔ پتھر (۳) تخت۔ مسند۔ گدّی (۴) پٹڑا اور وہ پتھر جس پر کپڑے دھوئے جاتے ہیں (۵) کولھو یا بیلن کی لمبی لکڑی جس میں جوٹا یا ندھ کر بیل جوتے جاتے ہیں۔ اور اس کے ذریعے سے کولھو چلتا ہے (۶) لکڑی کا لٹھا جو کنوئیں سے پانی کھینچنے کے لیے اس کے منہ پر رکھا جاتا ہے (۷) ریشم (۸) تخت۔ چوکی۔ تختہ (۹) الاپ۔ اونچا سُر۔ تان ٭

پاٹ (پاٹ) (انگ Pot) (۱) برتن۔ ظرف (۲) پیخانے کا طشت (۳) حمایت۔ طرفداری ٭

پاٹنا (پاٹ۔ نا) (ہ) (۱) ڈھانپنا۔ چھت ڈالنا (۲) پوشیدہ کرنا۔ چھپانا (۳) ڈھیر کرنا (۴) مالا مال کرنا۔ ریل پیل

کرنا (۵) بکثرت دینا۔ بہت دینا۔ زیادہ دینا۔ بے انتہا دینا (۶) سینچنا۔ پانی لگانا۔ سیراب کرنا۔ (۷) کڑیاں رکھنا۔ تختے پھیلانا۔ مٹی بچھانا۔ چھپّر ڈالنا ۔

پاٹھ (پاٹھ) (س) مذکر (۱) سبق۔ درس (۲) وِرد۔ وظیفہ۔ پوجا۔ عبادت ۔

پاٹھ شالا (س) مذکر۔ مدرسہ۔ سکول۔ مکتب۔ تعلیم گاہ۔ پڑھنے کا مکان ۔

پاٹھا (پا۔ ٹھا) (ہ) مذکر (۱) جوان۔ پٹھا (۲) پہلوان۔ (۳) ہاتھی کا نر بچہ

پاٹھک (پا۔ ٹھک) (س) مذکر (۱) اُستاد۔ معلم (۲) واعظ۔ اپدیشک (۳) برہمنوں کا ایک فرقہ ۔

پاجامہ (پا۔ جا۔ مَہ) (ف) مذکر (۱) شلوار۔ ازار بند۔ تہ بند۔ زیر جامہ شرعی (۲) احمق۔ نالائق ۔

پاجانا (پا۔ جا۔ نا) (۱) حاصل کر لینا (۲) وصول کر لینا (۳) (بات) سمجھ لینا (۴) (سزا) بھگتنا ۔

پاجی (پا۔ جی) (ف) (۱) کمینہ۔ رذیل۔ سفلہ (۲) شریر۔ بدمعاش۔ لُچا۔ شہدا (۳) کھٹیل۔ ذلیل۔ حقیر ۔

پاجی پرست (ف) مذکر۔ سفلہ پرست۔ کمینوں کا مددگار۔ رذیلوں کا حامی۔ بدمعاشوں کا ساتھی۔ پاجیوں کی خوشامد کرنے والا ۔

پاجی پن (ہ) (۱) کمینگی۔ سفلہ پن۔ رذالت۔ (۲) شرارت۔ بدمعاشی۔ شہدپن ۔

پاجی مزاج (ف) سفلہ مزاج۔ کم ظرف۔ اوچھا۔ کمینہ ۔

پاچک (پا۔ چک) (س) (۱) ہاضم۔ پچانے والا۔ ہضم کرنے والا (۲) چُورن (۳) رسوئیا۔ باورچی ۔

پاچن (س) دیکھو "پاچک" ۔

پاچھنا (پاچھ۔ نا) (ہ) پچھنے لگانا۔ گودنا۔ پچھے لگانا۔ فصد کرنا ۔

پاچھی (پا۔ چھی) (ہ) دولتی۔ چوپائے کی دونوں ٹانگوں کی لات ۔

پاخانہ (ف) مذکر (۱) جائے ضرورت۔ بیت الخلا۔ ٹٹی۔ (۲) براز۔ گُہ۔ چرکین۔ گندگی۔ فضلہ ۔

پاد (پاد) (ہ) مذکر۔ پُسکی۔ گوز۔ ریح۔ باد شکم۔ باؤ۔ ہوا جو پاخانے کے مقام سے خارج ہو ۔

پاد بند ہونا (ہ) (۱) (لغوی معنی) گوز آنا (۲) خوف غالب آنا۔ دم بند ہونا۔ ڈرنا ۔

پادا پوتی (پا۔ دا۔ پو۔ تی) (ہ) ناتنک۔ کم تدر۔ ناتواں۔ نحیف ۔

پاداش (پا۔ داش) (ف) مؤنث۔ نتیجہ۔ سزا۔ بدلہ۔ عوض۔ مکافات۔ عملہ۔ معاوضہ ۔

پادامی (پا۔ دا۔ می) (ف) مذکر۔ چڑیمار ۔

پادر رکاب (ف) دیکھو "پا بہ رکاب" ۔

پادر ہوا (ف۔ ع) بے بنیاد ۔

پادری (پاد۔ ری) (پرتگالی) مذکر۔ مذہب عیسوی کا پیشوا۔ اسقف۔ دینِ عیسوی کی تلقین کرنے والا ۔

پادشاہ (پاد۔ شاہ) (ف) مذکر۔ قیصر۔ سلطان۔ بادشاہ ۔

پادشاہ سلامت (ف) مذکر (القاب و خطاب) قیصر سلامت۔ سلطان زندہ رہے ۔

پادشاہزادہ (ف) مذکر۔ ابن قیصر۔ ابن سلطان۔ بادشاہ کا بیٹا۔ شہزادہ ۔

پادشاہی (ف) مؤنث۔ بادشاہی ۔

پادگھابرا (پاد۔ گھا۔ برا) (ہ) مذکر۔ دیکھو "بات گھابرا" ۔

پادنا (ہ) (۱) گوز لگانا۔ پاد نکالنا۔ پاد چھوڑنا (۲) گھبرانا۔ ہاتھ پاؤں چھوڑ دینا۔ ہمت ہارنا۔ ہار ماننا۔ پیٹھ دکھانا ۔

پار (پار) (ہ) مذکر (۱) پرلے۔ دوسرے کنارے۔ پہلی طرف۔ اس جانب (۲) آخر۔ انجام۔ تمام۔ ختم (۳) حد۔ کنارہ (۴) (ف) گزرا۔ گزشتہ۔ گیا۔ جیسے پارسال ۔

پار اتارنا (ہ) (۱) کنارے لگانا۔ دوسرے کنارے پہنچانا۔ پار کرنا۔ پار لگانا۔ عبور کرانا (۲) کام کو پہنچانا۔ تمام کرنا۔ انجام کو پہنچانا۔ آخر کرنا (۳) مار ڈالنا ۔

پار اترنا (ہ) (۱) دریا کو عبور کرنا۔ دوسرے کنارے پر پہنچنا (۲) ختم کرنا۔ پار ہونا۔ انجام کو پہنچنا۔ تمام کرنا۔ آخر کرنا (۳) نجات ہونا۔ چھٹکارا پانا (۴) ادا کرنا۔ بیباق ہونا (۵) کامیاب ہونا۔ مراد کو پہنچنا۔ مطلب پانا (۶) مرنا۔ خاتمہ بالخیر ہونا۔ پار لگنا ۔

پار کرنا (ہ) (۱) دیکھو "پار اتارنا" (۲) وار پار کرنا۔ اِدھر سے اُدھر کرنا (۳) چھید کرنا۔ سوراخ کرنا (۴) باہر نکالنا۔ حد سے پرے کرنا (۵) بازی جیتنا۔ فتح پانا۔ مار بھگانا (۶) گزارنا۔ بسر کرنا۔ پیدا کرنا۔

نباہنا۔

پار لگانا (ف) خاتمہ بالخیر کرنا۔ نجات دینا۔ کامیابی حاصل کرنا۔

پارا (پا۔ را) (ہ) مذکر۔ سیماب۔ زیبق۔ ایک دھات جو سفید اور بھاری ہوتی ہے۔

پارا پلانا (ف) (۱) وزنی کرنا۔ بھاری کرنا۔ بوجھل کرنا۔ کسی چاندار کو پارا پلانا۔

پار ار (پا۔ راز) (ف) پچھلا تیسرا برس۔ تیورس۔

پاربتی (پار۔ بتی) (س) مؤنث (۱) پہاڑ کی بیٹی۔ (۲) درگا۔ شوجی کی استری (۳) حضرت آدم کی بیوی حضرت حوّا۔

پارٹ (پارٹ) (انگ part) مذکر۔ ٹکڑا۔ حصّہ۔ ادھیائے۔ باب۔ فصل۔ مقالہ۔

پارٹی (پار۔ ٹی) (انگ party) مؤنث فرقہ۔ پنچایت۔ جماعت۔

پارچہ (پار۔ چہ) (ف) مذکر (۱) کپڑا۔ لتّا (۲) لباس پوشاک۔ بستر (۳) ٹکڑا۔ پارہ (۴) قاش۔ پھانک (۵) ٹکڑا۔ چکھٹ (۶) ایک ریشمی کپڑا۔

پارس (پا۔ رس) (ہ) مذکر (۱) ایک پتھر جس کی نسبت مشہور ہے کہ لوہے وغیرہ کو چھو کر سونا بنا دیتا ہے۔ اکسیر (۲) مرد کار۔ تندرست۔ غیر فانی۔ مضبوط۔ پختہ۔ مستحکم (۳) فیاض۔ داتا۔ سخی۔

پارس (پا رس۔ پارس۔ پا۔ رس) (ف) مذکر۔ ملک ایران۔ فارس۔

پارسا (پار۔ سا) (ف) (۱) متّقی۔ پرہیزگار۔ نیک۔ پاک۔ صالح (۲) اللہ والا۔ درویش کامل۔ باخدا۔

پارسال (ف) گئے برس۔ پچھلے سال۔ پر کے سال۔ سال گزشتہ۔

پارسائی (ف) مؤنث (۱) نیکوکاری۔ نیکی۔ پاکی۔ بھلائی (۲) عفت۔ عصمت۔ زہد۔ اتقا۔ پرہیزگاری۔

پارسل (پار۔ سل) (انگ parcel) مذکر۔ ڈھیر۔ حصّہ۔ تودہ۔ پلندا۔ وہ چیز جس پر کاغذ یا کپڑا لپیٹ کر اور اوپر سے باندھ کر اسے ڈاک پارسل کے ذریعے سے بھیجتے ہیں۔

پارسل بیگ (انگ parcel bag) مذکر۔ پارسل کا تھیلا۔

پارسناتھ (ہ) مذکر (۱) پارس پتھر اور ناتھ مالک۔ یعنی پتھر کا بنا ہوا ایشور (۲) جین مت کا تیسرا پیشوائے دین اور اس کی مورتی۔

پارسناتھ سے چکی بھلی جو آٹا دیوے پیس
گڑھ تر سے مرغی بھلی جو انڈے دیوے بیس } (ہ)
مثل۔ بے فیض شخص سے وہ بہت اچھا ہے جس سے لوگوں کو فائدہ پہنچے۔

پارسی (پار۔ سی) (ف) مذکر (۱) گبر۔ آتش پرست۔ آگ کا پجاری۔ مجوسی (۲) ایک قوم جس کا بانی زردشت یا زرتشت ہوا ہے (۳) فارس کا باشندہ (۴) فارس کی بنی ہوئی یا فارس کی شے (۵) فارسی زبان۔

پارک (پارک) (انگ park) مذکر۔ احاطہ۔ گھرا ہوا مقام۔

پارکھی (پار۔ کھی) (ہ) (۱) پرکھیا۔ پہچاننے والا۔ جوہری۔ شناخت کرنے والا۔ جانچنے والا (۲) تجربہ کار۔ واقف۔

پارلیمنٹ (پار۔ لی۔ منٹ) (انگ parliament) مؤنث (۱) پارلیمان۔ مجلس مشاورت۔ صلاح کاروں کی سوسائٹی یا گروہ۔ وکلائے رعایا کی کونسل (۲) سلطنت جمہوری کے ارکان (۳) واضعان قانون۔ موجدان قواعد۔ ضابطہ بنانے والے (۵) باب عالی۔

پارلیمنٹری (انگ parliamentary) مجلس مشاورت کے متعلق۔

پارنا (پار۔ نا) (ہ) جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ کاجل اتارنا۔

پارہ (پا۔ رہ) (ف) مذکر۔ پارچہ۔ ٹکڑا۔ ریزہ۔ جزو (۲) پرچہ۔ پرزہ (۳) قاش۔ پھانک (۴) پیوند۔ جوڑ (۵) پتھر کی چھوٹی سی دیوار۔

پارہ پارہ کرنا (ف) محاورہ۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ دھجیاں اڑانا۔ پرزے پرزے کرنا۔ پرخچے اڑانا۔

پارہ دوز (ف) (۱) ٹکڑوں کو جوڑنے والا۔ کترن کو سینے والا۔ پیوند لگانے والا (۲) درزی (۳) موچی۔

پارینہ (پا۔ ری۔ نہ) (ف) پرانا۔

پارے کی دیوار (ف) مؤنث۔ گارے یا چونے کے بغیر اینٹوں یا پتھروں کی چنی ہوئی دیوار۔

پاڑ (ہ) مؤنث (۱) ٹانڈ۔ مچان (۲) سیڑھی۔ بانس

اور لکڑی سے تیار کیا ہوا وہ چبوترہ جس پر معمار بیٹھ کر دیوار چنتے اور اسے سفیدی یا پلستر وغیرہ کرتے ہیں (۴) پھانسی پر چڑھانے کا تختہ۔

پاڑھا - (ہ) مذکر۔ چیتل - ایک قسم کا ہرن۔

پازیب - (ف) مؤنث۔ (۱) پاؤں کی زینت (۲) ایک زیور جو پاؤں میں پہنا جاتا ہے۔ خلخال۔ چھاگل - گوجری

پاژند (پا - ژند) (ف) مذکر۔ پارسیوں کی مذہبی کتاب ژند کی ایک تفسیر۔

پاس - (پاس) (ف) مذکر (۱) پہر۔ وقت تین گھنٹے کا وقت (۲) خیال۔ لحاظ۔ ادب۔ خاطر (۳) جانب داری طرفداری (۴) پہرہ - چوکی۔

پاس - (پاس) (انگ۔ Pass) اجازت کا پروانہ۔ راہداری کا ٹکٹ - اجازت نامہ۔ منظوری کی چٹھی۔

پاس کرنا - (ف) (۱) منظور کرنا - پسند کرنا۔ (۲) ترقی کرنا کامیاب ہونا (۳) لحاظ کرنا۔ خیال کرنا - ادب کرنا (۴) جانب داری کرنا - طرف داری کرنا - (۵) دیکھ بھال کرنا۔ نگاہ رکھنا۔ رکھوالی کرنا (۶) اجازت دینا (۷) عبور کرنا - طے کرنا۔ گزرنا (۸) ترقی دینا (۹) چھوڑنا۔ درگزشت کرنا۔ نظرانداز کرنا۔

پاس بک - (انگ۔ Pass book) مؤنث (۱) بہی - حساب کی کتاب (بینک کے لین دین کی کتاب)۔

پاس - (ہ) (۱) قریب۔ نزدیک - (۲) قابو میں - قبضے میں۔ تصرف میں۔ ملکیت میں۔

پاس آنا - (ہ) (۱) نزدیک آنا۔ قریب آنا (۲) ہم بستر ہونا۔ ہم خواب ہونا۔ صحبت کرنا۔

پاس بیٹھنا - (ہ) (۱) صحبت پانا۔ ادب سیکھنا - تعلیم حاصل کرنا۔ تربیت پانا (۲) نزدیک بیٹھنا۔ قریب بیٹھنا (۳) کیے کی سزا پانا - پاداش کو پہنچنا۔ سزا پانا۔

پاس بیٹھنے والا - (ہ) مصاحب۔ ہم نشین۔ مقرب۔ ندیم

پاس پاس - (ہ) (۱) قریب قریب - آس پاس۔ نزدیک نزدیک - (۲) گرداگرد۔ چاروں طرف (۳) مسلسل قطار میں (۴) بھڑ کر۔ مل کر (۵) ہمسائے میں پڑوس میں۔

پاس پڑوس - (ہ) (۱) اردگرد۔ قرب و جوار۔ آس پاس (۲) ہمسائگی۔

پاسا - (پا - سا) (ہ) مذکر (۱) قرعہ۔ کعب (۲) پہلو۔ رخ۔ طرف

پاسا الٹا پڑنا - (ہ) (۱) بازی ہر جانا (۲) مطلب حاصل نہ ہونا۔

پاسا پڑنا - (ہ) (۱) داؤں لگنا۔ جیت ہونا (۲) کامیاب ہونا - فتح پانا - مرضی کے مطابق کام ہونا (۳) قسمت رسا ہونا۔ اقبال یار ہونا۔

پاسا پلٹنا یا الٹنا - (ہ) (۱) [illegible] ہونا (۲) شکست ہوتے ہوتے فتح ہونا (۳) قسمت سے اقبال مند ہونا۔

پاسا پھینکنا - (ہ) (۱) قرعہ ڈالنا (۲) [illegible]

پاسبان - (ف) [illegible] دیکھ بھال کرنے والا نگہبان۔ [illegible]

پاسبانی - (ف) مؤنث [illegible] دیکھ بھال نگہبانی پہرہ - [illegible]

پاسبان (پاس - بان) [illegible]

پاسخ - پاسخ (ف) [illegible]

پاسداری - (ف) مؤنث (۱) [illegible] خیال ادب (۲) خاطر جانبداری طرفداری کی حمایت (۳) نگہبانی - حفاظت - دیکھ بھال۔

پاسنا - [illegible]

پاسنگ (پاسنگ) (ف) مذکر (۱) جزوی۔ تھوڑا سا۔ خفیف۔ بہت کم۔ ذرا سا۔ ہیچ۔ کچھ نہیں (۲) بل - فرق۔ کمی۔ ترازو کے پلڑوں کا فرق (۳) ترازو کے پلڑوں کی کمی بیشی کو پورا کرنے کی غرض سے جو وزن ترازو کی ڈنڈی سے باندھا یا کم وزن پلڑے پر ڈالا جاتا ہے۔

پاسنگ بھی نہیں (ہ) محاورہ (۱) کچھ بھی نہیں۔ ہیچ ہے (۲) جزوی ہے۔ بہت خفیف ہے۔ تھوڑا سا ہے۔ [illegible] (۳) برابر نہیں۔ لگا نہیں کھا سکتا - کچھ بھی نسبت نہیں رکھتا۔

پاسی (پا - سی) (ہ) مؤنث (۱) جالی۔ گھاس یا بھوسہ باندھنے کی بنی ہوئی جالی (۲) پھندا۔ پھانسنا۔ گانٹھ - گرا پاسبان۔ چوکیدار (۳) پہاڑی (۴) ایک قوم (۵) چڑی بھیلیا۔ پرندوں کو پکڑ کر بیچنے والا۔

پاش (پاش) (ف) پاشیدن کا امر۔ چھڑک۔

پاشا (پا - شا) (ت) مذکر۔ حاکم صوبہ - گورنر۔ نواب سردار۔ لارڈ۔ ترکی سرداروں کا خطاب و لقب۔

پاش پاش (ف) ریزہ ریزہ - چورچور۔ ٹکڑے ٹکڑے - پارہ پارہ۔ پرزے پرزے۔

پاش پاش کرنا - (ف) ٹکڑے ٹکڑے کرنا - دھجیاں اڑانا - پارہ

پارہ کرنا ۔

پاشنہ (پاش ۔ نہ) (ف) مذکر ۔ (١) ایڑی (٢) عقب ۔ پیچھے ۔ (٣) گھوڑے کی ایک چال ۔

پاشنہ کوب جانا (ف) پیچھے پیچھے دوڑے چلے جانا ۔ تعاقب میں لگے جانا ۔

پاشوبہ (ف) پاؤں دھونا ۔ پاؤں کو گرم پانی میں ڈال کر بیٹھنا ۔

پاک (پاک) (ف) اا صفت ۔ نرمل ۔ غیر آلودہ ۔ ستھرا ہو (٢) بے گناہ ۔ معصوم (٣) بے لگاؤ ۔ الگ تھلگ ۔ بے تعلق ۔ بے واسطہ (٤) محفوظ ۔ بری ۔ مامون (٥) جائز ۔ مباح ۔ حلال (٦) پوتر ۔ شدھ (٧) نیک ۔ بھلا ۔ شریف ۔ متقی ۔ پرہیزگار (٨) از حد ۔ نہایت بہت ۔ بڑا ۔ سخت ۔ بے حد جیسے پاک بدمعاش ۔ (٩) آزاد ۔ بے باک (١٠) بے باق ۔ رہا ۔ بری ۔ فارغ ۔ جیسے قرضے سے پاک ۔ پاکستان کا مخفف ۔

پاکباز (ف) (١) (لغوی) صفائی سے کھیلنے والا ۔ ایماندار کھلاڑی (٢) صاف دل ۔ صاف طبیعت ۔ ایماندار ۔ سچا ۔ صاف گو (٣) صاحب عصمت مجرد ۔ آزاد (٤) نیک نیت ۔ نیک نظر ۔ نیک دل ۔ نیک باطن (٥) عاشق صادق (٦) بے تعلق ۔ بے لاگ ۔ بے غرض (٧) بھنگڑوں کی اصطلاح میں بھنگ چھاننے کی صافی ۔

پاکٹ (پا ۔ کٹ) (انگ POCKET) مؤنث ۔ جیب ۔ خریطہ ۔

پاکٹ بک (انگ POCKET BOOK) مؤنث ۔ جیب میں رکھنے کی نوٹ بک ۔

پاکدامن (ف) (١) عفیفہ ۔ باعصمت ۔ ستونتی ۔ پارسا (٢) بیوی ۔ زن ۔

پاک رہ ۔ بیباک رہ (ف) مثل ۔ جو جرم و خطا سے پاک ہو اسے کسی کا ڈر نہیں ۔

پاک زادہ (ف) مذکر ۔ دھوبی ۔ گازر ۔

پاکستان ۔ دنیا کی سب سے بڑی اسلامی ریاست کا نام جو برصغیر ہندوستان کے مسلمانوں کے پرجوش مطالبہ کے پیش نظر ١٤ اگست ١٩٤٧ء کو وجود میں آئی ۔ یہ ملک دو حصوں مشرقی پاکستان اور مغربی پاکستان میں بٹا ہوا ہے ۔ دونوں کے درمیان بھارت کا وسیع ملک ہے ۔ مشرقی پاکستان میں ایک ہی صوبہ مشرقی بنگال ہے ۔ اور مغربی پاکستان میں صوبجات پنجاب ۔ سندھ ۔ سرحد اور بلوچستان کے علاوہ کئی ریاستیں بھی شامل ہیں ۔ رقبہ تین لاکھ اکسٹھ مربع میل اور آبادی ساڑھے سات کروڑ کے قریب ہے ۔

پاک صاف (ف ۔ ع) (١) بے تعلق ۔ بے لگاؤ ۔ بے دوش (٢) نیک ۔ بھلا (٣) اچھوتا ۔ غیر مستعملہ (٤) ستھرا ۔ پاک (٥) خالص اور پاک ۔ پوتر ۔ بے میل ۔

پاک کرنا (ف) (١) شدھ کرنا ۔ پوتر کرنا (٢) جائز کرنا ۔ مباح کرنا ۔ درست کرنا (٣) آلائش صاف کرنا ۔ خرابی دور کرنا (٤) مونڈنا ۔

پاک محبت ۔ (ف ۔ ع) مؤنث (١) بے غرضانہ پیار ۔ بے مطلبی محبت (٢) سادہ محبت ۔ نیک نیتی کی پاکیزگی بے نفس کی دوستی ۔

پاک مغز (ف) پاک رائے ۔

پاکوب (پا ۔ کوب) (ف) ناچنے والا ۔

پاکھ (پاکھ) (س) مذکر ۔ پکھواڑہ ۔ پندرھواڑہ ۔ پکس ۔ پانزدہ روزہ ۔ چاند کا مہینہ دو پکھواڑوں میں تقسیم ہے ۔ پہلا نصف مہینہ اجالا پاکھ یا شُدی پکش ۔ دوسرا نصف اندھیرا پاکھ یا بدی پکش ۔

پاکھا (پا ۔ کھا) (ہ) مذکر (١) بازو ۔ پہلو (٢) جانب طرف (٣) بازو کی دیوار ۔ چھپر ۔ سایہ ۔

پاکھر (پا ۔ کھر) (ہ) مؤنث (١) چار آئینہ ۔ آہنی پوشاک ۔ جو لڑائی کے وقت ہاتھی ۔ گھوڑوں کو پہناتے ہیں (٢) ترپال رلاٹ کی جھول (٣) ایک درخت ۔

پاکھنڈ (پا ۔ کھنڈ) (ہ) مذکر (١) بدعت ۔ خرابی ۔ نقص جھگڑا ۔ مذہب میں نئی ایجاد کرنا (٢) دغا ۔ فریب ۔ دھوکا ۔ چھل ۔ کپٹ (٣) بناوٹ ۔ دکھاوا ۔ تصنع ۔ ظاہر داری کے لئے کوئی کام کرنا (٤) حرامزدگی ۔ بدمعاشی ۔ بدذاتی ۔ شرارت ۔ چالاکی ۔ چھل ۔

پاکھنڈی (ہ) مذکر ۔ بدعتی ۔ منافق ۔ ریاکار ۔ کپٹی گندم نما جو فروش ۔ فریبی ۔

پاکی (پا ۔ کی) (ف) مؤنث (١) صفائی ۔ ستھرائی ۔ طہارت (٢) پرہیزگاری ۔ تقوی ۔ عفت ۔ عصمت (٣) نیکی (٤) ناف کے نیچے کے بال ۔ موئے زہار جھانٹ کے بال ۔

پاکیزگی (پا ۔ کی ۔ زگی) (ف) مؤنث ۔ صفائی ۔ ستھرائی

طہارت ۔
پاکیزہ (پا - کی - زَہ) (ف) مذکر (۱) عمدہ - پوتر - صاف ستھرا - طاہر (۲) بے نقص و بے عیب - رستگار - (۳) عمدہ - خوب - خوش اسلوب ۔
پاکیزہ صورت (ف - ع) مذکر - خوب صورت - حسین - اچھی صورت - صاف شکل - دلربا صورت ۔
پاکی لینا (ہ) ناف کے نیچے کے بال صاف کرنا - موئے زہار لینا - جھانٹیں مونڈنا - استرا لینا ۔
پاگ (پاگ) (ہ) مؤنث (۱) دوپٹہ - پگڑی - پگّی - دستار - (۲) پاؤں - قدم ۔
پاگ جوڑنا (ہ) پاؤں جوڑنا - جھولے میں آمنے سامنے بیٹھ کر ایک خاص طریقے سے جھولے کی رسّی میں پاؤں الجھانا ۔
پاگر (پا - گَر) (ہ) مؤنث - جگالی - کھانے کو چبا کر باریک کرنا - چوپایوں کا چارہ چرنے کے بعد آرام سے بیٹھنا اور چارے کو منہ میں اُلٹا کر چبا کے باریک کرنا ۔
پاگر اُگالنا (ہ) (۱) جگالی کرنا (۲) (ذ) مال ہضم کر جانا ۔
پاگل (پا - گَل) (ہ) مذکر (۱) باؤلا - دیوانہ - سڑی - خبطی (۲) بے وقوف - احمق - مُورکھ - نادان - (۳) پریشان - متفکر - متوحش - حیران - سرگردان ۔
پاگل پن (ہ) مذکر (۱) دیوانگی - خبط - جنوں (۲) بے وقوفی - حماقت - نادانی ۔
پاگل خانہ (ہ) وہ خاص مکان جہاں صرف پاگل رکھے جائیں ۔
پاگلوں کے سر کیا سینگ ہوتے ہیں؟ (ہ) مثل - پاگلوں کے پہچاننے کی کوئی خاص نشانی نہیں - وہ باتوں اور حرکتوں سے پہچانے جاتے ہیں ۔
پاگنا (پاگ - نا) (ہ) غلاف چڑھانا - لپیٹنا - لتھیڑنا - کسی چیز پر کھانڈ کا شیرہ چڑھانا ۔
پال (پال) (ہ) مذکر (۱) چھوٹا خیمہ (۲) بادبان - چتوار (۳) پشتہ - بند (۴) گھاس پھوس وغیرہ جس میں کچے پھل کو پختہ کرنے کے لئے رکھتے ہیں ۔
پال (پال) پالنا کا امر ۔
پالا (پا - لا) (ہ) مذکر (۱) کہر - برف - جمی ہوئی شبنم (۲) نہایت سردی - بہت ٹھنڈ (۳) گروہ - جماعت (۴) بازی - جیت - فتح (۵) تعلق - واسطہ - ملاقہ - سابقہ - سروکار (۶) پرورش کیا - پرورده کیا (۷) اکھاڑا - دنگل - میدان (۸) صدر مقام - ہیڈ کوارٹر (۹) جھڑبیری کے سُوکھے پتے ۔
پالا پڑنا (ہ) (۱) کام پڑنا (۲) تعلق ہونا - واسطہ ہونا - سروکار ہونا - سابقہ ہونا (۳) ملاقات ہونا - دید شنید ہونا - جان پہچان ہونا (۴) پالا گرنا - کہر پھیلنا - برف گرنا (۵) بے حد سردی ہونا - بہت ٹھنڈ ہونا - نوبت سا جاڑا پڑنا - ٹھٹھر ہونا - نہایت سردی ہونا ۔
پالا پوسا (ہ) پرورش کیا - پرورش کیا ہوا - پالا ہوا ۔
پالا گرنا (ہ) کہر پڑنا - برف باری ہونا ۔
پالاگن (پا - لا - گن) (س) مؤنث (۱) قدمبوسی - پاؤں پڑنا - پاؤں لگنا - پاؤں پر گرنا (۲) سلام - آداب - تسلیم - نمستے (۳) اپنے سے بڑے کو سلام کرنا جس میں اپنے عجز و انکسار اور خاکساری کا اظہار ہو ۔
پالان (پا - لان) (ف) مذکر - گدی - وہ گدگدا کپڑا جو گدھے یا اونٹ کی پیٹھ کے بچاؤ کے لئے اس کی پشت پر ڈالتے ہیں ۔
پال پال تیرے جی کا جنجال (ہ) کہاوت - یعنی نالائق اولاد کی کیسی پرورش کرو - وہ اپنے وقت پر کام نہیں آتی - نالائق کے ساتھ سلوک کرنا اپنے حق میں کانٹے بونا ہے ۔
پالتی (پال - تی) (ہ) مؤنث - آلتی پالتی - دونوں پاؤں اور گھٹنوں کو سامنے ڈال کر چوتڑوں کے بل بیٹھنا - چار زانو بیٹھنا ۔
پالتی مار کر بیٹھنا (ہ) چار زانو بیٹھنا ۔
پالٹ (پا - لٹ) (ہ) پٹا بازی میں پاؤں پر چوٹ لگانا ۔
پالٹکس (پا - لِ - ٹکس) (انگ - Politics) سیاسیات - سیاست کا علم ۔
پالیٹیشن (پا - لِ - ٹی - شن) (انگ) مذکر - سیاسیات کا ماہر ۔
پال ڈالنا (ہ) کچے پھل کو پکنے کے لئے گھاس میں دبانا ۔
پالس (پا - لس) (انگ - Pallas) - ایک سیارچہ جسے اُلبرز نے ۲۸ مارچ سنہ ۱۸۰۲ء کو دریافت کیا ۔
پالسی (پا - لسی) (انگ - Policy) مؤنث - (۱) مصلحت - تدبیر - چال (۲) دور اندیشی - غور و فکر - دانائی - عقلمندی (۳) اصول سیاسی ۔

پالش (پا۔ لِش) (انگ۔ Polish) مؤنث (۱) روغن۔ رُوپ (۲) جِلا۔ چمک (۳) صیقل۔ صفائی۔ (۴) رگڑ۔ مالش۔

پالک (پا۔ لَک) (س) مؤنث۔ ایک قسم کا ساگ اور بیج۔

پالکڑی (پا۔ لَک۔ ڑی) (ہ) مؤنث۔ لکڑی کے وہ ٹکڑے جو پلنگ کے سرہانے پایوں کے نیچے اس غرض سے رکھتے ہیں کہ ڈھالو ہو جائے۔

پالکی (پال۔ کی) (ہ) مؤنث۔ پینس۔ نینس۔ محافہ۔ ڈولی۔

پالکی نشین (ا۔و) مذکر (۱) پالکی میں بیٹھنے والا (۲) امیر۔ حاکم۔

پالن (پا۔ لَن) (س) مذکر (۱) پرورش۔ تربیت۔ تعلیم۔ (۲) دیکھ بھال۔ حفاظت۔ نگرانی۔ نگہبانی۔

پالنا (ہ) (۱) پرورش کرنا۔ تربیت کرنا (۲) مؤنث۔ پرورش۔ خبرگیری (۳) مذکر۔ پنگورا۔ گہوارہ۔ مہد۔ جھولا۔

پالودہ (پا۔ لُو۔ دَہ) (ف) مذکر (۱) صاف کیا ہوا۔ (۲) فالودہ۔

پالہنگ (پال۔ ہَنگ) (ف) مؤنث۔ باگ ڈور۔ وہ رسّی جو گھوڑے کی لگام میں باندھتے ہیں۔

پالی (پا۔ لی) (ہ) مؤنث (۱) گمدھ کی (پراکرت) زبان (۲) سرپوش۔ ڈھکنا۔ چپنی (۳) پرندوں کی لڑائی کی مقررہ جگہ۔

پالیز (پا۔ لیز) (ف) مذکر۔ فالیز۔ سبزہ زار۔ ہریاول کی جگہ۔ خربوزہ ککڑی کا کھیت۔

پام (پام) (انگ Palm) مذکر (۱) چھالیا۔ ناریل۔ کھجور اور اس قسم کے ایسے درخت جن کے پتے چوڑے۔ لمبے اور بے شاخ ہوتے ہیں (۲) ہتھیلی۔

پام (پام) (ہ) مؤنث۔ ریشم یا سُوت کا گوٹا۔ کپڑے کی کناری۔

پامال (پا۔ مال) (ف) مذکر۔ روندا ہوا۔ پاؤں سے مسلا ہوا۔ پاؤں سے رگڑا ہوا (۲) برباد۔ تباہ۔ خراب۔ خستہ۔ شکستہ حال۔ ویران۔

پامال کرنا (ف) روندنا۔ تباہ کرنا۔ خاک میں ملانا۔ اینٹ سے اینٹ بجانا۔

پامالی (ف) مؤنث (۱) پاؤں سے روندنا۔ تباہ و برباد کرنا (۲) مصیبت۔ تکلیف۔ تباہی۔ بربادی۔

پامرد (ف) ثابت قدم۔ مستقل مزاج۔ باہمت۔

پامردی (ف) مؤنث (۱) استقلال۔ مضبوطی (۲) ہمت۔ بہادری (۳) طاقت۔ زور۔

پامسٹری (انگ۔ Palmistry) مؤنث۔ سامدرک۔ ہاتھ کی لکیروں سے سرنوشت تقدیر بتانے کا علم۔

پاموز (پا۔ موز) (ف) مذکر۔ کبوتر۔ مرغ وغیرہ پرند جس کے پاؤں کو پروں نے موزوں کی طرح ڈھک رکھا ہو۔

پان (پان) (ہ) مذکر (۱) تنبول۔ ناگربیل ایک قسم کا پتّہ۔ خوشبودار بیل (۲) جوتے میں ایڑی کی طرف لگا ہوا کیمخت وغیرہ چمڑے کا ٹکڑا (۳) لنگوٹ کے اوپر باندھنے کا چمڑا (۴) تاش کا پتّہ جس پر پان کی شکل بنی ہو (۵) لیئی۔ کلف۔ مانڈی (۶) پان کی مانند نقش و نگار۔ گلکاری۔ بناوٹ وغیرہ جو کپڑوں یا کسی دوسری چیز پر ہو۔

پان بنانا۔ پان لگانا (ہ) (۱) پان کو چونا کتھا وغیرہ لگانا۔ گلوری بنانا۔ بیڑا بنانا (۲) مانڈی دینا۔ (۳) پھول کاڑھنا (۴) پھول کی صورت اور نقش و نگار بنانا۔

پان پتا (ہ) مذکر (۱) سودا سلف۔ کھانے پکانے اور ضروریات کی چیزیں۔ لوازم خانہ داری (۲) پان۔ برگ تنبول۔ ناگربیل کا پتّا۔

پان پھول (ہ) مذکر (۱) برائی بھلائی (۲) اچھا بُرا نتیجہ (۳) نازک اندام لڑکے۔

پان چیرنا (ہ) مذکر (۱) پان کو پھاڑنا۔ پان کے ٹکڑے کرنا (۲) فضول اور بے کار رہنا (۳) بے فائدہ کام کرنا۔

پان دان (ہ) مذکر۔ ڈبّہ۔ پٹاری۔ خاصدان۔ پان رکھنے کا ظرف۔

پان دینا (ہ) محاورہ (۱) محبت کرنا۔ پیار کرنا (۲) عزت کرنا۔ خاطر داری کرنا۔ آؤ بھگت کرنا (۳) پان کھلانا۔ (۴) رخصت کرنا۔ جانے کی اجازت دینا (۵) سگائی منظور کرنا۔ منگنی کرنا۔

پان سے پتلا۔ چاند سے چِکلا (ہ) مثل (حس)

نہایت نازک اور خوب صورت۔

پان کھلانا (ف) (۱) دیکھو "پان دینا" (۲) منگنی کی رسم ادا کرنا۔

پان کھلائی (ا) مؤنث (۱) شادی کے موقع پر بھاجوں کو پان کھلانے کا حق (۲) پان کھلانے کی اجرت۔ پان کھلانے کا نیگ۔

پانا (پا۔نا) (ف) (۱) کمانا۔ نوش کرنا (۲) پتہ لگنا کھوج ملنا۔ معلوم ہونا۔ دریافت ہونا (۳) وصول کرنا۔ ہاتھ آنا (۴) پہچاننا۔ تاڑنا۔ بھانپنا۔ جاننا (۵) واپس لینا (۶) بھگتنا۔ بھرنا۔ اٹھانا۔ برداشت کرنا۔ سہنا۔ بھگتنا۔

پانت (پا۔نت) (ہ) مؤنث (۱) قطار (۲) سپاہیوں کی لائن۔

پانتھ (پا۔نتھ) (س) مذکر (۱) مسافر۔ سیاح۔ (۲) شوہر۔

پانچنا (پانچ۔نا) (ف) رانجنا۔ ٹانکا لگانا۔ جوڑنا۔ ملانا۔ بند کرنا۔

پانچ (پانچ) (ہ) (۱) چار اور ایک۔ پنج۔ ۵ (۲) چلتا ہوا۔ چالاک۔ تجربہ کار۔

پانچ اندری (ا) مؤنث۔ اصل پنج اندری ہے۔ حواس خمسہ (لامسہ۔ شامہ۔ سامعہ۔ باصرہ۔ ناطقہ)۔

پانچواں (ہ) پنجم۔ خامس۔ پنجمی۔ پانچویں درجے کا۔ پانچویں نمبر کا۔

پانچوں انگلیاں برابر (یکساں) نہیں ہوتیں (ف) مثل (۱) ہر انگلی میں فرق ہے (۲) سب آدمی یکساں نہیں۔ ہر آدمی کا مزاج جدا ہے۔ سب انسانوں کی طبیعتیں الگ الگ ہیں۔

پانچوں انگلیاں پانچوں چراغ (ف) مثل۔ بہت ذی لیاقت ہے۔ ہنرمند ہے۔

پانچوں انگلیاں گھی میں ہیں (ف) مثل (۱) سب کام ہاتھ میں ہے۔ سب کچھ قابو میں ہے۔ کار مختار ہیں (۲) بڑے عیش میں ہیں۔ مزے کرتے ہیں (۳) ہر وقت گھی میں ہاتھ رہتا ہے (۴) عیش سے ہیں (۵) کھانے پینے کی افراط ہے۔

پانچوں پانڈے۔ چھٹے نارائن (ف) مثل (۱) پانچ پانڈو اور چھٹے کرشن جی۔ وہاں بولتے ہیں جہاں کسی کے اتفاقیہ آجانے پر بہت خوشی ہو۔ (۲) مشورے میں برکت ہوتی ہے۔ کرشن جی پانڈوؤں کے صلاح کار تھے۔

پانچوں سواروں میں نام لکھوانا (ف) مثل کم رتبہ آدمی کا اپنے آپ کو ملز آدمیوں کے ساتھ شمار کرنا۔ روایت ہے کہ چار سوار کہیں سے چل کر دہلی جا رہے تھے۔ راستے میں ایک گدھے والا بھی ان کے پیچھے ہو لیا۔ کسی شخص نے دریافت کیا۔ میاں! یہ سوار کہاں جا رہے ہیں۔ اس پر گدھے والے نے جواب دیا کہ ہم پانچوں سوار دہلی جا رہے ہیں۔ تب سے یہ مثل مشہور ہو گئی ہے۔

پانچوں عیب شرعی (ا) مذکر۔ چوری۔ زنا۔ جھوٹ۔ جوا۔ شراب۔

پانڈ (پا۔نڈ) (س) (۱) وہ عورت جس کے پستان نہ ہوں۔ بے چھاتیوں کی عورت (۲) زرد۔ پیلا۔ بسنتی (۳) ارجن وغیرہ (پانڈوؤں) کا باپ جس کا رنگ زرد تھا۔ (۴) بوری۔ تھیلی۔ تھیلا۔ بیگ۔

پانڈا (پاں۔ڈا) (ہ) مذکر (۱) مندر میں پوجا کرنے والا برہمن (۲) برہمنوں کا ایک فرقہ جو قنوج۔ بنارس۔ متھرا وغیرہ میں رہتا ہے۔

پانڈو (پاں۔ڈو) (ہ) مؤنث (۱) وہ زمین جو ریت اور چکنی مٹی سے مرکب ہو (۲) بارانی زمین۔

پانڈو (پاں۔ڈو) (س) مذکر۔ پانڈ کی اولاد۔ پانڈو کا خاندان۔ یدھشٹر۔ بھیم۔ سہدیو۔ ارجن۔ نکل۔ راجہ پانڈ کے لڑکے۔

پانڈے (ہ) مذکر۔ پانڈا کی جمع (۱) پنڈت۔ برہمن۔ استاد۔ معلم (۲) برہمنوں کا ایک خطاب۔

پانڈے جی پچھتاؤگے پھر وہی چنے کی کھاؤگے (ف) مثل (۱) کہنا نہ سنوگے تو آخر کو پچھتاؤگے۔ روایت ہے۔ کسی غریب کسان نے پنڈت جی کو دعوت میں بلایا۔ جب پانڈا جی بھوجن کرنے آئے۔ تو غریب کسان نے کہا۔ دیکھا کہ چنے کی روٹی مع دیگر لوازم تیار ہے۔ پانڈے جی چنے کی روٹی دیکھ کر بہت ناراض ہوئے۔ کھانے سے انکار کر دیا۔ اور کسان کی خوشامد درآمد پر ذرا توجہ نہ کی۔ تو کسان نے برہم ہو کر کہا دیکھو پانڈے

پچھتاؤ گے۔ پھر وہی چنے کی کھاؤ گے۔ یعنی گھر جا کر بھی یہ نہیں ملیں گے۔ اُس وقت افسوس کرو گے کہ وہیں کیوں نہ کھا لی (۲) جو مقدر میں ہے وہی ملے گا۔

پانڈے جی دونوں سے گئے۔ حلوا ملا نہ مانڈے (ا) مثل۔ کچھ فائدہ نہ ہوا۔ کچھ نہ ملا۔ ایسی جگہ بولتے ہیں۔ جہاں دونوں مطلب فوت ہو جائیں۔

پانڑی (پاں۔ڑی) (ا) مؤنث (۱) خوشبودار پتوں والی ایک بیل (۲) پان کی بیل۔

پانزدہ (پانْ۔زْ۔دَہ) (ف) پندرہ۔ ۱۵۔

پانزدہم (پانْ۔زْ۔دَہُم) (ف) پندرھواں۔

پانس (پانْس) (ا) مذکر۔ میلا جو کھیتوں میں طاقت بڑھانے کے لئے ڈالتے ہیں۔ کھاد۔

پانسا (ا) مذکر۔ دیکھو "پاسا"۔

پانسو (پان۔سُو) (ا) مذکر۔ ہڈیوں کا سلسلہ۔ پنجر ڈھانچا۔ ٹھاٹھر۔

پانسو (پان۔سَو) (ا) پانچ سیکڑے۔ پنج صد۔ ۵۰۰۔

پانصد (ف) پانچ سو۔ پان سو۔

پانصدی (ف) مغلوں کے عہد کا ایک منصب۔

پانک (پانْک) (ا) مذکر و مؤنث (۱) دلدل۔ کیچڑ (۲) وہ مٹی جو سیلاب کے بعد زمین پر رہ جاتی ہے۔

پانو۔ پانوں (پانْو۔ پانوْں) (ا) مذکر۔ پاؤں۔ قدم۔

پانہ (پا۔نَہ) (۱) لکڑی کا وہ ٹکڑا جو بڑھئی لکڑی چیرتے وقت درز میں ٹھونکتا ہے۔ فانہ (۲) وہ آلہ جسے موچی جوتے کو قالب پر چڑھاتے وقت ایڑی میں ٹھونک دیتا ہے۔

پانی (پا۔نی) (ا) مذکر (۱) آب۔ ماء۔ جل۔ نیر (۲) بارش۔ مینہ (۳) عرق۔ پسینہ (۴) منی۔ نطفہ (۵) مرغوں کی لڑائی۔ پالی۔ میدان۔ دنگل۔ کشتی۔ جیسے مرغ کے پانی لڑا (۶) شراب (۷) شرم۔ حیا۔ لحاظ۔ غیرت۔ جیسے اس کی آنکھ کا پانی اُٹھ گیا (۸) آنسو۔ اشک۔ (۹) رطوبت۔ میل (۱۰) رقیق۔ پتلا۔ سیال (۱۱) ٹھنڈا۔ سرد (۱۲) پھیکا۔ الونا (۱۳) نرم۔ ملائم۔ ڈھیلا۔ نیم راضی۔ مدھم۔ سیدھا سادا۔ جیسے میرے پہنچتے ہی پانی ہو گیا (۱۴) کمزور۔ نڈھال۔ جیسے چار دن کے بخار نے پانی کر دیا (۱۵) جرأت۔ ہمت۔ ارادہ۔ قصد۔ استقلال۔ جیسے دیکھو کتنے پانی میں ہے۔

پانی آنا (ف) (۱) مینہ برسنا۔ بارش ہونا (۲) گھٹا اٹھنا۔ بادل ہونا (۳) نزول الماء ہونا۔ موتیا بند ہو جانا۔ آنسو بہنا (۵) زخم سے رطوبت خارج ہونا۔

پانی اُتارنا (ف) (۱) پانی نیچے لانا (۲) پانی کا ایک مکان سے دوسرے مکان کی طرف بہانا (۳) پانی گھٹانا۔ پانی کم کرنا (۵) پانی کو دولہا دلہن کے سر پر وارنا۔

پانی اُترنا (ف) (۱) بارش ہونا۔ مینہ برسنا (۲) نزول الماء یا موتیا بند کا عارضہ لاحق ہونا (۳) پانی کا دریا وغیرہ میں کم ہو جانا۔

پانی باندھنا (ف) (۱) روک لگانا۔ بند باندھنا (۲) تالاب کھودنا (۳) پانی کو ٹھہرانا۔ روکنا۔ (۴) ناممکن کام کرنے کی کوشش کرنا۔ طاقت سے باہر کام کرنے کی ہمت کرنا۔

پانی برسنا (ف) مینہ برسنا۔ بارش ہونا۔

پانی بہانا (ف) (۱) گھر میں کسی کے مر جانے پر کواڑوں پر پانی اوندھانا (۲) رونا۔

پانی بھرنا (ف) (۱) کنوئیں وغیرہ سے پانی لانا۔ (۲) گھڑے وغیرہ برتنوں کو پانی سے پُر کرنا (۳) عاجزی اور انکسار کرنا۔ غلام ہونا۔ خدمت کرنا۔ حکم پر کام کرنا۔ فرمانبردار ہونا۔

پانی پانی کرنا (ف) (۱) شرمندہ کرنا (۲) پگھلانا۔ پتلا کرنا۔ (۳) پسینہ پسینہ کرنا۔

پانی پانی ہونا (ف) (۱) شرمندہ ہونا۔ نادم ہونا (۲) پسینہ پسینہ ہونا (۳) تر ہونا۔ بھیگنا (۴) پتلا ہونا۔ پگھلنا۔ نرم ہونا (۵) بہت زیادہ پانی برسنا۔

پانی پر بنیاد ہونا (ف) بودا اور کچا ہونا۔ غیر مستقل اور بے قیام ہونا۔

پانی پڑنا (ف) (۱) مینہ برسنا۔ بارش ہونا۔ برکھا ہونا۔ (۲) پھوڑے یا چھالے وغیرہ کا پک جانا۔

پانی پھر جانا یا پھرنا (ف) (۱) حقیر ہو جانا (۲) خراب ہو جانا (۳) برتن یا زیور پر سونے چاندی کا پانی چڑھنا (۴) برتن کا قلعی ہونا (۵) رونق پر ہونا۔

پانی پھونکنا (ف) (۱) پانی دم کرنا (۲) پانی منہ میں بھر کر کلی کرنا۔

پانی پھیر دینا (ف) (۱) محنت برباد کرنا۔ محنت ملیامیٹ کرنا (۲) احسان بھول جانا (۳) کام خراب کر دینا۔

کام بگاڑ دینا ۔

پانی پی پی کر دعا دینا (ف) محاورہ ۔ بہت زیادہ دعا دینا ۔ نہایت دعا دینا ۔ ہر وقت اور ہر دم دعا دینا ۔

پانی پی پی کر کوسنا (ف) محاورہ ۔ بے انتہا بد دعا دینا ۔ بہت کوسنا ۔

پانی پی کر ذات پوچھنا (ف) بے موقع اور بے وقت کام کرنا ۔ موقع گزر جانے پر کام کرنا ۔

پانی پینا (ف) پانی جذب کرنا ۔ پانی چوسنا ۔

پانی توڑنا (ف) (۱) پانی گھٹنا (۲) پانی کاٹ لینا (۳) بند یا نہر سے پانی چھوڑنا ۔

پانی چرانا (ف) (۱) زخم کا پانی جذب کرنا (۲) پانی کو کسی کھیت سے توڑ کر اپنے کھیت میں لے جانا ۔ (۳) پانی کی قلت کے سبب کسی گاؤں کے محفوظ پانی میں سے بلا اطلاع و اجازت پانی لے جانا (۴) حاملہ ہونا ۔ نطفہ حاصل ہونا ۔ بوند چرانا ۔

پانی چوانا (ف) (۱) قطرہ قطرہ پانی گرانا ۔ بوند بوند پانی ٹپکانا (۲) نزع کی حالت میں پانی کی بوندیں منہ میں ڈالنا ۔

پانی چھاجوں برسنا (ف) سخت بارش ہونا ۔

پانی دکھانا (ف) جانور کو پانی پلانا یا پانی کے پاس لے جانا ۔

پانی دینا (ف) (۱) آبپاشی کرنا ۔ کھیت کو سیراب کرنا ۔ سینچنا (۲) کسی کو پانی عنایت کرنا ۔ پانی پلانا ۔

پانی سر سے اونچا ہونا یا گزر جانا (ف) (۱) سخت آفت نازل ہونا (۲) کسی بات کی انتہا ہو جانا ۔ (۳) معاملے کا طول پکڑ جانا ۔

پانی سے پتلا (ف) (۱) نہایت رقیق ۔ بہت پتلا ۔ (۲) ذلیل ۔ بے عزت ۔ بے آبرو (۳) بہت آسان ۔ نہایت آسان (۴) نحیف ۔ کمزور ۔ دبلا ۔ پتلا ۔

پانی سے پہلے پل باندھنا (ف) (۱) طوفان آنے سے پہلے ٹھاٹھ تیار کرنا ۔ مرنے سے پہلے واویلا کرنا ۔ پانی آنے سے پہلے پل تیار کرنا (۲) تکلیف سے پہلے اس کا علاج کرنا (۳) بے فکر کرنا ۔

پانی کا بتاشہ ۔ یا ۔ بلبلا (ف) مذکر (۱) بلبلا ۔ حباب (۲) بے حقیقت ۔ بے اصل ۔ فانی ۔ جلد ختم ہو جانے والا ۔

پانی کر دینا (ف) محاورہ (۱) نہایت آسان کر دینا ۔ بہت سہل کر دینا ۔ ہر شخص کے سمجھ لینے کے لائق کر دینا ۔ (۲) غصے کو دھیما کرنا ۔ ٹھنڈا کر دینا ۔ مدھم کر دینا ۔

پانی کی ناؤ ڈوبی پر ڈوبی (ف) برائی کا نتیجہ ضرور برا ہوتا ہے ۔

پانی کے گھڑے پڑ جانا (ف) محاورہ ۔ شرمندہ ہونا ۔ خجل ہونا ۔ منفعل ہونا ۔

پانی کے مول (ف) محاورہ ۔ نہایت ارزاں ۔ بہت سستا ۔ کوڑیوں میں ۔ مفت ۔ بے داموں ۔

پانی لینا (ف) محاورہ ۔ آبدست لینا ۔ طہارت لینا ۔ ہاتھ پانی لینا ۔ استنجا کرنا ۔

پانی مرنا (ف) محاورہ (۱) پانی کا سرایت کرنا ۔ پانی جذب ہونا (۲) خرابی کا ظاہر ہونا ۔ عیب کا معلوم ہونا (۳) بیچ ہونا ۔ کم اصل ہونا (۴) شرمندہ ہونا ۔ نادم ہونا ۔

پانی میں آگ لگانا (ف) (۱) چغلی کھانا (۲) دوستوں میں لڑائی کرانا (۳) نہایت حلیم اور سلیم انسانوں میں ان بن کرا دینا ۔ طبیعتوں میں کدورت پیدا کرا دینا ۔ (۴) آرام اور چین میں دکھ اور مصیبت پیدا کرنا ۔ (۵) فتنہ و فساد برپا کرنا (۶) شعبدہ بازی کرنا (۷) ناممکن بات کر دکھانا ۔

پانی میں مچھلی ۔ نو نو ٹکڑے حصّہ (ف) مثل ۔ چیز ابھی ملی نہیں ۔ اس کی تقسیم کے متعلق جھگڑے پہلے ہی شروع ہو گئے ۔

پانی نکلنا (ف) محاورہ (۱) اخراج منی ہونا ۔ انزال ہونا ۔ (۲) پانی خارج ہونا ۔ پانی جاری ہونا (۳) پانی کا باہر جانا ۔

پانی نہ مانگنا (ف) محاورہ (۱) یکایک مر جانا ۔ اچانک دم نکل جانا ۔ جھٹ پٹ دم نکل جانا ۔ جلد مر جانا (۲) سانس نہ لینا ۔ دم نہ مارنا ۔ دم بخود ہونا ۔

پانی ہارنا (ف) محاورہ (۱) دنگل سے نکل بھاگنا ۔ اکھاڑے سے باہر ہونا ۔ شکست کھانا ۔ ہارماننا (۲) جی توڑنا ۔ ہمت ہارنا ۔

پانی ہو جانا (ف) (۱) سخت چیز کا رقیق ہونا ۔ گداز ہونا ۔ (۲) دشوار کام کا آسان ہونا (۳) شرم سے پسینے پسینے ہونا (۴) نرم پڑ جانا ۔

پاورق (پا - وَرَق) (ف) مذکر۔ حاشیے کے نیچے اگلے صفحے کا پہلا لفظ ٭

پاہ (پاہ) (ہ) مؤنث (۱) تین سال سے بوئی ہوئی زمین (۲) ایک پتھر جسے پھٹکڑی اور لونگوں کے ساتھ گھس کر آنکھوں کے لئے لیپ تیار کرتے ہیں ٭

پاہوتا (پا - ہو - تا) (ہ) مذکر (۱) سماں (۲) دیکھو "پادنی" ٭

پاہی (پا - ہی) (ہ) مذکر۔ وہ کاشت کار جو اس گاؤں میں نہ رہے جس میں وہ کاشت کرتا ہو۔ عارضی کاشت کار۔ کاشت کار۔ ٹھیکہ دار ٭

پاہی کاشت (ہ) مؤنث (۱) وہ کاشت جو دُوسرے گاؤں کا آدمی کرے (۲) مذکر۔ وہ آدمی جو دُوسرے گاؤں میں کاشت کرے ٭

پائپ (پا - ئپ) (انگ Pipe) مذکر (۱) ٹونٹی۔ سوراخ۔ نے (۲) نلی - نال (۳) جیبی حقہ۔ تمباکو پینے کا چھوٹا حقہ ٭

پائن (پا - اِن) (ہ) مؤنث۔ ایک تسو کا چوتھا حصہ ٭

پائندہ (پا - اِن - دَہ) (ف) ٹھہرنے والا۔ قائم رہنے والا ٭

پاؤ (پاؤ) (ہ) مذکر۔ ربع۔ چوتھائی۔ چوتھا حصہ ٭

پاؤ آنہ (ہ) مذکر۔ ایک پیسہ ٭

پاؤ روٹی (ہ) مؤنث۔ نان پاؤ۔ ڈبل روٹی ٭

پاؤ سیر چاول چوبارے رسوئی (ہ) تھوڑی سی حیثیت میں بڑا کرّوفر۔ جو شخص شیخی بگھارے اس کی نسبت بولتے ہیں ٭

پاؤلا (ہ) مذکر۔ چونی۔ روپیہ کا چوتھا حصہ۔ چار آنے کا سکہ ٭

پاؤلی (ہ) پاؤلا کی تانیث۔ چونی۔ چار آنے کا سکہ ٭

پاؤں (پاؤں) (ہ) مذکر (۱) پگ۔ چرن۔ پیری۔ پیر۔ قدم۔ (۲) کھڑا ہونے کا عضو (۳) جڑ۔ بنیاد۔ نیو۔ اصل ٭

پاؤں اُتر جانا (ہ) (۱) موچ آجانا۔ مڑجانا (۲) پاؤں ہٹ جانا (۳) پاؤں نیچا بیٹھ جانا (۴) پاؤں دھنس جانا ٭

پاؤں اُٹھا کے جانا (ہ) تیز جانا۔ جھٹ پٹ جانا۔ تیزی سے جانا ٭

پاؤں اُچھالنا (ہ) اچھلنا۔ کودنا۔ چھلانگ مارنا۔ قلابازی کھانا ٭

پاؤں اُکھڑ جانا (ہ) محاورہ (۱) بھاگڑ پڑنا۔ بھاگ نکلنا (۲) قدم ہٹ جانا۔ میدان سے نکل بھاگنا۔ پاؤں اکھڑ جانا ٭

پاؤں اَڑانا (ہ) محاورہ (۱) دخل دینا۔ مداخلت کرنا۔ بیچ میں پڑنا۔ مزاحم ہونا (۲) پاؤں لگانا۔ پاؤں سے دھکا دینا ٭

پاؤں اُکھاڑنا (ہ) محاورہ (۱) بھگا دینا۔ شکست دینا۔ پسپا کرنا (۲) ہمت توڑنا۔ ارادے سے باز رکھنا (۳) جگہ سے ہٹا دینا ٭

پاؤں اُکھڑ جانا (ہ) محاورہ (۱) جگہ چھوڑ بھاگنا۔ ہٹ جانا۔ بھاگ نکلنا (۲) شکست تسلیم کرنا۔ ہار مان جانا (۳) ہمت نہ رہنا۔ حوصلہ ہار جانا (۴) قدم نہ جمنا ٭

پاؤں اُلٹا پڑنا (ہ) آگے جانے کو جی نہ چاہنا۔ آگے جاتے ہوئے ڈرنا ٭

پاؤں باہر نکالنا (ہ) محاورہ (۱) حد سے باہر جانا۔ (۲) حیثیت سے باہر قدم رکھنا۔ رتبے سے زیادہ بات کرنا (۳) اترانا۔ گھمنڈ کرنا (۴) بدچلن ہونا۔ آوارہ ہونا (۵) گھر سے باہر جانا۔ (۶) بے شرم و بدلحاظ ہو جانا۔ بے غیرت اور زنخہ ہو جانا ٭

پاؤں بچلنا (ہ) محاورہ (۱) پاؤں بہکنا۔ پاؤں پھسلنا۔ پاؤں ڈگمگانا (۲) استقلال میں فرق آنا (۳) نیت بدلنا۔ ایمان میں فرق آنا۔ متزلزل ہونا

پاؤں بڑھانا (ہ) محاورہ (۱) قدم تیز کرنا۔ جلد جلد چلنا (۲) آگے چلنا (۳) دوسرے کے مال پر قبضہ کرنا (۴) فتح کرنا۔ جیتنا۔ قابض ہونا ٭

پاؤں بھاری ہونا (ہ) محاورہ (۱) حاملہ ہونا۔ پیٹ سے ہونا (۲) بڑا پاؤں ہونا۔ پاؤں لمبا چوڑا ہونا ٭

پاؤں بھر جانا (ہ) محاورہ (۱) پاؤں لتھڑ جانا۔ پاؤں آلودہ ہو جانا (۲) پاؤں سوج جانا۔ پاؤں سن ہو جانا ٭

پاؤں پاؤں (ہ) (۱) پاؤں سے۔ پاؤں پر (۲) چلتے ہوئے ٭

پاؤں پاؤں چلنا (ف) (۱) اپنے پاؤں سے چلنا۔ پیادہ پا چلنا۔ پیدل چلنا (۲) بچّے کا بغیر سہارے چلنا۔

پاؤں پر پاؤں رکھنا (ف) محاورہ (۱) سیدھے راستے چلنا (۲) قدم پر قدم رکھنا۔ پیچھے پیچھے چلنا (۳) پیروی کرنا۔ تقلید کرنا (۴) پاؤں کو پاؤں سے دبانا۔

پاؤں پر سر رکھنا (ف) (۱) پاؤں پڑنا۔ پاؤں پر گرنا (۲) عجز و انکسار کرنا (۳) خوشامد کرنا۔ گڑگڑانا۔ منّت سماجت کرنا (۴) معافی مانگنا۔

پاؤں پر سنیچر سوار ہونا (ف) قسمت میں آوارہ گردی ہونا۔ مارے مارے پھرنا۔

پاؤں پر گرنا (ف) دیکھو "پاؤں پر سر رکھنا"۔

پاؤں پڑنا (ف) دیکھو "پاؤں پر گرنا"۔

پاؤں پسارنا (ف) (۱) پاؤں پھیلانا۔ تمکین مبی کرنا (۲) ضد کرنا۔ ہٹ کرنا۔ اڑ بیٹھنا۔ مچل جانا (۳) مر جانا۔ انتقال کرنا (۴) سونا۔ آرام کرنا۔ لیٹنا (۵) خواہش کرنا۔ چاہنا۔ طالب ہونا۔ عاشق ہونا۔

پاؤں پکڑنا (ف) محاورہ (۱) پناہ چاہنا۔ مدد چاہنا۔ حمایت مانگنا (۲) پناہ میں آنا۔ حمایت میں آنا (۳) پاؤں تھامنا۔ قدم چھونا۔ پاؤں کو ہاتھ لگانا (۴) گڑگڑانا۔ نہایت منّت سماجت کرنا (۵) تعظیم کرنا۔ عزت کرنا (۶) نہایت خاطر مدارات کرنا۔ زیادہ تواضع اور تکریم کرنا۔

پاؤں پوجنا (ف) نہایت عزّت و تعظیم کرنا۔

پاؤں پھٹنا (ف) پاؤں پر زخم ہو جانا۔ پاؤں میں بوائی نکل آنا۔

پاؤں پھسلنا (ف) (۱) قدم ڈگمگانا۔ کانپنا۔ پھسلنا۔ لغزش ہونا (۲) لالچ آنا۔ جی چاہنا۔ خواہش ہونا۔

پاؤں پھندنی (ا) مؤنث۔ کمہاروں کی اصطلاح میں رسّی۔

پاؤں پھنسنا (ف) (۱) کسی چیز میں پاؤں اٹک یا پھنس جانا (۲) کسی معاملے میں پھنس جانا۔

پاؤں پھولنا (ف) (۱) پاؤں میں سوجن ہو جانا (۲) کمزور ہو جانا۔ طاقت نہ رہنا (۳) ہمّت نہ رہنا۔ حوصلہ نہ پڑنا (۴) تکان ہونا۔ تھکنا۔

پاؤں پھونک پھونک کر رکھنا (ف) احتیاط کرنا۔ بچنا۔ پرہیز کرنا۔ احتراز کرنا۔ ڈرنا۔

پاؤں پھیرنے جانا (ف) زچگی یا شادی کے بعد عورت کا اپنے میکے میں چند روز کے لئے مہمان ہو کر لوٹنا۔

پاؤں پھیلا کر سونا (ف) (۱) لمبے پاؤں کر کے سونا (۲) آرام سے سونا۔ بے فکر ہو کر سونا۔

پاؤں پھیلانا (ف) دیکھو "پاؤں پسارنا"۔

پاؤں پیٹ پیٹ کر مرنا (ف) ایڑیاں رگڑ رگڑ کر مرنا۔ نہایت دکھ اور مصیبت سے مرنا۔ بہت تکلیف سے مرنا۔

پاؤں پیٹنا (ف) (۱) تکلیف اور اضطراب کے باعث پاؤں دے دے مارنا (۲) کمال سختی سے جان دینا (۳) نزع کی حالت میں ہونا (۴) ذلیل و خوار ہونا۔

پاؤں پیچھے ہٹنا (ف) (۱) بھاگنے کے آثار ظاہر ہونا (۲) ثابت قدمی میں فرق آنا۔

پاؤں تلے چیونٹی کی مثال (ا) مثل۔ نہایت ادنیٰ۔ حقیر۔ بیحد ذلیل۔ ضعیف۔ بے بس۔

پاؤں تلے کی زمین سرک جانا۔ یا۔ نکل جانا (ف) محاورہ (۱) پاؤں کے نیچے کی مٹی نکل جانا۔ بھچکا ہونا۔ سُن ہو جانا۔ اوسان جاتے رہنا۔ ہوش اڑ جانا۔ حواس باقی نہ رہنا (۲) لرزنا۔ کانپنا۔ متزلزل ہونا۔ گر پڑنا۔ ڈگمگانا (۳) بے حد خوف ہونا۔ نہایت ڈرنا۔

پاؤں تلے کی مٹی نکل جانا (ف) دیکھو "پاؤں تلے کی زمین نکل جانا"۔

پاؤں تلے ملنا (ف) (۱) پاؤں سے ملنا۔ قدموں میں روندنا (۲) بے حد تکلیف دینا۔ دق کرنا (۳) بہت نقصان دینا۔ تباہ و برباد کرنا۔

پاؤں توڑ کر بیٹھنا (ف) (۱) مایوس ہونا۔ نا اُمید ہونا (۲) کوشش کرتے کرتے تھک جانا۔ ہمّت ہارنا۔ خاموش ہو بیٹھنا (۳) توکّل پر بیٹھ رہنا۔ صبر کرنا۔ بھروسہ کرنا (۴) قطعی باہر نہ نکلنا۔ گوشہ نشین ہو جانا (۵) کاہل ہو جانا۔ سست ہو جانا۔ محنت نہ کرنا۔

پاؤں توڑنا (ف) (۱) فضول آنا جانا۔ بے کار آمد و رفت رکھنا (۲) حیران کرنا۔ پریشان کرنا (۳) دوڑ دھوپ کرنا۔ بے حد کوشش کرنا (۴) پاؤں کو توڑ ڈالنا۔

پاؤں تھرتھرانا (ف) لغزش پا ہونا۔ پاؤں لڑکھڑانا۔ کسی کام کے ارتکاب سے مخالف ہونا۔

پاؤں تھکنا (ف) (۱) چلتے چلتے ہار تھک جانا۔ (۲) عاجز ہونا۔
پاؤں ٹکانا (ف) (۱) ٹھہرنا۔ قیام کرنا (۲) دم لینا۔ سانس لینا (۳) پاؤں دھرنا۔ قدم رکھنا (۴) قدم جمانا۔ قبضہ کرنا۔ قابو میں لانا (۵) ٹھکانا بنانا۔ مکان تعمیر کرنا (۶) گنجائش کرنا۔ جگہ تلاش کرنا (۷) آرام کرنا۔ آرام لینا۔
پاؤں جمانا (ف) (۱) قبضہ کرنا۔ دخل لینا۔ قائم ہونا۔ (۲) ہمت کرنا۔ استقلال کرنا (۳) سہارا پانا۔ سہارا ڈھونڈنا (۴) امیدوار ہونا (۵) تعلق پیدا کرنا۔ واسطہ ڈالنا (۶) پاؤں رکھنا۔ پاؤں گاڑنا۔
پاؤں جھنانا (ف) پاؤں کا سُن ہونا۔ پاؤں میں سنسناہٹ ہونا۔ پاؤں میں جھنجھناہٹ ہونا۔ پاؤں میں چیونٹیاں سی چلنا۔ پاؤں میں خون کا دوران بند ہو جانا۔ پاؤں کا دوران خون بند ہونے سے بے حس ہو جانا۔
پاؤں چپی کرنا (ف) ٹانگیں دابنا۔ مٹھیاں بھرنا۔
پاؤں چلنا (ف) (۱) بچّے کا اوّل اوّل چلنا سیکھنا۔ بچّے کا اپنے قدموں سے چلنا (۲) پاپیادہ چلنا۔ پیدل چلنا۔
پاؤں چومنا (ف) (۱) پاؤں کو بوسہ دینا (۲) عزّت و تعظیم کرنا۔
پاؤں چھلنی ہونا (ف) پاؤں میں آبلے ٹوٹنے سے سوراخ پڑ جانا۔
پاؤں چھوٹنا (ف) (۱) حیض جاری ہونا۔ ماہوار خون آنا۔ ایام سے ہونا۔ کپڑوں سے ہونا (۲) فراغت پانا۔ بری الذمّہ ہونا۔ رہا ہونا۔ آزاد ہونا (۳) بے تعلق ہونا۔ واسطہ نہ رہنا (۴) پابند نہ رہنا (۵) آوارہ ہونا۔ سرگردان پھرنا۔ واہی تباہی پھرنا۔
پاؤں چھوڑنا (ف) حیض کا خون بہانا۔
پاؤں دابنا (ف) دیکھو "پاؤں چپی کرنا"۔
پاؤں درمیان سے نکال لینا (ف) تعلق نہ رکھنا۔ ذمّہ داری ہٹا لینا۔
پاؤں دوڑی (۱) مؤنث۔ ہمّت۔ محنت۔ کوشش۔
پاؤں دھو دھو کر پینا (ف) (۱) تعظیم و تکریم کرنا۔ بہت عزّت کرنا (۲) بے حد خوشامد کرنا۔ منّت سماجت کرنا (۳) امید رکھنا۔ آس رکھنا۔ تمنّا کرنا۔ خواہش کرنا۔ نہایت محبّت کرنا۔ بہت پیار کرنا۔ (۴) نہایت عقیدت رکھنا۔ بہت خلوص سے پیش آنا (۶) تابع ہونا۔ حکم ماننا۔ نہایت خدمت کرنا۔
پاؤں ڈگمگانا (ف) پاؤں کا لغزش کرنا۔ پاؤں قائم نہ رہنا۔ ہمّت ہارنا۔
پاؤں رگڑنا (ف) (۱) دیکھو "پاؤں پیٹنا" (۲) پاؤں ملنا۔ بے قرار ہونا (۳) آوارہ پھرنا۔ سرگردان ہونا۔ بے سود تلاش کرنا (۴) پاؤں کو جھانواں کرنا۔
پاؤں رہ جانا (ف) (۱) تھک جانا۔ چُور ہو جانا۔ ہار جانا (۲) عاجز ہونا۔ مجبور ہونا (۳) پاؤں بے کار ہونا۔ پاؤں شل ہو جانا۔ ٹانگیں ناکارہ ہو جانا۔
پاؤں زمین پر نہ ٹھہرنا (ف) (۱) پاؤں میں لغزش ہونا۔ لرزہ ہونا۔ کانپنا۔ ڈگمگانا (۲) بے چین ہونا۔ بے قرار ہو جانا (۳) قیام نہ ہونا۔ سفر میں رہنا (۴) عدیم الفرصت ہونا۔ نہایت مصروف ہونا (۵) مغرور ہونا۔ گھمنڈ ہونا۔ تکبّر ہونا۔
پاؤں سر پر رکھ کر بھاگنا (ف) دیکھو "سر پہ پاؤں رکھ کے بھاگنا"۔
پاؤں سما جانا۔ یا۔ سمانا (ف) قدموں پر کھڑے ہو جانا۔ اپنے پاؤں سے چلنا۔
پاؤں سے لگی سر تک بجھی (ف) مثل (۱) بہت غصّہ آیا (۲) نہایت حسد ہوا۔ بے حد رشک ہوا۔ بہت جلن پیدا ہوئی۔ بہت جھلاہٹ ہوئی۔ (۳) سر سے پاؤں تک جل گیا۔ سرتاپا خاک ہو گیا۔ اس سرے سے اس سرے تک جل گیا (۴) سب جلا دیا۔ سارا خاک کر دیا۔ جلنے سے کچھ نہ بچا۔
پاؤں کی بیڑی (ف) مؤنث (۱) عورت۔ زوجہ۔ جورو۔ بیوی (۲) سلاسل۔ زنجیر۔ قید۔ جیل۔ بندی خانہ (۳) پابندی۔ روک۔ مزاحمت۔ قید (۴) بال بچّے۔ اولاد۔ گھر والی (۵) عشق۔ محبّت۔ لگن۔ الفت۔
پاؤں کی جوتی (ف) (۱) پاپوش۔ پیزار۔ جوتا۔ (۲) زوجہ۔ جورو۔ بیوی۔ عورت (۳) خادم۔ غلام۔

غلام۔ محکوم (۴) خوشامدی۔ چاپلوس۔ جی حضوری۔
(۵) نالائق۔ ناقابل (۶) ناہنجار۔ ذلیل۔ خوار۔
حقیر۔ ہیچ۔ بے عزت۔ بے توقیر (۷) کمین۔ نیچ۔
رذیل ۔

پاؤں کی جوتی سر کو لگنا (ل) (۱) کمینے کا منہ آنا۔
رذیل کا سر چڑھنا (۲) کمین اور ہیچ شخص کو
شریف کے برابر کا درجہ ملنا ۔

پاؤں کے نیچے کی مٹی بھی ایسی نہ ہوگی (ا) مثل۔
کوئی مناسبت نہیں۔ کوئی تعلق نہیں۔ زمین آسمان
کا فرق ہے۔ مطلق لگا نہیں کھاتا۔

پاؤں گاڑنا (ا) قدم جمانا۔ دیکھو "پاؤں جمانا"۔

پاؤں گور میں لٹکائے بیٹھے ہیں (ل) مثل (۱)
مرنے کو تیار ہیں۔ قریب مرگ ہیں (۲) نہایت
ضعیف ہیں (۳) بہت کمزور ہیں (۴) بہت بیمار
ہیں۔

پاؤں گھسنا (ا) پاؤں کا فرسودہ ہونا۔ زیادہ آمد و
رفت کے باعث پاؤں تھکنا۔

پاؤں لڑکھڑانا (ل) دیکھو "پاؤں ڈگمگانا" یا "پاؤں
تھرتھرانا"۔

پاؤں لگانا (ا) پاؤں چھوانا۔ پاؤں مارنا۔ ٹھوکر
مارنا۔ پاؤں رکھنا

پاؤں مرید (ل) مذکر۔ غلام۔ تابع۔ مطیع۔ معتقد۔
فرمانبردار۔

پاؤں میں بیڑی پڑنا (ل) (۱) شادی ہونا۔ بیاہ
ہونا (۲) سگائی ہونا۔ منگنی ہونا (۳) قید ہونا۔
پاؤں میں زنجیر ڈالی جانا۔

پاؤں میں جوتی نہ سر پر ٹوپی (ل) مثل (۱) نہایت
غریبی اور مفلسی کی حالت (۲) پریشان اور مصیبت زدہ۔

پاؤں میں سر دینا (ل) دیکھو "پاؤں پر سر
دھرنا"۔

پاؤں میں کیا مہندی لگی ہے (ا) محاورہ۔ کیا عذر
ہے۔ کون سی مجبوری ہے۔ انکار کی کیا وجہ ہے۔
نہ چلنے یا آنے کا کیا سبب ہے۔

پاؤں میں مہندی لگنا (ل) عذر ہونا۔ انکار ہونا۔
بہانہ ہونا۔ حیلہ ہونا۔ سبب ہونا۔ وجہ ہونا۔
عذر لنگ ہونا۔

پاؤں نکالنا (ل) (۱) حد سے باہر قدم رکھنا۔ بڑھ کر
چلنا (۲) سرکشی کرنا۔ تمرد کرنا۔ باغی ہونا۔

پاؤں نہ دُھلوانا (ل) اپنی خدمت اور غلامی کے
قابل نہ سمجھنا۔ نہایت کراہت اور حقارت سے
دیکھنا۔ خاطر میں نہ لانا۔

پاؤنا (پا۔ ؤ۔ نا) (ل) مذکر (۱) راہگیر۔ مسافر۔ جاتری۔
(۲) داماد۔ جنوائی۔

پاؤنڈ (انگ) دیکھو "پونڈ"۔

پاؤنی (ل) مؤنث (۱) راہگیر۔ مسافر (۲) مندھا۔
رخصت داماد کا گیت۔

پائی (پا۔ ئی) (ل) مؤنث (۱) آنے کا بارھواں حصہ۔
پیسے کا تہائی حصہ (۲) اناج کا ایک پیمانہ۔

پائے (پا۔ ء) (ف) مذکر۔ پاؤں۔ ٹنگ۔ قدم۔ پا۔

پائے بند (ف) دیکھو "پابند"۔

پائے تابہ (ف) دیکھو "پاتابہ"۔

پائے تخت (ف) مذکر۔ صدر مقام۔ دار الخلافہ۔
دار السلطنت۔ راج دھانی۔ گدی کی جگہ۔ بادشاہ
کے رہنے کا مقام۔

پائے تراب (ل) مذکر (۱) مقام بدلنا۔ جگہ تبدیل کرنا۔
(۲) شگون سفر کے لئے گھر سے نکلنا۔

پائے جامہ (ف) مذکر۔ دیکھو "پاجامہ"۔

پائے جامہ سے باہر ہونا (ل) تند۔ تیز۔ گرم ہونا۔
بگڑنا۔ آپے سے باہر ہونا۔ چھوٹا منہ بڑی
بات۔

پائیدار (ف) مضبوط۔ سخت۔ پکا۔ دیرپا۔
مستحکم۔

پائے رفتن نہ جائے ماندن (ف) مثل۔ نہ چلنے کی
طاقت نہ رہنے کی جگہ۔ نہ جائے بن پڑے نہ ٹھہرتے

پائے زیب (ف) مؤنث۔ دیکھو "پازیب"۔

پائے کاشت (ف) دیکھو "پاہی کاشت"۔

پائے گاہ (ف) مؤنث (۱) مرتبہ (۲) طویلہ۔ اصطبل۔
(۳) کچہری۔ اجلاس۔

پائے گدا لنگ نیست۔ ملک خدا تنگ نیست
(ف) مثل۔ مانگنے والے کے لئے سارا جہان پڑا
ہے۔ جہاں چاہے مانگتا پھرے۔

پائے مال (ف) مذکر۔ دیکھو "پامال"۔

پائے مالی (ف) مؤنث۔ دیکھو "پامالی"۔

پائے موز (ف) مذکر۔ دیکھو "پاموز"۔

پائیں باغ (ف) مذکر۔ قلعے کے نیچے کا باغ۔ مکان
کے تحت کا باغ۔ باغ زیر محل۔

پائینت (ہ) مؤنث۔ ادوان۔ پائینتی۔ پاؤں کی طرف کا پلنگ کا حصہ۔

پائیلتی (ہ) مؤنث۔ دیکھو "پائینت"۔

پائیچہ (ف) مذکر۔ پائچہ۔ ٹانگ کا غلاف۔ (۲) پاجامہ کا وہ حصّہ جس میں ایک ٹانگ رہتی ہے۔

پائینچہ بھاری کرنا (ف) گوشہ نشین ہونا۔ گھر سے باہر نہ نکلنا۔ ایک جگہ بیٹھ جانا۔ خانہ نشینی اختیار کرنا۔

پائینچہ سے نکلی پڑتی ہے (ف) شیخی میں آپے سے باہر ہوئی جاتی ہے۔

پایاب (پا۔ یاب) ف۔ پانی میں پیادہ چلے جانے کا راستہ۔ کم گہرا پانی۔ گھاٹ۔

پایاں (پا۔ یاں) (ف) مذکر۔ آخر۔ انجام۔ انت

پایک (ف) مذکر (۱) ہیک۔ پیغامبر۔ قاصد۔ ایلچی۔ سفیر۔ ہرکارہ۔ چٹھی رساں (۲) پیادہ۔ پیدل۔

پایل (پا۔ یل) (ہ) مؤنث (۱) پازیب (۲) پاؤں کے بل پیدا ہونے والا بچّہ (۳) تیز رَو ہتھنی یا ہاتھی

پایہ (ف) مذکر (۱) دیکھو "پائے نمبر (۱، ۲)" (۲) زینہ۔ سیڑھی۔ قدمچہ (۳) درجہ۔ رتبہ۔ مرتبہ۔ منصب۔ حیثیت۔ شان۔ عزت (۴) چوپائے کا پاؤں۔

پایہ تخت (ف) دیکھو۔ پائے تخت

پایۂ ثبوت کو پہنچنا (ف) ثابت ہونا

پ ب

پبلشر (پَب۔ لِشَر) (انگ Publisher) مذکر۔ کسی کتاب یا اخبار کا شائع کرنے والا۔

پبلک (پَب۔ لِک) (انگ Public) مؤنث (۱) مخلوق۔ عام انسان۔ تمام آدمی۔ جملہ مردمان۔ کُل خلقت (۲) عام۔ تمام۔ سب۔ جملہ۔

پبلک انسٹرکشن (Public Instruction) (انگریزی) مؤنث۔ تعلیم عامہ۔ محکمہ تعلیم کا صدر دفتر۔

پبلک پراسیکیوٹر (انگریزی Public Prosecutor) مذکر۔ سرکاری وکیل۔ گورنمنٹ کی طرف سے کسی مقدمے کا ثابت کرنے والا مدّعی۔

پبلک سروس (انگ Public Service) مؤنث (۱) سرکاری ملازمت (۲) عام لوگوں کی خدمت۔

پبلک ورکس (انگ Public Works) مذکر۔ امور عامہ۔

پبلک سروس ڈیپارٹمنٹ (انگ Public Service Department) محکمۂ امورِ عامہ۔ پبلک ورکس کا محکمہ۔ سرکاری تعمیرات کا محکمہ۔

پپیہا (ہ) مؤنث۔ ایک خوش آواز پرند

پ پ

پپرمنٹ (پیپ۔ پر۔ منٹ) (انگریزی۔ Peppermint) مذکر۔ پودینے کا ست۔

پپڑ (پپ۔ پڑ) (ہ) مذکر۔ دیوار کی سطح کا وہ حصہ جو پھول کر علیحدہ ہو جاتا ہے۔

پپڑ۔ پپڑا (پپ۔ پڑ۔ پھپ۔ ڑا) (ہ) مذکر۔ پاپڑ

پپڑا (پَپ۔ ڑا) (ہ) مذکر۔ اوپر کا چھلکا۔ چھال۔

پپڑا جانا (ہ) اوپر سے سوکھ جانا۔ بالائی حصہ خشک ہو جانا۔ پپڑی بندھ جانا۔ کھرنڈ بندھ جانا

پپڑی (پپ۔ ڑی) (ہ) مؤنث۔ خشکی۔ کھرنڈ۔ اوپر کا خشک پرت۔ سوکھی پوست۔

پپڑی آنا (ہ) جمنا۔ اوپر کا حصہ خشک ہو کر پرت کی شکل ہو جانا۔

پپڑیا کتھا (ہ) مذکر۔ صاف اور ہلکا کتھا (کتھے کی ایک قسم)۔

پپڑیلا (پپ۔ ڑے۔ لا) (ہ) مذکر۔ پرت والا۔ کتل والا۔ چھلکے والا۔ پپڑی والا۔

پپلا (پپ۔ لا) (ہ) مذکر۔ دیکھو "پوپلا"۔

پپلی (پپ۔ لی) (ہ) مؤنث (۱) لمبی مرچ (۲) ایک قسم کی بوٹی۔

پپنی (پَپ۔ نی) (ہ) مؤنث۔ پلک۔ مژگان۔

پپوٹا (پپو۔ ٹا) (ہ) مذکر۔ آنکھ کا غلاف۔ نیام چشم

پُشت چشم۔

پپوٹن (پَپو۔ ٹَن) (ہ) مؤنث۔ ایک پودا جس کے پتے بطور دوا استعمال کئے جاتے ہیں۔

پپولنا (پَپول۔ نَا) (ہ) چچوڑنا۔ جگالنا۔ چیز کو منہ میں پھرانا۔ بے دانت ملائے رس چوسنا۔ پلپلانا۔

پپیا (پَپی۔ یا) (ہ) مذکر (۱) آم کی گری نکال کر ہونٹ سے پکڑ کر بجانا۔ پی پی کے بجانا۔ پی پی سیٹی۔ بجانے کا کھلونا (۲) ایک درخت کا پھل (۳) نہایت تیز آواز جو باریک ہو۔

پپیانا (پَپ۔ یا۔ نا) (ہ) پیپ پڑ جانا۔ ریم پڑ جانا۔ زخم یا پھوڑے پھنسی کا پک جانا۔

پپیہا (پَپی۔ ہا) (ہ) ایک خوش آواز پرندہ جو پی کہاں کی صدا لگاتا ہے۔

پ - ت

پَت (پَت) (ہ) مؤنث (۱) عزت۔ آبرو (۲) ساکھ۔ اعتبار (۳) سوامی۔ مالک۔ شوہر۔ پتی۔ خاوند (۴) لاج۔ شرم (۵) پات کا مخفف۔ برگ۔ پتا۔ پان (۶) چاشنی۔ قوام۔ کا زہلا جوشاندہ۔ حریرہ۔

پَت اُتارنا (ا) (۱) چاشنی پکانا۔ قوام کرنا۔ جوشاندہ بنانا (۲) پتے توڑنا (۳) بے عزت کرنا۔ بے آبرو کرنا (۴) ساکھ کھونا۔ اعتبار گنوانا۔

پَت جانا (ہ) عزت جانا۔ ساکھ بگڑنا۔

پَت جھڑ (ہ) مذکر۔ خریف۔ خزاں۔ پتوں کے جھڑنے کا موسم۔

پَت رکھنا (ہ) آبرو رکھنا۔ ساکھ رکھنا۔

پَت گنوانا (ہ) آبرو کھونا۔ بے عزت ہونا۔ ساکھ کھونا۔

پِت (پِت) (س) مذکر۔ صفرا۔ تلخہ۔ اخلاطِ اربعہ میں سے ایک خلط ہے۔ زرد رنگ کا کڑوا پانی جو پتے کے اندر رہتا ہے۔

پِتا (پِتا) (س) مذکر۔ باپ۔ والد۔ پدر۔

پَتّا (پَت۔ تا) (ہ) مذکر (۱) برگ۔ پات۔ پتر (۲) ورق۔ پترا۔ کارڈ۔ جیسے تاش کا پتا (۳) کان کا ایک زیور جو بالیوں میں لٹکایا جاتا ہے۔

پتا توڑ کر بھاگنا (۱) نہایت تیز دوڑنا۔ ایسا بھاگنا کہ پیچھے مڑ کر نہ دیکھنا۔

پتا کھڑ کا بندہ سرکا (ہ) مثل۔ کمال عیار و چالاک آدمی کی نسبت کہتے ہیں۔

پتا کھڑکنا (۱) پتے کی آواز ہونا۔ پتے کی آہٹ ہونا (۲) اندیشہ ہونا۔ خوف ہونا۔ خبر ہونا۔

پتا لگنا (۱) چھوٹی میں داغ لگنا۔

پتا نہ ہلنا (۱) ہوا بند ہونا (۲) حبس ہونا۔ حبس ہونا (۳) بچے نہ سرکنا۔

پتا ہو جانا (۱) غائب ہو جانا۔ رفو چکر ہو جانا۔ ہوا ہو جانا۔ تیزی کے ساتھ بھاگنا۔

پَتا (...) (ہ) مذکر (۱) نشان۔ کھوج۔ سراغ (۲) مقام۔ جگہ۔ ٹھور۔ ٹھکانا (۳) طلب۔ اشارہ۔ کنایہ (۴) نام۔ نشان۔

پتا لگانا (۱) تلاش کرنا۔ ڈھونڈنا۔ سراغ لگانا۔

پِتّا (پِت۔ تا) (ہ) مذکر (۱) مرارہ۔ زہرہ۔ خلط صفرا کا مقام (۲) حوصلہ۔ ہمت۔ دل گردہ۔ جگرا (۳) غصہ۔ تیزی۔ جوش۔ گرمی۔ حرارت (۴) شرم۔ لاج۔ غیرت (۵) خواہش نفسانی۔

پتا مارنا (۱) (۱) غصہ روکنا۔ جوش کو قابو کرنا۔ گرمی نہ لانا (۲) دل پر جبر کرنا۔ سختی برداشت کرنا (۳) ہمت کرنا۔ حوصلہ کرنا (۴) دل لگانا۔ جی توڑنا۔ محنت کرنا۔

پتا مرنا (۱) (۱) غصہ دھیما ہونا۔ تیزی نہ رہنا۔ حرارت نہ رہنا۔ گرمی نہ رہنا (۲) مزاج نرم ہو جانا (۳) صفرا کی کمی ہو جانا (۴) ہمت نہ رہنا۔ حوصلہ کم ہو جانا۔ (۶) جوش اور امنگ ٹھنڈی ہو جانا۔

پتال (پَتال) (س) مؤنث۔ دیکھو "پاتال"۔

پتال جنتر (س) مذکر۔ آگ پر رکھ کر کسی شے سے تیل نکالنے کا آلہ۔ آگ پر رکھ کر تیل نکالنے کا طریقہ۔ عمل حکمت کرنا۔

پتانا (پت۔ تا۔ نا) (ہ) (۱) حیران ہونا (۲) شرمندہ ہونا (۳) حواس باختہ ہونا۔

پتاور (پَتا۔ وَر) (ہ) مذکر۔ چھپر بنانے کا پھوس۔

پتائی (پِتا۔ ئی) (ہ) مؤنث۔ پلستر کرنے کی اُجرت۔

پُتر (پُت۔ تر) (س) مذکر۔ بیٹا۔ پسر۔ لڑکا۔ فرزند۔

پَتّر (پَت۔ تر) (ہ) مذکر (۱) برگ۔ پتا۔ پات (۲)

پان (۳) پٹہ۔ رقعہ۔ پرچہ۔ خط (۴) طبق۔ تختہ۔ تاؤ۔ ورق ۔

پتّرا (پت۔ترا) (س) مذکر (۱) تقویم۔ جنتری۔ خطِ تقدیر (۲) ورق۔ صفحہ (۳) دھات کا ٹکڑا ۔

پٹرول (پٹ۔رول) (مذ) (انگریزی۔ پٹرول Patrol) رات کو گشت کرنے والی گارد ۔

پُتری (پُت۔تری) (س) مؤنث لڑکی۔ دختر۔ بیٹی ۔

پتری (پت۔تری) (س) مؤنث (۱) چٹھی۔ خط۔ پترہ۔ رقعہ (۲) پترا۔ جنم پتر۔ خطِ تقدیر۔ زائچہ۔ کنڈلی (۳) چھوٹا ٹکڑا۔ چھوٹا ورق ۔

پتریا (پت۔ریا) (ع) مؤنث۔ رنڈی۔ فاحشہ عورت۔ کسبی۔ [illegible] ۔

پترے کھولنا (ف) قلعی کھولنا۔ راز ظاہر کرنا۔ عیب بیان کرنا۔ برائی کا اظہار کرنا۔ اصلیت اور حقیقت کا اعلان کرنا ۔

پتّل (پت۔تل) (ع) مؤنث (۱) پتوارا۔ پتّوں کا خوان (۲) پردہ۔ ایک وراک ۔

پتّل پھاڑی اور چل دئے (ع) مثل۔ مطلب نکالا اور چل دئے ۔

پتلا (پت۔لا) (ع) (۱) رقیق۔ سیال۔ بہنے والا۔ عرق۔ رس (۲) باریک۔ مہین۔ پتلا۔ ہلکا (۳) لاغر۔ دبلا۔ چھریرا (۴) ناطاقت۔ کمزور (۵) نرم۔ ملائم۔ نازک ۔

پتلا حال کرنا (ف) (۱) تنگ کرنا۔ ستانا۔ دق کرنا (۲) بے حال کرنا۔ خراب خستہ کرنا۔ تباہ و برباد کر دینا۔ (۳) بہت مارنا۔ قریب مرگ کر دینا ۔

پتلا حال ہونا (ف) (۱) تنگ حال ہونا۔ بُرا حال ہونا۔ (۲) قریب مرگ ہونا۔ سخت بیمار ہونا (۳) نہایت کمزور ہونا۔ بہت ناتواں ہونا (۴) لاغر ہونا۔ دبلا ہونا۔ نازک ہو جانا (۵) رقیق ہونا۔ سیال ہونا (۶) مفلس اور کنگال ہونا۔ تنگ ہونا (۷) بے عزت ہونا۔ ذلیل ہونا ۔

پُتلا (پُت۔لا) (ع) مذکر (۱) تصویر۔ مورت۔ پیکر۔ بُت۔ لعبت۔ صنم۔ شمائل۔ مورتی (۲) جسم۔ قالب۔ ڈھانچا۔ ڈھیر۔ مجسّمہ (۳) قبضہ۔ مٹھ (۴) نہایت خوب صورت۔ نہایت حسین۔ چھیلا۔ سجیلا جوان خوبرو۔ خوب رُو ۔

پتلانا (پت۔لا۔نا) (ع) کسیاؤ آلہ کیا جانا۔ کھانے میں دھات کا زہریلا اثر ہو جانا۔ کھانے میں دھات کے برتن کے زہریلے مادے کا سرایت کر جانا ۔

پتلون (پت۔لون) (ا) (۱) دیکھو "پاجامہ" (۲) پینٹ (۳) (مجازاً) شلوار۔ ازار بند ۔

پُتلی (پُت۔لی) (ع) مؤنث (۱) پتلا کی تانیث (۲) گڑیا (۳) مٹی یا کاٹھ کی بنی ہوئی مورت۔ تار یا ڈورے کے ذریعے سے ناچنے والی گڑیا (۴) مردمِ چشم۔ آنکھ کی سیاہی۔ آنکھ کا تِل (۵) گھوڑے کے تلوے کا ابھار (۶) مشین۔ کل (۷) نہایت خوب صورت۔ نہایت حسین۔ تصویر کے لائق ۔

پُتلیاں (ع) مؤنث۔ پُتلی کی جمع۔ مورتیں ۔

پُتلیاں پھر جانا (ف) (۱) پتلی چڑھ جانا۔ مردمکِ چشم اوپر کو ہو جانا (۲) حالت غیر ہو جانا۔ مرنے کے قریب ہونا ۔

پُتلیاں نچانا (ف) (۱) پُتلیوں کا کھیل کرنا۔ پُتلیوں کا تماشا کرنا (۲) آنکھیں مٹکانا۔ آنکھوں کے اشارے کرنا

پُتلیوں کا تماشا (ف) گڑیوں کا کھیل۔ پُتلیوں کا کھیل۔ تصویروں کا کھیل۔ لعبت بازی ۔

پتمبر (پت۔مبر) (ع) مذکر (ہندو) ریشمی دھوتی۔ ریشمی کپڑا ۔

پتنا (پت۔نا) (ع) مذکر۔ فرج کا گوشہ

پتنا (پت۔نا) (ع) مذکر (۱) فرج کا گوشہ۔ بھگ کا کنارہ (۲) پاسہ ۔

پُتنا (پُت۔نا) (ع) مؤنث۔ پوچی ہونا۔ پچارا پھرنا۔ کوچی ہونا۔ قلعی ہونا۔ رنگا جانا۔ سفیدی ہونا ۔

پتنگ (پ۔تنگ) (ع) مذکر (۱) کنکوّا۔ گُڈی۔ کاغذ باد۔ (۲) ایک درخت جس کی لکڑی سُرخ ہوتی ہے۔ اسے جوش دے کر کپڑا رنگنے سے سُرخ ہو جاتا ہے۔ (۳) (س) سورج۔ مہر۔ آفتاب (۴) پروانہ۔ پتنگا۔ ایک پردار کیڑا جو شمع پر عاشق ہے ۔

پتنگ اُڑانا (ف) کنکوّا اڑانا ۔

پتنگ بازی (ا) مذکر۔ پتنگ کا کھیل۔ گُڈی اڑانے کا تماشا۔ کنکوّے اڑانا ۔

پتنگ چھری (ا) (۱) تیز تند۔ چالاک۔ چلتی ہوئی۔ (۲) حرّافہ۔ لگائی بجھائی کرنے والی۔ فساد کرا دینے والی۔ جھگڑا ڈلوانے والی ۔

پتنگ ڈھا دینا (ف) بڑھے ہوئے کنکوّے کو

گرا دینا۔

پتنگ کٹ جانا (ف۔ل) (۱) کنکوّے کی ڈور کا کٹ کر کنکوّے کا دور کہیں چلا جانا (۲) کہیں سے نکالا جانا

پتنگا (پتنگ۔گا) (ف) مذکر (۱) پتنگ۔ پروانہ۔ پردار کیڑا جو شمع پر عاشق ہے (۲) چنگاری۔ شرارہ۔ پرکالہ۔ آگ کا ذرہ۔

پتنگے لگنا (ف) (۱) مرچیں لگنا۔ جلنا۔ رشک ہونا۔ حسد ہونا (۲) خفے ہونا۔ آگ بگولا ہونا۔ سخت ناراض ہونا۔

پتوار۔ پتوال (پت۔وار۔ پت۔وال) (ف) (ہ) مؤنث (۱) پاتا۔ کشتی کا دنبالہ۔ سکان۔ کشتی کے پھرانے کا اوزار (۲) اشوارے۔ کھمبا۔

پتواس (پت۔واس) (ف) مؤنث۔ چکس۔ اڈا پرندے کے بیٹھنے کی جگہ۔

پتوں والی (ف) مؤنث (عو) مولی۔

پتوہ (پت۔وہ) (ف) مؤنث (سد...) بہو۔

پتھر (پت۔ تھر) (ہ) مذکر (۱) سنگ۔ حجر (۲) ژالہ۔ اولا (۳) ہیرا۔ پنا۔ لال۔ زمرد۔ یاقوت وغیرہ (۴) چکی۔ آسیا (۵) بھاری۔ بوجھل (۶) نہایت۔ بہت۔ زیادہ۔ بے حد۔ کمال (۷) کٹھن۔ مشکل۔ سخت (۸) بے رحم۔ سنگ دل۔ ظالم۔ جابر (۹) غبی۔ کند ذہن (۱۰) مودھو۔ بیوقوف۔ ناسمجھ۔ نافہم (۱۱) ثقیل۔ دیر میں ہضم ہونے والی چیز۔

پتھر برسنا (ف) (۱) پتھر پڑنا۔ پتھر گرنا (۲) اولے پڑنا۔ ژالہ باری ہونا۔

پتھر بن جانا (ف) (۱) خاموش ہونا۔ چپ ہونا۔ گونگا بننا۔ گنگ ہونا (۳) سنگ دل ہو جانا۔ ظالم وجابر ہونا (۴) رحم نہ کرنا۔ پروا نہ کرنا (۵) سنگ ہو جانا (۶) سخت ہو جانا۔ کڑا ہونا (۷) بوجھل ہو جانا۔ بھاری ہونا۔

پتھر پانی ہونا (ف) (۱) رحم کرنا۔ ظالم کو ترس آنا (۲) سختی کا مٹنا۔ مصیبت گزر جانا۔

پتھر پڑنا (ف) (۱) پتھر برسنا۔ پتھر گرنا (۲) ژالہ باری ہونا۔ اولے پڑنا (۳) مصیبت آنا۔ دکھ میں گرفتار ہونا۔ تباہی آنا۔ بربادی ہونا۔ (۴) قحط پڑنا۔ کال پڑنا (۵) عقل وفہم۔ ادراک اور سوجھ بوجھ کا جاتے رہنا۔ جیسے عقل پر پتھر پڑنا۔

پتھر پڑیں سمجھ پر (ف) (۱) تم نہیں سمجھتے۔ بیوقوف ہو۔ جاہل ہو۔ ناسمجھ ہو (۲) سمجھ پر لعنت ہے۔ سمجھ پر پھٹکار ہے (۳) بہت برا کام کیا۔ نہایت نامعقول بات کی۔

پتھر پسیجنا (ف) (۱) پتھر میں نمی آنا (۲) ظالم ہونا۔ پگھلنا۔ نرم ہونا۔ سخت دل کا نرم ہونا۔ بخیل آدمی کا کچھ دینے پر آمادہ ہونا۔

پتھر پوجے ہر ملے۔ میں تو پوجوں سنسار (ہ) مثل اگر خوشامد سے مطلب نکل آئے۔ تو میں دنیا بھر کی خوشامد کروں۔

پتھر پھوڑ (ہ) مذکر (۱) سنگ تراش۔ پتھر پھوڑنے والا۔ روڑی کوٹنے والا (۲) کٹ بڑھئی۔ کھٹ کھٹ بڑھیا۔ ہدہد۔ مرغ سلیمان۔

پتھر تلے سے ہاتھ نکلنا (ف) (۱) چھٹکارا پانا۔ فارغ ہونا۔ آزاد ہونا۔ بری الذمہ ہونا۔ بے فکر ہونا۔ مصیبت یا غم سے نجات پانا۔

پتھر تلے کا ہاتھ (ف) (۱) مجبوری۔ لاچاری۔ بے اختیاری۔

پتھر چٹا (ف) مذکر (۱) سان گر۔ صیقل گر۔ اوزار چاٹنے والا۔ اوزار کو پتھر پر گھسنے والا (۲) کنجوس۔ ممسک (۳) سانپ کی ایک قسم (۴) مچھلی کی ایک قسم (۵) گھاس کی ایک قسم۔

پتھر چٹانا (ف) تیز کرنا۔ پتھر پر رگڑنا۔ پتھر پر گھسنا۔

پتھر چلنا (ف) پتھروں کی بوچھاڑ پڑنا۔

پتھر چھاتی پر دھرنا (ف) (۱) صبر کرنا۔ استقلال رکھنا (۲) برداشت کرنا۔ سہارنا۔

پتھر ڈھونا (ف) (۱) سخت محنت کرنا۔ نہایت دشوار کام کرنا (۲) فضول کام کرنا۔ بے سود کام کرنا۔

پتھر سا پھینک مارنا (ف) (۱) پتھر سا کھینچ مارنا۔ پھبتی کہنا۔ جواب دینا۔ اکڑ پنے سے بات کرنا۔ کرخت گفتگو کرنا۔ دل شکن جواب دینا (۲) گستاخی سے بولنا۔

پتھر سے سر پھوڑنا۔ یا۔ سر مارنا (ف) (۱) بے وقوف کو سمجھانا۔ کوڑ مغز کو سکھانا (۲) بے سود اور بے فائدہ کوشش کرنا (۳) بے فیض کی خدمت میں

عمر ضائع کرنا (۴) بہرے سے گفتگو کرنا۔ گونگے سے بات چیت کرنا (۵) بے وفا سے دوستی کرنا

پتھر کا چھاپا (ہ) مذکر (۱) لیتھوگراف (۲) پتھر پر حروف جما کر چھاپنا۔

پتھر کا جگر (ع) مذکر (۱) سخت کلیجہ (۲) بے رحم۔

پتھر کا دل (ہ) مذکر (۱) سنگ دل۔ ظالم۔ جابر۔ سخت دل۔ بے رحم (۲) مضبوط۔ پختہ۔ نڈر۔ بے خوف۔

پتھر کلا (ہ) مذکر توڑے دار بندوق۔ چقماق کے پتھر سے چلنے والی بندوق۔

پتھر کو جونک نہیں لگتی (ہ) مثل (۱) کنجوس کو رحم نہیں آتا۔ بخیل پیسہ خرچ نہیں کرتا۔ (۲) بے دل کو نصیحت کا اثر نہیں ہوتا۔

پتھر کی چھاتی (ا) مؤنث (۱) سخت دلی۔ سنگ دلی۔ (۲) حوصلہ مندی۔ ہمت۔ بہادری (۳) دل جگر کا استقلال (۴) چھاتی مضبوط ہونا۔ سینہ سخت ہونا

پتھر کی لکیر (۱) مؤنث (۱) بات کا زخم۔ نہ بھولنے والی بات (۲) عشق کا تیر۔ ہیرے کا داغ۔ دل کا زخم۔ (۳) قوی یادداشت (۴) زبردست [illegible] (۵) مضبوط۔ مستحکم۔ پائدار۔

پتھر لڑھکانا (ف) کسی کی سیاہی اور موت کا خواستگار ہونا۔

پتھر مارنا (ف) (۱) سنگسار کرنا۔ پتھر لگانا (۲) سخت بدکلامی کرنا۔ نا ملائم باتیں کرنا۔

پتھر مارے موت نہیں (۱) مثل نہایت سخت جان ہے۔ بہت بے حیا ہے۔ نہایت بے شرم ہے۔

پتھر نچوڑنا (ف) (۱) ظالم سے رحم کی امید کرنا۔ کنجوس سے سخاوت چاہنا۔ بد سے نیکی کا خیال رکھنا۔ ناممکن کو ممکن بنانا (۲) بے سود اور بے کار کام کرنا۔ فضول اور بے جا کوشش کرنا۔

پتھر نہیں پگھلتے (۱) مثل۔ ظالم دل کو رحم بخیل کو سخاوت۔ [illegible] وفا۔ پتھر کو نرمی وغیرہ ہونا ناممکن ہے۔

پتھر ہونا (ف) (۱) مشکل ہونا۔ کٹھن ہونا۔ سخت ہونا (۲) بھاری ہونا۔ بوجھل ہونا (۳) منجمد ہونا (۴) چل و حرکت سے بند ایک جگہ پڑے رہنا۔ بے حس و حرکت ہونا (۵) بہرا ہونا (۶) اندھا ہونا (۷) بے کار ہونا۔ نکما ہونا (۸) بے رحم ہونا۔ سنگ دل ہونا (۹) بت ہو جانا۔ خاموش ہو جانا۔ عجیب ہونا۔

پتھرا جانا۔ پتھرانا (ف) پتھر ہو جانا۔ سخت ہو جانا (آنکھ کا) نور جاتا رہنا۔

پتھرا دینا (ف) پتھر بنا دینا۔

پتھراؤ (پتھ۔ را۔ او) (ہ) مذکر (۱) سنگساری۔ سنگ باری۔ پتھروں کی بوچھاڑ۔ پتھروں کی مار۔ پتھر برسانا۔ سنگ برسانا (۲) سختی۔ زیادتی۔ ظلم۔ نا انصافی۔

پتھروٹا (پتھ۔ رو۔ ٹا) (ہ) مذکر۔ پتھر کا کٹورا۔ بٹا۔ کونڈی۔ سل۔ پیالہ۔

پتھری (پتھ۔ ری) (ہ) مؤنث (۱) سنگریزہ۔ سنگ مثانہ۔ سنگ گردہ (۲) پتھر کے چھوٹے چھوٹے چکنے ٹکڑے۔ چقماق وغیرہ (۳) استرہ وغیرہ تیز کرنے کا آلہ (۴) سنگدان۔ پرندے کا ایک عضو جس میں پتھر وغیرہ ہضم ہوتے ہیں

پتھریلا (پتھ۔ ری۔ لا) (ہ) مذکر۔ پتھر ملا ہوا۔ سنگ آمیز۔ پتھر کا بنا ہوا

پتھنا (پتھ۔ نا) (ہ) تھوپنا۔ گوبر کے اپلے بنانا۔

پتھیر (پتھیر) (ہ) مؤنث۔ اینٹیں بنانے کی جگہ

پتھیرا (پتھے۔ را) (ہ) مذکر تھاپنے والا۔ پاتھنے والا۔ بنانے والا۔ ڈھالنے والا۔ اینٹیں یا اپلے وغیرہ بنانے والا

پتی (پت۔ تی) (ہ) مؤنث (۱) چھوٹا پتا۔ کونپل۔ بوٹی جڑی کے پتے (۲) بھنگ۔ سبزی۔ بجیا بوٹی (۳) چندہ۔ شرکت۔ حصہ۔ ساجھا (۴) پترا۔ ٹکڑا۔

پتی دار (ف) مذکر۔ شریک۔ ساجھی۔ حصہ دار۔ بہرہ ور۔

پتی (پت۔ تی) (ہ) مؤنث۔ پت کا فساد۔ پت کی خرابی۔ صفرا کا بگاڑ۔ ددوڑ۔ دھپڑ۔

پتی اچھلنا (ہ) پت کے فساد کا بدن پر ظاہر ہونا۔ صفرا کے بگاڑ کا جسم پر نمایاں ہونا۔ ددوڑے نکلنا۔ دھپڑ پڑنا۔

پتی (پتی) (س) مذکر۔ شوہر۔ خاوند۔ خصم۔ سوامی۔ مالک۔

پتی برتا (س) مؤنث (۱) پاک دامن عفیفہ باعصمت۔ نیک۔ پاک (۲) خاوند کی خدمت گار۔ شوہر کی فرمانبردار۔ ایک کی منت پر چلنے والی۔

پتیانا (ہنت۔ یا نا) (ف) (۱) اعتبار کرنا۔ بھروسہ کرنا یقین کرنا۔ سلکہ کرنا (۲) خاطر میں لانا دھیان دینا۔ توجہ کرنا۔ خیال کرنا۔

پتے پر آنا (ف) کسی نشان سے تلاش کرنا۔ نشان کے مطابق کھوج نکالنا۔

پتے کی سنانا (ف) (۱) عیب ظاہر کرنا۔ راز فاش کرنا۔ بھید کی کہنا۔ واقعات کہنا۔ ٹھیک ٹھیک سنا (۲) چبھتی ہوئی کہنا۔ ٹھنڈی بات کہنا۔ چوٹ کرنا۔ چٹے کی کہنا۔

پتیل (پتیل) (ص) (۱) باریک۔ پتلا کمزور۔ ہین۔ (۲) جھجرا چھدرا بنا ہو۔

پتیلا (پ۔تی۔لا) (۱) مذکر۔ دیگچہ۔ بڑی دیگچی۔ دھات کا ہنڈا

پتیلی (پ۔تی۔لی) (۱) مؤنث۔ دیگچی۔ دھات کی ہانڈی۔

پ - ٹ

پٹ (پَٹ) (ص) مذکر (۱) کواڑ۔ تختہ (۲) اوندھے واژگون۔ الٹا۔ سرگشتہ (۳) گھونگھٹ۔ نقاب۔ اوٹ۔ پردہ۔ آڑ۔ پردہ (۴) کسی چیز کے گرنے کی آواز (۵) فوراً۔ تڑت۔ جلد۔ جھٹ پٹ۔ (۶) ترش۔ پہاڑی۔ ماش (۷) سنگھاسن۔ تخت اور تک۔ ... ...

پٹ بندھک (ف) مؤنث۔ کفالت و ضمانت۔ جس میں سے سود اور اصل دونوں مقررہ میعاد میں ادا کیے جاتے ہیں۔

پٹ بھیڑنا (ف) کواڑ بند کرنا۔

پٹ پڑ (ف) مؤنث (۱) وہ زمین جو طغیانی سے ہر سال ڈوبتی اور خشک ہونے پر زراعت کے قابل ہو جاتی ہے (۲) وہ بیابان جس میں گھاس درخت اور پانی وغیرہ کچھ نہ ہو۔

پٹری کے گواہ (ف) مذکر۔ کسی خاص مقدمہ اراضی میں زمین کے ارد گرد کے گواہ جو نمبردار۔ ذیلدار اور کھیوٹ دار ہوتے ہیں۔

پٹ کھولنا (ف) دروازہ کھولنا۔ گھونگھٹ اٹھانا۔ نقاب ہٹانا۔

پٹ رانی (ف) مؤنث۔ پہلی مہارانی۔ سب سے پہلی بیاہی رانی۔

پٹا (پٹّا) (۱) یعنی لڑکے کا فعل۔ لکڑی کا تسمہ سپہ گری کی قسم کا ایک فن

پٹا باز (ف) مذکر (۱) پٹے باز۔ پٹہ کا کھلاڑی۔ لکڑی چلنے والا (۲) گھوڑے کا ... جو ... سے ... سلسلہ ... ہے۔

پٹّا (پٹ۔ٹا) (ف) (۱) گلوبند۔ گلوبند طوق۔ چوپنے ... میں ... کے ... وہ ... (۲) ... نامہ۔ ... نامہ۔ مالک ... کی طرف سے ... کو کام میں لانے کا اجازت نامہ (۳) سر کے پیچھے بال (۴) تختہ۔ تنخواہ۔ پیڑھی۔ بیٹھنے کا آلہ (۵) دوکی جملی۔ بانات مخمل وغیرہ کی جوتی کے تلے جن پر کام بنا ہو (۶) دامنہ۔ دوسرے ... کا (۷) چمکا بھنڈا۔ پٹی۔ کمر میں باندھنے کا کپڑا۔ جیرہ۔ پیٹی۔ (۸) دستور۔ ریت۔ رسم۔ قاعدہ۔ رواج۔ حق خدمت جو دلہن کے گھر والوں اور خادموں کو چچے والے کی طرف سے رخصت کے وقت دیا جاتا ہے (۹) جو کر یہ یا محصول لگانے کا دستور العمل۔

پٹا اتار نا (ف) (۱) چپراس لے لینا۔ پیٹی اتار لینا۔ برخاست کرنا۔ نوکری سے علیحدہ کرنا۔ موقوف کرنا (۲) نہر لے لینا۔ کالر اتار لینا۔ گلوبند کھول لینا (۳) جانور کو چھوڑ دینا۔ آزاد کرنا (۴) نکال دینا۔ علیحدہ کر دینا۔ ملکیت سے علیحدہ کر دینا (۵) ذگری ... کرنا۔ ملازمت سے علیحدہ ہونا (۶) سبکدوش ہونا آزاد ہونا کام سے علیحدگی حاصل کرنا

پٹا پھیر (ف) مذکر۔ دولہا دلہن کا پٹا بدلنا۔ شادی کی رسموں میں سے ایک رسم ہے

پٹا تڑانا (ف) (۱) بیزار ہونا۔ تنگ ہونا۔ عاجز آنا۔ اکتا جانا (۲) آوارہ ہونا۔ بھاگ جانا۔ بھاگنے کا ارادہ کرنا۔ آزادی چاہنا (۳) گلوبند توڑنا زنجیر توڑنا۔ رسا توڑنا۔

پٹا پٹ (پٹا۔پٹ) (ف) مؤنث (۱) بوندوں یا پھولوں وغیرہ کے متواتر گرنے کی آواز (۲) سڑا سڑ لگاتار پیٹنے کی آواز (۳) بکثرت۔ بافراط۔ زیادتی کے ساتھ بہتات کے ساتھ پھلوں کا گرنا (۴) پٹ پٹ۔

متواتر۔ پیاپے۔ لگاتار۔ مسلسل ۔

پٹاپٹی (پٹا۔ پٹی) (۵) مؤنث۔ ایک دھاری دار کپڑا۔

پٹاپٹی کا پردہ (۱) مذکر۔ وہ پردہ جس میں قسم قسم کے پھول بوٹے بنے ہوئے ہوں۔ چوبکاری پردہ۔ میناکاری کا پردہ ۔

پٹلیچی کی گوٹ (۱) مؤنث۔ رنگا رنگ پھول پتی سے کاڑھا ہوا کنارہ۔ رنگ برنگی پھول بیل سے تیار کیا ہوا حاشیہ ۔

پٹاپر (پٹا۔ پَر) (۵) مذکر۔ ایک پھل۔ رس بھری۔

پٹاپڑنا (۵) کثرت سے ہونا ۔

پٹاخا (پٹا۔ خا) (۵) مذکر (۱) پڑاخا (آتش بازی کی قسم) (۲) بندوق کی ڈبی (۳) شوخ۔ چنچل۔ چلبلا۔ چالاک۔ تیز (۴) تڑاق پڑاق بولنے والا۔ بہت زیادہ بولنے والا۔ خوش آواز۔ خوش گلو۔ رسیلی آواز والا (۵) نمکین۔ ملیح۔ خوب صورت۔ معشوق ۔

پٹاخ سے بولنا (۱) آواز سے بولنا۔ ترت بولنا۔ بولنے سے پہلے جواب دینا ۔

پٹارا (پٹا۔ را) (۵) مذکر۔ بید یا بانس کا بنا ہوا ڈھکنے دار صندوقچہ ۔

پٹاری (۵) مؤنث (۱) بید یا بانس کی بنی ہوئی صندوقچی (۲) میوہ رکھنے کی ڈلری ۔

پٹاری کا خرچ (۱) مذکر (۱) پاندان کا خرچ۔ پان تمباکو کا صرف (۲) خرچی۔ حرام کاری کی اجرت ۔

پٹاری میں بند رکھنے کے قابل (۱) (طنزاً) عجیب و غریب۔ نادر ۔

پٹاش (پٹا۔ ش) (انگ Potash) مذکر۔ ایک آتش گیر مادہ۔ کھار۔ سجی مٹی ۔

پٹاک (پٹا۔ ک) (۵) مذکر۔ پٹ پٹ۔ بھد۔ پھل گرنے کی آواز ۔

پٹاکا (۵) مذکر۔ دیکھو "پٹاخا" ۔

پٹانا (پٹا۔ نا) (۵) (۱) وصول کرنا۔ دلوانا (۲) پانی لگانا۔ آبپاشی کرنا (۳) چھتوانا۔ چھت ڈلوانا۔ چھپر ڈلوانا۔ (۴) سودا کرنا۔ معاملہ کرنا۔ لین دین کرنا ۔

پٹاؤ (پٹا۔ اؤ) (۵) مذکر (۱) پوشش۔ چھت۔ کڑی۔ تختہ (۲) آبپاشی ۔

پٹ پٹ (۵) مؤنث۔ متواتر گرنے کی آواز۔ تڑ تڑ ۔

پٹپٹانا (پٹ۔ پٹا۔ نا) (۵) (عو) حسرت و افسوس کرنا۔ پچتانا۔ رنج کرنا ۔

پٹپڑ (پٹ۔ پڑ) (۵) مذکر (۱) ویرانہ۔ میدان۔ ہموار۔ مستوی۔ مسطح۔ برابر۔ یکساں زمین جہاں کوئی گھاس درخت وغیرہ نہ ہو (۲) دریا کے کنارے کی وہ زمین جو پانی میں ڈوب جاتی اور دریا کے خشک ہونے پر قابل زراعت ہوتی ہے ۔

پٹ پڑنا (۵) (۱) اوندھا پڑنا۔ الٹا پڑنا (۲) ہتھیار کا ٹھیک نہ پڑنا۔ وار صحیح نہ پڑنا ۔

پٹخارنا (پٹ۔ خار۔ نا) (۵) مارنا۔ پھٹکارنا۔ برا بھلا کہنا ۔

پٹخنا (پٹخ۔ نا) (۱) مذکر (۱) پٹکنا۔ دے مارنا۔ پچھاڑنا۔ (۲) ورم کم ہونا۔ سوجن کم ہونا ۔

پٹخنی (پٹخ۔ نی) (۵) مؤنث۔ کشتی میں زمین پر دے مارنا۔ گرانا (۲) زمین پر دے مارنے کی آواز ۔

پٹخنیاں کھانا (۱) پچھاڑیں کھانا۔ لوٹنیاں لینا۔ گرگر پڑنا۔ تڑپنا۔ لوٹنا ۔

پٹرول (پٹ۔ رول) (انگ Patrol) مذکر۔ مٹی کا تیل جو موٹر وغیرہ کی مشینوں کے چلانے میں صرف ہوتا ہے ۔

پٹڑا (پٹ۔ ڑا) (۵) مذکر (۱) تختہ۔ چوکی (۲) دھوبیوں کے کپڑے دھونے کا تختہ۔ لکڑی یا پتھر کی سل۔ (۳) پٹیلا ایک لکڑی کا لمبا تختہ جو زمین ہموار کرنے کے لئے کھیت میں پھیرتے ہیں ۔

پٹڑی (پٹ۔ ڑی) (۵) مؤنث (۱) تختی۔ چھوٹا تختہ۔ لوح (۲) روش۔ حاشیہ۔ کنارہ۔ مینڈ۔ ڈول۔ جدول (۳) پٹڑ۔ پٹی۔ پٹری (۴) ران۔ زانو۔ جیسے پٹڑی جما کر بیٹھنا (۵) کھجور کا کھپرا جس پر نلیاں جمائی جاتی ہیں ۔

پٹڑی جمانا (۱) آلتی پالتی لگانا۔ گھوڑے پر ران جما کر بیٹھنا ۔

پٹس (پٹ۔ ٹس) (۵) مؤنث۔ پیٹنا۔ رونا۔ ماتم۔ کہرام۔ دکھڑا رونا ۔

پٹسن (پٹ۔ سن) (۵) مذکر۔ ایک پودا جس میں سے سن نکالتے ہیں ۔

پٹکا (پٹ۔ کا) (۵) مذکر (۱) پیٹی۔ کمربند۔ کمر پیچ۔ کمر سے باندھنے کا دوپٹہ یا رومال (۲) مٹی کی دیوار میں چونے کی پٹی یا پتھر کی چنائی میں اینٹوں

کی پٹی۔

پٹکا باندھنا (ہ) کمر باندھنا۔ کسی کام پر مستعد ہونا۔

پٹکا پکڑنا (ہ) دامن پکڑنا۔ روکنا۔ مزاحم ہونا۔ تعرض کرنا۔

پٹکار (پٹ۔کار) (ہ) مؤنث۔ ایک چابک یا رسی جو جانوروں کو کھیت سے اڑانے کے کام آتی ہے۔

پٹکنا (پٹک۔نا) (ہ) پٹخنا۔ دے مارنا۔

پٹکی (پٹ۔کی) (ہ) مؤنث (۱) مرگ ناگہانی۔ ہلاکت۔ (۲) بیسن یا آٹا جو شوربہ گاڑھا کرنے کے لئے اکثر ساگ یا سالن میں ڈالتے ہیں (۳) بلا۔ غضب۔ قہر۔ آفت۔ مصیبت۔

پٹم (پٹ۔ٹم) (ہ) بند۔

پٹم ہونا (ہ) اندھا ہونا۔ چوپٹ ہونا۔

پٹمی لگانا (ہ) گنجے کے ٹکڑے ہونا۔

پٹن (پٹ۔ٹن) (ہ) مذکر۔ گھاٹ۔ آبادی۔ بستی۔

پٹن (پٹ۔ٹن) (ہ) مؤنث۔ پٹس۔ ماتم۔ کہرام۔

پٹنا (پٹ۔نا) (ہ) مذکر (۱) مار کھانا (۲) ماتم۔ کہرام۔ پیٹنا۔ رونا (۳) رنج۔ غم۔ سختی (۴) مصیبت۔ دکھڑا۔

پٹنا (پٹ۔نا) (ہ) مذکر (۱) وصول ہونا۔ ملنا۔ حاصل ہونا (۲) ہاتھ لگنا۔ سودا بننا۔ معاملہ ہونا (۳) پوشش ہونا۔ چھننا۔ چھایا جانا۔ کڑی تختے سے درست ہونا (۴) آبپاشی ہونا۔ سیراب ہونا۔ پانی لگنا (۵) بھرنا۔ پُر ہونا۔ لبالب ہونا۔ (۶) بکثرت ہونا۔ بہت ہونا۔ زیادہ ہونا۔ جیسے آموں سے بازار پٹنا۔

پٹنی (پٹ۔نی) } (ہ) مذکر۔ ملاح۔ گھاٹ کا
پٹونی (پٹو۔نی) } آدمی۔

پٹو (پٹ۔ٹو) (ہ) مذکر (۱) پٹنے والا۔ مار کھانے والا۔ دبیل (۲) ہار جانے والا۔ شکست کھانے والا۔ بھاگ جانے والا۔

پٹو (پٹ۔ٹو) (ہ) مذکر۔ موٹا اونی کپڑا۔ چارخانہ جیسے لوئی۔

پٹوا (پٹ۔وا) (ہ) مذکر۔ پٹڑے اور زیور وغیرہ میں ڈورے ڈالنے والا۔ علاقہ بند۔

پٹواری (پٹ۔وا۔ری) (ہ) مذکر۔ کارندہ۔ گاؤں کا حساب کتاب رکھنے والا۔ محاسب دہ۔ گاؤں کا کارکن گاؤں کے رقبے۔ پیداوار۔ لگان اور مالگزاری کی جانچ پڑتال کرنے والا۔

پٹوانا (پٹ۔وا۔نا) (ہ) (۱) وصول کرانا۔ دلوانا۔ پٹانا۔ (۲) سودا کرنا۔ بکوانا۔ بکری کرانا۔ معاملہ کرانا۔ طے کرانا۔ چھت ڈلوانا۔ کڑی تختے ڈلوانا (۳) آبپاشی کرانا۔ سیراب کرانا۔ پانی ڈلوانا (۴) بھرانا۔ پُر کرانا۔

پٹوانا (پٹ۔وا۔نا) (ہ) (۱) مار کھلوانا۔ جوتے لگوانا۔ ضرب لگوانا (۲) جھک جھک کرانا۔ بکوانا (۳) ماتم کرانا۔

پٹوتن (پٹو۔تن) (ہ) مؤنث۔ چھت پاٹنے کے تختے۔

پٹوڑ (پٹو۔وڑ) (ہ) مؤنث۔ ماتم۔

پٹولا (پٹو۔لا) (ہ) مذکر۔ ریشم کا کیڑا۔

پٹوں میں گھسنا } (ہ) (۱) دل میں گھر کرلینا (۲)
پٹوں میں چھپنا } ہمراز بننا۔

پٹہ (پٹہ) (ہ) مذکر۔ وہ تحریر جس کے ذریعے سے جائداد غیر منقولہ لگان یا کرائے پر دی یا لی جائے۔ وہ دستاویز جو کاشتکار مالک زمین کو اجارے کی بابت لکھ دے۔ ٹھیکیداری۔ ہر قسم کی دستاویز۔ چپراس۔

پٹہ خاتمی (ہ) مذکر۔ حق کا پٹہ۔

پٹہ دار (ہ) مذکر۔ پٹہ لینے والا۔

پٹہ میعادی (ہ) مذکر۔ وہ پٹہ جو ایک محدود زمانے کے لئے دیا جائے۔

پٹھ (پٹھ) (ہ) مؤنث (۱) آمیزش۔ چاشنی (۲) پٹھا۔ جانور کی دم کے اوپر کا حصہ۔ جسم۔ پیٹھ اور دم کا درمیانی حصہ۔

پٹھ (پٹھ) (ہ) مؤنث (۱) نوجوان بکری (۲) حسین۔ خوبصورت۔ چوزہ۔ جوانی میں بھری ہوئی۔

پٹھا (پٹھ۔ٹھا) (ہ) مذکر (۱) جانور کا چوتڑ۔ سرین کا بالائی حصہ (۲) فی۔ ایک۔ واحد۔ جیسے عہ پٹھا بکری فروخت ہوئی ہے۔

پٹھا (پٹھ۔ٹھا) (ہ) مذکر (۱) بیل۔ پہلوان (۲) پٹھے۔ عصب (۳) پٹھا۔ نوجوان۔ نوخیز۔ چوزہ۔ جوان بچہ (۴) تنکا۔ شاخ۔ ٹہنی (۵) کتاب کے دونوں طرف جو موٹا کاغذ حفاظت کے لئے لگاتے ہیں (۶) چوڑی چوڑی جو باریک چوڑیوں کے درمیان میں پہنی جاتی ہے (۷) اطلس یا ساٹن وغیرہ کی چوڑی گوٹ جو دوپٹوں اور لنگیوں وغیرہ پر لگائی جاتی ہے۔

پٹھان (پٹھان) (ہ) مذکر (۱) افغان۔ خان (۲) نہایت مضبوط اور زبردست قوم کا نام جو بہادری

میں ضرب المثل ہے (۳) بہادر۔ دلیر۔ سورما۔ جنگی سپاہی۔ ترک۔ لڑاکا۔ جنگ جو۔

پٹھان کا پوت گھڑی میں اولیا گھڑی میں بھوت } **پٹھان کا پُوت گھڑی میں ولی گھڑی میں بھوت**
(۵) کہاوت۔ پٹھان کی دوستی پر اعتبار نہ کرنا چاہیے۔ کبھی مہربان کبھی نامہربان۔

پٹھانا (پَٹھا۔ نا) (ف) (پوُرب) بھیجنا۔ روانہ کرنا۔ ارسال کرنا۔

پِٹھ تلا (پِٹھ۔ تلا) (ف) مؤنث۔ لباس کی کمر۔ کپڑے کا وہ حصہ جو پہننے کی حالت میں پیٹھ پر رہے۔

پِٹھو (پِٹھ۔ ٹھو) (ف) مذکر (۱) دم چھلا۔ پیچھے لگو۔ ہر وقت ساتھ لگا رہنے والا (۲) ساتھی۔ رفیق۔ مددگار۔ معاون۔ پشت پناہ (۳) اسباب بھرنے کا پٹارا۔

پِٹھوال (پِٹھ۔ وال) (ف) مذکر۔ ساتھی۔ رفیق۔ مددگار۔ معاون۔ پشت پناہ۔ پیچھے سے حفاظت کرنے والا۔ پیچھے سے روک کرنے والا۔ سیندھ لگانے والے کی حفاظت کرنے والا۔ چوری کرنے والے کا ساتھی۔ چور کا محافظ۔

پٹھور (پَٹھ۔ ٹھور) (ف) مذکر (پورب) (۱) چوزہ (۲) نوجوان بکری۔

پٹھوری (پَٹھو۔ ری) (ف) مؤنث۔ نوجوان بکری۔

پٹھوں میں بیٹھنا۔ یا۔ گھسنا (ل) (۱) اعصاب میں سرایت کر جانا۔ پٹھوں میں اثر کر جانا۔ پٹھوں میں گھسنا (۲) پیٹ میں گھسنا۔ دل میں گھر کرنا۔ طبیعت پر دخل پانا۔ دل میں جگہ پانا۔ (۳) گہرا دوست بننا۔ گاڑھا یار ہونا۔ دلی دوست ہونا۔ رفیق و ہمدم بننا۔ ساتھی اور ہمراہی بننا۔

پٹھے (ف) پٹھا کی جمع۔ بہت سے پٹھے۔ اعصاب۔ نوعمر۔ نوجوان۔

پٹھے (پَٹھے) (ف) سر کے دونوں طرف کے بال۔

پٹھی (پِٹھی) (ف) دھلی اور پسی ہوئی دال (پنجابی، پیٹھی)

پٹھیا (پَٹھ۔ یا) (ف) مؤنث (۱) بکری۔ گائے۔ بھینس وغیرہ کا مادین جوان بچہ (۲) نوعمر لڑکی۔ نوخیز لڑکی۔

پیٹھ پہ ہاتھ نہ رکھنے دینا (ل) پاس نہ پھٹکنے دینا۔ پاس نہ آنے دینا۔ دور بھاگنا۔ بات نہ کرنا۔

(۲) راضی نہ ہونا۔ منظور نہ کرنا۔ پسند نہ کرنا (۳) گھوڑے کا سوار نہ ہونے دینا۔ چڑھنے نہ دینا۔ بدکنا۔ وحشت کرنا۔ گھبرانا۔

پٹی (پَٹ۔ ٹی) (ف) مؤنث (۱) پٹی (۲) حصہ۔ جزو۔ ٹکڑا (۳) سربند۔ عصابہ۔ بندھن (۴) گاؤں کا چھوٹا حصہ۔ قطعہ زمین (۵) پگڑی کی بندش کی قسم (۶) کھنڈ قلم۔ پیٹھا۔ گزک کی لمبی چپٹی۔ چوکور قاشیں (۷) پائی۔ پٹی جو چارپائی کے دو جانب لگی ہوتی ہے (۸) صف۔ قطار۔ لنگ (۹) حصہ۔ ٹکڑا۔ بخرا۔ بھاگ۔ جز (۱۰) لمبی دھجی۔ برسات برہی (۱۱) ماتھے پر گوند وغیرہ سے جمائے ہوئے بال (۱۲) تختی۔ لوح (۱۳) سبق۔ باب۔ فصل (۱۴) بہکانا۔ پھسلانا۔ اغوا۔ دھوکا۔ بدظنی۔ مخالفت۔ برائی۔ غیبت۔ چغلی (۱۵) لنگوٹ (۱۶) حاشیہ۔ کنارہ۔ بیوش۔ پٹڑی (۱۷) جانب۔

پٹی آنکھوں پر باندھنا (ل) محاورہ (۱) چشم پوشی کرنا۔ درگزر کرنا (۲) بے مروتی کرنا۔ لحاظ نہ کرنا۔ (۳) آنکھیں بند کرنا۔

پٹی باندھنا (ل) بندھن باندھنا۔ زخم یا آنکھ وغیرہ پر کپڑے کی دھجی باندھنا۔

پٹی پڑھانا (ل) (۱) سبق پڑھانا۔ تعلیم دینا۔ سکھانا۔ سمجھانا (۲) بہکانا۔ اغوا کرنا۔ ورغلانا۔ پھسلانا۔ دھوکا دینا۔

پٹی دار (ل) مذکر (۱) حصہ دار۔ شریک۔ پٹی دار۔ ساجھی۔ (۲) پٹی کا مالک۔ گاؤں کا شریک۔

پٹی داری (ل) مؤنث۔ حصہ داری۔ شرکت۔ پٹی داری۔ ساجھا۔

پٹی داری نامکمل (ل) مؤنث۔ وہ پٹی داری جس میں کچھ اراضی تقسیم شدہ ہو۔ کچھ مشترک۔

پٹی دینا (ل) (۱) دیکھو "پٹی پڑھانا" (۲) تختی دینا۔ لوح بخشنا (۳) گھوڑے کو لمبا دوڑانا۔

پٹے (پَٹ۔ ٹے) پٹا کی جمع۔ سر کے بال جنہیں مرد سر کے دونوں طرف کانوں تک یا پیچھے لٹکاتے ہیں۔

پٹیا (پَٹ۔ یا) (ف) (۱) پتھر کی سل۔ پتھر کا تختہ یا چوکا۔ پشتان (۲) پٹی۔ ماتھے پر بالوں کا جمانا۔

پٹیاں جمانا (ل) (۱) بالوں کو ماتھے کے دونوں طرف جمانا (۲) جوڑ کے قائم کرنا۔ پتھر کے تختے مکان میں لگانا۔ پتھر کی سلوں کو چھت یا دیوار میں

گھوانا۔

پٹیت (پَٹیْت) (ہ) مذکر (۱) پٹا کھیلنے والا۔ پٹے کا کھلاڑی۔ پٹے باز۔ گدکے کا کھلاڑی (۲) بیوقوف۔ احمق (۳) سیاہ۔ سُرخ۔ زرد۔ نیلا کبوتر جس کے بعض گلے میں سفید دھاری ہو۔

پٹیٹ (پَٹیْٹ) (ہ) مذکر۔ ٹھٹھیداری۔ پٹی کھینے والا۔

پٹیر۔ پٹیرا (پَٹیر۔ پَٹے۔ را) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کی گھاس (۲) پاس کا کاغذ۔

پٹیل (پَٹیل) (ہ) مذکر (۱) پٹے باز (۲) حکومت (۳) گاؤں کا نمبردار یا چودھری (۴) مقدم (۵) کسی قوم کا چودھری یا فرد (۶) مرہٹوں کا ایک لقب۔

پٹیل (پِٹیل) (ہ) مار کھانے والا۔ ذلیل۔

پٹیلا (پِٹے۔ لا) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کی گھاس جس کی چٹائی بنتی ہے (۲) بیڑا۔ بانسوں کی کڑیوں کو باندھ کر سطح آب پر بنا ہوا چبوترہ جو کشتی کی جگہ کام دیتا ہے (۳) میڑا۔ کھیت میں پھیرنے کا تختہ (۴) سل۔ چٹان۔

پٹیل ڈالنا (ہ) کم قیمت پر بیچ ڈالنا۔

پٹیلنا (پَٹیل۔ نا) (ہ) (۱) بازی لینا۔ جیتنا (۲) حاصل کرنا۔ کمانا (۳) ٹھونکنا۔ پیٹنا۔ مارنا۔ زد و کوب کرنا (۴) شکست دینا۔ مغلوب کرنا۔ زیر کرنا۔ نیچا دکھانا۔

پٹیلوں (پِٹی۔ لوں) (ہ) مؤنث۔ تیتر کی آواز۔

پٹین (پُٹین) (مستعمل) انگریزی۔ پٹنگ۔ (Puddling) مذکر (۱) لکڑی کی درازوں اور چھیدوں کو بند کرنے کا مسالہ شیشوں کو کواڑوں میں چپکانے کا مسالہ۔ لگدی (۲) حلوے کی قسم کا ایک لذیذ کھانا۔

پ - ج

پجا (پُجا) (ہ) بھرا۔ آباد۔

پجایا (پُجا۔ پا) (ہ) مذکر (۱) پوجنے کا سامان۔ چڑھاوے کی چیزیں (۲) جھگڑا۔ بکھیڑا۔ دکھ۔ مصیبت۔

پجاری (پُجا۔ ری) (ہ) مذکر (۱) پوجنے والا۔ عبادت کرنے والا۔ بتوں کی پرستش کرنے والا (۲) مجاور۔ پانڈا۔

پجانا (پُجا۔ نا) (ہ) بھرنا۔ پورا کرنا۔

پجاوا (پَجا۔ وا) (ہ) مذکر (۱) پزاوہ۔ آوا۔ بھٹا۔

پجنا (پُج۔ نا) (ہ) (۱) مانا جانا (۲) پرستش کیا جانا۔

پجوانا (پُج۔ وا۔ نا) (ہ) (۱) عبادت کرانا۔ بندگی کرانا۔ پرستش کرانا۔

پجوڑا (پَجو۔ ڑا) (ہ) (۱) نہایت ہی ذلیل تر۔ بہت کمینہ۔ رذیل۔ کمت ناکس۔

پجوڑی (پَجو۔ ڑی) (ہ) مؤنث۔ پجوڑا کی تانیث۔ پاجی عورت۔

پ - چ

پچ (پَچ) (ہ) مؤنث (۱) طرف داری۔ جانب داری۔ حمایت۔ رعایت۔ پاس (۲) تعصب۔ ہٹ۔ اڑ۔ ضد (۳) کوشش۔ سعی۔

پچ کرنا (ہ) (۱) طرف داری کرنا۔ جانب داری کرنا۔ حمایتی ہونا۔ رعایت کرنا۔ لحاظ کرنا (۲) تعصب کرنا۔ ضد کرنا (۳) کوشش کرنا۔ سعی کرنا۔ اپنے منہ سے نکلی ہوئی بات پر اڑے رہنا۔

پچ مرنا (ہ) نہایت کوشش کرکے تھک جانا۔ زیادہ محنت کرنا۔

پچ پھولا رانی بچی بہیں (ہ) مثل۔ نہایت نازک ہیں۔ نزاکت پر بہت گھمنڈ ہے۔

پچ رنگا (پَچ۔ رن۔ گا) (ہ) (۱) پانچ رنگ کا۔ رنگا رنگ کا۔ رنگین (۲) سچکونا۔

پچ میل (ہ) (۱) ملی جلی۔ ہر قسم کی۔ سب طرح کی (۲) پانچ قسم کی (۳) پانچ دھاتوں کی۔

پچارا (پُچا۔ را) (ہ) مذکر (۱) پوتا کرنے کی کوچی۔ برش (۲) ہلکا رنگ۔ سفیدی وغیرہ کی پتلی تہ۔

پچارا پھیرنا (ہ) (۱) پوتا پھیرنا۔ رنگائی کرنا۔ سفیدی کرنا۔ پوتنا (۲) صفائی کرنا۔ صاف کرنا۔ مٹانا (۳) اکسانا۔ ترغیب دینا۔ ابھارنا۔ جوش دلانا۔

پچارا دینا (ہ) (۱) روغن قاز ملنا (۲) خوشامد کرنا (۳) دیکھو "پچارا پھیرنا"۔

پچاس (پَچاس) (ہ) پنجاہ۔ خمسون۔ پانچ دہائی۔ ۵۰۔ 50۔

پچاسا (ہ) مذکر (۱) پچاس روپیہ کا وزن۔ (۲)

پچاس روپیہ وزن تولنے کا کانٹا (۳) پچاس کی تعداد۔ پچاس کی رقم۔

پچاسوں (ف) (۱) پچاس کے پچاس (۲) بہت۔ بکثرت۔ زیادہ۔

پچاسی (پَچا۔ سی) (ف) پانچ اُوپر اسّی۔ اسّی اور پانچ۔ ۸۵۔ 85۔

پچانا (پَچا۔ نا) (ف) (۱) ہضم کرنا۔ برداشت کرنا۔ سہارنا۔ گوارا کرنا (۲) مال مار کر کھا جانا۔ چٹ کر جانا۔ کھا جانا۔

پچانوے (پَچان۔ وے) (ف) نوّے اور پانچ۔ نود و پنج۔ ۹۵۔ 95۔

پچاؤ (پچا۔ آؤ) (ف) مذکر (۱) ہاضمے کی طاقت (۲) برداشت۔ سہارا۔

پچ پچ (پچ۔ پچ) (ف) مونث۔ کیچڑ یا دلدل میں چلنے کی آواز۔

پچ پچا (پچ۔ پچا) (ف) ادھ کچرا کھانا۔ جس کا پانی خشک نہ ہوا ہو۔

پچپن (پچ۔ پن) (ف) پانچ اوپر پچاس۔ پنجاہ و پنج۔ ۵۵۔ 55۔

پچتانا (پچ۔ تا۔ نا) (ف) (۱) افسوس کرنا۔ رنج کرنا۔ حسرت کرنا (۲) پشیمان ہونا۔ شرمانا۔ نادم ہونا۔

پچتاوا (پچ۔ تا۔ وا) (ف) مذکر (۱) حسرت۔ افسوس۔ (۲) شرم۔ ندامت۔ پشیمانی۔ شرمندگی۔ ملال۔

پچڑ (پچ۔ چڑ) (ف) مؤنث۔ روک۔ مزاحمت۔ تعرض۔

پچڑ اڑانا (ف) کھونٹی گاڑنا۔ فانہ لگانا۔ میخ گاڑنا (۳) مزاحمت کرنا۔ روک ٹوک کرنا۔ تعرض کرنا۔

پچڑ ٹھونکنا (ا) دیکھو "پچڑ اڑانا"۔

پچڑ مارنا (ا) (۱) دیکھو پچڑ اڑانا (۲) بھانجی مارنا۔ کام بگاڑنا۔ خرابی ڈالنا۔ چغلی کھانا۔

پچک (پچک) (ف) مؤنث۔ مرغی کے انڈے کا نچلا حصہ۔

پچک (پچک) پچکنا کا امر۔

پچکار (پچ۔ کار) (ف) مؤنث (۱) چمکار۔ پیار (۲) اطمینان۔ دلاسا۔ تھپک۔

پچکارنا (ا) (۱) چمکارنا۔ پیار کرنا (۲) تسلی دینا۔ اطمینان کرنا۔ دلاسا دینا۔ تھپکنا۔ تھپکی دینا۔

پچکاری (ف) مؤنث (۱) چمکاری (۲) دیکھو پچکارا۔

پیار کی آواز۔

پچکاری (پچ۔ کا۔ ری) (ف) مؤنث (۱) دم کا۔ چگیر (۲) رنگ پاشی کا آلہ (۳) فوّارہ (۴) منہ سے پان کی پیک۔ دھار باندھ کر پھینکنا۔

پچکاری دینا (ا) جانور یا بچے کو پیار کرنے کے لیے بلانا۔

پچکانا (پچ۔ کا۔ نا) (ف) دبانا۔ بھینچنا۔ دھنسانا۔

پچکلیاں (پنچ۔ کل۔ یاں) (ا) مذکر۔ وہ جانور جس کا ماتھا اور چاروں پاؤں کا رنگ سفید اور تمام جسم کا رنگ سرخ یا سیاہ وغیرہ ہو۔

پچکنا (ف) دبنا۔ بھچنا۔ پٹخنا۔ سکڑنا۔ دھنسنا۔ گڑنا۔

پچلڑی (پنچ۔ لڑی) (ف) مؤنث۔ پانچ لڑیوں کی۔ پانچ ڈوریوں میں پروئے ہوئے موتیوں یا سونے کے دانوں کا زیور۔

پچلونا (پنچ۔ لو۔ نا) (ف) مذکر (۱) پانچ نمکوں سے بنا ہوا چورن (۲) پانچ ذائقوں کا۔ پانچ مزوں کا۔

پچنا (پچ۔ نا) (ف) (۱) ہضم ہونا۔ گلنا (۲) ضبط ہونا۔ سہارا ہونا۔ برداشت ہونا (۳) طرفداری کرنا۔ جانبداری کرنا۔ پچ کرنا (۴) نہایت کوشش کرنا۔ بہت سر مارنا (۵) ایسٹ ہونا۔ برآمد ہونا۔ چوری کا پتہ نہ لگنا۔

پچوترا (پنچوت۔ را) (ف) مذکر۔ پانچ فی صدی رقم جو عموماً مالیہ میں زائد لی جاتی ہے۔

پچوتی (پنچو۔ تی) (ف) مؤنث معدہ۔

پچھاڑ (پچھاڑ) (ف) مؤنث (۱) پٹخنی۔ پیٹھ کے بل زمین پر گرنا (۲) بے ہوش ہو کر گرنا

پچھاڑنا (ف) مؤنث (۱) پٹخنی دینا۔ پٹخنا۔ پچھاڑنا۔ دے مارنا۔ چت کرنا (۲) مات کرنا۔ شکست دینا۔ ہرانا۔ عاجز کرنا (۳) بے حال کر دینا۔ مضمحل کر دینا۔ کمزور کرنا۔ تھکانا (۴) مار ڈالنا۔ قتل کرنا (۵) فتح پانا۔ جیتنا۔ بازی لے جانا۔ بڑھ جانا۔ نمبر لینا (۶) گرا دینا۔ ڈالنا۔ لٹانا۔ زیر کرنا۔

پچھاڑی (پچھا۔ ڑی) (ف) مؤنث (۱) پیچھے۔ پس پشت۔ عقب میں (۲) غیر حاضری۔ ناموجودگی (۳) پاؤں میں باندھنے کی رسی یا زنجیر۔ پیکھڑا۔ پیکا۔

پچھاڑیں کھانا (ا) (۱) لوٹنا۔ تڑپنا۔ گر پڑنا۔ پٹخنیں کھانا۔ گر گر پڑنا (۲) صدمے اٹھانا۔ رنج سہنا۔ دکھ

بھوگنا (۳) شکست کھانا۔ صدمے سے گر پڑنا۔

پچھان (پ۔ چھان) (ف) مذکر۔ پچھم۔ مغرب۔

پچھاوا۔ پچھایا (پچھا۔ وا۔ پچھا۔ یا) (ہ) مذکر (عو) اگلیا کا وہ حصّہ جو پیٹھ کے پیچھے رہتا ہے۔

پچھتا (پچھ۔ تا) (ہ) مذکر۔ پانچ ہاتھ کے قد کا۔ پورا جوان۔ لمبا۔ چوڑا۔ جسیم۔ قد آور

پچھتانا (پچھ۔ تا۔ نا) (ہ) پشیمان ہونا۔ پچھتانا۔

پچھتاوا (پچھ۔ تا۔ وا) (ہ) مذکر۔ حسرت۔ پشیمانی۔ پچھتاوا۔

پچھتر (پچھ۔ تر) (ہ) پانچ اوپر ستر۔ ۷۵

پچھڑنا (پچھڑ۔ نا) (ہ) (۱) چت ہونا۔ گرنا (۲) بیمار ہونا۔ علیل ہونا۔ مرض میں مبتلا ہونا (۳) مات ہونا۔ شکست کھانا۔ ہار جانا (۴) پیچھے رہ جانا۔ چھوٹ جانا (۵) کامیاب ہونا۔ برابری نہ کرسکنا۔

پچھلا (پچھ۔ لا) (ہ) مذکر (۱) پیچھے کا۔ اخیر کا (۲) پڑھا ہوا۔ آموختہ

پچھلا پہر (ہ) مذکر۔ رات یا دن کا آخری چوتھا حصہ

پچھل پائی (ہ) مؤنث (۱) جس کے پاؤں کا رخ آگے کے بجائے پیچھے کو ہو (۲) ڈائن۔ چڑیل (۳) ساحرہ۔ جادوگرنی۔ منحوس۔

پچھلگو (ہ) مذکر (۱) طفیلیا۔ پیچھے چلنے والا۔ دنبالہ۔ پچھالہ۔ پیچھے لگنے والا (۲) پچھلی اولاد۔

پچھلی ٹکیا (ہ) مؤنث۔ آخری روٹی۔ بعد کی پکی ہوئی روٹی۔ تمام روٹیاں پکنے کے بعد کی روٹی۔ روٹی پکانے والی پیچھے ایک نہایت موٹی روٹی اپنے لئے پکاتی ہے۔ اسے ٹکیا کہتے ہیں۔

پچھلی رات (ہ) مؤنث۔ آخر شب۔ آدھی رات کے بعد کا وقت۔

پچھلی روٹی کھائے۔ پچھلی مت آئے (ہ) مثل (عو) سب سے آخر میں روٹی کھانے والا بے وقوف ہوتا ہے۔

پچھلے پاؤں پھرنا (ہ) (۱) پچھلے پاؤں ہٹنا۔ الٹے قدموں لوٹنا۔ فوراً واپس ہونا (۲) پسپا ہونا۔ شکست کھانا۔ ہارنا۔

پچھم (پچھ۔ چھم) (ہ) مذکر۔ مغرب۔ پچھان۔

پچھم جاؤ کہ دکھن۔ وہی کرم کے پچھن (ہ) مثل۔ روزی کی تلاش میں چاہو کہیں۔ اور جہاں چاہو جاؤ۔ جو قسمت میں ہوگا۔ وہی ملے گا۔

پچھمی (ہ) مؤنث۔ پچھان کی۔ مغرب کی۔ پچھم کی۔ مغربی۔

پچھنا (پچھ۔ نا) (ہ) مذکر (۱) دشنہ۔ استرا۔ نشتر (گودنے کا آلہ) (۲) فصد۔ ٹیکا۔ گودنا۔

پچھنے دینا (ہ) (۱) پچھنے لگانا۔ گودنا۔ فصد کرنا۔ خون نکالنا۔ ٹیکا لگانا (۲) طعنے مہنے دینا۔ بُرا بھلا سنانا۔

پچھنے لگانا (ہ) (۱) فصد لینا۔ خون نکالنا۔ بھری سینگیاں لگانا (۲) طعنے مہنے دینا۔ دل کو زخم پہنچانا۔

پچھوا (پچھ۔ وا) (ہ) مؤنث (۱) پورب یا دنبلہ۔ پچھم کی ہوا (۲) انگیا کی پیٹھ

پچھوا چلے۔ کھیتی پھلے ۔ پچھم کی ہوا گرم ہوتی ہے۔ اس لئے کھیتی جلد پکتی ہے۔

پچھواڑا (پچھ۔ وا۔ ڑا) (ہ) مذکر۔ عقب خانہ۔ گھر کی پشت۔ مکان کی پیٹھ

پچھوانا (پچھ۔ وا۔ نا) (ہ) کسی دوسرے کے ذریعے سے دریافت کرنا۔

پچھوائی (پچھ۔ وا۔ ئی) (ہ) مؤنث۔ پچھوا ہوا

پچھوت (پچھوت) (ہ) مؤنث (۱) پچھائی۔ آخری۔ پچھلی۔ اخیر کی پیداوار (۲) بعد میں۔ پیچھے۔

پچھوڑا (پچھو۔ ڑا) (ہ) مذکر (ہندو) وہ کپڑا جسے کبھی کمر سے باندھتے اور کبھی سر پر ڈال لیتے ہیں۔

پچھوڑ۔ پچھوڑن (پچھوڑ۔ پچھو۔ ڑن) (ہ) مؤنث۔ وہ کوڑا کرکٹ جو غلہ صاف کرنے پر نکلے

پچھوڑنا (پچھوڑ۔ نا) (ہ) چھاج سے غلّہ صاف کرنا

پچھونڈی (پچھوں۔ ڈی) (ہ) (عوام) (عو) پیچھے پیچھے

پچھویّا (پچھ۔ وی۔ یا) (ہ) مذکر۔ دریافت کرنے والا۔ پوچھنے والا۔ خبر لینے والا۔ خبرگیراں۔ مددگار۔

پچھیا۔ پچھیاؤ (پچھ۔ یا۔ پچھ۔ یا۔ ؤ) (ہ) مؤنث پچھم کی ہوا۔

پچھیت (پچھیت) (ہ) مؤنث۔ مکان کے پیچھے کی دیوار۔ پچھواڑا

پچّی (پَچ۔چی) (ہ) مؤنث (۱) پیچڑ۔ دھاس (۲) جوڑ۔ پیوند۔ چیپی (۳) ملا ہوا۔ جُڑا ہوا (۴) مضبوط۔ پکّا۔ پختہ (۵) ہم آواز۔

پچّی کاری (ہ) مؤنث۔ پتھر میں پتھر جڑنا۔ جڑاؤ کام۔ ملانا۔ جوڑنا۔ پیچڑ لگانا۔ چسپاں کرنا۔ چونے کا کام۔

پچّی کاری کرنا (۱) اینٹ اور چونے کو آپس میں اچھی طرح وصل کرکے ہموار کرنا۔

پچّی کرنا (۱) پیوست کرنا۔ مضبوط کرنا۔ پھنسا دینا۔

پچیت (پَچ۔چیت) (ہ) مذکر (۱) پہلوان۔ داؤں کرنے والا۔ پیچ جاننے والا کشتی گیر (۲) ہنرمند۔ فن کا جاننے والا۔ (۳) تجربہ کار۔ ہوشیار (۴) چالاک۔ فریبی دغا باز۔ چال باز (۵) آٹھ گانٹھ کمیت۔ چوکس۔

پچیتی (ہ) مؤنث (۱) داؤں۔ چالاکی۔ ہوشیاری۔ چالبازی (۲) پہلوانی۔ کشتی گیری۔

پچیس (پَچ۔چیس) (ہ) پانچ اوپر بیس۔ بست و پنج۔ ۲۵۔ 25۔

پچیسواں (ہ) پچیس سے نسبت رکھنے والا۔ بست و پنجم۔

پچیسی (ہ) مؤنث۔ چوسر۔ ایک کھیل جو سات کوڑیوں سے کھیلا جاتا ہے۔

پ - خ

پخ (پَخ) (ہ) مؤنث (۱) روک۔ تھام۔ اٹکاؤ (۲) جھگڑا۔ دقت۔ خرابی (۳) بخ بخ۔ بک بک۔ غل شور۔

پخ پھیلانا (ہ) جھگڑا ڈالنا۔ شور و شر کرنا۔ فساد کرنا۔

پخ کرنا (ہ) (۱) جھگڑا ڈالنا۔ شور و شر کرنا۔ (۲) روک ٹوک کرنا۔ پیچڑ لگانا (۳) دقت پیدا کرنا۔ خرابی ڈالنا (۴) شرط قائم کرنا۔ حجت پیدا کرنا۔

پخ لگانا (ہ) (۱) روگ لگانا۔ جھگڑا لگانا (۲) تکرار بے جا کرنا۔ واہیات بکنا۔

پخ مچانا (ہ) شور کرنا۔ غل غپاڑا کرنا۔ ہمہمہ کرنا۔ بیہودہ بکنا۔ مذاق کرنا۔

پخ نکالنا (ہ) (۱) خرابی ڈالنا۔ نقص ظاہر کرنا۔ دقت پیدا کرنا (۲) اعتراض کرنا۔ تکرار پیدا کرنا۔ حجت نکالنا (۳) اٹکا ڈالنا۔ پیچ ٹھونکنا۔

پخال (پَکھال) (ہ) مؤنث۔ پکھال۔ چرسہ۔ مشک جو بھینسے وغیرہ جانور پر لادی جاتی ہے۔

پخال پیٹیا (ہ) بڑ پیٹو۔ بڑپیٹیا۔ زیادہ کھانے والا۔

پخ پخی چھوٹنا (ہ) ذرا لگنا۔ جھک ہو جانا۔

پخت (پُخت) (ف) مؤنث۔ پکنے کا فعل۔

پختریاں (پَخ۔تَر۔یاں) (ہ) مؤنث (۱) نوٹیاں۔ چپاتیاں (۲) بے محنت مزدوری کی روٹی۔ مفت کی روٹی۔

پختگی (پُخ۔تَگی) (ف) مؤنث (۱) مضبوطی۔ پکائی (۲) تجربہ کاری ہوشیاری۔ واقف کاری (۳) بالغ ہونا (۴) عمر رسیدہ ہونا (۵) کمال ہونا۔

پخت و پز (ف) (۱) ٹھیک ٹھاک۔ پکّا۔ مضبوط (۲) مؤنث۔ قول تعین۔ تصفیہ۔ قطع حجت۔ طے (۳) وعدہ وعید۔ قول قرار۔

پختہ (ف) (۱) پکّا۔ مضبوط۔ پائدار (۲) تجربہ کار۔ ہوشیار۔ واقف کار (۳) بالغ (۴) عمر رسیدہ۔ (۵) مکمل۔ پورا (۶) طے۔ قطع حجت (۷) بریاں۔ پکا ہوا۔ سینکا ہوا۔ بھنا ہوا (۸) مستقل۔

پختہ کار (ف) مذکر۔ تجربہ کار۔ ہوشیار۔ واقف کار۔ ہنرمند۔

پختہ کرنا (ہ) (۱) مضبوط کرنا۔ پکانا۔ پائدار کرنا۔ مستحکم کرنا (۲) تجربے میں لانا۔ جانچ کرنا۔ امتحان کرنا (۳) طے کرنا۔ قطع حجت کرنا۔ ٹھیک ٹھاک کرنا (۴) واقف کرنا تجربہ کار بنانا۔ ہوشیار کرنا (۵) مکمل کرنا۔ پورا کرنا (۶) کمی نکالنا۔ خامی دور کرنا۔

پُخنا (ہ) مذکر (۱) بے ہودہ۔ کمینہ۔ سفلہ (۲) بے تمیز۔ بد تہذیب۔ نامعقول (۳) یاوہ گو (۵) بھٹیارا۔

پُخنی (ہ) مؤنث۔ پخنا کی تانیث۔ بھٹیاری۔ بیہودہ

قل مچانے والی۔

پچیا (۱) مذکر۔ جھگڑالو۔ فسادی۔ بے ہودہ۔ کمینہ۔

پ - د

پد (پَد) (س) مذکر (۱) پاؤں۔ پَیر۔ قدم۔ چرن۔ (۲) فقرہ۔ مصرع۔ گیت (۳) کھوج۔ نشان۔ پتہ۔ نقش (۴) درجہ۔ مرتبہ۔ عزت۔ خطاب۔ (۵) (پنجابی) گوز

پدّا (پِدّ۔ ا) (ھ) مؤنث (۱) ایک چھوٹی سی چڑیا۔ پھدکی (۲) پھسکنا۔ غلیل میں غلہ رکھ کر چلانے کی جگہ (۳) حقیر۔ بے حیثیت۔ ذلیل۔ (۵) کم طاقت۔ بے قدرت۔

پد ارتھ (پدا۔ رتھ) (س) مذکر (۱) شئے۔ چیز بست (۲) عمدہ کھانا۔ لذیذ چیز۔

پدانا (پدا۔ نا) (ھ) تھکانا۔ ہرانا۔ عاجز کرنا۔ چیں بلوانا۔

پدر (پدر) (ف) مذکر۔ باپ۔ والد۔ پتا۔ ابّا۔

پدرم سلطان بود (ف) مثل۔ اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص اپنے باپ دادا کے متعلق شیخی بگھارے۔

پدرود (پد۔ رود) (ف) مذکر (۱) رخصت۔ اجازت (۲) اللہ حافظ۔ التدبیبی۔ الوداع۔ سلام۔

پدری (ف) باپ کی۔ پدر کی۔ والد کی۔ پتا کی۔ موروثی۔ باپ سے ورثے میں ملی ہوئی چیز

پدم (پدم) (س) (۱) گول چکردار نشان جو آدمی کی انگلیوں پر ہوتا ہے (۲) نیلوفر۔ کنول۔ (۳) ہاتھی کی کھال کے نشان (۴) سو نیل کا ایک پدم علم ہندسہ میں۔

پدمنی (پد۔ منی) (س) مؤنث (۱) نہایت خوب صورت۔ نازک اندام۔ نہایت حسین عورتوں میں اوّل درجہ کی شکیل و خوب صورت اور نازک عورت (۲) جل مانس کی عورت۔ مردم آبی کی زوجہ۔ جل استری۔

پدنا۔ پدّو۔ پدوڑا (ھ) (۱) پدوڑا۔ پادنے والا۔ زیادہ گوز لگانے والا (۲) نامرد۔ ہیز۔ بزدل۔ ڈرپوک۔

پدھارنا (پدھار۔ نا) (ل) (۱) آنا۔ قدم رنجہ فرمانا تشریف لانا۔ درشن دینا (۲) جانا۔ تشریف لے جانا۔ سدھارنا (۳) براجنا۔ بیٹھنا۔ تشریف رکھنا۔

پدھان (پد۔ ھان) (ھ) مذکر مقدم۔ چودھری۔ گاؤں کا چودھری۔ پردھان۔ صدر۔ میر۔

پدھی (پدھ۔ دھی) (ھ) مؤنث۔ پگڈنڈی۔ سرداری۔

پدید۔ پدیدار (پدید۔ پدی۔ دار) (ف) ظاہر۔

پ - ڈ

پڈا (ھ) مذکر۔ کھیت کی حد۔

پڈنگ (پڈنگ) انگ (Puddinz) دیکھو پڈنگ نمبر۲

پ - ذ

پذیرا (پذی۔ را) (ف) مقبول۔ منظور۔ پسند۔

پذیرائی (ف) مؤنث (۱) قبولیت۔ منظوری۔ (۲) استقبال

پ - ر

پر (پَر) (ف) مذکر۔ حرف شرط ہے (۱) لیکن۔ الّا۔ مگر۔ دگرنہ (۲) (ل) اوپر۔ بالا (۳) زور۔ طاقت (۴) بازو۔ بال۔ پنکھ (۵) فی۔ ایک۔ واحد۔ پرندے منطق (۶) میں۔ اندر۔ بھیتر۔ درمیان۔ بیچ (۷) مدد سہارا۔ حمایتی۔ معاون (۸) دوسرا۔ اور۔ غیر علاوہ۔ بیگانہ۔

پر باندھنا (ل) (۱) پروں کو باندھنا (۲) مجبور کرنا۔ بے بس کرنا۔ عاجز کرنا (۳) طاقت گھٹانا۔ کمزور کرنا (۴) مدد بند کرنا۔

پر پرزوں سے درست ہونا (ل) (۱) ہوش سنبھالنا۔ بالغ ہونا (۲) جوبن نکھارنا۔ بناؤ سنگار کرنا (۳) مستعد ہونا۔ تیار ہونا۔ ٹھیک ٹھاک ہونا۔ لیس ہونا۔ مسلح ہونا (۴) کیل کانٹے سے درست ہونا۔ سامان تیار کرنا (۵) کمی پوری کرنا (۶) مقابلے پر آمادہ ہونا۔

پر ٹوٹنا (ل) (۱) بازو گرنا۔ پنکھ ٹوٹنا۔ پر بال و پر شکست ہونا (۲) قوت کم ہونا۔ زور گھٹنا۔ (۳) مدد نہ پہنچنا۔ سہارا نہ ملنا۔ حمایتی کا مخالف سے سازش کر جانا۔

پر جلنا (ا) (۱) تاب و طاقت نہ رہنا۔ قوت و زور گھٹنا۔ کس بل جاتا رہنا (۲) خوف ہونا۔ ڈرنا۔ دہشت کھانا۔ مرعوب ہونا (۳) پہنچ نہ سکنا۔ گزر نہ ہو سکنا۔ رسائی نہ ہونا (۴) بال و پر کا سوختہ ہونا۔ پنکھ جلنا۔ (۵) حسد ہونا۔ دیکھ کر جلنا۔

پر جمنا (ا) (۱) پر اُگنا۔ پر نکلنا۔ پر آنا (۲) غرور پیدا ہونا۔ گھمنڈ کرنا۔

پر جھاڑنا (ا) (۱) پر گرانا۔ کریز میں آنا (۲) پروں کو جھٹکنا۔ پروں کو جھاڑنا۔ پروں کو کھولنا (۳) اڑنے کا ارادہ کرنا (۴) پرواز کرنا۔

پر دار (ف) مذکر۔ پرندہ۔ اڑنے والا۔ پروالا۔ پرند۔

پر تینچ کرنا (ا) (۱) پر بریدہ کرنا۔ پروں کو کترنا۔ پروں کو کاٹنا۔ بے پر کرنا (۲) بے بس کرنا۔ بیکس کرنا۔ مجبور کرنا۔ عاجز کرنا۔ پر شکستہ کرنا۔

پر کا قلم (ا) مذکر۔ لکھنے کا قلم جو پر سے بنایا جاتا ہے۔

پر کا کوا بنا دینا (ا) حد سے زیادہ مبالغہ کرنا۔ بات کا بتنگڑ بنا دینا۔

پر لگنا (ا) (۱) اترانا۔ شیخی مارنا (۲) بال و پر پیدا ہو جانا۔ بازو اور پنکھ لگنا۔

پر لینا (ا) پر کاٹنا۔ پر کترنا۔ پر تینچ کرنا۔

پر مارنا (ا) (۱) اڑنا۔ پرواز کرنا۔ فضا میں جانا (۲) بازو مارنا۔ پروں سے چوٹ دینا (۳) پھڑپھڑانا۔ ہاتھ پاؤں مارنا (۴) کوشش کرنا۔ سعی کرنا۔ محنت کرنا۔ ہاتھ پاؤں ہلانا۔

پر و بال نکالنا (ا) (۱) ہوش سنبھالنا۔ شعور ہونا۔ تمیز آنا۔ عقل پیدا ہونا (۲) جوبن نکالنا۔ خوب صورتی پر آنا (۳) شرارت پر آنا۔ ظلم و زیادتی کرنا۔

پرامیسری نوٹ (پَرا مِس۔ سَری۔ نوٹ) (انگ۔ Promissory Note) مذکر۔ تمسک دستاویز۔ وہ تحریر جو روپیہ ادا کرنے کے متعلق کسی سے خاص وقت تک کے لئے لکھوائی جائے۔

پران (پْران) (س) مذکر۔ (۱) دم۔ سانس۔ نفس۔ ہوا۔ (۲) روح۔ آتما۔ پرانا۔ جان (۳) دلبر۔ جانی۔ دلدار۔ معشوق۔ پیارا۔ دلارا۔

پران پتی (ہ) مذکر (۱) زندگی کا مالک۔ روح۔ دل (۲) خاوند۔

پران تج دینا یا تجنا (ہ) (۱) مر جانا (۲) گھبرا جانا۔ ہمت ہارنا۔

پران چھٹانا (ا) (۱) جان لینا۔ مار ڈالنا۔ روح نکالنا (۲) معشوق سے جدا کرنا۔ دلبر سے علیحدہ کرنا۔ جانی سے الگ کرنا (۳) جان بچانا۔ چھٹکارا دلانا۔ آزاد کرنا۔ زندگی قائم کرنا۔

پران چھوٹنا (ا) (۱) دم نکلنا۔ موت آنا۔ جان نکلنا (۲) ہمت نہ رہنا۔ حوصلہ نہ رہنا۔ دم نہ رہنا۔ طاقت نہ رہنا (۳) حواس باختہ ہونا۔ دم بخود ہونا۔ دم خشک ہونا

پران چھوڑنا (ا) (۱) جی چھوڑنا۔ ہمت ہارنا۔ حوصلہ پست ہونا (۲) دم چھوڑنا۔ مرنا۔ روح نکلنا۔

پران لینا (ا) (۱) جان لینا۔ دم نکالنا۔ مارنا۔ قتل کرنا (۲) ستانا۔ دق کرنا۔ تنگ کرنا۔ ناک میں دم کرنا۔ جان کو آنا۔

پہرانا (پَہرا۔ نا) (ہ) دکھ ہونا۔ درد ہونا۔ پیڑ ہونا۔

پُرانا (پُرا۔ نا) (ہ) (۱) کہنہ۔ عمر رسیدہ۔ قدیم۔ مدت کا۔ دیرینہ۔ پارینہ (۲) فرسودہ۔ بوسیدہ۔ مستعمل۔ کام میں آیا ہوا (۳) تجربہ کار۔ جہاں دیدہ۔ کار کردہ (۴) پیر۔ بڈھا۔ مُسن (۵) پرانے زمانے کا۔ نئی روشنی سے ناواقف۔

پُرانا پڑنا (ا) کہنہ ہو جانا۔ بوسیدہ ہو جانا۔ عمر رسیدہ ہو جانا۔

پُرانا خرانٹ (ا) (۱) بہت پرانا۔ گرگ کہن سال۔ نہایت بوڑھا (۲) نہایت تجربہ کار۔ جہاندیدہ۔

پُرانا دھرانا (ا) بوسیدہ۔ دیرینہ۔ پارینہ۔ کہنہ۔ فرسودہ۔ ناکارہ۔ ناقابل استعمال۔

پُرانا فیشن (ا) مذکر۔ پرانا رواج۔ پرانا دستور۔ پرانی وضع۔

پُرانا گھاگ (ا) دیکھو "پرانا خرانٹ"۔

پُرانا ہونا (ا) دیکھو "پرانا پڑنا"

پرانی (پْرا۔ نی) (س) (۱) ذی روح۔ جان دار۔ جیو دھاری (۲) انسان۔ آدمی۔ پرش۔ شخص۔ پُرکھ۔

پرانی (پُرا۔ نی) (ہ) (۱) کہن سالہ۔ دیرینہ۔ پارینہ۔ ضعیفہ (۲) بوسیدہ۔ کہنہ۔ فرسودہ۔ سال خوردہ (۳) ناکارہ نکمی۔ خراب۔ ناقابل استعمال۔ مستعملہ۔

پَچّا ۔ کھوپری (ا) مؤنث (۱) پُرانا آدمی ۔ دیرینہ ضعیف آدمی ۔ کہن سال مرد ۔ بوڑھا آدمی
(۲) تجربہ کار ۔ جہاں دیدہ ۔ کار آزمودہ ۔ کارکردہ ۔
(۳) اولڈ فیشن پرانے رنگ کے ۔ اگلے وقتوں کے ۔

پُرانے (پُرا ۔ نے) (ع) مذکر ۔ پرانا کی جمع ٭
پرانے لوگ (ا) (۱) طلانسان قدیم ۔ پرانے ذکر (۲) بڈھے ۔ دانا ٭
پُرانے مُردے اکھیڑنا (ا) پرانی شکایتیں کرنا ۔ اگلے پچھلے جھگڑے نکالنا ٭
پراچہ (ا) مذکر (۱) بزاز ۔ پارچہ فروش ۔ بارچہ کا کام کرنے والا (۲) سلے ہوئے کپڑے بیچنے والا ۔
(۳) ایک قوم جو ٹوپیاں وغیرہ بنا کر فروخت کرتی ہے ٭
پرائی (پَرا ۔ ئی) (ا) پرایا کی مؤنث ٭
پرائی آنکھیں کام نہیں آتیں (ا) مثل ۔ دوسرے کے سہارے پر کام درست نہیں ہوتا ۔ اپنے قابو کا کام ٹھیک ہے ۔ دوسرے کی چیز پر بھروسہ نادانی ہے ٭
پرائی کوٹھی کا ٹیڑھا منہ (ا) کہاوت ۔ دوسرے کے بھروسے کا کیا اعتبار ٭
پرائیویٹ (پَرا ۔ اِئی ۔ وِیٹ) (انگ Private)
(۱) نجی ۔ خاص ۔ ذاتی (۲) پوشیدہ ۔ مخفی ٭
پرائے (پَرا ۔ ایے) (ع) پرایا کی جمع ٭
پرائے سر دے آزاد کرنا (ا) دوسروں کے مال پر فیاضی دکھانا ۔ دوسرے کی کمائی پر فخر کرنا ٭
پرائے دھن کو چور روئیں (ع) کہاوت ۔ پرائی دولت پر رونے والا سوا چور کے کوئی نہیں ۔ جو اسے چرانا چاہتا ہے
پرائے شگون کے لئے اپنی ناک کٹانی (ا) مثل ۔ دوسرے کو نقصان پہنچانے کے لئے اپنا زیادہ نقصان کیا ٭
پرائے گھر کا ہونا (ا) بیٹی کی شادی ہونا ۔ لڑکی کا بیاہ کر دینا ٭
پرائے مال پر لال دیدے (ع) کہاوت ۔ دوسرے کی چیز پر لالچ کرنا بے کار ہے ٭
پرائے مال پر بیا حسین (ا) مثل ۔ حلوائی کی دکان پر دادا جی کا فاتحہ ۔ غیر کے مال پر شیخی بگھارنا ٭

پرایا (پَرا ۔ یا) (و) غیر کا ۔ اور کا ۔ دوسرے کا ۔ بیگانہ ٭
پُر (پُر) (ف) (۱) بھرا ہوا ۔ لبالب ۔ معمور ۔ لبریز (۲) کامل ۔ پورا ۔ بھرپور ٭
پُرپیچ (ف) پیچیدہ ۔ مشکل ٭
پُرشور (ف) شوریلا ۔ سخت مزاج ۔ شور و شر کرنے والا
پُرکار (ف) (۱) جڑاؤ ۔ مرصع ۔ کام سے بھرا ہوا ۔ ینا پٹ ۔ اس سرے سے اس سرے تک خوب پورا کام ۔ جیسے پُرکار دوشالہ (۲) دبیز ۔ غف ۔ موٹا ۔ موٹا ۔ دل دار (۳) مضبوط ۔ پختہ ۔ محکم ۔ پائدار ٭
پُرا (پُرا) (ا) مذکر ۔ محلہ ۔ ٹولہ ۔ بستی ۔ آبادی ۔ پورہ ٭
پَرا (پَرا) (ا) مذکر (۱) صف ۔ قطار ۔ سنگ ۔ لائن ۔ سلسلہ ۔ ٹولی (۲) ٹکڑی ۔ گروہ ۔ غول ٭
پَرا باندھنا (ا) لین باندھنا ۔ صف بستہ ہونا ۔ قطار در قطار ہونا ۔ سلسلہ دار ۔ برابر کھڑا ہونا ٭
پَرا جمانا (ع) دیکھو "پرا باندھنا" ٭
پراپت (پَرا ۔ پت) (س) مذکر (۱) لابھ ۔ فائدہ ۔ نفع (۲) پیدا ۔ یافت ۔ حاصل ٭
پُرات (ع) مؤنث طشت ۔ لگن ۔ تھال ٭
پراتم (پُرا ۔ تم) (ع) (۱) پرانا ۔ قدیم ۔ کہنہ ۔ بوڑھا ۔ اگلے زمانے کا (۲) تجربہ کار ۔ ہوشیار ۔ جہاں دیدہ ٭
پراٹسٹنٹ (پَرا ۔ ٹس ۔ ٹنٹ) (Protestant انگ) (۱) دین عیسوی کا ایک فرقہ (۲) معترض ٭
پراٹھا (پَرا ۔ ٹھا) (ع) مذکر ۔ قرص نما گھی میں پکی ہوئی روٹی ٭
پراچین (پَرا ۔ چین) (س) (۱) دیکھو "پرانا" (۲) قدیم عمارتیں یا چیزیں ۔ صنادید ٭
پرادھین (پَرا ۔ دھین) (س) ماتحت ۔ محکوم ۔ تابع ۔ پرائے بس میں ٭
پرادھین سپنے سکھ ناہیں (ا) مثل ۔ دوسرے کا محکوم رہ کر خواب میں بھی آرام نہیں مل سکتا ۔ غیر کے بس میں رہ کر آرام نہیں ہوتا ۔ اور کے ماتحت ہو کر آرام مشکل ہے
پرارتھنا (پَرا ۔ رتھ ۔ نا) (س) مؤنث (۱) دعائے مغفرت ۔ دعا ۔ عرض ۔ التماس ۔ بینتی ۔ التجا (۲) منت سماجت ۔ عجز ۔ انکسار ٭

پراسپکٹس (پرَاس۔ پکٹ۔ ٹس) (انگریزی) (Prospectus) مذکر۔ حالات۔ وہ رسالہ وغیرہ جس میں کسی کام کے حالات درج ہوں ٭

پرایسچت (پرَا اش۔ چت) (ہ) مذکر۔ گناہوں کا کفّارہ ٭

پراکرت (پرَا۔ کرت) (س) نیچ۔ شودر۔ ارذل (۲) ایک قسم کی بھاشا جو سنسکرت سے بگڑی ہوئی ہے (۳) گنواری زبان۔ عوام کی بولی ٭

پراکرم (پرَا۔ کرم) (س) مؤنث (۱) قوت۔ طاقت۔ بل۔ زور۔ قدرت (۲) اعضا جوڑ۔ ہاتھ۔ پاؤں :

پراگندگی (پرَا۔ گن۔ دگی) (ف) مؤنث۔ پریشانی۔ حیرانی۔ انتشار۔ تشویش۔ تردّد۔ تفکّر۔ تذبذب ٭

پراگندہ (پرَا۔ گن۔ دہ) (ف) مذکر۔ پریشان۔ حیران۔ متردّد۔ متفکّر۔ مذبذب۔ منتشر۔ تتر بتر ٭

پرال (پرَال) (ہ) مؤنث۔ پوال۔ پتی۔ غلہ نکالے ہوئے دھان کا ڈنٹھل۔ دھان کا پھوس (پ) نوہ

پرالبدھ (پرَالَب۔ بدھ) (ہ) مؤنث (ہندو) قسمت۔ تقدیر۔ بھاگ۔ نصیب۔ کرم۔ مقدر ٭

پران (پرُان) (س) مذکر (۱) پرانا۔ قدیم۔ پارینہ۔ دیرینہ۔ پراتھم۔ پراچین (۲) ہندوؤں کی مذہبی کتابیں جن میں وید کے مسائل کو مشرح بدلائل و تمثیلی قصّوں اور کہانیوں سے واضح کیا گیا ہے۔ ان کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ مگر اٹھارہ پران زیادہ مشہور ہیں ٭

پراونس (پرَا۔ ونس) (انگ Province) مذکر۔ صوبہ۔ احاطہ۔ تعلقہ۔ پرگنہ ٭

پراونشل (پرَا۔ ون۔ شل) (انگریزی) (Provincial) صوبے کے متعلق ٭

پراونشل اٹانومی (انگ Provincial autonomy) مؤنث۔ صوبائی خود مختاری ٭

پراونشل پولیس (انگ Provincial Police) مؤنث۔ کسی خاص صوبے کی پولیس جو اس سے باہر تبدیل نہ کی جا سکے ٭

پراونشل سول سروس (انگریزی) (Provincial Civil Service) مؤنث۔ سول کے محکمے کے وہ افسر جو کسی صوبے کی حکومت بھرتی کرے۔ یہ افسر دوسرے صوبے میں تبدیل نہیں کئے جا سکتے ٭

پراویڈنٹ فنڈ (پرَا۔ وی۔ ڈینٹ۔ فنڈ) (انگ Provident Fund) مذکر۔ وہ سرمایہ جو ملازم کی تنخواہ میں سے ہر ماہ ایک خاص شرح کے مطابق کچھ رقم وضع کر کے جمع کیا جاتا اور ملازمت کے خاتمے پر اسے دیا جاتا ہے۔ محفوظ سرمایہ۔ امدادی سرمایہ ٭

پرائز (پرَا۔ ئز) (انگ Prize) مذکر۔ انعام ٭

پرائم (پرَا۔ ئم) (انگ Prime) (۱) پہلا۔ ابتدائی (۲) اعلیٰ۔ اعظم (۳) اوّل درجے کا۔ عمدہ ٭

پرائمر (انگ Primer) مؤنث۔ قاعدہ۔ طالب علموں کی ابتدائی کتاب ٭

پرائمری (پرَا۔ ئمری) (انگ Primary) (۱) ابتدائی۔ اوّل۔ پہلا۔ سب سے پہلا (۲) اصلی ٭

پرائم منسٹر (پرَا۔ ئم۔ منس۔ ٹر) (انگ Prime Minister) مذکر۔ وزیر اعظم ٭

پرب (پرَب) (س) مذکر (۱) باب۔ مقدمہ۔ فصل۔ ادھیائے (۲) میلہ۔ ہجوم۔ بھیڑ (۳) ہیرے کی قسم۔ (۴) جوڑ۔ گانٹھ ٭

پربال (پرَ۔ بال) (ہ) مذکر۔ آنکھ کے اندرونی گوشے کے بال۔ پشم۔ اندرون چشم۔ آنکھ کی ایک بیماری جس میں پلکیں گر جاتی ہیں اور پپوٹوں کے اندر بال نکل آتے ہیں ٭

پربت (پرَ۔ بت) (س) مذکر (۱) پہاڑ۔ کوہ۔ جبل۔ ٹیلہ۔ (۲) مشکل۔ کٹھن۔ دشوار۔ سخت ٭

پربس (پرَ۔ بس) (ہ) پرادھین۔ مجبور۔ معذور۔ ماتحت۔ محکوم۔ نوکر ٭

پربندھ (پرَ۔ بندھ) (س) بندوبست۔ انتظام۔ انصرام۔ ٹھیک ٹھاک کرنا۔ درستی ٭

پربھاؤ (پرَ۔ بھا۔ آؤ) (س) مذکر (۱) اثر۔ فیض۔ صحبت۔ تاثیر۔ کشش (۲) مزاج۔ طبیعت۔ خاصیت۔ سرشت۔ فطرت۔ خو۔ عادت۔ حالت۔ کیفیت ٭

پربھو (پرَ۔ بھو) (س) مذکر۔ مالک۔ سوامی۔ ناتھ۔ صاحب۔ خدا۔ ایشور ٭

پربین (پرَ۔ بین) (ہ) مذکر (۱) ہوشیار۔ چلتا ہوا۔ چتر۔ عقیل۔ سمجھ دار۔ دانشمند (۲) ہنرمند۔ صاحب فن۔ کاریگر۔ کام کا جاننے والا۔ مشّاق (۳) حسین۔ جمیل۔ سندر ٭

پرپنچ (پرَ۔ پنچ) (ہ) مذکر۔ فریب ٭

پرپینٹھہ (پَرْ۔ پَینٹْھ) (ہ) تیسرا پرت۔ طبق ثالث۔ تیسری نقل۔

پرت (پَرْتْ) (ہ) مذکر۔ ورق۔ تختہ۔ طبق۔ چھلکا۔ تہ۔ پوست۔ پلڑی۔

پرتا (پَرْ۔تا) (ہ) مذکر (۱) اوسط (۲) پھرکی۔ چرخی۔

پرتاب (پَرْ۔تاب) (س) مذکر۔ اصل لفظ پرتاپ ہے (۱) بدولت۔ ذریعہ۔ وسیلہ۔ طفیل۔ باعث۔ سبب۔ وجہ (۲) اقبال۔ شان۔ عزت (۳) چمک۔ پرتو۔ نور۔ جلال۔ روشنی۔ جمال (۴) نصیب۔ قسمت۔ بھاگ۔ تقدیر (۵) مہربانی۔ کرپا۔ عنایت۔ سخاوت۔ دیا۔ فیاضی۔

پرتال (پَرْ۔تال) (ہ) مؤنث۔ دیکھ بھال۔ جانچ۔ سنبھال۔ جائزہ۔ نظر ثانی۔ دوبارہ دیکھنا۔

پرتگال (پُرْ۔تگال) (مفرس) یورپ کا ایک ملک۔

پرتگیز (واحد) مذکر۔ پرتگال کا باشندہ۔

پرتل (پَرْ۔تَل) (ہ) مذکر۔ سامان جو ایک گھوڑے یا بیل پر لادا جائے۔

پرتل کا ٹٹو (ہ) مذکر۔ لدا ٹٹو۔ مزدور آدمی۔

پرتلا (پَرْ۔تَلا) (ہ) مذکر۔ دوال شمشیر۔ تلوار کی پیٹی۔ پٹکا۔ بیلٹ۔ کمر۔ پٹکا۔

پرتما (پَرْ۔تما) (س) مجسمہ۔ مورت۔ مورتی۔ پتلا۔ تصویر۔ بت۔ صنم۔

پرتو (پَرْ۔تَو) (ف) مذکر (۱) سایہ۔ عکس۔ ظل۔ پرچھائیں۔ پرچھاواں (۲) روشنی۔ نور۔ کرن۔ شعاع۔ چمک۔

پرتوا (پَرْ۔تُوا) (ہ) مذکر (۱) عکس۔ سایہ۔ ظل۔ چھاؤں (۲) صحبت کا اثر۔ فیض صحبت۔

پرتھی۔ پرتھوی (پَرْ۔تھی۔ پِرْ۔تھوی) (س) مؤنث (۱) دھرتی۔ زمین۔ ارض۔ بھوم بھومی (۲) جہان۔ دنیا۔ جگت۔ سنسار۔ مخلوق۔ خلقت۔

پرتی (پَرْ۔تی) (ہ) مؤنث۔ غیر مزروعہ زمین۔

پرتیت (پَرْ۔تیتْ) (س) مؤنث۔ ساکھ۔ اعتماد۔ یقین۔ بھروسہ۔ اعتقاد۔ اعتبار۔

پرج (پَرْج) (ہ) مؤنث۔ ایک راگنی۔

پرجا (س) مؤنث (۱) رعایا۔ رعیت۔ محکوم (۲) کرایہ دار۔ پرایا۔ پرائی جگہ میں رہنے والا۔ غیر کی جگہ میں بسنے والا (۳) مخلوق۔ خلقت۔ عام لوگ پبلک (۴) نسل۔ جنس۔ خاندان۔ کنبہ۔ مالک کی ضد۔

پرجاپت۔ یا۔ پرجاپتی (س) مذکر (۱) راجہ۔ بادشاہ۔ حاکم۔ سرکار۔ مالک۔ سردار۔ آقا (۲) خالق۔ برہما۔ پیدا کرنے والا (۳) سورج۔ آفتاب۔ مہر (۴) کوزہ گر۔ کمہار (۵) جنوائی۔ داماد۔ (۶) باپ۔ والد۔ پتا۔

پرجوت (پَرْ۔جوتْ) (ہ) مکانات کی زمین کا محصول۔

پرچ (پِرْچ) (ا) مؤنث۔ طشتری۔ چھوٹی رکابی۔

پرچا (پَرْ۔چا) (ہ) مذکر (۱) پرکھ۔ شناخت۔ پہچان۔ کسوٹی (۲) ثبوت۔ دلیل (۳) آزمائش۔ امتحان (۴) معجزہ۔ کرامت۔ بزرگی کا ظہور۔ خصوصیت۔ اتمام حجت۔ برہان قاطع (۵) خوشخبری۔ بشارت۔ ظہور۔

پرچا (پَرْ۔چا) (ہ) پرچانا کا امر

پرچا دینا (ا) (۱) ثبوت دینا۔ کرامت دکھانا۔ بشارت دینا۔ کسوٹی پر پورا اترنا (۲) خوش کر لینا۔

پرچا لینا (ا) (۱) آزمانا۔ جانچنا۔ پرتال کرنا۔ امتحان لینا (۲) ثبوت لینا۔ خوش کر لینا۔

پرچا مانگنا (ا) (۱) کرامت چاہنا۔ معجزہ طلب کرنا۔ ثبوت مانگنا۔

پرچار (پَرْ۔چار) (س) مذکر (۱) اظہار۔ اشاعت۔ تبلیغ (۲) شہرت (۳) رسم و رواج۔

پرچارک (س) مذکر (۱) مبلغ (۲) چرواہا (۳) نقیب۔

پرچانا (ا) (۱) راضی کرنا (۲) بہلانا۔ پھسلانا۔ (۳) ہلانا۔ ملانا۔ رجوع کرنا۔ مائل کرنا۔ مانوس کرنا۔ موہنا (۴) قابو کرنا۔ بس میں لانا۔

پرچخ (پُرْ۔چَخ) (ا) مذکر۔ پرزے پرزے۔

پرچخ اڑ جانا (ا) پرزے پرزے ہو جانا۔

پرچک (پُرْ۔چَک) (ہ) مؤنث (۱) پیار۔ چمکار۔ پچکار۔ تھپکی (۲) تسلی۔ دلاسا۔ اطمینان (۳) حمایت۔ رعایت۔ پشتی۔ مدد۔ سہارا (۴) ایما۔ اشارہ۔ کنایہ۔

پرچک پانا (ا) (۱) اشارہ پانا۔ ایما معلوم کرنا (۲) حمایت حاصل کرنا۔ رعایت پانا (۳) مدد پانا۔ سہارا پانا (۴) تسلی پانا۔ اطمینان حاصل کرنا۔ دلاسا پانا۔

پرچک دینا (ا) (۱) حمایت کرنا (۲) اشارہ کرنا (۳) مدد کرنا۔ سہارا دینا (۴) دلیر کرنا۔

پرچک لینا (ا) حمایت لینا۔ پشتی لینا۔

پرچم (پَرْ۔چَم) (ف) مذکر (۱) پھریرا۔ کپڑا جو جھنڈے پر باندھا جاتا ہے (۲) زلف۔ کاکل۔

پرچم اڑانا یا لہرانا (ا) جھنڈا لہرانا۔

پرچا (پَر۔چَا) (ہ) (۱) راضی ہونا۔ ہل جانا۔ رل جانا۔ مانوس ہونا۔ مائل ہونا (۲) بہلنا۔ باتوں میں آنا۔

پرچال (پَر۔چَال) (ہ) مؤنث۔ دھت۔ لت۔ دُھن۔

پرچول (پَر۔چَول) (ہ) مؤنث۔ ٹٹول۔ دریافت۔ چھان بین۔

پرچون (پَر۔چُون) (ہ) مذکر۔ آٹا۔ دال۔ نمک۔ مرچ۔ تیل۔ تمباکو وغیرہ اشیا۔ وہ چیزیں جو آٹے کے ساتھ لازمی ہوں۔

پرچونیا (ہ) مذکر (۱) آٹا۔ دال۔ نمک۔ مرچ وغیرہ بیچنے والا۔ وہ چیزیں بیچنے والا جو آٹے کے ساتھ خرچ میں آتی ہوں (۲) بنیا۔ مودی۔ بقّال۔ (۲) خردہ فروش۔ چھوٹی مقدار کا سودا بیچنے والا۔

پرچہ (پَر۔چَہ) (ف) مذکر (۱) خط۔ چٹھی۔ رقعہ۔ پتر۔ محضر (۲) لکھا ہوا کاغذ۔ اخبار۔ رسالہ۔ کتاب۔ (۳) پرزہ۔ ٹکڑا۔ چیتھڑا۔ کترن۔ دھجی۔ پارچہ (۴) امتحانی سوالات کا کاغذ۔

پرچہ چاک کرنا (ف) ابتدائی رپورٹ کا لکھا جانا۔

پرچہ گزرنا (ف) (۱) خبر پہنچنا۔ اطلاع ملنا۔ علم میں آنا۔ معلوم ہونا (۲) عرضی دیا جانا۔ نالش ہونا۔ درخواست لگنا (۳) مخبری ہونا۔ جاسوسی ہونا (۴) غیبت کیا جانا۔ چغلی ہونا۔

پرچہ نویس (ف) مذکر (۱) مخبر۔ جاسوس۔ خفیہ کارروائی لکھنے والا۔ خبر پہنچانے والا (۲) مؤرخ۔ واقعات لکھنے والا۔ خبریں لکھنے والا۔ اطلاع تحریر کرنے والا۔ مطلع کرنے والا (۳) خطاط۔ خط لکھنے والا۔ رقعہ لکھنے والا۔ پرچہ لکھنے والا۔

پرچہ نویسی (ف) مؤنث (۱) مخبری۔ جاسوسی (۲) خبر رسانی۔ تاریخ نویسی۔ وقائع نگاری۔ تحریری اطلاع دینا۔ خط لکھنا۔ رقعہ لکھنا۔ پرچہ لکھنا۔ اخبار نویسی کرنا۔ اخبار لکھنا۔

پرچھا (پَر۔چَھا) (ہ) مذکر (۱) سوت لپیٹنے کی نلی۔ پھرکی۔ پھرنی (۲) ہچکا (۳) چھیڑ۔ بھیڑ کا کم ہونا۔ ہجوم کی قلت۔ پرب کی گھمسن تری (۴) کڑاہی۔ پرا چھا۔ دیگ۔ بڑا دیگچہ (۵) جھگڑا۔ معاملہ۔ تصفیہ۔ قصّہ۔

پرچھا کرنا (ہ) (۱) نلی پر سوت لپیٹنا۔ پھرکی پر ڈورا چڑھانا (۲) ہجوم میں کمی کرنا۔ بھیڑ ہٹا دینا (۳) جھگڑا نمٹنا۔ معاملہ طے کرنا۔ قصّہ فیصل کرنا۔ قضیہ چکانا۔

پرچھا ہونا (ہ) (۱) فیصلہ ہونا۔ انفصال ہونا (۲) بھیڑ چھٹنا۔ ہجوم کم ہونا۔

پرچھانواں۔ پرچھاواں (پَر۔چھَاں۔وَاں۔ پَر۔چھَا۔وَاں) (ہ) مذکر (۱) سایہ۔ چھاؤں۔ عکس۔ پرتو (۲) عادت۔ اثر۔ رنگ ڈھنگ۔ طور۔ طریق۔ خو۔ خصلت۔ سبھاؤ۔

پرچھاواں پڑنا (ف) (۱) سایہ پڑنا۔ عکس ہونا۔ پرتو پڑنا۔ چھاؤں ہونا (۲) اثر ہونا۔ رنگ میں رنگا جانا۔ ڈھنگ اختیار کرنا۔ طریق اختیار کرنا۔ عادت اور سبھاؤ موافق ہو جانا۔ خصلت بن جانا۔

پرچھائیں (پَر۔چھَا۔ئیں) (ہ) مؤنث۔ چھاؤں۔ عکس۔ سایہ۔ پرتو۔

پرچھائیں سے بھاگنا یا ڈرنا (ف) (۱) سائے سے خوف کھانا۔ عکس سے بچے کھانا (۲) عادت سے خوف کھانا۔ خو سے ڈرنا (۳) بہت ڈرپوک ہونا۔ نہایت بزدلا پن۔ ہیزپن۔ نامردی (۴) نفرت کرنا۔ گھن کرنا (۵) مرعوب ہونا۔

پرچھتی۔ پرچھتی (پَر۔چھَت۔تی۔ پَر۔چھَت۔تی) (ہ) مؤنث (۱) چھوٹا چھپر۔ چھپر سے الگ چھپر جو چھپر کے ادھر ادھر اور منڈیروں وغیرہ پر پانی کے بچاؤ کے لئے رکھتے ہیں (۲) ٹانڈ۔ مچان (۳) (ب) مکان میں اونچا دیوار میں لگا ہوا چوڑا تختہ جس پر پرانا سامان وغیرہ رکھتے ہیں۔

پرچھی (پَر۔چھِی) (ہ) مؤنث۔ تھیلی جس کے دونوں طرف سامان رکھ کر سواری کی پیٹھ پر رکھتے ہیں۔

پرچی (پَر۔چِی) (ہ) مؤنث (۱) پرچا کی تانیث (۲) وہ کاغذ جس پر انتخاب کے وقت اپنے پسند کئے ہوئے امیدوار کا نام لکھ کر صندوق میں ڈالتے ہیں۔ (۳) مقدمے کی تاریخ کا کاغذ۔

پرخاش (پَر۔خَاش) (ف) مؤنث (۱) غبار۔ رنج۔ اَن بن۔ لڑائی۔ نا اتفاقی۔ جھگڑا۔ فساد۔ ٹنٹا۔

پرخاش جو (ف) جھگڑے کو تیار۔ فساد پر کمربستہ۔ کدورت رکھنے والا۔ رنج سے بھرا ہوا۔

پرخچے (پَر۔خَ۔چے) (ف) مذکر۔ ٹکڑے۔ پرزے۔

پرخچے اڑانا (ف) پرزے پرزے کرنا۔

پرخچے اڑنا (ف) پرزے پرزے ہونا۔

پرداخت (پَر۔ داخت) (ف) مؤنث (۱) پرورش۔ پالنا (۲) مدد۔ سہارا۔ سہایتا۔ دستگیری (۳) حفاظت۔ نگہبانی دیکھ بھال۔ نگرانی (۴) سنبھال۔ سنوار۔ آرائش۔ زیبائش۔

پردادا (پَر۔ دا۔ دا) (ہ) مذکر۔ باپ کا دادا۔ دادا کا باپ۔ والد کا دادا۔ پدر کا دادا۔ جدِ پدر۔

پردادی (ہ) مؤنث۔ پردادا کی بیوی۔ باپ کی دادی۔ دادا کی ماں۔ جدۂ پدر۔ مادرِ جد۔

پرداز (پَر۔ داز) (ف) مؤنث (۱) ابتدا۔ شروع۔ تمہید۔ اٹھان۔ پہل (۲) آرائش۔ جلا۔ رُوپ۔ چمک (۳) کشیدہ۔ مستوری۔ نقاشی۔ نقش کاری۔ ڈرائنگ (۴) تصویر کے نقش و نگار۔ تدوین۔ نقش۔ خط و خال۔ نوک پلک (۵) رنگ ڈھنگ۔ طور طریق۔ چال ڈھال۔ خو خصلت۔ عادت۔ سبھاؤ۔

پرداز ڈالنا۔ یا۔ کرنا (ہ) (۱) شروع کرنا۔ ابتدا کرنا۔ تمہید ڈالنا۔ اٹھانا۔ پہل کرنا (۲) سنوارنا۔ آراستہ کرنا۔ جلا دینا۔ صیقل کرنا۔ چمکانا۔ رُوپ نکھارنا (۳) کشیدہ کاڑھنا۔ تصویر بنانا۔ نقش کاری کرنا (۴) خط و خال بنانا۔ نوک پلک درست کرنا۔ (۵) رنگ ڈھنگ پر لانا۔ خو خصلت درست کرنا۔ عادت یا سبھاؤ سنبھالنا۔

پردوش (پَر۔ دوش) (ف) مذکر (۱) سانجھ۔ شام۔ مغرب کا وقت (۲) تیرھویں تاریخ کا برت۔ مہادیو کے نام کا روزہ۔ پیر کے دن کا فاقہ۔

پردہ (پَر۔ دہ) (ف) مذکر (۱) اوٹ۔ گھونگھٹ۔ آڑ۔ اوجھل۔ روک۔ حجاب۔ نقاب۔ برقع (۲) چق۔ چلمن (۳) اوٹا۔ دروازے کے آگے پردے کی دیوار (۴) انگرکھے کا سینہ (۵) لوٹے سطح۔ جیسے دُنیا کے پردے پر نہیں مل سکتا (۶) راز۔ بھید۔ پوشیدہ مخفی۔ (۷) راگ۔ الاپ۔ آہنگ۔ باجوں کے سُر کے مقام۔ نغمے کی جگہ (۸) پیٹ وغیرہ کی جھلی۔ (۹) طبقہ۔ پرت۔ کتل۔ پیڑھی (۱۰) کوکھ اور پسلیوں کا درمیانی گوشت (۱۱) بادبان۔ سکان۔ پتوار۔ (۱۲) عیب۔ برائی۔ نقص۔ خرابی۔

پردہ اُٹھانا (ہ) (۱) نقاب الٹنا۔ گھونگھٹ توڑنا۔ (۲) چلمن باندھنا۔ چق اٹھانا (۳) اوٹے کی دیوار توڑنا۔ چار دیواری گرانا (۴) راز افشا کرنا۔ بھید کھولنا۔ ظاہر کرنا (۵) حقیقت کھولنا۔ اصلیت ظاہر کرنا۔ واقعات بیان کرنا (۶) بھیت کھولنا۔ تحقیق پیدا کرنا۔ پشتوی اتارنا (۷) حجاب دُور کرنا۔ تکلف برطرف کرنا (۸) کمال جُدا کرنا۔ جھلی اتارنا۔

پردہ پڑنا (ہ) (۱) اوٹ ہونا۔ اوٹ پڑنا (۲) حجاب ہونا (۳) نقاب ڈالا جانا۔ گھونگھٹ کیا جانا (۴) چق پڑنا۔ چلمن گرنا (۵) چھپ جانا۔ غائب ہو کے جاتے رہنا۔ جیسے عقل پر پردہ پڑنا۔

پردہ پوش (ف) (۱) برائی کو چھپانے والا (۲) پردہ دار۔

پردہ پوشی (ف) مؤنث (۱) پردہ داری۔ عیب پوشی (۲) راز داری۔

پردہ پھاڑنا (ہ) (۱) پردے میں سوراخ کرنا (۲) بے پردہ ہو جانا (۳) کنواری عورت سے جماع کرنا۔

پردہ چھوڑنا (ہ) (۱) چق ڈالنا۔ چق چھوڑنا۔ چلمن گرانا (۲) نقاب لینا۔ حجاب کرنا۔ منہ پر پردہ ڈالنا۔ چہرہ ڈھانپنا (۳) نقاب اتارنا۔ حجاب دور کرنا۔ منہ پر سے پردہ الگ کرنا۔

پردہ دار (ف) مذکر (۱) راز دار۔ بھید رکھنے والا۔ عیب جاننے والا۔ نقصوں سے واقف۔ خرابیوں سے آگاہ (۲) پردہ کرنے والا۔ پردہ رکھنے والا۔ (۳) واقفِ حال۔ محرم۔ بھیدی (۴) عیبوں کا چھپانے والا۔ بھیدوں کو پوشیدہ رکھنے والا (۵) محفوظ کرنے والا۔

پردہ داری (ف) مؤنث (ہ) دیکھو "پردہ پوشی"۔

پردہ در (ف) مذکر (۱) بھانڈا پھوڑنے والا۔ عیبوں کو ظاہر کرنے والا۔ برائیوں کو طشت از بام کرنے والا (۲) مخبر۔ خفیہ پولیس۔ جاسوس۔ چغل خور۔

پردہ دری (ف) مؤنث۔ عیب نمائی۔ جاسوسی۔ مخبری۔

پردہ ڈالنا (ہ) (۱) عیب چھپانا۔ راز داری کرنا۔ بھید چھپانا (۲) چق کھولنا۔ چلمن ڈالنا۔ چق لٹکانا (۳) نقاب لینا۔ گھونگھٹ کرنا۔ برقع اوڑھنا۔

پردہ ڈھانکنا (ہ) (عو) (۱) عیب چھپانا (۲) دنیا سے اٹھانا۔ بدکار کو قتل کرنا۔

پردہ ڈھکن (ہ) مذکر۔ خاوند۔ شوہر۔

پردہ رکھنا (ف) (۱) پردہ کرنا۔ نقاب لینا۔ حجاب کرنا۔ چھپنا۔ سامنے نہ ہونا۔ اوٹ رکھنا۔ آڑ رکھنا۔ (۲) راز دار ہونا۔ پوشیدہ رکھنا۔ چھپانا۔ مخفی رکھنا۔ اخفا میں رکھنا۔

پردۂ غیب (ف ع) مذکر (۱) عالم باطن۔ پچھلے اور اگلے جہان کا درمیانی پردہ۔

پردہ فاش کرنا (ف) (۱) راز کا افشا کرنا۔ بھانڈا پھوڑنا۔ عیب کھولنا (۲) اصلیت کا ظاہر کرنا۔ حقیقت کھولنا۔ واقعات بیان کرنا۔ قلعی کھولنا۔ بھید ظاہر کرنا۔

پردہ کر لو (۱) چھپ جاؤ۔ اوٹ میں ہو جاؤ۔ پردہ کرو۔ پوشیدہ ہو جاؤ۔

پردہ کرنا (۱) پردے میں رہنا۔ گھونگھٹ کرنا۔ چھپنا۔

پردہ کھولنا (ف) دیکھو "پردہ فاش کرنا"۔

پردہ گرانا (ف) چلمن چھوڑنا۔ پردہ ڈالنا۔ چق گرانا۔ گھونگھٹ کرنا۔

پردہ لگنا (ف) (۱) پردہ ہونا۔ پردے میں بیٹھنا۔ چھپنے لگنا۔ سامنے ہونے سے پرہیز کرنا (۲) (طنزاً) باہر پھرنے والی عورت کا پردے میں بیٹھنا۔

پردہ نشین (ف) (۱) چھپنے والی۔ پردے میں بیٹھنے والی (۲) باعصمت۔ پاک دامن (۳) مؤنث پردہ عورت۔

پردہ ہو جانا (ف) (۱) آڑ میں آ جانا۔ اوٹ ہو جانا۔ چھپ جانا۔ غائب ہو جانا (۲) چہرہ چھپا لینا۔ منہ پھیر لینا۔ پوشیدہ ہو جانا۔

پردہ ہونا (ف) دیکھو "پردہ لگنا" اور "پردہ ہو جانا"۔

پردہ ہے (ف) (۱) اوٹ ہے۔ آڑ ہے (۲) چھپے ہوئے ہیں۔ پردے میں ہیں۔ اوٹ میں ہیں۔ آڑ میں ہیں (۳) یہاں نہ آنا۔ ادھر نہ آنا۔ ادھر ہی رہنا۔ جیسے پرے رہنا۔ پردہ ہے۔

پردھان (پَرْ۔ دَھان) (ہ) رہنما۔ پریذیڈنٹ۔ صدر۔

پردے (پَرْ۔ دے) (ف) پردہ کی جمع۔

پردے بٹھانا (ف) گھر سے باہر نہ جانے دینا۔ باہر کا جانا آنا بند کرنا۔ چھپانا۔ اوٹ کرانا۔ پردہ کرانا۔ پردہ نشین کرنا۔

پردے پردے میں (ف) (۱) چوری چھپے (۲) آڑ میں۔ اوٹ میں (۳) بغیر اطلاع۔ بے خبری میں۔ (۴) خفیہ۔ خفیہ۔

پردے کی بوبو۔ یا۔ بی بی (ف) مؤنث (۱) پردہ نشین۔ پردے میں رہنے والی عورت (۲) شریف عورت (۳) باعصمت۔ پاک دامن عورت۔

پردے کے لوگو پردے ہو لو، پردے والو پردہ کیجو (۱) جب کوئی شخص اپنے کوٹھے پر چڑھنا چاہتا ہے۔ تو آس پاس کے لوگوں کے لئے اس طرح تین مرتبہ پکار دیتا ہے۔ تاکہ کسی پردہ نشین کا سامنا نہ ہو جائے۔

پردے میں زردہ لگانا، یا سوراخ کرنا، یا شکار کھیلنا یا گرہ لگانا (ف) پردے میں بدکاری کرنا۔ پردہ نشین عورت کا حرام کاری کرنا۔

پردیس (پَرْ۔ دِیْس) (ہ) مذکر۔ غیر وطن۔ دوسرا ملک۔ بدیس۔ غربت۔

پردیس جانا (ہ) (۱) دوسرے ملک میں جانا (۲) سفر کرنا۔

پردیس چھانا (ف) (۱) دوسرے وطن جا رہنا۔ غیر ملک میں جا کر رہنا۔ ترک وطن کرنا (۲) غیر ملک میں تجارت کرنا۔ دوسرے ملک میں نوکری جا کرنا۔

پردیسن (ہ) مؤنث (۱) پردیس کے رہنے والی۔ دوسری جگہ کے رہنے والی (۲) مسافرہ (۳) ناواقفہ۔ اجنبیہ۔

پردیسی (ہ) مذکر (۱) پردیس کا رہنے والا۔ غیر ملک کا۔ باہر کا۔ بدیسی (۲) مسافر۔ غریب الوطن۔ (۳) اجنبی۔ ناواقف۔ ملازمت پیشہ۔

پردیسی بلم تیری آس نہیں، باسی پھولوں میں باس نہیں (ہ) مثل۔ پردیس میں رہنے والے شوہر سے وفاداری کی امید نہیں۔ جیسے باسی پھولوں میں خوشبو نہیں ہوتی۔

پُرزہ (پُرْ۔ زَہ) (ف) مذکر (۱) کترن۔ دھجی۔ چیتھڑا۔ ٹکڑا (۲) عضو۔ جزو (۳) بال۔ اون۔ پشم۔ رواں۔ نہایت باریک پر (۴) دوات کا سوف (۵) ریشمی اور اونی کپڑے کا رواں۔

پُرزے (پُرْ۔ زے) (ف) پرزہ کی جمع۔

پرزے اڑانا (ف) (۱) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ دھجیاں بکھیرنا۔ چیتھڑے اڑانا۔ کتر کتر کرنا (۲) توڑ ڈالنا۔ چور چور کرنا۔ (۳) پھاڑ ڈالنا (۴) بیکار کر دینا (۵) بوٹیاں کاٹنا۔ (۶) ادھیڑنا (۷) مارنا۔ پیٹنا (۸) سزا دینا (۹) پاش پاش کرنا

پُرزے پُرزے کرنا (ف) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

پُرزے پُرزے ہونا (ف) (۱) کترکتر ہونا۔ چیتھڑے بکھیرنا۔ دھجیاں اُڑانا۔ پُرزے اُڑنا (۲) چُور چُور ہونا۔ پرخچے اُڑنا (۳) ٹکڑے اُڑنا۔ پارچے پارچے ہونا (۴) پھٹنا۔ شکستہ و بیکار ہو جانا (۵) پوٹلیاں اڑنا (۶) مار پڑنا۔ پیٹا جانا۔ سزا پانا (۷) اُدھڑنا۔ جزو جزو جدا ہونا (۸) ٹوٹنا۔

پُرس (ہ) مذکر (۱) آدمی۔ آدمی کا بدن (۲) آدمی کے برابر۔ قدِ آدم۔

پُرسا (پُر۔ سا) (ہ) مذکر (۱) ماتم۔ رونا پیٹنا۔ عزاداری۔ عذر خواہی (۲) بیمار کا حال دریافت کرنا۔ خبر گیری کرنا۔ پوچھنے جانا (۳) آدمی کے قد کے برابر۔ قدِ آدم۔

پُرسا دینا (ف) (۱) ماتم پرسی کرنا۔ عذر خواہی کرنا (۲) پسماندوں کی تسلی و تشفی کرنا۔ تسکین اور دلاسا دینا (۳) رونا پیٹنا۔ عزاداری کرنا (۴) مرنے کی خبر پہنچانا۔ موت کی اطلاع کرنا۔

پُرسا لینا (ف) (۱) موت کی خبر سن کر رونا (۲) ماتم پرسی کو منظور کرنا۔ عذر خواہی قبول کرنا (۳) پسماندوں کا تسلی و تشفی کی باتیں سننا۔ تسکین اور دلاسا کو تسلیم کرنا۔

پرساد (پَر۔ ساد) (س) مذکر (۱) تحفہ۔ تبرک۔ پرشاد۔ چڑھاوا۔ نذر نیاز کی چیز۔ بھینٹ کی شے (۲) انعام۔ بخشش۔ عطیہ (۳) نتیجہ۔ ثمرہ۔ پھل۔ بدلہ۔ عوض (۴) فیض۔ فائدہ۔

پرسال (ف) گزشتہ سال۔ پچھلے سال۔

پُرساں (پُر۔ ساں) (ف) مذکر (۱) پوچھنے والا۔ دریافت کرنے والا (۲) مددگار۔ سہارا دینے والا۔ معاون (۳) رفیق۔ دوست۔ یار (۴) فریاد سننے والا۔ شکایت رفع کرنے والا۔ گلہ دور کرنے والا۔ شکوہ کی تلافی کرنے والا۔ مظلوم کی سنائی کرنے والا۔ داد دینے والا۔ انصاف کرنے والا۔

پُرسانِ حال (ف) (۱) حال پوچھنے والا۔ کیفیت دریافت کرنے والا۔ خبر گیراں (۲) مددگار۔ سہارا دینے والا۔ اعانت کرنے والا (۳) پریمی۔ یار۔ دوست۔ ساتھی (۴) مصیبت کا معلوم کرنے والا۔ دکھ درد کا دریافت کرنے والا (۵) مظلوم کی فریاد کو پہنچنے والا۔ انصاف کرنے والا۔ داد کو پہنچانے والا۔

پرستار (پَرَس۔ تار) (ف) مذکر (۱) پوجا کرنے والا۔ پجاری (۲) نوکر۔ غلام۔

پرستاری (ف) مؤنث (۱) پوجا (۲) خدمت۔

پرستان (پَرِس۔ تان) (ف) مذکر (۱) پریوں کے رہنے کی جگہ۔ پریوں کا ملک (۲) حسینوں کے رہنے کا مقام۔ اندر کا اکھاڑا۔

پرستان کا عالم (ف) (۱) پریوں کا سا ملک۔ پریوں کے ملک کی سی حالت۔ پریوں کے دیس کی سی کیفیت۔ پرستان کا سا لطف۔ بعینہٖ پرستان۔ بالکل پرستان (۲) کثرتِ حسیناں۔ زیادتیِ محبوبُں۔ افزونیِ پری جمالاں۔ افراطِ حور تمثالاں (۳) خطۂ حسیناں۔

پرستش (پَرَس۔ تش) (ف) مؤنث (۱) عبادت۔ پوجا۔ بندگی۔ تپسیا۔ تسلیم۔ آداب۔ کورنش۔ تعظیم۔ بزرگی۔ عظمت۔ توقیر۔ عزت۔ تکریم (۲) عجز۔ انکسار۔ گڑگڑانا۔

پرستش گاہ (ف) مؤنث (۱) عبادت کی جگہ۔ بندگی کا مقام۔ پوجا کا استھان (۲) مسجد۔ مندر۔ شوالہ۔ معبد۔ استھان۔ قبلہ۔ کعبہ۔

پرستھان (پَرَس۔ تھان) (س) مذکر (۱) غیر جگہ۔ دوسرا مقام۔ اوروں کی ملکیت۔ پرایا گھر۔ بیگانہ مکان (۲) تبدیلِ موقع۔ انتقالِ مکان۔ نقلِ مقام۔ گھر بدلنا۔ مکان تبدیل کرنا۔

پرستھان کرنا (ف) (۱) مکان تبدیل کرنا۔ جگہ بدلنا۔ نقلِ مقام کرنا۔ گھر بدلنا (۲) سفر کرنا۔ پردیس جانا۔ ترکِ وطن کرنا۔ دوسرے ملک جانا۔ غیر جگہ جانا۔ بیگانے گھر جانا۔

پرسرام (پَرَس۔ رام) (س) مذکر۔ اصل پرشورام ہے جو جگن رشی کا پتر۔ بھگوان وشنو کا اوتار۔

پُرسش (پُر۔ سش) (ف) مؤنث (۱) پوچھ گچھ۔ تفتیش۔ بازپرس۔ پوچھنا۔ استفسار۔ جواب مانگنا (۲) خبر گیری۔ دیکھ بھال (۳) عزت۔ حرمت۔ تعظیم۔ آؤ بھگت۔

پُرسش کرنا (ف) (۱) پوچھنا۔ پوچھ گچھ کرنا۔ تفتیش کرنا۔ تحقیق کرنا۔ دریافت کرنا۔ بازپرس کرنا۔ استفسار کرنا۔ جواب طلب کرنا (۲) خبر گیری کرنا۔ دیکھ بھال کرنا۔

پرشتی (پَرْ۔ سَنْتی) (س) (۱) خوش۔ آنند۔ مگن۔ محظوظ۔ (۲) بیفکر۔ بے ترقد۔ بے فکر و غم۔ بے غم و رنج۔ بھلا چنگا۔ راضی خوشی۔ چنگا۔ تندرست ۔

پرسنگ (پَرْ۔ سَنْگ) (س) مذکر (۱) بابت۔ متعلق۔ ضمن۔ درمیان۔ ہمراہ اور اسی کے پرسنگ میں کچھ ادا کہنا ہے (۲) صحبت۔ مجلس۔ میل جول۔ ربط ضبط۔ ہم نشینی۔ تعلق۔ سمبندھ۔ واسطہ۔ سابقہ (۳) موقع۔ مورد۔ جگہ ۔

پرسنل (پَرْ۔ سَنَل) (انگ Personal) ذاتی۔ نج کا ۔

پرسنل اسسٹنٹ (انگ Personal Assistant) مذکر۔ کسی افسر کا سکرٹری ۔

پرسنل پراپرٹی (انگ Personal Property) مؤنث۔ ذاتی جائداد ۔

پرسنل سکیورٹی (انگ Personal Security) مؤنث۔ ذاتی ضمانت۔ وہ ضمانت جس کا دینے والا خود ذمّہ دار ہو ۔

پرسوت (پَرْ۔ سُوت) (س) مذکر (۱) جریان۔ وصلت کا رقت۔ منی کا بہنا۔ عورتوں کے اندامِ نہانی سے سفید پانی کا خارج ہونا (۲) ایامِ زچگی کی ایک بیماری ۔

پرسوں (پَرْ۔ سُوں) (ہ) (۱) پس فردا۔ آج سے آنے والا تیسرا دن (۲) پیرروز۔ گزرا ہوا تیسرا دن ۔

پُرسہ (ف) مذکر۔ دیکھو "پُرسا" ۔

پرسیاؤشاں (پَرْ۔ سِیا۔ ؤ۔ شاں) (ف) مذکر۔ ایک قسم کی بوٹی۔ سنبل۔ بالچھڑ ۔

پُرش (پُرْ۔ ش) (س) مذکر (۱) انسان۔ آدمی۔ نفر۔ لوگ۔ مرد۔ شخص (۲) پرمیشور۔ ایشور۔ خدا۔ پرماتما۔ آتما۔ (۳) خاوند۔ مالک۔ پتی۔ خصم ۔

پرشاد (پَرْ۔ شاد) (ہ) مذکر۔ دیکھو "پرساد" ۔

پرشاد چڑھانا (ہ) نذر دینا۔ نیاز کرنا۔ بھینٹ چڑھانا۔ بھوگ لگانا ۔

پرشاد دینا (ہ) تبرک دینا۔ تحفہ دینا ۔

پرشہر (پَرْ۔ شَہْر) (ہ) مذکر۔ جغرافیہ غیر شہر۔ پردیس ۔

پرکارج (پَرْ۔ کاج) (ہ) مذکر۔ غیر کا کام۔ دوسرے آدمی کا کام ۔

پرکار (پَرْ۔ کار) (ف) مذکر۔ قطر۔ چکر۔ چرخ۔ دائرہ کھینچنے کا آلہ ۔

پرکاش (پَرْ۔ کاش) (س) (۱) ظاہر (۲) فاش (۳) مشہور (۴) روشن (۵) مذکر۔ صفائی۔ چمک (۶) نور (۷) شان و شوکت ۔

پرکالا (پَرْ۔ کا۔ لا) (ف) مذکر (۱) زینہ۔ سیڑھی (۲) چوکھٹ۔ دہلیز ۔

پرکالہ (پَرْ۔ کا۔ لہ) (ف) مذکر (۱) ٹکڑا۔ لخت۔ حصّہ۔ پارہ۔ بھاگ۔ جزو (۲) چنگاری۔ شرارہ۔ شعلہ۔ لپٹ۔ شعاع (۳) آئینہ۔ دھن۔ کھڑکی شیشہ ۔

پرکما (پَرْ۔ کَمّا) (س) مؤنث (۱) طواف۔ گرداگرد گھومنا۔ چاروں طرف کا چکر (۲) تصدق۔ نثار۔ واری پھیری ۔

پرکما لگانا (ہ) (۱) طواف کرنا۔ گرداگرد گھومنا۔ چاروں طرف کا چکر لگانا۔ پھیرا دینا۔ پھیرا کرنا۔ (۲) صدقے ہونا۔ نثار ہونا۔ واری پھیری ہونا۔ قربان جانا ۔

پُرکھ (پُرْ۔ کھ) (ہ) مذکر۔ دیکھو "پُرش" ۔

پرکھ (پَرْ۔ کھ) (ہ) مؤنث (۱) پہچان۔ شناخت۔ تمیز۔ دوقف۔ گیان (۲) معیار۔ کسوٹی۔ جانچ۔ امتحان۔ آزمائش۔ تجربہ (۳) آنک۔ کوت ۔

پُرکھا (پُرْ۔ کھا) (ہ) مذکر (۱) بڑے بوڑھے بزرگ۔ مورث۔ باپ دادا (۲) نیک لوگ۔ بھلے مانس ۔

پرکھانا (پَرْ۔ کھانا) (ہ) (ل) (۱) پرکھوانا۔ کسوانا۔ کسوٹی پر لگانا۔ امتحان کرانا (۲) شناخت کرانا۔ تمیز کرانا (۳) دینا۔ حوالے کرنا۔ سپرد کرنا۔ سونپنا (۴) گنوانا۔ سنبھلوانا ۔

پرکھنا (پَرْ۔ کھ۔ نا) (ہ) (ل) (۱) پہچاننا۔ شناخت کرنا (۲) جانچنا۔ امتحان کرنا۔ آزمانا۔ تجربہ کرنا (۳) دیکھنا۔ آنکنا (۴) سنبھالنا۔ گننا ۔

پرکھیا۔ پرکھا (پَرْ۔ کھی۔ یا + پَرْ۔ کھا) (ہ) مذکر (۱) پرکھنے والا۔ جانچنے والا۔ تمیز کرنے والا (۲) امتحان کرنے والا (۳) آنکو۔ کوتا (۴) گننے والا۔ سنبھالنے والا (۵) صرّاف ۔

پرگت ملنا (پَرْ۔ گَت۔ مِل۔ نا) (ہ) میل ہونا۔ ساز ہونا ۔

پرگنہ (پَرْ۔ گَنہ) (ف) مذکر۔ علاقہ۔ حصّہ۔ ضلع۔ ٹکڑا۔ وہ علاقہ جو ایک تعلقہ کے ماتحت ہو۔ وہ محدود حصّہ ضلع جس پر ایک ضلع دار ہو ۔

تحفہ۔ جاگیر۔

پرگنہ دار (ف) مذکر۔ علاقہ دار۔ پرگنہ کا افسر۔

پرگھٹ (پَر۔ گھَٹ) (ہ) عیاں۔ ظاہر۔ آشکارا۔ روشن۔ منکشف۔ کھلا ہوا۔

پرگھٹ کرنا (ہ) ظاہر کرنا۔ روشن کرنا۔ عیاں کرنا۔ جتانا۔ مشہور کرنا۔

پرگھٹ ہونا (ہ) ظاہر ہونا۔ آشکارا ہونا۔ کھلنا۔ طلوع ہونا۔ پیدا ہونا۔

پرگھرا (پَر۔ گھَرا) (ہ) مذکر۔ وہ کبوتر جو دُوسرے کے مکان کو پہچانتا ہو۔

پرگیری (پَر۔ گی۔ رِی) (ہ) مؤنث۔ تیر پر لگانے کی کوبے کی ڈنک۔ پرِ تیر۔

پرلا (پَر۔ لا) (ہ) اُدھر کا۔ اُس طرف کا۔ سب سے آخر کا۔ اُس پار کا۔ پہلی طرف کا۔

پرلو (پَر۔ لَو) (ہ) مؤنث۔ فنا۔ قیامت۔ موت۔ نیستی۔ انت۔ آخر۔ خاتمہ۔

پرلوک (پَر۔ لُوک) (س) مذکر۔ عالم بالا۔ اوپر والی دنیا۔ عقبیٰ۔ دوسرا جہان۔ دُوسرا جگت۔

پرماتما (پَر۔ ما۔ تْما) (س) بڑی آتما۔ اعلیٰ رُوح۔ بالا شخصیت۔ پرمیشور۔ برہم۔ وشنو۔ خدا۔ احکم الحاکمین۔

پرمٹ (پَر۔ مِٹ) (مہند) (انگریزی۔ پرمِٹ۔ Permit) (۱) وہ مال جس پر اجازت کی ضرورت ہو۔ نمک وغیرہ کا سرکاری محصول۔ چنگی۔ محصول۔ کر (۲) وہ چوکی جہاں سرکاری محصول لیا جائے۔

پرمشا (پَر۔ مَشا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا کپڑا جو مرینے سے مشابہ ہوتا ہے۔

پرمحلہ (پَر۔ محَل۔ لَہ) (ا) مذکر (عو) دوسرا محلہ۔

پرمل (پَر۔ مَل) (ہ) مذکر (۱) خاص ترکیب سے بھُنے ہوئے جوار۔ گیہوں۔ باجرا وغیرہ کے دانے جن میں ایک قسم کی بھربھراہٹ اور خشکی پیدا کی جاتی ہے۔ (۲) بھُنے ہوئے چاول (۳) ایک قسم کا خوشبودار چاول۔

پرملو (پَر۔ مَلو) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا تاگا۔

پرمیہو (پَر۔ میہُو) (ہ) مذکر۔ سوزاک۔

پرن (پَرَن) (فن) مذکر (۱) ثریا۔ جھمکا (۲) (ہ) مؤنث۔ طبلے کی گت۔

پرنالا (پَر۔ نا۔ لا) (ہ) مذکر۔ بدرَو۔ موری۔ نالی۔

پرنالی (پَر۔ نا۔ لی) (ہ) مؤنث (۱) پرنالہ کی تصغیر۔ چھوٹی بدرَو۔ چھوٹی موری۔ نالی (۲) تندرستی کے سبب ریڑھ کی ہڈی کے دونوں طرف گوشت اُبھرنے سے ہڈی پر جو گڑھا رہ جاتا ہے۔ اُسے پرنالی یا نالی پڑنا کہتے ہیں جس سے مراد تندرستی اور فربہی ہوتی ہے۔

پرنام (پَر۔ نام) (س) مؤنث۔ ڈنڈوت۔ آداب۔ تسلیم۔ بندگی۔ سلام۔ کورنش۔ نمسکار۔ نمستے (۲) آخیر وقت کی حالت۔ مرتے وقت کے اطوار۔

پرنانا (پَر۔ نا۔ نا) (ہ) مذکر۔ ماں کا دادا۔ ماں کا جدّ۔ ماموں کا دادا۔ نانا کا باپ۔

پرنانی (پَر۔ نا۔ نی) (ہ) مؤنث۔ پرنانا کی زوجہ۔ ماں کی دادی۔ ماموں کی جدّہ۔ نانا کی ماں۔

پرنٹر (پِرِن۔ ٹَر) (انگ Printer) مذکر۔ چھاپنے والا۔ طبع کرنے والا۔

پرنٹنگ (پِرِن۔ ٹِنگ) (انگ Printing) مذکر۔ چھاپنا۔ طبع کرنا۔

پرنٹنگ پریس (انگ Printing Press) مذکر۔ مطبع۔ چھاپہ خانہ۔

پرند۔ پرندہ (پَرَنْد + پَرِن۔ دَہ) (ف) مذکر۔ اُڑنے والا۔ طائر۔ پکھیرو۔ مرغ۔ چڑیا۔

پرندہ پر نہیں مار سکتا (ا) کسی کو جانے کی اجازت نہیں۔ سخت روک ٹوک ہے۔ کوئی جانے نہیں پاتا۔ کسی کا گزر نہیں۔

پرنس (پِرِنس) (انگ Prince) مذکر۔ شہزادہ۔ بادشاہزادہ۔

پرنس آف ویلز (انگ Prince of Wales) مذکر۔ ولیعہد انگلستان۔ شہزادہ انگلستان۔

پرنسپل (پِرِن۔ سِپَل) (انگ Principal) مذکر۔ کالج کا مدرّس اعلیٰ یا افسر۔

پرنیاں (پَر۔ نِیاں) (ف) مذکر۔ دیبا۔ ایک قسم کا پھول دار ریشمی کپڑا۔

پروا (پُر۔ وا) (ہ) مؤنث۔ پورب کی ہوا۔ بادِ مشرق۔ صبا۔ شرقی ہوا۔ پوربی پَوَن۔

پروا (پَر۔ وا) (ف) مؤنث (۱) خواہش۔ رغبت۔ توجہ۔ ضرورت (۲) خوف۔ دہشت۔ فکر۔ اندیشہ۔

پروار (پَر۔ وار) (ہ) مذکر (ل) (۱) (ہندی) خاندان۔ قبیلہ۔ کنبہ۔ گوت (۲) اگلا جہان۔ آخرت۔ عالم لاہوت۔ موت۔

پرواز (پَر۔وَاز) (ف) مؤنث۔ اُڑان۔ فرز۔

پروال (پَر۔وَال) (ہ) دیکھو "پربال"۔

پروان (پَر۔وَان) (ہ) (۱) کامیاب۔ مکمل۔ پُورا۔ بالغ (۲) بر۔ پھل۔ ثمر۔ نتیجہ۔

پروان چڑھنا (ہ) (۱) کامیاب ہونا۔ تکمیل کو پہنچنا۔ پیدا ہونا۔ بالغ ہونا (۲) پھل لانا۔ نتیجہ نکلنا۔

پروانجات (پَر۔وَان۔جَات) (ف) مذکر۔ پروانہ کی جمع۔ پروانے۔ حکم نامے۔ اجازت نامے۔ کئی فرمان۔

پروانگی (پَر۔وَا۔نِگی) (ف) مؤنث۔ اجازت۔ حکم۔ آگیا۔ فرمان۔ رخصت۔

پروانہ (پَر۔وَا۔نَہ) (ف) مذکر (۱) پتنگا۔ ایک پردار کیڑا۔ (۲) اجازت نامہ۔ حکم نامہ (۳) صدقے ہونے والا۔ قربان جانے والا۔ عاشق۔ فریفتہ۔

پروانۂ راہداری (ف) مذکر۔ وہ اجازت نامہ جس کے ذریعے سے ایک ملک سے دوسرے ملک میں سفر کیا جا سکے۔

پروانۂ طلا (ف) مذکر۔ وہ سند جو اچھی خدمات کے عوض سونے پر لکھی ہوتی ہے یا وہ خود سونے کی بنی ہوتی ہے۔

پروایا (پَر۔وَا۔یَا) (ہ) مذکر (عو) طباق کی شکل کا بال بھرا مندہ جو پلنگ کے سرہانے کی طرف پایوں کے نیچے رکھتے ہیں۔

پروائی (پَر۔وَا۔اِئی) (ہ) مؤنث۔ پُروا ہوا۔

پروایا (پَر۔وَا۔یَا) (ہ) مذکر۔ لکڑی کا وہ ٹکڑا جو چار پائی کے پایوں کے نیچے رکھا جاتا ہے۔

پروبیشنر (پَرُو۔بیش۔نَر) (انگریزی ۔ Probationer) مذکر۔ مبتدی۔ امیدوار۔ خواستگار۔

پروپرائٹر (پَرُو۔پَرا۔اِٹر) (انگریزی ۔ Proprietor) مذکر۔ مالک۔

پروپوزل (پَرُو۔پُو۔زَل) (انگریزی ۔ Proposal) مؤنث۔ تجویز۔

پروپیگنڈا (پَرُو۔پے۔گَن۔ڈَا) (انگریزی ۔ Propaganda) مذکر۔ تحریک پھیلانا۔ اشاعت کرنا۔

پروتا (پَرُو۔تَا) (ہ) مذکر (۱) پوتے کا بیٹا (۲) آٹا گڑ۔ ہلدی۔ پان وغیرہ جو کسی تقریب پر خدمتی کمین کو دیا جاتا ہے۔

پروٹسٹ (پَرُو۔ٹَسٹ) (انگ Protest) مذکر۔ احتجاج۔ اعتراض۔

پروردگار (پَر۔وَر۔دِ۔گَار) (ف) مذکر۔ پرورش کرنے والا۔ پالنے والا۔ رب۔ خدا تعالیٰ۔

پرورده (پَر۔وَر۔دَہ) (ف) مذکر (۱) پلا ہوا۔ پرورش کیا ہوا (۲) بسایا ہوا۔ دبا یا ہوا۔

پرورش (پَر۔وَرِش) (ف) مؤنث (۱) پالن۔ پالنا۔ پرورد گی (۲) تعلیم و تربیت (۳) مہربانی۔ عنایت۔

پروس (ہ) دیکھو "پڑوس"۔

پروسا (پَرُو۔سَا) (ہ) مذکر۔ بھاجی۔ حصہ۔ بخرہ۔ خوراک۔

پروسنا (پَرُوس۔نَا) (ہ) مہمانوں کے آگے کھانا چننا۔ میزبانی کرنا۔

پروسیشن (پَرُو۔سے۔شَن) (انگریزی ۔ Procession) مذکر۔ جلوس۔ جلوس کا شان و شوکت سے گزرنا۔

پروف (پَرُوف) (انگ Proof) مذکر۔ مسودہ۔ خاکہ۔ سب سے پہلا چھپا ہوا کاغذ جو بغرض اصلاح دکھایا جاتا ہے۔

پروفیسر (پَرُو۔فیس۔سَر) (انگریزی ۔ Professor) مذکر۔ معلم۔ مدرس اعلیٰ۔ وہ ماسٹر جو کالج کے لڑکوں کو پڑھاتا ہے۔

پروفیشن (پَرُو۔فیش۔شَن) (انگریزی ۔ Profession) مذکر۔ پیشہ۔ کام۔

پروکلمیشن (پَرُو۔کلے۔مے۔شَن) (انگریزی ۔ Proclamation) مذکر۔ اعلان۔ تخت نشینی۔ جلوس۔

پروگرام (پَرُو۔گرَام) (انگ Programme) مذکر۔ ترتیب۔ سلسلہ۔ ڈھنگ۔ طریق۔ لائحہ عمل۔

پَروَل (پَر۔وَل) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کی ترکاری۔

پیرول (پَیرُول) (مقدم) (انگ پیرول Parole) مؤنث (۱) وہ خاص لفظ یا الفاظ جو شناخت کے لیے پہرے والے کو بتائے جاتے ہیں۔ تاکہ کوئی شخص اسے دھوکا نہ دے سکے (۲) قیدی کو اس شرط پر جیل سے باہر جانے کی اجازت دینا کہ وہ مقررہ وقت پر واپس آجائے۔

پرونا (پَرُو۔نَا) (ہ) (۱) گھسیڑنا۔ چھید کرنا۔ داخل کرنا۔

یا ادھر سے اُدھر نکالنا (۲) سُوئی میں تاگا ڈالنا ٭

پرونوٹ (پِرُو۔ نوٹ) (انگ۔ PRONOTE) رقعہ۔ روپے کی رسید اور ادائی کا لکھا ہُوا اقرار نامہ ٭

پروہت (پُرُو۔ ہِت) (س، مذکر) (ہندو) مذہبی کاموں کا باقاعدہ کرنے اور کرانے والا۔ شادی۔ بیاہ۔ موت وغیرہ کے کاموں کو ترتیب دینے اور دلانے والا پنڈت ٭

پرویز (پَر۔ وِیز) (ف) (۱) فاتح (۲) خوش نصیب (۳) خوش (۴) قیمتی (۵) نہایت اعلیٰ (۶) مہذب (۷) سخاوت (۸) پروین (۹) شان و شوکت (۱۰) خسرو ثانی شاہِ ایران کا لقب ٭

پروین (پَر۔ وِین) (ف) مذکر۔ عقدِ ثریا۔ سات سہیلیوں کا جھمکا ٭

پرہ (پَرَہ) (ف) مذکر (۱) دیکھو "پرا" (۲) دامن۔ کنارہ۔ جانب۔ سمت۔ طرف۔ پہلو (۳) چکی کا اوپر کا پاٹ ٭

پرہیز (پَر۔ ہیز) (ف) مذکر (۱) احتیاط۔ احتراز۔ حذر۔ اجتناب۔ نفرت (۲) اتقا۔ تقویٰ (۳) خوف۔ اندیشہ۔ بیم۔ ناجائز اور حرام چیزوں سے دُوری ٭

پرہیز سب سے اچھا نسخہ ہے (ا) مثل۔ پرہیز سے بیماری میں بہت فائدہ ہوتا ہے ٭

پرہیزگار (ف) مذکر (۱) محتاط۔ محترز۔ بچنے والا۔ مجتنب (۲) متقی۔ ڈرنے والا۔ ناجائز اور حرام چیزوں سے دُور رہنے والا ٭

پرہیزگاری (ف) مؤنث۔ پرہیز کرنا۔ احتیاط کرنا۔ بچنا۔ اجتناب کرنا۔ بچاؤ کرنا۔ اتقا کرنا۔ متقی ہونا۔ ڈرنا۔ ناجائز اور حرام چیزوں سے دُور رہنا ٭

پرئی (پَرَئی) (ہ) مؤنث۔ ایک چھوٹی چڑیا جس کی چونچ اور پاؤں لمبے ہوتے ہیں ٭

پری (پَرِی) (ف) مؤنث (۱) اڑنے والی عورت (۲) نہایت خوبصورت۔ بہت حسین۔ مہ لقا۔ مہ جبین ٭

پریاں (ا) پری کی جمع ٭

پری بند (ف) مذکر (۱) بازو بند۔ ایک زیور (۲) کشتی کا ایک داؤں (۳) (ہندو) بچوں کے پاؤں کا ایک زیور ٭

پری پیکر (ف) (۱) پری رُو۔ پری چہرہ۔ جس کا بدن پری کا سا ہو (۲) نہایت خوبصورت۔ بہت حسین (۳) معشوق۔ محبوب۔ مطلوب ٭

پری خواں (ف) مذکر۔ حاضراتی۔ سیانا۔ بھوت پریت اتارنے والا ٭

پری رُو (ف) (۱) پری چہرہ۔ پری پیکر۔ شکیل۔ جمیل۔ خوب صورت۔ حسین۔ خوب رُو (۳) معشوق۔ محبوب۔ دلدار ٭

پری زاد (ف) مذکر (۱) پری کی اولاد۔ پری کا جنا ہُوا۔ پری کی نسل سے (۲) نہایت جمیل۔ شکیل۔ پری رُو۔ حسین۔ خوب صورت۔ خوب رُو۔ (۳) معشوق۔ محبوب۔ مطلوب ٭

پری کا سایہ (ا) مذکر۔ پری کا آسیب۔ پری کا اثر ٭

پری وش (ف) نہایت خوبصورت۔ بہت حسین۔ پری شمائل۔ حور تمثال ٭

پریوں کا اُتارا (ا) مذکر۔ پریوں کے اُترنے کا مقام۔ پریوں کے آنے جانے کا راستہ۔ معشوقوں کی تفریح اور اُن کے اکٹھا ہونے کا مقام۔ پری خانہ ٭

پریوں کا اکھاڑا (ا) مذکر۔ پری خانہ۔ خوبصورتوں کا مجمع ٭

پُری (پُرِی) (ف) مؤنث۔ بھر جانا ٭

پُری (پُرِی) (ہ) مؤنث۔ شہر۔ قصبہ ٭

پرے (پَرے) (ا) مذکر (۱) پرا کی جمع۔ صفیں۔ قطاریں۔ مجمعے۔ جماعتیں (۲) پار۔ دُوسرے کنارے۔ اُس جانب۔ اُس طرف۔ پرلی طرف (۳) دُور۔ بعید۔ فاصلے پر ٭

پرے پرے (ا) (۱) الگ الگ۔ دُور دُور۔ جُدا جُدا (۲) الگ ہٹ۔ دُور رہ۔ جُدا رہ۔ پرے بیٹھ یا کھڑا ہو (۳) بلا اطلاع۔ بغیر ملے۔ بغیر خبر کئے۔ بلا اجازت (۴) لاعلمی میں ٭

پریت (پَرِیت) (س) مذکر (۱) بھوت۔ آسیب۔ خبیث جن۔ خبیث روح (۲) مردے کی روح ٭

پریت (پِرِیت) (س) مؤنث (۱) محبت۔ پیار۔ دوستی۔ الفت۔ اخلاص (۲) عشق۔ وارفتگی (۳) میل جول۔ اتفاق۔ اتحاد۔ ربط و ضبط ٭

پریت لگانا (ا) (۱) محبت کرنا۔ دوستی کرنا۔ پیار کرنا۔ (۲) عشق لگانا (۳) میل جول کرنا۔ اتفاق کرنا ٭

ریت نبھانے جانت کجات (۱) مثل محبت میں
ذات پات کا لحاظ نہیں ہوتی ۔

ریتا (پُری تا) (ہ) مذکر۔ اشیرن۔ چرمی ۔

ریتم (پُری تَم) (س) مذکر (۱) پیتم معشوق۔ پیارا۔
خوبرُو۔ دلبر (۲) خاوند۔ شوہر۔ خصم۔ پتی ۔

ریٹ (پَریڈ) (انگ) مؤنث (۱) پریڈ۔ قواعد۔ فوجی تعلیم۔
جنگی تربیت۔ لڑائی کے قاعدے (۲) قطار۔ صف۔
لیں۔ جنگی میدان۔ فوجی اجتماع کی جگہ ۔

ریٹ جمانا (د) صف باندھنا ۔

ریڈ (پَریڈ) (انگ Parade) دیکھو
"پریٹ" ۔

ریس (پَریس) (انگ Press) مذکر۔
(۱) دبانے کی مشین۔ کل۔ چرخی۔ شکنجہ (۲) مطبع۔
چھاپہ خانہ ۔

یس مین (انگ Press man) مذکر۔
چھاپنے والا۔ طبع کرنے والا ۔

ریسیڈنٹ۔ پریزیڈنٹ (پَرے۔ سِی۔ ڈَنْٹ۔
پَرے۔ زی۔ ڈنٹ) (انگ President)
مذکر (۱) میر مجلس۔ صدر۔ چیئرمین (۲) مکھیا۔ انچارج۔
بادشاہ۔ صدر۔ میر ۔

ریسیڈنسی۔ پریزیڈنسی (پَرے۔ سی۔ ڈَن۔ سی۔
پَرے۔ زی۔ ڈَن۔ سی) (انگ Presidency)
مؤنث۔ احاطہ۔ بڑا صوبہ ۔

ریشان (پَرے۔ شان۔ پَری۔ شان) (ف) (۱)
حیران۔ سرگرداں۔ آشفتہ۔ متحیّر۔ متفکّر۔ متردّد۔ مضطرب۔
(۲) منتشر۔ تتر بتر۔ پراگندہ ۔

ریشان حال (ف) (۱) تنگ حال (۲) مفلس (۳)
بے روزگار ۔

ریشان خاطر (ف) ملول۔ رنجیدہ۔ اداس۔ فکرمند۔
متفکّر ۔

پریشان دل (ف) دیکھو "پریشان خاطر" ۔

پریشانی (ف) (۱) حیرانی۔ تفکّر۔ تردّد (۲) دکھ۔
مصیبت۔ بپتا۔ روگ (۳) اضطراب۔ انتشار۔
پراگندگی ۔

ریکٹس (پَریکٹس) (انگ PRACTICE)
مشق۔ مہارت ۔

ریکٹیکل (پَریک۔ ٹی۔ کَل) (انگ Practical)
عملی ۔

پریکٹیکلی (انگ Practically)
عملی طور پر ۔

پرکھیا (پَرے۔ کھا) (ہ) مذکر (۱) جانچ۔ آزمائش۔
امتحان۔ تجربہ (۲) غور و فکر۔ سوچ بچار۔ خیال ۔

پریگ (پَریگ) (ا) مؤنث۔ باریک کیل ۔

پریم (پَریم) (س) مذکر (۱) پیار۔ محبت۔ الفت۔
لاڈ (۲) دوستی۔ یارانہ ۔

پریم کی بتیاں (ہ) مؤنث۔ محبت کی باتیں ۔

پریمی (ہ) (۱) محبت کرنے والا۔ فریفتہ (۲) مذکر۔
دوست۔ آشنا (۳) عاشق ۔

پریوا (پَرے۔ وا) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا آبی پرندہ۔
(۲) کبوتر ۔

پریوی کونسل (پَری۔ وی۔ کَون۔ سِل) (انگ Privy Council) انگلستان کے بادشاہ
کی خاص مجلس جو قانون کے رو سے آخری اور اعلیٰ
مجلس ہے۔ اس کا فیصلہ ناطق اور آخری ہوتا
ہے ۔

پ - ڑ

پڑ (پَڑ) پڑنا کا امر ۔

پڑا (پَڑا) (ہ) مذکر (۱) پڑی۔ پڑیا۔ پوٹلا۔ بڑی
پوٹلی (۲) طبلہ یا ڈھولک وغیرہ پر چڑھانے کا چمڑا ۔

پڑا (پڑا) (ہ) (۱) گرا۔ افتادہ (۲) لیٹا ہوا (۳) بیمار ۔

پڑا پایا (ہ) (۱) مفت ہاتھ آیا۔ سستا مل گیا۔ ارزاں
قیمت پر ملا۔ کوڑیوں میں ہاتھ لگا (۲) بے محنت
و مشقت ملا۔ بلا تکلیف و مزدوری ہاتھ لگا (۳)
زمین پر گرا ہوا مل گیا ۔

پڑا پڑ (ہ) (۱) پھٹنے کی آواز (۲) تڑا تڑ۔ پھڑا پھڑ۔
پے در پے (۳) ڈُلکی چلنے میں گھوڑے کے سُم
کی آواز ۔

پڑاقا (پَڑا۔ قا) (ہ) مذکر (۱) پٹاخا۔ ایک قسم کی
آتشبازی (۲) پٹاخے کی آواز ۔

پڑاسے کی گوٹ (ہ) مؤنث۔ زنگار رنگ کی گوٹ ۔

پڑا گرا (ہ) افتادہ۔ بے حیثیت۔ حقیر۔ ناچیز ۔

پڑاؤ (پَڑاؤ) (ہ) مذکر۔ ٹھہرنے کی جگہ۔ منزل۔ مقام۔
شیشن۔ چوکی۔ سرائے ۔

پڑاؤ ڈالنا (ہ) پڑ رہنا۔ رہ پڑنا۔ ٹھہر جانا۔ چلنے کا

امادہ کرنا۔ چھاؤنی ڈال دینا۔

پڑاؤ مارنا (ف) (۱) ڈاکہ ڈالنا۔ قافلہ لوٹنا۔ سوداگروں کے گروہ پر چھاپا مارنا (۲) بڑا بھاری کام کرنا۔

پڑپڑانا (پَڑ۔پڑا۔نا) (ف) (۱) جوتوں سے مارنا۔ خوب پیٹنا۔ بہت مارنا (۲) کسی چیز کی چرچراہٹ سے زبان پر چھالے پڑ جانا۔

پھڑپھڑانا (پھَڑ۔پھڑا۔نا) (ف) (۱) پھڑپھڑ کرنا۔ دستوں کی آواز (۲) شپٹانا۔ بٹیر وغیرہ کا لڑائی سے گھبرا کر بھاگنا۔

پڑت (پَڑَت) (ہ) مؤنث (۱) اوسط۔ بانٹ پھیلاوٹ۔ قیمت خرید (۲) میزان۔ بازار کا بھاؤ۔

پڑت پھیلانا (ف) اوسط نکالنا۔ بانٹا پھیلانا۔ قیمت خرید پر ہر چیز کا برابر حساب لگانا۔

پڑتا (پَڑ۔تا) (ہ) مذکر (۱) شرح۔ لگان (۲) حصّہ۔ پٹی۔

پڑتال (پَڑ۔تال) (ہ) مؤنث۔ جائزہ۔ مقابلہ۔ نظرِ ثانی۔ جانچ۔ دیکھ بھال۔

پڑتال پڑنا (ہ) برابر جُتا پڑنا۔ یکساں پٹنا۔

پڑتی (پَڑ۔تی) (ہ) مؤنث۔ خالی پڑی ہوئی زمین۔ بنجر زمین۔

پڑ جانا (ف) (۱) گر پڑنا۔ پھسل جانا۔ لیٹ جانا۔ (۲) قیام کرنا۔ ٹھہر جانا (۳) داخل ہونا (۴) نکاح کر لینا۔ گھر بسانا۔ بس جانا (۵) بیمار ہو جانا۔ (۶) بچھڑنا (۷) سو جانا۔

پڑ چونیا (ہ) دیکھو "پرچونیا"۔

پڑ رہنا (ہ) (عو) لیٹ رہنا۔ سو رہنا۔

پڑ مرنا (ف) (۱) وفاداری سے کسی کے ساتھ رہنا (۲) ایک جگہ کا ہونا۔ مستقل طور پر رہنا (۳) نکاح کر لینا۔ (۴) کسی کے گھر پڑ کر عمر بسر کرنا۔

پڑنا (ف) (۱) ہونا۔ جیسے واسطہ پڑنا (۲) ترشح پڑنا۔ برسنا۔ جیسے پانی پڑنا (۳) بننا۔ گزرنا۔ بیتنا۔ واقع ہونا۔ جیسے جان پر پڑنا (۴) درج ہونا۔ داخل ہونا۔ لکھا جانا۔ جیسے کھاتے میں نام پڑنا (۵) دخل دینا۔ ضمانت دینا۔ ضامن ہونا۔ بیچ بننا۔ ٹانگ اڑانا۔ جیسے بیچ میں پڑنا (۶) فکر ہونا۔ سوچ ہونا۔ خیال ہونا۔ دھیان ہونا۔ جیسے اپنے کام کی پڑنا (۷) لیٹنا۔ سونا۔ آرام کرنا۔ جیسے پلنگ پر پڑنا (۸) بسنا۔ رہنا۔ بیٹھنا (۹) لازم ہونا۔ نوکری کرنا۔ جیسے کسی کے گھر پڑنا (۱۰) گرفتار ہونا۔ مبتلا ہونا۔ پھنسنا۔ روگ لگنا۔ جیسے بیمار پڑنا (۱۱) بویا جانا۔ بکھرنا۔ جیسے بیج پڑنا (۱۲) نازل ہونا۔ وارد ہونا۔ آفت آنا۔ مصیبت آنا۔ جیسے وبا کا پڑنا۔ مصائب پڑنا (۱۳) گھُنا پڑنا۔ جیسے مار پڑنا (۱۴) بھرنا۔ داخل ہونا۔ محفوظ ہونا۔ رکھنا۔ ڈھکنا۔ دبنا۔ جیسے کوٹھی میں غلہ پڑنا (۱۵) بیکار ہونا۔ بے روزگار ہونا۔ خالی رہنا۔ جیسے گھر میں پڑنا (۱۶) آنا۔ جیسے بل پڑنا۔

پڑوا (پَڑ۔وا) (ہ) مؤنث (۱) پہلی تاریخ۔ دوج سے پہلے دن۔ چاندرات کا روز (۲) کٹڑا۔ کٹا۔ بھینس کا بچہ۔

پڑوس (پَڑ۔وس) (ہ) مؤنث۔ ہمسائگی۔ محلہ داری۔ گھر کی نزدیکی۔

پڑوسن (ہ) مؤنث۔ ہمسایہ عورت۔ گھر کے پاس رہنے والی۔ ہمسائی۔

پڑوسی (ہ) مذکر۔ ہمسایہ۔ گھر کے نزدیک رہنے والا مرد۔

پڑھ (پَڑھ) (ہ) پڑھنا کا امر۔

پڑھا (ف) (۱) تعلیم یافتہ۔ علم دار۔ خواندہ (۲) سیکھا۔ تعلیم پائی۔ مطالعہ کیا۔

پڑھا جن (ا) مذکر (۱) وہ جن جو با علم ہونے کے باعث حاضراتی کے افسون و عمل کی تردید کر کے وار خالی کر دے (۲) نہایت چالاک۔ بہت تیز۔ زیادہ ہوشیار۔ خرانٹ۔

پڑھا گنا (ف) مذکر (۱) لکھا پڑھا۔ تعلیم یافتہ۔ خواندہ۔ علم دار (۲) عالم باعمل۔ پڑھے کے موافق کام کرنے والا۔

پڑھا لکھا (ف) مذکر۔ تعلیم یافتہ۔ خواندہ۔

پڑھا دینا (ف) (۱) علم سکھا دینا۔ تعلیم کرنا۔ درس دینا (۲) بہکا دینا۔ بدظن کر دینا۔

پڑھانا (ف) دیکھو "پڑھا دینا"۔

پڑھائی (ہ) مؤنث (۱) تعلیم دینے کا ڈھنگ۔ طریقۂ تعلیم (۲) اُستاد کی تنخواہ۔ پڑھانے کی اُجرت۔

پڑھ پتھر (ف) پڑھ لکھ کر جاہل رہنے والا۔ کند ذہن۔

پڑھن (پَڑھن) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی سمندری مچھلی۔

پڑھنا (ف) (۱) سیکھنا۔ تعلیم پانا۔ مطالعہ کرنا۔ ورد کرنا۔ (۲) جادو کرنا۔ منتر پھونکنا۔

پڑھنت (پَڑھنت) (ہ) مؤنث (۱) جادو۔ ٹونا۔ جنتر منتر۔ گنڈا۔ تعویذ۔ عمل۔ حاضرات۔ سحر۔

فسون (۲) پڑھنا ٭

پڑھوانا (ا) تعلیم دلوانا ٭

پڑھی نہ قضا کی (ا) مثل جس شخص نے کبھی نماز پڑھی ہی نہیں۔ وہ قضا کیا کرے گا۔ آدمی کے کام نہ کرنے پر بولتے ہیں ٭

پڑھیں فارسی بیچیں تیل۔ یہ دیکھو قدرت کے کھیل (ہ) کہاوت۔ شریف ہو کر ذلیل کام اختیار کرنا ٭

پڑھے نہ لکھے نام محمد فاضل (ہ) کہاوت جانتے کچھ بھی نہیں۔ اور قابل بنتے ہیں ٭

پڑیا (پُڑ۔یا) (ہ) مؤنث۔ پوٹلی۔ گانٹھ۔ چھوٹا پُڑا ٭

پڑیا کا لٹھا (ہ) مذکر۔ ایک عمدہ اور باریک لٹھا ٭

پڑیاں (ہ) (ا) پُڑیا کی جمع (۲) چہل بی بی کی نیاز کی شیرینی (۳) پریوں کی نذر کرنے کو سیندور اور عبیر کی پڑیاں ٭

پڑیل (پَڑ۔یَل) (ہ) وہ شخص جو ہر وقت لیٹا رہے۔ چلنے پھرنے سے معذور ٭

پ - ز

پَزاوہ (پَزا۔وَہ) (ف) مذکر۔ آوا۔ بھٹی۔ بھٹّا۔ وہ جگہ جہاں اینٹیں پکتی ہیں ٭

پ - ژ

پژمردگی (پَژ۔مُر۔دَگی) (ف) مؤنث۔ افسردگی۔ مایوسی۔ اداسی۔ کملاہٹ۔ رنجیدگی ٭

پژمردہ (پَژ۔مُر۔دَہ) (ف) مذکر۔ افسردہ۔ مایوس۔ کملایا ہوا۔ مرجھایا ہوا۔ رنجیدہ۔ اچاٹ ٭

پژمردہ خاطر (ف) مذکر (ا) افسردہ خاطر۔ مایوس طبع۔ مردہ طبیعت (۲) رنجیدہ۔ مغموم۔ دُکھی ٭

پ - س

پس (پَس) (ف) (ا) پیچھے۔ بعد (۲) پھر۔ علاوہ (۳) ہٰذا۔ اس سبب سے۔ اس واسطے۔ اس وجہ سے۔ اس لئے۔ آخرکار۔ انجام۔ نتیجہ (۴) لیکن۔ بہرحال ٭

پس انداز (ف) (ا) بچا ہوا۔ باقی (۲) منافع۔ فائدہ۔ بچت (۳) اندوختہ۔ جمع کیا ہوا۔ جوڑا ہوا۔ اکٹھا کیا ہوا ٭

پس اندازی (ف) مؤنث۔ جمع۔ منافع۔ فائدہ بچت ٭

پسپا (ف) پیچھے ہٹا ہوا۔ شکست کھایا ہوا ٭

پسپا ہونا (ی) (ا) لوٹنا۔ پلٹنا۔ واپس ہونا۔ اُلٹنا۔ ہٹنا (۲) شکست کھانا۔ ہارنا۔ بھاگ جانا۔ پیٹھ دکھا دینا ٭

پس خوردہ (ف) مذکر۔ بچا ہوا۔ اُلش۔ جھوٹا۔ سامنے کا باقی کھانا ٭

پس غیبت (ا) پیٹھ پیچھے۔ غیر حاضری میں۔ عدم موجودگی میں ٭

پس ماندہ (ف) (ا) پیچھے رہا ہوا۔ بچا ہوا (۲) مذکر وارث (۳) بقایا۔ بچت ٭

پس منظر (ف) کسی منظر۔ تصویر یا بیان کا وہ حصّہ جو ہر پہلو سے ارباب کار کو نمایاں کرنے میں مدد دے ٭

پس و پیش (ف) مذکر (ا) آگا پیچھا (۲) نیک و بد۔ عیب و صواب (۳) اونچ نیچ۔ نفع نقصان۔ بھلا برا (۴) کشمکش و پیچ۔ غور و فکر۔ سوچ بچار (۵) دھکڑ پکڑ۔ تشویش۔ اندیشہ۔ دُبدھا (۶) آل کار۔ انجام (۷) حیلہ بہانہ۔ لیت و لعل ٭

پس و پیش کرنا (ا) (ا) ٹالنا۔ حیلہ حوالہ بتانا (۲) سوچ بچار کرنا۔ سوچنا ٭

پسارا (پَسا۔رَا) (ہ) مذکر۔ پھیلاؤ۔ فراخی (پنجابی) آنگن۔ دالان ٭

پسارنا (ہ) (ا) پھیلانا۔ دراز کرنا۔ لمبا کرنا (۲) کھولنا۔ پھاڑنا ٭

پساؤ (پَسا۔اُؤ) (ہ) مذکر۔ اُبلی ہوئی چیز کا بچا ہوا پانی۔ سرجوش ٭

پسائی (پِسا۔ای) (ہ) مؤنث۔ پیسنے کی مزدوری۔ پیسنے کی اجرت ٭

پست (پَست) (ف) (ا) نیچا۔ نشیب۔ گہراؤ (۲) کمینہ۔ ذلیل۔ رذیل ٭

پست خیال (ف) عالی خیال کا نقیض۔ رذیل خیال کا آدمی ٭

پست قد (ا) کوتاہ قامت۔ ٹھنگنا۔ بونا۔ بالشتیا۔ چھوٹے قد کا ٭

پست کرنا (ا) (۱) شکست دینا۔ زیر کرنا۔ مات دینا۔ ہرانا (۲) نیچا کرنا۔ گہرا کرنا۔ نشیب کرنا ◆
پست و بلند (ف) اونچا نیچا ◆
پست و بلند دہر (ف) مذکر۔ زمانے کا نشیب و فراز ◆
پست ہمّت (ف) بزدل۔ کم حوصلہ۔ کم ہمّت۔ ذلیل۔ کمینہ۔ رذیل۔ ہیچ ◆
پست ہمّتی (ف+ع) مؤنث۔ کم ہمّتی۔ بُزدلی ◆
پست ہونا (ا) (۱) پست ہونا۔ شکست کھانا۔ مغلوب ہونا۔ (۲) عاجز ہونا۔ مجبور ہونا۔ گرنا (۳) ذلیل ہونا۔ خوار ہونا (۴) تھکنا۔ چوُر ہونا (۵) پیچھے رہ جانا۔ ساتھ نہ لگنا (۶) ڈھے جانا۔ بیٹھ جانا۔ گرنا۔ چِت گرنا ◆
پستان (پِس۔ تان) (ف) مؤنث۔ چوچی۔ چھاتی۔ کُچ ◆
پُستک (پُس۔ تک) (س) مؤنث۔ کتاب۔ پوتھی۔ گرنتھ ◆
پستول (پِس۔ تُول) (انگ۔ پسٹل Pistol) مذکر۔ طپنچہ۔ تمنچہ۔ قرابین۔ ریوالور ◆
پستہ (پِس۔ تہ) (ف) مذکر (۱) ایک میوہ (۲) ایک چھوٹے قد کے کتے کا نام۔ چھوٹا اور خوب صورت کتا ◆
پستئی (ا) پستے کی رنگت کا۔ پستے کے رنگ کی مانند۔ پستے کی مانند ◆
پَستی (ف) مؤنث (۱) کمینگی۔ رذالت (۲) نچائی۔ (۳) گہرائی (۴) غار ◆
پسر (پسَر) (ہ) مؤنث۔ چوپایوں کو آخری رات چوری سے دوسرے جنگل یا کھیت میں چرنے کو بھیج دینا ◆
پِسر (پِسَر) (ف) مذکر۔ بیٹا۔ لڑکا۔ فرزند ◆
پِسر خوانده (ف) مذکر۔ متبنّٰی۔ گود میں لیا ہوا لڑکا۔ منہ بولا بیٹا ◆
پسر زاده (ف) مذکر۔ بیٹے کا بیٹا۔ پوتا۔ نبیرہ ◆
پسر صحیح النسب (ف۔ع) مذکر۔ حلال کا بیٹا ◆
پسرنا (پَسَر۔ نا) (ہ) (ا) پھیلنا۔ ہاتھ پاؤں چھوڑ دینا۔ مکر و فریب کرنا (۲) اڑنا۔ ہٹ پکڑنا۔ ضد باندھنا (۳) لیٹ جانا۔ فرار ہونا۔ ٹانگیں پھیلا دینا (۴) پڑنا۔ ٹھہرنا۔ جمنا ◆
پسر ہٹا (پَسَر۔ ہٹ۔ ٹا) (ہ) مذکر (۱) پنساریوں کا بازار۔ پنساری کی دکان۔ پنساریوں کی دکان کا سودا (۲)
بہت زیادہ سامان ◆
پسلی (پَس۔ لی) (ہ) مؤنث۔ پہلو کی ہڈی۔ سینے کی ہڈی (۲) طرف۔ پہلو ◆
پسلی پھڑکنا (ا) یاد آنا۔ خبر ہو جانا۔ مطلع ہو جانا۔ معلوم ہو جانا۔ غیبت میں کسی شخص کا حال معلوم ہو جانا ◆
پسلی کا آزار (ا) مذکر۔ پسلی کا درد۔ پسلی کا مرض۔ پسلی کی بیماری۔ مسان کا عارضہ ◆
پسنا (پِس۔ نا) (ا) (۱) دَل جانا۔ پیسا جانا۔ چکنا چور ہونا۔ ریزہ ریزہ ہونا (۲) رگڑ میں آنا۔ کچلا جانا (۳) تباہ و برباد ہو جانا۔ مصیبت میں پھنسنا۔ دکھ میں گرفتار ہونا (۴) عاشق ہونا۔ شیدا ہونا ◆
پسند (پَسَند) (ف) مؤنث۔ مقبول۔ حسبِ خواہش۔ خاطر خواہ ◆
پسندا (پَسَن۔ دا) (۱) گوشت کا کچلا ہوا پارچہ (۲) کباب کی ٹکیا ◆
پسندر (پَسَن۔ دَر) (ف) مذکر۔ مرد یا عورت کا سوتیلا لڑکا ◆
پسندره (ف) مذکر۔ ولد الزّنا۔ حرام زادہ ◆
پسند کرنا (ا) چھانٹنا۔ انتخاب کرنا۔ چننا ◆
پسندے (ا) مذکر۔ پسندا کی جمع ◆
پسندیدگی (پَسَن۔ دِی۔ دَگی) (ف) مؤنث۔ مرضی۔ پسندیدگی ◆
پسندیده (ف) پسند کیا ہوا۔ حسبِ منشا۔ انتخاب کیا ہوا۔ چُنا ہوا۔ منظور کیا ہوا۔ مقبول ◆
پسندیده رو (ف) (۱) نیک چلن۔ خوش اخلاق (۲) خوش رفتار ◆
پسندیده کار (ف) خوش کردار۔ اچھے اور عمدہ کام کرنے والا۔ نیکوکار ◆
پسنگا۔ پسنگھا (پَسَنگ۔ گا۔ پَسَنگ۔ گھا) (ہ) مذکر۔ (پاسنگ کا مخرب) پاسنگ ◆
پسنہارا (پِسَن۔ ہا۔ را) (ہ) مذکر۔ آٹا پیسنے والا ◆
پسنہاری (پِسَن۔ ہا۔ ری) (ہ) مؤنث۔ آٹا پیسنے والی ◆
پِسّو (پِس۔ سُو) (ہ) مذکر۔ ایک پردار زہریلا موذی کیڑا ◆
پسواڑه (پَس۔ وا۔ ڑہ) (ہ) مذکر۔ پہلو۔ کروٹ۔ پاسا۔ پکھوا۔ پسلیوں کا سلسلہ ◆
پسوانا (پِس۔ وا۔ نا) (ہ) آٹا کرانا۔ آرد کرانا۔ دلیا کرانا۔ ریزہ ریزہ کرانا۔ چور چور کرانا ◆
پسوائی (پِس۔ وا۔ ئی) (ہ) مؤنث۔ پیسنے کی اجرت۔ پسائی ◆
پسوج (پَسُوج) (ہ) مؤنث۔ پہلی سلائی جس پر باریک

سالی کرتے ہیں۔
پسوجنا (ہ) (عو) (۱) سینا (۲) کچا کرنا۔
پسی (پِس۔ سی) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا موٹا چاول۔
پسیجنا (پَسی۔ جنا) (ہ) (۱) پسینا آنا۔ نمی آنا۔ تری آنا۔ (۲) ملائم ہونا۔ نرم ہونا۔ رحم کھانا۔ ترس کھانا (۳) دھیان دینا۔ توجہ کرنا۔ مہربانی کرنا۔ خیال کرنا (۴) مظلوم کی فریاد سننے پر تیار ہونا۔
پسیں (پَسِیں) (ف) قدیم۔ آخرکار۔
پسینا (پَسی۔ نا) (ہ) مذکر۔ عرق۔ نمی۔ تری۔ بخارات۔ پانی جو مسامات جسم سے باہر نکلے۔
پسینا آنا (۱) عرق آنا۔ نمی یا بخارات کا خارج ہونا۔
پسینا چھوٹنا (۱) دیکھو "پسینا آنا"۔
پسینا مرا ہونا (۱) پسینہ خشک ہونا۔ عرق سوکھنا۔ نمی دور ہونا۔
پسینوں میں ڈوبنا (۱) بے انتہا پسینہ آنا۔ بکثرت پسینہ آنا۔
پسینوں میں نہانا (۱) دیکھو "پسینوں میں ڈوبنا"۔
پسینے پسینے ہونا (۱) (۱) عرق عرق ہونا۔ آب آب ہونا (۲) پسینوں میں ڈوبنا (۳) شدید محنت یا گرمی کے باعث بہت پسینہ آنا (۴) شرمندہ اور خجل ہونا۔
پسیو (پَسیو) (ہ) مذکر (۱) بھاپ۔ بخارات (۲) دیکھو "پسینہ"۔

پ ۔ ش

پشاچ (پِشاچ) (س) مذکر (۱) کچا گوشت کھانے والا۔ (۲) ایذا رساں۔ تکلیف پہنچانے والا (۳) دیو۔ جن۔ بھوت پریت۔
پشت (پُشت) (ف) مؤنث (۱) پیٹھ۔ کمر۔ ظہر (۲) پیچھے۔ پچھاڑی (۳) کمک۔ مدد۔ سہارا۔ معاون۔ (۴) پیڑھی۔ نسل۔ خاندان۔
پشت بہ پشت (ف) (۱) سلسلے سے۔ نسل بہ نسل۔ (۲) قدیم سے۔ ہمیشہ سے۔
پشت پناہ (ف) مؤنث (۱) حمایتی۔ معاون۔ مددگار (۲) مدد۔ سہارا۔ وسیلہ۔ بھروسہ۔ ذریعہ (۳) رفیق۔ ساتھی۔
پشت خار (ف) کھرہرا۔ خرخرا۔ لوہے کا پنجہ۔ جس سے گھوڑے وغیرہ کے بدن کی گرد جھاڑتے ہیں۔
پشت دکھانا (۱) لڑائی سے بھاگ جانا۔
پشتارہ (پُش۔ تا۔ رَہ) (ف) مذکر (۱) بوجھ۔ گٹھا۔ (۲) ڈھیر۔ انبار۔ اٹم۔
پشتک (پِش۔ تَک) (ف) مؤنث (۱) ایک کھیل۔ (۲) گھوڑے وغیرہ کی دولتی۔
پشتک مارنا (۱) دولتی مارنا۔ گدھے۔ گھوڑے اور اونٹ کا دونوں پچھلے پاؤں اٹھا کر لات مارنا۔
پشتو (پَش۔ تو) (ف) مؤنث۔ پختو۔ افغانی زبان۔ کابلی بولی۔
پشتولیا (پَش۔ تو۔ لیا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا باریک کپڑا۔
پشتہ (پُش۔ تہ) (ف) مذکر (۱) مٹی کا ڈھیر۔ ٹیلا۔ بند۔ مینڈ (۲) وہ چمڑا یا کپڑا جس سے کتاب کی پشت کے پٹھے جوڑے جاتے ہیں۔
پشتہ بندی (ف) مذکر (۱) بند باندھنا (۲) دیوار یا کنارے کو مضبوط کرنا۔
پشتی (پُش۔ تی) (ف) مؤنث (۱) مضبوطی۔ پائداری۔ استحکام۔ ٹھہراؤ (۲) تائید۔ مدد۔ سہارا۔ اعانت۔ حمایت۔ جانب داری۔ طرفداری۔ (۳) تکیہ۔ ٹیک۔ آڑ۔ اوٹ (۴) حفاظت۔ رکھوالی۔ نگہبانی۔
پشتیبان (ف) مذکر (۱) مدد کرنے والا۔ سہارا دینے والا۔ ساتھی۔ رفیق۔ مددگار (۲) پشتوان۔ وہ لکڑی جو پیچھے کی جانب پائداری کے لیے کواڑ۔ تختہ۔ کشتی۔ جہاز وغیرہ میں لگائی جائے۔
پشتیں (پُش۔ تیں) (ف) پشت بہ پشت۔ باپ دادا سے۔
پشتینی (پُش۔ تی۔ نی) (ف) موروثی۔ خاندانی۔ نسلی۔ پشتہا پشت سے۔ قدیمی۔
پشٹ (پُشٹ) (س) (ہندو) مضبوط۔ پائدار۔ پختہ۔ مستحکم (۲) زور آور۔ طاقتور۔ بلوان۔ (۳) مقوی۔ قوت دینے والا۔ طاقت دینے والا۔
پشم (پَشم) (ف) مؤنث (۱) بال۔ رُواں۔ اون۔ رونگٹا (۲) کیس (۳) جھانٹ۔ موئے زہار (۴)

بے حقیقت۔ حقیر۔ کم اصل۔ ذلیل۔ رذیل۔ (۵) بے کار۔ ہیچ۔ ہیچی ÷

پشم پھاڑنا (و) (۱) ہیچ سمجھنا۔ نہایت حقیر جاننا۔ بے اصل سمجھنا (۲) پروا نہ کرنا۔ خیال میں نہ لانا۔ خاطر میں نہ لانا ÷

پشم کندہ نہ ہونا (و) (۱) بال نہ اکھڑنا۔ جھانٹ نہ اکھڑنا۔ (۲) کچھ نہ ہو سکنا۔ بال بیکا نہ ہو سکنا۔ کچھ نقصان نہ ہو سکنا (۳) عوض نہ لے سکنا۔ بدلہ لینے سے مجبور ہونا ÷

پشم نہ سمجھنا (و) کچھ نہ سمجھنا۔ خاطر میں نہ لانا ÷

پشمینہ (پَش۔ مِیْ۔ نَہ) (ف) مذکر۔ اونی کپڑا۔ بالوں کا پارچہ ÷

پشو (پَشُو) (س) مذکر (۱) چوپایہ۔ جانور۔ ڈھور۔ مویشی (۲) بے وقوف۔ بے تمیز۔ ناسمجھ۔ بے عقل۔ کم فہم (۳) جاہل۔ مورکھ۔ بے علم ÷

پشواز (پِش۔ وَاز) (ا) مؤنث۔ گون۔ سایہ۔ جامہ۔ ناچنے کی پوشاک۔ لباسِ رقص ÷

پشّہ (پَش۔ شَہ) (ف) مذکر (۱) مچھّر۔ پردار زہریلا کیڑا جو کان میں بھنبھناتا اور جسم میں ڈنک مارتا ہے۔ (۲) بے حقیقت۔ بے اصل۔ ہیچ۔ حقیر (۳) پوچ۔ کمزور۔ ناطاقت ÷

پشّی (ا) (۱) پشّہ کی تانیث (۲) بچے کا پیشاب۔ بالک کا موت ÷

پشیمان (پَشِے۔ مَان) (ف) (۱) شرمندہ۔ نادم۔ منفعل۔ (۲) پچھتانے والا۔ افسوس کرنے والا۔ متاسّف ÷

پشیمانی (پَشِے۔ مَا۔ نِی) (ف) مؤنث۔ شرمندگی۔ ندامت۔ افسوس ÷

پ - ط

پطرس (پَط۔ رَس) (لاطینی) حضرت عیسٰی کا ایک مشہور حواری ÷

پ - غ

پغمان (پَغ۔ مَان) (ف) مذکر۔ کابل کے پاس ایک شہر ÷

پ - ف

پُف۔ پفو (پُف۔ پُفُو) (ف) مؤنث۔ پھونک۔ پھونک مارنا ÷

پ - ک

پک (پَک) پکنا کا امر ÷

پکا (پَکَا) (۱) پکنا کی ماضی (۲) پکانا کا امر ÷

پکّا (پَک۔ کَا) (ہ) (۱) پکایا ہوا۔ پکا ہوا (۲) گھی وغیرہ چکنائی کی آمیزش سے پکائی ہوئی روٹی۔ جیسے پکا ہوا کھانا (۳) تجربہ کار۔ کارکردہ۔ ہوشیار۔ جہاں دیدہ (۴) مشّاق (۵) راسخ۔ مضبوط۔ پختہ۔ پائدار۔ مستحکم (۶) کامل۔ پورا۔ بالغ۔ مکمّل (۷) بے کھوٹ۔ بے نقص۔ بے ضرر (۸) بے اندیشہ۔ نڈر۔ بے خوف۔ دیدہ دلیر (۹) سند یافتہ۔ رجسٹرڈ۔ مستند۔ قابل۔ وثیع۔ جیسے پکا تمسّک (۱۰) اسٹام۔ ٹکٹ لگا ہوا۔ جیسے پکا کرایہ نامہ تحریر کیا ہے (۱۱) مستقل۔ جیسے عبدالوحید پکا ڈپٹی کلکٹر ہے (۱۲) اُبالا۔ جوش دیا (۱۳) پختہ۔ تیار۔ بھنا۔ تلا۔ جیسے گوشت پکا دھرا ہے (۱۴) قدیم۔ مستقل۔ موروثی۔ جیسے پکا کاشت کار ہے (۱۵) پُور۔ مٹکا ہوا۔ دکھتا ہوا۔ درد کرتا ہوا۔ جیسے بدن پکا پھوڑا ہو رہا ہے۔ (۱۶) بہت زیادہ۔ نہایت۔ جیسے پکا دوست (۱۷) وفادار۔ نباہ کرنے والا۔ ساتھ دینے والا۔ حمایت کرنے والا۔ ہمدردی کرنے والا۔ جیسے پکا یار (۱۸) مصمّم۔ بالجزم۔ مستقل۔ اٹل۔ جیسے پکا ارادہ (۱۹) صحیح۔ درست۔ ٹھیک۔ بیشک۔ واقعی۔ راست۔ سچا۔ جیسے پکا وعدہ (۲۰) پختہ۔ اینٹ چُونے کی چنائی۔ پتھر چُونے۔ سیمنٹ کی تعمیر جیسے پکا مکان۔ (۲۱) منقّش کا غذ۔ مسکوک۔ سکّہ جس پر بادشاہ کی تصویر یا نام یا دونوں چھپے ہوں (۲۲) عمر رسیدہ۔ بوڑھا۔ پختہ کار۔ گرم و سرد چشیدہ۔ (۲۳) خرانٹ۔ گھاگ۔ چالاک۔ عیّار (۲۴) خوب۔ عمدہ۔ اچھا۔ بخوبی۔ اچھی طرح۔ جیسے پکا یاد ہونا ÷

پکا پان (ا)، (۱) عمر رسیدہ۔ انتہا کو پہنچا ہوا۔ نہایت بڈھا (۲) پختہ کار۔ جہاں دیدہ۔ تجربہ کار۔ گھاگ۔ خرانٹ ۔

پکا پکایا (ا) (۱) بے محنت۔ بے مشقت۔ بے تکلف۔ بے کوشش۔ بلا سعی (۲) مفت۔ بے لاگ (۳) بیس۔ درست۔ ٹھیک۔ تیار۔ مکمل ۔

پکا پھوڑا (ا) مذکر (۱) پیپ بھرا ہوا پھوڑا۔ مواد بھرا پھوڑا (۲) درد سے بھرا ہوا۔ دکھیا۔ پر درد۔ غم زدہ۔ رونے کو تیار ۔

پکا پھوڑا۔ ٹھیس لگی اور پھوٹا (ا) مثل۔ پوچھتے ہی مصیبت زدہ شخص نے اپنا حال بیان کر دیا ۔

پکا پیسا (ا) بہت ہوشیار۔ نہایت سیانا۔ زیادہ عقلمند۔ تجربہ کار۔ گرگ باراں دیدہ ۔

پکا چٹھا (ا) مذکر (۱) پکا روزنامچہ۔ پختہ بہی کا حساب (۲) آمد و خرچ کی میزانوں کی برآورد۔ آمد و خرچ کے حساب کی فہرست ۔

پکا کرنا (ا) (۱) مستقل کرنا۔ آمادہ کرنا (۲) مضبوط کرنا۔ پختہ کرنا (۳) گھوٹنا۔ ذہن نشین کرنا ۔

پکا ہونا (ا) معاملہ طے ہو جانا۔ کام مضبوط ہو جانا ۔

پکار (پُکار) (ہ) مؤنث (۱) نالش۔ عرضی۔ شکایت۔ درخواست۔ استغاثہ۔ دعویٰ (۲) شور و شر۔ غل۔ ہلڑ۔ آواز۔ اذان۔ بانگ۔ چیخ۔ چنگھاڑ (۳) بلاوا۔ طلبی۔ حاضری (۴) فریاد (۵) چاہت۔ حاجت۔ ضرورت۔ تلاش۔ خواہش۔ مانگ۔ ڈھونڈ (۶) ڈھنڈورا۔ منادی (۷) اطلاع۔ آگاہی۔ خبر۔ اعلان ۔

پکار اٹھنا (ہ) (۱) آواز بلند ہونا (۲) آواز دینا ۔

پکار پڑنا (ہ) (۱) شہرت ہونا (۲) تلاش ہونا ۔

پکار دینا (ہ) (۱) آواز دینا۔ بلاوا دینا۔ پکارنا (۲) اطلاع دینا۔ آگاہ کرنا۔ واقف کرنا (۳) ڈھنڈورا پیٹنا۔ منادی کرنا ۔

پکار کے (ا) (۱) علی الاعلان۔ کھلم کھلا۔ ڈنکے کی چوٹ۔ باآواز دہل۔ ڈھنڈورے کے ساتھ۔ علانیہ۔ (۲) ناراضی کے ساتھ۔ خفگی سے۔ غصے کے ساتھ۔ جھلا کے۔ (۳) چیخ کے۔ چلا کے۔ شور و غل مچا کے (۴) آگاہ کر کے۔ اطلاع دے کر۔ باخبر کر کے۔ مطلع کر کے ۔

پکارن (پکا۔ رن) (ہ) مؤنث۔ پکارنا۔ بلانا ۔

پکارنا (ا) (۱) بلانا (۲) چلانا۔ غل مچانا (۳) مخبر کرنا۔ (۴) یاد کرنا۔ رٹنا (۵) فریاد کرنا ۔

پکانا (ا) (۱) پختہ کرنا۔ تیار کرنا۔ ریندھنا (۲) ٹھیک کرنا۔ درست کرنا۔ طے کرنا۔ جیسے شادی کی بات پکانا (۳) خامی دور کرنا۔ کچا پن دور کرنا۔ جیسے آم کو پال میں پکانا (۴) مضبوط کرنا۔ پختہ کرنا۔ پائدار کرنا (۵) گھوٹنا۔ رٹنا۔ بار بار کہنا۔ ورد یاد کرنا (۶) تہ تیغ کرنا (۷) ہضم کرنا ۔

پکاؤ (ف) مذکر (۱) پکنے والا۔ پکنے کے قریب۔ گدرایا ہوا۔ جیسے یہ پھل پکاؤ ہے (۲) تیاری کے قریب ۔

پکائی (ہ) مؤنث۔ پکانے کی اجرت۔ پکوائی ۔

پکپن (ہ) مذکر۔ دانائی ۔

پکچر (پِک۔ چَر) (انگ PICTURE) مؤنث۔ تصویر ۔

پکچر ہاؤس (انگ PICTURE HOUSE) مذکر۔ تصویر خانہ۔ نگار خانہ۔ تماشاگاہ۔ سینما۔ وہ جگہ جہاں تصویریں دکھائی جائیں ۔

پکڑ (پَکَڑ) (ہ) مؤنث (۱) گرفت۔ قبضہ (۲) داؤ۔ کشتی۔ لڑنت (۳) بحث۔ مباحثہ۔ حجت۔ تکرار۔ جیسے دو مولویوں کی پکڑ ہو گئی (۴) بیگار۔ دھونس۔ بلاوا۔ طلبی (۵) پکڑنا کا امر۔ چھوڑ کی ضد ۔

پکڑانا (ہ) (۱) گرفتار کرانا۔ وارنٹ نکلوانا۔ طلبی کرانا (۲) ہاتھ میں ہاتھ دینا۔ حوالے کرنا۔ سپرد کرنا۔ دینا ۔

پکڑ بلانا (ہ) گرفتار کر لینا۔ زبردستی بلانا ۔

پکڑ بندی (ہ) مؤنث (۱) اعتراض۔ نکتہ چینی (۲) ثبوت۔ گواہی ۔

پکڑ دھکڑ (ہ) مؤنث (۱) گرفتاری۔ مواخذہ (۲) دوڑ دھوپ (۳) جبر۔ سختی۔ ظلم ۔

پکڑ لانا (ہ) (۱) گرفتار کر لانا۔ قبضے میں لانا (۲) پیچ میں لانا۔ داؤں کرنا۔ پہلوان کا پکڑ لانا ۔

پکڑنا (ا) (۱) تھامنا۔ لینا (۲) گرفتار کرنا۔ پھانسنا۔ قید کرنا (۳) نکالنا۔ ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا۔ پانا۔ جیسے چوری پکڑنا (۴) اعتراض کرنا۔ ٹوکنا۔ جیسے غلطی پکڑنا (۵) روکنا۔ ٹھہرانا۔ تھامنا۔ بند کرنا۔ (۶) شروع کرنا۔ ابتدا کرنا۔ جیسے اس کام کو پکڑنا چاہیئے (۷) برابر ہونا۔ برابر میں پہنچنا۔ جیسے

مٹھی میں جا پکڑنا۔ جاتے کو پکڑنا (۷) گزارنا۔ بسر کرنا۔ جیسے دن پکڑنا مشکل ہے (۸) قابو میں کرنا۔ پیچ کرنا۔ ایک پہلوان کا دوسرے کو پکڑنا (۹) گھیرنا۔ محصور کرنا۔ احاطہ کرنا ۔

پکڑوانا (ف) دیکھو "پکڑانا" ۔

پکش (پَکش) (س) مذکر (۱) طرف۔ سمت (۲) پاکھ۔ پکھواڑہ۔ پندرہ دن کا زمانہ۔ پکھ (۳) بل۔ زور۔ طاقت۔ توان (۴) بازو۔ پنکھ۔ پر ۔

پکشی (س) مذکر (۱) طرف دار۔ جانب دار۔ حمایتی۔ معاون۔ مددگار (۲) بازو رکھنے والا۔ پروالا۔ پرند۔ پنکھ والا۔ پکھیرو۔ پنچھی۔ اُڑنے والا جانور (۳) بلوان۔ طاقت ور۔ زور آور (۴) تیر سوفار دار۔ پر لگا ہوا تیر ۔

پکنا (ف) (۱) پختہ ہونا۔ کھانا تیار ہونا۔ جننا (۲) مکمل ہونا۔ درست ہونا۔ ٹھیک ہونا (۳) قابل ہونا۔ تجربہ کار ہونا۔ کارکردہ ہونا (۴) بالغ ہونا۔ حد کو پہنچنا (۵) پیپ پڑنا۔ مواد پختہ ہونا (۶) عمر رسیدہ ہونا۔ بڑھاپا آنا۔ پختہ ہونا۔ تیار ہونا (۷) چوسر میں گوٹوں کا چل کر کامیابی حاصل کرنا۔ پگنا (۹) طے ہونا۔ معیّن ہونا۔ مقرر ہونا۔ ٹھکنا ۔

پکوان (پک۔وان) (س) مذکر (۱) تلی ہوئی چیز۔ پکا کھانا۔ پوری۔ کچوری۔ پراٹھا وغیرہ ۔

پکوانا (ف) تیار کرانا۔ رسوئی کرانا۔ پختہ کرانا

پکوائی (ہ) دیکھو "پکائی" ۔

پکوڑا (پکو۔ڑا) (ہ) مذکر (۱) بتاسہ۔ پھولا۔ بتاشا۔ گول گپا (۲) اڑد یا مونگ وغیرہ کی پیٹھی کا بنا ہوا گلگلہ۔ بڑی پھلکی۔ بڑی پکوڑی (۳) پھولا ہوا۔ گول مول ۔

پکوڑا سی ناک (ہ) مؤنث۔ موٹی ناک ۔

پکوڑی (ہ) مؤنث۔ اڑد یا مونگ وغیرہ کی پیٹھی کی بنی ہوئی گولی۔ گلگلی۔ پھلکی۔ اکثر دہی پکوڑی بولا جاتا ہے ۔

پکوڑے (ہ) مذکر۔ پکوڑا کی جمع ۔

پکوڑے تلنا (ہ، ف) (۱) بیسن وغیرہ کی پھلکیاں گھی میں تیار کرنا (۲) بہت گھٹیا شعر کہنا۔ تک بندی کرنا ۔

پکھ (پَکھ) (س) مذکر۔ پکھواڑا۔ پاکھ۔ پندرھواڑہ۔ پکش ۔

پکھال (پکھال) (ہ) مؤنث۔ وہ چرمی مشک جس میں پانی بھر کر بیل پر لادتے ہیں ۔

پکھال پیٹیا (ا) مذکر (۱) بڑے پیٹ والا۔ بڑ پیٹو۔ زیادہ کھانے والا۔ کھاؤ ۔

پکھاوج (پکھا۔وج) (ہ) مذکر (۱) ہندل۔ مردنگ۔ ایک قسم کی ڈھولک۔ طبلہ (۲) ایک قسم کا راگ۔ ایک قسم کا سُر ۔

پکھاوجی (ہ) مذکر۔ مردنگ بجانے والا۔ پکھاوج بجانے والا۔ طبلہ نواز ۔

پکھراج (پکھ۔راج) (ہ) مذکر۔ جواہرات کی قسم میں سے ایک چمکدار زرد۔ نیلا یا سبز سفیدی مائل جواہر ۔

پکھوٹا (پکھ۔رَو۔ٹا) (ہ) مذکر (۱) چاندی یا سونے کا ورق (۲) پان کی گلوری جس پر چاندی یا سونے کا ورق لپٹا ہوا ہو ۔

پکھوا (پکھ۔وا) (ہ) مذکر (۱) بازو۔ باہنہ (۲) پہلو۔ بغل۔ کنار۔ آغوش ۔

پکھوڑا (پکھو۔ڑا) (ہ) مذکر (۱) کاندھے کی ہڈی (۲) کاندھا ۔

پکھیرو (پکھے۔رُو) (ہ) مذکر (۱) پرندہ۔ پردار جانور۔ پنچھی۔ پرند۔ طائر۔ اڑنے والا (۲) تیز رو چیز۔ تیز چلنے والا آدمی ۔

پکی (پک۔کی) (ہ) مؤنث (۱) پختہ۔ مضبوط۔ استوار۔ مستحکم۔ پائدار (۲) مستقل (۳) قائم (۴) معیّنہ۔ مقررہ (۵) کامل۔ پوری۔ مکمل (۶) غیر خام (۷) تیار۔ بنی ہوئی۔ رندھی ہوئی (۸) پکا کی تانیث ۔

پکی پیداوار (ا) مؤنث (۱) وہ جنس جو پختہ اترے (۲) وہ نکاسی جو کاشت کاری کے مصارف مجرا دے کر بچی ہو ۔

پکی پیسی (ہ، ا) نیس۔ پکی پکائی۔ جیسی پکا کر تیار کی ہوئی (۲) تجربہ کار عورت۔ جہاں دیدہ اور ہوشیار عورت ۔

پکی کرنا (ف) مؤنث۔ استحکام کرنا۔ سخت و تیز کرنا ۔

پکیے (پک۔کے) (ہ) مذکر۔ پکا کی جمع ۔

پکے گولر۔ کوے کو نیند کیسے آئے (ہ) مثل۔ چیز سامنے ہو تو لالچی شخص کو کیونکر صبر آئے ۔

پ-گ

پگ (پَگ) (ہ) مذکر۔ پد۔ پاؤں۔ قدم۔ چرن۔ پا ۔

پگّا (پَگ۔گا) (ہ) مذکر۔ پچھاڑی۔ پیکھڑا۔ پاؤں میں باندھنے کی رسّی۔ زنجیر یا۔ بیل کے گلے کی رسّی +

پگانا (پگا۔نا) (ہ) (۱) تمام کھلاڑیوں کا کھیل ختم کرنا۔ (۲) دیکھو "بیباق کرنا" (۳) پورا کرنا +

پگاہ (پگاہ) (ف) مؤنث (۱) صبح۔ سحر۔ فجر۔ تڑکا۔ بھور (۲) تڑکے۔ وقت پر۔ بروقت۔ عین وقت پر +

پگڈنڈی (ہ) مؤنث۔ بٹیا۔ باٹ۔ راہ۔ پاؤں کی لکیر جو زمین پر ہو جاتی ہے۔ پاؤں کے نشان۔ تنگ راستہ۔ پیدل چلنے کی راہ۔ رستہ جس میں گاڑی وغیرہ نہ جا سکے +

پگڑی (پَگ۔ڑی) (ہ) مؤنث (۱) سر پر باندھنے کا کپڑا۔ دستار۔ عمامہ (۲) عزّت۔ آبرو (۳) متنفّس۔ آدمی۔ نفر +

پگڑی اُتارنا (ہ) (۱) بے عزّتی کرنا۔ آبرو ریزی کرنا۔ (۲) گاہک کو مونڈنا۔ ٹھگنا۔ لوٹنا۔ دھوکا اور فریب کرنا +

پگڑی اُترنا (ہ) (۱) بے عزّتی ہونا۔ آبرو ریزی ہونا۔ بدنام ہونا۔ رسوا ہونا (۲) مال خریدنے میں دھوکا ہونا۔ ٹھگا جانا +

پگڑی اٹکنا (ہ) (۱) مقابلہ ہونا۔ برابری ہونا۔ ہمسری ہونا۔ آمنا سامنا ہونا (۲) پگڑی الجھنا +

پگڑی اُچھالنا (ہ) (۱) عزّت اتارنا۔ ذلّت دینا۔ ذلیل کرنا (۲) تمسخر کرنا۔ ہنسی اڑانا۔ مذاق کرنا +

پگڑی اُچھلنا (ہ) (۱) ذلّت ہونا۔ بے آبروئی ہونا۔ بے عزّتی ہونا (۲) تمسخر اڑنا۔ مذاق ہونا۔ ہنسی اڑنا۔ چھیڑ چھاڑ ہونا۔ توہین ہونا +

پگڑی باندھنا (ہ) (۱) سرفراز کرنا۔ عزّت دینا۔ بزرگی بخشنا۔ بڑائی دینا۔ دستار بندی کرنا (۲) قائم مقام کرنا۔ جانشین بنانا۔ وارث کرنا۔ گدّی پر بٹھانا۔ (۳) دستار باندھنا۔ دوپٹہ باندھنا (۴) کامل اور منتہی گرداننا۔ فاضل اور عالم ماننا۔ ہنر کا استاد اور فن کا ماہر تسلیم کرنا (۵) سردار بنانا۔ مکھیا بنانا۔ خلیفہ بنانا۔ چودھری بنانا۔ افسر بنانا۔ حاکم بنانا (۶) ذمّہ دار بنانا۔ سر پر سہرا رکھنا +

پگڑی بدلنا (ہ) (۱) بھائی بنانا۔ منہ بولا بھائی بنانا۔ ڈِبل بھائی بنانا (۲) دوست بنانا۔ یار بنانا۔ محبّت اور پیار کرنا +

پگڑی رکھنا (ہ) (۱) دوپٹہ باندھنا۔ شملہ لگانا۔ صافہ پہننا۔ عمامہ لپیٹنا (۲) عزّت رکھنا۔ آبرو بچانا۔ توقیر کرنا (۳) عمامہ گرو رکھنا۔ دستار رہن رکھنا (۴) عاجزی کرنا۔ انکسار کرنا۔ خوشامد کرنا۔ پاؤں پر پگڑی ڈالنا +

پگڑی میں پھول رکھا گیا (ہ) مثل۔ بدنام ہو گیا۔ عیب لگ گیا +

پگڑی والا (ہ) (۱) حکیم۔ طبیب۔ ڈاکٹر۔ وید۔ بید۔ معالج (۲) عزّت والا۔ توقیر والا۔ دستار رکھنے والا (۳) عمامہ باندھنے والا (۴) پگڑی بیچنے والا +

پگلا (پَگ۔لا) (ہ) مذکر (۱) پاگل کی تصغیر۔ سڑی۔ سودائی۔ باؤلا (۲) خبطی۔ احمق۔ نادان +

پگل۔ پگھل (پگل + پگھل) (ہ) پگلنا۔ پگھلنا کا امر +

پگلانا۔ پگھلانا (ہ) (۱) تپانا۔ گرم کرنا۔ آنچ دینا۔ آگ دکھانا (۲) گداز کرنا۔ گھلانا۔ نرم بنانا۔ گلانا۔ (۳) نرم کرنا۔ ملائم کرنا۔ نرمانا (۴) رحم دل بنانا۔ مہربان بنانا (۵) توجّہ دلانا۔ دھیان کرنا۔ خیال کرنا۔ راضی کرنا۔ رضامند کرنا +

پگلنا۔ پگھلنا (ہ) (۱) تپنا۔ گرم ہونا۔ آنچ پانا (۲) گداز ہونا۔ گھلنا۔ پگھلنا۔ گلنا (۳) نرم ہونا۔ ملائم ہونا (۴) رحم کرنا۔ مہربان ہونا (۵) توجّہ کرنا۔ دھیان دینا (۶) راضی ہونا۔ منظور کرنا +

پگ وَنڈ (پ) مؤنث۔ دستاویز۔ تحریر +

پگیا (پَگ۔یا) (ہ) مؤنث۔ پگڑی کی تصغیر۔ چھوٹی پگڑی +

پ ۔ ل

پل (پَل) (ہ) مذکر۔ پلک جھپکانے کا وقفہ۔ سیکنڈ۔ آن۔ لمحہ۔ دم +

پل بھر میں (ہ) ذرا سی دیر میں۔ فوراً +

پل کی پل میں
پل مارتے
پل مارتے میں
(ہ) تھوڑی دیر کے لئے۔ فوراً۔ آنکھ جھپکانے میں +

پل (ہ) پلنا کا امر +

پلا (ہ) پلنا کی ماضی +

پلا پلایا (ہ) خوب پرورش کیا ہوا۔ موٹا تازہ ٭
پَل پلیکر (پلا پکر) (ہ) پرورش پاکر ٭
پَل جانا۔ پلنا (ہ) (۱) پرورش پانا (۲) گرمی پاکر نرم ہونا ٭
پلنا (ہ) مذکر۔ پالنا۔ گہوارہ ٭
پلوانا (ہ) پرورش کرانا ٭
پُل (پُل) (ف) مذکر (۱) پانی پر گذرنے کی راہ۔ دریا کے عبور کی راہ۔ جسر۔ قنطرہ۔ بند۔ پشتہ۔ پانی پر سے گذرنے کی چھت (۲) (محاورۃً) کثرت۔ افراط بہتات۔ زیادتی ٭
پُل باندھنا (ف) (۱) دریا پر عمارت اور راستہ بنانا۔ (۲) مبالغہ کرنا۔ ڈھیر لگا دینا (۳) لگاتار کوئی کام کرنا (۵) (جھوٹ کے) بہت جھوٹ بولنا ٭
پُل صراط (ف ع) مذکر۔ مسلمانوں کے عقیدے میں دوزخ کے اوپر کا وہ پُل جو بال سے زیادہ باریک اور تلوار سے زیادہ تیز ہے۔ نیک لوگ آسانی کے ساتھ اس کے اوپر سے گزر کر بہشت میں چلے جائیں گے اور بُرے آدمی کٹ کر دوزخ میں گر پڑیں گے ٭
پَلّا (پَل۔ لا) (ہ) مذکر (۱) دامن۔ آنچل۔ چھور۔ کنارہ۔ (۲) حمایت۔ طرف داری۔ اعانت۔ مدد۔ سہارا۔ کمک (۳) بوجھ۔ تھیلا (۴) پلڑا۔ پلڑا۔ ترازو۔ جھینپی یا ڈلی وغیرہ کے متعلق بولا جاتا ہے (۵) پٹ۔ کواڑ (۶) لپ۔ کولی۔ بغل (۷) پرے۔ دوری۔ فرق۔ فاصلہ۔ تفاوت ٭
پلّا بھاری ہونا (ہ) (۱) زیادہ دوری ہونا۔ بہت فرق ہونا۔ نہایت فاصلہ ہونا (۲) کمک زبردست ہونا۔ معاون زبردست ہونا (۳) گہرا تعلق ہونا۔ زیادہ واسطہ ہونا (۴) بھاری بوجھ ہونا۔ کون بھاری ہونا (۵) زیادہ خاندان ہونا۔ بہت کنبہ ہونا۔ بڑا قبیلہ ہونا (۶) بہت مصروف کار ہونا (۷) وزن زیادہ ہونا (۸) پاٹ قیمتی ہونا۔ زیادہ کا مدار ہونا ٭
پلّا پاک ہو جانا (ہ) (۱) فیصلہ ہو جانا (۲) قرض ادا ہو جانا ٭
پلّا چھڑانا (ہ) (۱) بے باق کرنا۔ ادا کرنا (۲) ترک تعلق کرنا۔ واسطہ چھوڑنا۔ سابقہ نہ رکھنا (۳) دامن چھڑانا۔ آنچل نکالنا۔ چھوڑ کھینچنا۔ (۴) (۴) پاٹ پرے کام ادھیڑنا۔ پلڑے سے
سنبھالو پرے کام چھڑا کر الگ کرنا (۵) کنارہ اتار لینا۔ حاشیہ الگ کر لینا۔ آنچل ادھیڑ لینا۔ (۶) دامن چھڑانا۔ پیچھا چھڑانا۔ الگ ہونا۔ جدا ہونا۔ علیحدہ ہونا ٭
پلّا لینا (ہ) (۱) (ہندو عو) آنکھ کے پلہ کرنا۔ ماتم۔ عزاداری کرنا۔ زاری کرنا۔ منہ ڈھکنا (۲) دامن پکڑنا۔ آنچل تھامنا (۳) پیچھے پڑنا۔ سر ہونا۔ ساتھ لگ لینا۔ ذمے ہو جانا (۴) توقع کرنا۔ امید رکھنا۔ سہارا لینا (۵) ڈولی خریدنا (۶) بچھا مول لینا (۷) دوشالہ مول لینا۔ چادر خریدنا (۸) کان کھانا۔ بھونکنا۔ چلانا۔ تنگ کر دینا۔ بیزار کرنا ٭
پِلّا (پِل۔ لا) (ہ) مذکر (۱) بچہ۔ سگ۔ کتے کا بچہ (۲) بچہ زادہ۔ نطفہ۔ تخم۔ جیسے حرام کا پلّا ٭
پَلّا (ہ) مذکر۔ بڑی پلی۔ تیل نکالنے کا ٹیڑھا کفگیر۔ گھی نکالنے کا بڑا ٹیڑھا چمچہ ٭
پلاس (پَلاس) (ف) مذکر۔ ٹاٹ۔ موٹا کپڑا ٭
پلاس (پَلاس) (ہ) مذکر۔ ڈھاک کا درخت ٭
پلاس پاپڑا (ہ) مذکر۔ ڈھاک کا بیج جو دواؤں میں پڑتا ہے ٭
پلاسنا (پلاس۔ نا) (ہ) (۱) قطع کرنا۔ چھانٹنا۔ کاٹنا۔ تراشنا۔ درست کرنا۔ ٹھیک کرنا۔ یکساں کر کے چکنانا۔ جیسے جوتا پلاسنا ٭
پلانا (پلا۔ نا) (ہ) (۱) نوش کرانا۔ پانی دینا (۲) داخل کرنا۔ پہنچانا۔ اتارنا۔ اثر کرنا۔ کھپانا۔ سرایت کرنا۔ دوڑانا۔ جذب کرانا۔ جیسے لاٹھی کو تیل پلانا (۳) مارنا۔ لگانا۔ ہدف بنانا۔ نشانہ کرنا۔ جیسے بندوق کی گولی پلانا (۴) بھرنا۔ ڈالنا (۵) تیل نکلوانا۔ روغن نکلوانا (۶) رس نکلوانا۔ عرق نکلوانا ٭
پُلاؤ (پُ۔ لاؤ) (ف) مذکر (۱) ایک قسم کا لذیذ کھانا جو گوشت کی یخنی میں چاول پکا کر تیار کیا جاتا ہے۔ اس کی بہت سی قسمیں ہیں۔ ہرے چنے اور چاول سے بھی پونٹ پلاؤ بنایا جاتا ہے ٭
پلائی (پِلا۔ئی) (ہ) مؤنث (۱) انّا۔ دایہ۔ انگہ۔ آیا۔ رضاعی ماں (۲) دودھ پلانے والی نوکرانی ٭
پِل پڑنا (پِل۔ پڑ۔ نا) (ہ) (۱) دفعۃً حملہ کرنا۔ چڑھ جانا۔ یکبارگی بول دینا (۲) مارنے لگنا۔ پیٹنے لگنا۔ مار کٹائی کرنے لگنا (۳) ریل دینا۔ دھکیلنا۔ ریلا دینا (۴) متوجہ ہونا۔ کام میں مصروف ہونا۔ لگ جانا۔ مصروف

ہو جانا ۔ جیسے سفر میں پل پڑنا ۔

پلپلا (پل ۔ پلا) (ہ) نرم ۔ ملائم ۔ پچپچا ۔ گھلا ہوا ۔

پلپلا (پل ۔ پلا) (ہ) بودا ۔ کھوکھلا ۔ مجوف ۔ اندر سے خالی ۔

پلپلانا (ف) پلپلا کرنا ۔ نرم کرنا ۔ ملائم کرنا ۔ نچوڑنا ۔ ملنا ۔ پلپلا نا ۔ گھلانا ۔

پلپلانا (ف) پوپلنا ۔ پوپلوں کی طرح کھانا یا چوسنا یا چبانا ۔ دانت لگائے بغیر رس چوسنا ۔

پلپلاہٹ (ہ) مونث ۔ نرمی ۔ ملائمی ۔ لچلچا پن ۔ ملائمیت ۔

پلپلی ٹھیکری (ہ) مونث ۔ فرج ۔ اندام نہانی ۔ شرمگاہ زناں ۔

پلتھی (پل ۔ تھی) (ہ) مونث ۔ چوتڑوں کے بل ٹانگیں اوپر نیچے کرکے بیٹھنے کا طریقہ ۔

پلٹ (پلٹ) (ہ) پلٹنا کا امر ۔

پلٹا (پل ۔ ٹا) (ہ) مذکر (۱) عوض ۔ بدلہ ۔ صلہ ۔ انتقام ۔ (۲) کفگیر جیسی ۔ روٹی وغیرہ پلٹنے کا آلہ (۳) لوٹنا ۔ پھرا ۔ واپس آیا ۔ باز آیا (۴) گردش ۔ دورہ ۔ انقلاب ۔ چکر (۵) گیا ۔ روانہ ہوا ۔ رخصت ہوا ۔ جیسے کل گھر کو پلٹا ہے ۔

پلٹی (ہ) مونث ۔ پلٹا کی تانیث ۔

پلٹیاں (ہ) پلٹی کی جمع ۔

پلٹیاں کھانا (ف) (۱) چکر کھانا (۲) قلا بازیاں کھانا ۔

پلٹس (پل ۔ ٹس) (مثلہ) (انگریزی ۔ پولٹس ۔ POULTICE) لیپ ۔ ضماد ۔ لپڑی ۔ لئی ۔

پلٹن (پل ۔ ٹن) (مثلہ) (انگ ۔ پلیٹون ,PLATOON) مونث ۔ پیادہ فوج کا دستہ ۔

پلٹنا (ف) (۱) پلٹا کھانا ۔ پلٹی لینا ۔ الٹنا ۔ لوٹنا ۔ پھرنا ۔ واپس ہونا (۲) باز آنا ۔ بے وفائی کرنا ۔ متکبر ہونا ۔ زبان بدلنا (۳) دیکھو الٹنا ۔

پلچنا (پلچ ۔ نا) (ف) پل پڑنا ۔ گتھ جانا ۔ لپٹ پڑنا ۔ سر ہو جانا ۔ چمٹ پڑنا ۔ چڑھ جانا ۔ مارنے کو تیار ہونا ۔ جھک پڑنا ۔

پلڑا (پل ۔ ڑا) (ہ) مذکر (۱) پاٹ ۔ پلہ ۔ کفہ ترازو کا پلڑا (۲) پاٹ ۔ کنارہ ۔ کروٹ ۔ بیل ۔ پلا ۔ جیسے ٹوپی کا پلڑا ۔

پلستر (پلس ۔ تر) (مثلہ) (انگ ۔ پلاسٹر ,PLASTER) مذکر (۱) کہگل ۔ کہری ۔ چونے کا لیپ ۔ مکان کا پلستر (۲) لیپ ۔ ضماد ۔ مرہم ۔

پلستر بگاڑنا (ف) (۱) لیپ میں خرابی کرنا ۔ ضماد میں نقص ڈالنا ۔ مرہم میں عیب پیدا کر دینا (۲) بچوا خراب کر دینا ۔ کھال ادھیڑنا ۔ تسمہ اڑانا ۔ بہت مارنا (۳) گچکاری کو اکھاڑ ڈالنا ۔ کہگل اڑانا ۔

پلک (پلک) (ہ) مونث (۱) پپنی ۔ مژہ ۔ پل ۔ مژگان آنکھ کے بال (۲) آن ۔ لحظہ ۔ دقیقہ ۔ ثانیہ ۔ لمحہ ۔ دم ۔ آنکھ کی جھپک ۔

پلک پیٹیا (ہ) (۱) شپرہ چشم ۔ چندھا ۔ مریض ۔ شبکور (۲) بار بار آنکھ جھپکانے والا ۔ جلد جلد پلک مارنے والا ۔

پلک جھپکنا (ف) پلک مارنا ۔ آنکھ جھپکنا ۔ آنکھ لگنا ۔ نیند آنا ۔ سونا ۔ آنکھ بند ہونا ۔

پلک دریا (ف) سیر چشم ۔ فیاض ۔ داتا ۔ کریم ۔ سخی ۔ دریا دل ۔

پلک مارنا (ف) آنکھ جھپکنا ۔ آنکھ مارنا ۔ آنکھ سے اشارہ کرنا ۔

پلک نواز (ف) (۱) ایک دم میں خوشحال کر دینے والا ۔ دم کے دم میں مالدار بنانے والا (۲) تھوڑی سی کارگزاری پر بہت کچھ دینے والا ۔

پلک نہ پسیجنا (ف) (۱) رحم نہ آنا ۔ ذرا بھی ترس نہ آنا (۲) آنسو نہ آنا ۔ اشک نہ بہنا ۔ نام کو بھی نہ رونا ۔

پلکا (پل ۔ کا) (ہ) مذکر ۔ اجلی کبوتر ۔ دور رنگا کبوتر ۔

پلکوں سے زمین جھاڑنا (ف) (۱) نہایت آؤ بھگت کرنا ۔ بہت عزت و تعظیم کرنا ۔ بے حد خاطر داری کرنا (۲) عقیدت کا اظہار کرنا ۔ عقیدت مند ہونا ۔ کمال تابع ہونا (۳) بے انتہا محبت رکھنا ۔

پلکوں سے نمک چننا (ف) (۱) پلکوں سے نمک اٹھانا ۔ (۲) از حد مشکل کام کرنا ۔

پلکیں (ہ) پلک کی جمع ۔

پلکیں کترنا (ف) خوبصورت بچوں کو نظر بد سے بچانے کے لیے ان کی پلکیں کتر کر چھوٹی کرنا ۔

پلنا (پل ۔ نا) (ف) (۱) کچلا جانا ۔ دبایا جانا ۔ مسلا جانا (۲) پیل کر عرق نکلنا ۔ دبا کر رس نکلنا (۳) ریلا لگانا ۔ پل پڑنا ۔ دھکیل دینا (۴) پلا ہوا ہونا (۵) حملہ کرنا ۔

پلندا (پلن ۔ دا) (ہ) مذکر (۱) پیکٹ ۔ بنڈل ۔ گٹھڑی ۔

گدّی۔ مخملت۔

پلنگ (پَلَنگ) (ہ) مذکر۔ چارپائی۔ مسہری۔ ماچا۔ کھاٹ۔

پلنگ (پَلَنگ) (ف) چیتا۔ شیر کی مانند ایک درندہ۔ جس کے بدن پر سیاہ دھبے ہوتے ہیں۔

پلنگ پوش (ف) مذکر۔ چادر۔ بالاپوش۔ پلنگ اور بستر کے ڈھکنے کا کپڑا۔

پلنگ توڑ (ا) مذکر (۱) بیکار شخص۔ فالتو آدمی۔ نکھٹو۔ جو کوئی کام نہ کرے۔ کاہل۔ سست۔ ڈھیلا (۲) امساک کی ایک دوا۔

پلنگ تین چور (ہ) مذکر۔ وہ سات ستارے جو ایک پلنگ اور تین چوروں یا ایک جنازہ اور تین جنازہ اٹھانے والوں کی صورت میں آسمان پر نظر آتے ہیں۔ بنات النعش۔

پلنگڑی (ہ) مؤنث۔ پلنگ کی تصغیر۔ چھوٹی چارپائی۔

پلنگ کو لات مار کر کھڑا ہونا (ہ) (عو) (۱) جن جنا کر فارغ ہونا۔ زچگی سے صحیح سلامت نکلنا (۲) سخت بیماری سے صحت پانا۔ دکھ سے رہائی پاکر کام میں لگنا۔

پلنگ کے باندھ توڑنا (ا) خالی بیٹھے رہنا۔ کچھ کام نہ کرنا۔

پلو (پَلّو) (ہ) مذکر (۱) دامن۔ آنچل۔ پلا۔ چھور۔ کنارہ۔ حاشیہ۔ پاٹ۔ پلڑا (۲) کارچوبی کام۔ چوڑی گوٹ۔

پلوانا (ہ) (۱) تولش کرانا (۲) تیل نکلوانا (۳) رس نکلوانا۔ عرق نکلوانا (۴) پلونا۔ تھموانا۔

پلوٹھا۔ پلونٹھا (پَلَو۔ ٹھا + پَلَوں۔ ٹھا) (ہ) مذکر۔ پہلوٹھا۔ وہ بچہ جو پہلے پہل پیدا ہو۔ پہلا بچہ۔ پلوٹھی کا بچہ۔

پلوٹھی۔ پلونٹھی (پَلَو۔ ٹھی۔ پَلوں۔ ٹھی) (ہ) پلوٹھا۔ پلوٹھا کی تانیث۔

پلول (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا کھیرا۔ ایک قسم کی ککڑی (۲) پنجاب کا ایک مشہور قصبہ۔

پلول (پَلوَل) (ہ) دیکھو "پرول"۔

پلول ملانا (ا) موافق کر لینا۔ گانٹھنا۔ ساز باز کرنا۔ جوڑ بنانا۔

پلہ (پَلّہ) (ف) مذکر (۱) پلڑا۔ پاٹ۔ پلو (۲) سیڑھی۔ زینہ (۳) رتبہ۔ درجہ۔

پلھنڈا۔ پلھنڈی (پَلھَن۔ ڈا + پَلھَن۔ ڈی) (ہ) (۱) مذکر (۲) مؤنث۔ گھڑونچی۔ ٹکٹن۔ تپائی۔ پانی کا گھڑا رکھنے کا آلہ۔

پلھنی۔ پلھنی (پَلھَنی + پَلہَنی) (ہ) مؤنث۔ تلی۔ طحال۔ ایک عضو۔

پلی (پَلی) (ہ) مؤنث۔ تیل یا گھی نکالنے کا آلہ۔ ڈیڑھا چمچہ۔

پلی پلی جوڑنا (ہ) بوند بوند اکٹھا کرنا۔ تھوڑا تھوڑا جمع کرنا۔ کوڑی کوڑی جوڑنا۔

پُلی (پُلی) (ہ) مؤنث۔ پُل کی تصغیر۔ چھوٹا پل۔

پلے باندھنا (ا) (۱) حوالے کرنا۔ سپرد کرنا۔ دے دینا۔ ذمے کرنا۔ متعلق کرنا۔ قبضے میں دینا (۲) نکاح میں دینا۔ عقد کرنا (۳) شادی کرنا۔ عقد میں لانا (۴) گانٹھ میں باندھنا۔ گرہ میں لگانا (۵) یاد رکھنا (۶) دامن اور دوپٹے میں گرہ دینا۔ کنارے باندھنا (۷) الزام لگانا۔ سر تھوپنا۔ سر چپکنا۔

پلے پڑنا (ہ) (۱) ذمے ہونا۔ سر تھپنا۔ متعلق ہونا۔ واسطہ پڑنا (۲) قبضے میں آنا۔ قابو آنا (۳) ملکیت ہونا۔ وراثت میں آنا (۴) نکاح میں آنا۔ عقد میں آنا (۵) حصے میں آنا۔ بانٹے میں ملنا (۶) ہاتھ لگنا۔

پلیت (پَلیت) (ہ) (۱) گندہ۔ پلید۔ ناپاک (۲) کنجوس۔ بخیل۔

پلیتہ (پَلی۔ تہ) (ف) مذکر (۱) فتیلہ۔ بتی۔ فلیتہ (۲) تعویذ۔ جنتر منتر (۳) توڑا۔ پسے ہوئے بارود میں بھرا ڈورا جس میں آگ لگا کر آتشبازی یا بندوق چھوڑی جاتی ہے۔

پلیتہ چاٹ جانا (ہ) گھی یا تیل وغیرہ کا دیگچی یا کڑاہی میں آگ کی تیزی سے جل اٹھنا۔ توپ کا بتی دیے پر نہ چلنا۔

پلیتہ دینا (ہ) بتی دکھانا۔ توڑا لگانا۔ آگ لگانا۔

پلیتھن (پَلے۔ تھَن) (ہ) مذکر (۱) خشکا۔ خشک آٹا جس کی مدد سے روٹی بڑھائی اور چوڑی کی جاتی ہے (۲) وہ پھوک جو آٹے سے مادہ یعنی مغز نکالنے کے بعد باقی رہا ہو۔

پلیتھن نکالنا (ہ) بہت مارنا۔ مار کر ادھ موا کر دینا۔ کچومر نکال دینا۔

پلیٹ (پلیٹ) (انگ PLATE) مؤنث۔ رکابی۔ تھالی۔

پلیٹ فارم (پلیٹ۔ فارم) (انگ PLAT-FORM) مذکر۔ سطح یا چبوترہ۔ وہ چبوترہ جس کے متصل ریل کھڑی ہوتی ہے یا جس پر کھڑے ہو کر تقریر کرتے ہیں۔

پلیٹ فارم ٹکٹ (انگ - PLATFORM TICKET) مذکر- وہ ٹکٹ جو ریل والے پلیٹ فارم کے داخلے کے لئے قیمتاً دیتے ہیں +

پلیٹ لیئر (انگ - PLATE LAYER) مذکر- ریل کی سڑک بنانے کا افسر- ریل کی سڑک کا نگران افسر +

پلیٹنم (پلیٹ- نی- نم) (انگ PLATINUM) مذکر- ایک مشہور نہایت قیمتی دھات +

پلید (پلید) (ف) مذکر (۱) پلیت- گندہ- ناپاک- نجس- غلیظ (۲) بھوت پریت +

پلے دار (ہ) مذکر- حمال- قلی- مزدور- بوجھ اٹھانے والا +

پلیڈر (پلی- ڈر) (انگ PLEADER) مذکر- وکیل- وکالت کرنے والا- مقرر- بحث کرنے والا- جانب دار +

پلیس (پلیس) (انگ - PLACE) مؤنث- جگہ +

پلے سے باندھنا (ہ) (۱) بیاہ دینا- کسی سے عقد کر دینا (۲) دامن سے باندھنا +

پلیگ (پلیگ) (انگ PLAGUE) مؤنث- طاعون- ایک مہلک متعدی وبا جس سے گلٹیاں نکل کر آدمی مرجاتا ہے +

پلین (پلین) (انگ PLAN) (۱) تجویز- تدبیر- ڈھنگ- مسودہ (۲) زمین یا عمارت کا نقشہ- خاکہ +

پلین (پلین) (انگ PLANE) (۱) سادہ (۲) ہموار +

پلے ہونا (ہ) گانٹھ میں ہونا- گرہ میں ہونا- پاس ہونا +

پ - م

پمپ (پمپ) (انگ PUMP) مذکر- پچکاری- پانی اٹھانے کی کل +

پمفلٹ (پم- فلٹ) (انگ PAMPHLET) مذکر- رسالہ- چھوٹی کتاب +

پمن گیہوں (پم- من- گے- ہوں) (۱) مذکر- ایک قسم کا بڑا اور لال دار اور مضبوط گٹھیا گندم +

پ - ن

پن (پن) (انگ - PIN) مؤنث- گھنڈی والی سوئی +

پن (پین) (انگ - PEN) انگریزی قلم +

پن (پن) (س) مذکر (۱) خیرات- زکوٰۃ- صدقہ- دان- عطا (۲) کارِ خیر- نیک کام- بھلائی +

پن - پنا (پن- پنا) (ہ) مذکر- یہ مصدری علامت ہے- جیسے باپن- اڑ پنا وغیرہ- بعض اوقات سن و سال اور درجے کے موقع پر بولتے ہیں- جیسے بچپن- لڑکپن- کہیں نسبت کے موقع پر بھی مستعمل ہوتا ہے- جیسے شہد پنا- بچپن +

پن (پن) (ہ) مذکر- پانی- پان اور پانچ کا مخفف ہے- جو مرکبات میں آتا ہے- جیسے پن گھٹ- پنواڑی- پنسورہ- پنسیری وغیرہ +

پنا (پن- نا) (ہ) مذکر (۱) زمرد- جواہر سبز رنگ کا- (۲) آم یا املی کی ترشی میں میٹھا ملا کر گاڑھا بنا یا ہوا شربت (۳) ورق- پنا- صفحہ (۴) اوگی- جوتی کے اوپر والا چمڑا (۵) ورق کا سونا (۶) اکثر ہندو عورتوں مردوں کے نام +

پُنا (ہ) دیکھو "پنا" +

پِنا (ہ) دیکھو "پننا" +

پنا (پنا) (ہ) مذکر- عرض- چوڑائی- پاٹ +

پنالا (پنا- لا) (ہ) مذکر (عوام) (۱) پرنالہ (۲) نالی (۳) بدررو (۴) ٹونٹی- فوارہ (۵) وہ شگاف جو موٹاپے کے باعث جانوروں کی پیٹھ پر پڑ جاتے +

پناہ (پناہ) (ف) مؤنث (۱) امن- عافیت- خیر- حفاظت- نگرانی- آڑ (۲) حمایت- سہارا- پشتی- امداد (۳) ظل- سایہ- چھاؤں +

پناہ بخدا (ف) خدا کی پناہ- اللہ کی امان +

پناہ دینا (ہ) دشمنوں سے بچانا- سہارا دینا- امن دینا +

پناہ گاہ (ف) مؤنث- امن کا مقام- عافیت کی جگہ- امن- ملجا +

پناہ گیر (ف) مذکر- امن لینے والا- سہارا لینے والا- حفاظت میں آنے والا- پناہ میں آنے والا +

پناہ مانگنا (ہ) (۱) حفاظت چاہنا- امن و عافیت طلب کرنا (۲) دور رہنا (۳) دہائی دینا- فریاد

کرنا۔ داد چاہنا ۔

پَن بَٹّا (ہ) مذکر۔ پان رکھنے کا ڈبّہ۔ خاصدان۔ پان دان ۔

پنبہ (پَم۔ بَہ) (ف) مذکر۔ قطن۔ کپاس۔ رُوئی ۔

پنبہ بگوش (ف) (۱) غافل۔ بے خبر (۲) توجہ نہ کرنے والا۔ دھیان نہ کرنے والا (۳) بات نہ سننے والا (۴) بہرا۔ اصم۔ گنگ ۔

پن بھتّا (ہ) مذکر۔ پانی میں پکے ہوئے چاول۔ پتلے پکے ہوئے چاول ۔

پنبہ دانہ (ف) مذکر۔ بنولا ۔

پنبہ دوز (ف) مذکر۔ گانٹھنے والا۔ پیوند لگانے والا۔

پنبہ دہن (ف) (۱) منہ میں روئی ٹھونسے ہوئے (۲) خاموش۔ چُپ۔ کم گو۔ کم سخن۔ نہ بولنے والا ۔

پنبئی (پَم۔ بَ۔ اِئی) (ف) مؤنث۔ وہ کپڑا جس میں روئی بھری ہو۔ روئی دار ۔

پنبئی راوٹی (ف) (۱) روئی کا بنا ہوا ڈیرہ۔ روئی کا خیمہ۔ روئی کا مکان۔ روئی کا بنگلہ۔ (۲) سرد خانہ ۔

پنپنا (پَنَپ۔ نا) (ہ) (۱) سنبھلنا۔ ہوشیار ہونا (۲) سرسبز ہونا۔ تر و تازہ ہونا (۳) ترقی کرنا۔ بڑھنا۔ (۴) افلاس دُور ہونا۔ کمزوری دُور ہونا (۵) پَر پرزے نکالنا (۶) پھدکنا ۔

پنتھ (پَنتھ) (ہ) مذکر (۱) فرقہ۔ قوم۔ ملت۔ مذہب۔ دین۔ مت۔ دھرم۔ گروہ (۲) راہ۔ راستہ۔ سڑک۔ باٹ ۔

پنتھی (ہ) مذکر (۱) پنتھ والا۔ دھرمی۔ مذہبی۔ دیندار۔ (۲) ہم مذہب۔ ایک جماعت کا۔ ہم فرقہ ۔

پنتھی توڑنا (ہ) آلتی پالتی لگا کر بیٹھنا۔ چار زانو بیٹھنا ۔

پنج (پَنج) (ف) (۱) پانچ خمس۔ ۵ (۲) پانچ سال کا۔ گھوڑے کی عمر کے متعلق بولا جاتا ہے ۔

پنجاب (پَن۔ جاب) (ف) مذکر۔ پانچ آب۔ پانچ دریا۔ وہ صوبہ جس میں پانچ دریا یعنی ستلج۔ بیاس۔ راوی۔ چناب جہلم بہتے ہیں ۔

پنجاہ (پَن۔ جاہ) (ف) پچاس۔ ۵۰ ۔

پنج آیت (ف۔ ع) پانچ قرآنی سورتیں جو ختم میں پڑھتے ہیں۔ پنجسورہ ۔

پنج تن (ف) مذکر۔ پنج تن پاک یعنی رسول اکرمؐ۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ۔ حضرت فاطمہ رضؓ۔ حضرت امام حسنؓ۔ حضرت امام حسینؓ ۔

پنج روزہ (ف) (۱) چند دن۔ تھوڑا عرصہ۔ چند روزہ۔ (۲) پانچ دن کا۔ پانچ روز کا (۳) ہفتہ بھر کی زندگی جس میں ایک روز دنیا میں آنے کا۔ ایک دن دنیا سے جانے کا کم کر کے پانچ روز باقی رہتے ہیں اور چونکہ سات دن سے زیادہ آٹھواں کوئی روز ہوتا ہی نہیں۔ اس لئے زندگی کے پانچ ہی روز باقی رہتے ہیں۔ لہٰذا پنج روزہ کے ساتھ اس کا التزام کیا گیا۔

پنج شاخہ (ف) مذکر (۱) پنجی۔ لوہے وغیرہ کا بنا ہوا پنجہ۔ پانچ بتیوں والا فانوس ۔

پنج شنبہ (ف) مذکر۔ جمعرات۔ برہسپت وار۔ مشتری کا دن ۔

پنج عیب (ف) مذکر۔ ان پانچ عیبوں والا گھوڑا جنتری۔ کمر تی۔ کنہ تنگ۔ حرنزدہ۔ شب کور ۔

پنج عیب شرعی (ف) مذکر۔ چوری۔ حرامکاری۔ شراب خوری۔ جؤا۔ جھوٹ بولنا۔ جس شخص میں پانچوں مذکورہ عیب ہوں۔ بدمعاش۔ شہدہ۔ لُچا۔ لفنگا ۔

پنج گوشہ (ف) پانچ کونے والا۔ پانچ کنارے والا۔

پنج نوبت (ف) (۱) پنج وقتہ۔ نماز کے پانچ وقت۔ (۲) پانچ باجے یعنی ڈھول۔ دمامہ۔ طاسہ۔ نفیری۔ دھونسہ بادشاہوں کے یہاں روزانہ باجہ بجنے کا وقت جو پانچ باجوں یا پانچ وقت بجنے کے لحاظ سے پنج نوبت سے موسوم ہے ۔

پنجر (پَن۔ جَر) (ہ) مذکر (۱) ڈھانچا۔ ڈھچر۔ قالب (۲) پسلی

پنجرہ (پنج۔ رَہ) (ہ) مذکر۔ قفس۔ پرندوں کے رکھنے کا تیلیوں سے بنا ہوا گھر۔

پنجری (ہ) مؤنث (ہندو) (عو) (۱) ڈھانچا۔ ڈھچر۔ ٹھاٹھ۔ قالب (۲) تابوت۔ جنازہ۔ ارتھی۔ گہوارہ ۔

پنجری (ہ) مؤنث۔ پنجرہ کی تصغیر۔ چھوٹا پنجرہ۔

پنجڑی (ہ) مؤنث (۱) پانچ کی تصغیر۔ چوسر کے خانوں میں پانچ کوڑیاں چت ہونے کو پنجڑی کہتے ہیں ۔

پنجم (پَن۔ جُم) (ف) پانچواں۔ ایک خمس۔ پنجمیں ۔

پنجنا (پنج۔نا) (۱) ٹانکا لگنا۔ ملنا۔ جُڑنا۔ پیوست ہونا۔
پنجوانا (پنج۔وا۔نا) (۱) ٹنکوانا۔ ملوانا۔ پیوست کرنا۔ جڑوانا۔
پنجوں کے بل چلنا (۱) اترا کر چلنا۔ غرور کرنا۔ زمین پر پاؤں نہ رکھنا۔
پنجہ (پن۔جہ) (ف) مذکر (۱) ہاتھ۔ چنگل۔ دست (۲) پنجی۔ پنج شاخہ (۳) لپ۔ مٹھی (۴) پاخانہ صاف کرنے کی ہڈی یا ٹھیکرا (۵) چاندی کے بنے ہوئے پنجے جو ماتم میں تعزیوں کے ساتھ رکھا جاتا ہے (۶) ہاتھ اور پاؤں کی انگلیاں کہ ہر ایک کی تعداد پانچ ہے۔ اور پنجہ منسوب ہے پانچ سے۔ ہر پانچ شاخ رکھنے والی شے۔
پنجۂ آفتاب / پنجۂ خورشید (ف) مذکر۔ سورج کی کرنیں۔
پنجۂ مریمؑ (ف۔ع) مذکر۔ ایک گھاس جس پر حضرت مریمؑ نے حضرت عیسیٰؑ کے جننے کے وقت پنجہ مارا تھا۔ اور اس کی شکل پنجے کی سی ہو گئی تھی۔
پنجہ پھیرنا (۱) (۱) ہاتھ پھیرنا۔ ہاتھ موڑنا (۲) مغلوب کرنا۔ غالب آنا۔
پنجہ کرنا (۱) ہاتھ سے ہاتھ ملا کر زور آزمانا۔ پنجہ ڈالنا۔ دو آدمیوں کا ہاتھ میں ہاتھ ڈال کر زور آزمائی کرنا۔
پنجہ کش (ف) مذکر (۱) پنجہ کرنے والا۔ پنجہ ڈالنے والا۔ (۲) پنجے سے شکار کرنے والے جانور (۳) لوہے کی سلاخوں میں پنجہ ڈال کر مشق کرنے والا (۴) سید محمد رضوی دہلوی جو پنجہ کرنے میں نہایت اعلیٰ درجہ کا کمال رکھتے تھے۔ اور لطف یہ کہ اس کمال پنجہ کشی کے ساتھ اعلیٰ درجے کے خوشنویس بھی تھے۔ اور یہ دونوں خوبیاں اجتماع ضدین رکھتی ہوئی خدا نے آپ کی ذات میں موجود کی تھیں۔ جن میں سے ہر ایک کا مقابل علٰحدہ علٰحدہ بھی آج تک قدرت نے پیدا نہیں کیا۔ اس لئے آپ میر پنجہ کش کے لقب سے مشہور ہوئے۔
پنجہ مارنا (۱) (۱) ہاتھ مارنا۔ چنگل مارنا۔ جھپٹا مارنا (۲) چھین جھپٹ کرنا۔ لوٹ مار کرنا۔
پنجی (پن۔جی) (ف) مؤنث۔ پنج شاخہ۔ بتیاں جلانے کا آلہ۔
پنجے (پن۔جے) (۱) مذکر۔ پنجہ کی جمع۔

پنجے جمانا یا گاڑنا (۱) قابض ہو جانا۔ جم کر بیٹھ جانا۔
پنجے جھاڑ کر پیچھے پڑ جانا (۱) سر ہو جانا۔ پیچھے لگ جانا۔ نہایت تنگ کرنا۔
پنجے جھاڑ کر لپٹنا (۱) دیکھو "پنجے جھاڑ کر پیچھے پڑ جانا"۔
پنجیرا (پن۔جی۔را) (ہ) مذکر (ہندو) برتن مانجھنے والا۔ قلعی گر۔ برتن کو پیوند لگانے والا۔ برتن میں جوڑ لگانے والا۔
پنجیری (پن۔جی۔ری) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) پانچ چیزوں یعنی سوجی۔ گھی۔ سونٹھ۔ گوند۔ میوہ سے مرکب خشک بھربھرا حلوا (۲) (ہندو) گوند کھانے جو زچہ کو کھلائے جاتے ہیں۔
پنچ (پنچ) (ہ) مذکر (۱) پانچ کا مخفف (۲) پنچایت کرنے والے۔ جیوری۔ ثالث۔ باہم فیصلہ کرانے والے۔ برادری کا چودھری۔ قومی حاکم (۳) درمیانی آدمی۔ بچولیا۔ دلال۔
پنچ پاتر (س) مذکر (۱) پنچ بمعنی پانچ اور پاتر بمعنی برتن۔ پانچ برتن جو پوجا کرنے میں کام آتے ہیں۔ (۲) پانچ قسم کے پھول پتے وغیرہ جو پوجا کے کام میں لائے جاتے ہیں (۳) پانچ دھاتوں سے بنا ہوا برتن جو پوجا میں برتتے ہیں (۴) سونا چاندی وغیرہ پانچ دھاتوں سے بنی ہوئی انگوٹھی۔
پنچ سلطانی (۱) مذکر۔ بادشاہ کی طرف سے مقرر کیا ہوا ثالث۔
پنچ فیصلہ (۱) مذکر۔ پنچوں کا کیا ہوا فیصلہ۔ پنچایت کا طے شدہ معاملہ۔ برادری کا حکم۔ قومی انجمن کا فیصلہ۔
پنچ کہیں بلی تو بلی ہی سہی (ہ) مثل۔ جو سب کی رائے ہو۔ اسی سے اتفاق کرنا اچھا ہے۔
پنچ لڑی (ہ) دیکھو "پچلڑی"۔
پنچ مل صد خدا مل پنچ (ہ) مثل۔ جاہلی رضی اور مشورے سے کام کرنا خدا کی مرضی کے موافق ہے۔
پنچامرت (پن۔چا۔مرت) (س) مذکر (ہندو) پانچ چیزوں یعنی دودھ۔ دہی۔ چینی۔ گھی اور شہد سے بنا ہوا شربت جس سے دیوتاؤں کا اشنان کرتے ہیں۔
پنچایت (پن۔چا۔یت) (ہ) مؤنث (۱) پنچوں کی کمیٹی۔ برادری کی جیوری۔ بھائی بندوں کی مجلس (۲) نزاع

باہمی صلح کرنے کا جلسہ۔ جھگڑا فیصل کرنے کی سبھا (۳) صلاح مشورہ۔ ثالثی (۴) شور و غل۔ ہلڑ۔ ازدحام۔ جمگھٹ۔ ہجوم۔ مجمع۔ گروہ ❖

پنچایت جوڑنا (ف) (۱) پنچوں کو بلانا۔ پنچوں کو جمع کرنا۔ پنچایت کو اکٹھا کرنا (۲) فیصلہ کرانے کو برادری جمع کرنا (۳) دعوت کرنا۔ ہاتھ دُھلانا۔ برادری کو کھانا کھلانا۔ (۴) اکٹھے ہونا۔ جمع ہونا (۵) ہلڑ مچانا۔ ہجوم کرنا ❖

پنچایت خانگی (ا) مؤنث۔ گھر کی پنچایت جس میں لوگ پنچ کے طور پر اپنے جھگڑے فیصل کر دیتے ہیں ❖

پنچایت سرکاری (ا) مؤنث۔ سرکار کی مقرر کی ہوئی پنچایت ❖

پنچایت نامہ (ا) مذکر۔ پنچوں کا کیا ہوا فیصلہ۔ پنچایت کا لکھا ہوا تصفیہ۔ پنچوں کی تجویز ❖

پنچایتی (ا) (۱) دیکھو "پنچایت نامہ" (۲) پنچایت کا مقرر کیا ہوا (۳) ساری برادری کا۔ عام۔ سب کا (۴) وقف۔ شاملاتی۔ شرکت کا۔ ساجھے کا (۵) نطفہ نا تحقیق۔ حرامی۔ ولد الزنا۔ جس کے باپ کی تحقیق نہ ہو ❖

پنچایتی سالا (ہ) مذکر۔ سب کا سالا۔ شرکت کا سالا۔ جگت سالا۔ ایک قسم کی گالی اور مذاق ہے ❖

پنچکی (ہ) مؤنث۔ پانی کی چکی۔ پانی سے چلنے والی چکی ❖

پنچم (پَن۔ چَم) (س) مذکر۔ پانچواں۔ سات سُروں میں سے ایک سُر ❖

پنچمی (س) مؤنث۔ چاند کی پانچویں تاریخ ❖

پنچورا (پَن۔ چَو۔ رَا) (ہ) مذکر (۱) پانی چھڑکنے والا۔ (۲) ایک کھلونا جس میں پانی بھرا ہوتا ہے، اور پیندے کے چھیدوں میں سے ٹپکتا ہے۔ لیکن جب اس کا منہ بند کر لیتے ہیں تو پیندے سے پانی ٹپکنا بند ہو جاتا ہے۔ پھر کھولنے پر ٹپکنے لگتا ہے۔ (۳) بہت زیادہ پیشاب کرنے والا۔ نہایت موتنے والا۔ متولا ❖

پنچوں کا پیالہ (ا) مذکر (عوام) حقّہ۔ قلیان ❖

پنچوں کا کہنا سر آنکھوں پر مگر پرنالہ وہیں رہے گا (ہ) مثل۔ اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جسے لوگ کتنا ہی سمجھائیں۔ لیکن وہ اپنی ضد نہ چھوڑے ❖

پنچوں مل کیجئے کاج ہارے جیتے آئے نہ لاج

(ہ) مثل۔ یعنی پنچوں کی صلاح سے کوئی کام کرنا ہارنے اور جیتنے میں شرمندہ نہیں کرتا ❖

پنچھالا (پَن۔ چھَا۔ لا) (ہ) مذکر۔ دیکھو "پچھ لگو" ❖

پنچھی (ہ) مذکر (۱) پرندہ۔ پکھیرو (۲) آدمی۔ انسان ❖

پنچی (پَن۔ چی) (ہ) پتلی ہڈی ❖

پند (پَند) (ف) مؤنث۔ نصیحت۔ ہدایت۔ اپدیش۔ بھلی بات ❖

پندار (پِن۔ دار) (ف) مذکر (۱) خیال۔ غور و فکر۔ (۲) تصوّر (۳) رائے (۴) تکبّر ❖

پندرہ (پَن۔ دْ رَہ) (ہ) دس اور پانچ۔ پانزدہ۔ ۱۵ ❖

پنڈ (پِنڈ) (ہ) مذکر (۱) آٹے یا گوشت کی گلدی۔ جو مُردے کی ارتھی میں شمشان تک جاتے جاتے کئی بار رکھی جاتی ہے (۲) پنڈا۔ بدن۔ جسم۔ کالبد۔ تن (۳) معمورہ۔ آبادی۔ بستی۔ دہ۔ گاؤں ❖

پنڈ پڑنا (ہ) (۱) سر ہونا۔ ذمّے لگنا۔ حوالے ہونا۔ پیچھے لگنا (۲) سپردگی میں آنا۔ حوالگی میں آنا۔ تعلق ہونا۔ واسطہ پڑنا (۳) حصّے میں آنا ❖

پنڈ چھٹنا (ہ) (۱) ذمّے داری سے بری ہونا۔ پیچھا چھٹنا۔ رہائی ہونا۔ آزادی ملنا۔ براءت ہونا (۲) بے تعلق ہونا۔ واسطہ چھٹنا (۳) الگ ہونا۔ جدا ہونا۔ علیحدہ ہونا ❖

پنڈ چھڑانا (ہ) (۱) پیچھا چھڑانا۔ بچنا (۲) بچانا۔ نجات دلانا ❖

پنڈ روگ (ہ) مذکر (۱) جسمانی بیماری۔ بدنی عارضہ۔ (۲) کوڑھ۔ برص (۳) دق۔ تپ کہنہ ❖

پنڈا (پِن۔ ڈا) (ہ) مذکر (۱) گولا۔ گمدہ (۲) (عو) جسم۔ تن۔ جسد (۳) عورت کا اندامِ نہانی ❖

پنڈا پھیکا ہونا (ہ) بدن گرم ہونا۔ ہلکا بخار ہونا ❖

پنڈا (پَن۔ ڈا) (ہ) مذکر (۱) پنڈت۔ برہمن۔ پروہت۔ باہمن۔ مذہبی رسوم ادا کرنے والا (۲) مجاور۔ پجاری (۳) برہمنوں کی ایک قوم ❖

پنڈارا (پِن۔ ڈا۔ رَا) (ہ) مذکر (۱) مرہٹہ قوم (۲) غارت گر۔ لٹیرا۔ ڈاکو (۳) بنیوں کا ایک فرقہ ❖

پنڈال (پَن۔ ڈال) (ہ) مذکر۔ خیمہ۔ شامیانہ۔ مکان جو جلسوں اور سبھاؤں کے لئے بانس بلّی اور پارچہ وغیرہ سے تیار کیا جاتا ہے ❖

پنڈالو (پِن۔ ڈا۔ لو) (ہ) کچالو کی قسم سے ایک ترکاری ❖

پن ڈبّا (ا) مذکر (۱) ایک آبی جانور۔ مرغابی (۲) غوطہ خور۔

ڈبکی لگانے والا۔ غوّاص ٭

پنڈت (پن۔ ڈت) (س) مذکر (۱) پڑھا ہُوا۔ عالم۔ مولوی (۲) معلم۔ ٹیچر۔ ماسٹر۔ پڑھانے والا۔ پاندھا۔ (۳) جوتشی۔ منجم (۴) کشمیری ہندوؤں کا ایک معزز خطاب ٭

پنڈت خانہ (ف) مذکر (۱) بندی خانہ۔ محبوس خانہ۔ جیل خانہ۔ قید خانہ (۲) قمار خانہ۔ جوا کھیلنے کا اڈا ٭

پنڈت مانی (ہ) مذکر۔ اپنے آپ کو بہت لائق سمجھنے والا شخص ٭

پنڈتانی (ہ) مؤنث (۱) پنڈت کی بیوی۔ برہمن عورت (۲) بچوں کو پڑھانے والی عورت۔ استانی ٭

پنڈتائی (ہ) مؤنث (۱) پنڈت کا کام کرنا۔ بیاہ شادی وغیرہ مراسم دینی کا انجام دلانا (۲) پڑھائی لکھائی کرنا۔ ماسٹری۔ معلمی ٭

پنڈک (پن۔ ڈک) (س) مذکر۔ فاختہ۔ قمری ٭

پنڈلی (پنڈ۔ لی) (ہ) مؤنث۔ ساق۔ گوڈا۔ ٹخنے اور زانو کے بیچ میں ٹانگ کا حصّہ ٭

پنڈول (پن۔ ڈول) (ہ) مؤنث۔ وہ سفید مٹی جو دیوار پر سفیدی کے بجائے پھیرتے ہیں۔ پوتنی۔ پوتا ٭

پنڈی (پن۔ ڈی) (ہ) مؤنث (۱) پنڈا کی تانیث (۲) لگدی۔ گولی۔ پونڈی۔ گولا (۳) قربان گاہ۔ مذبح۔ بلدان کی جگہ (۴) پدتما۔ شیو لنگ۔ شیو جی کی مورتی کا گول پتھر جس پر ہر وقت پانی ڈالا جاتا ہے ٭

پینس (ا) مؤنث۔ فینس۔ پینس۔ پالکی۔ محافہ۔ ڈولا۔ تامجھی۔ ایک قسم کی سواری جس میں دلہن کو بٹھاتے ہیں ٭

پنس (پنس) (انگ PENCE) مذکر۔ ولایت کا ایک سکّہ جو ہندوستان کے ایک آنے کے برابر ہوتا ہے ٭

پنسار ہٹا (ہ) مذکر۔ دیکھو "پسر ہٹا" ٭

پنساری (پن۔ سا۔ ری) (ہ) مذکر۔ عطار۔ دوا فروش۔ پنساری کی دکان کرنے والا ٭

پنسال۔ پنسالہ (ف) مؤنث (۱) سکیل۔ پانی ناپنے کا پیمانہ۔ پانی کی پیمائش کا آلہ (۲) اوسط (۳) ہموار۔ برابر۔ چورس۔ مسطح (۴) سبیل۔ پیاؤ ٭

پنسل (پن۔ سل) (انگ PENCIL) مؤنث۔ سرمہ یا سیسہ وغیرہ کا قلم۔ پنسل ٭

پنسوئی (پن۔ سو۔ ئی) (ہ) مؤنث۔ چھوٹی کشتی۔ ڈونگا ٭

پنسیری (پن۔ سے۔ ری) (ہ) مؤنث (۱) پانچ سیر کا بٹہ (۲) وہ ٹوکری جس میں پانچ سیر کھانا سکے ٭

پنشن (پن۔ شن) (انگ PENSION) مؤنث۔ وظیفہ۔ امداد۔ سہارا ٭

پنشنر (انگ PENSIONER) وظیفہ پانے والا۔ وہ شخص جو نوکری کی میعاد ختم کرنے کے بعد سرکار سے خدمات کے معاوضے میں کچھ امداد لے ٭

پن کال یا پنیا کال (ہ) مذکر۔ بارش کی کثرت سے فصل کا مارا جانا ٭

پن کپڑا (ہ) مذکر۔ پانی کا بھیگا ہُوا کپڑا ٭

پن کھچی (ہ) مؤنث۔ چوُرا۔ لگا ہوا پان۔ تمام مصالحے کے ساتھ تیار کیا ہُوا پان ٭

پنکھ (پنکھ) (ہ) مذکر (۱) بازو۔ پر۔ بال (۲) دامن۔ آنچل ٭

پنکھ پسارنا (ہ) (۱) پر پھیلانا (۲) ہاتھ پھیلانا۔ ہاتھ لمبی کرنا (۳) لالچ کرنا ٭

پنکھا (پن۔ کھا) (ہ) مذکر۔ بیجنا۔ بادکش۔ بینا۔ بادزن ٭

پنکھا جھلنا (ہ) بیجنا چلانا۔ پنکھا کرنا۔ بینا ہلانا۔ بادکش کھینچنا ٭

پنکھڑی (ہ) مؤنث (۱) پتی۔ ورق۔ برگِ گل (۲) بازو۔ پنکھ۔ پر ٭

پنکھیا (ہ) مؤنث۔ پنکھا کی تصغیر۔ چھوٹا پنکھا ٭

پنکھے لگ جانا (ہ) (۱) پنکھے لگ جانا۔ پنکھے لگ جانا (۲) پنکھے مارے جانا۔ پنکھے سے پٹ جانا (۳) دھڑکن ہونا۔ اختلاجِ قلب ہونا۔ دل ہلنا ٭

پنکی (پن۔ کی) (ہ) مؤنث (۱) افیون کھانے سے نشے کی حالت۔ پینک (۲) مذکر۔ وہ شخص جو پینک کے نشے میں جھومتا ہو ٭

پنگا (پنگ۔ گا) (ہ) مذکر۔ لنگڑا۔ ٹیڑھی ٹانگوں والا۔ کنجا ٭

پنگت۔ پنگتی (پنگ۔ گت۔ پنگ۔ گتی) (س) مؤنث (۱) صف۔ قطار (۲) گروہ۔ مجمع۔ جماعت۔ پارٹی ٭

پنگل (پنگ۔ گل) (ہ) (۱) دیکھو "پنگلا" (۲) مذکر۔ سورج (۳) آگ (۴) شیر (۵) بندر (۶) ایک قسم کا نیولا (۷) علم عروض (۸) ایک قدیم ہندو نحوی (۹) پاتال کا ایک ناگ بادشاہ جس نے علم عروض پر ایک کتاب لکھی ٭

پنگورا (پنگ۔ گو۔ را) (ہ) مذکر۔ ہنڈولا۔ جھولا۔ پالنا

گھاٹ - پاٹ ۔

پنگھٹ (ہ) مذکر (۱) پانی بھرنے کی جگہ۔ جو مردوں کے پانی بھرنے کا مقام (۲) گھاٹ۔ پانی سے اترنے کی جگہ۔ پانی سے پار ہونے کا مقام ۔

پننا (پِن۔ نا) (ہ) روئی کو صاف کرنا یا دُھننا ۔

پُننا (پُن۔ نا) (ہ) (۱) ملامت کرنا (۲) بے عزت کرنا (۳) گالیاں دینا ۔

پنواڑا (ہ) مذکر۔ قصہ۔ کہانی۔ داستان۔ گزری ہوئی باتوں کا بیان۔ پرانے واقعات کا اظہار ۔

پنواڑی (ہ) مذکر۔ پان بیچنے والا ۔

پِنوانا (پِن۔ وا۔ نا) (ہ) روئی صاف کرانا یا دُھنوانا ۔

پُنوانا (پُن۔ وا۔ نا) (ہ) کٹوانا۔ برا بھلا کہلوانا۔ لعن طعن کرانا۔ گالیاں دلوانا۔ پکھنوانا ۔

پنہاں (پِن۔ ہاں) (ف) پوشیدہ ۔

پنہانا (پِنھا۔ نا) (ہ) پہنانا۔ زیب تن کرانا۔ باندھنا۔ ڈالنا۔ اڑھانا ۔

پنہانا (پن۔ ہا۔ نا) (ہ) دودھ دوہنے کو تھن صاف کرنا۔ تھن نرم کرنا ۔

پنہی (پن۔ ہی) (ہ) مؤنث۔ جوتی۔ پاپوش۔ کفش ۔

پنہیارا (ہ) مذکر (ہندو) پانی بھرنے والا۔ کہار۔ سقا۔ بہشتی ۔

پنہیاری (ہ) مؤنث۔ پنہیارا کی تانیث ۔

پنی (پن۔ نی) (ہ) مؤنث (۱) رانگ وغیرہ کے ورق تاؤ۔ تختے۔ کاغذ (۲) ایک قسم کی لمبی گھاس۔ جو چھپروں پر ڈالی جاتی ہے ۔

پنی (پن۔ نی) (ہ) مؤنث (۱) چاولوں کے آٹے اور گڑ کا لڈو (۲) بھنے ہوئے گیہوں اور گڑ کا لڈو۔ چاولوں کے آٹے اور چینی کی پنجنی ۔

پنیا (ہ) (۱) پانی کا۔ پانی میں رہنے والا (۲) پھیکا بدمزہ ۔

پنیا سوت (ہ) مذکر پانی کا چشمہ۔ پانی کا منبع۔ پانی نکلنے کی جگہ ۔

پُنیا تما (پُن۔ یا۔ تما) (س) سخی۔ فیاض۔ دانا۔ کریم ۔

پنیالا (ہ) مذکر (۱) ایک میوے کا نام جو عنابی رنگت کا جامن کے برابر ہوتا ہے (۲) پانی کا۔ پنیا۔ (۳) پانی کے مزے کا۔ پھیکا۔ بدمزہ ۔

پنیانا (ہ) (۱) پانی سے تر کرنا۔ پانی میں بھگونا۔ سیراب کرنا۔ تر کرنا۔ آبپاشی کرنا۔ سینچنا (۲) پانی لگانا۔ تر ہونا۔ رہنے کے لائق ہونا۔ پانی نکلنے لگنا ۔

پُنیائی (پُن۔ یا۔ ائی) (ہ) (۱) نیکی کا پھل۔ نیک بختی۔ جلف ہمت اور اس کا نتیجہ ۔

پنیر (پَن۔ یر) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا کتا جو شکار کی بو پہچانتا ہے ۔

پنیر (پنیر) (ف) مذکر۔ جبن۔ دودھ کو پھاڑ کر بنایا ہوا چکنا مادہ ۔

پنیر جمانا (ہ) (۱) پنیر کی ٹکیاں بنانا (۲) نیو ڈالنا۔ جڑ جمانا ۔

پنیر چٹانا (ف) (۱) جلانا۔ مانوس کرنا۔ راغب کرنا (۲) گانٹھنا۔ قابو کرنا (۳) خوشامد کرنا ۔

پنیر کے ساتھ خشکہ کھاؤ (ف) اپنا کام کرو۔ خوش رہو۔ اپنی راہ لو ۔

پنیر مایہ (ف) مذکر (۱) حیوانات کے بچے کے پیٹ میں جما ہوا دودھ (۲) چھتے کی لاگ سے پھاڑا ہوا دودھ ۔

پنیری (پنی۔ ری) (ہ) مؤنث (۱) پنیر کی جگہ۔ ذخیرہ۔ پود کی جگہ۔ بیج بونے کا مقام (۲) گھٹنے کا گودا جو پوست اور دانوں کے درمیان ہوتا ہے ۔

پنیری جمانا (ہ) (۱) پود لگانا۔ بونا (۲) نصب کرنا۔ قائم کرنا۔ جڑ جمانا (۳) نیو جمانا۔ قابو کرنا۔ بنیاد ڈالنا ۔

پنیلا (پنی۔ لا) (ہ) (۱) پانی کا۔ پانی والا (۲) ایک قسم کا کیڑا ۔

پ - و

پو (پَو) (ہ) مؤنث (۱) سپیدۂ صبح۔ نور کا تڑکا۔ سویرا۔ (۲) نرد بازوں کی اصطلاح میں ایک کے معنی میں ہے (۳) پیاؤ۔ سبیل (۴) پاؤ کا مخفف ۔

پو بارہ (ہ) مؤنث (۱) پانسے کے داؤ میں ایک پو کا حال (۲) جیت۔ فتح۔ اقبال مندی ۔

پو بارہ ہونا (ہ) (۱) جیت ہونا۔ داؤ لگنا۔ پانسہ پڑنا۔ بن آنا (۲) گہرے ہونا۔ پانچوں گھی میں ہونا۔ (۳) اقبال یاور ہونا۔ نصیب چمکنا۔ قسمت جاگنا ۔

پو پھٹنا (ہ) صبح صادق ہونا۔ تڑکا ہونا۔ سپیدی ہونا ۔

پوّا (پَو۔ وا) (ہ) مذکر (۱) چوتھائی۔ چہارم۔ $\frac{1}{4}$۔ پاؤ۔ از قسم پیمانہ (۲) پو سیرا۔ ۲۰ تولہ۔ پاؤ سیر چوتھائی سیر (۳) وہ بوتل جس میں پاؤ سیر سیال چیز (خصوصاً شراب) سما سکے

پوآ (پُو-آ) (ہ) مذکر- پنڈا- گلگلا- پکوڑا ۔

پوا (پُوا) (ہ) مذکر (۱) سانپ کا بچہ (۲) ایک قسم کی گھاس ۔

پواج (پُواج) (ف) مذکر (۱) پاجی کی جمع- بطرز عربی (۲) اونی یا کمینے لوگ ۔

پوآل (پُو-آل) (ہ) مؤنث- سوکھی گھاس پھوس وغیرہ۔

پوائی (پُوا-ائی) (ہ) مؤنث (۱) جوتی کا ایک پاؤں- (۲) زنجیر- سلاسل- بیڑی ۔

پوپ (پُوپ) (انگ - POPE) مذکر- رومن کیتھولک فرقے کا سب سے بڑا پادری- پاپائے رُوم ۔

پوپٹا (پُوپ-ٹا) (ہ) مذکر- پھکنا- پیشاب کی تھیلی- اندام نہانی ۔

پوپلا (پُوپ-لا) (ہ) مذکر- بوبلا- پلپلا- کھوکھلا- جس کے دانت گر پڑے ہوں ۔

پوپلے سے ہڈی نہیں چبتی (ہ) مثل- کم زور سے سخت کام نہیں ہو سکتا ۔

پوپنی (پُوپ-نی) (ہ) مؤنث- منہ سے بجانے کا ایک باجہ۔

پوپو (پُو-پُو) (ہ) مؤنث- مقعد- پاخانہ کا مقام ۔

پوت - پوتھ (پُوت + پُوتھ) (ہ) مؤنث (۱) شیشہ یا کانچ کے منکے (۲) دانو- نمبر- باری- نوبت ۔

پوت کا پھلا نہیں ہے (ہ) (عو) زیور کی قسم سے کوئی چیز باقی نہیں ۔

پوت پورا کرنا (ہ) نمٹانا- اختتام کو پہنچانا- جوں توں کرکے پورا کرنا ۔

پوت (پُوت) (س) مذکر- بیٹا- پسر- لڑکا- پُتّر- فرزند ۔

پوت بہو (ہ) مؤنث- نبیرہ کی دلہن- نواسہ کی زوجہ- پوتے کی بیوی ۔

پوت بیگانے جو ملے منہ رالوں بھرئیے (ہ) کہاوت- جب بیگانی اولاد کو پالیں اور اس سے دغا نہ ہو تو اس موقع پر بولتے ہیں- یا بیگانی اولاد کی پرورش کرنے والے کو نصیحتاً کہتے ہیں ۔

پوت فقیری کا چال چلے احدیوں کی (ہ) کہاوت- یعنی حالت غریبانہ وضع امیرانہ- غریب ہو کر امیرانہ عادت اختیار کرنا ۔

پوت کپوت ہو تو ہو- پر ماں کمانی کبھی نہیں ہو سکتی (ہ) مثل- بیٹا ماں کے ساتھ بدسلوکی کرے

(جاری) کرے لیکن ماں بیٹے کے ساتھ ایسا نہیں کر سکتی ۔

پوت کے پاؤں پالنے میں دیکھے جاتے ہیں (ہ) کہاوت- یعنی بُرے بھلے آثار بچپن ہی میں معلوم ہو جاتے ہیں ۔

پوتا (پُو-تا) (ہ) مذکر (۱) نبیرہ- نواسہ- بیٹے کا بیٹا (۲) پچارا- کوچی- برش- گلابہ (۳) پوتنی- سفیدی- سفید مٹی (۴) لگان- مزروعہ زمین کا محصول ۔

پوتا پھیرنا (ف) (۱) دیواروں کو سفیدی لگانا- سفید مٹی سے رنگنا (۲) کوچی کرنا- پچارا کرنا ۔

پوتڑا (پُوت-ڑا) (ہ) مذکر- ننھا بچہ- گدّی جو بچے کے نیچے رکھتے ہیں کہ بستر پاخانہ وغیرہ سے آلودہ نہ ہو ۔

پوتڑوں کے رئیس یا امیر یا نواب (ف) خاندانی رئیس- امیر ابن امیر- قدیمی نواب- رئیس ابن الرئیس ۔

پوتنا (پُوت-نا) (ہ) (۱) کوچی پھیرنا- پوتا پھیرنا- (۲) مذکر- کوچی- پوتا ۔

پوتھی (پُوت-ھی) (ہ) مؤنث (۱) کتاب- پستک (۲) لہسن کی گانٹھ ۔

پوتھیا (پُو-تھیا) (ہ) مؤنث- تمباکو کی وہ تھیلی جسے گنوار لوگ پگڑی میں رکھتے ہیں ۔

پوتی (پُو-تی) (ہ) مؤنث- بیٹے کی لڑکی- دُختر پسر- بیٹے کی بیٹی ۔

پوٹ (پُوٹ) (ہ) مؤنث (۱) گٹھڑی- بنڈل- گٹھڑ- پشتارہ- بوجھ (۲) ضمن- دو ورقوں کے درمیان کی سادہ جگہ (۳) چادر جو مردے پر لپیٹی جاتی ہے (۴) زیادتی- کثرت- افراط- جیسے غم کی پوٹ ۔

پوٹ کی چادر (ف) مؤنث- کفن کے اوپر کی چادر جو مردے کے ساتھ قبر میں دفن کی جاتی ہے ۔

پوٹا (پُو-ٹا) (ہ) مذکر (۱) معدہ- پیٹ- جانوروں کا معدہ (۲) بساط- حیثیت- اصل (۳) طاقت- مجال (۴) پرندوں کا وہ بچہ جس کے پر نہ نکلے ہوں ۔

پوٹا تر ہونا (ف) شکم سیر ہونا- بے پروا ہونا- بے فکر ہونا- مالدار ہونا- دولت مند ہونا- جمع جتھا ہونا- چھاتی تلے روپیہ ہونا- فراغ بالی ہونا ۔

پوٹاش (انگ) دیکھو "پٹاش" ۔

پوٹلی (پُوٹ-لی) (ہ) مؤنث- تھیلی- گانٹھ- چھوٹی سی گٹھڑی ۔

پوجا (پُو - جا) (ہ) مؤنث (۱) عبادت - پرستش - بندگی (۲) سیوا - خدمت - ٹہل (۳) نذر - نیاز - بھینٹ - منت - چڑھاوا - قربانی ۔

پوجا پاٹ (ہ) مؤنث - عبادت - پرستش ۔

پوجنیہ (س) عزت یا پرستش کے لائق - بزرگ ۔

پوجنیہ پاد (س) مذکر (۱) عزت یا پرستش کے لائق پاؤں (۲) وہ بزرگ جس کے پاؤں عزت یا پرستش کے لائق ہوں ۔

پوچ (پُوچ) (ف) (۱) لغو - بیہودہ - مہمل (۲) ذلیل - حقیر - پاجی - کمینہ - ہیچ (۳) ہرزہ سرا - یاوہ گو ۔

پوچھ (پُوچھ) (ہ) مؤنث (۱) دریافت - پرسش - تلاش - تفتیش (۲) ضرورت - خواہش (۳) عزت - آؤ بھگت ۔

پوچھ گچھ (ہ) مؤنث (۱) استفسار - تفتیش - تحقیق - (۲) خاطر داری - تواضع - عزت ۔

پوچھا (ہ) مؤنث (۱) استفسارہ (۲) دریافت کیا ۔

پوچھا پاچھی (ہ) مؤنث (۱) پوچھ گچھ (۲) استفسارہ کرانا ۔

پوچھتے پوچھتے خدا کا گھر مل جاتا ہے
پوچھتے پوچھتے دلی پہنچ جاتے ہیں } (۱) کہاوت - محنت اور جستجو سے انسان کامیاب ہو ہی جاتا ہے ۔

پوچھن (ہ) مؤنث (۱) فال - تعبیر - استفسارہ کا نتیجہ - شگون کا پھل (۲) سوال کا جواب - استفسار کا جواب (۳) (بواؤ مجہول) جھاڑن جھوڑن - کھرچن (۴) وہ چیز جس سے نجاست صاف کریں - صافی ۔

پوچھنا (ہ) (۱) صاف کرنا - کھرچنا - رگڑنا - جھاڑنا - پاک کرنا (۲) (بواؤ معروف) تجسس کرنا - تلاش کرنا - تحقیق کرنا - چھان بین کرنا (۳) دریافت کرنا - معلوم کرنا - محنت کرنا - استفسار کرنا (۴) جواب چاہنا - حل کرانا (۵) تعظیم و تکریم کرنا - آؤ بھگت کرنا - عزت آبرو کرنا (۶) منشا معلوم کرنا - مشورہ کرنا - صلاح لینا - بلانا - طلب کرنا (۷) خبر لینا - مدد کرنا (۸) مخاطب ہونا - توجہ کرنا - دھیان دینا ۔

پوچھو زمین کی - تو کہے آسمان کی (۱) مثل - سوال کچھ - جواب کچھ ۔

پود (پَود) (ہ) مؤنث (۱) وہ درخت جو ایک جگہ پر کر دوسری جگہ لگایا جا سکے (۲) نسل - جنس - خاندان ۔

پود جمانا یا لگانا (ہ) (۱) بنیاد قائم کرنا - سلسلہ نکالنا - مطلب براری کی تدبیر کرنا - مقصد حاصل کرنے کی ترکیب کرنا (۲) پیڑ نصب کرنا - پودے کو ایک جگہ سے اکھاڑ کر دوسری جگہ لگانا (۳) تعلق قائم کرنا - واسطہ ڈالنا (۴) حمل رکھنا یا کرانا - گربھ رکھنا یا رکھوانا ۔

پودا (پَو - دَا) (ہ) مذکر (۱) نونہال - نیا پیڑ (۲) بچہ - طفل - نوخیز - نوجوان (۳) بلبل کی پیٹی - ریشمی یا سوتی ڈوری جو بلبل کی پیٹی میں بندھتے ہیں (۴) نوبچی - نوعمر - کم سنی ۔

پودا لگانا (ہ) چھوٹا پیڑ جمانا - جمنا - درخت ایک جگہ سے اکھاڑ کر دوسری جگہ رکھنا ۔

پوددار (پَود - دار) (فوطہ - خزانچی) مذکر - محصول لینے والا عہدہ دار - خزانچی ۔

پودنا (پَود - نا) (ہ) مذکر (۱) چڑا - پدکا - ایک چھوٹا سا پرند جو اکثر درختوں پر پھدکتا پھرتا ہے (۲) پستہ قد - ٹھنگنا - بالشتیا - لوٹا (۳) بے حقیقت - ذلیل حقیر کم حیثیت (۴) (پنجابی) پودینہ ۔

پودنا سا (ہ) (۱) ذرا سا - چھوٹا سا (۲) بے حقیقت ۔

پودینہ (پُو - دی - نہ) (ف) مذکر - ایک قسم کی تیز خوشبودار نباتات - نعناع ۔

پوڈر (پَو - ڈَر) (انگ POWDER) مذکر - برادہ - سفوف - آٹا - چورن - چورا - منہ پر ملنے کا برادہ جو رنگ کو نکھارتا ہے ۔

پور (پُور) (ہ) مؤنث (۱) بند - گانٹھ - جوڑ - گرہ - انگل - انگلی کا جوڑ (۲) دو گانٹھوں کا درمیانی حصہ ۔

پور پور (ہ) پوری - قاش - انگل - انگلی کی ہر گانٹھ ۔

پور (پُور) (ف) مذکر - بستی - آبادی - معمورہ - دہ - قریہ - گاؤں - قصبہ - شہر - محلہ ۔

پور (پُور) (ف) مذکر - بیٹا ۔

پورا (پُو - رَا) (ہ) مذکر (۱) گول لکڑی کا ٹکڑا (۲) تشبیہاً گول منصول - موٹا تازہ بچہ ۔

پورا (پُو - رَا) (ہ) (۱) کامل - مکمل - بالغ (۲) چلتا پرزہ - جہاندیدہ - پختہ کار - چلتا ہوا - ہوشیار - تجربہ کار - (۳) ٹھیک - درست - جچا تلا (۴) کل - تمام - سب - سارا - پکا - بڑا - جیسے پورا بدمعاش (۵) کافی - وافی ۔

پورا اترنا (ہ) (۱) ٹھیک ہونا - تول میں کامل ہونا (۲)

آزمائش یا امتحان میں کامیاب ہونا۔
پورا ڈالنا (ف)، (۱) انجام کو پہنچانا۔ ختم کرنا۔ تمام کرنا۔ (۲) نباہنا۔ وفا کرنا۔ آخر تک ساتھ دینا۔
پورا ہونا (ف)، (۱) کافی ہونا (۲) تمام ہونا۔ ختم ہونا۔ انجام کو پہنچنا (۳) ٹھیک ہونا۔ بے کم و کاست ہونا۔ جُوں کا توں ہونا (۴) جوان ہونا۔ بالغ ہونا (۵) کامل ہونا۔ مکمل ہونا (۶) بھرپور ہونا۔ لبالب ہونا۔ لبریز ہونا (۷) کامیاب ہونا۔ امید بر آنا (۸) عمر طبعی کو پہنچنا۔ مرجانا۔ ہو چکنا۔
پورب (پُو۔رَب) (ہ)، مذکر۔ مشرق۔ نکلنے کی جگہ۔ خاور۔ باختر۔ جائے طلوع۔ مشرق۔ سورج نکلنے کی سمت یا طرف۔
پورب جاؤ یا پچھم۔ وہی کرم کے بچھن (ہ) مثل۔ دیکھو "پچھم جاؤ کہ دکھن ...."
پوربی (ہ)، مؤنث (۱) پوربیا۔ پورب کا۔ مشرقی۔ پورب کا رہنے والا (۲) وہ زبان جو مشرق کی طرف بولی جاتی ہے۔
پوربی زردا (ا)، مذکر۔ تمباکو۔ پتا۔ تمباکو کا لمبا پتّا۔ ایک قسم کا تمباکو جو کھانے میں آتا ہے۔
پوربیا (ہ) مذکر۔ پورب کا باشندہ۔ پوربی آدمی۔ پورب کا رہنے والا۔
پورٹ (پُو۔رْٹ) (انگ۔ PORT) مذکر۔ بندرگاہ۔ جہاز کا سٹیشن۔
پورٹ بلیئر (انگ۔ PORT BLAIR) مذکر کالا پانی۔ جزائر انڈمان۔ جہاں عمر بھر کے قیدی بھیجے جاتے ہیں۔
پورٹ ٹرسٹ (انگ PORT TRUST) مذکر۔ بندرگاہوں کے انتظام کی مجلس۔
پورٹ وائین (انگ PORT WINE) مؤنث۔ ایک قسم کی شراب۔
پورٹر (انگ۔ PORTER) مذکر۔ مزدور۔ قلی۔
پورن (پُو۔رَن) (س) مذکر۔ پورا۔ مکمل۔ بھرپور۔ کامل۔ تمام۔ ٹھیک۔ پکا۔
پورن سوراجیہ (س) مذکر۔ کامل آزادی۔ پوری پوری حکومت خود اختیاری۔
پورنا (پُو۔رْ۔نا) (س) عو (۱) گننا (۲) بھرنا (۳) پھیلانا (۴) روٹی میں چنے یا ماش وغیرہ کی دال ڈالنا
پورنماشی (س) مؤنث۔ چاند کے پورا ہونے کی تاریخ۔ شب بدر۔ چودھویں رات۔ چاند کے مہینے کی آخری تاریخ۔
پوروا (پُو۔رْ۔وا) (ہ) (۱) پورب کا۔ مشرقی (۲) مؤنث۔ مشرقی مرطوب ہوا جو پانی لاتی ہے۔ بادِ صبا۔
پورہ (پُو۔رَہ) (ا) مذکر۔ آبادی۔ بستی۔ معمورہ۔ دیہہ۔ گاؤں۔ قریہ۔
پوری (پُو۔رِی) (ہ) مؤنث۔ گنے یا بانس وغیرہ کا وہ حصہ جو دو گرہوں کے بیچ میں ہوتا ہے۔
پوری (پُو۔رِی) (ہ) مؤنث (۱) گھی میں تلی ہوئی روٹی (۲) تمام۔ ساری۔ کامل۔
پوری نہ پڑنا (ہ) گزر نہ ہونا۔ کافی نہ ہونا۔ گزارہ نہ ہونا۔
پورے دنوں سے ہونا (ہ) (عو) نو مہینے کا حمل ہونا۔ پورے دنوں کا گربھ ہونا۔
پوڑا (پُو۔ڑا) (ہ) مذکر۔ کھانڈ اور روے کا قوام کر کے گھی میں تلا ہوا گلگلا۔
پوڑھا (پُو۔ڑھا) (ہ) (عو) مالدار۔ مضبوط۔
پوز (پُوز) (ف) مذکر (۱) ہونٹ۔ منہ (گھوڑے کا) (۲) پوزمال۔
پوزش (پُو۔زِش) (ف) مؤنث۔ معذرت کرنا۔
پوزمال (ف) مذکر۔ بال یا سن کی رسی جو گھوڑے کے منہ میں ڈال کر بل دیتے اور گھوڑے کو قابو میں رکھتے ہیں۔
پوزی (ف) مؤنث۔ گھوڑے کا پیش بند۔ مہری۔
پوس (پُوس) (ہ) مذکر۔ جاڑے کے شباب کا مہینہ۔ قمری سال کا نواں اور فصلی کا چوتھا مہینہ جو تخمیناً دسمبر کی پندرھویں تاریخ سے جنوری کی پندرھویں تاریخ تک رہتا ہے۔
پوست (پُوسْت) (ف) مذکر (۱) چرم۔ چمڑا۔ کھال۔ چھلکا۔ بکل (۲) کوکنار۔ خشخاش کا ڈوڈا۔
پوست اتارنا یا کھینچنا (ا) کھال کھینچنا۔ کھال اتارنا (اگلے بادشاہوں کے زمانے میں ایک سزا تھی جو مجرم کو دی جاتی تھی)۔
پوست کندہ (ف) صاف صاف۔ کھلم کھلا۔ بے لگاؤ۔ کھری۔
پوستی (ف) مذکر (۱) سست۔ کاہل وجود۔ آلکسی۔ ڈھیلا۔ مخبوط۔ مجہول۔ غافل۔ بے خبر (۲) احمق۔ بے وقوف۔ نادان (۳) وہ شخص جو خشخاش کے

تھانے کنٹرول کرنے کے طویلے پیٹے ◆

پوستین (ف) مذکر۔ کھال کا کوٹ۔ چمڑے کا چغہ۔ چمڑے کا لباس ◆

پوسٹ (پُوسْٹ) (انگ۔ POST) مذکر (۱) ڈاک۔ چٹھی۔ خط (۲) جگہ۔ عہدہ (۳) چوکی ◆

پوسٹ آفس (انگ۔ POST OFFICE) مذکر۔ ڈاک خانہ۔ ڈاک کا دفتر ◆

پوسٹل گائیڈ (انگ۔ POSTAL GUIDE) مؤنث۔ ڈاک خانے کا رہبر۔ ڈاک کی ہدایات۔ ڈاک خانے کے قواعد کی کتاب ◆

پوسٹماسٹر (انگ۔ POST MASTER) مذکر۔ ڈاک خانے کا افسر۔ ڈاک خانے کا نگران ◆

پوسٹ ماسٹر جنرل (انگ۔ POST MASTER GENERAL) مذکر۔ صوبہ بھر کے ڈاک خانوں کا اعلیٰ افسر ◆

پوسٹ مین (انگ۔ POST MAN) مذکر۔ چٹھی رساں۔ ڈاک کا ہرکارہ ◆

پوسنا (پُوس۔ نا) (ہ) پرورش کرنا۔ پالنا۔ تعلیم و تربیت کرنا ◆

پوسیرا (ہ) مذکر۔ پیسا۔ پاؤ سیر کا باٹ۔ پوا ◆

پوسیری (ہ) مؤنث۔ چوتھائی سیر کا وزن۔ چوتھائی سیر کا پیمانہ ◆

پوش (پُوش) (ف) (۱) پوشیدن کا امر (۲) "پیش شو" کا مخفف۔ گدھوں والے یا گاڑی بان وغیرہ لوگوں کو آگے سے ہٹانے کے لئے کہتے ہیں ◆

پوشاک (ف) مؤنث۔ لباس۔ پارچہ۔ کپڑا۔ پہناوا۔ پوشش ◆

پوشاک بڑھانا (ہ) لباس اتارنا۔ کپڑے اتارنا ◆

پوشاکی (ہ) عمدہ لباس۔ وہ کپڑا جو پوشاک بنانے کے قابل ہو۔ لباس کے لائق ◆

پوش پوش (ف) بچو بچو۔ ہٹو ہٹو۔ ایک جانب ہو۔ سرکو۔ کنارے ہو ◆

پوشش (ف) مؤنث (۱) لباس۔ پوشاک۔ (۲) پلنگ کا غلاف۔ سجاوٹ۔ بناوٹ۔ زیبائش۔ سامان آرائش وغیرہ ◆

پوشیدگی (پُو۔ شی۔ دَگی) (ف) مؤنث۔ اخفا۔ خلوت۔ تنہائی۔ گوشہ نشینی۔ پردہ داری ◆

پوشیدہ (پُو۔ شی۔ دَہ) (ف) (۱) چھپا ہوا۔ مخفی۔

گپت (۲) دبیدہ۔ غائب۔ پردے میں ◆

پوکھر (پُو۔ کھر) (ہ) مذکر (۱) تالاب۔ جوہڑ۔ ساگر۔ (۲) پٹہ بازی میں ایک ضرب ◆

پول (پُول) (انگ۔ POLE) مذکر۔ ساڑھے پانچ گز کا پیمانہ (۲) پولینڈ کا باشندہ (۳) (ہ) کھوکھلا پن ◆

پول (پُول) (ہ) مذکر۔ قصابوں کی اصطلاح میں گوشت۔ لحم ◆

پلول (پُول) (ف) مذکر۔ نقدی۔ پیسہ ◆

پولا (پُو۔ لا) (ہ) مذکر۔ مٹھا۔ گڈا۔ گھاس یا پھوس کا گٹھا ◆

پولا (پُو۔ لا) (ہ) مذکر (۱) خالی۔ جوفدار۔ کھوکھلا (۲) نرم ملائم۔ کومل۔ نازک (۳) ہلکا۔ سُبک ◆

پولاد (پُو۔ لاد) (ف) مذکر (۱) فولاد۔ اسپات۔ ایک قسم کا نہایت عمدہ مضبوط لوہا (۲) سخت۔ مضبوط۔ پکا۔ مستحکم ◆

پولک (پُو۔ لک) (ہ) مذکر (۱) تیر کا چھوٹا پھل (۲) گھاس کا مٹھا جسے ایک لمبے بانس کے سرے پر باندھ کر مست ہاتھی کو ڈراتے ہیں ◆

پولن (پُو۔ لن) (ہ) مذکر۔ پھولوں کا غبار ◆

پولو (پُو۔ لو) (انگ۔ POLO) مؤنث۔ ایک انگریزی کھیل جو لکڑی کی گیند اور لمبے ڈنڈے سے گھوڑے پر چڑھ کر کھیلتے ہیں ◆

پولیس (پُو۔ لیس) (انگ۔ POLICE) مؤنث۔ (۱) رکھوالی کرنے والا محکمہ۔ محکمۂ انتظامیہ۔ (۲) تھانہ۔ کوتوالی۔ تھانے کے ملازمین۔ تھانے کے چپراسی وغیرہ ◆

پولیس تعزیری (ہ) مؤنث۔ وہ زائد پولیس جو کسی مقام پر فساد ہو جانے کے وقت متعین کی جاتی ہے اور اس کا خرچ وہاں کے باشندوں سے لیا جاتا ہے ◆

پولیس سٹیشن (انگ۔ POLICE STATION) مذکر۔ تھانہ۔ پولیس کی چوکی ◆

پولیس مین (انگ۔ POLICEMAN) مذکر۔ سپاہی۔ کانسٹیبل ◆

پولی (پُو۔ لی) (ہ) پولا کی تانیث۔ کنگھی جوار۔ باجرے کی گڑیاں۔ مٹھے۔ گٹھے۔ پولے ◆

پولی (پُو۔ لی) (ہ) مؤنث۔ دروازہ۔ جو کھٹ۔ دہلیز ◆

پلوے (پَل۔وے) (ہ) مذکر۔ پلو کی جمع ۔
پلوے تلے گزران کرنا (ہ) گھاس پھوس کی جھونپڑی میں رہنا۔ بے مکان ہونا۔ دن گزارنا۔ دن کاٹنا۔ زندگی کے ایام بسر کرنا ۔
پولیٹیکل (پو۔لی۔ٹی۔کل) (انگ POLITICAL) سیاسی۔ ملکی۔ شاہی ۔
پولیٹیکل ایجنٹ (انگ POLITICAL AGENT) مذکر۔ سیاسی کارندہ۔ ایک بڑا عہدہ دار ۔
پولیٹیکل ڈیپارٹمنٹ (انگ POLITICAL DEPARTMENT) مذکر۔ وہ محکمہ جس کا تعلق دوسری سلطنتوں کے ساتھ ہو ۔
پلون (پَل۔وَن) (ہ) ¾۔ تین چوتھائی۔ سہ ربع۔ تین پاؤ ۔
پلوں (پَل۔وں) (ہ) مؤنث (۱) پاد کی آواز۔ ریح کی آواز (۲) عاجز ہونے چیں بولنے کے وقت مذاق کہا جاتا ہے ۔
پلوں بولنا (ہ) (۱) عاجز ہونا۔ چیں بولنا (۲) دیوالہ نکلنا۔ مفلس ہونا ۔
پون (پَو۔ن) (ہ) مؤنث (۱) وایو۔ باد۔ ہوا۔ بیار (۲) صبح کی ٹھنڈی ہوا۔ صبا (۳) روح آتما۔ سانس۔ دم (۴) گوز۔ پاد۔ ریح۔ بلے۔ بالی ۔
پون بٹھانا (ہ) (۱) مؤکل بٹھانا۔ بھوت پریت متعین کرنا (۲) جادو کرنا۔ سحر کرنا ۔
پون پرچھا (ہ) مؤنث۔ ہوا کا امتحان۔ ہوا کے رخ کی تحقیق ۔
پون چلانا (ہ) (۱) موہنہ مارنا۔ جادو کرنا۔ سحر کرنا۔ مؤکل چھوڑنا (۲) ہوا چلانا ۔
پون کا پوت (ہ) مذکر (۱) ہنومان جی کا لقب۔ مہابیر (۲) ناگ۔ سانپ ۔
پونا (ہ) مذکر (۱) تین چوتھائی۔ چار حصوں میں سے تین حصے۔ ¾ (۲) تین چوتھائی کا پہاڑہ (۳) کھنڈا۔ کنی۔ ٹوٹے ہوئے چاول۔ ٹوٹا چاول (۴) کفگیر ۔
پونا (پو۔نا) (ہ) (ہندو) (۱) پکانا۔ روٹی تیار کرنا۔ (۲) پرونا۔ ڈالنا۔ داخل کرنا ۔
پون ٹولی (ہ) مؤنث۔ چنگی۔ کر۔ وہ محصول جو کسی شہر کے اندر آنے پر بکنے کی چیزوں پر لیا جاتا ہے ۔
پونجی (پُوں۔جی) (ہ) مؤنث (۱) مال۔ دولت۔ جمع۔ سرمایہ۔ پس ماندہ۔ بضاعت۔ روپیہ۔ راس المال۔ اصل زر۔ جائداد۔ ملکیت۔ وصن (۲) حقیقت۔ اصلیت۔ بساط۔ حوصلہ ۔
پونچا (پُوں۔چا) (ہ) مذکر۔ ساڑھے پانچ کا پہاڑہ ۔
پونچھ (پُوں۔چھ) (ہ) مؤنث (۱) دُم۔ ذنب (۲) پیچھا۔ پشت۔ کمر۔ ظہر۔ جیسے میری پونچھ سے لگا پھرتا ہے (۳) دُم چھلا۔ طفیلی۔ پچھ لگو۔ ہمراہی۔ ساتھ ہر وقت ساتھ رہنے والا ۔
پونچھڑی (ہ) مؤنث (۱) چھوٹی دُم۔ ہلکی پونچھ۔ (۲) وہ پانی جو ناؤ میں چڑھاؤ کے آگے آگے آتا ہے ۔
پونچھن (ہ) مؤنث۔ پوچھن۔ صافی ۔
پونچھنا (ا) صاف کرنا۔ جھاڑنا ۔
پونڈ (پُو۔نڈ) (ا) (انگ۔ پاؤنڈ۔ POUND) مذکر (۱) اشرفی۔ ساورن۔ گنی۔ سونے کا سکہ (۲) ۲۰ شلنگ یا ۱۶ اونس کا بٹا۔ ۳۹ تولے کا وزن۔ (۳) ½ سیر کا وزن ۔
پونڈا (پُوں۔ڈا) (ہ) مذکر۔ موٹی قسم کا گنا۔ تھون گنا۔
پون سلائی (پُون۔سَلا۔ئی) (ا) مؤنث۔ پونی بنانے کی سلائی۔ وہ لکڑی جس پر پونی بنائی جاتی ہے ۔
پونکنا (پُونک۔نا) (ہ) دست آنا ۔
پونگا (پُوں۔گا) (ہ) (۱) کھوکھلا بانس۔ بانس کی خالی پوری (۲) خالی۔ کھوکھلا۔ مجوف (۳) موٹا بانس۔ ٹونٹا (۴) پاؤں کی نلی ۔
پونگی (پُوں۔گی) (ہ) مؤنث۔ بین۔ تونبے کا بنا ہوا باجا جسے اکثر سپیرے بجاتے ہیں ۔
پونگی پھل (ہ) مؤنث۔ چھالیا۔ سپاری ۔
پونو (پُو۔نو) (ہ) مؤنث۔ پورنماشی۔ پورے چاند کا دن ۔
پونی (پُو۔نی) (ہ) مؤنث (۱) روئی کی بتی۔ روئی کی جوف دار بتی جو کاتنے کی غرض سے بنائی جاتی ہے۔ (۲) مقدار قلیل۔ ذرا ۔
پونیا (پُو۔نیا) (ہ) مذکر۔ وہ کپڑا جس کا عرض معمولی عرض سے کم ہو۔ وہ کپڑے کا تھان جس کا طول کم ہو

تھان سے کم ہو۔ اس کا کپڑا عموماً عمدہ ہوتا ہے ۔

پلوہ (پَلْوَہ) (ہ) مذکر۔ پوس کا مہینہ ۔

پلوہنا (پَلْوَہ۔نا) (ہ) مذکر۔ دسترخوان ۔

پلوہیے (پَلْو۔ہیے) (ہ) مذکر (عو) موتیھی ۔

پلوٹیا (ہ) مذکر (۱) تیز۔ سرپٹ (۲) گھوڑے کی درمیانی رفتار۔ ڈُلکی چال ۔

پلوئیش (پَلْو۔اِیش) (ف) دیکھو "پوش پوش" ۔

پ - ہ

پہ (ہ) پر کا مخفف۔ لیکن۔ مگر۔ لیک۔ الّا ۔

پھاپاکٹنی۔ پھاپھاکٹنی (پَھا۔پا۔کُٹْ۔نی + پَھا۔پَھا۔کُٹْ۔نی) (ہ) مؤنث۔ دلّالہ۔ قحبہ۔ کٹنی۔ نہایت عیار اور چالاک عورت ۔

پھاٹ (پَھاٹ) (ہ) مؤنث۔ حصہ داروں میں معاملے کی تقسیم ۔

پھاٹک (پَھا۔ٹَک) (ہ) مذکر (۱) کواڑ۔ باب۔ در۔ دروازہ۔ محراب (۲) کانجی ہاؤس۔ باڑہ۔ احاطہ۔ کھڑک۔ زوہرہ۔ آوارہ مویشیوں کے رکھنے کا مکان (۳) کٹہرا جہاں مدعی اور مدعا علیہ کھڑے کئے جاتے ہیں ۔

پھاٹک بندی (ہ) مؤنث۔ حوالات۔ قید خانہ۔ بندی خانہ ۔

پھاٹک دار (ہ) مذکر۔ دربان۔ ڈیوڑھی بان۔ محافظ۔ دروازے کا پہرہ دار ۔

پُھار (پُھار) (ہ) مؤنث۔ دیکھو "پھوار" ۔

پُھار پڑنا (ہ) ترشح ہونا۔ قطرہ قطرہ مینہ برسنا ۔

پہاڑ (پَہاڑ) (ہ) (۱) پربت۔ کوہ۔ گر۔ جبل۔ ڈونگر۔ ٹیلہ (۲) بھاری۔ مشکل۔ کٹھن۔ سخت۔ دوبھر۔ دشوار (۳) لمبا۔ دراز۔ طویل (۴) لمبا چوڑا۔ طویل و عریض۔ اونچا۔ قدآور۔ وسیع۔ مرتفع ۔

پہاڑا (پَہا۔ڑا) (ہ) مذکر۔ ضرب کے اُرد گُنا کا قاعدہ۔ سنکلن جوڑتی۔ ذہنی ضرب۔ وہ ضرب دئے ہوئے عدد جو لڑکوں کو حفظ کرائے جاتے ہیں ۔

پہاڑ ٹوٹنا (ہ) مصیبت پڑنا۔ رنج و غم کی کثرت ہونا ۔

پہاڑ سا دن (ہ) مذکر۔ بہت بڑا دن۔ وہ دن جو کسی مصیبت یا تکلیف کے باعث گزرنا مشکل ہو رہا ہو ۔

پہاڑ سی رات (ہ) مؤنث۔ بڑی رات۔ وہ رات جو کسی مصیبت یا تکلیف کے باعث گزرنی مشکل ہو رہی ہو۔ شب ہجر ۔

پہاڑ سے ٹکر لینا (ہ) (۱) طاقتور سے مقابلہ کرنا۔ زبردست سے زور آزمانا (۲) اپنی سے الجھنا ۔

پہاڑ کاٹنا (ہ) مشکل کام کرنا۔ دشوار کام کرنا ۔

پہاڑ کا دامن (ہ) مذکر۔ پہاڑ کی تلیٹی۔ اترائی۔ پہاڑ کے نیچے کا میدان۔ دامن کوہ ۔

پہاڑ کی ڈانک (ہ) مؤنث۔ سلسلۂ کوہ۔ قطارِ جبل۔ پہاڑوں کی لمبی قطار ۔

پہاڑ کی گھاٹی (ہ) مؤنث۔ درّۂ کوہ۔ درمیانی پہاڑی راستہ ۔

پہاڑ گزرنا (ہ) ناگوار ہونا۔ ناپسند ہونا۔ دشوار گزرنا۔ دوبھر ہونا ۔

پہاڑوا (ہ) مذکر (۱) آتی پاتی کا کھیل جسے بچے کھیلتے ہیں (۲) پہاڑی۔ کوہی۔ پہاڑیا پہاڑکا۔ پہاڑ کی طرف کا (۳) وہ ہوا جو پہاڑ کی طرف سے آتی ہے۔ شمالی ہوا (۵) شمالی۔ اُتری (۶) وہ بولی جو پہاڑ کی طرف بولی جاتی ہے ۔

پہاڑ والی (ہ) مؤنث۔ دیبی سیتلا۔ ماتا۔ چیچک ۔

پہاڑ ہو جانا (ہ) مشکل ہونا۔ کٹھن ہونا۔ دشوار ہونا۔ دوبھر ہونا ۔

پہاڑی (ہ) مؤنث (۱) چھوٹا پہاڑ۔ ڈونگری (۲) پہاڑ کا رہنے والا (۳) پہاڑی زبان (۴) ایک راگنی ۔

پہاڑی کوّا (ہ) مذکر (۱) کاگ۔ غراب۔ زاغ کوہ۔ ایک قسم کا نہایت سیاہ اور بھاری آواز والا کوّا۔ جو پہاڑ پر ہوتا ہے ۔

پہاڑ سے میت کس کے بھات کھایا اور کھسکے (ہ) مثل۔ اس وقت بولتے ہیں۔ جب کوئی شخص کھانا کھاتے ہی جانے لگے ۔

پھاڑ (پَھاڑ) (ہ) (۱) پھاڑنا کا امر (۲) مذکر۔ شگاف۔ چاک۔ کھونچ (۳) دراڑ۔ درز ۔

پھاڑ کھانا (ہ) (۱) کاٹ کھانا۔ بھنبھوڑ لینا۔ چیر ڈالنا۔ (۲) غصے ہونا۔ ناراض ہونا۔ جھلانا۔ جھنجھلانا (۳) ناگوار بات کہنا۔ ناپسند کلام کرنا ۔

پھاڑ کھانے کو دوڑنا (ہ) (۱) کاٹنے کو دوڑنا۔ (۲) سخت جھلانا۔ جھنجھلانا۔ غصے میں بھڑک اٹھنا (۳) بدمزاجی سے پیش آنا۔ ٹیڑھی ٹیڑھی باتیں کرنا ۔

پھاڑ کھاؤ (ہ) (ا) پھاڑ کھانے والا۔ درندہ۔ چیر پھاڑ کرنے والا (۲) غضیل۔ جھلّا۔ بدمزاج۔ تیز مزاج۔ غصّہ ور (۳) خونخوار۔ جلّاد ۔

پھاڑنا (پھاڑ۔ نا) (ہ) (۱) چیرنا۔ ٹکڑے کرنا۔ شق کرنا۔ (۲) بھنبھوڑنا۔ کاٹنا (۳) قطع کرنا۔ بیونتنا۔ کترنا۔ (۴) کھولنا۔ پھیلانا۔ جیسے منہ پھاڑنا (۵) الگ کرنا۔ جُدا کرنا۔ فرق ڈالنا ۔

پھاگ (پھاگ) (ہ) مذکر (۱) بسنت۔ ہولی (۲) خوشی۔ سرور۔ آنند۔ عیش۔ مزہ۔ لطف (۳) بیلکری۔ راگ رنگ۔ ہولی کے کھیل تماشے ۔

پھاگ کھیلنا (ہ) (۱) بسنت منانا۔ ہولی کرنا۔ خوشی کرنا (۲) مسرور ہونا۔ عیش اڑانا۔ لطف اٹھانا۔ کھیل تماشا کرنا۔ رنگ رلیاں منانا ۔

پھاگن (پھا۔ گن) (ہ) مذکر۔ فصلی چھٹا۔ قمری گیارھواں اور ہندی بارھواں مہینہ۔ اخیر فروری سے وسط مارچ تک کا زمانہ۔ ربیع الآخر ۔

پھال (پھال) (ہ) مذکر (۱) پھالا۔ مقلب۔ پھالی۔ زمین چیرنے کا آلہ جو ہل میں لگایا جاتا ہے (۲) چھالیا۔ سپاری ۔

پھالا (ہ) مذکر۔ دیکھو "پھال نمبر۱" ۔

پھالسا (پھال۔ سا) (ہ) مذکر۔ فالسہ۔ پالسہ۔ اُودے رنگ کا ایک ترش ذائقہ پھل جو جھاڑی بیر کے برابر ہوتا ہے ۔

پھالی (ہ) مؤنث۔ دیکھو "پھال نمبر۱" ۔

پھان (پھان) (ہ) مذکر۔ پھندا ۔

پھانا (پھا۔ نا) (ہ) مذکر (۱) وہ لکڑی جو موچی جوتا کشادہ کرنے کے لئے اس میں رکھتے ہیں (۲) وہ لکڑی یا لوہے کی بڑی کیل جو آرہ کش یا لکڑہارے لکڑی چیرنے یا پھاڑنے کے لئے اس میں رکھتے ہیں۔ فانہ۔ پچّڑ ۔

پھانٹ (پھانٹ) (ہ) مذکر۔ گاؤں کا افسر ۔

پھاند (پھاند) (ہ) مؤنث (۱) بالوں یا تانت کا پھندا (۲) دام۔ جال۔ پھندا (۳) چھلانگ۔ کلانچ۔ زقند۔ پھلانگ۔ جست۔ کُود ۔

پھاند لگانا۔ یا۔ مارنا (ہ) (۱) دام پھیلانا۔ جال بچھانا۔ پھندا لگانا (۲) فریب کرنا۔ دھوکا دینا (۳) کودنا۔ جست کرنا۔ پھلانگنا۔ زقند لگانا ۔

پھاندنا (ہ) کودنا۔ چھلانگنا۔ پھلانگنا۔ جست کرنا ۔

پھاندی (پھان۔ دی) (ہ) مؤنث۔ سو یا پچاس گنّوں کا بنڈل۔ پولی ۔

پھانس (پھانس) (ہ) مؤنث (۱) لکڑی کا ریشہ۔ صوف۔ خار۔ تنکا (۲) خلش۔ کھٹکا۔ اندیشہ۔ فکر۔ ملال ۔

پھانس کھٹکنا (ہ) پھانس چبھنے سے درد ہونا ۔

پھانس لانا (ہ) (۱) گرفتار کر لانا۔ پکڑ لانا۔ پھنسا لانا (۲) جال میں لے آنا۔ دام میں پھنسا لانا۔ پھندا مار لینا (۳) فریب میں لے آنا۔ دھوکا دے کر لانا ۔

پھانس لگنا (ہ) (۱) تنکا چبھ جانا۔ ٹُس گُھس جانا۔ خار کھب جانا۔ ریشہ گڑ جانا (۲) آزاد ہونا۔ دکھ ہونا۔ فکر ہونا۔ رنج ہونا۔ غم ہونا۔ ملال ہونا۔ افسوس ہونا ۔

پھانس مار دینا (ہ) بات یا کام میں ہرج کر دینا۔ کچھ کہہ کر کسی کو نقصان پہنچانا ۔

پھانسنا (ہ) (۱) پھنسانا۔ تہمت دینا۔ الزام لگانا۔ بہتان جوڑنا (۲) گھیرے میں لانا۔ احاطہ کرنا۔ محاصرہ کرنا (۳) چکر میں ڈالنا (۴) گرفتار کرنا۔ پکڑنا۔ پھندے میں لانا۔ قید کرنا (۵) فریب کرنا۔ دھوکا کرنا (۶) قابو میں کرنا۔ بس میں کرنا۔ قبضے میں کرنا (۷) مجبور کرنا۔ عاجز کرنا (۸) پیچ میں لانا۔ داؤ کرنا (۹) کنوئیں میں ڈول ڈالنا ۔

پھانسی (پھان۔ سی) (ہ) مؤنث (۱) کمند۔ پھندا۔ بند (۲) گلے میں رسّی ڈال کر گلا گھونٹنا۔ مار ڈالنا۔ سزائے موت دینا ۔

پھانسی پانا (ہ) پھانسی چڑھنا۔ پھانسی کے ذریعے سے ہلاک ہونا ۔

پھانسی کھڑی ہونا (ہ) (۱) پھانسی کا سامان تیار ہونا۔ بانس کھڑے کرکے اس میں رسّی وغیرہ ڈالنا (۲) پھانسی کا وقت آنا ۔

پھانسی کی ٹکٹکی (ہ) مؤنث۔ لکڑی کا وہ ستون جس پر پھانسی دینے کا پھندا لگا ہوتا ہے ۔

پھانسی لگنا۔ یا۔ ہونا (ہ) سزائے موت ہونا۔ پھانسی دیا جانا۔ پھانسی لگنا۔ پھانسی پر چڑھایا جانا۔ گلے میں رسّی ڈال کر مارا جانا۔ گلا گھونٹ کر مارا جانا۔ گلے میں پھندا ڈال کر مارا جانا۔ پھانسی پر چڑھنا ۔

پھاٹک (پھا-ٹک) (ہ) مؤنث۔ قاش۔ ٹکڑا۔

پھانکڑ۔ پھانکڑا (ہ) (۱) بانکا ترچھا (۲) قوی۔ مضبوط۔ زبردست۔ تنومند۔ ڈھینگڑا (۳) جری۔ بہادر۔ دلیر۔ شجاع۔ سُورما۔

پھانکنا (ہ) (۱) پھنکی لگانا۔ ایک دم منہ میں ڈالنا (۲) زیادہ کھانا۔ جلد کھانا۔ اندھا دُھند کھانا (۳) جلد جلد طے کرنا۔ جلد ختم کرنا۔ بعجلت پُورا کرنا (۴) زیادہ خرچ کرنا۔ بہت صرف کرنا (۵) جلد جلد بولنا۔ لگاتار بولنا۔

پھانکی (ہ) مؤنث (۱) سفوف یا دانہ جو ایک دفعہ پھانکا جائے (۲) میوے کا ٹکڑا یا پھانک (۳) (منطق) اعتراض (۴) جھوٹی دلیل (۵) دھوکا۔ فریب۔ چھل۔

پھاوڑا (پھا-اُڑا) (ہ) مذکر۔ کدال۔ بیلچہ۔ مٹی صاف کرنے کا آہنی آلہ۔

پھاوڑا بجانا (ا) (۱) پھاوڑے سے آواز پیدا کرنا (۲) نقصان کرنا۔ ڈھانا۔ گرانا۔ توڑنا۔ مسمار کرنا۔

پھاوڑا سے دانت (ہ) بڑے بڑے لمبے اور چوڑے چوڑے دانت۔ بدزیب اور مُنہ سے باہر نکلے ہوئے دانت۔

پھاوڑی (ہ) مؤنث (۱) چھوٹا پھاوڑا۔ تسلی (۲) ڈنڈ پیلتے وقت ہاتھ میں رکھنے کی لکڑی (۳) لید ہٹانے کے لئے لکڑی کا بنا ہُوا تختہ جس کے پیچھے پکڑنے کے لئے بانس لگا ہوتا ہے (۵) بیراگن۔ ظفر تکیہ۔ جوگیوں کی وہ ٹیڑھی لکڑی جسے وہ ہاتھ میں رکھتے ہیں۔

پھاوڑے کے نام کُل صفا نہیں جانتے (ل) محاورہ۔ الف کے نام بے نہیں جانتے۔ ناواقف ہیں۔ جاہل مطلق ہیں۔ بالکل بے سمجھ اور نادان ہیں۔

پھاہا۔ پھایا (پھا-ہا + پھا-یا) (ہ) مذکر (۱) مرہم۔ زخم پر لگانے کی دوا (۲) گول کترا ہُوا کپڑا جس پر مرہم رکھ کر لگاتے ہیں۔

پھب (پھَب) (ہ) مؤنث۔ دیکھو "پھبن"۔

پھبتا (ہ) موزوں۔ زیبا۔ سجتا۔ مناسب۔ لائق۔

پھبتی (ہ) مؤنث۔ ایسی بات جو کسی پر ٹھیک چسپاں ہو۔ کسی چیز کو کسی چیز سے ظرافتاً تشبیہ دینا۔

پھبتی اُڑانا (ہ) کسی شخص کو ایسی بات کہنا جو اس پر بالکل صادق آئے۔ ہنسی اُڑانا۔

پھبتی سوجھنا (ہ) ٹھیک تشبیہ خیال میں آنا۔

پھبتی کہنا (ہ) ظرافت سے تشبیہ دینا۔

پھبتی ہونا (ہ) کسی کی شان میں وجہ تشبیہ کے ساتھ سخن بے ساختہ کہا جانا۔

پھبدنا (پھَبد-نا) (ہ) (ہندو) (۱) پھبکنا (۲) پھنسیاں نکلنا۔

پھبکنا۔ پھپکنا (پھَبَک-نا + پھَپَک-نا) (ہ) (۱) بڑھنا۔ اُگنا۔ نشو و نما پانا (۲) موٹا تازہ ہونا۔ پھیلنا۔ فربہ ہونا۔

پھبن (پھَبَن) (ہ) مؤنث۔ زیبائش۔ سجاوٹ۔ آرائش۔ تناسب۔ خوب صورتی۔

پھبنا (پھَب-نا) (ہ) (۱) سجنا۔ زیب دینا۔ بھلا لگنا۔ (۲) موافق ہونا۔ ٹھیک ہونا۔

پھُپّا (پھُپ-پا) (ہ) مذکر۔ پھوپھی کا خاوند۔ باپ کی بہن کا شوہر۔

پھپٹ (پھَپ-پَٹ) (ہ) مذکر (عو) (۱) فریب۔ مکر۔ دغا (۲) شور و غوغا۔ فتنہ فساد۔

پھپٹ باز (ا) مذکر۔ مکّار۔ فریبی۔ فسادی۔

پھپٹ بازی (ا) مؤنث۔ مکّاری۔ چالاکی۔ فتنہ انگیزی۔

پھپٹ بائی (ہ) مؤنث۔ جھگڑالو عورت۔ مکّارہ۔ فسادن۔

پھپدنا (ہ) دیکھو "پھبدنا"۔

پھپڑ دلالے (پھَپھَڑ- دَلا-لے) (ہ) مذکر (عو) (۱) مکر۔ فریب۔ فند (۲) جھوٹی خوشامد۔

پھپڑے (پھَپ-ڑے) (ہ) مذکر (ہندو) (عو) دیکھو "پھپڑ دلالے"۔

پھپس (پھَپ-پَس) (ہ) (۱) پھولا ہُوا۔ بھدا۔ موٹا۔ فربہ (۲) وہ چیز جو اندر سے پولی اور خالی ہو۔

پھپسا (پھَپ-سا) (ہ) (۱) پھولا ہُوا۔ پولا۔ اندر سے خالی (۲) پھیکا۔ بدمزہ۔

پھپکا (پھَپ-کا) (ہ) مذکر۔ آبلہ۔ چھالا۔ پھپھولا۔

پھپکار (پھَپ-کار) (ہ) مؤنث (۱) سانپ کی طرح پھنکارنے کی آواز (۲) سٹیم انجن کی آواز۔

پھپکارنا (ہ) سانپ کی طرح پھنکارنا۔

پھپولا۔ پھپھولا (پھَپو-لا + پھَپھو-لا) (ہ) مذکر۔ چھالا۔ آبلہ۔

پھپھولے (ہ) مذکر۔ پھپھولا کی جمع۔ بہت سے آبلے ۔
پھپھولے پھوٹنا (ہ) آبلوں کا پانی نکلنا۔ دل ٹھنڈا ہونا۔ دشمنی نکلنا ۔
پھپھولے پھوڑنا (ہ) دل کا غصّہ نکالنا۔ حسد نکالنا۔ بدلہ لینا ۔
پھپھولے والی (ہ) مؤنث۔ سیتلا ماتا کی سات بہنوں میں سے ایک۔ جسے پھپھولے ڈالنے اور اچھا کرنے کا اختیار ہے ۔
پھپھوندنا (پَھپھُوند۔ نا) (ہ) پھپھوندی لگنا ۔
پھپھوندی (پَھپھُوں۔ دِی) (ہ) مؤنث۔ وہ سفید تہ جو رطوبت کے باعث کسی چیز پر کائی کی طرح جم جاتی ہے ۔
پھپھوندی لگی (ہ) مؤنث (عو) وہ عورت جس کے دانتوں پر بہت سا میل جما ہوا ہو ۔
پھپھی (پُھپْھی۔ پھی) (ہ) مؤنث۔ باپ کی بہن۔ بوا ۔
پھپیا ساس (ہ) مؤنث (عو) خسر کی بہن۔ پھوپس ۔
پھپیا سُسَر یا سُسرا (ہ) مذکر (عو) سُسرے کی بہن کا خاوند ۔
پھپیرا (پُھپیے۔ رَا) (ہ) مذکر۔ پُھپی کا بیٹا ۔
پھپیری (ہ) مؤنث۔ پُھپی کی بیٹی ۔
پھٹ (پھَٹ) (ا) پھٹنا کا امر ۔
پھِٹ (پِھٹ) (ہ) کلمۂ نفرین۔ لعنت۔ پھٹکار۔ دھتکار۔ تُف ۔
پھِٹ پھِٹ (ہ) مؤنث۔ تھُو تھُو۔ لعنت۔ دُر دُر ۔
پھٹ پڑنا (ہ) (۱) ایکبارگی بہت موٹا ہو جانا (۲) شدّت سے ہونا۔ کثرت سے کسی بات کا ہونا ۔
پھَٹ پھَٹ (ہ) مؤنث۔ پھٹی جوتی کی آواز ۔
پھٹک (پَھٹَک) (ہ) مذکر (۱) کچّا ہیرا۔ بلّور (۲) جال پنجرا (۳) پھٹکنا کا امر ۔
پھٹکا (پھَٹ۔ کا) (ہ) مذکر (۱) لمحہ (۲) پنجرا ۔
پھُٹکا (پُھٹ۔ کا) (ہ) مذکر۔ بتاشے کی شکل کا بسکٹ ۔
پھِٹکار (پِھٹ۔ کار) (ہ) مؤنث (۱) لعنت۔ ملامت۔ دھتکار (۲) آمیزش۔ چاشنی (۳) بددعا ۔
پھٹکار برسنا (ہ) لعنت برسنا۔ چہرے کا نور نہ رہنا۔ بے رونقی اور اداسی ہونا ۔
پھٹکار لگنا (ہ) بددعا لگنا۔ دھتکار پڑنا ۔
پھِٹکارنا (ہ) (۱) لعنت ملامت کرنا (۲) نفرت سے منہ پھیر لینا (۳) نامنظور کرنا (۴) برا بھلا کہنا ۔
پھٹکار (پھَٹ۔ کار) (ہ) مؤنث (۱) کوڑے کی آواز۔ کسی چیز کے پے در پے مارنے کی آواز (۲) رسّے کا بنا ہوا وہ لمبا کوڑا جو گھوڑے کے سدھانے کے لئے ساتھ رکھتے ہیں۔ تازیانہ۔ بڑا چابک (۳) لعنت ملامت ۔
پھٹکارنا (ہ) (۱) پیٹنا۔ کوڑا لگانا۔ چابک مارنا (۲) دھتکارنا۔ مار کر نکال دینا (۳) کپڑا کھنگالنا۔ کپڑے کو پتھر پر مار کر میل صاف کرنا (۴) حاصل کرنا۔ وصول کرنا۔ (۵) سرزنش کرنا۔ آڑے ہاتھوں لینا (۶) جھٹکنا۔ جھاڑنا ۔
پھٹکا نہ کھانا (ہ) فوراً مر جانا۔ جانبر نہ ہو سکنا ۔
پھٹکر (پھَٹ۔ کَر) (ہ) علیحدہ۔ اکیلا ۔
پھٹکڑی (پھِٹ۔ کَڑی) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی دوا جسے فارسی میں یشب یمانی کہتے ہیں ۔
پھٹکل (پھُٹ۔ کَل) (ہ) (۱) واحد۔ اِکّا دُکّا۔ اکیلا۔ تنہا (۲) علیحدہ۔ جدا (۳) متفرّق۔ مختلف (۴) خردہ۔ ریزگاری۔ ریزہ۔ دونی چونی وغیرہ ۔
پھٹکن (پھَٹ۔ کَن) (ہ) مؤنث۔ اناج کا چھلکا۔ غلّہ وغیرہ کی بھوسی ۔
پھٹکنا (ہ) (۱) جدا کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ چھاج سے صاف کرنا (۲) موجود ہونا۔ حاضر ہونا (۳) بھولے سے چلا جانا ۔
پھٹکیتا (پھُٹکَیت۔ تا) (ہ) مذکر۔ غلیل کا فیتہ جس میں غلّہ رکھ کر چھوڑتے ہیں ۔
پھٹکی (پھَٹ۔ کی) (ہ) مؤنث۔ جھاؤ کی ٹوکری مع ڈھکنے کے جس میں چڑیمار چڑیاں وغیرہ پکڑ لاتے ہیں ۔
پھٹکی (پھُٹ۔ کی) (ہ) مؤنث (۱) گانٹھ۔ گرہ۔ گتھلی۔ (۲) خون یا پیپ وغیرہ کا دھبہ (۳) ایک قسم کی چھوٹی چڑیا ۔
پھٹنا (ہ) (۱) شق ہونا (۲) ٹکڑے ہونا۔ دریدہ ہونا۔ (۳) شگاف ہونا۔ تڑقنا۔ تڑخنا (۴) اجزا جدا ہونا۔ جیسے دودھ پھٹنا (۵) بیزار ہونا۔ نفرت کرنا ۔
پھٹے سے منہ۔ یا۔ پھٹے منہ (ہ) محاورہ جو لعنت ہے۔ تُف ہے۔ تھو تھو ہے ۔
پھٹیل (پھُٹ۔ ٹیل) (ہ) اکیلا۔ تنہا۔ فرد۔ جدا۔ جوڑے میں سے ایک۔ جیسے پھٹیل کبوتر وغیرہ۔ طاق سے منسوب ۔
پھٹے میں پاؤں دینا (ہ) دخل در معقولات دینا ۔

پچپاہٹ (پچپا۔ ہٹ) (ہ) مؤنث۔ دلدل یا کیچڑ میں چلنے کی آواز۔

پہچان (پَہ۔ چان) (ہ) مؤنث (۱) واقفیت۔ شناسائی (۲) تمیز۔ ورک۔ سمجھ (۳) نشانی۔ علامت۔

پہچاننا (ہ) جاننا۔ شناخت کرنا۔ معلوم کرنا۔ سمجھنا

پھدک پھدکانا (ہ) دیکھو "پھدکنا"۔

پھدک (پھدک) (ہ) جوش۔ ابال۔

پُھدک (پُھدک) (ہ) پھدکنا کا امر۔

پھدکنا (ہ) (۱) اچھلنا۔ کودنا۔ پھاندنا (۲) خوش ہونا۔ مسرور ہونا۔

پُھدکی (ہ) مؤنث۔ ایک چھوٹی سی چڑیا کا نام جو پھدکتی پھرتی ہے

پُھدکی مارنا (ا) چھلانگ مارنا۔ اچھلنا۔ کودنا۔

پھڈا (پھڈ۔ ڈا) (ہ) (۱) چپٹا۔ وہ جوتا جس کی ایڑی بیٹھی ہوئی ہو (۲) وہ آدمی جو پاؤں رگڑ کر یا لنگڑا کر چلے۔ یا وہ شخص جو چلتے وقت آڑے ترچھے پاؤں رکھے۔

پُھڈا (پُھڈ۔ ڈا) (ہ) مذکر۔ طاقچہ۔ دیوار یا کنوئیں کے چھید جہاں اترتے چڑھتے وقت پاؤں رکھنے کو آسرا ملے۔

پھُر (پھُرّ) (ہ) مؤنث۔ اڑنے کی آواز۔

پھُر سے اُڑ جانا (ل) جھٹ اُڑ جانا۔ فوراً اُڑ جانا۔ یک دم اُڑ جانا۔

پھر (پھِر) (ل) (۱) دوبارہ۔ بعد ازاں۔ اس کے بعد اور آگے۔ پس ازیں (۲) تب۔ تو (۳) چل۔ سیر کر۔

پہر (پَہر) (ہ) مذکر۔ پاس۔ ۳ گھنٹے کا وقفہ۔ دن کا چوتھائی حصہ۔ رات دن کا آٹھواں حصہ۔

پہرا (پَہ۔ را) (ہ) مذکر (۱) چوکی۔ حفاظت۔ نگہبانی۔ رکھوالی۔ دیکھ بھال۔ دربانی (۲) تحویل۔ حراست (۳) وقت۔ زمانہ (۴) دور (۵) گشت۔ سپاہیوں کا پھیرا۔

پہرا بدلوانا (ہ) ایک کی تحویل سے دوسرے میں کرنا۔ دوسرے کو چارج دینا۔ ایک چوکیدار کا دوسرے کو اپنی جگہ قائم کرنا۔

پہرا بیٹھنا (ل) (۱) نگرانی ہونا۔ پہرا لگنا۔ چوکی بیٹھنا۔ ڈیوڑھی بان مقرر کرنا (۲) حراست میں لینا۔ نظربند کرنا۔ مقید کرنا۔

پھرّاٹا (پھر۔ رّاٹا) (ہ) مذکر (۱) فرّاٹا۔ تیزی سے اڑنے کی آواز (۲) تیزی۔ جلدی۔ پھرتی۔

پھرّاٹا بھرنا (ل) (۱) پھرتی سے دوڑنا۔ تیزی سے اڑنا۔ (۲) جلد جلد پڑھنا (۳) موجیں مارنا۔ لہریں اٹھنا۔ فرّاٹے بھرنا۔

پہرا دینا (ل) (۱) حفاظت کرنا۔ نگرانی کرنا۔ رکھوالی کرنا۔ دربانی کرنا۔ ڈیوڑھی پر بیٹھنا۔ حراست میں رکھنا۔ نگاہ میں رکھنا۔

پھرارا (پھرا۔ را) (ہ) خشک۔

پھراس (پھر۔ اس) (ہ) مذکر۔ جھاؤ کی قسم کا ایک درخت۔

پھرانا (ہ) (۱) ہلنا۔ ہلانا۔ اڑنا۔ سلمانا۔ جیسے جھنڈا پھرانا۔ (۲) کودنا۔ اچھلنا۔ جست کرنا۔

پھرانا (پھرا۔ نا) (ل) (۱) گشت کرنا۔ گھمانا۔ چکر دینا۔ سیر کرانا (۲) حیران کرنا۔ پریشان کرنا۔ پھیرے کرانا۔ (۳) واپس کرانا۔ لوٹانا۔ ناپسند کرنا (۴) مخالف کرنا۔ بگاڑنا۔ رنجیدہ کرنا۔

پھراؤ (پھرا۔ اُؤ) (ہ) (۱) شرطیہ سودا (۲) وہ مال جس کی واپسی کا اقرار ہو (۳) پھرنا۔ لوٹنا۔ واپس ہونا۔ مڑنا۔

پہراوا (پَہ۔ را۔ وَا) (ہ) مذکر (ہندو) لباس۔ پوشاک۔ پہناوا۔ کپڑے۔ لوازم۔

پہراونی (ہ) مؤنث (ہندو) (عو) (۱) بیاہ شادی میں رشتہ دار عورتوں کو پہنائی جانے والی پوشاک (۲) پوشاک پہنانے والی عورت۔

پھرائی (پھرا۔ اِی) (ہ) واپسی۔ لوٹانے کا ہرجانہ۔ واپسی کا معاوضہ۔

پہر بجنا (ہ) ہر پہر گزرنے پر نوبت یا گھنٹے کا بجنا۔

پھرے گھوڑے یہیں سے (ہ) مثل۔ اس آدمی کی نسبت بولتے ہیں۔ جو ادھر بات کہے اور ادھر مُکر جائے۔

پھر پھر۔ پھر پھر سے (ہ) بار بار۔

پھرپھرانا (پھر۔ پھرا۔ نا) (ل) ہلنا جلنا۔ حرکت کرنا۔ اڑنا۔ جنبش کرنا۔ پھریری دینا۔

پھرپھری (ہ) مؤنث۔ کپکپاہٹ۔ تھرتھراہٹ۔ کپکپی۔ تھرتھری۔ لرزہ۔ پھریری۔

پھر پھند (پھر۔ پھند) (ہ) مذکر (۱) داؤ۔ پیچ (۲) جھگڑا۔ بکھیڑا۔ قضیہ (۳) فریب۔ مکر۔ حیلہ۔ مکاری۔

پھر پھندی (ل) مذکر۔ پیچ کرنے والا۔ داؤ چلانے والا۔ جھگڑالو۔ فریبی۔ چالباز۔ چالیا۔ مکار۔

پھر پھیندوا (پھر۔ پھیند۔ وَا) (ہ) مذکر۔ حنظل۔ اندرائن۔ ایک خوش رنگ کڑوا پھل۔

پھرت (ہ) مؤنث (۱) حرکت۔ گردش جنبش (۲) چلت پھرت۔ چکر لینا۔ ناچنا (۳) وہ روپیہ جو کسی سے دینے کے بجائے واپس لے لیا جائے۔ پھرتا ✦

پھرتا (ہ) (۱) پھراؤ (۲) پھرت (۳) بٹا۔ دلالی۔ کمیشن ✦

پھرتی (پھُر۔تی) (ہ) مؤنث۔ چالاکی۔ چستی۔ تیزی ✦

پھرتی کرنا (ہ) کسی کام میں چستی دکھانا۔ جلدی کرنا۔ چالاکی کرنا۔ چابک دستی کرنا ✦

پھرتیلا (ہ) چُست۔ چالاک۔ تیز۔ چابک دست۔ جلدی سے کام کرنے والا۔ چلبلا ✦

پھر جانا (ہ) (۱) لوٹ جانا۔ واپس ہو جانا۔ پلٹ جانا (۲) مڑنا۔ جھکنا۔ ٹیڑھا ہونا (۳) بدل جانا۔ قائم رہنا۔ بیوفائی کرنا۔ زبان پھرنا۔ بات کا پاس نہ کرنا (۴) ہو کر چلا جانا۔ ہو آنا۔ چکر لگا جانا۔ گردش کرنا۔ گھومنا (۵) اصلی حالت پر نہ رہنا۔ حالت غیر ہو جانا۔ آنکھیں پھر جانا (۶) باغی ہونا۔ منحرف ہونا۔ سرکش ہونا۔ ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔ رنجیدہ ہونا ✦

پھرچا۔ پھرچھا (پھُر۔چا + پھُر۔چھا) (ہ) مذکر۔ (۱) فیصلہ۔ آخر حکم۔ تجویز (۲) صاف۔ نرمل۔ کھرا۔ (۳) پھٹنا۔ ہٹنا۔ کھلنا۔ جیسے بادل پھرچا ✦

پھرسا (پھَر۔سا) (ہ) مذکر۔ کدال۔ پھاؤڑا۔ تیشہ۔ کلہاڑی ✦

پھرکئی ڈنڈ (پھر۔کئی۔ڈنڈ) (ہ) مذکر۔ وہ ڈنڈ جو ورزش کے باعث پھیرے ہوتے ہوتے ہیں ✦

پھرکی (پھِر۔کی) (ہ) مؤنث (۱) چکنی۔ گھرنی۔ گٹی۔ ریل (۲) پھرکی کھلنے والی۔ گھومنے والی۔ گھومنے والا کھلونا ✦

پھر مانگو (ہ) (۱) دوبارہ مانگو۔ دوسری دفعہ طلب کرو (۲) چل پھر کر مانگو۔ ہر پھر کر مانگو۔ ادھر اُدھر جا کر مانگو۔ اور جگہ مانگو۔ دوسری جگہ مانگو۔ (اکثر فقیر کو جب کچھ دینا منظور نہیں ہوتا۔ تو اس بے گہ بولتے ہیں) ✦

پھرنا (ہ) (۱) دیکھو "پھر جانا" (۲) ٹہلنا۔ سیر گشت کرنا۔ چہل قدمی کرنا۔ سیر کرنا ✦

پھر ہرا (پھَر۔ہ۔را) (ہ) مذکر (۱) خوشک ہونے والا (۲) خشک شدہ زخم ✦

پھر ہری (پھَر۔ہ۔ری) (ہ) دیکھو "پھریری" ✦

پھری (پھَری) (ہ) مؤنث۔ سپر۔ ڈھال۔ روک۔ بچاؤ۔ حفاظت ✦

پھرے دار (ہ) (۱) مذکر۔ سنتری۔ چوکیدار۔ محافظ۔ دربان۔ رکھوالا ✦

پھریرا (پھُرے۔را) (ہ) (۱) جھنڈا۔ بیرق۔ دستاویز نشان (۲) نیم تر۔ آدھا خشک۔ آدھا سوکھا۔ تقریباً خشک ✦

پھریری (پھُرے۔ری) (ہ) مؤنث (۱) جھرجھری۔ لرزہ۔ کپکپی۔ بدن کے رونگٹے کھڑے ہو کر جسم کے دفعتہً متحرک ہو جانے سے مراد ہے (۲) روئی کا پھویا۔ روئی میں لپٹا ہوا۔ روئی کا پھاہا (۳) جوش۔ امنگ۔ لہر۔ موج ✦

پھریری آنا (ہ) رحم یا خوف یا سردی کے باعث رونگٹے کھڑے ہو کر خفیف سا لرزہ آنا ✦

پھریری لینا (ہ) (۱) جوش میں آنا۔ امنگ پیدا ہونا۔ لہر میں آنا۔ موج میں آنا (۲) روئی کا پھاہا لینا ✦

پھڑ (پھَڑ) (ہ) مؤنث (۱) قمار خانہ۔ جوا کھیلنے کا اڈا (۲) وہ جگہ جہاں سامان رکھ کر فروخت کرتے ہیں (۳) گاڑی کی بم۔ بمبو۔ بانس (۴) توپ کی گاڑی۔ چبوترا یا تپائی وغیرہ جس پر توپ رکھ کر چلائی جاتی ہے ✦

پھڑباز (ہ) مذکر۔ جواری۔ قمار باز ✦

پھڑبازی (ہ) مذکر۔ جوا۔ قمار بازی ✦

پھڑپھڑانا (ہ) (۱) تڑپنا۔ لوٹنا۔ بیچین ہونا۔ مضطرب ہونا۔ بیقرار ہونا۔ پھڑکنا (۲) پروں کو پھڑپھڑانا۔ پھڑپھڑانا۔ بازو دے دے مارنا ✦

پھڑ پھکنا (ہ) جوا ہونا۔ قمار بازی ہونا ✦

پھڑک (ہ) مؤنث (۱) بے قراری۔ اضطراب۔ بیچینی۔ تڑپ۔ پھڑکن (۲) پھڑکن۔ تپش ✦

پھڑکانا (ہ) (۱) بیچین اور بے قرار ہونا۔ مضطرب کرنا۔ تڑپانا (۲) اڑانا۔ لوٹانا ✦

پھڑک جانا (ہ) (۱) لوٹ جانا۔ تڑپ جانا۔ بے چین ہو جانا۔ مضطرب ہو جانا۔ بے قرار ہو جانا (۲) عاشق ہو جانا۔ فریفتہ ہو جانا (۳) مشتاق ہونا۔ ترس جانا ✦

پھڑکن (ہ) مؤنث۔ دیکھو "پھڑک" ✦

پھڑکنا (ہ) (۱) بے چین ہونا۔ بیقرار ہونا۔ مضطرب ہونا۔ تڑپنا۔ ترسنا (۲) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ مشتاق ہونا۔ آرزومند ہونا۔ خواہش کرنا۔ چاہنا۔ تمنا کرنا (۳) دھڑکنا۔ جنبش کرنا۔ حرکت کرنا ✦

پھڑکن کی اولاد (ہ) مؤنث۔ لاڈ چاؤ کی اولاد ✦

دعائیں مانگ مانگ کر رگڑ رگڑ کر لی ہوئی اولاد۔ نہایت آرزو اور تمنا سے پائی ہوئی اولاد۔

پھڑکی (پھَڑ۔کی) (ع) مؤنث (۱) موٹا پردہ (۲) حدِ فاصل۔

پھڑوانا (پھڑوا۔نا) (ع) (۱) پھاڑنا کا متعدی المتعدی (۲) (عو) بے ترتیب کرنا۔

پھڑی (پھُڑی) (ع) مؤنث (۱) پتھروں کا ڈھیر۔ ایک گز چوڑی ایک گز اونچی۔ ۱۰ گز لمبی پتھروں کی پلٹ (۲) نڑی۔ جل۔

پھڑیا (پھڑ۔یا) (ع) مذکر (۱) پھڑی لگانے والا۔ خردہ فروش۔ متفرق اشیا بیچنے والا (۲) پھڑی باندھنے والا۔ جال دینے والا۔ پھانسے باز (۳) وہ شخص جس کے مکان میں جؤا ہوتا ہو۔ مال بیچنے والا۔ جس کے مکان میں پھڑ جمے۔

پھڑیا (پھُڑ۔یا) (ع) مؤنث۔ چھوٹا پھوڑا۔ پھنسی۔

پھُس (پھُس) (ع) مؤنث (۱) پسکی کی آواز (۲) (تحقیراً) ہلکی اور ضعیف آواز۔

پھس (پھس) (ع) مؤنث۔ چھی۔ شرم۔ حیف۔ افسوس۔ ہیچ۔

پھساکو (پھسا۔کو) (ع) مذکر۔ خراب تمباکو۔

پھساوا (پھسا۔وا) (ع) مذکر۔ رنج میں پھنسنے کی جگہ۔ جس سے نجات مشکل ہو۔

پھساؤ (پھسا۔ؤ) (ع) مذکر۔ گرفتاری۔

پھس پھس (پھس۔پھس) (ع) مؤنث۔ بلی کے بلانے کی آواز۔

پھُس پھُس (پھُس۔پھُس) (ع) مؤنث (۱) ہلکی آواز (۲) کانا پھوسی (۳) جھلا پن۔ نرمائی۔

پھُس پھُسا (پھُس۔پھُسا) (ع) (۱) ہلکا۔ ملائم۔ ڈھیلا۔ نرم (۲) پھیکا۔ بدمزہ۔ خراب۔ پھوس جیسا۔

پھس پھسا کر بیٹھ جانا (ع) کچی دیوار کا پانی کے اثر سے بیٹھ جانا۔

پھُس پھُسانا (پھُس۔پھُسا۔نا) (ع) (۱) سرگوشی کرنا۔ کانا پھوسی کرنا۔ کان میں باتیں کرنا۔ نہایت آہستہ آہستہ باتیں کرنا (۲) چغلی کھانا۔ برائی کرنا (۳) بات سن کر ضبط نہ کرنا۔ جگہ جگہ بیان کرتے پھرنا۔ کھسر پھسر کرنا۔

پھُس دے سی کہنا (ع) (عو) چپکے سے کہنا۔ آہستہ سے کہنا۔ کان میں کہنا۔

پھسڈی (پھس۔ڈی) (ع) (۱) آخر۔ پچھلا (۲) ہارا

ہوا۔ شکست یافتہ۔ پست۔ گھٹا ہوا (۳) کمینہ۔ ناقص۔ کم درجہ (۴) میری کی ضد۔ محروم۔ رہا ہوا۔ ناقابل۔

پھُسر پھُسر (پھُسر۔پھُسر) (ع) مؤنث۔ کھسر پھسر۔ کانا پھوسی۔ چپکے چپکے باتیں کرنا۔

پھسکڑا (پھس۔کڑا) (ع) زمین پر چوتڑ ٹیک کر اور دونوں پیر پھیلا کر بیٹھنے کی حالت۔

پھسکڑا مار کر بیٹھنا (ع) پھیل کر بیٹھنا۔ ٹانگیں پھیلا کر بیٹھنا۔ پسر کر بیٹھنا۔ پاؤں پسار کر بیٹھنا۔ بے تکلف بیٹھنا۔ زمین پر چوتڑ ٹیک کر چار زانو بیٹھنا۔

پھسکنا (ع) (۱) دھسکنا۔ بیٹھ جانا۔ پھسلنا۔ جیسے پہاڑ کا ٹکڑا پھسکنا (۲) پھٹ جانا۔ کھسنا۔ تڑقنا۔ جیسے مٹکا بھرتے بھرتے پھسک گیا۔

پھُسکنا (پھُسک۔نا) (ع) چغلی کھانا۔

پھُسکی (پھُس۔کی) (ع) مؤنث۔ پاد۔ گوز۔ ریح۔ بائے جس میں آواز نہ نکلے۔

پھسلانا (پھس۔لا۔نا) (ع) (۱) بہلانا۔ اغوا کرنا (۲) دھوکا دینا۔ فریب کرنا۔ جُل دینا۔ جھانسے میں لانا۔ دم دینا۔ رغبت دلانا۔ راغب کرنا۔ متوجہ کرنا (۴) راضی کرنا۔ منانا۔ موہنا۔ فریفتہ کرنا۔ دلبستگی کرنا۔

پھسلاوا (پھس۔لا۔وا) (ع) مذکر (۱) بہلاوا۔ بہکاوا (۲) (عو) دھوکا۔ فریب۔ جھانسہ۔ دم۔

پھسلن (پھس۔لن) (ع) مؤنث۔ رپٹن۔ لڑھکنا۔ کھسکن۔ لغزش۔

پھسلنا (پھسل۔نا) (ع) (۱) لڑھکنا۔ لغزش کرنا۔ رپٹنا (۲) بہکنا (۳) میل کرنا۔ راغب ہونا (۴) رپٹواں۔ وہ چیز جس پر سے پھسل جائیں۔

پھسینڈا (پھُسین۔ڈا) (ع) مذکر (۱) بودار۔ بساندا۔ بسا ہوا (۲) نامعقول بات کہنے والا۔ غیر معتبر بات کرنے والا۔ بے عقلی کی بات کرنے والا۔

پھسینڈی (ع) مؤنث (۱) بودار۔ بساندی۔ بسی ہوئی (۲) نامعقول۔ پھوہڑ (۳) بے ہودہ گو عورت۔

پھش (پھش) (ع) (۱) تف۔ چھی۔ تف۔ ہیچ (۲) حسرت۔ افسوس۔ نفرت۔ لعنت۔ شرم۔

پھک (پھک) (ع) مذکر۔ پھک دھک۔ جھٹ۔ فرت۔

فوراً۔ جلدی۔ پھٹ کٹ۔ یک دم۔ فق ٭

پھکارنا (پھکا ر۔ نا) (ف) (۱) اکھاڑنا۔ کھولنا۔ الٹنا۔ رشنا۔ فاش کرنا۔ عریاں ہونا۔ ہٹانا۔ جیسے سر پھکارنا۔ (۲) پھیکرنا۔ بکھیرنا۔ پھیلانا۔ تتر بتر کرنا۔ پریشان کرنا۔ جیسے بال پھکارنا (۳) آوارہ ہونا۔ بے شرم ہونا۔ بد لحاظ ہونا ٭

پھک وسیں (ف) فق سے۔ پھک سے۔ دھک سے جلدی سے۔ پھٹ دیسی۔ جھٹ سے۔ دفعتہً۔ یک دم سے۔ یکایک ٭

پھکڑ (پھک۔ کڑ) (ا) مذکر۔ ہزلیات۔ گالی گلوچ۔ فحش۔ گندہ۔ پوچ۔ بچر۔ بم۔ چرخ۔ کھپ۔ گپ۔ مغلظات ٭

پھکڑ باز (ا) مذکر۔ ہزلیات بکنے والا۔ گالی گلوچ میں بات کرنے والا۔ گندہ گفتگو کرنے والا۔ چھنیا۔ چھچھی۔ مغلظات بولنے والا۔ فحش گو ٭

پھکڑ اڑانا (ف) باہم ہزلیات میں گفتگو کرنا۔ گالی گلوچ میں مباحثہ کرنا۔ مغلظات میں شاستر ارتھ کرنا۔ گپ شپ لڑانا۔ فحش باتوں میں بحثنا ٭

پھکڑ ہونا (ف) بیہودہ ہنسی ہونا۔ نہایت بے تکلفی ہونا۔ فحش ہنسی ہونا۔ چرخ ہونا ٭

پھکڑی (پھک۔ڑی) (ا) مؤنث (۱) بداخلاقی سے پیش آنے کا فعل (۲) بدتہذیبی (۳) بے عزتی ٭

پھک سے اڑنا (ف) فق سے اڑنا۔ پھک دیسی اڑنا۔ جلدی سے اڑنا۔ یکایک اڑنا۔ یک دم اڑنا۔ فوراً اڑنا۔ دم کے دم میں اڑنا ٭

پھکنا (پھک۔نا) (ف) مذکر (۱) مثانہ۔ پھکنی۔ پیشاب کی تھیلی (۲) جلنا۔ بھلسنا۔ سڑنا۔ جھلسنا۔ سوختن۔ سوختہ ہونا (۳) کوئلہ ہونا۔ خاک ہونا۔ راکھ ہونا۔ انگارا ہونا (۴) بریاں ہونا۔ داغ لگنا (۵) سوکھ جانا۔ پژمردہ ہونا۔ مرجھانا۔ لو لگ جانا۔ لو کا لگ جانا۔ خشک ہو جانا۔ جیسے درخت پھکنا (۶) اڑنا۔ تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ نہ رہنا۔ مرنا۔ غارت ہونا۔ جاتا رہنا۔ گم ہونا۔ کھویا جانا۔ فراق ہونا (۷) حسد ہونا۔ ملال کرنا۔ رنج کرنا۔ غم و غصہ کھانا۔ غیظ و غضب کرنا ٭

پھکنی (پھک۔نی) (ا) مؤنث (۱) دھونکنی۔ دم کش۔ آتش افروز۔ پھونک کر آگ جلانے کا آلہ (۲) پھکنا۔ مثانہ۔ پیشاب کی تھیلی ٭

پھکنی (پھک۔نی) (ا) مؤنث۔ دیکھو "پھکی" ٭

پھکوڑیا (پھکو۔ڑ۔یا) (ف) مذکر (۱) پھکڑ باز (۲) بانکا ٭

پھکوڑیات (ا) مؤنث (۱) ہزلیات۔ پھکڑ (۲) باہمیں ٭

پھکیت (پھکیت) (ا) پٹا کھیلنے والا۔ گتکا باز۔ لکڑی سے لڑنے والا۔ گدکا پھری کا فن جاننے والا۔ پٹے کا ماہر۔ بانڈی باز ٭

پھکیتی (ا) مؤنث۔ پٹے کا کھیل۔ گدکے کی لڑائی۔ لکڑی بازی۔ بانڈی بازی۔ گدکا پھری کا ہنر۔ پٹے کا فن ٭

پھکیرنا (پھکیر۔نا) (ف) دیکھو "پھکارنا" ٭

پھگوا (پھگ۔وا) (ا) مذکر (۱) بسنت کی مٹھائی اور پارچہ وغیرہ۔ ہولی کی خوشی کا انعام۔ بسنت کی عیدی۔ ہولی کی عیدی (۲) بسنت ہولی ٭

پہل (پہل) (ا) مؤنث (۱) اوّل۔ ابتدا۔ شروع (۲) روئی کا ٹکڑا۔ دھنی ہوئی روئی۔ روئی کا گالا (۳) کونہ۔ کھونٹ۔ گوشہ (۴) جانب۔ رُخ۔ بل ٭

پہل کرنا (ف) ابتدا کرنا۔ شروع کرنا۔ آغاز کرنا ٭

پھل (پھل) (ا) مذکر (۱) ثمر۔ بار۔ میوہ۔ فروٹ (۲) فال۔ شگون۔ تعبیر۔ استخارہ۔ خواب (۳) نتیجہ۔ ثمرہ۔ ماحصل۔ نفع۔ فائدہ۔ لابد (۴) نسل۔ آل۔ اولاد (۵) دھار۔ نوک۔ سنان۔ انی۔ پھلکا (۶) اجر۔ بدلہ۔ عوض۔ معاوضہ (۷) بخشش۔ انعام۔ عطا (۸) بھالی۔ پھالا۔ نس۔ بھالی (۹) خارج قسمت۔ حاصل قسمت۔ تقسیم کے سوال کا جواب ٭

پھل آنا (ف) درخت پر پھل پیدا ہونا ٭

پھل پات (ا) مذکر۔ میوہ ترکاری۔ پھل پھلاری ٭

پھل پانا (ف) (۱) نتیجہ ملنا۔ بدلہ ملنا (۲) میوہ ہاتھ لگنا۔ ثمر ملنا (۳) بھلائی پانا۔ نفع حاصل کرنا ٭

پھل پھلاری (ا) مؤنث۔ ترکاریاں۔ میوہ جات۔ پھل پھول۔ سبزی ترکاری۔ بقولات۔ انواع و اقسام کے میوے۔ قسم قسم کی ترکاری۔ کھانے کی سبزیاں ٭

پھل تاڑ (ا) مذکر (۱) تاڑ کا درخت۔ پام ٭

(۲) پام کے درخت کا پھل۔ تاڑ کے درخت کا ثمرہ۔
پھل دار (ف) باردار۔ ثمردار۔ میوہ دار۔ پھلا ہوا۔ پھلنے والا۔
پھل کھانا آسان نہیں (ف) کہاوت۔ کوئی کام محنت کے بغیر نہیں ہوتا۔
پھل لگنا (ف) (۱) نتیجہ نکلنا (۲) تلوار یا چاقو لگنا۔ (۳) میوہ پیدا ہونا (۴) باردار ہونا (۵) حاملہ ہونا۔ (۶) اولاد جننا (۷) جزا یا سزا ملنا۔
پھل ماننا (ف) دیکھو "پھل پانا"۔
پہلا (پَہ۔ لا) (ص) (۱) اوّل کا۔ شروع کا۔ ابتدائی۔ آغاز کا۔ اوّلین (۲) قدیمی۔ پرانا۔ پراچین (۳) اوّل نمبر۔ بہتر۔ عمدہ۔ اچھا (۴) بڑا۔ پلوٹھا
پہلا پھل (ف) مذکر (۱) نوباوہ۔ نوثمر۔ پیش رس۔ وہ میوہ جو سب سے اوّل اترے۔ چوچی کا پھل (۲) پہلوٹھی کا بچہ۔ وہ بچہ جو اوّل پیدا ہو۔
پہلا پھول (ف) مذکر (عو) پہلی مرتبہ کا عمل۔
پھلا (پُھ۔ لا) (ف) مذکر (۱) کنگنی کی کھیل (۲) پھولا۔ ٹینٹ۔ جالا۔ جھلی۔ آنکھ کی پھلی (۲) پھولا ہوا۔
پھلا پھولا (پَھلا۔ پھُو۔ لا) (ف) نصیبے والا۔ بھاگوان۔ دولت مند۔ صاحب اولاد۔ صاحب مال و دولت۔ (۲) ہرا بھرا۔ آباد شاد۔ خوش و خرم (۳) سرسبز۔ شاداب۔ تر و تازہ۔ ہرا بھرا (۴) آباد۔ معمور۔ بسا ہوا۔
پھلاسرا (پُھلا س۔ را) (ف) مذکر۔ پھلاوا۔ دھوکا۔ فریب۔ جل۔ جھانسہ۔ دم کمر۔
پھلاسرے میں آنا (ف) دھوکے میں آنا۔ فریب میں آنا۔ بل میں آنا۔ جھانسے میں آنا۔ دم میں آنا۔
پھلانا (پُھلا۔ نا) (ف) (۱) پھونک بھرنا۔ پھونک لگانا۔ موٹا کرنا۔ مغرور کرنا۔ متکبر کرنا۔ گھمنڈی کرنا۔
پھلانگ (پَھلانگ) (ف) مؤنث۔ چھلانگ۔ ڈگ۔ زقند۔ جست۔ کلانچ۔
پھلانگنا (ف) چھلانگ مارنا۔ زقند بھرنا۔ جست کرنا۔ کلانچ مارنا۔ پھاندنا۔
پھلاہی (پُھلا۔ ہی) (ف) مؤنث۔ کیکر کی قسم کا لیکن اس سے چھوٹا ایک درخت جس کی مسواکیں بنتی ہیں۔
پلپلا (پِل۔ پِلا) (ف) (۱) پچپچا۔ پلپلا۔ ملائم۔ نرم۔ ڈھیلا (۲) موٹا۔ پھولا ہوا (۳) تھوڑی

خوشی میں پھول کر کپا ہو جانے والا۔ اوچھا۔ کم ظرف۔ کمینہ۔ رذیل۔
پھلت (پھَلَت) (ف) مؤنث (۱) پھلنا۔ پھل لانا۔ پیدا ہونا۔ جھڑاؤ (۲) جوتش کا نتیجہ۔ ستاروں کی چال کا اثر۔ ستاروں کی گردش کا نیک و بد نشان۔
پھلتیا (پھل۔ تیا) (ف) مذکر۔ گدکا
پھلہٹی (پھل۔ ہٹی) (ف) مؤنث۔ پھولوں کی دکان۔ پھولوں کا بازار۔
پھلجھڑی (پُھل۔ جھڑی) (ف) مؤنث (۱) گل ریز۔ گل چکاں۔ وہ آتش بازی جس سے پھول جھڑتے ہیں (۲) مجلس نور صورت۔ گل کھلانے والی۔ شگوفہ چھوڑنے والی لڑائی جھگڑا کرا دینے والی۔ فتنہ پرداز۔
پھلروا (پُھل۔ روا) (ف) (عو) پھول جیسا۔ نازک خوب صورت۔ نازو نعمت میں پلا ہوا۔
پھلرواسا (ف) پھول جیسا۔ چھوٹا خوب صورت بچہ۔ گل اندام۔ گل رو۔ گل بدن۔ نہایت پیارا بچہ۔
پھلڑا (پھل۔ ڑا) (ف) مذکر۔ پھل۔ دھار۔ نوک۔ سنان۔ انی۔
پھلسا (پھل۔ سا) (ف) مذکر۔ گنوار (۱) دروازہ۔ پھاٹک (۲) شہر کا حصّہ۔
پھلسرا (پُھل۔ سرا) (ف) مذکر۔ وہ کبوتر جس کا سر سفید اور بدن یک رنگ ہو۔
پھلکا (پُھل۔ کا) (ف) مذکر (۱) ہلکا پھول کی مانند۔ کم وزن۔ سبک (۲) پھولی ہوئی روئی۔ ترمیں مجوف۔ گول گپا۔ ہلکی پھولی ہوئی چپاتی۔
پھلکا (پَھل۔ کا) (ف) مذکر (۱) آبلہ۔ بتخالہ۔ پھپھولا۔ چھالا (۲) پھل۔ دھار۔ نوک۔ سنان۔ انی (۳) دنگل۔ اکھاڑا جہاں کشتی کے فن کی تعلیم اور زور آزمائی ہوتی ہے (۴) نرم و ملائم زمین۔
پھلکاری (پُھل۔ کا۔ ری) (ف) مؤنث (۱) بیل بوٹے نکالنا۔ گل بوٹے کھینچنا۔ گلکاری (۲) ایک قسم کا کپڑا جس پر بیل بوٹے پڑے ہوتے ہیں۔
پھلکر (پَھل۔ کر) (ف) مذکر و مؤنث (۱) ثمری پیداوار۔ پھل کی آمدنی (۲) جاگیر۔
پھلنا (پَھل۔ نا) (ف) (۱) پھل لگنا۔ بارور ہونا۔ ثمر ور ہونا۔ میوہ لگنا (۲) مبارک ہونا۔ سزاوار ہونا (۳)

پکنا۔ چیچک۔ پھوڑے۔ پھنسیاں۔ چھالے۔ گرمی کے دانے بکثرت ہونا (۴) صاحب اولاد ہونا۔ دولت مند ہونا۔ اولاد کی کثرت۔ مال کی افراط ہونا۔ (۵) صاحب اقبال ہونا۔ نصیبے والا ہونا۔ خوش قسمت ہونا (۶) نفع ملنا۔ منافع ہونا۔ فائدہ پہنچنا۔ (۷) پروان چڑھنا ۔

پھلنا پھولنا (ف) (۱) پھل پھول لگنا۔ میوہ دار ہونا۔ (۲) نسل بڑھنا۔ نسل میں افراط ہونا۔ خاندان میں ترقی ہونا (۳) (دیکھو "پھلنا") ۔

پھلنگ۔ پھننگ (پُھلَنگ + پُھنَنگ) (ا) مؤنث درخت کی چوٹی۔ ٹہنی کا اخیر سرا ۔

پہلو (پَہ۔ لُو) (ف) مذکر (۱) کروٹ۔ بغل۔ گود۔ آغوش۔ زانو۔ کنار۔ بازو (۲) جانب۔ طرف۔ رُخ۔ رُو۔ (۳) نگینے یا الماس کی کٹی ہوئی چمکیلی سطح (۴) گوشہ۔ کنارہ۔ کونہ۔ کھونٹ (۵) تکیہ۔ سہارا۔ سرہانہ (۶) چوکھٹ۔ کواڑ (۷) صورت۔ تدبیر۔ ترکیب۔ نکتہ۔ موقع۔ چال۔ ڈھب۔ جیسے بچاؤ کا پہلو (۸) روبرو۔ سامنے۔ مقابل۔ برابر۔ آگے ۔

پہلو بچانا (ف) کنارہ کرنا۔ بچاؤ کرنا۔ آڑ پکڑنا۔ حیلہ نکالنا۔ تدبیر کرنا ۔

پہلو بسانا (ف) (۱) پڑوس آباد کرنا۔ ہمسایہ ہونا۔ قریب آکر رہنا (۲) کروٹ میں لیٹنا۔ پاس ہونا۔ بغل میں لیٹنا (۳) وصل ہونا۔ ملنا۔ بغل گیر ہونا (۴) بغل گیر ہو کر پہلو کو معطر کرنا (۵) پہلو بہ پہلو بیٹھنا۔ زانو سے زانو ملا کر بیٹھنا (۶) قبر کے برابر میں قبر بنوانا۔ قبر کے پہلو میں دفن ہونا ۔

پہلو تہی کرنا (ف) (۱) کروٹ خالی کرنا۔ بغل خالی کرنا۔ (۲) بچ جانا۔ الگ ہو جانا۔ جدا ہو جانا۔ علیٰحدہ ہو جانا (۳) چشم پوشی کرنا۔ دھیان نہ دینا۔ خیال نہ کرنا (۴) آلے بالے بتانا۔ ٹال مٹول کرنا (۵) مدد نہ کرنا۔ سہارا نہ دینا۔ دور رہنا۔ پرہیز کرنا۔ اجتناب کرنا ۔

پہلو دار (ف) (۱) گوشے والی۔ کنارہ دار (۲) تکیے دار۔ سرہانے والی۔ سہارے والی۔ جیسے پہلو دار کرسی۔ (۳) دو رُخی بات۔ رمز کی۔ کنایہ کی (۴) مشتبہ۔ مبہم ۔

پہلو دبانا (ف) (۱) غلبہ کرنا۔ زور دینا۔ دباؤ دینا۔ بوجھ ڈالنا (۲) توڑ کرنا۔ قابو جانا (۳) ایک طرف سے چڑھ جانا۔ ایک جانب سے حملہ آور ہونا ۔

پہلو گرم کرنا (ف) (۱) آغوش میں بیٹھنا یا بٹھانا (۲) بغل میں لیٹنا یا لٹانا۔ کروٹ میں سونا یا سلانا (۳) ہم صحبت ہونا ۔

پہلو میں بیٹھنا (ف) صحبت میں رہنا۔ پاس رہنا۔ قریب رہنا ۔

پہلو نکالنا (ف) تدبیر سوچنا۔ موقع نکالنا۔ ڈھب بنانا ۔

پہلو نکلنا (ف) (۱) ڈھب پانا۔ موقع پانا۔ تدبیر نکلنا۔ (۲) بھید معلوم کرنا۔ رمز ظاہر کرنا ۔

پھلوا (پَھل۔ وَا) (ا) مذکر۔ گرہ دار۔ پھندنا۔ جیسے کمیس یا لوئی وغیرہ کے کنارے بٹے ہوتے ہیں۔ جھالر۔ گچھا ۔

پھلوا (پُھل۔ وَا) (ا) مذکر۔ ایک قسم کا بان ۔

پھلواری (پُھل۔ وَا۔ رِی) }
پھلواڑی (پُھل۔ وَا۔ ڑِی) } (ا) مؤنث (۱) گلزار۔ چمن۔ باغیچہ۔ چھوٹا سا باغ (۲) بال بچے۔ آل اولاد۔ کنبہ۔ خاندان ۔

پہلوان (پَہل۔ وَان) (ف) مذکر (۱) کشتی کے داؤ جاننے والا۔ لڑنے کے فن سے واقف (۲) بہادر۔ دلیر۔ سورما۔ دلاور۔ جری۔ ہمت والا۔ لڑاکو۔ جنگجو۔ (۳) قوی الجثہ۔ ڈیل ڈول والا۔ لحیم۔ شحیم۔ جسیم۔ توانا۔ طاقت ور۔ زور آور۔ قوی۔ زبردست ۔

پہلوانی (ف) مؤنث (۱) ورزش۔ کسرت۔ قواعد کشتی۔ زور آوری۔ قوت۔ توانائی ۔

پہلوٹا۔ پہلوٹھا (پَہ۔ لَو۔ ٹا + پَہ۔ لَو۔ ٹھا) }
پہلونٹا۔ پہلونٹھا (پَہ۔ لَوں۔ ٹا + پَہ۔ لَوں۔ ٹھا) }
پہلوٹی۔ پہلوٹھی (پَہ۔ لَو۔ ٹی + پَہ۔ لَو۔ ٹھی) } (ا)
پہلونٹی۔ پہلونٹھی (پَہ۔ لَوں۔ ٹی + پَہ۔ لَوں۔ ٹھی) }
دیکھو "پلوٹھا" وغیرہ ۔

پھلوری (پُھلَو۔ رِی) (ا) مؤنث۔ پکوڑی۔ بیسن کا نمکین گلگلہ۔ پھلکی ۔

پہلونٹھی کا (ا) مذکر۔ وہ بچہ جو پہلے پہل پیدا ہو۔ پہلے کا بچہ یا پھل وغیرہ ۔

پھلی (پَھلِی) (ا) مؤنث۔ خوشہ۔ بال۔ گیل۔ گچھا۔ بیج مع قدرتی غلاف کے ۔

پھلی (پُھل۔ لِی) (ا) مؤنث (۱) پھولا کی تصغیر۔ ایک سفید نقطہ جو آنکھ کے اندر پڑ جاتا ہے (۲) (عو) بچے کا

آلۂ تناسل (۳) پھول کی فصل کا ایک زیور جو ناک میں یا دوسرے زیور میں لگا کر پہنتے ہیں (۴) چائے میں ڈالنے کی ایک خوش بودار دوا ۔

پہلی (پَہ-لی) (ہ) ابتدائی-سابقہ ۔

پہلی بسم اللہ ہی غلط (ہ) کہاوت-شروع ہی سے کام خراب ۔

پہلے (پَہ-لے) (ہ) مذکر (۱) شروع میں-ابتدا میں-ازنہو میں (۲) مقدم-سابق-بہتر-اچھا-عمدہ ۔

پہلے پہل (ہ) (۱) اوّل اوّل-شروع شروع (۲) دیکھو "پہلے نمبر ۱" ۔

پہلے گھر میں تو پیچھے مسجد میں (ل) مثل خالی پیٹ عبادت نہیں ہوتی-گھر سے بچے تو مسجد میں دے-اوّل خویش بعدہٗ درویش ۔

پہلے مارے سو میری (ل) مثل-سب سے بہتر وہی ہے جو موقع ملتے ہی کام بنالے-میری وہی ہے-جو سب سے پہلے اپنا کام کرلے-جو پہلے وار کرے-وہی بہادر کہلاتا ہے ۔

پہلے ہی بوسے میں گال کاٹا (ہ) کہاوت-ملاقات ہوتے ہی رنج دیا ۔

پہلیاں دھرنا (ہ) (عو) دانت نکلنے کے شروع میں مسوڑھوں میں کھجلی ہوکر ان کا بھر آنا ۔

پھلیر (پَھلیِر) (ہ) سفید رنگ میں سیاہ یا سیاہ میں سفید داغ رکھنے والی گائے یا بیل ۔

پُھلیل (پُھلیِل) (ا) مذکر-خوش بودار تیل-پھولوں میں بسائے ہوئے تلوں کا تیل ۔

پھلیندا (پَھلیَن-دا) (ہ) مذکر-بڑی جامن ۔

پھن (پَھن) (ہ) مذکر-سانپ کا پھیلا ہوا سر جو کھڑے ہونے کی حالت میں دکھائی دیتا ہے ۔

پھن مارنا (ف) (۱) سر مارنا-سخت کوشش کرنا (۲) کاٹنا-ڈسنا-لڑ جانا ۔

پہن (پَہَن) (ف) (۱) کھلا (۲) مذکر-عرض (۳) کشادگی-فراخی ۔

پَہَن (پَہَن) (ف) مذکر (۱) دودھ جو محبت کی وجہ سے عورت کی چھاتیوں میں بھر جاتا ہے (۲) جھاگ-کف جو دودھ کے اوپر آتا ہے ۔

پہنا (پَہ-نا) (ف) عریض-چوڑا-فراخ-بڑے سینے کا ۔

پہنانا (پَہ-نا-نا) (ہ) زیب بدن کرانا-اوڑھانا-باندھنا-ڈالنا-آراستہ کرنا-آرائش دینا ۔

پہناوا (پَہ-نا-وا) (ہ) مذکر (۱) لباس-پوشش-کپڑے لتے-پوشاک (۲) زیب گہنا (۳) اوڑھنے پہننے کا رواج اور طریق-طور-ڈھنگ-اصول-رسم-قاعدہ-طرز-انداز ۔

پہنائی (پَہ-نا-ای) (ف) مؤنث (۱) چوڑائی-پنہ-عرض-فراخی-وسعت-گھیر-پھیلاؤ (۲) پہنانے کی اُجرت-زیب تن کرنے کی مزدوری ۔

پھنپھنانا (پھَن-پھَنا-نا) (ہ) (۱) تند و تیز ہونا-غیظ و غضب کرنا-غصے میں بھرنا (۲) پھن ہلا ہلا کر پھنکاریں مارنا-سانپ کا پھنکارنا ۔

پہنچ (پَہنچ) (ہ) مؤنث (۱) رسائی-دخل-باریابی-دسترس (۲) رسید-اطلاع-خبر-وصول ۔

پُہنچا (ہ) مذکر (۱) کلائی-ساعد (۲) آیا-ملا-وصول ہوا-(۳) دخل ہوا-باریاب ہوا ۔

پہنچانا (ہ) (۱) داخل کرنا-باریاب کرنا-دسترس کرنا (۲) لانا-بھیجنا-روانہ کرنا-لے جانا-لے جاکر دینا ۔

پہنچا ہوا (ہ) مذکر (۱) رسا-باریاب-داخل (۲) ملا ہوا-وصول شدہ-آیا ہوا (۳) خدارسیدہ-ولی-مقبول الٰہی (۴) آگاہ-واقف-باخبر (۵) منتہی-فاضل-پختہ کار-تجربہ کار-ہوشیار ۔

پہنچنا (ہ) (۱) رسائی پانا-باریاب ہونا-داخل ہونا-گھسنا (۲) منزل پوری ہونا-راستہ طے ہونا-(۳) ملنا-وصول ہونا-آنا-جانا (۴) واقف ہونا-آگاہ ہونا-خبردار ہونا-معلوم کرنا (۵) سوچنا-غور کرنا-خوض کرنا-بچارنا (۶) فاضل بننا-منتہی ہونا-آخر کرنا-تمام کرنا (۷) پختہ کار بننا-تجربہ کار بننا-(۸) ولی بننا-خدارسیدہ ہونا-مقبول الٰہی ہونا (۹) سرایت کرنا-اثر کرنا-جیسے سردی پہنچنا (۱۰) قبضہ پانا-قابو پانا (۱۱) تعلق کرنا-واسطہ ڈالنا ۔

پہنچی (ہ) مؤنث (۱) کلائی (۲) عورتوں کا ایک زیور جو کلائی میں پہنا جاتا ہے ۔

پھند (پَھند) (ہ) مذکر-جھوٹ-فند-فریب ۔

پھندا (پھَن-دا) (ہ) مذکر (۱) پھانسا-کمند-جال-دام (۲) فریب-دم (۳) قابو-بس (۴) تکلیف-مصیبت-قید ۔

پھندا پڑنا (ہ) (۱) کمند یا جال میں پھنسنا (۲) حلق میں پھانسا پڑنا ۔

پھندا دینا یا لگانا (ہ) گرہ دینا-پھانسا لگانا ۔

پھندا کٹنا (ہ) مصیبت سے نکلنا۔ قرضے سے نجات پانا۔
پھندنا (پُھنْد۔ نَا) (ہ) مذکر۔ جھبّا۔ تاگے یا ریشم وغیرہ کا پھول یا گچھا جو تسبیح۔ ٹوپی وغیرہ پر زینت کے لئے لگایا جاتا ہے۔
پھندیت (پھَنْدَیْت) (ہ) مذکر۔ وہ ہاتھی۔ بٹیر۔ کبوتر یا اور جانور جو اپنی آواز سے اپنے ہم جنسوں کو جال میں پھنساتے ہیں۔
پھندے میں پڑنا یا پھنسنا (ہ) (۱) مصیبت میں مبتلا ہونا۔ بلا میں گرفتار ہونا (۲) کسی کے بس میں قید ہو جانا۔
پھندے میں پھنسانا (ہ) دام فریب میں لانا۔ جال میں پھانسنا۔ قابو میں لانا۔
پھنس (پھَنْس) (ہ) پھنسنا کا امر۔
پھنسانا (ہ) (۱) الجھانا۔ لپیٹنا (۲) اٹکانا (۳) پکڑانا۔ (۴) جال میں پکڑنا (۵) قابو میں لانا (۶) فریب میں لانا۔
پھنساؤ (ہ) مذکر۔ الجھاؤ۔ الجھیڑا۔ بکھیڑا۔
پھنسنا (ہ) (۱) الجھنا۔ اٹکنا (۲) کسی کے عشق میں گرفتار ہونا (۳) پکڑا جانا (۴) کھچنا۔ دبنا (۵) کیچڑ یا دلدل میں دھنس جانا۔ دوسرے کے قابو میں ہو جانا۔
پُھنسی (پُھن۔ سِی) (ہ) مؤنث۔ چھوٹا پھوڑا۔ وہ دانہ جو جسم پر ہو جائے۔
پھنکا (پھَن۔ کَا) (ہ) مذکر۔ ایک دفعہ کے پھانکنے کی مقدار (پنجابی) پھکّا۔
پھنکا لگانا۔ یا۔ مارنا (ہ) ایک ہی دفعہ پھانک جانا۔ کسی سوکھی پسی ہوئی چیز کو بقدر کف دست یک بارگی منہ میں ڈال لینا۔
پھنکار (پھُنْکَار) (ہ) مؤنث۔ سانپ یا حیوانات کے بلند آواز سے سانس لینے کی آواز۔ دم پھونک۔
پھنکنا (پھَنَک۔ نَا) (ہ) (۱) گرنا۔ بکھرنا (۲) ضائع ہونا۔
پُھنکنا (پُھنَک۔ نَا) (ہ) جلنا۔ جھلسنا۔ بھڑکنا۔
پُھنکنی۔ پھُنکنی (پُھنَک۔ نِی + پھُنَک۔ نِی) (ہ) مؤنث۔ وہ بانس کی سوراخ دار چھوٹی سی نلی جس سے آگ پھونکتے ہیں۔
پُھنکوانا۔ پھکوانا (پُھنَک۔ وَا۔ نَا + پُھک۔ وَا۔ نَا) (ہ) پھونکنا کا متعدی المتعدی۔
پھنکوانا۔ پھکوانا (پھَنَک۔ وَا۔ نَا + پھَک۔ وَا۔ نَا) (ہ) پھینکنا کا متعدی المتعدی۔
پھنکی (پھَن۔ کِی) (ہ) مؤنث (۱) ایک دفعہ پھانکنے کی مقدار (۲) سفوف۔
پھنگا (پھُنَگ۔ گَا) (ہ) مذکر۔ پروانہ۔ پتنگ۔
پُھننگ (پُھنَنْگ) (ہ) مؤنث۔ دیکھو "پھلنگ"۔
پہننا (پہَن۔ نَا) (ہ) (۱) کپڑا بدن پر ڈالنا (۲) زیور بدن پر سجانا (۳) کسی چیز کا بدن کے کسی حصے پر استعمال کرنا (۴) مذکر۔ لباس۔
پھنّو (پھُن۔ نُو) (ہ) مذکر (عو) ننھے بچوں کا عضو تناسل۔
پھنی (پھَنِی) (ہ) (۱) پھن والا (۲) مذکر۔ ایک قسم کا سانپ (۳) مؤنث۔ گوٹا وغیرہ بننے کا آلہ۔
پھنّی۔ پھنّیا (پھُن۔ نِی + پھُن۔ نِیَا) (ہ) مؤنث (۱) پھندنا (۲) گانٹھ (۳) بچے کا آلہ تناسل۔
پہنی (پہَن۔ نِی) (ہ) مؤنث۔ مخروطی لکڑی جو تختہ تراشنے کے وقت اس کے کھلا رکھنے کے لئے بیچ میں دے دیتے ہیں۔ فانہ۔
پھو (پھُو) (ہ) مؤنث۔ پھونکنے کی آواز۔
پھوا پھو (پھُوَا۔ پھُو) (ہ) مذکر۔ لڑکیوں کا ایک کھیل جس میں وہ پانچ ہاتھ ملا کر حلقے میں چکپھیریاں لیتی ہیں۔
پھوار (پھُوَار) (ہ) مؤنث (۱) ترشح۔ ہلکا ہلکا مینہ۔ ننھی ننھی بوندوں کی بارش (۲) ایک قسم کا جالی دار باریک کپڑا جس پر چھوٹی چھوٹی بندکیاں بنی ہوتی ہیں۔
پھوارا (پھُوَا۔ رَا) (ہ) مذکر۔ فوارہ۔
پھوپا۔ پھوپھا (پھُو۔ پَا + پھُو۔ پھَا) (ہ) دیکھو "پھپّا"۔
پھوپس (پھُو۔ پَس) (ہ) مؤنث (ہندو) (عو) پھوپھیا ساس۔
پھوٹ (پھُوٹ) (ہ) مؤنث (۱) نا اتفاقی۔ بگاڑ۔ عداوت (۲) ایک قسم کی موٹی ککڑی جو خربوزے کی طرح ہوتی اور پک کر پھٹ جاتی ہے۔
پھوٹ بہنا (ہ) (۱) رو پڑنا۔ زار زار رونا (۲) بھید کھول دینا (۳) پھوڑا پھوٹ کر مواد جاری ہونا۔ یا پانی کا موری وغیرہ کو توڑ کر نکل جانا۔
پھوٹ پڑنا (ہ) نا اتفاقی ہونا۔ دشمنی ہونا۔ جدائی ہونا۔
پھوٹ پھٹک رہنا (ہ) (عو) اَن بَن رہنا۔ نا اتفاقی اور جھگڑا رہنا۔
پھوٹ پھوٹ کر رونا (ہ) زار زار رونا۔ آٹھ آٹھ

آنسو رونا۔

پھوٹ ڈالنا (ف) باہم دشمنی کرا دینا۔ جدائی کرنا۔

پھوٹ سا کھل جانا (ف) خشکی کے مارے پھٹ جانا۔

پھوٹ نکلنا (ف) (۱) جسم پر پھنسیاں ہو جانا (۲) توڑ کر نکل جانا (۳) راز کھلنا (۴) پھوڑے کا پک کر پھوٹ بہنا۔

پھوٹ ہندوستان کا میوہ ہے (۱) مثل۔ یہ پھل ہندوستان ہی میں پیدا ہوتا ہے۔ ہندوستان کی مختلف قوموں میں سخت نا اتفاقی ہے۔

پھوٹا (ف) ٹوٹا ہوا۔ شکستہ۔

پھوٹک (ف) مؤنث (۱) ریزہ (۲) وہ چیز جو ریزہ ریزہ ہو جائے۔

پھوٹن (ف) مؤنث (۱) ناراضی۔ نا اتفاقی۔ (۲) اعضا شکنی۔

پھوٹنا (ف) (۱) ٹوٹنا (۲) پھوٹ کی طرح کھلنا (۳) پھنسیاں نکلنا (۴) ظاہر ہونا (۵) پتے نکلنا (۶) پھٹنا (۷) خبر پھیلنا (۸) پتے یا کچے تخم کا پھٹ کر آواز نکلنا (۹) آنکھوں کا پھوٹ جانا۔ اندھا ہو جانا۔

پھوٹی (ف) ٹوٹی ہوئی۔ شکستہ۔

پھوٹی آنکھ کا تارا (ف) مذکر۔ کئی بیٹوں میں ایک زندہ بیٹا۔ نہایت عزیز۔

پھوٹی آنکھ کا دیدہ (ف) مذکر (عو) کئی بچوں میں ایک اللہ آمین کا بچہ جو زندہ رہا ہو۔

پھوٹی نظروں یا دیدوں نہ بھانا (ف) (عو) ذرا نہ بھانا۔ بالکل پسند نہ آنا۔

پھوٹے منہ سے (ف) (عو) بُرے منہ سے۔ قطعاً خواب منہ سے۔

پھوڑا (پھو۔ڑا) (ف) مذکر۔ دُمّل۔ دُنبل۔ بڑی اور موٹی پھنسی۔

پھوڑا پھوٹنا (ف) پھوڑے سے آلائش نکلنا۔

پھوڑا نکلنا (ف) دنبل کا خروج۔ گومڑا ظاہر ہونا۔

پھوڑنا (ف) (۱) توڑنا (۲) ظاہر کرنا۔

پھوس (پھُوس) (ف) مذکر (۱) وہ لمبی گھاس جس کا چھپّر بناتے ہیں۔ پرانی گھاس (۲) نہایت بوڑھا۔ بہت ہی ضعیف آدمی (۳) جلد جل جانے والا ہلکا تمباکو۔

پھوسڑا (پھُوس۔ڑا) (ف) مذکر (۱) ریشم یا کپڑے وغیرہ کا ریشہ (۲) (انکسارًا) بچّے۔ اولاد۔

پھوسی (پھُو۔سی) (ف) مؤنث (۱) پھوس (۲) بھوسہ (۳) کوڑا کرکٹ۔

پھوک (پھُوک) (ف) (۱) فضلہ جو کسی چیز کے نچوڑ لینے کے بعد بچے (۲) خالی۔ کھوکھلا (۳) بدذائقہ۔

پھوکا (پھُو۔کا) (ف) (۱) ہلکا۔ سُبک (۲) جس میں کوئی طاقت نہ ہو۔

پھوکٹ (پھُو۔کٹ) (ف) مؤنث (۱) مفت کی چیز۔ بے قیمت چیز (۲) مذکر۔ نکمّا یا نالائق شخص مفلس آدمی۔

پھوکٹ کا (ف) مفت کا۔ بے دام۔

پھوکل۔ پھوکلا (ف) خالی۔ مفلس۔

پھول (پھُول) (ف) مذکر (۱) گُل (۲) پتنگا۔ شرارہ۔ (۳) نقش و نگار (۴) ہندوؤں کے مُردوں کی ہڈیاں جو جل جانے کے بعد چُن کر گنگا جی میں بہانے کے لئے بھیجی جاتی ہیں (۵) ایک قسم کی مرکب دھات۔ کانسی (۶) حیض کا خون (۷) ہندوؤں کا تیجا اور مسلمانوں کی فاتحہ سوم کی رسم (۸) ایک قسم کا کوڑھ۔ بیماری (۹) سوکھے ہوئے ساگ کے پتّے (۱۰) شراب لطیف (۱۱) ہلکا۔ سبک (۱۲) کسی پتلی چیز کے جما کر نکلے ہوئے ورق۔

پھول آنا (ف) (۱) درخت میں گل آنا۔ موسم بہار آنا (۲) کپڑوں سے ہونا۔ حیض آنا۔

پھول اترنا (ف) پھول ٹوٹنا۔ درخت سے پھولوں کا چُنا جانا۔

پھول اُٹھنا (ف) ماتم دور ہونا۔ تیجا یا فاتحہ سوم کا ادا ہونا۔

پھول پان (ف) مذکر (۱) اہتمام۔ سرانجام کار۔ برائی بھلائی (۲) نازک۔ نازک اندام۔

پھول پان کی گدھی (ف) مؤنث۔ ہینچو کے کھیل کا چور جس کی چڑھی نہیں لی جاتی۔ اور آنکھیں بند کی جاتی ہیں۔

پھول پتی (ف) مؤنث۔ بیل بوٹا۔ نقش و نگار۔

پھول پڑنا (ف) (۱) پتنگا پڑنا۔ چنگاری گرنا (۲) آگ لگنا۔ جلنا۔

پھول جھڑنا (ف) (۱) سوکھے پھولوں کا درخت سے گرنا۔ خزاں ہونا (۲) خوش کلامی اور فصاحت سے بولنا (۳) چراغ اور آتش بازی میں سے پھول نکلنا۔

پھول چڑھانا (ف) مزار وغیرہ پر پھول رکھنا۔

پھول چننا (ف) (۱) پھول چگنا۔ پھول توڑنا۔ (۲) ہندوؤں کی ایک رسم جس میں تیجے کے دن مُردے کی ہڈیاں مرگھٹ سے چن کر گنگا جی بھیجتے ہیں۔

پھول سونگھ کے رہنا (ف) (عو) بہت کم کھانا۔ صرف پھول کی خوش بو پر رہنا۔ طنزاً بولتے ہیں۔

پھول کا ہنسنا (ف) پھول کھلنا۔ پھول کا شگفتہ ہونا۔

پھول کترنا (ف) (۱) گل کترنا۔ انوکھا کام کرنا۔

پھول کملانا (ف) پھول کا مرجھانا۔

پھول کھلنا (ف) (۱) گل کا شگفتہ ہونا (۲) بیاہ ہونا۔ شادی ہونا (۳) کنواری عورت کا بیاہا جانا۔

پھول کی جگہ پنکھڑی (ف) بہت چیز کے بجائے تھوڑی سی۔ بہت نہیں۔ تھوڑا ہی سہی۔

پھول گوبھی (ف) مؤنث۔ وہ گوبھی جس میں بڑا پھول آتا ہے۔ ایک قسم کا کرم کلا۔

پھول نہیں پنکھڑی سہی (ف) مثل۔ جو مل جائے غنیمت ہے۔

پھول والوں کی سیر (ا) مؤنث۔ سیرِ گل فروشاں۔ دہلی کا مشہور سالانہ میلہ جو برسات کے موسم میں حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ کے مزار پر منعقد ہوتا ہے۔

پھول وہی جو مہیش چڑھے (ف) مثل (۱) پھول وہی جو کسی مقدس مقام پر چڑھائے جائیں یا کسی بڑے آدمی کی خدمت میں پیش ہوں (۲) تدبیر وہی ٹھیک ہے جو کام آ جائے۔

پھول ہونا (ف) فاتحۂ سوم کی رسوم کا ادا ہونا۔ تیجا ہونا۔

پھول (پھُول) (ف) پھولنا کا امر۔

پھولا (پھُو-لا) (ف) مذکر (۱) آنکھ کی پھلی۔ ایک مرض جس میں آنکھ کی سیاہی پر ایک سفید دھبّہ پیدا ہو جاتا ہے (۲) پھپھولا۔ آبلہ (۳) روئی کا گالا (۴) کاجل۔

پھولا پھولا پھرنا (ف) خوش خوش پھرنا۔ بے فکری سے اینٹھے ہوئے پھرنا۔

پھولام (پھُو-لام) (ف) مذکر۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس میں طرح طرح کے پھول بُنے جاتے ہیں۔

پھولا نہ سمانا (ف) نہایت خوش ہونا۔ خوشی کے مارے پھولے جانا۔

پھول بیٹھنا (ف) (۱) ناراض ہو کر بیٹھنا۔ اینٹھ جانا۔ (۲) خوش ہو کر بیٹھنا۔

پھول پھول کر بیٹھنا (ف) (۱) نہایت خوش ہو کر بیٹھنا (۲) مغرور ہونا۔

پھول جانا (ف) (۱) سوجنا۔ ورم ہو جانا (۲) موٹا ہونا فربہ ہو جانا (۳) ہوا بھر کر ابھر جانا (۴) مغرور ہونا۔ اترا جانا۔

پھولنا (ف) (۱) سوجنا۔ ہوا بھرنا (۲) ابھرنا (۳) شگفتہ ہونا۔ کھلنا (۴) موٹا ہونا (۵) ظاہر ہونا (۶) مغرور ہونا (۷) خوش ہونا۔ سرسبز ہونا۔

پھولنا پھلنا (ف) (۱) درخت کا سرسبز اور بارور ہونا۔ (۲) انسان کا دولت مند اور صاحبِ اولاد ہونا۔ بامراد ہونا۔

پھولو پھلو (ف) خوش رہو۔ اقبال بڑھے۔

پھولوں کا گہنا (ف) مذکر (۱) وہ پھولوں کا زیور جو شادی میں دولھا دلھن کو پہنایا جاتا ہے (۲) (مجازاً) ہر نئی پیدا شدہ مگر نازک چیز (۳) چیچک۔ سیتلا ماتا۔

پھولوں کی چادر (ا) مؤنث۔ وہ پھولوں کی لڑیاں جو چادر کے طور پر گوندھ کر بزرگوں کے مزار پر چڑھاتے ہیں۔

پھولوں کی چھڑی (ف) مؤنث (۱) وہ لکڑی جس میں پھولوں کے ہار جو کھنی کھیلنے کے لئے لگا دیتے ہیں۔ (۲) معشوقوں کے ہاتھ کی مار۔

پھولوں کی سیج (ف) مؤنث۔ وہ پلنگ جو پھولوں سے سجایا جائے۔ بسترِ راحت۔

پھولے پھلے (ف) (دعا) سرسبز و شاداب ہو۔ خوش و خرم اور با اولاد ہو۔

پھونٹ۔ پھونٹی (پھُونْٹ + پھُوں-ٹی) (ف) مؤنث۔ پھوٹ میوہ۔

پھونس (پھُونْس) (ف) مذکر۔ دیکھو "پھوس"۔

پھونسڑا (پھُونْس-ڑا) (ف) مذکر۔ دیکھو "پھوسڑا"۔

پھونک (پھُونک) (ف) مؤنث۔ وہ ہوا جو منہ کے ذریعے سے زور سے نکالیں۔ سانس۔ رُوح۔ نفس۔

پھونک پھونک کر پاؤں یا قدم رکھنا (ف) (۱) کمال احتیاط سے آہستہ آہستہ چلنا (۲) بچ بچ کر کام کرنا۔ ڈرتے ڈرتے کچھ کرنا۔

پھونک مارنا (ف) (۱) زور کے ساتھ منہ سے ہوا کا چھوڑنا (۲) بہکانا۔ خاموش کرنا (۳) جادو کرنا (۴) جلانا۔ سلگانا۔

پھونک نکل جانا (ف) (عو) دم نکل جانا۔ سانس نکل جانا۔

پھونک دینا (ف) (۱) جلا دینا۔ آگ لگا دینا (۲) بھسم کر دینا۔ جلا کر راکھ کر دینا (۳) بہکا دینا (۴) حقے کا پانی نکال لینا (۵) مشتہر کر دینا۔ پھیلا دینا۔

پھونکنا (ف) (۱) پھونک مارنا (۲) جلانا۔ آگ لگانا۔ (۳) بھسم کرنا۔ خاکستر کرنا (۴) دم کرنا (۵) آگ مشتعل کرنا۔ آگ بھڑکانا (۶) بہکانا۔ کان بھرنا (۷) شائع کرنا۔ پھیلانا (۸) دل جلانا۔ ستانا (۹) ضائع کرنا۔ برباد کرنا (۱۰) سنکھ بجانا۔

پھونکی چھری (ف) مؤنث۔ وہ چھری جس پر کچھ پڑھ کر پھونکا گیا ہو۔

پھوہا (پھو۔ ہا) (ہ) مذکر۔ وہ روئی کا ذرا سا ٹکڑا جسے دودھ یا شربت میں تر کرکے ننھے بچے کے منہ میں چواتے ہیں۔ روئی کا فتیلہ یا ذرا سا ٹکڑا جو کان میں رکھتے یا عطر میں تر کرتے ہیں۔ گالے کا ٹکڑا۔

پھوہار (پھو۔ ہار) (ہ) مؤنث۔ پھوار۔

پھوہڑ (پھو۔ ہڑ) (ہ) (۱) سگھڑ کے خلاف۔ بے سلیقہ۔ ناشائستہ۔ وہ عورت جو خانہ داری کے معاملوں کی عقل نہ رکھتی ہو (۲) وہ عورت جس کے ہاتھ میں کوئی ہنر نہ ہو (۳) بے وقوف۔

پھوہڑپن (ہ) مذکر (۱) بے سلیقگی۔ ناشائستگی (۲) بے ہنری (۳) بے وقوفی۔ نادانی۔

پھوئی (پھو۔ ائی) (ہ) مؤنث (۱) پھپھوندی (۲) گھی کا پھول جو تاؤ دیتے وقت اوپر آ جاتا ہے۔ (۳) باریک بوند۔

پھوئیاں (ہ) مؤنث۔ تقاطر۔ پھوہار۔ کم کم اور چھوٹی چھوٹی بوندیں۔

پھوئیاں پھوئیاں (ہ) قطرہ۔ قطرہ۔ کم کم۔ تھوڑا تھوڑا۔

پھوئیاں پھوئیاں تالاب بھر جاتا ہے (ا) مثل۔ تھوڑا تھوڑا کرتے بہت ہو جاتا ہے۔

پھویا (پھو۔ یا) (ہ) دیکھو "پھوہا"۔

پھہار (پھہار) (ہ) مؤنث۔ پھوار۔

پہیا (پہی۔ یا) (ہ) مذکر (۱) حلقہ۔ چکر۔ چرخی (۲) گاڑی کا وہ حصہ جو زمین پر چلتا ہے۔

پہیا (پہیّا) (ہ) مذکر۔ منافع یا سود جو معاملے کے روپے پر آدھ آنہ فی روپیہ پٹواری کی خاطر لگایا جاتا ہے۔

پھیپھڑا (پھیپ۔ ھڑا) (ہ) ایک عضو جو سینے کے اندر اور دل کے قریب ہوتا ہے۔ اور اس میں خون ہوا یعنی سانس کے ذریعے سے صاف ہوا کرتا ہے۔

پھیپھڑا دلانا (ف) (عو) کسی کی خیر خواہی کرنا۔ ستھرائی جتانا۔

پھینٹ۔ پھینٹ (پھینٹ۔ پھینٹ) (ل) (۱) پھینٹا۔ پھینٹا کا امر (۲) مؤنث۔ پیٹی۔ کمر بند۔

پھینٹا۔ پھینٹا (ہ) مذکر۔ سر سے باندھنے کا چھوٹا دوپٹہ۔ چھوٹی پگڑی۔

پھینٹنا۔ پھینٹنا (ہ) متعدی۔ ایک جان کرنا۔ حل کرنا۔

پھیر (پھیر) (ہ) مذکر (۱) چکر۔ موڑ (۲) فاصلہ۔ دوری (۳) انقلاب۔ الٹاؤ (۴) راستے کی ٹیڑھ (۵) پیچ۔ جال۔ فریب (۶) الجھاؤ۔ بکھیڑا۔ دقت (۷) تفاوت۔ فرق (۸) پھیرنا۔ تکرار (۹) دائرہ۔ حلقہ۔ (۱۰) گردش۔ پھیرا (۱۱) اندازہ۔ تخمینہ۔

پھیر بدل (ا) مذکر۔ عوض معاوضہ۔ ادل بدل۔

پھیر بندھنا (ف) کسی چیز کا تسلسل بندھنا۔ دور بندھنا۔

پھیر پڑنا (ف) (۱) چکر پڑنا (۲) فرق ہونا (۳) تسلسل بندھنا

پھیر پھار (ہ) مؤنث (۱) ہیرا پھیری۔ الٹ پلٹ (۲) پیچ۔ فریب۔

پھیر دینا (ف) (۱) واپس کر دینا۔ لوٹا دینا (۲) رخ موڑنا۔

پھیر لینا (ف) واپس کر لینا۔ لوٹا لینا۔

پھیر میں آنا (ف) چکر میں آنا۔ گردش میں آنا۔

پھیرا (ہ) مذکر (۱) گشت۔ دورہ (۲) طواف (۳) پھیری (۴) حلقہ۔ دائرہ۔

پھیرا لگانا (ف) گشت لگانا۔ دورہ کرنا۔ جا کر پھرنا۔

پھیرنا (ف) (۱) گھمانا۔ چکر دینا۔ پھرانا (۲) واپس کرنا (۳) موڑنا۔ رخ بدلنا (۴) سدھانا۔ نکالنا۔

وہ گھوڑے کو آگے پیچھے موڑنا (۶) رنگ چڑھانا ۔ قلعی کرنا (۷) پلٹنا ۔ الٹنا (۸) مالا جپنا ۔ تسبیح پھیرنا ۔ (۹) دہرانا (۱۰) بیزار کرنا ۔ ناراض کرنا (۱۱) چھونا ۔ ہاتھ لگانا (۱۲) سیر کرانا (۱۳) پلٹنا ۔ زبان بدلنا ۔

پھیری (ہ) مؤنث (۱) طواف (۲) گشت ۔ چکر ۔ (۳) فقیروں کا مقررہ جگہ پر دورہ کرنا (۴) خردہ فروش کا گشت (۵) ہندو چیت سدی چودس کو اپنے شہر کے گرد چکر لگانے کو بھی پھیری کہتے ہیں ۔

پھیری پھرنا (ہ) بیچنے یا بھیک مانگنے جانا ۔ گشت لگانا ۔

پھیری والا (ہ) مذکر (۱) وہ شخص جو گلی کوچوں میں پھر کر سودا بیچے ۔ بساطی ۔ بزازی وغیرہ (۲) وہ فقیر جو کئی روز تک پھیری لگائے ۔

پھیرے (ہ) مذکر (۱) پھیرا کی جمع (۲) ہندوؤں میں نکاح کی رسم ۔

پھیرے ڈالنا (ہ) (ہندو) (۱) نکاح کرنا ۔ عقد کرنا ۔ (۲) کسی کام کے لئے بار بار جانا ۔

پھیکا (پھی ۔ کا) (ہ) (۱) بے نمک ۔ الونا ۔ کم شیریں (۲) بدمزہ ۔ بے ذائقہ (۳) ہلکا ۔ مدھم (۵) اداس (۶) حسن بے نمک (۹) دکھا ۔ بداخلاق ۔

پھیکا پڑ جانا (ہ) (۱) رنگ مدھم ہو جانا ۔ بے آب ہو جانا (۲) شرمندہ ہو جانا ۔ اوس پڑ جانا ۔

پھیکا پنڈا ہونا (ہ) (عو) خفیف سا بخار ہونا ۔ کسلمند ہونا ۔ مطلق بخار ہونا ۔

پھیل (پھیل) (ہ) پھیلنا کا امر ۔

پھیلا (ہ) پھیلنا کی ماضی ۔ پھیلانا کا امر ۔

پھیلانا (پھے ۔ لا ۔ نا) (ہ) (۱) بچھانا ۔ فرش کرنا (۲) لمبا کرنا ۔ دراز کرنا (۳) کھولنا ۔ بڑھانا (۴) تقسیم کرنا ۔ بانٹنا (۵) حساب کرنا ۔ تخمینہ کرنا (۶) شائع کرنا ۔ مشتہر کرنا (۷) کھنڈانا ۔ بکھیرنا (۸) شروع کرنا (۹) پڑتال کرنا ۔ ضرب و تقسیم وغیرہ کو جانچنا ۔

پھیلاوٹ (ہ) مؤنث (۱) تقسیم عمل ۔ بانٹ (۲) حساب کا عمل ۔

پھیلاؤ (ہ) مذکر (۱) چوڑائی ۔ وسعت ۔ فراخی (۲) درازی ۔ طوالت (۳) ضرب و تقسیم کی پڑتال (۴) اندازہ ۔ مقدار ۔ تخمینہ ۔

پھیل پھیل کر یا پھیل کر سونا (ہ) نہایت آرام اور بے فکری سے سونا ۔ فراغت سے سونا ۔

پھیل کر بیٹھنا (ہ) فراغت سے بیٹھنا ۔ کھل کر بیٹھنا ۔

پھیلنا (ہ) (۱) بچھنا ۔ پسرنا (۲) فراخ ہونا ۔ وسیع ہونا ۔ (۳) مشہور ہونا (۴) بکھرنا (۵) چھانا (۶) بڑھنا ۔ (۷) ضد کرنا (۸) کثیر الاولاد ہونا (۹) موٹا ہونا (۱۰) اندازہ ہونا ۔ پڑتا پڑنا (۱۱) حد سے بڑھنا ۔ (۱۲) بکثرت ہونا ۔

پہیلی (پہے ۔ لی) (ہ) مؤنث ۔ بجھارت ۔ چیستان ۔ معمّا ۔

پہیلی بوجھنا (ہ) پہیلی بتانا ۔ چیستان حل کرنا ۔

پھین (پھین) (ہ) مذکر (۱) جھاگ ۔ کف (۲) رطوبت جو منہ سے نکلے ۔

پھینٹی (پھین ۔ ٹی) (ہ) مؤنث ۔ سوت کی انٹی ۔

پھینچنا (پھینچ ۔ نا) (ہ) مذکر ۔ صابون کے بغیر کپڑا دھونا ۔

پھینک (پھینک) (ہ) پھینکنا کا امر ۔

پھینک دینا (ہ) (۱) گرا دینا ۔ ڈال دینا (۲) ضائع کر دینا ۔ کھو دینا (۳) اچھال دینا (۴) بکھیر دینا ۔

پھینکنا (ہ) (۱) ڈالنا ۔ گرانا (۲) بکھیرنا (۳) ٹپکنا ۔ دسے مارنا (۴) قرعہ ڈالنا (۵) سرپٹ دوڑانا ۔ (۶) اچھالنا (۷) ضائع کرنا ۔ کھونا (۸) پٹا کھیلنا ۔

پھینی (پھے ۔ نی) (ہ) مؤنث ۔ ایک قسم کی گھی میں تلی ہوئی گول لچھے دار میدے کی ٹکیا ۔ جسے گرم دودھ میں بھگو کر کھاتے ہیں ۔

پھیہا (پھے ۔ ہا) (ہ) مذکر (عوام) (۱) پہیا (۲) مرغی کی ایک بیماری جس میں پیٹ کے نیچے ورم ہو جاتا ہے ۔ اور وہ انڈے نہیں دیتی ۔

پہیّہ (ہ) مذکر ۔ پہیا ۔

پہیّے (ہ) مذکر ۔ پہیّہ کی جمع ۔

پ - ی - ے

پی (پی) (ہ) مذکر (۱) پریتم ۔ پیارا ۔ معشوق (۲) خاوند ۔ شوہر ۔ خصم (۳) پینا کا امر ۔

پی (پی) (ف) مؤنث ۔ چربی ۔

پے (پے) (ف) مذکر (۱) پٹھا ۔ عصب (۲) تاقت (۳) قدم ۔ کھوج (۴) نشان ۔ علامت (۵) (ہمزہ کے

ساتھ بہانے - واسطے ۔
پیا (پِیا) (ہ) مذکر - دیکھو "پلہ" مث ۔
پیا جسے چاہے وہی سہاگن : (ہ) مثل (۱) سہاگن اصل میں وہی ہے جس سے خاوند محبت کرے۔ اور خوش ہو (۲) محبت سے قدر ہوتی ہے ۔
پیّا - پیّہ (پَی - یا - پَی - یَہ) (ہ) مذکر - گاڑی کا چکّر - وہ چرخی نما مدوّر پایہ جس کے ساتھ دُھرا چسپاں ہوتا ہے ۔
پیا بانسا (پِیا - باں - سا) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا بانس (۲) ایک پودا جس سے سُرخ رنگ نکالتے ہیں ۔
پیادہ (پِیا - دَہ) (ف) (۱) پیدل (۲) مذکر - شطرنج کا پیادہ (۳) شاہی ہرکارہ - چپراسی - نفر ۔
پیادہ پا (ف) دیکھو "پیادہ" ۔
پیادۂ محاصل (ف) مذکر (۱) وہ چپراسی جو مقروض کے مکان پر مقرر کیا جائے - اور اس کے قرض ادا کرنے تک اسی کے خرچ پر وہاں رہے (۲) وہ سپاہی جو مالیہ وصول کرنے کے لئے مقرر کیا جائے ۔
پیار (پِیاَر) (ہ) مذکر (۱) پریت - محبت - حُب - پریم (۲) لاڈ - دلار (۳) مادری الفت - مامتا (۴) عشق (۵) بچے کا بوسہ (۶) دوستی - میل جول (۷) التفات - مہربانی ۔
پیار کرنا (ہ) (۱) محبت کرنا - مالوف ہونا (۲) چمکارنا - (۳) بوسہ لینا (۴) چاہنا - عشق رکھنا ۔
پیار نکالنا (ہ) حسرت نکالنا - چاؤ نکالنا ۔
پیارا (ہ) (۱) لاڈلا - چاہیتا - فرزند - دلبند (۲) دوست - محبّ (۳) دلبر - معشوق (۴) عزیز - نزدیکی - رشتہ دار (۵) سندر - بھلا - خوب صورت - (۶) قابل قدر ۔
پیار انگا (پِیا - رَاں - گا) (ہ) مذکر - ایک جڑ جو دوا کے طور پر استعمال کی جاتی ہے ۔
پیاروں پیٹی (ہ) مؤنث (عو) وہ عورت جس کے عزیز مر گئے ہوں بطور بددعا مستعمل ہے ۔
پیاری (ہ) مؤنث - عزیزہ - محبوبہ - لاڈلی - معشوقہ ۔
پیاری پیاری باتیں (ہ) مؤنث - میٹھی میٹھی باتیں - بھولی بھالی باتیں ۔
پیاز (پِیاز) (ہ) مؤنث - بصل - ایک پودے کی بُو دار اور گانٹھ والی مشہور جڑ جو کھائی جاتی اور سالن میں ڈالی جاتی ہے (پ) گنڈا ۔

پیازی (ہ) (۱) شربتی - گلابی (۲) ایک قسم کا نہایت قیمتی اور خوش رنگ لعل ۔
پیاس (پِیاس) (ہ) مؤنث (۱) تشنگی - پانی پینے کی خواہش (۲) تمنّا - آرزو - چاہت ۔
پیاس بجھانا (ہ) (۱) تشنگی فرو کرنا - پانی پلا کر تسکین دینا - (۲) آرزو بر لانا - خواہش پوری کرنا ۔
پیاس لگنا (ہ) پانی کی خواہش ہونا - تشنگی ہونا ۔
پیاس مارنا (ہ) پانی کی خواہش کو روکنا - تشنگی کو برداشت کرنا ۔
پیاسا (ہ) (۱) تشنہ (۲) خواہشمند (۳) مشتاق - آرزومند ۔
پیال (پِیال) (ہ) مذکر - دھان کا بھُس جسے اکثر غریب آدمی جاڑوں میں بچھا کر سوتے ہیں - پرال ۔
پیالہ (پِیا - لَہ) (ف) مذکر (۱) کاسہ - جام - ساغر - کٹورا - (۲) توپ یا بندوق میں رنجک رکھنے کی جگہ (۳) کاسۂ گدائی - بھیک کا ٹھیکرا (۴) عرس - فاتحہ سوم ۔
پیالہ بجنا (۱) دَور دورہ ہونا - ترقی ہونا - فیشن ہونا (۲) جلترنگ کے پیالوں کا بجنا ۔
پیالہ بھرنا (ل) (۱) پیالے کو پُر کرنا (۲) عمر آخر ہونا - دن پورے ہونا ۔
پیالہ بہنا (ل) (عوام - عو) اسقاط ہونا - حمل گرنا ۔
پیالہ پینا (ل) (۱) بھنگ یا شراب پینا (۲) مرید ہونا - فقیروں کی آنکھیں دیکھنا ۔
پیالہ ہونا (ل) (۱) آزاد فقیروں کی اصطلاح میں فاتحہ سوم کی ضیافت - عرس ہونا (۲) دنیا سے گزرنا - مرنا (۳) آزادوں کے تکیے میں آزادوں کی ضیافت ۔
پیالی (ہ) مؤنث - چھوٹا پیالہ ۔
پیام (پِیام) (ف) مذکر - پیغام - سندیسا ۔
پیام سلام (ف - ع) مذکر - زبانی بات چیت - دوسرے کی معرفت کسی بات کا سوال و جواب کرنا ۔
پیامبر (ف) مذکر - قاصد - ایلچی - سفیر ۔
پیامی (ف) پیام لے جانے والا ۔
پیانو (پِیانُو) (انگ PIANO) مذکر - ایک قسم کا انگریزی باجا جو ہارمونیم کی قسم سے ہے - مگر اس سے بڑا ہوتا ہے ۔
پیانسٹ (پِیا - نِسٹ) (انگ PIANIST) مذکر - پیانو بجانے والا ۔
پیاؤ (پِیا - اُؤ) (ہ) مذکر (۱) پانی پینے کی جگہ (۲) سبیل ۔

پیپ (پِیپ) مؤنث۔ ریم۔ مواد۔ رادھ ٭

پیپا (پی۔پا) (ی) مذکر۔ لکڑی یا ٹین کا ڈھول جیسا ظرف ٭

پیپر (پے۔پر) (انگ۔ PAPER) مذکر (۱) کاغذ (۲) پرزہ۔ پرچہ۔ اخبار۔ گزٹ ٭

پیپر ویٹ (انگ۔ PAPER WEIGHT) مذکر۔ وزن جو کاغذوں پر رکھا جاتا ہے تاکہ وہ ہوا سے نہ اڑیں۔ کاغذ داب ٭

پیپل (پی۔پل) (ہ) مذکر (۱) ایک بڑا سایہ دار درخت جس کے پتے پان سے مشابہ ہوتے ہیں۔ اور ہندو اسے متبرک مان کر پوجتے ہیں (۲) ایک دوا جو دراصل کسی درخت کا پھل ہے۔ فلفل دراز ٭

پیپلا (پی۔پلا) (ہ) مذکر۔ تلوار کی نوک یا انی ٭

پیپلا مور۔ مول۔ مونڈ (ہ) مؤنث۔ پیپل دوا کی جڑ ٭

پیپلی (ہ) مؤنث (۱) پیپل کا پھل (۲) پیپل کا چھوٹا درخت ٭

پیت (پِیت) (ہ) مؤنث (۱) دیکھو "پریت" (۲) زرد۔ پیلا ٭

پیت کی ریت نرالی (ہ) مثل۔ دوستی کا انداز ہی دوسرا ہے۔ محبت کا طریق ہی اور ہے ٭

پیت نہ جانے جات کجات (ہ) مثل۔ محبت میں ذات نہیں دیکھی جاتی ٭

پیتاما۔ پیتا وا (پی۔تا۔ما۔پے۔تا۔وا) (ہ) دیکھو "پتامہ" ٭

پیتامبر (پی۔تام۔بر) (ہ) مذکر (۱) زرد رنگ کا ریشمی کپڑا (۲) زرد پوش (۳) زرد پوشش۔ ریشمی دھوتی جو اکثر ہندو عورتیں پہنتی ہیں ٭

پیترا (پَینت۔را) (ہ) مذکر (۱) کشتی کے داؤں کرتے وقت چوب بازی کے انداز کے موافق قدم رکھنا (۲) پاؤں کا نشان۔ کھوج۔ سراغ۔ اثر ٭

پیترا بدلنا (ہ) (۱) ٹھاٹھ بدلنا۔ قدم بدلنا (۲) کشتی کے وقت قاعدے کے موافق پاؤں رکھنا اور اٹھانا ٭

پیترا بدل کر خالی دینا (ہ) پاؤں اس طرح ادھر ادھر رکھنا کہ دشمن کا وار خالی جائے ٭

پیتس (پی۔تس) (ہ) مؤنث (ہندو) (عو) خسر کے بھائی کی بیوی۔ چچیا ساس ٭

پیتسرا (ہ) مذکر (ہندو) (عو) خسر کا بھائی ٭

پیتل (پی۔تل) (ہ) مذکر۔ برنج۔ ایک قسم کی زرد اور مرکب دھات جو جست اور تانبا ملا کر بنائی جاتی ہے ٭

پیتلی (ہ) پیتل کی دیگچی۔ برنجی۔ ہنڈیا ٭

پیتم (ہ) مذکر۔ دیکھو "پریتم" ٭

پیتمبر (ہ) دیکھو "پیتامبر" ٭

پیٹ (پیٹ) (ہ) مذکر (۱) شکم۔ بطن (۲) رحم۔ بچہ دان (۳) معدہ (۴) حمل۔ گربھ (۵) خلا۔ جوف۔ (۶) توپ کا وہ حصہ جہاں گولہ جا کر ٹھہرے (۷) گنجائش۔ سمائی (۸) حوصلہ۔ ظرف (۹) اندرون۔ باطن۔ بھید (۱۰) دائرے کا اندرونی حصہ (۱۱) طمع۔ ہوس (۱۲) خوراک۔ خواہش معدہ۔ پیٹ اپھرنا۔ (۱۳) پیٹ پھولنا۔ نفخ ہونا ٭

پیٹ اپھرنا (ہ) پیٹ پھولنا۔ نفخ ہونا ٭

پیٹ باندھنا (ہ) خواہش سے کم کھانا۔ بھوک ضبط کرنا ٭

پیٹ بجانا (ہ) خوشی منانا۔ خوش ہونا ٭

پیٹ بڑھانا (ہ) (۱) خوراک بڑھانا۔ مقدار سے زیادہ کھانے کی عادت ڈالنا (۲) دوسرے کے حصے پر دانت رکھنا ٭

پیٹ بڑھنا (ہ) (۱) خوراک بڑھنا (۲) جلندھر یا استسقا کے باعث پیٹ بڑھ جانا ٭

پیٹ بولنا (ہ) قراقر ہونا۔ ریح کے باعث پیٹ میں سے آواز نکلنا ٭

پیٹ بھاری ہونا (ہ) گرانی شکم ہونا۔ بدہضمی ہونا ٭

پیٹ بھرا (ہ) (۱) شکم سیر (۲) مالدار۔ فارغ البال (۳) خود مختار۔ بے پروا ٭

پیٹ بھر جانا (ہ) (۱) سیر ہو جانا۔ اکتا جانا (۲) اپھر جانا۔ مغرور ہونا ٭

پیٹ بھر کر (ہ) بخوبی۔ خاطر خواہ ٭

پیٹ بھرنا (ہ) (۱) سیر ہونا (۲) گزران کرنا (۳) دولت مند ہونا (۴) اکتانا۔ طبیعت بھرنا ٭

پیٹ بھرے کی باتیں (ہ) مؤنث۔ متکبرانہ باتیں ٭

پیٹ بھرے کے گن (ہ) مذکر۔ مغرورانہ کلام یا ڈھنگ۔ آزادانہ اطوار ٭

پیٹ پالنا (ہ) (۱) مشکل سے کما کر کھانا۔ بدشواری

گزر اوقات کرنا (۲) پیٹ بھرنا۔ پرورش شکم کرنا۔ (۳) نفس پرستی کرنا۔

پیٹ پالو (ف) نفس پرست۔ بندۂ شکم۔

پیٹ پانی ہونا (ف) دست آنا۔ بدہضمی ہونا۔

پیٹ پکڑ کر بھاگنا (ف) (۱) مضطرب انہ بھاگنا۔ گھبرا کر بھاگنا (۲) دل کو لگنا۔ دل پر صدمہ گزرنا۔

پیٹ پکڑے یا تھامے پھرنا (ف) (عو) مضطرب الحال پھرنا۔ آپ میں نہ رہنا۔

پیٹ پوچھن۔ یا۔ پیٹ کھرچن (ا) مذکر۔ (ہندو) (عو) اخیر کا بچّہ۔ وہ بچّہ جس کے بعد اور بچّہ نہ پیدا ہو۔

پیٹ پھاڑنا (ف) (۱) شکم چاک کرنا (۲) حرص کرنا (۳) نظر لگانا (۴) کام میں جلدی کرنا (۵) حسد کرنا۔ رشک کرنا (۶) دل کا بھید ظاہر کرنا (۷) اُنکا۔ کرنا (۸) لڑنے کو تیار ہونا۔

پیٹ پھٹنا (ف) (۱) شکم پاک ہونا (۲) بے صبر ہونا۔ (۳) بہت زیادہ ہنسنا (۴) حسد اور رشک کرنا۔ (۵) چاولوں کا پھول کر شق ہونا۔

پیٹ پھلانا (ف) (عو) (۱) شکم کو سانس سے اونچا کرنا (۲) حاملہ ہونا (۳) کھانے کے شوق میں اُبھرنا۔ کھانے کی آرزو میں تیار ہو کر بیٹھنا۔

پیٹ پھولنا (ف) (۱) نفخ ہونا۔ پیٹ اپھرنا (۲) حاملہ ہونا (۳) بے تاب ہونا۔ اضطراب اور جلدی کرنا۔

پیٹ پیٹنا (ف) (۱) پیٹ بجانا (۲) بھوک کے مارے شور مچانا (۳) بیقراری ظاہر کرنا (۴) ہوس کرنا

پیٹ پیٹھ سے لگنا (ف) نہایت دُبلا ہونا۔ از حد لاغر ہونا۔ نہایت بھوکا ہونا۔

پیٹ تو سب کے ساتھ لگا ہوا ہے (ف) ہر ایک کو کھانے کی ضرورت پڑتی ہے۔

پیٹ ٹھنڈا رہنا (ف) (عو) اولاد سے خوش رہنا۔ بچوں کا سُکھ دیکھنا۔

پیٹ جاری ہونا۔ یا۔ چھوٹنا (ف) دست آنا۔ دستوں کی بیماری ہونا۔

پیٹ چپاتی ہو جانا (ف) (۱) پیٹ نہایت ملائم ہو جانا (۲) بھوک سے پیٹ کا بیٹھ جانا۔

پیٹ چوری (ا) مؤنث۔ وہ حاملہ عورت جس کا حمل ابھی ظاہر نہ پہچانا جائے۔

پیٹ دکھانا (ف) (عو) (۱) افلاس اور گرسنگی کی شکایت کرنا (۲) پیٹ ملوانا۔ دائی سے حمل کی شناخت کرانا۔

پیٹ ڈلنا (ف) حمل گرانا۔ اسقاط حمل کرانا۔

پیٹ رکھانا (ف) (۱) حاملہ کرنا (۲) حاملہ ہونا۔

پیٹ سے پاؤں نکالنا (ف) (عو) (۱) سیدھے آدمی کا ناشائستہ کام کرنے لگنا۔ بدراہ ہونا۔ (۲) بڑھ چلنا۔ اترانا۔

پیٹ سے ہونا (ف) حمل ہونا۔ باردار ہونا۔

پیٹ کا بچہ (ا) مذکر (۱) اپنا زائیدہ بچہ۔ سگا بچہ۔ (۲) حمل کے اندر کا وہ بچّہ جو ابھی تک پیدا نہ ہوا ہو۔

پیٹ کا پانی نہ ہلنا (ف) بے تکان جانا۔ سواری میں جنبش اور تکلیف نہ ہونا۔

پیٹ کا پردہ (ا) مذکر۔ آنتوں کی جھلّی۔ اوجھڑی۔

پیٹ کاٹنا (ف) (۱) اپنی خوراک سے بچانا۔ کم کھا کر گزر کرنا (۲) خوراک سے کم دینا۔ بھوکا رکھنا۔

پیٹ کا دھندا (ا) مذکر۔ محنت۔ مزدوری۔ فکر معاش۔

پیٹ کا کُتّا (ا) مذکر۔ نہایت لالچی۔ کھانے پر جان دینے والا۔ بندۂ شکم۔

پیٹ کا گڑگڑانا (ف) خوف سے پیٹ کا بولنا۔

پیٹ کا ہلکا (ا) وہ شخص جسے بات نہ پچے۔ اوچھا۔ کم ظرف۔

پیٹ کی آگ۔ یا۔ آنچ (ا) مؤنث (۱) الفت مادری۔ ماں کی محبت (۲) اولاد۔ بال بچے (۳) بھوک۔ اشتہا۔

پیٹ کی بات (ا) مؤنث۔ پوشیدہ بھید۔ مخفی بات۔

پیٹ کے بال (ا) مذکر۔ وہ بال جو بچے کے سر اور جسم پر حمل کے اندر ہی نکل آتے ہیں۔

پیٹ کے لئے دوڑنا (ف) تلاش معاش کے لئے پھرنا۔

پیٹ گرنا (ف) حمل جاتا رہنا۔ اسقاطِ حمل۔

پیٹ لگ جانا (ف) بھوک کے باعث شکم کا اندر کو دھنس جانا۔

پیٹ مارنا (ف) (۱) کھانے میں کمی کرنا۔ خوراک سے کم کھانا (۲) نفس کشی کرنا ۔

پیٹ میں آنت نہ منہ میں دانت (ف) کہاوت۔ نہایت ضعیف کے حق میں بولتے ہیں۔ بوڑھا پھونس ۔

پیٹ میں انگارے بھرنا (ف) (۱) حرام کا مال کھانا (۲) عاقبت خراب کرنا ۔

پیٹ میں بل پڑنا (ف) ہنسی کے باعث شکم میں شکن پڑنا۔ ہنستے ہنستے پیٹ کا دُہرا ہو جانا ۔

پیٹ میں بیٹھنا (ف) پیٹ میں گھسنا۔ اپنے مطلب کے لئے کسی کو دوست بنانا۔ دوست بن کر مطلب نکالنا ۔

پیٹ میں پڑا چارا تو کودنے لگا بچارا (ف) مثل (۱) کھا لیا تو طاقت آ گئی (۲) روٹی مل گئی تو شرارت کی سوجھنے لگی ۔

پیٹ میں چوہوں کا قلابازیاں کھانا (ف) مثل۔ بھوک کی شدت کے مارے بے قرار ہونا ۔

پیٹ میں چوہے چھوٹنا۔ یا۔ دوڑنا (ف) (۱) کسی خوف کے باعث کمال اضطراب و بیقراری کا ہونا۔ نہایت تشویش ہونا (۲) بھوک سے بے قرار ہونا ۔

پیٹ میں چیونٹے کی گرہ ہونا (ف)، (عو) (حقارتاً) نہایت کم خوراک ہونا۔ بے کھائے جینا۔ چیونٹے کی نسبت مشہور ہے کہ وہ صرف اناج سونگھ کر زندہ رہتا ہے۔ کیونکہ اس کی کمر میں اتنی گنجائش نظر نہیں آتی کہ اس میں خوراک جا سکے۔ اس لیے کم خوراک آدمی کے حق میں طنزاً یہ محاورہ بولتے ہیں ۔

پیٹ میں ڈاڑھی ہونا (ف) عقل مند لڑکے کی نسبت بولتے ہیں۔ یعنی سفید ڈاڑھی جو بوڑھے عقل مند ہونے کی علامت خیال کی جاتی ہے۔ گویا وہ اس کے پیٹ کے اندر پوشیدہ ہے۔ بچپن ہی میں نہایت عقلمندی کی باتیں کرنا ۔

پیٹ میں سے پاؤں نکالنا (ف) (۱) نئے نئے گن سیکھنا (۲) بدمعاشی اور بداطواری میں قدم رکھنے لگنا ۔

پیٹ میں گیدڑیاں دوڑنا (ف) خوف یا بھوک کے مارے بے قرار ہونا ۔

پیٹ والی (ف) مؤنث (عو) (۱) حاملہ۔ زنِ باردار (۲) کھانے پینے کی ہر چیز پر دل چلانے والی ۔

پیٹ ہے یا بے ایمان کی قبر (ا) مثل۔ بہت بڑے پیٹ والا ۔

پیٹ ہے یا حضرت خواجہ خضرؑ کی زنبیل (ا) مثل۔ اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو الا بلا سب چٹ کر جائے۔ اور کبھی کھانے سے منہ نہ موڑے ۔

پیٹنا (پی۔ ٹنا) (ف) (۱) نامناسب (۲) پیٹنا کی ماضی ۔

پیٹا (پے۔ ٹا) (ف) مذکر (۱) گولائی۔ محیط۔ دَور (۲) تکل یا کنکوّے کی ڈور کا جھول (۳) تقریباً۔ تخمیناً (۴) دریا کے بہنے کا راستہ (۵) تفصیل حساب جو ایک مد کے اندر لکھی جائے (۶) دریا کا پاٹ۔ (۷) حیوانات کی اوجھڑی (۸) کتاب کا متن (۹) فاصلہ۔ دوری (۱۰) قابو۔ بس ۔

پیٹا پانی (ف) مذکر (عو) زور شور کا مینہ ۔

پیٹا رکھنو (پے۔ ٹار۔ کھنو) (ف) (ہندو) پیٹو ۔

پیٹ پیٹ کر (ف) (۱) بڑی مشکل سے (۲) مار مار کر ۔

پیٹرن (پیٹ۔ رَن) (انگ PATRON) مذکر مربی۔ سرپرست۔ حامی ۔

پیٹک پیّا (پی۔ ٹک۔ پی۔ یا) (ف) مذکر۔ نوحہ۔ ماتم۔ کہرام۔ جھگڑا ۔

پیٹل (پے۔ ٹل) (ف) بڑے پیٹ والا۔ توندل ۔

پیٹنا (پیٹ۔ نا) (ف) (۱) مارنا۔ چوٹ لگانا۔ کچلنا۔ (۲) ماتم کرنا۔ رونا (۳) چوڑا کرنا (۴) سخت محنت کرنا (۵) حاصل کرنا (۶) سرزنش کرنا (۷) اندیشہ کرنا۔ فکر کرنا (۸) برا چاہنا۔ کسی کی موت چاہنا۔ (۹) چھیتکنا ۔

پیٹنٹ (پے۔ ٹنٹ) (انگ۔ PATENT) رجسٹری شدہ۔ سند یافتہ۔ مستند ۔

پیٹو (پی۔ ٹو) (ف) ماتم میں سینہ اور سر بہت کوٹنے والا ۔

پیٹو (ف) بہت کھانے والا۔ بسیار خور ۔

پیٹھ (پیٹھ) (ف) مؤنث (۱) پشت (۲) حمایت۔ مدد (۳) سہارا۔ پناہ (۴) پیچھے (۵) ہر چیز کے اوپر کا حصّہ۔ بیرون ۔

پیٹھ پر کا (ف) مذکر (عو) (۱) اوپر کا۔ بعد کا۔

وہ بچہ جو کسی بچے کے بعد پیدا ہُوا ہو (۲) چھوٹا بھائی ٭

پیٹھ پر ہاتھ پھیرنا (ف) شاباش دینا - پیار کرنا - ہمت بندھانا ٭

پیٹھ پھیرنا (ف) (۱) پیٹھ موڑنا - جانا (۲) مرنا انتقال کرنا (۳) لڑائی سے بھاگنا (۴) بیزاری یا نفرت کے باعث ایک طرف سے دوسری طرف منہ کر لینا ٭

پیٹھ پیچھے (ف) (۱) غیبت میں - غیر حاضری میں (۲) مرنے کے بعد ٭

پیٹھ پیچھے بادشاہ کو بھی بُرا کہتے ہیں (ف) مثل - پیٹھ پیچھے اگر کوئی غیبت کرے تو بُرا ماننے اور جواب دینے کی ضرورت نہیں کہ اس طرح بادشاہ کو بھی بُرا کہہ دیتے ہیں ٭

پیٹھ توڑنا (ف) مایوس کرنا - نا اُمید کرنا ٭

پیٹھ ٹھوکنا - یا - ٹھونکنا (ف) (۱) شاباش دینا ہمت بندھانا (۲) پشت پر سوار ہونا ٭

پیٹھ چارپائی سے لگ جانا (ف) بیماری کے باعث کمزور و ناتواں ہو کر چارپائی سے اٹھ نہ سکنا ٭

پیٹھ دکھانا (ف) (۱) منہ موڑنا - لڑائی سے بھاگ جانا - چھوڑ دینا (۲) سفر کو جانا ٭

پیٹھ دینا (ف) (۱) منہ موڑنا - دغا دینا (۳) لڑائی سے بھاگ جانا (۴) مرجانا ٭

پیٹھ کا کچا (ف) وہ جانور جس کی پیٹھ سواری لینے سے جلد زخمی ہو جائے - سواری کا بودا ٭

پیٹھ لگنا (ف) (۱) پیٹھ میں زخم ہو جانا (۲) کشتی میں چت ہو جانا - پچھڑنا (۳) چسپاں ہونا - چپک جانا ٭

پیٹھ نہ لگنا (ف) (عو) آرام نہ پانا - تڑپنا - بیقرار رہنا ٭

پیٹھ (پینٹھ) (ف) مؤنث (۱) دخل - رسائی (۲) وہ بازار جو آٹھویں دن تمام مقررہ جگہوں پر لگتا ہے (۳) نقل - گم شدہ ہنڈوی کی نقل ٭

پیٹھا (پے - ٹھا) (ف) مذکر - ایک گول سا پھل جس کی مٹھائی اور مربّہ بناتے ہیں ٭

پیٹھانا (پے - ٹھا - نا) (ف) پیٹھنا کا متعدی ٭

پیٹھنا (ف) (۱) گھسنا - داخل ہونا (۲) جمنا - پیوست ہونا ٭

پیٹھی (پی - ٹھی) (ف) مؤنث - ماش اور مونگ وغیرہ کی دال کی پسی ہوئی ٹکڑی ٭

پیٹی (پے - ٹی) (ف) مؤنث (۱) پٹکا - کمر بند (۲) نقدی وغیرہ رکھنے کا صندوقچہ (۳) خرجی - جامہ دانی - (۴) وہ ڈورا جو بلبل با بیے وغیرہ کی کمر میں ڈالتے ہیں (۵) توپ اور بندوق کے سامان رکھنے کا بکس (۶) بننے کا استر (۷) وہ کپڑا جو بچہ ہونے کے بعد زچہ کی کمر سے باندھا جاتا ہے ٭

پیٹی اُترنا (ف) سپاہی کا موقوف ہو جانا ٭

پیٹی باندھنا (ف) (۱) سپاہی کا کمر باندھ کر مستعد ہو نکلنا (۲) دست آموز جانور کی کمر میں ڈورا باندھنا ٭

پیٹیا (پیٹ - یا) (ف) (۱) ایک آدمی کی بچی خوراک - رسد روزانہ - روزینہ - وظیفہ ٭

پیج (پیج) (انگ - PAGE) مذکر (۱) صفحہ - ورق کا ایک رخ (۲) غلام ٭

پیجامہ (ف) مذکر - پاجامہ ٭

پی جانا (ف) (۱) نوش کر لینا - چڑھا لینا (۲) چپ ہو رہنا - ٹال جانا ٭

پیچ - پیچھ (پیچ + پیچھ) (ف) مؤنث - اُبلے ہوئے چاولوں کا پانی ٭

پیچ پی ہزار نعمت کھائی (ف) مثل - کھانے کو جو کچھ مل گیا - غنیمت ہے - اسی پر صبر شکر کرنا چاہیئے ٭

پیچ (پیچ) (ف) مذکر (۱) بل - لپیٹ (۲) چوڑی - حلقہ (۳) چکر - پھیر (۴) ٹیڑھ - خم (۵) مروڑا - درد شکم (۶) رشک و حسد (۷) عقدہ (۸) ایک قسم کا کھیل (۹) مشکل - وقت (۱۰) فریب - دھوکا - (۱۱) کشتی کا داؤ (۱۲) دبلنے کی کل (۱۳) پگڑی کی لپیٹ - دور (۱۴) کنکووں کا آپس میں گتھم گتھا ہو جانا (۱۵) سانپ کا چکر - کنڈلی (۱۶) گرہ - پھندا (۱۷) پتلی پگڑی - بتی ٭

پیچ اُٹھنا (ف) (۱) پیٹ میں پیچش کا درد ہونا - (۲) کنکوے یا پتنگے کا ایک دوسرے سے الگ ہونا ٭

پیچ پڑنا (ف) (۱) اُلجھنا - بکھیڑا پڑنا (۲) سخت مشکل پیش آنا (۳) ایک پتنگ کا دوسرے پتنگ سے اُلجھنا (۴) مزاحمت پیش آنا ٭

پیچ چلنا (ف) (۱) دھوکے یا فریب سے کامیاب ہونا (۲) دھوکا دینا - چال چلنا ٭

پیچ چھٹنا (ا) کنکوّے کی ڈور کا علیحدہ علیحدہ ہونا۔

پیچ دار (ف) (۱) بل دار (۲) پیچیدہ۔ مشکل۔ دقیق۔

پیچ در پیچ (ف) (۱) بل پر بل پڑا ہُوا۔ نہایت پیچیدہ۔ (۲) عقدۂ ویحل۔ نہایت مشکل۔

پیچ ڈالنا (ا) (۱) داؤں ڈالنا (۲) چال چلنا (۳) مشکل ڈالنا (۴) دوسرے کے کنکوّے پر ڈور ڈالنا۔

پیچ کرنا (ا) (۱) کشتی کا داؤں کرنا۔ دھوکا دینا۔

پیچ کھانا (ا) (۱) بل کھانا (۲) دل ہی دل میں غصّہ کرنا۔

پیچ کھلنا (ا) (۱) بل دُور ہونا۔ پگڑی کا پھیر کھلنا۔ (۲) مشکل حل ہونا (۳) بھید کھلنا۔

پیچ کھیلنا (ا) (۱) داؤں کرنا (۲) فریب دینا۔

پیچ لڑانا (ا) کنکوّے لڑانا۔ ایک پتنگ کی ڈور کو دوسرے پتنگ کی ڈور سے اُلجھانا۔

پیچ میں آنا (ا) (۱) مصیبت میں پھنسنا۔ پھیر میں آنا (۲) دھوکے میں پھنسنا (۳) پھندے میں آنا۔ جال میں پھنسنا۔

پیچ و تاب (ف) مذکر (۱) بل (۲) غم و غصّہ (۳) خرام ناز (۴) بے قراری۔ بے چینی (۵) فکر و اندیشہ۔

پیچ و تاب کھانا (ا) (۱) اینٹھنا۔ بل کھانا (۲) اندر ہی اندر غم و غصّہ سے گھٹنا۔ حسد یا رشک سے جلنا (۳) بے قرار ہونا۔ مضطرب ہونا (۴) فکر و اندیشہ میں رہنا۔

پیچ و خم (ف) مذکر۔ چکر۔ بل۔ پھیر۔

پیچاک (ف) مؤنّث (۱) پیچ و خم (۲) طرّہ و زلف (۳) گھونگا۔

پیچاں (پے۔ چاں) (ف) بل کھایا ہُوا۔ پیچیدہ۔

پیچش (پے۔ چِش) (ف) مؤنّث۔ مروڑ۔ درد ہو کر دست۔ پاخانہ یا آنو آنا۔

پیچک (پے۔ چَک) (ف) مؤنّث (۱) لپیٹے ہوئے سُوت کی ریل (۲) پیچدار تال کا طنچہ۔

پیچکش (ف) مذکر۔ پیچ کھولنے والا آلہ۔

پیچو (پی۔ چو) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا آڑو۔ زرد آلو۔ کریل کا پکا پھل۔ یہ پھل اکثر یورپ کی طرف ہوتا ہے۔

پیچوان (پیچ۔ وان) (ف) مذکر۔ ایک قسم کا حقّہ جسے نور جہاں بیگم نے ایجاد کیا تھا۔ اس کا لچکدار نیچہ جست کے تار اور بھوج پتر وغیرہ سے لپیٹ کر بناتے ہیں۔ تاکہ دور و نزدیک لیٹے بیٹھے بخوبی پی سکیں۔

پیچھا (پی۔ چھا) (ہ) مذکر (۱) پچھلا حصّہ۔ پشت۔ عقب (۲) پیروی۔ تعاقب۔

پیچھا بھاری ہونا (ہ) (۱) پس پشت امداد کا موجود ہونا (۲) بعد میں مشکل در پیش آنا (۳) دشمن کی مدد آ جانا۔

پیچھا پکڑنا (ہ) (عو) (۱) ستانا۔ ایذا رسانی کے درپے ہونا (۲) ہر وقت ساتھ رہنا۔

پیچھا چھڑانا (ہ) مخلصی پانا۔ چھٹکارا ہونا۔ جان بچانا۔

پیچھا کرنا (ہ) (۱) تعاقب کرنا (۲) دق کرنا۔ ستانا۔ (۳) درپے ہونا۔

پیچھا نہ چھوڑنا (ہ) ساتھ نہ چھوڑنا۔ سر ہونا۔ جان کو آنا۔ ہمزاد کی طرح ساتھ رہنا۔ درپے آزار رہنا۔

پیچھے (پی۔ چھے) (ہ) (۱) بعد میں۔ عقب میں۔ (۲) غیر حاضری میں (۳) پھر (۴) وجہ سے (۵) ہر ایک۔ فی (۶) پچھلی طرف (۷) اس کے بعد (۸) مرنے کے بعد۔

پیچھے پڑنا (ہ) (۱) لپٹنا۔ سر ہونا (۲) ستانا دق کرنا (۳) دشمنی کرنا (۴) بار بار مانگنا (۵) رسوائی چاہنا۔

پیچھے پیچھے (ہ) (۱) تھوڑی دیر بعد۔ عنقریب۔ (۲) ساتھ ساتھ۔

پیچھے ڈالنا (ہ) (۱) تعاقب کرنا (۲) آگے بڑھ جانا۔ پیچھے چھوڑنا (۳) تھوڑا تھوڑا بچا کر جمع کرنا۔

پیچھے سے (ہ) پشت سے۔ بعد ازاں تھوڑی دیر بعد۔

پیچیدگی (پے۔ چی۔ دَگی) (ف) (۱) لپیٹ۔ مروڑ (۲) الجھیڑا۔ الجھاؤ۔

پیچیدہ (پے۔ چی۔ دَہ) (ف) (۱) لپٹا ہُوا۔ ملفوف۔ (۲) مشکل بات۔

پیخال (پے۔ خال) (ف) مؤنّث۔ بیٹ۔ پرند کا فضلہ۔

پیخانہ (پے۔ خا۔ نہ) (ف) مذکر (۱) جائے ضرور۔ بیت الخلا (۲) فضلہ۔ براز۔

پیدا (پَے۔ دَا) (ف) (۱) ظاہر۔ موجود (۲) جنا ہوا۔ زائیدہ (۳) آمدنی۔ کمائی (۴) ایجاد۔ اختراع۔
پیداوار۔ پیداواری (ف) مؤنث (۱) زراعت وتجارت وغیرہ کی آمدنی۔ محاصل (۲) وہ چیز جو کھیت میں اُگے فصل۔ زراعت۔
پیداوارِ خودرو (ف) مؤنث۔ وہ پیداوار جو بوئے جوتے بغیر پیدا ہو۔
پیدائش (ف) مؤنث۔ جنم۔ خلقت۔
پیدائشی (ف) جنمی۔ اصلی۔ فطری۔ جبلی۔
پَے دَر پَے (ف) (۱) متواتر۔ لگاتار۔ اوپر تلے۔ (۲) یکے بعد دیگرے۔ ایک کے بعد ایک۔
پیدل (پَے۔ دَل) (ف) (۱) پیادہ۔ وہ شخص جو سوار نہ ہو (۲) شطرنج کا وہ ادنیٰ مہرہ جو ہمیشہ سیدھا چلتا اور آڑا مارتا ہے (۳) پیادوں کی سپاہ۔ پا لشکر۔
پیدل اور سوار کا کیا ساتھ (ا) مثل۔ امیر اور غریب کا کیا مقابلہ۔
پیڈ (پَیڈ) (انگ۔ PAD) مذکر (۱) سیاہی چوس (۲) سیاہی چوس رکھنے اور کاغذات رکھ کر لکھنے کا پٹھا یا زیرِ مشق (۳) بوٹ صاف کرنے کا چھوٹا سا تکیہ (۴) کپڑے کی گدی۔
پیڈ (پیڈ) (انگ۔ PAID) ادا کردہ۔ وہ رقم یا محصول وغیرہ جو ادا کر دیا گیا ہو۔
پیڈل (پَے۔ ڈَل) (انگ۔ PADDLE) مذکر۔ بائیسکل۔ پیانو اور سینے کی مشین وغیرہ کا ایک پُرزہ جسے پاؤں سے چلاتے ہیں۔
پیر (پِیر) (ف) مذکر (۱) عمر رسیدہ۔ معمّر۔ بوڑھا (۲) ہادی۔ رہنما۔ مرشد (۳) ولی۔ بزرگ (۴) (ف) شریروں کا استاد (۵) دوشنبہ۔ سوموار۔
پیر (پَیر) (ہ) مذکر (۱) قدم۔ پاؤں (۲) سراغ۔ کھوج۔ نقش (۳) اناج صاف کرنے کی جگہ (۴) صاف نہ کئے ہوئے غلّے کا ڈھیر (۵) حیض جاری رہنے کی بیماری۔
پیراں نمے پرند و مریداں مے پرانند
(ف) مثل۔ پیر تو نہیں اُڑتے۔ مرید اڑاتے ہیں۔ پیروں کی کرامتیں مرید مشہور کرتے ہیں۔ خوشامدی جھوٹی تعریفیں کرتے ہیں۔
پیر تو آپ طلبیدہ شفاعت کس کی کریں (ا) کہاوت۔ جو خود محتاج ہے۔ وہ دوسروں کو کیا نفع پہنچائے گا۔
پیرزادہ (ف) مذکر (۱) مرشد کا بیٹا (۲) وہ شخص جس کے ہاں پیری مریدی ہوتی ہو۔
پیرشو بیاموز (ف) مثل۔ انسان کو چاہئے کہ ساری عمر سیکھتا رہے۔ بڑھاپے میں بھی سیکھنا ضروری ہے۔
پیر فرتوت (ف) مذکر۔ بہت بوڑھا۔
پیرِ مغاں (ف) مذکر (۱) آتش پرستوں کا پیشوا۔ آتش خانہ کا مجاور (۲) (ا) کروگھنٹال۔ مخدوم (۳) شراب بیچنے والا۔
پیرِ نابالغ (ف۔ ع) وہ بوڑھا جو ناسمجھ بچوں کی سی باتیں کرے۔ بے وقوف بوڑھا۔
پیرا (پی۔ رَا) (ہ) (عوام) زرد۔
پیرا (پَے۔ رَا) (ہ) مذکر (عو) کسی چیز کے آنے کو شگون ہو۔
پیرا۔ پیراگراف (پَے۔ رَا + پَے۔ رَا۔ گراف) (انگ۔ PARAGRAPH) مذکر۔ عبارت کا وہ ٹکڑا جس میں ایک ہی مضمون ہو۔
پیراستہ (پَے۔ رَاس۔ تَہ) (ف) سنوارا ہوا۔
پیراک (پَے۔ رَاک) (ہ) پانی پر تیرنے والا تیراک۔
پیراک ہی ڈوبتا ہے (ہ) مثل۔ ہوشیار ہی نقصان اٹھاتا ہے۔
پیراکی (ہ) مؤنث۔ تیرنے کا فن۔ شناوری۔ تیرائی۔ پیرائی۔
پیرامن۔ پیرامون (پَے۔ رَا۔ مَن + پَے۔ رَا۔ مُون) (ف) (۱) اردگرد۔ اطراف (۲) دائرہ۔ گھماؤ (۳) (۴) کپڑے کا دامن۔
پیرانہ (پی۔ رَا۔ نَہ) (ف) پیر سے منسوب۔
پیرانہ سالی۔ پیرانہ سری (ف) مؤنث۔ بڑھاپا۔
پیراہن (پَے۔ رَا۔ ہَن) (ف) مذکر۔ بدن کا کپڑا۔ پوشاک۔ لباس۔ جامہ۔
پیرا ہوا (ہ) ماہر۔ ہوشیار۔ تجربہ کار۔
پیراؤ (پَے۔ رَا۔ اَو) (ہ) ڈباؤ پانی۔ تیرنے کے قابل پانی۔
پیرائی (پَے۔ رَا۔ اِی) (ہ) مؤنث (۱) تیرنے کا ڈھنگ (۲) تیرنا سکھانے کی اُجرت (۳) پیراکی۔
پیرائی (پی۔ رَا۔ اِی) (ہ) مذکر۔ ڈفالچی۔ ڈھولک بجانے

اور گانے بجانے والے۔
پیرایہ (پَے۔ رَا۔ یَہ) (ف) مذکر (۱) زینت۔ زیور (۲) لباس۔ پوشاک (۳) طرز۔ ڈھنگ۔ طریقہ۔
پیر کوا (پَیر۔ کَو۔ وَا) (ہ) مذکر۔ مکھی کے برابر کیڑا جو پانی میں پیدا ہوتا۔ اور کشتی کے نیچے چمٹا رہتا ہے۔
پیر کی چوکی (چھوٹی) (۱) مؤنث۔ طنزاً عظمت اور بزرگی کے موقع پر بولتے ہیں۔
پیرنا (پَیر۔ نَا) (ہ) (۱) تیرنا۔ بہنا۔
پیرو (پَے۔ رَو) (ف) تقلید کرنے والا۔ مقلد۔ مرید۔ چیلا۔ کسی فرقے کا معتقد۔
پیرو (پی۔ رُو) (انگ۔ PERU) مذکر۔ فیل مرغ۔ ایک خاص قسم کا بڑا مرغ۔
پیرو (پِی۔ رُو) (ہ) مذکر (۱) پیر کے دن پیدا ہونے والے لڑکے کا نام (۲) ایک قسم کا میوہ۔
پیروز (پی۔ رُوز) (ف) مبارک۔ فتح مند۔
پیروکار (ف) مذکر۔ فوجداری مقدموں میں مدعی کی طرف سے پیروی کرنے والا۔
پیروکار سرکاری (ف) مذکر۔ سرکار کی طرف سے فوجداری مقدمات کی پیروی اور کارروائی کی نگرانی کرنے والا۔
پیروں پڑنا (ہ) (۱) پاؤں پر سر رکھنا۔ منت خوشامد کرنا (۲) قدم لینا تعظیماً سسرال کے رشتہ داروں کا آداب بجالانا۔
پیروں پیروں چلنا (ہ) اپنے پاؤں سے چلنا۔ سواری کے بغیر راستہ طے کرنا۔
پیروں میں سر دھرنا (۱) قدموں پر سر رکھنا۔ نہایت عجز کرنا۔ از حد خوشامد کرنا۔
پیروں میں مہندی لگنا (ہ) عذرِ بے جا کرنا۔ نامعقول حیلہ کرنا۔
پیروی (ف) مؤنث (۱) تقلید۔ کسی کے قدم بقدم چلنا۔ (۲) فرمانبرداری۔ اطاعت (۳) تلاش۔ کوشش۔
پیرہن (پَے۔ رَہَن) (ف) مذکر۔ پیراہن کا مخفف۔
پیری (پَے۔ رِی) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) غلہ جو صاف کرتے وقت باقی رہے۔ اناج کا بھوسہ ملا ہوا ڈھیر (۲) پازیب۔
پیری (ف) مؤنث (۱) بڑھاپا۔ ضعیفی (۲) ہدایت کرنا۔ (۳) (۱) چالاکی۔ استادی (۴) حکومت۔ دعویٰ۔

(۵) کرامت۔ اعجاز۔
پیڑ (پَیڑ) (ہ) مؤنث (۱) قدم کا نشان۔ چوری کا کھوج (۲) پاؤں۔
پیڑ (پیڑ) (ہ) مذکر (۱) درخت۔ شجر (۲) پودا۔ بوٹا۔
پیڑ (پِیڑ) (ہ) مذکر (۱) درد۔ تکلیف (۲) دردِ زہ۔ بچہ پیدا ہونے کا درد۔
پیڑا (پے۔ ڑَا) (ہ) مذکر (۱) گندھے ہوئے آٹے کا ایک روٹی کے برابر کا گولہ (۲) ایک قسم کی مٹھائی جو دودھ کے مادے اور کھانڈ سے بنائی جاتی ہے۔
پیڑا (پی۔ ڑَا) (ہ) مؤنث (گنوار) دکھ۔ دردِ زہ۔
پیڑ کالا (ہ) مذکر (گنوار) زینہ۔
پیڑو (پے۔ ڑُو) (ہ) مذکر۔ ناف سے نیچے کا حصہ۔ زہار۔
پیڑو کی آنچ (ہ) مؤنث۔ عورت کی خواہش نفسانی کی محبت۔
پیڑھا (پی۔ ڑھَا) (ہ) مذکر۔ پیڑھی سے بڑا اور چارپائی سے چھوٹا بیٹھنے کا بازو دار کھٹولا۔
پیڑھی (ہ) مؤنث (۱) چھوٹی سی کھٹولی (۲) خاندان کا سلسلہ۔ نسل۔ پشت (۳) قدامت۔ قرن۔
پیڑھی در پیڑھی (۱) (۱) نسلاً بعد نسل۔ قدامت سے (۲) موروثی۔ روایتی۔
پیڑی (پے۔ ڑِی) (ہ) مؤنث (۱) پاؤں لٹکا کر چڑھنے کی جگہ۔ کوٹھے پر چڑھنے کی سیڑھی (۲) زینہ۔ سیڑھی۔
پیڑی (پی۔ ڑِی) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا پان (۲) درخت کا تنہ (۳) نیل کا درخت جب قلم ہو چکے اور صرف تنا رہ جائے۔
پیڑیں لگنا (ہ) (گنوار) (۱) درد ہونا (۲) دردِ زہ ہونا۔
پیز (پَیز) (ہ) مؤنث (عو) ضد۔ دشمنی۔
پیزار (پَے۔ زَار) (ف) مؤنث (عو) جوتی۔ کفش پا۔ پاپوش۔ نعلین۔ مگر عموماً یہ لفظ پرانی جوتی پر بولا جاتا ہے۔
پیزار پر مارنا (۱) (عو) جوتے مارنا۔ حقیر جاننا۔ بے حقیقت سمجھنا۔ پروا نہ کرنا۔
پیزار دکھانا (۱) جوتا دکھانا۔ خاطر میں نہ لانا۔ بے پروائی جتانا۔
پیزار سے (۱) (عو) جوتی سے۔ بلا سے۔ کیا پروا ہے۔
پیس (پیِس) (ہ) پیسنا کا امر۔

پیسا (پے۔سا) (ہ) مذکر (۱) تانبے کا وہ سکہ جو تین پائی میں چلتا ہے۔ روپے کا چونسٹھواں حصہ (۲) مال۔ زر۔ دولت۔

پیسا اُڑانا (ہ) روپیہ برباد کرنا۔ فضول خرچی کرنا۔

پیسا پیسا کما یا چینی بھر اُٹھایا (ا) کہاوت۔ بہت سی محنت کرکے تھوڑے وقت میں لٹا دینا۔

پیسا ڈبونا (ہ) روپیہ کھونا۔ زر برباد کرنا۔

پیسا کھوٹا ہو جانا (ا) اولاد کا بدچلن اور آوارہ ہو جانا۔

پیس پاس کے (ہ) (عو) پیس کر۔

پیس پاس منہاج مرے۔ کرامت محمد جھنڈے کو (ا) مثل۔ محنت کوئی کرے۔ اور اس کا صلہ کوئی اور پائے۔

پیس ڈالنا (ہ) (۱) ٹکڑے ٹکڑے کر دینا (۲) تباہ کر دینا۔ خاک کر دینا۔

پیس لوں تو پیٹوں (ہ) کہاوت۔ یعنی روزی کا فکر مردے کے ماتم سے مقدم ہے۔

پیس موئی پکا موئی آئے کُتّے کھا گئے (ہ) (ہ) کہاوت۔ ہم محنت کرتے کرتے رہ گئے فائدہ کوئی اُٹھا لے گیا۔

پیسنا (ہ) (۱) ریزہ ریزہ کرنا۔ سفوف کرنا (۲) رگڑنا۔ گھسنا (۳) برباد کرنا۔ تباہ کرنا (۴) سخت کام کرنا۔ جی توڑ کر کام کرنا۔ سخت محنت یا مصیبت برداشت کرنا۔

پیسنجر (پے۔سن۔جر) (انگ۔ PASSENGER) مذکر۔ مسافر۔

پیسنجر ٹرین (انگ۔ PASSENGER TRAIN) مؤنث۔ مسافر گاڑی۔

پیسنی (ہ) مؤنث۔ سخت محنت۔ مصیبت۔

پیسے (ہ) پیسا کی جمع۔

پیسے کا میت (ہ) طامع۔ پیسے کا یار۔

پیسے والا (ہ) مذکر۔ دولت مند۔ مالدار۔ امیر۔

پیش (پیش) (ف) (۱) آگے۔ سامنے (۲) پہلے۔ قبل۔ آئندہ (۳) ضمہ۔ وہ علامت جو کسی حرف کے اوپر نصف واؤ کی آواز کے لئے لکھتے ہیں (۴) انگرکھے کی اگاڑی (۵) تسبیح کا وہ دانہ جو سب دانوں کے اوپر آتا ہے۔

پیش آنا (ا) (۱) آگے آنا۔ ظہور میں آنا (۲) بُرا یا بھلا سلوک کرنا۔

پیش از مرگ واویلا (ف) مثل۔ تکلیف سے پہلے ہی شور مچا دینا۔ کسی امر کے پیش آنے سے پہلے ہی تدبیریں سوچنے لگنا۔

پیش بنداف (ف) مذکر۔ زیر بند۔ وہ چمڑا یا نواڑ وغیرہ جو گھوڑے کی پوزی اور تنگ کے بیچ میں گردن جھکی رہنے کی غرض سے باندھتے ہیں۔

پیش بندی (ف) مؤنث۔ دور اندیشی۔ پہلے سے کسی بات کی تدبیر کرنا۔

پیش بینی (ف) مؤنث۔ مآل اندیشی۔ دور اندیشی۔

پیش پا افتادہ (ف) نہایت معمولی۔

پیش جانا یا چلنا (ا) قابو چلنا۔ کارگر ہونا۔

پیش خدمت (ف) مذکر (۱) امرا یا فوج کا وہ سامان جو کوچ سے آگے بھیجا جاتا ہے (۲) ہرکارہ۔ ملازم (۳) ہراول۔

پیش خیمہ (ف) مذکر (۱) وہ خیمہ جو امرا کے لئے آگے جا کر کھڑا ہوتا ہے۔ فوج کا وہ سامان جو کوچ سے آگے بھیجا جاتا ہے (۲) کسی امر کے آگے آنے کی علامت (۳) ہرکارہ۔ پیادہ۔ ملازم (۴) مقدمۃ الجیش۔ ہراول۔

پیش دست (ف) مذکر (۱) آگے کام کرنے والا۔ اسسٹنٹ۔ نائب (۲) سبقت کنندہ۔

پیش دستی کرنا (ا) سبقت کرنا۔ حملہ کرنا۔

پیش رفت (ف) مذکر (۱) قابو۔ بس (۲) مؤثر۔ کارگر۔

پیش رو (ف) مذکر۔ آگے آگے چلنے والا۔

پیش قبض (ف۔ع) مذکر۔ خنجر۔ چھرا۔ کٹار۔

پیش قدمی (ف۔ع) مؤنث (۱) بڑھ کے کام (۲) حملہ۔ چڑھائی (۳) دلیری۔ جرأت۔

پیش کرنا (ا) سامنے کرنا۔ حاضر کرنا۔ آگے رکھنا۔

پیش نظر (ف) نگاہ کے سامنے۔

پیش نماز (ف) مذکر۔ امام۔

پیش نہاد (ف) مذکر۔ مد نظر۔ ارادہ۔

پیشاب (پے۔شاب) (ف) مذکر۔ بول۔ موت۔

پیشاب بند ہونا (ا) (۱) موت بند ہونا (۲) کسی شخص سے نہایت ڈرنا۔

پیشاب خطا ہونا (ا) کسی شخص کا ڈر سے موت

نکل جانا۔
پیشاب کی راہ بہا نا (ا) (۱) کھا لے پینے میں اُڑانا۔ فضول خرچی کرنا (۲) بد چلنی میں صرف کرنا۔
پیشاب نہ کرنا (ا) (۱) حد حقیر سمجھنا۔ بالکل خاطر میں نہ لانا۔ جیسے میں تو پیشاب بھی نہیں کرتا۔
پیشانی (پے۔ شا۔ نی) (ف) مؤنث (۱) ماتھا۔ جبین (۲) (ا) قسمت۔ نصیب (۳) سرنامہ۔ القاب (۴) وہ کاغذ کی حد جو عبارت سے اوپر چھوڑ دیتے ہیں۔
پیشتر (ف) بہت پہلے۔ اوّل۔ سب سے پہلے۔
پیشکار (ف) مذکر (۱) پیش دست۔ مددگار۔ نائب (۲) نائب سررشتہ دار۔ مسل خواں۔
پیشکش (ف، مذکر (۱) بھینٹ۔ نذر (۲) ہدیہ۔ تحفہ۔ (۳) محصول۔ خراج۔
پیشگاہ (ف، مؤنث (۱) سامنے۔ روبرو۔ حضور (۲) دربار۔ صدر۔ اجلاس (۳) صدر مجلس (۴) حاکم۔ حضور۔ صاحب تخت۔
پیشگی (ف) مؤنث۔ وہ اجرت جو کام سے پہلے دی جائے۔ بیعانہ۔ سائی۔
پیشوا (پیش۔ وا) (ف) مذکر۔ رہبر۔ رہنما۔ امام (۲) مرہٹوں کا مورث اعلیٰ۔
پیشواز (ف) مؤنث۔ دیکھو "پشواز"۔
پیشوائی (ف) مؤنث (۱) رہبری۔ رہنمائی۔ (۲) استقبال۔ کسی کے آنے کی خبر سن کر اُسے لینے جانا۔
پیشہ (پے۔ شہ) (ف) مذکر۔ ہنر۔ فن۔ کام۔ دھندا۔ روزگار۔
پیشہ ور (ف) مذکر (۱) کسی قسم کا کام کرنے والا (۲) تاجر۔ دکاندار۔
پیشی (پے۔ شی) (ف) مؤنث (۱) حضوری۔ زیر تجویز۔ (۲) تاریخ مقدمہ۔
پیشی کا محرر یا منشی (ا) مذکر۔ وہ شخص جو مقدمات کے کاغذات پیش کرے۔ مسل خواں۔ پیشکار۔
پیشین (پے۔ شین) (ف) پہلا۔ قدیم زمانے کا۔ اگلا۔
پیشین گوئی (ف) مؤ۔ کسی آئندہ واقعے کا نجوم وغیرہ کے ذریعے سے پتا دینا۔
پیغارہ (پے۔ غا رہ) (ف) مذکر۔ طعنہ۔ سرزنش۔
پیغام (پے۔ غام) (ف) مذکر (۱) سندیسا۔ زبانی بات۔ پیام (۲) شادی یا نسبت وغیرہ کی درخواست۔
پیغام ڈالنا (ا) (عو) شادی یا نسبت کی درخواست کرنا۔
پیغام سلام (ا) مذکر (عو) سوال و جواب۔ بات چیت۔
پیغمبر (پے۔ غم۔ بر) (ف) مذکر۔ خدا کا حکم لانے والا پیشوائے دین۔ قاصد۔ ایلچی۔ سفیر۔ پیامبر۔ نبی۔
پیغمبری (ف) مؤنث۔ نبوت۔ رسالت۔ خدائی پیغام پہنچانے کی خدمت۔
پیک (پِیک) (ہ) مؤنث۔ پان کا رنگین تھوک۔
پیک (پَیک) (۱) (ف) مذکر۔ قاصد۔ ہرکارہ (۲) (انگ۔ PACK) صندوق یا بوری میں مال و اسباب کی بندش۔
پیکار (پے۔ کار) (ف) مذکر (۱) محصّل۔ حاصل کرنیوالا (۲) پھیری پھر کر بیچنے والا (۳) لڑائی۔ جنگ۔
پیکان (پے۔ کان) (ف) مذکر۔ برچھی یا بھالے وغیرہ کی انی۔ تیر کی نوک۔
پیکٹ (پے۔ کٹ) (انگ PACKET) (۱) کسی چیز کا چھوٹا سا بنڈل جو دونوں طرف سے اتنا کھلا ہو کہ رکھی ہوئی چیز معلوم ہو سکے (۲) ڈاک کا جہاز۔
پیکدان (ا) مذکر۔ اگالدان۔ وہ برتن جس میں پان کا اگال ڈال دیتے ہیں۔
پیکر (پے۔ کر) (انگ۔ PACKER) اسباب بند کرنے والا۔
پیکر (پے۔ کر) (ف) مؤنث۔ چہرہ۔ شکل۔ صورت۔ جیسے پری پیکر۔
پیکڑا۔ پیکڑی (پَیک۔ ڑا + پَیک۔ ڑی) (ہ) (۱) مذکر (۲) مؤنث (۱) قیدیوں کے پاؤں کی بیڑی (۲) عورتوں کے پاؤں کا نقرئی زیور۔
پیکھنا (پیکھ۔ نا) (ہ) (۱) دیکھنا (۲) خواہش کرنا (۳) مذکر۔ پتلیوں کا تماشا (۴) تماشا۔ نظارہ (۵) نظر کا دھوکا (۶) کٹھ پتلی۔ کھلونا (۷) عورتوں کی چترائی یا مکر (۸) فضول کام۔
پیگو (پے۔ گو) (ا) مذکر۔ برٹش برما کا ایک شہر۔
پیل (پِیل) (ہ) مؤنث (۱) دھکا۔ ریلا۔ جیسے دھکا پیل (۲) پیلنا کا امر۔
پیل (پِیل) (ف) مذکر (۱) ہاتھی۔ فیل (۲) شطرنج کا وہ مہرا جو آڑا چلتا اور آڑا ہی مارتا ہے۔

پیلا (پی - لا) (ہ) (۱) کیسری - زرد - زعفرانی (۲) شطرنج کا مہرہ - پیل ۔

پیلبان (ف) مذکر - فیل بان - مہاوت - ہاتھی چلانے والا ۔

پیلپا (ف) مذکر - پاؤں پھول کر نہایت موٹے ہو جانے کی بیماری ۔

پیلپایہ (ف) مذکر - کھم - تھم - ستون ۔

پیلڑا - پیلڑا (پیل - ... - پیل - ڑا) (ہ) مذکر - خمازہ - خصیہ - نماپہ

پیلنا (ہ) (۱) دھکیلنا - آگے یا پیچھے ہٹانا (۲) کولھو میں پیس - تیل نکالنا (۳) گھسیڑنا - داخل کرنا - (۴) ڈنڈ کے ساتھ "کرنے" کے معنی دیتا ہے - جیسے ڈنڈ پیلنا

پیلو (پی - لو) (ہ) مذکر (۱) ایک درخت جس کی جڑ اور شاخوں کی اکثر مسواک بناتے ہیں (۲) ایک راگنی (۳) فیل مرغ ۔

پیلہ (پی - لہ) (ف) مذکر (۱) ریشم کا کیڑا (۲) کویہ ابریشم (۳) شطرنج کا مہرہ

پیلی (ہ) مؤنث - زرد (ہندو - حو) اشرفی

پیم (پیم) (ہ) مذکر (ہندو) پریم - محبت - پیار ۔

پیمان (پے - مان) (ف) مذکر (۱) عہد - قسم - شرط - وعدہ (۲) اندازہ ۔

پیمانہ (پے - ما - نہ) (ف) مذکر (۱) جام شراب - گلاس - (۲) ناپنے کا آلہ - پیلا - ترازو - سکیل ۔

پیمائش (پے - ما - ئش) (ف) مؤنث - عموماً ہر قسم کی ناپ اور خصوصاً زمین کی ناپ ۔

پیمبر (پَم - بر) (ف) مذکر - دیکھو "پیغمبر" ۔

پیمک (پے - مک) (ہ) مؤنث - ایک قسم کا سہ ... جو کلابتوں سے بنایا اور انگرکھوں - ٹوپیوں وغیرہ پر لگایا جاتا ہے - لیس ۔

پیں (پیں) (ہ) مؤنث - باریک آواز - باجے یا نفیری کی آواز ۔

پینا (پے - نا) (ہ) (۱) تیز - بڑاں - نوکدار (۲) مذکر - آنکس

پینا (پی - نا) (ہ) (۱) نوش کرنا - کسی رقیق چیز کا حلق کے اندر اتارنا (۲) شراب نوشی کرنا (۳) حقے کا دم لگانا (۴) چوسنا - جذب کرنا (۵) چھپانا - برداشت کرنا ۔

پیں بولنا (ہ) عاجز ہونا - تنگ آجانا ۔

پینتالیس (پین - تا - لیس) (ہ) پانچ اوپر چالیس - چہل و پنج - ۴۵ - 45 ۔

پینتیس (پین - تیس) (ہ) مؤنث - پانچ اوپر تیس - سی و پنج - ۳۵ - 35 ۔

پینٹھ (پینٹھ) (ہ) مؤنث - آٹھویں روز کا بازار - روز بازار - ہاٹ ۔

پینجن (پیں - جن) (ہ) مذکر (ہندو) ایک قسم کا پاؤں کا زیور ۔

پینجنی (پیں - جنی) (ہ) مؤنث (۱) کبوتروں کے پاؤں میں ڈالنے والی کڑی (گھنگرو) (۲) گاڑی کی وہ حوض نما لکڑی جو پہیئے کی ناک ہوتی ہے - جس سے وہ دھرے سے باہر نہیں نکلنے پاتا ۔

پینڈا (پیں - ڈا) (ہ) مذکر - تلا - برتن کا نچلا حصہ ۔

پینڈی (ہ) مؤنث (۱) توپ یا بندوق کی کوٹھی (۲) گاجر یا مولی وغیرہ کی جڑ (۳) باقی دیکھو "پینی" ۔

پینڈے کا ہلکا (ہ) بات کا کچا - غیر مستقل مزاج - کبھی ادھر کبھی ادھر ہونے والا

پینڈے کے بل بیٹھنا (ہ) عوام (۱) چوتڑوں کے بل بیٹھنا (۲) ... عاجز ہو جانا

پینڈ (پینڈ) (ہ) مذکر - راستہ - پگڈنڈی - قدم ۔

پینڈلم (پین - ڈلم) (انگریزی) PENDULUM مذکر - گھنٹے کا لٹکن - پنڈولم ۔

پینڈوری (پیں - ڈوری) (ہ) مؤنث - ... کے اندر جو ٹیوب گھی اور کھانا تمدن کے بنانے کے کام آتے ہیں ۔

پینس (پی - نس) (ہ) مؤنث (۱) پالکی - ایک قسم کا ڈولا (۲) ناک کی ایک بیماری ۔

پینسٹھ (پیں - سٹھ) (ہ) پانچ اوپر ساٹھ - شصت و پنج - ۶۵ - 65 ۔

پینک (پی - نک) (ہ) مؤنث - افیون یا پوست کی اونگھ - نشہ کی غنودگی

پینک میں آنا (ہ) (۱) نشہ کی غنودگی میں آنا - اونگھنا (۲) پینک لینا (۳) نقص نکالنا - کمی نکالنا ۔

پینگڑا (پینگ - ڑا) (ہ) دیکھو "پیکڑا" ۔

پینگ (پینگ) (ہ) مؤنث (۱) جھولے کا لمبا جھونٹا

جو کھڑے ہو کر پیتے ہیں (۲) جھوے کی رسّی۔

پینی (پے-نی) (انگ PENNY) مؤنث۔ ایک آنے کے برابر ولایتی سکّہ۔

پیوڑی (پیُو-ڑی) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی زرد مٹی۔

پیوست (پے-وَسْت) (ف) (۱) ملا ہوا۔ جڑا ہوا۔ (۲) مؤنث۔ جوڑ۔ پیوستگی۔ ملاپ۔

پیوست کرنا (ف) (۱) ملانا۔ چسپاں کرنا (۲) مضبوط کرنا۔ خشک کرنا (۳) ایک جان کرنا۔

پیوستہ (ف) (۱) ملا ہوا۔ ملحق (۲) ایک جان (۳) ہمیشہ۔ مدام۔

پیوسی (پیُو-سی) (ہ) مؤنث۔ گائے بھینس کا وہ گاڑھا دودھ جو بچہ ہونے کے تین دن بعد تک رہتا ہے۔ (پنجابی) اوہلی۔

پیون (پی-اَن) (انگ PEON) مذکر۔ ہرکارہ۔ ڈاکیہ۔ چٹھی رساں۔

پیوند (پے-وَنْد) (ف) مذکر (۱) بندش۔ بستگی (۲) چیپی۔ جوڑ۔ مناسبت۔

پیوند لگانا (ف) (۱) جوڑ لگانا۔ گانٹھنا (۲) ایک درخت کی شاخ کو دوسرے درخت کی شاخ میں ملانا (۳) میل سے میل ملانا۔

پیوندی (ف) (۱) پیوند لگا ہوا۔ وہ درخت جس میں پیوند لگایا گیا ہو (۲) پیوند والے درخت کا پھل (۳) بڑا آڑو۔ شفتالو (۴) دوغلا۔ دورنگا۔

پیوندی مونچھیں (ہ) مؤنث۔ وہ حلقہ نما مونچھیں جنہیں بانکے آدمی اکثر گالوں سے چپکا لیتے ہیں۔

پیہ (پیہ) (ف) مؤنث۔ چربی۔

پیہی (پے-اِی) (ہ) مؤنث۔ پاؤ کا مخفف۔

پیٹی (پے-اِی) (ہ) مؤنث۔ پہننے کے کپڑے رکھنے کا چھوٹا صندوق یا پٹارا۔

پیے دودھ اور کھائے مال (ہ) مثل۔ اس شخص کی نسبت کہتے ہیں۔ جو عیش و عشرت میں زندگی بسر کرتا ہو۔

پیہر (پے-ہَر) (ہ) مذکر۔ میکا۔ ماں باپ کا گھر۔

پیہم (پے-ہَم) (ف) لگاتار۔ متواتر۔ پے در پے۔

پیہو (پی-ہُو) (ہ) مذکر۔ پستو۔ کیک۔

ت

ت (ع) مؤنث - (١) اُردو اور فارسی حروف تہجی کا چوتھا - عربی کا تیسرا حرف ہے (٢) ابجد کے حساب سے اس کے ٤٠٠ عدد مقرر ہیں ◆

ت - ا

تا (تَا) (١) ایک کلمہ ہے - جو نیچے دوسروں کو جتانے کے معنوں میں استعمال کرتے ہیں - یعنی میں نے دیکھ لیا (٢) مذکر - کاغذ کا ایک تختہ - (ف) تک - جس وقت تک - جب تک ◆

تا بہ حیات تا بہ زیست (ف - ع) جیتے جی - عمر بھر ◆

تا بہ کجا - تا بکے (ف) کہاں تک - کب تک ◆

تا بہ مقدور (ف - ع) جہاں تک ممکن ہو - حتی الامکان ◆

تا تریاق از عراق آوردہ شود - مار گزیدہ مردہ شود (ف) مثل - جب تک تریاق عراق سے لایا جائیگا - سانپ کا ڈسا مر جائیگا - سخت انتظار کرنے کے موقع پر کہتے ہیں ◆

تا چند (ف) کب تک ◆

تا حال (ف - ع) اس وقت تک - اب تک ◆

تا کہ (ف) کیونکہ - اس لئے کہ ◆

تا مرد سخن نگفتہ باشد عیب و ہنرش نہفتہ باشد (ف) جب تک آدمی بات نہ کرے - اس کے عیب و ہنر چھپے رہتے ہیں ◆

تاہم (ف) پھر بھی - اس پر بھی ◆

تاب (تَابْ) (ف) مؤنث (١) روشنی - نور - چمک (٢) گرمی - حرارت (٣) پیچ - خم (٤) طاقت - مجال (٥) برداشت - صبر (٦) رنج و محنت (٧) آب - جلا (٨) مروڑ - پیچش ◆

تاب نہ لانا (ہ) برداشت نہ کرسکنا - گھبرا جانا ◆

تاب و تواں / تاب و طاقت (ف) مؤنث (١) مجال - قدرت (٢) آب - جلا (٣) حوصلہ - (٤) (ف - ع) صبر و قرار ◆

تاباں (ف) (١) چمکدار - روشن (٢) بل کھائی ہوئی - پیچیدہ - خم دار ◆

تابداں (ف) مذکر - روشندان - روزن - وہ بڑا سوراخ جو مکانوں میں روشنی کے لئے بنایا جاتا ہے ◆

تابڑ توڑ (تَا - بَرْ - تَوْڑ) (ف) متواتر - لگاتار - پیہم - اوپر تلے ◆

تابستان (تَابِسْ - تَانْ) (ف) گرمی - موسم گرما ◆

تابش (تَا - بِشْ) (ف) مؤنث (١) حرارت - گرمی - تپش (٢) چمک - روشنی ◆

تابع (تَا - بِعْ) (ع) (١) ماتحت - مطیع - فرمانبردار - پابند (٢) ملازم - نوکر ◆

تابعدار (تَا - بِعْ - دَارْ) (ف) لغوی معنی تو ہیں "تابع رکھنے والا" مگر عام طور پر مطیع و فرمانبردار کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے - (غلط العوام) ◆

تابعداری (ہ) مؤنث (١) فرمانبرداری - اطاعت (٢) نوکری - ملازمت (غلط العوام) ◆

تابعداری کرنا (ہ) (١) اطاعت کرنا - حکم ماننا (٢) نوکری کرنا - ملازمت کرنا ◆

تابع مرضی مالک (ع) مذکر - وہ کاشت کار جو مالک کی مرضی کے تابع ہو - خود کسی امر کا مجاز نہ ہو ◆

تابعی (ع) مذکر - وہ شخص جس نے اصحاب رسول اللہ کو دیکھا ہو ◆

تابعین (ع) مذکر (١) تابع کی جمع - فرمانبردار لوگ (٢) مسلمانوں کا وہ گروہ جس نے ایک یا ایک سے زیادہ مرتبہ اصحاب رسول اللہ کی زیارت کی ہو ◆

تابندہ (تَا - بِنْ - دَہْ) (ف) چمکتا ہوا - روشن ◆

تابوت (تَا - بُوْتْ) (ع) مذکر (١) وہ صندوق جس میں مردے کی لاش رکھتے ہیں - ارتھی (٢) لاش - جنازہ ◆

تابہ (تَا - بَہْ) (ف) مذکر (١) پیچیدہ - بل کھایا ہوا (٢) تاباں - روشن (٣) توا ◆

تابیدہ (ف) دیکھو "تابہ نمبر ۱ و ۲"۔

تاپ (تاپ) (ہ) مذکر (۱) حرارت۔ گرمی۔ تاب (۲) تپ۔ بخار۔

تاپ تلی (ا) مؤنث۔ ورم طحال۔ کمزوری کے سبب تلی کا بڑھ جانا۔

تاپنا (ہ) گرمی پہنچانا۔ سینکنا۔ گرم ہونا۔

تات (تات) (س) مذکر۔ باپ۔

تاتا (تا۔تا) (ہ) (گنوار) گرم۔ گرماگرم

تاتا تھیّی (ہ) مؤنث۔ اس لفظ کو گانے بجانے والے تال برابر کرنے کے لیے زبان اور ہتھیلی سے ادا کرتے ہیں۔

تأثر (تاث۔ ثُر) (ع) مذکر۔ اثر قبول کرنا۔ اثر رہنا۔

تاثیر (تا۔ثیر) (ع) مؤنث (۱) نشان (۲) نتیجہ۔ پھل۔ (۳) اثر۔ خاصیت۔ عمل۔ گن۔

تاثیرِ قانون (ع) مؤنث۔ قانون کا نتیجہ یا اثر۔ قانون کا کارگر ہونا۔

تاثیر کرنا (ا) اثر کرنا۔ سرایت کرنا۔

تاج (تاج) (ع) مذکر (۱) شاہی ٹوپی۔ مکٹ۔ افسر (۲) پرندوں کا طرہ۔ کلغی (۳) مکان کا چھجا یا کنگنی (۴) گنجفے کا ایک رنگ۔

تاج پوشی (ف) مؤنث۔ تاج پہننا۔

تاجِ خروس (ف) مذکر (۱) مرغ کے سر کی کلغی (۲) ایک قسم کا سُرخ پھول۔

تاجدار (ع۔ف) مذکر۔ بادشاہ۔ صاحبِ تاج۔ تاج والا

تاج رکھنا (ا) بادشاہ بننا۔ تاج پہننا۔

تاجور (ع۔ف) مذکر۔ بادشاہ۔ صاحبِ تاج۔

تاجر (تا۔جِر) (ع) مذکر۔ سوداگر۔ تجارت کرنے والا۔ بیوپاری۔

تاجو (تا۔جو) (ہ) بھاوج کے ساتھ بدسلوکی کرنے والی عورت۔ بے رحم عورت۔

تاخت (تاخت) (ف) مؤنث (۱) لُوٹ۔ تباہی (۲) حملہ۔ دھاوا۔

تاخت و تاراج کرنا (ا) برباد کرنا۔ تباہ کرنا۔ لُوٹ لینا۔

تأخر (تا۔خُر) (ع) مذکر (۱) پیچھے ہونا (۲) دیر کرنا۔

تاخیر (تا۔خیر) (ع) مؤنث۔ دیر۔ توقف۔ وقفہ۔ ڈھیل۔

تادیب (تا۔دِیب) (ع) مؤنث (۱) تنبیہ۔ چشم نمائی۔ (۲) ادب سکھانا (۳) علم زبان سکھانا۔

تاذّی (تا۔ذّی) (ع) مؤنث۔ ایذا اٹھانا۔ آزردہ ہونا۔

تار (تار) (ف) مذکر (۱) تاگا۔ دھاگا (۲) کسی دھات وغیرہ کا لمبا اور گول ڈورا (۳) تانا بانا (۴) سلسلہ (۵) ریزہ۔ پارہ (۶) قوام کا چیپ (۷) خطوط پرونے کا تار (۸) تار برقی (۹) وہ خبر جو تار کے ذریعے سے آئے۔ (۱۰) اندھیرا۔ تاریکی۔ (۱۱) (عو) چھلا۔ انگوٹھی۔

تار باندھنا (ا) کسی کام کا علی التواتر کرنا۔ سلسلہ باندھنا۔

تار بتار (ا) (۱) پراگندہ۔ غیر مسلسل (۲) غیر حالی۔ مفلس۔ بے پروا۔

تار برقی (ف۔ع) مؤنث (۱) وہ تار جو ایک جگہ سے دوسری جگہ خبر پہنچاتے۔ علامات سے خبر پہنچانے کا آلہ (۲) وہ خبر جو تار کے ذریعے سے آئے۔

تار تار کرنا (ا) کپڑا ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ پھاڑنا۔

تار توڑ (ا) مذکر۔ کارچوبی کام۔ ایک قسم کا سوئی کا کام جو کپڑے پر ہوتا ہے۔

تار ٹوٹنا (ا) سلسلہ نہ رہنا۔ کسی ہوتے ہوئے کام کا رک جانا۔

تار دبکنا (ا) تاروں کو کوٹ کر گوٹے کے لیے چوڑا کرنا

تار دیکھنا (ا) چاشنی کے پک جانے کا حال دریافت کرنا۔

تارکش (ف) مذکر۔ سونے چاندی کے تاروں کو جنتری میں کھینچ کر لمبا اور باریک کرنے والا۔

تارکشی (ف) مؤنث۔ تار کھینچنے کا کام یا پیشہ۔

تار گھر (ا) مذکر۔ تار برقی کا دفتر۔ ٹیلیگراف آفس۔ وہ جگہ جہاں سے تار برقی کی خبر روانہ ہوتی ہے۔

تار نکالنا (ا) (۱) کپڑے میں سے تاگے نکالنا (۲) (عو) پتا لگانا۔ سراغ نکالنا (۳) باریک اور لمبی سوتیاں بننا۔

تار و پود (ف) مذکر۔ تانا بانا۔

تارا (تا۔را) (ہ) مذکر (۱) ستارا۔ نیر۔ کوکب۔ نجم۔ (۲) آنکھ کی پتلی (۳) نہایت بلند یا نیچے یا دور فاصلے

کی چیز جو فضا سی معلوم ہو (۴) ایک باریک ڈورا جو کسی دماغی ضعف کے باعث آنکھ کے سامنے نظر آئے ۔

تارا ٹوٹنا (ا) شہاب ثاقب کا گرنا کسی شرارے کا آسمان سے نیچے گرنا ۔

تارا ڈوبنا (ا) تارا سا غروب ہونا ۔

تارا سی آنکھیں ہو جانا (ا) آنکھوں کا آشوب سے بالکل پاک و صاف ہو جانا ۔

تارا منڈل (ہ) مذکر (۱) تاروں کا حلقہ یا کنڈل (۲) ایک قسم کی آتش بازی ۔

تارا ہو جانا (ا) (۱) نہایت بلند اور اونچا ہو جانا آسمان سے لگ جانا (۲) نہایت تہ میں ہو جانا ۔

تاراج (تا۔ راج) (ف) مذکر۔ لوٹ۔ غارت۔ غارتگری ۔

تارپیڈو (ہند) انگ۔ ٹارپیڈو۔ TORPEDO) مذکر۔ سگار کی شکل کا ایک آلۂ جنگ جس کے اندر آتش گیر مادہ ہوتا ہے۔ یہ سمندر کی لڑائی میں کام آتا ہے۔ اور اس سے جہاز کو غرق کر دینے کا کام لیا جاتا ہے ۔

تارپین (ہند) انگ۔ ٹرپن ٹائین TURPEN, TINE) مذکر۔ گندہ بیروزہ ۔

تارپین کا تیل (ا) مذکر۔ گندے بیروزے کا نکالا ہوا تیل ۔

تارک (تا۔ رَک) (ف) مذکر (۱) مانگ (۲) ایک قسم کی ٹوپی (۳) سر کے اوپر کا حصّہ (۴) پہاڑ کی چوٹی (۵) لوہے کا خُود ۔

تارک (تا۔ رِک) (ع) مذکر۔ تیاگی۔ چھوڑنے والا ۔

تارک الدّنیا (ع) وہ شخص جس نے دنیا کو چھوڑ دیا ہو۔ پرہیزگار۔ خلوت نشین ۔

تارک الصّلوٰۃ (ع) بے نماز۔ نماز ترک کرنے والا ۔

تارکول (ہند) انگ۔ ٹارکول TAR COAL) رال۔ قیر۔ لک کا تیل ۔

تاروں بھری رات (ا) مؤنث (عو) (۱) ایسی رات جس میں آسمان صاف اور ستارے بخوبی کھلے ہوئے ہوں ۔

تاروں کی چھاؤں (ا) مؤنث (عو) (۱) ستاروں کی روشنی (۲) پچھلی رات۔ بہت سویرے ۔

تارے (ا) مذکر۔ تارا کی جمع ۔

تارے توڑنا (ا) (عو) (۱) ایسا کام جو دوسروں سے نہ ہو سکے (۲) چالاکی کرنا ۔

تارے چھٹکنا (ا) (۱) تارے کھلنا مطلع صاف ہو کر تاروں کا نکل آنا (۲) تارے چمکنا ۔

تارے دکھائی دینا (ا) دماغی صدمہ یا کمزوری کے باعث آنکھوں کے سامنے ترمرے نظر آنا ۔

تارے دکھانا (ا) ایک رسم جس میں ہندوستان کی توہم پرست مسلمان عورتیں زچہ کو چھٹی کے بعد تارے دکھاتی ہیں۔ ان کے نزدیک اس طرح زچہ کو جن پری کا خوف نہیں رہتا ۔

تارے گننا (ا) (۱) اختر شماری کرنا (۲) عاشق کا شب تنہائی میں بسر کرنا (۳) رات بھر جاگنا ۔

تاریخ (تا۔ ریخ) (ع) مؤنث (۱) ایک دن رات۔ مہینے کا ایک دن (۲) کسی چیز کے ظہور کا وقت (۳) وہ فن یا کتاب جس میں بادشاہوں اور مشہور آدمیوں کے حالات پیدائش و وفات وغیرہ درج ہوں۔ (۴) جملے۔ شعر یا فقرے جن کے عدد نکالنے سے مادۂ تاریخ نکل آئے (۵) روایات۔ قصّے افسانے (۶) جھگڑے ۔

تاریخ ارجاع (ع) مؤنث۔ بنائے دعویٰ پیش یا مقدمہ دائر کرنے کی تاریخ ۔

تاریخ ٹھہرنا (ا) (عو) نسبت بیاہ یا کسی اور تقریب کا دن مقرر ہونا ۔

تاریخ چسپانی (ع۔ ف) مؤنث۔ مقدمات کی پیشی کی تاریخوں کا ترتیب وار بورڈ پر چسپاں کرنا ۔

تاریخ ظہور بنائے دعویٰ (ع) مؤنث۔ بنائے دعویٰ کے ظہور کی تاریخ ۔

تاریخ کہنا (ا) کسی واقعے کو نظم یا نثر میں بحساب ابجد ظاہر کرنا۔ جس سے واقعۂ مذکور کا سن معلوم ہو سکے ۔

تاریک (تا۔ ریک) (ف) (۱) سیاہ۔ کالا (۲) اندھیرا۔ دھندلا ۔

تاریکی (ف) مؤنث (۱) ظلمت۔ سیاہی (۲) اندھیرا۔ دھندلاپن ۔

تاڑ (تاڑ) (ہ) مذکر (۱) کھجور کی مانند ایک لمبا درخت جس میں سے تاڑی نکالتے ہیں (۲) تاڑنا کا امر ۔

تاڑنا (تاڑ۔ نا) (ہ) (۱) کسی علامت کے بغیر پہچاننا۔ سمجھ جانا۔ بھانپنا (۲) قیاسے یا علامت سے پہچاننا (۳) نکالنا۔ دھتکارنا (۴) دوسرے کی بات کا جانچنا۔ (۵) ڈانٹنا۔ پیٹنا۔ مارنا ۔

تاڑو (ہ) مذکر۔ تاڑنے والا۔ بھانپو۔
تاڑی (ہ) مؤنث (۱) تاڑ کا دودھ یا رس جس کے پینے سے نشہ ہو جاتا ہے (۲) کٹار کا قبضہ۔
تاز (تَاز) (ف) تاختن کا امر۔ حملہ۔ دوڑ۔
تازگی (تَا۔زَگی) (ف) مؤنث (۱) سرسبزی۔ طراوت۔ (۲) جدت۔ نیاپن۔
تازہ (تَا۔زَہ) (ف) (۱) نیا۔ جدید (۲) ہرا۔ سبز۔ تر۔ سرسبز (۳) ڈال کا ٹوٹا ہوا (۴) موٹا۔ فربہ (۵) تندرست۔ بے تکان (۶) گرماگرم۔ نوبنو۔
تازہ بتازہ (ف) (۱) گرماگرم (۲) نیا۔ جدید۔
تازہ دم (ف) مستعد۔ چست۔ توانا۔
تازہ کار (ف) (۱) تازہ کام کرنے والا۔ نیا کام کرنے والا (۲) مبتدی۔
تازہ وارد (ف۔ع) (۱) نووارد۔ حال کا آیا ہوا۔
تازہ ولایت (ف۔ع) (۱) نووارد۔ پردیسی (۲) وہ شخص جو دوسرے کی زبان نہ سمجھے (۳) بے وقوف۔ تازہ لوح۔
تازی (تَا۔زِی) (ف) (۱) عربی۔ عرب کا گھوڑا یا شکاری کتا (۳) زبان عربی (۴) وہ حروف جو عجمی نہ ہوں۔
تازی خانہ (ف) مذکر۔ کتوں کا طویلہ۔
تازی مار ترکی کا نیا (ا) کہاوت۔ ایک کو سزا ہوئی دوسرے پر عبرت چھائی۔
تازیانہ (تَا۔زِیَا۔نَہ) (ف) مذکر۔ کوڑا۔ چابک۔ قمچی۔
تازیانہ ہونا (ا) (۱) چابک پڑنا۔ تنبیہ ہونا (۲) طرّہ ہونا۔
تاس (ف) مذکر۔ بڑا طشت۔ تسلا۔
تاسف (تَاَس۔سُف) (ع) مذکر۔ افسوس۔ حسرت۔ پچھتاوا۔ واویلا۔
تاسہ (تَا۔سَہ) (ف) مذکر۔ دیکھو "تاشہ"۔
تاسیس (تَا۔سِیْس) (ع) مؤنث (۱) بنیاد رکھنا۔ مضبوط کرنا (۲) علم عروض کی اصطلاح میں وہ الف ساکن جس کے اور روی کے درمیان ایک حرف متحرک واسطہ ہو۔ جیسے "خاور" اور "باور" کا الف۔
تاش (تَاش) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا زری کا کپڑا جس کا تانا ریشم کا اور بانا بادلے کا ہوتا ہے۔ زربفت۔ بادلہ (۲) گنجفے کی وضع کا ایک کھیل (۳) (ف) خداوند۔ شریک۔ دوست۔
تاشا۔ تاشہ (تَا۔شَا + تَا۔شَہ) (ا) مذکر۔ ایک قسم کی دف جسے گلے میں ڈال کر ڈھول کے ساتھ بجاتے ہیں۔
تافتان (تَاف۔تَان) (ا) مؤنث۔ ایک قسم کے موٹے کناروں کی نہایت ملائم خمیری روٹی۔
تافتہ (تَاف۔تَہ) (ف) مذکر (۱) ایک قسم کا چمکیلا ریشمی کپڑا (۲) سفید رنگ کا چمکیلا گھوڑا یا کبوتر۔
تاقی (تَا۔قِی) (ت) مذکر (۱) وہ گھوڑا جس کی دونوں آنکھیں ایک رنگ کی نہ ہوں (۲) عیب دار۔ منحوس (۳) ٹوپی۔
تاک (تَاک) (ف) مذکر و مؤنث (۱) انگور کی بیل یا درخت (۲) مؤنث۔ نگاہ۔ ٹکٹکی (۳) گھات۔ کمین (۴) انتظار (۵) شست۔ نشانہ (۶) تاکنا کا امر۔
تاک باندھنا (ہ) برابر دیکھے جانا۔ ٹکٹکی باندھنا۔ نشانہ باندھنا۔
تاک جھانک (ہ) مؤنث (۱) دیکھ بھال۔ تلاش و تجسس (۲) نظربازی۔ گھوراگھاری۔
تاک رکھنا (ہ) (۱) گھات میں لگے رہنا (۲) پہچان رکھنا۔ تاڑ رکھنا۔
تاک کر مارنا (ہ) شست باندھ کر نشانہ لگانا۔ نشانہ نہ چوکنا۔
تاک لگانا (ہ) (۱) گھات لگانا۔ نظر رکھنا (۲) تلاش میں رہنا۔ انتظار کرنا۔
تاک میں رہنا (ہ) تلاش میں رہنا۔ وقت کا انتظار کرنا۔ منتظر رہنا۔
تاکنا (ہ) (۱) گھورنا۔ ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا (۲) دیکھنا۔ (۳) جھانکنا۔ چھپ کر دیکھنا (۴) تاڑنا۔ پہچاننا۔ (۵) نشانہ باندھنا (۶) انتظار کرنا۔
تاکید (تَا۔کِیْد) (ع) مؤنث (۱) اصرار۔ ضد۔ ہٹ (۲) تقاضا۔ کوشش (۳) بار بار کہنا۔ زور سے کہنا۔
تاکیداً (تَا۔کِی۔دَنْ) (ع) نہایت اصرار سے۔ زور ڈال کر۔
تاکیدی حکم (ف۔ع) مذکر۔ ضروری حکم۔ سخت حکم۔
تاگا (تَا۔گَا) (ہ) مذکر (۱) ڈورا۔ دھاگا۔ سوت۔ تار (۲) (یورپ کے) آدمیوں کا محصول۔
تاگڑی۔ تگڑی (تَاگ۔ڑِی + تَگ۔ڑِی) (ہ) مؤنث۔ (۱) تاگے کا بٹا ہوا ڈورا (۲) زنجیر کی قسم کا ایک زیور جسے کمر میں لگاتے ہیں۔
تاگنا (تَاگ۔نَا) (ہ) (۱) دھاگا ڈالنا (۲) سینا پرونا۔ (۳) کچی سلائی کرنا۔

تال (تال) (ہ)، مذکر (١) تالاب (٢) عینک کا شیشہ۔ چشمہ (٣) راگ کے سُر کو ضبط کرنے کے لئے ہاتھ پر ہاتھ مارنا (٤) مؤنث۔ پیتل کی دو چھوٹی کٹوریاں جو طبلے یا ڈھولک کے ساتھ بجاتے ہیں (٥) (پورب) پہلوانوں کا خم ٹھونکنا۔

تال دینا (ہ) تان کا اصول نغمہ کے مطابق وزن پر ہونے کے لئے تالی بجانا۔

تال سے بے تال ہونا (ہ) سُر تان سے اکھڑ جانا۔ بے موقع تان لینا۔

تال میل (ہ)، مذکر (١) موافقت۔ موزونیت (٢) میل جول۔ ربط ضبط (٣) حسب موقع۔ قرینے سے۔

تال میل کھانا (ہ)، (١) موافقت ہونا۔ سنجوگ ہونا۔ (٢) تال کا سُر کے ساتھ ملنا۔

تالا (تا۔ لا) (ہ)، مذکر۔ قفل۔ کنجی کے بغیر نہ کھلنے کا آلہ۔

تالا پھرنا (ہ)، (ہندو، اعو) قفل لگنا۔ دروازہ بند ہونا۔ ایک قسم کی بد دعا۔

تالا توڑنا (ہ) قفل توڑنا۔ قفل توڑنے کا جُرم کرنا۔

تالا کنجی (ہ)، مذکر (١) قفل مع کلید (٢) ہندو۔ بچوں کا ایک کھیل۔

تالاب (تا۔ لاب) (ف)، مذکر۔ آب گیر۔ بڑا حوض چشمہ۔

تآلف (تاء۔ لُف) (ع)، مذکر۔ الفت۔ دوستی۔ سازگاری۔

تألم (تاء۔ لُم) (ع)، مذکر۔ دکھ پانا۔

تال مکھانہ (ہ)، مذکر۔ ایک قسم کا چوڑا بیج۔

تالو (تا۔ لو) (ہ)، مذکر (١) منہ کے اندر کی چھت (٢) دماغ کے اوپر کی سطح۔ چندیا (٣) گھوڑے کا ایک عیب۔

تالو سے زبان نہ لگنا (ہ)، (١) چپ نہ رہنا۔ خاموش نہ رہنا (٢) سوکھ جانا۔

تالو لٹکنا (ہ) منہ کی بیماری کے باعث تالو کا اپنے مقام سے کچھ نیچے آ جانا۔

تالی (تا۔ لی) (س)، مؤنث (١) کنجی۔ کلید۔ چابی (٢) دونوں ہاتھوں سے بجانے کی آواز۔

تالی ایک ہاتھ سے نہیں بجتی (ا) مثل محبت یا لڑائی دونوں طرف سے ہوا کرتی ہے۔ ایک طرف سے نہیں ہو سکتی۔

تالی بجانا (ہ) ہاتھ پر ہاتھ مار کر آواز نکالنا۔ عموماً خوشی ہی یا تضحیک۔ ہنسی یا اصول نغمہ پر تال بجانے کے لئے۔

تالی بجنا (ہ) بدنامی ہونا۔ رسوائی ہونا۔

تالی دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے (ہ) مثل لڑائی یا محبت دونوں ہی طرف سے ہوتی ہے۔

تالیاں (ہ)، مؤنث۔ تالی کی جمع۔

تالیاں بجانا (ہ)، ذلیل و رسوا کرنا۔ تمسخر کرنا۔ مسخرا بنانا۔

تالیف (تا۔ لیف) (ع)، مؤنث (١) دو چیزوں کو باہم ملانا یا جمع کرنا (٢) مختلف کتابوں سے مضامین جمع کر کے نئے پیرائے میں ترتیب دینا (٣) دوستی پیدا کرنا۔

تالیف قلوب (ع)، مؤنث۔ دل جوئی کرنا۔ الفت دلانا۔

تام (تا۔ م) (ع)، کل۔ پورا۔ تمام۔ مکمل۔

تام (تا۔ م) (س)، مذکر (١) شام۔ تاریکی (٢) گھبراہٹ (٣) (ہ) تانبا۔

تام جان۔ تام جھام۔ تام دان (تام۔ جان۔ تام۔ جھام۔ تام۔ دان) (ف)، مذکر (١) ہوادار (٢) ایک قسم کی پالکی۔

تام چینی (ہ)، مذکر۔ مینا کاری کیا ہوا تانبا۔

تامرس (ہ)، مذکر (١) تانبا (٢) سونا (٣) کنول۔

تامڑا (تام۔ ڑا) (ہ)، مذکر (١) یاقوت کی قسم سے ایک قسم کا جواہر (٢) تنبے کی کھوپری (٣) تانبے کے رنگ (٤) صاف مطلع (٥) ایک قسم کا کاغذ۔

تامس (تا۔ مس) (ہ)، مذکر (ہندو) غصہ۔

تامسی (ہ)، غصے والا۔ ناری۔

تامل (تا۔ مُل) (ع)، مذکر (١) سوچ۔ فکر۔ اندیشہ۔ بچار (٢) عرصہ۔ وقفہ (٣) صبر و تحمل۔ برداشت (٤) شبہ۔ شک۔ تذبذب۔

تامل (تا۔ مل) (ہ)، مؤنث (١) جنوبی ہند کی ایک ہندو قوم (٢) جنوبی ہند اور لنکا کی زبان۔

تاملوٹ۔ تاملیٹ (تام۔ لوٹ + تام۔ لیٹ) (ا) مذکر۔ پانی پینے کا ٹین کا برتن۔ آبخورہ۔

تامیسری (تا۔ میس۔ ری) (ہ)، مذکر (١) ایک طرح کا گنجا (٢) تانبا ملا ہوا سونا چاندی (٣) تانبے کے رنگ کا۔ مسی۔

تان (تان) (ہ)، مؤنث (١) الاپ۔ سُر۔ گت۔ تال۔ (٢) پلنگ۔ پالکی۔ گاڑی وغیرہ کی آہنی سلاخ (٣)

ایک درخت۔

تان آڑانا (ہ) (۱) گانا۔ الاپنا (۲) کسی قسم کی لے یا طرز حاصل کر لینا۔

تان توڑنا (ہ) (۱) گیت کا سم پر لا کر ختم کرنا (۲) (ل) (عو) طعنہ دینا۔

تان کی جان (ل) مؤنث۔ حاصل مدعا۔ خلاصہ مقصد۔ معنی مطلب۔

تان (تَان) (ہ) تاننا کا امر۔

تان کے (ہ) کھینچ کر۔ زور سے۔ جما کر۔

تاننا (تَان۔ نَا) (ہ) (۱) پھیلانا۔ بڑھانا (۲) کسنا۔ جکڑنا۔ جھول دور کرنا (۳) مقدمہ دائر کرنا (۴) قید کرنا (۵) (عوام) بھیجنا۔ روانہ کرنا۔

تان (تَان) (ل) مذکر (طعن کا مخرب) طعنہ۔

تانا (ل) مذکر۔ طعنہ۔

تان تروز (تَان۔ تَرُوز) (ہ) مذکر (عو) طعنہ مہنہ۔ آوازہ کرانہ۔ اشارہ کنایہ۔

تانے تشنے (ل) مذکر (طعن و تشنیع کا مخرب) طعنے مہنے۔

تانا (تَا۔ نَا) (ل) مذکر۔ وہ لمبا تار جسے جلاہوں نے بُننے کے لئے ترتیب دیا ہو۔

تانا بانا (ہ) مذکر (۱) تار پود (۲) خواہ مخواہ آنا جانا۔

تانا بانا کرنا (ہ) (۱) ایرا پھیری کرنا۔ بے فائدہ چکر لگانا۔

تانا (تَا۔ نَا) (ہ) (ہند۔ و) (۱) گرم کرنا۔ پگھلانا (۲) (عوام) تاؤ دینا۔ تپانا (۳) تجربہ کرنا۔ آزمانا۔

تانبا (تَاں۔ بَا) (ہ) مذکر (۱) ایک دھات۔ مس (۲) (ل) گوشت کا ٹکڑا جو باز و شاہین وغیرہ شکاری پرندوں کو کھلاتے ہیں۔

تانبا سا آسمان ہو جانا (ل) بارش کا نہ ہونا۔ قحط کے آثار نمودار ہونا۔

تانب چون (تَانْب۔ چُون) (ہ) مذکر۔ تانبے کا بُرادہ۔

تانبے کا تار نہیں (ل) (عو) نہایت مفلس و مفلوک ہے۔ از حد تنگ دست اور قلاش ہے۔

تانت (تَانْت) (ہ) مؤنث (۱) بھیڑ بکری یا گائے وغیرہ کی وہ انتڑی جو بٹ کر کمان۔ سارنگی وغیرہ میں لگاتے ہیں (۲) سارنگی وغیرہ کا تار (۳) (پورب) جلاہے وغیرہ کا راچھ۔

تانت باجی راگ پایا (ہ) مثل۔ قرینے ہی سے مطلب پہچان لیا جاتا ہے۔

تانتا (تَاں۔ تَا) (ہ) مذکر۔ قطار۔ سلسلہ۔

تانتڑی (ہ) مؤنث (۱) تانت کی تصغیر (۲) (عو) نہایت دبلا پتلا۔ منحنی۔

تانتوا (ہ) مذکر۔ فتق۔ آنت اُترنے کی بیماری۔

تانتی (تَاں۔ تِی) (ہ) مؤنث (۱) سلسلہ۔ قطار (۲) اولاد۔ بال بچے (۳) (پورب) جلاہا۔ پارچہ باف۔

تانسنا (تَانْس۔ نَا) (ہ) (عو) (۱) دھمکانا۔ ڈانٹنا۔ تنبیکرنا۔ (۲) خوراک سے کم دینا۔ بدسلوکی کرنا۔ بُرا کہنا۔

تان سین (تَان۔ سِین) (ہ) مذکر۔ ایک مشہور برہمن کلاونت اور فن موسیقی کے استاد کا نام جو شہنشاہ جلال الدین اکبر کے زمانے میں گزرا ہے۔

تانگا۔ تانگہ (تَاں۔ گَا + تَاں۔ گَہ) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کی گاڑی جس میں دو نشستیں ہوتی ہیں۔

تانیث (تَا۔ نِیث) (ع) مؤنث۔ تذکیر کا نقیض۔ مؤنث ہونا۔

تاوا (تَا۔ وَا) (ہ) مذکر (۱) چکر (۲) کبوتروں کا مکان کے گرد اُڑنا۔

تاوان (تَا۔ وَان) (ف) مذکر (۱) جرمانہ۔ ڈنڈ (۲) بدلہ۔ عوض۔ قصاص۔ کفارہ۔

تاول (تَا۔ وَل) (ہ) مؤنث (گنوار) (اتاول کا مخفف) جلدی۔

تاولا (ہ) مذکر۔ مضطرب۔ جلد باز۔

تاولا سو باولا (ہ) کہاوت۔ جلد باز دیوانہ ہوتا ہے۔

تاویل (تَا۔ وِیل) (ع) مؤنث (۱) شرح۔ بیان (۲) حیلہ شرعی۔

تائب (تَا۔ ئِب) (ع) مذکر۔ توبہ کرنے والا۔ گناہ سے لوٹنے والا۔

تاؤ (تَا۔ آؤ) (ہ) مذکر (ہندو) تایا۔ باپ کا بڑا بھائی۔

تاؤ (تَا۔ اؤ) (ہ) مذکر (۱) گرمی۔ تاب۔ حرارت (۲) (گنوار) بخار۔ تپ (۳) کسی دھات کو آگ میں پگھلانا۔ یا چرخ دینا (۴) غصہ۔ غضب۔ پیچ و تاب۔ (۵) بل۔ مروڑ۔ خم۔ پیچ (۶) طاقت۔ زور (۷)۔ (ل) کاغذ کا تختہ۔ تا۔

تاؤ آنا (ہ) (۱) کسی دھات کا تپانے سے سُرخ ہو جانا۔ (۲) چرخ کھا جانا (۳) جوش کھانا (۴) چاشنی پکنے پر آنا (۵) غصہ آنا۔

تاؤ بند (ا) مذکر۔ ہندوؤں کی اصطلاح میں وہ دوا جس کے اثر سے چاندی یا سونے کا چڑھاؤ دینے پر بھی کھوٹ ظاہر نہ ہو۔

تاؤ بھاؤ (ہ) تھوڑا سا۔ بہت کم۔ ذرا سا۔ کسی قدر۔ رتی۔

تاؤ پیچ (ہ) پیچ و تاب۔ غم و غصہ۔

تاؤ دینا (ہ) (۱) تپانا۔ گرمانا (۲) جھڑک دینا۔ رنج دینا۔ (۳) بل دینا۔ مونچھوں کو مروڑنا۔

تاؤ کھانا (ہ) (۱) سُرخ ہو جانا (۲) جوش کھانا۔ چرخ کھانا۔ (۳) چاشنی یا قوام کا جل جانا (۴) اینٹھنا۔ پیچیدہ ہونا (۵) پگھلنا۔ رقیق ہونا (۶) کٹنے کا آنچ کھا جانا (۷) غصہ کھانا۔

تائی (تا۔ ای) (ہ) مؤنث (ہندو) باپ کے بڑے بھائی کی بیوی۔

تائے (تا۔ ے) (ف) مذکر (۱) کپڑا (۲) تہ (۳) کاغذ کا تختہ (۴) طاق۔

تائے تشریف (ف) مذکر۔ ایک خلعت۔ پورا خلعت۔

تائید (تا۔ اِیْد) (ع) مؤنث (۱) تقویت۔ حمایت۔ مدد (۲) (ا) طرف داری۔ رعایت (۳) استحکام دعویٰ کی دستاویز۔

تائید کرنا (ا) مدد کرنا۔ سہارا دینا۔ ساتھ دینا۔ حمایت کرنا۔

تائید کلام (ع) مذکر (۱) بات کی امداد۔ دعویٰ کی مدد۔ (۲) سخن پروری۔ بات کی پچ۔

تائیدی شہادت (ع) مؤنث۔ وہ گواہی جو کسی کے بیان کی تائید کرے۔

تایا (تا۔ یا) (ہ) مذکر (ہندو) تاؤ۔ باپ کا بڑا بھائی۔

تایا جانا (ہ) (۱) گرم کیا جانا (۲) جلایا جانا (۳) پگھلایا جانا (۴) آزمایا جانا۔

تائیس (تا۔ یِس) (ہ) مؤنث۔ خسر کے بڑے بھائی کی بیوی۔ زوجہ کی تائی۔

تایسرا (ہ) مذکر (ہندو) خسر کا بڑا بھائی۔

ت - ب

تب (تَب) (ہ) پھر۔ بعد ازاں۔ اس وقت۔ تو۔

تب بھی (ہ) پھر بھی۔

تب تک (ہ) جب تک۔ اس وقت تک۔

تب تو (ہ) پھر تو۔

تب (تَپ) (ف) مؤنث۔ تپ۔ بخار۔

تبادل (تَبا۔ دُل) (ع) مذکر۔ باہم بدلنا۔ تبدیل کرنا۔

تبادلہ (ا) مذکر۔ تبدیلی۔

تبادلۂ خیالات (ا۔ ع) مذکر۔ کسی بات کے متعلق دو یا زیادہ اشخاص کا باہم اظہارِ خیال۔ صحیح مبادلۂ خیالات ہے۔

تبار (تَبا۔ ر) (ع) مذکر۔ خاندان۔ کنبہ۔ کام۔

تبارک (تَبا۔ رَک) (ع) (۱) بڑا۔ عالی۔ بزرگ (۲) قرآن شریف کی ایک سورت کا نام (۳) مسلمانوں کی ایک مذہبی رسم۔

تبارہ (تِبا۔ رَہ) (ا) (۱) سہ بارہ۔ تیسری دفعہ (۲) مذکر۔ تین دروازوں کا کمرہ۔

تباسی (تِبا۔ سی) (ہ) تین روز کی رکھی ہوئی۔

تباشیر (تَبا۔ شیر) (ف) مؤنث (۱) ایک دوا۔ بنسلوچن یہ ایک قسم کے بانس کی جڑوں پر جم جاتی ہے (۲) مجازاً صبح کاذب کی روشنی۔

تباغض (تَبا۔ غُض) (ع) مذکر۔ باہم بغض رکھنا۔

تباکھیر (تبا۔ کھیر) (ہ) مؤنث۔ سفید تباشیر۔

تباہ (تَباہ) (ف) (۱) برباد۔ ویران۔ اجڑا ہوا (۲) شکستہ (۳) (ا) غرقاب۔

تباہ حال (ف۔ ع) خستہ حال۔ ذلیل حالت۔

تباہ ہونا (ا) (۱) برباد ہونا۔ اُجڑنا (۲) لٹنا۔ غارت ہونا (۳) ضائع ہونا (۴) مفلس ہونا (۵) ڈوبنا۔ غرق ہونا (۶) ستیاناس ہونا۔ بگڑنا (۸) عاشق ہونا۔ مرمٹنا۔

تباہی (ف) مؤنث (عوام) (۱) بربادی۔ خرابی (۲) (ا) ذلت۔ رسوائی (۳) آفت۔ مصیبت۔

تباہی آنا (ا) آفت آنا۔ بلا نازل ہونا۔

تباہی کا مارا (ا) مذکر۔ مصیبت کا مارا۔ دکھی۔

تباین (تَبا۔ یُن) (ع) مذکر۔ جدا جدا ہونا۔ تفاوت۔ فرق۔ ضد۔ خلاف۔

تبحّر (تَبَح۔ حُر) (ع) مذکر۔ کسی علم و فن میں دریا کی طرح بے پایاں ہونا۔ کسی ہنر میں کمال دخل ہونا۔ جیسے آپ کو اس فن میں تبحر حاصل ہے۔

تبخال - تبخالہ (تَب۔ خال۔ تَب۔ خا۔ لَہ) (ف) مذکر۔ چھالا جو بخار کے بعد ہونٹ پر نکل آتا ہے۔

تبختر (تَبَخ۔ تُر) (ع) مذکر (۱) لغوی معنی اترا کر چلنا۔ مجازاً ناز و انداز۔ ادا (۲) تکبر۔ غرور۔

تبخیر (تَب - خِیر) (ع) مؤنث (۱) مہک (۲) بھاپ (۳) ہلکی سی حرارت - ہلکا بخار - وہ بخارات جو کھانا کھانے کے بعد دماغ کو چڑھتے اور جسم کو بھی تھرتھرا دیتے ہیں ۔

تبدّل (تَبَد - دُل) (ع) مذکر - بدلنا ۔

تبدیل (تَب - دِیل) (ع) مؤنث - پلٹنا - بدلنا ۔

تبدیل آب و ہوا (ع - ف) مؤنث - پانی اور ہوا کا اثر بدلنے کے لئے ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا ۔

تبدیل مکان (ع) مؤنث - نقل مکان - مکان بدلنا ۔

تبدیل ناجائز (ع) مؤنث - دستاویز وغیرہ میں جعل سے کچھ بدل دینا ۔

تبدیل ہونا (ا) ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا - بدلنا - بدلی ہونا ۔

تبدیل ہیئت کرنا (ا) بھیس بدلنا - دھوکا دینے کے لئے صورت بدلنا ۔

تبدیلی (ا) مؤنث - بدلی - ملازم کا ایک جگہ سے دوسری جگہ بدلا جانا ۔

تبذیر (تَب - ذِیر) (ع) مؤنث (۱) فضول خرچی کرنا - (۲) پراگندہ کرنا ۔

تبر (تَبَر) (ف) مذکر - کلہاڑی - ایک قسم کا فولادی آلہ جس سے لکڑی چیرتے اور درخت کاٹتے ہیں ۔

تبرّا (تَبَر - رَا) (ع) مذکر (۱) نفرت - بیزاری (۲) لعن طعن - پھٹکار ۔

تبرّا بھیجنا (ا) نفرت کرنا - لعنت بھیجنا ۔

تبرّائی (ع) مذکر - اہل تشیع کا وہ گروہ جو تبرا کو داخل مذہب سمجھتا ہے ۔

تبرّج (تَبَر - رُج) (ع) مذکر - بناؤ سنگار کرنا - آرائش کرنا ۔

تبرّع (تَبَر - رُع) (ع) مذکر - بخشنا - دینا - کسی ذاتی فائدے کی امید کے بغیر دے دینا ۔

تبرّک (تَبَر - رُک) (ع) مذکر (۱) وہ شے جس میں برکت ہونے کا اعتقاد ہو (۲) تحفہ - پرشاد (۳) فاتحے کی چیز - بزرگان دین کا عطیہ (۴) تھوڑا سا - قلیل ۔

تبرّکاً (تَبَر - رُکَن) (ع) (۱) برکت لینے کی امید سے - (۲) ذرا سا ۔

تبرّکات (ع) مذکر (۱) تبرک کی چیزیں (۲) برکت حاصل کرنے کی مقدس چیزیں ۔

تبرّکاً و تیمّناً (تَبَر - رُکَن - وَ - تَیَم - مُنَن) (ع) بخیرو برکت کے لحاظ سے - مبارک اور متبرک جان کر ۔

تبرکول (تَبَر - کُول) (ہ) مذکر - گھوڑے کا ایک عیب ۔

تبرید (تَب - رِید) (ع) مؤنث (۱) ٹھنڈا کرنا - (۲) ٹھنڈی دوا - ٹھنڈائی ۔

تبسّم (تَبَس - سُم) (ع) مذکر - مسکراہٹ - ایسی ہنسی جس میں ہونٹ نہ کھلیں ۔

تبصرہ (تَب - صِرَہ) (ع) مذکر - تنقید - ریویو - توضیح ۔

تبع (تَبَع) (ع) مذکر (۱) پیروی کرنا (۲) پیروی کرنے والا ۔

تبع تابعین (ع) مذکر - مسلمانوں میں وہ لوگ جنہوں نے تابعین کو دیکھا ۔

تبعیت (تَب - عِی - یَت) (ع) مؤنث (۱) متابعت اتباع (۲) پیروی - تقلید ۔

تبغیض (تَب - غِیض) (ع) مؤنث - دشمنی ڈال دینا ۔

تبلق (ا) مؤنث (طبلق کا معرب) کاغذوں کا مٹھا ۔

تبلی (تَب - لِی) (ا) مؤنث (پورب) (۱) توشہ دان (۲) وہ چھوٹا سا بکس جس میں بندوق وغیرہ کے کارتوس باندھ لیتے ہیں (۳) پردہ ۔

تبلی (تِب - لِی) (ہ) مؤنث - ڈور جسے کئی دھاگے بٹ کر بناتے ہیں ۔

تبلیغ (تَب - لِیغ) (ع) مؤنث - پہنچانا - کہ دینا (مجازاً) احکام شرعی کا پہنچانا ۔

تبنّی - تبنیت (تَبَن - نِی - تَب - نِیَت) (ع) مؤنث - متبنّیٰ بنانا - لے پالک بنانا ۔

تبہ (تَبَہ) (ف) تباہ کا مخفف - اجاڑ - برباد ۔

تبیین (تَب - یِین) (ع) مؤنث - بیان کرنا ۔

ت - پ

تپ (تَپ) (ف) مؤنث (۱) بخار - گرمی - حرارت (۲) (ہ) پرستش (۳) تپنا کا امر ۔

تپ اُترنا (ا) بخار دھیما ہونا - بخار کم ہونا ۔

تپ چڑھنا (ا) (عو) بخار کا جسم پر ظاہر ہونا - بدن گرم ہونا - بخار کا معدہ ہونا ۔

تپھالہ (ف) دیکھو "تبخالہ" ۔
تپ دق (ف۔ع) مؤنث تپ کہنہ۔ وہ بخار جس سے بدن کی طراوت سوکھ جائے۔ اس بیماری میں کو تھ سے کھانسی بھی ہوتی ہے ۔
تپ لرزہ (ف) مؤنث۔ بخار جس کے چڑھتے ہوئے سردی لگے اور کپکپی آئے ۔
تپ (کا) موت جانا (ا) بخار اتر جانے کے بعد ہونٹوں پر پھنسیاں نکل آنا ۔
تپ نوبت (ف) مؤنث۔ باری کا بخار ۔
تپاس (تپاس) (ہ) مؤنث (۱) دھوپ (۲) محنت (۳) بھوک ۔
تپاک (تپاک) (ف) مذکر (۱) بے قراری۔ اضطراب۔ (۲) گرمجوشی۔ سرگرمی۔ آؤ بھگت۔ خاطر مدارات (۳) عشق۔ اخلاص۔ محبت ۔
تپال (تپال) (ف) (۱) گرم (۲) تڑپنے والا ۔
تپانا (تپا۔نا) (ہ) (۱) گرم کرنا (۲) سونے چاندی کو تاؤ دینا ۔
تپانا (تپا۔نا) (ہ) (۱) دفن کرانا۔ دبوانا (۲) ڈھنپوانا ۔
تپانچہ (ف) مذکر۔ دیکھو "طمانچہ" ۔
تپائی (تپا۔ئی) (ہ) مؤنث۔ تین پایوں کی چوکی۔ بنچ۔ چھوٹی میز ۔
تپچانا (تپ۔چا۔نا) (ہ) (عو) کپڑے کی نوک سے نوک ملا کر سینا ۔
تپڑ (تپ۔پڑ) (ہ) مؤنث۔ ٹاٹ کی گدڑی جس پر بنک دوہیے بیٹھتے ہیں ۔
تپسیا تپشیا (تپس۔سیا + تپش۔شیا) (ہ) مؤنث عبادت۔ بندگی ۔
تپش (تپش) (ف) مؤنث (۱) گرمی۔ حرارت۔ شدت گرمی (۲) سوزش۔ جلن۔ بیقراری۔ اضطراب ۔
تپک (تپک) (ہ) مؤنث (۱) جلن۔ ٹیس۔ (۲) تپکنا کا امر ۔
تپک (تپک) (ت) مؤنث۔ چھوٹی توپ ۔
تپکنا (تپک۔نا) جلن ہونا۔ ٹیس مارنا ۔
تپن (تپن) (س) مؤنث۔ جلن ۔
تپنا (تپ۔نا) (ہ) (۱) گرم ہونا۔ جلنا۔ بھبکنا (۲) (گنوار) رعب بیٹھنا۔ جلال بیٹھنا (۳) (ہندو) (پورب) بھاگوان ہونا۔ صاحب نصیب ہونا (۴) دھونی رمانا ۔
تپنچہ (تپن۔چہ) (ف) مذکر۔ پستول ۔
تپوبن (تپو۔بن) (ہ) مذکر (۱) تپسیا کرنے کا جنگل (۲) ہردوار کے قریب ایک تیرتھ ۔
تپی۔ تپسی (تپی + تپس۔سی) (ہ) مذکر۔ عابد۔ تپسیا کرنے والا ۔
تپیدہ (تپی۔دہ) (ف) (۱) تڑپا ہوا (۲) جو گرم ہو گیا ہو ۔

ت - ت

تت (تت) (ہ) مذکر (۱) روح۔ جان۔ لب لباب۔ ست۔ (۲) سرمایہ۔ پونجی۔ راس المال (۳) پھل۔ نتیجہ (۴) انجام۔ اخیر (۵) خدا تعالیٰ کی معرفت۔ ماہیت شئے ۔
تتا (تت۔تا) (ہ) (۱) گرم جلتا ہوا (۲) تیز مزاج۔ تند (۳) بہادر۔ شجاع ۔
تتا توا (ا) (۱) گرم توا (۲) لڑاکا۔ جھگڑالو۔ فسادی ۔
تتلے ہونا (ہ) (۱) گرم ہونا۔ غضب ناک ہونا ۔
تتبع (تت۔تب۔بع) (ع) مذکر۔ تقلید۔ پیروی۔ نقل ۔
تتر بتر (تت۔تر۔بت۔تر) (ہ) الگ الگ۔ جدا جدا۔ پراگندہ۔ منتشر۔ متفرق ۔
تتری (تتری) (ف) تاتاری ۔
تتری تترڈی (تت۔ری + تت۔ڑی) (ہ) مؤنث (عو) نہایت بخیل عورت۔ نا نخرے والی عورت۔ تیز مزاج۔ جنم جلی۔ بدقسمت ۔
تتق (تتق) (ف) مذکر۔ پردہ۔ خیمہ ۔
تتک۔ توتک (تتک۔ تو۔تک) (ہ) مذکر۔ جہاز کا تختہ ۔
تتلانا (تت۔لا۔نا) (ہ) لکنت کرنا۔ رک رک کر بات کرنا ۔
تتلی (تت۔لی) (ہ) مؤنث (پورب) بھنبیری۔ تیتری ۔
تتمبا (تتم۔با) (ہ) مذکر (عو) (۱) مشکل۔ دقت (۲) جھگڑا بکھیڑا ۔
تتمہ (تتم۔مہ) (ع) مذکر (۱) بقیہ۔ بچا ہوا (۲) ضمیمہ۔ کتاب کا وہ زائد حصہ جو اخیر میں اس کے ساتھ لگا دیتے ہیں ۔
تتمہ بیان تحریری (ع) مذکر۔ تحریری بیان کا ضمیمہ ۔
تتمہ وصیت نامہ (ع۔ف) مذکر۔ وصیت نامے کی دستاویز جس میں اس کے مطالب کی توضیح یا ترمیم و اضافہ کیا جائے ۔
تتمے۔ تتمبے (تتم۔مے + تتم۔بے) (ہ) مذکر۔ (عو) جھگڑے بکھیڑے ۔

تتّا (تَت-تا) (ہ) (ہندو) (اَسمار متروک)۔

تتّھمبو (تَت-تُو-تَم-بُو) (ہ) مؤنث (عو) روک تھام- دم دلاسا- بیچ بچاؤ۔

تِتھ (تِتھ) (ہ) مؤنث (۱) چاند کی تاریخ (۲) دن- تاریخ۔

تتھا (تَتھا) (ہ) مؤنث (۱) طاقت- بوتا (۲) لیاقت- قابلیت (ہ) ایسا- اس طرح کا۔

تتہرا (مذکر) تتہری (مؤنث) | تَتہ-رَا + تَتہ-رِی
تتہڑا (مذکر) تتہڑی (مؤنث) | تَتہ-ڑَا + تَتہ-ڑِی
تمیڑا (مذکر) تمیڑی (مؤنث) | تَمے-ڑَا + تَمے-ڑِی
(ہ) پانی گرم کرنے کا برتن- گاگر۔

تتّیّ (تَتِّی) (ہ) مؤنث چھوٹا سا لوٹا جس سے بچے پانی پیتے ہیں۔

تتیا (تَتی-یا) (ہ) مذکر (۱) بھڑ- ایک قسم کی ڈنک مارنے والی مکھی (۲) تیز- چالاک (۳) ذہین- ذکی۔

تتیا مرچ (ہ) مؤنث- ایک قسم کی چھوٹی سی نہایت تیز مرچ جو زرد رنگ کی ہوتی ہے۔

ت-ٹ

تٹ (تَٹ) (ہ) مذکر- ساحل- کنارہ۔

ت-ث

تثلیث (تَث-لِیث) (ع) مؤنث (۱) تین حصوں میں تقسیم کرنا (۲) عیسائی مذہب کے مطابق خدا کی وحدانیت کی تین شاخیں یعنی باپ- بیٹا- روح القدس (۳) نجومیوں کی اصطلاح میں تیسرے گھر کے ستارے کا پہلے گھر کو دیکھنا۔

تثنیہ (تَث-نِیَہ) (ع) مذکر- دُگنا- دُونا- وہ صورت جس میں دو سمجھے جائیں- جیسے طرفین۔

ت-ج

تج (تَج) (ہ) مذکر (۱) دارچینی کا درخت (۲) دارچینی- (۳) تجنا کا امر۔

تجّار (تُج-جَار) (ع) مذکر- تاجر کی جمع- سوداگر لوگ۔

تجارب (تَجا-رِب) (ع) مذکر- تجربہ کی جمع۔

تجارت (ع) مذکر- سوداگری- بیوپار۔

تجارتی مال (ا) مذکر- سوداگری کا سامان۔

تجاری (تِجا-رِی) (ہ) مؤنث (پ) ریب (تیسرے دن کا بخار)۔

تجاوز (تَجا-وُز) (ع) مذکر (۱) گزرنا- حد سے نکل جانا (۲) (ا) فرق- تفاوت۔

تجاہل (تَجا-ہُل) (ع) مذکر (۱) عمداً انجان بننا (۲) غفلت- چشم پوشی کرنا۔

تجاہل عارفانہ (ع) مذکر (۱) جان بوجھ کر انجان بننا- (۲) کسی معلوم بات کو نامعلوم کی طرح بیان کرکے اس کی تمیز میں اپنی حیرانی و عدم واقفیت کا ظاہر کرنا۔

تجدّد (تَجَد-دُد) (ع) مذکر- نیا ہونا۔

تجدید (تَج-دِید) (ع) مؤنث- ایجاد- اختراع- نئے سرے سے کام شروع کرنا۔

تجدید بنائے دعویٰ (ع) مؤنث- بنائے دعویٰ کو نئے سرے سے پیش کرنا۔

تجربہ (تَج-رِبَہ) (ع) مذکر (۱) آزمائش- امتحان (۲) دلیل ثبوت (۳) سائنس کا عمل- سائنس کے اصول کی آزمائش یا امتحان۔

تجربہ کار (ع) واقف کار- ہوشیار- آزمودہ کار- ماہر۔

تجربہ کاری (ع-ف) مؤنث (۱) واقفیت (۲) آزمائش۔

تجرّد (تَجَر-رُد) (ع) مذکر (۱) لغوی معنی عریانی (۲) اصطلاحی تنہائی- علیحدگی (۳) آزادی- ترک دنیا۔

تجرید (تَج-رِید) (ع) مؤنث (۱) برہنگی- عریانی (۲) تنہائی- علیحدگی (۳) علم بیان کی ایک صنعت جس میں زوائد کو دور کرکے صرف ایک معنی سے غرض رکھتے ہیں۔

تجزّی (تَجَز-زِی) (ع) مؤنث- الگ الگ کرنا- فرد فرد کرنا- ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

تجزیہ (تَج-زِیَہ) (ف) مذکر (۱) ترکیب نحوی- فقرے کو علم نحو کے رو سے ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۲) تقسیم کرنا۔

تجسّس (تَجَس-سُس) (ع) مذکر- تلاش- جستجو- کھوج- تحقیقات۔

تجلّا (تَجَل-لا) (ع) مذکر (اصل میں تجلّی تھا- فارسی والوں نے تجلا بنا لیا- جیسے تماشی سے تماشا اور تمنّی سے تمنّا بنا لیا گیا) دیکھو "تجلّی"۔

تجلّی (تَجَل-لِی) (ع) مؤنث (۱) پردہ ہٹنا- ظاہر ہونا- (۲) چمک- روشنی (۳) جلوہ- جھلک۔

تجمّل (تَجَ۔مُّل) (ع) مذکر۔ زیب و زینت۔ شان و شوکت۔ دیبا کشش۔ دھوم دھام۔ تزک و احتشام۔ ٹھاٹ باٹ۔

تجنا (تَج۔نا) (ہ) (ہندی) (۱) چھوٹنا۔ ترک کرنا (۲) دست بردار ہونا۔ طلاق دینا۔

تجنا (تَج۔نا) (ہ) گھلنا۔ دبلا ہونا۔ کمزور ہونا۔ ناتواں ہونا۔

تجنیس (تَج۔نِیس) (ع) مؤنث (۱) ایک جنس ہونا۔ ہم جنس ہونا (۲) اصطلاح علم بدیع میں دو لفظوں کا تلفظ میں مشابہ اور معنی میں مختلف ہونا۔

تجوید (تَج۔وِید) (ع) حروف کو ان کے مخارج سے ادا کرکے پڑھنا۔

تجویز (تَج۔وِیز) (ع) مؤنث (۱) روا رکھنا (۲) رائے۔ تدبیر (۳) فیصلہ۔ تصفیہ (۴) (ل) انتظام۔ بندوبست (۵) (ل) غور۔ فکر۔ سوچ۔ بچار۔

تجویز آخر / **تجویز روئداد**ی (ف۔ ع) مؤنث۔ مقدمے کا اس کے واقعات کے رو سے فیصلہ ہونا۔

تجویز اخیر۔ تجویز ثانی (ع) مؤنث (قانون) نظر ثانی۔ فیصلے کی پڑتال۔

تجویز ضمنی (ع۔ ف) مؤنث۔ درمیانی تجویز۔ عارضی فیصلہ۔

تجویز یک طرفہ (ع۔ ف) مؤنث۔ یک طرفہ ڈگری۔

تجھ (تُجھ) (ہ) (ضمیر واحد حاضر) "تو" "تیرے" کی بدلی ہوئی حالت۔ میں۔ سے۔ پر۔ کو۔ تک۔ تلک وغیرہ کے ساتھ "تو" کو تجھ سے بدل دیتے ہیں۔

تجھ سے پھرے تو خدا سے پھرے (ل) مثل۔ تجھ سے دغا نہ کروں تو کافر ہوں۔

تجھ سے تو جائے ضرور میں بھی پانی نہ رکھواؤں (ل) (عو) کسی سے تنفر و اکراہ کے اظہار کے لئے کہتے ہیں کہ ہم تجھ سے پاخانے میں لوٹا رکھوانا بھی پسند نہیں کرتے۔

تجھ کو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو (ہ) مثل۔ جو شخص خواہ مخواہ دوسروں کی فکر کرے۔ اس کی نسبت بولتے ہیں۔

تجھو مجھو (ہ) (عو) ہر ایک۔ اپنا بیگانہ۔ ہر کس و ناکس۔

تجھے (ہ) تجھ کو۔

تجہیز (تَج۔ہِیز) (ا) (۱) مُردے کو دفن کے لئے تیار کرنا (۲) ایسی تیار کرنا۔ مرتب کرنا۔ آراستہ کرنا۔

تجہیز و تکفین کرنا (ا) مُردے کے کفن دفن کا انتظام کرنا۔

تجہیل (تَج۔ہِیل) (ع) مؤنث۔ نادان بنانا یا کہنا۔

ت - چ

تچ (تَچ) (ہ) تچنا کا امر۔

تچانا (ہ) (ہندی) (۱) آگ پر رکھنا۔ سینکنا (۲) پگھلانا۔ تپانا۔

تچنا (ہ) (ہندی) (۱) گرم ہونا (۲) پگھلنا۔ تپنا۔

تچھا (تُچھّا) (ہ) (ہندی) (۱) خالی۔ کھوکھلا (۲) ادنیٰ۔ ناکارہ۔ نکما (۳) حقیر۔ کمینہ۔ ذلیل۔

ت - ح

تخارج (تَخا۔رُج) (ع) مذکر۔ چند وارثوں میں سے ایک یا دو کا مال متروکہ میں سے کچھ لے کر سارے مال سے دست بردار ہو جانا۔

تحاشی (تَحا۔شی) (ع) مؤنث (۱) بیزاری ظاہر کرنا۔ (۲) پروا۔ ڈر۔

تحالف (تَحا۔لُف) (ع) مذکر۔ فریقین مقدمہ کا حلف اٹھانا۔

تحائف (تَحا۔اِف) (ع) مذکر (۱) "تحفہ" کی جمع۔ ہدیے۔ نذرانے۔ نادر چیزیں (۲) (ل) اختیار۔ قابو۔

تحت (تَحت) (ع) مذکر (۱) نیچے کا حصہ (۲) (ل) قبضہ۔ اختیار۔ تصرف (۳) نیچے۔ تلے۔ زیر۔

تحت الثریٰ (ع) مؤنث۔ پاتال۔ زمین کا سب سے پہلا حصہ۔

تحت اللفظ (ع) (۱) حرف بحرف۔ لفظی ترجمہ (۲) ترنم کے بغیر نظم پڑھنا (۳) تنہا۔ چھڑا۔

تحتانی (تَح۔تا۔نی) (ع) (۱) نیچے والا یا والی (۲) وہ حرف جس کے نیچے نقطے ہوں۔

تحت لفظی (ع۔ ف) دیکھو "تحت اللفظ نمبر ۱ و ۲"۔

تحت و تصرف میں لانا (ا) (قانون) قبضے میں لانا۔ کام میں لانا۔

تحجّر (تَحَج۔جُر) (ع) مذکر۔ پتھر کی طرح سخت ہونا۔ سختی۔

تحدیث (تح۔دِیث)، (ع)، مؤنث۔ بات کہنا۔ خبر کرنا۔

تحدّی (تحد۔دی)، (ع)، مؤنث۔ لڑائی کرنا۔ للکارنا۔

تحدید (تح۔دِید)، (ع)، مؤنث (۱) حد باندھنا۔ حد لگانا۔ (۲) تیز کرنا۔

تحذیر (تح۔ذِیر)، (ع)، مؤنث۔ ڈرانا۔

تحرّی (تحر۔ری)، (ع)، مؤنث۔ قبلہ کی طرف رُخ کرنا۔

تحریر (تح۔رِیر)، (ع)، مؤنث (۱) نوشت۔ لکھت۔ (۲) دستاویز۔ نوشتہ (۳) عبارت۔ مضمون لکھنے کا ڈھنگ (۴) چٹھی۔ رُقعہ۔ خط و کتابت (۵) ہلکی لکیر۔ وہ باریک خط جو نقوش و تصاویر پر کھینچ دیتے ہیں (۶) گوٹہ وغیرہ کی مغزی جو سنجاف کے پیچھے لگاتے ہیں (۷) اقلیدس۔ ہندسہ کی ایک کتاب۔ (۸) لکھائی کی اُجرت (۹) آزاد کرنا۔ رہا کرنا۔ چھوڑ دینا۔

تحریر اجازتی (ع۔ف)، مؤنث۔ مقروض اور قرضخواہ کے درمیان اس مطلب کا اقرار نامہ کہ مؤخر الذکر اپنا دعویٰ ملتوی رکھ کر مقدم الذکر کو اس کی رائے کے مطابق کاروبار جاری رکھنے کی اجازت دے۔

تحریر ظہری (ع)، مؤنث۔ وہ عبارت جو کسی کاغذ کی پشت پر لکھ دیتے ہیں۔

تحریص (تح۔رِیص)، (ع)، مؤنث (۱) لالچ۔ لوبھ۔ ترغیب (۲) بہکاوا۔ اغوا۔

تحریف (تح۔رِیف)، (ع)، مؤنث۔ ایک حرف کی جگہ دوسرے حرف کو رکھنا۔ کسی بات کو اس کے موضوع کے خلاف بیان کرنا۔

تحریک (تح۔رِیک)، (ع)، مؤنث (۱) حرکت دینا (۲) ترغیب دینا۔ بہکانا۔ ورغلانا (۳) کسی بات کو شروع کرنا۔ بات چھیڑنا (۴) اشتعال دینا (۵) کوشش۔ سعی۔

تحریم (تح۔رِیم)، (ع)، مؤنث (۱) حرام کرنا (۲) عزت کرنا۔ (۳) نیت باندھنے کے وقت پہلی دفعہ ہاتھ اٹھا کر اللہُ اکبر کہنا۔

تحسّر (تحس۔سُر)، (ع)، مذکر (۱) حسرت۔ غم۔ رنج۔ افسوس (۲) کسی کی موت پر اظہارِ افسوس۔

تحس نحس (تحس۔نحس)، (ل)، (عو) تہ و بالا۔ تباہ و برباد۔ ستیاناس۔

تحسین (تح۔سِین)، (ع)، مؤنث۔ تعریف۔ سراہنا۔ آفرین۔ مرحبا۔

تحصیل (تح۔صِیل)، (ع)، مؤنث (۱) حاصل کرنا (۲) جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا (۳) علم سیکھنا (۴) خراج۔ محصول۔ فائدہ۔ نفع (۵) تحصیلدار کا دفتر۔ کچہری۔

تحصیل حاصل (ع)، مؤنث (۱) موجودہ چیز کی تلاش (۲) بے سود بات۔ بے فائدہ تگ و دو۔

تحصیلدار (ع۔ف)، مذکر۔ وصول کرنے والا۔ محصّل۔ وہ سرکاری عہدہ دار جو زمین کی مالگزاری اور محاصل وصول کرتا ہے۔

تحصیلداری (ع۔ف)، مؤنث۔ تحصیلدار کا کام یا عہدہ۔

تحصیل کرنا (ا)، (۱) حاصل کرنا۔ وصول کرنا (۲) جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا (۳) کمانا۔ بٹنا۔

تحصیلنا (ل)، دیکھو "تحصیل کرنا"۔

تحفجات (تح۔فجات)، (ع)، مذکر۔ تحفے۔

تحفّظ (تحف۔فُظ)، (ع)، مذکر۔ بچاؤ۔ حفاظت۔ احتیاط۔

تحفگی (تح۔فگی)، (ع)، مؤنث (۱) خوبی۔ عمدگی (۲) بہتری۔ بھلائی۔ خوبی

تحفگی نکلنا (ا)، خوبی نکلنا۔

تحفہ (تح۔فہ)، (ع)، مذکر (۱) ہدیہ۔ سوغات (۲) نذر۔ پیشکش۔ انعام (۳) انوکھا۔ عجیب (۴) عمدہ۔ بہتر۔ نفیس۔

تحقیر (تح۔قیر)، (ع)، مؤنث۔ حقارت۔ بے قدری۔ ذلت۔

تحقیرِ عدالت (ع)، مؤنث۔ عدالت کی توہین۔

تحقیق (تح۔قِیق)، (ع)، مؤنث (۱) درست۔ ٹھیک۔ صحیح۔ (۲) تصدیق (۳) ثبوت۔ تسلیم کردہ (۴) یقین۔ اعتبار۔ (۶) تلاش۔ چھان بین (۷) کھوج۔ پتہ (۸) دریافت۔ پوچھ گچھ (۹) شناخت۔ جانچ (۱۰) معتبر۔ پکی بات۔ (۱۱) تجربہ۔ امتحان۔

تحقیقات (ع)، مؤنث (قانون) تحقیق کی جمع۔ سراغرسانی۔ جھوٹ سچ کا ثبوت۔ قانونی تفتیش۔

تحقیقاتِ موقع (ع)، مؤنث۔ اس جگہ کی تحقیق جہاں واقعہ ہوا ہو۔

تحقیق کرنا (ا)، دریافت کرنا۔ حقیقت پوچھنا۔ کھوج لگانا۔ امتحان میں لانا۔

تحکّم (تحک۔کُم)، (ع)، مذکر۔ زبردستی کی حکومت۔

زبردستی۔ زور آوری۔

تحکم جتانا (۱) خواہ مخواہ حکومت جتانا۔ دوسرے سے کوئی کام لینا۔ زبردستی کرنا۔

تحلیل (تح۔لیل) (ع) مؤنث (۱) اجزا کا حل (۲) ہضم۔

تحلیل کرنا (ا) (۱) پچانا۔ ہضم کرنا (۲) گھلانا۔ پگھلانا۔ (۳) حل کرنا (۴) دبلا کرنا۔

تحمل (تحم۔مل) (ع) مذکر۔ برداشت۔ بردباری۔ صبر۔ حلم۔

تحمید (تح۔مید) (ع) مؤنث۔ تعریف۔ حمد۔

تحمیق (تح۔میق) (ع) مؤنث۔ احمق بنانا۔

تحویل (تح۔ویل) (ع) مؤنث (۱) لوٹنا۔ پھرنا (۲) سپردگی۔ حوالگی (۳) امانت (۴) سرمایہ۔ پونجی (۵) کسی ستارے کا برج میں آجانا (۶) ایک نام کی رقم کو دوسرے نام کی رقم میں لے جانا۔

تحویل امانتی (ع۔ف) مؤنث۔ ایک کی طرف سے دوسرے کے پاس کسی غرض سے اس معاہدے پر مال کا حوالے کیا جانا کہ غرض مذکور کے حصول کے بعد واپس دے دیا جائیگا۔

تحویلدار (ع۔ف) مذکر۔ خزانچی۔ امین۔

تحیات (تحی۔یات) (ع) مؤنث۔ تحیت کی جمع۔

تحیت۔ تحیہ (تحی۔یت۔ تحی۔یہ) (ع) مؤنث (۱) سلام کرنا۔ سلام۔ تسلیمات۔ آداب (۲) دعا۔ برکت۔

تحیر (تحی۔یر) (ع) مذکر۔ حیرت۔ تعجب۔ اچنبھا۔

ت - خ

تخالف (تخا۔لف) (ع) مذکر۔ باہم مخالف ہونا۔

تخت (تخت) (ف) مذکر (۱) بادشاہ کے بیٹھنے کی چوکی۔ گدی۔ مسند۔ سنگھاسن۔ چوبی تخت (۲) (عو) پلنگ۔ چارپائی۔

تخت بخت (ف) مذکر۔ دعا۔ (عو) راج سہاگ۔ سہاگ بھاگ۔

تخت پر بیٹھنا (ا) تخت نشین ہونا۔ حکومت ہاتھ میں لینا۔ بادشاہ بننا۔

تخت پوش (ف) مذکر۔ تخت کی چادر۔ مسند۔ (پ) چوبی تخت۔

تخت چڑھنا (ا) (عو) چارپائی پر چڑھنا۔ سونا۔ آرام کرنا۔

تخت چھوڑنا (ا) سلطنت چھوڑنا۔ بادشاہی ترک کرنا۔

تخت رواں (ف) مذکر (۱) ہوادار۔ وہ تخت جس پر بادشاہ سوار ہوکر نکلتا ہے (۲) اڑن کھٹولا۔ (۳) پنجاب کی اصطلاح میں وہ کاغذی گل بوٹوں کا باغ جو برات کے ساتھ بطور آرائش لے جایا جاتا ہے۔

تخت سلیماں یا سلیمانی (ف) مذکر۔ وہ تخت جس پر حضرت سلیمان علیہ السلام بیٹھا کرتے تھے (۲) ایک پہاڑ جو مضافات کشمیر میں ہے۔ لوگوں کا خیال ہے کہ یہاں تخت سلیمان ٹھہرا تھا۔

تخت طاؤس (ف۔ع) مذکر۔ شاہجہان بادشاہ کا چھ کروڑ روپے کی لاگت سے بنوایا ہوا تخت جسے ۱۷۳۹ء میں نادر شاہ ہندوستان سے لوٹ میں ایران لے گیا تھا۔

تخت کا تختہ ہونا (ا) بادشاہی کا جاتا رہنا۔ سلطنت کا تباہ ہو جانا۔

تخت کی رات (ا) مؤنث۔ بیاہ کی رات۔ شب زفاف۔

تخت گاہ (ف) مؤنث۔ دار الخلافہ۔ دار السلطنت۔ راجدھانی۔ وہ جگہ جہاں بادشاہ رہے۔

تخت نشینی (ف) مؤنث۔ راج گدی پر جلوس کرنا۔ تخت سلطنت پر بیٹھنا۔

تختہ (تخ۔تہ) (ف) مذکر (۱) پٹڑا۔ لکڑی کا مسطح ٹکڑا۔ (۲) لوح۔ تختی (۳) کاغذ کا تاؤ (۴) جہاز کی لکڑی کا ہر ٹکڑا (۵) وہ لکڑی کا پٹڑا جس پر پتھر رکھ کر چھاپتے ہیں (۶) چوکی۔ تپائی۔ بنچ (۷) قطعۂ زمین۔ خطہ (۸) وہ لکڑی کی تپائی جس پر مردے کو نہلاتے ہیں (۹) بورڈ۔ اشتہار لگانے کا لکڑی کا ٹکڑا (۱۰) کیاری۔ چمن۔ چھوٹا سا باغ کا ٹکڑا (۱۱) تابوت۔ ارتھی۔

تختہ الٹنا (ا) آباد جگہ کا ویران و برباد ہونا۔ شہر اجڑنا۔ تباہی۔

تختہ بندی (ف) مؤنث (۱) لکڑی کے تختوں کا فرش۔ (۲) کیاریوں کا با قرینہ ہونا۔

تختہ پل (ف) وہ پل جو قلعے کی خندق پر بناتے ہیں کہ اسے جب چاہیں۔ اپنی طرف

کھیلتے ہیں۔
تختۂ تابوت (ف) مذکر۔ ارتھی۔ وہ تختہ یا صندوق جس پر مُردے کو لے جلتے ہیں۔
تختۂ تعلیم یا مشق (ف) مذکر (۱) وہ تختی جس پر لڑکے مشق کرتے ہیں۔ لوح (۲) وہ چیز جو بہت استعمال میں آئے۔
تختۂ سیاہ مذکر۔ بلیک بورڈ۔ لکڑی کا وہ چوکور ٹکڑا جس پر چاک سے لکھتے ہیں۔
تختۂ نرد (ف) مذکر۔ لکڑی کا وہ چوکور ٹکڑا جس پر نردیں رکھ کر کھیلتے ہیں۔
تختہ ہو جانا (ا) اکڑ جانا۔ سخت ہو جانا۔
تختی (تَخ۔ تی) (ا) مؤنث (۱) تخت کی تانیث۔ چھوٹا تختہ (۲) لوح۔ تختۂ مشق (۳) تانبے۔ چاندی یا عقیق یا کسی اور چیز کا وہ نقشین کھدا ہوا ٹکڑا جو بچوں کے گلے میں نظرِ بد کے لئے ڈال دیتے ہیں۔ (۴) (عو) چھاتی۔ سینہ (۵) (عو) چھب۔ وضع و اندازِ جسم۔
تخدیع (تَخ۔ دِیع) (ع) مؤنث۔ فریب دینا۔
تخرجہ (تَخ۔ رِجَہ) (ع) مذکر۔ کسی حرف۔ لفظ یا فقرے کے اعداد گھٹا کر مادۂ تاریخ کو ٹھیک کرنا۔
تخریب (تَخ۔ رِیب) (ع) مؤنث۔ ویرانی۔ تباہی۔ خرابی۔ ابتری۔ بیخکنی۔
تخریج (تَخ۔ رِیج) (ع) مؤنث۔ خارج کرنا۔
تخصیص (تَخ۔ صِیص) (ع) مؤنث۔ خصوصیت۔
تخطیہ (تَخ۔ طِیَہ) (ع) مذکر۔ غلطی پکڑنا
تخفیف (تَخ۔ فِیف) (ع) (۱) کمی۔ گھٹتی۔ ہلکا کرنا۔ (۲) افاقہ۔ آرام۔
تخفیف جمع } (ع۔ ف) مؤنث۔ لگان کی کمی۔
تخفیف لگان }
تخفیف کرنا (ا) (۱) کمی کرنا۔ گھٹانا (۲) موقوف کرنا۔ توڑنا۔
تخفیف میں آنا (ا) کمی میں آنا۔ برخاستگی میں آنا۔ ٹوٹ جانا۔
تخلّق (تَخَل۔ لُق) (ع) مذکر۔ کھو کھلا پن۔
تخلّص (تَخَل۔ لُص) (ع) مذکر (۱) چھٹکارا۔ بچاؤ (۲) شاعر کا وہ مختصر نام جو اشعار میں مستعمل ہو۔
تخلّف (تَخَل۔ لُف) (ع) مذکر۔ وعدہ خلافی کرنا۔
تخلّل (تَخَل۔ لُل) (ع) مذکر (۱) جھگڑا۔ فساد (۲) نااتفاقی (۳) خاصیت (۴) چھید کرنا۔
تخلّل آنا ہو دنگی عام خلائق (ع) مذکر۔ عام لوگوں کے آرام میں خلل اندازی۔
تخلیط (تَخ۔ لِیط) (ع) مؤنث۔ کلام میں باطل کا ملانا۔
تخلیل (تَخ۔ لِیل) (ع) مؤنث۔ وضو کے وقت داڑھی میں انگلیاں ڈالنا۔
تخلیہ (تَخ۔ لِیَہ) (ع) مذکر۔ خلوت۔ تنہائی۔ علیحدگی۔
تخم (تُخم) (ف) مذکر (۱) بیج (۲) انڈا۔ بیضہ (۳) گٹھلی۔ (۴) اولاد۔ نسل (۵) نطفہ۔
تخم بالنگو (ا) مذکر۔ تلسی کا بیج۔
تخم تاثیر صحبت کا اثر (ا) مثل۔ نطفہ اور صحبت اثر کئے بغیر نہیں رہتے۔
تخم حرام (ف۔ ع) حرام زادہ۔
تخم ریحان (ف۔ ع) نازبو کے بیج۔
تخم ریزی (ف) مؤنث۔ بوائی۔ بیج بونا۔
تخم کتان (ف) مذکر۔ السی کا بیج۔ سن کا بیج۔
تخمہ (تُخ۔ مَہ) (ع) مذکر۔ ایک قسم کی قے جو بدہضمی یا غذا کے فساد سے ہوتی ہے۔
تخمہ نکلنا (ا) کبوتر کے جسم پر پھنسیوں یا مسوں کا نکلنا۔
تخمیناً (تَخ۔ مِی۔ نَن) (ع) (۱) اندازے سے۔ قیاس سے (۲) قریب قریب (۳) کم و بیش۔
تخمینہ (تَخ۔ مِی۔ نَہ) (ع) مذکر۔ اندازہ۔
تخویف (تَخ۔ وِیف) (ع) مؤنث۔ خوف دلانا۔ ڈرانا۔ دھمکی دینا۔
تخویف مجرمانہ (ع) (قانون) ناجائز دھمکی۔ بدنیتی سے ڈرانا۔
تخئیل (تَخ۔ اِیل) (ع) مؤنث۔ خیال۔
تخیّل (تَخَی۔ یُل) (ع) مذکر۔ قوتِ متخیلہ۔ وہ قوت جو خیالی صورتیں بنا کر وہم کے سامنے کھڑی کر دے۔ قیاس۔ تصور۔

ت ۔ د

تد (تَد) (ہ) تب۔ (متروک)۔
تدابیر (تَدَا۔ بِیر) (ع) مذکر و مؤنث۔ تدبیر کی جمع۔
تداخل (تَدَا۔ خُل) (ع) مذکر۔ ایک دوسرے میں داخل ہونا۔
تدارک (تَدَا۔ رُک) (ع) مذکر (۱) (لغوی معنی) کسی شے

کا پانا۔ مطالعہ کرنا۔ تلافی۔ پاداش۔ بدلہ۔ سزا (۳) داد۔ (۴) اول) تدبیر۔ بندوبست ◆

تدارک باقیات (ع) مذکر۔ باقیات کا انتظام ◆

تدارک خفیف (ع) مذکر۔ خفیف سزا دینا ◆

تدارک کرنا (ہ) (۱) سزا دینا۔ تلافی کرنا (۲) تیاری کرنا۔ بندوبست کرنا ◆

تدبر (تَدَ بُر) (ع) مذکر۔ کام کے انجام پر غور کرنا۔ دور اندیشی ◆

تدبیر (تَد بیر) (ع) مؤنث (۱) کسی کام کی ابتدا و انتہا۔ سوچنا (۲) علاج۔ چارہ (۳) خیال۔ سوچ بچار۔ فکر و اندیشہ۔ کوشش۔ سعی (۵) تجویز۔ بندوبست ◆

تدبیر منزل (ف) مؤنث۔ طریقہ خانہ داری۔ خانگی معاملات میں کفایت شعاری کرنا ◆

تدرو (تَدَ رَو) (ف) مذکر۔ دیکھو "تذرو" ◆

تدریج (تَد ریج) (ع) مؤنث۔ آہستہ آہستہ ہونا۔ درجہ بدرجہ ہونا ◆

تدریس (تَد ریس) (ع) مؤنث۔ تعلیم۔ پڑھائی ◆

تدفین (تَد فین) (ع) مؤنث۔ دفن کرنا۔ زمین میں دبانا ◆

تدقیق (تَد قیق) (ع) مؤنث۔ غور و فکر ◆

تدویر (تَد ویر) (ع) مؤنث۔ گول بنانا ◆

تدوین (تَد وین) (ع) مؤنث۔ تالیف کرنا۔ جمع کرنا ◆

تدھارا (تِد ھا رَا) (ہ) مذکر (۱) تین دھاروں کا ملاپ (۲) وہ جگہ جہاں تین دریا ملتے ہوں ◆

تدین (تَدَ یُن) (ع) مذکر۔ دینداری۔ پرہیزگاری۔ دیانتداری ◆

ت - ذ

تذبذب (تَذَب ذُب) (ع) مذکر (۱) شک و شبہ۔ تردد ہونا (۲) دودلا ہونا۔ پکڑ دھکڑ ◆

تذرو (تَذَ رَو) (ف) مذکر۔ ایک نہایت خوب صورت و خوش رفتار جنگلی پرندہ (تدرو غلط ہے) ◆

تذکار (تَذ کار) (ع) مذکر۔ بیان ◆

تذکرہ (تَذ کِرَہ) (ع) مذکر (۱) ذکر۔ یادداشت۔ بیان۔ یادگار (۲) چرچا۔ افواہ (۳) سرگزشت۔ سوانح عمری۔ وہ کتاب جس میں شعرا کا حال لکھا جاتا ہے ◆

تذکیر (تَذ کیر) (ع) مؤنث۔ مذکر ہونا۔ مردی۔ مردمی۔

تذلل (تَذَ لُل) (ع) مذکر۔ عاجزی کرنا۔ اپنے آپ کو حقیر سمجھنا ◆

تذلیل (تَذ لیل) (ع) مؤنث۔ ذلیل کرنا ◆

ت - ر

تر (ف) (۱) گیلا۔ بھیگا ہوا (۲) اُلٹا۔ تازہ۔ نیا۔ سبز (۳) ہرا بھرا۔ رس دار (۴) نرم۔ ملائم (۵) زیادہ۔ بڑھا ہوا (۶) چکنا۔ روغن دار۔ چرب (۷) مالدار۔ دولتمند۔ مال دار (۸) (ف) لتھڑا ہوا۔ آلودہ (۹) (ف) صاف۔ پاکیزہ (۱۰) (ب) گرمی ◆

تر بتر (ف) (۱) شرابور۔ بہت گیلا (۲) گھی ٹپکتا ہوا۔ روغن دار ◆

تروتازہ (ف) (۱) وہ پھل جو ابھی اترا ہو (۲) بارونق۔ آب دار (۳) سرخ و سفید (۴) ہرا بھرا۔ سرسبز و شاداب ◆

تر (تَر) (ہ) ترنا کا امر ◆

ترا کرنا (ہ) تیرتے رہنا ◆

ترانا (ہ) (۱) پیرانا۔ ڈوبتے کو نکالنا (۲) گناہوں سے بچانا ◆

تر جانا۔ ترنا (ہ) (۱) پیرنا۔ پانی کے اوپر آنا (۲) نیک نام ہونا (۳) مالا مال ہونا (۴) عالی رتبہ پانا (۵) ثواب کا کام کرکے نجات حاصل کرنا ◆

تُر (تُر) (ہ) مذکر (۱) وہ لکڑی جس پر جلاہے کپڑا بُن کر لپیٹتے ہیں (۲) وہ بیلن جس پر گوٹہ کناری بُن کر لپیٹیں ◆

ترا (تِرا) (ہ) مذکر۔ سرسوں جیسا ایک تخم جس کا تیل نکالتے ہیں ◆

ترا (تیرا) (ہ) تیرا کا مخفف۔ نظم میں آتا ہے ◆

ترا (تُرا) (ہ) مذکر (ع) چنگیز خاں کا قانون ◆

تراب (تُراب) (ع) مؤنث۔ مٹی ◆

تراجم (تَرا جُم) (ع) مذکر۔ ترجمہ کی جمع ◆

ترارا (تَرا رَا) (ہ) مذکر۔ گھوڑے کی چھلانگ۔ کلانچ۔ (۲) پھرتی۔ تیزی۔ چستی (۳) گپ۔ شیخی (۴) نشہ۔ سرور۔ ترنگ ◆

ترارا بھرنا (۱) تیز دوڑنا۔ چھلانگیں مارنا۔ سرپٹ چلنا۔ (۲) جلد جلد کام کرنا۔ دوڑنا۔ کسی کام میں نہایت مشاق ہونا ◆

ترازو (تَرا زُو) (ف) مؤنث (۱) وزن کرنے کا آلہ (۲) تلا راس۔ برج۔ میزان ◆

ترازو ہو جانا (ا) (۱) تیر کا آر پار ہو کر اٹکا رہنا (۲) دو لشکروں کا تعداد اس طرح برابر ہو جانا کہ ایک

دوسرے پر غلبہ نہ پا سکے۔

ترا سی (تَرا۔ سی) (ہ) تین اور اَسی۔ ہشتاد و سہ۔ ۸۳۔

تراش (تَرا۔ اش) (ف) مؤنث (۱) کتر بیونت۔ کاٹ چھانٹ (۲) کاٹنے کا ڈھنگ (۳) اختراع۔ ایجاد (۴) ڈھنگ طرز۔ قطع وضع (۵) ایجاد۔ اختراع (۶) بناؤ سنگار۔ آرائش۔ آراستگی (۷) تراشنا کا امر۔

تراش خراش (ف) مؤنث (۱) قطع و برید (۲) طرز و انداز (۳) بناؤ سنگار۔ زیب و زینت۔

تراشنا (ف) (۱) کاٹنا۔ چھیلنا۔ قاش اتارنا (۲) مونڈنا۔ حجامت بنانا۔

تراضی (تَرا۔ضی) (ع) مؤنث۔ راضی ہونا۔ خوش ہونا۔

تراضی طرفین (ع) مؤنث (قانون) فریقین کا راضی ہونا۔

تراکم (تَرا۔کُم) (ع) مذکر (۱) ڈھیر لگنا۔ اکٹھا ہونا (۲) ڈھیر۔ تودہ۔ انبار۔

تراکیب (تَرا۔کِیب) (ع) مذکر، مؤنث۔ ترکیب کی جمع۔

ترانوے (تِر۔ اَن۔ وے) (ہ) تین اوپر نوّے۔ نود و سہ۔ ۹۳۔

ترانہ (تَرا۔نہ) (ف) مذکر (۱) لغوی معنی جوان۔ رعنا (۲) اصطلاحاً نغمہ۔ گیت۔ الاپ (۳) ایک خاص ... راگ

تراوش (تَرا۔وِش) (ف) مؤنث۔ تقاطر۔ ترشح۔ ٹپکاؤ۔

تراویح (تَرا۔وِیح) (ع) مؤنث۔ سنت کی وہ بیس رکعتیں جو ماہِ رمضان میں نمازِ عشا کے بعد وتروں سے پہلے پڑھی جاتی ہیں۔ اور عموماً ان میں سارا کلام مجید امام تقریباً ۲۱ یا ۲۵ یا ۲۷ راتوں میں مقتدیوں کو سنا کر ختم کر دیتا ہے۔

تراہ (تَراہ) (ہ) (عو) (۱) پناہ دو۔ رحم کرو۔ واویلا (۲) مذکر۔ ایک شہر کا نام جہاں کی تلواریں اور کٹاریں مشہور ہیں۔

تراہ تراہ کرنا (ہ) (عو) (۱) واویلا کرنا۔ ہائے ہائے ... (۲) کسی چیز کی کمی کے باعث

[illegible]

ترائی (تَرا۔ ای) (ہ) مؤنث (۱) وہ زمین جو کسی دریا یا ندی وغیرہ کے قریب ہو۔ پست اور مرطوب زمین (۲) سبزہ زار۔ مرغزار۔

ترب (تَرَب) (ہ) مذکر۔ ایک تار کا نام جو ستار اور سارنگی وغیرہ میں ہوتا ہے۔

ترب (تُرُب) (ف) مؤنث۔ مولی۔

تربا چک (تِر۔ با۔ چک) (ہ) تین دفعہ تصدیق کیا ہوا عہد۔ طلاق۔

تُربَت (تُر۔ بَت) (ع) مؤنث (۱) قبر۔ گور۔ مزار (۲) اصطلاحاً مولانا روم کی تربت۔

تربوز (تَر۔ بُوز) (ف) مذکر۔ ایک قسم کا عام پھل جس کے اندر سے سرخ رنگ کا میٹھا اور ٹھنڈا گودا نکلتا ہے۔

تُربہ (تُر۔ بَہ) (ع) مذکر۔ قبرستان۔ گورستان۔ مدفن۔

تربھر ہونا (ہ) (عو) خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔

تربھنگا (تِر۔ بھنگ۔ گا) (ہ) ترچھا۔ جھکا ہوا

تربھون (تِر۔ بھون) (س) مذکر۔ تینوں لوک۔ سورگ پرتھوی۔ پاتال۔ مراداً کل جہان۔ تمام جہان تمام مخلوق۔

تربیت (تَر۔ بِیَت) (ع) مؤنث (۱) پرورش پرداخت (۲) تعلیم۔ تہذیب۔ تعلیم اخلاق۔

تربیدی (تِر۔ بے۔ دی) (ہ) مذکر۔ تین وید کا جاننے والا۔ برہمنوں کی ایک قوم۔

تربینی۔ تربھنی (تِر۔ بے۔ نی ۔ تِر۔ بھ۔ نی) (س) مؤنث (ہندو) (۱) وہ جگہ جہاں تین دریا ملیں (۲) الہ آباد کا وہ مقام جہاں گنگا۔ جمنا اور سرسوتی تینوں دریا ملتے ہیں۔

ترپال (تِر۔ پال) (ہند) (انگ۔ ٹارپالن TARPAULIN) مذکر۔ موم جامے کی قسم کا وہ ٹاٹ جس پر رال چڑھائی گئی ہو۔ اور بارش کے موقع پر مال اسباب کے اوپر ڈالنے کے کام آئے۔

ترپائی (تُر۔ پا۔ ای) (ہ) مؤنث۔ بخیے کے اوپر کی سیون

ترپائی کرنا (ہ) بخیے کے اوپر سلائی کرنا۔

ترپڑ (تِر۔ پڑ) (ہ) مؤنث۔ تپائی۔

ترپن (تَر۔ پن) (س) مذکر (ہندو) پتروں کو جلا دینا۔

ترپن (تِر۔ پن) (س) مذکر (ہندو) ... پتروں

... (ہ) پچاس اور تین۔ ۵۳ ... (۲) تسلی

... آسودہ۔

ترچھی (تر-چھی) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی سلائی جو اکثر کنارے پر کپڑے دبانے کے لئے کی جاتی ہے۔
ترچھا کر سینا (ہ) دو کپڑے جوڑ کر سینا۔ سیون پر ایک اور سلائی دینا۔ کپڑے کے سرے کو الٹ کر سینا۔
ترپولیا (تر-پو-لیا) (ہ) مذکر۔ سہ در۔ وہ مقام جہاں ایک سمت میں برابر تین دروازے ہوں۔
ترپھلا (تر-پھلا) (ہ) مذکر (۱) ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ ان تینوں دواؤں کو ترپھلا کہتے ہیں (۲) تین پھل کا چاقو۔
ترت (تُرت) (ہ) (۱) فوراً۔ جلد (۲) ابھی۔ اسی وقت۔
ترتاترت (ہ) دیکھو "ترت"۔
ترت پھرت (تُرت-پھُرت) (ہ) (۱) بہت جلد اور پھرتی سے۔ فوراً (۲) پھرتی۔ چالاکی۔
ترتراتا (تر-ترا-تا) (ہ) گھی میں ڈوبا ہوا۔ چرب۔
ترتراہٹ (تر-ترا-ہٹ) (ہ) مؤنث۔ سن سناہٹ۔ کرکراہٹ۔
ترترا۔ ترترتیا (تر-ترا + تر-تر-تی-یا) (ہ) (عو) (۱) تیز۔ طرار۔ چالاک (۲) چرب زبان۔ جلد جلد باتیں کرنے والا۔
ترتیب (تر-تیب) (ع) مؤنث (۱) درجہ بدرجہ ٹھیک رکھنا۔ آراستگی۔ درستی (۲) جبر و مقابلہ میں ہر قاعدے کا نام۔
ترتیب تہجی (ع) مؤنث۔ حروف تہجی کا سلسلہ۔
ترتیب دینا (ہ) سلسلہ وار رکھنا۔ سجانا۔ قطار جمانا۔
ترتیب سے (ہ) قرینے سے۔ سلسلہ وار۔
ترتیب وار (ع-ف) سلسلہ وار۔ موقع بہ موقع۔ درجہ بدرجہ۔
ترتیل (تر-تیل) (ع) مؤنث۔ قرآن شریف کے حروف کو مخارج سے ادا کر کے آہستگی سے پڑھنا۔
ترجمان (تر-جُمان) (ع) مذکر۔ مترجم۔ ایک زبان سے دوسری زبان میں ادا کرنے والا۔ شارح۔
ترجمہ (تر-جمہ) (ع) مذکر۔ ایک زبان سے دوسری زبان میں بیان کیا ہوا۔
ترجیح (تر-جیح) (ع) مؤنث (۱) غلبہ۔ افزونی (۲) بہتری۔ فضیلت۔
ترجیح دینا (ہ) فوقیت دینا۔ فضیلت دینا۔ غلبہ دینا۔
ترجیح رکھنا (ہ) فضیلت رکھنا۔
ترجیع (تر-جیع) (ع) (۱) پھیرنا۔ بازگشت (۲) اصطلاح [illegible] مغرب سے مشرق کی طرف جانے میں رجعت کرنا۔
ترجیع بند (ع-ف) مذکر۔ بند کو پھر بیان کرنا۔ اصطلاح عروض میں شاعر کا چند ایسے بند جو بحر میں موافق اور قافیہ میں مختلف ہوں بیان کرنا کہ ایک ہی بیت ہر بند کی بیت آخر کے مضمون سے مربوط ہو۔
ترچھا (تر-چھا) (ہ) (۱) ٹیڑھا بانکا۔ آڑا۔ کج (۲) ایک قسم کا میٹھی کیڑا جس کا اکثر استر رکھا جاتا ہے۔
ترچھی (تر-چھی) (ہ) مؤنث۔ ٹیڑھی۔ بانکی۔
ترچھی آنکھ یا نظر یا نگاہ (ہ) (۱) قہر کی نظر۔ غصے کی نگاہ (۲) مست و ناز انداز سے دیکھنا۔
ترحم (تر-حم) (ع) مذکر۔ رحم۔ دیا۔ کرپا۔ ترس۔
ترخنا (ترخ-نا) (ہ) شگاف ہونا۔ پھٹ جانا۔
ترخیم (تر-خیم) (ع) مؤنث۔ لغوی معنی دُم کاٹنا۔ اصطلاح نحو میں کسی کلمے کے آخر سے کسی حرف یا جزو لفظ کو دور کرنا۔
تردد (ترد-دُد) (ع) مذکر (۱) آمد و رفت (۲) سوچ۔ فکر۔ اندیشہ۔ تذبذب۔
تردد ناجائز (ع-ف) مذکر۔ خلاف قانون کاشت۔
تردید (تر-دید) (ع) مؤنث۔ رد کرنا۔ منسوخ کرنا۔ کسی بات کا جواب دینا۔
ترس (تَرس) (ف) مذکر۔ ڈر۔ خوف۔ دہشت۔
ترس (تَرس) (ف) (۱) رحم۔ دیا (۲) درد۔ خوف خدا۔ (۳) ترسنا کا امر۔
ترس کھانا (ہ) رحم کرنا۔ دیا کرنا۔
ترسا (تر-سا) (ف) (۱) ڈرانے والا (۲) مذکر۔ نصرانی۔ آتش پرست (۳) (ہ) ترسانا کا امر (۴) ترسنا کی ماضی۔
ترسا ترسا کر دینا (ہ) شوق دلا کر تھوڑا سا دینا۔ خواہش سے کم دینا۔ تھوڑا تھوڑا دینا۔
ترسا ترسا کر مارنا (ہ) (عو) (۱) بار بار تکلیف دے کر جان لینا (۲) للچا للچا کر نہ دینا۔
ترساں (تر-ساں) (ف) خائف۔ خوف زدہ۔ ڈرتا ہوا۔
ترسانا (تر-سا-نا) (ہ) (۱) للچانا۔ خواہش دلانا (۲) شوق میں مارنا (۳) بلکانا۔ مشتاق کرنا۔ خواہش سے کم دینا۔
ترسنا (تر-س-نا) (ہ) (۱) خواہش مند ہونا (۲) ندیدہ ہونا (۳) ایسی چیز کی امید رکھنا جو ہاتھ نہ آ سکے (۴) اشتیاق میں رہنا۔ ہڑکنا (۵) محتاج ہونا۔ تنگ ہونا۔

ترسول (تَرَ۔سُوْل) (ف) مذکر۔ صادِرکا ہتھیار۔ لوہے کا ساخاصا بھالا ۔

ترسیل (تَرْ۔سِیْل) (ع) مؤنث۔ ارسال۔ روانگی ۔

ترش (تُرُش) (ف) (۱) کھٹّا (۲) ناراض۔ ناخوش (۳) بد دماغ ۔

ترش رو (ف) مذکر (۱) ناراض۔ ناخوش (۲) بد دماغ۔ چڑچڑا (۳) منغّص۔ مکدّر ۔

ترشائی (ف) مؤنث۔ کھٹاس۔ کھٹائی ۔

ترشح (تَرَ۔شُّح) (ع) مؤنث (۱) بوندا باندی۔ تقاطر (۲) (ا) ظاہر۔ آشکار ۔

ترشح ہونا (ا) (۱) ٹپکنا (۲) ظاہر ہونا۔ پایا جانا ۔

ترشن (تَرْ۔شَن) (ہ) مؤنث۔ جھیلنا ۔

ترشنا (تَرَش۔نا) (ا) چاقو یا چھری وغیرہ سے کٹنا۔ قلم ہونا ۔

ترشی (ف) مؤنث (۱) کھٹائی۔ کھٹاس (۲) ناراضی۔ ناخوشی ۔

ترشیح (تَرْ۔شِیْح) (ع) مؤنث۔ شاعری کی ایک صنعت جس میں نظم اس طرح لکھی جاتی ہے کہ ترتیب وار تمام مصرعوں کے پہلے پہلے حرف ملانے سے کوئی نام بن جاتا ہے ۔

ترصّد (تَرَ۔صُّد) (ع) مذکر۔ آس۔ اُمید۔ اُمید رکھنا۔ گھات لگانا ۔

ترصیع (تَرْ۔صِیْع) (ع) مؤنث۔ شاعری کی ایک صنعت جس میں دو مصرعوں کے تمام الفاظ بالترتیب ہم وزن ہوتے ہیں ۔

ترغیب (تَرْ۔غِیْب) (ع) مؤنث (۱) رغبت دلانا۔ لالچ دلانا (۲) خواہش۔ شوق (۳) اغوا۔ بہکاوٹ ۔

ترغیب دینا (ا) لالچ دینا۔ رغبت دلانا۔ شوق دلانا ۔

ترفان (تَرْ۔فَاق) (ا) مذکر۔ ایک نکونی لمبی سی ریتی جس سے بندوق کی نالی اندر سے صاف کی جاتی ہے ۔

ترفع (تَرَ۔فُّع) (ع) مذکر۔ غرور ۔

ترفہ (تَرَ۔فُّہ) (ع) مذکر۔ خوش حالی ۔

ترقانا (تَرْ۔قَا۔نَا) (ہ) تڑخنا۔ شق کرنا ۔

ترقنا (تَرَق۔نَا) (ہ) پھٹنا۔ شق ہونا ۔

ترقی (تَرَق۔قی) (ع) مؤنث (۱) اوپر چڑھنا۔ بلندی (۲) بالیدگی۔ افزونی (۳) زیادتی۔ اضافہ ۔

ترقی حیثیت (ع) مؤنث۔ حالت کی ترقی ۔

ترقیم (تَرْ۔قِیْم) (ع) مؤنث۔ تحریر۔ نوشت ۔

ترک (تُرْک) (ف) مذکر (۱) حضرت نوحؑ کا بیٹا یافث۔ جس سے ترکوں کا سلسلہ چلا ہے (۲) تاتاری مسلمان (۳) معشوق (۴) سپاہی (۵) (ا) ہندو گیتوں اور گانوں میں محض مسلمان کے معنوں میں بھی استعمال کیا گیا ہے ۔

ترک تاز (ف) مؤنث (۱) سپاہی۔ لشکری (۲) لٹیرا (۳) دوڑ دھوپ۔ یلغار۔ حملہ آور۔ تاخت و تاراج۔ لوٹ مار۔ حملہ ۔

ترک تیتا تو تڑا انا یہ کسی کے میت
بھیڑ پڑت منہ پھیریں راکھیں نہ پریت } (ہ) مثل۔ مسلمان۔ تیتر اور طوطا کسی کے دوست نہیں ہوتے مصیبت کے وقت ساتھ چھوڑ دیتے ہیں ۔

ترک کا کے میت۔ سرپ سے کا ہیت (ہ) (ہ) مثل۔ مسلمان سے دوستی کرنا سانپ سے دوستی کرنے کے برابر ہے ۔

ترک (تَرْک) (ع) مذکر (۱) چھوڑنا۔ درگزر۔ فروگزاشت (۲) (ا) بھول۔ چوک۔ سہو ۔

ترک ادب (ع) مذکر (۱) بے ادبی۔ گستاخی۔ (۲) جرأت ۔

ترک سلطنت (ع) مذکر۔ حکومت سے دستبردار ہونا۔ تخت چھوڑنا۔ سلطنت کو خیرباد کہنا ۔

ترک وطن (ع) مذکر۔ مہاجرت۔ ہجرت کرنا۔ اپنا دیس چھوڑ دینا ۔

ترکاری (تَرْ۔کَا۔رِی) (ا) مؤنث (۱) بھاجی۔ ساگ پات۔ سبزی (۲) پھل میوے (۳) (ہندو) گوشت۔ ماس ۔

ترکانہ (تُرْ۔کَا۔نَہ) ترک سے منسوب ۔

ترکٹا (تِرْ۔کُٹَا) (ہ) مذکر۔ سونٹھ۔ پیپل اور مرچ کا سفوف۔ جو بید لوگ ہاضمہ کے لئے بناتے ہیں ۔

ترکش (تَرْ۔کَش) (ف) مذکر۔ تیر رکھنے کا خول۔ تیر دان ۔

ترکمان (تُرْک۔مَان) (ف) مذکر۔ ترکوں کی ایک قوم ۔

ترکم ترکا (تَرْ۔کَم۔ تَرْ۔کَا) (ہ) مؤنث (ع) اَن بن ۔

ترکن (تُرْ۔کَن) (ا) مؤنث (۱) ترک کی بیوی (۲) ترک قوم کی عورت (۳) سپاہی کی جورو (۴) (گنوار) مسلمانی۔ مسلمان عورت ۔

ترکنی (تُرْ۔کِنی) (ا) مؤنث۔ وہ عورت جو بادشاہی محلوں میں چوکی پہرہ دیا کرتی ہے ۔

ترکہ (تَرْ۔کَہ) (ع) مذکر۔ ورثہ۔ میراث۔ متوفی کی جائداد ۔

ترکۂ پدری (ع۔ف) مذکر۔ باپ کا چھوڑا ہوا مال اسباب ۔

ترکی (تُرْ۔کی) (ف) مؤنث (۱) ترکوں کی بولی (۲) ترکستان کے کمیت کا گھوڑا (۳) مردانگی۔ بہادری (۴) ترکستان

بادم کا باشندہ۔

ترکی بہ ترکی جواب دینا (ا) (۱) جس زبان میں کوئی شخص بات کرے۔ فوراً اسی زبان میں جواب دینا۔ (۲) سخت جواب دینا۔

ترکی تمام ہونا (ا) (۱) گھمنڈ جاتا رہنا۔ غرور نکلنا (۲) خاتمہ ہو جانا۔ باقی کچھ نہ رہنا (۳) ساری بہادری تمام ہو جانا۔

ترکیب (تر۔کیب) (ع) مؤنث (۱) کئی چیزوں کو ملا کر ایک چیز بنانا۔ مرکب بنانا (۲) بناوٹ۔ ساخت۔ (۳) ڈھنگ۔ طور۔ کسی چیز کے بنانے کا کوئی خاص طریقہ (۴) تدبیر۔ علاج (۵) نحو میں جملے کے ہر لفظ کو ملا کر بتانا۔

ترکیب بند (ع ف) مذکر۔ اس میں ہر بند کا آخری شعر جداگانہ ہوتا ہے۔

ترکیب دینا (ا) (۱) ملانا۔ بنانا (۲) مختلف ادویہ کو ملا کر ایک خاص مزاج پیدا کرنا

ترکیب سے چلنا (ا) کفایت شعاری برتنا۔ خاص اصول پر کاربند رہنا۔

ترلوک (تر۔لوک) (س) مذکر (ہندو) پاتال۔ آسمان زمین

ترم (تُرَم) (ا) مذکر۔ ایک قسم کا باجا۔ بگل۔ تُرئی۔ منہ سے بجانے کا وہ آلہ جس سے فوج میں قواعد کا حکم سنایا جاتا ہے۔

ترمتی (تر۔متی) (ا) مؤنث۔ باز یا شکرا وغیرہ کی قسم کا ایک پرندہ۔

ترمرا (تر۔مرا) (ہ) مذکر (۱) چکنائی کا دھبا جو پانی یا شوربے پر آ جاتا ہے (۲) وہ تارا جو صدمۂ دماغی یا کمزوری کے باعث آنکھ کے سامنے اڑتا ہوا نظر آتا ہے۔

ترمرے (تر۔مرے) (ہ) مذکر۔ ترمرا کی جمع۔ اردو میں صرف جمع کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

ترمیم (تر۔میم) (ع) مؤنث۔ اصلاح۔ درستی (۲) تغیر و تبدل۔

تُرنج (تُرَنج) (ف) مذکر (۱) چکوترا۔ ایک قسم کا بڑا لیموں (۲) کارچوبی کام کے پان کی شکل کے ٹکڑے جو اکثر شال وغیرہ کے کونوں پر لگا دیتے ہیں۔

ترنجبین (ترنج۔بین) (ف) مؤنث۔ ایک قسم کی قدرتی شکر جو اونٹ کٹارے کے کانٹوں پر شبنم کی طرح گر کر جم جاتی ہے (۲) افشردہ لیموں جس میں کھانڈ ملا کر پکاتے ہیں۔

ترنگ (تر۔نگ) (ف) مؤنث (۱) تیر کے چھوٹنے کی آواز (۲) ساز بجاتے وقت تار کی صدا۔

ترنگ (تر۔نگ) (ہ) مؤنث۔ موج۔ لہر (۲) امنگ۔ جوش طبع (۳) خیال۔ وسواس (۴) وہم۔ خاص خیال۔ (۵) شیخی۔ تعلی۔ لاف۔

ترنگ (تر۔نگ) (ہ) مذکر۔ گھوڑا۔ اسپ۔

ترنم (ترن۔نم) (ع) مذکر۔ گانا۔

تروٹ (تر۔وٹ) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا گوند ترانہ۔

ترور (تر۔ور) (ہ) مذکر۔ پیڑ۔ درخت۔ برِوا۔

ترویج (تر۔ویج) (ع) رواج دینا۔ بنانا۔ اشاعت کرنا۔

ترویدی (تر۔وے۔دی) (س) مذکر (۱) تین وید جاننے والا۔ وہ برہمن جس نے تین وید پڑھے ہوں۔

ترہ (ترہ) (ف) مذکر۔ ساگ۔ ترکاری۔

ترہ ترہ کرنا (ہ) دیکھو "تاہ تاہ کرنا"۔

ترہی۔ تُرئی۔ تُری (ہ) مؤنث۔ بگل۔ ترم۔ ایک قسم کی لمبی نفیری۔

تُرئی (تُر۔ئی) (ہ) مؤنث۔ ایک ترکاری۔

تُرئی کا سا پھول (ہ) مذکر (عو) (۱) تُرئی کے زرد پھول کی مانند جس کی زردی آنکھوں کو خوشنما معلوم ہوتی ہے (۲) روپیہ کا اس طرح خرچ ہونا کہ کم معلوم نہ ہو۔

تری (تری) (ف) مؤنث (۱) رطوبت۔ نمی۔ خشکی کے خلاف (۲) بحر۔ سمندر۔

تری (ترِی) (ہ) تیری کا مخفف۔

تریا (تر۔یا) (ہ) مؤنث۔ عورت۔ استری۔ لگائی۔ ناری

تریا چلتر (ہ) مذکر۔ عورتوں کی چال بازی۔ مکر و فریب۔

تریا راج (ہ) مذکر۔ عورتوں کا زور یا حکومت۔

تریا ہٹ (ہ) مؤنث۔ عورت کی ضد۔

تریاق (تر۔یاق) } (ف) مذکر (۱) زہر مہرہ (۲) ایک خاص قسم کی معجون جو زہر کے دفع کرنے کے لئے بناتے ہیں (۳) اصطلاحاً افیون۔
تریاک (تر۔یاک) }

تری بری (تری۔بری) (ہ) جدا جدا۔ منتشر۔

تریتا (تری۔تا) (س) ہندوؤں کا دوسرا جگ جو بارہ لاکھ چھیانوے ہزار برس کا بتایا جاتا ہے۔

تریڑا (تَرے۔ڑا) (ہ) مذکر (۱) پانی کا دھار باندھ کر ڈالنا۔ (۲) پانی کی دھار جو کسی اونچی جگہ سے پڑے ۔

تریز (تَرِیز) (ف) مؤنث۔ کرتے کے چوڑے منہ کی کلی جو چوبغلے کے نیچے پڑتی ہے ۔

تریل (تَرَ۔یل) (ہ) مؤنث۔ مست۔ ہتھنی ۔

تریند۔ تریندا (تَرَیند۔ تَرِین۔دا) (ہ) مذکر۔ جو تنکا جو چھوٹی مچھلی کے شکار کے لئے کانٹے میں لگا دیتے ہیں ۔

ت ۔ ڑ

تڑ (تَڑ) (ہ) مذکر۔ تھپڑ کی آواز۔ صدمے یا ضرب کی آواز ۔

تڑا بھڑی (تَڑا۔ بھَڑی) (ہ) مؤنث (۱) جلدی۔ شتابی۔ (۲) موت کی گرم بازاری۔ پے در پے مرنا ۔

تڑا پڑ (تَڑا۔ پَڑ) (ہ) متواتر۔ پے در پے۔ فوراً ۔

تڑا تڑ (تَڑا۔ تَڑ) (ہ) مؤنث۔ لگاتار مارنے کی آواز۔ مینہ کی بڑی بڑی بوندیں پڑنے کی آواز ۔

تڑاخا (تَڑا۔خا) (ہ) دیکھو "تڑاقا" ۔

تڑاق (تَڑاق) (ہ) مذکر۔ کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز۔ چٹاخ۔ جوتے مارنے کی آواز ۔

تڑاق پڑاق (ہ) دیکھو "تڑاق تڑاق" ۔

تڑاق تڑاق (ہ) (۱) جلد جلد۔ برابر۔ متواتر (۲) ٹوٹنے کی آواز (۳) تڑا تڑ۔ سڑا سڑ (۴) منہ در منہ۔ دُو بدُو (۵) نڈر ہو کر۔ بیباکانہ (۶) شوخ طبع۔ چلبلا ۔

تڑاقا (ہ) مذکر (۱) کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز (۲) بوسے کی آواز۔ چٹاخا (۳) کڑاکا۔ حقے کا دم لگانے کی آواز (۴) ذائقے کی آواز۔ چٹخارا (۵) زور۔ تیز (۶) امساکِ باراں کا زمانہ (۷) کمی۔ قحط ۔

تڑاقا بیتنا (ہ) فاقہ گزرنا ۔

تڑاقا کھانا (ہ) کمی ہونا۔ توڑا جانا ۔

تڑاقے کا (ہ) (۱) مزیدار۔ لذیذ۔ خوش ذائقہ (۲) بھڑکیلا۔ چمکیلا (۳) شدت کا۔ زور کا ۔

تڑانا (تُڑا۔نا) (ہ) (۱) علیحدہ کرنا۔ چھڑانا (۲) توڑ ڈالنا (۳) روپیہ بھنانا (۴) قیمت میں کمی کرانا ۔

تڑاوا۔ تڑاپا (تَڑا۔وا + تَڑا۔پا) (ہ) مذکر (۱) خوش پوشاکی۔ رنگیلا پن۔ آرائش کا سامان (۲) دکھاوا۔ خود پسندی ۔

تُڑائی (تُڑا۔ ای) (ہ) مؤنث (۱) توڑنے کی اُجرت (۲) روپیہ خردہ کرنے کا بٹا ۔

تڑپ (تَڑ۔ پ) (ہ) مؤنث (۱) بے قراری۔ پھڑک (۲) تپش۔ گرمی (۳) اچھل کود (۴) تلملاہٹ ۔

تڑپانا (ہ) (۱) بھڑکانا۔ ترسانا۔ بے قرار کرنا (۲) کُدانا ۔

تڑ پڑ (تَڑ۔ پَڑ) (ہ) (۱) کسی کے جواب میں بلا تکلف کچھ کہنا (۲) (عو) جلد جلد ۔

تڑپڑاہٹ (تَڑ۔ پَڑا ہَٹ) (ہ) مؤنث۔ دیکھو "تڑپ" ۔

تڑپڑی (تَڑ۔ پَڑی) (ہ) مؤنث (عو) بے چینی ۔

تڑپن (تَڑ۔ پَن) (ہ) مؤنث (عو) تڑپ ۔

تڑپنا (ہ) (۱) بھڑکنا۔ بے قرار ہونا۔ تلملانا (۲) دھڑکنا (۳) اچھلنا کودنا (۴) جاں کنی کے عالم میں ہاتھ پاؤں دے دے مارنا (۵) کمال مشتاق و آرزومند ہونا ۔

تڑ تڑ (تَڑ۔ تَڑ) (ہ) مؤنث۔ بندوق یا پٹاخوں کی آواز ۔

تڑخ تڑخ نور برستا ہے (ہ) (عو) بدصورت کو مذاقاً کہا جاتا ہے ۔

تڑخنا۔ تڑقنا (ہ) (۱) پھٹنا۔ کھل جانا (۲) زخم وغیرہ کا پھٹنا (۳) بگڑ کر بولنا ۔

تڑکا (ہ) مذکر۔ صبح۔ فجر۔ سویرا۔ علی الصبح ۔

تڑکا ہونا (ہ) (۱) فجر ہونا۔ سویرا ہونا (۲) صدمۂ دماغی کے باعث آنکھوں کے سامنے تارے نظر آنا (۳) بے حد مار کھانا۔ پٹنا (۴) صفایا ہونا۔ کچھ نہ رہنا ۔

تَڑی (تَڑی) (ہ) مؤنث (۱) مار۔ ضرب (۲) دم۔ فریب (۳) نقصان۔ خسارا ۔

تڑیانا (تَڑ۔یا۔نا) (ہ) پر کٹے ہوئے پرندے کا اڑ جانا ۔

تڑی بڑی (تَڑی۔ بَڑی) (ہ) دیکھو "تڑی بری" ۔

تڑیڑا (تَڑیڑے۔ڑا) (ہ) دیکھو "تریڑا" ۔

ت ۔ ز

تُزک (تُزُک) (ف) مؤنث (۱) انتظام۔ ترتیب (۲) روزنامچۂ شاہی (۳) (ل) دھوم دھڑکا۔ شان و شوکت۔ ٹھاٹ ۔

تزکیہ (تَز۔کِیَہ) (ع) مذکر۔ پاک کرنا۔ صفائی کرنا ۔

تزلزل (تَزَل۔زُل) (ع) مذکر۔ زلزلہ۔ لرزش۔ جنبش

پہل۔ گو برٌ۔

تزلزل بیاناتی (ع۔ف) مذکر۔ بیانات میں لغزشیں کھانا۔

تزویج (تز۔ وِیْج) (ع) مؤنث (۱) شادی کرنا (۲) شادی۔ نکاح۔

تزویج بذریعۂ ازدواج قانونی (ع۔ف) مؤنث۔ یورپ میں شادی کا طریقہ۔ دولھا دلھن دونوں گرجے میں جاکر رجسٹر میں اپنا اپنا نام درج کرتے ہیں کہ فلاں نے فلاں سے شادی کی۔ گویا یہی اندراج ان کا جائز نکاح نامہ ہے۔ جب تک یہ نہ ہو۔ ان کی شادی جائز اور قانونی نہیں۔

تزویر (تز۔ وِیْر) (ع) مؤنث۔ مکر۔ فریب۔

تزئین (تزْ۔ ئِیْن) (ع) مؤنث۔ آرائش۔ زیب۔ زینت۔

ت ۔ س

ترس (ترس) (ہ) مؤنث۔ تشنگی۔ پیاس۔

تس (تس) (ہ) اس (متروک)۔

تس پہ (ہ) اس پر۔ باوجود اس کے۔ پھر بھی۔

تُس (تُس) (ہ) مذکر۔ ریشہ جو اناج وغیرہ کے اوپر سے اترے۔ اناج کا چھلکا۔

تسار (تُسار) (ہ) مؤنث (۱) کہر۔ پالا (۲) سردی۔ ٹھنڈ۔

تسالا (تِسا۔ لا) (ہ) تین برس کا۔ سہ سالہ۔

تسامح (تسا۔ مُح) (ع) مذکر (۱) باہمی مہربانی (۲) چشم پوشی (۳) اس طرح بیان کرنا کہ مطلب صاف ظاہر نہ ہو (۴) دو معنی رکھنے والی بات کہنا (۵) غلطی۔

تساہل (تسا۔ ہُل) (ع) مذکر۔ سستی۔ غفلت۔ سہل انگاری۔

تسبیح (تس۔ بِیْح) (ع) مؤنث (۱) سو دانوں کی مالا۔ سُبحہ (۲) اللہ اللہ کہنا۔ خدا کو یاد کرنا (۳) ورد۔ وظیفہ (۴) (ا) ایک قسم کا پودا۔

تسبیح پھیرنا (ا) مالا جپنا۔ خدا یاد کرنا۔

تسبیح خوان (ع۔ف) (۱) تسبیح پھیرنے والا۔ ذاکر۔ (۲) عبادت کرنے والا۔

تسخیر (تس۔ خِیْر) (ع) مؤنث (۱) فرمانبردار بنانا۔ تابع کرنا (۲) گھیرنا (۳) (ا) قابو میں لانا۔ جن یا پری کو قید کرنا۔ کسی کے دل کو اپنی طرف کھینچنا (۴) روحانیت کا عمل حاضرات کا علم۔

تسطیر (تس۔ طِیْر) (ع) مؤنث۔ سطر بندی کرنا۔ قلمبند کرنا۔ لکھنا۔

تسکین (تس۔ کِیْن) (ع) مؤنث (۱) آرام دینا (۲) تسلی۔ دلاسا۔ اطمینان (۲) (ا) افاقہ۔ آرام۔ تندرستی۔

تسلا (تس۔ لا) (ہ) مذکر۔ تانبے یا پیتل وغیرہ کا طشت بہات۔

تسلسل (تس۔ سُل) (ع) مذکر (۱) سلسلہ بندی۔ لڑی (۲) روانی۔

تسلط (تس۔ لُط) (ع) مذکر (۱) حکومت۔ غلبہ (۲) (ا) قبضہ۔ دخل۔

تسلی (تس۔ لی) (ع) مؤنث۔ طمانیت۔ خاطر جمع۔ تسکین۔

تسلیم (تس۔ لِیْم) (ع) مؤنث (۱) سلام کرنا (۲) سپرد کرنا۔ سونپنا (۳) ماننا۔ قبول کرنا (۴) (ا) بندگی۔ آداب۔ کورنش۔

تسلیمات (تس۔ لِی۔ مات) (ع) مؤنث۔ تسلیم کی جمع آداب۔ بندگی۔ کورنش۔

تسلیم کرنا (ا) (۱) ماننا۔ قبول کرنا (۲) آداب بجا لانا۔ بڑے کو سلام کرنا۔

تسمہ (تس۔ مہ) (ف) مذکر۔ چمڑے کا لمبا ٹکڑا۔

تسمہ کھینچنا (ا) (۱) ایک خاص طریقہ سے گلا گھونٹ کر مارنا (۲) پھانسی دینا۔

تسمہ لگا نہ رکھنا (ا) صاف گردن اڑا دینا ۔ ذرا تعلق نہ رکھنا۔

تسمیہ (تس۔ مِیَہ) (ع) مذکر۔ نام رکھنا۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم کہنا۔

تسمیہ خوانی (ف ع) مؤنث۔ بسم اللہ کی تقریب۔

تسنن (تس۔ نُن) (ع) مذکر۔ سُنّی ہو جانا۔

تسنیم (تس۔ نِیْم) (ع) مؤنث۔ بہشت کی ایک نہر۔

تسو (تس۔ سو) (ہ) مذکر۔ ڈیڑھ انچ۔ گز کا چوبیسواں حصّہ۔

تسوانسی (تس۔ واں۔ سی) (ہ) مؤنث۔ بسوانسی کا بیسواں حصّہ۔ کچوانسی۔

تسوید (تس۔ وِیْد) (ع) مؤنث۔ لکھنا

تسہیل (تس۔ ہِیْل) (ع) مؤنث۔ آسان کرنا۔

ت - ش

تشابہ (تَشا۔بُہ) (ع) مذکر۔ مشابہت ۔
تشبیب (تَش۔بِیب) (ع) مؤنث۔ قصیدے کی تمہید ۔
تشبیہ (تَش۔بِیہ) (ع) مؤنث۔ مشابہت۔ تمثیل۔ ایک چیز کو دوسری چیز سے مثال دینا ۔
تشت (تَشْت) (ف) مذکر۔ تسلہ۔ پرات۔ تانبے کا بڑا لگن ۔
تشت از بام ہونا (ا) (۱) مشہور ہونا مشتہر ہونا (۲) ظاہر ہونا۔ کھل جانا۔ بھانڈا پھوٹنا ۔
تشت چوکی (ا) وہ چوکی اور وہ طشت جو امیروں کے زچہ خانہ یا پاخانے میں رکھا جاتا ہے ۔
تشتت (تَشَتُّت۔ تُت) (ع) مذکر۔ پراگندگی۔ پریشانی۔ بے اطمینانی ۔
تشتری (تَش۔تَرِی) (ا) مؤنث۔ چھوٹی رکابی ۔
تشخص (تَشَخْ۔خُص) (ع) مذکر۔ امتیاز ۔
تشخیص (تَش۔خِیص) (ع) مؤنث (۱) مقرر کرنا۔ ٹھہرانا۔ قرار دینا (۲) جانچ۔ تحقیق ۔
تشخیص جمع بندی (ع۔ف) مؤنث۔ سالانہ بندوبست کا ایک نقشہ جو زمینداروں، تعلقداروں وغیرہ کے زمین کے معاملے سے متعلق بنایا جاتا ہے ۔
تشخیص عام (ع) مؤنث۔ کچا اندازہ ۔
تشدد (تَشَدْ۔دُد) (ع) مذکر۔ سختی۔ زیادتی۔ جبر ۔
تشدید (تَش۔دِید) (ع) مؤنث (۱) ایک جنس کے دو حرفوں کو ایک لکھنا اور دو پڑھنا۔ جیسے تکلّف کا لام۔ (۲) حرف مشدّد کی علامت (ّ) ۔
تشرع (تَشَر۔رُع) (ع) مذکر۔ شرع کی پابندی ۔
تشریح (تَش۔رِیح) (ع) مؤنث (۱) بخوبی بیان کرنا۔ شرح کرنا (۲) تفصیل۔ تفسیر۔ وضاحت (۳) جسم کی بناوٹ کا بیان ۔
تشریف (تَش۔رِیف) (ع) مؤنث (۱) بزرگی۔ شرف۔ عزت (۲) خلعتِ فاخرہ پہنانا ۔
تشریف ارزانی فرمانا (ا) بزرگی بخشنا۔ کسی امیر و بزرگ کا گھر آنا ۔
تشریف رکھنا (ا) بیٹھنا۔ ٹھہرنا۔ قیام کرنا ۔
تشریف لے جانا (ا) رخصت ہونا۔ سدھارنا ۔
تشفی (تَشَف۔فِی) (ع) مؤنث (۱) تسلی۔ تسکین (۲) طمانیت۔ دلجمعی ۔
تشکیک (تَش۔کِیک) (ع) مؤنث۔ شک میں ڈالنا ۔
تشنا (تَش۔نا) (تشنیع کا مخرب) مذکر۔ طعنہ ۔
تشنج (تَشَن۔نُج) (ع) مذکر۔ اینٹھن۔ جکڑ جانا۔ اعضائے جسمانی کا کھنچنے لگنا ۔
تشنگی (تَش۔نَگِی) (ف) مؤنث۔ پیاس۔ عطش ۔
تشنہ (تَش۔نَہ) (ف) (۱) پیاسا (۲) خواہشمند ۔
تشنۂ خون (ف) جانی دشمن۔ خون کا پیاسا ۔
تشنہ لب (ف) (۱) نہایت پیاسا (۲) نہایت خواہشمند ۔
تشنیع (تَشْنِیع) (ع) مؤنث۔ طعنہ۔ ملامت۔ برا بھلا کہنا ۔
تشویش (تَش۔وِیش) (ع) مؤنث (۱) پریشانی۔ گھبراہٹ (۲) سوچ۔ فکر ۔
تشویق (تَش۔وِیق) (ع) مؤنث۔ شوق دلانا۔ اکسانا ۔
تشہد (تَشَہ۔ہُد) (ع) مذکر۔ کلمۂ شہادت پڑھنا ۔
تشہیر (تَش۔ہِیر) (ع) مؤنث (۱) مشہور کرنا۔ شہرت دینا۔ منادی کرنا (۲) کسی مجرم کا منہ کالا کرکے رسوائی کے ساتھ گدھے کی سواری پر بازار در بازار پھرانا ۔
تشیع (تَشَی۔یُع) (ع) مذکر۔ شیعہ ہونا ۔

ت - ص

تصادم (تَصا۔دُم) (ع) صدمہ ہونا۔ ٹکرانا۔ دھکا لگنا ۔
تصانیف (تَصا۔نِیف) (ع) مؤنث۔ تصنیف کی جمع ۔
تصاویر (تَصا۔وِیر) (ع) مؤنث۔ تصویر کی جمع ۔
تصحیح (تَص۔حِیح) (ع) مؤنث (۱) صحت۔ تندرستی (۲) صحیح کرنا۔ غلطی دور کرنا ۔
تصدق (تَصَد۔دُق) (ع) مذکر (۱) صدقہ دینا۔ وارنا۔ (۲) قربانی (۳) (ا) طفیل۔ بدولت ۔
تصدیع (تَص۔دِیع) (ع) مؤنث۔ دردسر۔ دکھ۔ تکلیف ۔
تصدیعہ (ع) مذکر۔ تکلیف۔ دکھ ۔
تصدیق (تَص۔دِیق) (ع) مؤنث (۱) صداقت۔ صحت۔ سچائی (۲) (ا) ثبوت۔ اثبات (۳) (ا) گواہی۔ شہادت ۔
تصدیق کرنا (ا) (۱) سچا ثابت کرنا (۲) سفارش کرنا ۔

تصرّف (تَصَرْ رُف) (ع) مذکر (۱) کوئی کام شروع کرنا (۲) قبضہ۔ تمت۔ اختیار (۳) صرف۔ خرچ (۴) تغیر و تبدّل۔ کچھ کا کچھ کر دینا (۵) خرق عادت۔ کرامت۔ (۶) غبن۔ خیانت۔

تصرّف بیجا (ع۔ف) مذکر۔ ناجائز قبضہ۔

تصرّف بیجائے مجرمانہ (ع۔ف) مذکر۔ ناجائز قبضہ جو جرم ہو۔

تصریح (تَصْ۔ رِیح) (ع) مؤنث۔ تشریح۔ شرح۔ تفصیل۔

تصریف (تَصْ۔ رِیف) (ع) مؤنث (۱) مصدر کی گردان (۲) ایک حال سے دوسرے حال کی طرف پھرنا۔

تصغیر (تَصْ۔ غِیر) (ع) مؤنث (۱) تخفیف۔ چھٹائی۔ کوتاہی۔ خردی (۲) قواعد نحو میں وہ اسم ذات جس میں چھٹائی کے معنی پائے جائیں۔

تصفیہ (تَصْ۔ فِیَہ) (ع) مذکر (۱) صفائی۔ فیصلہ۔ صلح (۲) بیچ بچاؤ۔ نیاؤ (۳) (ا) انفصال۔ بے باقی۔

تصفیۂ حساب (ع) مذکر۔ حساب کی صفائی۔

تصفیہ نامہ (ع۔ف) مذکر۔ فیصلے کی تحریر۔

تصنّع (تَصَنْ۔ نُع) (ع) مذکر (۱) بناوٹ۔ ساخت (۲) آرائشی بناؤ (۳) تکلف۔ دکھاوا۔ ظاہری نمائش (۴) (قانون) مکر۔ جعل۔ فریب۔ دھوکا (۵) تبدیل۔ تغیّر۔

تصنیف (تَصْ۔ نِیف) (ع) مؤنث (۱) دل سے کوئی کتاب بنانا۔ طبیعت سے کوئی مضمون لکھنا (۲) ایجاد۔

تصوّر (تَصَوْ۔ وُر) (ع) مذکر (۱) دھیان۔ مراقبہ (۲) خیال۔ سوجھ۔ منصوبہ (۳) منطق کی اصطلاح میں کسی چیز کی صورت کا حکم کے بغیر عقل میں آنا۔

تصوّف (تَصَوْ۔ وُف) (ع) مذکر (۱) خواہش نفسانی سے پاک ہونا (۲) وہ علم جس کے ذریعے سے صفائی قلب حاصل ہو۔ تزکیۂ نفس کا طریقہ۔ مذہب صوفیہ۔

تصویر (تَصْ۔ وِیر) (ع) مؤنث (۱) صورت بنانا (۲) مورت۔ روپ۔ نقشہ۔ بُت (۳) (ل) نہایت خوبصورت۔ نہایت عمدہ۔

تصویر بن جانا۔ یا۔ ہو جانا (ا) بُت بن جانا۔ بے حس و حرکت ہو جانا۔

تصویر کا دوسرا رُخ (ا) مذکر (۱) تصویر کی دوسری طرف (۲) کسی چیز یا بات کا دوسرا پہلو۔

تصویر کھینچنا (۱) صورت بنانا۔ نقشہ بنانا۔

ت - ض

تضاد (تَضَا۔ د) (ع) مذکر (۱) باہم ضد کرنا۔ آپس میں مخالف ہونا (۲) نظم و نثر کی ایک صنعت جس میں متضاد الفاظ جمع کئے جاتے ہیں۔

تضحیک (تَضْ۔ حِیک) (ع) مؤنث۔ ہنسی اڑانا۔ ذلت۔ رسوائی۔ توہین۔

تضرّع (تَضَرْ۔ رُع) (ع) مذکر (۱) گریہ وزاری۔ رونا۔ پیٹنا (۲) (و) منّت۔ خوشامد۔

تضمین (تَضْ۔ مِین) (ع) مؤنث (۱) ملانا۔ شامل کرنا (۲) اصطلاح عروض میں دوسرے کے شعر پر مصرعے یا بند لگانا۔

تضییع (تَضْ۔ یِیع) (ع) مؤنث۔ ضائع کرنا۔

تضییع اوقات (ع) مؤنث وقت گنوانا۔ عمر رائگاں کرنا۔

ت - ط

تطابق (تَطَا۔ بُق) (ع) مذکر۔ مطابقت۔ مشابہت۔

تطاول (تَطَا۔ وُل) (ع) مذکر۔ دست درازی کرنا۔ تعدّی۔

تطبیق (تَطْ۔ بِیق) (ع) مؤنث (۱) مطابق کرنا۔ مقابل کرنا (۲) میل۔ مطابقت۔ موافقت۔

تطویل (تَطْ۔ وِیل) (ع) درازکرنا۔

تطہیر (تَطْ۔ ہِیر) (ع) پاک کرنا۔

ت - ظ

تظلّم (تَظَلْ۔ لُم) (ع) مذکر۔ ظلم سے فریاد کرنا۔ فریاد۔

ت - ع

تعارض (تَعَا۔ رُض) (ع) مذکر۔ ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔ جھگڑنا۔

تعارف (تَعَا۔ رُف) (ع) مذکر۔ شناسائی۔ جان پہچان۔ واقفیت۔

تعاقب (تَعَا۔ قُب) (ع) مذکر۔ پیچھا۔ پیروی۔ پیچھے جانا۔

تعالیٰ (تَعَا۔ لیٰ) (ع) بلند۔ عالی مرتبہ۔ سبحان اللہ۔

تعالی اللہ (ع) (۱) لغوی معنی خدا بزرگ ہے (۲) اصطلاحاً دعجب، تعجب، تعریف۔ حیرت۔ سبحان اللہ۔ واہ واہ کے موقع پر بولتے ہیں۔

تعاون (تَعا۔ وُن) (ع) مذکر۔ مدد۔ امداد۔ مل ورتن۔

تعب (تَعَب) (ع) مذکر۔ رنج۔ دکھ۔ تکلیف۔ محنت۔ مشقت۔

تعبد (تَعَب۔ بُد) (ع) مذکر۔ بندگی کرنا۔

تعبیر (تَع۔ بِیر) (ع) مؤنث (۱) بیان کرنا۔ عبارت میں لانا (۲) خواب کا نتیجہ بتانا۔

تعبیہ (تَع۔ بِیَہ) (ع) مذکر (۱) آراستہ کرنا (۲) ترتیب (۳) لڑائی کے لئے تیار ہونا۔ (۴) پچی کاری کرنا (۵) پوشیدہ کرنا۔ (۶) کسی چیز کا کسی چیز میں اس طرح مل جانا کہ معلوم نہ ہو۔

تعجب (تَعَج۔ جُب) (ع) مذکر۔ اچنبھہ۔ انوکھا۔ اچرج۔

تعجیل (تَع۔ جِیل) (ع) مؤنث۔ جلدی۔ شتابی۔ عجلت۔

تعداد (تَع۔ دَاد) (ع) مؤنث (۱) گنتی۔ شمار۔ مقدار (۲) اندازہ۔ تخمینہ۔

تعدد (تَعَد۔ دُد) (ع) مذکر (۱) تعداد میں زیادہ ہونا (۲) بہتات (۳) اعداد۔ گنتی (۴) ضرب دینا۔ بڑھنا۔

تعدد ازواج (ع) مذکر۔ بہت سی بیویاں کرنا۔

تعدی (تَعَد۔ دِی) (ع) مؤنث (۱) حد سے تجاوز کرنا۔ ظلم و ستم (۲) فعل لازم کو متعدی بنانا۔

تعدیل (تَع۔ دِیل) (ع) مؤنث۔ برابر کرنا۔ درست کرنا۔

تعدیل ارکان (ع) مؤنث۔ فقہ میں ارکان نماز کا آہستہ آہستہ ٹھیک ادا کرنا۔

تعدیہ (تَع۔ دِیَہ) (ع) مذکر۔ فعل لازم کو متعدی کرنا۔

تعرض (تَعَر۔ رُض) (ع) مذکر۔ حائل ہونا۔ روکنا۔ مزاحمت کرنا۔

تعریب (تَع۔ رِیب) (ع) مؤنث۔ کسی غیر زبان کے لفظ کو عربی بنا لینا۔

تعریض (تَع۔ رِیض) (ع) مؤنث۔ اعتراض۔

تعریف (تَع۔ رِیف) (ع) مؤنث (۱) واقفیت۔ پہچان (۲) بیان۔ تشریح (۳) مدح۔ خوبیوں کا بیان۔

تعریف المجہول بالمجہول (ع) کسی نامعلوم بات کو اس طرح جتانا کہ سمجھ میں نہ آئے۔

تعریف کرتے منہ سوکھنا (۱) کمال عجز کے ساتھ تعریف کرنا۔ حسب دلخواہ تعریف نہ کرسکنا۔

تعزیت (تَع۔ زِیَت) (ع) مؤنث۔ ماتم پرسی۔ مردے کے پسماندوں سے اظہار ہمدردی۔

تعزیر (تَع۔ زِیر) (ع) مؤنث (۱) سیاست۔ سزا۔ گوشمالی۔ (۲) تنبیہ کرنا۔ ڈانٹنا۔

تعزیرات ہند (ع) مؤنث۔ ہندوستان کے فوجداری قانون کی کتاب۔

تعزیل (تَع۔ زِیل) (ع) مؤنث۔ موقوف کرنا۔

تعزیہ (تَع۔ زِیَہ) (ع) مذکر (۱) ماتم پرسی (۲) حضرت امام حسن و حضرت امام حسین علیہما السلام کی تربتوں کی نقل جو محرم کے دنوں میں بطور یادگار کاغذ اور بانس وغیرہ سے بناتے ہیں۔

تعزیہ اٹھانا (۱) تعزیہ کو امام باڑہ یا تعزیہ خانہ سے گشت کرانے یا دفن کرنے کے لئے لے جانا۔

تعزیہ ٹھنڈا ہونا (۱) (۱) تعزیہ کا دفن ہونا (۲) کسی معزز امیر شخص کا مرنا (۳) (ہندو) دیوالہ نکلنا۔

تعزیہ دار (ع۔ ف) مذکر۔ وہ شخص جو تعزیہ نکالے۔ سوگوار۔

تعزیہ داری (ف۔ ع) مؤنث۔ تعزیہ بنانا۔ تعزیہ نکالنا۔ سوگواری۔

تعشق (تَعَش۔ شُق) (ع) مذکر (۱) چاہ۔ عشق۔ پیار۔ (۲) (۱) شوق۔ آرزو۔ تمنا۔

تعصب (تَعَص۔ صُب) (ع) مذکر (۱) حمایت۔ طرفداری (۲) کسی بات پر جم جانا۔

تعطل (تَعَط۔ طُل) (ع) مذکر۔ بیکار ہونا۔

تعطیل (تَع۔ طِیل) (ع) مؤنث (۱) بیکاری (۲) چھٹی۔ تہوار کا دن۔

تعظیم (تَع۔ ظِیم) (ع) مؤنث (۱) بڑا جاننا (۲) بزرگی۔ عظمت۔ عزت۔ آؤ بھگت۔

تعظیم دینا (۱۔ ۱) کھڑے ہو کر عزت کرنا (۲) سلامی اتارنا۔

تعظیم کرنا (۱) عزت کرنا۔ آداب بجالانا۔ سلامی اتارنا۔

تعفن (تَعَف۔ فُن) (ع) مذکر۔ سرانڈ۔ بدبو۔

تعقیب (ع) مؤنث (۱) نماز پڑھنے کے بعد وظیفہ کے لئے بیٹھنا (۲) کسی چیز کو کسی چیز کے پیچھے کرنا (۳) دیر کرنا۔

تعقید (تَع۔ قِید) (ع) مؤنث (۱) گرہ دینا (۲) اصطلاح عروض میں بے موقع الفاظ کو بٹھانا۔ الٹ پلٹ کر بیان کرنا۔

تعلق (تَعَل۔ لُق) (ع) مذکر (۱) علاقہ۔ لگاؤ (۲) مناسبت۔ میل (۳) رشتہ (۴) (۱) میلان۔ رجحان (۵) (۱) سرکار۔

واسطہ (۶)(۷) ملازمت۔ خدمت ۔
تعلقہ (تَعَل۔ لُقَہ) (ع) مذکر (۱) علاقہ۔ ضلع (۲) قبضہ۔ تصرف (۳) جائداد۔ جاگیر۔ ملکیت۔
تعلقہ داری (ع۔ف) مؤنث۔ تعلقہ داریا جاگیر دار ہونا۔
تعلم (تَعَل۔ لُم) (ع) مذکر۔ علم پڑھنا۔ سیکھنا۔
تعلّی (تَعَل۔ لِی) (ع) مؤنث (۱) بلندی۔ ترقی (۲) شیخی۔ ڈینگ۔ لاف۔
تعلّی کی لینا (ا) (۱) بڑائی جتانا (۲) شیخی بگھارنا۔
تعلیق (تَع۔ لِیق) (ع) مؤنث (۱) لٹکانا (۲) متعلق کرنا (۳) ملتوی کرنا۔
تعلیق میں رہنا (ا) ملتوی رہنا
تعلیقہ (تَع۔ لِی۔ قَہ) (ع) مذکر (۱) مال و اسباب کی ضبطی (۲) قرق شدہ اسباب کی فہرست۔
تعلیل (تَع۔ لِیل) (ع) مؤنث (۱) وجہ بیان کرنا۔ سبب نکالنا۔ (۲) قواعد میں تبدیل اعراب و حروف کرنا۔
تعلیم (تَع۔ لِیم) (ع) مؤنث (۱) سکھانا (۲) ترتیب۔ تادیب (۳) تفہیم۔ تلقین۔ ہدایت (۴) تہذیب۔ آرائش (۵) (ا) ناچنے گانے کی مشق (۶) گھوڑا سدھانے کی کوشش۔
تعلیم پانا (ا) (۱) تربیت پانا۔ ہدایت پانا (۲) ناچنا اور گانا سیکھنا۔
تعلیم لینا (ا) گانا بجانا سیکھنا۔ ناچنا سیکھنا۔
تعمق (تَعَم۔ مُق) (ع) مذکر۔ غور کرنا۔ تہ کو پہنچنا۔
تعمیل (تَع۔ مِیل) (ع) مؤنث (۱) عمل کرنا۔ عمل میں لانا (۲) حکم بجالانا۔ حکم پورا کرنا۔ فرمانبرداری۔ خدمت گزاری۔
تعمیل معاہدہ (ع) مؤنث۔ اقرار کی تعمیل۔
تعمیم (تَع۔ مِیم) (ع) مؤنث۔ عام کرنا۔
تعمیہ (تَع۔ مِیَہ) (ع) مذکر (۱) پوشیدگی چھپاؤ (۲) تاریخ گوئی میں مادہ کو معمے کے طور پر بیان کرنا۔
تعویذ (تَع۔ وِیذ) (ع) مذکر (۱) پناہ دینا۔ امان۔ بچاؤ۔ (۲) دعا یا کوئی آیت لکھ کر گلے میں ڈالنا۔ حرز۔ نقش۔ (۳) لوح مزار۔ قبر کا پتھر۔
تعویذ چاٹنا (ا) ذہن بڑھنے کے لئے کوئی نقش یا کلام الٰہی کا لکھا ہوا پرزہ زبان سے چاٹنا۔
تعویذ و طومار (ع۔ف) مذکر (عو) تعویذ گنڈا۔ جادو ٹونا۔

تعویذی گلوری (ا) مؤنث۔ مربع پان کا بیڑا جو گھوٹنا بیڑا۔
تعویق (تَع۔ وِیق) (ع) مؤنث۔ ڈھیل۔ دیر۔ تساہل۔ لیت و لعل۔
تعہد (تَعَہ۔ ہُد) (ع) مذکر۔ اقرار نامہ۔ عہد نامہ۔
تعہد دار (ع۔ف) اقرار نامہ رکھنے والا۔ پٹے دار۔
تعیش (تَعَی۔ یُش) (ع) مذکر۔ اقرار کرنا۔
تعیّن (تَعَی۔ یُن) (ع) مذکر (۱) تقرر۔ تشخص۔ ٹھہرانا۔ (۲) قید۔ روک۔ انحصار۔
تعینات (تَعَی۔ یُنات) (ا) مذکر۔ تعین کی جمع۔ تقررات۔
تعیناتی (تعی۔ نا۔ تی) (ا) مؤنث۔ تقرر۔
تعین دعویٰ (ع) مذکر۔ دعوے کا تقرر کرنا۔

ت ۔ غ

تغار (تَغار) ف) مذکر (۱) مٹی کا کونڈا یا ناند (۲) (ا) وہ گڑھا جو گارا یا چونا بھگونے کے لئے بناتے ہیں۔
تغاری (ا) مؤنث (۱) آٹا گوندھنے کا برتن۔ کونڈا۔ (۲) مٹی یا لوہے کا وہ برتن جس میں خمیر شدہ چونا رکھا جاتا ہے۔
تغافل (تَغا۔ فُل) (ع) مذکر (۱) غفلت۔ بےخبری (۲) (ا) بے التفاتی۔ بے پروائی (۳) (ا) سستی۔ تساہل۔
تغافل شعار (ع) غفلت شعار۔ بے پروا۔ لاابالی۔ غفلت کیش۔
تغایر (تَغا۔ یُر) (ع) مذکر۔ ایک دوسرے سے غیر ہونا۔
تغذیہ (تَغ۔ ذِیَہ) (ع) مذکر۔ غذا دینا۔
تغزّل (تَغَز۔ زُل) (ع) مذکر۔ غزل گوئی۔
تغلّب (تَغَل۔ لُب) (ع) (۱) غلبہ کرنا۔ قبضہ کرنا (۲) (ا) غبن۔ خیانت۔
تغلیط (تَغ۔ لِیط) (ع) مؤنث۔ غلطی میں ڈالنا۔ غلطی سے منسوب کرنا۔
تغما۔ تغمہ (تَغ۔ ما + تَغ۔ مَہ) (ا) مذکر۔ دیکھو "تمغہ"۔
تغما بٹھانا (ا) دیکھو "تمغا بٹھانا"۔
تغیّر (تَغَی۔ یُر) (ع) مذکر۔ تبدل۔ تبدیلی۔ بدلی۔ انقلاب۔
تغیّرات ہر سالہ (ع۔ف) مذکر۔ ایک کتاب جو تحصیلدار کے پاس رہتی ہے۔ اور جس میں ہر سال کے تغیرات مثلاً

نسبوں کا داخل خارج وغیرہ لکھے جاتے ہیں۔
تغییر (تَغْ - یِیْر) (ع) مؤنث - بدل دینا۔

ت - ف

تَف (تَف) (ف) مذکر (۱) بخارات - بھاپ - دھواں - (۲) گرمی۔
تُف (تُف) (ع) مذکر و مؤنث (۱) لعاب دہن - تھوک - (۲) (ا) لعنت ملامت۔
تُف ہے تیری اوقات پر (ا) تیرے اطوار پر لعنت ہے۔
تفاخر (تَفَا - خُر) (ع) مذکر - ڈینگ مارنا - فخر جتانا۔
تفاریق (تَفَا - رِیْق) (ع) مؤنث - تفریق کی جمع (۱) جدائیاں - تفرقے (۲) وقفے (۳) قسطیں۔
تفاسیر (تَفَا - سِیْر) (ع) مذکر و مؤنث - تفسیریں۔
تفاصیل (تَفَا - صِیْل) (ع) مذکر و مؤنث - تفصیلات۔
تفاوت (تَفَا - وُت) (ع) مذکر (۱) فاصلہ - دوری - فرق - (۲) جدائی۔
تفاول (تَفَا - وُل) (ع) مذکر - فال لینا۔
تفتہ (تَف - تَہ) (ف) جلا بھنا - سوختہ - عاشق۔
تفتہ جگر (ف) سوختہ جگر - دل جلا - آتش عشق سے جلا ہوا - عاشق۔
تفتیش (تَف - تِیْش) (ع) مؤنث (۱) کھودنا (۲) چھان وبین - کھوج - سراغ (۳) کوشش - جستجو - دریافت۔
تفحص (تَفَ - حُص) (ع) مذکر - دیکھو "تفتیش"۔
تفرج (تَفَر - رُج) (ع) مذکر - خوش حالی - راحت - سیر تماشا۔
تفرد (تَفَر - رُد) (ع) مذکر - یکتائی - تنہائی۔
تفرس (تَفَر - رُس) (ع) مذکر - قیافے سے پہچان لینا - دانائی۔
تفرقہ (تَف - رِ - قَہ) (ع) مذکر (۱) پھٹنا - دو چیزوں میں فرق آنا (۲) جدائی - فرقت - علیحدگی (۳) پھوٹ - نا اتفاقی۔
تفرقہ ڈالنا (ا) مخالفت کرانا - پھوٹ ڈالنا - اَن بَن کرانا۔
تفریج (تَفْ - رِیْج) (ع) مذکر - فرنگی ہونا۔
تفریح (تَف - رِیْح) (ع) مؤنث (۱) خوشی - راحت - (۲) (ا) دل لگی - ہنسی (۳) (ل) ہوا خوری - سیر - (۴) (ل) تازگی - شگفتگی۔
تفریحاً (ع) از روئے تفریح - ہنسی سے - مذاقاً - دل لگی سے۔
تفریح طبع (ع) مذکر (۱) دل بہلاؤ - خوشی - دل لگی - ہنسی۔
تفریس (تَف - رِیْس) (ع) مؤنث - کسی زبان کے لفظ کو فارسی بنا لینا۔
تفریط (تَف - رِیْط) (ع) مؤنث - کمی کرنا - کوتاہی۔
تفریق (تَف - رِیْق) (ع) مؤنث (۱) جدائی - علیحدگی - فرق (۲) منہائی - کسی بڑے عدد میں سے چھوٹے عدد کو گھٹانا (۳) تمیز - امتیاز (۴) (قانون) بٹائی - بانٹ۔
تفریق نامہ (ع ف) مذکر (۱) دستاویز جس میں ہر فریق کے حصے درج ہوں (۲) اقرار نامہ جو ان حصوں کا فیصلہ کر دے - جن کا مختلف اشخاص نے دعویٰ کیا ہو۔
تفسیدہ (تَف - سِی - دَہ) (ف) بہت گرم - جلا ہوا۔
تفسیر (تَف - سِیْر) (ع) مؤنث (۱) تشریح - تفصیل - تصریح - (۲) اصطلاحاً - قرآن شریف کی شرح۔
تفصیل (تَف - صِیْل) (ع) مؤنث (۱) علیحدہ کرنا - بیان کرنا - فصل کرنا (۲) تشریح - بیان (۳) (ل) فہرست - فرد (۴) (ل) کیفیت۔
تفضیل (تَف - ضِیْل) (ع) فضیلت دینا - ترجیح دینا - بڑائی دینا۔
تفضیل بعض (ع) مؤنث - بعض پر ترجیح دینا - صفت کی وہ قسم جس میں موصوف کو بعض پر فضیلت دی جائے۔
تفضیل کل (ع) مؤنث - سب پر فوقیت دینا - صفت کی وہ قسم جس میں ایک موصوف کو سب پر ترجیح دی جائے۔
تفضیل نفسی (ع) مؤنث - ذاتی فضیلت - صفت کی وہ قسم جس میں ایک موصوف کو دوسرے موصوف پر ترجیح نہ دی جائے۔
تفقد (تَفَق - قُد) (ع) مذکر - مہربانی۔
تفقہ (تَفَق - قُہ) (ع) مذکر (۱) علم فقہ جاننا (۲) عقلمند ہونا۔
تفکر (تَفَک - کُر) (ع) مذکر - سوچ - فکر - اندیشہ۔
تفکہ (تَفَک - کُہ) (ع) مذکر (۱) میوہ کھانا (۲) لطف -

مزہ (٣) تعجب (٤) غم (٥) شرمندگی۔ توبہ ۔

تفنگ (تُفَنگ) (ف) مؤنث (١) ہوائی بان۔ بندوق۔ توپ (٢) وہ نلی نے یا تھوتھا نرسل جس میں مٹی یا آٹے وغیرہ کی گولیاں یا چھوٹا سا تیر ڈال کر پھونک کر زور سے چلاتے ہیں ۔

تفنّن (تَفَن۔ نُن) (ع) مذکر (١) طرح طرح کا ہونا۔ رنگ برنگ کا ہونا (٢) چہل۔ دل لگی (٣) شغل۔ مشغلہ ۔

تفنّنِ طبع (ع) مذکر (١) ہنسی۔ دل لگی (٢) مشغلے کے طور پر ۔

تفوّق (تَفَوْ۔ وُق) (ع) مذکر۔ برتری۔ ترجیح ۔

تفویض (تَف۔ وِیض) (ع) مؤنث۔ سپردگی۔ تحویل۔ حوالگی ۔

تفہّم (تَفَہْ۔ ہُم) (ع) مذکر۔ سمجھنا ۔

تفہیم (تَف۔ ہِیم) (ع) خوب سمجھنا ۔

ت ۔ ق

تقابُل (تَقَا۔ بُل) (ع) مذکر۔ مقابلہ ۔

تقارب (تَقَا۔ رُب) (ع) مذکر (١) اسم قریب ہونا (٢) علم عروض کی ایک بحر ۔

تقاریب (تَقَا۔ رِیب) (ع) مذکر و مؤنث۔ تقریب کی جمع۔ موقعے۔ رسمیں ۔

تقاریر (تَقَا۔ رِیر) (ع) مذکر و مؤنث۔ تقریریں ۔

تقاضا (تَقَا۔ ضَا) (ع) مذکر (١) طلبی۔ خواہش۔ مانگ۔ درخواست (٢) (ا) تاکید۔ تشدد (٣) اصطلاح قانون میں دعوے کا مطالبہ ۔

تقاضائے سن۔ یا۔ عمر۔ یا۔ وقت (ع) عمر یا وقت کی ضرورت و خواہش ۔

تقاطُر (تَقَا۔ طُر) (ع) مذکر۔ بوندا باندی۔ پے در پے قطرے گرنا۔

تقاطع (تَقَا۔ طُع) (ع) مذکر۔ باہم منقطع ہونا۔ کٹنا ۔

تقاوی (تَقَا۔ وِی) (ع) مؤنث (١) طاقت دینا (٢) وہ روپیہ جو سرکار کی طرف سے زراعت کے لئے بطور امداد زمیندار کو قرض دیا جاتا ہے ۔

تقاویم (تَقَا۔ وِیم) (ع) مذکر و مؤنث۔ تقویم کی جمع۔ جنتریاں ۔

تقبیل (تَق۔ بِیل) (ع) مؤنث۔ چومنا ۔

تقدّس (تَقَدْ۔ دُس) (ع) مذکر۔ پاک ہونا۔ متبرک ہونا ۔

تقدّم (تَقَدْ۔ دُم) (ع) آگے بڑھنا ۔

تقدیر (تَق۔ دِیر) (ع) مؤنث (١) اندازہ۔ مقدار (٢) قسمت۔ مقسوم۔ وہ اندازۂ قدرت یا فطرت جو حق تعالیٰ نے روزِ اوّل سے ہر چیز کے ہاتھ میں رکھ دیا ہے۔ نصیب ۔

تقدیر آزمانا (ا) قسمت کے بھروسے پر کوئی کام کرنا۔ مقدر کو دیکھنا ۔

تقدیر الٹنا۔ یا۔ بگڑنا۔ یا۔ پلٹنا (ا) بداقبالی ہونا۔ مقدر کا برگشتہ ہونا۔ حالات موافق نہ رہنا ۔

تقدیر پھرنا (ا) (١) اقبال نہ رہنا (٢) بااقبال ہونا۔ بھلے دن آنا ۔

تقدیر پھوٹ جانا (ا) (عو) (١) تقدیر کا بگڑ جانا (٢) بری جگہ شادی ہونا ۔

تقدیر جاگنا۔ یا۔ چمکنا (ا) وقت کا موافق ہونا۔ بھلے دن آنا۔ اقبال کا ساتھ دینا ۔

تقدیر کا لکھا (ا) (عو) نصیبوں کا لکھا۔ جو کچھ قسمت میں لکھا ہو ۔

تقدیر کا پلٹنا (ا) واژونی قسمت۔ قسمت کا پھیر۔ مقدر کا بگاڑ ۔

تقدیر کا پلٹا کھانا (ا) قسمت الٹنا۔ برے دن آنا ۔

تقدیر کا سو جانا (ا) نصیبے کا غافل ہو جانا۔ حالات کا موافق نہ رہنا ۔

تقدیر کا کھیل (ا) مذکر۔ قسمت کے کرشمے۔ تقدیر کے کارخانے ۔

تقدیر کا لکھا (ا) مذکر۔ نوشتۂ ازلی۔ کرم۔ لیکھ ۔

تقدیر کا ہیٹا (ا) مذکر۔ بدنصیب۔ بدبخت ۔

تقدیر کے آگے تدبیر نہیں چلتی (ا) تقدیر کے آگے کچھ بن نہ پڑنے کے موقع پر بولتے ہیں ۔

تقدیر لڑنا (ا) قسمت کا سازگار ہونا۔ تقدیر کا موافق ہونا ۔

تقدیری (ع۔ ف) تقدیر کے متعلق۔ قسمت کا ۔

تقدیری امر (ع) مذکر۔ ہونی۔ ہونے والی بات۔ وہ بات جس میں تدبیر کو دخل نہ ہو۔ اور ضرور پوری ہو کر رہے ۔

تقدیس (تَق۔ دِیس) (ع) مؤنث۔ پاکیزگی ۔

تقدیم (تَق۔ دِیم) (ع) مؤنث (١) پیش قدمی۔ پہل (٢) فوقیت (٣) پیش کرنا ۔

تقرّب (تَقَرْ۔ رُب) (ع) مذکر۔ نزدیکی۔ قربت ۔

تقرّر (تَقَرْ۔ رُر) (ع) مذکر۔ تعیین۔ قیام۔ مقرری ۔

تقریب (تَق ـ رِیب) (ع) مؤنث (۱) قریب کرنا ـ نزدیکی (۲) (ل) باعث ـ سبب ـ موقع (۳) (ل) رسم ـ ریت (۴) (ل) مطلب ـ مقصد (۵) (ل) ملاقات کا ذریعہ نکالنا ـ سفارش ٭

تقریباً (تَق ـ رِی ـ بَنْ) (ع) تخمیناً ـ قریب قریب ٭

تقریر (تَق ـ رِیر) (ع) مؤنث (۱) بیان ـ ذکر (۲) (ل) مباحثہ ـ حجت (۳) (ل) لیکچر ٭

تقریری (ع) تحریری کے خلاف ـ زبانی ٭

تقریریا (ل) مذکر (۱) جھگڑالو ـ حجتی (۲) باتونی ـ بکواسی ٭

تقریظ (تَق ـ رِیظ) (ع) مؤنث (۱) ریویو ـ کسی کتاب یا تحریر پر رائے دینا (۲) اپنے ساتھی یا دوست کی تعریف ٭

تقسیم (تَق ـ سِیم) (ع) مؤنث (۱) بانٹ ـ قسمت (۲) حساب کا وہ قاعدہ جس میں ایک عدد کو دوسرے عدد پر بانٹتے ہیں ٭

تقسیم دیہات خالصہ (ع ـ ف) مؤنث ـ حکومت کو خراج دینے والی ریاستوں کی تقسیم ٭

تقسیم مکمل (ع) مؤنث ـ پوری پوری تقسیم ٭

تقسیم نامہ (ع ـ ف) مذکر ـ وہ تحریر جس میں تقسیم جائداد کی تفصیل لکھی ہو ٭

تقسیم ہونا (ل) بٹنا ـ حصّہ ہونا ـ حصّہ رسدی ملنا ٭

تقصیر (تَق ـ صِیر) (ع) مؤنث (۱) کوتاہی ـ کمی (۲) خطا ـ قصور (۳) گناہ ـ جرم ٭

تقصیروار (ع ـ ف) قصوروار ـ مجرم ـ گنہگار

تقطیر (تَق ـ طِیر) (ع) مؤنث (۱) بوند بوند ڈالنا ـ ٹپکانا یا نکالنا (۲) ٹپکاؤ (۳) پیشاب کا بوند بوند کرکے آنا (۴) حبس البول (۵) سوزاک (۶) ذیابیطس ٭

تقطیع (تَق ـ طِیع) (ع) مؤنث (۱) ٹکڑے ٹکڑے کرنا ـ (۲) علم عروض کی اصطلاح میں بیت کے متحرک اور ساکن حرفوں کو بحر کے متحرک اور ساکن حرفوں کے مقابل کرکے برابر تولنا (۳) الف ـ بے ـ تے کے وہ حصّے جن میں حرفوں کو ایک دوسرے سے ملا کر لکھاتے ہیں (۴) کتاب کا سائز ٭

تقلید (تَق ـ لِید) (ع) مؤنث ـ نقل ـ پیروی ـ کسی کے قدم بقدم چلنا ـ تحقیق کی ضرورت نہ رکھنا ٭

تقلیل (تَق ـ لِیل) (ع) مؤنث ـ کم کرنا ٭

تقویٰ (تَق ـ وا) (ع) مذکر ـ پرہیزگاری ـ خدا کا خوف کرنا

تقویت (تَق ـ وِیَت) (ع) مؤنث (۱) طاقت ـ زور (۲) (ل) مدد ـ سہارا (۳) (ل) تسکین ـ تسلی ٭

تقویم (تَق ـ وِیم) (ع) مؤنث ـ جنتری ـ پترا ـ وہ کتاب جس میں سال بھر کی تاریخیں ـ ستاروں کے مقامات اور گہن وغیرہ کا ذکر ہوتا ہے ٭

تقویم پارینہ (ع ـ ف) مؤنث (۱) پرانی جنتری (۲) بیکار چیز (۳) بڈھی بیوی ٭

تقی (ع) (۱) خدا سے ڈرنے والا ـ پرہیزگار (۲) شیعوں کے نویں امام ٭

تقیہ (تَقی ـ یَہ) (ع) (۱) خدا سے ڈرنا ـ پرہیزگاری (۲) وہ راز جو دل میں رکھا جائے اور کسی کے خوف سے ظاہر نہ کیا جائے (۳) وہ کام جس کے کرنے کو جی نہ چاہتا ہو ـ مگر کسی کے خوف سے کیا جائے (۴) دل میں عداوت ہو ـ مگر بظاہر دوستی کا اظہار کیا جائے (۵) دھوکا جو نیک کام کرنے کے لئے دیا جائے (۶) شیعہ مسلمانوں کے عقیدے میں کسی ظالم کے ڈر سے حق پوشی ٭

تقیید (تَق ـ یِید) (ع) مؤنث (۱) لغوی معنی قید کرنا (۲) اصطلاحی تاکید ـ تنبیہ ٭

ت ـ ک

تک (تَک) (ہ) مؤنث (۱) بڑی ترازو ـ ڈنڈی (۲) حرف جار ـ پاس ـ نزدیک (۳) حد اور فاصلہ ظاہر کرنے کے لئے ٭

تُک (تُک) (ہ) مذکر ـ قافیہ ـ سجع ٭

تُک بندی (ل) مؤنث ـ قافیہ بندی ـ تُک سے تُک ملانا ٭

تِکّا (تِک ـ کا) (ہ) مذکر (۱) گوشت کا لوتھڑا ـ بوٹی ـ (۲) لوتھڑا ٭

تکّا بوٹی کرنا (ل) (۱) ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۲) بانٹ لینا ـ تقسیم کرنا ٭

تُکّا (تُک ـ کا) (ل) مذکر ـ وہ تیر جس میں بھال نہ ہو ـ بان ـ ناوک ٭

تُکّا فضیحتی (ل) مؤنث (عو) تُو تُو ـ مَیں مَیں ـ ذلت و رسوائی ـ جھگڑا ـ تکرار ٭

تکالیف (تَکا ـ لِیف) (ع) مذکر و مؤنث تکلیف کی جمع ٭

تکان (تَکان) (ل) مؤنث (۱) تھکان ـ ماندگی (۲) سستی ـ کاہلی ـ اعضا شکنی ٭

تکان اُتارنا (ل) (۱) تازہ دم ہونا ـ سستی کھونا ـ (۲) (بازاری) مجامعت کرنا ٭

تکان چڑھنا (ل) تھکنا ـ سستی آنا ٭

تکبّر (تَکَب۔بُر) (ع) مذکر۔ بڑائی کا اظہار (بڑائی) غرور۔ گھمنڈ۔ رعونت۔

تکبیر (تَک۔بِیر) (ع) مؤنث۔ اللہ اکبر کہنا۔ تعظیماً خدا کا نام لینا۔

تکبیر اولیٰ (ع) مؤنث۔ نماز کی پہلی تکبیر۔ تکبیر تحریمہ۔ اوّل وقت امام کے اللہ اکبر کہنے میں شریک ہونا۔

تک تک (تِک۔تِک) (ہ) مؤنث۔ بیلوں کے ہانکنے اور چلانے کی آواز۔

تکدّر (تَکَد۔دُر) (ع) مذکر (۱) مکدّر ہونا۔ پریشان ہونا۔ (۲) گدلا ہونا۔ میلا ہونا (۳) میلا پن۔ آلودگی (۴) کدورت۔ دل کی پریشانی۔

تکدمہ (تَک۔دِمَہ) (تقدمہ کا معرّب) مذکر (۱) وہ روپیہ جو کاریگروں کو پیشگی دیا جائے (۲) حساب کا تخمینہ۔ بجٹ۔

تکذیب (تَک۔ذِیب) (ع) مؤنث۔ جھوٹا کرنا۔

تکرار (تَک۔رار) (ع) مؤنث (۱) بار بار کہنا (۲) حجت بحث۔ ردّ و کد (۳) (ا) جھگڑا۔ لڑائی (۴) اصطلاح بدیع میں کسی قافیہ یا مضمون یا مصرع کو دوبارہ لانا۔

تکرار کرنا (ا) جھگڑنا۔ جھگڑ کر سودا لینا۔ الجھنا۔ سر ہونا۔

تکریم (تَک۔رِیم) (ع) مؤنث (۱) عزّت کرنا۔ تعظیم کرنا۔ ادب کرنا (۲) خاطر تواضع۔ آؤ بھگت۔

تکڑا (تَک۔ڑا) (ہ) (۱) مضبوط۔ کڑا۔ طاقتور (۲) موٹا تازہ (۳) چست۔ چالاک۔

تِکڑا (تِک۔ڑا) (ہ) مذکر۔ تین مصرعوں کا بند۔ مثلث۔

تکڑی (تَک۔ڑی) (ہ) مؤنث۔ چھوٹا ترازو۔ میزان۔

تکس (تِکس) (ہ) مذکر (۱) وہ پتا جس میں پان رکھ کر مضبوطی سے بڑا بنا دیتے ہیں (۲) تارکشی کی چند لکڑیوں کا ٹھٹھا

تکش (تَکش) (ا) مذکر۔ ترکش۔ تیروں کے رکھنے کا کھاتہ۔ تیر دان۔

تکفّل (تَکَف۔فُل) (ع) مذکر۔ ذمّہ دار ہونا۔ ضامن ہونا۔

تکفیر (تَک۔فِیر) (ع) مؤنث۔ کفر کا فتویٰ دینا۔ کافر بنانا۔

تکفیل (تَک۔فِیل) (ع) مؤنث۔ ضمانت دینا۔

تکفین (تَک۔فِین) (ع) مؤنث۔ کفن دینا۔

تکّل (تُک۔کَل) (ا) مؤنث۔ ایک قسم کا پتنگ۔

تکلا (تَک۔لا) (ہ) مذکر (۱) چرخے کی وہ آہنی سلاخ جس پر کاتتے وقت گڑی بنتی جاتی ہے (۲) کلابتون بٹ کر چڑھانے کا تکلا۔

تُکلا (تُک۔لا) (ہ) مذکر۔ پتنگ کی وہ ڈور جو ہاتھ کے انگوٹھے اور چھنگلیا پر لپیٹ کر اکٹھی کرتے ہیں۔

تکلّف (تَکَل۔لُف) (ع) مذکر (۱) تکلیف اٹھا کر کوئی کام کرنا (۲) بناوٹ۔ تصنّع (۳) ٹھاٹھ۔ آرائش (۴) (ا) غیریت برتنا۔ مغایرت برتنا (۵) دقّت۔

تکلّف برتنا (ا) ظاہرداری برتنا۔ مغایرت کا سا برتاؤ کرنا۔

تکلّف کا کھانا (ا) مذکر۔ قیمتی اور لذیذ کھانا۔ امیرانہ کھانا۔

تکلّف کرنا (ا) (۱) آراستہ کرنا۔ ٹھاٹ باٹ دکھانا۔ (۲) شرم کرنا۔ حجاب کرنا

تکلّم (تَکَل۔لُم) (ع) مذکر۔ بات کرنا۔

تکلیف (تَک۔لِیف) (ع) مؤنث (۱) دکھ۔ رنج۔ درد (۲) (ا) مصیبت (۳) (ا) تنگی۔ مفلسی (۴) دشواری۔ دقّت۔

تکلیف کرنا (ا) (۱) تکلیف اٹھانا (۲) تشریف لانا۔ قدم رنجہ فرمانا۔

تکلے کے سے بل نکلنا (ا) (۱) ساری کجی دور ہو جانا (۲) قرار واقعی سزا ملنا۔ سیدھا بننا

تکملہ (تَک۔مِلَہ) (ع) ضمیمہ۔ تتمّہ جو اصل مضمون کو مکمّل کرے۔

تکمہ (تُک۔مَہ) (ف) مذکر۔ گھنڈی۔ گریبان۔

تکمیل (تَک۔مِیل) (ع) مؤنث۔ پورا کرنا۔ انجام دینا۔ کمال کو پہنچانا۔

تکمیل تمسّک (ع) مؤنث (قانون) تمسّک کی شرائط کا پورا ہو جانا۔

تکمیل رہن (ع) مؤنث (قانون) رہن کی میعاد کا پورا ہو جانا۔

تکنا (تَک۔نا) (ہ) (۱) دیکھنا۔ گھورنا (۲) امید رکھنا (۳) انتظار کرنا (۴) بدنظری سے دیکھنا (۵) اڑانے یا چرانے کا موقع دیکھنا (۶) منظور کرنا۔ انتخاب کرنا۔

تکوا (تِک۔وا) (ہ) مذکر (ہندو) تکلا۔ دوک۔

تک و دو (تَگ۔دَو) (ف) دیکھو تگ و دو۔

تین بار کیا ہوا ۔ تین بار کا تہ کیا ہوا ۔
تکوین (تک - وِین) (ع) مؤنث ۔ پیدا کرنا ۔
تکھارنا (تِکھا ر - نا) (ہ) (متعدی) (۱) دلیل سے ثابت کرنا (۲) اچھی طرح دریافت کرنا (۳) کسی فصل کو تین دفعہ کرنا (۴) تین مرتبہ ہل چلانا ۔
تکھری ۔ تکھڑی (تکھ - ری + تکھ - ڑی) (ہ) مؤنث (۱) چھوٹی ترازو (۲) ترازو کے پلّے ۔
تکھنٹا ۔ تکھونٹا (تکھن - ٹا + تکھون - ٹا) (ہ) دیکھو "تکونا" ۔
تِکّی لگانا (ہ) گھورنا ۔
تکیتی (تکی - یی) (ہ) مؤنث ۔ چھوٹا تکیہ ۔
تکّے (تِک - کے) (ہ) مذکر ۔ تکّا کی جمع ۔
تکّے لگانا (ل) (متعدی) (۱) کباب لگانا ۔ بھوننا (۲) رشک دلانا ۔ چھیڑنا ۔
تکیہ (تک - یہ) (ف) مذکر (۱) آرام کی جگہ (۲) سرہانے رکھنے کی چیز (۳) بھروسا ۔ اعتماد (۴) (ل) فقیر کے رہنے کی جگہ ۔ فقیر کا گھر (۵) (ل) گورستان ۔ قبرستان ۔
تکیہ دار (ف) مذکر ۔ وہ فقیر جو قبرستان میں رہے ۔ قبرستان کا سجادہ نشین ۔
تکیہ کرنا (ل) بھروسا کرنا ۔ کسی پر اعتماد کرنا ۔
تکیہ کلام (ف) مذکر ۔ وہ لفظ جو گفتگو کے دوران میں عادت کے طور پر بار بار کہا جاتا ہے ۔
تکیہ لگانا (ل) دیوار یا کسی چیز کے سہارے سے بیٹھنا ۔

ت - گ

تگ (تگ) (ف) مؤنث ۔ دوڑنا ۔ بھاگنا (اُردو میں تنہا مستعمل نہیں ہوتا) ۔
تگ و پو ۔ تگ و تاز ۔ تگ و دو (ف) مؤنث (۱) دوڑ دھوپ ۔ کوشش (۲) تلاش (۳) مزدوری یا نوکری کی جستجو (۴) بیفائدہ تردّد (۵) جلدی سے آمد و رفت کرنا ۔
تگا (تگ - گا) (ل) مذکر ۔ انّا کا خاوند ۔ انگہ ۔
تِگا (تگ - گا) (ہ) ٹیڑھا ۔ خمیدہ ۔ کبڑا ۔
تگاپو (تگا - پو) (ف) مؤنث ۔ دیکھو "تگ و پو" ۔
تگاور (تگا - وَر) (ف) مذکر ۔ تیز رفتار گھوڑا ۔ تیز دوڑنے والا گھوڑا ۔
تگدمہ (تگ - دمہ) (ہ) دیکھو "تکدمہ" ۔
تگڈا ۔ تگڈم (تِگ - ڈا + تگ - ڈم) (ہ) مذکر (۱) تین چیزوں یا آدمیوں کا میل (۲) تین پتنگوں کا پیچ ۔
تگرگ (تگ - رگ) (ف) مذکر ۔ اولا ۔ شبنم ۔
تگڑی (تگ - ڑی) (ہ) مؤنث ۔ تاگڑی کا مخفف ۔ پٹکا ۔ کمربند ۔
تگنا (تگ - نا) (ہ) (۱) سیا جانا (۲) ڈورے ڈالے جانا ۔
تِگنا (تِگ - نا) (ہ) سہ چند ۔ تین گنا ۔
تگّی (تگ - گی) (ہ) مؤنث ۔ خمیدہ ہو کر کسی کے اوپر چڑھنا ۔ چڈّھی ۔ آدمی کی سواری (۲) تاش یا گنجفے کا وہ پتّا جس پر تین نشان ہوں ۔
تگیانا (تگ - یا - نا) (ہ) (۱) تاگا ڈالنا (۲) رضائی گندنا ۔ (۳) دُور دُور ڈورے ڈالنا ۔

ت - ل

تَل (تَل) (ہ) مذکر ۔ تلے ۔ نیچے ۔ نیچے کا حصّہ ۔ نشیب ۔
تلپٹ (تل - پَٹ) (ہ) (۱) نیچے اوپر ۔ الٹ پلٹ (۲) تباہ ۔ مولیشی کا اجاڑا ہوا (۳) اٹھایا ہوا ۔ چرایا ہوا (۵) بھولا ہوا (۶) کھویا ہوا ۔ (کر دینا ۔ کرنا ۔ ہو جانا ۔ ہونا ۔ کے ساتھ) ۔
تلچھٹ (تل - چھٹ) (ہ) مؤنث ۔ وہ چیز جو پانی وغیرہ کی تہ میں نیچے بیٹھ جاتی ہے ۔
تل دھار ۔ یا ۔ موسل دھار برسنا (ہ) زور سے بارش ہونا
تل کرنا (ہ) چھپا لینا ۔ غائب کر دینا ۔ چرا لینا ۔
تل منظر (ل) مذکر (عو) (۱) وہ شخص جو نظر نیچی رکھے (۲) وہ بدنظر جو چپکے چپکے دیکھے ۔
تُل (تُل) (ہ) تلنا کا امر ۔
تلانا (تلا - نا) (ہ) تلنا کا متعدی ۔
تلنا (ہ) کڑاہی میں گھی گرم کرکے کچھ پکانا ۔
تلوانا (ہ) تلنا کا متعدی المتعدی ۔
تِل (تِل) (ہ) مذکر (۱) کنجد ۔ ایک قسم کا تخم جس سے تیل نکلتا ہے (۲) خال ۔ سیاہ نقطہ ۔ کاجل کا نقطہ (۳) آنکھ کی پتلی (۴) ذرّہ ۔ قلیل ۔
تل برابر (ل) ذرّہ بھر ۔ ذرا سا ۔ قلیل ۔
تل بندھنا (ہ) آفتاب کی شعاع کا آتشی شیشے سے

تل کر کسی چیز پر تل کی شکل کا بن کر پڑتا ۔

تل بھر لہو پیاز بھر محبت (ہ) مثل جب کسی وقت اپنا دور کا رشتہ دار دوست سے زیادہ کام آئے۔ اس موقع پر بولتے ہیں ۔

تل بھگا (ہ) مذکر۔ وہ کٹے ہوئے تل جن میں کھانڈ ملی ہوئی ہوتی ہے ۔

تل چاٹنا (ہ) مسلمان عورتوں میں ایک رسم ہے کہ وہ دولہا کو رخصت کے وقت دلہن کے ہاتھ میں کالے تل رکھوا کر چبواتی ہیں۔ تاکہ دولہا عمر بھر اس کے تابع رہے ۔

تل چاولی ڈاڑھی (ہ) مؤنث۔ کھچڑی ڈاڑھی۔ وہ ڈاڑھی جس میں آدھے کالے اور آدھے سفید بال ہوں ۔

تل چٹا (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا جھینگر ۔

تل چوری (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کی مٹھائی (۲) ایک قسم کی ڈور۔

تل دھرنے کی جگہ نہ ہونا (ہ) (عو) بالکل جگہ نہ ہونا ۔

تل شکری (ا) مؤنث۔ تل اور شکر کی ملاوٹ سے بنی ہوئی شیرینی۔ گزک ۔

تل کی اوجھل پہاڑ (ہ) مثل۔ ذرا سے پردے میں کسی بڑی بھاری بات کا پوشیدہ ہونا۔ ظاہر میں مشکل۔ باطن میں آسان ہونا ۔

تلوں میں سے تیل نکالنا (ا) کفایت شعاری کا سلیقہ دکھانا ۔

تُل (تُل) (ہ) تلنا کا امر ۔

تلانا (تُلا۔ نا) تلنا کا متعدی المتعدی ۔

تلا ہونا (ہ) جوش سے آمادہ ہونا ۔

تلائی (تُلا۔ ای) (ہ) مؤنث (۱) تولنے کا کام (۲) تولنے کی اجرت ۔

تل بیٹھنا (ہ) (۱) ہموزن ہو کر بیٹھنا۔ بادشاہوں راجاؤں وغیرہ کا سالانہ جشن سالگرہ کے موقع پر ترازو میں بیٹھ کر تلادان کرنا (۲) کسی بات پر مستعد ہو جانا ۔

تلنا (تُل۔ نا) (ہ) (۱) وزن ہونا۔ جچنا (۲) برابر ہونا (۳) کسی کام پر آمادہ ہونا (۴) بھرنا۔ پر ہونا۔ (۵) اندازہ ہونا ۔

تلوانا (ہ) تولنا کا متعدی المتعدی ۔

تلی بوٹی نیا شوربا (ا) مثل۔ خرچ میں روک ٹوک ہونے کے موقع پر بولتے ہیں ۔

تلا (تلا) (ہ) مذکر (۱) جوتی کا نچلا حصہ (۲) پیندا ۔

تلا دینا (ہ) (عو) ہانڈی یا پتیلی کے نیچے گیلی مٹی چڑھانا۔ تاکہ آگ کے اثر سے محفوظ رہے ۔

تلا (تل۔ لا) (ا) مذکر (۱) گوٹا کناری وغیرہ (۲) پگڑی کا زریں سرا (۳) طلا کا مخرب ۔

تلا گودان کرنا (ہ) (عو) (۱) لغوی معنی مال پر کچھ کے لگانا (۲) اصطلاحی طعن و تشنیع سے دل جلانا ۔

تلا (تُلا) (ہ) مذکر (۱) ترازو۔ تکڑی (۲) برج۔ میزان سلوتیں راس ۔

تُلادان (ہ) مذکر (۱) وزن بھار خیرات۔ ایک قسم کی خیرات جس میں ہندو لوگ سونا۔ چاول اور بیش قیمت چیزیں وغیرہ اپنے برابر تول کر برہمن کو دان دیتے ہیں ۔

تلابیلی (تلا۔ بے۔ لی) (ہ) مؤنث (عو) بیقراری ۔

تلاتل (تلا۔ تل) (س) مذکر۔ زمین کا چوتھا طبقہ ۔

تلاحی (تلا۔ حی) (ا) مؤنث۔ سبزی ترکاری ۔

تلادانی (تلا۔ دا۔ نی) (ا) مؤنث دیکھو تلے دانی ۔

تلازم (تلا۔ زُم) (ع) مذکر۔ باہم لازم ہونا ۔

تلازمہ (تلا۔ زُمَہ) (ا) مذکر۔ مضمون کی رعایت سے الفاظ کا استعمال (اصل میں تلازم تھا) ۔

تلاش (تلاش) (ت) مؤنث (۱) سعی۔ کوشش (۲) ڈھونڈ ڈھانڈ (۳) (ا) کھوج۔ تحقیقات ۔

تلاش معاش (ف ع) مؤنث فکر روزی ملازمت وغیرہ۔ ڈھونڈنا ۔

تلاشی (ت) مؤنث (۱) ڈھونڈنے والا (۲) (ا) گم شدہ چیز کے شبہ میں گھر بار وغیرہ کی دیکھ بھال کرنا ۔

تلاطم (تلا۔ طُم) (ع) مذکر (۱) موج۔ لہر (۲) (ا) جوش۔ ولولہ ۔

تلافی (تلا۔ فی) (ع) مؤنث۔ عوض۔ پاداش۔ بدلہ ۔

تلافی مافات (ع) مؤنث۔ ضائع شدہ امر کا معاوضہ ۔

تلامذہ۔ تلامیذ (تلا۔ مِذَہ۔ تلا۔ میذ) (ع) مذکر۔ تلمیذ کی جمع۔ شاگرد۔ طالب علم ۔

تلالی (تلا۔ لی) (ہ) مؤنث (عو) (۱) اضطراب بےچینی۔ تلملاہٹ۔ گھبراہٹ (۲) جلدی۔ شتابی ۔

تلاوا (تلا۔ وا) (طلایہ کا مخرب) مذکر۔ فوج کا وہ دستہ جو رات کو لشکرگاہ یا شہر کی حفاظت کے لئے گشت کرے ۔

تلاوا (تُلا۔ وا) (ہ) مذکر۔ گاڑی کی وہ لکڑی جس پر اس کا تمام بوجھ تلا رہتا ہے ۔

تِلاوت (تِلا۔ وَت) (ع) مؤنث (۱) پڑھنا۔ مطالعہ کرنا (۲) اصطلاحاً قرآن شریف پڑھنا۔

تَلاؤ (تَلا۔ ؤ) (ہ) مذکر (ہندو) تالاب۔ حوض۔ جوہڑ۔

تلائی (تَلا۔ ئی) (ہ) (۱) مشعل کو کپی سے تیل پلانا (۲) (پورب) کڑاہی۔ تلنے کا چھوٹا سا برتن (۳) دلھن کو تیل چڑھانے کی رسم۔

تلبیس (تَل۔ بیس) (ع) مؤنث (۱) لغوی معنی لباس پہننا۔ (۲) اصطلاحی۔ فریب۔ دھوکا۔

تلبیس سکہ (ع) مذکر (قانون) سکہ بدل کر چلانا۔

تلبیس لباس (ع) مذکر (قانون) دھوکا دینے کے لئے لباس تبدیل کرنا۔

تلتلی (تَل۔ تَلی) (ہ) مؤنث خفیف بلندی سے گرنے والی پانی کی دھار۔

تلچھلنا (تَلچھ۔ لنا + تلچھ۔ نا) (ہ) بے چین ہونا۔ تڑپنا۔ بے تاب ہونا۔

تلچھو تلچھو۔ یا۔ تلچھوں تلچھوں کرنا (ہ) (عو) بے تابانہ پھرنا۔ نچلا نہ بیٹھنا۔ مضطربانہ کوئی کام کرنا۔

تلخ (تَلخ) (ف) (۱) کڑوا (۲) بدمزہ۔ بدذائقہ (۳) کھاری۔ (۴) ناگوار۔ ناپسند۔

تلخاب۔ تلخابہ (ف) مذکر۔ کڑوا پانی۔

تلخی (ف) مؤنث (۱) کڑواہٹ (۲) شدت۔ سختی۔

تلخیص (تَل۔ خیص) (ع) مؤنث (۱) خلاصہ کرنا (۲) خلاصہ (۳) پاک صاف کرنا۔

تلذذ (تَلَذ۔ ذُذ) (ع) مذکر (۱) لذت۔ مزہ۔ ذائقہ (۲) لطف۔

تلڑ (تَل۔ لَڑ) (ہ) مذکر (۱) پیٹ۔ شکم (۲) قبعضہ

تلڑا (تِلڑا) (ہ) مذکر
تِلڑی (تِلڑی) (ہ) مؤنث } تین لڑی کا گلے کا ہار۔

تلسی (تُل۔ سی) (ہ) مؤنث (۱) ایک پودا جسے ہندو لوگ پوجتے ہیں۔ نازبو (۲) ایک عورت جس پر کرشن جی عاشق تھے۔ اور انہوں نے اسے پودا بنا دیا تھا۔ (۳) ایک مشہور ہندی شاعر (۴) گلے میں پہننے کا ایک زیور۔

تُلسی دانہ (ہ) مذکر۔ ایک زیور۔

تلطف (تَلَط۔ طُف) (ع) مذکر۔ مہربانی۔ عنایت۔

تلغراف (تِل۔ غراف) (معرب)
تلگراف (تِل۔ گراف) } (انگ۔ ٹیلیگراف۔ TELEGRAPH) (۱) تار خبر بھیجنے کا سامان (۲) تار خبر۔

تلف (تَلَف) (ع) مذکر (۱) ضائع۔ برباد۔ خراب۔ (۲) ہلاک۔ فنا۔

تلفظ (تَلَف۔ فُظ) (ع) مذکر۔ لفظ کا منہ سے ادا کرنا۔ لہجہ۔

تلقین (تَل۔ قین) (ع) مؤنث۔ تعلیم دینا۔ سمجھانا۔ نصیحت۔ موعظت۔

تُلک (تُلک) (ہ) دیکھو "ملک"۔ (آجکل یہ لفظ کم مستعمل ہوتا ہے۔

تِلک (تِلک) (ہ) مذکر (۱) قشقہ۔ ٹیکا۔ وہ نشان جو بعض ہندو مہندی یا سیندور وغیرہ سے ماتھے پر لگاتے ہیں (۲) (ا) جامہ۔ ایک قسم کی زنانہ پوشاک جو پہلے زمانے میں عورتیں پہنتی تھیں (۳) خلعت (۴) گدی نشینی کی رسم (۵) ایک طلائی زیور جو ماتھے پر پہنا جاتا ہے۔ ٹیکا (۶) وہ روپیہ جو شادی سے پہلے دلھن کا باپ داماد کے گھر بھیجتا ہے۔

تلک دھاری (ہ) مذکر۔ وہ شخص جو ہر روز تلک لگائے۔

تِلک دھارنا یا دھارن کرنا (ہ) ہندوؤں کا ٹیکا لگانا۔ قشقہ کھینچنا۔

تِلک کرنا (ہ) ہندو (۱) گدی نشین کرنا (۲) شادی کرنا (۳) رخصت کرنا۔

تُللی (تُل۔ لی) (ہ) مؤنث (۱) دھار (۲) خون۔ پانی۔ تیل وغیرہ سیال چیزوں کی دھار۔

تلمذ (تَلَم۔ مُذ) (ع) مؤنث۔ شاگرد ہونا۔

تلملانا (تَل۔ مَلا۔ نا + تَل۔ مَلا۔ نا) (ہ) (عو) (۱) مضطرب ہونا۔ بے قرار ہونا۔ تڑپنا (۲) گھبرانا۔

تلمیح (تَل۔ میح) (ع) مؤنث۔ علم بیان کی اصطلاح میں کسی قصہ وغیرہ کا کلام میں اشارہ کرنا۔

تلمیذ (تَل۔ میذ) (ع) مذکر۔ شاگرد۔ طالب علم۔ چیلا۔

تلنگ (تِلنگ) (ہ) مؤنث (۱) ایک راگنی (۲) مذکر ایک ملک۔

تلنگا (تِلنگ۔ گا) (ہ) مذکر (۱) تلنگ کا رہنے والا (۲) وہ سپاہی جسے انگریزی پوشاک پہنائی جاتی ہے۔ (۳) ایک قسم کا کنکوا (۴) بدتہذیب۔

تلنگنی (تِلنگ۔ گنی) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی شیرینی۔

تلوا (تَل۔ وا) (ہ) مذکر۔ ایڑی اور پنجے کے بیچ کا حصہ پاؤں کے نیچے کا حصہ۔

تلوا کھجلانا (ف) (۱) کفِ پا میں خارش ہونا (۲) سفر کا شگون نکلنا۔

تلوا نہ لگنا (ف) ایک جگہ جم کر نہ بیٹھنا۔ ایک جگہ نہ ٹھہرنا۔

تلواڑ (تَل۔ وَا) (ہ) مذکر۔ تل کے لڈو۔

تلوار (تَل۔ وَار) (ہ) مؤنث۔ تیغ۔ سیف۔ ایک قسم کا قوس نما آہنی ہتھیار۔

تلوار باندھنا (ف) تلوار کو زیبِ کمر کرنا۔ تلوار کو کمر میں لگانا۔

تلوار برسنا (ف) شدت سے تلوار چلنا۔ متواتر شمشیر زنی ہونا۔

تلوار بند (ا) وہ شخص جو ہر وقت تلوار باندھے رہے۔

تلوار پر ہاتھ رکھنا (ف) (۱) تلوار مارنے کے ارادے سے قبضے پر ہاتھ رکھنا (۲) تلوار کی قسم کھانا۔

تلوار چلنا (ف) جنگ ہونا۔ لڑائی ہونا۔ کشت و خون ہونا۔

تلوار زیبِ کمر کرنا (ا) کمر سے تلوار کا باندھنا۔

تلوار سونتنا (ف) تلوار کھینچنا۔ قتل کا ارادہ کرنا۔

تلوار کا ابر۔ یا۔ چھالا (ف) مذکر۔ وہ نشان جو تلوار کے پھل پر ابھار یا آبلے کی طرح نمایاں ہو۔

تلوار کا کھیت (ف) مذکر۔ لڑائی کا میدان۔ میدانِ جنگ۔

تلوار کا گھاٹ (ف) مذکر۔ وہ جگہ جہاں سے تلوار میں خم پڑنا شروع ہو۔

تلوار کا گھاؤ بھر جاتا ہے۔ زبان کا گھاؤ نہیں بھرتا (ف) مثل۔ کسی قریبی عزیز یا دوست وغیرہ کی بدزبانی پر کہتے ہیں۔

تلوار کھینچنا (ف) تلوار میان سے نکالنا۔ قتل کرنے کو مستعد رہنا۔

تلوار کی آنچ (ف) مؤنث۔ تلوار کا سامنا۔ تلوار کی ضرب کا مقابلہ۔

تلوار کے نیچے (تلے) دم (تو) لینے دو (ا) مثل (۱) ذرا انتظار کرو (۲) جو دکھ پہنچے سو ہی سہی (۳) زندگی ایسی پیاری ہے کہ خواہ کیسی ہی تکلیف ہو۔ اس کا ہر لمحہ اچھا معلوم ہوتا ہے۔

تلوار مارے ایک بار احسان مارے بار بار (ف) مثل۔ احسان کی مار تلوار سے بڑھ کر ہے۔ تلوار تو ایک بار مارتی ہے۔ احسان ہر وقت مارتا رہتا ہے۔

تلوار میان میں کرنا (ف) تلوار کو غلاف میں رکھنا۔ قتل کے ارادے سے باز آنا۔

تلوان (تَل۔ وَان) (ف) ونسی۔ قیمتی۔

تلوانسا (تَل۔ وَان۔ سَا) (ف) چراغ اس طرح رکھنا کہ تیل بتی کے قریب رہے۔

تلوری (تِلَو۔ رِی) (ف) مؤنث۔ ایک خوش آواز چڑیا۔

تلوریا (تَل۔ وَر۔ یَا) (ف) مذکر۔ تلوار چلانے والا۔ ہتھیار بند۔ بہادر۔ سورما۔

تلوّن (تَلَو۔ وُن) (ع) (۱) رنگ بدلنا (۲) ایک حالت پر نہ رہنا۔

تلوّن مزاج (ع) غیر مستقل مزاج۔ وہ شخص جس کا مزاج ٹھکانے نہ ہو۔ گاہے چنیں گاہے چناں۔

تلونڈا (تِلَوں۔ ڈَا) (ف) تیل کی طرف جھکا ہوا سر چراغ۔

تلووں سے آگ لگنا (ف) نہایت غصے ہونا۔ غضب میں آنا۔

تلووں سے آنکھیں ملنا (ف) (عو) نہایت عاجزی دکھانا۔

تلووں سے لگنا سر میں جا کے بجھنا (ف) سراپا غصے میں جلنا۔ نہایت برافروختہ ہونا۔ سراپا جلنا۔

تلووں سے ملنا (ف) (عو) پاؤں کے نیچے ملنا۔ پامال کرنا۔ خاک میں ملانا۔ پیس ڈالنا۔

تلوے چاٹنا (ف) نہایت خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔

تلوے چھلنی ہو جانا (ف) کسی کام کے لئے نہایت دوڑ دھوپ کرنا۔

تلوے دھو دھو کر پینا (ف) (عو) (۱) نہایت اطاعت اور فرمانبرداری کرنا (۲) کمال قدردانی کرنا۔

تلوے سہلانا (ف) (۱) دیکھو "تلوے چاٹنا" (۲) بہلانا پھسلانا۔

تلوے کھجانا۔ یا۔ کھجلانا (ف) (۱) دیکھو "تلوا کھجانا" (۲) صحرا نوردی چاہنا۔

تلیین (تَل۔ یِین) (ع) مؤنث (۱) نرم کرنا۔ نرمی (۲) اصطلاحِ طب میں طبیعت کو نرم کرنا۔ اجابت کھلنا۔

تَلی (تَلِی) (ف) مؤنث۔ پیندا۔ پیندی۔

تِلی۔ تلی (تِلی + تِل۔ لِی) (ف) مؤنث (۱) ایک اندرونی عضو۔ طحال (۲) تل۔ کنجد۔

تلی (ف) مؤنث۔ مجلا ہے کی کوچی۔

تلے (تَلے) (ہ) (۱) اُوپر کے خلاف۔ نیچے۔ زیر (۲) ماتحت ⁂

تلے اوپر (ہ) (۱) تہ و بالا۔ زبروزبر۔ اوپر نیچے (۲) پے درپے۔ لگاتار (۳) ایک کے اوپر ایک۔ یکے بعد دیگرے ⁂

تلے اوپر کی اولاد (ا) مؤنث۔ وہ بچے جو ایک دوسرے کے بعد بے واسطہ پیدا ہوں ⁂

تلے اوپر ہونا (ہ) تہ و بالا ہونا۔ درہم برہم ہونا ⁂

تلے پڑنا (ہ) نیچے لیٹنا۔ آگے پڑنا۔ زمین پر سونا ⁂

تلے کا سانس تلے اوپر کا اوپر رہنا (ہ) حیران ودم بخود رہنا۔ ہکا بکا رہنا ⁂

تلے کی دنیا یا زمین اوپر ہونا (ا) انقلاب عظیم واقع ہونا ⁂

تلیا (تَلِ-یا) (ہ) مؤنث۔ چھوٹا تالاب۔ تلاؤ کی تصغیر ⁂

تلیٹی (تَلے-ٹی) (ہ) مؤنث (۱) تلا۔ پیندا (۲) دامن کوہ (۳) پکا فرش (۴) نواحی۔ اطراف (۵) (ہندو) مردے کے کفن کا وہ کپڑا جو اس کے نیچے بچھایا جاتا ہے ⁂

تلیچا (تَلے-چا) (ہ) مذکر۔ محراب۔ اوپر کا حصہ ⁂

تلے دانی (تَلے-دَا-نی) (ا) مذکر (عو) سینے پرونے کا سامان وغیرہ رکھنے کی چھوٹی تھیلی ⁂

تلیر (تَلِ-یَر) (ہ) مذکر۔ ایک چھوٹا سا پرند جس کا گوشت نہایت لذیذ ہوتا ہے ⁂

تلینڈو (تَلین-ڈو) (ہ) (عو) فرماں بردار ⁂

تلینڈی (تَلین-ڈی) (ہ) مؤنث (ہندو) ہولی کا تیسرا دن ⁂

ت - م

تُم (تُم) (ہ) تُو کی جمع۔ تعظیماً واحد کو بھی کہتے ہیں ⁂

تم سے اللہ کی پناہ (ا) کہاوت۔ تمہاری بدذاتیوں سے خدا بچائے ⁂

تم سے پھرے تو خدا سے پھرے (ا) کہاوت۔ تم سے برگشتہ ہونا خدا کے خلاف ہو جانے کے برابر ہے۔ سخت قسم کھاتے اور عہد واثق کرتے ہوئے بولتے ہیں ⁂

تم کا تو ناک کا پانی میں نہ چھوڑوں اپنی بانی (ہ) کہاوت (عو) ضدی عورت کی نسبت کہتے ہیں کہ چاہے جیسی سزا دو میں اپنی عادت سے باز نہ آؤں گی ⁂

تم نے اڑائیں۔ ہم نے بھون بھون کھائیں (ہ) مثل۔ ہم نے تمہاری چالاکی تمہارے ہی سر کر دی ⁂

تماثل (تَمَا-ثُل) (ع) مذکر۔ مشابہ ہونا ⁂

تماچہ (تَمَا-چَہ) (ف) مذکر۔ طپانچہ۔ تھپڑ ⁂

تماخو (تَمَا-خو) (ہ) مذکر (عوام) تمباکو (دکن میں بولتے ہیں) ⁂

تمادی (تَمَا-دِی) (ع) مؤنث (۱) مدت۔ درازی۔ دیر۔ عرصہ (۲) وہ میعاد جس کے گزرنے سے نالش کا اختیار نہ رہے ⁂

تمادی ایام (ع) مؤنث۔ میعاد کا گزر جانا ⁂

تمارض (تَمَا-رُض) (ع) مذکر۔ بیماری کا بہانہ کرنا ⁂

تمازت (تَمَا-زَت) (ع) مؤنث۔ گرمی۔ شدت کی گرمی ⁂

تماشا (تَمَا-شَا) (ع) مذکر (۱) باہم پیدل چلنا (۲) (ف-ا) دید۔ نظارہ (۳) (ا) سیر۔ لطف (۴) بازیچہ۔ کھیل (۵) (ا-ف) مجمع۔ ہجوم (۶) (ا) نمائش۔ دکھاوا (۷) (ف-ا) عجیب و غریب (۸) (ا) سوانگ (۹) (ا) ہنسی۔ دل لگی۔ مذاق (۱۰) عیش و عشرت ⁂

تماشابین (ع-ف) (۱) ہر قسم کی سیر دیکھنے والا۔ سیلانی (۲) (ا) رنڈی باز۔ عیاش۔ بدکار۔ شہوت پرست ⁂

تماشا خانم (ف) مؤنث (عو) مسخری عورت۔ انوکھی عورت ⁂

تماشا دکھانا (ا) (۱) سیر دکھانا۔ بہار دکھانا (۲) سزا دینا۔ مارنا (۳) سر پیٹنا ⁂

تماشا دیکھنا (ا) (۱) سیر کرنا (۲) گشتی دیکھنا ⁂

تماشا کرنا (ا) (۱) سوانگ بھرنا۔ نقل کرنا (۲) ہنسی اڑانا۔ احمق بنانا ⁂

تماشاگاہ (ف) مذکر (۱) سیرگاہ۔ وہ جگہ جہاں بیٹھ کر سیر دیکھیں (۲) وہ مقام جہاں تماشا ہو۔ ناچ گھر۔ تھیٹر ⁂

تماشائی (ف) سیر دیکھنے والا۔ سیلانی ⁂

تماشبین (ا) بدکار۔ عیاش۔ آوارہ ⁂

تماشبینی (ف) مؤنث۔ رنڈی بازی۔ بدکاری۔ عیاشی۔ آوارگی۔

تماشے کی بات (ا) مؤنث۔ انوکھی بات۔ عجیب بات۔

تماکو (تَما۔کو) (ف) مذکر (۱) تمباکو (۲) پان کے ساتھ کھانے والا تمباکو۔ زردہ۔

تمام (تَمام) (ع) (۱) سالم۔ کامل۔ پورا (۲) کل۔ سارا۔ بالکل (۳) اخیر۔ ختم (۴) تیار۔ لیس۔

تمام تر (ف۔ ع) مطلق۔ بالکل۔ محض۔

تمام کرنا (ل) (۱) ختم کرنا۔ پورا کرنا (۲) (عو) باقی نہ رکھنا۔ کچھ نہ چھوڑنا۔

تمام و کمال (ع) (۱) سب کا سب۔ کل۔ سرتاپا (۲) پوری طرح۔ ہر طرح (۳) مکمول کر۔ واضح طور پر۔

تمام ہونا (ل) (۱) پورا ہونا۔ آخر ہونا (۲) مرجانا۔ جان نکل جانا (۳) خرچ ہو جانا۔ صرف ہو جانا (۴) بجھنا۔ ٹھنڈا ہونا۔

تمامی (ف) مؤنث (۱) آخر۔ انجام (۲) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

تمباکو (تَم۔با۔کُو) (ل) مذکر۔ مشہور پودا جس کے پتے حقے میں پینے اور پان کے ساتھ کھانے میں کام آتے ہیں۔ ہندوستان میں اس کے ساتھ گڑ ملا کر قلیان میں پیتے ہیں۔

تمت (تَمَّ۔مَت) (ع) ختم ہوئی۔ پوری ہوئی۔

تمتع (تَمَت۔تُع) (ع) مذکر۔ پھل پانا۔ فائدہ حاصل کرنا۔ فائدہ۔

تمتمانا (تَم۔تَما۔نا) (ہ) (۱) دھوپ کی گرمی یا بخار کے باعث چہرہ سرخ ہو جانا (۲) چمکنا۔ جگمگانا (۳) گرم ہونا۔ گرمانا۔

تمتماہٹ (تَم۔تَما۔ہَٹ) (ہ) مؤنث (۱) چہرے کی سرخی (۲) چمک دمک (۳) گرمی۔ حرارت (۴) آماس۔ سوجن۔

تمثال (تِم۔ثال) (ف) مؤنث۔ پیکر۔ صورت۔ فرمانِ شاہی۔

تمثیل (تَم۔ثِیل) (ع) مؤنث۔ مثال۔ تشبیہ۔ نظیر۔ مشابہت۔

تمدد (تَمَد۔دُد) (ع) مذکر۔ کھنچاؤ۔

تمدن (تَمَد۔دُن) (ع) مذکر۔ مل کر رہنے کا طریقہ۔ طرزِ معاشرت۔

تمر (تَمَر) (ع) مؤنث۔ کھجور۔

تمرد (تَمَر۔رُد) (ع) مذکر (۱) سرکشی۔ بغاوت۔ نافرمانی۔ گستاخی (۲) ضد۔ اڑ۔ خودسری۔

تمرد شعاری (ع) مؤنث۔ سرکشی کرنا۔

تمر ہندی (تَمرِ۔ہِن۔دی) (ع) مؤنث۔ املی کا درخت اور اس کا پھل۔

تمسخر (تَمَس۔خُر) (ع) مذکر۔ مسخرا پن۔ ہنسی۔

تمسک (تَمَس۔سُک) (ع) مذکر (۱) گرفت۔ پکڑ (۲) (عف) اقرارنامہ۔ وہ تحریر جو قرض کی سند میں قرضدار قرض خواہ کو لکھ دیتا ہے جس میں روپیہ ادا کرنے کا وقت اور طریق لکھا جاتا ہے۔

تمسک مناطِ دعویٰ (ع) مذکر۔ وہ تمسک جس پر دعوے کی بنیاد ہو۔

تمغا۔ تمغہ (تَم۔غا۔ تَم۔غَہ) (ف) مذکر (۱) چنگی کا محصول۔ وہ مُہر جو سوداگری مال پر سرکار کی طرف سے لگائی جاتی ہے (۲) فرمانِ شاہی۔ عزت کا نشان (۳) جاگیر کی سند (۴) داغ۔ نشان (۵) ٹھپا۔ سکہ (۶) کارگزاری یا انعام وغیرہ کا نقرئی یا طلائی میڈل (۷) (عو) تحکم۔ حکومت۔

تمغا بٹھانا (ل) (عو) سکہ بٹھانا۔ حکومت جمانا۔ رعب بٹھانا۔ تحکم جتانا۔

تمکنت (تَم۔کُ۔نَت) (ع) مؤنث (۱) قدرت۔ اختیار۔ حکومت۔ عزت (۲) غرور۔ گھمنڈ۔ تکبر (۳) بھاری و شوکت۔ دبدبہ۔

تمکین (تَم۔کِین) (ع) مؤنث (۱) طاقت۔ زور (۲) عزت۔ مرتبہ (۳) دبدبہ۔ شان و شوکت۔

تملق (تَمَل۔لُق) (ع) مذکر (۱) نرمی۔ ملائمت (۲) چاپلوسی۔ خوشامد۔

تملیک (تَم۔لِیک) (ع) مؤنث۔ کسی کو کسی چیز کا مالک بنانا۔

تملیک نامہ (ع) مذکر۔ مالک بنانے کی تحریر۔ وصیت نامے کے سوا ہر تحریر جس کے ذریعے سے کسی کو منقولہ یا غیرمنقولہ جائداد کا مالک بنایا گیا ہو۔

تمن (تُمَن) (ت) مذکر (۱) دس ہزار (۲) رسالہ۔ پلٹن۔ سو سواروں کا دستہ (۳) ایک طلائی سکہ جو ساڑھے چار روپے کا ہوتا ہے۔

تمندار (ف) مذکر۔ رسالدار۔ رسالے کا کمان دار۔

تمنا (تَمَن۔نا) (ع) مؤنث۔ خواہش۔ درخواست۔ آرزو (۲) شوق۔ اشتیاق۔

تمنچہ (تَمَن۔چَہ) (ف) مذکر۔ پستول۔ ایک قسم کی چھوٹی بندوق۔

تموّج (تَمَوْ۔ وُج) (ع) مذکر۔ لہریں اٹھنا۔ تحریک۔ جوش ۔

تموز (تَمُّوز) (ع) مذکر (۱) شامیوں کا ایک مہینہ جو جولائی یا اساڑھ کے مطابق ہوتا ہے (۲) مجازاً۔ گرمی کی شدت ۔

تموّل (تَمَوْ۔ وُل) (ع) مذکر۔ دولت مندی۔ مالداری ۔

تمہارا (تُمھا۔ رَا) (ہ) (۱) تم سب کا (۲) آپ کا۔ حضور کا ۔

تمہارا سر۔ تمہارا کلیجہ (ا) کلمۂ نفرین (عو) جب کوئی شخص کسی کے مزاج کے خلاف کوئی بات کہتا یا پوچھتا ہے تو اس کے جواب میں یہ لفظ کہا جاتا ہے ۔

تمہارا مال سو ہمارا مال اور ہمارا مال سو ہیں ہیں (ا) مثل۔ خود غرض آدمی کی نسبت کہتے ہیں۔ جو دوسرے کا مال تو لے لے اور اپنی دفعہ ہنس کر رہ جائے ۔

تمہارے لڑکے بھی کبھی پاؤں یا گھٹنوں چلیں گے (ہ) تم بھی کبھی درست ہوگے۔ تمہارا مزاج بھی کبھی راستی پر آئے گا ۔

تمہارے منہ میں گھی شکر (ہ) مثل۔ خوشخبری سنانے والے کو کہتے ہیں۔ خدا تمہارا کہنا سچ کرے ۔

تمہید (تَم۔ ہِید) (ع) مؤنث۔ کسی مضمون کی اٹھان۔ کسی بات کی تقریب۔ دیباچہ۔ آغاز۔ عنوان۔ مقدمہ ۔

تمہید اٹھانا (ا) کسی مضمون یا کسی بات کی تقریب کرنا۔ ابتدا کرنا ۔

تمیز (تَمِیز) (ع) مؤنث (۱) جدا کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ (۲) شناخت۔ پہچان (۳) فرق (۴) جانچ (۵) عقل۔ شعور (۶) ادب۔ قاعدہ ۔

تمیزدار (ع۔ ف) ذی شعور۔ لائق۔ ہوشیار ۔

ت - ن

تن (تَن) (ف) مذکر۔ جسم۔ بدن۔ پنڈا۔ انگ ۔

تن آسانی (ف) مؤنث۔ آرام طلبی۔ سہل انگاری۔ آسائش ۔

تناور (ف) موٹا۔ مضبوط۔ تن و توش والا۔ فربہ ۔

تن پرور (ف) خود غرض۔ آرام طلب ۔

تن تنہا (ہ) اکیلا۔ واحد ۔

تندرست (ف) بھلا چنگا۔ صحیح وسالم ۔

تندرستی (ف) مؤنث۔ صحت۔ سلامتی ۔

تندرستی ہزار نعمت ہے (ا) مثل۔ انسانی بیماریاں ایک ہزار ہیں۔ پس ہر ایک بیماری سے بچنے کو ایک انعام الٰہی سمجھنا چاہئے۔ اس طرح تندرستی ہزار نعمت ہے ۔

تن دوست (ف) دیکھو "تن پرور" ۔

تندہ (ف) مذکر (۱) ساعی۔ کوشش کرنے والا (۲) محنتی۔ زحمت کش ۔

تندہی (ف) مؤنث (۱) سعی۔ کوشش (۲) محنت۔ جانفشانی ۔

تن دینا (ا) توجہ دینا۔ کوشش کرنا ۔

تن ڈھانکنا (ہ) معمولی کپڑے پہننا۔ سترپوشی کرنا ۔

تن زیب (ف) مذکر (۱) ایک قسم کا کپڑا جو نین سکھ کی قسم کا مگر زیادہ باریک ہوتا ہے (۲) ایک قسم کی صدری جو قبا کے نیچے پہنتے ہیں ۔

تن سکھی تو من سکھی (ہ) مثل۔ یعنی جب کھانے کو ملے تو عقل بھی ٹھکانے رہتی ہے ۔

تن کی تپت بجھانا (ہ) (ہندو) بھوک میں کھانا کھلانا۔ اشتہا بجھانا ۔

تن من (ہ) مذکر۔ جسم و جان۔ روح و قالب ۔

تن من مارنا (ہ) (۱) جسمانی اور نفسانی خواہشوں کو مارنا (۲) نہایت کوشش کرنا (۳) خاموش رہنا۔ چپ رہنا ۔

تن من وارنا (ہ) دل و جان سے نثار ہونا۔ جان قربان کرنا ۔

تِن (تِن) (ہ) مؤنث۔ گھاس جس سے چھپر بناتے ہیں ۔

تن (تُن) (ہ) مذکر (۱) ایک درخت جس کی لکڑی سرخ ہوتی ہے (۲) تن کا پھول جس سے زرد رنگ رنگتے ہیں ۔

تنا۔ یا۔ تننا (تَن۔ نَا) (ہ) (۱) کھینچنا۔ کشیدہ ہونا (۲) سیدھا ہو کر بیٹھنا (۳) پھیلنا (۴) پھولنا (۵) اینٹھنا۔ اکڑنا (۶) کھڑا ہونا۔ گڑنا (۷) طول پکڑنا ۔

تنا یا (تَنَا۔ یَا) (ہ) مذکر۔ غرور (متروک) ۔

تنا تنی (تَنَا۔ تَنِی) (ہ) مؤنث۔ اَن بَن۔ لڑائی پر آمادہ ہونا ۔

تناریری (تَنَا۔ رِی۔ رِی) (ہ) مؤنث (۱) چند معین کلمے جو گویّے گانا سیکھنے میں استعمال کرتے ہیں (۲) جھگڑا۔ بے لطفی۔ بے وقوف کا گانا ۔

تنازع (تَنَا۔ زُع) (ع) مذکر (۱) جھگڑا۔ فساد۔ تکرار۔

(۲) رنجش ۔ عداوت ۔

تناسب (تَنا ۔ سُب) (ع) مذکر ۔ مناسبت ۔ موافقت ۔ (۲) خوبصورتی ۔ تناسب اعضا ۔

تناسب اعضا (ع) مذکر ۔ تمام اعضا کا اپنے اپنے انداز واندازہ و موقع سے ٹھیک ہونا ۔

تناسخ (تَنا ۔ سُخ) (ع) مذکر ۔ ایک صورت سے دُوسری صورت میں ہونا ۔ ہندوؤں کے اعتقاد کے مطابق بار بار جنم لینا ۔

تناسُل (تَنا ۔ سُل) (ع) مذکر ۔ نسل بڑھانا ۔ اولاد پیدا کرنا ۔

تنافر (تَنا ۔ فُر) (ع) مذکر (۱) نفرت کرنا ۔ بھاگنا (۲) ایسے الفاظ کا جمع کرنا جن کا تلفظ ثقیل ہو ۔

تناقض (تَنا ۔ قُض) (ع) مذکر (۱) ایک دُوسرے کی ضد یا مخالف ہونا (۲) ناموافقت ۔ ضد (۳) ایک جا مُدّاعیہ ایک دوسرے کے خلاف دعویٰ ہونا ۔

تنانا (تَن ۔ نا ۔ نا) (ہ) (۱) لمبا ہونا ۔ دراز ہونا (۲) ہوشیار ہونا (۳) کسی صدمے سے جھنجھنانا (۴) زخم کا پھٹا پڑنا ۔

تناوُل (تَنا ۔ وُل) (ع) مذکر ۔ کھانا کھانا ۔

تناول فرمانا (ف) کھانا نوش فرمانا ۔ طعام کھانا ۔

تناؤ (تَنا ۔ اُو) (ہ) مذکر ۔ کھنچاؤ ۔

تنبا (تَم ۔ با) (ف) مذکر ۔ ایک قسم کا ڈھیلا پاجامہ ۔ غرارے دار پاجامہ ۔

تنباکو (تَم ۔ با ۔ کُو) (ہ) مذکر ۔ دیکھو "تمباکو" ۔

تنبو (تَم ۔ بُو) (ہ) مذکر ۔ ڈیرہ ۔ خیمہ ۔ شامیانہ ۔

تنبور (تَم ۔ بُور) } (ف) مذکر ۔ ایک قسم کا باجا جس میں
تنبورہ (تَم ۔ بُو ۔ رَہ) }
ستار کی طرح تین تار لگے ہوتے ہیں (ہ) مذکر ۔ ایک قسم کا چھوٹا ڈھول ۔

تنبورچی (ت) مذکر ۔ تنبور بجانے والا ۔

تنبول (تَم ۔ بُول) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا پتّا ۔ پان ۔ (۲) بیاہ شادی کی ایک رسم جس میں نیوتے کے طور پر عزیز و اقارب اور دوست و احباب حسبِ مقدور نقدی دیتے ہیں ۔

تنبول آنا (ف) کلام کے صدمے سے گھوڑے کے منہ سے خون نکلنا ۔

تنبولن (ہ) مؤنث ۔ پنواڑن ۔ پان بیچنے والی عورت ۔

تنبولی (ہ) مذکر ۔ پنواڑی ۔ پان بیچنے والا ۔

تنبُّہ (تَنَب ۔ بُہ) (ع) مذکر (۱) نصیحت ۔ عبرت (۲) دیکھو تنبیہ (۳) آگاہی ۔ خبرداری ۔

تنبیانا (تَنَب ۔ یا ۔ نا) (ہ) (۱) تانبے کا رنگ ہو جانا ۔ (۲) تانبے کا مزہ اس کھانے میں پیدا ہو جانا جو تانبے کے برتن میں رکھا ہوا ہو (۳) برسات کی ہوا سے گڑنا کسی کا رنگ تانبے کی مانند ہو جانا ۔

تنبیالا (تنبے ۔ لا) (ہ) (۱) تانبے کے رنگ کا (۲) چہرے کا رنگ جو گرمی سے سُرخی مائل ہو جائے (۳) گندمی (۴) مذکر ۔ سُرخ رنگ کی گندم ۔

تنبیہ (تَم ۔ بِیہ) (ع) مؤنث (۱) جتانا ۔ آگاہی ۔ واقفیت (۲) نصیحت ۔ عبرت (۳) تاکید (۴) جھڑکی ۔ سزا ۔ ملامت ۔

تُن پھُن (یا) **فُن** (تُن ۔ پھُن (یا) فُن) (ہ) مؤنث ۔ (۱) اکڑ فوں ۔ غصے اور غرور کا انداز (۲) غصے میں جلی بھُنی باتیں (کرنا ۔ ہونا کے ساتھ) ۔

تنت (تَنت) (ہ) مذکر (۱) ٹھیک وقت ۔ عین موقع ۔ (۲) اخیر ۔ انجام (۳) نازک حالت (۴) تار ۔ دھاگا ۔ ساز کا تار ۔

تنت کار (ہ) مذکر ۔ گویا ۔

تنتا توڑی (تَن ۔ تا ۔ تو ۔ ڑی) (ہ) مؤنث کسی کا کسی سے غصے کے ساتھ علیحدگی چاہنا ۔

تنتر (تَن ۔ تَر) (ہ) مذکر (۱) ایک شاستر (۲) منتر ۔ جادو ۔ ٹونا ۔

تنتری (تَن ۔ تَری) (ہ) مؤنث (۱) قوال ۔ گویا ۔ مغنی ۔ ایک قسم کا باجا جس میں تار لگے ہوتے ہیں ۔

تُن تُن (تُن ۔ تُن) (ہ) مؤنث ۔ ستار اور تنبور وغیرہ کی آواز ۔

تنتنا ۔ تنتنہ (تَن ۔ تَنا ۔ تَن ۔ تَنہ) (ف) مذکر (۱) کروفر دبدبہ (۲) حکومت (۳) غصہ ۔ غضب ۔

تنتنانا (تَن ۔ تَنا ۔ نا) (ہ) پھنپھنانا ۔ سنسنانا ۔

تنتناہٹ (تَن ۔ تَنا ۔ ہَٹ) (ہ) مؤنث (۱) ورم ۔ سوجن (۲) سوزش ۔ درد ۔

تنتنی (تُن ۔ تَنی) (ہ) مؤنث (۱) چھوٹا ستار ۔ سارنگی ۔ دوتالی (۲) بچوں کا ایک کھلونا جس میں سارنگی کی مانند تار لگا ہوتا ہے ۔

تنتنی بجاتے میاں کھاتے شکر گھی (ہ) مثل ۔ **نوکری کی ایسی تیسی اکیلے بیٹھے جی بہلائیں** } بھلا یوں کر بہت آرام ہے ۔ اچھا کھانے اور عیش اڑانے ہیں ۔

(لگ) میں جان جانے کا ڈر ہوتا ہے۔

تنتنا (تَن۔تَنا) (ہ) مذکر (عو) طاقت۔

تنتنا (تَن۔تَنا) (ہ) مذکر۔ جھگڑا۔ فساد۔

تنخواہ (تَن۔خاہ) (ف) مذکر۔ مہینہ۔ مشاہرہ۔ طلب۔ درماہہ۔

تنخواہ دار (ف) مذکر۔ تنخواہ پانے والا۔ ملازم۔ نوکر۔

تُند (تُند) (ف) (۱) تیز۔ جلد (۲) خونخوار۔ غضب ناک۔ غصیل (۳) سخت۔ کڑا (۴) تلخ۔ کڑوا۔

تُندخو (ف) بدمزاج۔ بدخو۔ چڑچڑا۔

تُندرفتار (ف) تیز رفتار۔

تُندمزاج (ف۔ع) دیکھو "تندخو"۔

تندور۔ تنور (تَن۔دُور۔ تَنُّور) (۱) مذکر۔ روٹی لگانے کا تنور۔ بھٹی۔ گلخن۔

تندور جھونکنا (ہ) (۱) تنور گرم کرنا (۲) بھٹیارے کا کام کرنا۔

تُندی (ف) مؤنث (۱) تیزی (۲) سختی (۳) غصہ (۴) شہوت۔

تُندیل (تُن۔دَیل) (ہ) بڑے پیٹ والا۔ فربہ۔

تنزل (تَنَزْ۔زُل) (ع) مذکر۔ زوال۔ گھٹاؤ۔ کمی۔ تخفیف۔

تنزیل (تَن۔زِیل) (ع) مؤنث (۱) نازل کرنا۔ اتارنا۔ (۲) قرآن مجید۔

تنزیہ (تَن۔زِیہ) (ع) مذکر۔ پاک کرنا۔ صاف کرنا۔ اخلاط فاسدہ کو دور کرنا۔

تنسیخ (تَن۔سِیخ) (ع) مؤنث (قانون) منسوخ کرنا۔ رد کرنا۔

تنسیخ تبنیت (ع) مؤنث۔ متبنیٰ بنانے کو منسوخ کرنا۔

تنصیف (تَن۔صِیف) (ع) مؤنث۔ برابر کے دو ٹکڑے کرنا۔ دو برابر حصوں میں تقسیم کرنا۔

تنظیم (تَن۔ظِیم) (ع) مؤنث (۱) شعر کہنا۔ نظم لکھنا (۲) موتی پرونا (۳) درستی کرنا۔ انتظام کرنا (۴) انتظام۔

تنعم (تَنَع۔عُم) (ع) مذکر۔ ناز و نعمت سے زندگی [illegible]

تنقص (تَن۔قُص) (ع) مذکر۔ عیب۔ [illegible]

تنقیح (تَن۔قِیح) (ع) مؤنث (۱) کسی چیز کو عیب سے پاک صاف کرکے خالص کرنا (۲) فیصلہ۔ صفائی۔

تنقیح امور تصفیہ طلب (ع) مؤنث۔ فیصلہ طلب امور کی صفائی۔

تنقید (تَن۔قِید) (ع) مؤنث۔ پرکھنا۔ جانچ۔ ریویو۔

تنقیص (تَن۔قِیص) (ع) مؤنث۔ کم کرنا۔ نقصان۔ کمی۔ اعتراض۔

تنقیہ (تَن۔قِیَہ) (ع) مذکر (۱) آنتوں کو صاف کرنا۔ جلاب لینا (۲) فیصلہ۔ صفائی۔

تنک (تُنَک) (ہ) (۱) تھوڑا۔ ذرا سا۔ چھوٹا۔ (۲) دبلا پتلا۔

تُنک (تُنُک) فہ (۱) کمزور۔ نازک۔ لطیف (۲) اوچھا۔ بے حقیقت۔

تنک ظرف (ف۔ع) کم ظرف۔ کمینہ۔ تنگ دل۔ تھوڑے دل کا۔ وہ شخص جسے بات نہ پچے۔

تنک مزاج (ف۔ع) تیز مزاج۔ کردھی۔ چڑچڑا۔ تیز خو۔

تنکا (تِن۔کا) (ہ) مذکر۔ گھاس کا پتا۔ خس۔ برگ کاہ۔

تنکا اتارنے کا احسان ماننا (ہ) فیلے احسان کو بہت بڑا احسان ماننا۔

تنکا دانتوں۔ یا۔ منہ میں لینا (ہ) عاجزی کرنا۔ پناہ مانگنا۔ جان بخشی چاہنا۔

تنکا سر پر سے اتارنا (ہ) کسی پر تھوڑا سا احسان کرنا۔

تنکا نہ رہنا (ہ) (۱) ایسا لٹنا کہ کچھ نہ رہنا (۲) فقیر ہو جانا۔ مفلس ہو جانا۔

تنکنا (تِنَک۔نا) (ہ) (عو) (۱) ناراض ہونا۔ خفا ہونا (۲) پھڑپھڑانا۔ بے چین ہونا۔ بے قرار ہونا۔

تنکی (تِن۔کی) (ف) مؤنث۔ ایک قسم کی نہایت باریک اور خستہ روٹی۔

تِنکے (ہ) مذکر۔ تنکا کی جمع۔ بہت سے تنکے۔

تنکے چننا (ہ) (۱) نشے میں دیوانہ ہونا۔ بدحواس ہونا۔ (۲) پاگل ہو جانا۔ باؤلا ہونا (۳) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔

تنکے چنوانا (ہ) (۱) پاگل بنانا۔ دیوانہ بنانا (۲) آمادہ کر لینا۔ فریفتہ کرنا۔

تنکے کا سہارا (ہ) مذکر۔ ذرا سی مدد۔ تھوڑی سی

تنکے کی اوٹ کرو دکھانا (ف) (۱) چھوٹی سی بات کو بڑھا کر دکھانا (۲) ادنیٰ کو اعلیٰ مرتبے پر پہنچا دینا۔

تنکے کی اوٹ (او جھل) پہاڑ (ف) (۱) ذرا سی بات میں کسی بڑی بات کا مخفی ہونا (۲) مشکل بات کا سہل تدبیر سے حل ہو جانا۔

تنکیر (تَن - کِیر) (ع) مؤنث (۱) اسم نکرہ کرنا (۲) بری حالت کرنا (۳) انجان بتانا۔

تنگ (تَنگ) (ف) مذکر۔ تھیلا۔ گون۔

تنگ (تَنگ) (ف) (۱) سکڑا ہوا۔ بھنچا ہوا (۲) چُست پھنسا ہوا (۳) کم۔ تھوڑا (۴) غریب۔ مفلس (۵) عاجز۔ ناچار (۶) مشکل۔ دشوار (۷) گھوڑے کی پیٹی۔ گھوڑے۔ بیل۔ گدھے وغیرہ کے کسنے کو کمربند۔

تنگ آنا (۱) عاجز آنا۔ مجبور ہونا۔ بیزار ہونا۔ گھبرا جانا۔

تنگ پکڑنا (۱) (۱) عاجز کرنا۔ چاروں طرف سے مجبور کرنا (۲) گھوڑے کی لگام کو کھنچا ہوا رکھنا۔

تنگ ترش ہونا (۱) ناراض ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔

تنگ چشم (ف) کم حوصلہ۔ کم ظرف۔ کمینہ۔ کنجوس۔

تنگ حال (ف - ع) (۱) غریب۔ مفلس۔ محتاج (۲) نازک حالت۔ قریب مرگ۔

تنگ حوصلہ (ف ع) کمینہ۔ کم ظرف۔ اوچھا۔

تنگ دست (ف) مذکر۔ مفلس۔ غریب۔ محتاج۔

تنگ دستی (ف) مؤنث۔ مفلسی۔ ناداری۔ فلاکت۔

تنگ دل (ف) کنجوس۔ اوچھا۔ کم ظرف۔

تنگ دہن (ف) اوچھا۔ کم حوصلہ۔ تھڑدولا۔

تنگ طلبی کرنا (۱) شدت سے تقاضا کرنا۔

تنگ کرنا (۱) (۱) ستانا۔ دق کرنا۔ عاجز کرنا (۲) چُست کرنا۔

تنگ وقت (ف - ع) مذکر۔ نازک وقت۔ فرصتِ قلیل۔ کم وقت۔

تنگ ہاتھ ہونا (۱) مفلس ہونا۔ پیسہ پاس نہ ہونا۔

تنگی (ف) مؤنث (۱) کوتاہی۔ کمی (۲) مفلسی۔ غریبی۔ (۳) مصیبت۔ سختی (۴) مشکل۔ دقت (۵) کم ظرفی۔ اوچھا پن۔

تنگی ترشی فراخی آئی (۱) مثل۔ مفلسی دور ہوئی۔ (۱) کشائش روزی آئی۔ بُرے دن گئے۔ بھلے دن آئے۔

ہونا (۱) (۱) کمی ہونا (۲) سختی ہونا۔ مصیبت ہونا۔ (۳) مفلسی ہونا (۴) گنجائش نہ ہونا۔

تنُّور - تنُور (ع) مذکر۔ دیکھو "تندور"۔

تنوّع (تَنَوْ - وُع) (ع) مذکر۔ قسم قسم کا ہونا۔ گوناگونی۔

تنومند (تَنُو - مَند) (ف) شہ زور۔ تنآور۔ قوی۔ موٹا تازہ۔

تنومندی (ف) مؤنث۔ تنآوری۔ فربہی۔ موٹاپا۔

تنویر (تَن - وِیر) (ع) مؤنث۔ روشنی۔

تنوین (تَن - وِین) (ع) مؤنث۔ کسی حرف پر دو زبر یا زیر یا پیش لگانے سے نون کی آواز پیدا کرنا۔ نون پیدا کرنا۔ جیسے اً - ٍ ۔

تنہ (تَنَہ) (ف) مذکر۔ درخت کا وہ نچلا حصہ جہاں تک شاخ نہ نکلی ہو۔ درخت کا دھڑ۔

تنہا (تَن - ہا) (ف) (۱) اکیلا۔ فرد۔ جدا (۲) صرف۔ فقط (۳) لاثانی۔ بے نظیر۔

تنہا خوری (ف) مؤنث (۱) اکیلے کھانا (۲) خود غرضی کرنا۔ کسی کے ساتھ مل کر رشوت نہ لینا۔

تنہائی (ف) مؤنث (۱) علیحدگی۔ گوشہ نشینی (۲) جدائی (۳) اکیلا رہنا۔

تنی (تَنی) (ہ) مؤنث (ہندی) (۱) ڈوری۔ کسی چیز کے باندھنے یا کسنے کی ڈور (۲) (ہندو) اعضو حصہ۔ ساجھا۔ پتی۔

تنی میں گانٹھ دینا (ہ) (ہندو) (۱) منسوب کرنا۔ منگنی کرنا۔ سگائی کرنا (۲) یاد رکھنا۔ یادداشت کے لئے بند میں گرہ لگانا۔

ترنی (تَرَن - نی) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا چاول۔

تنیا (تَن - یا) (ہ) مذکر۔ لنگوٹی۔ ایک کپڑے کی دھجی جو وحشی قوموں کے مرد ستر پوشی کے لئے باندھتے ہیں۔

ت - و

تو (تو) (ہ) (حرف جزا) (۱) تب۔ پس (۲) الحاصل۔ حاصل کلام (۳) اس وقت۔ پھر (۴) کُتّے کے بلانے کی آواز۔

تو بھی (ہ) باوجودیکہ۔ پھر بھی۔ تاہم۔

تو سہی (ہ) (عو) (۱) بالفرض۔ فرضی (۲) بے شک۔

یقیناً (۳) بھگوں کا۔ دیکھو تو ×

تو (تُو) (ہ) ضمیر واحد حاضر۔ حرف خطاب جو ادنیٰ یا کم درجے والے کی نسبت بولا جاتا ہے ×

تو بھی رانی میں بھی رانی کون بھرے پنگھٹ پر پانی (ہ) مثل۔ جب ادنیٰ و اعلیٰ کو برابری کا دعویٰ ہو تو کام کس سے لیا جائے ×

تو تڑاق کرنا (ا) بدزبانی اور گالی گلوچ کرنا ×

تو تکار (تُو۔ تکار) (ہ) مؤنث۔ گالی گلوچ ×

تو تو میں میں (ہ) مؤنث (۱) گالی گلوچ (۲) جھگڑا۔ ٹنٹا ×

تو چاہے میرے جانے کو۔ میں چاہوں تیرے کھاٹ کے پائے کو (ہ) مثل (عو) اگر تم میری اولاد کو چاہو گی تو میں تمہاری چارپائی کے پائے تک سے محبت رکھوں گی ×

تو ڈال تو میں پات پات (ہ) مثل۔ میں تجھ سے بھی زیادہ ہوشیار رہوں ×

تو کو نہ بھناؤں۔ تیرا بھنیا اور ملاؤں (ہ) مثل۔ ایسے کنجوسوں کی نسبت کہتے ہیں۔ جو روپے کو بہت عزیز رکھیں۔ اور بالکل خرچ نہ کریں ×

تو کو نہ مو کو۔ چولھے میں جھونکو (ہ) مثل۔ (عو) چیز کو ایسا خراب کرنا کہ کسی کے کام کی نہ رہے

تو کہے سو سچ ہے بڈھی۔ تو کہے سو سچ (ہ) مثل (۱) اس وقت بولتے ہیں۔ جب کوئی کسی کی داد فریاد سننا نہ چاہتا ہو (۲) جب کوئی شخص گپ مارے تو مذاقاً کہتے ہیں ×

تو مجھ کو میں تجھ کو (ہ) مثل۔ تو میرا ساتھ دے گا تو میں تیرا ساتھ دوں گا ×

تو میری گور کھود میں گاڑ آؤں تجھ کو (ہ) مثل۔ جیسی بُرائی کی نیت اوروں کے لئے کی جائے۔ وہ اپنے آپ کو پیش آتی ہے ×

توا (تَوا) (ہ) مذکر (۱) لوہے کا وہ گول ظرف جس پر روٹی پکاتے ہیں (۲) ٹھیکرے کا ٹکڑا جسے تمباکو کے اوپر رکھ کر چلم بھرتے ہیں (۳) نہایت کالا۔ بہت سیاہ ×

توا ہنسنا (ہ) (عو) (۱) جب جلتے توے کے نیچے بہت سا کاجل جمع ہو کر کسی وقت ذرا ذرا سی روشنی کے ذرات سلسلہ وار چمکنے لگتے ہیں۔ اس حالت کو عورتیں توے کا ہنسنا کہتی ہیں۔ اور اسے شادی اور رزق کی افزونی کا شگون سمجھتی ہیں ×

تواب (تَوْ۔ وَاب) (ع) توبہ منظور کرنے والا۔ خدا تعالیٰ ×

توابع (تَوا۔ بِع) (ع) مذکر۔ تابع کی جمع۔ پیرو۔ ملازم۔ ماتحت ×

تواتر (تَوا۔ تُر) (ع) مذکر۔ پے در پے۔ برابر۔ لگاتار ×

توارد (تَوا۔ رُد) (ع) مذکر (۱) (لغوی معنی) باہم۔ ایک جگہ اترنا (۲) (اصطلاحی) دو شاعروں کا ایک ہی مضمون باندھنا ×

تواری (تَوا۔ رِی) (ہ) مذکر۔ برہمنوں کا ایک فرقہ جسے تین وید پڑھنے کا حق تھا ×

تواریخ (تَوا۔ رِیخ) (ع) مؤنث۔ تاریخ کی جمع (۱) مہینے کے دن (۲) زمانے کے گزشتہ واقعات کا علم۔ (۳) قصے۔ تذکرے۔ کہانیاں۔ داستانیں ×

توازن (تَوا۔ زُن) (ع) مذکر۔ ہم وزن ہونا۔ برابر ہونا۔ تناسب ×

تواضع (تَوا۔ ضُع) (ع) مؤنث (۱) عاجزی۔ انکسار۔ (۲) خاطر۔ آؤ بھگت (۳) نذر۔ بھینٹ (۴) دعوت ضیافت ×

تواضع سمرقندی (ع۔ ف) مؤنث۔ جھوٹی خاطر۔ ظاہرداری کی آؤ بھگت ×

تواضع کرنا (ا) (۱) عاجزی سے پیش آنا۔ خوش اخلاقی سے پیش آنا (۲) خاطر مدارات کرنا (۳) نذر کرنا۔ (۴) ضیافت کرنا۔ دعوت دینا ×

توام (تَوْ۔ اَم) (ع) جوڑواں۔ ایک ساتھ کے پیدا شدہ بچے ×

توان (تُوان) (ف) مؤنث۔ طاقت۔ زور۔ قوت ×

توانا (ف) (۱) زورآور۔ طاقتور (۲) زبردست۔ ہٹا کٹا ×

توانائی (ف) مؤنث۔ طاقت۔ زور۔ قوت۔ قدرت ×

توانگر (تُوا۔ نْگَر) (ف) طاقت والا۔ مال دار ×

توانگری (ف) مال داری۔ زرداری ×

توائی (تَوا۔ ئِی) (ہ) مؤنث (عو) (۱) تباہی۔ بربادی (۲) (مجازاً) جلدی ×

توبرا (تُو۔ بْ۔ رَا) (ف)، **توبرہ** (تُو۔ بْ۔ رَہ) (ف)، **توبڑا** (تُو۔ بْ۔ ڑا) (ہ) } مذکر (۱) گھوڑے کو دانہ کھلانے کا ٹاٹ یا چمڑے کا تھیلا (۲) (تحقیراً) منہ ×

توبہ (تَوْ۔ بہ) (ع) مؤنث (۱) گناہ سے باز آنا۔ استغفار۔

مماثمت (۲) (۱) عہد۔ قول۔ قسم (۳) انحراف۔ برگشتگی (۴) ترک۔ علیحدگی (۵) (۱) خدا دکھائے۔ خدا محفوظ رکھے (۶) (۱) الٰہی پناہ۔ اے خدا رحم کر۔

توبہ توبہ (ع) نفرت یا عہد واثق یا مقام عبرت و تاسف پر بولتے ہیں۔

توبہ توڑنا (۱) عہد شکنی کرنا۔ قول و قسم سے پھرنا۔

توبہ کرانا (۱) چیں بلوانا۔ عاجز کرنا۔ گھبرا دینا۔

توبہ کر بندے اس گندے روزگار سے (۱) مثل۔ اس بُرے پیشے کو چھوڑ۔

توبہ کرنا (۱) (۱) گناہ سے باز آنا (۲) قسم کھانا (۳) عبرت پکڑنا (۴) فریاد کرنا (۵) چھوڑنا (۶) مغفرت چاہنا۔ (۷) معافی چاہنا۔ افسوس کرنا۔

توبیخ (تَو۔بیخ) (ع) مؤنث۔ زجر۔ ملامت۔ جھڑک۔ طعن۔

توپ (تَوپ) (ت) مؤنث (۱) گولہ چلانے کا آلہ (۲) بہت موٹا آدمی۔

توپ چلانا (۱) توپ چھوڑنا۔ گولہ مارنا۔ توپ کی آواز کرنا۔

توپچی (ف) مذکر۔ گولنداز۔ توپ چھوڑنے والا۔ خلاصی۔

توپ خانہ (ف) مذکر۔ توپیں رکھنے کا مقام۔ میگزین عموماً ایک توپ خانے میں چھ توپیں مع ساز و سامان ہوتی ہیں۔

توپ داغنا (۱) دیکھو "توپ چلانا"۔

توپ دم کرنا (۱) توپ کی بھاپ سے اڑانا۔

توپ کے منہ اڑانا (۱) سزائے موت میں مجرم کو توپ کے منہ سے باندھ کر گولہ چھوڑ دینا۔

توپنا (تَوپ۔نا) (۱) گڑھا بند کرنا (۲) زمین میں گاڑنا۔ دفن کرنا (۳) چھپانا۔

توت (تُوت) (ع) مذکر۔ ایک درخت اور اس کا پھل۔ جسے شہتوت بھی کہتے ہیں۔

توتا (تو۔تا) (ف) مذکر (۱) طوطا۔ مٹھو۔ ایک خوش رنگ مشہور پرند جس کے پر سبز۔ چونچ سرخ اور گلے میں بھی سرخ کنٹھی ہوتی ہے۔ اور ان میں سے بعض ذات کے توتے سکھانے سے ایک دو باتیں بھی سیکھ جاتے ہیں (۲) توڑے دار بندوق کا گھوڑا۔

توتا پالنا (۱) علاج نہ کر کے بیماری بڑھانا۔

توتا چشم (ف) بے مروت۔ بے فیض شخص۔

توتلا (تو۔تلا) (ہ) وہ آدمی جس کی زبان موٹی ہونے کے باعث الفاظ صاف نہ نکل سکیں۔ ہکلا۔

توتو (تُو۔تُو) (ہ) مؤنث (۱) کتے کو بلانے کی آواز (۲) بولنا۔ باتیں کرنا (۳) (مجازاً) زبان (متروک)۔

توتی (تُو۔تی) (ف) مؤنث۔ ایک چھوٹی سی خوش آواز چڑیا جو توت کے موسم میں اکثر دکھائی دیتی ہے اور شہتوت بھی کھاتی ہے۔

توتی (طوطی) بولنا (۱) شہرۂ آفاق ہونا۔ کسی ہنر یا کمال مرتبہ یا حسن و جمال وغیرہ میں دھاک بندھنا۔ دور دورہ ہونا۔ اقبال کا یاور ہونا۔

توتی (طوطی) کی آواز نقار خانے میں کون سنتا ہے (۱) بڑے آدمیوں کی رائے کے سامنے چھوٹے آدمیوں کی رائے کو کوئی نہیں پوچھتا۔

توتے (۱) مذکر۔ توتا کی جمع۔

توتے اڑ جانا (۱) حواس باختہ ہو جانا۔ گھبرا جانا۔ ہکا بکا ہو جانا۔

توتے کی سی آنکھیں پھیرنا۔ توتے کی طرح آنکھیں بدلنا (۱) دفعتہً بے مروت ہو جانا۔ یکلخت بے دید ہو جانا۔

توتے کی طرح پڑھنا۔ یا۔ یاد کرنا (۱) بے سمجھے بوجھے پڑھنا۔ بے سمجھے بوجھے یاد کرنا۔

توتیا (تُو۔تیا) (ف) مذکر (۱) نیلا تھوتھا۔ مس گشتہ۔ (۲) سرمہ۔

توتیا (تُو۔تیا) (توطیہ کا معرب، مذکر۔ تہمت۔ الزام۔

توتیا باندھنا
توتیا طوفان جوڑنا
توتیے جوڑنا
توتے جوڑنا
(۱) (عو) تہمت یا الزام لگانا۔ بدنام کرنا۔

توثیق (تَو۔ثیق) (ع) مؤنث۔ مضبوطی۔ پختگی۔ استحکام۔

توجانا (۱) حیوان کا حمل گر جانا۔

توجہ (تَوَج۔جُہ) (ع) مؤنث (۱) کسی کی طرف منہ کرنا۔ (۲) (۱) رجحان۔ رغبت (۳) دلی خیال۔ لحاظ (۴) (۱) مہربانی۔ عنایت۔

توجہ باطن (ع) مؤنث۔ دلی رجوع۔ دلی توجہ۔

توجیہ (تَو۔جیہ) (ع) مؤنث (۱) وجہ بیان کرنا۔ باعث بتانا۔ سبب کا اظہار (۲) حلیہ۔

توجیہ نویس (ع۔ف) مذکر۔ حلیہ لکھنے والا۔

توحّش (تَوَح حُش) (ع) مذکر۔ وحشت۔ نفرت ۔

توحید (تَو۔حید) (ع) مؤنث۔ خدا کو ایک ماننا۔ خدا کے ایک ہونے پر یقین کرنا ۔

تودہ (تو۔دَہ) (ف) مذکر (۱) انبار۔ ڈھیر (۲) وہ مٹی کا مجلد جس پر نشانہ بازی کی مشق کی جائے (۳) (عو) بکثرت۔ بہت زیادہ ۔

تودہ طوفان (ا) مذکر (۱) بہت الزام (۲) الزام لگانے والا آدمی۔ فسادی۔ شریر۔ مکار ۔

تور (تُور) (ھ) مذکر (۱) ایک قسم کا غلہ جس کی دال بناتے ہیں (۲) (ا) وہ رسّی جو بھینس وغیرہ کے گرداگرد پردہ نہ ٹلنے کی غرض سے باندھتے ہیں (۳) (ت) جالی کی پوشش جو پالکی یا بھینس پر ڈالتے ہیں ۔

تورات (تَو۔رَات) (ع) مؤنث۔ دیکھو "توریت" ۔

تورّع (تَوَر۔رُع) (ع) مذکر۔ پرہیزگاری ۔

تورہ (تُورَہ) (ت) مذکر (۱) شرع۔ سنت۔ قانون۔ رسم۔ (۲) (مجازاً) وہ شریعت جو چنگیز خاں نے وضع کی تھی ۔

تورہ (تُو۔رَہ) (ھ) مذکر (۱) مختلف کھانوں کے خوان جو امیروں میں شادی وغیرہ کے موقع پر کچھ روز پیشتر تقسیم کئے جاتے ہیں (۲) (عو) غرور۔ گھمنڈ (۳) (عو) عزت۔ رتبہ ۔

تورہ بندی (ا) مؤنث۔ شادی سے پیشتر مختلف قسم کے کھانوں کے خوان بھیجنے کی تقریب جو امیر لوگ مناتے ہیں ۔

تورہ پوش (ا) مذکر۔ خوان پوش ۔

تورہ پیشی (ا) مؤنث (عو) (طنزاً) نفرت کرنے والی عورت۔ مغرور عورت۔ شیخی باز عورت ۔

تورہ جتانا (ا) (عو) (۱) نخرہ کرنا (۲) غرور کرنا (۳) دکھاوے کی پرہیزگاری جتانا ۔

توری (تُو۔رِی) (ھ) مؤنث۔ ایک قسم کی ترکاری ۔

توریا (تُو۔رِیا) (ھ) مذکر۔ سرسوں کا پودا یا بیج ۔

توریت (تَو۔رِیت) (عبرانی) مؤنث۔ وہ آسمانی کتاب جو حضرت موسیٰ علیہ السلام پر اتری تھی ۔

تورے والی (ا) مؤنث (عو) (۱) مغرور عورت۔ متکبر عورت (۲) (طنزاً) پابند شرع عورت۔ پرہیزگار عورت ۔

توڑ (تُوڑ) (ھ) مذکر (۱) شکستگی۔ ٹوٹ پھوٹ (۲) شگاف۔ رخنہ۔ غار جو بندوق یا توپ پڑ جاتا ہے (۳) آبپاشی (۴) چڑھاؤ۔ طغیانی (۵) دہی کا پانی (۶) جواب کا تند۔ (۷) گولی یا گولے کی توڑنے کی قوت (۸) فاصلہ جو تیر یا گولا طے کرے (۹) علاج۔ چارہ (۱۰) پیچ یا داؤں کا الٹ پلٹ (۱۱) کسی چیز کی قیمت کا فیصلہ (۱۲) غل شور (۱۳) دیکھو "توڑنا" ۔

توڑ پھوڑ (ھ) مؤنث (۱) شکستگی۔ ٹوٹ پھوٹ (۲) خرابی۔ ویرانی۔ انہدام (۳) سازش۔ اِغوا ۔

توڑ جوڑ (ھ) مذکر (۱) توڑنا جوڑنا۔ جنگ و صلح (۲) داؤ پیچ۔ تدبیر۔ سازش (۳) نشانہ پردازی (۴) دانائی۔ مکاری (۵) دو آدمیوں میں نفاق کرانے کے ڈھنگ (۶) کاٹ چھانٹ۔ قطع و برید ۔

توڑا (تُو۔ڑا) (ھ) مذکر (۱) بجس۔ چارا (۲) کمی۔ قحط۔ قلت (۳) رسّی کا ٹکڑا (۴) ہل کی پھاڑ (۵) فتیلہ بندوق۔ بتی۔ پلیتہ (۶) گلے میں پہننے کا زیور (۷) تھیلی۔ (مجازاً) ہزار روپے کی تھیلی ۔

توڑا مروڑی (ھ) مؤنث۔ توڑنا مروڑنا۔ ہاتھا پائی ۔

توڑنا (ھ) (۱) ٹکڑے کرنا۔ چیرنا۔ پھوڑنا پھاڑنا۔ (۲) چور چور کرنا۔ پاش پاش کرنا (۳) جدا کرنا۔ علیحدہ کرنا (۴) ہل جوتنا۔ قلبہ رانی (۵) سیندھ لگانا۔ نقب لگانا۔ نقب دینا (۶) ازالہ بکر کرنا۔ چیر اُتارنا (۷) کم کرنا۔ گھٹانا (۸) پانی کاٹنا۔ نہر سے پانی نکالنا (۹) منسوخ کرنا۔ فسخ کرنا۔ (۱۰) ڈھانا۔ گرانا (۱۱) دور کرنا۔ مٹانا (۱۲) دوستی نہ رکھنا۔ قطع تعلق کرنا (۱۳) موقوف کرنا (۱۴) فتح کرنا۔ جیتنا (۱۵) کچلنا (۱۶) ملا لینا۔ اپنی طرف کر لینا۔ (۱۷) ورزش کرنا۔ کسرت کرنا (۱۸) روپیہ بھنانا۔ ریزگاری دینا (۱۹) مفت اور بے محنت کھانا۔ (۲۰) اکھاڑنا۔ الگ کرنا (۲۱) کمزور کرنا۔ ناتوان کرنا (۲۲) دل میں فرق کرانا (۲۳) ہمت توڑنا۔ (۲۴) بھانجی مارنا ۔

توڑنے آئے چار۔ اور کھیت کا اجارہ (ا) مثل۔ ایک تو پرائی چیز لینے آئے اور دوسرے رعب ڈالتے ہیں ۔

توڑی (تُو۔ڑِی) (ھ) مؤنث۔ رائی۔ سرسوں ۔

توڑی (تُو۔ڑِی) (ھ) مؤنث۔ گیہوں یا جو کا بجس چارا ۔

توڑے دار بندوق (ا) مؤنث۔ وہ بندوق جو فتیلے کے ذریعے سے چھوڑی جائے ۔

توزک (تُو-زُک) (ت) مؤنث۔ دیکھو "تزک"۔
توزیع (تَو-زِیع) (ع) مؤنث (۱) بانٹنا۔ تقسیم کرنا (۲) نقصان ادا کرنے والے کے نام بحساب ظاہر کرنا۔ کہ تمہارے ذمے اس قدر رقم باقی ہے۔
توزیع حال (ع) مؤنث۔ ہر مہینے کا حساب جس میں ہر ایک کا ذرِ مطالبہ۔ تحصیل اصل باقی درج ہو۔
توس (تَوس) (مستعمل) (انگ۔ ٹوسٹ۔ TOAST) ڈبل روٹی کا پتلا ٹکڑا جو چوڑائی کے رُخ کاٹتے ہیں۔
توسدان (ا) دیکھو "توشدان"۔
توسط (تَوَس-سُط) (ع) مذکر (۱) اعتدال۔ میانہ روی۔ (۲) بیچ۔ درمیان (۳) ذریعہ۔ آسرا۔ وسیلہ۔
توسل (تَوَس-سُل) (ع) مذکر۔ کسی کو بیچ میں ڈالنا۔ وسیلہ۔ ذریعہ۔ سفارش۔
توسن (تَو-سَن) (ف) مذکر۔ تُند اور سرکش گھوڑا۔
توسیع (تَو-سِیع) (ع) مؤنث۔ فراخ کرنا۔
توشدان (تُوش-دان) (ف) مذکر (۱) توشہ دان۔ وہ برتن جس میں سفر کی خوراک رکھتے ہیں (۲) چمڑے کی تھیلی جس میں سپاہی کارتوس رکھتے ہیں۔
توشک (تُو-شَک) (ت) مؤنث۔ روئی دار بستر۔ گدیلا۔ بچھونا۔
توشک خانہ (ت۔ ف) مذکر۔ وہ مکان جہاں اوڑھنے پہننے بچھانے کے کپڑے رہیں۔ اسباب اور زیور کا مکان۔ پارچہ خانہ۔ جلوس خانہ۔ ذخیرہ۔
توشہ (تُو-شَہ) (ف) مذکر (۱) زادِ راہ۔ وہ کھانا جو مسافر اپنے ساتھ لے جائے (۲) کھانے پینے کی چیز (۳) وہ کھانا جو مردے کے ساتھ لے جاتے اور وہاں بعد از دفن فقراء کو دے دیتے ہیں۔ (۴) کسی ولی یا بزرگ کی فاتحہ کا کھانا جو عرس کے روز تقسیم کیا جاتا ہے (۵) راستے کا خرچ۔ زادِ راہ۔
توشہ خانہ (ف) مذکر۔ دیکھو "توشک خانہ"۔
توشۂ عاقبت۔ یا۔ عقبےٰ (ف۔ ع) مذکر۔ اچھے کام۔ نیک اعمال جو اس جہان میں کام آئیں گے۔ وہ معصوم بچہ جو ماں باپ کے سامنے مر جائے۔ اسے بھی اس نظر سے کہ وہ گناہ بخشوائے گا۔ "توشۂ عاقبت" کہتے ہیں۔
توشیح (تَو-شِیح) (ع) مؤنث (۱) آرائش کرنا (۲) علم بیان کی ایک صنعت جس میں شعروں کا پہلا پہلا حرف یا مصرعوں کے شروع کا ایک ایک لفظ لینے سے ممدوح کا نام نکل آئے۔
توصیف (تَو-صِیف) (ع) مؤنث۔ وصف کرنا۔ سراہنا۔ تعریف۔ خوبی کا بیان۔
توضیح (تَو-ضِیح) (ع) مؤنث (۱) شرح۔ تشریح۔ کھول کر کہنا (۲) (ق) (زن) مال گزاری۔
توطن (تَوَط-طُن) (ع) مذکر۔ وطن اختیار کرنا۔
توطیہ (تَو-طِیَہ) (ع) مذکر (۱) مدعا کی تمہید (۲) شعر میں قافیے کی تکرار (۳) الزام۔ بہتان۔
توغل (تَوَغ-غُل) (ع) ایک کام میں بہت لگا رہنا۔ پوری مشق کرنا۔
توفان (تُو-فان) (ف) مذکر (۱) طوفان (۲) شور و غوغا۔ (۳) (ق) الزام۔ بہتان۔
توفان شیطان (ا) مذکر۔ جھوٹ۔ بہتان۔
توفیر (تَو-فِیر) (ع) مؤنث (۱) زیادتی۔ بچت۔ فائدہ۔ (۲) بالائی یافت۔ حق سعی۔ حق المحنت۔
توفیق (تَو-فِیق) (ع) مؤنث (۱) برابر اور موافق کرنا۔ (۲) خدائے تعالیٰ کا بندہ کی خواہش کے موافق نیک اسباب بہم پہنچانا (۳) ہدایت۔ رہنمائی۔ خدا کی مہربانی (۴) (ق) قابلیت۔ لیاقت (۵) مدد۔ آسرا۔ وسیلہ (۶) ہمت۔ طاقت۔ حوصلہ۔
توقع (تَوَق-قُع) (ع) مؤنث۔ اُمید۔ بھروسا۔ آس۔ آرزو۔ اچنبھا۔
توقف (تَوَق-قُف) (ع) مذکر۔ دیر۔ وقفہ۔ صبر۔ تامل۔ ڈھیل۔
توقیر (تَو-قِیر) (ع) مؤنث۔ عزت۔ حرمت۔ تعظیم و تکریم۔
توقیع (تَو-قِیع) (ع) مؤنث (۱) شاہی دستخط (۲) شاہی مہر لگا کر دستخط کرنا (۳) شاہی فرمان۔
توکل (تَوَک-کُل) (ع) مذکر۔ خدا پر بھروسہ کرنا۔ اعتماد۔ اپنے کاموں کو دوسرے پر چھوڑ دینا۔
توکل پر بیٹھنا (ا) خدا پر بھروسہ کرکے بیٹھنا۔ سارے کام خدا پر چھوڑ کر بہتری کی امید رکھنا۔
توکھ (تُو-کھ) (ہ) مؤنث۔ وہ بڑا ستون جو تین موضعوں کی حد ملنے کے مقام پر گاڑ دیتے ہیں۔
تول (تَول) (ہ) مذکر (۱) وزن۔ جانچ۔ اندازہ (۲) مقررہ وزن۔
تول لینا۔ تولنا (ہ) (۱) وزن کرنا۔ آزما لینا۔ جانچ لینا۔

(۲) لیاقت اور قابلیت کی جانچ کرنا۔ امتحان کرنا۔ (۳) تلوار کو ہاتھ میں جانچنا (۴) محبت کی آزمائش کرنا۔ (۵) بات کو اچھی طرح سمجھنا۔

تولا (تُو۔ لا) (ہ) مذکر۔ بارہ ماشے کا وزن۔ ۹۶ رتی کا بٹہ۔

تولا بھر کی آرسی نانی بولے فارسی (ہ) مثل۔ تھوڑا سا سلوک کر کے بہت سا احسان جتانے کے موقع پر بولتے ہیں۔

تولا ماشہ (ا) وہ مریض یا نازک مزاج آدمی جو ذرا سی بے اعتدالی میں دگرگوں ہو جائے۔ نامستقل مزاج۔ متلون مزاج۔

تولا (تَو۔ لا) (ہ) مذکر۔ بڑے منہ کا ہنڈا۔

تولا (تَوَل۔ لا) (ع) مذکر (۱) محبت۔ دوستی۔ الفت (۲) امید۔ توقع۔

تولائی (ع) مذکر (۱) محبت رکھنے والا (۲) اہل تشیع کا وہ فرقہ جو تبرا نہ کرے۔

تولد (تَوَل۔ لُد) (ع) مذکر۔ پیدائش۔ پیدا ہونا۔ جنم۔

تولوال (تَول۔ وال) (ہ) (۱) بھاری (۲) جس پر بہت سا طلائی کام ہوا ہو (کپڑا)۔

تولہ (تُو۔ لہ) (ہ) دیکھو "تولا"۔

تولیا (تَو۔ لِیا) (ا) مذکر۔ دست مال۔ رومال۔ انگوچھا۔ وہ کپڑا جس سے ہاتھ اور بدن پونچھیں۔

تولیت (تَو۔ لِیَت) (ع) مؤنث۔ ولی یا حاکم بنانا۔

تولیت نامہ (ع۔ ف) مذکر۔ ولی بنانے کی تحریر۔

تولید (تَو۔ لِید) (ع) مؤنث۔ جنانا۔ پیدا کرنا۔ پرورش کرنا۔

تومار (تُو۔ مار) (طومار کا مخرب) مذکر۔ وہ خطوط جو جمع کر کے بچوں کے پڑھنے کے لئے ایک دوسرے سے چپکا دیتے ہیں۔

تومان (تُو۔ مان) (ت) مذکر۔ دیکھو "تُمَن"۔

تومڑی (تُوم۔ ڑی) (ہ) مؤنث (۱) چھوٹا تونبا۔ سوکھے ہوئے تونبے کی چھاگل۔ کچکول (۲) ایک قسم کی آتشبازی (۳) گھڑیال کی تھوتھنی (۵) رسولی۔

تومنا (تُوم۔ نا) (ہ) (۱) روئی روئی جدا کرنا۔ روئی کو ہاتھوں سے کاتنے کے لئے کھولنا (۲) ملنا دلنا۔ دست مالی کرنا (۳) عیب کھولنا۔ قلعی کھولنا۔

توما سوت (ہ) مذکر۔ بہت باریک اور عمدہ کتا ہوا سوت جو انگلیوں سے توم کر بعد میں کاتا جاتا ہے۔

توں (تُوں) (ہ) تُو (متروک)۔

توں تاں کرنا (ہ) تُو تُو مَیں مَیں کرنا۔ گالی گلوچ کرنا۔

تونا (تُو۔ نا) (ہ) دیکھو "تو جانا"۔

تونبا (تُوں۔ با) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا کدو جسے اندر سے خالی کر کے کشکول یا چھاگل وغیرہ بناتے ہیں۔

تونبی (ہ) مؤنث (۱) چھوٹا تونبا۔ تونبڑی (۲) وہ بین جو سپیرے بجاتے ہیں۔

تونبی ہاتھ میں لینا (ہ) فقیری لینا۔ جوگی بننا۔

توند (تُوند) (ہ) مؤنث۔ بڑا پیٹ۔

توندل (ہ) بڑ پیٹو۔ بڑے پیٹ والا۔

تونس (تَونس) (ہ) مؤنث۔ وہ پیاس جو کسی طرح نہ بجھے۔

تونسنا (ہ) آفتاب کی گرمی کے مارے پیاس اور تشنگی کا بڑھ جانا۔

توہم (تَوَہ۔ ہُم) (ع) مذکر۔ وہم۔ وسواس۔ شک۔

توہین (تَو۔ ہِین) (ع) مؤنث (۱) لغوی معنی سست کرنا (۲) طعن کرنا۔ طنز کرنا (۳) اہانت۔ حقارت۔ بے عزتی۔

توہین عدالت (ع) مؤنث۔ عدالت کی بے عزتی۔ حاکم کو برا بھلا کہنا۔ شوخ چشمی سے پیش آنا۔

توئی۔ تو ئی (تُو۔ اِی۔ تُو۔ اِی) (ہ) ایک قسم کے کپڑے پر بنی ہوئی بیل جو عورتیں اکثر دوپٹوں اور رضائیوں وغیرہ پر لگاتی ہیں۔

توے کی بوند (ہ) مؤنث۔ ضرورت سے بہت کم چیز۔ غیر تسلی بخش۔ ناپائدار۔ بہت جلد فنا ہونے والی۔

توے کی تیری ہاتھ کی میری (ہ) مثل۔ دوسرے کی جلدی کا فائدہ اٹھانے کے موقع پر بولتے ہیں۔ بہت فائدہ تیرا۔ تھوڑا میرا۔

ت - ہ

تہ (تَہ) (ف) مؤنث (۱) نیچے۔ نشیب (۲) پیندا۔ تلا (۳) تھاہ۔ انتہا (۴) پیٹ۔ سلوٹ (۵) بھید۔ مخفی بات (۶) نکتہ۔ باریکی۔

تہا تہی رکھ چھوڑنا (ہ) احتیاط سے رکھنا۔ استعمال میں نہ لانا۔

تہ بازاری (ف، مؤنث (۱) بازار کا عام محصول (۲) زمین کا محصول۔

تہ بتہ (ف) (۱) ہر تہ میں۔ ایک کے نیچے ایک (۲) پیچ در پیچ۔

تہ بند (ف) مذکر۔ پاجامے کی جگہ باندھنے کا کپڑا۔ دھوتی۔ لنگی۔ لنگوٹ۔

تہ پوشی (ف، مؤنث۔ زنانہ پاجامہ۔ وہ کپڑا جو ساڑھی کے نیچے ستر پوشی کے لئے لپیٹ لیا جاتا ہے۔

تہ پیچ (ف، مذکر۔ پگڑی کے نیچے کا کپڑا۔

تہ توڑنا (ا)، (۱) تمام کر دینا۔ ختم کر دینا (۲) کنوئیں کا پانی نکال ڈالنا۔

تہ تیغ ہونا (ا) تلوار سے قتل ہونا۔

تہ جمانا (ا) (۱) ایک چیز کے اوپر دوسری چیز ملا کر رکھنا (۲) ایک چیز کھا کر اس کے بعد دوسری چیز کھانا۔

تہ خانہ (ف، مذکر (۱) ذخیرہ (۲) سرد خانہ (۳) وہ مکان جو زمین کے نیچے بنایا جائے۔

تہ درز (ا) (عو) نیا کپڑا۔ وہ کپڑا جس کی تہ نہ ٹوٹی ہو۔ غیر مستعمل۔

تہ دیگی (ا، مؤنث۔ نیچے کا کھانا۔ کھرچن۔

تہ زو (ف، مذکر۔ زین کے نیچے کی گدی۔

تہ کا سچا (ا) وہ کبوتر جو اپنا گھر نہ بھولے۔

تہ کر رکھو (ا) بے غرضی اور بے پروائی کے موقع پر بولتے ہیں۔ رکھ چھوڑو۔ اب نہیں چاہیئے۔

تہ کرنا (ا)، (۱) لپٹنا (۲) فیصلہ کرنا (۳) چھوڑنا۔

تہ کو پہنچنا (ا) کسی بات کی حقیقت کو پہنچنا۔ اصل مطلب دریافت کر لینا۔

تہ کی بات (ا، مؤنث۔ انتہا کی بات۔ اصل کی بات۔ گہری بات۔

تہ ملانا (ا) جوڑا ملانا۔ نر کے ساتھ مادہ کو ملانا۔

تہ نشین ہونا (ا) نیچے بیٹھنا۔ دل میں جم جانا۔

تہ و بالا (ف، زیر و زبر۔ اُلٹ پلٹ۔ انقلاب۔

تہ و بالا کرنا (ا) زیر و زبر کرنا۔ خاک میں ملانا۔ جسما کرنا۔ برباد کرنا۔ ڈھانا۔

تھا (تھا) (ہ) ماضی بعید کی علامت۔ بُود کا ترجمہ۔

تھاپ (تھاپ) (ہ) مؤنث (۱) تھپڑ۔ تماچہ (۲) طبلے کی آواز جو دونوں ہاتھوں کی پوری انگلیوں کی ضرب سے نکلتی ہے۔

تھاپ مارنا (ہ) (۱) تماچہ مارنا (۲) پہلوانوں کا خم ٹھونکنا (ہاتھ سے) پر تھپکی دینا (۳) طبلہ بجانا (۴) گوبر تھاپ کر دیوار کی مرمت کرنا (۵) شیر کا منہ پر پنجہ مارنا۔

تھاپا (ہ) مذکر (۱) لغوی معنی چوپائے کے پاؤں کا نشان۔ (۲) ہاتھ کا پورا نشان۔

تھاپنا (ہ) (۱) گوبر پاتھنا۔ اُپلے بنانا (۲) مورتی کی پوجا کرنا۔

تھاپی (ہ) مؤنث (۱) تھپکی۔ تماچہ (۲) کمہار کا اوزار جس سے وہ برتن گھڑتا ہے (۳) چونا کوٹنے کا چوبی آلہ۔ (۴) (پ) اُپلا۔ کنڈا۔

تھاک (تھاک) (ہ) مذکر و مؤنث۔ حد کی پکی بُرجی۔

تھاک بست (ہ، مذکر و مؤنث۔ حد بندی۔

تھال (تھال) (ہ) مذکر۔ پیتل یا کانسی کا طشت۔ سینی۔ بڑا خوان۔

تھالا (تھا۔ لا) (ہ) مذکر (۱) تھال (۲) درختوں کے گرد پانی دینے کا گڑھا یا نالی (۳) وہ گڑھا جس میں درخت لگایا جائے (۴) وہ مٹی کا ڈھیر جو درخت کے گرد لگاتے ہیں۔

تھالی (ہ، مؤنث۔ تھال کی تصغیر۔ چھوٹی رکابی۔ تشتری۔

تھالی بجانا (ہ) سانپ کے کاٹے ہوئے کے آگے تھالی بجا کر منتر پڑھنا۔

تھالی بھرنا (ہ) کثرت سے ہجوم ہونا۔ بھاری اژدحام ہونا۔ بیان سے باہر انبوہ ہونا۔

تھالی پھینکو تو زمین پر نہ گرے (سر ہی پر گرے) (ا) مثل۔ سخت ہجوم ظاہر کرنے کے موقع پر بولتے ہیں۔

تھالی جوڑا (ہ) مذکر۔ کٹورا مع تھالی کے۔

تھالی کا بینگن (ہ) وہ شخص جو لالچ یا طمع کے باعث ہر ایک کی طرف داری کرنے لگے۔ غیر مستقل مزاج۔

تھامنا (تھام۔ نا) (ہ) (۱) روکنا۔ باز رکھنا (۲) ٹیک لگانا۔ اڑوا لگانا (۳) پکڑنا۔ گرفتار کرنا (۴) ہاتھ میں لینا (۵) ٹھیرانا۔ کھڑا کرنا (۶) سنبھالنا۔ مدد کرنا۔

تہاں (تہاں) (ہ) وہاں۔ اُس جگہ۔

تھان (تھان) (ہ) مذکر (۱) جگہ۔ مقام۔ مکان۔ ٹھہرنے کی جگہ (۲) گھوڑا باندھنے کی جگہ۔ اصطبل (۳) وہ

گھاس جو گھوڑے کے نیچے بچھاتے ہیں (۴) درگاہ۔ مزار۔ روضہ (۵) کپڑے گوٹے وغیرہ کی معینہ مقدار۔

تھان کا کُترا (ہ) مذکر (۱) تھان پر شرارت کرنے والا گھوڑا (۲) (مجازاً) اپنے گھر پر شیر ہونے والا شخص گھر کا کُتا۔

تھان کا بچھا (ہ) مذکر۔ غریب گھوڑا جو چھوٹ کر گھر آجائے۔

تھان میں آنا (ہ) گھوڑے کا خاک میں لوٹنا۔

تھانا (ہ) ڈکرنا۔

تھانگ (تھانگ) (ہ) مؤنث (۱) چوروں کا گھر (۲) پتہ۔ کھوج۔ سازش۔ بھید (۳) چوروں کی کمین گاہ۔

تھانگ دار (ہ) مذکر۔ وہ شخص جو چوری کا مال لے کر چُپ چاپ فروخت کرنے کا عادی ہو۔

تھانگ لگانا (ہ) پتہ لگانا۔ کھوج لگانا۔

تھانگی (ہ) مؤنث (۱) پتہ لگانے والا (۲) چوروں کو خبر دینے والا (۳) (قانون) چوروں کا مال لینے والا۔ (۴) مخبر۔ جاسوس۔

تھانولا (تھان۔ وَلا) (ہ) مذکر دیکھو "تھالا ۲۔۳۔۴"۔

تھانہ (تھا۔ نہ) (ہ) مذکر (۱) پولیس کی چوکی۔ کوتوالی (۲) وہ جگہ جہاں سرکاری سپاہی رہتے ہیں۔ (۳) بانسوں کا ڈھیر۔

تھانہ بٹھانا (ہ) پہرا بٹھانا۔ چوکی بٹھانا۔

تھانیدار (ا) مذکر۔ پولیس کا سب انسپکٹر۔ پولیس کا افسر۔ چھوٹا کوتوال۔

تھانیداری (ا) مؤنث۔ تھانے کی پولیس افسری۔ سب انسپکٹری۔ کوتوالی۔

تھاہ (تھاہ) (ہ) مؤنث (۱) دریا سمندر یا کنوئیں وغیرہ کی تہ کی زمین (۲) عمق۔ گہرائی (۳) پتہ۔ ٹھکانا۔ (۴) انتہا۔ انجام۔

تھاہ پانا (ہ) (۱) دریا وغیرہ کی گہرائی دریافت کرنا۔ (۲) انتہا پانا (۳) باریکی معلوم کرنا۔

تھاہ ملنا (ہ) (۱) دریا کی گہرائی معلوم ہونا (۲) پتا لگنا (۳) انجام ملنا۔

تہائی (تہا۔ ائی) (ہ) مؤنث۔ تیسرا حصہ۔ ثلث۔

تھبج (تھَب۔ بج) (ع) مذکر۔ چہرے کی بھر بھراہٹ۔ سوجن۔

تھپ (تھَپ) (ہ) تھپنا کا امر۔

تھپ جانا۔ تھپنا (ہ) (۱) گوبر۔ گارے وغیرہ کا تھوپا جانا (۲) مٹی کا لیس ہونا (۳) الزام لگنا۔ فتنے پڑنا۔

تھپڑ (تھَپ۔ پَڑ) (ہ) مذکر (۱) طمانچہ۔ دھپ (۲) تیز ہوا کا صدمہ۔

تھپڑ لگانا۔ یا۔ مارنا (ہ) طمانچہ رسید کرنا۔

تھپڑکی (تھپ۔ پڑ۔ کی) (ہ) مؤنث۔ تالی۔ دونوں ہتھیلیوں کو ملا کر ہاتھ بجانا۔

تھپڑی بجنا۔ یا۔ پٹنا (ہ) (۱) تالی بجنا (۲) بے عزت ہونا۔

تھپک (تھَپک) (ہ) (۱) تھپکنا کا امر (۲) تھپکی دینا۔ (۳) تھاپ۔ تھپکی۔ تمانچہ۔

تھپک تھپک کر رکھنا (ہ) (۱) تھام تھام کر رکھنا۔ روک تھام کرنا (۲) دم دلاسا دے کر رکھنا۔

تھپکنا (ہ) (۱) بچے کی پیٹھ پر آہستہ آہستہ تھپکی لگانا۔ تاکہ وہ سو جائے (۲) آہستہ آہستہ چوٹ لگانا (۳) دھیا کرنا۔

تھپکی (ہ) مؤنث (۱) کسی کے ماتھے پر ہتھیلی سے ضرب لگانا (۲) حریف کے ہتھیار پر اس طرح ہاتھ مارنا کہ ہتھیار اوندھا جا پڑے۔

تھپیڑ۔ تھپیڑا (تھپیڑ۔ تھپے۔ ڑا) (ہ) مذکر (۱) تھپڑ (۲) تیز ہوا کا جھونکا (۳) موجوں کی جھڑپ (۴) آنکے کا پیڑا پھیلانے کا ظرف (۵) چندیا۔

تہتر (تہَت۔ تر) تین اوپر ستر۔ ہفتاد و سہ۔ ۷۳۔

تہتر کے بیچوں کو پہنچنا (ہ) (عو) ستیاناس ہونا۔ برباد ہونا۔ تباہ ہونا (۲) فسادی کی بات کو پہنچنا۔

تہتک (تہَت۔ تک) (ع) مذکر۔ پردہ دری۔ بعزتی۔ ذلت۔

تھتکار (تھت۔ کار) (ہ) مؤنث (۱) تھتکارنا کا امر (۲) تھو تھو۔ نفرت۔ لعنت۔

تھنکارا (ہ) مذکر (۱) تھو تھو کرنے کے قابل۔ نام نہ لینے کے قابل (۲) دردسر (۳) زکام (۴) ہیضہ (۵) بچوں کی ایک بیماری۔ مسان (۶) نالائق۔

تھنکارنا (ہ) (۱) تھو تھو کرنا (۲) نفرت ظاہر کرنا (۳) کسی بری چیز یا بات کے اثر سے بچنے کے لئے تھوکنے کی آواز نکالنا (۴) جھوٹی قسم یا غلطی کے بعد تھو تھو کرنا۔

تھتکاری (ہ) مؤنث (عو) (۱) زنجیر۔ بیڑی (۲) چڑیل۔ ڈائن (۳) چھپکلی (۴) جوتی۔ پیزار۔

تھتھیانا (تھتھیا۔ نا) (ہ) منہ سُجانا۔ خفگی ظاہر کرنا۔

تھتھی۔ تھتی (تھتھی۔ تھی۔ تھت۔ تی) (ہ) (۱) تھتھیر (۲) تودہ۔

تھتھے جمانا (ہ) مقروض کرنا۔

تہجد (تہَج۔ جُد) (ع) (۱) مذکر۔ رات کو جاگتا رہا ہو تب۔

وہ نماز جو متقی مسلمان آدھی رات کے وقت پڑھا کرتے ہیں۔ جس کا وقت نصف شب سے آخر شب تک مقرر ہے۔

تہجی (تَہَج۔جی) (ع) مؤنث۔ ہجے کرنا۔ حروف مفرد کا پڑھنا۔

تہدید (تَہ۔دِید) (ع) مؤنث (۱) خوف۔ دھمکی۔ گھرکی۔ ڈر (۲) سرزنش۔ ڈانٹ۔

تہدیدات (ع) مؤنث۔ دھمکیاں۔ سزائیں۔

تہدیہ (تَہ۔دِیَہ) (ع) مذکر (۱) ہدیہ کرنا۔ ہدیہ پیش کرنا۔ (۲) کسی کتاب وغیرہ کو کسی کے نام سے منسوب کرنا۔

تہذیب (تَہ۔ذِیب) (ع) مؤنث (۱) آراستگی۔ صفائی۔ اصلاح (۲) شائستگی۔ خوش اخلاقی (۳) اہلیت۔ لیاقت۔

تہذیب اخلاق (ع) مؤنث (۱) درستی اخلاق۔ انسانیت۔ خوش اخلاقی (۲) وہ رسالہ جو سرسیّد مرحوم کی ادارت میں شائع ہوتا تھا۔

تہذیب یافتہ (ع۔ف) تربیت یافتہ۔ تعلیم یافتہ۔ مؤدب۔ شائستہ۔

تِہرا (تِہ۔رَا) (ہ) تگنا۔ سہ چند۔ تین طرح کا۔

تِہرانا (ہ) تسرانا۔ تیسری دفعہ کہنا۔

تھرّانا۔ تھرتھرانا (تھَر۔رَا۔نَا۔ تھَر۔تھَرا۔نَا) (ہ) (۱) کانپنا۔ لرزنا (۲) خوف کھانا۔ ڈرنا۔

ٹھہرا رہنا (ٹھَہ۔رَا۔ نَا) (ہ) (ہندی) قائم رہنا۔ اٹل رہنا۔ بنا رہنا۔

تھرتھراہٹ (ہ) مؤنث۔ لرزہ۔ کپکپی۔ لرزش۔ جنبش۔

تھرتھر کانپنا (ہ) سردی یا خوف یا بخار سے جسم کو کپکپانا۔

تھرتھری (ہ) مؤنث (۱) کپکپی۔ لرزہ (۲) جاڑے کا بخار۔ تپ لرزہ۔

تھرڈ (تھَرڈ) (انگ۔THIRD) تیسرا۔ سوم۔

تھرڈ کلاس (انگ۔THIRD CLASS) مؤنث (۱) تیسرا درجہ (۲) ریلوے مسافروں کا تیسرا درجہ۔

تھرکنا (تھِر۔کَ۔نَا) (ہ) ناچنا۔ اعضا کا حرکت کرنا۔ پھڑکنا۔

تھرمامیٹر (تھَر۔مَا۔مِی۔ٹَر) (انگریزی THERMOMETER) مذکر۔ مقیاس الحرارت۔ حرارت ماپنے کا آلہ۔

تھرتا (تھَر۔تَا) (ہ) پانی کی تہ میں گرد و غبار بیٹھ جانا۔

تہری (تَہ۔رِی) (ہ) مؤنث۔ ایک مشہور کھانا جو چاولوں میں گوشت ڈال کر پکاتے اور ہلدی کا رنگ دیتے ہیں۔

تہرتیج (تَہ۔رتیج) (ع) مؤنث۔ مال گزاری کے متعلق ایک قسم کا کاغذ۔

تھڑا (تھَڑ۔ڑا) (ہ) مذکر۔ جگہ۔ دکان یا مکان کے آگے کا چبوترہ۔

تھڑدلا (تھُڑ۔دِ۔لَا) (ا) مذکر (۱) تنگ دل۔ کنجوس (۲) کم حوصلہ (۳) بزدل۔ نامرد۔

تھُڑ تھُڑ کرنا (ہ) لعنت ملامت کرنا۔ تھو تھو کرنا۔

تھُڑنا (ہ) (۱) کم ہونا۔ تھوڑا ہونا (۲) ختم ہونا۔ تمام ہونا۔

تھُڑی (تھُڑ۔ڑِی) (ہ) مؤنث (۱) کمی۔ تھوڑا (۲) (عو) کلمۂ نفرین۔ لعنت۔ تف۔

تھُڑی تھُڑی ہونا (ہ) (عو) رسوائی ہونا۔ لعنت ملامت ہونا۔

تہس نہس (تَہَس۔نَہَس) (ہ) دیکھو "تحس نحس"۔

تھک (تھَک) (ہ) تھکنا کا امر۔

تھک کر چور ہونا (ہ) بے حد مضمحل ہونا۔ جوڑ جوڑ دکھنا۔

تھکا (تھَک۔کَا) (ہ) مذکر (۱) کوئی جمی ہوئی چیز (۲) ڈلا۔ ڈھیلا (۳) پگھلا ہوا چاندی سونا (۴) جما ہوا دہی۔ (۵) ڈھیر۔

تھکا (تھَکا) (ہ) ماندہ۔ عاجز۔ سست۔ ناچار۔

تھکا اونٹ سرائے کو دیکھتا ہے (ا) ناچار آدمی سہارا ڈھونڈتا ہے۔

تھکا بیل (ہ) (عو) تھکا سست آدمی۔ مجہول آدمی۔ کام چور۔ حیلہ جو۔

تھکا فضیحتی (تھُکا۔فَضِی۔حَتی) (ہ) مؤنث (۱) لعن طعن۔ گالی گلوچ (۲) بے عزتی (۳) جھگڑا فساد۔

تھکا ماندہ (ہ) سست۔ عاجز۔ تکان کا مارا ہوا۔

تھکانا (ہ) (۱) ماندہ کرنا۔ ہرانا (۲) عاجز کرنا۔ سخت محنت لینا۔ دق کرنا۔

تھکاوٹ (تھَکا۔وَٹ) (ہ) مؤنث۔ تھکن۔

تھک تھک (تھَک۔تھَک) ( ) (۱) جما ہوا (۲) جڑا ہوا (۳) اکٹھا (۴) بہت تر۔ گیلا۔

تھُکتھکانا (تھُک۔تھُکا۔نَا) (ہ) نظر بد سے بچنے کو یا کسی بری بیماری کے نام لینے پر عورتوں کا تھو تھو کرنا۔

تھکم تھکا (تُھک۔کَم۔تُھک۔کَّا) (ہ) مؤنث۔ تھکا فضیحتی۔ کھلی کھوج۔ لڑائی بھڑائی ◆
تھکن (ہ) مؤنث۔ کوفت۔ ماندگی ◆
تھکنا (ہ) (۱) محنت سے ماندہ ہونا۔ کوفتہ ہونا (۲) عاجز ہونا (۳) ناتواں ہونا (۴) سُست ہونا (۵) ماندہ ہونا۔ بس (۶) مایوس ہونا ◆
تھکوانا (تُھک۔وَا۔نَا) (ہ) (۱) تھوکنا کا متعدّی (۲) (کنایۃً) بے عزّت کرانا ◆
تھکیل (تُھکِیل) (ہ) مؤنث۔ قابلِ نفرت عورت ◆
تھگلی (تِھگ۔لِی) (ہ) مؤنث (عو) پیوند۔ جوڑ ◆
تھگلی لگانا (ہ) (عو) (۱) پیوند لگانا (۲) خبر لگانا۔ جہاں پہنچ نہ ہو سکے۔ وہاں پہنچنا ◆
تھل (تَھل) (ہ) مذکر جگہ۔ مقام۔ مضبوط اور خشک زمین۔ (۲) وہ جگہ جہاں بہت سا ریتا اکٹھا ہو (۳) شیر کے رہنے کی جگہ ◆
تھل بیڑا (ہ) مذکر (۱) ناؤ یا جہاز کے ٹھہرنے کی جگہ۔ (۲) پتہ۔ سراغ۔ ٹھکانا ◆
تھل بیڑا لگنا (ہ) ٹھکانے لگنا۔ ساحلِ مراد پر پہنچنا ◆
تھل تھل (ہ) ڈھیلا۔ پلپلا۔ پولا۔ نرم ◆
تھلتھلانا (ہ) موٹاپے کے مارے جسم کا ہلنا ◆
تہلکہ (تَہ۔لُکَہ) (ع) مذکر (۱) ہلاکت۔ موت (۲) غارت ہونا۔ تباہی (۳) (ا) خوف۔ دہشت (۴) (ا) شور و غوغا۔ کہرام۔ آفت۔ بلا ◆
تہلکہ پڑنا۔ یا۔ مچنا (ا) کہرام پڑنا۔ آفت پڑنا ◆
تھلی (تَھلِی) (ہ) مؤنث۔ ریگستان کی زمین ◆
تھلیا (تَھل۔یَا) (ہ) مؤنث۔ مٹی کی تھالی ◆
تھلیاں دھرنا۔ یا۔ رکھنا (ہ) (عو) دانت نکلنے سے پہلے بچے کے مسوڑوں کا پھولنا ◆
تہلیل (تَہ۔لِیل) (ع) مؤنث لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ کہنا ◆
تھم (تَھم) (ہ) مذکر (۱) کھمبا۔ ستون۔ پیل پایہ (۲) کیلے کے درخت کا تنہ (۳) ایک قسم کی مٹھائی جو ہندو عورتیں مندروں پر چڑھاتی ہیں (۴) تھمنا کا امر ◆
تھمانا (ہ) روکنا۔ ملتوی کرنا۔ لٹکانا ◆
تہمت (تُہ۔مَت) (ع) مؤنث۔ الزام۔ بہتان ◆
تہمت جوڑنا۔ یا۔ دھرنا۔ یا۔ دینا۔ یا۔ لگانا (ا) عیب دینا۔ الزام دینا ◆
تہمت کا گھر (مذکر) تہمت کی ٹٹی (مؤنث) (ا) (۱) عیب کی جگہ (۲) وہ چیز جس میں بدنامی کا اندیشہ ہو۔ (۳) ہر ایک پر الزام لگانے والا (۴) ایسا شخص جس کی ملاقات سے الزام لگے ◆
تہمت لے مرنا (ا) جھوٹا الزام لگا دینا۔ عیب لگا دینا ◆
تہمتن (تَہَم۔تَن) (ف) (۱) بڑے جُثّے یا بدن کا (۲) بہادر (۳) مذکر۔ رستم کا لقب ◆
تہمتی (ا) تہمت لگانے والا۔ عیب دھرنے والا ◆
تہمد (تَہ۔مَد) (ہ) دیکھو "تہ بند" ◆
تھمرا (تَھم۔رَا) (ہ) (۱) موٹا (۲) مذکر۔ ستون ◆
تھمنا (ہ) رُکنا۔ ٹھہرنا۔ صبر کرنا ◆
تھن (تَھن) مذکر گائے بھینس۔ بکری وغیرہ کے پستان۔ دودھی ◆
تھنی (تَھنی) (ہ) مؤنث۔ گھوڑے کی ایک بیماری ◆
تہنیت (تَہ۔نِیَت) (ع) مؤنث۔ مبارکباد۔ ودھائی ◆
تھنیلا (تَھنے۔لَا) (ہ) مذکر۔ چھاتی کا سوج جانا ◆
تھو (تُھو) (ہ) مؤنث (۱) تھوکنے کی آواز (۲) تُف۔ لعنت ◆
تھو تھو (ہ) مؤنث (۱) بار بار تھوکنے کی آواز (۲) تُف۔ لعنت (۳) نوج۔ خدا نہ کرے ◆
تھو تھو تھدّا (ہ) مؤنث۔ جب کوئی لڑکا کھیل یا کسی شرط میں ہارنے لگتا ہے۔ اور اسے کوئی عذر پیش ہوتا رہے۔ تو وہ یہ لفظ کہ دیتا ہے ابھی سہی نہیں ◆
تھو تھو کرنا (ہ) نفرت کرنا۔ نفرین کرنا ◆
تھو تھو ہونا (ہ) بدنامی ہونا۔ رسوائی ہونا ◆
تھوا (تُھوَا) (ہ) مذکر (۱) گیلی مٹی کا تودہ (۲) (تحقیراً) نکمّا آدمی ◆
تہوار (تَہ۔وَار) (ہ) مذکر۔ دیکھو "تیوہار" ◆
تھوبڑ۔ تھوبڑا (تُھو۔بَڑ + تُھوب۔ڑَا) (ہ) مذکر (حقارتاً) منہ۔ تھوتھنی ◆
تھوبڑا سجانا (ہ) روٹھنا۔ خفا ہونا۔ برا ماننا ◆
تھوپنا (تُھوپ۔نَا) (ہ) (۱) ڈھیری لگانا۔ اکٹھا کرنا۔ (۲) لیپنا۔ لیسنا (۳) لگانا۔ کسی کے ذمے ڈالنا ◆
تھوترا (تُھوت۔رَا) (ہ) (۱) کترا ہوا اناج (۲) نکمّا۔ خراب ◆
تھوتڑا (تُھوت۔ڑَا) (ہ) مذکر۔ دیکھو "تھوتھڑا" ◆
تھوتنا (تُھوت۔نَا) (ہ) (حقارتاً) دیکھو "تھوتھنا" ◆
تھوتنی (ہ) دیکھو "تھوتھنی" ◆
تھوتھ (تُھوتھ) (ہ) مذکر (۱) گھوڑے اونٹ وغیرہ کی ناک یا منہ (۲) سؤر کا منہ (۳) (تحقیراً) منہ چہرہ۔ (۴) کھوکھلا پن۔ تھوتھا پن (۵) غار۔ گڑھا ◆

تھوتھرا (ہ) مذکر (۱) جانور کا منہ یا تھوتھنی (۲) (تحقیراً) منہ۔ چہرا ٭

تھوتھنا (ہ) مذکر (۱) جانور کا منہ (۲) (حقارت سے) انسان کا منہ ٭

تھوتھنی (ہ) مؤنث (۱) جانور کا منہ (۲) (تحقیراً) انسان کا منہ ٭

تھوتھا (تھُو۔ تھا) (ہ) (۱) خالی۔ کھوکھلا۔ اندر سے خالی (۲) کُند (۳) نیلا تھوتھا (۴) مہمل۔ بیکار ٭

تھوتھا چنا باجے گھنا (ہ) مثل۔ نالائق آدمی بہت شیخی بگھارتا ہے ٭

تھوتھلا (تھُو تھ۔ لا) (ہ) کُند ٭

تھوتھی بات (ہ) مہمل بات۔ بے معنی بات ٭

تھوتھے تیروں سے مارنا (ا) (عو) کند تیروں سے مارنا کہ سخت تکلیف ہو۔ سزائے سخت دینا۔ الٹی چھری سے حلال کرنا ٭

تہوّر (تہَو۔ وُر) (ع) مذکر۔ بہادری۔ مردانگی۔ دلیری ٭

تھورنا (تھُو ر۔ نا) (ہ) (حقارتاً) کھانا نگلنا۔ ٹھونسنا ٭

تھوڑا (تھُو۔ ڑا) (ہ) کم۔ قلیل۔ ذرا سا۔ خفیف۔ ذرا ٭

تھوڑا بہت (ہ) کم و بیش۔ کسی قدر۔ تھوڑا سا ٭

تھوڑا تھوڑا ہونا (ہ) (عو) خفیف ہونا۔ شرمندہ ہونا۔ نادم ہونا ٭

تھوڑا ہی (ہ) ہرگز نہیں۔ بالکل نہیں۔ جیسے وہ تھوڑا ہی کہتے تھے ٭

تھوک (تھُوک) (ہ) مذکر (۱) ڈھیر۔ انبار (۲) اکٹھا۔ یکمشت (۳) نقدی۔ جمع (۴) حصہ۔ پتی (۵) گروہ۔ جتھا (۶) میزان کُل (۷) وہ مقام جہاں کئی سرحدیں ملیں (۸) مقدار۔ اندازہ (۹) پٹہ۔ سند ٭

تھوکا (تھُو۔ کا) (ہ) مذکر۔ بُرجی ٭

تھوک بست (ا) مؤنث۔ پیمائش کرکے حد باندھنا۔ حد بندی ٭

تھوک بندی (ا) مؤنث۔ اقرار نامہ جو گاؤں کے برابر تقسیم کرنے پر لکھا جاتا ہے ٭

تھوک دار (ا) مذکر (۱) کسی گروہ کا سردار (۲) پٹہ دار (۳) اکٹھا بیچنے والا ٭

تھوک فروش (ا) مذکر۔ یکمشت بیچنے والا۔ اکٹھا مال فروخت کرنے والا۔ بڑا سوداگر ٭

تھوک (تھُوک) (ہ) مذکر۔ منہ کا لعاب۔ کف۔ رال ٭

تھوک دینا (ہ) چھوڑ دینا۔ نفرت سے ترک کرنا ٭

تھوک کر چاٹنا (ہ) اقرار سے پھر جانا۔ کچھ دے کر واپس لے لینا ٭

تھوک لگا کر (تھوک کر) **چھوڑنا** (ہ) ذلیل کرکے چھوڑنا۔ بے عزت کرکے چھوڑنا ٭

تھوک لگا کر رکھنا (ہ) (۱) بڑی حفاظت سے رکھنا۔ جوڑ جوڑ کر رکھنا (۲) زک دے کر رہنا۔ نقصان پہنچانا ٭

تھوک لگانا (ہ) (۱) زک پہنچانا۔ شکست دینا۔ نقصان پہنچانا (۲) ایک قسم کی گالی ٭

تھوکنا (ہ) (۱) لعاب دہن کا پھینکنا (۲) بُرا بھلا کہنا۔ لعنت ملامت کرنا (۳) ذلیل کرنا۔ رسوا کرنا ٭

تھوک ہے (ہ) لعنت ہے۔ تُف ہے ٭

تھولی (تھُو۔ لی) (ہ) مؤنث۔ دلیا۔ میٹھا دلیا ٭

تھونی (تھُو۔ نی) (ہ) مؤنث۔ ستون۔ کھم۔ تھم۔ اڑواڑ ٭

تھوہر (تھُو۔ ہَر) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا خاردار زہریلا درخت جس میں سے دودھ بھی نکلتا ہے ٭

تھَپّی (تھَپ۔ پی) (ہ) مؤنث (۱) روٹیوں کا ڈھیر (۲) کپڑوں کا تہ بہ تہ رکھا ہوا گٹھڑ ٭

تھئی تھئی (ہ) مؤنث (۱) تال۔ سم۔ تالی (۲) ناچنے گانے کی آواز ٭

تھیٹر (تھِیے۔ ٹر) (انگ THEATRE) مذکر۔ تماشا گاہ۔ ناچ گھر۔ ناٹک ٭

تہی (تِہی) (ف) خالی ٭

تہیّج (تہَی۔ یُج) (ع) مذکر (۱) سوجنا (۲) غبار اٹھنا ٭

تھیلا (تھَے۔ لا) (ہ) مذکر۔ گون۔ بڑی تھیلی ٭

تھیلا کرنا (ہ) ہڈی پسلی توڑ کر رکھ دینا ٭

تھیلی (ہ) مؤنث (۱) کیسہ۔ جیب (۲) توڑا (یعنی) ہزار روپے کی مقدار ٭

تھینکس (تھَینکس) (انگ THANKS) مذکر۔ شکریہ۔ بہت سے شکریے ٭

تھینک یو (انگ THANK YOU) مذکر۔ آپ کا شکریہ ہے۔ اظہار شکریہ کے لئے بولتے ہیں ٭

تھیوا (تھَے۔ وا) (ہ) مذکر۔ وہ نگینہ جو انگوٹھی میں لگایا جاتا ہے ٭

تھیوری (تھِیو۔ ری) (انگ THEORY) مؤنث۔ قیاس۔ خیال۔ اندازہ۔ اصول ٭

تہیّہ (تہَی۔ یہ) (ع) مذکر۔ سامان۔ آمادگی۔ تیاری ٭

تئی (تَئی) (ہ) مؤنث (۱) چوڑی کڑاہی (۲) وہ چوڑا تھال

جس میں ٹکیہ کے کباب وغیرہ تلتے ہیں ۔
تئیں (تئیں) (ہ) کو ۔ لئے ۔ واسطے (متروک) ۔

ت ۔ ی

تیّا (تی ۔ یا) (ہ) گنجفے کا وہ پتہ جس پر تین نشان بنے ہوئے ہوتے ہیں (۲) چوسر کا وہ داؤں جسے تین کانے کہتے ہیں ۔
تیّا پانچا کرنا (ہ) (۱) کسی چیز کے حصے تقسیم کرنا ۔ بانٹنا ۔ (۲) بیچ ڈالنا ۔
تیّار (تی ۔ یار) (ع) (۱) مستعد ۔ موجود ۔ آمادہ (۲) پورا ۔ مکمل (۳) موٹا تازہ (۵) بالغ ۔ بلوغت کو پہنچنے والا ۔
تیّار کرنا (ا) (۱) لیس کرنا ۔ درست کرنا (۲) موجود کرنا (۳) پکانا (۴) سدھانا (۵) موٹا تازہ کرنا (۶) پورا کرنا ۔ نبھانا (۷) کسنا ۔ جوتنا ۔
تیّار ہونا (ا) (۱) آمادہ ہونا (۲) موٹا تازہ ہونا (۳) پک چکنا (۴) عمارت کا ختم ہونا ۔
تیّاری (ا) مؤنث (۱) آمادگی ۔ مستعدی ۔ موجودگی (۲) شان و شوکت ۔ دھوم دھام ۔ آرائش کا سامان ۔ (۳) فربہی ۔ موٹائی ۔
تیّاری کا رنگ روغن (ا) مذکر ۔ وہ وارنش یا رنگ جو گاڑی وغیرہ کے درست ہو جانے پر چمک دمک کے لئے کرتے ہیں ۔
تیاگنا (تیاگ ۔ نا) (ہ) (ہندو) چھوڑنا ۔ ترک کرنا ۔
تیپچی (تیپ ۔ چی) (ہ) مؤنث ۔ کچی سیون ۔ کچی سلائی ۔
تیپچی کا نکاح (ا) مذکر ۔ کچا نکاح جس میں فوراً طلاق کی نوبت آئے ۔
تیتالیس ۔ تینتالیس (تے ۔ تا ۔ لیس + تین ۔ تالیس) (ہ) تین اوپر چالیس ۔ چہل و سہ ۔ ۴۳ ۔
تیتر (تی ۔ تر) (ہ) مذکر ۔ ایک قسم کا پرند جسے اکثر شوقین لڑانے کے لئے پالتے ہیں ۔ اور کھانے میں بھی آتا ہے ۔ دُرّاج ۔ تیہو ۔
تیتر کے منہ لچھمی (ہ) مثل ۔ دوسرے کے ہاتھ بات ہے ۔ قسمت پر موقوف ہے ۔ عموماً اس کا استعمال ایسے موقع پر ہوتا ہے ۔ جب کسی نافہم یا بے وقوف آدمی کو ایسے کام کے فیصلے پر مقرر کریں جس کا وہ اہل نہ ہو ۔

تیترا (تیت ۔ را) (ہ) تیسرا لڑکا یا لڑکی ۔
تیتری (ہ) مؤنث (۱) تیتر کی تانیث ۔ تیتر کی مادہ ۔ (۲) ایک قسم کی بھنبیری ۔ تتلی ۔ ایک پردار رنگ برنگ کا خوبصورت کیڑا ۔
تی تی (تی ۔ تی) (ف) مؤنث ۔ مرغی مرغ کے بلانے کی آواز ۔
تیتیس ۔ تینتیس (تے ۔ تیس + تین ۔ تیس) (ہ) تین اوپر تیس ۔ سی و سہ ۔ ۳۳ ۔
تیج (تیج) (ہ) مذکر (۱) رعب داب ۔ غصہ ۔ جوش (۲) سورج کی کرن ۔ آفتاب کی روشنی ۔
تیج (تیج) (ہ) مؤنث (۱) تیسری تاریخ (۲) ہندوؤں کا تہوار جو ساون سُدی کو ہوتا ہے اور جس میں بہنوں اور بیٹیوں کو اپنے گھر بلاتے ہیں ۔
تیج تہوار (ہ) مذکر ۔ ہر تہوار ۔ عید ۔ بقرعید ۔
تیجا (ہ) مذکر ۔ تیسرا ۔ فاتحہ سوم ۔ پھول چُننا یا اٹھانا ۔
تیج پات (ہ) مذکر ۔ ایک خوشبودار پتا ۔
تیکھی (تی ۔ کھی) (ا) (ھو) (صحیح تیکھی) (۱) تیز ۔ شوخ ۔ تیکھا مرچ (۲) خام پارہ (۳) زبان دراز ۔ بے حیا عورت ۔ فتنہ پرداز ۔
تیر (تیر) (ف) مذکر (۱) خدنگ ۔ ناوک ۔ پیکان ۔ ایک قسم کا آلۂ جنگ جو کمان میں رکھ کر چھوڑا جاتا ہے ۔
تیر انداز (ف) مذکر ۔ تیر چلانے والا سپاہی ۔ قدر انداز ۔ کمان دار ۔
تیر اندازی (ف) مؤنث ۔ تیر چلانا ۔ ناوک افگنی ۔ کمان داری ۔
تیر بہدف (ف) (۱) ٹھیک نشانے پر ۔ بے خطا (۲) سریع التاثیر ۔
تیر پھینکنا (ا) زبان چلانا ۔ بان مارنا ۔ ناوک فگنی کرنا ۔
تیر تکوں پر گزران کرنا (ا) در بدر پھر کر گزارہ کرنا ۔ شکار مار کر کھانا ۔
تیر تہوار (ہ) مذکر (عو) دیکھو "تیج تہوار" ۔
تیر چلانا (ا) تیر چھوڑنا ۔ تیر پھینکنا ۔ کوئی بڑا کام کرنا ۔
تیر ککھی (ف ۔ ع) وہ تیر جو خطا نہ کرے ۔ شرطی تیر ۔ دوسرے کا نشانہ ۔
تیر سا لگنا (ا) نہایت برا معلوم ہونا ۔ تیر کی مانند

پچھنا ۔

تیر کرنا (ر) (۱) چھپالینا۔ غائب کرلینا۔ چُرالینا (۲) بسر کرنا۔ گزارنا ۔

تیر کوتے تیر (ا) (عو) کوّے کو اڑانے یا ڈرانے کی آواز۔ بھاگ کوّے بھاگ ۔

تیر نتھنوں میں دینا (ا) (عو) نہایت دق کرنا۔ جان کو آنا۔ ناک چنے چبوانا۔ ناک کے رستے نکالنا ۔

تیرا (تے۔ رَا) (ہ) ادنیٰ کے لئے کلمۂ خطاب ۔

تیرا میرا کرنا (ہ) کسی کی بابت جھگڑنا۔ غیریت ظاہر کرنا ۔

تیرا نُور اُڑ جائے (ا) دعائے بد۔ تیرے چہرے پر نور نہ رہے۔ تیرا روپ جاتا رہے ۔

تیراک (تَے۔ رَاک) (ہ) مذکر۔ شناور۔ پیراک۔ تیرنے والا ۔

تیراک ہی ڈوبتا ہے (ہ) جو شخص جس فن میں طاق ہو۔ اسی میں خطا بھی کر سکتا ہے۔ تیرنے والا ہی ڈوبے گا۔ جو پانی میں اترے گا ہی نہیں۔ وہ ڈوبے گا کس طرح؟ ۔

تیراکی (ہ) مؤنث۔ تیرنے کا فن۔ شناوری ۔

تیرتھ (تِی۔ رتھ) (ہ) مذکر (۱) گھاٹ۔ دریا کا کنارہ (۲) درشن۔ زیارت (۳) پاک جگہ۔ مقدس مقام جو دریا کے کنارے پر واقع ہو ۔

تیرتھ جاترا (ہ) مؤنث۔ زیارت۔ حج ۔

تیرج (تِی۔ رج) (ہ) مذکر۔ ایک نقشہ جس کے تیسرے خانے میں ہر اسامی پر کل کھیتوں کی تعداد اور چوتھے خانے میں ان کھیتوں کا رقبہ گاؤں کی پیمائش کے رو سے لکھا جاتا ہے ۔

تیرگی (تِی۔ رَگی) (ف) مؤنث (۱) اندھیرا۔ دھندلاپن۔ (۲) کدورت ۔

تیر میر (تیز۔ میر) (ہ) مؤنث۔ بیگانگی برتنا ۔

تیرنا (تَیر۔ نا) (ہ) (۱) پَیرنا۔ (۲) کسی کام میں کامل ہونا ۔

تیرہ (تِی۔ رَہ) (ف) کالا۔ سیاہ ۔

تیرہ (تے۔ رَہ) (ہ) تین اوپر دس۔ سیزدہ۔ ۱۳ ۔

تیرہ تیزی (ا) مذکر (عو) (۱) صفر کے مہینے کے پہلے تیرہ دن جن میں رسول صلی اللہ علیہ وسلم سخت بیمار پڑے تھے۔ اور اسی وجہ سے یہ ایام منحوس سمجھے جاتے ہیں ۔

تیرھواں (ہ) مذکر۔ تیرھویں نمبر یا درجے پر ۔

تیرھویں (ہ) مؤنث (۱) ہندوؤں کی ایک رسم کے مطابق تیرھویں دن مُردے کا سوگ چھوڑنے اور کھانا جاری کرنے کی رسم (۲) تیرھویں نمبر پر ۔

تیرھویں صدی (ہ) مؤنث۔ سن ہجری کی تیرھویں صدی کا زمانہ جسے محاسب اور منحوس خیال کرتے ہیں۔ کلجگ کا زمانہ۔ اب آجکل چودھویں صدی کا ہے ۔

تیز (تیز) (ف) (۱) دھار والا۔ پیناں۔ نوک دار (۲) تند تلخ (۳) جلد۔ شتاب (۴) (ل) ذہین۔ ہوشیار چالاک (۵) غضب ناک۔ بدمزاج۔ ظالم (۶) مضبوط۔ قوی (۷) تیز رَو۔ جلد چلنے والا (۸) شوخ شریر (۹) شدید۔ سخت (۱۰) غالب۔ زبر۔ (۱۱) گراں۔ مہنگا۔ (۱۲) سرگرم۔ مستعد (۱۳) گرم۔ تتا (۱۴) مقدار سے زیادہ (۱۵) دُوربین۔ باریک بین ۔

تیز پرواز (ف) تیزی سے اڑنے والا۔ گرم پرواز ۔

تیز دستی (ف) مؤنث۔ جلد جلد ہاتھ چلانا۔ چالاکی سے کام کرنا ۔

تیز رفتار (ف) جلد چلنے والا۔ چالاک ۔

تیز کرنا (ل) (۱) دھار نکالنا۔ باڑھ رکھنا (۲) تند کرنا۔ طاقت یا قوت بڑھانا۔ خفا کرنا۔ چھیڑنا۔ غصہ دلانا ۔

تیز مزاج (ف۔ ع) غصیل۔ تندمزاج۔ غضبناک ۔

تیزاب (تے۔ زَاب) (ف) مذکر۔ نہایت تند عرق ایک قسم کا کیمیائی مرکب۔ نہایت ترش۔ ایسڈ ۔

تیزی (ف) مؤنث (۱) تندی۔ تلخی۔ کڑواہٹ (۲) (و) غضبناکی۔ گرم مزاجی (۳) سختی۔ ظلم (۴) گرمی۔ حدت (۵) گرانی۔ مہنگا پن (۶) مانگ۔ خواہش۔ ضرورت (۷) لگنے والی دوا کا اثر ۔

تیس (تِیس) (ہ) دس اوپر بیس۔ سی۔ ۳۰ ۔

تیس دن۔ تیسوں دن (ہ) (عو) ہمیشہ۔ روزمرہ۔ مدام۔ آئے دن۔ تمام ماہ ۔

تیس مار خاں (ا) مذکر (طنزاً) بہت بہادر آدمی ۔

تیس مار خاں بنے پھرتے ہیں (ا) مثل۔ بڑے بہادر بنے پھرتے ہیں۔ بہت اکڑفوں کرتے ہیں ۔

تیسا (تَے-سا) (ہ) مذکر۔ ویسا۔ اُس طرح کا ۔

تیسرا (تِیس-رَا) (ہ) مذکر۔ تین سے نسبت رکھنے والا۔

تیسرا آنکھوں میں ٹھیکرا (ا) مثل۔ میاں بیوی۔ باپ بیٹے یا دو دوستوں میں تیسرے آدمی کا دخل سخت ناگوار ہوتا ہے ۔

تیسرا مجھ کو مار لے گا (ہ) مثل۔ اس موقع پر بولتے ہیں۔ جب کوئی بزدل شخص حوصلہ دلانے کے باوجود ہمت ہار بیٹھے ۔

تیسی (تِی-سِی) (ہ) مؤنث (۱) السی۔ کتان (۲) تیس برس کی (۳) تیس برس کا مجموعہ ۔

تیشہ (تَے-شَہ) (ف) مذکر۔ بسولا۔ لکڑی یا اینٹ پتھر گھڑنے کا اوزار ۔

تیغ (تِیغ) (ف) مؤنث۔ شمشیر۔ تلوار۔ خنجر ۔

تیغ دودم (ف) مؤنث۔ دو دھاری تلوار ۔

تیغ فلک (ف) مؤنث (۱) مریخ (۲) آسمان۔ (۳) سورج کی کرنیں ۔

تیغ کوہ (ف) مؤنث۔ پہاڑ کی چوٹی ۔

تیغ لپکنا (ل) تلوار چلنا (متروک) ۔

تیغ و کفن باندھ کے جانا (ا) لڑنے مرنے کے لئے تیار ہو کر جانا ۔

تیغ ہندی (ف) مؤنث۔ ہندوستان کی بنی ہوئی تلوار جو تیزی اور عمدگی میں مشہور ہے ۔

تیغا (تَے-غا) (ف) مذکر (۱) چھوٹی چوڑی تلوار (۲) (ل) محراب یا دروازے کی بندش کا اینٹ پتھر (۳) (ل) کشتی کا ایک داؤ ۔

تیغا کرنا (ل) بند کر دینا۔ چن دینا۔ کسی سوراخ یا دروازے یا محراب کو اینٹ پتھروں سے بند کر دینا ۔

تیقن (تَیَق-قُن) (ع) مذکر۔ یقین۔ اعتبار ۔

تیکھا (تِی-کھا) (ہ) (۱) تیز۔ نوک دار۔ دھار والا (۲) دل میں بیٹھنے والا۔ مؤثر (۳) تلخ۔ کڑوا (۴) تند مزاج غضبیل۔ تنک دار (۵) اچھا۔ عمدہ (۶) وضع دار۔ طرح دار۔ چھبیلا (۷) تیز زبان۔ طرار۔ چالاک۔ (۸) جوانی میں سرشار (۹) مذکر۔ خوب صورت اور جوان آدمی۔ معشوق ۔

تیکھی (ہ) مؤنث (۱) ترچھی۔ ٹیڑھی۔ بانکی (۲) البیلی۔ رعنا (۳) دھیمی۔ نرم ۔

تیل پانی کا گلاس (ا) مذکر۔ کنول۔ وہ گلاس جس میں نیچے پانی اور اوپر تیل بھر کر روشنی کی جاتی ہے ۔

تیل پھل (ہ) مذکر۔ وہ ناریل اور تیل وغیرہ جو دولہا کے ہاں سے دلہن کے لئے شادی سے چند روز پیشتر بھیجا جاتا ہے ۔

تیل تلوں ہی سے نکلتا ہے (ہ) ہر چیز کا خرچ اسی میں سے نکالا اور اسی پر ڈالا جاتا ہے ۔

تیل توا کالا (ا) ایسا کالا جیسے توے کی سیاہی تیل میں جلا ہوا۔ نہایت کالا ۔

تیل جل چکا (۲) روح تحلیل ہو گئی۔ ست نکل گیا رس کس جاتا رہا۔ پونجی سرمایہ نہیں رہا ۔

تیل جلے گھی۔ گھی جلے تیل (ہ) مثل۔ جلتے جلتے تیل کی کثافت دور ہو کر گھی کا اثر آ جاتا ہے اور گھی کی قوت جل جانے کے بعد اس میں تیل جیسا نقص اور ضرر پیدا ہو جاتا ہے ۔

تیل چڑھانا (ہ) ہندوؤں کی ایک رسم جسے تیل بان کرنا یا مائیوں بٹھانا کہتے ہیں اس میں دولہا دلہن کے سر۔ کندھے۔ ہاتھ۔ پاؤں میں تیل اور ہلدی ملی جاتی ہے ۔

تیل دیکھو تیل کی دھار دیکھو (ہ) مثل۔ پہلے یہ مطلب یہ تھا کہ تیل کا بھاؤ دیکھے بغیر نہیں کرنا چاہئے اب یہ معنی لئے گئے ہیں کہ جلدی نہ کرو معاملے کو دیکھو ۔

تیل لگانا (ہ) تیل چپڑنا۔ تیل ملنا ۔

تیل میں ہاتھ ڈالنا (ہ) (۱) اگلے زمانے میں یہ دستور تھا کہ جب کوئی شخص کسی بات سے منکر ہوتا تھا۔ تو وہ اپنی سچائی کے ثبوت میں جلتے تیل میں ہاتھ ڈال کر کہہ دیا کرتا تھا کہ اگر میں سچا ہوں تو ہاتھ نہ جلے گا۔ اور اگر جھوٹا ہوں تو جل جائے گا۔ چونکہ آگ کا کام جلانا ہے۔ اس لئے اکثر چور ڈر کے مارے اس قسم کا نام سنتے ہی اقرار کر لیا کرتے تھے (۲) (مجازاً) سخت قسم کھانا ۔

تیل نکالنا (ہ) (۱) کسی چیز میں سے روغن نکالنا۔ تل وغیرہ پیلنا (۲) نہایت سخت محنت لینا۔ پسینے پسینے کر دینا ۔

تیلڑی (تیل-ڑِی) (ہ) مؤنث۔ تیل کا برتن۔ روغن دان

تیلن (تَے-لَن) (ہ) مؤنث (۱) تیلی قوم کی عورت۔ (۲) تیلی کی بیوی ۔

تیلی (تی-لی) (ہ) مؤنث (۱) سلائی (۲) پنجرے کا تار۔
تیلی (تے-لی) (ہ) مذکر (۱) روغن نکالنے والا۔ ایک قوم جس کا پیشہ تیل نکالنا ہے (۲) (مجازاً) نہایت میلے لباس والا آدمی۔
تیلی تنبولی (ہ) مذکر (۱) تیل اور پان بیچنے والا (۲) (اصطلاحاً) رذیل آدمی۔ کمینہ آدمی۔
تیلی خصم کیا اور پھر بھی روکھا کھایا (ہ) مثل۔ خلافِ دستور کام کرکے بھی مراد نہ ملی۔ غیر کے گھر شادی کرنے سے بھی مفلس ہی رہے۔
تیلی راجا (ہ) مذکر (۱) فقیروں کا ایک فرقہ (۲) (مجازاً) وہ آدمی جو میلے کپڑے رکھتے۔
تیلی کا بیل (ہ) مذکر۔ وہ شخص جو رات دن محنت کے چکر میں رہے۔
تیلی کا تیل جلے مشعلچی منت کرے (ا) مثل۔ نقصان کسی کا ہو۔ غم کوئی کرے۔
تیلی کا کولھو ہونا (ہ) نہایت موٹا تازہ ہونا۔
تیلی کی جورو ہوکے پر پانی نہائی (ہ) مثل۔ مالدار امیر کے ہاں ملازم ہوکر بھی ہاتھ نہ لگے تو پھر کب موقع ملے گا۔
تیلی کے بیل کو گھر ہی کوس پچاس (ہ) مثل۔ (۱) غریب اور نادان آدمی کو گھر ہی کی محنت بڑی ہے (۲) ایسی محنت جو شمار میں نہ آئے۔
تیلیا (تیلی-یا) (ہ) تیل کے رنگ کا۔ چکنا۔
تیلیا بھیس کرنا (ہ) نہایت میلے کچیلے کپڑے پہننا۔
تیلیا سُرنگ (ا) مذکر۔ سیاہی مائل سرخ رنگ کا گھوڑا۔
تیلیا کتھا (ہ) مذکر۔ اندر سے سیاہی مائل کتھا۔
تیلیا کمیت (ا) مذکر۔ زیادہ تر سرخ رنگ اور سیاہ بالوں والا گھوڑا۔
تیمار (تی-مار) (ف) مذکر (۱) خبرگیری۔ احتیاط۔ غور۔ خیال (۲) بیماری (۳) علاج معالجہ (۴) بیمار کی خوراک (۵) رنج۔ افسوس (۶) ہمدردی۔ بیمار پرسی۔
تیمارداری (ف) مؤنث۔ بیمار کی خدمت۔ ہمدردی۔ علاج۔
تیمم (تیمَم-مُم) (ع) مذکر۔ پانی نہ ملنے کی صورت میں وضو کے بجائے دونوں ہتھیلیاں مع انگلیوں کے پھیلا کر منہ اور کہنیوں وغیرہ پر پھیرنا۔
تیمم کرنا (ل) (۱) پانی کے بغیر طہارت کرنا (۲) اصطلاح شرع میں خاک پر ہاتھ مار کر وضو کرنا۔
تیمن (تَیَم-مُن) (ع) مذکر (۱) برکت (۲) [illegible] (۳) برکت ہونا (۴) بابرکت ہونا۔
تیمور (تَیم-مُور) (ت) مذکر (۱) فولاد (۲) ایک مشہور بادشاہ۔
تین تین (ہ) دو اور ایک۔ [illegible]
تین بلائے تیرہ آئے دے دال میں پانی (ہ) مثل۔ جب تعداد مطلوب سے زیادہ آدمی آجائیں تو اسی میں نمٹانا پڑتا ہے۔
تین بلائے تیرہ آئے دیکھو یہاں کی ریت، باہر والے کھا گئے اور گھر کے گاویں گیت (ہ) مثل۔ اس موقع پر بولتے ہیں جب کسی دعوت میں شامل ہونے مقررہ تعداد سے زیادہ آدمی کھانا کھانے کے لئے آجائیں۔ میزبان کا سارا کھانا ختم ہو جائے۔ (اور) میزبان کے بیوی بچے سب کے سب بھوکے رہیں۔
تین پانچ کرنا (ہ) (۱) تکرار کرنا (۲) کسی کا مال اڑا لینا۔
تین پیڑ کاٹن کے میاں باغبان (ا) مثل۔ تھوڑی چیز پر بہت اترانے والے کی نسبت بولتے ہیں۔
تین تیرہ کرنا (ہ) منتشر کرنا۔ تتر بتر کرنا۔
تین ٹانگ کی گدھی (گھوڑی) نو من لادنی (ہ) مثل۔ وہاں بولتے ہیں۔ جہاں کوئی طاقت سے زیادہ بکھیڑے کرے۔
تینترا (تین-ترا) (ہ) مذکر۔ وہ بیٹا جو تین بیٹیوں کے بعد پیدا ہو۔
تینتری (ہ) مؤنث۔ وہ بیٹی جو تین بیٹوں کے بعد پیدا ہو۔
تیند (تیند) (ہ) مذکر۔ ایک جنگلی درخت کی لکڑی۔
تیندو (تیں-دُو) (ہ) مذکر۔ ایک درخت کا پھول اور پھل۔
تین حرف بھیجنا (ا) لعنت کرنا۔
تین دن قبریں بھی بھاری ہیں (ا) مثل۔ مر کر بھی تین روز کے حساب کتاب میں جان بیکل رہتی ہے۔
تین کانے (ہ) مذکر۔ وہ تین نقطے جو نرد بازی کے تین پانسوں میں ایک ایک ہوتا ہے۔ جب پانسے پھینکنے سے داؤں میں یہ تین صفر آکر پڑتے ہیں تو ان داؤں کو کمزور خیال کیا جاتا ہے اس وجہ سے ناکامی اور نامرادی کے موقع پر ایسا کہا جاتا ہے۔

تین گناہ خدا بھی بخشتا ہے (ہ) مثل۔ جس نے پہلے کوئی گناہ نہ کیا ہو۔ وہ کہا کرتا ہے کہ تین قصور خدا بھی بخشتا ہے۔ تم میرا ایک قصور معاف کر دو۔

تین میں نہ تیرہ میں (ہ) مثل۔ جس کی کہیں بھی پرسش اور عزت نہ ہو۔

تین چپاتی تو پرائی سکھاؤ چورم چور (ہ) مثل۔ جب کوئی عورت کسی دعوت وغیرہ کے موقع پر کنجوسی کرتی ہے تو عورتیں طعنے کے طور پر کہتی ہیں۔

تیندوا (تیں۔دُوا) (ہ) مذکر۔ مشہور درندہ چیتا۔ باگھ۔

تینوں (ہ) تین کے تین۔ ہر سہ۔

تیور (تے۔وَر) (ہ) مذکر۔ بینائی۔ روشنی چشم۔

تیور آنا (ہ) آنکھوں کے آگے اندھیرا آنا۔

تیور بدل جانا (ا) بے مروّت ہو جانا۔

تیور برے نظر آنا (ا) دشمن جان ہونا۔ نگاہ میں فرق آنا۔ نگاہ بد معلوم ہونا۔

تیور بگڑنا (ہ) آنکھوں کی پتلیوں کا پھر جانا۔

تیور میلے ہونا نظروں سے کدورت اور ملال ٹپکنا۔

تیورانا (تیو۔رَا۔نا) (ہ) چکرانا۔ غش آنا۔ عالم غشی طاری ہونا۔ آنکھوں کے سامنے کسی صدمے کے باعث اندھیرا آ جانا۔ ڈگمگانا۔

تیورس (تیو۔رَس) (ہ) مذکر (هو) آئندہ یا گزرا ہوا تیسرا برس۔

تیوری (تیوْ۔رِی) (ہ) مؤنث۔ چین جبیں۔ ماتھے کا بل۔

تیوری بدلنا۔ تیوری چڑھانا۔ تیوری میں بل ڈالنا (ہ) چیں بجبیں ہونا۔ غصے ہونا۔

تیوری چڑھنا۔ تیوری میں بل پڑنا (ہ) ماتھے پر شکن پڑنا۔ آزردہ ہونا۔

تیون (تی۔وَن) (ہ) مذکر۔ سالن۔ ترکاری۔ چٹنی۔ اچار۔

تیوہار (تیوْ۔ہَار) (ہ) مذکر۔ خوشی کا دن۔ عید۔ جشن۔

تیوہاری (ہ) مؤنث (۱) تیوہار کا انعام۔ عیدی (۲) تیوہار کا۔ تیوہار کے متعلق۔

تیہ۔ تیہا (تیہ + تی۔ہا) (ہ) مذکر (هو) (۱) تیزی۔ حرارت (۲) غصہ (۳) مستقل مزاجی۔

تیہو (تی۔ہُو) (ف) مذکر۔ تیتر کی قسم کا ایک چھوٹا سا پرندہ۔ لوا۔

تیئیس۔ تیئیس (تے۔ئِیس + تِیئیس) (ہ) بیس اور تین۔ بست و سہ۔ ۲۳۔ ۲۳

ٹ

ٹ (ٹے) (ہ) مؤنث (۱) اُردو حروفِ تہجی کا پانچواں اور ہندی کا گیارھواں حرف ہے۔ (۲) اَبجد کے حساب میں اِس کے ت کے برابر چار سو عدد ہیں ۔

ٹ۔ ا

ٹامر (ٹا۔ بَر) (ہ) مذکر (۱) چھوٹی سی جھیل (۲) چھوٹا سا گھر (۳) خاندان ۔

ٹاپ (ٹاپ) (ہ) مؤنث (۱) گھوڑے کا سم (۲) گھوڑے کے اگلے پاؤں کی ضرب جو چلتے وقت نکلتی ہے ۔

ٹاپ دار (ا) موٹے سر کا۔ آگے سے چوڑا پیچھے سے پتلا ۔

ٹاپا (ٹا۔ پا) (ہ) مذکر (۱) مرغیوں کے بند کرنے کا کھانچا (۲) ایک قسم کی کشتی یا بیڑا ۔

ٹاپا ٹوئی کرنا (ہ) (عو) ٹٹولنا۔ ڈھونڈنا۔ چھان مارنا۔ ڈھونڈ ڈھانڈ کرنا (۲) ٹپکنے والے مکان کی مرمت کرنا ۔

ٹاپتی (ٹاپ۔ تی) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا ۔

ٹاپنا (ہ) (۱) گھوڑے کا اگلے پاؤں کو زمین پر مارنا۔ (۲) پاؤں پیٹنا۔ کوشش کرنا۔ ڈھونڈنا۔ حیران ہونا (۳) انتظار کرنا (۴) بے کار اور آوارہ پھرنا۔ (۵) بے چین ہونا۔ مضطرب ہونا (۶) افسوس کرنا۔ (۷) پھاندنا ۔

ٹاپو (ٹا۔ پو) (ہ) مذکر۔ جزیرہ۔ دیپ۔ وہ خشک زمین جو دریا یا سمندر کے درمیان ہو ۔

ٹاٹ (ٹاٹ) (ہ) مذکر (۱) سن کا بنا ہوا کپڑا (۲) سا ہوکار کے بیٹھنے کی گدی (۳) وہ خول جس کے اندر چنا رہتا ہے ۔

ٹاٹ (ٹپیرا) اُلٹنا (ہ) دیوالہ نکلنا۔ کاروبار بند ہو جانا۔ دکان اٹھ جانا ۔

ٹاٹ باف (ہ) مذکر۔ جوتی پر چاندی کے تار ٹانکنے والا ۔

ٹاٹ بافی جوتا (ی) مذکر۔ کامدار جوتا۔ وہ جوتا جس پر کلابتونی کام ہو ۔

ٹاٹ کا لنگوٹا نواب سے یاری (ا) مثل۔ مفلسی میں امیروں سے توقات ۔

ٹاٹ کی انگیا مونج کی تنی (ہ) نہایت غریبی اور مفلسی کا اظہار ۔

ٹاٹ میں مونج کا بخیہ (ل) مثل۔ جیسی چیز۔ ویسا ہی اس کا لازمہ ۔

ٹارا (ٹا۔ رَا) (ہ) مذکر۔ طاقتور کبوتر۔ جو دیر تک اڑے ۔

ٹار اٹوک (ہ) (عو) وزن میں بالکل ٹھیک ۔

ٹال (ٹال) (ہ) مؤنث (۱) لکڑی یا گھاس وغیرہ کا ڈھیر۔ انبار۔ تودہ (۲) لکڑیوں یا بھس کی دکان۔ (۳) ایک قسم کا گھنٹا جو گائے۔ ہاتھی وغیرہ کے گلے میں باندھتے ہیں (۴) ٹالا بالا لیت ولعل۔ بہانہ۔ (۵) ٹالنا کا امر ۔

ٹال آنا (ہ) (۱) کم و بیش قیمت میں دے آنا (۲) کسی کو دم دے سے رخصت کرنا ۔

ٹال مٹول (ہ) مؤنث۔ بہانہ۔ حیلہ حوالہ ۔

ٹال مٹول وقت کا چور (ی) مثل (۱) سست نوکر (۲) بہانہ کر کے ٹالنے والا ۔

ٹالا۔ ٹالا بالا (ہ) مذکر۔ حیلہ حوالہ۔ ٹال مٹول۔ آج کل ۔

ٹالا بالا بتانا۔ یا۔ ٹالم ٹول کرنا (ہ) ٹالنا۔ دھکا دینا۔ لیت ولعل کرنا ۔

ٹالنا (ہ) (۱) بہانہ بنانا (۲) ہٹانا۔ علیحدہ کرنا (۳) دیر کرنا۔ ملتوی کرنا (۴) گزارنا۔ ضائع کرنا (۵) بہکانا۔ فریب دینا ۔

ٹالی (ہ) مؤنث (۱) چھوٹی گھنٹی جو چوپایہ وغیرہ کے گلے میں ڈالتے ہیں (۲) دلّالی اصطلاح میں اٹھنی

ٹامک ٹوئیے مارنا (ہ) اٹکل پر چلنا۔ اندازہ کرنا ۔

ٹانٹ (ٹانٹ) (ا) مؤنث۔ آدمی کے سر کی کھوپڑی۔ چندیا ×

ٹانٹ کھجانا (ف) (۱) سر میں کھجلی ہونا (۲) جوتے کھانے کی نیت ہونا ×

ٹانٹ کے بال اُڑانا (ف) جوتیوں یا دھپّوں سے چندیا کے بال اڑا دینا۔ دھوئیں نارنا ×

ٹانٹ گنجی ہونا (ف) (۱) سر پر بال نہ رہنا۔ بوجھ اٹھاتے اٹھاتے یا جوتے کھاتے کھاتے سر گنجا ہو جانا (۲) کھنوں تدریجی سے تنگ دستی ہو جانا ×

ٹانٹھ۔ ٹانٹھا (ٹاں ٹھ۔ ٹاں ٹھا) (ص) (۱) قوی۔ مضبوط (۲) مسٹنڈا ×

ٹانچ (ٹانچ) (ا) (عوام) (۱) بدمزاج (۲) اپنا مطلب حاصل کرنے کے لئے دھوکا دینے والا (۳) نستخ۔ نسوخ (۴) مذکر۔ جھگڑا۔ تکرار (۵) ٹیڑھا جلن (۶) چکر لگانا (۷) مقابلے کرنا (۸) کج روی۔ ضد۔ دشمنی ×

ٹانچنا (ف) (۱) مزے اڑانا (۲) خراماں خراماں پھرنا ..

ٹانڈ۔ ٹانڈھ (ٹانڈ۔ ٹانڈھ) (ا) (۱) مچان (۲) دو کڑیاں جو مکان کے اندر اسباب رکھنے کے لئے لگا دیتے ہیں (۳) لکڑیوں کا چبوترا جس پر کھڑے ہو کر کھیت چھدواتے ہیں

ٹانڈا (ٹاں۔ ڈا) (ا) مذکر (۱) قافلہ۔ سوداگروں کا گروہ (۲) بنجارے کا اسباب۔ اثاث البیت۔ (۳) خاندان۔ کنبہ۔ قبیلہ (۴) سوداگری کا اسباب جو ایک دفعہ لاد کر لے جائیں (۵) درست جاری ہونا۔ (۶) پنجاب میں ایک قصبہ جو ضلع ہوشیار پور میں واقع ہے ×

ٹانڈا لدنا (ف) (۱) اسباب لدنا۔ سامان سفر روانہ ہونا۔ (۲) مرنا۔ انتقال ہونا ×

ٹانک (ٹا۔ نک) (ا) انگ۔ TONIC ، مقوی۔ قوت دینے والی چیز۔ دوا ×

ٹانک (ٹانک) (ا) مؤنث (۱) جوہریوں کی اصطلاح میں ۲۴ رتی کا وزن (۲) کمان جانچنے کا وزن جو ۵ سیر کا ہوتا ہے (۳) (ہندو) حصّہ۔ پتّی (۴) جانچ۔ اندازہ (۵) ٹانکنا کا امر ×

ٹانک رکھنا (ف) یادداشت کے لئے لکھ رکھنا۔ نوٹ کر لینا ..

ٹانکا (ٹاں کا) (ا) مذکر (۱) سیون۔ سوئی دھاگے کا ایک دفعہ کپڑے میں سے نکلنا (۲) دھات جوڑنے کا مصالحہ۔ نیز وہ جوڑ جو اس مصالحہ سے لگایا جائے۔ (۳) وہ کنواں یا حوض یا تالاب جس میں برساتی پانی پینے کے لئے جمع کر لیتے ہیں ×

ٹانکا بھرنا (ف) (۱) سینا۔ زخم کو سینا (۲) کسی جگہ موقع پا کر کسی کی سفارش کرنا ×

ٹانکا ٹوٹنا (ف) (۱) سیون ادھڑنا۔ زخم کی سیون کا ٹوٹ جانا (۲) ازالۂ بکر ہونا۔ جیسا اوٹنا ×

ٹانکا کاٹ لینا (ف) ٹانکے کی قیمت کاٹ کر دام دینا ×

ٹانکا لگانا (ف) زخم یا کپڑے کا سینا ×

ٹانکا مارنا (ف) ٹانکا بھرنا ..

ٹانکنا (ف) (۱) سینا۔ ایک کپڑے کو دوسرے کپڑے سے ملا کر ٹانکا بھرنا (۲) جوڑنا۔ چسپاں کرنا (۳) شامل کرنا۔ نتھی کرنا (۴) یادداشت لکھنا۔ درج کرنا (۵) داخل کرنا۔ لگانا (۶) لٹکانا۔ آویزاں کرنا ×

ٹانکی (ا) مؤنث (۱) سنگ تراشوں کا ایک اوزار۔ چھینی (۲) تربوز یا خربزہ وغیرہ کی تراش۔ (۳) سوراخ۔ چھید (۴) ایک قسم کا پھوڑا۔ دنبل (۵) چوبی یا آہنی ظرف جس میں پانی بھر کر رکھتے ہیں ×

ٹانکی بجنا (ف) (۱) سنگ تراشی کا کام ہونا (۲) عمارت بنتا جانا ×

ٹانکی لگانا (ف) (۱) خربوزے وغیرہ کو تراش کر دیکھنا (۲) سوراخ کرنا ×

ٹانکے (ا) ٹانکا کی جمع ×

ٹانکے اُدھیڑنا (ف) (۱) سیون کھولنا۔ سلائی اُدھیڑنا۔ (۲) حقیقت کھولنا۔ راز فاش کرنا ×

ٹانکے ٹوٹنا (ف) (۱) کپڑے یا زخم کی سلائی کا ٹوٹ جانا۔ (۲) سلے ہوئے کپڑے کا پرانا ہو جانا ×

ٹانکے دینا۔ یا۔ لگانا (ف) زخم یا کپڑے وغیرہ کا سینا ×

ٹانکے ڈھیلے ہو جانا۔ یا۔ ہونا (ف) (۱) بدحواس ہونا (۲) ارادے میں کمزوری یا سستی آنا ×

ٹانکے کھلنا (ف) (۱) سیون اُدھڑنا (۲) بھید کھلنا ×

ٹانکے مارنا (ف) (عو) موٹی سیون سینا۔ جلد جلد سینا ×

ٹانگ (ٹانگ) (ا) مؤنث (۱) ران کی جڑ سے پاؤں تک کا حصّہ۔ پاؤں اور اس کے اوپر کا پنڈلی تک کا

حصّہ (۲) حصّہ۔ پتی۔ دلالوں کی اصطلاح میں چوتھا حصّہ (۳) ٹانگنا کا امر۔

ٹانگ اُٹھا کر موتنا (مص) (۱) کتّے کی طرح موتنا (۲) (مذاقاً) انگریزوں کی طرح موتنا۔

ٹانگ اُٹھانا (ف) جماع کرنا۔

ٹانگ اَڑانا (ف) (۱) پاؤں پھنسانا۔ دخل دینا۔ بیچ میں ہونا (۲) کُشتی میں پیچ سے حریف کو گرانا۔

ٹانگ اوپر کے مر گیا (ف) بے کسی کی حالت میں جان دے دی۔

ٹانگ برابر (ا) چھوٹا سا۔

ٹانگ پسار کے سونا (ف) بے فکر ہو کر سونا۔

ٹانگ تلے سے۔ یا۔ ٹانگ کے نیچے سے نکالنا (ف) کسی کو مغلوب اور عاجز کرنا۔ نیچا دکھانا۔

ٹانگ تلے سے نکلنا (ف) ہار جانا۔ عاجز ہونا۔ مطیع ہونا۔

ٹانگ توڑنا (ف) (۱) بیچ میں کرنا۔ کسی کام کو بگاڑنا (۲) کسی زبان کی تھوڑی سی سمجھ ہونے سے اس میں دخل دینا۔

ٹانگ دینا (ف) (۱) لٹکا دینا (۲) پھانسی پر چڑھا دینا۔

ٹانگ سے ٹانگ باندھ کر بٹھانا (ف) اپنے پاس سے نہ ہلنے دینا۔ پہلو میں بٹھانا۔

ٹانگ لینا (ف) (۱) ٹانگ پکڑنا (۲) کاٹنے کو دوڑنا (۳) پیچھے پڑنا۔

ٹانگن (ٹاں۔ گن) (ا) مذکر۔ پہاڑی ٹٹو۔

ٹانگنا (ف) (۱) لٹکانا (۲) پھانسی پر چڑھانا۔

ٹانگیں (ا) مؤنث۔ ٹانگ کی جمع۔

ٹانگیں اُٹھانا (ف) (۱) آسن لینا (۲) پاؤں اٹھانا (۳) جلد چلنا۔

ٹانگیں توڑنا (ف) (۱) بہت دوڑنا یا پھرنا (۲) بہت دوڑانا یا پھرانا۔

ٹانگیں رہ جانا (ف) (۱) تھک جانا (۲) گٹھیا کی بیماری سے ٹانگوں کا بیکار ہو جانا۔ ٹانگوں کا سوکھ جانا۔

ٹائپ (ٹا۔ ئپ) (انگ TYPE) مذکر (۱) چھاپے کے ڈھلے ہوئے حرف۔ اسٹامپ۔ ٹھپّا۔ چھاپ (۲) نقشہ۔ نمونہ (۳) وضع۔ شکل۔ صورت۔

ٹائپ بکس (انگ TYPE BOX) مذکر۔ وہ صندوق جس میں مہروں کے حروف وغیرہ رکھتے ہیں۔

ٹائپ رائٹر (انگ TYPEWRITER) مذکر۔ وہ مشین جس سے ٹائپ کرتے ہیں۔

ٹائپسٹ (انگ TYPIST) مذکر۔ ٹائپ کرنے والا۔ وہ شخص جو ٹائپ کرنا جانتا ہو۔

ٹائٹل (ٹا۔ ئٹل) (انگ TITLE) مذکر (۱) سرورق۔ کتاب کا پہلا ورق جس پر اس کا نام لکھا ہوتا ہے (۲) خطاب۔ لقب۔ [illegible]

ٹائر (ٹا۔ ئر) (انگ TYRE) مذکر۔ موٹر۔ بائیسکل وغیرہ کے پہیوں پر چڑھانے کا ربڑ۔

ٹائم (ٹا۔ ئم) (انگ TIME) مذکر۔ وقت۔

ٹائم پیس (انگ TIMEPIECE) مذکر۔ بڑی گھڑی۔

ٹائم ٹیبل (انگ TIMETABLE) مذکر۔ نظام الاوقات کا نقشہ۔

ٹاؤن (ٹا۔ ؤن) (انگ TOWN) مذکر۔ قصبہ۔ شہر۔

ٹاؤن ڈیوٹی (انگ TOWN DUTY) مؤنث۔ چنگی کا محصول۔

ٹاؤن ہال (انگ TOWN HALL) مذکر۔ میونسپل کمیٹی وغیرہ کے اجلاس کرنے کا مقام۔ چنگی [illegible] ایوان عام۔

ٹائی (ٹا۔ ئی) (انگ TIE) مؤنث۔ وہ فیتہ یا ڈوری جو سوٹ کے ساتھ گلے میں زینت کے لئے باندھتے ہیں۔

ٹائیں ٹائیں (ٹا۔ ئیں۔ ٹا۔ ئیں) (ا) مؤنث (۱) طوطے کی آواز (۲) بکواس۔ چیں چیں۔

ٹائیں ٹائیں فش (ف) بکواس بہت۔ نتیجہ کچھ نہیں۔

ٹاپر (ٹا۔ پر) (ا) مذکر (گنوار) چھپریہ۔ [illegible] ٹٹو۔ گھوڑا۔

ٹاپری (ا) مؤنث (گنوار) چھوٹی ٹٹوانی یا گھوڑی۔

ٹ۔ ب

ٹب (ٹَب) (انگ TUB) مذکر۔ لوہے یا لکڑی کا بڑا سا برتن جس میں نہایا کرتے ہیں۔

ٹبا (ٹب۔ با) (ا) مذکر۔ اونچی جگہ۔ ٹیلا۔

ٹبر (ٹب۔ بر) (ا) مذکر (۱) خاندان۔ کنبہ۔ قبیلہ (۲) (ہندو) (عو) کنبے کا خرچ۔

ٹ - پ

ٹپ (ٹپ) (ا) مؤنث - بگھی وغیرہ کا سائبان جو دھوپ یا مینہ کے وقت کھول لیتے ہیں (۲) ٹپکنے کی آواز - گرنے کی آواز (۳) کود پھاند -

ٹپا ٹپ (ا) مؤنث - بوندیں گرنے کی آواز (۲) پھل کے درخت سے متواتر گرنے کی آواز -

ٹپ ٹپ (ا) مؤنث (۱) آنسوؤں کے گرنے کی آواز (۲) بوندوں کے لگاتار گرنے کی آواز (۳) لگاتار -

ٹپا (ٹپ - پا) (ا) مذکر (۱) فاصلہ - زد (۲) ایک قسم کا گیت (۳) (دکن) ڈاک خانہ - پوسٹ آفس (۴) کود پھاند - (۵) پرگنے سے چھوٹا ملک کا حصہ (۶) دھوبی کی سیون - دور دور کا بخیہ (۷) ایک قسم کا کانشان (۸) پالکی لے جانے والوں کی ڈاک یا چوکی (۹) بیڑا جو بادبان کے ذریعے سے چلایا جاتا ہے -

ٹپا بھرنا - یا - ڈالنا - یا - مارنا (ف) (۱) موٹی سلائی کرنا - دور دور سینا (۲) بے ترتیب یا بے ڈھنگے پن سے پڑھنا -

ٹپا کھانا (ف) (۱) گولی کا ٹکرا کر واپس ہونا (۲) اچھلنا - (۳) رکنا -

ٹپانا (ٹپا - نا) (ف) (گنوار) کدانا پھندانا -

ٹپٹپانا (ف) ٹپکنا - قطرہ قطرہ گرنا -

ٹپس (ٹپ - پس) (ا) مؤنث (۱) سہارا - وسیلہ (۲) دھوئی - (۳) بنیاد (۴) ذرا سا تعلق (۵) تانک جھانک (۶) رسائی -

ٹپس جمانا - یا - لگانا (ف) (۱) بنیاد ڈالنا (۲) تعلق پیدا کرنا (۳) دھونی جمانا (۴) مطلب نکالنے کا ڈھنگ ڈالنا -

ٹپک (ٹپک) (ا) مؤنث (۱) گنواروں کی اصطلاح میں درد - زخم کی ٹیس (۲) پانی کی بوندوں یا آنسوؤں کے لگاتار گرنے کی آواز (۳) ٹپکنا کا امر -

ٹپک پڑنا (ف) (۱) پھسل پڑنا - منقطر ہونا (۲) پھوڑے کا پھوٹ جانا (۳) حیض آنا (۴) ظاہر ہو جانا - ضبط نہ ہوسکنا (۵) بازاری اصطلاح میں انزال ہو جانا -

ٹپک نویس (ا) مذکر (بلو رب) غلط رپورٹ دینے والا -

ٹپکا (ٹپ - کا) (ا) مذکر (۱) تقاطر - بوند (۲) پیڑ کا پکا آم جو از خود ٹپک پڑتا ہے (۳) دھبا - انگلی سے لگایا ہوا رنگ -

ٹپکا ٹپکی (ا) مؤنث (۱) بوندا باندی - پھوار - ترشح (۲) پھلوں کا گرنا (۳) گاہک پر گاہک چڑھنا (۴) ایک کے بعد ایک کا مرنا (۵) کوئی کوئی - کبھی کبھی -

ٹپکا پڑنا (ف) (۱) کسی چیز کا کثرت یا زیادتی کے باعث ضبط نہ ہوسکنا - ظاہر ہو جانا (۲) گرا پڑنا - مائل ہو جانا (۳) کسی کا شہوت سے بیقرار ہونا -

ٹپکا لگنا (ف) تقاطر ہونا - ترشح ہونا - ٹپکنا - آموں کا پک کر درختوں سے متواتر گرنا -

ٹپکانا (ف) (۱) تھوڑا تھوڑا پانی ڈالنا - بوند بوند گرانا (۲) منقطر کرنا - عرق نکالنا - نچوڑنا -

ٹپکاؤ (ا) مذکر (۱) ٹپکنا (۲) معطر ہونا (۳) عطر کشی -

ٹپکنا (ف) (۱) قطرہ قطرہ گرنا - رسنا - نچڑنا (۲) پکے پھل کا گرنا (۳) ظاہر ہونا (۴) کسی کی طرف مائل ہونا (۵) جنگ میں زخمی ہو کر زمین پر گرنا (۶) ٹیس اٹھنا - زخم میں درد ہونا (۷) پھوڑے کا پک کر بہنا (۸) (بازاری) پانی چھوڑنا - انزال ہونا -

ٹپکی (ٹپ - کی) (ا) مؤنث - شوخی - چالاکی -

ٹپکی پڑنا (ف) (۱) شوخ ہونا (۲) عورت کا آوارہ ہونا - بدچلن ہونا -

ٹپکے کا ڈر ہے (ف) مثل - اچانک آنے والی آفت کا خوف ہے -

ٹپن (ٹپن) (فہند) دیکھو "ٹمن" -

ٹپنا (ٹپ - نا) (ف) (گنوار) (۱) کودنا پھاندنا - چھلانگ مارنا (۲) سرپوش سے ڈھانکنا (۳) جفتی کھانا - جوڑا لگنا -

ٹپے ٹوئی (ٹپ - پے - ٹو - ئی) (ا) مؤنث - تلاش - تجسس - جستجو -

ٹ - ٹ

ٹٹا (ا) مذکر (۱) بڑی ٹٹی - قنات (۲) اوٹ - پردا - (۳) (پنجابی) غصہ - قہر -

ٹٹ پونجیا (ٹٹ - پون - جیا) (ف) (۱) تھوڑی پونجی والا - کم سرمائے والا (۲) دیوالیہ -

ٹٹر (ٹٹر) (ٹٹ - ٹر) (ا) مذکر (۱) دیکھو "ٹٹا" (۲) دروازہ -

ٹٹر (ٹُٹَر) کھولو ٹکھٹو آئے (۱) مثل۔ طنزاً ایسے شخص کی نسبت بولتے ہیں جو کماؤ ترت ہو۔ لیکن گھر والوں پر زور چلاتا ہوا آئے کہ تم نے بے وقت بھی دروازہ کیوں نہیں کھلا رکھا۔

ٹٹروں ٹوں (ٹُٹ۔رُوں۔ٹُوں) (ہ) مؤنث (۱) ٹٹیری کی آواز۔ فاختہ کی آواز (۲) تنہا۔ اکیلا۔

ٹٹری (ٹِٹْری) (ہ) مؤنث (۱) فاختہ (۲) ٹنا۔ (۳) ڈھانچ۔

ٹٹری (ٹُٹْری) گنجی ہونا (ہ) دیکھو ٹانٹ گنجی ہونا۔

ٹٹکارنا (ٹُٹ۔کار۔نا) (ہ) جانوروں کو شکاری سے آگے بڑھانا۔ ہانکنا۔ چلانا۔

ٹٹکاری (ہ) مؤنث (۱) جانور کے ہنکانے کی آواز (۲) زبانی جمع خرچ (۳) اشارہ۔ سیٹی۔ آواز۔

ٹٹکاری پر لگنا (ہ) (۱) اشارے پر لگنا۔ سیٹی یا آواز پر چلا آنا (۲) آواز پر بولتا ہوا چلا جانا۔

ٹٹو (ٹَٹ۔ٹُو) (ہ) مذکر۔ یابو۔ ٹانگن۔ چھوٹے قد کا گھوڑا۔

ٹٹو بھڑکنا (ہ) (۱) سرکشی کرنا (۲) (بازاری) شہوت ہونا۔

ٹٹو پار ہونا (ہ) (عو) کام کا انجام پر پہنچنا۔ بیڑا پار ہونا۔

ٹٹو سے (ہ) بلا سے۔ بیزار سے۔

ٹٹو کو کوڑا اور تازی کو اشارہ (۱) مثل۔ بیوقوف کو مار کر سمجھانا پڑتا ہے۔ لیکن سمجھ والا اشارے پر کام کرتا ہے۔

ٹٹوانی (ٹَٹ۔وا۔نی) (ہ) مؤنث۔ ٹٹو کی مادہ۔ چھوٹے قد کی گھوڑی۔

ٹٹول (ٹٹول) (ہ) مؤنث (۱) تلاش۔ جستجو۔ ڈھونڈ (۲) ٹٹولنا کا امر۔

ٹٹولنا (ہ) (۱) اندھیرے میں ہاتھ سے ڈھونڈنا۔ مس کرنا۔ چھونا (۲) عندیہ لینا۔ منشا پانا (۳) تلاش کرنا۔ ڈھونڈنا (۴) آزمانا۔ امتحان کرنا۔ جانچنا۔

ٹٹولواں (ہ) اٹکل سے۔ اندازے سے۔

ٹٹی (ٹَٹ۔ٹی) (ہ) مؤنث (۱) بانس یا سرکنڈوں وغیرہ کا بندھا ہوا جھانپ۔ چلمن۔ چق (۲) آڑ۔ اوٹ۔ پردہ (۳) پاخانہ۔ بیت الخلا (۴) آرائش۔ جو بیاہ شادیوں میں لے جاتے ہیں۔ تخت رواں۔ (۵) وہ چھت یا جھولی چار دیواری جس پر انگور کی بیل چڑھاتے ہیں (۶) شکار کھیلنے کی آڑ جو شکاری لوگ اپنے ساتھ رکھتے ہیں۔

ٹٹی جانا (ہ) پاخانے جانا۔ جائے ضرور جانا۔

ٹٹی کا آئینہ (۱) مذکر۔ ایک قسم کا پتلا شیشہ۔

ٹٹی کی آڑ۔یا۔اوٹ۔یا۔اوجھل شکار کھیلنا (۱) در پردہ عیب کرنا۔ چھپ کر کام کرنا۔

ٹٹی لگانا (ہ) (۱) چق ڈالنا (۲) بھیڑ کرنا۔ ہجوم کرنا (۳) آڑ کرنا۔ قنات کھڑی کرنا۔

ٹٹی میں چھید کرنا (ہ) (۱) حجاب اٹھانا (۲) کھل کھیلنا۔ فاحشہ ہو جانا۔

ٹٹیا (ہ) مؤنث (۱) ٹٹی کی تصغیر۔ چھوٹی ٹٹی۔ کبھی تحقیراً بھی کہتے ہیں (۲) فاختہ کا مخفف۔

ٹٹیری (ٹِٹی۔ری) (ہ) مؤنث (۱) ایک پرند جس کی آواز سے یہ نام رکھا گیا (۲) ایک کھلونا جس کے پکڑ دینے سے یہ آواز نکلتی ہے۔

ٹ۔ چ

ٹچا (ٹچ۔چا) (ہ) مذکر (۱) اوچھا۔ کم ظرف۔ چھچھورا (۲) لچا۔ شہدا۔ کمینہ۔ بیہودہ۔ اوباش۔

ٹ۔ خ

ٹخاسے دیدے کھلنا (۱) (عو) پوری آنکھوں کا کھلنا۔

ٹخ ٹخ (ٹخ۔ٹخ) (۱) مؤنث (تحقیراً) گھوڑے یا گدھے کو چلانے کی آواز۔ ہلک ہلک۔ ٹکٹکاری۔

ٹخر ٹخر (ٹخر۔ٹخر) (ہ) مؤنث (عو) (۱) بوڑھیوں کی سی چال (۲) آہستہ چال۔

ٹخنا (ٹخ۔نا) (ہ) مذکر۔ وہ اٹھی ہوئی ہڈی جو ایڑی سے اوپر ہوتی ہے۔ گٹا۔ کعب۔

ٹ۔ ڈ

ٹڈا (ٹِڈ۔ڈا) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا پردار کیڑا جو گھاس اور آک کے درخت پر ہوتا ہے۔ بھنگا (۲) پتلا دبلا آدمی۔

ٹڈی (ہ) مؤنث۔ ملخ۔ ٹیڑی۔ ایک قسم کا پردار کیڑا جو اکثر زراعت کو نقصان پہنچاتا ہے۔

ٹِڈّی دَل (ف) مذکر (۱) ٹڈیوں کا بڑا گروہ (۲) نہایت بھیڑ بھاڑ۔ انبوہ ٭

ٹ - ر

ٹَر (ٹَر) (ہ) مؤنث (۱) مینڈک کی آواز (۲) بیہودہ بات (۳) ضد۔ ہٹ (۴) عید کے بعد کا میلہ (۵) شیخی۔ خودستائی ٭

ٹَر ٹَر (ہ) مؤنث (۱) بک بک۔ جھک جھک۔ گستاخی۔ (۲) مینڈک کی آواز ٭

ٹَرّا (ٹَر۔ رَا) (ہ) (ص) اکھڑ۔ بدمزاج۔ شوخ۔ شریر۔ بدذات (۲) بکّی۔ بکواسی (۳) مغرور۔ اترانے والا۔ شیخی باز (۴) ٹرّانا کا امر ٭

ٹُرّا (ٹُر۔ را) (ہ) مذکر (۱) دانہ۔ حب۔ بارود کا دانہ۔ (۲) وہ اناج جس میں برکت نہ ہو اور زیادہ صرف ہو۔ چنانچہ باجرے۔ موٹھ۔ جوار وغیرہ کو ٹرّا اناج کہتے ہیں ٭

ٹَرّاپن (ہ) مذکر۔ اکھڑپن۔ بدمزاجی ٭

ٹرالی (ٹرا۔ لی) (انگ TROLLEY) مؤنث۔ ٹھیلا۔ وہ گاڑی جو ریل گاڑی کی سڑک پر چلاتے ہیں ٭

ٹَرّانا (ہ) (۱) بک بک کرنا۔ غل مچانا (۲) گستاخی کرنا۔ شرارت کرنا (۳) مینڈک کا بولنا ٭

ٹرانسپورٹ (ٹرانس پورٹ) (TRANSPORT) (انگ) مؤنث (۱) جہاز کشتی (۲) بار برداری ٭

ٹرائیسکل (ٹرائی سِکل) (انگ TRICYCLE) مؤنث۔ تین پہیوں کی گاڑی جو پاؤں سے چلاتے ہیں ٭

ٹَرہنگا۔ ٹَرہ ینگا (ٹَر۔ ہَنْ۔ گا + ٹَرْ۔ ہَنگ۔ گا) (ہ) ٹیڑھا۔ بانکا۔ ترچھا۔ خمیدہ ٭

ٹَرپَھس (ٹَر۔ پَھس) (ہ) مؤنث (۱) شرارت۔ فتنہ۔ (۲) بدمزاجی ٭

ٹرپھس کرنا (ہ) (۱) دنگا کرنا (۲) اکڑنا۔ شرارت کرنا۔ بدمزاجی کرنا (۳) ارادہ فسخ کرنا ٭

ٹرٹرانا (ہ) (۱) (پورب) بک بک کرنا۔ بکنا (۲) (حقارتاً) رونا۔ بڑبڑانا ٭

ٹَرخانا (ٹَر۔ خا۔ نا) (ہ) (۱) ٹالنا۔ بے دلی سے کام کرنا۔ (۲) بہانہ کرنا ٭

ٹَرخَل (ٹَر۔ خَل) (ہ) مؤنث (۱) ذلیل اور بیہودہ عورت۔ بے تمیز اور نالائق عورت (۲) بے وقوف۔ فاحشہ۔ بدکار۔ زانیہ ٭

ٹَرخو (ٹَر۔ خو) (ہ) صفت۔ مؤنث (عو) (۱) بڑھیا۔ بے تمیز (۲) ناپائدار۔ پوچ ٭

ٹَرکانا (ٹَر۔ کا۔ نا) (ہ) دیکھو "ٹرخانا" ٭

ٹَرن (ٹَرْن) (انگ TURN) مؤنث۔ باری۔ نوبت ٭

ٹرنک (ٹَرَنْک) (انگ TRUNK) مذکر۔ لوہے وغیرہ کا ہلکا صندوق ٭

ٹَریانا (ٹَر۔ یا۔ نا) (ہ) پرند کبوتر کا اڑ جانا ٭

ٹریٹر (ٹرے۔ ٹر) (انگ TRAITOR) مذکر۔ باغی۔ نمک حرام۔ دغاباز۔ بے وفا شخص ٭

ٹریڈ (ٹریڈ) (انگ TRADE) مؤنث۔ تجارت۔ سوداگری ٭

ٹریڈ مارک (انگ TRADE MARK) مذکر۔ تجارتی نشان۔ مارکہ۔ کسی کارخانے کا اپنا تجویز کیا ہوا نشان ٭

ٹریڈل (ٹریڈ ڈل) (انگ TRADDLE) مذکر۔ پاؤں سے چلانے والی وہ مشین جس میں ٹائپ یا بلاک چھاپے جاتے ہیں ٭

ٹریر (ٹریر) (ہ) مؤنث۔ [illegible]

ٹریژری (ٹرَیژ۔ رِی) (انگ TREASURY) مذکر۔ خزانہ ٭

ٹریس (ٹریس) (انگ TRACE) مذکر۔ کھوج۔ نشان۔ چربہ۔ خاکہ ٭

ٹریفک (ٹرے فِک) (انگ TRAFFIC) مؤنث (۱) ریل گاڑی پر مال کی آمدورفت (۲) آمدورفت ٭

ٹریفک منیجر (انگ TRAFFIC MANAGER) مذکر۔ مال کی آمدورفت کا مہتمم۔ آمدورفت کی حفاظت کرنے والا ٭

ٹریم (ٹریم) (انگ TRAM) مذکر و مؤنث۔ بجلی کی طاقت سے چلنے والی ایک قسم کی گاڑی ٭

ٹریموے (انگ TRAMWAY) مؤنث۔ لوہے کی سڑک جس پر ٹریموے چلتی ہے ٭

ٹرین (ٹرین) (انگ TRAIN) مؤنث (۱) قطار۔ سلسلہ (۲) ریل گاڑی ٭

ٹرینڈ (ٹرینڈ) (انگ TRAINED) (۱) ماہر۔ واقف کار۔ مشاق (۲) جس نے استادی کی سند حاصل کی ہو ٭

ٹریننگ (ٹرے۔ننگ) (انگ TRAINING ، مؤنث) تعلیم و تربیت۔

ٹریننگ سکول (انگ TRAINING SCHOOL) مذکر۔ وہ مدرسہ جہاں استادوں کو تعلیم و تربیت دی جائے۔

ٹ۔ڑ

ٹڑو (ٹڑ۔ڑو) (ھ۔ مذکر) (۱) (لغوی معنی) مُحتنے والا (۲) (اصطلاحی) مینڈک (۳) ایک کھلونا جس پر تجلی منڈھ کر بجاتے ہیں۔

ٹڑھ منہا۔یا۔ موہنا (ٹڑھ۔مُنہا یا۔موہنا) (ھ۔ ص) ٹیڑھے منہ کا۔

ٹڑھ منہی (ھ) ٹیڑھے منہ کی۔

ٹ۔س

ٹسر (ٹسَر) (ھ) مذکر (۱) کچا ریشم۔ ایک قسم کا ادنیٰ درجے کا ریشم (۲) اس ریشم کا کپڑا۔

ٹسر ٹسر رونا (ھ) (عو) زار زار رونا۔ پھوٹ پھوٹ کر رونا۔

ٹسر مسر (ٹسر۔مسر) (ھ) مؤنث۔ ڈھیل۔ وقفہ۔ توقف۔

ٹس سے مس نہ ہونا (ھ) (عو) جنبش نہ کھانا۔ ذرا متحرک نہ ہونا۔

ٹسک (ٹسک) (ھ) مؤنث (پورب) کسک۔ ٹیس۔ درد۔ ہوک۔

ٹسکا (ٹس۔کا) (ھ) مذکر۔ بچوں کی ایسی کھانسی جس میں کھرکھر سی آواز نکلے۔

ٹسکنا (ھ) (۱) ہلنا جلنا۔ سرکنا (۲) گلنا۔ گداز ہونا (۳) درد معلوم ہونا۔ کسکنا (۴) متاثر ہونا۔

ٹسکنا (ٹسک۔نا) (ھ) (پورب) رونا۔ ٹسوے بہانا۔ ٹسورنا۔

ٹسن (ٹسَن) (ھ) مؤنث (بازاری) (۱) شرارت۔ تکرار۔ جھگڑا۔ پرخاش (۲) بے ایمانی۔

ٹسوے بہانا (ھ) (عو) آنسو بہانا۔ رونا۔

ٹ۔ف

ٹفن (ٹِفِن) (انگ TIFFIN ، مؤنث) صاحب لوگوں کا تیسرے پہر کا کھانا۔

ٹفن باسکٹ (انگ TIFFIN BASKET ، مذکر) کھانا رکھنے کا ڈبہ۔

ٹ۔ک

ٹاک (ٹک) (ھ) مؤنث (۱) تاک۔ نظر۔ ٹکٹکی (۲) خاصیت۔ مزاج۔

ٹک (ٹک) (ھ) ٹکنا کا امر۔

ٹک (ٹِک) (انگ TICK ، مؤنث) (۱) گھڑی کی آواز (۲) گھڑی کی ٹک ٹک جیسی کوئی آواز۔

ٹک (ٹُک) (ھ) (۱) ذرا۔ کچھ۔ اندک (۲) ذرا سی دیر۔ تھوڑی دیر کے لئے۔

ٹک جیا تو کیا جیا (ھ) مثل۔ ذرا سی دیر آرام پایا تو کیا پایا۔

ٹکا (ٹ۔کا) (ھ) مذکر۔ دو پیسے۔ آدھ آنہ۔ ادھنّی۔

ٹکا پاس نہیں (عو) کوڑی پاس نہیں۔ مفلس ہے۔

ٹکا سا جواب دینا (عو) صاف جواب دینا۔ مطلق انکار کر دینا۔ صاف جواب دینا۔

ٹکا سا دم
ٹکا سی جان (ھ) مؤنث (عو) اکیلا دم۔ اکیلی جان۔

ٹکانا (ٹکا۔نا) (ھ) (۱) سہارا دینا۔ روکنا۔ ٹھہرانا (۲) مکان یا سرائے میں جگہ دینا۔ قیام کرانا (۳) مارنا۔ لگانا۔

ٹکاؤ (ٹکا۔ؤ) (ھ) (عو) دیرپا۔ پائیدار۔ مضبوط۔

ٹکاؤ (ھ) مذکر۔ سکونت۔ ٹھہراؤ۔ قیام۔ استقرار۔

ٹکٹ (ٹِکَٹ) (انگ TICKET ، مذکر) (۱) پرچہ۔ نشان۔ رقعہ۔ پاس۔ اجازت کا پرچہ (۲) ... (۳) بکنے والوں کا پتہ۔ لیبل۔ چیپک (۳) بکنے والے مال کے اوپر کا پرچہ۔ چٹھی (۴) فیس۔ چندہ۔ قیمت۔ اجرت (۵) اسٹامپ۔ ڈاکخانہ کے محصول کا اسٹامپ (۶) ٹیکس۔ محصول۔ لگان۔ جزیہ۔ سوداگری کے مال کا خاص محصول (۷) ریل کا ٹکٹ۔

ٹکٹ لگانا (ف) (۱) [illegible] چسپاں کرنا۔ (۲) محصول یا ٹیکس لگانا ۔

ٹکٹکی (ٹِکٹ۔ ٹِکی) (ہ) مؤنث (۱) برابر دیکھے جانا۔ گھورنا۔ نظر۔ نظارہ۔ وہ تپائی جس سے مجرموں کے ہاتھ پاؤں باندھ کر کوڑے یا بید مارتے ہیں ۔

ٹکٹکی باندھنا (ف) برابر دیکھے جانا۔ تاکنا۔ گھورنا۔ آنکھیں لڑانا ۔

ٹکٹکی سے باندھنا (ف) تپائی سے باندھ کر بید مارنا ۔

ٹکٹھی (ٹِکٹ۔ ٹھی) (ہ) مؤنث۔ وہ تین کڑیاں جن سے مجرم کو باندھ کر بید لگاتے ہیں ۔

ٹکر (ٹکَ۔ کَر) (ہ) مؤنث (۱) دھکا۔ صدمہ۔ ٹھوکر۔ دو چیزوں کا لڑ جانا (۲) مقابلہ۔ برابری ہمسری (۳) مقابل ہمسر۔ ہم پایہ۔ برابر کا جوڑ (۴) نقصان۔ ضرر ۔

ٹکر کھانا (ف) (۱) لڑ جانا۔ ٹکرانا۔ باہم دھکا کھانا (۲) صدمہ اٹھانا (۳) نقصان اٹھانا (۴) ضرب کھانا۔ چوٹ لگنا۔ (۵) بھڑنا۔ لڑنا۔ ہمسر اور مقابل ہونا ۔

ٹکر لڑنا (ف) سر لڑانا۔ ماتھے سے ماتھا لڑانا ۔

ٹکر مارنا (ف) (۱) سر مارنا۔ سر پٹکنا (۲) دکھاوے کی نماز پڑھنا۔ (۳) کوشش کرنا۔ بے فائدہ کوشش کرنا (۴) سر سے لڑنا ۔

ٹکرانا (ف) (۱) ٹکر کھانا۔ لڑ جانا (۲) کسی چیز سے سر مارنا۔ ٹکر لگانا (۳) ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا (۴) حیران و سرگردان پھرنا۔ (۵) اندھیرے یا اندھیری جگہ میں ڈھونڈنا ۔

ٹکڑ (ٹکَ۔ کَڑ) (ہ) مذکر۔ موٹی اور سخت روٹی ۔

ٹکڑ گدا (ا) مذکر۔ بھکاری۔ بھیک مانگنے والا ۔

ٹکڑا (ٹکَ۔ ڑا) (ہ) مذکر (۱) حصّہ۔ بھاگ۔ پرچہ۔ پرزہ (۲) روٹی کا نوالہ۔ لقمۂ نان۔ رزق ۔

ٹکڑا توڑ کر۔ یا۔ ٹکڑا سا جواب دینا (ف) سخت جواب دینا۔ صاف انکار کر دینا۔ بے مروّت ہو کر جواب دینا ۔

ٹکڑا دینا (ف) (۱) روٹی کا ٹکڑا فقیر وغیرہ کو دینا (۲) رزق دینا۔ وظیفہ دینا ۔

ٹکڑا سا توڑ کر ہاتھ میں دینا (ف) سخت و درشت جواب دینا۔ دو ٹوک جواب دینا ۔

ٹکڑا مانگنا (ف) بھیک مانگنا۔ گدائی کرنا ۔

ٹکر ٹکر (ٹکَر ٹکَر) (ف) (۱) حیرانی سے (۲) حیرت سے ۔

ٹکر ٹکر دیدم دم نہ کشیدم (ف۔ ف) (عو) حیرت سے کسی امر کو دیکھ کر خاموش ہو جانا ۔

ٹکر ٹکر دیکھنا (ف) (عو) (۱) شوق یا حسرت کی نگاہ سے دیکھنا (۲) حیرت سے دیکھنا ۔

ٹکڑوں پر پڑنا (ف) پرائی روٹی پر پڑنا۔ مفت کی روٹیاں کھانا ۔

ٹکڑی (ٹکَ۔ ڑی) (ہ) مؤنث (۱) شیشے یا آئینے کا ٹکڑا (۲) کبوتروں کا جھلڑ۔ جانوروں کا غول (۳) گروہ۔ دستہ (۴) کپڑے کا تھان (۵) پورن ماشی کا میلہ ۔

ٹکڑے اُڑانا (ف) پرزے اڑانا۔ کھال اڑانا ۔

ٹکڑے پکانا (ف) سوکھی روٹی یا نان کو توڑ کر قند یا شکر اور گھی میں پکانا ۔

ٹکڑے توڑنا (ف) مفت کی روٹیاں کھانا۔ کسی کے دسترخوان پر ہمیشہ مفت کی روٹیاں کھانا ۔

ٹکڑے کرنا (ف) (۱) پرزے کرنا۔ توڑنا ۔

ٹکسا (ٹکَ۔ سا) (ہ) (گنوار) ذرا سا۔ رتی بھر ۔

ٹکسال (ٹکَ۔ سال) (ہ) مؤنث۔ سکّہ خانہ۔ روپیہ پیسہ بنانے کا محکمہ ۔

ٹکسال باہر (ف) (۱) وہ روپیہ پیسہ جسے دار الضرب میں نہ بنایا گیا ہو (۲) غیر معتبر۔ غیر مستند ۔

ٹکسال چڑھنا (ف) (۱) کھوٹا کھرا پرکھا جانا (۲) کسی فن میں استاد تسلیم ہونا ۔

ٹکسال کا کھوٹا (ف) بدذات۔ کمینہ ۔

ٹکسالی (ہ) مذکر (۱) ٹکسال کا داروغہ (۲) کھرا۔ اصیل۔ درست۔ آزمایا ہوا ۔

ٹکسالی بات (ف) مؤنث۔ پکی اور جچی ہوئی بات۔ کھری بات ۔

ٹکسالی بولی۔ یا۔ زبان (ف) مؤنث۔ مانی ہوئی اور فصحا و اہلِ زبان کی تسلیم کی ہوئی زبان ۔

ٹکلی (ٹِک۔ لی) (ہ) مؤنث (۱) بندی۔ ماتھے کا زیور۔ ستارہ (۲) چھوٹی سی روٹی (۳) دھات کا چھوٹا گول ٹکڑا۔

ٹکنا (ٹکَ۔ نا) (ہ) (۱) سِلنا۔ ٹانکا جانا (۲) سوزن یا ریتی کے خار نکلنا ۔

ٹِکنا (ٹِک۔ نا) (ہ) (۱) ٹھہرنا۔ قیام کرنا (۲) نیچے بیٹھنا ۔

ٹکوا (ٹکَ۔ وا) (ہ) مذکر (۱) چارا کاٹنے کا اوزار (۲) کلہاڑی کی طرح کا ایک اوزار ۔

ٹکور (ٹکُور) (ہ) مؤنث (۱) چوٹ۔ ٹھیس (۲) سینک ۔

ٹکورا (ہ) مذکر۔ ڈنکا۔ نوبت کی آواز ۔

ٹکورنا (ف) سینکنا۔ پوٹلی سے سینکنا ۔

ٹکہائی۔ ٹکہیائی (ٹکَ۔ ہا۔ ئی) ٹکہ۔ یا۔ ئی (ہ)

مؤنث۔ ادنیٰ درجے کی رنڈی۔
ٹکی (ٹِک۔کی) (ہ) مؤنث (۱) چھوٹی روٹی۔ ٹکیا (۲) تھوڑی آمدنی۔ گزارا (۳) اثر۔ رسوخ۔
ٹکی لگاتا (ہ) (۱) روٹی پکانا یا تنور میں لگانا (۲) اپنا کام بن جانا (۳) تھوڑا کمانا (۴) کسی تعلق کی وجہ سے کچھ حاصل کرنا۔
ٹکی لگنا (ہ) فائدہ حاصل ہونا۔ کامیاب ہونا۔
ٹکیا (ٹِک۔یا) (ہ) مؤنث (۱) چھوٹی روٹی (۲) قرص۔ چکتی (۳) تمباکو کی گول ٹکی (۴) گدی (۵) (عو) ماتھا۔ پیشانی کے اوپر کا حصہ۔
ٹکے کی نہاری میں ٹاٹ کا ٹکڑا (ہ) مثل۔ کم خرچ کرنے سے زیادہ فائدہ نہیں مل سکتا۔
ٹکے گز کی چال چلنا (ہ) میانہ روی اور کفایت شعاری سے اوقات بسر کرنا۔
ٹکے گننا (ہ) ٹکے کا کڑکے سے بولنا۔
ٹکینہ (ٹِکی۔نہ) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا ہلکا سا ٹیکس جو چرائی پر لگایا جاتا ہے۔
ٹگھلانا (ٹِگھ۔لا۔نا) (ہ) گلانا۔ پگھلانا۔ پتلا کرنا۔
ٹگھلنا (ٹِگھل۔نا) (ہ) گلنا۔ پگھلنا۔

ٹ ۔ ل

ٹل (ٹَل) (ہ) ٹلنا کا امر۔
ٹل جانا (ہ) سرک جانا۔ ہٹ جانا۔ غائب ہو جانا۔
ٹلا (ٹَل۔لا) (ہ) مذکر۔ دھکا۔ ٹھوکر۔ ضرب۔
ٹلانویسی ۔ ٹلے نویسی (ا) مؤنث (۱) دھکے کھانا۔ (۲) ناجائز خدمت (۳) لاحاصل اور بے سود کام۔ (۴) بے کاری۔ آوارگی۔
ٹلانا (ٹلا۔نا) (ہ) دیکھو "ٹالنا"۔
ٹلٹلانا (ٹل۔ٹلا۔نا) (ہ) دست آنا۔ آواز گوز آنا۔
ٹلکنا (ٹلک۔نا) (ہ) آہستہ آہستہ چلنا۔
ٹلم (ٹِل۔لم) (ہ) (۱) مہمل۔ فضول۔ بیکار (۲) مذکر۔ بیکار مرد۔
ٹلنا (ہ) (۱) جگہ سے ہٹنا۔ سرکنا۔ الگ ہونا (۲) غائب ہونا (۳) بہانے سے چلا جانا (۴) آہستہ آہستہ چلا جانا (۵) گزرنا۔ مرنا۔
ٹلوا (ٹِل۔وا) (ہ) مذکر (۱) خوشامدی۔ چاپلوس (۲) (حقارتاً) چھوٹا سا اور پستہ قد آدمی۔

ٹلی ٹلی (ٹِلی۔ٹِلی) (ہ) مؤنث۔ بچے کی انگلی نچا کر چڑانے کی آواز۔
ٹلیں (ٹِل۔لیں) (ہ) مؤنث۔ گپتیں۔ زٹل۔
ٹلیں مارنا (ہ) (عوام) زٹل اڑانا۔ گپتیں مارنا۔

ٹ ۔ م

ٹما (ٹِم۔ما) (ہ) مذکر۔ ٹھگنا اور کم رو آدمی۔
ٹمارخ ۔ ٹماک (ہ) مؤنث (عو) (۱) عورتوں کی نخوت۔ (۲) شان و شوکت۔ بناؤ سنگار۔
ٹمبر (ٹِم۔بر) (انگ۔ TIMBER) مؤنث (۱) عمارت کی لکڑی۔ شہتیر (۲) تنہ۔
ٹمبر مرچنٹ (انگ۔ TIMBER MERCHANT) مذکر۔ سوداگر چوب عمارتی۔
ٹمپرنس (ٹم۔پرنس) (انگ۔ TEMPERANCE) مؤنث۔ پرہیزگاری۔ پرہیز۔ اعتدال۔
ٹمپرنس سوسائٹی (انگ۔ TEMPERANCE SOCIETY) مؤنث۔ محکمہ یا ادارہ جو نشہ آور چیزوں کے استعمال کی روک تھام کے لئے ہو۔
ٹمپریچر (ٹم۔پرے۔چر) (انگ۔ TEMPERATURE) مذکر (۱) گرمی اور سردی کی کیفیت یا درجہ (۲) موسم۔
ٹمٹم (ٹم۔ٹم) (ہند) (انگ۔ ٹینڈم TANDEM) مؤنث۔ دو پہیے کی انگریزی گاڑی جس پر سایہ وغیرہ نہیں ہوتا۔
ٹمٹمانا (ہ) (۱) کم کم روشنی دینا۔ چراغ کا بجھنے کے قریب ہونا۔
ٹمٹماہٹ (ٹم۔ٹما۔ہٹ) (ہ) مؤنث۔ ہلکی روشنی۔ جھلملاہٹ۔

ٹ ۔ ن

ٹن (ٹَن) (ہ) مؤنث (۱) گھنٹے یا کسی دھاتی ظرف کی آواز۔ جھنکار (۲) غرور۔ گھمنڈ۔ شیخی (۳) تریخ۔ ملاس سخن۔
ٹن ٹن (ہ) مؤنث۔ دھاتی برتن یا گھنٹے کی آواز۔
ٹن (ٹَن) (انگ۔ TON) مذکر۔ ۲۸ من یا ۲۲۴۰ پونڈ کا وزن۔
ٹن (ٹِن) (انگ۔ TIN) مذکر۔ دیکھو "ٹین"۔

ٹَنّا (ٹَنّا) (ھ) مذکر۔ فرج۔ عورت کا اندامِ نہانی۔
ٹَنّا (ٹَن۔نا) (ھ) مذکر۔ وہ لکڑی جس میں پھل لگا ہوا ہوتا ہے۔ ڈالی۔ پھل کی شاخ۔
ٹَنٹا (ٹَن۔ٹا) (ھ) مذکر۔ جھگڑا۔ فساد۔ قضیہ۔ ردّ و بدل۔
ٹُنٹا (ٹُن۔ٹا) (ھ) مذکر۔ ہاتھ کٹا آدمی۔ ایک ہاتھ کا آدمی۔ لُنجا۔
ٹَنٹنانا (ھ) گھنٹہ بجانا۔ ٹن ٹن کرنا۔
ٹُنچ (ٹُنچ) (ھ) حقیر۔ خفیف۔ ذرا سا۔ کم ظرف۔
ٹُنچ بھڑانا۔ یا۔ لڑانا (ھ) (۱) تھوڑے سرمائے سے بڑا کام کرنا (۲) آہستہ آہستہ جینا۔
ٹَنچ (ٹَنچ) (ھ) (۱) مستعد۔ تیار۔ آمادہ (۲) بخیل۔ سنگ دل۔
ٹِنچن۔ ٹَنچن (ٹِن۔چن۔ ٹَن۔چن) (انگ۔ اٹن شن ATTENTION کا مخرّب) (۱) (لغوی معنی) دھیان۔ توجّہ۔ خیال (۲) (اصطلاحی) لیس۔ تیار۔ حاضر۔ موجود۔ مستعد۔ آمادہ۔
ٹَنڈ (ٹَنڈ) (ھ) مذکر۔ مٹی کا لوٹا جو رہٹ میں کام دیتا ہے۔
ٹُنڈ (ٹُنڈ) (ھ) مذکر۔ کٹا ہوا ہاتھ یا شاخ۔
ٹُنڈا (ھ) بے ہاتھ کا۔ وہ شخص جس کا ہاتھ کٹ ہوا ہو۔
ٹِنڈا (ٹِن۔ڈا) (ھ) مذکر (۱) ایک قسم کی گول ترکاری۔ (۲) (طنزاً) موٹا اور ٹھنگنا آدمی۔
ٹِنڈر (ٹِن۔ڈر) (انگ TENDER) مذکر۔ ٹھیکے کی درخواست۔ نرخ کی گزارش۔
ٹَنڈوار (ٹَنڈ۔وار) (ھ) مؤنث۔ کڑیاں جو مکان کی دیواروں میں چھت کے نیچے چادر باندھنے کے لئے لگا دیتے ہیں۔
ٹُنڈی (ھ) (۱) ناف (۲) بازو۔ ڈنڈ (۳) وہ عورت جس کا ایک ہاتھ نہ ہو۔
ٹُنڈیاں باندھنا۔ یا۔ کسنا (ھ) مشکیں باندھنا۔ ہاتھ اور بازوؤں کو جکڑنا۔
ٹِنڈیل (ٹِن۔ڈیل) (ھ) مذکر (۱) میگزین کا داروغہ (۲) خلاصیوں یا قلیوں کا افسر۔
ٹَنک (ٹَنک) (ھ) مؤنث (۱) سخت آواز (۲) جھنکار۔ ٹن ٹن۔ دھات وغیرہ کے برتن اور گھنٹے کی آواز (۳) ٹیک۔ ٹیس (۴) ہمت۔ دلیری۔ جوش۔
ٹَنکار (ٹَن۔کار) (ھ) مؤنث (۱) جھنکار (۲) تانت یا غلیل کی آواز۔
ٹَنکارنا (ھ) بجانا۔ آواز نکالنا۔ چینی یا گلی ظرف کو بجا کر ٹوٹا اور ثابت دیکھنا۔
ٹَنگ۔ ٹَنگڑی (ھ) مؤنث (۱) ٹانگ کا مخفف۔ (۲) ٹانگ کی تصغیر۔
ٹُنگار (ٹُنگار) (ھ) مؤنث (۱) تھوڑا تھوڑا کھانا (۲) ٹھونگنا (۳) پھل توڑنا۔
ٹَنگڑی پر اڑانا (ھ) (۱) ٹانگ کے داؤں سے گرانا۔ اڑنگا مارنا۔
ٹَنگنا (ٹَنگ۔نا) (ھ) (۱) لٹکنا (۲) پھانسی پر چڑھنا (۳) (ہندو) لکڑی جس پر کپڑے وغیرہ لٹکائے جائیں۔
ٹُنہایا (ٹُن۔ہا۔یا) (ھ) مذکر۔ جادوگر۔ ٹونا کرنے والا۔

ٹ۔و

ٹُوپ (ٹوپ) (ھ) مذکر (۱) بڑی ٹوپی۔ روئی دار ٹوپی جو اکثر جاڑوں میں پہنتے ہیں (۲) خود۔ وہ لوہے کی ٹوپی جو لڑائی کے وقت پہن لیتے ہیں (۳) غلاف۔ پوشش (۴) انگشتانہ۔
ٹوپا (ھ) (۱) کنٹوپ۔ روئی دار ٹوپی (۲) (پ) اناج ناپنے کا ایک پیمانہ۔
ٹوپا بھرنا (ھ) (عو) سینا۔ ٹانکا لگانا۔
ٹوپی (ھ) مؤنث (۱) کلاہ۔ تاج (۲) بندوق کا پٹاخا۔ (۳) وہ تھیلی جو شکاری جانور کے منہ پر چڑھا دیتے ہیں (۴) حشفہ۔ سپاری (۵) پھل کے اوپر کا خول۔
ٹوپی اچھالنا (ھ) (۱) خوشی میں کودنا (۲) پگڑی اچھالنا۔ بے عزتی کرنا۔
ٹوپی بدل بھائی (ھ) مذکر۔ وہ دوست جسے ٹوپی بدل کر دینی یا دینوی بھائی بنایا گیا ہو۔
ٹوپی بدلنا (ھ) کسی کو بھائی بنانا۔ بھائی چارا کرنا۔
ٹوپی دار بندوق (ھ) مؤنث۔ وہ بندوق جو پٹاخے سے چلے۔ پٹاخہ دار بندوق۔
ٹوپی دینا (ھ) ٹوپی اوڑھنا۔
ٹوپی سے بھی مشورہ کرنا چاہیئے (ھ) مثل۔ بے مشورہ کوئی کام نہیں کرنا چاہیئے۔ اگر آدمی نہ ملے تو ٹوپی ہی سہی۔
ٹوپی والا (ھ) مذکر (۱) ٹوپی پہننے والا (۲) (مجازاً)

فرنگی - انگریز۔

ٹوٹ (ٹُوٹ) (ا) مؤنث (۱) پھوٹ - شکستگی (۲) وہ عبارت یا بچا ہوا فقرہ جو حاشیہ پر لکھ دیتے ہیں - تکملہ۔

ٹوٹ پڑنا (ف) (۱) ہمہ تن مصروف ہو کر کسی کام میں لگ جانا (۲) حملہ کرنا - دھاوا کرنا (۳) گر پڑنا۔

ٹوٹ پھوٹ کر ملنا - یا - ایک ہونا (ف) ایک جان ہو کر ملنا - ریزہ ریزہ ہو کر ملنا

ٹوٹ جانا (ف) (۱) شکستہ ہو جانا - پھوٹ جانا - (۲) علیحدہ ہو جانا - جدا ہو جانا (۳) بیماری سے کمزور ہو جانا (۴) کنوئیں میں پانی کم ہونا (۵) کمی ہو جانا - (۶) دشمن ہو جانا۔

ٹوٹ کر برسنا (ف) شدت سے بارش ہونا - موسلا دھار مینہ پڑنا۔

ٹوٹ کر گرنا (ف) (۱) چاروں طرف سے گرنا (۲) ہجوم کر کے حملہ کرنا۔

ٹوٹا (ص) (۱) شکستہ - ناقص (۲) خستہ - تھکا ہوا (۳) مفلس - بے زر۔

ٹوٹا باسن کسیرے کے سر (ف) مثل - خراب برتن فوراً مالک کو واپس کر دیا جاتا ہے

ٹوٹا پھوٹا (ص) شکستہ - ناقص

ٹوٹا (ٹو-ٹا) (ا) مذکر (۱) بانس کا ٹکڑا (۲) چربی کی بتی کا بچا ہوا ٹکڑا (۳) نقصان - خسارہ (۴) (ہندی) کمی - توڑا (۵) معاوضہ - ہرجانہ (۶) ایک قسم کی آتشبازی۔

ٹوٹا اٹھانا - یا - سہنا (ف) خسارہ اٹھانا - نقصان اٹھانا۔

ٹوٹا بھرنا - یا - دینا (ف) تاوان بھرنا - نقصان پورا کرنا۔

ٹوٹا پڑنا (ف) (۱) کمی ہونا - توڑا ہونا (۲) نقصان ہونا - خسارہ ہونا

ٹوٹرو (ٹُوٹ-رُو) (ا) مذکر (۱) ایک قسم کا پرند جو فاختہ سے چھوٹا اور دبلا پتلا ہوتا ہے (۲) بھنگ کا فضلہ۔

ٹوٹروسا (ص) مذکر - اکیلا - تنہا - واحد۔

ٹوٹروسا دم (ا) مذکر (عو) اکیلا دم - تن تنہا۔

ٹوٹکا (ٹُوٹ-کا) (ا) مذکر - لٹکا - جادو - ٹونا - طلسم - سحر۔

ٹوٹکا کرنا (ف) جادو کرنا - ٹونا کرنا۔

ٹوٹکا کرنے آنا (ف) (عو) جلد آکر جلد چلے جانا - کھڑے کھڑے آنا۔

ٹوٹکے والی (ا) مؤنث - وہ عورت جو بچے پر جادو ٹونا کرتی پھرے۔

ٹوٹل (ٹو-ٹل) (انگ TOTAL) مذکر - میزان۔

ٹوٹن (ا) مؤنث (عو) (۱) کسی چیز کا ٹوٹا ہوا حصہ (۲) ٹکڑا

ٹوٹن (ٹو-ٹن) (ا) مذکر - لڑائی کے مرغ کی چونچ

ٹوٹنا (ف) (۱) شکستہ ہونا - ٹکڑے ہونا (۲) مل کر حملہ آور ہونا (۳) گرنا - جھکنا (۴) کانٹے کا ہونا - پیدا ہونا - الگ ہونا (۵) کم ہونا (۶) پھوٹنا (۷) کمزور ہونا (۸) مفلس ہو جانا (۹) اعضا شکنی ہونا - پھل اترنا - (۱۱) موت آنا (۱۲) کوئی واقعہ ہونا (۱۳) تباہ و برباد ہونا۔

ٹوٹی بانہہ گلے پڑنا (ف) دوسرے کا بوجھ اپنے ذمے لینا - کسی اپاہج یا غریب کا خرچ اپنے اوپر لینا

ٹوڈی (ٹو-ڈی) (انگ TODDY) چاپلوس - خوشامدی - کاسہ لیس

ٹوڈی بچہ (ا) خوشامدی - چاپلوس - کاسہ لیس۔

ٹور (ٹُور) (انگ TOUR) مذکر - دورہ - گشت

ٹورا (ٹو-را) (ص) (۱) بدوضع - ناموزوں (۲) ٹھگنا - بونا۔

ٹورنامنٹ (انگ TOURNAMENT) مذکر کھیلوں کی سالانہ تقریب۔

ٹوری (ٹو-ری) (انگ TORY) مؤنث (۱) برطانوی پارلیمنٹ کی قدامت پسند جماعت (۲) ایک راگنی۔

ٹوڑا (ٹو-ڑا) (ا) مذکر - لکڑی کا ٹکڑا جو چھجے میں لگایا جاتا ہے

ٹوڑی (ٹوڈی) (ٹو-ڑی - ٹو-ڈی) (ا) مؤنث - ایک راگنی۔

ٹوسا (ٹو-سا) (ا) مذکر (گنوار) ٹوڈا - آکھ کا پھول (۲) ریشہ - پھوسڑا۔

ٹوسٹ (ٹوسٹ) (انگ) مذکر (۱) ڈبل روٹی کا چوڑا ٹکڑا (۲) صحت کا جام۔

ٹوک (ٹوک) (ا) مذکر (ہندی) ٹکڑا - پارچہ۔

ٹوک (ٹوک) (ہ) مؤنّث (عو) (۱) نظر گزر (۲) مزاحمت۔ تعرّض۔

ٹوک ٹاک (ہ) مؤنّث (عو) روک ٹوک۔ مزاحمت۔ دیکھ بھال۔

ٹوکرا (ٹوک۔ رَا) (ہ) مذکّر (۱) بانس یا جھاؤ وغیرہ کا بنا ہُوا کھانچا (۲) ایک قسم کی چھوٹی کشتی۔ ڈونگا۔

ٹوکری (ہ) مؤنّث۔ ٹوکرا کی تصغیر۔ بانس یا جھاؤ وغیرہ کی چھوٹی کھانچی۔ ڈلیا۔

ٹوکری ڈھونا (ہ) قلی کا کام کرنا۔ ادنیٰ درجے کی مزدوری کرنا۔

ٹوکرے پر ہاتھ رہنا (ہ) (گنوار) عزّت رہنا۔ بھرم بندھا رہنا۔

ٹوکم ٹاک (ہ) (عو) ٹھیک وزن میں۔ کم نہ زیادہ۔

ٹوکم ٹاکا (ہ) مذکّر (عو) لڑائی جھگڑے کی بات چیت۔

ٹوکنا (ہ) مذکّر (۱) (ہندو) پانی رکھنے کا ایک بڑا برنجی ظرف (۲) روکنا۔ مزاحم ہونا (۳) پوچھنا۔ دریافت کرنا (۴) نظر لگانا۔ حسد کرنا۔

ٹوکی (ٹو۔ کِی) (ہ) مؤنّث (گنوار) (عو) وہ کپڑا جو جاکٹ کے اوپر لگایا جاتا ہے۔

ٹوِل (ٹوِل) (مشدّد) (انگ۔ ٹوِل TWILL) ایک قسم کا کپڑا جس کی بناوٹ کھیس کی وضع پر ہوتی ہے۔ اور عموماً قمیص وغیرہ کے کام آتا ہے۔

ٹول (ٹوَل) (ہ) مذکّر (عوام) (۱) صدمہ۔ دھکّا (۲) ٹھٹھہ۔ (۳) گروہ۔ جتھا (۴) چھوٹا گاؤں۔

ٹول (ٹوَل) (انگ TOLL) مذکّر۔ چُنگی کا محصول۔

ٹول کلکٹر (انگ - TOLL COLLECTOR) مذکّر۔ محصول وصول کرنے والا۔

ٹولا (ٹو۔ لَا) (ہ) مذکّر (۱) (پورب) (۱) محلّہ۔ کوچہ (۲) سنگریزہ۔ روڑا (۳) بڑی کوڑی۔ کوڑا۔

ٹولی (ٹو۔ لِی) (ہ) مؤنّث (۱) گروہ۔ جتھا۔ جماعت۔ طائفہ۔ (۲) پتھر کی سل۔

ٹوم (ٹوم) (ہ) مؤنّث (۱) گہنا۔ زیور۔ سنگار (۲) خوبصورت عورت (۳) مال دار عورت (۴) چالاک اور ہوشیار آدمی۔ چلتا پرزہ (۵) بازاری لونچی۔

ٹوم ٹام (ہ) مؤنّث (۱) گہنا پاتا۔ چھوٹا موٹا زیور (۲) اِکا دُکا۔ کوئی کوئی۔

ٹوم چھلا (ہ) مذکّر۔ ادنیٰ درجے کا زیور۔

ٹوں (ٹوں) (ہ) مؤنّث۔ گوز کی آواز۔ پدّ۔

ٹون (انگ) دیکھو "ٹاؤن"۔

ٹون ڈیوٹی (انگ) دیکھو "ٹاؤن ڈیوٹی"۔

ٹون ہال (انگ) دیکھو "ٹاؤن ہال"۔

ٹونا (ٹو۔ نَا) (ہ) مذکّر (۱) جادو۔ منتر۔ سحر (۲) (عو) ایک قسم کا گیت جو منادی میں گایا جاتا ہے۔

ٹونٹ (ٹونٹ) (ہ) مؤنّث (عوام) چونچ۔

ٹونٹا (ٹوں۔ ٹَا) (ہ) مذکّر (۱) بانس کا ٹکڑا (۲) ایک قسم کی آتشبازی۔

ٹونٹی (ٹوں۔ ٹِی) (ہ) مؤنّث (۱) آبریز۔ پرنالہ (۲) لوٹے بدھنے وغیرہ کی نالی جس میں سے پانی نکالتے ہیں۔

ٹونڈی (ٹوں۔ ڈِی) (ہ) مؤنّث (۱) (پورب) ناف (۲) گاجر۔ مولی وغیرہ کی ناف۔

ٹونگنا (ٹونگ۔ نَا) (ہ) تھوڑا تھوڑا کھانا۔ ایک ایک دانہ اٹھا کر کھانا۔

ٹوہ (ٹوہ) (ہ) مؤنّث۔ ٹٹول۔ تلاش۔ ڈھونڈ۔ جستجو۔ دیکھ بھال۔

ٹوہ رکھنا (عو) خیال رکھنا۔ خبر رکھنا۔ تلاش رکھنا۔

ٹوہ لگانا (ہ) کھوج لگانا۔ خبر لگانا۔ پتہ لگانا۔

ٹوہ میں رہنا (ہ) (عو) (۱) تلاش میں رہنا (۲) عیب جوئی کے درپے رہنا۔

ٹوہا ٹوہی (ہ) مؤنّث۔ چھان بین۔ دیکھ بھال۔ تلاش۔ تجسّس۔

ٹوہنا (ہ) (۱) ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا (۲) ہاتھ ڈالنا۔ چھیڑنا۔

ٹوہیا (ہ) مذکّر۔ تلاش کرنے والا۔ جاسوس۔ مخبر۔ خبر رساں۔

ٹوئی (ٹو۔ ئِی) (ہ) مؤنّث (ہندو) نیزے کی پوری۔ قلم۔

ٹوئیاں (ٹُو۔ ئیاں) (ہ) (۱) ننھا سا۔ بونا (۲) ایک قسم کا چھوٹا طوطا۔

ٹھ - ھ

ٹھا (ٹھا) (ہ) مؤنّث (۱) (ہندو) جگہ۔ استھان۔ مکان۔ مقام (۲) مدھم آواز (۳) متوسط آواز میں گانا بجانا۔

ٹھاٹ - ٹھاٹھ (ٹھاٹ + ٹھاٹھ) (ہ) مذکر (۱) بانس کا چوکھٹا۔ ڈھانچا (۲) فیشن۔ انداز۔ طور۔ طریقہ (۳) زیب و زینت۔ شان و شوکت (۴) جلوس۔ آرائش۔ (۵) پٹا بازوں کے پٹا کھیلنے کا انداز۔ پینترا (۶) اسباب۔ مال و متاع۔ جائداد (۷) کبوتروں کا خوشی میں پروں کو جھڑ پھڑانا (۸) ستار کی کھونٹی کا درست کرنا (۹) مرغ کا مرغ سے لڑنے کو بڑھتے وقت کا انداز (۱۰) بہتات۔ کثرت۔ افراط (۱۱) ساز و سامان۔ تکلف (۱۲) ہنگامہ۔ دھوم دھام (۱۳) آرام۔ چین۔

ٹھاٹ باندھنا (ہ) (۱) ٹٹی باندھنا (۲) پٹا بازوں کا چوب بازی کے قاعدے سے کھڑا ہونا۔

ٹھاٹ بدلنا (ہ) (۱) نیا انداز بدلنا (۲) دوسرے انداز سے کھڑا ہونا (۳) طرز بدلنا۔

ٹھاٹ مارنا (ہ) دریا کی لہروں کا زور سے چلنا۔ پانی کا آواز دینا۔

ٹھاٹر (ٹھا۔ ٹر) (ہ) مذکر (۱) ڈھانچ۔ ٹٹی۔ جعفری (۲) کبوتروں اور لڑائی کے مرغوں کے رہنے کا جال۔ کبوتر خانہ (۳) روشنی کرنے کی ٹٹی جو اکثر خوشی یا دیوالی کے موقع پر بنائی جاتی ہے۔

ٹھاٹر بندی (ا) مؤنث۔ روشنی کی ٹٹیوں کا باندھنا۔

ٹھاڈا - ٹھاڑا (ٹھا۔ ڈا + ٹھا۔ ڑا) (ہ) (۱) کھڑا ہوا۔ استادہ (۲) طاقتور۔ مضبوط۔ ہٹا کٹا۔ زور آور۔

ٹھاری (ٹھا۔ ری) (ہ) مؤنث۔ لکڑی جو لکڑی پھینکنے والے لڑائی میں ایک دوسرے کے سر پر مارتے ہیں۔

ٹھاکر (ٹھا۔ کر) (ہ) مذکر (۱) دیوتا۔ دیوتا کی مورت۔ (۳) سوامی۔ مالک۔ خداوند۔ سردار۔ زمیندار۔ (۴) راجپوت۔ چھتری (۵) نائی۔ حجام (۶) مالدار۔ دولت مند۔

ٹھاکر دوارہ (ہ) مذکر۔ دیو استھان۔ وہ جگہ جہاں ٹھاکر جی کی مورت رہتی ہے۔ مندر۔

ٹھاکر سیوا (ہ) مؤنث (۱) دیوتا کی پرستش (۲) وہ جاگیر یا زمین جو مندر کے لئے وقف ہو۔

ٹھال (ٹھال) (ہ) مؤنث (۱) بے کاری (۲) (گنوار) فرصت۔

ٹھالا (ہ) (ہندو) (۱) بیکار (۲) جسے چھٹی ہو۔

ٹھالی (ہ) مؤنث (ہندو) خالی۔ بے کار۔ بے روزگار۔

ٹھالی بنیا تولے باٹ (ہ) بیکاری میں نکمے کام کرنا۔

ٹھاں (ٹھاں) (ہ) مذکر۔ بندوق کی آواز۔

ٹھاں ٹھاں - یا - ٹھائیں ٹھائیں ہونا (ہ) (۱) بندوق چلنا (۲) لگاتار آواز ہونا۔

ٹھانسنا (ٹھانس۔ نا) (ہ) (۱) ٹھونسنا۔ خوب بھرنا (۲) گھسیڑنا۔ داخل کرنا۔

ٹھاننا (ٹھان۔ نا) (ہ) پکا ارادہ کرنا۔ منصوبہ باندھنا۔

ٹھاؤں (ٹھا۔ اؤں) (ہ) مؤنث (گنوار) استھان۔ جگہ۔ مقام۔ ٹھور ٹھکانا۔

ٹھائیں ٹھائیں (ٹھا۔ ایں + ٹھا۔ ایں) (ہ) مؤنث دیکھو "ٹھاں"۔

ٹھائیں ٹھائیں کرنا (ہ) تکرار کرنا۔

ٹھپا (ٹھپ۔ پا) (ہ) مذکر (۱) چھاپ۔ نقش۔ سکہ۔ کچھ نقش کرنے کا آلہ۔ چھاپنے کا آلہ۔ سانچا (۳) ایک قسم کا چوڑا منقش بادلے کا بنا ہوا اگوٹا۔ فیس۔

ٹھپا لگانا (ا) سکہ لگانا۔ نقش کرنا۔

ٹھٹ (ٹھٹ) (ہ) مذکر (عو) ہجوم۔ بھیڑ۔ انبوہ۔ اجتماع۔

ٹھٹ کے ٹھٹ (ہ) گروہ کے گروہ۔ بھیڑ بھاڑ۔

ٹھٹری - ٹھٹھری (ٹھٹ۔ ری۔ ٹھٹھ۔ ری) (ہ) مؤنث۔ بانس کا ڈھانچا۔

ٹھٹک (ٹھٹک) (ہ) (۱) ٹھٹکنا کا امر (۲) مؤنث۔ جھجک۔

ٹھٹکنا (ہ) چلتے چلتے حیرت یا خوف سے رک جانا۔ رکنا۔ ٹھہرنا۔ اٹک ہونا۔

ٹھٹھا (ٹھٹھ۔ ٹھا) (ہ) مذکر (۱) ہنسی۔ مذاق۔ تمسخر۔ ظرافت (۲) تضحیک۔ استہزا (۳) نہایت آسان اور سہل کام۔

ٹھٹھا اُڑانا (ہ) ہنسی اڑانا۔ رسوا کرنا۔ ذلیل کرنا۔ مسخرہ بنانا۔

ٹھٹھا لگانا - ٹھٹھا مارنا (ہ) (۱) کھلکھلا کر ہنسنا۔ قہقہہ مارنا (۲) چھیڑنا۔ ہنسی اڑانا۔

ٹھٹھرنا - ٹھرنا (ٹھٹھر۔ نا + ٹھر۔ نا) (ہ) (۱) اینٹھنا۔ اکڑنا۔ سرد ہونا (۲) سردی کے مارے سُن اور بے حس و حرکت ہونا (۳) درخت یا پودے یا انسان وغیرہ کا بڑھنے سے رک جانا (۴) سکڑنا۔ مرجھانا۔ (۵) کانپنا۔ کپکپانا۔

ٹھٹھکنا (ٹھِٹھک۔نا) (ہ) دیکھو "ٹھٹکنا" ۔

ٹھٹھول (ٹھَٹھُول) (ہ) مذکر (۱) ظریف۔ خوش طبع۔ مسخرہ (۲) ہنسی۔ ظرافت۔ مذاق ۔

ٹھٹھے بازی (ہ) مؤنث ہنسی۔ تمسخر۔ مذاق ۔

ٹھٹھے میں اُڑانا (ہ) مسخرا بنانا۔ ہنسی میں اڑانا ۔

ٹھٹھیرا۔ ٹھٹیرا (ٹھَٹھے۔رَا + ٹھٹے۔رَا) (ہ) مذکر۔ (۱) پیتل۔ کانسی۔ تانبے کے برتن بنانے اور بیچنے والا۔ کسیرا (۲) جوار یا باجرے کا ڈنٹھل ۔

ٹھٹھیرے ٹھٹھیرے بدلائی (ا) مثل۔ ہم پیشہ و ہم فن ہوشیار آدمیوں کا معاملہ۔ برابر کی ٹکر ۔

ٹھڈا (ٹھَڈ۔ڈَا) (ہ) مذکر (۱) پتنگ یا کنکوے کی بیچ کی موٹی تیلی۔ کھپچی (۲) پیٹھ کی ہڈی۔ ریڑھ کی ہڈی

ٹھڈا ٹوٹی (ہ) مؤنث۔ کبڑی۔ وہ عورت جس کی کمر جھک گئی ہو ۔

ٹھڈی (ٹھُڈ۔ڈِی) (ہ) مؤنث (گنوار) (۱) ٹھوڑی۔ ذقن۔ زنخدان (۲) بھنے ہوئے اناج کا وہ دانہ جو کھلا یا خستہ نہ ہوا ہو ۔

ٹھر (ٹِھر) (ہ) مؤنث۔ ٹھنڈ۔ پالا۔ خنکی۔ نہایت سردی ۔

ٹھرا (ٹھَر۔رَا) (ہ) مذکر (۱) دیسی اور خراب شراب کم نشے کی گھٹیل اور سستی شراب (۲) انگیا کے بند۔ (۳) کچی اینٹ۔ خراب اینٹ (۴) ایک قسم کا گنوارو جوتا ۔

ٹھس (ٹھُس) (ہ) (۱) ٹھوس۔ نگر (۲) بھاری۔ وزنی۔ (۳) ایک جگہ بیٹھے رہنے والا۔ سُست۔ (۴) وہ کھوٹا روپیہ جس میں جھنکار نہ ہو (۵) ضدّی۔ اڑیل ۔

ٹھس پن (ہ) مذکر۔ بھدّا پن۔ ایک جگہ جم جانا ۔

ٹھسّا (ٹھَس۔سَا) (ہ) مذکر (۱) غرور۔ گھمنڈ۔ دھوم دھام (۳) شان و شوکت۔ ٹھاٹ (۴) ناز و انداز ۔

ٹھسا ٹھس (ٹھَسا۔ٹھَس) (ہ) کھچا کھچ۔ خوب بھرا ہوا۔ لبریز۔ لبالب ۔

ٹھسک (ٹھَسَک) (ہ) مؤنث (۱) بھڑک۔ شان و شوکت (۲) ناز و انداز۔ خرام ناز (۳) کھانسی کی آواز ۔

ٹھسکا (ٹھَس۔کَا) (ہ) مذکر۔ کھانسی کی آواز۔ ٹھسک ۔

ٹھسکی (ٹھُس۔کِی) (ہ) مؤنث۔ پھُسکی ۔

ٹھسکنا (ٹھَسَک۔نا) (ہ) (۱) مٹی کے برتن میں ٹھیس سے دراز پڑ جانا (۲) گرا دینا۔ دے مارنا ۔

ٹھسکنا (ٹھُسَک۔نا) (ہ) بچوں کا بے آواز کے رونا ۔

ٹھسنا (ٹھُس۔نا) (ہ) بھرنا۔ سمانا۔ ایک چیز کا دوسری چیز میں بمشکل سمانا ۔

ٹھسوانا (ٹھُس۔وَا۔نا) (ہ) بھروانا۔ گھسڑوانا ۔

ٹھسی (ٹھُس۔سِی) (ہ) مؤنث۔ گلے کا ایک زیور جس میں کڑیاں اور گھنگرو ہوتے ہیں ۔

ٹھکانا (ٹھِکا۔نا) (ہ) مذکر (۱) جگہ۔ مقام (۲) پتہ۔ نشان (۳) (گنوار) رشتہ داری (۴) اعتبار۔ بھروسہ (۵) ملجا و ماوا۔ مرکز (۶) موقع۔ جائے وقوع (۷) جہان۔ برت (۸) سرحد۔ حد ۔

ٹھکانا کرنا (ہ) (۱) جگہ کرنا۔ ٹھہرنا۔ موقع تلاش کرنا۔ (۲) بیاہ کرنا۔ بیاہنا (۳) انتظام کرنا۔ بند و بست کرنا ۔

ٹھکانا لگانا (ہ) پتا لگانا۔ سُراغ لگانا ۔

ٹھکانے (ہ) ٹھکانا کی جمع ۔

ٹھکانے چکانا (ہ) (ہندو) کسی بڑھے کے مرنے پر نوکر چاکر کمین وغیرہ کو روپے تقسیم کرنا ۔

ٹھکانے کا آدمی (ا) مذکر۔ ہوشیار آدمی۔ عقلمند آدمی۔ بھلا مانس ۔

ٹھکانے کی بات (ہ) مؤنث۔ معقول بات۔ ٹھیک بات ۔

ٹھکانے لگانا (ہ) (۱) مطمئن کرنا۔ تسلی دینا (۲) کامیاب کرنا (۳) مار ڈالنا (۴) خرچ کر دینا (۵) کسی کام کو پورا کر دینا (۶) بیاہ کر دینا (۷) موقع پر خرچ کرنا۔ (۸) نوکر کرا دینا۔ پہنچانا ۔

ٹھکانے لگنا (ہ) (۱) مراد کو پہنچنا۔ کامیابی حاصل ہونا (۲) کام آنا۔ ضائع نہ ہونا (۳) مرنا۔ تمام ہونا۔ مارا جانا ۔

ٹھک ٹھک (ٹھَک۔ٹھَک) (ہ) مؤنث۔ لڑائی جھگڑا۔ بک بک ۔

ٹھکرا (ٹھِک۔رَا) (ہ) مذکر۔ ٹھیکرا ۔

ٹھکرانا (ٹھُک۔رَا۔نا) (ہ) ٹھوکر مارنا۔ روندنا۔ پامال کرنا ۔

ٹھکرائن (ٹھَک۔رَا۔ئِن) (ہ) مؤنث (۱) ٹھاکر کی بیٹی یا بیوی (۲) رادھا یا سیتا جی وغیرہ کی مورتی (۳) نائن۔ نائی کی بیوی ۔

ٹھکرائی (ٹھَک۔رَا۔ئِی) (ہ) مؤنث (۱) سرداری۔ حکومت

راج (۲) امیری - دولت مندی ٭

ٹھکری (ٹھک - ری) (ہ) مؤنث - چھوٹا ٹھیکرا - ٹھیکری ٭

ٹھکنا (ٹھک - نا) (ہ) (۱) گڑنا - اندر گھسنا (۲) پٹنا - مار کھانا - (۳) پچھڑنا - (۴) شکست کھانا (۵) نقصان اٹھانا - (۶) قید خانے میں جانا ٭

ٹھکو (ٹھک - کو) (ہ) مذکر (۱) ٹھوکنے والا - مارنے والا (۲) (بازاری) کسی کا آشنا ٭

ٹھکوانا (ٹھک - وا - نا) (ہ) (۱) (بازاری) جماع کرانا - بدفعلی کرانا (۲) جڑوانا ٭

ٹھگ (ٹھگ) (ہ) مذکر (۱) ٹھگنے والا - دغاباز - چور - مکار - فریبی (۲) رہزن - قزاق (۳) ایک قوم جس کا پیشہ مسافروں کو زہر یا پھانسی دے کر مار ڈالنا اور ہر طرح لوٹ لینا ہے (۴) یار مار - محسن کش ٭

ٹھگ لینا (ہ) دھوکا دینا - چھل دے کر لے لینا ٭

ٹھگائی (ہ) مؤنث - فریب - دھوکا ٭

ٹھگنا (ہ) (۱) فریب دینا - دھوکا دینا (۲) کسی چیز کو کم داموں میں خرید لینا (۳) چوری کرنا ٭

ٹھگنی (ہ) مؤنث (۱) ٹھگ کی جورو (۲) قزاقنی (۳) ٹھگنے والی - مکارہ (۴) کٹنی - دلالہ ٭

ٹھگوانا (ہ) (۱) فریب دلوانا (۲) کم داموں کی چیز کو زیادہ میں دلوا دینا ٭

ٹھگی (ہ) مؤنث (۱) قزاقی - رہزنی (۲) ٹھگ کا پیشہ (۳) ایک محکمہ جو ٹھگوں کا انسداد کرتا اور انہیں پکڑتا ہے - محکمۂ گیرائی ٭

ٹہل (ٹہل) (ہ) مؤنث (۱) خدمت - سیوا - کام - کاج - غلامی (۲) چل دے - رخصت ہو جا - دور ہو جا (۳) چہل قدمی - آہستہ آہستہ چلنا پھرنا ٭

ٹہل جانا (ہ) (۱) چل دینا - چلا جانا (۲) مر جانا - انتقال کرنا ٭

ٹہلانا (ہ) (۱) پھرانا - گھوڑوں کو پھیرا دینا (۲) ٹالنا - رخصت کرنا (۳) موقوف کرنا - نکالنا ٭

ٹہلنا (ہ) (۱) آہستہ آہستہ پھرنا - چہل قدمی کرنا (۲) علٰحدہ ہونا - رخصت ہونا (۳) مرنا - انتقال کرنا - (۴) ہوا کھانا ٭

ٹہلنی (ہ) مؤنث - خادمہ - ملازمہ - چیری باندی - گھر کا کام کاج کرنے والی عورت ٭

ٹہلوا (ہ) مذکر - خادم - خدمت گار - چاکر ٭

ٹھلیا (ٹھل - یا) (ہ) مؤنث مٹی کا چھوٹا گھڑا ٭

ٹھمری (ٹھم - ری) (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کا چھوٹا سا گیت دھولوں کا گیت (۲) افواہ - گپ - جھوٹی بات ٭

ٹھمری اُڑانا (ہ) (۱) ٹھمری گانا (۲) گپ اڑانا ٭

ٹھمک (ٹھمک) (ہ) مؤنث (۱) ناز و انداز کی رفتار (۲) ناچنے کی چال (۳) ٹھمکنا کا امر ٭

ٹھمک ٹھمک کر (ہ) مٹک مٹک کر - خرام ناز سے ٭

ٹھمک چال (ہ) مؤنث - رفتار معشوقانہ - خرام ناز ٭

ٹھمکا (ٹھم - کا) (ہ) چھوٹا - پست قد - ٹھنگنا ٭

ٹھمکنا (ہ) خرام کرنا - ناز و انداز سے چلنا ٭

ٹھمکی (ٹھم - کی) (ہ) مؤنث - جھٹکا - کنکوے کی ڈور کو ہوا پر قائم رکھنے کے لئے ہاتھ سے ہلانا ٭

ٹہنا (ٹہ - نا) (ہ) مذکر - درخت کی موٹی اور بڑی شاخ - گدا ٭

ٹھناکا (ٹھنا - کا) (ہ) مذکر - کسی بجنے والی چیز کی آواز - جو دوسری کڑی چیز کی ٹھیس لگنے سے ہوتی ہے ٭

ٹھنٹھ (ٹھنٹھ) (ہ) مذکر (۱) سوکھا ہوا درخت (۲) ہاتھ کٹا ہوا پہنچا ٭

ٹھن ٹھن (ٹھن - ٹھن) (ہ) مؤنث - گھڑی - گھڑیال یا گھنٹے وغیرہ کی آواز - ٹن ٹن ٭

ٹھن ٹھن گوپال (ہ) مذکر (۱) بے وقوف - مورکھ - ناسمجھ (۲) کچھ نہیں - ہیچ - خالی ٭

ٹھنٹھنانا (ہ) (عوام) (۱) گھنٹی بجانا - ٹھن ٹھن کرنا - (۲) دندناتا کسی جگہ موجود ہو کر مزے اڑانا (۳) (عو) کھنکنا - بجنا ٭

ٹھنڈ (ٹھنڈ) (ہ) مؤنث - سردی - خنکی - گرمی کا نہ ہونا ٭

ٹھنڈا (ہ) (۱) سرد - خنک - بارد (۲) خاموش - چپ (۳) نامرد - ہیجڑا - مخنث (۴) سست - کاہل (۵) متحمل - بردبار (۶) بے نفس - رحم دل (۷) بے محبت - سنگ دل ٭

ٹھنڈا پڑنا (ہ) (۱) سرد ہونا - خنک ہونا (۲) سست و بے رونق ہونا (۳) غصے کا دھیما ہونا ٭

ٹھنڈا رکھنا (ہ) (عو) خوش رکھنا - کسی قسم کا رنج یا غم نہ آنے دینا - آرام سے رکھنا ٭

ٹھنڈا سانس (ہ) مذکر - دم سرد - آہ ٭

ٹھنڈا لوہا گرم لوہے کو کاٹتا ہے (ہ) مثل نرم مزاج آدمی تند مزاج پر غالب آ جاتا ہے ٭

ٹھنڈا ملمع (ہ) مذکر (۱) وہ ملمع جو آگ کی مدد کے بغیر تیزاب

کی آگ یا برقی قوّت سے چڑھایا جاتا ہے ۔

ٹھنڈا ہونا (ف) (۱) سرد ہونا۔ خنک ہونا (۲) غصّے کا دھیما ہونا (۳) مر جانا۔ جان نکلنا (۴) بجھنا (۵) افسردہ ہونا۔ دل مرنا (۶) ڈوب جانا۔ غرق ہونا۔ (۷) خوش ہونا۔ آرام پانا (۸) کسی متبرک چیز کا ڈبتا یا دفن ہونا (۹) مندا ہونا۔ خرید و فروخت کا کم ہونا (۱۰) بے رونق اور آزاد ہونا (۱۱) مارا جانا۔ شہید ہونا ۔

ٹھنڈائی (ہ) مؤنث (۱) تبرید۔ وہ دوا جو گرمی کے دفعیہ کے لئے پی جائے (۲) مطلق دوا دارو۔ نسخہ (۳) (عوام) بھنگ۔ سبزی۔ بوٹی ۔

ٹھنڈک (ہ) مؤنث (۱) سردی۔ خنکی (۲) خوشی۔ آرام۔ تسلّی ۔

ٹھنڈک پڑنا (ف) (۱) جلن یا سوزش یا گرمی کا رفع ہونا (۲) دل کو آرام ہونا (۳) مراد بر آنا (۴) کسی فساد یا فتنہ یا خرابی وغیرہ کا کم ہونا (۵) غصّہ فرو ہونا۔ دشمنی جاتے رہنا (۶) تسلّی ہونا۔ آرام ہونا۔ صبر آنا ۔

ٹھنڈی (ہ) (۱) سرد۔ خنک۔ بارد (۲) خوش و خرّم۔ بامراد (۳) (عو) چیچک۔ ماتا ۔

ٹھنڈی آگ (ہ) مؤنث (مراثی) برف۔ آبِ بستہ ۔

ٹھنڈی ڈھلنا (ف) چیچک کے دانوں کا مرجھانا۔ ماتا کا زور کم ہونا ۔

ٹھنڈی گرمیاں (ہ) مؤنث (۱) اوپری محبت (۲) بے اثر و بے مزہ شوخیاں ۔

ٹھنڈی مار (ہ) مؤنث۔ اندرونی سزا۔ میٹھی مار ۔

ٹھنڈے (ہ) ٹھنڈا کی جمع ۔

ٹھنڈے پہرے (ا) سویرے۔ تڑکے ۔

ٹھنڈے ٹھنڈے (ہ) (۱) آفتاب کی گرمی سے پہلے پہلے۔ علی الصبح۔ تڑکے (۲) آرام سے۔ خوشی خوشی ۔

ٹھنڈے ٹھنڈے گھر جانا (ف) (۱) خوشی خوشی گھر جانا (۲) (طنزاً) جان سلامت لے کر پہنچنا۔ دفع ہونا ۔

ٹھنڈے سانس بھرنا (ف) آہ سرد نکالنا۔ کسی صدمے سے یا اظہارِ عشق کے لئے اُف اُف کرنا۔ افسوس کرنا ۔

ٹھنکار (ٹھَن۔ کار) (ہ) دیکھو "ٹھنکانا" ۔

ٹھنکانا (ٹھِن۔ کا۔ نا) (ف) ٹھنکنا کا متعدی ۔

ٹھنکنا (ٹھُنک۔ نا) (ف) ٹھن ٹھن کی آواز دینا ۔

ٹھنکنا (ٹھِنک۔ نا) (ف) (عو) ناز سے رونا۔ لاڈ کرکے رونا۔ ایں ایں کرنا ۔

ٹھنگنا (ٹھِنگ۔ نا) (ہ) پستہ قد۔ بونا۔ چھوٹے قد کا ۔

ٹھنگیر (ٹھَن۔ گیر) (ہ) مؤنث (۱) گزک۔ نُقل۔ (۲) ٹھونگنا ۔

ٹھنگیرنا (ف) کسی خشک چیز کو ایک ایک کرکے کھانا۔ دانہ دانہ کرکے کھانا ۔

ٹھننا۔ ٹھنّا (ٹھَن۔ نا) (ف) (۱) جمنا۔ پکّا ارادہ ہونا۔ (۲) قرار پانا۔ ٹھہرنا ۔

ٹہنی (ٹہَ۔ نی) (ہ) مؤنث (۱) شاخ۔ ڈالی۔ قلم (۲) کنول یا گلاس لٹکانے کی آہنی شاخ ۔

ٹہنی ہلانا (ف) آتشک کے زخم پر سے مکھیاں اڑانا ۔

ٹھو (ٹھو) (ہ) عدد۔ نمبر ۔

ٹھوٹ (ٹھوٹ) (ہ) (۱) بے مغز۔ بے وقوف (۲) جاہل۔ جوان بچہ ۔

ٹھور (ٹھور) (ہ) مؤنث (۱) جگہ۔ موقع۔ ٹھکانا (۲) سراغ۔ پتہ۔ نشان ۔

ٹھور رکھنا (ف) (عوام) بچ کر نہ جانے دینا۔ جان سے مار رکھنا ۔

ٹھوڑی (ٹھو۔ ڑی) (ہ) مؤنث۔ ذقن۔ زنخدان۔ ٹھڈی ۔

ٹھوڑی پر ہاتھ دھر کر بیٹھنا (ف) مغموم ہو کر بیٹھنا۔ فکرمند ہونا ۔

ٹھوڑی پکڑنا۔ یا۔ ٹھوڑی میں ہاتھ دینا۔ (ف) خوشامد کرنا۔ منت سماجت کرنا۔ غصّہ دھیما کرنا ۔

ٹھوڑی تارا (ہ) مذکر۔ وہ تِل جو کسی خوب صورت عورت کی ٹھوڑی میں قدرتی یا مصنوعی ہو ۔

ٹھوس (ٹھوس) (ہ) (۱) مذکر۔ بھاری۔ پُر۔ سخت۔ (۲) بھدّا۔ کند ذہن۔ غبی ۔

ٹھوسا (ٹھو۔ سا) (ہ) مذکر (ہندو) (عو) ہاتھ کا انگوٹھا۔ ٹھینگا ۔

ٹھوک (ٹھوک) (ہ) (۱) ٹھوکنا کا امر (۲) مذکر۔ ٹھوکر۔ صدمہ۔ ضرب ۔

ٹھوک بجا کے (ہ) (۱) اچھی طرح دیکھ بھال کے۔

کرا کھوٹا اور ٹوٹا پھوٹا دیکھ کے (۲) سوچ سمجھ کے (۳) علانیہ ۔

ٹھوکا (ٹھو-کا) (ہ) (۱) ٹھوکنا کی ماضی مطلق (۲) مذکر۔ دیکھو "ٹھوک نمبر ۲" (۳) مذکر۔ اشارہ جو انگلی یا بازو کی خفیف ضرب سے کیا جائے ۔

ٹھوکا جانا (ف) ٹھگنا ۔

ٹھوکا دینا (ف) (۱) ہاتھ پاؤں سے دھکا دینا (۲) جتانا۔ آگاہ کرنا ۔

ٹھوکر (ٹھو-کر) (ہ) مؤنث (۱) وہ ضرب جو پاؤں میں سنگ راہ وغیرہ سے لگے۔ یا قصداً پشت پا یا نوک پا سے کسی چیز کو لگائیں (۲) لات۔ لگد (۳) ٹھیس۔ لتہ (۴) صدمہ۔ دھکا (۵) روڑا۔ وہ پتھر جو سڑک میں ابھرا ہوا ہو ۔

ٹھوکر پر ٹھوکر اٹھانا (ف) صدمے پر صدمہ اٹھانا۔ نقصان پر نقصان اور ضرر پر ضرر اٹھانا ۔

ٹھوکر کھانا (ف) پاؤں کی ٹھوکر کھانا۔ الجھ کر گر پڑنا ۔

ٹھوکر کھاوے بدھ پاوے (ہ) مثل۔ نقصان اٹھا کر عقل آتی ہے ۔

ٹھوکر لگانا (ف) کسی پڑی ہوئی چیز کو لات مارنا ۔

ٹھوکر لینا (ف) گھوڑے کا سکندری کھانا۔ ناخن لینا۔ الجھ الجھ کے گرنا ۔

ٹھوکروں پر پڑنا (ف) (عو) کسی کی خدمت اور بار دھاڑ میں رہنا ۔

ٹھوکریں کھاتا پھرنا (ف) (۱) مارا مارا پھرنا (۲) صدمے اٹھاتا پھرنا ۔

ٹھوکریں کھانا (ف) (۱) لاتیں کھانا (۲) ذلت و رسوائی اٹھانا ۔

ٹھوکنا (ف) (۱) ہاتھ یا پاؤں سے کسی امر کے جتانے یا ہوشیار کرنے کو دھکا دینا (۲) آگاہ کرنا ۔

ٹھوکنا۔ یا۔ ٹھونکنا (ف) (۱) گاڑنا (۲) گوشنا (۳) مارنا (۴) لات مکے سے مارنا ۔

ٹھوکے دینا (ف) (۱) آگاہ کرنا (۲) جھنجھوڑنا ۔

ٹھولا (ٹھو-لا) (ہ) (۱) پرندے کے پنجرے میں رکھنے کا پیالہ (۲) انگلی کے جوڑ کی پچھلی طرف ۔

ٹھوں (ٹھوں) (ہ) مؤنث۔ نوزائیدہ بچے کے رونے کی آواز ۔

ٹھونٹھ (ٹھونٹھ) (ہ) مذکر (۱) شاخوں اور پتوں کے بغیر درخت کا تنہ (۲) دیکھو "ٹھنٹھ ملا" ۔

ٹھونٹھا (ٹھوں-ٹھا) (ہ) (۱) دیکھو "ٹھنڈا" (۲) مذکر۔ (ہندو) ڈنڈا۔ لمبی خشک لکڑی (۳) حقے کی سیدھی نے ۔

ٹھوں ٹھاں (ٹھوں-ٹھاں) (ہ) مذکر۔ بار بار کھانسنے کی آواز ۔

ٹھونس (ٹھونس) (ہ) ٹھونسنا کا امر ۔

ٹھونس ٹھانس (ہ) مؤنث۔ کسی چیز کا کسی چیز میں دبا کر بھرنا ۔

ٹھونسنا (ٹھوں-سنا) (ہ) (۱) زور سے بھرنا (۲) گھسیڑنا۔ (۳) نگلنا۔ کھانا ۔

ٹھونگ۔ ٹھونگا (ٹھونگ۔ ٹھوں-گا) (ہ) مؤنث (۱) منقار۔ چونچ (۲) چونچ سے مارنا

ٹھہاکا (ٹھہا-کا) (ہ) مذکر (عو) قہقہہ ۔

ٹھہر۔ ٹھیر (ٹھہر۔ ٹھیر) (ہ) ٹھہرنا۔ ٹھیرنا کا امر ۔

ٹھہرانا۔ ٹھیرانا (ف) (۱) روکنا۔ تھامنا (۲) ٹھانا۔ ارادہ کرنا (۳) قائم کرنا۔ جمانا (۴) ٹھکانا۔ مکان میں اتارنا (۵) مقرر کرنا۔ تجویز کرنا ۔

ٹھہراؤ۔ ٹھیراؤ (ہ) مذکر۔ قیام۔ وقفہ۔ جگہ۔ مقام ۔

ٹھہرنا۔ ٹھیرنا (ف) (۱) رکنا۔ تھمنا۔ کھڑا رہنا (۲) جمنا۔ مضبوط ہونا (۳) قائم ہونا۔ منجمد ہونا (۴) فروکش ہونا۔ اترنا (۵) مقرر ہونا۔ تجویز ہونا ۔

ٹھیا (ٹھیا) (ہ) مذکر (۱) حد (۲) تودہ (۳) ڈھیلا (۴) سہارا۔ ستون (۵) بیٹھنے کی جگہ ۔

ٹھیٹ۔ ٹھیٹھ (ٹھیٹ۔ ٹھیٹھ) (ہ) (۱) خاص الخاص (۲) خالص (۳) اصل۔ سچا۔ عمدہ

ٹھی ٹھی (ٹھی-ٹھی) (ہ) مؤنث۔ دیکھو "ٹھیں ٹھیں" ۔

ٹھیس (ٹھیس) (ہ) مؤنث (۱) دھکا۔ ٹھوکر ۔

ٹھیس لگنا (ف) دھکا لگنا۔ ٹھوکر لگنا

ٹھیک (ٹھیک) (ہ) (۱) درست۔ صحیح (۲) موزوں۔ چست (۳) ہو بہو۔ جوں کا توں (۴) پورا پورا (۵) جیسا چاہیے۔ حسب دلخواہ (۶) بالتحقیق (۷) مستقل (۸) مقررہ۔ مجوزہ (۹) شایاں۔ مناسب (۱۰) عین موقع پر (۱۱) باقاعدہ۔ ہموار ۔

ٹھیک آنا (ف) (۱) کپڑے کا بدن پر اور جوتے وغیرہ کا پاؤں میں درست آنا۔ موزون ہونا (۲) عین وقت اور موقع پر آنا ۔

ٹھیک بنانا (ف) (۱) سزا دینا - مارنا پیٹنا (۲) درست کرنا - کسی کام کے لائق کرنا (۳) عاجز کرنا - تنگ کرنا ٭

ٹھیک ٹھاک (ف) (۱) ہر طرح درست (۲) لیس - تیار ٭

ٹھیک ٹھیک (ف) (۱) سچ سچ - بے کم و کاست - (۲) تقریباً - قریب قریب ٭

ٹھیک نہیں ٹھیکے کا کام - ٹھیکا دے کے مت کھو دام (ا) مثل - ٹھیکے کا کام اچھا نہیں ہوتا - اس طرح روپیہ ضائع نہیں کرنا چاہئے ٭

ٹھیک (ٹھیک) (ف) مؤنث (۱) ٹیک (۲) ڈاٹ (۳) تلا - پیندی (۴) جوتے کی ایڑی (۵) تلوار کی تہ نال - (۶) لکڑی اور غلے کا انبار (۷) وہ چیز جس سے لکڑی کے پانڈے یا پھوڑوں کے گملے کے سوراخ بند کرتے ہیں

ٹھیکا - ٹھیکہ (ٹھے - کا + ٹھے - کہ) (ف) مذکر (۱) سہارا - آرام (۲) اجارہ - کرایہ - پٹا - اُجرت (۳) نشستگاہ - جائے قرار - بیٹھک (۴) طبلہ یا ڈھولک بجانے کی ایک خاص طرز ٭

ٹھیکا بجانا (ف) (۱) گانے والوں کے ساتھ ڈھولک یا طبلہ اس طرح بجانا کہ ان کی آواز کو سہارا ملے ٭

ٹھیکا بھینٹ (ف) مؤنث - وہ نذرانہ جو ٹھیکہ لینے پر دیا جائے ٭

ٹھیکا لینا (ف) اجارہ لینا - کسی میعاد کے لئے کسی چیز کا حق استعمال یا حق پیدائش لینا ٭

ٹھیکا مستاجری (ف) مذکر - کرلئے پر لیا ہوا ٹھیکہ ٭

ٹھیکرا (ٹھیک - را) (ف) مذکر - مٹی کے برتن کا ٹکڑا (۲) (تحقیراً یا حقارتاً) مکان و جائداد ٭

ٹھیکرا پھوڑنا (ف) تہمت لگانا ٭

ٹھیکری (ف) مؤنث (۱) ٹھیکرا کی تصغیر - مٹی کا توا (۲) (عو) اندام نہانی کی پیشانی - مقام زیر ناف ٭

ٹھیکری ہونا (ف) (عو) کثرت سے صرف ہونا - بے قدری سے صرف ہونا ٭

ٹھیکرے میں ڈالنا (ف) عورتوں کی ایک رسم - جب زچہ جن کر فارغ ہوتی ہے تو اس ٹھیکرے میں جس میں بچہ کی آنول نال وغیرہ کا ٹکڑا ڈالا جاتا ہے - تمام کنبے اور رشتے کی عورتیں دائی کا حق سمجھ کر کچھ نقدی ڈالا کرتی ہیں ٭

ٹھیکی (ف) مؤنث (۱) سہارا - بوجھ اتار کر آرام لینا - (۲) اناج کی بوری ٭

ٹھیکی لگانا - یا - لینا (ف) (۱) سہارا لینا - بوجھ اتارنا - (۲) بوروں میں اناج بھرنا ٭

ٹھیکے دار (ف) مذکر - اجارہ دار - وہ شخص جس نے ٹھیکہ لیا ہو ٭

ٹھیکیں (ٹھے - کیں) (ف) مؤنث - قلمیں ٭

ٹھیلا (ٹھے - لا) (ف) مذکر (۱) دھکا - ریلا (۲) ایک قسم کی گاڑی جس پر اسباب لاد کر اکثر ہاتھ سے دھکیلتے ہوئے لے جاتے ہیں ٭

ٹھیلنا (ٹھیل - نا) (ف) دھکیلنا - ریلنا - ٹھوکا مارنا ٭

ٹھینٹھی (ٹھیں - ٹھی) (ف) مؤنث - کان کے میل کی گولی - کان کا جما ہوا میل ٭

ٹھیں ٹھیں (ٹھیں - ٹھیں) (ف) مؤنث - بیہودہ ہنسی - ہنسی کی آواز ٭

ٹھینا (ٹھی - نا) (ف) مذکر (عو) (عام) طعن و تشنیع ٭

ٹھینٹی (ٹھیں - ٹی) (ف) مؤنث - دیکھو "ٹھینٹھی" ٭

ٹھینگا (ٹھیں - گا) (ف) مذکر (۱) انگوٹھا (۲) لاٹھی - سونٹا (۳) عضو تناسل - ذکر ٭

ٹھینگا باجنا (ف) رسوائی ہونا - ہنسی اڑنا ٭

ٹھینگا دکھانا (ف) (۱) انگوٹھا دکھانا (۲) خاطر میں نہ لانا - انکار کرنا (۳) چڑانا ٭

ٹھینگے سے (ف) بلا سے - کچھ پروا نہیں ٭

ٹ - ی

ٹی (ٹی) (انگ TEA) مؤنث (۱) انگریزی حروف تہجی کا بیسواں حرف (۲) چائے ٭

ٹی - اے (انگ T.A.) (ٹریولنگ الاؤنس کا مخفف) مذکر - سفر خرچ - بھتّا ٭

ٹی - بی (انگ T.B.) ٹیوبرکلوسس کا مخفف مؤنث (۱) تپ دق (۲) مذکر - تپ دق کے جراثیم ٭

ٹی پاٹ (انگ TEA - POT) مذکر - چائے دانی ٭

ٹی پارٹی (انگ TEA PARTY) مؤنث - چائے وغیرہ کی دعوت ٭

ٹی - ٹی (انگ T. T.) ٹریولنگ ٹکٹ کلکٹر کا مخفف - مذکر - چلتی گاڑی میں ٹکٹ دیکھنے والا ریلوے ملازم ٭

ٹمیاں (ٹِی۔یَاں) (ہ) مذکّر (۱) دیکھو "ٹوپیاں ملا ملا" (۲) ایک قسم کی چھوٹی کوڑی ۔

ٹمیا (ہ) مذکّر۔ دیکھو "ٹپّا" ۔

ٹیبل (ٹے۔بَل) (انگ — TABLE) مؤنّث میز۔ تپائی ۔

ٹیبل کلاتھ (انگ — TABLE CLOTH) مذکّر۔ میزپوش۔ میز کی چادر ۔

ٹیپ (ٹیپ) (ہ) مؤنّث (۱) دباؤ۔ داب (۲) تمسّک۔ ضمانت (۳) اونچا سُر۔ الاپ (۴) یادداشت۔ کچھ جلدی میں لکھ لینا (۵) مسدّس کی تیسری بیت۔ بند کی گرہ (۶) فوج کا دستہ (۷) ایک زیور جسے عورتیں ماتھے پر پہنتی ہیں (۸) گنجفے میں حریف کے ایک پتّے کو دو پتّوں سے مارنا (۹) (عو) چوٹی کا۔ عمدہ۔ منتخب۔ اعلیٰ (۱۰) (ہندو) لڑکے یا لڑکی کی جنم پتری (۱۱) پکّی عمارت میں اینٹوں کی درزوں کو چُونے وغیرہ سے بند کرنے کا کام ۔

ٹیپ ٹاپ (ہ) مؤنّث (۱) آرائش۔ زیبائش۔ بھڑک۔ (۲) جلوس (۳) بناوٹ۔ تکلّف (۴) نمود نمائی۔ خود آرائی ۔

ٹیپنا (ہ) (۱) (ہندو) دبانا۔ بھینچنا (۲) لکھ لینا۔ یادداشت میں درج کر لینا (۳) دو پتّوں سے ایک پتّا جیتنا ۔

ٹیٹا (ٹی۔ٹا) (ہ) مذکّر۔ دیکھو "چیچا" ۔

ٹیٹک ٹھا (ٹی۔ٹک۔مَن۔ٹھا) (ہ) مذکّر (۱) ٹوٹی ہوئی چارپائی (۲) جھمیلا۔ دقّت۔ دشواری۔ کشمکش ۔

ٹیچر (ٹی۔چر) (انگ — TEACHER) مذکّر۔ اُستاد۔ معلّم۔ مدرّس ۔

ٹیر (ٹیر) (ہ) مؤنّث (گنوار) آواز۔ ہانک۔ پکار ۔

ٹیرنا (ہ) (۱) پُکارنا۔ بُلانا۔ آواز دینا۔ چلّانا (۲) گزارنا۔ بسر کرنا۔ کاٹنا ۔

ٹیرڈا (ٹیر۔ڈا) (ہ) مذکّر (۱) آب نے (۲) فوّارہ (۳) نلکی کی وہ نلی جس پر چلم رکھتے ہیں ۔

ٹیڑھ (ٹیڑھ) (ہ) مؤنّث (۱) کجی۔ خمیدگی (۲) اکڑ۔ مروڑ۔ اینٹھ (۳) شرارت۔ سرکشی ۔

ٹیڑھا (ہ) (۱) کج۔ خمیدہ۔ ترچھا۔ جھکا ہؤا (۲) پھرا ہؤا۔ مخالف۔ خلاف (۳) اکھڑ۔ جاہل۔ بدمزاج۔ (۴) خفا۔ ناراض (۵) شریر۔ بدذات ۔

ٹیڑھا بانکا (ہ) (۱) چھیلا۔ طرح دار۔ وضع دار (۲) سپاہی وضع آدمی ۔

ٹیڑھاپن (ہ) مذکّر۔ کجی۔ خمیدگی ۔

ٹیڑھا ہونا (ہ) مذکّر (۱) کج ہونا۔ خمیدہ ہونا (۲) خفا ہونا۔ بگڑنا۔ اکڑنا ۔

ٹیڑھی آنکھ سے دیکھنا (ہ) (۱) ترچھی نظر سے دیکھنا۔ (۲) نظرِ بد سے دیکھنا دشمنی کی آنکھ ڈالنا۔ خفگی سے دیکھنا ۔

ٹیڑھی آنکھیں کرنا (ہ) ناراض ہونا۔ نارضامندی ظاہر کرنا۔ بری نگاہوں سے دیکھنا ۔

ٹیڑھی سُنانا (ہ) رُوکھی سُنانا۔ برا بھلا کہنا۔ الٹے جواب دینا ۔

ٹیڑھی کھیر (ہ) مؤنّث۔ مشکل کام ۔

ٹیڑی (ٹی۔ڑی) (ہ) مؤنّث (گنوار) ٹڈّی ۔

ٹیس (ٹیس) (ہ) مؤنّث (۱) درد۔ تکلیف۔ ہُول (۲) (ج) کتاب کی سلائی یا بخیہ ۔

ٹیس اُٹھنا۔یا۔مارنا (ہ) درد اٹھنا۔ زخم یا پھوڑے میں ہُول اٹھنا ۔

ٹیسنا (ٹیس۔نا) (ہ) میٹھا میٹھا درد ہونا۔ تپکنا ۔

ٹیسو (ٹی۔سُو) (ہ) مذکّر (۱) پلاس کا پھول۔ ڈھاک کا پھول جس میں سے زرد رنگ نکلتا ہے (۲) ایک کھیل جس میں بچّے دسہرے کے موقع پر ایک مورت کا سر بنا کر راتوں کو لئے ہوئے گاتے پھرتے ہیں۔ دسہرے کے دن اسے توڑ پھوڑ ڈالتے ہیں۔ (۳) ٹیسو کا گیت

ٹیک (ٹیک) (ہ) (۱) کھمبا۔ تھم۔ پشتی سہارا (۲) (رُوپ) مستقل ارادہ (۳) عزّت۔ آبرو۔ بھرم (۴) قول۔ اقرار (۵) انترا۔ گیت کا وہ ٹکڑا جو بار بار کہا جائے۔ ٹیپ کا مصرع یا شعر ۔

ٹیک (ٹیک) (ہ) مؤنّث (عوام) جانوروں کی پیشانی ۔

ٹیکا (ٹی۔کا) (ہ) مذکّر (۱) قشقہ۔ صندل یا سیندور وغیرہ کا بیچ ماتھے پر نشان (۲) کنور۔ ولی عہد (۳) ایک زیور جو عورتیں ماتھے پر پہنتی ہیں (۴) ایک رسم جو ہندوؤں میں منگنی یا بیاہ کے موقع پر ادا کی جاتی ہے (۵) چیچک وغیرہ کے انسداد کے لئے نشتر کے ذریعے سے بازو وغیرہ کے اندر دوا پہنچانا (۶) (س) شرح۔ تفسیر (۷) علامتِ سرداری۔ خصوصیّت کا نشان (۸) دھبّا۔ داغ (۹) راج تلک۔ گدّی پر بٹھانے کی رسم۔

(۱۰) وہ نشان یا تلک جو ہندوؤں میں جاترا جاتے وقت شگون نیک سمجھ کر لگا دیتے ہیں ۔
ٹیکر ۔ ٹیکرا (ٹی ۔ کَر ۔ ٹیک ۔ رَا) (ع) مذکر (۱) ڈھیر (۲) ٹیلا (۳) پہاڑی کی ڈھلوان سطح ۔
ٹیکری (ع) مؤنث ۔ خراب زمین کا چھوٹا کھیت ۔
ٹیکس (ٹیکس) (انگ TAX) مذکر ۔ محصول ۔
ٹیکسی (ٹیک ۔ سی) (انگ TAXY) مؤنث (ٹیکسی کیب کا مخفف) کرائے کی موٹر کار ۔
ٹیکسٹ بُک (ٹیکسٹ ۔ بُک) (انگ TEXT BOOK) مؤنث ۔ درسی کتاب ۔ وہ کتاب جو کسی جماعت کے امتحان کے لیے مقرر کی جائے ۔
ٹیکسٹ بُک کمیٹی (TEXT BOOK COMMITTEE) (انگ) مؤنث ۔ وہ جماعت یا گروہ جو درسی کتابیں مقرر کرنے پر متعین ہو ۔
ٹیکن (ع) مؤنث ۔ اڑواڑ ۔ سہارا ۔ ٹیک ۔
ٹیکنا (ع) (۱) ٹکانا ۔ رکھنا ۔ سہارا لینا (۲) داؤں پر لگانا ۔ بازی پر رکھنا ۔
ٹیکنیکل (ٹیک ۔ نِی ۔ کَل) (انگ TECHNICAL) (۱) اصطلاحی (۲) پیشے کا ۔ صنعتی ۔
ٹیکنیکل سکول (TECHNICAL SCHOOL) (انگ) مذکر ۔ صنعتی تعلیم کا مدرسہ ۔
ٹیلا (ٹی ۔ لَا) (ع) مذکر ۔ ٹبیا ۔ تودہ ۔ چھوٹی پہاڑی ۔
ٹیلر (ٹے ۔ لَر) (انگ TAILOR) مذکر ۔ درزی ۔
ٹیلر ماسٹر (انگ TAILOR MASTER) مذکر ۔ اُستاد درزی ۔
ٹیلیفون (ٹے ۔ لی ۔ فُون) (انگ TELEPHONE) مذکر ۔ برقی طاقت کی وہ کل جس کے ذریعے سے دور دراز فاصلے سے بات چیت کر سکتے ہیں ۔
ٹیلیگراف (ٹے ۔ لی ۔ گراف) (TELEGRAPH) (انگ، مذکر ۔ تار برقی ۔ تار پر خبر بھیجنے کا آلہ ۔
ٹیلیگرام (ٹے ۔ لی ۔ گرام) (انگ TELEGRAM) مذکر و مؤنث ۔ وہ خبر جو تار کے ذریعے سے آئی یا گئی ہو ۔
ٹیم (ٹیم) (ع) مذکر و مؤنث (۱) بتی کا گُل ۔ چراغ کی بتی کا وہ اگلا حصّہ جو بالکل جل کر سیاہ ہو جائے (۲) (انگریزی ٹائم کا مغرب ۔ مذکر ۔ وقت ۔
ٹیم (ٹیم) (انگ TEAM) مؤنث ۔ فٹ بال وغیرہ کھیلوں کی جماعت ۔
ٹیم ٹام (ٹیم ۔ ٹام) (ع) مؤنث (گنوار) نمود ۔

ٹیمی (ع) مؤنث (گنوار) (۱) ٹیمی (۲) چنگاری ۔
ٹین (ٹین) (ہند) (انگریزی ٹِن TIN) مذکر (۱) ایک سفید نرم دھات ۔ رانگ ۔ قلعی (۲) لوہے کے پتلے پتلے قلعی دار تختے ۔
ٹیں (ٹیں) (ع) مؤنث ۔ طوطے کی وہ آواز جو اُسے دبائے جانے کے وقت مرتے دم نکلتی ہے ۔
ٹیں ٹیں (ع) مؤنث (۱) طوطے کی متواتر آواز (۲) مہمل بات ۔ بیہودہ بات ۔ بکواس ۔ بک بک ۔
ٹیں ٹیں کرنا (ع) (۱) طوطے کی طرح بولنا (۲) بڑبڑانا ۔ بکنا ۔
ٹیں ہونا (ع) (حقارتاً) طوطے کی طرح مرنا ۔ مر کر رہ جانا ۔ مر جانا ۔
ٹینٹ (ٹینٹ) (ع) مذکر (۱) کریل کا پھل (۲) آنکھ کا پھلا ۔ آنکھ کا وہ اُبھرا ہوا دانہ جو کریل کے پھل کے برابر ہوتا ہے (۳) کپاس کا ڈوڈا ۔ روئی کا پھل ۔
ٹینٹوا (ٹینٹ ۔ وَا) (ع) مذکر ۔ گلا ۔ حلق ۔ نرخرا ۔
ٹینٹوا دبانا (ع) (۱) گلا گھونٹنا ۔ گردن دبانا (۲) سخت تقاضا کرنا ۔
ٹینٹی (ٹین ۔ ٹی) (ع) مؤنث ۔ ایک جنگلی پھل ۔
ٹینس (ٹے ۔ نِس) (انگ TENNIS) ایک کھیل جو جال لگا کر ربڑ کی گیندوں اور تانت سے بُنے ہوئے بلّوں سے کھیلا جاتا ہے ۔
ٹینک (ٹینک) (انگ) مذکر (۱) پہیوں کے بغیر چلنے والی ایک قسم کی مسلح موٹر کار (۲) تالاب ۔
ٹینی (ٹے ۔ نی) (ع) مذکر (۱) چھوٹے قد کی مرغیوں کی نسل ۔ دوغلی مرغیاں (۲) پستہ قد ۔ بونا ۔ ٹھنگنا ۔
ٹیو ۔ ٹیو (ٹیو ۔ ٹیو) (ع) مؤنث (۱) عادت (۲) رسم (۳) طریقہ (۴) کرتب (۵) فریب (۶) خیال ۔ ترنگ ۔
ٹیوا (ٹے ۔ وَا) (ع) مذکر (۱) جنم پتری ۔ زائچہ (۲) عادت ۔ چسکا ۔ مزہ ۔
ٹیوب (ٹیوب) (انگ TUBE) نالی ۔
ٹیوکی (ٹیو ۔ کی) (ع) مؤنث (گنوار) (۱) چھپر کا تھم (۲) ٹیک ۔
ٹیہلا (ٹیہ ۔ لَا) (ع) مذکر (ہندو) (۱) بیاہ کی ہر رسم (۲) تہوار ۔ تقریب (۳) نیگ ۔ شادی کا انعام ۔
ٹیہلا پھیرنا ۔ یا ۔ پھیلانا (ع) شادی رچانا ۔

ث

ث (ثے) (ع) مؤنث (۱) عربی کا چوتھا۔ فارسی کا پانچواں اور اُردو کا چھٹا حرف (۲) حساب جمل میں اس کے پانسو (۵۰۰) عدد ہیں ۔

ث - ا

ثابت (ثا-بِت) (ع) (۱) پورا۔ کامل۔ سارا (۲) قائم۔ مستقل۔ برقرار۔ مضبوط۔ پائدار (۳) مصدقہ۔ مستند۔ صداقت کو پہنچا ہوا (۴) وہ ستارہ جو گردش نہ کرے۔ تارا ۔

ثابت قدم (ع) عہد پر قائم ۔ بات پر مضبوط رہنے والا ۔

ثابت قدم کو سب جگہ ٹھاؤں (ا) مثل۔ مستقل مزاج کو ہر جگہ ٹھکانا ہے۔

ثابت قدمی (ع-ف) مؤنث۔ استقلال ۔

ثابت نہیں کان بالیوں کا ارمان (ا) مثل۔ کام کی لیاقت نہیں۔ سامان نہ ہونے کی شکایت ہے :

ثابت ہو جانا (ا) (۱) تحقیق ہو جانا۔ صداقت کو پہنچنا۔ (۲) ٹوٹی ہوئی چیز کا جُڑ کر پورا ہو جانا ۔

ثاقب (ثا-قِب) (ع) روشن۔ چمکتا ہوا۔ چمکدار ۔

ثالث (ثا-لِث) (ع) مذکر (۱) تیسرا۔ تیسرا آدمی (۲) مدعی و مدعا علیہ میں فیصلہ کرنے والا (۳) پنچ۔ امپیسر ۔

ثالث بالخیر (ع) مذکر۔ وہ پنچ جو کسی کی رُو رعایت نہ کرے ۔

ثالث حصری (ع-ف) مذکر۔ وہ پنچ جس پر فریقین نے مقدمے کا انحصار کر دیا ہو۔

ثالث نامہ (ع) مذکر (قانون) وہ کاغذ جس میں فریقین کسی ایک یا دو شخصوں کو اپنا ثالث ماننے کا اقرار کریں ۔

ثالثی (ع) پنچایت۔ صلح ..

ثامن (ثا-مِن) (ع) آٹھواں۔ ہشتم :

ثانی (ثا-نی) (ع) (۱) دوسرا (۲) برابر کا۔ نظیر۔ مانند۔ مقابل ۔

ثانیاً (ثا-نِیَن) (ع) دوسری دفعہ۔ دوسرے ۔

ثانی الحال (ع) دوسرے وقت۔ بعد ازاں۔ پھر۔ من بعد

ثانیہ (ثا-نِیَہ) (ع) مذکر۔ پل۔ سکنڈ۔ دقیقہ۔ منٹ کا ساٹھواں حصہ۔ لحظہ ۔

ث - ب

ثبات (ثَبات) (ع) مذکر۔ قرار۔ قیام۔ پائداری۔ استقلال۔ مضبوطی

ثبات رائے (ع) مذکر۔ استقلال رائے۔ ایک رائے رکھنا ۔

ثبت (ثَبت) (ع) مذکر۔ نقش۔ مُہر۔ چھاپا۔ تحریر۔ نوشت ۔

ثبت کرنا (ا) (۱) دستخط کرنا (۲) لکھنا۔ درج کرنا (۳) مہر لگانا ..

ثبوت (ثُبُوت) (ع) مذکر (۱) اپنی جگہ قرار پکڑنا (۲) قیام۔ مضبوطی۔ استحکام (۳) دلیل۔ صداقت۔ تحقیق (۴) گواہی سے کسی بات کی تصدیق ۔

ثبوت استحقاق (ع) مذکر۔ حق دار ہونے کا ثبوت ۔

ثبوت تردیدی (ع) مذکر۔ وہ ثبوت جو دوسرے کے رد میں ہو ۔

ثبوت ضمنی (ع) مذکر۔ وہ ثبوت جو ضمن میں ہو جائے۔ صریح نہ ہو ۔

ثبوت قانونی (ع) مذکر۔ قانون کے موافق صداقت۔ شہادت ۔

ثبوت لسانی (ع-ف) مذکر۔ زبانی ثبوت ۔

ثبوت مثل (ا) مذکر۔ جو ثبوت مقدمے کی مثل سے ہو ۔

ث - ر

ثروت (ثَر-وَت) (ع) مؤنث (۱) مال کی کثرت۔ دولت۔ تونگری (۲) (۱) حشمت۔ اختیار۔ حکومت ۔

ثریٰ (ثَرا) (ع) مذکر۔ زمین کے نیچے کی مٹی۔ نم ناک خاک ۔

ثریا (ثُ۔رَیّا) (ع) مذکر۔ پروین۔ جھمکا۔ وہ سات ستارے جو باہم متصل واقع ہیں۔

ثریا جاہ (ع) عالی مرتبہ۔ بلند پایہ ✦

ث ۔ ع

ثعلب مصری (ثَع۔لَب۔مِص۔رِی) (ع) مؤنث۔ ایک پودے کی جڑ جو لومڑی کے خصیے سے مشابہ ہے۔ اور اطبا نے اسے مُغلّظ و مبہی لکھا ہے ✦

ث ۔ ق

ثقات (ثِقات) (ع) مذکر۔ معتبر لوگ ✦

ثقالت (ثَقا۔لَت) (ع) مؤنث (۱) گرانی۔ بوجھ۔ وزن (۲) سختی جو بد ہضمی وغیرہ کے باعث ہو ✦

ثقاہت (ثَقا۔ہَت) (ع) مؤنث۔ ثقہ یعنی قابلِ اعتبار ہونا ✦

ثقل (ثِقل) (ع) مذکر (۱) بوجھ۔ وزن۔ گرانی (۲) (ل) سختی۔

ثقلین (ثَقَلَین) (ع) مذکر۔ دونوں جہان۔ انسان اور جن ✦

ثقہ (ثِقَہ) (ع) مذکر۔ مردِ معتبر۔ معتمد آدمی جس کے قول و فعل پر اعتماد ہو ✦

ثقہ بدمعاش (ل) مذکر۔ وہ شخص جو پرہیزگاروں کی سی شکل بنا کر بدمعاشی کرے۔ مقطع صورت بدمعاش ✦

ثقیل (ثَقِیل) (ع) (۱) بھاری۔ وزنی۔ بوجھل (۲) (ل) دیر ہضم۔ ناقابلِ ہضم ✦

ث ۔ ل

ثلاثی (ثُلا۔ثی) (ع) تین حرفوں کا کلمہ ✦

ثلث (ثُلث۔ثُلُث) (ع) مذکر۔ تیسرا حصّہ۔ ایک تہائی۔ $\frac{1}{3}$ ✦

ث ۔ م

ثم (ثُم) (ع) پھر۔ بعد۔ پیچھے ✦

ثم باللہ (ثُم۔مَ۔بِل۔لاہ) (ع) پھر خدا کی قسم۔ قسم کی تاکید ✦

ثمار (ثِمار) (ع) مذکر۔ ثمر کی جمع ✦

ثمانیہ (ثَما۔نِیَہ) (ع) مذکر (۱) آٹھ۔ ہشت۔ ۸۔ (۲) رشتہ۔ ریاضی کا وہ قاعدہ جس میں سات معلوم اعداد کے وسیلہ سے آٹھواں مجہول عدد دریافت کیا جاتا ہے ✦

ثمر۔ ثمرہ (ثَمَر۔ثَمَرَہ) (ع) مذکر (۱) پھل۔ میوہ۔ پیداوار۔ (۲) حاصل۔ فائدہ (۳) اولاد (۴) مال دولت (۵) انجام (۶) بدلہ عوض ✦

ثمن (ثُمُن) (ع) مذکر۔ آٹھواں حصّہ۔ $\frac{1}{8}$ ✦

ثمن (ثَمَن) (ع) مذکر۔ قیمت۔ اجرت۔ مول ✦

ثمین (ثَمِین) (ع) قیمتی ✦

ث ۔ ن

ثنا (ثَنا) (ع) مؤنث۔ مدح۔ تعریف۔ توصیف۔ حمد و نعت ✦

ثنا گر (ع۔ف) مدّاح۔ تعریف کرنے والا ✦

ث ۔ و

ثواب (ثَواب) (ع) مذکر (۱) اچھا بدلہ۔ کافی اُجرت۔ نیک کام کی جزا (۲) (مجازاً) نیکی کا بدلہ جو عاقبت میں ملے گا (۳) (ل) بھلائی۔ نیکی ✦

ثواب کمانا (ل) نیکی کا کام کرنا۔ بھلائی حاصل کرنا ✦

ثواب نہ عذاب کمر ٹوٹی مفت میں (ل) مثل۔ بے فائدہ کام۔ عبث محنت ✦

ثوابت (ثَوا۔بِت) (ع) مذکر۔ وہ ستارے جو گردش نہیں کرتے۔ ایک جگہ قائم رہنے والے ستارے ✦

ثور (ثَور) (ع) مذکر (۱) بیل۔ نرگاؤ (۲) برکھ۔ آسمان کا دوسرا برج جو بشکل گاؤ نر قرار دیا گیا ہے ✦

ث ۔ ی

ثیبہ (ثَیْ۔یِبَہ) (ع) مؤنث۔ بیاہی ہوئی عورت ✦

ج

ج (جیم) (ع) مؤنث - (۱) عربی کا پانچواں - فارسی کا چھٹا اُردو کا ساتواں اور ہندی کا آٹھواں حرف (۲) حساب جمل میں اِس کے تین عدد فرض کئے گئے ہیں ۔

ج - ا

جا (جانا کا امر - چل دے - ہٹ جا ۔

جا بھڑنا (ہ) (۱) متقابل ہونا - مقابلہ کرنا (۲) ٹکر کھانا - ہم پلّہ ہونا ۔

جا (جَا) (ف) مؤنث (۱) جگہ - مقام - ٹھکانا - موقع ۔

جا بجا (ف) ہر جگہ - ہر موقع پر - ہر مقام پر ۔

جا بیجا (ف) موقع بے موقع - درست نا درست - برا بھلا ۔

جا ضرور (ف - ع) مذکر - ٹٹی ۔

جانشین (ف) (۱) ولی عہد (۲) قائم مقام ۔

جانشینی (ف) مؤنث - جانشین ہونے کا فعل - قائم مقامی ۔

جانماز (ف) مؤنث - مصلّا - نماز پڑھنے کا فرش ۔

جاب (جَاب) (انگ JOB) مؤنث - اسامی - خدمت ۔

جابر (جَا - بِر) (ع) (۱) جبر کرنے والا - ظالم (۲) خودسر - خود مختار - با اختیار (۳) نقصان پہنچانے والا ۔

جاپ (جَاپ) (ہ) مذکر (گنوار) (۱) مویشی کے منہ کا چھینکا - دہانہ (۲) ایک قسم کی گھاس (۳) جپ - وظیفہ - ورد ۔

جاپا (جَا - پَا) (ہ) مذکر - جننا - زچگی ۔

جاپان (جَا - پَان) (انگ JAPAN) مذکر - چین کے شمال مشرق کی طرف ایک ملک ۔

جات (جَات) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) بچہ - بالک - اولاد - نسل - آل (۲) نتیجہ - پھل - ثمر (۳) گروہ - جماعت - جتھا (۴) درجہ - مرتبہ - رتبہ (۵) ذات - جنس - قسم (۶) بھاگ - قسمت - حصّہ (۷) طور - طریق - طرز - ڈھنگ (۸) منّت - نذر نیاز - بھینٹ ۔

جات برادری (ہ) مؤنث (ہندو) ذات برادری - قوم - خاندان - نسل ۔

جات پات (ہ) مؤنث - ذات پت - قوم - خاندان ۔

جات سبھاؤ (ہ) مذکر (ہندو) قومی عادت - قومی اثر - خاندانی خصلت ۔

جات وات پوچھے نہ کوئے / جو ہر کو بھجے سو ہر کا ہوئے (ہ) مثل - خدا کے نزدیک ذات پات کی کوئی پوچھ کچھ نہیں - جو اس کی بندگی کرے - وہی اچھا

جاتا رہنا (ہ) (۱) کھویا جانا - گم ہو جانا (۲) بالکل دور ہو جانا - باقی نہ رہنا (۳) اسقاط ہو جانا

جاترا (جَات - رَا) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) تیرتھ کو جانا - تیرتھ زیارت - سفر - کوچ (۲) دیوتا کی مورت کو رتھ وغیرہ میں بطریق سواری لے جانا (۳) تیوہار ۔

جاتری (ہ) مذکر - زائر - زیارت کو جانے والا - حاجی تیرتھ کو جانے والا - مسافر - رہگیر ۔

جاتی دنیا دیکھنا (ہ) مرتے مرتے بچ جانا ۔

جاتے جاتے (ہ) جانے کے وقت - رفتہ رفتہ ۔

جاٹ (جَاٹ) (ہ) مذکر (۱) وہ ہندو قوم جس کا پیشہ کاشتکاری وغیرہ ہے (۲) بگڑے ہوئے راجپوت - بگڑے ہوئے چھتری

جاٹ کی بیٹی برہمن کے گھر آئی (ہ) مثل - ادنیٰ ہو کر بڑی عزت پانا ۔

جاٹھ (جَاٹھ) (ہ) مذکر - کولھو یا گنّے پیلنے کی مشین کا دُھرا ۔

جاجت (جَا - جَت) (ہ) مؤنث - جیم کی تختی جو بچوں کو پڑھائی لکھائی جاتی ہے ۔

جاجم (جَا - جَم) (ت) مؤنث - چھپا ہوا فرش - ایک قسم کا کپڑا جس پر بیل بوٹے چھاپ کر فرش بناتے ہیں

جاجونتی (جَاج - وَن - تِی) (ہ) مؤنث - ایک راگنی ۔

جاچک (جَا - چَک) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) جانچنے والا -

ممتحن۔ امتحان لینے والا۔ پرتال کرنے والا (۲) مانگنے والا۔ منگتا۔ سازندہ۔ ڈوم ❊

جاچکی (ہ) مذکر (ہندو) جھانجھ بجانے والا۔ وہ لوگ جو طبلہ سارنگی لئے ہوئے بوڑھے کی میت یا برات وغیرہ میں گاتے بجاتے ہیں ❊

جادَو (جا۔ دَو) (ہ) مذکر (۱) راجہ یدو کی اولاد کا ایک فرد (۲) کرشن جی کا ایک نام ❊

جادَو بنسی (ہ) مذکر۔ راجپوتوں کی ایک شاخ جس سے کرشن جی پیدا ہوئے تھے۔ چندر بنسی خاندان کی ایک شاخ ❊

جادُو (جا۔ دُو) (ف) مذکر۔ ٹونا۔ سحر۔ افسون۔ منتر ❊

جادو جگانا (ا) افسون یا منتر کے اثر کو آزما کر دیکھنا۔ جادُو کرنے سے پہلے اس کی آزمائش کرنا ❊

جادُو چلانا (ا) سحر کرنا۔ افسون کرنا ❊

جادُو چلنا (ا) سحر کا کارگر ہونا۔ ٹونے کا مؤثر ہونا ❊

جادُو کا پُتلا (ا) مذکر (۱) انسان یا حیوان کی وہ مُورت جو جادوگر عمل کرنے کے لئے بناتے ہیں۔ (۲) معشوق جو عاشقوں کو نگاہ پُر اثر سے تسخیر کر لیتا ہے ❊

جادُوگر (ف) مذکر۔ جادو کرنے والا۔ ساحر۔ فسوں ساز ❊

جادوگرنی (ا) مؤنث۔ جادُو کرنے والی عورت۔ ساحرہ ❊

جادوگری (ف) مؤنث۔ ساحری۔ سحرکاری ❊

جادو وہ جو سر پر چڑھ کر بولے (ہ) مثل۔ تدبیر وہی جو کارگر ہو جائے ❊

جادّہ (جادْ۔ دَہ) (ع) } بٹیا۔ وہ پتلا سا راستہ جو لوگوں
جادہ (جا۔ دَہ) (ف) }
کی آمد و رفت سے جنگل میں پڑ جاتا ہے۔ ڈگر ❊

جادھمکنا (ہ) جا پہنچنا۔ آموجود ہونا۔ کودنا ❊

جاذِب (جا۔ ذِب) (ع) (۱) جذب کرنے والا۔ چُوسنے والا۔ کشش کرنے والا (۲) مذکر۔ بلاٹنگ پیپر۔ سیاہی چوس ❊

جاذِبہ (ع) مؤنث (۱) ایک قوت جو اعضا میں موجود ہے۔ اور اپنے مناسب و موافق مادہ کو جذب کرتی ہے۔ (۲) تاثیرِ کشش محبت سے بھی مراد لی جاتی ہے۔ کھینچنے والی۔ کشش کرنے والی۔ چُوسنے والی ❊

جار (جا۔ ر) (ع) مذکر (۱) پڑوسی۔ ہمسایہ (۲) جر دینے والا۔ زیر یا کسرہ دینے والا ❊

جار (جار) (ہ) مذکر۔ دھگڑا۔ آشنا۔ یار۔ زانی۔ تکواڑ ❊

جارج (جا رج) (انگ GEORGE) مذکر مخصوص نام۔ اس نام کے بہت سے بادشاہ مختلف ملکوں میں ہوئے ہیں۔ انگلستان میں جارج پنجم مشہور بادشاہ گزرے ہیں۔ جو ہندوستان کے شہنشاہ تھے۔ آج کل ان کے چھوٹے فرزند جارج ششم کے لقب سے فرائضِ حکومت انجام دے رہے ہیں ❊

جارجٹ (جار۔ جَٹ) (انگ GEORGATTE) مؤنث۔ باریک ریشمی کپڑا جس کے دوپٹے بنائے جاتے ہیں ❊

جارِ ملحق (ع) مذکر۔ حق شفع کی ہوئی جائداد کے عین متصل گھر یا جائداد رکھنے والا ہمسایہ ❊

جاروب (جا۔ رُوب) (ف) مؤنث۔ جھاڑو۔ ستھرائی۔ بُہاری ❊

جاروب کش (ف) جھاڑو دینے والا۔ خاکروب ❊

جاری (جا۔ رِی) (ف) (۱) چلتا ہوا۔ بہتا ہوا (۲) (ہ) مؤنث زنا۔ چھنالا۔ حرام کاری۔ زناکاری۔ فسق و فجور ❊

جاریہ (جا۔ رِیَہ) (ع) مؤنث۔ لونڈی ❊

جاڑا (جا۔ ڑا) (ہ) مذکر (۱) سردی کا موسم (۲) مطلق سردی۔ خنکی۔ ٹھنڈ ❊

جاڑا پڑنا (ہ) موسمی سردی کا زور ہونا ❊

جاڑا چڑھنا (ہ) (۱) کپکپی ہونا۔ سردی لگنا (۲) تپ لرزہ کا اثر کرنا ❊

جازم (جا۔ زَم) (ا) مؤنث (عوام) جاجم ❊

جازِم (جا۔ زِم) (ع) جزم دینے والا۔ ساکن کرنے والا ❊

جاسوس (جا۔ سُوس) (ع) مذکر۔ مخبر۔ بھیدی۔ خفیہ نویس ❊

جاسوسی (ہ) مؤنث۔ مخبری۔ خفیہ نویسی ❊

جاکٹ (جا۔ کَٹ) (انگ JACKET) مؤنث۔ کمری۔ واسکٹ۔ نیم آستین۔ کُرتی ❊

جاکر۔ جاکڑ (جا۔ کَر۔ جا۔ کَڑ) (ہ) مذکر۔ بندھک۔ شرطی۔ پسند ناپسند کے اقرار پر کسی چیز کو خریدنا ❊

جاکڑ بہی (ہ) مؤنث۔ روکڑ بہی کے خلاف۔ وہ بہی جس میں شرطی بکری کی یادداشت لکھی جائے ❊

جاکھڑ (جا۔ کھَڑ) (ہ) مذکر۔ جاٹوں کا ایک فرقہ ❊

جاکھن (جا۔ کھَن) (ہ) مؤنث۔ لکڑی جس پر کنوئیں میں اینٹوں کی بنیاد رکھتے ہیں ❊

جاگی ہنڈی واگی منڈی (ہ) مثل۔ جس کی حاد و دسیل سامی کی اطاعت۔ جس کا کھائیں گے۔ اُسی کا گائیں گے۔

جاگ (جاگ) (ہ) مؤنث (۱) بیداری۔ بیخوابی۔ ہوشیاری۔ (۲) شب بیداری (۳) ٹیک۔ ہتوان۔ رات کی پوجا۔

جاگ اُٹھنا (ہ) بیدار ہو جانا۔ سوتے سے اُٹھ بیٹھنا۔

جاگتی جوت (ہ) مؤنث۔ ظاہر اور روشن کرامت۔ نمایاں معجزہ۔

جاگتے رہنا (ہ) (۱) بیدار رہنا۔ نہ سونا (۲) چوکیدار کی آواز۔

جاگتے کی کٹیا سوتے کا کٹرا (ہ) مثل۔ ہوشیار فائدہ اٹھائے اور غافل نقصان پائے۔

جاگر (ہ) صفت (گنوار) جاگنے والا۔ شب بیدار۔ بیدار۔ ہوشیار۔

جاگرن (جا۔گرَن) (ہ) مذکر (ہندو) رت جگا۔ خدائی رات۔

جاگنا (ہ) (۱) بیدار ہونا۔ نیند سے اٹھنا (۲) ہوشیار ہونا۔ متنبہ ہونا۔

جاگہ (جا۔گہَ) (ہ) مؤنث۔ جگہ۔

جاگی (جا۔گی) (ہ) مؤنث۔ بندوق کا فتیلہ۔

جاگیر (جا۔گیر) (ف) مؤنث۔ وہ قطعۂ زمین یا گاؤں جو بادشاہوں یا نوابوں کی طرف سے دیا جائے۔ اقطاع۔ پرگنہ۔ تعلقہ۔ معافی۔

جاگیر احتشام (ف۔ع) مؤنث۔ وہ جاگیر جو لشکر کی پرورش کے لئے دی جائے۔

جاگیر دار (ف) مذکر (۱) مالک جاگیر۔ تعلقہ دار۔

جاگے گا سو پاویگا سوئیگا سو کھوئیگا (ہ) ہوشیاری سے کامیابی ہوتی ہے اور غفلت سے نقصان۔

جال (جال) (ہ) مذکر (۱) دام۔ پھندا (۲) مکر۔ فریب۔ دھوکا (۳) جادو۔ طلسم (۴) پٹکا۔ پرتلہ (۵) کھڑکی۔ دریچہ۔ (۶) جالی دار۔ سلسلہ دار۔

جال بچھانا (ہ) (۱) دام پھیلانا (۲) مکر و فریب کا ڈھنگ ڈالنا۔

جال پھیلانا (ہ) دیکھو "جال بچھانا"۔

جال پھینکنا (ہ) (۱) مچھلیاں پکڑنے کے لئے دریا میں جال ڈالنا (۲) فریب کا ڈھنگ ڈالنا۔

جال تاننا (ہ) کسی کو پھنسانے کے لئے فریب سے کام لینا۔

جال دار (۱) پھندے دار۔ حلقے دار۔ جالی کا۔

جال ڈالنا (ہ) (۱) دام بچھانا یا دریا میں پھینکنا۔ (۲) فریب یا دھوکے کا موقع پاکر کام کرنا۔

جال کرنج (ہ) مؤنث۔ بیتی اور تعداد۔

جال میں پھنسنا (ہ) کسی شکار کو دام میں یا انسان کو فریب میں لانا۔

جالا (ہ) مذکر (۱) وہ سفید اور کاغذ سی جھلی جو مکڑی اپنے لعاب دہن سے بناتی ہے۔ یا وہ چند تار جو مکڑی بناتی ہے۔ (۲) وہ سفید پردہ یا جھلی جو آنکھ میں پیدا ہو جاتی ہے۔ (۳) جالی۔

جالی (ہ) مؤنث (۱) خانہ دار کپڑا یا کوئی اور چیز چھید والی۔ چھننے والی یا حلقہ دار چیز (۲) کشیدہ۔ وہ کڑھا ہوا کپڑا جس میں بہت سے خانے بنے ہوتے ہیں (۳) وہ پردہ جو آم کی کیری میں گٹھلی پڑنے سے پیدا ہوتا ہے۔ اور بعد میں اسی کی گٹھلی بن جاتی ہے (۴) وہ برقع یا جھلی جس میں بچہ لپٹا ہوا پیدا ہوتا ہے (۵) جال۔ نقاب۔ بنا ہوا پردہ جو منہ یا سینے پر ڈال لیتے ہیں (۶) وہ چھینکا جو مویشیوں کے منہ پر لگا دیتے ہیں (۷) جعلی۔ فریبی (۸) بنایا ہوا۔ مصنوعی۔

جالی کاڑھنا۔ یا۔ نکالنا (ہ) (عو) جالی کا کام کرنا۔ کپڑے وغیرہ پر کچھ کام بنانا۔

جالی لوٹ (ہند) (انگ۔ بابنٹ BOBBINET) مذکر۔ ایک قسم کا باریک خانہ دار انگریزی کپڑا۔

جالیا (جال۔یا) (ا) (جعلیا کا مخرب) جعل ساز۔ فریبی۔

جالیا (جا۔لیا) (ہ) پکڑ لیا۔ گرفتار کر لیا۔

جالینا (ہ) پکڑ لینا۔ گرفتار کر لینا۔

جالینوس (جا۔لی۔نوس) (یونانی) مذکر۔ یونان کا ایک مشہور حکیم جو فن طبابت میں تمام حکمائے یونان پر فوقیت لے گیا تھا۔

جام (جام) (ف) مذکر۔ پیالہ۔ گلاس۔ ساغر۔ پیانہ۔ شراب پینے کا برتن (۲) خراسان کا ایک مشہور شہر جہاں مولانا جامی مشہور عالم ہوئے ہیں۔

جامِ جم۔ یا۔ جامِ جمشید (ف) مذکر۔ جمشید کا پیالہ۔ جو حکمائے فارس نے بنایا تھا۔ کہتے ہیں کہ اس کے ذریعے سے آسمان کے ستاروں کا مقام اور پھر ان کے وسیلے سے جس چیز کے متعلق سوال کیا جائے اس کا جواب احکام نجوم کی وساطت سے معلوم

ہو جایا کرتا تھا ٭
جامِ جہاں نما (ف) مذکر (۱) دیکھو "جامِ جم یا جامِ جمشید"۔ (۲) وہ مینار جس کی روشنی سے جہازوں کو سمندر کا راستہ معلوم ہوتا ہے ٭
جام چڑھانا (ا) شراب کا پیالہ پینا ٭
جام چلنا (ا) شراب کا دَور چلنا ٭
جامِ صحت پینا (ا) کسی بڑے آدمی کی تندرستی کا گلاس پینا۔ انگلستان میں دستور ہے کہ اپنے دوستوں۔ حاکموں وغیرہ کی صحت و کامیابی کے لئے عام یا نجی جلسوں میں جام شراب پیتے ہیں ٭
جام لبریز ہونا (ا) مرنے کے قریب ہونا ٭
جام (جَام) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) پہر رات۔ دن کا آٹھواں حصہ تین گھنٹے کا عرصہ (۲) تخم۔ بیج۔ نطفہ (۳) اولاد۔ نسل (۴) پوت۔ فرزند۔ بیٹا ٭
جام (جَام) (انگ JAM) مذکر مُربّہ۔ پھلوں کا شیریں مربّا ٭
جامد (جَا۔ مِد) (ع) (۱) جما ہوا۔ پتھر (۲) وہ لفظ جس سے نہ تو کوئی اور لفظ بنے اور نہ وہ کسی سے بنا ہو ٭
جامدانی (جَام۔ دَا۔ نِی) (ا) (جامہ دانی کا مخفف) مؤنث۔ کپڑوں کی پیٹی۔ چمڑے کا صندوق جس میں پہننے کے کپڑے رکھتے ہیں (۲) ایک قسم کا کپڑا جس پر پھول بنے ہوئے ہوتے ہیں ٭
جامع (جَا۔ مِع) (ع) جمع کرنے والا۔ شامل۔ حاوی۔ تمام ٭
جامع مسجد (ع) مؤنث۔ وہ بڑی مسجد جس میں بہت سے آدمی جمع ہوں۔ جمعہ مسجد ٭
جامعہ (ع) مؤنث (۱) یونیورسٹی۔ دار العلوم۔ (۲) سب۔ تمام
جامعیت (ع) مؤنث۔ جامع پن ٭
جامن (جَا۔ مُن) (ہ) مؤنث (۱) اودے رنگ کا ایک میٹھا پھل اور اس کا درخت (۲) وہ چیز جسے دودھ میں ڈال کر دہی جماتے ہیں ٭
جامہ (جَا۔ مَہ) (ف) مذکر (۱) پوشاک۔ لباس۔ قبا۔ پیراہن۔ (۲) ایک قسم کا گھیر دار چوغہ نما لباس جسے قدیم شرفا اور درباری اشخاص پہنا کرتے تھے ٭
جامہ دار (ف) مؤنث (۱) ایک قسم کی پھول دار چھینٹ۔ (۲) اونی پھولدار چادر (۳) لباس وغیرہ کا انتظام کرنے والا ملازم (۴) چوکیدار۔ محافظ ٭
جامہ زیب (ف) وہ آدمی جسے ہر لباس پھبے اور موزوں معلوم ہو ٭
جامے سے باہر ہونا (ا) (۱) بہت غصے ہونا (۲) بہت فخر کرنا
جامے میں پھولا نہ سمانا (ا) نہایت خوش ہونا۔ فرطِ خوشی سے آپے میں نہ رہنا ٭
جان (جَان) (ہ) مؤنث (۱) پہچان۔ واقفیت۔ آگاہی (۲) جاننا کا امر ٭
جان بوجھ کر (ہ) عمداً۔ قصداً۔ دیدہ و دانستہ۔ ارادتاً ٭
جان پہچان (ہ) مؤنث (۱) واقفیت۔ آشنائی۔ ملاقات (۲) واقف کار۔ ملاقاتی ٭
جان کر انجان بننا (ہ) تجاہلِ عارفانہ کرنا۔ جھوٹی لاعلمی ظاہر کرنا۔ دیدہ دانستہ انکار کر دینا ٭
جان لینا (ہ) پہچان لینا۔ واقف ہو جانا۔ معلوم کر لینا ٭
جان نہ پہچان بڑی خالہ سلام۔ یا۔ جان نہ پہچان میں تیرا مہمان (ا) مثل۔ ذرا سے تعلق یا معمولی شناسائی پر نہایت گہرا تعلق جتانے یا خواہ مخواہ اظہارِ تپاک و گرمجوشی کے موقع پر استعمال کرتے ہیں ٭
جان (جَان) (ف) مؤنث (۱) روح۔ دم۔ زندگی۔ آتما (۲) بل۔ طاقت۔ زور۔ ہمت (۳) عطر۔ لُبّ لباب۔ ست۔ مغز۔ گودا (۴) زیبائش۔ آرائش۔ زیب (۵) تعظیم اور پیار کا کلمہ (۶) معشوق۔ پیارا۔ جانی (۷) لختِ جگر۔ آنکھ کا تارا۔ نہایت عزیز اور پیارا بیٹا ٭
جان آ جانا۔ یا۔ آنا (ا) (۱) طاقت آنا۔ قوت آنا (۲) تازگی حاصل ہونا۔ رونق آنا (۳) تسلی ہونا ٭
جان باز (ف) جان نثار۔ جان پر کھیلنے والا۔ دلیر۔ بیباک۔ جفاکش۔ محنتی۔ عاشق۔ بیدل ٭
جان بازی (ا) مؤنث۔ جان نثاری۔ دلیری۔ ہمت جفاکشی ٭
جان بازی کرنا (ا) جان پر کھیلنا۔ جان جوکھوں میں ڈالنا۔ دلیری کرنا۔ جرأت کرنا ٭
جان بچی لاکھوں پائے (ا) جیتا رہنا ہی غنیمت ہے۔ اور بڑی دولت ہے۔ بچ جانا ہی غنیمت ہے ٭
جان بحق (تسلیم) ہونا (ا) مر جانا ٭
جان بخشی (ف) مؤنث۔ معافی۔ عفو۔ رہائی۔ نجات ٭

جان پر ہونا (ا) جی پڑنا۔ جان سلامت لے اٹھنا۔
جان بر لب (ف) مرنے کے قریب۔ قریب مرگ۔
جان پر آسمان ٹوٹنا (ا) اچانک مصیبت آ جانا۔ سخت آفت میں پھنسنا۔
جان پر بننا (ا) جان خطرے میں ہونا۔ نہایت تکلیف میں ہونا۔
جان پر کھیلنا (ا) جان کو جوکھوں میں ڈالنا۔ اپنے آپ کو ہلاکت میں مبتلا کرنا۔
جان پر نوبت آنا (ا) (۱) جان خطرے میں ہونا۔ (۲) شدید آفت میں پھنسنا۔
جان پڑنا (ا) (۱) کسی چیز میں روح پیدا ہونا (۲) خوش ہونا۔ مسرور ہونا (۳) تر و تازہ ہونا۔
جان تصدق کرنا (ا) دوسرے کو بچانے کے لئے آپ مر جانا۔
جان توڑ کر (ف) نہایت محنت و مشقت سے۔ ہمہ تن مصروف ہو کر۔
جان جوکھوں (ا) مؤنث۔ جانی اور مالی خطرہ۔
جان چرانا (ا) کسی کام سے جی چرانا۔ پہلو تہی کرنا۔ گریز کرنا۔
جان چھڑکنا (ا) جان دینا۔ عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔
جان دار (ف) (۱) ذی روح۔ حیوان (۲) طاقت ور۔ مضبوط۔ قوی (۳) چالاک۔ پھرتیلا۔
جان دو بھر ہونا (ا) زندگی کا ناگوار ہونا۔ زندگی سے بیزار ہونا۔
جان دینا (ا) (۱) مرنا۔ جان سونپنا (۲) جان نثار کرنا۔ جان فدا کرنا (۳) نہایت بخل کرنا (۴) جلانا۔ زندگی بخشنا۔
جان سی نکلنے لگنا (ا) سخت تکلیف گزرنا۔ جان پر صدمہ پہنچنے لگنا۔ جان کنی کے برابر تکلیف پہنچنا۔
جان سے دور (ا) (عو) کسی مرے ہوئے آدمی کا اپنے زندہ عزیز سے تشبیہاً ذکر یا کسی آفت کا بیان کرتے وقت یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں۔
جان سے گزرنا۔ یا۔ جانا (ا) مر جانا۔ فوت ہو جانا۔ دم دے دینا۔
جان سے مارنا (ا) مار ڈالنا۔ قتل کرنا۔ ہلاک کرنا۔ گردن مارنا۔

جان سے ہاتھ دھو بیٹھنا (ا) زندگی سے مایوس ہونا مرنے پر آمادہ ہو جانا۔
جان فرسا (ف) جان کو جلانے والا۔ خوفناک۔
جان فشانی کرنا (ا) سخت محنت و مشقت کرنا۔ جان توڑ کر کوشش کرنا۔
جان کا بیری۔ یا۔ لاگو۔ یا۔ لیوا (ا) جانی دشمن۔ بدخواہ۔ حاسد۔
جان کا ٹکڑا (ا) مذکر۔ معشوق۔ جگر پارہ۔
جان کا جنجال (ا) وبال جان۔ دو بھر۔ گراں خاطر۔
جان کا روگ۔ یا۔ عذاب (ا) زندگی کا بے لطف کرنے والا۔ عیش و آرام میں خلل ڈالنے والا۔
جانکاہ (ف) جان گھلانے والا۔ جاں گداز۔ عموماً کسی سخت واقعے یا حادثے پر مستعمل ہوتا ہے۔
جان کسی پر دینا (ا) کسی پر عاشق یا فریفتہ ہونا۔ مفتون ہونا۔ شیدا اور دالہ ہونا۔ کسی پر مرنا۔
جان کندنی۔ یا۔ جان کنی (ف) مؤنث (۱) نزع۔ موت کے وقت سانس کا اکھڑنا۔ دم توڑنے کی حالت (۲) عذاب۔ اذیت۔
جان کو جان نہ سمجھنا (ا) جان کا خیال نہ کر کے سخت محنت و مشقت کرنا۔
جان کو رونا (ا) بد دعا۔ کسی سے تکلیف اٹھا کر اسے بد دعا دینا۔
جان کھانا۔ یا۔ جان کو کھانا (ا) تنگ کرنا۔ ستانا۔ تکلیف دینا۔
جان کھونا (ا) (عو) ہلاک ہونا۔ جان دینا۔ مرنا۔
جان کی امان (ا) مؤنث۔ معافی۔ عفو۔ رہائی۔ جان بخشی۔
جان کی جان گئی۔ ایمان کا ایمان گیا (ا) مثل۔ ہر طرح نقصان ہی نقصان ہوا۔ دین کے رہے نہ دنیا کے۔
جان کے برابر رکھنا (ا) نہایت عزیز رکھنا۔ جان سے جدا نہ کرنا۔
جان کے لالے پڑنا (ا) جینے کی امید نہ رہنا۔ زندگی کی تمنا نہ رہنا۔
جان گداز (ف) جان گھلانے والا۔ جان لینے والا۔
جان گدازی (ف) مؤنث۔ جان کی ہلاکت۔ جان کا لینا۔

جان لڑانا (ل) دل سے کوشش کرنا۔ جان دینے پر مستعد ہونا۔

جان لینا (ل) (۱) ہلاک کرنا۔ مارنا (۲) تنگ کرنا۔ دق کرنا۔

جان لیوا: (۱) جان کا خواہاں۔ دشمن۔

جان مارنا (ل) نہایت محنت و مشقت کرنا (۲) عاجز کرنا۔ ستانا۔ تکلیف دینا۔

جانِ من (ف) (۱) میری جان (۲) مجازاً معشوق۔ محبوب۔ چہیتی بیوی یا فرزند کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

جان میں جان آنا (ل) تسلی و تشفی پانا۔ تسکین ہونا۔ خوشی حاصل ہونا۔

جاں نثار (ف) (۱) جان فدا کرنے والا۔ وہ شخص جو اپنی جان کو کسی کے لئے عزیز نہ رکھے۔ جان باز (۲) وہ مردہ جو دم نکلنے کے بعد رونے کی چیخ پکار سے دفعۃً زندہ ہو جائے۔ اور پھر نہایت سختی سے جان دے۔

جاں نثاری (ف) مؤنث (۱) جان بازی۔ جان فشانی۔ (۲) جفاکشی۔ خیر خواہی (۳) تن دہی۔

جان نکلنا (ل) (۱) دم نکلنا۔ مرنا۔ ہلاک ہونا (۲) کسی پر عاشق ہونا (۳) دم خشک ہونا۔ ہمت ہارنا۔

جانور (ف) مذکر (۱) حیوان۔ جاندار۔ ذی روح۔ کیڑا مکوڑا (۲) چوپایہ۔ چرند۔ درند (۳) پرند پکھیرو (۴) گھوڑا (۵) وحشی غیر مانوس (۶) احمق۔ بے وقوف۔

جانور ہی تو تھا (ل) مثل۔ اس موقع پر بولتے ہیں۔ جب کوئی با اختیار حاکم کسی کی طرفداری میں انصاف کا خون کر کے الٹا اور بالکل ناجائز حکم دے۔

جان ہار (ل) (۱) جینے کی باتیں نہ کرنے والا۔ جان دینے کو تیار (۲) اپنی عمر اور حیثیت سے بڑھ کر کام کرنے والا۔ نہایت عقلمند یا بہادر آدمی (۳) آفت کا پرکالہ۔ نہایت شریر۔

جان ہلکان کرنا (ل) (عو) ستانا۔ تکلیف دینا۔ ہلاک کرنا۔

جان ہے تو جہان ہے (ل) مثل۔ زندگی ہی کے ساتھ دنیا کا لطف ہے۔

جانا (جا۔ نا) (ل) (۱) سدھارنا۔ رخصت ہونا (۲) گزرنا۔ مرنا۔ (۳) جدا ہونا۔ علیحدہ ہونا (۴) پہنچنا۔ داخل ہونا (۵) دور ہونا (۶) برباد ہونا۔

جانا بوجھا (ہ) مذکر (عو) جس سے اچھی طرح واقفیت ہو۔

جاناں (جا۔ ناں) (ف) مذکر۔ معشوق۔ پیارا۔ دلدادہ۔ جانِ جاں۔

جانب (جا۔ نِب) (ع) مؤنث۔ پہلو۔ طرف۔ رُخ۔

جانب دار (ع۔ ف) طرف دار۔ حمایتی۔ حامی کار ساتھی۔ مددگار۔

جانب داری (ف۔ ع) مؤنث۔ طرف داری۔ ساتھ۔ حمایت۔

جانبداری کرنا (ل) حمایت کرنا۔ ساتھ دینا۔

جانبین (ع) مذکر۔ فریقین۔ طرفین۔ دونوں طرف کے لوگ۔

جانپتا (جاں۔ پتا) (ہ) مذکر۔ آل اولاد۔

جانچ (جانچ) (ہ) مؤنث (۱) انداز۔ قیاس۔ تخمینہ۔ پڑتال۔ سانکل۔ پرکھ۔ شناخت۔

جانچنا (ہ) پرکھنا۔ آزمانا۔ تخمینہ کرنا۔ اندازہ کرنا۔ تولنا۔ تاڑنا۔ معلوم کرنا۔

جان صاحب (ف۔ ع) مذکر۔ میر یار علی خلف میر امن لکھنوی کا تخلص۔ ریختی میں بہت اچھے شعر کہتے تھے۔

جانگل (جاں۔ گل) (ہ) مذکر (۱) مچھلی کھانے والا ایک بڑا پرند (۲) تیتر۔

جانگلو (جانگ۔ لو) (ہ) (گنوار) وحشی۔ جنگلی۔ اُجڈ۔ احمق۔ بے وقوف۔

جانگلی (جانگ۔ لی) (س) مذکر (۱) ایک درخت (۲) جنگلی۔ وحشی (۳) دیہاتی۔

جانگھ (جانگھ) (ہ) مؤنث۔ ران۔ زانو۔

جانگھیا (ہ) مذکر۔ کچھنا۔ گھٹنا۔ وہ چھوٹا پاجامہ جو رانوں تک ہوتا ہے۔

جاننا (ہ) (۱) آگاہ ہونا۔ واقف ہونا۔ پہچاننا۔ معلوم کرنا۔ (۲) اعتبار کرنا۔ بھروسہ کرنا (۳) ذمہ دار ہونا (۴) ماننا۔ تسلیم کرنا۔

جانی (ف) (۱) جانِ من۔ پیارا۔ محبوب۔ معشوق۔ دوست۔ دلبر (۲) جان سے نسبت رکھنے والا۔

جانی دشمن (ا) مذکر۔ وہ دشمن جو ہلاک کرنے کے درپے رہے۔

جانی دوست (ل) مذکر۔ دلی دوست۔

جانے (ہ) (۱) جیسے۔ گویا (۲) خبر نہیں۔ کیا معلوم (۳) سمجھے۔

جانے دو (ہ) (۱) نہ روکو۔ چلنے دو (۲) باز آؤ۔ معاف کرو۔ خیال نہ کرو۔

جانے دینا (ہ) (۱) دور کرنا۔ رہائی دینا (۲) درگزر کرنا۔ باز آنا۔ معاف کرنا۔ خیال نہ کرنا ٭

جاوتری (جا۔ وِت۔ تِری) (ہ) مؤنث۔ جائفل کا پھول ٭

جاودان (جا۔ وِدان) (ف) ہمیشہ ٭

جاودانی (ف) (۱) ہمیشہ (۲) ہمیشگی ٭

جاوید (جا۔ وِید) (ف) مدام۔ ہمیشہ۔ سدا۔ نت۔ دائم۔ ازل سے ابد تک ٭

جاہ (جاہ) (ف) مذکر (۱) رتبہ۔ مرتبہ۔ عزت۔ درجہ۔ منصب (۲) شرف۔ بزرگی۔ جلال۔ شان۔ عظمت ٭

جاہ وجلال (ف۔ ع) مذکر۔ شان وشوکت۔ رعب داب۔ عظمت۔ جبروت ٭

جاہ وحشم (ف۔ ع) مذکر (۱) شان وشوکت۔ لاؤ لشکر۔ ٹھاٹ۔ تجمل (۲) رفعت ومنزلت (۳) دولت۔ عزت۔ اقتدار ٭

جاہ ومنزلت۔ یا۔ جاہ ومنصب (ع۔ ف) مذکر۔ (۱) قدر ومنزلت۔ رتبہ۔ مرتبہ ٭

جاہل (جا۔ ہِل) (ع) (۱) مورکھ۔ نادان (۲) اَن پڑھ۔ بے علم۔ (۳) وحشی۔ اجڈ۔ بے ادب۔ گستاخ ٭

جاہل فقیر شیطان کا ٹٹو (ہ) مثل۔ جاہل فقیر پر شیطان سوار ہوتا ہے۔ علم وعقل کے نہ ہونے سے جدھر جی چاہا۔ لے گیا ٭

جاہی جوہی (جا۔ ہی۔ جُو۔ ہی) (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کی چنبیلی (۲) ایک قسم کی آتش بازی ٭

جائداد (جا۔ اِداد) (ف) مؤنث (۱) ملکیت۔ ملک۔ مال اسباب۔ جاگیر۔ پونجی۔ مال ومتاع (۲) پیدا وار۔ کھڑی فصل ٭

جائداد آبائی (ف۔ ع) مؤنث۔ باپ دادا کی جاگیر۔ جدی وراثت ٭

جائداد غیر منقولہ (ف۔ ع) مؤنث۔ زمین۔ مکانات۔ املاک۔ زمین مزروعہ یا سکونتی۔ وہ جائداد جو ایک جگہ سے دوسری جگہ نہ لے جا سکیں ٭

جائداد مکفولہ (ف۔ ع) مؤنث۔ وہ جائداد جو رہن کر دی جائے ٭

جائداد منقولہ (ف۔ ع) مؤنث۔ وہ چیز جسے ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جا سکیں۔ مثلاً زیور۔ روپیہ۔ گاڑی۔ گھوڑا۔ بیل۔ وغیرہ ٭

جائز (جا۔ اِز) (ع) (۱) روا۔ بجا۔ درست۔ مناسب۔ حق۔ صحیح (۲) مباح۔ مطابق شرع۔ قانون کے موافق۔ حسب ضابطہ (۳) صلبی۔ اصلی۔ سگا (۴) مستعمل۔ مقبول (۵) قابل منظوری ٭

جائز رکھنا (ہ) (۱) ماننا۔ منظور کرنا۔ صحیح قرار دینا۔ ٹھیک ماننا (۲) مباح سمجھنا۔ حلال جاننا ٭

جائز ولی (ع) مذکر (قانون) یتیموں کا محافظ ونگران ٭

جائزہ (جا۔ اِزہ) (ع) مذکر (۱) (لغوی معنی) صلہ۔ بدلہ۔ انعام (۲) درستی کا نشان۔ پڑتال کی علامت (۳) پڑتال جانچ (۴) موجودات۔ حاضری۔ گنتی۔ شمار ٭

جائزہ دینا (ہ) حساب کتاب دینا۔ چارج دینا ٭

جائزہ لینا (ہ) موجودات لینا۔ جانچنا ٭

جائفل (معرب) (ہندی جائے پھل) مذکر۔ دیکھو۔ "جائے پھل" ٭

جاؤ بھی (ہ) (۱) ہٹو بھی (۲) بیٹھے رہو۔ چپ رہو۔ بہت شیخی نہ بگھارو۔ اپنا کام کرو ٭

جاؤ بیٹھو (ہ) (۱) اپنا کام کرو۔ اپنے کام سے لگو۔ (۲) بس جاؤ چھٹی دو ٭

جاؤ دیوتا رپوت دکھن وہی کرم کے لچھن (ہ) مثل۔ کہیں جاؤ۔ قسمت سب جگہ ساتھ ہے ٭

جائی (جا۔ اِی) (ہ) مؤنث۔ دختر۔ بیٹی۔ لڑکی ٭

جائیا (جا۔ اِیا) (ہ) مذکر (ع) (۱) مرنے جوگا (۲) شریر۔ چالاک۔ تیز طبع ٭

جائی جوئی (ہ) مؤنث۔ دیکھو "جاہی جوہی" ٭

جائسی (ہ) (ع) مذکر۔ ملک محمد نام قصبہ جائس کا رہنے والا۔ ہندی فارسی کا بہت بڑا شاعر تھا۔ پدماوت بھاکا ہندی میں نہایت درد انگیز مثنوی لکھی۔ امیر خسرو کے بعد اُردو زبان کی بنیاد ڈالنے یا ہندی بھاکا میں عربی فارسی الفاظ ملانے والا یہ دوسرا شخص ہے۔ زبان سنسکرت میں بھی ماہر تھا ٭

جائے (جا۔ یِ) (ف) مؤنث۔ جگہ۔ مقام۔ ٹھور ٹھکانا۔ وسعت۔ گنجائش۔ سمائی ٭

جائے استاد خالی ست (ف) مثل۔ استاد پھر بھی استاد ہے۔ جہاں کوئی شخص کوئی اچھی تجویز سمجھائے۔ وہاں کہتے ہیں۔ گویا ہم آپ کے شاگرد ہیں۔ اب آپ ہی کی کسر باقی تھی ٭

جائے پھل (جا۔ اِے۔ پھَل) (ہ) مذکر۔ جوزہ ایک درخت کا پھل ٭

جائے تنگ است مرداں بسیار (ف) مثل - چھوٹی مجلس میں بُہت سے آدمی - تنگ جگہ میں بہت سے آدمی ÷

جائے ضرور (ا) مذکر - دیکھو "جا ضرور" ÷

جائے واردات (ف - ع) مؤنث - جرم واقع ہونے کی جگہ ÷

جائے لاکھ رہے ساکھ (ہ) مثل - لاکھ کا نقصان ہو جائے تو پروا نہیں - مگر اعتبار نہ جانا چاہیئے ÷

جایا (ہ) مذکر - بیٹا - پُتر - خلف - پسر - لڑکا - ولد - پوت - فرزند ÷

ج - ب

جب (جَبْ) (ہ) جس وقت - درحالیکہ - تب ÷

جب آنکھ بند کر لی تو پیچھے کچھ ہی ہو (ہ) مثل - جب خود ہی مر گئے - پھر بعد میں کچھ ہوا کرے ÷

جب پار اترے تو جوں مار دی (ہ) مثل - اس موقع پر بولتے ہیں - جب کوئی شخص کسی کام کے لئے منّت مانے - اور جب کام پورا ہو جائے تو اس کی نیت بدل جائے - پھر مانی ہوئی منّت کی چیز خیرات کرنے کے بجائے یونہی کوئی نکمّی سی چیز اللہ کی راہ دیدے - اور اس طرح دل کو تسلی دے لے کہ بس منّت پوری ہو گئی ÷

جب تک - جب تلک (ہ) تاوقتیکہ - جس وقت تک ÷

جب تک دم ہے تب تک غم ہے (ا) مثل - دنیا میں بے غم نہیں رہا جاتا - غم لازمۂ زندگی ہے ÷

جب تک رکابی میں بھات - تب تک میرا تیرا ساتھ (ہ) مثل - خود غرض آشنا کی نسبت بولتے ہیں - جو صرف اپنے مطلب کے لئے محبّت رکھے ÷

جب تک سانس تب تک آس (ہ) مثل - مرتے دم تک زندگی کی امّید رہتی ہے ÷

جب تورُی (ہ) (گنوار) (عو) دیکھو "جب تک" ÷

جب دانت نہ تھے تب چنے تھے - جب دانت ہوئے تو چنے نہیں (ہ) مثل - جب تک اولاد نہ تھی - مرفّہ الحال تھے - اب جو اولاد ہوئی - مفلسی ساتھ لائی ÷

جب سر سے اتار لی پھر کیا غم (ا) مثل جب اپنی عزّت نہیں تو دوسرے کی کیا پروا ÷

جب گھر میں زور ہوتا ہے - تب ہی مدار میاں بیٹا دیتے ہیں (ا) مثل - جب کوئی شخص خود ہمّت کرتا ہے تو خدا بھی اس کی مدد کرتا ہے ÷

جب لگی چاٹ تو سوجھی حلوائی کی ہاٹ (ا) مثل - جب کسی چیز کا چسکا لگ جائے تو انسان نا شدنی امور کو بھی اختیار کر لیتا ہے ÷

جب ہاتھ میں لیا کاسا - تو روٹیوں کا کیا سانسا (ہ) مثل - جب بے عزّتی اختیار کی تو روٹی کی کیا کمی ÷

جب ہی نہ جبھی (ہ) فوراً - اُسی وقت - اُسی گھڑی - اُسی دم ÷

جبّار (جَبْ - بَا رْ) (ع) (۱) جبر یا سختی کرنے والا - (۲) زبردست - بزرگ (۳) اللہ تعالیٰ کا ایک نام ÷

جُبُدْ - جُبُدّا (جُبُدْ - جُبُدْ - دَا) (ہ) (۱) شست (۲) بھدّا (۳) بھاری (۴) سخت ÷

جبر (جَبْرْ) (ع) مذکر (۱) زیادتی - سختی - بے رحمی - زبردستی - ظلم - ستم - دباؤ (۲) حساب میں کسرات کا اختصار (۳) معاوضے کے طور پر کچھ زیادہ دینا (۴) ڈنڈ - کسر ÷

جبراً (جَبْ - رَنْ) (ع) زبردستی سے - مجبور کر کے - ظلم سے ÷

جبراً لے لینا (ا) زبردستی چھین لینا - ناحق لے لینا ÷

جبراً و قہراً (ع) چار و ناچار - مجبوری سے ÷

جبر کرنا (ا) سختی کرنا - دبانا - تنگ کرنا - ستانا ÷

جبر مجرمانہ (ع - ف) مذکر - ایسا جبر جو جرم میں داخل ہو ÷

جبر نقصان (ع) مذکر - نقصان کا معاوضہ - تاوان ÷

جبر و تعدّی (ع) مؤنث - ظلم و ستم - جور و جفا - زبردستی ÷

جبر و مقابلہ (ع) مذکر - فنِ ریاضی کی ایک شاخ جس میں علامات و حروف کے ذریعے سے عمل کیا جاتا ہے اور معلومہ مقداروں کے وسیلے سے مجہولہ مقداریں دریافت کی جاتی ہیں ÷

جبرائیل - جبریل - جبرئیل (جَبْ - رَا - اِیْل + جَبْ - رَا - اِیْل + جَبْ - رَئِیْل) (ع) مذکر - چار مقرّب فرشتوں میں سے وہ جو خدا تعالیٰ کی طرف سے اس کے رسولوں کو احکام پہنچایا کرتے تھے ÷

جبروت (جَبْ - رُوْتْ) (ع) مذکر (۱) عظمت - بزرگی (۲)

مکبر (۴) فلسفۂ جلال آسمانی کا عالم - صفات الٰہی ⁂

جبڑا (جَب - ڑا) (ہ) مذکر - کلّہ - جاڑ - اوپر - نیچے کے دانتوں کی بناوٹ جس سے غذا کھائی اور ہر نرم و سخت چیز چبائی جاتی ہے ⁂

جبڑا توڑ (ہ) مذکر - منہ توڑ - زبردست - زور آور ⁂

جبل (جَبَل) (ع) مذکر - پہاڑ ⁂

جبلّت (جِبِل - لَت) (ع) مؤنث - سرشت - فطرت - اصلی طبیعت ⁂

جبلّی (جِبِل - لی) (ع) فطری - خلقی - پیدائشی - قدرتی - طبعی - اصلی ⁂

جبن (جُبن - جُبُن) (ع) مذکر (۱) بزدلی کم ہمتی (۲) وہ سفید مادہ جو دودھ پھاڑ کر نکالتے ہیں - پنیر ⁂

جبّو (جب - بُو) (ہ) مؤنث - زبان ⁂

جبّہ (جُب - بَہ) (ع) مذکر - چوغہ - جامہ - ایک قسم کی سدری و عربی پوشاک جو عالم لوگ پہنتے ہیں ⁂

جبھا (جبھا) (ہ) مذکر (عو) عالی ہمتی - دلبری ⁂

جبہہ (جَب - ہَہ) (ع) مذکر - ماتھا پیشانی - جبین ⁂

جبہہ سا (ع) ماتھا رگڑنے والا - منت کرنے والا ⁂

جبہہ سائی (ع - ف) مؤنث - ماتھا رگڑنا - منت و سماجت کرنا - ناک رگڑنا ⁂

جبیا (جب - یا) (ہ) مؤنث (عوام) زبان ⁂

جبین (جَبِین) (ف) مؤنث - ماتھا - پیشانی ⁂

ج - پ

جپ (جَپ) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) ورد - وظیفہ - جو تسبیح یا مالا کے ذریعے سے ہو - بندگی - پرستش (۲) جادو - منتر - افسون ⁂

جپ تپ (ہ) مؤنث - پوجا - بندگی - عبادت - ریاضت ⁂

جپ جی (ہ) مؤنث - سکھوں کی ایک مقدس کتاب ⁂

جپ کرانا (ہ) کسی مطلب یا مراد یا بیمار کی تندرستی کے لئے منتر پڑھوانا یا پوجا پاٹ کرانا ⁂

جپ مالا (ہ) مؤنث - پوجا کرنے کی مالا - سمرن - تسبیح ⁂

جپنا (ہ) (۱) مالا پھیرنا - تسبیح پھیرنا - خدائے تعالیٰ کا نام لینا (۲) رٹنا - بار بار کہنا - ورد کرنا ⁂

جپنی (ہ) مؤنث (۱) مالا - تسبیح (۲) (عو) ورد - وظیفہ - رٹ ⁂

جپی تپی (ہ) مذکر - پجاری - بھگت - عابد - زاہد - مرتاض ⁂

ج - ت

جتاساری - جتساری (جتا - سا - ری - جت - سا - ری) (ہ) مؤنث - وہ گیت جو عورتیں چکی پیستے وقت گاتی ہیں ⁂

جتانا - جتلانا (جتا - نا - جت - لا - نا) (ہ) (۱) آگاہ کرنا - ہوشیار کرنا - بتانا (۲) فہمائش کرنا - کان کھولنا (۳) یاد دلانا (۴) ایما کرنا - اشارہ کرنا (۵) رہنمائی کرنا - ہدایت کرنا (۶) ہوش میں لانا ⁂

جتانا - جتوانا (جِتا - نا - جِت - وا - نا) (ہ) غالب کرانا - بازی دلوانا ⁂

جتانا (جُتا - نا) (ہ) جوتنا کا متعدی ⁂

جتاؤ (جُتا - اؤ) (ہ) جوتنے کے قابل ⁂

جتائی (جُتا - ائی) (ہ) مؤنث - کھیت کا جوتنا ⁂

جتن (جَتَن) (ہ) مذکر (۱) تدبیر - بندوبست - فکر - تجویز (۲) علاج - دوا (۳) محنت - مشقت (۴) کام - کرتوت - فعل (۵) ڈھنگ - طریقہ (۶) دنیا - سنسار (۷) بہانہ - مکر و فریب (۸) سعی - کوشش (۹) استحکام - استقلال ⁂

جتنا (جِت - نا) (ہ) (۱) جس قدر - جو کچھ (۲) سب - سارا - کل - تمام ⁂

جتنا چھانو اتنا ہی کرکرا (ہ) مثل - جتنا زیادہ وہم ہو - اتنا ہی زیادہ نقص نکلتا ہے ⁂

جتنا چھوٹا اتنا ہی کھوٹا (ہ) مثل - پست قد یا کم عمر دشمن کی نسبت کہتے ہیں کہ اس چھوٹے کو چھوٹا نہ جانو - یہی سب سے زیادہ کھوٹا ہے ⁂

جتنا گڑ ڈالو اتنا ہی میٹھا ہوتا ہے (ہ) مثل - جتنا خرچ کرو گے - اتنا ہی کام اچھا ہو گا ⁂

جُتنا (جُت - نا) (ہ) (۱) بیلوں وغیرہ کا ہل یا گاڑی میں لگنا (۲) بہت مشغول ہونا (۳) بھڑنا - لڑنا (۴) عمل کرنا - کوشش کرنا - محنت کرنا ⁂

جَتنی (جَت - نی) (ہ) جتن کرنے والا - تدبیر کرنے والا -

مختی۔ چالاک آدمی (۲) بالوں کی رسّی یا ڈوری جو چوٹی کی پھنڈیوں کے کناروں پر مال کے ٹکاؤ کے لئے باندھتے ہیں۔

جتنی چادر دیکھئے اُتنے ہی پاؤں پھیلائیے۔ (ھ) مثل۔ اپنی حیثیت کے موافق کام کرنا چاہئے۔ اپنی بساط اور آمدنی کے مطابق چلنا چاہئے۔

جتنی دیگ۔ اتنی کھرچن (ھ) مثل۔ جتنا زیادہ مال ہوگا۔ اتنا ہی زیادہ نفع ہوگا۔

جتنے دم اُتنے ہی غم (ھ) مثل۔ جتنے آدمی زیادہ ہوں۔ اتنی ہی فکر زیادہ ہوگی۔

جتنے منہ اُتنی ہی باتیں (ھ) مثل۔ ہر شخص کی رائے یا اعتراض الگ ہوتا ہے۔

جتھا (جَتھا) (ھ) مذکر (۱) منڈلی۔ گروہ۔ جماعت۔ ٹولی۔ (۲) انبوہ۔ بھیڑ۔ ہجوم۔ مجمع (۳) سرمایہ۔ پونجی۔ راس المال (۴) ایکا۔ اتفاق (۵) طاقت۔ زور۔ بل۔

جتھا باندھنا (ھ) جماعت باندھنا۔ متفق ہونا۔ ایکا کرنا۔

جتی (جَتی) (ھ) (۱) مجرد۔ وہ شخص جس نے بیاہ نہ کیا ہو (۲) اپنی عورت کے سوا دوسری کے پاس نہ جانے والا (۳) سنیاسی۔ سنت۔ جوگی۔

جتی ستی (ھ) (۱) نیک۔ پارسا (۲) مجرد۔ تارک الدنیا۔

جتیانا (جُت۔ یا۔ نا) (ھ) جوتیاں مارنا۔ پیٹنا۔

ج - ٹ

جٹ (جَٹ) (ھ) مذکر۔ جاٹ کا مخفف۔

جُٹ (جُٹ) (ھ) مؤنث (۱) جوڑا۔ جفت۔ جوڑی۔ (۲) دو متحد و متفق آدمی یا چیزیں (۳) ہمسر۔ ثانی۔ نظیر۔

جٹا (جَٹا) (ھ) مؤنث (۱) گندھے ہوئے بال۔ چوٹی۔ جوڑا۔ لمبے لمبے بال (۲) رستا۔ بڑی رسّی (۳) برڑ کی ڈاڑھی۔ جڑ۔

جٹا دھاری (ھ) (۱) لمبے بالوں والا۔ وہ شخص جس کے بالوں کی بڑی بڑی لٹیں ہوں (۲) مذکر۔ شوجی۔ مہادیو (۳) مذکر۔ وہ پرانا سانپ جس کے سر پر بال ہوں (۴) مذکر۔ زعفران۔ کیسر۔

جٹاماسی۔ یا۔ ماسی (ھ) مؤنث۔ سنبل الطیب۔ بالچھڑ۔

جٹنا (جُٹ۔ نا) (ھ) (۱) بھڑنا۔ ملنا۔ پیوند ہونا (۲) سازش کرنا (۳) چمٹنا۔ لپٹنا (۴) ہمبستر ہونا۔ مجامعت کرنا۔ (۵) سر ہونا۔ پیچھے پڑنا۔

جٹوا (ھ) مذکر (۱) جاٹوں کی ایک گوت (۲) چماروں یا موچیوں کی ایک گوت۔

جٹوارا (ھ) مذکر۔ جاٹوں کے رہنے کی جگہ۔ جاٹوں کا محلّہ۔ جاٹوں کا علاقہ۔

جٹھانی (جِٹھا۔ نی) (ھ) مؤنث۔ دیکھو "جیٹھانی"۔

جٹھانی کا بھینسا اگر دھول دھول (ھ) دوسرے کی اولاد موٹی تازی نظر آتی ہے۔ اور اپنی اگر موٹی تازی بھی ہو تو کمزور معلوم ہوتی ہے۔

جٹی (ھ) مؤنث (۱) جیٹھی۔ (۲) (پ) جاٹ کی بیوی۔

جُٹّی (جُٹ۔ ٹی) (ھ) مؤنث (ہندو) سوکھے تمباکو کی گڈی۔ بنڈل (۲) بہت سی اوپر تلے رکھی ہوئی روٹیاں (۳) اوپر تلے رکھے ہوئے روپے یا پیسے۔ (۴) پاس پاس۔ پیوستہ۔

جُٹی بھویں (ھ) مؤنث۔ ابروئے پیوستہ۔ جڑی بھویں۔

جٹی بٹی (جُٹی۔ بٹی) (ھ) مؤنث (ہندو) (عو) جڑی بوٹی۔

ج - ث

جُثّہ (جُث۔ ثہ) (ع) مذکر (۱) تن۔ بدن۔ جسم۔ انگ (۲) کاٹھی۔ ساخت جسم (۳) لاش۔ نعش (۴) جسامت۔

ج - ج

جج (جَج) (انگ JUDGE) مذکر۔ فیصلہ کرنے والا۔ منصف۔

ججمان (جَج۔ مان) (ھ) مذکر (۱) ہون کے لئے پانڈوں کو نوکر رکھنے والا۔ یگیہ کرنے والا (۲) وہ شخص جس سے نائی۔ برہمن وغیرہ منفعت کا استحقاق رکھیں۔ مخدوم۔ آقا۔ مربّی۔ موکّل۔

ججمانی (ھ) (۱) وہ روپیہ جو ججمان کو دیں (۲) ججمان کی بیوی۔

ججھہ (ججھہ) (ھ) مذکر۔ لڑائی۔ معرکہ۔ جنگ۔ کارزار۔

ججی (جَج۔ جی) (ا) مؤنث (۱) جج کا عہدہ (۲) جج کا کام (۳) جج کی کچہری۔

ج - چ

جچّا (جَچّا) (ہ) مؤنّث (ہندو) (عو) وہ عورت جس کے بچّہ پیدا ہُوا ہو۔ زچّہ ٭

جچا (جَچا) (ا) (۱) آنکا ہُوا۔ قیاس میں آیا ہُوا ٭

جچا تُلا - یا - جچی تُلی (ہ) ٹھیک۔ درست۔ تولی ہوئی ٭

جچنا (ہ) (۱) تُلنا۔ اٹکنا۔ اندازہ ہونا (۲) آزمایا جانا۔ امتحان ہونا (۳) قیمت لگنا (۴) وقعت ہونا۔ (۵) مشخّص ہونا (۶) ثابت ہونا۔ یقین کو پہنچنا ٭

ج - ح

جحیم (جَحِیم) (ع) مذکّر۔ دوزخ ٭

ج - د

جَدّ (جَدّ) (ع) مذکّر۔ دادا۔ باپ کا باپ ٭

جِدّ (جِدّ) (ع) مؤنّث۔ محنت۔ سعی۔ کوشش۔ دوڑ دھوپ۔ پیروی۔ جانفشانی ٭

جِدّ و جہد (ع) مؤنّث۔ سعی۔ کوشش۔ محنت۔ مشقّت ٭

جُدا (جُدا) (ف) الگ۔ علٰحدہ۔ نرالا۔ مختلف۔ بچھڑا ہُوا ٭

جُدا جُدا (ا) الگ الگ۔ علٰحدہ علٰحدہ۔ ایک ایک کرکے۔ تفصیل وار ٭

جُدا کرنا (ا) الگ کرنا۔ علٰحدہ کرنا۔ ہٹانا۔ کاٹنا۔ توڑنا۔ نفاق ڈالنا۔ نکالنا ٭

جُداگانہ (ف) علٰحدہ۔ الگ۔ ایک طرف ٭

جُدائی (ف) مؤنّث۔ علٰحدگی۔ تفرقہ۔ مفارقت ٭

جِدّت (جِدْ۔ دَت) (ع) مؤنّث۔ نیاپن۔ تازگی ٭

جدل (جَدَل) (ع) مؤنّث۔ لڑائی۔ جنگ۔ معرکہ۔ کارزار ٭

جدوار (جَدْ۔ وَار) (ع) مؤنّث۔ تریسی۔ زہر دور کرنے والی ایک دوا جو گانٹھ کی وضع کی ہوتی ہے۔ جیسے جدوار خطائی ٭

جدول (جَدْ۔ وَل) (ع) مؤنّث (۱) نہر۔ نالی۔ روش۔ (۲) وہ خطوط صفحے کے اردگرد تحریر کے باہر سُرخ یا سیاہ کھینچا جائے (۳) فہرست۔ فرد ٭

جدّہ (جَدْ۔ دَہ) (ع) مؤنّث (۱) دادی۔ نانی (۲) مذکّر۔ عرب کا مشہور شہر ٭

جُدھ - جُدّھ (جُدھ + جُدّھ) (ہ) مذکّر۔ جنگ۔ لڑائی۔ معرکہ۔ کارزار ٭

جدھر (جِدھر) (ہ) جس طرف۔ جہاں۔ جس جگہ۔ جس مقام پر ٭

جدھر تدھر (ہ) جہاں تہاں۔ یہاں وہاں ٭

جدھر رب اُدھر سب (ا) جس پر خدا مہربان ہو۔ اُس پر سبھی مہربان ہوتے ہیں۔ جدھر خدا ہو جائے۔ سبھی اُس طرف ہو جاتے ہیں ٭

جدی (جُدِی) (ع) مذکّر (اصطلاحی) وہ آسمانی بُرج جو بز غالہ کی شکل کا ہے۔ اُسے ہندی میں مکر کہتے ہیں۔ نیز ایک ستارہ جو قطب شمالی کے قریب ہے ٭

جدّی (ع) (۱) ایک دادا کی اولاد (۲) آبائی۔ موروثی۔ باپ دادا کی ٭

جدید (جَدِید) (ع) نیا۔ تازہ۔ حال کا ٭

ج - ذ

جذام (جُذَام) (ع) مذکّر۔ کوڑھ۔ ایک بیماری جو خون کے بگاڑ سے پیدا ہوتی اور ہاتھ پاؤں کی انگلیاں وغیرہ گرا دیتی ہے ٭

جُذامی (ف) مذکّر۔ کوڑھی۔ مجذوم ٭

جذب (جَذْب) (ع) مذکّر۔ کھنچاؤ۔ کھینچ۔ کشش۔ چوسنا ٭

جذب کرنا (ا) (۱) چوسنا۔ کھینچنا (۲) مائل کرنا۔ اپنی طرف کھینچنا ٭

جذبات (جَذْ۔ بَات) (ع) مذکّر۔ جذبہ کی جمع ٭

جذباتِ دلی (ف۔ ع) مذکّر۔ دلی خواہشیں۔ دلی کشش ٭

جذباتِ طبعی (ع) مذکّر۔ قدرتی خواہشیں۔ قدرتی ولولے ٭

جذبہ (جَذْ۔ بَہ) (ع) مذکّر (۱) جوشِ دل۔ قلبی کشش۔ دلی ولولہ (۲) شوق۔ سچّی توجّہ (۳) غصّہ۔ غضب ٭

جذر (جَذْر) (ع) مذکّر (۱) اصل۔ جڑ۔ مول (۲) (حساب) دوسرے درجہ کا گھٹاؤ۔ نیز جس عدد کو فی نفسہٖ ضرب دیں۔ اُسے جذر اور اس کے حاصل ضرب کو مجذور کہتے ہیں ٭

ج - ر

جَر (جَرّ) (ع) مذکر (۱) کشش - کھنچاؤ (۲) زیر - کسرہ ۔

جرِ ثقیل (ع) مذکر - وہ علم جس کے وسیلے سے بھاری بوجھ باسانی اٹھائیں - چرخیوں کا علم - بھاری بوجھ ۔

جُرّاب (جُر - رَاب) (ا) مؤنث - موزہ ۔

جُرأت (جُر - اَت) (ع) مؤنث (۱) دلیری - مردانگی - چالاکی - شجاعت - بہادری - بے باکی (۲) شیخ قلندر بخش مرحوم کا تخلص جو عاشقانہ اشعار میں درجۂ کمال رکھتے تھے ۔

جراثیم (جَرَا - ثِیم) (ف) مذکر وہ چھوٹے کیڑے جو ہر چیز میں موجود ہوتے اور بیماری کا باعث بنتے ہیں ۔

جرّاح (جَر - رَاح) (ع) مذکر - جراحت کا علاج کرنے والا - چیرا لگانے والا - فصّاد - سرجن ۔

جراحت (جَرَا - حَت) (ع) مؤنث - زخم - گھاؤ - ریش ۔

جرّاحی (ع) مؤنث - فصّادی - زخم کے علاج کرنے کا پیشہ - ڈاکٹری - چیر پھاڑ - سرجری ۔

جرّار (جَر - رَار) (ع) (۱) بہت بھاری (لشکر) (۲) (ا) بہادر - سورما - دلاور - دلیر - جنگجو (۳) کھینچنے والا - تیز رفتار بچھو - دکینوالا ۔

جرائد (جَرَا - اِد) (ع) مذکر - جریدہ کی جمع - اخبارات ۔

جرائم (جَرَا - اِم) (ع) مذکر - جریمہ کی جمع - بہت سے جرم - گناہ ۔

جرائم خلافِ وضعِ فطری (ع) مذکر - قدرتی وضع کے خلاف کام مثلاً لونڈے بازی - چوپایوں کے ساتھ مجامعت ۔

جرائم مقابلۂ سرکار (ع) مذکر - ملک معظم کے مقابلے میں جنگ کرنا - ایسے جرم میں سازش کرنا - فوج کے ذریعے سے سرکار کو دھمکانا ۔

جرح (جَرح) (ع) مذکر (۱) زخم - گھاؤ (۲) (قانون) عذر - اعتراض - گرفت - جواب - دلیل ۔

جرح کرنا (ا) اعتراض کرنا - پوچھنا ۔

جرح کے سوالات (ا) مذکر - گواہ پر وکیل کے سوالات ۔

جرس (جَرَس) (ع) مذکر - گھنٹا - گھڑیال - درا ۔

جرعہ (جُر - عَہ) (ف) گھونٹ - دوائی کی ایک خوراک ۔

جرگہ (جِر - گَہ) (ف) مذکر - گروہ ۔

جِرم (جِرْم) (ع) مذکر (۱) صرف - جسم - تن - بدن (۲) لمبائی جسم ۔

جُرم (جُرْم) (ع) مذکر - دوش - پاپ - قصور - خطا ۔

جرمِ قابلِ دست اندازی (ع - ف) مذکر - وہ جرائم جن میں پولیس کا اہلکار قانوناً وارنٹ کے بغیر مجرم کو گرفتار کر سکتا ہے ۔

جُرمِ قابلِ ضمانت (ع) مذکر - وہ جرم جس میں ضمانت لی جاسکے ۔

جُرم کا اقدام (ا) مذکر - جرم کرنے میں سعی کرنا ۔

جرمِ واجب القتل (ع) ایسا جرم جس سے مجرم کا قتل ہونا ضروری ہے ۔

جرمانہ (ف) مذکر - ڈنڈ - تاوان - مالی سزا ۔

جرمن (جَر - مَن) (انگ) مذکر (۱) جرمنی کا باشندہ (۲) مؤنث - جرمنی کی زبان (۳) جرمنی کا بنا ہوا ۔

جرمن سلور (انگ GERMAN SILVER) مؤنث - ایک سفید مرکب دھات ۔

جرمنی (انگ GERMANY) مذکر - فرانس کے شمال میں ایک ملک ۔

جرنل (جَر - نَل) (انگ JOURNAL) مذکر - روزنامچہ - روزنانہ اخبار ۔

جرنلسٹ (انگ JOURNALIST) مذکر - اخبار نویس ۔

جُرْوا (جُر - وَا) (ہ) مؤنث - جورو کی تصغیر - بیوی - استری - لگائی ۔

جُرّہ (جُر - رَہ) (ف) مذکر - باز کا نر ۔

جَری (جَرِی) (ع) دلیر - بہادر - سورا - دل چلا - شجاع ۔

جُری - جُڑی (جُری + جُڑی) (ہ) مؤنث - دائمی بخار - تپ مزمنہ ۔

جریان (جَرَ - یَان) (ع) مذکر (۱) بہاؤ - روانی (۲) ایک مرض جس میں ذکر سے خود بخود منی نکلتی رہتی ہے ۔

جریب (جَرِیب) (یونانی) مؤنث (۱) ایک خاص پیمانہ جس سے زمین ناپی جاتی ہے - ہندوستانی ساٹھ اور انگریزی ۵۵ گز کی زنجیر جو بیس گٹھے کی ہوتی ہے (۲) (ع) عصا - چوب ۔

جریب ڈالنا (ا) زمین ماپنا - کھیت یا زمین کی پیمائش شروع کرنا ۔

جریب کش (ف) مذکر - وہ شخص جو جریب کھینچے پیمائش کرنے والا - زمین ماپنے والا ۔

جریدہ (جَرِی - دَہ) (ع) (۱) تنہا - اکیلا - مجرد - مفرد -

(۲) (ہ) اصطلاحاً (ہ) مذکر - اخبار ؛

ج - ڑ

جڑ (جُڑ) (ہ) مؤنث (۱) بیخ - بُن - اصل - مول (۲) بنا - بنیاد ؛

جڑ اکھیڑنا (ہ) بیخ کنی کرنا - بنیاد کھودنا - مٹانا - نیست و نابود کرنا ؛

جڑ بیخ - جڑ پیڑ - جڑ مول (ہ) مذکر - بیخ و بُن - بیخ و بنیاد ؛

جڑ پکڑنا (ہ) جمنا - استحکام ہونا - مضبوط ہونا ؛

جڑ پیڑ سے اکھاڑنا - یا کھود کر پھینکنا (ہ) استیصال کرنا - بنیاد کھودنا - نیست و نابود کرنا - مٹانا ؛

جڑ (جُڑ) (ہ) جڑنا کا امر ؛

جڑاور - جڑاول (جُڑا - وَر + جُڑا - وَل) (ہ) مؤنث - جاڑوں کے کپڑے - گرم کپڑے ؛

جڑاؤ (جُڑا - آؤ) (ہ) مذکر - مرصّع - جواہرات سے جڑا ہوا ؛

جڑائی (جُڑا - ای) (ہ) جڑ دلنے کی مزدوری - جواہرات یا کسی اور چیز کے ٹکوانے کی اُجرت ؛

جَڑنا (ہ) (۱) کسی چیز کا کسی چیز میں بٹھانا (۲) وصل کرنا - جوڑنا - ملانا (۳) مارنا - لگانا (۴) بدگوئی کرنا - شکایت کرنا - لگان بھرنا (۵) نالش کرنا - دعویٰ کرنا ؛

جُڑنا (جُڑ - نا) (ہ) (۱) ملنا - پیوند ہونا (۲) چپکنا - چسپاں ہونا (۳) شامل ہونا - شریک ہونا (۴) مجامعت کرنا - مباشرت کرنا (۵) جمع ہونا - اکٹھا ہونا (۶) (عو) میسّر ہونا - حاصل ہونا (۷) جُتنا - گاڑی وغیرہ میں گھوڑے یا بیل کا لگنا ؛

جڑواں (جُڑ - واں) (ہ) مذکر - دو بچے جو اکٹھے پیدا ہوں ؛

جڑی (ہ) مؤنث (۱) جڑ - وہ دوا جو کسی درخت کی جڑ ہو - (۲) مرچی کمند کی جڑ جو سانپ کے کاٹے پر تریاق کا اثر رکھتی ہے ؛

جڑی بوٹی (ہ) مؤنث - دوا دارو - وہ جڑیں اور پتّے وغیرہ جو دوا میں کام آتے ہیں ؛

جڑیا (ہ) مذکر (۱) مرصّع ساز - زیور میں جواہرات جڑنے والا (۲) آشنا - یار - بشنی ؛

جڑیلا - جڑیلی (جَڑی - لا + جَڑی - لی) (ہ) مذکر و مؤنث - وہ مولی یا شلغم جس میں جڑیں نکل کر سختی آگئی ہو ؛

ج - ز

جز (جُز) (ف) (۱) سوا - بدوں - علاوہ - ماسوا - باستثنا - قطع نظر (۲) (ع) ٹکڑا - پارہ

جُزبندی (ع - ف) مؤنث - کتاب کے اجزا کو ڈورے سے سینا ؛

جزدان (ع - ف) مذکر - وہ بستہ جس میں کتاب رکھی جائے ؛

جزرس (ع - ف) (۱) کم خرچ - بخیل - کنجوس (۲) نکتہ رس - ذہین - ذکی ؛

جزرسی (ع - ف) مؤنث - تھوڑی تھوڑی بات کا خیال رکھنا - کفایت شعاری - بخیلی - کنجوسی ؛

جزو کل (ع) بالکل - تمام و کمال - سرتا سر - پورے کا پورا - سب کا سب ؛

جزا (جَزا) (ع) مؤنث (۱) بدلہ - عوضانہ - صلہ - تلافی - (۲) نتیجہ - پھل - حاصل ؛

جزاک اللہ (جَزا - کَل - لاہ) (ع) ندا - خدا تجھے نیک صلہ دے - شاباش - مرحبا ؛

جزائر (جَزا - اِر) (ع) مذکر - جزیرہ کی جمع ؛

جزبز (جِز - بِز) (ف) ناراض - آزردہ ؛

جز بز ہونا (ہ) بھچنا - تنگ ہونا - آزردہ ہونا ؛

جزر (جَزر) (ع) مذکر - بھاٹا - سمندر کے پانی کا اُتار ؛

جزر و مد (ع) مذکر - جوار بھاٹا - چاند کی کشش کے سبب سے سمندر کا اتار چڑھاؤ ؛

جزع (جَزع) (ع) مذکر - مہرۂ سلیمانی ؛

جزع (جَزَع) (ع) مؤنث - بے صبری - گھبراہٹ ؛

جزع فزع (ع) مؤنث - گریہ و زاری ؛

جزم (جَزم) (ع) مذکر (۱) مضبوط - پکا - مصمم (۲) حرف کو ساکن کرنا (۳) حرف ساکن کی علامت ؛

جزو (جُزو) (ع) مذکر (۱) ریزہ - ٹکڑا - حصہ - پارہ (۲) اصطلاح کتب فروشاں میں ۱۶ صفحے یا ۸ ورق کا مجموعہ ؛

جزو بدن ہونا (ہ) انگ لگنا - کسی چیز کا بخوبی ہضم ہو کر خون میں شامل ہو جانا ؛

جزو لا یتجزیٰ (جُز - وِ - لا - یَت - جَز - زا) (ع) مذکر - وہ حصہ جو نہایت باریکی کے باعث الگ نہ ہو سکے ؛

جزو لاینفک (جُز۔و۔لا۔یَن۔فَک) (ع) مذکر۔ وہ حصّہ جو علیحدہ نہ ہو سکے ۔

جزوی۔ جزئی (ع) ذرا سا۔ تھوڑا سا۔ حقیر۔ خفیف۔ قلیل ۔

جزویات۔ جزئیات (ع) مذکر (۱) افراد (۲) حصّے۔ چھوٹے چھوٹے امور ۔

جزیرہ (جَزی۔رَہ) (ع) مذکر۔ ٹاپو۔ وہ زمین جو سمندر یا دریا کے بیچ میں اس طرح واقع ہو کہ اس کے چاروں طرف پانی محیط ہو ۔

جزیرہ نما (ع۔ف) مذکر۔ ٹاپو کی مانند (اصطلاحاً) خشکی کا وہ قطعہ جس کے عموماً تین طرف پانی اور ایک طرف خشکی ہو ۔

جزیہ (جِز۔یَہ) (ع) مذکر۔ بدلے کا روپیہ۔ خراج۔ وہ ٹیکس جو نوشیرواں کے وقت میں فوجی خدمت سے بچنے والوں سے لیا جاتا تھا۔ پھر اسلام کے عہد میں بھی غیر مسلم لوگوں سے بطور معاوضۂ نگہبانی لیا جاتا رہا۔ اس کی مقدار تین روپے سالانہ سے انیس روپے سالانہ تک تھی۔ مگر بچے۔ عورتیں۔ بوڑھے اور مذہبی پیشوا مستثنیٰ تھے ۔

ج ۔ س

جَس (جَس) (ہ) مذکر (۱) ناموری۔ شہرت (۲) آبرو۔ عزت۔ (۳) ساکھ۔ اعتبار (۴) بڑائی۔ نیک نامی (۵) ثواب۔ نیکی (۶) استعداد۔ لیاقت (۷) گن۔ وصف (۸) اثر۔ تاثیر (۹) طاقت۔ قدرت ۔

جَس لینا (ہ) شہرت پانا ۔

جِس (جِس) (ہ) جو نسا ۔

جس برتن میں کھائیں۔ اُسی میں چھید کریں

جس ڈالی پر بیٹھیں۔ اُسی کی جڑ کاٹیں (ہ) مثل محسن کش۔ نمک حرام کی نسبت بولتے ہیں ۔

جس پر (ہ) جس پر۔ تو بھی۔ تب۔ بعد ازاں۔ پھر بھی ۔

جس تن لگے وہی تن جانے (ہ) مثل جس شخص کو رنج یا دکھ پہنچتا ہے۔ وہی اس کا اندازہ جانتا ہے ۔

جس دن عجیل بتاسے برسے تھے (ہ) مثل۔ اُس وقت بولتے ہیں۔ جب کوئی کم عقل شخص بات نہیں سمجھتا۔ یا لوگ اسے بتاتے ہیں ۔

جس کا بنیا یار اُس کو دشمن کیا درکار (ہ) مثل۔ بنیے کی مطلب پرستی مشہور ہے۔ جو شخص اس کی دوستی پر بھروسہ کرے۔ اُسے دشمن کی ضرورت نہیں۔ وہی اُسے لوٹ لے گا ۔

جس کا دے۔ اُس کا کھیلے (ہ) مثل۔ خرچ کئے بغیر کچھ نہیں بنتا ۔

جس کا کام اُسی کو ساجے اور کرے تو ٹھینگا باجے (ہ) مثل۔ کام کے کرنے والا ہی کام کر سکتا ہے۔ دوسرا کرے تو انگشت نمائی کے سوا کچھ نہیں ملتا ۔

جس کو رکھے سائیاں مار سکے نہ کو (ہ) مثل۔ جسے خدا بچائے۔ اسے کون مار سکتا ہے ۔

جس کی تیغ۔ اُس (اُسی) کی دیگ
جس کی دیگ۔ اُس (اُسی) کی تیغ } (ہ) مثل۔ (۱) زبردست کمزور کی جس چیز پر چاہے۔ قبضہ کر لے۔ مال و زر زبردست کے لئے ہے (۲) جو کھانا دیتا ہے۔ اسی کے نام کی تلوار مارتے ہیں۔ جو خرچ کرے۔ اسی کا لوگ کام کرتے ہیں ۔

جس کی لاٹھی اُس (اُسی) کی بھینس (ہ) مثل۔ زبردست کا ہر چیز پر قبضہ ہوتا ہے ۔

جس کے پاس نہیں پیسا۔ وہ بھلا مانس کیسا (ہ) مثل۔ ساری عزت روپے کی ہے ۔

جس کے پیٹ میں بات۔ وہ بڑا شیطان (ل) مثل۔ کم زبان۔ فیلبان وغیرہ شرارتی ہوتے ہیں ۔

جس کے چار بھتیا۔ ماریں دھول۔ چھین لیں روپیا (ہ) مثل جس کے ساتھی زیادہ ہوں۔ اس کا رعب زیادہ ہوتا ہے ۔

جس کے لئے چوری کی۔ وہی کہے ہے چور (ہ) مثل جس کی خاطر بدنام ہوئے۔ وہی نفرت کرتا ہے۔ احسان فراموشی کی حد ہو گئی ۔

جس کے منہ میں چاول ہوتے ہیں۔ وہی چبا چبا کر باتیں کرتا ہے (ہ) مثل جس کے پاس دولت ہوتی ہے۔ وہی اتراتا ہے جس کے گھر کھانے کو ہوتا ہے۔ وہی اطمینان کی باتیں کرتا ہے ۔

جس کے ہاتھ ڈوئی۔ اس کا سب کوئی (ہ) جو شخص کھانا تقسیم کرتا ہو یا جس کے ہاتھ میں اختیار ہو سب اسی کی تعریف کرتے ہیں ۔

جس نے اپنی پگڑی اُتاری - وہ دوسرے کی آمد سے کیا ڈرتا ہے (۶) مثل - جسے اپنی عزت کی پرواہ نہیں - اُسے دوسروں کو بے عزت کرنے میں کیا تامل ہو سکتا ہے ۔

جس نے بیٹی دی - اُس نے کیا رکھا (۶) مثل - اولاد سے زیادہ کوئی چیز پیاری نہیں - جس نے وہ دے دی سب کچھ دے دیا - جو لوگ جہیز کی کمی کی شکایت کرتے ہوں - ان کی تسلی کے لئے کہتے ہیں - کہ لڑکی والے کو یہی میسّر تھا ۔

جس نے کوڑا دیا - وہ گھوڑا بھی دیگا (۶) مثل - جس خدا نے تھوڑا دیا ہے - بہت بھی وہی دے گا ۔

جس ہانڈی میں کھائیں - اُسی میں چھید کریں (۶) مثل - جس سے پرورش پائیں - اسی کو نقصان پہنچائیں ۔

جسارت (جَسَا۔رَت) (ع) مؤنث - دلیری - بیباکی ۔

جسامت (جَسَا۔مَت) (ع) مؤنث (۱) جسیم ہونا - موٹائی - فربہی (۲) عرض - طول - عمق ۔

جست (جَسْت) (ہ) مذکر - ایک دھات جستا ۔

جست (جُسْت) (ف) مؤنث - چھلانگ - قلانچ - چوکڑی - کود - پھاند ۔

جست بھرنا (۱) چھلانگ مارنا - چوکڑی بھرنا ۔

جستجو (جُسْت - جُو) (ف) مؤنث - ڈھونڈ ڈھانڈ - تلاش - تجسّس ۔

جسٹس (جَسْ۔ٹِس) (انگ JUSTICE) مذکر - اعلیٰ جج ۔

جسد (جَسَد) (ع) مذکر - جسم ۔

جسم (جِسْم) (ع) مذکر - بدن - سریر - انگ - تن - پنڈا ۔

جسمانی (ع) (۱) بدنی - جسمی جسم سے متعلق (۲) مادی ۔

جسمی (ع) (۱) متعلق بہ جسم (۲) شخصی - نفسی - ذاتی ۔

جسولنی (جَسُول۔نی) (ا) مؤنث (اصل) یسولنی - یساول کی تانیث - چوبدارنی - وہ عورت جو شاہی محل میں خبر پہنچاتی ہے ۔

جسیم (جَسِیْم) (ع) موٹا - فربہ - تن و توش کا ۔

جسے پیا چاہے - وہی سہاگن (۶) مثل - جو مالک کو پیارا ہو - وہ سب کا پیارا ہوتا ہے ۔

جسے دیکھ مجھے تپ آوے - وہی مجھے بیاہنے آوے (۶) مثل - جس سے نفرت ہے - اسی کے قابو میں ہے ۔

ج - ش

جشن (جَشْن) (ف) مذکر (۱) شادی - مہمانی - عید - خوشی - مجلس (۲) کامرانی - اُمر بہر (۳) تخت نشینی کا جلسہ یا مہمانی کی مجلس ۔

جشن منانا (۱) خوشی منانا - ناچ رنگ اور عیش و نشاط میں مشغول ہونا - گلچھرے اڑانا ۔

ج - ع

جعد (جَعْد) (ع) مؤنث (۱) گھنگریلے بال - بالوں کی لٹ - (۲) چوٹی - جوڑا ۔

جعفر (جَعْ - فَر) (ع) مذکر (۱) ندی چھوٹا دریا (۲) بنی عامر کے پدر قبیلہ کا نام (۳) بارہ اماموں میں سے ایک کا نام - (۴) ایک کیمیاگر کا نام (۵) خربوزہ ۔

جعفر برمکی (ع) مذکر - ہارون رشید کا وزیر ۔

جعفر طیار (ع) مذکر - آنحضرت ؐ کے چچا صاحب ۔

جعفری (ع) مؤنث (۱) ایک قسم کا گیندا (۲) زرد (۳) کھرا سونا (۴) جعفر سے نسبت رکھنے والا ۔

جعل (جَعْل) (ع) مذکر (۱) بناوٹ (۲) نقلی چیز کو اصلی چیز ظاہر کرنا (۳) مکر - فریب - دھوکا - جھوٹ ۔

جعل ساز (ع - ف) مذکر (۱) فریبی - دھوکا دینے والا - متفنّی - شریر - بد ۔

جعل سازی (ع - ف) مؤنث - مکر - فریب - بناوٹ - دھوکا ۔

جعلی (ع) (۱) مصنوعی - جھوٹی - نقلی - جھوٹا سکہ - جھوٹے دستخط (۲) فریبی - مکار ۔

جعلی دستاویز (ع - ف) مؤنث - بناوٹی دستاویز ۔

ج - غ

جغرات (جُغْ - رَات) (ف) مذکر - دہی ۔

جغرافی (جُغْ - رَا - فِی) (ع - ف) علم جغرافیہ جاننے والا ۔

جغرافیائی (مفرس) جغرافیہ کے متعلق ۔

جغرافیہ (جُغْ - رَا - فِیَہ) (یونانی جی گرافو - انگ - جیوگرافی GEDGRAPHY) مذکر - وہ علم جس میں زمین کی خشکی اور تری کی طبعی تقسیم بیان کی جاتی ہے ۔

ج - ف

جفا (جَفَا) (ف) مؤنث - جبر۔ ظلم۔ ستم۔ سختی۔ تعدّی ٭
جفا کفا (ف) مؤنث۔ جور و ظلم۔ سختی و مصیبت ٭
جفا کفا اٹھانا (ا) مصیبت اور سختی اٹھانا۔ ظلم و ستم سہنا ٭
جفاکش (ف) سختی جھیلنے والا۔ محنتی۔ زحمت کش ٭
جفت (جُفت) (ف) مذکر (۱) جوڑا۔ جوڑ (۲) وہ عدد جو دو پر پورا تقسیم ہو جائے (۳) ہمسر۔ ثانی (۴) جوتی کا جوڑا ٭
جُفتہ (جُف۔ تَہ) (ف) مذکر (۱) (لغوی معنی) خمیدگی (۲) (اصطلاحی) شکن۔ سلوٹ (۳) بال جو اکثر جراحات میں ہوتا ہے (۴) دراڑ۔ شگاف۔ درز (۵) داغ۔ دھبہ ٭
جفتے پڑنا (ا) (۱) شکن پڑنا۔ سلوٹیں پڑنا (۲) دھلے ہوئے کپڑے کا تار تار ہونا ٭
جُفتی (ف) مؤنث۔ نر و مادہ کا باہم ملنا۔ نر کا مادہ پر چڑھنا ٭
جفتی کھانا } (ا) جُڑنا۔ جماع کرنا۔ جانوروں کا جفت ہونا ٭
جفر (جَفْر) (ع) مذکر۔ غیب کے حالات معلوم کرنے کا علم ٭

ج - ق

جُق جُق (جُق۔ جُق) (ف) مؤنث۔ بے معنی شور و غوغا ٭

ج - ک

جکڑ (جَکَڑ) (ہ) جکڑنا کا امر ٭
جکڑبند (ہ) (۱) کسا ہوا۔ کھنچا ہوا۔ مضبوط اور تنگ بندھا ہوا (۲) گٹھیا۔ وجع المفاصل ٭
جکڑ جانا (ہ) (۱) اکڑنا۔ سخت ہو جانا (۲) کس کر باندھا جانا ٭
جکڑنا (ہ) (۱) کھینچ کر باندھنا۔ کسنا (۲) مشکیں باندھنا۔ (۳) اکڑنا۔ سخت ہو جانا ٭

ج - گ

جگ (جَگ) (ہ) مذکر (۱) دُنیا۔ سنسار۔ جگت۔ جہان (۲) مخلوق۔ خلقت۔ لوگ (۳) ہَوَن۔ پوجا۔ راجاؤں کی ایک جشنی رسم جو سب میں زبردست راجہ کیا کرتے تھے (۴) ضیافت۔ دعوت۔ مہمانی۔ مہمان داری ٭
جگ (جَگ) (انگ JUG) مذکر۔ صراحی۔ کوزہ۔ گھڑا۔ دودھ رکھنے کا برتن ٭
جگ جیتنا (ہ) (عو) دنیا کو ہرا دینا۔ تھکا مارنا۔ عاجز کر دینا ٭
جگ ہنسائی (ہ) مؤنث۔ رسوائی۔ بدنامی۔ تضحیک۔ فضیحتی ٭
جگ ہنسائی کرنا (ہ) بدنامی لینا ٭
جُگ (جُگ) (س) مذکر (۱) زمانہ۔ عہد۔ وقت (۲) پیڑھی۔ پشت (۳) ہمیشہ ٭
جُگ پھوٹا اور نرد موئی (ہ) مثل۔ نااتفاقی سے دونوں حریفوں کا نقصان ہوتا ہے ٭
جُگ ٹوٹنا (ہ) منڈلی کا اتفاق نہ رہنا۔ دو یاروں میں موافقت نہ رہنا (۲) میاں بیوی میں سے ایک کا مر جانا (۳) جدائی ہونا ٭
جُگ جُگ (ہ) ہمیشہ۔ سدا۔ مدام۔ نت ٭
جُگادری (جُگا۔ دَ۔ رِی) (ہ) گُرگا۔ بہت پرانا اور قدآور انسان یا حیوان۔ پُرانا گُرگا ٭
جُگالی (جُگا۔ لِی) (ہ) مؤنث۔ حیوانات کا اپنے چارے کو معدے میں سے نکال کر منہ میں چبانا ٭
جُگان (جُگان) (ہ) مذکر۔ دُھلے ہوئے کپڑوں کی گٹھڑی یا لادی۔ دھلے ہوئے کپڑے یا جوڑے ٭
جگانا (جَگا۔ نا) (ہ) (۱) بیدار کرنا۔ نیند سے اٹھانا (۲) خبردار کرنا۔ ہوشیار کرنا (۳) آگ نا۔ روشن کرنا ٭
جگت (جَگَت) (ہ) (۱) دنیا۔ سنسار۔ جہان۔ عالم۔ زمانہ (۲) مؤنث۔ کنوئیں کی مینڈھ ٭
جگت استاد - یا - جگت گرو (ل) مذکر۔ استادِ زمانہ۔ بہت بڑا کاریگر۔ سب کا مانا ہوا۔ مسلم الثبوت استاد ٭
جگت سالا (ہ) مذکر (۱) کسی کا بھائی (۲) ذلیل آدمی ٭
جگت سیٹھ (ہ) مذکر۔ بھاری ساہوکار۔ بہت بڑا مالدار۔

سیٹھوں کا سیٹھ ۔

جگت سیٹھ کا سالا (ا) مذکر (گالی) بڑے بھاری دولت مند کا رشتہ دار ۔

جُگت (جُگت) (ع) مؤنث (۱) چترائی - دانائی (۲) جتن - تدبیر (۳) طرز - ڈھنگ (۴) استادی - کاریگری - چالاکی - ہوشیاری (۵) مرضی - رائے - صلاح (۶) تجنیس - قافیہ - تُک - لطیفہ - معنی خیز بات (۷) راز - بھید - (۸) دلیل - تجویز (۹) راہ و رسم ۔

جُگت باز (ا) مذکر (۱) لطیفہ گو - بذلہ سنج (۲) ڈھنگ کا آدمی - چالوں سے واقف آدمی ۔

جُگت بازی (ا) مؤنث - لطیفہ گوئی - بذلہ سنجی ۔

جُگت رَجُمت (ا) مذکر (مخفف) لطیفہ گو - بذلہ سنج - ضلع باز ۔

جُگت لگانا (ف) توڑ جوڑ بٹھانا - تدبیر لڑانا - موقع نکالنا - راہ و رسم پیدا کرنا ۔

جُگت ملانا (ف) مطلب کا نکلنا - اپنے مطلب پر لانا - (۲) قافیہ بندی کرنا - تُک سے تُک ملانا ۔

جُگتی - جُگتیا (ہ) (۱) جُگت باز (۲) چاتر (۳) شرارتی - (۴) کفایت شعار ۔

جگجگا (جگ - جگا) (ہ) (۱) جگجگانا کا امر (۲) مذکر - پیتل کا ورق - پتی (۳) جھلمل ۔

جگجگانا (ہ) چمکنا - جھلکنا - ٹمٹمانا ۔

جگجگی (جگ - جگی) (ہ) مؤنث (۱) منت خوشامد (۲) نہایت عاجزی سے مانگنا ۔

جگداھار (جگ - دا - دھار) (ہ) مذکر - دنیا کی پرورش کرنے والا - خدا ۔

جگر (جگر) (ف) مذکر (۱) کلیجا - کلیجی - اعضائے رئیسہ میں سے ایک عضو (۲) (ا) (مراداً) دل - چت - من (۳) (ا) جان - جی (۴) (ا) گری مغز - گودا - ست - (۵) بیٹا - فرزند - پیارا - عزیز (۶) ہمت - حوصلہ - بہادری (۷) (ا) تاب - طاقت - قدرت - مقدور - مجال ۔

جگر بند (ف) مذکر (۱) دل - تلی - پھیپھڑے اور کلیجے کا مجموعہ (۲) (مراداً) جگر پارہ - فرزند - پیارا ۔

جگر جگر ہے دگر دگر ہے (ا) مثل - اپنا اپنا ہی ہے - غیر غیر ہی ہے - بیگانہ کبھی یگانہ کے برابر نہیں ہو سکتا ۔

جگر گوشہ (ف) مذکر - جگر کا ٹکڑا - لخت جگر - فرزند - عزیز - پیارا بیٹا ۔

جگرا (ا) مذکر (عو) ہمت - حوصلہ - جرأت - دلیری - دل گردہ ۔

جگر جگر کرنا (ف) چمکنا - جگمگانا ۔

جگری (ف) (۱) اندرونی - دلی - جیسے جگری محبت - (۲) دل و جگر سے نسبت رکھنے والا یا والی - جیسے جگری بیماری (۳) صادق - سچا - عزیز - پیارا - جیسے وہ تو اپنا جگری ہے ۔

جگل (جگل) (ہ) مذکر (ہندو) جوڑا - جفت - دو ۔

جگمگ (جگ - مگ) (ہ) مؤنث - نور - چندھیا دینے والی روشنی ۔

جگمگ جگمگ کرنا (ف) چمکنا - دمکنا - روشن ہونا - درخشاں ہونا ۔

جگمگانا (ف) جگمگ کرنا - چمکنا - جھلکنا - روشن ہونا ۔

جگمگاہٹ (ہ) مؤنث (۱) چمک دمک - جھلک - روشنی - تجلی (۲) رونق - آبداری ۔

جگنا (جگ - نا) (ہ) (عوام) جاگنا ۔

جگنو (جگ - نو) (ہ) مذکر (۱) کرم شب تاب - ایک اڑنے والا کیڑا جس کے جسم سے رات کے وقت روشنی ٹمٹماتی ہے ۔

جگنی (جگ - نی) (ہ) مؤنث (۱) عورتوں کے گلے میں پہننے کا ایک زیور (۲) ایک مشہور پنجابی گیت ۔

جگہ (جگہ) (ہ) مؤنث (۱) ٹھکانا - مقام - موقع (۲) گنجائش - وسعت - سمائی (۳) خدمت - عہدہ - منصب - نوکری - علاقہ (۴) بجائے - مثل - مانند ۔

جگہ جگہ (ف) ہر جا - ہر موقع پر - سب جگہ ۔

جگہ چھوڑنا (ف) (۱) مقام چھوڑنا (۲) لکھتے لکھتے کاغذ میں سفید جگہ چھوڑ دینا (۳) ہٹنا - سرکنا (۴) نوکری یا علاقہ چھوڑنا ۔

جگھر (جگ - ہر) (ہ) مؤنث - جاگ - بیداری ۔

جگی جگی (جگی - جگی) (ف) مؤنث (۱) حیرت اور خوشی کے اظہار کا کلمہ (۲) اظہار عجز کا کلمہ (۳) ہائے ہائے ۔

ج - ل

جل (جل) (ہ) مذکر - پانی ۔

جل پان (ہ) مذکر (ہندو) ناشتہ - تھوڑا سا کھانا پینا ۔

جل ترنگ (ہ) مذکر (۱) ایک طرح کا باجا جو پیالوں

میں پانی بھر کر تیلیوں سے بجایا جاتا ہے (۲) پانی کی لہر۔ موج ٭

جَل تَرَنْگی۔ جَل تَورِی (ہ) مؤنث (ہندو) مچھلی ـ ماہی ٭

جَل تھَل (ہ) بحر و بر۔ خشکی تری ٭

جَل تھَل (ایک ہونا) (ہ) کثرت سے بارش ہونا ـ زمین اور پانی کا ایک ہونا ٭

جَل جوگنی (ہ) مؤنث (عو) (۱) جونک (۲) چیل۔ زغن۔ (۳) جلاتن۔ بدمزاج ٭

جَل چَر (ہ) مذکر۔ پانی میں چلنے والا جانور ٭

جلکا (ہ) مذکر۔ جونک ٭

جَل کاگ (ہ) مذکر۔ غوطہ خور آبی کوا ٭

جَل کَر (ہ) مذکر (۱) محصولِ آب۔ وہ محصول جو مچھلیاں پکڑنے کی جگہ لگایا جاتا ہے۔ بحری آمدنی (۲) دیہات کے تالابوں۔ جوہڑوں وغیرہ میں جو سنگھاڑے یا کنول وغیرہ ہوتے ہیں۔ ان کا لگان ٭

جَل ککڑ (ہ) مذکر (۱) مرغ آبی۔ پانی کا پرند ٭

جَل کی مچھلی جل ہی میں بھلی (ہ) مثل۔ ہر شخص کا گزارہ اپنی ہی قوم میں ہو سکتا ہے ٭

جَل مانس (ہ) مذکر۔ مردِ آبی۔ پانی کا آدمی ٭

جَل (جَل) (ہ) جلنا کا امر ٭

جَل بجھنا (ہ) جل کر خاک ہونا۔ راکھ ہو جانا۔ بھسم ہو جانا ٭

جل ککڑ یا ککڑا یا ککھڑی (ہ) (۱) زود رنج۔ چڑچڑا۔ (۲) جلے تن ٭

جل مرنا (ہ) (عو) حسد سے جل کر کباب ہو جانا۔ حسد کرنا۔ کسی کی بھلائی نہ دیکھ سکنا ٭

جَلّ (جَلّ) (ع) بزرگ۔ بڑا (اصل میں ماضی مطلق ہے۔ یعنی بڑا ہوا) ٭

جل تو جلال تو آئی بلا (کو) ٹال تو (ہ) مثل (عو) (عوام) کسی آفت یا مصیبت کے وقت کہتے ہیں ٭

جَلّ جلالہٗ (ع) اس کی عظمت اور بزرگی بڑی ہے ٭

جَلْکَر (جَلْ) (ہ) مذکر۔ فریب۔ دھوکا۔ دم جھانسا۔ دغا۔ مکر ٭

جُل باز (ا) مذکر۔ فریبی۔ دم باز۔ عیار۔ دھوکا دینے والا۔ حیلہ باز ٭

جُل (جُلّ) (ع) مذکر و مؤنث۔ گھوڑے۔ اونٹ وغیرہ کے اوپر ڈالنے کا کپڑا ٭

جلا (جَلا) (ہ) (۱) جلنا کی ماضی مطلق (۲) جلانا کا امر ٭

جِلا (جِلاَ) (ع) مؤنث۔ صیقل۔ صفائی۔ آب۔ چمک دمک۔ رونق ٭

جِلا دینا۔ کرنا (ا) رونق دینا۔ چمکانا۔ اُجالنا۔ صیقل کرنا۔ مانجھنا ٭

جِلاکار (ع۔ ف) مذکر۔ صیقل گر۔ اُجالنے والا ٭

جُلّاب (جُل۔ لاَب) (ع) مذکر (۱) مسہل۔ دست آور دوا (۲) دست ٭

جُلّاب لینا (ا) مسہل لینا۔ دستوں کی دوا پینا یا کھانا ٭

جَلا بلا۔ یا۔ جَلا بھُنا (ہ) سوختہ۔ افروختہ۔ غصّہ میں بھرا ہوا۔ رنجیدہ خاطر۔ مغموم۔ تند مزاج ٭

جُلّابی (ا) مذکر (عو) مسہل لینے والا۔ وہ شخص جس نے مسہل لے رکھا ہو ٭

جلاپا (جَلاَ۔ پا) (ہ) مذکر (عو) (۱) رشک و حسد۔ جلنا (۲) سوکن کے حالات پر رنج و غم اور بغض و عداوت سے کڑھنا (۳) ایک دست آور دوا ٭

جلاتن (جَلاَ۔ تَن) (ہ) (عو) (۱) بدمزاج۔ جھلا۔ غضبناک۔ تیز مزاج (۲) حسد کرنے والا ٭

جلاجل (جُلاَ۔ جِل) (ع) مذکر۔ جھانجھ۔ دف۔ دائرہ ٭

جلا جلا کر مارنا۔ یا۔ خاک کرنا (ا) (عو) تنگ کر کے مارنا۔ غصّہ دلا دلا کر ہلاک کرنا۔ نہایت ستانا۔ از حد دق کرنا ٭

جلّاد (جَل۔ لاَد) (ع) مذکر (۱) (لغوی معنی) کھال ادھیڑنے والا۔ دُرّے لگانے والا (۲) (اصطلاحاً) گردن مارنے والا۔ قاتل (۳) بے رحم۔ بے درد۔ ظالم (۴) (عو) تند مزاج۔ غصیل ٭

جلّادِ فلک (ع) مذکر۔ مریخ یا مشکل ستارہ کہ اصطلاح نجوم میں قتال و جنگ کا تعلق اسی سے ہے ٭

جَلادَت (جَلاَ۔ دَت) (ع) مؤنث۔ بہادری۔ شجاعت۔ جوانمردی۔ چستی۔ چالاکی۔ پھرتی ٭

جلّادی (ا) مؤنث۔ ظلم۔ بے رحمی۔ بے دردی ٭

جَلال (جَلاَل) (ع) مذکر (۱) بزرگی۔ عظمت۔ بڑائی (۲) شان و شوکت۔ جاہ (۳) (ا) رعب داب (۴) (ا) غصّہ۔ غضب (۵) تیزی۔ تندی۔ سختی (۶) سید ضامن علی لکھنوی کا تخلّص جو اُردو شاعری میں مسلّم الثبوت استاد گزرے ہیں ٭

جلالت (جَلاَ۔ لَت) (ع) مؤنث۔ بزرگی۔ بزرگ ہونا ٭

جلالی (ع) مؤنّث (۱) جلال کی طرف منسوب (۲) خدا کی وہ صفتیں جن میں شانِ غضب کا اظہار ہو (۳) درویشوں کا ایک طریقہ اور سلسلہ جو سیّد جلال الدّین بخاری رحمۃ اللہ علیہ سے منسوب ہے (۴) کل شمسی مہینے۔ بعض کے نزدیک ماہِ فروردین سے مُراد ہے (۵) صاحبِ جلال۔ جلال والا (۶) خوفناک۔ غضب ناک ۔

جلامیری (جل۔لا۔می۔ری) (ہ) مذکر۔ لڑکوں کا ایک کھیل۔ جسے اکثر ان جبلا بھی کہتے ہیں ۔

جَلانا (جلا۔نا) (ہ) (۱) آگ دینا۔ یا۔ آگ لگانا۔ سلگانا۔ پھونکنا (۲) بھڑکانا۔ غصّہ دلانا (۳) دق کرنا۔ ستانا ۔

جِلانا (جلا۔نا) (ہ) (۱) زندہ کرنا۔ رُوح ڈالنا۔ (۲) تازگی بخشنا۔ سرسبز کرنا (۳) موت سے بچانا۔ مرنے نہ دینا (۴) دھات کو کشتہ کرنے کے بعد اس کی اصلی حالت پر لے آنا ۔

جلاوطن (جلا۔وطن) (ع) (۱) دیس نکالا۔ ہجرت (۲) (صفت) گھربار یا دیس سے نکالا ہوا۔ شہر بدر ۔

جلاوطن کرنا (ہ) دیس نکالا دینا۔ کالے پانی بھیجنا ۔

جلاوطنی (ع) مؤنّث۔ بن باس۔ دیس نکالا۔ ہجرت ۔

جُلاہا (جلا۔ہا) (ہ) مذکر (۱) جامہ باف۔ کپڑا بُننے والا۔ پارچہ باف (۲) پانی کا ایک کیڑا (۳) احمق۔ بیوقوف۔ مورکھ۔ نادان ۔

جُلاہے کی عقل گُدّی میں ہوتی ہے (ہ) مثل۔ جلاہے عموماً کم عقل ہوتے ہیں ۔

جُلاہے کی مسخری ماں بہن کے ساتھ (ہ) مثل۔ سفلہ آدمی بزرگوں ہی کے ساتھ مسخرہ پن کرتا ہے ۔

جلب (جلب۔جلَب) (ع) مذکر۔ حاصل کرنا ۔

جلبِ منفعت (ع) مذکر۔ نفع حاصل کرنا ۔

جلباب (جل۔باب) (ع) مؤنّث۔ چادر ۔

جلبلا (جل۔بلا) (ہ) غضب ناک ۔

جلبلانا (ہ) غصّے ہونا ۔

جلبلاہٹ (ہ) مؤنّث۔ غصّہ ۔

جلد (جِلد) (ع) مؤنّث (۱) کھال۔ چمڑا۔ پوست (۲) کتاب کا پُٹھا (۳) کتاب کی جُزبندی اور سلائی وغیرہ۔ (۴) کتاب۔ پوتھی (۵) حصّۂ کتاب ۔

جلدساز۔ جلدگر (ف) مذکر۔ کتاب کی جلد بنانے والا ۔

جَلد (جَلد) (ف) بسرعت۔ فوراً۔ بلا توقف۔ جھٹ پٹ۔ شتاب ۔

جَلدباز (ف) شتابی کرنے والا۔ زود کار۔ شتاب کار۔ پھرتیلا۔ چست۔ چالاک ۔

جُلدو (جل۔دو) (ت) مذکر۔ صلہ۔ انعام۔ بدلہ ۔

جِلدی (ف) جلد کے متعلق۔ چمڑے کی بیماری یا کوئی شے ۔

جَلدی (ہ) مؤنّث۔ شتابی۔ سرعت۔ چستی۔ پھرتی ۔

جلدی کام شیطان کا (ہ) مثل۔ جلدی میں کام بگڑ جاتا ہے ۔

جلسہ (جل۔سہ) (ع) مذکر (۱) نشست۔ اجلاس۔ بیٹھک (۲) صحبت۔ ملاقات (۳) سبھا۔ محفل۔ مجلس۔ انجمن (۴) مجمع۔ جمگھٹا (۵) ضیافت۔ دعوت۔ مہمانی (۶) محفلِ رقص و سرود ۔

جلق (جلق) (ع) مذکر۔ ہتھرس۔ ہاتھ کی مدد سے انزال ہونا ۔

جلق لگانا (ہ) ہتھرس کرنا۔ مشت زنی کرنا ۔

جلقی (ع) مذکر۔ وہ شخص جسے ہتھرس کی عادت ہو ۔

جلن (جلن) (ہ) مؤنّث (۱) سوزش۔ تپش۔ جلنے کی حالت (۲) حسد۔ رشک (۳) کینہ۔ دشمنی۔ عداوت۔ (۴) غصّہ۔ خشم ۔

جلنا (جل۔نا) (ہ) (۱) آگ لگنا۔ سُلگنا۔ روشن ہونا (۲) جُھلسنا۔ بُھلسنا (۳) خاکستر ہونا۔ راکھ ہونا (۴) حسد کرنا۔ رشک کرنا (۵) جلن ہونا۔ سوزش ہونا (۶) غم کھانا۔ شکستہ دل ہونا (۷) نباتات کا برف یا پالے وغیرہ سے کُملا جانا ۔

جَلنا بَلنا (ہ) جلنا۔ حسد کرنا ۔

جُلنا (جُل۔نا) (ہ) مِلنا کے ساتھ بطور تابع مہمل استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے مِلنا جُلنا۔ ملاقات کرنا ۔

جلندر۔ جلندھر (ہ) مذکر۔ استسقا یعنی پیٹ میں پانی پڑ جانے کا مرض ۔

جِلو (جلو) (ت) مؤنّث (۱) باگ۔ لگام (۲) کوتل گھوڑا۔ وہ خالی گھوڑا جو سواری کے ساتھ صرف زینت کے لئے سجا کر لے جاتے ہیں (۳) زینت۔ ٹھاٹھ۔ طمطراق (۴) ہمراہی۔ ہمرکابی۔ معیّت ۔

جِلوخانہ (ت۔ف) مذکر۔ صحن۔ آنگن۔ چوک۔ ڈیوڑھی۔ وہ میدان جو شاہی دروازے کے سامنے ہو ۔

جِلودار (ت۔ف) مذکر۔ مصاحب۔ ہمراہی۔ ہمنشین۔ نوکر چاکر۔ خادم۔ بارکاب۔ حاضر باش ۔

جِلوریز (ت۔ف) (۱) تیز۔ سرپٹ (۲) مؤنّث۔ جلدی۔

تیزی۔ چستی۔

جلوت (جَل۔ وَت) (ع) مؤنث۔ خلوت کی ضد۔ مجمع بھیڑ۔ عام جگہ۔

جلوس (جُلُوْس) (ع) مذکر (۱) نشست۔ بیٹھک (۲) تخت نشینی۔ راج گدّی (۳) (و) شاہانہ حشم۔ امیروں اور بادشاہوں کی سواری (۴) کسی خاص موقع پر بہت سے لوگوں کا اکٹھے ہو کر بازاروں وغیرہ میں سے گزرنا۔

جلوسی (ع) (۱) شاہی تخت نشینی سے منسوب (۲) سامانِ جلوس (۳) وہ لوگ جو شاہی جلوس کے ملازم ہوں۔

جلوں کو جلانا (ہ) مصیبت زدوں پر اور مصیبت لانا۔

جلوہ (جَل۔ وَہ) (ع) مذکر (۱) نمودار ہونا۔ دیدار۔ نظارہ۔ سامنے آنا (۲) (ا) تجلی۔ نور (۳) (ا) آرسی مصحف دکھانے کی رسم۔

جلوہ دکھانا (ہ) کسی خاص طرز سے اپنے آپ کو ظاہر کرنا۔ نظارہ دینا۔

جلوہ گر ہونا (و) (۱) ظاہر ہونا۔ نمودار ہونا۔ بادشاہوں کا تشریف فرما ہونا۔

جلویا (جَلو۔ یا) (ہ) مذکر۔ جلانے والا۔

جلی (جَلی) (ع) (۱) روشن۔ ظاہر۔ واضح (۲) موٹا لکھا ہوا۔

جلیا (جَل۔ یا) (ہ) مذکر۔ مچھلی پکڑنے والا۔

جلیبا (جَلے۔ با) (ہ) مذکر (۱) شہتوت۔ توت (۲) بڑی جلیبی۔

جلیبی (جَلے۔ بی) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی مٹھائی جو کڑاہی میں تل کر شیرے میں ڈبوئی جاتی ہے۔

جلے پاؤں کی بلی (ہ) جو ایک جگہ نہ بیٹھ سکے۔ آوارہ گرد۔

جلے پر نمک چھڑکنا۔ یا لگانا (ا) جلے کو جلانا۔ ستائے کو ستانا۔ رنج پر رنج دینا۔

جلے پھپھولے پھوڑنا (ہ) (ا) بدلہ لینا۔ حسد نکالنا۔ طعنے مہنے دینا۔ جلی کٹی سنانا۔

جلے تن (ا) (عو) دیکھو "جلا تن"۔

جلیری (جَلے۔ ری) (ہ) مؤنث۔ لوہاروں کی ناند۔

جلیس (جَلِیْس) (ع) مذکر۔ مصاحب۔ ساتھی۔ رفیق۔ ساتھ اٹھنے بیٹھنے والا۔

جلی کٹی کہنا (ہ) (عو) برا کہنا۔ بدی کرنا۔

جلیل (جَلِیْل) (ع) (۱) بڑا۔ بزرگ۔ اعلیٰ۔ افضل (۲) خدا کا صفاتی نام۔

جلیل القدر (ع) بڑے رتبے کا۔ معزز۔ عالی رتبہ۔

ج ۔ م

جم (جَم) (ف) مذکر (۱) جمشید (بادشاہِ ایران) کا مخفف۔ (۲) (ہندو) (۲) پاتال کا راجہ۔ دھرم راج (۳) ملک الموت۔ موت کا فرشتہ (۴) موت۔ قضا۔ مرگ (۵) (عو) ناگوار طبع آدمی جو پاس سے نہ ہٹے (۶) جڑواں۔ توام۔

جم جاہ (ف۔ ع) جمشید بادشاہ کے رتبے والا۔ بڑا شخص۔

جم دوت (ہ) مذکر۔ ملک الموت۔ موت کا فرشتہ۔

جم دیا (ہ) مذکر۔ جم دیوتا کے نام کا چراغ جو دیوالی سے دو دن پہلے جلایا جاتا ہے۔

جم راج (ہ) مذکر۔ جم لوک کا بادشاہ۔ پاتال کا راجہ۔

جم کا سندیسا (ہ) مذکر۔ موت کا پیغام۔

جم ہو جانا (ہ) موت کی طرح نہ ٹلنا۔ پیچھا نہ چھوڑنا۔

جمادات (جَما۔ دات) (ع) مذکر۔ غیر ذی روح اشیا۔ بیجان چیزیں۔ جیسے دھات۔ پتھر۔ پہاڑ وغیرہ۔

جمادی الآخرہ (جُما۔ دَل۔ آ۔ خِرَہ)
جمادی الاخریٰ (جُما۔ دَل۔ اُخ۔ رَا) } (ع) مذکر۔ اسلامی سال کا چھٹا قمری مہینہ۔

جمادی الاولیٰ (جُما۔ دَل۔ اُو۔ لاَ) (ع) مذکر۔ اسلامی سال کا پانچواں قمری مہینہ۔

جمار (جِمار) (ع) مذکر۔ سنگ ریزے۔

جماع (جِمَاع) (ع) مذکر۔ مباشرت۔ مجامعت۔ مرد کا عورت سے صحبت کرنا۔

جماعت (جَما۔ عَت) (ع) مؤنث (۱) گروہ۔ جتھا۔ (۲) اجتماع۔ ہجوم۔ بھیڑ (۳) فریق۔ فرقہ (۴) مجلس۔ سبھا۔ (۵) سلسلہ۔ زمرہ۔ پرا (۶) نمازیوں کی قطار (۷) درجہ۔ رتبہ۔ جیسے مدرسے کی جماعت یا جماعتِ امرا (۸) (ا) (مرادًا) نماز کی جماعت۔

جماعت سے کرامت ہے (ا) مثل۔ اتفاق میں بہت برکتیں ہیں۔

جماگی۔ جمعگی (جَما۔ گی + جُم۔ عگی) (ا) مؤنث۔ جمعرات اور جمعے کے دن کا بچوں کا خرچ۔

جمال (جَمَال) (ع) مذکر۔ حسن۔ خوبصورتی۔ جوبن۔

جمال گوٹا (جَمال۔ گو۔ ٹا) (ہ) مذکر۔ حبّ السلاطین۔ ایک گرم و خشک اور نہایت دست آور پھل۔

جمالی (جَما-لی) (ع) (۱) شانِ رحمت کی تجلی (۲) انگوری ایک قسم کا سردہ - خربزہ۔

جمانا (جَما-نا) (ف) (۱) کھانا کھلانا (۲) منجمد کرنا (۳) ٹھہرانا۔ (۴) ڈھنگ سے رکھنا (۵) چسپاں کرنا (۶) آمادہ کرنا (۷) رکھنا۔ دھرنا (۸) اکٹھا کرنا (۹) مضبوط کرنا (۱۰) ذہن نشین کرنا (۱۱) ڈھیر لگانا۔

جماوٹ (جَما-وَٹ) (ف) مؤنث (۱) جمنا - انجماد (۲) مسی کا جمنا۔

جماہنا (جَما-ہنا) (ف) جماہی لینا۔

جماہی - جمائی (جَما-ہی + جَما-اِی) (ف) مؤنث - انگڑائی۔ جسم میں تناؤ آکر منہ کا کھل جانا۔

جماؤ (جَما-اَو) (ف) مذکر (۱) انجماد - بستگی (۲) بھیڑ - ہجوم (۳) قیام - ٹھہراؤ (۴) سختی - مضبوطی (۵) لیس - چیپ۔

جماؤ (جَما-اَو) (ف) (۱) جمنے کے قابل (۲) پائدار - پکا - مضبوط

جمبو (جَم-بُو) (س) مؤنث (۱) جامن کا درخت (۲) اس کا پھل (۳) (ف) بڑا (۴) (ف) مذکر - گیدڑ :

جمبیری (جَم-بے-رِی) (ف) مذکر - ایک قسم کا لیموں۔

جم جم (جَم-جَم) (ا) (ع) (۱) ہمیشہ - مدام - سدا - (۲) سلامتی اور دولت و اقبال کے ساتھ (۳) بالعرض - درحقیقت۔

جم جنوائی ہو کر بیٹھنا (ف) خوب جم کر بیٹھنا - چمٹ جانا۔

جم خانہ (جِم-خا-نَہ) (انگ GYMKHANA) مذکر - کھیل گھر - جمخانہ۔

جمدھر (جَم-دَھر) (ف) مذکر (۱) ایک قسم کا خنجر - چھری (۲) ایک طرح کا بادامی کاغذ۔

جمشید (جَم-شید + جَم-شید) (ف) مذکر - ایران کا ایک مشہور بادشاہ۔

جمع (جَمع) (ع) مذکر (۱) کل - تمام - اکٹھا فراہم (۲) میزان چند رقموں کا مجموعہ (۳) سرمایہ - پونجی (۴) دولت - زر نقد۔

جمع بندی (ع - ف) مؤنث (۱) مالیہ وغیرہ کا حساب (۲) زمین کی پیداوار (۳) سرکاری مال گزاری۔

جمع سنگین (ف) مؤنث - سخت لگان۔

جمع کرنا (ا) (۱) اکٹھا کرنا - ایک جگہ کرنا (۲) میزان کرنا - رقم کا مجموعہ کرنا (۳) امانت رکھنا - تحویل میں دینا (۴) فرد حساب میں وصول لکھنا۔

جمع کے ڈبو آنکھیں کھولو (ا) مثل - اس موقع پر بولتے ہیں - جب کوئی چالاک شخص کسی سادہ لوح کو ٹھگ لے اور وہ بیچارہ ہاتھ ملتا رہ جائے۔

جمع والا (ا) مذکر - دولت مند۔

جمع و خرچ (ع - ف) مذکر - روپیہ کا آنا اور خرچ ہونا۔

جمعدار (ع - ف) مذکر (۱) جماعت کا افسر (۲) سپاہیوں کا وہ عہدہ دار جس کے ماتحت سپاہی ہوں۔

جمعداری (ع - ف) مؤنث (۱) عہدۂ جمعدار (۲) جماعت یا گروہ کی افسری۔

جمعرات (جُمع-رات) (ا) مؤنث (۱) جمعہ کی رات - شب جمعہ - (۲) پنجشنبہ - برہسپت وار - ویر وار۔

جمعراتی (ا، ف) (۱) مؤنث - لڑکوں کا وہ جیب خرچ جو جمعرات کو ملتا ہے (۲) مذکر - وہ آدمی جو جمعرات کی روٹیوں کے لئے سید کہلاتے کیونکہ ہر جمعرات کو ہر مسلمان ضرور مسجد میں کھانا بھیجتا ہے۔

جمعراتی سید (ا) مذکر - بناوٹی سید۔

جمعہ (جُم-عَہ + جُمُ-عَہ) (ع) مذکر (۱) پنجشنبہ کے بعد کا دن - شنبہ - یوم آدینہ (۲) (ا) نماز جمعہ۔

جمعہ جمعہ آٹھ دن (روز) کی پیدائش (ا) مثل - عورتیں اس موقع پر کہتی ہیں - جب کوئی چھوٹی عمر کا شخص چالاکی یا گستاخی کی بات کرے۔

جمعہ کو نکاح - ہفتہ کو طلاق (ا) مثل - اس وقت بولتے ہیں - جب بہت جلد جھگڑا فساد ہو جائے۔

جمعیت (جَم-عی-یَت) (ع) مؤنث (۱) اکٹھا ہونا (۲) گروہ - جمگھٹا - بھیڑ بھاڑ (۳) (ا) اطمینان - تسلی۔

جمعیت خاطر (ع) مؤنث - تسلی تشفی - اطمینان دل - بے فکری۔

جم غفیر (جَم-م-غَفیر) (ع) مذکر - انبوہ کثیر - بھاری ہجوم۔

جمگھٹ - جمگھٹا (جَم-گَھَٹ + جَم-گھَٹا) (ف) مذکر (۱) انبوہ - ہجوم - کثیر مجمع - بہت بڑا انبوہ۔

جَمل (جَمَل) (ع) مذکر - اونٹ - شتر - ناقہ۔

جُمل (جُمَل) (ع) مذکر (۱) حروف ابجد کے اعداد کا حساب - (۲) جملہ کی جمع۔

جُملگی (جُم-لَگی) (ع - ف) مؤنث (۱) کلیت - عمومیت (۲) تمام - کل۔

جملہ (جُم-لَہ) (ع) (۱) تمام - سب - میزان - کل (۲) مذکر - کلموں کا مجموعہ - فقرہ - کلام۔

جملہ معترضہ (ع) مذکر (۱) وہ زائد فقرہ جس کے دور

کرنے سے مطلب فوت نہ ہوتا ہو (۲) (ا) بات میں بات۔ خارج از بحث ذکر ۔

جمنا (جَم۔نا) (ہ) (۱) منجمد ہونا۔ اکٹھا ہونا (۲) قائم ہونا۔ ٹھہرنا۔ (۳) زمین سے نکلنا۔ اُگنا۔ (۴) چپکنا۔ چسپاں ہونا۔ (۵) مضبوط ہونا۔ پکّا ہونا۔ پختہ ہونا (۶) رُکنا۔ اَڑنا (۷) ذہن نشین ہونا (۸) ایک مشہور دریا جس کے کنارے پر دہلی۔ متھرا۔ آگرہ وغیرہ واقع ہیں ۔

جمناسٹک (جِم۔نا۔س۔ٹِک GYMNASTIC) (انگ) مؤنّث۔ ورزش۔ کھیل ۔

جموٹ (جَمُوٹ) (ہ) مؤنّث (۱) کنوئیں کی بنیاد (۲) کنوئیں کی بنیاد کی رسم ۔

جموگا (جَمُو۔گا) (ہ) مذکّر (۱) مرگی (۲) ایک مرض جو بچّوں کو ہوتا ہے ۔

جموگدار (جَمُوگ۔دَار) (ہ) مذکّر۔ قُرقی کا پیادہ ۔

جمھانا (ہ) دیکھو "جماہنا" ۔

جمھائی (ہ) دیکھو "جماہی" ۔

جمہور (جَم۔ہُور) (ع) مذکّر۔ عام لوگ۔ سب لوگ۔ تمام۔ اُمرا۔ وزرا اور عوام ۔

جمہوری سلطنت (ع) مؤنّث۔ وہ سلطنت جس میں بادشاہ مطلق العنان نہ ہو۔ بلکہ رعایا میں سے ہر قسم کے لوگ شریک حکومت ہوں ۔

جم ہی جم (ہ) (۱) بہت زیادہ (۲) (مراداً) نہیں۔ کچھ نہیں۔ تاگفتہ بہ ۔

جمیع (جَمِیع) (ع) سب۔ سارے۔ تمام ۔

جمیل (جَمِیل) (ع) خوبصورت۔ حسین۔ نیک ۔

جمیلہ حسینہ۔ شکیلہ۔ خوبصورت عورت ۔

ج - ن

جَن (جَن) (ہ) مذکّر (عوام) آدمی ۔

جِن (جِن) (ہ) (۱) جس کی جمع (۲) تعظیم کے لئے بھی مستعمل ہوتا ہے ۔

جِنّ (جِنّ) (ع) مذکّر (۱) بھوت پریت کی وہ قسم جو آگ سے پیدا کی گئی ہے۔ روح۔ ہمزاد (۲) (عو) غصّہ۔ غضب (۳) کڑا اور پکّا آدمی۔ سخت آدمی۔ (۴) ضدی آدمی ۔

جنّ اُتارنا (ا) (۱) کسی کے سر سے بھوت پریت کا آسیب دور کرنا۔ کسی کا غصّہ ٹھنڈا کرنا ۔

جنّ اُترنا (ہ) (۱) آسیب کا اثر دُور ہونا (۲) حواس درست ہونا (۳) غصّہ ہٹ جانا ۔

جنّ چڑھنا (ا) (عو) (۱) غصّہ چڑھنا۔ ضد چڑھنا۔ (۲) آسیب کا اثر ہونا ۔

جَنا (جَنا) (ہ) مذکّر (عو) (۱) آدمی۔ شخص (۲) پیدا شدہ۔ جنا ہوا ۔

جنّا۔ جننا (جَن۔نا) بچّہ دینا۔ ولادت ۔

جناب (جَنَاب) (ع) مذکّر و مؤنّث (۱) درگاہ۔ آستانہ۔ (۲) حضرت قبلہ۔ صاحب۔ حضور (۳) خود بدولت ۔

جنابِ اقدس (ع) مذکّر۔ حضور والا۔ عالی جناب ۔

جنابِ عالی (ع) مذکّر۔ عالی جناب۔ خداوند نعمت۔ بڑی درگاہ والا ۔

جنابت (جَنَا۔بَت) (ع) مؤنّث۔ آلودگی۔ نجاست۔ ناپاکی۔ خصوصاً وہ ناپاکی جو مرد و عورت کی صحبت یا احتلام کی وجہ سے ہو ۔

جنّات (ع) مذکّر۔ جنّ کی جمع۔ بہت سے بھوت پریت ۔

جنازہ (جَنَا۔زَہ) (ع) مذکّر (۱) لاش۔ مردہ جسم (۲) مردے کا تابوت۔ ارتھی ۔

جنازہ دیکھے (ا) (عو) سخت قسم یعنی ہمیں مرا ہوا دیکھے۔ جو یہ بات کہے ۔

جنازۂ رواں (ع۔ف) مذکّر (مراداً) گھوڑا ۔

جنازہ نکلے (ا) (عو) بد دعا۔ مرے۔ مر جائے ۔

جنانا۔ جنوانا (جَنا۔نا + جَن۔وَا۔نا) (ہ) دائی کا عورت کے پیٹ میں سے بچّے کے باہر نکلنے میں کام دینا ۔

جنائی (جَنَا۔ئِی) (ع) مؤنّث (۱) جنانے والی عورت۔ دائی۔ (۲) جنانے کی اجرت ۔

جُنباں (جُم۔بَاں) (ف) ہلنے والا ۔

جنبش (جُم۔بِش) (ف) مؤنّث۔ حرکت۔ گردش۔ رفتار۔ ہلنا جُلنا۔ تحریک ۔

جنبش دینا (ا) ہلانا۔ جھنجھوڑنا ۔

جنبہ (جَم۔بَہ) (ع) مذکّر۔ طرفداری۔ رعایت۔ حمایت ۔

جنّت (جَن۔نَت) (ع) مؤنّث۔ باغ۔ بہشت۔ بیکُنٹھ ۔

جنّت نصیب کرے (ا) مُردے کے حق میں دعائے خیر۔ خدا بہشت دے ۔

جنتر (جَن۔تَر) (ہ) مذکّر (۱) آلہ۔ اوزار۔ جرِّ ثقیل کی کل (۲) بین۔ ایک قسم کا باجا (۳) ٹوٹکا۔ تعویذ۔ منتر۔ (۴) ایک برتن جس سے روغن و عرق نکالا جاتا ہے ۔

جنتر منتر (ہ) مذکر (۱) بازی گری۔ نظر بندی۔ جادوگری۔ فریب دہی (۲) رصدگاہ۔ وہ اونچا مکان جس پر نجومی لوگ بیٹھ کر ستاروں کی گردش معلوم کرتے ہیں۔

جنتری (ہ) مؤنث (۱) ایک اوزار جس میں بہت سے چھید ہوتے ہیں۔ اور اس میں تار ڈال کر باریک یا لمبا کرتے ہیں (۲) مذکر۔ شعبدہ باز۔ جادوگر (۳) مؤنث۔ وہ کتاب جس میں منجم ستاروں کی گردش واحوال مع تاریخ و سن یک سالہ درج کرتے ہیں۔ تقویم۔ پترا۔

جنتو (جَن۔ تُو) (ہ) مذکر (سندھ) (۱) جیو۔ جانور۔ حیوان (۲) رینگنے والے جانور۔ کیڑے مکوڑے۔ حشرات الارض۔

جننی (جَن۔ نِی) (ہ) مؤنث (۱) ماں۔ مادر۔ اماں۔ والدہ (۲) تار کھینچنے کا اوزار۔

جنتی (ع) (۱) بہشتی۔ بہشت میں رہنے والا (۲) (ف) مغفور۔ مرحوم (۳) (ف) نیک آدمی۔ رحمدل آدمی (۴) (ف) بھولا آدمی۔ سادہ لوح۔ احمق۔

جنٹلمین (جَن۔ ٹِل۔ مِین) GENTLEMAN، (انگ) مذکر۔ شریف آدمی۔ بھلا مانس۔

جنجال (جَن۔ جَال) (ہ) مذکر (۱) بلا۔ آفت۔ مصیبت۔ تکلیف (۲) مشکل۔ وقت۔ سختی (۳) حیرانی۔ پریشانی۔ (۴) جھگڑا۔ بکھیڑا۔

جنجال میں پڑنا۔ یا۔ پھنسنا (ہ) مصیبت میں گرفتار ہونا۔ عذاب میں پڑنا۔ مشکل میں پڑنا۔

جنجالی (ہ) مذکر۔ بکھیڑیا۔ جھگڑالو۔ مزاحم۔

جنچنا (جَنچ۔ نَا) (ہ) (ف)، دیکھو "جچنا"

جندا۔ جندرا (جَن۔ دَا + جَن۔ دَرَا) (ہ) مذکر (۱) ایک آلہ جس سے مٹی اکٹھی کرکے کیاریاں بنانے ہیں (۲) (پ) قفل۔ تالا۔

جندرے ڈھیلے ہونا (ہ) (۱) (لغوی معنی) کل پرزوں کا ڈھیلا ہونا (۲) (اصطلاحی) سست ہونا۔ کاہل ہونا۔ کام کرنے کو جی نہ چاہنا۔

جندڑی (جِنْد۔ ڑِی) (ہ) مؤنث (عو) جان۔ روح۔ آتما۔

جنڈ (جَنڈ) (ہ) مذکر۔ ایک جنگلی درخت جسے سانگر بھی کہتے ہیں۔ اس کی پھلیوں کا اچار ڈالتے ہیں۔

جنرل (جَن۔ رَل) (انگ) GENERAL (۱) عام۔ اکثر (۲) بڑا (۳) فوج کا حاکم اعلیٰ۔ سپہ سالار۔

جنرل پوسٹ آفس (انگ) GENERAL POST OFFICE، مذکر۔ بڑا ڈاک خانہ۔

جنس (جِنْس) (ع) مؤنث (۱) چیز۔ شے۔ اسباب۔ سودا۔ سوداگری کا اسباب (۲) ذات۔ نوع۔ قسم۔ جماعت (۳) اناج۔ غلہ۔ پیداوار (۴) زیور۔ گہنا۔ جواہر (۵) تذکیر و تانیث۔

جنس خانہ (ع۔ ف) مذکر۔ گودام۔

جنس وار (ع۔ ف) (۱) قسم وار۔ تفصیل وار (۲) وہ نقشہ جو پٹواری کاشت شدہ جنسوں کے متعلق ہر ششماہی پر تحصیل میں داخل کرتے ہیں۔

جنسیت (ع) مؤنث۔ ہم قسم ہونا۔ ایک میل ہونا۔ یکساں ہونا۔

جنکشن (جَنک۔ شَن) (انگ) JUNCTION، مذکر۔ وہ مقام جہاں ریل کی دو یا زیادہ شاخیں آکر ملتی ہوں۔

جنگ (جَنگ) (ف) مؤنث (۱) لڑائی۔ معرکہ۔ رزم (۲) عداوت۔ کینہ۔ دشمنی۔ مخالفت۔

جنگ آزمودہ (ف) دلیر آدمی۔ جس نے لڑائیاں دیکھی ہوں۔

جنگا مشتی (ف) مؤنث۔ مارکٹائی۔ دھینگا مشتی۔

جنگ آور (ف) لڑنے والا۔ لڑائی پر چڑھنے والا۔

جنگ جو (ف) لڑاکا۔ جھگڑالو۔ تکراری۔

جنگ زرگری (ف) مؤنث۔ جھوٹ موٹ کی لڑائی۔ وہ مصلحت کی لڑائی جو دشمن کے دھوکا دینے کے لئے کی جائے۔

جنگ کرنا (ف) لڑنا۔ جھگڑنا۔

جنگ و جدل (ف۔ ع) مذکر۔ لڑائی بھڑائی۔

جنگ (جُنگ) (ہ) مذکر (۱) منڈھا۔ بنڈل۔ گٹھڑ (۲) ایک جلد جس میں کئی کتابیں ہوں (۳) جوش۔ دھن۔

جنگل (جَنگ۔ گَل) (ہ) مذکر۔ میدان۔ جھاڑی۔ ریگستان (۲) بنجر۔ ویران جگہ (۳) چراگاہ۔ چوپایوں کے چرنے کی زمین (۴) بادشاہی شکارگاہ۔ درختوں کی کثرت کا مقام۔

جنگل جانا (ہ) (گنوار) ٹٹی جانا۔ پاخانے جانا۔ بیت الخلا یا جائے ضرور جانا۔

جنگل جلیبی (ہ) مؤنث (اطفال) گو۔ لینڈی۔

جنگل کا لینڈر (ہ) مذکر۔ سخت ڈرپوک ✦

جنگل کی ہوا (ہ) مؤنث۔ تازہ یا لطیف ہوا ✦

جنگل میں منگل ہونا (۱) ویرانے میں آبادی یا رونق ہونا۔ ویرانے میں عیش و عشرت کا سامان ہونا ✦

جنگل میں مور ناچا کس نے دیکھا (۱) مثل۔ غیر ملک یا پردیس میں سخاوت۔ فیاضی اور امیری دکھائی تو کس کام کی۔ عزت اور ناموری وہی ہے جو اپنے دیس میں ہو ✦

جنگلا (جَنگ۔ لا) (ا) مذکر (۱) جھنڈ۔ گھنا جنگل (۲) ویرانہ۔ اُجاڑ۔ غیر آباد جگہ۔ (۳) کٹہرا۔ ٹٹی۔ چار دیواری۔ وہ لکڑی یا لوہے کی سلاخیں جو صحن کے گرداگرد لگا دیتے ہیں۔ جالی (۴) دوپٹے وغیرہ پر گوٹے کناری کا حاشیہ۔ مختلف رنگوں کے بیل بوٹے ✦

جنگلی (ا) (۱) وحشی۔ صحرائی۔ بھڑکنے والا (۲) خود رُو۔ قدرتی (۳) (گنوار) ابلہ۔ ناشائستہ۔ جاہل۔ بے تمیز ✦

جنگلی سُوَر (ا) مذکر (۱) خوک صحرائی۔ بعض عورتیں صرف جنگلی یا جنگل والا بھی بولتی ہیں (۲) موٹا اور بد صورت آدمی ✦

جنگھارا۔ جنگھاڑا (جَنگ۔ گھا۔ رَا + جَنگ۔ گھا۔ ڑا) (ہ) مذکر۔ راجپوتوں کا ایک زور آور فرقہ ✦

جنگی (ف) مذکر (۱) سپاہی۔ لشکری۔ شجاع۔ بہادر۔ دلیر (۲) لڑاکا۔ دبنگ (۳) فوجی۔ ملٹری (۴) بڑا۔ عظیم۔ وسیع۔ طویل ✦

جنگی بیڑا (ا) مذکر۔ سامانِ جنگ اور بحری فوج سے لدے ہوئے جہاز۔ بحری فوج ✦

جنگی جہاز (ف۔ ع) مذکر (۱) لڑائی کا جہاز (۲) بہت بڑا جہاز ✦

جنگی فوج (ف۔ ع) مؤنث (۱) لڑائی کی سپاہ (۲) بڑی فوج ✦

جنگی لاٹ (ا) مذکر۔ سپہ سالار۔ کمانڈر انچیف۔ فوج کا سب سے بڑا افسر۔ لارڈ ✦

جن لوک (جَن۔ لوک) (ہ) مذکر (۱) دنیا کے سات حصوں میں سے ایک حصہ (۲) مرنے کے بعد نیک لوگوں کا مقام ✦

جنم (جَنَم) (ہ) مذکر (۱) ولادت۔ پیدائش۔ نسل۔ بنیاد۔ اصل۔ خلقت۔ فطرت۔ روح کا ایک قالب سے دوسرے قالب میں جانا (۲) زندگی۔ حیات۔ عمر (۳) عادت۔ خصلت ✦

جنم اشٹمی (ہ) مؤنث (۱) بھادوں کے اندھیرے پاکھ کا آٹھواں دن جس روز کرشن جی نے جنم لیا تھا۔ (۲) سالگرہ کا دن ✦

جنم اندھا (ہ) مذکر۔ پیدائشی اندھا۔ مادر زاد اندھا ✦

جنم بگاڑنا (ہ) (۱) زندگی بگاڑنا۔ گناہ میں زندگی بسر کرنا (۲) عادت بگاڑنا (۳) دھرم بگاڑنا۔ ایمان بگاڑنا ✦

جنم بگڑنا (ہ) (۱) زندگی برباد ہونا (۲) بیوہ ہونا۔ (۳) ایمان میں فرق آنا ✦

جنم بھر (ہ) عمر بھر ✦

جنم بھوم۔ یا۔ جنم استھان (ہ) مذکر (۱) زاد بوم۔ جائے پیدائش۔ مولد (۲) وطن۔ مسکن ✦

جنم پتری۔ (جنم پترا) (ہ) مؤنث۔ زائچہ۔ تقویم۔ وہ کاغذ جو بچے کی پیدائش کے وقت ستاروں کی چال کو دیکھ کر نجومی احکام کے موافق تیار کیا جاتا۔ اور جس سے بچے کی عمر و عادات وغیرہ کا تخمینہ لگایا جاتا ہے ✦

جنم پٹا (ہ) مذکر۔ عمر کا اقرار نامہ ✦

جنم جلا (صفت مذکر) }
جنم جلی (صفت مؤنث) } (ہ) (عو) (۱) پیدائشی بدنصیب۔ منحوس۔ بدبخت (۲) بیچارہ۔ مصیبت زدہ ✦

جنم جنم (ہ) (۱) ہمیشہ۔ سدا۔ نت (۲) تناسخ۔ روح کا ایک قالب سے دوسرے قالب میں آنا ✦

جنم دن (ہ) مذکر (۱) یوم پیدائش۔ روزِ ولادت (۲) سالگرہ کا دن ✦

جنم ڈبونا (ہ) مذہب ڈبونا۔ پاک کرنا ✦

جنم روگی (ہ) (۱) دائم المرض۔ سدا کا روگی۔ پیدائشی دکھی ✦

جنم سدھرنا (ہ) اچھی حالت ہونا ✦

جنم کنڈلی (ہ) مؤنث (ہندو) یوم پیدائش کا مختصر زائچہ۔ چھوٹی جنم پتری ✦

جنم کے اندھے نام نین سکھ (ہ) مثل ناقابلیت میں ناموری کی مثال ✦

جنم لینا (ہ) (۱) پیدا ہونا (۲) تناسخ ✦

جنم مرن (ہ) مؤنث (ہندو) (عو) ہمیشہ کی موت۔ ابدی موت ✦

جنم میں تھوکنا (ف) (عو) ذات بنیاد پر لعنت ملامت کرنا۔ سلفت عیب لگانا۔

جنم نہ دیکھا بوریا سپنے آئی کھاٹ (ف) مثل۔ مفلسی میں بڑے آدمیوں کی ریس کرنے کے موقع پر بولتے ہیں۔

جنمی (ف) پیدائشی۔

جننگ فیکٹری (جِنَنگ۔ فَیک۔ ٹَری) (انگریزی - GINNING FACTORY) روئی سے بنولے الگ کرنے کا کارخانہ۔

جننی (جَن۔نِی) (ف) مؤنث۔ ماں۔

جنواسا (جَن۔وَا۔سَا) (ف) مذکر۔ دلہن کے گھر کی وہ جگہ جہاں دولہا اور برات ٹھہرائی جائے۔

جنوانسا - جواسا (جَنْوَان۔سَا۔ جَوَا۔سَا) (ف) مذکر۔ ایک خاردار پودا جسے اکثر اونٹ کھاتا ہے۔ اور موسم گرما میں لوگ خس کی بجائے ٹٹیوں میں لگاتے ہیں۔

جنوائی - جوائی (جَنْوَا۔ائی۔ جَوَا۔ائی) (ف) مذکر (۱) داماد۔ بیٹی کا خاوند (۲) (عو) دشمن۔ مارِ آستین (۳) بیٹی کی گالی۔

جنوب (جَنُوب) (ع) مذکر (۱) مشرق و مغرب کا درمیانی گوشہ۔ شمال کی مقابل سمت۔ دکھن۔ قطب شمالی کی دوسری طرف کا ملک یا رخ۔

جنوری (جَن۔وَرِی) (ہند) انگ۔ جینُو اَری - (JANUARY) مذکر۔ سن عیسوی کا پہلا مہینہ۔

جنون (جُنُون) (ع) مذکر (۱) دیوانگی۔ سودا۔ باؤلا پن۔ خبط (۲) غصہ۔ طیش۔

جنون آنا (ف) (۱) غصہ آنا (۲) حسرت و افسوس آنا۔

جنون اچھلنا (ف) (۱) خبط ہونا (۲) جنون کا دورہ ہونا۔

جنون چڑھنا (ف) (۱) پاگل ہونا۔ دیوانہ ہونا (۲) (عو) غصہ چڑھنا۔ طیش آنا۔

جنونی (ع) (۱) پاگل۔ دیوانہ۔ خبطی (۲) (عو) سفاک۔ غصیل۔

جنہیں (جِنھیں) (ف) جن کو۔

جنی (جَنِی) (ف) مؤنث (۱) جنا کی تانیث۔ عورت۔ لُگائی۔ استری۔ زن (۲) خادمہ۔ ملازمہ۔ لونڈی (۳) دختر۔ بیٹی۔ لڑکی (۴) سہیلی۔ گوئیاں۔

جنی (جِن۔نِی) (ع) مذکر۔ بھوت پریت اتارنے والا۔ سیانا۔ عامل۔ جادوگر۔

جنیا (جَن۔یَا) (ف) جانی کی تصغیر۔ جانِ من۔

جنید (جُنَید) (ع) مذکر۔ ایک نہایت بزرگ صوفی جو بغداد کے رہنے والے تھے۔ فرقہ جنیدیہ انہی کے نام سے منسوب ہے۔

جنین (جَنِین) (ع) مذکر۔ وہ بچہ جو رحم مادر میں ہو۔ پیٹ کا بچہ۔ لوتھڑا۔

جنیوا (جِنے۔وَا) (لاطینی۔ GENEVA) مذکر۔ سوئٹزرلینڈ کا ایک بڑا شہر جہاں کی گھڑیاں مشہور ہیں۔

جنیئو (جَنے۔اُو) (ف) مذکر (۱) زنار۔ وہ بٹا ہوا دھاگا جسے اکثر برہمن لوگ گلے اور کمر میں آڑا ڈالے رہتے ہیں۔ (۲) وہ آڑی یا سیدھی لکیر یا بال جو جواہرات وغیرہ میں نظر آئے۔

جنیئو کا ہاتھ (ف) مذکر۔ پٹا بازی یا تیغ بازی کی وہ ضرب جو حریف کے بیٹھنے پر آڑی ہو کر لگے۔

ج - و

جوّ (جَوّ) (ع) مذکر۔ خلا۔ ہوا۔ آسمان اور زمین کے بیچ کا فاصلہ۔

جو (جُو) (ف) مذکر (۱) جو شخص۔ جو کوئی (۲) اگر۔ بشرطیکہ۔ بالفرض۔

جو بندھ گیا۔ سو موتی (ف) مثل۔ جو کچھ بھی ہو گیا۔ سو اچھا ہوا۔

جو بولے۔ سو گھی کو جائے (ف) مثل۔ جو شخص کسی بات کا جواب دے وہی اسے انجام تک پہنچائے۔

جو جو (ف) ہر کوئی۔ ہر شخص۔ جو چیز۔

جو چڑھے گا۔ سو گرے گا (ف) کام کرنے والا ہی اپنے کام میں غلطی یا دھوکا کھاتا ہے۔ صاحب کمال ہی کے لئے زوال ہے۔

جو سحری کھائے۔ سو ہی روزے رکھے (ف) مثل۔ جو فائدہ اٹھائے۔ وہی تکلیف بھگتے۔

جو سر اٹھا کے چلے گا۔ وہی ٹھوکر کھائے گا۔ (ف) مثل۔ جو غرور کرے گا۔ ذلت اٹھائے گا۔

جو کہ (ف) حرفِ شرط۔ چونکہ۔ اگرچہ۔

جو گرجتے ہیں۔ وہ برستے نہیں (ف) مثل۔ جو گپیں ہانکتے ہیں۔ ان سے کوئی کام نہیں ہوتا۔

جو ماں سے زیادہ چاہے۔ سو پھاپھا کٹنی کہلائے (ف) مثل۔ ماں سے زیادہ محبت سراسر بناوٹ اور دھوکا ہے۔

جو من میں بسے۔ سو سپنے دسے (ف) مثل۔ جو بات دل میں ہوتی ہے۔ وہی خواب میں دکھائی دیتی ہے۔

جو میرے بنے۔ سو راجہ کے نہیں (ف) مثل۔ رعی

جو شخص ہمارا ہو گیا۔ وہ راجہ کا بھی نہیں ہو سکتا ؛

جو ہانڈی میں ہو گا۔ وہی ڈوئی میں نکلے گا (ہ) مثل (۱) جیسا مال ہو گا۔ ویسا ہی دکھائی دے گا (۲) جو دل میں ہوتا ہے وہی زبان پر آتا ہے ..

جو ہو (ہ) (۱) جو کچھ ہو۔ کچھ ہی ہو (۲) جس قدر ہو۔ جتنا ہو ..

جو ہو سو ہو (ہ) کچھ ہی کیوں نہ ہو ؛

جَو (جَوْ) (ف) مذکر (۱) ایک قسم کا غلہ۔ شعیر (۲) قدرے۔ ذرا ۔

جَو جَو (ف) ذرا ذرا۔ رتی رتی ۔

جَو فروش گندم نما (ف) (ف) بازر۔ وہ شخص جو دکھلائے کچھ اور بیچے کچھ ۔

جوکٹ (جُو۔کَٹ) (ا) دیکھو "جوکوب" ..

جوکوب (ف) (ف) دردرا۔ موٹا موٹا کوٹا ہوا ۔

جوکوب کرنا (ا) موٹا موٹا کوٹنا ؛

جوا (جَوَا) (ف) مذکر (۱) ایک قسم کی جو کی سی پتی جو کشیدے میں کاڑھتے ہیں (۲) لہسن کی پوتی کا ہر حصہ ..

جوا کھار (ہ) مذکر۔ جو کو جلا کر اس کی راکھ سے نکالا ہوا شورہ ۔

جوا ہٹر (ہ) مؤنث۔ چھوٹی ہڑ ؛

جوالا جوا۔لا (ہ) مذکر۔ وہ گیہوں جن میں جو ملے ہوتے ہوں :

جُوا (جُو۔آ) (ہ) مذکر (۱) وہ لکڑی جو گاڑی یا ہل کے بیلوں کے کندھے پر رکھی جاتی ہے (۲) قمار۔ شرط بازی۔ قمار بازی ۔

جُوا چور (ہ) مذکر (۱) وہ جواری جو اپنا داؤں جیت کر کھسک جائے ؛

جوا ڈال دینا (ہ) تھک جانا۔ ہمت ہارنا ۔

جوا کھیلنا (ہ) داؤں لگانا۔ قمار بازی کرنا ؛

جواب (جَوَاب) (ع) مذکر (۱) سوال کا الٹ۔ بات کا اُتار (۲) (ا) مقابل۔ نظیر۔ مثل۔ ثانی (۳) (عو) تردید۔ رد (۴) بدلہ۔ عوض۔ جزا (۵) معزولی۔ موقوفی (۶) جوڑا۔ جفت (۷) انکار۔ ناپسندی ؛

جواب الجواب (ع) مذکر۔ جواب کا جواب ؛

جواب باصواب (ع) مذکر۔ معقول جواب۔ مناسب اور عمدہ جواب ؛

جواب پانا (ا) (۱) موقوف ہونا (۲) سزا یا بدلہ پانا (۳) انکار ہونا

جواب پڑھنا (ا) مرثیے کا پہلا مصرع دُہرانا ؛

جواب ترکی بہ ترکی (ف) مثل۔ جیسا کہو گے ویسا سنو گے ؛

جواب تک نہ دینا (ا) بات تک نہ کرنا۔ ناراض ہونا ؛

جواب جاہلاں باشد خموشی (ف) جو شخص جہالت کے باعث ماننے میں نہ آئے۔ اس کی بات کا جواب خاموشی ہی بہتر ہے ؛

جوابِ دعویٰ (ع) مذکر (قانون) مدعا علیہ کا تحریر شدہ جواب ۔

جواب دِہ (ع۔ف) (قانون) ذمہ دار۔ ضامن ۔

جواب دہی (ع۔ف) مؤنث۔ باز پرس۔ ذمہ داری

جواب دہی کرنا (ا) (۱) دعویٰ کرنا (۲) باز پرس کرنا (۳) جواب دینا ؛

جواب دے دینا (ا) (۱) بالکل انکار کر دینا (۲) موقوف کر دینا (۳) چھوڑ دینا ۔

جواب دینا (ا) (۱) سوال کا الٹ کہنا (۲) تردید کرنا۔ بات رد کرنا (۳) رہ جانا۔ بیکار ہو جانا (۴) موقوف کرنا۔ برطرف کرنا (۵) چھوڑنا۔ تیاگنا (۶) گستاخی یا بے ادبی سے بات کرنا (۷) نہ ماننا۔ انکار کرنا :

جواب سوال (ع) مذکر۔ بحث مناظرہ۔ حجت۔ تکرار ؛

جواب شافی (ع) مذکر۔ تسلی بخش جواب۔ پورا جواب ؛

جواب صاف (ع) مذکر۔ بالکل انکار۔ انکار مطلق ۔

جواب طلب (ع) (۱) قابل باز پرس (۲) رسید طلب (۳) مشکوک۔ قابل دریافت ؛

جواب طلب کرنا (ا) باز پرس کرنا۔ وجہ دریافت کرنا۔ سبب پوچھنا ؛

جواب قطعی (ع) مذکر (۱) پورا پورا جواب (۲) انکار مطلق ؛

جواب ملنا (ا) دیکھو "جواب پانا" ؛

جواب ہونا (ا) (۱) انکار ہونا (۲) موقوف ہونا۔ (۳) جوڑ ہونا۔ مقابل ہونا ؛

جوابی (ع) مذکر (۱) وہ شخص جو سوز خوانی میں مرثیے کا پہلا مصرع ہر بند کے تمام ہونے پر پڑھے۔ (۲) مقابل۔ نظیر (۳) مدعا علیہ۔ مخالف (۴) جھگڑالو۔ حجتی ؛

جواد (جَوَاد) (ع) (۱) سخی۔ داتا۔ خدائے تعالیٰ ؛

جوار (جِوَار) (ع) مذکر۔ پڑوس ؛

جوار (جُوَار) (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کا اناج (۲) مکئی۔

(۳) سمندر کا اُتار۔ جزر۔

جوار بھاٹا (ہ) ذکر۔ جزر و مد۔ سمندر کا اتار چڑھاؤ۔ جو چاند کی کشش کے مطابق روزمرہ ہوتا رہتا ہے۔

جوارح (جَوا۔ رِح) (ع) ذکر۔ آدمی اور شکاری جانور کے ہاتھ۔ پاؤں۔ زبان اور دوسرے اعضا۔

جوارش (جُوا۔ رِش) (معرب) مؤنث۔ ایک مرکب دوا جو خوش ذائقہ اور ہاضم و مقوی معدہ سمجھی جاتی ہے۔

جُواری (ہ) ذکر۔ جُوا کھیلنے والا۔ قمار باز۔

جُواری دھنداری (ہ) ذکر (عو) بدا طوار۔ لُچّا۔ شہدا۔ بدمعاش۔

جواری (ا) مؤنث۔ ایک ڈورا جو ستار یا طنبورے کے اوپر بندھا ہوتا ہے۔ اور سُروں کا اونچا کرنا اسی پر موقوف ہے۔ ستار کی گھرچ۔

جواز (جَوَاز) (ع) ذکر (۱) جائز ہونا (۲) اجازت۔

جواسیس (جَوا۔ سِیس) (ع) ذکر۔ جاسوس کی جمع۔ بہت سے جاسوس۔

جوالا (جوا۔ لا) (س ہندی) (۱) شعلہ۔ لپٹ۔ لَو (۲) آگ۔ آتش (۳) حدت۔ حرارت (۴) تندی۔ تیزی اور (۵) آتشِ عشق۔

جوالا مکھی (ہ) (۱) آتش دان (۲) ذکر۔ کوہِ آتش فشاں۔ وہ پہاڑ جس کے دہانے سے آگ کے شعلے نکلتے ہوں (۳) درگا جی کا لقب (۴) ضلع کانگڑہ میں درگا جی کا مندر۔

جوالہ (جَوْ۔ وَا۔ لَہ) (ع) مؤنث۔ تیزی کے ساتھ چکر کھانے والی چیز۔

جوامع (جَوَا۔ مِع) (ع) ذکر۔ جامعہ کی جمع۔ یونیورسٹیاں۔

جوان (جَوَان) (ف) (۱) نوعمر۔ کم سن۔ نوخیز۔ بچّہ (۲) (ل) مضبوط۔ قوی (۳) (ل) نیا۔ تازہ (۴) بہادر۔ دلیر (۵) ذکر۔ گبھرو۔ بالغ یا بالغہ۔ سیانا یا سیانی (۶) بہادر سپاہی (۷) لڑکا۔ چھوکرا۔ لونڈا۔

جوان بخت (ف) (۱) جوان نصیبے والا۔ اقبال مند۔ خوش نصیب۔ بختاور (۲) خاندانِ تیموریہ کے آخری بادشاہ کا ولی عہد۔

جوان سال (ف) نوعمر۔

جوان سالی (ف) مؤنث۔ نوعمری۔

جوان صالح (ف۔ع) ذکر۔ نیک بخت جوان۔ نیک چلن جوان۔ پرہیزگار جوان۔

جوان مرد (ف) (۱) سخی۔ فیاض (۲) عالی ہمّت۔ بلند حوصلہ۔ اولوالعزم (۳) شجاع۔ بہادر۔ دل چلا۔ سورما۔

جواں مردی (ف) مؤنث (۱) بہادری۔ شجاعت (۲) عالی ہمّتی (۳) جان بازی۔ دلیری (۴) سخاوت۔ فیاضی۔

جواں مرگ۔ یا۔ جوانا مرگ (ف) (۱) جوان مرنے والا۔ بڑھاپے سے پہلے ہی مرجانے والا (۲) مرنے جوگا۔ جوانی میں مر جانے کے قابل۔

جوانب (جَوَا۔ نِب) (ع) ذکر و مؤنث۔ جانب کی جمع۔ طرفیں۔

جوانی (ف) مؤنث۔ جوان ہونے کا زمانہ۔ شباب۔

جوانی اٹھنا (ا) جوانی کا شروع ہونا۔

جوانی چڑھنا (ا) شباب کا زوروں پر ہونا۔

جوانی دیوانی (ا) جوانی میں آدمی دیوانہ ہوتا ہے۔ دیوانوں کی طرح کچھ نشیب و فراز نہیں سوچتا۔

جوانی ڈھلنا (ا) جوانی کا اترنا۔ جوبن کا عالم نہ رہنا۔

جوانی کا پھل۔ جوانی کا سکھ (ا) ذکر (عو) جوانی کا چین۔ جوانی کا آرام۔

جوانی نہ سکھ دیکھے (ا) (نیک دعا) (عو) اپنی جوانی کا عیش نصیب ہو۔

جوانی کا عالم (ا) ذکر۔ حالتِ جوانی۔ جوانی کے دن۔

جوانی کی اُمنگ (ا) مؤنث۔ ولولۂ جوانی۔ جوانی کی ترنگ۔ جوشِ جوانی۔

جوانی کی نیند (ا) مؤنث۔ گہری نیند جو عموماً جوانی ہی میں آتی ہے۔

جواہر (جَوَا۔ ہِر) (ع) ذکر۔ جوہر کی جمع۔ قیمتی پتھر۔ گوہر۔ لعل۔ یاقوت۔ ہیرا وغیرہ۔

جواہرات (ع) ذکر۔ جوہر کی جمع الجمع۔

جواہر خانہ (ف) ذکر۔ وہ بادشاہی مکان جہاں جواہرات رکھے جاتے ہیں۔ توشہ خانہ۔

جواہر نگار (ف) (۱) مرصع۔ جڑاؤ (۲) خوش خط۔ خوش رقم۔

جوبلی (جُوب۔ لِی) (انگ JUBILEE) مؤنث۔ (۱) وہ تہوار جو یہودی اپنی آزادی اور واپسی وطن کی یادگار کے طور پر ہر پچاس برس کے بعد مناتے ہیں (۲) وہ جشن جو بادشاہ کی تخت نشینی کے پچیس پچاس اور ساٹھ برس بعد منایا جاتا ہے۔ ۲۵ سالہ کو سلور (چاندی کی) جوبلی۔ ۵۰ سالہ کو گولڈن (سونے کی) جوبلی اور ۶۰

سار کو ڈائمنڈ (ہیرے کی) جوبلی کہتے ہیں (۳) نہایت خوشی کا موقع یا حالت ۔

جوبن (جو-بَن) (ھ) مذکر (۱) بلوغ - شباب - اٹھتی جوانی (۲) خوبصورتی حسن جمال (۳) عالم - حالت - کیفیت (۴) بہار - رونق - ابھرہ (۵) چھاتی - پستان - چوچی (۶) سبزہ ۔

جوبن ابھرنا - یا - امنڈنا (ھ) جوانی ابھرنا چھاتیاں اٹھنا ۔

جوبن پر آنا (ھ) جوانی پر آنا - بہار پر آنا - پھولنا پھلنا - سرسبز ہونا ۔

جوبن پھٹ پڑنا (ھ) حسن و کمال کی افزونی اور کمال کی زیادتی ہونا ۔

جوبن ڈھلنا (ھ) حسن و جمال کا عالم نہ رہنا ۔

جوبن کا (ھ) (۱) بہار کا - رونق کا (۲) مزے دار - خوش ذائقہ ۔

جوبن کی ماتی (ھ) مؤنث - بدمست عورت - مستی میں بھری ہوئی عورت ۔

جوبن لٹنا (ھ) بہار لٹنا - چھاتیوں کا مَلا دَلا جانا ۔

جوبن نکالنا (ھ) جوانی نکالنا - رونق پر آنا - بہار پر آنا ۔

جوت (جُوت) (ھ) مؤنث (۱) روشنی - اجالا - چمک - چاندنی - نور (۲) نظر - نگاہ - آنکھ کی روشنی (۳) جلوہ - رونق (۴) شعلہ - لَو (۵) جھلک - چمک - دمک - (۶) چراغ - دیا (۷) دھن - دولت - زر - نقدی - (۸) روح - آتما - جان ۔

جوت بتی کرنا - جوت جگانا - جوت چڑھانا (ھ) (ہندو) کسی سیانے کا گھی کے چراغ جلا کر اپنے دیوتا کو بلانا ۔

جوت (جُوت) (ھ) مؤنث (۱) قلبہ رانی - کھیتی - زراعت - کاشتکاری (۲) جوتی ہوئی زمین (۳) قبضۂ کاشتکار - پٹی (۴) لگان جو کاشت کار دیتا ہے (۵) بیلوں کے گلے کا تسمہ جس سے جوا دبا رہتا ہے (۶) وہ رسّی جو آبپاشی کے ڈوکرے کی دستی کے پاس ہوتی ہے (۷) دکان کا اسباب (۸) ترازو کی ڈوری جو پلڑوں سے بندھی رہتی ہے ۔

جوت جمع (ا) مؤنث - لگان - وہ روپیہ جو کاشتکار ادا کرے - محاصل ۔

جوت (جُوت) (ھ) مذکر (۱) بڑا جوتا (۲) لڑائی - دنگا (۳) تنبیہ - سرزنش ۔

جوتا (ھ) مذکر (۱) مزارع - کاشتکار (۲) ہل جوتا - ہالی - (۳) کسان (۴) ہم بستر ہونے والا ۔

جوتا (ھ) مذکر (۱) حدِ فاصل - تقسیم دیوار (۲) بیلوں کا تسمہ ۔

جُوتا (ھ) مذکر (۱) پاپوش - کفش (۲) نقصان - گھاٹا - (۳) بھاری احسان - سلوک ۔

جُوتا اٹھانا (ھ) (۱) جوتا لے کر مقابلہ کرنا - جوتا مارنے کا ارادہ کرنا (۲) اطاعت کرنا - کفش برداری کرنا - فرمانبرداری کرنا ۔

جُوتا اچھلنا (ھ) جوتیوں سے لڑنا - لڑائی فساد ہونا ۔

جوتا برسنا (ھ) خوب جوتیاں پڑنا - جوتیوں سے پٹنا ۔

جوتا چلنا (ھ) جوتی پیزار ہونا - بدتہذیبی کی لڑائی ہونا ۔

جوتا چھپانا (ھ) ایک رسم - شادی کے موقع پر سالیاں دولھا کا جوتا چھپا لیتی ہیں - اور کچھ لیکر واپس دیتی ہیں ۔

جوتا لگنا (ھ) (۱) جوتے کی ضرب پڑنا (۲) نقصان ہونا - گھاٹا پڑنا (۳) شرمندہ ہونا (۴) نئے جوتے سے پاؤں کا دکھنا ۔

جوتا مارنا (ھ) (۱) پاپوش مارنا (۲) ملامت کرنا - برا بھلا کہنا (۳) احسان کر کے شرمندہ کرنا ۔

جوتاؤ (ھ) جوتنے کے قابل - وہ زمین جو قابلِ کاشت ہو ۔

جوتری (جُوت-تَری) (ھ) مؤنث - جائفل کا پھول ۔

جوتش (جُو-تِش + جُو-تَش) (ھ) مذکر - علمِ نجوم - گرہ اور نچھتر وغیرہ جاننے کا شاستر ۔

جوتشی (ھ) مذکر - نجومی - منجّم ۔

جوتنا (ھ) (۱) بیلوں کو گاڑی یا ہل میں لگانا (۲) گھوڑے کو بگھی وغیرہ میں جوڑنا (۳) ہل چلانا - کھیتی باڑی کرنا (۴) راضی کرنا (۵) مصروف کرنا ۔

جوتی (جُو-تی) (ھ) مؤنث - دیکھو "جوت ہشدہ" ۔

جوتے (ھ) مذکر - جوتا کی جمع - بہت سی جوتیاں ۔

جوتے سے آنا (ھ) جوتے کے ڈر سے آنا - مجبور ہو کر آنا ۔

جوتے سے خبر لینا (ھ) بہت جوتے مارنا ۔

جوتے کا یار (ا) مذکر - جوتے کے ذریعے سے کام دینے والا آدمی - خوف اور دہشت سے کام دینے

والا آدمی ۔

جُوتی (ہ) مؤنث۔ کفش۔ پاپوش۔ پیزار ۔

جُوتی پر جُوتی چڑھنا (ہ) جوتی پر جوتی کا آ جانا۔ جسے بعض پرانے لوگ سفر کی فال سمجھتے یا لڑائی کا پیش خیمہ جانتے ہیں ۔

جُوتی پر مارنا۔ یا۔ جوتی کی نوک پر مارنا (ہ) (عو) ٹھکرانا۔ خاطر میں نہ لانا۔ نفرت ظاہر کرنا۔ پروا نہ کرنا ۔

جُوتی پہنانا (ہ) (۱) جوتی خرید کر دینا (۲) دوسرے شخص کے پاؤں میں جوتی ڈالنا ۔

جُوتی پیزار (ا) مؤنث (عو) (۱) مار پیٹ۔ مار کٹائی۔ (۲) لڑائی دنگا۔ تھکا فضیحتی ۔

جُوتی چلنا (ہ) دیکھو "جوتا چلنا" ۔

جُوتی چھپائی (ہ) مؤنث (عو) وہ رقم جو دولھا کی سالیاں وداع کے وقت اس کی جوتی چھپا کر لیتی ہیں ۔

جوتی خور۔ یا۔ جوتی خورا (ا) وہ شخص جسے پٹنے کی عادت ہو۔ بے عزت ۔

جوتی سے یا جوتی کی نوک سے (ہ) (عو) بلا سے۔ کچھ پروا نہیں ۔

جوتی کاری (ا) مؤنث۔ مار پیٹ۔ جوتیوں سے خبر لینا۔ یا۔ مارنا ۔

جوتی کی مار (ہ) مؤنث۔ جوتیوں سے مارنا ۔

جوتی کے برابر نہ سمجھنا (ا) (عو) کچھ نہ سمجھنا۔ ذرا خاطر میں نہ لانا۔ ہیچ سمجھنا ۔

جوتی کے تلے سے ناک کاٹ لینا (ہ) بہت ذلیل کرنا ۔

جوتیاں (ہ) مؤنث۔ جوتی کی جمع ۔

جوتیاں اٹھانا۔ یا۔ سیدھی کرنا (ہ) کسی کامل یا بڑے آدمی کی خدمت کرنا۔ نوکری بجا لانا (۲) نہایت عجز کا اظہار ۔

جوتیاں بغل میں دبانا۔ یا۔ مارنا (ا) (۱) جوتیوں کو بغل میں چھپانا (۲) دبک کر نکل جانا ۔

جوتیاں چٹخاتے پھرنا (ا) خاک چھانتے پھرنا۔ نکمّا پھرنا ۔

جوتیاں سیدھی کرنا (ہ) کمال عقیدت سے جوتیوں کو سیدھا کرنا۔ عظمت کرنا۔ تعظیم بجا لانا۔ خدمت کرنا ۔

جوتیاں کھانا (ہ) (عو) (۱) جوتیوں سے پٹنا (۲) طعنے سہنا۔ بُرا بھلا سننا ۔

جُوتیاں گانٹھنا (ہ) (۱) جوتیوں کی مرمت کرنا جوتیوں میں پیوند لگانا (۲) بہت ذلیل کام کرنا (۳) بہت بُرا سینا ۔

جُوتیاں مارنا (ہ) (۱) جوتیوں سے مارنا (۲) ذلیل و رسوا کرنا ۔

جُوتیوں سمیت آنکھوں میں گھسنا (ہ) کمال گستاخی اور ڈھٹائی سے کسی سچی بات کو انکار کرنا۔ زبردستی جھٹلانا ۔

جُوتیوں کا صدقہ (ا) (۱) آپ کی بدولت۔ آپ کی جوتیوں کی طفیل۔ انکسار کا کلمہ ہے۔ جو احسان ماننے کے اظہار پر بولتے ہیں ۔

جُوتیوں کی پھٹکار سے بچنا (ہ) پیدل چلنے سے گھبرانا ۔

جُوتیوں میں دال بٹنا (ہ) آپس میں پھوٹ پڑنا۔ لڑائی جھگڑا ہونا۔ نا اتفاقی ہونا ۔

جُوتیوں میں ڈال دینا (ہ) ذلیل ہونا ۔

جوٹ (جُوٹ) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) جوڑ۔ جفت (۲) ہمسر۔ برابر کا۔ ہم پلہ۔ نظیر (۳) ساتھی۔ ہمجولی۔ رفیق۔ (۴) ہم قد۔ ہم شکل (۵) بیلوں کی جوڑی جو ہل میں جوتی جاتی ہے ۔

جوٹ باندھنا (ہ) (۱) ہم قد یا ہم عمر سے جوڑا لگانا۔ (۲) جوڑا لگانا۔ ملانا ۔

جوٹھا (جُوٹ۔ ٹھا) (ہ) مذکر۔ پس خوردہ۔ مستعمل ۔

جوٹی۔ یا۔ جوٹیا (ہ) مذکر (گنوار) ساتھی۔ مددگار۔ جوڑ ۔

جُوجُو (جُو۔ جُو) (ا) مذکر۔ ایک فرضی ڈراؤنی چیز جس سے بچوں کو ڈراتے ہیں ۔

جوجھنا (جُوجھ۔ نا) (ہ) (۱) لڑنا۔ جنگ کرنا (۲) مار پیٹ کرنا (۳) ہتھیار سنبھالنا ۔

جُود (جُوْد) (ہ) مذکر۔ کرم۔ بخشش۔ سخاوت ۔

جودت (جُو۔ دَت) (ع) مؤنث۔ تیزی۔ چالاکی۔ ذکاوت۔ تیز فہمی۔ فراست ۔

جودھا (جو۔ دھا) (ہ) مذکر (ہندو) بہادر۔ شجاع۔ غازی۔ پہلوان۔ جنگ آور۔ سپاہی ۔

جوڈیشل (جُو۔ ڈِی۔ شَل) (انگ JUDICIAL) حاکمانہ۔ عدالتی (صیغۂ فوجداری) ۔

جوڈیشل اختیارات (ا) مذکر۔ فوجداری اختیارات ۔

جوڈیشل کارروائی (ا) مؤنث۔ فوجداری عدالت کی کارروائی۔

جَوْر (جَوْر) (ف) مذکر۔ ظلم۔ ستم۔ تیزی۔ سختی۔ زبردستی۔ بے رحمی۔ بدخلقی۔

جورو (جُورُو) (ہ) مؤنث (۱) زوجہ۔ بیوی۔ اہلیہ (۲) غیر عورت کے لئے ایک قسم کی گالی۔

جورو خصم کی لڑائی۔ دودھ کی سی ملائی (ہ) مثل۔ میاں بیوی کی شکر رنجی میں بھی ایک لطف ہوتا ہے۔

جورو کا بھائی (ا) مذکر (۱) سالا (۲) ایک قسم کی گالی

جورو کا مزدور (ا) زن مرید۔ بیوی کا فرمانبردار۔ بیوی کے اشاروں پر چلنے والا۔

جوڑ (جوڑ) (ہ) مذکر (۱) جفت (۲) ہمسر۔ مقابل (۳) ساتھی۔ رفیق (۴) ہم شکل۔ ہم قد (۵) مذکر۔ بند۔ گرہ۔ گانٹھ (۶) مذکر۔ سنجوگ۔ ملن (۷) میزان۔ کل مقدار (۸) فریب۔ چھل (۹) داؤں (۹) مذکر۔ افترا۔ بہتان۔ (۱۰) مثبت۔ منفی کے خلاف (۱۱) مذکر۔ وہ ظروف جو ہم رنگ اور ہم سلسلہ ہوں (۱۲) مؤنث۔ مرثیہ خوانوں کی جماعت (۱۳) مذکر۔ ایک قسم کی چھلی (۱۴) آمیزش۔ ملوپ (۱۵) مذکر۔ فرضی قصہ۔ افسانہ۔ (۱۶) ایک قسم کے چھلے (۱۷) پیوند۔ سیون۔ ٹانکا۔ (۱۸) پور۔ عضو۔

جوڑ باندھنا (ہ) (۱) کُشتی کے لئے دو برابر کے پہلوانوں کا مقرر کرنا (۲) جوڑ لگانا۔

جوڑ بٹھانا (ہ) چول بٹھانا۔ جوڑ ملانا۔

جوڑ بند (ا) مذکر۔ بندش۔ جوڑ۔ عضو۔

جوڑ دار (ا) جوڑی ہوئی۔ پیوند لگا ہوا۔

جوڑ توڑ (ہ) مذکر (۱) ساز باز (۲) بہتان۔ بے اصل بات (۳) فریب۔ چال (۴) ترکیب۔ تدبیر۔

جوڑ توڑ کرنا (ہ) (۱) تدبیر کرنا۔ تجویز کرنا (۲) فریب کرنا۔ (۳) کسی کے خلاف سازش کرنا۔

جوڑ جوڑ (ہ) مذکر۔ ہر عضو۔ ہر بند۔ بند بند۔

جوڑ چلنا (ہ) (۱) تدبیر کارگر ہونا (۲) چال چلنا۔

جوڑ کا (ہ) برابر کا۔ مقابل کا۔

جوڑ لگانا (ہ) (۱) جوڑ باندھنا (۲) میزان کرنا (۳) گانٹھنا۔ پیوند لگانا۔

جوڑا (ہ) مذکر (۱) جفت۔ دو چیزیں۔ ہمسر۔ ہمتا (۲) میاں بیوی۔ نر مادہ (۳) مقابل کا۔ برابر کا (۴) ساتھی۔ ہمراہی (۵) پوری پوشاک۔ لباس (۶) جوتا۔ پاپوش۔ (۷) دوسرا۔ ثانی۔

جوڑا بڑھانا (ہ) (عو) پوشاک اتارنا۔ کپڑے اتار کر رکھنا۔

جوڑا بنا رہے (ہ) دعا (۱) میاں بیوی سلامت رہیں (۲) خدا دونوں بھائیوں کو سلامت رکھے (۳) کوئی سے دو آدمیوں کو اکٹھا دیکھ کر فقیروں کی دعا۔

جوڑا بنانا (ہ) (۱) کھوٹی چاندی یا کھوٹا سونا بنانا (۲) پوری پوشاک تیار کرنا (۳) جوتا بنانا (۴) چوڑیاں تیار کرنا۔

جوڑا لگانا (ہ) نر کا مادہ سے جفت کرنا۔

جُوڑا (جُوڑا) (ہ) مذکر (۱) سر کے بالوں کی پٹا۔ بالوں کی وہ گانٹھ جو عورتیں اکٹھا کر کے سر کے پیچھے چوٹی کی جگہ دے لیتی ہیں (۲) مونج کی بٹی ہوئی رسی۔ (۳) بلبل کی کلغی یا چوٹی۔

جُوڑا باندھنا (ہ) بالوں کو اکٹھا کر کے سر کے پیچھے گرہ دے لینا۔

جُوڑا کھولنا (ہ) بالوں کی پٹا کھولنا۔

جوڑنا (ہ) (۱) ملانا۔ گانٹھنا۔ پیوند کرنا (۲) اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا (۳) میزان دینا۔ جوڑ لگانا (۴) بچا بچا کر رکھنا۔ پس انداز کرنا (۵) حساب لگانا۔ شمار کرنا۔ (۶) بنانا۔ تصنیف کرنا (۷) جوتنا۔ ساز ڈالنا (۸) (دہند) جلانا۔ روشن کرنا (۹) دوستی کرنا۔ یارانہ گانٹھنا (۱۰) گرہ دینا۔ باندھنا (۱۱) گروہ بنانا۔ جتھا بنانا (۱۲) منسلک کرنا۔ شامل کرنا۔ (۱۳) لگانا۔ بھرنا۔

جُوڑوان (ہ) مذکر۔ دیکھو "جڑواں"۔

جوڑی (جُوڑی) (ہ) مؤنث۔ جاڑے کا بخار۔ تپ لرزہ۔

جوڑی پڑھنا (ہ) خوف معلوم ہونا۔

جوڑی (ہ) مؤنث (۱) برابر کے دو شخص یا دو چیزیں۔ جیسے ہرنوں کی جوڑی۔ گھوڑوں کی جوڑی۔ بیلوں کی جوڑی۔ پہیوں کی جوڑی۔ طبلے کی جوڑی۔ (۲) تال کے وہ مجیرے جو طبلے کے ساتھ بجائے جاتے ہیں (۳) وہ موگریاں جو کسرت کے لئے دونوں ہاتھوں سے اٹھا کر شانوں کے برابر سے پھیر کر لاتے ہیں۔

جوڑی بنی رہے (ہ) دیکھو "جوڑا بنا رہے"۔

جوڑی دار (ہ) مذکر۔ ساتھی۔ ہمراہی۔ سنگی۔

جوڑی والا (ہ) مذکر۔ طوائفوں کے پیچھے طبلہ بجانے والا۔

جوز (جَوز) (ع) مذکر۔ جائفل۔ اخروٹ۔ ناریل۔

جوزا (جَو۔ زا) (ع) مذکر۔ تیسرا برج آسمانی جو دو بچے پشت سے جڑے ہوئے لڑکوں کی شکل قرار دیا گیا ہے۔ مثنّیٰ راس۔

جوش (جوش) (ف) مذکر (۱) ابال۔ کھدبدی (۲) تحریک۔ برانگیختگی (۳) ولولہ۔ لہر۔ موج (۴) حرارت۔ تیزی۔ تندی (۵) زیادتی۔ کثرت۔ زور (۶) مستی۔ شہوت (۷) غضب۔ غصہ (۸) حمایت۔ مدد (۹) تعصب۔ مذہبی حرارت (۱۰) دیوانگی۔ جنون (۱۱) سرگرمی۔ اشتیاق۔ غلبہ۔ جذبہ۔ محبت الٰہی کا جوش۔

جوش آنا (ہ) (۱) ابال آنا (۲) غصہ آنا (۳) لہر آنا۔ ولولہ اٹھنا۔

جوشِ جوانی (ف) مذکر (۱) جوانی کا ولولہ۔ جوانی کی تیزی۔ جوانی کا زور۔

جوش و خروش (ف) مذکر (۱) غل غپاڑہ۔ گرج۔ کڑک (۲) غصہ۔ طیش۔

جوشِ خون (ف) مذکر (۱) پدری و مادری محبت یا برادرانہ الفت (۲) خون کا غلبہ۔

جوشِ دہن (ف) مذکر۔ منہ آنا۔ منہ پھولنا۔

جوش دینا (ہ) ابالنا۔ کھولانا۔

جوش کھانا۔ یا۔ مارنا (ہ) ابلنا۔ کھولنا۔ کھدبد ہونا۔

جوش میں آنا (ہ) (۱) ابلنا (۲) طغیانی پر آنا (۳) سوج جانا (۴) لہرانا (۵) غصے میں آنا (۶) ولولہ اٹھنا۔

جوش میں لانا (ہ) غصہ دلانا۔ بھڑکانا۔ چھیڑنا۔ ابھارنا۔

جوشاندہ (جو۔ شاں۔ دہ) (ف) مذکر۔ کاڑھا۔ جوش دی ہوئی دوا جو نزلے میں پلائی جاتی ہے۔

جوشش (جو۔ شش) (ف) مؤنث۔ جوشی۔

جوشن (جو۔ شن) (ف) مذکر (۱) زرہ۔ بکتر۔ جلتا (۲) بازو پر باندھنے کا ایک زیور۔

جوشی (جو۔ شی) (ہ) مذکر (۱) جوتشی۔ نجومی (۲) برہمنوں کی ایک ادنیٰ ذات جو نجوم کے پیشے سے پیٹ پالتی ہے۔

جوع (جُوع) (ع) مؤنث۔ بھوک۔

جوع الارض (ع) مؤنث۔ ملک گیری کی ہوس۔

جُوعُ البقر (ع) مؤنث۔ غلط بھوک۔ ہر وقت منہ چلاتے رہنے کی عادت۔ بسیار خوری۔ ایک بیماری جس میں بھوک بہت لگتی ہے۔

جُوعُ الکلب (ع) مؤنث۔ کتے کی بھوک۔ بہت کھانا۔ بہت کھانے کی بیماری۔

جَوف۔ (جَوف) (ع) مذکر (۱) ہر چیز کا اندرونی خلا (۲) ہر چیز کا اندرونی حصہ۔ پیٹ کے اندر کی (۳) گڑھا (۴) شکم۔ پیٹ۔

جوق (جَوق) / **جوخ** (جوخ) (ت) مذکر۔ گروہ۔ انبوہ۔ ہجوم۔ جتھا۔

جوق جوق۔ یا۔ جوق در جوق (ف) گروہ در گروہ۔ بہت سے بہت۔

جوکھ (جوکھ) (ہ) مؤنث (۱) پرکھ۔ جانچ۔ اندازہ (۲) تول۔ وزن

جوکھنا (ہ) تولنا۔ وزن کرنا۔ جانچنا۔

جوکھوں۔ جوکھم (جو۔ کھوں۔ جو۔ کھم) (ہ) مؤنث (۱) خطرہ۔ اندیشہ۔ ڈر۔ خوف (۲) بے چینی یا غدر وغیرہ۔ (۳) ہیجہ (۴) نقصان۔ خسارہ۔ آفت۔ مصیبت۔

جوکھوں اٹھانا (ہ) نقصان برداشت کرنا۔ خسارہ اٹھانا۔

جوکھوں کا کام (ہ) مذکر۔ خوف و اندیشے کا کام۔

جوکھوں میں پڑنا (ہ) خطرے میں پڑنا۔ آفت میں پڑنا۔

جوگ (جوگ) (ہ) مذکر (۱) چاند کی منزلیں جو تعداد میں ۲۷ ہیں۔ ستاروں کا ملاپ۔ قران۔ سنجوگ۔ ملن۔ میل ملاپ (۲) نیک ساعت۔ سعید وقت (۳) دھیان۔ ریاضت۔ صفائے باطن۔ زہد۔ درویشی۔ (۴) تقویٰ (۵) ایک دائرے کے بہت سے ٹکڑے جو منطقۃ البروج سے ملے ہوتے ہیں (۶) وہ شخص جس کے نام کی ہنڈی کی جائے (۷) موقع۔ وقت۔ ساعت (۸) مبارک۔ مناسب۔ ٹھیک۔ درست (۹) وجہ سے۔ ذریعے سے۔

جوگ سادھنا۔ یا لینا (ہ) (۱) دم کشی کرنا۔ حبس دم کرنا (۲) فقیر ہونا۔ سنت بننا۔ جوگی یا سنیاسیوں وغیرہ کی طرح عبادت و ریاضت میں دن گزارنا۔ چلہ کشی کرنا۔

جوگا (ہ) (صفت) (۱) لائق۔ قابل۔ مناسب۔ زیبا (۲) موزوں۔ مطابق۔ درست (۳) حسب موقع۔ بروقت (۴) افیون کا فضلہ جو گھولنے کے بعد نکلتا ہے۔

جوگن (ہ) مؤنث (۱) جوگی کی تانیث (۲) جوگی کی بیوی۔ (۳) فقیرنی۔ سادھنی۔

جوگنی (ہ) مؤنث (۱) بھوتنی (۲) دیبی۔ درگا وغیرہ ۶۴ جوگنیاں مشہور ہیں (۳) منازل قمر کی اشکال۔ (۴) جوگ یا یوگ جاننے والی عورت۔

جوگی (ہ) مذکر (۱) سنیاسی۔ سنت۔ عابد۔ زاہد۔ رشی منی (۲) پجاری۔ مجاور (۳) جادوگر۔ ساحر۔

جوگی کس کے میت (ہ) مثل۔ فقیر کسی کے دوست نہیں ہوتے۔

جوگیا (ہ) مذکر (۱) سرخی مائل رنگ۔ زرد رنگ (۲) ایک راگنی (۳) ایک قسم کا کبوتر۔

جَولان (جَو۔ لاَن) ف }
جُولان (جُو۔ لاَن) (ع) } مذکر (۱) کرد پھاند (۲) گھوڑے کی دوڑ (۳) کاوا۔ کاوا دینا۔

جولان (جَو۔ لاَن) }
جولان (جُو۔ لاَن) } (ف) مؤنث۔ بیڑی۔ زنجیر جو مجرم کے پاؤں میں ڈالتے ہیں۔

جولانی (ف) مؤنث (۱) گھوڑے کی دوڑ (۲) تیزی۔ چالاکی جلدی۔ تیز رفتاری۔ چستی۔ پھرتی (۳) امنگ۔ ولولہ طبیعت کی روانی۔ تیز فہمی۔ فراست۔ ذکاوت۔

جولائی (جُو۔ لاَ۔ اِئی) (انگ JULY) مذکر۔ سن عیسوی کا ساتواں مہینہ۔

جُون (جُوْن) (انگ JUNE) مذکر۔ انگریزی سال کا چھٹا مہینہ۔

جُوں (ہ) (حرف تشبیہ) مانند۔ نظیر۔ مثل۔

جوں توں (ہ) بہر صورت۔ جس طرح ہو سکے۔ کسی نہ کسی طرح۔

جوں توں کرکے (ہ) (۱) کسی نہ کسی طرح (۲) کسی ڈھب سے (۳) بمشکل تمام۔ بڑی مشکل سے۔

جُوں جُوں (ہ) جس قدر۔ جہاں تک۔ جب تک۔

جُوں کا توں۔ جُوں کی توں (ہ) (۱) ویسے کا ویسا ہی۔ بجنسہٖ۔ اصلی حالت اور اصلی ہیئت پر۔ (۲) تمام پورا۔ کامل۔

جوں ہی۔ جونہیں (ہ) جس وقت۔ فوراً۔ اسی وقت۔

جُوں (جُوں) (ہ) مؤنث (۱) ایک کیڑا جو جسم کے گندہ رہنے یا میل کے باعث سر کے بالوں یا کپڑوں میں پیدا ہو جاتا ہے (۲) تھوڑی چیز۔ ذرا سی چیز۔

جوں کی چال (ہ) مؤنث۔ نہایت سست رفتار۔ بہت آہستہ چال۔

جوں موتہا (ہ) غریب صورت۔ پاکھنڈی۔

جونئیں (جوئیں) دیکھنا (ہ) (عو) سر کے بالوں یا کپڑوں میں سے جوئیں چننا۔

جونئیں (جوئیں) مارنا (ہ) (۱) ناخن پر رکھ کر جوئیں مارنا (۲) وقت ضائع کرنا۔ دیر لگانا۔ نحوست پھیلانا۔

جُون (جُوْن) (ہ) مؤنث (۱) جنم۔ پیدائش۔ ولادت۔ (۲) قالب۔ جسم۔ تناسخ۔ آواگون (۳) زمانہ۔ وقت۔ عرصہ۔

جُون بدلنا۔ یا۔ پلٹنا (ہ) (۱) چولا بدلنا۔ ایک قالب سے دوسرے قالب میں جانا (۲) صورت بدلنا۔ حالت بدلنا۔

جُون پوری کرنا (ہ) دن پورے کرنا۔ زندگی بسر کرنا۔

جُونا (جُو۔ نا) (ہ) مذکر (۱) گھاس یا بان کی رسّی جو برتن ملنے کے کام آتی ہے (۲) گھاس کی رسّی جس سے لکڑیوں یا گھاس وغیرہ کا گٹھا باندھتے ہیں۔

جَونا۔ جَوناں (جَو۔ نا + جَو۔ ناں) (ہ) مؤنث (عو) دعوت۔ شادی۔ ولیمہ۔

جونپور کا قاضی (ا) مذکر (کنایۃً) بیوقوف۔

جونپچی (جُوں۔ پَچی) (ہ) مؤنث۔ گیہوں یا جو کی ایک بیماری۔

جونڈری (جَونڈ۔ رِی) }
جونڈری (جُوں۔ ڈِی) } (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا اناج۔ جوار۔
جونہری (جُوَن۔ رِی) }

جونسا (ہ) کوئی۔ جو کوئی۔ جو شخص۔

جونک (جونک) (ہ) مؤنث (۱) کیڑا۔ وہ پانی کا کیڑا جو خون فاسد نکالنے کے لئے آدمی کے جسم پر لگاتے ہیں (۲) (بازاری) رنڈی۔ کسبی عورت۔ زن فاحشہ۔

جونک ہو کے لپٹنا۔ یا۔ چمٹنا (ہ) جونک کی طرح لپٹنا۔ اس طرح چمٹنا کہ پھر چھوٹنا مشکل ہو۔

جونکیں (ہ) مؤنث۔ جونک کی جمع۔ کیڑے۔

جونکیں لگوانا (ہ) کیڑے لگوانا۔ کیڑوں کے ذریعے سے خون فاسد نکلوانا۔

جونی (جُو۔ نِی) (ہ) مؤنث (۱) ترازو کی رسّی۔ (۲) جُون۔

جونیر (جُو-نِیَر) (انگ JUNIOR) چھوٹا۔ ادنیٰ۔

جوہار (جُو-ہَار) (ہ) مذکر۔ شاگردوں کا سلام۔ چھینیوں کا باہم سلام۔

جوہر (جَو-ہَر) (ع) مذکر (۱) نگ۔ قیمتی پتھر (۲) خلاصہ۔ عطر۔ ست۔ لُبّ لُباب (۳) وہ چیز جو بذاتِ خود قائم ہو (۴) تلوار یا فولاد کے وہ نقوش جن سے اس کی عمدگی ظاہر ہو (۵) خاصیت۔ گُن۔ عمدگی۔ خوبی (۶) ہنر۔ کمال۔ لیاقت (۷) بھید۔ راز (۸) چالاکی۔ کارستانی (۹) (ہ) خودکشی کرنا (۱۰) قتل ہو جانا (۱۱) راجپوتوں کی ایک رسم جب وہ لڑائی میں چاروں طرف سے گھر جاتے تو اپنے اہل و عیال کو قتل کر کے خود لڑ کر جان دیدیتے تھے۔

جوہر دکھانا (ہ) (۱) ہنر دکھانا۔ لیاقت اور فضیلت ظاہر کرنا۔ شرافت دکھانا (۲) چالاکی دکھانا۔ خباثت نفسی ظاہر کرنا۔

جوہر فرد (ف) مذکر۔ جوہر یکتا۔ بے نظیر موتی۔

جوہر کرنا (ہ) خودکشی کرنا۔ اپنے آپ کو مار ڈالنا۔ قتل کرنا۔ ہلاک کرنا۔

جوہر کھلنا۔ یا۔ کھل جانا (ہ) (۱) ہنر ظاہر ہونا۔ خوبی اور عمدگی کا نمایاں ہونا (۲) قلعی کھل جانا۔ بھید ظاہر ہو جانا۔

جوہری (ع) مذکر (۱) جوہر فروش (۲) پرکھنے والا۔ شناسا (۳) ہنر شناس۔

جوہڑ (جُو-ہَڑ) (ہ) مذکر۔ بارانی تالاب۔ جھیل۔ نالی۔ ڈبرا۔

جوہنا (جُو-ہ-نا) (ہ) (گنوار) (۱) دیکھنا (۲) انتظار کرنا۔ (۳) تلاش کرنا (۴) جانچنا۔

جوہی۔ جوئی (جُو-ہی + جُو-ائی) (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کی جنگلی چنبیلی (۲) ایک قسم کی آتش بازی جس میں سے بہت سے پھول نکلتے ہیں (۳) ایک قسم کا کیڑا جو کھیتی میں لگ جاتا ہے۔

جوئبار (جُو-اِبَار) (ف) مذکر (۱) نہروں کی جگہ۔ پہاڑ کا دامن (۲) مؤنث۔ بڑی نہر۔

جوئندہ (جُو-اِن-دَہ) (ف) تلاش کرنے والا۔ متلاشی۔ ڈھونڈنے والا۔ کھوجی۔

جوئے۔ جُو (جُو-ئے + جُو) (ف) مؤنث۔ ندی۔ نہر۔

جوئے خانہ (ہ) مذکر۔ قمار خانہ۔ جُوا کھیلنے کا مکان۔

جوئے شیر (ف) مؤنث۔ وہ نہر جو فرہاد نے شیریں کے حکم سے پہاڑ سے شہر تک نکالی تھی۔

جویا۔ جویاں (جُو-یا + جُو-یاں) (ف) دیکھو جوئندہ۔

جوئیں (جُوئیں) (ف) جَو کی بنی ہوئی۔

ج - ھ

جھابا (جھا-بَا) (ہ) مذکر (۱) گھی یا تیل رکھنے کا چمڑی ٹونٹی والا ظرف (۲) چمڑے کا وہ گول خوان جس میں آٹا چھانتے ہیں (۳) (پورب) جھاڑ جو روشنی کے لئے مکانوں میں لٹکاتے ہیں (۴) تنگ منہ کا دودھ دوہنے کا برتن (۵) تیلیوں یا پتلے وغیرہ کا بنا ہوا خوان جس میں روٹیاں رکھتے ہیں (پ) چھابا۔

جھابر۔ جھابڑ (جھا-بَر + جھا-بَڑ) (ہ) مؤنث۔ (گنوار) دلدل۔ وہ زمین جہاں دلدل ہو۔

جھابڑ جھلا (ہ) ڈھیلا ڈھالا۔ بدنما اور بدہیئت آدمی۔

جھاپ (جھاپ) (ہ) پردہ۔ اوٹ۔

جھاپا (جھا-پا) (ہ) تنگ منہ کی کوٹھڑی۔

جھاجھا (جھا-جھا) (ہ) پتلی بھنگ۔

جہات (جِہات) (ع) مذکر و مؤنث۔ جہت کی جمع۔ طرفیں۔

جہاد (جِہاد) (ع) مذکر (۱) کوشش کرنا (۲) فرائض اسلام کے ادا کرنے میں ہرج واقع ہونے پر کفار سے اثباتِ دین اور اعلائے کلمۃ اللہ کے لئے جان اور مال سے لڑنا۔ بشرطیکہ وہ بھی اہل اسلام کے ساتھ ہتھیار سے لڑیں۔ حمایت دین کے لئے ہتھیار اٹھانا۔ مذہب کے لئے لڑنا۔

جہادِ اصغر (ع) مذکر۔ صوفیوں کی اصطلاح میں کفار کے ساتھ لڑنا۔

جہادِ اکبر (ع) مذکر۔ نفس کشی۔ ریاضتِ شاقہ۔

جھارا (جھا-را) (ہ) مذکر (۱) پتلی چھنی ہوئی بھنگ۔ (۲) وہ چھاج یا چھلنا جس میں گیہوں وغیرہ چھان کر چنے علیحدہ کئے جاتے ہیں۔

جھارنا (جھار-نا) (ہ) (۱) چھاننا (۲) روکنا۔

جھاری (جھا-ری) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی صراحی جس کی نالی لمبی ہوتی ہے۔ اور اس میں ایک ڈنڈی بھی لگا دیتے ہیں۔

جھاڑ (جھاڑ) (ہ) مذکر (۱) جھنکاڑ۔ کانٹوں کا درخت۔ جھاڑی

جھڑبیری کا سوکھا ہوا درخت - وہ چھوٹا درخت جس میں کانٹے اور پتے بہت سے ہوں (۲) بلور یا آبگینہ کا فانوس جو امیروں کے مکانوں میں روشنی اور زیبائش کے لئے لٹکایا جاتا ہے (۳) ایک قسم کی آتش بازی (۴) پنج شاخہ مشعل (۵) تار۔ سلسلہ - قطار - تسلسل ۔

جھاڑ باندھنا (ہ) تار باندھنا - لگاتار کچھ کہے جانا ۔

جھاڑ بسانا (ہ) (ہندو) (عو) لڑائی مول لینا - جھگڑا خریدنا ۔

جھاڑ بوٹے (ہ) مذکر - بیل بوٹے ۔

جھاڑ پہاڑ (ہ) مذکر - بات کا بتنگڑ - خارج از بحث مضمون ۔

جھاڑ جھنکاڑ (ہ) مذکر (۱) نہایت گھنا اور خاردار پودا - بہت سی شاخوں کا درخت (۲) خط شکستہ (۳) لپٹنے والا جھاڑ کا کانٹا ۔

جھاڑ سے چھوٹا - پہاڑ میں اٹکا (ہ) ایک آفت سے بچا - دوسری میں پھنس گیا ۔

جھاڑ کا ازار بند (ہ) مذکر - ایک قسم کا ازار بند جس کے بڑے بڑے پھندنے وغیرہ ہوتے ہیں ۔

جھاڑ کا کانٹا (ہ) مذکر (۱) جھاڑی کا کانٹا (۲) لڑاکا جنگجو - وہ شخص جس سے پیچھا چھڑانا مشکل ہو ۔

جھاڑ کھنڈ (ہ) مذکر - جنگل - ویرانہ ۔

جھاڑ ہو کر لپٹنا (ہ) جھاڑی کی طرح لپٹنا - جونک کی طرح چمٹنا ۔

جھاڑ (جھاڑ) (ہ) جھاڑنا کا امر ۔

جھاڑ باقی (ف) مؤنث - پوری ادائی - حساب کی صفائی ۔

جھاڑا (ہ) مذکر (۱) تلاشی - تجسس (۲) کوڑا کرکٹ (۳) (گنوار) براز - پاخانہ (۴) منتر پڑھ کر پھونکنا ۔

جھاڑ پھونکی - یا - جھاڑ پھونک (ہ) مؤنث (۱) دم کرنا اور کچھ پڑھ کر جھاڑنا - جادو - منتر - گنڈا - تعویذ - (۲) بازی گری - شعبدہ بازی - مکاری ۔

جھاڑ پونچھ (ہ) مؤنث - جھاڑنا پونچھنا - صفائی ۔

جھاڑن (ہ) مذکر و مؤنث (۱) جھاڑنے کا کپڑا - تولیہ - صافی - (۲) مؤنث - چھلنی - غربال (۳) کوڑا کرکٹ - ریزگاری - وہ چیز جو جھاڑنے سے نکلے ۔

جھاڑن پونچھن (ہ) مؤنث (۱) وہ چیز جو جھاڑنے سے نکلے (۲) وہ بچہ جس کے بعد کوئی اور بچہ پیدا نہ ہو ۔

جھاڑنا (ہ) (۱) صاف کرنا - جھاڑو دینا - پونچھنا (۲) جھٹکنا - پھٹکنا (۳) پیڑ میں سے پھل گرانا - توڑنا (۴) مارنا - لگانا (۵) چھوڑنا - فیر کرنا (۶) کنگھی کرنا - بال صفا کرنا (۷) دم کرنا - پھونکنا (۸) چقماق سے آگ پیدا کرنا (۹) پر گرانا - گریز کرنا (۱۰) سرزنش کرنا - تضحیک بنانا ۔

جھاڑنا جھٹکنا (ہ) (۱) گرد و غبار صاف کرنا - جھاڑو بہارو دینا (۲) جو کچھ کسی کے پاس سے ملے اس سے لے لینا ۔

جھاڑو (ہ) مؤنث - جاروب - بہاری ۔

جھاڑو پھرنا (ہ) (عو) بربادی ہونا - کچھ نہ رہنا ۔

جھاڑو پھیر دینا - یا - پھیرنا (ہ) (عو) صفایا کرنا - کچھ باقی نہ رکھنا (۲) اجاڑنا - برباد کرنا - لوٹ لینا ۔

جھاڑو تارا (ہ) مذکر - دُم دار ستارہ - دنبالہ دار ستارہ ۔

جھاڑی (ہ) مؤنث (۱) چھوٹا خاردار درخت (۲) جنگل - صحرا - نخلستان ۔

جھاڑی بوٹی (بوٹی) کا بیر (ہ) مذکر - چھوٹے چھوٹے سرخ جنگلی بیر ۔

جہاز (جَہاز) (ع) مذکر (۱) (لغوی معنی) گھر کا مال و متاع (اصطلاحی) سامان تجارت لادنے اور بحری سفر کرنے کی بہت بڑی ناؤ (۲) بہت بڑا - نہایت فراخ ۔

جہاز کا جہاز (ف) بہت بڑا - نہایت وسیع اور فراخ ۔

جہاز کا کوا (ف) مذکر (۱) وہ کوا جو جہاز کے ساتھ ہونے اور سمندر میں بیٹھنے کی جگہ نہ ملنے کے سبب اسی کے ارد گرد اڑتا رہے (۲) وہ شخص جسے ایک جگہ کے سوا کہیں ٹھور ٹھکانا نہ ملے (۳) جہاز کا پیمانہ آلہ ۔

جہاز کو لنگر کرنا (ف) جہاز کو لنگر گرا کر ٹھہرانا ۔

جہازی (ع) مذکر (۱) خلاصی - ملاح - جہاز چلانے والا - (۲) جہاز میں بیٹھنے والا (۳) بحری - سمندری ۔

جہازی ڈاکو (ف) مذکر - وہ لوگ جو اپنی کشتیاں یا جہاز لاکر مسافروں کا جہاز لوٹ لیتے ہیں ۔

جہازی کتا (ف) مذکر - شکاری کتا - حجازی کتا ۔

جھاگ (جھاگ) (ہ) مذکر - کف - پھین - وہ سفید سفید بلبلے جو پانی کے ابال اور آدمی کے منہ سے نکلا کرتے ہیں ۔

جھاگ لانا (ہ) کف لانا - جھگلانا - غصے کے مارے منہ میں جھاگ آنا ۔

جُہّال (جُہ۔ہال) (ع) مذکر - جاہل کی جمع ۔

جھال (جھال) (ہ) مؤنث (۱) تیزی - چلن (۲) ٹانکا -

صحابت کا جوڑ (۳) جھل۔ بڑا اور چوڑا ٹوکرا (۴) لہر۔ موج۔ ترنگ۔ تلاطم (۵) جھل۔ آگ (۶) تھوڑی سی بارش۔

جھالا (ہ) مذکر (۱) وہ زور کا چلتا ہوا مینہ جو زمین کے کسی قطعے پر برسے اور کسی پر نہ برسے (۲) عورتوں کے کانوں کا ایک خاص زیور جو صرف موتیوں میں چند لڑیاں ہوتی ہیں۔

جہالت (جہا۔لت) (ع) مؤنث۔ بے علمی۔ نادانی۔ نا واقفیت۔ جہل۔ بیوقوفی۔ اُجڈپن۔

جھالر (جھا۔لر) (ہ) مؤنث۔ آنچل۔ پھندنے۔ کنارہ۔ حاشیہ۔ وہ ریشمی یا منقش تار جو مسہری یا جھول وغیرہ کے گرداگرد لگائے جاتے ہیں۔

جھالردار (ا) پلّے دار۔ وہ چیز جس میں جھالر لگی ہوئی ہو۔

جھالرا (جھا۔ل۔را) (ہ) مذکر۔ پکی باؤلی۔ پکا کنواں۔ چشمہ۔

جھالنا (جھال۔نا) (ہ) (۱) ٹانکا لگانا۔ زیور میں مصالحے سے جوڑ لگانا (۲) پانی وغیرہ کو برف یا شورے وغیرہ میں لگا کر ٹھنڈا کرنا۔

جھام (جھام) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا بڑا پھاوڑا جو اکثر کنوئیں کی کوٹھی کے گلانے کے کام آتا ہے (۲) ایک قسم کا آہنی چرس جس سے کنوئیں کا ملبہ نکالتے ہیں۔

جھامر (جھا۔مر) (ہ) مذکر (۱) سوئیاں اور تکلے تیز کرنے کی سِلّی (۲) مؤنث۔ دلدل (۳) سراب۔

جہان (جہان) (ف) مذکر (۱) لوک۔ زمین۔ دھرتی۔ تمام عالم۔ جگ (۲) دنیا۔ عالم۔ سنسار (۳) جدھر کدھر۔

جہاں پناہ (ف) مذکر۔ بادشاہ۔ سلطان۔ وہ حاکم جس کی پناہ میں دنیا ہو۔

جہاں دیدہ (ف) مذکر (۱) تجربہ کار۔ جہان بھر میں پھرا ہوا (۲) گرم و سرد چشیدہ۔ پختہ کار۔

جہاں دیدہ بسیار گوید دروغ (ف) مثل۔ تجربہ کار بہت جھوٹ بولتا ہے۔

جہاں گرد (ف) مذکر۔ سیاح۔ سفر کرنے والا۔

جہاں گیر (ف) (۱) دنیا کو فتح کرنے والا (۲) اکبر اعظم کے بیٹے شہنشاہ نورالدین کا لقب۔

جہاں گیری (ف) (۱) تمام دنیا کی سلطنت۔ فتح (۲) جہانگیر کے متعلق (۳) ہاتھ کا ایک جڑاؤ زیور (۴) لاکھ یا کانچ کی چوڑی جو جہانگیر بادشاہ نے ایجاد کی تھی۔

جہاں (جہاں) (ہ) (۱) جس مقام پر (۲) جس وقت۔ جس گھڑی۔

جہاں تک (۱) جب تک۔ حتی الوسع۔ تابمقدور۔

جہاں تک ہو سکے (ہ) جس قدر یا جب تک ہو سکے۔ حتی المقدور تک۔

جہاں تہاں (ہ) ہر جگہ۔ اِدھر اُدھر۔

جہاں جائے بھوکا وہیں پڑے سوکھا (ہ) مثل۔ غریب کی قسمت ہر جگہ ساتھ رہتی ہے۔

جہاں جہاں وہاں پروہت (ہ) مثل۔ بڑے آدمیوں کے ساتھ ان کے متعلقین اور خدمت گزار بھی ضرور ہوں گے۔ جہاں وہ ہوں گے۔ یہ بھی ضرور ہوں گے۔

جہاں چار باسن ہوں گے۔ وہیں کھڑکیں گے (ہ) مثل۔ جب گھر میں بول چال ہو جائے تو اس بات کا بیچ کرنے کے لئے بولتے ہیں۔ جہاں چار برتن ہوں گے۔ ٹکرائیں گے بھی ضرور۔

جہاں دولہا وہاں برات (ہ) جہاں بڑا آدمی ہو۔ وہاں اس کے متعلقین بھی ہوتے ہیں۔

جہاں دیکھے توا پرات۔ وہیں گئے ساری رات (ہ) مثل۔ غرضمند اپنے ہی فائدے کو دیکھتا ہے۔ جہاں چاٹ پائی۔ وہیں ہیں ہو گئے۔

جہاں رُوکھ نہیں۔ وہاں ارنڈ ہی رُوکھ ہے۔ (ہ) مثل۔ جہاں عمدہ چیز میسر نہیں۔ وہاں بُری چیز ہی غنیمت ہے۔

جہاں سو وہاں سوا سو (ہ) مثل۔ جہاں سو روپیہ خرچ ہو جائے۔ وہاں کچھ اور بھی دے کر کام سنوار لینا چاہیے۔

جہاں کانسا وہاں بجلی کا سانسا (ہ) جہاں مال و دولت ہو۔ وہیں چور آئے گا۔

جہاں کہیں (ہ) جس جگہ۔ جس مقام پر۔

جہاں کی تہاں (ہ) (۱) کہیں کی کہیں۔ بے جگہ۔ اپنی جگہ کے خلاف (۲) اُسی جگہ۔ اُسی مقام پر۔

جہاں گڑ ہو گا۔ وہاں مکھی بھی ضرور ہو گی (ا) مثل۔ جہاں کوئی کھانے والی چیز موجود ہو گی۔ وہاں کھانے والے بھی ضرور ہوں گے۔

جہاں گل ہو گا۔ وہاں خار بھی ضرور ہو گا (ا)

دکھ کے ساتھ سُکھ کا اور سُکھ کے ساتھ دکھ کا ہونا بھی لازمی ہے ٭

جہاں مرغا نہیں ہوتا۔ کیا وہاں سویرا نہیں ہوتا (ہ) مثل۔ کسی کے نہ ہونے سے دنیا کے کام بند نہیں ہوتے ٭

جہاں ننانوے گھڑے دودھ کے ہوں گے وہاں ایک گھڑا پانی کا کیا جانا جائے گا (ہ) مثل۔ امیروں میں غریب کی کیا پوچھ ٭

جھانپ (جھانْپ) (ہ) مذکر (۱) بانس کا بڑا خوان پوش۔ بانس کا ٹوکرا۔ بِلّی کا ٹپ (۲) پردہ۔ حجاب۔ (۳) چوکھٹ کے آگے کا چھوٹا سا سائبان (۴) جھنجھی۔ کوٹھری۔ اوپر سے ٹوٹی ہوئی کوٹھی ٭

جھانپنا (ہ) ڈھانکنا۔ چھپانا۔ غلاف چڑھانا۔ پوشیدہ کرنا ٭

جھانپو (جھاں۔ پُو) (ہ) مؤنث (۱) ایک چڑیا جو اکثر دم اٹھاتی اور ڈھنکتی رہتی ہے (۲) جماع کی بے حد خواہش رکھنے والی عورت۔ چھنال ٭

جھانٹ (جھانْٹ) (ہ) مؤنث (۱) موئے زہار۔ کالے بال۔ وہ بال جو ناف کے نیچے ہوتے ہیں (۲) ذرا سی شے۔ ادنیٰ چیز۔ بے اصل چیز ٭

جھانٹ برابر (ا) ادنیٰ۔ بے حقیقت۔ بہت ذرا سا۔ نہایت خفیف ٭

جھانٹ کی جھنٹلی (ا) نہایت ادنیٰ۔ نہایت ذرا سا۔ نہایت خفیف ٭

جھانٹیں (ہ) مؤنث۔ جھانٹ کی جمع ٭

جھانٹیں مونڈنا (ہ) (۱) موئے زہار صاف کرنا۔ بال لینا (۲) (طنزاً) نہایت خفیف کام کرنا۔ کوئی کام نہ کرنے کے برابر کرنا ٭

جھانج۔ جھانجھ (جھانْج۔ جھانْجھ) (ہ) مؤنث (۱) غصّہ۔ کرودھ (۲) تیزی۔ تندی (۳) بے صبری۔ اضطراب (۴) وہ دو طشتریاں جو بیچ میں ڈورے ڈال کر طاشہ اور ڈھول کے ساتھ بجائی جاتی ہیں (۵) خواہش۔ شہوت (۶) پاؤں کا ایک زیور ٭

جھانج۔ یا۔ جھانجھ لانا (ہ) جھگڑا کرنا۔ تکرار کرنا ٭

جھانجن۔ جھانجھن (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا پاؤں کا آواز دار زیور ٭

جھانجی۔ جھانجھی (ہ) مؤنث (۱) ہندو لڑکیوں کا ایک کھیل جو ٹیسو کے دنوں میں ہوتا ہے۔ ہانڈی میں چھید کرکے اس میں چراغ جلا کر سر پر رکھے ہوئے گاتی اور اسیس مانگتی پھرتی ہیں (۲) وہ گیت جو جھانجی والیاں گاتی ہیں ٭

جھانجیں۔ جھانجھیں (ہ) مؤنث۔ جھانج یا جھانجھ (پاؤں کا زیور) کی جمع ٭

جھانسا (جھاں۔ سا) (ہ) مذکر۔ دم۔ دھوکا۔ فریب۔ دغا۔ بُتّا۔ چھل ٭

جھانسا بتانا۔ یا۔ دینا (ہ) چھل دینا۔ بُتّا دینا۔ دھوکا دینا ٭

جھانسیا (ہ) مذکر۔ دم باز۔ فریبی۔ چھل بل کرنے والا ٭

جھانسے میں آنا (ہ) دھوکے میں آنا۔ دم میں آنا ٭

جھانک (جھانْک) (ہ) مؤنث۔ دزدیدہ نظر (۲) جھانکنا کا امر ٭

جھانکا جھوکی (ہ) مؤنث۔ تاک جھانک۔ دیکھا دیکھی۔ ایرا پھیری ٭

جھانکڑ (جھاں۔ کڑ) (ہ) مذکر (۱) جھاڑی (۲) دبلا۔ لاغر ٭

جھانکنا (ہ) (۱) چھپ کر دیکھنا۔ کھڑکی یا دروازے سے منہ نکال کر دیکھنا (۲) (عو) ذرا کی ذرا جانا ٭

جھانکی (ہ) مؤنث (۱) دید۔ نظارہ (۲) نمائش۔ روپ جو پردے کے اندر سے باہر دکھاتے ہیں۔ سوانگ۔ تماشا (۳) روزن۔ سوراخ۔ رخنہ۔ چھید ٭

جھانواں (جھاں۔ واں) (ہ) مذکر۔ کھُردری اینٹ یا پتھر وغیرہ جس سے پاؤں یا بدن کا میل اتارتے ہیں ٭

جھانولی (جھاں۔ وَلی) (ہ) مؤنث (۱) جھپکی۔ آنکھ کا اشارہ (۲) ناز۔ ادا۔ چھل ٭

جھانولی دینا (ہ) آنکھ کی جھپکی دکھانا۔ عشوہ گری کرنا۔ چھل دینا ٭

جھاؤ (جھا۔ آو) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا درخت جو دریا کے کنارے ہوتا ہے۔ اس سے ٹوکرے۔ ٹوکریاں بنائی جاتی ہیں ٭

جھائیاں (ہ) مؤنث۔ جھائی کی جمع۔ داغ۔ چھیپ۔ کلف ٭

جھائیاں پڑنا (ہ) داغ پڑنا۔ چہرے پر دھبّے پڑنا ٭

جھائیں (جھا۔ ایں) (ہ) مؤنث (۱) عکس۔ پرچھائیں۔ سایہ (۲) کلف۔ چہرے کے وہ سیاہ دھبّے جو خون کے فاسد ہو جانے سے پڑ جاتے ہیں۔ داغ دھبّے

چھو (۳) وہ نشان جو آئینے کی قلعی اتر جانے سے نمایاں ہوتے ہیں ۔

جھائیں جھائیں (جھا-ایں ۔ جھا-ایں) (ہ) مؤنث۔ کائیں کائیں۔ جھک جھک ۔

جھائیں جھپّا (ہ) مذکر (۱) اصل میں جلدی سے جھلک دکھا کر چھپ جانا (۲) اصطلاح میں دھوکا۔ دم۔ فریب۔ جھانسا ۔

جھائیں مائیں (ہ) مؤنث۔ بچوں کا ایک کھیل جس میں چک پھیری لیتے جاتے ہیں ۔

جھبّا (جھب-با) (ہ) مذکر (۱) پھندنا (۲) گچھا (۳) آویزہ ۔

جھبرا (جھب-برا) (ہ) مذکر۔ بڑے بڑے بالوں کا کتا ۔

جھبیا (جھب-یا) (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کا زیور۔ (۲) چھوٹا جھبا ۔

جھپ (جھپ) (ہ) جلد۔ فوراً۔ فی الفور۔ بلا توقف ۔

جھپ جھپ (ہ) جھٹ پٹ۔ جلد جلد ۔

جھپ کھانا (ہ) پتنگ یا کنکوے کا جلد جلدی سیدھے بل گر پڑنا ۔

جھپاک (جھپاک) (ہ) مؤنث (۱) جلدی۔ تیزی (۲) چالاکی (۳) جلد۔ فوراً ۔

جھپاک جھپاک (ہ) جلد جلد۔ لپک کر۔

جھپاک سے (ہ) (سو) جلدی سے۔ ترت پھرت ۔

جھپاکا (جھپا-کا) (ہ) مذکر (سو) جلدی سے کوئی کام کرنا۔ جلدی۔ شتابی ۔

جھپّان (جھپ-پان) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کی عماری یا پالکی جس کا عموماً پہاڑوں پر رواج ہے ۔

جھپّانا (جھپ-پا-نا) (ہ) پتنگ کا الٹ جانا ۔ جھپ کھانا ۔

جھپانا (جھپا-نا) (ہ) آنکھ بند کرنا۔ اونگھنا۔ سونا ۔

جھپانا (جھپا-نا) (ہ) شرمندہ کرنا ۔

جھپّانی (ہ) مذکر۔ جھپّان اٹھانے والا۔ کہار ۔

جھپٹ (جھپٹ) (ہ) مؤنث۔ زد۔ دوڑ۔ زقند۔ چھلانگ

جھپٹ لینا (ہ) جلدی سے چھین کر کوئی چیز لے لینا ۔

جھپٹا (جھپٹ-ٹا) (ہ) مذکر (۱) جن و پری کا سایہ۔ بھوت پریت وغیرہ کا اثر۔ آسیب (۲) چیل یا شیر کا جلدی سے حملہ کرکے کسی چیز کو لے جانا (۳) حملہ۔ جست ۔

جھپٹا مارنا (ہ) چیل مارنا۔ چیل کا جلدی سے حملہ کرکے کسی چیز کو پنجوں میں لے جانا ۔

جھپٹانا (جھپ-ٹا-نا) (ہ) جلدی سے دوڑانا ۔

جھپٹنا (ہ) (۱) حملہ کرنا (۲) دوڑنا (۳) چھیننا۔ ہاتھ مارنا ۔

جھپک (جھپک) (ہ) مؤنث (۱) حیا۔ شرم (۲) پلکوں کا کھلنا اور بند ہونا ۔

جھپکنا (ہ) (۱) آنکھوں کا بند ہونا (۲) شرمندہ ہونا۔ (۳) ڈرنا ۔

جھپکی (ہ) مؤنث (۱) نیند۔ غنودگی (۲) ذرا کی ذرا صورت دکھانا۔ جھلک ۔

جھپیٹ (جھپیٹ) (ہ) مؤنث۔ دیکھو "جھپٹ" و "جھپٹا" ۔

جھپیٹ میں آنا (ہ) (۱) دوڑتے ہوئے کسی آدمی۔ جانور یا شے کی جھپیٹ میں آ جانا (۲) دھکا لگنا۔ (۳) بھوت پریت کے سائے میں آنا ۔

جھپیٹا (ہ) مذکر۔ دیکھو "جھپٹا" ۔

جہت (جہت) (ع) مؤنث (۱) طرف۔ جانب۔ سمت (۲) وجہ۔ سبب۔ باعث ۔

جھٹ (جھٹ) (ہ) دیکھو "جھپ" ۔

جھٹ پٹ (ہ) بہت جلد۔ جلد تر۔ ترت پھرت ۔

جھٹاس (جھٹاس) (ہ) مؤنث۔ بوچھاڑ۔ موسلا دھار بارش (۲) ہوا کا جھونکا (۳) صدمہ۔ ضرب (۴) دستک۔ کھٹکا ۔

جھٹال (جھٹال) (ہ) جھٹالنا کا امر

جھٹال دینا (ہ) جھوٹا کر دینا۔ تھوڑا سا کھا لینا ۔

جھٹالنا (جھٹال-نا) (ہ) (۱) جھٹلانا۔ جھوٹا بنانا (۲) کسی چیز کو چکھ کر یا کھا کر اچھوتا نہ رکھنا ۔

جھٹانا (جھٹا-نا) (ہ) (۱) جھوٹا بنانا (۲) کسی کا بیان جھوٹا ثابت کرنا (۳) غلط ثابت کرنا (۴) جھوٹا کرنا ۔

جھٹ پٹا (جھٹ-پٹا) (ہ) مذکر۔ صبح یا شام کی تاریکی۔ دونوں وقت ملنے کا سماں۔ آفتاب کے غروب ہونے کا وقت ۔

جھٹک (جھٹک) (ہ) (۱) جھٹکنا کا امر (۲) مؤنث۔ جھٹکا ۔

جھٹک جانا (ہ) دبلا ہو جانا ۔

جھٹک لینا (ہ) چھین لینا ۔

جھٹکا (جھٹ-کا) (ہ) مذکر (۱) دھکا۔ صدمہ۔ ٹکر (۲) مصیبت۔ آفت (۳) وہ ذبیحہ جو شرع اسلام کے خلاف گردن کے اوپر تلوار کا ہاتھ مار کر کیا جائے ۔

جھٹکا اٹھانا (ہ) (۱) صدمہ اٹھانا۔ مصیبت اٹھانا۔ (۲) نقصان اٹھانا۔ خسارہ اٹھانا ۔

جھٹکا دینا (ہ) صدمہ دینا۔ جھٹکنا۔
جھٹکا کھانا (ہ) (۱) صدمہ اٹھانا۔ مصیبت اٹھانا۔ (۲) ٹکرانا۔ نقصان اٹھانا۔
جھٹکنا (جھَٹ۔ کَ۔ نا) (ہ) (۱) جھاڑنا (۲) دھکا دینا (۳) دُبلا ہونا (۴) چھیننا۔ ہاتھ مارنا۔
جھٹکے کا مال (ہ) مذکر چوری کا مال۔ ڈاکے کا مال۔
جھٹل (جھُٹ۔ ٹَل) (ہ) جھوٹ موٹ کا۔ دکھاوے کا۔
جھٹلانا (جھُٹ۔ لا۔ نا) (ہ) (۱) جھوٹا ثابت کرنا (۲) جھٹلانا۔
جھٹیا (جھُٹ۔ یا) (ہ) مؤنث۔ جھوٹا کی تصغیر۔
جھٹیل (جھُٹیل) (ہ) (۱) چھوڑا ہوا۔ جھوٹا۔ باسی (۲) مذکر۔ جھوٹی چیز۔ باسی چیز (۳) مؤنث۔ بدکار عورت۔ ہر ایک کی جھوٹی کی ہوئی عورت۔
جھجاؤ (جھَجا۔ اَؤ) (ہ) مذکر۔ لمبا چوڑا پہننے کا کپڑا۔
جھجر (جھَج۔ جَر) (ہ) مذکر (۱) مٹی کی ٹھلیا (۲) دہلی کے قریب ایک قصبہ جو پہلے ریاست تھی۔
جھجک۔ جھجک (جھِجَک۔ جھِجَک) (ہ) مؤنث (۱) شرم۔ حیا (۲) خوف و خطر۔ اندیشہ و وہم۔
جھجکنا۔ جھجکنا (ہ) ڈرنا۔ خوف کھانا۔ وہم کرنا۔
جھجّو جھجو (جھَجّو۔ جھَجو۔ جھَجو) پالنا جھلانے والیوں کا کلمہ۔
جہد (جُہد) (ع) مؤنث۔ کوشش۔ سعی۔ طاقت۔
جھنڈو (جھَنڈ۔ ڈو) (ہ) مذکر (۱) بیحیا۔ بیوقوف۔ احمق (۲) (تحقیراً) جھڑدس۔ بوڑھا۔ (۳) مرید۔
جھر (جھَر) (ہ) مؤنث۔ کپڑے یا کاغذ کے دفعتہً پھٹنے کی آواز۔
جھر جھرا (جھَر۔ جھَرا) (ہ) بہت ہی باریک کپڑا جس کے تار فاصلے سے ہوں۔
جھُرجھُری (جھُر۔ جھُری) (ہ) مؤنث۔ وہ کپکپی جو سردی کے ساتھ بخار چڑھنے سے پہلے معلوم ہو۔ لرزہ۔
جھرکٹ (جھَر۔ کَٹ) (ہ) مرجھایا ہوا۔ بے رونق۔ پژمردہ۔
جھرمٹ (جھُر۔ مُٹ) (ہ) مذکر (۱) بھیڑ۔ انبوہ (۲) گروہ۔ عورتوں کا حلقہ (۳) دوپٹے۔ دوشالے یا چادر میں سر سے پاؤں تک بدن چھپانا (۴) سڑک کوٹنے کا آلہ۔
جھرمٹ مارنا (ہ) (۱) حلقہ باندھ کر جانا۔ اکٹھا ہو کر جانا (۲) چادر۔ دوشالے یا کسی اور چیز سے منہ اور چہرہ چھپا لینا۔
جھرنا (جھَر۔ نا) (ہ) مذکر (۱) آبشار۔ پانی کی چادر۔ ٹپکتے پانی کا چشمہ (۲) پانی صاف کرنے کی چھلنی۔

جھرنا (جھَر۔ نا) (ہ) ٹپکنا۔ برسنا۔ بہنا۔ جاری ہونا۔
جھُرنا (جھُر۔ نا) (ہ) زوال پانا۔ مرجھانا۔ کمزور ہونا۔ دُبلا ہونا۔ بیماری کے سبب زرد اور ناتوان ہو جانا۔
جھروکا۔ جھروکھا (جھَر۔ رُو۔ کا۔ جھَر۔ رُو۔ کھا) (ہ) مذکر۔ کھڑکی۔ دریچہ۔ روشن دان۔ سیرگاہ۔ تماشاگاہ۔
جھِری (جھِری) (ہ) مؤنث (۱) درز۔ شگاف (۲) پانی کا گڑھا جس میں اِدھر اُدھر سے رس کر پانی جمع ہو جائے۔
جھُرّی (جھُر۔ ری) (ہ) مؤنث۔ وہ شکن یا سلوٹ جو بڑھاپے میں کھال کے ڈھیلے ہونے پر پڑ جاتی ہے۔
جھُرّیاں (ہ) مؤنث۔ جھری کی جمع۔ شکنیں۔ سلوٹیں۔
جھڑ (جھَڑ) (ہ) مؤنث (۱) متواتر بارش (۲) قفل کا پردہ یا کھٹکا۔
جھڑ بدلی (ہ) مؤنث۔ وہ بدلی جو بہت مینہ برسائے۔ ساون کی بدلی۔
جھڑبیری (ہ) مؤنث۔ وہ جھاڑی جس میں جنگلی بیر لگتے ہیں۔ جھاڑی بوٹی کا درخت۔
جھڑبیری کا کانٹا (ہ) مذکر (ع) لڑاکا۔ الجھنے والا آدمی۔
جھڑا (جھَڑا) (ہ) بالکل۔ تمام۔
جھڑا جھڑ (ہ) متواتر۔ پے در پے۔ لگاتار۔ بکثرت۔
جھڑاکا (جھَڑا۔ کا) (ہ) مذکر (۱) جھپٹ۔ ہلکی سی لڑائی۔ دو دو ہاتھ (۲) زور کی بارش۔ جھڑی۔
جھڑپ (جھَڑَپ) (ہ) مؤنث (۱) ہلکی سی لڑائی۔ جھپٹ (۲) زور کی بارش۔ جھڑی (۳) تیزی۔ جوش۔ گرمی۔ غصہ (۴) شعلہ۔ لَو۔
جھڑپانا (ہ) (۱) پرندوں کو لڑانا (۲) دو آدمیوں کو باہم لڑوانا۔
جھڑجھڑانا (جھَڑ۔ جھَڑا۔ نا) (ہ) (۱) جھنجھوڑنا۔ ہلانا (۲) دھمکانا۔ خبر لینا۔
جھڑک (جھِڑک) (ہ) (۱) جھڑکنا کا امر (۲) دھمکی۔ خفگی (۳) جھٹکا (۴) شگون۔
جھڑکنا (ہ) ملامت کرنا۔ دھتکارنا۔ گھُرکنا۔ بُرا بھلا کہنا۔ ڈانٹنا۔
جھڑکی (ہ) مؤنث۔ لعنت ملامت۔ گھُرکی۔ دھمکی۔ ڈانٹ ڈپٹ۔
جھڑکیاں (ہ) مؤنث۔ جھڑکی کی جمع۔ گھُرکیاں۔
جھڑن (جھَڑَن) (ہ) مؤنث (۱) جھاڑنے کے بعد جو

حاصل ہو۔ کھرچن (۲) نفع۔ سود ۔

جھڑنا (جھَڑ۔نا) (ف) (۱) گرنا۔ ٹپکنا (۲) بچنا۔ بچ رہنا۔ (۳) کوڑا کرکٹ صاف ہونا (۴) انزال ہونا۔ منی نکلنا۔ (۵) منتر پڑھ کر پھونکا جانا ۔

جھڑوانا (جھَڑ۔وا۔نا) (ف) (۱) گروانا۔ درخت سے پھل گروانا (۲) گرد و غبار صاف کرانا (۳) دم کرانا۔ پھنکوانا (۴) انزال کرانا۔ منی نکلوانا (۵) بجوانا۔ نفع دلوانا۔

جھڑوس (جھَڑُوس) (ص) مذکر (۱) بوڑھا۔ بوبک (۲) بے حمیت و بے غیرت۔ دیوث ۔

جھڑی (جھَڑِی) (ا) مؤنث۔ وہ مینہ جو بجلی اور کڑک کے بغیر آہستہ آہستہ متواتر برسے ۔

جھڑی لگنا (ف) لگا تار مینہ برسنا۔ متواتر بارش ہونا ۔

جھڑیل (جھَڑ۔یل) (ا) پرانا لیچڑ ۔

جھک۔ جھک جھک (جھَک + جھَک جھَک) (ا) مؤنث (۱) جنون۔ دیوانگی۔ ہذیان۔ بکواس۔ بڑ۔ بک بک (۲) مؤنث۔ زحل۔ بیہودگی (۳) مؤنث۔ کھٹے کے غلے کی سی بو (۴) غصّہ۔ کرودھ ۔

جھک جھوری (ا) مؤنث (۱) چھین جھپٹ (۲) اینا پائی (۳) ہنسی مذاق (۴) شرارت ۔

جھک مارنا (ف) بیہودہ بکنا۔ یاوہ گوئی کرنا۔ لغو باتیں کرنا۔ بُرا کام کرنا ۔

جُھک (جُھک) (ف) جُھکنا کا امر ۔

جھکا جھک (جھَکا۔ جھَک) (ص) تاباں۔ دمکتا ہوا۔ چمک دار۔ صاف۔ مصفا۔ اُجلا ۔

جھکانا (جھَکا۔نا) (ف) (۱) ستانا۔ حیران کرنا (۲) چڑانا۔ دکھانا ۔

جُھکانا (جُھکا۔نا) (ف) (۱) خمیدہ کرنا۔ نیچا کرنا (۲) ہاتھ نیچا کر کے دینا ۔

جُھکاؤ (جُھکا اُو) (ا) مذکر (۱) جھکاوٹ۔ خمیدگی۔ (۲) رجحان۔ توجہ ۔

جھکاوٹ (جُھکا۔وَٹ) (ا) مؤنث۔ خمیدگی۔ جھکاؤ ۔

جھکائی (جھَکا۔ئی) (ا) مؤنث۔ مغالطہ۔ دھوکا ۔

جھکائی دینا (ف) دھوکا دینا۔ مغالطہ دینا ۔

جھک کر سلام کرنا (ف) (۱) نہایت ادب سے گردن جھکا کر سلام کرنا (۲) طنز سے سلام کرنا (۳) شرارت میں استاد ماننا ۔

جھک کر ملنا (ف) عجز و انکسار سے ملنا۔ فروتنی سے پیش آنا ۔

جھکڑ (جھَک۔کَڑ) (ا) مذکر۔ ہوائے سخت۔ طوفانِ باد ۔

جھکڑ چلنا (ف) تند ہوا کا چلنا۔ تیز ہوا کا طوفان ۔

جھکنا (ف) (۱) خمیدہ ہونا۔ نیچا ہونا۔ بل کھانا۔ (۲) فروتن ہونا۔ متواضع ہونا (۳) نیند سے آنکھ جھکی پڑے (۴) متوجہ ہونا۔ مصروف ہونا (۵) خیرات کرنا۔ دینا (۶) صرف ہونا۔ خرچ ہونا (۷) گرنا۔ پڑنا (۸) تعظیم کرنا

جھکندن (جھکن۔دَن) (ا) مؤنث۔ جھک جھک۔ تکرار۔ عذاب جان ۔

جھکور (جھَکور) (ا) مؤنث (۱) ہوا کی لہر (۲) نقصان۔ خسارہ (۳) شامت۔ آفت ۔

جھکورا (جھَکو۔را) (ا) مذکر (۱) تیز ہوا کا جھونکا (۲) پانی کی زور دار لہر ۔

جھکولا (جھَکو۔لا) (ا) مذکر (۱) (ہندو) لہر۔ ترنگ۔ موج۔ پانی کا زور سے آنا (۲) غوطہ۔ ڈبکی ۔

جھکولے کھانا (ف) (۱) غوطے کھانا۔ کبھی پانی میں ڈوبنا۔ کبھی ابھرنا (۲) زمانے کا گرم و سرد آزمانا۔ ٹھوکریں کھانا ۔

جھکی (ص) مذکر۔ بکی۔ بکواسی۔ یاوہ گو (۲) تکراری۔ حجتی۔ عندی ۔

جھگڑا (جھَگ۔ڑا) (ا) مذکر (۱) دنگا۔ فساد (۲) بحث۔ تکرار۔ حجت (۳) بکھیڑا۔ مخمصہ۔ خرخشہ ۔

جھگڑا پاک ہونا۔ یا۔ چکنا (ف) (۱) فساد رفع ہونا۔ (۲) فیصلہ ہونا (۳) مر جانا ۔

جھگڑا چکانا (ف) (۱) فیصلہ کر لینا۔ قضیہ فیصل کرنا۔ رفع فساد کرنا (۲) قرض ادا کرنا (۳) مار ڈالنا۔ دنیا کے تعلقات سے چھڑا دینا ۔

جھگڑالو (ص) مذکر۔ لڑاکا۔ فسادی۔ شریر۔ حجتی۔ تکراری۔ مفسد ۔

جھگڑنا (جھَگَڑ۔نا) (ف) (۱) لڑنا۔ فساد کرنا۔ دنگا کرنا (۲) حجت کرنا۔ تکرار کرنا۔ مباحثہ کرنا ۔

جھگڑے کی باتیں تین۔ زن۔ زر۔ زمین
جھگڑے کی تین جڑ۔ زن۔ زمین۔ زر } (ل) مثل۔ فساد کا باعث اکثر یہی تین چیزیں ہوتی ہیں ۔

جہل (جَہَل) (ع) مذکر و مؤنث (۱) نادانی۔ جہالت۔ لاعلمی۔ بیوقوفی (۲) جاہلانہ ہٹ (۳) نزاعِ لفظی۔ تکرار ۔

جہل مرکب [redacted] مؤنث (ع) (۱) منطق- یعنی ایک تو جاہل ہونا۔ دوسرے اپنے آپ کو عالم و فاضل سمجھنا ۔

جھل (جھَل) (ہ) مؤنث (۱) خفت۔ خفگی۔ طیش (۲) رشک حسد۔ جلن (۳) خواہش جماع۔ افزونی شہوت ۔

جھل ہائی (ہ) مؤنث (عو) (۱) غصیل۔ بدمزاج۔ حاسد۔ (۲) جماع کی خواہش رکھنے والی چھنال۔ شہوت پرست ۔

جہلا (جُہَلا) (ع) مذکر۔ جاہل کی جمع ۔

جھلا (جھَل۔لا) (ہ) مذکر (۱) بڑا ٹوکرا (۲) جھایا۔ (۳) غصیل۔ بدمزاج ۔

جھلا بور (ہ) (۱) (پورب) زرق برق۔ تاباں۔ چمکتا دمکتا۔ چمکیلا۔ چمک دار (۲) طوفان۔ چڑھاؤ ۔

جھلا جھل (جھَلا۔جھَل) (ہ) چاندی سونے کی چمک دمک۔ چمک۔ روشنی ۔

جھلارا۔ جھلاری (جھَلا۔را + جھَلا۔ری) (ہ) جھاڑی کی طرح گنجان ۔

جھُلانا (جھُلا۔نا) (ہ) (۱) جھولنے میں بٹھا کر حرکت دینا۔ ہلانا (۲) ٹالنا کسی کام کو لٹکائے رکھنا۔ جھوٹی امید دلانا ۔

جھلانا (ہ) (۱) غصے ہونا۔ جلنا (۲) جلن ہونا۔ تپنا (۳) کسی ضرب کا دیر تک صدمہ رہنا ۔

جھلجھل (جھَل۔جھَل) (ہ) (۱) چمک دمک (۲) سوزش (۳) چمک کی دُم ۔

جھلجھلانا (ہ) (۱) سوزش کرنا۔ جلنا۔ چرمرانا۔ (۲) سنسنانا۔ دیر تک صدمہ رہنا (۳) چمکنا دمکنا ۔

جھلجھلاہٹ (ہ) مؤنث (۱) چمک۔ ٹمٹمانا (۲) وہ سوزش جو زخم پر نمک وغیرہ چھڑکنے یا لب و زبان کو مرچ وغیرہ کی تیزی سے محسوس ہوتی ہے ۔

جھل دینا (ہ) ہوا دینا۔ پنکھا جھلنا ۔

جھلڑ (جھَل۔لڑ) (ہ) مذکر۔ پرندوں کا جھنڈ۔ غول۔ گروہ۔ ٹکڑی ۔

جھلسا (ہ) مذکر (عو) (۱) آگ۔ شعلہ (۲) سوختہ۔ جلا ہوا ۔

جھلسنا (جھُلَس۔نا) (ہ) (عو) (۱) جلنا۔ پھکنا۔ آگ لگنا (۲) جلانا۔ پھونکنا (۳) کچھ دے کر راضی کرنا (۴) بیاہنا۔ گھر سے نکالنا ۔

جھلک (جھَلک) (ہ) مؤنث (۱) روشنی۔ چمک دمک۔ تجلی (۲) آب تاب۔ رونق (۳) جلوہ۔ پرتو۔ عکس ۔

جھلکا (ہ) مذکر۔ روشنی۔ پرتو۔ جلوہ۔ عکس۔ جھلک ۔

جھلکنا (ہ) چمکنا۔ دمکنا۔ روشن ہونا۔ جھلملانا۔ کسی چیز کے اندر سے چمک دکھانا۔ جلوہ دکھانا ۔

جھلکی (ہ) مؤنث (۱) دیکھو "جھلک" (۲) ادھوری جھلک۔ جلوۂ ناتمام ۔

جھلم (جھِلَم) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی زرہ کی طرح کی نقاب جو جنگی آدمی لڑائی کے وقت منہ پر ڈال لیتے ہیں ۔

جھلمل (جھِل۔مِل) (ہ) مؤنث (۱) جگمگاہٹ (۲) سورج کی روشنی میں پانی کی چمک (۳) ستاروں کا ٹمٹمانا (۴) جھلملی ۔

جھلمل جھلمل کرنا (ہ) جگمگانا۔ جھلملانا ۔

جھلملانا (جھِل۔مِلا۔نا) (ہ) جھلکنا۔ لہرانا۔ چراغ یا ستارے کا کم کم چمکنا ۔

جھلملی (جھِل۔مِلی) (ہ) مؤنث (۱) چلمن۔ چق (۲) جھری دار کواڑ یا کھڑکی (۳) کان کا ایک زیور (۴) کم و بیش روشنی۔ دھیمی دھیمی چمک ۔

جھلنا (جھَل۔نا) (ہ) (۱) پنکھا ہلانا۔ ہوا کرنا (۲) جڑنا۔ پیوستہ ہونا (۳) برف میں ٹھنڈا کرنا (۴) مکھیاں اُڑانا ۔

جھلنگا (جھِلَنگ۔گا) (ہ) مذکر (۱) ڈھیلی ہوئی چار پائی۔ نیز وہ بان جو بُنا کا بُنا چار پائی سے نکال لیا جائے (۲) لاغر۔ دبلا ۔

جھلوانا (جھَل۔وا۔نا) (ہ) (۱) پنکھا کرانا (۲) مکھیاں اڑوانا (۳) ٹانکا لگنا ۔

جھلی (جھَل۔لی) (ہ) مؤنث (۱) غصیل عورت (۲) ٹوکرا ۔

جھلی (جھِل۔لی) (ہ) مؤنث۔ باریک پوست۔ بہت باریک ٹکڑا یا جالا ۔

جھما جھم (جھَما۔جھَم) (ہ) مؤنث (۱) مینہ کے برسنے کی آواز (۲) گوٹا کناری کی چمک دمک (۳) چھما چھم۔ ناچنے کی آواز ۔

جھُما دینا (جھُما۔دے۔نا) (ہ) وجد میں لانا۔ مست کر دینا ۔

جھماکا (جھَما۔کا) (ہ) مذکر (پورب) (۱) دھڑاکا۔ دھماکا (۲) موسلا دھار مینہ (۳) چمک ۔

جھم جھم (جھَم۔جھَم) (ہ) مذکر (۱) مینہ کے برسنے کی آواز۔ چھم چھم (۲) چمکاہٹ۔ بھڑک ۔

جھم جھمانا (ہ) چمکنا۔ جگمگ جگمگ کرنا ۔

جھم جھمانا (ہ) چمکنا۔ روشن ہونا۔ جگمگانا۔ جھلک مارنا ۔

جھمک (جھَمَک) (ہ) مؤنث۔ جھلک۔ چمک ۔

جھمکا (جھَمَک۔کا) (ہ) ہنگامہ۔ بھیڑ۔ انبوہ۔ جمگھٹا (متروک) ۔

جھُمکا (جھُم۔کا) (ہ) مذکر (۱) گچھا۔ خوشہ۔ عقد ثریا۔

وہ سات ستارے جو آسمان پر اکٹھے نظر آتے ہیں (۲) کانوں کا ایک زیور۔

جھمکڑا (ہ) مذکر (۱) کرّوفر۔ شان و شوکت (۲) چمک دمک۔ رونق (۳) خوبصورتی۔ جلوہ

جھمکنا (ہ) چمکنا۔ جھلکنا۔

جھمورا (جھَمُو۔ رَا) (ہ) مذکر (۱) بہت سے بالوں والا حیوان۔ ایک قسم کا بھورا ریچھ (۲) وہ بچہ جو بازیگروں کے ساتھ رہتا ہو۔

جھمیل (جھَمیل) (ہ) مؤنث (۱) دیر (۲) بکھیڑا۔

جھمیلا (جھمے۔ لا) (ہ) مذکر۔ جھگڑا۔ بکھیڑا۔ فساد۔

جھمیلیا (جھمے۔ لیا) (ہ) مذکر۔ بکھیڑیا۔ جھگڑالو۔

جھن (جھَن) (ہ) مؤنث (۱) تھالی وغیرہ کے بجنے کی آواز (۲) جھنکار (۳) تلوار وغیرہ کے گرنے کی آواز۔

جھنا (جھَن۔ نا) (ہ) (۱) دُھد دُھد بنا ہوا (۲) مذکر۔ ایک قسم کی باریک ململ۔

جھنانا (جھَن۔ نا۔ نا) (ہ) (۱) کسی عضو کے بےحس و حرکت ہوجانے سے ایک خاص کیفیت پیدا ہونا (۲) (کنایۃً) غصے ہونا۔

جھنتیل (جھَنتیل) (ہ) بے وقعت۔ بے ہودہ۔

جھنجلانا۔ جھنجھلانا (جھُنج۔ لا۔ نا۔ جھُنجھ۔ لا۔ نا) (ہ) خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔ چڑچڑانا۔

جھنجوٹی۔ جھنجھوٹی (جھَنجو۔ ٹی۔ جھَنجھو۔ ٹی) (ہ) مؤنث (۱) ایک مشہور راگنی جس کا رواج پہاڑی قوموں میں زیادہ ہے (۲) باہمی تکرار

جھنجوڑنا۔ جھنجھوڑنا (جھَنجوڑ۔ نا۔ جھَنجھوڑ۔ نا) (ہ) (۱) کسی کے پاؤں پکڑ کر جگانے کے لئے خوب ہلانا۔ جگانا (۲) ہوشیار کرنا۔ خبردار کرنا۔ متنبہ کرنا (۳) دانتوں سے پکڑ کر جھٹکے دینا۔

جھنجوڑی۔ جھنجھوڑی (ہ) مؤنث۔ جھنجھوڑنے کا فعل۔

جھنجوڑیاں دینا۔ جھنجھوڑیاں دینا (ہ) (عو) جھنجھوڑنا۔

جھنجھٹ (جھَن۔ جھَٹ) (ہ) مذکر (۱) جھگڑا۔ فساد۔ دنگا (۲) قضیہ۔ حجت۔ بحث۔ تکرار (۳) حیرانی۔ دقت۔ بکھیڑا۔ الجھیڑا۔

جھنجھٹیا (ہ) لڑاکا۔ جھگڑالو۔ فسادی۔ زود رنج

جھنجھری (جھُنجھ۔ ری) (ہ) مؤنث۔ سوراخ دار توا یا آہنی جالی جو اکثر کوئلوں کے چولہے میں راکھ چھن چھن کر گرنے کے لئے لگا دیتے ہیں۔

جھنجھن (جھُن۔ جھُن) (ہ) مؤنث (۱) دھاگے کے کمرکنے کی آواز (۲) مذکر۔ گوبر گنیش۔ بے وقوف۔ بےعقل۔

جھنجھنا (جھُن۔ جھُنا) (ہ) مذکر (۱) بچوں کا کھلونا جس کے اندر کنکر وغیرہ بجنے کے لئے پڑے ہوتے ہیں۔ (۲) عضوِ تناسل۔ ذکر۔ حشفہ۔

جھنجھنانا (ہ) جھنکارنا۔ بجنا۔ سنسناتا

جھنجھناہٹ (ہ) مؤنث۔ جھنکار۔ سنسناہٹ۔

جھنجھنی (جھُن۔ جھُنی) (ہ) مؤنث۔ بیڑی۔ جولان۔

جھنجھی۔ جھنجھی (جھَنجھی۔ جھنجھی۔ جھِنجھی) (ہ) مؤنث (۱) ٹوٹی ہوئی کوڑی۔ وہ کوڑی جس میں آر پار چھید ہو۔ (۲) وہ عورت جس کی ناک بیٹھی یا پچکی ہوئی ہو۔

جھنجھیا (جھَنجھ۔ یا) (ہ) مؤنث (۱) وہ ہنڈیا جس میں ہندو لڑکیاں کنوار کے شروع میں چراغ روشن کرکے گھر گھر لئے پھرتی اور مانگتی ہیں (۲) چھوٹا گھڑا۔

جھنڈ (جھُنڈ) (ہ) مذکر (۱) غول۔ گروہ۔ جمگھٹا۔ بھیڑ۔ انبوہ (۲) بہت سے درخت جو ایک جگہ اُگے ہوئے ہوں (۳) گھاس کا پولا۔ بنڈل (۴) بڑے بڑے اور کھڑے ہوئے بال۔

جھنڈ کے جھنڈ (ہ) مذکر۔ غول کے غول۔ ٹھٹ کے ٹھٹ۔ پرے کے پرے۔

جھنڈا (جھَن۔ ڈا) (ہ) مذکر۔ نشان۔ عَلَم۔ پھریرا۔

جھنڈا کھڑا کرنا۔ یا۔ گاڑنا (ہ) (۱) لوگوں کے جمع یا فوج کے اکٹھا کرنے کے لئے نشان لگانا (۲) کسی قلعے یا شہر پر اپنی حکومت کا نشان گاڑنا۔ فتح کرنا۔ قبضہ کرنا

جھنڈولا (جھَن۔ ڈو۔ لا) (ہ) مذکر۔ نوزائیدہ بچہ جس کے سر پر سے بال نہ اترے ہوں۔

جھنڈے (ہ) مذکر۔ جھنڈا کی جمع۔ پھریرے۔ بہت سے نشان۔

جھنڈے پر چڑھانا (ہ) (۱) رسوا کرنا۔ عیب لگانا۔ بدنام کرنا (۲) مشہور کرنا۔ شہرت دینا

جھنڈے پر چڑھنا (ہ) رسوا ہونا۔ مشہور ہونا۔ بدنام ہونا۔

جھنڈے تلے کی دوستی (ہ) مؤنث۔ چند روزہ دوستی۔ راستے کی جان پہچان۔

جھنڈی (ہ) مؤنث۔ جھنڈے کی تانیث۔ کپڑا لگی ہوئی چھڑی۔ چھوٹا سا نشان۔

جھڑی (جھَن۔ڑی) (ھ) مؤنث (۱) وہ کھونٹی جو پودوں کے کاٹ لینے کے بعد کھیت میں کھڑی رہ جاتی ہے (۲) گنے کی جڑ۔ مکئی یا جوار وغیرہ کے درخت کی جڑ (۳) وہ گنڈے جن میں حلقے پڑے ہوئے ہوں۔

جھنک (جھَنَک) (ھ) مؤنث۔ گھنگرو وغیرہ کی آواز۔ جھنکار۔ جھنکار۔

جھنکار (ھ) مؤنث۔ چینی کے برتن اور شیشہ وغیرہ کے ٹوٹنے کی آواز۔ جھنک۔ جھانج یا زنجیر کی آواز۔

جھنکاڑ (جھَنکاڑ) (ھ) مذکر۔ بے پتوں کا درخت

جھنگار (جھن۔گار) (ھ) مؤنث (۱) چیخ (۲) نوبت کی آواز۔

جھنگارنا (ھ) (۱) کوکنا۔ میٹھے میٹھے سُروں میں گانا۔ نغمہ سرائی کرنا۔

جہنم (جَہَن۔نَم) (ع) مؤنث (۱) گہرا کنواں تحت الثریٰ (۲) دوزخ۔ نرک۔ سقر۔ وہ مقام جہاں گنہگار ہمیشہ آگ میں جلتے رہیں گے۔

جہنم میں پڑے۔ یا۔ جائے (ف) (عو) دعائے بد۔ نہایت نفرت اور بیزاری کے موقع پر بولتے ہیں۔ آگ لگے۔ چولہے میں جائے۔

جہنمی (ف) دوزخی۔ بُرے کام کرنے والا۔

جھنواں (جھنواں) (ھ) مذکر۔ ایک قسم کا چاول۔

جھوا (جھو۔وا) (ھ) مذکر۔ بڑا ٹوکرا۔

جھوپا (جھو۔پا) (ھ) مذکر۔ آم اور دوسرے پھلوں کا ڈھیر۔

جھوت (جھَوت) (ھ) مؤنث۔ دو دیواروں کے بیچ کی گلی جس میں دونوں طرف کے پرنالے گرتے ہوں۔

جھوٹ (جھوٹ) (ھ) مذکر (۱) واقعے کے خلاف۔ دروغ کذب۔ غلط (۲) دھوکا۔ بہانہ۔ مکر۔ فریب (۳) کھوٹ۔

جھوٹ بنانا (ھ) تہمت تراشنا۔ سچ کے برخلاف بات گھڑنا۔

جھوٹ بولنا (ھ) دروغ گوئی کرنا۔ غلط کہنا۔ خلاف بیانی کرنا۔

جھوٹ پکڑنا (ھ) جھوٹ کی گرفت کرنا۔ جھوٹ ثابت کرنا۔

جھوٹ سچ (ھ) مذکر۔ دروغ آمیز سچ۔ دروغ مصلحت آمیز۔

جھوٹ سچ لگانا (ھ) بدگوئی کرنا۔ جھوٹی سچی باتیں بنانا۔ چغلی کرنا۔ بہکانا۔ بدگمان کرنا۔

جھوٹ کا پتلا (ھ) مذکر۔ مجسّم دروغ۔ بہت جھوٹ بولنے والا۔

جھوٹ کے پاؤں نہیں ہوتے (ھ) مثل۔ جھوٹ کو قیام نہیں ہوتا۔ جھوٹ نہیں چلتا۔

جھوٹ کے پل باندھنا (ھ) نہایت جھوٹ بولنا۔ جھوٹ پر جھوٹ بولنا۔

جھوٹ کے دفتر (ا) افسانے۔ داستانیں۔ جھوٹی کہانیاں۔

جھوٹ موٹ (ھ) دروغ۔ غلط۔ مذاق سے۔ ظرافتاً۔

جھوٹ (جھُوٹ) (ھ) مؤنث۔ پس خوردہ۔ بچا ہوا کھانا۔

جھوٹا (جھوٹا) (ھ) بھینس کا بچہ۔

جھوٹا (جھو۔ٹا) (ھ) (۱) دروغ گو (۲) جنبش۔ دھکا۔ (۳) عورتوں کے سر کے بال۔ لٹ (۴) نیند کا ہچکولا (۵) نقلی۔ جو اصلی نہ ہو۔

جھوٹا پڑنا (ھ) (۱) وعدہ خلاف ہونا (۲) نکما ہونا۔ بیکار ہونا۔

جھوٹا جوڑا (ھ) مذکر کھوٹا جوڑا۔ چوڑیوں کا یا جوتے کا یا دلہن کی پوشاک کا وہ جوڑا جس میں جھوٹا کام بنے

جھوٹا کاغذ (ھ) مذکر۔ جعلی دستاویز۔ خود ساختہ تمسک

جھوٹا کام (ھ) مذکر۔ زردوزی وغیرہ کا کام جو جھوٹے مسالے سے بنایا جائے۔

جھوٹا کھاتے ہیں میٹھے کے لالچ (ھ) مثل۔ فائدے کے لئے تکلیف بھی اٹھائی جاتی ہے۔ مزے کی خاطر قابل نفرت چیز بھی نہیں چھوڑی جاتی۔

جھوٹوں کا بادشاہ (ھ) مذکر۔ بہت بڑا جھوٹا۔ جھوٹوں کا سردار۔ جو سب سے زیادہ جھوٹ بولے۔

جھوٹوں نہ پوچھنا (ھ) بھول کر نہ پوچھنا۔ ظاہرداری یا دکھاوے کو بھی نہ پوچھنا۔

جھوٹی (جھو۔ٹی) (ھ) (۱) خلاف واقعہ (بات) (۲) جھوٹ بولنے والی۔

جھوٹی خبر (ا) مؤنث۔ غلط خبر۔ افواہ۔

جھوٹی قسم (ا) مؤنث۔ حلف دروغی۔ غلط سوگند۔
جھوٹی گواہی (ا) مؤنث۔ حلف دروغی۔ شہادت دروغ۔
جھوٹی مہندی (ہ) مؤنث۔ اتری ہوئی مہندی۔ بے قاعدہ لگائی ہوئی مہندی۔
جھوٹی نالش (ا) مؤنث۔ خواہ مخواہ کی نالش۔ جھوٹا دعویٰ۔
جھوٹے کے آگے سچا رو مرتا ہے (ہ) مثل۔ جھوٹے کے آگے سچے کی پیش نہیں جاتی۔
جھوٹے وعدے (ا) ایسے وعدے جو کبھی وفا نہ ہوں۔ وعدہ ہائے دروغ۔
جھوٹے ہاتھ سے کتا نہ مارنا (ہ) نہایت بخیل اور کنجوس ہونا۔ ممسک ہونا۔ لئیم ہونا۔ مکھی چوس ہونا۔
جھوجھا (جھو۔ جھا) (ہ) (۱) مسلمانوں کا ایک ادنیٰ فرقہ۔ (۲) (پورب) معدہ۔ اوجھ۔
جھوجھرا۔ جھوجرا (جھو۔ جھ۔ را۔ جھوج۔ را) (ہ) شکستہ۔ ٹوٹا پھوٹا۔ بال پڑا ہوا۔
جھوجھرو (جھو۔ جھ۔ رو) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا پودا جسے اونٹ اکثر خوشی سے کھاتے ہیں۔
جھوجھری آواز (ا) مؤنث۔ ٹوٹے ہوئے برتن کی سی آواز۔
جھوڑ (جھوڑ) (ہ) مؤنث۔ لڑائی۔ جھگڑا۔ تکرار۔ حجت۔ قضیہ۔ بحث۔
جھوک (جھوک) (ہ) مؤنث (۱) دھکا۔ ہچکولا (۲) پینگ۔ نشے کی غفلت (۳) ترازو کے ایک پلے کا جھکنا (۴) وزن۔
جھوک سنبھالنا (ہ) ہچکولے کو سہنا۔ کسی لمبی چھڑی یا بانس کی لچک کو روکنا۔
جھوک مارنا (ہ) کم تولنے کے لئے ترازو کی ڈنڈی کو انگلیوں کی حرکت سے جھکا دینا۔ ڈنڈی مارنا۔ کم تولنا۔
جھوکا (ہ) مذکر۔ ہوا کا ریلا یا دھکا (۲) نیند کا ہچکولا۔ غنودگی کا جھونکا۔
جھوکنا (ہ) (۱) ڈالنا۔ پھینکنا (۲) برباد کرنا۔ اڑانا۔ صرف کرنا (۳) بری جگہ شادی کر دینا۔ بے پروائی سے پلے باندھنا (۴) ہلاکت میں ڈالنا۔ خطرے میں ڈالنا۔
جھول (جھول) (ع) بڑا نادان۔ سخت جاہل۔
جھول (جھول) (ہ) مذکر (۱) ڈھیلا پن۔ زچین۔ شکن۔ سلوٹ۔ سئے ہوئے کپڑے کی ناہمواری (۲) ہاتھی کا سیدھا نہ چلنا (۳) ملمع۔ کھوٹ (۴) ایک دفعہ کئی بچوں کا جننا۔
جھول جھال (ہ) مذکر (۱) ڈھیل ڈھال۔ التوا (۲) توقف۔ وقفہ۔
جھول نکالنا (ہ) (۱) نیچے نکالنا۔ مرغی کا بچے دینا (۲) بچے دینا (۳) جھول دار کپڑے کو درست کرنا۔
جھول (جھول) (ہ) مؤنث (۱) ہاتھی کے اوپر ڈالنے کا کپڑا (۲) ڈھیلی ڈھالی پوشاک۔
جھولا (جھو۔ لا) (ہ) مذکر۔ ہنڈولا۔ وہ جس پر بیٹھ کر جھولیں۔ درخت یا کسی اور چیز میں پڑی ہوئی رسی جس میں بیٹھ کر جھونٹے لیتے ہیں۔
جھولا (جھو۔ لا) (ہ) مذکر (۱) سپاہیوں کا تھیلا (۲) رعشہ۔ فالج۔ ادھرنگ (۳) ہاتھ کا اشارہ (۴) جھونٹے کی رسی۔
جھولازدگی (ا) مؤنث۔ گرم ہوا یا لو کے باعث میووں یا زراعت کا مارا جانا۔
جھولا مار جانا (ہ) (۱) فالج ہو جانا (۲) اعضا شست ہو جانا۔ بیکار ہو جانا۔
جھولنا (ہ) (۱) جھونٹے لینا۔ پینگ چڑھانا (۲) لٹکنا۔ آویزاں ہونا۔
جھولنا (ہ) مذکر (۱) تھیلا۔ خریطہ۔ فقیروں کی وہ تھیلی جس میں روٹی اور آٹا مانگ کر رکھتے ہیں (۲) پہلو کا گوشت۔
جھولن (جھو۔ لن) (ہ) مؤنث (۱) جھولنا (۲) بھنگی۔
جھولن جاترا (ہ) مؤنث۔ کرشن جی اور رادھا جی کی یادگار میں ہندوؤں کا ایک تہوار۔
جھولی (جھو۔ لی) (ہ) مؤنث (۱) چھوٹی تھیلی۔ خریطی۔ (۲) دامن کی گودی جو کسی چیز کے لینے کے لئے پھیلائی جائے۔
جھولی چھوڑنا (ہ) بدن کا ڈھیلا پڑ کر دونوں پہلوؤں کا گوشت لٹک پڑنا۔ بڑھاپے کی علامت کا ظاہر ہونا۔
جھولی ڈالنا (ہ) فقیری کا سامان کرنا۔ بھیک مانگنے کھڑا ہونا۔
جھوم (جھوم) (ہ) (۱) جھومنا کا امر (۲) مذکر۔ جھولنا۔ حرکت کرنا۔ ہلنا (۳) پتوں کی کثرت۔
جھوم جھام کر (ہ) (۱) لہرا لہرا کر۔ جھول جھول کر۔

پل پل کر خوب زور سے (۲) غلبہ کے ساتھ (۳) نہایت خوشدلی سے ؛

جھومر (جھُو۔مَر) (ہ) مذکر (۱) ایک زیور جو عورتیں ماتھے پر زینت کے لئے لٹکا لیتی ہیں (۲) ایک قسم کا ناچ جس میں عورتیں ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ کر اور حلقہ باندھ کر ناچتی ہیں (۳) ایک قسم کا عورتوں کے گانے کا گیت ۔

جھومنا (ہ) (۱) لٹکنا ۔ آویزاں ہونا (۲) عالم مستی میں جھونٹے لینا ۔ اونگھنا (۳) لڑکھڑانا ۔ ڈگمگانا (۴) سر ہلانا ۔ ہاتھی کی سی چال چلنا (۵) اکٹھا ہونا ۔ جمع ہونا ۔

جھونا (جھُو۔نا) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کی باریک دھوتر ۔ چھدرا چھدرا بنا ہوا کپڑا (۲) نہایت عمدہ قسم کی چھالیا ۔

جھونا (جھُو۔نا) (ہ) (عو) (۱) بیان کرنا ۔ دکھڑا رونا (۲) شروع کرنا (۳) لگنا ۔ پڑنا ۔ مارنا (۴) (پ) دھان ۔

جھونپڑا (جھُون۔پَڑا) (ہ) مذکر ۔ چھپر یا پھوس کا گھر ۔

جھونپڑی (جھُون۔پَڑی) (ہ) مؤنث ۔ جھونپڑے کی تصغیر ۔

جھونٹڑے (جھُونٹ۔ڑے) (ہ) مذکر (عو) ریشے ۔ پھوسڑے ۔

جھونٹا (جھُوں۔ٹا) (ہ) مذکر ۔ دیکھو "جھوٹا" ۔

جھونٹا (جھُوں۔ٹا) (ہ) مذکر (۱) پینگ ۔ جھولے کی جنبش (۲) عورت کے سر کے بال (۳) سر کو اوپر نیچے ہلانے کا فعل ۔

جھونٹا لینا (ہ) پینگ لینا ۔ پینگ چڑھانا ۔

جھونٹے (جھُوں۔ٹے) (ہ) مذکر ۔ جھونٹا کی جمع ۔

جھونٹے کھسوٹنا (ہ) سر کے بال نوچنا ۔

جھونٹیا (جھُون۔ٹِیا) (ہ) مؤنث ۔ جھونٹا کی تصغیر ۔

جھونج (جھُونج) (ہ) مؤنث (پورب) (۱) گھونسلا ۔ پرند کا آشیانہ (۲) (ہندو) کھجلی ۔ خارش ۔ کھاج (۳) (ہندو) مزہ ۔ چسکا ۔ خواہش ۔

جھونجل (جھُوں۔جَل) (ہ) مؤنث (عو) غصہ ۔ کُڑھن ۔ خفگی ۔ غضب ۔

جھونجل اُتارنا (ہ) (عو) غصہ اتارنا ۔ بدلہ لینا ۔ عداوت نکالنا ۔

جھونجھ (جھُونجھ) (ہ) مؤنث (ہندو) جھانجھ ۔

جھونک (جھُونک) (ہ) دیکھو "جھوک" ۔

جھونکا (جھُوں۔کا) (ہ) مذکر ۔ دیکھو "جھوکا" ۔

جھونکنا (ہ) دیکھو "جھوکنا" ۔

جھونکنا (جھُونک۔نا) (ہ) (۱) بیل کا سینگ مارنے کیلئے دوڑنا ۔ بیل کا سینگ مارنا (۲) دھمکی دینا (۳) آوازہ کسنا ۔

جھونکے (جھُوں۔کے) (ہ) مذکر ۔ جھونکا کی جمع ۔

جھونکے آنا (ہ) (۱) نیند کے باعث بار بار سر کا جھکنا ۔ نیند میں جھونٹے آنا ۔ اونگھنا (۲) ہوا کے ہلکے ہلکے تھپیڑے آنا ۔

جھیپنا ۔ جھینپنا (جھیپ۔نا ۔ جھینپ۔نا) (ہ) آنکھ چرانا ۔ لجانا ۔ شرمانا ۔

جھیرا (جھیرا) (ہ) مذکر (۱) چشمہ ۔ سوتا ۔ منبع ۔ دہانہ ۔ کنواں (۲) سوکھا کنواں جس میں اکثر کیچڑ رہتے ہیں ۔

جھیر ۔ جھیر (جھیر ۔ جھیڑ) (ہ) پارہ پارہ ۔ ٹکڑے ٹکڑے ۔ پرزے پرزے ۔

جہیز (جَہیز) (ع) مذکر ۔ اسباب ۔ سامان ۔ وہ سامان جو بیٹی کی شادی میں دیا جاتا ہے ۔

جہیز میں آنا (ہ) (عو) شادی پر سامان ملنا ۔ ماں باپ کے گھر سے آنا ۔ اپنی ملکیت ہونا ۔

جھیل (جھیل) (ہ) مؤنث (۱) تالاب ۔ ڈل ۔ ڈالر ۔ پانی کا وہ بڑا قطعہ جو چاروں طرف خشکی سے محیط ہو (۲) دلدل ۔ کیچڑ (۳) نیچی زمین (۴) گیت کا وہ حصہ جو مدھم یا نرم آواز سے کہا جائے ۔

جھیل (جھیل) (ہ) جھیلنا کا امر ۔

جھیلنا (ہ) (۱) برداشت کرنا ۔ سہارنا ۔ بیماری یا مصیبت گوارا کرنا (۲) پچانا ۔ ہضم کرنا ۔

جھیلنی (جھیل۔نی) (ہ) مؤنث ۔ ایک قسم کا لڑی والا زیور ۔ جو کانوں کے زیور کا بوجھ سہارنے کے لئے سر کے بالوں میں اٹکایا جاتا ہے ۔

جھیلنی دینا (ہ) بچہ ہوتے وقت ایک خاص ترکیب سے زچہ کو جنبش دینا ۔

جھینکنا (جھینک۔نا) (ہ) (عو) (۱) رونا ۔ گریہ وزاری کرنا (۲) دکھڑا بیان کرنا (۳) افسوس کرنا ۔ پچھتانا (۴) ماتم کرنا ۔ پیٹنا ۔

جھینگا (جھیں۔گا) (ہ) مذکر ۔ ایک قسم کی چھوٹی مچھلی ۔

جھینگر (جھیں۔گر) (ہ) مذکر ۔ ایک قسم کا بڑی بڑی مونچھوں والا کیڑا جو اکثر دیواروں پر رہتا اور کپڑے وغیرہ چاٹ جاتا ہے ۔

ج - ہ

جہئی (جُہئی) (ف) مؤنث (۱) ایک قسم کا چھوٹا جَو (۲) چاول کی پھوٹتی ہوئی پَود۔

ج - ی

جی (جی) (ف) (۱) ہاں۔ بلے (۲) جناب۔ حضرت (۳) بجا۔ درست (۴) کلمۂ دعائیہ۔ زی کا بدل۔ زندہ باش۔

جی (جِی) (ف) مذکر (۱) جان۔ رُوح۔ پران۔ دم۔ سانس (۲) زندگی۔ عمر (۳) دل۔ قلب۔ طبیعت۔ خواہش (۴) بذاتِ خود۔ آپ (۵) جرأت۔ دلیری (۶) جانور۔ حیوان (۷) سادہ لوح۔ بھولا بھالا۔

جی آجانا (ف) عاشق ہو جانا۔ دل آ جانا۔

جی اُٹھنا (ف) (۱) دل بیزار ہونا۔ طبیعت نہ لگنا (۲) جان پڑ جانا۔ زندہ ہو جانا (۳) سیر و تماشا یا کسی کام کے لئے دل نہ چاہنا۔

جی اُچٹ جانا۔ یا۔ اُچٹنا (ف) کسی کام سے دل بیزار ہو جانا۔ کسی کام پر دل نہ لگنا۔

جی اُداس ہونا (ف) دل پریشان ہونا۔ دل نہ لگنا۔

جی اُکتا جانا (ف) دل کا گھبرا جانا۔ دل کا بیزار ہو جانا۔

جی اُلٹنا (ف) دل گھبرانا۔ دل پریشان ہونا۔

جی بجھ جانا (ف) افسردہ ہونا۔ ہمت ٹوٹنا۔

جی بُرا کرنا (ف) (عو) (۱) ناخوش ہونا۔ ناراض ہونا۔ (۲) قے کرنا۔ اگلنا۔

جی بڑھانا (ف) جرأت دینا۔ دلیری کرنا۔ دلاسا دے کر مستعد کرنا۔ ہمت باندھنا۔

جی بڑھنا (ف) جرأت بڑھنا۔ ہمت بڑھنا۔ دل تازہ ہونا۔

جی بکھرنا۔ یا۔ بکھرا جانا۔ جی بگڑا جانا (ف) دل متلانا۔ غش آنا۔ دل بیٹھنا۔

جی بند ہونا (ف) دل رُکنا۔ کبیدہ خاطر ہونا۔

جی بھاری کرنا (ف) غمگین ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔ دل پر بوجھ ڈالنا۔ رونا۔

جی بھٹکنا (ف) دل کا کسی چیز کو ڈھونڈنا۔ مشتاق و آرزومند ہونا۔

جی بھر آنا (ف) رحم آنا۔ ترس آنا۔ رقت آنا۔ آنسو بھر آنا۔

جی بھر جانا (ف) سیر ہو جانا۔ جی اکتا جانا۔

جی بھر کر (ف) سیر ہو کر۔ حسبِ خواہش۔

جی بہلانا (ف) دل خوش کرنا۔ دل کا اور طرف مشغول و متوجہ ہونا۔

جی بہلنا (ف) دل کا اور طرف متوجہ ہونا۔ دل لگنا۔ دل خوش ہونا۔

جی بیٹھا جانا (ف) دل کا گرا جانا۔ دل کا مایوس اور نا اُمید ہونا۔

جی پر بن جانا (ف) روحانی ایذا پہنچنا۔ صدمہ ہونا۔

جی پر کھیلنا (ف) جان جوکھوں میں ڈالنا۔ جان کو خطرے میں ڈالنا۔ جان پر کھیلنا۔

جی پگھلنا (ف) میلانِ خاطر ہونا۔ دل آنا۔

جی پھر جانا (ف) دل بیزار ہو جانا۔ اکتا جانا۔ نفرت ہونا۔ متنفر ہونا۔

جی پڑنا (ف) (۱) جان پڑنا۔ بیچ میں روح پڑنا (۲) کیڑے پڑنا۔ کرم پڑنا۔

جی پھسلنا (ف) دل آنا۔ عشق ہونا۔ دل مائل ہونا۔

جی ترسنا (ف) دل کا آرزومند ہونا۔ جی للچانا۔ دل پھڑکنا۔

جی ٹوٹ جانا (ف) (۱) شکستہ خاطر ہونا۔ بیدل ہونا (۲) تکلیف پہنچنا۔ رنج پہنچنا۔

جی ٹھنڈا ہونا (ف) (۱) جی خوش ہونا۔ دل راضی ہونا (۲) تسلی ہونا۔ اطمینان ہونا (۳) دل کی ہوس نکلنا۔

جی جائے گھی نہ جائے (ف) مثل۔ جان جائے مگر نقصان نہ ہو۔

جی جانتا ہے (ا) (۱) دل ہی کو خبر ہے۔ دل ہی پر صدمہ ہے (۲) بیان سے باہر ہے۔

جی جلانا (ف) (۱) غم دینا۔ دل میں آگ لگانا۔ غصہ دلانا۔ (۲) حسد دلانا (۳) چھیڑنا۔ ستانا۔

جی جلنا (ف) (۱) غصہ آنا۔ آگ لگنا (۲) رشک و حسد ہونا۔

جی چاہنا (ف) دل للچانا۔ دل کا مائل و راغب ہونا۔ مشتاق ہونا۔

جی چاہے (ف) اگر دل میں آئے۔ اگر مرضی ہو۔

جی چرانا۔ یا۔ جی چھپانا (ف) دم چرانا۔ کام سے بچنا۔ حیلہ جُو ہونا (۲) عاشق کا دل لے لینا۔

جی چھوٹنا (ف) (۱) بیدل ہونا۔ نا اُمید ہونا۔ ہمّت ٹوٹنا (۲) عاجز ہونا۔ ہارنا۔ تھکنا ❖

جی چھوڑنا (ف) (ہندو) مرنا۔ دم دینا۔ انتقال کرنا ❖

جی چھوڑ دینا (ف) نا اُمید و عاجز ہونا۔

جی دار (ا) (۱) مَن چلا۔ بہادر۔ دلیر (۲) سخت۔ مضبوط۔ دم خم والا۔

جی ڈوبنا (ف) فکر میں غرق ہونا ❖

جی رُکنا (ف) دم گھبرانا۔ دل نہ ملنا۔ دل سے کسی کے ساتھ نہ بولنا۔ انقباضِ خاطر ہونا ❖

جی رکھنا (ف) (۱) دلداری کرنا۔ خوش کرنا۔ تسلّی دینا۔ دل بہلانا (۲) حوصلہ رکھنا۔ ہمّت نہ ہارنا ❖

جی سائیں سائیں کرنا (ف) غشی کے آثار ظاہر ہونا ❖

جی سنسنانا (ف) دل بیٹھنا۔ جی نڈھال ہونا۔ ضعف و ناطاقتی کے باعث دل گرا پڑنا ❖

جی سے اتر جانا (ف) بے قرار ہو جانا۔ قابلِ نفرت ہو جانا۔

جی سے جانا (ف) جان سے گزرنا۔ مرنا۔ دم نکلنا۔ انتقال کرنا۔

جی شاد۔ یا۔ شادمان ہونا (ا) دل خوش ہونا۔

جی کا جنجال (ا) مذکّر۔ دل کے لئے مصیبت۔ دل کا روگ۔

جی کرنا (ف) (۱) دلیری کرنا۔ ہمّت کرنا۔ جرأت کرنا۔ (۲) (ہندو) کسی چیز کو دل چاہنا۔ من چاہنا۔ جی چاہنا ❖

جی کڑا کرنا (ف) ہمّت کرنا۔

جی کڑھانا (ف) (عو) دل رنجیدہ کرنا۔ رنج دینا (۲) افسوس کرنا۔ متاسّف ہونا ❖

جی کو لگنا (ف) (۱) دل پر اثر کرنا۔ دل پر گزرنا (۲) پسند آنا۔ دل کو اچھا معلوم ہونا ❖

جی کو مارنا (ف) دل کی خواہشوں کو ضبط کرنا۔ من مارنا۔

جی کھپانا (ف) (۱) جان گھٹانا۔ جان دینا (۲) محنت کرنا۔ جان لڑانا۔ دل توڑ کر کام کرنا ❖

جی کھٹا میٹھا ہونا (ف) دل للچانا۔ معشوق کو دیکھ کر خواہش کرنا ❖

جی کھٹا ہونا (ف) بیزار ہونا۔ متنفّر ہونا ❖

جی کھرا کھوٹا ہونا (ف) نیّت میں فرق آنا۔ بے ایمان ہو جانا ❖

جی کھلنا (ف) (۱) کشائشِ دل ہونا۔ انبساطِ طبع ہونا۔ (۲) شرم و حجاب دُور ہونا (۳) بے دھڑک ہونا۔ دل کو جرأت ہونا۔

جی کھول کر (ف) خاطر خواہ۔ بخوبی۔ آزادانہ۔ بکثرت۔ افراط سے۔

جی کی جی میں رہنا (ف) دل کی حسرت کا دل ہی میں رہنا۔ حسرت رہنا۔ ارمان رہنا ❖

جی گرا جانا (ف) دل کا بیٹھا جانا۔ طبیعت میں سُستی ہونا ❖

جی گنوانا (ف) دل کھونا۔ دل برباد کرنا ❖

جی گھبرانا (ف) خفقان ہونا۔ دل نہ لگنا۔ پریشان خاطر ہونا ❖

جی لبھانا (ف) دل پھسلانا۔ تالیفِ قلوب کرنا ❖

جی لڑانا (ف) دل کا ہمہ تن مصروف کرنا۔ ساری توجّہ صرف کر دینا۔ جان کھپا دینا ❖

جی لگانا (ف) (۱) دل کا متوجّہ کرنا۔ جی بہلانا (۲) عاشق ہونا۔ کسی کی طرف دل مائل کرنا ❖

جی لگنا (ف) (۱) جی بہلنا۔ دل مشغول ہونا (۲) عاشق ہونا۔ دل آنا ❖

جی للچانا (ف) (۱) دل کا مائل ہونا۔ آرزومند ہونا ❖

جی لُوٹنا (ف) دل کو چھین لینا۔ عاشق بنانا ❖

جی لوٹنا (ف) (۱) دل کا بیتاب ہونا (۲) نہایت مشتاق ہونا۔ دل کا از حد آرزومند ہونا ❖

جی مار (ا) (۱) سنگین جرم۔ قتل وغیرہ (۲) خواہش کو بجھانے والا (۳) مذکّر۔ قاتل (۴) خواہشوں کو مارنے والا شخص۔

جی متلانا (ف) دل کا مالش کرنا۔ طبیعت کا قے کرنے پر متقاضی ہونا۔ دل بیزار ہونا ❖

جی مرجانا۔ یا۔ مرنا (ف) افسردہ ہونا۔ دل میں شوق نہ رہنا ❖

جی ملنا (ف) دل کا موافق ہونا۔ ایک دل ہونا۔ ہم خیال اور ہم منشا ہونا ❖

جی میں آنا (ف) (۱) دل میں گزرنا۔ من میں آنا (۲) جی چاہنا۔ دل کا خواہش کرنا ❖

جی میں بیٹھنا (ف) دل میں گھُسنا۔ دل میں اثر کرنا۔ اترنا ❖

جی میں جی آنا (ف) دَم میں دم آنا۔ جان میں جان آنا۔ تسلّی ہونا۔ تشفّی ہونا۔ جان بچنے کی امید بچنا ❖

جی میں جی ڈالنا (ف) کسی کے دل کو اپنا سا بنانا۔ اپنی بات دوسرے کے دل میں سچّے طور پر بٹھانا۔

دل نشین کرنا ۔

جی میں رکھنا (ہ) (۱) خفیہ کرنا ۔ پوشیدہ کرنا (۲) کسی بات کو دل میں رکھنا ۔ عداوت رکھنا ۔ کینہ رکھنا ۔ (۳) قبضہ رکھنا

جی میں گھسنا ۔ یا ۔ گڑنا ۔ یا ۔ بیٹھنا (ہ) دل میں گھسنا ۔ دل میں اثر کرنا ۔ دل میں چبھنا ۔

جی نکلنا (ہ) (۱) دم نکلنا ۔ مرنا (۲) عاشق ہونا ۔ فریفتہ ہونا (۳) نہایت خوف ہونا ۔

جی ہاتھ میں رکھنا ۔ یا ۔ لینا (ہ) دل میلا نہ ہونے دینا ۔ خوش رکھنا ۔ قابو میں رکھنا ۔

جی ہارنا (ہ) جی چھوڑنا ۔ ہمّت ہارنا ۔ کسی کام سے عاجز ہو کر باز رہنا

جی ہَوا ہو جانا ۔ جی ہَوا ہونا (ہ) دم فنا ہونا ۔ روح کا قالب سے نکل جانا ۔ جان نکلنا ۔

جی ہی جی میں باتیں کرنا (ہ) دل ہی دل میں خیال پکانا ۔ آپ ہی آپ باتیں کرنا ۔

جی (جی) (انگ G) حروف تہجّی کا ساتواں حرف ۔

جی ۔ او ۔ سی (انگ G.O.C) مذکّر ۔ جنرل آفیسر کمانڈنگ کا مخفف ۔ چھاؤنی میں فوج کا سب سے بڑا افسر ۔

جی ۔ پی ۔ او (انگ G.P.O) مذکّر ۔ جنرل پوسٹ آفس کا مخفف ۔ شہر کا سب سے بڑا ڈاک خانہ ۔

جی ۔ سی ۔ آئی ۔ ای (انگ G.C.I.E) مذکّر ۔ گرانڈ کمانڈر آف دی آرڈر آف انڈین ایمپائر کا مخفف ۔ ایک انگریزی خطاب ۔

جی ۔ سی ۔ ایس ۔ آئی (انگ G.C.S.I) مذکّر ۔ گرانڈ کمانڈر آف دی آرڈر آف سٹار آف انڈیا کا مخفف ۔ ایک انگریزی خطاب ۔

جی ۔ سی ۔ بی (انگ G.C.B) مذکّر ۔ گرانڈ کمانڈر آف دی آرڈر آف باتھ کا مخفف ۔ ایک انگریزی خطاب ۔

جَے (جَے) (ہ) مؤنّث (۱) فتح ۔ نصرت ۔ جیت (۲) خوشی ۔ شادمانی ۔ سلامتی (۳) ترقّی (۴) شاباش ۔ مرحبا ۔

جَے پتّر (ہ) مذکّر ۔ فتح نامہ ۔ فیصلہ ۔ ڈگری ۔

جے جے کار رہیں (ہ) (دعا) اقبال بنا رہے ۔ فتح نصیب ہو ۔ بامراد و کامیاب رہو ۔

جے ہو (ہ) (ہندو) (دعا) فتح ہو ۔ بول بالا ہو ۔

جتّے (جتّے) (ہ) جس قدر ۔ جتنے ۔

جِیا (ہ) مذکّر ۔ جی کی تصغیر (عو) (۱) جان ۔ دل (۲) جانی ۔ پیارا ۔ محبوب (۳) دایہ ۔

جیاگریفی (جیا ۔ گرِے ۔ فی) (انگ GEOGRAPHY) مذکّر ۔ جغرافیہ ۔ زمین کا بیان ۔

جیالوجی (جیا ۔ لو ۔ جی) (انگ GEOLOGY) مذکّر ۔ علم طبقات الارض ۔

جَیب (جَیب) (ع) مذکّر ۔ گریبان ۔ سینہ ۔ پیرہن ۔

جیب (جیب) (ع) مؤنّث ۔ کیسہ ۔ دامن ۔

جیب خرچ (ف) مذکّر ۔ وہ بالائی خرچ جو روزمرّہ کے لئے رکھا جائے ۔

جیب کترا (ف) مذکّر ۔ اُچکّا ۔ وہ بدمعاش جو جیب کتر کر دام نکال لے ۔

جیب گھڑی (ہ) مؤنّث ۔ وہ چھوٹی گھڑی جو جیب میں رکھی جائے ۔ رسٹ واچ ۔

جیب ۔ جیبھ (جیب ۔ جیبھ) (ہ) مؤنّث ۔ زبان ۔

جیب نکالنا (ہ) (۱) زبان نکالنا ۔ زبان کھینچنا (۲) گرمی کے مارے زبان نکالنا ۔

جیبی رومال (ف) مذکّر ۔ چھوٹا رومال ۔ جیب کا رومال ۔

جیت (جیت) (ہ) مؤنّث (۱) فتح ۔ کامیابی (۲) نفع ۔ فائدہ (۳) غلبہ ۔ فوقیت ۔ برتری ۔

جیتا (جی ۔ تا) (ہ) (۱) زندہ ۔ جاندار (۲) زیادہ ۔ بیش ۔

جیتا جاگتا (ہ) زندہ و سلامت ۔ صحیح و تندرست ۔

جیتا سو ہارا ۔ ہارا سو مرا (ہ) مثل ۔ مقدمہ بازی کی بابت کہتے ہیں کہ اس میں جو شخص جیت جائے ۔ وہ ہارے کے برابر ہے اور جو ہار جائے وہ تو مر ہی جاتا ہے ۔

جیتنا (ہ) فتح کرنا ۔ شکست دینا ۔ غالب آنا ۔ بازی لینا ۔

جیتی مکھی نگلنا ۔ یا ۔ کھانا (ہ) مؤنّث ۔ جان بوجھ کر آفت میں پڑنا ۔ دیدہ و دانستہ دکھ اٹھانا ۔

جیتی مکھی نہیں نگلی جاتی (ہ) مثل ۔ جان بوجھ کر نقصان نہیں اٹھایا جاتا ۔

جیتے جی (ہ) زندگی تک ۔ عمر بھر ۔

جیتے جی مر جانا (ہ) تباہ ہو جانا ۔ برباد ہو جانا ۔ حالت زندگی میں موت کا مزہ چکھنا ۔

جیٹھ (جیٹھ) (ہ) مذکّر (۱) خاوند کا بڑا بھائی (۲) ہندی سال کا دوسرا مہینہ جو ۱۵ مئی سے ۱۵ جون تک ہوتا ہے (۳) بہت سی اوپر نیچے رکھی ہوئی روٹیاں (۴) اوپر نیچے رکھے ہوئے برتن (۵) آغوش ۔

جیٹھا (ہ) (ہندو) (۱) سب سے بلند ۔ سب سے اونچا ۔ سب سے بڑا (۲) وہ بچہ جو سب سے پہلے پیدا ہوا ہو (۳) جیٹھ کے مہینے کی پیدائش ۔

جیٹھانی (ہ) مؤنث ۔ جیٹھ کی بیوی ۔ خاوند کے بڑے بھائی کی بیوی ۔

جیجا (ہ) مذکر (ہندو) بہنوئی ۔ بہن کا خاوند ۔

جیجی (جی ۔ جی) (ہ) مؤنث (۱) بہن ۔ ہمشیرہ ۔ خواہر (۲) (عو) چھاتی ۔ پستان ۔ چھاتی ۔

جیجی پینا (ہ) دودھ پینا ۔

جید (جَیْ ۔ یِدْ) (ع) (۱) مضبوط ۔ طاقتور ۔ زورآور (۲) بھاری ۔

جیسا (جے ۔ سا) (ہ) جس طرح ۔ جس طرح کا ۔ جس صورت ۔

جیسا تیسا (ہ) جس طرح کا ۔ جس قسم کا ۔

جیسا چاہو (ہ) جس قسم کا مطلوب ہو ۔ حسب خواہش ۔

جیسا چاہیئے (ہ) (۱) حسب دلخواہ (۲) قابلِ تعریف ۔ (۳) قرار واقعی ۔

جیسا دیس ویسا بھیس (ہ) مثل ۔ جہاں رہیں وہیں کے اوضاع و اطوار بھی اختیار کرنے چاہئیں ۔

جیسا راجہ ویسی پرجا (ہ) مثل ۔ رعیت اپنے بادشاہ کی راہ و روش کی پیروی کرتی ہے ۔

جیسا کروگے ویسا بھروگے (پاؤگے) (ہ) بدی کا بدلہ بد اور نیکی کا نیک ملے گا ۔

جیسا کہ (ہ) جس طرح کہ ۔ بموجب ۔ مطابق ۔

جیسا منہ ویسا تھپڑ ۔ جیسی ذات ویسی بات (ہ) مثل ۔ جو شخص جس لائق ہو ۔ اُس سے ویسا ہی سلوک ہوتا ہے ۔

جیسی (جے ۔ سی) (ہ) جس طرح ۔ جس طرح کی جس ڈھنگ کی ۔ جس موقع کی ۔

جیسی روح ویسے فرشتے (ا) مثل ۔ جس طرح کا نیک یا بد آدمی ہوتا ہے ۔ ویسے ہی فرشتے نظر آتے ہیں ۔ بد کو بُرے اور نیک کو اچھے فرشتے دکھائی دیں گے ۔ یعنی جیسا خوصلہ ویسی بات ۔ جیسی صحبت ویسا اثر ۔ جیسی نیت ویسا پھل ۔

جیسی کرنی ویسی بھرنی (ہ) مثل ۔ جیسے کام کروگے ویسا نتیجہ پاؤگے ۔

جیسے (جے ۔ سے) (ہ) دیکھو "جیسا" ۔

جیسے بنے (ہ) جس طرح ہوسکے ۔

جیسے بیا (کنتھا) گھر رہے ویسے رہے بدیس (ہ) مثل ۔ نکمّے خاوند کا پاس رہنا اور پردیس میں جانا برابر ہے ۔

جیسے کا تیسا (ہ) بعینہٖ ۔ جوں کا توں ۔ ہُوبہو ۔

جیسے کو تیسا (ہ) (۱) بُرے کو اس کا بھی استاد ملتا ہے ۔
(۲) ہر فرعونے را موسیٰ ۔

جیش (جَیْش) (ع) مذکر ۔ لشکر ۔

جیشٹھا (جَیش ۔ ٹھا) (ہ) مذکر (۱) چاند کا اٹھارھواں نچھتر جس میں تین ستارے شامل ہیں (۲) بیچ کی انگلی ۔

جیغہ (جِی ۔ غہ) (ت) مذکر ۔ ایک مرصّع زیور جو پگڑی پر باندھا جاتا ہے ۔

جیگر ۔ جیگھڑ (جی ۔ گڑ ۔ جی ۔ گھڑ) (ہ) مؤنث (ہندو) پانی کا گھڑا ۔

جیل (جیل) (انگ JAIL) مذکر ۔ قید خانہ ۔ زندان ۔

جیل خانہ (ا) مذکر ۔ قید خانہ ۔

جیلر (انگ JAILOR) مذکر ۔ حاکم قید خانہ ۔ داروغۂ زندان ۔ حاجب ۔

جیلی (جے ۔ لی) (ہ) مؤنث (۱) گھاس اکٹھی کرنے کا شاخہ آلہ جس سے بھُس وغیرہ آسانی سے سرکایا جا سکتا ہے ۔ (۲) معدے یا پیٹ کے اوپر کی چربی دار جھلّی ۔

جیمنا (جیم ۔ نا) (ہ) (ہندو) (۱) کھانا نوش کرنا (۲) رشوت لینا ۔

جین ۔ یا جینی (س) مذکر (ہندو) جین مت کا ماننے والا ۔ (پ) بھا بڑا ۔

جینا (جی ۔ نا) (ہ) مذکر (۱) زندگی ۔ زیست ۔ حیات (۲) (ل) (عو) زندہ و سلامت ۔ عمر والا ۔

جینے کے لالے پڑنا (ہ) جینے کی آس نہ رہنا ۔

جیو (جیو) (س) مذکر (۱) جان (۲) زندہ جانور (۳) روح (۴) معشوق ۔

جیو آتما (ہ) مؤنث ۔ جان ۔ روح ۔ پران ۔

جیو (جیو) (ہ) (۱) جینا سے صیغہ امر جمع حاضر ۔ جیتے رہو ۔ زندہ رہو (۲) شاباش ۔

جیوالی (جی ۔ وا ۔ لی) (ہ) وہ زمین جو رشتہ داروں یا نوکروں کی پرورش کے لئے لگان کے بغیر دی جائے ۔

جیوٹ (جی ۔ وٹ) (ہ) جی دار ۔ بہادر ۔ دلیر ۔ شجاع ۔

جیوری (جیو ۔ ری) (انگ JURY) پنچوں کی عدالت ۔ مجلس ثالثان جو جج کے ساتھ کام کرتی ہے اور جس کی رائے سے اتفاق یا اختلاف جج کی رائے پر منحصر ہے ۔

جیوڑا (ہ) مذکر (عو) (۱) جی کی تصغیر ۔ جی ۔ دل (۲) جان ۔ پران ۔ (۳) معشوق ۔ دلبر ۔ جانی (۴) وہ اناج جو کسان فصل پر کمینوں کو دیتے ہیں ۔

جیوڑی (جیو ۔ ڑی) (ہ) مؤنث (گنوار) رسّی ۔ ڈوری ۔

جیومیٹری (جیو ۔ مے ۔ ٹری) (انگ GEOMETRY) مؤنث ۔ علم ریاضی کی ایک شاخ ۔ اقلیدس ۔ مساحت ۔

چ

چ (ف) (۱) فارسی حروف تہجی کا ساتواں اور اردو کا آٹھواں حرف (۲) حساب جمل میں اس کے عدد "ج" کے برابر تین ہیں ❖

چ - ا

چاب (چَاب) (ہ) (۱) چابنا کا امر (۲) مؤنّث (عو، تل) چاول اور شکر ❖

چابک (چَا-بُک) (ف) (۱) چست و چالاک۔ پھرتیلا۔ تیز (۲) مذکر۔ تازیانہ۔ قمچی۔ ہنٹر۔ کوڑا ❖

چابک دست (ف) وہ شخص جو ہاتھ کے کام میں چالاک ہو۔ پھرتیلا ❖

چابک سوار (ف) مذکر (۱) گھوڑا پھیرنے اور سدھانے والا۔ گھوڑے پر خوب چڑھنے والا (۲) گھوڑوں کا سوداگر ❖

چابکی (چَا-بُکی) (ف) مؤنّث۔ چستی۔ چالاکی۔ تیزی ❖

چابنا (ہ) (گنوار) (۱) کسی چیز کو دانتوں سے کچلنا یا کترنا۔ (۲) کھانا۔ چنے کھانا ❖

چابی (چَا-بی) (ہ) مؤنّث۔ کنجی۔ کلید۔ تالی ❖

چاپ (چَاپ) (ہ) مؤنّث۔ پاؤں کی آہٹ۔ رفتار یا کی آواز ❖

چاپٹ (چَا-پَٹ) (ہ) مؤنّث۔ غلّے کے وہ ٹکڑے جو پسنے سے رہ جائیں۔ سیلے ہوئے اناج کی بھوسی۔ چوکر۔ بورا ❖

چاپلوس (چَاپ-لُوس) (ف) خوشامدی ❖

چاپلوسی (چَاپ-لُو-سِی) (ف) مؤنّث۔ خوشامد۔ میٹھی میٹھی باتوں میں تعریف کرنا ❖

چاتر (چَا-تُر) (ہ) (۱) تیز۔ چالاک۔ ہوشیار۔ عیّار (۲) مکّار۔ فریبی (۳) دانا۔ عقلمند۔ تجربہ کار (۴) ہنرمند۔ ذہین (۵) بہادر۔ جری (۶) چار۔ اربعہ ❖

چاتر تو بیری بھلا مورکھ بھلا نہ میت (ہ) مثل۔ دانا دشمن نادان دوست سے بہتر ہے ❖

چاٹ (چَاٹ) (ہ) مؤنّث (۱) چاٹنے کا مزہ۔ چسکا (۲) عادت لت۔ شوق۔ وہ مزے دار چیز جو زبان کا ذائقہ درست کرنے کے لئے کھائیں ❖

چاٹ لگنا (ہ) (۱) مزہ پڑنا۔ چسکا پڑنا (۲) عادت پڑنا۔ شوق لگنا ❖

چاٹ لگی تو حلوائی کی دکان کی سوجھی (ا) مثل۔ اس موقع پر بولتے ہیں۔ جب کسی آدمی کو مٹھائی کا چسکا پڑ جائے

چاٹنا (ہ) کسی رقیق چیز کو زبان سے اٹھانا۔ کھانا۔ چٹ چٹ کرنا ❖

چاٹی (چَا-ٹی) (ہ) مؤنّث۔ دودھ کی ہانڈی۔ مٹی کا بڑا سا ظروف ❖

چاچا (چَا چَا) (ہ) مذکر (ہندو یا گنوار) چچا۔ باپ کا بھائی۔ عمو ❖

چاچی (چَا-چِی) (ہ) مؤنّث (ہندو یا گنوار) چچی۔ چچا کی بیوی ❖

چادر (چَا-دَر) (ف) مؤنّث (۱) اوڑھنا۔ پٹا اور چوڑا دوپٹہ (۲) پھولوں کی وہ ردا جو مزاروں پر چڑھائی جاتی ہے (۳) پانی کی چوڑی دھار (۴) لوہے وغیرہ کے چوڑے چوڑے پتّرے ❖

چادر اتارنا (ا) عورت کو بے پردہ کرنا۔ عزّت اتارنا ❖

چادر پڑنا (ا) پوشیدہ ہونا ❖

چادر تان کر سونا (ا) (کنایۃً) (۱) بے فکر ہو کر سونا (۲) اطمینان سے زندگی بسر کرنا ❖

چادر جوڑا (ا) مذکر۔ دُہری شال۔ دوشالہ ❖

چادر چڑھانا (ا) کپڑے یا پھولوں کی چادر کسی بزرگ کے مزار پر ڈالنا ❖

چادر چھپّول (ا) مذکر۔ بچّوں کا ایک کھیل ❖

چادر چھت (ا) مؤنّث (۱) چھت کا کپڑا (۲) جستی چادر کی چھت ❖

چادر ڈالنا - یا - اڑھانا (ا) (ہندو) (گنوار) (۱) اوڑھنا ڈالنا - بیوہ کی شادی کرنا (۲) مرے پر شال ڈالنا ۔

چادر سے باہر پاؤں پھیلانا (ا) اپنی حد یا بساط سے باہر قدم رکھنا ۔

چادر ہلانا (ا) لڑائی کی حالت میں مغلوب سپاہ کا پناہ چاہنا - فریاد کرنا ۔

چادر ہے تھوڑی پیر پسارے بہت (ا) مثل - آمدنی کم - خرچ زیادہ ۔

چادرا (چا - دَرا) (ا) مذکر (۱) بڑی چادر - بڑا اور چوڑا دو پاٹ کا دوپٹہ (۲) چھوٹی چادر ۔

چار (چار) (ف) تین اور ایک - اربع - ۴ ۔

چار آدمی (ا) مذکر - پنچ - دو چار بھلے مانس ۔

چار آنکھیں کرنا (ا) آنکھیں ملانا - سامنے آنا - مقابل ہونا ۔

چار آئینہ (ف) مذکر - ایک قسم کا زرہ بکتر ۔

چار ابرو کا صفایا (ا) مذکر - سر بھوؤں - مونچھوں - اور ڈاڑھی کا منڈا دینا ۔

چار اجساد (ف - ع) مذکر - چار عنصر - خاک باد - آب - آتش ۔

چار انگل کا پرچہ } **چار انگل کا پرزہ** } (ا) مذکر - چھوٹا سا پرچہ - خط ۔

چار انگلیاں سر پر نہ رکھنا (ا) (عو) سلام تک نہ کرنا - سلام نہ کرنا ۔

چار باغ (ف) مذکر - وہ شالی رومال جس کے چاروں گوشوں پر چار رنگ کے گل بوٹے بنے یا کڑھے ہوتے ہیں ۔

چار بالش (ف) مذکر - گاؤ تکیہ - مسند ۔

چار بند (ا) مذکر (۱) پشت کا نیچے اوپر اور چپ راست کا حصہ ۔

چار بیتی (ف) مؤنث - چار مصرعوں کی نظم - رباعی وہ نظم جس میں صرف دو شعر ہوں ۔

چار پائی (ا) مؤنث - چھوٹا پلنگ - پلنگڑی ۔

چار پائی پر پڑے رہنا (ا) (۱) چارپائی پر لیٹنا (۲) بیمار ہونا - صاحب فراش ہونا ۔

چارپائی سے پیٹھ لگ جانا (ا) کھاٹ پر پڑے پڑے پیٹھ میں زخم ہو جانا - بیمار کا بہت کمزور ہو جانا ۔

چارپائی میں کان نکلنا (ا) چارپائی کا بیل کے باعث اونچا نیچا ہونا ۔

چار پایہ (ف) مذکر - چوپایہ - چار پاؤں والا جانور - ڈھور ڈنگر ۔

چار پایہ ہونا (ا) (ظرافتاً) جورو والا ہونا - عیالدار ہونا ۔

چار پیسے (ا) مذکر (عو) زر - دولت ۔

چار تھان (ا) مذکر (عو) (۱) چار جوڑے - چار کپڑے (۲) چار گہنے - چار زیور ۔

چار تال (ا) مذکر - چوتالہ - طبلہ بجانے میں ایک تال

چار تخم (ف) مذکر - ریحان - اسبغول - بالنگو اور خرفہ کے بیج ۔

چار تکبیر (ف - ع) مؤنث - نماز جنازہ جو مسلمان مردے پر پڑھی جاتی ہے ۔

چار ٹوک (ا) مذکر - چوکھنڈا - چار پھانک ۔

چار جامہ (ف) مذکر (۱) زین کی طرح کی وہ پوشش جسے گھوڑے پر ڈال کر سوار ہوتے ہیں (۲) (ا) (کنایۃً) صرف تہ بند باندھے ہوئے ۔

چار چالے (ا) مذکر (عو) مہمانی کی ایک رسم جس کے مطابق بیاہ کے بعد دلہن کے چار رشتہ دار دولہا دلہن کو ایک ایک مرتبہ مہمان بلاتے اور کچھ نقدی - طعام وغیرہ ساتھ کر دیتے ہیں

چار چاند لگانا (ا) (عو) مرتبہ اور عزت بڑھانا - آنکھوں پر بٹھانا ۔

چار چاند لگنا (ا) (عو) عزت بڑھنا - عالی رتبہ ہونا - حسن کا دوبالا ہونا ۔

چار چشم (ا) (۱) بے مروت - طوطا چشم (۲) (ف) نہایت آرزومند ۔

چار چوٹ کی مار (ا) مؤنث (عو) ضرب شدید - لات مکی اور لکڑی وغیرہ سے مارنا ۔

چار حرف بھیجنا (ا) لعنت مارنا - لعنت بھیجنا ۔

چار خانہ (ف) مذکر - ایک قسم کا لکیر والا کپڑا جس کی لکیروں سے چار خانے پیدا ہوں ۔

چار دانگ (ف) چاروں طرف (مجازاً) تمام عالم - دنیا کی چاروں سمتیں ۔

چار دن (ا) چند روز - تھوڑے دن ۔

چار دن کی بہار (ا) مؤنث - ناپائدار حسن - چند روزہ رونق - ناپائداری ۔

چار دن کی چاندنی (۱) مؤنث۔ چند روزہ عیش و آرام۔ چند دن کی دولت۔ ناپائیدار حُسن ۔

چار دن کی چاندنی پھر اندھیرا پاکھ (۱) مثل۔ جیسے چاندنی کی چند ہی راتیں روشن ہو کر پھر اندھیرا ہو جاتا ہے۔ اسی طرح عیش و آرام بھی ناپائدار ہے۔ چند روزہ آؤ بھگت اور پھر وہی بے قدری ۔

چار دن کی کوتوالی۔ پھر وہی کھرپا۔ وہی جالی (۱) مثل۔ اس موقع پر کہتے ہیں۔ جب کوئی نالائق شخص کچھ عرصے کے لئے کسی بڑے عہدے پر پہنچ جائے۔ اور پھر اپنی اصلی حالت پر آ جائے ۔

چاردہ (ف) چودہ۔ ۱۴ ۔

چاردہم (ف) چودھواں ۔

چار دیوار (ف) مذکر۔ کسی رقبے یا احاطے کی چاروں طرف کی دیواریں ۔

چار دیواری (۱) مؤنث۔ شہر پناہ۔ فصیل۔ گھر کا احاطہ۔

چار زانو بیٹھنا (۱) ایرانی نشست سے بیٹھنا۔ آلتی پالتی مار کر بیٹھنا ۔

چار سالہ (ف) مذکر۔ چار برس کا جانور۔ چار دانت کا ۔

چار شنبہ (ف) مذکر۔ چہار شنبہ۔ بُدھ۔ بُدھوار ۔

چار طرف (۱) (۱) چارسُو۔ چار دانگ (۲) ہر طرف۔ ہر جانب ۔

چار عنصر (ف۔ع) مذکر۔ وہ چاروں اصلی جزو جن سے موجودات کی ظاہری صورت نمایاں ہوتی ہے۔ آگ۔ مٹی۔ پانی۔ ہوا ۔

چار قل (ف۔ع) مذکر۔ قرآن شریف کے آخری سیپارے کی چار سورتیں جو "قل" کے لفظ سے شروع ہوتی ہیں۔ یعنی (۱) قل یا ایہا الکافرون (۲) قل ہو اللہ (۳) قل اعوذ برب الفلق (۴) قل اعوذ برب الناس ۔

چار کھونٹ (۱) مؤنث (۱) دیکھو "چار طرف" (۲) دنیا کے چاروں اطراف۔ چار دانگ عالم (۳) تمام دنیا ۔

چار کے کاندھے پر جانا۔ یا۔ چڑھنا (۱) مر کر تابوت میں جانا۔ مرنے کے بعد چار آدمیوں کے کندھے پر چڑھ کر جانا ۔

چار گام۔ یا۔ چار گامہ (ف) مذکر۔ تیز چلنے والا گھوڑا۔ گھوڑا۔ تیز رفتار رہوار ۔

چار گنا (۱) چار چند۔ چوگنا ۔

چار مذہب (ف) مذکر۔ اہل سنّت و جماعت کے چار مذہب یعنی حنفی۔ حنبلی۔ شافعی۔ مالکی ۔

چار مغز (ف) مذکر۔ مغز خربوزہ۔ مغز کدو۔ مغز خیارین۔ مغز بادام جو اکثر دواؤں اور ٹھنڈائیوں میں استعمال کئے جاتے ہیں ۔

چار منزل (ف۔ع) مؤنث۔ شریعت۔ طریقت۔ معرفت۔ حقیقت ۔

چار یار (ف) مذکر۔ حضرت رسُول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چار مصاحب یعنی حضرت ابوبکر صدیق رض۔ حضرت عمر فاروق رض۔ حضرت عثمان رض۔ حضرت علی رض ۔

چار یاری (ف) مؤنث۔ خاص دوستوں کا مجمع ۔

چارا (چا۔را) (۱) مذکر۔ گھاس۔ چری وغیرہ جو چوپایوں کو دی جاتی ہے ۔

چارج (چا۔رج) (انگ CHARGE) مذکر۔ حوالگی۔ سپردگی۔ تفویض ۔

چاروں (۱) ہر چہار۔ چار کے برابر۔ سب کے سب

چاروں شانے (خانے) چت گرانا (۱) (۱) اس طرح چت گرانا کہ دونوں ہاتھ اور دونوں پاؤں برابر پھیل جائیں (۲) حیران و ششدر رہ جانا۔ جواب نہ بن آنا ۔

چارو ناچار (چا۔رو۔نا۔چار) (ف) مجبوراً۔ جبراً۔ زبردستی ۔

چارہ (چا۔رہ) (ف) مذکر (۱) علاج۔ تدبیر (۲) مدد۔ انجام۔

چارہ جوئی (ف) مؤنث۔ علاج چاہنا۔ فریاد و نالش کرنا۔ استغاثہ کرنا ۔

چارہ جوئی قانونی (ف۔ع) مؤنث۔ قانونی دادرسی ۔

چارہ ساز (ف) کام بنانے اور درست کرنے والا۔ خدائے تعالیٰ ۔

چارہ سازی۔ یا۔ چارہ گری (ف) مؤنث۔ علاج معالجہ۔ یاری۔ مدد ۔

چارہ گر (ف) مذکر۔ حکیم۔ طبیب۔ معالج۔ مددگار ۔

چاشت۔ چاشتہ (ف) مذکر (۱) پہر دن چڑھے کا وقت۔ سورج نکلنے اور دوپہر کے درمیان کا وقت (۲) حاضری۔ صبح کا کھانا۔ ناشتہ ۔

چاشنی (چا۔ش۔نی) (ف) مؤنث (۱) مزہ۔ ذائقہ (۲) پت۔ شربت کا تار (۳) تھوڑی سی آمیزش (۴) چکھنے کے قابل چیز (۵) مٹھاس کے اندر کی کھٹاس ۔

چاشنی دار (ف) کھٹ مٹھا ۔

چاشنی گیر (ف) مذکر۔ خانساماں۔

چاق (چَاق) (ت) مضبوط۔ تندرست۔ چست و چالاک۔ ہوشیار۔

چاق چوبند (۱)(ا) چاروں گانٹھ مضبوط۔ توانا۔ موٹا تازہ (۲) تندرست۔ بھلا چنگا (۳) چست چالاک۔ پھرتیلا۔

چاقو (چَا۔قُو) (ف) مذکر۔ قلم تراش۔ بند ہونے والی چھری۔

چاک (چَاک) (ف) (۱) کٹا ہوا۔ پھٹا ہوا۔ دریدہ (۲) مذکر۔ آستین یا دامن کا کھلا ہوا حصّہ (۳) (ہ) کمہار کا برتن بنانے کا آلہ جسے پھراتے پھراتے لوٹا۔ ہانڈی وغیرہ گول برتن بنائے جاتے ہیں (۴) لکڑی کا گول پہیہ جس پر کنوئیں کی گول عمارت بناتے ہیں (۵) وہ گول کوتڈا جس میں مصری یا قند جماتے ہیں (۶) (انگ۔ CHALK) کھریا مٹی۔

چاک کرنا (ا) پھاڑنا۔ چیرنا۔ پرزے کرنا۔

چاکر (چَا۔کَر) (ف) مذکر (۱) نوکر۔ ملازم۔ خدمتگار۔ اہلکار۔ (۲) نوکر کا چاکر۔

چاکری (ف) مؤنث۔ ملازمت۔ نوکری۔ ٹہل۔ خدمت۔ سیوا۔

چاکری میں آکری کیا (ہ) مثل۔ نوکری میں اکڑ نہیں چاہیئے۔

چاکسو (چَاک۔سُو) (ف) مذکر۔ ایک قسم کے کالے بیج جو آنکھوں کی بیماری میں کام آتے ہیں۔

چاکلیٹ (چَاک۔لِیٹ) (انگ CHOCOLATE) مذکر۔ ایک قسم کی انگریزی مٹھائی جو عورتیں اور بچے بہت کھاتے ہیں۔

چاکی (چَا۔کِی) (ہ) مؤنث (۱) پٹہ بازوں کی اصطلاح میں وہ ضرب جو حریف کے سر پر گتکا پھرا کر جہاں جگہ خالی پاتے ہیں۔ وہیں مارتے ہیں (۲) (گنوار) چکی۔ آسیا۔

چال (چَال) (ہ) مؤنث (۱) رفتار۔ حرکت۔ اندازِ رفتار۔ (۲) روش۔ رویّہ (۳) طرز۔ طور و طریق (۴) عادت۔ سبھاؤ (۵) گھوڑے کی رفتار (۶) شطرنج کے مہرے یا چوپڑ کی نرد کو ایک گھر سے دوسرے گھر میں لے جانا۔ (۷) مکر و فریب۔ دھوکا۔

چال اڑانا (ہ) انداز کی نقل اتارنا۔

چال باز (ا) چالاک۔ ہوشیار۔ عیّار۔ فریبی۔

چال بازی (ا) مؤنث۔ چالاکی۔ عیّاری۔ فریب۔ شرارت۔ چھل۔

چال پڑنا۔ یا۔ پڑجانا (ہ) داؤں چل جانا۔ فریب یا دھوکا کارگر ہونا۔ تدبیر بن پڑنا۔

چال چلن (ہ) مذکر۔ خصلت۔ عادت۔ روش۔ طریق معاشرت۔ طور و طریقہ۔ رنگ ڈھنگ۔

چال چلنا (ہ)(۱) پیش آنا۔ برتاؤ (۲) فریب دینا۔

چال ڈھال (ہ) مؤنث۔ رفتار۔ گفتار۔ طرز و روش۔ طور و طریقہ۔ انداز۔

چال میں آنا (ہ) دھوکے میں آنا۔ جھانسے میں پھنسنا۔

چالا (چَا۔لَا) (ہ) مذکر (۱) روانگی۔ رخصت (۲) شادی کے بعد نئی دلہن کا سسرال سے اوّل چار مرتبہ میکے جانا (۳) روانگی کا مہورت۔ رجال الغیب کے حساب سے سفر کرنے کا روز مسعود۔

چالا دیکھنا (ہ) مہورت دیکھنا۔ نجوم کے قاعدے کے مطابق سفر کا وقت قرار دینا۔

چالاک (چَا۔لَاک) (ف) (۱) کام کرنے میں چست۔ پھرتیلا۔ ہوشیار۔ ذہین۔ تیز رفتار (۲) عیّار۔ مکّار۔ فریبی۔

چالاکی (ف) مؤنث (۱) چستی۔ پھرتی۔ تیزی (۲) ہوشیاری۔ زیرکی (۳) عیّاری۔ مکّاری۔

چالاکی کرنا (ہ) دھوکا دینا۔ بددیانتی یا عیّاری کرنا۔

چالان (چَا۔لَان) (ہ) مذکر (۱) بیجک۔ بھیجی ہوئی اشیا کی رسید (۲) روپے کی رسید (۳) تحقیقات کے بعد عدالت کو ملزم کی روانگی (۳) پروانۂ راہداری (۴) ایک محکمے سے دوسرے محکمے کو روانگی۔

چالی (چَا۔لِی) (ہ) مؤنث (۱) بانس کی تیلیوں کا ڈھانچ جو کشتی کی تہ میں لگاتے ہیں (۲) گاردو جو کسی نوکری کیلئے لگایا جائے (۳) گھوڑے کا زین (۴) (دھو) شہد۔

چالیا (چَا۔لِیَا) (ہ) چالباز۔ دھوکے باز۔ فریبی۔

چالیس (چَا۔لِیس) (ہ) چہل۔ اربعین۔ ۴۰۔

چالیس سیرا (ہ) مذکر۔ ایک من۔

چالیس سیرا اَوت (ہ) پورا احمق۔ نہایت بیوقوف۔

چالیسا (ہ) مذکر (۱) چالیس برس کی عمر کا آدمی (۲) وہ پہلوان جس نے چالیس آدمیوں کو پچھاڑا ہو۔ (۳) سمت ۱۸۴۰ کا قحط (۴) ایک مشہور پھندا جس میں چالیس چیزیں پڑتی ہیں۔

چالیسواں (ہ)(۱) چالیس سے نسبت رکھنے والا (۲) مذکر چہلم۔ مردے کی سوا مہینے کی فاتحہ۔

چام (چَام) (ہ) مذکر۔ چمڑا۔ کھال۔

چام کے دام (ہ) مذکر۔ چمڑے کا روپیہ۔ وہ چمڑے کا گول روپیہ جسے نظام سقّا نے ہمایوں بادشاہ سے اپنی خیرخواہی کے صلے میں نصف روز کی بادشاہی لے کر چلایا تھا۔

چام کے دام چلانا (ہ) نہایت رُعب داب اور حکومت سے کام لینا۔ جبراً کام لینا۔

چانپ (چَانْپ) (ہ) (۱) مؤنث۔ بندوق کا وہ پرزہ جس کے نیچے سے کندہ اور نال باہم جڑے رہتے ہیں (۲) (ہ ت) (انگ۔ چاپ CHOP) مذکر۔ ایک خاص قسم کا گوشت کا بھنا ہوا تکہ۔

چانٹا (چانْٹا) (ہ) مذکر۔ دھول دھپا۔ تھپڑ۔ تمانچہ۔

چانچری (چانچْری) (ہ) مؤنث (۱) ہونگ یہ جوا وغیرہ۔ (۲) وہ اناج جو پھٹکنے کے بعد بالوں میں رہ جائے۔

چاند (چاند) (ہ) مذکر (۱) ماہتاب۔ قمر۔ چندرماں (۲) مہینے کا آخری دن (۳) انتیس یا تیس دن کا زمانہ (۴) ڈھال کا آہنی یا برنجی پھول (۵) چانداروں کی پیشانی کا سفید ٹیکا (۶) ایک بدنما زیور (۷) نشانہ۔ ہدف۔ وہ گول نشان جو چاندماری کے لئے لگایا جاتا ہے۔ (۸) تاج۔ افسر۔ مکٹ (۹) (عو) خوب صورت بیٹا (۱۰) مؤنث۔ کھوپری۔ چندیا۔

چاند بھر (ہ) پورا مہینہ۔

چاند پر خاک ڈالے نہیں پڑتی (ہ) مثل۔ بھلے بُرے نہیں ہوسکتے۔ اچھوں کو کوئی نہیں تک سکتا۔

چاند تارا (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کی باریک ململ جس پر چاند تارے کی بوٹیاں کڑھی ہوئی ہوتی ہیں۔ پھول دار ململ (۲) ایک قسم کا کنکوا جس میں رنگین کاغذ کا چاند اور ستارے بنا کر چپکا دیتے ہیں۔

چاند چڑھنا (ہ) (۱) چاند کا بلند ہونا (۲) مہینہ پورا ہونا۔ اوّل روز کا چاند دکھائی دینا (۳) (عو) ایام حیض کا مہینہ گزر جانا۔ حمل ٹھہرنے کی علامت کا ظاہر ہونا۔

چاند چڑھے کل عالم دیکھے (ہ) مثل۔ ظاہر بات کسی پر پوشیدہ نہیں رہتی۔

چاند رات (ہ) مؤنث۔ شب ہلال۔ نیا چاند نکلنے کی تاریخ۔

چاند سا مکھڑا۔ چاند سی صورت (ہ) مثل۔ چاند جیسا خوبصورت چہرہ۔ چاند سا منہ۔

چاند سورج (ہ) مذکر۔ ماہ و مہر کی صورت پر بنا ہوا ایک نقرئی یا طلائی زیور جو عورتیں چوٹیوں میں ماتھے پر لٹکاتی ہیں۔

چاند کا ٹکڑا (ہ) مذکر۔ نہایت خوب صورت اور حسین آدمی۔ ماہ پارہ۔

چاند کا کُنڈل بیٹھنا (ہ) چاند کا اپنے گرد دائرہ بنانا۔

چاند کا کھیت کرنا (ہ) چاند کا اپنے گرد دائرہ بنانا۔ مسلسل ہونی چاندنی کا ہونا۔

چاند کو گہن لگ گیا (ہ) مثل (۱) چاند کا نور کم ہوگیا۔ چاند کو عیب لگ گیا (۲) خوب صورت کا بدصورت سے پالا پڑ گیا (۳) نیک یا نالائق آدمی سے بُری یا لغو حرکت ہوگئی۔

چاند کھلانا (ہ) ارکھلے کو جی چاہنا۔

چاند گرہن۔ یا۔ چاند گہن (ہ) مذکر۔ خسوف ماہ۔ زمین کے سائے سے چاند کا تاریک پڑ جانا۔

چاند ماری (ہ) مؤنث۔ نشانہ بازی کی مشق۔ جس میں سامنے کی دیوار پر کوئی گول سا نشان بنا کر گولیاں لگاتے ہیں۔

چاندن (ہ) مؤنث۔ چاندنی رات کے پندرہ دن۔

چاندنا۔ یا۔ چاننا (ہ) مذکر (۱) اُجالا۔ روشنی (۲) رونق۔ زیبائش (۳) اُجالا (۴) سفید بازوؤں یا پروں والا کبوتر۔

چاندنا۔ یا۔ چاننا ہوجانا (ہ) (۱) روشنی کا ظاہر ہونا۔ پو پھٹنا (۲) صدمۂ دماغی سے آنکھوں کے آگے تارے سے چھوٹنے لگنا (۳) گھر بار بالکل لُٹ جانا (۴) رونق ہو جانا۔

چاندنی۔ یا۔ چاننی (ہ) مؤنث (۱) چاند کی روشنی۔ مہتاب (۲) ایک قسم کا سفید پھول (۳) سفید فرش۔ وہ سفید چادر جو دری کے اوپر بچھاتے ہیں۔

چاندنی چوک (ہ) دہلی کا ایک مشہور اور بارونق بازار۔

چاندنی چھٹکنا (ہ) چاند کی روشنی کا پھیلنا۔

چاندنی دیکھنا (ہ) شب ماہ کی سیر کرنا۔ چاندنی رات میں باغ کی یا کشتیوں میں سوار ہو کر دریا کی سیر کرنا۔

چاندنی رات (ہ) مؤنث۔ شب ماہتاب۔ وہ رات جس میں صبح تک چاندنی رہے۔

چاندنی کا پھول (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا سفید پھول۔

چاندنی کا کھیت کرنا (ہ) چادر مہتاب کا بچھنا۔ چاروں طرف چاندنی پھیلنا۔

چاندنی کھلنا (ع) چاندنی روشنی کا پھیلنا۔

چاندنی مارنا۔ یا۔ مرجانا (ع) چاندنی کا اثر ہونا۔ کہتے ہیں کہ آدمی یا گھوڑا جب زخمی ہو جائے یا جل جائے تو چاندنی سے رگ اور پٹھے اینٹھ کر تشنج ہونے لگتا ہے۔ اور پھر اس سے جانبر نہیں ہو سکتے۔ نیز چاندنی کے مرطوب اثر سے زخم ہمیشہ بھرا رہتا ہے اور بہت دنوں میں اچھا ہوتا ہے۔

چاندہ (چاں۔ دَہ) (ع) مذکر (۱) پیمائش کا وہ خاص مقام جس کے فاصلے کے ذریعے سے حدود بندی ہوتی ہے۔ (۲) چھپر کا چاند (۳) صوبجات متوسط کا ایک شہر۔

چاندی (چاں۔ دی) (ع) مؤنث (۱) نقرہ۔ سیم۔ ایک سفید کانی جوہر جس سے روپیہ اور زیور وغیرہ بنایا جاتا ہے۔ (۲) مال۔ دولت۔ دھن (۳) کامیابی۔ نفع۔ فائدہ۔

چاندی کا تار (ع) مذکر (عو) (حقارتاً) نقرئی زیور۔

چاندی کا ورق (ع) مذکر۔ چاندی کا بہت باریک پتر جسے اکثر دوائیں کھلاتے یا کھانے پر خوبصورتی کے لئے لگاتے ہیں۔

چاندی کر دینا (ع) تمباکو کا جلا کر راکھ کر دینا۔ ایسا دم لگانا کہ سلفہ جل کر راکھ ہو جائے۔

چاندی کی جوتی (ع) مؤنث (۱) چاندی کی بنی ہوئی جوتی۔ (۲) (کنایۃً) رشوت۔

چاندی کی ریت نہیں سونے کی توفیق نہیں (ع) مثل۔ نہ یہ کر سکتے ہیں نہ وہ کر سکتے ہیں۔

چاندی ہونا (ع) (۱) جل کر راکھ ہو جانا (۲) کامیابی ہونا۔ بہت فائدہ ہونا۔

چانڈو (چاں۔ ڈُو) دیکھو "چنڈو"۔

چانسلر (چانس۔ لَر) (انگ CHANCELLOR) مذکر۔ یونیورسٹی کا اعلیٰ عہدہ دار۔

چانک (چانَک) (ع) مذکر (۱) مُہر۔ ٹھپا۔ وہ ٹھاپی جس پر حروف کھدے ہوتے ہیں۔ اور اس سے کھلیان پر ٹھپا لگا دیتے ہیں (۲) جھاڑ پھونک کرنے کے لئے درد کے چاروں طرف حلقہ کھینچ دینا۔

چانگلا (چانگ۔ لا) (۱) بھلا چنگا۔ تندرست۔ طاقتور (۲) تیز۔ چالاک (۳) خوش حال (۴) گھوڑوں کا ایک رنگ۔

چاول۔ چاؤل (چا۔ وَل۔ چاں۔ وَل) (ع) مذکر (۱) برنج۔ ایک سفید غلہ (۲) وہ ریزہ یا گری جو کسی نباتات یا غلے سے نکالی جائے (۳) رتی کا آٹھواں حصہ۔

چاول چھوانا (ع) مشتبہ لوگوں سے چوری کا مال برآمد کرانا۔

چاہ (چاہْ) (ف) مذکر (۱) کنواں (۲) غار۔ گڑھا۔

چاہِ بابل (ف) مذکر۔ شہر بابل کا ایک کنواں جس میں کہتے ہیں کہ ہاروت ماروت دو فرشتے قید ہیں۔

چاہِ ذقن۔ یا۔ چاہِ زنخدان (ف۔ ع) مذکر۔ ٹھوڑی کا گڑھا۔

چاہِ رستم (ف) مذکر۔ وہ کنواں جس میں رستم قتل کیا گیا تھا۔

چاہ کن را چاہ در پیش (ف) مثل۔ غیر کے گرانے کو کنواں کھودنے والے کے لئے اپنے گرنے کو گڑھا تیار رہتا ہے۔ جیسا کام کرو گے۔ ویسا ہی نتیجہ پاؤ گے۔

چاہِ نخشب (ف) مذکر۔ وہ کنواں جس سے حکیم عطا بن مقنع نے سحر و طلسم کے زور سے چاند نکالا تھا۔ جو چار فرسنگ تک روشنی پہنچاتا تھا۔

چاہِ یوسف (ف) مذکر۔ وہ کنواں جس میں حضرت یوسف علیہ السلام کو بھائیوں نے پھینکا تھا۔ نواح شام میں طبریہ کے قریب موجود ہے۔

چاہ (چاہْ) (ا) مؤنث (۱) خواہش۔ ضرورت۔ طلب۔ (۲) دوستی۔ محبت۔ عشق۔

چاہت (چا۔ ہَت) (ع) مؤنث۔ خواہش۔ رغبت۔ طلب۔ عشق۔ محبت۔ پیار۔

چاہت کی نوکری کیجئے ان چاہت کا نام نہ لیجئے (ع) مثل۔ قدر دان کے پاس رہنا چاہیئے اور ناقدر شناس کے پاس تک نہ پھٹکنا چاہیئے۔

چاہنا (ع) (۱) مانگنا۔ درخواست کرنا۔ خواہش کرنا۔ (۲) پیار کرنا۔ عشق کرنا (۳) پسند کرنا۔ قبول کرنا (۴) رغبت کرنا۔ مائل کرنا۔

چاہنے کے نام سے گدھی نے کھیت کھانا چھوڑ دیا تھا (ع) مثل۔ اگر کسی سے عشق کیا جائے تو وہ مغرور ہو جاتا ہے اور عاشق کے پاس نہیں آتا۔

چاہو۔ یا۔ چاہے (ع) جیسا مرضی میں آئے۔ خواہ۔

چاہئے (ع) (۱) بایَد۔ شاید (۲) مناسب۔ واجب (۳) مطلوب ہے (۴) واجب ہے۔ لازم ہے۔

چاہی (ف) مؤنث۔ کنوئیں کی زمین۔ بارانی کے خلاف۔

چاہیتا (ع) پیارا۔ لاڈلا۔ دل پسند۔

چاؤ (چاءُ) (ع) مذکر (۱) ولولہ۔ ارمان (۲) شوق۔

آرزو۔ تمنّا (۳) ناز۔ نخرہ۔ لاڈ۔
چاؤ چوچلا (ہ) مذکر (عو) ناز نخرہ۔ لاڈ پیار۔
چاؤ نکالنا (ہ) ارمان نکالنا۔ حسرت پوری کرنا۔
چاؤش (چا۔اُوْش) (ف) مذکر۔ چوبدار۔
چاؤں چاؤں (چاؤں۔ چاؤں) (ل) مؤنث (عو) چائیں چائیں۔ بے فائدہ شور۔
چائے (چائِ) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی پتّی جسے قہوے کی طرح جوش دے کر اور دودھ ملا کر پیتے ہیں۔
چائے پانی (ل) مذکر۔ انگریزوں کی صبح کے وقت کی چائے۔
چائے پوچی (ل) مؤنث۔ چائے دانی۔ چائے رکھنے کا برتن۔
چائیں چائیں (چائیں۔ چائیں) (ہ) مؤنث۔ بیہودہ شور و غل۔ چڑیوں کی آواز۔

چ - ب

چبا (چَبا) (ہ) چبانا کا امر۔
چبا چبا کر باتیں کرنا (ہ) بتکلف باتیں کرنا۔
چبانا (ہ) دانتوں سے پیسنا۔ دانتوں سے کچلنا۔
چبڑ چبڑ (چَبڑ۔ چَبڑ) (ہ) مؤنث۔ بک بک۔ بکواس۔
چبک (چَبک) (ہ) مؤنث۔ ٹیس۔ درد۔ ہُول۔ پیڑ۔
چبکنا (ہ) ٹیس مارنا۔ زخم کا درد کرنا۔
چبلا (چبَل۔لا) (ہ) چھچھورا۔ سفلہ۔ بے تمیز۔ طفلانہ باتیں کرنے والا۔
چبلاپن (ہ) مذکر (۱) چھچھورا پن۔ سفلہ پن (۲) مسخرا پن۔
چبنی (چَب۔نی) (ہ) جو چبائی جاسکے۔
چبنی ہڈی (ہ) مؤنث۔ کرکری ہڈی۔ وہ ہڈی جو بھربھری اور پتلی ہو۔
چبوترا (چَبُوت۔را) (ہ) مذکر (۱) چوترا۔ مربع یا مستطیل اونچی بنائی ہوئی جگہ جس پر لوگ بیٹھتے اُٹھتے ہیں (۲) کوتوالی۔
چبھانا (چُبھا۔نا) (ہ) چبھونا۔ کسی نوک دار چیز کو جسم کے اندر گھسیڑنا۔
چبھنا (چُبھ۔نا) (ہ) (۱) چھِدنا۔ گڑنا (۲) کھٹکنا۔ ناگوار گزرنا (۳) دل لگنا۔ دل پر اثر کرنا۔
چبھونا (چُبھو۔نا) (ہ) کسی نوک دار شے کا بھونکنا۔ پیوست کرنا۔
چبینا (چَبی۔نا) (ہ) مذکر (۱) بھنے ہوئے میٹھے چاول (۲) بھنے ہوئے چنے (۳) کوئی چیز جو چبائی جائے۔
چبینی (چَبی۔نی) (ہ) مؤنث (۱) چبینا (۲) بھنے ہوئے دانے جو مزدور یا غریب کھاتے ہیں (۳) بھنے بھنائے دانے اور مٹھائی جو ہندو لوگ دوپہ کے وقت برات کو دیتے ہیں۔ (۴) خشک خوراک جیسے تل۔ دال۔ شکرپارے۔ مٹھائی وغیرہ۔

چ - پ

چپ (چَپ) (ف) (۱) بائیں طرف۔ اُلٹے ہاتھ کی طرف۔ (۲) بایاں۔ الٹا (۳) (ل) دو رنگا۔ دو رنگ کا (۴) مذکر۔ بایاں ہاتھ۔
چپ و راست (ف) مذکر۔ دائیں بائیں۔ اِدھر اُدھر۔
چُپ (چُپ) (ہ) مؤنث (۱) خاموشی۔ سکوت (۲) وہ شخص جو منہ سے نہ بولے۔ خاموش۔
چُپ چاپ۔ یا۔ چُپ چپاتے (ہ) خاموشی سے۔ آہستہ آہستہ۔ چپکے چپکے۔ خفیہ۔
چُپ چُپ۔ یا۔ چُپ گُپ (ہ) (۱) خاموش۔ کم گو۔ (۲) خاموش رہ۔ مت بول۔
چُپ چھنال (ہ) خفیہ چھنالا کرنے والی۔ غریب صورت بدکار عورت۔
چُپ سادھنا (ہ) خاموشی اختیار کرنا۔
چُپ کرنا (ہ) (۱) خاموش کرنا۔ بولنے سے روکنا۔ (۲) (پنجاب) چپ ہونا۔ خاموش ہونا۔
چپ کی داد خدا دیتا ہے (ہ) مثل۔ صبر کا پھل خدا دیتا ہے۔
چُپ لگانا (ہ) خاموش رہنا۔ سکوت اختیار کرنا۔
چُپ ہونا (ہ) (۱) خاموش ہونا (۲) جواب نہ بن پڑنا۔
چپّا (چَپ۔پا) (ہ) مذکر (۱) چار اُنگل جگہ۔ چار بالشت چوڑی جگہ۔ ذرا سی جگہ۔
چپّا بھر (ہ) ذرا سا۔ تھوڑا سا۔
چپّا چپّا (ہ) ذرا ذرا۔ ادنیٰ ادنیٰ جگہ۔ کوچہ بکوچہ۔
چپّا (چِپ۔پا) (ہ) مذکر۔ کاغذ کا چھوٹا ٹکڑا۔ کاغذ کا چھوٹا سا پرزہ۔
چپاتی (چَپا۔تی) (ف) پتلی روٹی جو ہاتھ کے زور سے بڑھائی اور پکائی جائے۔

چپاتی سا پیٹ (ہ) مذکر۔ پتلا اور کمر سے لگا ہوا پیٹ ٭

چپانا (چپا۔ نا) (ہ) شرمندہ کرنا۔ شرمانا ٭

چپت (چَپَت) (ہ) مؤنث۔ چانٹا۔ دھول جو سر پر ماری جائے ٭

چپت دھرنا۔ لگانا۔ مارنا (ہ) تھپڑ لگانا۔ چانٹا مارنا ٭

چپٹ (چپٹ) (ہ) چپٹنا کا امر ٭

چپٹا (چپٹ۔ ٹا) (ہ) چوڑا چکلا۔ بیٹھا ہوا ٭

چپٹانا (ہ) لپٹا لینا۔ چپکا دینا ٭

چپٹ باز (چپٹ۔ باز) (ا) مؤنث۔ فرج سے فرج ملانے والی عورت۔ چپٹی کھیلنے والی ٭

چپٹنا (ہ) لپٹنا۔ چپکنا ٭

چپٹی (ہ) (۱) چوڑی چکلی۔ بیٹھی ہوئی (۲) طبق زنی ٭

چپٹی کھیلنا۔ یا۔ لڑانا (ہ) طبق زنی۔ فرج سے فرج گھسانا۔ مساحقہ کرنا ٭

چپچپا (چپ۔ چپا) (ہ) (۱) چپچپانا کا امر (۲) لیس دار۔ چیپ دار۔ چپکنے والا ٭

چپچپانا (ہ) چپکنا۔ لیس دار ہونا ٭

چپچپاہٹ (ہ) مؤنث۔ لیس۔ چیپ ٭

چپچپ۔ چپک (چپ۔ چپ + چپ۔ پک) (ہ) مؤنث (۱) شکرا۔ باشا۔ ترمتی (۲) ایک قسم کی ابابیل (۳) (مجازاً) دبلا پتلا ٭

چپرا (چپ۔ را) (ہ) (گنوار) (۱) کمر جانے والا۔ (۲) زبردستی سے ٭

چپراس۔ چپڑاس (چپ۔ راس + چپ۔ ڑاس) (ف) مؤنث (۱) چپراسی ہونے کا تمغہ جو پیٹی یا پٹکے میں پیتل کا گھسا ہوا لگا یا جاتا ہے (۲) چوڑی دھجی جو کرتے میں مونڈھے پر ڈالی جاتی ہے ٭

چپراسی۔ چپڑاسی (ا) مذکر۔ ہرکارہ۔ سپاہی۔ پیادہ۔ قاصد۔ وہ شخص جس کے چپڑاس پڑی ہو ٭

چپلانا (ہ) (گنوار) جھٹلانا ٭

چپرنا (چپر۔ نا) (ہ) (گنوار) چلا جانا۔ بھاگ جانا۔ کشیدہ ہو جانا ٭

چپڑا (چپ۔ ڑا) (ہ) مؤنث۔ صاف کی ہوئی لاکھ۔ عمدہ لاکھ ٭

چپڑا (چپ۔ ڑا) (ہ) مذکر۔ موتیا بند کی بیماری والا۔ چندھیا۔

چپڑ چپڑ (چپڑ۔ چپڑ) (ہ) مؤنث۔ کتے کی طرح کھانے یا پینے کی آواز۔ وہ آواز جو کتے کے پانی پینے میں نکلتی ہے ٭

چپڑ خندی (چپڑ۔ خن۔ دی) (ا) مؤنث۔ ہرزہ گرد۔ بازاری عورت۔ سفلی عورت ٭

چپڑ غٹو (ا) (بازاری) (۱) گرفتار بلا (۲) غلط پٹ۔ گتھم گتھا (۳) بیہوش۔ مدہوش ٭

چپڑ قنا تیا (ا) مذکر (۱) کمینہ۔ سفلہ۔ بیہودہ (۲) عاشق بے زر ٭

چپڑنا (چپڑ۔ نا) (ہ) (۱) چرب کرنا۔ گھی لگانا (۲) پالش کرنا۔ روغن کرنا (۳) عیب چھپانا (۴) خوشامد کرنا ٭

چپڑی (ہ) (۱) گھی لگائی ہوئی۔ روغنی (۲) وہ روٹی جس پر گھی چپڑا ہو ٭

چپڑی اور دو دو (ا) اچھی اور بہت ہی عمدہ۔ اور پھر زیادہ ٭

چپقلش (چپ۔ قلش) (ت) مؤنث (۱) لڑائی۔ جھگڑا۔ تکرار۔ قضیہ (۲) (ا) ٹپ ٹپ (۳) (ا) انبوہ۔ بھیڑ بھاڑ ٭

چپک (چپک) (ہ) (۱) چپکنا کا امر (۲) مؤنث۔ چپچپاہٹ۔ لیس۔ چیپ (۳) دباؤ ٭

چپکا (ہ) (۱) خاموش۔ چپ۔ گونگا۔ گم (۲) مکار۔ فریبی ٭

چپکانا (ہ) (۱) لئی سے جوڑنا۔ چمٹانا۔ چسپاں کرنا۔ (۲) نوکری لگانا۔ تعلق پیدا کر دینا ٭

چپکن (چپ۔ کن) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی قبا۔ خدمت گاروں کا سا انگرکھا ٭

چپکنا (ہ) (۱) جڑنا۔ چمٹنا۔ چسپاں ہونا (۲) الجھنا۔ پھنسنا (۳) آشنائی ہونا (۴) نوکر ہونا ٭

چپکی (ہ) (۱) شرمندہ ہونا۔ جھینپنا۔ کھسیانا (۲) خاموش ہونا۔ چپ ہونا ٭

چپکی سادھنا (ہ) خاموشی اختیار کرنا۔ چپ سادھنا ٭

چپل۔ چپلی (چپ۔ پل + چپ۔ لی) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا جوتا ٭

چپنی (چپ۔ پن) (ہ) مذکر۔ سرپوش۔ ہانڈی کا ڈھکن ٭

چپنا (چپ۔ نا) (ہ) شرمندہ ہونا۔ جھینپنا ٭

چپنی (چپ۔ نی) (ہ) مؤنث (۱) ہانڈی کا سرپوش۔ ڈھکن (۲) گھٹنے کی ہڈی ٭

چپنی بھر پانی میں ڈوب مرنا (ہ) (۱) کمال شرمندہ ہونا۔ شرم اور غیرت دلانے کے لئے بولتے ہیں ٭

چپنی چاٹ کر گزران کرنا (ا) نہایت قناعت اور صبر سے گزارہ کرنا۔ کفایت کرنا ◆

چپُّو (چَپ۔ پُو) (ہ) مذکر۔ ناؤ چلانے کی ڈانڈ ◆

چپوٹا (چَپو۔ ٹا) (ہ) مذکر۔ دعب۔ چانٹا ◆

چپوٹی (ہ) مؤنث۔ چھوٹی سی ٹوپی۔ نہایت ادنیٰ ٹوپی پھٹی ہوئی پرانی پگڑی ◆

چپّی (چَپ۔ پی) (ہ) مؤنث۔ آہستہ آہستہ پاؤں دبانا۔ اعضا کی مالش ◆

چپّی کرنا (ہ) دبانا۔ مالش کرنا ◆

چپّی (چپ۔ پی) (ہ) مؤنث۔ کاغذ کا چھوٹا سا ٹکڑا ◆

چپّی (چُپ۔ پی) (ہ) مؤنث (عوام) خاموشی ◆

چپیٹ (چَپیٹ) (ہ) مؤنث (۱) تھپڑ۔ دھول (۲) دھکا۔ صدمہ (۳) چپیٹ جھپٹ (۴) بے تاگہانی (۵) نقصان ◆

چپّے جتنی کوٹھڑی اور میاں محلے دار (ہ) مثل۔ حیثیت معمولی اور اکڑفوں اتنی ◆

چپیکنا (ہ) (۱) چپکانا۔ چمٹانا (۲) گلے منڈھنا (۳) باوجود عدم لیاقت نوکر کرا دینا ◆

چ - ت

چِت (ہ) (۱) پشت کے بل۔ سینہ کے رُخ (۲) کشتی کا ایک کرتب ◆

چت پٹ (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی شرط جس میں کسی چیز کے چت یا پٹ (سیدھی یا الٹی) گرنے پر بازی لگائی جاتی اور ہار جیت ہوتی ہے ◆

چت گرانا (ہ) پچھاڑنا۔ پیٹھ کے بل گرانا ◆

چت لیٹنا (ہ) پیٹھ کے بل پڑنا ◆

چت ہونا (ہ) (۱) پچھڑنا۔ پشت کے بل لیٹ جانا۔ (۲) نشے میں بیہوش ہو جانا (۳) مرنا۔ مرجانا ◆

چِت (ہ) مؤنث (۱) نظر۔ چتون (۲) خیال۔ دھیان۔ توجّہ (۳) دل۔ من۔ جی (۴) سمجھ۔ عقل۔ تمیز۔ شعور۔ حافظہ۔ یاد ◆

چت بٹانا (ہ) خیال بٹانا۔ دھیان بٹانا۔ دل ڈانواں ڈول کرنا ◆

چت بھنگ ہونا (ہ) اوسان گم ہونا۔ عقل کا جاتا رہنا۔ سٹ پٹانا ◆

چت بھی میری پٹ بھی میری (ہ) مثل۔ ہر طرح اپنا ہی فائدہ ڈھونڈتے ہیں ◆

چت پر چڑھنا (ہ) دھیان پر چڑھنا۔ خیال میں آنا۔ نظر پر چڑھنا۔ دل میں کھبنا ◆

چت چور (ہ) مذکر۔ من موہن۔ دلربا ◆

چت سے اُترنا (ہ) (۱) دھیان سے اترنا۔ خیال نہ رہنا (۲) دل سے اترنا۔ بے قدر اور بے وقر ہونا ◆

چِتا (چِتا) (ہ) مؤنث (ہندو) لکڑیوں کا وہ ڈھیر جو لاش کے نیچے اوپر اور چاروں طرف چُنا گیا ہو ◆

چتاپنڈ (ہ) مذکر (ہندو) چاول اور دودھ یا آٹے کا پنڈ جسے توشۂ عاقبت خیال کر کے تیجے کے روز دریا میں بہاتے ہیں ◆

چِتانا (چِتا۔ نا) (ہ) (عو) (۱) خبردار کرنا۔ اطلاع دینا۔ (۲) نصیحت کرنا (۳) خوف دلانا ◆

چتر (چُتر) (ہ) مذکر (۱) سر کے چھوٹے چھوٹے بال (۲) ایک قسم کی بڑی چھتری جو بادشاہوں یا سادھوؤں کے سر پر رہتی ہے (ف) چھتری ◆

چتر (چُتر) (س) (۱) چالاک (۲) کاریگر (۳) دانا (۴) مکار ◆

چترائی (چت۔ را۔ ئی) (ہ) ہوشیاری۔ دانائی۔ تیزی طراری۔ چالاکی۔ ہنرمندی۔ خوش اسلوبی ◆

چترنگ (چت۔ رنگ) (ہ) مذکر (۱) وہ فوج جس میں ہاتھی۔ رتھ۔ گھوڑے اور سوار پیادے شامل ہوں۔ چار رنگ کی فوج (۲) شطرنج کا قدیم ہندی نام۔ (۳) ایک قسم کا گیت ◆

چتکبرا۔ چتلا (چت۔ کب۔ را۔ چت۔ لا) (ہ) سفید اور کالے رنگ کے دھبوں والا۔ کوڑیا۔ ابلق ◆

چتون (چت۔ ون) (ہ) مذکر۔ نظر۔ تیوری۔ نگاہ ◆

چتون چڑھانا (ہ) تیوری چڑھانا۔ غضب کی نظر ڈالنا ◆

چتون کہے دیتی ہے (ہ) طرزِ نظر اور انداز ہی سے ظاہر ہے ◆

چتھاڑ (چِتھاڑ) (ہ) مؤنث۔ ذلت۔ خواری ◆

چتھاڑنا (ہ) (عوام) چیرنا پھاڑنا۔ ٹکڑے کرنا۔ پُرزے پُرزے کرنا۔ ذلیل و رسوا کرنا ◆

چتھڑا۔ چیتھڑا (چِتھ۔ ڑا۔ چیتھ۔ ڑا) (ہ) مذکر۔ پرانے کپڑے کا ٹکڑا۔ گودڑ۔ دھجی ◆

چیتھڑے لگانا (ہ) پھٹے کپڑے پہنے پھرنا۔ گودڑ یا فقیر بنے پھرنا ◆

چٹھل (چِٹھ۔ ٹھل) (ع) (بیگمات قلعہ) ظریف۔ مسخرا۔ ٹھٹھے باز۔

چٹھل بازی (ا) مؤنث۔ ٹھٹھے بازی۔ ہنسی۔ مذاق۔ مسخرہ۔

چِٹّی (چِٹ۔ ٹی) (ہ) مؤنث۔ بندی۔ دھبا۔ داغ۔

چِٹّی پڑنا (ہ) روٹی کا سینکنا۔ روٹی پر پک جانے کی علامت ظاہر ہونا۔ سُرخ نشان پڑنا۔

چِٹّی دار (ا) داغدار۔

چٹیرا (چِٹے۔ رَا) (ہ) مذکر۔ تانبے اور چاندی کے برتن صاف کرنے اور ان پر نقش و نگار بنانے والا شخص۔

چ ٹ

چَٹ (چَٹْ) (ہ) (۱) فوراً۔ اُسی وقت۔ تُرت (۲) نشانی۔ دھبا (۳) چاٹ لینا۔

چٹ پٹ (ہ) (۱) فی الفور۔ بہت جلد۔ تُرت (۲) یکایک۔ ناگاہ۔ دفعتہً۔

چٹ پٹ چوڑیاں ٹوٹنا (ہ) (عو) متواتر اور پے در پے چوڑیوں کا ٹوٹنا۔

چٹ پٹ ہونا (ہ) (عو) جلدی سے مرجانا۔ ناگہانی موت ہو جانا۔

چٹ چٹ (ہ) انگلیوں کے چٹخنے یا اسپند یعنی کالے دانے وغیرہ کے جلنے کی آواز۔

چٹ چٹ بلائیں لینا (ہ) (عو) فرطِ محبت سے دونوں ہاتھوں سے اِس طرح بلاگردان ہونا کہ انگلیوں سے چٹخنے کی متواتر آواز نکلے۔

چٹ کر جانا (ہ) کھا جانا۔ اڑا جانا۔ نگل جانا۔

چٹ کرنا (ہ) (۱) کھانا۔ اڑانا۔ نگلنا (۲) تباہ و برباد ہونا۔

چٹ منگنی پٹ بیاہ (ہ) مثل۔ بیاہ اور نسبت کا دفعتہً ظہور میں آنا۔ ارادے کے ساتھ کام کا نتیجہ ظاہر ہونا۔

چِٹ (چِٹْ) (ہ) مؤنث۔ کپڑے یا کاغذ کی دھجی۔ کاغذ کا پرچہ یا پرچی جو کتابوں یا ادویات کی شیشیوں وغیرہ پر لگائی جاتی ہے۔

چَٹّا (چَٹ۔ ٹا) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) چیلا۔ شاگرد۔ پاٹ شالا کا طالب علم (۲) اینٹوں کا ڈھیر (۳) کسان کا غلّہ جو ہر دفعہ کم مشقی سے اس کے قبضے پر پڑے۔

(۴) الزام۔

چِٹّا (چِٹ۔ ٹا) (ہ) (۱) سفید۔ اُجلا۔ گورا۔ برف کی مانند (۲) مذکر۔ روپیہ۔ چاندی کا سکہ۔

چٹا پٹی (ہ) (۱) مؤنث۔ پھرتا پھرتی۔ مار امار۔ کثرت کے ساتھ (۲) وبا۔ موت پر موت۔

چٹا چٹ (ہ) مؤنث (۱) پے در پے انگلیوں کے چٹخنے کی آواز (۲) متواتر۔ پے در پے۔ لگاتار مارنے کی آواز۔

چٹاخ۔ چٹاک (چُٹاخ + چُٹاک) (ا) مؤنث۔ چانٹے یا لکڑی کے ٹوٹنے یا اُنگلی کے چٹخنے کی آواز۔

چٹاخ پٹاخ (ا) تڑاق پڑاق۔ تڑاتڑ۔

چٹاخا۔ چٹاکا (ا) مذکر (۱) وہ آواز جو نرم لکڑی کے ٹوٹنے یا بلائیں لینے سے ظاہر ہو (۲) شدت۔ کثرت۔

چٹان (چَٹّان) (ہ) مؤنث (۱) بڑی سِل۔ بڑا اور چوڑا پتھر (۲) پتھریلی زمین۔

چٹانا (چَٹا۔ نا) (ہ) (۱) بچّے یا بیمار کو شہد وغیرہ ذرا ذرا کرکے کھلانا (۲) رشوت دینا۔

چٹائی (چَٹا۔ ئی) (ہ) مؤنث (پورب) بوریا۔ صف۔ گھاس یا کھجور کے پتوں کا فرش۔

چُٹ پُٹ (چُٹْ۔ پُٹْ) (ہ) مؤنث (عو) (۱) متفرق خرچ (۲) کم قیمت دوائیں جو تجربہ کار عورتیں بیماروں اور بچّوں کو دیتی ہیں۔

چٹ پٹا (چَٹْ۔ پَٹا) (ہ) خوب نمک مرچ اور کھٹائی پڑا ہوا۔ مزے دار۔ چٹکیلا۔

چٹ چٹا (چَٹْ۔ چَٹا) (ہ) دیکھو "چرچٹا"

چٹچٹانا (ہ) چٹخنا۔

چٹخ (چَٹَخ) (ہ) چٹخنا کا امر۔

چٹخ جانا (ہ) تڑخ جانا۔ ٹوٹ جانا۔

چٹخ کر بات کرنا۔ یا بولنا (ہ) (عو) بگڑ کر بات کرنا۔ خفا ہو کر بولنا۔

چٹخارا (چَٹْ۔ خا۔ رَا) (ا) مذکر۔ وہ آواز جو زبان اور تالُو سے کسی خوش ذائقہ چیز کے مزہ لینے سے نکلتی ہے۔

چٹخارے بھرنا (ہ) (عو) کسی خوش ذائقہ چیز کا مزہ لینا۔ خوب مزے لینا۔

چٹخارے کا بھرتا (ہ) مذکر۔ تیز نمک مرچ کا بھرتا۔ چٹ پٹا بھرتا۔

چٹخارے کا سالن (ہ) مذکر۔ مزے دار سالن خوب

نمک مرچ پڑا ہؤا سالن ۔

چٹخانا - چٹکانا (ہ) (۱) انگلیوں یا اور کسی چیز کی آواز نکالنا (۲) کسی چیز کو پتھر یا دیوار پر مار کر اچٹانا (۳) الگ کرنا ۔ جدا کرنا ۔ چھوڑنا ۔

چٹخنا (ہ) (۱) ٹوٹنا ۔ تڑقنا ۔ پھیکا پڑنا (۲) سخت چیز پر گر کر اچٹنا (۳) آگ پر کسی چیز کا جل کر آواز دینا (۴) خفا ہونا (۵) علیحدگی اختیار کرنا ۔ چل دینا (۶) کلی کھلنا ۔ پھول کھلنا (۷) انگلیوں کا آواز دینا ۔

چٹخنا (ا) مذکر ۔ چانٹا ۔ دھول ۔ دھپا ۔ تھپڑ ۔

چٹخنی (چِٹخ ۔ نی) (ہ) مؤنث (۱) دروازے کو روکنے کی چیز (۲) پرندے کو پکڑنے کے لئے پنجرے میں لگانے والی چیز ۔

چٹر پٹر (چِٹَر ۔ پِٹَر) (ا) (عو) متفرق ۔

چٹک (چَٹَک) (ہ) (۱) چٹکنا کا امر (۲) مؤنث ۔ ٹوٹنے کی آواز ۔ (۳) روشنی ۔ آرائش ۔ چمک دمک (۴) رنگ کی تیزی ۔ (۵) دھوپ کی تیزی (۶) جوانی (۷) پھرتی ۔ جلدی ۔

چٹک جانا (ہ) دیکھو "چٹخ جانا" ۔

چٹک مٹک (چَٹَک ۔ مَٹَک) (ا) مؤنث ۔ طمطراق ۔ شان و شوکت ۔ تمکنت ۔ بناوٹ ۔ غزور ۔ ناز نخرہ ۔

چٹک مٹک سے بیٹھنا (ہ) (عو) بن سنور کر بیٹھنا ۔ ناز و انداز سے بیٹھنا ۔

چٹک مٹک سے چلنا (ہ) اترا کر چلنا ۔ ناز و انداز سے چلنا ۔

چٹکا (چَٹ ۔ کا) (ہ) مذکر (لکھنؤ) چاٹ ۔ مزہ ۔ زبان کا چسکا ۔ چٹخارا ۔

چٹکا (چُٹ ۔ کا) (ہ) مذکر (۱) لپ بھر آٹا (۲) چٹکی ۔

چٹکارا (مذکر) } (۱) جانوروں کے ہنکانے کی آواز ۔
چٹکاری (مؤنث) } (۲) چٹخارا ۔

چٹکلا (چُٹ ۔ کلا) (ہ) مذکر (۱) لطیفہ ۔ دلچسپ فقرہ ۔ مزے دار بات (۲) ٹشکا ۔ چھوٹی سی پُر تاثیر دوا ۔ (۳) نادر ۔ عجیب چیز ۔

چٹکلا چھوڑنا (ہ) شگوفہ چھوڑنا ۔ عجیب بات بیان کرنا ۔ لطیفہ سنانا ۔

چٹکلا سا (ہ) دلچسپ ۔ دل پسند ۔

چٹکنا (چُٹَک ۔ نا) (ہ) (۱) سانپ کا کاٹنا ۔ ڈسنا ۔ چٹکی بھرنا (۲) اوپر اوپر سے توڑنا ۔ ساگ یا پھول توڑنا ۔

چٹکنا (ہ) دیکھو "چٹخنا" ۔

چٹکنی (چِٹک ۔ نی) (ہ) مؤنث ۔ دیکھو "چٹخنی" ۔

چٹکی (ہ) مؤنث ۔ دیکھو "چٹخنی" ۔

چٹکی (ہ) مؤنث (۱) انگلیوں کی گرفت ۔ مسلنا (۲) مٹھی بھر آٹا (۳) گوکھرو ۔ گوٹے اور پٹھے کو چٹکی سے موڑ کر بنائی ہوئی کنگروں والی دھنک (۴) بندوق کے پیالے کا سرپوش (۵) پاؤں کا ایک زیور جو انگلیوں میں پہنا جاتا ہے (۶) کپڑا چھاپنے کا طریقہ (۷) ہاتھ کے انگوٹھے کو درمیانی انگلی کے ساتھ ملا کر آواز نکالنا ۔

چٹکی بجانے میں (ہ) آن کی آن میں ۔ پلک مارتے میں ۔ فوراً ۔

چٹکی بجانا (ہ) (۱) انگوٹھے کو بیچ کی انگلی سے ملا کر آواز نکالنا (۲) جمائی آنے وقت چٹکی بجانے کی ہندوانہ رسم ۔

چٹکی بھرنا (ہ) (۱) دو انگلیوں سے گوشت پکڑ کر مسلنا (۲) چلتی ہوئی بات ۔

چٹکیلا (چَٹ ۔ کی ۔ لا) (ہ) (۱) بھڑک والا ۔ بھڑکیلا ۔ شوخ رنگ (۲) خوش ذائقہ ۔ کرارا ۔ مزیدار ۔ چٹپٹا ۔

چٹکیلی دھوپ (ہ) مؤنث ۔ گرم اور تیز دھوپ ۔ چلچلاتی دھوپ ۔

چٹکی لینا (ہ) (۱) دیکھو "چٹکی بھرنا" (۲) تنبیہ چلتی ہوئی بات کہنا (۳) چٹکی کے اشارے سے کسی بات کو روکنا ۔

چٹکیوں میں اڑانا (ہ) خاطر میں نہ لانا ۔ باتوں میں اڑانا ۔

چٹکیوں میں کام کرنا (ہ) آناً فاناً کام کرنا ۔

چٹلا (چُٹ ۔ لا) (ہ) مذکر (ہندو) (عو) (۱) سونے یا چاندی کا گپھا سا جو ہندو عورتیں چوٹی کے پیچھے لگا لیتی ہیں (۲) وہ لمبے بُنے ہوئے بالوں کا جُٹا جو سر میں لگا لیتے ہیں (پ) چونڈا ۔

چٹنی (چَٹ ۔ نی) (ہ) مؤنث (۱) چاٹنے کے قابل چیز (۲) وہ کھٹی چیز جس میں ہرا دھنیا ۔ پودینہ ۔ نمک ۔ مرچ ڈال کر پیس لیتے ہیں ۔

چٹنی کرنا ۔ یا ۔ کر ڈالنا (ہ) (۱) چٹنی کی طرح چاٹ لینا ۔ جھٹ پٹ کھا ڈالنا (۲) جلدی سے مار ڈالنا ۔ کچل دینا ۔

چٹنی ہونا (ہ) جلد ختم ہو جانا ۔ جلدی سے کھا جانا ۔

چٹوا (چَٹ ۔ وا) (ہ) مذکر ۔ بچوں کا ایک کھلونا ۔

چٹورا (چَٹو ۔ را) (ہ) وہ شخص جسے زبان کا چسکا ہو ۔ کھاؤ ۔ اُڑاؤ ۔ چاٹو ۔ چٹو (۲) (پ) آٹا چاول رکھنے کا برتن ۔

چٹورپن - یا چٹورپنا (ہ) مذکر - زبان کا چسکا - اُڑاؤ پن - چٹوروں کی سی عادت ۔

چٹوری زبان دولت کا زیان (ا) مثل - جسے زبان کا چسکا ہو - وہ دولت مند نہیں ہو سکتا ۔

چٹھا (چٹھ - ٹھا) (ہ) مذکر - وہ داغ جو بدن کی جلد پر خون کے احتراق و جوش سے نمایاں ہو ۔

چِٹھا (چِٹھ - ٹھا) (ہ) مذکر (۱) چندے یا روزنامچے کی کتاب - روزانہ فرد حساب (۲) تنخواہ کی کتاب - قبض الوصول (۳) وہ روپیہ جو روزمرّہ یا ماہ بماہ کسی کام کی اُجرت یا تنخواہ میں تقسیم کیا جائے (۴) مقسوم - حصّہ - جیسے دیکھیں ہمارا چٹھا کب جاگے ۔

چٹھا بانٹنا (ہ) تنخواہ یا مزدوری تقسیم کرنا ۔

چِٹھی (چِٹھ - ٹھی) (ہ) مؤنث (۱) خط - مراسلہ - رقعہ - (۲) سند - سرٹیفکیٹ (۳) ہُنڈی - چک ۔

چِٹھی پڑنا (ہ) کسی چیز پر قرعہ پڑنا - لاٹری پڑنا ۔

چِٹھی رساں (ا) مذکر - ڈاکیا - قاصد - ہرکارہ ۔

چِٹھی کرنا (ہ) کسی کے نام پر ہُنڈی کرنا - ہنڈی لکھنا ۔

چِٹھی نویس (ا) (۱) مذکر - چِٹھی لکھنے والا شخص - کسی چیز کے منگوانے کی چِٹھی کرنے والا شخص (۲) مؤنث - لکھنے پڑھنے کا کام کرنے والی عورت جو امیروں کے گھر میں نوکر ہوتی ہے ۔

چِٹھی نہ پروانہ - مار کھائیں بیک بیگانہ (ا) مثل - حکومت کی بدنظمی کے باعث بدمعاش لوگ دھوکے سے رعایا کو لوٹتے پھرتے ہیں ۔

چِٹھے مِٹھوں کا مزہ پڑنا (ہ) (عو) زبان کا مزہ پڑنا - دونوں کی چاٹ لگنا - کھٹے میٹھے کا مزہ پڑنا ۔

چَٹّی (چَٹ - ٹی) (ہ) مؤنث (عو) ڈنڈ - جرمانہ - تاوان - (۲) نقصان - ضرر - خسارہ ۔

چٹّی بھرنا (ہ) (عو) (۱) تاوان دینا - ڈنڈ بھگتنا (۲) نقصان اٹھانا - جرمانہ دینا ۔

چِٹّی (ہ) مؤنث - گوری چیز - سفید چیز ۔

چُٹیا (چُٹ - یا) (ہ) مؤنث (عو) (۱) چوٹی - چونڈا کی تحقیر (۲) وہ چند بال جو بچّے کے سر پر منّت مان کر رکھ چھوڑتے ہیں ۔

چٹیانا (چِٹیا - نا) (ہ) زخم دینا - کاٹنا - زخمی کرنا - گھایل کرنا ۔

چٹیایا ہوا (ہ) زخم رسیدہ - زخمی - گھایل - مجروح ۔

چٹّے بٹّے (ہ) مذکر (۱) چھوٹے بچّوں کا ایک کھلونا (۲) وہ چھوٹے چھوٹے گولے اور گولیاں جو مداری لوگ اپنی تھیلی میں تماشا دکھانے کے لئے رکھتے ہیں ۔

چٹّے بٹّے لڑانا (ہ) (۱) شعبدہ بازی دکھانا (۲) لڑائی جھگڑا کرنا ۔

چٹیل (چٹ - یَل) (ہ) وہ میدان جہاں کوئی سایہ دار درخت نہ ہو ۔

چٹیل میدان (ا) مذکر - دیکھو "چٹیل" ۔

چٹیلنا (چٹیل - نا) (ہ) دیکھو "چٹیانا" ۔

چٹنے میں پتوا میرا (اور) میٹھا جیوے تیرا (ہ) مثل - اس موقع پر بولتے ہیں - جب کوئی شخص کسی کا کام کر دے - اور مالک کو دھوکے میں رکھ کر اپنے ہاتھ رنگ لے ۔

چ - چ

چچا (چَچا) (ہ) مذکر - باپ کا بھائی - عمّو - چاچا ۔

چچا بنانا (ہ) ٹھیک بنانا - درست کرنا - معقول سزا دینا ۔

چچا زاد بھائی (ا) مذکر - چچیرا بھائی - باپ کے بھائی کا بیٹا ۔

چچڑی (چچ - ڑی) (ہ) مؤنث - ایک قسم کا خون پینے والا کیڑا جو اکثر کتّے - گائے - بھینس وغیرہ کے جسم سے چمٹا رہتا ہے ۔

چچڑی ہو کر چمٹنا (ہ) پیچھا نہ چھوڑنا - سر ہونا ۔

چچکارنا (چچ - کا - رنا) (ہ) پیار کرنا - پچکارنا ۔

چچکاری (ہ) مؤنث - پیار کی آواز ۔

چچوڑنا (چچوڑ - نا) (ہ) چوسنا - بچّے کا چھاتیاں چوسنا ۔

چچی (ہ) مؤنث - زوجہ عم - چچا کی بیوی ۔

چچیا ساس (ہ) مؤنث - خاوند کی چچی - بیوی کی چچی ۔

چچیر (چچیر) (ہ) مؤنث - لکیر ۔

چچیرا (چچے - را) (ہ) مذکر - چچا زاد - عمّو زاد ۔

چچینڈا (چچین - ڈا) (ہ) مذکر - ککڑی کی شکل کی ایک لمبی ترکاری ۔

چ - خ

چخ چخ (چخ - چخ) (ا) مؤنث - لفظی تکرار - بک بک - شور و غوغا ۔

چخے (ا) (عو) کلمۂ نفرت - چل دور ہو - دفع دفان ۔

چخنیا (ہ) مذکر - تکراری - بکّی - بکواسی ۔

چ - د

چداس (چُدَاس) (ہ) مؤنث۔ عورت کی خواہش جماع۔ شہوت ۔

چُدانا (چُدَا۔نَا) (ہ) جماع کرانا۔ مَروانا ۔

چَدر (چَد۔دَر) (ا) مؤنث۔ چادر کا مخفف ۔

چدریا (ا) مؤنث۔ چادر کی تصغیر ۔

چُدّو (چُد۔دُو) (ہ) مؤنث۔ فاحشہ عورت ۔

چُدوانا (ہ) کسی عورت کا مرد سے مجامعت کرانا ۔

چ - ڈ

چڈّا (چَڈ۔ڈا) (ہ) مذکر (۱) جانگھ۔ران (۲) مسخرہ آدمی۔ چُوتیا ۔

چڈّا گلخیرو (ا) نقل مجلس۔ مسخرہ۔ چُوتیا۔ احمق ۔

چُڈّو (چُڈ۔ڈُو) (ہ) فاحشہ۔ قحبہ۔ چھنال ۔

چڈھا (چَڈ۔ڈھا) (ہ) مذکر۔ دیکھو "چڈّا ۱" ۔

چڈھی (چَڈ۔ڈھی) (ہ) مؤنث۔ پیٹھ کی سواری ۔

چڈھی چڑھانا (ہ) پیٹھ پر لینا۔ پیٹھ کی سواری دینا ۔

چڈھی دینا (ہ) (۱) پیٹھ کی سواری دینا (۲) (بازاری) اغلام کرانا۔ لواطت کرانا ۔

چڈھی لینا (ہ) پیٹھ کی سواری لینا ۔

چ - ر

چَر (چَر) (ہ) مؤنث (۱) کسی چیز کے پھٹنے کی آواز۔ چِر (۲) چرنا کا امر ۔

چَر جانا (ہ) (۱) کھانا (۲) رگ رگ میں سرایت کر جانا ۔

چَر (چَر) (ہ) چرنا کا امر ۔

چُر (چُر) (ہ) مؤنث۔ سوکھے ہوئے پتوں کے مُڑنے یا دفعتہً ٹوٹنے کی آواز ۔

چُرمُر (چُر۔مُر) (ہ) (۱) مرجھایا ہوا (۲) چُرمُرا کیا ہوا (۳) (۴) بوڑھا ۔

چُرمُر ہونا (ہ) (۱) سوکھی ہوئی چیز کا ٹوٹ کر چورا چورا ہو جانا (۲) جھرّیاں پڑ جانا ۔

چرا (چِرا) (ف) کیوں۔ کس لیے ۔

چرا کارے کند عاقل کہ باز آید پشیمانی (ف) عقل مند ایسا کام نہیں کرتا۔ جس سے بعد میں پچھتاوا ہو ۔

چرا (چَرا) (ہ) (۱) چرانا کا امر (۲) مذکر۔ چراگاہ ۔

چراگاہ (ف) مؤنث۔ ڈھور ڈنگروں کے چرنے کی جگہ۔ گھاس والی زمین۔ سبزہ زار۔ جنگل ۔

چرّاٹا (چَر۔رَا۔ٹا) (ہ) مذکر۔ کاغذ یا کپڑا پھٹنے کی آواز ۔

چراغ (چِرَاغ) (ف) مذکر (۱) وہ ظرف جس میں تیل اور بتی ڈال کر روشن کریں (۲) لمپ۔ شمع۔ بتی۔ دیا (۳) (ا) (مجازاً) بیٹا۔ لڑکا۔ فرزند۔ پسر (۴) رونق۔ روشنی ۔

چراغ بتّی کرنا (ا) روشنی کا سامان کرنا۔ چراغ جلانا ۔

چراغ بجھانا۔ یا۔ بڑھانا۔ چراغ ٹھنڈا کرنا۔ یا خاموش کرنا۔ چراغ کو ہاتھ دینا۔ یا۔ چراغ گل کرنا (ا) روشنی کو بند کرنا۔ اندھیرا کرنا۔ دیا بجھا دینا ۔

چراغ بجھنا۔ یا۔ بڑھنا (ا) چراغ کا خاموش ہونا ۔

چراغ بحری (ف۔ع) مذکر۔ مینار جس پر سمندر میں روشنی کرتے ہیں ۔

چراغ پا ہونا (ا) (۱) گھوڑے کا پچھلے پاؤں پر سیدھا کھڑا ہو جانا (۲) ہٹا کھڑنا۔ کھڑا نہ رہنا۔ خفا ہونا۔ نہایت طیش میں آنا ۔

چراغ تلے اندھیرا (ہ) مثل۔ جو شخص اوروں کو فیض پہنچائے اور اپنوں کو محروم رکھے۔ اس کی نسبت بولتے ہیں ۔

چراغ جلنا (ا) (۱) چراغ روشن ہونا (۲) فروغ ہونا ۔

چراغ جلے (ا) شام کے وقت۔ سورج چھپے ۔

چراغ دان (ف) مذکر۔ فتیل سوز۔ دیوٹ ۔

چراغ دکھانا (ا) روشنی دکھانا ۔

چراغ روشن کرنا (ا) دیا جلانا ۔

چراغ روشن مراد حاصل (ف) (دعا) خانہ آباد رہے۔ مرادیں بر آئیں ۔

چراغ سحری (ف۔ع) (۱) بجھنے کے قریب دیا (۲) موت سے نزدیکی کا وقت (۳) بڑھاپے کی عمر۔ بہت بوڑھا ۔

چراغ سے پھول جھڑنا (ا) چراغ کا گل افشاں ہونا۔ چراغ جلنے میں جو تیل ٹپکتا ہے۔ اُسے

خوشی کا شگون سمجھتے ہیں ٭

چراغ سے چراغ جلتا ہے (۱) مثل۔ ایک شخص خود نقصان اُٹھائے بغیر دُوسرے کو فیض پہنچاتا ہے۔ جب کسی فیض رساں سے فیض پہنچے۔ اور ایک صاحب کمال سے دوسرا باکمال ہو جائے تو وہاں بولتے ہیں ٭

چراغ کا ہنسنا (ہ) چراغ سے پھول جھڑنا ٭

چراغ صبح (ف۔ع) مذکر۔ دیکھو "چراغ سحری" ٭

چراغ کے نیچے اندھیرا ہونا (۱) منصف حاکم کے قرب میں ظلم ہونا۔ اوروں کو فائدہ پہنچانا اور اپنوں کو محروم رکھنا ٭

چراغ گل پگڑی غائب (۱) مثل۔ موقع ملا اور مال مارا۔ قابو پایا اور مال اڑایا ٭

چراغ گل ہونا (۱) (۱) چراغ بجھ جانا (۲) بیٹے کا مرجانا (۳) خاندان کا خاندان ہلاک ہوجانا (۴) کسی بڑے آدمی کا نہ رہنا (۵) مقابلے میں فروغ نہ پاسکنا ٭

چراغ گور (ف) مذکر۔ چراغ مزار۔ وہ چراغ جو قبر پر جلایا جائے ٭

چراغ لے کر ڈھونڈنا (۱) کمال محنت اور تجسس سے تلاش کرنا ٭

چراغ میں بتی پڑنا (۱) شام کا وقت ہونا۔ چراغ جلنا ٭

چراغاں (ف) مذکر۔ روشنی۔ دیپ مالا۔ بہت سے چراغوں کا جلنا ٭

چراغی (ف) مؤنث (۱) وہ نقدی جو کسی بزرگ کے مزار پر چراغ جلانے کے لئے دی جائے۔ (۲) (مجازاً) نذرانہ۔ بھینٹ ٭

چَرانا (ہ) (۱) گھاس کھلانا۔ جانوروں کو جنگل میں لے جاکر سبزہ کھلانا (۲) احمق بنانا۔ فریب دینا۔ دھوکا دینا ٭

چِرانا (چِرا۔نا) (ہ) (۱) لکڑی کٹوانا (۲) پھوڑے وغیرہ کو چِرا دلانا ٭

چَرّانا (چَر۔رَا۔نا) (ہ) زخم کا تڑخنا۔ زخم کا پھٹنا ٭

چُرانا (چُرا۔نا) (ہ) (۱) چوری کرنا۔ سرقہ کرنا (۲) چھپانا۔ بچانا (۳) چوسنا۔ جذب کرنا۔ سوکھنا ٭

چراند۔ چراہند (چراند+ چراہند) (ہ) مؤنث۔ چمڑے۔ بال۔ روغن یا ہڈی وغیرہ کے جلنے کی بدبو ٭

چراندہ (ف) (۱) بدبودار چیز (۲۔ مجازاً) بدمزاج آدمی ٭

چراہتا [illegible]

مصفی خون اور قاطع بخار سوداوی ہیں ٭

چِراوٹ (ہ) مذکر۔ درز۔ لکڑی چرنے کا نشان ٭

چَرائی (ہ) مؤنث (۱) مویشیوں کو گھاس کھلانے کے لئے جنگل بھیجنا (۲) چرانے کی اُجرت۔ چروائی ٭

چِرائی (ہ) مؤنث۔ چیرنے کی اُجرت ٭

چَرب (چَرَب) (ف) (۱) چکنا (۲) فربہ۔ موٹا۔ جسیم ٭

چرب زبان (ف) چکنی چپڑی باتیں کرنے والا۔ تیز زبان۔ لسان۔ خوشامدی۔ چالاک۔ فریبی ٭

چرباٹک۔ یا۔ چرباک (چر۔باٹک + چر۔باک) (۱) (عو) چالاک۔ عیار۔ شوخ۔ بیباک۔ تیز۔ ہوشیار ٭

چرباٹک دیدہ (۱) (عو) نڈر عورت۔ شوخ چشم۔ ہوشیار ٭

چربہ (چَر۔بَہ) (ف) مذکر (۱) خاکہ۔ کاغذ کو چرب کرکے کسی چیز کے نقش یا تصویر پر رکھ کر ہوبہو اس کی نقل اتارنا۔ (۲) دودھ کے اوپر کی ملائی ٭

چربہ اتارنا (۱) (۱) ہوبہو نقل اتارنا۔ خاکہ اٹھانا (۲) انداز اڑانا۔ ڈھنگ سیکھنا ٭

چربی (ف) مؤنث۔ چکنائی۔ شحم۔ ایک سفید مادہ جو خون اور رطوبت سے پیدا ہوتا ہے ٭

چرپرا (چر۔پرا) (ہ) تیز۔ تند۔ گرم ٭

چرچرانا (ہ) ٹیس مارنا۔ زخم کا خشکی کے باعث تڑقنا۔ مرچیں لگنا ٭

چرپراہٹ (ہ) مؤنث (۱) جلن۔ سوزش (۲) مرچ کی تیزی ٭

چرپوز (چر۔پوز) (ف) لغو۔ بیہودہ۔ لچر ٭

چرتر (چَرِتّر) (س) مذکر (۱) چال چلن۔ چلتر۔ عادت۔ (۲) مذاق (۳) قصّہ۔ کہانی۔ افسانہ۔ تاریخ (۴) داؤ۔ کرتب۔ چالاکی ٭

چُرٹ (چُرٹ) (۱) مذکر۔ سگار ٭

چرچ (چرچ) (انگ CHURCH) مذکر۔ کلیسا۔ گرجا۔ عیسائیوں کا معبد ٭

چرچا (چر۔چا) (ہ) مذکر (۱) تذکرہ۔ گفتگو (۲) شہرہ (۳) بحث۔ تکرار ٭

چرچا کرنا (ہ) کسی کا ذکر کرنا۔ کسی چیز کا جابجا ذکر کرنا ٭

چرچا ہونا (ہ) افواہ ہونا۔ شہرہ ہونا۔ بات پھیلنا۔ برائی کے ساتھ ذکر ہونا ٭

چرچینا (چر۔چی۔نا) (ہ) مذکر۔ بھونا ہوا غلّہ ٭

چرچٹا (چر۔چٹا) (ہ) مذکر۔ ایک خاردار پودا جس [illegible] چمٹ جاتی ہیں ٭

چٹر چٹر (چٹَر-چٹَر) (ہ) مؤنّث۔ نئی جوتی کی آواز ۔

چٹر چٹرانا (ہ) درد کرنا۔ سوزش کرنا ۔

چٹر چٹراہٹ (ہ) مؤنّث۔ دردِ زخم ۔

چرچنا (چَر-چْ-نا) (ہ) (۱) سوچنا سمجھنا (۲) احتیاط سے پڑھنا ۔

چرچنا (چَرچ-نا) (ہ) (۱) پُوجا کرنا (۲) جسم پر خوشبو وغیرہ ملنا ۔

چرخ (چَرْخ) (ف) مذکّر (۱) پھرنے والا پہیّہ۔ چرخی (۲) آسمان۔ فلک (۳) گردش (۴) ایک آلہ جس پر برتن چڑھا کر صاف کرتے ہیں۔ وہ لکڑی جس پر کشمیرا یا اُونی کپڑا چڑھا کر درست کرتے ہیں (۵) چراغ۔ (۶) کمہار کا چاک ۔

چرخ پُوجا (ا) مؤنّث۔ پورب کا ایک مشہور تماشا اور رسم جس میں زمین پر ایک کھمبا کھڑا کرکے اس میں ایک رسّی لٹکاتے اور پوجا کرنے والے آدمی کی پیٹھ میں لوہے کے کانٹے لگا کر اُس رسّی میں باندھ کر خوب چرخ دیتے اور پھراتے ہیں ۔

چرخ چڑھانا (ا) (۱) ظروف مسی وغیرہ کو خراد چڑھانا (۲) سان چڑھانا ۔

چرخ چوں (چَرْ-رَخْ-چُوں) (ا) مؤنّث (۱) گاڑی یا کنوئیں یا چرخے وغیرہ کے چلنے کی آواز (۲) (مجازاً) ویسی آواز ۔

چرخ کھانا (ا) (۱) گردش کرنا۔ گھومنا (۲) تاؤ کھانا۔ دھات کا پگھل کر پانی ہو جانا ۔

چرخل (چَرْ-خَل) (ہ) بڈھا۔ کھوسٹ ۔

چرخہ (چَرْ-خَہ) (ف) مذکّر (۱) سُوت کاتنے کا آلہ (۲) ایک قسم کا ناچ (۳) (مجازاً) وہ مرد یا عورت جس کے بڑھاپے کے باعث انجر پنجر ڈھیلے ہو گئے ہوں۔ پیر فرتوت (۴) پُرانی اور کمزور گاڑی ۔

چرخہ پونی (ا) مؤنّث (۱) چرخہ اور اس کے کاتنے کا سامان (۲) عورت ذات کا ہُنر۔ عورت کا کام ۔

چرخہ کاتنا (ا) سُوت کاتنا۔ چرخے کے ذریعے سے تاگے بنانا ۔

چرخہ ہو جانا (ا) ضعیف اور فرتوت ہو جانا۔ پیر و نحیف ہونا ۔

چرخی (ف) مؤنّث (۱) اوٹنی۔ روئی کو صاف کرنے کا اوزار (۲) ایک قسم کی آتش بازی (۳) چاک۔ پانی کھینچنے کا پہیّہ (۴) ڈور یا باولہ لپیٹنے کا اوزار (۵) پھرکی ۔

چرز (چَرْز) (ف) مذکّر۔ ایک قسم کا جنگلی پرندہ ۔

چرس (چَرَس) (ہ) مذکّر (۱) ایک قسم کی نشے والی چیز جسے تمباکو میں رکھ کر پیتے ہیں (۲) چمڑے کا بنا ہوا بڑا ڈول جو عموماً آبپاشی زمین کے کام آتا ہے ۔

چُرس (چُرْس) (ہ) مؤنّث۔ شکن۔ سلوٹ ۔

چرسا (ہ) مذکّر (۱) بھینس یا گائے بیل کا چمڑا۔ ادھوڑی۔ (۲) چمڑے کا بڑا ڈول ۔

چرسا بھر زمین (ہ) مؤنّث۔ بھینس یا گائے کے بیٹھنے کے قابل زمین۔ تھوڑی سی زمین ۔

چرسال (چَرْ-سال) (ہ) مذکّر۔ پچھلا معاملہ وصول کرنے کا سال ۔

چرسی (ہ) مذکّر۔ چرس پینے والا ۔

چرغ (چَرْغ) (ہ) مذکّر (۱) لگڑ بگڑ (۲) شکرے اور باز کی قسم کا ایک شکاری پرندہ ۔

چُرغم چُرغم کرنا (ا) (دکن) چخ چخ کرنا۔ بک بک کرنا۔ تکرار کرنا ۔

چرغلیشہ (چَرْ-غَ-شَہ) (ف) (۱) کمینہ۔ سفلہ (۲) بھینگا۔ (۳) بدمعاش ۔

چرک (چِرْک) (ف) مذکّر۔ پیپ۔ میل کچیل۔ لید۔ گوبر۔ غلاظت ۔

چرک وصانس (ہ) مؤنّث (۱) بیماری کا کچھ کچھ خلل۔ ہر روز کی بیماری (۲) لڑائی۔ جھگڑا۔ ٹنٹا ۔

چرکا (چَرْ-کا) (ا) مذکّر (۱) زخم۔ گھاؤ (۲) داغ۔ نقصان ۔

چرکا دینا۔ یا۔ لگانا (ا) (۱) زخم دینا (۲) داغ دینا (۳) نقصان پہنچانا ۔

چرکٹا (چَرْ-کٹا) (ہ) (۱) ہاتھی کا چارہ کاٹ کر لانے والا۔ فیلبانوں کا پیش خدمت (۲) کمینہ۔ ادنیٰ ۔

چرکنا (چِرَک-نا) (ہ) ذرا سا براز نکلنا۔ ذرا سا ہگنا ۔

چرکنا (چُرَک-نا) (ہ) (حقارتاً) (۱) بولنا (۲) چہچہانا ۔

چرکین (ف) (۱) غلیظ۔ میلا۔ نجس۔ پلید (۲) لکھنؤ کے ایک غلیظ گو شاعر شیخ باقر علی کا تخلّص ۔

چرم (چَرْم) (ف) مذکّر۔ کھال۔ چمڑا۔ چام ۔

چرمی (چَرْ-می) (ف) چمڑے کا بنا ہوا ۔

چرن (چَرَن) (س) مذکّر (۱) قدم۔ پاؤں (۲) نظم ۔

چرن بردار (ا) مذکّر۔ امیروں کی جوتیاں اٹھانے والا۔ کفش بردار ۔

چرن لینا (ہ) قدم لینا۔ پاؤں پڑنا۔ قدم کو ہاتھ لگانا ٭
چرنا (ہ) (۱) گھاس کھانا۔ چگنا۔ پرورش پانا۔ کھانا (۲) مذکر۔ گھٹنا۔ چھوٹا اور اونچا پاجامہ ٭
چِرنا (ہ) پھٹنا۔ تڑقنا۔ لکڑی کا دو ٹکڑے ہونا ٭
چرند۔ چرندہ (چَرَنْد + چَرَن۔دَہ) (ف) مذکر۔ حیوان۔ چوپایہ۔ چرنے والا۔ چگنے والا ٭
چرندم خورندم (چَرَن۔دَم + خُورَن۔دَم) (۱) مذکر۔ کھانے پینے کا مشغلہ ٭
چرندم خورندم کر جانا (۱) کھا جانا۔ خورد بُرد کر جانا ٭
چرنی (چَر۔نِی) (ہ) مؤنث (ہندو) جانوروں کو دانہ کھلانے کا ٹوکرا یا کپڑا ٭
چُرنے (چُر۔نے) (ہ) مذکر۔ بچّوں کے پیٹ کے کیڑے ٭
چروا (چَر۔وَا) (ہ) مذکر (ہندو) بڑی ہانڈی ٭
چِروانا (ہ) لکڑی کو دو ٹکڑے کرانا ٭
چَروانا (ہ) چرائی پر بھیجنا ٭
چرواہا (چَر۔وَا۔ہَا) (ہ) مذکر۔ گلّہ بان۔ گڈریا۔ گوالا۔ چرانے والا ٭
چرونجی (چِرَوْن۔جِی) (ہ) مؤنث۔ ایک مشہور میوہ ٭
چرہی (چَر۔ہِی) (ہ) مؤنث۔ چوپایوں کو دانہ کھلانے کا بڑا برتن ٭
چری (چَرِی) (ہ) مؤنث۔ جوار۔ باجرے یا مکئی کے ہرے پودے ٭

چ - ڑ

چڑ۔ چڑھ (چِڑ + چِڑھ) (ہ) مؤنث۔ غصّہ۔ ناخوشی۔ نفرت ٭
چڑ نکالنا (ہ) چھیڑ نکالنا۔ غصّہ نکالنا ٭
چُڑّا (چُڑّا) (ہ) مؤنث۔ فرج۔ عورت کی شرمگاہ ٭
چڑ مرانی (ہ) مؤنث۔ ایک گالی ٭
چڑکا (چِڑکَا) (ہ) مؤنث۔ چٹخنے کی آواز۔ لکڑی وغیرہ کے پھٹنے کی آواز ٭
چڑا (چِڑَا) (ہ) مذکر۔ کنجشک نر۔ چڑیا کا نر ٭
چڑانا (ہ) کسی بات کی نقل کرکے غصّہ دلانا۔ طبیعت جلانا۔ چھیڑنا ٭
چڑ بڑ (چَڑ۔بَڑ) (ہ) مؤنث۔ بڑبڑ۔ بکواس ٭
چڑ بڑ چڑ بڑ کرنا (ہ) بک بک کرنا۔ بڑبڑانا ٭
چڑچڑ (چَڑ۔چَڑ) [illegible]

چڑچڑا (ہ) بدخو۔ تنک مزاج۔ بداخلاق۔ وہ شخص جس کا مزاج بیماری یا مفلسی یا کسی اور باعث سے بگڑا ہوا ہو ٭
چڑچڑانا (ہ) (۱) جلتے ہوئے تیل یا روغن میں سے پانی کا آواز دینا (۲) جلد غصّے میں آجانا ٭
چِڑنا (ہ) بگڑنا۔ خفا ہونا۔ ناراض ہونا ٭
چڑوے (چِڑ۔وے) (ہ) مذکر۔ گیلے کُٹے ہوئے چاولوں کو بھون کر بنایا ہوا چبینا جو عموماً ہندو لوگ دسہرے یا لوہڑی کے دنوں میں کھاتے ہیں ٭
چڑھ (چَڑھ) (۱) چڑھنا کا امر (۲) مؤنث (عوام) اونچی زمین ٭
چڑھ آنا (ہ) حملہ کرنا۔ چڑھائی کرنا ٭
چڑھا (چَڑھا) (ہ) (۱) چڑھانا کا امر (۲) چڑھنا کی ماضی (۳) زیادہ۔ بڑھا ہوا (۴) کسا ہوا (۵) پانی بھرا ہوا۔ طوفان آیا ہوا (۶) کام میں لگا ہوا ٭
چڑھا جانا (ہ) پورا پی جانا ٭
چڑھانا (ہ) (۱) نیچے سے اوپر لے جانا (۲) لادنا۔ سوار کرانا (۳) پینا۔ نوش کرنا (۴) بلند کرنا۔ اونچا کرنا۔ (۵) لگانا۔ جوڑنا۔ سینا (۶) ذمّے لینا ٭
چڑھاؤ (ہ) مذکر (۱) طغیانی۔ جوش (۲) عروج۔ (۳) ترقی۔ زیادتی (۴) دریا کا وہ رُخ جدھر سے پانی آتا ہو (۵) پیشگی۔ باقی ٭
چڑھاوا (ہ) مذکر (۱) نذر۔ بھینٹ (۲) وہ زیور جو منگنی یا برات کے روز دلہن کو دولہا والوں کی طرف سے پہنایا جاتا ہے (۳) بڑھاوا۔ دم (۴) (ہندو) وہ کپڑا۔ زیور۔ مٹھائی اور کھلونے وغیرہ جو سسرال والوں کی طرف سے شادی سے پہلے بھیجے جاتے ہیں ٭
چڑھاوا بڑھاوا دینا (ہ) دم دلاسا دینا۔ اونچ نیچ سمجھانا۔ خوشامد کرکے پھسلانا ٭
چڑھائی (ہ) مؤنث (۱) بلندی۔ اونچائی (۲) حملہ۔ دھاوا۔ یورش ٭
چڑھنا (ہ) (۱) نیچے سے اوپر جانا۔ اٹھنا۔ ابھرنا (۲) بڑھنا۔ ترقی کرنا (۳) اڑنا۔ پرواز کرنا (۴) طغیانی پر آنا۔ چڑھاؤ پر آنا (۵) حملہ کرنا۔ دھاوا کرنا۔ (۶) گراں ہونا۔ مہنگا ہونا (۷) کھچ جانا۔ تن جانا۔ (۸) پھولنا۔ جیسے سانس چڑھنا (۹) [illegible]

بندھنا (۱۲) ذمّے ہو جانا (۱۳) درج ہونا۔ لکھا جانا۔ (۱۴) سر یا دماغ پر اثر کرنا۔ جیسے نشہ چڑھنا (۱۵) چولھے پر رکھا جانا (۱۶) کچہری میں جانا۔ عدالت میں جانا (۱۷) بچھنا۔ جمنا (۱۸) بدن میں آنا۔ جسم پر آنا۔

چڑھتا چاند (ہ) مذکر۔ بڑھتا چاند۔ عروجِ ماہ۔

چڑھواں (ہ) کھڑی جوتی۔ کھڑی ایڑی کی جوتی۔

چڑھی (چَڑھی) (ہ) مؤنث۔ لڑائی کی تیاری۔

چڑھی کھانا (ہ) کسی کے کبوتر کا حریف کبوتر باز کے کبوتروں میں بار بار جانا۔

چڑھیت (ہ) مذکر۔ سوار۔ سواری لینے والا۔ چڑھنے والا۔

چڑھیتا (ہ) مذکر۔ وہ شخص جو دوسرے کے گھوڑے پر نوکر ہو۔

چڑی (چَڑی) (ہ) مؤنث۔ لات۔

چڑی مارنا۔ یا۔ چڑی دینا (ہ) لات مارنا۔ اچھل کر لات مارنا۔

چڑی (چِڑی) (ہ) مؤنث (گنوار) چڑیا۔ پرند۔

چڑی مار (ہ) مذکر۔ پرند پکڑنے والا۔ چڑیا پکڑنے والا۔ صیّاد۔

چڑی مار ٹولا (ہ) مذکر۔ چوک۔ گزری۔ جانوروں کے بکنے کی جگہ۔

چڑیا (ہ) مؤنث (۱) پرند۔ کنجشکِ مادہ (۲) انگیا کی وہ تنیوں جس سے کٹوریاں ملی رہتی ہیں (۳) چھپّر کے ستون یا کہاروں کی لاٹھی پر جو سہارے کے لئے ایک لکڑی کا آڑا ٹکڑا سوراخ کرکے لگا دیتے ہیں۔ (۴) نیفے میں ازار بند ڈالنے کی جگہ۔

چڑیا خانہ (ہ) مذکر۔ چڑیا گھر۔ وہ مکان جہاں طرح طرح کے پرندے رکھے جاتے ہیں۔

چڑیا کی جیب۔ ماندے کا پھیولا (ہ) مثل۔ اس شخص کی نسبت کہتے ہیں۔ جس کی خوراک بہت کم ہو۔

چڑیا کے چھنالے میں پکڑا جانا (ہ) ناحق کی مصیبت اور عذاب میں پڑنا۔

چڑیا نوچن (ہ) مذکر (عو) تکا بوٹی۔ عذاب۔ تکلیف۔ بوٹیاں توڑنا۔

چڑیل (چُڑیل) (ہ) مؤنث (۱) بھتنی۔ ڈائن۔ میلی کچیلی عورت (۲) بدصورت عورت۔

چ - س

چُس (چُس) (ہ) چُسنا کا امر۔

چُسا (چُسا) (ہ) (۱) چُسنا کی ماضی (۲) چُسنا کا امر۔

چُسانا (ہ) پلانا۔

چسپاں (چَس۔پاں) (ف) (۱) چپکا ہوا (۲) موزوں۔ ٹھیک۔

چسپاں کرنا (ف) چپکانا۔ لگانا۔

چُست (چُشت) (ف) (۱) چالاک۔ پھرتیلا (۲) تنگ۔ کھچا ہوا (۳) ٹھیک۔ موزوں (۴) مضبوط۔ محکم۔

چُستہ (چُس۔تہ) (ہ) مذکر۔ پنیر مایہ۔ بکری کے بچے کا معدہ جس میں پیا ہوا دودھ رہتا ہے۔

چُستی (ف) مؤنث (۱) چالاکی۔ پھرتی (۲) تنگی۔ کھچاوٹ۔ (۳) مضبوطی۔ استحکام (۴) جرأت۔ دلیری۔

چسک (چَسَک) (ہ) مؤنث (۱) خفیف سا درد (۲) وہ گوٹ جو سنجاف یا مغزی کے آگے گوٹے یا اطلس وغیرہ سے لگاتے ہیں۔

چسکا (چَس۔کا) (ہ) مذکر (۱) مزہ۔ چاٹ (۲) عادت۔ لت (۳) ذوق۔ شوق۔

چسکنا (ہ) میٹھا میٹھا درد ہونا۔

چُسکی (چُس۔کی) (ہ) مؤنث (۱) کش۔ گھونٹ۔ جرعہ (۲) وہ افیون کا گھونٹ جو خلاف معمول پیا جائے۔

چُسکی لگانا (ہ) افیون پینا۔ اتار جانا۔

چُسنا (ہ) (۱) چوسنے کا کھلونا (۲) طاقت کا زائل ہو جانا۔

چُسنی (ہ) مؤنث (۱) بچوں کے چوسنے کا کھلونا (۲) دودھ پلانے کی شیشی۔

چ - ش

چشت (چِشت) (ف) مذکر۔ ایک مقام۔

چشتی (ف) (۱) چشت کا باشندہ (۲) مسلمانوں کا ایک فرقہ۔

چشک (چَشَک) (ا) مؤنث۔ وہ کھانا جو باورچی تقریبوں کے موقعوں پر اپنے لئے بطور حصّہ صاحب تقریب کے گھر سے لے جاتے ہیں۔

چشم (چَشم) (ف) مؤنث (۱) آنکھ۔ نَین۔ دیدہ (۲) آس۔ امید۔

چشم بد دُور (ف) نظرِ بد دُور ہو۔ نظر نہ لگے ؂
چشم بر راہ (ف) انتظار کرنے والا ؂
چشم پوشی (ف) مؤنّث۔ آنکھ چُرانا۔ دیکھ کر ٹال جانا ؂
چشم داشت (ف) مؤنّث۔ اُمید۔ آس۔ بھروسہ ؂
چشم زخم (ف) مذکّر (۱) بُری نظر کا دکھ یا نقصان (۲) آنکھ کا دکھنا ؂
چشم زدن (ف) مذکّر۔ آنکھ کی جھپک۔ طرفۃ العین ؂
چشم نمائی (ف) مؤنّث۔ تنبیہ۔ سرزنش۔ ملامت۔ جھڑکی ؂
چشم و چراغ (ف) مذکّر۔ روشنیِ چشم۔ نورِ چشم۔ آنکھ کی پتلی۔ نہایت عزیز اور پیارا ؂
چشمک (چَش۔ مَک) (ف) مؤنّث (۱) آنکھ کا اشارہ۔ جھپکی۔ رمز (۲) شکر رنجی۔ انقباض (۳) عینک۔ چشمہ ؂
چشمک زنی کرنا (ف) طعنہ زنی کرنا۔ چھیڑنا ؂
چشمہ (چَش۔ مَہ) (ف) مذکّر (۱) پانی کی سوت۔ منبع۔ تالاب (۲) عینک ؂

چ - غ

چُغا (چُغَا) (ت) مذکّر۔ عبا۔ جُبّہ ؂
چغتائی (چُغ۔ تا۔ اِی) (ف) مذکّر۔ چغتا بن چنگیز خاں کی نسل سے ؂
چُغد (چُغْد) (ف) مذکّر۔ اُلّو۔ بُوم۔ ایک قسم کا چھوٹا اُلّو ؂
چغل (چُغَل) (ف) مذکّر (۱) غمّاز۔ چغل خور (۲) (ل) گیلی کنکر جو چلم میں رکھتے ہیں۔ اور جس کے اوپر تمباکو رکھا جاتا ہے ؂
چغل خور (ا) مذکّر۔ غمّاز۔ لُترا۔ نمّام ؂
چغل خوری (ل) مؤنّث۔ غمّازی۔ لُتراپن۔ نمّامی ؂
چغلی (ف) مؤنّث۔ کسی کی بُرائی کا اظہار۔ سخن چینی ؂
چغلی کھانا (ل) بدی کرنا۔ بُرائی کرنا۔ غیبت کرنا۔ غمّازی کرنا ؂

چ - ف

چفتی (چُف۔ تی) (ل) مؤنّث۔ چپٹی لکڑی جس کے سہارے سیدھی لکیریں کھینچتے ہیں۔ چوبی مسطر ؂

چ - ق

چق (چِق) (ت) مؤنّث۔ چلمن۔ بانس یا سرکنڈے کی تیلیوں کا پردہ ؂
چُقّر (چُق۔ قَر) (ہ) مذکّر۔ جوہڑ۔ چشمہ۔ ڈابر ؂
چقماق - چقمق (چَق۔ ماق + چَق۔ مَق) (ت) مذکّر و مؤنّث۔ آگ نکالنے کی پتھری جو اکثر بندوق وغیرہ پر لگائی جاتی ہے ؂
چقندر (چُقَن۔ دَر) (ف) مذکّر۔ ایک جڑ جو نہایت سرخ اور شلغم کی قسم سے ہے ؂

چ - ک

چک (چَک) (ہ) مذکّر (۱) کاشت۔ قطعۂ زمین۔ پٹی (۲) جھگڑا۔ تنازعہ (۳) کھٹیک۔ ہندو قصّاب (۴) (عو) جماؤ۔ پھیر ؂
چک بچک (ہ) (عو) دیکھو "چکا چک ۲" ؂
چک بندی (ا) مؤنّث۔ زمین کی حد بندی۔ پیمائش کی سہولت کے لئے حد بست کے نقشہ کے اندر رقبے مناسب حصّے کرنا ؂
چک پھیری (ہ) مؤنّث۔ چکر باندھ کر پھرنا۔ وہ گردش جو دائرے میں ہو ؂
چک چک (چَک۔ چَک) (ل) دیکھو "چکا چک" ؂
چک چک لونڈے چکھنا یا کھانا (ہ) مثل۔ تر بتر اور گھی میں تر نوالے کھانا ؂
چک نامہ (ل) مذکّر۔ ہر طرف کی حدود ظاہر کرنے والا اصلی اور داخلی نقشہ ؂
چُک (چُک) (ہ) مؤنّث۔ جھٹکا۔ لچک۔ درد کمر ؂
چک (چِک) (انگ۔ CHEQUE) مؤنّث۔ ہنڈی۔ نقدی ملنے کا پرچہ جو کسی بنک وغیرہ کے نام لکھا جائے ؂
چکّا (چَک۔ کا) (ہ) مذکّر (۱) گول چیز (۲) پتھروں کے ماپ کے لئے فٹوں کے حساب سے ڈھیر۔ (۳) اینٹوں وغیرہ کا وہ ڈھیر جو اس ترکیب سے لگایا جائے کہ آسانی سے گنا جاسکے (۴) جما ہوا۔ منجمد ؂
چکّا دہی (ہ) مذکّر۔ جما ہوا دہی ؂
چکّا (چَک۔ کا) (س) مؤنّث (۱) چھچھوندر (۲) چوہا ؂
چکا چک (چَکا۔ چَک) (ل) مؤنّث (۱) تلواروں کے متواتر

جسم پر پڑنے کی آواز (۳) وہ تیل یا گھی میں ڈوبا ہُوا۔

چکا چوند (چَکا۔ چَوند) (ہ) مؤنث (۱) آنکھ کا روشنی کے باعث جھپکنا (۲) تعجب۔ حیرت۔

چکا چوندی لگنا۔ یا۔ آنا (ہ) آنکھوں کے آگے روشنی کے باعث اندھیرا آنا۔ تابِ نظارہ نہ لانا۔

چکارا (چِکا۔ رَا) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا چھوٹا نہایت چالاک اور نازک ہرن۔ مرگ (۲) چھوٹی سارنگی۔

چکاڑن (چَک۔ گاڑ) (ہ) (۱) گاڑھا۔ جما ہُوا (۲) داغدار (۳) مذکر۔ داغ۔ زخم کا نشان۔ کھرنچ۔

چکانا (چُکا۔ نا) (ہ) (۱) قیمت ٹھہرانا۔ مول کرنا (۲) فیصل کرنا (۳) نمٹانا۔ بیباق کرنا (۴) ختم کرنا۔ پورا کرنا۔

چکاوک (چَکا۔ وَک) (ف) مذکر۔ چنڈول۔ کوّا۔

چکائی (چُکا۔ ای) (ہ) مؤنث۔ چکانے کا کام۔ فیصلہ۔

چکائی دینا (ہ) دھوکا دینا۔ فریب دینا (پ) اُکسانا۔ آمادہ کرنا۔

چکٹ (چَکَٹ) (ہ) مؤنث کسی کو دانتوں سے کاٹنا۔

چکٹ مارنا (ہ) دانتوں سے کاٹ کھانا۔ منہ مارنا۔ دانت مارنا۔

چکتّا (چَکت۔ تا) (ہ) مذکر (۱) گول نشان۔ بڑا اور گول دھبّا (۲) دانتوں کے کاٹنے کا نشان (۳) گوشت کا ٹکڑا۔

چکتی (چَکت۔ تی) (ہ) مؤنث (۱) ٹکیا۔ قرص۔ گول چیز (۲) دُنبہ کی چوڑی دُم۔

چکٹ۔ چکٹا (چِک۔ کَٹ + چِک۔ ٹا) (ہ) (۱) نہایت میلا۔ کچیلا (۲) چپچپا (۳) چکناہٹ اور میل سے بھرا ہُوا (۴) جما ہُوا۔

چکتا۔ چکتی (چَکت۔ تا + چَک۔ تی) (ہ) (۱) مذکر (۲) مؤنث (عوام) مٹھی۔

چکٹنا (ہ) کثیف ہونا۔ غلیظ ہونا۔ میلا ہونا۔

چکچکا (چَک۔ چَکا) (ہ) روشن۔ چمکیلا۔

چکچکی (چَک۔ چَکی) (ہ) مؤنث۔ چپٹی لکڑیوں کی وہ جوڑی جو اکثر جوگی ایک ایک ہاتھ میں جوڑی ملا کر بجاتے ہیں۔

چکچوہنی (چَک۔ چُو۔ ہنی) (ہ) مؤنث۔ چمڑے کا ایک کھلونا۔

چکدڑھیا (چُک۔ دَڑھ۔ یا) (ہ) مذکر۔ کوسہ (پ) کھودا۔

چکّر (چَک۔ کَر) (ہ) مذکر (۱) حلقہ۔ دائرہ۔ پہیّہ (۲) احاطہ۔ محیط (۳) بھنور۔ گرداب (۴) گول سڑک (۵) گردش (۶) ایک گول آہنی حلقہ سا جو سکھوں کے ایک خاص فرقہ کے پاس پگڑی میں رہتا ہے۔

چکّر آنا (ہ) سر گھومنا۔ غش آنا۔

چکّر باندھنا (ہ) اس طرح گردش دینا کہ دائرہ بندھ جائے۔

چکّر میں آنا (ہ) گردش میں آنا۔ مصیبت میں پھنسنا۔

چکّر میں ڈالنا (ہ) (۱) مصیبت اور سختی میں مبتلا کرنا (۲) ہوش بھلانا (۳) راستہ بھلانا۔

چکرانا (ہ) (۱) چکّر کھانا۔ سر گھومنا (۲) گھبرانا۔ ہکا بکا رہنا (۳) گردش کھانا (۴) مصیبت میں پڑنا۔ تکلیف میں پڑنا۔

چکر مکر (چَکَر۔ مَکَر) (ا) مذکر۔ دغا۔ فریب۔ بہانہ۔ دَم۔ جھانسا۔

چکریا (چَک۔ رِیا) (ہ) مذکر۔ نوکری پیشہ۔

چکڑی (چَک۔ ڑی) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی لدو لکڑی جس کی اکثر کنگھیاں بنتی ہیں۔

چکس (چَکَس) (ف) بلبل کا اڈّا۔ پرندوں کے بٹھانے کی لکڑی۔

چکل (چَک۔ کَل) (ہ) مذکر۔ کسی پودے کی جڑوں سمیت وہ مٹی جو ایک جگہ سے اکھاڑ کر دوسری جگہ لگانے کے لئے پودے کے ساتھ لگائی جاتی ہے۔

چکلا (چَک۔ لا) (ہ) (۱) چوڑا۔ فراخ۔ گول (۲) مذکر دوادانہ دلنے کی چکّی (۳) چکّی کا پاٹ (۴) لکڑی کا گول تختہ (۵) حدبست۔ جاگیر۔ ضلع۔ پرگنہ۔ علاقہ۔ صوبہ (۶) رنڈیوں کے رہنے کا مقام۔

چکلا بندی (ا) حدبست۔

چکلا دار (ا) مذکر (۱) صوبہ دار۔ جاگیردار (۲) رنڈیوں کے محلّے کا چودھری۔

چکلی (چَک۔ لی) (ہ) مؤنث۔ چرخی۔ صندل رگڑنے کا چھوٹا گول پتھر۔

چکما (چَک۔ ما) (ہ) مذکر (۱) فریب۔ دھوکا۔ دم (۲) ضرر۔ نقصان (۳) ایک قسم کا کھیل۔

چکما دینا (ہ) دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ ضرر پہنچانا۔

چکما کھانا (ہ) حریف سے دھوکا کھانا۔ فریب میں آجانا۔

چکماک۔ چکمک (چَک۔ ماک۔ چَک۔ مَک) (ہ) مذکر و مؤنث۔ دیکھو "چقماق"۔

چکن (چِکَن) (ف) مؤنث (۱) ایک قسم کا کشیدہ۔ سوزن کاری۔ سوئی کا کام (۲) پھول بوٹوں والا کپڑا۔

چکن دوز (ف) مؤنث۔ کپڑے پر چکن بنانے والا۔

چکن دوزی (ف) مؤنث۔ چکن بنانے کا کام ⁂
چکن (چِکَن) (انگ CHICKEN) مذکر۔ چوزہ۔ مرغی کا بچہ ⁂
چکنا (چِک۔نا) (ہ) (۱) چرب۔ تیلیا (۲) روغنی (۳) چربی دار۔ موٹا۔ فربہ (۴) صاف ستھرا۔ چمک دار (۵) خوب صورت۔ رونق دار ⁂
چکنا چپڑا (ہ) خوش پوش۔ خوش لباس۔ صاف ستھرا ⁂
چکنا دیکھ پھسل پڑے (ہ) مثل۔ دولت دیکھ کر ریجھ گئے۔ خوب صورت دیکھ کر مر گئے ⁂
چکنا گھڑا (ہ) مذکر۔ بے حیا۔ بے غیرت۔ بے شرم۔ جس پر نصیحت اثر نہ کرے ⁂
چکنا گھڑا بوند پڑی ڈھل گئی (ہ) مثل۔ بے غیرت پر کتنی ہی لعنت ملامت ہوئی، پھر بھی اثر نہ ہوا۔ چکنے گھڑے پر بوند پڑی اور پھیل گئی ⁂
چکنا منہ پیٹ خالی (ہ) مثل۔ منہ پر رونق اور پیٹ بھوکا ⁂
چکنا (چُک۔نا) (ہ) (۱) ختم ہونا۔ خرچ ہو جانا (۲) بھاؤ ٹھہرنا۔ قیمت مقرر ہونا (۳) حساب بے باق ہونا۔ (۴) جھگڑے کا فیصلہ ہونا (۵) اُٹھانا ⁂
چکنا چور (چِک۔نا۔چُور) (ہ) (۱) ریزہ ریزہ۔ ٹکڑے ٹکڑے (۲) تھکا ہوا۔ ماندہ (۳) تیل میں لتھڑا ہوا ⁂
چکنا چور کرنا (ہ) (۱) ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۲) تھکا مارنا۔ (۳) تیل میں لت پت کر دینا ⁂
چکناوٹ۔ یا۔ چکناہٹ (ہ) مؤنث۔ چکنائی۔ چمک۔ صفائی۔ خوب صورتی ⁂
چکنائی (ہ) مؤنث۔ چربی۔ تیل۔ گھی۔ روغن ⁂
چکنی چپڑی باتیں (ہ) مؤنث۔ خوشامد کے کلمات۔ پُر لطف اور بامزہ باتیں ⁂
چکنی ڈلی (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی کچی چھالیا۔ جسے دودھ میں پکاتے ہیں ⁂
چکنی مٹی (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی مٹی جو لیپنے کے کام آتی ہے۔ لیس دار مٹی ⁂
چکنے منہ کو سب چومتے ہیں (ہ) مثل۔ امیر کی سبھی خوشامد کرتے ہیں۔ خوب صورت کی ہر جگہ قدر و منزلت ہوتی ہے ⁂
چکنیا (چِکَن۔یا) (ہ) بانکا۔ چھیل چھبیلا ⁂
چکو (چَک۔کُو) (ہ) مذکر۔ چاقو کا مخفف۔ چھوٹا چاقو ⁂
چکو (چَک۔کُو) (ہ) مذکر۔ کھٹیک ⁂
چکوا چکوی (چَک۔وَا + چَک۔وِی) (ہ) مؤنث۔ دو آبی پرندے جو اکثر دریا کے کنارے رہتے ہیں۔ دن بھر تو جوڑا ساتھ پھرتا ہے۔ رات کو کہتے ہیں کہ ہر ایک جدا جدا ہو جاتا ہے۔ جفت سرخاب۔ چکاوک ⁂
چکوتا (چُکَو۔تا) (ہ) مذکر۔ فیصلہ۔ چکت۔ بے باقی ⁂
چکوتا (چِکَو۔تا) (ہ) مذکر۔ ایک مرض جو اکثر گھٹنے کے نیچے پھنسیوں کی شکل میں نمایاں ہوتا ہے اور اس سے تمام ٹانگ پھٹتی جاتی ہے ⁂
چکوترا (چَکُوت۔رَا) (ہ) مذکر۔ ایک پھل جو ترنج اور نارنج سے پیوند دے کر بنایا گیا ہے ⁂
چکور (چَکُور) (ہ) مذکر۔ پہاڑی تیتر کی قسم کا ایک خوشنما پرند جس کی چونچ۔ پنجے سرخ اور گلے میں طوق ہوتا ہے۔ یہ چاند کا عاشق ہوتا ہے ⁂
چکھ (چَکھ) (ہ) چکھنا کا امر ⁂
چکھ ڈالنا (ہ) کھا ڈالنا۔ اڑا لینا۔ بالکل کھا جانا ⁂
چکھا (چَکھا) (ہ) (۱) چکھنا کی ماضی (۲) چکھانا کا امر ⁂
چکھانا (ہ) (۱) چاشنی دکھانا۔ ذائقہ دکھانا (۲) کھانا۔ نوش کرانا ⁂
چکھنا (ہ) (۱) مزہ لینا۔ لذت اٹھانا۔ ذائقہ دیکھنا۔ (۲) کھانا نوش کرنا ⁂
چکھوتیاں (ہ) مؤنث (۱) مزے دار کھانے۔ لذیذ کھانے (۲) چٹخارے۔ چٹورپن ⁂
چکھی (ہ) مؤنث (۱) چاٹ (۲) بٹیروں کا دانہ کھانا ⁂
چکئی (چَکَئی) (ہ) مؤنث (۱) پھرکی۔ لکڑی کا ایک گول کھلونا جسے بچے اکثر پھراتے ہیں (۲) گول۔ مدور ⁂
چکئی آڑو (ہ) مذکر۔ گول آڑو۔ گول شفتالو ⁂
چکی (چَک۔کی) (ہ) مؤنث (۱) آسیا۔ آٹا پیسنے یا دانہ دلنے کا آلہ (۲) گھٹنے کی ہڈی ⁂
چکی پیسنا (ہ) (۱) چکی چلانا۔ آٹا پیسنا (۲) مصیبت بھگتنا ⁂
چکی جھونا (ہ) (۱) آٹا پیسنا (۲) دکھڑا بیان کرنا ⁂
چکی رلانا (ہ) چکی کو کھردرا کرانا ⁂
چکی کا پاٹ (ہ) مذکر۔ چکی کا ہر حصہ۔ پرۂ آسیا ⁂
چکی (چُک۔کی) (ہ) مؤنث۔ فریب۔ دغا۔ چھل۔ دُرست مرچھوکا ⁂
چکی پکی (ہ) مؤنث (بچوں کی زبان میں) ختم ہو گئی ⁂
چکیدہ (ف) ٹپکا ہوا۔ منقطر ⁂

چ - گ

چُگ (چُگ) (ہ) چُگنا کا امر ٭
چُگ داڑھیا (ہ) مذکر۔ چھوٹی سی ڈاڑھی والا ٭
چُگا (چُگا) (ہ) (۱) چُگنا کی ماضی (۲) چُگانا کا امر ٭
چُگانا (ہ) جانوروں کو کھلانا۔ پرندوں کو کھلانا ٭
چُگنا (ہ) چُننا۔ پرندوں کا دانہ کھانا ٭
چُگّو (چُگ۔ گّو) (ہ) ٹھوڑی کے نیچے چند بالوں والی ڈاڑھی ٭
چگونگی (چِگُو۔ نِگی) (ف) مؤنث۔ کیفیت ٭
چگونہ (چِگُو۔ نہ) (ف) کس طرح۔ کیسا۔ کیا۔ کس قسم کا۔ کس حالت میں ٭

چ - ل

چُل (چُل) (ہ) مؤنث (۱) خارش۔ کھُجلی (۲) مستی باہ۔ شہوت۔ کام دیو (۳) بے کلی۔ بیقراری ٭
چُل اُٹھنا (ہ) کھُجلی ہونا۔ شہوت ہونا ٭
چل (چَل) (ہ) (۱) ہٹ۔ دُور ہو جا (۲) برہمی۔ پراگندگی (۳) ڈگمگاہٹ۔ تفاوت ٭
چل بچل (ہ) (۱) بے جگہ۔ بے موقع (۲) مؤنث۔ غلطی۔ خطا (۳) علٰحدگی۔ جُدائی ٭
چل بسنا (ہ) مرنا۔ دنیا سے چلا جانا ٭
چل بسے (ہ) یہ کلمہ نفرت ظاہر کرنے کے لئے زبان پر لاتے ہیں۔ مر گئے ٭
چل چخ۔ چل چخے۔ چل دور (ا) (عو) ہٹ۔ دُور ہو۔ چلا جا ٭
چل چلاؤ (ہ) مذکر (۱) رَوا رَوی۔ چلا چلی (۲) سفر۔ کوچ ٭
چل لونڈی میں آتا ہوں (ہ) مثل۔ اس موقع پر بولتے ہیں۔ جب کوئی شخص اپنی آرائش کی کوئی چیز دکھا کر اس کے اشارے سے کوئی بات کرے ٭
چل نکلنا (ہ) (۱) حد سے بڑھ جانا (۲) اترا جانا۔ گھمنڈ میں آجانا (۳) گستاخ اور بے ادب ہو جانا۔ (۴) بڑھ جانا۔ آگے ہو جانا (۵) چل پڑنا۔ روانہ ہو جانا ٭
چل ہوا بن۔ چل ہوا ہو (ا) رخصت ہو۔ ہوا کھا۔ چلتا پھرتا نظر آ ٭
چلّا (چِل۔ لّا) (ہ) مذکر (۱) وہ کلا بتونی بنا ہوا پگڑی کا سرا جو اس کے اوّل اور آخر ہوتا ہے (۲) وہ خمیری اور ملائم میٹھی روٹی جو آٹا پتلا کر کے کڑاھائی میں تلی جاتی ہے۔ پوڑا ٭
چلاچلی (ا) مؤنث (۱) روا روی۔ ہل چل۔ سفر کا تہیّہ اور شور (۲) موت کی گرم بازاری ٭
چلّانا (چِل۔ لا۔ نا) (ہ) (۱) چیخنا۔ غل مچانا۔ پکارنا (۲) رونا۔ فریاد کرنا (۳) غصّہ کرنا ٭
چلانا (ہ) (۱) ہانکنا۔ روانہ کرنا (۲) جاری کرنا۔ بہانا۔ (۳) بند و بست کرنا۔ کاروبار جاری کرنا (۴) گھسیٹنا۔ (۵) ہلانا۔ حرکت دینا (۶) پھاڑنا۔ کپڑوں کے تاروں کو جدا جدا کر دینا (۷) پھیلانا (۸) سُود پر دینا۔ (۹) استعمال کرنا (۱۰) نکالنا۔ رخصت کرنا ٭
چلاؤ (چِلا۔ ؤ) (ف) مذکر۔ گوشت کے بغیر پلاؤ۔ نمکین خشکہ ٭
چلبل (چِل۔ بِل) (ہ) مؤنث (۱) کتّے کے بچّے کی آواز (۲) بچّوں کی گھبرائی ہوئی آواز ٭
چلبلا (چُل۔ بُلا) (ا) چنچل۔ نہ رہنے والا۔ بے آرام۔ کھلاڑی۔ زندہ دل۔ شوخ مزاج ٭
چلپاسہ (چَل۔ پا۔ سہ) (ف) مؤنث۔ چھپکلی (۲) گرگٹ ٭
چلپرا (چِل۔ پرا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا رنگین پروں والا کبوتر ٭
چلتا (ہ) (۱) بہتا۔ جاری (۲) مروّج۔ رواجی (۳) چالاک۔ ہوشیار (۴) بھاگتا ہوا (۵) کارگر۔ پُر اثر ٭
چلتا پرزہ (ا) مذکر۔ بڑا چالاک اور منتفنی آدمی ٭
چلتا سماں (ہ) مذکر۔ بڑھاپے کا زمانہ ٭
چلت پھرت (ہ) مؤنث۔ پھرتی اور چالاکی۔ رفتار۔ گردش۔ حرکات۔ رقص ٭
چلتر (چَلِت۔ تر) (ہ) مذکر۔ فریب۔ مکر۔ چال۔ چھل ٭
چلتر بازی (ا) مؤنث۔ چالاکی۔ فریب۔ دھوکا بازی ٭
چلتہ (ف) مذکر۔ زرہ بکتر۔ لڑائی کے وقت کی ایک قسم کی پوشاک ٭
چلتی ڈھلتی پھرتی چھاؤں (ہ) مثل۔ دنیا کی دولت ناپائدار اور جاہ و مراتب چند روزہ سے مراد ہے۔ جو کبھی اس کے اور کبھی اس کے پاس ہے ٭

چلتی کا نام گاڑی ہے (ہ) جب تک کام بنا ہے۔ اسی وقت تک نام رہتا ہے ۔

چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانا (ہ) ہوتے ہوئے کام کو روکنا ۔

چلتی ہوا سے لڑنا (ا)، (عو) نہایت بدمزاج ہونا۔ خواہ مخواہ لڑائی کرنا ۔

چلتے پھرتے نظر آؤ (ا)، رخصت ہو جاؤ۔ رفو چکر ہو جاؤ ۔

چلتے چور لنگوٹی لابھ (ہ) مثل۔ بہت سا نقصان ہونے پر جو کچھ بھی مل جائے۔ غنیمت ہے ۔

چلچل (چل۔ چل) (ہ) مؤنث۔ ابرق۔ ابرک۔ ایک کانی جوہر جو اکثر بجری میں چمکتا ہوا نکلتا ہے ۔

چلچلاتا (چل۔ چلا۔ تا) (ہ) سخت گرم۔ جلانے والا ۔

چلچلاتی دھوپ (ہ) مؤنث۔ سخت تیز دھوپ ۔

چلچلانا (ہ) (۱) چیل کا بولنا (۲) (کنایۃً) بے فائدہ شور و غوغا کرنا ۔

چُلچُلانا (چُل۔ چُلا۔ نا) (ہ) (۱) کھجلانا (۲) جماع کرانے کو دل چاہنا ۔

چلڑ (چل۔ لڑ) (ہ)، مذکر (گنوار) چیلڑ کا مخفف۔ جوں۔ ڈینگر۔ سپش ۔

چلغوزہ (چل۔ غو۔ زہ) (ف)، مذکر۔ ایک قسم کا میوہ جو مقوی دماغ ہوتا ہے ۔

چلک (چلک) (ہ) چمک۔ جھلک۔ تابش۔ تاب۔ روشنی ۔

چلکا (چل۔ کا) (ہ)، مذکر۔ چاندی کا سکہ۔ روپیہ ۔

چلکنا (ہ)، چمکنا۔ روشن ہونا۔ دمکنا ۔

چلم (چلم) (ف۔ ہ) مؤنث آگ اور تمباکو رکھنے کا ظرف جسے حقّے پر رکھ کر دم لگاتے ہیں ۔

چلم (چلموں) پر آگ رکھنا۔ چلمیں بھرنا (ا) (۱) چلمیں بھر بھر کر حقہ پلانا۔ حقہ پلانے کی خدمت کرنا۔ (۲) (طنزاً) گھٹیا خدمت گزار ہونا ۔

چلم پینا (ہ) (۱) (ہندو) حقہ پینا۔ تمباکو پینا۔ غیر گوت ہونے کے باعث حقے کی چلم اتار کر چلم سے تمباکو پینا (۲) سلفہ پینا۔ چرس یا گانجے کا دم لگانا ۔

چلمچی (چلم۔ چی) (ف) مؤنث۔ سلفچی۔ سلپچی۔ طشت ہاتھ منہ دھونے کا برتن جو ایک خاص وضع کا بنا ہوتا ہے۔ اور اس کے سرپوش میں چھید کئے جاتے ہیں کہ اوپر ہی سے میلا پانی وغیرہ نیچے چلا جائے۔ اور نظر نہ آئے ۔

چلمن (چل۔ من) (ہ) مؤنث۔ چق۔ تیلیوں کا بنا ہوا پردہ ۔

چلن (چلن) (ہ) مذکر (۱) چال۔ رفتار (۲) روش۔ طور۔ طریقہ۔ ڈھنگ (۳) ریت۔ رسم (۴) بڑے پیسے کا دستور (۵) عادت۔ برتاؤ (۶) کفایت شعاری ۔

چلن ہار (ہ) (۱) مرنے جوگا۔ مرن ہار۔ رفتنی۔ فنا ہونے والا (۲) مسافر۔ کوچ کو تیار۔ پا در رکاب ۔

چلنا (ہ) (۱) حرکت کرنا۔ جنبش کرنا (۲) جانا۔ روانہ ہونا۔ رخصت ہونا (۳) رواج پانا۔ مقبول عام ہونا۔ (۴) سفر کرنا (۵) جاری ہونا۔ بہنا (۶) نکلنا۔ بکنا۔ (۷) پھٹنا۔ مسلنا (۸) نشہ ہونا (۹) انتقال کرنا۔ مرنا (۱۰) لڑائی ہونا (۱۱) فریب دینا۔ دھوکا دینا (۱۲) ترقی ہونا (۱۳) ذکر چھوڑنا (۱۴) بندوق یا توپ چھٹنا (۱۵) کارگر ہونا۔ اثر ہونا (۱۶) پیا جانا۔ نوش ہونا ۔

چلنی (چل۔ نی) (ہ) مؤنث۔ چھلنی ۔

چُلّو (چُل۔ لو) (ہ)، مذکر۔ ہاتھ کی اس طرح کی مٹھی جس میں پانی یا کوئی اور رقیق چیز لی جا سکے ۔

چُلّو میں اُلّو ہونا (ہ) ذرا سی مقدار شراب یا تیز بھنگ میں مدہوش ہو جانا ۔

چُلّو میں سمندر نہ سمانا (ہ) کوزے میں سمندر نہ آنا۔ چھوٹے ظرف والے سے بڑا کام نہ ہونا۔ کم حوصلہ آدمی سے بڑے کام کا انصرام نہ ہونا ۔

چُلّوؤں رونا (ہ) (عو) کثرت سے رونا۔ زار زار رونا ۔

چُلّوؤں لہو پینا (ہ)، (عو) بہت سا لہو پینا۔ خوب مارنا۔ خوب ستانا ۔

چلوا (چل۔ وا) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی مچھلی ۔

چلوا (چل۔ وا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کی جوں ۔

چلوانا (چل۔ وا۔ نا) (ہ) چلنا کا متعدی المتعدی ۔

چِلوانا (چل۔ وا۔ نا) (ہ) چلانا کا متعدی ۔

چلوانس (چل۔ وانس) (ہ) مؤنث (۱) چلاہٹ۔ (۲) ام الصبیان کی بیماری میں بچے کی چلاہٹ ۔

چِلّہ (چل۔ لہ) (ف)، مذکر (۱) چالیس دن کا عرصہ۔ چالیس دن کا زمانہ (۲) چالیس روز کا عمل (۳) وہ مکان جس میں کسی بزرگ نے چلہ کشی کی ہو (۴) زچہ کا

چالیسویں دن نہانا (۵) کمان کی تانت *
چلّہ چڑھانا (۱) تانت کو تان کر کمان کے اوپر لگانا۔ تیر کو تانت میں رکھنا *
چِلّھڑ (چِلّھ۔ ھَڑ) (ہ) مؤنث۔ جُوں *
چِلھوکا (چِلھ۔ وُکا) (ہ) مؤنث۔ چیل کے بلانے کی آواز *
چلیپا (چَلی۔ پا) (ف) مؤنث۔ صلیب۔ دار۔ سُولی *
چلی چلی بی ماکھو آئیں (ہ) مثل (عو) (۱) بڑھتے بڑھتے بات یہاں تک پہنچ گئی (۲) لڑکوں کا ایک کھیل *
چلے چلنا (ہ) (۱) برابر چلے جانا (۲) کہیں نہ ٹھہرنا *
چلیے (ہ) (۱) جائیے (۲) ہمراہ آیئے (۳) بس۔ چلو کی جگہ تعظیمی لفظ *

چ - م

چَم (چَم) (ہ) مذکر۔ چام کا مخفف۔ چمڑا۔ چرم *
چمار (چَمار) (ہ) مذکر (۱) چمڑا بنانے والا (۲) موچی۔ چرم دوز۔ چمڑا بیچنے یا جوتیاں سینے اور گانٹھنے والا (۳) کمینہ۔ سفلہ۔ نیچ *
چمار چودس (ہ) مؤنث (۱) چماروں کی عید (۲) کم ظرفی کے باعث چند روزہ خوشحالی پر اترانا *
چمار کو عرش پر بھی بیگار (ہ) مثل۔ غریب کی ہر جگہ کم بختی ہے *
چماری (ہ) مؤنث (۱) چمار کی جورو (۲) چمار قوم کی عورت (۳) کنول گٹے کا پھول *
چمالی (چَما۔ لی) (ف) مذکر۔ شراب پلانے والا۔ ساقی *
چمبرلین (انگ CHAMBERLAIN) کسی بادشاہ یا امیر کے امور خانہ داری کا منتظم *
چمبک (چَم۔ بَک) (س) مذکر (۱) کتاب کا خلاصہ (۲) خارج قسمت (۳) عالم و فاضل (۴) ترازو کا درمیانی حصّہ (۵) بدمعاش۔ دغا باز *
چمبک پتھر (۱) مذکر (پورب) مقناطیس۔ آہن ربا *
چمپا (چَم۔ پا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا درخت جس کا پھول سفیدی لئے ہوئے زرد رنگ کا ہوتا ہے *
چمپا کلی (ہ) مؤنث۔ گلے کا ایک زیور جس کے دانے چمپا کے پھول سے مشابہ ہوتے ہیں *
چمپت (چَم۔ پَت) (ہ) چھپا ہوا *
چمپت ہونا (ہ) رخصت ہونا۔ جلد چلا جانا۔ ہوا ہو جانا *
چمپو (چَم۔ پُو) (س) مؤنث (۱) ایک قسم کی تحریر جو نظم و نثر میں لکھی جائے (۲) (ہ) بڑی کشتی *
چمپئی (ہ) سنہری۔ سونے یا چمپا کی سی رنگت کا *
چمٹا (چِم۔ ٹا) (ہ) مذکر (گنوار) دست پناہ۔ آگ پکڑنے کا آلہ *
چمٹانا (چِم۔ ٹا۔ نا) (ہ) (۱) چسپاں کرنا۔ چپکانا (۲) پیچھے لگانا (۳) لپٹانا *
چمٹنا (چِمَٹ۔ نا) (ہ) (۱) چپکنا۔ چسپاں ہونا (۲) پیچھے پڑنا (۳) لپٹنا *
چمچ (چَم۔ چ) (ہ) مؤنث (۱) بڑی چونچ والی سفید چڑیا (۲) (عوام) چمچہ *
چمچچڑ (چَم۔ چَچ۔ چڑ) (ہ) چچڑی کی طرح چمڑے سے چمٹ جانے والا۔ پیچھا نہ چھوڑنے والا *
چمچمانا (چَم۔ چَما۔ نا) (ہ) (ہندو) چمکنا *
چمچماہٹ (ہ) مؤنث۔ چمک *
چمچہ (چَم۔ چَہ) (ف) مذکر۔ شوربہ یا شربت یا کوئی اور رقیق چیز پینے کا ظرف۔ ڈوئی۔ کفچہ *
چمچی (۱) مؤنث۔ چھوٹا چمچہ۔ کٹھا۔ چونہ لگانے کا چھوٹا سا آلہ *
چمرخ (چَم۔ رَخ) (۱) مؤنث۔ وہ چمڑے یا مونجھ کی پتلی سی چیز جس کے اندر تکلا پھرتا ہے (۲) دبلا۔ پتلا۔ کمزور *
چمرس (چَم۔ رَس) (ہ) مذکر۔ چمڑے کا زخم۔ وہ زخم جو جوتی کے چمڑے سے پڑ جائے *
چمڑا (چَم۔ ڑا) (ہ) مذکر (۱) کھال۔ چرم۔ ادھوڑی (۲) سخت۔ نہ گلنے کے قابل *
چمڑی (ہ) مؤنث۔ چمڑے کی تصغیر۔ کھال۔ پوست *
چمڑی جائے دمڑی نہ جائے (ہ) مثل۔ ابن بخیل کی بابت بولتے ہیں جو پیسہ دینے کی جگہ جسمانی سزا بھگتنے کو تیار ہو *
چمک (چَمَک) (ہ) مؤنث (۱) روشنی۔ جھلک۔ بھڑک (۲) ٹیس۔ کرنا ہٹیا درد *
چمک پتھر (ہ) مذکر۔ مقناطیس۔ آہن رُبا *
چمک چاندنی (۱) مؤنث (عو) وہ عورت جو اوباش وضع نہایت زرق برق اور بنی ٹھنی رہتی ہو *
چمک دار (۱) چمکیلا۔ درخشاں۔ منوّر۔ جھمکتا *
چمک دمک (ہ) مؤنث۔ جھلک۔ زیب و زینت *
چمکارا (ہ) مذکر۔ چمک۔ روشنی۔ لمعہ *
چمکارنا (چُم۔ کار۔ نا) (ہ) پیار کرنا۔ دلاسا دینا۔ تھپکنا *

چمکانا (ہ) (۱) آب دینا۔ صیقل کرنا (۲) بھڑکانا (۳) گھوڑے کو دوڑانا۔

چمکنا (ہ) (۱) روشنی دینا۔ کوندنا (۲) رونق پکڑنا (۳) مشہور ہونا۔ نام پانا (۴) جگمگانا۔ جھلکنا (۵) بھڑکنا۔ ڈرنا (۶) بلند ہونا۔ پکڑنا (۷) ترقی پر ہونا۔ زور پکڑنا (۸) لڑائی ہونا۔ جھگڑا ہونا (۹) خفا ہونا۔ جھنجھلانا۔ (۱۰) گھوڑے کا خوب دوڑنا (۱۱) کثرت سے خرید و فروخت کرنا۔

چمکو (چَمَک۔کُو) (ع) (ع) (۱) چھنال۔ فاحشہ۔ بدکار (۲) شوخ۔ چنچل (۳) عیّار (۴) لڑاکا۔ جھگڑالو۔

چمکیلا (چَم۔کِی۔لا) (ہ) چمکتا ہوا۔ چمک والا۔ روشن۔ درخشاں۔

چمکی (چَم۔کی) (ہ) مؤنث۔ جھوٹا کام۔ جھوٹا مقیش۔

چمگادڑ (چَم۔گا۔دَڑ) (ہ) مؤنث۔ شپّر۔ ایک تاریکی پسند پرندہ جو اکثر چھتوں میں رہتا اور رات کو اڑا کرتا ہے۔

چمگادڑ کے گھر مہمان آئے۔ ہم بھی لٹکیں۔ تم بھی لٹکو۔ مثل۔ جیسا میزبان ہوگا۔ ویسی ہی مہمان کی عزّت ہوگی۔

چملا۔ چمل۔ چملی (چَم۔لا + چَم۔لَا + چَم۔لی) (ہ) مذکر۔ مؤنث۔ فقیروں اور غریبوں کا پیالہ۔

چمن (چَمَن) (ف) مذکر (۱) سبز کیاری۔ چھوٹا سا باغیچہ جو گھر کے اندر لگا لیتے ہیں۔

چمنی (چِم۔نی) (انگ - CHIMNEY) مؤنث۔ لوہے یا شیشے کی بنی ہوئی نالی۔ دودکش۔ فانوس۔

چموٹا (چَمو۔ٹا) (ہ) مذکر۔ چمڑے کا وہ ٹکڑا جس پر نائی استرا صاف کرتے ہیں۔

چموٹی (ہ) مؤنث۔ وہ چمڑا جو قیدیوں کے پاؤں میں زنجیر کی رگڑ سے بچنے کے لئے لگا دیتے ہیں۔

چموراتی (چَم۔مو۔را۔تی) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا کھیل۔

چمیگوئیاں (چِمے۔گو۔ئیاں) (ف) مؤنث (۱) گپ شپ (۲) شوخیاں۔

چ - ن

چن (چَن) (ہ) چنگا کا ام۔

چن چن کے نام رکھنا (ہ) بات بات پر برا کہنا۔ ہر بات پر طعنہ دینا۔

چنا (چَنا) (ہ) مذکر۔ نخود۔ بوٹ۔

چنار (چِنار) (ف) مذکر۔ ایک بہت بڑا درخت جس کی پتیاں سرخ۔ سبز اور پنجۂ انسان کے مشابہ ہوتی ہیں۔ اکثر اوقات اس میں خود بخود آگ بھی لگ جایا کرتی ہے۔

چنّا منّا (چُن۔نا۔مُن۔نا) (ہ) مذکر (بچوں کی زبان) بہت چھوٹا۔

چناں چنیں (چُناں چُنیں) (ف) مؤنث (۱)
چنان و چنیں (چُنا۔نُو۔چُنیں) ایسا ویسا۔ اس طرح۔ اُس طرح (۲) لسّانی۔ لغت تراشی (۳) نکتہ چینی۔ نقص۔ عیب (۴) چرچا۔ بحث بحثی۔

چنانچہ (ف) جیسا کہ۔ مثلاً۔ اس طرح۔ اس طور سے۔

چنائی (چُنا۔ئی) (ہ) مؤنث (۱) تعمیر۔ عمارت (۲) معماروں کی مزدوری۔

چنبر (چَم۔بَر) (ف) مذکر (۱) سرپوش۔ حلقہ۔ گھیرا (۲) چلم کا سرپوش یا ڈھکنا (۳) گردن کی ہنسلی۔

چنبک (چُم۔بَک) (ف) مذکر۔ مقناطیس۔

چنبل (چَم۔بَل) (ا) (۱) کاسۂ گدائی۔ بھیک کا پیالہ (۲) حقّے کا سرپوش (۳) مؤنث۔ ایک ندی جو دریائے جمنا میں گرتی ہے۔

چنبلی (چَنبَ۔لی) (ا) مؤنث۔ دیکھو چملی۔

چنبیلی (چَنبے۔لی) (ہ) مؤنث۔ ایک مشہور پھول جو زرد اور سفید دو رنگ کا ہوتا ہے۔

چنبیلی چاؤ میں آئی (ہ) منہ لگی لونڈی سر چڑھی۔
چنبیلی چاؤ میں آئی۔ لڑکے بالے ساتھ لائی۔ (ہ) مثل۔ منہ لگایا۔ کمینہ سر چڑھا۔

چنٹ (چُنَٹ) (ہ) مؤنث۔ سلوٹ۔ کپڑے وغیرہ کی چین۔

چنتا (چِن۔تا) (ہ) مؤنث (ہندو) فکر۔ اندیشہ۔ ڈر۔ خوف۔ خطرہ۔

چنچر (چَن۔چَر) (ہ) مؤنث (۱) وہ زمین جو حال میں زراعت سے باہر کی گئی ہو (۲) وہ زمین جس میں دوسرے سال زراعت کی گئی ہو۔

چنچل (چَن۔چَل) (ہ) شوخ۔ گرم۔ چست و چالاک۔ چلبلا۔ بیٹھنے والا۔ بے چین۔

چنچنا (چِن۔چِنا) (ہ) بدمزاج۔ چڑچڑا۔ بات بات پر بگڑنے والا۔

چِنچنانا (ہ) بچّے کا رونا۔ چیں چیں کرنا۔ بگڑنا ٭

چِنچنے (چِن-چِنے) (ہ) مذکّر۔ دیکھو "چڑنے" ٭

چند (چَند) (ف) کس قدر۔ کتنے۔ کچھ۔ قلیل۔ محدود ٭

چندبار (ا) کئی بار۔ کئی مرتبہ ٭

چند روزہ (ف) ناپائدار۔ بے ثبات۔ فانی۔ عارضی ٭

چندا (چَن-دَا) (ہ) مذکّر (۱) چاند۔ مہتاب (۲) مور کی دُم کا چاند ٭

چندا ماموں (ہ) مذکّر۔ بچّے چاند کو کہتے ہیں ٭

چنداں (ف) اس قدر۔ اتنی۔ ایسی ٭

چندر (چَن-دَر) (س) مذکّر۔ چاند۔ ماہ۔ ماہتاب ٭

چندر بنسی (ہ) مذکّر۔ ایک مشہور خاندان جس میں پانڈے اور کورے ہوئے ہیں ٭

چندر کلا (ہ) مذکّر۔ چاند کے قطر کا سولھواں حصّہ ٭

چندرما (ہ) مذکّر۔ چاند۔ ماہ۔ مہتاب ٭

چندر ہار (ہ) مذکّر۔ گلے کا ایک زیور ٭

چندرا (چَند-رَا) (ہ) مذکّر۔ وہ شخص جس کی کھوپری پر بال نہ ہوں ٭

چندرانا (چَند-رَا-نَا) (ہ) (۱) جھٹلانا۔ مکرانا (۲) جان بوجھ کر کوئی بات پوچھنا۔ تجاہل عارفانہ کرنا ٭

چندراولی (چَند-رَا-وَلِی) (ہ) مؤنّث (۱) ایک جوگنی (۲) کرشن جی کی ایک گوپی (۳) ایک مشہور ناٹک (۴) مذکّر۔ دہلی کے قریب ایک قصبہ ٭

چندن (چَن-دَن) (س) مذکّر۔ صندل۔ صندل کی لکڑی ٭

چندن کی چٹکی بھلی گاڑی بھرا نہ کا ٹھ۔ (ہ) تھوڑی اچھی چیز اس زیادہ سے بہتر ہے۔ جو خراب ہو۔ ذرا سا صندل گاڑی بھرا ایندھن سے بہتر ہے ٭

چندوا (چَند-وَا) (ہ) مذکّر۔ ٹوپی کے اوپر کا حصّہ۔ گول ٹوپی کے اوپر کا گردہ ٭

چندہ (چَن-دَہ) (ف) مذکّر (۱) بانٹ۔ حصّہ (۲) وہ روپیہ جو مختلف آدمیوں سے لے کر کسی کام کے لئے جمع کیا جائے ٭

چندھا (چُن-دھا) (ہ) وہ شخص جس کی آنکھیں روشنی نہ دیکھ سکیں۔ سبل کی بیماری والا۔ شپرہ چشم ٭

چندھیانا (ہ) (۱) تیز روشنی کے باعث آنکھیں جھپکنا (۲) آنکھوں کی کمزوری کے سبب کم نظر آنا (۳) حیرت زدہ ہونا (۴) گھبرا جانا ٭

چندی (ہ) مؤنّث۔ ٹکڑا۔ بھاگ۔ حصّہ ٭

چندے (چَن-دے) (ف) (۱) کچھ دیر (۲) کچھ روز۔ (۳) کچھ ٭

چندے آفتاب چندے ماہتاب (ل) (عو) حسن وجمال میں سورج اور چاند کے برابر۔

چندیا (چَند-یا) (ہ) مؤنّث (عو) (۱) سر۔ کھوپری (۲) چھوٹی سی روٹی۔ بچے ہوئے آٹے کی ٹکیا (۳) روٹی بڑھاتے وقت بیچ میں جو ٹکیہ رہ جاتی ہے ٭

چندیا پر بال نہ چھوڑنا (ہ) (عو) سر کے بال تک نہ رکھنا۔ لوٹ لوٹ کر کھا جانا ٭

چندیا سے پرے سرک (ہ) (عو) پاس سے ہٹ۔ سر کے اوپر سے الگ جا کر کھڑا ہو ٭

چندیا کھجانا (ہ) (عو) سر کھجانا۔ جوتیاں کھانے کو جی چاہنا ٭

چندیا مونڈنا (ہ) (عو) (۱) سر مونڈنا (۲) لوٹ کر کھانا (۳) سزائے سخت دینا ٭

چنڈال (چَن-ڈَال) (ہ) (۱) نیچ۔ کمینہ۔ ادنیٰ ذات کا آدمی (۲) بدنصیب۔ بدبخت (۳) بخیل۔ کنجوس۔ ممسک ٭

چنڈال بال (ہ) مذکّر۔ وہ بڑا بال جو ماتھے پر نکل آتا ہے۔ اور اسے منحوس جانتے ہیں ٭

چنڈالنی (ہ) مؤنّث۔ کمینی۔ سفلی۔ صندن ٭

چنڈاول (چَن-ڈَا-وَل) (ہ) مذکّر (۱) لشکر کی آخری فوج (۲) سنتری۔ چوکیدار۔ پاسبان۔ سپاہی ٭

چنڈو (چَن-ڈُو) (ہ) مذکّر۔ چانڈو۔ ایک قسم کا نشہ جو افیون پانی میں پکا کر بنایا جاتا اور حقّے کی طرح پیا جاتا ہے ٭

چنڈو باز (ل) مذکّر (۱) چنڈو پینے کا عادی (۲) زرد رنگ کا آدمی ٭

چنڈول (چَن-ڈُول) (ہ) مذکّر۔ ایک خوش آواز چڑیا سے بڑے تاجدار پرند کا نام۔ چکاوک (۲) بدہیئت اور بے ہودہ آدمی۔ منقطع بے وقوف (۳) سکھپال۔ ڈولا۔ ایک زنانہ سواری جسے کہار اٹھاتے ہیں۔ (۴) مٹی کا ایک کھلونا ٭

چُنری (چُن-رِی) (ہ) مؤنّث۔ رنگ برنگ کا دوپٹہ۔ چونر۔ چونری ٭

چنک (چَنَک) (ہ) مؤنّث (۱) ایک قسم کی بٹیر جو گرمی میں نکلتی ہے (۲) (ہندو) کمر کا جھٹکا ٭

چنگ (چَنگ) (ا) مؤنث (۱) ایک قسم کا کنکوا جسے رات کو غبارے کی طرح ایک گیند روشن کر کے اڑاتے ہیں (۲) گنجفے کی ایک بازی (۳) (ہندو) سوزش مثانہ۔ ایک مرض جس میں پیشاب تکلیف سے آتا ہے ٭

چنگ (چَنگ) (ف) مذکر۔ ایک قسم کا باجا ٭

چنگا (چَنگ۔گا) (ہ) (۱) اچھا۔ تندرست (۲) سورما۔ طاقتور ٭

چنگا ہے مگر ننگا (ا) مثل۔ صاحب استطاعت تو ہے مگر بے حد کفایت شعار ہے ٭

چنگاری (چِنگ۔گا۔ری) (ہ) مؤنث (۱) آگ کا شرارہ۔ (۲) ایسی بات جو لوگوں کی سوختگی اور رنجش کا باعث ہو ٭

چنگاری ڈالنا (ہ) (۱) آگ لگانا (۲) فساد کرنا۔ جھگڑا اٹھانا ٭

چنگاریاں چھوٹنا (ہ) (۱) آگ کے شرارے نکلنا۔ آگ کی پنکھیاں اٹھنا (۲) کمال جلال اور غضب کا ظاہر ہونا۔ خونخواری برسنا ٭

چنگال (چَنگ۔گال) (ف) مذکر۔ درندوں اور شکاری پرندوں کا پنجہ ٭

چنگل (چَنگ۔گَل) (ف) (۱) آدمی یا جانور کا پنجہ (۲) مٹھی۔ ہاتھ ٭

چنگنا (چِنگ۔نا) (ہ) مذکر۔ مرغی کا بچہ۔ چوزہ ٭

چنگنا (چِنگ۔نا) (ہ) ہندو۔ ناراض ہونا ٭

چنگھاڑ (چِنگ۔گھاڑ) (ہ) مؤنث (۱) ہاتھی کی آواز (۲) شوروغل (۳) فریاد و فغاں کی آواز ٭

چنگھاڑ مارنا (ہ) مہیب آواز نکالنا۔ ہاتھی یا دیو کا چیخنا ٭

چنگھاڑنا (ہ) (۱) ہاتھی کا گرجنا۔ دہاڑنا (۲) مور کا بولنا ٭

چنگھوٹیاں (چِنگھُو۔ٹیاں) (ا) بچوں یا نئے سیکھنے والوں کے ٹیڑھے حروف ٭

چنگی (چُنگ۔گی) (ہ) مؤنث (۱) چٹکی بھر (۲) شہری محصول جو باہر سے مال آنے پر لگایا جاتا ہے۔ ٹیکس ٭

چنگیر (چَنگ۔گیر) (ہ) مؤنث (۱) پھول رکھنے کا برتن۔ پھولوں کی ٹوکری (۲) خوان کا سرپوش ٭

چنگیری (ہ) مؤنث۔ روٹیوں کی ٹوکری۔ ایک قسم کی پھیلی ہوئی بیٹھک دار ٹوکری ٭

چُننا (چُن۔نا) (ہ) (۱) اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا (۲) پسند کرنا۔ انتخاب کرنا (۳) عمارت اٹھانا۔ دیوار بنانا (۴) ترتیب دینا۔ سلیقے سے رکھنا (۵) چگنا۔ دانہ اٹھانا (۶) کپڑے میں چُنٹ ڈالنا (۷) پھٹکنا۔ بینانا ٭

چُنندہ (چُنَن۔دَہ) (ف) مذکر۔ چیدہ۔ منتخب۔ چنا ہوا۔ اچھے سے اچھا ٭

چُننگ (چُنَنگ) (ہ) مؤنث۔ پیشاب کی سوزش۔ پیشاب کرتے وقت کی جلن ٭

چنوال (چُن۔وَال) (ہ) (عو) دیکھو "چنندہ" ٭

چنوانا (ہ) بنوانا۔ اکٹھا کرانا۔ سمٹوانا ٭

چنوٹی (چُنو۔ٹی) (ہ) مؤنث۔ پان کا چونا رکھنے کا برتن ٭

چنور (چَنوَر) (ہ) مذکر۔ مورچھل۔ چونری۔ وہ بالوں کا گچھا جس سے مکھیاں اڑاتے ہیں ٭

چُنی (چُن۔نی) (ہ) مؤنث۔ چھوٹا سا سرخ رنگ یاقوت کا ٹکڑا۔ لالڑی ٭

چنی منی (چُن۔نی۔مُن۔نی) (ہ) مؤنث (بچوں کی زبان) بہت چھوٹی ٭

چُنیا (چُن۔یا) (ہ) (۱) چھوٹی۔ ذراسی (۲) بچہ۔ نوجوان (۳) ہنیا۔ چھوٹی بطخ ٭

چُنیا بطخ (ا) مؤنث۔ ایک قسم کی چھوٹی بطخ ٭

چنیا بیگم (ا) مؤنث۔ افیون ٭

چنیا گوند (ہ) مذکر۔ ڈھاک کا گوند ٭

چنے کا مارا مرنا (ہ) ذراسی چوٹ سے مرنا ٭

چنے کے ساتھ گھن بھی پس گیا (ا) مثل قصوروالے کے ساتھ بے قصور کی بھی شامت آ گئی ٭

چنیں (چُنِیں) (ف) (۱) ذرا۔ ایسا (۲) ایسے۔ اس طرح ٭

چ - و

چو (چَو) (ہ) چار۔ چہار۔ اربع ٭

چوا (چو۔وا) (ہ) مذکر (۱) گنجفے کا وہ ورق جس پر چار نقشے ہوتے ہیں (۲) چار چیزوں کا ڈھیر ٭

چوالیس (چوا۔لیس) (ہ) چار اوپر چالیس۔ چہل و چہار ۴۴ ٭

چوبا (چو۔با) (ہ) مذکر۔ چار ویدوں کا عالم برہمن۔ متھرا کے برہمنوں کی ایک قوم جو بہت سا کھانا کھانے میں مشہور ہے ٭

چوبارا (ہ) مذکر۔ کوٹھا۔ مکان کے اوپر کا وہ کمرہ جس کے

چار دروازے یا چاروں طرف کھڑکیاں ہوتی ہیں ٭

چوبائی (ہ) مؤنث۔ چَوطرفی ہَوا۔ چاروں طرف کی ہَوا ٭

چوبائی ہوا چلا دو (۱) مثل۔ نہایت عقل مندی اور عیّاری سے کوئی تعجب انگیز تدبیر کرکے کامیاب ہو جاؤ ٭

چوبچہ (بچو۔ بچّ۔ بچۂ) (ا) مذکر (چاہ بچّہ) چھوٹا حوض۔ گندے پانی کا گڑھا ٭

چوبرسی (ہ) مؤنث۔ مردے کی ایک رسم جو چار سال بعد اکثر ہندوؤں میں ادا کی جاتی ہے ٭

چوبغلا (ا) مذکر۔ چوغے یا انگرکھے کے بغل کے نیچے کا حصّہ ٭

چوبندی (ہ) مؤنث (۱) نعل بندی (۲) اخراج ٭

چوبولا (ہ) مذکر۔ ہندی زبان کا گیت۔ چار مصرعوں کا گیت ٭

چوبیس (ہ) چار اور بیس۔ بست و چہار۔ ۲۴ ٭

چوبیسا (ہ) مذکر (۱) چوبیس گاؤں کا پرگنہ (۲) ایک قسم کا جنتر یعنی تعویذ۔ چوبیس کا نقش ٭

چوپال (ہ) مؤنث۔ بیٹھک۔ نشست گاہ۔ گاؤں کا وہ پنچایتی مکان جس میں پنچ مل کر بیٹھتے یا مسافر ٹھہرتے ہیں ٭

چوپالا (ہ) مذکر۔ دیکھو "چوپہلا" ٭

چوپائی۔ یا۔ چوپئی (ہ) مؤنث۔ رُباعی۔ چار مصرعوں کی نظم ٭

چوپایہ (ف) چار پاؤں کا جانور۔ گدھا۔ بیل وغیرہ ٭

چوپٹ (ہ) (۱) چار دروازے کھلے ہوئے۔ کھلا ہُوا۔ فراخ (۲) نابینا۔ اندھا (۳) جاہل مطلق (۴) تباہ۔ برباد۔ ویران ٭

چوپٹ کرنا (ہ) اجاڑنا۔ ویران کرنا۔ لوٹنا۔ غارت کرنا ٭

چوپڑ (ہ) مؤنث (۱) چوسر۔ نرد بازی۔ پچیسی (۲) چوسر کی بساط جو چہار سر اور چہار گوشہ ہوتی ہے۔ چوسر کا وہ کپڑا جس پر گوٹیں رکھتے ہیں ٭

چوپڑ کا بازار (ہ) مذکر۔ چار راستوں کا بازار۔ وہ بازار جس کے چاروں طرف دکانیں ہوں۔ چارسُو۔ چار بازار ٭

چوپہرا (ہ) چار پہرے کا۔ چار پہروں میں یا چار پہروں کے لئے ٭

چوپہل (ہ) (۱) چار پہلو کی۔ مربع (۲) چوڑی اینٹ ٭

چوپہلا (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا ڈولا۔ محافہ ٭

چوپھلا (ہ) چار پھل کا۔ وہ چاقو جس میں چار کارد ہوں ٭

چوپھیر (ہ) چاروں طرف۔ اردگرد ٭

چوپہیہ (ہ) (۱) چار پہیوں کا (۲) مؤنث۔ ایک قسم کی گاڑی ٭

چوتارا (ہ) (۱) چار تار کا بنا ہُوا کپڑا (۲) ایک قسم کا باجا ٭

چوتالا (ہ) مذکر۔ طبلہ بجانے کا ایک طریق ٭

چوتھ (چَوتھ) (ہ) مؤنث۔ چوتھا حصّہ۔ ہر پاکھ کی چوتھی تاریخ۔ ایک قسم کا خراج جو مرہٹے لیتے تھے۔ چہار یک۔ رُبع۔ سرکاری مال گزاری کا چوتھا حصّہ ٭

چوتھا (ہ) (۱) چہارم۔ رابع (۲) (ہندو) تھاؤنی۔ میت کے چوتھے یا تیسرے دن کی رسم۔ سوم۔ تیجا ٭

چوتھائی (ہ) مؤنث۔ چہارم۔ چوتھا حصّہ۔ رُبع ٭

چوتھی (ہ) مؤنث (۱) چوتھا کی تانیث (۲) بیاہ کی ایک رسم جو ساچق کے چوتھے روز ہوتی ہے ٭

چوتھی کھیلنا (ہ) چوتھی کے روز دلہن کے گھر جا کر چھڑیوں۔ سبز ترکاریوں اور میووں سے لڑنا۔ ان چیزوں کو ایک کا دوسرے پر پھینکنا ٭

چوتھے پانچویں (ہ) گاہ بہ گاہ۔ کبھی کبھی بھولے چوکے ٭

چوتہی (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا سوتی بستر جسے چار تہ کرکے بچھاتے ہیں ٭

چوتھیا (ہ) مذکر (۱) چوتھے روز کا بخار (۲) نمبردار۔ زمیندار ٭

چوچند (ف) چار چند۔ چوگنا ٭

چوڈانی (ہ) مؤنث۔ کان کا ایک زیور جس میں موتی کے چار دانے لگے ہوتے ہیں ٭

چودس (ہ) مؤنث۔ چاند کی چودھویں تاریخ۔ ہندی مہینے کے ہر پاکھ کی چودھویں تاریخ ٭

چودہ (چَو۔ دَہ) (ہ) چار اور دس۔ چہاردہ۔ ۱۴ ٭

چودہ بدیا (ہ) مؤنث۔ چودہ علم یعنی چار وید چھ ویدانگ دھرم۔ میمانسا۔ نیائے۔ پران ٭

چودہ بدّیا ندھان (ہ) مذکّر (۱) چودہ علموں کا عالم۔ بڑا بھاری فاضل (۲) پختہ کار۔ تجربہ کار ۔
چودہ خانوادے (ا) مذکّر۔ سلسلہ زُہّاد کے چودہ خاندان جو چار پیروں کے سلسلے سے نکلے ہیں ۔
چودھر (چَوْ۔ دَھَر) (ہ) مؤنّث۔ اسلامی حکومت کا ایک عہدہ۔ چودھری کا عہدہ۔ چودھری کا اختیار — چودھری کا درجہ۔ منصب یا رتبہ ۔
چودھرات - چودھرایت (ہ) مؤنّث۔ چودھری کا عہدہ۔ نمبرداری۔ سرداری۔ چودھری پنے کا حق یا جنس ۔
چودھری (ہ) مذکّر (۱) ہم پیشہ لوگوں کا سرگروہ۔ نمبردار۔ گاؤں کا سردار۔ میر محلّہ (۲) بنگال کے زمینداروں کا ایک خطاب ۔
چودھواں (ہ) چودہ سے نسبت رکھنے والا۔ چودھویں نمبر کا ۔
چودھویں رات (ہ) مؤنّث۔ چاند کی وہ شب جس میں چاند پورا ہو جاتا ہے۔ شبِ چہاردہم ۔
چودھویں رات کا چاند (ہ) مذکّر (۱) پورنماشی کا چاند۔ ماہِ کامل۔ بدر (۲) نہایت خوبصورت ۔
چوراسی (چَوْ۔ رَا۔ سِی) (ہ) (۱) چار اوپر اسّی۔ ہشتاد و چہار (۲) مذکّر۔ ایک قسم کا زیور۔ جھانجن (۳) گھنگروؤں کا ہار جو بیلوں کی گردن میں ڈالا جاتا ہے ۔
چوراسیا (ہ) (۱) چوراسی برس کا۔ ہشتاد و چہار سالہ (۲) مذکّر۔ برہمنوں کی ایک قوم ۔
چورانوے - چورانویں (چَوْ۔ رَان۔ وِے + چَوْ۔ رَان۔ وِیں) (ہ) چار اوپر نوّے۔ چھ کم سو۔ نود و چہار۔ ۹۴ ۔
چوراہا (ہ) مذکّر۔ وہ جگہ جہاں سے چاروں طرف ایک ایک راستہ جاتا ہو ۔
چورس (ہ) ہموار۔ سطح۔ مربّع۔ چوکور ۔
چورسانا (ہ) ہموار کرنا۔ مربّع بنانا۔ چوکور کرنا۔ صاف کرنا ۔
چورسائی (ہ) مؤنّث۔ ہمواری۔ برابری۔ برابر ہونا ۔
چورنگ (ہ) مذکّر (۱) وہ چیز جس پر تلوار کا ہاتھ صاف کریں (۲) ایک وار میں تلوار سے چار ٹکڑے کرنا (۳) تلوار کا وار۔ تلوار کا ہاتھ ۔
چورنگ کاٹنا (ہ) تلوار کے ایک ہاتھ میں چار ٹکڑے کرنا۔ تلوار سے ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔
چوسٹھ - یا - چونسٹھ (ہ) چار اوپر ساٹھ۔ شصت و چہار۔ ۶۴ ۔
چوسر (ہ) مؤنّث (۱) نرد بازی۔ پچیسی (۲) بساط جس پر گوٹیں رکھی جاتی ہیں ۔
چوسر باز (ا) مذکّر۔ چوسر کا کھلاڑی۔ نرد باز ۔
چوک (چَوْک) (ہ) مذکّر (۱) مربّع میدان (۲) انگنائی۔ صحن (۳) وہ بڑا بازار جس کے چار راستے ہوں۔ (۴) (عو) سامنے کے چار دانتوں کی لڑی ۔
چوکا (ہ) مذکّر (۱) اگلے چار دانتوں کی لڑی (۲) مربّع پتھر۔ سنگِ مرمر کی مربّع سِل (۳) ہندوؤں کے روٹی پکانے اور کھانے کا مقام (۴) چار یکساں چیزیں جو باہم پیوستہ اور برابر کی ہوں (۵) ایک قسم کا موٹا کپڑا جس سے مکان کا فرش بناتے ہیں (۶) ایک قسم کا برتن (۷) ایک پیمانہ ۔
چوکڑی (چَوْک۔ ڑِی) (ہ) مؤنّث (۱) ہرن کی قلانچ۔ زقند۔ چھلانگ (۲) چار گھوڑوں کی بگھی (۳) ایک زیور۔ (۴) حد۔ حدبست ۔
چوکڑی بھرنا (ہ) ہرن کا قلانچیں مارنا۔ چھلانگ مارنا۔ اُڑنا ۔
چوکڑی بھول جانا (ہ) سٹ پٹا جانا۔ گھبرا جانا۔ ہوش نہ رہنا ۔
چوکس (چَوْ۔ کَس) (ہ) (۱) ہوشیار۔ خبردار۔ چوکنّا (۲) تول میں پورا۔ ٹھیک (۳) سپرد۔ حوالہ ۔
چوکس رہنا (ہ) خبردار رہنا۔ ہوشیار رہنا۔ نگہبان رہنا ۔
چوکسی (ہ) مؤنّث۔ خبرداری۔ پاسبانی۔ احتیاط۔ چوکیداری ۔
چوکنّا (ہ) ہوشیار۔ خبردار۔ بیدار مغز۔ باخبر۔ دور اندیش ۔
چوکور (ہ) (۱) مربّع۔ چورس (۲) (ظرافتاً) نہایت موٹا آدمی ۔
چوکھاٹ (ہ) (عو) طاقت ور ۔
چوکھٹ (ہ) مؤنّث۔ دروازے کی چار لکڑیاں جن میں پٹ لگائے جاتے ہیں ۔
چوکھٹ نہ جھانکنا (ہ) کبھی نہ آنا۔ کسی کے گھر نہ جانا ۔
چوکھٹا (ہ) مذکّر۔ آئینہ کا گھر۔ وہ چار لکڑیاں جن میں آئینہ جڑا جاتا ہے۔ ڈھانچہ۔ تصویر یا قطعہ وغیرہ کا

فریم ۔

چوکھونٹ (ہ) مذکر (۱) چاروں طرف (۲) دُنیا۔ عالم۔ (۳) ہر طرف۔ ہر سمت ۔

چوکھونٹا (ہ) چہار گوشہ۔ چار پہلو۔ مربع ۔

چوگڈا (ہ) مذکر۔ وہ مقام جہاں چار گاؤں کی حدیں ملیں (۲) چار کنکّوؤں کا گچھا ۔

چوگڈی (ہ) مؤنث۔ بانس کی پتلی چھڑیوں کا آلہ جس سے بلبل وغیرہ پکڑتے ہیں ۔

چوگرد (ا) گرداگرد۔ چاروں طرف ۔

چوگلا (ا) مذکر۔ چار پنکھڑی کا پھول ۔

چوگنا (ہ) چہار چند ۔

چوگوشیا (ہ) مذکر (۱) چار گوشے کی ٹوپی (۲) ترکی گھوڑا ۔

چوگھڑا (ہ) مذکر (۱) چار خانوں کا سونے یا چاندی یا تانبے وغیرہ کا بکس (۲) بچّوں کے کھیلنے کا ایک بکس (۳) ساچق کی آرائش کی وہ ٹھلیاں جو ایک ایک کشتی پر چار چار میوے وغیرہ سے بھری ہوئی رکھی جاتی ہیں (۴) الائچی ۔

چوماسہ (ہ) مذکر۔ برسات کے چار مہینے۔ برسات۔ برکھا ۔

چومکھ (ہ) مؤنث۔ چار بتّی کا چراغ۔ وہ چراغ جس کے چاروں طرف بتّیاں روشن کی جائیں ۔

چومکھا (ہ) (۱) چار منہ کا (۲) مذکر۔ چار بتّی کا چراغ۔ (۳) پٹا بازی کا وہ ہاتھ جو چاروں طرف اس طرح پھرایا جائے کہ کسی طرف سے حریف قابو نہ پا سکے (۴) وہ پھکڑ باز جو اکیلا چار کو جواب دے ۔

چومکھی (ہ) مؤنث (۱) ہندوؤں کی ایک دیوی (۲) ایک درخت کا بیج ۔

چومنزلا (ا) مذکر۔ چار منزل کا مکان۔ وہ اونچا مکان جس کے اوپر تک چار درجے ہوں ۔

چومیخا (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی سزا جس میں چار میخیں گاڑ کر مجرم کے ہاتھ پاؤں رسیوں سے ان کے ساتھ باندھ دیئے جاتے ہیں ۔

چومیخا کرنا (ا) چت یا اوندھا ڈال کر چاروں ہاتھ پاؤں میخوں سے باندھ کر سزا دینا ۔

چوّن (ہ) چار اوپر پچاس۔ پنجاہ و چہار۔ ۵۴ ۔

چونتیس (ہ) چار اوپر تیس۔ سی و چہار۔ ۳۴ ۔

چوَنّی (چَوَن۔ نی) (ہ) مؤنث۔ روپے کا چوتھا حصّہ۔ چار آنے۔ وہ چاندی یا نکل کا سکّہ جو چوتھائی روپے میں چلے (۲) چوتھا حصّہ ۔

چوہتّر (ہ) چار اوپر ستّر۔ ہفتاد و چہار۔ ۷۴ ۔

چوہٹا (ہ) مذکر (۱) چوک۔ وہ بازار جس کے چاروں طرف راستہ ہو (۲) وہ جگہ جہاں چار دکانیں ہوں ۔

چوہرا (ہ) مذکر۔ چار تہ کا ۔

چُوا (چُوا) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) خوشبو کی چیز (۲) پانی کی سوت (۳) بھیگی دال کا چھلکا ۔

چُوانا (ہ) ٹپکانا۔ نچوڑنا ۔

چواؤ (چُوا۔ اُؤ) (ہ) مذکر۔ رساؤ۔ ٹپکاؤ۔ چکیدگی ۔

چوب (چُوب) (ف) مؤنث (۱) لکڑی۔ کندہ۔ سونٹا (۲) آنکھ کی چوٹ (۳) شامیانہ یا ڈیرے کی لکڑی (۴) باجہ بجانے کی لکڑی

چوب چینی (ف) مؤنث۔ ایک مشہور دوا۔ گل عبّاسی کی جڑ ۔

چوب دار (ف) مذکر۔ شاہی درباروں کا نقیب۔ عصا بردار جس کے ہاتھ میں سونے چاندی سے منڈھا ہوا عصا ہوتا ہے ۔

چوب دستی (ف) مؤنث۔ ہاتھ کی لکڑی۔ چھڑی ۔

چوبا (ہ) مذکر (۱) برج۔ کھونٹا۔ کیل (۲) (پ) ایک قسم کے میٹھے چاول ۔

چوبی (ف) لکڑی کا بنا ہوا ۔

چوبی دار نقش و نگار (ف) مذکر۔ لکڑی پر کھدے ہوئے بیل بوٹے۔ لکڑی پر کھدائی کا کام ۔

چوبے گئے چھبّے ہونے۔ دوبے ہی رہ گئے (ہ) مثل۔ اس موقع پر بولتے ہیں۔ جب کوئی شخص فائدے کی امید پر کہیں جائے۔ لیکن الٹا گرہ کا بھی کھو آئے ۔

چوبیں (ف) لکڑی کا ۔

چوپان (چُو۔ پان) (ف) مذکر۔ گڈریا۔ چرواہا ۔

چوپانی (ف) مؤنث۔ چرواہے کا کام ۔

چوت (چُوت) (ہ) فرج۔ قبل۔ عورت کا اندام نہانی۔ سترمگا و زن ۔

چوت مرانی (ہ) مؤنث۔ گالی۔ کس مرانی۔ فاحشہ۔ دائیہ۔ قحبہ ۔

چوترہ (چُوت۔ رَہ) (ف) دیکھو "چبوترہ"۔

چوتڑ (چُو۔ تڑ) (ف) مذکر۔ کولا۔ پُٹھا۔ سرین ۔

چوتڑ بجانا (ہ) خوش ہونا۔ بغلیں بجانا ۔

چوتڑ دکھانا (ہ) پیٹھ دکھانا۔ بے شرمی سے بھاگنا ۔
چوتڑوں پر کھانا (ا) نہایت بے عزتی سے شکست کھانا۔ بے غیرتی کی مات کھانا ۔
چوتڑوں کا لہو مرنا (ا) چوتڑوں کے خون کی حرکت مٹ کر اس قابل ہو جانا کہ بیٹھنے کے بعد اٹھنے کو جی نہ چاہے۔ جم کر بیٹھنے کے قابل ہونا ۔
چوتیا (ہ) مذکر۔ احمق۔ بے وقوف۔ گاؤدی ۔
چوٹ (چوٹ) (ہ) مؤنث (۱) ضرب۔ مار۔ دکھ۔ تکلیف۔ (۲) حربہ۔ حملہ (۳) طعن۔ تشنیع (۴) عشق و محبت کا صدمہ۔ (۵) خواہش۔ آرزو (۶) جوڑ۔ مقابل (۷) داؤ۔ گھات۔ چال (۸) نقصان۔ ضرر ۔
چوٹ آنا (ہ) (۱) ضرب آنا۔ صدمہ پہنچنا (۲) آوازہ کسا جانا۔ طعنہ مارا جانا ۔
چوٹ بچانا (ہ) خالی دینا۔ حریف کی ضرب سے بچنا ۔
چوٹ پھیٹ۔ یا۔ چوٹ چپیٹ (ہ) مؤنث۔ ضرب۔ زخم۔ صدمہ ۔
چوٹ چلنا (ہ) (۱) وار چلنا۔ حملہ ہونا (۲) آوازہ کسنا۔ طنز کرنا (۳) دو حریفوں کا لڑنا۔ داؤں کرنا ۔
چوٹ خالی جانا (ہ) وار خالی جانا۔ نشانہ چوکنا ۔
چوٹ کرنا (ہ) (۱) کاٹنا۔ ڈسنا۔ ضرب پہنچانا (۲) وار کرنا۔ حملہ کرنا۔ دھوکا دینا (۳) طعنہ دینا۔ طنز کرنا ۔
چوٹ لگنا (ہ) (۱) صدمہ پہنچنا۔ درد ہونا (۲) عشق ہونا (۳) پھانس لگنا ۔
چوٹا (چوٹا) (ہ) مذکر۔ چور۔ دزد۔ اٹھائی گیرا۔ اُچکا ۔
چوٹی (چوٹی) (ہ) مؤنث (۱) چونڈا۔ سر کے بال جو مونڈنے سے چھوڑ دیتے ہیں (۲) عورتوں کے سر کے بال (۳) پہاڑ کی سب سے اونچی جگہ۔ قلۂ کوہ (۴) وہ پر جو پرندوں کے سر پر ابھرے ہوئے ہوتے ہیں۔ کلغی (۵) بڑا سردار۔ سرغنہ۔ استاد (۶) اونچا۔ بلند (۷) چیدہ۔ عمدہ۔ منتخب (۸) گٹھ کتری۔ وہ عورت جسے نظر بچا کر مال چرا لینے کی عادت ہو ۔
چوٹی رکھنا (ا) منت کے بال سر پر چھوڑنا ۔
چوٹی کا (ہ) عمدہ۔ اوّل درجے کا۔ چیدہ۔ چنا ہوا ۔
چوٹی کٹیا جلیبیوں کی رکھوالی (ہ) مثل۔ خیانت کار کا کسی دیانت داری کے کام پر مقرر ہونا ۔

چوٹی کٹ (ہ) مذکر۔ غلام۔ جو شخص قابو میں ہو ۔
چوٹی کرنا۔ یا۔ چوٹی گوندھنا۔ یا۔ کنگھی چوٹی کرنا (ہ) بال گوندھنا۔ بال سنوارنا ۔
چوٹی والا (ہ) مذکر۔ بھوت۔ ہمزاد۔ سایہ۔ بلا ۔
چوچڑ (چوچڑ) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) بیوقوف۔ مودھو (۲) کم دودھ دینے والی گائے ۔
چوچلا + چوچلا (چوچلا + چوچلا) (ہ) مذکر۔ ناز۔ نخرہ۔ لاڈ۔ پیار ۔
چوچل ہائی (ہ) مؤنث۔ نخرے والی۔ نازک مزاج ۔
چوچل ہایا (ہ) مذکر (عو) لاڈلا۔ نخریلو ۔
چوچی (چوچی) (ہ) مؤنث۔ پستان۔ چھاتی۔ تھن ۔
چودنا (چودنا) (ہ) جماع کرنا۔ مجامعت کرنا۔ ہمبستر ہونا ۔
چور (چور) (ہ) مذکر (۱) دزد۔ چوٹا (۲) ناسور۔ زخم کے اندر کا چھید جو ہمیشہ باقی رہے اور اوپر سے اچھا ہو جائے (۳) وہ سفیدی جو مہندی لگانے کے بعد رہ جائے (۴) خفیہ راستہ۔ پوشیدہ سوراخ (۵) بدگمانی۔ برائی (۶) اندیشہ۔ خوف۔ خطرہ (۷) گنجفہ بازوں کی اصطلاح میں وہ پتا جسے کھلاڑی سے چھپائے رکھتے ہیں (۸) پوشیدہ۔ خفیہ (۹) جھوٹا۔ دغاباز ۔
چوراکاری (ہ) مؤنث۔ چوری۔ چوری کی شہرت ۔
چورانعام (ہ) مذکر۔ وہ زمین جسے مال گزاری ادا کئے بغیر کاشت کیا جائے ۔
چور اور چتر (ہ) مذکر۔ خود ہی چور اور خود ہی شاہد ۔
چور بالو (ہ) مذکر۔ دلدل۔ سراب۔ ریت ۔
چور بدن (ا) مذکر۔ وہ جسم جس کی موٹائی معلوم نہ ہو ۔
چور بیٹھنا (ہ) بدگمانی ہونا۔ خوف ہونا۔ برائی ہونا ۔
چور پانی (ہ) مذکر۔ وہ پانی جو دریا کے کنارے پر یا خشک تہ میں ریت کھود کر نکالا جاتا ہے ۔
چور پر مور پڑنا (ہ) چور کے گھر میں چور پڑنا۔ ٹھگ کا ٹھگا جانا ۔
چور پہرہ (ہ) مذکر۔ خفیہ پہرہ۔ پوشیدہ پاسبانی ۔
چور پیٹ (ہ) (عو) وہ حمل جو دکھائی نہ دے ۔
چور جاتے رہے کہ اندھیاری (ہ) مثل۔ بدکار موقع پا کر ضرور بدکاری کرتے ہیں ۔
چور چراوے اور گردن ہلاوے (ہ) مثل۔ برا کام کر کے مکر جانے والے کی نسبت بولتے ہیں ۔
چور چکار (ہ) مذکر۔ چور اُچکا۔ چور بدمعاش ۔

چور چوری سے جاتا ہے - ہیرا پھیری سے نہیں جاتا (ہ) مثل - بری عادت نہیں بدلتی ۔

چور خانہ (ف) مذکر (۱) صندوقچے کا پوشیدہ خانہ (۲) پنجرے کے اندر کا خانہ جو دوسرے خانے میں ہو - (۳) خلوت گاہ ۔

چور دروازہ (ف) مذکر - وہ راستہ جو عام لوگوں کو معلوم نہ ہو ۔

چور وِیچ (ہ) مؤنث - تلوار سے کھیلنے والوں کی اصطلاح - حریف کا میدان میں آکر آگے پیچھے ہٹانا اور تلوار اور ڈھال کو اوپر لے جا کر حریف پر وار کرنا ۔

چور راستہ (ہ) مذکر - دیکھو "چور دروازہ" ۔

چور زمین (ف) مؤنث - دلدل - دھساؤ ۔

چور سے کہے چوری کر اور شاہ سے کہے تیرا گھر لُٹا (ہ) مثل - اس شخص کی نسبت بولتے ہیں - جو خود ہی نقصان کرے اور خود ہی ہمدرد بنے ۔

چور کا بھائی گٹھ کترا (ہ) مثل - بد کا ساتھی بد ۔

چور کا شاہد چراغ (ہ) مثل - جب کوئی رازدار کسی کا بھید کھول دے اس موقع پر بولتے ہیں ۔

چور کا مال سب کوئی کھائے - چور کی جان اکارت جائے (ہ) مثل - بُرے کو سوا ضرر کے کچھ فائدہ نہیں ملتا ۔

چور کچہری (ف) مؤنث - خفیہ پولیس - محکمہ سراغرسانی - وہ عدالت جو خفیہ طور پر بدمعاشوں کا انسداد کرے ۔

چور کھڑکی (ہ) مؤنث - پوشیدہ دریچہ ۔

چور کو چور ہی پہچانے - چور کو چور ہی سُوجھتا ہے (ہ) مثل - جیسے کو ویسا ہی پہچانتا ہے - ہر شخص دوسرے کو اپنے ہی جیسا سمجھتا ہے ۔

چور کی ڈاڑھی میں تنکا (ہ) مثل - کسی شخص کی کوئی چیز جاتی رہی تھی - اُس نے کہا - میں عمل کرتا ہوں - جو چور ہوگا - اس کی ڈاڑھی میں تنکا آجائیگا - چور صاحب بھی بیٹھے تھے - یہ پڑھتا جاتا - وہ ڈاڑھی پر ہاتھ پھیرتے جاتے - آخر اس نے پکڑ لیا کہ حضرت آپ ہی ہیں - اس سے مثل مشہور ہو گئی کہ چور خود اپنے چوکنا پن سے پہچان لیا جاتا ہے ۔

چور کی ماں کوٹھی میں سر دے کر روتی ہے (ہ) مثل - بُرے کا رازدار دل ہی دل میں گھٹتا ہے - چور کی ماں اپنے رنج پر چھپ کر بھڑاس نکال لیتی ہے - کسی کے سامنے کیا کہے ۔

چور کے پَیر کہاں (ہ) مثل - چور میں استقلال نہیں ہوتا - ذرا سی بات پر گھبرا جاتا ہے ۔

چور کے گھر مور - یا - چور کے گھر میں مور پڑے (ہ) مثل - اس موقع پر بولتے ہیں - جب کوئی شخص چالاک کو بھی دھوکا دے یا کوئی شخص کسی سے کوئی چیز اُڑا لائے اور اُس چیز کو اُس سے کوئی اور جھپٹ لے جائے ۔

چور گلی (ہ) مؤنث (۱) خفیہ کوچہ (۲) پاجامے کا وہ کپڑا جو رانوں کے بیچ میں رہتا ہے ۔

چور لیک (ہ) مؤنث - چور راستہ - خفیہ راستہ ۔

چور محل (ف) (۱) وہ بیوی جو بیاہتا نہ ہو (۲) وہ محل جہاں امیر لوگوں کی آشنائیں رہیں ۔

چور منڈلی (ہ) مؤنث - بچوں کا ایک کھیل جس میں وہ ایک کنکر گوبر کے کسی ڈھیر میں چھپا دیتے ہیں - جو اسے ڈھونڈ پائے - وہ سارا گوبر لے جاتا ہے ۔

چور ہٹیا (ہ) مذکر - وہ دکان دار جو چوروں سے مال خریدے ۔

چُور (چُوْر) (ہ) مذکر (۱) ریزہ ریزہ (۲) مدہوش - بدمست - سرشار ۔

چُورا (ہ) مذکر - بُرادہ - ریزہ ۔

چُورا کرنا (ہ) (۱) ٹکڑے ٹکڑے کرنا - پیسنا (۲) خوب مارنا - زد و کوب کرنا ۔

چُورما (چُوْرْ - مَا) (ہ) مذکر (ہندو) ملیدہ ۔

چُورن (چُوْرَنْ) (ہ) مذکر - ایک قسم کا سفوف جو ہضمی کے لئے بنایا جاتا ہے - چٹکی - پھنکی ۔

چُورنا (ہ) ٹکڑے ٹکڑے کر کے گھی یا کسی رقیق چیز میں ڈبونا ۔

چوری (ہ) مؤنث - دُزدی - سرقہ ۔

چوری اور چترائی (ہ) ایک تو چوری کرنا دوسرے حیلہ بازی دکھانا ۔

چوری اور سرزوری - چوری اور سینہ زوری - (ہ) سرکشی کے ساتھ چوری کرنا - اپنے قصور پر نادم ہو کر الٹا دوسرے کو قصوروار ٹھہرانا ۔

چوری چوری (ہ) چھپے چھپے - درپردہ ۔

چوری چھپے (ہ) درپردہ - خفیہ - چپکے سے - بیخبری کی حالت میں ۔

چوری سے (ہ) (۱) دزدی اور سرقہ سے (۲) چھپا کر - (۳) چپکے سے - بے خبری سے ۔

چوری کا گُڑ میٹھا (ہ) مثل۔ چوری کا مال سب کو پیارا لگتا ہے ۔

چوری کی علّت کبھی نہ جائے اور سمدھن کا ٹکلا چُھٹ چھٹ جائے (ا) مثل۔ چور کو خواہ کتنی ہی تکلیف پہنچے۔ چوری کی عادت کبھی نہیں جاتی ۔

چوری لگانا (ہ) چوری کا الزام لگانا ۔

چوڑا (چَوْ۔ ڑا) (ہ) فراخ۔ کشادہ۔ وسیع۔ عریض ۔

چوڑا (چُوْ۔ ڑا) (ہ) مذکّر (ا) مویشی کے گوبر۔ پیشاب وغیرہ سے بھیگی ہوئی کیچڑ (۲) گیلا۔ بھیگا ہُوا (۳) لاکھ کی چوڑیاں کلائی سے کہنی تک ۔

چُوڑا کر دینا (ہ) (عو) گیلا کر دینا۔ بھگو دینا ۔

چوڑان (ہ) مؤنّث۔ چوڑائی۔ عرض۔ فراخی۔ وسعت۔ کشادگی ۔

چَوڑانا (ہ) پھیلانا۔ فراخ کرنا۔ کشادہ کرنا ۔

چوڑاؤ (ہ) مذکّر۔ پاٹ۔ پھیلاؤ ۔

چوڑائی (ہ) مؤنّث۔ دیکھو "چوڑان" ۔

چُوڑھا (چُوْ۔ ڑھا) (ہ) مذکّر۔ خاکروب۔ چمار۔ کمینہ ۔

چُوڑھی (ہ) مؤنّث۔ خاکروبن۔ بھنگن۔ چُوڑھے کی بیوی ۔

چُوڑی (چُوْ۔ ڑی) (ہ) مؤنّث (ا) لاکھ۔ کانچ یا سونے چاندی وغیرہ کا حلقہ جو عورتیں اکثر ہاتھ میں پہنتی ہیں (۲) وہ پیچ جو کسی پُرزے میں کٹا ہو (۳) (عو) نازک۔ وہ چیز جو معمولی سی ضرب سے ٹوٹ جائے ۔

چُوڑیا (ہ) مذکّر۔ ایک قسم کا دھاری دار کپڑا ۔

چوڑیدار پائجامہ (ف) مذکّر۔ وہ تنگ پائجامہ جس کی موریاں لمبی ہونے سے ٹخنوں پر سلوٹیں پڑ جاتی ہیں ۔

چُوڑیاں (ہ) مؤنّث۔ چُوڑی کی جمع ۔

چوڑیاں بڑھانا (ہ) (عو) چوڑیاں اتارنا۔ چوڑیاں اتار کر رکھنا ۔

چُوڑیاں پہنانا (ہ) (ہندو) (عو) کسی کے ہاتھ میں چوڑیاں ڈالنا۔ عورت کی شادی کرنا ۔

چُوڑیاں پہننا (ہ) (ا) ہاتھوں میں چوڑیاں ڈالنا (۲) عورت بن کر پردے میں بیٹھنا (۳) شادی کرنا ۔

چُوڑیاں ٹھنڈی کرنا (ہ) (ا) چوڑیاں توڑنا (۲) خاوند کے مرجانے پر چوڑیاں اتار کر سہاگ اتارنا ۔

چُوزہ (چُوْ۔ زَہ) (ہ) مذکّر (ا) مرغی کا بچّہ۔ پٹھا (۲) نوعمر اور خُرد سال لڑکا۔ جوان لڑکی ۔

چُوزہ باز (ا) مؤنّث۔ بچّوں سے زیادہ رغبت رکھنے والی عورت ۔

چُوس (چُوْس) (ہ) چوسنا کا امر ۔

چُوس ڈالنا (ہ) (ا) اس قدر چوس لینا کہ خشک ہو جائے (۲) پوری طرح جذب کر لینا ۔

چُوس لینا (ہ) دیکھو "چُوسنا" ۔

چُوسنا (ہ) (ا) جذب کرنا۔ سوکھنا۔ دُودھ پینا۔ نچوڑنا۔ عرق نکالنا ۔

چُوسنی (ہ) مؤنّث۔ دیکھو "چُسنی" ۔

چوغہ (چُوْ۔ غَہ) (ف) مذکّر (ا) عبا۔ لبادہ (۲) جُبّہ۔ ایک قسم کا لباس ۔

چُوک (چُوْک) (ہ) مؤنّث (ا) بھُول۔ خطا۔ قصور۔ (۲) ایک قسم کا کھٹا ساگ (۳) ترش۔ نہایت کھٹا ۔

چُوکا (ہ) مذکّر۔ ایک قسم کا کھٹا ساگ ۔

چوکر۔ چُوکرٹ (چُوْ۔ کَر + چُوْ۔ کَرْٹ) (ہ) مؤنّث (پُورب) بھوسی۔ چوکر ۔

چوکرٹ (چَوْ۔ کَرْٹ) (ہ) اچھّا۔ عمدہ۔ نادر ۔

چُوکنا (ہ) (ا) بھولنا۔ غلطی کرنا۔ خطا کرنا (۲) نشانے پر نہ بیٹھنا۔ نشانہ نہ لگنا ۔

چوکھا (چَوْ۔ کھا) (ہ) (ا) خالص۔ کھرا۔ اصل۔ صاف (۲) اچھّا۔ خوب (۳) عمدہ۔ نادر۔ پسندیدہ ۔

چوکی (چَوْ۔ کی) (ہ) مؤنّث (ا) چھوٹا تخت۔ کُرسی (۲) پہرا۔ پاسبانی (۳) سٹیشن۔ پڑاؤ (۴) باری (۵) خدمت۔ سیوا۔ نوکری (۶) نیاز۔ نذر۔ فاتحہ (۷) مؤکّل۔ جادُو۔ ٹونا (۸) قوّالوں کا گروہ (۹) گلے کا ایک طلائی زیور ۔

چوکی بٹھانا (ہ) (ا) پہرا بٹھانا۔ نگہبانی کرنا (۲) جادو کرنا۔ مؤکّل بٹھانا ۔

چوکی بھرنا (ہ) (ا) نوچندی جمعرات کو قبرستان میں جا کر دعا مانگنا (۲) گھر میں یا کسی قبر پر قوّالی کرانا (۳) نذر نیاز دینا (۴) دیوتا کے استھان پر جا کر بھینٹ چڑھانا (۵) باری باری سے پہرہ دینا ۔

چوکیدار (ف) مذکّر۔ پاسبان۔ محافظ۔ نگہبان۔ نگران ۔

چوکیدارا (ہ) مذکّر۔ حقّ پاسبانی۔ چوکیداروں کا ٹیکس ۔

چوکیداری (ف) مؤنّث (ا) چوکیدار کا پیشہ۔ نگہبانی کا کام (۲) نگہبانی (۳) چوکیدارا ۔

چوگا (چُو-گا) (ہ) مذکر پرندوں کی غذا۔ دانہ ۔

چوگان (ف) مذکر (۱) گیند کا بلّا۔ گلی کا ڈنڈا۔ چوب نقارہ (۲) ایک قسم کا گیند کا کھیل۔ گھوڑے پر چڑھ کر دوڑنے کا کھیل۔ پولو ۔

چُول (چُو-ل) (ہ) مؤنث (۱) وہ چھید جس میں کواڑ پھرتا ہے (۲) لکڑی کا وہ سرا جو دوسری لکڑی میں داخل کیا جائے (۳) جوڑ۔ قفل۔ بند ۔

چول بیٹھ جانا (ہ) (۱) نتیجے کا مطابق ہونا (۲) متفق ہونا ۔

چولا (چُو-لا) (ہ) مذکر۔ (۱) جسم۔ قالب (۲) ایک قسم کی پوشاک جو دلھن کو برات کے روز پہناتے ہیں۔ (۳) چولی۔ انگرکھے کا بالائی حصّہ ۔

چولا بدلنا (ہ) قالب بدلنا۔ ایک قالب سے دوسرے قالب میں جانا ۔

چولا چھوڑنا (ہ) قالب چھوڑنا۔ مرنا۔ انتقال کرنا ۔

چولائی (چَو-لا-ای) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا ساگ جو خودرو بھی ہوتا ہے اور بوتے بھی ہیں ۔

چُولھا (چُو-لھا) (ہ) مذکر۔ آتش دان۔ آگ کے رہنے کی جگہ۔ ہنڈیا پکانے کی جگہ ۔

چُولھا پھونکنا (ہ) (عو) (حقارتاً یا غصّہ سے) چولھا گرم کرنا۔ آگ سلگا کر روٹی پکانا ۔

چُولھے آگ نہ گھڑے پانی (ہ) مثل۔ نہایت افلاس ہے۔ بالکل صفائی ہے۔ کھانے پینے کا کوئی سامان نہیں ۔

چولھے میں پڑے یا چولھے میں جائے (ہ) (عو) آگ لگے۔ خاک میں ملے۔ ہمیں اس سے کچھ سروکار نہیں۔ بلا سے ۔

چولی (ہ) مؤنث (۱) انگرکھے کے دامن سے اوپر کا حصّہ۔ اوپر کے دھڑ کا حصّہ ۔

چولی دامن کا ساتھ (ا) لازمی ساتھ۔ قدیمی ساتھ۔ وہ دو آدمی یا چیزیں جو ہمیشہ ایک دوسرے کے ساتھ رہیں ۔

چُولیں ڈھیلی ہونا (ہ) زیادہ کام کرنے یا چلنے پھرنے سے تھک کر چور چور ہو جانا ۔

چوم (چُوم) (ہ) چومنا کا امر ۔

چوما (ہ) مذکر (گنوار) بوسہ۔ مٹھی۔ پپی ۔

چوما چاٹی (ہ) مؤنث۔ بوس و کنار۔ ناز و نیاز۔ اختلاط ۔

چوم چاٹ کے چھوڑنا (ہ) (۱) اپنے قابو اور تصرف سے باہر چیز کو بوسہ دے کر اس کے حصول کے خیال سے باز آنا۔ سلام کرنا۔ ہاتھ اٹھانا (۲) کام نکال کر چھوڑنا ۔

چُومنا (ہ) (۱) بوسہ دینا۔ کسی بزرگ کے مزار کو ادباً منہ لگانا (۲) بوسہ لینا۔ پیار کرنا۔ چمکارنا (۳) ادباً تعظیم دینا

چُون (ہ) مذکر (گنوار) آٹا۔ آرد۔ چونہ ۔

چُوں (ہ) مؤنث (۱) آواز گوز (۲) چمڑے وغیرہ کی آواز ۔

چوں چوں (چُوں-چُوں) (ہ) مؤنث (۱) چڑیوں کی آواز۔ (۲) گاڑی چلنے کی آواز۔ نئے جوتے کی آواز (۳) ایک کھلونا جو کھینچنے سے اس طرح آواز نکالتا ہے ۔

چوں نہ کرنا (ہ) اُف نہ کرنا۔ چپ چاپ کوئی کام کر دینا۔ انکار نہ کرنا۔ جواب نہ دینا۔ خاموش رہنا ۔

چُوں (چُوں) (ف) (۱) جب (۲) مانند (۳) کس طرح (۴) کس لئے ۔

چُون و چرا (ف) مذکر۔ حیلہ بہانہ۔ اگر مگر۔ بحث۔ تکرار ۔

چُونا (چُو-نا) (ہ) (۱) برسنا۔ ٹپکنا (۲) پھل کا پک کر آپ سے آپ زمین پر گر پڑنا (۳) حیض کا خون آنا ۔

چونا (چُو-نا) (ہ) مذکر (۱) قلعی۔ سفیدی۔ وہ پتھر یا کنکر جو کوٹھوں میں پکا لیا جائے (۲) تیز۔ تند ۔

چونپ (چَونْپ) (ہ) مؤنث (۱) شوق۔ چاؤ۔ خواہش۔ اُمنگ (۲) بڑھاوا (۳) سونے کی کیل جو دانت میں لگائی جاتی ہے (۴) ضد۔ ہٹ ۔

چونچ (چَونْچ) (ہ) مؤنث (۱) منقار۔ پرندوں کا منہ (۲) نوک۔ سرا (۳) زبان۔ جیب (۴) جھڑپ۔ تنازع لفظی ۔

چونچ سنبھالو (ہ) زبان روکو۔ بدزبانی نہ کرو۔ چپ رہو ۔

چونچ مارنا (ہ) ٹھونگ مارنا (۲) بیہودہ بکنا۔ واہی تباہی زبان سے نکالنا ۔

چونچال (چَوں-چال) (ہ) (عو) (۱) ہوشیار۔ چالاک۔ مستعد (۲) دانا۔ سیانا ۔

چوندھ (چَوندھ) (ہ) مؤنث۔ چندھیانا۔ خیرگی چشم ۔

چوندھیانا (ہ) دیکھو "چندھیانا" ۔

چونڈا (چُوں-ڈا) (ہ) مذکر (۱) سر منڈیا (۲) سر کے لمبے بالوں کا گچھا جو عورتیں سر پر لاکر باندھ لیتی ہیں (۳) پہاڑوں کی چوٹی۔ ٹیکری (۴) کچا کنواں *

چونڈا دھوپ میں سفید نہیں کیا (ہ) مثل (جو) ناتجربہ کار نہیں *

چونڈے پر ڈولا اُچھلنا (ہ) سوکن کا آنا *

چونری (چُوں-ری) (ہ) مؤنث۔ رنگ برنگ کا رنگا ہوا دوپٹہ *

چونری (چُوں-رِی) (ہ) مؤنث۔ مورچھل۔ مگس ران *

چونک (چُونک) (ہ) مؤنث (۱) چوکنا ہونا۔ ہوشیار ہونا (۲) متعجب ہونا۔ حیرت زدہ ہونا (۳) (پنجاب) سر کا ایک طلائی زیور *

چونک اُٹھنا (ہ) (۱) دفعتہً گھبرا کر جاگ اٹھنا (۲) چوکنا ہو جانا۔ بدک جانا۔ گھبرا جانا *

چونکنا (ہ) (۱) سوتے سوتے جاگ اٹھنا (۲) بدکنا۔ بھڑکنا (۳) ہوشیار ہو جانا۔ جاگنا۔ بیدار ہونا۔ (۴) گھبرانا۔ ہکّا بکّا ہونا *

چونکہ (چُوں-کہ) (ف) کیونکہ۔ اس لئے کہ۔ اس واسطے کہ *

چونکیل (چُوں-کِیل) (ہ) (۱) ڈرپوک (۲) جھجکنے والا۔ (۳) مذکر۔ ڈرنے یا جھجکنے والا جانور یا آدمی *

چونگا (چُوں-گا) (ہ) مذکر (ہور ب) (۱) خوشامد۔ چاپلوسی۔ فریب (۲) بانس کا نل *

چونی (چُو-نی) (ہ) مؤنث۔ دال کا بُرادہ۔ وہ موٹا موٹا آٹا جو دال دلنے میں نکلتا ہے *

چونی بھی کہے مجھے گھی سے کھاؤ (ہ) مثل۔ ادنیٰ آدمی بھی بڑوں کی برابری کرنے لگا۔ لیاقت سے بڑھ کر تعظیم کا طالب ہونا *

چونے والیاں (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی ڈومنیاں جو بچّہ پیدا ہونے میں ناچنے گانے آتی ہیں *

چوہا (چُو-ہا) (ہ) مذکر (۱) موش۔ گھونس۔ موسا (۲) ناک کا سوکھا ہوا رینٹ۔ ناک کا میل *

چوہا بل میں سماتا نہیں دُم سے باندھا چھاج (ہ) مثل۔ اپنی تو گزر ہوتی نہیں۔ دوسروں کا بوجھ سر پر اٹھا لیتے ہیں *

چوہا کنی (ہ) مؤنث۔ ایک گھاس جس کی پتّیاں چوہے کے کان کی مانند ہوتی ہیں *

چوہان (چَو-ہان) (ہ) مذکر۔ سورج بنسی راجپوتوں کی ایک گوت *

چوہڑا (ہ) مذکر۔ دیکھو "چوڑھا" *

چوہڑی (ہ) مؤنث۔ دیکھو "چوڑھی" *

چوہی (ہ) مؤنث۔ چوہیا۔ چوہا کی تانیث *

چوہیا سے دانت (ہ) مذکر۔ چھوٹے چھوٹے دانت *

چوہے دان (ہ) مذکر۔ چوہا پکڑنے کا پنجرہ۔

چوہے کا بچّہ بھی نہیں (ہ) بے اولاد ہونا۔ نام کو اولاد نہ ہونا *

چوہے کے ہاتھ ہلدی کی گرہ لگی۔ وہ بھی پنساری بن بیٹھا (ہ) مثل۔ کم ظرف تھوڑی سی پونجی مل جانے پر اترانے لگتا ہے کہ میری برابری کوئی نہیں کر سکتا *

چوہے دنتی (ہ) مؤنث۔ عورتوں کا ایک دستی زیور جس کے دندانے چوہے کے دانتوں سے مشابہ ہوتے ہیں۔ کنگن *

چوہے کا جنا بل ہی ڈھونڈتا ہے (ہ) مثل۔ ہر شخص اپنی اصل پر جاتا ہے *

چویا (چَو-یا) (ہ) مذکر۔ دریا وغیرہ کے پاس کا وہ گڑھا جس میں پانی چھن چھن کر ٹھہر جائے *

چ - ہ

چہ (چِہ) (ف) کیا *

چہ خوش (ف) (کلمۂ طنز) کیا خوب۔ کیا بات ہے۔ واہ کیا کہنا ہے *

چہ خوش۔ چرا نباشد (ف) (کلمۂ طنز) ہاں کیوں نہ ہو۔ کیا کہتے ہیں *

چہ داند بوزنہ لذّاتِ ادرک (ف) مثل۔ بندر کیا جانے ادرک کا مزہ۔ نالائق شخص کسی طرح قابل آدمی کے کمال کی قدر نہیں کر سکتا *

چہ کند بے نوا ہمیں دارد (ف) مثل۔ اس موقع پر بولتے ہیں۔ جب کوئی چیز کسی شخص کی خدمت میں پیش کرتے وقت انکسار کا اظہار مقصود ہو *

چہ معنی دارد (ف-ع) کیا سبب ہے۔ کیا وجہ؟

چہ نسبت خاک را با عالمِ پاک (ف) مثل۔ چھوٹے کا بڑے سے کیا مقابلہ *

چَہ (چَہ) (ہ) مذکر (۱) چاہ کا مخفف۔ کنواں۔ گڑھا (۲) پُل کے دونوں سرے *

چھ (چھے) (ہ) شش۔ ہین اور تین۔ ۶ ۔

چھ بُندکیا (ہ) مذکّر۔ ایک زہریلا جانور جس کی پشت پر چھ بُندکیاں ہوتی ہیں ۔

چھاپ (چھاپ) (ہ) مؤنّث۔ مُہر۔ ٹھپّا۔ نشان۔ علامت ۔

چھاپا (چھا۔پا) (ہ) مذکّر (۱) مُہر۔ ٹھپّا (۲) وہ نشان جو ہندو تیرتھوں میں جاکر اپنے بازوؤں اور کندھوں پر لگواتے ہیں (۳) چھاپنے کا آلہ (۴) مطبوعہ۔ چھپا ہُوا (۵) شب خون (۶) تجارت کے مال کا وہ نشان جو محصول لے لینے کی علامت ہے (۷) نقشہ۔ صورت۔ تصویر (۸) سانچہ ڈھالنے کا حرف (۹) چاک۔ کھلیان پر ٹھپّہ لگانے کا آلہ (۱۰) مطبع۔ چھاپہ خانہ ۔

چھاپا مارنا (ہ) شب خون مارنا۔ رات کو غنیم پر چڑھ کر قتلِ عام کرنا ۔

چھاپنا (ہ) (۱) مہر لگانا۔ نقش کرنا (۲) طبع کرنا۔ شائع کرنا (۳) مشہور کرنا (۴) بیاہ کی رسم میں دیواروں کو صندل کے نشانوں سے آراستہ کرنا ۔

چھاپے خانہ (ہ) مذکّر۔ مطبع۔ کتابوں کے چھاپنے کا کارخانہ ۔

چھاپے خانے والا (ہ) مذکّر (۱) مالک مطبع۔ چھاپہ خانے کا مالک (۲) منتظم مطبع ۔

چھاتا (چھا۔تا) (ہ) مذکّر (۱) چھتری۔ چھتر (۲) بڑا سینہ۔ سینہ کشادہ ۔

چھاتم چھاتا (ہ) مذکّر (۱) سینے کو سینے سے کوٹنا۔ (۲) ایک کنکوّے کا دوسرے سے لڑانا ۔

چھاتی (چھا۔تی) (ہ) مؤنّث (۱) سینہ (۲) پستان۔ (۳) جرأت۔ حوصلہ۔ دل (۴) استقلال۔ مضبوطی۔ (۵) سخاوت ۔

چھاتی بھر آنا (ہ) (عو) (۱) آنسو بھر آنا (۲) چھاتی کا گوشت سے پُر ہو جانا (۳) رحم آنا۔ ترس آنا (۴) چھاتی میں مادری محبّت کے باعث دودھ اتر آنا ۔

چھاتی بھر جانا (ہ) گھوڑے کے سینے میں خون کا اکٹھا ہو جانا ۔

چھاتی پر بال ہونا (ہ) شجاعت۔ رحمدلی۔ مردانگی اور مروّت کا نشان ہونا ۔

چھاتی پر پتھر رکھنا (ہ) (عو) سخت دلی اختیار کرنا۔ صبر کرنا ۔

چھاتی پر چڑھ کر ڈھائی چلّو لہو پینا (ہ) (عو) سخت سزا دینا۔ جان سے مار ڈالنا ۔

چھاتی پر دھر کے لے جانا (ہ) (عو) مال و دولت کو اپنے ساتھ قبر میں لے جانا ۔

چھاتی پر سانپ پھر جانا (ہ) (عو) (۱) رشک آنا۔ (۲) افسوس آنا۔ حسرت ہونا (۳) رنج گزرنا ۔

چھاتی پر سانپ لوٹنا (ہ) (عو) (۱) افسوس آنا۔ حسرت آنا (۲) رنج و صدمہ گزرنا (۳) رشک آنا ۔

چھاتی پر سِل دھرنا (۱) آدمی کو لٹا کر اس کے سینے پر بوجھ رکھ دینا۔ پرانے زمانے میں مجرموں کو اس قسم کی سزا دی جاتی تھی ۔

چھاتی پر مونگ دلنا (ہ) (عو) (۱) رشک دلانا۔ آتشِ غیرت سے جلانا (۲) عذاب دینا۔ سزا دینا ۔

چھاتی پک جانا (ہ) (عو) (۱) چوچی میں زخم ہو جانا (۲) عاجز ہو جانا۔ تکلیف سہتے سہتے عاجز آجانا ۔

چھاتی پکڑ کر رہ جانا (ہ) (عو) دل ہی دل میں غم و افسوس کر کے بیٹھ رہنا۔ کسی رنج پر اُف نہ کرنا ۔

چھاتی پھٹنا (ہ) (عو) (۱) سینے کا شق ہونا۔ دل پر صدمۂ عظیم گزرنا (۲) کسی کی دولت دیکھ کر رشک ہونا۔ حسد ہونا ۔

چھاتی پیٹنا (ہ) (۱) سینہ کوبی کرنا (۲) رونا پیٹنا (۳) کسی کی دولت دیکھ کر حسد کرنا۔ ماتم کرنا۔ غصّے میں پیٹنا ۔

چھاتی تلے رکھنا (ہ) (عو) پاس رکھنا۔ جان کے برابر رکھنا۔ اپنی بغل میں رکھنا ۔

چھاتی ٹھکنا (ہ) بھروسہ ہونا۔ یقین ہونا ۔

چھاتی ٹھنڈی کرنا (ہ) (عو) (۱) دل خوش کرنا (۲) دشمنی نکال کر خوش ہونا۔ دل ٹھنڈا ہونا ۔

چھاتی جلانا (ہ) (۱) دل جلانا۔ رنج دینا (۲) رشک دلانا۔ حسد کرنا ۔

چھاتی جلنا (ہ) (عو) (۱) سینے میں سوزش ہونا (۲) غم حسد یا رشک سے دل جلنا ۔

چھاتی چھلنا۔ چھلنی جانا۔ یا۔ چھلنی ہو جانا (ہ) (عو) غم یا صدموں کے باعث سینے کا پر داغ اور دل کا

پاش پاش ہو جانا۔

چھاتی دَرَکنا (ہ) سینہ پھٹ جانا۔ سخت صدمہ ہونا۔

چھاتی دھڑکنا (ہ) (عو) (۱) دل کانپنا (۲) خوف کھانا (۳) دل پر صدمہ گزرنا۔

چھاتی دینا (ہ) بچے کو دودھ پلانا۔

چھاتی سراہنا (ہ) (عو) (۱) بردباری اور تحمّل کی تعریف کرنا (۲) تعریف کرنا۔ آفرین کہنا۔

چھاتی سے لگانا (ہ) (عو) (۱) جوشِ محبت کے باعث سینے سے چمٹانا۔ پیار کرنا۔ گلے سے لگانا (۲) تسلّی دینا۔ دلاسا دینا۔

چھاتی کا اُبھار (ہ) مذکّر۔ بلوغت کے باعث عورت کی چھاتیوں کا اوپر کو اُبھرنا۔

چھاتی کا پتھر۔ یا۔ پہاڑ (ہ) مذکّر (۱) گرانیِ دل۔ بارِ خاطر۔ خلافِ طبع (۲) بارِ غم۔ اندوہِ خاطر (۳) جوان۔ بن بیاہی یا رانڈ بیٹی جس کا خرچ ماں باپ کے سر ہو۔

چھاتی کا پھوڑا (ہ) مذکّر۔ جان کا عذاب۔ بارِ خاطر۔

چھاتی کا جم (ہ) مذکّر (۱) جان قبض کرنے والا۔ فرشتۂ موت (۲) ناگوارِ طبع۔ بارِ خاطر (۳) وہ ناگوارِ طبع آدمی جو پاس سے نہ ٹلے۔

چھاتی کوٹنا (ہ) (۱) سینہ کوبی کرنا۔ ماتم کرنا (۲) کسی کی دولت دیکھ کر رشک کے مارے چھاتی پیٹنا۔

چھاتی کے کواڑ (ہ) مذکّر۔ سینے کے دونوں پہلو۔

چھاتی کے کواڑ کھولنا (ہ) (۱) سینہ چاک کرنا (۲) آئینۂ دل کو زنگِ کدورت سے پاک کرنا۔

چھاتی مسلنا (ہ) چھاتی مروڑنا۔ چھاتی ملنا۔

چھاتی مسوسنا (ہ) (۱) افسوس کرنا۔ دل پکڑ کر رہ جانا (۲) صدمہ دینا۔ دل دکھانا۔

چھاتی میں گھونسا مار کر رہ جانا (ہ) دیکھو "چھاتی پکڑ کر رہ جانا"۔

چھاتی نکال کر چلنا (ہ) سینہ ابھار کر چلنا۔ اکڑ کر چلنا۔ اترا کر چلنا۔

چھاج (چھاج) (ہ) مذکّر (۱) غلّہ پھٹکنے کا اوزار۔ غلّہ افشاں (۲) بگھی کے آگے کا وہ حصّہ جس کے نیچے کوچوان کے پاؤں اور اوپر گھوڑے کی راس رہتی ہے۔

چھاج بولے تو بولے۔ چھلنی بھی بولی جس میں بہتّر چھید (ہ) مثل۔ جو خود عیب دار ہے۔ بے عیب کی کیا برابری کرے گا۔

چھاج سی داڑھی (ہ) مؤنّث۔ بڑی اور چوڑی داڑھی۔

چھاج میں ڈال کر چھلنی میں اُڑانا (ہ) (۱) الٹا کام کرنا۔ کسی کو رسوا کرنا۔ بات کا بتنگڑ بنانا۔

چھاجوں مینہ برسنا (ہ) کثرت سے بارش ہونا۔ موسلا دھار مینہ برسنا۔

چھاچھ (چھاچھ) (ہ) مؤنّث۔ وہ سفید پانی جو دہی کو بلو کر مکھن نکالنے کے بعد باقی رہ جاتا ہے۔ مٹھا۔ لسّی (۲) وہ ترش سفید دودھ جو گھی گرم کرنے میں نیچے بیٹھ جاتا ہے۔

چھاڈنا (چھا ڈ - نا) (ہ) مذکّر۔ قے کرنا۔ الٹی کرنا۔

چہار (چہار) (ف) چار۔ اربع۔ گنڈا۔ ۴۔

چہار چند (ف) دیکھو "چوچند"۔

چہار شنبہ (ف) مذکّر۔ بدھ کا دن۔

چہارم (ف) چوتھا۔ چوتھائی۔

چھاڑا (چھا - ڑا) (ہ) مؤنّث (۱) (پورب) دریا کا کنارا۔ کراڑا (۲) پتھر یا ڈھیلے کا بڑا ٹکڑا۔

چھاڑنا (ہ) دیکھو "چھاڈنا"۔

چھاگل (چھا - گل) (ہ) مؤنّث (۱) مشکیزہ۔ چھوٹی سی مشک۔ پکھال (۲) مٹی کا وہ برتن جس میں اکثر مسافر پانی بھر لیتے ہیں (۳) جھانجن۔ پاؤں کا ایک زیور۔

چھال (چھال) (ہ) مؤنّث۔ پوست۔ بکّل۔ درخت کے اوپر کا پوست۔ چھلکا۔

چھالا (چھا - لا) (ف) مذکّر (۱) آبلہ۔ پھولا (۲) وہ داغ جو تلوار کے لوہے یا شیشے وغیرہ میں ہو جاتا ہے۔

چھالیا (چھا - لیا) (ہ) مؤنّث۔ سپاری۔ ڈلی۔

چھاں (چھاں) (ہ) مؤنّث۔ سایہ۔ چھاؤں۔

چھان (چھان) (ہ) (۱) چھاننا کا امر (۲) چھت (۳) بانس کا ڈھانچا جس پر چھت ڈالتے ہیں (۴) پھوس کی چھت۔ چھپّر (۵) پھوس کی چھت والی عمارت۔

چھان بین (ہ) مؤنّث (عو) تحقیق۔ دریافت۔ کھوج۔

چھان ڈالنا۔ چھان مارنا (ہ) (۱) ڈھونڈ لینا۔ تلاش کر لینا۔ کسی کی جستجو میں چپّہ چپّہ دیکھ ڈالنا۔

(۲) چھلنی کر دینا - سوزن زدہ کر دینا ۔

چھانا (چھا-نا) (ف) (۱) پاٹنا - پھونس یا کھپریل کی کوشش کرنا (۲) اندھیرا کرنا - سایہ کرنا (۳) بادلوں کا ہجوم کرنا (۴) غالب ہونا - طاری ہونا (۵) گھرنا - محیط ہونا ۔

چھانٹ (چھانْٹ) (ف) مؤنث (۱) فضلہ (۲) ریزگی - چھیچھڑے جو گوشت صاف کرنے کے بعد رہ جاتے ہیں (۳) کترنیں - کترن (۴) انتخاب (۵) کتر بیونت - قطع و برید (۶) انداز - قطع وضع ۔

چھانٹن - یا - چھنٹن (ف) مؤنث - وہ چیز جو چھانٹنے سے بچ رہے - کترن - فضلہ - چھانٹا ہوا ۔

چھانٹنا (ف) (۱) چننا - انتخاب کرنا - اخذ کرنا (۲) پسند کرنا (۳) کاٹنا - تراشنا (۴) قلم کرنا - سر کے بال کترنا (۵) صاف کرنا (۶) مواد خارج کرنا (۷) مختصر کرنا (۸) طنز کرنا (۹) گوشت کے ٹکڑے کرنا (۱۰) الگ کرنا (۱۱) قتل کرنا - تلوار سے سر اُڑانا (۱۲) (پورب) قے کرنا - اُلٹی کرنا ۔

چھانَد (چھانْد) (ف) مؤنث (۱) پالہنگ - بند - پگّا (۲) بیچ قدم - ٹیڑھے پاؤں والا ۔

چھاندا (چھاں-دا) (ف) مذکر (۱) حصّہ بخرہ (۲) مال - روپیہ - پیسہ ۔

چھانس (چھانْس) (ف) مؤنث (ہندو) بھوسی - بھور - موٹا روا ۔

چھاننا (ف) (۱) چھلنی سے آٹا نکالنا - جھاڑنا (۲) صاف کرنا - نتھارنا (۳) جانچنا - پرکھنا (۴) دیکھنا (۵) تحقیقات کرنا - کھوج لگانا (۶) ڈھونڈنا - تلاش کرنا ۔

چھاؤں (چھا-اُوں) (ف) مؤنث (۱) سایہ - چھاں (۲) پرتو - پرچھاواں - کرن ۔

چھاؤنی (چھا-آنی) (ف) مؤنث (۱) چھاؤں کرنے کی چیز - کھپریل (۲) لشکرگاہ - کیمپ - سپاہیوں کی بارکیں ۔

چھاؤنی چھانا - یا - ڈالنا (ف) (۱) مسکن بنا لینا - مقام کرنا (۲) کیمپ ڈالنا - فوج رکھنا ۔

چھاؤنی کرنا (ف) ڈیرہ ڈالنا ۔

چھائیاں (چھا-اِیاں) (ف) مؤنث - کلف - وہ سیاہ داغ جو آدمی کے چہرے پر پڑ جاتے ہیں ۔

چھائیں پھوئیں (چھا-اِیں + پھو-اِیں) (ف)

(عو) (۱) خدا بچائے - خدا پرے ہی رکھے (۲) جن و پری - بھوت پریت ۔

چھائیں مائیں (ف) مؤنث - بچّوں کا ایک کھیل جو چکّر کھا کر کھیلا جاتا ہے ۔

چھایا (چھا-یا) (ف) مؤنث (ہندو) سایہ - چھاؤں ۔

چھایا بڑی مایا ہے (ف) مثل - سایہ بہت اچھی چیز ہے - اپنا مکان ہونا بہت اچھا ہے ۔

چھب (چھَب) (ف) مؤنث (۱) آرائش - زیب - زینت - (۲) ناز و انداز - معشوقانہ انداز (۳) خوب صورتی - اعضا کی بناوٹ - جسامت ۔

چھب تختی (۱) مؤنث (عو) سینے اور جسم کی خوبصورتی - گات اور جسامت کی خوش وضعی ۔

چھب گٹھڑی میں اور صورت طباق میں (ف) مثل - عزّت عمدہ پوشاک سے اور صحت عمدہ غذا سے ہے ۔

چھبڑا (چھَب-ڑا) (ف) (۱) ٹوکرا (۲) چھابا ۔

چھبّی (چھب-بی) (ف) مؤنث (دلالوں کی اصطلاح) پیسہ - فلوس ۔

چھبّیس (چھَب-بیس) (ف) چھ اور بیس - بست و شش - ۲۶ ۔

چھبیلا (ف) چھب والا - خوش وضع - وجیہ - خوش اندام - رنگیلا ۔

چھپ (چھَپ) (ف) مؤنث - پانی کی آواز ۔

چھپ چھپ (ف) مؤنث - پانی پر ہاتھ مارنے کی آواز - پانی کے منہ پر ڈالنے کی آواز ۔

چھپ (چھَپ) (ف) چھپنا کا امر ۔

چھپ گر (ف) مذکر - کپڑے چھاپنے والا ۔

چھُپ (چھُپ) چھپنا کا امر ۔

چھپا (ف) مذکر - پوشیدہ - مخفی - نامعلوم ۔

چھپا رستم - یا - چھپے رستم (ف) مذکر (۱) وہ شخص جو اپنے ہنر اور کمال میں پورا ہو - مگر لوگوں میں ظاہر نہ ہو - (۲) چھپا ہوا بدمعاش - بڑا بھاری شریر ۔

چھپاکا (ف) مذکر (۱) پانی کے منہ پر ڈالنے کی آواز (۲) چھینٹا - تریڑا - چھینٹا ۔

چھپانا (ف) ڈھانپنا - پوشیدہ کرنا - ڈھانکنا ۔

چھپاؤ (چھپا-اؤ) (ف) مذکر (عو) پوشیدگی ۔

چھپائی (چھپا-ائی) (ف) مؤنث (۱) چھاپنے کی اجرت - طبع کرانے کی مزدوری (۲) چھاپا ۔

چھپٹی (چھپ۔ پٹی) (ہ) مؤنث (۱) لکڑی کی وہ چھیلن جو کام چلنے میں فاضل نکلتی ہے۔ برادۂ چوب (۲) پتلا۔ دبلا۔ لاغر ٭

چھپّر (چھپ۔ پّر) (ہ) مذکر (۱) وہ سائبان جو پھوس سے ڈالا جائے۔ پھونس کی چھت (۲) بوجھ۔ بھار (۳) ڈابر۔ برساتی پانی کا گڑھا ٭

چھپّر بند (ہ) مذکر۔ سائبان بچھانے والا۔ چھپّر بنانے والا ٭

چھپّر پر پھوس نہ ہونا (ہ) نہایت مفلس ہونا۔ ازحد تنگ حال اور تنگ دست ہونا ٭

چھپّر پر پھوس نہیں ڈیوڑھی پر نقّارہ (ہ) مفلس اور کنگال ہوکر اپنی نمود اور بڑائی دکھانا ٭

چھپّر پر رکھنا (ہ) الگ کرنا۔ چھوڑ دینا۔ خاطر میں نہ لانا۔ طاق پر رکھنا ٭

چھپّر پھاڑ کر دینا (ہ) غیب سے دینا۔ گھر بیٹھے دولت دینا ٭

چھپّر رکھنا (ہ) (۱) بارِ احسان رکھنا۔ بھاری احسان کرنا (۲) بوجھ رکھنا۔ الزام رکھنا ٭

چھپّر کھٹ (چھپَّر۔ کھٹ) (ہ) مذکر۔ مسہری۔ وہ پلنگ جس کے اوپر چھتری اور پوشش ہو۔ دُلہن یا امیروں کے سونے کا پلنگ ٭

چھپکا (ہ) مذکر (۱) پانی کا بڑا چھینٹا (۲) ایک قسم کا چھوٹا سا جال جو دو لکڑیوں میں لگا ہوتا ہے۔ اور اس سے کبوتر پکڑتے ہیں (۳) ایک زیور جو عورتیں بالوں میں باندھ کر ماتھے پر لٹکاتی ہیں (۴) پگھلائی ہوئی رانگ کا چوڑا ٹکڑا۔ (۵) وہ لوہے کا چوڑا پترا جو کنڈی میں لگا کر بند کر دیا جاتا ہے ٭

چھپکلی (چھپ۔ کلی) (ہ) مؤنث (۱) چلپاسہ۔ وہ جانور جو اکثر دیواروں پر رہتا اور مکھیاں کھاتا ہے (۲) دبلی پتلی عورت (۳) (پ) کرلی ٭

چھپّن (ہ) چھ اوپر پچاس۔ پنجاہ و شش۔ ۵۶ ٭

چھُپنا (ہ) (۱) پوشیدہ ہونا (۲) بچنا۔ آنکھ بچانا۔ (۳) چاند یا سورج کا غروب ہونا (۴) پردہ کرنا ٭

چھپنا (ہ) طبع ہونا۔ مُہر لگنا ٭

چھت (چھت) (ہ) مؤنث (۱) سقف۔ سائبان (۲) کوٹھا۔ بام (۳) چھت گیری ٭

چھت گیری (ہ) مؤنث۔ وہ کپڑا جو چھت کے نیچے خاک وغیرہ کے نہ گرنے کے لئے لگا دیتے ہیں ٭

چھتّا (چھت۔ تّا) (ہ) مذکر (۱) دور تک پٹا ہوا راستہ (۲) شہد کی مکھیوں یا بھڑوں وغیرہ کا گھر۔ خانۂ زنبور (۳) گروہ۔ جماعت (۴) گھاس کا پھیلاؤ ٭

چھتر (چھتَر) (ہ) مذکر (۱) بڑا چھاتا۔ چتر (۲) شامیانہ (۳) جائے پناہ۔ ملجا۔ ماوا ٭

چھتری (چھت۔ ری) (ہ) مؤنث (۱) چھوٹا چھاتا۔ دھوپ بارش کے بچاؤ کی چیز جو سر پر لگا لیتے ہیں (۲) کبوتروں کے بیٹھنے کا ٹھٹّر (۳) ایک قسم کا گنبددار محل (۴) ڈولی کے اوپر کا ٹھٹّر (۵) (مجاز) سر کے بڑے بڑے اور گھنے بال (۶) وہ مکان جس میں کسی ہندو فقیر۔ امیر۔ جوگی یا راجہ وغیرہ کی ہڈیاں دفن ہوں۔ سمادھ۔ مقبرہ ٭

چھتّری (چھت۔ تری) (ہ) مذکر۔ ہندوؤں کی ایک اعلیٰ قوم ٭

چھتیانا (چھت۔ یا۔ نا) (ہ) بندوق کی شست باندھنا

چھتّیس (چھت۔ تیس) (ہ) چھ اوپر تیس۔ سی و شش۔ ۳۶ ٭

چھتّیسا (ہ) (عو) چھتّیس ہنر جاننے والا مرد۔ نہایت تجربہ کار اور جملہ عیب و ہنر سے واقف ٭

چھتّیسی (ہ) مؤنث (عو) تمام عیب و ہنر سے واقف۔ چالاک۔ عیّارہ۔ اوباش وضع عورت جو نہایت ہوشیار ہو ٭

چھُٹ (چھُٹ) (ہ) چھوٹا ہوا۔ علٰحدہ۔ جُدا۔ مستثنےٰ ٭

چھُٹ بھیّا (چھُٹ۔ بھیّ۔ یا) (ہ) مذکر۔ ادنیٰ دُکاندار۔ نیچ قوم کا آدمی ٭

چھُٹ پن۔ چھُٹپنا (ہ) مذکر۔ خردی۔ بچپن۔ لڑکپن۔ طفولیّت ٭

چھَٹ (چھَٹ) (ہ) چھٹنا کا امر ٭

چھٹا (ہ) (۱) چھٹانا کا امر (۲) چھٹنا کی ماضی (۳) چنا ہوا۔ منتخب (۴) بڑا بدمعاش ٭

چھٹا ہوا (ہ) بڑا بدمعاش ٭

چھٹا (چھٹا) (ہ) چھ سے نسبت رکھنے والا چھواں ششم ٭

چھٹانک (چھٹا نک) (ہ) مؤنث۔ سیر کا سولھواں حصّہ۔ پانچ تولہ ٭

چھٹانک دھنیا خیر آبادی کوٹھی (ہ) مثل۔ ذرا سے سرمائے پر بہت شیخی مارنے والے کی نسبت بولتے ہیں۔

چھٹاون (ہ) مذکر (عو) بھٹکن۔

چھٹکا (ہ) (پورب) چھوٹا۔ خُرد۔

چھٹکا (چھٹ۔ کا) (ہ) مذکر (لکھنؤ) پینس کا رنگین و منقش پردہ۔

چھٹکارا (ہ) مذکر (۱) رہائی۔ خلاصی۔ فرصت۔ مہلت (۲) طلاق۔

چھٹکانا (چھٹ۔ کا۔ نا) (ہ) پراگندہ کرنا۔ پھیلانا۔

چھٹکنا (چھٹک۔ نا) (ہ) (ہندو) (۱) بکھرنا۔ پھیلنا۔ تتر بتر ہونا (۲) تاروں کا کھلنا۔ تارے چمکنا۔

چھٹنا (ہ) (۱) صاف ہونا۔ داد یا میل نکلنا (۲) دبلا ہونا لاغر ہونا (۳) منتخب ہونا۔ چنا جانا (۴) قلم ہونا۔ ترشنا (۵) علیحدہ ہونا۔ جدا ہونا۔

چھٹنا (ہ) (۱) رہا ہونا۔ آزاد ہونا (۲) پیٹ جاری ہونا۔ دست لگنا (۳) برطرف ہونا۔ موقوف ہونا (۴) بچنا۔ باقی رہنا (۵) ڈھیلا پن۔ سست ہونا۔ (۶) بکھرنا۔ تتر بتر ہونا (۷) نکلنا۔ جاری ہونا (۸) داغنا۔ سر ہونا (۹) علیحدہ ہونا۔ جدا ہونا (۱۰) چلنا۔ روانہ ہونا۔

چھٹنکی (چھٹن۔ کی) (ہ) مؤنث۔ پانچ تولے کا باٹ۔

چھٹوانا (ہ) (۱) رہا کرانا (۲) جدا کرانا (۳) موقوف کرانا۔

چھٹوتی (چھٹو۔ تی) (ہ) مؤنث (عوام) رعایت۔ تخفیف۔

چھٹولا (چھٹو۔ لا) (ہ) مذکر۔ وہ لباس جو عورتیں بچہ پیدا ہونے کے زمانے میں پہنتی ہیں۔

چھٹھ (چھٹھ) (ہ) مؤنث (ہندو) ہندی مہینے کے ہر پاکھ کی چھٹی تاریخ۔

چھٹی (چھٹی) (ہ) (۱) چھ سے نسبت رکھنے والی (۲) مؤنث۔ بچہ پیدا ہونے کے چھ روز بعد کی رسم۔

چھٹی کا دودھ یاد آنا (ہ) مثل مصیبت میں آرام و عیش گزشتہ کا یاد آنا۔ امن کا زمانہ افسوس کے ساتھ یاد آنا۔

چھٹی کا راجہ۔ یا۔ رجہ (ہ) مذکر۔ پیتڑوں کا امیر۔ خاندانی امیر۔ اصل میں وہ شخص جس کی چھٹی میں نانا کے گھر سے اس قدر دولت آئے کہ کئی پیڑھیوں تک کافی ہو۔

چھٹی کا کھایا پیا نکلنا (ہ) (عو) سارا عیش و آرام جاتا رہنا۔ گزشتہ آرام و راحت کی کسر نکل جانا

چھٹی کے پوتڑے اب تک نہیں سوکھے (ہ) مثل۔ اس وقت تک بچے اور ناتجربہ کار ہے۔

چھٹی (چھٹ۔ ٹی) (ہ) مؤنث (۱) تعطیل۔ رخصت۔ فرصت۔ اجازت (۲) بیوقوفی۔ برطرفی (۳) مرنا (۴) نقالوں کا چٹکلا۔ یا لطیفہ۔

چھٹی ملنا (ہ) (۱) فراغت پانا۔ رخصت ملنا (۲) موقوف ہونا۔ برخاست ہونا۔

چھٹے چھما سے (ہ) گاہ گاہ۔ گہے ماہے کبھی کبھی۔

چھٹیا (چھٹ۔ یا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا نمک۔

چھٹیاں (ہ) مؤنث (۱) تعطیلیں۔ ایام رخصت۔ (۲) نقالوں کے چٹکلے اور لطیفے۔

چھجا (چھج۔ جا) (ہ) مذکر۔ وہ آگے بڑھا ہوا چھت کا حصہ جو بارش کی حفاظت یا دھوپ کے بچاؤ کے لئے لگایا جاتا ہے۔ برآمدہ (۲) انگریزی ٹوپی کا اگلا حصہ جو دھوپ کے بچاؤ کے لئے ہوتا ہے۔

چھجانا (چھجا۔ نا) (ہ) چھیجنا کا متعدی۔ کم کرنا۔

چھچھڑا۔ چھیچھڑا (چھچ۔ ڑا۔ چھیچھ۔ ڑا) (ہ) مذکر (۱) گوشت کا نکما حصہ۔ غدود (۲) جھلی۔

چھچکارنا (چھچ۔ کار۔ نا) (ہ) (ہندو) (۱) سیٹی بجا کر کتے کو بلانا۔ کتے کو پیچھے لگانا (۲) ملامت کرنا۔

چہچہا (چہ۔ چہا) (ہ) مذکر۔ خوش الحانی۔ پرندوں کا خوشی میں آکر بولنا۔

چہچہا (چہ۔ چہا) (ہ) نہایت شوخ اور سرخ رنگ۔

چہچہانا (ہ) (۱) نغمہ سرائی کرنا۔ چہکنا (۲) خوشی میں آکر بولنا۔ خوش آوازی سے باتیں کرنا

چہچہاتا (ہ) سرخی ٹپکنا۔ شوخی برسنا۔

چھچھل (چھچھل) (ہ) چھچھلنا کا امر۔

چھچھلا (ہ) کم گہرا (برتن یا پانی)۔

چھچھلتی ہوئی (ہ) (۱) دوسری چیز کو چھو کر گزرتی ہوئی (۲) سرسری۔

چھچھلنا (ہ) کسی چیز کا دوسری کے اوپر سے چھوتے

ہوتے گزر جاتا۔

چھچھو (چھُچھ ۔ چھُو) (ہ) مذکر (بچّوں کی زبان) پیشاب۔

چھچھورا (چھِچھ۔ اورا) (ہ) مذکر بچوں کی سی عادت والا۔ کمینہ۔ سفلہ۔ پیٹ کا ہلکا۔

چھچھوراپن۔ یا۔ چھچھورپن (ہ) مذکر۔ سفلہ پن۔ کمینہ پن۔

چھچھوندر (چھُچھُوں ۔ دَر) (ہ) مؤنث (۱) موش کور۔ ایک قسم کا بڑا چوہا جو رات کو نکلتا ہے اور اس کے جسم سے بدبو آتی ہے (۲) ایک قسم کی آتشبازی (۳) وہ عورت جو ادھر ادھر لڑائی کراتی پھرے۔

چھچھوندر چھوڑنا (ہ) (۱) آتشبازی کی چھچھوندر کو آگ لگانا (۲) شگوفہ چھوڑنا۔ نئی بات اختراع کرکے بیان کرنا۔

چھچھوندر کے سر میں چنبیلی کا تیل (ہ) مثل۔ کم رتبہ شخص کے اچھی چیز استعمال کرنے پر بولتے ہیں۔

چھچھی (چھِچھی) (ہ) مؤنث۔ بچّوں کا پیشاب یا پاخانہ۔

چھدّا (چھُد۔ دا) (ہ) مذکر (۱) الزام۔ تہمت۔ بہتان (۲) گلہ۔ شکوہ (۳) بارِ احسان۔

چھدّا اُتارنا (ہ) (عو) گلہ اتارنا۔ شکوہ اتارنا۔ سر سے بوجھ اتارنا (۲) جلد آکر چلا جانا۔

چھدام (چھدام) (ہ) مذکر (پورب) دمڑی۔

چھدرا (چھد۔ را) (ہ) مذکر۔ جھرجھرا۔ چھید دار۔ فرق فرق سے۔

چھدرا کر چلنا (ہ) ٹانگیں کھول کر چلنا۔ ٹانگوں کو فرق سے رکھ کر چلنا۔

چھدنا (چھد۔ نا) (ہ) (۱) سوراخ ہونا (۲) چھبنا۔

چھدّے مدّے (چھُد۔ دے ۔ مُد۔ دے) (ہ) مذکر (عو) پیار کا کلمہ جو ماں بچّے کو صدقے قرباں کی جگہ کہتی ہے۔

چہر (چہر) (ف) مذکر۔ چہرہ۔

چھرّا (چھر۔ را) (ہ) مذکر۔ ایک چھوٹی سی گولی جو بندوق میں رکھ کر چھوڑتے ہیں۔ سنگریزہ (۲) وہ کنکر جو گھنگروؤں وغیرہ میں ڈالتے ہیں۔

چھرّا چلنا (ہ) سنگریزوں کی بوچھاڑ ہونا۔ گالیوں اور آوازوں توازوں کا متواتر ہونا۔

چھُرا (چھُرا) (ہ) مذکر۔ بڑا چاقو۔ چھوٹی تلوار۔

چھرنا (چھر۔ نا) (ہ) چھلکا اتارنا۔ اناج صاف کرنا۔

چہرہ (چہ۔ رَہ) (ف) مذکر (۱) صورت۔ منہ۔ مکھڑا۔ رخسارہ (۲) سامنے کا رخ۔ مہرہ (۳) حلیہ۔ خد و خال

چہرہ اُترنا (ف) منہ اترنا۔ صورت کا مرجھانا۔

چہرہ بگاڑنا (ف) بدصورت بنا دینا ایسا مارنا کہ شکل پہچانی نہ جائے۔

چہرہ بنانا (ف) منہ بنانا۔ منہ چڑانا۔

چہرہ تمتمانا (ف) چہرے کا گرمی۔ بخار یا غصّے سے سرخ ہو جانا۔

چہرہ شاہی روپیہ (ف) مذکر۔ سرکاری سکہ جس پر بادشاہ وقت کا چہرہ منقش ہو۔ چہرہ دار روپیہ۔

چہرہ مہرہ (ف) مذکر۔ شکل و صورت خط و خال۔

چہرہ ہونا (ف) فوج میں نام لکھا جانا

چھُری (ہ) مؤنث۔ لمبا چاقو جو بند نہ ہو سکے۔ چھوٹا چھرا۔

چھُری بند بھائی (ف) مذکر (۱) قصائی۔ بوچڑ (۲) ہم قوم۔ ہم پیشہ۔

چھُری بھلی نہ کٹاری (ہ) مثل۔ نقصان دہ چیزیں سب بری ہیں۔ پھاڑنے والی چیزیں سب بری ہیں۔ چاہے کوئی ہو۔

چھُری بھونکنا (ہ) چھری گھسیڑنا۔ چھری مارنا۔

چھُری پھیرنا (ہ) (۱) ذبح کرنا۔ قتل کرنا۔ جان سے مارنا (۲) تکلیف دینا۔ ظلم کرنا۔

چھُری تلے دَم لینا (ہ) (عو) تکلیف سہارنا۔ مصیبت برداشت کرنا۔ صبر و قرار لینا۔ تامّل کرنا

چھُری تیز ہونا (ف) قابو ہونا۔ زور چلنا۔ لوہا تیز ہونا۔

چھُری چلنا (ہ) (۱) چھریوں سے مار کٹائی ہونا (۲) اَن بَن رہنا (۳) کسی کو صدمہ یا رنج پہنچنا۔

چھُری دینا (ہ) ذبح کرنا۔ قتل کرنا۔

چھُری کٹاری (ہ) مؤنث (عو) جانی دشمنی کھٹا پٹی۔ وہ لڑائی جھگڑا جس میں ہتھیاروں کی نوبت پہنچے۔

چھُری کٹاری ہونا (ہ) سخت دشمنی ہونا۔ لڑائی جھگڑے کی باتیں ہونا

چھُری مارنا (ہ) (عو) (۱) چھری بھونکنا۔ خنجر مارنا۔ زخمی کرنا (۲) بری بات کہنا۔ ناگوار بات کہنا

چہرے پر ہوائیاں اُڑنا (ہ) چہرے کا رنگ زرد ہونا ۔

چھریرا (چھَرے۔رَا) (ہ) دبلا پتلا۔ لاغر۔ ہلکا پھلکا۔ اکہرا بدن ۔

چھُریوں کا غسل دینا (ہ) قتل کرنا۔ ذبح کرنا۔ بڑی بھاری سزا دینا ۔

چھڑ (چھَڑ) (ہ) مؤنث۔ پتلا اور لمبا سانس ۔

چھڑ (چھَڑ) (ہ) چھڑنا کا امر ۔

چھڑ (چھِڑ) (ہ) چھڑنا کا امر ۔

چھڑا (چھَڑا) (ہ) (۱) تنہا۔ اکیلا (۲) مذکر۔ ایک قسم کا پاؤں کا کڑا۔ پاؤں کی چوڑی (۳) کان کا ایک موتیوں کا زیور ۔

چھڑانا (چھُڑا۔نا) (ہ) (۱) رہا کرانا۔ آزاد کرانا۔ جدا کرانا۔ علیحدہ کرانا (۲) ترک کرانا۔ موقوف کرانا (۳) کھولنا۔ وا کرنا ۔

چھڑائی (ہ) مؤنث (۱) رہائی کا عوضانہ۔ جرمانہ (۲) وہ دام جو شکاری جانور چھوڑنے سے پہلے لے لیتا ہے (۳) وہ نقدی جو چڑیمار کو دے کر پرندوں کے چھوڑنے کی اجازت دی جائے ۔

چھڑکاؤ (ہ) مذکر۔ آبپاشی۔ پانی وغیرہ کا زمین پر چھڑکنا ۔

چھڑکائی (ہ) مؤنث۔ پانی چھڑکنے کی اجرت ۔

چھڑکنا (ہ) (۱) آبپاشی کرنا۔ زمین وغیرہ پر تھوڑا تھوڑا پانی ڈال کر اسے تر کرنا۔ تصدق کرنا (۳) رنگ ڈالنا ۔

چھڑکوانا (ہ) چھڑکنا کا متعدی المتعدی ۔

چھڑنا (ہ) (۱) شروع ہونا۔ آغاز ہونا (۲) بجنا ۔

چھڑنا (ہ) غلہ کو کوٹ کر صاف کرنا۔ اوکھلی میں غلہ کوٹنا ۔

چھڑوانا (ہ) آوازہ توازہ پھکوانا۔ غصہ دلوانا۔ چھیڑ خانی کرنا ۔

چھڑوانا (ہ) رہا کرانا۔ جدا کرانا ۔

چھڑی (چھَڑی) (ہ) مؤنث (۱) پتلی لکڑی۔ بید۔ قمچی (۲) وہ جھنڈی جو کسی بزرگ کے نام کی بنائی جائے (۳) چوتھی کھیلنے کی پھولوں کی قمچی (۴) گوکھرو اور چنکلی وغیرہ کی سیدھی شکن جو عورتیں اکثر پاجامے وغیرہ میں ٹانکتی ہیں (۵) تنہا۔ اکیلی ۔

چھڑی سواری (ہ) مذکر۔ یک جینی و دو گوش۔ تنہا ۔

چھڑے (چھَڑے) (ہ) مذکر۔ پاؤں کا ایک زیور ۔

چھڑے چھٹانک (ہ) دم نقد۔ تنہا ۔

چھڑیلا (چھَڑے۔لا) (ہ) مذکر۔ ایک خوشبودار دوا ۔

چھڑیوں کا میلا (ہ) مذکر۔ وہ میلا جو کسی بزرگ کی جھنڈیوں کے نام سے کیا جاتا ہے ۔

چھک (چھَک) (ہ) چھکنا کا امر ۔

چھک (چھِک) (ہ) چھکنا کا امر ۔

چھکا (چھَ۔کا) (ہ) مذکر (۱) اینٹوں اور پتھروں وغیرہ کا فرش جو اکثر چھتوں اور صحنوں وغیرہ میں لگایا جاتا ہے (۲) داغ ۔

چھکا (چھَک۔کا) (ہ) مذکر (۱) چھ سے نسبت رکھنے والا (۲) گنجفے یا تاش کا وہ پتہ جس پر چھ نقطے یا علامتیں ہوں

چھکا چھک (ہ) (۱) بھرا ہوا (۲) سیر (۳) مدہوش۔ سیاہ مست ۔

چھکا دینا (ہ) سیر کر دینا۔ مستغنی اور بے پروا کر دینا ۔

چھکارنا (ہ) (لکھنؤ) چھپانا۔ چھپا کرنا ۔

چھکانا (ہ) (۱) بھر دینا (۲) کھلانا۔ سیر کرنا (۳) شراب پلانا (۴) بے پروا کرنا (۵) سزا دینا ۔

چھکڑ (چھُک۔کڑ) (ہ) مذکر۔ چھیچھڑا۔ لیتھڑ ۔

چھکڑا (چھَک۔ڑا) (ہ) مذکر (۱) گڈا۔ اسباب لادنے کی بڑی گاڑی (۲) وہ چیز جس کے انجر پنجر ڈھیلے ہوں ۔

چھکنا (ہ) دل بھر کے کھا پی لینا ۔

چھکنا (ہ) چھپانا۔ خوش الحانی کرنا ۔

چھکے چھوٹنا (ہ) گھبرا جانا۔ حواس باختہ ہونا ۔

چھل (چھَل) (ہ) مذکر و مؤنث (۱) دیوار کا کوئی ٹکڑا جو گر پڑا ہو (۲) مذکر۔ مکر۔ فریب۔ دھوکا۔ عیاری (۳) چھلنا کا امر ۔

چھل بٹا۔ یا۔ چھل بٹے (ہ) مذکر۔ فریب دم۔ دھوکا ۔

چھل بل (ہ) مذکر (۱) دیکھو "چھل بٹا" (۲) شوخی۔ چالاکی ۔

چھل کرنا (ہ) دھوکا دینا۔ فریب کرنا۔ چالاکی کرنا ۔

چھل (چھُل) (ہ) مؤنث۔ ہنسی۔ خوش طبعی۔ دل لگی۔ خوش مزاجی ۔

چھل باز (ف) ظریف۔ مسخرہ۔ زندہ دل۔ خوش مزاج

چہل (چِہَل) (ف) چالیس - ۴۰ ٭

چہل ابدال (ف - ع) مذکر - وہ چالیس نفوسِ زکیہ جنھیں خداوند تعالیٰ نے انتظامِ عالم کی دیکھ بھال کے لئے مقرر کیا ہے۔

چہل چراغ (ف) مذکر - ایک قسم کا برنجی جھاڑ جس میں چالیس چراغ ہوتے ہیں۔

چہل قدمی (۱) ٹہلنا۔ بظاہر تو چالیس ہی قدم تک پھرنے کے معنی ہیں۔ لیکن دراصل کم سے کم ایک سو چالیس قدم تک پھرنا ٭

چہل کاف (ف) مؤنث - ایک دعا جس میں چالیس کاف ہیں ٭

چھلا (چہ - لا) (ا) مذکر - وہ زمین جو پانی اور دلدل سے پُر ہو - کیچڑ کی زمین

چھلّا (چھل - لا) (ہ) مذکر (۱) حلقہ - کنڈلی - کڑا (۲) انگشتری - سونے یا چاندی کا حلقہ بغیر نگینہ جو ہاتھ کی انگلی میں پہنا جاتا ہے (۳) وہ نشان جو کلابتون یا ریشم سے گول گول بنائے جاتے ہیں۔ (۴) ایک قسم کا پنجابی گیت (۵) گھر کی وہ دیوار جو ایک طرف سے پختہ اور دوسری جانب سے کچی ہو۔

چھلّا چھپَوَّل (ہ) مذکر - شوخ طبع لوگوں کا ایک کھیل ہے کہ ہاتھ کا چھلا اتار کر کسی کی مٹھی میں چھپا کر مٹھیاں بند کر لیتے ہیں - جو شخص چھلے والی مٹھی پکڑ لیتا یا اس کی طرف اشارہ کرتا ہے - اسی کا چھلا ہو جاتا ہے

چھلّا دھو کر اُٹھانا (ہ) (عو) منّت کا چھلا پاک کر کے رکھنا - تاکہ کامیابی پر نذر دیا جائے

چھلانگ (چھلا نگ) (ہ) مؤنث - جست - زقند - چوکڑی - پھلانگ - پھاند -

چھلاوا (چھلا - وا) (ہ) مذکر (۱) لغوی معنی چھل دینے والا - (اصطلاح) آسیب - غول بیابانی - شہابہ (۲) شعبدہ باز - طلسم دکھانے والا ٭

چھلبدار (چھل - بدار) (ہ) مذکر - ایک قسم کے ڈوم جو اکثر دائرہ بجا کر پیروں کے گیت گاتے ہیں مگر گانا انہیں بالکل نہیں آتا ٭

چھل پلانا (ہ) بازار میں کھڑے ہو کر کٹورے بجا بجا کر پانی پلانا ٭

چہل پہل (چَہَل - پَہَل) (ہ) مؤنث (۱) رونق - آبادی - (۲) خوشی - خرمی - زندہ دلی ٭

چھلا چھل (چھلا چھل) (ہ) مؤنث - زور سے موتنے کی آواز ٭

چھلچھلانا (ہ) (۱) پانی چھوڑنا - پیشاب کرنے کی آواز (۲) (گنوار) اترانا ٭

چھلک (چھلک) چھلکنا کا امر ٭

چُھلک (چُھلک) چھلکنا کا امر ٭

چھلکا (چھل - کا) (ہ) مذکر - پوست - چھال - قشر ٭

چھلکانا (ہ) بھری ہوئی چیز کو حرکت دے کر گرانا - ڈھلکانا۔

چھلکتا ہوا (ہ) لبریز - بھرا ہوا ٭

چھلکنا (ہ) (۱) ڈھلکنا - نیچے گرنا - باہر نکلنا (۲) تھوڑے سے عروج پر غرور کرنا ٭

چُھلکنا (ہ) عورت کا موتنا - بغیر ارادہ خوف یا کسی اور وجہ سے موت نکل جانا ٭

چھلکیوں موتنا (ہ) (عو) چلوؤں موتنا - ڈر کے مارے بہت سا پیشاب نکل جانا - ازحد رعب میں آنا ٭

چہلم (ہ) (۱) چالیسواں - چالیس سے نسبت رکھنے والا (۲) (۱) مذکورہ رسم جو میت کے سوا مہینے بعد ادا کی جاتی ہے - (۳) شہدائے کربلا کا چالیسواں جو ہر عشرہ محرم کے چالیس روز بعد کیا جاتا ہے۔

چھلنا (ہ) (۱) فریب دینا - دھوکا دینا - پھسلانا (۲) مذکر - بڑی چھلنی ٭

چِھلنا (چھل - نا) (ہ) کسی چیز کا پوست اتر جانا - کھال ادھڑنا - رگڑ لگنا ٭

چھلنی (ہ) مؤنث - غربال - چھاننے کا آلہ ٭

چھلنی میں ڈال چھاج میں اڑانا (ہ) (عو) رسوا کرنا - ڈھونڈی پیٹنا - ذرا سی برائی کو بڑھا کر بیان کرنا

چھلنی ہو جانا (ہ) سوراخ سوراخ ہو جانا - تیر دل سے بندھ جانا ٭

چھلو (چھلو - لو) (ہ) (۱) بے وقوف (۲) طفلانہ - لڑکپن کا

چھلوری (چھلو - ری) (ہ) مؤنث - وہ چھالا جو انگلی یا کبھی ناخن کے اندر ہو جاتا اور بغیر چیرا دئے اچھا نہیں ہوتا

چھلے کا گل (ہ) مذکر - وہ داغ جو معشوق کا چھلا تپا کر محبت جتانے کی غرض سے اپنے جسم پر لگاتے ہیں ٭

چھلی (چھَ-لی) (۱) مؤنث- کنوئیں کی چرخی ÷

چھلی (چھِل-لی) (۵) مؤنث (۱) پوست- چھلکا (۲) (پ) کمٹی کا بھٹا (۳) (پ) سوت کی گگڑی ÷

چھلی چھلیا (چھُلی + چھُلِی-یا) (۵) مؤنث- لڑکوں کا ایک کھیل ÷

چھلیا (۵) فریبی- دھوکے باز ÷

چھما (چھِما) (۵) مؤنث (ہندو) عفو- درگزر- معافی- مہربانی- کرپا- رحم ÷

چھم چھم (چھَم-چھَم) (۵) مؤنث (۱) مینہ کے برسنے کی آواز (۲) گھنے کی آواز- گھنگروؤں کی آواز- جھنکار ÷

چھمچھما (چھَم-چھما) (۵) مؤنث (عو) شگوفہ- لطیفہ- انوکھی بات ÷

چہ میگوئیاں (۱) دیکھو "چمیگوئیاں" ÷

چھن (چھَن) (۵) مذکر (۱) کسی جلتی ہوئی چیز پر پانی پڑنے کی آواز (۲) روپے کی آواز (۳) گھنگرو کی آواز (۴) سنگریزہ- کنکر (۵) (ہندو) کنگن- وہ زیور جو ہاتھ میں چوڑیوں کے درمیان پہنتے ہیں (۶) ایک قسم کے ٹینک جو دولھا سسرال میں سنا کر انعام لیتا ہے ÷

چھن چھن (۵) مؤنث (۱) لوہے کی زنجیر کی آواز- (۲) روپے کی آواز ÷

چھن (چھِن) (۵) مؤنث- پل- لمحہ- سیکنڈ- ثانیہ ÷

چھننا (چھَن-نا) (۵) مذکر (۱) بڑی چھلنی- چھاننا (۲) کسی چیز کا چھلنی سے نکلنا- چھانا جانا (۳) تیروں یا گولیوں سے بدن کا چھدنا (۴) سوراخ سوراخ ہونا (۵) بگاڑ ہونا- لڑائی ہونا (۶) تحقیقات ہونا (۷) روشنی کا باہر نکلنا ÷

چھناک (چھَناک) (۵) مؤنث- گرم چیز پر پانی گرنے کی آواز ÷

چھناکا (چھَنا-کا) (۵) مذکر- جھنکار- روپے کی آواز- دولت کی آواز ÷

چھنال (چھِنال) (۵) مذکر- خراب عورت- بدکار و فاحشہ عورت- زانیہ (۲) شہوت پرست (۳) شوخ- بے شرم (۴) عیارہ- چالاک- ہوشیار- بدذات ÷

چھنال پن- یا- چھنال پنا (۵) مذکر- اوباشی- زناکاری- بدکاری- شہوت- شرارت- بے شرمی- عیاری- مکاری ÷

چھنالا (۵) مذکر- بدکار- زناکار ÷

چھنالا کرنا (۵) حرامکاری کرنا- بدکاری کرنا- زنا کرنا- کسب کمانا ÷

چھناؤ (چھَنا-آؤ) (۵) مذکر- چھانٹ- تراش ÷

چھنٹنا (چھَنٹ-نا) (۵) دیکھو "چھٹنا" ÷

چھنٹیل (چھَنٹیل) (۵) مؤنث (عوام) باقی بچی ہوئی خراب چیز ÷

چھنچھنانا (۵) چھن چھن کی آواز نکالنا- جھنکار ہونا ÷

چھنچھناہٹ (۵) مؤنث (۱) چھن چھن (۲) جلن- تپک ÷

چھند (چھَند) (۵) مذکر (۱) دوسرے کی تصنیف کو اپنی تصنیف ظاہر کرنا (۲) (ھو) مکروفریب- چھل (۳) نظم- ایک خاص قسم کے اشعار (۴) وزن- بحر- تال سُر (۵) معنی- مطالب ÷

چھند بند (۱) مذکر (عو) فند- فریب- مکر- چالاکی- عیاری ÷

چھند ماترا (۵) مذکر- تقطیع- اوزان بحور ÷

چھنرا (چھِن-را) (۵) مذکر (پورب) (۱) زانی- بدکار- عیاش- چھنالا (۲) لچا- شہدا- شرابی ÷

چھنگا (چھِنگ-گا) (۵) مذکر- چھ انگلیوں والا آدمی ÷

چھنگلی- چھنگلیا (چھِنگ-لی + چھِنگَل-یا) (۵) مؤنث- ہاتھ یا پاؤں کی سب سے چھوٹی انگلی- من انگلی ÷

چھن من- چھنن منن (چھُن-مَن + چھَنن-مَنن) (۵) مؤنث- بگھارے یا تلے جلنے کی آواز ÷

چھنوانا (چھَن-وا-نا) (۵) چھاننا کا متعدی المتعدی ÷

چھنوانا (چھِن-وا-نا) (۵) چھننا کا متعدی المتعدی ÷

چھو (چھُو) (۵) مذکر (۱) پیار- محبت (۲) رحم- الطاف- مہربانی (۳) غصہ- خفگی (۴) دم کرنے یا پھونکنے کی آواز ÷

چھو بننا- یا- چھو ہو جانا (۱) ہوا ہونا- رخصت ہونا- چلتا بننا- چل دینا- چمپت ہونا ÷

چھو کرنا (۵) دم کرنا- دعا پڑھ کر پھونکنا ÷

چھو منتر (۵) مذکر- جادو یا افسوں پڑھ کر پھونکنا ÷

چھوا چھو (چھُوا-چھُو) (۵) مؤنث- دھوبیوں کے کپڑا دھونے کی آواز ÷

چھوارا- چھوہارا (چھُوا-را + چھُہا-را) (۵) مذکر- خرما- تمر- ایک قسم کی بڑی سوکھی کھجور ÷

چھوانا (چھُوا-نا) (۲) لگانا- مس کرنا ÷

چھوپ (چھُوپ) (۵) (۱) چھوپنا کا امر (۲) ...

کے زخم پر لگانے کی دوا ۔

چھوپنا (چُھوپ۔نا) (ف) گیلی مٹی سے دیوار وغیرہ کے سوراخوں کا بھرنا۔ کچی دیوار کی مرمت کرنا ۔

چھوت (چُھوت) (ف) مؤنث (۱) چھونا۔ مس (۲) ناپاک آدمی کا سایہ (۳) ناپاکی۔ پلیدی ۔

چھوٹ (چُھوٹ) (ف) مؤنث (۱) رہائی۔ آزادی (۲) فرصت۔ چھٹکارا (۳) کمی۔ تخفیف (۴) بے تکلفانہ پھکڑ۔ گالی گفتار (۵) طلاق (۶) مستثنیٰ (۷) وہ مقام جہاں سے کبوتروں کے چھوڑنے کی شرط ہو ۔

چھوٹ لڑنا (ف) (۱) فنِ چوب بازی کے کسی کامل شخص سے بہت سے آدمیوں کا ہتھیاروں کے ساتھ مقابلہ کرنا۔ اور اُس کا سب کو جواب دینا۔ (۲) گالی گلوچ لڑنا ۔

چھوٹ ہونا (ف) (۱) فرصت ہونا۔ وقت ملنا (۲) پھکڑ ہونا۔ بے تکلفانہ مزاج ہونا (۳) چوب بازی میں بے قید ہو کر پھری گدکوں سے لڑنا ۔

چھوٹا (چھو۔ٹا) (ف) (۱) کوتاہ۔ تنگ (۲) خُرد۔ اصغر۔ قد یا عمر میں کم (۳) کمتر۔ کہتر۔ تھوڑا (۴) کمینہ۔ نیچ (۵) کم۔ قلیل (۶) ادنیٰ۔ اعلیٰ کا نقیض ۔

چھوٹا سب سے کھوٹا (ف) مثل۔ چھوٹے قد کا آدمی بڑا شریر ہوتا ہے ۔

چھوٹا صاحب (۱) مذکر۔ بڑے افسر سے چھوٹا افسر۔ اعلیٰ افسر کا نائب ۔

چھوٹا منہ بڑی بات (ف) مثل۔ اپنی لیاقت سے زیادہ بات کرنا۔ حوصلہ سے بڑھ کر بات کرنا ۔

چھوٹتے ہی (ف) فوراً۔ اسی وقت ۔

چھوٹنا (ف) (۱) دیکھو "چھٹنا" (۲) کھلنا۔ رسّی تڑانا (۳) گھوڑے کا گاڑی پر دوبارہ چڑھنا ۔

چھوٹی الائچی (۱) مؤنث۔ سفید الائچی۔ ہیل خُرد ۔

چھوٹی اُمت (۱) مؤنث۔ کمینے آدمی۔ نیچ لوگ ۔

چھوٹے گاؤں سے ناتا کیا؟ (ف) مثل۔ جس گاؤں کو چھوڑ دیا۔ اس سے رشتہ داری کیسی؟

چھوچھک (چُھو۔چُھک) (ف) مؤنث زچہ خانے کی ایک رسم۔ چھٹی ۔

چھوچھو (چُھو۔چُھو) (۱) مؤنث (ع) دایہ۔ کھلائی وہ عورت جو لڑکیوں کی خدمت کے لئے مقرر ہوتی ہے ۔

چھوریا (چھو۔ریا) (ف) مذکر (ہندو) چھوکرا ۔

چھوڑنا (چھوڑ۔نا) (ف) (۱) ترک کرنا۔ رد کرنا (۲) رہا کرنا۔ آزاد کرنا (۳) بخشنا۔ معاف کرنا (۴) بندوق چلانا (۵) بجانا (۶) استعفا دینا۔ علٰحدگی اختیار کرنا (۷) طلاق دینا (۸) دوڑانا (۹) مکان خالی کرنا۔ (۱۰) بچا رکھنا (۱۱) پانی بہانا (۱۲) گھوڑے کو گھوڑی پر چھوڑنا ۔

چھوڑ بلّی چوہا لنڈورا ہی بھلا (ف) مثل۔ مجھے تم سے جو نقصان پہنچا سو پہنچا۔ اب میرا پیچھا چھوڑ دو ۔

چھوکرا (چُھوک۔را) (ف) مذکر (۱) لڑکا (۲) غلام۔ چیلا (۳) نادان۔ ناتجربہ کار ۔

چھوکری (ف) مؤنث (۱) چھوری۔ لڑکی (۲) لونڈی۔ کنیز ۔

چھولداری (چُھول۔دا۔ری) (۱) مؤنث۔ سپاہیوں کے رہنے کا چھوٹا سا جھونپڑا ۔

چھولنا (چُھول۔نا) (ف) (عوام) چھیلنا۔ چھلکا اتارنا ۔

چھولنی (ف) مؤنث (عوام) کھرپی ۔

چھونا (چُھو۔نا) (ف) (۱) مس کرنا۔ ہاتھ لگانا۔ پھیرنا۔ ڈھونا ۔

چھونچھا (چُھوں۔چھا) (ف) (ہندو) (۱) خالی چیز (۲) مفلس ۔

چھونچھی (ف) مؤنث (ہندو) (۱) نرکل کی نلی (۲) سوئیوں کی نلی (۳) سوا۔ بڑی سوئی (۴) بچوں کیلئے چھوٹا پیالہ ۔

چھونک (چُھونک) (ف) مذکر۔ بگھار۔ داغ ۔

چھونکن (ف) مذکر۔ بگھارنے کا آلہ ۔

چھونکنا (چُھونک۔نا) (ف) (ہندو) بگھارنا۔ گھی داغ کرنا ۔

چھوئی موئی (ف) مؤنث (۱) ایک قسم کی بوٹی جس کے پتے آدمی کے ہاتھ لگانے بلکہ سایہ تک پڑنے سے مرجھا جاتے ہیں ۔

چھہتر (چِھہت۔تر) (ف) چھ اوپر ستر۔ ہفتاد و شش۔ ۷۶ ۔

چھٹی (چھٹی) (ف) مؤنث۔ ایک پرندہ ۔

چھی (چھی) (ف) مؤنث (حرفِ تنفر) (۱) تف۔ تھو تھو (۲) برا۔ نکما۔ خراب (۳) چھینکنے کی آواز ۔

چھی چھی (ف) مؤنث۔ بچے کا پاخانہ۔ گو۔ براز ۔

چھی چھی پھرنا (ف) بچے کا پاخانہ پھرنا ۔

چھیاسٹھ (چھیا۔سٹھ) (ف) چھ اوپر ساٹھ۔ شصت و شش۔ ۶۶ ۔

چھیاسی (چھیا۔سی) (ہ) چھ اوپر اسّی۔ہشتاد وشش۔۸۶ ﴿
چھیالیس (چھیا۔لیس) (ہ) چھ اوپر چالیس۔چہل وشش۔۴۶ ۔
چھیانوے (چھیان ہوے) (ہ) چھ اوپر نوّے۔نود وشش۔۹۶ ﴿
چھیپ (چھیپ) (ہ) مؤنث (۱) چھائیں۔دھبّا۔داغ (۲) ایک قسم کا میوہ (۳) مچھلیاں پکڑنے کی چھڑی ﴿
چھیپی (ہ) (۱) مؤنث۔کپڑا چھاپنے والا (۲) وہ کپڑا یا بندھی چھڑی جس سے کبوتر اڑاتے ہیں ﴿
چھیتا (چھے۔تا) (ہ) مذکر (عو) پیارا۔عزیز۔معشوق ﴿
چھیتنا (چھیت۔نا) (ہ) (ہندو) (۱) مارنا۔پیٹنا۔ (۲) ضرب مارنا۔کاٹنا ۔
چھیتی (ہ) مؤنث (عو) پیاری۔معشوقہ ﴿
چھیج (چھیج) (ہ) مؤنث۔کمی۔نقصان۔زوال ۔
چھیے جانا (چھے۔جا۔نا) (ہ) کان کے چھید کا پھٹ جانا ﴿
چھیجنا (ہ) (۱) کم ہونا۔گھٹنا (۲) مرنا (۳) ضائع ہونا۔خراب ہونا (۴) اترنا۔ہٹنا ﴿
چھیچھڑا۔چھیچھڑا (چھیچھ۔ڑا+چھیچ۔ڑا) (ہ) مذکر۔دیکھو "چھیچھڑا" ۔
چھید (چھید) (ہ) مذکر (۱) سوراخ۔رخنہ (۲) گڑھا۔بل
چھیدنا (ہ) سوراخ کرنا ﴿
چھیر (چھیر) (ہ) مذکر۔لال کی قسم کا ایک چھوٹا سا پرندہ ﴿
چھیڑ (چھیڑ) (ہ) مؤنث۔آدمیوں کی کمی۔ہجوم کا زوال ۔
چھیڑ (ہ) مؤنث (۱) چھونا (۲) گدگدی (۳) ہنسی ٹھٹھا۔چھیڑ خانی (۴) مخالفت۔فساد (۵) چڑ چڑانے کی بات (۶) نشتر زنی (۷) کسی باجے کی حرکت ﴿
چھیڑ چھاڑ (ہ) مؤنث (۱) ہنسی۔مذاق۔طعن۔تعرض۔ (۲) بات چیت (۳) خط وکتابت (۴) لڑائی بھڑائی ۔
چھیڑ خوانی (ہ) مؤنث (۱) دل لگی۔ٹھٹھا۔مخول (۲) رنج۔کاوش (۳) اشتعال طبع ﴿
چھیڑنا (ہ) (۱) چھونا۔ہاتھ لگانا (۲) گدگدانا (۳) بھڑکانا۔چڑانا چڑانا۔اشتعال دینا (۴) گھوڑا دوڑانا (۵) مذاق کرنا۔ٹھٹھا کرنا (۶) ذکر کرنا۔کوئی بات یاد دلانا۔ (۷) ستانا۔دق کرنا (۸) جتانا۔آگاہ کرنا (۹) نشتر لگانا۔زخم کو چیرا لگانا (۱۰) باجا بجانا (۱۱) ابتدا کرنا (۱۲) گانا۔الاپنا ﴿

چھینک (چھینک) (ہ) مذکر (ہندو) دیکھو "چھید" ۔
چھیل (چھیل) (ہ) مذکر۔خوش پوشاک آدمی۔رنگیلا آدمی۔بانکا جوان ۔
چھیل چھبیلا (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کی خوشبودار گھاس (۲) رنگیلا آدمی۔چھبیلا ۔
چھیلا (ہ) مذکر۔دیکھو "چھیل" ﴿
چھیلن (چھی۔لن) (ہ) مؤنث۔تراشہ۔جو کچھ چھیلنے سے نکلے ﴿
چھیلنا (چھیل۔نا) (ہ) (۱) پوست اتارنا۔کھرچنا (۲) خراش کرنا۔چھیلی کرنا (۳) حرف اڑانا ﴿
چھیلی۔چھیری (چھی۔لی+چھی۔ری) (ہ) مؤنث (گنوار) بکری۔گوسفند۔
چھین (چھین) (ہ) چھیننا کا امر ﴿
چھین لینا (ہ) جھپٹ لینا۔زبردستی سے لینا ۔
چھینا (چھے۔نا) (ہ) سوراخ کا بہ جانا۔کان کا چھید پھٹنا ۔
چھینا جھپٹی یا۔چھین جھپٹ (ہ) مؤنث۔زبردستی چھیننا۔نوچا کھسوٹی۔کشمکش ۔
چھینٹ (چھینٹ) (ہ) مؤنث (۱) بوند۔قطرہ (۲) ایک قسم کا بیل بوٹے دار کپڑا۔رنگین چھپا ہوا کپڑا۔ (۲) داغ۔دھبّا ﴿
چھینٹا (ہ) مذکر (۱) پانی کا چھینٹ (۲) ہلکی بارش۔خفیف سا مینہ (۳) فریب۔دھوکا (۴) مدک یا چنڈو کا ایک دم (۵) طعنہ۔نوکا جھونکی ۔
چھینٹا دینا (ہ) (۱) کسی پر چلّو بھر پانی وغیرہ چھڑکنا (۲) چیچک کے مرجھانے پر سونے کے پانی کا بچے پر چھڑکنا (۳) فریب دینا۔لالچ دینا ﴿
چھینک (چھینک) (ہ) مؤنث۔عطسہ۔وہ آواز جو ناک کے حالت زکام یا کسی سلسلاہٹ کے باعث نکلے ۔
چھینکا (چھیں۔کا) (ہ) مذکر (۱) وہ جالی یا ڈھکن جو کھانا وغیرہ رکھنے کے لئے چھت میں لٹکا دیتے ہیں (۲) وہ جالی جو چوپایوں کے منہ میں لگا دیتے ہیں ۔
چھینکتے ہی ناک کٹی (ہ) بدشگونی ہوتے ہی نقصان ہوا۔سر منڈاتے ہی اولے پڑے ﴿
چھینکنا (ہ) چھینک آنا ﴿
چھیننا (ہ) زبردستی لینا۔غصب کرنا۔جھپٹا مارنا ﴿
چھینی (چھے۔نی) (ہ) مؤنث۔ٹانکی۔لوہا کاٹنے کا اوزار ﴿

چ - ی

چِیاں (چِیَاں) (ھ) مذکر۔ املی کا بیج ۔
چِیاں سا۔ یا۔ چِیاں سی (ھ) چھوٹا سا یا چھوٹی سی ۔
چِیپ (چِیْپ) (ھ) مذکر (۱) لیس (۲) لاسا۔ چپکنے والی چیز (۳) زخم کی پیپ (۴) رطوبت جو اکثر کچے ہوئے آموں سے نکلتی ہے ۔
چِیپ دار (ا) لیس دار۔ چپکتا ہوا ۔
چِیپڑ (چِی۔ پَڑ) (ھ) مذکر۔ آنکھ کا میل کچیل۔ وہ رطوبت جو آنکھ سے نکلے ۔
چِیپنا (ھ) (ہندو) (۱) چپکانا۔ جوڑنا (۲) سر منڈھنا (۳) زور رکھا دینا ۔
چِیپی (ھ) مؤنث۔ کاغذ کی دھجی جو چپکائی جائے ۔
چَیت (چَیْت) (ھ) مذکر۔ ہندی سال کا بارھواں مہینہ ۔
چِیتا (چے۔ تا) (ھ) مذکر (عو) خیال۔ فہم۔ سمجھ ۔
چِیتا (چی۔ تام) (ھ) مذکر۔ یوزہ۔ شیر کی قسم کا ایک درندہ جس کی کمر پتلی اور جسم پر چتیاں ہوتی ہیں ۔
چِیتل (چی۔ تل) (ھ) (۱) داغدار (۲) مذکر۔ ایک قسم کا ہرن (۳) چیتا (۴) ایک قسم کا سانپ (۵) کوئی گلدار جانور ۔
چِیتنا (چیت۔ نا) (ھ) مذکر (۱) ہوشیار ہونا۔ جاگنا (۲) سمجھ میں آنا۔ یاد کرنا ۔
چِیتھڑا (چیتھ۔ ڑا) (ھ) مذکر۔ کپڑے کا ٹکڑا۔ لیر۔ لتّہ ۔
چِیتھڑے لگنا (ھ) (عو) مفلسی کے مارے ثابت کپڑے نہ پہن سکنا ۔
چِیٹک (چے۔ ٹک) (ھ) مؤنث (عو) (۱) لگن۔ لاگ۔ دھن۔ لَے (۲) شوق۔ تعشق ۔
چِیچا (چی۔ چا) (ھ) مذکر۔ فرج کے اندر کا ابھرا ہوا گوشت ۔
چِیچڑی (چیچ۔ ڑی) (ھ) مؤنث۔ کیڑا جو کتّے۔ گائے بھینس وغیرہ کے بدن میں پڑ جاتا ہے ۔
چِیچک (چی۔ چک) (ھ) مؤنث۔ سیتلا۔ ماتا ۔
چِیچک رُو (ف) وہ شخص جس کے چہرے پر سیتلا کے نشان ہوں ۔
چِیخ (چِیْخ) (ا) مؤنث (۱) شور و فریاد جو حالتِ خوف یا تکلیف میں زبان سے نکلے (۲) چنگھاڑ (۳) زور کی آواز (۴) درد کی آواز (۵) غل۔ شور ۔
چِیخ اُٹھنا (ھ) (۱) چلّا اٹھنا (۲) گھبرا جانا۔ عاجز آ جانا ۔
چِیخم چاخ مچنا (ا) (عو) (۱) پکار پڑنا۔ شور و غل ہونا (۲) نالہ و بکا کرنا ۔
چِیخم دھاڑ مچانا (ھ) دھوم مچانا۔ ہنگامہ برپا کرنا ۔
چِیخنا (ا) (۱) چلّانا۔ شور کرنا (۲) نالہ و فغاں کرنا ۔
چِیدہ (چی۔ دَہ) (ف) چُنا ہوا۔ انتخاب کیا ہوا ۔
چِیدہ چِیدہ (ف) اچھے اچھے۔ عمدہ ۔
چِیر (چِیْر) (ھ) مؤنث (۱) شگاف۔ زخم (۲) دھجی۔ کپڑے کی پٹی۔ کترن (۳) دوپٹہ ۔
چِیر آنا (ھ) (عو) شگاف ہو جانا۔ زخم آ جانا ۔
چِیر پھاڑ (ھ) مؤنث۔ عمل جرّاحی ۔
چَیرا (چے۔ را) (ھ) مذکر (۱) نوکر۔ ملازم (۲) غلام۔ خادم ۔
چِیرا (چی۔ را) (ھ) مذکر (۱) شگاف۔ زخم (۲) ایک قسم کی منقّش پگڑی (۳) بکارت۔ دوشیزگی ۔
چِیرا اُتارنا (ھ) (۱) ازالۂ بکارت کرنا۔ کنوارپن اتارنا (۲) بے عزّت کرنا۔ عزّت لینا ۔
چِیرا بند (ا) (۱) دوشیزہ۔ باکرہ۔ کنواری (۲) چیرا باندھنے والا۔ دستار بند ۔
چِیرا دینا۔ یا۔ لگانا (ھ) شگاف دینا۔ زخم لگانا۔ نشتر مارنا ۔
چِیرز (چی۔ اَرز) (انگ CHEERS) مذکر۔ ہرّے۔ نعرہ ہائے آفرین۔ واہ وا۔ تالیاں بجنا ۔
چَیرمین (چے۔ اَر۔ مِین) (انگ CHAIRMAN) مذکر۔ میرِ مجلس۔ صدرِ جلسہ۔ پریزیڈنٹ۔ پردھان ۔
چِیرنا (ھ) (۱) پھاڑنا (۲) تراشنا ۔
چَیرو (چے۔ رُو) (ا) مذکر (۱) سُرخ رنگ کا ایک کچّا سُوت جو ولایت سے آتا ہے (۲) ایک جنگلی قوم ۔
چِیرہ (چی۔ رَہ) (ف) مذکر (۱) زور آور (۲) بہادر (۳) غالب (۴) (ھ) ایک قسم کی منقّش پگڑی ۔
چِیرہ دست (ف) (۱) غالب (۲) سرکش (۳) زبردست ۔
چِیرہ دستی (ف) مؤنث (۱) زبردستی (۲) سرکشی (۳) طاقت (۴) فتح (۵) برتری ۔
چَیری (چے۔ رِی) (ھ) مؤنث۔ باندی۔ کنیز ۔
چِیرے بند (ا) مؤنث۔ باکرہ۔ دوشیزہ۔ کنواری ۔
چِیڑ (چِیْڑ) (ھ) مذکر۔ ایک اونچے قد کا درخت۔ دیار یا دیودار کی قسم کا درخت ۔
چِیز (چِیْز) (ف) مؤنث (۱) شے۔ اسباب۔ جنس (۲) (ل)

زیور۔ گہنا پاتا (۳) (ل) گیت۔ راگ (۴) حقیقت۔ اصل (۵) مٹھائی۔ شیرینی (۶) امانت ۔

چیز بست (ا) مؤنث۔ اسباب۔ اثاثہ۔ اثالا ۔

چیس (ہ) مؤنث (ہندو) ٹیس۔ درد ۔

چیسا (چی۔ سا) (ہ) خوش وضع۔ گبرو۔ جوان ۔

چیستان (چیش۔تان) (ہ) مؤنث۔ پہیلی۔ معمّا۔ بجھارت ۔

چیسی (ہ) مؤنث۔ خوش وضع عورت۔ وضع دار عورت ۔

چیف (چیف) (انگ CHIEF) (۱) اعلیٰ۔ فضل۔ بڑا (۲) سردار۔ افسر۔ محکمے کا اعلیٰ عہدہ دار ۔

چیف جسٹس (انگ CHIEF JUSTICE) مذکر۔ اعلیٰ جج۔ عدالت عالیہ کا بڑا جج ۔

چیف کورٹ (انگ CHIEF COURT) مذکر۔ عدالت عالیہ۔ بڑی عدالت ۔

چیفس کالج (انگ CHIEF COLLEGE) مذکر۔ لاہور کا ایک کالج جہاں والیانِ ریاست اور رؤسا کے لڑکے تعلیم پاتے ہیں ۔

چیک (چیک) (ہ) مذکر (۱) کیچڑ (۲) چکنی مٹی (۳) گاڑھا دودھ ۔

چیکٹ (چی۔ کٹ) (ہ) مذکر (۱) چراغ کی گاد۔ وہ مٹی جو تیل کے باعث سیاہ اور چکنی ہو جائے۔ (۲) کالا۔ چکٹ ۔

چیکڑ (چی۔ کڑ) (ہ) مذکر و مؤنث (۱) کیچڑ (۲) چکنی مٹی ۔

چیل (چیل) (ہ) مؤنث۔ زغن۔ مشہور پرند ۔

چیل انڈا چھوڑتی ہے (ہ) ایسی گرمی ہے کہ اس کی تاب نہ لا کر چیل انڈا سیتے سیتے چھوڑ بھاگتی ہے ۔

چیل جھپٹا (ہ) مذکر (۱) چیل کا جھپٹا (۲) کسی چیز کا اس طرح لے جانا جس طرح چیل جھپٹا مار کر لے جاتی ہے (۳) لڑکوں کا ایک کھیل ۔

چیل چلو (ہ) مؤنث (۱) چیل کو بلا کر گوشت کھلانے کی آواز (۲) بچوں کا ایک کھیل ۔

چیل کا بیٹھا (ہ) مذکر (۱) چیل کا بچہ (۲) احمق ۔

چیل کا موت (ہ) مذکر۔ عنقا چیز۔ نایاب چیز ۔

چیل کی طرح منڈلاتے پھرنا (ل) کسی چیز کی خواہش میں بیتاب پھرنا۔ کمال خواہش ہونا ۔

چیل کے گھر پارس ہوتا ہے (ہ) مثل۔ چالاکوں کے پاس دولت ضرور ہوتی ہے (۲) کبھی کبھی وہاں سے بھی جہاں بالکل امید نہیں ہوتی۔ نہایت قیمتی چیزیں نکل آتی ہیں ۔

چیل کے گھونسلے میں ماس کہاں؟ (ہ) مثل۔ کھانے والے کے پاس روپیہ کہاں؟

چیلا (چے۔ لا) (ہ) مذکر (ہندو) جلانے کی لکڑی کا ٹکڑا ۔

چیلا (چے۔ لا) (ہ) مذکر (۱) غلام۔ داس (۲) شاگرد (۳) مرید۔ پیرو (۴) خدمتی۔ تعمیل کرنے والا ۔

چیلک (چی۔ لک) (ہ) مؤنث۔ نظر کرنے کی علامت۔ کسی لفظ وغیرہ کے ناپسند ہونے پر ایک نشان کر دینا ۔

چیلنج (چے۔ لنج) (انگ CHALLENGE) مذکر۔ (۱) مقابلے کے لئے بلانا (۲) سنتری کا پکارنا ۔

چیلو (چی۔ لو) (ہ) مذکر۔ زرد آلو۔ ایک پہاڑ کا میوہ جو آڑو سے مشابہ ہوتا ہے ۔

چیلھڑ (چی۔ لھڑ) (ہ) مؤنث۔ دیکھو "چلھڑ" ۔

چیلی (ہ) مؤنث۔ مریدنی ۔

چیمبر آف کامرس (انگ CHAMBER OF COMMERCE) مذکر۔ مجلس تجارت

چین (چین) (انگ CHAIN) مؤنث۔ زنجیر۔ لڑی۔ گھڑی کی زنجیر ۔

چین (چین) (ہ) مذکر۔ راحت۔ آرام۔ سکھ۔ عیش۔ اطمینان ۔

چین (چین) (ف) مذکر۔ ہندوستان کے شمال مشرق میں ایک ملک ۔

چیں (چیں) (ف) مؤنث۔ شکن۔ بل ۔

چیں بر ابرو ہونا۔ چیں بہ جبیں ہونا (ل) تیوری چڑھانا۔ تیوری پر بل ڈالنا۔ ناراض ہونا ۔

چیں (چیں) (ہ) مؤنث۔ چڑیا کی آواز ۔

چیں بولنا (ہ) ہار ماننا۔ عاجز آنا ۔

چیں چپڑ کرنا (ہ) جھگڑا کرنا۔ تکرار کرنا ۔

چیں چیں (ہ) مؤنث (۱) چوں چوں۔ غل شور (۲) لفظی تکرار (۳) پرندوں کے چلانے کی آواز ۔

چینا (چی۔ نا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا چھوٹا غلہ ۔

چینا گوند (ہ) مذکر۔ ڈھاک کا گوند ۔

چینٹ (چینٹ) (ہ) مؤنث۔ رگڑ۔ خراش۔ کھرونچ ۔

چینٹا (چیں۔ ٹا) (ہ) مذکر (ہندو) بڑی چیونٹی ۔

چینچ (چینچ) (ہ) مذکر۔ کبوتروں کو کھلانے کا چھوٹا سا دانہ ۔

چینچلا (چِین۔چَ۔لا) (ہ) مذکّر (۱) پرند کا وہ بچّہ جس کے پَر نہ نکلے ہوں (۲) اُلجھا ہُوا سوت ٭

چینڈ (چِینڈ) (ہ) مؤنّث۔ بدمعاملگی۔ گڑبڑ ٭

چینڈ بازی (ف) مؤنّث۔ بے ایمانی ٭

چینڈی (چِین۔ڈی) (ہ) مؤنّث (۱) چھوٹا سا ٹکڑا۔ چندی۔ (۲) چمڑے کا گول ٹکڑا جو گاڑی کے دُھرے پر چڑھایا جاتا ہے ٭

چینگنا (چِینگ۔نا) (ہ) پکارنا۔ چلّانا ٭

چینگی پوٹے (چِین۔گی۔پوٗ۔ٹے) (ہ) مذکّر (۱) چڑیا کے چھوٹے چھوٹے بچّے (۲) بال بچّے ٭

چینی (ہ) مؤنّث (۱) کھانڈ۔ شکر سفید۔ بورا (۲) چین کی مٹی کا برتن (۳) مذکّر۔ چین کا رہنے والا ٭

چیولی (چیو۔لی) (ہ) مؤنّث۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا ٭

چیونٹا (چِیوٗں۔ٹا) (ہ) مذکّر۔ مورِ کلاں۔ چینٹا ٭

چیونٹی (ہ) مؤنّث۔ مور۔ چینٹی ٭

چیونٹیاں لگنا (ہ) دھوپ کی تیزی کے باعث بدن سے چنگاریاں نکلنا ٭

چیونٹی کی آواز عرش تک (ف) مثل۔ غریب و مظلوم کی آہ خدا تک پہنچتی ہے ٭

چیونٹے کو پر لگنا۔ یا۔ نکلنا (ف) موت کا وقت قریب آنا۔ کیونکہ چیونٹے کے پَر نکلنے پر جب وہ اُڑتا ہے تو چڑیا اسے پکڑ کر چٹ کر جاتی ہے ٭

چیونٹے کی گرہ پیٹ میں ہونا (ہ) نہایت کم خوراک ہونا۔ پھول سونگھ کر جینا۔ کہتے ہیں کہ چیونٹا کھاتا نہیں۔ صرف سونگھ کر جیتا ہے ٭

چیونٹیوں بھرا کباب (ف) (ع و) مذکّر (۱) جھگڑے کی چیز (۲) آل اولاد والا مرد (۳) مصیبت زدہ آدمی ٭

ح

ح (حے) (ع) مؤنث (۱) عربی کا چھٹا۔ فارسی کا آٹھواں اور اُردو کا نواں حرف (۲) حسابِ جمل میں اس کے آٹھ عدد مقرر ہیں ۔

ح - ا

حاتم (حا-تِم) (ع)، مذکر (۱) عرب کا ایک مشہور سخی جو قبیلۂ طے سے ہوا ہے (۲) (مجازاً) ہر سخی۔ کریم۔ بلند حوصلہ شخص ۔

حاتم کی گور پر لات مارنا (ا) حاتم سے بڑھ کر سخاوت کرنا۔ بخیل سے اتفاقیہ سخاوت ہو جانا ۔

حاجات (حا-جاتْ) (ع) مؤنث۔ حاجت کی جمع ۔

حاجِب (حا-جِبْ) (ع) نگہبان۔ ڈیوڑھی کا محافظ۔ پاسبان۔ داروغہ ۔

حاجَت (حا-جَتْ) (ع) مؤنث (۱) خواہش۔ ضرورت۔ مطلب (۲) امّید۔ آرزو (۳) التجا ۔

حاجت رفع کرنا (ا) (۱) مطلب نکالنا (۲) ضرورت پوری کرنا (۲) پاخانے جانا۔ بیت الخلا جانا ۔

حاجتِ مشاطہ نیست روئے دلآرام را (ف) مثل۔ خوبصورت کو آرائش کی ضرورت نہیں ۔

حاجت مند (ع) (۱) خواہش مند۔ غرض مند (۲) محتاج۔ تنگ حال۔ مفلس ۔

حاجتی (ا) مؤنث (۱) وہ برتن جس میں بیمار چارپائی پر پڑے پڑے پیشاب کر لیتا ہے یا امیروں کے پلنگ کے پاس بوقتِ شب رکھی جاتی ہے (۲) ضرورت مند۔ غرض مند ۔

حاجی (حا-جی) (ع) مذکر۔ وہ شخص جو کعبۃ اللہ کا حج کر آیا ہو ۔

حاجی الحرمین (ع) مذکر۔ مکۂ معظمہ اور مدینۂ منورہ کا حاجی۔ حرمِ مکہ اور حرمِ نبوی سے ہو کر آیا ہوا شخص ۔

حادِث (حا-دِثْ) (ع) نیا۔ نئی چیز جو پہلے نہ ہو۔ فنا ہونے والا۔ فانی ۔

حادِثہ (ع) مذکر (۱) (لغوی معنی) نئی بات (۲) (اصطلاحی) وقوعہ۔ واردات۔ صدمہ ۔

حادّہ (حا-دْ-دَہْ) (ع) (۱) سکڑا ہوا (۲) وہ زاویہ جو زاویۂ قائمہ سے چھوٹا ہو ۔

حاذِق (حا-ذِقْ) (ع) دانا۔ کامل۔ اپنے فن میں یکتا۔ تجربہ کار ۔

حارّ (حارّ) حرارت رکھنے والا۔ گرمی کرنے والا ۔

حارِج (حا-رِجْ) (ع) مذکر۔ حرج کرنے والا۔ مزاحم۔ متعرّض ۔

حاروفی (حا-رُوْ-فی) (ہند) (عو) سرکش۔ شریر ۔

حاسِد (حا-سِدْ) (ع) مذکر۔ حسد کرنے والا۔ سرکش۔ بدخواہ۔ دشمن ۔

حاسّہ (حاس-سَہْ) (ع) مذکر۔ محسوس کرنے کی قوّت ۔

حاشا (حا-شا) (ع) (۱) پناہ۔ ہرگز نہیں (۲) مگر۔ سوا ۔

حاشا للہ۔ یا۔ حاشا رحمان۔ یا۔ حاشا و کلّا (ع) کسی کام کے نہ کرنے کا عہد کرنے۔ قسم کھانے اور لاعلمی ظاہر کرنے کے موقع پر بولتے ہیں۔ خدا نہ کرے۔ ہرگز نہیں ۔

حاشِیہ (حا-شِیَہْ) (ع) مذکر (۱) کنارہ۔ گوٹ۔ سنجاف (۲) شرح یا نوٹ جو کسی کتاب کے متن سے باہر ہو ۔

حاشیہ چڑھانا (ا) (۱) گوٹ لگانا۔ نئے سرے سے سنجاف لگانا (۲) کسی کتاب پر شرح یا تفسیر لکھنا۔ (۳) اپنی طرف سے کسی بات کو بڑھا کر بیان کرنا ۔

حاشیہ چھوڑنا (ا) لکھتے وقت چاروں طرف سے کاغذ پر خالی جگہ چھوڑنا ۔

حاشیہ نشین (ع-ف) مذکر۔ معزز ملازم۔ مصاحب۔

پاس بیٹھنے والا ۔

حاشیے کا گواہ (ا) مذکر ۔ وہ گواہ جو کسی تحریر کے کنارے پر دستخط کرے ۔

حاصل (حَا ۔ صِل) (ع) مذکر (۱) کسی چیز کا بقیہ (۲) نقدی ۔ آمدنی ۔ بکری (۳) منافع ۔ فائدہ (۴) نتیجہ ۔ پھل (۵) مطلب ۔ خلاصہ (۶) پیداوار ۔ زراعت ۔

حاصلِ تفریق (ع) مذکر ۔ وہ رقم جو منہائی کے بعد باقی رہے ۔

حاصلِ تقسیم (ع) مذکر ۔ خارج قسمت ۔ وہ رقم جو تقسیم کے بعد باقی رہے ۔

حاصلِ جمع (ع) مذکر ۔ میزان ۔ مجموعہ ۔ وہ رقم جو جمع کرنے سے آئے ۔

حاصلِ ضرب (ع) مذکر ۔ وہ رقم جو ضرب دینے سے حاصل ہو ۔

حاصل کرنا (ا) (۱) پانا ۔ بہم پہنچانا (۲) کمانا ۔ پیدا کرنا (۳) جمع کرنا ۔ اکٹھا کرنا ۔

حاصلِ کلام (ع) القصہ ۔ الغرض ۔ خلاصہ کلام ۔

حاصلِ مطلب (ع) مذکر ۔ نتیجہ جو مطلب سے نکلے ۔

حاصل نہ حصول (ا) مذکر ۔ بے فائدہ ۔ کام نہ کاج ۔

حاضر (حَا ۔ ضِر) (ع) موجود ۔ تیار ۔ آمادہ ۔ سامنے ۔

حاضر باشی (ع ۔ ف) مؤنث ۔ موجودگی ۔ حاضری ۔

حاضر جواب (ا) فی البدیہہ جواب دینے والا ۔ بات سنتے ہی معقول جواب دینے والا ۔

حاضر رہنا (ا) موجود رہنا ۔ کھڑا رہنا ۔

حاضر ضامنی (ا) مؤنث ۔ کسی شخص کو پیشی کے وقت حاضر کر دینے کی ضمانت ۔

حاضر میں حجّت نہیں غیب کی تلاش نہیں (ا) مثل ۔ جو موجود ہے ۔ نذر ہے ۔ لاکر دینے کا اقرار نہیں ۔

حاضر ہونا (ا) موجود ہونا ۔ آنا ۔ سامنے ہونا ۔

حاضرات (ع) مؤنث ۔ جن بھوت وغیرہ کے جمع کرنے کا جلسہ جو اکثر عامل کیا کرتے ہیں ۔

حاضرات کرنا (ا) جنوں بھوتوں کو جمع کرکے پوشیدہ حال دریافت کرنا ۔

حاضری (ع) مؤنث (۱) موجودگی (۲) وہ کھانا یا نقد روپیہ جو میت والوں کو رشتہ داروں کی طرف سے دیا جائے (۳) صاحب لوگوں کا صبح کا کھانا ۔ ناشتہ (۴) کباب ۔ شیرمال ۔ حلوا وغیرہ جس پر شہدائے کربلاؓ یا حضرت عباسؓ کی فاتحہ دیتے ہیں ۔

حاضریِ اصالتاً (ع ۔ ف) مؤنث ۔ خود حاضر ہونا ۔

حاضری دینا (ا) (۱) موجودات دینا (۲) متوفی کے گھر والوں کو کھانا یا کچھ نقدی دینا (۳) صاحب لوگوں کو صبح کا کھانا کھلانا ۔

حاضری لینا (ا) گنتی کرنا ۔ نام پکارنا ۔

حاطہ (حَا ۔ طَہ) (احاطہ کا مخرّب) ( ) (عو) دیواروں سے گھرا ہوا ۔

حافظ (حَا ۔ فِظ) (ع) مذکر (۱) نگہبان ۔ حفاظت کرنے والا ۔ پاسبان (۲) وہ شخص جسے قرآن شریف ازبر یاد ہو (۳) اندھوں کا لقب ۔ اندھا ۔

حافظِ حقیقی (ع) مذکر ۔ اصلی محافظ ۔ خدا تعالیٰ ۔

حافظہ (ع) مذکر ۔ یاد رکھنے کی قوّت ۔ یاد ۔ چیتا ۔

حاکم (حَا ۔ کِم) (ع) مذکر (۱) حکومت کرنے والا ۔ سردار (۲) فرمانروا ۔ بادشاہ (۳) آقا ۔ مالک (۴) زمیندار ۔ نمبردار ۔

حاکمِ اعلیٰ (ع ۔ ف) } مذکر (۱) اعلیٰ حاکم ۔ بڑا حاکم (۲)
حاکمِ بالا (ع) } خداوند تعالیٰ ۔

حاکمِ ضلع (ع) مذکر ۔ ضلع کا افسر ۔ ضلع کا حاکم اعلیٰ ۔ ڈپٹی کمشنر ۔

حاکمِ وقت (ع) مذکر ۔ اس وقت کا حاکم فرمانروائے حال ۔

حاکمانہ (ع ۔ ف) حاکم کے طور پر ۔ حاکم کی مانند ۔

حاکمی (ا) مؤنث (گنوار) حکومت ۔ فرمانروائی ۔ سرداری ۔ چودھرایت ۔

حال (حَال) (ع) مذکر (۱) زمانۂ موجودہ ۔ اس وقت کا زمانہ (۲) حالت ۔ کیفیت (۳) حیثیت ۔ طور طریق ۔ (۴) جذبۂ الٰہی ۔ رِقّت (۵) ذکر ۔ احوال (۶) دَم ۔ طاقت ۔ (۷) فی الحال ۔ اِس وقت ۔

حال آبادی (ع ۔ ف) مؤنث (۱) جو زمین ابھی مزروعہ بنائی گئی ہو (۲) جو آبادی ابھی ہوئی ہو ۔

حال آنا (ا) راگ سن کر وجد آنا ۔ رِقّت ہونا ۔

حال آنکہ (ع ۔ ف) باوجودیکہ ۔ درحالیکہ ۔

حال سے بے حال ہونا (ا) اچھی حالت سے بری حالت ہونا ۔ حیثیت بگڑنا ۔

حال گیا احوال گیا ۔ دل کا خیال نہ گیا (ا) مثل ۔ صحت گئی دولت گئی ۔ مگر عادت بد نہ چھوٹی ۔

حالا (حَا ۔ لَا) (ف) ابھی ۔

حالات (ع) مذکر۔ حال کی جمع ۔
حالت (ع) مؤنث (۱) گت۔ درجہ (۲) جان۔ طاقت ۔
حالتِ موجودہ (ع-ف) مؤنث۔ اِس وقت کی حالت۔ موجودہ کیفیت ۔
حالتِ نزع (ع) مؤنث۔ جان کنی کا عالم۔ دم توڑنے کی کیفیت ۔
حالی (ع) (۱) پانی پت کے مشہور نیک نام صاحبِ تصنیف و تالیف خواجہ الطاف حسین مرحوم کا تخلص جنہوں نے نیچرل شاعری میں ایک نئی روح پھونک دی (۲) حال کا۔ وقتی ۔
حامد (حا۔مِد) (ع) حمد کرنے والا۔ تعریف کرنے والا ۔
حامض (حا۔مِض) (ع) ترش۔ کھٹّا ۔
حامل (حا۔مِل) (ع) مذکر۔ بوجھ اٹھانے والا۔ کوئی چیز اٹھانے والا یا لے جانے والا ۔
حاملہ (ع) پیٹ والی عورت۔ وہ عورت جس کے پیٹ میں بچہ ہو ۔
حامی (حا۔مِی) (ع) مذکر۔ حمایتی۔ مددگار۔ نگہبان ۔
حامی بھرنا (ا) (۱) ہمّت کرنا۔ اِرادہ کرنا (۲) اقرار کرنا۔ ہاں کرنا (۳) ہمّت بندھانا۔ دلاسا دینا ۔
حامی کار (ا) مذکر۔ کسی کام کی حمایت کرنے والا۔ حمایتی۔ اقرار کرنے والا۔ مددگار ۔
حاوی (حا۔وِی) (ع) (۱) گھیرنے والا۔ احاطہ کرنے والا۔ (۲) قابو کرنے والا (۳) کسی فن میں کامل۔ ماہر ۔
حائل (حا۔اِل) (ع) (۱) بیچ میں آنے والا (۲) باز رکھنے والا۔ آڑ۔ روک ۔

ح - ب

حُبّ (حُبّ) (ع) مؤنث (۱) محبّت۔ اُنس۔ پیار (۲) (ا) دوستی۔ آشنائی (۳) (ا) شوق۔ آرزو (۴) (ا) توفیق۔ مرضی ۔
حُبّ الوطن (ع) مؤنث۔ وطن کی محبّت ۔
حُبّ ذات (ع) اپنی ذات کا عشق ہونا۔ خود پسندی۔ خودی ۔
حُبّ کا عمل (ا) مذکر۔ وہ دعا یا عمل جس کے ذریعے سے باہم محبّت و الفت پیدا ہو ۔
حَبّ (حَبّ) (ع) مذکر (۱) گولی۔ دانہ (۲) بیج۔ تخم ۔
حُباب (حُبَاب) (ع) مذکر (۱) پانی کا بلبلا (۲) (ک) ایک زیور جو ہاتھ میں پہنتے ہیں (۳) شیشے کے گولے (۴) روشنی کے باریک کنول ۔
حبالہ (حِبا۔لَہ) (ع) مذکر۔ رسّی۔ جال۔ پھندا ۔
حبّذا (حَب۔بَذا) (ع) مذکر و مؤنث۔ شاباش۔ مرحبا۔ واہ وا۔ آفرین ۔
حبس (حَبس) (ع) مذکر (۱) قید۔ بند (۲) قید خانہ۔ (۳) انقباض۔ گھمس ۔
حبس بیجا (ع-ف) مذکر۔ حبس ناجائز۔ زبردستی کسی شخص کو مکان میں بند کرنا جو قانوناً جرم ہے ۔
حبسِ دم (ع-ف) مذکر (۱) دمہ۔ ضیق النفس (۲) دم روکنا۔ سانس کو قابو رکھنا ۔
حبسِ دوام بعبور دریائے شور (ف-ع) مذکر۔ عمر قید۔ وہ ہمیشہ کی قید جو کالے پانی جا کر بھگتی جائے ۔
حبسیات (ع) مؤنث۔ قید سے نسبت رکھنے والی چیزیں ۔
حبش۔ حبشہ (حَبَش۔ حَبَشَہ) (ع) مذکر۔ حبشیوں کا ملک۔ زنگبار۔ سوڈان۔ افریقہ وغیرہ ۔
حبشن (ا) مؤنث (۱) حبش کی رہنے والی عورت (۲) شاہی محل کی چوکیدارنی (۳) کالی کلوٹی ۔
حبشی (ع) مذکر (۱) حبش کا رہنے والا (۲) کالا آدمی (۳) سیاہ۔ کالا کلوٹا ۔
حبشی کی ٹھولی (ا) مثل۔ ہر شخص کو اپنی ہی عقل اور اپنا ہی بیٹا سب سے بہتر معلوم ہوتا ہے ۔
حبل (حَبل) (ع) مؤنث (۱) رسّی (۲) موٹا دھاگا (۳) رگ (۴) جوڑ (۵) اتحاد ۔
حبل المتین (ع) مؤنث (۱) مضبوط رسّی (۲) محکم وسیلہ ۔
حبل الورید (ع) مؤنث۔ شاہ رگ ۔
حبوب (حُبُوب) (ع) مذکر۔ دانے۔ گولیاں ۔
حبّہ (حَب۔بَہ) (ع) مذکر (۱) دانہ۔ غلّہ (۲) رتّی۔ ذرا ۔
حبّہ بھر (ا) رتّی بھر۔ ذرا سا ۔
حبیب (حَبِیب) (ع) مذکر۔ دوست۔ پیارا۔ محبوب۔ معشوق ۔

ح - ت

حتّٰی (حَت۔تا) (ع) یہاں تک۔ اس قدر۔ جبکہ۔ جس قدر ۔
حتی الامکان (ع) تا بمقدور۔ جہاں تک

حتّی المقدُور (ع) } ہو سکے - جس قدر ممکن ہو ٭
حتّی الوسع (ع) }
حتمی (حَت - مِی) (ع - ف) مستقل - مضبوط ٭

ح - ج

حج (حَجّ) (ع) مذکر (لغوی معنی) ارادہ کرنا (۲) (اصطلاحی) کعبہ کے طواف کا عبادت کی نیت سے قصد کرنا ایّام مقرّرہ میں مکّہ معظمہ میں شرائط عبادت ادا کرنا ٭

حج اصغر (ع) مذکر - چھوٹا حج - معمولی حج جو حج کے سوا اور دنوں میں ہو (صوفیوں کی اصطلاح میں) عام حج ٭

حج اکبر (ع) مذکر - بڑا حج - وہ حج جو جمعہ کے روز ہو ٭

حج کا حج بنج کا بنج (ا) مثل - نیک کام بھی - نفع بھی ٭

حجاب (حِجَاب) (ع) مذکر (۱) پردہ - آڑ - چلمن (۲) حیا - شرم - لحاظ ٭

حجاب اُٹھنا } (ف) (۱) پردہ اٹھنا - روک نہ رہنا -
حجاب ٹوٹنا } (۲) لاج نہ رہنا - شرم دور ہونا ٭

حجاج (حُج - جَاج) (ع) مذکر - حاجی کی جمع - حاجی لوگ ٭

حجّام (حَج - جَام) (ع) مذکر (۱) پچھنے لگانے والا (۲) (مجازاً) نائی - مو تراش - خلیفہ - بال مونڈنے والا ٭

حجّام کے آگے سب کا سر جھکتا ہے (ا) مثل - بعض کام ہر شخص کو مجبوراً کرنے پڑتے ہیں ٭

حجامت (حِجَا - مَت) (ع) مؤنث (۱) سر مونڈنا - بال کاٹنا ڈاڑھی مونڈنا (۲) حجّام کا پیشہ (۳) صفائی - درستی ٭

حجامت بنانا (ف) (۱) سر مونڈنا (۲) لوٹنا - ٹھگنا ٭

حجامت بننا (ف) (۱) سر منڈنا - لٹنا ٭

حُجُب (حُجُب) (ع) مذکر - حجاب کی جمع - پردے ٭

حجب (حَجْب) (ع) مؤنث (۱) چھپاؤ - پوشیدگی (۲) ورثے سے محرومی (۳) روک (۴) استثنا (۵) منہائی ٭

حجب حرمان (ع) مؤنث - وہ وراثت جس سے بالکل محروم ہونا پڑے ٭

حجب نقصان (ع) مؤنث - وراثت کی وہ محرومی جس سے جزوی نقصان ہو ٭

حُجّت (حُج - جَت) (ع) مؤنث (۱) دلیل - برہان (۲) بحث - تکرار - جھگڑا ٭

حُجّت تائیدی (ع - ف) مؤنث - ایسی بحث جو کسی فریق کی مدد کے لئے ہو ٭

حُجّت تردیدی (ع - ف) مؤنث - ایسی بحث جو کسی فریق کی تردید میں ہو ٭

حُجّت کرنا (ف) تکرار کرنا - بحث کرنا - لڑنا - جھگڑنا - نزاع کرنا ٭

حُجّت نکالنا (ف) اعتراض کرنا ٭

حُجّتی (ا) تکراری - جھگڑالو ٭

حجر (حَجَر) (ع) مذکر - پتھر ٭

حجر اسود (ع) مذکر - سنگ سیاہ جو حرم یعنی کعبہ کی دیوار میں لگا ہوا ہے - تمام اہل اسلام اسے متبرک سمجھ کر بوسہ دیتے ہیں - کیونکہ یہ حضرت آدم ؑ کی یادگار ہے ٭

حُجرہ (حُج - رَہ) (ع) مذکر - کوٹھڑی - وہ خلوت خانہ جس میں بیٹھ کر عبادت کی جاتی ہے - مسجد کا کمرہ ٭

حجم (حَجْم) (ع) مذکر - موٹائی - ضخامت - جسامت ٭

ح - د

حَدّ (حَدّ) (ع) مؤنث (۱) کنارہ - سرحد (۲) تہنا (۳) تعریف - اقلیدس کے مقرّرہ اصول (۴) وہ سزا جو شریعت اسلامی کے مطابق دی جائے (۵) روانہ ہونے کی جگہ (۶) احاطہ - باڑا (۷) (ف) بہت - بسیار ٭

حدّ باندھنا - یا - حد بست کرنا (ف) سرحد باندھنا - حد بندی کرنا ٭

حدّ بُلوغ (ع) مؤنث - بالغ ہونے کی عمر ٭

حدِ بُلوغ کو پہنچنا (ف) بالغ ہونا - جوان ہونا ٭

حد سے بڑھنا (ف) اپنی جگہ سے باہر قدم رکھنا - حیثیت سے بڑھ کر چلنا ٭

حد سے زیادہ (ف) ات گت - نہایت - از حد ٭

حد کرنا (ف) ایسی بات کرنا کہ اس سے آگے ناممکن ہو ٭

حدِ وصیّت (ع) مؤنث - وصیّت کی حد جو قانون میں صرف تہائی مال تک ہو ٭

حُدا - حدی (حُدَا) (ع) مذکر - عربی شتربانوں کا گیت جس سے اونٹ مست ہو کر تیز چلتا ہے ٭

حداثت (حَدَا - ثَت) (ع) مؤنث (۱) نیا پن - نوجوانی -

(۲) شروع۔ آغاز ۔
حداثت سن (ع) مؤنث۔ نوجوانی۔ بچپن۔ لڑکپن ۔
حداد (حَد۔ دَاد) (ع) مذکر (۱) لوہار (۲) جیل کا داروغہ ۔
حدت (حِد۔ دَت) (ع) مؤنث (۱) تندی۔ تیزی۔ (خصوصاً گرمی کی) (۲) تلوار کی تیزی (۳) طبیعت کی تیزی (۴) زور۔ جوش ۔
حدث (حَدَث) (ع) مذکر (۱) وضو ٹوٹ جانا (۲) نئی چیز۔ ایجاد۔ اعجوبہ (۳) وضو توڑنے والا۔ پاخانہ ۔
حدقہ (حَدَقَہ) (ع) مذکر۔ پتلی۔ آنکھ کی سیاہی
حدقہ (حَدَ۔ قَہ) (ع) مذکر۔ آنکھ کا حلقہ ۔
حدوث (حُدُوث) (ع) مذکر۔ نیا پیدا ہونا (قدیم کی ضد) ۔
حُدُود (حُدُود) (ع) مذکر مؤنث۔ حد کی جمع ۔
حُدُود اربعہ (ع) مذکر مؤنث۔ چاروں سمتیں۔ شمال۔ جنوب۔ مشرق۔ مغرب ۔
حدود ارضی (ع۔ف) مذکر مؤنث۔ زمین کی حد بندی ۔
حدیث (حَدِیث) (ع) مؤنث (۱) بات (۲) (اصطلاحاً) رسول مقبول ﷺ کے قول اور ان کے فعل کی خبر (۳) بیان۔ ذکر (۴) خبر۔ سند یا۔ تاریخ ۔
حدیث کھینچنا (ا) (عو) قسم کھانا۔ توبہ کرنا۔ عہد کرنا ۔
حدید (حَدِید) (ع) مذکر۔ لوہا ۔
حدیقہ (حَدِی۔ قَہ) (ع) مذکر۔ چار دیواری کا باغ۔ محدود چمن ۔
حذاقت (حَذَا۔ قَت) (ع) مؤنث۔ زیرکی۔ دانائی۔ مہارت ۔
حذر (حَذَر) (ع) مذکر۔ پرہیز۔ اجتناب۔ انکار ۔
حذف (حَذف) (ع) مذکر۔ دور کرنا۔ الگ کرنا۔ نکالنا ۔

ح - ر

حُر (حُر) (ع) مذکر۔ آزاد ۔
حرارت (حَرَا۔ رَت) (ع) مؤنث (۱) گرمی۔ حدت۔ جوش۔ تیزی (۲) غصہ۔ کرودھ (۴) بخار۔ تپ ۔
حرارت دینی (ع) مؤنث۔ مذہبی جوش ۔
حرارت غریزی (ع) مؤنث۔ اصلی حرارت۔ وہ فطری حرارت جس پر آدمی کی زندگی کا مدار ہے ۔
حرارہ (حَرَا۔ رَہ) (ع) مذکر۔ جوش۔ گرمی۔ غلبۂ شوق یا غضب۔ غصہ۔ تیزی۔ تندی ۔
حرارہ لانا۔ یا۔ لینا (ا) غصہ دکھانا۔ زور دکھانا۔ گرم ہونا۔ تیز ہونا ۔
حراست (حِرَا۔ سَت) (ع) مؤنث۔ نگرانی۔ نگہبانی۔ حوالات ۔
حراست جائز (ع) مؤنث۔ قانونی حراست ۔
حراست میں رہنا (ا) (۱) نگہبانی میں رہنا (۲) حوالات میں رہنا ۔
حراف (حَر۔ رَاف) (ع) (۱) مکار۔ چالاک۔ فریبی۔ (۲) شوخ دیدہ۔ عیار۔ طرار ۔
حرام (حُرَام) (ع) مذکر۔ حرمت والا۔ عظمت والا۔ بڑائی والا ۔
حرام (حَرَام) (ع) (۱) ناروا۔ ناجائز۔ خلاف شرع۔ غیر مباح (۲) ناپاک۔ نجس۔ پلید (۳) زنا۔ بدکاری ۔
حرام خور (ع۔ ف) مذکر (۱) مردار خوار۔ رشوت خوار۔ (۲) نمک حرام۔ مفت خوار۔ بے وفا۔ بے دید ۔
حرام خوری (ع۔ ف) مؤنث۔ نمک حرامی۔ بدذاتی۔ بے وفائی ۔
حرام زادہ۔ یا حرام کا (ع۔ ف) مذکر (۱) ولد الزنا۔ وہ شخص جو بے نکاح پیدا ہوا ہو (۲) شریر۔ بدذات۔ فتنہ پرداز۔ فسادی ۔
حرام زادی (ع۔ ف) مؤنث۔ وہ عورت جو بے نکاحی ماں سے پیدا ہوئی ہو (۲) شریر۔ چالاک ۔
حرام کار (ع۔ ف) مذکر۔ زانی۔ بدکار ۔
حرام کاری (ع۔ ف) مؤنث۔ زنا۔ بدکاری ۔
حرام کا مال (ا) مذکر۔ رشوت یا حرام کی کمائی۔ مال مفت ۔
حرام کر دینا (ا) (عو) تلخ کر دینا۔ ناگوار کر دینا ۔
حرام کرنا (ا) زنا کرنا۔ بدکاری کرنا ۔
حرام مغز (ع۔ ف) مذکر۔ وہ گودا جو ریڑھ کی ہڈی یا مہرہ کے پشت میں ہوتا ہے۔ جس کا کھانا جائز نہیں ۔
حرام موت مرنا (ا) خودکشی کرنا۔ زہر یا کسی اور مہلک چیز سے جان دینا ۔
حرامی (ع) مذکر (۱) چور۔ دزد (۲) شریر۔ بدذات۔ (۳) حرام کا جنا ہوا۔ ولد الزنا ۔
حرامی پلا (ا) مذکر (۱) حرام کا بچہ۔ حرام کا جنا (۲) بدذات۔ شریر۔ فسادی ۔

حرب (حَرْبْ) (ع) مؤنّث۔ جنگ۔ لڑائی ۔

حربا (حِرْ۔بَا) (ع) مذکر۔ گرگٹ ۔

حربہ (حَرْ۔بَہْ) (ع) مذکر (۱) لڑائی کا ہتھیار (۲) حملہ۔ دھاوا (۳) جست۔ جھپٹا ۔

حربہ کرنا (ا) حملہ کرنا۔ مارنے کا ارادہ کرنا۔ چوٹ کرنا ۔

حرج (حَرَجْ) (ع) مذکر (۱) تنگی۔ سختی (۲) (ا) نقصان۔ ضرر (۳) تضیع اوقات۔ دیر۔ کمی ۔

حرج مرج (ع) مذکر (۱) دنگا۔ فساد (۲) (ا) دیر سویر۔ نفع نقصان (۳) جھگڑا بکھیڑا (۴) روک ٹوک ۔

حرز (حِرْزْ) (ع) مذکر (۱) جائے پناہ (۲) تعویذ۔ جنتر ۔

حرص (حِرْصْ) (ع) مؤنّث (۱) طمع۔ لالچ۔ لوبھ (۲) چاہ۔ خواہش۔ رغبت۔ اِچھیا ۔

حرصا حرصی (ا) مؤنّث ۔

حرصی (ا) مذکر۔ حریص۔ لالچی۔ طامع ۔

حرف (حَرْفْ) (ع) مذکر (۱) طرف۔ کنارہ۔ قلّہ۔ پہاڑ کی چوٹی (۲) اچھر۔ آواز کو ظاہر کرنے والا نشان۔ حرفِ تہجّی (۳) بات۔ سخن۔ کلمہ۔ لفظ (۴) نقص۔ عیب۔ طنز (۵) وہ کلمہ جس کے معنے دوسرے لفظ کے ملے بغیر سمجھ میں نہ آئیں ۔

حرف آنا (ا) (۱) کچھ لکھنا پڑھنا آنا (۲) الزام آنا۔ عیب لگنا ۔

حرف اُٹھانا (ا) (۱) حرف کو اس طرح چھیلنا کہ نشان باقی نہ رہے (۲) پڑھنا۔ شناخت میں آنا ۔

حرف اُٹھنا (ا) (۱) حرف دور ہونا (۲) پڑھ جانا ۔

حرف بحرف (ع) لفظ بلفظ۔ حرفاً حرفاً ۔

حرف بنانا (ا) (۱) حرفوں کو درست کرنا (۲) چھاپے کے پتھر پر حرف درست کرنا (۳) حرف کھودنا (۴) جعل کرنا۔ خط میں تبدیلی کرنا ۔

حرف پکڑنا (ا) غلطی پکڑنا۔ ٹوکنا۔ عیب پکڑنا۔ نکتہ چینی کرنا ۔

حرف شناس (ع۔ف) ابجد خواں۔ حروفِ تہجّی کو پہچاننے والا ۔

حرف گیری (ع۔ف) مؤنّث۔ نکتہ چینی۔ عیب گیری ۔

حرف لانا (ا) عیب رکھنا۔ الزام دھرنا ۔

حرف نہ اُٹھ سکنا (ا) پڑھا نہ جانا۔ پڑھ نہ سکنا ۔

حرفت (حِرْ۔فَتْ) (ع) مؤنّث (۱) کسب۔ پیشہ۔ کاریگری۔ حرفہ (۲) ہنر۔ گُن۔ علم (۳) (عو) چالاکی۔ عیّاری۔ مکّاری ۔

حرفہ (حِرْ۔فَہْ) (ع) مذکر۔ پیشہ۔ کسب۔ کاریگری۔ صنعت۔ ہنر ۔

حرقت (حُرْ۔قَتْ) (ع) مؤنّث۔ جلن۔ سوزش ۔

حرکات (حَرَ۔کَاتْ) (ع) مذکر و مؤنّث۔ حرکت کی جمع۔ حرکتیں ۔

حرکت (حَرَ۔کَتْ) (ع) مؤنّث (۱) جنبش۔ چال۔ رفتار۔ (۲) دھڑکن۔ تڑپ۔ اضطراب (۳) اعراب۔ زیر و زبر اور پیش (۳) (ا) کام۔ فعل۔ کردار (۴) (ا) ناپسندیدہ بات۔ بیجا کام (۵) (ا) تقصیر۔ قصور۔ جرم۔ خطا۔ پاپ۔ گناہ (۶) (ا) (ہندو) حرج۔ نقصان۔ ضرر۔ دیر۔ وقفہ۔ روک (۷) (ا) سفر۔ کوچ۔ آمد و رفت۔ (۸) جماع۔ صحبت داری ۔

حرکت کرنا (ا) (۱) ہلنا جُلنا (۲) قصور کرنا۔ خطا کرنا۔ (۳) نقصان کرنا۔ ہرج کرنا۔ دیر کرنا (۴) جماع کرنا ۔

حرکت ہونا (ا) (۱) ہلنا (۲) قصور ہونا (۳) دیر ہونا۔ (۴) ہلکا سا بخار ہونا ۔

حَرَم (حَرَمْ) (ع) مذکر (۱) کعبہ کی چار دیواری۔ احاطہ (۲) شریفوں کا زنان خانہ (۳) مؤنّث۔ بیوی (۴) مؤنّث۔ منکوحہ۔ وہ کنیز جس سے صحبت کی گئی ہو (۵) مؤنّث۔ لونڈی۔ باندی۔ خادمہ ۔

حرم سرائے (ع) مؤنّث۔ بیگموں اور حرموں کے رہنے کا مکان۔ زنان خانہ ۔

حُرمت (حُرْ۔مَتْ) (ع) مؤنّث (۱) عزّت۔ آبرو۔ بڑائی۔ عظمت (۲) مذہبی کتابوں میں حرام ہونا ۔

حُرمت بہا (ع۔ف) مؤنّث۔ ہتکِ عزّت کا تاوان ۔

حُرمت جانا (ا) عزّت میں فرق آنا ۔

حُرمت لینا (ا) عزّت بگاڑنا۔ گستاخی کرنا ۔

حُرمت والا (ا) عزّت والا۔ معزّز۔ شریف۔ معتبر۔ دیانت دار ۔

حرمزدگی (حَرَمْ۔زَدْگِی) (ا) مؤنّث۔ شرارت۔ بدذاتی۔ شوخی ۔

حَرمل (حَرْ۔مَلْ) (ع) مذکر۔ کالا دانہ۔ سپند ۔

حرمین (حَرَ۔مَیْنْ) (ع) مذکر۔ مکّہ معظمہ اور مدینہ منوّرہ ۔

حُروف (حُرُوفْ) (ع) مذکر۔ حرف کی جمع ۔

حُرّیت (حُرْ۔رِیْ۔یَتْ) (ع) مؤنّث۔ آزادی۔ غلامی

کے بعد آزادی ۔

حَرِیر (حَ رِیر) (ع) مذکر (۱) ریشم (۲) ریشمی کپڑا ۔

حَرِیرہ (حَ رِی رَہ) (ع) مذکر۔ ایک میٹھی سی پینے کی چیز جو میدے کو کھانڈ میں گھول کر پکائی جاتی ہے ۔

حَرِیری (ع) (۱) ریشمی۔ ریشم کا (۲) باریک۔ پتلا۔ مہین (۳) دبلا پتلا آدمی ۔

حَرِیص (حَ رِیص) (ع) (۱) لالچی۔ طامع (۲) حاسد۔ (۳) پیٹو۔ کھاؤ ۔

حَرِیف (حَ رِیف) (ع) مذکر (۱) ہم پیشہ (۲) دشمن (۳) چالاک۔ ہوشیار (۴) جب دو شخص باہم لڑیں تو ایک دوسرے کا حریف کہلاتا ہے (۵) ہمتا۔ ہمسر ۔

حَرِیم (حَ رِیم) (ع) مذکر (۱) گھر کی چاردیواری (۲) خانہ کعبہ کی باہر کی دیوار (۳) گھر۔ مکان ۔

ح ۔ ز

حِزب (حِزْب) (ع) مذکر (۱) جتھا۔ گروہ (۲) تقسیم (۳) ورد (۴) قرآن کریم کا ساٹھواں حصّہ ۔

حِزبُ الاحرار (ع) مذکر۔ آزادوں کی جماعت۔ لبرل پارٹی ۔

حِزبُ العُمّال (ع) مذکر۔ مزدوروں کی جماعت۔ لیبر پارٹی ۔

حِزبُ المُستبدّین (ع) مذکر۔ قدامت پسند جماعت۔ کنسرویٹو پارٹی ۔

حِزبُ اللہ (ع) مذکر۔ اللہ والوں کی جماعت ۔

حَزم (حَزْم) (ع) مذکر۔ مآل اندیشی۔ احتیاط۔ مستعدی۔ خبرداری ۔

حُزن (حُزْن) (ع) مذکر۔ رنج و ملال ۔

حَزِین (حَ زِین) (ع) (۱) غمناک۔ رنجیدہ۔ ملول (۲) مذکر۔ ایران کے ایک مشہور شاعر کا تخلص ۔

ح ۔ س

حِس (حِسّ) (ع) مؤنث (۱) حواس کے ذریعے سے جاننا (۲) جنبش۔ حرکت ۔

حِساب (حِ سَاب) (ع) مذکر (۱) گنتی۔ شمار (۲) علم ریاضی (۳) نرخ۔ بھاؤ (۴) (ف) قاعدہ۔ ڈھنگ۔ طور (۵) (ف) لین دین (۶) (ف) سمجھ۔ رائے۔ لیکھا ۔

حساب بیباق کرنا (ف) لین دین کا فیصلہ کرنا۔ قرضہ ادا کرنا۔ اگلا پچھلا چکا کر فارغ ہونا ۔

حساب جو جو بخشش سو سو (ف) مثل۔ معاملہ ذرا ذرا پورے طور پر طے ہونا چاہئے۔ ویسے جس قدر دے دو اختیار ہے ۔

حساب جوڑنا (ف) میزان دینا۔ جمع کرنا متفرق رقموں کو جمع کرنا ۔

حساب جیوں کا تیوں۔ کنبہ ڈوبا کیوں (ف) مثل۔ اس موقع پر بولتے ہیں جب تمام ظاہری تدبیریں اور قرینے تو ٹھیک ہوں۔ لیکن نقصان ہو جانے کی کوئی وجہ سمجھ میں نہ آئے ۔

حساب دار (ف) مذکر۔ بنک یا کسی دکان میں حساب رکھنے والا ۔

حساب دوستاں در دل (ف) مثل۔ دوستوں کا حساب دل ہی دل میں ہو جاتا ہے۔ جو دے دیا سو دے دیا۔ جو آ گیا سو آ گیا ۔

حساب دینا (ف) (۱) حساب سمجھانا۔ چارج دینا (۲) ذمہ دار ہونا۔ ذمہ پڑنا ۔

حساب رکھنا (ف) (۱) لین دین رکھنا (۲) درج فہرست کرنا (۳) آشنائی رکھنا۔ ربط رکھنا ۔

حساب کتاب (ع) مذکر (۱) لین دین۔ حساب لگوائی (۲) ربط۔ میل۔ ملاپ ۔

حساب لڑنا (ف) آشنائی ہونا۔ آنکھ لڑنا ۔

حساب لگانا (ف) (۱) حساب پھیلانا (۲) آشنائی کرنا۔ گانٹھنا (۳) ڈگری کرنا (۴) باز پرس ہونا ۔

حساب میں جمع کرنا (ف) بہی کھاتے میں درج کرنا۔ کھاتے میں چڑھانا ۔

حسابی (ف) (۱) حساب دان (۲) مؤنث۔ حساب کی بات۔ قاعدے کی بات ۔

حُسام (حُ سَام) (ع) مؤنث۔ تلوار۔ شمشیر براں ۔

حسّان (حَس۔ سَان) (ع) (۱) بہت اچھا۔ بڑا عقلمند (۲) مذکر۔ حضرت حسّان بن ثابت انصاری رضؓ جو عرب کے مشہور شاعر اور مداحِ رسول ؐ تھے ۔

حَسب (حَسَبْ) (ع) بموجب۔ موافق۔ مطابق ۔

حسبِ اتفاق (ع) اتفاقاً۔ ناگہاں۔ ناگاہ ۔

حسبِ ارشاد (ف) حسب الحکم۔ کہنے کے مطابق ۔

حسبِ توفیق (ع) خدا کی ہدایت کے موافق یا جتنا

حیثیت کے مطابق ۔

حسبِ حال (ع) ٹھیک موقع سے ۔ حال کے مطابق ۔

حسبِ دلخواہ (ع ۔ ف) دلی منشا کے مطابق ۔

حسبِ ذیل (ع) نیچے لکھے ہوئے کے مطابق ۔ تفصیل ذیل کے موافق ۔

حسبِ ضابطہ ۔ حسبِ قاعدہ (ع) ضابطے کے موافق ۔ قاعدے کے مطابق ۔

حسبِ مراد (ع) حسبِ منشا ۔ خواہش اور آرزو کے مطابق ۔

حسبِ معمول (ع) دستور کے موافق ۔

حسبِ مقدار (ع) بساط اور حیثیت کے موافق ۔

حسبِ منشا (ع) خواہش اور ارادے کے موافق ۔ حسبِ مراد ۔

حَسَب (حَسَب) (ع) مذکر (۱) نسل ۔ سلسلۂ خاندان ۔ (۲) ماں کی طرف کا سلسلہ (۳) دینی بزرگی ۔

حَسَب نَسَب (ع) مذکر ۔ ماں باپ کا خاندانی سلسلہ ۔ سلسلۂ خاندان ۔

حسّاد (حُس ۔ سَاد) (ع) مذکر ۔ حاسد کی جمع ۔

حسّاس (حَس ۔ سَاس) (ع) (۱) محسوس کرنے والا (۲) پانچ حواس والا (۳) ہوشیار ۔ دانا ۔

حسد (حَسَد) (ع) مذکر ۔ جلن ۔ رشک ۔ کسی کی نعمت کا زوال چاہنا ۔ عداوت ۔ بغض ۔ کینہ ۔

حسرت (حَس ۔ رَت) (ع) مؤنث (۱) افسوس ۔ کسی چیز کے نہ ملنے کا افسوس ۔ پشیمانی (۲) آرزو ۔ ارمان ۔ شوق ۔

حسرت آنا (ا) افسوس آنا ۔ تاسف آنا ۔

حسرت برسنا ۔ یا ۔ ٹپکنا (ا) آثارِ حسرت و افسوس کا نمایاں ہونا ۔

حسرت بھرا (ا) پُر ارمان ۔ پُر شوق ۔

حسن (حَسَن) (ع) (۱) نیک ۔ اچھا ۔ خوبصورت (۲) نیکی ۔ عمدگی ۔ خوبی ۔ خوبصورتی (۳) مذکر ۔ حضرت ابو محمد امام دوم (ع) حضرت علی کرم کا اسمِ گرامی ۔ ماہِ محرم میں آپ کا ماتم اور سوگ بھی آپ کے چھوٹے بھائی سید الشہدا حضرت امام حسینؑ کے ساتھ کیا جاتا ہے (۴) مذکر ۔ میر غلام حسن دہلوی مصنف مثنوی بدرِ منیر کا تخلص ۔

حُسن (حُسن) (ع) مذکر (۱) خوبی ۔ عمدگی ۔ بھلائی (۲) خوشنمائی ۔ دلربائی (۳) خوبصورتی ۔ جمال (۴) رونق ۔ جوبن ۔ بہار ۔

حُسنِ انتظام (ع) مذکر ۔ خوبیِ انتظام ۔ خوش انتظامی ۔

حُسنِ تدبیر (ع) مذکر ۔ خوش تدبیری ۔ اچھی تدبیر و مشورہ ۔

حُسن دان (ا) مذکر (۱) چھوٹا پان دان (۲) ننھی سی پٹاری ۔

حُسنِ صبیح (ع) مذکر ۔ سفید حسن ۔ نہایت دلکش حسن ۔

حسنِ طلب (ع) مذکر ۔ عمدہ اشارات و پاکیزہ کنایات سے کسی چیز کا مانگنا ۔

حُسنِ ظن (ع) مذکر ۔ گمانِ نیک ۔

حُسنِ محفل (ع) مذکر ۔ محفل کی رونق ۔ حقہ ۔

حُسنِ مطلع (ع) مذکر ۔ غزل یا قصیدے کا دوسرا مطلع ۔

حَسین (حُسَین) (ع) حسن والا ۔ خوبصورت ۔ شکیل ۔ منموہنی صورت ۔ شکیلہ ۔ جمیلہ ۔

حُسَین (حُسَین) (ع) مذکر حضرت حسنؑ کے چھوٹے بھائی سید الشہداء کا اسمِ مبارک جنہوں نے ۱۰ محرم ۶۱ھ کو میدانِ کربلا میں شہادت پائی ۔ مسلمان ہر سال ایامِ محرم میں ان کی یاد تازہ کرتے ہیں ۔

حُسَین بند (ا) مذکر ۔ چاندی کی وہ بے نگینہ دو انگوٹھیاں جو روزِ عاشورہ بچوں کے ہاتھ میں پہناتے ہیں ۔

حسینہ (ع) مؤنث ۔ خوب صورت عورت ۔

ح ۔ ش

حشر (حَشر) (ع) مذکر (۱) قیامت ۔ روزِ حساب (۲) شور و غل ۔ غوغا ۔

حشر برپا کرنا ۔ حشر توڑنا (ا) (عو) آفت ڈھانا ۔ فساد اٹھانا ۔ نہایت خفا ہونا ۔ جھنجلانا ۔

حشرات (حَشَرات) (ع) مذکر ۔ چھوٹے چھوٹے کیڑے ۔ جو اکثر زمین میں سوراخ کر کے رہتے یا برسات میں پیدا ہو جاتے ہیں ۔

حشرات الارض (ع) مذکر ۔ زمین میں بل بنا کر رہنے والے کیڑے مکوڑے ۔ برساتی کیڑے ۔

حشری (ع ۔ ف) (۱) ہیبت ناک (۲) تند اور شریر (گھوڑا) (۳) مؤنث ۔ گھوڑے کا ایک عیب ۔

حشری باغی (ا) مذکر ۔ وہ باغی جو اوروں کی دیکھا دیکھی بغاوت کرنے کھڑا ہو جائے ۔ اتفاقی سرکش ۔

حشفہ (حَشَفَہ۔ حَش۔فَہ) (ع) مذکر۔ آلۂ تناسل کی سپاری۔ سرِ ذکر۔

حشم (حَشَم) (ع) مذکر۔ نوکر چاکر۔ خدمت گار لوگ۔

حِشمت (حِش۔مَت) (ع) مؤنث۔ دبدبہ۔ بزرگی۔ شرم۔ غصّہ۔

حَشمت (حَش۔مَت) (ع) مؤنث۔ مطیع اور خدمتگار لوگ۔

حُشمت (حُش۔مَت) (ع) مؤنث (۱) جورو۔ قبیلہ۔ (۲) اونٹ کی مہار۔

حشو (حَشو) (ع) مذکر (۱) بھرتی۔ اندر بھرنے کی چیز (۲) زائد کلام۔ بیہودہ کلام (۳) بے ضرورت زیادتی۔

حشیش (حَشِیش) (ع) مؤنث (۱) سوکھی گھاس (۲) بھنگ۔

ح - ص

حصار (حِصار) (ع) مذکر (۱) احاطہ۔ گھیرا۔ چار دیواری۔ شہر پناہ (۲) قلعہ۔ کوٹ۔

حصار باندھنا (ا) (۱) قلعہ باندھنا۔ چاروں طرف سے گھیر ڈالنا (۲) کسی دعا یا افسوں کے ذریعے سے چاروں طرف لکیر کر دینا۔

حصر (حَصر) (ع) مذکر۔ گھیرنا۔ منحصر کرنا۔

حصص (حِصَص) (ع) مذکر۔ حصّہ کی جمع۔

حصن (حِصن) (ع) مذکر (۱) قلعہ۔ جائے پناہ۔ (۲) حراست (۳) اسلحہ (۴) نباہی۔

حصن حصین (ع) مذکر (۱) مضبوط قلعہ (۲) مؤنث۔ ایک مشہور کتاب۔

حصول (حُصُول) (ع) مذکر۔ حاصل۔ فائدہ۔

حصّہ (حِص۔صَہ) (ع) مذکر (۱) ٹکڑا (۲) بانٹ۔ تقسیم۔ (۳) بخرہ۔ بھاجی (۴) درجہ۔ کرہ (۵) جزوِ کتاب (۶) علاقہ۔ صیغہ۔

حصّہ بخرہ (ا) مذکر (عو) (۱) کھانے پینے کی چیز کا حصّہ (۲) میل ملاپ۔

حصّہ دار (ا) مذکر۔ شریک۔ ساجھی۔

حصّہ داری (ا) مؤنث۔ زمین کی پتّی۔ شرکت۔ ساجھا۔

حصّہ رَسَد۔ رَسَدی (ع) مذکر۔ جتنا جتنا حصّے میں آئے۔ تقسیم کے موافق۔ بانٹ کے موافق۔

حصیر (حَصِیر) (ع) مذکر۔ چٹائی۔ بوریا۔

حصّے کرنا (ا) تقسیم کرنا۔ بانٹنا۔ ٹکڑے کرنا۔

حصین (حَصِین) (ع) (۱) مضبوط (۲) محفوظ۔

ح - ض

حضر (حَضَر) (ع) مذکر۔ سفر کی ضد۔ ایک جگہ کا قیام۔

حضرات (حَضَرات) (ع) مذکر۔ حضرت کی جمع۔ بزرگ۔ مخدوم۔

حضرت (حَض۔رَت) (ع) مذکر (۱) قرب۔ نزدیکی۔ درگاہ (۲) جناب۔ حضور۔ قبلہ۔ تعظیم و عزت کا لقب (۳) رسولِ مقبول محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب۔

حضرت سلامت (ع) مذکر۔ حضورِ عالی۔ جنابِ عالی۔ قبلہ۔ یار۔ دوست۔ یہ لفظ تعظیماً اور طنزاً برابر والوں کے ساتھ بھی بولا جاتا ہے۔

حضرت فاطمہؓ کی جھاڑو پھرے (ا) (دعائے بد) (عو) تباہ ہو جائے۔ کوئی نہ رہے۔ کچھ نہ رہے۔

حضور (حُضُور) (ع) مذکر (۱) حاضری۔ موجودگی۔ حاضر باشی (۲) جناب۔ حضرت۔ قبلہ۔ خداوند (۳) دربار۔ مجلس۔ اجلاس (۴) روبرو۔ سامنے۔

حضور کا نوکر ہوں۔ بینگن کا نوکر نہیں (ا) مثل۔ آقا کی ہاں میں ہاں ملانے کے موقع پر بولتے ہیں۔

حضور والا (ع) مذکر۔ جنابِ عالی۔ حضورِ اقدس۔

حضوری (ع) مؤنث (۱) حاضری۔ قربت۔ نزدیکی۔ (۲) بادشاہی دربار یا اجلاس۔

حضیض (حَضِیض) (ع) مذکر۔ پستی۔ گڑھا۔

ح - ط

حطیم (حَطِیم) (ع) (۱) ٹوٹا ہوا (۲) (۲) مؤنث۔ خانہ کعبہ سے باہر مغربی جانب ایک دیوار (۳) رکن اور زمزم کا درمیانی پتھر (۴) پچھلے سال کا پودا۔

ح - ظ

حظ (حَظ) (ع) مذکر (۱) لطف۔ مزہ (۲) (ا) انبساط۔ خوشی (۳) (ا) لذّت۔ ذائقہ۔

حظ اُٹھانا (ا) مزے اڑانا۔ لطف اٹھانا۔ لذّت پانا۔ عیش کرنا۔ خوشی منانا ⁂
حظِّ خلاف وضعِ فطری (ع) مذکر۔ قدرتی قاعدے کے خلاف لذّت اٹھانا۔ یعنی لڑکے یا حیوان سے جماع کرنا ⁂
حظِّ نفسانی (ع) مذکر۔ حیوانی خوشی ⁂
حظوظ (حُظُوظ) (ع) مذکر۔ حظ کی جمع ⁂

ح - ف

حف (حَف) (ع) (۱) زمین کی گھاس کا خشک ہو جانا۔ (۲) کسی چیز کا بے کار ہو جانا ⁂
حف نظر (ا) (عو) چشم بد دور ⁂
حفاظ (حُفّاظ) (ع) مذکر۔ حافظ کی جمع ⁂
حفاظت (حِفا۔ظَت) (ع) مؤنث (۱) نگرانی۔ پاسبانی۔ (۲) بچاؤ۔ سلامتی ⁂
حفاظت خود اختیاری (ع۔ف) مؤنث۔ اپنی جان بچانے کو دوسرے کے قربان کرنے کا استحقاق۔ ذاتی خبرداری ⁂
حفظ (حِفظ) (ع) (۱) ازبر۔ زبانی (۲) مذکر۔ پاس لحاظ۔ ادب (۳) حفاظت ⁂
حفظِ امن (ع) مذکر۔ امن قائم رکھنا ⁂
حفظ پڑھنا (ا) یاد کرنا۔ ازبر کرنا۔ بے دیکھے پڑھنا ⁂
حفظِ صحت (ع) مذکر۔ تندرستی کی محافظت۔ صحت کا قیام اور بچاؤ ⁂
حفظ ماتقدم (ع) مذکر (۱) پہلے سے کسی امر کی پیش بندی کرنا۔ وہ بچاؤ جو پہلے سے کیا جائے ⁂
حفظِ مراتب (ع) مذکر۔ ادب کا پاس۔ مرتبے کا لحاظ ⁂
حفظِ نظر (ا) (عو) (۱) چشم بددور۔ نظر بد ادھر ہی رہے۔ (۲) جب کسی بات کی تعریف کرتے ہیں تو پہلے یہ لفظ زبان پر لے آتے ہیں کہ نظر بد نہ لگے ⁂
حفیظ (حَفِیظ) (ع) مذکر (۱) محافظ۔ نگہبان۔ (۲) اللہ تعالیٰ کا نام ⁂

ح - ق

حق (حَق) (ع) مذکر (۱) خدا۔ اللہ (۲) سچ۔ صدق (۳) لائق۔ واجب (۴) درست۔ بجا۔ ٹھیک (۵) ثابت۔ قائم (۶) (ا) فرض۔ ذمہ داری (۷) (ا) جائز۔ مباح (۸) (ا) انصاف۔ نیاؤ (۹) (ا) صلہ۔ بدلہ۔ معاوضہ (۱۰) (ا) حصّہ (۱۱) (ا) مزدوری (۱۲) (ا) انعام ⁂
حقِ آسائش (ع۔ف) مذکر۔ آسائش کا وہ حق جس کے رو سے کسی کا کوئی ہمسایہ اپنی ملک یا زمین پر کوئی فعل نہیں کر سکتا ⁂
حقِ آسائش موجبہ (ع۔ف) مذکر۔ وہ حق جس کے رو سے کسی کی ملک یا زمین پر کوئی فعل کیا جا سکتا ہے ⁂
حق ادا کرنا (ا) (۱) قرض ادا کرنا (۲) نوکری یا خدمت یا کوئی کام بجا لانا ⁂
حقِ ارجاعِ نالش (ع۔ف) مذکر۔ نالش اور استغاثہ دائر کرنے کا حق ⁂
حق اللہ پاک ذات اللہ (ا) خدا برحق ہے۔ اور اس کی ذات پاک ہے ⁂
حق پرست (ع۔ف) مذکر۔ خدا پرست۔ خدا کو ماننے والا۔ عبادت گزار ⁂
حق پر لڑنا (ا) سچ پر لڑنا۔ استحقاق پر جھگڑا کرنا ⁂
حق تعالیٰ (ع) مذکر۔ خدائے بزرگ و برتر ⁂
حق تلفی (ع) مؤنث۔ بے انصافی۔ حق مارنا ⁂
حق ثابت کرنا (ا) دعوے کا ثبوت پہنچانا۔ استحقاق کا تسلیم کرانا ⁂
حق حق کرنا (ا) (۱) خدا کا نام لینا (۲) انصاف کرنا۔ منصفی کرنا ⁂
حقِ دار اراضی (ع۔ف) مذکر۔ زمین کا حق دار ⁂
حقِ دخیل کاری (ع۔ف) مذکر۔ دخل پانے کا حق۔ حصّہ پانے کا حق ⁂
حقِ دستور (ع) مذکر۔ دسویں حصّے کا حق ⁂
حقِ رائے دہی (ف) مذکر۔ رائے یعنی ووٹ دینے کا حق ⁂
حق رسی (ع۔ف) مؤنث۔ انصاف۔ عدل۔ نیاؤ ⁂
حقِ سرکار (ع۔ف) مذکر۔ خراج۔ مالگزاری ⁂
حقِ شفعہ (ع) مذکر۔ ملحق جائداد کے خریدنے کا استحقاق۔ پڑوس کا حق۔ حق ہمسائیگی ⁂
حقِ شفعہ بربنائے جار ملحق (ع۔ف) مذکر۔ متصل ہمسائے کے ہونے سے حق شفعہ ⁂
حق شناس (ع۔ف) قدردان۔ منصف ⁂

حق سے راضی خدا ہے (۱) مثل ۔ سچائی سے خدا بھی خوش ہوتا ہے ٭
حق عصوبت (ع) مذکر ۔ رشتہ داری کا حق ٭
حق مترجح (ع) مذکر ۔ غالب حق ٭
حق ناحق (ا) (مو) بے سبب ۔ بلا وجہ ۔ خواہ مخواہ ٭
حق نام اللہ کا (۱) سچا نام خدا کا ہے ٭
حق نصرت قدیم (ع) مذکر ۔ قدیم حقیقے کا حق ٭
حق نمک ادا ہونا (ہ) نمک خواری اور ملازمت کا فرض ادا ہونا ٭
حق ہونا (ا) (۱) مرنا ۔ جہان سے گزرنا (۲) سچ ہونا ۔ راست ہونا (۳) انصاف ہونا ۔ نیاؤ ہونا ٭
حقا (حَق ۔ قا) (ع) (۱) حق ہے ۔ درست ہے (۲) خدا کی قسم
حقارت (حَقا ۔ رَت) (ع) مؤنث ۔ خفت ۔ سبکی ۔ ذلت ۔ بے عزتی ٭
حقارت کی نظر سے دیکھنا (ا) دوسرے کو ذلیل و خوار سمجھ کر کم توجہی کرنا ۔ خاطر میں نہ لانا ۔ ذلیل سمجھنا ٭
حقانی (ف) حق سے منسوب ٭
حقانیت (ف) مؤنث ۔ خدا کی طرف منسوب ہونا ۔ سچائی ٭
حقائق (حَقا ۔ ئِق) (ع) مذکر ۔ حقیقت کی جمع ٭
حقنہ (حُق ۔ نَہ) (ع) مذکر ۔ پچکاری ۔ کسی دوا کی بتی یا پچکاری جو پاخانہ آنے کے لئے مقعد میں چڑھائی جائے ٭
حقنہ کرنا (ا) مقعد میں پچکاری یا بتی چڑھانا ۔ وہ جس سے پاخانہ آجائے ٭
حقوق (حُقُوق) (ع) مذکر ۔ حق کی جمع ٭
حقہ (حُق ۔ قَہ) (ع) مذکر (۱) ڈبا ۔ جواہرات رکھنے کی ڈبیا (۲) (ا) قلیان ۔ وہ نل جس میں تمباکو بھر کر پیتے ہیں ٭
حقہ باز (ع ۔ ف) مذکر (۱) بھان متی ۔ بازیگر ۔ مداری (۲) (ا) بہت حقہ پینے والا ٭
حقہ بھرنا (ا) چلم پر آگ رکھ کر حقہ تیار کرنا ۔ حقے پر آگ رکھنا ٭
حقہ پانی بند کر دینا (ا) ذات یا برادری سے خارج کر دینا ٭
حقہ تازہ کرنا (ا) حقے کا پانی بدلنا اور نیچے وغیرہ کو تر کرنا ٭
حقیت (ع) مؤنث ۔ حق ۔ ملکیت ٭

حقیت محتمل الوقوع (ع) مؤنث ۔ عارضی حق ٭
حقیر (حَقِیر) (ع) (۱) چھوٹا ۔ ادنیٰ (۲) ذلیل ۔ خوار ۔ اوچھا ۔ بے قدر ٭
حقیقت (حَقِی ۔ قَت) (ع) مؤنث (۱) اصلیت ۔ ماہیت (۲) اصل ۔ جڑ ۔ بنیاد (۳) کیفیت ۔ حال (۴) صداقت ۔ سچ (۵) بساط ۔ حیثیت ۔ (۶) ماجرا ۔ سرگزشت ٭
حقیقت کھل جانا (ا) (۱) بھید ظاہر ہو جانا ۔ حال معلوم ہو جانا ٭
حقیقی (ع) (۱) اصل (۲) سگا ۔ اپنا ۔ سگی ۔ اپنی ٭
حقیقی بھائی (ا) مذکر ۔ سگا بھائی ۔ ایک ماں باپ سے دوسرا یا تیسرا بیٹا ٭

ح ۔ ک

حک (حَک) (ع) مذکر ۔ کھرچنا ۔ چھیلنا ۔ دُور کرنا ٭
حکاک (ع) مذکر ۔ حرف کھودنے والا ۔ مُہرکن ۔ نگینے کو جلا دینے والا ٭
حکام (حُک ۔ کام) (ع) مذکر ۔ حاکم کی جمع ٭
حکایت (حِکا ۔ یَت) (ع) مؤنث ۔ کہانی ۔ داستان ۔ قصہ ۔ بات ۔ حدیث ٭
حکایتاً (ع) بطور ذکر ۔ بسبیل تذکرہ ٭
حکم (حَکَم) (ع) مذکر ۔ ثالث ۔ پنچ ۔ حکم کرنے والا ۔ منصف ۔ فیصلہ کرنے والا ٭
حِکَم (حِکَم) (ع) مذکر ۔ حکمت کی جمع ٭
حُکم (حُکم) (ع) مذکر (۱) فرمان ۔ ارشاد (۲) فتویٰ ۔ شرعی فیصلہ (۳) حکومت ۔ فرمانروائی (۴) اجازت ۔ پروانگی ۔ (۵) تاش میں کالے رنگ کے پان کا نشان (۶) حکم کا یکا جو تاش کے کھیل میں سب سے پہلے پھینکا جاتا ہے (۷) جبر ٭
حکم امتناعی (ع ۔ ف) مذکر ۔ ممانعت کا حکم ٭
حکم انداز (ع ۔ ف) مذکر ۔ کڑ کر نشانہ لگانے والا ۔ قدر انداز ۔ تیر انداز ٭
حکم انفساخ بندوبست (ع ۔ ف) مذکر ۔ بندوبست توڑ دینے کا حکم ٭
حکم بردار (ع ۔ ف) فرمانبردار ۔ حکم ماننے والا ٭
حکم جاری کرنا (ا) حکم صادر کرنا ۔ اشتہار دینا ۔ ڈونڈی پٹوانا ٭
حکم حاکم مرگ مفاجات (ف) مثل ۔ حاکم کا حکم

مانا ہی پڑتا ہے۔ حاکم کا حکم یک لخت جاری ہو جاتا ہے ◆

حُکم دینا (ا)، (۱) ارشاد فرمانا۔ کام فرمانا (۲) فتویٰ دینا۔ (۳) فیصلہ کرنا (۴) اشتہار دینا (۵) اجازت دینا ◆

حکم وسمس (ع-انگ-ف) مذکر (عوام) منسوخ کرنے یا رد ہونے کا حکم ◆

حکم ران (ع-ف) مذکر۔ فرماں روا۔ بادشاہ ◆

حُکم رانی (ع-ف) مؤنث۔ فرماں روائی۔ حکومت۔ سلطنت۔ بادشاہی ◆

حکم ظہری (ع) مذکر۔ وہ حکم جو کسی رپورٹ یا کاغذ کی پشت پر لکھا جائے ◆

حکم قطعی (ع) مذکر۔ حکم ناطق۔ اخیر فیصلہ ◆

حُکم کرنا (ا)، (۱) حکم چلانا۔ فرمانا۔ ارشاد کرنا (۲) اجازت دینا (۲) سختی کرنا ◆

حُکم گشتی (ع-ف) مذکر۔ سرکلر۔ وہ حکم جو سب جگہ بھیجا جائے ◆

حُکم لگانا (ل)، (۱) پختہ رائے ظاہر کرنا۔ دعویٰ جمانا۔ (۲) دفعہ لگانا ◆

حُکم مطلق (ع) مذکر (۱) حکم قطعی (۲) عام حکم ◆

حُکم ناطق (ع) مذکر۔ قطعی حکم ◆

حُکم نامہ (ع-ف) مذکر۔ تحریری حکم۔ فرمان۔ وہ حکم جو جج کی طرف سے لکھا جائے ◆

حُکما (حُکَمَاء) (ع) مذکر۔ حکیم کی جمع ◆

حِکمت (حِک-مَت) (ع) مؤنث (۱) عقل۔ دانائی۔ دانش (۲) ہر چیز کی حقیقت دریافت کرنے کا علم۔ (۳) تدبیر۔ ترکیب (۴) علاج۔ معالجہ (۵) (ل) ڈھنگ۔ مطلب۔ غرض ◆

حِکمت عملی (ع) مؤنث۔ تہذیب۔ اخلاق۔ سیاستِ مُدن اور تدابیر منازل کی واقفیت۔ تدبیر۔ چالاکی۔ ہوشیاری۔ دور اندیشی۔ پالیسی۔ ملکی مصلحت۔ چھل بل ◆

حکمت کرنا (ل)، (۱) طبابت کرنا۔ ڈاکٹری کا پیشہ کرنا۔ (۲) دانائی کرنا۔ تدبیر کرنا ◆

حِکمت مُدنی (ع) مؤنث۔ شہری انتظام کے قوانین۔ انتظام شہری ◆

حِکمتی (ا)، (۱) فلسفی۔ فیلسوف (۲) چالاک۔ ہوشیار ◆

حُکمی (ع-ف)، (۱) یقینی (۲) بے خطا (۳) (ل) ضروری۔ (۴) (ل) فرماں بردار (۵) (ل) ہمیشہ ◆

حُکمی بندہ (ف) مذکر۔ فرماں بردار ◆

حکومت (حُکُو-مَت) (ع) مؤنث (۱) فرماں روائی۔ حکمرانی۔ سلطنت۔ راج (۲) (ل) سختی۔ جبر۔ زبردستی (۳) (ل) اختیار ◆

حکومت آزاد (ع-ف) مؤنث۔ خود مختار حکومت ◆

حکومت امرائی (ع) مؤنث۔ امیر لوگوں کی کونسل کی حکومت ◆

حکومت جمہوری (ع) رعایا کی حکومت۔ وہ حکومت جس میں کوئی بادشاہ نہ ہو۔ بلکہ ایک شخص کو پریزیڈنٹ بنا کر خود رعایا سب کچھ کرے۔ جیسے آج کل ترکی اور ایران میں ہے ◆

حکومت شخصی (ع) مؤنث۔ شخصی حکومت۔ شاہی حکومت جس میں بادشاہ خود مختار ہوتا ہے۔ جو چاہتا ہے۔ کرتا ہے۔

حکیم (حَکِیم) (ع) مذکر (۱) دانا۔ عقلمند۔ ہوشیار (۲) محقق (۳) (ل) طبیب۔ ڈاکٹر ◆

حکیمی (ا) مؤنث۔ طبابت۔ ڈاکٹری ◆

ح - ل

حل (حَل) (ع) مذکر (۱) کھولنا۔ انکشاف۔ مشکل کام کو آسان کرنا (۲) کھلنا۔ تحلیل ہونا۔ ملنا (۳) حساب کا سوال نکالنا ◆

حل کرنا (ا)، (۱) سلجھانا۔ کھولنا۔ آسان کرنا (۲) اجزا علیحدہ کرنا (۳) پیسنا۔ ملانا (۴) حساب کا سوال نکالنا ◆

حل وعقد (ع-ف) مذکر۔ کھولنا اور باندھنا۔ عزل و نصب۔ انتظام۔ ادھیڑ بن ◆

حلاج (حَل-لَاج) (ع) مذکر۔ دُھنیا ◆

حلال (حَلَال) (ع) (۱) مباح۔ جائز۔ درست (۲) ذبح کیا ہوا۔ ذبیحہ (۳) شرح کے موافق ◆

حلال خور (ا) مذکر (۱) حق حلال کی اجرت کمانے والا (۲) (مجازاً) خاکروب۔ مہتر۔ بھنگی ◆

حلال کرکے کھانا (ا) محنت کرکے کھانا۔ جائز طور پر کھانا ◆

حلال کرنا (ا)، (۱) ذبح کرنا۔ شریعت کے مطابق چھری پھیرنا (۲) (عو) کاٹنا۔ قتل کرنا (۳) (عو) مارنا پیٹنا ◆

حلال میں حرکت حرام میں برکت (ا) مثل۔ الٹی بات۔ زمانے کی نیرنگی ◆

حلالہ (ع) مؤنث۔ ایک مطلقہ عورت کا اور شخص سے نکاح کرنے کے بعد اپنے پہلے خاوند سے پھر نکاح کرنا۔

حلاوت (حَلَا۔ وَت) (ع) مؤنث (۱) مٹھاس۔ شیرینی۔ پکے پھل کی مٹھاس (۲) (ل) لذّت۔ مزہ۔ ذائقہ (۳) (ا) (عو) راحت۔ آرام۔ سکھ۔

حلب (حَلَب) (ع) مذکر۔ ایشیائی روم کا ایک شہر جہاں کے آئینے بہت مشہور ہیں۔

حلت (حِل۔ لَت) (ع) مؤنث۔ حلال ہونا۔ جائز ہونا۔

حلچان (حَل۔ چَان) (ل) مؤنث (عو) شادی کے بعد گھر کی بی بی کا سب مہمانوں سے پیسے جمع کرکے پوریاں۔ قیمہ۔ ساگ پکانا اور سب کو تقسیم کرنا۔

حلف (حَلَف) (ع) قسم کھانا۔

حلف اٹھانا (ا) قسم کھانا۔ قرآن اٹھانا۔ مذہبی کتاب کی قسم اٹھانا۔

حلف دروغی (ع۔ ف) مؤنث۔ جھوٹی قسم کھانا۔

حلف منصب (ع) کسی منصب یا عہدہ لینے کے وقت سرکاری افسر کے ہاتھ پر قسم کھانا کہ میں سرکار کا وفادار اور خیرخواہ رہوں گا۔

حلفاً (ع) از روئے قسم۔ قسمیہ۔

حلق (حَلق) (ع) مذکر (۱) گلا۔ ٹینٹوا (۲) (ل) نائرہ۔ گردن (۳) (ل)

حلق بند کرنا (ا) خاموش کرنا۔ زبان بندی کرنا۔

حلق پر چھری پھیرنا (ا) (۱) ذبح کرنا۔ حلال کرنا۔ (۲) جبر کرنا۔ ظلم کرنا۔ ستم کرنا۔

حلق کانہ تالو کا یہ مال میاں لالو کا (ا) مثل۔ کھایا نہ پیا۔ یونہی کتوں کو دے کر ضائع کیا۔

حلق میں نوالہ پھنسنا (ا، عو) کسی عمدہ چیز کے کھاتے وقت اپنے بچے یا دوست کا یاد آنا۔

حلقوم (حَل۔ قُوم) (ع) مذکر۔ حلق۔ گلو۔ ٹینٹوا۔ گلے کا گھنگرو۔

حَلقہ (حَل۔ قَہ) (ع) مذکر (۱) گھیرا۔ احاطہ (۲) منڈلی۔ مجلس (۳) کڑا۔ لوہے یا لکڑی وغیرہ کا گول کنڈا۔ (۴) گھنڈی کا گھر۔ تکمہ (۵) علاقہ۔ ضلع۔

حَلقہ باندھنا (ا) چاروں طرف کھڑے ہوکر گھیر لینا۔ گھیرا ڈالنا۔

حلقہ بگوش (ع۔ ف) مذکر۔ غلام۔ فرمانبردار۔

حلقہ ڈالنا (ا) گھیرا ڈالنا۔ حصار باندھنا۔ چاروں طرف سے روک دینا۔

حلل (حُلَل) (ع) مذکر۔ حلّہ کی جمع۔

حِلم (حِلْم) (ع) مذکر۔ کسی کی سزا میں نرمی کرنا (۲) سمائی۔ برداشت۔ بُردباری (۳) نرمی۔ نرم دلی۔

حلوا (حَل۔ وَا) (ع) مذکر (۱) میٹھا۔ نرم شیرینی۔ یہ چیز روے کو گھی میں بھون کر اس میں چاشنی ڈال کر پکانے سے بنتی ہے (۲) نرم چیز۔

حلوا خاتون (ل) مؤنث (۱) حلوا خور بیگم (۲) وہ کاٹھ کی پتلیاں جنہیں فقیر لباس پہنا کر بچوں کے آگے انگلیوں سے نچاتے اور نچاتے پھرتے ہیں۔ اخنو بختو۔

حلوا خوردن را روئے باید (ف) مثل۔ عزت کے لئے لیاقت چاہیئے۔

حلوا سمجھنا (ا) (۱) کسی شخص کو حلوے کی مانند نہایت نرم سمجھنا۔ کمزور جاننا (۲) کسی کام کا آسان اور سہل جاننا۔

حلوا کھائیے (ا، عو) ایک سخت قسم ہے یعنی ہمیں مردہ دیکھے۔ ہمیں مرا ہوا دیکھے۔

حلوا نکل جانا (ا) نہایت سختی سے بدحال ہونا۔ پتلا حال ہو جانا۔

حلوان (حُل۔ وَان) (ل) مذکر (۱) بھیڑ یا بکری کا دودھ پیتا بچہ (۲) ملائم گوشت۔

حلوائی (حَل۔ وَا۔ ئی) (ع) مذکر (۱) حلوا فروش۔ مٹھائی بنانے اور بیچنے والا (۲) ہندوؤں کی ایک قوم۔

حلوائی کی دکان اور دادا جی کی فاتحہ (ل) مثل۔ پرائے مال کو اپنا سمجھ کر صرف میں لانے یا غیر کا مال بے دریغ خرچ کرنے کے موقع پر بولتے ہیں۔

حلوائے بے دود (ع۔ ف) مذکر (۱) پیڑ کا پکا میوہ۔ قدرتی حلوا (۲) (ل) نرم چارہ (۳) (ل) ملائم چیز۔

حلوائے مرگ (ع) مذکر۔ بھتی۔ کڑوی کھچڑی۔ موت کا حلوا۔ حاضری۔

حلوائے مغزی (ع) مذکر۔ ایک قسم کا حلوا جس میں کثرت سے مغز بادام اور پستے ڈالے جاتے ہیں۔

حلوائے مقراضی (ع) مذکر۔ ایک قسم کا حلوا جس میں بہت باریک میوہ کتر کر ڈالتے ہیں۔

حلول (حُلُول) (ع) مذکر۔ ایک چیز کا دوسری میں اس طرح داخل ہو جانا کہ دونوں میں تمیز نہ ہو سکے۔

حلوے مانڈے سے کام رکھنا (ا) ہر حال میں اپنا بھلا چاہنا۔

حُلّہ (حُل۔ لَہ) (ع) مذکر۔ جامہ۔ جُبّہ۔ چادر۔ بہشتی لباس۔

حلیف (حَلِیف) (ع) مذکر۔ معاہدہ کرنے والوں کا ہر فریق ۔

حلیم (حَلِیم) (ع) (۱) بردبار۔ متحمل مزاج۔ نرم۔ حلیم (۲) مذکر۔ ایک قسم کا کھانا جو گیہوں۔ چاول۔ چنے وغیرہ سات اناج چاروں دالیں۔ گوشت اور گرم مسالہ وغیرہ ڈال کر اکثر محرم میں شہدائے کربلا کے فاتحہ کے لئے پکایا جاتا ہے ۔

حُلیہ (حُل۔ یَہ) (ع) مذکر۔ زیور۔ گہنا ۔

حِلیہ (حِل۔ یَہ) (ع) مذکر۔ صورت۔ خط و خال جو شناخت کے لئے لکھے جاتے ہیں ۔

ح - م

حمار (حِمَار) (ع) مذکر۔ گدھا ۔

حماقت (حَمَا۔ قَت) (ع) مؤنث۔ نادانی۔ بے وقوفی۔ احمق پن ۔

حمّال (حَم۔ مَال) (ع) مذکر۔ بوجھ اٹھانے والا۔ مزدور۔ باربردار (پ) پانڈی ۔

حمّالہ (ع) (۱) بوجھ اٹھانے والی (۲) مؤنث۔ وہ مشین جو بڑے بڑے بوجھ ریل کی لائنوں وغیرہ پر سے اٹھا سکتی ہے ۔

حمّام (حَم۔ مَام) (ع) مذکر۔ گرمابہ۔ نہانے کی جگہ ۔

حمّام کرنا (ف) نہانا۔ غسل کرنا ۔

حمّام کی لنگی (ا) مؤنث۔ وہ چیز جو ہر شخص کے استعمال میں آئے ۔

حمّام میں سب ننگے (و) مثل۔ اس فعل کی نسبت بولتے ہیں جس میں اکثر آدمی مبتلا ہوں ۔

حمّامی (ع) مذکر۔ نہلانے والا۔ غسل کرانے والا۔ حجام ۔

حمائل (حَمَا۔ اِل) (ع) (۱) گلے میں ڈالنے کی چیز (۲) چھوٹی تقطیع کا قرآن شریف جسے گلے میں ڈال سکیں ۔

حمایت (حِمَا۔ یَت) (ع) مؤنث (۱) طرفداری۔ مدد (۲) نگہبانی۔ سایہ۔ محافظت ۔

حمایتی (ع) مذکر۔ طرفدار۔ معاون۔ مددگار۔ حامی ۔

حمایتی کا ٹٹو (ا) دوسرے کے بل پر کودنے والا۔ کسی کی مدد پر کام کرنے والا ۔

حمایتی کی گھوڑی عراقی کو لات مارتی ہے (ا) مثل۔ جس کا کوئی مددگار ہوتا ہے۔ وہ ادنیٰ ہو کر بھی بڑوں کا سامنا کر بیٹھتا ہے ۔

حمد (حَمد) (ع) مؤنث۔ خدا کی تعریف ۔

حمرا (حَم۔ رَا) (ع) سُرخ رنگ کی ۔

حمق (حُمق) (ع) مذکر۔ نادانی۔ بے وقوفی ۔

حمل (حَمل) (ع) مذکر (۱) بوجھ۔ بار (۲) پیٹ۔ گربھ (۳) آسمان کا پہلا برج جو مینڈھے کی شکل سے مشابہ ہے۔ میکھ ۔

حمل اسقاط ہونا (ا) پیٹ گرنا۔ قبل از وقت بچہ تولد ہونا ۔

حملہ (حَم۔ لَہ) (ع) مذکر (۱) چڑھائی۔ ہلّہ۔ یورش (۲) حربہ۔ وار۔ چوٹ ۔

حملہ آور (ف۔ ع) مذکر۔ چڑھ کر آنے والا۔ حملہ کرنے والا ۔

حملہ کرنا (ا) دھاوا کرنا۔ یورش کرنا۔ ہلّہ کرنا۔ چوٹ کرنا۔ وار کرنا ۔

حملۂ معمولی (ع۔ ف) مذکر۔ سرسری حملہ ۔

حمیّت (حَمِی۔ یَت) (ع) مؤنث۔ عزت۔ شرم ۔

حمید (حَمِید) (ع) (۱) تعریف کی ہوئی شے (۲) مذکر۔ خدا کا ایک نام ۔

حمیم (حَمِیم) (ع) (۱) گرم (۲) مذکر۔ گرم و سرد پانی (۳) دوست۔ رشتہ دار (۴) موسم گرما کا درمیانی حصّہ (۵) گرمیوں کی بارش ۔

ح - ن

حنا (حِنَا) (ع) مؤنث۔ مہندی ۔

حنا بندی (ع۔ ف) مؤنث۔ مسلمانوں کی ایک رسم جو ساچق سے ایک روز پیشتر عمل میں آتی ہے۔ اور اسے مہندی کہتے ہیں۔ مہندی لگانا۔ ہاتھوں پر مہندی باندھنا ۔

حنّان (حَن۔ نَان) (ع) بخشنے والا۔ رحمت والا۔ اللہ کا نام ۔

حنّانہ (حَن۔ نَا۔ نَہ) (ع) رونے والا ۔

حنائی (ف) گیروا۔ زردی لئے ہوئے سُرخ رنگ۔ مہندی کے رنگ کا ۔

حنبلی (حَم۔ بَلی) (ع) (۱) سُنّی مسلمانوں کا وہ گروہ جو اپنے آپ کو امام حنبل کا پیرو کہتے ہیں (۲) اس فرقے کا ایک فرد ۔

حنجرہ (حَن۔ جَرَہ) (ع) مذکر۔ نرخرہ۔ حلق۔ گلو ۔

حنظل (حَن۔ ظَل) (ع) مذکر۔ اندرائن کا پھل۔ پھر پھیندوا ۔

حنفی (حَنَفِی) (ع) سُنّی مسلمانوں کی وہ جماعت جو امام اعظم

حضرت ابو حنیفہؒ کی پیروی ہے ❊

حنوط (حَنُوط) (ع) مذکر۔ چند خوشبودار چیزوں کا مرکب جو مردے کو غسل دینے کے بعد ملتے ہیں ❊

حنیف (حَنِیف) (ع) مذکر (۱) حضرت ابراہیمؑ کے دین کا ماننے والا (۲) پکا مسلمان (۳) دین میں سچا۔ مذہبی عقائد کا پکا ❊

ح - و

حوّا (حَوْ۔وَا) (ع) مؤنث (۱) بابا آدمؑ کی بیوی۔ سب آدمیوں کی ماں (۲) (ل) کالے ڈراؤنے ہونٹوں یا چہرے والی عورت ❊

حواجب (حوا۔جِب) (ع) مذکر۔ حاجب کی جمع۔ دربان ❊

حوادث (حَوَا۔دِث) (ع) مذکر۔ حادثے مصیبتیں ❊

حواری (حَوَا۔رِی) (ع) مذکر۔ حضرت عیسٰی علیہ السلام کے اصحاب۔ حضرت مسیحؑ کے شاگرد ❊

حواس (حَوَاس) (ع) مذکر (۱) وہ قوت جو حس کرتی ہے (۲) ہوش۔ اوسان۔ عقل۔ سمجھ ❊

حواس باختہ (ع۔ف) بے اوسان۔ گھبرایا ہوا۔ مخبوط الحواس ❊

حواسوں پر سے صدقہ دینا (ل) ہوش درست کرنا۔ عقل کی خبر لینا۔ عقل کے ناخن لینا ❊

حواصل (حَوَا۔صِل) (ع) مؤنث۔ ایک سفید آبی پرند جس کا پوٹا بڑا اور آگے نکلا ہوا ہوتا ہے ❊

حوالات (حَوَا۔لَات) (ل) مؤنث (۱) سپردگی۔ تحویل قید۔ حراست۔ نگرانی (۲) وہ مکان جس میں مجرم تفتیش مقدمہ تک نظر بند رکھے جاتے ہیں ❊

حوالات کرنا (ل) حوالات میں دینا۔ قید کرنا۔ نظر بند کرنا۔ نگرانی میں کرنا ❊

حوالہ (حَوَا۔لَہ) (ع) مذکر (۱) سپردگی۔ تحویل (۲) (ل) پتہ۔ نشان ❊

حوالہ دار۔ حوالدار۔ حولدار (ل) وہ عہدہ دار سپاہی جس کی سپردگی میں کچھ آدمی ہوں۔ چند سپاہیوں کا سردار ❊

حوالی (حَوَا۔لِی) (ع) مؤنث۔ نواح۔ گرد۔ آس پاس ❊

حوالے کرنا (ل) سپرد کرنا۔ سنبھالنا ❊

حوائج (حَوَا۔ئِج) (ع) مذکر و مؤنث۔ حاجت کی جمع ❊

حُوت (حُوت) (ع) مؤنث (۱) بڑی مچھلی (۲) مذکر۔ آسمان کا بارھواں برج ❊

حُور (حُور) (ع) مؤنث (۱) گوری چٹی اور خوبصورت عورتیں جو بہشت میں نیک آدمیوں کی خدمتگار ہونگی (۲) (ف ۔ اعد) بہشت کی خوب صورت عورت ❊

حُور کا بچہ (ل) بہت خوبصورت۔ پری زاد ❊

حوصلہ (حَو۔صِلَہ) (ع) مذکر (۱) پرندکا پوٹا (۲) مقدور دل۔ جرأت۔ دلیری (۳) (ل) سمائی۔ بردباری (۴) (ل) ارمان۔ آرزو ❊

حوصلہ نکالنا (ل) (۱) ہوس نکالنا۔ ارمان پورا کرنا (۲) خوب خرچ کرنا (۳) ہمت کرنا ❊

حوض (حَوض) (ع) مذکر (۱) تالاب۔ پانی جمع کرنے کا مکان (۲) (ل) متن۔ حاشیے کے اندر کی جگہ ❊

حوض بھرے فوارہ چھوٹے (ل) آمدنی ہو۔ تو خرچ بھی کرو ❊

حوضہ (حَو۔ضَہ) (ف) مذکر۔ ہاتھی کی عماری۔ ہودج۔ ہودہ ❊

حونق (حَوَن۔نَق) (ل) مذکر۔ احمق ❊

حویلی (حَوے۔لِی) (ل) مؤنث (۱) چار دیواری کا مکان محلسرا۔ بڑا اور پختہ مکان۔ عالی شان مکان۔ گھر۔ خانہ ❊

ح - ی

حیّ (حَیّ) (ع) زندہ ❊

حیا (حَیَا) (ع) مؤنث۔ لاج۔ شرم۔ حجاب۔ غیرت۔ لحاظ ❊

حیادار۔ حیامند (ل) غیرت مند۔ شرم دار۔ نیک بخت ❊

حیا والا اپنی حیا سے ڈرا۔ اور بے حیا جانے مجھ سے ڈرا (ل) مثل۔ جب کوئی شریف آدمی اپنی عزت کے مارے رذیل سے پہلوتہی کرے۔ اور رذیل اسے دبتا جان کر زیادہ سر چڑھے۔ وہاں بولتے ہیں ❊

حیات (حَیَات) (ع) مؤنث۔ زندگی۔ جان۔ روح۔ زیست۔ عمر ❊

حیات مستعار (ع) مؤنث (۱) مانگے کی زندگی۔ بے بنیاد زندگانی۔ بے ثبات عمر۔ ناقابل اعتبار شے (۲) معمولی گزارہ۔ غریبانہ گزارہ کرنا ❊

حیثیت (حَے۔ ثِی۔ یَث) (ع) مؤنث۔ بساط۔ مقدرت۔
حیثیت عرفی (ع) مؤنث۔ مانی ہوئی عزت۔ ساکھ۔ اعتبار۔
حیدر (حَے۔ دَر) (ع) مذکر (۱) پھاڑنے والا شیر (۲) حضرت علی کرم کا لقب۔
حیران (حَے۔ رَان) (ع) ہکا بکا۔ متحیر۔ حیرت زدہ۔ پریشان۔ متعجب۔
حیرانی (ا) مؤنث۔ حیرت۔ پریشانی۔ تعجب۔
حیرت (حَے۔ رَت) (ع) مؤنث۔ اچنبھا۔ تعجب۔ تحیر۔ حیرانی۔
حیص بیص (حَیص۔ بَیص) (ع) مؤنث۔ شور و غوغا۔ لڑائی جھگڑا۔ تکرار۔
حیض (حَیض) (ع) مذکر۔ وہ خون جو عورتوں کو ہر مہینے آتا ہے۔ کپڑے۔ ایام ماہواری۔
حیض کا لتہ (ا) مذکر (۱) حیض کی گدی۔ وہ کپڑا جس سے خون حیض صاف کریں (۲) نہایت ذلیل۔ بے قدر۔ قابل نفرت۔
حیض یا حیضی بچہ (ا) مذکر۔ حرامی۔ حرام کا۔ ولد الزنا (۲) دوغلا۔ شریر۔ حرام زادہ۔
حیطہ (حِی۔ طَہ) (ع) مذکر۔ احاطہ۔ چار دیواری۔
حیف (حَیف) (ع) مذکر (۱) دریغ۔ افسوس۔ ہائے۔ (۲) ظلم و ستم۔ جبر۔ تعدی۔
حیل (حِیَل) (ع) مذکر۔ حیلہ کی جمع۔
حیلہ (حِی۔ لَہ) (ع) مذکر (۱) بہانہ۔ مکر۔ فریب۔ دھوکا۔ (۲) روزگار۔ کام۔ نوکری۔
حیلہ باز۔ حیلہ ساز۔ حیلہ گر (ع۔ف) مکار۔ فریبی۔ دغاباز۔ کام چور۔
حیلہ حوالہ (ع) مذکر۔ ٹال مٹول۔ لیت و لعل۔ آنا کانی۔
حیلہ کرنا (ا) (۱) بہانہ کرنا۔ فریب کرنا (۲) روزگار کرنا۔ ہمت کرنا۔
حیلے رزق بہانے موت (ا) مثل۔ رزق اور موت کسی نہ کسی بہانے سے وابستہ ہے۔
حین (حِین) (ع) مذکر۔ وقت۔ ہنگامہ۔ عرصہ۔ زمانہ۔
حین حیات (ع) مؤنث۔ تا بہ زندگی۔ تمام عمر۔ عمر بھر۔
حین دوران مقدمہ (ع) مذکر۔ مقدمہ دائر رہنے کا عرصہ۔
حیوان (حَیوَان + حَے۔ وَان) (ع) مذکر (۱) (لغوی معنی) زندگانی (۲) (مجازی) جان دار۔ ذی روح جانور (۳) نادان۔ بے وقوف۔ وحشی۔
حیوان مطلق (ع) مذکر۔ جانور۔ بے سلیقہ۔
حیوان ناطق (ع) مذکر۔ آدمی۔ انسان۔ بولنے والا حیوان۔
حیوان ناہق (ع) مذکر۔ گدھا۔
حیوانی (ع) (۱) انسانی کے خلاف (۲) شہوانی۔ نفسانی (۳) عامل لوگ گوشت کھانے اور ہر چیز جو حیوان سے نکلی ہو۔ اس کے کام میں لانے سے مراد رکھتے ہیں۔
حیوانیت (ع) مؤنث۔ وحشت۔ بے شرمی۔ بے حیائی۔ نادانی۔ بے وقوفی۔

خ

خ (خے) (ع، مؤنث) (۱) عربی کا ساتواں - فارسی کا نواں اور اُردو کا دسواں حرف ہے (۲) حساب جمل میں اس کے ۶۰۰ عدد فرض کئے گئے ہیں ٭

خ - ا

خاتِم (خا-تِم) (ع، مذکر) (۱) ختم کرنے والا - اخیر یا انجام کو پہنچانے والا ٭

خاتِم الانبیا (ع) مذکر - تمام نبیوں کی نبوت ختم کرنے والے آخری پیغمبر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم ٭

خاتَم (خا-تَم) (ع) مؤنث - انگوٹھی - مُہر - چھاپ ٭

خاتم بندی - یا - کاری (ع) مؤنث - ہاتھی دانت - اونٹ کی ہڈی یا لکڑی وغیرہ پر گلکاری جو اکثر امیروں کی چھت وغیرہ میں ہوتی ہے - تختہ بندی ٭

خاتمہ (ع) مذکر (۱) انجام - اخیر - نتیجہ (۲) (ل) موت - انتقال (۳) وہ عبارت جو اختتام کتاب پر لکھی جائے ٭

خاتمہ بالخیر (ع) مذکر (۱) انجام نیک (۲) اخیر وقت ایمان کی سلامتی اور دینداری کے ساتھ گزارنے کی دعا ٭

خاتمہ ہونا (ل) انجام کو پہنچنا - تمام ہو جانا - مر جانا - فوت ہونا ٭

خاتُون (خا-تُون) (ت) مؤنث - امیر گھر کی عورتوں کا لقب - بیگم - ملکہ - بی بی - بیوی - امیر زادی ٭

خاتونِ جنّت (ت-ع) مؤنث - جنّت کی شہزادی - حضرت فاطمہ علیہا السلام کا لقب - جو رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی صاحبزادی اور حضرت علی کرم کی زوجہ تھیں ٭

خاتونِ عرب (ت-ع) مؤنث (۱) حضرت فاطمہؓ (۲) کعبہ ٭

خاتونِ فلک (ت-ع) مؤنث (۱) سورج (۲) چاند (۳) زہرہ ٭

خادِم (خا-دِم) (ع، مذکر) (۱) خدمت کرنے والا - نوکر چاکر - خدمت گار (۲) (ل) کسی درگاہ یا مسجد کی خدمت کرنے والا - مجاور ٭

خادمِ درگاہ (ع-ف) مذکر - مجاور - ملازمِ آستانہ ٭

خار (خار) (ف، مذکر) (۱) کانٹا - پھانس (۲) (ل) مرغ کے پاؤں کا کانٹا (۳) (ل) حسد - رشک (۴) (ل) ڈاڑھی کے بال ٭

خار پُشت (ف) مذکر (۱) ساہی - ایک قسم کا کانٹوں والا جانور جو اکثر جنگل میں رہتا ہے - جنگلی خاردار چوہا (۲) پیٹھ کھجانے کا آہنی آلہ ٭

خار خار (ف، مذکر) (۱) بے چینی - پریشانی - بیکلی (۲) بکثرت (رنج - حسد یا رشک کے موقع پر) ٭

خار دار (ف) (۱) کانٹوں والا (۲) (ل) ڈاڑھی والا ٭

خار کھانا (ل) (عو) حسد کرنا - جلنا - دشمنی کرنا ٭

خار گزرنا - یا - لگنا (ل) (عو) کھٹکنا ٭

خار و خس - یا - خاشاک (ف) مذکر - کوڑا کرکٹ ٭

خار ہونا (ل) (۱) ناگوار گزرنا - بُرا معلوم ہونا (۲) حسد ہونا - جلن ہونا ٭

خارا (خا-را) (ف) مذکر - سخت پتھر - نیلا پتھر ٭

خارِج (خا-رِج) (ع) نکالا ہوا - علیحدہ ٭

خارج از اختیار (ع-ف) اختیار سے باہر ٭

خارج از بحث (ع-ف) حدِ سماعت سے باہر - سننے کے ناقابل - ناقابلِ سماعت ٭

خارج از عقل (ع-ف) (۱) عقل کے خلاف (۲) احمق - گاؤدی ٭

خارج قسمت (ع) مذکر۔ وہ عدد جو مقسوم کو مقسوم علیہ پر تقسیم کرنے سے حاصل ہو۔ حاصل قسمت ٭

خارج کرنا (ا) (۱) نکالنا۔ باہر کرنا۔ علیحدہ کرنا (۲) مقدمے کو قابلِ سماعت نہ سمجھنا ٭

خارج ہونا (ا) (۱) نکلنا۔ باہر ہونا۔ جدا ہونا (۲) مقدمے کا ڈسمس ہونا ٭

خارجہ (ع) مذکر۔ باہر کا۔ خارج شدہ ٭

خارجی (ع) مذکر (۱) بے ایمان۔ دینِ اسلام سے نکلا ہُوا۔ (۲) مسلمانوں کا وہ فرقہ جو حضرت علی رض کو خلیفۂ برحق نہیں مانتا ٭

خارش۔ خارشت (خا۔ رِش۔ خا۔ رِشت) (ف) مؤنث (۱) کھجلی۔ کھاج (۲) ایک سوداوی مرض جس سے تمام جسم پھیل جاتا اور کھجلاتا ہے ٭

خارشی (ف) کھجلی والا۔ وہ وجود جسے خارش ہو ٭

خارشی کُتیا مخمل کی جھول (ا) مثل۔ بدصورت خوش پوشاک آدمی ٭

خارقِ عادات (ع) (۱) عادت اور قدرتی قاعدے کو توڑ دینے والا (۲) مذکر (کنایۃً) انبیا کے معجزے۔ اولیا کی کرامات ٭

خازن (خا۔ زِن) (ع) مذکر۔ خزانچی ٭

خاستائی (خاش۔ تا۔ ای) (ا) مذکر۔ کبوتر کا ایک رنگ ۔

خاشاک (خا۔ شاک) (ف) مذکر۔ دیکھو "خاروخس" ٭

خاص (خاص) (ع) (۱) مخصوص۔ نج کا۔ ذاتی۔ اپنا (۲) (ا) صرف۔ فقط (۳) (ا) عمدہ۔ منتخب (۴) (ا) ٹھیک۔ ٹھیٹ (۵) (ا) مرغوب۔ پیارا۔ چاہیتا ٭

خاص بازار (ع۔ ف) مذکر (۱) شاہی بازار۔ وہ بازار جو بادشاہ کے درِ دولت کے سامنے ہو (۲) دہلی کا ایک بازار ٭

خاص بردار (ع۔ ف) مذکر۔ ایک قسم کے سپاہی جو امرائے سلطنت کی سواری کے آگے کندھوں پر بندوقیں رکھ کر چلتے ہیں۔ بندوقچی سپاہی ٭

خاص تحصیل (ع) مؤنث۔ وہ تحصیل جس میں حاکمِ ضلع [illegible] کا اجلاس ہوتا ہے ٭

خاص تراش (ع۔ ف) مذکر۔ امیروں کا حجّام۔ بادشاہ اور امیروں کی حجامت بنانے والا ٭

خاص خاص لوگ (ا) مذکر (۱) ذی عزّت اور رئیس آدمی۔ منتخب اشخاص (۲) اولیاء اللہ ٭

خاص دان (خاص۔ دان) (ا) مذکر۔ گلوریوں کے رکھنے کا ظرف جو گنبد نما ہوتا ہے۔ گلوری دان ٭

خاص کر (ا) بالخصوص۔ خصوصاً ٭

خاصگی (خا۔ صَگی) (ع۔ ف) مذکر (۱) بادشاہ اور امرا کا مصاحب (۲) رسالدار (۳) خزانچی (۴) مؤنث۔ مالک کی مدخولہ لونڈی (۵) ہر عمدہ چیز ٭

خاص نویس (ع۔ ف) مذکر۔ ذاتی منشی۔ نج کا منشی۔ پرائیویٹ سکرٹری ٭

خاص و عام (ع) مذکر۔ چھوٹے بڑے۔ امیر و غریب۔ تمام۔ سب ٭

خاصا (خا۔ صا) (ا) مذکر (۱) خوب۔ اچھا۔ موزوں۔ خوشنما۔ (۲) بُرا نہ بھلا۔ درمیانی۔ متوسّط ٭

خاصّہ (خاص۔ صّہ) (ع) مذکر۔ عادت۔ خصلت۔ خو ٭

خاصہ (خا۔ صہ) (ع) مذکر (۱) بادشاہوں یا امیروں کا کھانا (۲) بادشاہ کی سواری کا گھوڑا (۳) ایک قسم کا کپڑا جو سفید سُوت کا ہوتا ہے ٭

خاصی (ا) (۱) اچھی۔ عمدہ (۲) بری نہ بھلی۔ متوسّط درجے کی (۳) امیروں کی بندوق ٭

خاصی پیاری (ا) مؤنث۔ زنخہ۔ بی بی۔ بھوجی ٭

خاصیّت (خا۔ صیّ۔ یَت) (ع) مؤنث (۱) مزاج۔ طبیعت۔ خصلت۔ عادت (۲) اثر۔ تاثیر ٭

خاطر (خا۔ طِر) (ع) مؤنث (۱) وہ جو دل میں گزرے۔ (۲) دل۔ من (۳) (ا) جگر۔ کلیجہ (۴) (ا) چت۔ دھیان (۵) (ا) قصد۔ ارادہ (۶) (ا) مرضی۔ خوشی۔ پاس۔ لحاظ (۷) (ا) تواضع۔ آؤبھگت (۸) (ا) طبیعت۔ مزاج (۹) (ا) لئے۔ واسطے (۱۰) (ا) پاسداری۔ طرف داری ٭

خاطر آزردہ (ع) رنجیدہ۔ ناراض۔ دل آزردہ۔ ملول۔ کبیدہ خاطر ٭

خاطر جمع (ع) مؤنث۔ دل جمعی۔ اطمینان۔ تسکین۔ تسلّی ٭

خاطر خواہ (ع۔ ف) موافقِ طبع۔ حسبِ دلخواہ ٭

خاطرداری (ا) مؤنث۔ تواضع۔ مدارات۔ مہمان نوازی۔

خاطر میں نہ لانا (ا) خیال نہ کرنا۔ عزّت نہ کرنا۔ بات نہ پوچھنا ٭

خاطر نشان (ا) مؤنث (ہندو) اطمینان۔ تسکین۔ خاطر جمع ٭

خاطف (خا۔ طِف) (ع) اچک لے جانے والا ٭

خاطی (خا۔ طی) (ع) بالارادہ خطا کرنے والا۔ گناہگار۔

خطاکار۔ پاپی ٭

خاقان (خا۔ قان) (ت) مذکر۔ سلطان۔ بڑا بادشاہ۔ چین اور ترکستان کے بادشاہوں کا لقب ٭

خاک (خاک) (ف) مؤنث (۱) مٹّی۔ دُھول۔ گرد (۲) (۱) راکھ۔ خاکستر (۳) (ا) زمین۔ دھرتی (۴) (ا) کچھ۔ ذرا۔ (۵) (ا) کچھ نہیں۔ بالکل نہیں ٭

خاک اُڑانا (ا) (۱) گرد اڑانا (۲) بدنام کرنا (۳) آوارہ پھرنا ٭

خاک انداز (ف) مذکر۔ کوڑا ڈالنے کا برتن ٭

خاک بازی (ف) مؤنث۔ کھیل کود ٭

خاک برسنا (ا) (۱) ریت اڑنا (۲) ویرانی برسنا ٭

خاک بسر (ف) پریشان حال۔ خراب وخستہ ٭

خاکِ پا (ف) مؤنث (۱) پاؤں کے نیچے کی مٹّی (۲) نہایت حقیر چیز ٭

خاک پھانکنا (ا) (۱) آوارہ پھرنا (۲) جھوٹ بولنا ٭

خاک تودہ (ا) مذکر۔ آماجگاہ۔ نشانہ لگانے کی مٹّی کا ڈھیر۔ چاند ماری کا ڈھانچا ٭

خاک چاٹ کر بات کہنا (ا) عجز و انکسار کر کے کچھ کہنا۔ دعوے کی بات کو عجز کے ساتھ ظاہر کرنا ٭

خاک چھاننا (ا) (۱) نہایت تلاش کرنا (۲) آوارہ پھرنا۔ (۳) تباہ و برباد ہونا ٭

خاک دان (ف) مذکر (۱) مٹّی اور کوڑا کرکٹ پھینکنے کی جگہ (۲) (مجازاً) دنیا ٭

خاک دھول (ا) مؤنث (عو) کچھ نہیں ٭

خاک ڈالنا (ا) (۱) دبانا۔ چھپانا (۲) توجّہ نہ کرنا۔ خیال نہ کرنا ٭

خاک روب (ف) مذکر۔ جاروب کش۔ مہتر۔ بھنگی۔ حلال خور ٭

خاکسار (ف) مذکر۔ مٹّی میں ملا ہوا۔ عاجز۔ اظہارِ فروتنی کے لئے کہتے ہیں ٭

خاکساری (ف) مؤنث۔ عجز و انکسار۔ عاجزی۔ غریبی ٭

خاک سیاہ ہو جانا (ا) (عو) جل کر راکھ ہو جانا۔ تباہ و برباد ہو جانا ٭

خاکِ شفا (ف۔ ع) مؤنث۔ شفا بخشنے اور تندرست کر دینے والی مٹّی۔ شہدائے کربلا کے مدفن کی خاک ٭

خاک کا پتلا (ا) مذکر۔ آدمی۔ مشتِ خاک ٭

خاک کا پیوند ہونا (ا) زمین میں دفن ہونا۔ خاک میں ملنا ٭

خاک کرنا (ا) جلا کر راکھ کرنا۔ اجاڑنا۔ تباہ کرنا ٭

خاک لے ڈالنا (ا) بار بار جانا۔ دروازے کی مٹّی اٹھانا ٭

خاک میں ملانا (ا) (۱) برباد کر ڈالنا۔ اجاڑنا۔ خراب کرنا (۲) نابود کرنا۔ پامال کرنا ٭

خاک میں مل جائے (ا) (عو) مر جائے۔ دفن ہو جائے ٭

خاک نائے (ف) مؤنث۔ خشکی کا وہ تنگ قطعہ جو دو بڑے خشکی کے قطعات کو ملائے ٭

خاک نہ دھول بکائن کے پھول (ا) مثل۔ کام کے نہ کاج کے۔ مفت کے شیخی خورے ٭

خاک نہیں (ا) کچھ نہیں۔ ذرا نہیں ٭

خاکستر (خا۔ کِس۔ تَر) (ف) مؤنث۔ راکھ۔ جلی ہوئی چیز کی بھبوت ٭

خاکسی (خاک۔ سی) (ا) مؤنث۔ خاکستر۔ خوب کلاں۔ ایک نہایت باریک تخم ٭

خاکش بدہن (ف) اس کے منہ میں خاک (۱) کسی نے کوئی بری بات کہی ہو تو اس کے متعلق کہتے ہیں (۲) اس کا ستیاناس ہو ٭

خاکم بدہن (ف) میرے منہ میں خاک۔ جب اپنے منہ سے کوئی بدشگونی کی یا بری بات نکل جائے تو کہتے ہیں ٭

خاکہ (ا) مذکر (۱) پنسل یا چاک سے نقشہ وغیرہ کا نشان ڈالنا (۲) (مجازاً) ڈھانچا۔ نقشہ۔ چربہ ٭

خاکہ اُتارنا (ا) مسودہ کرنا۔ کچا نقشہ بنانا ٭

خاکہ اُڑانا (ا) (۱) نقل اڑانا۔ نقشہ کھینچنا (۲) بدنام کرنا۔ نام نکالنا (۳) ڈھنگ اڑانا۔ طور سیکھنا ٭

خاکہ کھینچنا (ا) نشان ڈالنا۔ مسودہ کرنا۔ خاکہ اتارنا ٭

خاکی (ف) (۱) خاک کی پیدائش۔ خاک آلودہ (۲) مٹیالا (۳) خاک کے رنگ کا کپڑا۔ مٹیالے رنگ کی وردی (۴) مذکر۔ فقیروں کا ایک فرقہ جو خاکی شاہ کا پیرو ہے ٭

خاکی انڈا (ا) مذکر (۱) وہ انڈا جو مرغی جفتی کے بغیر خاک میں لوٹ کر دے (۲) حرامی ٭

خاگینہ (خا۔ گی۔ نہ) (ف) مذکر۔ پکے ہوئے انڈے۔ انڈوں کا سالن۔ تلے ہوئے انڈے اور کتری ہوئی پیاز ملا کر قیمہ کی طرح پکایا ہوا سالن ٭

خال (خال) (ع) مذکر (۱) وہ قدرتی سیاہ نقطہ جو چہرے

یا جسم پر ہوتا ہے (۲) (ا) وہ زنگا کبوتر، سفیدی کے ساتھ اور رنگ ملا ہؤا کبوتر (۳) (ا) کاجل کا وہ نشان جو ناز نین اشخاص خوبصورتی یا نظر بد کے دفعیہ کے لئے چہرے پر لگا لیتے ہیں (۴) ماموں - خالو ❊

خال خال (ا) کم کم - اِکّا دُکّا - بعض بعض - کوئی کوئی ❊

خالدہ ادیب خانم (خَا-لِدَہ-اَدِیْب-خَا-نَمْ) (ع) مؤنث - ترکی کی ایک فاضل خاتون جو بلند پایہ مصنفہ اور مشہور فدائے وطن ہیں ❊

خالص (خَا-لِص) (ع) نرل - صاف - اصل - کھرا ❊

خالصہ (ع) (۱) جو کسی سے ملا ہؤا نہ ہو - سرکاری زمین جس میں کسی اور کا حق نہ ہو (۲) ذی عزت (۳) مذکر - سکھ سردار - سکھوں کی فوج ❊

خالصے لگنا (ا) (عو) (۱) ضبط ہونا (۲) ضائع ہونا - برباد ہونا ❊

خالق (خَا-لِق) (ع) مذکر - پیدا کرنے والا - خدا ❊

خالو (خَا-لُو) (ا) مذکر - خالہ کا خاوند - ماں کی بہن کا شوہر ❊

خالہ (خَا-لَہ) (ع) مؤنث - ماں کی بہن - موسی ❊

خالہ جایا (ا) مذکر (عو) خالہ کا بیٹا - خالہ زاد ❊

خالہ جی کا گھر (ا) مذکر (۱) نہایت آسان کام (۲) وہ چیز جس پر دعویٰ ہو سکے ❊

خالہ چاندنی کا کنبہ (ا) مثل - اس موقع پر بولتے ہیں - جب گھر کا گھر ہی نالائق ہو ❊

خالہ زاد بھائی (ا) مذکر - خالہ کا بیٹا بھائی - خالہ جایا ❊

خالہ زاد بہن (ا) مؤنث - خالہ کی بیٹی بہن - خالہ جائی ❊

خالہ کی مہمانی ہاتھ ڈال پچھتانی (ا) مثل - غیر جگہ کی دست اندازی میں افسوس ہی افسوس ہوتا ہے ❊

خالی (خَا-لِی) (ع) (۱) مجوف (۲) صرف - اکیلا - تنہا - (۳) (ا) بے کار - نکما (۴) (ا) بے روزگار (۵) غیر مقبوضہ - غیر آباد ❊

خالی جانا (ا) نشانے پر نہ بیٹھنا - بندوق کا خطا کرنا - گولی نہ لگنا ❊

خالی خریطی پوری فضیحتی (ا) مثل - جب آدمی کی جیب میں کچھ نہیں ہوتا تو ذلیل ہی رہتا ہے ❊

خالی سے بیگار بھلی (ا) مثل - یعنی بے شغلی سے مشقت کا کام اچھا ❊

خالی کا چاند - یا - مہینا (ا) مذکر (عو) ماہ ذی قعدہ - قمری گیارھویں مہینے کا چاند ❊

خالی ہاتھ (ا) مفلس - نادار - بہت غریب ❊

خام (خَام) (ف) (۱) کچا - ناپختہ (۲) کمزور (۳) ناتجربہ کار (۴) بند - سربستہ ❊

خام پارہ - یا - خمپارہ (ف) (۱) کچی لوٹی ہوئی چھنال - فاحشہ (۲) مونث - ایک قسم کی چھوٹی توپ ❊

خام خیالی (ف) مؤنث - گمان غلط - جھوٹا خیال - وہم ❊

خام کرنا (ا) بند کرنا - ہانڈی کا منہ بند کرنا ❊

خام کو کام سکھا لیتا ہے (ا) مثل - ناواقف آدمی تجربے سے مشاق ہو جاتا ہے ❊

خاموش (خَا-مُوش) (ف) چپ - ساکت ❊

خاموشی (ف) مؤنث - سکوت - چپ ❊

خامہ (خَا-مَہ) (ف) مذکر - قلم - کلک ❊

خامہ فرسا (ف) لکھنے والا ❊

خامی (ف) مؤنث - کچاپن - ناتجربہ کاری - نقص - کمی ❊

خان (خَان) (ف) مذکر (۱) سردار - رئیس اور امیر آدمیوں کا لقب (۲) پٹھانوں کا لقب (۳) خانساماں اور ڈوم کا خطاب ❊

خان بہادر (ف) مذکر - وہ عزت کا خطاب جو سرکار کی طرف سے کسی صلے یا عہدے کے لحاظ سے دیا جاتا ہے ❊

خانخاناں (ت) مذکر (۱) سرداروں کا سردار - امیروں کا امیر (۲) عبدالرحیم بن بیرم خاں نورتن اکبری کا خطاب ❊

خانخاناں جن کے کھانے میں پتا نا (یعنی چھپی ہوئی چیز) (ا) مثل - اس موقع پر کہتے ہیں جب کوئی شخص پوشیدہ طریق سے کسی پر احسان کرے ❊

خاندان (خَان-دَان) (ف) مذکر (۱) گھرانا - نسل - گوت (۲) قبیلہ ❊

خاندانی (ف) نسبی - عمدہ نسل کا - قدیمی شریف ❊

خانساماں (ف) مذکر (۱) گھر کا سامان کرنے والا - داروغہ - میر ساماں (۲) صاحب لوگوں کا کھانا پکانے والا - خدمت گار ❊

خانقاہ (خَان-قَاہ) (ا) مؤنث - درویشوں اور مشائخ کے رہنے کی جگہ - امام باڑہ - مقبرہ ❊

خانگی (خَا-نگی) (ف) (۱) گھریلو - گھر کا (۲) بیچ کا - ذاتی - خاص اپنا (۲) (ا) مذکر - پوشیدہ طور پر پیشہ کرنے والی برقع پوش عورت ❊

خانگی جھگڑا (ا) مذکر - خانگی فساد - آپس کا جھگڑا ❊

خانم (ف) مؤنث (۱) اعلیٰ خاندان کی عورتوں کا لقب -

امیرزادی - بیگم - بیوی (۲) (ل) وہ عورت جو قوم کی پیشانی ہو ۔

خانماں (خَا - نْ - مَاں) (ف) مذکر - گھر کا اسباب - اثاث البیت ۔

خانماں خراب (ف) تباہ و برباد آدمی - رنڈوا ۔

خانوادہ (خَا - نْ - وَا - دَہْ) (ف) مذکر (۱) خاندان (۲) مشائخ یا درویشوں کا وہ خاندان جس سے انہیں توسّل ہو - فقراء کا سلسلہ ۔

خانہ (خَا - نَہْ) (ف) مذکر (۱) گھر - مکان (۲) (ل) کبوتروں یا مرغیوں کے رہنے کا ڈربہ - کابک (۳) گھونسلا (۴) (ل) صندوقچہ کے اندر کا گھر (۵) شطرنج کے مہرے کا گھر ۔

خانہ آباد دولت زیادہ (ف) دعا - دولت وافر اور گھر بھرا رہے ۔

خانہ باغ (ف) مذکر - مکان کے اندر کا باغ ۔

خانہ بدوش (ف) (آ) ۔ پریشان - وہ شخص جو ایک جگہ گھر بسا کر نہ رہے - وہ قوم یا آدمی جن کا خاص کوئی ٹھکانا نہ ہو ۔

خانہ برانداز (ف) (۱) گھر بار اجاڑ دینے والا (۲) (کنایۃً) معشوق ۔

خانہ بربادی (ف) مؤنث - بیوی کا مر جانا - گھر یا خاندان کی تباہی ۔

خانہ پُری (ل) مؤنث - سرکاری مقررہ نقشوں کو پُر کرنا - نقشہ بھرنا ۔

خانہ تلاشی (ف - ت) مؤنث - کوئی چیز ڈھونڈنے کے لئے مکان کا سارا سامان الٹ پلٹ کر دینا - گھر کی تلاشی ۔

خانہ جنگی (ف) مؤنث - گھر کی لڑائی - آپس کی لڑائی - دنگا - فساد - جھگڑا ۔

خانۂ خدا (ف) مذکر - عبادت گاہ - مسجد - مندر - گرجا ۔

خانہ خراب (ف) مذکر (۱) رنڈوا شخص جس کی بیوی مر چکی ہو - اجڑا ہوا - تباہ و برباد (۲) آوارہ گرد - بدوضع - ہرجائی ۔

خانۂ خمّار (ف - ع) مذکر - شراب خانہ - میخانہ - بھٹی ۔

خانہ داری (ف) مؤنث - گھر کے معاملات - گھر بار کا کام کاج ۔

خانہ زاد (ف) مذکر - گھر کا پیدا شدہ غلام - لونڈی کا بچّہ - پرستار زادہ ۔

خانہ ساز (ف) (۱) مکان بنانے والا معمار (۲) گھر کی بنی ہوئی چیز ۔

خانہ شماری (ف) مؤنث (۱) گھروں اور مکانوں کا شمار کرنا - (۲) (مجازاً) آدمیوں کا شمار کرنا - مردم شماری ۔

خانہ نشین (ف) (۱) گھر بیٹھنے والا - گوشہ نشین (۲) بے کار - معطّل ۔

خاور (خَا - وَرْ) (ف) مذکر (۱) مشرق - پورب (۲) خراسان ۔

خاوند (خَا - وِنْدْ) (ف) مذکر - آقا - مالک - شوہر - گھر والا - پتی ۔

خاوندی (ف) مؤنث - بندہ نوازی - پرورش - عنایت ۔

خائف (خَا - اِفْ) (ع) مذکر - ڈرنے والا - ڈرپوک - ترساں ۔

خائن (خَا - اِنْ) (ع) مذکر - بددیانت - خیانت کرنے والا ۔

خایہ (خَا - یَہْ) (ف) مذکر (۱) بیضہ - انڈا (۲) خصیہ - فوطہ (۳) (ل) عضوِ تناسل - ذکر - قضیب ۔

خ - ب

خباثت (خَبَا - ثَتْ) (ع) مؤنث (۱) پلیدی - ناپاکی - گندگی (۲) بدباطنی - شرارت ۔

خُبث (خُبْثْ) (ع) مذکر - پلیدی - گندگی ۔

خبر (خَبَرْ) (ع) مؤنث (۱) آگاہی - اطلاع (۲) پیغام - سندیسا (۳) افواہ - شہرت (۴) حدیثِ نبوی (۵) (ل) پتہ - نشان (۶) (ل) مرنے کی اطلاع (۷) (ل) ہوش - سمجھ - عقل ۔

خبر اُڑانا (ل) جھوٹی بات مشہور کرنا - افواہ اڑانا ۔

خبردار (ع - ف) (۱) واقفکار - آگاہ (۲) ہوشیار - چوکس (۳) مذکر - مخبر - جاسوس (۴) ہرگز - زنہار ۔

خبرداری (ع - ف) مؤنث - نگہبانی - ہوشیاری - احتیاط ۔

خبررساں (ع - ف) مذکر - قاصد - نامہ بر - خبر لے جانے والا - ہرکارہ ۔

خبر کو بھیجنا (ل) کسی کو بیمار پرسی یا مزاج پرسی کے لئے بھیجنا ۔

خبرگیری (ع - ف) مؤنث (۱) خبرداری (۲) مدد - سلوک ۔

خبر لینا (ل) (۱) دستگیری کرنا (۲) پوچھنا - دریافت کرنا - (۳) دیکھنا - نظر رکھنا (۴) مارنا - سزا دینا - ٹھیک بنانا - درست کرنا ۔

خبر نہ ہونا (ل) (۱) واقف نہ ہونا - اطلاع کا نہ ہونا (۲) خاموش رہنا - چپ رہنا (۳) خیال نہ کرنا - (۴)

ہوش نہ آنا۔

خبط (خَبط) (ع) مذکر۔ دیوانگی۔ جنون۔ سودا۔

خبطی (ع۔ف) مذکر۔ دیوانہ۔ مجنون۔ پاگل۔ سودائی۔ بے وقوف۔

خبیث (خَبِیث) (ع) مذکر (۱) پلید۔ ناپاک۔ نجس۔ (۲) (ا) شریر۔ بدطین۔

خبیر (خَبِیر) (ع) (۱) خبر دینے والا۔ اطلاع پہنچانے والا (۲) خدا تعالیٰ کا صفاتی نام۔ عالم الغیب۔ ہر چیز کی خبر رکھنے والا۔

خ - ت

ختا (خَتا) (ف) دیکھو "خطا ۲"۔

ختنک (خُت۔ تَنک) (ا) مذکر (۱) سونٹا (۲) انگوٹھا۔

ختنکا (ا) مذکر (۱) سونٹا۔ گدکا (۲) انگوٹھا۔ ٹھینگا (۳) بھنگ گھوٹنے کا ڈنڈا (۴) آلۂ تناسل۔

ختم (خَتم) (ع) مذکر (۱) اخیر۔ انجام۔ انتہا۔ تمام۔ اتمام (۲) قرآن شریف کے ختم ہونے کی رسم (۳) فاتحہ۔ نذر نیاز۔

ختم کرنا (ا) (۱) تمام کرنا۔ انجام کو پہنچانا (۲) فاتحہ دلوانا۔ نیاز دلوانا (۳) قرآن شریف کو تمام کرنا۔

ختم ہونا (ا) (۱) تمام ہونا۔ انجام کو پہنچنا۔ نبڑنا (۲) فاتحہ ہونا۔ نیاز ہونا (۳) قرآن شریف کا پورا ہونا۔

ختن (خُتَن) (ایشیا) مذکر (۱) تاتار (۲) تاتار میں ایک علاقہ جہاں کا مشک مشہور ہے (۳) تاتار کا دار الخلافہ۔

ختنہ (خت۔ نہ) (ع) مذکر۔ سنّت مسلمانوں میں حضرت ابراہیمؑ کی وہ قائم کی ہوئی رسم جس میں بچے کے عضو تناسل کا زائد چمڑا کاٹا جاتا ہے۔

خ - ٹ

خٹا (خُٹ۔ ٹا) (ا) مذکر۔ خایہ۔ عضو تناسل۔

خ - ج

خجالا (خَجا۔ لا) (ا) بیہودہ۔ بکواسی۔

خجالت (خَجا۔ لت) (ع) مؤنث۔ شرمندگی۔ حیا۔ شرم۔ ندامت۔ غیرت۔

خجستہ (خُجس۔ تہ) (ف) مبارک۔ فرخندہ۔ مسعود۔

خجل (خَجِل) (ع) شرمندہ۔

خ - چ

خچر (خَچ۔ چَر) (ا) مذکر۔ وہ دوغلا جانور جو خر نر اور اسپ مادہ سے پیدا ہوا ہو۔

خ - د

خدا (خُدا) (ف) مذکر (۱) اللہ۔ ایشور۔ نارائن (۲) خداوند۔ مالک۔ صاحب۔ آقا۔

خدا اس کا سہرا دکھائے (ا) (عو) خدا اس کا بیاہ دکھلائے۔ خدا اسے دولہا بنا کر دکھائے۔

خدا امیر کے پاس فقیر بھی نہ بٹھائے (ا) مثل۔ امیر کا پڑوسی بھی تکلیف میں رہتا ہے۔ خدا بچائے۔

خدا بخشے (ا) دعائے مغفرت جو کسی مُردے کا ذکر کرنے سے پہلے زبان پر لاتے ہیں۔

خدا پر چھوڑ دینا (ا) (۱) خدا پر بھروسہ کر کے بیمار کا علاج ترک کر دینا (۲) توکل پر بیٹھنا۔ کسی کام کو خدا کے بھروسے پر چھوڑنا۔

خدا پرست (ف) زاہد۔ عابد۔ خدا کو پوجنے والا۔ حق پرست۔

خدا ترس (ف) رحمدل۔ نرم دل۔ خدا سے ڈرنے والا۔

خدا جانے (ا) واللہ اعلم۔ خدا کو خبر ہے۔

خدا جھوٹ نہ بلوائے (ا) کوئی غیر معمولی بات کرنے سے پہلے کہتے ہیں۔

خدا چاہے (ا) انشاء اللہ تعالیٰ۔ اگر خدا کی مرضی ہو۔

خدا حافظ (ف ع) مذکر۔ کلمۂ دعا جو رخصت ہوتے وقت ایک دوسرے کو کہتے ہیں یعنی تمہیں خدا کی حفاظت میں سونپا۔ اللہ بیلی۔ فی امان اللہ۔

خدا خدا کر کے (ا) بمشکل۔ بدقت۔ دشواری سے۔

خدا خدا کرنا (ا) (۱) خدا کا نام لینا۔ اللہ کی عبادت کرنا (۲) توبہ توبہ کرنا۔ باز آنا۔

خدا خدا کرو (ا) جھوٹ نہ بولو۔ خدا سے ڈرو۔

توبہ توبہ کرو۔

خداداد (ف) عطائے غیبی۔ عطیۂ الٰہی۔ وہ چیز جو خدا نے دوسرے کی مدد کے بغیر بخشی ہو۔

خدا دیتا ہے تو چھپّر پھاڑ کر دیتا ہے (ہ) مثل۔ خدا کی عنایت کسی ذریعے کی محتاج نہیں۔ جب چاہتا ہے تو بے سبب بھی دے دیتا ہے۔

خدارا (ف) خدا کے لئے۔

خدارسیدہ (ف) نیک۔ پرہیزگار۔ ولی۔

خدا رکھے (ا) (عو) جب کسی زندہ بچے کا ذکر کرتے یا اپنے کسی عزیز کا غیبت میں کسی سے بیان کرتے ہیں تو اوّل یہ لفظ زبان پر لاتے ہیں کہ خدا اسے زندہ رکھے۔

خدا سلامت رکھے (ا) (دعا) خدا جیتا رکھے۔ بعض اوقات طنزاً بھی کہا جاتا ہے۔ جہاں مدح کی بجائے ذم مراد ہو۔

خدا سمجھے (ا) خدا اسے سزا یا بدلہ دے۔

خدا سے ڈرو (ا) خدا کا خوف کرو۔ توبہ کرو۔ بُرے کاموں سے باز آؤ۔

خدا سے لڑنا (ا) زبردست سے مقابلہ کرنا۔ اپنی شامت آپ لانا۔

خدا سے لَو لگنا (ا) (۱) خدا کی طرف دھیان بندھنا (۲) حالتِ نزع میں ہونا۔

خدا شکر خورے کو شکر ہی دیتا ہے (ا) خدا ہر شخص کو اس کی ضروریات کے مطابق دیتا ہے۔

خداشناس (ف) خدا کو جاننے والا۔ نیک۔ بزرگ۔ اللہ والا۔

خدا کا دیا سر پر (ا) مثل۔ ہر آفت و مصیبت کو جھیلنا لازم ہے۔ ہر حالت میں صبر و شکر کرنا چاہئے۔

خدا غارت کرے (ا) (دعائے بد) خدا ناپید کرے۔ خدا کھو دے۔

خدا کا قہر ٹوٹے (ا) (عو) خدا کا غضب نازل ہو۔

خدا کا کارخانہ (ا) مذکر۔ دنیا کا انتظام۔

خدا کا گھر (ا) مذکر۔ خانۂ خدا۔ مسجد۔

خدا کا نام لو (ا) اللہ اللہ کرو۔ سچ بولو۔ انصاف کرو۔

خدا کو مان (ا) (عو) یہ کام نہ کر۔ خدا کی قسم اس بات کا خیال نہ کر۔

خدا کی باتیں خدا ہی جانے (ا) مثل۔ خدا کے بھیدوں کی کسی کو خبر نہیں۔ خدا کی حکمت خدا ہی کو معلوم ہے۔

خدا کے پاس جانا (ا) مرنا۔ انتقال کرنا۔

خدا کی پناہ (ا) معاذ اللہ۔ خدا بچائے۔

خدا کی چوری نہیں چوری تو پھر بندے کی کیا چوری (ا) مثل۔ جب بندے کے گناہ خدا سے چھپ نہیں سکتے تو بندوں سے کیا چھپانا۔

خدا کی دین (ا) مؤنث۔ خدا کی عنایت۔ بخشش الٰہی۔

خدا کی راہ کا سودا (ا) مذکر۔ کسی کا کام خدا کے لئے پورا کر دینا۔ ثواب کا کام۔

خدا کی سنوار (ا) (عو) خدا تجھے عقل دے۔ تجھے خدا سمجھے۔ خدا سزا دے۔

خدا کے گھر جانا (ا) مرنا۔ انتقال کرنا۔

خدا کے گھر سے پھرنا (ا) مر کر بچنا۔ سخت مہلک بیماری سے نجات پانا۔

خدا کی لاٹھی میں آواز نہیں ہوتی (ا) مثل۔ خدا فوراً سزا نہیں دیتا۔ بلکہ جب بندہ اپنے گناہ کو بھول جاتا ہے۔ اس وقت پکڑ لیتا ہے۔

خدا کی مار (ا) خدا کا غضب۔ غیب کی سزا۔

خدا گنجے کو ناخن نہ دے (ا) مثل۔ خدا کم حوصلہ اور کمینہ آدمی کو کوئی اختیار نہ دے۔

خدا لڑتی رات کرے نہ بچھڑتی نہ کرے (ا) مثل۔ لڑائی بھڑائی کا ڈر نہیں۔ مگر خدا فراق کی مصیبت نہ ڈالے۔

خدا لگتی کہنا (ا) سچ کہنا۔ انصاف کی کہنا۔ طرفداری نہ کرنا۔

خدا مارے یا چھوڑے (ا) کچھ ہی ہو۔ اس میں خدا بخشے یا نہ بخشے۔

خدا مہربان تو جگ (کل) مہربان (ا) مثل۔ خدا کی عنایت ہو تو سبھی خیر خواہ بن جاتے ہیں۔ جدھر رب۔ ادھر سب۔

خدانخواستہ (ف) } خدا ایسا نہ کرے۔
خدا نہ کرے (ا) } ایسا نہ ہو۔

خدا واسطے بلّی بھی چوہا نہیں مارتی (ہ) مثل۔ ہر شخص فائدے کے لئے کام کرتا ہے۔ خدا واسطے کوئی کام نہیں کرتا۔

خدا واسطے کا بیر یا دشمنی (ا) مؤنث۔ ناحق کی دشمنی۔ بغض قلبی۔

خداوند (ف) مذکر۔ صاحب۔ مالک۔ آقا۔

خدائگان (ف) مذکر۔ بڑا بادشاہ۔ خداوند ٭
خدائی (ف) مؤنث (۱) صاحبی (۲) خدا ہونا (۳) دنیا ٭
خدائی خوار (ف) مذکر (۱) آوارہ۔ خانہ خراب (۲) ذلیل و رسوا۔ زمانہ بھر کا آوارہ ٭
خدائی خوار گدھے سوار (ہ) مثل۔ خراب و خستہ۔ آوارہ و سرگرداں ٭
خدائی رات (ا) مؤنث۔ رَت جگا ٭
خدائی کا جھوٹا (ا) مذکر۔ زمانے کا جھوٹا۔ فریبی۔ دغاباز ٭
خدائی کا دعوٰی کرنا (ا) غرور کرنا۔ تکبّر کرنا ٭
خدائے مجازی (ف۔ع) مذکر (مرادًا) (۱) بادشاہِ وقت۔ حاکمِ وقت (۲) شوہر ٭
خدایا (ف) اے خدا۔ یا الٰہی ٭
خدا یاد آنا (ا) کمال مصیبت میں گرفتار ہونا۔ شانِ خدا کا جلوہ نظر آنا ٭
خدّام (خُد۔دَام) (ع) مذکر۔ خادم کی جمع۔ خدمت کرنے والے ٭
خدشہ (خَد۔شَہ) (ف) مذکر۔ اندیشہ۔ فکر۔ ڈر۔ خوف۔ خطرہ۔ شک۔ شبہ ٭
خدع (خَدْع) (ع) مذکر۔ فریب دینا ٭
خدکا (ا) دیکھو "ختکا" ٭
خدم (خُدَم) (ع) مذکر۔ خادم کی جمع ٭
خدمات (ع) مؤنث۔ خدمت کی جمع۔ کارگزاریاں ٭
خدمت (خِد۔مَت) (ع) مؤنث (۱) نوکری۔ چاکری۔ سیوا (۲) کام کاج ٭
خدمت سے عظمت ہے (ا) مثل۔ محنت کے ساتھ کام کرنے سے کامیابی ہوا کرتی ہے۔ کارگزاری سے مرتبہ ملتا ہے ٭
خدمتگار (ع۔ف) مذکر۔ خادم۔ نوکر۔ سیوک۔ خدمتی ٭
خدمتگاری (ا) مؤنث۔ نوکری۔ پیشۂ ملازمت ٭
خدمتگزار (ف) مذکر۔ خدمت ادا کرنے والا۔ محنتی۔ نوکر ٭
خدمتِ منصبی (ع) مؤنث۔ فرضِ منصبی۔ کارِ متعلقہ ٭
خدمتی (ف) مذکر۔ ٹہلوا۔ نوکر چاکر ٭
خدنگ (خَدَنگ) (ف) مذکر۔ ایک قسم کا چھوٹا تیر (۲) ایک مضبوط درخت کا نام جس کی لکڑی سے تیر بنائے جاتے ہیں ٭

خدیجہ (خَدِی۔جَہ) (ع) مؤنث۔ رسولِ مقبول صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی پہلی بیوی ٭
خدیو (خِدِیو) (ف) مذکر (۱) خداوند (۲) مصر کے بادشاہ کا لقب (۳) مطلق بادشاہ ٭

خ - ذ

خذ ما صفا ودع ما کدر (خُذ۔مَا۔صَفَا۔وَ۔دَعْ۔مَا۔کَدَرْ) (ع) مقولہ۔ جو صاف ہے۔ وہ لے لے۔ اور جو گدلا ہے۔ وہ چھوڑ دے۔ معقول بات اختیار کرو۔ اور بری بات ترک کر دو ٭

خ - ر

خر (خَر) (ف) مذکر۔ گدھا ٭
خرِ دجّال (ف) مذکر۔ دجّال کی سواری کا گدھا ٭
خردماغ (ا) خارج از عقل۔ بے وقوف ٭
خرِ عیسٰے اگر بمکّہ رود۔ چوں بیاید۔ ہنوز خر باشد (ف) مثل۔ کچھ ہی کرو۔ کمینوں میں شرفا کی سی نیک عادتیں پیدا نہیں ہو سکتیں۔ عیسٰی علیہ السّلام کا گدھا مکّے میں بھی ہو آئے تو اس کی صورت و سیرت نہیں بدلتی ٭
خرمست (ف) مذکر (۱) بدمست۔ متوالا (۲) بے پروا۔ فاقہ مست ٭
خرمستی (ف) مؤنث۔ گدھے کی سی مستی۔ شہوت پرستی۔ کود پھاند ٭
خروار (ف) مذکر۔ گدھے کا بوجھ ٭
خراب (خَرَاب) (ع) (۱) ویران۔ تباہ۔ برباد۔ اجڑا ہوا (۲) ضائع۔ اکارت (۳) برا۔ نکمّا (۴) خستہ۔ پریشان ٭
خراب حال (ع) پریشان حال۔ بدحال ٭
خراب خستہ اناج سستا (ا) مثل۔ نہایت تباہ حال اور مفلس آدمی ٭
خراب کرنا (ا) (۱) برباد کرنا۔ اجاڑنا (۲) بگاڑنا۔ نکمّا کرنا (۳) ویران کرنا۔ پریشان کرنا (۴) زنا کرنا۔ کسی غیر عورت سے بدفعلی کرنا ٭
خراب ہونا (ا) (۱) برباد ہونا۔ اجڑنا (۲) نکمّا ہونا۔ بگڑنا۔ (۳) حیران ہونا۔ پریشان ہونا (۴) کسی کے ساتھ فعلِ بد ہونا (۵) مفت کا سفر ہونا جس میں مطلب برنہ

گئے (۶) آوارہ ہونا۔ بدچلن ہونا ٭

خرابات (خَرا۔ بَاث) (ع) مؤنث (۱) جوئے خانہ (۲) شراب خانہ (۳) فحش کاری کا اڈا (۴) بت خانہ ٭

خراباتی (ف) مذکر (۱) شراب خور (۲) جواری ٭

خرابہ (ع) مذکر۔ ویران مکان۔ کھنڈر ٭

خرابی (ف) مؤنث (۱) تباہی۔ بربادی (۲) مشکل۔ دقت (۳) برائی۔ بدی (۴) بگاڑ ٭

خرّاٹا (خَرْ۔ رَا۔ ٹا) (ا) مذکر۔ وہ آواز جو اکثر بلغمی مزاجوں کے حلق سے سوتے وقت نکلتی ہے۔ خرخر ٭

خرّاٹے لینا (ا) سونے میں خرخر کرنا۔ بےخبر ہو کر سونا ٭

خراج (خَرَاج) (ع) مذکر۔ ملک کی آمدنی۔ مال گزاری۔ محصول۔ لگان۔ مداخل ٭

خراج گزار (ع۔ ف) مذکر (۱) باج گزار۔ ماتحت نواب۔ راجہ یا رئیس ٭

خرّاد (خَرْ۔ رَاد) (ف) مذکر (۱) ایک آلہ جس سے لکڑی یا لوہا چھیل کر درست۔ صاف اور گول بنایا جاتا ہے۔ (۲) دیکھو "خرّادی" ٭

خرّاد پر چڑھنا۔ یا۔ اُترنا (ا) (۱) درست ہونا۔ سنورنا (۲) تجربہ کار ہونا۔ زمانے کا سرد و گرم دیکھنا ٭

خرّادی (ا) مذکر۔ خرّاد کا کام کرنے والا ٭

خرادی مرادی (ا) خود غرض۔ مطلبی ٭

خراس (خَرَاس) (ف) مذکر۔ آٹا پیسنے کی بڑی چکی جسے بیل یا اونٹ چلاتے ہیں ٭

خراش (خَرَاش) (ف) مؤنث۔ رگڑ۔ کھیل ٭

خرّاط (خَرْ۔ رَاط) (ع) مذکر۔ دیکھو "خرّاد" ٭

خرافات (خُرَا۔ فَات) (ع) مؤنث۔ بیہودہ باتیں۔ ہنسی کی باتیں۔ گالی گلوچ ٭

خرافات بکنا (ا) گالی گلوچ کرنا۔ واہی تباہی بکنا۔ مسخراپن کرنا۔ مغلظات بکنا ٭

خرام (خَرَام) (ف) مذکر۔ رفتارِ ناز۔ وہ چال جو مٹک مٹک کے چلی جائے۔ ناز و انداز کی ملائم اور نرم چال ٭

خراماں خراماں چلنا (ا) مٹک کر چلنا۔ ناز و انداز سے چلنا ٭

خرانٹ (خُرَ۔ رَانٹ) (ا) (۱) تجربہ کار (۲) بوڑھا۔ (۳) مضبوط۔ سخت ٭

خربزہ۔ خربوزہ (خَرْ۔ بُزَہ + خَرْ۔ بُو۔ زَہ) (ف) مذکر۔ ایک بڑا اور شیریں مشہور پھل ٭

خربوزہ چھری پر گرے تو اور چھری خربوزے پر گرے تو نقصان خربوزے ہی کا ہے (ا) مثل۔ کمزور بہرحال نقصان اٹھاتا ہے ٭

خربوزے کو دیکھ کر خربوزہ رنگ پکڑتا ہے (ا) مثل۔ صحبت کا اثر بہت کارگر ہے۔ آدمی کو دیکھ کر آدمی ڈھنگ اختیار کرتا ہے ٭

خرپزہ (خَرْ۔ پُزَہ) دیکھو "خربزہ" ٭

خرج (خُرُوج) (ع) مذکر (۱) باہر نکلنا (۲) صرف ہونا

خرجی (خُرْ۔ جی) (ا) } مؤنث۔ جھولا۔ زنبیل۔ وہ
خرجین (خُرْ۔ جِین) (ف) } تھیلا جو ٹٹو کی پیٹھ پر ضروری اسباب کے لئے باندھ دیتے ہیں ٭

خرچ (خَرْچ) (ا) مذکر (۱) صرف۔ نقیض آمد۔ اٹھاؤ۔ لاگت (۲) روپیہ۔ زر ٭

خرچ اُٹھانا (ا) روپیہ خرچ کرنا ٭

خرچ دینا (ا) (۱) صرف کے لئے روپیہ دینا۔ (۲) مزدوری دینا۔ روزینہ دینا ٭

خرچ روزمرّہ (ا) مذکر۔ روزانہ خرچ۔ روز کا حساب ٭

خرچنا (ا) (۱) صرف کرنا۔ اٹھانا۔ بیاہ شادی میں دینا (۲) کام میں لانا۔ استعمال کرنا ٭

خرچنگ (خَرْ۔ چَنگ) (ف) مذکر۔ کیکڑا ٭

خرچہ (ا) مذکر۔ مقدمے کا صرف۔ لاگت۔ اٹھاؤ ٭

خرچہ بحساب رسدی (ف۔ ع) مذکر۔ حصّے کے مطابق خرچہ ٭

خرچہ دلانا (ا) ازروئے انصاف مدّعی یا مدّعا علیہ کو اس کا صرف جو قانوناً جائز ہے۔ دلانا ٭

خرچہ عدالت (ا) مذکر۔ مقدمہ کا صرف ٭

خرچی (ا) مؤنث۔ زنا کی اُجرت۔ حرام ٭

خرخر (خَرْ۔ خَر) (ا) مؤنث۔ خرّاٹے کی آواز۔ وہ آواز جو سوتے میں آدمی کے منہ سے نکلتی ہے ٭

خُرخُر (خُرْ۔ خُر) (ا) مؤنث۔ بلی کی آواز جو اکثر خودبخود نکلتی رہتی ہے ٭

خرخشہ (خَرْ۔ خَشَہ) (ف) مذکر۔ لڑائی جھگڑا۔ دنگا فساد ٭

خُرد (خُرْد) (ف) چھوٹا۔ کم عمر ٭

خُردبین (ف) مؤنث۔ چھوٹی چیز کو بڑا دکھانے والا شیشہ ٭

خُردسال (ف) کم عمر۔ کم سن۔ بچہ ٭

خُردسالی (ف) مؤنث۔ بچپن۔ لڑکپن۔ کم سنی ٭

خِرد (خِرَد) (ف) مؤنث۔ عقل۔ دانائی۔ سمجھ ٭

خردمند (ف) دانشمند۔ دانا۔ عقل والا۔

خردمندی (ف) مؤنث۔ دانائی۔ عقلمندی۔

خرداد (خُرْ۔ داد) (ف) مذکر۔ تیسرا شمسی مہینہ۔

خردل (خَرْ۔ دَل) (ع) مؤنث۔ رائی۔

خردہ (خُرْ۔ دَہ) (ف) مذکر (۱) ٹکڑا۔ پارچہ (۲) (ا) چھیچھڑا (۳) (ا) ریزہ۔ ریزگاری (۴) (ا) بیچ۔ فروخت (۵) (ا) نکتہ۔ عیب۔ باریکی۔

خردہ بین (ف) مذکر۔ عیب جو۔ نکتہ چین۔ برائی دیکھنے اور نکالنے والا۔ باریک بین۔

خردہ فروش (ف) مذکر۔ بساطی۔ پرچون بیچنے والا۔ پھیر کر بیچنے والا۔

خردہ کرنا (ا) (۱) روپیہ بھنانا (۲) بیچنا۔ فروخت کرنا۔

خردہ گیری (ف) مؤنث۔ عیب گیری۔ نکتہ چینی۔ عیب جوئی۔

خرس (خِرْس) (ف) مذکر۔ ریچھ۔

خرطوم (خُرْ۔ طُوم) (ع) مؤنث (۱) ہاتھی کی سونڈ۔ (۲) ٹونٹی (۳) سردار قوم۔

خرف (خَرِف) (ع) (۱) بوڑھا کھوسٹ (۲) بیہودہ۔

خرفہ (خُرْ۔ فَہ) (ع) مذکر۔ ایک تخم ہے جو اکثر ٹھنڈائی میں ڈالتے اور سبزی کا ساگ بھی پکاتے ہیں۔

خرق (خَرْق) (ع) مذکر۔ پھاڑنا۔

خرقِ عادت (ع) مذکر (۱) عادت اور قانون قدرت کے خلاف انوکھی بات (۲) (کنایۃً) ولی کی کرامت۔ نبی کا معجزہ۔

خرقہ (خِرْ۔ قَہ) (ع) مذکر۔ پیوند لگا ہوا کپڑا۔ گدڑی۔ درویشوں کا لباس۔

خرقہ پوش (ع۔ ف) درویش۔ صوفی۔

خرگاہ (ف) مذکر و مؤنث (۱) بہت بڑا خیمہ۔ شاہی خیمہ (۲) بہت بڑا مکان۔ محل۔

خرگوش (خَرْ۔ گوش) (ف) مذکر۔ گدھے کے سے کان والا چھوٹا سا جانور جسے بعض شوقین خوبصورتی کے لئے پال لیتے ہیں (پ) سسہ۔

خرم (خُرْ۔ رَم) (ف) (۱) خوش۔ شادماں (۲) شاداب۔ سرسبز۔ تر و تازہ۔

خرما (خُرْ۔ مَا) (ف) مذکر (۱) چھوہارا۔ کھجور (۲) ایک قسم کی مٹھائی۔ بالوشاہی۔

خرمن (خِرْ۔ مَن) (ف) مذکر۔ غلّے کا انبار۔ غلّے کا وہ انبار جس میں سے بھس نہ نکالا گیا ہو۔

خرمہرہ (ف) مذکر (۱) کوڑی (۲) کوڑا۔ سنکھ۔ ناقوس۔

خرمی (ف) مؤنث۔ خوشی۔ شادمانی۔ فرحت۔

خروج (خُرُوج) (ع) (۱) برآمد ہونا۔ باہر نکلنا۔ (۲) حملہ۔ شورش۔ فتنہ۔

خروس (خُرُوس) (ف) مذکر۔ مرغا۔

خروش (خُرُوش) (ف) مذکر۔ شور۔ غل۔

خرید (خَرِید) (ف) مؤنث (۱) مول۔ قیمت (۲) خریدی ہوئی۔ مول لی ہوئی۔

خرید و فروخت (ف) مؤنث۔ لین دین۔ بیع و شرا۔ لینا۔ بیچنا۔

خرید کے مول (ا) مذکر۔ اصل قیمت جس پر کوئی چیز خریدی جائے۔

خریدار (ف) مذکر (۱) گاہک۔ مول لینے والا (۲) طلب گار۔ خواہاں۔

خریدار خوش قبالہ (ف۔ ع) مذکر۔ بیع کے طور پر خریدنے والا۔

خریداری (ف) مؤنث۔ گاہکی۔ بکری۔

خریطہ (خَرِی۔ طَہ) (ع) مذکر (۱) تھیلی۔ کیسہ (۲) وہ تھیلی جس میں سرکاری حکم امیروں کے نام جایا کرتا ہے۔

خریطی (ا) مؤنث (ع) (۱) چھوٹی تھیلی (۲) تیلے دانی۔

خریف (خَرِیف) (ع) مؤنث۔ ساونی۔ وہ فصل جس میں جوار۔ مکئی وغیرہ پیدا ہوتی ہے۔

خ - ز

خزادہ۔ خوزادہ (خُزَا۔ دَہ۔ خُو۔ زَا۔ دَہ) (ف) مذکر۔ خواجہ زادہ کا مخفف۔ صاحبزادہ۔ سردار۔

خزاں (خِزَاں) (ف) مؤنث (۱) پت جھڑ۔ وہ موسم جس میں درختوں کے پتے زرد ہو کر جھڑ جاتے ہیں۔ سردیوں کا موسم۔

خزاں آنا (ا) (۱) موسم بہار کا جانا (۲) زوال آنا۔ حسن نہ رہنا۔

خزانچی (خِزَاں۔ چی) (ف) مذکر۔ تحویلدار۔ خزانہ رکھنے والا۔ روکڑیا۔

خزانہ (خِزَا۔ نَہ) (ع) مذکر (۱) وہ جگہ جہاں روپیہ جمع رہے۔ بنک (۲) ذخیرہ۔ گودام۔

خزف (خَزَف) (ف) مؤنث۔ ٹھیکری۔

خزینہ (خَزی-نَہ) (ف) مذکّر۔ خزانہ۔ مخزن •

خ - س

خس (خَس) (ف) مذکّر و مؤنّث (۱) سوکھی گھاس۔ کوڑا کرکٹ۔ پھوس (۲) ایک خاص قسم کی خوش بو دار گھاس کی جڑ جس کی ٹٹیاں وغیرہ گرمی کے موسم میں دروازوں پر لگا کر اوپر پانی چھڑک دیتے ہیں۔ اس طرح کمرہ ٹھنڈا اور ہوا خوش گوار و نمناک رہتی ہے •

خس کم جہاں پاک (ف) مثل۔ نالائق یا بیکار شخص کے چلنے یا مرنے پر کہتے ہیں۔ یہ کوڑا بھی کم ہوا •

خس و خاشاک (ف) مذکّر (۱) کوڑا کرکٹ (۲) برا بھلا •

خسارہ (خَسا-رَہ) (ع) مذکّر۔ نقصان۔ ضرر۔ گھاٹا •

خساندہ (خَساں-دَہ) (ف) مذکّر۔ پانی میں بھگو کر اور نتھار کر پینے کی دوا •

خسّت (خِس-سَت) (ع) مؤنّث (۱) کمینگی (۲) بخیلی •

خستہ (خَس-تَہ) (ف) (۱) زخمی۔ گھایل (۲) رنجیدہ۔ دلگیر (۳) بھربھرا۔ مرمرا (۴) بدحال۔ ذلیل (۵) مفلس نادار (۶) ایک قسم کی گری جو بادام کی گری سے مشابہ ہوتی ہے •

خستہ حال (ف) پریشان احوال۔ برے حال والا •

خستہ دل (ف) دل شکستہ۔ عاشق •

خسر (خُسُر) (ف) مذکّر۔ سسر۔ جورو یا خصم کا باپ۔ سسرا •

خسر پورہ (ف) مذکّر۔ سسر کا بیٹا۔ سالا۔ جورو کا بھائی •

خسران (خُس-رَان) (ع) مذکّر۔ نقصان •

خسرو (خُس-رُو + خُس-رَو) (ف) مذکّر (۱) خوبصورت۔ خوب رو (۲) پرویز یعنی ہرمز کا بیٹا اور نوشیرواں کا پوتا (۳) (مجازاً) ہر بادشاہ (۴) خواجہ ابوالحسن امیر خسرو ملقب بہ طوطیِ ہند کا تخلص جو ہندی اور فارسی شاعری میں باکمال استاد گزرے ہیں •

خسرہ (خَس-رَہ) (ع) مذکّر (۱) گاؤں کے کھیتوں کی فہرست نقشہ۔ دہ کی فہرست (۲) بچوں کی ایک بیماری جس سے تمام بدن پر دانے نکل آتے ہیں •

خسک (خَسَک) (ف) مذکّر (۱) کوڑا کرکٹ۔ خس و خاشاک (۲) ایک خاردار جھاڑی (۳) گوکھرو۔ لوہے کے کانٹے جو دشمن کے راستے میں بچھائے جاتے ہیں •

خسوف (خُسُوف) (ع) مذکّر۔ چاند گرہن •

خسیس (خَسِیس) (ع) (۱) کمینہ (۲) بخیل۔ تنگدل۔ نالائق •

خ - ش

خشت (خِشت) (ف) مؤنّث۔ اینٹ •

خشتک (ف) مؤنّث (۱) چھوٹی اینٹ (۲) چوبغلا۔ پاجامے کا رومال •

خشخاش (خَش-خَاش) (ف) مؤنّث۔ پوست کے دانے (۲) وزن و مقدار میں چاول کا آٹھواں حصّہ •

خشخت (خَش-خَت) (ا) مؤنّث (عوام) دیکھو (خشتک) •

خشخش (خَش-خَش) (ا) مؤنّث۔ خشخاش کا مخفف •

خشخش برابر (ا) ذرا سا •

خشک (خُشک) (ف) (۱) سوکھا (۲) روکھا۔ کج اخلاق (۳) صرف۔ فقط

خشک دماغ۔ یا۔ خشک مغز (ف) (۱) بے مروّت۔ کور مغز (۲) پاگل۔ دیوانہ •

خشک سالی (ف) مؤنّث (۱) قحط۔ کال۔ سوکھا (۲) وہ موسم جس میں حسبِ معمول بارش نہ ہو •

خشک ہونا (ا) (۱) سوکھنا (۲) مرجھانا۔ جھڑنا۔ رطوبت جذب ہونا •

خشکہ (ف) مذکّر۔ پھیکے ابلے ہوئے چاول •

خشکہ کھاؤ (ا) جب کوئی مجہول شخص کسی معلوم کام میں مداخلت کرے تو حقارتاً کہتے ہیں۔ جاؤ رخصت ہو •

خشکہ کھاؤ پنیر کے ساتھ (ا) (۱) اپنا راستہ لو۔ چلو ہٹو۔ رخصت ہو (۲) خود کماؤ۔ خود مزے سے کھاؤ •

خشکی (ف) مؤنّث۔ سکھاوٹ۔ سوکھاپن (۲) روکھاپن (۳) کال۔ قحط (۲) وہ باریک آٹا جو روٹی کے پیڑے میں اس لئے لگاتے ہیں کہ ہاتھ گیلا نہ ہو۔ پلیتھن •

خشم (خَشم) (ف) مذکّر۔ غصّہ •

خشمگیں (ف) غصّے سے بھرا ہوا •

خشمناک (ف) غصّہ ور •

خشوع (خُشُوع) (ع) مذکّر۔ عاجزی۔ گڑگڑانا •

خشونت (خُشُو-نَت) (ع) مؤنث (۱) سختی (۲) ریاضت (۳) دشمنی (۴) تندی - اکل کھرا پن (۵) غصہ (۶) نفرت •
خشیت (خَشْ-یَت) (ع) مؤنث - ڈر - ڈرنا - ڈرانا •

خ - ص

خصائص (خَصَا-اِص) (ع) مذکر و مؤنث - خاصیتیں - عادتیں •
خصائل (خَصَا-اِل) (ع) مذکر و مؤنث خصلت کی جمع - خصلتیں •
خصلت (خَص-لَت) (ع) مؤنث - خو - عادت - سبھاؤ •
خصم (خَصْم) (ع) مذکر (۱) بیری - دشمن - بدخواہ (۲) (ل) مالک - آقا (۳) شوہر - خاوند - پتی •
خصم پیٹی - یا - خصم روئی (ل) مؤنث (عو) (۱) رانڈ - بیوہ (۲) ایک قسم کا کوسنا ہے کہ تو اپنے خاوند کا ماتم کرے •
خصم کرنا (ل) آپ خاوند کر لینا - اپنا بیاہ آپ کر لینا •
خصم مار کر ستی ہوئی (ل) مثل - دغا کرنے کے بعد میں ظاہری افسوس کرنے کے موقع پر کہتے ہیں •
خصموں جلی (ل) مؤنث - وہ عورت جس نے خاوند کا سکھ نہ دیکھا ہو - مصیبت کی ماری •
خصوص (خُصُوص) (ع) مذکر - خاص - خاص کر •
خصوصاً (ع) خاص کر - علی الخصوص - مقدم - اوّلاً •
خصوصیت (ع) مؤنث (۱) خاص ہونا - خاص بات - (۲) دوستی - ذاتی تعلق •
خصومات (خُصُو-مَات) (ع) خصومت کی جمع •
خصومت (خُصُو-مَت) (ع) مؤنث (۱) عداوت - دشمنی - کینہ (۲) جھگڑا - فساد •
خصی (خَص-صِی) (ع) مذکر - وہ جانور جس کے خصیے نکال دئے گئے ہوں - آختہ (۲) نامرد - زنخہ - ہیجڑا - مخنث - خواجہ سرا - وہ شخص جس میں قوت رجولیت نہ ہو •
خصی پرنالہ (ل) مذکر - دیوار کے اوپر چلنے والا پرنالہ •
خصیہ (خُص-یَہ) (ع) مذکر - فوطہ - بیضہ - خایہ •

خ - ض

خضاب (خِضَاب) (ع) مذکر (۱) (عموماً) ہر رنگ اور گلگونہ (۲) (خصوصاً) مہندی وسمہ جو ڈاڑھی پر لگایا جاتا ہے •
خضر (خِضْر • خِضَر) (ع) مذکر (۱) ایک پیغمبر جنہیں لوگ دریا اور صحرا کا پیغمبر مانتے ہیں (۲) رہبر - رہنما •
خضر ملے (ل) مراد حاصل ہوئی - پورے رہنما مل گئے - کام بن گیا •
خضوع (خُضُوع) (ع) مذکر - عاجزی کرنا - گڑگڑانا •

خ - ط

خط (خَط • خُط) (ع) مذکر (۱) نوشتہ - تحریر (۲) دستاویز - تمسک - سند (۳) لکیر - لائن (۴) (ل) نامہ - مکتوب - چٹھی - رقعہ (۵) ڈاڑھی - ریش (۶) ہاتھ کا لکھا - دستخط (۷) نشان - علامت (۸) حجامت - اصلاح •
خطِ آزادی (ع) مذکر - وہ نوشتہ جو غلام کو آزاد کرتے وقت لکھ دیتے ہیں •
خط آنا (نکلنا) (ل) (۱) ڈاڑھی کا سبزہ آغاز ہونا - رخساروں پر ڈاڑھی کا نمودار ہونا (۲) نامہ آنا - چٹھی آنا •
خطِ استوا (ع) مذکر - وہ فرضی خط جو زمین کے دو برابر حصے کرتا ہے اور اس پر آفتاب پہنچنے سے رات دن برابر ہو جاتے ہیں - یہ خط مشرق سے مغرب تک فرض کیا گیا ہے •
خط بنانا (ل) حجامت بنانا - رخسار کے بال مونڈنا - (۲) خوش خطی کی مشق کرنا - خط درست کرنا •
خطِ جدی (ع) مذکر (۱) لکیر - ریکھا (۲) وہ خط جو خطِ استوا سے ۲۳½ درجہ جنوب کی طرف واقع ہے - جب آفتاب اس پر پہنچتا ہے تو شمال کی طرف دن چھوٹا - رات بڑی ہو جاتی ہے - اور وہاں سردی زیادہ پڑتے لگتی ہے •
خطِ سرطان (ع) مذکر (۱) کرک ریکھا (۲) وہ خط جو خطِ استوا سے ۲۳½ درجے شمال کی طرف واقع ہے جب آفتاب ادھر جاتا ہے تو وہاں گرمی اور خطِ جدی کی طرف سردی ہو جاتی ہے •
خطِ صراف (ع) مذکر - بل - چک - ہنڈی •
خطِ عمود (ع) مذکر - وہ کھڑی لکیر جو دو برابر کے زاویے پیدا کرے - سیدھا خط •

خطِ متوازی (ع) مذکر۔ ہیچ۔ برابر لکیر۔ وہ دو خط کہ انہیں جہاں تک چاہیں۔ کھینچتے چلے جائیں مگر وہ آپس میں نہ ملیں ٭

خطِ مستقیم (ع) مذکر۔ سیدھا خط۔ سیدھی لکیر ٭

خطِ منحنی (ع) مذکر۔ ٹیڑھا خط ٭

خطِ نستعلیق (ع) مذکر۔ وہ ایرانی خط جو خطِ نسخ اور تعلیق سے ملا کر نکالا گیا ہے ٭

خطِ نسخ (ع) مذکر۔ اچھے خطوں میں سے ایک عربی خط ٭

خط و کتابت (ع) مؤنث۔ مراسلت۔ چٹھی۔ پتری ٭

خطا (خَطَا) (ع) مؤنث (۱) قصور۔ تقصیر۔ گناہ۔ جرم۔ غلطی۔ سہو (۲) مذکر۔ ختن کے قریب ایک شہر جہاں سے مشک آتا ہے ٭

خطا کرے بیوی۔ پکڑی جائے باندی (ا) مثل۔ امیر قصور کرے اور غریب کو سزا ملے ٭

خطا وار (ع۔ف) قصور وار۔ تقصیر وار۔ گنہگار۔ مجرم ٭

خطا ہونا (ا) (۱) بھول جانا۔ جرم ہونا۔ قصور ہونا (۲) نکلنا۔ جیسے پیشاب خطا ہو گیا ٭

خطائے بزرگاں گرفتن خطا ست (ف) مثل۔ بزرگوں پر اعتراض کرنا غلطی ہے ٭

خطاب (خِطَاب) (ع) مذکر (۱) کسی کے روبرو متوجہ ہو کر کلام کرنا۔ گفتگو (۲) تعریفی لقب جو حکام کی طرف سے رکھا جائے (۳) غصہ۔ عتاب ٭

خطابت (خَطَا۔ بَت) (ع) مؤنث۔ تقریر۔ خطبہ پڑھنا ٭

خطاط (خَطْ۔ طَاط) (ع) مذکر۔ خوش نویس ٭

خطامہ (خُطْ۔ طَا۔ مَہ) (ع) مؤنث (غلط العوام) دیکھو "قطامہ" ٭

خطبہ (خُطْ۔ بَہ) (ع) مذکر (۱) وہ تعریف یا حمد و نعت یا وعظ و نصیحت جو لوگوں کو مخاطب کر کے سنائی جائے (۲) ایڈریس۔ کتاب کا دیباچہ۔ سببِ تالیف (۳) نمازِ جمعہ و عیدین میں حمد و نعت۔ وعظ و نصیحت اور بادشاہِ وقت کی تعریف سنانا ٭

خطبہ پڑھا جانا (ا) (۱) حمد و نعت یا وعظ و نصیحت وغیرہ کا سنایا جانا (۲) کسی بادشاہ کا نام اس کی حکومت کو تسلیم کر کے خطبے میں داخل کرنا۔ بادشاہ مانا جانا ٭

خطر۔ خطرہ (خَطَر۔ خَطْ۔ رَہ) (ع) مذکر۔ خوف۔ اندیشہ۔ آفت۔ دشواری ٭

خطرے میں ڈالنا (ا) جوکھوں میں ڈالنا۔ ہلاکت میں ڈالنا۔ آفت میں پھنسانا ٭

خطرے میں نہ لانا (ا) (عو) خاطر میں نہ لانا۔ حقیر سمجھنا۔ کسی امر کا خیال نہ کرنا۔ وقعت نہ جاننا ٭

خطمی (خِطْ۔ مِی) (ع) مؤنث۔ گلِ خیرو ٭

خطہ (خِطْ۔ طَہ) (ع) مذکر۔ زمین کا گھرا ہوا حصہ۔ ملک کا قطعہ۔ ملک۔ سرزمین ٭

خطیب (خَطِیب) (ع) مذکر۔ خطبہ پڑھنے والا۔ وعظ سنانے والا۔ مخاطب کرنے والا ٭

خطیر (خَطِیر) (ع) بڑا۔ کثیر۔ بہت۔ نہایت ٭

خ - ف

خفا (خَفَا) (ع) مؤنث۔ پوشیدگی ٭

خفا (خِفَا) (ع) مؤنث۔ پوشیدہ ہونا ٭

خفا (خَفَا) (ا) غضبناک۔ ناراض۔ آزردہ ٭

خفا ہونا (ا) ناراض ہونا۔ آزردہ ہونا۔ برہم ہونا ٭

خفاش (خُفْ۔ فَاش) (ع) مذکر۔ چمگادڑ ٭

خفت (خِفْ۔ فَت) (ع) مؤنث۔ سُبکی۔ ہلکاپن۔ ذلت۔ شرم۔ خجالت ٭

خفت اُٹھانا (ا) شرمندہ ہونا۔ خجالت اٹھانا ٭

خفتان (خَفْ۔ تَان) (ع) مذکر و مؤنث (۱) ایک قسم کا جُبہ (۲) زرہ ٭

خفتہ (خُفْ۔ تَہ) (ف) (۱) سویا ہوا (۲) جاہل۔ غافل ٭

خفتہ را خفتہ کے کند بیدار (ف) مقولہ۔ غافل غافل کی اصلاح نہیں کر سکتا ٭

خفقان (خَفَقَان۔ خَفْ۔ قَان) (ع) مذکر (۱) دل کا دھڑکنا۔ ایک بیماری جس میں دل کی حرکت بڑھ جاتی ہے۔ (۲) جنون۔ سودا۔ گھبراہٹ۔ وحشت ٭

خفگی (خَفْ۔ گِی) (ا) مؤنث۔ آزردگی۔ ناراضی۔ ناخوشی۔ غضب۔ غصہ ٭

خفی (خَفِی) (ع) (۱) پوشیدہ۔ مخفی (۲) باریک خط میں لکھائی ٭

خفیف (خَفِیف) (ع) (۱) ہلکا۔ سُبک (۲) اوچھا۔ کم ظرف (۳) (ا) ذلیل۔ رسوا (۴) (ا) بے قدر۔ بے حقیقت (۵) (ا) کم۔ تھوڑا ٭

خفیف ہونا (ا) (۱) ذلیل ہونا۔ شرمندہ ہونا (۲) کم ہونا۔ ہلکا ہونا ٭

خفیفہ (ع) مؤنث۔ چھوٹی۔ جیسے نجاستِ خفیفہ۔ یا عدالت مطالباتِ خفیفہ ٭

i

خفیفہ عدالت (ع) مؤنث۔ وہ عدالت جس میں زرِ نقد کے چھوٹے چھوٹے مقدمات کا فیصلہ ہو۔ جج صاحب کی کچہری ۰
خُفیہ (خُف۔ یَہ) (ع) پوشیدہ۔ درپردہ۔ چھپا ہُوا۔
خفیہ پولیس (ا) مذکر۔ وہ محکمہ سراغرسانی جسے درپردہ خبر لگانے اور رپورٹ کرنے کا کام سپرد ہے ۰
خُفیہ خبر (ع) مؤنث۔ پوشیدہ خبر ۰
خفیہ نویس (ع۔ف) مذکر۔ جاسوس۔ مخبر۔ پوشیدہ خبر دینے والا ۰

خ - ل

خلا (خَلا) (ع) مذکر۔ خالی جگہ۔ جوف۔ خلو ۰
خلا ملا (ع) (۱) خالی اور بھرا ہُوا (۲) میل جول۔ دوستی ۰
خلاص (خَلاص) (ع) مذکر (۱) رہا۔ آزاد (۲) رہائی۔ آزادی (۳) (ا) فارغ (۴) انزال ۰
خُلاصہ (خُلا۔ صَہ) (ع) (۱) وسیع۔ چوڑا۔ فراخ۔ ڈھیلا (۲) (ا) جُدا جُدا۔ دُور دُور (۳) پیدہ۔ چُنا ہوا۔ پاک صاف (۴) مختصر۔ مجمل (۵) اصل۔ لب لباب۔ ست (۶) اختصار ۰
خلاصہ کرنا (ا) (۱) کھولنا۔ فراخ کرنا (۲) اختصار کرنا۔ چھانٹنا (۳) ظاہر کرنا ۰
خلاصہ یہ ہے (ا) الحاصل۔ صاف مطلب یہ ہے ۰
خلاصی (ا) مؤنث (۱) رہائی۔ آزادی۔ چھٹکارا (۲) مذکر۔ توپ خانہ یا جہاز کے کارندے ۰
خِلاف (خِلاف) (ع) (۱) الٹا۔ ناموافق۔ برعکس (۲) مذکر۔ جھوٹ۔ دروغ (۳) حریف۔ دشمن ۰
خلاف بیانی (ا) مؤنث۔ جھوٹ بولنا۔ غلط کہنا ۰
خلاف دستور۔ خلاف سررشتہ۔ خلاف ضابطہ (ع۔ف) رواج کے خلاف اور ضابطے کے برعکس ۰
خلاف سمجھنا (ا) جھوٹ خیال کرنا۔ برعکس جاننا ۰
خلاف شرع (ع) قانون محمدیؐ کے خلاف۔ شریعت کے برعکس ۰
خلافِ طبع (ع) طبیعت کے برعکس۔ مزاج کے ناموافق ۰
خلاف عقل (ع) دانشمندی کے برعکس۔ بعید عقل ۰
خلاف قیاس (ع) ناممکن۔ عقل کے خلاف ۰
خلاف کہنا (ا) (۱) جھوٹ بولنا (۲) طبیعت کے ناموافق بات کہنا ۰
خلاف ورزی (ع۔ف) مؤنث۔ خلاف کرنا۔ توڑنا ۰
خلاف ورزی یا سرکار (ع۔ف) مؤنث۔ سرکار کا اقتدار قبول نہ کرنا۔ اور اس سے سرکش ہونا ۰
خلاف وضع (ع) رسم و رواج کے خلاف ۰
خلاف وضع فطری (ع) اغلام۔ لونڈے بازی ۰
خلاف ہونا (ع) دشمن ہونا۔ دعویٰ دار ہونا ۰
خلافت (خِلا۔ فَت) (ع) مؤنث۔ نیابت اسلام کی خدمت۔ مسلمانوں کے اس بادشاہ کا عہد جو ان کی دینی و دنیوی حفاظت کر سکے ۰
خلّاق (خَل۔ لاق) (ع) مذکر۔ بہت پیدا کرنے والا۔ خدا ۰
خلال (خِلال) (ع) مذکر (۱) دو چیزوں کا درمیانی فاصلہ (۲) (مجازاً) دانت کریدنے کا آلہ (۳) (ا) شطرنج میں بازی دینا ۰
خلال کرنا (ا) (۱) دانت کریدنا (۲) مات دینا ۰
خلائق (خَلا۔ اِق) (ع) مؤنث۔ خلق کی جمع۔ مخلوقات۔ آفرینش ۰
خُلت (خُل۔ لَت) (ع) مؤنث (۱) بے حد دوستی (۲) دوست ۰
خلجان (خَلَجان + خَلجان) (ع) مذکر۔ تردد۔ تفکر۔ اندیشہ۔ وسواس۔ خلش ۰
خلخال (خَل۔ خال) (ع) مذکر۔ پازیب ۰
خلخل۔ خلخلا (خُل۔ خُل + خُل۔ خُلا) (ا) ڈھیلا ڈھالا۔ متخلخل ۰
خلخول (خُل۔ خُول) (ا) ڈھیلا ڈھالا ۰
خلد (خُلد) (ع) مذکر و مؤنث۔ جنّت۔ بہشت۔ فردوس ۰
خلد آشیاں (ع۔ف) (۱) بہشت میں سکونت رکھنے والا۔ بہشتی۔ جنتی۔ تعظیماً بڑے بڑے متوفی نوابوں یا بزرگوں کو کہتے ہیں ۰
خُلد بریں (ع۔ف) مذکر و مؤنث۔ فردوس علیٰ۔ جنت کا سب سے اونچا طبقہ ۰
خلش (خَلِش) (ف) مؤنث (۱) کھٹک۔ چبھن (۲) جھگڑا۔ مناقشہ ۰
خِلط (ع) مذکر (۱) آمیزش۔ ملی ہوئی چیز (۲) اخلاط اربعہ یعنی صفرا۔ سودا۔ خون۔ بلغم میں سے ہر

خلط ٭
خلط مبحث (ع) دمل در معقولات۔ بے فائدہ الجھاؤ ٭
خلط ملط (ع) خلا ملا۔ ملا جلا۔ گھلا ملا ٭
خلطہ (خِل۔ طَہ) (ا) مذکر۔ لمبا کرتا۔ پیراہن ٭
خلع (خُلع) (ع) مذکر۔ عورت کا مہر کے عوض طلاق لینا ٭
خلعت (خِل۔ عَت) (ع) مذکر (۱) اپنا لباس اتار کر دوسرے کو بخشنا (مجازاً) صرف وہ لباس۔ جوڑا یا کپڑا جو بادشاہوں یا امیروں کی طرف سے انعام دیا جائے کم از کم تین کپڑوں کا عطیہ ٭
خلعت پہنانا۔ یا۔ دینا (ا) عطیہ پوشاک دے کر عزت بڑھانا۔ پوشاک عطا فرمانا۔ انعام دینا ٭
خلعت ملنا (ا) پوشاک یا لباس کا انعام ملنا۔ انعام ملنا ٭
خلف (خَلَف) (ع) مذکر (۱) نیک لڑکا۔ سعادتمند بیٹا۔ فرزند۔ ابن۔ ولد (۲) وارث۔ جانشین۔ مستحق ٭
خلف الصّدق (ع) مذکر۔ فرماں بردار بیٹا۔ سچا وارث ٭
خلفاء (خُلَفَا) (ع) مذکر۔ خلیفہ کی جمع ٭
خلفائے راشدین (ع) ہدایت والے خلیفے۔ رسول اللہؐ کے چار خلفا حضرت ابوبکرؓ۔ حضرت عمرؓ۔ حضرت عثمانؓ اور حضرت علیؓ کا سے مراد ہے ٭
خُلق (خُلق) (ع) مذکر۔ خو۔ عادت۔ خصلت۔ خوش مزاجی۔ ملنساری ٭
خُلق محمدی (ع) حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اخلاق۔ بے مثل اخلاق ٭
خُلق والا (ا) مذکر۔ با اخلاق۔ خوش خلق۔ ملنسار ٭
خَلق (خَلق) (ع) مؤنث (۱) آفرینش۔ آفریدہ (۲) خلقت دنیا۔ بنی آدم۔ نوع انسان۔ لوگ ٭
خلق کا حلق کس نے بند کیا ہے (ا) مثل۔ خلقت کی زبان کو کوئی نہیں روک سکتا ٭
خِلقت (خِل۔ قَت) (ع) مؤنث۔ پیدائش۔ فطرت۔ سرشت۔ خمیر ٭
خلل (خَلَل) (ع) مذکر (۱) رخنہ۔ سوراخ۔ درز (۲) (ا) فتور۔ بگاڑ۔ اختلاف (۳) (ا) نقصان۔ ضرر۔ خسارہ (۴) (ا) بدہضمی۔ پیٹ کی خرابی (۵) (عو) جن و پری کا سایہ۔ آسیب (۶) (ا) بیماری۔ دکھ۔ روگ ٭
خلل آنا (ا) فتور پڑنا۔ فرق آنا۔ رخنہ پڑنا ٭

خلل انداز (ع۔ ف) فسادی۔ جھگڑالو۔ فتنہ پرداز۔ مزاحم۔ خرابی پیدا کرنے والا ٭
خلل دماغ (ف۔ ع) مذکر۔ دماغ کا فتور۔ مالیخولیا۔ سودا۔ دیوانگی۔ جنون ٭
خلل کرنا (ا) (۱) حرج کرنا۔ مزاحم ہونا۔ مخل ہونا (۲) نقصان ہونا۔ ضرر دینا (۳) درد کرنا۔ بدہضمی کرنا ٭
خلوت (خَل۔ وَت) (ع) مؤنث (۱) تنہائی۔ علیحدگی۔ (۲) خالی جگہ۔ تنہائی کی جگہ (۳) سونے کا کمرہ۔ خواب گاہ (۴) (ا) پوشیدگی ٭
خلوت کرنا (ا) (۱) تنہا ہونا (۲) عورت سے ہمبستر ہونا ٭
خلوت کے وقت (ا) (۱) تنہائی میں۔ علیحدگی میں (۲) ہم صحبت ہونے کے وقت۔ بوقت ملاقات ٭
خلوت گاہ (ف) مؤنث۔ تنہائی کی جگہ ٭
خلوص (خُلُوص) (ع) مذکر (۱) سادگی۔ صفائی (۲) سچی دوستی۔ صادق محبت (۳) سچائی۔ راستی ٭
خلوص نیت (ع) مؤنث۔ پاک نیتی۔ خالص نیت۔ صفائی ارادہ ٭
خلیا ساس (خَل۔ یا۔ سَاس) (ا) مؤنث۔ ساس کی بہن ٭
خلیتا۔ خلیطہ (خَلی۔ تا + خَلی۔ طَہ) (ا) مذکر۔ تھیلا۔ تھیلی ٭
خلیتی۔ خلیطی (ا) مؤنث (۱) تھیلی (۲) گھر والی۔ جورو۔ زن ٭
خلیج (خَلیج) (ع) مؤنث۔ شاخ دریا۔ نہر۔ ندی۔ وہ قطعہ آب جو خشکی کو دور تک کاٹتا چلا گیا ہو ٭
خلیرا بھائی (خَلے۔ را۔ بھا۔ ای) (ا) مذکر۔ خالہ جایا۔ ماسی کا بیٹا۔ ماں کی بہن کا لڑکا ٭
خلیفہ (خَلی۔ فَہ) (ع) مذکر (۱) کسی کے بعد آنے والا۔ ولیعہد۔ قائم مقام۔ نائب بادشاہ (۲) (ا) استاد کا نائب۔ مانیٹر (۳) (ا) نائی۔ درزی۔ موچی ٭
خلیق (خَلیق) (ع) خوش خلق۔ اچھے سبھاؤ والا۔ خوش مزاج۔ ملنسار ٭
خلیل (خَلیل) (ع) مذکر۔ سچا دوست۔ حضرت ابراہیمؑ کا لقب (خلیل اللہ) ٭

خ - م

خم (خَم) (ف) مذکر (۱) ٹیڑھ۔ کجی۔ جھکاؤ (۲) پیچ۔ تاب ٭

خم ٹھونکنا (ہ) ڈنٹروں یا بازوؤں پر ہاتھ اس طرح مارنا کہ حریف جان لے۔ اب یہ کُشتی کو تیار ہے۔ لڑنے یا کُشتی کرنے کو مستعد ہو جانا ✧

خم دار (ف) ٹیڑھا۔ ترچھا۔ کج۔ پیچدار۔ پیچیدہ۔ خمیدہ ✧

خم و چم (ف) مذکر۔ خرام ناز۔ رفتارِ معشوقانہ ✧

خُم (خُم) (ف) مذکر (۱) شراب کا مٹکا یا عام مٹکا (۲) خمیر۔ جوش ✧

خم خانہ (ع۔ف) مذکر۔ شراب خانہ۔ مے خانہ۔ خرابات۔ وہ جگہ جہاں شراب بکتی یا کشید کی جاتی ہے ✧

خم کدہ (ف) مذکر۔ شراب خانہ ✧

خمّار (خَم۔ مّار) (ع) مذکر (۱) شراب بیچنے والا (۲) بہت شراب پینے والا (۳) معشوق کی آنکھ ✧

خُمار (خُمار) (ع) مذکر (۱) نشہ۔ سرور۔ شراب کی مستی (۲) نشہ اترنے کا کسل (۳) (ل) نیند کا زور۔ غنودگی (۴) نشے کا اتار ✧

خمار آلودہ (ع۔ف) متوالا۔ مست۔ نشے میں چُور۔ مخمور ✧

خماسی (خُما۔ سِی) (ع) مؤنث۔ پانچ حرفوں کا لفظ ✧

خمر (خَمر) (ع) مذکر۔ شراب۔ انگوری شراب ✧

خمرا (خُم۔ را) (ل) مذکر۔ مسلمان فقیروں کا ایک فرقہ جس کا پیشہ اکثر تکیوں میں بیٹھنا یا میلے تماشوں میں مانگنا ہے ✧

خمس (خَمس) پانچ۔ پنج۔ ۵ ✧

خمس (خُمس) پانچواں حصّہ۔ پنجم ✧

خمسہ (ع) (۱) پانچ سے نسبت رکھنے والا (۲) مذکر۔ وہ نظم جس میں پانچ پانچ مصرعوں کا بند ہو ✧

خموش (خَموش) (ف) خاموش کا مخفف۔ چُپ۔ چپکا ✧

خموشی (ف) مؤنث۔ خاموشی کا مخفف۔ چپ۔ چپ ہونے کی حالت ✧

خمول (خُمول) (ع) مذکر۔ گمنامی ✧

خمیازہ (خَم۔ یا۔ زہ) (ف) مذکر (۱) انگڑائی (۲) مکافات۔ بدلہ (۳) (ل) رنج۔ تکلیف۔ پریشانی۔ افسوس ✧

خمیازہ اٹھانا۔ یا۔ بھرنا۔ یا۔ بھگتنا (ل) تاوان بھرنا۔ نقصان اٹھانا (۲) قصور کی سزا بھگتنا۔ معاوضہ دینا (۳) مصیبت بھرنا (۴) پچھتانا ✧

خمیازہ کھینچنا (ل) تکلیف اٹھانا۔ رنج اٹھانا۔ پشیمان ہونا۔ پچھتانا۔ افسوس کرنا ✧

خمیدہ (خَمی۔ دَہ) (ف) ٹیڑھا۔ جھکا ہُوا۔ کبڑا ✧

خمیر (خَمیر) (ع) مذکر (۱) گندھے ہوئے آٹے کا سڑا کر پھلانا۔ جوش۔ ابال (۲) سرشت۔ فطرت۔ مزاج۔ طبیعت۔ عناصر (۳) مٹی۔ جسم کی مٹی ✧

خمیر اٹھنا (ل) (۱) سڑنا۔ جوش میں آنا۔ خمیر تیار ہونا (۲) آٹے کا کھٹا ہو جانا ✧

خمیر بگڑنا (ل) سرشت میں فرق آنا۔ ترکیب میں تفاوت ہو جانا۔ شامت آنا ✧

خمیرہ (ع) مذکر (۱) خمیر اٹھا کر تیار کیا ہُوا۔ مصری یا کھانڈ میں پکائی ہوئی دوا۔ مثلاً خمیرہ بنفشہ۔ خمیرہ گاؤزبان وغیرہ (۳) ایک قسم کا خوشبودار پینے کا تمباکو ✧

خمیری (ع) مؤنث۔ وہ روٹی جو خمیر اٹھا کر پکاتے ہیں ✧

خ - ن

خنا (خَن۔ نا) (ع) مذکر۔ فضول بات ✧

خناّ (خَن۔ نا) (ل) مذکر (۱) بے وقوف مرد (۲) بوچڑ (۳) مؤنث۔ بدمزاج عورت (۴) مسخری عورت ✧

خنّا بھکنا (ل) دماغ چلنا۔ مغز چلنا۔ اترانا۔ تکبّر کرنا ✧

خنازیر (خَنا۔ زیر) (ع) مذکر (۱) خنزیر کی جمع۔ سؤر (۲) گلٹیاں جو گردن میں ہو جاتی ہیں۔ کنٹھ مالا ✧

خنّاس (خَن۔ ناس) (ع) (۱) شیطان۔ مردود۔ دیو۔ سرکش (۲) وسوسہ ڈالنے اور بہکانے والی ہستی ✧

خناق (خُناق) (ع) مذکر۔ گلے کی ایک بیماری ✧

خنثیٰ (خُن۔ ثا) (ع) مذکر۔ وہ شخص جس میں مرد اور عورت دونوں کی علامتیں پائی جائیں۔ مخنّث۔ ہیجڑا۔ خواجہ سرا ✧

خنجر (خَن۔ جَر) (ف) مذکر۔ ایک مشہور ہتھیار۔ بچھوا۔ تلوار۔ ایک قسم کا چھرا۔ کٹار ✧

خنجر بیگ (ف) مذکر۔ ایک مہلک پھوڑا جو اکثر پیٹھ کے پیچھے ہونے کے سبب دکھائی نہیں دیتا ✧

خنجری (ل) مؤنث (۱) وہ کپڑا جس پر کٹار کی سی بناوٹ ہو۔ ایک ریشمی کپڑا (۲) ڈفلی۔ ایک چھوٹا سا ساز جو اکثر جوگی فقیر بجاتے گاتے پھرتے ہیں ✧

خنخنانا (خُن۔ خُنا۔ نا) (ل) ناک میں بولنا۔ منمنانا۔ غنغنانا۔ گنگنانا ✧

خنداں (خَن۔ داں) (ف) ہنستا ہوا۔ خوش ✧

خندق (خَن۔ دَق) (ع) مؤنث (۱) کھائی۔ وہ کھدی

ہوئی زمین جو شہر کے چاروں طرف ہوتی ہے۔ (۲) غار۔ گڑھا۔

خندہ (ف) (۱) ہنستا ہُوا (۲) ہنسی (۳) مسخرہ۔

خندہ پیشانی۔ یا۔ خندہ رُو (ف) ہنس مکھ۔ ہر وقت ہشاش بشاش رہنے والا۔

خندی (۱) مؤنث (۱) بیہودہ ہنسنے والی عورت (۲) فاحشہ۔ بدکار عورت۔

خِنزِیر (خِن۔ زِیر) (ع) مذکر۔ جنگلی سُؤر۔ سُؤر۔

خِنصِر (خِن۔ صِر) (ع) مؤنث۔ سب سے چھوٹی انگلی۔ چھنگلیا۔

خُنُک (خُنُک) (ف) سرد۔ ٹھنڈا۔

خنکی (ف) مؤنث۔ سردی۔ ٹھنڈک۔ برودت۔

خِنگ (خِنگ) (ف) مذکر۔ تیز گھوڑا۔

خِنگا (خِنگ۔ گا) (۱) (عو) موٹا تازہ۔ ہٹا کٹا۔ مشٹنڈا۔ جوان۔

خُنیا (خُن۔ یا) (ف) مذکر (۱) راگ۔ نغمہ۔ سرود (۲) مؤنث۔ ڈومنی۔ میراثن۔

خ - و

خُو (خُو) (ف) مؤنث۔ عادت۔ خصلت۔ سبھاؤ۔

خو۔ بُو (۱) مؤنث۔ عادت۔ خصلت۔ سبھاؤ۔ چال چلن۔ رنگ ڈھنگ۔

خُوگیر (ف) عادی۔ جسے کسی بات کی عادت پڑی ہو۔

خوئے بدرا بہانۂ بسیار (ف) مثل۔ کام کرنے کی نیّت نہ ہو تو بہت سے بہانے بنائے جاتے ہیں۔

خواب (خاب) (ف) مذکر (۱) وہ بات جو انسان نیند میں دیکھے۔ رؤیا (۲) نوم (۳) نیند۔

خواب آلودہ (ف) نیند میں بھرا ہُوا۔

خوابِ پریشان۔ یا۔ آشفتہ (ف) مذکر۔ ڈراؤنا سپنا۔

خوابِ خرگوش (ف) مذکر۔ مدہوشی۔ بے خبری۔ خوابِ غفلت۔ تغافل۔ خرگوش کی سی نیند۔

خواب دیکھنا۔ یا۔ ہونا (۱) سپنا دیکھنا۔ سوتے میں کسی بات کو دیکھنا۔

خواب کی باتیں (۱) مؤنث۔ خیالی باتیں۔ بے اصل باتیں۔

خواب گاہ (ف) مؤنث۔ سونے کا کمرہ۔ خلوت گاہ۔

خواب و خیال (ف۔ ع) مذکر۔ بھولی ہوئی بات۔ سپنے کی مایہ۔

خواتین (خوا۔ تین) (ع) مؤنث۔ خاتون کی جمع۔ عورتیں۔ بیگمات۔

خواجگان (خاج۔ گاں) (ف) مذکر۔ خواجہ کی جمع۔

خواجہ (خا۔ جَہ) (ف) مذکر (۱) خداوند۔ صاحب۔ سردار۔ آقا (۲) توران میں سادات کا لقب اور ہندوستان میں وہ شخص جس کی ماں سیدانی اور باپ شیخ ہو (۳) خصی۔ ہیجڑا۔ مخنث۔ وہ شخص جو پیدائش ہی سے عضوِ تناسل نہ رکھتا ہو۔

خواجہ سرا (ف) مذکر۔ وہ خصی غلام جو گھر میں آجا سکے۔ (۲) ہیجڑا۔ نامرد۔

خواجہ معین الدین چشتی رح (اسم معرفہ) مذکر۔ خواجہ سلطان الہند غریب نواز اجمیری۔

خواجہ معین الدین کا چاند۔ یا۔ مہینا (۱) مذکر (عو) چھٹا قمری مہینا۔ جمادی الاخریٰ۔

خوار (خار) (ف) آوارہ۔ سرگردان۔ پریشان۔ ذلیل۔ رسوا۔

خوارج (خوا۔ رِج) خارجہ اور خارجی کی جمع۔

خوارق (خوا۔ رِق) (ع) مذکر۔ خارق کی جمع۔ کرامتیں۔ معجزے۔

خواری (ف) مؤنث۔ آوارگی۔ پریشانی۔ ذلت۔ رسوائی۔ فضیحت۔

خواستگار (خاست۔ گار) (ف) مذکر۔ طلب گار۔ امّیدوار۔

خواستگاری (ف) مؤنث۔ درخواست۔ خواہش۔ تمنّا۔ شادی کا پیغام۔

خواص (خوا۔ ص۔ خوا۔ ص) (ع) مذکر (۱) خاص کی جمع۔ بڑے لوگ (۲) خاصیت کی جمع۔ اثرات۔ تاثیرات (۳) خاصہ کی جمع۔ ممتاز نوکر۔ اعلیٰ درجے کے خدمتگار (۴) مصاحب۔ جلیس (۵) غلام (۶) اثر (۷) مؤنث۔ لونڈی۔ سہیلی۔ خولہ۔ کنیز۔

خواصی (ع) مؤنث (۱) خدمت گاری۔ ملازمت (۲) مصاحبت۔ ہمنشینی (۳) عماری کی پچھلی نشست (۴) (۱) (عو) انگیا کا وہ جوڑ جو بغل کی طرف ہوتا ہے۔

خواصی میں بیٹھنا (۱) کسی بادشاہ یا امیر کے پیچھے سواری میں بیٹھنا۔

خواصین (۱) مؤنث۔ وہ ملازم یا مصاحب عورتیں

جو امیر زادیوں کے ساتھ رہتی ہیں۔ سہیلیاں۔ ہمجولیاں۔
خوان (خَانْ) (ف) مذکر (۱) سینی۔ کھانا لانے اور لے جانے کا برتن۔ چنگیر۔ تھال۔ طشت (۲) سفرہ۔ دسترخوان۔
خوان بڑا خوان پوش بڑا کھول کے دیکھو تو آدھا بڑا۔ یا۔ خوان پاک خوان پوش پاک کھول کے دیکھو تو خاک ہی خاک (ا) مثلیں۔ ظاہری ٹیپ ٹاپ تو بہت۔ اور اندر کچھ بھی نہیں۔ ڈھول کے اندر پول۔
خوان پوش (ف) مذکر۔ خوان کے ڈھکنے کا کپڑا۔
خوان سالار (ف) مذکر۔ خانساماں۔
خوان کرم۔ خوان یغما (ف) مذکر۔ عام لنگر۔
خوان نعمت (ف) مذکر۔ لذیذ قسم کے کھانوں کا خوان۔
خوانچہ (ف) مذکر۔ چھوٹا خوان یا سینی۔ تھال۔
خوانچہ اٹھانا۔ یا۔ لگانا (ا) تھال میں رکھ کر بیچنے پھرنا۔
خواندگی (خاں۔ دَگی) (ف) مؤنث۔ پڑھائی۔ پڑھنا۔
خواندہ (خاں۔ دَہْ) (ف) (۱) پڑھا ہوا۔ پڑھا لکھا۔ (۲) بلایا ہوا۔
خوانین (خوا۔ نِین) (ف) مذکر۔ خان کی جمع۔
خواہ (خاہْ) (ف) (۱) یا۔ چاہے۔ چاہو (۲) خواہش۔ درخواست۔
خواہ مخواہ۔ خواہ نخواہ (ف) ناچار۔ زبردستی۔ مجبوراً۔ چار و ناچار۔
خواہاں (ف) مذکر۔ چاہنے والا۔ طالب۔ خواہش مند۔ آرزومند۔ طلب گار۔
خواہر (خا۔ ہَرْ) (ف) مؤنث۔ بہن۔ ہمشیرہ۔
خواہش (خا۔ ہِشْ) (ف) مؤنث۔ آرزو۔ تمنّا۔ ارمان۔ رغبت۔ شوق (۲) اچھیا۔ مرضی (۳) مطلب۔ مدّعا۔ مراد۔
خواہشمند (ف) آرزومند۔ طالب۔ شائق۔
مخواہی نخواہی (ف) دیکھو "خواہ مخواہ"۔
خوب (خُوبْ) (ف) (۱) عمدہ۔ اچھا (۲) خوبصورت۔ شکیل۔ حسین (۳) نفیس (۴) زیبا۔ پسندیدہ۔
خوب رُو (ف) شکیل۔ حسین۔ پری چہرہ۔
خوب صورت (ف ع) سُندر۔ موہنا۔ حسین۔ شکیل۔
خوب صورتی (ف ع) مؤنث۔ حسن و جمال۔ خوش اندامی۔
خوبانی (خُو۔ بَا۔ نِی) (ف) مؤنث۔ زرد آلو۔ ایک میوہ۔

خوبکلاں (ف) مؤنث۔ ایک بیج جو مزاجاً سرد ہوتا ہے۔
خوبی (ف) مؤنث (۱) عمدگی۔ بھلائی۔ خوبصورتی۔ حسن (۲) بڑائی۔ شرف۔ ترجیح۔ فوقیت (۳) جوہر۔ گُن۔
خوجہ (خو۔ جَہ) (ا) مذکر۔ ہیجڑا۔ زنخہ۔ مخنث۔ کھسی۔ غلام۔
خوخیانا (خو۔ خیا۔ نا) (ل) (۱) بھبکی دینا۔ چیخنا۔ (۲) ناراض ہونا۔
خود (خُودْ) (ف) مذکر۔ لوہے کی ٹوپی جو لڑائی کے وقت پہن لیتے ہیں۔
خود (خُدْ) (ف) آپ۔ بذاتِ خاص۔ ذات۔ نفس۔ آپ۔
خود آرائی (ف) مؤنث۔ اپنے آپ کو بنانا۔ سنوارنا۔ خودنمائی۔ بناؤ سنگار۔
خود بخود (ف) از خود۔ آپ ہی آپ۔ بے کہے۔ بے بلائے۔
خود بدولت (ف) مذکر۔ حضور۔ عالی جناب۔ آپ۔ بذاتِ خاص۔
خود بین (ف) مغرور۔ گھمنڈی۔ متکبّر۔
خود بینی (ف) مؤنث۔ غرور۔ تکبّر۔ فخر۔ گھمنڈ۔
خود پرست (ف) مغرور۔ متکبّر۔
خود پرستی (ف) مؤنث۔ خودبینی۔ غرور۔ تکبّر۔
خود پسند (ف) اپنے آپ کو بہتر سمجھنے والا۔ اپنی کرنے والا۔ دوسرے کی رائے پر نہ چلنے والا۔ خودرائے۔
خود پسندی (ف) مؤنث۔ خود رائی۔ سرکشی۔ مغروری۔
خود دار (ف) (۱) رکھ رکھاؤ والا۔ ضبط کرنے والا (۲) صابر۔
خود داری (ف) مؤنث (۱) رکھ رکھاؤ۔ ضبط (۲) صبر۔ قناعت۔
خودرائے (ف) اپنی رائے پر چلنے والا۔ کسی کی نہ ماننے والا۔
خود رفتہ (ف) آپے سے باہر۔ بے خود۔ بے خبر۔
خود رفتگی (ف) مؤنث۔ بیخودی۔ مدہوشی۔ بیخبری۔
خود رُو (ف) اپنے آپ اُگا ہوا۔
خودستائی (ف) مؤنث۔ اپنی آپ تعریف۔ اپنے منہ میاں مٹھو۔
خودسر (ف) سرکش۔ ضدی۔ ہٹیلا۔
خودسری (ف) مؤنث۔ سرکشی۔ ضد۔ ہٹ۔
خودغرض (ف ع) خودکام۔ وہ شخص جو اپنی غرض

پر تو محبت اور آشنائی کا دم بھرے۔ اور دوسرے کے مطلب پر بے پروائی کرے۔ نفس پرور ◆

خود غرضی (ف-ع) مؤنث۔ خود مطلبی۔ آپا دھاپی ◆

خود کاشت (ف) مؤنث (۱) وہ زمین جسے مالک خود بوئے جوتے (۲) وہ شخص جو اپنی زمین آپ ہی بوئے ◆

خود کشی (ف) مؤنث۔ اپنے آپ کو مار ڈالنا ◆

خود مختاری (ف) مؤنث۔ آزادی۔ خودسری۔ بااختیاری۔ ذی اختیاری ◆

خود نما (ف) مغرور۔ متکبّر ◆

خود نمائی (ف) مؤنث۔ شیخی۔ شکوہ۔ نمائش۔ خود پسندی ◆

خودی (ف) مؤنث (۱) اپنی ذات۔ نفس۔ آتما (۲) خود مختاری۔ خودسری (۳) خود غرضی (۴) خود بینی۔ غرور۔ تکبّر ◆

خودی اور خدائی میں بَیر ہے (ہ) مثل۔ غرور خدا کو پسند نہیں ◆

خُور (خُور) (ف) مذکر۔ خورشید کا مخفّف۔ سورج ◆

خَور (خَر) (ف) (۱) خوردن کا امر۔ کھا (۲) مذکر۔ تھوڑا سا کھانا ◆

خورونوش (ف) مؤنث۔ کھانا پینا۔ دانہ پانی ◆

خوراک (خُو۔ راک) (ف) مؤنث (۱) کھانے کی چیز۔ کھانا۔ غذا (۲) روزینہ۔ راتب۔ کھاجا۔ چارہ (۲) سفرخرچ۔ بھتّا۔ رسد ◆

خوراکی (ا) مؤنث (۱) روزینہ۔ وظیفہ (۲) کھانے کی چیز ◆

خورد (خُرد) (ف) (۱) خوردن کی ماضی۔ کھایا۔ (۲) کھانا۔ طعام ◆

خورد بُرد (ف) مؤنث۔ کھانا اُڑانا۔ غبن۔ خیانت۔ بددیانتی۔ دست برد۔ بے جا تصرف۔ رشوت ◆

خورد بُرد کرنا (ا) کھانا اڑانا۔ غبن کرنا۔ کھا جانا ◆

خورداد (خُر۔ داد) (ف) دیکھو "خُرداد" ◆

خُورش (خُرِش) (ف) مؤنث۔ دیکھو "خوراک" ◆

خورشید (خُور۔ شید) (ف) مذکر۔ سورج۔ آفتاب۔ شمس ◆

خورندہ (ف) مذکر۔ کھانے والا۔ کھاؤ۔ پیٹو۔ فضول خرچ ◆

خوش (خُش) (ف) (۱) مگن۔ خورسند۔ مسرور۔ شاداں۔ (۲) (ا) چنگا۔ تندرست۔ راضی (۳) (ا) شاداب۔ سرسبز۔ تروتازہ (۴) (ا) بامراد۔ مقصود ور (۵) (ا) عمدہ۔ اچھا ◆

خوش آمدید (ف) آپ خوش آئے۔ استقبال کے الفاظ۔ جہاں کسی صاحب کو آنا ہو۔ وہاں دروازے پر یہ الفاظ لکھ کر لگا دیتے ہیں ◆

خوش آیند (ف) اچھا لگنے والا ◆

خوش اسلوب (ف-ع) خوش وضع۔ عمدہ۔ خوبصورت۔ دل پسند۔ خوب۔ خوش انتظام ◆

خوش اقبال (ف) اقبال مند۔ خوش نصیب۔ بامراد ◆

خوش الحان (ف-ع) اچھی آواز والا۔ خوش گلو۔ سُریلا ◆

خوش الحانی (ف-ع) مؤنث۔ خوش آوازی۔ نغمہ سرائی ◆

خوش انتظامی (ف) مؤنث۔ عمدہ بندوبست۔ خوش نظمی ◆

خوش باش (ف) اپنی خوشی سے رہنے والا۔ وہ شخص جو مزے سے زندگی بسر کرے ◆

خوشبو (ف) مؤنث۔ مہک ◆

خوشبودار (ف) معطر۔ عمدہ خوش بو والا ◆

خوش بیان (ف-ع) خوش تقریر۔ خوش کلام۔ شیریں گفتار ◆

خوش بیانی (ف-ع) مؤنث۔ خوش گفتاری۔ فصاحت ◆

خوش پوشاک (ف) خوش لباس۔ عمدہ پوشاک پہننے والا۔ سفید پوش ◆

خوش تقریر (ف-ع) عمدہ تقریر والا۔ خوش بیان۔ خوش گفتار ◆

خوش حال (ف-ع) خوش قسمت۔ خوش نصیب۔ تاجر۔ تونگر۔ پیٹ بھرا۔ مال دار۔ آسودہ ◆

خوش خبری (ف-ع) مؤنث۔ مژدہ۔ بشارت۔ نوید ◆

خوش خرام (ف) اچھا چلنے والا۔ آہستہ چلنے والا۔ خوش رفتار ◆

خوش خط (ف-ع) (۱) عمدہ لکھا ہوا (۲) خوشنویس۔ عمدہ لکھنے والا ◆

خوش خلق (ف-ع) اچھی خصلت والا۔ بامروّت۔ خلیق۔ خندہ رُو ◆

خوش خواں (ف) مذکر (۱) وہ طالب علم جو وظیفہ خوار نہ ہو (۲) اچھی طرح پڑھنے یا گانے والا ◆

خوش خوراک (ف) عمدہ اور لذیذ کھانا کھانے والا۔

خوش غذا۔ خوش گزران ۔
خوش خیال (ف۔ع) شاعر۔ خوش فکر۔ عمدہ خیالات والا۔ مصنف ۔
خوشدامن (ف) مؤنث۔ ساس۔ بیوی کی ماں ۔
خوشدل (ف) شادماں۔ مگن۔ بشاش ۔
خوش ذائقہ (ف۔ع) لذیذ۔ مزیدار۔ خوش مزہ ۔
خوش رنگ (ف) مذکر (۱) شوخ رنگ۔ اچھا اور چلکیلا رنگ (۲) پسندیدہ رنگ والا ۔
خوش سلیقہ (ف) سگھڑ۔ اچھے سلیقے والا۔ مہذّب۔ تربیت یافتہ۔ خوش سیرت۔ نیک خصلت ۔
خوش طالع (ف۔ع) نیک نصیب۔ قسمت کا دھنی۔ اچھی تقدیر والا ۔
خوش طبع (ف۔ع) خوش رہنے والا۔ زندہ دل۔ ظریف ۔
خوش طبعی (ف۔ع) مؤنث۔ ظرافت۔ دل لگی۔ مذاق۔ ہنسی ۔
خوش طینت (ف۔ع) نیک خصلت ۔
خوش عناں (ف۔ع) فرمانبردار گھوڑا جو اشارے پر کام کرے ۔
خوش غلاف (ف) (۱) وہ تلوار جو ذرا سے اشارے میں غلاف سے نکل آئے (۲) (ل) ازار بند کی ڈھیلی۔ وہ عورت جس کو کسی سے انکار نہ ہو ۔
خوش فکر (ف۔ع) خوش خیال۔ اچھے شعر کہنے والا ۔
خوش قلم (ف۔ع) عمدہ لکھنے والا۔ خوشنویس ۔
خوش کرنا (ل) (۱) راضی کرنا۔ مسرور کرنا (۲) تسلّی دینا۔ تسکین دینا ۔
خوش گپیاں (ف) مؤنث۔ ہنسی مذاق کی باتیں ۔
خوش گزران (ف) اچھی طرح گزر اوقات کرنے والا ۔
خوش گلو (ف) دیکھو "خوش الحان" ۔
خوش گو (ف) شیریں بیان ۔
خوش گوار (ف) (۱) مزیدار۔ لذیذ۔ وہ چیز جس کے کھانے سے طبیعت خوش ہو ۔
خوش لباس (ف) دیکھو "خوش پوشاک" ۔
خوش نصیب (ع۔ف) صاحب نصیب۔ بختاور۔ خوش قسمت ۔
خوش نصیبی (ف۔ع) مؤنث۔ خوش قسمتی۔ خوش اقبالی ۔
خوش نما (ف) موزوں۔ دلچسپ۔ زیبا ۔

خوشنمائی (ف) مؤنث۔ دلچسپی۔ بھڑک۔ زیبائش ۔
خوشنویس (ف) عمدہ لکھنے والا۔ خوش خط۔ خوش رقم ۔
خوش وخرم (ف) شاداں فرحاں۔ دلشاد۔ آنند ۔
خوش وقت (ف) (۱) شاد۔ خرسند (۲) خوش حال۔ آسودہ حال ۔
خوشامد (خُشَا۔ مَد) (ف) مؤنث۔ چاپلوسی۔ جھوٹی تعریف ۔
خوشامد سے آمد ہے (ل) مثل۔ خوشامد سے اکثر فائدہ ہوا کرتا ہے ۔
خوشامدی (ف) مؤنث۔ چاپلوس۔ جھوٹی تعریفیں کرنے والا ۔
خوشنود (خُش۔ نُوْد) (ف) خوش۔ راضی ۔
خوشنودی (ف) مؤنث۔ خوشی۔ خرّمی۔ رضامندی ۔
خوشہ (خُو۔ شَہ) (ف) مذکر۔ گچھا۔ سٹّا۔ بال۔ بھٹا ۔
خوشی (ف) مؤنث۔ شادمانی۔ سرور۔ نشاط ۔
خوشی کرنا۔ یا۔ منانا (ل) خوش ہونا۔ شادی منانا۔ جشن کرنا ۔
خوض (خَوض) (ع) مذکر (۱) فکر۔ سوچ۔ غور (۲) تحقیق۔ تجسّس ۔
خوف (خَوف) (ع) مذکر۔ ڈر۔ اندیشہ۔ دہشت۔ ہراس ۔
خوف کرنا (ل) (۱) ڈرنا۔ اندیشہ کرنا (۲) رحم کھانا۔ ترس کھانا ۔
خوفناک (ف) ڈر سے بھرا ہوا۔ بھیانک۔ ڈراؤنا۔ خطرناک ۔
خوک (خُوک) (ف) مذکر۔ سؤر۔ خنزیر ۔
خوگیر (خُو۔ گِیر) (ف) مذکر (۱) زین کی بھرتی (۲) گدیلا۔ گدا (۳) زین کے نیچے کا کپڑا۔ نمدا ۔
خوگیر کی بھرتی (ل) مؤنث (۱) نکما اسباب۔ خراب چیزیں (۲) بیکار اور نکمے آدمی (۳) بھرتی کے شعر ۔
خول (خَول) (ل) مذکر (۱) خلا۔ کھوکھلا پن (۲) چھلکا۔ اوپر کا غلاف (۳) نیام۔ میان (۴) پترا ۔
خول چڑھانا (ل) غلاف چڑھانا۔ پترا چڑھانا ۔
خولنجان (خُو۔ لَن۔ جَان) (ف) مذکر۔ پان کی جڑ ۔
خون (خُون) (ف) مذکر (۱) لہو (۲) قتل۔ ہلاکت ۔
خون آلودہ (ف) لہو میں بھرا ہوا۔ لہو لہان ۔
خون آنکھوں میں اترنا (ل) غصّے کے مارے آنکھوں کا سرخ ہو جانا۔ غصہ آنا۔ کسی کو دیکھ کر غضب ناک ہو جانا ۔
خوں بار (ف) لہو برسانے والا ۔

خوں باری (ف) مؤنّث۔ لہو کی بارش۔ لہو برسانا ٭

خون بگڑنا (ا) (۱) خون کا خراب ہو جانا۔ خون میں فساد آنا (۲) شامت آنا۔ بدنصیبی کا سامنا ہونا ٭

خون بہانا (ا) (۱) خون چوسنا (۲) مارنا۔ قتل کرنا (۳) ستانا۔ تنگ کرنا ٭

خون پانی ایک کرنا (ا) خون کو پانی کی طرح بہانا ٭

خون پانی ہونا (ا) بے حد تکلیف پہنچنا ٭

خون پینا (ا) (۱) خون چوسنا۔ لہو نوش کرنا (۲) (عوام) قتل کرنا (۳) (کنایۃً) دق کرنا ٭

خون تھوکنا (ا) (۱) لہو کی قے کرنا (۲) (کنایۃً) سخت صدمہ برداشت کرنا ٭

خونِ جگر پینا (ا) (۱) غم و غصّہ ضبط کرنا (۲) سخت مصیبت اٹھانا ٭

خونِ جگر کھانا (ا) (۱) غصّہ ضبط کرنا (۲) سخت محنت سے کوئی کام کرنا (۳) بے حد رنج و غم اٹھانا ٭

خوں چکاں (ف) مذکّر۔ لہو ٹپکتا ہوا ٭

خون خرابا (ا) جنگ و جدل۔ کشت و خون۔ خونریزی۔ مار دھاڑ ٭

خون خشک ہونا (ا) دم خشک ہونا۔ خوف چھانا ٭

خونخوار (ف) مذکّر۔ ظالم۔ جلّاد۔ غضبی۔ خون پینے والا ٭

خونخواری (ف) مؤنّث (۱) ظلم۔ بے رحمی۔ جلّادی۔ (۲) قتل۔ خون بہانا ٭

خونِ دل پینا (ا) غم و غصّہ میں گھٹنا۔ غصّہ کھانا۔ نہایت ناگوار گزرنا ٭

خوں ریز (ف) (۱) خون بہانے والا۔ قاتل (۲) ایسی جنگ وغیرہ جس میں بہت کشت و خون ہو ٭

خونریزی (ف) مذکّر۔ جنگ و جدل۔ کشت و خون۔ گھمسان۔ جنگ۔ لڑائی ٭

خون سر چڑھنا۔ یا۔ سر پر سوار ہونا (ا) کسی کے مارنے اور قتل کرنے پر آمادہ ہونا ٭

خُون سفید ہونا (ا) الفت و محبّت نہ رکھنا۔ بے مہری ٭

خون کا پیاسا (ا) مذکّر۔ جانی دشمن۔ جان کا لاگو۔ تشنۂ خون ٭

خون کا جوش (ا) مذکّر۔ خاندانی محبّت۔ رشتہ داری کا جوش ٭

خون کا دَورہ (ا) مذکّر۔ خون کا چکر۔ جسم میں خون کا گردش کرنا ٭

خُون کا عوض (ا) مذکّر۔ قصاص۔ جان کے بدلے جان ٭

خون کبوتر (ف) (۱) نہایت سرخ۔ کبوتر کے خون کی مانند لال (۲) شراب سرخ ٭

خون کرنا (ا) مارنا۔ قتل کرنا۔ جان لینا ٭

خون گردن پر سوار ہونا (ا) دیکھو "خون سر چڑھنا یا سوار ہونا" ٭

خون گرفتہ (ف) مذکّر۔ اجل رسیدہ۔ اجل گرفتہ ٭

خون لینا (ا) فصد کھولنا۔ خون کم کرنا ٭

خون ہونا (ا) (۱) قتل ہونا۔ تلوار سے مارا جانا (۲) زخمی ہونا۔ مارا جانا ٭

خوناب۔ خونابہ (خُوْ-نَاب + خُوْ-نَا-بَہْ) (ف) مذکّر۔ (۱) خون کے آنسو۔ پانی ملا ہوا خون (۲) لال۔ سُرخ ٭

خونابہ فشانی (ف) مؤنّث۔ خوناب بکھیرنا ٭

خوںناب۔ خوںنابہ (ف) مذکّر۔ دیکھو "خوناب۔ خونابہ" ٭

خونی (ف) مذکّر (۱) قاتل۔ سفّاک۔ وہ شخص جس نے کسی کو مار ڈالا ہو (۲) جلّاد۔ ظالم ٭

خونی دست (ا) مذکّر۔ لہُو کے دست۔ اسہال خونی۔ پیچش ٭

خونیں (ف) خوں آلود۔ سرخ۔ لال۔ خون سے نسبت رکھنے والا ٭

خونیں جامہ پہننا (ا) قتل کا حکم دینے یا غصّہ ظاہر کرنے کے لئے بادشاہ کا سرخ جامہ پہننا ٭

خونیں جگر (ف) (کنایۃً) عاشق ٭

خوید (خِوِید) (ف) مؤنّث۔ ہرے جَو یا گیہوں ٭

خویش (خِیْش) (ف) (۱) خود۔ آپ (۲) قریبی۔ رشتہ دار۔ اپنا (۳) (ا) مذکّر۔ داماد۔ جنوائی ٭

خ - ہ

خَہے (خَہِ) (ف) واہ وا۔ مرحبا۔ آفریں ٭

خ - ی

خیابان (خیا۔بان) (ف) مذکر۔ پھلواڑی۔ کیاری ۔
خیار۔ خیارین (خیانہ۔ خیا۔رَین) (ع) مذکر۔ کھیرا ککڑی ۔
خیاط (خَی۔یا۔ط) (ع) مذکر۔ درزی۔ کپڑے سینے والا ۔
خیاطہ (ع) مذکر۔ تاگا۔ دھاگا۔ ریشم کا تار ۔
خیال (خیال) (ع) مذکر (۱) تصوّر۔ وہم۔ گمان۔ وہ صورت جو آدمی بیداری میں تصوّر کرے یا خواب میں دیکھے (۲) فکر۔ اندیشہ۔ سوچ۔ بچار (۳) (۱) سمجھ۔ بوجھ۔ رائے (۴) (۱) مضمون۔ معنی۔ عبارت (۵) (۱) منشا۔ ارادہ۔ توجّہ۔ التفات (۶) (۱) لہر۔ موج (۷) (۱) خبط۔ جنون (۸) (۱) ایک راگ۔ (۹) ایک قسم کے گیت۔ ہندی شاعری کی ایک قسم
خیالِ باطل (ع) مذکر۔ جھوٹا خیال۔ غیر ممکن الوقوع بات کا خیال ۔
خیال باندھنا (۱) دل ہی دل میں کوئی بات پیدا کرنا۔ منصوبہ باندھنا ۔
خیال بندی (۱) مؤنث۔ سلسلۂ خیالات۔ خیالی تصویر ۔
خیال پر چڑھنا (۱) یاد آنا۔ سمجھ میں آنا۔ ذہن نشین ہونا ۔
خیال پڑنا (۱) خیال ہونا۔ یاد آنا ۔
خیالِ خام (ع۔ف) مذکر۔ کچا خیال۔ بیہودہ خیال۔ وہ خیال جس کے پورے ہونے کی امید نہ ہو ۔
خیال رکھنا (۱) یاد رکھنا ۔
خیالِ فاسد (ع) مذکر۔ برا خیال۔ ناقص خیال۔ بیہودہ خیال ۔
خیال کرنا (۱) (۱) سوچنا۔ فکر کرنا (۲) تصوّر کرنا۔ قیاس کرنا (۳) تجویز کرنا۔ مضمون تراشنا (۴) رعایت کرنا۔ توجّہ کرنا ۔
خیال میں نہ لانا (۱) توجّہ نہ کرنا۔ لحاظ نہ کرنا۔ دھیان میں نہ لانا ۔
خیال نہ رہنا (۱) یاد نہ رہنا۔ دھیان نہ رہنا۔ فراموش ہونا ۔
خیالات (ع) مذکر۔ خیال کی جمع۔ تصوّرات ۔
خیالی (ع) وہمی۔ قیاسی۔ ظنّی ۔
خیالی پلاؤ پکانا (۱) ایسی باتیں تصوّر کرنا جو ممکن الوقوع نہ ہوں ۔
خیانت (خیا۔نَت) (ع) مؤنث (۱) ناراستی۔ دغا (۲) غبن۔ تغلّب۔ بے ایمانی۔ بددیانتی۔ چوری ۔
خیانت کرنا (۱) غبن کرنا۔ چرانا۔ مال مارنا۔ تغلّب کرنا۔ ہاتھ مارنا ۔
خیانت مجرمانہ (ع) مؤنث۔ قانون کے خلاف خیانت کرنا۔ وہ خیانت جو سرکاری جرم میں داخل ہو۔ سرکاری غبن ۔
خیر (خَیر) (ع) مؤنث (۱) نیکی۔ بھلائی۔ اچھائی (۲) (۱) ٹھیک۔ بجا۔ درست (۳) (۱) کچھ پروا نہیں (۴) (۱) سلامتی۔ تندرستی ۔
خَیرُ الاُمُورِ اَوسَطُہا (ع) مثل۔ ہر کام کا اوسط بہتر ہوتا ہے ۔
خیر اندیش (ع۔ف) مذکر۔ خیر خواہ۔ وہ شخص جو کسی کی بھلائی چاہتا رہے۔ نیک خواہ ۔
خیر باد (ع۔ف) مؤنث۔ ایک کلمہ ہے۔ جو رخصت سفر کے وقت کہتے ہیں۔ خدا حافظ ۔
خیر باشد (ف) (۱) خیر تو ہے۔ خیر ہے؟ (۲) تجاہل عارفانہ اور شکایتِ دوستانہ کے موقع پر بھی بولتے ہیں ۔
خیر باشد کدھر کرم کیا (۱) کیونکر آنا ہوا۔ کیا راستہ بھول گئے؟
خیر برکت (۱) مؤنث (ع و) برکت۔ جیسے ماما ہاتھ کی برکت کون لے گیا ۔
خیر چاہنا (۱) بھلائی یا سلامتی چاہنا۔ عافیت چاہنا ۔
خیر خیر (۱) مؤنث (ع و) خیریت۔ خیر و عافیت۔ اچھی خبر۔ نیک خبر ۔
خیر خواہ (ع۔ف) مذکر۔ بہی خواہ۔ خیر اندیش ۔
خیر خواہی (ع۔ف) مؤنث۔ بھلائی۔ بہتری۔ نمک حلالی ۔
خیر سلّا (۱) مؤنث (ع و) خیر و عافیت۔ مزاج پرسی ۔
خیر سے رات کٹنا (۱) شب کا سلامتی سے بسر کرنا ۔
خیر سے گھر کو سدھارو (۱) زیادہ مصاحب نہ بنو۔ زبان دراز اور بے ادب آدمی کی نسبت یا بے تکلّف دوست کے حق میں کہا جاتا ہے ۔
خیر گزرنا۔ یا۔ خیر ہونا (۱) آفت سے بچنا۔ ناگہانی صدمہ یا حادثے سے جان بچنا ۔

خیر مانگنا (ا) (۱) سلامتی چاہنا۔ بھلائی چاہنا (۲) توبہ کرنا۔ مغفرت چاہنا۔

خیر محض (ع) مؤنث۔ سراسر خیر۔ ہمہ تن خیر۔ سراپا نیکی۔ از سرتا پا بھلائی۔

خیر مقدم (ع) مذکر۔ وہ کلمہ جو کسی بزرگ یا عالی مرتبہ شخص کے آنے کے وقت کہا جاتا ہے۔ خوش آمدید۔ آپ کا آنا مبارک۔ بہت اچھے آئے۔

خیر منانا (ا) بھلائی چاہنا۔ سلامتی چاہنا۔ دعائے نیک کرنا۔

خیر و عافیت (ع۔ف) مؤنث۔ خیر سلّا۔ خیریت۔ سلامتی۔ تندرستی۔

خیر ہے۔ خیر تو ہے (ا)، (کلمہ تعجب) (۱) جب کسی شخص کے حال کے موافق حرکت نہ ہو تو بطور تعجب پوچھتے ہیں۔ اچھے تو ہو؟ یعنی اچھے ہوتے تو ایسی بات نہ کرتے (۲) (بطور جواب) ہاں خیر ہے۔ یعنی کچھ ایسی ویسی بات ہے۔

خیرات (خَے۔ رات) (ع) مؤنث (۱) نیکیاں۔ بھلائیاں۔ اعمالِ نیک (۲) (ا) دان۔ زکوٰۃ۔ صدقہ۔

خیرات خانہ (ع۔ف) مذکر۔ محتاج خانہ۔ لنگر خانہ۔ سدابرت بٹنے کی جگہ۔

خیرات داخل (ا) خیرات کی مانند۔

خیرات دینا (ا) دان دینا۔ خدا کی راہ پر دینا۔ صدقہ کرنا۔ مفت دینا۔

خیراتی (ف) خیرات سے منسوب۔ دان کی۔ زکوٰۃ کی۔ مفت کی۔

خیرگی (خِی۔ رَگی) (ف) مؤنث (۱) چکا چوند۔ آنکھوں کے آگے اندھیرا آجانے کی کیفیت۔ تعجب۔ حیرت۔ (۲) بے حیائی۔

خیرو (خِی۔ رُو) (ف) مذکر۔ خطمی۔

خیرہ (خِی۔ رَہ) (ف) (۱) تاریک (۲) بے حیا۔ (۳) بدخواہ (۴) مغرور (۵) گستاخ (۶) حیران و پریشان (۷) جس کی آنکھوں میں چکا چوند ہو۔

خیریّت (ع) مؤنث (۱) نیکی۔ بھلائی (۲) تندرستی۔ سلامتی۔ صحت۔

خیز (ف) (۱) خواستن کا امر۔ اُٹھ (۲) مرکب اٹھنا۔ (۳) کودنا (۴) کود۔ چھلانگ۔

خیزی یا خیزش (ف) مؤنث۔ شہوت۔

خیفا (خِی۔ فا) (ع) مؤنث (۱) نظم یا نثر میں ایک لفظ نقطہ دار اور دوسرا بے نقطہ لانا (۲) وہ گھوڑی جس کی ایک آنکھ نیلی اور ایک سیاہ ہو۔

خیل (خَیل) (ع) مذکر (۱) بہت سے سوار (۲) بہت سے گھوڑے (۳) (ف) گروہ۔

خیلا (خَے۔ لا) (ا) (عو) لغو۔ بیہودہ۔ احمق۔ بے وقوف۔

خیلا یا خیلچا (ا) مؤنث (عو) لغو اور بیہودہ عورت۔ جسے کوئی سُدھ نہ ہو۔

خیلا پن (ا) مذکر۔ بے سلیقگی۔ بے وقوفی۔

خیلا جان بیلا (ا) مؤنث (عو) دیکھو خیلا یا خیلچا۔

خیلے (خَے۔ لے) (ف) بہت زیادہ۔

خیمہ (خَے۔ مَہ) (ع) مذکر۔ ڈیرہ۔ تنبو۔ خرگاہ۔

خیمہ دوز (ع۔ف) مذکر۔ تنبو سینے اور بنانے والا۔

خیمہ گاہ (ع۔ف) مذکر و مؤنث۔ کیمپ۔ لشکرگاہ۔ اردو۔

د

د (دال) (ع۔ مؤنث) (۱) عربی کا آٹھواں۔ فارسی کا دسواں اردو کا گیارھواں۔ ہندی کا اٹھارھواں حرف (۲) حساب جمل میں اس کے چار عدد فرض کئے گئے ہیں ٭

د۔ا

داب (ہ) مؤنث (۱) بوجھ۔ زور (۲) اہل مطابع کی اصطلاح میں کاغذ کا ایک بار چھپنا (۳) پیچ گھراؤ۔ ایک دفعہ کل سے نکلنا (۴) (ع) قاعدہ۔ دستور (۵)۔ کا خو۔ خصلت (۶۔ ف) رعب۔ بدبہ ٭

داب چوک (ا) مؤنث۔ جب چھاپتے وقت کسی کاغذ کا کوئی حصہ پتھر کے اوپر ٹھیک نہ بیٹھنے سے خالی رہ جائے اسے داب چوک کہتے ہیں کہ داب چوک گئی ٭

داب سلطنت (ع) ف۔ مذکر۔ حکومت کے طریقے سلطنت کے قواعد ٭

داب صحبت (ع) مذکر۔ اہل بیٹھنے کا ڈھنگ۔ علم مجلس۔ تہذیب۔ شائستگی ٭

داب ناجائز (ف۔ع) (مذکر) ناجائز دباؤ ٭

داب بیٹھنا (ہ) (۱) چڑھ بیٹھنا۔ سواری کسنا (۲) مال مار لینا۔ کسی کا حق نہ دینا ٭

داب دینا (ہ) دفن کر دینا۔ گاڑ دینا۔ چھپا دینا ٭

داب رکھنا (ہ) (۱) پکڑ رکھنا (۲) روپیہ مار رکھنا (۳) کسی چیز کو روک رکھنا ٭

داب لینا (ہ) (۱) دبوچ لینا۔ قابو میں لے آنا (۲) زیر کر لینا۔ مجبور کرنا (۳) مال مار لینا ٭

دابنا (ہ) (۱) کسی چیز کو ہاتھوں کے زور سے نیچے بٹھانا۔ (۲) چپی کرنا۔ جسم دبانا (۳) گاڑنا۔ دفن کرنا (۴) دبوچنا۔ بھینچنا ٭

داتا (دا۔تا) (ہ) مذکر (۱) دینے والا۔ سخی۔ فیاض (۲) رازق۔ خدا (۳) درویش۔ فقیر۔ سائیں لوگ ٭

داتا داتا مر گئے اور رہ گئے مکھی چوس (ہ) (مثل) سخی مر گئے اور کنجوس رہ گئے ٭

داتا دے بھنڈاری کا پیٹ پھٹے یا داتا دان کرے بھنڈاری کا پیٹ پھوٹے (ہ) (مثل) سخی سخاوت کرے۔ شوم بخیل جل جل کر مرے ٭

داتا کی ناؤ پہاڑ چڑھے (مثل) یعنی سخی کبھی ناکام نہیں رہتا۔ سخی کی مشکلات آسان ہوتی ہیں ٭

داخل (ع) (۱) اندر آنے والا۔ پہنچنے والا (۲) شامل (۳) اندر بھیتر ٭

داخل خارج کا مقدمہ (ع۔ف) مذکر۔ وہ مقدمہ جس میں ایک کا نام دوسرے مالک کے بجائے داخل کرنے کا جھگڑا ہو ٭

داخلہ بہی (ع۔ہ) مؤنث۔ وہ کتاب جس میں داخلہ کی رسوم بجنسہ درج ہوتی ہیں ٭

داخل خارج ہونا (ہ) محکمۂ مال میں کسی زمیندار کا نام ملکیت سے خارج ہو کر دوسرے کا نام درج ہونا۔ پہلے شخص کی جگہ دوسرا مالک قرار دیا جانا ٭

داخل دفتر کرنا (ہ) (۱) مسل میں شامل کرنا۔ فائل کرنا۔ کارروائی کے بغیر کسی کاغذ کو دفتر میں رکھ دینا (۲) کسی بات کو دبا دینا ٭

داخل کرنا (ہ) (۱) اندر کرنا۔ گھسیڑنا (۲) شامل کرنا۔ ملانا (۳) سپرد کرنا۔ سونپنا۔ سرکاری خزانے میں روپیہ جمع کرنا۔ نام لکھوانا۔ درج کرانا (۴) بھرتی کرنا۔ نوکر رکھنا ٭

داخلہ (ع) مذکر (۱) کسی مقام۔ مکان۔ مرتبے یا درجے میں شامل ہونا (۲) سپردگی۔ حوالگی (۳) روپے کی رسید (۴) داخل کرنے کی فیس ٭

داخلی (ع۔ مؤنث) (۱) باریابی۔ کسی مقدس جگہ یا مقبرہ وغیرہ میں داخل ہونے کا دن (۲) (۱) ملحقہ۔ داخل۔ شامل ٭

داد (دا) (ہ۔ مذکر) (۱) وہ پھنسیوں کے چھتے جو فسادِ خون کے باعث ہو جاتے ہیں۔ اور نہایت کھجلاتے ہیں (۲) (ف) عدل و انصاف (۳) داد و دہش۔ انعام و خلعت (۴) آفرین۔ تحسین۔ (۵) نالش۔ فریاد ٭

داد پانا (۱) انصاف کو پہنچنا۔ تعریف کا مستحق ہونا ٭

داد چاہنا (۱) (۱) انصاف کا خواہاں ہونا (۲) تعریف چاہنا ٭

دادخواہ (ف) مذکر۔ فریادی۔ نالشی۔ دعویدار۔ مدعی ٭

دادخواہی (ف) مونث۔ استغاثہ۔ نالش۔ فریاد۔ دعویٰ ٭

داد دہی۔ دادگستری (ف۔ مونث) انصاف کرنا۔ فریاد سننا ٭

داد دینا (۱) (۱) انصاف کرنا۔ عدل کرنا (۲) تحسین و آفرین کرنا ٭

دادرسی (ف) مونث۔ انصاف۔ حق رسی ٭

دادفریاد (ف) مونث۔ واویلا۔ استغاثہ۔ نالش ٭

داد کو پہنچنا (۱) (۱) انصاف پا لینا (۲) دوسرے کا ٹھیک انصاف کرنا (۳) اپنے ہنر یا کمال کی تعریف سن کر خوش ہونا ٭

داد لینا (۱) کسی سے اپنے کمال یا ہنر کی تعریف کرانا۔ انصاف چاہنا ٭

داد نہ فریاد (۱) بے انصافی میں پکار کیسی؟ اندھیر۔ ظلم ٭

داد و دہش (ف) مونث۔ خیر خیرات۔ فیاضی۔ سخاوت۔ داد و دہش ٭

داد و ستد (ف۔ مونث) لین دین۔ باہمی حساب کتاب۔ معاملہ ٭

دادا (دا۔ دا) (ہ۔ مذکر) (۱) باپ کا باپ۔ جد (۲) بنگالی بڑے بھائی کو کہتے ہیں۔ اور جاٹ۔ گوجر برہمن کو (۳) بڑی عمر والا۔ بوڑھا ٭

دادس (دا۔ دس) (ہ) مونث۔ خوشدامن کی ساس ٭

دادسرا (ہ) مذکر۔ خسر کا باپ ٭

دادنی (دا۔ دنی) (ف) مونث (۱) دینے کے لائق چیز (۲) پیشگی قرض ٭

دادی (ہ) مونث (۱) باپ کی ماں۔ دادا کی بیوی (۲) مجازاً ہر بوڑھی عورت ٭

دادر (دا۔ در) مذکر۔ مینڈک۔ غوک ٭

دادرا (دا۔ درا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا گیت چلتی سے کا گیت۔ گیتا ٭

دار (دار) (ف) مونث (۱) سولی۔ وہ نوکدار لکڑی جسے زمین میں میخ کی طرح گاڑ کر مجرم کی جان لیا کرتے ہیں۔ پھانسی (ع) (۲) مذکر۔ گھر۔ محل۔ جگہ۔ مقام ٭

دار پر چڑھانا (۱) سولی پر چڑھانا۔ سولی دینا ٭

دارُالاقامہ (ع) مذکر۔ ٹھہرنے کی جگہ۔ بورڈنگ ہاؤس ٭

دارُالامارت (ع) مذکر۔ دارالخلافہ۔ پایۂ تخت۔ صدر مقام کسی بادشاہ یا امیر یا حاکم اعلیٰ کے رہنے کا مقام ٭

دارُالامن (ع) مذکر۔ امن کا گھر۔ وہ ملک جہاں آرام اور چین سے گزر ہو ٭

دارُالبقا۔ یا۔ دارُالآخرت (ع) مذکر۔ قائم رہنے والا جہان۔ دوسرا جہان۔ جہاں موت نہیں ٭

دارُالجزا (ع) مذکر۔ بدلے کا گھر۔ عالم آخرت ٭

دارُالحرب (ع) مذکر۔ لڑائی کا گھر۔ ایسا ملک جہاں لڑائی جائز ہو۔ مسلمانوں میں اس وقت حکومت کے خلاف لڑائی جائز ہے جب ان کے مذہبی احکام میں کسی قسم کی مداخلت ہو ٭

دارُالحکومت
دارُالخلافہ
دارُالسلطنت
دارُالملک
(ع) مذکر۔ راجدھانی۔ پایۂ تخت۔ صدر مقام ٭

دارُالسلام (ع) مذکر۔ سلامتی کا گھر۔ بہشت ٭

دارُالشفاء (ع) مذکر۔ شفاخانہ۔ بیمارخانہ۔ صحت حاصل کرنے کا گھر ٭

دارُالضرب (ع) مونث۔ ٹکسال ٭

دارُالعدالت (ع) مذکر۔ انصاف کا گھر۔ کچہری ٭

دارُالعلوم (ع) مذکر۔ مدرسہ۔ کالج۔ یونیورسٹی ٭

دارُالعمل (ع) مذکر۔ عمل کرنے کی جگہ۔ دنیا ٭

دارُالعیار (ع) مذکر۔ وہ جگہ جہاں کھوٹا کھرا سونا پرکھا جاتا ہے ٭

دارُالقمار (ع) مذکر۔ چکلا۔ قحبہ خانہ ٭

دارُالمکافات (ع) مذکر۔ مقام جزا و سزا۔ بدلہ ملنے کا گھر۔ دنیا ٭

دارُالنعیم (ع) مذکر۔ بہشت ٭

دارا (دا۔ را) (ف) مذکر (۱) ایک مشہور بادشاہ ایران کا

نام جو سکندر کے ساتھ لڑکر مارا گیا تھا (۲) مجازاً ہر بادشاہ ۔

داراب (دَا-رَاب) (ف - مذکر) بہمن بادشاہ کا بیٹا ۔

دارابی (دَا-رَا-بی) (ف - مؤنث) توپ کھینچنے کی رسی ۔

دارائی (ف - مؤنث) ایک قسم کا ریشمی کپڑا ۔ پتہ دریائی ۔

دارچینی (دَار-چی-نی) (ف - مؤنث) ایک درخت اور اس کی چھال ۔

دارو (دَا-رُو) (ف - مؤنث) (۱) دوا (۲) (۳) علاج یا معالجہ (۳) (۴) (ہندی) شراب - مے ۔

دارو درمان (دَا-رُو-دَر-مَان) (ف - مذکر) علاج - معالجہ ۔

داروئے بیہوشی (ف - مؤنث) - وہ دوا جسے سنگھا کر بیہوش کر دیتے ہیں - کلوروفارم ۔

داروغہ (دَا-رُو-غَا) (ف - مذکر) دیکھو (داروغہ) ۔

داروغائی (ف - مؤنث) نگہبانی - محافظت - انتظام اہتمام - حکومت - افسری ۔

داروغہ (دَا-رُو-غَہ) (ف - مذکر) محافظ - نگران کسی کام کا اہتمام کرنے والا - کسی جماعت کا سردار - جیسے داروغہ صفائی - داروغہ آبکاری وغیرہ ۔

داروغۂ آبکاری (ا) مذکر - مسکرات کا داروغہ - نشے والی چیزوں کی نگرانی رکھنے والا ۔

داروغۂ پولیس (ا) مذکر - کوتوال - وہ پہلے درجے کا سارجنٹ جسے کوتوالی کا کام اور شہر کا انتظام سپرد ہو ۔

داروغۂ توپ خانہ (ف) (مذکر) میر آتش - توپ خانے کا افسر ۔

داروغۂ جیل (ا) مذکر - نگران بندیخانہ قید خانے کا افسر - جیلر ۔

داروغۂ گھاٹ (ا) مذکر - دریا کے پلوں کا محصول لینے اور انتظام کرنے والا عہدہ دار - میر بحری ۔

داروگیر (دَا-رُو-گِیر) (ف - مؤنث) (۱) پکڑ دھکڑ - کھینچا کھینچی (۲) لڑائی کا شور و غل (۳) دقت ۔

دارومدار (ف - مذکر) (۱) انحصار - ٹھہراؤ - قرار ۔

داری (دَا-رِی) (ہ - مؤنث) (۱) لونڈی جو لڑائی میں ہاتھ آئی ہو - کنیز - باندی (۲) فاحشہ عورت ۔

دارین (دَا-رَین) (ع - مذکر) دونوں جہان ۔

داڑھ (دَاڑھ) (ہ - مؤنث) دیکھو (ڈاڑھ) ۔

داس (دَاس) (ہ - مذکر) (۱) خدمتی - غلام - چیلا - خادم - نوکر چاکر ۔

داسا - داسہ (دَا-سَا - دَا-سَہ) (ہ - مذکر) (۱) وہ لکڑی کا ٹکڑا یا لمبی سل جسے دیوار پر رکھ کر اوپر سے کڑیاں ڈالتے یا ستونوں کے نیچے خواہ اوپر دھر رکھ کر لگاتے ہیں خصوصاً لکڑی کا وہ ٹکڑا جو زینے کے اگلے حصے پر لگا ہو (۲) ہانتی - (۳) خنجر ۔

داستان (دَاس-تَان) (ف - مؤنث) (۱) قصہ - کہانی - حکایت روایت - نقل (۲) طویل قصہ - لمبی کہانی ۔

داستان گو (ف - مذکر) وہ شخص جس کا پیشہ امیروں کو قصہ سنانے کا ہو - قصہ خواں ۔

داستانہ (دَاس-تَا-نَہ) (ف - مذکر) (۱) دستانہ - ہاتھ کی پوشش جو عموماً سردیوں میں پہنتے ہیں (۲) وہ چمڑا جسے میر شکار اپنے ہاتھ میں شکاری پرند کے بٹھانے کے لئے پہن لیتے ہیں - کہ اس کے پنجے ہاتھ میں نہ چبھیں ۔

داشت (دَاشت) (ف - مؤنث) نگرانی - خبر گیری ۔

داشتہ (دَاش-تَہ) (ف) (۱) رکھا ہوا (۲) مؤنث - نلبائو بیوی ۔

داشتہ آید بکار (ف) (مثل) رکھی ہوئی چیز کام آ ہی جاتی ہے ۔

داعی (دَا-عِی) (ع) (۱) بلانے والا (۲) دعا کرنے والا (۳) (مذکر) مدعی - (۴) دوسرے کو کوئی کام کرنے کے لئے اکسانے والا شخص (۵) وجہ (۶) ذریعہ ۔

داعیہ (دَا-عِیَہ) (ع - مؤنث) (۱) دعویٰ کرنے والی عورت (۲) ارادہ - دعویٰ - درخواست ۔

داغ (دَاغ) (ف) مذکر - (۱) دھبا - نشان - جھائیں - (۲) کلنک کا ٹیکا - عیب (۳) (ا) جلے کا نشان (۴) (ا) زخم - ناسور (۵) (ا) رنج - صدمہ (۶) (ا) کسی عزیز کے مرنے کا غم (۷) (ا) رشک - حسد - (۸) فصیح الملک نواب مرزا خاں دہلوی مرحوم کا تخلص ۔

داغ اٹھانا (ا) رنج اٹھانا - صدمہ اٹھانا ۔

داغ بیل (ا) مؤنث - وہ نشان جو سڑک یا روش کھودنے کے لئے بیلچہ یعنی پھاوڑے سے ڈالتے ہیں - علیٰ ہذا نشان عمارت - جو معمار زمین پر لگاتے ہیں ۔

داغ بیل ڈالنا (ا) کوئی کام کرنا - کسی کام کی بنیاد رکھنا - کسی کام کو ایک خاص طریقے سے کرنا ۔

داغِ جگر (ف) مذکر۔ زخمِ دل۔ زخمِ جگر ۔
داغ دار (ف) داغی۔ وہ چیز جس میں دھبّے ہوں۔ وہ پھل جو کہیں کہیں سے گل گیا ہو ۔
داغ دینا (ہ) (۱) رنج دینا۔ صدمہ دینا (۲) جلانا۔ جھلسا دینا (۳) کسی چیز کو گرم کرکے اس کا نشان ڈالنا (۴) مُردے کو جلانا ۔
داغ کھانا (ہ) صدمہ اٹھانا۔ رنج اٹھانا ۔
داغ لگانا (ہ) (۱) جلانا۔ گل دینا (۲) عیب لگانا۔ بدنام کرنا ۔
داغ لگنا (ہ) (۱) جلنا۔ جل جانا (۲) عیب لگنا۔ بدنامی آنا (۳) کپڑے یا کاغذ وغیرہ پر سیاہی یا تیل وغیرہ کا نشان پڑ جانا ۔
داغنا (ہ) (۱) چرکا دینا۔ گرم لوہے سے نشان ڈالنا (۲) توپ یا بندوق چھوڑنا۔ توپ سر کرنا ۔
داغی (ف) (۱) داغدار۔ جلا ہوا (۲) عیب دار۔ معیوب (۳) سزا یافتہ۔ قید بھگتا ہوا (۴) شرمندہ۔ احسان مند ۔
دافِع (دَا فِع) (ع) دفع کرنے والا ۔
داکھ (دَاکھ) (ہ۔ مؤنث) ایک قسم کا ترش انگور ۔
دال (دال) (ہ۔ مؤنث) (۱) دلے ہوئے چنے مونگ ماش وغیرہ جو سالن کے طور پر پکائے جاتے ہیں (۲) کھرنڈ۔ انگور (۳) انڈے کی زردی (۴) آتشی شیشے کا وہ عکس جس سے آگ لگتی ہے (۵) وہ زردی جو ہرن کی باچھوں میں ہوتی ہے ۔
دال بندھنا (ہ) (۱) کھرنڈ بندھنا۔ انگور بندھنا (۲) آتشی شیشے کا عکس پڑنا ۔
دال جوتیوں میں بٹنا (ہ) نا اتفاقی ہونا۔ لڑائی ہونا۔ خانہ جنگی ہونا ۔
دال چپاتی (ہ) مؤنث (۱) دال روٹی (۲) بچّوں کے ڈرانے کو ایک فرضی نام ۔
دال چیتو ہونا (ہ) (۱) دو پتنگوں کا باہم لپٹ کر زمین پر گر پڑنا (۲) باہم لپٹنا۔ گتھم گتھا ہونا ۔
دال دلیا (ہ) مذکر۔ غریبانہ خوراک۔ غریبوں کا سا کھانا ۔
دال روٹی (ہ۔ مؤنث) غریبانہ خورش۔ اوسط درجے کی وجہِ معاش ۔
دال روٹی سے خوش (ہ) کھاتا پیتا۔ آسودہ حال ۔
دال روٹی کھائیے تو ٹال پڑے تو بھاڑ میں جائیے (ہ) مثل یعنی کفایت شعاری اور احتیاط سے بسر کرنے میں بھی نقصان ہو۔ تو کیا کرے ۔
دال گلنا (ہ) (۱) دال کا گھل مل کر پک جانا (۲) بامیاب ہونا۔ مراد کو پہنچنا ۔ کامیاب ہونا ۔
دال میں کچھ کالا۔ یا۔ کالا کالا ہونا (ہ) کسی کی طرف سے کچھ شبہ گزرنا۔ گمان بد ہونا۔ کوئی راز ہونا ۔
دال نہ گلنا (ہ) (۱) دال کا نہ پکنا (۲) پیچ نہ ہونا۔ قابو نہ چلنا۔ کامیاب نہ ہونا ۔
دال (دَال) (ع) (۱) دلالت کرنے والا (۲) راہ دکھانے والا (۳) معنی خیز ۔
دالان (دَا۔ لَان) (ف) مذکر۔ بڑا اور لمبا کمرہ جس میں سہ در لگایا جاتا ہے۔ یا آٹھ بارہ دروازے ہوتے ہیں ۔
دالان در دالان (ف) مذکر۔ دُہرا دالان۔ آگے پیچھے دو برابر کے کمرے ۔
دامَ (دَامَ) (ع) ہمیشہ رہا۔ ہمیشہ رہے ۔
دامَ ظِلّہٗ (ع) اُس کا سایہ ہمیشہ رہے ۔
دام (دَام) (ف۔ مذکر) جال۔ پھندا ۔
دام میں لانا (ہ) جال میں پھنسانا۔ قابو میں لانا۔ مکر و فریب میں لانا ۔
دام (دَام) (ف۔ مذکر) چوپایہ ۔
دام (دَام) (ہ۔ مذکر) (۱) دمڑی۔ چھدام۔ کوڑی (۲) گنڈا۔ چار کوڑیاں (۳) قیمت۔ مول۔ نرخ۔ بھاؤ (۴) نقدی۔ زرِ نقد (۵) دوائیں تولنے کا مقررہ باٹ جو پختہ ۱۸ ماشے اور خام بارہ ماشے کا ہوتا ہے ۔
دام بھرنا (ہ) قیمت دینی آنا۔ تاوان دینا ۔
دام چکانا (ہ) (۱) نرخ مقرر کرنا۔ قیمت طے کرنا (۲) قیمت ادا کرنا۔ مول دے دینا ۔
دام دام (ہ) کوڑی کوڑی۔ پیسہ پیسہ ۔
دام دینا (ہ) قیمت دینا۔ مول ادا کرنا ۔
دام دینے آئے (ہ) (۱) زرِ قیمت ادا کرنا پڑا (۲) تاوان بھرنا پڑا ۔
دام کھرے کرنا (ہ) چیز بیچ کر نقدی لینا ۔
دامے۔ درمے۔ قدمے۔ سخنے (ہ۔ ف۔ ع) روپے پیسے۔ ہاتھ پاؤں یا زبانی امداد کے موقع پر بولتے ہیں ۔
داماد (دَا۔ مَاد) (ف۔ مذکر) جنوائی۔ بیٹی کا خاوند ۔
دامان (دَا۔ مَان) (ف۔ مذکر) (۱) دامن۔ آنچل (۲) کنارہ۔ حاشیہ (۳) پہاڑ کے نیچے کی زمین ۔
دامن (دَا۔ مَن) (ف) (۱) مخصوص دامان (۲) جہاز کا پال ۔

دامن اٹھا کر چلنا (۱) آنچل سنبھال کر چلنا۔ دامن سمیٹ کر چلنا (۲) آنچل اونچا کرنا ٭

دامن پر فرشتے نماز پڑھیں (۱) (مقولہ) اس موقع پر بولتے ہیں۔ جب کسی شخص کی نیکی اور پاک دامنی کی بہت زیادہ تعریف کرنا مقصود ہو ٭

دامن پکڑنا (۱) (۱) مانگنا (۲) روکنا۔ باز رکھنا (۳) پناہ لینا حمایت میں آنا (۴) حفاظت کرنا ٭

دامن پھیلانا (۱) (۱) گودی پھیلانا (۲) دعا مانگنا۔ خدا سے التجا کرنا (۳) بھیک مانگنا ٭

دامن تلے چھپانا۔ یا۔ ڈھانکنا۔ یا۔ ڈھکنا۔ (۱) اپنی پناہ میں لینا۔ سائے میں لینا (۲) بیٹی دینا۔ بیٹی کا بیاہ کر دینا (۳) پرورش کرنا۔ پالنا ٭

دامن جھاڑ کر اٹھنا۔ یا۔ کھڑا ہونا (ف) (۱) پاک و آزاد بن کر کھڑا ہونا (۲) دنیوی تعلقات سے آزاد ہونا ٭

دامن جھٹک لینا (۱) (۱) دامن چھڑا لینا (۲) انکار کرنا (۳) الگ ہو جانا۔ پیچھا چھڑا لینا ٭

دامن چھڑانا (۱) پیچھا چھڑانا۔ بھاگنا ٭

دامن سے لگنا (۱) کسی کے سائے میں ہونا حمایت میں ہونا ٭

دامنِ کوہ (ف۔ مذکر) پہاڑ کے پاس۔ پہاڑ کا نچلا وسیع میدان ٭

دامنگیر ہونا (ل) (۱) پیچھا کرنا۔ درپے ہونا (۲) دعویٰ کرنا (۳) تنگ کرنا۔ ستانا۔ تکلیف دینا ٭

دامنی (ف۔ مؤنث) (۱) وہ چھوٹا کپڑا جو گھوڑے کے سینے پر دامنوں کو پسینے سے بچانے کے لئے پڑا رہتا ہے۔ زین پوش (۲) ایک پاٹ کی باریک چادر جو عورت کے جنازے پر ڈالتے ہیں۔ اوڑھنی ٭

دامنی (ہ۔ مؤنث) (۱) بجلی۔ برق (۲) ۔ مذکر شاعر کبیر ٭

داموں کا روٹھا باتوں سے نہیں منتا (ہ) (مثل) روپے کا کام روپے ہی سے چلتا ہے۔ خالی باتوں سے کام نہیں نکلتا ٭

دامی (ہ۔ مؤنث) (۱) محصول (۲) پٹواری کی تنخواہ ٭

دان (دَان) (ہ۔ مذکر) (۱) زکوٰۃ۔ صدقہ۔ خیرات (۲) بھیک (۳) جہیز (۴) بخشش۔ عطا ٭

دان پن (ہ۔ مذکر) (۱) خیر خیرات۔ صدقہ (۲) لنگر۔ سدا برت ٭

دان وتار (ہ) عو۔ سخی۔ فیاض۔ فیض رساں۔ دریا دل

دان وجہیز (۱) (مذکر؛ مو) وہ سامان جو دلھن کو ماں کے گھر سے دیا جائے۔ جہیز ٭

دان (دَان) (ف) رکھنے کی جگہ۔ جیسے چراغ دان۔ تیغ دان وغیرہ ٭

دانا (دا۔ نا) (ف) (۱) عالم۔ حکیم۔ عاقل۔ ہوشمند (۲) چالاک۔ ہوشیار (۳) عمر رسیدہ ٭

دانا بینا (ف) عاقل و ہوشیار۔ تجربہ کار و کار آزمودہ۔ سنجیدہ و فہمیدہ ٭

دانائی (ف۔ مؤنث) عقلمندی۔ ہوشیاری۔ دانشمندی زیرکی۔ تیز فہمی ٭

دانایانِ فرنگ (ف۔ مذکر) عقلائے یورپ ٭

دانت (دَانت) (ہ۔ مذکر) (۱) دندان۔ چبانے کاٹنے کا عضو (۲) میل۔ رغبت۔ خواہش۔ مقصد۔ ارادہ (۳) دندانہ۔ دانتا ٭

دانت اکھاڑنا۔ یا۔ اکھیڑنا (ہ) (۱) دانتوں کو مسوڑوں میں سے نکال لینا۔ دانت توڑنا (۲) دانتوں کی سزا دینا ٭

دانت بجانا (ہ) دانتوں سے آواز نکالنا ٭

دانت بجنا (ہ) دانتوں کا نہایت سردی کے باعث باہم ٹکرا کر آواز دینا ٭

دانت بنانا (ہ) ہڈی یا سیپ کے مصنوعی دانت گھڑنا۔ مصنوعی دانت لگانا ٭

دانت بنوانا (ہ) مصنوعی دانت لگوانا ٭

دانت بیٹھ جانا یا بیٹھنا (ہ) حالتِ غشی یا مرض صرع میں دانتوں کا جکڑ جانا۔ دانت بستہ ہو جانا ٭

دانت پر میل نہ ہونا (ہ) نہایت مفلس اور قلاش ہونا۔ کوڑی پاس نہ ہونا ٭

دانت پیسنا (ہ) (۱) چبانا۔ دانت کچلنا (۲) نہایت غصے میں ہونا۔ جھلانا ٭

دانت تلے انگلی دبانا (ہ) افسوس کرنا۔ حیرت میں ہونا ٭

دانت توڑنا (ہ) (۱) دانت نکالنا۔ دانت اکھاڑنا (۲) عاجز کرنا۔ کام کا نہ رکھنا ٭

دانت تھے تو چنے نہ آئے۔ چنے ملے تو دانت گنوائے (ہ) (مثل) بے اختیاری یہ وقت آرزو بر آنا یعنی دولت تھی تو اولاد نہ تھی۔ اب

جو اولاد ہوئی تو دولت نہیں ٭

دانت ٹوٹنا (ہ) (۱) دانت کا گر جانا (۲) دودھ کے دانت ٹوٹ جانا (۳) بڑھاپے سے دانت جھڑ جانا ٭

دانت دکھانا (ہ) (ہندی) ڈرانا۔ دہشت دلانا ٭

دانت دیکھنا (ہ) حیوانات کی عمر شناخت کرنا ٭

دانت رکھنا (ہ) (۱) ارادہ رکھنا۔ قصد رکھنا (۲) عوض لینے کا ارادہ رکھنا ٭

دانت سلسلانا (ل) دانتوں میں درد ہونا ٭

دانت سے دانت بجنا (ہ) نہایت سردی کے باعث بدن میں لرزہ پڑ کر دانتوں کا باہم ٹکرانا۔ نہایت سو جانا۔ رکنا ٭

دانت کاٹی روٹی کھانا (ہ) نہایت اتحاد و ارتباط رکھنا۔ غایت درجے کی محبت رکھنا۔ ایسی الفت رکھنا کہ ایک نوالے میں آدھا وہ کھائے اور آدھا یہ ٭

دانت کٹکٹانا۔ یا۔ کچکچانا (ل) سخت خفا ہونا۔ غصے سے دانت پیسنا ٭

دانت کرکرے ہونا (ہ) (۱) کرکراہٹ کے سبب دانتوں کا کام نہ دینا (۲) ہار ماننا۔ عاجز ہونا ٭

دانت کریدنے کو تنکا نہ رہنا (ہ) بالکل لٹ جانا۔ مال اسباب پر جھاڑو پھر جانا ٭

دانت کڑکڑانا (ہ) دیکھو (دانت بجنا) ٭

دانت کھٹے کرنا (ہ) (۱) دانتوں کو کسی قابل نہ رکھنا (۲) عاجز کرنا۔ تھکانا۔ مات کرنا ٭

دانت کھٹے ہو جانا (ہ) (۱) دانتوں کا ترشی کے باعث کام نہ دے سکنا (۲) عاجز ہو جانا۔ ہار جانا ٭

دانت مارنا (ل) (۱) کاٹنے کے لئے دانت لگانا (۲) کنایتہً بھابھی مارنا ٭

دانت نکالنا (ہ) (۱) دانت اکھاڑنا (۲) بتیسی باہر نکل آنا (۳) بچے کے دانت نمایاں ہونا (۴) عجز ظاہر کرنا۔ منت سماجت کرنا (۵) بے موقع ہنسنا۔ بیہودہ طریق سے ہنسنا ٭

دانتا (ہ) مذکر۔ دندانہ۔ خار ٭

دانتا کلکل (ہ) مؤنث (۱) آئے دن کا جھگڑا۔ خانگی تکرار۔ قضیہ۔ دنگا فساد (۲) نکتہ چینی۔ عیب جوئی ٭

داتن (ہ) مؤنث (ہندی) مسواک۔ دانت صاف کرنے کی لکڑی ٭

دانتو (دَاں۔ تُو) (ہ) مذکر۔ آگے کو نکلے ہوئے دانتوں والا مرد ٭

دانتو (دَاں۔ تُو) (ہ) مؤنث۔ آگے کو نکلے ہوئے دانتوں والی عورت ٭

دانتوا (دَانْت۔ وَا) (ہ) مذکر۔ چھکڑے کے پچھلے حصے میں اسباب رکھنے کی جگہ ٭

دانتوں (ہ) مذکر۔ دانت کی جمع ٭

دانتوں انگلی کاٹنا (ہ) افسوس کرنا۔ متحیر ہونا ٭

دانتوں پر ہونا (ہ) بچے کے دانت نکلنے پر ہونا ٭

دانتوں سے اٹھانا (ہ) نہایت قدر کے ساتھ اٹھانا ٭

دانتوں سے ہاتھ کاٹنا (ہ) (۱) غصے کے اظہار کے لئے اپنا ہی ہاتھ کاٹ کر آپ ہی اس کا دفعیہ کرنا (۲) نہایت افسوس کرنا (۳) کسی کو چلنے کے لئے ہاتھ منہ میں دبا کر کھا جانے کا اشارہ ظاہر کرنا ٭

دانتوں میں انگلی دبانا (ہ) (۱) نہایت افسوس ظاہر کرنا (۲) روکنا۔ کسی کام سے باز رکھنا (۳) متحیر ہونا حیران ہونا ٭

دانتوں میں تنکا لینا۔ یا۔ پکڑنا (ہ) عجز و نیاز کرنا۔ جان کی پناہ اور امان چاہنا ٭

دانتوں میں (جیبھ) زبان ہونا (ل) دشمنوں کے بیچ میں گھرا رہنا ٭

دانتی (ہ) مؤنث (ہندی) بتیسی۔ دانتوں کا جوڑا (۲) گھاس کاٹنے کا آلہ ٭

دانتیا (دَاں۔ تِیا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا نمک جو اکثر پینے کا تمباکو تیز کرنے کے لئے دنابازدکاندار کام میں لاتے ہیں ٭

دانست (دَا۔ نِسْت) (ف) مؤنث۔ دانش۔ واقفیت سمجھ۔ رائے ٭

دانستہ (ف) جان بوجھ کر۔ سمجھ بوجھ کر ٭

دانش (دَا۔ نِش) (ف) مؤنث۔ علم۔ عقل۔ دانائی۔ سمجھ ٭

دانشمند (ف) عالم۔ عقلمند۔ ہوشیار۔ سمجھ دار ٭

دانشمندی (ف) مؤنث۔ دانائی۔ عقل۔ فہم ٭

دانگ (دَانْگ) (ف) مؤنث (۱) چھ رتی کا وزن۔ مثقال یا درہم کا چوتھا حصہ (۲) طرف۔ سمت (۳) کسی چیز کا چھٹا حصہ (۴) ٹکڑا ٭

دانو (دَا۔ نُو) (ہ) مذکر۔ دیکھو (دانوں) ٭

داونری (دَاں۔ وَری) (ہ) مؤنث۔ وہ رسی جس سے غلہ داؤنے کے وقت بیل باندھے جاتے ہیں ٭

دانہ (ف) مؤنث - مذکر (۱) اَن - اناج - غلہ - تخم - بیج ◆

دانہ بدلنا (۱) پرندوں کا آپس میں ایک دوسرے کو اپنے منہ کا دانہ کھلانا ◆

دانہ بدلی (۱) مؤنث (۱) کبوتروں کا ایک دوسرے کو دانہ کھلانا (۲) نہایت محبت کی علامت ظاہر کرنا ◆

دانہ بندی (۱) مؤنث - کھڑی کھیتی کو آنکنا - کچی پیمائش ◆

دانہ بھرانا (۱) پرندوں کا اپنے بچوں کے منہ میں چوگا بھرانا ◆

دانہ پانی (۱) مذکر (۱) اَن - جل - آب و دانہ (۲) (مراداً) بود و باش - اقامت ◆

دانہ دار (ف) دانوں کی طرح - جس پر دانے سے ہوں ◆

دانہ دانہ پر مُہر ہونا (۱) جو دانہ جس کی قسمت کا ہو - اسی کو ملتا ہے - جو رزق تقدیر میں لکھا ہو - وہی ملتا ہے ◆

دانہ دُنکا (۱) مذکر - ایک آدھ دانہ - ٹکڑا - بھرا ◆

دانہ دینا یا ڈالنا (۱) (۱) دانہ بکھیرنا - کبوتروں یا مرغیوں کو دانہ کھلانا (۲) گھوڑے کو دانہ کھلانا ◆

دانہ زد (۱) مذکر - (۱) تکمیل (۲) ہر بات میں اعتراض کرنے والا (۳) کمینہ ◆

دانہ نہ گھاس پانی چھ چھ وقت } (۱) (مثل) اُس
دانہ نہ گھاس کھریرا نعمتن تین بار } آدمی کی نسبت بولتے ہیں جو خاطرداری تو بہت کرے مگر دے دلائے کچھ نہیں ◆

دانہ نہ گھاس گھوڑے تیری آس (ہ) (مثل) دینا نہ لینا - مفت میں خدمت لینے کے موقع پر بولتے ہیں ◆

دانیال (دَا - نیال) (ف - مذکر) ایک مشہور پیغمبر ◆

داوا (دَا - وَا) (ہ - مذکر) انّا کا خاوند ◆

داور (دَا - وَر) (ف - مذکر) (۱) خدا (۲) منصف بادشاہ یا حاکم ◆

داورِ محشر (ف - ع) (مذکر) قیامت کے دن انصاف کرنے والا یعنی خدا ◆

داوری (ف - مؤنث) انصاف - حکومت ◆

داہ (دَاہ) (ہ - مؤنث) (ہندو) مُردے کو جلانا ◆

داہ دینا (ہ) مُردے کی لاش میں آگ لگانا ◆

داہنا (دَاہ - نَا) (ہ) سیدھا - راست ◆

داہنے ہاتھ کا کھانا حرام ہے (۱) (م) ایک قسم کی سخت قسم یعنی اگر تم یہ کام نہ کرو تو جو کچھ اپنے سیدھے ہاتھ سے کھاؤ - حرام ہوگا ◆

دائر (دَا - اِر) (ع - ا) پھرنے والا - دورہ کرنے والا (۲) (قانون) زیر تجویز - درپیش ◆

دائر کرنا (ہ) چلانا - درپیش کرنا - سلسلہ شروع کرنا ◆

دائرہ (دَا - اِرَہ) (ع - مذکر) (۱) حلقہ - کنڈل - چکر - گھیرا - محیط (۲) مجلس (۳) (۹) محلہ (۴) ایک باجا (۵) حرفوں کی گولائی ◆

دائک (دَا - اِک) (س) مذکر - دینے والا ◆

دائم (دَا - اِم) (ع) ہمیشہ - سدا - مدام ◆

دائم الحبس (ع) عمر قید ◆

دائم الخمر (ع) ہمیشہ شراب پینے والا - سدا شرابی - نت نشیلا ◆

دائم المرض (ع) ہمیشہ بیمار رہنے والا - جنم روگی ◆

دائما (دَا - اِمَن) (ع) ہمیشہ ◆

دائمی (ع) صفت - ہمیشہ کا - جنم کا ◆

دائن (دَا - اِن) (ع - مذکر) قرض دینے والا - لین دار - قرضخواہ ◆

داؤ (دَا - ؤ) (ہ - مذکر) دیکھو (داؤں) ◆

داؤ (دَا - ؤ) (ہ - مذکر) (ہندو) بڑا بھائی ◆

داؤد (دَا - ؤد) (ع - مذکر) (۱) محبوب الٰہی - عزیز (۲) ایک مشہور و معروف پیغمبر جو بادشاہ بھی اور نبی اللہ بھی تھے - اُن کی آواز بڑی سریلی تھی ◆

داؤد خانی - داؤدی (۱) مذکر - داؤد خاں سے منسوب سفید گیہوں ◆

داؤدی (۱) مذکر - ایک زرد سفید پھول جسے گل داؤدی بھی کہتے ہیں ◆

داؤں (دَا - ؤں) (ہ - مذکر) قوس کی شکل کا ایک چھلا ◆

داؤں (دَا - ؤں) (ہ - مذکر) (۱) باری - وار - نوبت (۲) گھات - موقع - قابو (۳) بازی - چال - مکر - فریب - (۴) کشتی کا پیچ (۵) پانسا - قرعہ ◆

داؤں پر چڑھنا (۱) قابو پر چڑھنا - بس میں آنا ◆

داؤں پر رکھنا (۱) (۱) بازی پر لگانا - شرط پر رکھنا (۲) کشتی کے پیچ پر پھرنا ◆

داؤں پڑنا (ہ) حسب مراد پانسا پڑنا - باری آنا ◆

داؤں پھینکنا (ہ) پانسا پھینکنا - بازی کی کوڑیاں پھینکنا ◆

داؤں پیچ (ا۔ مذکر) (۱) مکر و فریب۔ دم جھانسا (۲) کشتی کے داؤں پیچ یعنی ڈھنگ اور قاعدے ◆
داؤں تاکنا۔یا۔ لگانا (ہ) (۱) گھات لگانا۔ موقع دیکھنا۔ تاک لگانا ◆
داؤں کرنا (ہ) پیچ کھیلنا۔ گھات لگانا شکاری کا گھات میں بیٹھنا ◆
داؤں کھیلنا (ہ) پیچ کھیلنا۔ جل دینا۔ دھوکا دینا ◆
داؤں لگانا (ہ) (۱) گھات لگانا۔ موقع دیکھنا۔ قابو پانا (۲) بازی لگانا۔ شرط ہونا ◆
داؤں میں آنا (ہ) فریب سے قابو میں آ جانا۔ بس میں ہو جانا ◆
دائی (دا۔ اِی) (ہ) مؤنث (۱) دایہ۔ قابلہ جننے کا فن جاننے والی عورت (۲) انّا۔ دودھ پلانے والی۔ (۳) خادمہ۔ ماما ◆
دائی پلائی (ہ) مؤنث (۱) انّا۔ دودھ پلانے والی ◆
دائی جانے اپنی بلائی (ہ) (مثل) دائی کو جننے والی کی تکلیف معلوم نہیں ہوتی ہر شخص دوسرے کا حال اپنا سا جانتا ہے ◆
دائی جنائی (ہ) مؤنث۔ دایہ گری۔ بچہ جنانے کا فن ◆
دائی چنبیلی کے مرنا موگرا (ہ) (مثل) جو شخص کمینے گھر میں پیدا ہو کر عالی خاندان بننے کی ڈینگ مارے۔ اس کی نسبت طنزاً کہتے ہیں ◆
دائی دائی تیرے ساتوں بھائی (ہ) آنکھ مچولی کے کھیل کا ایک فقرہ ◆
دائی دوا والے (ہ۔ مذکر) دائی دوا کے وسیلے سے روزی حاصل کرنے والے کمینے لوگ۔ کمینے آدمی ◆
دائی سے پیٹ چھپانا (ہ) واقف راز سے کسی بات کا پردہ رکھ کر جھوٹا بننا ◆
دائی سے یا دائی کے آگے پیٹ نہیں چھپتا (ہ) (مثل) محرم راز اور واقف کار سے بھید پوشیدہ نہیں رہتا ◆
دائی کے سر پھول پان (ہ) (مثل) یعنی نیکی و بدی سب دائی کے سر پر۔ ہر بلا اور بہتان بیچارے غریب و بے زبان پر پڑتا ہے ◆
دائیں (دا۔ اِیں) (ہ) مؤنث۔ توپ یا بندوق کے متواتر چھوٹنے کی آواز۔ دنا دن ◆

دائیں (دا۔ اِیں) (ہ) مؤنث (۱) دو یا کئی بیلوں کا اناج گاہنے کے لئے ایک ساتھ جوتنا (۲) بار بار۔ بھر بھر ◆
دائیں چلانا (ہ) (۱) اناج گاہنا۔ اناج روندنا ◆
دائیں (دا۔ اِیں) داہنی جانب۔ سیدھے ہاتھ کی طرف ◆
دائیں بائیں (ہ) چپ و راست۔ ادھر ادھر ◆
دائیں بائیں کر دینا (ہ) چھپا دینا۔ غائب کر دینا ◆
دایاں (دا۔ یاں) (ہ۔ مذکر) داہنا۔ راست ◆
دایہ (دا۔ یَہ) (ف۔ مؤنث) بچے کو پرورش کرنے والی انّا۔ کھلائی۔ خادمہ۔ ماما ◆
دایہ گری (ف) مؤنث۔ جنائی کا فن۔ کار دایہ ◆

د-ب

دُبّ (دُبّہ) (ع۔ مذکر) ریچھ ◆
دُبِّ اصغر۔ دُبِّ اکبر (ع۔ مذکر) قطب شمالی کے قریب چند ستاروں سے ترکیب پا کر جو ریچھ کی سی دو صورتیں بن گئی ہیں۔ ان میں سے چھوٹی کو دُبِّ اصغر اور بڑی کو دُبِّ اکبر کہتے ہیں ◆
دب (دَب) (ہ) دبنا کا امر ◆
دب آنا (ہ) بڑھ آنا ◆
دب جانا (ہ) (۱) کسی چیز کے نیچے آ جانا (۲) مغلوب ہو جانا ◆
دبا (ہ) (۱) دبنا کی ماضی (۲) دبانا کا امر ◆
دبا بیٹھنا۔یا۔ دبا لینا (ہ) (۱) قبضہ کر لینا۔ زبردستی مال مار لینا (۲) عورت پر سوار ہونا۔ مجامعت کرنا ◆
دبا کر (ہ) (۱) زور سے۔ جم کر۔ کلّابی (۲) زبردستی سے۔ حکومت سے ◆
دبّا (دَب۔ با) (ہ۔ مذکر) (۱) درخت کی شاخ جسے کاٹ کر زمین میں لگا دیتے ہیں۔ کہ جڑیں نکال کر نیا پودا بن جائے (۲) (عوام) گھات (۳) غوطہ ◆
دبّاغ (دَب۔ باغ) (ع۔ مذکر) چمڑا رنگنے یا پکانے والا۔ کھٹیک ◆
دباغت (دِبا۔ غَت) (ع۔ مؤنث) چمڑا کمانا ◆
دبانا (ہ) (۱) گاڑنا۔ دفن کرنا (۲) بیچ لینا (۳) زبردستی قبضہ کرنا (۴) دبوچنا۔ بھینچنا (۵) عاجز کرنا۔ شکست دینا (۶) زور ڈالنا۔ دباؤ ڈالنا (۷) چمپی کرنا۔ مٹھیاں بھرنا (۸) نقصان دینا۔ خسارہ دینا (۹) بھرنا ٹھونسنا (۱۰) چھپانا۔ مخفی کرنا ◆

دبا ؤ (۱) مذکر (۱) بوجھ - زور - داب (۲) خوف - دہشت - ڈر (۳) جبر - سختی (۴) رعب - داب (۵) حکم - زور حکومت (۶) لحاظ - خیال ◆

دباؤ ڈالنا (۱) زور ڈالنا - بوجھ ڈالنا - عاجز کرنا ◆

دبدبہ (دَب دَبہ) مذکر - کرّوفر - رعب وداب - شان و شوکت ◆

دُبدھا (دُب - دَھا) (۲) مذکر - دیکھو (دُگدا) ◆

دُبر (دُبُر - دُبُر) (ع - مؤنث) (۱) لغت پیچھا (۲) مجاز (۱) مقعد - سفرہ - گانڈ ◆

دُبڑو گھسڑو (ہ ۲-۱) مذبذب - سختی (۲) مشکل - مصیبت ◆

دبستان (دَبِس - تان) (ف - مذکر) مدرسہ ◆

دبک (دَبَک) (ہ) (۱) دبکنا کا امر (۲) ڈانٹ - دھمکی ◆

دبک بیٹھنا (ہ) چھپ بیٹھنا مخفی یا روپوش ہو جانا - دبکی لگا جانا - زمین سے پیٹ لگا کر بیٹھ جانا ◆

دبک جانا (ہ) چھپ جانا - ڈر جانا ◆

دبکا (دَبَ - کا) (ہ) (۱) دبکنا کی ماضی (۲) دبکانا کا امر (۳) مذکر چوہے مارنے کا آلہ ◆

دبکانا (ہ) ڈرانا - دھمکانا ◆

دبکنا (ہ) ڈرنا - خوف کرنا (۲) چاندی سونے کے تاروں کو کوٹ کر چوڑا کرنا ◆

دبکی (ہ) مؤنث - (۱) روپوشی - کسی جانور کا زمین میں چھپ جانا (۲) داؤں گھات ◆

دَبکیا - یا - دَبکی (ہ) مذکر - تار دبکنے والا - تار کوٹ کے چوڑا کرنے والا ◆

دبگر (دَب - گَر) (ف - مذکر) ڈھال بنانے والا - کپّا بنانے والا ◆

دُبلا - یا - دُبلا پتلا (ہ) مذکر - پتلا - لاغر - کمزور - نحیف - چھریرے جسم کا - ہلکا پھلکا ◆

دُبلاپا - یا - دُبلاپن (ہ) مذکر - لاغری - کمزوری - نحافت ◆

دُبلی بلی چوہوں سے کان کٹواتی ہے (ہ) (مثل) یعنی زبردست قابو میں آکر زیردست کا تابع ہو جاتا ہے ◆

دبنا (ہ) (۱) بوجھ کے نیچے آنا (۲) دفن ہونا - گڑنا (۳) چھپنا - پوشیدہ ہونا (۴) زیر ہونا - مغلوب ہونا (۵) سکڑنا - سمٹنا (۶) ہٹنا - بچنا (۷) عجز و انکسار کرنا - (۸) پسنا - جھنجھنا (۹) گھٹانا - شرمانا ◆

دبنگ - دبنگا (دَبَنگ - دَبَن گا) (ہ) (۱) ہٹا کٹا - زبردست (۲)

سخت دل - بے رحم ◆

دبنگی (ہ - مؤنث) موٹی تازگی - ہٹی کٹی - مضبوطی اور قوت ◆

دبوچنا (دَبُوچ - نا) (ہ) دبانا - بھینچنا - قابو میں کرنا ◆

دبو بچو کرنا (ہ) کسی بات کو دبا دینا - کسی معاملے کو چھپا دینا ◆

دبور (دَبُور) (ع - مؤنث) پچھوا ہوا ◆

دبوسہ (دَبُو - سَہ) (ف - مذکر) جہاز کا زنانہ کمرہ یا کوٹھڑی ◆

دُبّہ (دُب - بَہ) (ہ) مذکر - کپّا - چرمی ظرف (متروک) ◆

دبے (دُب - بے) (ہ - مذکر) دو وید جاننے والے برہمن کا لقب ◆

دبے پاؤں آنا (ہ) چپکے سے آنا - اس طرح آنا کہ پاؤں کی آہٹ نہ ہو ◆

دبے پاؤں نکل جانا (ہ) چپکے سے چلا جانا - کان دبا کر نکل جانا ◆

دبے پر چیونٹی بھی کاٹ کھاتی ہے (ہ) کہاوت - تنگ آکر ناتواں بھی حملہ کر بیٹھتا ہے ◆

دبیر (دَبِیر) (ف - مذکر) کاتب - منشی - انشاء پرداز ◆

دبیر فلک (ف - ع) مذکر - عطارد ستارہ - بدھ ◆

دبیز (دَبِیز) (ف) (۱) موٹا - گاڑھا - دَل دار (۲) سنگین ◆

دبیل (دَبِیل) (ہ) (۱) زیردست - دبنے والا - مغلوب - فرمانبردار - کمزور - (۲) عیب دار ◆

د-پ

دپٹ (دَپَٹ) (ہ - مؤنث) (۱) دپٹنا کا امر - دوڑ - رپٹ (۲) حملہ (۳) جھپٹ (۴) گھُرکی ◆

دپٹانا (ہ) تیز چلانا ◆

دپٹنا (ہ) (۱) تیز چلنا (۲) گھُرکی دینا ◆

د-ت

دت (دَت) (ہ) دیا ہوا ◆

دُت (دُت) (ہ) (۱) کلمۂ حقارت (۲) مؤنث - کتّے کو ہنکانے کی آواز - (۲) دُور ہو ◆

دُت تیرے کی (ہ) کلمۂ حقارت اہت تیرے کی ◆

دُتکار (ہ) مؤنث - دھتکار - لعنت - ملامت - جھڑکی ◆

دُتکارنا (ہ) جھڑکنا - دھتکارنا - گھرکنا - لعنت ملامت کرنا ◆

دھُنْدھُنا (دھُن۔دھُ۔نا) مؤنث۔ بچوں کا ایک کھلونا۔ لُٹو۔
دھُون۔ دھُوان (دَھُن۔ دھُ۔وان) (۱) مؤنث مسواک ۔

د ـ ٹ

دٹھون (دَ ٹھُون) (ہ۔ مذکر) (۱) ماگھ (۲) ایک تہوار۔
دٹھونا (دَ ٹھو۔ نا) (ہ) مذکر (۱) پیوند (۲) ماتھے کا کالا ٹیکا ۔

د ـ ج

دجّال (دَج۔جال) (ع۔ مذکر) (۱) جھوٹا۔ کاذب۔ (۲) ایک بہت بڑے جھوٹے یہودی کا لقب جو آخیر زمانے میں پیدا ہوگا (۳) طلا۔ سونا۔ زر (۴) تیغ جوہردار ۔
دجل (دَجْل) (ع۔ مذکر) جھوٹ مکروفریب ۔
دجلہ (دَجْ۔لہ) (ع۔ مذکر) عراق کا مشہور دریا ۔

د ـ چ

دچھت۔ دچھتا (دچھت۔ دُچھتا) (ہ۔ مذکر) دودلا۔
دچھنا (دِچھ۔نا) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) دکشنا۔ نذر۔ بھینٹ (۲) ہدیہ۔ تحفہ (۳) شکرانہ۔ انعام۔

د ـ خ

دُخان (دُخان) (ع) دھُواں۔ بخار۔ دھوپ۔ سٹیم ۔
دُخانی (ع) دھوئیں کا۔ وہ چیز جو بھاپ یا دھوئیں کے زور سے چلے ۔
دُخت (دُخْت) (ف) مؤنث۔ دختر کا مخفف۔ بیٹی ۔
دختر (ف) مؤنث۔ لڑکی۔ بیٹی۔ صبیّہ ۔
دختر ربیبہ (ف۔ ع) مؤنث۔ سوتیلی بیٹی ۔
دخترِ رز (ف) مؤنث۔ انگوری شراب۔ شراب ۔
دخل (دَخْل) (ع۔ مذکر) (۱) آمد۔ اندر آنا۔ داخلہ (۲) عمل۔ رسائی۔ پہنچ۔ قبضہ (۳) (۱) اِمکان۔ ممکن (۴) دست اندازی۔ مزاحمت (۵) (۱) مہارت۔ واقفیت ۔
دخل بیجا (ع۔ ف) مذکر۔ بے اجازت کسی کے مکان کے اندر چلا جانا ۔
دخل پانا (ہ) (۱) گزر ہونا۔ راہ پانا۔ پہنچ ہونا (۲) زمین پر قبضہ پانا ۔
دخل در معقولات (ع۔ ف) مذکر۔ کسی بات میں خواہ مخواہ دخل دینا۔ بیچ میں بولنا ۔
دخل دہانی (۱) مؤنث۔ قبضہ دلانا۔ قابض کرانا ۔
دخل دینا (ہ) (۱) بیچ میں بولنا (۲) دست اندازی کرنا۔ سدِّ راہ ہونا (۳) مکان وغیرہ کا قبضہ دینا ۔
دخل فی الحال (ع۔ مذکر) موجودہ قبضہ ۔
دخل کرنا (ہ) (۱) قبضہ کرنا۔ اختیار میں لانا (۲) دست اندازی کرنا ۔
دخل میں رکھنا (ہ) قابو میں رکھنا۔ قبضے میں رکھنا۔ تصرف میں لانا ۔
دخل نامہ (ع۔ مذکر) (قانون) قبضے کی سند یا پروانہ دخلیابی۔ قابض ہونے کا سرکاری حکم ۔
دخل یابی (ع۔ ف) مؤنث (۱) باریابی۔ پہنچ۔ رسائی (۲) قبضہ۔ تصرف ۔
دخمہ (دَخ۔مہ) (ف۔ مذکر) (۱) پارسیوں کا تہ خانہ جس میں مُردے دفن کئے جاتے ہیں (۲) (مجازاً) تابوت (۳) قبر (۴) مقبرہ (۵) وہ گوشت جو اونٹ کے منہ سے مستی کے وقت نکلتا ہے ۔
دخول (دُخُول) (ع) مذکر (۱) درآمد۔ دخل۔ گزر۔ رسائی۔ (۲) گھسیڑنا۔ داخل کرنا ۔
دخیل (دَخِیل) (ع) (۱) دخل دینے والا (۲) پہنچنے والا (۳) قابض ۔
دخیل کار (ع۔ ف) (۱) کام کاج میں دخل دینے والا (۲) صلاح کار (۳) قبضے کا حق رکھنے والا کاشتکار ۔
دخیل کاری (ع۔ ف) مؤنث۔ تصرف۔ قبضہ ۔
دخیل ہونا (ہ) کسی کے کاروبار یا مزاج پر قابو رکھنا۔ مصاحب ہونا ۔

د ـ د

دَد (دَد) (ف۔ مذکر) درندہ۔ پھاڑنے والا جانور ۔
ددا (ہ) مؤنث۔ وہ عورت جو بچوں کی پرورش کے لئے نوکر ہو۔ کھلائی ۔
دُدھانا (دُدھانا) (ہ) دودھ دینے والی ۔
دُدھاری (ہ) مؤنث۔ دودھ دینے والی گائے وغیرہ ۔

دُودھڑا (دُودھ - دھڑا) (ہ - مؤنث) (ہو) دو طرفہ کاروائی
مذبذب ٭
دُودھی (دُودھ - دِھی) (ہ) مؤنث (۱) شیرگیاہ - ایک
بوٹی جس کے توڑنے سے دودھ نکلتا ہے۔
(۲) ایک قسم کا سفید اور سرخ پتھر (۳) چوچی -
پستان - چھاتی ٭
ددھیال (دُودھ - یال) (ہ) (مذکر و مؤنث) دادا
کا گھر ٭
ددھیل (دُودھیل) (ہ) دودھ دینے والی -
دودھار ٭
دویا خسر (ا) بیوی کا دادا یا خصم کا دادا ٭

د - ر

دُر (دُر) (ہ) کلمۂ تحقیر (۱) دُور ہو - ہٹ نکل
(۲) (ع) اعلیٰ درجے کا موتی - گوہر (۳) کانوں میں پہننے
کا زیور ٭
دُر دُر پھٹ پھٹ کرنا (ہ) نفرت سے نکالنا
دھتکارنا ٭
دُر دُر ہونا (ہ) دھتکار پڑنا - نکالا جانا - نفرت ہونا ٭
دُر افشانی (ف) مؤنث - موتی بکھیرنا - کسی بڑے سخی -
خوش کلام شاعر اور لیکچرار کی تعریف میں لکھتے ہیں ٭
دُر بچہ (ف) - مذکر - گوشوارہ جس میں ایک موتی ہوتا
ہے - مرکی ٭
دُرِ بہشت (ہ) مؤنث - ایک قسم کی شیرینی مٹھائی ٭
دُرِ خوش آب (ف) - مذکر - نہایت آبدار موتی یا عمدہ شعر ٭
دُرِ شہوار (ف) - مذکر - بادشاہوں کے قابل موتی - بہت بڑا موتی ٭
دُرِ ناسفتہ (ف، مذکر - (۱) اَن چھدا موتی (۲) دوشیزہ -
کنواری ٭
دُرِ نجف (ف) - مذکر - (۱) سفید و شفاف بلور جیسا پتھر
جس میں کچھ سیاہ بال معلوم ہوتے ہیں - چنانچہ ان
بالوں کو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی طرف منسوب
کر کے اس کی تعظیم بجا لاتے ہیں (۲) نجیب شریف
اصلی نسبی سید ٭
دُرِ یتیم (ف ع) - مذکر - وہ موتی کا بڑا دانہ جو سیپی کے اندر
دُرِ یکتا (ف - مذ) سے اکیلا ہی نکلے - قیمتی موتی ٭
دُرجن (دُر - جن) (س) مذکر - (ہندو) بُرا آدمی - دشمن
بدخواہ ٭

درجن (دَر - جَن) (ا) بارہ کا مجموعہ - ایک جنس کی بارہ چیزیں ٭
دُرگت (ہ) مؤنث (ہند) بدحالی - پتلا حال - بدانجام ٭
دُرگت کرنا یا بنانا (ہ) بُری گت بنانا - پتلا حال کرنا ٭
دُرگند (دُر - گند) (ہ) (ہندو) بُو - بدبو - عفونت ٭
دُرمتی (ہ) کور مغز - بیوقوف - نادان - احمق ٭
دَر (دَر) (ہ) مذکر - (۱) نرخ - قیمت - بھاؤ (۲) قدر - عزت -
آبرو (۳) (ف) مذکر - دروازہ - چوکھٹ (۴) بیچ -
اندر ٭
دَر بدر (ف) آوارہ - سرگشتہ - ہر ایک کے دروازے
اور گھر پر ٭
دَر بدر خاک بسر (ا) آوارہ و سرگرداں ٭
در در (ف) دربدر - گھر گھر - ہر دروازے اور گھر پر ٭
در در مارا پھرنا (ہ) آوارہ و سرگرداں پھرنا - تباہ و
برباد پھرنا - خراب و خستہ پھرنا ٭
در در ناک لگنا (ا) ہر گھر پر بھیک مانگنا - ہر دروازے
پر سوال کرنا ٭
دربار (ف) مذکر (۱) درگاہ - بارگاہ - آستانہ (۲) (۱) شاہی
عدالت - کچہری - شاہانہ جشن (۳) (۱) حاضری حضوری -
خدمت (۴) (ا) امرتسر میں سکھوں کا ایک مشہور
تیرتھ (۵) لاہور میں داتا گنج بخش کا مزار ٭
دربار باندھنا (ا) رشوت مقرر کرنا - منہ بھرنا ٭
دربارِ خاص (ف - ع) مذکر - وہ دربار جس میں عام لوگوں
کو اجازت نہ ہو - اجلاس خاص ٭
درباردار ی کرنا (ہ) روز گھر پر خوشامد کرنے جانا - کسی
امیر - حاکم یا بادشاہ کے حضور میں روزانہ حاضری
بھرنا ٭
دربارِ عام (ف - ع) مذکر - وہ اجلاس جس میں تمام لوگ
حاضر ہو سکیں - عدالت عام ٭
دربار کرنا (ا) بادشاہوں کا امراء و شرفاء سے سلام لینا -
کچہری کرنا - عدالت کرنا ٭
دربار لگنا (ا - ا) ملازموں وغیرہ کا مجلس شاہی میں اکٹھا ہونا
(۲) بھیڑ لگنا - ہجوم ہونا ٭
درباری (ف) مذکر (۱) سلام کرنے والے - مصاحب ٭
درگاہ (ف) مؤنث (۱) چوکھٹ - آستانہ (۲) دربارِ شاہی -
دربار - کچہری - محل (۳) خانقاہ - کسی بزرگ کا مزار - مقبرہ -
مندر - عبادت گاہ ٭
دریچہ (ف) مذکر - کھڑکی - چھوٹا دروازہ - غرفہ ٭
درآمد برآمد (ف) مؤنث - آنا جانا - آمد و رفت ٭

درآنا (۱) پہنچنا۔ داخل ہونا۔ کسی چیز کا کسی کے اندر سمانا ؛
درانداز (ف) مذکر۔ دو آدمیوں میں لڑائی کرا دینے والا۔ چغل۔ بدگو ؛
دراندازی (ف) مؤنث۔ بدگوئی۔ چغل خوری ؛
درباب (ف) متعلق۔ بابت۔ نسبت۔ مقدمہ۔ معاملہ۔ سبب۔ باعث ؛
دربارہ (ف) دیکھو (درباب) ؛
درپردہ (ف) (۱) پیٹھ پیچھے۔ غائبانہ (۲) خفیہ۔ پوشیدہ۔ مخفی ؛
درپے (ف) پیچھے۔ عقب میں۔ لاگو۔ خواہاں ؛
درپے ہونا (۱) پیچھا کرنا۔ تعاقب کرنا۔ سراغ لگانا۔ مصر ہونا ؛
درپیش (ف) آگے۔ سامنے۔ روبرو۔ پیش میں ؛
درپیش کرنا (۱) سامنے کرنا۔ آگے رکھنا ؛
درحقیقت (ف ع) فی الواقع۔ بے شک۔ بے شبہ۔ دراصل۔ حقیقت میں۔ اصل میں ؛
درعمل کوش ہرچہ خواہی پوش (ف) مثل۔ پوشاک چاہے جیسی ہو۔ مگر اعمال اچھے ہوں ؛
درکار (ف) ضروری۔ مطلوب ؛
درکار خیر حاجت ہیچ استخارہ نیست (ف) مثل۔ نیک کام میں سوچنے کی ضرورت نہیں ؛
درکنار (ف) ایک طرف۔ علیحدہ۔ جدا۔ علاوہ۔ سوا ؛
درگور (۱) عو (۱) قبر میں جائے۔ مرجائے (۲) غارت ہو۔ دور ہو ؛
درماہہ (ف) مذکر۔ مہینا۔ تنخواہ۔ ماہوار طلب۔ ماہانہ ؛
درمیان (ف) مذکر۔ بیچ۔ وسط۔ اندر ؛
درمیانی (ف) بیچ کا۔ متوسط۔ اندرونی ؛
درہم (ف) تہ و بالا۔ تتر بتر۔ الٹ پلٹ ؛
درہم برہم (ف) (۱) تہ و بالا۔ الٹ پلٹ۔ گڈ مڈ (۲) خفا۔ ناراض ؛
درہم برہم کرنا (۱) تہ و بالا۔ منتشر کرنا (۲) خفا کرنا۔ برافروختہ کرنا ؛
درہم کرنا (۱) بگاڑنا۔ خراب کرنا (۲) خفا کرنا۔ ناراض کرنا ؛
دریافت (ف) مؤنث۔ پہچان۔ جانچ۔ تحقیق۔ جستجو۔ تفتیش ؛
دریں چہ شک (ف) مثل (۱) اس میں کیا شک ہے (۱) اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص کسی غیر زبان کا صرف ایک لفظ یا محاورہ یاد کرلے اور اس زبان میں بات چیت کرتے وقت محض وہی لفظ موقع بے موقع دہراتا ہے (۲) لالچ سے نقصان ہی نقصان ہے ؛

دراں صورت (ف) اس صورت میں۔ جس حال میں ؛
درا (دَرا) (ف) مذکر۔ جرس۔ گھنٹی ؛
دراج (دُرّاج) (ف) مذکر۔ تیتر ؛
درار۔ دراڑ (دَرار۔ دَراڑ) (۱) مؤنث۔ درز۔ شگاف۔ رخنہ۔ تریڑ ؛
دراز (دَراز) (ف) لمبا۔ طویل ؛
درازقد (ف ع) لمبے قد کا۔ قدآور ؛
درازگوش (ف) (۱) برکنا۔ بڑے بڑے کانوں والا (۲) (مذکر) خرگوش ؛
دراز ہونا (۱) لمبا ہونا۔ لیٹنا۔ استراحت فرمانا ؛
درازہ (دِھند) مذکر و مؤنث (۱) الماری یا میز کا باہر کھینچ آنے والا خانہ (۲) (مذکر) نیچے پہننے کا تنگ پاجامہ ؛
درازی (ف) مؤنث۔ لمبائی۔ طوالت ؛
دراں (ف) پھاڑنے والا ؛
درانا (دَرا۔نا) (۱) (مو) بیدھڑک۔ بے خوف خطر۔ بلا اجازت ؛
درانتی (دَرانتی) (۱) مؤنث۔ گھاس کاٹنے کا اوزار ؛
درانتی پڑنا (۱) کھیتوں میں کٹائی شروع ہونا ؛
درانی (دُرّانی) (ف) مذکر۔ احمد شاہ درانی کی قوم پٹھانوں کا ایک فرقہ ؛
دراوڑ (دَرا۔وَڑ) (ہ) مذکر۔ ایک قوم جو مدراس سے راس کماری تک آباد ہے ؛
دراہم (دَرا۔ہِم) (ع) مذکر۔ درہم کی جمع ؛
دراؤ (دُرا۔ؤ) (۱) مذکر۔ دھوکا۔ جعلسازی۔ بیگانگی۔ نفاق ؛
درایت (دِرا۔یت) (ع) مؤنث۔ عقل۔ دانائی۔ سمجھ ؛
دربا (دَر۔با) (ہ) مذکر۔ دیکھو (دشبا) ؛
درپن۔ درپنی (دَرپن۔ دَرپنی) (س) مذکر و مؤنث (۱) شیشہ۔ آئینہ۔ آرسی ؛
درج (دَرج) (ع) مذکر (۱) تحریر۔ لکھائی۔ کتاب میں لکھنا۔ رجسٹر میں تحریر کرنا (۲) وہ چیز جس پر لکھا جائے ؛
درج کرنا (۱) داخل کرنا۔ لکھنا۔ کسی رجسٹر میں چڑھانا ؛
درج ہونا (۱) لکھا جانا۔ داخل فہرست ہونا ؛
درجات (دَرَجات) (ع) مذکر۔ درجہ کی جمع ؛
درجن (دَرجن) (۱) مؤنث۔ بارہ کا مجموعہ۔ دوازدہ ؛
درجہ (دَرَجہ) (ع) مذکر (۱) لغوی معنی سیڑھی کا سب سے اوپر کا ڈنڈا۔ اوپر کی سیڑھی۔ زینہ (۲) اصطلاحی پایہ۔ رتبہ (۳) عہدہ۔ منصب (۴) کمرہ۔ مکان کا حصہ (۵) منٹ۔ ثانیہ۔ دقیقہ (۶) (۱) بار۔ نوبت۔ دفعہ (۷) (۱) جماعت۔ کلاس

(۳) (۱) مذکر۔ حالت۔ کیفیت (۹) (۱) ہی خوشحال وقفہ ؛

درجہ بدرجہ (۱) سیڑھی بسیڑھی سفتہ رفتہ ؛

درجہ وار (ع۔ ف) سلسلہ۔ بسلسلے کے مطابق ؛

درخت (دَرَخْت) (ف) مذکر۔ ٹنگ پیڑ۔ شجر۔ نہال۔ بوٹا ؛

درخشاں (دُرَخْشَاں) (ف) روشن۔ چمکدار۔ چمکیلا ؛

درخواست (دَرْخَاسْت) (ف) مؤنث۔ خواہش۔ عرضداشت۔ سوال۔ عرضی۔ التماس۔ گزارش۔ عرض۔ آرزو۔ تمنا ؛

درخواست دینا۔ یا۔ کرنا (ل) عرضی دینا۔ کسی چیز کے لئے کی تمنا ظاہر کرنا۔ سوال کرنا ؛

درخواست عذرداری (ف) مؤنث۔ مدعا علیہ کی طرف سے عذر پیش کرنے کی درخواست ؛

دُسمر (دُوزری) (ف) مؤنث۔ چمٹ ؛

درد (دَرْد) (ف) مذکر (۱) دکھ۔ پیڑ۔ تکلیف (۲) (ل) رحم۔ ترس (۳) (ل) دریغ۔ افسوس (۴) (ل) ٹیس۔ ہوک (۵) (ل) سوز گداز (۶) خواجہ میر دہلوی کا تخلص ؛

درد آمیز (ف) دردناک۔ سوز و گداز والا۔ موثر۔ رقت انگیز۔

درد آنا (ل) (۱) افسوس ہونا۔ دریغ ہونا (۲) ترس آنا۔ رحم آنا ؛

درد اٹھنا (ل) ہوک اٹھنا۔ ٹیس پڑنا ؛

درد انگیز (ف) رقت انگیز۔ جاں گداز۔ دل پر اثر کرنے والا ؛

دردِ دل (ف) مذکر۔ غم و رنج۔ دکھ اور تکلیف۔ دل کا درد ؛

دردِ زہ (ف) مذکر۔ بچہ ہونے کا درد۔ جننے کا درد ؛

دردِ سر (ف) مذکر (۱) سر کا درد (۲) دردسری۔ تکلیف۔ عذاب۔ دقت۔ مشکل۔ محنت ؛

دردِ سر لینا۔ یا۔ دردِ سری مول لینا (ل) عذاب خریدنا۔ تکلیف مول لینا ؛

درد شریک (ف) شریکِ درد۔ ہمدرد۔ دردمند۔ دکھ کا ساتھی۔ غمخوار۔ غمگسار ؛

درد کرنا (ل) (۱) ہمدردی کرنا (۲) تکلیف ہونا ؛

درد لگنا (ل) (۱) درد ہونا (۲) بچہ جننے کا درد شروع ہونا ؛

دردمند (ف) (۱) دکھی۔ دکھیا۔ مصیبت زدہ (۲) غمخوار۔ ہمدرد۔ شریکِ غم (۳) رحم دل ؛

دردمندی (ف) مؤنث۔ غمخواری۔ رحم دلی۔ ترس۔ خوفِ خدا ؛

دردا (دَرْدَا۔ دَا) (ف) افسوس۔ آہ۔ ہائے ؛

دَرْدَرا (ہ) موٹا موٹا پسا یا ٹوٹا ہوا۔ دلا ہوا۔ جوکوب۔ دانہ دار ؛

دُرْدی (دُرْ۔ دی) (ف) مؤنث۔ تلچھٹ ؛

درز (دَرْز) (ف) مؤنث۔ جوڑ۔ شگاف۔ دراڑ ؛

درزن (دَرْزَن) (ف) مؤنث (۱) کپڑا سینے والی (۲) درزی کی بیوی ؛

درزی (ف) مذکر۔ خیاط۔ سینے والا ؛

درزی کی سوئی کبھی تاش میں کبھی کمخاب میں

(۱) مفلس انسان کو ادنیٰ کام سے شرم کرنا مناسب نہیں۔ کبھی تنگی بھی آہی جاتی ہے ؛

درس (دَرْس) (ع) مذکر (۱) سبق۔ پاٹھ (۲) (ل) وعظ۔ کتھا ؛

درس دینا (ل) پڑھانا۔ سبق دینا ؛

درس تدریس (ع) مذکر۔ پڑھنا پڑھانا ؛

درست (دُرُسْت) (ف) (۱) ٹھیک۔ صحیح۔ بجا (۲) موزوں۔ چست (۳) تندرست۔ چنگا ؛

درست کرنا (ل) (۱) ٹھیک بنانا۔ سدھارنا۔ سنوارنا۔ (۲) گوشمالی کرنا ؛

درستی (ف) مؤنث (۱) ترتیب۔ اصلاح۔ ترمیم (۲) گوشمالی ؛

درشت (دُرُشْت) (ف) مؤنث۔ نظر۔ نگاہ ؛

درشت (ف) سخت۔ کرخت ؛

درشتی (ف) مؤنث۔ سختی۔ بے رحمی۔ بدخلقی ؛

درشن (دَرْشَن) (س) مذکر (ہندی) (۱) نظارہ۔ دیدار (۲) زیارت۔ ملاقات ؛

درشن دینا (ہ) دیدار دکھانا۔ ملنا۔ ملاقات کرنا۔ صورت دکھانا ؛

درشنی (ہ) (۱) دیکھنے کے لائق (۲) خوب صورت (۳) فوراً قابلِ ادا (۴) مؤنث۔ ملاقات کا تحفہ (۵) نذر ؛

درشنی ہنڈی (ہ) مؤنث۔ وہ ہنڈی جس کا روپیہ دیکھتے ہی مل جائے ؛

درعہ (دَرَ۔ عَہ) (ع) مذکر۔ گز یا زمین ماپنے کا آلہ۔ گز ؛

درفش (دُرَفْش) (ف) مذکر (۱) جھنڈا (۲) پھریرا ؛

درفشِ کاویانی (ف) مذکر۔ کاوہ ایک لوہار کا نام ہے جس نے اپنے لڑکوں کے قتل کا بدلہ لینے کے لئے ضحاک پر یورش کر کے فریدوں اصلی وارث کو تخت نشین کر دیا تھا۔ اس لڑائی میں جو جھنڈا کاوہ نے بلند کیا تھا وہ اس کی چمڑے کی دھونکنی تھی۔ جواہر سے مرصع عجیب جھنڈا تھا اسی سے اس جھنڈے کا نام درفشِ کاویانی مشہور ہو گیا ؛

درک (ع) مذکر۔ دریافت۔ واقفیت۔ عقل۔ سمجھ۔ تمیز۔ ملاحظت ؛

درگا (دُرْ۔ گَا) (ہ) مؤنث (ہندو) ایک دیبی۔ کالی ؛

درگزر (ف) مؤنث۔ معافی۔ چشم پوشی ؛

درگت کرنا (ا) حالت بگڑنا۔ چھوٹنا۔ جلانا ۔

درم (دِرَم - دِرَہَم)، (ع - مذکر) ایک چاندی کا سکہ جس کی قیمت کم ہو سکے (۲) ۳ ملاشے کا وزن (۳) قدیم ایک تھیلی کے برابر چاندی کا سکہ ۔

درماں (دَر - مَاں) (ف - مذکر) علاج معالجہ - دوا دارو

درماندگی (ف - مؤنث) لاچاری مجبوری۔ بے بسی ۔

درماندہ (ف) عاجز - مجبور - بے کس ۔

درمن (دَرَ - مَن) (ف) مذکر - دیکھو (درماں) ۔

درندہ - درندہ (دَرِندَہ - دَرِنْدَہ) (ف) (۱) پھاڑنے والا - چیرنے والا (۲) (مذکر) چیر پھاڑنے والا جانور مثلاً شیر چیتا وغیرہ ۔

درنگ (دِرَنگ) (ف - مؤنث) دیر۔ تاخیر۔ توقف ۔

درو (دِرَو) (ف - مذکر) فصل کا کاٹنا - کٹائی ۔

دروبست ایمہ (ف - ت - مذکر) عام زمین کا انعام جس کا محصول معاف ہو ۔

دروازہ (دَر - وَا - زَہ) (ف - مذکر) ڈیوڑھی پھاٹک ۔

دروازہ بھیڑنا (ا) پٹ بند کرنا - دروازہ بند کرنا ۔

دروازہ کھولنا (ا) کواڑ کھولنا - کنڈی کھولنا ۔

دروازے کی مٹی لے ڈالنا (ا) پھیرے کرنا - بار بار آنا ۔

درود (دُرُود) (ف) (مذکر و مؤنث) (۱) دعا - سلام - تحفہ حمد (۲) (اصطلاحاً) وہ دعا اور سلام جو پیغمبر صلعم پر پڑھا جائے ۔

درود بھیجنا (ا) پیغمبر کی تعریف کرنا (۲) کسی خوبصورت شے کو دیکھ کر خدا کو یاد کرنا ۔

دروغ (دُرُوغ - دَرُوغ) (ف - مذکر) کذب جھوٹ بہتان ۔

دروغ برگردن راوی (ف) (مثل) جھوٹ کا گناہ روایت کرنے والے کی گردن پر اس وقت بولتے ہیں جب کوئی جھوٹا قصہ بیان کیا جائے ۔

دروغ حلفی (ا) مؤنث (قانون) جھوٹی قسم - قانون کے خلاف جھوٹ بولنا ۔

دروغ گو (ف) مذکر - جھوٹا - کاذب ۔

دروغ گو را حافظہ نباشد (ف) (مثل) جھوٹے کا حافظہ نہیں ہوتا ۔

دروغ گوئی (ف - مؤنث) کذب - جھوٹ کہنا ۔

دروغ گو کے سر روئے تو (ف) (مثل) اس وقت بولتے ہیں جب کوئی صریح جھوٹ کہے ۔

دروغ مصلحت آمیز بہ از راستی فتنہ انگیز (ف) (مثل) جس جھوٹ سے فساد رک جائے - وہ فساد کرنے والے سچ سے بہتر ہے ۔

درول (دَرُوں) (ف - مذکر) دل ۔

درونا (دَرُو - نَا) (ف) وہ زخم یا پھوڑا جس کا منہ اندر کی طرف ہو ۔

درونہ (دَرُو - نَہ) (ف - مذکر) دل ۔

درویش (دَر - وِیش) (ف) مذکر - فقیر - گدا - سائل (۲) خدا رسیدہ (۳) غریب - مسکین ۔

درویشانہ (ف) فقیرانہ - غریبانہ ۔

درویشی (ف - مؤنث) فقیری - مسکینی ۔

دُرّہ (دُر - رَہ) (ع) مذکر (۱) چمڑے کا چابک - تازیانہ کوڑا (۲) (اصطلاحاً) چمڑے کا وہ تسمہ جس سے شرعی سزا دی جائے ۔

دَرّہ (دَرَّہ) (ف) مذکر - گھاٹی - دو پہاڑوں کے درمیان کا راستہ ۔

دری (دَرِی) (۱) مؤنث (۱) شطرنجی - ایک موٹا سوتی بچھونے کا فرش (۲) (ف) (اصطلاح) زبان فارسی میں یرانی مصنفین اقوام کی زبان - جو فارسی ہی میں شامل ہے - اصول کہیں کہیں ترکیب ادا میں فرق ہے ۔

دریا (دَر - یَا) (ف) مذکر - بحر - ندی - پانی کی وہ دھار جو پہاڑ یا جھیل سے نکل کر خشکی پر بہتی ہوئی کسی دوسرے دریا یا سمندر میں جا ملے ۔

دریا برآمد (ف - مؤنث) وہ زمین جو دریا ہٹ جانے سے نکل آئی ہو ۔

دریا برد (ف) مؤنث - وہ زمین جو دریا کی طغیانی سے ڈوب گئی یا بہ گئی ہو ۔

دریا برد ہو جانا (ا) دریا میں ڈوب جانا کسی زمین کو دریا کا بہا لے جانا ۔

دریا پر جانا اور پیاسے آنا (ا) (مثل) بدقسمتی کی مثال ۔

دریا چڑھنا (ا) دریا کا طغیانی پر آنا - چڑھاؤ ہونا ۔

دریا دل (ف) سخی - فیاض ۔

دریا دلی (ف) مؤنث ، سخاوت - فیاضی ۔

دریا کوزے میں بند کرنا (ا) (۱) کسی بہت بڑے مضمون کو تھوڑے سے لفظوں میں بیان کر دینا (۲) ناممکن یا مشکل کام کرنا ۔

دریا میں رہنا اور مگرمچھ سے بیر (ا) (مثل) (۱) اپنے سے بڑے کے ساتھ بگاڑ رکھنا (۲) جہاں رہنا - وہاں کے لوگوں کے ساتھ بگاڑ کرنا ۔

دریائی (ف) (۱) دریا سے نسبت رکھنے والی شے - بحری آبی (۲) ایک قسم کا ریشمی کپڑا جو پنجاب میں بنتا ہے (۳) (ا)

پھینک کر یعنی دور تک بہا کر چھوڑنا ۔

دریائی آدمی (ع ف۔ مذکر) (۱) جل مانس۔ آدمی کی صورت کا بحری جانور۔ (۲) دریا میں رہنے والا آدمی ۔

دریائی گھوڑا (ہ) مذکر۔ دریا میں رہنے والا وہ جانور جس کا جثہ گھوڑے سے مشابہ ہوتا ہے ۔

دریائی ناریل (ہ) مذکر۔ سمندری ناریل۔ ایک دوا ۔

دریائے شور (ف) مذکر۔ سمندر۔ کالا پانی ۔

دریبا (دَرِی۔ بَا) (ہ۔ مذکر) (۱) پانوں کا بازار۔ تنبولیوں کا محلہ (۲) دہلی کا ایک بازار ۔

دریدہ (دَرِی۔ دَہ) (ف) پھٹا ہوا ۔

دریدہ دہن (ف) صفت۔ گستاخ ۔

دریس (دَرِیس) (ا) (۱) ایک قسم کی چھینٹ جو ململ پر ہو (۲) باقاعدہ۔ ہموار۔ سیدھا (۳) چوکس۔ ہوشیار ۔

دریغ (دَرِیغ) (ف۔ مذکر) افسوس۔ حسرت۔ غم۔ پچھتاوا ۔

دریغ آنا (ا) دریغ ہونا۔ افسوس آنا ۔

دریغ رکھنا۔ یا کرنا (ا) افسوس کرنا۔ کنجوسی کرنا ۔

دریغ ہونا (ا) (۱) افسوس ہونا (۲) تاسف ہونا۔ (۳) بخل ہونا ۔

دریوزہ (دَرْ۔ یُو۔ زَہ) (ف۔ مذکر) بھیک۔ گدائی ۔

دریوزہ گر (ف۔ مذکر) فقیر۔ گداگر۔ بھیک منگا ۔

دریوزہ گری (ف) مؤنث۔ بھیک مانگنا۔ گداگری کرنا ۔

د - ڑ

دڑبا (دَڑ۔ بَا) (ہ۔ مذکر) کبوتروں یا مرغیوں کا گھر۔ کابک ۔

دڑبڑانا (ہ) (عو) (۱) جھوٹا ٹھیرانا۔ دھمکانا۔ جھڑکنا (۲) دبانا۔ مغلوب کرنا ۔

دڑبے دڑبے کرنا (ا) مرغیوں کو آواز دے کر دڑبے میں بند کرنا ۔

دڑنگا (دَڑَنْ۔ گَا) (ہ۔ مذکر) (۱) لمبا قدم (۲) لمبا ٹانگا ۔

دڑنگے لگانا (ہ) (عو) (۱) کودنا۔ آوارہ پھرنا (۲) لمبے لمبے ٹانگے بھرنا ۔

دڑوکنا (دَڑُوکْ۔ نَا) (ہ) دہاڑنا۔ گرجنا۔ شیر کا بولنا ۔

دڑھیل (دَڑْھیل) (ہ۔ مذکر) دیکھو ڈڑھیل ۔

دڑیڑا (دَڑِیڑا) (ہ) مذکر۔ دھکم دھکا (۱) ریلا (۲) دریا کے بہاؤ کا زور ۔

د - ز

دُزد (دُزْد) (ف) مذکر۔ چور۔ سارق ۔

دُزدِ حنا (ف۔ ع) مذکر۔ وہ سفیدی جو مہندی لگانے میں چھوٹ جاتی ہے۔ مہندی کا چور ۔

دُزدی (ف) مؤنث۔ چوری۔ سرقہ ۔

د - س

دس (دَس) (ہ) (عد) ۱۰۔ عشرہ ۔

دس جنے کی لاٹھی ایک جنے کا بوجھ (ہ) (مثل) بہت آدمیوں کے لئے ایک آدمی کا کام بٹا دینا بڑی بات نہیں۔ دس آدمی اپنی اپنی لاٹھی اٹھوائیں تو ایک شخص کا بوجھ بن جاتا ہے ۔

دس گز۔ یا۔ دس ہاتھ کی زبان (ا) مؤنث۔ زبان درازی اور بدزبانی کی تمثیل ۔

دسا۔ دشا (دِسَا۔ دِشَا) (ہ) مؤنث۔ ہندو (۱) طرف۔ جانب۔ سمت (۲) وقت (۳) فراغت۔ یعنی پاخانہ (۴) حالت۔ کیفیت (۵) بنیوں کی ایک قوم ۔

دساتیر (دَسَا۔ تِیر) (ع) مذکر۔ دستور کی جمع (۱) قاعدے طریقے۔ قانون۔ رسمیں (۲) امیر وزیر۔ کرسی نشین (۳) رخصت۔ اجازت (۴) (ف) پارسیوں کی مذہبی کتاب (۵) زند خوانوں کے پیشوا ۔

دساد (دُسَاد) (ہ) مذکر۔ ایک نیچ ہندو قوم جو سؤر پالتی ہے ۔

دساشول (دِسَا۔ شُول) (ہ) مذکر۔ رجال الغیب۔ وہ غائب وجود جو دنیا کے دائرے میں حرکت کرتے رہتے ہیں اور جس طرف وہ واقع ہوں، اُدھر اُن دنوں احکام نجوم کے مطابق سفر کرنا منحوس سمجھا جاتا ہے ۔

دساور (دِسَا۔ وَر) (ہ) مذکر (۱) پردیس (۲) باہر کا سوداگری کا مال (۳) آب و ہوا۔ موسم (۴) ملک۔ ولایت (۵) وہ جگہ جہاں ہر چیز بافراط فروخت کیلئے جمع کی جائے ۔

دساور چڑھنا (ہ) سوداگری کے مال کا دوسرے ملک کو روانہ ہونا۔ مال بھرنا ۔

دساوری (ہ) (۱) ایک قسم کا عمدہ پان (۲) باہر جانے والا مال۔ پردیس میں جانے والا سوداگری کا اسباب (۳) ایک قسم کا کبوتر ۔

دساوری مال (ا) مذکر۔ باہر سے آنے والا سودا گری کا مال۔
دسپنا (ا) (۱) اصل دست پناہ۔ مذکر۔ چمٹا۔ آگ پکڑنے کا آلہ۔

دست (ف) مذکر (۱) ہاتھ۔ پنجہ (۲) قدرت۔ طاقت۔ قابو (۳) نوبت۔ دفعہ (۴) اصطلاح اطبا میں اجابت۔ پتلا پاخانہ۔ اسہال (۵) عدد۔ تعداد۔ (۶) تمام۔ کامل۔

دست آموز (ف) دست پروردہ۔ ہاتھوں سدھایا ہوا۔ پلایا ہوا۔ پالتو۔ گھریلو۔
دست آنا (ف) فعل لازم۔
دست آور (ف) دست لانے والی (دوا)۔
دست آویز۔ یا۔ دستاویز (ف) مؤنث۔ تمسک۔ قبالہ۔ نوشتہ۔ عہد نامہ۔
دستاویز انتقال (ف۔ع) مؤنث۔ جائداد کے منتقل ہونے کی تحریر۔
دستاویز بیع بالوفا (ف۔ع) مؤنث۔ شرطیہ فروخت کی تحریر۔
دست انداز (ف) فعل متعدی۔
دست اندازی (ف) مؤنث۔ ہاتھ ڈالنا۔ مداخلت کرنا۔ مخالفت کرنا۔
دست بدست (ف) ہاتھوں ہاتھ۔ جلدی۔ اسی وقت۔
دست برد (ف) مؤنث (۱) غبن۔ خیانت۔ لوٹ۔ خرد برد (۲) بازی۔ غلبہ۔ قدرت۔
دست بردار ہونا (۱) ہاتھ اٹھانا۔ باز آنا۔ چھوڑنا۔
دست بستہ (ف) ہاتھ باندھ کر۔ ہاتھ جوڑ کر۔
دست بقچہ (ف) مذکر۔ بقچی۔ کپڑوں یا سینے پرونے کی چھوٹی سی گٹھڑی۔
دست بندھک (ا) مؤنث۔ امانت یا گرو۔
دست بوس ہونا (۱) تسلیم بجا لانا۔ ہاتھ چومنا۔
دست بیع کرنا۔ مرید ہونا۔ کسی کے ہاتھ پر بیعت کرنا۔
دست پاک (ف) مذکر۔ رومال۔ تولیا۔ انگوچھا۔
دست چالاک (ا) چور۔ وہ شخص جسے چوری کا چسکا ہو۔
دست خط۔ دستخط (ف۔ع) مذکر۔ اپنے ہاتھ کا لکھا۔ اپنے ہاتھ کی علامت یا نشانی۔
دست خطی۔ دستخطی (۱) ہاتھ کا لکھا ہوا۔ ہاتھ کے دستخط کئے ہوئے۔
دست خود دہان خود گرسنگی زبان خود (ف) (مثل)

—— موجود اور مختار ہوتے ہوئے بھی کم عقلی سے اپنا آپ نقصان کرتا ہے۔

دست دراز (ف) (۱) جو ہر کسی کو مارے پیٹے (۲) مفسد (۳) ظالم۔
دست درازی (ف) مؤنث (۱) ہاتھ چلانا۔ دھول دھپا۔ لوٹ مار (۲) زیادتی۔ بدسلوکی۔
دسترس (ف) مذکر و مؤنث۔ پہنچ۔ رسائی۔ طاقت۔ توانگری۔ حیثیت۔ بساط۔
دست شفا (ف۔ع) مذکر۔ صحت بخشنے والا ہاتھ۔
دست غیب (ف۔ع) وہ آمدنی جو کسی ظاہری وسیلے کے بغیر غیب سے حاصل ہو۔
دست فروش (ف) مذکر۔ چیزیں ہاتھ میں لے کر بیچنے والا شخص۔
دست قدرت (ف۔ع) مذکر۔ قابو۔ اختیار۔ مقدور۔ بس۔
دست قلم (ف۔ع) (۱) ہاتھ کٹا ہوا (۲) کاتب۔ محرر۔ مصنف (۳) پڑھا لکھا۔
دستکار (ف) مذکر۔ کاریگر۔ وہ شخص جس کے ہاتھ میں کوئی ہنر ہو۔
دستکاری (ف) مؤنث (۱) کاریگری۔ ہاتھ کا کام (۲) (اصطلاحاً) نجاری۔ آہنگری وغیرہ جو تمام کام ہاتھ سے کرنے کے ہیں۔
دست گاہ (ف) مؤنث۔ طاقت۔ مقدور۔
دست گرداں (ف) مذکر۔ چلتا چلاتا ادھار جو ابھی لیا اور ابھی دیا جائے۔
دست گیر (ف) مذکر (۱) معاون۔ مددگار (۲) حضرت محبوب سبحانی غوث الاعظم کا لقب۔
دست گیری (ف) مؤنث۔ معاونت۔ مدد۔ حمایت۔ پناہ۔
دست لگنا (ا) دست چھوٹنا۔ متواتر دست آنا۔
دست مال (ف) مذکر۔ ہاتھ کا رومال۔ جیبی رومال۔
دست نگر (ف) مذکر۔ ہاتھ تکنے والا۔ محتاج۔ حاجتمند۔ مفلس۔
دست و گریباں ہونا (ا) گتھم گتھا ہونا۔ لڑنا۔ لپٹ جانا۔
دست یاب (ف) بہم پہنچنے والا۔ میسر۔ حاصل۔ وصول۔
دست یاب ہونا (ا) بہم پہنچنا۔ حاصل ہونا۔ ہاتھ لگنا۔ ملنا۔
دستار دس۔ تار (ا) مذکر (۱) دکھشو (۲) سجاف۔ حاشیہ (۳) لوہے کا گول اوزار جو کوٹنے کے کام آتا ہے (۴) جست۔

دستار (دَس۔ تار) (ف) مؤنث۔ پگڑی۔ عمامہ۔ سر بند ٭

دستار اور گفتار اپنی ہی کام آتی ہے (۱) (مثل) اپنی پگڑی آپ ہی باندھنا اور اپنی بات آپ ہی کہنا ٹھیک ہے۔ وہ فن یا کام کسی دوسرے کے فیصے سے درست نہیں ہوتے ٭

دَستار بند (ف) مذکر۔ پگڑی باندھنے والا۔ چیرا بند ٭

دَستارِ فضیلت (ف۔ ع) مؤنث۔ عمامۂ فضیلت۔ فاضل ہو جانے کی پگڑی ٭

دستانہ (ف) مذکر (۱) دیکھو دستانہ (۲) بڑی کرچ یا تلوار کا قبضہ جس سے اس کو پکڑتے ہیں ٭

دسترخوان (دَس۔ تر۔ خان) (ف) مذکر۔ کھانا کھانے کی چادر یا کپڑا۔ میز کی چادر ٭

دسترخوان بچھانے میں سو عیب نہ بچھانے میں ایک عیب (۱) (مثل)۔ دعوت نہ دی جائے۔ تو صرف کنجوسی کا عیب لگے گا۔ لیکن دعوت دی جائے تو سو عیب نکلیں گے۔ گھی زیادہ تھا یا کم۔ کھانا پکا تھا یا کچا۔ مرچ بہت تھی یا تھوڑی۔ میٹھا زیادہ تھا یا کم وغیرہ۔ غرض کھلانے سے نہ کھلانا اچھا ہے ٭

دسترخوان بڑھانا (۱) دسترخوان اٹھانا یا سمیٹنا ٭

دسترخوان کا توبہ کرنا (۱) (مو) جب دسترخوان پر کھانا چنا رکھا ہو اور کوئی نہ بیٹھے تو اس وقت یہ کہا جاتا ہے ٭

دسترخوان کی بلی۔ دسترخوان کی مکھی (۱) مؤنث، ہر کی جگہ۔ ہر وقت دسترخوان پر شریک ہو کر کھانے والے لوگ ٭

دستک (دَس۔ تک) (ف) مؤنث (۱) تالی یا ہاتھ مارنا (۲) (مجازاً) دروازہ کھٹکھٹانا۔ بلانا (۳) (۱) ٹیکس محصول (۴) (۱) پروانۂ راہداری ٭

دستک پیادہ (ف) مذکر۔ وہ چپراسی جو مال گزاری وصول کرنے یا قرقی کرنے اور سمن یا وارنٹ کی تعمیل کرنے جاتا ہے ٭

دستک دینا (۱) (۱) تالی بجانا (۲) کنڈی کھٹکھٹانا۔ پکارنا ٭

دستک لگانا (۱) ٹیکس لگانا۔ محصول لگانا ٭

دستکی (دَس۔ تکی) (ف) مؤنث (۱) پاکٹ بک۔ یادداشت کی چھوٹی سی کتاب (۲) صندوق وغیرہ کی آہنی کڑی جو اٹھانے میں آسانی کے لئے دونوں طرف لگا لیتے ہیں ٭

دستگی (دَس۔ تگی) (۱) مؤنث۔ وہ تسمہ جو تلوار کے قبضے سے لٹکتا رہتا ہے ٭

دستور (دَس۔ تُور) (ف) مذکر (۱) رسم۔ طریقہ۔ طرز۔ روش۔ عادت (۲) قانون (۳) وزیر۔ مدار المہام ٭

دستور العمل (ف۔ ع) مذکر (۱) قانون۔ قاعدہ معمول (۲) ہدایت نامہ ٭

دستور باندھنا (۱) قاعدہ مقرر کرنا۔ قانون بنانا۔ عادت ڈالنا ٭

دَستوری (۱) مؤنث (۱) کمیشن۔ دلالی۔ فیس ٭

دَشنہ (دَش۔ نَہ) (ف) مذکر (۱) چھری یا تلوار وغیرہ کا قبضہ (۲) فوج کا ایک حصہ۔ گارد (۳) گلدستہ (۴) ایک قسم کی کنڈی جو اکثر قبا پر لگاتے ہیں (۵) سجاف (۶) (۱) کاغذ کے چوبیس یا پچیس تختوں کا مجموعہ (۷) (۱) سونٹا۔ ڈنڈا ٭

دستی (ف) (۱) ہاتھ کے متعلق (۲) مؤنث۔ مشعل۔ فتیلہ۔ ہاتھ کا شمعدان (۳) چھوٹا سا قبضہ (۴) کشتی کا ایک داؤں جو ہاتھ سے کیا جاتا ہے (۵) چھوٹا سا قلمدان جو ہر وقت ہاتھ میں رہے (۶) وہ تحفہ یا ہدیہ جو راجہ مہاراجہ دسہرے کے دن سرداروں اور عہدہ داروں کو دیتے ہیں ٭

دستی کرنا (۱) ہاتھ سے ہاتھ ملا کر نمسکار کرنا ٭

دسمال (دَس۔ مال) (ف) مذکر۔ اصل دست مال (۱) ع۔ برتن صاف کرنے کی صافی۔ رومال ٭

دسمبر (دِسَم۔ بر) (انگریزی۔ ڈسمبر DECEMBER) مذکر۔ انگریزی سال کا آخری ۳۱ دن کا مہینہ ٭

دسواں (ہ) مذکر۔ دس سے منسوب۔ دہم ٭

دسوکھا (دَسو۔ کھا) (ہ) مذکر (۱) پرندوں کا پر جھاڑنا (۲) اٹھلے کا پر ٭

دسوں (ہ) کل دس۔ دس کے دس ٭

دسوں انگلیاں دسوں چراغ (۱) (مو) ایک ایک انگلی ایک ایک ہنر سے روشن یعنی ہنرمند اور لیاقت والی لڑکی کی تعریف میں کہا جاتا ہے ٭

دسویں (ہ) مؤنث۔ دہم۔ دس سے نسبت رکھنے والی ٭

دسہرہ (دَسَہ۔ رَہ) (ہ) مذکر۔ اسوج مہینے کی دسویں تاریخ کا بڑا بھاری تہوار جس میں ہندو پوجا وغیرہ کرتے۔ رام چندر جی کی لیلا رچاتے اور بڑی خوشی مناتے ہیں ٭

د۔ش

دشت (دَشت) (ف) مذکر۔ جنگل۔ صحرا۔ بیابان۔ میدان ٭

دشت پیما (ف) جنگل بیابان میں پھرنے والا ٭

دشت پیمائی (ف) مؤنث۔ جنگلوں میں پھرنا ۔

دشت نورد (ف) جنگلوں میں پھرنے والا ۔

دشت نوردی (ف) مؤنث۔ جنگل اور بیابان میں پھرنا ۔

دُشٹ (دُشٹ) (س) بُرا۔ خراب۔ بد ذات۔ شریر۔ ظالم۔ بے رحم۔ بدکار ۔

دشمن (دُش۔ مَن) (ف) مذکر (۱) مخالف۔ بیری۔ بدخواہ (۲) حریف۔ رقیب ۔

دشمن اگر قوی ست نگہبان قوی تر است۔ (ف) (مثل) دشمن بھاری ہے تو مضایقہ نہیں۔ خدا اس سے بھی زیادہ طاقت والا ہے ۔

دشمن جانی (ف) مذکر۔ جان کا لاگو۔ جان لیوا۔ دشمن ممکن ۔

دشمن چہ کند چو مہرباں باشد دوست (ف) (مثل) دشمن بھی کیا چلے کی جب دوست یعنی خدا تعالیٰ مہربان ہو ۔

دشمن زیر دزیر پا، (ا) (کلمۂ دعا) نئی جوتی پہننے کے وقت کہا جاتا ہے ۔

دشمن سوئے نہ سونے دے (ا) (مثل) دشمن نہ آپ چین پاتا ہے نہ دوسرے کو آرام لینے دیتا ہے ۔

دشمن کہاں؟ بغل میں (ا) (مثل)۔ دشمن پاس ہی ہوا کرتے ہیں ۔

دشمن نتواں حقیر و بیچارہ شمرد (ف) (مثل) دشمن چاہے کمزور کیوں نہ ہو اس کی طرف سے چوکس رہنا چاہئے ۔

دشمنوں کے من کا چیتا ہوا (محاورہ) (ا) دشمنوں کی مراد بر آئی ۔

دشمنوں میں ایسے رہئے جیسے دانتوں میں زبان۔ (ا) (مثل) دشمنوں میں گھرے ہوئے اور پھر الگ بچے ہوئے رہنا چاہیئے ۔

دشمنی (ف) مؤنث۔ بیر۔ عداوت ۔

دشمنی نکالنا (ا) بدلہ لینا۔ دشمن کو تکلیف دینا ۔

دشنام (دُش۔ نام) (ف۔ مؤنث)۔ گالی گلوچ ۔

دشنہ (دِش۔ نہ) (ف) مذکر۔ خنجر۔ کٹاری ۔

دشوار (دُش۔ وار) (ف) مشکل۔ دُوبھر ۔

دشواری (ف) مؤنث (۱) مشکل۔ دقت۔ سختی (۲) دعو۔ ناگوارئ خاطر ۔

دشواری پڑنا (ا) مشکل پڑنا۔ دقت پڑنا ۔

د - ع

دُعا (دُعا) (ع) مؤنث (۱) درخواست۔ التجا۔ التماس۔ عرض (۲) منتر۔ وظیفہ (۳) مناجات۔ مغفرت کی طلب (۴) نیکی۔ بھلائی۔ بہتری ۔

دعا کرنا (ا) بھلائی چاہنا۔ نیکی چاہنا۔ خدا سے التجا کرنا ۔

دعا لگنا (ا) دعا کا اثر کرنا۔ مراد بر آنا ۔

دعا مانگنا (ا) خدا سے بھلائی چاہنا۔ خدا سے مراد مانگنا۔ حاجت چاہنا ۔

دعائے خیر (ع۔ مؤنث) (۱) جناب الٰہی میں نیک دعا۔ اچھی التجا۔ اپنی نسبت ہو۔ یا دوسرے کی نسبت (۲) نکاح۔ فاتحہ ۔

دعائے دولت (ع۔ مؤنث) کسی کی ترقی دولت یا اقبال مندی کی دعا مانگنا ۔

دعاوی (دَعا وِی) (ع۔ مذکر) دعویٰ کی جمع ۔

دعائیہ (ع) دعا سے منسوب ۔

دعوا۔ دعویٰ (دَع۔ وا) (ع۔ مذکر) درخواست۔ خواہش۔ مطالبہ۔ مانگ۔ نالش۔ استحقاق ۔

دعویٰ جمانا (ا) مقدمہ جمانا۔ دلیل قائم کرنا۔ ملکیت ظاہر کرنا۔ قبضہ جتانا ۔

دعویٰ دار۔ دعویدار (ا) مذکر۔ مدعی۔ نالشی۔ فریادی (۲) دشمن۔ رقیب ۔

دعویٰ زائد المیعاد (ع۔ مذکر) وہ دعویٰ جس کی میعاد گزر چکی ہو ۔

دعویٰ کرنا (ا) مطالبہ کرنا۔ نالش کرنا۔ درخواست کرنا ۔

دعوائے مہر (ع۔ مذکر) اس روپے کا دعویٰ کرنا جو عورت کا نکاح ہوتے وقت قرار پاتا ہے ۔

دعوت (دَع۔ وَت) (ع۔ مؤنث) (۱) کھانے کے لئے بلانا (۲) ضیافت (۳) بلاوا۔ طلبی ۔

دعوت اسلام دینا (ا) اسلام لانے یا مسلمان ہونے کی درخواست کرنا۔ گمراہی سے راہِ راست کی جانب بلانا ۔

دعوت جنگ (ع) مؤنث۔ لڑنے کی درخواست۔ اشتہار جنگ ۔

دعوت سمرقندی (ع۔ مؤنث) وہ دعوت جس میں دل اور حقیقت باطن سے نہ ہو۔ ظاہر صاحب جھوٹا جتلانا ۔

دعوتِ شیراز (ع۔ ف) مؤنث۔ بے تکلفی کی دعوت

جس سے تکلیف نہ ہو۔ حاضر اور موجود چیز کھلا دینے کی ضیافت ●

دعوت ولیمہ (ع) ۔ مؤنث ۔ وہ ضیافت جو بعد از نکاح دی جائے ۔ شادی کی ضیافت ●

د - غ

دغا (دَغا) (ف) مؤنث ۔ دھوکا ۔ دم ۔ جھانسا ●

دغا باز (ف) مذکر ۔ دھوکا دینے والا ۔ مکار ۔ جعل ساز ۔ فریبی ●

دغا بازی (ف) ۔ مؤنث ۔ مکاری ۔ جعل سازی ۔ بے ایمانی ●

دغا دینا ۔ یا ۔ کرنا (ہ) دھوکا دینا ۔ دم دینا ●

دغدغا (دَغ ۔ دَغا) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کی چھوٹی قندیل ۔ کنول (۲) روشن ۔ چمکتا ہوا ●

دغدغانا (ہ) (۱) چمکنا ۔ روشن ہونا (۲) سرخ ہونا ۔ دہکنا ●

دغدغاہٹ (ہ) (۱) مؤنث چمک دمک (۲) سرخی ۔ تمتماہٹ ●

دغدغہ (دَغ ۔ دَغَہ) (ع) ۔ مذکر ۔ خوف ۔ اندیشہ ۔ ڈر ۔ خدشہ ۔ کھٹکا ●

دغنا (دَغ ۔ نا) (ہ) (۱) چھوٹنا ۔ سر ہونا ۔ بندوق یا توپ کا چلنا (۲) کسی چیز کو گرم کر کے نشان دیا جانا ●

دغیلا (دَغی ۔ لا) (ہ) (۱) داغدار ۔ دھبے والا (۲) چوٹ لگا ہوا یا سڑا ہوا پھل (۳) عیب دار ۔ کنونا ●

د - ف

دف (دَف) (ف) مذکر ۔ ڈفلی ۔ ایک چوبی حلقہ جس کا منہ ایک طرف کھال سے منڈھا ہوتا ہے ۔ اور ہاتھ سے بجایا جاتا ہے ۔ اور بعض میں جھانج بھی لگا دیتے ہیں ●

دفاتر (دَفا ۔ تِر) (ع) مذکر ۔ دفتر کی جمع ●

دفالی (دَفا ۔ لی) (ف) ۔ مذکر ۔ دف بجانے والا ●

دفان (ف) مذکر ۔ دفع ۔ دور ●

دفتر (دَف ۔ تَر) (ع ۔ مذکر) (۱) مجموعۂ حساب وغیرہ کچہری کے کاغذات کا مجموعہ (۲) طومار ۔ بڑا بھاری خط (۳) لمبی کہانی (۴) محکمہ ۔ آفس ●

دفتر استمراری (ع ۔ مذکر) مال کے محکمے کے وہ کاغذات جو تین سال تک تلف نہیں ہوتے ۔ آرڈر وغیرہ ●

دفتری (ف) مذکر ۔ دفتر کے کاغذات درست کرنے جلد وغیرہ جلانے استعمال کرنے والا ●

دفتی (دَف ۔ تی) (ہ) مؤنث ۔ کاغذ رکھنے کا پٹھا ۔ مقوا ۔ فائل رکھنے کا گتہ ●

دفر قلیہ (دَفر ۔ قَل ۔ یَہ) (ف) مسلکی خراب پیا ہوا قلیہ ●

دفع (دَفع) (ع) (مذکر و مؤنث) دور ۔ رد ۔ الگ ●

دفع الوقتی (ع) مؤنث ۔ وقت گزاری ۔ ٹال مٹول ●

دفع دفان ہونا (ہ) (ع) دفع ہونا ۔ رخصت ہونا ●

دفعتہً (ع) یکایک ۔ یکبارگی ۔ اچانک ۔ ناگاہ ۔ فوراً ●

دفعہ (ع) مؤنث (۱) ایک بار ۔ باری ۔ نوبت (۲) حصہ قانون کا فقرہ ۔ مضمون کا نمبر (۳) درجہ ۔ زمرہ ۔ جماعت ●

دفعہ دار ۔ دفعدار (ف) مذکر ۔ سپاہیوں کے چھوٹے سے گروہ کا سردار ●

دفعیہ (دَف ۔ عی ۔ یَہ) (ع) ۔ مذکر ۔ علاج ۔ تدبیر ۔ برائی روکنے کی تدبیر ●

دفن (دَفن) (ع) ۔ مذکر ۔ زمین میں چھپانا ۔ گاڑنا ۔ تجہیز و تکفین ●

دفنانا (ہ) مردے کو قبر میں دبانا ●

دفن کرنا (ع) ۔ مذکر ۔ زمین میں چھپانا ۔ گاڑنا ۔ تجہیز و تکفین کرنا ●

دفینہ (دَفی ۔ نَہ) (ع) ۔ مذکر ۔ گڑا ہوا مال ۔ چھپا ہوا خزانہ ●

د - ق

دق (دِق) (ع ۔ مؤنث) (۱) باریک ۔ دبلا ۔ پتلا (۲) تپ کہنہ ۔ وہ اندرونی ہلکا سا بخار جس کے ساتھ معمولی سی کھانسی بھی ہوتی ہے ۔ اور آخر انسان اسی میں گھل کر مر جاتا ہے ۔ عموماً حسین اور نازک طبع لوگ ہی اس کا شکار ہوتے ہیں ●

دقائق (دَقا ۔ ئِق) (ع ۔ مذکر) دقیقہ کی جمع ۔ باریکیاں ۔ نکتے ●

دق کرنا (ہ) چھیڑنا ۔ ستانا ۔ تنگ کرنا ●

دقت (ع ۔ مؤنث) باریکی ۔ مشکل ۔ دشواری ۔ تنگی ۔ تکلیف ●

دقت میں پڑنا (ہ) مشکل یا صعوبت میں گرفتار ہونا ۔ مصیبت میں پھنسنا ●

دقیانوس (دَق ۔ یا ۔ نوس) (ع) ۔ مذکر ۔ ایک ظالم اور بت پرست بادشاہ و فارس کا نام جس کے خوف سے اصحاب کہف اپنا شہر چھوڑ کر پہاڑ کے غار میں جا چھپے تھے ●

دقیانوسی (ع-ف) (۱) دقیانوس سے نسبت رکھنے والا (۲) بہت پرانا۔ بہت پُرانے زمانے کا ۔

دقیانوسی خیال (۵) مذکر۔ پرانا خیال۔ پرانی روشنی۔ حال کے تجربہ اور تحقیق کے خلاف ۔

دقیق (دقیق) (ع) (۱) باریک۔ نازک۔ خاصی چیز (۲) مشکل۔ کٹھن ۔

دقیقہ (ع)۔ مذکر (۱) باریکی۔ نکتہ (۲) منٹ۔ لحظہ۔ گھنٹے کا ساٹھواں حصہ ۔

دقیقہ رس (ع۔ ف) نکتہ رس۔ باریک بین۔ زیرک۔ تیز طبع ۔

د-ک

دکان (دُکان) (ف) مؤنث۔ ہاٹ۔ سودا بیچنے کی جگہ۔ کارخانہ ۔

دکان بڑھانا (۱) دکان بند کرنا ۔

دکان چلنا (۱) خوب بکری ہونا۔ گرم بازاری ہونا ۔

دکان کھولنا۔ کرنا۔ یا۔ لگانا (۱) چیزوں کو پھیلا کر بیٹھنا۔ بیچنے کی چیزیں پھیلا دینا ۔

دکڑا (دُک۔ ڑا) (۵) مذکر۔ دمڑی۔ چھدام

دکڑی (دُک۔ ڑی) (۵) مؤنث (۱) دُکی۔ دو کا پتّا (۲) دو گھوڑوں کی بگھی ۔

دُکھ (دُکھ) (۵) مذکر (۱) درد۔ تکلیف (۲) رنج۔ عذاب (۳) مرض۔ بیماری (۴) مصیبت۔ بلا ۔

دُکھ بٹانا (۵) شریک غم ہونا۔ غمخواری کرنا ۔

دکھ بھرنا۔ یا۔ بھگتنا (۵) مصیبت اٹھانا۔ تکلیف سہنا ۔

دُکھ درد کا شریک (۱) (ع) رنج و غم کا ساتھی۔ شریک رنج و درد ۔

دُکھ درد میں شریک ہونا (۱) رنج و غم کا ساتھ دینا۔ دُکھ بٹانا ۔

دُکھ دینا (۵) تکلیف پہنچانا۔ ستانا ۔

دُکھ سُکھ (۵)۔ مذکر۔ رنج و راحت۔ غم و شادی۔

دُکھ سُکھ (سب کے) ساتھ لگا ہوا ہے (۵) مثل۔ ہر شخص کو خوشی بھی ہوتی ہے۔ غم بھی ۔

دُکھ کی پوٹ (۵) سرتاپا دُکھ۔ دائم المرض۔ سدا روگی ۔

دُکھ لگنا (۵) (۱) روگ لگنا (۲) مصیبت پڑنا ۔

دکھا (دِکھا) (۵) دکھانا کا امر ۔

دکھادا (۵)۔ مذکر۔ نمود۔ تکلّف۔ بناوٹ۔ ظاہر ہونا۔ معلوم ہونا ۔

دکھاوٹ (۵) مؤنث۔ ظاہرداری۔ نمائش ۔

دکھاؤ (دِکھا۔ آؤ) (۵) (۱) دکھائی دینے والا۔ ظاہر (۲) خوبصورت (۳) دکھانے کے لئے (۴) نمائشی (۵) کھلا ۔

دکھاؤ (دِکھا۔ آؤ) مذکر۔ دور کی چیز کا نظر آنا۔ سامنا ہونا ۔

دکھائی (۵) مؤنث (۱) خودنمائی (۲) درشن (۳) نمائش (۴) معاینہ (۵) معاینہ کرنے کی اجرت ۔

دکھائی دینا (۵) نظر آنا۔ دیکھنے میں آنا ۔

دُکھتے چوٹ کونڈے بیٹھنے (۵) مثل۔ اکثر دُکھتے ہی مقام پر چوٹ لگتی ہے۔ اور جس سے ملنا چاہو وہ ضرور ملتا ہے ۔

دُکھڑا (۵) مذکر (ع) (۱) بپتا۔ آفت۔ بلا (۲) روگ۔ مرض بیماری (۳) محنت۔ مزدوری (۴) درد بھرا قصہ ۔

دُکھڑا پڑنا (۵) (ہندو) (ع) (۱) مصیبت زدہ ہونا۔ دُکھڑا اٹھانا (۲) بیوہ ہوجانا۔ رانڈ ہوجانا ۔

دُکھڑا رونا (۵) مصیبت دہرانا۔ غم کی کہانی سنانا ۔

دکھلا (دِکھ۔ لا) (۵) دکھلانا کا امر ۔

دکھلانا (۵) (۱) دکھانا۔ ملاحظہ کرنا (۲) جتانا۔ آگاہ کرنا (۳) پیش کرنا۔ روبرو کرنا (۴) رہنمائی کرنا۔ راستہ بتانا ۔

دکھلاوا (۵) (مذکر) دیکھو دکھاوا ۔

دکھن۔ دکن (دَکھ۔ کھن۔ دَک۔ کَن) (۵) (مذکر) جنوب ۔

دکھن گئے نہ بہورے۔ رہے چندیری چھاؤ۔ (۵) مثل۔ جو دکن گیا۔ واپس نہ آیا۔ چندیری میں رہ گیا۔ اس شخص کے متعلق کہتے ہیں۔ جو پردیس میں جاکر آباد ہوجائے ۔

دکھنا (۵) مؤنث۔ جنوبی ہوا ۔

دُکھنا (۵) درد ہونا۔ درد کرنا ۔

دکھنی (۵) دکھن سے نسبت رکھنے والا۔ دکھنی ۔

دُکھی (۵) (۱) مصیبت زدہ۔ دردمند۔ رنجیدہ (۲) بیمار مریض ۔

دُکھی ہونا (۵) (۱) رنجیدہ ہونا۔ عاجز آنا۔ نہایت تکلیف میں ہونا (۲) بیمار ہونا۔ مریض ہونا۔ روگی ہونا ۔

دُکھیا (۵) مؤنث۔ دکھیاری۔ دردمند عورت۔ رانڈ۔ بیوہ ۔

دُکھیا کو دکھ دینا (مشکلیا کو ستانا) (۲) مثل
جب کسی مصیبت زدہ کے بیان پر کوئی بیہودہ
ستم پیش آئے۔ تو وہاں کہتے ہیں ◆

دُکھیارا (ہ) (۱) درد رسیدہ۔ مصیبت زدہ (۲) بیمار۔
علیل۔ مریض ◆

دُکھیاری (ہ) مؤنث۔ دیکھو: دکھیارا ◆

دُکّی (دُک۔ کی) (ہ) مؤنث۔ تاش یا گنجفے کا ایک پتّہ
جس پر دو نشان ہوتے ہیں ◆

د۔گ

دگاڑا (دِگا۔ڑا) (ہ) مذکر۔ دیکھو دوگاڑا

دگانہ (ف) مذکر۔ دیکھو (دوگانہ) ◆

دُگدا (دُگ۔دا) (ہ) مذکر۔ تذبذب۔ کسی کام کے
کرنے یا نہ کرنے میں سوچنا ◆

دُگدا میں دونوں گئے مایا ملی نہ رام (ہ) مثل،
تذبذب میں کوئی کام بھی پورا نہیں ہو سکتا۔
دو کاموں میں ایک ہی وقت انتظام کرنے سے
ایک کام بھی ٹھیک نہیں ہوتا ◆

دُگدگا (دُگ۔دگا) (ہ) مذکر۔ دیکھو: دغدغا ◆

دُگدگانا (ہ) دیکھو: دغدغانا ◆

دُگدگاہٹ (ہ) مؤنث۔ دیکھو: دغدغاہٹ ◆

دُگدگی (دُگ۔دگی) (ہ) مؤنث (۱) حلقوم۔ حلق۔
گلا (۲) گھگنی۔ گلے کا ایک زیور (۳) سینے کی ہڈی۔
ہانس ◆

دُگدگی میں دم ہونا (۱) صرف گلے میں سانس ہونا۔
گھنگرو بولنا۔ دم نکلنے کا آخر وقت ہونا ◆

دگر (ف) دوسرا۔ غیرہ ◆

دگرگوں (ف) رنگ بدلا ہوا۔ الٹ پلٹ متغیرہ

دگرگوں ہونا (۱) رنگ بدلنا۔ الٹ پلٹ ہونا (۲)
خفا ہو جانا ◆

دگڑا (دَگ۔ڑا) (ہ) مذکر۔ گنواں راستہ۔ راہ۔ سڑک
پگڈنڈی ◆

دگلا (دَگ۔لا) (ہ) پنکٹ معنی والا انگرکھا۔ لبادہ ◆

دُگن (دُگ۔ن) (ہ) مؤنث۔ باجے یا ساز کی دوسرے درجے
کی آواز ◆

دُگنا (دُگ۔نا) (ہ) دونا۔ دوچند۔ دُہرا۔ ڈبل ◆

د۔ل

دَل: دَل (ہ) مذکر (۱) جسامت۔ موٹائی (۲) فوج۔ لشکر۔ بود
(۳) پتّا۔ برگ ◆

دَل بادل (ہ) (۱) بہت سی فوج (۲) شاہجہان کا بڑا خیمہ۔
بڑا خیمہ۔ خرگاہ ◆

دَل دار۔ دلدار (ہ) موٹا۔ دبیز ◆

دل (دِل) (ف) مذکر (۱) قلب۔ من۔ ضمیر (۲) کلیجہ۔ جگر
(۳) سخاوت۔ فیاضی (۴) ہمّت۔ شجاعت۔
دلیری (۵) رغبت۔ خواہش (۶) باطن۔ اندر
والا (۷) توجہ۔ رُخ ◆

دل آب آب ہونا (۱) دکنا یہ، دل کا نرم ہونا ◆

دل آرام یا۔ دلآرام (ف) مذکر۔ دل کو آرام دینے
والا۔ پیارا۔ معشوق ◆

دل آزار (ف) دل دُکھانے والا۔ ظالم ◆

دل آزاری (ف) مؤنث۔ ظلم ستم۔ ایذا رسانی ◆

دل آزردہ (ف) ناراض۔ رنجیدہ ◆

دل آنا۔ یا۔ آ جانا (۱) کسی پر دل کا مائل ہو جانا۔ عاشق
ہو جانا ◆

دل آور۔ دلاور (ف) بہادر۔ شجاع۔ سورما۔ جوانمرد۔ دل چلا۔

دل آوری۔ دلاوری (ف) مؤنث (۱) شجاعت۔
بہادری۔ جوانمردی (۲) جرأت۔ دلیری ◆

دل آویز۔ دلآویز (ف) دل پسند۔ دل کو اچھا لگنے والا ◆

دل اٹکنا (۱) دل کا لگنا۔ عشق و محبت ہونا ◆

دل اٹھ جانا۔ یا۔ اٹھنا (۱) جی اُچٹ جانا۔ جی نہ
لگنا (۲) دوسری جگہ جانے کو جی چاہنا ◆

دل اُچاٹ ہونا (۱) جی اکتانا۔ دل بیزار ہونا ◆

دل افتادہ (ف) بد دل۔ شکستہ دل ◆

دل افروز (ف) دل کو روشن کرنے والا ◆

دل افگار (ف) زخمی دل والا۔ غمگین ◆

دل اُلٹنا (۱) دیوانہ ہونا۔ پاگل ہونا (۲) دل گھبرانا ◆

دل اُمنڈنا (۱) دل بھر آنا۔ رونے کے قریب ہونا

دل باغ باغ ہونا (۱) نہایت خوش ہونا۔ بہت شاد ہونا ◆

دل باندھنا (۱) دل کو مائل کر لینا ◆

دل بجھنا (۱) طبیعت کا افسردہ ہونا ◆

دل بر۔ دلبر (ف) معشوق۔ دلربا۔ پیارا۔ حبیب ◆

دل بُرا ہونا (۱) دل ناراض ہونا۔ دل کھٹا ہونا ◆

دل پر اداشتہ ہونا (ا) دل اُکتانا۔ بیزار ہونا۔ دل کھٹّا ہونا ۔

دل بڑھانا (مصدر) (ا) ہمّت بندھانا۔ دلیر کرنا (۲) خوش کرنا (۳) واہ واہ کرنا (۴) کسی کو بہادر کہنا تا کہ لڑائی میں بہادری دکھائے ۔

دل پسند۔ دِلپسند (ف) طبیعت کو پسند آنے والا ۔

دل پکڑ آنا (ا) دل اُمڈ آنا۔ کسی کا دکھ سُن کر رونے لگنا ۔

دل بہلانا (ا) دل کو سیر تماشے میں مصروف کرنا۔ دوسری طرف دل لگانا ۔

دل بیٹھ جانا (ا) ہمّت ٹوٹ جانا۔ خوشی نہ رہنا ۔

دل پذیر۔ دلپذیر (ف) دل کو اچھا لگنے والا۔ دلاویز ۔

دل پر سانپ لوٹنا (ا) افسوس آنا۔ پچھتاوا آنا (۲) رنج و صدمہ گزرنا (۳) حسد ہونا۔ جلنا ۔

دل پر میل آنا (ا) دل کو ناگوار گزرنا۔ دل پر رنج آنا ۔

دل پر نقش ہونا (ا) کسی بات کا دل میں جم جانا۔ خوب یاد رہ جانا ۔

دل پر ہاتھ رکھے پھرنا (ا) بیتابانہ پھرنا۔ دل پکڑے پھرنا۔ اظہارِ عشق کرتے پھرنا ۔

دل پلیوں اچھلنا (ا) بہت بیقرار ہونا۔ گھبرانا ۔

دل پسیجنا (ا) (ا) دل نرم ہونا۔ ترس کرنا (۲) سخاوت پر آمادہ ہونا۔ سلوک کرنا ۔

دل پک جانا (ا) صدموں یا سخت کلامیوں سے دل اُکتا جانا ۔

دل پکڑا جانا (ا) دل میں شبہ گزرنا ۔

دل پکڑ کر یا تھام کر بیٹھ جانا (ا) ہائے کر کے بیٹھ جانا۔ صدمے کے مارے بول نہ سکنا ۔

دل پکڑ لینا (ا) کسی کے صدمے یا رنج کی تاب نہ لانا۔ بیتاب ہو جانا ۔

دل پکڑے پھرنا (ا) دیوانہ بے تابانہ اور مضطرب سا پھرنا ۔

دل پھٹنا (ا) دل بیزار ہونا۔ طبیعت کا ہٹ جانا ۔

دل پھرنا (ا) (ا) دل بیزار ہونا۔ متنفر ہونا (۲) سیر ہو جانا۔ طبیعت بھر جانا ۔

دل پھیرنا (ا) (ا) دل بیزار کرنا۔ نفرت دلانا (۲) سیر کرنا ۔

دل پھیکا ہو جانا (ا) کسی چیز سے دل ہٹ جانا۔ توجہ نہ رہنا۔ خیال جاتا رہنا ۔

دل تڑپنا (ا) دل لوٹنا۔ دل بے قرار رہنا۔ کسی کے دیکھنے یا ملنے کی بے حد خواہش ہونا ۔

دل توڑنا (ا) محبت توڑنا۔ نا اُمید کرنا (۲) بے تعلق ہو جانا ۔

دل ٹٹولنا (ا) دل کی آزمائش کرنا ۔

دل ٹھکانے لگنا۔ یا۔ ہونا (ا) دل ٹھہرنا۔ اطمینان ہونا۔ تسلّی ہونا۔ ڈھارس بندھنا ۔

دل ٹھکنا (ا) اطمینان خاطر ہونا۔ جمعی ہونا۔ کسی کام پر آمادہ ہونا ۔

دل جلا (ا) عاشق۔ فریفتہ۔ دل سوختہ ۔

دل جل کر کباب ہونا (ا) (ا) سخت رنج یا صدمہ ہونا (۲) حسد سے جلنا ۔

دل جمعی (ا) مونث۔ بے فکری۔ اطمینان ۔

دل جمنا (ا) دل لگنا۔ توجہ ہونا ۔

دل جو۔ دلجو (ف) پیارا۔ محبوب ۔

دل جوئی (ف) مونث۔ دلداری۔ تسکین۔ تسلّی ۔

دل چرانا (ا) (ا) کسی کام سے پہلو تہی کرنا۔ جی چھپانا (۲) دل لینا۔ دل چھیننا ۔

دل چسپ۔ دِلچسپ (ف) دلپسند۔ خوبصورت۔ خوشنما ۔

دل چسپی۔ دلچسپی (ف) مونث۔ (ا) شوق۔ چاہت (۲) مزہ۔ لطف ۔

دل چلا (ا) (ا) دلیر۔ بہادر۔ جانباز (۲) فیاض۔ سخی۔ داتا۔ ذی ہمّت (۳) دیوانہ۔ پاگل ۔

دل چلنا (ا) (ا) خواہش ہونا۔ مائل ہونا (۲) دیوانہ یا پاگل ہونا ۔

دل حاضر ہونا (ا) طبیعت کا درست ہونا۔ دل ٹھکانے ہونا ۔

دل خراش (ف) رنج پہنچانے والا۔ جانکاہ ۔

دل خستہ (ف) رنجیدہ۔ غم رسیدہ۔ آفت زدہ۔ دکھیا۔ مصیبت زدہ ۔

دل خواہ (ف) مرضی کے موافق۔ دلپسند۔ پسندیدہ ۔

دل خوش کرنا (ا) راضی کرنا۔ آنند کرنا ۔

دل دادہ۔ دلدادہ (ف) عاشق۔ فریفتہ ۔

دل دار۔ دلدار (ف) مذکر (ا) پیارا۔ دلبر۔ معشوق۔ جانی (۲) تسلّی بخش۔ تسکین دہ ۔

دل داری۔ دلداری (ف) مونث (ا) تسلّی۔ تسکین (۲) ہمدردی۔ وفاداری ۔

دل دکھانا (۱) رنج و صدمہ پہنچانا - دل کڑھانا ۔
دل دوست (ف) (۱) دل پیار کرنے والا (۲) پسندیدہ (۳) دل کو پسند آنے والا ۔
دل دھڑکنا (۱) (۱) دل لرزنا - دل کا کانپنا (۲) افسوس ہونا - دل کڑھنا ۔
دل دھک دھک کرنا (۱) (۱) بیماری - ڈر یا بیقراری سے دل کا تیزی سے حرکت کرنا (۲) بیتاب ہونا ۔
دل دھک سے ہو جانا (۱) دفعۃً صدمہ ہونا - ناگہانی صدمے سے دل پر چوٹ لگنا ۔
دل دھکڑ پکڑ کرنا (۱) دل کا اندیشہ کرنا - دل کا تذبذب میں ہونا ۔
دل دہلنا (۱) خوف کھانا - ڈرنا - دل دھڑکنا ۔
دل دہی (ف) مؤنث تسلی تشفی - دلجوئی - ڈھارس - ترحم - پرسان ۔
دل دیکھنا (۱) آزمانا - عندیہ لینا - منشا دریافت کرنا - مرضی ٹٹولنا ۔
دل دینا - کسی پر عاشق ہو جانا - کسی جگہ دل پھنسا دینا ۔
دل ڈوبنا (۱) ضعف یا ناتوانی کے مارے دل کا گرا پڑنا - دل کا بیٹھ جانا ۔
دل ربا (ف) مذکر - دلبر معشوق - دل لے جانے والا ۔
دل ربائی (ف) مؤنث - دلبری معشوقی ۔
دل رکنا (۱) دل نہ ملنا - دل کا آزردہ ہونا ۔
دل رکھ لینا - دل رکھنا (۱) دلداری اور پاس خاطر کرنا - امید بندھانا - تسلی دینا - دلاسا دینا - خوش رکھنا ۔
دل زدہ (۱) غمزدہ - افسردہ دل - غم رسیدہ ۔
دل سنبھالنا (۱) دل کو قابو میں لانا - دل کو قابو میں رکھنا ۔
دل سوز - دلسوز (ف) مذکر (۱) دردمند - خیر خواہ - غمخوار - دوست - رفیق (۲) درد انگیز - دل گداز ۔
دل سوزی - دلسوزی (ف) مؤنث - دردمندی ہمدردی - خیر خواہی ۔
دل سے اتر جانا یا گرنا (۱) دل کو پسند نہ آنا - نظروں سے گرنا - حقیر ہونا ۔
دل سے دھواں اٹھنا (۱) دل سے آہ نکلنا ۔
دل سے کام کرنا (۱) شوق سے کام کرنا - دل لگا کر کام کرنا ۔
دل شاد (ف) خوش آئند - مگن - خوش و خرم ۔
دل شکستہ (ف) رنجیدہ - دل آزردہ ۔

دل شکنی (۱) مؤنث کسی کے دل کو آزردہ اور ملول کرنا - دل توڑنا ۔
دل فریب - دلفریب (ف) دل کو فریفتہ کرنے والا - من موہن ۔
دل کا بخار نکلنا (۱) جوش دل کا فرو ہو جانا - دلی رنج ظاہر ہونا ۔
دل کا گھاؤ رانی جانے یا راؤ (۲) (مثل) دلی رنج میاں بی بی ہی خوب جانتے ہیں ۔
دل کا مالک اللہ ہے (۱) کہاوت (۱) خدا ہی دل پھیر سکتا ہے (۲) دل کی خبر خدا ہی کو ہے ۔
دل کباب ہونا (۱) دل جلنا - دل کا سوختہ ہونا - دل کو نہایت رنج پہنچنا ۔
دل کٹنا (۱) شرمندہ ہونا ۔
دل کرنا (۱) ہمت کرنا - جرأت کرنا - سخاوت کرنا ۔
دل کڑا کرنا (۱) دل مضبوط یا سخت کرنا - ہمت باندھنا ۔
دل کڑھنا (۱) غم ہونا - افسوس ہونا ۔
دل کش (ف) دلپسند - خوشنما - دل لبھانے والا ۔
دل کشا (ف) (۱) دل کو خوش کرنے والا (۲) روشن - خرم ۔
دل کشیدہ ہونا (۱) رنجیدہ ہونا - بیزار ہونا ۔
دل کملانا (۱) دل مرجھانا - پژمردہ ہونا ۔
دل کو سنبھالا لگنا (ہونا) (۱) بیتاب ہونا - بیقرار ہونا ۔
دل کو دل سے راہ ہونا (۱) طرفین سے الفت ہونا - جانبین سے محبت ہونا - محبت کرنے والے سے محبت ہونا ۔
دل کو ڈھالنا (۱) فریفتہ کرنا - مائل کرنا ۔
دل کو قرار ہونا (۱) اطمینان خاطر ہونا - یکسوئی ہونا ۔
دل کو لگنا (۱) (۱) دل پر اثر ہونا - دل پر واقع ہونا (۲) دل میں کھبنا - دل کو یقین ہونا (۳) دل پر صدمہ گزرنا (۴) غصہ آنا - ناگوار گزرنا ۔
دل کو قرار تو سوجھیں سب تہوار (۲) (مثل) دلجمعی ہی میں انسان کو خوشی اور ہر کام سوجھتا ہے ۔
دل کھٹا ہونا (۱) دل بیزار ہونا - دل کا ناراض ہونا ۔
دل کھٹکنا (۱) دل میں شبہ گزرنا ۔
دل کھِلنا (۱) (۱) خوش ہو جانا (۲) روشن ضمیر ہونا
دل کھلنا (۱) شگفتگی خاطر کا حاصل ہونا - نشاط طبع ہونا ۔
دل کھول کے (۱) خاطر خواہ - حسب دل خواہ - بخوبی ۔
دل کی پھانس (۱) مؤنث - درد دل کی تکلیف یا رنج ۔
دل کے پھپھولے پھوڑنا (۱) جلی نکالنا - غصہ نکالنا - زہر

آگ لگنا شعلہ بھڑکنا۔ دل کا شعلہ اٹھنا۔ حسرت نکلنا ۔

دل کی دل میں رہنا (۱) حسرت و ارمان کا دل ہی میں رہنا (۲) کسی سے اپنا حال کہنے نہ پانا ۔

دل کی لگی (۱) مؤنث (۲) ہمراز۔ مصاحب۔ مشیر ۔

دل کی آگ (۱) مؤنث۔ عاشقی۔ عشق۔ محبت ۔

دل گردہ (ف) مذکر (۱) جگرا۔ تاب۔ طاقت۔ جرأت۔ بہادری۔ ہمت (۲) بُرد باری۔ برداشت ۔

دل گرمی (ف) مؤنث (۱) گرمجوشی۔ شوق (۲) دوستی ۔

دل گیر۔ دلگیر (ف) مغموم۔ اندوہگین۔ اداس۔ سوگوار ۔

دل لگانا (۱) (۱) عشق کرنا۔ محبت کرنا (۲) توجہ سے کوئی کام کرنا۔ دل جمانا ۔

دل لگنا (۱) (۱) دل کا مصروف ہونا۔ طبیعت کا متوجہ ہونا (۲) عشق ہونا۔ محبت ہونا۔ عاشق ہونا ۔

دل لگی (۱) مؤنث (۱) ہنسی مذاق (۲) محبت۔ دوستی۔ آشنائی (۳) شغل۔ مشغلہ ۔

دل لگی باز (ف) مذکر۔ خوش طبع۔ ظریف۔ مسخرہ ۔

دل موہ لینا (۱) (۱) کسی کا دل اپنی طرف مائل کر لینا۔ عاشق بنا لینا (۲) منشا دریافت کر لینا ۔

دل لوٹنا (۱) (۱) دل کا تڑپنا۔ بیقرار ہونا (۲) دل کا کسی چیز کی آرزو میں بے چین رہنا ۔

دل مارنا (۱) نفسانی خواہشوں سے دل کو روکنا ۔

دل مر جانا (۱) دل کا مردہ ہونا۔ تمام خواہشوں سے منہ موڑ لینا ۔

دل مسوس کر رہ جانا (۱) دل پکڑ کر رہ جانا۔ کسی صدمے کے باعث بےبسی کا چپ رہ جانا ۔

دل ملنا۔ کسی سے ایک جان دو قالب ہو جانا۔ دل کا موافق ہونا ۔

دل ملنا (۱) (۱) دل پامال کرنا۔ رنج پہنچانا (۲) (عو) بےحد مشتاق ہونا ۔

دل میلا کرنا (۱) (عو) دل بھاری کرنا۔ رنج میں رہنا ۔

دل میں آنا (۱) خیال گزرنا ۔

دل میں بیٹھنا (۱) (۱) دل پر اثر کرنا (۲) نہایت پسندیدہ اور خوشنما ہونا ۔

دل میں چٹکیاں لینا (۱) (۱) طعنے مارنا۔ دل دکھانا (۲) دل میں بیٹھنا ۔

دل میں چور بیٹھنا (۱) (عو) دل میں فرق پڑنا۔ بدگمانی ہونا ۔

دل میں ڈالنا (۱) (۱) کسی بات کا دل میں پیدا کرنا (۲) القا کرنا ۔

دل میں راہ کرنا (۱) دل میں جگہ کرنا۔ دل میں گھسنا ۔

دل میں رکھنا (۱) (۱) ظاہر نہ کرنا۔ پوشیدہ رکھنا (۲) برائی کی گرہ باندھنا (۳) دل کی ڈھارس ۔

دل میں فرق آنا (۱) (۱) دل میں شبہ پڑنا۔ دل سے اُتر جانا (۲) شکر رنجی ہونا۔ دل میں بل پڑنا ۔

دل میں کانٹا سا کھٹکنا (۱) ناگوار گزرنا۔ بار خاطر ہونا ۔

دل میں کپٹ ہونا (۱) دل میں کینہ اور دشمنی ہونا ۔

دل میں کھبنا (۱) دل میں بیٹھنا۔ دل میں اثر کرنا۔ دل کے اندر بیٹھنا ۔

دل میں گرہ پڑنا (۱) دل میں فرق آنا۔ کسی کی طرف سے رنج بیٹھنا ۔

دل میں گھر جانا (۱) دل میں بیٹھ جانا۔ پسند آ جانا ۔

دل میں گھر کرنا (۱) دل میں بیٹھنا۔ دل میں گھسنا (۲) خصوصیت پیدا کرنا (۳) محبت بڑھانا۔ دوست بنانا ۔

دل نشین۔ دلنشین (ف) دل میں بیٹھ جانے والا۔ مؤثر ۔

دلنشین ہونا۔ دلنشیں (۱) دل میں جمنا۔ دل میں بیٹھنا ۔

دل نشینی۔ دلنشینی (ف) مؤنث۔ دل میں بیٹھ جانا ۔

دل نواز۔ دلنواز (ف) دل خوش کرنے والا۔ محبوب ۔

دل نوازی۔ دلنوازی (ف) مؤنث۔ دل خوش کرنا ۔

دل والا (۱) مذکر (۱) سخی۔ فیاض (۲) بہادر۔ دلیر۔ سورما ۔

دل و جان سے (۱) (۱) سر آنکھوں سے۔ نہایت خوشی سے۔ شوق سے (۲) بخوبی۔ نہایت۔ از حد ۔

دل ہاتھ میں لینا (۱) (۱) اپنا مطیع و فرمانبردار رکھنا (۲) تسلی دینا ۔

دل ہٹ جانا (۱) طبیعت کا ناراض ہو جانا۔ رغبت نہ رہنا ۔

دل ہلنا (۱) خوف یا دہشت سے دل کا کانپ اٹھنا۔ لرز جانا ۔

دل ہی دل میں (۱) اندر ہی اندر۔ چپکے چپکے ۔

دلار۔ دُلار (۱) (۱) مذکر۔ پیار۔ لاڈ۔ محبت ۔

دلارا (۲) مذکر۔ پیارا۔ عزیز۔ لاڈلا ۔

دلاری (۱) مؤنث۔ پیاری۔ لاڈلی۔ معشوقہ ۔

دلاسا (دلاسا) (۱) مذکر۔ تسلی۔ تشفی۔ تسکین۔ تقویت ۔

دلاسا دینا (۱) تسلی دینا۔ تشفی دینا۔ ہمت بندھانا۔ جی بڑھانا ۔

دلاک۔ دَلّاک (ع) مذکر۔ حمام میں بدن ملنے والا شخص ۔

ـ (دَل ـ لَال) (ع ـ مذکر) (۱) رہنما ـ سودا کرنے والا ـ (۲) آڑھتیا (۳) بھڑوا ـ دیوث ؛

دلالت (ع) مؤنث (۱) ہدایت ـ رہنمائی (۲) نشان ـ علامت ـ (۳) دلیل ـ ثبوت (۴) رعب ـ شان ؛

دلالت کرنا (۱) دلیل ہونا ـ ثابت ہونا ؛

دلالہ (ع) مؤنث ـ کٹنی ـ مشاطہ ؛

دلالی (۱) مؤنث (۱) اجرت ـ دلال کا پیشہ (۲) دستوری ـ کمائی کا حق (۳) کٹنا پا ؛

دلانا (دِ لا ـ نا) (۱) دلوانا ـ عنایت کرانا (۲) پیدا کرنا ـ (۳) محسوس کرانا ؛

دلائی (دُ لا ـ ئی) (۱) مؤنث ـ چھوٹی چادر ـ روئی کی لحاف ـ چھوٹی رضائی ؛

دلائل (دَ لا ـ اِل) (ع ـ مؤنث) دلیل کی جمع ؛

دلبا (دُل ـ بَا) (۱) مذکر (۱) وہ لڑائی کا پرندہ جسے اوپر نیچے سے ہٹا کر دلیر بناتے ہیں (۲) دبیل ؛

دلتی (دُ لَت ـ تِی) (۱) مؤنث ـ جانور کا پچھلی دونوں لاتیں اٹھا کر مارنا ؛

دلتی چلانا ـ یا ـ مارنا (۱) لات چلانا ـ لات مارنا ـ پچھلی دونوں لاتوں کو اٹھا کر ضرب پہنچانا ؛

دل ایپلکیر (دَل ـ ڈَا ـ ٹِل ـ گیر) (۱) مذکر ـ چھوٹا سا کھیرا جو پلنگ یا چھپر کھٹ کے آگے لگایا جاتا ہے ؛

دلدر (دَ لِد ـ دَر) (۱) مذکر (۱) افلاس ـ محتاجی (۲) نحوست ـ تنگ حالی ؛

دلدر دور ہونا (۱) افلاس یا نحوست کا جاتا رہنا ـ تنگ حالی کا خوش حالی سے بدل جانا ؛

دلدری (۱) مؤنث (۱) منحوس چیز (۲) گندہ ـ میلا ـ سست آدمی ؛

دُلدُل (دُل ـ دُل) (ع) مؤنث ـ وہ سیاہی مائل سفید خچر جو حاکم اسکندریہ مقوقس نے رسول اللہ صلعم کی خدمت میں بطور تحفہ بھیجی ـ اور آپ نے حضرت علیؓ کو عطا فرما دی ؛

دُلدُل سوار (ع ـ ف) مذکر ـ حضرت علیؓ کا لقب ؛

دُلدُل نکالنا (۱) اہل تشیع میں دستور ہے کہ وہ ایام محرم میں ایک گھوڑے کے ساتھ ماتم کرتے ہوئے نکلتے ہیں ـ اس گھوڑے کے اوپر ایک پگڑی تیر شمشیر اور ڈھال رکھی ہوئی ہوتی ہے ـ اور ایک سفید کپڑے پر سرخ چھینٹیں خون کی علامت کے لئے چھڑک دیتے ہیں جس سے یہ مراد ہوتی ہے کہ اس غریب کا سوار شہید ہو گیا ـ اور یہ گھوڑا رنج و غم کے ساتھ اکیلا اپنے گھر آیا ـ یہ گھوڑا حضرت امام حسینؓ کے قتل کے بعد گھر میں واپس آنے کی نقل میں نکالا جاتا ہے ؛

دَلدَل (دَل ـ دَل) (ع) مؤنث ـ کیچڑ ـ دھسان ؛

دلڑا (۱) دوہرا ـ دو لڑکا ـ دو لڑی والا ؛

دلق (دَلق) (ع) مؤنث ـ گدڑی ـ پشمینے کا لباس جو اکثر صوفی درویش پہنتے ہیں ؛

دلق پوش (ع) مذکر ـ گدڑی پہننے والا ـ درویش ـ صوفی ؛

دلک (دَ لَک) (ع ـ مؤنث) (۱) جنبش ـ کپکپی (۲) چمک دمک ؛

دلکھنا (دَ لکھ ـ نا) (۱) بات کاٹنا (۲) اعتراض کرنا ؛

دُلکی (دُل ـ کی) (۱) مؤنث ـ گھوڑے کی درمیانی چال ؛

دَلمہ (دَل ـ مَہ) (۱) مذکر ـ نیا پنیر ؛

دُلمہ (دُل ـ مَہ) (ت ـ مذکر) (۱) ساگن ـ (۲) ایک قسم کا سالن جو قیمہ اور پنیر بینگن یا گاجر وغیرہ کے اندر بھر کر پکاتے ہیں ؛

دَلنا (دَل ـ نا) (۱) موٹا موٹا پیسنا ـ دردرا کرنا ؛

دلو (دَ لْو) (ع ـ مذکر) (۱) ڈول (۲) آسمان کا گیارھواں برج ؛

دِلوانا (۱) دیکھو (دلانا) ؛

دُلوائی (۱) مؤنث ـ دلنے کی اجرت ؛

دلو کا دس سیرا (۱) مذکر ـ بیجا دخل دینے والا شخص ؛

دُولھا (دُو لْھا) (۱) مذکر (۱) نوشہ ـ دولہا ـ بنا (۲) پیارا ـ جانی ؛

دُلھن (دُلھن) (۱) مؤنث (۱) عروس ـ بنی (۲) پیاری ـ سہاگن ؛

دلھنڈی (دُلھن ـ ڈی) (۱) مؤنث (ہندو) چیت کے مہینے کا پہلا اور ہولی کا دوسرا دن جس میں رنگ سے کھیلتے ہیں ؛

دِلّی (دِل ـ لی) (۱) مؤنث ـ دہلی ـ ایک مشہور شہر جو ہندوستان کا دارالخلافہ اور اردو زبان کی ٹکسال ہے ؛

دلّی دور ہے (۱) (مثل) منزل مقصود دور ہے ؛

دلّی سے میں آؤں خبر کہے میرا بھائی (۱) (مثل) (۱) اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص پرانی خبر سنائے (۲) اس موقع پر بھی بولتے ہیں ـ جب کسی کو ایک بات کا علم ہونا ضروری سمجھا جائے ـ اور وہ کم عقل سنے بات اس سے کا علم ہو ؛

دلّی کی کمائی گما گھوڑے کے نالے میں بہائی گنوائی (۱) (مثل) اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص پیسہ کمائی کر کے وہیں خرچ کر دے اور خالی ہاتھ گھر واپس

کرے ۔

دِلی (دِلی) (ف) جانی ۔ خالص ۔ پکا ۔ جگری ۔ باطنی ۔

دلیا (دَلْ یا) (ہ) مذکر ۔ دلا ہوا اناج خواہ پکا ہوا یا کچا ۔

دسکھ (د) مذکر عمر سے ڈھلا ہوا گھوڑا ۔

دلیر (دِ لیر) (ف) ۔ صفت ۔ بیخوف ۔ جری ۔ بہادر ۔ سورما ۔ دل چلا ۔

دلیرانہ (ف) بیباکانہ ۔ بہادرانہ ۔ گستاخانہ ۔

دلیری (ف) مؤنث ۔ بے خوفی ۔ شجاعت ۔ بہادری ۔ دلاوری ۔ جرأت ۔ بیباکی ۔

دلیل (دَلِیل) (ع) مؤنث ۔ حجت ۔ وجہ ۔ ثبوت ۔

دلیل کامل (ع) مؤنث ۔ پوری دلیل ۔ پورا ثبوت ۔ دلیل بیّن ۔

دلیل لانا (ا) حجت پیش کرنا ۔ وجہ ثبوت دینا ۔ بحث کرنا ۔

دلیل ناقص (ع) مؤنث ۔ بودی بات ۔ کچی ۔ بے ثبوت ۔

دلیل (دلیل) (ا) مؤنث ۔ فوجی سپاہیوں کی وہ سزا جس میں اُن کا اسباب اور ہتھیار کمر پر باندھ کر کچھ وقت ٹہلاتے یا قواعد کراتے ہیں ۔

دلیل بولنا (ا) کھڑا رہنے یا ٹہلنے یا قواعد کرنے کی سزا ملنا ۔

د - م

دَم (دَم) (ع) مذکر (۱) خون ۔ لہو (۲) جان ۔ رُوح ۔ زندگی حیات (۳) (ف) سانس ۔ پھونک (۴) (۵) دعا یا جادو کی پھونک (ہ) (۶) دھوکا ۔ مکر ۔ فریب (۷) ذات نفس (۸) حقے کا کش (۹) لمحہ (۱۰) اصل (۱۱) دم پخت (۱۲) تلوار کی باڑھ ۔

دَم الاخوین (ع) مؤنث (۱) لغوی معنی ۔ دو بھائیوں کا خون (۲) ایک سرخ گوند جو اکثر رنگنے اور دوا میں ڈالنے کے کام آتا ہے ۔

دَم الٹنا (ا) (۱) دل گھبرانا ۔ سانس رُکنا (۲) نزع کے وقت دم اکھڑنا ۔

دَم باز (ا) مذکر ۔ فریبی ۔ مکار (۲) جھوٹا حیلہ ساز ۔

دَم بخود (ف) (۱) خاموش ۔ چپ (۲) ششدر ۔ متحیر ۔

دم بدم (ف) گھڑی گھڑی ۔ ہر وقت ۔ برابر ۔ ہر لحظہ ۔

دم بند کرنا (ا) (۱) خاموش کرنا ۔ خوف کے مارے بات نہ نکلنے دینا (۲) سانس روکنا ۔

دَم بھر (ا) ذرا ۔ پل بھر ۔ ایک لحظہ ۔

دَم بھرانا (ا) (۱) پہلوانوں کا شاگردوں کے ساتھ زور کرکے تھکانا (۲) کبوتر کے پھیپھڑوں میں ہوا بھرنا ۔

دَم بھرنا (ا) (۱) سانس پھولنا ۔ سانس چڑھنا (۲) محبت کا دعویٰ کرنا ۔ کسی بات کا مدعی ہونا ۔

دَم پخت (ف) مذکر ۔ دیگ یا تنور کی بھاپ روک کر یا منہ بند کرکے پکایا ہوا کھانا ۔

دم پر آنا (ا) کھانے کا تیاری پر آنا ۔ پک جانے کے قریب ہونا ۔

دَم پر بن جانا (ا) جان پر آ بننا ۔ ہلاکت کے قریب پہنچنا ۔

دَم پھڑکنا (ا) (۱) بیتاب اور مضطرب ہونا (۲) جی بھر کر جی لوٹ ہو جانا ۔

دَم پھولنا (ا) سانس چڑھنا ۔ سانس نہ سماتا ۔

دَم پھونکنا (ا) رُوح ڈالنا ۔ جسم میں جان ڈالنا ۔

دَم توڑنا (ا) (۱) جان کنی کے وقت سانس اکھڑنا (۲) مرنا ۔ جان دینا ۔

دم تیغ (ف) ۔ مذکر تلوار کی کاٹ ۔ تیزی یا دھار ۔

دَم ٹوٹنا (ا) (۱) سانس اکھڑنا ۔ جان کنی کی حالت میں ہونا (۲) مرنا (۳) بھاگنے والے یا چلنے والے کا سانس پھولنا ۔

دَم ٹھہرنا (ا) سانس جمنا ۔ سانس کا قرار پکڑنا ۔

دَم جھانسا دینا (ا) دھوکا دینا ۔ فریب دینا ۔ چال کرنا ۔

دَم چرانا (ا) (۱) اپنے آپ کو مُردہ ظاہر کرنے کے لیے سانس روک لینا (۲) کسی کام کے کرنے سے پہلو تہی کرنا ۔

دَم چڑھنا (ا) سانس چڑھنا ۔ ہانپنا ۔

دَم چھوڑ دینا (ا) (۱) مر جانا ۔ جان دے دینا ۔ دم دینا ۔ مر مٹنا (۲) ہمت ہارنا ۔ حوصلہ چھوڑنا ۔

دَم خشک ہونا (ا) خوف کھانا ۔ نہایت ڈرنا ۔ خوف سے دم فنا ہونا ۔

دَم خم (ا) (۱) تاب و طاقت ۔ زور و قوت ۔ مضبوطی (۲) تلوار کی دھار اور خمیدگی (۳) اوسان ۔ حواس ۔

دَم داعیہ (ف ۔ ع) دعویٰ ۔ حوصلہ ۔

دَم دلاسا (ا) مذکر ۔ دم جھانسا ۔ دھوکا ۔ خوشامد ۔

دَم دینا (ا) (۱) فریب دینا ۔ بہکانا ۔ دھوکا دینا (۲) مر جانا ۔ جان دینا (۳) عاشق ہونا ۔ فدا ہونا (۴) چاولوں کو دم پخت کرنا ۔

دَم رُکنا (۱) دم گھٹنا (۲) دل گھبرانا ؛
دَم کسا دھنا (۱) سانس روکنا۔ حبس دم کرنا۔ نفس کا ضبط کرنا۔ سانس کا دماغ میں چڑھانا ؛
دَم ساز (ف۔ مذکّر) (۱) ہمدم۔ ہمراز۔ دوست (۲) گانے بجانے میں ساتھ کا مدد دینے والا ؛
دَم سولی پر ہونا (۱) (۱) سخت پریشان ہونا (۲) جان خطرے میں ہونا (۳) بے حد منتظر ہونا ؛
دَم طلایچہ (۱) مذکّر۔ سپیشِ قبض۔ سر نیچہ ؛
دَم عیسیٰ (ف۔ ع) (مذکّر) (۱) حضرت عیسیٰ کی پھونک جس سے وہ مُردے کو زندہ کر دیتے تھے (۲) تندرست کر دینے والا۔ جان ڈالنے والا ؛
دَم غنیمت ہونا (۱) متبرک ہونا۔ قابل قدر ہونا ؛
دَم فنا ہونا (۱) (۱) جان نکلنا (۲) ڈرنا۔ خوف کھانا ؛
دَم قدم کی خیر (۱) جان کی سلامتی کی دعا ؛
دَم کرنا (۱) (۱) پلاؤ کو پکانا (۲) پھونکنا۔ جھاڑنا ؛
دَم کھانا (۱) (۱) جان کھانا۔ بکواس کر کے دق کرنا (۲) چپ رہنا۔ خاموش رہنا (۳) صبر کرنا۔ تحمل کرنا (۴) کھانے کا ہلکی آنچ پر چھوڑا جانا (۵) دھوکے میں آجانا ؛
دَم کھینچنا (۱) (۱) خاموش رہنا (۲) حقّے کا گھونٹ لینا ؛
دَم کے دَم میں (۱) ذرا سی دیر میں۔ پل بھر میں ؛
دَم گھٹنا (۱) جی گھبرانا۔ دم رکنا ؛
دَم گھونٹ گھونٹ کر رکھنا (۱) مرضی کے خلاف اور زبردستی رکھنا۔ تنگی میں رکھنا ؛
دَم گھونٹ گھونٹ کر مارنا (۱) (۱) جلا جلا کر مارنا (۲) نہایت تنگ کرنا ؛
دَم لگانا (۱) حقّے کا گھونٹ لینا۔ چرس اُڑانا ؛
دَم لینا (۱) (۱) سانس لینا (۲) آرام لینا۔ ٹھہرنا (۳) ماننا۔ باز آنا ؛
دَم مارنا (۱) شیخی مارنا۔ دعویٰ کرنا ؛
دَم مارنے کی مجال نہیں (۱) خاموشی و صبر کے سوا چارہ نہیں ؛
دَم میں (۱) لحظہ بھر میں۔ لمحہ بھر میں۔ پل بھر میں ؛
دَم میں آنا (۱) فریب میں آنا۔ دھوکے میں آنا ؛
دَم میں دم آنا (۱) جان میں جان آنا۔ زندگی کی اُمید بندھنا ؛
دَم میں لانا (۱) فریب دینا۔ بہکانا۔ دھوکا دینا ؛
دَم ناک میں آنا (۱) عاجز آنا۔ تنگ ہو جانا۔ سیر ہو جانا ؛
دَم نقد (ف۔ ع) (۱) تنہا۔ اکیلا (۲) اسی وقت ؛

دَم نکلنا (۱) (۱) جان نکلنا۔ روح نکلنا۔ مرنا (۲) عاشق ہونا ؛
دَم نہ مارنا (۱) بحث نہ کرنا۔ خاموشی اختیار کرنا ؛
دَم واپسیں (ف۔ مذکّر) آخری دم ؛
دَم ہونا (۱) پلاؤ کا پکنا۔ دم پخت ہونا ؛
دَم ہی دم میں رکھنا (۱) حیلہ حوالہ بتانا۔ دھوکے میں رکھنا ؛
دُم (دُم) (ف۔ مؤنث) (۱) پونچھ۔ دنبالہ (۲) پچھلا حصّہ (۳) انجام (۴) پچھلگو ؛
دُم پاڑی بھیڑ کی وار ہوئے نہ پار (۱) (مثل) ناچیز کا سہارا پکڑنے سے کچھ نہیں بنتا ؛
دُم چھلا (۱) مذکّر۔ دنبالہ۔ چھبا ؛
دُم دار (ف) پونچھ والا۔ دُنبالہ دار۔ پونچھل والا ؛
دُم دار تارا (۱) مذکّر۔ پونچھل والا ستارہ۔ ستارۂ دُنبالہ دار۔ ہیلی کا دُم دار ستارہ ؛
دُم دبا کر (۱) پیچھے سے ؛
دُم دبا کر بھاگنا (۱) ڈر کے مارے بھاگ جانا ؛
دُم سے سُم سے اچھا (۱) عام مویشی کی تعریف میں کہتے ہیں دُم سے سُم تک یکساں اچھا ہے ؛
دُم کے پیچھے پھرنا (۱) ساتھ ساتھ لگا پھرنا۔ پیچھے پیچھے پھرنا ؛
دُم میں گھسنا (۱) خوشامد میں رہنا ؛
دُم ہلانا (۱) (۱) کتّے کا خوشامد کی علامت ظاہر کرنا۔ خوشامد کرنا (۲) جھاڑو دینا۔ صاف کرنا ؛
دَمادَم (دَمَا۔ دَم) (ف) پے در پے۔ متواتر ؛
دماغ (دِمَاغ) (ع۔ مذکّر) (۱) مغز۔ بھیجا۔ گودا (۲) (ف) غرور۔ تکبر۔ گھمنڈ (۳) (۱) عقل۔ دانائی۔ سمجھ۔ فہم (۴) (۱) تاب۔ برداشت (۵) (۱) ہوش۔ حواس ؛
دماغ پریشان کرنا (۱) (۱) اوسان اُڑانا۔ حواس باختہ کرنا (۲) طبیعت مکدّر کرنا ؛
دماغ چاٹنا (۱) مغز کھانا۔ بکواس کرنا۔ بکنا ؛
دماغ چٹ (۱) مذکّر۔ بکواسی۔ بکّی ؛
دماغ چل جانا (۱) سڑی ہونا ؛
دماغ چلنا سینا۔ آسمان پر ہونا (۱) اترانا۔ غرور ہونا۔ گھمنڈ ہونا ؛
دماغ رکھنا (۱) مغرور ہونا۔ متکبر ہونا ؛
دماغ روشن (۱) مؤنث۔ ناس۔ ہلاس۔ نسوار ؛
دماغ کرنا (۱) اترانا۔ مغرور ہونا ؛

دماغ میں خلل ہونا (ل) دماغ میں فرق آنا۔ عقل میں فتور پڑنا۔ مالیخولیا ہونا۔ سڑی ہونا ؎

دمامہ (دَما۔ مَہ) (ف) مذکر۔ نقارہ۔ دھونسا ؎

دمان (دَمان) (ف) (۱) تیز چلنے والا (۲) طاقت ور (۳) خونخوار (۴) ڈراؤنا ؎

دمانا (دَما۔ نا) (ل) تلوار کو جھکانا ؎

دمانک (دَما۔ نَک) (ہ) مؤنث۔ گھوڑے پر بیٹھ کر چلانے والی ایک قسم کی نازک بندوق ؎

دُمچی (ف) مؤنث۔ ساز کا وہ تسمہ جو گھوڑے کی دم کے نیچے رہتا ہے ؎

دمدمہ (دَم۔ دَمَہ) (ف) مذکر۔ وہ قلعہ جو لڑائی کے وقت تھیلوں میں مٹی بھر کر بنا لیتے ہیں۔ مورچہ ؎

دمرک۔ دمرکا (دَم۔ رَک۔ دَم۔ رَکا) (ہ) مذکر۔ چرخے کا وہ گول ٹکڑا جو تکلے میں لگاتے ہیں۔ دمکڑا ؎

دمرز۔ دمرزی (دُم۔ رِز۔ دُم۔ رِزی) (ہ) مذکر۔ وہ پھل جو درخت میں موسم کے بعد یا پھل توڑنے کے پیچھے آئے ؎

دمڑچیا (دُمڑ۔ چیا) (ہ) مذکر۔ دمڑی میں بکنے والا پتنگ ؎

دمڑی (دَم۔ ڑی) (ہ) مؤنث (۱) پیسے کا چوتھا حصہ چھدام (۲) کم قیمت ہیچ (۳) کچھ (۵) پیسے ؎

دمڑی کا شوربا اور چوہے کی دم (ل) (مثل) یہ مثل ظرافت سے بولتے ہیں۔ جب کھانے پینے کی تھوڑی سی چیز میں کوئی ذرا سی کراہت والی چیز پڑ جائے ؎

دمڑی کی بڑھیا ٹکا سر منڈائی (ل) (مثل) اصل قیمت کم اور خرچ زیادہ۔ وہ چیز جس کے اوپر قیمت سے زیادہ خرچ بیٹھے ؎

دمڑی کی دال بوا پتلی نہ ہو (ل) کہاوت۔ ذرا سی خریدی سمائی جس میں بڑی…

دمڑی کی ہانڈی گئی کتے کی ذات پہچانی گئی (ل) (کہاوت) نقصان تو ہوا۔ مگر آدمی کو آزما لیا گیا ؎

دمڑی کی ہانڈی لیتے ہیں تو اسے بھی ٹھونک بجا کر لیتے ہیں (ل) (کہاوت) ہر کام سوچ سمجھ کر کرنا چاہیئے ؎

دمڑی کے تین تین (ل) (کہاوت) نہایت ارزاں۔ کوڑیوں کے مول ؎

دمڑے (دَم۔ ڑے) (ہ) مذکر۔ حقارتاً۔ دام۔ روپے ؎

دمڑے خرچنا (ل) دام لگا کر مول لینا ؎

دمک (دَمَک) (ہ) مؤنث۔ چمک۔ درخشندگی ؎

دمکلا (دَم۔ کَلا) (ہ) مذکر (۱) پانی چڑھانے کی کل (۲) پچکاری (۳) گوپیا ؎

دمکنا (ل) چمکنا۔ جھلکنا۔ تاباں ہونا ؎

دِمل (دُم۔ مَل) (ع) مذکر۔ دیکھو (دنبل) ؎

دمن (دَمَن) (ف) مؤنث۔ دل کی سختی ؎

دمنا (دَم۔ نا) (ہ) (۱) چمکنا دمکنا (۲) چمکنا۔ لوہے کا ملائم ہونا (۳) گرمانا دہرا ہونا (۴) تلوار کا جھکنا ؎

دِمنہا (دُم۔ مُنہا) (ہ) (۱) دو منہ کا (۲) دو منہ کا سانپ ؎

دَموی (دَمَوی) (ع) خونی مزاج کا آدمی۔ غلبۂ خون والا ؎

دموی مزاج (ع) مذکر۔ وہ شخص جس میں خون کی خلط بڑھ جائے ؎

دمہ (دَمَہ) (ف) مذکر (۱) دھونکنی۔ دھونکنی کا جوڑ (۲) دمہ سانس کا روگ۔ ضیق النفس ؎

دمی (دَمی) (ف) مؤنث۔ چھوٹی سی گڑگڑی۔ ایک قسم کا چھوٹا حقہ ؎

د ن

دن (دِن) (س) مذکر (۱) روز۔ یوم (۲) صبح سے شام تک۔ نہار (۳) زمانہ۔ دور۔ وقت (۴) طالع۔ نصیب ؎

دن آنا (ل) (۱) موسم آنا (۲) وقت آنا۔ موت کا وقت آنا (۳) ایام ہونا۔ حیض آنا (۴) کم بختی آنا۔ برے دن آنا ؎

دن بدن (ل) روز بروز۔ ہر روز۔ روز مرہ۔ رفتہ رفتہ ؎

دن بھاری ہونا۔ یا۔ رہنا (ل) سختی کے دن آنا۔ تنگی ہونا ؎

دن بھر (ل) تمام دن ؎

دن بھرنا (ل) مصیبت کے دن پورے کرنا۔ مصیبت میں بسر کرنا۔ عمر کے دن پورے کرنا ؎

دن پڑنا (ل) (۱) مصیبت آنا۔ برا وقت آنا (۲) رانڈ ہونا۔ بیوہ ہونا ؎

دن پورے کرنا (ل) مصیبت کے دن کاٹنا۔ عمر کو جوں توں کر کے پورا کرنا ؎

دن پھرنا (ل) اچھے دن آنا۔ نحوست اور تنگی کا دور ہونا ؎

دن چڑھنا (ل) آفتاب کا بلند ہونا۔ صبح کا وقت گزرنا ؎

دن چڑھے (ل) سورج نکلنے پر۔ آفتاب کے بلند ہو جانے پر ؎

دن دونا رات چوگنا (ل) زیادہ سے زیادہ ترقی کا اظہار یا تمنا ؎

دن ڈھلنا (ف) دن کا ختم ہونے پر آنا ۔
دن چھپنا (ف) آفتاب غروب ہونا۔ شام ہونا ۔
دن دہاڑے۔ دن دھوڑے۔ دن دوپہر۔ دن دیئے (ف) بلاد روشن میں۔ سب کے سامنے۔ کھلے خزانے۔ علانیہ ۔
دن ڈھلنا (ف) دن [illegible] نا۔ دن گھٹنا ۔
دن ڈھلے (ف) دوپہر کے بعد ۔
دن سِن (ا) مذکر۔ سن و سال ۔
دن سے (ف) قبل از غروب۔ دن چھپنے سے پہلے۔ سرِ شام ۔
دن سیدھے ہونا (ف) بھلے دن آنا ۔
دن عید رات شب برات ہونا (ف) رات دن عیش و نشاط میں گزرنا۔ دن کو عید کی سی خوشی اور رات کو شب برات کا سا جلسہ رہنا ۔
دن کاٹنا (ف) مصیبت سے بسر کرنا۔ دن بھرنا۔ دن پورے کرنا ۔
دن کٹنا (ف) دن بسر ہونا۔ دن گزرنا ۔
دن کو اوقی آدھی رات کو چرخہ پونی (ا) کہاوت بے وقت اور بے موقع کام ۔
دن کو تارے دکھانا (ف) صدمہ دماغی پہنچانا جس سے آنکھوں کے آگے ترمرے سے آجائیں ۔
دن کو دن رات کو رات نہ جاننا یا نہ سمجھنا (ف) کسی کام رات یا دن کی پروا نہ کرنا ۔
دن گنوانا (ف) بیہودہ وقت کھونا۔ عمر گزارنا ۔
دن گئے (ف) موقع گزر گیا۔ دولت و کامرانی اور خوش اقبالی کا وقت چلا گیا ۔
دن گیا کہ رات (ف) کہاوت دنیا سے نہ تو دن کا ہونا جاتا رہا اور نہ رات کا آنا۔ ہر کسی کو کام کرنے کا موقع حاصل ہے ۔
دن مان (ا) مذکر۔ دن کا بڑھنا گھٹنا۔ دن کا اندازہ ۔
دن نکلنا (ف) سورج نکلنا۔ صبح ہونا۔ پو پھٹنا ۔
دَنّا (دَن۔نا) (ا) مذکر (۱) موٹا۔ مضبوط۔ لمبا۔ بڑا (۲) موٹی گیہوں۔ ڈنڈا ۔
دنتاب (دَن۔تاب) (ف) موٹا۔ شوخ۔ فربہ۔ تگڑا ۔
دَنا دَن (دَ۔نا۔دَن) (ا) مؤنث (۱) توپوں کے متواتر چھوٹنے کی آواز (۲) ضرب یا صدمے کی پے در پے آواز ۔
دَنا دَنی کا تیل (ا) مذکر۔ قبوت اور سختی بڑھانے والا طلا۔ سانڈے کا تیل وغیرہ ۔

دنانیر (دَ۔نا۔نیر) (ع) مذکر۔ دینار کی جمع ۔
دنائت (دَ۔نا۔ئت) (ع) مؤنث۔ کمینگی ۔
دُنبالہ (دُم۔با۔لہ) (ف) مذکر (۱) دُم۔ پیچھا۔ وہ سُرمے کی لکیر جو آنکھ کے کونے سے آگے تک بڑھی ہوئی خوبصورتی کے لئے چھوڑ دیتے ہیں (۲) کشتی یا جہاز کا پچھلا حصّہ ۔
دُنبالہ دار (ف) دُمدار۔ گچھے دار ۔
دُنبل (دُم۔بل) (ف) مذکر۔ پھوڑا ۔
دُنبہ (دُم۔بہ) (ف) مذکر (۱) ایک قسم کا مینڈھا جس کی دُم بڑی چوڑی اور موٹی ہوتی ہے (۲) موٹا ۔
دنت (دَ۔نت) (س) مذکر (۱) دانت (۲) ہاتھی یا سؤر کا باہر کو نکلا ہوا دانت (۳) خنجر کی نوک (۴) پہاڑ کی چوٹی ۔
دنت کھودنی (ف) مؤنث۔ خلال ۔
دنتو (دَن۔تو) (ا) مذکر۔ وہ شخص جس کے آگے کے دانت بڑے بڑے ہوں۔ دانتو ۔
دنتیل (دن۔تیل) (ا) دانتوں والا ۔
دنتیلا (ا) (۱) بڑے بڑے دانتوں والا (۲) دندانہ دار ۔
دُند (دُ۔ند) (ا) مذکر (۱) بڑا نقارہ۔ دمامہ (۲) غل۔ شور (۳) اندھیر۔ ظلم۔ ستم ۔
دُند مچانا (ف) (۱) شور و غل مچانا (۲) اندھیر کرنا۔ ظلم ڈھانا ۔
دندان (دَن۔دان) (ف) مذکر۔ دانت ۔
دندان شکن جواب دینا (ف) ایسا جواب دینا جس کا جواب نہ بن پڑے۔ منہ توڑ جواب دینا ۔
دندان مصری (ا) مؤنث۔ ایک قسم کی ولایتی مٹھائی جس کی شاخیں سی بنی ہوئی ہوتی ہیں ۔
دندانہ (ف) مذکر۔ آرے کا خار۔ دانتا ۔
دندنانا (ف) خوشی منانا۔ مزے اڑانا۔ عیش کرنا ۔
دنکا (دُن۔کا) (ا) مذکر (تحقیر) دانہ۔ اناج کا دانہ ۔
دنگ (دَنگ) (ف) حیران۔ متحیر۔ متعجب۔ ششدر ۔
دنگ رہنا (ف) حیران رہنا۔ متحیر رہنا ۔
دَنگا (دَن۔گا) (ا) مذکر (۱) لڑائی جھگڑا۔ فساد (۲) بلوہ۔ ہنگامہ۔ شور (۳) شرارت۔ بدذاتی ۔
دنگل (دَن۔گل) (ف) مذکر (۱) کشتی لڑنے کی جگہ۔ اکھاڑا (۲) بھیڑ۔ مجمع۔ انبوہ ۔
دنگئی (ا) لڑاکا۔ جھگڑالو۔ شریر۔ بدذات ۔
دنوں (ا) مذکر۔ دن کی جمع (۱) ایام (۲) جوانی کی عمر ۔
دِنوندا (دِ۔نوں۔دا) (ا) مذکر۔ ایک مرض جس میں دن کو کم دکھائی دیتا ہے ۔

دَنی (دَ-نی) (ع) کمینہ۔ نیچ۔ رذیل۔ سفلہ ۔

دُنیا (دُن-یا) (ع) مؤنث (۱) جگ۔ سنسار۔ جہان۔ عالم (۲) (ل) دنیا کے لوگ۔ دنیا دار (۳) (ل) دولت۔ روپیہ پیسہ (۴) لالچ ۔

دنیا باُمید قائم (ع-ف) انسان اُمید ہی پر زندگی بسر کرتا ہے۔

دنیا جھکتی ہے جھکانے والا چاہیے یا جھکے دکھانے والا چاہیے مکر سے۔ روٹی کھائے شکر سے (ل) (مثل) مکار شخص دنیا میں مزے سے رہتا ہے ۔

دُنیا دار (ع-ف) مذکر۔ تعلقات دنیوی میں گھرا ہوا آدمی ۔

دُنیا داری (ع-ف) مؤنث۔ دنیا کے تعلقات۔ ملنساری۔ کنبہ۔ رشتہ۔ خانہ داری (۲) صحبت۔ جماعت ۔

دنیا ساز (ع-ف) ظاہرداری کرنے والا ۔

دنیا سازی (ع-ف) مؤنث۔ (۱) ظاہرداری کی باتیں (۲) ظاہرداری سے نمائش۔ بناوٹ ۔

دنیا عجب جگہ ہے (ل) (کہاوت) دنیا عجب تماشا گاہ ہے ۔

دنیا کی ہوا لگنا (ل) دُنیا میں آنا ۔

دنیا کے پردے سے اٹھ جانا (ل) جہان سے گزر جانا۔ دنیا پر نہ رہنا۔ مر جانا ۔

دنیا ہو اور تم ہو (ل) (کہاوت) جب تک دنیا رہے۔ تم رہو ۔

دنیا ہے اور خوشامد ہے (ل) (کہاوت) دنیا میں خوشامد سے کام چلتا ہے ۔

دُنیوی (دُن-یَوی) (ع) دنیا سے منسوب۔ متعلق بہ دنیا ۔

د-و

دو (دُو) (ف) (۱) ایک اور ایک کا مجموعہ۔ جفت (۲) عا۔ ۲ ۔

دوآبہ (ف) مذکر۔ دو دریاؤں کا درمیانی علاقہ ۔

دوآتشہ (ف) دو دفعہ کھچی ہوئی۔ تند تیز شراب۔ یا کوئی اور عرق ۔

دوآشیانہ خیمہ (ف) مذکر۔ دوہرا خیمہ۔ دو کمروں کا ڈیرا ۔

دو آنسو ڈالنا یا گرانا یا بہانا (ل) تھوڑا سا رونا ۔

دو اسپہ (ف) مذکر (۱) دو گھوڑوں کے جوت کی سواری (۲) دو گھوڑوں کی ڈاک (۳) جلد۔ فوراً۔ تُرت ۔

دو انگ (ل) مذکر۔ تکلا۔ اور ڈھال لے کر یا گھوڑے پر سوار ہو کر لڑائی کرنا ۔

دو انگل کی بچی (ل) مؤنث۔ (۱) چھوٹی عمر کی لڑکی۔ ننھی سی جان ۔

دو انگلیاں بیسی لگانا (ل) (۱) ذرا سی مستی ملنا ۔

دوانی (ل) مؤنث۔ دو آنے کا سکہ۔ روپے کا آٹھواں حصہ ۔

دو ایک (ل) چند۔ قدرے۔ قلیل ۔

دوبارہ (ف) دوسری مرتبہ۔ مکرر۔ پھر ۔

دو باز (ل) مذکر (۱) دو رنگے بازو کا کبوتر یا کنکوا (۲) وہ کبوتر جس کے دونوں بازوؤں کے پر سفید ہوں ۔

دوبدو (ف) آمنے سامنے۔ مقابل۔ روبرو ۔

دوبدو ہونا (ل) مقابل ہونا۔ سامنے ہونا ۔

دو بلّا (ل) مذکر۔ دو بیلوں کا چھکڑا ۔

دو بلدی (ل) مؤنث۔ دو بیلوں کی گاڑی ۔

دو بول پڑھانا (ل) نکاح پڑھانا۔ لڑکی کا غریبی کی حیثیت سے نکاح کر دینا ۔

دو بھیسیا (ل) مذکر۔ دو رنگا۔ ریاکار۔ مذبذب ۔

دوپانی کا نقش یا تعویذ (ل) مذکر۔ نو خانے کا مثلثی نقش ۔

دوپایہ (ف) دو ٹانگوں کا۔ دو پاؤں کا ۔

دوپٹہ (ل) مذکر (۱) لغوی معنی، دو پاٹ کا چادرا۔ اوڑھنی (۲) پٹکا۔ کمر بند ۔

دوپٹہ بدلنا (ل) اوڑھنا تبدیل کرنا۔ بہنا یا جوڑنا۔ سہیلی بنانا ۔

دوپٹہ تان کے سونا (ل) بے فکری سے سونا ۔

دوپٹہ ہلانا (ل) صلح کرنے کی علامت ظاہر کرنے کے لئے جنگ میں چادر کو ہلانا ۔

دو پشتہ کرنا (ل) کاغذ کو ایک رُخ سے چھاپ کر دوسرے رُخ سے چھاپنا ۔

دو پلڑی (ل) مؤنث۔ دو پلڑوں کی چھوٹی ٹوپی ۔

دو پلکا (ل) مذکر۔ (۱) ایک قسم کا نگینہ (۲) ایک قسم کا کبوتر (۳) ایک قسم کا پتنگ ۔

دو پنجھی (ل) مؤنث۔ (۱) ایک طرح کی دوہرے خانے کی جالی جس کی اکثر عورتیں کرتیاں بناتی ہیں ۔

دوپہر (ل) مؤنث۔ دن کے بارہ بجے کا وقت۔ دوپہر ۔

دوپہر بجنا (ل) بارہ بجنا۔ دوپہر کی توپ چھوٹنا ۔

دوپہر ڈھلنا (ا) زوال کا وقت ہونا۔ دن ڈھلنا ۔
دوپہریا (ا) مذکر۔ ایک قسم کا پھول جو اکثر دوپہر کو کھلا کرتا ہے ۔
دوپیازہ (ف) مذکر۔ ترکاری کے بغیر گوشت جس میں دو دفعہ پیاز استعمال کیا جائے ۔
دوتاہی (ف) مؤنث۔ دوہرا (۲) پٹڑھا (۳) گزا ۔
دوتارا (ا) مذکر۔ ایک قسم کی چھوٹی سی سارنگی جس میں دو تار ہوتے ہیں ۔
دوتہی (ا) مؤنث۔ دوہرا کپڑا جو بستر کی بجائے دھو چھایا جاتا ہے ۔
دوٹوک (ا) دو ٹکڑے۔ القط ۔
دوٹوک جواب دینا (ا) صاف انکار کر دینا ۔
دوجی سے ہونا (ا) حاملہ ہونا۔ پیٹ سے ہونا ۔
دوچار (ا) چند۔ دو ایک۔ دو تین ۔
دوچار ہونا (ا) مقابل ہونا۔ چار آنکھیں ہونا ۔
دوچت۔ دوچتا (ہ) (ہندی) (۱) دو دِلا۔ وہمی (۲) پریشان ۔
دوچشمی (ف) (۱) ہاتھ ہوئے۔ مخلوط (ہ) (۲) وہ تصویر جس میں پورے چہرے کا عکس ہوتا ہے ۔
دوچند (ف) دونا۔ دوگنا۔ دُہرا ۔
دوچوبہ (ف) مذکر۔ دو چوب کا خیمہ ۔
دو چھریوں کا ایک میان میں نہ رہنا (ا) دو بیبیوں کا ایک گھر میں یا دو بھینیوں کا ایک کسبی کے ہاں رہنا۔ دشوار ہونا ۔
دو حرف بھیجنا (ا) لعنت بھیجنا۔ لعنت کرنا۔ تُف کہنا ۔
دوخاتونِ بینش (ف۔ ع) مؤنث۔ (۱) آنکھوں کی دونوں پتلیاں (۲) دن اور رات ۔
دوخصمی (ا) مؤنث۔ وہ عورت جس نے دوسرا بیاہ کیا ہو۔ دو خصم والی ۔
دو دستہ خلال (ا) مؤنث۔ تاش کے کھیل میں دو آدمیوں کو ایک بازی میں خلال دینا ۔
دودستی (ا) مؤنث۔ کشتی کا ایک پیچ جس میں دونوں ہاتھوں سے حریف کو گھسیٹ لاتے ہیں ۔
دو دِلا (ا) شکی۔ وہمی۔ وسواسی۔ مذبذب ۔
دو دل راضی کیا کرے گا قاضی (ا) (کہاوت) فریقین کی رضامندی میں حاکم بھی دخل نہیں دیتا ۔
دو دن کا مہمان (ا) مذکر۔ مہمان چند روزہ۔ فانی۔ ناپائدار ۔
دو دن کی بہار (ا) مؤنث۔ تھوڑے دنوں کی رونق ۔
دو دن کی چاندنی (ا) مؤنث۔ چند روزہ حسن۔ بے ثبات دولت ۔
دو دو باتیں (ا) مؤنث۔ مختصر سوال و جواب ۔
دو دو دانے کو پھرنا (ا) ایک ایک ٹکڑے کو محتاج پھرنا۔ بھیک مانگتے پھرنا ۔
دو دو ہاتھ اچھلنا (ا) نہایت بے تاب و بے قرار ہونا۔ مضطرب الحال ہونا ۔
دو دھارا (ہ) (۱) تیغ دو دم۔ دُہری دھار کی تلوار (۲) وہ جگہ جہاں سے دریا کی دو شاخیں ہوں (۳) ایک قسم کا تھوہر جس کی دُہری شاخ ہوتی ہے ۔
دو دھاری تلوار (ہ) مؤنث۔ وہ سیدھی تلوار جس کی دونوں طرف باڑ ہو۔ سیف ۔
دوراہا (ا) مذکر۔ وہ جگہ جہاں سے دو راستے نکلتے ہوں ۔
دورُخا (ا) (۱) دو رویہ۔ دو بھیسیا (۲) دو رنگا۔ منافق وہ شخص جو دونوں طرف ہو ۔
دورسا (ا) مذکر۔ خمیر ملا ہوا تمباکو۔ دو قسم کا ملا ہوا تمباکو ۔
دورگا (ا) مذکر۔ وہ آدمی جس کے ماں باپ دو قوم کے ہوں۔ دوغلا ۔
دورنگا (ا) دو رنگ کا۔ دو بھیسیا ۔
دورنگی (ا) مؤنث۔ مغایرت۔ بیگانگی۔ مکاری۔ دو مختلف حالتیں ہونا ۔
دورویہ (ا) (۱) دورُخا۔ دو رنگا (۲) دو طرفہ (۳) منافق ۔
دوزانو بیٹھنا (ا) گھٹنوں کے بل بیٹھنا۔ ادب سے بیٹھنا ۔
دوسار ہونا (ہ) تیر یا نیزے کا بدن سے پار ہو جانا ۔
دوساکھی۔ دوساہی۔ دوسائی (ہ) مؤنث۔ (۱) دو فصلی۔ وہ زمین جس میں دو فصلیں ہوں۔ (۲) وہ زمین جس کے نیچے سخت مٹی اور اوپر ریت ہو ۔
دوسالہ (ف) مؤنث (۱) وہ زمین جو دو برس میں بوئی جوتی گئی ہو (۲) دو برس کا (۳) (اصطلاحاً) دو برس کی شراب ۔
دوسوتی (ا) مؤنث۔ دوہرے سوت کا بنا ہوا کپڑا ۔
دوسیری (ا) مؤنث۔ دو سیر کا باٹ ۔

دوشاخہ (ف) مذکر - (۱) دو شاخوں کی لکڑی یا درخت یا شمعدان (۲) دونوں ٹانگیں ۔

دوشالہ (ف) مذکر ۔ پشمینے کی چادر کا جوڑا ۔ اعلیٰ درجے کی شال ۔

دوشالہ میں لپیٹ کر لگانا (ف) (۱) درپردہ ذلیل کرنا (۲) عمدہ الفاظ میں ہجو کرنا ۔

دو طرفہ (ف ۔ ع) دو رویہ ۔ طرفین ۔ باہمی ۔

دوشنبہ (ف) مذکر ۔ پیر کا دن ۔ سوموار ۔

دو عملہ (ف) مذکر ۔ وہ چیز یا مکان جو دو آدمیوں کی ملکیت میں ہو ۔

دو عملی (ف) مؤنث ۔ دو حکومتیں ۔ بدانتظامی ۔ اختلاف رائے ۔

دو غزلہ (ف ۔ ع) مذکر ۔ ایک ہی بحر اور ردیف و قافیہ میں دو غزلیں ۔

دو فصلی (ف) مؤنث (۱) دو موسمی (۲) وہ درخت جو فصل میں دو پھل دے (۳) وہ زمین جو سال میں دو بار بوئی جائے ۔

دو کرنا (ف) دو ٹوک ۔ دو حصے کرنا ۔

دو کوڑی کی بات ۔ یا ۔ آبرو کر دینا (ف) ذلیل کر دینا ۔ عزت بگاڑ دینا ۔

دوگاڑا (ف) مذکر ۔ دو نالی بندوق ۔ وہ بندوق جس میں دو گولیاں بھری جاتی ہیں ۔

دوگاڑا مارنا (ف) ایک ہی دفعہ دو گولیاں بھر کر چلانا ۔

دوگانہ (ف) مذکر ۔ (۱) جوڑواں یا دہری چیز (۲) نماز یعنی دو رکعتیں ۔ نماز شکرانہ ۔

دو گھڑی کا تڑکا (ف) مذکر ۔ صبح کاذب ۔ آفتاب نکلنے سے پہلے کا وقت ۔

دو گھڑی کی بے حیائی ۔ سارے دن کا آدھار (ف) (مثل) تھوڑی سی بے مروتی سے بہت عرصے کے لئے آرام ہو جاتا ہے ۔

دولتی (ف) مؤنث ۔ دیکھو "دُولتی" ۔

دولڑا (ف) مذکر ۔ دیکھو (دُولڑا) ۔

دولھڑا (ف) مذکر ۔ ایک قسم کا موٹا فرشی کپڑا ۔

دو منزلہ (ف) مذکر ۔ دو درجے کا مکان ۔

دو معنی (ف) وہ بات جس کے دو معنی ہوں ۔ پہلو دار بات ۔ ذو معنی ۔

دو ملاؤں میں مرغی حرام (ف) مثل (۱) ضد میں حلال چیز پر بھی حرام کا فتویٰ لگ جاتا ہے (۲) دو دعویداروں

اور ہم پیشہ آدمیوں میں کام بگڑ جاتا ہے ۔

دو منہ بِکلس لینا (ف) دو ۔ دانت نکال لینا ۔ قدرے ہنسنا ۔

دو میں تیسرا آنکھوں میں ٹھیکرا (ف) مثل شرکت دو ہی کی بھلی ۔ تیسرا آدمی ناگوار ہوتا ہے ۔

دونوں (ف) ہر دو ۔

دونوں بائیں کسنا (ف) تلوار کا دونوں جانب سے خمیدہ ہونا ۔

دونوں ٹانگوں میں سر دینا (ف) سزا دینا ۔ ٹھیک بنانا ۔

دونوں جہان سے کھونا (ف) دین کا رکھنا نہ دنیا کا ۔

دونوں طرف (ف) ہر دو جانب ۔

دونوں وقت ملنا (ف) رات اور دن کا ملنا ۔ سورج ڈوبنا ۔ روشنی نہ اندھیرا ۔

دونوں وقت ملے (ف) شام کے وقت ۔ مغرب کے وقت ۔

دونوں ہاتھ سے تالی بجنا (ف) دونوں طرف سے لڑائی ہونا ۔ دوستی سے دوستی ۔ عداوت سے عداوت ۔

دونوں ہاتھوں سے سلام کرنا (ف) نہایت نفرت ظاہر کرنا ۔ شرارت یا بدی میں استاد ماننا ۔ کسی کی چالاکی کو ۔۔ مان جانا ۔

دو ورقی (ف) مؤنث ۔ (۱) دو ورق کی کتاب ۔ چھوٹی کتاب (۲) فرج ۔ قبل ۔

دوہاجن (ہ) مؤنث ۔ بیوہ عورت جس نے دوسرا نکاح کر لیا ہو ۔

دوہاجو (ہ) دوسری عورت والا خاوند ۔ وہ رنڈوا جس نے دوسری شادی کی ہو ۔

دوہتڑ (ہ) مذکر ۔ دونوں ہاتھوں کی ضرب جو اکثر عورتیں بچوں کے سر یا پیٹھ پر زور سے مار دیتی ہیں ۔

دوآ (دُوَا ۔ ہ) (۱) دوسرا (۲) تاش کا وہ پتا جس میں دو نشان ہوں ۔ دُکی (۳) جوئے کا ایک داؤں ۔

دوا (دَوا) (ع) مؤنث ۔ دارو ۔ درماں ۔ علاج ۔ معالجہ ۔

دواخانہ (ع ۔ ف) مذکر ۔ شفاخانہ ۔ وہ کمرہ یا الماری جس میں دوائیں رہتی ہیں ۔

دوا دارو (ف) مؤنث ۔ علاج معالجہ ۔

دوا درمن (ف) مؤنث ۔ (عو) دوا دارو ۔ علاج معالجہ ۔

دوا کو نہ ملنا (ف) کسی چیز کا بالکل دستیاب نہ ہونا ۔ ذرا نہ ملنا ۔

دواب (دَوَاب) (ع - مذکر) چوپائے - حیوان - مویشی ۔
دوآپر (دُوَا - پَر) (س) مذکر - ہندوؤں کا تیسرا جُگ جو آٹھ لاکھ ۶۴ ہزار سال کا سمجھا جاتا ہے ۔
دوات (دَوَات) (ع) مؤنث - سیاہی رکھنے کا ظرف ۔
دوادشی (دُوَا - دَشی) (ہ) مؤنث - ہر پاکھ کی بارہویں تاریخ ۔
دَوادَو - دَوادَوِش (دَ دَوَا - دَوْ - دَوَا - دَوِش) (ف) مؤنث - دوڑ دھوپ - کوشش ۔
دوّار (دَوْ - وَار) (ع) (۱) بہت گردش کرنے والا - بہت پھرنے والا (۲) بدلنے والا ۔
دوار - دوارا (دُوَار - دُوَا - رَا) (ہ) مذکر (۱) دروازہ - ڈیوڑھی - راستہ (۲) وسیلہ - ذریعہ (۳) آستانہ - چوکھٹ - جگہ ۔
دوازدہ (دَوَاز - دَہ) (ف) بارہ - ۱۲ ۔
دوازدہ امام (ف - ع) (مذکر) اثنا عشری کے بارہ امام (۱) حضرت علی کرم (۲) امام حسنؓ (۳) امام حسینؓ (۴) امام زین العابدینؓ (۵) امام محمد باقرؓ (۶) امام جعفر صادقؓ (۷) امام موسیٰ کاظمؓ (۸) امام علی ابن موسیٰ رضاؓ (۹) امام محمد تقیؓ (۱۰) امام علی نقیؓ (۱۱) امام حسن عسکریؓ (۱۲) امام محمد مہدیؓ ۔
دُوال (دُوَال) (ف) مذکر تسمہ - رکاب کا تسمہ ۔
دِوال (دِوَال) (ہ) (۱) دینے والا (۲) مؤنث دیوار ۔
دِوال نہیں ہے (ہندو) نادہندہے - نے کر دینے والا نہیں ۔
دوالا (دِوَا - لا) (ہ) مذکر - دیکھو (دیوالہ) ۔
دوالا نکالنا (ہ) دیکھو (دیوالہ نکالنا) ۔
دوالی (دُوَا - لی) (ف) (۱) تسمہ لگانے والا سپاہی (۲) مؤنث چمڑے کی پیٹی - چپراس - تسمہ ۔
دوالیں (ہ) مؤنث - زعم انگیا کی کٹوریوں کے نیچے کے ٹکڑے ۔
دوالیہ (ہ) (مذکر) دیکھو (دیوالیہ) ۔
دوام (دَوَام) (ع - مذکر) (۱) ہمیشگی (۲) ہمیشہ - سدا - نت ۔
دوامی (ع) ہمیشہ کے لئے - دائمی ۔
دوامی بندوبست (ع - ف) مذکر - وہ زمین کا انتظام جو ہمیشہ کے لئے ایک ہو ۔
دواں (دَوَاں) (ف) دوڑتا ہوا - بھاگتا ہوا ۔
دواوین (دَوَا - وِین) (ع - مذکر) دیوان کی جمع ۔
دوائر (دَوَا - اِئر) (ع - مذکر) دائرہ کی جمع ۔

دُوب (دُوب) (ہ) مؤنث ، ایک قسم کی باریک نرم اور عمدہ گھاس ۔
دُوبھر (دُو - بَھر) (ہ) (۱) مشکل - سخت (۲) ناگوار - بارِ خاطر ۔
دوت - دوتا (دُوت - دُو - تا) (ہ) مذکر (۱) قاصد - ایلچی - سفیر (۲) نائب - پیشکار (۳) فرشتۂ موت - قابض الارواح (۴) چغل خور - غماز ۔
دوت دیک (ہ) مؤنث - لعنت - ملامت - پھٹکار - دھتکار ۔
دُوتی (ہ) مؤنث - (۱) چغل خور عورت (۲) کٹنی ۔
دوج (دُوج) (ہ) مؤنث (ہندو) قمری مہینے کی دوسری اور سترھویں تاریخ ۔
دُوجا (دُو - جا) (ہ) دوسرا - دوم - ثانی ۔
دوخت (دُوخت) (ف) مؤنث - سلائی - سیون ۔
دود (دُود) (ف - مذکر) دھواں - دُخان - بھاپ ۔
دودکش (ف - مذکر) چمنی - دھواں نکلنے کا سوراخ ۔
دودہ (دُو - دَہ) (ف - مذکر) (۱) کاجل (۲) دھواں (۳) غبار - دھند (۴) بھاپ (۵) کیڑا (۶) خاندان ۔
دُودھ (دُودھ) (ہ) مذکر (۱) شیر - لبن (۲) درخت یا کسی چیز کا گاڑھا سفید عرق ۔
دُودھ اترنا (ہ) دودھ پلاتے وقت چھاتیوں میں دودھ بھر آنا ۔
دُودھ ادھاری (ہ) (ہندو) صرف دودھ پر رہنے والا - وہ شخص جس نے اناج وغیرہ ترک کر کے صرف دودھ پر اپنا گذارہ ٹھیرا لیا ہو ۔
دُودھ اُگلنا (ہ) بچّے کا دودھ ڈالنا - دودھ کی قے کرنا ۔
دُودھ بخشنا (ہ) دودھ پلانے کا حق معاف کرنا ۔
دُودھ بڑھانا (ہ) بچّے کا دودھ چھڑانا ۔
دُودھ بھائی (ہ) مذکر - برادرِ رضاعی - دودھ شریک بھائی - کوکا ۔
دُودھ بھر آنا (ہ) بچّے کی محبت کے باعث ماں کی چھاتیوں میں دودھ اُتر آنا ۔
دُودھ بھری کٹوریاں (ہ) مؤنث - دودھ بھری چھاتیاں ۔
دودھ بہنیں (ہ) مؤنث ، دو الگ الگ والدین کی لڑکیاں جنہوں نے ایک ہی ماں کا دودھ پیا ہو ۔
دودھ بھی پیارا پوت بھی پیارا قسم کس کی کھاؤں (ہ) (مثل) جب کسی کام کو نہ کرتے ہی بنتا - نہ چھوڑتے - اُس وقت یہ مثل بولی جاتی ہے یعنی کیا کروں کیا نہ کروں ۔

دُودھ پڑنا (ہ) اناج میں رس پڑنا ۔
دُودھ پلانا (ہ) بچے کو دودھ دینا۔ چھاتی مُنہ میں ڈال دینا ۔
دُودھ پلائی (ہ) مؤنث (۱) دایہ۔ انّا۔ (۲) وہ نقدی جو دُولھا کو دُلھن کے گھر سے ساچق کے روز آتی ہے (۳) وہ نقدی جو دولھا گھڑ چڑھی کے وقت اپنی ماں کو دودھ پلانے کے عوض میں دیتا ہے ۔
دُودھ پوت (ہ) مذکر۔ دھن دولت۔ مال اولاد ۔
دُودھ پوت والی (ہ) مؤنث۔ آل اولاد اور دھن دولت والی۔ صاحب نصیب ۔
دُودھ پھاڑنا (ہ) کسی دوا کے ذریعے سے دودھ کا پانی علیحدہ کر دینا ۔
دُودھ پیتا بچہ (ہ) مذکر (۱) گود کا بچہ۔ شیرخوار (۲) بھولا۔ ناتجربہ کار۔ ناسمجھ۔ نادان ۔
دُودھ پیتے روپے (ہ) مذکر۔ روپے مع بیاج ۔
دودھ چرانا (ہ) گائے بھینس کا دُوہتے وقت تھنوں میں سے دُودھ اوپر کو چڑھا جانا ۔
دودھ چڑھانا (ہ) (۱) دُودھ چرانا (۲) کسی دیوتا یا پیر کی نذر کے طور پر دودھ چڑھانا ۔
دودھ چڑھنا (ہ) (۱) دودھ خشک ہونا۔ دُودھ جذب ہونا (۲) چھاتیوں کا دودھ سے تن جانا ۔
دودھ چھٹانا۔ یا۔ چھڑانا (ہ) دیکھو (دودھ بڑھانا) ۔
دودھ دوہنا۔ یا۔ دُوہنا (ہ) دودھ نکالنا۔ دھار نکالنا ۔
دودھ دیکھنا (ہ) (۱) دودھ کو پرکھ کر دیکھنا کہ وہ خالص ہے یا ناخالص (۲) اناج میں رس پیدا ہونا ۔
دُودھ سا (ہ) نہایت سفید۔ دُودھ کی مانند ۔
دودھ کا جلا چھاچھ پھونک پھونک کر پیتا ہے (ہ) مثل۔ ایک چیز سے ڈرا ہوا اُس کی ہمشکل چیز سے بھی ڈرتا ہے ۔
دودھ کا دودھ پانی کا پانی (ہ) مثل (۱) پورا پورا انصاف (۲) ہر جنس علیحدہ علیحدہ ۔
دودھ کا سا اُبال (ہ) مذکر۔ وہ غصہ جو ایک ہی دفعہ آ کر اُتر جائے ۔
دُودھ کی بُو مُنہ سے آنا (ہ) بچہ اور ناتجربہ کار ہونا ۔
دودھ کی سی مکھی نکال کر پھینک دینا (ہ) کسی کو دخیل اور قرابتی ہونے کے باوجود بالکل بے دخل و بے تعلق کر دینا ۔

دودھ کی مکھی (ہ) مؤنث۔ وہ مکھی جو دودھ میں گر پڑے اور اسے نکال کر پھینک دیں ۔
دودھ کے دانت (ہ) مذکر۔ وہ ملائم دانت جو شیر خوارگی کے زمانے میں نکلتے ہیں ۔
دودھ کے دانت نہ ٹوٹنا (ہ) کم عمر و صغیر سن ہونا ۔
دودھ ماں (ہ) مؤنث۔ انّا ۔
دودھ مسہری (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا ۔
دودھ والی (ہ) مؤنث (۱) گوالن یا شیر فروش (۲) وہ عورت جو بچے کو دودھ پلاتی ہو۔ زچہ ۔
دودھوں کلیاں کرو (ہ) کلمۂ دعا، خدا تمہیں اتنی دولت دے کہ پانی کے بجائے دودھ سے کلیاں کیا کرو ۔
دودھوں نہاؤ پوتوں پھلو (ہ) دعا، (یعنی) ہمیشہ دولت اور اولاد میں پھلتی رہو ۔
دُودھی (ہ) مؤنث۔ دیکھو (دُدھی) ۔
دُودھیا (ہ) (۱) دُودھ کا بنا از شیر۔ رسیلا۔ رس سے بھرا ہوا (۲) سفید چٹا (۳) کچا۔ ہرا سبز (۴) ایک قسم کا پتھر (۵) ایک قسم کا نرم حلوا سوہن ۔
دودھیل (ہ) دیکھو (دُدھیل) ۔
دودھیل گائے کی لاتیں بھی بھلی (ہ) مثل، جس سے فائدہ پہنچتا ہے اُس کی کڑوی بات بھی بھلی لگتی ہے ۔
دَور: دَوْر (ع) مذکر (۱) چرخ۔ گردش۔ چکر (۲) کسی چیز کا دورہ کرتے کرتے اپنی ہی ذات پر ٹھہرنا (۳) طور چال۔ روش۔ رفتار (۴) (۱) حکومت۔ راج۔ سلطنت (۵) (۱) گردش ساغر (۶) (۱) حاشیہ کنارہ۔ گھیرا (۷) (۱) باری۔ نوبت (۸) (۱) گرداگرد (۹) (۱) زمانہ۔ عرصہ (۱۰) (۱) انقلاب۔ تغیر و تبدّل ۔
دَور دورا (ہ) مذکر۔ حکومت۔ اقبال۔ اختیار۔ راج۔ عمل دخل ۔
دور کرنا (ف) دو شخصوں کا بیٹھ کر باری باری سے ایک دوسرے کو قرآن مجید سنانا ۔
دَور ہونا (ف) زمانہ ہونا ۔
دُور: دُوْر (ف) (۱) بُعد۔ فاصلہ (۲) (۱) علیحدہ۔ جُدا۔ الگ (۳) (۱) ہٹ۔ سرک۔ چل ۔
دور از کار (ف) (۱) مطلب سے دُور (۲) مخالف (۳) عقل کے خلاف ۔

دُور افتادہ (ف) (۱) جو دُور یا زیر عتاب ہو (۲) دُور مقام پر رہنے والا ◆

دُور اندیش (ف) دُور کی بات سوچنے والا۔ ہوشیار۔ آگا پیچھا سوچ کر چلنے والا ◆

دُور اندیشی (ف) مؤنث۔ دُور بینی۔ عقلمندی۔ دانائی۔ سوچ بچار ◆

دُور باش (ف) (۱) دُور رہو۔ بادشاہوں کے آگے چوبدار یہ کلمہ کہا کرتے تھے (۲) ایک دوشاخہ نیزہ جو بادشاہوں کی سواری کے آگے لے کر چلتے تھے ◆

دُور بھاگنا (ا) الگ رہنا۔ پاس نہ پھٹکنا۔ نفرت کرنا ◆

دُور بین (ف۔ مؤنث) (۱) دُور کی چیز دیکھنے کا آلہ (۲) دُور اندیش۔ دُور یا فاصلے کی چیز دیکھنے والا ◆

دُور پار (ا) (عو) (۱) خدا نہ کرے۔ نصیب اعدا۔ نوج۔ (۲) نخرہ۔ زنانہ۔ ہیجڑا ◆

دُور پہنچنا (ا) (۱) دُور نکل جانا (۲) درجۂ کمال اور بلند خیالی پر پہنچنا ◆

دُور تک پہنچنا (ا) (۱) بڑوں تک جانا۔ بڑھوں کی گالی دینا (۲) بہت فاصلے تک چلا جانا ◆

دُور دراز (ف) بہت فاصلے پر۔ بہت دُور ◆

دُور دست (ف) وہ جگہ جہاں پہنچنا دشوار ہو۔ نہایت بُعد ◆

دُور دُور (ا) (ندا) (عو) (کلمۂ نفرت) چل ہٹ۔ دُور ہو ◆

دُور دُور پہنچنا (ا) (۱) دُور کے مقامات پر چلے جانا۔ (۲) بلند پروازی۔ وسیع نظر ہونا (۳) شہرت ہونا ◆

دُور رہنا (ا) الگ رہنا۔ جُدا رہنا ◆

دور کا رشتہ۔ یا۔ ناتا (ا) مذکر۔ دُور کی رشتہ داری۔ دور کا واسطہ ◆

دور کا مضمون (ا) مذکر۔ بہت اچھا مضمون۔ گہرا نازک مضمون ◆

دُور کرنا (ا) (۱) الگ کرنا۔ جدا کرنا۔ ہٹانا (۲) غائب کرنا۔ آنکھوں سے علیحدہ کرنا (۳) موقوف کرنا۔ نوکری سے برطرف کرنا (۴) فروخت کرنا۔ بیچنا ◆

دُور کھچنا۔ یا۔ کھنچنا (ا) الگ رہنا۔ نخوت و غرور کرنا ◆

دُور کی بات (ا) مؤنث۔ گہرا خیال۔ نکتہ۔ سمجھ کی بات ◆

دُور کی سوجھنا (ا) گہرا خیال آنا۔ دُور اندیش ہونا ◆

دُور کی کوڑی لانا (ا) بڑا کام کرنا۔ قابل فخر کام کرنا ◆

دُور کی کہنا (ا) نہایت سمجھ کی بات کہنا۔ سمجھ سے باہر بات کہنا ◆

دُور کی ہانکنا (ا) (۱) گپ یا شیخی مارنا (۲) لیاقت سے بڑھ کر دعویٰ کرنا ◆

دُور کے ڈھول سہانے (ا) مؤنث۔ دُور کی سنی ہوئی بات اچھی معلوم ہوتی ہے۔ پاس جاؤ تو قلعی کھلے ◆

دُور ہو (ا) (کلمۂ نفرت) ہٹ۔ سرک۔ منہ نہ دکھا ◆

دُور ہونا (ا) (۱) علیحدہ ہونا۔ جدا ہونا (۲) فاصلے پر ہونا (۳) نہایت سنجیدہ اور سمجھدار ہونا۔ نہایت شریر اور چالاک ہونا (۴) سرکنا۔ نظر سے غائب ہونا ◆

دَوران (دَو۔ ران) (ف) مذکر (۱) گردش۔ چکر (۲) زمانہ وقت (۳) عمر ◆

دَورانِ سر (ف) مذکر۔ سر گھومنا۔ سر کا چکر۔ درد سر ◆

دَورہ (دَو۔ رَہ) (ا) گردش۔ چکر (۲) باری۔ نوبت (۳) گشت۔ حکام یا افسروں کا اپنے علاقے کو دیکھنا ◆

دَورہ سپرد کرنا (ا) (قانون) فوجداری کے سنگین مقدمے کو تجویز کے لئے سشن جج کے سپرد کرنا۔ عدالت کے سپرد کرنا ◆

دَورہ کرنا (ا) چکر لگانا۔ حکام کا اپنا ضلع یا علاقہ دیکھنے کے لئے جانا ◆

دوری (دَو۔ رِی) (ہ) مؤنث۔ چھوٹی ٹوکری ◆

دُوری (ف) مؤنث۔ بُعد۔ فاصلہ۔ تفاوت۔ فرق۔ جدائی ◆

دَوڑ (دَوڑ) (ہ) مؤنث (۱) حملہ۔ دھاوا۔ چڑھائی (۲) پہنچ۔ رسائی (۳) کوشش۔ جدوجہد ◆

دوڑ دوڑ۔ یا۔ دوڑ دوڑ کے جانا (ہ) (۱) گھڑی گھڑی جانا (۲) جلد جلد جانا ◆

دوڑ دھوپ (ہ) مؤنث۔ تلاش و جستجو۔ دوا دوش۔ محنت و مشقت ◆

دوڑ کر چلنا (ا) (۱) بھاگ کر چلنا (۲) بے سوچے کوئی کام جلد کرنے پر تیار ہو جانا ◆

دَوڑ مارنا (ہ) (۱) دھاوا کرنا۔ یکایک حملہ آور ہونا (۲) لمبا سفر کرنا (۳) مشکل کام کا انجام پر پہنچانا (۴) نہایت کوشش اور دوا دوش کرنا ◆

دَوڑا دوڑی (ہ) مؤنث۔ دوڑ بھاگ۔ بھاگا بھاگ ◆

دوڑاک (ہ) مذکر۔ بہت دوڑنے والا ◆

دوڑانا (ہ) (۱) بھگانا۔ جلد جلد چلانا (۲) جلد بھیجنا (۳) لگانا۔ چپکانا (۴) پھیلانا۔ بچھانا (۵) محنت کرانا۔ تھکانا ◆

دوڑنا (ہ) (۱) بھاگنا۔ لپکنا (۲) جلد جانا (۳) پھیلنا۔ پھسنا۔

(۴) محنت دستی کرنا (۵) حیران ہونا (۶) حملہ کرنا۔ دھاوا کرنا ۔

دوزخ (دَو۔زَخ) (ف) مذکر۔ (۱) جہنم۔ نرک۔ وہ ساتوں طبقے جو تحت الثریٰ میں گنہگاروں کی سزا کے لئے بنائے گئے ہیں (۲) پیٹ۔ شکم ۔

دوزخ بھرنا (۱) پیٹ بھرنا ۔

دوزخ کا کندا (۱) مذکر۔ سخت گنہگار ۔

دوزخی (ف) جہنمی۔ پاپی ۔

دوس (دُوش) (۱) مذکر۔ الزام۔ قصور۔ جرم۔ عیب نقص۔ گناہ ۔

دوس دینا (۱) الزام لگانا۔ قصور وار قرار دینا۔ عیب لگانا ۔

دوست (دُوسْت) (ف) مذکر۔ یار۔ آشنا۔ خیر خواہ (۲) معشوق۔ محبوب ۔

دوستانہ (ف) مذکر۔ یاری۔ دوستی۔ محبت۔ یارانہ ۔

دوستدار (ف) صفت۔ خیرخواہ۔ ہمراز۔ مشفق ۔

دوستداری (ف) مؤنث۔ خیر خواہی۔ دوستی ۔

دوستی (ف) مؤنث۔ دوستانہ۔ یارانہ۔ پیار۔ محبت۔ آشنائی۔ اتحاد ۔

دوستی کا دم بھرنا یا مارنا (۱) دوستی کا دعویٰ کرنا۔ دوست ہونے کا بیڑا اٹھانا۔ دوستی کا حق جتانا ۔

دُوسرا (دُوس۔رَا) (۱) دوم۔ ثانی۔ دیگر (۲) مثنیٰ (۳) اجنبی۔ غیر (۴) مقابل کا ۔

دوسری ماں (۱) مؤنث۔ سوتیلی ماں ۔

دوش (دُوش) (س) مذکر۔ دیکھو (دوس) ۔

دوش (ف) مذکر (۱) شانہ۔ کندھا (۲) گزری ہوئی رات ۔

دوش بدوش (ف) (۱) کندھے سے کندھا ملا کر (۲) اتفاق کے ساتھ ۔

دوشیزگی (دُو۔شِی۔زَگی) (ف) مؤنث۔ کنوارپن۔ چھیرا بند ہونا۔ بکارت ۔

دوشیزہ (ف) مؤنث۔ چھیرا بند۔ کنواری۔ پاکیزہ۔ بن بیاہی ۔

دوشینہ (ف) پچھلی رات کا ۔

دوغ (دُوغ) (ف) مذکر و مؤنث (۱) دہی (۲) چھاچھ (۳) راشتا ۔

دوغلا (۱) دونسلا۔ وہ شخص جس کے ماں باپ ایک قوم کے نہ ہوں (۲) کم اصل۔ کمینہ۔ کم ذات ۔

دوغلی (۱) دونسلی (۲) وہ عورت جس کے ماں باپ ایک قوم کے نہ ہوں (۳) کمینی۔ کم ذات ۔

دوغلی بات (۱) مؤنث۔ دورُخی بات۔ وہ بات جو صاف اور یک رُخی نہ ہو ۔

دوک (دُوک) (۱) مذکر۔ دو سال کا بچھڑا ۔

دوکھنا (دُوکھ۔نَا) (۱) عیب لگانا۔ طعنہ دینا (۲) الزام دھرنا۔ بہتان جوڑنا (۳) پوشیدہ عیب کو ظاہر کرنا (۴) بُرا کہنا۔ حرف رکھنا (۵) بات کاٹنا۔ قطع کلام کرنا ۔

دول (دُوَل) (ع) مذکر۔ دولت کی جمع۔ سلطنتیں ۔

دوامولا (دَو۔لَا۔مَو۔لَا) (۱) بڑی ہمت والا۔ سخی (۲) صفت۔ نیک۔ بھولا ۔

دولاب (دُو۔لَاب) (ف) مذکر (۱) رہٹ۔ چرخ (۲) الماری (۳) ذخیرہ (۴) دھوکا (۵) ڈھول (۶) کھائی (۷) تجارت (۸) نفع (۹) استعمال (۱۰) خیابیس ۔

دولت (دَو۔لَت) (ع) مؤنث (۱) اقبال۔ نصیبا۔ فتحمندی (۲) مال۔ زر۔ نقدی (۳) سلطنت۔ حکومت (۴) صفت۔ اولاد۔ بیٹا بیٹی ۔

دولت خانہ۔ یا۔ دولت سرا (ع۔ف) (۱) مذکر (۲) مؤنث۔ محل سرائے۔ تعظیماً بادشاہوں یا امیروں کے رہنے کا مکان ۔

دولت مند (ع۔ف) مالدار۔ روپے پیسے والا۔ امیر ۔

دولت مندی (ف) مؤنث۔ امیری۔ مالداری ۔

دولہا (دُول۔ہَا) (۱) مذکر۔ نوشہ۔ بنا ۔

دولہا بھائی (۱) مذکر۔ بہنوئی۔ بہن کا شوہر ۔

دولہا دلہن مل گئے جھوٹی پڑی برات (۱) مثل۔ دوست دوست ایک ہو گئے۔ درمیان میں مفت میں بُرے بنے ۔

دُولہا کے سر برات۔ یا۔ دولہا کے سر سہرا (۱) کہاوت۔ مذکر۔ سردار کے ساتھ ہی ساتھی زیب ہیں ۔

دوم۔ دومیں (دُوم۔ دُوَمِیں) (ف) دوسرا۔ ثانی۔ دیگر ۔

دَون (دَوْن) (۱) مؤنث (۱) آگ (۲) سخت گرمی (۳) پیاس یا گرمی کی شدت (۴) سوزش۔ جلن (۵) جوش۔ ولولہ (۶) شہوت ۔

دُون (دُون) (۱) مؤنث (۱) لاف گزاف۔ شیخی (۲) الاپ۔ اونچے سُر کی آواز۔ یا تیز گت (۳) پہاڑی تلیٹی (۴) کمینہ۔ ادنیٰ۔ پاجی (۵) سوا۔ غیر (۶) زیر۔ نیچے ۔

دون کی لینا (۱) شیخی بگھارنا۔ اترانا۔ ڈینگ مارنا ۔

دون لگنا (۱) (۱) آگ لگنا (۲) پیاس لگنا (۳) آتش عشق کا بھڑکنا ۔

دُونا (دُو-نا) (ہ) (۱) دُگنا - دوچند (۲) بیش - زیادہ (۳) دوہرا - ڈبل ؛

دَونا (دَو-نا) (ہ) مذکّر (۱) پتّوں کا پیالہ (۲) نیاز کی شیرینی جو پتّوں میں لائی جاتی ہے ؛

دَونا چڑھانا (ہ) پھولوں اور شیرینی کا دونا مزار وغیرہ پر دینا ؛

دونا ماننا (ہ) (ع) نیاز ماننا - نذر ماننا - شیرینی ماننا ؛

دَونا (دَو-نا) (ہ) مذکّر - ایک قسم کی خوشبودار بڑے پھول کی گھاس ؛

دوہا یا دوہرا (ہ) مذکّر - بیت - دو مصرعوں کا ہندی شعر ؛

دوہائی (دیکھو دہائی) ؛

دوہائی دینا دیکھو (دہائی دینا) ؛

دوہائی ہے (ہ) دیکھو (دہائی ہے) ؛

دوہیتا (دَو-ہِے-تا) (ہ) مذکّر - بیٹی کا بیٹا ؛

دوہیتی (ہ) مؤنث - بیٹی کی بیٹی ؛

دوہر (ہ) مؤنث (۱) دوہری چادر - دلائی (۲) دریا کی پرانی تہ (۳) دو فصل ؛

دوہرا (ہ) دیکھو (دہرا) ؛

دوہرا تہرا (ہ) دیکھو (دہرا تہرا) ؛

دوہرانا (ہ) دیکھو (دُہرانا) ؛

دوہلی (دُوہ-لی) (ہ) مؤنث - وہ زمین جو مالگزاری کے بغیر فقیروں کو مذہبی طور پر دی جائے ؛

دوہنا (دُوہ-نا) (ہ) دودھ نکالنا ؛

دوہنی (ہ) مؤنث - دودھ دوہنے کا برتن ؛

دوئی (دُو-ئی) (ف) مؤنث (۱) وحدت کی ضد - شرک (۲) علٰحدگی - جدائی - فرق ؛

د - ہ

دِہ (دِہ) مؤنث - جسم - بدن - تن ؛

دِہ دھارنا (ہ) (ہندو) بیدار ہونا - جنم لینا ؛

دِہ ڈنڈ (ہ) مذکّر (ہندو) بدنی سزا - جسمی سزا ؛

دَہ (دَہ) (ہ) مؤنث (ہندو) ندی - نالہ (۲) بہت گہرا پانی - گرداب - بھنور ؛

دِہ (دِہ) (ف) مذکّر - گاؤں - قریہ - موضع - بستی ؛

دِہ بندی (ف) مؤنث - حلقہ بندی - تفصیل بندی - نقشہ مفصّلات ؛

دَہ (دَہ) (ف) دس - عشرہ - ۱۰ عدد ؛

دَہ چند (ف) دس گُنا - دس حصّے ؛

دَہ در دنیا ستر در آخرت (ف) (مثل) دنیا میں دس خرچ کرو - تو آخرت میں ستّر ملیں گے ؛

دَہ در دَہ (ف) دس گز شرعی مربّع - دس ہاتھ سے دس ہاتھ - دس گز مربّع اور بالشت بھر گہرا پانی جو فقہ اسلام کے بموجب پاک تسلیم کیا جاتا ہے ؛

دَہ یک - یا - یکی (ف) مذکّر و مؤنث (۱) دسواں حصّہ (۲) دس میں سے ایک (۳) دس فی صدی ؛

دَہا (دَ-ہا) (ا) مذکّر (ع) محرّم - سنہ ہجری شروع ہونے کا مہینہ ؛

دَھا (دَھا) (ہ) مذکّر (۱) ترانہ - لَے - سُر (۲) دودھ پلانے والی - انّا ؛

دِھا بھائی (ہ) مذکّر - دودھ بھائی ؛

دَھابا (دَھا-با) (ہ) مذکّر - کچّی چھت - وہ مکان جو نانبائی نے چھا ہو (۲) (ہندو) ہندوؤں کا ہوٹل ؛

دھابلی (دُھاب-لی) (ہ) مؤنث - کبوتروں کا دڑبا ؛

دھاپ (دُھاپ) (ہ) مؤنث - وہ فاصلہ جو آدمی ٹھہرنے کے بغیر دوڑ سکے - نصف میل کے قریب ؛

دھات (دَھات) (ہ) مؤنث - وہ کانی جوہر جس میں پگھلنے کی خصوصیت ہو - جیسے سونا - چاندی - تانبا - سیسہ - لوہا - پارہ - پلاٹینم - رانگ وغیرہ (۲) وہ سفید پانی جس سے نطفہ قرار دیا جاتا ہے - منی ؛

دھات جھین (ہ) مؤنث (ہندو) جریان ؛

دہات یا - دیہات (ف) مذکّر - دِہ کی جمع - بہت سے گاؤں ؛

دہاتی - یا - دیہاتی (ا) گنوار - گاؤں کا رہنے والا ؛

دھار (دَھار) (ہ) مؤنث (۱) لکیر - خط (۲) کسی رقیق چیز کی تلکی - فوّارہ (۳) باڑھ - تلوار وغیرہ کی آب (۴) پانی کا بہاؤ - دریا کی وہ جگہ جہاں پانی زور سے بہتا ہو ؛

دھار باندھنا (ہ) سحر یا افسون کے زور سے تلوار وغیرہ کی دھار کُند کر دینا ؛

دھار پر مارنا (ہ) (۱) پیشاب کی دھار پر مارنا - خیال میں نہ لانا - کچھ پرواہ نہ کرنا (۲) حقیر سمجھنا ؛

دھار چڑھانا (ہ) (ہندو) (ع) دیوتا یا گنگا جمنا پر منّت مان کر دودھ کی دھار ڈالنا ؛

دھار دار (ا) تیز - باڑھ دار ؛

دھار رکھنا (ہ) تیز کرنا - باڑھ رکھنا ؛

دھار مارنا (ہ) پیشاب کرنا ؛

دھارم دھار رونا۔ دھاروں دھار رونا (۱۱) (عو) بہت زیادہ رونا ۔

دھار نکالنا (۱۱) دودھ دوہنا۔ دودھ نکالنا ۔

دھارا (۱۱) مؤنث و مذکر (۱) چشمہ۔ سوتا۔ دہانہ۔ منبع۔ آبشار۔ پانی بہنے کی جگہ (۲) پہاڑ کی چوٹی۔ قلہ۔ سلسلۂ کوہ ۔

دھارمک (دَھارْ۔ مِک) (۱۱) (۱) نیک (۲) منصف (۳) مذہب کا پابند۔ بھگت ۔

دھارن (دَھا۔ رَنْ) (س۔ مذکر) (۱) پکڑنا (۲) لے جانا (۳) اٹھانا (۴) رکھنا (۵) پہننا (۶) بچانا (۷) پالنا (۸) لینا۔ قبضہ کرنا (۹) حاصل کرنا (۱۰) ذمے لینا ۔

دھارن کرنا (۱۱) (ہندو) (۱) اختیار کرنا۔ قبول کرنا (۲) تولنا ۔

دھارنا (۱۱) (۱) اختیار کرنا۔ رکھنا (۲) کسی عضو پر گرم پانی کی دھار ڈالنا (۳) پرورش کرنا۔ پالنا۔ سنبھالنا ۔

دھاری (۱۱) مؤنث (۱) لکیر۔ خط۔ سیدھا خط (۲) رکھنے والا۔ سہارنے والا ۔

دھاری دار (ف) خط دار۔ وہ کپڑا جس پر سیدھی سیدھی لکیریں ہوں ۔

دھاڑ (دَھاڑْ) (۱۱) مؤنث۔ عو (۱) ہجوم۔ انبوہ۔ جتھا (۲) افراط۔ ادلا (۳) جلدی۔ ساشد کدورت ۔

دھاڑ پڑنا (۱۱) (۱) چوروں کے گروہ کا حملہ آور ہونا۔ (۲) (عو) جلدی پڑنا۔ شتابی پڑنا ۔

دھاڑ کی دھاڑ (۱۱) مؤنث۔ گروہ کا گروہ۔ انبوہ کا انبوہ۔ جتھے کا جتھا ۔

دھاڑ مار کر رونا (۱۱) نہایت چلّا کر رونا۔ واویلا کرنا۔ زور سے رونا۔ کثرت سے رونا ۔

دہاڑ (دَہاڑ) (۱۱) مؤنث (۱) شور (۲) گرج (۳) شیر کی آواز (۴) دہاڑنا کا امر ۔

دہاڑنا (۱۱) (۱) شیر کا گرجنا۔ چنگھاڑنا۔ غرّانا (۲) چلّانا۔ غل مچانا (۳) بچوں کا سخت آواز سے رونا ۔

دہاڑی (دِہا۔ ڑی) (۱۱) مؤنث۔ روزینہ۔ یومیہ۔ ایک دن کی مزدوری

دھاڑی (۱۱) مذکر۔ نامی چور۔ لٹیرا۔ ڈاکو ۔

دھاک (دَھاک) (۱۱) مؤنث (۱) رعب۔ خوف ڈر (۲) شہرت۔ دبدبہ۔ دھوم ۔

دھاک بندھنا (۱۱) شہرت ہونا۔ رعب بیٹھنا ۔

دہاکا (دَہا۔ کا) (۱۱) مذکر (۱) دس۔ دس کا مجموعہ۔ دہائی (۲) صدمہ (۳) رعب۔ خوف (۴) نقصان ۔

دہاکا بیٹھنا (۱۱) (عو) صدمہ گزرنا۔ دہشت بیٹھنا ۔

دہاکے دینا (۱۱) (۱) ڈراوا دینا (۲) فریب دینا ۔

دھاگا (دَھا۔ گا) (۱۱) مذکر۔ تاگا۔ بٹے سوت کا ڈورا ۔

دھاگا پرونا (۱۱) سوئی کے ناکے میں تاگا ڈالنا ۔

دھاگا دینا (۱۱) (مجازاً) فریب دینا۔ دھوکا دینا ۔

دھام (دَھام) (۱۱۔ مذکر) گھر۔ جگہ۔ استھان ۔

دھامن (دَھا۔ مَن) (۱۱) مؤنث (۱) ایک قسم کا لمبا سانپ جو اکثر گائے بھینس کی ٹانگوں کو جکڑ کر دودھ پی جاتا ہے (۲) ایک قسم کا بانس جس کی کمانیں اور غلیل وغیرہ بناتے ہیں (۳) ایک قسم کی عمدہ گھاس (۴) قاصد۔ پیک ۔

دھان (دَھان) (۱۱) توپ کی آواز۔ بڑی آواز ۔

دھان (دَھان) (۱۱) مذکر (۱) چھلکوں سمیت چاول (۲) چاولوں کا پودا ۔

دھان پان (لغوی معنے دھان کے پیڑ اور پان کے مانند نازک۔ دُبلا۔ پتلا۔ نازک اندام ۔

دہان (دَہان) (ف۔ مذکر) (۱) منہ۔ مکھ (۲) سوراخ۔ چھید۔ (۳) زخم ۔

دھانا (دُھا۔ نا) (۱۱۔ ہندو) (۱) دوڑنا۔ بھاگنا۔ روانہ ہونا (۲) کوشش کرنا (۳) عبادت کرنا ۔

دہانا (دَہا۔ نا) (۱۱۔ ہندو) جلانا۔ چتا میں رکھنا۔ پھونکنا ۔

دھاندل (دَھان۔ دَل) (۱۱) مؤنث (۱) بے ایمانی۔ مکر فریب (۲) جھگڑا۔ ٹنٹا۔ حجت۔ تکرار ۔

دھانس (دَھانس) (۱۱) مؤنث (۱) سوکھے تمباکو یا مرچ وغیرہ کی تیز بو جس سے کھانسی آنے لگے (۲) خفیف کھانسی ۔

دھانسنا (۱۱) گھوڑے کا کھانسنا ۔

دھانسی (۱۱) مؤنث۔ گھوڑے کی کھانسی ۔

دھانک (دَھا۔ نَک) (۱۱) مذکر۔ کمان دار۔ تیر انداز۔ ایک پہاڑی قوم ۔

دھانگر (دُھان۔ گَر) (۱۱) مذکر۔ ایک قوم جس کا کام اکثر کنوئیں اور تالاب کھودنا ہے ۔

دہانہ (ف) مذکر (۱) مُنہ۔ مکھ (۲) دریا کے سمندر میں گرنے یا ختم ہونے کا مقام (۳) مشک کا مُنہ (۴) نالی۔ موری (۵) لگام۔ لگام کا وہ آہنی حصّہ جو گھوڑے کے

منہ میں رہتا ہے۔

دہانہ کھولنا (ع) (۱) مشک کا منہ کھولنا (۲) پیشاب کرنا (۳) اظہار فکر کرنا ؛

دھانی (ع) مؤنث (۱) ہلکا سبز رنگ۔ زردی لئے ہوئے سبز رنگ (۲) ایک قسم کے چاول (۳) بونے کے قابل زمین ؛

دھاوا (دَھا۔ وا) (ع) مذکر (۱) یورش۔ چڑھائی۔ ہلّا۔ حملہ (۲) گرداوری (۳) چکر ؛

دھاوا کرنا (ع) چڑھائی کرنا۔ حملہ کرنا ؛

دھاوا مارنا (ع) (۱) بڑا لمبا سفر طے کرنا (۲) چڑھتے چلے جانا (۳) چکر لگانا ؛

دھاوا (ع) مذکر (۱) ایک درخت جو رنگنے کے کام آتا ہے (۲) حملے کا ارادہ ؛

دہائی (دَہا۔ ای) (ع) مؤنث) دس کے عدد کا مرتبہ ؛

دہائی (دُہا۔ ئی) (ع) مؤنث (۱) پناہ۔ امن یا امن خواہی (۲) فریاد۔ داد خواہی۔ (۳) واسطہ۔ قسم (۴) استغاثہ۔ نالش (۵) منادی ؛

دہائی دینا (ع) (۱) مظلوموں کا داد خواہی کے لئے آواز نکالنا۔ مدد مانگنا (۲) قسم دینا۔ واسطہ دینا (۳) شور کرنا۔ غل مچانا (۴) منادی کرنا ؛

دہائی ہے (ع) فریاد ہے۔ الامان۔ پناہ ہے ؛

دھائے (دَھا۔ ئے) (ع) مؤنث) توپ کی آواز ؛

دھائے پوچھنا (ع) باز آنا۔ دور سے سلام کرنا ؛

دھائیں (دَھا۔ ئیں) (ع) مؤنث) توپ کی آواز ؛

دھائیں دھائیں (ع) مؤنث۔ توپوں کی متواتر آواز۔ دھاں دھاں ؛

دھبّا (دَھب۔ با) (ع) مذکر (۱) داغ۔ نشان (۲) عیب۔ نقص ؛

دھبّا لگانا (ع) عیب لگانا۔ داغ لگانا ؛

دھپ دھپ (ع) مؤنث۔ بھدّے آدمی کے پاؤں کی آواز ؛

دھپلا (دَھپ۔ لا) (ع) مذکر) عورتوں کا ڈھیلا ڈھالا پیشبند۔ لہنگا۔ گھگرا ؛

دھپ۔ دھپّا (دَھپ۔ دَھپ۔ پا) (ع) مذکر) دھول۔ طمانچہ۔ چانٹا ؛

دھپّا لگنا (ع) (۱) طمانچہ لگنا (۲) نقصان پہنچنا۔ خسارہ ہونا۔ صدمہ پہنچنا ؛

دھپاڑ (دَھپاڑ) (ع) مؤنث) (عوام) دوڑ ؛

دھت (دَھت) (ع) مؤنث (۱) لت۔ عادت۔ خراب عادت (۲) ہاتھی کے چلانے اور ہٹانے والے کی آواز ؛

دُھت (دُھت) (ع) (۱) نشے میں چور۔ بدمست (۲) دھتکار۔ دھتّا ؛

دھتّا (دَھت۔ تا) (ع) مذکر) ٹال مٹول۔ دھتکار۔ دوت۔ دبک۔ مکر و فریب۔ دھوکا ؛

دھتّا بتانا (ع) دھوکا دینا۔ فریب دینا ؛

دُھتکار (ع) مؤنث۔ لعنت ملامت ؛

دُھتکارنا (ع) نکالنا۔ لعنت ملامت کرنا ؛

دھتورا (دَھتو۔ را) (ع) مذکر۔ ایک خار دار زہریلا پودا اور اُس کا پھل ؛

دھتیا (ع) مذکر۔ عادی۔ لتیا ؛

دھینگڑ۔ یا۔ دھینگرا (دَھین۔ گر۔ دھینگ۔ را) (ع) موٹا تازہ آدمی ؛

دھج (دَھج) (ع) مؤنث و مذکر) طرز۔ روش۔ انداز۔ صورت شکل ؛

دھجا (دَھ جا) (ع) مؤنث و مذکر (۱) پھریرا۔ جھنڈے کا کپڑا (۲) جھنڈا۔ علم۔ نشان (۳) روپ (۴) کترن۔ دھجی ؛

دھجّی (دَھج۔ جی) (ع) مؤنث۔ لیر۔ چیتھڑا۔ کترن ؛

دھجّی ہو جانا (ع) نہایت کمزور اور لاغر ہو جانا۔ بیماری کے باعث زرد یا سفید رنگ نکل آنا ؛

دھجیاں (ع) مؤنث۔ دھجّی کی جمع ؛

دھجیاں اڑانا۔ یا۔ لینا (ع) (۱) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ پاش پاش کرنا (۲) ذلیل و رسوا کرنا۔ شرمندہ کرنا ؛

دھجیر (دَھ جیر) (ع) مؤنث (عو) دھجّی ؛

دھجیلا (ع) سجیلا۔ خوش اندام۔ وضعدار ؛

دھچکا (دَھچ۔ کا) (ع) مذکر) صدمہ۔ جھٹکا۔ دھکّا ؛

دہر (دَہر) (ع) مذکر۔ زمانہ۔ وقت۔ جگ۔ دنیا ؛

دھر (دُھر) (ع) مذکر (۱) ابتداء۔ شروع سرا (۲) ازل۔ ابد ؛

دھر (دَھر) (۱) دھرنا کا امر ؛

دھر دھمکنا (ع) (۱) آموجود ہونا۔ آپہنچنا (۲) دوڑنا لپکنا ؛

دھر رکھنا (ع) رکھ چھوڑنا۔ چھپا رکھنا۔ پکڑ رکھنا۔ روک لینا ؛

دہر (دَہر) (س) (۱) چھوٹا۔ پتلا۔ نفیس (۲) مذکر۔ دل کا کھلا (۳) آگ (۴) جلتا ہوا جنگل ؛

دہر دہر جلنا (ع) زور شور سے جلنا۔ شعلہ زن ہونا ؛

دھرا (دُھرا) (ع - مذکر) محور۔ حد۔ وہ خط جس کے گرد زمین حرکت کرتی ہے ۔

دَہرا (دَہ - رَا) (ہ - مذکر) مندر۔ شوالہ۔ بتکدہ ۔

دُہرا (دُہ - رَا) (ہ - مذکر) (۱) دو تہ کا (۲) دُگنا (۳) موٹا۔ فربہ۔

دہرا اِکہرا (ہ) دُگنا۔ تگنا ۔

دھرا (دَھرا) (۱) دھرنا کی ماضی (۲) دھرنا کا امر ۔

دھرا جانا (ہ) پکڑا جانا۔ گرفتار ہونا ۔

دھرا دھکا (ہ) مذکر۔ رکھا رکھایا۔ بچا کھچا ۔

دھرا رہتا ہے (ہ) کسی کام کا نہیں۔ محض بے فائدہ اور نکما ہے ۔

دھرا رہے گا۔ یا۔ دھرا ہی رہے (ہ) کسی کام کا نہ آئے۔ کچھ کام نہ دے گا ۔

دھرا۳ (دَھ - رَا) (ہ - مذکر) دبچی ۔

دُھرا دُکھرا (ہ) اِس سرے سے اُس سرے تک ۔

دُہرانا (ہ) (۱) دوبارہ کہنا۔ پھر بیان کرنا (۲) دُہرا کرنا۔ (۳) پھیرنا۔ آموختہ کرنا ۔

دُھرپت۔ دُھرپد (دُھرپت۔ دُھر - پَد) (ہ - مؤنث) ایک قسم کا ہندی راگ۔ وہ ہندی شعر جس کے مصرع میں ۳۲ رکن ہوتے ہیں ۔

دھرتا (دَھر - تَا) (ہ) مذکر (ہندو) بٹّا۔ منہائی۔ کٹوتی۔ کمیشن ۔

دھرتی (دَھر - تی) (ہ - مؤنث) زمین۔ دنیا۔ جہان ۔

دھرتی کا پھول (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کی سفید نباتات جو اکثر زمین پر برسات کے دنوں میں پھوٹ آتی ہے۔ کھمبی (۲) نو دولت (۳) مینڈک۔ غوک ۔

دھرکار (دَھر - کار) (ہ - مذکر) گل سے چیزیں بنانے والا شخص ۔

دُہرم (دُہ - رَم) (ہ) مذکر۔ پتنگ کا دُہرا پیچ ۔

دھرم (دَھرم۔ دَھرَم) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) ایمان۔ اعتقاد۔ فرض۔ حق (۲) نیکی۔ انصاف۔ راستی (۳) مشق۔ دستور۔ قاعدہ (۴) پنتھ۔ مذہب ۔

دھرم آتما (ہ) ایماندار آدمی۔ سخی۔ فیّاض ۔

دھرم اپدیش (ہ) مذکر (ہندو) مذہبی وعظ۔ اخلاق۔ ادب ۔

دھرم ارتھ (ہ) مذکر۔ خیراتی روپیہ۔ مال وقف ۔

دھرم اوتار (ہ) مقدّس۔ پاک۔ پوتر ۔

دھرم بگاڑنا (ہ) ایمان کھونا۔ دین برباد کرنا ۔

دھرم چاری (ہ) دھرمی۔ دھرم والا۔ نیک۔ صالح۔ پارسا ۔

دھرم دھکّا (ہ) مذکر۔ وہ صدمہ جو دین کے باعث پہنچے۔ ناحق کا دُکھ ۔

دھرم راج (ہ) مذکر (۱) عادل اور منصف بادشاہ (۲) وہ سلطنت جس میں پورا انصاف ہو ۔

دھرم ریت (ہ) مؤنث۔ مذہبی رسم ۔

دھرم سالہ۔ یا۔ دھرم شالہ (ہ) مذکر۔ مفت کا مسافر خانہ۔ خیراتی سرائے ۔

دھرم سبھا۔ یا۔ سماج (ہ) مؤنث۔ مذہبی مجلس۔ دینی انجمن ۔

دھرم سے (ہ) ایمان سے۔ حق حق ۔

دھرم شاستر (ہ) مذکر (۱) مذہب کا مجموعہ قانون خصوصاً ہندوؤں کا (۲) منو کی قانون کی کتاب ۔

دھرم کوئی کھوئے دھن کوئی لے (ہ) مثل۔ ایمان کسی کا جائے۔ فائدہ کوئی اُٹھائے ۔

دھرم گیانی (ہ) مذکر۔ عالم دین۔ فقیہ ۔

دھرم لگتی کہنا (ہ) خدا لگتی کہنا۔ انصاف کی کہنا ۔

دھرم مورت (ہ) مؤنث۔ انصافِ مجسّم۔ ایمانِ مجسّم ۔

دھرم مول (ہ) مذکر۔ اصولِ مذہب ۔

دھرما دھرمی (ہ) مؤنث۔ قسما قسمی۔ عہد و پیمان ۔

دھرن (دَھرن) (ہ) مؤنث (۱) دھرتی۔ زمین (۲) بچہ دان۔ حمل رہنے کی جگہ (۳) ناف۔ نال ۔

دھرنا (ہ) (۱) رکھنا۔ قائم کرنا۔ بٹھانا (۲) سپرد کرنا (۳) امانت رکھنا (۴) قبضہ کرنا ۔

دھرنا دینا (ہ) دھرنی دے کر یا جم کر بیٹھنا ۔

دھرو (دُھرُو) (ہ - مذکر) (۱) قطب۔ زمین کا وہ نقطہ جو شمال اور جنوب پر ساکن ہے (۲) وہ کیل جس پر چکی پھرتی ہے ۔

دھروا دینا (ہ) (۱) رکھوا دینا (۲) گرفتار کرا دینا ۔

دھروتا (دُھرو - تا) (ہ - مذکر) ہندو لڑکی کی دوسری شادی ۔

دھروہر (دَھرو - ہَر) (ہ - مؤنث) امانت ۔

دُھری (دُھری) (ہ - مؤنث) محور۔ لوہے کی وہ سلاخ جس پر پہیہ پھرتا ہے ۔

دُہری (دُہ - رِی) (ہ - مؤنث) (۱) دو تہ کی (۲) دُگنی (۳) موٹی ۔

دُہری بات (ہ) مؤنث۔ پہلو دار بات ۔

دُھرّے اُڑانا۔ دُھرّیاں اُڑانا (ہ) (۱) دُرّے لگانا۔ چابک مارنا (۲) ذلیل و رسوا کرنا ۔

دھریچا (دَھری - چا) (ہ) - مذکر ہندو بیوہ کا دوسرا شوہر ۔

دھریل (دَھر - یل) (ہ) - مؤنث - داشتہ ۔

دہریہ (دَہ - رِی - یَہ) (ع) - مذکر خدا کی ذات کا منکر - ملحد - لا مذہب - زمانے کو ماننے والا ۔

دھڑ (دَھڑ) (ہ) - مذکر سر کے نیچے کا جسم - نعش - لاش ۔

دھڑ رہ جانا (ہ) فالج ہو جانا - جسم کا حرکت نہ کر سکنا - ادھ رنگ ہو جانا ۔

دھڑ (دھڑ) (ہ) مؤنث (۱) گرنے کی آواز (۲) آواز سے گرنا (۳) تھپڑ یا گھونسا جس سے آواز آئے (۴) مضبوط (۵) سخت ۔

دھڑ دھڑ (دَھڑ - دَھڑ) (ہ) مؤنث - کواڑوں کے متواتر پٹنے یا کنڈی کھٹکھٹانے کی آواز (۲) دل کے دھڑکنے کی آواز - دھک دھک ۔

دھڑا (دَھڑا) (ہ) مذکر - (۱) گروہ - جتھا (۲) وزن - بوجھ برابر کرنے کا وزن - پاسنگ (۳) پانچ سیر کا وزن دھڑی ۔

دھڑا باندھنا (ہ) (۱) جتھا باندھنا - دو گروہ ہو جانا - (۲) تہمت لگانا - الزام دھرنا (۳) پاسنگ یا کسی چیز کا وزن برابر کرنا ۔

دھڑا کرنا (ہ) ترازو کے دونوں پلڑوں کو کسی وزن سے برابر کرنا ۔

دھڑا دھڑ (ہ) (۱) کسی چیز کے برابر گرنے یا پٹنے کی آواز (۲) ہاتھم کی آواز (۳) پے در پے - متواتر ۔

دھڑاکا (دَھڑا - کا) (ہ - مذکر) دھماکا (۲) آواز گوز جو زور سے سرزد ہو (۳) آواز بندوق (۴) زور کی بارش ۔

دھڑاکے سے (ہ) پھرتی سے - جلدی سے ۔

دھڑام (دَھڑام) (ہ) مؤنث - کسی بھاری چیز کے پانی میں گرنے کی آواز ۔

دھڑک (دَھڑک) (ہ) مؤنث (۱) تڑپ - دھڑکن (۲) بیقراری (۳) ڈر - خوف - دہشت (۴) دھڑکنا کا امر ۔

دھڑکا (ہ) (۱) مذکر - دل کی دھڑکن - اختلاج قلب - خفقان (۲) خوف - اندیشہ ۔

دھڑکن (ہ) مؤنث (۱) تڑپ - بیقراری - اضطراب ۔

دھڑکنا (ہ) تڑپنا - بیقرار ہونا (۲) خوف کھانا - ڈرنا ۔

دھڑلا (ہ) مذکر - انبوہ - ہجوم - بھیڑ (۲) زور (۳) بہادری ۔

دھڑلے سے (ہ) (۱) زور سے - کھلم کھلا - بے خوفی سے ۔

دھڑی (دَھڑی) (ہ) مؤنث (۱) پنسیری - پانچ سیر کا باٹ (۲) پانچ سو روپے کا وزن (۳) مسّی کی وہ جو تہیں ہونٹوں پر جم جاتی ہیں (۴) ریکھا - لکیر - خط ۔

دھڑی جمانا (ہ) (ع) ہونٹوں پر مسّی کی تہ جمانا - مسّی لگانا ۔

دھڑی دھڑی کر کے لوٹنا (ہ) بالکل تباہ و برباد کر دینا - صفایا کر دینا ۔

دھڑیوں (ہ) (ع) بہت - بکثرت - بافراط ۔

دھس - یا دھنس (دَھس - دَھنس) (ہ) دھسنا یا دھنسنا کا امر ۔

ڈھس (ڈھس) (ہ) مذکر - قلعہ - گڑھ - پشتہ (۲) وہ مٹی جو چاروں طرف چڑھا دیتے ہیں - دمدمہ - گڑھی ۔

ڈھسا (ڈھس - سا) (ہ) مذکر - شال - طوس ۔

دھسان (دَھسان) (ہ) مؤنث - دھسنے کی جگہ - دلدل - کیچڑ ۔

دھسانا - دھنسانا (ہ) کیچڑ یا دلدل میں پھنسانا - (۲) بھرنا - گھسیڑنا - ٹھونسنا ۔

دھسک (دَھسک) (ہ) مؤنث (۱) کھانسی - دھانس (۲) دھسکنا کا امر ۔

دھسکا (ہ) مذکر - کھانسی - دھانس ۔

دھسنا - دھنسنا (ہ) (۱) پھنسنا (۲) دلدل میں گھسنا (۳) ڈوبنا (۴) داخل ہونا ۔

دہش (دِہِش) (ف) مؤنث - بخشش ۔

دہشت (دَہ - شَت) (ف) مؤنث - ڈر - خوف - خطرہ ۔

دہشت انگیز (ف) ڈراؤنا - خوفناک - خطرناک - بھیانک ۔

دہشت زدہ (ف) خوف کا مارا - ڈرا ہوا - خوفزدہ - سہما ہوا ۔

دہشت ناک (ف) بھیانک - ڈراؤنا ۔

دہقان (دِہ - قان) معرب - مذکر - زمیندار - مالک دیہہ ۔

دہقانی (معرب) (۱) دیہاتی - اجڈ (۲) مذکر گنوار - دہقان ۔

دہک (دَہک) (ہ) (۱) دہکنا کا امر (۲) سوزش (۳) جلنے کی روشنی (۴) جوش ۔

دھک (دَھک) (ہ) مؤنث (۱) چھوٹی جوں (۲) حیرت (۳) دل کی ناگہانی دھڑکن ۔

دھک دھک (ہ) مؤنث (۱) دل کی دھڑکن (۲) گھبراہٹ ۔

دھک دھک کرنا (ہ) دھڑکنا - تڑپنا - بیقرار ہونا ۔

دھک دھکا (ہ) مذکر۔ دل کی دھڑکن ◆

دھک دھکی (ہ) مؤنث (۱) دیکھو دھک دھک، (۲) غور و فکر۔ سوچ ◆

دھک سے رہ جانا (ہ) محو ہو جانا۔ حیرت زدہ ہو جانا ◆

دھک (دَھک) (ہ) مؤنث (ہندی) شرم۔ حیا ◆

دھکا (ہ) مذکر (۱) صدمہ۔ ہچکولا (۲) نقصان۔ ضرر (۳) آفت۔ بلا ◆

دھکا پیل (ہ) مؤنث۔ دھکم دھکا۔ ریلا پیلی ◆

دھکا پیل کرنا (ہ) ریلنا۔ دھکیلنا ◆

دھکا شیطان کا (۱) مذکر۔ شیطان کا ورغلا کر خراب کرنا۔ شیطان کی مار ◆

دھکا کھانا (ہ) صدمہ اٹھانا۔ نقصان اٹھانا ◆

دھکڑ پکڑ (دھکڑ پکڑ) (ہ) مؤنث (۱) دھک دھک (۲) بیقراری۔ گھبراہٹ۔ تردد (۳) امید و بیم۔ خوف و رجا ◆

دھکم دھکا (ہ) مذکر۔ دھکا پیل۔ انبوہِ خلائق کے متواتر دھکوں کی کثرت ◆

دہکنا (ہ) (۱) آگ بھڑکنا۔ آگ جلنا (۲) بدن گرم ہو جانا (۳) سلگنا۔ جھلسنا (۴) روشن ہونا۔ چمکنا ◆

دھکیانا (دھک۔یا۔نا) (ہ) دھکا دینا ◆

دھکیلنا (دھکیل۔نا) (ہ) ریلنا۔ ٹھیلنا۔ دھکا دینا ◆

دھگدگی (دُھگ۔دُ۔گی) (ہ) مؤنث، دیکھو دھک دھکی ◆

دھگڑا (دُھگ۔ڑا) (ہ) مذکر (عو) (۱) شوہر (۲) یار۔ آشنا ◆

دہلا (دَہ۔لا) (ہ) مذکر۔ تاش کا پتّہ جس پر دس نشان ہوں ◆

دہلا دینا۔ دہلانا (ہ) ڈرانا۔ خوف دلانا۔ دفعتہً چونکا دینا ◆

دہل (دَہل) (ہ) مؤنث (۱) دہلنا کا امر (۲) ہلنا۔ کانپنا (۳) ڈر (۴) گھبراہٹ ◆

دہل جانا (ہ) ڈر جانا۔ خوف کھا جانا۔ رعب میں آ جانا ◆

دُہل (دُہل) (ف) مذکر۔ ڈھول۔ نقارہ ◆

دُھل (دُھل) (ہ) دُھلنا کا امر ◆

دھلانا (ہ) دھونا کا متعدی ◆

دھلائی (ہ) مؤنث۔ کپڑوں کے دھونے کی اجرت۔ دھلوائی ◆

دھلدھل (دھل۔دھل) (ہ) دھوئیں وغیرہ کا زیادہ بہنا ◆

دہلنا (ہ) ڈرنا۔ خوف کھانا ◆

دُھلنا (ہ) دھویا ہونا ◆

دہلوی (دہ۔لَوی) (ا) دہلی کا رہنے والا ◆

دہلی (دِہ۔لی) (ہ) مؤنث (۱) الفوا۔ دہلیز۔ چوکھٹ۔ آستانہ (۲) راجہ دہلو کے بسائے ہوئے شہر کا نام جسے دلّی بھی کہتے ہیں ◆

دُھلیا ملیا کرنا (ہ) کسی جھگڑے پر خاک ڈال دینا۔ جھگڑا دبا دینا ◆

دہلیز (دِہ۔لیز) (ف) مؤنث۔ چوکھٹ۔ آستانہ ◆

دہلیز کا کتا (ہ) مذکر (۱) وہ کتا جو ہر وقت دروازے پر بیٹھا رہے۔ گھر کا کتا (۲) طفیلی۔ بچھلگو ◆

دہلیز کی مٹی لے ڈالنا (ہ) کثرت سے آنا۔ متواتر گھر پہ آ کر تقاضا کرنا۔ بہت سے پھیرے کرنا۔ پھیرے پر پھیرے ڈالنا ◆

دہلیز کے تکے سے پرے نہیں جاتا (ہ) مثل۔ بیوقوف کی حرکتوں سے رنج و فکر نہیں ہوتا ◆

دہلیز نہ جھانکنا (ہ) کبھی گھر پر نہ آنا ◆

دُھلینڈی (دُھلیں۔ڈی) (ہ) مؤنث۔ ہولی کا دوسرا دن ◆

دہم (دَہُم) (ف) دسواں ◆

دھمّ (دَھم) (س) مذکر (۱) پھونک مارنے والا (۲) کھانے والا ◆

دھم ہونا (ہ) (۱) آگ بجھنا۔ گل ہونا (۲) ٹھٹھرنا۔ افسردہ اور پژمردہ ہونا (۳) حیران و دم بخود ہونا ◆

دَھم (ہ) مؤنث۔ گرنے کی آواز۔ دھماکا۔ کودنے کی آواز ◆

دھم و دھم ہیچ نہ غم۔ مرے سو ہم (ا) مثل۔ سب سے زیادہ مصیبت غریب کے لئے ہے ◆

دَھم سے کودنا۔ یا۔ گرنا (ہ) زور سے زمین پر کودنا یا گرنا ◆

دھما چوکڑی (ہ) مؤنث۔ اچھل کود۔ ہنگامہ۔ شورش۔ دھوم۔ بچوں کا اچھلنا ◆

دَھما دھم (ہ) مؤنث (۱) کودنے اور گرنے کی آواز (۲) متواتر پیٹنے کی آواز ◆

دھماکا (ہ) مذکر (۱) بندوق کی آواز (۲) کودنے کی آواز (۳) صدمہ۔ تصادم (۴) ہاتھی پر لادنے کی توپ ◆

دھمال (دَھمال) (ہ) مؤنث (۱) کود پھاند۔ اچھل کود۔ قلندر فقیروں کا کودنا (۲) شور و غل۔ دھوم (۳) ایک قسم کا ناچ ◆

دھالیہ (ہ) مذکر۔ دھمال کرنے والا فقیر (۲) آگ میں کودنے والا فقیر ؎

دھمک (دَھمَک) (ہ) مؤنث (۱) پاؤں کی آواز۔ آہٹ۔ (۲) صدمہ جو سخت آواز سے دل و دماغ کو پہنچے ؎

دھمکانا (ہ) (۱) ڈرانا۔ خوف دلانا (۲) ڈانٹنا۔ سرزنش کرنا ؎

دھمکنا (ہ) درد ہونا۔ ہوک اٹھنا۔ ٹیس ہونا ؎

دھمکی (ہ) مؤنث۔ گھُرکی۔ تنبیہ ؎

دھملا (دُھم۔لا) (ہ۔ مذکر) (ہندو) دھندلا ؎

دھموکا (دَھمو۔کا) (ہ۔ مذکر) (۱) صدمہ (۲) ہرکا۔ گھونسا ؎

دُھن (دُھن) (ہ) مؤنث (۱) ہوا۔ لو (۲) سُر۔ راگ کی آواز راگ۔ گیت (۳) تصوّر۔ دھیان (۴) شوق۔ لگن۔ سرگرمی۔ گرم جوشی (۵) لت۔ عادت (۶) ہڈیوں کا درد (۷) دھُننا کا امر ؎

دَہن (دَہَن) (ف۔ مذکر) دہان کا مخفف۔ مُنہ۔ مکھ ؎

دھن (دَھن) (ہ) مذکر (۱) مویشی۔ گائے۔ بھینس (۲) بخت۔ نصیبا (۳) مال۔ دولت۔ جائداد (۴) راس۔ چکر۔ منطقۃ البروج (۵) توپ کی آواز (۶) برج قوس۔ (۷) شاباش۔ صد رحمت ؎

دھن بھاگ۔ یا۔ دھن نصیب (ہ) ندا (۱) خوش اقبالی۔ خوش نصیبی (۲) شاباش۔ مرحبا (۳) طنزاً بدنصیبی ؎

دھنا (دَھ۔نا) (ہ۔ مذکر) دیکھو (داہنا) ؎

دُھنیا۔ دھنا (ہ) مذکر۔ دُھنیا۔ روئی دھُننے والا ؎

دھنا۔ دھننا (ہ۔ ۱) روئی صاف کرنا۔ دُھنکنا (۲) مارنا پیٹنا (۳) بجانا۔ ضرب لگانا (۴) دے دے مارنا۔ پٹکنا۔ فضیحت کرنا ؎

دھناسری (دَھنا۔سری) (ہ) مؤنث۔ مالکوس کی ایک راگنی ؎

دھنا سیٹھ (ہ۔ ۱) دھنی۔ مالدار۔ دولت مند (۲) مفسد۔ سرکش ؎

دھنتر (دَھنَت۔تر) (ہ۔ مذکر) (۱) مالدار۔ دولت مند۔ (۲) زبردست۔ زور آور (۳) سرکش (۴) ایک قسم کا پودا ؎

دُھند (دُھنْد) (ہ۔ مؤنث) (۱) کم نظری۔ دھندلاپن۔ ایک مرض جس سے آنکھوں کی روشنی میں فرق آجاتا ہے (۲) کہر ؎

دُھندکار (ہ) مذکر۔ اندھیرا۔ تاریکی ؎

دھندا (دَھن۔دا) (ہ۔ مذکر) (۱) کام کاج۔ کاروبار (۲) مصروفیت۔ مشغولی (۳) پیشہ۔ ہنر ؎

دھندلا (دھند۔لا) (ہ۔ مذکر) دھوکا۔ مکر۔ فریب ؎

دُھندلا (ہ) (۱) تاریک۔ اندھیرا (۲) بے نور۔ گدلا (۳) مدھم۔ کم چمک کا۔ دھُواں سا ؎

دُھندلا دکھائی دینا (ہ) کم نظر آنا۔ صاف نظر نہ آنا ؎

دھندلکا (ہ) مذکر۔ دھندلو (۱) علی الصباح۔ منہ اندھیرا۔ نور کا تڑکا (۲) مغرب کی سیاہی ؎

دھندلے (ہ) مذکر۔ جمع۔ دھندلا کی جمع۔ مکر و فریب۔ حیلے دھوکے ؎

دھندلے کا وقت (ہ) مذکر۔ سوادِ شام۔ شام کی سیاہی (۲) صبح کاذب ؎

دھنک (دَھنَک) (ہ) (۱) قوس۔ کمان (۲) قوسِ قزح (۳) پتلا گوٹا (۴) ایک قسم کی اوڑھنی ؎

دھنک دھاری (ہ) مذکر (ہندو) کماندار۔ تیر و کمان سے مسلح آدمی ؎

دُھنک (دُھنَک) (ہ) دُھنکنا کا امر ؎

دھن کٹا (ہ) مذکر۔ دھان کوٹنے والا ؎

دھن کُٹی (ہ) مؤنث۔ دھان کوٹنے کی اوکھلی اور موسل ؎

دھن کُٹی کرنا (ہ۔ ۱) دھانوں کو کوٹ کر چاول نکالنا (۲) خوب پیٹنا۔ پلیتھن نکالنا ؎

دُھنکنا (ہ) (۱) روئی صاف کرنا (۲) بُری طرح مارنا ؎

دُھنکی (ہ) مؤنث۔ روئی دھُننے کی کمان ؎

دَھنی (دَھنی) (ہ) (۱) مالدار۔ دولت مند۔ صاحبِ اقبال خوش نصیب (۲) استادِ کامل کسی فن میں پوری پوری واقفیت رکھنے والا (۳) (ہندو) مذکر۔ خاوند۔ مالک۔ آقا (۴) شوہر۔ پتی۔ گھر والا ؎

دُھنی (دُھ۔نی) (ہ۔ مؤنث) دیکھو (دُھونی) ؎

دھنیا (دَھن۔یا) (ہ) مذکر۔ کشنیز ؎

دُھنیا (ہ۔ مذکر) روئی دھُننے والا ؎

دُہنیّت (دُہ۔نی۔یَت) (ع) مؤنث۔ روغن۔ چکنائی۔ چربی۔ تحم ؎

دھنیے کی کھوپڑی میں پانی پلانا (ہ) (عو) سخت سزا دینا۔ نہایت ستانا۔ نہایت تکلیف دینا ؎

دَھو (دَھو) (ہ۔ مذکر) (۱) ایک قسم کا درخت جس کی لکڑی اکثر جلانے کے کام آتی ہے (۲) لوہے کا حلقہ جو پہیوں پر چڑھایا جاتا ہے ؎

دھو (دھو) (ہ) دھونا کا امر ؎

دھو کر کھلانا۔ یا۔ پیسا اٹھانا (ہ) (عو) منت ماننا۔ نیاز

ماننا مراد یا منت مانتے وقت نیاز دلانے کے لئے چھلے یا پیسے کو پاک کر کے رکھنا تاکہ کامیابی کے وقت اس کی شیرینی تقسیم کی جائے ۔

دُھواں (دُھو-آں) (۵) مذکر (۱) دود۔ دُخان۔ وہ کثیف بخارات جو کسی چیز کے جلانے سے برنگِ سیاہ اُوپر کو جاتے ہیں ۔

دُھواں دھار (۵) (۱) دُخانی (۲) نہایت سیاہ۔ نہایت کالا (۳) غضب۔ ستم (۴) بے اندازہ۔ بیحد۔ ان معنے میں بے اُٹھا ۔

دُھواں دھار برسنا (۲) زور سے برسنا۔ چھاجوں مینہ پڑنا ۔

دُھواں دھار ہونا (۵) نہایت تاریکی چھا جانا۔ گھٹا ٹوپ اندھیرا ہو جانا ۔

دُھواں دینا (۲) کسی چیز کے جلنے سے دھواں نکلنا ۔

دھواں گھٹنا (۵) کسی بند مکان میں دھواں جمع ہو جانا ۔

دُھواں نکلنا (۵) سلگنا۔ جلنا۔ دُھواں اُٹھنا ۔

دُھوانسا۔ یا۔ دُھوانسا (۵) مذکر۔ وہ کھانا جس میں دھواں رچ گیا ہو ۔

دھوبن (دھو-بن) (۵) مؤنث (۱) دھوبی کی بیوی۔ کپڑے دھونے والی عورت (۲) ایک چڑیا ۔

دھوبی (۵) مذکر۔ کپڑے دھونے والا ۔

دھوبی پاٹ۔ یا۔ پیڑا (۵) مذکر (۱) کشتی کا ایک پیچ جس میں حریف کو کمر پر لاد کر دے مارتے ہیں (۲) کپڑا دھونے کی سل یا تختہ ۔

دھوبی پر دسے بس نہ۔ گدھیا کے کان کاٹے (۵) مثل۔ زبردست کے آگے تو کچھ بن نہیں پڑتی۔ کمزور پر غصہ نکالتے ہیں ۔

دھوبی کا چھیلا (۵) پرائے مال پر اترانے والا ۔

دھوبی کا چھیلا۔ اُدھا اجلا اُدھا میلا (۵) مثل۔ پوشاک اپنی نہ ہو تو انتظام ٹھیک نہیں رہتا۔ کبھی ایک چیز میلی مل گئی۔ ایک اُجلی ۔

دھوبی کا کتا (۵) مذکر۔ اِدھر کا نہ اُدھر کا۔ نکما اور بیکار آدمی ۔

دھوبی کا کتا نہ گھر کا نہ گھاٹ کا (۵) مثل۔ بے ٹھکانا آدمی کسی کام کا نہیں ۔

دھوبی کے گھر پڑے چور وہ نہ لٹا لٹے اور (۵) مثل۔ یہ کہاوت پرایا مال لُٹ جانے پر بولی جاتی ہے ۔

دُھوپ (دُھوپ) (۵) مؤنث۔ سورج کی روشنی۔ سورج کی گرمی ۔

دُھوپ چڑھنا (۵) دن چڑھنا۔ سورج نکلنا ۔

دُھوپ چھاں۔ یا۔ چھاؤں (۵) مؤنث (۱) روشنی اور سایہ (۲) ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس میں سایہ پڑتا ہے ۔

دُھوپ دان۔ یا۔ دُھوپ دانی (۵) (۱) مذکر (۲) مؤنث۔ وہ ظرف جس میں آگ رکھ کر خوشبودار چیزیں ڈال کر جلاتے ہیں ۔

دُھوپ دینا۔ یا۔ دکھانا (۵) دھوپ میں سکھانا یا خشک کرنا۔ دھوپ میں رکھنا ۔

دُھوپ کھانا۔ یا۔ لینا (۵) دھوپ میں گرم ہونا۔ دھوپ میں سینکنا ۔

دُھوپ گھڑی (۵) مؤنث۔ ایک قسم کی گھڑی جس پر سورج کی روشنی پڑنے سے وقت ظاہر ہوتا ہے ۔

دُھوپ میں بال سفید کرنا۔ یا۔ چونڈا سفید کرنا (۵) ناتجربہ کاری اور ناکردہ کاری میں بوڑھا ہونا۔ جہالت میں عمر گذارنا ۔

دُھوپ نکلنا (۵) آفتاب کا افق یا ابر سے نمایاں ہونا۔ سورج نکلنا ۔

دُھوت (دُھوت) (۵) کُتّے کے ہنکانے کی آواز۔ جیسے دور ہو۔ ہٹ ۔

دھوتر (دُھو-تر) (۵) مؤنث۔ ایک ہندوستانی موٹا چھدرا کپڑا ۔

دھوتو (دُھو-تو) (۵) مذکر۔ ترم۔ بگل تدی وغیرہ جو منہ سے بجاتے ہیں ۔

دھوتی (دُھو-تی) (۵) مؤنث۔ ساڑھی۔ تہ بند ۔

دھوتی بند (۵) مذکر (۱) دھوتی باندھنے والا (۲) بنیا۔ بقال ۔

دھوتی میں سب ننگے (۵) مثل۔ اندرونی حالت سب کی ایک جیسی ہے ۔

دھورا (دُھو-را) (۵) مذکر (۱) پسی ہوئی خشک دوا جو زخم وغیرہ پر چھڑکی جاتی ہے ۔

دھورے (دُھو-رے) (۵) قریب۔ پاس۔ نزدیک۔ متصل ۔

دھورے دھارے (۵) آس پاس۔ قرب و جوار ۔

دُھوسنا (دُھوس-نا) (۵) (۱) ٹھونسنا۔ ٹھانسنا (۲) سینگوں سے ٹکر مارنا (۳) پیٹنا۔ مارنا (۴) دعیٰ استعمال کرنا۔ برتنا ۔

دُھوک (دُھوک) (ہ) مؤنث کلابتون بٹنے کی سلائی ۔

دھوکا (دُھو۔کا) (ہ) مذکر (۱) فریب ۔ حیلہ ۔ مکر ۔ دغا ۔ چھل (۲) مغالطہ ۔ غلط فہمی ۔

دھوکا اٹھانا (ہ) دھوکا کھانا ۔

دھوکا دھڑی (ہ) مؤنث مغالطہ ۔ مکر و فریب ۔

دھوکا دہی (ہ) مؤنث (قانون) فریب بازی ۔ جعلِ دروغی ۔

دھوکا کھانا (ہ) فریب میں آنا ۔ غلطی میں پڑنا ۔ خطا کرنا ۔

دھوکے (ہ) مذکر ۔ دھوکا کی جمع ۔

دھوکے باز (ہ) فریبی ۔ دم باز ۔ مکار ۔ دغا باز ۔

دھوکے کی ٹٹی (ہ) مؤنث (۱) وہ ٹٹی جس کی اوٹ میں شکاری شکار کھیلتے ہیں (۲) دکھاوے کی چیز ۔ فریب میں لانے والی چیز (۳) نازک چیز ۔

دُھول (دُھول) (ہ) مؤنث ۔ گرد ۔ خاک ۔ ریت ۔ ریگ ۔ راکھ ۔

دُھول اڑانا (ہ) (۱) گرد اڑانا ۔ بدنام کرنا (۳) آوارہ پھرنا ۔

دُھول جھاڑنا (ہ) (۱) خاک جھاڑنا (۲) پیٹنا ۔ جوتے سے خبر لینا ۔

دھول کی رسّی بٹنا (ہ) (ہندو) بے فائدہ محنت کرنا ۔ ناممکن بات کی کوشش ۔

دَھول (دَھول) (ہ) مؤنث ۔ (۱) دھپّا ۔ تھپڑ (۲) نقصان خسارہ (۳) جوار کا ہرا پتّا جسے گنّے کی طرح چوستے ہیں ۔

دَھول جڑنا (ہ) دھپّا لگانا ۔ تھپّڑ مارنا ۔

دُھول دھپّا (ہ) مذکر ۔ چانٹا چٹول ۔

دَھول کھانا (ہ) دھپّا کھانا ۔ چانٹا کھانا ۔

دھول لگنا (ہ) (۱) چانٹا لگنا (۲) خسارہ ہونا ۔ نقصان ہونا ۔

دَھولا (دَھولا) (ہ) سفید ۔ ابیض ۔ چٹّا ۔

دھولیا پیر (ہ) مذکر ۔ بچوں کا ایک فرضی پیر ۔

دُھولیا پیر کی قسم ۔ دُھولیا قسم (۱) ایک طرح کی قسم جو بچے کھلواتے ہیں ۔

دھوم (دُھوم) (ہ) مؤنث (۱) شور ۔ غل ۔ ہنگامہ ۔ غوغا (۲) شہرت ۔ دھاک (۳) افواہ ۔ خبر ۔

دُھوم دھام ۔ دھوم دھڑکا (ہ) (۱) شان و شوکت ۔ بھیڑ بھڑکا ۔ کرّوفر ۔ دبدبہ (۲) زور شور (۳) شہرہ ۔ دھاک ۔ آوازہ ۔

دُھوم مچانا (ہ) (۱) غل شور کرنا ۔ چلّانا (۲) دہائی دینا ۔ فریاد کرنا ۔

دھوما (دُھو۔ما) (ہ) مذکر ۔ ایک قسم کا کبوتر ۔

دُھومک دھیا (ہ) مؤنث ۔ غل ۔ شور ۔ واویلا ۔ ہنگامہ ۔

دَھوں (دَھوں) (ہ) مؤنث ۔ کھانسنے کی آواز ۔

دَھوں دَھوں کرنا (ہ) بار بار کھانسنا ۔

دُھوں (دُھوں) (ہ) مؤنث بندوق یا توپ کی آواز ۔

دُھوں دھوں (ہ) ۔ مؤنث ۔ بندوق یا توپ کی لگاتار آواز ۔

دَھون (دَھون) (ہ) مذکر ۔ بیس سیر کا وزن ۔ آدھا من ۔

دُھونا (دُھو۔نا) (ہ) مذکر (پورب) رال ۔ ایک قسم کا گوند جو آگ کو بہت جلد قبول کرتا ہے ۔

دھونا (ہ) (۱) پانی سے صاف کرنا (۲) زائل کرنا ۔

دھونتال (دَھوں۔تال) (ہ) (۱) دولت مند (۲) سخی (۳) قوی (۴) دلیر (۵) جلد کام کرنے والا ۔ ہوشیار (۶) عیاش (۷) شریر ۔

دھونس (دَھونس) (ہ) مؤنث (۱) وہ خرچ جو باقی وصول کرنے کی بابت زمیندار سے دلوایا جائے (۲) دھمکی ۔ تہدید (۳) دَم ۔ جھانسا ۔ دھوکا ۔

دَھونس دینا (ہ) دھمکی دینا ۔ فریب دینا ۔

دَھونسا (دَھوں۔سا) (ہ) مذکر دمامہ ۔ بڑا نقارہ ۔

دَھونسنا (ہ) (۱) ٹھونسنا ۔ دبانا (۲) سزا دینا ۔ پیٹنا ۔ مارنا ۔

دَھونسیا (ہ) مذکر (۱) مکار ۔ فریبی (۲) وہ شخص جو مالگزاری وصول کرنے کے لئے جائے اور اپنا خرچ مالگزار سے لے ۔

دھونک (ہ) (۱) دَھونکنا کا امر (۲) مؤنث ۔ دل کی گرمی کے باعث پیاس کی شدّت (۳) دمہ ۔

دھونکن (ہ) مؤنث ۔ دیکھو ۔ دھونک (۲) ۔

دھونکنا (ہ) آگ پھونکنا ۔ آگ جلانا ۔

دَھونکنی (ہ) مؤنث ۔ آگ پھونکنے کا آلہ ۔ وہ کھال جس سے لوہار آگ دھونکتے ہیں ۔

دُھونی (دُھو۔نی) (ہ) مؤنث (۱) دھواں ۔ کسی چیز کو جلا کر بخور لینا (۲) ہندو فقیروں کی آگ کا ڈھیر ۔

دُھونی جگانا ۔ یا ۔ رمانا ۔ یا ۔ لگانا (ہ) کسی جگہ آگ جلا کر جوگیوں کی طرح ہو بیٹھنا ۔ فقیر ہو بیٹھنا ۔

دھوون (ہ) ۔ مذکر ۔ دُھلی ہوئی چیز کا پانی ۔ وہ پانی جس میں کوئی چیز دھوئی گئی ہو ۔

دھوئیں (ہ) مذکر ۔ دھواں کی جمع (اکیلا استعمال نہیں ہوتا) ۔

دھوئیں اُڑانا (ف) (۱) دھجیاں اُڑانا۔ پُرزے اُڑانا (۲) جلا کر خاک سیاہ کرنا۔ تباہ و برباد کرنا ؎

دھوئیں بکھیرنا (ف) (۱) نکتہ چینی کرنا۔ خوب خبر لینا ؎

دھوئیں کے بادل اڑانا (ف) (۱) حقّے کا کش لگا کر منہ سے بہت سا دھواں نکالنا۔ (۲) بے سر و پا خبریں مشہور کرنا ؎

دھویا دھایا (ف۔ مذکر) (۱) صاف سُتھرا (۲) بے غیرت بے شرم۔ سادہ لوح (۳) پاک صاف ؎

دھویا دیدہ (ا) (ع) بے لحاظ۔ بے شرم۔ بے حیا۔ شوخ چشم ؎

دھی (دِھی) (ہ) مؤنث۔ (ہندی) بیٹی۔ دختر ؎

دہی (دَہی) (ہ) مذکر۔ جما ہوا دودھ۔ جغرات ؎

دہے (ا) مذکر۔ (ع) محرم کے دس دن (۲) تعزیے ؎

دھیان (دِھیان) (ہ) مذکر (۱) خیال۔ تصوّر۔ سوچ بچار (۲) مراقبہ (۳) لحاظ۔ توجّہ ؎

دھیان دینا یا لگانا (ف) توجّہ کرنا۔ کسی کام کو دل لگا کر کرنا ؎

دھیان سے (ہ) توجّہ سے۔ خیال سے ؎

دھیان سے اُترنا (ف) خیال سے اُترنا۔ یاد نہ رہنا۔ بھول جانا ؎

دھیان کرنا (ف) توجّہ کرنا۔ خیال کرنا۔ سوچنا۔ سمجھنا ؎

دھیان لگنا (ف) خیال ہونا۔ توجّہ ہونا ؎

دھیان میں آنا (ف) خیال میں آنا۔ ذہن پر چڑھنا ؎

دھیان میں نہ لانا (ف) خیال میں نہ لانا۔ توجّہ نہ کرنا ؎

دھیانگی (دِھیان۔ گی) (ہ) مؤنث (۱) دن بھر کا کام (۲) ایک دن کی اُجرت ؎

دھیانی (ہ) (۱) (ہندی) خدا سے لَو لگانے والا۔ صاحب تصوّر (۲) بیٹی بھتیجی بیٹی یا بہن کی اولاد ؎

دھیر (دِھیر) (ہ) مؤنث (ہندی) (۱) صبر۔ تحمّل۔ استقلال (۲) ہمّت۔ جرأت۔ دلیری ؎

دِھیرا (ہ) پوربی دھیما۔ متحمّل۔ نرم۔ صابر ؎

دھیرج (ہ) (ہندی) مؤنث (۱) دیکھو دھیر (۲) ستقلی مضبوطی ؎

دھیرج دھرنا (ف) (ہندی) صبر کرنا ؎

دھیرج کی پہاڑی (ہ) مؤنث۔ دہلی کے قریب ایک آباد پہاڑی ؎

دھیری (دِھی۔ رِی) (ہ) مؤنث۔ پتنگ بازی میں سامان لینے کا اعلان ؎

دِھیرے دھیرے (ف) (ہندی) آہستہ۔ ہلکے ہلکے۔ دھیمے دھیمے۔ درجہ بدرجہ ؎

دہیز (بیز) (ا) مذکر۔ جہیز ؎

دِھیلا (دِھے۔ لا) (ہ) مذکر۔ آدھا پیسہ۔ ادھیلا ؎

دھیلی (دِھے۔ لی) (ہ) مؤنث۔ نصف روپیہ۔ اٹھنی ؎

دھیما (دِی۔ ما) (ہ) (۱) آہستہ۔ نرم۔ سست۔ مدّھم۔ ہلکا (۲) کم آواز ؎

دھیما کرنا (ف) زور گھٹانا۔ نرم کرنا۔ غصّہ فرو کرنا۔ ٹھنڈا کرنا ؎

دھیمر (دِھی۔ مَر) (ہ) مذکر (۱) مچھیرا۔ کہار (۲) کالا کلوٹا۔ حبشی ؎

دھینگ (دِھینگ) (ہ) مؤنث۔ مستی وہ کیلا مستقل نہیں ہوتا ؎

دھینگ دھوکر (دھوکڑ) اللہ میاں کے ٹوکرے (ع) آزاد۔ خودسر ؎

دھینگ دھوکڑی (ہ) مؤنث۔ زبردستی ؎

دھینگ۔ دھینگا (دِھینگ۔ دِھیں۔ گا) (ہ) (۱) مسٹنڈا۔ موٹا (۲) طاقت ور ؎

دِھینگا دِھینگی (ہ) مؤنث۔ زبردستی۔ جبر سے۔ تعدّی سے ؎

دھینگا مشتی (ہ) مؤنث۔ ہاتھا پائی۔ کُشتی ؎

دھینگڑا (ہ) مذکر۔ دھینگ کی تصغیر بالتحقیر ؎

دھینور (دِھیں۔ وَر) (ہ) مذکر۔ دیکھو دھیمر ؎

دھیوت (دَھے۔ وَت) (س) مذکر۔ سات سُروں میں سے ایک سُر ؎

د ۔ ء

دئی (دَ۔ ئی) (ہ) مذکر (۱) خدا (۲) دیوتا (۳) مؤنث تحفہ۔ نذر ؎

دئی مارا (ہ) (۱) خدا کا مارا (۲) بدقسمت (۳) مذکر بدنصیب آدمی ؎

د ۔ ی ۔ ے

دی (دِی) (ف) مذکر۔ گزرا ہوا کل۔ دیروز ؎

دے (دَے) (ف) مذکر۔ دسواں شمسی مہینہ ؎

دے (دے) (ہ) دینا کا امر ؎

دے ڈالنا (ف) دے دینا۔ بخش دینا۔ عطا کرنا ؎

دے مارنا (ہ) (۱) پٹک دینا (۲) پھینک دینا۔ زمین پر ڈال دینا ۔
دیا (دِیا) (ہ) مذکر (ہندی) چراغ ۔
دیا بتی کرنا (ہ) چراغ جلانا ۔
دیا سلائی (ہ) مؤنث (۱) چراغ جلانے کی تیلی جس کے سرے پر گندھک یا کوئی اور سیاہ یا سُرخ رنگ کا مصالحہ لگا ہوتا ہے (۲) وہ عورت جو لڑائی کی آگ لگاتی پھرے ۔
دیا (دِیا) (ہ) (۱) دینا کی ماضی (۲) مذکر بخشش۔ عطا۔ تحفہ۔ نذر ۔
دَیا (دَیا) ہ۔ مؤنث بخشش۔ ہمدردی ۔
دَیا وَنت (ہ) رحمدل۔ مہربان ۔
دیار (دِیار) (ع۔ مذکر) (۱) ملک۔ بلاد (۲) ایک قسم کی عمارتی لکڑی۔ دیودار ۔
دیارا (دَیا۔ رَا) (ہ) مذکر (پورب) وہ زمین جو دریا کے ہٹ جانے سے نکل آئے۔ دریا برآمد ۔
دیاقوذہ (دَیا۔ قو۔ ذَہ) (ف) مذکر خشخاش کا شربت ۔
دیال (دَیال) (ہ) عطا و بخشش کرنے والا۔ سخی ۔
دَیالو (ہ۔ مذکر) بہت سخی ۔
دیانت (دِیا۔ نت) (ع) مؤنث۔ ایمانداری۔ راستی۔ صدق۔ امانت۔ تدیّن ۔
دیانت دار (ع۔ ف) ایماندار۔ سچا۔ صادق۔ امین ۔
دیانتداری (ع۔ ف) مؤنث۔ ایمانداری۔ صداقت ۔
دیبا (دِی۔ با) (ف۔ مذکر) ایک باریک اور نقش و نگار والا ریشمی کپڑا۔ اطلس ۔
دیباجہ۔ دیباچہ (دی۔ با۔ جَہ۔ دی۔ با۔ چَہ) (معرب۔ ف) مذکر (۱) سرنامہ۔ مقدمہ کتاب۔ تمہید (۲) آراستہ ۔
دیبی (دے۔ بی) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) ملکہ۔ رانی (۲) دیوی ۔
دیبی اپنے دن بھرے لوگ مانیں پر چار (ہ) (مثل) پیر خود ہی مصیبت بھریں اور مرید مرادیں مانگیں ۔
دیپ (دِیپ) (ہ۔ مذکر) (۱) جزیرہ۔ ٹاپو (۲) برّاعظم (۳) (س) چراغ۔ روشنی۔ چمک (۴) چھوٹی دیوالی (۵) ہندوؤں میں کسی مردے کے دس دن بعد تک چراغ جلانے کی رسم۔ دیپک راگ ۔
دیپ مالا (ہ۔ مذکر) چراغوں کی قطار۔
دیپک (ہ۔ مذکر) (۱) روشنی۔ چراغ (۲) ایک راگ جس کی تاثیر سے آگ لگ جاتی ہے (۳) ایک قسم کی آتشبازی ۔
دیتا بھوتے نہ لیتا (ہ) مثل۔ سیدھا اور صاف معاملہ ۔

دیجور (دے۔ جُور) (ف۔ مذکر) (۱) اندھیری رات (۲) اندھیرا (۳) سیاہ۔ تاریک ۔
دید (دِید) (ف) مؤنث۔ دیدار۔ نظارہ۔ نگاہ۔ نظر ۔
دیدہ شنیدہ (ف) دیکھا سُنا۔ انوکھا۔ نایاب ۔
دیدار (ف) مذکر۔ جلوہ۔ درشن۔ نظارہ۔ صورت۔ چہرہ ۔
دیدار بازی (ف) مؤنث۔ نظارہ بازی۔ گھورا گھاری ۔
دیدارو (ف) شکیل۔ وجیہ۔ اچھی شکل و صورت والا ۔
دیدان (دی۔ دان) (ف۔ مذکر) (۱) دُودَہ کی جمع۔ کیڑے (۲) جاڑے کا پہلا مہینہ ۔
دیدوں (ف) مذکر۔ دیدہ کی جمع ۔
دیدوں کی صفائی (ف) مؤنث (عو) بے باکی۔ بے غیرتی۔ بے شرمی۔ بے حیائی ۔
دیدوں کی قسم (ف) مؤنث (عو) آنکھوں کی قسم ۔
دیدوں گھٹنوں کے آگے آنا۔ یا۔ پانا (ف) (عو) کسی کے ستانے کی سزا میں خدا کی طرف سے اندھا یا لنگڑا ہو جانا ۔
دیدہ (ف) مذکر (۱) آنکھ۔ چشم (۲) (عو) دلیری۔ جرأت (۳) دیکھی ہوئی چیز ۔
دیدہ پھٹی (ف) مؤنث۔ بڑی بڑی آنکھوں والی ۔
دیدہ دلیل۔ دیدہ دھوئی (ف) شوخ چشم۔ نڈر۔ دلیر ۔
دیدہ ریزی (ف) مؤنث۔ باریک کام جس میں آنکھوں پر زور ڈالنا پڑتا ہے۔ میناکاری ۔
دیدہ و دانستہ (ف) جان بوجھ کر۔ معلوم ہونے کے باوجود ۔
دیدہ ور (ف) گہری نظر رکھنے والا۔ صاحب نظر۔ دانا ۔
دیدہ وری (ف) مؤنث (۱) بینائی (۲) دانائی ۔
دیدے (ف) مذکر۔ دیدہ کی جمع ۔
دیدے ختم ہونا (ف) (عو) اندھا ہونا۔ بصارت نہ رہنا ۔
دیدے پھاڑ کر دیکھنا۔ یا۔ گھورنا (ف) غور سے دیکھنا۔ آنکھیں کھول کر دیکھنا ۔
دیدے کا پانی ڈھل جانا (ف) بے حیا اور بے غیرت ہو جانا ۔
دیدے کی صفائی (ف) مؤنث۔ بیباکی۔ شوخ چشمی۔ بے شرمی ۔
دیدے مٹکانا (ف) آنکھیں چمکانا ۔
دیدے نکالنا (ف) (۱) غضبناک نظروں سے دیکھنا (۲) آنکھوں کے ڈھیلے نکالنا ۔
دیر (دَیر) (ف۔ مذکر) بتکدہ۔ بت خانہ۔ مندر ۔
دیر (دیر) (ف) مؤنث۔ وقفہ۔ عرصہ۔ توقف ۔

دیرپا (ف) پائدار۔ مضبوط۔ مستحکم ۔

دیر آئے درست آئے (۱) جو کام دیر میں یعنی آرام و سہولت سے ہوتا ہے۔ وہ ٹھیک اور درست ہوتا ہے۔ فارسی "دیر آید درست آید" کا ترجمہ ہے ۔

دیر ہونا (ا/ف) (۱) عرصہ ہونا (۲) دیر کر کے آنا ۔

دیہو۔ دیہرو (ہ۔ تہ۔ دِ۔ رَہ) (۱) مذکر۔ سکھوں کا مندر ۔

دیرینہ (ف) (۱) قدیم۔ پرانا۔ کہنہ (۲) تجربہ کار۔ تجربہ کار۔ بزرگ۔ بوڑھا ۔

ڈیڑھ (دی۔ یڑھ) (ہ) مذکر (۱) ایک مشہور خوش الحان پرندہ (۲) ایک قسم کا کبوتر ۔

دیس۔ دیش (دیس۔ دیش) (ہ) مذکر (۱) ملک۔ ولایت۔ اقلیم۔ صوبہ۔ ضلع (۲) وطن۔ مولد (۳) ایک راگ جو آدھی رات کو گایا جاتا ہے ۔

دیس بدیس پھرنا (۱) (۱) ملک ملک پھرنا۔ سیر و سیاحت کرنا (۲) مارا مارا پھرنا ۔

دیس بھاشا۔ یا۔ بھاکا (ہ) مؤنث۔ دیسی زبان اپنے ملک کی بولی ۔

دیس بھائی (ہ) مذکر (ہندی) ہم وطن ۔

دیس چوری پردیس بھیک (ہ) مثل۔ دیس میں چوری کریں۔ تو کوئی نہ کوئی واقف پہچانے آکر چھڑا دیتا ہے۔ اور پردیس میں بھیک مانگیں۔ تو کوئی اپنا نہیں دیکھتا۔ دیس میں چوری کرنے سے پردیس میں بھیک مانگنا اچھا ہے ۔

دیس نکالا (ہ) مذکر۔ وطن سے نکالا جانا۔ جلا وطنی ۔

دیسا (دے۔ سا) (ہ) مذکر۔ برسی۔ مُردے کی سالانہ فاتحہ۔ عرس ۔

دیسی (ہ) (۱) وطنی۔ وطن کا۔ ملک کا۔ شہر کا (۲) وہ چیز جو وطن میں پیدا ہو ۔

دیکھ (دیکھ) (ہ) دیکھنا کا امر ۔

دیکھ بھال (ہ) مؤنث۔ (۱) تلاش۔ جستجو (۲) دید۔ نظارہ (۳) پڑتال ۔

دیکھ بھال کر (ہ) (۱) جان بوجھ کر (۲) سوچ سمجھ کر۔ اطمینان سے ۔

دیکھ عورتوں کا چالا۔ سر منڈا منہ کالا (ا) مثل۔ **دیکھ مردوں کی پھیری اماں میری کہ تیری** (۱) عقلمند ہر طرح اپنا بدلہ لے ہی لیتا ہے (۲) عورتوں کی چالاکی ظاہر کرنے کے لئے اس مثل کا پہلا حصہ اور مردوں کی چالاکی جتانے کے موقع پر دوسرا حصہ استعمال کیا جاتا ہے ۔

دیکھا (ہ) (۱) دیکھنا کی ماضی (۲) (مذکر) نظر۔ دیکھنا ۔

دیکھا بھالا (ہ) آزمودہ۔ تجربہ کیا ہوا ۔

دیکھا بھالی (ہ) مؤنث۔ (۱) تلاش۔ جستجو (۲) نظارہ ۔

دیکھا جائے گا (ہ) (۱) سمجھا جائے گا۔ سمجھ لیں گے (۲) بدلہ لے جائے گا (۳) خیال رکھیں گے ۔

دیکھا چاہیے (ہ) (۱) امید نہیں۔ دیکھئے۔ شاید۔ دیدہ یا بید (۲) قابل تعریف ۔

دیکھا دیکھی (ہ) (۱) دیکھ کر (۲) ریس کر کے ۔

دیکھا نہ بھالا صدقے گئی خالہ (ہ) خواہ مخواہ کی خوشامد ۔

دیکھا نہ سنا (ہ) (۱) لاثانی۔ انوکھا (۲) آنکھوں دیکھا نہ کانوں سنا ۔

دیکھتے دیکھتے (ہ) آنکھوں کے سامنے۔ روبرو ۔

دیکھتے رہ جانا (ہ) ہکا بکا ہو جانا۔ حیران ہو جانا ۔

دیکھتے کا دیکھتا رہ جانا۔ دیکھتے کے دیکھتے رہ جانا (ہ) (۱) قابو نہ چلنا (۲) حیرت میں رہ جانا۔ سکتے میں رہ جانا ۔

دیکھتے ہی (ہ) نظر ڈالتے ہی۔ فوراً۔ نگاہ کے ساتھ ۔

دیکھنا (ہ) (۱) نظر کرنا۔ ملاحظہ کرنا (۲) خیال رکھنا (۳) غور کرنا (۴) ڈھونڈنا (۵) آزمانا۔ جانچنا (۶) خبردار رہنا (۷) لحاظ کرنا (۸) سوچنا۔ سمجھنا ۔

دیکھنا یہ ہے۔ منہ کس کا کالا ہوتا ہے (ہ) مثل۔ جب کوئی شریر آدمی خود کسی بزرگ کو نقصان پہنچا کر کہے۔ کہ یہ تو خدا کی طرف سے ہے تو بزرگ اس کے جواب میں یہ مثل کہتا ہے۔ یعنی دیکھنے کی بات یہ ہے۔ کہ یا پس کس نے کیا پایا ۔

دیکھنے کو نہیں (ہ) کمیاب ہے۔ نایاب ہے ۔

دیکھو دیکھو (ہ) خبردار۔ ہوشیار ۔

دیکھئے (ہ) دیکھا چاہیے۔ خدا جانے۔ واللہ اعلم ۔

دیکھئے اونٹ کس کروٹ (کل) بیٹھتا ہے (دیکھیے) (ہ) (مثل) خدا جانے نتیجہ کیا نکلے ۔

دیکھئے شیر کی نظر کھلائیے سونے کا نوالہ (ا) (مثل) اولاد کو رعب میں رکھنا چاہیئے جو چاہیں کھائیں۔ مگر ہر وقت زیر اثر رہیں ۔

دیگ (دیگ) (ف) مؤنث کھانا پکانے کا بڑا تانبے کا برتن ۔

دیگچہ (ف) مذکر۔ چھوٹی دیگ۔ پتیلا ۔

دیگچی (ف) مؤنث۔ پتیلی ۔

دیمک (دی۔مک) (ف) مؤنث۔ ایک قسم کی سفید چیونٹی (پنجابی) سیونک ۔

دیمک کے سے دانت (۱) نہایت تیز دانت ۔

دیمک لگنا (۱) (۱) کسی چیز میں دیمک کا شروع ہونا (۲) جسم میں چیونٹیاں سی لگنا (۳) گھن سا لگنا ۔

دین (دِین) (ع۔ مذکر) (۱) مذہب۔ ملت (۲) ایمان۔ دھرم (۳) عاقبت۔ آخرت ۔

دین پناہ (ع۔ ف) مسلمان بادشاہوں کا لقب۔ حامیٔ دین ۔

دین دار (ع۔ ف) متقی۔ پرہیزگار۔ پابند شرع ۔

دین داری (ع۔ ف) مؤنث۔ اتقا۔ پرہیزگاری۔ پابندی شریعت ۔

دین کا جھنڈا (۱) مذکر۔ مذہبی جھنڈا ۔

دَین (دَین) (ع۔ مذکر) قرض۔ اُدھار ۔

دین (دِین) (ہ) مؤنث (۱) بخشش۔ عطیہ۔ احسان و کرم (۲) دینا ۔

دین دار (ہ۔ مذکر) قرضدار۔ مقروض ۔

دینا (ہ) (۱) بخشنا۔ عطا کرنا (۲) حوالے کرنا۔ سونپنا (۳) جدا کرنا۔ سمجھنا (۴) مقرر کرنا (۵) کرنا۔ پیش کرنا (۶) جننا۔ بچے نکالنا (۷) ادا کرنا۔ بیباق کرنا (۸) مارنا (۹) بھرنا۔ ڈنڈ بھگتنا (۱۰) لگانا۔ سرمنڈھ ڈالنا ۔

دینا نہ لینا (ہ) ناحق۔ بے فائدہ ۔

دینار (دی۔نار) (ع۔ مذکر) سونے کا ایک سکہ جو ڈھائی روپے کا ہوتا اور عرب میں چلتا ہے ۔

دینار سرخ (ع۔ ف) مذکر۔ سونے کا سکہ ۔

دینی (ع۔ ف) دین سے نسبت رکھنے والا۔ دین کا۔ مذہبی ۔

دینی باپ (۱) مذکر۔ وہ شخص جسے عیسائی لڑکے کو اصطباغ (بپتسمہ) دیتے وقت مذہبی لحاظ سے باپ بنائیں ۔

دینی بھائی (ا۔ مذکر) ہم مذہب۔ ہم اعتقاد ۔

دینی بہن (ا) مؤنث۔ (ع) وہ عورت جسے ہم مذہب ہونے کے سبب بہن بنا لیا جائے ۔

دینیات (ع۔ مؤنث) دین کے ساتھ تعلق رکھنے والی باتیں ۔

دیو (دیو) (ف) مذکر (۱) جن بھوت (۲) قوی ہیکل پہلوان ۔

دیوزاد (ف۔ مذکر) دیو کا جنا۔ قوی ہیکل ۔

دیو (ہ) مذکر۔ دیوتا۔ بزرگ۔ مقدس۔ قابل پرستش ۔

دیوبانی (ہ) مؤنث۔ دیوتاؤں کی مقدس زبان سنسکرت ۔

دیولوک (ہ) مذکر۔ دیوتاؤں کے رہنے کی جگہ بیکنٹھ اور سورگ ۔

دیوناگری (ہ) مؤنث۔ ناگری زبان۔ ہندی حروف ہندی زبان۔ سنسکرت کے حروف ۔

دیوا (دی۔وا) (ہ) مذکر۔ چراغ۔ دیا ۔

دیوار (دی۔وار) (ف) مؤنث (۱) مٹی۔ اینٹ۔ پتھر وغیرہ سے بنایا ہوا مکان کا ایک پہلو (۲) اوٹ۔ پردہ ۔

دیوار اٹھانا۔ یا۔ چننا (۱) دیوار بنانا یا کھڑی کرنا ۔

دیوار چین۔ یا۔ ختا (ف) مؤنث۔ ایک مشہور دیوار جو تاتار اور ختا کی سرحد پر واقع ہے ۔

دیوار قہقہہ (۱) مؤنث (۱) سد سکندری۔ دیوار چین۔ مشہور ہے کہ اس کے اندر سے ہنسنے کی آواز آتی ہے اور جو شخص دریافت حال کو چڑھتا ہے۔ وہ بھی ہنستے ہنستے اندر کی طرف گر جاتا ہے (۲) بہت اونچی دیوار۔ بہت لمبی دیوار (۳) بہت زیادہ ہنسی ۔

دیوار گیری (۱) مؤنث (۱) وہ کپڑا جو دیواروں میں خوشنمائی کے لئے لگاتے ہیں (۲) دیوار میں لگانے کا لیمپ ۔

دیوالہ (دی۔والہ) (ہ۔ مذکر) قرض ادا نہ ہوسکنے پر سرکار میں اپنی مفلسی کا ثبوت ۔

دیوالہ نکالنا (ہ) قرض ادا نہ ہوسکنے کی صورت میں عدالت کے روبرو اپنی غریبی کا ثبوت پیش کرنا ۔

دیوالی (دی۔والی) (ہ) مؤنث (دیپ مالا) چراغاں ہندوؤں کا ایک مشہور تہوار جس میں لکشمی کی پوجا ہوتی اور خوب روشنی کی جاتی ہے ۔

دیوالیہ (ہ۔ مذکر) وہ شخص جس نے اپنا دیوالہ نکال دیا ہو ۔

دیوان (دی۔وان) (ف۔ مذکر) (۱) دربار شاہی۔ عدالت۔ کچہری (۲) وزیر۔ رکن سلطنت۔ محکمۂ مال کا بڑا افسر (۳) آدمیوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ مقام اجلاس۔ دفتر محاسبہ (۴) غزلوں کی کتاب ۔

دیوان اعلیٰ (ف۔ ع) مذکر۔ وزیر اعظم ۔

دیوان خاص (ف۔ ع) مذکر۔ دربار خاص۔ خاص لوگوں کا دربار۔ شاہی خلوت خانہ ۔

دیوان خالصہ (ف۔ ع) سلطانی مہر کا محافظ۔ وہ شخص جس کے پاس شاہی مہر رہے۔ معتمد الدولہ ۔

دیوان خانہ (ف۔ مذکر) امیروں کی نشستگاہ۔ بیٹھک ۔

دیوان عام (ف۔ ع) مذکر۔ دربار عام۔ بڑے یا عام دربار کا مکان ۔

دیوانگی (دی ۔ وَا ۔ نِگی) (ف) مؤنث (۱) پاگل پن ۔ جنون (۲) نادانی ۔ بے وقوفی ۔

دیوانہ (دی ۔ وَا ۔ نَہ) (ف ۔ مذکر) مجنوں ۔ پاگل ۔ سودائی ۔

دیوانہ بکار خویش (خود) ہشیار (ف) مثل ۔ دیوانہ اپنے مطلب کے لئے ہوشیار ہوتا ہے ۔

دیوانی (ف) مؤنث (۱) دیوان کا عہدہ ۔ وزارت (۲) عدالت مطالبات خفیفہ ۔ دیوانی (۳) پاگل عورت ۔

دیوانی ماں کا خبطی بیٹا (۱) مثل ۔ خاندانی بیوقوف ۔ جدی احمق ۔

دیوتا (دیو ۔ تا) (ہ ۔ مذکر) (۱) خدا کا اوتار ۔ بزرگ (۲) بھولا بھالا ۔ سادہ لوح (۳) شریر ۔ متفنی ۔ (۴) سانپ ۔ ناگ ۔

دیوٹ (دِی ۔ وَٹ) (ہ) مؤنث ۔ چراغ دان ۔ شمعدان ۔

دیوث (دَی ۔ یُوث) (ع ۔ مذکر) (۱) بے حمیت ۔ بے غیرت ۔ بے حیا ۔ بے شرم (۲) بھڑوا ۔ وہ شخص جو اپنی عورت کے افعال قبیحہ سے واقف ہونے کے باوجود چشم پوشی کرے ۔

دیودار (ہ) مذکر ۔ ایک قسم کا درخت ۔ دیار ۔

دیور (دے ۔ وَر) (ہ ۔ مذکر) خاوند کا چھوٹا بھائی ۔

دیورانی (ہ) مؤنث ۔ دیور کی بیوی ۔ خاوند کے چھوٹے بھائی کی بیوی ۔

دیول (دے ۔ وَل) (ہ ۔ مذکر) (ہندو) چھوٹا مندر ۔

دیولا (دِیو ۔ لا) (ہ) مذکر ۔ چھوٹا سا چراغ ۔ دیا ۔

دیولی (دِیو ۔ لی) (ہ ۔ مؤنث) (۱) چھوٹا چراغ (۲) چیچک کے دانوں کا کھرنڈ ۔ (۳) آنکھ کا گڑھا ۔

دیونی (ہ) مؤنث (۱) دیو کی عورت (۲) موٹی تازی عورت ۔

دیوہرا (دیو ۔ ہ ۔ رَا) (ہ) مذکر ۔ (ہندو) بت خانہ ۔

دیوی (ہ) مؤنث ۔ دیبی ۔ کنیا ۔ کنواری ۔

دیہ (دِیہ) (۱) (ف ۔ مذکر) گاؤں (۲) (ہ ۔ مؤنث) (ہندو) (۱) جسم ۔ بدن ۔ وجود ۔ قالب ۔ شریر ۔

دیہی (ف) (۱) گاؤں کا رہنے والا (۲) (ہ) دیکھو دیہہ (۲) ۔

دیہات (ف) دیہہ کی جمع ۔ بہت سے گاؤں ۔

دیہات خالصہ (ف ۔ ع) مذکر ۔ سرکاری گاؤں ۔

دیہیم (دَے ۔ ہِیم) (ف ۔ مذکر) تاج شاہی ۔ تمغہ ۔ افسر ۔ جیغہ ۔ کلغی ۔

ڈ

ڈ (ڈال) مؤنث۔ اردو حروفِ تہجی کا بارھواں حرف ہے۔ جس کے حسابِ جمل میں دال کے ضمن میں چار عدد ہیں ٭

ڈ-ا

ڈا (ڈا) (ہ) مؤنث۔ ستار کی گت کا ایک ٹوٹا ٭

ڈاب (ڈاب) (ہ) ۔ مذکر (۱) ایک لمبی قسم کی گھاس جس کا بان بنایا جاتا ہے (۲) (پورب) پرتلا (۳) (پورب) کچا ناریل ٭

ڈابر (ڈَا۔ بَر) (ہ) ۔ مذکر (۱) جھیل۔ جوہڑ۔ نشیب جہاں پانی اکٹھا ہو جاتا ہے (۲) چھوٹا تالاب (۳) (پورب) ہاتھ دھونے کا برتن۔ سیلابچی ٭

ڈابک (ڈَا۔ بَک) (ہ) ۔ مذکر (پورب) کنوئیں کا تازہ پانی ٭

ڈاٹ (ڈاٹ) (ہ) ۔ مؤنث (۱) میخ۔ کیل (۲) سوراخ روکنے یا بند کرنے کی چیز (۳) کاگ (۴) محراب دار یکا دروازہ (۵) محراب (۶) محراب کے بیچ کا پتھر (۷) ڈاٹنا کا امر ٭

ڈاٹ کر بھرنا (ہ) ۔ ٹھونس کر بھرنا۔ کھچا کھچ بھرنا۔ داب داب کر بھرنا ٭

ڈاٹ لگانا (ہ) روکنا۔ بند کرنا۔ محراب بنانا ٭

ڈاٹنا (ف۔ ا) (۱) ڈاٹ لگانا۔ بند کرنا (۲) دھمکانا۔ ڈرانا ٭

ڈار (ڈار) (ہ) ۔ مؤنث۔ جانوروں کا جھنڈ۔ پرندوں کا پرا ٭

ڈارلنگ (ڈَار۔ لِنگ) (انگ۔ DARLING) پیارا۔ پیاری ٭

ڈارون (ڈَار۔ وِن) (انگ۔ DARWIN) (مذکر) ایک مشہور انگریز عالم طبعیات۔ سیاح اور فلسفی جو اصولِ ارتقا کا موجد تھا۔ وہ کہتا تھا۔ کہ انسان پہلے بندر تھا پھر اُس سے ترقی کرتے کرتے آدمی بن گیا ٭

ڈاڑھ (ڈَاڑھ) (ہ) مؤنث۔ جبڑے کے موٹے دانت جن سے غذا چبائی جاتی ہے ٭

ڈاڑھ گرم ہونا (ا) (ہ) کھانا کھایا جانا۔ کلہ گرم ہونا (۲) رشوت ملنا ٭

ڈاڑھ نہ لگانا (ہ) چبائے بغیر نگل جانا ٭

ڈاڑھا (ہ) ۔ مذکر (۱) لمبی اور بھاری ڈاڑھی (۲) بڑھی ہوئی اینٹیں جو آئندہ بننے والی دیوار کے ساتھ ملانے کے لئے کھلی چھوڑ دی جائیں (۳) باہر نکلا ہوا دانت (۴) زیادتی ظلم

ڈاڑھی (ڈَا۔ ڑھی) (ہ) ۔ مؤنث (۱) ریش۔ ٹھوڑی اور رخسار کے بال (۲) بڑ یا پیپل کی ڈاڑھی ٭

ڈاڑھی پیٹ میں ہونا (ہ) چھوٹی سی عمر میں بڑوں کی سی باتیں کرنا۔ کم سنی میں عقلمند ہونا ٭

ڈاڑھی پیشاب سے منڈوانا (ہ) (۱) بیعزتی کرنا۔ عزت لینا (۲) ذلیل ہونا۔ قائل ہونا ٭

ڈاڑھی چھوڑنا (ہ) ڈاڑھی بڑھانا ٭

ڈاڑھی رکھنا (ہ) ڈاڑھی منڈوانے یا کتروانے کو ترک کرنا ٭

ڈاڑھی کا ایک ایک بال کرنا (ہ) (۱) ڈاڑھی نوچنا (۲) عزت بگاڑنا ٭

ڈاڑھیں مار کر رونا۔ مار مار کر رونا (ہ) ہچکیاں لے لیکر رونا۔ باواز بلند زاری کرنا ٭

ڈاک (ڈاک) (ہ) مؤنث (۱) چٹھی رسانی کا محکمہ۔ ٹپا (۲) سفر کے لئے گھوڑے یا پالکی وغیرہ کا سلسلہ وار انتظام (۳) لگاتار سلسلہ (۴) قے۔ اُلٹی ٭

ڈاک آنا (ہ) متواتر خبر آنا۔ خطوط آنا ٭

ڈاک بٹھانا۔ یا۔ بٹھلانا (ہ) چوکی بٹھانا۔ ہرکاروں کی آمد و رفت کا سلسلہ برابر جاری کر دینا ٭

ڈاک بنگلہ (ہ) ۔ مذکر۔ مسافروں کے ٹھہرنے کا مکان جو سرکار کی طرف سے مقرر ہو۔ سرکاری مسافرخانہ ٭

ڈاک بولنا (ہ) نیلام کی بولی دینا ٭

ڈاک چوکی (ہ) مؤنث۔ وہ جگہ جہاں چٹھیوں کا تھیلا ایک ہرکارہ دوسرے ہرکارے کو دے یا گھوڑوں کی بدلی ہو ٭

ڈاک خانہ (ہ) مذکر۔ ڈاک گھر۔ پوسٹ آفس۔ ٹپہ خانہ ٭

ڈاک کا گھوڑا (ہ) مذکر (۱) ڈاک لے جانے والا گھوڑا (۲) تیز رفتار آدمی۔ بہت چلنے والا آدمی ٭

ڈاک گاڑی (ہ) مؤنث۔ وہ ریل گاڑی جس میں ڈاک جاتی ہے

اس کی رفتار تیز ہوتی ہے۔

ڈاک لگنا (ہ) (۱) متواتر قے ہونا (۲) خبر یا ہرکاروں کا لگاتار آنا جانا۔

ڈاک والا (ہ) مذکر، ڈاکیا۔ ہرکارہ۔

ڈاکا (ڈا۔کا) (ہ) مذکر (۱) ڈاکوؤں کا حملہ۔ قزاقوں کا دھاوا (۲) بے قانونا، جا سے زیادہ چوروں کا مل کر چوری کرنا۔

ڈاکا ڈالنا۔ یا۔ مارنا (ہ) لوٹنا۔ زبردستی چھیننا۔

ڈاکٹر (ڈاک۔ٹر) (انگریزی۔ DOCTOR) مذکر (۱) حکیم۔ طبیب۔ جرّاح۔ علم طب کا جاننے والا (۲) فیلسوف۔ علامہ۔

ڈاکن (ہ) مؤنث، بہت سا کھانے والا۔

ڈاکنا (ہ) (مع) قے کرنا۔

ڈاکو (ہ) مذکر۔ لٹیرا۔ قزاق۔ راہزن۔ دھاڑا مارنے والا (۲) پُرخور۔ بہت کھانے والا۔ پیٹو۔

ڈاکیا (ہ) مذکر، چٹھی رساں۔ ڈاک کا ہرکارہ۔ قاصد۔ پیک۔

ڈال (ڈال) (ہ) مؤنث (۱) شاخ۔ ٹہنی (۲) آب پاشی کا ٹوکرا یا ڈول (۳) تلوار کا پھل (۴) ڈالنا کا امر۔

ڈال رکھنا (ہ) رکھ چھوڑنا۔ روک رکھنا۔

ڈال کا پکا (ہ) پیڑ کا پکا ہوا۔

ڈال کا ٹوٹا (ہ) (۱) ڈال سے پک کر گرا ہوا۔ تازہ پھل۔ عمدہ پھل (۲) نادر۔ انوکھا۔ قابل قدر۔

ڈال والا (ہ) مذکر (ع) بندر۔ بوزنہ۔ میمون۔

ڈالا (ہ) مذکر۔ ٹہنا۔ بڑی اور موٹی شاخ۔

ڈالر (ڈا۔لر) (انگریزی۔ DOLLAR) مذکر، امریکہ کا ایک چاندی کا سکہ جس کی قیمت ہندوستانی اڑھائی اور تین روپے کے درمیان ہوتی ہے۔

ڈالنا (ہ) (۱) پھینکنا۔ گرانا (۲) رکھنا۔ دھرنا (۳) حمل گرانا (۴) قے کرنا۔ اُلٹی کرنا (۵) اندر کرنا۔ داخل کرنا (۶) پرونا (۷) پہننا (۸) اڑھانا (۹) آشنائی سے بیوی بنانا (۱۰) کرنا (۱۱) لگانا۔ ذمہ کرنا (۱۲) لگانا۔ ملانا۔

ڈالی (ہ) مؤنث (۱) ٹہنی (۲) امیروں یا حاکموں کو نذر کرنے والی میوے پھل کی ٹوکری (۳) وہ پھل جو بطور اجلت کا خریدار فصل کی قیمت کے علاوہ بیچنے والے کو دیتا ہے۔

ڈامچا (ڈام۔چا) (ہ) مذکر، وہ مچان جو کھیتوں کی رکھوالی یا گوپیا پھرانے کے لئے بناتے ہیں۔

ڈانٹ۔ ڈانٹ ڈپٹ (ڈانٹ۔ ڈانٹ۔ ڈپٹ) (ہ) مؤنث۔ جھڑکی۔ دھمکی۔ ڈراوا۔ سرزنش۔

ڈانٹنا (ہ) دھمکانا۔ جھڑکنا۔ غرّانا۔ روکنا۔ سختی سے منع کرنا۔ چشم نمائی کرنا۔

ڈانڈا (ڈاں۔ڈا) (ہ) مؤنث (۱) لکڑی۔ چھڑی۔ بیڑے کی لکڑی (۲) گنواری زبان۔ ڈنڈ۔ تاوان (۳) چپّو۔ ناؤ کھینے کا بانس (۴) ریڑھ کی ہڈی (۵) کھیت کی حد۔ زمین خشک (۶) بیانہ۔ طلاق۔

ڈانٹا (ہ) مذکر (۱) سرحد (۲) گنواری۔ ہولی جلانے کی جگہ جہاں ایندھن وغیرہ رکھ دیتے ہیں۔

ڈانٹا مینڈا (ہ) مذکر (۱) دو ملکوں کی سرحد (۲) لڑائی جھگڑا۔ دو دیہات کی دشمنی (۳) میل ملاپ۔ راہ و رسم۔

ڈانڈی (ہ) مؤنث (۱) ملّاح۔ کھینے والا (۲) ایک قسم کی پہاڑی سواری جس کے دونوں طرف لکڑی اور بیچ میں دری لگی ہوتی ہے۔

ڈانس (ڈانس) (ہ) مذکر، ایک قسم کا بڑا مچھر۔

ڈانک (ڈانک) (ہ) مؤنث (۱) سنہری یا روپہلی ورق جو نگینے کے نیچے چمک کے لئے لگا دیتے ہیں۔

ڈانگ (ڈانگ) (ہ) مؤنث (۱) سب سے اونچی سلسلۂ پہاڑ کی اونچی چوٹی (۲) چھلانگ۔ زقند (۳) دیہاتی ڈنڈا۔ لٹھ۔

ڈانگر (ڈاں۔گر) (ہ) مذکر (۱) چوپایہ۔ مویشی (۲) احمق۔ بے وقوف (۳) ہند کی ایک قدیم قوم۔

ڈانواں ڈول۔ ڈاواں ڈول (ڈاں۔واں۔ ڈول) (ہ) (۱) اولا۔ پریشان خاطر۔ خستہ (۲) ڈگمگاتا ہوا۔ مذبذب۔

ڈانیل (ڈا۔نیل) (انگریزی DARIEL) مذکر، حضرت دانیال کا انگریزی نام۔

ڈاہ (ڈاہ) (ہ) مؤنث۔ حسد۔ جلن۔ کینہ۔ عداوت۔ بیر۔ دشمنی۔

ڈائجسٹ (ڈا۔اِجسٹ) (انگریزی DIGEST) مذکر (۱) خلاصہ (۲) قانونی نظیروں کے خلاصے کا مجموعہ۔

ڈائرکٹر (ڈے۔رَکٹ۔ٹر) (انگریزی۔ DIRECTOR) مذکر، سربراہ کار۔ منتظم۔ اعلیٰ رکن۔

ڈائرکٹری (انگریزی۔ DIRECTORY) مؤنث، کتاب ہدایت۔ سرنامجات کا مجموعہ۔ وہ کتاب جس میں ناموں کی فہرست اور پتہ ہو۔

ڈائری (ڈا۔اِ۔ری) (انگریزی DIARY) مؤنث، روزنامچہ۔ یادداشت۔ روزمرّہ۔

ڈائل (ڈا۔ال) (انگریزی DIAL) مذکر۔

حلقہ۔ گھڑی کا چہرہ ✦

ڈائمنڈ (ڈا۔ ئمنڈ) (انگریزی۔ DIAMOND) (مذکر) (۱) ہیرا۔ الماس۔ تاش کی ایک بازی ✦

ڈائمنڈ جوبلی (انگ۔ DIAMOND JUBILEE) (مونث) ٦٠ سالہ جشن ✦

ڈائن (ڈا۔ ئن) (ہ) مونث (۱) ساحرہ۔ جادوگرنی۔ کلیجہ کھانے والی عورت (۲) بدصورت اور ڈراؤنی شکل کی عورت ✦

ڈائن بھی دس گھر چھوڑ کر کھاتی ہے (ہ) مثل۔ ظالم کو بھی محلے اور پڑوسیوں کا کچھ لحاظ ہوتا ہے ✦

ڈائن کھائے تو منہ لال۔ نہ کھائے تو منہ لال (ہ) مثل۔ ظالم ظلم کرے یا نہ کرے۔ اُس کے چہرے سے ظلم برستا ہے ✦

ڈائنامیٹ (ڈا۔ ئنا۔ میٹ) (انگ DINAMATE) (مذکر) ایک قسم کی بارود ✦

ڈائننگ ہال (ڈا۔ ئننگ۔ ہال) (انگ DINING HALL) (مذکر) کھانا کھانے کا کمرہ ✦

ڈ۔ ب

ڈب (ڈَب) (ہ۔ مونث) (۱) جیب۔ کیسہ (۲) قابو۔ قبضہ (۳) کپڑے بنانے کا چمڑا ✦

ڈبا (ڈَب۔ با) (ہ۔ مذکر) (۱) بڑی ڈبیا (۲) پسلی کا عارضہ جو اکثر بچوں کو ہوا کرتا ہے ✦

ڈباؤ (ڈُ۔ باؤ) (ہ) ڈبو دینے کے لائق۔ ڈبو دینے والا ✦

ڈباؤ پانی (ہ۔ مذکر) آدمی کے قد سے زیادہ پانی ✦

ڈبڈبانا (ڈَب۔ ڈبا۔ نا) (ہ) آنکھوں میں آنسو بھر آنا ✦

ڈبرا (ڈَب۔ را) (ہ۔ مذکر) (۱) پانی یا خون جمع ہونے کی جگہ (۲) لہو کا گڑھا ✦

ڈبکا (ڈُب۔ کا) (ہ۔ مذکر) وہ تازہ پانی جو کنوئیں سے کھینچ کر اسی وقت پئیں ✦

ڈبکا (ڈُب۔ کا) (ہ۔ مذکر) خوف۔ اندیشہ۔ خطرہ ✦

ڈبکی (ڈُب۔ کی) (ہ۔ مونث) غوطہ۔ پانی میں سر دبانا ✦

ڈبل (ڈَ بَل) (انگریزی۔ DOUBLE) (مذکر) دو چند۔ دگنا۔ دُہرا۔ موٹا ✦

ڈبل روٹی (ا) مونث۔ موٹی روٹی۔ نان پاؤ۔ وہ انگریزی روٹی جو خمیر کے باعث موٹی ہوتی ہے ✦

ڈبل کوچ (ا) مذکر۔ جلد جلد چلنا۔ دگنی منزل۔ دُگنا سفر ✦

ڈبوانا (ڈُب۔ وانا) (ہ) (۱) غوطہ دینا۔ غرق کرنا (۲) تباہ کرنا۔ برباد کرنا (۳) بگاڑنا۔ بنی بات بگاڑنا ✦

ڈبی۔ ڈبی (ڈِب۔ بی۔ ڈُب۔ بی) (ہ) مونث۔ چھوٹی کپی ✦

ڈبیا (ڈِب۔ یا) (ہ) مونث۔ چھوٹا ڈبہ ✦

ڈ۔ پ

ڈپارٹمنٹ (ڈپارٹ۔ منٹ) (انگ DEPARTMENT) (مذکر) محکمہ۔ سررشتہ ✦

ڈپازٹ (ڈِپا۔ زِٹ) (انگریزی DEPOSIT) (مونث) امانت۔ جمع ✦

ڈپٹ (ڈَپَٹ) (ہ۔ مونث) (۱) گھوڑے کی دوڑ (۲) حملہ (۳) تیز رفتاری۔ دوڑ (۴) دھمکی ✦

ڈپٹانا (ہ) پوئیہ دوڑانا۔ گھوڑا دوڑانا ✦

ڈپٹنا (ہ) (۱) دوڑنا۔ تیز جانا (۲) دھمکانا۔ غصہ ظاہر کرنا (۳) حملہ کرنا ✦

ڈپٹی (ڈِپ۔ ٹی) (انگریزی۔ DEPUTY) (مذکر) نائب ✦

ڈپٹی کمشنر (انگ DEPUTY COMMISSIONER) (مذکر) ضلع کا اعلیٰ افسر۔ حاکم ضلع ✦

ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس (انگ۔ DEPUTY SUPERINTENDENT POLICE) (مذکر) کپتان کا نائب۔ پولیس کا ایک اعلیٰ افسر ✦

ڈپٹی پوسٹ ماسٹر جنرل (انگریزی DEPUTY POST MASTER GENERAL) (مذکر) ڈاک خانے کے حاکم اعلیٰ کا نائب ✦

ڈپلوما (ڈِپ۔ لو۔ ما) (انگریزی۔ DIPLOMA) (مذکر) سند۔ دستاویز ✦

ڈپلومیسی (ڈِپ۔ لو۔ مے۔ سی) (انگریزی۔ DIPLOMACY) (مونث) معاملہ رسی۔ حکمت عملی۔ جوڑ توڑ ✦

ڈپو (ڈَپ۔ پو) (ہ) (۱) بہت بڑا۔ بہت موٹا (۲) مددگار۔ معاون (مذکر) گماشتہ۔ حامی ✦

ڈپو (ڈِپو) (انگریزی۔ DIPOT) (مذکر) گودام۔ کوٹھی۔ تجارت گاہ ✦

ڈپوٹیشن (ڈِپُو۔ ٹے۔ شن) (انگریزی۔ DEPUTATION) (مذکر) وہ جماعت جو کسی خاص کام کرنے کے لئے بھیجی جائے۔ وفد (۲) وہ عہدہ دار جو کسی دوسری

جگہ عاریتاً دیا جائے ۔

ڈ-ٹ

ڈٹ (ڈَٹ) (ف) ڈٹنا کا امر ۔
ڈٹ جانا (ف) حریف کے مقابل جم کر کھڑا ہو جانا ۔
ڈٹ کر کھانا (ف) خوب سیر ہو کر کھانا ۔ جم کر کھانا ۔
ڈٹکٹو پلیس (ڈِ ٹِک ٹو ۔ پُو ۔ لیس) (انگ DETEC-TIVE POLICE) (مؤنث) خفیہ پولیس ۔
ڈٹنا (ف) جمنا ۔ ٹھہرنا ۔ رُکنا ۔ مقابلہ کرنا ۔ دیر تک ٹھہرے رہنا ۔
ڈٹھ بند (ڈِٹھ ۔ بَند) (ہ ۔ مذکر) دیکھو ڈیٹھ بند ۔
ڈٹھون (ڈِٹھون) (ہ ۔ مذکر) دیوالی سے بعد بارھواں دن ۔
ڈٹھیارا (ہ ۔ مذکر) آنکھوں والا ۔
ڈٹھیاری (ہ ۔ مؤنث) (١) آنکھوں والی عورت (٢) ایک قسم کی پہیلی ۔

ڈ-ر

ڈر (ڈَر) (ہ ۔ مذکر) خوف ۔ اندیشہ ۔ خطرہ ۔
ڈرافٹس مین (ڈرافٹس ۔ مَین) (انگریزی ۔ DRAFTS MAN) (مذکر) نقشہ نویس ۔
ڈراما ۔ ڈرامہ (ڈ را ۔ ما + ڈرا ۔ مَہ) (انگریزی ۔ DRAMA) (مذکر) نقل ۔ ناٹک ۔ سوانگ ۔ دلچسپ واقعہ ۔
ڈرامسٹ (انگریزی ۔ DRAMATIST) (مذکر) ڈرامہ نویس ۔ نقل لکھنے والا ۔
ڈرانا (ہ) دھمکانا ۔ دھمکی دینا ۔
ڈراوا (ہ ۔ مذکر) دھمکی ۔ خوف ۔ ڈر ۔
ڈرائنگ (ڈرا ۔ اِنگ) (انگریزی ۔ DRAWING) (مذکر و مؤنث) نقشہ کشی ۔
ڈرائنگ روم ۔ ڈرائنگ ہال (انگ ۔ (١) DRAWING ROOM (٢) DRAWING HALL) (مذکر) ملاقات کا کمرہ ۔
ڈرائنگ ماسٹر (انگ ۔ DRAWING MASTER) (مذکر) نقشہ کشی سکھانے والا ۔
ڈراؤنا (ہ) بھیانک ۔ خوفناک ۔
ڈرائیور (ڈرا ۔ اِی ۔ وَر) (انگریزی DRIVER) (مذکر) چلانے والا ۔ ہانکنے والا ۔

ڈرپوک (ہ) بزدل ۔ کم ہمت ۔ بودا ۔
ڈرل (ڈرِل) (انگریزی ۔ DRILL) مؤنث ۔ فوجی قواعد ۔ صف آرائی ۔ قواعد ۔
ڈرل ماسٹر (انگریزی ۔ DRILL MASTER) (مذکر) قواعد سکھانے والا ۔
ڈرنا (ہ) خوف کھانا ۔ دھمکی میں آنا ۔
ڈری (ڈَ ۔ ری) (ہ ۔ مؤنث) (قو) خوف ۔ ڈر ۔
ڈریلا (ہ ۔ مذکر) زور کا مینہ ۔
ڈریس (ڈرَیس) (انگریزی ۔ DRESS) (مذکر) لباس ۔ پوشاک ۔ پوشش ۔
ڈریں لومڑی سے نام دلیر خاں (ہ) (مثل) نام اور شہرت کے برعکس کم ہمتی ظاہر کرنے پر کہا جاتا ہے ۔

ڈ-ڑ

ڈڑھ (ڈاڑھ) (ہ) ڈاڑھ کا مخفف ۔
ڈڑھ پی ۔ ڈڑھ پوا (ہ) (١) مؤنث (٢) مذکر ڈیڑھ پاؤ کا باٹ ۔
ڈڑھیالا ۔ ڈڑھیل (ڈاڑھ ۔ یا ۔ لا + ڈڑھیل) (ہ) (مذکر) ڈاڑھی والا ۔ ریش دار ۔

ڈ-ز

ڈزائن (ڈِزا ۔ ئِن) (انگ DESIGN) (مذکر) نقشہ ۔ خاکہ ۔

ڈ-س

ڈس (ڈَس) (ہ ۔ مؤنث) ترازو کی ڈوری جس میں پلڑے بندھے ہیں ۔
ڈس (ڈَس) (ف) ڈسنا کا امر ۔
ڈسپنسری (ڈِس ۔ پِن ۔ سَری) (انگریزی DISPENSARY) (مؤنث) دواخانہ ۔ وہ جگہ جہاں دوا ملتی ہو ۔
ڈسپیچ (ڈِس ۔ پیچ) (انگریزی ۔ DESPATCH) (مؤنث) روانگی ۔ ارسال ۔ ترسیل ۔
ڈسٹرکٹ (ڈِس ۔ ٹرکٹ) (انگریزی ۔ DISTRICT) (مذکر) ضلع ۔

ڈسٹرکٹ انسپکٹر (انگ - DISTRICT INSPECTOR) (مذکر) ضلع کے اندر کام کرنے والا مدارس یا پولیس کا انسپکٹر ۔

ڈسٹرکٹ بورڈ (انگ - DISTRICT BOARD) (مذکر) وہ جماعت جو ضلع کی تعلیم وغیرہ کا انتظام کرتی ہے ۔

ڈسٹرکٹ فنڈ (انگ - DISTRICT FUND) (مذکر) ڈسٹرکٹ بورڈ کی تحویل کا روپیہ ۔

ڈسٹرکٹ کمیٹی (انگ - DISTRICT COMMITTEE) (مؤنث) ضلع کی کمیٹی ۔

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ (DISTRICT MAGISTRATE) (مذکر) ڈپٹی کمشنر مجسٹریٹ کی حیثیت سے ۔

ڈسک (ڈِسک) (انگریزی - DESK) (مذکر) دسادان میز ۔

ڈسکورڈ (انگریزی - DISCORD) (مؤنث) ناہمواری - ترشی - غیر موزونی - ناموافقت - پھوٹ - اختلاف

ڈسکونٹ (ڈِس - کَونٹ) (انگریزی - DIS-COUNT) (مذکر) کمیشن - کٹوتی - بٹہ ۔

ڈِسمِس (انگریزی - DISMISS) (مؤنث) خارج - معزول - برطرف ۔

ڈسنا (ف) کسی زہردار جانور اور خاص کر سانپ کا کاٹنا ۔

ڈ-ف

ڈف (ڈَف) (۱) مذکر - دائرہ - ڈفلی - ایک قسم کا باجا ۔

ڈفالچی - ڈفالی (ہ - مذکر) ڈفلی بجانے والا - ایک قوم ۔

ڈفلی (۱) مؤنث - دائرہ - چھوٹا دف ۔

ڈ-ک

ڈک (ہ مذکر) مکا - گھونسا ۔

ڈکار (ڈ کار) (ہ) مؤنث) معدے کی وہ ہوا جو منہ کی راہ نکلے

ڈکار نہ لینا (ف) خبر نہ ہونا - ہضم کر جانا - پتہ نہ لگنے دینا ۔

ڈکارنا (ف) معدے کی ہوا کو منہ سے نکالنا (۲) ہضم کرنا - کھانا - قابض ہو جانا (۳) دہاڑنا - گرجنا - شیر کا بولنا ۔

ڈکٹیشن (ڈِک - ٹے - شَن) (انگریزی - DICTATION) (مؤنث) (۱) ہدایت (۲) املا ۔

ڈکٹیٹر (ڈِک - ٹے - ٹَر) (انگریزی - DICTATOR) (مذکر) مطلق العنان حاکم - اعلیٰ افسر ۔

ڈکرا (ڈُک - رَا) (ہ - مذکر) (پورب) بوڑھا - پیر - فرتوت ۔

ڈکرانا (ڈَک - رَا - نَا) (ف) (۱) پھوٹ پھوٹ کر رونا - کراہنا - چلانا - بلبلانا یا دکرنا (۲) شیر کا بولنا ۔

ڈکریا (ہ) مؤنث (پورب) بوڑھی عورت - بڑھیا - ضعیفہ ۔

ڈکشنری (ڈِکشن - نَری) (انگریزی - DICTIONARY) (مؤنث) لغات - کتاب لغت ۔

ڈکوت (ڈَ کَوت) (ہ - مذکر) ایک قوم جس کے افراد باپ کی طرف سے برہمن اور ماں کی طرف سے گراے ہوتے ہیں

ڈکوسنا (ڈَکوسنا) (ف) بہت کھانا - نگلنا (حقارتاً بولتے ہیں) ۔

ڈکیت (ڈَکیت) (ہ - مذکر) لٹیرا - رہزن - ڈاکو ۔

ڈکیتی (ہ - مؤنث) (۱) قزاقی - راہزنی - لوٹ مار (۲) قانوناً چار سے زیادہ چوروں کا مل کر سرقہ کرنا ۔

ڈ-گ

ڈگ (ڈَگ) (ہ - مذکر) لمبا قدم ۔

ڈگ بھرنا (ف) قدم اٹھانا - قدم رکھنا ۔

ڈگانا (ڈُ گَا - نَا) (ف) جگہ سے ہٹانا - جگہ سے بے جگہ کرنا - پھسلانا ۔

ڈگڈگا (ڈَگ - ڈَگا) (ہ) ڈگڈگانا کا امر ۔

ڈگڈگا کر پانی پینا (ف) ایک دم میں بہت سا پانی پینا - بڑے بڑے گھونٹ لینا ۔

ڈگڈگانا (ف) لمبے گھونٹ بھر کر پینا ۔

ڈگڈگی (ڈُگ - ڈُگی) (ہ) مؤنث (۱) بندر والوں کی ڈفلی ڈورا (۲) ڈونڈی - ڈھنڈورا ۔

ڈگر (ڈَگَر) (ہ) مؤنث - راستہ - سڑک - راہ ۔

ڈگرا (ڈُگ - رَا) (ہ - مذکر) (پورب) بانس کا چھبڑا - ٹوکرا ۔

ڈگری (انگریزی - DEGREE) (مؤنث) (۱) کامیابی کی سند (۲) درجہ - منزل ۔

ڈگری اگزیمنیشن (DEGREE EXAMINATION) (مذکر) بی - اے کے درجے کا امتحان ۔

ڈگری (ڈِگ - رِی) (دھنہد) انگریزی ڈکری - DECREE) مؤنث حکم - فیصلہ - عدالت کا فرمان ۔

ڈگری اجمالی (۱) مؤنث ۔ مشترک ڈگری ؎

ڈگری اقبالی (۱) مؤنث ۔ اقبال پر دی ہوئی ڈگری ؎

ڈگری پانا (۱) قطعی فیصلہ حاصل کرنا ۔ فتح پانا ۔ مقدمہ جیتنا ؎

ڈگری دار (۱) وہ شخص جس نے مقروض پر ڈگری حاصل کی ہو ؎

ڈگمگ (ڈگ مگ ۔ مگ) (۱) ہلتا ہوا ۔ کانپتا ہوا ۔ لرزاں ؎

ڈگمگانا (۱) لڑکھڑانا ۔ کانپنا ۔ لرزنا ۔ ہلنا ؎

ڈگن (ڈگن) (۱) مؤنث ۔ مچھلی کے شکار کا آلہ ؎

ڈگنا (ڈگ ۔ نا) (۱) جگہ سے بے جگہ ہونا ۔ سرکنا ۔ ہٹنا ۔ ہلنا ۔ ڈگمگانا ۔ پھسل کر نیچے گرنا ؎

ڈگی (ڈگ ۔ گی) (۱) مؤنث ۔ رکنا (فقرہ) ڈھنڈورا ۔ اعلان ؎

ڈ-ل

ڈل (ڈل) (۱) مذکر (۱) دستہ ۔ گروہ (۲) دولت (۳) کشمیر کی مشہور جھیل (۴) پڑا ناگرا ہوا کنواں ؎

ڈلا (ڈ ۔ لا) (۱) مذکر (۱) ڈھیلا ۔ کلوخ (۲) بڑے حجم کی چیز ۔ بڑا ٹکڑا ؎

ڈلا سا (۱) (۱) بڑا سا (۲) سونے کے ڈلے جیسا زرد چمکدار رنگ (۳) خالص چیز ؎

ڈلا (ڈل ۔ لا) (۱) مذکر ۔ ہندی (۱) شاخوں کا بنا ہوا ٹوکرا (۲) ٹوکرا (۳) ٹوکرا جو شادی کے دن دولہا دلہن کے لئے اپنے ساتھ لاتا ہے ؎

ڈلانا (ڈ ۔ لا ۔ نا) (۱) ہلانا ۔ جنبش دینا (۲) پھرانا ۔ حیران کرنا ؎

ڈلاؤ (ڈ ۔ لا ۔ ؤ) (۱) مذکر ۔ غلاظت پڑنے کی جگہ ۔ گھورا ؎

ڈلک (ڈ ۔ لک) (۱) مؤنث ۔ چمک دمک ۔ جھلک ۔ تاب ؎

ڈلکنا (۱) چمکنا ۔ دمکنا ؎

ڈلنا (ڈل ۔ نا) (۱) پڑنا ۔ گرنا ؎

ڈلوری (ڈل ۔ و ۔ ری) (انگریزی) DELIVERY (۱) مؤنث (۱) تحویل ۔ تفویض (۲) تقسیم (۳) وضع حمل ؎

ڈلی (ڈ ۔ لی) (۱) مؤنث ۔ (۱) ایک قسم کی چکنی چھالیا (۲) منجمد چیز ۔ کسی چیز کا ٹکڑا (۳) خرما ۔ بالو شاہی ۔ مصری کا ٹکڑا ؎

ڈلیا (ڈل ۔ یا) (۱) مؤنث (۱) چھوٹی ٹوکری (۲) ذرا سا ٹکڑا ؎

ڈ-م

ڈمرو (ڈم ۔ رو) (۱) مذکر ۔ سنسکرت ۔ ڈگڈگی ۔ ایک قسم کا باجا ؎

ڈ-ن

ڈنٹسٹ (ڈن ۔ ٹسٹ) (۱) انگریزی ۔ DENTIST (۱) مذکر ۔ دندان ساز ۔ مصنوعی دانت بنانے والا ؎

ڈنٹل ہاسپٹل (انگریزی) DENTAL HOSPITAL (۱) مذکر ۔ وہ ہسپتال جہاں خاص طور پر دانتوں کا علاج ہوتا ہو ۔ دانتوں کا ہسپتال ؎

ڈنٹھل (ڈن ۔ ٹھل) (۱) مذکر (۱) مولی کی شاخ جس پر پھول آتا ہے (۲) ٹہنی ؎

ڈنڈ (ڈنڈ) (۱) مذکر (۱) ڈنڑ ۔ بازو (۲) ایک قسم کی ورزش جو پہلوان کیا کرتے ہیں (۳) تاوان ۔ جرمانہ ۔ فدیہ ؎

ڈنڈ بھرنا یا ۔ دینا (۱) جرمانہ دینا ۔ تاوان ادا کرنا ؎

ڈنڈ پیل (۱) مذکر ۔ ڈنڑ پیلنے والا پہلوان ۔ وہ شخص جو صرف ڈنڑوں کی ورزش کرتا ہو ؎

ڈنڈ پیلنا (۱) ڈنڑوں کی ورزش کرنا ؎

ڈنڈ ڈالنا (۱) محصول لگانا ۔ تاوان ڈالنا ۔ ٹیکس عائد کرنا ؎

ڈنڈا (ڈن ۔ ڈا) (۱) مذکر (۱) سونٹا ۔ لکڑی کا ہاتھ میں رکھنے کا سونٹا (۲) جھنڈے کی لکڑی (۳) چار دیواری ۔ احاطہ ؎

ڈنڈا ڈولی کرنا (۱) ہاتھ پاؤں پکڑ کر زمین سے اُدھر اُٹھا لینا ؎

ڈنڈا سی لونچھ برہان پور ملڈھانہ کا راستہ (۱) (مثل) ننگے سر و سامانی کی حالت میں سفر کرنا ؎

ڈنڈا کھینچنا (۱) دیوار کھینچنا ۔ حد مقرر کرنا ۔ جدا کر دینا ؎

ڈنڈوت (ڈن ۔ ڈ ۔ وت) (۱) مؤنث (۱) سجدہ ۔ ماتھا ٹیکنا ۔ جبہ سائی (۲) آداب ۔ تسلیم ۔ بندگی ؎

ڈنڈوکا (ڈن ۔ ڈو ۔ کا) (۱) مذکر ۔ ٹوٹی ہوئی تلوار جس کا کوئی ٹکڑا قبضے میں لگا رہ گیا ہو ۔

ڈنڈی (ڈن ۔ ڈی) (۱) مؤنث (۱) دستہ ۔ قبضہ (۲) ترازو کی وہ لکڑی جس میں دونوں پلڑے باندھے جاتے ہیں ۔ شاہین (۳) نال ۔ تیک (۴) ہار سنگار کے پھول (۵) پھول کی شاخ ۔ پھول کا ڈنٹھل (۶) عضوِ تناسل ؎

ڈنڈی مارنا (۱) کم تولنا ۔ چالاکی سے ترازو کی ڈنڈی جھکا

دینا ♦

ڈنڈے (۵) مذکر۔ ڈنڈا کی جمع۔ چھوٹی چھوٹی گول لکڑیاں ♦

ڈنڈے بجاتے پھرنا (۵) آوارہ و سرگرداں پھرنا۔ بیکار پھرنا۔ اپنے گھر سے پھرنا ♦

ڈنڈیا (ڈن۔ڈِیا) ہرہ۔ مذکر۔ بازار کی آمدنی وصول کرنے والا

ڈنڈیر (ڈن۔ڈِیر) (ہ) مؤنث۔ (ہندو) (ع) سیدھی لکیر۔ سیدھا خط ♦

ڈنر (انگریزی۔ DINNER) (مذکر) کھانا۔ ضیافت ♦

ڈنڑ (ڈنتر) (ہ۔ مذکر) دیکھو ڈنڈ پیل ♦

ڈنک (ڈَنک) (ہ۔ مذکر) (۱) نیش۔ خار۔ کانٹا۔ زہریلا کانٹا (۲) نب۔ لوہے کا قلم (۳) جونک کے کاٹنے کا نشان وغیرہ

ڈنک مارنا (ہ) (۱) کسی زہریلے جانور کا کاٹنا (۲) کسی دشمن کا نیش زنی کرنا ♦

ڈنکا (ڈَن۔کا) (ہ) مذکر۔ (۱) چوب۔ نقارہ بجانے کی لکڑی (۲) نقارہ۔ دھونسا (۳) گھڑی کا دھونسا (۴) عروج۔ شہرت وغیرہ

ڈنکا بجنا (ہ) مشہور ہونا۔ نام پانا۔ دھوم ہونا۔ دھوم مچنا ♦

ڈنکا ڈالنا (ہ۔۱) مرغ کو مرغ سے لڑانا۔ مرغ کی بازی مقرر ہونا (۲) مرغ کا چونچ مارنا ♦

ڈنکا ہونا (ہ) نقارہ بجنا ♦

ڈنکنی (ڈَنک۔نی) (ہ) مؤنث۔ عورت کی ایک قسم (۲) ڈائن (۳) جھگڑالو اور لڑاکا عورت ♦

ڈنکے کی چوٹ کہنا (ہ) منادی کرنا۔ ڈھنڈورا پیٹنا۔ صاف صاف کہنا۔ کھلم کھلا کہنا ♦

ڈنگر (ڈَن۔گر) (ہ) مذکر۔ مویشی۔ حیوان ♦

ڈنگیا (ڈَنگ۔یا) (۱) پانی بھرنے اور پینے کا دستہ دار تانبے وغیرہ کا چھوٹا برتن (۲) چھوٹی کشتی۔ ناؤ۔ ڈونگا ♦

ڈنمارک (ڈِن۔مارک) (انگریزی DENMARK) (مذکر) جرمنی کے شمال کی طرف ایک ملک ♦

ڈ-و

ڈوا (ڈُو۔وا) (ہ۔ مذکر) بڑی ڈوئی۔ لکڑی کا بڑا چمچہ ♦

ڈوب (ڈُوب) (ہ۔ مذکر) (۱) غوطہ۔ ڈبکی (۲) کپڑے کو رنگ میں ڈبونا (۳) قلم کو سیاہی میں بھرنا (۴) ڈوبنا کا امر ♦

ڈوبا (ڈُو۔با) (ہ) مذکر (۱) قلم کو سیاہی میں بھرنا (۲) ڈبکی ♦

ڈوبا بنس کبیر کا جو جائے پوت کمال (ہ)، **رام رام دھن بیچ کے لائے جا رہنو اں اہل**، ترجمہ: کبیر کا وہ خاندان ڈوب گیا۔ جس میں کمال جیسا بیٹا پیدا ہوا۔ کیونکہ وہ دھرم کی دولت بیچ کر چار جھڑیں (اشرفیوں سے لدی ہوئی) لے آیا۔ اس موقع پر بولتے ہیں۔ جب کوئی نالائق بیٹا خاندان کو بدنام کرے ♦

ڈوبا بھرنا۔ یا۔ لینا (ہ) قلم کو سیاہی میں ڈبونا ♦

ڈوبا نام اچھالنا (ہ) از سر نو عزت و توقیر اور نام آوری پیدا کرنا۔ گمنامی کی حالت سے نکالنا۔ نام روشن کرنا ♦

ڈوبتے کو تنکے کا سہارا ہونا (ہ) مایوس کو تھوڑی مدد بھی بہت کام دے جاتی ہے۔ مصیبت زدہ کو ذرا سا سہارا بھی امداد دے جاتا ہے ♦

ڈوب جانا (ہ) (۱) غرق ہو جانا (۲) دریا میں بہ جانا (۳) غائب ہو جانا (۴) روپیہ مارا جانا (۵) تباہ و برباد ہونا (۶) رسوا ہو جانا (۷) عزت جاتی رہنا (۸) نکما ہونا۔ کام کا نہ رہنا (۹) (عو) لڑکی یا لڑکے کا بری جگہ بیاہا جانا (۱۰) ناکامیاب ہونا ♦

ڈوب مرنا (۱) شرم و غیرت یا بدنامی کے باعث پانی میں غرق ہونا۔ جان دے دینا۔ مر جانا ♦

ڈوبنا (ہ) (۱) غرق ہو جانا (۲) دریا برد ہونا (۳) چھپنا۔ غروب ہونا (۴) ضائع جانا۔ رقم کا وصول نہ ہونا (۵) نیست و نابود ہونا (۶) تباہ و برباد ہونا (۷) دیوالہ نکلنا۔ نقصان ہونا (۸) ذلیل ہونا (۹) گیا گزرا ہونا (۱۰) (عو) بری جگہ یا برے خاندان سے پالا پڑنا (۱۱) ناکامیاب ہونا ♦

ڈوبی ہوئی رقم ہری ہونا (ہ) ایسی رقم مل جانا جس کے ہاتھ آنے کی کوئی امید نہ ہو ♦

ڈوڈا (ڈُو۔ڈا) (ہ۔ مذکر) خول۔ وہ چیز جس کے اندر بیج رہتے ہیں۔ کوکنار ♦

ڈور (ڈُور) (ہ) مؤنث (۱) دھاگا۔ رشتہ۔ سوت کی باریک رسی ♦

ڈورا (ہ) مذکر (۱) تاگا۔ دھاگا۔ ریسمان۔ تار۔ ڈور (۲) خط۔ لکیر۔ ریکھا (۳) آنکھ کی رگیں یا سرخی (۴) تلوار کی دھار (۵) ڈوئی دار کٹورا۔ گھی ڈالنے یا پانی نکالنے کا ایک ظرف (۶) گرم گھی کو بھیگے ہوئے چاولوں میں ڈالنا (۷) تار نظر۔ دام محبت (۸) سرمے کی لکیر جو آنکھوں کی خوبصورتی کے

لئے باہر تک کھینچ دیتے ہیں۔ گونبا۔ چشم (۱۰) وہ ناپ جو ڈورے سے لیا جائے (۱۱) ناچنے والے یا معشوق کی گردن کی حرکت (۱۲) جال۔ دام۔ فریب ◆

ڈورا ڈالنا ف۔ (۱) دام محبت میں پھنسانا۔ مائل کرنا ◆

ڈورو (ڈو۔ رو) (۲)۔ مذکر۔ ایک قسم کا باجا۔ ڈگڈگی ◆

ڈوری (۲) مؤنث۔ (۱) پتلی رسی (۲) پانی بھرنے کی رسی۔ رسن (۳) خیمے کی رسی۔ طناب (۴) ریشم وغیرہ کا بٹا ہوا ڈورا۔ جو اکثر عورتیں انگیا وغیرہ کے سرے پر ٹانکتی ہیں (۵) وہ رسی جس سے پلنگ کی چادر کسی جاتی ہے (۶) جریب۔ زمین ناپنے کی رسی (۷) ململ (۸) تانے یا دودھ کے لینے کا دستی کٹورا ◆

ڈوری ڈھیلی چھوڑنا ف۔ (ع) کسی کی طرف سے غافل ہو جانا ◆

ڈوری کھینچنا ف۔ (ہندو) (ع) یاد کرنا۔ بلانا۔ طلب کرنا ◆

ڈورے (۲) مذکر۔ ڈورا کی جمع ◆

ڈورے ڈالنا ف۔ (۱) گنڈے ڈالنا۔ تاگے ڈالنا (۲) پیار بنانا۔ مائل کرنا (۳) (ع) سر گوندھنا۔ مینڈھیاں گوندھنا (۴) چڑیا یا مینا کو پھندے میں پھنسانا ◆

ڈوریا (ڈو۔ ریا) (۲) مذکر۔ (۱) ایک قسم کا دھاری دار باریک کپڑا (۲) کتوں کا محافظ۔ شکاری کتوں کو سدھانے والا آدمی ◆

ڈوک (ڈوک) (۲) مؤنث۔ حیوانات کی ایک بیماری جو پھیپھڑے میں ہو جاتی ہے ◆

ڈوکرا۔ ڈوکرا (ڈو۔ کرا۔ ڈوک۔ را) (۲) مذکر۔ پورب۔ بوڑھا۔ بوڑھک ◆

ڈوکری (ڈوک۔ ری) (۲) مؤنث۔ بڑھیا ◆

ڈوکنا (ڈوک۔ نا) (ف) پورب (۱) قے کرنا (۲) بہت سا پینا (۳) چوسنا ◆

ڈوگر (ڈو۔ گر) (۲)۔ مذکر۔ (۱) مسلمانوں اور ہندوؤں میں ایک ذات (۲) دیکھو: ڈوگرا ◆

ڈوگرا (ڈوگ۔ را) (۲)۔ مذکر۔ راجپوتوں کی قوم جو پنجاب کی شمالی پہاڑیوں میں رہتی ہے ◆

ڈول (ڈول) (۲)۔ مذکر۔ کنوئیں سے پانی بھرنے کا چرمی یا آہنی ظرف ◆

ڈَول (ڈَول) (۲)۔ مذکر۔ (۱) ڈھنگ۔ طور۔ طریقہ (۲) فیشن۔ انداز۔ قطع وضع (۳) خاکہ۔ ڈھانچا کسی چیز کے بنانے کا کچا نقشہ (۴) نمونہ۔ انداز (۵) قسم۔ ڈھنگ (۶) صورت شکل (۷) تخمینہ۔ تکدمہ (۸) (مؤنث) کھیت کی

اونچی حد۔ باڑھ ◆

ڈول پر لانا ف (۱) سڈول بنانا (۲) ڈھب پر لانا۔ کام کا بنانا ◆

ڈول ڈالنا ف (۱) ڈھچر ڈالنا۔ بنیاد قائم کرنا (۲) موقع نکالنا۔ ڈھب نکالنا ◆

ڈول واصل باقی (۲) مذکر۔ جمع خرچ (۱) بقیہ معاملے کا نقشہ ◆

ڈولا (ڈو۔ لا) (۲) (۱) کھیت کی باڑھ۔ مینڈ۔ کھیت کی چار دیواری (۲) خراج کا تخمینہ (۳) گھونا: جماع۔ مجامعت (۴) (پنجابی) شانے اور کہنی کا درمیانی حصہ ◆

ڈولا (ڈو۔ لا) (۲)۔ مذکر۔ (۱) محافہ۔ میانہ۔ ایک قسم کی گول پالکی۔ سکھپال (۲) سواری۔ زنانہ سواری ◆

ڈولا چھیننا ف۔ (۱) (ع) لکھنؤ کسی عورت کا دوسری عورت کے خاوند سے نکاح یا شادی کر لینا (۲) حقارتاً ڈولی پر چڑھ کر جانا ◆

ڈولا دینا ف (۱) کسی بادشاہ یا سردار کی زوجیت میں بیٹی کو فخریہ نذر دینا (۲) غریب آدمی کا کسی امیر آدمی سے بیٹی بیاہنا ◆

ڈولچی (۲) مؤنث۔ ڈول کی تصغیر۔ پانی بھرنے یا کھینچنے کا چھوٹا سا چرمی یا آہنی ظرف ◆

ڈولنا (ڈول۔ نا) (ف) (۱) گھومنا۔ چلنا۔ پھرنا۔ ٹہلنا (۲) آوارہ پھرنا۔ بھٹکنا (۳) حرکت کرنا۔ متحرک ہونا (۴) مذکر۔ ڈولا۔ گہوارہ۔ ایک ظرف ◆

ڈولنا (ف) گھبرانا۔ ڈول ڈالنا ◆

ڈولی (۲) مؤنث۔ زنانہ پردہ دار سواری۔ محافہ ◆

ڈولی آئی ڈولی میرے من میں جاوے (۲) مثل (۱) اس موقع پر

ڈولی میں سے نکل پڑا ہونٹوں بلاؤ پر مذاقاً کہتے ہیں۔ جب بدصورت بیوی بیاہ کر لائی جائے (۲) جب کسی بات کا بہت اشتیاق ہو اور وہ امید کے خلاف ظاہر ہو۔ تو اس وقت بھی عورتیں یہ مثل بولتی ہیں ◆

ڈولی نہ کہاری بی بی بنی ہیں تیار (۲) مثل۔ سامان کچھ نہیں۔ ارادے بڑے بڑے ◆

ڈوم (ڈوم) (۲)۔ مذکر۔ (۱) مغنی۔ میراثی۔ قوال۔ گانا گانے والا (۲) ایک قوم جس کا پیشہ گانا بجانا ہے (۳) پورب۔ ایک نیچ قوم جو اکثر چھاجے وغیرہ بناتی ہے (۴) کنجر۔ سازنواز۔ سنگیتا ◆

ڈوم پنا (۲)۔ مذکر۔ ڈوم کا پیشہ۔ خوشامد بے جا ◆

ڈومنی (۲)، مؤنث (۱) مغنیہ۔ میراثن (۲) ڈوم کی بیوی (۳) پردہ دار عورتوں میں ناچنے گانے والی عورت (۴) ایک چڑیا ◆

ڈومنی پنا کرنا (ہ) (۱) ناچنے گانے کا کام کرنا۔ ناچنا۔ گانا۔ (۲) دلفریب و معشوقانہ حرکات کرنا ۔

ڈونڈ (ڈُو نڈ) (ہ۔ مذکّر) (۱) ایک سینگ کا بیل (۲) مُڑے ہوئے سینگوں والا بیل ۔

ڈونڈا (ڈُون۔ ڈَہ) (ہ) وہ بیل جس کا ایک سینگ ٹوٹا یا مڑا ہوا ہو ۔

ڈونڈی (ڈُون۔ ڈِی) (ہ۔ مؤنّث) ڈھنڈورا۔ منادی۔ شہرت ۔

ڈونڈی پھیرنا۔ یا پیٹنا (ہ) منادی کرنا۔ ڈھنڈورا پیٹنا۔ اعلان کرنا ۔

ڈونگا (ڈُوں۔ گا) (ہ) (۱) گہرا۔ عمیق۔ گہرا ۔

ڈونگا (ڈُوں۔ گا) (ہ۔ مذکّر) (۱) ایک قسم کی چھوٹی کشتی۔ چھوٹی ناؤ۔ بجرا (۲) پانی بھرنے کا ڈنڈی دار برتن۔ آبخورا (۳) ڈونی ۔

ڈونگر (ڈُوں۔ گَر) (ہ۔ مذکّر) (۱) اونچی زمین۔ بلند سطح (۲) پہاڑ۔ کوہ۔ ٹیلا۔ پربت (۳) پہاڑی ملک ۔

ڈونگر پھل (ہ۔ مذکّر) ایک نہایت تلخ گھاس کا پھل جو گھوڑوں کو دی جاتی ہے ۔

ڈونگری (ہ) مؤنّث۔ چھوٹی پہاڑی ۔

ڈونی (ہ۔ مؤنّث) (۱) ڈونگی (۲) وہ چھوٹی سی کشتی جو بڑی کشتی یا جہاز کے ہمراہ وقت بے وقت اترنے کے لئے بندھی رہتی ہے ۔

ڈوئی (ڈُو۔ ای) (ہ۔ مؤنّث) لکڑی کا چمچہ جس سے پکا ہوا کھانا نکالتے یا ہانڈی میں چلاتے ہیں۔ کفچہ۔ چوبی ۔

ڈویژن (ڈِوی۔ ژن) (انگریزی۔ DIVISION) مذکّر (۱) علاقہ (۲) حصّہ (۳) فوج کا حصّہ ۔

ڈویژنل جج (انگ DIVISIONAL JUDGE) (مذکّر) ایک علاقے کا جج ۔

ڈ-ھ

ڈھابا (ڈھا۔ با) (ہ۔ مذکّر) (۱) والتی (۲) جال۔ دام (۳) پرچھتی (۴) (ہندو) باورچی کی دکان ۔

ڈھاپنا (ہ) دیکھو ڈھانپنا ۔

ڈھاٹا (ڈھا۔ ٹا) (ہ۔ مذکّر) (۱) کپڑے کی پٹی جسے منہ کے گرداگرد باندھ کر ڈاڑھی چڑھاتے ہیں (۲) وہ کپڑا جس سے مُردے کا منہ باندھتے ہیں ۔

ڈھاٹا باندھنا (ہ) منہ کے ارد گرد پٹی باندھنا ۔

ڈھاٹی (ڈھا۔ ٹی) (ہ) مؤنّث (۱) وہ کپڑا جو گھوڑے کے منہ میں لگام کی بجائے دے دیتے ہیں (۲) پھانسی۔ پھندا ۔

ڈھاٹی چڑھانا۔ یا۔ دینا۔ یا لگانا (ہ) (۱) گھوڑے وغیرہ کے منہ سے لگام کی بجائے کپڑا باندھنا (۲) منہ بند کرنا (۳) میت کے ملکہ کو کپڑا باندھنا ۔

ڈھارس (ڈھا۔ رَس) (ہ) مؤنّث۔ مدد۔ پشتی۔ یاری۔ تسلّی ۔

ڈھارس بندھنا (ہ) استقلال ہونا۔ دلیری ہونا۔ ہمّت بندھنا۔ دل کی مضبوطی ہونا ۔

ڈھارس دینا (ہ) تقویت دینا۔ دلاسا دینا۔ تسلّی دینا۔ ہمّت باندھنا ۔

ڈھاڑی (ڈھا۔ ڑی) (ہ) مذکّر۔ ڈوم۔ سازندہ۔ گویا۔ میراثی۔ سنگیتا ۔

ڈھاک (ڈھاک) (ہ) مذکّر۔ ایک درخت جس کے پتے بڑے تین تین پتے ہوتے اور نہایت خوشنما پھول کھلتے ہیں۔ ایک اچھل درخت ۔

ڈھاک پھولنا (ہ) ڈھاک کا پھول کھلنا جس سے تمام جنگل سرخ نظر آتا ہے ۔

ڈھاک تلے کی بیباقی شہر میں لینا دینا (۱) مثل، (۲) اس موقع پر بولتے ہیں۔ جب کسی بات کا فیصلہ ہو جانے کے باوجود کوئی نہ کوئی ایسی بات لگی رہے۔ جس سے وہ فیصلہ بیکار ہو جائے ۔

ڈھاک کے تین پات (ہ) مثل (۱) ہمیشہ مفلس و نادار نظر آنا (۲) ہمیشہ ایک حال پر رہنا (۳) اس موقع پر بھی بولتے ہیں جب کوئی شخص اپنی بات پر اڑا رہے اور قائل نہ ہو ۔

ڈھاکہ (ڈھا۔ کہ) (ہ۔ مذکّر) بنگال کا مشہور شہر ۔

ڈھاکہ پاٹن (ہ) مؤنّث۔ ڈھاکہ کا بنا ہوا ایک قسم کا کپڑا ۔

ڈھال (ڈھال) (ہ) مؤنّث (۱) نشیب۔ پستی (۲) سپر۔ تلوار اور تیر وغیرہ کے روکنے کا آلہ (۳) (گنوار) مانند۔ مثل (۴) ڈھالنا کا امر ۔

ڈھال تلوار سرھانے اور چور بندی خانے (ہ) مثل، چور ابھی جیل خانے میں سڑ رہے ہیں۔ اور یہاں ڈھال تلوار سرھانے رکھ کر سوتے ہیں۔ کہ آئیں گے تو لڑیں گے ۔

ڈھالنا (ہ) (۱) دھات کو پگھلا کر قالب میں ڈالنا۔ سانچے میں ڈالنا (۲) لٹانا۔ انڈیل دینا ۔

ڈھالو - ڈھالواں (ڈھا-لُو- ڈھال-واں) (ص) ڈھلواں - ڈھلوان - ڈھلواں - ڈھلوان - نشیب - اتار ۔ (۲) چکنا ۔ ٭

ڈھانا (ڈھا-نا) (ف) (۱) گرانا - مسمار کرنا - توڑنا (۲) مٹانا - برباد کرنا - ستم - آفت وغیرہ برپا کرنا ٭

ڈھانپنا (ڈھانپ-نا) (ف) ڈھانکنا - چھپانا ٭

ڈھانچ (ڈھانچ) (ا-مذکر) بے بنے پلنگ - چارپائی - کرسی وغیرہ کا چوکھٹا - خاکہ - ڈول - کالب ٭

ڈھانڈا (ڈھان-ڈا) (ا-مذکر) (گنوار) (۱) بوڑھا بیل (۲) (پنجاب) ڈھور ڈنگر کا ڈھیر (۳) (گنوار) پیٹ - شکم ٭

ڈھانڈا چلنا (ف) (گنوار) پیٹ چلنا - دست آنا ٭

ڈھاندنا (ڈھاند-نا) (ا-مذکر) جوان کبوتر ٭

ڈھانکنا (ڈھانک-نا) (ف) ڈھانپنا - چھپانا - ڈھکنا - پردہ ڈالنا ٭

ڈھائی (ڈھا-ئی) (ص) اڑھائی - دو اور آدھا - ۲½ ٭

ڈھائی چلو لہو پینا (ف) (عو) حالتِ غصب میں کسی کو مار ڈالنے یا غصہ فرو کرنے کے لیے لہو پینا ٭

ڈھائی دن کی بادشاہت کرنا (ف) دولہا بننا - نوشہ بننا (۲) چند روزہ حکومت کرنا - تھوڑے دنوں عروج میں رہنا ٭

ڈھائی گھڑی کی آنا (ف) (بددعا) ڈھائی گھڑی کے اندر مر جانا ٭

ڈھائیں (ڈھا-ئیں) (ا-مؤنث) (عوام) بیل چڑھانے کے لیے لکڑیوں کا ٹھاٹھر ٭

ڈھب (ڈھب) (ا-مذکر) (۱) ڈھنگ - طور - طریقہ - روش (۲) وضع - صورت (۳) چسکا - عادت (۴) قسم - طرز ٭

ڈھب پر چڑھانا - یا - لگانا (ف) دم میں لانا - قابو میں لانا - اپنے مطلب کا بنانا ٭

ڈھب پر چڑھنا (ف) ہتھے چڑھنا - قابو میں آنا - بس میں آنا ٭

ڈھب ڈالنا (ف) (۱) عادت ڈالنا - عادی بنانا (۲) سکھانا - تربیت کرنا (۳) راستہ نکالنا - رسائی پیدا کرنا ٭

ڈھب ڈھب قلیہ (ا-مذکر) پتلا اور بہت سے شوربے کا بے مزہ سالن - شوربا دار سالن ٭

ڈھب ڈھب کی بات (ا-مؤنث) معقول اور موقع موقع کی گفتگو - راہ راہ کی بات ٭

ڈھبڈھبانا - ڈھبڈبانا (ڈھب-ڈھبا-نا) (ف) تیرنے میں ہاتھ پاؤں مارنا ٭

ڈھبری (ڈھب-ری) (ا-مؤنث) پیچ کے اوپر کا لوہا جو اس کے نکل جانے کے اندیشے سے کستے ہیں ۔ نٹ ٭

ڈھبنس (ڈھب-نس) (ا) بدقطع جانور ٭

ڈھبوس (ڈھبوس) (ص) (۱) موٹا (۲) بھدا ٭

ڈھبیلا (ڈھبی-لا) (ص) سڈول - سجیلا - خوش شکل ٭

ڈھپ (ڈھپ) (ا-مذکر) دف ٭

ڈھپالی (ڈھپا-لی) (ا-مذکر) ڈفالی - ڈفالچی - دف بجانے والا ٭

ڈھپڑ پانا (ف) ڈھیروں پر ہاتھ مارنا ٭

ڈھپنا (ڈھپ-نا) (ف) (عوام) (۱) ڈھکنا - چھپنا (۲) مذکر - ڈھکن ۔

ڈھپو (ڈھپ-پو) (ص) بڑا - موٹا ٭

ڈھٹ (ڈھٹ) (ص) (۱) مضبوط - کڑا (۲) غت کیڑا ٭

ڈھٹائی (ڈھٹا-ئی) (ا-مؤنث) (۱) بےشرمی - بےحیائی (۲) ہٹ - ضد (۳) گستاخی - بے ادبی ٭

ڈھٹنڈی (ڈھٹ-ن-ڈی) (ا-مؤنث) نظربندی ٭

ڈھٹنگر - ڈھٹینگرا (ڈھٹین-گر) ڈھٹینگ-نا (۱) **ڈھٹینگڑ - ڈھٹینگڑا** (ڈھٹین-گڑ) ڈھٹینگ-نا (ا-مذکر) آدمی - بونا (۲) بیگانہ - بیگانہ - غیر ٭

ڈھچر (ڈھچر) (ا-مذکر) (۱) ڈھیمو - ڈھانچ (۲) بوڑھا - کمزور - ہڈیوں کا پنجر ٭

ڈھڈو (ڈھڈ-ڈو) (ا-مؤنث) (۱) بوڑھی عورت - سن رسیدہ - کہن سال (۲) بکواسی - بکی (۳) ایک شور مچانے والی - مٹیالے رنگ کی چڑیا جسے ڈومنی بھی کہتے ہیں ٭

ڈھڈو کا - یا - ڈھڈو والا (ا-مذکر) احمق - الو - گدھا - بے وقوف ٭

ڈھڈھ (ڈھڈھ) (ا-مذکر) جانوروں کی دم کے پر نکلنے کی جگہ ٭

ڈھڈہا (ڈھڈ-ہا) (ص) (۱) ترو تازہ - سرسبز - سیراب - خرم (۲) نہایت زرد یا سرخ چہچہاتا شوخ رنگ (۳) بھڑکیلا - چمکیلا - تاباں (۴) ڈہڈہانا کا امر ٭

ڈہڈہانا (ف) سرسبز ہونا - شاداب ہونا - کھلنا - پھولنا ٭

ڈھڈی - ڈھڈھی (ڈھڈ-ڈی - ڈھڈ-ڈھی) (ا-مؤنث) (۱) مقعد کے اوپر کی ہڈی (۲) ایک قسم کا حقہ ٭

ڈہر (ڈہر) (ا-مذکر) (۱) جوہڑ - برساتی پانی کا تالاب (۲) نشیب - نیچی زمین (۳) جہاز یا کشتی کا پیندا (۴) قسم کا وہ زرد رنگ جو شہاب سے پیشتر نکلتا ہے ٭

ڈہرا (ڈہ-را) (ا-مذکر) کشتی کی وہ جگہ جہاں تختوں کی

منبعوں سے پانی آکر جمع ہو۔

ڈھرا (ڈھر۔را) (۱) مذکر۔ (عوام) راستہ۔ شاہراہ۔ وہ راستہ جو بات دن چلے۔

ڈھرّا (۱) مذکر۔ کوٹلا۔ پٹھا۔ چوتڑ کے اوپر کا حصّہ جس پر اکثر پہلوان حریف کو چڑھا کر دے مارتے ہیں۔

ڈھسلنا (ڈھسل۔نا) (۲) پھسلنا۔ ڈھلنا۔ مائل ہونا۔ جھکنا۔

ڈھسّی (ڈھس۔سی) (۲) (عوام) (۱) بیہودہ (۲) کمینہ۔

ڈھکانا (ڈھ۔کا۔نا) (۲) ترساتا۔

ڈھکنا (ڈھک۔نا) (۱) مذکر۔ سرپوش۔ چپنی۔ ڈھکنی (۲) چھپانا۔ ڈھانکنا۔ پوشیدہ کرنا۔

ڈھکوس (ڈھکوس) (۱) ڈھکوسنا کا امر (۲) مؤنث، پیاس۔

ڈھکوسلا (ڈھکوس۔لا) (۱) مذکر (۱) دم۔ دھوکا (۲) بیہودہ اور مہمل بات۔

ڈھکوسنا (۲) بہت کھانا یا پینا۔

ڈھکّی (ڈھک۔کی) (۱) مؤنث۔ شکار وغیرہ کے لیے جھک کر اور چھپ کر بیٹھنا۔

ڈھکیل (ڈھکیل) (۱) ڈھکیلنا کا امر۔

ڈھکیل دینا۔ ڈھکیلنا (۲) دیکھو دھکیلنا۔

ڈھگ (ڈھگ) (۱) (عوام) نزدیک۔

ڈھگّا (ڈھگ۔گا) (۱) مذکر (۱) دبلا اور لمبی ٹانگوں کا گھوڑا۔ اسپ لاغر (۲) (پنجابی) بیل۔ نر گاؤ (۳) بیوقوف۔ احمق۔

ڈھل (ڈھل) (۱) ڈھلنا کا امر۔

ڈھل (ڈھل) (۱) ڈھلنا کا امر۔

ڈھلان۔ ڈھلان (ڈھلان۔ ڈھلان) (۱) مؤنث۔ (۱) ڈھال۔ نشیب۔ پستی (۲) میلانِ خاطر۔ رجحان۔

ڈھلانا (۲) (عوام) دیکھو ڈھلوانا۔

ڈھلت (ڈھلت) (۱) مؤنث۔ قالب یا سانچے کی ڈھلی ہوئی چیز۔

ڈھلتی پھرتی چھاؤں کبھی ادھر کبھی اُدھر (۱) مثل۔ زمانہ اور دولت کبھی ایک حال پر نہیں رہتے کبھی ایک کے موافق۔ کبھی دوسرے کے موافق۔

ڈھلڑ (ڈھل۔لڑ) (۱) ڈھیلا ڈھالا۔

ڈھلک (ڈھلک) (۱) ڈھلکنا کا امر۔

ڈھلک (ڈھلک) (۱) ڈھلکنا کا امر۔

ڈھلکا (ڈھل۔کا) (۱) مذکر۔ آنکھ سے پانی بہنے کی بیماری۔

ڈھلکانا (۲) (۱) لنڈھانا۔ بہانا (۲) لڑھکانا۔ غلطاں کرنا۔

ڈھل کمرا (ڈھل۔کم۔را) (۱) نامرد۔

ڈھلکنا (۲) (۱) اوپر سے نیچے آنا۔ بہنا۔ ٹپکنا۔

ڈھلکنا (۲) لڑھکنا۔ غلطاں ہونا۔

ڈھلمل (ڈھل۔مل) (۱) ڈھلملانا کا امر (۲) ہلتا ہوا۔ لڑکھڑاتا ہوا (۳) مذبذب۔

ڈھلمل یقین (۱) مذبذب۔ ضعیف الاعتقاد۔ متلون مزاج۔

ڈھلملانا (۲) ڈگمگانا۔ لڑکھڑانا۔ ڈانواں ڈول ہونا۔ پس و پیش کرنا۔ مذبذب ہونا۔ متردّد ہونا۔

ڈھلنا (۲) (۱) بہنا۔ رواں ہونا۔ گرنا (۲) گھٹنا۔ اترنا (۳) جوانی یا حسن و جمال کا گھٹنا (۴) ٹلک پڑنا۔ جھول جانا (۵) لڑھکنا۔ غلطاں ہونا (۶) گزرنا (۷) سورج کا نصف النہار سے گزرنا (۸) سانچے یا قالب کے ذریعے سے تیار ہونا (۹) عمدہ مضامین اور اشعار کا موزوں ہونا (۱۰) انڈیلا جانا۔

ڈھلنا (۲) (۱) نیچے کی طرف جانا۔ لڑھکنا۔ پھسلنا (۲) مائل ہونا۔ متوجّہ ہونا۔

ڈھلوان (۱) پھسلواں۔ سلامی۔ جھکواں۔

ڈھلوانا (۲) سانچے یا قالب میں بنوانا۔

ڈھلوانا (۲) اسباب اُٹھوانا۔ بوجھ ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا۔

ڈھلوائی (ڈھل۔وا۔ئی) (۱) مؤنث۔ گویا۔

ڈھلوائی۔ یا۔ ڈھلائی (۱) مؤنث۔ بوجھ اُٹھوانے یا ڈھلوانے کی مزدوری۔

ڈھلیا (۔) ڈھالنے والا۔

ڈھلیت (ڈھلیت) (۱) مذکر (۱) وہ شخص جو ڈھال تلوار باندھے رہے (۲) گاؤں کا چوکیدار (۳) ڈھلائی کا کام کرنے والا۔ سانچے میں ڈھالنے والا۔

ڈھمڈھمی۔ ڈھمڈھمی (ڈِم۔ڈِ۔می) (۱) مؤنث۔ ڈگڈگی۔

ڈھنڈار (ڈھن۔ڈار) (۱) نہایت بڑا اور ویران مکان۔

ڈھنڈنا (ڈھنڈ۔نا) (۲) تلاش ہونا۔ جستجو ہونا۔

ڈھنڈوانا (۲) تلاش کرانا۔ کھوج لگانا۔

ڈھنڈورا (ڈھنڈو۔را) (۱) مذکر (۱) ڈگڈگی۔ ڈھول (۲) منادی۔ تشہیر۔

ڈھنڈورا شہر میں لڑکا بغل میں (۱) (مثل) اپنے

اس چیز سے کھیلتے ہوئے اِدھر اُدھر تلاش کرنا ۔

ڈھنڈورچی ۔ ڈھنڈوریا (۱) مذکر ۔ منادی کرنے والا ۔ مشتہر ۔

ڈھنگ (ڈھَنگ) (۱۔ ۵) مذکر (۱) طریقہ ۔ طور ۔ روش (۲) چال چلن ۔ رویہ (۳) طرز ۔ قطع وضع (۴) سیرت عادت (۵) ہنر ۔ سلیقہ (۶) انداز ۔

ڈھنگ ڈالنا (۵) بنیاد ڈالنا ۔ کوئی کام شروع کرنا ۔ راستہ ڈالنا ۔

ڈھوانا (ڈھَوا ۔ نا) (۵) گروانا ۔ منہدم کرانا ۔

ڈھو ۔ ڈھو (ڈھَو ۔ ڈھَو) (۵) مذکر (ڈھوا) کبڈی ۔ لڑکوں کا ایک کھیل ۔

ڈھورا (ڈھَو ۔ را) (۵) مذکر ۔ (ع) (۱) مٹی کا ایک بڑا برتن ۔ مٹکا (۲) ٹھوکر ۔ پڑا نا اور کچا گھر ۔

ڈھوٹا (ڈھَو ۔ ٹا) (۵) مذکر ۔ بیٹا ۔ پسر ۔ لڑکا ۔

ڈھوڈا (ڈھَو ۔ ڈا) (۵) مذکر (۱) ڈھانچا ۔ قالب ۔ (۲) تعزیہ (۳) گھر ۔ جھونپڑا (۴) کارخانہ ۔ کاروبار (۵) دکھاوا ۔ ظاہری ٹیپ ٹاپ ۔

ڈھور (ڈھَور) (۵) مذکر ۔ ہندی ۔ مویشی ۔ ڈنگر ۔

ڈھوسر (ڈھُو ۔ سَر) (۵) مذکر ۔ ہندوؤں کی ایک ذات ویش ۔ بنیا ۔

ڈھوکا (ڈھَو ۔ کا) (۵) مذکر ۔ پانچ گنڈوں کا مجموعہ ۔

ڈھوکنا (ڈھَوک ۔ نا) (۵) چھپ کر شکار کرنا ۔

ڈھول (ڈھَول) (۵) مذکر ۔ طبل ۔ مردنگ ۔ ایک مشہور باجے کا نام ۔ تنبور ۔

ڈھول ڈھمکا (۵) مذکر ۔ باجا گاجا ۔ دھوم دھڑکا ۔ دھوم دھام ۔

ڈھول سے کھال کہی گئی (۵) کہاوت ۔ جو کچھ باقی رہا تھا ۔ وہ بھی جاتا رہا ۔

ڈھول کے اندر پول (۵) مثل ۔ نرا دکھاوا ۔ اصل میں کچھ نہیں ۔

ڈھولا (ڈھَو ۔ لا) (۵) مذکر (۱) کھیتوں اور زمین کی سرحد جتانے کے لئے بنایا ہوا نشان (۲) طاق یا گنبد کا قالب (۳) (ع) احمق ۔

ڈھولا (ڈھَو ۔ لا) (۵) مذکر (۱) ایک مشہور پنجابی عاشق (۲) ایک پنجابی گیت (۳) عاشق ۔ دھوکا دینے والا عاشق (۴) پیارا (۵) بچہ ۔ لڑکا ۔ بیٹا ۔

ڈھولک ۔ ڈھولکی (۵) مؤنث ۔ چھوٹا ڈھول ۔

ڈھولکیا (۵) مذکر ۔ ڈھول بجانے والا ۔

ڈھولنا (۵) مذکر (۱) ڈھول کی شکل کا ایک چھوٹا سا گلے کا زیور (۲) چھوٹی تقطیع کا قرآن شریف ۔

ڈھولی (ڈھَو ۔ لی) (۵) مؤنث ۔ زیادہ سے زیادہ دو سو اور کم سے کم دو سو یا ایک سو پانوں کی گڈی ۔

ڈھونا (۵) (۱) بوجھ اٹھانا ۔ بوجھ کا ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا ۔ لادنا (۲) (ع) اٹھا لے جانا ۔ چوری سے لے جانا ۔

ڈھونچا (ڈھَون ۔ چا) (۵) ساڑھے چار کا پہاڑہ ۔

ڈھنڈ (ڈھَنڈ) (۵) (۱) خراب ۔ خستہ (۲) ضعیف ۔

ڈھونڈ (ڈھُونڈ) (۵) مؤنث ۔ تلاش ۔ جستجو ۔

ڈھونڈ ڈھانڈ (۵) سراغ ۔ کھوج ۔ تلاش ۔

ڈھونڈنا (۵) تلاش کرنا ۔ کھوج لگانا ۔ پتہ لگانا ۔

ڈھویا (۵) مذکر (ع) پھولوں ۔ ترکاری اور فصلی میوہ وغیرہ کی ڈالی ۔

ڈھیٹو (ڈھَیٹو) (۵) بڑے قد کا ۔ تنومند ۔ طویل القامت ۔

ڈھیٹی (ڈھَیٹی) (۵) مؤنث ۔ ایک جگہ جم جانا ۔ دھرنا دے کر بیٹھ جانا ۔

ڈھیٹی دینا (۵) (۱) جم کر بیٹھنا ۔ ایسا بیٹھنا کہ اٹھنے کا نام نہ لینا (۲) مفت کھانے کے لئے اڑ بیٹھنا (۳) زبردستی رہنا ۔ بوجھ ڈالنا ۔

ڈھی (ڈھی) (۵) مذکر ۔ کراڑا ۔ دریا کا اونچا کنارا ۔

ڈھے (ڈھے) (۵) ڈھینا کا امر ۔

ڈھے پڑنا ۔ یا ۔ ڈھے جانا (۵) (۱) گر پڑنا ۔ مکان کا گر پڑنا (۲) تہ پڑنا ۔ اتر پڑنا ۔

ڈھیا (ڈھی ۔ یا) (۵) مؤنث (۱) اڑھائی سیر کا باٹ ۔ اڑھائی سیر وزن (۲) مذکر ۔ گاؤں ۔ دیہ ۔ قریہ ۔ پاس کا گاؤں (۳) ڈھائی کا پیمانہ ۔

ڈھیٹ ۔ ڈھیٹھ (ڈھیٹ ۔ ڈھیٹھ) (۵) (۱) ضدی ۔ اڑیل ۔ سرکش ۔ بیباک (۲) شوخ ۔ جو کسی کا کہنا مانے (۳) بیحیا ۔ بے شرم ۔

ڈھیر (ڈھیر) (۵) مذکر (۱) تودہ ۔ انبار ۔ کھلیان ۔ اٹالا ۔ انبوہ ۔ ہجوم ۔ بھیڑ ۔ مجمع (۳) قبر (۴) (ع) بہت ۔ کثرت ۔ افراط ۔

ڈھیر کرنا (۵) (۱) جمع کرنا ۔ فراہم کرنا (۲) مار ڈالنا ۔ لاش ڈال دینا (۳) خاک کا تودہ بنانا ۔

ڈھیر ہو جانا (۵) (۱) تھک جانا (۲) مکان کا ٹوٹ پھوٹ کر گر پڑنا (۳) مر کر قبر بن جانا ۔ مر جانا ۔ انبار لگ جانا ۔

ڈھیرا (ڈھی-رَا) (۱) پورب۔ کج بین - بھینگا - احول ؁

ڈھیری (۱) مؤنث - ڈھیر کی تصغیر ؁

ڈھیمنڈ (۱) مذکر و مؤنث، ڈنکوار (۱) آنکھ کا عین (۲) کوڑھ ؁

ڈھیڑ - ڈھیمڑ - ڈھیمڑو (ڈھیڑ - ڈھیمڑو) (۱) مذکر (۱) کوّا (۲) ہندوؤں کی ایک نیچ قوم جو مردار کھاتی ہے (۳) اس قوم کا ایک آدمی (۴) چمار - کمینہ (۵) احمق - بے وقوف ؁

ڈھیل (ڈِھیل) (۱) مؤنث (۱) دیر - درنگ - وقفہ - تامل - عرصہ (۲) سستی - کاہلی (۳) فرصت - مہلت بے پروائی (۴) جھول ؁

ڈھیل دینا (۱) ڈوری چھوڑنا - مہلت دینا (۲) کنکوّے کو ڈوری دے کر بڑھانا (۳) بے پروائی برتنا - توجہ نہ رکھنا ؁

ڈھیل کرنا (۱) دیر کرنا - تامل کرنا - وقت گزارنا - تضیع اوقات کرنا ؁

ڈھیلا (۱) (۱) متحمل (۲) سست - کاہل (۳) فراخ - کھلا ہوا (۴) نامرد - کم شہوت ؁

ڈھیلا پاجامہ (۱) مذکر - کھلا ہوا - پاجامہ - غرارہ دار پاجامہ ؁

ڈھیلا پڑجانا - یا - ہوجانا (۱) (۱) کشادہ ہونا - چست یا تنگ نہ رہنا (۲) دھیما ہوجانا - نرم پڑجانا - غصہ کم ہوجانا - ٹھیک ہوجانا (۳) نامرد ہوجانا - شہوت نہ رہنا (۴) سست یا کمزور ہوجانا ؁

ڈھیلا پن (۱) مذکر (۱) فراخی - کشادگی (۲) سستی - کاہلی (۳) زنانہ پن - نامردی ؁

ڈھیلا پیچ (۱) مذکر (۱) وہ گندھے ہوئے بال جو بھووں تک ہوں (۲) وہ پگڑی کا پیچ جو بھووں پر پڑتا ہو ؁

ڈھیلا ڈھے - اا (۱) مذکر (۱) کلوخ - ڈھیم - ڈلا - مٹی کا بڑا ٹکڑا (۲) آنکھ کے اندر کا گول حصہ ؁

ڈھیلا لینا (۱) پیشاب کے بعد ڈھیلے سے نمی خشک کرنا ؁

ڈھیلی (۱) مؤنث (۱) کشادہ - فراخ (۲) سست - کاہل (۳) نازک - کمزور - ناتواں ؁

ڈھیلی چھوڑنا - یا - دینا - یا - ڈالنا (۱) (۱) مہلت دینا (۲) خبر نہ لینا (۳) تاخیر کرنا (۴) آزادی دینا ؁

ڈھیلی زنلخ - ڈھیلے زناخ (۱) (۱) مؤنث - سست و کاہل عورت (۲) مذکر - تنانہ مزاج آدمی ؁

ڈھیم (ڈِھیم) (۱) مذکر - ڈھیلا - مٹی کا بڑا ڈلا - کلوخ ؁

ڈھبنا (۱) (۱) گرنا - اینٹ سے اینٹ بجنا - مسمار ہونا - (۲) مشکل حل ہونا (۳) ڈھیلا ہونا - لاقصہ ہونا ؁

ڈھبنڈ - ڈھینڈا ؁ ڈھینڈ - ڈھینڈھا (۱) مذکر (۱) پیٹ (۲) حمل - گابھ (۳) حرام کا پیٹ - حرامی حمل ؁

ڈھینڈا پھلانا (۱) حاملہ ہونا - حمل رکھانا ؁

ڈھینڈس (ڈِھیں - ڈس) (۱) مذکر (۱) ایک قسم کا گول کدو جیسے میٹھا ہوتا ہے (۲) تیسا - خایہ - خصیہ ؁

ڈھینک (ڈھینک) (۱) مذکر - دیکھو ڈھینکلا ؁

ڈھینکا (ڈھیں - کا) (۱) مذکر (۱) کولھو کی لاٹھ (۲) سارس - کلنگ - ایک بڑی ٹانگوں والا مردار خوار جانور ؁

ڈھینکلی (ڈھینک - لی) (۱) مؤنث (۱) پانی کھینچنے کی لمبی لکڑی - آب کش (۲) آڑی سیون - کپڑا سینے کا ایک طریقہ (۳) دھان کوٹنے کا آلہ - قلا بازی ؁

ڈھینکی (ڈھیں - کی) (۱) مؤنث - پورب - دھان کوٹنے کا آلہ ؁

ڈھینگ (ڈھینگ) (۱) ایک دریائی جانور - لم ڈھینگ مخفف ؁

ڈھینگر (ڈِھیں - گر) (۱) کمزور - دُبلا ؁

ڈ - ی

ڈی (ڈی) انگ - D (مؤنث) انگریزی کا چوتھا حرف ؁

ڈی - ایس - پی (انگ - D. S. P (مذکر) ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس ؁

ڈی - سی (انگ - D. C (مذکر) ڈپٹی کمشنر ؁

ڈیٹھ (ڈیٹھ) (۱) مؤنث - نظر - نگاہ - بینائی - بصارت ؁

ڈیٹھ بند (۱) مذکر - جادوگر - شعبدہ باز - ساحر ؁

ڈیڈ لیٹر آفس (ڈیڈ - لے - ٹر - آف - فس) (انگریزی DEAD LETTER OFFICE) (مذکر) ڈاک کا وہ دفتر جس میں لاوارث یا واپسی چٹھیاں کھول کر کاتب کے پاس بھیج دی جاتی یا بصورت دیگر جلادی جاتی ہیں ؁

ڈیڈی کیٹ (ڈے - ڈی - کیٹ) (انگریزی - DEDICATE) کسی چیز یا کتاب کو کسی کے نام پر نامزد کرنا - معنون کرنا - منسوب کرنا ؁

ڈیڈیکیشن (ڈے - ڈی - کے - شن) (انگریزی - DEDICATION) (مؤنث)

کا عزوکی۔ تذر گورانا ۰

ڈیر (ڈیْر) (انگ DEAR) (۱) عزیز۔ پیارا (۲) قیمتی ۰

ڈیرا (ڈے۔ را) (ہ) مذکر۔ خیمہ۔ تنبو۔ خرگاہ (۲) عارضی مکان۔ قیام گاہ (۳) گھر۔ خانہ۔ مکان ۰

ڈیرا ڈالنا (ہ) خیمہ ڈالنا۔ رہ پڑنا۔ چھاؤنی ڈالنا۔

ڈیرا کرنا (ہ) اترنا۔ رہنا۔ ٹھہرنا۔ فروکش ہونا ۰

ڈیری (ڈے۔ ری) (انگ DAIRY) مؤنث۔ دودھ اور مکھن بنانے یا رکھنے کا سامان ۰

ڈیری فارم (انگ DAIRY FARM) مذکر۔ ڈیری کے مویشی پالنے کی زمین ۰

ڈیڑھ (ڈیڑھ) (ہ) مذکر۔ ایک اور آدھا۔ یک و نیم۔ $1\frac{1}{2}$ ۰

ڈیڑھ اینٹ کی (جدا) مسجد بنانا۔ یا۔ چننا (و) (۱) اپنی چھوٹی سی مسجد الگ بنانا (۲) شرکت پسند نہ کرنا۔ (۳) کسی کی رائے سے متفق نہ ہونا (۴) تھوڑا سا کام کرکے دل کا حوصلہ نکالنا۔

ڈیڑھ بکائن میاں باغ میں (ل) مثل۔ تھوڑی سی پونجی پر اترانا ۰

ڈیڑھ پا۔ یا۔ ڈیڑھ پاؤ (ہ) مذکر۔ آدھ پاؤ اوپر پاؤ سیر۔ $\frac{3}{8}$ سیر ۰

ڈیڑھ پاؤ چون چوبارے رسوئی (ہ) مثل۔ ذرا سا کام اور بہت بڑا اہتمام ۰

ڈیڑھ چلو لہو پینا (ہ) (عو) دیکھو "ڈھائی چلو لہو پینا" ۰

ڈیڑھ گرہ (ا) مؤنث (۱) وہ گرہ جو آسانی سے کھل جائے (۲) $1\frac{1}{2}$ گرہ ۰

ڈیفنس (ڈی۔ فینس) (انگ DEFENCE) مذکر۔ (۱) حفاظت۔ مقابلہ (۲) عذر۔ بچاؤ۔ مدافعت ۰

ڈیک آنہ (ڈیک۔ آ۔ نہ) (ہ) مذکر (دلال) چھ آنے ۰

ڈیک روپن (ہ) مذکر (دلال) چھ روپے ۰

ڈیل (ڈیل) (ہ) مذکر (عو) (۱) جسم۔ پنڈا۔ تن۔ سر۔ انگ۔ بساط۔ کاٹھی (۲) قدوقامت۔ جسامت (۳) گٹا۔ پاؤں کی انگلیوں کی وہ گانٹھ جو جوتی کی رگڑ سے ہو جاتی ہے۔

ڈیل ڈول (ہ) مذکر۔ تن و توش۔ قدوقامت (۲) شکل و صورت ۰

ڈیلا۔ ڈیلیا (ڈی۔ لا۔ ڈی۔ لیا) (ہ) مذکر۔ ایک پہاڑی درخت جس کا زرد یا سرخ بڑا پھول ہوتا ہے ۰

ڈیلی گیٹ (ڈے۔ لی۔ گیٹ) (انگ DELEGATE) مذکر۔ سفیر۔ ایلچی۔ مختار۔ وکیل۔ نمائندہ۔ مندوب ۰

ڈیمریج (ڈیم۔ ریج) (انگ DEMMRRAGE) مذکر۔ ریل یا جہاز کی حدود کے اندر سے وقت مقررہ کے بعد مال لے جانے کا محصول ۰

ڈیم فول (ڈیم۔ فول) (انگ DAM FOOL) مذکر۔ پاجی۔ گدھا۔ نالائق۔ احمق ۰

ڈیمی (ڈے۔ می) (انگ DEMI) تہائی ۰

ڈیمی آفیشل (انگ DEMIOFFICIAL) نیم سرکاری

ڈیمیج (ڈے۔ میج) (انگ DAMAGE) مذکر۔ (۱) نقصان۔ خسارہ۔ حربہ۔ خرابی (۲) (ی) ٹوٹا پھوٹا مال۔ بگڑا مال ۰

ڈین (ڈین) (انگ DANE) ڈنمارک کا باشندہ ۰

ڈینا (ڈی۔ نا) (ہ) مذکر (گنوار) وہ ڈنڈا جو بیل کی گردن میں باندھ دیتے ہیں ۰

ڈینگ (ڈینگ) (ہ) مؤنث۔ شیخی۔ بڑائی۔ تعلّی ۰

ڈینگ کی لینا۔ ڈینگ مارنا۔ یا۔ ہانکنا (ہ) شیخی بگھارنا۔ اترانا ۰

ڈینگیا (ہ) مذکر۔ شیخی خورا۔ بڑبولا۔ لاف زن ۰

ڈیو (ڈیو) (انگ DUE) (۱) واجب الادا (۲) لازم۔ ضروری (۳) درست ۰

ڈیوٹی (ڈیو۔ ٹی) (انگ DUTY) مؤنث (۱) فرض۔ کام۔ خدمت۔ اطاعت (۲) چنگی کا محصول۔ رسوم ۰

ڈیوڑھا (ڈیو۔ ڑھا) (ہ) مذکر (۱) ایک اور آدھا۔ یک و نیم (۲) ایک قسم کا سود جو پچاس فیصدی لیا جاتا ہے (۳) ریل کا ڈیوڑھا درجہ ۰

ڈیوڑھا لیکھا۔ یا۔ لیکھا ڈیوڑھا برابر ہونا (ل) حساب بے باق ہونا ۰

ڈیوڑھی (ہ) مؤنث۔ یک و نیم۔ ڈیڑھ حصّہ۔ $1\frac{1}{2}$ ۰

ڈیوڑھی (ڈیو۔ ڑھی) (ہ) مؤنث (۱) مکان میں داخل ہونے کا کمرہ (۲) دہلیز۔ آستانہ۔ درگاہ (۳) دخل باریابی۔ آمدورفت۔ دربارداری ۰

ڈیوڑھی بند ہونا (ہ) دربار شاہی یا امرا کے دروازے پر آنا جانا۔ باریابی سے روکا جانا ۰

ڈیوڑھی دار (ہ) مذکر۔ دربان۔ پہرے دار۔ حاجب ۰

ڈیوڑھی کھلنا (ہ) باریاب ہونا۔ باریابی کی اجازت ملنا۔ سرکار میں آنے جانے کی اجازت ملنا ۰

ڈیوک (ڈیوک) (انگ DUKE) مذکر۔ انگلستان میں سب سے بڑے درجے کا امیر۔ نواب ۰

ڈیہ (ڈیہ) (ہ) مذکر۔ کھنڈروں کا ٹیلہ ۰

ذ

ذ۔ (ع) مؤنث۔ اُردو کا تیرھواں۔ فارسی کا گیارھواں اور عربی کا نواں حرف۔ حساب جمل میں اس کے سات سو عدد لئے جاتے ہیں ۞

ذ۔ ا

ذابح (ذَا۔ بِحْ) (ع۔ مذکّر) ذبح کرنے والا ۞

ذات (ذَات) (ع۔ مؤنث) (۱) ہستی۔ مادہ۔ جوہر۔ اصلیت سرشت۔ بنیاد (۲) (ہ) جسم۔ وجود۔ شخص۔ ہر ہر۔ (۳) (ہ) قسم۔ نوع (۴) (ہ) قوم۔ گوت۔ پیدائش۔ نکاس۔ خاندان۔ نسل (۵) حال۔ کیفیت۔ عادت۔ خصلت (۶) مذہب۔ کیش۔ دین (۷) حوصلہ۔ ظرف (۸) عہدہ منصب۔ رتبہ۔ پایہ ۞

ذات الجنب (ع۔ مذکّر) پہلو کا درد۔ پسلی کا درد ۞

ذات الریہ (ع۔ مذکّر) پھیپھڑے کا ورم یا سوزش۔ نمونیا ۞

ذات الصدر (ع۔ مذکّر) سینے کا درد۔ ورم سینہ ۞

ذات پات (ہ) مؤنث۔ ذات گوت۔ سلسلۂ ذات ۞

ذات پات نہ پوچھے کوئی ہر کو بھجے سو ہر کا ہوئی (ہ) مثل۔ گن پیچھے ہوں تو ذات کوئی نہیں پوچھتا ۞

ذات رات (ہ۔ مؤنث) حسب و نسب ۞

ذات سے (۱) وجہ سے۔ دم سے ۞

ذات سے گرا ہوا (ہ) خارج از ذات۔ ناکارہ نکما مرتد۔ بے دین۔ نالائق ۞

ذات شریف (ہ) بڑے حضرت۔ چالاک اور اُستاد۔ شرارت۔ مغفلت۔ مفسد و بیباک ۞

ذات کی کلالی سرا بہ سر نیچے کم ذات کی بلائی سب سے نیچے (ہ) مثل۔ ہتھکی کی عزت سب سے زیادہ ہوتی ہے ۞

ذات کی بیٹی ذات ہی میں جاتی ہے (ہ) مثل۔ شریف کا پیوند شریف ہی میں ہوتا ہے۔ جنس کا لحاظ ضروری ہے ۞

ذات میں بٹا لگنا (ہ) خاندان میں فرق آنا۔ نسل میں عیب لگنا ۞

ذات ونتا۔ ذات ونتی (ہ) (ہ) کلونتا۔ کلونتی۔ خاندانی۔ شریف ۞

ذاتی (ع۔ صفت) (۱) اصلی۔ حقیقی (۲) اپنا۔ نج کا ۞

ذاتی تعلق (ع۔ مذکّر) خالص تعلق۔ خانگی معاملہ۔ نج کا علاقہ ۞

ذاتی جوہر (ع۔ مذکّر) اصلی خوبی۔ حقیقی ہُنر ۞

ذاتی حقوق ملک غیر (ع۔ ف۔ مذکّر) وہ حقوق جو کسی شخص کو ایک شے پر دوسری شے کی ملکیت سے تعلق کے بغیر حاصل ہوں ۞

ذاتی حیثیت (ع۔ مؤنث) (۱) اصلی پونجی۔ خاص سرمایہ (۲) قابلیت خاص۔ وسعت خاص ۞

ذاتی لیاقت (ہ) خاص اپنی لیاقت یا جوہر۔ اصلی قابلیت ۞

ذاتی معاملات (ع۔ مذکّر) اپنے معاملات۔ خانگی امور ۞

ذاکر (ذَا۔ کِرْ) (ع۔ مذکّر) ذکر کرنے والا۔ خدا کی یاد کرنے والا۔ شاغل ۞

ذائقہ (ذَا۔ ئِقَہْ) (ع۔ مذکّر) (۱) مزہ۔ لذّت۔ چکھنے کی قوّت (۲) لطف۔ چسکا ۞

ذائقہ پڑنا (ہ) چسکا پڑنا ۞

ذائقہ دار (ہ) خوش مزہ۔ لذیذ۔ مزے دار۔ خوشگوار ۞

ذ۔ ب

ذبح (ذَبْح) (ع۔ مذکّر) (۱) چھری پھیرنا۔ گلا کاٹنا (۲) شرعی طور پر حلال کرنا ۞

ذبح کرنا (ہ) (۱) حلال کرنا (۲) چھری پھیرنا (۳) قربانی کرنا۔

(۴) لہو لہان کرنا ‎•‎
ذبیح اللہ: ع حضرت اسمٰعیلؑ کا لقب ‎•‎
ذبیحہ (ذَ - بِی - حَہ) (ع - مذکر) شرعی طور پر ذبح کیا ہوا جانور ‎•‎

ذ - خ

ذخیرہ (ذَ - خِی - رَہ) (ع - مذکر) (۱) خزانہ - گنجینہ (۲) گودام گماک (۳) جمع - پونجی ‎•‎
ذخیرہ کرنا (ف) (۱) ڈھیر لگانا - جمع کرنا (۲) گودام بھرنا (۳) آئندہ کی آسائش کے لئے سامان کرنا ‎•‎

ذ - ر

ذرا (ذَ - رَا) (ف) (۱) تھوڑا - کم (۲) جزو - ٹکڑا (۳) یک آن - یک لمحہ ‎•‎
ذرا ذرا (ف) (۱) رتی رتی - حبہ حبہ (۲) ایک ایک جزو - تھوڑا تھوڑا ‎•‎
ذرا سا (ف) بمقدار قلیل - بہت تھوڑا - رتی بھر ‎•‎
ذرا سا منہ نکل آنا (ف) چہرے پر ڈر یا خوف یا بیماری وغیرہ سے لاغری ظاہر ہونا ‎•‎
ذرا عقل کے ناخن لو - ذرا ہوش میں آؤ (ف) ذرا عقل سے بات کرو - بے وقوف نہ بنو - غفلت چھوڑ دو ‎•‎
ذرات (ذَرْ - رَات) (ع - مذکر) ذرہ کی جمع ‎•‎
ذرائع (ذَرَا - رِع) (ع - مذکر) ذریعہ کی جمع ‎•‎
ذرہ (ذَرْ - رَہ) (ع - مذکر) (۱) ان چھوٹے چھوٹے اجزا میں سے ایک جو آفتاب کی شعاع کے ساتھ روزن میں سے دکھائی دیا کرتے ہیں (۲) ایک جو کا سواں حصہ (۳) (ف) تھوڑا - کم قلیل (۴) (ف) وہ جزو جو قابل تقسیم نہ ہو (۵) (ف) ٹکڑا - ریزہ ‎•‎
ذرہ بھر (ف) اشمہ بھر - ذرا سا ‎•‎
ذریت (ذُر - رِی - یَت) (ع - مؤنث) نسل - آل اولاد بال بچے - سلسلہ ‎•‎
ذریعہ (ذَرِی - عَہ) (ع - مذکر) (۱) وسیلہ - واسطہ - طفیل بدولت (۲) (ف) رسوخ (۳) (ف) علاقہ - تعلق - لگاؤ (۴) (ف) سبب - باعث - وجہ ‎•‎
ذریعہ پیدا کرنا (ف) سبب نکالنا - وسیلہ نکالنا - حامی یا مددگار پیدا کرنا ‎•‎

ذ - ق

ذقن (ذَ - قَن) (ع - مذکر) زنخدان - ٹھوڑی ‎•‎

ذ - ک

ذکا (ذُ - کَا) (ع - مذکر) ذہن کی تیزی - جلد فہمی - دانائی - فراست - ذہانت ‎•‎
ذکاوت (ع - مؤنث) ذہانت - دانائی - فراست ‎•‎
ذَکَر (ذَ - کَر) (ع - مذکر) (۱) نر - مرد - جنس (۲) آلۂ تناسل ‎•‎
ذِکر (ذِکر) (ع - مذکر) (۱) یاد - یاد داشت (۲) بیان - چرچا - تذکرہ (۳) خدا کا نام لینا - شغل ‎•‎
ذکر آنا - چلنا - نکلنا - ہونا (ف) کسی شخص کی بابت کچھ گفتگو ہونا - تذکرہ ہونا ‎•‎
ذکر چھڑنا (ف) بات چیت شروع ہونا - حال کی ابتدا ہونا - سخن کا آغاز ہونا ‎•‎
ذکر خیر (ع - مذکر) (۱) نیکی کے ساتھ تذکرہ - بھلائی کے ساتھ یاد (۲) تذکرہ - بات چیت ‎•‎
ذکر کرنا (ف) (۱) خدا کا نام لینا (۲) بیان کرنا - تذکرہ کرنا ‎•‎
ذکر مذکور (ع - مذکر) بات چیت - ذکر اذکار - گفتگو ‎•‎
ذکور (ذُ - کُور) ذکر (مرد) کی جمع ‎•‎
ذکی (ذَ - کِی) (ع) ذہین - تیز فہم - تیز طبع - زود فہم ‎•‎

ذ - ل

ذلالت (ذَ - لَا - لَت) (ع - مؤنث) (۱) ذلت - خواری - (۲) توہین - ہتک (۳) رذالت - کمینہ پن (۴) حقارت (۵) خوار کرنا - رسوا کرنا ‎•‎
ذلت (ذِل - لَت) (ع - مؤنث) خواری - بے قدری - رسوائی - ہتک - حقارت - بے عزتی - توہین ‎•‎
ذلت اٹھانا (ف) ذلیل و خوار ہونا - شرمندہ ہونا ‎•‎
ذلیل (ع) (۱) خوار - بے عزت - حقیر (۲) (ف) نیچ - کمینہ - سفلہ - پاجی - رسوا (۳) (ف) خفیف ‎•‎

ذ-م

ذم (ذَم) (ع) مؤنث۔ ہجو۔ برائی۔ پاپ۔ بدی ۰
ذِمّہ یا ذِمّ۔ مّہ (ع) مذکر (۱) عہد۔ پیمان (۲) ضمانت۔ کفالت (۳) امانت (۴) جوابدہی۔ مواخذہ ۰
ذمّہ دار۔ یا۔ ذمّہ وار (ع۔ف) مذکر (۱) جواب دہ۔ ضامن۔ کفیل (۲) (و) مذکر معتبر۔ اعتبار والا (۳) (و) (مذکر) منتظم۔ کارکن۔ ولی ۰
ذمّہ داری (و) مؤنث۔ ضمانت۔ کفالت (۲) جواب دہی۔ نگہبانی۔ خبرداری۔ پاسبانی ۰
ذمّہ کرنا۔ یا۔ لینا (و) ضامن ہونا۔ جواب دہ ہونا۔ اقرار کرنا۔ حامی بھرنا ۰
ذمّی (ذِم۔ مِی) (ع۔ مذکر) وہ غیر مسلم جو اسلامی حکومت میں رہے اور جزیہ ادا کرے ۰
ذمیمہ (ذَ۔ مِی۔ مَہ) (ع) بُری۔ خراب ۰

ذ-و

ذُو (ع۔ مذکر) صاحب۔ خداوند۔ مالک ۰
ذوا ذناب (ع۔ مذکر) دمدار۔ دمدار ستارے۔ جھاڑو ستارا ۰
ذوار بعۃ الاضلاع (ع۔ مؤنث) (۵) (اقلیدس) چار ضلعوں کی شکل۔ چوکیری شکل ۰
ذواضعاف (ع۔ مذکر) جب ایک عدد کئی عددوں پر پورا تقسیم ہوسکے۔ تو اُسے ان عددوں کا ذواضعاف کہتے ہیں ۰
ذواضعاف اقل (ع۔ مذکر) سب سے چھوٹا ذواضعاف۔ جو عدد کئی عددوں پر پورا تقسیم ہوسکے اور اس سے کوئی چھوٹا عدد ایسا نہ ہو کہ ان عددوں پر پورا تقسیم ہوتا ہو۔ تو اس عدد کو ذواضعاف اقل کہتے ہیں ۰
ذُوالجلال (ع۔ مذکر) صاحب جلال و شوکت۔ عزت اور دبدبہ والا۔ جلیل القدر۔ معزز۔ خدا تعالیٰ کا ایک نام ۰
ذُوالفقار (ع۔ مؤنث) وہ تلوار جو حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کو رسول اللہ علیہ وسلم سے ملی تھی ۰
ذُوالقرنین (ع۔ مذکر) (۱) دو گیسوؤں یا دو سینگوں والا (۲) سکندر اعظم کا لقب۔ مگر اس میں اختلاف ہے کہ وہ یونانی ہی تھا یا کوئی اور ۰
ذُوفنون (ع) (۱) بہت سے فن جاننے والا۔ بہت سے ہنروں سے واقف۔ ہر فن مولا (۲) (و) چال باز۔ فریبی مکار۔ عیار ۰
ذُومعنی (ع) وہ بات جس میں کئی پہلو یا معنی نکلتے ہوں ۰
ذَوق (ذَوْق) (ع۔ مذکر) (۱) مزہ چکھنا۔ چکھنے کی قوت چاشنی (۲) (ف) لذت۔ مزہ۔ ذائقہ۔ حظ (۳) (و) شوق۔ نشاط۔ خوشی (۴) (۱) لطف۔ کیفیت (۵) شیخ محمد ابراہیم دہلوی خاقانی ہند کا تخلص جو بہادر شاہ (دہلی) کے استاد بھی تھے ۰
ذوق سلیم (ع۔ مذکر) درست مذاق۔ صحیح ذوق ۰
ذوی الارحام (ذَوِی۔ اَر۔ حَام) (ع۔ مذکر) وہ رشتہ دار جو شرعی وارث اور باپ کی طرف سے منسوب نہ ہوں ۰
ذوی الفرائض (ع۔ مذکر) شرعی وارث ۰

ذ-ہ

ذہانت (ذَہَا۔ نَت) (ع۔ مؤنث) ذہن کی تیزی۔ فوراً کسی چیز کو سمجھ کر اُس کی تہہ تک پہنچ جانا ۰
ذہب (ذَہَب) (ع۔ مذکر) سونا۔ زر۔ طلا ۰
ذہن (ذِہْن) (ع) مذکر۔ زیرکی۔ دانائی۔ قوتِ مدرکہ۔ سمجھ۔ قابلیت۔ استعداد۔ ادراک۔ ذکا۔ فراست (۲) حافظہ۔ یادداشت ۰
ذہن کھلنا (۱) عقل کا تیز ہوجانا۔ فہم رسا ہونا ۰
ذہن لڑانا (۱) سوچ بچار کرنا۔ سوچنا۔ عقل دوڑانا ۰
ذہن نشین کرنا (۱) سمجھانا۔ ذہن میں بٹھانا۔ تشفی کردینا ۰
ذہنی (ع) (۱) ذہن سے متعلق (۲) دماغی عقلی ۰
ذہنیت (ذِہ۔ نِی۔ یَت) (ع۔ مؤنث) طبیعت کا میلان۔ سبھاؤ ۰
ذہین (ذَہِین) (ع) ذکی۔ تیز طبع۔ تیز فہم۔ ہشیار ۰

ذ-ی

ذی (ذِی) (ع۔ مذکر) دیکھو (ذو) ۰
ذی اختیار (ع۔ مذکر) صاحب حکومت۔ حکومت والا۔ مختار۔ عالی منصب ۰

ذی استعداد (ع۔ مذکر) لائق۔ قابل۔ عالم۔ فاضل ۔
ذی الحجہ (ع۔ مذکر) حج کا مہینہ۔ مسلمانوں کا بارھواں قمری مہینہ جس کی دسویں تاریخ کو عید قربان ہوتی اور نویں کو حج ہوتا ہے ۔
ذی حشمت (ع) عزت دار۔ باوقار ۔
ذی رتبہ (ع۔ مذکر) صاحب منصب۔ عہدہ دار ۔
ذی روح (ع) جاندار ۔
ذی عزت (ع) عزت دار۔ شریف۔ معزز ۔
ذی قعدہ (ع۔ مذکر) مسلمانوں کا گیارھواں قمری مہینہ۔ جو شوال کے بعد اور ذی الحج سے پہلے آتا ہے۔ خالی کا مہینہ۔
ذی وقار (ع) معزز۔ صاحب ثروت ۔
ذی ہوش (ف) ہوشیار۔ سمجھدار۔ فہیم۔ ذہین۔ عاقبت اندیش ۔
ذیابیطس (ذیابیطس) (ع۔ مذکر) مسلسل پیشاب کی بیماری جس میں بار بار پیشاب آتا ہے ۔
ذیل (ذَیل) (ع۔ مذکر) (۱) دامن نیچے کا حصہ۔ نیچے (۲) جرگہ۔ گروہ۔ سلسلہ (۳) علاقہ۔ حلقہ ۔
ذیلدار (ف) مذکر۔ وہ سرکاری عہدیدار جس کے ماتحت چند گاؤں یا قصبے ہوتے ہیں ۔
ذیل میں (ا) نیچے۔ تحت میں ۔

ر

ر (رے) (ع) مؤنث۔ (۱) اُردو کا چودھواں۔ فارسی کا بارھواں اور عربی کا دسواں حرف (۲) حساب جمل میں اس کے دوسو عدد قرار دیئے گئے ہیں ۔

ر۔ا

رَاب (رَاب) (ہ) مؤنث (۱) شیرہ۔ پتلا گُڑ جو اکثر تمباکو میں پڑتا ہے (۲) گنّے کا رس ۔

رابڑی (رَا۔بڑی) (ہ) مؤنث (۱) جوار (۲) جوار۔ باجرے یا مکئی کا نمکین کھچڑی جو چھاچھ میں پکایا جاتا ہے (۲) دیکھو رَبڑی ۔

رابطہ (رَا۔بِطہ) (ع) مذکر (۱) تعلق۔ میل جول (۲) قرابت۔ رشتہ ۔

رابع (رَا۔بِع) (ع) چوتھا ۔

رابعاً (ع) چوتھی دفعہ ۔

رابعہ (ع) چوتھی ۔

رابعہ بصری (ع۔ف) مؤنث۔ بصرہ کی ایک نہایت پرہیزگار پاک دامن اور خدا رسیدہ خاتون جنہیں بہت سی حدیثیں یاد تھیں۔ انہوں نے بغداد سے مدینہ تک ایک نہر بنوائی تھی ۔

رابِز (رَا۔بِز) (ف) بنجر ۔

رانپی۔ رانبی (را۔پی۔ رَان۔پی) (ہ) مؤنث۔ چمڑا تراشنے کا اوزار۔ چمڑا چھیلنے اور صاف کرنے کی کھرپی ۔

رات (رات) (ہ) مؤنث۔ (۱) رَین۔ شب (۲) شام۔ مغرب (۳) اندھیرا۔ تاریکی۔ سیاہی ۔

رات بھاری ہونا (ف) (۱) شب غم یا شب بیماری کا دراز اور ناگوار معلوم ہونا (۲) رات کا منحوس اور خطرناک ہونا ۔

رات بھر (ہ) تمام شب۔ ساری رات ۔

رات بھر ممیائی اور ایک بچہ بیائی (ا) (مثل) محنت زیادہ کی۔ مگر فائدہ نہ ہونے کے برابر ہوا ۔

رات تھوڑی سوانگ بہت (ہ) (مثل) (۱) فرصت کم ہے اور کام زیادہ (۲) عمر کم اور دنیا کے بکھیڑے بہت ۔

رات دن (ہ) مذکر۔ شب و روز۔ آٹھوں پہر ۔

رات کا پیٹ بھاری ہے (ہ) (مثل) "شب آبستن است" کا ترجمہ ہے۔ رات کو حاملہ سے تشبیہ دی گئی ہے کہ خدا جانے صبح کیا حالات پیدا ہوں ۔

رات کی رات (ہ) (۱) صرف ایک شب (۲) آج کی رات ۔

رات گئی بات گئی (ہ) (مثل) وقت ہاتھ سے نکل جانے کے بعد کچھ نہیں ہو سکتا ۔

رات ماں کا پیٹ ہے (ہ) رات عیب پوش اور پردہ نشین عورتوں کا پردہ ہے ۔

رات والا (ہ) مذکر۔ (ص) (۱) بوم۔ اُلّو۔ چغد (۲) ہیضہ (۳) چاند۔ ماہتاب ۔

راتب (ع) مذکر (۱) روزانہ خوراک۔ روزینہ۔ وظیفہ (۲) ہاتھی گھوڑے، کتّے، بلی کی روزانہ خوراک ۔

راتوں رات (ہ) رات بھر میں۔ تمام شب میں ۔

راٹھور (رَا۔ٹھور) (ہ) مذکر۔ راجپوتوں کی شاخ ۔

راج (رَاج) (ہ) مذکر (۱) معمار۔ مکان بنانے والا (۲) سلطنت۔ حکومت۔ بادشاہی۔ فرمانروائی۔ گورنمنٹ۔ سرکار (۳) وقت زمانہ (۴) اختیار۔ خودمختاری ۔

راج استھان (ہ) مذکر (ہندی) شاہی محل۔ راج منڈل دارالخلافہ۔ راجدھانی ۔

راج بنسی (ہ) مؤنث (۱) شاہی خاندان کا آدمی۔ راجہ کے خاندان کا (۲) سانپ۔ ناگ (۳) ایک راجپوت قوم ۔

راج بہا (ہ) مذکر۔ نہر کی چھوٹی شاخ۔ چھوٹی نہر جو کسی نہر یا منبع سے نکل جاتی ہے۔ رجباہا ۔

راج بھنڈار (ہ) مذکر (ہندی) (۱) خزانۂ عامرہ۔ بیت المال۔ خزانۂ شاہی۔ سرکاری مال خانہ ۔

راج بھنگ ہونا (ہ) سلطنت کا تہ و بالا ہونا۔ سلطنت میں زوال ہونا۔ حکومت پامال ہونا ۔

راج پاٹ (ہ) مذکر (ہندی) حکومت۔ بادشاہت۔ سلطنت ۔

راج پتی (ہ) - مذکر (ہندی) ہندو راجکماروں کا لقب یعنی کنور ۔

راج پتنی (ہ) مؤنث (ہندی) ملکہ رانی ۔

راج پوت (ہ) مذکر (ہندی) (۱) شاہزادہ - بادشاہزادہ (۲) چھتری - ہندو راجہ کی اولاد - ایک قوم جو راجگان قدیم کی اولاد سے کئی شاخوں اور گوتوں میں ہندو اور مسلمان دونوں قوموں میں موجود ہے ۔

راج پھوڑا (ہ) مذکر (ہندی) وہ بڑا پھوڑا جو اکثر پیٹھ پر ہوتا اور اس سے آدمی کم بچتا ہے - اسے بعض مغلئی پھوڑا - بعض ملتانی اور بعض لاہوری پھوڑا بھی کہتے ہیں - کاربنکل ۔

راج تلک (ہ) مذکر (ہندی) بادشاہت کا ٹیکہ - وہ تلک جو راج گدی یا ولی عہدی ظاہر کرنے کے لئے لگایا جاتا ہے ۔

راج دربار (ہ) مذکر (ہندی) دربار شاہی - بارگاہ خسروی - دربار بادشاہی ۔

راج دلاری (ہ) مؤنث - (ہندی) شہزادی - راجکماری ۔

راج دھانی (ہ) - مؤنث (ہندی) پایہ تخت - دارالحکومت - دارالخلافہ ۔

راج دھرم (ہ) - مذکر (ہندی) (۱) سرکاری فرض - شاہی کام - شاہی فرائض (۲) شاہی مذہب ۔

راج ڈنڈ (ہ) - مذکر (ہندی) (۱) ٹیکس - سرکاری رسوم (۲) سرکاری جرمانہ - محصول ۔

راج رانی (ہ) مؤنث (۱) دیکھو "راج پتنی" (۲) (تعظیماً) دیوی - درگا - کالکا - دیوتا کی استری ۔

راج روگ (ہ) مذکر (ہندی) (۱) تپ دق - مرض - مہلک کوڑھ - اس مرض کا یہ نام اس لئے تجویز ہوا ہے کہ اکثر نازک بدن امرا اور شرفا ہی کو ہوتا ہے (۲) عرصے تک زیر تجویز رہنے والا مقدمہ (۳) عمارت بنوانے کی لت ۔

راج سبھا (ہ) مؤنث - (ہندی) دربار شاہی - شاہی مجلس ۔

راج کرنا (ہ) - (۱) حکومت کرنا - سلطنت کرنا (۲) عیش کرنا - آرام کرنا - خوش رہنا ۔

راج کمار (ہ) - مذکر راجہ کا بیٹا - راجپوت - کنور - شہزادہ ۔

راج کوی - یا - راج کبی (ہ) - مذکر (ہندی) ملک الشعرا - تمام شاعروں سے بلند پایہ شاعر ۔

راج گدی (ہ) - مؤنث (ہندی) تخت شاہی - تخت سلطنت ۔

راج گری - یا - راج گیری (ہ) مؤنث - معماری - عمارت یا تعمیر کا کام ۔

راج ہٹ (ہ) مؤنث - بادشاہ کی ضد - راجہ کی اکڑ جو کسی طرح نہ ہٹے ۔

راج ہنس (ہ) ایک قسم کی مرغابی جیسی بط - قاز ۔

راجا - راجہ (ہ) مذکر (۱) فرمانروا - بادشاہ (۲) کسی ملک کا (۳) بھلا - بھولا - نادان (۴) تعلقہ دار - امیر - دولتمند ۔

راجا اندر کا اکھاڑا (ہ) مذکر (۱) راجا اندر کی مجلس - راجہ اندر کی محفل رقص و سرود جو تمام دیوتاؤں اور پریوں کا بادشاہ مانا جاتا ہے (۲) بعض وقت طعنہ ناچ رنگ والی محفل - خوبصورت عورتوں کا مجمع ۔

راجا راج پرجا سکھی (ہ) مثل - جہاں کا حاکم اچھا - وہاں کی رعایا خوش ۔

راجا روٹھے گا اپنی نگری لے گا (ہ) مثل - راجا روٹھ کر زیادہ سے زیادہ موقوف کردے گا - اور راجہ اپنی ریاست سے نکال دے گا ۔

راجا کے گھر آئی رانی کہلائی (ہ) مثل - جب کسی غریب آدمی کی بیٹی کسی امیر کے گھر بیاہی جائے تو اس کی نسبت بولتے ہیں ۔

راجا کے گھر موتیوں کا کال ؟ (ہ) مثل (۱) کیا پوچھنا ہے کیا کمی ہے (۲) جس کے پاس کوئی چیز کثرت سے ہو اور وہی نہ ملے تو تعجباً کہتے ہیں - بھلا یہ بھی کیا بات ہے کہ یہ چیز آپ کے پاس نہیں ۔

راجائی (ہ) مؤنث (۱) سلطنت - بادشاہی - فرمانروائی - حکومت (۲) امیری - دولتمندی ۔

راجح (ع) بہتر - غالب - فائق ۔

راجرس (ہ) - مذکر (ہندی) انگریزی راجرس (Rogers) ایک انگریز کا بنانے کا نام - وہاں کے بنے ہوئے چاقو بہت مشہور ہیں ۔

راجع (ع) رجوع کرنے والا ۔

راجی (ع) - امیدوار ۔

راچھ (ہ) - مذکر (۱) پیشہ وروں کے اوزار - کپڑا بننے کا آلہ - بڑھئی اور راج وغیرہ کے اوزار (۲) کرگھے یا جھنجر کے اندر کا پتلا حصہ ۔

راچھس (ہ) مذکر (ہندی) (۱) راکشس - بد سرکش لوگ - ظالم - جن بھوت پریت (۲) ہندوؤں کے اعتقاد کے مطابق ایک سینگوں والی قوم جو راجاؤں

کے خلاف رہتی تھی ؛

راحت (رَا۔حَت) (ع۔مؤنث) آرام۔آسائش۔سکھ ؛

راحت جان (ع۔صفت) (۱) دل خوش کرنے والا۔ معشوق۔بیوی اور اولاد کے لئے استعمال کرتے ہیں (۲) ایک قسم کا کھانا ؛

راحل (رَا۔حِل) (ع) کوچ کرنے والا ؛

راحلہ (رَا۔حِلَہ) (ع۔مذکر) سواری کا جانور ؛

راحم (رَا۔حِم) (ع) رحم کرنے والا ؛

راد (رَاد) (ہ۔مؤنث) پیپ۔مواد۔زخم کی پکی ہوئی آلودگی ؛

رادھا (رَا۔دھا) (ہ۔مؤنث) (۱) رادھکا۔کرشن جی کی ایک پیاری گوپی (۲) مجازاً قدرت۔فطرت ؛

رادھا کو یاد کرو (۱) جاؤ ہوا کھاؤ۔اپنا کام کرو۔ ہمیں کچھ سروکار نہیں ؛

راڑ (رَاڑ) (ہ۔مؤنث) جھگڑا۔ٹنٹا۔فساد۔لڑائی۔دنگہ ؛

راز (رَاز) (ف۔مذکر) بھید۔پوشیدہ بات ؛

رازداری (ف۔مؤنث) بھید چھپانا۔اخفائے راز ؛

راز فاش کرنا (۱) بھید کھولنا۔پوشیدہ بات کا بیان کرنا ؛

راز و نیاز (۱) مذکر (۱) عاشق و معشوق کی پوشیدہ باتیں۔ پیار اور اخلاص۔ناز نخرہ (۲) دعا۔بندگی۔مناجات۔ (۳) بعض لوگ غلطی سے عجز و نیاز ؛

راز و نیاز کی باتیں (۱) مؤنث۔پیار اخلاص کی باتیں۔ عاشق و معشوق کے رموز و کنایات ؛

رازق (ع) مذکر۔رزق دینے والا۔پروردگار۔ رب العالمین ؛

راس (رَاس) (ع۔مذکر) (۱) سر خصوصاً مویشی کا سر۔ جانور کا سر۔ وہ لفظ جو مویشی کی گنتی کے ساتھ بطور تعداد آتا ہے (۲) (مؤنث) خشکی کا وہ گوشہ جو پانی میں دور تک چلا جائے (۳) (ریاضی) زاویہ کی نوک۔زاویہ کا سر (۴) راہو نیم ستارے کا عربی نام جس کی مدت دورہ ہر برج میں ۱۸ ماہ قرار دی گئی ہے (۵) آسمانی برج (۶) ناچ۔کھیل تماشا (۷) گھوڑے کی لگام یا باگ ڈور (۸) موافق۔ سود مند (۹) کھلیان ؛

راس الجدی (ع۔مذکر) خط جدی کا وہ نقطہ جہاں سورج پہنچنے سے ہمارے ہاں جاڑا شروع ہوتا ہے ؛

راس السرطان (ع۔مذکر) کرک ریکھا۔خط سرطان کی وہ جگہ جہاں سورج کے پہنچنے سے ہمارے ہاں گرمی شروع ہو جاتی ہے ؛

راس چکر (ہ۔مذکر) منطقۃ البروج۔وہ دائرہ جس پر آسمان کے بارہ برج مقرر ہیں ؛

راس دھاری (ہ۔مذکر) وہ ناچنے والا شخص جو کرشن جی اور ان کی گوپیوں کے کھیل کی نقل کرے ؛

راس لیلا (ہ۔مؤنث) کرشن جی اور ان کی گوپیوں کا کھیل ؛

راس ملنا (ہ) (۱) دو شخصوں کے نام کے اوّل حروف کا ملنا (۲) دو آدمیوں کی قسمت کا یکساں ہونا (۳) موافقت ہونا ؛

راس و ذنب (ع۔مذکر) راہو اور کیت وہ دو ستارے جن کے سبب کسوف و خسوف ہوتا ہے ؛

راست (رَاسْت) (ف) سیدھا۔درست۔ٹھیک۔صحیح (۲) موافق۔ساز گار۔موزوں ؛

راست باز (ف) سچا۔ایماندار۔دیانتدار ؛

راست بازی (ف۔مؤنث) ایمانداری۔دیانتداری۔سچائی ؛

راست گو (ف) سچا۔صاف گو ؛

راستہ (رَاس۔تَہ) (ف۔مذکر) (۱) لغوی معنی صف بان اور اصطلاحاً راہ۔طریق۔سڑک (۲) رسم و قاعدہ۔طریقہ۔ڈھنگ ؛

راستہ دیکھنا (۱) انتظار کرنا ؛

راستی (ف۔مؤنث) سچائی۔صدق۔دیانت داری۔ امانت داری ؛

راسخ (رَا۔سِخ) (ع) پکا۔مضبوط۔دیرپا۔مستقل ؛

راسی (رَا۔سی) (ہ) (۱) اوسط نسل کا گھوڑا (۲) بے پروا (۳) معمولی ؛

راشد (رَا۔شِد) (ع) ہدایت ماننے والا ؛

راشن (رَا۔شَن) (انگریزی - RATION) (مذکر) راتب۔رسد۔فی کس خوراک ؛

راشی (رَا۔شی) (ع۔مذکر) (۱) رشوت دینے والا۔رشوت لینے والا کے معنی میں غلط ہے ؛

راضی (رَا۔ضی) (ع) (۱) خوش۔رضا مند (۲) صابر۔شاکر (۳) تندرست۔بھلا چنگا ؛

راضی برضا (ع) خدا کے حکم پر راضی۔تسلیم کرنے والا ؛

راضی کرنا (۱) خوش کرنا۔آمادہ کرنا۔رضامند کرنا ؛

راضی نامہ (ع۔ف۔مذکر) باہمی فیصلے کی وہ تحریر جو فریقین کی رضامندی سے داخل کی جاتی ہے۔صلح نامہ

راعی (رَا۔عِی) (ع ۔ مذکر) چرواہا (۲) کنایۃً ، بادشاہ (۳) ایلچی ۔

راغ (رَاغ) (ف ۔ مذکر) (۱) پہاڑ کے نیچے کا میدان ۔ سبزہ زار (۲) جنگل ۔

راغب (رَا۔غِب) (ع ۔ مذکر) مائل ۔ خواہشمند ۔

رافت (رَا۔فَت) (ع ۔ مؤنث) مہربانی ۔

رافضی (رَا۔فِضِی) (ع ۔ مذکر) (۱) وہ گروہ جو اپنے سردار کو چھوڑ دے (۲) مرادًا ، وہ پیروانِ حضرت علی کرم اللہ وجہہ جنہوں نے جنگ جمل میں آپ کا ساتھ چھوڑ دیا تھا ۔

رافع (رَا۔فِع) (ع) (۱) بلند کرنے والا (۲) حرف کو پیش دینے والا ۔

راقم (رَا۔قِم) (ع ۔ مذکر) کاتب ۔ لکھنے والا ۔ نویسندہ ۔

راکب (رَا۔کِب) (ع ۔ مذکر) جانور یا جہاز پر سوار ہونے والا ۔

راکھ (ہ) مؤنث ۔ خاکستر ۔ بھسم ۔ بھبھوت ۔ بھوبل ۔ کسی جلی ہوئی چیز کی خاک ۔

راکھی (رَا۔کھِی) (ہ ۔ مؤنث) ہاتھ رکشا یعنی محافظت کرنے والا ڈورا ۔ ہندو یہ ڈورا سلونو کے تہوار میں کلائی پر باندھتے ہیں ۔ رکھڑی ۔

راگ (رَاگ) (ہ ۔ مذکر) (۱) نغمہ ۔ ترانہ ۔ سماع ۔ لَے ۔ سُر (۲) قصّہ ۔ کہانی (۳) جھگڑا ۔ فساد ۔

راگ دینا (ہ) (۱) دم دینا ۔ دھوکا دینا (۲) (ہندو) رسم بیٹھک دینا ۔ کسی کے نام کا گانا کرانا ۔

راگ رنگ (ہ) مذکر ۔ رنگ رلیاں ۔ عیش و عشرت ۔ کھیل تماشا ۔

راگ لانا (ہ) (۱) جھگڑا نکالنا ۔ ستانا ۔ بکھیڑا پھیلانا (۲) کھیلنا (۳) جوش اور ولولے میں آنا ۔

راگ مالا (ہ) مؤنث (۱) وہ کتاب جس میں راگ کے اصول اور مختلف راگنیوں کا بیان درج ہو (۲) لمبا قصّہ ۔

راگنی (ہ) مؤنث (۱) راگ کی بیوی (۲) راگ کا ہر شعبہ ۔ کل راگوں کی چھتیس ۳۶ راگنیاں ہیں ۔ (۳) بدکار عورت ۔

رال (رَال) (ہ ۔ مؤنث) لعاب دہن جو اکثر بچوں یا بوڑھوں کے منہ سے بہا کرتا ہے ۔ منہ کا چیپ (۲) چیڑ کا گوند ۔

رال ٹپکنا (ہ) (۱) منہ سے رطوبت کا نکلنا (۲) مزے کے کھانے سے منہ میں پانی بھر آنا (۳) عاشق ہونا ۔

رام (رَام) (ف) تابع ۔ مطیع ۔ فرمانبردار ۔

رام بنانا ۔ یا ۔ کرنا (ف) تابع کرنا ۔ فرمانبردار بنانا ۔ قابو میں لانا ۔

رام (رَام) (س ۔ مذکر) (۱) پرمیشور ۔ پروردگار (۲) پرسرام ۔ وشنو اور رام چندر جی کا خطاب (۴) صفت خوشگوار (۴) خوب صورت (۵) سیاہ ۔

رام بھجن (ہ) مذکر ۔ یادِ خدا ۔ مناجات ۔

رام بھجو (ہ) ندا (ہندو) خدا کا نام لو ۔ باز آؤ ۔

رام پھل (ہ) مذکر ۔ ایک قسم کا سرخ رنگ سرخی مائل شریفہ جو رامچندر جی کو بہت مرغوب تھا ۔

رام تُرئی (ہ) مؤنث ۔ ایک قسم کا کدّو ۔ گھیا ۔

رام جانے (ہ) (قسمیہ) (ہندو) (۱) خدا جانے (۲) خدا کی قسم ۔ خدا کو گواہ کرتا ہوں ۔

رام جنی (ہ) مؤنث ۔ (۱) ہندو رنڈی ۔ کسبی ۔ بیسوا ۔

رام چھوڑی اجودھیا من بھاوے سو لے جائے ۔ جو چیز چھوڑ دی اس سے کچھ مطلب نہیں ۔ خواہ اسے کوئی لے لے ۔

رام رام (ہ ۔ مذکر) (۱) ہندوؤں کا باہمی سلام (۲) صاحب سلامت (۳) توبہ توبہ ۔

رام رام جپنا پرایا مال اپنا (ہ) مثل ۔ بظاہر پرہیزگاری اور باطن میں بے ایمانی ۔

رام دانہ (ہ) مذکر ۔ ایک قسم کا بیج جس کی مالا بناتے ہیں ۔

رام دہائی (ہ) مؤنث ۔ (ہندو) (۱) خدا کی قسم (۲) خدا کی پناہ ۔

رام رس (ہ) مذکر (ہندو) (۱) ذوق الٰہی (۲) نمک ۔ لون ۔

رام رولا (ہ) مذکر (ہندو) (۱) مذہبی جوش ۔ مناجات خوانی (۲) غل شور ۔

رام کہانی (ہ) مؤنث (۱) رامائن ۔ رامچندر جی کی بڑی اور طولانی داستان (۲) طولانی سرگزشت ۔

رام کی مایا (ہ) مؤنث ۔ خدا کے کھیل ۔ قدرتی نمائش فطرت نیچر ۔

رام لیلا (ہ) مؤنث ۔ دسہرے کا میلا ۔ رامچندر جی کی فتحیابی اور لڑائی کی نقل ۔

رام نومی (ہ) مؤنث ۔ رامچندر جی کے جنم کا دن ۔ اور ہندوؤں کا وہ تہوار جو ہمیشہ چیت کے پچھلے پاکھ کی نویں تاریخ کو منایا جاتا ہے ۔

رامانندی (ہ) مذکر ۔ ہندو فقیروں کا وہ گروہ جو رام کے سوا دوسرے کو نہیں مانتا ۔

رامائن (ہ) مؤنث ۔ وہ رزمیہ نظم کی کتاب جو پہلے تو بالمیک جی نے سنسکرت میں اور پھر تلسی داس نے ہندی بھاشا میں رامچندر جی کے حالات میں لکھی ۔

رامش (رَا۔مِش) (ف ۔ مؤنث) (۱) آرام (۲) خوشی ۔ خوشی

میں گانا (۴) نصیحت (۵) نمروں کا میل ◆
رامش گر (ف - مذکر) (۱) گویا (۲) عیاش ◆
رامش گری (ف - مؤنث) (۱) گانا بجانا (۲) گفتگو ◆
ران (رَان) (ف - مؤنث) (۱) ٹانگ کا گھٹنے سے اُوپر کا حصّہ (۲) (ا) آسن - بیٹھک ◆
ران تلے آنا (۱) زانو کے نیچے آنا - سواری دینا (۲) آسن تلے آنا (۳) قابو میں آنا ◆
ران سے ران باندھنا (۱) زانو سے زانو باندھ کر بٹھانا گھٹنے سے لگا کر بٹھانا - دور نہ ہونے دینا ◆
رانا (رَا - نَا) (ہ) مذکر (۱) چھوٹا سا راجا - ٹھاکر (۲) راجپوتوں کا ایک فرقہ (۳) راجپوتوں کا ایک خطاب جو راجہ کے بیٹے کو ملتا ہے ◆
رانبھنا (رَانبھ - نَا) (ہ) (ہندو) گائے کا چلّانا - گائے کا صبح کے وقت بولنا ◆
رانجھا (رَں جھا) (ہ) مذکر - ایک پنجابی عاشق جو تخت ہزارے کے رئیس کا بیٹا اور رئیس جھنگ کی حسین و جمیلہ بیٹی ہیر کا عاشق تھا ◆
رانجھن (را ں - جھن) (ہ - مذکر) مٹی کا بڑا مٹکا ◆
رانجھن - رانجھنا (ہ - مذکر) (۱) عاشق محبوب - پیارا - معشوق (۲) عزّت والا شخص ◆
رانجھن گول (ہ) دیکھو (رانجھن)
رانڈ - رانڈھ (رانڈ - رانڈھ) (ہ - مؤنث) (ہندو) جھگڑا تنٹا - بکھیڑا ◆
راندہ (رَان - دَہ) (ف) نکالا ہوا - دھتکارا ہوا - مخروج ◆
راندۂ درگاہ (ف - مذکر) وہ شخص جو درگاہ الٰہی یا دربار بادشاہی سے نکالا گیا ہو - مردود ◆
راندھنا (رانْدھ - نَا) (ہ) (ہندو) پکانا - ریندھنا - اُبالنا ◆
رانڈ (رَانْڈ) (ہ - مؤنث) (۱) بیوہ عورت - وہ عورت جس کا خاوند مر گیا ہو (۲) محتاج - دست نگر (۳) کلمۂ طنز و تحقیر (۴) رنڈی - کسبی - بیسوا (۵) لونڈی - کنیز ◆
رانڈ بھانڈ سانڈ بگڑے بُرے (ہ) (مثل) ان تینوں کے ساتھ دشمنی نہیں رکھنی چاہیئے - رانڈ بھاگ جاتی ہے - بھانڈ بدنام کرتا ہے - سانڈ مارتا ہے ◆
رانڈ رونا (ہ) مذکر - (عو (۱)) عورتوں کا سا رونا - بیوہ کی طرح رونا (۲) بے لطف اور بے مزہ کہانی (۳) قصّۂ غم - بپتا ◆
رانڈ کا سانڈ (ہ) مذکر - وہ شخص جو بیوہ ماں کی کمائی کھا کھا کر پلا ہو - نالائق بیٹا - بے پروا - نڈر - بے باک - آوارہ ◆

رانڈ کا سانڈ سوداگر کا گھوڑا (کھا دے بہت چلے تھوڑا) (ہ) (مثل) - بے صبرا و بے پرواہ آدمی اور سوداگر کا گھوڑا دیکھنے کی چیزیں ہیں - کام کی نہیں ◆
رانڈ ہونا (ہ) بیوہ ہونا - بے شوہر ہونا ◆
رانڈا (رَاں - ڈا) (ہ - مذکر) (ایضاً) (۱) بنجر زمین (۲) وہ شخص جس کی بیوی مر گئی ہو ◆
رانگ (رَانْگ) (ہ - مذکر) (۱) ایک نرم دھات - قلعی - رانگا (۲) ایک قسم کا عمدہ نگینہ ◆
رانگ بھریا - یا - رنگ بھریا (ہ) مذکر - وہ شخص جو رانگ کا زیور اور کھلونے ڈھال ڈھال کر بیچتا ہے ◆
رانگ ہونا (ہ) (۱) نرم ہونا - پگھلنا (۲) غصّہ دور ہونا ◆
رانگھڑ (رَاں - گھڑ) (ہ - مذکر) ایک نومسلم قوم جو پہلے راجپوتوں میں شمار کی جاتی تھی ◆
رانگھڑ گوجر دو - کُتا بِلّی دو - یہ چاروں نہ ہوں تو کھلے کواڑوں سو (ہ) (مثل) ان چاروں کو چوری کرنے کی عادت ہے ◆
رانوں پر ہاتھ دے دے مارنا (۱) افسوس کرنا - ہاتھ ملنا ◆
رانی (رَا - نِی) (ہ - مؤنث) (۱) شاہزادی - ملکہ - راجہ کی بیوی (۲) (ہندو عورتوں کا معزز خطاب ◆
رانی خاں کا سالا (۱) مذکر - (حقارتاً) رستم کا سالا - زبردست - متکبر ◆
رانی روٹھے گی اپنا سہاگ لیگی - کیا کسی کا بھاگ لے گی؟ (ہ) (مثل) رانی ناراض ہوگی تو کسی کا نصیبا نہیں چھین سکتی - بلکہ کچھ اپنا ہی اخلاص کم کرے گی ◆
رانی کو باندی کہا - ہنس دی - باندی کو باندی کہا - رو دی (مثل) شریف کو کمینہ کہو تو وہ پروا نہیں کرتا - لیکن کمینے کو کمینہ کہو - تو اُسے بُرا معلوم ہوتا ہے ◆
رانی کو راجا پیارا - کانی کو کانا پیارا (۱) (مثل) ہر شخص کو اپنا ہم جنس پیارا ہوتا ہے ◆
راوت (رَا - وَت) (ہ) مذکر - (۱) بہادر - شجاع - سُورما (۲) راجپوتوں کی ایک قوم (۳) خاکروبوں کی ایک اعلیٰ قوم جو دوسروں کا جھوٹا نہیں کھاتی ◆
راول (رَا - وَل) (ہ) مذکر (۱) سردار - افسر - رئیس آوارہ (۲) سپاہی - پیادہ (۳) (پنجاب) جوگی (۴) رمّال - جوتشی ◆
راون (رَا - وَن) (ہ - مذکر) لنکا کا ایک راجہ جو سیتا کو اٹھا لے گیا تھا اور رامچندر جی کے ہاتھ سے مارا گیا تھا ◆
راون کی چھے (ہ) مؤنث - راون کی شکست ہوئی ◆

راوی (را۔ وِی) (ع۔ مذکر) (۱) روایت کرنے والا۔ سن کر کہنے والا۔ ناقل (۲) مؤرخ۔ مصنف (۳) پنجاب کا ایک دریا جس کے کنارے پر شہر لاہور آباد ہے۔

راہ (را) (ف۔ مؤنث) (۱) راستہ۔ سڑک۔ طریق (۲) راہو۔ ایک نیم ستارہ جسے عربی میں ذنب کہتے ہیں اور جو ہر بُرج کو ۱۸ ماہ میں طے کرتا ہے۔

راہ بتانا (ف۔ ا) (۱) راستہ سمجھانا۔ ہدایت کرنا (۲) ٹال دینا (۳) نکال دینا۔ موقوف کر دینا (۴) دھوکا دینا۔ دم دینا۔

راہ بر۔ راہبر (ف۔ مذکر) ہادی۔ رہنما۔ پیشوا۔ سردار۔

راہ بری۔ راہبری (ف۔ مؤنث) راہنمائی۔ ہدایت۔ راستہ دکھانا۔

راہ پر لانا (۱) سیدھا راستہ بتانا۔ ڈھب پر لانا (۲) اصلاح کرنا۔ نیک بنانا (۳) راضی کرنا۔ یار بنانا۔

راہ پڑے جانئے یا باہ پڑے جانئے (ا) (مثل) آدمی کا نیک و بد ہونا اس کے ساتھ سفر کرنے یا واسطہ پڑنے سے معلوم ہوتا ہے۔

راہ پیدا کرنا (ا) (۱) راستہ دریافت کرنا (۲) دوستی یا ملاقات بہم پہنچانا۔ ربط بڑھانا (۳) کسی کام میں واقفیت حاصل کرنا۔

راہ تکنا (ا) انتظار کرنا۔ راستہ دیکھنا۔ منتظر رہنا۔

راہ چبینی (ا) مؤنث (ہندو) توشۂ آخرت۔ وہ مٹھائی جو ہندو لوگ کسی مُردے کی نجات کے لئے برہمنوں کو دیتے ہیں۔

راہ چلتا (ا) مذکر۔ راہگیر۔ مسافر۔ راہ رَو۔

راہ چلتوں کا پلا پکڑنا (ا) (عو) راہ گیروں کے سر ہونا۔ خواہ مخواہ ہر شخص سے لڑنا۔

راہ خرچ (ا) مذکر۔ سفر خرچ۔ زادِ راہ۔ توشہ۔

راہ دار (ف) (مذکر) (۱) سڑک کا رکھوالا (۲) راستے کا محصول لینے والا۔

راہ داری (ف) مؤنث۔ محصول راہ۔ سڑک کا ٹیکس۔

راہ داری کا پروانہ (ا) مذکر۔ وہ تحریر جو کسی حاکم کی طرف سے کسی شخص کے لئے راستے سے گزر جانے کی غرض سے محافظانِ راہ کے نام لکھی جائے۔

راہ دکھانا۔ یا۔ دکھلانا (ا) (۱) راستہ بتانا (۲) انتظار کرانا۔

راہ دیکھنا (ا۔ ا) انتظار کرنا۔ منتظر رہنا (۲) آسرا کرنا۔

راہ دینا (ا) (۱) آنے جانے کا راستہ چھوڑنا (۲) راستہ بتانا۔ (۳) کسی کا آنا جانا جائز کرنا۔

راہ رَو (ف) مذکر۔ مسافر۔ راہگیر۔ راہی۔

راہ روش (ف) مؤنث (۱) چال چلن (۲) برتاؤ۔ ڈھنگ۔ طور۔ قاعدہ۔ خصلت۔

راہ ریت (ا) مؤنث (۱) رسم و رواج (۲) ضابطہ۔ معمول۔

راہ زن (ف) **راہ مار** (ا) مذکر۔ لٹیرا۔ ڈاکو۔ بٹ مار۔ قزاق۔

راہ زنی (ف) **راہ ماری** (ا) مؤنث۔ قزاقی۔ ڈکیتی۔ بٹ ماری۔

راہ سر۔ راہ سے (ہندی) رسم و رواج کے مطابق۔ ڈھنگ سے۔ سیدھی طرح۔ انصافاً۔

راہ سے بے راہ ہونا (ا) (۱) گمراہ ہونا۔ سیدھا راستہ چھوڑ کر ٹیڑھا راستہ اختیار کرنا (۲) بد وضع۔ اوباش اور بدراہ ہو جانا۔

راہ کاٹنا (ا) (۱) راستہ چلتے کے آگے سے نکل جانا (۲) ایک راستہ چھوڑ کر دوسرے راستے سے جانا۔

راہ کھوٹی کرنا (ا) (۱) چلنے میں دیر لگانا۔ راستے میں روکنا (۲) حرج کرنا۔ خلل انداز ہونا۔ کسی کا کام بگاڑنا۔

راہ گزر (ف) مذکر۔ راستہ۔ سڑک۔ شارع عام۔

راہ گیر (ف) مذکر۔ مسافر۔ راہی۔ راہ رو۔

راہ لگانا (ا) راستہ بتانا۔ رہنمائی کرنا۔ ڈھنگ پر ڈالنا۔

راہ لینا (ا۔ ا) راہی ہونا۔ روانہ ہونا۔ چل دینا (۲) اپنے کام لگنا۔ اپنا کام کرنا۔ پرے سرکنا۔

راہ ناپنا (ا) (۱) کھڑے کھڑے آنا اور جلد چلے جانا (۲) مارے مارے پھرنا (۳) فضول کام کرنا۔

راہِ نجات (ف۔ ع) مؤنث۔ مکتی کا طریقہ۔ خلاصی کا ذریعہ۔

راہ نکالنا (ا) (۱) راستہ نکالنا (۲) تجویز کرنا۔ سبب پیدا کرنا (۳) ملاقات پیدا کرنا۔ یارانہ گانٹھنا۔

راہ نما۔ راہنما (ف) مذکر۔ ہادی۔ راستہ دکھانے والا۔ راہبر۔

راہ نمائی۔ راہنمائی (ف) مؤنث۔ ہدایت۔ راہبری۔

راہ وار۔ راہوار (ف) مذکر (۱) تیز رفتار گھوڑا۔ باد پا (۲) گھوڑے کی ایک چال۔

راہ و ربط۔ راہ و رسم (ف۔ ع) (۱) مذکر (۲) مؤنث۔ واقفیت۔ صاحب سلامت۔ میل جول۔ آمد و رفت۔

راہ ہونا (ا) (۱) محبت ہونا۔ دوستی ہونا۔ معاملہ ہونا (۲) چلنے کو جگہ ہونا۔ رستہ ہونا۔

راہب (را۔ ہِب) (ع۔ مذکر) (۱) عیسائیوں کا پادری۔

(۲) تارک الدنیا۔ جوگی ◆

راہمن (را۔ ہمن) (ع) (مذکر) رہن رکھنے والا گرو رکھنے والا ◆

راہو (را۔ ہو) (ہ) (مذکر) (۱) دیو۔ بھوت۔ جن (۲) ایک ستارہ۔ راس ◆

راہی (ف۔ مذکر) راہ گیر۔ سیاح۔ مسافر ◆

رائتا (را۔ ئتا) (ہ) (مذکر) ایک قسم کی خوراک جو اس طرح تیار کی جاتی ہے کہ کدو یا بینگن وغیرہ اُبال کر باریک باریک کرلئے جاتے ہیں۔ پھر ان میں نمک مرچ ملا کر دہی ڈال لیتے ہیں ◆

رائتا بنانا (ہ) (ہندو) (۱) بھرتا بنانا (۲) خوب مارنا پیٹنا کچومر نکالنا ◆

رائٹ (را۔ ئٹ) (انگریزی۔ RIGHT) صحیح۔ درست۔ ٹھیک۔ بجا ◆

رائٹر (را۔ ئٹر) (انگریزی۔ WRITER) (مذکر) (۱) محرر۔ منشی۔ کلرک۔ کاتب۔ راقم (۲) مصنف۔ ادیب ◆

رائج (را۔ ئج) (ع) جاری۔ رواں۔ مروج۔ چلتا۔ عام۔ رسمی ◆

رائج الوقت (ع) — جاری سکہ۔ مروجہ مال ◆

رائج کرنا (ہ) جاری کرنا۔ رواج دینا ◆

رائحہ (را۔ ئحہ) (ع) (مذکر) خوشبو ◆

رائفل (را۔ ئفل) (انگریزی۔ RIFLE) مؤنث ایک قسم کی انگریزی بندوق ◆

رائگاں (را۔ ئگاں) (ف) (۱) مفت۔ بلا قیمت (۲) ضائع۔ لاحاصل۔ عبث ◆

رائل (را۔ ئل) (انگریزی۔ ROYAL) شاہی۔ بہت عمدہ ◆

رائل فیملی (انگریزی۔ ROYAL FAMILY) (مذکر) شاہی خاندان ◆

رائلٹی (انگریزی۔ ROYALTY) مؤنث (۱) بادشاہی۔ شاہانہ منصب۔ حضرت ظل الٰہی (۲) حصہ۔ حق۔ کسی کتاب کے حق تالیف یا تصنیف دینے کا معاوضہ ◆

راؤ (را۔ ؤ) (ہ) (مذکر) (ہندو) (۱) کنور۔ راجہ کا بیٹا (۲) ہندوؤں کے لئے ایک سرکاری خطاب (۳) بڑا۔ کلاں (۴) سردار

راؤ بہادر۔ راؤ صاحب (ہ) مذکر سرکاری خطاب جو ہندوؤں کو دیئے جاتے ہیں ◆

راوٹی (را۔ وٹی) (ہ) مؤنث (۱) چھوٹا تنبو۔ چھولداری (۲) بالاخانہ۔ چوبارا ◆

راولا (را۔ ولا) (ہ۔ مذکر) دیکھو راولا ◆

راؤنڈ ٹیبل کانفرنس (را۔ ؤنڈ۔ ٹے۔ بل۔ کان۔ فرنس) (انگریزی۔ ROUND TABLE CONFERENCE) (مؤنث) (۱) گول میز کانفرنس۔ ایسی کمیٹی جس کے ممبر گول میز پر بیٹھ کر متفقہ کارروائی کریں (۲) اصطلاحاً وہ کانفرنس جو انگریز اور ہندوستانی ممبروں کو یکجا کرکے دستور ہند کے آئین وضع کرنے کے متعلق منعقد کی گئی تھی ◆

رائی (را۔ ئی) (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کی سرسوں۔ خردل (۲) ذرا سی مقدار ◆

رائی بھر (ہ) ذرا سا۔ قدرے۔ قلیل ◆

رائی بھر ناتا اور گاڑھی بھر آشنائی (ہ) مثل۔ تھوڑا رشتہ بھی بہت سی ملاقات پر فوقیت رکھتا ہے ◆

رائی سے پربت ہونا (ہ) نہایت چھوٹے سے بہت بڑا ہو جانا ◆

رائی کلوی (ہ) ریزہ ریزہ۔ چورا چورا ◆

رائی کائی ہو جانا (ہ) (۱) نہایت گل جانا۔ چور چور ہو جانا۔ (۲) پھٹ جانا ◆

رائی نون تیرے دیدوں۔ یا۔ آنکھوں میں (ہ) (ہندو) چشم بد دور۔ حف۔ نظر۔ نصیب اعدا ◆

رائے (را۔ ئے) (ہ) (مذکر) (ہندو) (۱) راجہ۔ سوامی۔ راؤ۔ شہزادہ۔ سردار (۲) وہ خطاب جو گورنمنٹ کی طرف سے اعزازی یا عہدہ کے لحاظ سے کسی ہندو کو دیا جائے ◆

رائے بہادر (ہ) ہندو معزز عہدہ دار یا رئیس کا خطاب جو گورنمنٹ سے ملا ہو ◆

رائے بیل (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی چنبیلی کے پھول اور اس کا درخت ◆

رائے جامن (ہ) مؤنث بڑی اور موٹی جامن ◆

رائے مینا کی چوڑیاں (ہ) مؤنث (جمع) ایک قسم کی عمدہ چوڑیاں ◆

رائے (را۔ ئے) (ع) مؤنث۔ تجویز۔ دانائی۔ عقل۔ خیال۔ مشورہ۔ قیاس ◆

رائے دینا (ہ) صلاح دینا۔ مشورہ دینا۔ تجویز بتانا ◆

رائے عامہ (ع) پبلک کی رائے۔ عوام کا خیال جماعت کی صلاح ◆

رایات (را۔ یات) (ع) مذکر رایت کی جمع۔ جھنڈے ◆

رایت (را۔ یت) (ع) مذکر جھنڈا ◆

ر-ب

رب (رَبّ) (ع - مذکر) تربیت کرنے والا - پالنے والا - پروردگار - خدائے تعالیٰ - مالک ۔

رَبُّ العٰالمین (ع - مذکر) جہانوں کا پالنے والا - کُل عالم کا پروردگار ۔

رُبّ (رُبّ) (ع - مذکر) پکا کر گاڑھا کیا ہوا شربت ۔

رِبا (رِبا) (ع - مذکر) سود - بیاج ۔

رباب (رَباب) (ع - مذکر) ایک قسم کی سارنگی جو فارسی میں بالفتح ہے ۔

رَباط (رَباط) (ع - مذکر) سرائے - مسافرخانہ ۔

رِباط (رِباط) (ع - مذکر) بندھن ۔

رُباعی (رُبا-عی) (ع - مؤنث) وہ چار مصرعے جو اوزان مخصوص پر ہوں - چومصرعہ - چوبولا ۔

ربانا (رَبا-نا) (ا) مذکر - ایک قسم کا چھوٹا دف یا دائرہ جس میں جھانجھ وغیرہ لگے ہوتے ہیں ۔

ربڑ (رَب-بڑ) (ہ - مذکر) قصّاب - بوچڑ - قصائی ۔

ربڑ (رَبڑ) (مذکر) (انگریزی) رَبَر (RUBBER) حروف محو کرنے کی چیز جو ایک درخت کا دودھ پکا کر جما لیتے ہیں - یہ لچکدار شے پکی سیاہی اور پنسل کے نشانات مٹا دیتی ہے - اور مشینری وغیرہ سینکڑوں اشیاء میں استعمال کی جاتی ہے ۔

ربڑی (رَب-ڑی) (ہ) مؤنث - راڑی - گاڑھا کیا ہوا دودھ ۔

ربط (رَبْط) (ع - مذکر) (۱) بندش - لگاؤ - تعلّق (۲) (ا) میل ملاپ - راہ و رسم (۳) (ا) نسبت - تناسب (۴) (ا) مشق - مہارت - عادت - ڈھب (۵) (ا) محبّت - دوستی (۶) (ا) پیار - اخلاص ۔

ربط ضبط (ع - مذکر) میل ملاپ - آمد و رفت - راہ و رسم ۔

ربط ہونا (ہ) (۱) آشنائی ہونا - دوستی ہونا (۲) عادت ہونا - مشق ہونا ۔

رُبع (رُبْع) (ع - مذکر) چوتھا - چہارم حصّہ - چہار یک ۔

رُبع مسکون (ع - مذکر) دنیا کا چوتھا حصّہ جو خشکی پر ہے اور آباد خیال کیا جاتا ہے ۔

ربوبیت (رَبو-بی-یت) (ع - مؤنث) پروردگاری ۔

ربودگی (رُبو-دَگی) (ف - مؤنث) (۱) بیہوشی - غفلت (۲) محویت - بےخودی - لُوٹ کھسوٹ ۔

ربیب (رَبیب) (ع - مذکر) (۱) پالا پوسا لڑکا (۲) پہلے خاوند کا لڑکا - سوتیلا بیٹا ۔

ربیع (رَبیع) (ع - مؤنث) (۱) موسم بہار (۲) ساڑھی - وہ فصل جو اکتوبر و نومبر میں بوئی اور مارچ و مئی میں کاٹی جائے ۔

ربیع الآخر (ع - مذکر) ربیع الثانی - ربیع کا دوسرا اور عربی سال کا چوتھا مہینہ - ساڑھ ۔

ربیع الاوّل (ع - مذکر) ربیع کا پہلا اور عربی سال کا تیسرا مہینہ ۔

ربیع الثانی (ع - مذکر) دیکھو ربیع الآخر ۔

ر-پ

رپ (رَپ) (ہ - مؤنث) (۱) تیز چلنے میں پاؤں کی آواز (۲) قینچی سے کسی شے کے کاٹنے کی آواز ۔

رپٹ (رَپَٹ) (ہ) مؤنث - پھسلن - پھسلنی ۔

رپٹ (رِپَٹ) (ہ - مؤنث) (۱) پھسلن - پھسلاہٹ (۲) انگریزی لفظ رپورٹ کا بگاڑ - خبر - اطلاع - کسی جرم یا وقوعہ کی خبر جو پولیس کو دی جائے ۔

رپٹانا (رَپ-ٹا-نا) (ہ) پھسلانا - دوڑانا ۔

رپٹنا (ہ) پھسلنا - لڑھکنا - کھسکنا ۔

رَپ رَپ (ہ) مؤنث - دُلکی چال ۔

رپلی (رُپَل-لی) (ہ) مؤنث - عو - روپیہ کی تصغیر یا تحقیر ۔

رپورٹ (رِپورٹ) انگریزی - (REPORT) (مؤنث) دیکھو رپٹ (۲) ۔

رپورٹ ضمنی (ا) مؤنث - وہ رپورٹ جس سے پہلے اور رپورٹ بھی ہو چکی ہو ۔

رپورٹر (انگریزی - REPORTER) مخبر - اطلاع رساں - کیفیت نویس ۔

رپہلی (ہ) دیکھو روپہلی ۔

رُپیہ (رُپیَہ) (ہ - مذکر) دیکھو روپیہ ۔

ر-ت

رُت (رُت) (ہ) مؤنث - موسم - فصل - ہر چیز کا زمانہ ۔

رُت بدلنا - رُت پھرنا (ہ) موسم بدلنا - تبدیل موسم ہونا ۔

رَت جگا (ہ، مذکر) (۱) رَت یا رات کا اور "جگا" جاگنا کا مخفف یعنی شب بیداری - خوشی میں رات بھر جاگنا (۲) (عو) ایک قسم کی خوشی کی نیاز جو عورتیں دلاتی ہیں (۳) ہندوؤں کی ایک عبادت جو رات بھر جاگنے اور کتھا کے ذریعے سے کی جاتی ہے ۔

رتا (رَتا) (ہ - مذکر) ایک قسم کا کپڑا ۔

رتالو (رَتا-لُو) (ہ - مذکر) ایک قسم کی اروی کی مانند جڑ ۔

رتاوا (رَتا-وَا) (ہ - مذکر) حملہ ۔

رتبہ (رُت-بَہ) (ع - مذکر) درجہ - مرتبہ - عہدہ - عزت - حرمت - بزرگی - بڑائی ۔

رتبہ بڑھانا (ف) ترقی دینا - درجہ زیادہ کرنا ۔

رتق و فتق (رَت-قُو- فَتق) (ع - مذکر) باندھنا اور کھولنا - بست و کشاد - انتظام ۔

رتن (رَتَن) (ہ - مذکر) (۱) جواہرات - قیمتی پتھر - نگ (۲) آنکھ کی پتلی (۳) منی - دھات - نطفہ (۴) عطر - ست - نچوڑ - خلاصہ - لب لباب (۵) جوہر ۔

رتن جوت (ہ - مؤنث) ایک پودا اور اس کا پھل - آنکھوں کی ایک دوا ۔

رتنا (رِت-نَا) (ہ) (۱) ریتی سے رگڑا جانا (۲) خالی ہونا (۳) سارنگی بجنا ۔

رتوا (رَت-وَا) (ہ - مذکر) (۱) ایک سرخ دانہ جو اکثر بچوں کے امراض میں گلے میں باندھ دیتے ہیں (۲) ایک سرخ کیڑا جو گیہوں یا جو کے پیڑوں میں لگ جاتا ہے ۔

رتوانا (رِت-وَا-نَا) (ہ) ریتی سے صاف کرانا کسی سخت چیز کو خار دار آہنی اوزار سے چھلوانا ۔

رتواہی (رَت-وَا-ہِی) (ہ - مؤنث) (۱) رات کا حملہ (۲) رات کو آنے والی سہیلی ۔

رتوندھا (رَتَوں-دھَا) (ہ - مذکر) شب کوری - آنکھ کی ایک بیماری جس کے سبب سے رات کو دکھائی نہیں دیتا ۔

رتوندھیا (ہ - مذکر) رتوندھے کا مریض - شب کور ۔

رتھ (رَتھ) (ہ - مذکر و مؤنث) - (۱) ایک قسم کی دیسی گاڑی جس کے اوپر گنبد سی بنی ہوتی ہے - دیوتاؤں کی ایک قسم کی عمدہ گاڑی کی سواری (۲) قلعہ - کوٹ - حصار ۔

رتھ بان - یا - رتھ وان (ہ - مذکر) گاڑی بان - رتھ ہانکنے والا ۔

رتھ جاترا (ہ - مذکر) (۱) گاڑیوں کی دھوم دھام جو کسی دیوتا کی سواری میں ہو (۲) ہندوؤں کا ایک میلہ جو دوسری اساڑھ کو جگن ناتھ جی کے نام سے ہوا کرتا ہے ۔

رتی (رَت-تِی) (ہ - مؤنث) (۱) بھاگ - نصیبہ - قسمت - تقدیر (۲) گھونگچی - چرمنی - ایک وزن جو آٹھ چاول کے برابر ہوتا ہے - ماشہ کا آٹھواں حصہ (۳) مقدار قلیل - ذرہ ۔

رتی بھر (ہ) ذرا سا - حبہ بھر - قدرے - قلیل ۔

رتی جاگنا - یا - چمکنا (ہ) نصیبہ جاگنا - اقبال یاور ہونا - قسمت کھلنا - مالا مال اور سرسبز ہونا - پھلنا پھولنا ۔

رتی رتی (ہ) ذرا ذرا - ایک ایک حبہ - بالکل - تمام - سراسر - سرتاپا ۔

ر-ٹ

رَٹ (رَٹ) (ہ - مؤنث) تکرار - ہر وقت ایک ہی بات کہے جانا - تکرار لفظی ۔

رٹنا - جلپنا - بار بار کہنا ۔

ر-ج

رَج (رَج) (ہ - مؤنث) (ہندو) (۱) دریا کا ریتا (۲) بالو - ریت - ریگ (۳) حیض - ایام - (۴) دلدل (۵) پھولوں کا زیرہ - وہ آٹا سا جو پھول کے اندر سے نکلتا ہے ۔

رَجا (رَجا) (ہ) (۱) سیر - پیٹ بھرا (۲) بے پروا - دولتمند - مالدار ۔

رجا پجا (ہ) بھرا پُرا - آباد - غنی - دولت مند - غنی - مالدار ۔

رجا (رَجَا) (ع - مؤنث) امید - آس - آسرا - آرزو ۔

رجال (رِجَال) (ع - مذکر) رجل کی جمع - لوگ - بہت سے مرد ۔

رجال الغیب (ع - مذکر) دیکھو (دساسول) ۔

رجائیت (ع - مؤنث) ہر وقت اچھے خیالات رکھنا - امید اور آرزو سے پُر ہونا ۔

رجب (رَجَب) (ع - مذکر) مسلمانوں کے قمری سال کا ساتواں مہینہ جس میں جنگ کی ممانعت ہے ۔

رجحان (رُج-حَان) (ع - مذکر) میلان ۔

رجحانات (ع - مذکر) رجحان کی جمع ۔

رجز (رَجَز) (ع - مؤنث) (۱) جنگ میں پڑھنے کے اشعار (۲) عروض کی ایک بحر ۔

رجسٹر (رَجِس-ٹَر) (انگریزی - REGISTER) مذکر -

یادداشت۔ روزنامچہ۔ کتاب حاضری۔ بہی ٭

رجسٹرار (انگریزی۔ REGISTRAR، مذکر) رجسٹر میں درج کرنے والا۔ یا رجسٹری کرنے والا۔ محافظ دفتر ٭

رجسٹرڈ (انگریزی۔ REGISTERED) رجسٹری کیا گیا۔ رجسٹر میں درج ٭

رجسٹری (انگریزی۔ REGISTRY، مؤنث) داخلہ۔ اندراج فہرست ٭

رجسٹری شدہ (انگ۔ ف) وہ چیز جس کی قانون کے مطابق رجسٹری ہوئی ہو ٭

رجسٹری کرانا (۱) سرکاری بہی یا رجسٹر میں درج کرانا۔ درج فہرست کرانا ٭

رجسٹریشن (انگریزی۔ REGISTRATION، مؤنث) رجسٹری کرانا۔ رجسٹر میں درج کرانا ٭

رَجعت (رَج۔ عَت) (ع۔ مؤنث) (۱) واپسی۔ عود۔ بازگشت۔ اعادہ (۲) عورت کو طلاق رجعی دینے کے بعد پھر اپنی زوجیت میں لانا (۳) چاند اور سورج کے سوا کسی اور ستارے کا اپنی معمولی گردش سے پھرنا (۴) (ا) بُرا۔ منحوس۔ نحس ٭

رجعت قہقری (ع۔ مؤنث) اُلٹے قدموں پھرنا ٭

رجمنٹ (رَج۔ مَنٹ) (انگریزی۔ REGIMENT، مؤنث) پلٹن۔ فوج۔ آٹھ سو یا ہزار جوانوں کا دستہ ٭

رَجنا (رَج۔ نا) (ہ) سیر ہونا۔ پیٹ بھرنا ٭

رجواڑہ (رَج۔ وا۔ ڑہ) (ہ۔ مذکر) ہندو راجاؤں کا مُلک۔ راجہ کی عملداری ٭

رُجحان (رُج۔ حان) (ع۔ مذکر) (۱) میلان۔ میل (۲) توجّہ۔ رجحان۔ ترجیح۔ فضیلت ٭

رجوع (رُجُوع) (ع۔ مذکر۔ مؤنث) (۱) عود۔ بازگشت۔ واپسی (۲) قانون۔ اپیل۔ نظرِ ثانی ٭

رجوع کرنا (ل) (۱) واپس آنا۔ لَوٹنا (۲) (ل) متوجّہ ہونا۔ توجّہ کرنا (۳) (ل) درخواست دینا۔ دائر کرنا ٭

رجوع ہونا (ل) مائل ہونا۔ متوجّہ ہونا۔ پیش ہونا ٭

رجولت۔ رجولیت (رُجُو۔ لت + رُجُو۔ لِی۔ یَت) (ع۔ مؤنث) مردمی۔ باہ۔ قوّت جماع ٭

رجوم (رُجُوم) (ع۔ مذکر) شیطانوں کو بھگانے کے لئے تارے ٭

رجھانا (رِجھا۔ نا) (ہ) (۱) خوش کرنا۔ مسرور کرنا (۲) فریفتہ کرنا۔ لبھانا۔ مائل کرنا ٭

رَجیم (رَ۔ جیم) (ع) مردود۔ ہنکایا ہوا۔ پتھر مارا ہوا ٭

ر-چ

رُچ (رُچ) (ہ۔ مؤنث) (ہ سنسکرت) (۱) رغبت۔ چاہ۔ خواہش (۲) اشتہا۔ بھوک ٭

رَچانا (رَچا۔ نا) (ہ) (۱) بسانا۔ معطّر کرنا (۲) رونق دینا ٭

رَچنا (رَچ۔ نا) (ہ۔ مؤنث) (ہندو) (۱) خلق۔ فطرت۔ قدرت۔ بناوٹ (۲) تیار ہونا۔ سمانا۔ بسنا۔ معطّر ہونا (۳) رنگ لانا۔ سُرخ ہونا (۴) جلسہ جمانا (۵) آشنائی ہونا۔ ربط ہونا (۶) تصنیف کرنا۔ تالیف کرنا (۷) لباس بدلنا۔ روغن چڑھانا۔ منقّش کرنا ٭

رُچنا (ہ) (۱) پسند ہونا۔ اچھا لگنا (۲) خواہش ہونا۔ میلان ہونا ٭

رچنا پچنا (رَچ۔ نا + پَچ۔ نا) (ہ) خوشگوار۔ جزوِ بدن ہونے والا ٭

رچنی مہندی (ہ) مؤنث۔ رنگدار مہندی۔ وہ حنا جو رنگ اچھا دے ٭

رِچھا۔ رِچھیا (رِچھا۔ رِچھیا۔ رِچھپا) (ہ۔ مؤنث) (۱) حفاظت۔ پناہ (۲) مدد۔ سرپرستی۔ حمایت (۳) امن۔ چین۔ آرام۔ صلح (۴) مہربانی۔ عنایت ٭

ر-ح

رَح (رَح) (ع) رحمۃ اللہ علیہ کا مخفّف ٭

رَحل (رَحل) (ع۔ مؤنث) (۱) مسکن۔ منزل (۲) اسباب (۳) کوچ ٭

رِحل (رِحل) (ع۔ مؤنث) قرآن شریف رکھ کر پڑھنے کی لکڑی کی گھوڑی ٭

رِحلت (رِح۔ لَت) (ع۔ مؤنث) (۱) کوچ۔ روانگی (۲) موت۔ انتقال ٭

رحلت کرنا (ل) (۱) کوچ کرنا۔ رخصت ہونا (۲) مرنا۔ انتقال کرنا۔ فوت ہونا ٭

رِحم (رِحم) (ع۔ مذکر) بچہ دان۔ گربھ۔ استقرار ٭

رَحم (رَحم) (۱) مذکر۔ (ہ) چاولوں کا کچا ملیدا جو خاص اللہ میاں کی نیاز کے لئے کسی خوشی کی تقریب یا بیاہ میں عورتیں بناتی ہیں ٭

رَحم (رَحم) (ع۔ مذکر) (۱) کرم۔ مہربانی۔ دیا (۲) بخشش۔

علو - (۳) (ف) ترس - دردمندی - ہمدردی ۔
رحم دل (ع - ف) مہربان - ہمدرد - رقیق القلب ۔
رحم دلی (ع - ف) مؤنث - مہربانی - دردمندی - ہمدردی ۔
رحم کھانا (۱) ترس کھانا - خوفِ خدا کرنا ۔
رحمان (رَحْ - مان) (ع) (۱) مہربانی کرنے والا - شفیق - رحیم - (۲) خداوند تعالیٰ کا اسمِ صفاتی ۔
رحمت (رَحْ - مَت) (ع) مؤنث - (۱) کرم - مہربانی (۲) (۱) بارش - مینہ (۳) (۱) درود و سلام - صلوٰۃ (۴) کلمۂ تحسین و آفرین - شاباش ۔
رحمت خدا کی (۱) آفرین ہے - شاباش - آپ کا کیا کہنا ۔
رحیق (رَحیق) (ع) مؤنث - خالص شراب ۔
رحیل (رَحیل) (ع) مذکر - کوچ - کوچ کرنا ۔
رحیم (رَحِیْم) (ع) (۱) مہربانی فرمانے والا - مہربان (۲) مذکر - خدا کا ایک صفاتی نام ۔

ر - خ

رخ (رُخ) (ف) مذکر (۱) رخسارہ - منہ - گال (۲) طرف - جانب - سمت (۳) (ف) کنارہ - حاشیہ - افق (۴) (۱) شطرنج کا ایک مہرہ (۵) توجہ - التفات - رجحان - (۶) سامنا - آگا ۔
رخ بدلنا یا - پھیرنا (۱) (۱) منہ نہ لگانا - کم توجہی کرنا (۲) سمت بدلنا (۳) دوسری طرف ہو جانا ۔
رخ دے کر بات نہ کرنا (۱) (عو) توجہ سے بات نہ کرنا - دل دے کر نہ بولنا - خاطر میں نہ لانا ۔
رخ کرنا (۱) (۱) منہ کرنا (۲) توجہ کرنا (۳) پھرنا - لوٹنا ۔
رخت (رَخت) (ف) مذکر (۱) اسباب - اثاثہ (۲) لباس - پوشاک - جامہ (۳) لازمہ - ساز و سامان (۴) (۱) جوتی کا چمڑا (۵) (۱) ٹھاٹھ - دھج - ہیئت ۔
رخسار (ف) مذکر گال - عذار ۔
رخسارہ (ف) مذکر رخسار کا بالائی حصّہ ۔
رخش (رَخْش) (ف) مذکر (۱) گھوڑا (۲) رستم کا گھوڑا (۳) سرخ اور سفید ملا ہوا رنگ (۴) کرن (۵) چمک ۔
رخشاں (رَخْ - شاں) (ف) چمکنے والا ۔
رخصت (رُخ - صَت) (ع) مؤنث (۱) اجازت - منظوری رضا (۲) (۱) روانگی - کوچ - چلنا - جانا (۳) (۱) وداع - جنازہ اٹھنے کا وقت (۴) (۱) وقفہ - مہلت - فرصت (۵) (۱) جائیں ؟ اجازت ہے ؟ ۔
رخصتِ اتفاقی (ع - ف) مؤنث - غیر معمولی رخصت ۔
رخصتِ رعایتی (ع - ف) مؤنث - حق چھٹی ۔
رخصت کرنا (۱) (۱) اجازت دینا (۲) روانہ کرنا - بھیجنا (۳) موقوف کرنا (۴) ٹالنا ۔
رخصتانہ (ف) مذکر - وہ نقدی جو چلتے وقت کسی رئیس کے دربار سے عطا ہو - انعامِ رخصت ۔
رخصتی (۱) (۱) چھٹی پر (۲) (پورب) وداع - دلھن کی روانگی (۳) (پورب) وہ روپیہ جو وداع ہوتے وقت دیا جائے - سلامی ۔
رخنہ (رَخ - نہ) (ف) مذکر (۱) دیوار کا ٹوٹا ہوا راستہ - چھید - سوراخ (۲) روزن - دریچہ - کھڑکی (۳) چالاک شگاف - درز (۴) (ل) مزاحمت - تعرض - اٹکاؤ (۵) خلل - نقص (۶) جھگڑا - فساد - فتنہ ۔
رخنہ اندازی (ف) مؤنث - بھانجی - تعرض - خلل - مزاحمت ۔
رخنہ پڑنا (۱) (۱) خلل پڑنا (۲) جھگڑا پڑنا - عیب نکلنا ۔
رخنہ ڈالنا (۱) چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانا - بھانجی مارنا - خلل انداز ہونا ۔
رخنہ نکالنا - یا - رخنے نکالنا (۱) (۱) عیب نکالنا - نکتہ چینی کرنا (۲) فتنہ اٹھانا - جھگڑا نکالنا (۳) عذر کرنا ۔

ر - د

رد (رَدّ) (ع) مذکر (۱) واپس کرنا - موڑنا - پھیرنا (۲) انکار - تردید - دلیل توڑنا (۳) (۱) قے - الٹی ۔
رد کرنا (۱) (۱) واپس کرنا - پھیرنا (۲) تردید کرنا - اعتراض اٹھانا (۳) ترک کرنا - نامنظور کرنا (۴) قے کرنا - الٹی کرنا ۔
رد و بدل (ع) مذکر و مؤنث (۱) الٹ پلٹ (۲) تکرار (۳) واپس کرنا (۴) بدلنا (۵) دفع کرنا (۶) تبدیلی (۷) لڑائی میں حملہ اور اس کا توڑ ۔
رد و قدح (ع) مؤنث - حجت - بحث - تکرار ۔
رد و کد (ع) مؤنث - بحث مباحثہ - حجت ۔
ردہ (رَدَہ) (ف) مذکر (۱) ایک چنائی کے بعد دوسری چنائی کے لئے اینٹ رکھنا - ردا (۲) صف - قطار ۔
ردا (رِدا) (ع) مؤنث (۱) چادر - چادرا (۲) مقنعہ ۔
ردا کھدوا اردو - والمخففہ توا (۱) برادری سے نکالا ہوا (۲) خراب (۳) کمینہ ۔

ردی (ر سکی) بعد یعنی ردی۔ (ف) ،۱، مؤنث۔ خواب ناکارہ نکما۔ نکمی چیز ،۲، خراب یا فالتو نکما کاغذ ۔

ردیف (رَ۔دِیف) ،ع، مؤنث ،۱، وہ شخص جو ایک گھوڑے یا اونٹ وغیرہ پر کسی سوار کے پیچھے بیٹھے ،۲، وہ لفظ جو غزل یا قصیدہ وغیرہ کے مصرعوں یا بیتوں کے اخیر میں قافیہ کے پیچھے بار بار آئے ،۳، پیچھے کی فوج ۔

ردیف وار (ع۔ ف) حروف تہجی کی ترتیب سے ۔

ر۔ذ

رذالپن (رَ۔ذال۔پَن) ،۱، مذکر سفلہ پن۔ کمینگی۔ پاجی پن ۔

رذالت (رَ۔ذا۔لَت) ،ع، مؤنث، کمینہ پن۔ اوچھاپن

رذالہ (رَ۔ذا۔لَہ) ،ع، مذکر ،۱، کمینہ۔ کمذات ،۲، شریر۔ بدذات۔ بدمعاش۔ بے شرم ۔

رذالے کی جورو کو سدا طلاق ،۱، مثل۔ کمینے اور سفلے کی بے عہد کا کچھ پاس نہیں ہوتا ۔

رذیل (رَ۔ذِیل) ،ع، مذکر سفلہ۔ فرومایہ۔ پاجی ۔

ر۔ر

رَرِیانا (رَ۔رِیا۔نا) ،ہ، مذکر ،۱، گڑگڑانا ،۲، رونا چیخنا ،۳، مانگنا ۔

ر۔ڑ

رڑک (رَ۔ڑَک) ،ہ، مؤنث، کھٹک چبھن خلش ۔

رڑک (رَ۔ڑَک) ،ہ، رڑکنا کا امر ۔

رڑکنا ،ہ، کھٹکنا چبھنا۔ صدمہ ہونا ۔

رڑکنا ،ہ، ،۱، دیکھو رریانا ،۲، دوہنا ۔

ر۔ز

رز (رَز) ،ف، مذکر انگور ۔

رزّاق (رَز۔زاق) ،ع، مذکر رزق پہنچانے والا۔ روزی رساں۔ خدا تعالیٰ کا اسم صفاتی ۔

رزاقی (ع۔ ف) مؤنث۔ رزق رسانی ۔

رزائی (رَزا۔ئی) ،۱، مؤنث دیکھو رضائی ۔

رزق (رِزق) ،ع، مذکر روزی۔ خوراک کھانا۔ وظیفہ روٹی۔ اناج ۔

رزق کا کیڑا ،۱، مذکر ،۱، رزق کا کیڑا۔ اناج کھانے والا۔ ،۲، (مجازاً) انسان ۔

رزلٹ (رِ۔زَلْٹ) ،انگریزی۔ THE RESULT ،۱، نتیجہ۔ ثمرہ ،۲، نتیجۂ امتحان ۔

رزم (رَزْم) ،ف، مؤنث لڑائی۔ جنگ۔ رن ۔

رزم گاہ ،ف، مؤنث۔ میدان جنگ۔ لڑائی کی جگہ ۔

رزمیہ (ف) جنگی داستان یا نظم وغیرہ ۔

ر۔س

رس (رَس) ،ہ، مذکر ،۱، شیرہ۔ عرق۔ افشردہ۔ دودھ ،۲، جوہر۔ ست۔ عطر۔ نچوڑ ،۳، پارہ۔ سیماب ،۴، منی۔ نطفہ ،۵، مزہ۔ ذائقہ۔ لذت۔ لطف۔ بہار ،۶، خوشی۔ عیش ،۷، محبت۔ عشق۔ جوش ،۸، حلاوت شیرینی۔ حلاوت ،۹، رقیق چیز۔ سیال چیز ۔

رس بھری ،ہ، ،۱، رس دار۔ شیریں۔ مزیدار۔ نوخیز ،۲، نخیل۔ خمار آلودہ ،۳، ہیلی جیسا مزہ رکھنے والا ایک پھل ،۴، ایک قسم کا انگریزی شربت جو بوتلوں میں بھرا جاتا ہے ۔

رس ٹپکنا ،ہ، جوش جوانی میں بھرنا۔ دودھ ٹپکنا ۔

رس کی باتیں ،ہ، مؤنث ،۱، عشق و محبت کی باہمی میٹھی میٹھی باتیں ،۲، لگاوٹ کی باتیں ۔

رَسا (رَ۔سا) ،ف، ،۱، پہنچنے والا۔ صاحب ،۲، بلند ہونے والا۔ دُور جانے والا ۔

رسا (رَ۔سا) ،ہ، مذکر (ہندو) شوربا۔ یخنی ۔

رسا (رَس۔سا) ،ہ، مذکر۔ موٹی رسی۔ ریسمان ۔

رسالت (رِ۔سا۔لَت) ،ع، مؤنث پیغامبری۔ ایلچی گری۔ سفارت ۔

رسالدار ،۱، مذکر ،۱، ایک رسالے کا افسر۔ سو سواروں کا ہندوستانی افسر ۔

رسالداری ،۱، مؤنث۔ رسالے کی افسری۔ رسالدار کا عہدہ ۔

رسالہ (رِ۔سا۔لَہ) ،ع، مذکر ،۱، نامہ۔ مکتوب ،۲، چھوٹی سی کتاب ،۳، مختلف حضرات کے مضامین کا مجموعہ جو مقررہ وقت پر شائع ہوتا ہے ،۴، ،۱، آٹھ سو یا ہزار سواروں کا

رُساتا دستہ ✦

رُسانا (رُ-سا-نا) (ل) (ہندی) (۱) خفا ہونا - ناراض ہونا - مچلتے ہونا (۲) خفا کرنا - ناراض کرنا ✦

رَساوَل (رَ-سا-وَل) (ہ - مذکر) گنّے کے رس کی کھیر ✦

رَساتَل (رَ-سا-تَل) (س) مذکر - زمین کا ساتواں طبقہ - پاتال ۔ (۲) (ع) رسالہ کی جمع ✦

رسائن (رَ-سا-یَن) (س) مذکر - وہ دوا جو پارہ یا کوئی اور دھات مار کر بنائی جائے - کیمیا - اکسیر ✦

رسائی (رَ-سا-ئی) (ف) مؤنث - (۱) پہنچ - دخل - گزر (۲) ربط - ضبط - میل ملاپ (۳) (ل) واقفیت - شناخت (۴) (ل) آشتی - دھیرج ✦

رسپانڈنٹ (رِس-پاں-ڈَنٹ) (انگریزی - RESPONDENT) مذکر - جواب دہ - اپیلانٹ کا فریق ثانی ✦

رستاخیز - رستخیز (رَس-تا-خیز) (رَست-خیز) (ف) مؤنث - قیامت ✦

رستگار (رَست-گار) (ف) رہائی پانے والا ✦

رستگاری (ف) مؤنث - رہائی ✦

رُستم (رُس-تَم) (ف) مذکر (۱) فارس کا ایک مشہور بہادر پہلوان جس کی بہادریوں کی داستانیں شاہنامہ میں درج ہیں (۲) (مجازاً) ہر بہادر - شجاع - زبردست ✦

رُستم خاں (ل) مذکر - زبردست - بہادر - شجاع ✦

رُستم کا سالا (ل) مذکر - بہادر یا بڑے آدمی کی رشتہ داری پر شیخی مارنے والا - ہوائی خاں کا سالا ✦

رُستمی (ل) مؤنث (۱) مردانگی - بہادری - جرأت - شجاعت (۲) زبردستی - زور آوری ✦

رستہ (رَس-تہ) (ف - مذکر) (۱) راہ - صف - قطار (۲) (ل) عام راہ - سڑک - شارع عام - شاہ راہ (۳) طور ڈھنگ - وضع - طرز - روش (۴) قاعدہ - قانون - آئین ✦

رستہ بتانا (ل) (۱) دیکھو راستہ بتانا (۲) ٹالنا - رخصت کرنا ✦

رستہ چلتا (ل) مسافر - راہگیر - جاتری - بٹوئی ✦

رستہ دیکھنا (ل) منتظر رہنا - چشم براہ ہونا - انتظار کرنا - راہ دیکھنا - راہ تکنا ✦

رسٹورنٹ (رِس-ٹو-رَنٹ) (انگ - RESTAURANT) مذکر - رستوران - ہوٹل - طعام خانہ ✦

رَسَد (رَ-سَد) (ف) مؤنث (۱) حصّہ - نصیب - بھاگ - قسمت (۲) جنس غلّہ (۳) لائق - مناسب (۴) (ل) ذخیرہ - آذوقہ جو لشکر یا قافلے کے ہمراہ ہو (۵) (ل) راشن - راتب - خوراک - بھوجن - زادِ راہ ✦

رَسَد رسانی (ل) مؤنث - غلّہ رسانی - غلہ اور اجناس وغیرہ کا کسی لشکر یا محلّے میں پہنچانا ✦

رُسُل (رُ-سُل) (ع - مذکر) رسول کی جمع ✦

رَسم (رَسم) (ع - مؤنث) (۱) (لغوی معنی) نقش - نشان - تحریر - نوشت (۲) (مجازاً) دستور - قانون - رواج (۳) (ل) عادت - چال چلن - طور و طریق (۴) تنخواہ - وظیفہ (۵) محنتانہ - اجرت (۶) (منطق) عرضیات کے ساتھ کسی چیز کی تعریف (۷) بچوں کا ایک کھیل ✦

رسم الخط (ع - مذکر) طرزِ تحریر ✦

رسم و رواج (ل) مذکر - دستور - قاعدہ - ریت - رسم ✦

رسمسا (رَس-مَسا) (ہ) پانی وغیرہ سے تر ✦

رسمی (ع) عام - معمولی - درمیانی - رواجی ✦

رَسَن (رَ-سَن) (ف - مذکر) رسّی ✦

رِسنا (رِس-نا) (۱) ٹپکنا (۲) (ہندو) خفا ہونا - ناراض ہونا ✦

رسنا بسنا نصیب ہو (ل) (دعا) رہنا سہنا - پھولنا پھلنا نصیب ہو ✦

رُسوا (رُس-وا) (ف) ذلیل - خوار - بے عزت - بے غیرت ✦

رُسوائی (ف - مؤنث) بدنامی - بےعزتی - ذلت - فضیحت ✦

رَسوت (رَس-وت) (ہ) مؤنث - ایک تلخ دوا جو اکثر آنکھوں یا پھنسیوں کی دوا میں پڑتی ہے ✦

رُسوخ (رُ-سوخ) (ع - مذکر) (۱) مضبوطی - استواری (۲) قیام - ثبات - استقلال (۳) (ل) رسائی - ربط ضبط - اعتماد - اعتبار ✦

رسول (رَ-سول) (ع - مذکر) (۱) (لغوی معنی) بھیجا ہوا (۲) (اصطلاحاً) خدا کی طرف سے بھیجا ہوا پیغمبر جو کتاب الٰہی بھی لائے (۳) قاصد - پیغمبر - ایلچی (۴) ہادی - پیشوا ✦

رسول شاہی (ل) مذکر - آزاد منش فقرا کا ایک فرقہ جس کے بانی رسول شاہ نامی ایک درویش ہوئے ہیں - یہ لوگ چار ابرو کا صفایا رکھتے - صرف ایک لنگوٹی باندھتے اور شراب کو حلال سمجھتے ہیں ✦

رسولی (رَ-سو-لی) (ہ) مؤنث - گلٹی - وہ گرہ جو مواد سے ہو جاتی ہے ✦

رُسوم (رُ-سوم) (ع - مذکر و مؤنث) رسم کی جمع (۱) نشان - نقوش (۲) آئین - قوانین - عادتیں ✦

رسوم (رُ-سوم) (ع - مؤنث) (۱) اسٹامپ کی فیس (۲) مہر ہری

خرچہ (۳) کورٹ فیس (۴) کسی حصّہ زمینداری سے واجب الوصول محصول (۵) بکے ہوئے مال پر کمیشن یا دستوری ✦

رسومِ اعلیٰ نمبردار (ع ـ مؤنث) نمبردار کا کمیشن اصطلاحات ✦

رسومِ عدالت (ع ـ مؤنث) (۱) سرکاری خرچہ (۲) کورٹ فیس (۳) اسٹامپ ✦

رسومِ محترفہ (ع ـ مؤنث) تجارت اور حرفہ کا محصول ✦

رسوئی (رَسو ـ اِئی) (ہ ـ مؤنث) (ہندی) (۱) کھانا ـ طعام ـ بھوجن (۲) چوکا ـ باورچی خانہ ✦

رسوئیا (ہ ـ مذکر) (ہندی) باورچی ـ کھانا پکانے والا ـ برہمن ✦

رسّی (رَس ـ سِی) (ہ ـ مؤنث) (۱) رسن ـ ریسمان ـ موٹی ڈوری (۲) (مجازاً) سانپ ـ ناگ ـ مار ✦

رسّی جل گئی پر بل نہیں گیا (ہ ـ مثل) (۱) دولت اور عزّت جاتی رہی ـ مگر غرور نہ گیا (۲) سزا بھگتنے پر بھی بُری عادت نہ گئی ✦

رسّی دراز ہونا (ہ ـ ف ـ ل) (۱) رسّی کا طویل اور لمبا ہونا (۲) دور تک پہنچ جانا (۳) مہلت ملنا (۴) بڑی عمر والا ہونا ✦

رسّی ڈھیلی چھوڑنا (ہ ـ ل) (۱) لگام ڈھیلی چھوڑنا (۲) آزادی بخشنا ـ خود مختار کرنا (۳) چشم پوشی کرنا ✦

رسّی کا سانپ بنانا (ہ ـ ل) بے اصل بات کی دھوم مچانا ـ غلط خیال کو فروغ دینا ✦

رسیا (رَس ـ یا) (ہ ـ ل) (۱) رس لینے والا (۲) لوٹنے والا (۲) شوقین ـ رنگیلا (۳) سودائی (۴) مستنڈا ✦

رسید (رَسِید) (ف ـ مؤنث) (۱) پہنچ ـ رسائی (۲) کسی چیز کے وصول ہونے کی دستخطی نوشت ـ پہنچنے کا اقرار (۳) پتا ـ خبر ـ سراغ ✦

رسید کرنا (ف ـ ہ ـ ل) (۱) لگانا ـ مارنا ـ جڑنا (۲) دخل کرنا ـ پہنچانا ✦

رسیدہ (ف) (۱) پہنچا ہوا (۲) بالغ (۳) خدا کو پہنچا ہوا ✦

رسیدہ بود بلائے ولے بخیر گذشت (ف ـ مثل) مصیبت تو آئی تھی مگر بچ گئے ✦

رسیلا (رَسی ـ لا) (ہ ـ ل) (۱) رس بھرا ـ عرق دار (۲) شیریں اور مزیدار ـ خوش ذائقہ ـ لذیذ (۳) بانکا ـ شیریں ادا ـ رنگیلا ✦

رسیلی (ہ ـ مؤنث) (۱) رس دار (۲) بانکی ـ رنگیلی ✦

رسیلی آنکھ (ہ ـ مؤنث) چشمِ میگوں ـ چشمِ مخمور ـ نشیلی آنکھ ـ خوش وضع آنکھ ـ چشمِ مست ✦

رسیور (رِسی ـ وَر) (انگ ـ مذکر) RECEIVER (۱) وہ شخص جس کے سپرد عدالت کے حکم سے دیہات کی آمدنی وصول کرنا اور حساب داخل کرنا ہو (۲) کان کو لگانے کا ٹیلیفون کا آلہ ✦

ر ـ ش

رشتہ (رِش ـ تہ) (ف ـ مذکر) (۱) تاگا ـ ڈورا ـ کاتا ہوا سوت (۲) (مجازاً) لڑی ـ نظم ـ سلک (۳) قرابت ـ برادری تعلق (۴) سلسلہ (مجازاً) بزرگوں کے نام کی ترتیب (۵) نسل ـ خاندان (۶) (ف) ایک بیماری جس سے اکثر پاؤں میں زخم ہو جاتا ہے ـ اور اس میں سے تاگے کی مانند ایک باریک سا جاندار کیڑا نکلتا ہے جسے تاگے کو کسی چیز پر لپیٹ دیتے ہیں ـ تاکہ پھر رفتہ رفتہ تھوڑا تھوڑا نکل کر بالکل نکل جائے ـ توڑتے نہیں ـ کہ ٹوٹنے سے اس کا زہر پھیل جانے کا اندیشہ ہے ✦

رشتہ دار (ف) مذکر ـ قریبی ـ اہلِ برادری ـ متعلقین ✦

رشتہ داری (ف) مؤنث ـ قرابت ـ برادری ✦

رشتہ کرنا (ف ـ ل) (۱) نسبت کرنا ـ تعلق پیدا کرنا (۲) بیاہ کرنا ـ نکاح کرنا ✦

رشتہ ناتا (ف ـ مذکر) (۱) قرابت ـ رشتہ داری (۲) میل جول ـ میل ملاپ ✦

رشحات (رَشَحات) (ع ـ مذکر) رشحہ کی جمع ✦

رشحہ (رَش ـ حہ) (ع ـ مذکر) (۱) چھلکن ـ پانی کا ٹپکنا ـ (۲) بوند (۳) رس (۴) پسینہ ✦

رشد (رُشد) (ع ـ مذکر) (۱) ہدایت (۲) ہوش سنبھالنا ـ بالغ ہونا (۳) سچائی ✦

رشک (رَشک) (ف ـ مذکر) (۱) حسد ـ جلن ـ ڈاہ (۲) عداوت ـ دشمنی (۳) غیرت ـ شرم (۴) رقابت ـ حریف ہونے کا حسد ✦

رشکِ پری (ف)، **رشکِ حور** (ف)، **رشکِ یوسف** (ف ـ ع) ایسا خوب صورت جس کے حسن و جمال پر پری حور اور حضرت یوسفؑ کو بھی رشک آئے ـ نہایت خوب صورت ✦

رشوت (رِش ـ وت) (ع ـ مؤنث) ناجائز نذرانہ ـ ظلم سے لینا ✦

رشوت خوار ـ یا ـ **رشوت خور** (ع ـ ف) رشوت کھانے والا ـ رشوت لینے والا ✦

رشوت ستانی (ع ـ ف) مؤنث ـ رشوت لینا ـ ناجائز طریقے

جس سے ناجائز طور پر حاصل کیا گیا ہو۔

رشوت کھانا یا لینا (ف) ناجائز روپیہ لینا۔ ناجائز آمدنی لینا۔

رشی (رِ۔شی) (س۔مذکر) (۱) منی۔ تارک الدنیا۔ سادھو۔ عابد۔ ولی۔ صوفی۔

رشید (رَ۔شِید) (ع) (۱) ہدایت یافتہ۔ ہدایت کیا ہوا۔ (۲) تعلیم یافتہ۔ تربیت یافتہ۔

ر۔ص

رصاص (رَ۔صاص) (ع۔مذکر) قلعی۔ سیسہ۔ ٹین۔

رصد (رَ۔صَد) (ع۔مذکر) ستاروں کی گردش دیکھنے کا سامان۔ جنتر۔ (۲) جنتر منتر۔

رصد خانہ۔ رصد گاہ (ع۔ف۔مذکر) ستاروں کی گردش دیکھنے کی جگہ۔

ر۔ض

رض (ع) رضی اللہ عنہ کا مخفف۔

رضا (رِ۔ضا) (ع۔مؤنث) (۱) خوشنودی۔ خوشی۔ مرضی (۲) اجازت۔ مہلت۔ رخصت (۳) وہ چھٹی جس کی تنخواہ نہیں کاٹی جاتی۔

رضا (رَ۔ضا) (ع۔مؤنث) خوش ہونا۔ راضی ہونا۔

رضا کار (ع۔ف) اپنی مرضی سے اپنے آپ کو خدمت ملک و قوم کے لئے پیش کرنے والا۔ والنٹیر۔

رضامند (ع۔ف) راضی۔ خوش۔ منظور کرنے والا۔

رضامندی (ع۔ف۔مؤنث) خوشنودی۔ منظوری۔

رضا ہونا (پنجابی) مر جانا۔ فوت ہونا۔

رضاعت (رَ۔ضا۔عَت) (ع۔مؤنث) شیر خواری۔ دودھ پلانا۔ بچوں کے دودھ پلانے کا زمانہ جو دو سال کا ہے۔

رضاعی (رِ۔ضا۔عی) (ع) دودھ شریک۔

رضاعی بھائی (ع۔مذکر) دودھ شریک بھائی۔ کوکا۔

رضائی (رِ۔ضا۔ئی) (ف۔مؤنث) (۱) رنگے ہوئے کپڑے کی روئی والی دلائی (۲) چھوٹا لحاف (۳) دلائی۔

رضوان (رِض۔وان) (ع۔مذکر) (۱) ایک فرشتہ جو بہشت کا دربان اور موکل ہے (۲) بہشت (۳) برکت (۴) رضامندی۔

رضوی۔ رضویہ (رِض۔وی۔ یَہ) (ع) امام موسیٰ علی رضا سے نسبت رکھنے والا۔

ر۔ط

رَطب (رَ۔طب) (ع) تر۔ تازہ۔ ملائم۔

رطب و یابس (ع) تر و خشک۔ برا بھلا۔ نیک و بد۔

رُطب (رُ۔طُب) (ع۔مذکر) سبزہ۔ ہریاول۔

رطب (رُ۔طَب) (ع۔مذکر) تازہ اور تر کھجور۔

رطل (رِطل) (ع۔مذکر) (۱) جام شراب (۲) آدھے سیر کا وزن۔

رطوبت (رُ۔طو۔بَت) (ع۔مؤنث) (۱) تری۔ نمی۔ سیل (۲) تھوک (۳) نرمی۔ تازگی۔

ر۔ع

رعایا (رِعا۔یا) (ع۔مؤنث) (۱) کسی حاکم کے زیر فرمان رہنے والے لوگ۔ محکوم (۲) کرایہ دار۔

رعایت (رِعا۔یَت) (ع۔مؤنث) پاس۔ نگہبانی۔ لحاظ۔ خیال۔ نگہداشت۔

رعایتی (ع) (۱) لحاظ کیا گیا۔ وہ شخص جس کے ساتھ کچھ لحاظ کیا جائے۔ آوردہ (۲) سفارشی۔

رعایتی پٹہ (۱) وہ تحریر جس میں لگان کی تخفیف درج ہوتی ہے۔

رُعب (رُعب) (ع۔مذکر) ڈر۔ خوف۔ ترس (۲) دبدبہ۔ شان و شوکت۔ شکوہ۔ دھاک۔ جلال۔

رعب بٹھانا (ف) خوف بٹھانا۔ ہیبت بٹھانا۔ دھاک باندھنا۔

رعب چھانا (ف) خوف غالب ہونا۔ دہشت غالب ہونا۔ ہیبت آنا۔

رعب داب (ع۔مذکر) دبدبہ۔ شان و شوکت۔ جاہ و جلال۔ تجمل۔

رعب دار (ع۔ف) خوفناک۔ ڈراؤنا۔ بھیانک۔

رَعد (رَعد) (ع۔مذکر) بجلی کی کڑک۔ گڑگڑاہٹ۔ بادلوں کو چلانے والے فرشتے کی آواز۔

رَعشہ (رَع۔شَہ) (ع۔مذکر) (۱) لرزہ۔ تھرتھراہٹ۔ کپکپی (۲) ایک بیماری جس سے خود بخود ہاتھ کانپتے ہیں۔

رَعنا (رَع۔نا) (ع) (۱) بناؤ سنگار سے رہنے والا۔ رنگیلا۔ چھبیلا۔ وضعدار (۲) دلچسپ (۳) خوشنما۔ زیبا (۴) چالاک

دار (۴) وہ رنگ (۵) ایک پھول جو لالہ سے سرخ اور بہت زرد ہوتا ہے (۶) خوش خرام۔ خوش رفتار ۔

رعنائی (ع) مؤنث۔ خود آرائی۔ وضع داری۔ دلکشی۔ چالاکی۔ طراری ۔

رعونت (رُ۔عُو۔نَت) (ع) مؤنث۔ غرور۔ سرکشی۔ گھمنڈ۔ دماغ۔ شیخی ۔

رعی بند (رَعی بَن۔دَہ) (ف) مذکر۔ زمینوں کے ٹکڑوں کا نقشہ ۔

رعیت (رَعی۔یَت) (ع) مؤنث (۱) رعایت کیا گیا محکوم (۲) اسامی (۳) گروہ (۴) کاشتکار (۵) رعایا کے لوگ جو کسی حاکم کے ماتحت ہوں ۔

ر غ

رغبت (رَغ۔بَت) (ع) مؤنث۔ خواہش۔ میل۔ رجحان۔ توجہ۔ شوق۔ پیار۔ چاؤ ۔

رغبت کرنا (ل) خواہش کرنا ۔

ر ف

رَف (رَف) (انگریزی۔ Rough) نامکمل۔ کاٹ چھانٹ کیا ہوا مسودہ ۔

رفاقت (رِ۔فا۔قَت) (ع) مؤنث (۱) ہمراہی۔ ساتھ (۲) محبت۔ دوستی۔ اتحاد (۳) وفاداری۔ خیرخواہی (۴) ہمدردی۔ معاونت ۔

رفاہ (رِفاہ) (ع) مؤنث۔ آرام چین۔ وہ کام جس سے لوگوں کو آرام پہنچے۔ نیکی۔ بھلائی۔ بہتری ۔

رفاہِ عام یا خلائق (ع) مؤنث۔ عام لوگوں کی بھلائی سے متعلق آرام کا کام ۔

رفاہِ قومی (ع) قوم کی بہتری اور بھلائی۔ قوم کی خدمت ۔

رفاہیت (ع) مؤنث۔ خوشی۔ بھلائی۔ آرام۔ بہتری ۔

رفتار (رَف۔تار) (ف) مؤنث۔ چال۔ روش ۔

رفتار و گفتار (ف) مؤنث۔ چال ڈھال۔ طور طریق۔ چال چلن ۔

رفت گزشت (رَفت۔گُزَشت) (ف) مؤنث۔ گئی گزری۔ رفع دفع۔ ٹال مٹول ۔

رفت گزشت کرنا (ل) بات ٹالنا۔ معاف کرنا۔ خیال چھوڑ دینا۔ ٹال مٹول کرنا۔ جانے دینا ۔

رفتگی (رَف۔تَ۔گی) (ف) مؤنث۔ بیخودی ۔

رفتنی (رَف۔تَ۔نی) (ف) مؤنث (۱) جانے کے قابل۔ جانے والا (۲) جانے والا (۳) عارضی ۔

رفتہ (رَف۔تَہ) (ف) (۱) بیخود (۲) عاشق (۳) گیا ہوا (۴) مرا ہوا (۵) کھویا ہوا ۔

رفتہ رفتہ (ف) آہستہ آہستہ۔ ہوتے ہوتے۔ چلتے چلتے ۔

رفرف (رَف۔رَف) (ع) مذکر (۱) حضرت اسرافیل کے رہنے کا مقام (۲) وہ سواری جس پر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم معراج میں بیت المقدس تک تشریف لے گئے ۔

رفض (رَفض) (ع) مذکر (۱) چھوڑنا (۲) رافضی ہونا (۳) اختلاف۔ بدعت ۔

رفع (رَفع) (ع) مذکر (۱) اٹھانا۔ بلندی۔ اونچائی۔ اٹھان (۲) باز رہنا۔ چھوڑنا (۳) ضمہ۔ پیش ۔

رفع دفع (ل) دور کرنا۔ مٹانا۔ دبانا۔ معاف کرنا۔ باز رہنا ۔

رفعت (رِف۔عَت) (ع) مؤنث (۱) بلندی۔ اونچائی (۲) ترقی۔ مرتبے کی بلندی (۳) بزرگی۔ عزت۔ شان ۔

رفقا (رُ۔فَقا) (ع) مذکر۔ رفیق کی جمع ۔

رفل (رَفل) (ا) مذکر (۱) ایک قسم کی نہایت باریک ململ (۲) (رائفل کا معرب) ایک قسم کی بندوق ۔

رفو (رَفو) (ع) تاگوں کے ساتھ کپڑے کے چھید بند کرنے کا کام۔ کپڑے کی مرمت کرنے کا کام ۔

رفو چکر ہونا (ل) بھاگ جانا۔ چل دینا۔ ہوا ہونا ۔

رفو کرنا (ل) کپڑے کے سوراخ کو تاگوں سے پیوند لگانا ۔

رفوگر (ع۔ف) مذکر۔ رفو کرنے والا۔ وہ شخص جو شال دوشالے وغیرہ میں رفو کرتا ہے ۔

رفوگری (ع۔ف) مؤنث۔ رفو کرنے کا پیشہ۔ رفو کا کام ۔

رفیدہ (رَفی۔دَہ) (ع) مذکر (۱) وہ پھونس بھری ہوئی گول گدی جس پر روٹی رکھ کر تنور میں لگاتے ہیں (۲) (دلی) گول اور بد وضع پگڑی ۔

رفیع (رَفیع) (ع) اونچا۔ بلند ۔

رفیع الشان (ع) بڑے مرتبے والا ۔

رفیق (رَفیق) (ع) مذکر (۱) ساتھی۔ ہم سفر۔ ہمراہی (۲) مددگار۔ دوست (۳) خیرخواہ (۴) مصاحب۔ جلیس ۔

ر - ق

رَقابت (رَ۔ قا۔ بَت) (ع۔ مؤنث) (۱) مخالفت۔ چشمک (۲) محبت میں شرکت ۔

رَقّاص (رَق۔ قاص) (ع۔ مذکر) (۱) ناچنے والا ۔

رَقّاصہ (ع۔ مؤنث) ناچنے والی ۔

رَقبہ (رَق۔ بَہ) (ف۔ مذکر) (۱) زمین کے طول و عرض کو ضرب دینے سے جو مقدار حاصل ہو (۲) احاطہ (۳) گاؤں کے متعلق زمین ۔

رقبہ بندی (ع۔ ف) مؤنث۔ کسی جائداد یا ضلع وغیرہ کا رقبہ مقرر کرنا ۔

رقبہ قابل تشخیص جمع (ع۔ مذکر) وہ رقبہ جس پر محصول مہیا ہونے کو ہو ۔

رقم جمع (ع۔ مؤنث) وصول شدہ رقم ۔

رقم سائر (ع۔ مؤنث) متفرق رقم ۔

رقم سوائی (ع۔ مؤنث) وہ آمدنی جو زمیندار کو لگان کے علاوہ وصول ہوتی ہے ۔

رقم مشتبہ الوصول (ع۔ مؤنث) وہ رقم جس کا وصول ہونا مشکوک ہو ۔

رِقّت (رِق۔ قَت) (ع۔ مؤنث) (۱) نرمی۔ ملائمت (۲) دھاڑ، رونا۔ گریہ (۳) (ف) حال۔ وجد۔ دل بھر آنا (۴) (ف) رحم۔ ترس۔ ہمدردی۔ دردمندی۔ رحمدلی (۵) دوا کا پتلا پن ۔

رقت آنا یا ہونا (ف) دل بھر آنا۔ حال آنا۔ وجد آنا ۔

رقتِ منی (ع۔ مؤنث) منی کا رقیق ہونا۔ دھات کا پتلا پڑنا ۔

رَقص (رَقص) (ع۔ مذکر) (۱) اچھلنا۔ کودنا (۲) ناچ۔ علم موسیقی کے مطابق حرکت کرنا ۔

رقص و سرود (ع۔ ف) مذکر۔ ناچ رنگ۔ گانا بجانا۔ راگ رنگ ۔

رُقعہ (رُق۔ عَہ) (ع۔ مذکر) پرچہ۔ پرزہ (۲) دھجی۔ پیوند۔ چیتھڑا (۳) خط۔ چٹھی (۴) وہ کاغذ جو پیام نسبت کے لئے شجرہ اور حسب و نسب لکھ کر دلہن کے گھر جاتا ہے (۵) کسی تقریب یا شادی میں بلانے کا اطلاع نامہ ۔

رَقم (رَقَم) (ع۔ مؤنث) (۱) تحریر۔ خط۔ نوشتہ (۲) نقش۔ نشان چھاپا (۳) (ف) ہندسہ۔ عدد (۴) (ف) زیور۔ گہنا پاتا (۵) (ف) مال۔ دولت۔ آمدنی۔ دولت مند (۶) (ف) عجیب آدمی۔ ہوشیار۔ چالاک (۷) (ف) کسی کیسی۔ نوچی (۸) (ف) قسم۔ جنس (۹)(۱۰) طور طریق (۱۱) (ف) لگان کی شرح (۱۲) (ف) جواہرات۔ سونا (۱۳) (ف) قیمتی چیز۔ مال و دولت ۔

رقم کرنا (ف) لکھنا۔ تحریر کرنا ۔

رَقیب (رَ۔ قِیب) (ع۔ مذکر) (۱) نگہبان۔ پاسبان۔ محافظ (۲) ہم پیشہ۔ حریف (۳) (ف) مخالف۔ دشمن (۴) (ف) جب ایک معشوق کے کئی عاشق ہوں۔ تو ان میں ہر ایک دوسرے کا رقیب کہلاتا ہے ۔

رقیق (رَ۔ قیق) (ع) (۱) پتلا۔ باریک۔ پانی کی مانند (۲) نرم ملائم ۔

رقیق القلب (ع) مذکر۔ نرم دل۔ رحم دل۔ وہ شخص جس کا دل جلد بھر آئے۔ ترس کھانے والا ۔

رقیمہ (رَ۔ قی۔ مَہ) (ع) مذکر۔ چٹھی۔ رقعہ۔ خط ۔

ر - ک

رُک (رُک) (ہ) (۱) رکنا کا امر (۲) (مذکر) روک ۔

رِکاب (رِ۔ کاب) (ع۔ مؤنث) (۱) وہ آہنی حلقہ جو گھوڑے کے زین میں دونوں طرف لٹکتا رہتا ہے۔ اور سوار اس پر پاؤں رکھ کر گھوڑے پر چڑھتا ہے (۲) رکابی (۳) پیالہ (۴) تھالی (۵) طباق ۔

رکاب دار (ف۔ مذکر) (۱) ماہر باورچی (۲) گھوڑے پر چڑھانے والا نوکر ۔

رکابی (ف۔ مؤنث) تھالی۔ طشتری ۔

رکابی مذہب (ف) ہر دیگی چمچہ۔ اس شخص کی نسبت بولتے ہیں۔ جو جہاں کہیں کھانا دیکھے۔ وہیں جا ڈٹے۔ اور انہیں کے خیالات کا ہو رہے۔ طفیلی۔ لالچی۔ خوشامدی ۔

رکاکت (رَ۔ کا۔ کَت) (ع۔ مؤنث) (۱) سستی۔ کمزوری (۲) بے عزتی (۳) کمینگی ۔

رُکاوٹ (رُ۔ کا۔ وَٹ) (ہ) مؤنث۔ اٹکاؤ۔ ٹھہراؤ ۔

رُکاؤ (رُ۔ کا۔ ؤ) (مذکر) (۱) ٹھہراؤ۔ روک۔ توقف (۲) تعرض۔ مزاحمت ۔

رکت (رَ۔ کَت) (س۔ مذکر) (ہندو) لہو۔ خون ۔

رک رک کر (ف) (۱) ٹھٹ ٹھٹ کر (۲) ٹھہر ٹھہر کر (۳) لکنت سے۔ ہکلا کر ۔

رکشا (رَک۔ شا) (س۔ مؤنث) (ہندو) (۱) امان۔ حفاظت۔ پناہ۔ نگہبانی۔ بچاؤ (۲) راکھی ۔

رکشا بندھن (ہ۔ مؤنث) (۱) راکھی باندھنے کی رسم (۲) (ف)

تہوار جس میں ہندو لوگ اپنے ہاتھوں پر راکھی باندھتے ہیں ۔

رَکعت (رَکْ - عَت) (ع) مؤنث - (۱) جھکاؤ - خمیدگی (۲) نماز کا آدھا یا تہائی یا چوتھائی حصّہ جس میں رکوع و سجود بھی داخل ہو - نماز کا ایک رکن ۔

رُکن (رُکْن) (ع) مذکر (۱) ستون - کھمبا - پایہ (۲) فروعی حصّہ (۳) (۴) کارندہ - سربراہ کار (۴) (۵) اندواز ۔

رُکنِ سلطنت (ع - مذکر) حکومت کے ستون - وزیروں میں سے ایک ۔

رُکنا (ہ) (۱) ٹھہرنا - تھمنا (۲) تتلانا - لکنت کرنا (۳) کشیدہ ہونا - کھنچنا (۴) باز رہنا (۵) ٹھٹکنا - اٹکنا (۶) دم لینا - توقف کرنا (۷) کشمکش میں ہونا - پس و پیش کرنا (۸) جمنا - رہنا (۹) معمور ہونا - پُر ہونا (۱۰) بند ہونا - مسدود ہونا (۱۱) رعی حیض نہ آنا (۱۲) جماع نہ کرنا (۱۳) جھجکنا - بھڑکنا - بدکنا (۱۴) چلنے یا بہنے سے رہ جانا (۱۵) پیچ و تاب کھانا (۱۶) ختم ہونا - ترک ملاقات کرنا (۱۷) اعراض کرنا - روگرداں ہونا ۔

رکُوع (رُ - کُوع) (ع - مذکر) نماز میں گھٹنوں پر ہاتھ رکھ کر جھکنا ۔

رکھ (رَکھ) (ہ - مذکر) دیکھو رُوکھ ۔

رکھ چڑھا (ہ - مذکر) تہمد ۔

رکھو (رَکھو) (ہ) (۱) رکھنا کا امر (۲) جنگل ۔

رکھ پت - رکھا پت (ہ) (مثل) عزت کرو - عزت پاؤ ۔

رکھ رکھاؤ (ہ - مذکر) حفاظت - دیکھ بھال ۔

رکھا رکھایا (ہ) (۱) رکھا ہوا (۲) باسی ۔

رکھائی - روکھائی (رَکھا - ئی + رُو - کھا - ئی) (ہ) مؤنث بڑھئی کا ایک اوزار - برما ۔

رکھائی (رُکھا - ئی) (ہ) مؤنث (۱) روکھاپن - بے التفاتی - بد اخلاقی (۲) بے وفائی - بے مروّتی - اعراض - انکار ۔

رکھنا (ہ) (۱) دھرنا - لگانا (۲) بچانا - خبرداری کرنا (۳) جمع کرنا - اکٹھا کرنا (۴) چھوڑنا - موقوف کرنا (۵) دفن کرنا - قبر میں اُتارنا (۶) رہن کرنا (۷) داخل کرنا (۸) دبا لینا - مار لینا (۹) روکنا - ٹھہرانا (۱۰) متعرض کرنا (۱۱) نطفہ ڈالنا (۱۲) نصب کرنا - کھڑا کرنا (۱۳) لگانا - مارنا (۱۴) اُدھار دینا (۱۵) مقروض ہونا - قرض دار ہونا (۱۶) حوالے کرنا - پیش کرنا (۱۷) نذر کرنا - بھینٹ چڑھانا (۱۸) ٹالنا - آلا بالا بتانا (۱۹) ترقی نہ ہونے دینا - درجہ نہ بڑھنے دینا (۲۰) سپرد کرنا (۲۱) شرط پر لگانا - بازی لگانا (۲۲) برتن میں ڈالنا (۲۳) پرورش کرنا - پالنا (۲۴) قبول کرنا (۲۵) ذمّہ ڈالنا (۲۶)

چُرانا - خیانت کرنا ۔

رکھوالا (ہ) مذکر (۱) محافظ - نگہبان - چوکیدار - نگراں ۔

رکھوالی (ہ) مؤنث (۱) محافظت - پاسبانی (۲) چوکیداری کی تنخواہ ۔

رکھوانا (ہ) (۱) جمع کرانا (۲) دھرانا (۳) ملتوی کرانا (۴) گرو کرانا (۵) ساتھ سلانا (۶) نوکر کرانا ۔

رکھونچا (رکھوں - چا) (ہ - مذکر) وہ ٹکڑے جو مونگ یا ماش کی دھوئی ہوئی دال پیس کر بناتے ہیں - بڑیاں ۔

رکیک (رَکِیک) (ع) (۱) سست (۲) دُبلا پتلا (۳) باریک (۴) حقیر - ذلیل ۔

رکین (رَکِین) (ع) مضبوط ۔

ر - گ

رگ (رَگ) (ف - مؤنث) (۱) نس - عرق - نبض - جسم کی وہ نلیاں جن میں خون رہتا ہے (۲) پٹھا - عصب (۳) پھول یا پتے کا ریشہ (۴) آنکھ کا ڈورا (۵) اصل نسل - ذات (۶) تار - تاگا - دھاگا ۔

رگ اُترنا (ہ) (۱) غصّہ اترنا - غصّہ فرو ہونا (۲) آنت کا فوطے میں اُتر آنا ۔

رگ پٹھے سے واقف ہونا (ہ) اصل نسل اور عادت سے واقف ہونا - ذات بنیاد سے آگاہ ہونا ۔

رگ پھڑکنا (ہ) اٹھانا ٹھٹکنا - کسی ہونے والے امر سے آگاہ ہونا - شدنی امر سے واقف ہونا ۔

رگِ جاں (ف - مؤنث) شاہ رگ - وہ بڑی رگ جس سے تمام رگوں میں خون پہنچتا ہے - اور یہ دل سے تعلق رکھتی ہے ۔

رگ زن (ف) جراح - فصد کھولنے والا ۔

رگِ غیرت (ع - مؤنث) جوش غیرت - جوش حمیت ۔

رگ و پے (ف - مذکر) رگ پٹھا ۔

رگ و ریشہ (ف - مذکر) (۱) رگ پٹھا - گوشت پوست (۲) اصل نسل - ذات (۳) خو بو (۴) بنیاد ۔

رگ و ریشہ میں پڑنا (ہ) گوشت پوست اور خمیر و سرشت میں داخل ہونا - گھٹی میں پڑنا ۔

رگڑ (رَگَڑ) (ہ) مؤنث خفیف زخم - وہ نشان جو دو چیزوں کے باہم ٹکرانے یا لڑنے سے ہو جاتا ہے ۔

رگڑا (ہ) مذکر (۱) خراش (۲) بھنگ گھوٹنا (۳) پیسنا ۔

رگڑا جھگڑا (ہ - مذکر) فساد - کشمکش - تکرار - لڑائی بھڑائی -

جھکو ۔

رگڑنا (ہ) (۱) گھسنا (۲) گھسنا (۳) صاف کرنا (۴) گھونٹنا (۵) کمال کھینچنا (۶) ستانا ۔ حیران کرنا (۷) متحرک کرنا ۔ حرکت دینا (۸) آہستہ آہستہ کھانا ۔

رگ وید یا ۔ رگ بید (س ۔ مذکر) چار ویدوں میں سے پہلا وید ۔

رگیدنا (رَ گی دَ ۔ نا) (ہ) (۱) بھگانا ۔ پیچھا کرنا (۲) کام میں لانا ۔ استعمال میں رکھنا (۳) مجامعت کرنا ۔ رگڑنا (۴) تنگ کرنا ۔ حیران کرنا ۔

ر ۔ ل

رَلا (رَ لا) (ہ) مذکر ۔ ہندی (۱) آمیزش ۔ ملاوٹ (۲) جھمیلا ۔ بکھیڑا (۳) مجہول ۔ مغالطہ ۔

رلا پڑنا (ہ) مغالطہ پڑنا ۔ حساب میں بھول چوک ہونا ۔ بکھیڑا ہونا ۔

رلا ڈالنا (ہ) (۱) مغالطہ ڈالنا ۔ جھگڑا ڈالنا (۲) آمیزش کرنا ۔ ملا دینا ۔

رلا ملا (۲) ملا جلا ۔

رلانا (ہ) ہندی ملانا ۔ آمیز کرنا ۔ شامل کرنا ۔ گڈ مڈ کرنا ۔

رلنا (رَل ۔ نا) (ہ) (۱) ملنا ۔ آمیز ہونا (۲) شامل ہونا (۳) سازش ہونا (۴) گڈ مڈ ہونا ۔

رُلنا (ہ) (۱) تباہ ہونا (۲) ہموار ہونا (۳) رندہ پھرنا ۔ (۴) بکھرنا (۵) آوارہ ہو جانا ۔

ر ۔ م

رِم (رِم) (ہ) مذکر ۔ دیکھو [ریم (انگ)] ۔

رَم (رَم) (مصدر) (۱) ڈر (۲) وحشت (۳) گریز ۔

رَم (رَم) انگریزی ۔ Rum ۔ مؤنث ۔ گڑ کی شراب ۔

رَمّال (رَم ۔ مال) (ع ۔ مذکر) رمل کا علم جاننے والا ۔ نجومی ۔ جوتشی ۔

رُمّان (رُم ۔ مان) (ع ۔ مذکر) انار ۔

رَمانا (رَ ۔ ما ۔ نا) (ہ) (۱) پھرانا ۔ گھمانا (۲) رچانا (۳) اختیار کرنا ۔

رمانا (۴) دھونی رمانے کا لونا ۔ بھبوت کا لگانا ۔

رمتا (رَم ۔ تا) (ہ) چلتا پھرتا ۔ گھومنے والا ۔

رمتا جوگی (ہ) مذکر پھرتا پھراتا جوگی ۔ سیاح ۔ درویش ۔

رِم جھم (رِم جھم) (ہ) بوندا باندی ۔ بارش کی خفیف آواز ۔

رَمَد (رَمَد) (ع ۔ مذکر) ۔ ایک بیماری جس سے آنکھیں سرخ رہتی ہیں ۔

رَمز (رَمز) (ع ۔ مؤنث) (۱) آنکھوں ۔ بھووں یا ہونٹوں کا اشارہ ۔ غمزہ ۔ عشوہ (۲) ایما ۔ اشارہ (۳) الہام ۔ پہیلی ۔ پیچ دار بات (۴) بھید ۔ راز (۵) نکتہ ۔ باریکی (۶) نوک جھونک (۷) طعنہ ۔ مہنہ (۸) ملامت ۔ طعن (۹) بات ۔ معمہ (۱۰) پوشیدہ بات ۔ مخفی بات (۱۱) ذو معنی بات ۔ پہلو دار بات (۱۲) بات کی جڑ ۔ مفہوم ۔ مراد ۔

رمز پھینکنا ۔ یا ۔ مارنا (ہ) اشارہ کنایہ کرنا ۔ آوازہ توازہ کسنا ۔ بھید کی بات کہنا ۔

رمز شناس (ع ۔ ف) اشارہ پہچاننے والا ۔

رمز کی باتیں (ع) مؤنث (۱) بھید کی باتیں (۲) اشارے کنائے کی باتیں (۳) لطف چھیڑ (۴) نکتے کی باتیں ۔

رمضان (رَمَضان) (ع ۔ مذکر) (۱) (لغتاً) جلانے والا (۲) مسلمانوں کا نواں قمری مہینہ ۔ ماہ صیام ۔ وہ مہینہ جس میں اہل اسلام روزے رکھتے ۔ راتوں کو تراویح پڑھتے اور اکثر عبادت الٰہی میں مشغول رہتے ہیں اور اس عمل سے گناہ جل جاتے ہیں ۔ اسی وجہ سے یہ خاص نام رکھا گیا ۔

رمضان کے نمازی (ہ) مذکر چند روزہ نمازی ۔

رَمَق (رَمَق) (ع) مؤنث (۱) تھوڑی سی جان ۔ بچی کھچی جان ۔ آخری سانس (۲) (ہ) ذرا سا (۳) چاشنی کا کچھ اثر ۔

رَمل (رَمل) (ع ۔ مذکر) (۱) ریت (۲) ایک علم جس کے ذریعے سے غیب کی بات بتلاتے ہیں ۔

رَمَل (رَمَل) (ع ۔ مؤنث) (۱) علم عروض کی ایک بحر (۲) اِترا کر چلنا ۔

رَمنا ۔ رَمنہ (رَم ۔ نا + رَم ۔ نہ) (ہ) مذکر (۱) چراگاہ ۔ مرغزار ۔ سبزہ زار (۲) شکار گاہ ۔ وہ جنگل جہاں بادشاہ وحشی جانوروں کو سیر و شکار کے لئے چھوڑوا دیتے ہیں ۔

رموز (رُ ۔ موز) (ع ۔ مؤنث) رمز کی جمع ۔

رمیدگی (رَ می دَ ۔ گی) (ف ۔ مؤنث) وحشت ۔ بھاگنا ۔ تنفر ۔

رمیم (رَ میم) (ع) گلی ہوئی ۔ بوسیدہ ۔ کہنہ ۔

ر ۔ ن

رَن (رَن) (ہ ۔ مذکر) (۱) جنگ ۔ معرکہ ۔ لڑائی (۲) جنگ عظیم

گھمسان کی لڑائی (۳) میدانِ جنگ۔ مقتل (۴) ہرا۔
باغ (۵) جنگل۔ ویرانہ (۶) ہ مؤنث، (پنجابی لغت)
رن پڑنا (د) (۱) میدانِ جنگ سے آواز نکلنا (۲) دوڑ
پڑنا۔ بھاگنا ۔
رن بہادر (ہ) مذکر۔ بہادر سرداروں کا خطاب جنگ
بہادر ۔
رن پڑنا (د) لڑائی ہونا۔ جنگ ہونا ۔
رن جیت (ہ) مذکر۔ فاتح۔ فتح مند۔ ملک گیر
رن (رَن) انگریزی۔ RUN ہ مؤنث۔ دوڑ۔
جھپٹ۔ کرکٹ والے بولتے ہیں ۔
رنج (رَنج) (ف۔ مذکر) (۱) دکھ۔ درد۔ بیماری (۲) (۱)
غم۔ ملال۔ اندوہ۔ سوگ۔ ماتم (۳) (ا) افسوس پچھتاوا
(۴) (ت) غصہ۔ غضب۔ کرودھ ۔
رنج مول لینا (د) خواہ مخواہ اپنے سر کوئی دکھ لینا ۔
رنج و محن (ف، ع) مذکر۔ دکھ۔ درد۔ تکلیف۔ مصیبت ۔
رنج ہونا (د) (۱) غم ہونا۔ افسوس ہونا (۲) بے سبب، خفا ہونا۔
ناراض ہونا ۔
رنجش (ف۔ مؤنث) غم۔ آزردگی۔ بگاڑ۔ اَن بن۔ ناخوشی ۔
رنجک (رَن۔ جَک) (ت۔ مؤنث) (۱) بارود جو بندوق یا توپ
کے پیالے میں آگ دینے کے لئے رکھی جاتی ہے۔
(۲) تحریک۔ ابھار (۳) چورن۔ سفوف ۔
رنجک اڑانا (د) (۱) بندوق یا توپ کے پیالے کی بارود
میں آگ لگانا (۲) بتی لگانا۔ فتیلہ دینا (۳) چمکانا
(۴) گوزہ اڑانا۔ پھسکی لگانا ۔
رنجک پلانا۔ ڈالنا۔ رکھنا (د) بندوق یا توپ کے
پیالے میں بارود رکھنا ۔
رنجک چاٹ جانا (د) (۱) توپ یا بندوق کا فیر نہ ہونا۔
(۲) رنجک کا دھواں دے کر رہ جانا ۔
رنجور (رَن۔ جُور) (ف) بیمار۔ روگی ۔
رنجوری (ف۔ مؤنث) بیماری۔ روگ ۔
رنجیدگی (رَن۔ جی۔ دَگی) (ف۔ مؤنث) دیکھو رنجش ۔
رنجیدہ (ف) (۱) دکھی۔ غمگین۔ مغموم۔ اداس (۲) خفا۔ ناراض۔
ناخوش۔ بیزار ۔
رنجیدہ خاطر (ف، ع) (۱) ناراض۔ ناخوش (۲) دکھیا ۔
رِند (رِند) (ف۔ مذکر) (۱) وہ شخص جو پابند مذہب نہ ہو۔
آزاد (۲) (د) متوالا۔ نشہ باز۔ اوباش (۳) نواب سید
محمد خاں فیض آبادی کا تخلص ۔
رند مذہب۔ یا۔ رند مشرب (ف، ع) مذکر (۱) آزاد۔
(۲) اوباش وضع ۔
رَنْد (رَنْد) (د) مذکر۔ دیوار قلعہ یا شہر پناہ کے وہ سوراخ
جو غنیم پر اندر سے بندوقیں چلانے کے لئے
چھوڑ دیتے ہیں ۔
رندانہ (ف) (۱) رند سے نسبت رکھنے والا۔ آزادانہ۔
(۲) اوباشانہ ۔
رندہ (رَن۔ دَہ) (ف) مذکر۔ لکڑی چھیلنے اور صاف
کرنے کا اوزار ۔
رَندھنا (رَنْدھ۔ نا) (د) (۱) پامال ہونا۔ پسنا (۲) بھرآنا۔
امڈنا ۔
رَندھیر (رَن۔ دھیر) (ہ) (ہندو) بہادر۔ شجاع۔ دلیر ۔
رِندی (ف۔ مؤنث) رندوں کا کام۔ اوباشی ۔
رُنڈ (رُنڈ) (ہ۔ مؤنث) (۱) پورب میں ارنڈ کا درخت ۔
رُنڈ (رُنڈ) (ہ) (۱) دھڑ۔ بے سر جسم (۲) شاخوں کے بغیر
درخت کا تنہ ۔
رُنڈ مُنڈ (ہ) صفاچٹ۔ چار ابرو کا صفایا کئے
ہوئے ۔
رنڈیا (ہ۔ مؤنث) رانڈ کا مخفف ۔
رنڈاپا (ہ) مذکر۔ بیوہ پن۔ بیوگی۔ بیوگی کا زمانہ ۔
رنڈ سالا (ہ) مذکر۔ بیوہ کا جوڑا۔ ماتمی لباس ۔
رنڈسالا پہننا (ہ) رانڈ ہو جانے کی پوشاک پہننا۔ رانڈ
ہونا۔ بیوہ ہونا ۔
رنڈوا (ہ) مذکر (۱) وہ مرد جس کی بیوی مر گئی ہو ۔
رنڈوا بھنڈوا (ہ) مذکر (۲) خانہ خراب۔ خانہ ویران ۔
رَنڈی (ہ۔ مؤنث) (۱) عورت۔ نار۔ زن۔ استری
(۲) (مجازاً) کسبی۔ چاتر۔ فاحشہ۔ بازاری عورت۔
(۳) رقاصہ۔ ناچنے والی ۔
رنڈی باز (د) مذکر۔ عیاش۔ زانی۔ زناکار۔ تماش بین ۔
رنڈی بازی (د۔ مؤنث) تماش بینی۔ عیاشی۔ زناکاری ۔
رنگ (رَنگ) (ف) مذکر (۱) صورت۔ رنگت۔ فام۔ روپ (۲) ناچ۔
راگ گانا۔ کھیل کود (۳) طرز۔ روش۔ انداز۔ ڈھنگ
طور۔ طریقہ (۴) حال۔ احوال۔ حالت (۵) کیفیت۔
درجہ (۶) بہار۔ جوبن (۷) سماں۔ چرچا۔ گونج (۸) مانند۔
مثل۔ نظیر (۹) روغن۔ وارنش (۱۰) خوشی۔ خوش حالی
(۱۱) دستور۔ رسم۔ قاعدہ۔ قانون (۱۲) قسم۔ نوع (۱۳)
رونق۔ چمک۔ خوبصورتی (۱۴) تماشا۔ سیر (۱۵) ہنسی مذاق۔
چہل (۱۶) سبزے کی ہریالی (۱۷) ہمسر۔ جوڑ (۱۸) بدلی۔
دھوم دھام (۱۹) لطف۔ مزہ۔ شغل۔ مشغلہ (۲۰) خانہ

نقشہ (۲) خون۔ لہو ٭
رنگ آشنا (ف) چہرہ دیکھ کر حال معلوم کرنے والا ٭
رنگ آمیزی (ف۔ مؤنث) (۱) رنگ کا کام۔ رنگسازی (۲) نقاشی۔ مصوری (۳) عبارت آرائی (۴) مبالغہ ٭
رنگ اُڑ جانا۔ یا۔ اُڑنا (ہ) رنگ جاتا رہنا۔ خوف یا غیرت و شرم سے رنگ زرد ہو جانا ٭
رنگ اُکھڑنا (ہ) رنگ نہ جمنا۔ بے رنگی ہونا۔ محفل میں بے رونقی ٭
رنگ باندھنا (ہ) سماں باندھنا ٭
رنگ بدلنا (ہ) رنگ پلٹنا۔ رنگ اُڑنا (۲) طرز بدلنا ڈھنگ بدلنا۔ حالت بدلنا (۳) کایا پلٹنا (۴) بگڑنا خفا ہونا ٭
رنگ برنگ کا (ا) طرح طرح کا۔ بوقلموں۔ گوناگوں ٭
رنگ بندھنا (ہ) رنگ پکڑنا۔ رنگ قائم ہونا۔ مزین ہونا ٭
رنگ بھرنا (ہ) تصویر یا کسی چیز میں رنگ لگانا۔ رنگ بنانا ٭
رنگ بھنگ کرنا (ہ) مزہ کرکرا کرنا۔ لطف بگاڑنا ٭
رنگ بے رنگ ہونا (ہ) حالت خراب ہو جانا ٭
رنگ پاشی (ف۔ مؤنث) (۱) رنگ چھڑکنا (۲) رنگ کھیلنے کی رسم جو ہولی کے دوسرے روز ہوتی ہے ٭
رنگ پر آنا (ہ) (۱) بہار پر آنا۔ جوبن پر آنا۔ رونق پر آنا (۲) زوروں پر آنا۔ تیز ہونا ٭
رنگ پکڑنا (ہ) (۱) رنگ آنا۔ رنگین ہونا۔ رنگ چڑھنا (۲) رونق پکڑنا۔ چمکنا۔ تر و تازگی حاصل کرنا ٭
رنگ پھیکا ہونا (ہ) (۱) رنگ اداس ہونا۔ شرم یا غیرت سے چہرے کا رنگ فق ہونا (۲) بے لطف ہونا ٭
رنگ پیدا کرنا (ہ) نیا ڈھنگ۔ طرز یا وضع اختیار کرنا ٭
رنگ ٹپکنا (ہ) (۱) رنگ رسنا۔ رس ٹپکنا۔ نور برسنا رونق جھلکنا ٭
رنگ جل جانا (ہ) خون کے کالے پڑ جانے کے سبب چہرے پر سیاہی چھا جانا۔ رنگ سانولا ہو جانا ٭
رنگ جمانا (ہ) (۱) رنگ چڑھانا۔ رنگنا (۲) بنیاد ڈالنا۔ (۳) اثر ڈالنا (۴) رونق دینا ٭
رنگ چڑھنا (ہ) رنگ آنا۔ رنگا جانا (۲) مخمور ہونا۔ نشیلا ہونا (۳) رنگ پر آنا۔ رنگ چمکنا (۴) عاشق ہونا۔ دُھن چڑھنا (۵) معرفت میں رنگا جانا (۶) ہم رنگ ہو جانا ٭
رنگ دار (ف) (۱) رنگین۔ رنگا ہوا (۲) مجلا۔ چمکیلا ٭
رنگ دکھانا۔ یا۔ دکھلانا (ہ) (۱) جوبن دکھانا۔ لطف دکھانا (۲) ہنر ظاہر کرنا (۳) عادت بد کا ظاہر کرنا (۴) شعبدہ بازی کرنا ٭
رنگ دیکھنا (ہ) (۱) سیر دیکھنا۔ بہار دیکھنا (۲) نتیجے پر نظر ڈالنا (۳) موقع دیکھنا۔ رُخ دیکھنا (۴) کیفیت دیکھنا ٭
رنگ دینا (ہ) (۱) رنگ کر دینا (۲) لطف دینا۔ مزہ دینا ٭
رنگ ڈھنگ (ہ۔ مذکر) (۱) چال چلن (۲) برتاؤ۔ عادت خصلت (۳) حالت۔ کیفیت ٭
رنگ رس (ہ۔ مذکر) (۱) عیش و نشاط۔ گانے بجانے
رنگ رلیاں (ہ۔ مؤنث) کی خوشی۔ کھیل تماشا۔ مذاق عیش و عشرت (۲) حرکتیں۔ بازیاں ٭
رنگ رنگنا (ہ) (۱) کوئی رنگ چڑھانا (۲) کسی رنگ میں کپڑا رنگین کرنا ٭
رنگ رنگیلا (ہ) (۱) رنگین (۲) نالائق۔ عیاش ٭
رنگ روپ۔ رنگ روغن (ہ۔ مذکر) (۱) چمک دمک۔ آب و تاب (۲) حُلیہ۔ خط و خال۔ چہرا مہرا ٭
رنگ ریز۔ رنگریز (ف۔ مذکر) کپڑا رنگنے والا ٭
رنگ زرد ہونا۔ رنگ سفید ہونا۔ رنگ فق ہونا (ہ) (۱) چہرے کا رنگ زرد پڑنا۔ کسی سبب سے چہرے کی سُرخی کا جاتا رہنا (۲) خون خشک ہو جانا (۳) حیرت میں ہونا ٭
رنگ ساز (ف۔ مذکر) (۱) رنگ کرنے والا۔ رنگ یا وارنش بھرنے والا (۲) مصور۔ نقاش (۳) رنگ بنانے اور تیار کرنے والا (۴) کیمیاگر ٭
رنگ سفید پڑنا۔ یا۔ ہونا (ہ) (۱) خوف یا نزاکت کے باعث منہ سفید ہونا (۲) کسی صدمے یا تکلیف سے منہ سفید ہونا ٭
رنگ کاٹنا (ہ) (۱) رنگ دور کرنا۔ کھار یا ترشی سے کسی چیز میں سے رنگ کا جدا کرنا (۲) حریف کی رنگ کی نرد کو مارنا (۳) دوسرے کا جما ہوا اعتبار اٹھا دینا ٭
رنگ کھلنا (ہ) (۱) رنگ اُٹھنا۔ رنگ نمایاں ہونا (۲) شرم یا خجالت سے رنگ کا تبدیل ہونا ٭
رنگ کرنا (ہ) (۱) رنگ چڑھانا۔ رنگنا (۲) خوشی منانا۔

جشن کرنا ؞

رنگ کھیلنا۔ یا۔ ڈالنا (ل) خوشی کے موقع پر آپس میں ایک دوسرے پر رنگ پھینکنا۔ ہولی کھیلنا ؞

رنگ لانا (ل) (۱) رنگین ہونا (۲) بُرائی کرنا (۳) نامافق ہونا (۴) تماشا دکھانا (۵) مزہ چکھانا۔ سزا دینا (۶) نیا نیا روپ دکھانا۔ عجیب عجیب روپ بھرنا (۷) فساد مچانا۔ واویلا کرنا (۸) اپنی اصل پہ آ جانا (۹) جھگڑا اکرار کرنا (۱۰) فریب کرنا (۱۱) ستانا۔ تکلیف دینا (۱۲) رنگ دکھانا۔ خوشحالی ظاہر کرنا (۱۳) چوسر میں رنگ کی نردوں کا پہلے گھر میں آ کر اکٹھ جانا ؞

رنگ لینا (ل) (۱) اپنے ڈھنگ پر لے آنا (۲) مذہب میں داخل کر لینا (۳) ہم رنگ بنا لینا ؞

رنگ مارنا (ل) بازی لینا۔ رنگ کی نرد مارنا ؞

رنگ محل (ف ۔ ع) مذکر (۱) عیش و عشرت کا گھر۔ عشرت گاہ۔ وہ مکان جس میں بادشاہ یا امراء عیش منائیں (۲) سجا ہُوا مکان (۳) لاہور کا ایک بازار ؞

رنگ میں بھنگ ہونا (ل) خوشی میں رنج ہونا ؞

رنگ میں ڈوبنا (ل) (۱) عیش و عشرت میں غرق ہونا (۲) جامِ وحدت یا عشق و محبت کا متوالا ہونا ؞

رنگ نکلنا (ل) (۱) رنگ باہر آنا (۲) چہرے پر رونق آنا۔ چہرے کا صاف اور شفاف ہونا ؞

رنگ (ہ) مذکر۔ رانگ کا مخفف۔ قلعی۔ رانگا ؞

رنگ کھریا (ہ) مذکر۔ رانگ کے کھلونے ڈھالنے اور رانگ کا گہنا پاتا بنانے والا ؞

رنگا رنگ (ف) گوناگوں۔ رنگ برنگ۔ مختلف رنگوں کا ؞

رنگانا (ل) رنگ کرانا۔ رنگت دلوانا ؞

رنگا ہُوا (ل) (۱) رنگ کیا ہُوا۔ رنگین (۲) عارف کامل ؞

رنگائی (ل) مؤنث (۱) رنگوائی (۲) رنگوانے کی اُجرت ؞

رنگت (ل) مؤنث (۱) رنگ (۲) چہرے کا رنگ (۳) کپڑے کے اوپر کا رنگ (۴) روپ (۵) حالت۔ کیفیت ؞

رنگترہ (رنگ۔ تَرَہ) (ل) مذکر۔ سنگترا۔ سنترا۔ ایک قسم کی بڑی نارنگی۔ نارنج ؞

رنگروٹ (رنگ۔ رُوٹ) (ہند) انگریزی رکروٹ ـ RECRUIT ؛ مذکر (۱) نیا سپاہی۔ نیا بھرتی کیا ہُوا (۲) نوآموز ؞

رنگن (دق۔ گَن) (ہ) مذکر۔ سبز پتّے کا عرق ؞

رنگنا (ل) (۱) رنگ کرنا۔ رنگ چڑھانا (۲) اپنا سا بنانا۔ ہم رنگ کرنا (۳) عارف بنانا ؞

رنگوانا (ل) دیکھو (رنگانا) ؞

رنگوائی (ل) مؤنث۔ دیکھو (رنگائی) ؞

رنگیلا (ل) (۱) رنگین مزاج (۲) بانکا۔ خوش پوشاک (۳) زندہ دل (۴) وضعدار (۵) عیاش ؞

رنگین (ف) (۱) رنگا ہُوا۔ رنگ دار (۲) (ل) رنگیلا۔ چھبیلا (۳) (ل) زندہ دل۔ خوش طبع (۴) (ل) مزیّن۔ سجا ہُوا۔ (۵) (ل) رنگ برنگ کا (۶) (ل) سرخ۔ گلرنگ ؞

رنگین ادا (ف) وہ شخص جو نئی نئی وضع اور نئے نئے انداز نکالے۔ طرحدار۔ خوش ادا ؞

رنگین عبارت (ف) (۱) وہ عبارت جس میں گلزار یا باغ کا تلازمہ ہو۔ دلچسپ مضمون (۲) رنگینانہ۔ مقفّٰی و مسجّع عبارت ؞

رنگین مزاج (ف ۔ ع) مذکر۔ خوش مزاج۔ زندہ دل۔ رنگیلا۔ خوش طبع۔ ہنس مکھ ؞

رنگینی (ف) مؤنث (۱) تلوّن (۲) بھڑک۔ آرائش۔ نمائش۔ بناؤ سنگار (۳) خوش مزاجی۔ خوش طبعی (۴) بانکپن۔ چھیل پن ؞

ر ۔ و

رَو (رَو) (ف) مؤنث (۱) پانی کا بہاؤ۔ سیلاب۔ دھارا (۲) جوش۔ ولولہ۔ غصّہ۔ گروہ (۳) دھن۔ خیال (۴) فوج۔ لشکر۔ بھیڑ۔ انبوہ ؞

رُو (رُو) (ف ۔ مذکر) (۱) چہرہ۔ مکھڑا۔ رُخ۔ صورت۔ شکل (۲) (مذکر و مؤنث) سبب۔ وجہ۔ باعث (۳) بساط۔ سطح۔ تختہ (۴) سامنا۔ آگا (۵) (ل) اُمید۔ تمنّا (۶) (ل) رعایت ؞

رُوبراہ (ف) مؤنث (۱) تیار۔ مستعد۔ کمربستہ (۲) اصلاح کیا ہُوا۔ دُرست ؞

روبرو (ف) مُنہ در مُنہ۔ آمنے سامنے۔ مقابل ؞

روبرو کرنا (ل) (۱) سامنے کرنا۔ مقابل کرنا (۲) سپرد کرنا۔ ہاتھ پکڑانا (۳) صورت دکھانا۔ پردہ اٹھانا (۴) حاضر کرنا۔ پیش کرنا ؞

روبرو لانا (ل) (۱) سامنے لانا۔ حاضر کرنا۔ پیش کرنا۔ آگے لانا ؞

روبصحت (ف) تندرست ہونے کی طرف مائل ؞

رُوپوش (ف) (۱) مُنہ چھپائے ہوئے۔ مخفی۔ پوشیدہ (۲) چھپا ہُوا۔ بھاگا ہُوا۔ مفرور ؞

روپوش ہونا (ف) (۱) غائب ہونا۔ مفقود ہونا (۲) مخفی ہونا۔ پوشیدہ ہونا ۔

رُودار (ف) (۱) وجیہ۔ شکیل۔ بارونق ۔

رُورعایت (ف۔ع) مؤنث۔ طرفداری۔ پاس خاطر لحاظ ۔

رُوسیاہ (ف) (۱) کالے منہ کا (۲) گنہگار۔ عاصی (۳) ذلیل۔ حقیر۔ بے عزت ۔

رُوسیاہی (ف) مؤنث۔ بدنامی۔ ذلت۔ رسوائی۔ داغ ۔

رُوشناس (ف) واقفکار۔ جان پہچان والا ۔

روشناسی (ف) مؤنث۔ واقفیت۔ جان پہچان۔ ملاقات۔ صاحب سلامت ۔

رُوکش (ف) (۱) شرمندہ کرنے والا (۲) مقابل (۳) نظیر۔ ہمسر۔ مانند۔ مشابہ ۔

رُوگردان (ف) روکش۔ پلٹا ہوا۔ اُلٹا ہوا ۔

رُومال (ف) مذکر۔ منہ پونچھنے کا کپڑا۔ تولیا۔ انگوچھا۔ دستمال ۔

رُومال پر رُومال بھگونا (ا) زار و قطار رونا۔ اس قدر رونا کہ رومال تر ہو جائے ۔

رُومالی (ف) مؤنث (۱) اوڑھنی۔ لڑکیوں کے اوڑھنے کا دوپٹہ (۲) میانی کا کپڑا (۳) ایک لنگوٹ نما کپڑا جو پہلوان لوگ کسرت کے وقت باندھ لیتے ہیں۔ (۴) گلے میں باندھنے کا کپڑا۔ گلوبند (۵) وہ رومال جو عورتیں سر سے باندھ لیتی ہیں ۔

رومالی چاول (۱) مذکر۔ وہ نہایت باریک اور نفیس چاول جو رومال میں باندھ کر گرم پانی میں ڈالنے سے فوراً اُبل جاتے ہیں ۔

رومالی سوئیاں (ا) مؤنث۔ وہ نہایت باریک سوئیاں جو رومال میں باندھ کر کھولتے پانی میں غوطہ دینے سے فوراً تیار ہو جاتی ہیں ۔

رونمائی (ف) مؤنث۔ وہ نقدی جو دلھن کا منہ دیکھ کر اس کے خاوند کے رشتہ دار دیتے ہیں۔ نذرِ دیدار۔ سلامی ۔

رونمائی دینا (ا) منہ دکھائی دینا۔ دلھن کا منہ دیکھنے کے صلے میں نقدی دینا۔ دیدار کی نذر دینا ۔

رو (ف) (۱) رونا کا امر ۔

رو بیٹھنا (ا) (۱) ناامید ہونا۔ مایوس ہونا (۲) کھو دینا۔ ضائع کر دینا (۳) صبر کرنا ۔

رو پڑنا (ا) رونے لگنا ۔

رو پیٹ کر بیٹھ رہنا (ا) صبر کر لینا ۔

رو دینا (ا) (۱) رونے لگنا۔ آنسو بھر لانا (۲) جی چھوڑ دینا۔ ہمت ہار دینا (۳) چیخ اٹھنا۔ ہار مان جانا (۴) ناراض ہونا۔ خفے ہونا ۔

رو رو کے (ا) بمشکل تمام نہایت دقت اور مصیبت سے ۔

رَوا (رَوَہ) (۱) مذکر۔ سوجی (۲) بارود کا دانہ (۳) چاندی یا سونے کا ذرّہ (۴) ریزہ۔ دانہ (۵) ریت کا ذرّہ ۔

رَوا (ف) (۱) جائز۔ درست۔ مُباح۔ ٹھیک۔ حلال (۲) رائج۔ مروّج۔ جاری ۔

رَوادار (ف) ہوا خواہ۔ قبول کرنے والا۔ خیرخواہ۔ طرفدار۔ ساتھی ۔

رَوا رکھنا (ا) جائز رکھنا۔ منظور کرنا۔ ماننا ۔

روابط (رَوَا۔ بِط) (ع۔ مذکر) رابطہ کی جمع۔ تعلقات ۔

رِواج (رِ۔ واج) (ع۔ مذکر) (۱) عام۔ دستور۔ ریت۔ رسم (۲) ضابطہ۔ قاعدہ۔ معمول ۔

رواج پڑنا (ا) (۱) دستور پڑنا۔ رسم بندھنا (۲) رائج ہونا۔ جاری ہونا۔ عمل میں آنا ۔

رواج دینا (ا) جاری کرنا۔ رسم ڈالنا۔ پھیلانا ۔

رواروی (ا) مؤنث (۱) جلدی۔ شتابی (۲) دوڑا دوڑ۔ بھاگم بھاگ (۳) گھبراہٹ (۴) سرسری عمر دست (۵) بھاگڑ۔ ہلچل ۔

رواسا (رُوا۔ سا) (ہ) مذکر (ہندو) رونے کے قریب۔ از حد رنجیدہ ۔

رواسن (رَوَا۔ سِن) (ہ۔ مذکر) ایک درخت جس کے بیج اور پتے اکثر دوا میں کام آتے ہیں ۔

رواق (رِوَاق) (ع۔ مذکر) (۱) مکان کا چھجا (۲) سائبان۔ (۳) محل ۔

رَوال (رَوَال) (ہ) مذکر۔ چاندی یا سونے کا ذرّہ ۔

رُواں۔ رُوآن (رُ۔ واں۔ رُؤاں) (ہ) مذکر۔ رونگٹا۔ موئے تن جسم کے اوپر کے باریک بال جو مسامات میں ہوتے ہیں (۲) باریک پشم۔ پشمینہ (۳) پھل یا ترکاری کے اوپر کا باریک تار ۔

رُواں بدلنا (ا) (۱) پر پرزے بدلنا۔ بال جھاڑنا (۲) کینچلی بدلنا ۔

رُواں رُواں دعا دیتا ہے (ا) نہایت شاکر و ممنون ہونے کے موقع پر کہتے ہیں ۔

رُواں رُواں کانپنا (ف) ہر رونگٹے کا لرزنا۔ جسم کا کانپنا ۔
رُواں میلا نہ ہونا (ف) بال بیکا نہ ہونا۔ کسی قسم کا رنج یا صدمہ نہ پہنچنا ۔

رَواں (رَ۔ وَاں) (ف) (صف) جاری۔ بہتا ہوا (۲) (ع) تیز۔ بہاں (۳) معنی کے بغیر کسی کتاب کو پڑھنا (۴) موجود۔ چلتا ہوا (۵) چلنا۔ رخصت ۔

رواں ہونا (ف) (۱) جاری ہونا (۲) تیز ہونا (۳) مشق ہونا ۔ زبان پر چڑھنا (۴) رواں ہونا۔ چلتا بنتا ۔

رَوَا نِسا دَوَا نسا (ف) ۔ مذکر۔ دیکھو روا سام ۔

روانگی (ف) ۔ مؤنث (۱) بھیجنا ۔ ترسیل۔ ارسال (۲) چلا جانا ۔

روانگی چٹھی (ف) مؤنث ۔ راہداری کا پروانہ ۔

روانہ (رَوَا۔ نَہ) (ف) (۱) جانے والا ۔ چلنے والا (۲) بھیجا ہوا (۳) گیا ہوا (۴) (مذکر) راہداری کا پروانہ ۔

روانہ ہونا (ف) (۱) ارسال ہونا۔ بھیجا جانا (۲) رخصت ہونا سدھارنا (۳) مر جانا۔ وفات پانا ۔

روانی (ف) مؤنث۔ بہاؤ۔ تیزی ۔

روایات (رِ وَا۔ یَات) (ع) (مذکر و مؤنث) روایت کی جمع ۔

روایت (رِ وَا۔ یَت) (ع) مؤنث (۱) کسی کی بات کی نقل (۲) (ع) بیان ۔ ذکر۔ حکایت۔ اظہار (۳) پرانا ذکر۔ قصہ۔ سرگزشت ۔

روباہ (رُو۔ بَاہ) (ف) ۔ مؤنث۔ لومڑی ۔
روباہ بازی (ف) ۔ مؤنث۔ مکاری ۔ فریب دہی۔ دھوکا دینا ۔

روبکار (رُو۔ بَکَار) (ف) ۔ مؤنث (۱) پیشی ۔ وہ فیصلہ جو کسی حاکم کے سامنے لکھا جائے (۲) وہ حکم جو عدالت کی جانب سے لکھا جائے ۔

روبکاری (ف) ۔ مؤنث۔ مقدمے کی پیشی۔ مقدمے کی کارروائی ۔

روبل (رُو۔ بَل) (روسی) RUBLE (مذکر) روس کا ایک سکہ جو امریکہ کے ڈالر کے برابر ہوتا ہے ہندوستانی تین روپے ۔

رُوپ (رُوپ) (ہ) ۔ مذکر (۱) صورت شکل۔ چہرا مہرا۔ منہ متھرا۔ وضع۔ طور۔ رنگ۔ ڈھنگ (۲) خوبصورتی حسن و جمال۔ جوبن (۳) رونق۔ آب و تاب۔ چمک دمک (۴) جلوہ۔ تجلی (۵) جوانی (۶) تصویر۔ مورت (۷) سوانگ (۸) سونا یا چاندی، کا مخفف ۔

رُوپ بدلنا (ہ) بھیس بدلنا۔ صورت اور وضع کا تغیر کرنا ۔

رُوپ لگا لینا (ہ) بدصورت کرنا۔ چہرہ بگاڑنا۔ بے رونق کرنا ۔

رُوپ بنانا۔ یا۔ بھرنا (ہ) (۱) سوانگ بھرنا (۲) نہایت خوب صورت یا حسین بنانا (۳) صورت بدلنا (۴) ہیئت درست کرنا ۔

روپ درشن (ہ) مذکر (۱) چاندی کی کسی چیز کا نظارہ (۲) وہ روپیہ جو دلہن کو چڑھایا جائے (۳) روپے کا نظارہ ۔

روپ دکھانا (ہ) درشن دینا۔ صورت دکھانا ۔

روپ دھاری (ہ) (۱) بھیس بدلنے والا۔ شکل بدلنے والا (۲) وہ شخص جس نے بھیس بدلا ہو ۔

رُوپ رس (ہ) مذکر (ہندی) چاندی کا کشتہ ۔

رُوپ رو ئیں بھاگ کھائیں (ہ) مثل، بدنصیب خوبصورت تو مصیبت بھرتے ہیں اور بدصورت خوش نصیب عیش مناتے ہیں ۔

روپ وان۔ یا۔ ونت (ہ) (ہندی) خوبصورت۔ حسین۔ خوب رو۔ ستھرا ۔

روپ ونتی (ہ) مؤنث (ہندی) (ع) حسینہ۔ شکیلہ۔ سوہنی۔ موہنی ۔

رُوپا (ہ) ۔ مذکر۔ چاندی۔ سیم۔ نقرہ ۔
روپلی (رُو پَل۔ لی) (ہ) مؤنث (عو) (حقارتاً) روپیہ ۔
رُوپنا (رُوپ۔ نا) (ہ) مؤنث (ہندی) منگنی کا لفظ۔ منگنی ۔
رُوپہلا۔ روپہلی (رُو پَہ۔ لا۔ رُو۔ پَہ۔ لی) (ہ) چاندی کا بنا ہوا یا چاندی کے رنگ کا۔ نقرئی ۔

رُوپے (رُو۔ پے) (ہ) مذکر۔ روپیہ کی جمع بہت سے روپے ۔

روپے کو روپیہ کماتا ہے (ہ) مثل، روپیہ خرچ کرنے سے اور روپیہ وصول ہوتا ہے ۔

روپے والا (ہ) دولتمند۔ مالدار۔ تونگر۔ متمول ۔
رُوپیا۔ یا۔ روپیہ (ہ) مذکر۔ روپے یعنی چاندی کا بنا ہوا سولہ آنے کا سکہ ۔

روپیہ بھنانا۔ یا۔ تڑوانا۔ یا۔ خردہ کرانا (ہ) روپے کو پیسوں یا ریزگاری سے بدلنا ۔

روپیہ پرکھیں بار بار۔ آدمی پرکھیں ایک بار (ہ) (مثل) روپے کو ہر بار اور آدمی کو ایک ہی دفعہ آزمانا کافی ہے ۔

روپیہ پیسا (ا) مذکر۔ دھن۔ دولت۔ مال و زر ۔

روپیہ ٹھیکری یا کنکر پاں کر دینا (ف) فضول خرچی یا بیاہ وغیرہ میں کثرت سے روپیہ صرف کر دینا ۔

روتے کیوں ہو؟ صورت ہی ایسی ہے (ا) (مثل) پیدائش ہی سے دکھیا پیدا ہوئے ہیں۔ صورت ہی منحوس ہے ۔

روتے گئے موئے کی خبر لائے (ل) (مثل) جس بدشگونی سے گئے ویسی ہی بدخبر لائے ۔

روٹ۔ روٹا (مؤنث۔ روٹھنا) (ا) مذکر۔ بڑی روٹی۔ موٹی روٹی ۔

روٹھ (روٹھ) (ف) روٹھنا کا امر ۔

روٹھا (ص) خفا۔ ناراض۔ رنجیدہ۔ آزردہ ۔

روٹھا راٹھی (ا) مؤنث۔ آن بن۔ خفگی۔ رنجیدگی۔ آزردگی ۔

روٹھنا (ف) خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔ بگڑنا۔ آزردہ ہونا ۔

روٹھے کو منائیے بیٹھے کو سلائیے (ف) صلح اور اتحاد ہی رکھنا بہتر ہے ۔

روٹی (اُردو۔ ہندی) (ا) مؤنث (۱) نان۔ چپاتی۔ پھلکا (۲) رزق۔ اَن۔ اناج۔ روزی (۳) مُردے کے چہلم کا کھانا ۔

روٹی بنانا (ف) (ہندو) روٹی پکانا۔ رسوئی کرنا ۔

روٹی پر روٹی رکھ کر کھانا (ف) (ع) با فراغت اور آسودگی سے کھانا ۔

روٹی دینا (ف) (گنوار) (۱) کھانا کھلانا۔ دعوت دینا (۲) کھانے کو دینا۔ پالنا ۔

روٹی کا مارا (ص) بھوکا۔ کنگال۔ فاقہ زدہ ۔

روٹی کپڑا (ا) مذکر۔ نان و نفقہ۔ روٹی اور کپڑے کا خرچ جو عورت کا مرد پر واجب الادا ہے ۔

روٹی کرنا (ف) (۱) (ہندو) روٹی پکانا (۲) (گنوار) دعوت دینا۔ ضیافت کرنا ۔

روٹی کو رونا (ف) (۱) روٹی نہ ملنے کا افسوس کرنا (۲) روٹی تلاش کرتے پھرنا۔ بھوکوں مرنا ۔

روٹی والا (ا) مذکر۔ نانبائی۔ خمیری روٹی پکانے اور بیچنے والا ۔

روٹیاں (ا) مؤنث، روٹی کی جمع ۔

روٹیاں توڑنا (ف) مفت کی روٹیاں کھانا۔ دوسرے کی کمائی کھانا ۔

روٹیاں لگنا (ف) (۱) تنور میں روٹیاں پکنا (۲) کم ظرف کا فراغبالی سے غرور کرنا (۳) شامت یا ادبار آنا ۔

روٹیوں کا مارا (ص) بھوکا۔ کنگال۔ قحط زدہ ۔

روٹیوں پر پڑنا (ف) دوسرے کے گھر روٹی کے لالچ سے جا پڑنا۔ دوسرے کی روٹی پر رہنا ۔

رُوح (رُوح) (ع) مؤنث (۱) جان۔ آتما۔ پران (۲) امرِ الٰہی (۳) اصطلاح اطباء میں وہ لطیف بخار جو زندگی کا باعث ہوتی ہے (۴) (ا) ست۔ لب لباب۔ عطر۔ خلاصہ۔ جوہر (۵) (ا) دل۔ قلب۔ من (۶) (ا) نیت۔ اندرونی خواہش ۔

رُوح آنا (ف) جان پڑ جانا ۔

رُوح افزا (ف) مفرّح۔ فرحت بڑھانے والا۔ تازگی بخش ۔

رُوح الامین (ع۔ مذکر) امانت دار روح۔ حضرت جبرئیلؑ کا لقب جو خدائے تعالیٰ کے احکام رسولِ مقبولؐ کے پاس پہنچاتے تھے ۔

رُوح القدس (ع۔ مذکر) رُوحِ پاک۔ مسلمان حضرت جبرئیلؑ کو سمجھتے ہیں۔ عیسائیوں کے نزدیک خدائے تعالیٰ کی وہ حالت جب وہ روحوں کو ہدایت بخشتا اور نیک ترغیب دیتا ہے ۔

رُوح اللہ (ع۔ مذکر) حضرت عیسیٰؑ کا لقب جو باپ کے بغیر پیدا ہوئے تھے ۔

رُوح پھڑکنا (ف) (۱) رُوح کا کسی چیز کے دیکھنے یا کسی سے ملنے کو جی چاہنا (۲) روح کا آمد و رفت رکھنا ۔

روح پرواز کرنا (ف) (۱) جان نکلنا (۲) کسی سے نہایت ڈرنا ۔

روح پھونکنا (ف) جان ڈالنا ۔

روح تھرانا۔ یا۔ کانپنا (ف) ڈر یا رعب کے مارے جان کا نکلا جانا ۔

روح را صحبتِ ناجنس عذابیست الیم (ف) (مثل) مختلف مذاق، خیالات اور عادات کے لوگوں میں رہنا سہنا روح کے لئے سخت تکلیف کا باعث ہے ۔

روحِ رواں۔ روح و رواں (ع۔ ف) زندہ روح۔ وہ شخص یا چیز جس پر کسی کام کا انحصار ہو۔ اصل شے ۔

رُوح کھینچنا (ف) (۱) عطر نکلنا۔ ست کھینچنا (۲) جان نکلنا۔ دم فنا ہونا ۔

رُوح نکالنا (ف) (۱) جان کھینچنا۔ مار ڈالنا (۲) عطر کھینچنا۔ جوہر نکالنا ◆

روحانی (ع) روح سے منسوب۔ روح کے متعلق۔ پاک صاف۔ مقدّس ◆

روحانیّت (رُو۔ حا۔ نی۔ یَت) (ع۔ مؤنث) روحانی قوت یا خاصیت ◆

رود (رُوْد) (ف۔ مذکر) (۱) ندی نالہ۔ دریا (۲) ایک قسم کا باجا ◆

رودبار (ف) (۱) پانی کا وہ بڑا حصّہ جو عموماً آبنائے سے چوڑا اور دو سمندروں کو وصل کرتا ہے (۲) سمندر کا حصّہ (۳) بڑی جھیل ◆

رُوداد (رُو۔ داد) (ف۔ مؤنث) (۱) کیفیت۔ حالت۔ حقیقت (۲) عدالت کی کارروائی ◆

رُوداد مقدمہ (ف) مؤنث۔ مقدمے کی کیفیت۔ عدالت کی کارروائی ◆

رودہ (رُو۔ دَہ) (ف۔ مذکر) (۱) انتڑی (۲) ساز کی تانت (۳) بیل یا درخت کی شاخ ◆

روڈ (رُوڈ) (انگریزی۔ ROAD) مؤنث۔ سڑک۔ راستہ۔ شارع عام ◆

روڈ (رَوڈ) (انگریزی۔ ROD) (مذکر) (۱) جریب ساڑھے پانچ گز کا پیمانہ (۲) ایکڑ کی چوتھائی۔ بتیس لیسوے یعنی ایک بیگھہ ۱۲ لیسوے ◆

روڑا (رو۔ ڑا) (ہ۔ مذکر) مٹی یا اینٹ کا ٹکڑا۔ سنگریزہ (۲) پنجاب کے کھتریوں کی ایک ذات ◆

روڑی (ہ) مؤنث۔ (۱) پتھر یا چونے کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جو مکان کی منڈیروں۔ پکے فرشوں وغیرہ اور پکی سڑکوں کے اوپر کنکروں کے نیچے بچھائے یا عمارتوں کی بنیاد کے نیچے کوٹے جاتے ہیں (۲) گڑ کی بھیلی ◆

روز (رُوز) (ف۔ مذکر) (۱) دن۔ وار۔ یوم۔ بار۔ تاریخ۔ تتمہ (۲) مزدوری۔ دن بھر کی اجرت۔ روزینہ (۳) (د) مرنے کا دن۔ تاریخ وفات۔ یوم فاتحہ (۴) (د) ہمیشہ۔ ہر روز۔ سدا ◆

روز افزوں (ف) آئے دن زیادہ۔ روزانہ ترقی ◆

روز بٹنا (د) یومیہ تقسیم ہونا۔ مزدوری ملنا ◆

روز برو ز (ف) ہر روز۔ آئے دن ◆

روز جزا (ف۔ ع) مذکر۔ اعمال کا حساب پیش ہونے۔ بدلہ ملنے اور انصاف کا آخری دن۔ قیامت کا دن ◆

روزِ حساب۔ یا۔ روزِ حشر۔ روزِ قیامت (ف۔ ع) مذکر۔ روز انصاف۔ اعمال کے بدلے ملنے کا دن ◆

روزِ داد (ف۔ ع) مذکر۔ وہ اخیر دن جس میں تمام مخلوق خدا کے سامنے اپنے اعمال کا حساب دے گی ◆

روز روز (د) آئے دن۔ ہر روز۔ ہمیشہ ◆

روزِ روشن (ف۔ مذکر) صبح۔ دن ◆

روز روشن میں (د) عین دن کے وقت۔ دن دہاڑے ◆

روزِ سیاہ (ف) مذکر۔ مصیبت کا دن۔ بدنصیبی کا زمانہ ◆

روزِ شمار (ف) مذکر۔ قیامت کا دن۔ روز حساب ◆

روز مرّہ (ف) (۱) ہر روز۔ ہمیشہ۔ متواتر۔ آئے دن (۲) مذکر۔ ہر روز کی گفتگو۔ بول چال۔ محاورہ۔ اصطلاح (۳) تکیہ کلام ◆

روزنامچہ (ف) مذکر (۱) روز کا حال لکھنے کی کتاب۔ ڈائری (۲) وہ بہی جس میں روزانہ حساب لکھا جائے۔ بہی کھاتہ ◆

روزنامہ (ف) مذکر (۱) ہر روز شائع ہونے والا اخبار (۲) روزنامچہ (۳) کیلنڈر (۴) جنتری ◆

روز و شب (ف۔ مذکر) رات۔ دن۔ مدام۔ ہمیشہ۔ سدا ◆

روزِ ولادت (ف۔ ع) مذکر (۱) پیدا ہونے کا دن۔ جنم دن (۲) سالگرہ ◆

روزانہ (ف) (۱) ہر روز۔ نت۔ ہمیشہ (۲) یومیہ۔ روزینہ

روزگار (رُوز۔ گار) (ف۔ مذکر) (۱) زمانہ۔ وقت۔ عالم۔ دنیا۔ جہان۔ سنسار (۲) مدّت۔ عرصہ (۳) (د) نوکری۔ پیشہ۔ کام۔ مشغلہ ◆

روزگار اور دشمن بار بار نہیں ملتا (د) (مثل) موقع ہاتھ سے نہیں چھوڑنا چاہیئے۔ کہ شاید دوبارہ ہاتھ آئے ◆

روزگار پیشہ (د) مذکر۔ نوکری پیشہ۔ وہ شخص جس کا کام نوکری چاکری ہو ◆

روزگار سے ہونا (د) ملازم ہونا ◆

روزگار کرنا (د) (۱) نوکری کرنا۔ ملازمت کرنا (۲) کوئی پیشہ یا تجارت کرنا ◆

روزگار لگنا (د) نوکری لگنا۔ نوکر ہونا۔ مزدوری لگنا ◆

روزن (رَو۔ زَن) (ف۔ مذکر) سوراخ۔ بل۔ چھید۔ درز۔ شگاف (۲) روشندان (۳) کھڑکی (۴) دھواں نکلنے کے لئے چھت کا سوراخ ◆

روزہ (رو۔ زَہ) (ف۔ مذکر) (۱) برت۔ صوم (۲) فاقہ۔ بھوکا رہنا ◆

روزہ دار (ف) روزہ رکھنے والا۔ روزہ سے ۔
روزہ ٹوٹنا (ہ) روزے میں کچھ کھا پی لینا ۔
روزہ خور (ف) مذکر۔ روزہ نہ رکھنے والا ۔
روزہ رکھنا (ہ) صبح صادق سے غروب آفتاب تک روزے کی نیت کرکے کھانے پینے اور دیگر لہو و لعب سے باز رہنا ۔
روزہ کشائی (ف) مؤنث (۱) افطاری۔ روزہ کھولنے کی چیز (۲) روزہ کھلوانے کی تقریب ۔
روزہ کھا جانا (ہ) روزہ نہ رکھنا۔ روزوں کے ایام میں کوئی روزہ چھوڑ دینا ۔
روزہ کھولنا (ہ) (۱) روزہ افطار کرنا۔ غروب آفتاب پر کھانا پینا (۲) بندش توڑنا ۔
روزی (رُو۔ زی) (ف) مؤنث (۱) روز کی خوراک۔ رزق۔ نصیب۔ روٹی (۲) روزگار۔ نوکری۔ ملازمت ۔
روزی رساں (ف) مذکر۔ رزاق۔ روزی دینے والا۔ پروردگار ۔
روزینہ (ف) مذکر (۱) یومیہ۔ روزمرہ کا خرچ یا روز کی اُجرت یا مزدوری۔ خرچ (۲) وظیفہ۔ بخشش۔ تنخواہ۔ مشاہرہ ۔
روستا (رُوس۔ تا) (ف) مذکر (۱) گاؤں۔ دہ (۲) گنوار۔ دہقان
روستائی (ف) مذکر۔ گاؤں کا رہنے والا۔ دہقان ۔
روسلی (رُوس۔ لی) (ہ) (۱) ہلکی اور کم زمین (۲) مؤنث اچھی فصل دینے والی زمین ۔
روش (رَ۔ وِش) (ف) مؤنث (۱) رفتار۔ چال (۲) طرز۔ طریق۔ ڈھنگ (۳) باغ کی پٹڑی ۔
روشن (رَو۔ شن) (ف) (۱) چمکتا ہوا۔ نورانی۔ چمکدار۔ صاف (۲) کھلا ہوا۔ کشادہ (۳) ظاہر۔ عیاں۔ واضح ۔
روشن چوکی (ف) مؤنث۔ ایک قسم کے باجے والوں کی چوکی ۔
روشندان (ف) مذکر۔ دھواں نکلنے یا روشنی آنے کا سوراخ۔ روزن ۔
روشن دماغ (ف) مذکر (۱) عالی دماغ۔ ذکی۔ ذہین۔ (۲) ناس۔ ہلاس۔ نسوار ۔
روشن ضمیر (ف۔ ع) گیانی۔ عاقل و دانا۔ زود فہم۔ ماہر۔ صاحب دل۔ صاحب بصیرت ۔
روشن کرنا (ہ) (۱) چمکانا۔ تاباں کرنا (۲) جلانا۔ چراغ روشن کرنا (۳) ظاہر کرنا۔ کھولنا ۔

روشنائی (ف) مؤنث (۱) روشنی۔ شعاع (۲) لکھنے کی سیاہی ۔
روشنک (رَو۔ شَ۔ نَک) (ف) مؤنث (۱) سکندر کی بیوی (۲) ایک حور (۳) معشوقہ ۔
روشنی (ف) مؤنث (۱) نور۔ چمک (۲) بینائی ۔
روشنی طبع (ف۔ ع) مؤنث۔ ذہانت۔ ذکاوت۔ طباعی۔ ذہن کی تیزی ۔
روضہ (رَو۔ ضَہ) (ع) مذکر (۱) باغ۔ سبزہ زار۔ باغیچہ (۲) مزار۔ بزرگوں کا مقبرہ۔ تربت ۔
روضہ خواں (ع۔ ف) مرثیہ خواں۔ وہ شخص جو منبر پر چڑھ کر کتاب روضۃ الشہدا پڑھے ۔
روضۂ رضواں (ع) مذکر۔ باغ جنت۔ بہشت۔ فردوس بریں ۔
روغن (رَو۔ غَن) (ف) مذکر (۱) تیل۔ کسی چیز کا چکنا جزو (۲) گھی۔ چکنائی (۳) وارنش۔ رنگ۔ چمکدار۔ تیل (۴) چمک دمک۔ آب و تاب ۔
روغن تلخ (ف) مذکر۔ کڑوا تیل۔ روغن سیاہ ۔
روغن زرد (ف) مذکر۔ گھی ۔
روغن قاز ملنا (ہ) (۱) چکنانا۔ خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا (۲) زمانہ سازی کرنا (۳) پار بنانا۔ شیشے میں اتارنا ۔
روغنی (ف) روغن دار۔ چپڑا ہوا۔ چکنا (۲) نقش کیا ہوا ۔
روغنی روٹی (ہ) مؤنث۔ وہ روٹی جو آٹے میں گھی ڈال کر پکائی جائے ۔
روک (رُوک) (ہ) مؤنث (۱) ممانعت۔ مزاحمت۔ مناہی۔ انحصار۔ اٹکاؤ۔ رکاوٹ (۲) انسداد۔ تعرض (۳) حائل۔ بندی۔ بند (۴) روکنے کا کام ۔
روک تھام (ہ) مؤنث۔ روک ٹوک۔ عارضی بچاؤ۔ انسداد ۔
روک ٹوک (ہ) مؤنث۔ ممانعت۔ مزاحمت۔ اٹکاؤ۔ مناہی ۔
روک رکھنا (ہ) (۱) ٹھہرا لینا۔ باز رکھنا (۲) کسی مال کو خاص مصرف کے لئے ڈال رکھنا ۔
روکڑ۔ روکڑی (رُو۔ کڑ) (ہ) مؤنث۔ نقدی۔ روپیہ پیسہ۔ نقد۔ دھن دولت ۔
روکڑ بکری (ہ) مؤنث۔ نقد بکری۔ وہ فروخت جو نقد ہی ہو
روکڑ بہی (ہ) مؤنث۔ وہ بہی جس میں نقدی کا حساب کتاب

(۵) ج ہو۔ آ ہنی کی کتاب ۔
روکڑیا (ع۔ مذکر) (ہندی) خزانچی۔ تحویلدار۔ نقدی رکھنے والا ۔
رُوکَن (رُوْ۔کَن) (ع۔ مذکر) (۱) اوپر۔ علاوہ (۲) کسی چیز کی وہ مقدار جو اس کے خریدنے کے بعد بلا قیمت آپ سے لیں۔ گھاتا ۔
روکنا (ف) (۱) باز رکھنا۔ مانع آنا (۲) بند کرنا۔ گھیرا کرنا اٹکانا۔ ٹھہرانا (۳) منع کرنا۔ بات کاٹنا (۴) باڑ لگانا۔ پردہ کرنا۔ احاطہ کرنا (۵) تھام رکھنا۔ (۶) بچاؤ کرنا۔ وار بچانا (۷) قبضہ کرنا (۸) دیر میں دینا (۹) راستہ بند کرنا (۱۰) پھانسنا۔ اُلجھانا۔ (۱۱) حفاظت کرنا۔ بچانا (۱۲) چھیڑنا۔ راستے میں پکڑنا (۱۳) ساکن کرنا (۱۴) متوقف کرنا۔ ملتوی کرنا۔ (۱۵) معاملہ ہاتھ سے نہ جانے دینا (۱۶) سنبھالنا قابو میں لانا۔ اُٹھانا۔ سہارنا (۱۷) بھرنا۔ مسدود کرنا (۱۸) چھپانا۔ ڈھانکنا ۔
رُوکھ (رُوْکھ) (ع۔ مذکر) درخت۔ شجر۔ برچھ ۔
رُوکھا (رُو۔ کھا) (ع۔ ا) (۱) خشک۔ سوکھا (۲) سادہ۔ (۳) بے رس۔ بے لطف (۴) پھیکا (۵) خشک دماغ بے لگاؤ (۶) کج خلق۔ بدخلق (۷) بیداد۔ بیرحم۔ سنگدل (۸) کھردرا (۹) بلا روغن ۔
روکھا جواب (ع) مذکر۔ صاف انکار ۔
روکھا سوکھو کا (ع) (مثل) (۱) خوش اخلاقی کے ساتھ پیش آنے والا بھوکا رہتا ہے (۲) رُوکھی روٹی کھانے والے کا پیٹ نہیں بھرتا ۔
رُوکھا سُوکھا (ص) بے سالن کا۔ بُرا بھلا۔ دال دلیا ۔
رُوکھانی (رُو۔ کھا۔ نی) (ع۔ مؤنث) لکڑی کھودنے کا اوزار۔ چھینی ۔
رُوکھائی (ع) مؤنث (۱) دیکھو رُکھائی (۲) ناہمواری کھردراپن (۳) سختی۔ درشتی (۴) خشکی۔ سوکھا ۔
رُوکھے سوکھے ٹکڑے (ع۔ مذکر) نہایت معمولی غذا۔ مفلسی کے ٹکڑے ۔
روگ (رُوْگ) (ع۔ مذکر) (۱) دُکھ درد۔ بیماری۔ مرض۔ (۲) وبا۔ مری (۳) وبال۔ جنجال (۴) فتنہ۔ فساد (۵) ردّ و بدل (۶) عیب۔ بُرائی۔ نقص ۔
روگ پالنا۔ یا۔ لگا لینا (ف) (۱) جھگڑے میں پڑنا۔ بکھیڑے میں پڑنا (۲) دشمن کر لینا۔ بُری عادت ڈال لینا (۳) کوئی مرض پیچھے لگا لینا۔ دائم المرض رہنا

روگ دھوگ (ع۔ مذکر) (۱) بیماری (۲) جھگڑا (۳) مصیبت ۔
روگ راج (ع) مذکر۔ بیماریوں کا سردار۔ تپ دق۔ سِلّ۔ آتشک ۔
روگ کا گھر۔ یا۔ روگ کی جڑ (ع۔ مذکر۔ مؤنث) (۱) دُکھ کی پوٹ۔ بیماری کا باعث۔ بیماری پیدا کرنے والی چیزیں ۔
روگ کا گھر کھانسی اور لڑائی کا گھر ہانسی (ع) (مثل) کھانسی تمام بیماریوں کی جڑ اور ہنسی دل لگی لڑائی کا سبب ہے ۔
روگ لگ جانا۔ یا۔ لگنا (ف) (۱) کسی بیماری کا پیچھے لگ جانا۔ بیمار ہو جانا (۲) جھگڑا پیچھے لگنا (۳) لت پڑنا۔ عادی ہونا ۔
روگی۔ روگیا۔ روگیلا (ع) (۱) مریض۔ دُکھی۔ دائم المرض (۲) جھگڑالو (۳) کوڑھی۔ جذامی ۔
رول (رُوْل) (انگریزی) ROLL (مذکر) دفتر کی وہ فہرست جس میں ترقی اور مدارج و مناصب کے لئے ملازموں کے نمبر وار نام لکھے ہوتے ہیں۔ فردِ اسماء ۔
رُول (رُوْل) (انگریزی۔ RULE (مذکر) (۱) قاعدہ قانون۔ ضابطہ۔ دستور (۲) لکیر۔ جدول جو کتاب کے حاشیے پر کھینچا جائے (۳) (ف) لکیریں کھینچنے کا گول ڈنڈا۔ جدول کش ۔
رَولا (رَو۔لا) (ع۔ مذکر) (ہندی) غل۔ شور۔ غوغا (۲) جھگڑا بکھیڑا (۳) غدر کرنا۔ بلوہ کرنا۔ بغاوت کرنا ۔
رَولا ڈالنا۔ یا۔ کرنا۔ یا۔ مچانا (ف) (۱) غل مچانا۔ کھلبلی ڈالنا (۲) غدر کرنا۔ بلوہ کرنا۔ بغاوت کرنا ۔
رُولر (انگریزی۔ RULER (مذکر) جدول کش۔ لکیریں کھینچنے کا گول ڈنڈا ۔
رولر (رُو۔لر) (انگ) ROLLER (مذکر) بیلن۔ (مختلف قسم کا) ۔
رولن (رُو۔لن) (ع۔ مؤنث) وہ چیز جو رولنے کے بعد رہ جائے۔ پھٹکن ۔
رولنا (ف) (۱) پھٹکنا۔ جُدا کرنا۔ چھانٹنا (۲) جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ بٹورنا (۳) صاف کرنا۔ ہموار کرنا۔ چمکانا۔ ننھا کرنا (۴) کمانا۔ حاصل کرنا ۔
رولی (رَو۔لی) (ع۔ مؤنث) ایک قسم کی سُرخ اور خشک چیز جس کا ہندو تلک لگاتے ہیں۔ کنکو ۔
روم (رُوْم) (ع۔ مذکر) (۱) رونگٹا۔ رُواں۔ موئے تن ۔
رُوم (رُوْم) (ع۔ مذکر) (۱) مشرقی بادشاہوں کی سلطنت جس کا

دارالخلافہ قسطنطنیہ تھا (۲) مغربی بادشاہوں کی مملکت جس کا صدر مقام روم تھا (۳) ترکوں کی مملکت (۴) شہر روم ✦

رومان (رُو-مان) (معرّب) (انگ۔ رومینس۔ ROMANCE) مذکر۔ ناول۔ افسانہ۔ قصہ ✦

رومن (رُو-مَن) (انگریزی۔ ROMAN) (۱) روما (اٹلی) کا (۲) مؤنث۔ انگریزی حروف میں اردو وغیرہ کا لکھنا ✦

رومن کیتھولک (انگریزی۔ ROMAN CATHOLIC) (مذکر) عیسائیوں کا ایک فرقہ جو حضرت مسیحؑ اور حضرت مریمؑ کے بت یا تصویر کی پرستش کرتا ہے ✦

رومن کیرکٹر (ROMAN CHARACTER) مؤنث۔ انگریزی حروف میں اردو وغیرہ لکھنا ✦

رومی (رُو-می) (ع) (۱) روم کا باشندہ (۲) روم سے متعلق ✦

رونا (رُو-نا) (ہ- مذکر) (۱) جھرنا (۲) گھنگرو یا جھانجن کے اندر کے دانے جنہیں بجانے سے آواز نکلتی ہے۔ (۳) (ہندو) بیاہ کے بعد تیسری دفعہ دلھن کو اپنے گھر لانا ✦

رونا (رَو-نا) (ہ) (۱) آنسو بہانا۔ گریہ کرنا (۲) شکایت کرنا۔ گلہ کرنا (۳) غم کرنا۔ سوگ کرنا (۴) واویلا کرنا۔ ہائے ہائے کرنا (۵) افسوس کرنا۔ کڑھنا (۶) دکھ پھیلنا۔ افشا ہونا (۷) پچھتاوا کرنا۔ پچھتانا (۸) صدمہ اٹھانا۔ مصیبت بھرنا (۹) دکھ بیان کرنا (۱۰) لبسودنا۔ بدصورتی کی شکل بنانا (۱۱) بری طرح پڑھنا۔ بدآوازی سے بولنا ✦

روناپیٹنا۔ روناجھونا (ہ) مذکر۔ گریہ زاری۔ واویلا۔ آہ و بکا۔ ماتم۔ کہرام ✦

رونا پڑنا (ہ) ماتم ہونا۔ کہرام مچنا ✦

رونا رونا (ہ) دکھڑا بیان کرنا۔ مصیبت دہرانا ✦

روند (رَوند) (ہند) (مؤنث) (۱) رات کو گشت سپاہیوں یا چوکیداروں کا دورہ (۲) روندنا کا امر ✦

روندنا (ہ) کھوندنا۔ پامال کرنا۔ پاؤں سے کچلنا۔ پاؤں میں کچلنا ✦

رُوں رُوں (ہ) مؤنث۔ (۱) سارنگی کی آواز (۲) بچے کے رونے کی آواز ✦

رونق (رَو-نَق) (ع) مؤنث (۱) روپ۔ خوبصورتی۔ چمک دمک (۲) تازگی۔ طراوت (۳) آبادی۔ چہل پہل (۴) بہار۔ جوبن۔ لطف (۵) زیب و زینت (۶) دھوم دھام۔ شان و شوکت ✦

رونق افروز (ف) رونق بڑھانے والا۔ بڑے آدمیوں کے لئے بولتے ہیں ✦

رونق افروز ہونا (ہ) کسی بزرگ، سردار یا بادشاہ کا تشریف لانا۔ جلوہ افروز ہونا ✦

رونق افزا (ف) رونق بڑھانے والا۔ جلوہ فرما ✦

رونق دار (ف) چمکیلا۔ خوبصورت۔ آراستہ ✦

رونگٹ (رُوں-گٹ۔ رَوں-گٹ۔ رَو-گٹ) (ہ) مذکر۔ انسان کے جسم کا ملائم بال۔ رونگٹا۔ روم ✦

رونگ رونگ میں بسنا (ہ) رونگٹوں رونگٹوں میں سمانا ✦

رونگٹا (ہ) مذکر۔ اُون۔ پشم۔ رُواں۔ رونگٹ۔ وہ چھوٹے نرم بال جو انسان کے بدن پر ہوتے ہیں ✦

رونگٹے کھڑے ہونا (ہ) سردی یا رعب کے باعث جسم کے رونگٹوں کا کھڑا ہو جانا۔ سہمنا۔ ڈرنا۔ کانپنا (۲) حیرت میں رہنا۔ چونکنا ✦

روَنہ روَنا (ہ) مذکر۔ وہ کاغذ جس پر مال کی تعداد دینے والے کا نام مع نام چیز و محصول درج ہو (۲) پروانہ راہداری۔ اجازت نامہ (۳) پیادہ۔ ہرکارہ (۴) ہر قسم کا کام کاج کرنے والا۔ چھوکرا (۵) چوکیدار ✦

رونے سے روزی نہیں ملتی (ہ) (مثل) افسوس کرنے سے دولت نہیں ملتی ✦

رونے کو تھی ہی اتنے میں آگیا بھائی (ہ) (مثل) (عو) رونے کو تو پہلے ہی تیار تھی۔ حمایتی آگیا تو اور بھی سہارا پا کے زیادہ غل مچا دیا ✦

روہت (رَو-ہَت) (ہ) مؤنث۔ نرمی۔ تروتازگی ✦

روہٹا (رُو-ہَٹ-ٹا) (ہ- مذکر) روئی کا بانا ✦

روہڑ (رُو-ہڑ) (ہ) (۱) بدصورت۔ بھدا (۲) ڈھلکا موٹا دھاگا ✦

روہو (رُو-ہو) (ہ- مؤنث) ایک قسم کی مچھلی ✦

روئداد (ف) مؤنث۔ دیکھو (روداد) ✦

روئیدار (ف) دانہ دانہ۔ خستہ۔ بھربھرا ✦

روئی (رُو-ای) (ہ- مؤنث) پنبہ۔ صاف کی ہوئی کپاس (۲) ملائم۔ نرم۔ گدگدا ✦

روئی تومنا (ہ) روئی کو انگلیوں سے تار تار کرنا ✦

روئی دار (ف) روئی کا بھرا ہوا، وہ کپڑا جس کے اندر روئی بھری ہوئی ہو ✦

روئی دھننا۔ یا۔ دھنکنا (ہ) روئی کو تانت سے صاف کرنا۔ روئی کے روئیں جدا جدا کرنا ✦

روئی کا سا گالا (ہ) نہایت سفید اور ملائم ✦

روئی کا گالا (۱)، مذکر - (۱) صاف روئی کا بنایا ہُوا گولا - روئی کا بجا پھویا (۲)، سفید سر مرد یا بڑھی عورت کی تشبیہ ◆

روئی کی طرح تُوم ڈالنا (۱)، محاورہ (۱) دھجیاں اڑانا - خوب خبر لینا (۲) ایک ایک عیب کھول کر رکھ دینا ◆

رُوئے سِفید (ف - مذکر) دیکھو (رُو) ◆

روئے سخن (ف - مذکر) بات کا رُخ - خطاب سخن ◆

رُوئیدگی (رُو - ئی - دَگی) (ف) مؤنث - اگنا نباتات کا اگنا ◆

روئیں (رُو - ایں) (ف - مؤنث) (۱) دھات - کانسی (۲) دھات کا - پیتل یا کانسی کا ◆

روئیں (رُو - ایں) (ہ - مذکر) روآں کی جمع - رونگٹے ◆

روی (رَوِی) (ع - مؤنث) قافیے کا سب سے پچھلا بار بار آنے والا حرف ◆

روئیاں (رُو - یاں) (ہ) مذکر - (لکھنو) روآں - رونگٹا - موئے تن ◆

رُوئش بہ بیں حالش مپرس (ف) (مثل) صورت دیکھنے سے حال ظاہر ہے - مصاحفت کرنے کی ضرورت کیا ؟

رِوِیو (دیکھو ریویو) ◆

رَوِیّہ (رَوِی - یَہ) (ف - مذکر) (۱) چال چلن (۲) دستور قاعدہ (۳) برتاؤ ◆

رہ - ہ

رَہ (رَہ) (ف) مذکر (۱) راہ کا مخفف ◆

رہ بر - رہبر (ف - مذکر) دیکھو (راہبر) ◆

رہ بری - رہبری (ف - مؤنث) دیکھو (راہبری) ◆

رہ گزر - رہگزر (ف - مذکر) راستہ سڑک - شارع عام ◆

رہ زن - رہزن (ف - مذکر) دیکھو (راہزن) ◆

رہ زنی - رہزنی (ف - مؤنث) دیکھو (راہزنی) ◆

رہ نما - رہنما (ف) دیکھو (راہنما) ◆

رہ نمائی - رہنمائی (ف - مؤنث) دیکھو (راہنمائی) ◆

رہ نمول - رہنمول (ف) راستہ دکھلانے والا - ہادی ◆

رہ نمونی - رہنمونی (ف - مؤنث) رہنمائی - ہدایت ◆

رَہ - ٹھہر - ٹھہرو - صبر کرو ◆

رہ جانا (ف) (۱) ٹھہر جانا - ساتھ نہ آنا (۲) دیر کرنا (۳) باقی رہنا - بچ رہنا (۴) ناتمام رہنا - ناکمل رہنا (۵) ناکامیاب ہونا (۶) پیچھے رہ جانا (۷) تھک جانا - عاجز ہوجانا (۸)

قیام کرنا ◆

رَہ رَہ کر - رَہ رَہ کے (ف) (۱) ٹھہر ٹھہر کے - بار بار گھڑی گھڑی (۲) پچتا پچتا کے ◆

رِہا (رِہا) (ف) آزاد - چھوٹا ہُوا - نجات یافتہ - خلاصی یافتہ - اصطلاح قانونی میں جس ملزم پر ثبوت استغاثہ کافی نہ پایا جائے - اُس کے چھوڑ دینے کو رہا کرنا کہتے ہیں ◆

رہا سہا (ہ) (۱) باقی ماندہ - بچا کھچا (۲) رشتہ طاعہ رشتہ ناتہ کا (۳) حامی - مددگار - خبرگیران ◆

رہا کرانا (رِہا - کا) (ہ) چھٹی یا سبق کو کھڑے ہوکر دہرانا ◆

رہائش (رِہا - اِش) (۱) غلط العام مؤنث - سکونت - مسکن - قیام - گھر - ٹھکانا (بعض فصحا کے نزدیک غلط العوام ہونے کے باعث نادرست ہے) ◆

رہاؤ (رِہا - اَؤ) (ہ) مضبوط - دیرپا - مستحکم ◆

رہاؤ (رِہا - آؤ) (ہ) مذکر - ٹھہراؤ - وقفہ - ٹکاؤ ◆

رہائی (ف) مؤنث - خلاصی - نجات - آزادی - فراغت - چھٹی - معافی ◆

رہائی دینا (۱) چھوڑنا - آزادی بخشنا ◆

رُہبان (رُہ - بان) (ع - مذکر) عیسائیوں کا ناسک ◆

رَہبانیت (ع - مؤنث) ترک دنیا - رہبانوں کی طرح عبادت ◆

رہٹ (رَہَٹ) (ہ - مذکر) (۱) چرخ - وہ چرخ جس کے ذریعے سے کنوئیں سے پانی باہر نکالا جاتا ہے (۲) ہنڈولا ◆

رہٹ لگانا (ہ) بار بار آنا جانا - تار باندھنا ◆

رہٹی (ہ) مؤنث (۱) چھوٹا رہٹ (۲) طریقہ - معمول ◆

رہٹی باندھنا (ہ) (۱) قسط مقرر کرنا (۲) معمول باندھنا ◆

رہٹی چلانا (ہ) قسط پر دینا - ایک رقم کو بہ قسطات ادا کرنا ◆

رہچولا (رَہ - چو - لا) (ہ - مذکر) (۱) خوشامد (۲) نرم الفاظ - خوشامدوں جیسی بات چیت ◆

رہڑو (رَہ - ڑو) (ہ) مذکر - ڈھولنا - بچوں کو کھڑا ہو کر چلنا سکھانے کی گاڑی ◆

رہس (رَہَس) (ہ) مذکر (۱) چہل - خوشی - دل بہلاوا - دل لگی - دل بہلانے کی بات چیت یا چیز (۲) دیکھو (راس) ◆

رہکلا (رَہ - کلا) (ہ - مذکر) (۱) چھوٹی توپ - گھڑ چڑھی (۲) بھنور کلی (۳) توپ رکھنے کی گاڑی ◆

رہن (رَہن) (ع - مذکر) گرو - گروی - کفالت ◆

رہن اراضی (ع - مذکر) زمین کا گرو رکھنا ◆

رہن انتفاعی (ع - مذکر) وہ گرو جس میں فائدہ اٹھانے کی صورت ہو۔
رہن اجماعی (ع - مذکر) مشترک گرو۔
رہن در رہن (ع - ف) گرو درگرو - ایک شخص سے کوئی شے آپ رہن لے کر دوسرے کے پاس رہن کر دینا۔
رہن متمادی (ع - مذکر) مقررہ مدت تک کا گرو۔
رہن مطلق (ع - مذکر) دست بندھک۔
رہن نامہ (ا) مذکر۔ تمسک - وہ تحریر جو کوئی چیز کفالت میں دینے کی بابت اسٹامپ پر لکھ کر دی جائے۔ کفالت نامہ۔
رہنا (ہ) (۱) بسنا - ٹکنا - ٹھہرنا (۲) باقی بچنا - چھوٹنا (۳) خوب چلنا - پائدار ہونا (۴) برقرار رہنا - چلنا (۵) کھڑا رہنا - قائم رہنا (۶) سن ہو جانا - شل ہو جانا (۷) بسر ہونا (۸) گنا جانا - حساب میں آنا (۹) باقی رہنا - ذمہ ہونا۔ (۱۰) عورت کا مرد کے پاس یا مرد کا عورت کے پاس شب باش ہونا۔
رہنے دینا (ہ) (۱) کھ چھوڑنا (۲) قائم رکھنا (۳) پیچھے چھوڑنا (۴) ہاتھ نہ لگانا (۵) جانے دینا - چپ رہنا۔
رہوار (ف - مذکر) دیکھو راہوار۔
رہین (رَہِین) (ع - مذکر) (۱) وہ چیز جو رہن رکھی جائے (۲) تابع - ماتحت (۳) تعلق۔
رہین منت (ع) احسان مند - شکر گزار - ممنون۔
رہے نام اللہ کا (۱) خدا ہی کو قیام ہے - کسی کے مرنے یا کسی چیز یا رتبے کے زوال کے وقت بولا جاتا ہے۔
رہیں جھونپڑوں میں خواب دیکھیں محلوں کا (۱) (مثل) مفلسی میں تونگری کی اُمنگ کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں۔

ر - ع

رؤسا (رُؤَسا) (ع - مذکر) رئیس کی جمع۔
رؤف (رَءُوف) (ع) (۱) بہت مہربانی کرنے والا (۲) (مذکر) اللہ تعالیٰ کا ایک نام۔
رؤیا (رُءْیا) (ع - مذکر) خواب - سپنا - جو کچھ خواب میں دیکھا جائے۔
رؤیائے صادقہ (ع - مذکر) سچا خواب - وحی کی ایک قسم۔

رؤیت (رُؤْ - یَت) (ع - مؤنث) صورت کا نظر آنا - دیدار۔
رؤیت ہلال (ع - مؤنث) پہلے دن کے چاند کا نظر آنا۔
رئی (رَئی) (ہ - مؤنث) بلونی - دہی بلونے کا آلہ۔ مدھانی۔
رئیس (رَئِیس) (ع - مذکر) سردار - فرماں روا۔

ر - ی

ری - رے - ری (ہ - ہ) (۱) ارے یا اری کا مخفف۔
ریا (رِیا) (ع - مؤنث) ظاہرداری - زہد سازی - مکر و فریب - دھوکا - پیچ کی بات۔
ریاکار (ع - ف) منافق - مکار - زمانہ ساز - فریبی۔
ریاکاری (ع - ف - مؤنث) مکاری - فریب - نفاق۔
ریاح (رِیاح) (ع - مؤنث) (۱) ریح کی جمع - ہوائیں - بائیں (۲) معدے کی ہوا - گوز - پاد۔
ریاست (رِیا - سَت) (ع - مؤنث) (۱) سرداری - افسری - امارت (۲) (۱) عالی حوصلگی - عالی ہمتی (۳) (۱) حکومت عملداری۔
ریاست بے سیاست نہیں ہوتی (۱) (مثل) حکومت کے لیے انتظام اور رعب ہونا ضروری ہے۔
ریاستِ جمہوری (ع - مؤنث) وہ سلطنت جس میں بادشاہ بالکل نہ ہو - پنچایتی سلطنت جس میں رعیت اپنا بادشاہ خود منتخب کرکے اُس کا نام پریزیڈنٹ یا صدر مجلس رکھے۔ ایسی سلطنت جس میں رعایا کو اپنا بادشاہ آپ تجویز کرنے کا اختیار حاصل ہو۔
ریاض (رِیاض) (ع - مذکر) روضہ کی جمع - بہت سے باغ (۲) محنت - مشقت۔
ریاضت (رِیا - ضَت) (ع - مؤنث) (۱) محنت - مشقت - سختی (۲) زہد - نفس کشی (۳) (۱) کسرت - ورزش (۴) (۱) مزدوری - پیشہ وری۔
ریاضت کش (ع - ف) رنج کش - سختی اٹھانے والا - محنتی۔
ریاضتی (ع) (مذکر) (۱) جفاکش - محنت کش (۲) ناہمواری - ریشمی۔
ریاضی (رِیا - ضِی) (ع - مؤنث) حکمت کے تین علموں میں سے ایک علم - ہندسہ - علم عدد - نجوم - موسیقی - مناظرہ جبر و مقابلہ - جر ثقیل وغیرہ سب ریاضی میں داخل ہیں یعنی وہ عقلی علوم جو وجود خارجی میں مادے کے محتاج ہیں۔

ریاضی داں (ع - ف) مذکر - ریاضی جاننے والا ۔
ریائی (ع) مکّار - ریاکار - فریبی ۔
ریب (ع) مذکر - شک - شبہ ۔
ریپبلک (ری - پب - لک) (انگ) - REPUBLIC (مؤنث) جمہوری سلطنت ۔
ریپورٹ دیکھو رپورٹ ۔
ریت - ریتہ (ریت) (ہ) (۱) مؤنث - سنگریزہ - بالو - سراب ریگ - دریا کی ریت اور چھوٹے سنگریزے ۔
ریت آنا (ہ) پیشاب میں ریت کے سے ذرّات آنا - پیشاب میں سنگریزوں کا آنا ۔
ریت (ریت) (ہ) مؤنث - (۱) قاعدہ - قانون (۲) رسم رواج - دستور (۳) عام طریق (۴) وضع - چلن - چال ڈھال (۵) طور طریق (۶) تجویز - تدبیر - ترکیب - مکان کی طرح پڑتا (۸) لین دین - بیوہار ۔
ریت رسم (ہ) مؤنث - عورتوں میں وہ خاص رسمیں جو نکاح کے بعد یا وداع کے وقت دولھا دلھن کے ساتھ برتی جاتی ہیں ۔
ریتل - رتیلا (ہ) ریت دار - ریت والا ۔
ریتلی (ہ) ریت دار - کلّر - بنجر - غیر مزروعہ زمین وغیرہ ۔
ریتنا (ریت - نا) (ہ) ریتی سے گھسنا - ریزہ ریزہ کرنا (۲) صاف کرنا - رندہ کرنا - جلا کرنا (۳) رگڑنا (۴) ریگ مال کرنا ۔
ریتی (ہ) مؤنث - (۱) سوہن - ریتنے کا اوزار (۲) ریتلی زمین - دریا کے کنارے کی ریتلی دھرتی ۔
ریتیلا (ہ) بھربھرا - کرکرا - ریتلا ۔
ریٹ (ریٹ) (انگ) - RATE (مذکر) نرخ ۔
ریٹھا (ری - ٹھا) (ہ) مذکر - ایک قسم کا درخت اور اس کا پھل جس سے اونی - ریشمی کپڑے اور بال وغیرہ صاف ہوتے ہیں اس کے اندر سے کالی کالی گولیاں نکلتی ہیں ۔
ریجھ (ریجھ) (ہ) مؤنث - (۱) رغبت - چاہت - شوق (۲) عادت - خصلت - خو - (۳) ریجھنا کا امر ۔
ریجھنا (ہ) (۱) مائل ہونا - راغب ہونا (۲) عاشق ہونا - فریفتہ ہونا ۔
ریچھ (ریچھ) (ہ) مذکر - خرس - بھالو ۔
ریح (ریح) (ع) مؤنث - (۱) ہوا - باد - پَون (۲) گوز - پاد - ریاح ۔
ریحان (ری - حان) (ع) مذکر - (۱) ایک خوشبودار پودا - نازبو - بالنگو (۲) مؤنث - ریحان کے بیج - تخم ریحان (۳) ایک خوشبودار ہری گھاس - گل شرخس کے سوا تمام پھول (۴) ایک قسم کا خط ۔
ریخ - ریکھ (ہ) (۱) مؤنث (۱) ریکھا - لکیر (۲) مسّی کی وہ کالی لکیر جو دانتوں میں پڑ جاتی ہے (۳) اصل - بنیاد - جڑ ۔
ریختہ (ریخ - تہ) (ف) (۱) گرا ہوا - بے ساختہ نکلا ہوا - بلا تکلف و بلا تصنع زبان سے نکلا ہوا (۲) پختہ - مضبوط - پکّا (۳) بکھرا ہوا - منتشر - پریشان (۴) مذکر - مکان بنانے کا مسالا (۵) پختہ عمارت (۶) مذکر - زبان اُردو - ابتدائی زمانے میں جو نظمیں وغیرہ کہی جاتی تھیں انہیں بھی ریختہ کہتے تھے - بلکہ اسی مناسبت سے اُردو کو بھی ریختہ کہتے تھے ۔
ریختی (ریخ - تی) (ف) مؤنث - وہ نظم جو عورتوں کی بولی میں کہی جائے ۔
ریخیں (ہ) مؤنث - ریخ کی جمع (۱) لکیریں (۲) دندیں (۳) چولیں ۔
ریخیں ڈھیلی ہونا (ہ) (۱) چولیں ڈھیلی ہونا - جوڑ جوڑ ڈھیلا ہو جانا - تھک جانا (۲) دہشت یا خوف کے مارے بدحواس اور بے طاقت ہو جانا ۔
ریداس (رے - داس) (ہ) مذکر - چماروں کے فرقے کا موجد جو بڑا گیانی مشہور تھا ۔
ریداسی (ہ) ریداس کو ماننے والا فرقہ ۔
ریڈ (ریڈ) (انگ) RED سُرخ ۔
ریڈ کراس سوسائٹی (انگ) - RED CROSS SOCIETY (مؤنث) انجمنِ صلیب احمر - عیسائیوں کی ایک جماعت جو لڑائی کی حالت میں زخمیوں کی اور امن کی صورت میں بیماروں کی خدمت کرتی ہے ۔
ریڈر (ری - ڈر) (انگریزی) READER (۱) مذکر - پڑھنے والا (۲) پروف دیکھنے والا (۳) مؤنث - درسی کتاب ۔
ریڈیکل (رے - ڈی - کل) (انگ) - RADICAL (مذکر) انگلستان کے مدبّروں کا ایک نہایت آزاد سیاسی فرقہ ۔
ریڈیم (رے - ڈیم) (انگریزی) - RADIUM مؤنث - ایک دھات جو حدت کے ذاتی اُبال سے بنتی ہے - اور ۱۸۹۹ء میں دریافت ہوئی - دنیا میں اس کی بہت قلیل مقدار موجود ہے - دنیا کی سب سے زیادہ قیمتی شے یہی ہے ۔
ریڈیو (رے - ڈیو) (انگ) - RADIO (۱) لاسلکی تار امداد

ٹیلیفون۔ موجودہ زمانے کی مشہور ایجاد جس کے ذریعے سے گھر بیٹھے دنیا بھر کی خبریں اور گانا وغیرہ سنا جاتا ہے۔
ریڑھ (رِیڑھ) (ہ) مؤنث۔ کمر کی درمیانی ہڈی۔ استخوانِ پشت پیٹھ کے بیچ کی ہڈی۔
ریز (ف) مؤنث) نغمہ سرائی۔ نوازنی۔ چہچہانا۔
ریز کرنا (۱) خوشی میں باہم چہچہانا۔ ناز نخرہ کرنا۔
ریزر (رے۔ زَر) (انگریزی۔ RAZOR) (مذکر) اُسترا۔
ریزرو (انگریزی RESERVE) مخصوص۔
ریزش (رے۔ زِش) (ف) مؤنث) ناک سے پانی بہنے کا مرض۔ زکام۔ نزلہ۔
ریزگاری (ریزہ۔ گا۔ رِی) (ف) مؤنث۔ خُردہ۔ روپے کے حصے۔
ریزگی (ف) مؤنث (۱) خُرچی۔ ریزگاری (۲) چھیچھڑن۔ کترن۔ کھرچن۔ قصائی کی چھانٹ۔
ریزولیوشن (انگریزی RESOLATION) (مذکر) (۱) منشا۔ تجویز۔ ارادہ (۲) عقدہ کشائی (۳) تصریح۔
ریزہ (رے۔ زَہ) (ف۔ مذکر) (۱) ذرّہ۔ ٹکڑا (۲) پُرزہ۔ قطعہ۔ پارچہ (۳) (۴) عمدہ اور سڈول صندوق (۵) زچی۔
ریزیڈنٹ (رے۔ زِی۔ ڈَنٹ) (انگریزی۔ RESIDENT) (مذکر) (۱) رہنے والا۔ ساکن۔ مقیم (۲) شاہی وکیل جو غیر ریاست کے دربار میں رہے۔
ریزیڈنسی (انگریزی۔ RESIDENCY) (مؤنث) (۱) مقام۔ ٹھکانا۔ گھر (۲) وہ جگہ جہاں ریزیڈنٹ رہتا ہے۔
ریس (رِیس) (ہ) مؤنث۔ (۱) برابری۔ مقابلہ۔ ہم چشمی۔ رقابت۔ رشک (۲) حرص۔ ہوس۔
ریس بھلی ہوس بُری (و) (مثل) رشک اچھا اور حسد بری چیز ہے۔
ریسٹ (رِیسٹ) (انگریزی۔ REST) (مذکر) (۱) آرام۔ سکون۔ چین (۲) خواب۔
ریسٹ ہاؤس (انگ REST HOUSE) (مذکر) وہ مقام جو سرکار یا محکمے کی طرف سے افسروں کے رہنے کے لئے بنایا گیا ہو۔
ریسمان (ریس۔ مان) (ف) مؤنث) رسّی۔ ڈوری۔ رسن۔
ریش (رِیش) (ف) مؤنث) ڈاڑھی۔ مرد کے چہرے کے بال۔ خط۔
ریشِ قاضی (ف۔ ع) مؤنث (۱) قاضی جی کی ڈاڑھی (۲)

بہنگ چھاننے کا کپڑا۔ بھنگ یا شراب کی صافی۔
ریشائیل (و) مذکر۔ ملاز ریشیں۔ بڑی اور لمبی ڈاڑھی والا۔
ریشخند (ف) مذکر) مسخرگی۔ ٹھٹھا۔
ریشم (رے۔ شَم) (و) ابریشم کا مخفف۔ مذکر (۱) وہ تار جو ریشم کے کیڑوں کے پیٹ سے نکلتا ہے۔ حریر۔ ابریشم۔ کسر۔
ریشمی (و) ریشم کا بنا ہوا۔ حریری۔
ریشہ (رے۔ شَہ) (ف۔ مذکر) پٹھا۔ عصب۔ نس۔ رگ۔ سُوت۔
ریشہ خطمی ہونا (و) بہت ہنسنا۔
ریشہ دار (ف) وہ چیز جس میں سوت سا نکلے۔ پھوسڑے۔
ریشہ دوانی (ف۔ مؤنث) شرارت کرنا۔ فساد ڈالنا۔
ریع (رَیع) (ع۔ مؤنث) شرح۔ شرح محصول۔ نرخ۔ نرخ عام۔
ریع بندی (ع۔ ف) (مؤنث) لگان کی شرح کا تقشہ۔
ریعان (رے۔ عان) (ع۔ مذکر) (۱) آغاز جوانی یا شروع جوانی (۲) کسی شے کا سب سے بہتر حصہ۔
ریفارم (رِی۔ فارم) (انگریزی۔ REFORM) (مؤنث) ترمیم۔ اصلاح۔
ریفارمر (انگریزی۔ REFORMER) (مذکر) مصلح۔ اصلاح کرنے والا۔
ریفرشمنٹ (رِی۔ فرش۔ منٹ) (انگ REFRESHMENT) (مؤنث) تھوڑی سی چیز جو تفریح طبع کے لئے کھائی یا پی جائے۔
ریفرشمنٹ روم (انگ REFRESHMENT ROOM) (مذکر) ہوٹل۔ قہوہ خانہ۔ وہ جگہ جہاں تفریح طبع کے لئے کچھ کھایا پیا جائے۔
ریفیوزڈ (رِی۔ فیوزڈ) (انگ۔ REFUSED) (۱) انکار کیا گیا (۲) وہ چٹھی یا پارسل وغیرہ جس کے وصول کرنے سے مکتوب الیہ انکار کرے۔
ریکارڈ (رِی۔ کارڈ) (انگریزی۔ RECORD) (مذکر) مِسل۔ یادداشت۔ اندراج۔
ریگان (رے۔ گان) (ف۔ مؤنث) وہ زمین جو دریا کے پانی کی پہنچ سے باہر ہو۔
ریکٹ (رَے۔ کٹ) (انگریزی۔ RACKET) (مذکر) ٹینس کھیلنے کا ڈنڈا۔
ریگن کرنی (رے۔ گن۔ کرنی) (ہ۔ مؤنث) نی بگینیہ...

کے حساب سے لگائے جانے والے محصول کی شرح۔
ریکھ۔ ریکھا (ریکھ۔ رے۔ کھا) (ہ۔ مؤنث) (۱) لکیر تحریر۔ نشان خط (۲) قسمت کا لکھا۔ تقدیر۔ بھاگ۔ بخت۔ نصیب۔
ریکھا گنت (ہ) مؤنث۔ (ہندی) تحریر۔ اقلیدس۔
ریگ (ریگ) (ف) مؤنث۔ ریت۔ بالو۔ سراب۔
ریگ رواں (ف) اُڑنے والا ریت۔ عرب اور افریقہ کے ریگستانوں میں ہوا کے زور سے ریت بھی چلتا ہے جس سے ریت کے ٹیلے آج ادھر ہوتے ہیں۔ تو کل اُدھر۔ اسے ریگ رواں کہتے ہیں۔
ریگ ماہی (ف) مؤنث۔ ریت کی مچھلی۔ سقنقور۔
ریگستان (ف۔ مذکر) ریت کا ملک۔ ریتلا میدان۔
ریگولیشن (رے۔ گو۔ لے۔ شن) (انگریزی) REGULATION (مذکر) قاعدہ۔ ضابطہ۔
ریل (ریل) (انگریزی) REEL (مؤنث) پھرکی جس پر سوت یا تاگے لپیٹے ہوئے ہوں۔ پیچک۔
ریل (ریل) (انگریزی) RAIL (مؤنث) (۱) لوہے کی سڑک (۲) (اصطلاحاً) ریل گاڑی۔
ریل (ریل) (ہ) مؤنث (۱) ریلنا کا امر (۲) مؤنث (۱) بہتات (۲) بھیڑ۔
ریل پیل (ہ) مؤنث (۱) دھکم دھکا۔ دھکا پیل (۲) بہتات۔ کثرت۔ زیادتی۔ بھرمار۔
ریلا (رے۔ لا) (ہ۔ مذکر) (۱) رو۔ پانی کا چڑھاؤ۔ طغیانی۔ سیلاب (۲) دھکا (۳) دھاوا (۴) بھیڑ۔ ہجوم۔
ریلنا (ہ) دھکیلنا۔ سرکانا۔ چلانا۔ دوڑانا۔ دھکا دینا۔
ریلوے (ریل۔ وے) (انگریزی) RAILWAY (مؤنث) ریل کی سڑک (۲) ریل کا محکمہ۔
ریم (ریم) (انگریزی) REAM (مذکر) کاغذ کے بیس دستوں کا بنڈل۔ چار سو اسّی یا پانسو تختوں کا مجموعہ۔
ریمارک (ری۔ مارک) (انگریزی) REMARK (مذکر) رائے۔ خیال۔
ریمانڈ (ری۔ مانڈ) (انگریزی) REMAND (مذکر) تفتیش مقدمہ کی مہلت۔
ریمائنڈر (ری۔ ما۔ ئن۔ ڈر) (انگریزی) REMINDER (مذکر) وہ خط جو یاد دہانی کے طور پر لکھا جائے۔
ریمیا (ری۔ میا) (ف) مؤنث (ایک علم جس کے عمل سے

انسان جہاں چاہے جا سکتا ہے۔
رَین (رَین) (ہ) مؤنث (ہندی) رات۔ شب۔
رَین بسیرا (ہ۔ مذکر۔ ہندی) (۱) رات کاٹنا۔ شب باشی (۲) رات بسر کرنے کی جگہ۔
رینٹ (رینٹ) (ہ۔ مذکر) ناک کا سفید۔ لیس دار مادہ۔ ناک کی غلاظت۔
ریندھنا (ریندھ۔ نا) (ہ) (ہندی) پکانا۔ اُبالنا۔ کھانا تیار کرنا۔
ریندھی۔ ریندی (ریں۔ دھی + ریں۔ دی) (ہ) مؤنث۔ (۱) چھوٹا سا خربوزہ یا پھوٹ۔ ککڑی (۲) خلفہ کے بیجوں کا گچھا۔
رینڈی (ریں۔ ڈی) (ہ۔ مؤنث) (پوربی) دیکھو (اینڈی)۔
رینڈیر (رین۔ ڈیر) (انگریزی) REINDEER مذکر۔ برفانی ملک کا ایک قسم کا ہرن جو گاڑی کے آگے جوتا جاتا ہے۔
ریں ریں (ریں ریں) (ہ۔ مؤنث) ریں ریں۔ بچوں کے رونے کی آواز۔ سارنگی کی آواز۔
رینکنا (رینک۔ نا) (ہ) گدھے کا بولنا۔ گدھے کی بولی بولنا۔
رینگٹ (رینگٹ) (ہ۔ مؤنث) ایک قسم کا باریک کپڑا۔ تن زیب۔ شبنم۔ باریک ململ۔
رینگٹا (رینگ۔ ٹا) (ہ۔ مذکر) گدھے کا بچہ۔ جانور کا رینگتا چھوٹا بچہ۔
رینگنا (رینگ۔ نا) (ہ) (۱) کیڑوں کا چلنا۔ حشرات الارض کا چلنا (۲) آہستہ آہستہ چلنا۔ گھسٹ گھسٹ کر چلنا۔
رینگنی (رینگ۔ نی) (ہ۔ مؤنث) (پوربی) عرق النساء۔ ایک درد جو چوتڑوں سے اُٹھ کر ٹخنوں تک پہنچتا ہے۔
رَینی (رَے۔ نی) (ہ۔ مؤنث) (۱) کسم کا رنگ (۲) ٹکھشو وہ سدھا ہوا پرندہ جو باتوں کو بولتا ہے (پنجابی) سونے چاندی کی ڈلی۔
رَینی بلبل (ف) (مذکر) وہ ہزار داستان جو رات بھر لے۔ تمام رات چہچہانے والا گلدم بلبل شب آہنگ۔
رَینی چڑھنا (ہ) (۱) رنگ کا چڑھنا۔ کسم کا رنگ کے لئے لگایا جانا (۲) ماہوار حیض آنا۔
ریوالور (ری۔ وال۔ ور) (انگریزی) REVOLVER (مذکر) تمنچہ۔ کئی فیر کا پستول۔
رے واڈر بر رو ہو (۱) جا۔ دور ہو۔ رخصت۔
ریوٹرم (ری۔ یو۔ ٹرم) دیکھو ریٹرم (رکاماٹم) (انگریزی)۔

رائٹر (مذکر) **REUTER**، اخبارات کو ملکی خبریں دینے والی ایجنسی۔

ریوڑ (رے۔وڑ) (ہ) مذکر۔ بکریوں کا گلّہ۔ بھیڑوں کا غول۔

ریوڑی (ریو۔ڑی) (ہ) مؤنث۔ وہ شیرینی جو شکر کے قوام سے بناتے اور اس پر تل لگاتے ہیں۔

ریوڑی کے پھیر میں آنا۔ یا۔ پڑنا (ہ) کسی لالچ یا دھوکے کے سبب مصیبت میں گرفتار ہونا۔ آفت میں پھنسنا۔

ریول (رے۔وَل) (ہ) مذکر۔ پالتو کبوتروں کا جنگل میں جا کر دانہ چگنا۔

ریولیا (ہ) مذکر۔ پالتو کبوتر جو جنگل میں جا کر دانہ کھانے کے بعد واپس آئے۔

ریوند (رے۔وَنْد) (ف) مذکر و مؤنث۔ ایک پودا۔

ریوند چینی (ف) (مذکر و مؤنث) (۱) چین کا ریوند (۲) ایک دست آور دوا۔

ریویو (ری۔وِیُو) (انگریزی۔ **REVIEW**) (مذکر) تبصرہ۔ کسی کتاب وغیرہ پر رائے۔ تنقید۔

ریہ (رِیَہ) (ع) مذکر۔ پھیپھڑا۔ شُش۔

ریہہ (ری۔ہ) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی کھاری مٹی۔ شورہ دار ریتا۔ جو اکثر شکر صاف کرنے، کپڑا دھونے اور صابون بنانے کے کام آتا ہے۔

ریہڑ (رے۔ہڑ) (ہ) مذکر۔ بنجر اراضی جس میں ریہ ہو۔

ریوینیو (رے۔وِینیو) (انگریزی۔ **REVENUE**) (مذکر) مالیہ۔ محاصل۔

ریوینیو آفیسر (انگریزی۔ **REVENUE OFFICIER**) (مذکر) مال افسر۔

ریہو (رے۔ہو) (ہ) مؤنث۔ دیکھو ’’ریہہ‘‘۔

ڑ

ڑ (ڑے) (ہ) مؤنث۔ ہندی اور اُردو زبان کا پندرھواں حرف۔ یہ حرف کسی لفظ کے شروع میں نہیں آتا۔

ز

ز (زے) (ع- مؤنث) (۱) اردو کا سولہواں۔ فارسی کا تیرھواں اور عربی کا گیارھواں حرف (۲) حساب جمل میں اس کے سات عدد ہیں ۔

ز-ا

زاج (زاج) (ف- مؤنث) پھٹکی ۔
زاج سفید (ف- مؤنث) پھٹکری ۔
زاجر (زا- جِر) (ع) جھڑکنے والا ۔
زاد- زادہ (زاد- زا- دہ) (ف- مذکر) (۱) جا- جنا ہوا- زائیدہ (۲) توشہ- راستے کا خرچ ۔
زاد بوم (ف) مؤنث- جائے پیدائش- جنم بھوم وطن- دیس ۔
زادِ راہ (ع- ف) مذکر- توشہ- راستے کا خرچ ۔
زادی (ف- مؤنث) جنی ہوئی- جنی ۔
زار (زار) (انگ ZAR) (مذکر) شاہان روس کا قدیم لقب ۔
زار (زار) (ف) (مذکر) (۱) جگہ- مکان- مقام (۲) کثرت- افراط (۳) نالہ و فریاد (۴) لاغر- ضعیف (۵) ذلیل و خوار- رسوا ۔
زار زار- یا- زار و قطار رونا (۱) آٹھ آٹھ آنسو رونا- بہت رونا ۔
زار و نزار (ف) دبلا- پتلا- کمزور- ناتواں- لاغر ۔
زاری (ف) مؤنث (۱) گریہ- رونا- پیٹنا (۲) (۱) عجز و نیاز ۔
زاغ (زاغ) (ف) مذکر (۱) کوا- کاگ (۲) کمان کے گوشے کی نوک (۳) موسیقی کا ایک راگ ۔
زاغ آبی (ف) مذکر- جل کوا- ڈبکی ۔
زال (زال) (ف) (۱) بوڑھا- سفید بالوں والا- بڈھا پھونس (۲) (مذکر) رستم کا باپ جس کے بال پیدائشی سفید تھے ۔
زانو (زا- نو) (ف- مذکر) جا گھٹنا- گھٹنا ۔

زانو پوش (ف- مذکر) وہ کپڑا جو کھانا کھاتے وقت گھٹنوں پر ڈال لیتے ہیں تاکہ جو کچھ منہ سے گرے اسی پر رہے ۔
زانو پیٹنا (ار) افسوس کرنا یا رنج و غم اور ماتم کی حالت کا ظاہر کرنا ۔
زانو توڑنا (ار) ادب سے بیٹھنا ۔
زانو تولنا (ار) گھٹنا بدلنا ۔
زانی (زا- نی) (ع) مذکر- زنا کار مرد- فاسق- فاجر بدمعاش ۔
زانیہ (ع) مؤنث- زنا کار عورت- چھنال ۔
زاویہ (زا- ویَہ) (ع) مذکر (۱) کونہ- گوشہ- کونٹ (۲) مخالف سمتوں سے دو مستقیم خطوں کے ایک نقطے پر ملنے سے جو کونہ پیدا ہو اسے زاویہ کہتے ہیں۔ اقلیدس میں زاویہ کی مشہور قسمیں یہ ہیں (۱) زاویہ منفرجہ (۲) زاویۂ قائمہ (۳) زاویۂ منفرجہ (۴) زاویۂ حادّہ ۔
زاہد (زا- ہِد) (ع) مذکر (۱) پرہیزگار (۲) دنیا سے الگ رہ کر خدا کی عبادت کرنے والا ۔
زائچہ (زا- ءِ چہ) (ف- مذکر) (۱) جنم پترا- کنڈلی- وہ کاغذ جو نجومی لوگ بچے کی پیدائش کے وقت بناتے ہیں۔ اس میں ولادت کی تاریخ- وقت- ماہ- سال وغیرہ درج ہوتا ہے- اور وقت پیدائش کے مطابق اس کی تمام عمر کے نیک و بد کا حال بتایا جاتا ہے (۲) رمل کی شکل جو پتیاں قرعہ ڈال کر بناتے ہیں ۔
زائچہ بنانا- یا- کھینچنا (۱) جنم پتری بنانا- لگن کنڈلی کھینچنا ۔
زائد (زا- ءِد) (ع) (۱) زیادہ- فضول (۲) بچا ہوا- بڑھا ہوا (۳) فالتو ۔
زائدُ الوصف (ع) تعریف سے باہر ۔
زائر (زا- ءِر) (ع- مذکر) جاتری- زیارت کو جانے والا- حاجی۔

ج کو جانے والا ۔

زائل (ز۔ا۔اِل) (ع) (ف) زوال قبول کرنے والا۔ کم ہونے والا۔ ضائع ہونے والا ۔

زائیدہ (ز۔ا۔ای۔دہ) (ف) جنا ہوا۔ نطفہ کا ۔

ز ب

زبان (زُ۔بان) (ف) مؤنث (۱) جیبھ۔ لسان (۲) بول چال۔ نطق۔ محاورہ۔ بولی۔ بات۔ گفتگو (۳) اقرار۔ قول۔ وعدہ (۴) بیان ۔

زبان آبِ کوثر سے دھوئی ہونا (ف) (کنایۃً) زبان کا پاکیزہ ہونا ۔

زبان آور (ف) مذکر۔ خوش بیان۔ شیریں زبان (۲) کرائیں

زبانِ آتش (ف) شعلہ زن ۔

زبان اُلٹنا (۱) زبان سے بات نکلنا۔ بات منہ ہونا زبان کا حرکت کرنا (۲) زبان بدلنا۔ اقرار سے پھر جانا ۔

زبان بدلنا۔ یا پلٹنا۔ یا پھیرنا (ف) کہہ کر مُکرنا۔ اقرار سے پھرنا ۔

زبان بگاڑنا (ف) زبان خراب کرنا۔ زبان کو بیہودہ الفاظ سے آلودہ کرنا ۔

زبان بگڑنا (ف) زبان کا گندہ ہونا۔ گالی گفتار کی عادت ہونا ۔

زبان بند (ف) مذکر۔ وہ تعویذ جو دشمنوں کی زبان روکنے کے لئے لکھا جاتا ہے ۔

زبان بند کرنا (ف) بولنے سے رکنا یا روکنا۔ خاموش ہونا یا کرنا ۔

زبان بند ہونا (ف) (۱) بولنے یا بات کرنے سے عاجز ہونا۔ خاموش ہونا (۲) کسی کے سامنے رعب کے مارے بات نہ کرسکنا (۳) زبان اینٹھ جانا (۴) جادو یا تعویذ کے زور سے کسی کے خلاف کچھ نہ کہہ سکنا ۔

زبان بندی (ف) مؤنث (۱) قانون (۱) گواہی۔ شہادت۔ حلف۔ حلف نامہ (۲) خاموشی۔ سکوت ۔

زبان پر چڑھ جانا یا چڑھنا (ف) (۱) زبانی یاد ہونا (۲) ہمیشہ کلام ہونا (۳) بولنے کی مشق ہونا ۔

زبان پر دھرنا۔ یا۔ رکھنا (ف) چکھنا۔ زبان لگا کر دیکھنا۔ تھوڑا سا کھانا ۔

زبان پر لانا (ف) کہنا۔ بیان کرنا۔ منہ پر رکھنا۔ ظاہر کرنا۔ منہ سے کہنا ۔

زبان پکڑنا (ف) (۱) زبان روکنا۔ بولنے سے بند کرنا (۲) نکتہ چینی کرنا۔ عیب پکڑنا۔ حرف گیری کرنا ۔

زبان تراشنا (ف) زبان آراستہ کرنا۔ زبان کو شستہ بنانا ۔

زبان تتلانا (ف) زبان کا لکنت کرنا۔ ہکلانا ۔

زبان تڑاق پڑاق یا تڑ تڑ چلنا (ف) جلد جلد بولنا۔ باتوں کا تار باندھ دینا ۔

زبان تلے (کے نیچے) زبان ہونا (ف) ایک بات پر قائم نہ رہنا۔ متلون مزاج ہونا ۔

زبان جنے ایک بار۔ ماں جنے بار بار (مثل) زبان کا اقرار ایک ہی دفعہ ہوتا ہے ۔

زبان چلنا (ف) (۱) جلدی سے بول اٹھنا۔ بڑبڑانا (۲) کھانا شروع کرنا (۳) گالیاں دینا (۴) بولنا۔ بات کرنا ۔

زبانِ حال (ف ع) مؤنث۔ موجودہ کیفیت ۔

زبانِ حال سے کہنا (ف) کیفیتِ موجودہ صورت موجودہ سے ویسے بغیر ظاہر کرنا ۔

زبانِ خلق نقارۂ خدا (مثل) جو بات مشہور عالم ہو جائے وہ ہو کر ہی رہتی ہے ۔

زبان داب کے یا دبا کے کچھ کہنا (ف) پیچھے سے کچھ کہنا۔ دبی زبان سے بولنا ۔

زبان دان (ف) مذکر۔ کسی زبان کا ماہر۔ کسی زبان کو بخوبی جاننے والا۔ فاضل۔ عالم۔ شاعر۔ فصیح۔ بلیغ۔ بہت سی زبانیں جاننے والا ۔

زبان دانی (ف) مؤنث۔ علمِ زبان کی بخوبی واقفیت اور اس کا کمال ۔

زبان دراز (ف) (۱) زیادہ گو۔ گستاخ۔ بیباک۔ دلیر۔ منہ پھٹ۔ بدلگام (۲) گالی گلوچ بکنے والا۔ پاجی ۔

زبان درازی (ف) مؤنث۔ بیہودہ گوئی۔ گستاخی۔ بدلگامی۔ فحش بیانی۔ بدزبانی ۔

زبان دینا (ف) قول ہارنا۔ اقرار کرنا۔ عہد کرنا۔ وعدہ کرنا ۔

زبان روکنا (ف) (۱) بُرا کہنے سے منع کرنا (۲) خاموش کرنا۔ کہتے کہتے رک جانا ۔

زبان زد ہونا (ف) مشہور و معروف ہونا۔ پھیلنا۔ ہر ایک کی زبان پر ہونا ۔

زبان سمجھنا (ف) کسی کے محاورے یا بولی سے واقف

ہونا ۔

زبان سنبھال کر بات کرنا ۔ یا ۔ بولنا (۱) سوچ کر بات کرنا ۔ منہ کو لگام دے کر بولنا ۔

زبان سنبھالنا (۱)، (۱) خاموش رہنا ۔ چپ رہنا ۔ زبان کو قابو میں رکھنا ۔

زبان سوکھنا (۱)، (۱) زبان خشک ہونا ۔ بیان نہ کرسکنا (۲) پیاس کے مارے زبان کا خشک ہونا ۔

زبان سے خندق پار (۱) (مثل) شیخی ہی شیخی ۔ زبان ہی سے بہادر ہیں اور کرتے کچھ بھی نہیں ۔

زبان سینا (۱) چپ رہنا ۔ بات نہ کہنا ۔

زبان سے نکالنا (۱)، (۱) زبان پہ لانا ۔ بیان کرنا ۔ کہنا (۲) تلفظ کرنا ۔

زبان شمع (ف ۔ مؤنث) چراغ کی کو ۔

زبان شیریں ملک گیری ۔ زبان ٹیڑھی ملک بانکا (۱) (مثل) میٹھی زبان سے سب اپنے ہو جاتے ہیں اور بد زبانی سے اپنے بھی بیگانے ۔

زبان شیشہ (ف ۔ مؤنث) بوتل کے منہ سے عرق یا شربت وغیرہ نکلنے کے وقت بندھی ہوئی دھار ۔

زبان فر فر چلنا (۱) بہت تیزی سے اور زیادہ بولنا ۔

زبان قینچی (کی طرح) چلنا (۱) (کنایۃً) لگاتار بولے جانا ۔

زبان کا پھوڑا (۱) بد زبان ۔ زبان دراز ۔ بد تہذیب ۔ گالی گلوچ بکنے والا ۔ بدکلام ۔

زبان کا تڑتڑ ۔ یا ۔ تڑاق پڑاق چلنا (۱) جلد جلد بولنا ۔ باتوں کا تار باندھ دینا ۔

زبان کا چٹخارا (۱) (مذکر) زبان کا مزہ ۔ مزیدار چیزوں کے کھانے کی عادت ۔

زبان کا میٹھا (۱) (ملک) شیریں کلام میٹھی چھری خوشامدی ۔

زبان کرنا (۱)، (ع) بد زبانی کرنا ۔ زبان درازی کرنا ۔ بد کلامی سے پیش آنا ۔

زبان کو کوے لے گئی (۱) جو شخص بات کا جواب نہ دے اس کی نسبت یہ فقرہ بولتے ہیں ۔

زبان کو لگام دو (۱) چپ رہو ۔ سوچ سمجھ کر بات کرو ۔

زبان کو منہ میں رکھنا (۱) زبان کو قابو میں رکھنا ۔

زبان کھلوا تا (ف ۔ ا) بد زبان گستاخ اور بے ادب بنوانا ۔ گالیوں پہ اتروانا ۔

زبان کھولنا (۱)، (۱) برا بھلا کہنا ۔ جھڑکنا (۲) جو منہ میں آئے سو کہہ دینا (۳) عیب نکالنا ۔ اعتراض کرنا (۴) زبان درازی کرنا (۵) بات کرنا ۔ شکوہ کرنا ۔ گلہ کرنا (۷) بات کو بڑھا کر کہنا ۔ کلام کو طول دینا ۔

زبان کھینچنا (۱) زبان کھینچنے کی سزا دینا ۔ گدی کے پیچھے سے زبان نکالنا ۔

زبان کے مزے (چٹخارے) لینا (۱) ذائقہ اٹھانا ۔ نہایت لطیف اور خوش ذائقہ چیزیں کھا کر زبان کو چاٹنا ۔

زبان کے نیچے زبان ہونا (۱) دیکھو زبان تلے زبان ہونا ۔

زبان گھس جانا (۱) نزاکت کے مارے یا عجز و الحاح سے دعا کرتے کرتے زبان تھک جانا ۔

زبان لڑکھڑانا (۱) زبان کا لغزش یا لکنت کرنا ۔ خوف یا رعب کھا کے زبان کا قابو میں نہ رہنا ۔

زبان لڑانا (۱)، (۱) باتیں کرنا ۔ بولنا چالنا ۔ کہنا سننا ۔ (۲) (ع) جواب دینا ۔ مقابلہ کرنا ۔ برابری کرنا ۔

زبان منہ میں رکھنا (۱) زبان والا ہونا ۔ نطق یا گویائی کی قدرت رکھنا ۔

زبان میں (پر) کانٹے پڑنا (۱) پیاس کی زیادتی کے سبب زبان کا خشک اور کھردرا ہو جانا ۔

زبان نکالنا (۱)، (۱) دیکھو زبان کھینچنا (۲) زبان درازی کرنا ۔ بد زبانی کرنا (۳) بکنا ۔ بیہودہ باتیں منہ سے نکالنا ۔

زبان نکلنا ۔ یا ۔ نکل پڑنا (۱) نہایت تشنگی یا کسی مرض کے باعث زبان کا منہ سے باہر آ جانا ۔

زبان ہارنا (۱) قول ہارنا ۔ اقرار کرنا ۔ وعدہ کرنا ۔

زبان ہلانا (۱)، (۱) بولنا ۔ بات کرنا ۔ کہنا (۲) سوال کرنا ۔ مانگنا ۔

زبانہ (زُبانَہ) (ف ۔ مذکر) شعلہ ۔ لو ۔ آگ کی لپٹ ۔

زبانی (ف)، (۱) تقریری ۔ منہ سے کہی ہوئی (۲) سماعی ۔ سنی سنائی ۔ منقول (۳) ظاہری ۔ منہ دیکھے کی ۔

زبانی امتحان (۱) (مذکر) وہ امتحان جو پڑھوا کر لیا جائے ۔ تقریری امتحان ۔

زبانی پڑھنا (۱) بے دیکھے پڑھنا ۔ ازبر پڑھنا ۔ حفظ پڑھنا ۔

زبانی جمع خرچ (۱) مذکر ۔ باتیں ہی باتیں ۔ خیالی پلاؤ ۔
زبانی جمع خرچ کرنا (۱) صرف باتیں ہی باتیں بنانا ۔ خیالی پلاؤ پکانا ۔
زبانی حساب (۱) مذکر ۔ تقریری حساب ۔ ذہنی حساب ۔
زبدہ (زُب ۔ دَہ) (ع ۔ مذکر) (۱) مکھن ۔ مسکہ (۲) چیدہ ۔ منتخب ۔ چنا ہوا ۔ عطر ۔
زُبدۃُ الحُکَما (ع ۔ مذکر) ایک ڈگری جو طبیبوں کو دی جاتی ہے ۔
زَبَر (زَ بَر) (ف ۔ ۱) اونچا ۔ اوپر والا (۲ ۔ ۱) زبردست ۔ طاقتور ۔ غالب (۳ ۔ ۱) بھاری ۔ بوجھل ۔ گراں ۔ (۴) (ف) مخفف (زبرہ ۔ مذکر) اوپر کی حرکت ۔ فتح ۔ وہ چھوٹی سی آڑی لکیر جو کسی حرف کے اوپر آدھے الف کی سی آواز ظاہر کرنے کے لئے لگائی جاتی ہے ۔
زبر ہونا (۱) غالب ہونا ۔ فتح پانا ۔ بھاری ہونا ۔
زبرجد (زَبَر ۔ جَد) (ع ۔ مذکر) ایک قسم کا زمرد ۔ ایک سبز رنگ کا زردی مائل جواہر ۔ پنّا ۔
زبردست (ف ۔ ۱) طاقتور ۔ توانا ۔ قوی ۔ شہ زور ۔ غالب ۔ بہت بڑا ۔ فائق (۲) پکّا ۔ پختہ ۔ مستحکم (۳) مقدرت والا ۔ ذی مقدور (۴) جابر ۔ ظالم ۔
زبردست سب کا جنوائی (۱) (مثل) زبردست کا حکم سب مانتے ہیں ۔
زبردست کا ٹھینگا سر پر (۱) (مثل) زبردست سے زور نہیں چلتا ۔ اس کی ماننی ہی پڑتی ہے ۔
زبردست کی جورو سب کی دادی (۱) (مثل) زبردست کے متعلق کو بھی سب بڑا ہی مانتے ہیں ۔
زبردست کے بیس بِسوے (۱) (مثل) زبردست ہمیشہ ہی غالب رہتا ہے ۔
زبردست مارے اور رونے نہ دے (۱) (مثل) ظالم کے آگے بس نہیں چلتا ۔
زبردستی (ف ۔ مؤنث) (۱) سینہ زوری ۔ جبر ۔ زیادتی ۔ سرزوری ۔ منہ زوری (۲) خلاف مرضی کوئی کام کرنا ۔ چھین جھپٹ کر (۳) بے سبب ۔ ناحق ۔ یونہی ۔
زبردستی پکڑ لانا (۱) حکومت کے زور سے گرفتار کرلانا ۔
زبردستی قبول کرانا (۱) زور و ظلم سے منوانا ۔ دباؤ ڈال کر یا دھمکی دے کر اقرار لینا ۔
زبردستی کرنا (۱) جبر کرنا ۔ زیادتی کرنا ۔ زور آوری کرنا ۔
زبس (زَ ۔ بَس) (ف) دیکھو (ازبس) ۔

زبور (زَ ۔ بُور) (ع ۔ مؤنث) (۱) نوشتہ ۔ کتاب (۲) بھجن ۔ نغمہ (۳) وہ الہامی کتاب جو حضرت داؤدؑ پر نازل ہوئی ۔
زبون (زَ ۔ بُون) (ف ۔ ۱) عاجز ۔ ضعیف (۲) خوار ۔ بے چارہ ۔ ذلیل و رسوا (۳) تباہ ۔ زبوں حالت ۔ تباہ (۴ ۔ ۱) نحس ۔ منحوس ۔
زبونی (ف ۔ مؤنث) خواری ۔ تباہی ۔ خرابی ۔

ز ۔ ٹ

زٹل (زَ ۔ ٹَل) (۱) مؤنث ۔ لغو اور بیہودہ بات ۔ گپ ۔
زٹل قافیہ (۱) مذکر ۔ گپ شپ ۔ واہی تباہی ۔ بے اصل باتیں ۔
زٹل مارنا (۱) گپ ہانکنا ۔ جھوٹی باتیں بکنا ۔
زٹل ہانکنا (۱) گپ مارنا ۔ جھوٹی سچی باتیں کرنا ۔ شیخی مارنا ۔
زٹلی (۲) بکواسی ۔ بکّی ۔

ز ۔ ج

زجاج (زُ ۔ جاج) (ع ۔ مذکر) (۱) کانچ ۔ آبگینہ ۔ شیشہ (۲) شیشے کا ٹکڑا (۳) شیشے کا پیالہ یا گلاس (۴) شیشے کی بوتل ۔
زَجر (زَ ۔ جر) (ع ۔ مذکر) (۱) روک ۔ ڈانٹ ڈپٹ (۲ ۔ ۱) دھمکی ۔ تنبیہ ۔ جھڑکی ۔ ملامت ۔
زجر و توبیخ (ع ۔ مؤنث) ڈانٹ ڈپٹ ۔ لعنت ملامت ۔ جھڑکنا ۔ دھتکارنا ۔

ز ۔ چ

زچ (زِچ) (ف ۔ ۱) عاجز ۔ تنگ ۔ مجبور ۔ بے بس (۲) مؤنث ۔ شطرنج میں جب بادشاہ کو شہ کے بغیر اور اس کے دو کھرے یا مہروں کو چلنے کے لئے کوئی گھر نہ رہے ۔ تو اسے زچ کہتے ہیں ۔
زچ کر دینا (۱) مات کر دینا ۔ مجبور کر دینا ۔ عاجز کر دینا ۔ قافیہ تنگ کر دینا ۔
زچ ہو جانا (۱) ناک میں دم آجانا ۔ تنگ ہو جانا ۔ دق ہو جانا ۔
زچّہ (زَچ ۔ چَہ) (ف ۔ مؤنث) وہ عورت جس نے ابھی بچہ جنا

ہو جس کو تو ناگوارہ ہو ۔
زچہ خانہ (ف ۔ مذکر) زچہ کا گھر ۔
زچہ رانی (ا ۔ مؤنث) زچہ کا خطاب ۔
زچہ گیریاں (ا ۔ مؤنث) زچہ خانے کے گیت ۔

ز ۔ ح

زحاف (زِ ۔ حا ۔ ف) (ع ۔ مذکر) عروض کی بحروں کے ارکان کا تغیر ۔
زُحل (زُ ۔ حَل) (ع ۔ مذکر) سنیچر ۔ وہ ستارہ جو ساتویں آسمان پر نہایت سست رفتار اور نحس خیال کیا جاتا ہے ۔
زحمت (زَ ۔ ح ۔ مَت) (ع ۔ مؤنث) دکھ ۔ درد ۔ تکلیف ۔ رنج ۔ محنت ۔ مشقت ۔ مصیبت ۔ سختی ۔
زحمت اٹھانا ۔ دکھ بھوگنا ۔ تکلیف برداشت کرنا ۔
زحیر (زَ ۔ حِیر) (ع ۔ مؤنث) (۱) پیچش (۲) آزردہ ۔

ز ۔ خ

زخّار (زَ ۔ خّار) (ع) پانی سے نہایت بھرا ہوا ۔ لبالب ۔ چڑھا ہوا ۔
زخم (زَ ۔ خم) (ف ۔ مذکر) (۱) گھاؤ ۔ ناسور (۲) (ا) نقصان ۔ خسارہ ۔ ضرر ۔
زخم بھر جانا ۔ یا بھرنا (ل) (۱) گھاؤ کا اچھا ہو کر برابر ہو جانا (۲) نقصان کی تلافی ہو جانا ۔ نقصان کا عوض ملنا ۔
زخم پر نمک چھڑکنا (ل) تکلیف میں تکلیف اور دُکھ میں دکھ دینا ۔ جلے کو جلانا ۔ مرے کو مارنا ۔ رنج پر رنج دینا ۔
زخم دینا (ل) (۱) زخمی کرنا ۔ مجروح کرنا (۲) نقصان پہنچانا ۔ (۳) صدمہ پہنچانا ۔
زخم کاری (ف) مہلک زخم ۔ گہرا زخم ۔
زخم کھانا (ل) زخم اٹھانا ۔ مجروح ہونا (۲) نقصان اٹھانا (۳) صدمہ اٹھانا ۔
زخم ہرا کرنا (ل) (۱) زخم تازہ کرنا (۲) صدمہ پہنچانا یا رنج دلانا ۔
زخم ہرا ہو جانا (ل) (۱) گھاؤ کا تازہ ہو جانا (۲) گزشتہ صدمے یا حادثے کا یاد آ جانا ۔
زخمہ (زَخ ۔ مَہ) (ف ۔ مذکر) ساز بجانے کا آلہ ۔ مضراب ۔ نقارے کی چوب ۔

زخمی (ف) گھائل ۔ مجروح ۔ چوٹ کھایا ہوا ۔

ز ۔ د

زد (زَد) (ف ۔ مؤنث) (۱) مار ۔ نشانہ ۔ ضرب ۔ چوٹ ۔ صدمہ (۲) (ا) نقصان ۔ ضرر ۔ خسارہ ۔
زد پہ ہونا (ل) مار کی جگہ یا ٹھیک نشانے پر ہونا ۔
زد پڑنا (ل) نقصان ہونا ۔ خسارہ ہونا ۔
زد و کوب (ف ۔ مؤنث) مارپیٹ ۔ جوتی پیزار ۔ ہاتھا پائی ۔ مارکٹائی ۔
زدہ (ف) (۱) ضرب رسیدہ ۔ مارا ہوا (۲) (ا) مصیبت کا مارا ۔ مفلوک (۳) (ا) بوسیدہ ۔ گلا ہوا ۔ کمزور ۔
زدہ حال (ا) خستہ حال ۔ تباہ حال ۔ پریشان حالت ۔ غمگین ۔ سوگوار ۔

ز ۔ ر

زر (زَر) (ف ۔ مذکر) (۱) سونا ۔ طلا (۲) دھن دولت ۔ روپیہ پیسہ ۔ مال و متاع (۳) پھول کے اندر کا ندرد زرد زیرہ (۴) (ف) تارِ زر ۔ سونے چاندی کے تار یا کلابتون ۔
زرِ اصل (ف ۔ ع ۔ مذکر) مول ۔ سرمایہ ۔ وہ روپیہ جو قرض دیا جائے ۔
زرباف (ف ۔ مذکر) تاروں کا بنا ہوا کمخواب ۔
زربافی (ف) بافندۂ زر ۔ تار بافی ۔ سنہرا ۔
زرِ باقی (ف ۔ ع ۔ مذکر) وہ روپیہ جو وصول ہونے سے باقی رہ گیا ہو ۔
زربفت (زَر ۔ بَفت) (ف ۔ مذکر) کمخواب ۔ زری ۔ دیبا ۔ ایک قسم کا کپڑا جو کلابتون سے بنا جاتا ہے ۔
زر بل نہ زور بل (ل) مثل ۔ نہ روپیہ ۔ نہ طاقت ۔
زرِ بیعانہ (ف ۔ ع) (مذکر) وہ روپیہ جو بائع کو بیع پختہ کرنے کی بابت کسی قدر شے کی قیمت میں سے پیشگی دیا جائے ۔
زرِ پیشگی (ف ۔ مذکر) وہ روپیہ جو کسی چیز یا محنت کے عوض پہلے ہی دے دیا جائے ۔ باقی ۔ فاضل ۔
زرِ توفیر (ف ۔ ع ۔ مذکر) بہت روپیہ ۔ فاضل یا فالتو روپیہ ۔
زرِ ثمن (ف ۔ ع) (مذکر) قیمت کا روپیہ ۔ اسباب کے نیلام کا روپیہ ۔

زر خرید (ف) (١) روپیہ دے کر خریدا ہوا (٢) ذاتی خریدا ہوا ٭

زر خیز (ف) پیداوار کی زمین۔ سیراب۔ شاداب ٭

زر دار (ف) مالدار۔ دولت مند۔ امیر ٭

زردوز (ف) مذکر۔ وہ شخص جو زری کا کام کرے۔ کارچوب ٭

زردوزی (ف) مؤنث۔ کارچوبی۔ کامدانی ٭

زر دوست (ف) روپے کو عزیز رکھنے والا۔ بخیل۔ طامع۔ لالچی ٭

زرِ ڈگری (١) مذکر۔ وہ رقم جس کی ڈگری ہوئی ہو۔ ڈگری کا روپیہ ٭

زرِ رہن (ف۔ع) مذکر۔ گروی کا روپیہ ٭

زرِ سرخ (ف۔ مذکر) زرِ خالص۔ سونا۔ طلا ٭

زرِ سفید (ف۔ مذکر) چاندی۔ نقرہ ٭

زرِ ضمانتی (ف۔ع) ضمانت کا روپیہ ٭

زرِ فاضل (ف۔ع) مذکر۔ زائد روپیہ ٭

زرِ قرض (ف۔ع) (مذکر) قرض کا روپیہ ٭

زرِ قلب (ف۔ع) مذکر۔ کھوٹا سونا۔ ناقص سونا (٢) کھوٹا روپیہ۔ کھوٹا سکہ ٭

زر کا جوتا (١) مذکر (١) کا مدار جوتا (٢) رشوت ٭

زرکار (ف) (١) جس پر ملمع یا سنہری کام کیا ہوا ہو (٢) سنار ٭

زرکوب (ف) مذکر۔ ورق ساز۔ چاندی سونا کوٹ کر ورق بنانے والا ٭

زرکوبی (ف) مؤنث۔ ورق سازی ٭

زرگر (ف) مذکر۔ سنار ٭

زرگری (ف) مؤنث۔ (١) سنار کا کام۔ سنار کا پیشہ۔ (٢) ایک خاص قسم کی بنائی ہوئی زبان جو چند آدمی آپس میں مقرر کرلیں ٭

زرگری جنگ (١) مؤنث۔ سناروں کی لڑائی۔ جنگ زرگری ٭

زرِ گل (ف) مذکر۔ پھول کے اندر کا زیرہ ٭

زرِ لگان (١) } مذکر۔ زمین کا سرکاری خراج۔

زرِ مالگزاری (ف) } مالگزاری۔ مالیہ ٭

زرِ مطالبہ (ف۔ع) مذکر۔ بقایا۔ واجب الادا سرکاری روپیہ ٭

زرِ منافع (ف۔ع) مذکر۔ نفع کا روپیہ۔ فائدے کا روپیہ۔ سود۔ بیاج ٭

زرِ نشاں (ف) مذکر۔ سونے کے پھول یا تصویریں جو کسی چیز پر بنائی جائیں ٭

زرِ نقد (ف۔ع) مذکر۔ روکڑ۔ وہ روپیہ جو کٹوتی کاٹ کر دے دیا جائے ٭

زرنگار (ف) وہ چیز جس پر سنہری نقش بنے ہوئے ہوں۔ سنہرا۔ مطلّا۔ منقش ٭

زر نیست عشق ٹیں ٹیں (ف) مثل۔ مفلسی میں محبت کا مزہ نہیں ٭

زرِ یافتنی (ف) مذکر۔ قابلِ وصول روپیہ ٭

زرا۔ دیکھو۔ ذرا ٭

زراعت (زِرا۔عَت) (ع) مؤنث (١) کاشت۔ کھیتی باڑی (٢) بونا۔ کشت کاری ٭

زراعت پیشہ (ع۔ف) مذکر۔ کسان۔ زمیندار۔ کاشتکار۔ مزارع ٭

زراعت کرنا (١) بونا۔ جوتنا۔ کھیتی باڑی کرنا۔ کاشتکاری کرنا ٭

زرافہ (زُرَ۔ رَا۔ فَہ) (ع۔ مذکر) ایک جنگلی جانور۔ شتر گاؤ۔ پلنگ ٭

زرد (زَرد) (ف) پیلا۔ سنہرا ٭

زرد آلو (ف۔ مذکر) خوبانی۔ ایک قسم کا زرد آڑو جو اکثر پہاڑوں میں ہوتا ہے

زرد پڑنا (١) خوف و دہشت یا کسی مرض کے سبب چہرے کے رنگ کا زرد پڑ جانا ٭

زرد رُو (ف) شرمندہ۔ شرمسار۔ منفعل۔ خجل۔ نحیف۔ کمزور۔ جس کا چہرہ کسی تکلیف وغیرہ کی وجہ سے زرد ہو گیا ہو۔ خوف زدہ ٭

زرد روئی (ف) مؤنث۔ شرمندگی۔ خجالت۔ شرمساری۔ کمزوری۔ ضعف ٭

زرد ہو جانا۔ یا۔ ہونا (١) (١) طولِ مرض۔ رنج یا عشق سے زرد پڑ جانا۔ خون خشک ہو جانا۔ (٢) شرما جانا۔ خوف یا رعب میں آجانا ٭

زردشت۔ زرتشت (زَر۔ دُشت + زَر۔ تُشت۔ (ف۔ مذکر) آتش پرستوں کا پیغمبر منوچہر کی نسل سے وہ مشہور حکیم جو فیثاغورس کا شاگرد تھا۔ اس نے گشتاسپ کے زمانے میں نبوت کا دعویٰ کر کے آتش پرستی کو جاری کیا۔ لوگوں نے اسے پیغمبران کبار ابراہیم کے نام سے ملقب کیا۔ اور کتاب ژند جو اس نے لکھی تھی اسے آسمانی کتاب ماننے لگے ٭

زروک (زَر۔ وَک) (ف) مذکر۔ کاجر۔ گزر ٭

زرہ (زِ۔ رَہ) (ف) مذکر (١) زرد رنگ کا گھوڑا ...۔

صفرا (۳) انڈے کی زردی (۴) (و) میٹھے زرد رنگ کے چاول۔ مزعفر (۵) (و) پان کے ساتھ کھانے کا تمباکو (۶) (و) زرد کوڑی ✦

زردی (ف۔ مؤنث) (۱) پیلا رنگ۔ پیلاہٹ (۲) (و) انڈے کی زردی (۳) (و) یرقان (۴) (و) اشرفی (۵) (و) پھول کے اندر کا زیرہ ✦

زرغل (بفتح حق) (۱) خراب۔ ناکارہ۔ نکما ✦

زرق برق۔ یا۔ زرق و برق (ف۔ ع۔ مؤنث) (۱) شان و شوکت۔ چمک دمک و فر (۲) بھڑک والا۔ آراستہ پیراستہ۔ سجا ✦

زرہ (زِرَہ) (ف۔ مؤنث) جوشن۔ بکتر۔ لڑائی کی ایک پوشاک جو لوہے کی کڑیوں سے بنی ہوتی ہے ✦

زرہ پوش (ف۔ مذکر) وہ شخص جو زرہ بکتر پہنے ہوئے ہو ✦

زری (ف۔ مؤنث) سنہری تار۔ سونے کا تار۔ کلابتون کا بنا ہوا کپڑا۔ بادلہ۔ گوٹا کناری وغیرہ ✦

زریں (ف) سونے کا۔ سنہرا۔ سنہری ✦

ز۔ ڑ

زڑ (زِڑ) (ف۔ مؤنث) یاوہ گوئی۔ بکواس۔ بڑ۔ بے فائدہ طول کلامی

زڑ مارنا۔ یا۔ ہانکنا (۱) بکواس کرنا۔ یاوہ گوئی کرنا ✦

زڑی (ہ۔ مذکر) بکواسی۔ یاوہ گو ✦

ز۔ ش

زشت (زِشت) (ف) بد شکل۔ بھونڈا ✦

زشت رو (ف) بد شکل۔ بُری صورت والا ✦

ز۔ ع

زعفران (زَعْ۔ فَرَان) (ع۔ مؤنث) کیسر۔ ایک قسم کا خوشبودار زرد رنگ کا پھول ✦

زعفران کا کھیت (و۔ مذکر) (۱) کیفیت زعفران۔ کیسر کی کیاری (۲) ہنسانے کا مقام۔ ایسی جگہ جہاں خود بخود خوشی و مسرت سے ہنسی آجائے ✦

زعفرانی (ع) زعفران کے رنگ کا۔ کیسری۔ زرد۔ پیلا ✦

زعم (زَعْم) (ع۔ مذکر) ظن۔ گمان۔ خیال ✦

زعما (زُعَمَا) (ع۔ مذکر) زعیم کی جمع۔ لیڈر۔ رہنما۔ سردار ✦

زعیم (زَعِیم) (ع۔ مذکر) سردار۔ لیڈر ✦

ز۔ غ

زغال (زُغَال) (ف۔ مذکر) کوئلہ ✦

زغن (زَغَن) (ف) چیل ✦

زغند (زَغَنْد) (ف۔ مؤنث) جست۔ چھلانگ۔ چوکڑی۔ کود پھاند ✦

ز۔ ف

زفاف (زِفَاف) (ع۔ مذکر) (۱) مکلاوہ۔ دُلہن کا اپنے دُولہا کے گھر رخصت ہونا (۲) (و) ہمبستری۔ سہاگ کی رات ✦

زفیر (ع) }
زفیل (ہ) } (مؤنث) سیٹی ✦

زفیل دینا (۱) سیٹی بجانا۔ سیٹی دینا ✦

ز۔ ق

زقند (زَقَنْد) (ف۔ مؤنث) دیکھو (زغند) ✦

زقوم (زَقُّوم ۔ زَق۔ قُوم) (ع) (مذکر) تھوہر ✦

ز۔ ک

زک (زَک) (و) مؤنث (۱) سبکی۔ خفت۔ ذلت۔ شرمندگی (۲) ہار۔ شکست (۳) نقصان۔ خسارہ ✦

زک اٹھانا۔ یا۔ پانا۔ یا۔ کھانا (و) (۱) شرمندگی اٹھانا (۲) ہار جانا۔ ذلیل ہونا (۳) نقصان یا خسارہ اٹھانا ✦

زک دینا (و) (۱) ہرانا۔ شکست دینا (۲) شرمندہ کرنا۔ (۳) ذلیل و رسوا کرنا ✦

زکا (زَکَا) (ع۔ مؤنث) (۱) بڑھنا (۲) پاکیزگی (۳) دولتمند (۴) جلد ادا کر دینے والا ✦

زکام (زُکَام) (ع۔ مذکر) ریزش۔ نزلہ۔ وہ سردی کی بیماری جس میں ناک بہے ✦

زکام بگڑنا (و) نزلہ کے پانی کا سڑ جانا۔ ریزش بند ہو کر دماغ

مرض کھڑا ہو جانا ٭
زکاوت (زَ کا۔ وَت) (ع مؤنث) نیکی۔ پاکیزگی ٭
زکریا (زَکَرِی۔ یا) (ع۔ مذکر) ایک مشہور پیغمبر جو آرے سے چیر دیئے گئے تھے ٭
زکوٰۃ (زَکا۔ ت) (ع۔ مؤنث) (۱) مال کا وہ چالیسواں حصہ جو سال بھر کے بعد راہِ خدا میں دیا جائے (۲) صدقہ۔ خیرات ٭
زکی (زَکی) (ع) (۱) پاک۔ نیک (۲) زکوٰۃ دینے والا ٭

ز۔ل

زُلال (زُلال) (ع۔ مذکر) (۱) صاف اور شیریں پانی (۲) ایک کیڑا جو برف میں پیدا ہوتا ہے اور مقدار میں ایک انگلی سے زیادہ نہیں۔ اُس کی رنگت سفید ہوتی ہے۔ جب مرجاتا ہے۔ تو اُسے پانی میں ڈال دیتے ہیں۔ اور اس کی تاثیر سے پانی ٹھنڈا ہوجاتا ہے ٭
زلزلہ (زَل۔ زَلہ) (ع۔ مذکر) (۱) لرزہ۔ جنبش۔ بھونچال (۲) ہلچل۔ کھلبلی۔ تہلکہ ٭
زلزلہ پڑجانا (ل) ہلچل پڑجانا۔ کھلبلی پڑجانا۔ تہلکہ مچ جانا ٭
زُلف (زُلف) (ف۔ مؤنث) بالوں کی لٹ جو کنپٹی کے پاس لٹکتی ہے۔ کاکل۔ گیسو ٭
زلو۔ زلوک (زَلو۔ زَلُوک) (ف۔ مؤنث) جونک ٭
زلّہ (زَل۔ لہ) (ع، مذکر) پس خوردہ۔ وہ جھوٹا کھانا جو کسی شخص کے لئے بچا رکھیں ٭
زلّہ رُبا (ع۔ ف) مذکر) (۱) جھوٹا کھانے والا (۲) (مراداً) خوشہ چین ٭
زُلیخا (زُلے۔ خا) (ع۔ مؤنث) (۱) ایسی خوبصورت عورت جسے دیکھ کر لوگ پھسل پڑیں (۲) عزیزِ مصر کی بیوی جو حضرت یوسفؑ پر عاشق ہوئی تھی ٭

ز۔م

زمام (زِمام) (ع مؤنث) باگ۔ نکیل ٭
زمان (زَمان) (ع۔ مذکر) وقت ٭
زمانہ (زَما۔ نہ) (ف۔ مذکر) (۱) حرکتِ فلک کی مقدار۔ وقت۔ ساعت۔ ہنگام (۲) عرصہ۔ مدت۔ وقفہ۔ میعاد (۳) موسم۔ رُت۔ فصل (۴) عہد۔ راج۔ حکومت (۵) جگ۔ قرن (۶) دَور۔ گردش (۷) دنیا۔ عالم۔ دہر (۸) دُنیا کے لوگ۔ جگ۔ مخلوق ٭
زمانہ بھر (۱) تمام دنیا ٭
زمانہ پھر جانا (ل) (۱) لوگوں کا کسی کے خلاف اور دشمن ہوجانا (۲) زمانے کا اُلٹ جانا۔ زمانہ بدل جانا ٭
زمانہ دیکھنا (ل) (۱) دُنیا کو دیکھ بھال لینا (۲) تجربہ حاصل کرنا ٭
زمانہ ساز (ف) مطلب کا یار۔ خود غرض۔ ہوا کا رُخ دیکھنے والا ٭
زمانہ سازی (ف۔ مؤنث) خوشامد۔ ظاہر داری۔ دنیا داری۔ بناوٹ۔ مکاری ٭
زمانۂ عدت (ف۔ ع) مذکر۔ وہ میعاد جس میں عورت طلاق ملنے یا رانڈ ہونے کے بعد دوسرا خاوند نہ کرسکے ٭
زمانہ کا لہو سفید ہونا (ل) دنیا کی محبت کا جاتا رہنا۔ آپس میں محبت نہ رہنا ٭
زمانہ موافق ہونا (ل) طالع کا یاور اور اقبال کا سازگار ہونا ٭
زمرد (زُمُر۔ رُد) (ع۔ مذکر) (۱) ایک سبز رنگ کا قیمتی پتھر (۲) سبز چیز ٭
زمردیں (ف) سبز۔ ہرا ٭
زمرہ (زُم۔ رَہ) (ع۔ مذکر) (۱) گروہ۔ جتھا۔ جماعت (۲) (ل) ساتھ۔ ہمراہی (۳) انبوہ۔ بھیڑ۔ فوج ٭
زمزم (زَم۔ زَم) (ع مذکر) حضرت ہاجرہؑ کا کنواں جو مکۃ اللہ میں اب تک موجود ہے ٭
زمزمہ (زَم۔ زَمہ) (ف۔ مذکر) (۱) ترنم۔ نغمہ۔ ترانہ۔ گیت (۲) وہ الفاظ جو آتش پرست آگ پوجتے وقت سریلی آواز سے کہتے جاتے ہیں ٭
زمزمہ پرداز۔ پیرا۔ خواں۔ سنج (ف) گیت گانے والا ٭
زمزمی (ع مؤنث) (۱) حاجیوں کو آبِ زمزم دینے والا شخص (۲) آبِ زمزم رکھنے کا برتن ٭
زمستان (زِمِس۔ تان) (ف مذکر) موسمِ سرما۔ جاڑا۔ سردی ٭
زمن (زَمَن) (ع۔ مذکر) وقت زمانہ ٭
زمہریر (زَم۔ ہَریر) (ع۔ مذکر) (۱) سخت جاڑا۔ نہایت سردی (۲) کرۂ ہوا کا وہ طبقہ جو نہایت سرد ہے (۳) دوزخ کا طبقہ۔ جس میں سردی کا عذاب دیا جائے گا ٭
زمین (زَمین) (ف۔ مؤنث) (۱) ارض۔ بھوم۔ دھرتی۔ وہ خاکی

کرّہ جس پر ہم لوگ رہتے سہتے ہیں (۲) غزل کی ردیف قافیہ اور وزن یا بحر (۳) (۱) دنیا جہان - عالم - سنسار - تختہ - خطّہ - سطح زمین - ولایت - ملک - دیس (۴) (۵) خاک - مٹی - دھول - گرد (۵) (۱) بنیاد - جڑ - بیخ (۶) (۷) تہ - طبقہ - تلا - نیچے کا حصّہ (۷) کاغذ یا کپڑے کی اصل سطح یا اصل رنگ (۸) عورت - اولاد کی والدہ ٭

زمین آسمان ایک کر دینا (۱) کسی چیز یا کسی شخص کی تلاش میں کوئی جگہ باقی نہ چھوڑنا - چھان مارنا - ڈھونڈ مارنا ٭

زمین آسمان کا فرق (۱) مذکر - بہت زیادہ فرق - اختلافِ عظیم

زمین آسمان کے قلابے ملانا (۱) (۱) جھوٹی سچی باتیں بنانا - بہت باتیں بنانا (۲) شیخی مارنا - لاف زنی کرنا ٭

زمین اٹھنا (۱) زمین کا ٹیلے پر جانا (۲) زمین کا بویا جانا (۳) زمین کو سرسبز ہونا ٭

زمین بلند ہونا (۱) غزل کی بحر کا سخت اور دشوار ہونا ٭

زمین بوس ہونا (۱) آستانہ بوسی کرنا - زمین چومنا - حاضر خدمت ہونا ٭

زمین بیٹھنا (۱) زمین کے نیچے دب جانا - زمین دھنسنا ٭

زمین پر پاؤں نہ رکھنا (۱) نہایت اترانا - زمین کو اپنا قدم رکھنے کے قابل نہ جاننا ٭

زمین پر چڑھنا - یا - زمین چڑھنا (۱) گھوڑے کا بعض تیز رفتاری میں مشّاق ہونا ٭

زمین پکڑنا (۱) (۱) جم کر بیٹھنا - جم جانا - کسی جگہ سے نہ ہلنا (۲) کسی جگہ رہنے پر اصرار کرنا ٭

زمین پھٹ جائے اور میں سما جاؤں (۱) (مثل) نہایت شرمندگی اور زندگی سے بیزار ہو جانے کے موقع پر بولتے ہیں - کہ جیتے جی مر جانے کو دل چاہتا ہے ٭

زمین خالصہ (ف - ع) (مؤنث) بادشاہی زمین جس پر عاملہ نہ ہو ٭

زمین دار - زمیندار (ف) (۱) کسان - دہقان - کھیتی باڑی کرنے والا - ہل جوتا - ساتی (۲) (۳) ٹھاکر - جاگیردار - مالک - اراضی ٭

زمین دارا - زمیندارا (۱) مذکر - دیہات - مالکانہ - حق زمینداری ٭

زمین داری - زمینداری (۱) مؤنث - زمیندار کی عورت ٭

زمین دار ہم سولہ (ف) مذکر - وہ زمیندار جس کی اراضی کی حدود دوسرے کی حدود سے ملتی ہوں ٭

زمین داری - زمینداری (۱) مؤنث (۱) کسان پن (۲) جاگیرداری

زمین دکھانا - یا - دکھلانا (۱) (۱) پٹکنا - گرا دینا - دے مارنا (۲) نیچا دکھانا - پچھاڑنا ٭

زمین دوز (ف) (۱) زمین کے برابر وہ کنواں جس کی منڈیریں نہ ہوں (۲) زمین میں دھنسا ہوا (۳) وہ خیمہ جس کے چاروں طرف کا کپڑا زمین میں دبا دیتے ہیں ٭

زمین دیکھنا (۱) (۱) قے کرنا - الٹی کرنا (۲) نیچا دیکھنا - شرمندگی اٹھانا - ذلیل ہونا ٭

زمین سخت ہے آسمان دور ہے (۱) (مثل) جان سے تنگ اور مرنے کو آمادہ ہوں مگر نہ دفعتہً زمین میں گڑ سکتا ہوں اور دوری کے باعث آسمان تک پہنچ سکتا ہوں - دونوں مصیبتیں درپیش ہیں ٭

زمین غیر مزروعہ (ف - ع) مؤنث - بنجر - افتادہ زمین - وہ زمین جس میں زراعت نہ کی جائے ٭

زمین کا پاؤں تلے سے سرک جانا - یا - نکل جانا (۱) کسی حادثے یا صدمے کی خبر سن کر آپے میں نہ رہنا - لرزہ آ جانا - کانپنا - تھرانا - حواس کا ٹھکانے نہ رہنا - بے حواسی کے باعث پاؤں کا ڈگمگا جانا ٭

زمین کا پیوند ہوا (۱) (ع) (دعا) وہ مر جائے - زمین میں گڑ جائے ٭

زمین کا پیوند ہونا (۱) (۱) خاک میں مل جانا - نابید ہونا (۲) مر جانا - فنا ہونا - انتقال کرنا ٭

زمین کا گز (۱) مذکر (۱) ہمیشہ سفر اور سیاحت میں رہنے والا - سیاح ٭

زمین کا گز بننا - یا - ہو جانا (۱) سیاحی اور جہاں گردی کرنا - دنیا جہان کو چھان مارنا ٭

زمین کھا گئی کہ آسمان (۱) جب کوئی چیز دفعتہً غائب ہو جاتی ہے تو اس کی نسبت کہتے ہیں ٭

زمین کی پوچھنا - آسمان کی کہنا (۱) سوال کچھ - جواب کچھ - سوال از آسمان جواب از ریسمان ٭

زمین محصورہ (ف - ع) (مؤنث) گھری ہوئی زمین ٭

زمین مزروعہ (ف - ع) مؤنث - بوئی ہوئی زمین - زراعت شدہ زمین ٭

زمین میں سمانا (۱) (۱) زمین میں گڑنا (۲) شرم یا غیرت کے مارے زمین میں گڑ جانے کی آرزو کرنا ٭

زمین میں گڑ جانا (ا) (۱) زمین میں دھنس جانا (۲) نہایت شرمندہ ہونا ۔ شرم کے مارے پانی پانی ہو جانا ۔

زمین نکالنا (ا) غزل کے لئے ردیف ۔ قافیہ ۔ وزن تلاش کرنا ۔

زمین و زمان (ف ۔ ع) (مذکر) تمام زمانہ ۔

ز ۔ ن

زن (زَن) (ف ۔ مؤنث) عورت ۔ استری ۔ جورو ۔ بیوی ۔ زوجہ ۔ اہلیہ ۔

زن زمین زر تینوں لڑائی کے گھر (ا) (مثل) عورت ۔ زمین اور روپیہ تینوں سے لڑائی جھگڑے پیدا ہوتے ہیں ۔

زنِ مدخولہ (ف ۔ ع) (مؤنث) ۔ گھر میں ڈالی ہوئی عورت ۔ وہ عورت جسے ماں باپ نے بیاہ کر نہ دیا ہو اور خود کسی سبب سے اس نے نکاح کر لیا ہو ۔

زن مرید (ف ۔ ع) (مذکر) جورو کا غلام ۔ عورت کے کہنے پر چلنے اور اس کا حکم ماننے والا ۔

زن منکوحہ (ف ۔ ع) (مؤنث) نکاحی بیوی ۔ وہ عورت جس کے ساتھ نکاح ہو چکا ہو ۔ بیاہتا بیوی ۔

زَن ۔ زَن ۔ زَن سے (ا) تیزی سے ۔

زِنا (زِنا) (ع ۔ مذکر) حرام کاری ۔ کسی کی جورو یا مملوکہ یا غیر عورت سے صحبت کرنا ۔

زنا بالجبر (ع ۔ مذکر) کسی عورت سے اس کی مرضی کے بغیر حرامکاری کرنا ۔

زناکار (ع ۔ ف) (حرامکار) ۔ زانی ۔ بدکار ۔ فاجر ۔

زناکاری (ع ۔ ف) (مؤنث) ۔ حرامکاری ۔ بدکاری ۔

زنّاٹا (زَنّ ۔ نا ۔ ٹا) (ا ۔ مذکر) کسی چیز کے زور سے ہوا چیرتے ہوئے چلنے کی آواز ۔ سنسناہٹ ۔ جھنجھناہٹ ۔ سائیں سائیں ۔

زناخ (زنخ) (ا) (مؤنث) مرغ یا کبوتر وغیرہ کے سینے کی ہڈی جو خالی ہوتی ہے ۔

زناخی (ا ۔ مؤنث) [illegible] عورتوں کا دستور تھا کہ [illegible] کے [illegible] کر کے ایک [illegible]

[illegible]

جو ہندو آڑا ترچھا گلے میں ڈالے رہتے ہیں ۔ جگ سُوت ۔ جنیو (۲) پتھر کا جیتو ۔

زنار بند ۔ زنار دار (ف ۔ مذکر) برہمن ۔ جنیو پہننے والا ۔

زنانہ زن (ا) دیکھو (زن زن) ۔

زناشوئی (ف ۔ مؤنث) بیوی اور خاوند کے تعلقات ۔ مباشرت ۔

زنانہ (زَنا ۔ نَہ) (ف ۔ مذکر) (۱) زنخہ ۔ ہیجڑا ۔ مخنث ۔ وہ مرد جو عورتوں کی سی حرکتیں کرے ۔ بھانڈ (۲) (مذکر) حرم سرائے (۳) نامرد ۔ ڈھیلا ۔ سست ۔ بزدل ۔

زنانہ کرنا (ا) (۱) پردہ کرنا ۔ غیر مردوں کو ہٹانا (۲) نامرد بنانا ۔

زنانی (ا) (مؤنث) عورت ۔ استری ۔ زن ۔

زنانی بولی (ا) (مؤنث) عورتوں کی زبان ۔ ریختی ۔

زنانی پوشاک (ا ۔ مؤنث) عورتوں کی پوشاک ۔ جیسے انگیا ۔ کرتی وغیرہ ۔

زنبق (زَن ۔ بق) (ع ۔ مذکر) (۱) چمپا کا پھول (۲) چنبیلی کا تیل (۳) شراب ۔

زنبور (زم ۔ بور) (ف ۔ مذکر) (۱) بھڑ ۔ تتیا (۲) سنسی کی طرح کا ایک اوزار جس کا منہ آگے سے گول ہوتا ہے ۔ سنڈاسی (۳) چھوٹی توپ ۔

زنبورچی (ف ۔ مؤنث) زنبور چلانے والا ۔ توپچی ۔ بندوقچی ۔

زنبورک (ف ۔ مؤنث) چھوٹی توپ ۔

زنبیل (زم ۔ بیل) (ف ۔ مؤنث) فقیروں کی چمڑے کی جھولی ۔ کچکول ۔ جھولی ۔ بھیک کا ٹھیکرا ۔

زنجبیل (زنج ۔ بیل) (ع ۔ مؤنث) (۱) سونٹھ (۲) بہشت کی ایک نہر ۔

زنجیر (زَن ۔ جیر) (ف ۔ مؤنث) (۱) کنڈی (۲) سلاسل ۔ بیڑی (۳) لڑی ۔ توڑا ۔ گلے کی زنجیر ۔

زنجیر ڈالنا (ا) بیڑی ڈالنا ۔ پابجولاں کرنا ۔

زنجیر کھٹکھٹانا ۔ یا ۔ مارنا (ا) کنڈی مارنا ۔ کنڈی کھڑکھڑانا ۔

زنجیرا (ا ۔ مذکر) (۱) گوٹ ۔ ہار ۔ کنٹھی (۲) حلقہ دار کڑا دانی یا مہر کا منقش لہریا ۔

زنجیری (ف) (۱) زنجیر میں بندھا ہوا (۲) پاگل (۳) (مذکر) قیدی (۴) دیوانہ شخص ۔

زنخ ۔ زنخدان (زَنَخ ۔ زَنَخ ۔ دان) (ف ۔ مؤنث) ٹھوڑی ۔ ذقن ۔

زنخا [illegible] (۱) مخنث (۲) [illegible] عورتوں کی کی بات

چت۔ (۵) حرکات و سکنات کرنے والا۔ (۶) ہیجڑا۔ بھانڈ (۷) نامرد۔ بودا۔ پیز (۲) نازک کمر۔ پتلی کمر والا ٭
زاندان (بنیف۔ سوان) (ف) مذکر۔ قیدخانہ۔ جیل۔ بندی خانہ ٭
زندانی (ف) مذکر۔ قیدی ٭
زندقہ (زن۔ دقہ) (ع) مذکر۔ کفر۔ بے دینی۔ شرک۔ الحاد۔ منافقت ٭
زندگانی ۔ **زندگی** (زن۔ دگا۔ نی + زن۔ دگی) (ف) مؤنث۔ حیات۔ عمر۔ زیست ٭
زندگی بھر (۱) تمام عمر۔ جیتے جی۔ تا بہ حیات ٭
زندگی تلخ ہونا (۱) جینا۔ دوبھر ہونا۔ جینے کا مزہ نہ رہنا ٭
زندگی سے تنگ آنا (۱) جینے سے بیزار ہونا ٭
زندگی سے ہاتھ اٹھانا۔ یا۔ دھونا (۱) جینے سے مایوس ہونا۔ جینے کی امید نہ رکھنا ٭
زندگی کا جام پینا (۱) کسی کی سلامتی یا تندرستی کا جام پینا۔ کسی کی یاد میں شراب یا شربت کا پیالہ پی کر اس کی سلامتی کی دعا مانگنا۔ یورپ میں یہ رسم عام ہے ٭
زندہ (زن۔ دہ) (ف) جیتا۔ ذی حیات۔ ذی روح۔ ذی حس۔ جاگتا۔ خوش۔ تازہ ٭
زندہ باش (ف) (دعا) (۱) جیتا رہ۔ سلامت رہ (۲) شاباش۔ مرحبا ٭
زندہ دار (ف) بہت جاگنے والا ٭
زندہ درگور (ف) جس کی زندگی بھاری دکھوں اور مصیبتوں کے باعث وبال جان ہو ٭
زندہ درگور ہونا (۱) جیتے جی مرنا۔ موت سے پہلے مرنا ٭
زندہ دل (ف) خوش طبع۔ خوش مزاج۔ ظریف ٭
زندہ دلی (ف) مؤنث۔ خوش طبعی۔ دل لگی۔ ظرافت۔ چہل ٭
زندیق (زن۔ دیق) (معرب) بے دین۔ ملحد۔ کافر۔ منافق۔ مشرک ٭
زنگ (زنگ) (ف) مذکر (۱) لوہے کا میل۔ کدورت (۲) گھنگرو (۳) گھنٹی ۔
زنگ آلود۔ یا۔ آلودہ (ف) زنگ لگا ہوا۔ گندہ ٭
زنگار (ف) مذکر۔ تانبے کا کسالا۔ نیلا تھوتھا۔ طوطیا ٭
زنگاری (ف) مذکر۔ زنگار کے رنگ کا۔ سبز۔ ہرا ٭
زنگولہ (ف) مذکر (۱) جرس۔ گھنٹہ (۲) گھنگرو (۳) تال ٭
زنگی (زنگ۔ گی) (ف) حبشہ کا باشندہ۔ حبشی ٭
زنگی بچہ (۱) مؤنث۔ کالی بڑ۔ ہلیلہ سیاہ ٭
زنہار (زن۔ ہار) (ف) مؤنث (۱) پناہ۔ بچاؤ (۲) ہرگز (۳) خبردار ٭

ز۔و

زوّار (زوّ۔ وار) (ع) مذکر۔ زائر کی جمع۔ زیارت کرنے والے ٭
زوال (زوال) (ع) مذکر۔ کمی۔ گھاٹا۔ انحطاط (۲) تنزل۔ ادبار (۳) فرسودگی ٭
زوال کا وقت مذکر۔ دوپہر کے بعد کا وقت تیسرا پہر۔ ظہر۔ دھوپ ڈھلنے کا وقت۔ گھٹنے کا وقت۔
زوال ماہ (ع) مذکر۔ چاند کا بدر ہونے کے بعد گھٹنا۔ اندھیرا پاکھ ٭
زوائد (زوا۔ ئد) (ع) مذکر۔ زائد کی جمع (۱) فضول (۲) زیادہ (۳) بحث سے خارج باتیں ٭
زوج (زوج) (ع) مذکر (۱) جفت۔ جوڑا (۲) خاوند۔ جورو (۳) وہ عدد جو کسر کے بغیر نصف ہو سکے ٭
زوج الزوج (ع) مذکر۔ وہ عدد جو دو پر تقسیم ہو کر پھر دو پر بٹ سکے ٭
زوج الفرد (ع) مذکر۔ وہ عدد جو جفت و طاق دونوں پر بٹ سکے ٭
زوجہ (ع) مؤنث۔ جورو۔ بیوی۔ استری۔ اہلیہ ٭
زوجۂ مطلقہ (ع) مؤنث۔ طلاق دی ہوئی عورت ٭
زوجۂ منکوحہ (ع) مؤنث۔ دیکھو زن منکوحہ ٭
زوجۂ ہمعصر (ع۔ ف) مؤنث۔ سوکن ٭
زوجیت (ع) مذکر۔ نکاح۔ عقد۔ بیاہ۔ بیوی بننے کا حق ٭
زوجیت میں لانا (۱) جورو بنانا۔ نکاح میں لانا۔ عقد کرنا ٭
زوجین (ع) مذکر۔ میاں بیوی ٭
زود (زود) (ف) جلد۔ شتاب۔ فوراً۔ ابھی۔ معاً ٭
زود آشنا (ف) بہت جلد یار بن جانے والا ٭
زود رنج (ف) بہت جلد خفا ہو جانے والا۔ تنک مزاج۔ تنگ مزاج۔ مغلوب الغضب۔ تیز مزاج۔ جلا تن ٭
زود رس۔ یا۔ زود فہم (ف) تیز فہم۔ بات کی تہ کو جلد

پنجے (۱۱) - زرکی ۔

زود نویس (ف ۔ مذکر) جلد جلد لکھنے والا ۔

زودی (ف ۔ مؤنث) جلدی ۔

زور (زو) (ع ۔ مذکر) دغا ۔ فریب ۔ مکر ۔ جھوٹ ۔ دروغ ۔

زور (زور) (ف ۔ مذکر) (۱) بل ۔ طاقت ۔ توانائی ۔ قوت (۲) غلبہ ۔ زیادتی ۔ کثرت ۔ افراط ۔ از حد ۔ بہت (۳) قیامت ۔ غضب ۔ بے ڈھب (۴) خوب ۔ اچھا عمدہ (۵) بس ۔ قابو ۔ اختیار ۔ قدرت (۶) انوکھا آدمی ۔ طرفہ معجون (۷) ظلم و ستم ۔ سختی (۸) حکم ۔ حکومت ۔ جبر (۹) کوشش ۔ سعی ۔

زور آزمانا (۱) طاقت آزمائی کرنا ۔ طاقت دکھانا ۔ زور دکھانا ۔

زور آزمائی (ف ۔ مؤنث) طاقت آزمائی ۔ کشتی ۔ بل دکھانا ۔

زور پر آنا (۱) طاقت بڑھنا ۔ توانا ہونا ۔

زور آور (ف) بلی ۔ طاقتور ۔ قوی ۔

زور آوری (ف ۔ مؤنث) (۱) طاقت ۔ توانائی (۲) زبردستی ۔

زور بازو سے (۱) اپنی طاقت سے ۔ اپنی محنت و مشقت سے ۔

زور پر (۱) کمال پر ۔ انتہا پر ۔ اخیر درجے پر ۔ پرسر ترقی ۔

زور پڑنا (۱) (۱) بوجھ پڑنا ۔ دباؤ پڑنا (۲) طاقت صرف ہونا ۔ دباؤ محسوس ہونا (۳) مجبور کیا جانا ۔ دبایا جانا ۔

زور جتانا یا دکھانا (۱) حکومت دکھانا ۔ دباؤ ڈالنا ۔ طاقت ظاہر کرنا ۔

زور چلانا (۱) حکومت چلانا ۔ زبردستی یا رعب سے کوئی کام لینا ۔

زور چلنا (۱) بس چلنا ۔ قابو چلنا ۔ حکم چلنا ۔ اختیار چلنا ۔

زور دار (ف) طاقتور ۔ توانا ۔ قوی ۔

زور دینا (۱) (۱) دباؤ ڈالنا ۔ بوجھ ڈالنا (۲) مدد دینا ۔ حمایت کرنا (۳) مجبور کرنا ۔ ناچار کرنا (۴) قوت دینا ۔ زور بڑھانا (۵) سختی کرنا (۶) کسی تلفظ کو زیادہ آواز سے ادا کرنا ۔

زور ڈالنا (۱) (۱) دبانا ۔ مجبور کرنا ۔ تنگ کرنا (۲) مدد کرنا (۳) دباؤ ڈالنا ۔ طاقت دکھانا ۔

زور سے (۱) (۱) طاقت سے (۲) تیزی سے ۔ جلدی سے (۳) سختی سے ۔ غل (۴) بشدت ۔ بکثرت ۔

زور شور (ف ۔ مذکر) تیزی ۔ چڑھاؤ ۔ شدت ۔

زور شور سے (۱) (۱) پوری طاقت سے ۔ جوش و خروش سے (۲) شان و شوکت سے ۔ دھوم دھڑکے اور بھیڑ بھڑکے سے ۔

زور شور کا (۱) بھاری ۔ نہایت شدت کا ۔

زور ظلم (ف ۔ ع ۔ مذکر) ظلم و سختی ۔ زیادتی ۔

زور کرنا (۱) (۱) طاقت آزمانا ۔ زور لگانا (۲) کوشش کرنا ۔ سعی کرنا (۳) دو پہلوانوں کا باہم داؤ پیچ کرنا (۴) بڑھنا ۔ ترقی کرنا ۔

زور لگانا (۱) (۱) طاقت خرچ کرنا (۲) آگے کو بڑھانا ۔ ہاتھ لگانا (۳) مدد کرنا (۴) سعی کرنا ۔ کوشش کرنا (۵) تکلف کرنا (۶) مجامعت کرنا ۔

زور مارنا (۱) (۱) نہایت کوشش کرنا (۲) اپنی ساری طاقت کھپا دینا ۔

زور مند (ف) طاقتور ۔ بلونت ۔

زور میں آنا ۔ یا ۔ بھرنا (۱) (۱) طاقت میں بھرنا (۲) جوانی کی امنگ میں بھرنا ۔

زور نکالنا (۱) (۱) کمزور کرنا ۔ کم طاقت کرنا (۲) کسی کام پر طاقت آزمائی کرنا ۔

زورا زوری (ف ۔ مؤنث) (گنوار) زبردستی ۔ دھینگا دھینگی ۔

زورق (زَو ۔ رَق) (ف ۔ مؤنث) (۱) چھوٹی کشتی (۲) کشتی نما ٹوپی ۔

زوروں (۱) مذکر ۔ زور کی جمع ۔

زوروں پر چڑھنا (۱) (۱) قوت میں بھرنا ۔ نہایت زور آور اور تیار ہونا (۲) طغیانی پر آنا ۔ جوش و خروش پر ہونا (۳) حد کمال کو پہنچنا (۴) جوانی میں بھرنا ۔ موٹا تازہ ہونا (۵) چڑھنا ۔ زیادہ ہونا (۶) اترانا ۔ گھمنڈی ہونا ۔

زوف (زُوف) (۱) تف ۔ لعنت ۔

زوف زاف کرنا (۱) لعنت ملامت کرنا ۔

زوف ہے (۱) تف ہے ۔ لعنت ہے ۔

زوفا (زُو فَا) (ع ۔ مذکر) ایک قسم کا پھول جس سے شربت بنایا جاتا ہے ۔

ز - ہ

زہ (زِہ) (ف ۔ مؤنث) (۱) کنارہ ۔ حاشیہ (۲) واہ وا (۳) جننا ۔ بچہ دینا ۔ وضع حمل ہونا ۔

زہار (زِہار) (ف ۔ مذکر) (۱) عورت یا مرد کا اندام نہانی ۔ شرمگاہ ۔ فرج ۔ ذکر (۲) اس جگہ کے بال ۔ جھانٹیں ۔

زُہد (ع۔مذ) تقویٰ۔ پرہیزگاری۔ پارسائی ◦
زَہر (زہر) (ف۔مذ) (۱) بِس۔ سم۔ وہ چیز جس کے کھانے سے آدمی مر جائے (۲) (۱) تلخ۔ کڑوا (۳) (۱) ناگوار۔ بُرا۔ خلاف (۴) ہلاک۔ قاتل۔ مُضر۔ ہلاک کر دینے والا (۵) (۱) غصّہ۔ خشم (۷) بے لطف۔ بے مزہ۔ بد ذائقہ ◦
زہر آب (ف۔مذ) زہر آلود پانی۔ زہر گھلا ہوا پانی ◦
زہر آلود (ف) (۱) زہر کا بھرا ہوا۔ زہریلا۔ بِس بھرا (۲) زہر میں بجھایا ہوا ◦
زہر اُگلنا (ا) (۱) زہر منہ سے نکالنا۔ بِس ڈالنا (۲) بُرا بھلا کہنا۔ طعنہ دینا (۳) فتنہ انگیز باتوں کا زبان پر لانا (۴) غصّہ نکالنا۔ بدلہ لینا (۵) کسی بات کے چلنے پر اس کے بالکل مخالف رائے دینا ◦
زہر باد (ف۔مذ) (۱) خناق۔ نرخروں کی خشکی کے باعث گلے کا خشک ہو جانا (۲) (۱) باد زہر۔ ایک خوفناک بیماری جو ہاتھی یا گھوڑے کے فوطے پر ہوتی ہے (۳) (۱) کسی قسم کا زہر جو سانس کے ذریعے سے اثر کرے ◦
زہر بونا (ا) بگاڑ کرنا۔ بُرائی یا فساد کی بنا ڈالنا ◦
زہر پھیلنا (ا) (۱) زہر بھیلنا۔ زہر چڑھنا (۲) زہر پھیلانا۔ زہر پڑھانا ◦
زہر خند (ف۔مذ) غصّے یا شرمندگی کی ہنسی ◦
زہر دار (ف) زہر باد۔ سمی۔ بِس بھرا ◦
زہر دینا (ا) زہر کھلانا۔ زہر سے مارنا ◦
زہر قاتل (ف۔ع) زہر ہلاہل۔ مہلک زہر۔ مار ڈالنے والا زہر ◦
زہر کر دینا۔ یا۔ زہر کرنا (ا) (۱) تلخ دینا۔ ناگوار کر دینا۔ بد مزہ کر دینا۔ کڑوا کر دینا ◦
زہر کھانا (ا) (۱) کوئی ایسی چیز کھانا جس سے جان جاتی رہے۔ جان دینا۔ مرنا (۲) کسی شخص پر عاشق ہونا (۳) رشک کھانا۔ حسد سے مارنا۔ جلنا (۴) دشمنی کرنا۔ حسد رکھنا۔
زہر کی چھری (ا۔مؤنث) بِس کی گانٹھ۔ فتنہ انگیز۔ زہریلا ◦
زہر کی گانٹھ (ا۔مؤنث) فتنہ پرداز۔ شر انگیز ◦
زہر کے گھونٹ پینا (ا) مجبور ہو کر غصّے کو ضبط کرنا۔ اندر ہی اندر جلنا۔ دل ہی دل میں پیچ و تاب کھانا ◦
زہر لگنا (ا) نہایت بُرا معلوم ہونا۔ بُرا لگنا ◦
زہر مار کرنا (ا) دھتکارنا۔ کھانا۔ طوعاً و کرہاً نگلنا ◦

زہر مُہرہ (ف۔مذ) (۱) تریاق۔ بِس مار۔ ایک پتھر جو زہر کو جذب کر لیتا ہے (۲) ایک سبز پتھر جو پیالوں کو موسم گرما میں ٹھنڈک کے لیے پالتے ہیں ◦
زہر مُہرہ خطائی (ف۔مذ) شہر خطا کا زہر مہرہ جو نہایت عمدہ اور خوش رنگ ہوتا ہے ◦
زہر میں بجھا ہوا (ا) (۱) زہر آلود۔ وہ ہتھیار جس کا زخم کبھی اچھا نہ ہو۔ فتنہ انگیز ◦
زہر ہتھیلی پر رکھا ہوئے کھائے نہیں مرتا (مثل) کوئی بُرا کام کئے بغیر سزا کا کھٹکا نہیں ہوتا ◦
زہر ہو جانا۔ یا۔ ہونا (ا) (۱) بُرا ہونا۔ باعثِ تکلیف ہونا (۲) تلخ ہونا۔ کڑوا ہونا (۳) نمک زیادہ ہو جانا۔ نمک بہت پڑ جانا ◦
زہر ہے (ا) (۱) سم قاتل ہے۔ آزار رساں ہے (۲) بے لذت ہے (۳) تلخ ہے۔ کڑوا ہے ◦
زہرا (زہ۔را) (ع۔ا) سفید۔ چمکیلا (۲) (مؤنث) حضرت فاطمہؓ کا لقب ◦
زُہرہ (ع۔مؤنث) (۱) ایک ستارہ جو تیسرے آسمان پر ہے (۲) ایک خوبصورت عورت جس پر ہاروت ماروت دو فرشتے یا شہزادے عاشق ہو کر مبتلائے غضب الٰہی ہو گئے تھے ◦
زہرہ جبیں (ف) زُہرہ کی سی پیشانی والا۔ ماہ پیکر۔ چاند کے سے ٹکڑے والا۔ خوبصورت ◦
زَہرہ (زَہ۔رَہ) (ف۔مذ) (۱) پِتّا۔ ایک اندرونی عضو جس میں زرد اور نیلے رنگ کا تلخ پانی بھرا ہوا ہوتا ہے (۲) دلیری۔ قوت۔ مردانگی۔ ہمت۔ حوصلہ۔ گُردہ۔ جگرہ
زَہرہ آب ہونا (ا) نامردی چھا جانا۔ رُعب اور خوف طاری ہونا ◦
زَہرہ پھٹنا (ا) (۱) خوف یا دہشت کے مارے جگر ٹکڑے ہونا۔ رُعب چھانا۔ دل دھڑکنا (۲) حیرت میں رہنا۔ متحیر ہونا (۳) جلنا۔ حسد کرنا ◦
زہریلا (مذکر) (ف) (۱) زہردار۔ بِس بھرا (۲) شریر۔ فتنہ انگیز۔ غضبناک ◦
زہریلی (مؤنث)
زہے (ف) واہوا۔ شاباش ◦
زہے نصیب (ف۔ع) واہ خوش نصیبی ◦

ز۔ی

زیادتی (زیا۔دَ۔تی) (ع۔مؤنث) کثرت۔ افراط۔ بہتات۔

شلت سے ظلم۔ جبر۔ سختی۔ زبردستی۔ غلبہ ۔
زیادتی کرنا (۱) جبر کرنا۔ سختی کرنا۔ زبردستی کرنا ۔
زیادہ (زیا۔ دَہ) (ع۔ ص) (۱) افزوں۔ بہت۔ بیش۔ بڑھا ہوا (۲) فاضل۔ فالتو۔ سوا ۔
زیادہ تر (ف) بیشتر۔ اَدسوا۔ بہت زیادہ ۔
زیادہ حدِ ادب (ف۔ ع) دعائے خاتمہ جو اکثر بزرگوں یا حاکموں کو عرضی یا عریضہ لکھ چکنے کے بعد بطورِ خاتمہ اخیر پر لکھ دیا کرتے ہیں۔ یعنی زیادہ لکھنے سے ادب مانع ہے ۔
زیادہ خیریت ہے (اصطلاحِ خط) باقی خیریت ہے ۔
زیادہ ستانی (ف۔ مؤنث) (کاران) زیادہ طلبی۔ سرکاری اجازت یا معمول سے زیادہ لینا ۔
زیادہ سے زیادہ (۱) بہت سے بہت۔ حد درجے کا ۔
زیادہ کرنا (۱) (۱) بڑھانا۔ پہلے سے زیادہ کرنا (۲) دسترخوان اٹھانا۔ یا پوشاک وغیرہ اتارنا (۳) کم کرنا ۔
زیادہ گو (ف۔ مذکر) فضول گو۔ یاوہ گو۔ جھوٹا۔ دروغ گو ۔
زیادہ گوئی (ف۔ مؤنث) (۱) فضول باتیں۔ بیہودہ بکنا (۲) مبالغہ ۔
زیادہ گوئی کرنا (۱) مبالغہ کرنا۔ بات بڑھا کر کہنا۔ فضول بکنا۔ بڑبڑ کرنا ۔
زیادہ مٹھائی میں کیڑے پڑتے ہیں (۱) (مثل) زیادہ محبت فتور رنج کا باعث ہوتی ہے ۔
زیادہ ہے (۱) برکت ہے۔ بہت ہے۔ نہیں ہے۔ جب کسی فقیر کو جواب دینا ہوتا ہے۔ تو ردِ سوال کے لئے یہ فقرہ زبان پر لاتے ہیں ۔
زیارت (زِیا۔ رَت) (ع۔ مؤنث) (۱) کسی متبرک مقام یا آدمی کا دیکھنا۔ حج۔ مقدس مقام کا نظارہ (۲) (۱) کسی بزرگ کا مقبرہ۔ آستانہ۔ پرستش گاہ۔ درگاہ ۔
زیارتِ بزرگاں کفارۂ گناہ (ف) (مثل) بزرگوں کے دیدار سے گناہ معاف ہو جاتے ہیں ۔
زیارت کرنا (۱) کسی مقدس مزار یا بزرگ کا نظارہ کرنا۔ بزرگ سے ملنا ۔
زیارت گاہ (ع۔ ف) مؤنث۔ مقدس جگہ۔ متبرک مقام۔ درگاہ۔ آستانہ ۔
زیاں (زیاں) (ف۔ مذکر) نقصان۔ خسارہ۔ گھاٹا۔ ٹوٹا۔ ضرر ۔
زیاں کار (ف) نقصان دینے یا پہنچانے والا ۔
زیب (زیب) (ف۔ مؤنث) آرائش۔ زیبائش۔ سنگار۔ بناؤ۔ خوب صورتی۔ خوشنمائی۔ رونق ۔

زیب تن کرنا (۱) کسی چیز کو جسم پر آراستہ کرنا۔ پہننا ۔
زیب دینا (۱) بھلا لگنا۔ کھلنا۔ موزوں ہونا۔ خوشنما ہونا ۔
زیب و زینت (ف۔ مؤنث) بناؤ سنگار۔ آرائش و زیبائش۔ آراستگی۔ سجاوٹ ۔
زیبا (ف) (۱) زیب دینے والا۔ بھلا۔ خوشنما۔ خوبصورت۔ آراستہ۔ موزوں (۲) لائق۔ مناسب ۔
زیبائش (ف۔ مؤنث) آرائش۔ زینت۔ خوشنمائی۔ سجاوٹ ۔
زیبق (زی۔ بق) (ع۔ مذکر) پارہ۔ سیماب ۔
زیبندہ (ف) زیب دینے والا ۔
زیپلن (زَی۔ پِ۔ لِن) ZEPPELIN (مذکر) (۱) ایک خاص قسم کے بڑے فوجی ہوائی جہاز کا جرمن موجد (۲) اس کا ایجاد کیا ہوا جہاز ۔
زیتون (زَے۔ تُون) (ع۔ مذکر) ایک مشہور درخت جس کے روغن کو زیت کہتے ہیں ۔
زیٹ (زَیٹ) (۱) (مؤنث) بکواس ۔
زیٹ اُڑانا (۱) بکواس کرنا۔ بیہودہ بکنا ۔
زیچک (زی۔ چک) (۱) بے حیثیت (۲) کوتاہ قد ۔
زید (زَید) (ع) ایک فرضی نام ۔
زیر (زِیر) (ف۔ مؤنث) دھیمی آواز۔ نیچا سُر ۔
زیر و بم (ف۔ مذکر) (۱) پتلے یا ڈھیلی کا دایاں بایاں تسمہ (۲) نیچا اُونچا سُر ۔
زیر (زیر) (ف۔ مذکر) (۱) جر۔ کسرہ۔ وہ آڑی لکیر جو حرف کے نیچے دیتے ہیں (۲) نیچے۔ تحت۔ پایں۔ پست۔ کمزور۔ کم طاقت ۔
زیر انداز (ف۔ مذکر) (۱) وہ کپڑا جو حقّے کے نیچے پانی وغیرہ کی حفاظت کے لئے رکھتے ہیں (۲) غالیچہ ۔
زیر بار (۱) بوجھ میں دبا ہوا۔ مقروض۔ قرض دار ۔
زیر بار ہونا (۱) قرض کے نیچے دبنا۔ مقروض ہونا ۔
زیر باری (ف۔ مؤنث) قرضداری۔ دینداری ۔
زیر بند (ف۔ مذکر) گھوڑے کا تنگ۔ وہ تسمہ جو گھوڑے کے پیٹ کے نیچے باندھا جاتا ہے۔ پیش بند ۔
زیر بند لگانا۔ یا۔ مارنا (۱) کوڑے مارنا۔ نیچے سے پکڑ لینا ۔
زیر تجویز (ف۔ ع) کسی معاملے کا غور یا سوچ بچار کے تحت ہونا ۔
زیر حراست (ف) حوالات میں بند ۔
زیر حکومت (ف۔ ع) ماتحت۔ رعیت۔ زیر فرمان ۔
زیر دست (ف۔ مذکر) ماتحت۔ غریب۔ کم زور۔ کمزور۔ کم طاقت ۔

زیرِ سایہ (ف) (۱) حمایت میں۔ پناہ میں (۲) (۱) قریب۔ پاس (۳) (۱) نیچے۔ پائیں ٭

زیر کرنا (۱) مغلوب کرنا۔ دبانا۔ قابو میں لانا۔ فتح کرنا۔ ماتحت کرنا ٭

زیرِ لب (ف) ہونٹوں ہونٹوں میں۔ پوشیدہ ٭

زیرِ مشق (ف۔ ع) (مذکر) (۱) وہ چمڑا یا وصلی جسے لکھنے کی مشق کرتے وقت کاغذ کے نیچے رکھ لیتے ہیں (۲) مشغول۔ بُرا کام دینے والا۔ زیرِ نظر (۳) (۱) ہاتھ پر چڑھا ہوا۔ رواں ٭

زیر و زبر (ف) تہ و بالا۔ اُوپر نیچے۔ درہم برہم۔ اُلٹ پلٹ۔ تلے اوپر۔ منتشر ٭

زیر و زبر کرنا (۱) تہ و بالا کرنا۔ تباہ و برباد کرنا۔ اُلٹ پلٹ کرنا ٭

زیرک (زی رَک۔ (ف) دانا۔ دانشمند۔ ہوشیار ٭

زیرکی (ف۔ مؤنث) (۱) دانائی۔ دانشمندی۔ چترائی۔ تیز فہمی ٭

زیرہ (زی۔ رہ) (ف۔ مذکر) (۱) ایک خوشبودار باریک تخم جو اکثر گرم مسالے میں پڑتا ہے (۲) پھول کے اندر کا باریک باریک ڈال۔ زرگل ٭

زیرہ سفید (ف) مذکر۔ سُوسے رنگ کا زیرہ ٭

زیرہ سیاہ (ف۔ مذکر) کالے رنگ کا باریک باریک زیرہ ٭

زیرین (ف) نیچے کا۔ تلے کا۔ پائیں ٭

زیست (زیسْت) (ف۔ مؤنث) زندگی۔ حیات۔ عمر۔ جینا ٭

زیست کا حظ اُٹھ چکنا۔ یا۔ اُٹھنا (۱) لطف زندگی جاتا رہنا۔ جینے کا مزہ نہ رہنا ٭

زیست کرنا (۱) جینا۔ زندگی بسر کرنا ٭

زیست مشکل پڑنا (۱) زندگی دشوار ہونا۔ جینا دوبھر ہونا ٭

زیل (زِیل) (زیر کا معرب) (مؤنث) لڑکوں کی آواز سے مشابہ آواز۔ جھنجی آواز ٭

زین (زِین) (ف۔ مذکر) (۱) چار جامہ۔ کاٹھی۔ سرج (۲) پالان۔ کجاوہ ٭

زین پوش (ف۔ مذکر) زین کے اوپر ڈالنے کا کپڑا ٭

زین دھرنا۔ یا۔ کسنا (۱) گھوڑے پر کاٹھی ڈالنا۔ چار جامہ رکھنا ٭

زین (زَین) (ع۔ مذکر) (۱) سجانا (۲) خوب صورتی ٭

زین خان (۱) مذکر۔ عورتوں کا ایک فرضی جن ٭

زینت (زی۔ نت) (ش۔ مؤنث) (دیکھو زیب) ٭

زینت بخشنا۔ یا۔ دینا (۱) سجانا۔ رونق دینا۔ مزین کرنا ٭

زینی۔ زینٹ (زی نی۔ زینَٹ) (۱) مؤنث (کنایۃً) بکواس ٭

زینہ (زی۔ نہ) (ف) مذکر۔ سیڑھی ٭

زینہار (زین۔ ہار) (ف) (دیکھو زنہار) ٭

زیور (زے۔ ور) (ف۔ مذکر) (۱) گہنا پاتا۔ جیز (۲) زیب و زینت۔ بناؤ سنگار ٭

زیورات (ف۔ مذکر) زیور کی جمع ٭

ژ

ژ (ژے) (ف) مونث - (۱) فارسی کا چودھواں اور اردو کا سترھواں حرف - عربی میں نہیں آتا (۲) حساب جمل میں ز کی مانند اس کے سات عدد فرض کئے گئے ہیں ؂

ژ ۔ ا

ژاژ (ژاژ) - (ف) مذکر - (۱) ایک خاردار جھاڑی جسے اونٹ بہت کھاتا ہے - (۲) بیہودہ بات - بے فائدہ بات ؂

ژاژخا (ف) بیہودہ گو - بکواسی ؂

ژاژخائی (ف) مونث، بیہودہ گوئی - بکواس ؂

ژالہ (ژا۔لہ) (ف) مذکر (۱) اولا - پنجابی گڑا (۲) اوس ؂

ژالہ باری (ف) مونث، اولوں کی بارش - اولے پڑنا ؂

ژالہ زدگی (ف) مونث (۱) اولوں کی بارش (۲) اولوں سے پہنچا ہوا نقصان ؂

ژ ۔ ر

ژرف (ژَرف) (ف) گہرا ؂

ژ ۔ ن

ژند (ژَنْد) (ف) مذکر (۱) دلق - گدڑی - پھٹا ہوا کپڑا (۲) بزرگ - قلندر (۳) مونث، زرتشت کی ایک کتاب جسے آتش پرست آسمانی کتاب خیال کرتے ہیں (۴) زرتشت کے زمانے کی زبان - بہت پرانی فارسی ؂

ژندگی (ژَن۔دَگی) (ف) مونث (۱) کہنگی (۲) سستی ؂

ژندہ (ف) مذکر (۱) گدڑی - پرانا خرقہ - پیوند لگا ہوا جامہ (۲) سست ؂

ژ ۔ و

ژولیدگی (ژُو۔لی۔دَگی) (ف) مونث، (۱) الجھاؤ (۲) پریشانی ؂

ژولیدہ (ژُو۔لی۔دَہ) (ف) (۱) الجھا ہوا - درہم برہم - (۲) پریشان ؂

ژولیدہ حال (ف - ع) پریشان حال - خستہ حال ؂

ژولیدہ مو (ف) (مذکر) (۱) بکھرے ہوئے بال الجھے ہوئے بال (۲) بکھرے یا الجھے ہوئے بالوں والا ؂

ژ ۔ ی

ژیان (ژِیان) (ف) خشمناک - غضب ناک ؂

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فیروز اللغات اُردو

حصۂ دوم

س

س (سین) (ع) مذکر۔ اُردو زبان میں اٹھارہواں حرف ہے۔ بحساب ابجد اس کے ساٹھ (۶۰) عدد مقرر ہیں۔

س - ا

سا (سا) (ا) حرف تشبیہ۔ مثل۔ جیسا۔ مانند۔ مطابق۔ مشابہ۔

سابدھان (سا۔ بدھان) (ہ) (۱) چوکس۔ ہوشیار (۲) خبردار۔

سابر (سا۔ بر) (ہ) مذکر (۱) بارہ سنگا (۲) بارہ سنگے یا ہرن کی کھال کا چمڑا۔ جو سفید یا زرد رنگ کا ہوتا ہے (۳) نقب زنی کا آلہ۔

سابق (سا۔ بق) (ع) (۱) اگلا۔ اوّل۔ اگلے وقت کا (۲) سبقت لے جانے والا۔ بڑھا ہوا۔

سابق الذکر (ع) جس کا ذکر پہلے ہو چکا ہو۔ مذکورہ بالا۔ متذکرہ بالا۔

سابق دستور (ع۔ ف) پہلے کے موافق۔ قدیم دستور یا رسم کے مطابق۔

سابق میں (ا) پہلے۔ زمانۂ گذشتہ میں۔

سابقا (ع ہوا) پہلے۔ گزرے ہوئے زمانہ میں (۲) پہلی مرتبہ۔

سابقہ (ع) پہلا۔ اگلا۔ اگلے زمانے کا۔ قدیم جان پہچان کا۔ (۲) واسطہ۔ معاملہ۔

سابقہ پڑنا (ا) معاملہ پڑنا۔ کام پڑنا۔ واقفیت ہونا۔

سابن (سا۔ بن) (ا) مذکر۔ صابن۔ صابون۔

سابن کے مول پڑنا (ا) بہت سی جوتیاں پڑنا۔ کثرت سے جوتے کھانا۔

سات (ہ) ہفت۔ سبع۔ ۷۔ پانچ اور دو۔

سات بھائی (ہ۔ مذکر) ایک قسم کی چھوٹی چڑیاں جو اکثر اکٹھی رہتی ہیں۔

سات پانچ (ہ) مؤنث۔ مکر و فریب۔ چالاکی۔ دغا۔

سات پانچ کرنا (ہ) جھگڑا نکالنا۔ حجت کرنا۔ تکرار کرنا۔ بہانہ جوئی۔

سات پانچ نہ جاننا (ہ) (کنایۃً) سیدھا سادہ ہونا۔

سات پردوں میں چھپا کر رکھنا (ا) نہایت احتیاط

اور حفاظت سے چھپا رکھنا۔ کمال نگہبانی کرنا۔ ہوا نہ لگنے دینا ۔

سات پردے گُنا (۱) بہت سے پردوں میں چھپا نہایت پردہ کرکے گُنا۔ طنزاً اس عورت کو کہتے ہیں۔ جو پہلے تو سارے شہر میں پھرے اور جب صاحبِ ثروت ہو تو نہایت پردہ کرنے لگے ۔

سات پشت (۱) مؤنث۔ سات پیڑھی۔ آخری سات پشتیں ۔

سات پھیرے (ہ) مذکر۔ سات طواف جو آگ کے گرد کئے جاتے ہیں۔ وہ سات چکر جو ہندو دولہا دلہن شادی کے وقت کرتے ہیں۔ جن سے عقد بندھنا مراد ہوتی ہے ۔

سات توؤں سے منہ کالا کرنا (ہ۔ عو) (۱) سات توؤں کی سیاہی سے منہ کالا کرنا۔ خاطر میں نہ لانا۔ بات نہ پوچھنا (۲) بہت ذلیل کرنا (۳) نکال دینا ۔

سات دھارا ہو کر نکلنا (ہ۔ ۱) غذا کا ہضم نہ ہونا اور دستوں اور قے کے ذریعے سے نکل جانا (۲) پھوٹ پھوٹ کر رونا ۔

سات سمندر (ہ) (مجازاً) کُل دُنیا کے سمندر ۔

سات سنگار (۱) مذکر۔ عورتوں کی سات آرائش جیسے سُرمہ لگانا۔ مہندی لگانا۔ پان کھانا۔ مسّی لگانا۔ سر گوندھنا۔ زیور پہننا۔ افشاں چُننا یا چوڑیاں پہننا۔ لیکن ہندوؤں میں سولہ سنگار مشہور ہیں ۔

سات سو چوہے کھا کے بلی حج کو چلی (۱) (کہاوت) بہت سے بُرے کام کرکے نیک کام کا ارادہ کرنا ۔

سات سہاگنوں سے ٹانکا لگوانا یا سات سہاگنوں کو کھلانا (۱) (عو) سات زندہ خاوند والیوں سے شگون نیک کی خاطر بیاہ کا جوڑا سلوانا یا ان کو منت کا کھانا کھلانا ۔

سات سہیلیوں کا جھمکا (ہ) مذکر۔ سات چھوٹے ستاروں کا جھمکا۔ جو اکثر موسم سرما میں آسمان پر نظر آتا ہے۔ اسی کو جھمکا کہتے ہیں۔ عقد ثریا ۔

سات ماموؤں کا بھانجا (ہ) مذکر۔ تمام کنبے کا لاڈلا بچہ ۔

ساتارو ہن (ہ) مؤنث (۱) سات بھیڑیوں کا اکٹھے ہو کر کسی کو گھیر لینا (۲) چاروں طرف ہجوم کرکے لوگوں کو دکھ پہنچانا

ساتر (سا۔ تِر) (ع) چھپانے والا ۔

ساتگین (سات۔ گین) (ف) مذکر (۱) شراب کا پیالہ (۲) محبوب ۔

ساتوں (ہ) پورے سات ۔

ساتواں یا ساتویں (ہ) ہفتم۔ سات سے نسبت رکھنے والا۔ سات سے متعلق ۔

ساتویں آسمان پر مزاج ہونا (۱) (عو) بہت اترانا۔ بہت گھمنڈ کرنا ۔

ساتھ (سا۔ تھ) (ہ) مذکر۔ ہمراہ۔ شرکت۔ ساجھا۔ میل ملاپ ۔

ساتھ چھوٹنا (ہ) سنگ چھوٹنا۔ بچھڑنا۔ جدا ہونا۔ الگ ہونا۔ ملاپ نہ رہنا ۔

ساتھ دینا (ہ) رفاقت کرنا۔ نباہنا۔ حمایت کرنا۔ مدد دینا ۔

ساتھ رہنا (ہ) (۱) اکٹھا رہنا۔ ایک جگہ رہنا۔ ہمراہ رہنا۔ عورت کا مرد سے آشنائی رکھنا ۔

ساتھ سو کر منہ چھپانا یا ساتھ سونا اور منہ چھپانا (ہ) بے تکلفی میں تکلف کرنا۔ اقرار میں انکار یا انکار میں اقرار کرنا ۔

ساتھ کا کھیلا (ہ) مذکر۔ بچپن کا دوست۔ لنگوٹیا یار ۔

ساتھ کو (ہ) وہ چیز جس سے روٹی لگا کر کھائیں۔ سالن ۔

ساتھ لگے پھرنا (ہ) ہمیشہ کسی کے ساتھ ساتھ پھرنا پیچھے پیچھے پھرنا۔ ہمراہ رہنا ۔

ساتھی (ہ) مذکر۔ ہمراہی۔ رفیق۔ سنگی ۔

ساٹا (سا۔ ٹا) (ہ) مذکر: ہندو (۱) عوض معاوضہ (۲) ہنڈی کا باہمی لین دین ۔

ساٹھ (سا۔ ٹھ) (ہ) اُنسٹھ اور ایک — ۶۰ — شصت ۔

ساٹھ گاؤں بکری چر گئی (ہ) (مثل) بہت زیادہ نقصان ہوا

ساٹھا (سا۔ ٹھا) (ہ) مذکر۔ ساٹھ سال کا مرد ۔

ساٹھا پاٹھا (ہ) مذکر (۱) عموماً ہاتھی ۶۰ برس تک جوان رہتا ہے (۲) وہ شخص جس کے اس عمر میں قویٰ اچھے ہوں ۔

ساٹھا پاٹھا بیسی کھیسی (ہ) (کہاوت) ساٹھ برس تک مرد جوان رہتا ہے اور بیس برس کی عورت عمر سے ڈھل جاتی ہے ۔

ساٹن (سا۔ ٹن) (ہند) (انگریزی) (SATIN) مؤنث۔ اطلس۔ ایک قسم کا چمکیلا ریشمی کپڑا ۔

ساٹھی ۔ سٹھی (سا۔ ٹھی۔ سٹھی) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کے سرخ چاول جو ساٹھ دن کے اندر بشرط بارش تیار ہو جاتے ہیں ۔

ساج (سَاْج) (معرّب۔ مذکر) (۱) سال کی لکڑی (۲) صیقل کرنے کا پتھر۔

ساجد (سَا۔ جِد) (ع) سجدہ کرنے والا۔

ساجن۔ سجن (سَا۔ جَن۔ سَجَن) (ہ) مذکر (۱) خصم۔ خاوند۔ شوہر (۲) معشوق۔ دلبر (۳) سردار۔ حاکم۔ امیر۔ نواب۔ راؤ۔ (۴) خداوند تعالےٰ۔ پروردگار۔ رام۔ کرتار۔

ساجنا (ساج۔ نا) (ہ) سجنا۔ زیب دینا۔ اچھا لگنا۔

ساجھا (سا۔ جھا) (ہ) مذکر۔ شرکت۔ شارکت۔ تجارت یا کسی کام میں باہم شریک ہونا۔

ساجھی (ہ) مذکر۔ شریک۔ سہمتی دار۔ حصہ دار۔

ساجھے کی ہانڈی (ہنڈیا) چوراہے پر ٹوٹتی ہے (مثل) حصہ داری کے کاموں میں جھگڑا ضرور ہوا کرتا ہے۔

ساچق (سا۔ چق) (ف) مؤنث۔ حنابندی کی رسم۔ وہ معمولی رسم جو دولہا والوں کی جانب سے شادی سے پہلے ادا کی جاتی ہے۔ جس میں مہندی۔ نقل۔ مصری۔ میوہ۔ سہاگ پُڑا۔ پھلیل۔ جوڑا۔ عطر وغیرہ آرائش کے ساتھ لے کر جاتے ہیں۔

ساحت (سا۔ حَت) (ع) مذکر۔ میدان۔ آنگن۔ رقبہ۔

ساحر (سا۔ حِر) (ع) مذکر۔ جادوگر۔ فسوں ساز۔

ساحرانہ (ع۔ ف) جادوگر کی مانند۔

ساحرہ (ع) مؤنث۔ جادوگرنی۔

ساحری (ع۔ ف) مؤنث۔ جادوگری۔

ساحل (سا۔ حِل) (ع) مذکر۔ سمندر یا دریا کا کنارہ۔

ساخت (سا۔ خت) (ف) مؤنث (۱) بناوٹ۔ گھڑت۔ ترکیب (۲) بنائی ہوئی بات۔ مکر۔ حیلہ۔ فریب۔ ہتھکنڈہ۔

ساختہ (ف) (۱) بنایا ہوا۔ گھڑا ہوا۔ مصنوعی (۲) جھوٹا۔ نقلی۔ بناوٹی۔ جعلی۔

ساختہ پرداختہ (ف) مذکر (۱) بنایا ہوا۔ آراستہ و پیراستہ۔ کیا کرایا (۲) عملدرآمد۔ کرتوت۔

سادات (سا۔ دات) (ع) مؤنث۔ سادت کی جمع اور سادہ کی جمع الجمع۔ وہ قوم جو حضرت علیؓ کی اولاد اور حضرت فاطمہؓ کے بطن سے ہو۔

سادِس (سا۔ دِس) (ع) چھٹا۔

سادگی (سا۔ دگی) (ف) مؤنث (۱) صفائی (۲) راستبازی۔ صاف دلی (۳) نا سمجھی۔ سیدھاپن (۴) وہ حالت جو بناوٹ یا تماشا کے بغیر ہو۔

سادہ (سا۔ دَہ) (ف) (۱) کورا۔ بغیر لکھا ہوا۔ صاف۔ (۲) بے ہنر۔ بے سلیقہ۔ بے وقوف۔ بھولا بھالا۔ (۳) بے ریشا۔ صاف گالوں والا۔

سادہ پن (ہ) مذکر۔ دیکھو (سادگی)۔

سادہ دلی (ف) مؤنث (۱) صفائی۔ بے ریائی۔ صاف دلی۔ (۲) بھولاپن (۳) بے وقوفی۔

سادہ رو (۲) نیک طبیعت۔

سادہ طور (ف) سادہ وضع۔ بے ٹیپ ٹاپ۔

سادہ کار (ف) مذکر (۱) سادہ اور سبک کام بنانے والا۔ (۲) وہ سنار جو عمدہ اور نفیس کام بنائے۔

سادہ کاغذ (ف) کورا کاغذ۔ بے لکھا کاغذ۔ وہ کاغذ جس پر اشاعت نہ لگا ہوا ہو۔

سادہ لوح (ف۔ ع) مذکر (۱) بے وقوف۔ نادان (۲) بھولا بھالا۔

سادہ لوحی (ف) مؤنث (۱) بے وقوفی۔ نادانی (۲) سادگی۔ بھولاپن۔

سادہ مزاجی (ف) مؤنث۔ صاف دلی۔ بے ریائی۔ بے تکلفی۔ سادگی۔

سادہ وضع (ف) دیکھو (سادہ طور)۔

سادھ (سادھ) (ہ) مذکر (۱) متقی۔ پرہیزگار۔ نیک۔ مہاتما (۲) سنت۔ جوگی۔ بیراگی۔ فقیر۔ درویش۔

سادھارن (سا۔ دھا۔ رَن) (ہ) (۱) مانند۔ برابر۔ مقابل نظیر۔ برتاؤ (۲) روزمرہ۔ رسمی۔ معمولی۔ ایسا ویسا۔ (۳) اتفاقیہ۔ آسانی سے۔ بلاتکلف (۴) آہستہ آہستہ۔ سہج سہج۔ نرمی سے۔

سادھن (سا۔ دھن) (س۔ مذکر) (۱) جتن۔ تدبیر۔ علاج (۲) نباہ وفا (۳) کارروائی۔ تعمیل (۴) استعمال (۵) عادت۔ سبھاؤ۔ معمول (۶) زہد۔ ریاضت۔ عبادت۔ بندگی۔

سادھنا (سادھ۔ نا) (ہ) (۱) پورا کرنا۔ ثابت کرنا (۲) بتانا مشق کرنا (۳) تیراندازی کرنا (۴) سکھانا (۵) نویس کرنا (۶) تولنا۔ جانچنا (۷) عادت ڈالنا (۸) برقرار رکھنا (۹) اصلاح کرنا (۱۰) روکنا۔ تھامنا۔

سادھنی (ہ) مؤنث (۱) سادھنے کا آلہ جو معماروں اور نجاروں کے پاس رہتا ہے۔ گنیا۔ گونیا (۲) سادھو کی بیوی۔ نیک عورت۔

سادھو (سا۔ دھو) (ہ) مذکر (۱) سنت۔ پارسا۔ پرہیزگار معصوم۔ بھلامانس (۲) (اصطلاح عام میں) جوگی بیراگی۔

سادھو بچہ (ہ) مذکر (۱) مکار۔ عیار۔ چالاک۔ دغاباز۔ فریبی (۲) ایک کشمیری قوم جو نہایت چالاک بھی

جاتی ہے۔ چونکہ یہ لوگ اکثر دودھ بیچتے ہیں۔ بعض لوگوں کو دھوکا دیتے ہیں اس وجہ سے یہ نام پڑ گیا۔

سادی (۱) مؤنث (۱) کوری۔ صاف۔ سفید۔ جو کار دار یا جڑاؤ یا زرین و منقش نہ ہو (۲) بھولی بھالی۔ صاف دل بے تکلف (۳) نادان۔ بے وقوف۔

سار (سَار) (ہ) مؤنث (۱) چوسر کھیلنے کی گوٹیاں (۲) عرق۔ رس جوہر (۳) طاقت۔ بل۔ زور (۴) قدر۔ قیمت (۵) لوہا۔ آہن (۶) بساط شطرنج یا تختہ نرد (۷) اعتبار۔

سار جاننا (ہ) قدر جاننا۔ عزت کرنا۔ حقیقت جاننا۔ کیفیت معلوم کرنا۔

سارا (سَا۔رَا) (ف) (۱) خالص (۲) بہترین (۳) خوشبودار۔

سارا (ہ) کُل۔ تمام۔ سب۔ پورا۔ کامل۔

سارا گھر جل گیا تب چوڑیاں پوچھیں (ہ) (مثل) اُس اوچھے شخص کی نسبت کہتے ہیں۔ جو اچھی چیز پہن کر لوگوں کو دکھانے کی خواہش کرے۔

ساربان (سَار۔بَان) (ف) مذکر۔ شتربان۔ سانڈنی سوار۔ اونٹ چلانے والا۔

سارٹیفکیٹ۔ دیکھو (سرٹیفکیٹ)۔

سارجنٹ (سَار۔جَنٹ) (انگریزی) (SERGEANT) مذکر (۱) رنگروٹوں کا سکھانے والا۔ حوالدار (۲) جمعدار (۳) داروغہ۔ ناظر۔

سارجنٹ میجر (انگریزی) (SERGEANT MAJOR) مذکر۔ ایک فوجی عہدہ۔

سارداایکٹ (سَار۔دَا۔اَیکٹ) (انگ) SARDA-ACT, مذکر۔ وہ قانون جو رائے بہادر ہربلاس سارد انے مرکزی اسمبلی میں پیش کر کے منظور کرایا تھا۔ اس کے رو سے بچپن کی شادی کرنے کی ممانعت ہے۔

سارس (سَا۔رَس) (ہ) مذکر۔ کلنگ۔ قاز۔ کونج۔ ایک لمبی ٹانگوں والا آبی پرندہ جو پانی کے کنارے پر مچھلیاں پکڑ پکڑ کر کھاتا ہے۔

سارس کی سی جوڑی (ہ) ہمزاد کی طرح ہر وقت اور ہر دم ساتھ رہنے والے کی نسبت بولتے ہیں۔

سارق (سَا۔رِق) (ع) مذکر۔ چور۔ دُزد۔ قزاق۔

سارنگ (سَا۔رَنگ) (ہ) مذکر (۱) مور۔ طاؤس (۲) دیپک کی ایک راگنی (۳) مور کی آواز۔ کوک (۴) بادل۔ ابر (۵) ہاتھی۔ فیل (۶) شیر (۷) قوس قزح۔

سارنگی (سَا۔رَن۔گی) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا ساز جس میں تار لگے ہوتے ہیں۔

سارنگیا (ہ) مذکر۔ سارنگی بجانے والا۔

سازی (سَا۔زِی) (ع) اثر کرنے والا۔

ساری رات ممیائی ایک بچہ بیائی (ہ) (مثل) محنت بہت کی۔ مگر فائدہ کم ہوا۔

ساری سوئیاں نکالیں۔ آنکھوں کی سوئیاں رہ گئیں۔ بیوی تھی سو لونڈی بن گئی۔ لونڈی تھی سو بیوی بن گئی (ہ) (مثل) اس موقع پر بولتے ہیں۔ جب سخت محنت کسی نے کی ہو۔ اور ذرا سا کام کر کے نفع کوئی اور اٹھائے۔

سارے بدن میں زبان (ہی) حلال ہے (ہ) (مثل) زبان ہی پر اعتبار کا انحصار ہے۔ پس اپنا قول ضرور پورا کرنا چاہئے۔

سارے بنیوں کی ایک مت (ہ) (مثل) سب کنجوس ایک جیسے ہوتے ہیں۔

سارے جہان کا چھٹا ہوا (ہ) لُچّا۔ شُہدا۔ عیّار۔ چالاک۔ بدمعاش۔

ساڑھ ستی (سَاڑھ۔سَتی) (ہ) مؤنث (۱) سنیچر یا زحل کا بارھویں۔ پہلے اور دوسرے گھر میں متواتر دورہ جو ساڑھے سات سال تک رہتا ہے اور سخت منحوس ہوتا ہے (۲) ادبار۔ نحوست۔ گردش ایام۔

ساڑھ ستی آنا (ہ) ساڑھے سات برس کے لئے سنیچر کا بُرے گھروں میں آنا۔ نحوست آنا۔ بُرے دن آنا۔

ساڑھو۔ ساڑھو (سَا۔ڑھو + سَا۔ڑھُو) (ہ) مذکر۔ سالی کا خاوند۔ ہم زلف۔

ساڑھی (سَا۔ڑھی) (ہ) مؤنث۔ فصل ربیع۔ وہ فصل جس میں گیہوں چنے وغیرہ آتے ہیں۔

ساڑھے (ہ) آدھے۔ نصف۔ $\frac{1}{2}$

ساڑی۔ ساری (سَا۔ڑی۔ سَا۔رِی) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی لمبی دھوتی جسے اکثر ہندو عورتیں باندھتی ہیں۔ چادر۔

ساز (سَاز) (ف) مذکر (۱) سامان۔ تیاری (۲) باجا جیسے چنگ۔ عود۔ بربط۔ سارنگی۔

ساز باز کرنا (ا) سازش کرنا۔ ہمراز ہونا۔ میل ملاپ ہونا۔

سازش (سَا۔زِش) (ف) مؤنث (۱) اتفاق۔ میل ملاپ۔ لگاؤ (۲) خلاف قانون اتفاق اور مشورہ۔ منصوبہ۔

سازشی (ف) مؤنث۔ سازش کرنے والا۔

سازگار (سَاز۔گَار) (ف) مبارک۔ راست۔ مصلح۔

سازندہ (ف) ذکر - سازندہ - ساز بجانے والا ‧
ساز و برگ (ف) مذکر - دیکھو (ساز و سامان) ‧
ساز و سامان (ف) مذکر (۱) درستی ترتیب (۲) مال و اسباب (۳) تیاری (۴) ضروریات ‧
ساس (سَاس) (انگریزی) (SAUCE) مذکر - سالن - لون - چٹنی ‧
ساس پان (انگریزی) (SAUCE PAN) مذکر - (۱) دستی کڑھائی (۲) ایک قسم کی پتیلی ‧
ساس (سَاس) (ہ) مؤنث - خوش دامن - جورو یا خاوند کی ماں ‧
ساس کا پوت (ہ) کنایہ - خاوند - میاں خصم - سوامی -
ساس نہ نند نگاوڑی بہو کسے میں کیا کیا کھاؤں (ہ) (کہاوت) جب کوئی نگرانی نہ ہو - تو پھر کیوں نہ دل کی ہوس نکالی جائے ‧
ساس مر گئی - اپنی اَرواح توبے میں چھوڑ (بٹھا) گئی (۱) (مثل) (۱) عورتیں اس موقع پر بولتی ہیں - جب ساس کے مرنے کے بعد بھی اس کا رعب بہو پر قائم رہے (۲) ڈرانے کے محل پر بھی یہ مثل بولی جاتی ہے یعنی ابھی خدشہ باقی ہے ‧
ساس میری گھر نہیں مجھے کسی کا ڈر نہیں (ہ) (کہاوت) جس کا ڈر تھا - وہی نہیں - تو کیوں نہ گلچھرے اڑائے جائیں یعنی سر دھرے ہی کا سب کو خوف ہوتا ہے ‧
ساسر یا ساسن لیٹ (ہند) (انگریزی سارسینٹ (SARSENET) مؤنث - ایک قسم کا عمدہ باریک ریشمی کپڑا جو کئی رنگ کا ہوتا ہے ‧
ساطع (سَا - طِع) (ع) (۱) چمکتا ہوا (۲) بلند ‧
ساطور (سَا - طُوْر) (ع) مذکر - چھرا - چھری ‧
ساعت (سَا - عَت) (ع) مؤنث (۱) ڈھائی گھڑی گھنٹہ (۲) لمحہ - لحظہ - پل (۳) وقت (۴) وقت بتانے والی گھڑی ‧
ساعت بغلی (ع - ف) مؤنث - جیبی گھڑی ‧
ساعت ٹلنا (۱) مقررہ وقت یا موت کے وقت کا ٹلنا
ساعت عمومیہ (ع - مؤنث) گھنٹہ گھر ‧
ساعت مجلس (ع - ف) (مؤنث) کلاک ‧
ساعد (سَا - عِد) (ع) مؤنث - پہنچے سے کہنی تک کا حصّہ ‧
ساعی (سَا - عِی) (ع) مذکر - کوشش کرنے والا - جدوجہد کرنے والا ‧

ساغر (سَا - غَر) مذکر - پیالہ - گلاس (مجازاً) شراب کا پیالہ ‧
ساغر چلنا (۱) شراب کا دور چلنا ‧
ساغری (۱) مؤنث (۱) گھوڑے کی مقعد (۲) (مجازاً) مقعد انسان (۳) منسوب بہ ساغر ‧
سافل (سَا - فِل) (ع) (۱) نیچے کا (۲) کمینہ (۳) مذکر - نچلا حصّہ ‧
ساق (سَاق) (ع) مؤنث (۱) پنڈلی - گھٹنے اور ٹخنے کے درمیان کا حصّہ (۲) درخت کا تنہ (۳) ساگ پات کا ڈنٹھل ‧
ساقط (سَا - قِط) (ع) (۱) گرنے والا - گرا ہوا (۲) متروک - بیکار ‧
ساقط کرنا (۹) (۱) حمل گرانا - حمل نکالنا (۲) بحر یا وزن سے گرانا ‧
ساقط ہونا (۹) (۱) حمل گرنا (۲) جاتا رہنا - کھویا جانا ‧
ساقن (۱) وہ بازاری عورت جو اوباش وضع لوگوں کو حقّہ تمباکو - شراب وغیرہ پلاتی ہے ‧
ساقول (سَا - قُوْل) (ت) مذکر - پنسال یا لٹکن یعنی جگہ کی کجی معلوم کرنے والا - معماروں کا آلہ ‧
ساقی (سَا - قِی) (ع) مذکر (۱) پانی - حقّہ - شراب وغیرہ پلانے والا (۲) معشوق - معشوقہ - محبوب - صنم ‧
ساقیا (ف) اے ساقی ‧
ساکت (سَا - کِت) (ع) خاموش - بے حس و حرکت - چپ چاپ سنسان ‧
ساکن (سَا - کِن) (ع) ٹھہرا ہوا - بے حس و حرکت - قائم - (۲) باشندہ - رہنے والا - مقیم ‧
ساکنین (ع) بسنے والے - رہنے والے - باشندے ‧
ساکہ (سَا - کہ) (ہ - مذکر) ہندو بہادروں کی داستانیں ‧
ساکھ (سَا - کھ) (ہ) مؤنث (۱) بھرم - اعتبار (۲) بھروسہ عزت - آبرو - نیک نامی (۳) گواہی (۴) رُت - موسم ‧
ساکھ جانا (ہ) اعتبار کا جاتے رہنا - عزت جاتے رہنا آبرو جاتے رہنا ‧
ساکھا (سَا - کھا) (ہ) مذکر (۱) شاخ - ٹہنی (۲) گھمسان جنگ و جدل (۳) گواہ کی گواہی (۴) یک دلی - اتفاق
ساکھا ڈالنا (ہ) (لڑنا - جھگڑنا - فساد ڈالنا ‧
ساکھو (سَا - کھو) (ہ) - مذکر - ساگوان کا درخت ‧
ساکھی (سَا - کھی) (ہ) مؤنث ساتھ کھیلنے والی لڑکی وہ لڑکی جو کھیل کود میں مرد یا عورت کے ساتھ شریک ہو ‧
ساگ (سَاگ) (ہ) مذکر - سبزی - ترکاری - بھاجی ‧

ساگ پات (ہ) مذکر۔ ترکاری ۔

ساگر (سا۔ گر) (س) مذکر۔ سمندر۔ بحر۔ بحر اعظم ۔

ساگو دانہ (سا۔ گو۔ دا۔ نہ) (ف) مذکر۔ ایک سفید رنگ لطیف دانہ جو کھجور کے درخت سے بناتے۔ اور اکثر بیمار کو کھلاتے ہیں ۔

ساگون (سا۔ گو۔ ن) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی مضبوط لکڑی جس کی میز کرسیاں وغیرہ بناتے ہیں

سال (سال) (ہ) مذکر۔ ایک درخت جس کی لکڑی عمارت بنانے کے کام آتی ہے ۔

سال گرام۔ سالگرام (س) (ہندو) مذکر (۱) وہ جگہ جہاں سال کے بہت سے اور درخت ہوں (۲) ایک پہاڑ ۔

سال (سال) (ف) مذکر۔ برس۔ بست۔ سنہ۔ عمر ۔

سال بسال (ف) ہر سال۔ ہر برس۔ سالانہ ۔

سال بھر (ہ) تمام سال۔ تمام برس ۔

سال پیوستہ۔ پیوستہ۔ پچھلے سے پچھلا سال ۔

سال تمام (ف۔ ع) مذکر۔ آخر سال ۔

سال تمامی (ف۔ ع) مؤنث۔ سالانہ رپورٹ ۔

سال حاصل (ف) مذکر۔ سالانہ پیداوار ۔

سال خوردہ (ف) (۱) پرانا۔ فرسودہ۔ برتا ہوا۔ سال دیدہ کہن (۲) بڈھا۔ سرد و گرم۔ زمانہ چشیدہ۔ تجربہ کار۔ زمانہ دیدہ ۔

سال شمسی (ف۔ ع) مذکر۔ وہ برس جو سورج کی چال پر شمار کیا جاتا ہے۔ سنکرانتی برس ۔

سال فصلی (ف۔ ع) مذکر۔ وہ برس جو فصلوں کے حساب سے شمار کیا جاتا ہے ۔

سال قمری (ف۔ ع) مذکر۔ وہ برس جو چاند کی چال پر شمار کیا جاتا ہے ۔

سالگرہ (ف) مؤنث۔ جنم دن۔ برس گانٹھ ۔

سال گذشتہ (ف) مذکر۔ پچھلا برس۔ گذرا ہوا برس ۔

سال مہاجنی (ف۔ ہ) مذکر۔ ساہوکاروں کے حساب رکھنے کا سال ۔

سال نامہ۔ سالنامہ (ف) مذکر (۱) کیلنڈر (۲) جنتری (۳) اخبار یا رسالے کا سالانہ نمبر ۔

سال وار (ف) ہر سال۔ ہر برس۔ سالانہ ۔

سال ہا سال۔ سالہا سال (ف) بہت سال۔ مدت دراز ۔

سالا (سا۔ لا) (ہ) مذکر۔ بیوی کا بھائی ۔

سالار (سا۔ لار) (ف) مذکر۔ سردار۔ افسر۔ رہنما۔ کپتان ۔

سالار جنگ (ف) مذکر (۱) سپہ سالار۔ فوجی افسروں کا خطاب (۲) حیدرآباد دکن کے ایک مشہور وزیر اعظم میر تراب علی خان بہادر مرحوم کا خطاب جو ہندوستان کے بڑے مدبروں میں شمار ہوتے تھے ۔

سالار قافلہ (ف) مذکر۔ قافلے کا سردار ۔

سالار مسعود غازی (ع) مذکر۔ ایک مشہور بزرگ جو حضرت علی کی بارہویں پشت میں ۱۲ رجب ۴۰۵ھ کو بمقام اجمیر شریف پیدا ہوئے۔ کہتے ہیں کہ آپ سلطان محمود غزنوی کے بھانجے تھے۔ آپ نے حملۂ سومنات وغیرہ میں خوب داد شجاعت دی۔ اور انیس برس کی عمر پا کر ۱۴ رجب ۴۲۴ھ کو بہرائچ میں جہاد کر کے راجہ شہر دیو کے تیر سے شربت شہادت نوش کیا۔ لوگ آپ ہی کو بالے میاں۔ غازی میاں سالار غازی اور سالار رجب کے نام سے یاد کرتے ہیں ۔

سالانہ۔ سالیانہ (ف) (۱) سال سے نسبت رکھنے والا سال بسال کا (۲) (ہ) مذکر) وہ وظیفہ یا مشاہرہ یا جاگیر وغیرہ کی آمدنی جو سال تمام پر آئے ۔

سالانہ آمدنی (ا) مؤنث۔ سال بھر کی آمدنی۔ سال بھر کی آمدنی۔ سال بھر کی وصولیت ۔

سالانہ رپورٹ (ا) مؤنث۔ جس میں دن کے تمام احوال اور کارگذاری کی رپورٹ جو ہر سررشتے کا حاکم حاکم اعلیٰ کے پاس بھیجتا ہے ۔

سالانہ نقشہ جات (ا) مذکر۔ سالانہ نقشہ وار رپورٹ ہر محکمے کا خانہ پری کیا ہوا نقشہ

سالک (سا۔ لک) (ع) مذکر۔ راہ رو (۲) پابند شرع۔ خدا دوست (۳) مرزا قربان علی بیگ دہلوی کا تخلص ۔

سالم (سا۔ لم) (ع) کامل۔ پورا۔ تمام۔ سارا۔ صحیح سلامت۔ محفوظ ۔

سالم بیع (ع) مؤنث۔ (قانونًا) مکمل بیع ۔

سالن (سا۔ لن) (ہ) مذکر۔ ترکاری۔ لاوں۔ روٹی کے ساتھ کھانے کی نمکین ترکاری ۔

سالنا (سال۔ نا) (ہ) (۱) چھید کرنا (۲) کاٹنا ۔

سالو (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا سرخ کپڑا ۔

سالواہن۔ سالباہن (سال۔ وا۔ ہن ۔ سال۔ با۔ ہن) (ہ) مذکر۔ ایک مشہور راجہ ۔

سالوتری (سا۔ لوت۔ ری) (س) مذکر۔ گھوڑوں کا طبیب چوپایوں کا علاج کرنے والا۔ بیطار ۔

سالوس (سا۔ لُوس) (ف۔ مذکر) (۱) دغا۔ فریب۔ دھوکا۔ ریاکاری (۲) دغاباز۔ فریبی۔ ریاکار۔

سالویشن (سال۔ وے۔ شن) (انگ SALVATION) مؤنث۔ مکتی۔ نجات۔

سالویشن آرمی (انگریزی SALVATION ARMY) مؤنث۔ مکتی فوج۔ عیسائیوں کی ایک مذہبی جماعت۔

سالی (ہ) مؤنث۔ بیوی کی بہن۔ خواہر زوجہ۔

سام (سام) (ع۔ مذکر) (۱) حضرت نوح کا بڑا بیٹا (۲) رستم پہلوان کا دادا۔

ساماجک (سا۔ ما۔ جک) (ہ) سماجی۔ کسی انجمن کے متعلق۔

سامان (سا۔ مان) (ف) مذکر (۱) اسباب۔ تیاری۔ آراستگی (۲) ہتھیار۔ اوزار (۳) سرانجام۔ بندوبست۔

سامان بندھنا (۱) تیاریاں ہونا۔ کسی چیز کے ظاہر ہونے کے آثار نمایاں ہونا۔

سامان حرب (ف۔ ع) مذکر۔ لڑائی کا سامان۔

سامان میں آ نا (ہ۔ عو) (۱) ہوش میں آنا۔ ٹھنڈے اوپر ٹھنڈے جاتے رہنا (۳) قابو میں آنا۔

سامدرک (سا۔ مد۔ رک) (س) مؤنث۔ قیافہ دست ودیا۔ وہ علم جس کے ذریعے سے ہاتھ پاؤں کی لکیریں دیکھ کر آدمی کی قسمت بتائی جائے۔

سامرتھیہ (سا۔ مر۔ تھیہ) (س) مذکر۔ مؤنث (۱) طاقت۔ بل۔ زور (۲) رسائی۔ پہنچ۔ گنجائش (۳) سکت۔ حوصلہ۔

سامری (سا۔ مری) (ع) (۱) سامرہ کا باشندہ (۲) مذکر ایک جادوگر جس نے چاندی سونے کا ایک بچھڑا بنا کر بنی اسرائیل سے اس کی پرستش کرائی تھی۔

سامری فن (ف) مذکر (مجازاً) جادوگر۔ فسون ساز۔

سامع (سا۔ مع) (ع) مذکر۔ سننے والا۔ وہ شخص جو کسی کی سنے۔

سامعہ (ع) مؤنث۔ کان کی ایک قوت جس سے ہم آواز سن سکتے ہیں۔ سننے کی قوت۔

سامک (سا۔ مک) (ہ) مذکر۔ ایک غلہ جو ایک خاص قسم کی گھاس سے نکلتا ہے۔

سامگری (سام۔ گری) (ہ) مؤنث (ہندو) اسباب سامان۔

سامنا (سام۔ نا) (ہ) مذکر (۱) مقابلہ۔ جنگ۔ مٹھ بھیڑ۔ (۲) آگا۔ پیشانی (۳) ملاقات۔ برابری۔

سامنا کرنا (ہ) (۱) مقابلہ کرنا (۲) گستاخانہ جواب دینا۔ (۳) لڑنے کے لئے آگے بڑھنا (۴) برابری کرنا۔

سامنے (ہ) (۱) آگے۔ روبرو۔ مقابل (۲) ہوتے ہوئے۔ موجودگی میں۔

سامنے آنا (ہ) (۱) مقابل ہونا (۲) جلوہ گر ہونا۔

سامنے دھر لینا (ہ) (۱) آگے دھر لینا۔ آگے آگے لے چلنا (۲) پکڑ لینا۔ گرفتار کرنا۔ لے چلنا۔

سامنے کی آنکھیں پھوٹیں (ہ) (دعائے بد) بدبین کی آنکھیں جو سامنے اور مقابل ہیں نور و بے نور ہو جائیں (۲) سخت قسم۔

سامنے کی بات (ہ) مؤنث (۱) روبرو کا ذکر (۲) موجودگی کا حال۔

سامنے ہونا (ہ) (۱) مقابل ہونا۔ روبرو ہونا (۲) مقابلہ کرنا۔ گستاخی سے پیش آنا (۳) دنگل میں اترنا۔

سامی (سا۔ می) (ہ) مذکر (۱) سوامی۔ پتی۔ خاوند۔ شوہر (۲) مؤنث۔ زرخیز زمین (۳) (ع) عالی۔

سان (ہ) مؤنث۔ دھار تیز کرنے کا پتھر۔ چھری۔ سنگ۔ صیقل۔

سان چڑھنا (ہ) چھری پر تیز ہونا۔ دھار رکھی جانا۔

سان دھرنا (ہ) سان لگانا۔ دھار تیز کرنا۔

سان (سان) (ہ۔ مؤنث) (۱) نشان (۲) سراغ (۳) اشارہ۔

سان گمان (ہ) مذکر (۱) وہم وخیال۔ فکر و اندیشہ۔

سان نہ گمان (ہ) وہم نہ گمان۔ دفعتہً۔ یکایک۔ عالم بے خبری میں۔

سان (سان) (ہ) ساننا کا امر۔

سان لینا۔ ساننا (ہ) (۱) شامل کرنا (۲) گوندھنا۔ ملانا (۳) پھانسنا۔ شریک جرم کرنا (۴) حرف لانا۔ تہمت لانا۔

سانبھر (سان۔ بھر) (ہ) جھیل سانبھر سے نکلا ہوا نمک۔

سانپ (سانپ) (ہ) مذکر۔ ناگ۔ مار۔ افعی۔

سانپ اتارنا (ہ) سانپ کا زہر دور کرنا۔

سانپ تو نکل گیا۔ لکیر راستہ پر لیڑا (ہ) (کہاوت) آفت سے تو بچ گئے۔ مگر شگون برا ہوا۔

سانپ چھاتی پر پھرنا۔ یا۔ لوٹنا (ہ) (۱) سخت صدمہ گزرنا (۲) نہایت افسوس کرنا (۳) جل کر کباب ہونا۔

سانپ سونگھ جانا (ہ) (۱) سانپ کا ڈس جانا۔

سانپ کا کاٹ کھانا۔ سانپ کا زہر چڑھ جانا زہر کے مارے بے ہوش ہو جانا (۲) گہری نیند سوتا ٭

سانپ کا بچہ سپولیا (ہ) (کہاوت) بُرے آدمی کی اولاد بھی بُری ہوتی ہے۔ شریر کا بچہ بھی شریر ٭

سانپ کا سر ہی کچلا کرتے ہیں (ہ) (کہاوت) موذی کو جیتا ہی نہیں چھوڑتے۔ شر انگیز کی شامت ہی آیا کرتی ہے ٭

سانپ کا کاٹا (ہ) سانپ کا ڈسا ہوا۔ مار گزیدہ ٭

سانپ کا کاٹا رسی سے ڈرتا ہے (ہ) (کہاوت) جو شخص موذی سے تکلیف اُٹھائے۔ وہ ہمیشہ اس کے ہمشکل سے ڈرتا ہے۔ جس نے پہلے مصیبت نہ دیکھی ہو اُسے ذرا سا صدمہ بھی ڈرا دیتا ہے ٭

سانپ کا مَن (ہ) مذکر۔ سانپ کا منکا۔ جس کی نسبت مشہور ہے کہ دیو دھویں رات کے چاند کی مانند چمکتا ہے۔ اور جس کے ہاتھ لگے اُسے خوشحال کر دیتا ہے ٭

سانپ کا منتر (ہ) مذکر۔ سانپ کے کاٹے پر دم کرنے کا منتر ٭

سانپ کی کینچلی جھاڑنا (ہ) (۱) نکھرنا۔ رنگ نکالنا (۲) پر پرزے نکالنا ٭

سانپ کی سی لہر (ہ) مؤنث۔ سانپ کے کاٹے کا سا پیچ و تاب۔ سانپ کے کاٹنے کی سی تڑپ ٭

سانپ کی لکیر (ہ) مؤنث۔ وہ نشان جو سانپ کے نکل جانے پر رہتا ہے۔ سانپ کی کینچلی کا نشان ٭

سانپ کے پاؤں پیٹ میں ہوتے ہیں (ہ) (کہاوت) بدذات کی بدی ظاہر نہیں ہوتی ٭

سانپ کے سانپ پاوہنا (ہ) بڑوں کی بُری صحبت۔ موذی کا موذی ہی دوست۔ کند ہمجنس با ہمجنس پرواز ٭

سانپ کے منہ میں چھچھوندر (ہ) (کہاوت) **نگلے تو اندھا۔ اُگلے تو کوڑھی** } ہر طرح ضرر ہی ضرر ٭

سانپ کے منہ میں لے جانا (ہ) مصیبت میں پھنسانا ٭

سانپ کے نیچے کا بچھو (ہ) مذکر (۱) موذی اور ظالم آدمی (۲) نہایت زہریلا بچھو۔ جس نے سانپ کے نیچے پرورش پائی ہو ٭

سانپ مرے نہ لاٹھی ٹوٹے (ہ) (کہاوت) سانپ مر جائے لیکن لاٹھی نہ ٹوٹے۔ کام نکل آئے اور نقصان بھی نہ ہو ٭

سانپ نکل گیا لکیر پیٹا کرو (ہ) (کہاوت) موقع کھو کر اب پچھتایا کرو۔ اب پچھتائے کیا ہوت جب چڑیاں چگ گئیں کھیت ٭

سانپ نہیں جو مٹی چاٹ کر رہیں (ہ) (کہاوت) ہر شخص اپنی ہی خوراک کھا سکتا ہے دوسرے کی ریس نہیں کر سکتا ٭

سانپ والا (ہ) مذکر۔ سانپ کا کھلاڑی۔ سپیرا ٭

سانپ ہر جگہ ٹیڑھا مگر (ہ) (مثل) بدمزاج **بانبی میں سیدھا جاتا ہے** } بھی اپنے گھر میں غصہ نہیں کرتا ٭

سانپا (سان۔ پا) (ہ) مذکر۔ (ہندو) (۱) سوگ ماتم (۲) بددعا ٭

سانپن (ہ) مؤنث۔ ناگن۔ مادہ مار۔ سانپ کی مادہ ٭

سانپوں کی سبھا میں جیبھوں کی لپالپ (ہ) (کہاوت) بُروں کے بُرے ہی کام موذیوں کی محفل میں تکلیف ہی کا چرچا ٭

سانپے جانا (ہ) ماتم کے لئے جانا۔ شریک ماتم ہونا ٭

سانٹ۔ سانٹھ (سانٹ۔ سانٹھ) (ہ) مؤنث (۱) گانٹھ۔ گرہ۔ عقدہ (۲) میل ملاپ۔ اتفاق (۳) منصوبہ۔ سازش ٭

سانٹ لگانا یا ملانا (ہ) سازش کرنا ٭

سانٹا (سان۔ ٹا) (ہ) مذکر۔ چابک۔ تازیانہ ٭

سانٹھنا (ہ) (۱) دھاگے میں جوڑ لگانا (۲) موافق کر لینا ٭

سانٹے کی سگائی (ہ) مؤنث۔ وہ رشتہ جہاں لڑکی کے عوض لڑکی دی جائے ٭

سانجھ (سا نجھ) (ہ) مؤنث (۱) شام۔ سورج ڈھلے کا وقت (۲) دوستی ٭

سانجھ سویرے (ہ) مؤنث۔ صبح شام ٭

سانچ (سانچ) (ہ) مذکر۔ سچ۔ صحیح۔ درست۔ ٹھیک ٭

سانچ کو آنچ نہیں۔ یا۔ سانچ کو کیا آنچ (ہ) (کہاوت) سچ کو کوئی تکلیف نہیں۔ ایمان کو ضرر نہیں ٭

سانچ کو آنچ نہیں ...
سانچ کے سو مار ا جائیے۔ جھوٹ کے سو (جھوٹا بھڑوا) لڈو کھائیے (ہ) (مثل) سچ کہنے والے کو مصیبت کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور جھوٹا مزے اُڑاتا ہے ✦

سانچا (ہ) مذکر (۱) سچا۔ صادق (۲) قالب۔ دھات یا لکڑی کا بنا ہوا اوزار جس سے کھانڈ کے کھلونے وغیرہ ڈھالتے ہیں۔ (۳) رحم۔ بچہ دان ✦

سانچے کی پہچی (ہ) مؤنث۔ وہ عورت جسے ہر دفعہ پہلے ہی جماع میں حمل ہو جایا کرے ✦

سانچے میں ڈھالنا (ہ) (۱) قالب میں ڈھال کر بنانا (۲) سڈول اور خوب صورت بنانا ✦

سانحہ (سا۔ نحہ) (ع) مذکر۔ حادثہ۔ واقعہ۔ وقوعہ۔ صدمہ

سانڈا (سان۔ ڈا) (ہ) مذکر۔ گائے اور بھینس دوہنے کے وقت اُن کے پاؤں میں باندھنے کی رسی ✦

سانڈ (سانڈ) (ہ) مذکر (۱) نرگاؤ۔ اسپ نر۔ وہ بیل یا گھوڑا جسے بچے دلوانے کے لئے رکھیں۔ (۲) (مجازاً) فربہ آدمی۔ جسیم۔ ضخیم۔ شحیم (۳) غم و فکر سے آزاد (۴) شہوت پرست۔ عیاش ✦

سانڈا (سان۔ ڈا) (ہ) مذکر۔ گوہ کی قسم کا ایک جانور جس کا تیل سستی اور گنٹھیا کی بیماری کے لئے مفید سمجھا جاتا ہے ✦

سانڈنی (سانڈ۔ نی) (ہ) مؤنث۔ اونٹنی۔ ناقہ۔ رہوار اور تیز رفتار اونٹنی یا اونٹ۔ مادۂ شتر ✦

سانڈنی سوار (ہ) مذکر۔ اونٹنی سوار۔ شتر سوار۔ نامہ بر۔ پیام بر۔ وہ قاصد جو تیز رفتار اونٹنی پر چڑھ کر خبر لے جائے ✦

سانڈیا (سان۔ ڈیا) (ہ) مذکر (۱) بوتا (۲) اونٹ کا بچہ (۳) گوڑ پیلنے کی مشین ✦

سانس (سانس) (ہ) مذکر و مؤنث۔ نفس۔ دم۔ پھونک ✦

سانس اکھڑنا (ہ) (۱) دم رکنا۔ دم اٹکنا۔ سانس کا مشکل سے نکلنا (۲) قریب مرگ ہونا۔ دم واپسیں لینا ✦

سانس اُکھڑ جانا (ہ) دم اکھڑنا۔ دم رُکنا۔ سانس قابو میں نہ رہنا۔ دم کے تسلسل میں فرق آنا ✦

سانس بھرنا (ہ) (۱) دم بھرنا۔ آہ سرد کرنا (۲) دم چڑھنا۔ ہانپنا (۳) عمر کے چند بقیہ سانس لینا ✦

سانس پھولنا (ہ) (۱) دم چڑھنا۔ ہانپنا (۲) دمہ کا مرض ہونا ✦

سانس ٹوٹنا (ہ) دم ٹوٹنا۔ دم کے تسلسل میں فرق آنا ✦

سانس چڑھنا (ہ) دم پھولنا۔ تھکنا۔ بیدم ہونا ✦

سانس رکنا (ہ) دم بند ہونا۔ گلا بیٹھنا ✦

سانس کے ساتھ آس ہے (ہ) (مثل) دم کے ساتھ امید لگی ہوئی ہے۔ زندگی کے ساتھ آس ہے ✦

سانس لینا (ہ) دم بھرنا۔ سانس کھینچنا ✦

سانس نہ نکالنا (ہ) دم نہ مارنا۔ اُف نہ کرنا۔ چپ رہنا ✦

سانسا (سان۔ سا) (ہ) مذکر۔ فکر۔ اندیشہ۔ تردد۔ تشویش

سانسا چڑھنا (ہ) (ہندو) فکر ہونا۔ اندیشہ ہونا ✦

سانسی (سان۔ سی) (ہ) مذکر۔ مشہور خانہ بدوش قوم۔ جرائم پیشہ ✦

سانگ (سانگ) (ہ) مؤنث (۱) شاخ۔ شنی (۲) مذکر برچھی۔ بھالا۔ نیزہ ✦

سانکر **سانکری** (سان۔ کر۔ سانک۔ ری) (س) مؤنث (ہندو) (۱) زنجیر۔ دروازے کی کنڈی (۲) زنجیروں کا بنا ہوا پاؤں کا ایک زیور (۳) ہتھ کڑی۔ بیڑی ✦

سانکل (سان۔ کل) (ہ) مؤنث۔ دیکھو (سانکر) ✦

سانگ (سانگ) (س) تمام۔ مکمل۔ کل ✦

سانگ آسیخ (ہ) مذکر (ولی) ایک آنہ ✦

سانگ۔ سوانگ (سانگ۔ سوانگ) (ہ) مذکر (۱) کھیل۔ تماشہ۔ بہروپ۔ روپ بھرنا۔ نقل کرنا (۲) ظرافت۔ تمسخر۔ ٹھٹھا ✦

سانگ بنانا (ہ) (۱) روپ بھرنا۔ نقل کرنا (۲) رسوا کرنا۔ ہنسی اُڑانا۔

سانگ بھرنا (ہ) (۱) روپ بھرنا۔ نقل بنانا (۲) فریب کرنا۔ دھوکا دینا ✦

سانگ دکھانا (ہ) تبدیل وضع کرنا ✦

سانگ رچانا (ہ) (۱) کھیل کرنا۔ تماشا کرنا (۲) مسخراپن کرنا ✦

سانگر (سان۔ گر) (ہ) مذکر۔ جنڈ کی پھلی۔ جسے ہندو لوگ اچار وغیرہ ڈالنے کے کام میں لاتے ہیں ✦

سانگی (سان۔ گی) (ہ) مذکر و مؤنث۔ بیل گاڑی کا ڈنڈا جس پر جوئے کو سہارا دیا جاتا ہے ✦

سانگی یا سوانگی (ہ) مذکر (۱) سوانگ بھرنے والا ✦

پہرہ یا (۲) جادُو گر۔ نقال۔ بھانڈ ٭
ساوان (سا۔ وان) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا اناج۔ چاول ٭
ساوتا۔ ساونٹھا (سا۔ وَت۔ تا ٭ سا۔ وَن۔ ٹھا) (ہ) (۱) جمع کیا ہوا (۲) تیار (۳) تندرست ٭
ساونٹا ہو جانا (ہ) (۱) ہوشیار اور چوکس ہو جانا (۲) سیانے ہو جانا (۳) سنبھل جانا ٭
ساوَلا۔ ساوَرا (سا۔ وَ۔ لا۔ سا۔ وَ۔ را) (ہ) ملیح۔ سبزہ رنگ سیاہی مائل ٭
ساوَلا سلونا (ہ) (۱) ساوَلا رنگ۔ نمکین رنگ (۲) گندمی رنگ والا۔ خوش رنگ ٭
ساوَلی صورت (ہ) ملیح صورت۔ نمکین صورت۔ گندمی رنگ ٭
ساوَنی (سا۔ وِنی) (ہ) مؤنث گنجی۔ بھُس۔ کھلی ملا ہوا چارہ ٭
ساودھان (ساو۔ دھان) (ہ) چوکس۔ تیار۔ متوجہ ٭
ساودھانی (ہ) مؤنث۔ چوکسی۔ دور اندیشی ٭
ساورن (ساو۔ رِن) (انگ SOVEREIGN) مذکر (۱) گنی۔ پونڈ (۲) بادشاہ ٭
ساوڑ۔ سَوڑ (سا۔ وَڑ۔ سَو۔ وَڑ) (ہ) مؤنث (۱) زچہ خانہ (۲) زچہ ہونے کی ناپاکی ٭
ساوڑی (سا۔ وَڑی) (ہ) مؤنث۔ محلے کی مٹھائی جو کھیلیان میں سے فقیروں وغیرہ کو دیتے ہیں ٭
ساوَن (سا۔ وَن) (ہ) مذکر۔ ہندی سال کا چوتھا مہینہ۔ برسات کا پہلا مہینہ۔ ۱۵ جولائی سے ۱۵ اگست تک کا زمانہ ٭
ساوَن۔ بھادوں (ہ) مذکر (۱) برساتی مہینوں میں پہلا اور دوسرا مہینہ جن میں بارش کی کثرت رہتی ہے (۲) ایک قسم کی آتشبازی ٭
ساون کی جھڑی (ہ) ساون کی وہ بارش جو کئی کئی روز تک برابر رہتی ہے ٭
ساون کے اندھے کو ہرا ہی سوجھتا ہے (ہ) (کہاوت) ہر شخص اپنی ہی حالت کے مطابق دوسرے کی حالت سمجھتا ہے ٭
ساون کے گیت (ہ) مذکر۔ برسات کے گیت ٭
ساون ہرے نہ بھادوں سوکھے (ہ) (کہاوت) ہر حال میں یکساں۔ ہمیشہ ایک ڈھنگ پر رہتا ٭
ساونت (ہ) مذکر۔ دلیر۔ بہادر۔ سُورما۔ جوانمرد شجاع ٭

ساونٹا۔ ساونٹھا (سا۔ وَن۔ ٹا ٭ سا۔ وَن۔ ٹھا) (ہ) دیکھو (ساونٹا) ٭
ساونی (ہ) مؤنث (۱) فصل خریف۔ وہ فصل جس میں چاول۔ مکئی وغیرہ اناج پیدا ہوتے ہیں (۲) ایک پھول جو ساون کے مہینے میں کھلتا ہے (۳) وہ مٹھائی۔ میوہ۔ ترکاری وغیرہ جو ساون کے مہینے میں دولہا کے گھر سے دلہن والوں کے ہاں بھیجی جاتی ہے ٭
ساہ (ہ) مذکر (۱) تاجر۔ بیوپاری (۲) مہاجن۔ سیٹھ۔ ساہوکار (۳) بینکر۔ صراف (۴) دیانتدار ٭
ساہا (سا۔ ہا) (ہ) مذکر (۱) وقت۔ سما۔ موسم۔ فصل (۲) ہندوؤں کی شادی کے دن جن میں بیاہ سنجوگ ہوتا ہے ٭
ساہا چکنا (ہ) بہت سی شادیوں کا ہونا ٭
ساہل۔ ساہول (سا۔ ہِل ٭ سا۔ ہُول) (ہ) مذکر۔ چکن ایک پتھر یا لوہے کا گولا جس میں ایک پھندا لگا ہوتا ہے۔ اس کنڈے میں تعمیر کے وقت ڈورا باندھ کر معمار لوگ دیوار وغیرہ کی کجی معلوم کرتے ہیں ٭
ساہو (سا۔ ہُو) (ہ) مذکر (۱) خیر خواہ۔ دوست۔ دانا۔ سخی (۲) چور۔ دزد۔ راہزن ٭
ساہوکار (ہ) مذکر۔ روپیہ قرض دینے والا۔ داد و ستد رکھنے والا صراف ٭
ساہوکارا (ہ) مذکر (۱) صراف کا پیشہ (۲) لین دین کی جگہ ساہوکاروں کا بازار ٭
ساہوکاری (ہ) مؤنث (۱) سوداگری۔ تجارت۔ لین دین (۲) دیانتداری۔ شرافت ٭
ساہوکاری گدی (ہ) مؤنث۔ ٹھیا۔ ساہوکار کے بیٹھنے کی جگہ ٭
ساہی (سا۔ ہی) (ہ) مؤنث۔ سیہ۔ خارپشت۔ ایک خاردار جانور جس کا منہ سؤر کے مشابہ ہوتا ہے ٭
سائبان (سا۔ اِی۔ بان) (ف) مذکر (۱) چھپر (۲) شامیانہ (۳) چھتر (۴) وہ چھجا وغیرہ جو مکان یا خیمے کے آگے دھوپ یا مینہ سے بچنے کے لئے ڈالتے ہیں ٭
سائی (سا۔ ئی) (ہ) مؤنث۔ بیعانہ۔ پیشگی۔ پیشدا ٭
سائی بجانا (ہ) اُس کے گھر ناچنا جس سے سائی کی تحریر ہوا
سائی دینا (ہ) بیعانہ دینا۔ خریدنے سے پیشتر کچھ نقدی دینا ٭

سائے (سا۔ اِے) (ا) مذکر (۱) سایہ کی جمع (۲) "سایہ" کے بجائے حروف مغیرہ سے پہلے۔

سائے سے بھاگنا۔ یا۔ بھڑکنا (ا) (۱) پرچھائیں سے بھاگنا۔ دور بھاگنا۔ صورت سے بھاگنا۔ نفرت کرنا (۲) نہایت بدکنا۔

سائڈ (سا۔ اِڈ) انگریزی (SIDE) مؤنث۔ طرف۔ سمت۔ پہلو۔

سائر (سا۔ اِر) (ع) (۱) سیر کرنے والا۔ پھرنے والا (۲) تمام سب (۳) باقی۔ بچا ہوا (۴) چنگی کا محصول (۵) منڈی کی جنس۔

سائر خرچ (ا) مذکر۔ متفرق خرچ۔ دفتروں کا بالائی خرچ۔

سائز (انگریزی۔ SIZE) مذکر۔ قد۔ جسامت مقدار۔

سائل (ع) مذکر۔ (۱) سوال کرنے والا۔ پوچھنے والا (۲) مُدعی۔ مانگنے والا۔ فقیر۔ اُمید وار۔

سائن (انگریزی) (SIGN) مذکر (۱) نشان۔ دستخط۔

سائن بورڈ۔ (انگریزی) (SIGN BOARD)، مذکر۔ تختۂ اعلان۔ اشتہاروں کا تختہ۔ وہ تختہ جو شارع عام پر اشتہارات یا نام وغیرہ لکھ کر لٹکایا یا گاڑا جائے۔

سائنس (انگریزی) (SCIENCE) مؤنث (۱) علم طبیعیات (۲) علم و فن۔

سائو (سا۔ ؤ) (ک) (ہندی) (۱) غریب۔ متحمل مزاج۔ بھلا مانس (۲) مذکر۔ بھائی بند۔

ساؤتھ (سا۔ ؤتھ) (انگ) (SOUTH) جنوب۔

ساؤنڈ (سا۔ ؤنڈ) انگ (SOUND) مؤنث۔ آواز۔

ساؤنڈ بکس (انگ) (SOUND BOX) مذکر۔ گراموفون کا وہ پرزہ جس کے ذریعے سے پلیٹ سے آواز نکلتی ہے۔

سائیکل (سا۔ اِی۔ کل) (انگ) (CYCLE) (دیکھو بائیسکل)۔

سائیں (سا۔ اِیں) (ہ) مذکر (۱) خدا۔ ایشور۔ رب۔ داتا (۲) مالک۔ پتی۔ خصم۔ شوہر (۳) درویش۔ خدا شناس۔ فقیر۔

سائیں کا دربار (ا) مذکر۔ خدا کا دربار۔ خدا کی کچہری۔ بارگاہ الٰہی۔

سائیں سائیں (سا۔ اِیں۔ سا۔ اِیں) (ا) مؤنث ہوا کے چلنے کی آواز۔ سرسراہٹ۔ سنسناہٹ۔

سائیں سائیں کرنا (ہ) ہوا کا چلنا۔ سنسنانا (۲) خوفناک معلوم ہونا۔

سایہ (سا۔ یَہ) (ف) مذکر (۱) چھایا۔ پرچھائیں۔ چھاؤں (۲) پناہ۔ حفاظت۔ حمایت (۳) جن۔ بھوت۔ دیو۔ پری کا اثر۔

سایہ اُترنا (ا) جن یا بھوت کا دور ہونا۔ آسیب دفع ہونا۔

سایہ پروردہ (ف) (۱) خانہ زاد غلام۔ نمک پروردہ۔ دست پروردہ۔ کسی کی توجہ اور رعایت کا پلا ہوا (۲) لاڈلا۔

سایہ پڑنا (ا) (۱) پرچھاواں پڑنا۔ عکس پڑنا (۲) دوسرے کی خوبو آ جانا۔

سایۂ خدا (ف) خدا کا سایہ۔ بادشاہ۔ ظلِ الٰہی۔

سایہ دار (ف) سائے والا، وہ درخت جس کے نیچے چھاؤں رہے۔

سایہ ڈالنا (ا) مہربانی کرنا۔ حال پر توجہ فرمانا۔ فیض پہنچانا۔ اثر ڈالنا۔ فیضِ صحبت سے مستفیض ہونا۔

سایہ ڈھلنا (ا) (۱) سایہ اتر جانا۔ عصر کی نماز کا وقت ہونا (۲) محبت گھٹنا ہونا۔

سایہ زدہ (ف) جس پر جن بھوت کا اثر ہو۔

سایہ ہو جانا (ا) (۱) صحبت کا اثر ہونا۔ مہربانی اور عنایت ہونا (۲) آسیب زدہ ہونا۔

سائے سے بھاگنا۔ یا۔ بھڑکنا (ا) (۱) پرچھائیں سے بھاگنا۔ دور بھاگنا۔ صورت سے بھاگنا۔ نفرت کرنا (۲) نہایت بدکنا۔

سائے سے جلنا (ہ) نفرت کرنا۔

سائے میں آنا (ا) (۱) حمایت یا پناہ میں آنا (۲) آسیب زدہ ہونا۔ بھوت پریت کا خلل ہو جانا۔

سائے میں بیٹھنا (ا) (۱) چھاؤں میں بیٹھنا (۲) حمایت اور پناہ میں رہنا۔

سائیس (ا) مذکر۔ گھوڑے کا خدمتگار۔ گھوڑے کی خدمت کا کام یا پیشہ۔

سائیسی (ا) مؤنث۔ گھوڑے کی رکھوالی۔ گھوڑے کی خدمت کا کام یا پیشہ۔

سائیسی علم دریا ہے (ا) (۱) بطور طنز کسی سائیس کا مقولہ نقل کیا ہے۔ جو سائیسی کو بہت بڑا علم جانتا تھا (۲) بڑائی کا اظہار۔

س ۔ ب

سَب (سَب) (۱) سارا۔ کُل۔ جملہ۔ تمام (۲) بالکل سالم۔ کامل۔ پورا۔

سب ایک ہی تھیلی کے چٹے بٹے ہیں۔ (ف) (کہاوت) (۱) سب ایک ہی خاندان اور ایک ہی نسل سے ہیں (۲) سب کی حالت یکساں ہے۔

سب دن چنگے عید کے دن ننگے۔ یا (ف) (عو)
سب دن پھٹی عید کے دن نکلی (مثل) بے وقت بناؤ سنگار کرنا۔ عمر ضرورت کے وقت عمدہ پوشاک و زیور کے نہ ہونے سے شرمسار ہونا۔

سب دھان بائیس پنسیری کے (ف) (مثل) سب کو برابر کر دینا۔ سب یکساں۔

سب سے بھلی چپ (ف) (مثل) نہ بولنے میں کوئی جھگڑا یا الزام نہیں آتا۔

سب کا سب (ف) سرتا پا۔ بالکل۔ سارے کا سارا۔ تمام و کمال۔

سب کچھ (ف) ہر چیز۔ ہر شے۔ تمام مال و متاع۔

سب کو ایک لاٹھی ہانکنا (ف) درجہ و مرتبہ کا لحاظ کئے بغیر ہر ایک سے یکساں برتاؤ کرنا۔

سب کی جوتی ہے۔ (۱) (عو) شرارت اور بدی میں سب سے بڑھی ہوئی ہے۔

سب کے دیکھتے (ف) لوگوں کے سامنے۔ آنکھوں کے رو برو۔ علانیہ۔ کھلم کھلا۔

سَب (سَب) (انگریزی) (SUB) نائب۔ پیشکار۔ ماتحت۔ گماشتہ۔

سَب آرڈینیٹ (انگ (SUBORDINATE ماتحت۔

سَب آفس (انگریزی) (SUB OFFICE) مذکر۔ (۱) دفتر ماتحت۔ مضافات کا ڈاک خانہ۔

سَب اسسٹنٹ سرجن۔ (انگریزی) (SUB-ASSISTANT SURGEON) مذکر۔ اسسٹنٹ سرجن سے چھوٹا ڈاکٹر۔

سب انجینئر (انگریزی) (SUB ENGINEER) مذکر۔ میر عمارات کا نائب۔ حاکم تعمیرات کا ماتحت چھوٹا انجینئر۔

سب انسپکٹر۔ (انگریزی) (SUB INSPECTOR) مذکر۔ نائب محکم۔ نگران کار کا ماتحت۔ نائب ناظر۔

سب اوورسیر (انگریزی) (SUB OVERSEER) مذکر۔ نگران کار کا ماتحت۔ نائب پیمائش کنندہ۔

سب پوسٹ ماسٹر (انگریزی) (SUB POST MASTER) مذکر۔ وہ افسر جس کے تحت میں محکمہ ڈاک کا سب آفس ہو۔

سب ڈویژن (انگریزی) (SUB DIVISION) (مذکر) ضلع کا ایک حصہ۔

سب رجسٹرار (انگریزی) (SUB REGISTRAR) مذکر۔ رجسٹرار کا نائب۔

سَبّابَہ (ع) انگوٹھے کے پاس کی انگلی۔ انگشت شہادت۔

سُباس (سُباس) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) خوشبو۔ عطر۔ (۲) خوشبودار۔

سَبَب (ع) مذکر (۱) سامان۔ موجب۔ باعث۔ لئے۔ واسطے (۲) حجت۔ دلیل (۳) تقریب۔ ذریعہ۔ وسیلہ۔

سَبت (ع) سَبتھ (انگریزی) (SABBATH) مذکر۔ آرام اور عبادت کا دن۔ سنیچر یا اتوار یا جمعہ۔

سُبحان (سُب۔ حان) (ع) پاک۔ آزاد۔ قدوس۔ مُبَرّا۔

سُبحان اللہ (ع) (۱) اللہ پاک ہے (۲) خدا تعالیٰ کو پاکی کے ساتھ یاد کرتا ہوں (۳) کلمۂ تعجب (۴) تحسین و آفرین کا کلمہ (۵) طنزیہ کلمہ۔

سُبحان تیری قدرت (ف) (۱) تیری قدرت کا کیا کہنا (۲) کالے تیتر کی بولی۔

سُبحان ربّنا۔ (ع) ہمارا پروردگار پاک ہے۔

سُبحہ (سُب۔ حَہ) (ع) مؤنث۔ تسبیح۔ مالا۔ سمرن۔

سُبحہ سنج یا سُبحہ گردان۔ تسبیح پھیرنے والا۔

سَبد (سَبَد) (ف) مذکر و مؤنث۔ (۱) ٹوکرا۔ ٹوکری (۲) مذکر۔ ڈالی۔

سبدھ (سبدھ) (ہ) مؤنث (ہندو) عمدہ سمجھ۔ دانائی۔

سُبدھی (ہ) (ہندو) تیز فہم۔ گیانی۔ ذی شعور۔ دانا۔

سُنْہرا (سُنَہرَا) (س) مذکر (۱) سونا۔ زر۔ طلا۔
(۲) سنہری ؛
سَنْبُوسَہ (۱) سمبوسہ (۲) ناپختہ پھل (۳) کچا۔ تازہ۔ شاداب ؛
سبز باغ دکھانا (۱) فریب دینا۔ دھوکا دینا۔
جھوٹے وعدے سے پھسلانا ؛
سَبز بخت (ف) خوش نصیب۔ صاحب اقبال۔
نیک بخت ؛
سَبز پا (ف) دیکھو (سبز قدم) ؛
سَبز پوش (ف) مذکر۔ (۱) سبز لباس والا (۲) زاہد
(۳) ماتمی ؛
سَبز قدم (ف۔ ع) منحوس قدم۔ نامبارک۔ بدبخت
وہ شخص یا چیز جس کا آنا مبارک نہ ہو ؛
سَبز قدم ہونا (ا) منحوس و بدبخت ہونا ؛
سَبز ہونا (ا) (۱) ہرا ہونا (۲) پھولنا پھلنا (۳) تر و
تازہ ہونا (۴) رونق پکڑنا ؛
سبزہ (سَب۔ زَہ) (ف) مذکر (۱) ہریاول۔ شادابی
نباتات (۲) ایک قسم کا جو ہر (۳) بھنگ۔ سبزی
(۴) وہ گھوڑا جس کی رنگت سبز مائل بہ سیاہی ہو
(۵) وہ بال جو نئی نئی ڈاڑھی پھوٹتے وقت
چہرے پر نمودار ہوتے ہیں ؛
سَبزہ آغاز (ف) (۱) ڈاڑھی نکلنے کا زمانہ (۲)
نوخیز۔ نوجوان ؛
سَبزہ رنگ (۱) سانولا سلونا۔ گندمی رنگ ؛
سَبزہ زار (ف) مذکر۔ مرغزار۔ ہرا جنگل۔ چراگاہ
گھاس کا تختہ ؛
سَبزہ لہلہانا (ا) نباتات یا درختوں کا لہرانا۔ ہرے
کھیتوں کا لہکنا ؛
سَبزی (ف) مؤنث (۱) ہریالی (۲) ساگ پات۔ ترکاری
(۳) ایک نشہ آور پتی ؛
سَبزی پینا (ا) بھنگ پینا ؛
سَبزی فروش (ف) مذکر۔ ترہ فروش۔ ترکاری
بیچنے والا (۲) بھنگ فروش ؛
سبزی منڈی (ا) مؤنث۔ ساگ پات اور
ترکاری بکنے کی جگہ ؛
سبسکرائبر (انگریزی۔ SUBSCRIBER) چندہ
دینے والا۔ خریدار ؛
سِبط (ع) (۱) پوتا (۲) دوہتا (۳) یہودی قوم ؛
سِبطین (ع) مذکر (۱) دو پوتے (۲) دو دوہتے
(۳) حضرت امام حسنؑ و حضرت امام حسینؑ ؛
سَبع (ع) سات۔ ہفت ؛
سَبع سیارہ (ع) مذکر۔ سات سیارے (۱) مریخ
(۲) مشتری (۳) زحل (۴) زہرہ (۵) عطارد
(۶) شمس (۷) قمر ؛
سَبق (سَبَق) (ع) مذکر (۱) سبقت۔ پیش روی (۲) درس تعلیم۔
پاٹ ؛
سَبق پڑھانا (ا) (۱) درس دینا۔ پڑھانا (۲) تنبیہ کرنا۔
(۳) بہکانا ؛
سَبق دینا (ا) (۱) تعلیم دینا۔ پڑھانا (۲) تنبیہ کرنا۔
(۳) دھوکا دینا ؛
سَبق لینا (ا) (۱) پڑھنا۔ سیکھنا (۲) عبرت حاصل کرنا۔
نصیحت پکڑنا ؛
سَبقت (سَب۔ قت) (ع) مؤنث (۱) پیش روی۔ تقدیم
فوقیت۔ آگے بڑھنا (۲) برائی۔ بزرگی۔ شرف ؛
سَبقت کرنا (ا) آگے بڑھنا۔ شروع کرنا۔ پیشقدمی کرنا ؛
سَبقت لے جانا (ا) آگے بڑھ جانا۔ فوقیت لے جانا۔
جیت لینا ؛
سُبُک (سُبُک) (ف) ہلکا۔ خفیف۔ نازک۔ لطیف
باریک۔ کم ظرف۔ بے عزت۔ بے تعلق۔ چست و
چالاک ؛
سُبُک بار (ف) مذکر۔ وہ شخص جس کے سر پر کچھ بوجھ نہ ہو۔
ہلکا پھلکا ؛
سُبُک خیز (ف) (۱) تیز رفتار (۲) چست و چالاک ؛
سُبُک دست (ف) جلد کام کرنے والا۔ پھرتیلا ؛
سُبُکدوش (ف) (۱) آزاد۔ مجرد (۲) فارغ۔ بری الذمہ۔ بے تعلق
(۳) فرصت پانے والا ؛
سُبُکدوش کرنا (ا) (۱) آزاد کرنا (۲) بوجھ اتارنا (۳) بری الذمہ
کرنا ؛
سُبُک سر (ف) (۱) اوچھا۔ کم ظرف۔ کم حوصلہ (۲) احمق ؛
سُبُک گام (ف) تیز رفتار ؛
سُبُک ہونا (ا) (۱) ہلکا ہونا (۲) فارغ اور بری الذمہ ہونا
(۳) شرمندہ ہونا (۴) نظروں سے گرنا۔ حقیر بننا ؛
سبکنا (سُبَک۔ نا) (ہندی) بچے کا روتے وقت
ہچکیاں بھرنا۔ ہچکیاں لینا ؛
سُبُکی (سُبُک۔ کی) (ف) (۱) ہلکاپن۔ خفت (۲) رسوائی
ذلت۔ بے عزتی (۳) صفائی۔ ستھرائی۔ نزاکت
(۵) شرم کی بات ؛

ٹسکیاں لینا (ہ) ہچکیاں لینا ۔
سُنبل (سُن بُل) (ع) مذکر (۱) بالچھڑ (۲) آنکھ کا ایک مرض ۔
سُنبل (دخت - بَل) (ہ) مذکر - آلۂ نقب زنی - پھالی ۔
سبلوا (ف) مذکر - گھڑا - مٹکا - مٹکیا ۔
سبو چہ (سَبُو - چَہ) (ف) مونث (۱) چھوٹا گھڑا (۲) مرتبان ۔
سبوس (سَبُوس) (ف) بھوسی - چوکر ۔
سبت و شتم (سَب - وُ - شَتم) (ع - مذکر) گالی گلوچ ۔
سبھ (شُبھ) (س) (ہ) مبارک - نیک - اچھا (۲) خوشنما ۔
شُبھ گھڑی (ہ) مونث - نیک گھڑی - مبارک گھڑی ساعت سعید ۔
شُبھ لگن (ہ) مذکر - اچھا وقت - دو اچھے ستاروں کا سنجوگ ۔
سبھا (سَبھا) (ہ) مونث (۱) مجلس - محفل - بزم - انجمن - سوسائٹی (۲) جماعت - گروہ - منڈلی (۳) جلسہ - دربار ۔
سبھاپتی (ہ) مذکر (۱) میر مجلس - صدر جلسہ - پریزیڈنٹ - (۲) سرپنچ ۔
سبھاسد (ہ) مذکر - شریک جلسہ - ممبر - مجلسی ۔
سبھاگ - سبھاگی (سُبھاگ - سُبھا - گی) (س) (۱) خوش نصیب (۲) دولت مند ۔
سُبھاؤ (سُبھا - اُو) (ہ) مذکر (۱) چھتی نو - خصلت - خاصیت مزاج (۲) قاعدہ (۳) برتاؤ ۔
سبھیتا - سبیتا (سبھیے - تا ۔ سُبیے - تا) (ہ) مذکر (۱) فرصت - وقت - مہلت (۲) مخلصی - چھٹکارا (۳) امن چین (۴) فائدہ ۔
سبیتا کرنا (ہ) انتظام کرنا ۔
سبیل (سَبِیل) (ع) مونث (۱) راہ - راستہ (۲) طریقہ - تدبیر (۳) صورت - بندوبست (۴) پانی - دودھ - شربت وغیرہ جو محرم کے موقع پر لوگوں کو مفت پلایا جاتا ہے
سبیل پلانا (ہ) (۱) بلا قیمت و معاوضہ پانی پلانا (۲) محرم میں شربت یا دودھ یا پانی پلانا (۳) راہ چلتوں کو پانی پلانا ۔
سبیل کرنا (ہ) راستہ نکالنا - تدبیر کرنا - بندوبست کرنا ۔
سبیل لگانا (ہ) (۱) پانی - شربت یا دودھ وغیرہ مفت پلانا (۲) پیاؤ لگانا ۔

س - پ

سپا (سِپ - پا) (ہ) مذکر (۱) نشانہ - زد - مار (۲) فاصلہ - دوری (۳) ڈھنگ (۴) کھوج ۔
سپا لڑنا (ہ) (۱) موافقت ہونا (۲) پیچ ہونا (۳) آشنائی ہونا - آنکھ لگنا ۔
سپا لگانا - یا - مارنا (ہ) (۱) نشانہ لگانا - نشانے پر مارنا (۲) آشنائی کرنا (۳) پھندا لگانا ۔
سَپاٹ (سَپاٹ) (ہ) یکساں - ہموار - سطح - برابر - چورس ۔
سَپاٹا (سَپا - ٹا) (ہ) مذکر (۱) کرو - جھپٹ - دوڑ (۲) سیر تماشہ ۔
سپاٹا بھرنا - یا - لگانا - یا - مارنا (ہ) (۱) دوڑ لگانا (۲) چند کوس چلا جانا - دور تک دھاوا مارنا ۔
سُپارا (سُپا - را) (ہ) مذکر - حشفہ - قضیب کا سر - آلہ تناسل کا منہ ۔
سپارہ (سِپا - رَہ) (ف) مذکر (سی پارہ کا مخفف) قرآن شریف کا ہر تیسواں حصہ - پارۂ قرآن ۔
سپاری (سِپا - ری) (ف) مونث - چھالیا ۔
سُپاری (سُپا - ری) (ہ) مونث (۱) چھالیا (۲) سر ذکر ۔
سپاس (سِپاس) (ف) مذکر - شکر گذاری - شکریہ - اظہار احسان مندی ۔
سپاس گزاری (ف) مونث - شکر گذاری - اعتراف نعمت - نعمت شناسی ۔
سپاس نامہ (ف) مذکر - ایڈریس - تحریری شکریہ ۔
سپاہ (سِپاہ) (ف) مونث - فوج - لشکر ۔
سپاہ دار - یا - سالار (ف) فوج کا اعلےٰ افسر کمانڈر - جرنیل ۔
سپاہ گری (ف) مونث - سپاہی کا کام - بہادری ۔
سپاہی (ف) مذکر - فوجی ملازم - لشکری - تلنگا - کانسٹبل سنتری ۔
سپاہی کا پوت (ہ) مذکر - سپاہی زادہ ۔
سپاہیانہ (ف) دلیرانہ - بہادرانہ - سپاہیوں کی طرح ۔
سپر (سِپَر) (ف) مونث - آفتابی - ڈھال - آڑ - سپاہ - روک ۔
سپر پھینکنا - یا - ڈالنا (ہ) ہتھیار ڈالنا - عاجز ہو جانا - مغلوب ہو جانا - شکست کھانا ۔
سپر ہونا (ہ) آڑے آنا - سامنے آنا ۔

سپرٹ (سپرٹ) (انگ (SPIRIT) مؤنث۔ (۱) روح۔ جوہر (۲) جوش۔ قوت (۳) تیز و تند شراب ؛

سپرد (سپرد) (ف) مؤنث۔ حوالہ۔ سونپنا۔ تفویض امانت ؛

سپرد کرنا (ا) (۱) سونپنا۔ امانت رکھنا (۲) نظر بند کرنا۔ حراست میں دینا ؛

سپردا۔ یا۔ سپردائی (سپر۔ دا + سپر۔ دا۔ ئی) (ہ) مذکر۔ سازندے۔ ناچنے والی طوائف کے ساتھ والے جو طبلہ اور سارنگی بجاتے ہیں۔ ڈوم ؛

سپردگی (ف) مؤنث (۱) تحویل (۲) حراست۔ حوالات نظربندی ؛

سپردگیٔ مال (ع) مؤنث۔ مال سونپنا۔ حوالگیٔ زر۔ تحویل دولت ؛

سپردم بتو مایۂ خویش را (ف) (مثل) میں نے اپنی **تو دانی حساب کم و خویش را** پونجی تمہارے سپرد کر دی اب کم یا زیادہ کا حساب تمہیں جانتے ہو نا: اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص اپنا سارا کام کسی دوسرے کے سپرد کر دے (۲) شادی کے وقت لڑکی کا باپ لڑکے یا اس کے والے سے بھی کہتا ہے ؛

سپرنٹنڈنٹ (سُپ۔ رِن۔ ٹِن۔ ڈِنٹ) (انگریزی SUPERINTENDENT) مذکر۔ محافظ۔ نگران داروغہ۔ ناظر۔ مہتمم۔ منتظم۔ ناظم۔ سربراہ کار۔

سپرنٹنڈنٹ پولیس (انگریزی SUPERINTENDENT POLICE) (مذکر) کپتان پولیس۔ پولیس کا انتظامی افسر ؛

سپرنگ (سُپ۔ رِنگ) (انگ SPRING) (۱) کمانی (۲) لچک ؛

سپروائزر (سُپر۔ وا۔ ئی۔ زر) (انگریزی SUPERVISOR) نگہبان۔ داروغہ۔ نگران۔ مہتمم ؛

سپریم (سُپ۔ ریم) (انگ SUPREME) سب سے بڑا۔ اعلےٰ۔ بہترین۔ افضل ؛

سپریم کورٹ (انگریزی SUPREME COURT) مذکر۔ صدر عدالت شاہی۔ ایسی عدالت جس میں مقدمات کا فیصلہ انگلستان کے قانون کے مطابق ہوتا ہے ؛

سپڑ سپڑ (سپڑ۔ سپڑ) (ہ) مؤنث (۱) کتے کے کھانے کی آواز (۲) کھانا پینا۔ بے تمیزی سے کھانے کی آواز ؛

سپڑنا (ہ) (عوام) تمام ہو جانا ؛

سپستان (سپس۔ تان) (ف) مذکر۔ لسوڑا ؛

سپکٹروس کوپ (سپکٹ۔ ٹروس۔ کوپ) (انگریزی SPECTROSCOPE) مذکر۔ وہ آلہ جس سے شعاعوں کی تفریق کر کے سیارے اجرام فلکی کے اجزائے ترکیبی دریافت کئے جاتے ہیں ؛

سپلائی (سَپ۔ لا۔ ئی) (انگریزی SUPPLY) مہیا کرنا۔ بہم پہنچانا۔ پورا کرنا۔ دینا ؛

سپلیمنٹ (سَپ۔ لی۔ منٹ) (انگ SUPPLEMENT) ضمیمہ۔ زائد ؛

سپلیمنٹری ریڈر (انگ SUPPLEMENTARY READER) مؤنث۔ وہ کتاب جو مقررشدہ لازمی کورسوں کے علاوہ زائد پڑھائی جائے ؛

سپنا (سپ۔ نا) (ہ) مذکر (۱) خواب سوتے میں جو کچھ نظر آئے رویا (۲) خیال۔ وہم ؛

سپند (ف) مذکر۔ ایک قسم کا بیج۔ کالا دانہ۔ حرمل ؛

سپنڈ (سپنڈ) (ہ) ہندوؤں میں سات پشتوں تک کے رشتہ دار ؛

سپوت (سپوت) (ہ) مذکر۔ لائق بیٹا۔ فرمانبردار لڑکا۔ اچھا لڑکا ؛

سپوتوں کے کپوت (ہ) (مثل) نیکوں کے **اور کپوتوں کے سپوت** لڑکے بد اور بدوں کے لڑکے نیک بھی ہوتے ہیں ؛

سپوتی (ہ) مؤنث (۱) سعادت مند اور لائق اولاد والی (۲) سات بیٹوں والی عورت ؛

سپورن (ہ) (۱) تمام۔ کل۔ سارا (۲) آسودہ۔ (۳) بھرپور (۴) سیر۔ سمپورن بھی بولتے ہیں ؛

سپولیا (سپو۔ لیا) (ہ) مذکر۔ سانپ کا تازہ نکلا ہوا بچہ ؛

سپہ (سپہ) (ف) مؤنث۔ سپاہ کا مخفف ؛

سپہ سالار (ف) دیکھو (سپاہ سالار) ؛

سپہ گری (ف) مؤنث (دیکھو سپاہ گری) ؛

سپہر (سپہر) (ف) مذکر۔ آسمان ؛

سپیچ (انگریزی SPEECH) مؤنث۔ تقریر۔ گفتگو۔ بیان۔ لیکچر ؛

سپید (ف) دیکھو (سفید) ۔

سپیدہ (ف) مذکر۔ (۱) صبح صادق کی روشنی (۲) مُنہ پر یا بچوں کی آنکھوں پر لگانے کا سفوف (۳) تصویر پر پھیرنے کا سفید رنگ ۔

سپیرا (سِپے ۔ رَا) (ہ) مذکر۔ سانپ پکڑنے والا۔ سانپ رکھنے والا ۔

سپیریر (سُپی ۔ رِیَر) (انگریزی SUPERIOR) اعلٰے ۔ عُمدہ ۔ اچھا ۔ بڑھیا ۔

سپیشل (سپے ۔ شَل) (انگریزی SPECIAL) خاص ۔

سپیکر (انگریزی SPEAKER) مذکر۔ مقرر۔ تقریر کرنے والا ۔ بولنے والا ۔

س - ت

سَت (سَت) (ہ) مذکر (۱) سچ ۔ درست ۔ سچا (۲) ایمان ۔ یقین ۔ نسچا ۔

سَت بادی (ہ) مذکر۔ سچا آدمی ۔ صادق القول ۔

سَت بچن (ہ) مذکر (۱) سچی بات ۔ سچا مقولہ ۔ (۲) بجا ۔ درست ۔

سَت بچن کا نوکر ہونا (ہ) خوشامد کا بندہ ہونا ۔ ہاں میں ہاں ملانا ۔

سَت بچنا (بچنیا) (ہ) مذکر۔ ہاں میں ہاں ملانے والا ۔ خوشامدی ۔

سَت بھاؤ (ہ) مذکر۔ سچا سچا ۔ ٹھیک ٹھیک ۔

سَت پُتر (ہ) مذکر۔ اپنے نطفے کا بیٹا ۔ فرزند صلبی ۔ ولد الحلال ۔

سَت پر چڑھنا (ہ) (۱) پاکدامنی اور عصمت میں پکا ہونا (۲) ستی ہونے کو جی چاہنا ۔

سَت پر رہنا (ہ) (۱) سچ کو نہ چھوڑنا (۲) قول نہ ہارنا (۳) ایمان یا دھرم پر مضبوط یا قائم رہنا ۔

سَت جُگ (ہ) مذکر۔ نہایت سچا زمانہ ۔ دیوتاؤں کا زمانہ (۲) سب سے کھرا زمانہ جس کی میعاد ہندوؤں کے نزدیک ۱۷۲۸۰۰۰ برس تھی۔ (۳) اوپر کی ساتویں دنیا ۔ ملاء اعلٰے ۔

ست ڈگنا (ہ) ایمان میں فرق آنا ۔

ست سنتیا (ہ) (ع) پارسا ۔ صاحب عصمت ۔

ست کرنا (ہ) (۱) پورا کرنا (۲) سچا کرنا (۳) تصدیق کرنا (۴) اپنے آپ کو سچا ثابت کرنا ۔

سَت کی باندی (ہ) (ع) بات کی پکی ۔ ایمان پر قائم ۔

سَت (سَت) (ہ) مذکر (۱) زور ۔ بل ۔ طاقت ۔ (۲) عطر ۔ جوہر ۔ عرق ۔ لُبّ لباب ۔ اصل ۔ روح ۔

سَت چھوڑ دینا (ہ) ہمت ہار دینا ۔ بے حوصلہ ہو جانا ۔ ہمت نہ رہنا ۔

سَت نکل جانا (ہ) تھک جانا ۔ ہار جانا ۔ طاقت کا زائل ہونا ۔ دم نہ رہنا (۲) دولت نہ رہنا ۔

سَت ہار دینا (ہ) (۱) ہمت ہار دینا ۔ تھک جانا (۲) بوڑھا ہو جانا ۔

سَت (سَت) (ہ) سات کا مخفف ۔

سَت بیجھڑا (ہ) (۱) ملا جُلا ۔ گڈ مڈ (۲) دوغلہ ۔ دوغلی نسل کا (۳) وہ سالن جس میں مختلف ترکاریاں پڑی ہوں ۔

سَت پوتی (ہ) سات بیٹوں کی ماں ۔ بہت سی آل اولاد والی ۔

سَت خصمی (ا) مؤنث (ع) گالی ۔ وہ عورت جو ایک دوسرے کے بعد سات شوہر کر چکی ہو ۔

سَت کھنا (کھنڈا) (ہ) ہفت منزلہ ۔ سات منزل کا ۔

سَت لڑا (ہ) (۱) سات لڑی کا رشتہ (۲) ایک زیور جس میں سات لڑیاں ہوتی ہیں ۔

سَت لڑی (ہ) مؤنث ۔ دیکھو (ست لڑا) ۔

سَت ماسا (ہ) مذکر (۱) وہ رسم جو حمل کے ساتویں مہینے برتی جاتی ہے (۲) وہ بچہ جو ساتویں مہینے پیدا ہو ۔

سَت منزلہ (ا) سات درجوں والا مکان ۔ وہ مکان جس کے اوپر سات گھر ہوں ۔

سَت ناجا (ہ) (۱) سات قسم کے ملے ہوئے اناج ۔ (۲) سات اناج (۳) پکا یا ہوا کھانا (۴) ملا جلا ۔ گڈ مڈ ۔

ستیا (ستا) (ہ) مؤنث ۔ لڑکی ۔ بیٹی ۔

ستّا (سَت ۔ تا) (ہ) (۱) تاش یا گنجفے کا وہ ورق یا پتہ جس پر سات نقطے یا سات علامتیں ہوں (۲) پاسے کے سات حصے ۔

ستار (سِتار) (ف) مذکر۔ طنبورہ کی قسم کا ایک ساز ۔

ستار باز (ا) مذکر۔ ستار بجانے والا ۔

ستار (سَت ۔ تار) (ع) (۱) عیب ڈھانپنے والا ۔ پردہ پوش (۲) خدا ۔

ستارہ (سِ۔تا۔رَہ) (ف) مذکر (۱) تارا۔ انجم۔ کوکب (۲) طالع قسمت۔ کرم۔ نصیب ۔

ستارہ اچھا ہونا (۱) نصیبہ اچھا ہونا۔ اقبال بلند ہونا۔

ستارہ بلند ہونا (۱) (۱) ستارے کا اونچا ہونا (۲) اقبال کا بلند ہونا۔ طالع یا یاور ہونا ۔

ستارہ پیشانی (۱) وہ گھوڑا جس کی پیشانی پر تاخن کے برابر سفید داغ ہو۔ ایسا گھوڑا منحوس اور دشمن جان خیال کیا جاتا ہے ۔

ستارہ چمکنا (۱) (۱) تارے کا روشن اور درخشاں ہونا (۲) نصیبہ جاگنا۔ اقبال یاور ہونا۔ دن پھرنا ۔

ستارہ دار (ف) مذکر۔ جھاڑو ستارہ۔ ذوذنب ۔

ستارہ شناس (ف) مذکر۔ منجم۔ نجومی۔ اختر شناس۔ جوتشی ۔

ستارہ کی گردش (۱) مؤنث۔ بدقسمتی۔ ادبار۔ بداقبالی ۔

ستارہ گردش میں ہونا (۱) ادبار اور نحوست کا ساتھ ہونا۔ بُرے دن آنا ۔

ستارہ ملنا (۱) راس ملنا۔ مزاج و طبیعت کے موافق ہونا طبیعت ملنا۔ موافقت ہونا ۔

ستارۂ ہند (۱) مذکر۔ سرکاری عزت کا خطاب۔ سی۔ ایس۔ آئی ۔

ستاسی (سَت۔تا۔سی) (ہ) سات اور اسی۔ ہشتاد و ہفت ۔

ستالی (سُتا۔لی) (ہ) مؤنث چمڑے میں چھید کرنے کا آلہ جو چماروں کے پاس ہوتا ہے ۔

ستانا (سَتا۔نا) (ہ) تکلیف اور آزار دینا۔ دُکھ دینا۔ تنگ کرنا۔ دق کرنا۔ اذیت پہنچانا ۔

ستانوے (سَت۔تان۔نے) (ہ) سات پر نوے نود و ہفت۔ ۹۷ ۔

ستاور (ہ) مؤنث۔ ایک دوا جو دوسرے درجہ میں گرم اور اوّل درجے میں خشک ہوتی ہے ۔

ستاون (سَت۔تا۔وَن) سات اوپر پچاس۔ پنجاہ و ہفت۔ ۵۷ ۔

ستائش (سِتا۔اِش) (ف) مؤنث۔ حمد و ثنا۔ شکر و سپاس۔ تعریف و توصیف ۔

ستاوا (سَتا۔وَا) (ہ) مذکر۔ مانجھے کا سُوتنا ۔

ستائیس (سَت۔تا۔ئیس) (ہ) سات اوپر بیس۔ بست و ہفت۔ ۲۷ ۔

ستتر (سَت۔تر) (ہ) سات اوپر ستر۔ ہفتاد و ہفت۔ ۷۷ ۔

ستر (سَتر) (ع) چھپانا ۔

ستر (سِتر) (ع) مؤنث و مذکر۔ پردہ۔ شرمگاہ۔ حجاب پردے کی جگہ۔ عورت یا مرد کا وہ مقام جس کا پردہ واجب ہے ۔

ستر (سَت۔تَر) سات جگہ دس دس۔ ہفتاد۔ ۷۰ (۲) بہتیرے سیکڑوں ۔

ستر کا ہی بہتر جھول (۱) بڈھا اور جھولا ارکہولا (۱) ستر بہتر (۱) (۲) پیرانہ سالی۔ فرتوت۔ بہت بڈھا۔ سٹھیا جس کی عقل بڑھاپے کے باعث جاتی رہے ۔

سترگ (سُتُرگ) (ف) عظیم۔ بزرگ ۔

ستروال (ہ) سترویں کا عدد۔ ستر کا صفت عددی ۔

سترویں۔ سترھویں (سَتر۔ویں۔ سَترہ۔ویں) (۱) (۱) سترہ نمبر کی میت کی وہ رسم جو سترہ روز بعد منائی جائے (۲) ہر مہینے کی سترھویں تاریخ جس پر فاتحہ دلائی جاتی ہے ۔

سترہ (سَت۔ترَہ) (ہ) سات اور دس۔ ۱۷۔ ہفدہ ۔

سترھواں (ہ) ۱۷ نمبر کا ۔

ستری (سَت۔رِی) (ہ) مؤنث۔ صرافوں کی اصطلاح میں دو روپیہ کو کہتے ہیں ۔

ستری بستری (ہ) سترا بسترا کی تانیث ۔

ستری بستری باتیں (ہ) مؤنث۔ بیوقوفوں کی سی باتیں۔ بڈھوں کی سی بے سروپا بڑ ۔

ستل (سُتَل) (س) مذکر (ہندو) زمین کا تیسرا طبقہ ۔

ستلی (سُت۔لِی) (ہ) مؤنث (۱) صرافوں کی اصطلاح میں بیس روپے کو کہتے ہیں (۲) سن کی باریک ڈوری ۔

ستم (سِتَم) (ف) مذکر۔ ظلم۔ تعدّی۔ جور۔ آزار۔ تکلیف۔ دُکھ ۔

ستم ایجاد (ف۔ع) نہایت ظالم۔ ایسا ظالم جس نے ظلم کی بنیاد ڈالی ہو ۔

ستم توڑنا (۱) ظلم کرنا۔ تکلیف دینا۔ ستانا ۔

ستم ٹوٹنا (۱) آفت آنا۔ ظلم پڑنا۔ غارت ہونا۔ سختی اور جبر ہونا۔ بلا میں مبتلا ہونا ۔

ستم ٹوٹے (۱) دعائے بد (عو) آفت یا مصیبت آئے ۔

ستم دیدہ۔ ستم رسیدہ۔ ستم زدہ (ف) مظلوم۔ دُکھیا۔ مجبور۔ ناچار۔ ستایا ہوا ۔

ستم ڈھانا (۱) (۱) نہایت تشدد کرنا (۲) کوئی عجیب یا انوکھی بات کرنا ۔

ستم شعار (ف) مذکر۔ ظالم۔ ستمگار۔ جسے ظلم کرنے کی عادت ہو گئی ہو ۔

ستم ظریف (ف - ع) ہنسی ہنسی میں ظلم کرنے والا۔ ہنستے ہنستے قیامت ڈھانے والا ٭

ستم کرنا (ف) (۱) ظلم کرنا (۲) غضب ڈھانا (۳) عجیب کام کرنا (۴) قابل افسوس کام کرنا ٭

ستم کیا ہے (ا) عجیب کام کیا ہے۔ نئی بات نکالی ہے ٭

ستم گار۔ بلکہ ستمگر (ف) ظالم - مردم آزار - بے داد گر ٭

ستم ہونا (۱) ظلم ہونا (۲) سختی ہونا (۳) غضب ہونا۔ (۴) آفت نازل ہونا (۵) قہر ہونا (۶) نہایت چالاک یا کسی فن میں یکتا ہونا (۷) عجیب اور انوکھا ہونا ٭

ستمبر (سِتَم - بَر) (ھند) (انگریزی) سپٹمبر (SEPTEMBER) مذکر۔ نواں انگریزی مہینہ جو تیس دن کا ہوتا ہے ٭

ستمی (ھ) مؤنث - چاند کی ساتویں تاریخ ٭

سُتنا (سُت - نا) (ھ) صاف ہونا۔ چھنا (۲) دبلا پڑنا۔ خالی ہونا۔ دُبلا پڑ جانا (۳) پائجامہ - ازار (۴) نوچا جانا۔ کھسوٹا جانا ٭

سَتو (سَت - تُو) مذکر - بھنے ہوئے اناج کا آٹا خصوصاً جو کا ٭

ستو باندھ کے پیچھے پڑنا (ھ) نہایت سختی سے پیچھے پڑ جانا۔ بس ہو جانا۔ آدم و آسا حق کو باندھنے کا ق لکھ کر سر ہونا ٭

ستو کھا کے شکر کیا کرنا (ا) (مثل) بھلا معمولی غذا کھا کر بھی ہمیشہ شکر کیا کرتے ہیں ٭

ستوا سنکرانت (ھ) مؤنث (۱) وہ تہوار جس میں برہمنوں کو ستو بنا کر تقسیم کرتے ہیں (۲) برج حمل میں آفتاب کے داخل ہونے کا دن۔ نوروز ٭

سُتواں (سُت - واں) (ھ) پتلی ستواں ناک ٭

ستواں ناک (ھ) مؤنث - پتلی اور خوبصورت ناک ٭

سُتوانا (سُت - وا - نا) (ھ) صاف کرانا۔ ملوانا۔ نچڑوانا ٭

سَتوانسا (ھ) مذکر - ست ماہا ٭

ستودہ (سِتُو - دَہ) (ف) تعریف کیا گیا ٭

ستودہ صفات (ف) نیک اطوار والا۔ اچھے چلن کا ٭

ستور (سُتُور) (ف) مذکر - چوپایہ خصوصاً گھوڑا۔ بیل۔ خچر ٭

ستون (سُتُون) (ف) مذکر - تھم - لاٹ - کھمبا - رکن - منارہ ٭

ستونا (ھ) (۱) سچا - صادق (۲) بھلا مانس - نیک - صالح

(۳) پرہیزگار - پارسا (۴) فرز ندان ٭

ستّہ (سِت - تَہ) (ع) (۱) چھ - شش - ۶ - (۲) علم حساب کا ایک عمل جس میں بار بار ادبھ نہیں لگانا پڑتا۔ بلکہ ایک ہی بار پانچ معلوم تعدادوں کے ذریعے سے مجہول مقدار معلوم کر لیتے ہیں۔ اور اس کو بشہ متناسبہ بھی کہتے ہیں ٭

ستھان (سْتھان) (ھ) مذکر۔ دیکھو استھان ٭

ستھاور (سْتھا - وَر) (ھ) مؤنث - اصلی اور جدی جائداد ٭

ستھرا (سُتھ - رَا) (ھ) (۱) پاک - صاف - پاکیزہ - اُجلا - نیک - خوش - پوشاک (۲) فقیروں کا ایک گروہ ٭

ستھرا شاہی (ھ) مذکر۔ ستھرا شاہ ایک فقیر کا پیرو وہ گروہ جو اکثر ڈنڈے بجا کر ایک خاص طرز پر تک بندی کر کے انگتا پھرتا ہے ٭

ستھرانا (سُتھ - رَا - نا) (ھ) بکھیرنا - پھیلانا - بچھانا ٭

ستھراو (ھ) مذکر (۱) فرش - بچھونا (۲) ڈھیر (۳) مقتولوں کے تودے ٭

ستھراو کرنا (ھ) (۱) مُردوں کا ڈھیر لگا دینا۔ کشتوں کے پشتے لگانا (۲) مار کر بچھا دینا ٭

ستھرائی (ھ) مؤنث (۱) صفائی - نفاست - تکلف - اُجلا پن - پاکیزگی - خوشنمائی (۲) (عو) جھاڑو - جاروب (۳) خوش سلیقگی - سگھڑاپن ٭

ستھرائی پھیرنا (ھ) (عو) (۱) جھاڑو دینا (۲) برباد کرنا۔ ترک کرتے رہنا ٭

ستھرائی دینا (ھ) جھاڑو دینا - جاروب کشی کرنا ٭

ستھن۔ ستھنا (ھ) مذکر۔ ستھنی (ھ) مؤنث - پاجامہ - شلوار ٭

ستھیا۔ ستیا (سُتھ - یَا ۔ سَت - یَا) (ھ) مذکر - آنکھوں کا حکیم - کحال - آنکھیں بنانے والا ٭

ستی (سَتی) (ھ) (۱) ست والی - پاکدامن - عصمت والی - وفادار (۲) وہ عورت جو خاوند کے مرنے پر اس کے ساتھ مر جائے ٭

ستی ست پر ہونا (ھ) (عو) جاں بلب ہونا۔ قریب مرگ ہونا۔ کسی تکلیف کے باعث ہلاکت میں پڑنا ٭

ستی ہونا (ھ) (۱) اپنے مرے ہوئے خاوند کی چتا میں زندہ جل کر مرنا (۲) جان دینا - جان قربان کرنا ٭

ستیاناس (سَت - یَا - نَاس) (ھ) مذکر۔ تباہی - بربادی

ستیاناس کرنا (ف) (۱) تباہ و برباد کرنا۔ خراب کرنا (۲) نقصان کرنا (۳) بدچلن کرنا ۔
ستیاناس ہونا (ف) (۱) تباہ و برباد ہونا۔ خراب ہونا (۲) ویران ہونا (۳) منہدم ہونا ۔
ستیاناسی (ہ) مؤنث (۱) بہت سے کانٹوں والا ایک پودا جس کے پھول کے اندر دانے ہوتے ہیں خارش کے لئے بہت مفید ہوتے ہیں (۱) اجاڑو۔ برباد کرنے والا (۳) بدچلن (۴) منحوس ۔
ستیاناسی کی جڑ (ف) مؤنث ۔ فتنہ پرداز۔ جھگڑا اٹھانے والا ۔
ستیز۔ ستیزہ (ا) ستیز ۔ ستیزہ۔ (ف) مذکر۔ لڑائی ۔ جھگڑا ۔
ستیہ آگرہ (س) (۱) سچا عہد - (۲) سچا مقابلہ - (۳) خاموش مقابلہ - مقاومت مجہول ۔

س-ٹ

سٹ (سٹ) (ہ) مؤنث (۱) سازش۔ گانٹھ سانٹھ (۲) تدبیر۔ بندش ۔
سٹ لڑانا (ہ) یارانہ گانٹھنا۔ آنکھ لگانا۔ آشنائی کرنا ۔
سٹا (ہ) مذکر۔ جوار کا خوشہ۔ بھٹا ۔
سٹ (سیٹ) (انگریزی SET) مذکر (۱) مجموعہ (۲) دستہ۔ گروہ ۔
سٹا (سٹ۔ ٹا) (ہ) مذکر (۱) بیوپار کا سودا (۲) زراعت کے متعلق تحریری اقرارنامہ (۳) ضمانت نامہ (۴) پیداوار کا ٹھیکہ ۔
سٹا باز - سٹے باز (ہ) مذکر۔ پیداوار پر شرط لگانے والا ۔
سٹا بازی - سٹے بازی (ہ) مؤنث۔ پیداوار پر شرط لگانا ۔
سٹا پٹا (ہ) مذکر۔ اٹ سٹ۔ سازباز۔ میل ملاپ۔ فریب۔ دھوکا۔ مکر و فن۔ سٹ پٹ ۔
سٹابری (ہند) دیکھو اسٹابری ۔
سٹار (سٹار) (انگریزی STAR) مذکر۔ کوکب۔ ستارہ۔ نجم ۔
سٹار آف انڈیا (انگ STAR OF INDIA) مذکر

شاہ ہند۔ ایک سرکاری خطاب ۔
سٹاسٹ (سٹا۔ سٹ) (ہ) مؤنث (۱) بار بار کوڑے مارنے کی آواز (۲) اوپر تلے۔ پے در پے۔ لگاتار۔ متواتر ۔
سٹاف (سٹاف) (انگریزی STAFF) مذکر۔ محکمے کے ملازموں کا مجموعہ ۔
سٹاک (سٹاک) (ہ) مؤنث۔ سٹاکا (سٹا۔ کا) (ہ) مذکر۔ چھڑی کے مارنے کی آواز ۔
سٹاک (سٹاک) (انگ STOCK) مذکر۔ تجارتی مال کا ذخیرہ ۔
سٹاک بک (انگریزی STOCK BOOK) (مؤنث) کتاب جس میں مال کی تفصیل درج ہو ۔
سٹامپ (انگریزی) دیکھو (اسٹامپ) ۔
سٹانا (سٹا۔ نا) (ہ) (عوام) (۱) ملانا - بھڑانا (۲) جوڑنا - چسپاں کرنا ۔
سٹپٹائے پھرنا (ف) گھبرائے ہوئے پھرنا۔ حیران و سرگرداں پھرنا ۔
سٹپٹانا (سٹ۔ پٹا۔ نا) (ف) حواس باختہ ہونا۔ حیران ہونا۔ گھبرا جانا۔ فکرمند ہونا۔ مضطرب ہونا ۔
سٹربٹر (سٹر۔ بٹر) (ہ) مؤنث۔ (۱) فساد۔ ذرا سا کام۔ بکھیڑا (۲) مضطرب ۔ بے چین ۔
سٹربٹر کرنا (ف) (۱) چھوٹے موٹے کام کرنا (۲) بیکار پھرنا ۔
سٹرلنگ (سٹر۔ لنگ) (انگ STERLING) خالص۔ پونڈ۔ انگلستان کی پندرہ روپے والی سونے کی اشرفی ۔
سٹریٹ سیٹلمنٹ (سٹ۔ ریٹ۔ سے۔ ٹل منٹ) (انگریزی STRAIT SETTLEMENT) مؤنث آبنائے کی آبادی۔ ایک انگریزی نوآبادی جو جزیرہ ملایا میں واقع ہے ۔
سٹک (سٹک) (انگ STICK) مؤنث (۱) نازک پتلی چھڑی۔ بید (۲) پتلی عورت (۳) پتلا سانپ (۴) [illegible] ۔
سٹک جانا (ف) جلدی سے چلا جانا۔ کھسک جانا۔ کافور ہو جانا ۔
سٹکا (سٹ۔ کا) (ہ) مذکر۔ گلے میں لٹکانے کی چھوٹی صندوق ۔
سٹکنا (ف) چپکے سے چلا جانا۔ رفوچکر ہونا۔ کھسکنا۔ روپوش ہونا ۔

ستلو (سَتْ ـ لُو) (ہ) مذکر ـ بیہودہ ـ کم حیثیت ۔
ستلو (سَت ـ لُو) (ہ) بے سلیقہ عورت ـ جنگلی عورت ۔
ستلی (سَتْ ـ لی) (ہ) مذکر ـ بیہودہ (عورت) ۔
ستنا (ہ) (۱) سازش کرنا ـ مل جانا (۲) چھپاں کرنا چھپنا ۔
سٹوڈنٹ (سٹُو ـ ڈینٹ) (انگ ـ STUDENT) طالب علم ـ متعلم ـ پڑھنے والا ۔
سٹور (سٹُور) (انگریزی STORE) مذکر ـ ذخیرہ ـ گودام ۔
سٹھ (سَٹھ) (ہ) (۱) ساٹھ کا مخفف (۲) (ہندو) بیہودہ (عورت) ۔
سٹھانی (سِٹھا ـ نی) (ہ) مؤنث ـ سیٹھ کی بیوی ۔
سٹھی (سَٹھ ـ ی) (ہ) مؤنث (عو) بازار آدمیوں کا مجمع ۔
سٹھورا (سَٹھو ـ را) (ہ) مذکر ـ وہ حلوائے سونٹھ یا پنجیری جو زچہ کو کھلاتے ہیں ۔
سٹھی (سَٹھ ـ ی) (ہ) مؤنث ـ ایک قسم کے موٹے چاول جو لال رنگ کے ہوتے ہیں ۔
سٹھیانا (سَٹھ ـ یا ـ نا) (۱) ساٹھ برس سے اوپر کا ہو جانا ۔ (۲) عقل کا جاتے رہنا ـ حواس باختہ ہونا ـ سٹھ جانا ۔
سٹی (سِٹی) (انگریزی ـ CITY) مذکر ـ شہر ۔
سٹی (سِٹ ـ ی) (ہ) مؤنث (۱) عقل ـ ہوش ـ اوسان ـ حواس ـ سمجھ (۲) اندری ۔
سٹی بھولنا ـ یا ـ گم ہونا (ہ) سٹپٹا جانا ـ اوسان جاتے رہنا ـ حواس باختہ ہونا ۔
سٹیپ (سٹیپ) (انگریزی STEP) مذکر (۱) قدم ۔ (۲) سیڑھی ـ زینہ ۔
سٹیٹ (سٹیٹ) (انگریزی STATE) مؤنث ـ ریاست ـ ہندوستان کی دیسی ریاست ۔
سٹیشن (انگریزی) دیکھو (اسٹیشن) ۔
سٹیشنری (سٹیشن ـ ری) (انگریزی STATIONERY) مؤنث ـ لکھنے پڑھنے کا سامان ـ کاغذ ـ قلم دوات وغیرہ ۔
سٹیل (سٹیل) (انگریزی STEEL) مذکر (۱) فولاد ـ اسپات (۲) لوہے کا قلم ـ فولادی قلم ۔
سٹیم (سٹیم) (انگ STEAM) مؤنث ـ بھاپ ۔
سٹیمر (انگ ـ STEAMER) مذکر ـ بھاپ کی طاقت سے چلنے والا جہاز ۔

سٹینڈرڈ (سٹینڈرڈ) (انگ STANDARD) مذکر ـ علم کا معیار ـ لیاقت کا درجہ ۔

س ـ ج

سج (سَج) (ہ) مؤنث (۱) شکل (۲) انداز (۳) سجاوٹ ـ سنگار ـ آرائش ـ خوبصورتی ۔
سج دھج (ہ) مؤنث (۱) صورت ـ شکل (۲) بناؤ سنگار ـ زیب و زینت ۔
سجا (سَج ـ جا) (ہ) (۱) سیدھا ـ دایاں (۲) سیدھا ہاتھ ـ بایاں کا متضاد ۔
سجادہ (سَج ـ جا ـ دَہ) (ع) مذکر (۱) جانماز ـ مصلیٰ (۲) پیروں کی گدی پر بیٹھنے والا ۔
سجادہ نشین (ع ـ ف) مذکر ـ کسی پیر یا بزرگ کی گدی پر بیٹھنے والا ۔
سجادہ نشین ہونا (۱) خلافت لینا ـ پیر کی گدی پر بیٹھنا ۔
سجاف (سِجاف) (ع) مؤنث سنجاف ـ چوڑی پٹی ـ حاشیہ ۔
سجان (سُجان) (ہ) سمجھ دار ـ عالم ـ گیانی (۲) چالاک ـ عیار ـ فطرتی ۔
سجانا (سُجا ـ نا) (ہ) ورم کر دینا ـ پھلانا ـ کپا بنا دینا ۔
سجانا (ہ) (۱) ترتیب سے لگانا ـ آراستہ کرنا (۲) سنگار کرنا ۔
سجاوٹ (ہ) مؤنث (۱) آرائش ـ زیبائش ـ سنگار ـ (۲) ترتیب ـ سج دھج ۔
سجدہ (سَج ـ دَہ) (ع) سر جھکانا ـ ڈنڈوت ـ بندگی ـ ماتھا ٹیکنا ۔
سجدۂ سہو (ع) مذکر ـ وہ دو سجدے جو نماز میں کوئی بات بھول جانے کے باعث آخری رکعت میں ایک طرف سلام پھیرنے کے بعد کیے جاتے ہیں ۔
سجدۂ شکر (ع) مذکر ـ خدائے تعالیٰ کے سامنے زمین پر سر ٹیک کر شکریہ ادا کرنا ـ کسی امر کے شکرانے میں دو نفل وغیرہ پڑھنا ۔
سجدہ کرنا (۱) سر جھکانا ـ ماتھا ٹیکنا ۔
سجدہ گزار (ع ـ ف) سجدہ کرنے والا ۔
سجدہ گاہ (ف) مؤنث (۱) سجدہ کرنے کی جگہ (۲) خاک شفا جس پر شیعہ لوگ سر رکھ کر سجدہ کرتے ہیں ۔
سجع (سَجْع) (ع) مذکر (۱) خوش الحانی ـ پرندوں کی چہچہاہٹ (۲) کلام موزون ـ مقفیٰ ـ بالخصوص وہ شعر یا مصرع جس میں کسی کا نام آ جائے ۔

سَجعِ مُتَوازِن (ع) مذکر۔ دو لفظوں کے وزن اور اعداد حروف میں موافقت۔ مگر رَوی میں اختلاف
سَجعِ مُتَوازی (ع) مذکر۔ دو لفظوں کے حرف رَوی بوزن اور اعداد حروف میں موافقت ٭
سَجعِ مُطَرَّف (ع) مذکر۔ دو لفظوں کے حرف رَوی میں موافقت مگر اعداد اور وزن میں اختلاف ٭
سَجَل (سِ۔جَل) (ع) عمدہ۔ نفیس۔ ٹھیک۔ معقول ٭
سَجَن (سَجَن) (ہ) مذکر (۱) بھلا مانس۔ نیک۔ معزز۔ (۲) خاوند۔ سوامی۔ شوہر (۳) دوست۔ پیتم۔ معشوق۔ دلبر۔ جانی ٭
سَجنا (ہ) (۱) زیب دینا۔ موزوں ہونا (۲) تیار ہونا۔ آراستہ و پیراستہ ہونا۔ بننا۔ سنورنا ٭
سَجَنجَل (سَجَن۔جَل) (معرب) (۱) آئینہ (۲) پگھلا ہوا سونا چاندی (۳) زعفران (۴) عینک (۵) صاف۔ خالص ٭
سَجنی (ہ) مؤنث (۱) معشوقہ۔ پیاری (۲) سہیلی۔ سکھی ٭
سَجوانا (ہ) مذکر۔ آراستہ کرانا۔ درست کرانا ٭
سُجُود (سُ۔جُود) (ع) مذکر۔ سجدہ کرنا۔ سجدہ ٭
سَجھانا (سَجھا۔نا) (ہ) بتانا۔ ظاہر کرنا۔ سمجھا دینا۔ واقف کرنا۔ نامعلوم بات سے آگاہ کرنا ٭
سُجھائی دینا (ہ) نظر آنا۔ معلوم ہونا۔ خیال میں گزرنا ٭
سَجّی (سَج۔جی) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا کھار جس سے کپڑے دھوتے ہیں ٭
سَجیلا (ہ) خوب صورت۔ خوش وضع۔ وضعدار۔ آراستہ پیراستہ۔ بانکا ٭

س-چ

سچ (ہ) صحیح۔ درست۔ ہاں۔ بیشک ٭
سچ بولنا آدھی لڑائی مول لینا ہے (ہ) (کہاوت) سچ بات لڑائی کا موجب ہو جاتی ہے ٭
سچ کا زمانہ نہیں (ہ) (کہاوت) سچ کا کوئی اعتبار نہیں کرتا۔ سچ کہنے سے نقصان اٹھانا پڑتا ہے ٭
سچ سچ (ہ) ہُو بہُو۔ بعینہٖ۔ بے کم و کاست۔ یقیناً۔ واقعی ٭
سچ ہے (ہ) (۱) درست ہے۔ ٹھیک ہے (۲) بیشک۔ ہاں (۳) بزرگوں کا قول درست ہے ٭
سچّا (ہ) (۱) راست باز۔ راست گو (۲) درست۔ ٹھیک (۳) کھرا۔ خالص۔ اصلی۔ غیر مستعمل ٭

سچّا بیوپار (ہ) مذکر۔ سچا کاروبار۔ ٹھیک ٹھیک معاملہ۔ کھرا کھرا حساب۔ ٹھیک ٹھیک بات ٭
سچّاپن (ہ) مذکر۔ صداقت۔ راستبازی۔ دیانتداری۔ وفاداری۔ راست گوئی ٭
سچّا جائے روتا آئے ۔ جھوٹا جائے ہنستا آئے (ہ) (کہاوت) جھوٹے کسی نہ کسی طرح کام نکال لیتے ہیں ٭
سچّا جوڑا (ہ) مذکر (۱) کھرا کامدار جوتا (۲) کپڑوں یا چوڑیوں کا وہ جوڑا جس میں سچے تار۔ ستارے۔ مقیش وغیرہ کا کام کیا گیا ہو ٭
سچّا موتی (ہ) مذکر۔ اصلی موتی۔ وہ کھرا موتی جو صدف کے اندر سے نکلا ہو ٭
سچّا ہاتھ (ہ) مذکر۔ لین دین کا کھراپن۔ دیانتداری۔ معاملے کی صفائی ٭
سچکنا (سَچک۔نا) (ہ) اندیشہ کرنا۔ غور و فکر کرنا ٭
سچّل (سَچ۔چل) (ہ) (۱) اصل اصل۔ ٹھیک۔ بالکل ٹھیک (۲) سچیت کا جوا۔ سچیت کا داؤں ٭
سچّی (ہ) مؤنث (۱) راست باز۔ صادقہ (۲) کھری۔ خالص۔ نرمل ٭
سچّی تول (ہ) مؤنث۔ پوری تول ٭
سچیت (سُچیت) (ہ) مذکر (۱) ہوشیار (۲) قانع۔ خوش ٭
سُچیتے جانا (ہ) پاخانے جانا ٭

س-ح

سحاب (سَحاب) (ع) مذکر۔ گھٹا۔ بادل۔ ابر ٭
سحبان (سَح۔بان) (ع۔ مذکر) عرب کا مشہور فصیح و بلیغ شاعر ٭
سحر (سَحَر) (ع) مؤنث۔ صبح۔ فجر۔ روز روشن۔ نور کا تڑکا۔ صبح دم ٭
سحرخیز (ع) (ف) مذکر (۱) صبح کو اٹھنے والا (۲) چور اچکا۔ اٹھائی گیرا ٭
سحر (سِحر) (ع) مذکر۔ جادو۔ ٹونا۔ افسون۔ طلسم ٭
سحر بیان (ع) مذکر۔ فصیح البیان۔ وہ شخص جس کی تقریر نہایت مؤثر ہو ٭
سحر چل جانا (ہ) (۱) جادو کا چل جانا (۲) باتوں کا اثر پڑ جانا ٭

سِحرِ حلال (ع - مذکر) (۱) فصیح و بلیغ کلام (۲) مولانا اہلی شیرازی کی مشہور مثنوی ۔

سِحرِ سامری (ع) مذکر - سامری کا سا افسون یا جادو جس نے اپنے ہتھکنڈوں سے بنی اسرائیل کو پیغمبرِ وقت (حضرت موسیٰؑ) کے خلاف تعلیم دی ۔

سَحَری (ع) مؤنث - رمضان میں قبل صبح کھانا ۔

سَحُور (سَحُورا) (ع) مذکر - سحری کی جمع ۔

سَحُور - سُحُور (ع) مذکر (۱) رمضان شریف میں صبح صادق سے پہلے کھانے پینے کا وقت (۲) وہ کھانا جو روزہ رکھنے کے لئے صبح صادق سے قبل کھایا جاتا ہے ۔

س - خ

سَخا - سَخاوت (سَخا - سَخا - وَت) (ع) مؤنث - بخشش - دان - فیاضی - خیرات ۔

سَخت (سَخت) (ف) مذکر (۱) کڑا - مضبوط - ٹھوس - بھاری (۲) بے رحم - بدمزاج (۳) بے حد - نہایت - بہت ۔

سخت بے انصافی (ف) مؤنث - نہایت ظلم - نہایت ستم - از حد جور و جفا - بڑا اندھیر ۔

سخت بے ایمانی (ف) مؤنث - نہایت ادھری - بڑی دغا - بڑا فریب ۔

سخت جان (ف) مذکر (۱) بے مہر - سنگدل (۲) وہ جس کی جان مشکل سے نکلے ۔

سخت جانی (ف) مؤنث - زحمت کشی - جفاکشی - سختی - مصیبت ۔

سخت دل (ف) سنگین دل - بے رحم - کٹھور ۔

سخت دلی (ف) مؤنث - بے رحمی - بے مہری - سنگدلی ۔

سخت دن (ف) مذکر - ایامِ مصیبت - گردش کے دن ۔

سخت دن آنا (ف) مصیبت اور بدحالی کا زمانہ آنا ۔

سخت زمین (ف) مؤنث (۱) وہ زمین جس کی مٹی نہایت چکنی یا کنکریلی ہو (۲) مشکل بحر - قافیہ - ردیف - وغیرہ ۔

سخت سست کہنا (۱) بُرا بھلا کہنا - بدزبانی کرنا - لعنت ملامت کرنا ۔

سخت مشکل پڑنا (۱) دقت اور دشواری پیش آنا - کوئی بڑا دشوار امر پیش آنا ۔

سَختی (ف) مؤنث (۱) مضبوطی (۲) دشواری (۳) تندی - تیزی (۴) تنگی - افلاس (۵) بدبختی ۔

سختی سے پیش آنا (۱) بدسلوکی کرنا - بدمزاجی کرنا ۔

سختی کرنا (۱) ستانا - ظلم کرنا - زیادتی کرنا ۔

سُخُن (سُخَن - سُخُن - سَخُن) (ف) مذکر (۱) بات - گفتار - کلام (۲) قول - بچن - عہد (۳) شعر - نظم یا مقولہ ۔

سخن ناشنوں پر ڈالیے جو ہنس ہنس رکھیں پان (۱) (کہاوت) سوال ان سے کرنا چاہئیے جو ہنسی خوشی پورا کر دیں ۔

سُخَن پَروَری (ف) مؤنث - تعصب - ہٹ دھرمی - اپنی بات کی پچ - فتنہ کا بن ۔

سُخَن چِین (ف) چغل خور - ادھر کی ادھر کہنے والا آدمی ۔

سُخَندان یا سُخَن سَنج یا سُخَن وَر (ف) مذکر - شاعر - ناظم - شعر کہنے والا ۔

سُخَندانی یا سُخَن وَری (ف) مؤنث - شاعری - خوش بیانی - فصاحت ۔

سُخَن رَس یا سُخَن فَہم (ف) مذکر - بات کو پہنچنے اور سمجھنے والا - ہوشیار - سمجھ دار - تیز فہم ۔

سُخَن ساز (ف) مذکر (۱) شاعر - سخن گو (۲) خوش تقریر - فصیح (۳) مکار - عیار - چرب زبان ۔

سُخَن سازی (ف) مؤنث (۱) شاعری (۲) جوڑ توڑ - مکاری - دنیا سازی - لسانی ۔

سُخَن شَناس (ف) باتوں کا جوہری - قدر دانِ سخن - بات پہچاننے والا ۔

سُخَن طِراز (ف) شاعر ۔

سُخَن طِرازی (ف) مؤنث - شاعری ۔

سخن فہمی عالمِ بالا معلوم شد (ف) (مثل) اس موقع پر بولتے ہیں - جب کوئی شخص نہایت قابل ہونے کا دعوےٰ کرے اور کسی بات کا مطلب غلط سمجھے ۔

سُخَن کا پورا (۱) مذکر - بات کا پکا - قول کا سچا - اقرار کا پورا - مستقل مزاج ۔

سُخَن گو یا سُخَن وَر (ف) مذکر (۱) شاعر (۲) فصیح - خوش بیان - خوش گفتار ۔

سَخی (سَخی) (ع) فیاض - فراخ حوصلہ - خدا کی راہ پر دینے والا - دریا دل ۔

سخی دے اور شرمائے ۔ بادل برسے اور گرمائے } (۱) (کہاوت) سخی دے کر احسان نہیں جتاتا - بادل برستا ہے گرجتا ہے ۔

سخی سے شوم بھلا جو ترت دے جواب (۱) (کہاوت) انتظار میں رکھنے سے صاف جواب دے دینا بہتر ہے ۔

سخی شوم سال بھر میں برابر ہو جاتے ہیں (۱) (کہاوت) سخی کھلا کر اور دے دلا کر بخیل جوڑ کر مر کر کھاتے

سال کے بعد یک جیسے ہو جاتے ہیں۔
سخی کا بیڑا پار (۱) (کہاوت) سخی کی مشکل آسان ہو جاتی ہے۔ فراخ دل والے پر کوئی کام دشوار نہیں۔
سخی کے مال پر بیٹھے شوم کی جان جاتی ہے (کہاوت) سخی کی خیرات یا فیاضی سے صرف مال پر ہی جاتی ہے اور شوم جو کچھ خرچ نہیں کرتا۔ اس کی جان نکلتی ہے۔
سخیف (سَخیف) (ع) (۱) بیہودہ (۲) بیوقوف (۳) جلد باز۔

س - د

سد (سَد) (ع) مذکر (۱) روکنا۔ ممانعت (۲) مؤنث۔ دیوار۔ پردہ اوٹ۔ روک۔
سدِ باب (ع) مذکر۔ کسی بات کو قطعاً روک دینا۔
سدِ دعوے (ع) مؤنث۔ دعوے کی روک۔
سدِ راہ ہونا (۱) روک ہو جانا۔ حارج ہونا۔ مزاحم ہونا۔ مانع ہونا۔
سدِ رمق ہونا (ہ) قدر سے ہونا۔ تھوڑا ہونا۔
سدِ سکندر۔ یا۔ سدِ یاجوج (ع۔ ف) مؤنث۔ سکندر بادشاہ کی بنائی ہوئی مضبوط دیوار جو علاقہ ترکستان میں واقع ہے۔
سدا (سَدا) (س) (ع) ہمیشہ۔ دائم۔ نِت۔ ہر وقت۔
سدا برت (ہ) مذکر۔ دوامی خیرات۔ روزانہ خیرات۔ لنگر۔
سدا بہار (ہ) (۱) ہمیشہ سرسبز رہنے والا (۲) ایک پھول جو ہمیشہ کھلا رہتا ہے۔
سدا پھل (ہ) (۱) وہ درخت جو ہمیشہ پھلوں سے لدا رہے (۲) ہمیشہ پھل لانے والا درخت۔ ہر سال پھلنے والا درخت۔
سدا سہاگ (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا پھول۔
سدا سہاگن (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کی چڑیا (۲) زنانہ لباس رکھنے والے درویشوں کا ایک فرقہ۔ (۳) قحبہ۔ رنڈی۔
سدا گلاب (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا سرخ پھول جو ہمیشہ کھلا رہتا ہے۔
سدا ناؤ کاغذ کی بہتی نہیں (۱) (کہاوت) کاغذ کی ناؤ پانی پر تیر نہیں سکتی۔ تھوڑی دیر میں ڈوب جاتی ہے اسی طرح مکر و فریب ہمیشہ نہیں چل سکتا۔
سدرۃ المنتہٰی۔ سدرہ (سِدرَت۔ سِدرَہ) (ع) مؤنث۔ بیری۔
سدرۃ المنتہٰی (ع) مؤنث۔ ساتویں آسمان پر بیری کا بہت بلند درخت جو حضرت جبرئیلؑ کا مقام ہے۔
سدرن (سُدَرن۔ دَرَن) (ہ) (عوام) سمیت۔ ساتھ ہمراہ۔
سدس (سُدس۔ سُدُس) (ع) مذکر۔ چھٹا حصّہ۔
سدہ (سُدَّہ) (ع) مذکر۔ گاڑھا۔ خلط مواد جو آنتوں میں پڑ جائے۔
سدھ (سِدھ) (س) مذکر (۱) پورا کامل۔ سچا جواد (۲) فاضل۔ عالم (۳) زاہد۔ عابد۔ ولی۔ عارف (۴) پاک۔ صحیح۔ تندرست (۵) قانونی۔ شرعی (۶) جادوگر۔
سدھ کرنا (ہ) (۱) پورا کرنا۔ اختتام پر پہنچانا (۲) ثابت کرنا (۳) پاک کرنا (۴) شروع کرنا (۵) کام بنانا۔ مراد حاصل کرنا۔
سدھ (سُدھ) (ہ) مؤنث (۱) لحاظ۔ یاد (۲) خبر۔ آگاہی علم۔ سمجھ۔ عقل۔ ہوشیاری (۳) توجہ۔ سوچ۔ غور۔ تدبیر۔
سدھ بدھ (ہ) مؤنث۔ عقل و شعور۔ ہوش و آگاہی۔ ہوش و حواس۔
سدھ بدھ لینا (ہ) خبر گیری کرنا۔ محافظت کرنا۔
سدھ بسرانا (ہ) (ہندو) ہوش کھونا۔ بے حواس کرنا۔
سدھ رکھنا (ہ) (ہندو) خبر رکھنا۔ خیال رکھنا۔ دھیان رکھنا۔
سدھ لینا (ہ) (ہندو) خبر لینا۔ خبر گیری کرنا۔
سدھا (سِدھا) (ہ) نوں کیا گیا۔
سدھارنا (سُدھارنا) (ہ) (ہندو) (۱) سنوارنا۔ درست کرنا۔ ٹھیک کرنا (۲) سزا دینا۔ بل نکالنا۔
سدھارنا (سِدھارنا) (ہ) (عو) (۱) رخصت ہونا۔ روانہ ہونا (۲) دنیا سے رخصت ہونا۔ جہاں سے مرنا۔ انتقال کرنا۔
سدھارو (ہ) (۱) رخصت ہو چلو۔ چلے چلو (۲) آگے چلو۔ چلے جاؤ۔
سدھانا (سِدھانا) (ہ) (۱) سکھانا۔ جانور کو مانوس کرنا۔ (۲) تربیت دینا۔ منہ چڑھانا۔
سدھرنا (سُدھرنا) (ہ) (ہندو) (۱) درست ہونا۔ ٹھیک ہونا (۲) صحیح ہونا۔ اصلاح پانا (۳) سدھا ہونا (۴) تیار ہونا۔
سدھنا (سَدھنا) (ہ) (۱) تعلیم پانا۔ ٹھیک ہونا (۲) جانور کا ہلنا۔ رستے پر لگنا۔
سدھنا (سُدھنا) (ہ) (ہندو) صاف ہونا۔ میل دور ہونا۔
سدھوانا (سِدھوانا) (ہ) درست کرانا۔ جانور سدھوانا۔

گھونسے کو درست کرانا۔

سدمی (سِدھ۔مِی) (ع) مؤنث (۱) کمل صفائی (۲) کامیابی۔

سدی (شُدی) (ہ) مؤنث۔ اترتے چاند کا وقت۔ ہندی مہینے کا تاریک حصہ۔

سدے (سدے) (۱) مذکر۔ تقویے کا تخم۔

س - ڈ

سڈول (سُڈَول) (ہ) (۱) متناسب۔ اچھے ڈول کا۔ خوبصورت خوش وضع۔ زیبا۔ خوشنما (۲) نہایت تندرست۔

سڈھور۔ سڈھورا (سڈھور۔ سڈھورا) (ہ) مذکر (۲) سات قسم کا پکوان جو دُلہن کے میکے سے آتا ہے۔

سڈیشن (سَڈِیشَن) (انگریزی - SEDITION) مؤنث۔ بغاوت۔ حکومت وقت کی مخالفت اور دشمنی۔

س - ر

سَر (سَر) (ہ) مذکر (۱) چشمہ۔ تالاب۔ جھیل۔ حوض۔ جوہڑ (۲) غلوک۔ خدنگ (۳) پانی۔ آب۔ جل (۴) سرکنڈا نرسل۔

سَر (سَر) (انگریزی - SIR) مذکر۔ (۱) جناب۔ حضور۔ جی (۲) گورنمنٹ کی طرف سے ایک معزز خطاب۔

سر آغا خان (ہز ہائنس) آپ ۲ نومبر ۱۸۷۵ء کو کراچی میں پیدا ہوئے۔ ایک معزز شیعہ خاندان کے ممتاز فرد ہیں۔ آباؤ اجداد شاہ قاچار کے درباری تھے۔ آپ ہندوستان میں ہر دلعزیز ہیں۔ چھوٹی سی عمر میں فارسی۔ عربی اور انگریزی میں کافی مہارت حاصل کی۔ علم تاریخ سے خاص شغف ہے۔ گھوڑ دوڑ۔ کرکٹ اور ورزش کا خاص شوق ہے۔ آپ کے مریدوں اور معتقدوں سے ہندوستان بھرا پڑا ہے۔

سُر (سُر) (ہ) مذکر (ہندی) (۱) مالک۔ آقا (۲) دیوتا۔ پیغمبر (۳) ایشور۔ خدا (۴) سورج۔ آفتاب۔ خورشید۔

سُرپُر (ہ) مذکر (ہندی) اندرلوک۔ فرشتوں کے رہنے کی جگہ۔ کرسی۔ ملکوت۔ عرش۔

سُر (سُر) (ہ) مذکر (۱) سانس جو نکلے (۲) الحان۔ تان۔ آواز۔ راگ۔ لحن۔ لے۔ آہنگ۔ ترانہ (۳) کھڑی نرکھی (۴) گنجفہ بازوں کی اصطلاح میں بازی کا آغاز۔

سُربدیا (ہ) مؤنث۔ علم موسیقی۔ گانے کا علم۔

سُر ملانا (ہ) آواز ملانا۔ ساز کا سُر کے موافق کرنا۔ ہم آہنگ کرنا۔

سُر ملنا (ہ) (۱) آواز ملنا۔ تال ملنا (۲) ستارہ ملنا (۳) موافقت ہونا۔

سِر (سِر) (ہ) مذکر (۱) سر۔ سیس۔ کلہ۔ کھوپری۔ چوٹی۔ قلہ (۲) ذہن (۳) مالک۔ آقا۔ سردار (۴) اوّل۔ ابتداء۔ شروع۔

سر آبننا (ہ) (۱) الزام لگنا (۲) مصیبت آنا۔

سر آنا (ہ) کسی دیوی یا بھوت پریت کا سر پر کھیلنا۔

سر آنکھوں پر (ہ) بسروچشم۔ بدل و جان۔ شوق سے۔

سر آنکھوں پر بٹھانا (ہ) بہت عزت اور آؤ بھگت کرنا۔ نہایت تعظیم و تکریم اور اعزاز کرنا۔ کمال قدر دانی فرمانا۔

سر آنکھوں سے (ہ) (۱) بسروچشم۔ تہ دل سے۔ نہایت شوق۔ تعظیم۔ عزت اور قدر دانی سے۔ بڑی خوشی سے (۲) ہمیں منظور ہے۔

سر اُتروانا (۱) سر کٹوانا۔ قتل کرانا۔

سر اُٹھا کر چلنا (ہ) متکبرانہ قدم رکھنا۔ غرور کرنا۔ اترانا۔

سر اُٹھانا (ہ) (۱) سر اونچا کرنا۔ سر ابھارنا (۲) دھوم مچانا (۳) سرکشی کرنا (۴) ستانا۔ فساد مچانا۔

سر اُٹھانے کی فرصت نہ ہونا (۱) دم لینے کی فرصت نہ ہونا۔ مطلق مہلت نہ ہونا۔ عدیم الفرصت ہونا۔

سر اُڑانا (ہ) سر قلم کرنا۔ سر کاٹ ڈالنا۔ دھڑ یا بدن سے سر جدا کر دینا۔

سر اُلانا (ہ) سر اونچا کرنا۔

سر الگ کر دینا۔ یا کرنا (ہ) سر کاٹ ڈالنا۔ قتل کر دینا۔

سر اونچا کرنا (ہ) سربلند کرنا۔ عزت بخشنا۔ سرخرو کرنا۔ ممتاز فرمانا۔

سر باندھنا (ہ) (۱) سر کرنا۔ چوٹی کرنا۔ سر گوندھنا (۲) سر کا نٹ نہ باندھنا۔

سر بڑا سردار کا پیر بڑا گنوار کا (ہ) مثل۔ عقلمند کا سر اور جاہل کا پاؤں بڑا ہوتا ہے۔

سر بھاری ہونا (ہ) درد سر ہونا۔ سر گھومنا۔ سر کا نزلہ یا زکام کے باعث بھاری ہونا۔

سر بچنا (ہ) (۱) سر پہ کھیلنا۔ سر دینا (۲) فوج کی

جری کرنا ۔

سر بیگار ہونا (ف) کسی کے ذمے کوئی ایسا کام ہونا جو اُسے ناپسند ہو ۔

سر پاؤں (ف - مذکر) (۱) ابتدا و انتہا (۲) شور و غوغا ۔

سر پاؤں پر دھرنا (ف) قدموں پہ سر رکھنا - پاؤں پکڑنا ۔

سر پاؤں نہ ہونا (ف) آغاز و انجام کا پتہ نہ لگنا - مشابہت شک نہ ہونا ۔

سر پٹک کے مرنا (ف) سر پھوڑ کر مرنا - سر ٹکرا کر جان دینا - نہایت کوشش کرتے کرتے تھک جانا ۔

سر پٹکنا (ف) (۱) سر ٹکرانا - سر کو دے مارنا - سر پھوڑنا - (۲) تلملانا - گھبرانا - جھنجلانا (۳) منت سماجت کرنا - (۴) بہت محنت یا کوشش کرنا (۵) بہت سوچنا ۔

سر پر (ف) (۱) نہایت نزدیک - بہت قریب - پاس - متصل - (۲) اوپر - (۳) سر کے اُوپر ۔

سر پر آ پڑنا (ف) ذمے پڑنا - سر ہونا - وارد ہونا ۔

سر پر آ پہنچنا (ف) نہایت قریب آ جانا - لگ بھگ ہونا نزدیک یا سامنے ہونا ۔

سر پر آ چڑھنا (ف) (۱) مقابلہ کرنے کو کھڑے ہو جانا (۲) سر پر ہو جانا - ساتھ لگ لینا ۔

سر پر آرا - یا - آرے چلنا (ف) ہلاکت میں پڑ جانا جان پر بننا ۔

سر پر آرے چل گئے تو بھی مدار ہی مدار (ف) (کہاوت) چاہے کتنی مصیبت اُٹھانی پڑی - مگر اپنی بات وہیں کی وہیں رہی ۔

سر پر آنا (ف) (۱) قریب آنا - لگ بھگ پہنچنا (۲) کسی جوت بھوت یا پیر فقیر کا سر پر آ جانا ۔

سر پر آنکھیں نہ ہونا (ف) بے عقل ہونا ۔

سر پر اُٹھا لینا (ف) (۱) نہایت تعظیم و تکریم کرنا (۲) شور و غل کرنا - شرارت اور فتنہ پردازی کرنا ۔

سر پر اجل یا قضا کھیلنا (ف) (۱) موت کا قریب آ جانا - موت کا سر پر سوار ہونا (۲) شامت آنا - نحوست و بد اقبالی کا سامنا ہونا ۔

سر پر احسان کرنا (ف) کسی کے ساتھ بھلائی کرنا - کسی کو احسان مند بنانا ۔

سر پر بال ہونا (ف) (۱) سر کے اوپر بالوں کا موجود ہونا (۲) بوسنے کی طاقت ہونا - مجال ہونا ۔

سر پر بٹھانا (ف) نہایت تعظیم و تکریم سے بٹھانا - اونچا بٹھانا ۔

سر پر بننا (ف) مصیبت یا آفت میں پھنسنا ۔

سر پر بولنا (ف) سر کے زور سے سانپ کے کاٹے ہوئے کا باتیں کرنا ۔

سر پر پاؤں رکھ کر بھاگ جانا (ف) بہت جلد بھاگ جانا - نہایت بے قراری و بے تابی سے بے شدہ ہو کر بھاگ جانا ۔

سر پر پڑنا (ف) (۱) ذمے ہونا - پلّے پڑنا - (۲) گزرنا بیتنا آفت پڑنا - مصیبت کا سر پر آنا ۔

سر (سروں) پر تھالی پھرنا (ف) بہت زیادہ بھیڑ یا ہجوم ہونا ۔

سر پر جن چڑھنا (ف) (۱) بھوت پریت کا سر پر آنا - (۲) سر پر غصہ سوار ہونا (۳) ضد یا ہٹ پر قائم رہنا ۔

سر پر ٹیکا ہونا (ف) (۱) سر سرا ہونا - عزت پانا (۲) راج تلک ہونا (۳) حقدار ہونا ۔

سر پر چڑھانا (ف) سر پر اُٹھانا - منہ لگانا ۔

سر پر چھپّر رکھنا (ف) (۱) بارِ گراں سر پر رکھنا - بوجھ میں دبانا (۲) سر پر منت بنانا (۳) الزام لگانا (۴) ذمے ڈالنا ۔

سر پر خاک اُڑانا یا ڈالنا (ف) (۱) ماتم کرنا - نوحہ کرنا - رونا - پیٹنا - غمگینی اور سوگ ظاہر کرنا (۲) افسوس کرنا ۔

سر پر خون چڑھنا (ف) آمادۂ قتل ہونا - جان لینے پر کمربستہ ہونا ۔

سر پر خون لینا (ف) گناہ قتل کو اپنے ذمے لینا یا ہتیا کرنا ۔

سر پر دھمال ہونا (۱) سر پر شور و غل ہونا (۲) بارِ غم کا سر پر سوار ہونا ۔

سر پر رکھنا (ف) (۱) سر پر اُٹھانا - سر پر بوجھ لینا (۲) نہایت عزت و احترام سے پیش آنا - مقدس جاننا ۔

سر پر سایہ رکھنا (ف) سلامت رکھنا - زندہ رکھنا ۔

سر پر سنیچر سوار ہونا (ف) نحوست پڑنا - شامت آنا ۔

سر پر سوار رہنا (ف) (۱) ہمزاد بن جانا (۲) ساتھ نہ چھوڑنا ۔

سر پر سہنا (ف) سہارنا - برداشت کرنا ۔

سر پر شیطان چڑھنا (ف) غصہ چڑھنا - ضد چڑھنا - غرور ہونا ۔

سر پر کالی ہانڈی رکھنا (ف) (۱) رسوا، بدنامی یا

رسوائی اختیار کرنا۔ بدنامی لینا۔

سر پر کفن باندھے رہنا (ف) ہر وقت مرنے پر مستعد رہنا۔ ہر وقت جان دینے کو تیار اور موجود رہنا۔

سر پر کھڑا ہونا (ف) (۱) سامنے موجود ہونا۔ پاس رہنا۔ قریب رہنا (۲) نگرانی کرنا۔

سر پر گھر اٹھانا۔ یا۔ زمین اٹھانا (۱) نہایت شور و غل مچانا۔

سر پر لینا (ف) (۱) ذمے لینا۔ (۲) سر پر سہنا۔ برداشت کرنا۔

سر پر موت یا قضا کھیلنا (ا) دیکھو سر پر اجل کھیلنا۔

سر پر نہ رہنا (ف) (۱) کسی سرپرست یا بڑے بزرگ کا مر جانا (۲) سر سے اتر جانا۔

سر پر وارنا (ف) نچھاور کرنا۔ سر صدقے کرنا۔ سر پر تصدق کرنا۔

سر پر ہاتھ پھیرنا (ف) (۱) پیار کرنا۔ دلاسا دینا تسلی دینا۔ (۲) ٹھگنا۔ صفایا کرنا۔

سر پہ ہاتھ دھر کے۔ یا۔ سر پکڑ کے رونا (ف) نہایت پچھتانا۔ کمال افسوس کرنا۔ از حد رنج و الم کرنا۔

سر پر ہاتھ دھرنا۔ یا۔ رکھنا (ف) (۱) حامی و مددگار ہونا۔ سرپرستی اختیار کرنا۔ مربّی بننا (۲) کسی کے سر کی قسم کھانا۔

سر پر ہونا (ف) (۱) سر ہونا۔ حامی و مددگار ہونا (۲) کسی کی حمایت میں ہونا۔

سر پڑنا (ف) (۱) ذمے پڑنا۔ سر ہونا (۲) حصے میں ہونا۔

سر پڑے کا سودا (ا) مجبوری کا سودا۔ سر پڑے کی بات۔ ذمے پڑے کا معاملہ۔

سر پکڑ کر بیٹھنا۔ سر پکڑ کر رہ جانا (ف) رنج و الم کی صورت ظاہر کرنا۔ مغموم اور سوگوار بن کر بیٹھنا۔

سر پکڑنا (ف) (۱) مدد کرنا۔ سہارا دینا۔ تسلی دینا (۲) عین موقع پر پکڑ لینا (۳) کسی کی بات کی تہ کو پا لینا۔

سر پھٹنا (ف) (۱) سر پھوٹنا (۲) سخت درد سر ہونا۔

سر پھٹول (ا۔ مؤنث) (۱) لڑائی جھگڑا (۲) سر پھوڑنا۔

سر پھرانا (ف) (۱) دوران سر پیدا کرنا (۲) مغز زنی کرنا۔

سر پھرا ہے (ف) شامت آئی ہے۔ کمبختی آئی ہے۔ شیطان کی شامت نے گھیرا ہے۔

سر پھر جانا (ف) (۱) سر میں چکر آ جانا۔ سر میں چکر آ جانا (۲) دماغ پریشان ہونا۔ بڑی مت پر چلنا۔

سر پھرنا (ف) سر گھومنا۔ سر پھرانا (۲) شامت آنا۔ کمبختی

آنا (۲) دماغ میں فتور آنا۔

سر پھوٹنا (ف) (۱) سر پھٹنا۔ مارکٹائی ہونا (۲) سر میں از حد درد ہونا۔

سر پھوڑ کر۔ یا۔ چیر کر۔ یا۔ توڑ کر لینا (ف) زبردستی سے لینا۔ دھما دھمی کر لینا۔

سر پھوڑنا (ف) (۱) سر توڑنا۔ سر ٹکرانا (۲) سوچنا۔ الجھنا جھگڑنا (۳) آپ اپنا سر زخمی کرنا۔

سر پھول جانا (ف) ہوش و حواس جاتے رہنا۔

سر پھیرنا (ف) انکار کرنا۔ کہا نہ ماننا۔ سرکشی کرنا۔

سر پیٹنا (ف) (۱) غصے کے مارے سر میں چوٹیں لگانا (۲) تلملانا (۳) تاسف کرنا۔

سر پیر نہ ہونا (ف) مہمل ہونا۔ بیہودہ ہونا۔ بات یا چیز کی کوئی ابتدا اور انتہا نہ ہونا۔

سر توڑ کوشش کرنا (ف) حد سے زیادہ کوشش کرنا۔

سر تو نہیں پھرا (ف) (۱) شامت تو نہیں آئی (۲) پاگل تو نہیں ہوئے۔ عقل میں فتور تو نہیں آ گیا۔

سر تھام لینا (ف) افسوس کرنا۔ پچھتانا۔

سر تھوپنا (ف) (۱) کسی کے ذمے ڈالنا۔ (۲) الزام لگانا۔

سر ٹکرانا (ف) (۱) سر دے مارنا۔ سجدے کرنا (۲) نہایت کوشش کرنا۔

سر جانا (ف) الزام آنا۔ ذمے آنا۔

سر جوڑ کر بیٹھنا (ف) مل کر بیٹھنا۔ اتفاق سے بیٹھنا۔ اکٹھے ہو کر بیٹھنا۔

سر جوڑنا (ف) (۱) اکٹھے ہونا (۲) اتفاق کرنا۔ متفق ہونا (۳) باہم سازش کرنا (۴) جلسہ کرنا۔

سر جھاڑ منہ پھاڑ (ف) (۱) دیوانہ وار وحشیانہ (۲) عجیب شکل (۳) مائی صورت۔

سر جھاڑنا (ف) (پورب) کنگھی کرنا۔

سر جھکانا (ف) (۱) سر نیچا کرنا۔ عجز و انکسار کرنا (۲) شرم یا غیرت سے گردن نیچی کر لینا (۳) مطیع و فرمانبردار ہونا۔

سر جھکنا (ف) (۱) شرمندگی یا عجز کے باعث گردن نیچی ہونا (۲) سر نیچا ہونا۔

سر چپکنا (ف) سر منڈھنا۔ ذمے ڈالنا۔ سر ڈالنا۔

سر چڑھا (ف) (۱) گستاخ۔ بے ادب (۲) لاڈلا۔ منہ لگا

سر چڑھ کر (ف) (۱) ذمے پڑ کر۔ سر پہ آ کر (۲) ضد کر کے اصرار کر کے (۳) نڈر ہو کر۔

سر چڑھ کر۔ یا۔ سر چڑھ کے بولنا (ف) بہت بہت

کا سر پر آکر کھیلنا (۲) از خود ظاہر ہونا ۔

سر چڑھ کر۔ یا۔ سر چڑھ کے مرنا (ف) کسی کے سر ہوکے مرنا۔ کسی کے سر اپنا خون کرنا ۔

سر چکٹ جانا۔ یا۔ چکٹنا (ف) تیل کے باعث بالوں کا جم جانا ۔

سر چکرا جانا (ف) (ع) درد کے مارے سر کا گرا پڑنا۔ سر قابو میں نہ رہنا ۔

سر چوٹ (ا) (ع) (۱) نہایت بد خاطر۔ خلاف مرضی (۲) چھیڑ (۳) چہلک (۴) لطف۔ مزہ ۔

سر چیرنا (ف) (۱) سر پھوڑنا (۲) زبردستی کرنا۔ سامنے مرنے کو مستعد ہونا (۳) جھگڑنا (۴) منہ کرنا۔ اصرار کرنا ۔

سر دکھانا (ف) (ع) سر میں سے جوئیں نکلوانا۔ جوئیں دکھانا ۔

سر دکھنا (ف) درد سر ہونا۔ سر دکھنا۔ سر پھرنا ۔

سر دھرا۔ یا۔ سر دھرو (ا) مذکر (۱) سرپرست۔ مربی۔ ولی۔ بزرگ (۲) آقا۔ مالک۔ حاکم ۔

سر دھننا (ف) (۱) سر پیٹنا (۲) افسوس کرنا (۳) ماتم کرنا (۴) سخت تکلیف یا صدمے کے باعث سر کو دے دے مارنا (۵) شوق یا حسرت سے سر ہلانا ۔

سر دھونا (ف) (ع) بال صاف کرنا۔ نکھارنا ۔

سر دینا (ف) سر دے دینا۔ سر قربان کرنا۔ جان دینا۔ مرنا۔

سر دینے کو حاضر ہیں (ف) مرنے کو موجود ہیں۔ سر حاضر ہے۔ جان دینے کو تیار ہیں ۔

سر ڈوب (ا) (۱) شرابور۔ لت پت (۲) سر سے اونچا پانی گہرا پانی۔ زیادہ پانی ۔

سر ڈھانکنا (ف) (۱) سر پر کوئی کپڑا ڈالنا (۲) باکرہ سے واصل ہونا۔ چھلا توڑنا ۔

سر ڈھکی (ا) مونث (ع) (۱) ڈولا بکر۔ بیاہ کرنا ۔

سر رنگنا (ف) (۱) مہندی سے سر کو سرخ کرنا (۲) سر کو زخمی کرنا ۔

سر رہنا (ف) (۱) سر سلامت رہنا۔ جان قائم رہنا (۲) کسی کام سے لگا رہنا۔ چمٹا رہنا (۳) نہایت کوشش کرنا ۔

سر سفید ہونا (ف) سر کا دھولا ہو جانا۔ بڑھاپا آجانا۔ بڈھا ہونا ۔

سر سہرا ہونا (ف) نامی یا نیکنامی کا ہونا۔ عزت یا سرداری کا نشان ہونا۔ کسی اچھی بات کا کسی شخص پر منحصر ہونا ۔

سر سہلانا (ف) (۱) سر پر ہاتھ پھیرنا۔ پیار کرنا (۲) تعریف کرنا۔ خوشامد کرنا ۔

سر سہلائے بھیجا کھائے (مثل) دشمن خوشامد سے مل اُٹھتے ہیں۔ یعنی محبت کا ہاتھ پھیرا جائے اور سر مونڈتا جائے ۔

سر سے بلا ٹالنا (ف) (۱) دفع کرنا۔ باپ کاٹنا (۲) چاروناچار یا مجبوری سے کوئی کام کرنا ۔

سر سے بوجھ اتارنا۔ یا۔ ٹالنا (ف) (۱) فرض اتارنا (۲) بیٹے یا بیٹی کے بیاہ وغیرہ سے فارغ ہونا (۳) بے دلی سے کام کرنا ۔

سر سے بوجھ باندھنا (ف) خواہ مخواہ کا خرچ اپنے ذمے لینا ۔

سر سے پانی گزر جانا (ف) (۱) پانی کا سر سے اوپر ہو جانا (۲) مصیبت کا حد سے گزر جانا۔ کام کا قابو سے باہر ہو جانا (۳) قرضے کا حد سے زیادہ بڑھ جانا ۔

سر سے پاؤں تک (ف) از سرتاپا۔ ابتدا سے انتہا تک ۔

سر سے پاؤں تک (آگ) لگنا (ف) (ع) غصے میں جل بھن جانا۔ از حد ازحد خفا ہونا ۔

سر سے پہاڑ ٹالنا (ف) مصیبت کا رفع کرنا ۔

سر سے تنکا اتارنا (ف) نہایت معمولی احسان کرنا ۔

سر سے چلنا (ف) نہایت تعظیم کے باعث سر کو پاؤں بنا کر استقبال کرنا۔ سر کے بل چلنا ۔

سر سے سرو ہا ہے (ف) (۱) سر کے ساتھ پگڑی ہے۔ (۲) سرپرست سے خیر ہو نہیں ۔

سر سے کفن باندھنا (ف) جان سے ہاتھ دھو بیٹھنا۔ مرنے پر کمر باندھنا ۔

سر سے کنواں کھودنا (ف) (ع) نہایت مشکل اور غیر ممکن کام کرنا ۔

سر سے کھیل جانا (ف) زندگی سے دست بردار ہو جانا۔ جان سے گزر جانا ۔

سر سے کھیلنا (ف) جن و پری یا بھوت پریت کے اثر سے سر کو ہلانا (۲) کسی خطرناک کام کا کرنا ۔

سر سے گزرنا (ف) جان سے گزرنا۔ زندگی سے ہاتھ اُٹھانا۔ سر دے دینا ۔

سر سے لگنا (ف) (۱) جل مرنا (۲) از حد ناگوار گزرنا۔ کمال برا و ناپسند ہونا ۔

سر سے مارنا (ف) کسی ناپسندیدہ چیز کو واپس کرنا

یا غصے کے باعث کوئی چیز پھیرنا - کراہت کے ساتھ واپس دے دینا (۲) اٹھا کر پھینک دینا ۔

سر پہ سینگ ہونا (ف) سر پر کسی خاص علامت کا ظاہر ہونا ۔ کوئی خاص نشانی موجود ہونا ۔

سر فدا کرنا (ف) کسی کی خاطر جان دینا ۔

سر کا بوجھ اترنا (ف) سبکدوش ہونا - فرائض منصبی سے نجات پانا ۔

سر کا نہ پاؤں کا (ف) بے سر و پا - اول نہ آخر - سر نہ پیر

سر کرنا (ف) (۱) زبردستی دینا - ذمے ڈالنا (۲) چوٹی گوندھنا - سر گوندھنا ۔

سر کو آنا (ف) پیچھے پڑنا - سر ہونا ۔

سر کھا (ف) (کلمہ تنفر) (عو) (۱) دور ہو (۲) اپنا مغز کھا ۔

سر کھانا (ف) (۱) مغز چاٹنا - دماغ پراگندہ کرنا (۲) بک بک کرنا - دق کرنا - ستانا ۔

سر کھپ (ف) (۱) جان نثار - بہادر (۲) محنت مشقت میں لگے رہنے والا ۔

سر کھپانا (ف) مغز مارنا - کوشش کرنا - سر مارنا ۔

سر کھجانا (ف) شامت آنا - مار کھانے کو جی چاہنا - پٹنے کو آمادہ ہونا ۔

سر کی سوں (ف) (عو) سر کی قسم - سر کی سوگند ۔

سر کے بل (ف) سر کی طرف سے - سر نیچے کو اور سارا دھڑ اوپر کو ۔

سر کے ساتھ ہے (ف) دم سے وابستہ ہے - جان کے ساتھ لگا ہوا ہے ۔

سر گاڑی پیر پہیہ (ف) سر اور پاؤں کی محنت سے کوئی کام کرنا ۔

سر کالا منہ بالا (ف) (کہاوت) (۱) سر تو سفید ہو گیا - مگر منہ پر جوانی برستی ہے (۲) پیری میں نادانوں کی سی حرکت ۔

سر گریبان میں ڈالنا (ف) فکر یا شرمندگی کے باعث سر نیچا کرنا ۔

سر گنجا کرنا (ف) (۱) اس قدر مارنا کہ سر کے بال نہ رہیں - مار مار کے سر کے بال اڑا دینا (۲) مفلس کرنا - لوٹ کر کھا جانا ۔

سر گوندھنا (ف) سر کے بال باندھنا - چوٹی کرنا ۔

سر لگنا (ف) (۱) ذمے پڑنا (۲) تہمت لگنا - الزام آنا ۔

سر لینا (ف) (۱) ذمے لینا (۲) سر اتارنا - جان لینا ۔

سر مارنا (ف) (۱) ذمہ لینا (۲) جان لینا - تن سے سر اتارنا ۔

(۳) سخت کوشش کرنا (۴) بہت بکواس کرنا ۔

سر مڑھنا (ف) زبردستی کسی کے ذمے لگا دینا ۔

سر منڈا (ف) (مذکر) وہ شخص جس کے سر کے بال منڈے ہوئے ہوں ۔

سر منڈاتے ہی اولے پڑے (ف) (کہاوت) کسی کام کے شروع ہی میں خرابی یا نقصان ہو گیا ۔

سر منڈانا (ف) (۱) حجامت بنوانا - بال اتروانا (۲) مرید ہونا - جوگ لینا - فقیری لینا (۳) دھوکے میں آ کر لٹ جانا ۔

سر مونڈا (ف) (مذکر) (عو) نگوڑا - موا ۔

سر مونڈنا (ف) (۱) حجامت بنانا - بال اتارنا (۲) ٹھگنا - لوٹنا - فریب سے مال کھانا ۔

سر مونڈی (ف) (مؤنث) (عو) نگوڑی - موئی - کمبخت - بدنصیب ۔

سر میلا ہونا (ف) حیض کے باعث ناپاک ہونا - کپڑوں سے ہونا ۔

سر میں بال ہونا (ف) (عو) (۱) مقدور یا طاقت ہونا - (۲) گنجائش ہونا ۔

سر میں خاک ڈالنا (ف) (۱) ماتم کرنا - سوگ لینا - رنج و غم کرنا (۲) سر ننگا کرنا ۔

سر نہ پیر (۱) بے ترتیب - بے تکا - (۲) آغاز نہ انجام ۔

سر نیوڑھانا (ف) شرمندگی سے سر جھکانا ۔

سر (سَر) (ف - مذکر) (۱) سیر (۲) کھوپڑی (۳) کسی چیز کا اوپر کا حصہ - چوٹی (۴) ابتدا (۵) فکر - خیال (۶) زور - قوت (۷) سردار (۸) اوپر (۹) خلاصہ (۱۰) خواہش (۱۱) ارادہ (۱۲) شروع (۱۳) کنارہ (۱۴) عنوان (۱۵) عشق (۱۶) دماغ ۔

سرآمد (ف - مذکر) (۱) حاکم - سردار (۲) کامل - چنا ہوا - برگزیدہ ۔

سر اجلاس (ف - ع) سر دربار - بھری کچہری میں - حاکم کے روبرو ۔

سر انجام (ف - مذکر) (۱) انتظام - بندوبست (۲) تکمیل (۳) نتیجہ - اختتام ۔

سر انگشت (ف) مذکر - انگلی کے اوپر کا حصہ - پورا

سرباز (ف) (۱) سپاہی (۲) بہادر ۔

سربازی (ف - مؤنث) بہادری ۔

سر بازار (ف) شاہراہ عام پر - بھری خلقت میں - علانیہ ۔

سر بام (ف) چھت یا منڈیر یا چھجے پر - کوٹھے پر ۔

سربراہ (ف - مذکر) منتظم - کارگزار ۔
سربراہی (ف - مؤنث) (۱) انتظام - اہتمام (۲) سربراہ کا عہدہ ۔
سربستہ (ف) مخفی - پوشیدہ - سربند - چھپا ہوا ۔
سربسر (ف) (۱) اس سرے سے اُس سرے تک - اوّل سے آخر تک - سراسر - (۲) برابر - مساوی ۔
سربلند (ف) ممتاز - معزز - اعلیٰ - اقبال مند - بہادر ۔
سربلند کرنا (ہ) ممتاز کرنا - عزت بخشنا - درجہ بڑھانا ۔
سربلندی (ف - مؤنث) اقبال مندی - عزت - فخر ۔
سربمہر (ف) (۱) مُہر لگا ہوا - سربستہ - سربند (۲) مقفل ۔
سرپرست (ف) مددگار - نگہبان - خبرگیر - محافظ - حامی ۔
سرپرستی (ف) مؤنث - نگہبانی - حمایت - مددگاری ۔
سرپستان (ف - مذکر) چھاتی کا منہ ۔
سرپنچ (ہ) مذکر - میر مجلس - میر انجمن - پریزیڈنٹ - صدر - سبھاپتی ۔
سرپوش (ف) مذکر - ڈھکنا - چپنی - ڈھکن ۔
سرپیچ (ف - مذکر) پگڑی - دستار - عمامہ ۔
سرتابی (ف) مؤنث - سرکشی - نافرمانی - بغاوت ۔
سرتاپا (ف) سر سے پاؤں تک - اوّل سے آخر تک - بالکل - سربسر ۔
سرتاج (ف - ع) مذکر - (۱) سر کا تاج (۲) (مجازاً) آقا - خاوند - مالک - سوامی - پتی - شوہر ۔
سرتاسر (ف) سراسر - بالکل - تمام - سارے کا سارا ۔
سرتسلیم خم کرنا (ہ) حکم ماننا - راضی برضا ہونا ۔
سرچشمہ (ف - مذکر) سوتا - منبع - پانی کے نکلنے کی جگہ - آبشار ۔
سرحد (ف) مؤنث - حدِ فاصل - انتہا - کنارہ ۔
سرخط (ف - مذکر) (۱) قبالہ - بیع نامہ (۲) کرایہ نامہ (۳) نوکری نامہ ۔
سرخوش (ف) (۱) شراب سے مست (۲) خوشحال - مسرور ۔
سرخوشی (ف - مؤنث) (۱) شراب کا نشہ - (۲) سرور ۔
سرخیل (ف) سرگروہ - خاندان کا سردار - امیر - سرغنہ - افسر ۔
سردار (ف - مذکر) سرگروہ - امیر - افسر - حاکم - سرغنہ ۔
سرداری (ف - مؤنث) افسری - حکومت - امیری ۔
سردست (ف) (۱) فی الحال - ابھی - اس وقت - بالفعل - لگتے ہاتھ (۲) فوراً - عنقریب (۳) موجود - حاضر ۔

سردفتر (ف - مذکر) دفتر کا سردار - ہیڈ کلرک سے بڑا عہدہ دار ۔
سرِراہ (ف) راہ کے سرے پر - سڑک پر - رستے میں ۔
سررشتہ (ف - مذکر) (۱) سلسلہ - تدبیر - چارہ کار - مطلب - مدعا - مقصود (۲) محکمہ - ڈیپارٹمنٹ ۔
سررشتہ دار (ف) دیکھو زیر سردفتر ۔
سررشتہ داری (ف - مؤنث) سردفتری کا عہدہ یا کام ۔
سررشتہ کا حکم (ف - مذکر) قانونی حکم - قانونی کارروائی کے محکمے کا حکم ۔
سررشتہ گیرائی (ف - مذکر) تلاشی کا محکمہ ۔
سررشتہ مال (ف - مذکر) زمین کے محصول داخل کرنے کا محکمہ ۔
سررگ (ف - مؤنث) وہ رگ جس کے فصد لینے سے سر اور چہرے کا خون اُتر آتا ہے - قیفال ۔
سرزد ہونا (ہ) واقع ہونا - صادر ہونا - نمودار ہونا - ظہور پذیر ہونا ۔
سرزمین (ف) مؤنث - زمین - خطہ - ولایت - سطح ۔
سرزنش (ف - مؤنث) ملامت - پھٹکار - سخت سُست کہنا - برا بھلا کہنا ۔
سرزنی (ف - مؤنث) (۱) کوشش کرنا (۲) سر مارنا - مغز زنی کرنا ۔
سرزور (ف) سرکش - نافرمان - باغی - منحرف ۔
سرزوری (ف - مؤنث) سرکشی - بغاوت ۔
سرسبز (ف) (۱) تروتازہ - ہرا بھرا - شاداب (۲) کامیاب - فتح مند - خوش و خرم ۔
سرسبز ہونا (ہ) تروتازہ ہونا - خوش و خرم ہونا (۲) کرسی نشین ہونا (۳) قابل پذیرائی ہونا (۴) شہرت پانا ۔
سرِشام (ف) شام ہوتے ہی - دونوں وقت ملے ۔
سرفراز (ف) سربلند - معزز - ترقی یافتہ ۔
سرفراز کرنا (ہ) (۱) سربلند کرنا - عزت بخشنا - درجہ یا منصب بڑھانا - ترقی دینا (۲) ازالہ بکر کرنا - چھیڑ توڑنا ۔
سرقلم کرنا (ہ) سر اُتارنا - سر کاٹنا یا جدا کرنا ۔
سرکرنا (ہ) (۱) فتح کرنا (۲) داغنا - چلانا - فیر کرنا (۳) مکمل کرنا ۔
سرکش (ف) مغرور - باغی - پھرا ہوا - نافرمان ۔
سرکشی (ف) مؤنث - تکبر - بیوفائی - نافرمانی - بغاوت ۔
سرکوبی (ف) مؤنث - سرکچلنا - گوشمالی - سزا ۔

سرگزشت (ف) مؤنث - ماجرا - بیتی - واقعہ - واردات - کیفیت - داستان - حکایت - احوال - سوانح عمری - تذکرہ ۔

سرگراں (ف) (۱) خمار آلودہ - مخمور (۲) خفا - ناراض - کشیدہ خاطر (۳) مغرور - متکبر ۔

سرگرانی (ف) مؤنث (۱) خمار - سر بھاری ہونا - درد سر (۲) کشیدگی - رنجیدگی (۳) مجازاً غم - افسوس - افسردگی ۔

سرگرداں (ف) حیران و پریشان - آزردہ - سرگشتہ ۔

سرگرم (ف) پرجوش - مستعد - چالاک - پرجوش - تُند - مشغول ۔

سرگرمی (ف) مؤنث - آمادگی - چالاکی - کوشش بلیغ - گرمجوشی - تیزی ۔

سرگروہ (ف) مذکر - سردار قوم - چودھری - سرپنچ - سرغنہ - سردار ۔

سرگشتگی (ف) مؤنث (۱) حیرانی - پریشانی (۲) آفت - بلا - مصیبت - نحوست - ادبار ۔

سرگوشی (ف) مؤنث (۱) کانا پھوسی - چپکے سے کان میں کہنا (۲) غیبت - بدی - برائی - چغلی ۔

سرمست (ف) بدمست - مدہوش - نہایت متوالا ۔

سرمغزی (ف) (۱) نہایت فکر و تردد (۲) بک بک - بکواس - بے فائدہ مغز زنی ۔

سرِمو (ف) بال کی نوک کے برابر - ذرا سا - ذرا بھر - حبہ بھر ۔

سرنامہ (ف) مذکر (۱) عنوان (۲) مکتوب الیہ کا پتہ اور نشان جو خط پر لکھا جائے ۔

سرنگوں (ف) سر کے بل - شرمندہ - خجل ۔

سرِنو (ف) نئے سرے - دوبارہ - شروع سے ۔

سرنوشت (ف) مؤنث - تقدیر کا لکھا - کرم ریکھا - تقدیر - نصیب - بھاگ - قضا ۔

سروسامان (ف) مذکر - ضروری اسباب - لوازمات ۔

سروکار (ف) مذکر (۱) خواہش - میل (۲) معاملہ - واسطہ (۳) علاقہ - لگاؤ (۴) بحث و تکرار ۔

سروکار رکھنا (۱) مطلب رکھنا - غرض رکھنا - واسطہ رکھنا - ربط رکھنا - دوستی رکھنا - معاملہ رکھنا ۔

سر ہونا (ف) (۱) فتح ہونا (۲) دھنا - چلنا - فیر ہونا (۳) متعلق ہونا (۴) شروع ہونا ۔

سر (سَر) (ہ) - مذکر (۱) تاش یا گنجفے کا پتہ جو کھیلا جائے (۲) وہ تین یا چار پتے جو جیتنے والے جاتے (۳)

مرتبے میں بڑا پتا مثلاً دُکا - بادشاہ - بیگم - غلام ۔

سر بنانا (ہ) پتے جیت کرلے جانا ۔

سر جانا (ہ) مخالف فریق کا سر لے جانا ۔

سر دینا (ہ) دوسرے کو سر بنانے کے لئے چھوٹا پتا کھینا ۔

سر گرنا (ہ) بڑا پتا ڈال کر پتے اُٹھانا ۔

ستر (سِتر) (ع - مذکر) (۱) بھید (۲) عورت کی شرمگاہ - (۳) جماع (۴) بادل (۵) زنا (۶) اصل نیک (۷) زمین نیک ۔

سرا (سرائے) (ف) مؤنث (۱) گھر - خانہ - حویلی (۲) مسافروں کے ٹھہرنے کا مقام - مسافر خانہ - مہمان خانہ ۔

سراپردہ (ف) مذکر - بارگاہ شاہی - گھر کا پردہ - ڈیوڑھی - خیمہ ۔

سراچہ (ف) مذکر (۱) چھوٹا خیمہ (۲) کمرہ ۔

سرا (سرائے) کا کُتّا ہر مسافر کا یار (۱) کم وقت - مطلبی - جو ہر ایک کے ساتھ ہو جائے اور کام نکالتے ہیں ۔

سرا (سرائے) کی بھٹیاری (ہ) مؤنث - لڑاکا اور بے باک عورت - گالی گفتار بکنے والی عورت - کمینی ۔

سرا (سَرا) (ہ) مذکر (۱) ابتداء - آغاز - اول (۲) انتہا - آخر ۔

سراب (سَراب) (ع) مذکر (۱) وہ چیز جو موسم گرما میں دوپہر کے وقت زمین شور میں پانی کا دھوکا دیتی ہے - (۲) دھوکا ہی دھوکا (۳) معدوم - نابود ۔

سراپ (سَراپ) (ہ) مذکر - بددعا - کوسنا ۔

سراپا (ف) مذکر (۱) از سرتا پا - اول سے آخر تک - (۲) پورا خلعت (۳) فن شعر میں سر سے پاؤں تک کی تعریف - حلیہ ۔

سراٹا (سَرّ - رّا - ٹا) (ہ - مذکر) تیز ہوا کی آواز ۔

سراج (سِراج) (ع) مذکر (۱) چراغ - دیا (۲) روشنی (۳) آفتاب ۔

سرادھ (سَرادھ) (ہ) مذکر - اسوج میں ہندوؤں کے دان پُن کی رسم ۔

سراسر (سَرا - سَر) (ف) (۱) سربسر - تمام - بالکل (۲) یک لخت ۔

سراسری (ف) (۱) رواروی - سرسری (۲) مؤنث پیشانی کا ایک زیور (۳) جلدی سے (۴) چلتے چلتے (۵) مجملاً - مختصراً ۔

سراسیمگی (سَرا - سی - مَگی) (ف) مؤنث - بدحواسی - پریشانی - حیرانی ۔

سراسیمہ (ف) گھبرایا ہوا - بیقرار - ہکا بکا - حیران و پریشان ۔

سُراغ (ع) مذکر (۱) کھوج - پاؤں کا نشان (۲) پتہ - نشان (۳) تلاش جستجو ۔

سُراغ رساں (ت - ف) کھوجی - پتہ لگانے والا - تلاش کرنے والا ۔

سُراغ لینا (ف) ڈھونڈنا - تلاش کرنا - پتہ لگانا - (۲) کھوج لینا ۔

سُراغ ملنا (ف) پتہ ملنا - کھوج لگنا - نشان پانا ۔

سراغی (ف) مذکر کھوجی - جاسوس - مخبر - تاکی ۔

سرالے (ہ - مؤنث) ایک قسم کی گھاس ۔

سَرانا (ہ) (۱) ٹھنڈا کرنا - سرد کرنا (۲) فرق کرنا - ڈبونا -

سَراندیپ (سَرَان - دِیپ) (ف) مذکر - جزیرہ لنکا یا سیلون جو جنوب میں واقع ہے ۔

سَراوگ (سَرا - وَگ) (ہ) (۱) جین یا بدھ مذہب کا پیرو - جینی (۲) کوا - ناغ ۔

سراہنا (سَراہ - نا) (ہ) (۱) تعریف کرنا - واہ واہ کرنا (۲) قدر کرنا (۳) خوشامد کرنا ۔

سرایت (سَرا - یَت) (ع - مؤنث) (۱) سما جانا - (۲) تاثیر ۔

سرایت کرنا (ف) (۱) گھسنا - اثر کرنا (۲) رچنا - جذب ہونا ۔

سَرب (سَرَب) (س) سارا - تمام - پورا - کل ۔

سُرب (سُرْب) (ف) مذکر (۱) سیسہ جو ایک قسم کی دھات ہے (۲) سُرمہ ۔

سَربھنگی (سَر - بَھنگ - گی) (ہ) ہندو فقیروں کا مردار اور نجاست کھانے والا فرقہ ۔

سَرپ (سَرَپ) (س) مذکر (۱) ناگ - سانپ - افعی (۲) کینہ ور ۔

سَرہٹ (سَر - ہٹ) (ہ - مؤنث) ایک قسم کی گھاس ۔

سَرپٹ (ہ) مؤنث - گھوڑے کی نہایت تیز رفتار دوڑ ۔

سرپٹ دوڑانا (ہ) ڈپٹانا - بگٹٹ دوڑانا - بے تامل دوڑانا ۔

سرپھوکا (سَر - پھو - کا) (ہ) مذکر - ایک قسم کی گھاس ۔

سُرت (سُرَت) (ہ) مؤنث - (۱) یاد - حافظہ - یادداشت (۲) خیال - سوچ (۳) شعور - عقل ۔

سُرتا (ہ) چتر - ہوشیار - باخبر - دانا - چوکس ۔

سُرتا (سُر - تا) (ہ) سرنا کی ماضی ۔ تمام ۔

سَرتاپُرتا (ہ) مذکر (۱) خرچ - صرف (۲) حصہ - جزو (۳) سرانجام - انتظام ۔

سرٹیفکیٹ (سَر - ٹی - فی - کیٹ) (انگریزی CERTIFICATE) (مذکر) پروانہ - سند ۔

سرجری (سَر - جَری) (انگ SURGERY) (مؤنث) جراحی ۔

سَرجن (سَر - جَن) (انگریزی SURGEON) مذکر - جراح - حکیم - ڈاکٹر ۔

سُرجن (س) (سُر - جَن) مذکر - معزز آدمی - شریف - بھلا مانس ۔

سَرجن ہار (ہ) مذکر - کرتار - بنانے والا - پیدا کرنے والا - خالق ۔

سَرجیون (سَر - جی - وَن) (ہ) سرسبز - شاداب - ہمیشہ سرسبز رہنے والا - لازوال ۔

سُرخ (سُرْخ) (ف) (۱) لال - احمر (۲) ماتھے کا اگلا حصہ ۔

سُرخ باد (ف) مذکر - ایک بیماری ۔

سُرخ رُو (ف) (۱) لال چہرے والا (۲) خوش و خرم - (۳) کامیاب - فتحمند - بری الذمہ ۔

سُرخ رُو ہونا (ف) بری الذمہ ہونا - کامیاب ہونا - وعدہ وفا ہونا ۔

سُرخ و سفید ہونا (ف) گوری رنگت پر سُرخی کا نمایاں ہونا - موٹا تازہ اور تندرست ہونا ۔

سُرخ ہونا (ف) (۱) لال ہونا (۲) غصے میں لال ہو جانا (۳) انگارا ہو جانا (۴) میوے کا پک جانا ۔

سُرخاب (سُر - خاب) (ف) مذکر - ایک آبی پرندہ - چکوا ۔

سُرخاب کا پر لگنا (ف) (۱) دولت پر مغرور و متکبر ہونا (۲) کوئی عجیب یا انوکھی بات ہونا (۳) نادر و نایاب ہو جانا ۔

سُرخی (ف - مؤنث) (۱) لال رنگت (۲) سرخ روئی (۳) کٹی ہوئی اینٹیں - (۴) خون پکی اینٹ کی - (۵) باب فصل یا مضمون کے اوپر لکھا ہوا نقطہ یا الفاظ - عنوان ۔

سُرخی قائم کرنا (ف) عنوان مقرر کرنا ۔

سُرخی مائل (ف - ع) لالی لئے ہوئے - لال سا ۔

سرد (سَرْد) (ف) (۱) ٹھنڈا (۲) بے مزہ - بے رونق - بیجان ۔

سرد آب ۔ **سرد آبہ** (ف) مذکر (۱) تہ خانہ (۲) قبر ۔ گڑھا (۳) جہاں ٹھنڈا پانی رکھا جائے ۔

سرد بازاری ہونا (۱) خرید و فروخت کم ہونا ۔ بازار کا مندا ہونا ۔

سرد گرم دیکھا ہُوا (۱) مذکر ۔ تجربہ کار ۔ اُونچ نیچ سمجھنے والا ۔ بڑا بھلا زمانہ دیکھے ہوئے ۔ سرد و گرم چشیدہ ۔

سرد مزاج (ف ۔ ع) وہ شخص جس کا مزاج بارد ہو ۔ (۲) مُردہ دل ۔ افسردہ خاطر (۳) سُست ۔ سل انگار (۴) بے مہر ۔ بے مروّت ۔

سرد مہر (ف) بے مہر ۔ بے محبت ۔ بے وفا ۔ سخت دل ۔ ظالم ۔

سرد مہری (ف) مؤنث ۔ بے وفائی ۔ بے پروائی ۔ بے التفاتی ۔

سرد ہو جانا (۱) (۱) ٹھنڈا ہو جانا ۔ گرمی نہ رہنا (۲) ختم ہو جانا ۔ ماند پڑ جانا (۳) مر جانا ۔

سردل (سَر ۔ دَل) (ہ ۔ مذکر) چوکھٹ کے اوپر کی لکڑی ۔

سردہ (سَر ۔ دَہ) (ف) مذکر ۔ خربوزے کی طرح کا ایک شیریں پھل جو ذائقہ اور تاثیر دونوں میں سرد ہوتا ہے ۔

سردئی (۱) ہلکا سبز رنگ ۔

سردی (ف) مؤنث (۱) ٹھنڈک ۔ خنکی ۔ جاڑا (۲) زکام ۔

سردی پڑنا (۱) جاڑا پڑنا ۔ ٹھنڈ پڑنا ۔ پالا پڑنا ۔

سردیسی (سَر ۔ دے ۔ سی) (ہ ۔ مذکر) وہ حق جو گاؤں کے مالک یا سردار کو دور و پیہ فی فصل دیتے ہیں ۔

سرس (سِرَس) (ہ) مذکر ۔ ایک درخت جس کے پھول زردی مائل ہوتے ہیں ۔ ان کی خوشبو بھینی بھینی ہوتی ہے ۔

سرسام (سَرسام) (ف) مذکر ۔ ایک مرض جس میں انسان کے دماغ میں ورم ہو کر ہلاکت ہو جاتی ہے ۔

سرستی (سَر ۔ سْتی ۔ سَرَ ۔ سَوَ ۔ تی) (ہ) مؤنث (۱) ایک ندی (۲) زبان ۔ راگ اور علم و ہنر کی دیوی ۔

سرسراہٹ (سَر ۔ سَرا ۔ ہَٹ) (ہ) مؤنث (۱) ہوا کی سنسناہٹ (۲) سانپ کے چلنے یا کپڑے کے ریشمی کی آواز ۔

سرسری (سَر ۔ سَری) (ہ) (۱) مؤنث ۔ ایک قسم کا سُرخ کیڑا جو اناج میں لگ جاتا ہے (۲) آتش بازی کی چھچھوندر ۔

سرسری (سَر ۔ سَری) (ف) (۱) آسان ۔ معمولی ۔ (۲) بے پروا (۳) جلدی کا (۴) مجمل طور پر (۵) (۶) عدالت خفیفہ ۔

سرسری اقتباسات (ف ۔ ع) مذکر ۔ خفیف یا مختصر اقتباسات ۔

سرسری دیکھنا (۱) جلدی سے ملاحظہ کرنا ۔ اجمالی نظر ڈالنا ۔

سرسری نالش (ف ۔ مؤنث) چھوٹی نالش ۔ ادنیٰ دعویٰ ۔ ادنیٰ مقدمہ ۔

سرسری نظر کرنا (۱) بالاجمال نظر ڈالنا ۔ مجملاً دیکھنا ۔

سرسوں (سَر ۔ سوں) (ہ) مؤنث ۔ ایک تخم ۔

سرسوں پھولنا (ہ) (۱) سرسوں کا پھول لانا (۲) (اصطلاحاً) زردی ہی زردی نظر آنا ۔

سرسوں ہتھیلی پر جمانا (ہ) (۱) بہت جلد کوئی بڑا کام کر لینا (۲) نظر بندی کے ذریعے سے کوئی تماشا دکھانا ۔

سرشار (ف) لبریز ۔ بھرا ہُوا (۲) غرور یا جوانی میں مست (۳) نشہ میں مخمور ۔ متوالا ۔

سرشاری (ف ۔ مؤنث) مستی ۔ بیخودی ۔ نشہ ۔

سرشت (سِرِشت) (ف) مؤنث (۱) خلقت ۔ پیدائش ۔ طینت ۔ نیچر ۔ (۲) خو ۔ مزاج ۔ عادت ۔ خصلت ۔ خمیر ۔ فطرت ۔

سرشتہ (سِرِشتہ) (ف) (۱) ملا ہُوا ۔ ملا جلا (۲) بنا ہُوا ۔

سرشک (سِرِشک) (ف) مذکر ۔ قطرہ ۔ آنسو ۔ اشک ۔

سرطان (سَر ۔ طان) (ع) مذکر (۱) کیکڑا ۔ ایک آبی کیڑا ۔ (۲) برج سرطان (۳) ایک بیماری ۔

سرعت (سُر ۔ عَت) (ع) مؤنث (۱) جلدی ۔ تیزی (۲) پھرتی ۔ چالاکی ۔

سرغنہ (سَر ۔ غَنہ) (ف) مذکر (۱) سرگروہ ۔ سردار قوم (۲) (اصطلاحاً) مفسدوں کا پیشوا ۔

سرف (سَرَف) (ع) مذکر ۔ بیہودہ خرچ ۔ فضول اور زائد خرچ ۔

سرف ڈم (سَرف ۔ ڈَم) انگریزی SERFDOM : مؤنث ۔ بندگی ۔ غلامی ۔

سرفہ (سُرفہ) (ف) مذکر کھانسی ۔ کھری ۔ سعال ۔

سرقہ (سَر۔قَہ) (ع) مذکر۔ چوری۔ دزدی۔

سرقہ بالجبر (ع) مذکر۔ ڈاکہ۔ رہزنی۔ دھینگا دھینگی کی چوری۔

سرقہ جسم انسان (ع۔ مذکر) جسم پر سے کپڑا وغیرہ اتار لینا۔

سرقہ خفیف (ع۔ مذکر) تھوڑی چوری۔

سرقہ کبیر (ع۔ مذکر) بڑی چوری۔

سرکار (سَر۔کار) (ف) مؤنث (۱) دربار شاہی۔ عدالت۔ کچہری۔ بارگاہ۔ (۲) آقا۔ مالک۔ سردار (۳) گورنمنٹ۔ حکومت۔ سلطنت (۴) معشوق۔

سرکار دربار چڑھنا (۱) نالش کرنا۔ مدعی بننا۔ دعویٰ کرنا۔

سرکاری (ف) سرکار کا۔ شاہی۔ حاکمانہ۔

سرکاری اہلکار یا ملازم (ف) مذکر۔ درباری عہدہ دار۔ سلطنت کا منصبدار۔ گورنمنٹ کا ملازم۔

سرکاری کاغذ (ف) مذکر (۱) گورنمنٹی کاغذ (۲) اسٹامپ (۳) پرامیسری نوٹ۔

سرکاری مال (ا) مذکر۔ سلطنت کے متعلق مال۔ شاہی مال۔

سرکاری وظیفہ (ف) مذکر۔ پنشن۔ وہ وظیفہ جو سلطنت کی طرف سے دیا جائے۔

سرکانا (سَر۔کا۔نا) (ہ) (۱) ایک طرف سے دوسری طرف گھسیٹ کر رکھنا (۲) الگ کرنا۔ جدا کرنا۔ ہٹانا۔ اڑا دینا۔

سرکل (سَر۔کل) انگریزی (CIRCLE) (مذکر) صوبہ۔ احاطہ۔ حلقہ۔ دائرہ۔

سرکلر (سَر۔کلر) انگریزی (CIRCULAR) (مذکر) گشتی حکم یا چٹھی۔ وہ کاغذ جس پر کسی امر کی بابت ہدایت لکھ کر جا بجا بھیجی جائے۔

سرکنا (سَر۔کنا) (ہ) (۱) الگ ہونا۔ کھسکنا۔ چل دینا (۲) ہٹنا۔ ٹلنا۔ (۳) غائب ہونا۔

سرکنڈا (سَر۔کَن۔ڈا) (ہ) مذکر۔ کانا۔ نرسل نے۔

سِرکہ (سِر۔کہ) (ف) مذکر۔ ترش عرق۔ گڑ۔ گنے یا انگور کا شیرہ جسے سڑا کر خمیر اٹھا لیتے ہیں۔

سِرکی (سِر۔کی) (ہ) مؤنث۔ کانوں یا تیلیوں کی چٹ جو گاڑیوں یا مکان کے دروازوں پر دھوپ اور بارش کے بچاؤ کے لئے ڈال رکھتے ہیں۔

سُرگ (سُرگ) (ہ) مذکر (۱) جنت۔ بیکنٹھ۔ بہشت (۲) آسمان۔ فلک۔

سُرگباشی (ہ) مذکر۔ بیکنٹھ باشی۔ جنت میں رہنے والا۔ جنتی۔ مرحوم۔ آنجہانی۔ فردوس مکانی۔

سُرگم (سُر۔گم) (ہ) مؤنث۔ راگ کا سُر راگ کے ساتوں سُر۔

سرگین (سَر۔گین) (ف۔ مذکر) گوبر۔ پاخانہ۔ گُوہ۔

سرلا (سَر۔لا) (ہ) سیدھا۔ لمبا۔ سرو جیسا۔

سرما (سَر۔ما) (ف) مذکر۔ جاڑا۔ سردی کا موسم۔ زمستان۔

سرمائی (ف) مؤنث۔ جاڑے کا۔ زمستانی۔

سرمایہ (سَر۔ما۔یہ) (ف) مذکر (۱) زر اصل۔ پونجی۔ راس المال۔ مول (۲) فنڈ۔

سرمد (سَر۔مَد) (ع) (۱) پیوستہ۔ ہمیشہ (۲) ایک مجذوب ولی اللہ کا مخلص یا لقب۔

سُرمگیں (سُر۔مگیں) سُرمہ والی۔ سُرمہ لگی ہوئی۔

سُرمہ (سُر۔مہ) (ف) مذکر۔ انجن۔ کحل۔ کاجل۔

سُرمہ دان (ف) مذکر۔ سُرمہ رکھنے کا چھوٹا سا ظرف سُرمہ دانی۔

سُرمئی (ف) سُرخی لئے ہوئے نیلا۔ سُرمے کے رنگ کا۔

سرن (سَرَن) (ہ) مؤنث۔ آسرے کی جگہ۔ پناہ۔ آسرا۔ بھروسا۔

سرنا (سَر۔نا) (ہ) (۱) بڑھنا۔ آگے حرکت کرنا (۲) نہایت صفائی سے چلنا (۳) زندہ رہنا۔ بسر ہونا (۴) ہونا۔ ہو سکنا۔ کیا جانا۔ تکمیل ہونا (۵) ختم ہونا (۶) نکلنا۔ خارج ہونا (۷) پادنا۔

سُرنا (سُر۔نا) (ف) مذکر و مؤنث۔ نفیری۔

سرنام (سَر۔نام) (ہ) (۱) مشہور۔ نامور (۲) معزز۔ ممتاز۔

سرنام کرنا (۱) مشہور کرنا۔ ڈھنڈوری پیٹنا۔ منادی کرنا۔

سُرنگ (سُر۔نگ) (ہ) مؤنث (۱) نقب۔ سوراخ زمین۔ زمین دوز راستہ۔ (۲) سُرخ رنگ (۳) لال رنگ کا گھوڑا۔

سُرنگ اُڑانا (۱) کسی سوراخ یا زمین میں بارود بھر کر اُڑانا (۲) (مذاقاً) گوز مارنا۔

سرنگ لال گھوڑی (ہ۔ مؤنث) بچوں کا ایک کھیل۔

سرو (سَرو) (ف) مذکر۔ ایک مشہور سیدھا درخت۔

سرو چراغاں (ف) مذکر۔ ایک قسم کا جھاڑ جو سرو

کے درخت کی مانند ہوتا اور مضمونوں میں روشن کیا جاتا ہے۔

سرو سہی (ف۔ مذکر) (۱) بالکل سیدھا بانا۔ سرو جس کی دو شاخیں نہایت سیدھی نکلی ہوں (۲) معشوق خوش قامت۔

سرو قد (ف۔ ع) خوبصورت اور لمبا جوان۔ خوش قامت۔ سیدھے قد کا۔

سروالا (سَر۔ وَا۔ لَا) (ہ۔ مذکر) ہو (۱) سرو سامان (۲) وارث۔

سُروپ (سَرُ۔ دپ) (ہ۔ مذکر) }(۱) خوبصورتی۔ روپ
سُروپ (سُرُوپ) (س۔ مذکر) }شکل و شباہت (۲) خوبصورت۔ سندر (۳) ایک ہی شکل کا۔ مانند۔ مثل۔

سَروتا (سَرَوْ۔ تا) (ہ) مذکر (۱) چھالیا کترنے کا اوزار (۲) گنڈیریاں کترنے کا آلہ۔

سرود (سُرُود۔ سُرُوہ) (ف) مذکر۔ (۱) بات سخن (۲) گیت۔ راگ۔ نغمہ (۳) ایک قسم کا باجا۔

سرور (سَر۔ وَر) (ف) مذکر۔ سردارِ عالم حضرت رسولِ اکرم محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خطاب۔

سرور (سُرُور) (ف) مذکر۔ (۱) شادی۔ خوشی (۲) ہلکا نشہ۔ کیف۔ خمار۔

سروس (سَر۔ وِس) (انگریزی) (SERVICE) مؤنث۔ ملازمت۔ نوکری۔ خدمت۔

سروس بک (انگریزی) SERVICE BOOK مؤنث۔ نوکری کی کتاب۔ کتاب مُدّتِ خدمت۔

سروس فنڈ (انگ) SURVICEFUND مذکر۔ وہ پنشن یا نقدی جو خدمات کے معاوضے میں نوکری سے علیحدہ ہونے کے بعد دی جائے۔ نوکری کا معاوضہ۔

سروش (سرُوش) (ف۔ مذکر) (۱) غیب کی آواز الہام (۲) پیغام والا فرشتہ۔ حضرت جبریلؑ۔

سروشِ غیب (ف۔ ع) مذکر۔ غیب کا فرشتہ۔ ہاتف۔ آسمانی آواز۔

سرولا (سَرَوْ۔ لا) (ہ۔ مذکر) ایک قسم کی مٹھائی۔

سروہی (سِرُوْ۔ ہی) (ہ۔ مذکر) (۱) ایک مشہور قصبہ (۲) مؤنث۔ ایک قسم کی دودھاری تلوار۔ ایک قسم کا خنجر۔

سرویر (سَر۔ وِے۔ آر) (انگریزی) SURVEYOR (مذکر) پیمائش کرنے والا۔

سرویری (انگ) (SURVEYORY) (مؤنث) ایک قسم کی پیمائش۔

سرہانا (سَرْہا۔ نا) (ہ) مذکر۔ سر رکھنے کی جگہ۔ بالین۔ تکیہ۔

سرہج (سَرْ۔ ہَج) (ہ۔ مؤنث) سالے کی بیوی۔

سرہنگ (سَر۔ ہَنْگ) (ف) مذکر۔ (۱) فوج کا افسر۔ کپتان (۲) بہادر۔ دل چلا۔ پہلوان۔ شجاع۔

سری (سِری) (ہ۔ مؤنث) (۱) مذبوح جانور مثلاً بکری یا بھیڑ کا سر (۲) دولت و اقبال کی دیوی (۳) ہندوؤں میں ایک عزت کا خطاب۔

سری ٹیک (ہ) مذکر (۱) عجز و انکسار (۲) کشتی کا ایک پیچ۔

سری حضور یا سری مہاراج (ہ) مذکر۔ خداوند نعمت۔ حضورِ اقدس۔ جناب عالی۔ جہاں پناہ حضور والا۔

سرے (سِرے) (ہ) (عوام) (۱) پیچھے۔ فی کس (۲) پہلے ہی (۳) انتہائی حد پر۔

سریانی (سُرْ۔ یا۔ نی) (ف۔ مؤنث) ایک قدیم زبان۔

سریر (سَرِیر) (ہ۔ مذکر) جسم۔ بدن۔ مجثہ۔ پنڈا۔

سریر (ع) مذکر۔ تختِ شاہی۔ سنگھاسن۔

سریر آرا (ع۔ ف) (۱) زینت بخش تخت۔ (۲) تخت نشین تخت پر بیٹھنے والا۔

سریش (سَرِیش) (ف) مؤنث۔ ایک لیسدار چیز جس سے لکڑی کے جوڑ لگاتے ہیں۔ اور یہ جانوروں کے پٹھوں سے بنائی جاتی ہے۔

سَریع (سَرِیع) (ع) (۱) جلد۔ شتاب۔ تیز (۲) جلدی کرنے والا۔

سریع التاثیر (ع) زود اثر۔ تیز اور جلد اثر کرنے والا۔

سریع الحرکت (ع) جلد جلد حرکت کرنے والا۔

سریع الزوال (ع) جلد زوال پذیر ہونے والا۔ قریب الانتقال۔

سریع الفہم (ع) تیز فہم۔ بہت جلد سمجھنے والا۔ زود فہم۔

سریع الہضم (ع) تیز ہضم۔ بہت جلد ہضم ہونے والا۔ لطیف جلد تحلیل ہونے والا۔

سُریلا (سُرِی۔ لَا) (ہ) (مذکر) خوش گلو۔ خوش الحان۔ رسیلے گلے کا آدمی۔

سُریلی (ہ) مؤنث ۔ رسیلی ۔ سُر والی ۔ موزون کرنے والی ۔
سُریلی آواز (ہ) مؤنث ۔ وہ آواز جو راگ سے مناسبت مناسبت رکھتی ہے ۔
سُرَین (ف) مذکر ۔ چوتڑ ۔ پُٹھا ۔

س ۔ ڑ

سڑ (ہ) مؤنث ۔ جنون ۔ دیوانگی ۔ پگلا پن ۔ خبط ۔
سڑا (سَڑا) (ہ) بدبودار ۔ بوسیدہ ۔ بگڑا ہوا ۔ گندہ ۔
سڑاسڑ (سَڑاسَڑ) (ہ) برابر ۔ لگاتار ۔ سٹاسٹ ۔
سڑاک (سَڑاک) (ہ) (۱) جلد ۔ تڑت (۲) چابک مارنے کی آواز ۔
سڑاند (سڑانْد) (ہ) مؤنث ۔ بدبو ۔ عفونت ۔ گندگی ۔
سڑپ (سُڑَپ) (ہ) (مؤنث) پینے یا جلد جلد کھانے کی آواز ۔
سڑر سڑر (سَڑَرْ ۔ سُڑَرْ) (ہ) (مؤنث) حقے سڑ سڑ (سَڑْ ۔ سُڑْ) پینے کی آواز ۔ حقے کی آواز ۔
سڑک (سَڑَک) (ہ) مؤنث ۔ شاہراہ ۔ راستہ ۔ شارع عام ۔
سڑکانہ (ہ) مذکر ۔ محصولِ گذرگاہ ۔ سڑک کا محصول ۔
سڑکنا (سُڑَک ۔ نا) (ہ) نگل جانا ۔ ہپ کر جانا ۔
سڑکی (سُڑَ ۔ کی) (ہ ۔ مؤنث) کنکوے کے ڈورے کو دفعۃً جھٹکا کر ڈھیل دینا ۔
سڑن (ہ) مؤنث ۔ دیوانی ۔ پگلی ۔ احمق ۔ بیوقوف ۔
سڑنا (ہ) خمیر ہونا ۔ گلنا ۔ بوسیدہ ہونا ۔ جوش اٹھنا ۔ خراب ہونا ۔
سِڑی (ہ) مذکر ۔ سودائی ۔ مجنوں ۔ پاگل ۔ بیوقوف ۔ احمق ۔
سَڑیل (ہ) (۱) گندہ ۔ بوسیدہ ۔ خراب (۲) چڑچڑے مزاج کا آدمی ۔

س ۔ ز

سزا (سَزا) (ف) مؤنث ۔ (۱) لائق ۔ سزاوار ۔ (۲) شرارت کی پاداش ۔ عوض ۔ بدلہ ۔ قصاص ۔ قید ۔ جرمانہ وغیرہ ۔
سزا پانا (ہ) (۱) اپنے کئے کی سزا پانا ۔ کرنی بھگتنا (۲) عقوبت سہنا ۔ مار کھانا (۳) دکھ پانا (۴) جرمانہ یا قید بھگتنا ۔
سزاوار (ف) لائق ۔ مناسب ۔ واجب ۔ زیبا ۔ قابل ۔
سزاوار ہونا (ہ) (۱) راس ہونا ۔ موافق ہونا (۲) (ہ) مراد کو پہنچنا ۔ کامیاب ہونا ۔
سزائے تازیانہ (ف) مؤنث ۔ کوڑے کی سزا ۔
سزائے حبس دوام بعبور دریائے شور (ع ۔ ف) مؤنث کالے پانی بھیجنے کی سزا ۔
سزائے سنگین (ف) مؤنث سخت سزا ۔ کٹھن سزا ۔
سزائے قتل ۔ یا ۔ موت ۔ (ف ۔ ع) مؤنث ۔ پھانسی ۔ وہ سزا جس میں جان جائے ۔
سزائے مشقت بحالتِ قید (ع ۔ ف) (مؤنث) سخت قید کی سزا ۔
سزایاب ۔ یا ۔ سزا یافتہ (ف) سزا پائے ہوئے
سزاول (سَزا ۔ وَل) (ت) مذکر ۔ تحصیلدار ۔ محاصل یا سرکاری روپیہ وصول کرنے والا ۔

س ۔ س

سُسّا (سُس ۔ سا) (ہ) مذکر ۔ خرگوش ۔
سساہند (سَساہَنْد ۔ سِساہِنْد) (ہ ۔ مؤنث) مچھلی کی سی بدبو ۔
سُست (سُسْت) (ف) کمزور ۔ کاہل ۔ کام کو دیر میں کرنے والا ۔
سُست اعتقاد (ف) ضعیف الاعتقاد ۔ کم اعتقاد ۔ راسخ الاعتقاد کا نقیض ۔
سُست پیمان (ف) وعدے کا کچا ۔ عہد شکن ۔
سُست قدم (ف) دھیمے چلنے والا ۔ سست رو ۔
سُست ہونا (ہ) غمگین ہونا ۔ اداس ہونا ۔
سَستا (سَس ۔ تا) (ہ) ارزاں ۔ کم قیمت ۔ گھٹیا ۔
سستا روئے بار بار مہنگا روئے ایک بار (ہ ۔ کہاوت) ناقص چیز سستے داموں خرید کر ہمیشہ افسوس آتا ہے مگر اچھی چیز کے مہنگے ہونے کا صرف ایک دفعہ افسوس کرنا پڑتا ہے ۔
سَستانا (سَس ۔ تا ۔ نا) (ہ) (۱) آرام کرنا ۔ سہارا لینا ۔ ٹھیرنا (۲) قوت پانا ۔ تازہ دم ہونا ۔
سُستی مفلسی کی ماں ہے (ہ) سستی کے باعث آدمی

غریب ہو جاتا ہے۔

سستے چھوٹنا (ف) کم خرچ میں یا کم نقصان ہی میں مخلصی پانا۔ مفت چھوٹنا۔

سسٹم (سِس۔ ٹم) (انگریزی) SYSTEM, مذکر۔ طریقہ۔ قاعدہ۔ دستور۔ آئین۔

سسر۔ سُسرا (سُس۔ سُس۔ رَا) (ہ) مذکر۔ بیوی کا باپ۔ خاوند کا باپ۔ خسر۔

سسرال (ہ) مذکر۔ ساس یا سسرے کا گھر۔

سسرال کا کتا (ہ) وہ داماد جس کا گزارہ خسر کی روٹیوں پر ہو۔

سسکارنا (سُس۔ کار۔ نا) (ہ) (عو) بچے کو منہ کی آواز سے پیشاب کرانا۔

سسرالیا (ہ) مذکر۔ سسرال کا۔

سسک (سِ۔ سَک) (۱) سسکنا کا امر۔ (۲) مؤنث سسکی۔ ہچکی۔

سسک سسک کر دم نکلنا (ف) دقتِ جان نہ نکلنا۔ بہت مشکل سے دم نکلنا۔ تھوڑا تھوڑا کرکے دم نکلنا۔

سسکاری (سِس۔ کا۔ ری) (ہ) مؤنث۔ (۱) سسکی۔ کتے کو چھوڑنے یا پکارنے کی آواز۔

سسکنا (ف) (۱) ذرا ذرا سانس لینا۔ نزع میں ہچکیاں لینا۔ مرنے کے قریب ہونا (۲) کنجوسی کرنا۔ کوڑی کوڑی پر مرنا۔

سسکی (ہ) مؤنث۔ آہ سرد۔ سیکی۔ کسی درد کے باعث دانت بھینچ کر آواز نکالنا۔

سسکیاں بھرنا (ف) لمبے لمبے سانس بھرنا۔ روتے ہوئے یا درد کے باعث سسکاریاں بھرنا۔

سسی (سَس۔ سی) (ہ) مؤنث۔ ایک مشہور مکرانی عاشق پنوں کی معشوقہ۔

س - ش

سشن (سِش۔ شَن) (انگریزی) SESSION, مذکر (۱) اجلاس۔ جلوس (۲) فوجداری عدالت۔ (۳) فوجداری عدالت کے اجلاس کا زمانہ۔

سشن جج (انگریزی) SESSION JUDGE, مذکر۔ صدر عدالت۔ سنگین مقدمات کا فیصلہ کرنے والا۔ حاکم عدالت۔

سشن کورٹ (انگ) SESSION COURT, مذکر (۱) کونسل کا اجلاس (۲) فوجداری عدالت۔ سشن جج کی کچہری۔

س - ط

سطح (سَطْح) (ع) مؤنث۔ ہر چیز کا بالائی حصہ۔ اوپر کی ہموار جگہ۔ وہ چیز جس میں طول و عرض تو ہو۔ مگر عمق بالکل نہ ہو۔

سطح آب (ع) مؤنث۔ پانی کا بالائی حصہ۔ روئے آب۔ پانی کی چادر۔

سطح زمین (ع) مؤنث۔ روئے زمین۔ سرزمین۔ تختہ زمین۔ میدان۔ کھیت۔ فرش زمین۔

سطح مائل (ع) مؤنث۔ ڈھلوان سطح۔ ترچھی سطح۔

سطح مستوی (ع) مؤنث۔ ہموار سطح۔ برابر سطح۔ چورس جگہ۔

سطر (سَطَر) (ع) مؤنث (۱) قطار۔ سلسلہ۔ لکیر (۲) لکھنا۔ تحریر۔

سطوت (سَط۔ وَت) (ع) مؤنث۔ دبدبہ۔ شان و شوکت۔ رعب۔

س - ع

سعادت (سَعَا۔ دَت) (ع) مؤنث۔ خوش قسمتی۔ نیک بختی۔ نیکی۔

سعادت مند (ع) مذکر (۱) نیک بخت۔ سپوت (۲) وفادار۔ خدمت گزار۔

سعادت مندی (ع۔ ف) مؤنث (۱) نیک بختی۔ (۲) اطاعت۔ فرمانبرداری۔

سعد (سَعْد) (ع) مذکر۔ نیک۔ مبارک۔ عموماً یہ لفظ ستاروں کے اچھے اثر کی نسبت بولا جاتا ہے۔

سعد اکبر (ع۔ مذکر) ستارۂ مشتری۔

سعدی (ع۔ مذکر) شیخ شرف الدین شیرازی کا تخلص۔

سَعْدَیْن (ع) دو مبارک ستارے۔ زہرہ و مشتری۔

سعی (سَعْی) (ع) مؤنث۔ کوشش۔ جد و جہد۔ محنت۔ [illegible]

سعی سفارش (ع۔ ف) مؤنث۔ کہنا سننا۔ کوشش۔ تبلیغ۔ جد و جہد۔ سفارش۔ امداد۔

سعید (ع) نیک بخت۔ مبارک۔ اچھا۔ کامیاب۔ خوش نصیب۔

سعیر (سَعِیر) (ع۔ مذکر) دوزخ کا بھڑکتا ہوا شعلہ۔

س۔ف

سفارت (سِفا۔رَت) (ع) مؤنث۔ ایلچی گری۔ پیغامبری۔ وکالت۔ رسالت۔

سِفارش (سِفا۔رِش) (ف) مؤنث (۱) سپردگی۔ حوالگی (۲) کسی کے لئے کچھ خیر کہنا (۳) مدد۔ سہارا۔ وسیلہ۔ تقریب۔

سفارش نامہ (ف) مذکر۔ سفارشی خط۔ وہ چٹھی جس میں حامل کی تعریف اور اس کے لئے کسی امر کی سفارش کیا گیا ہو۔

سفارشی (ف) وسیلے والا جس شخص کی سفارش ہو۔

سفارشی ٹٹو (ا) مذکر (۱) حمایتی گھوڑا (۲) وہ شخص جو لیاقت نہ رکھتا ہو اور سفارش وغیرہ سے نوکر ہوگیا ہو (۳) نالائق بے ہنر۔ بے جوہر آدمی۔

سفاک (سَف۔فاک) (ع) مذکر۔ قاتل۔ خونی۔ بے رحم۔ ظالم۔ ستمگر۔

سفال (سِفال) (ع) مؤنث (۱) ٹھیکری۔ ٹھیکرا (۲) اخروٹ یا بادام وغیرہ کا خول۔ چھلکا (۳) بے حقیقت چیز۔

سفالی۔ سفالین (ف) مٹی کا۔

سفاہت (سَفا۔ہَت) (ع۔ مؤنث) (۱) کمینہ پن۔ رذالت (۲) حماقت۔ بیوقوفی۔

سَفر (سَفَر) (ع) مذکر۔ مسافرت۔ سیاحت۔ کوچ۔ روانگی۔

سفر کرنا (ک) (۱) سیاحت کرنا۔ مسافرت کرنا۔ کوچ کرنا۔ رحلت کرنا (۲) انتقال کرنا۔ مرجانا۔ تمام ہونا۔

سفرنامہ (ع۔ف) مذکر۔ روزنامچہ سفر۔ سیاحت نامہ۔ سفر کے حالات۔

سفرمینا (ہندی) انگریزی سیپرز اینڈ مائینرز۔ (SAPPERS AND MINERS) مؤنث۔ سرنگ لگانے اور کھودنے کا کام کرنے والی پلٹن۔

سُفرہ (سُف۔رَہ) (ع) مذکر۔ دسترخوان۔ توشہ دان (فنا) کوبر۔ مقعد۔ گانڈ۔

سَفری (ف) (۱) سفر کے متعلق (۲) مسافر (۳) مذکر۔ امرود (۴) (مؤنث) توشہ۔ زاد راہ۔

سِفلہ (سِف۔لَہ) (ع) مذکر۔ کمینہ۔ اوچھا رذیل پاجی۔ نالائق۔

سِفلہ پرور (ف) مذکر۔ کمینوں کو منہ لگانے اور مصاحب بنانے والا۔ نالائقوں کو دوست رکھنے والا۔

سِفلی (ع) اوچھی۔ کمینی۔

سِفلی جادو۔ یا عمل (ا) مذکر۔ وہ منتر یا جادو جس میں شیطان یا روحانیت ارضی سے مدد لی جائے۔ شیطانی عمل۔

سُفوف (سُفُوف) (ع) مذکر۔ برادہ۔ چورن پھنکی۔ پوڈر۔

سفید (سَفید) (ف) (۱) سپید۔ اُجل۔ چٹا۔ گورا۔ (۲) کورا۔ سادہ (۳) خائف۔ خوفزدہ۔

سفید پڑ جانا (۱) چہرے کا رنگ اُڑ جانا۔ خوف یا غم کے باعث چہرے کا سفید ہو جانا۔ ہوائیاں اُڑنے لگنا۔

سفید و سیاہ (ف) مذکر (۱) نیکی۔ بدی۔ برائی بھلائی۔ (۲) اچھا برا۔

سفیدہ (ف) مذکر۔ (۱) ایک قسم کا پوڈر (۲) ایک قسم کا آم (۳) ایک قسم کا خربوزہ۔

سفیدی (ف) مؤنث (۱) چٹا پن۔ اُجلا پن (۲) انڈے کے اندر کی سفیدی (۳) قلعی۔ دیواروں پر پھیرنے کا چونہ۔ (۴) صبح کی روشنی۔

سفیدی پھیرنا۔ یا۔ کرنا (ا) قلعی کرنا۔ دیوار پر پھیرنا۔

سفیر (سَفیر) (ع) مذکر۔ قاصد۔ وکیل۔ ایلچی۔ پیغامبر۔

سَفینہ (سَفی۔نَہ) (ع) مذکر (۱) کشتی۔ ناؤ۔ جہاز (۲) سمن۔ طلبی۔ اطلاع نامہ (۳) کتاب اشعار۔ بیاض اشعار۔

سفینۂ ارغوس (ع) مذکر۔ کشتی نوح کا نام جو تین صدی پہلے مستعمل تھا۔

س۔ق

سقا (سَق۔قا) (ع) مذکر۔ بہشتی۔ پانی لانے والا۔ پانی بھرنے والا۔ ماشکی۔

سَقاوہ (سَقا۔وَہ) (ا) مذکر۔ پانی رہنے کی جگہ۔ چھوٹا سا حوض جو غسل خانوں میں ہوا کرتا ہے (سقایہ کا غلط تلفظ)

سَقَر (سَقَر) (ع) مذکر۔ جہنم۔ دوزخ۔ نرک۔

سَقط (سقط) (ع) مذکر۔ چوپائے کی موت۔ گھوڑے یا گدھے کا مرجانا۔

سَقف (سَقف) (ع) مؤنث (۱) مکان کی چھت۔ بام (۲) شامیانہ۔ سطح۔

سُقم (سُقم) مذکر (۱) علت۔ بیماری۔ دُکھ (۲) عیب۔ نقص۔ خامی ۔

سُقم نکالنا (ف) عیب نکالنا۔ رخنہ ڈالنا ۔

سقمونیا (سَق۔مُو۔نِیا) (یونانی) مؤنث۔ ایک قسم کا گوند ۔

سقن۔ سقنی (سَقَن۔ سَقَنِی) (ف) مؤنث۔ (۱) پانی بھرنے والی عورت۔ (۲) سقاکی بیوی ۔

سقنقور (سَقَن۔قُور) (ع۔ مذکر و مؤنث) ریگ ماہی ایک قسم کا ریت میں رہنے والا ریگستانی جانور ۔

سقوط (سُقُوط) (ع۔ مذکر) (۱) گر پڑنا (۲) خطا کرنا۔ (۳) مفتوح ہو جانا (۴) کسی لفظ کا بحر کے خلاف ہونا ۔

سَقیفہ (سَقِی۔فَہ) (ع) مذکر (۱) چھپڑا تختہ (۲) ڈیوڑھی میں بیٹھنے کا تخت ۔

سقیفہ بندی (ع۔ف) مؤنث (۱) بیہودہ بات (۲) بہتان ۔

سقیم (سَقِیم) (ع) (۱) بیمار۔ مریض۔ روگی۔ دُکھیا۔ (۲) عیبی ۔

سقیم الحال (ع) (۱) ناتواں۔ کمزور (۲) تباہ حال۔ بے حد مفلس (۳) بیمار ۔

س۔ک

سکا (سُک۔کا) (ع) (مذکر و مؤنث) کشتی کے پیچھے کی چوب ۔

سکاٹ لینڈ (سکاٹ۔ لینڈ) (انگریزی) (SCOTLAND) مذکر۔ یورپ کے شمال میں آئر لینڈ کے قریب ایک ملک ۔

سکار (سَکار) (ہ) مؤنث۔ علی الصبح۔ تڑکا۔ پو پھٹے ۔

سکارنا (سَکار۔نا) (ہ) (۱) ذمے لینا۔ ماننا۔ قبول کرنا۔ (۲) ہنڈی یا بل کا روپیہ ادا کرنا ۔

سکارے (ہ) مذکر (۱) صبح۔ تڑکے۔ پو پھٹے (۲) کل۔ فردا آج سے دوسرے دن ۔

سکالر (سُکا۔لَر) (انگریزی) (SCHOLAR) مذکر (۱) عالم۔ فاضل (۲) علم کا شائق ۔

سکالرشپ (انگریزی) (SCHOLARSHIP) (مذکر) وظیفہ۔ تعلیمی وظیفہ ۔

سُکّان (سُک۔کان) (ع) مذکر (۱) پتوار۔ دنبالۂ کشتی (۲) ساکن کی جمع۔ باشندے ۔

سکت (سَکَت) (ہ) (مذکر و مؤنث) دم۔ طاقت۔ قوت۔ توانائی۔ زور ۔

سکتر (سَکَت۔تَر) (ف) میر منشی۔ دیوان۔ مصاحب۔ پیشکار ۔

سکتہ (سَک۔تَہ) (ع) مذکر۔ (۱) مرض بے ہوشی۔ مرگی۔ غشی۔ ایک قسم کی بیماری جس میں آدمی مُردے کی مانند بے حس و حرکت ہو جاتا ہے (۲) شعر میں وزن کا پورا نہ ہونا ۔

سکتہ کا عالم (مذکر) (۱) حیرت کا مقام (۲) سنسان ہونے کا عالم۔ خاموشی کی جگہ (۳) بے ہوشی کا وقت ۔

سکٹ (سَکَٹ) (ہ) مذکر (۱) سخت مشکل۔ کٹھن۔ (۲) بدنصیبی (۳) تکلیف (۴) گاڑی۔ چھکڑا۔ (۵) ہندوؤں کا ایک تہوار ۔

سکٹ چوتھ (ہ) مؤنث۔ گنیش جی کا جنم دن ۔

سُکر (سُک۔کَر) (ہ) مذکر۔ زہرہ۔ ایک روشن ستارہ ۔

سُکر (سُکر) (ع) مذکر۔ مستی۔ خمار۔ نشہ۔ بے ہوشی ۔

سکرات (سَکَرات) (ع) مؤنث۔ نزع کی حالت۔ موت کی شدت اور جان کنی کی تکلیف ۔

سکرٹری (سِک۔رے۔ٹَری) (انگریزی) (SECRETARY) مذکر۔ ناظم۔ معتمد۔ کارکن ۔

سکرٹری آف سٹیٹ فار انڈیا (انگ)
SECRETARY OF STATE FOR INDIA.
(مذکر) وزیر ہند ۔

سکڑ (سُکَڑ) (ہ) سکڑنا کا امر ۔

سکڑا (ہ) سمٹا ہوا۔ تنگ۔ بھچا ہوا ۔

سکڑ دادا (ہ) مذکر۔ دادا کا دادا ۔

سکڑ کونا (ہ) مذکر۔ زاویہ حادہ ۔

سکڑنا (ہ) (۱) سمٹنا۔ ٹھٹھرنا۔ تنگ ہونا (۲) اکٹھا ہونا (۳) کنجوسی کرنا ۔

سکڑی پڑنا (ہ) دقت پیش آنا۔ مصیبت پڑنا۔ دشواری ہونا ۔

سکسینہ (سَک۔سی۔نَہ) (ہ) مذکر۔ کایستھوں کی ایک گوت ۔

سکشا (سِک۔شا) (ہ) مؤنث (۱) تعلیم و تادیب سکھانا پڑھانا۔ نصیحت۔ پند۔ اُپدیش (۲) وید کا ایک حصہ ۔

سکنا (سَک۔نا) (ہ) (۱) لائق ہونا۔ قابل ہونا (۲) ممکن ہونا ۔

سکنجبین (معرب) (مؤنث) (۱) سرکے اور شہد یا شربت کا مرکب۔ (۲) لیموں کے رس اور شربت کا مرکب ٭
سکندر (ف) دیکھو (اسکندر) ٭
سکندری (ف) (۱) سکندر سے متعلق (۲) (مؤنث) گھوڑے کی ٹھوکر ٭
سکندری کھانا (۱) گھوڑے کا ٹھوکر کھانا ٭
سکنڈ۔ (دیکھو سیکنڈ) ٭
سکنہ (سَکَنَہ) (ع) مذکر۔ ساکن کی جمع۔ باشندے ٭
سکوت (سُکُوت) (ع۔ا) مذکر۔ خاموشی۔ چپ (۲) امن
سکورہ (سَکُورَہ) (ف) مذکر۔ مٹی کا پیالہ۔ کاسہ گلی ٭
سکول۔ دیکھو (اسکول) ٭
سکون (سُکُون) (ع) مذکر۔ آرام۔ ٹھیراؤ۔ قرار۔ اطمینان
سکونت (ع) مؤنث (۱) بود و باش۔ ٹھیرنا (۲) رہنے کی جگہ۔ مسکن۔ اقامت۔ مکان ٭
سکونت پذیر ہونا (۹) بسنا۔ رہنا۔ بود و باش اختیار کرنا ٭
سکونت مستقلہ (ع۔ مؤنث) مستقل طور پر قیام ٭
سِکّہ (سِکْ۔ کَہ) (ع) مذکر (۱) ٹھپا۔ ضرب۔ مُہر۔ چھاپ۔ نقش کیا ہوا۔ ڈھلا ہوا منقش زر جو مُلک میں چلے (۲) طرز۔ روش۔ طریقہ۔ قاعدہ۔ قانون ٭
سکّہ بیٹھنا (ل) (۱) حکومت قائم ہونا۔ حکم چلنا (۲) رعب بیٹھنا ٭
سکّہ رائج الوقت (ع) مذکر۔ موجودہ سکّہ جو جاری ہو۔ روپیہ۔ پیسہ۔ مُہر وغیرہ ٭
سکّہ زن (ع۔ ف) مذکر۔ سکّہ ڈھالنے والا ٹکسالیہ
سکّہ قلب۔ یا۔ جعلی (ع) مذکر۔ مصنوعی سکّہ۔ جھوٹا سکّہ۔ ناجائز طور پر بنایا ہوا سکّہ ٭
سکھ (سِکھ) (ہ) مذکر (۱) شاگرد۔ رشید۔ بانکا۔ معتقد۔ (۲) گرو نانک کا پیرو۔ نانک پنتھی ٭
سُکھ (سُکھ) (ہ) مذکر۔ آرام۔ چین۔ راحت۔ امن۔ امان۔ آسودگی۔ شانتی ٭
سُکھ سمپت کا سب کوئی ساتھی (کہاوت) آرام اور دولت کے سب رفیق ہیں ٭
سُکھ میں ہر کو بھجے تو دُکھ کاہے کو ہو (ہ) (کہاوت) آسائش میں خدا کا دھیان رکھیں تو مصیبت کیوں آئے ٭
سُکھ نیند (ہ) مؤنث۔ خواب راحت چین کی نیند ٭

کا زمانہ ٭
سُکھانا (سُکھا۔ نا) (ہ) (۱) خشک کرنا (۲) کام میں دیر لگانا۔ بٹھائے رکھنا ٭
سِکھانا (سِکھا۔ نا) (ہ) تعلیم کرنا۔ تربیت کرنا۔ پڑھانا لکھانا۔ کسی راستہ یا ڈھب پر لگانا ٭
سِکھانا پڑھانا (ہ) (۱) لگانا بجھانا۔ ورغلانا (۲) تعلیم و تربیت کرنا ٭
سکھائے (سکھلائے) پوت دربار نہیں جاتے (ہ) (مثل) اپنی عقل سے کام چلتا ہے دوسرے کے سکھانے پڑھانے سے فائدہ نہیں پہنچتا ٭
سکھپال (ہ) مذکر۔ زنانہ پالکی۔ آرام پالکی ٭
سُکھ تلا (ہ) مذکر۔ چمڑے کا وہ ٹکڑا جو جوتی کے اندر رکھتے ہیں ٭
سُکھی۔ یا۔ سُکھیا (ہ) آسودہ۔ خوش۔ مطمئن ٭
سکھی (سَکھی) (ہ) مؤنث (۱) یار۔ سہیلی۔ ساتھی (۲) فقیروں کا ایک گروہ جو زنانہ لباس رکھتا ہے ٭
سکیڑنا (سَکیڑنا) (۱) اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا۔ سمیٹنا (۲) صاف کرنا۔ (۳) جھاڑ دینا ٭
سُکیڑنا (سُکیڑ۔ نا) (ہ) (۱) تنگ کرنا۔ چُست کرنا (۲) اینٹھنا۔
سکیل (سَکیل) (انگریزی۔ SCALE) (مؤنث) پیمانہ۔ اندازہ۔ تجویز ٭
سکیلا (سَکی لا) (ہ۔ مذکر) (۱) ایک قسم کا فولاد (۲) لوہے کا ہتھیار (۳) تلوار۔ شمشیر ٭
سکیم (سَکیم) (انگریزی۔ SCHEME) (مؤنث) تدبیر۔ تجویز۔ حکمت۔ منصوبہ ٭
سکین (سِکْ۔ کِین) (ع۔ مؤنث) چھری ٭

س-گ

سگ (سَگ) (ف) مذکر۔ کُتّا ٭
سگ بازاری (ف) مذکر۔ عام کتا۔ بیشتی کُتّا ٭
سگ باش برادر خرد مباش (ف) (مثل) چھوٹے بھائی کی کچھ توقیر نہیں ہوتی ٭
سگ تازی (ف) مذکر۔ شکاری کتا جو عربی نسل سے ہو ٭
سگ حضور بہ از برادر دور (ف) (مثل) آنکھوں کے سامنے ادنےٰ کی بھی رعایت کرنی پڑتی ہے ٭
سگ زرد برادر شغال (ف) (کہاوت) نمد کتا گیدڑ کا بھائی۔ جیسا یہ ویسا وہ ٭

سگِ شکاری (ف) شکار مارنے والا کتا۔ سگ صیلی۔
سگا (سَگا) (ہ) (۱) خاص۔ حقیقی۔ ایک ماں باپ کا۔ یک خون کا (۲) رشتہ دار (۳) اپنا۔
سگار (سِگار) (انگ CIGAR) (مذکر) چُرٹ۔
سگارت (سَگا۔رَت) (ہ) نیک لگنا۔ کامیابی۔
سگائی (ہ) مؤنث۔ منگنی۔ نسبت۔
سگرٹ (سِگ۔رَٹ) (انگ CIGARETTE) (مذکر) ہلکا چُرٹ۔
شگندھ (سُگندھ) (۱) خوشبو۔ خوشبو۔ مہک۔ (۲) خوشبو دار۔ سوندھا۔
سگنل (سِگ۔نَل) (انگریزی SIGNAL) (مذکر) (۱) اشارہ (۲) وہ نشان جس سے ریل گاڑی کے آنے کا پتہ چلتا ہے۔
سگنیلر (سِگ۔نے۔لَر) (انگریزی SIGNALLER) (مذکر) تار بابو۔ ٹیلیگراف کلرک۔
سگھڑ (سُگھڑ) (ہ) خوش سلیقہ۔ ذی شعور۔ دانشمند۔ صاحب تمیز۔ کاریگر۔ دستکار۔ ہنرمند۔
سگھڑاپا (ہ۔ مذکر) سلیقہ۔ تمیز۔
سگھڑپن (ہ۔ مذکر) ہنرمندی۔ ہوشیاری۔ حسن سلیقہ۔

س-ل

سل (سِل) (ع) مؤنث۔ ایک بیماری۔ تپ کہنہ۔ دق۔
سل (سِل) (ہ) مؤنث۔ مصالحہ پیسنے کا پتھر۔ پتھر کا پتلا اور لمبا چوڑا ٹکڑا جو عمارتوں میں لگایا جاتا ہے۔
سل بٹا (ہ) مذکر۔ پتھر کا چوڑا ٹکڑا اور اس پر مصالحہ پیسنے کا چھوٹا ٹکڑا۔
سِلا (سِل۔لا) (ہ) مذکر۔ خوشہ۔ اناج کی وہ بالیں جو کٹائی کے بعد کھیت میں رہ جاتی ہیں۔
سلاجیت (سَلا۔جیت) (ہ) مذکر۔ ایک سیاہ رنگ رقیق مادہ جو پتھر سے نکلتا اور بطور دوا مستعمل ہوتا ہے۔ موسیائی۔
سلاح (سِلاح) (ع) مذکر۔ لڑنے کے ہتھیار۔ اوزار۔
سلاح بند (ع۔ف) ہتھیار بند۔ مسلح۔ پانچوں ہتھیاروں سے لیس۔
سلاح [illegible] ۔ وہ [illegible]

سلاح ساز (ع۔ف) مذکر (۱) زرہ فروش (۲) ہتھیار بنانے والا۔
سلاح شور (ع۔ف) (۱) بہادر سپاہی (۲) ہتھیار لگائے ہوئے (۳) میگزین کا داروغہ۔
سلاخ (سَلاخ) (ف) مؤنث۔ لوہے کی موٹی گول سیخ۔
سلاست (سَلا۔سَت) (ع) مؤنث۔ سلیس پن۔ روانی۔ نرمی۔ آسانی۔ سادگی۔ فصاحت۔
سلاستِ زبان (ع۔ف) مؤنث۔ فصاحت۔ شیریں گفتاری۔ خوش کلامی۔ نرم گوئی۔
سلاسل (سَلا۔سِل) (ع) مؤنث۔ بیڑیاں۔ زنجیریں۔ کڑیاں۔
سلاطین (سَلا۔طین) (ع) مذکر۔ سلطان کی جمع۔ بہت سے بادشاہ۔ قیصر۔
سلاطینِ دہلی (ع) وہ حاکم یا بادشاہ جو سلطان یا شہنشاہ کے ماتحت ہوں۔ جیسے والیان ریاست وغیرہ۔
سلام (سَلام) (ع) مذکر (۱) کورنش۔ بندگی۔ ڈنڈوت۔ تسلیم۔ آداب (۲) بس۔ اب رخصت۔ جائیے۔
سلام پھیرنا (ف) نماز کے خاتمے پر دائیں بائیں منہ پھیر کر السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہنا۔ نماز ختم کرنا۔
سلام پیام (ف) مذکر (۱) گفت و شنید۔ بات چیت۔ (۲) منگنی یا نسبت کی بات۔ ذکر اذکار۔
سلام دینا (ف) (۱) رخصت کرنا۔ وداع کرنا۔ الگ کرنا۔ چھوڑنا۔ (۲) انگریزوں کی اصطلاح میں کسی کو اندر آنے کی اجازت دینا یا بلانا۔
سلام روستایاں بے غرض نیست (ف) (مثل) ضرورتمند کا آنا بے سبب نہیں ہوتا۔
سلامِ شوق (ع۔ مذکر) شوق و محبت کا سلام۔
سلام علیکم (ع۔ مؤنث) تم پر سلامتی ہو۔ جیتے رہو۔ مسلمانوں کا سلام۔
سلام کرائی (ف۔ مؤنث) وہ روپیہ یا زیور جو دلہن کے رشتہ دار دولہا کو دیتے ہیں۔
سلام کرنا (ف) (۱) سر یا ماتھے پر ہاتھ رکھنا۔ بندگی کرنا۔ تسلیم کرنا (۲) چھوڑنا۔ دست بردار ہونا۔ خدا حافظ کہنا۔
سلام لینا (ف) سلام کا جواب دینا۔ سلام قبول کرنا۔
سلام ہے (ف) باز آئے۔ چھوڑا۔ ترک کیا۔ معاف رکھئے۔ تم سے خدا بچائے۔
سلامت (ع) محفوظ۔ ہر بلا سے بچا ہوا۔ صحیح۔ تندرست۔ بخیر و عافیت۔

سلامت رَو (ع۔ف) (۱) میانہ رو (۲) مُدبّر۔ منتظم ۔
سلامت روی اختیار کرنا (ف) (۱) نیک چلنی اختیار کرنا۔ (۲) میانہ چال چلنا ۔
سلامتی (ف) مؤنث (۱) صحت۔ تندرستی (۲) آرام۔ (۳) زندگی (۴) حفاظت ۔
سلامی (ف) مؤنث۔ (۱) تعظیم۔ سلام۔ سپاہیانہ سلام (۲) توپوں یا بندوقوں کے فیر سے پیشوائی یا تعظیم کرنا (۳) نذرانہ۔ پیش کش (۴) وہ روپیہ جو دولہا یا دلھن کو بیاہ کے موقع پر دیا جاتا ہے ۔
سلامی اُتارنا (ف) کسی بادشاہ یا رئیس یا حاکم با اختیار کی تشریف آوری کا توپوں یا بندوقوں سے اظہار تعظیم کرنا۔ سلامی کی توپیں سر کرنا ۔
سُلانا (سُلا۔ نا) (ف) بچے کو سپک تھپک کر بند دوانا۔ (۲) قبر میں رکھنا۔ دفن کرنا ۔
سلانا (سِلا۔ نا) (ف) دوخت کرانا۔ سلوانا ۔
سلائی (سِلا۔ ئی) (ہ) مؤنث (۱) سلوانے کی اُجرت۔ (۲) دوخت۔ سیون۔ ٹانکا ۔
سلائی (سَلا۔ ئی) (ہ) مؤنث۔ سُرمہ لگانے کی گول اور پتلی سلائی ۔
سلائی پھیرنا (ف) نابینا کرنا۔ اندھا کرنا۔ گرم سلائی سے اندھا کرنا ۔
سلب (سَلب) (ع) لے جانا۔ نیست کرنا (۲) جذب کرنا
سلیپٹ (ہ) (۱) صاف۔ ہموار۔ سطح (۲) بے نور۔ اندھا۔ معدوم البصر (۳) مٹے ہوئے نقوش والا (سکہ) ۔
سلپچی۔ سلفچی (سِلَپ چی۔ سِلف چی) (ف) مؤنث۔ ہاتھ دھونے کا برتن ۔
سلجھانا (سُل۔ جھا۔ نا) (ہ) (۱) کھولنا۔ جدا کرنا (۲) باریک اور پیچیدہ معاملات کا فیصلہ کرنا۔
سُلجھنا (سُلجھ۔ نا) (ہ) (۱) کھلنا (۲) آسان ہونا (۳) صاف ہونا۔ حل ہونا۔ نپٹنا ۔
سلح (سِلَح) (ع) (ف) آلۂ حرب۔ ہتھیار۔ اوزار ۔
سلح پوش (ع۔ف) ہتھیار بند۔ مسلح۔ پانچوں ہتھیاروں سے آراستہ ۔
سلسل البول (سَلَس۔ لُ بَول) (ع۔ مذکر) ذیابیطس ایک بیماری جس میں پیشاب قطرہ قطرہ آتا ہے ۔
سلسبیل (سَل۔ سَبیل) (ع۔ مؤنث) (۱) بہشت کی ایک نہر (۲) خوشگوار چیز۔ (۳) شراب ۔

سلسلانا (سُل۔ سُلانا) (ہ) نرم نرم کھجلی ہونا۔ سرسراہٹ رینگنا ۔
سلسلہ (سِل۔ سِلَہ) (ع) مذکر (۱) زنجیر۔ بیڑی (۲) قطار۔ لڑی (۳) خاندان۔ نسل۔ شجرہ (۴) ترتیب۔ درستی ۔
سلسلہ نکلنا (ہ) آغاز ہونا۔ راہ نکلنا ۔
سلسلہ وار (ع۔ف) ترتیب وار۔ درجہ وار۔ حسب مراتب ۔
سلسلہ ہونا (ہ) تعلق ہونا۔ واسطہ ہونا ۔
سُلطان (سُل۔ طان) (ع) مذکر۔ بادشاہ۔ راجہ۔ فرمانروا۔ کنگ ۔
سلطانہ (ع) مؤنث۔ ملکہ۔ شہزادی۔ رانی۔ بیگم ۔
سلطنت (سَل۔ طَنَت) (ع) مؤنث۔ بادشاہی۔ راج۔ حکومت۔ عملداری ۔
سلف (سَلَف) (ع) گزشتہ۔ اگلا۔ پہلے کا۔ سابقہ ۔
سلف ریسپکٹ انگریزی (SELF RESPECT) مؤنث۔ خودداری ۔
سلف گورنمنٹ انگریزی (SELF GOVERNMENT) مؤنث حکومت خود اختیاری۔ ہوم رول۔ سوراجیہ ۔
سُلف (سُلَف) (ا) مذکر (۱) سودا۔ اسباب (۲) خرید و فروخت ۔
سُلفا (سُل۔ فا) (ا) مذکر۔ ایک دفعہ بھرنے کی مقدار تمباکو یا چرس ۔
سلفا کر ڈالنا (ہ) (۱) جلا کر راکھ کر دینا (۲) فضول خرچی کرنا۔ دولت برباد کر دینا ۔
سلک (سِلک) (ع) (مؤنث و مذکر) لڑی۔ ہار۔ تاگا۔ رشتہ دھاگا۔ ایک چیز کو دوسری چیز کے ساتھ پرونا ۔
سلک (سِلک) (انگریزی) (SILK) مذکر (۱) ریشمی کپڑا (۲) ایک قسم کا ریشم ۔
سلگ (سُلَگ) (ہ) (۱) لگاتار۔ متواتر (۲) پورا۔ کامل
سُلگ (سُلَگ) (ہ) سُلگنا کا امر ۔
سُلگانا (ہ) (۱) روشن کرنا۔ جلانا۔ آگ جلانا۔ بھڑکانا۔ (۲) بناسے فساد ڈالنا ۔
سُلگنا (ہ) روشن ہونا۔ دھواں نکلنا۔ آگ کا بھڑکنا ۔
سلم (سَلَم) (ع) مؤنث۔ کسی چیز کی پہلے سے قیمت دے دینا۔ پیشگی۔ بیعانہ۔ نقدی ۔
سلما (سَل۔ ما) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کے چاندی یا سونے کے چمکدار تار۔ مقیش۔ بادلہ ۔
سلنا (سِل۔ نا) (ہ) (۱) چھونا (۲) چھدنا (۳) زخم دینا۔

سِلنا (سِل - نا) (ہ) سیا جانا - دوخت ہونا •
سلو (سُلو) (انگریزی SLOW) سُست - مدھم - دھیما •
سلوا (سَل - وَا) (ہ - مذکر) جوتی میں ڈور کی جگہ کام آنے
والا کٹ ہوا چمڑا •
سلوا - سلوٰی (سَل - وٰا) (ع - مذکر) بٹیر کی ایک قسم •
سلوانا (سِل - وا - نا) (ہ) سینے کا متعدی المتعدی •
سلوائی (۲) مؤنث - دیکھو سلائی ۲ •
سلوتری (سَلوتَ - ری) (ہ) مذکر - گھوڑوں کا ڈاکٹر - بیطار •
سلوٹ (سَل - وَٹ) (ہ) مؤنث - شکن - بل •
سلور (سِل - وَر) (انگریزی SILVER) مؤنث
چاندی - فضہ - روپا •
سلوک (سُلُو - ک) (ع، مذکر - راستہ چلنا (۲) مکان میں
داخل ہونا (۳) نیک روی - برتاؤ - عمل - رویہ - ملاپ
دوستی - محبت •
سلونا (سَلو - نا) (ہ) (۱) نمکین - ملیح - مزیدار (۲) خوش رنگ
سانولا - گندمی •
سلہٹ (سِل - ہَٹ) (ہ - مذکر) بنگال کا ایک شہر •
سلی (سِل - لی) (ہ) مؤنث (۱) اُسترا - چاقو وغیرہ تیز کرنے
کی پتھری - سان (۲) بھُس ملا ہوا اناج (۳) مرغابی
پرندہ آبی •
سلیپر (سِلی - پَر) (ہند) (انگریزی سلپر SLIPPER)
(۱) ترکی جوتی - آرام پائی - سلیپٹ جوتی (۲) لکڑی
کا تراشیدہ تختہ جو ریل کی سڑک پر لوہے کی پٹڑی کے نیچے
یا مکانوں کی چھتوں پر کڑیوں کے نیچے بچھاتے ہیں •
سلیٹ (سَلیٹ) (انگریزی SLATE)
مؤنث) پتھر کی تختی •
سلیس (سَلِیس) (ع) (۱) نرم ہموار (۲) عام فہم - سہل -
صاف •
سلیقہ (سَلِی - قہ) (ع) مذکر - تمیز - شعور - وقوف - لیاقت •
سلیم (سَلِیم) (ع) (۱) ~~ٹھیک - درست~~ (۲) ~~تندرست~~
(۳) حلیم - بردبار - صلح دوست •
سلیم الطبع (ع) (۱) حلیم المزاج - نرم دل (۲) دانشمند -
دُور اندیش - صائب الرائے •
سلیم شاہی (ہ - مؤنث) ایک قسم کی دلی والی خوبصورت
اور نازک جوتی •
سلیمان (سُلَے - مَان) (ع) مذکر - ایک مشہور پیغمبر جو شام
میں ہوئے ہیں - مشہور ہے کہ انسانوں کے علاوہ
اُن کے ماتحت جن - پریاں اور دیو وغیرہ بھی تھے •

سلیمانی (ع) (۱) منسوب بہ سلیمان (۲) ایک قسم کا دو رنگا
گول پتھر جو سیاہ و سفید ہوتا ہے •

س - م

سَم (سَم) (ہ) مذکر - آواز - تال - سُر - برابر - ہموزن -
پورا (ع) زہر - بس •
سُم (ف) مذکر - چوپائے کا کُھر یا ناخن •
سَم الفار (ع) مذکر - سنکھیا - ایک زہریلا پتھر جسے چوہے
کھا کر مرجاتے ہیں •
سَم قاتل (ع) مذکر - زہر ہلاہل - بہت جلد کام تمام کرنے والا
زہر •
سَما (سَمَا) (ع) (مذکر) آسمان - فلک - اکاس •
سما - سماں (سَما - سَماں) (ہ) مذکر - (۱) وقت - زمانہ
دَور - ہنگام - ساعت - موقع - محل (۲) رُت - موسم
فصل (۳) راگ رنگ - کیفیت - مزہ •
سما (سماں) باندھنا (ہ) کیفیت پیدا کرنا - رنگ جمانا
لطف پیدا کرنا •
سما (سماں) بندھنا (ہ) رنگ جمنا - محویت کی
کیفیت پیدا ہوجانا •
سماپت (سَما - پت) (س) مذکر - پورا - کامل - ختم شدہ •
سَما جانا (ہ) (۱) بس جانا - بیٹھ جانا - بھر جانا (۲) جذب
ہوجانا •
سماج (سَماج) (س) مؤنث - سبھا - انجمن - کمیٹی - محفل
سوسائٹی - گروہ - جتھا - ٹولی - منڈلی •
سماجت (سَمَا جَت) (ع) مؤنث (۱) خوشامد و درآمد -
منت - چاپلوسی •
سَماچار (س) مذکر - (۱) اطلاع - خبر - واقفیت - آگاہی
(۲) حالت - کیفیت •
سمادھ (سَمَادھ) (س) مؤنث (۱) گڑھا - غار - کھوہ
(۲) جوگیوں - سنیاسیوں یا راجاؤں کی ہڈیوں کے
دفن ہونے کی جگہ •
سَمادھان (سَمَا - دھان) (س، سنکرت) مذہبی تعصب -
(۲) مراقبہ - دھیان (۳) سوال کا جواب •
سَماع (سَمَاع) (ع) مذکر (۱) سُننا (۲) (۱) راگ سُننا -
رقص و سرود - ناچ گانا •
سماعت (سَمَا - عَت) (ع) مؤنث - شنوائی - سنوائی •
سَماعت کے قابل (ع) (۱) سُننے کے لائق ... سر

لائق - (۳) حکام کی توجہ کے قابل •

سماعت یک طرفہ (ت - ع) (مؤنث) (۱) ایک فریق کی حاضری پر مقدمے کی سماعت - یکطرفہ ڈگری

سماعی (ع) سُنا ہُوا - روایتی - سینہ بسینہ •

سماق (سُمّاق) (ع) مذکر - ایک قسم کا سنگ مرمر •

سمان (سَمان) (ہ) مانند - برابر - نظیر - ثانی •

سمانا (ہ) پُورا آنا - کھپنا - ٹھیک آنا - اندر آنا - پُرہونا

سماوات (ع) مذکر - سَما کی جمع - افلاک - آسمان •

سماوار - سماور (سَما - وَار - سَما - وَر) (ف - مذکر) پانی گرم کرنے کا لوہے وغیرہ کا چولھا •

سماوی (ع) آسمانی - بالائی - اُوپر کی - آسمان کی •

سمائی (سَما - ئی) (ہ) مؤنث - گنجائش - وسعت - بُردباری - برداشت - حوصلہ - طاقت - ہمت •

سمبت (سَم - بَت) (ہ) مذکر - سنہ - برس - سال - ہندی سال •

سمبندھ (سَم - بَندھ) (ہ) مذکر - (۱) رشتہ - ناتا - نسبت تعلق (۲) قبیلہ - کنبہ (۳) راہ ورسم - میل ملاپ - (۴) گوت - برادری (۵) تُک - قافیہ •

سمبندھی (ہ) رشتہ دار - قرابتی - متعلقین - اقربا •

سمبندھی پتر (ہ) مذکر - شجرہ نسب - نسب نامہ - کرسی نامہ •

سمپٹ (سَم - پُٹ) (س - مذکر) کیمیا گروں کا آگ پر رکھنے کا خاص برتن •

سمپورن (سَم - پُو - رَن) (ہ) پورا - کامل - تمام - مکمل

سمت (سَمت) (ع) مؤنث - راہ - روش - طرف - جانب - جہت - پہلو - رُخ •

سمت الرّاس (ع) مذکر - (۱) سر کی طرف (۲) ترقی ذوالکمال - اوج (۳) سر سے آسمان تک کا سیدھا

سِمَٹ (سِمَٹ) (ہ) سمٹنا کا امر •

سمٹ جانا (ہ) سُکڑ جانا - اکٹھے ہوجانا - اُٹھنا - کم ہوجانا - ختم ہوجانا •

سمٹنا (ہ) (۱) اکٹھا ہونا - سُکڑنا (۲) رخصت ہوجانا (۳) مرجانا •

سمجھ (سَمجھ) (ہ) مؤنث - عقل - فہم - دانش - ادراک - گیان - دانائی •

سمجھ بُوجھ (ہ) مؤنث - فہم وفراست - عقل ودانش - گیان - دھیان •

سمجھ پہ پتھر پڑیں (ہ) ایسی عقل چُولھے میں جائے - یہ سمجھ غارت ہو - ایسی دانائی پر حیف •

سمجھ دار (ہ) مذکر - سیانا - ہوشیار - دانا - عاقل - بُجھوان •

سمجھا بجھا کر (ہ) فہمائش کرکے - اچھی طرح تنبیہ کرکے - سکھا کر

سمجھانا (ہ) ذہن نشین کرنا - بتانا - جتانا - نصیحت کرنا •

سمجھنا (ہ) (۱) جاننا - بوجھنا (۲) سیکھنا (۳) دل میں ٹھانتا (۴) بدلہ لینا •

سمجھے؟ (ہ) (استفہام) (۱) خیال میں آیا؟ جانا؟ دیکھا؟ (۲) ہوش آیا؟

سمدھن (سَم - دَھن) (ہ) (مؤنث) دُولہا اور دُلھن کی مائیں آپس میں ایک دوسرے کی سمدھن کہلاتی ہیں - (پ) گرامنی •

سمدھن کا لکلا چھچھ چھچھ جا (ہ) مثل - بُری عادت جو چھری کا لپکا کبھی نہ جا (یا) پڑ جائے اس کی وجہ سے خواہ کیسی ہی ذلت اور تکلیف ہو - وہ عادت کبھی نہیں جاتی •

سمدھی (ہ) مذکر - دولہا اور دولھن کے باپ آپس میں سمدھی کہلاتے ہیں - (پ) گرام •

سمدھیانہ (ہ) مذکر - دولہا یا دلھن کا گھرانا - سمدھی کا گھر •

سمرتی (سَم - رِتی) (س - مؤنث) (۱) دھیان - خیال - یاد (۲) حافظہ (۳) ہندوؤں کی تمام پوتر کتابیں جو الہامی ہیں •

سُمرن (سُم - رَن) (ہ) مذکر (۱) ورد - وظیفہ - یادِ خدا - جپ (۲) تسبیح - مالا •

سُمرنا (ہ) مالا پھیرنا - خدا کا نام لینا - تسبیح پڑھنا

سمع (سَمع) (ع) مذکر - گوش - کان - کرن •

سمع خراشی (ع - ف) (مؤنث) کان کھانا - تصدیعہ دہائی •

سمک (سَمَک) (ع) (مذکر و مؤنث) زمین کے نیچے کی مچھلی •

سَمَن (ف) مؤنث - چنبیلی - سمن برگ •

سمن اندام (ف) گورا - چٹا آدمی - معشوق - سیم تن •

سمن بر (ف) دیکھو سمن اندام •

سمن (سَمَن) (انگریزی SUMMON) (مذکر) پروانۂ طلبی - بلاوا - اطلاع نامہ - اعلان - طلبی - پروانۂ عدالت •

سمن جاری کرنا (ہ) حسب قانون طلب نامہ یا پروانہ بھیجنا

سمن کی تعمیل (ہ) مؤنث - طلبی کا عمل میں لانا - سمن کو بجالانا •

سمند (سَمَند) (ف) مذکر - زردی مائل گھوڑا - مطلق گھوڑا

سمندر (سَمَن - دَر) (ف) ایک کیڑا جو آگ کے اندر پیدا

ہوتا ہے ۔

سمندر (سَمَن۔دَر) (ہ) مذکر۔ دریائے اعظم - بحرِ محیط۔ ساگر۔

سمندر پار کرنا (ہ) عبور دریائے شور کرنا۔ کالے پانی بھیجنا - جلا وطن کرنا ۔

سمندر پھل (ہ) (مذکر) ایک قسم کا دریائی پھل جو بطور دوا کام آتا ہے ۔

سمندر جھاگ (ہ) مذکر۔ وہ جھاگ جو دریائے اعظم کے کناروں پر جم جم کر خشک ہو جاتا ہے - اور دوا وغیرہ میں کام آتا ہے ۔

سمندر سوکھ (ہ) مذکر (ہ) مذکر۔ ایک دوا ۔

سمنک (سَمَنَک) (ہ) (مذکر و مؤنث) گیہوں کی گری جو اُبال کر نکالی جاتی ہے - نشاستہ ۔

سموچا (سَمُوچا) (ہ) پورا - تمام - کامل - سارا ۔

سمور (سَمُور) (ع) مذکر۔ ایک نہایت باریک پشم والا برفستانی جانور اور اُس کی کھال ۔

سموسا (سَمُوسا) (ف) مذکر۔ مثلث شکل کی تلی ہوئی چیز جس کے اندر قیمہ یا ترکاری یا میٹھا بھر کرتے ہیں ۔

سموم (سَمُوم) (ع) مؤنث (۱) زہریلی ہوا (۲) لو ۔ گرم ہوا ۔

سمونا (سَمُو۔نا) (ہ) ملانا - آمیز کرنا - ٹھنڈا اور گرم پانی ملانا۔ مختلف مزاج یا رنگ کی دو چیزیں ملا کر اعتدال پیدا کرنا ۔

سمیت (سَمیت) (ہ) ساتھ - ہمراہ - باہم - اکٹھے ۔

سمیت (ع) مؤنث۔ زہریلا - زہر کا اثر ۔

سمیٹ (ہ) مؤنث (۱) سمیٹنا کا امر (۲) وہ دوا جس سے اندامِ نہانی تنگ اور چست ہو جائے قابض دوا ۔

سمیٹنا (ہ) (۱) فراہم کرنا - اکٹھا کرنا (۲) تنگ کرنا - چست کرنا - سکیڑنا - انجام کو پہنچانا ۔

سمیع (سَمیع) (ع) (۱) سننے والا (۲) خدا کا ایک صفاتی نام ۔

س - ن

سن (سِن) (ع) مذکر۔ عمر - سال - مقدارِ عمر ۔

سنِ بلوغ - یا - سنِ بلوغت - یا سنِ تمیز یا سنِ شعور - مذکر۔ سمجھ کی عمر - جوانی کی عمر - شباب کی عمر - (تقریباً) اٹھارہ سال کی عمر ۔

سن رسیدہ (ع - ف) بوڑھا - ضعیف عمر کا آدمی ۔

سُن (سُن) (ہ) سننا کا امر ۔

سُن رکھنا (ہ) خبردار ہو جانا - آگاہ ہو جانا ۔

سُن رے ڈھول بہو کے بول (ہ) (مثل) بڑے زبان دراز زن مرید کی نسبت بولتے ہیں ۔

سُن گُن (ہ) (مؤنث) (۱) خبر - اُڑتی ہوئی خبر - (۲) پوشیدہ خبر - بھید - راز ۔

سُن گُن لینا (ہ) (۱) چھپ کر سننا (۲) بھید لینا - خفیہ راز دریافت کرنا ۔

سَن (سَن) (ہ) مذکر۔ ایک پودا جس کی چھال سے رسیاں بنتی ہیں ۔

سن (سَن) (انگریزی SUN) مذکر۔ آفتاب - سورج ۔

سن سے (ہ) (۱) جلدی سے (۲) زور کے ساتھ ۔

سُن (سُن) (ہ) (۱) بے ہوش - بے حواس - بے خبر (۲) خاموش - چپ چاپ - بے حس و حرکت ۔

سُن ہو جانا (ہ) ٹھٹھر جانا - کسی عضو کی حس و حرکت کا جاتے رہنا ۔

سَنا (سَنا) (ع) مؤنث - ایک پودا جس کی پتی دست آور ہوتی ہے ۔

سُننا (سُن۔نا) (ہ) (۱) کان سے آواز معلوم کرنا - کان دھرنا (۲) توجہ کرنا - غور کرنا - دھیان لگانا ۔

سناتن (سَنا۔ تَن) (ہ) قدیم ہندو ۔

سناتن دھرم سبھا (ہ) مؤنث (۱) قدیم ہندو مذہب والوں کی مجلس (۲) (مجازاً) دیوی دیوتاؤں کے پوجنے والے لوگوں کی انجمن یا کمیٹی ۔

سناٹا (سَن - نا - ٹا) (ہ) مذکر (۱) حیرت - سکتہ کا عالم سنسان - ہُو کا عالم - خاموشی - چپ چاپ - (۲) خوف - دہشت - سہم ۔

سناٹا آنا - (ہ) ڈر جانا - سہم جانا - غشی کا عالم طاری ہونا - بے ہوش ہو جانا ۔

سناٹے سے برسنا (ہ) زور سے برسنا - شدت سے برسنا - موسلا دھار پانی پڑنا - چھاجوں برسنا ۔

سناٹے کا مینہ (ہ) مذکر - زور شور کی بارش - مرٹنے کا مینہ ۔

سناٹے میں آجانا (ہ) (۱) حیرت میں ہو جانا (۲) ڈر جانا - سہم جانا (۳) بالکل چپ چاپ ہو جانا ۔

سُنار (سُنار) (ہ) مذکر۔ زرگر۔ سادہ کار۔ زیور بنانے والا۔

سُنار کی کھٹائی اور درزی کے بند (۱) (کہاوت) سُنار کو زیور کی کھٹائی میں ڈالنے کا بہانہ اور درزی کو بند لگانے کا حیلہ مدت تک ٹالنے کے لیے کافی ہے۔

سِنان (سِنان) (ف) مؤنث (۱) انی۔ تیر کی نوک۔ (۲) بھالا۔ نیزہ۔ برچھی۔

سُنانا (ہ) (۱) کان میں ڈالنا۔ کہنا (۲) گالیاں دینا۔ بُرا بھلا کہنا۔ طعنہ مارنا (۳) کسی کے رو برو گانا یا پڑھنا۔

سُنانی۔ سُناؤنی (ہ) مؤنث۔ خبرِ مرگ۔ موت کی خبر جو پردیس سے آئے۔

سنائی یا سُنوائی (ہ) مؤنث (۱) فریاد رسی۔ سماعت (۲) پہنچ۔ دخل۔

سُنبُل (سُم۔ بُل) (ع) مذکر۔ ایک خوشبودار گھاس جسے بالچھڑ اور جٹاماسی بھی کہتے ہیں۔

سنبل الطیب (ع) مؤنث۔ بالچھڑ۔

سُنبلہ (سُم۔ بُلہ) (ع) مذکر (۱) خوشہ۔ گیہوں یا جو کی بال (۲) آسمان کے چھٹے برج یعنی کنیا راس کا نام۔

سنبوسہ (سَم۔ بو۔ سہ) (ف) مؤنث۔ دیکھو (سموسا)۔

سُنبہ (سُم۔ بہ) (ف) مذکر۔ برما۔ سوراخ کرنے کا اوزار۔

سنبھالا (سَنبھا۔ لا) (ہ) مذکر۔ وہ افاقہ جو بیماروں کو موت کے نزدیک معلوم ہوتا ہے۔

سنبھالا لینا (ہ) مرنے سے پہلے کسی قدر ہوش میں آنا۔

سنبھالنا (ہ) (۱) تھامنا۔ روکنا (۲) مدد کرنا۔ بگڑتے کام کو بنانا (۳) تیمارداری کرنا (۴) گرنے نہ دینا۔ ہاتھوں پر لینا۔

سنبھالو (سَنبھالو) ایک درخت۔

سنبھل (سَنبھل) (ہ) سنبھلنا کا امر۔

سنبھل سنبھل کر (ہ) (۱) تکلف سے۔ بن بن کر (۲) ٹھہر ٹھہر کر۔ دم لے لیکر۔

سنبھلنا (ہ) (۱) تھمنا۔ رکنا۔ گرنے سے بچنا۔ ٹھہرنا۔ قائم رہنا (۲) خبردار ہونا (۳) آرام ہونا۔ افاقہ ہونا۔

سنبھلو (ہ) محاورہ۔ ہوش میں آؤ۔ تیار ہو جاؤ۔

سنپیا (سنپے۔ را) (ہ) دیکھو (سپیرا)۔

سنت (سَنت) (ہ) مذکر۔ سادھو۔ رِشی۔ دھرماتما۔ درویش۔ جوگی۔ خدا پرست۔

سُنّت (سُن۔ نَت) (ع) مؤنث (۱) راہ۔ روش۔ عادت۔ دستور۔ رسم (۲) وہ طریقہ جس پر پیغمبر خدا اور خلفا و صحابہ رضی اللہ عنہم نے عمل کیا ہو۔

سُنّتِ آبائی (ع) مؤنث۔ باپ دادا کی رسم۔

سُنّتِ ابراہیمی (ع۔ مؤنث) (۱) حضرت ابراہیمؑ کا طریقِ عمل (۲) ختنہ۔

سُنّت کرنا (ہ) ختنہ کرنا۔ مسلمان کرنا۔

سُنّتِ نبوی (ع۔ مؤنث) آنحضرتؐ کا طریقِ عمل۔

سُنتا (سُن۔ تا) (ہ) مذکر۔ ایک گیڑی۔

سنتاپ (سَن۔ تاپ) (س) مذکر (۱) مصیبت۔ رنج و غم (۲) درد۔ تکلیف (۳) تیز حرارت (۴) سوجن (۵) آگ (۶) توبہ۔ پچھتاوا (۷) جوگ۔ بیراگ۔

سنتان (سَن۔ تان) (س) مذکر و مؤنث۔ اولاد۔ بال بچے۔ نسل۔

سنترا (سَن۔ ترا) (ہ) دیکھو (سنگترہ)۔

سنتری (سَنت۔ ری) (مشتق از انگ۔ سنٹری SENTRY) (مذکر) پہرہ دینے والا۔ پاسبان۔ چوکیدار۔

سنتوکھ (سَن۔ توکھ) (ہ) مذکر۔ صبر۔ استقلال۔ قناعت۔ اطمینان۔ تسلی۔

سنتوکھی (ہ) قانع۔ صابر۔ مطمئن۔

سنٹر (سَن۔ ٹر) (انگریزی) (CENTRE) مذکر۔ مرکز۔

سنٹرل (سَنٹ۔ رَل) (انگریزی CENTRAL) مرکزی۔ درمیانی۔

سنٹرل جیل (انگریزی CENTRAL JAIL) مذکر۔ مرکزی جیل۔ درمیانی قیدخانہ۔

سنٹرل ٹریننگ سکول (انگ CENTRAL TRAINING SCHOOL) مذکر۔ مرکزی تربیت دینے کا مدرسہ۔ وہ مدرسہ جہاں اُستادی وغیرہ کی تعلیم دی جاتی ہے۔

سنجاب (سَن۔ جاب) (ف) مذکر (۱) چوہے سے کچھ بڑا جانور جس کی کھال کی پوستین بناتے ہیں (۲) اُس جانور کی کھال۔

سنجاف (سَنجاف) (ہ) دیکھو (سجاف)۔

سنجوگ (سَن۔ جوگ) (ہ) مذکر (۱) میل ملاپ۔ اتفاقی ملاقات۔ موقع (۲) حادثہ۔ سانحہ۔ واقعہ (۳) نصیب۔

قسمت۔

سنجھو (سَنْجھ) (ہ) مؤنث۔ سانجھ کا مخفف۔

سنجھا (ہ) مؤنث۔ شام۔

سنجھا بتی کرنا (ہ) شام کا چراغ جلانا۔ دیا روشن کرنا۔

سنجھلا (سَنْجھ۔لَا) (ہ) منجھلے سے چھوٹا۔ اوّل سے تیسرا۔

سنجیدگی (سَنْ۔جی۔دَگی) ف۔ مؤنث (۱) وزن (۲) ذہنی متانت۔

سنجیدہ (ف) وزن۔ بچا تلا (۲) بھاری بھرکم (۳) متین۔ مہذب تجربہ کار۔

سنجائی (سنچا) (ہ۔ مؤنث) (۱) سینچنا (۲) سینچنے کی اُجرت۔

سنچری (سَنْ۔چَرِی) (انگ CENTURY) (مؤنث) صدی۔ ایک سو سال۔

سند (سَنَد) (ع) مؤنث (۱) بھروسا کرنے کی چیز (۲) وثیقہ ثبوت۔ دستاویز۔ سرٹیفکیٹ۔ سرکاری رجسٹری۔

سند یافتہ (ع) وہ شخص جس کے پاس کسی امر کا سرٹیفکیٹ ہو۔

سندان (سَنْ۔دَان) (ف) مؤنث۔ اہرن۔ وہ آہنی مربع بلا جس پر ہتھوڑے سے لوہا کوٹتے ہیں۔

سُندر (سُنْ۔دَر) (ہ) خوبصورت۔ حسین۔ شکیل۔ جمیل۔

سُندرس (سُنْ۔دَرَس) (۱) مذکر۔ ایک قسم کا زرد رنگ کا گوند۔

سندس (سُنْ۔دُس) (ع۔ مذکر) ایک قسم کی قیمتی دیبا۔

سندلا (سَنْد۔لَا) (ہ۔ مذکر) ایک قسم کی کنگھی۔

سندور (سِن۔دُور) (ہ) دیکھو (سیندور)۔

سِندھ (سِنْدھ) (ہ) مذکر (۱) سمندر۔ دریا (۲) شمالی ہند کا ایک دریا۔ جس کے معاون جہلم۔ بیاس۔ راوی چناب بیاس اور ستلج ہیں (۳) پنجاب و کراچی کا درمیانی علاقہ۔

سندھلی (سَنْدھ۔لی) (ہ) (مؤنث) ایک قسم کی سیڑھی جس کے چاروں طرف سے اوپر کو چڑھا جا سکتا ہے۔

سندھیا (سَنْ۔دھیا) (س) مؤنث (۱) دن اور رات کے ملنے کا وقت (۲) صبح۔ دوپہر اور شام کی پوجا۔

سندیسا (سَنْدے۔سَا) (ہ) مذکر۔ (۱) پیغام۔ خبر (۲) مژدہ۔

سندیہ (سَنْد۔یَہ) (ہ) مذکر۔ شک۔ شبہ۔ سوچ۔ بچار۔

سنڈا (سَن۔ڈا) (ہ) مذکر۔ جوان۔ قوی ہیکل۔ زور آور (۲) موٹا۔

سنڈاس (سَنْ۔ڈاس) (ہ) مذکر (۱) طہارت خانہ۔ پاخانہ۔ جائے ضرور۔ (۲) اصطلاحاً اوپر کی چھت کا پاخانہ جس کا بول و براز نیچے گرے۔ اور مہتر باہر سے کاسے۔

سنڈاسی (سَنْ۔ڈا۔سِی) (ہ) مؤنث۔ گرم چیز پکڑنے کا آلہ دست پناہ۔ چمٹا۔

سنڈ مسنڈ (ہ) موٹا تازہ۔ ہٹا کٹا۔

سنڈے (سَنْ۔ڈے) (انگریزی SUNDAY) مذکر۔ اتوار۔ یک شنبہ۔

سنڈیکیٹ (سِن۔ڈی کیٹ) (انگریزی SYNDICATE) مؤنث۔ منتظمانِ تعلیم کی اعلیٰ جماعت۔

سنسار (سَنْ۔سَار) (ہ) مذکر۔ دُنیا۔ جہان۔ کائنات۔

سُنسان (سُنْ۔سَان) (ہ) مذکر (۱) ویران۔ اجاڑ (۲) خاموش۔ چپ چاپ (۳) خوفناک۔ ڈراؤنا۔

سنسر (سنسر) (انگ CENSOR) (مذکر) کسی بات سے روکنے والا۔ محتسب۔

سنسکرت (سَنْس۔کِرِت) (س) مؤنث۔ (۱) مقدس۔ عمدہ۔ افضل۔ صاف (۲) مکمل اور پوری زبان۔ (۳) (اصطلاحاً) وہ پاک اور شستہ زبان جس میں ہندوؤں کے شاستر منضبط ہیں۔

سنسنانا (سَنْ۔سَنا۔نَا) (ہ) سَن سَن کرنا۔ جھنجھنانا۔ (۲) سکتے کا عالم (۳) کانپنا۔ تھرتھرانا۔ لرزنا۔

سنسناہٹ۔ یا۔ سنسنی (ہ) مؤنث۔ غشی۔ سکتہ کی سی حالت۔ ضعف طاری ہونے کے وقت کی کیفیت۔

سنسی (سَنْ۔سِی) (ہ۔ مؤنث) لوہاروں اور سناروں کا ایک اوزار جس سے گرم دھات کو پکڑ کر آگ سے نکالتے اور اس پر چوٹ لگاتے ہیں۔

سِنک (سِنک) (ہ۔ مذکر) (۱) رینٹ۔ ناک کی غلاظت (۲) سنکنا کا امر۔

سنک (سَنک) (ہ) مذکر۔ خبط۔ سودا۔ مالیخولیا۔ جنون۔

سنکار (سَنْ۔کَار) (ہ) (۱) سنکارنا کا امر (۲) (مذکر) سر۔ آنکھ یا ہاتھ کا اشارہ (۳) بلانے کی آواز۔

سنکار دینا یا سنکارنا (ہ) (۱) آنکھ سے اشارہ کرنا (۲) ہنکانا (۳) بلانا

سنکرانت (سَنک۔رَانْت) مؤنث (۱) تحویل آفتاب کا دن۔ ماہ شمسی کی پہلی تاریخ (۲) ہندوؤں کا ایک تہوار۔

سنکلپ (سَنْ۔کَلَپ) (س) مذکر۔ خیرات۔ دان۔ نذر نیاز۔

سنکلپ کرنا (ہ) (۱) خیرات کرنا۔ دان دینا (۲) ہبہ کرنا۔ کسی کے نام لکھ دینا۔

سِنکنا (ہ) ناک سے رینٹ و غلاظت نکالنا۔ ناک

صاف کرنا۔

سنکوچ (سَن۔کوچ) (س) مذکر (۱) شرم۔ حیا۔ حجاب۔ (۲) دھڑکا۔ اندیشہ۔ وہم (۳) افسوس۔ دریغ۔

سِنکونا (انگریزی SINCHONA) مذکر و مؤنث۔ ایک درخت جس کی چھال کے سفوف یا ست سے کونین بنتی ہے۔

سنکھ (سَنکھ) (ہ) مذکر (۱) گھونگا۔ ناقوس۔ بڑی کوڑی جسے ہندو لوگ بجاتے ہیں (۲) سو پدم (۳) زیور۔ گہنا۔

سنکھنی (سَنکھ۔نی) (ہ) مؤنث۔ وہ عورت جس کے بال لمبے۔ قد دراز۔ جسم متوسط۔ مزاج چڑچڑا ہو۔ اور خواہش نفسانی زیادہ رکھے۔

سنکھیا (سَن۔کھیا) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا زہر۔ سم الفار جو معدنی بھی ہوتا ہے اور نباتی بھی۔

سنگ (سَنگ) (ف) مذکر (۱) پتھر۔ حجر (۲) وزن۔ بوجھ (۳) تمکین۔ وقار۔

سنگ آستان (ف) مذکر۔ دہلیز کا پتھر۔ سنگ در۔

سنگ آمد و سخت آمد (ف) (مثل) مصیبت کا کام چار و ناچار کرنا ہی پڑا۔ مصیبت پر مصیبت۔

سنگ آہن رُبا (ف) مذکر۔ مقناطیس۔ چمک پتھر۔ لوہا اٹھانے والا پتھر۔

سنگ اسود (ف۔ع) مذکر۔ وہ سیاہ پتھر جو کعبۃ اللہ کی دیوار میں نصب ہے اور جسے مسلمان مقدس سمجھ کر چومتے ہیں۔

سنگ پارس (ف) مذکر۔ حجر الحکیم دیکھو (پارس پتھر)

سنگ پشت (ف) مذکر۔ کچھوا۔

سنگ تراش (ف) مذکر۔ پتھر کاٹنے اور پتھر کا کام بنانے والا۔

سنگ جراحت (ف۔ع) مذکر۔ ایک سفید پتھر جو زخم کے لئے نہایت مفید ہے۔

سنگ دل (ف) پتھر کی چھاتی والا۔ سخت دل۔ بے رحم۔ کٹھور۔

سنگ راہ (ف) مذکر۔ وہ پتھر جو راستے پر پڑا ہوا آنے جانے والوں کو تکلیف دے (۲) سد راہ۔ مزاحم۔ مانع۔

سنگ ریزہ (ف) مذکر۔ کنکر۔ روڑی۔

سنگسار (ف) پتھراؤ۔ ایک قسم کی شرعی سزا جس میں آدمی کو کمر تک زمین میں گاڑ کر پتھر مارتے اور اسی طرح اس کا کام تمام کر دیتے ہیں۔

سنگسار کرنا (ف) پتھر مار کر کام تمام کرنا۔

سنگ ساز (ف) پتھر بنانے یا درست کرنے والا۔ مصلح سنگ۔

سنگلاخ (ف) مذکر (۱) وہ جگہ جو پتھریلی اور پہاڑی ہو (۲) سخت۔ مشکل۔ کٹھن۔

سنگ لوح (ف۔ع) مذکر۔ تربت کا پتھر۔ وہ تختی یا پتھر جو مزار کے سرہانے مُردے کا حال یا تاریخ وفات وغیرہ کے متعلق لکھ کر لگاتے ہیں۔

سنگ مرمر (ف۔ مذکر) ایک قسم کا سفید پتھر۔

سنگ موسیٰ (ف۔ع) (مذکر) ایک قسم کا سیاہ پتھر۔

سنگ (سَنگ) (ہ) مذکر (۱) ہمراہ۔ ساتھ (۲) اکٹھا۔

سنگار۔ سنگھار (سِنگار۔ سِنگھار) (ہ) مذکر (۱) آراستگی۔ بناؤ۔ سجاوٹ۔ زیب و زینت (۲) لباس (۳) زیور۔

سنگاردان (ہ) مذکر۔ وہ ظرف جس میں عورتیں سامان آرائش مثلاً کنگھی۔ سرمہ۔ مسی۔ آئینہ وغیرہ رکھتی ہیں۔

سنگار کرنا (ہ) بننا۔ سنورنا۔ آرائش کرنا۔

سنگت (سَن۔گت) (ہ) مؤنث (۱) ہمراہی۔ رفاقت (۲) شرکت۔ ساجھا۔ صحبت۔

سنگترہ (ف۔ مذکر) سنترا۔ سنگترہ۔ نارنج۔ نارنگی۔

سنگتی (سَنگ۔تی) (ہ) مذکر۔ رفیق۔ ہمراہی۔ ساتھی۔

سنگر (سَنگ۔گر) (ف) مذکر (۱) کھائی۔ خندق (۲) دمدمہ۔ مورچہ (۳) لڑائی کے موقع پر بنائی ہوئی دیوار (۴) باغ یا کھیت کے اردگرد کی دیوار۔

سِنگر (سِنگ۔گر) (انگ SINGER) گانے والا۔ گویّا۔

سِنگر (سِنگ۔گر) (انگ SINGER) مذکر۔ امریکہ کا ایک باشندہ جس نے سینے کی مشین ایجاد کی ہے۔

سِنگر سوئنگ مشین (انگ SINGER SEWING MACHINE) مؤنث۔ سنگر کی ایجاد کی ہوئی سینے کی مشین۔

سِنگرنا (سِنگر۔نا) (ہ) بننا۔ سنورنا۔ آراستہ ہونا۔ سجنا۔

سنگرہنی (سَنگ۔رہ۔نی) (ہ) مؤنث۔ معدے کی ایک سخت بیماری جس میں بار بار پاخانے کی حاجت ہوتی ہے۔

سنگل (سِنگ۔گل) (انگ SINGLE) اکیلا۔ ایک۔ اکہرا۔ مجرد۔

سنگم (سَنگ۔گم) (س۔ مذکر) دو یا دو سے زیادہ مختلف

دریاؤں یا درختوں کے ملنے کی جگہ۔
سنگوا (سَن گ وَا) (ہ) سنگوانا کا امر۔
سنگوالینا - سنگوانا (ہ) (۱) جمع کر لینا (۲) لوٹ کھسوٹ لینا (۳) مار ڈالنا (۴) ترتیب سے لگانا۔
سِنگَوٹی (سِن گَو ٹی) (ہ) مؤنث (۱) وہ غلاف یا پیتل وغیرہ کا خول جو بیلوں کے سینگوں پر خوبصورتی کے لئے چڑھاتے ہیں (۲) گھنٹے وغیرہ کا چھوٹا سا سینگ (۳) جانور کا محصول۔
سنگوڑی (سِن گو ڑی) (ہ - مؤنث) سینگ پر چڑھانے کی شام۔
سنگھ (سِنگھ) (ہ) مذکر (۱) شیر۔ چھتریوں - راجپوتوں اور سکھوں کے نام کا عام جزو (۲) بُرج اسد (۳) نبض - ناڑی۔
سنگھاڑا (سِن گھا ڑا) (ہ) مذکر - ایک خاردار پھل جو اکثر جوہڑوں میں ہوتا اور اس کا پھول "گل نیلو فر" کہلاتا ہے - پھل کھانے اور پھول دوا میں کام آتا ہے۔
سنگھاڑا مچھلی (ہ - مؤنث) ایک قسم کی مچھلی۔
سنگھاسن (سِن گھا سَن) (ہ) مذکر تخت شاہی۔ سریر۔ راج گدی۔
سنگھانا (سُن گھا نا) (ہ) سونگھنا کا متعدی۔
سنگی (سَن گی) (ہ) مذکر - ساتھی - ہمراہی - رفیق۔
سنگیت (سَن گیت) (س - مذکر) (۱) وہ گانا جو بہت سے آدمی مل کر گائیں - انترا (۲) وہ تماشا جس میں گانا - باجا اور ناچ ہو (۳) ساز اور ناچ کے ساتھ گانے کا فن۔
سنگین (سَن گین) (ف) (۱) بھاری - وزنی - گراں سخت (۲) ایک قسم کا ہتھیار (۳) پتھر کا بنا ہوا۔
سنگین جرم (ف - ع) مذکر - بھاری قصور - وہ جرم یا گناہ جو سخت سزا کے قابل ہو۔
سنگین دل (ف) سخت دل - بے رحم - کٹھور۔
سنگین سزا (ف) مؤنث - سزائے سخت - بھاری سزا۔
سنگینی (ف - مؤنث) سختی۔
سنمکھ (سَن مُکھ) (ہ) سامنے - مقابل - روبرو - کھلم کھلا۔
سُنَن (سُنَن) (ع - مذکر) سُنّت کی جمع - طریقے۔
سنوار (سَن وَار) (ہ) مؤنث (۱) سجاوٹ - درستی - اصلاح (۲) سزا - لعنت - پھٹکار - جیسے تجھے خدا کی سنوار۔
سنوارنا (ہ) (۱) درست کرنا - اصلاح دینا (۲) ترتیب سے لگانا - آراستہ کرنا۔

سنو تو سہی (ہ) ٹھہرو تو سہی - صبر تو کرو - بھلا سوچو تو - ذرا دھیان تو کرو۔
سنورنا (سَن وَر نا) (ہ) (۱) درست ہونا - سجنا - آراستہ ہونا - ترتیب سے لگنا (۲) انجام کو پہنچنا۔
سنہ (سَنہ) (ع) مذکر - سال - برس - سمت۔
سنہ جلوس (ع) مذکر - کسی بادشاہ کی تخت نشینی کا برس۔
سنہ رواں (ف) مذکر - موجودہ سال - امسال۔
سنہ عیسوی (ع) مذکر - وہ شمسی برس جس کا حساب حضرت عیسٰے علیہ السلام کی پیدائش کے زمانے سے شروع ہوتا ہے۔
سنہ ہجری (ع) مذکر - سال محمدی - وہ قمری سال جو حضرت پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے مکہ معظمہ سے مدینہ منورہ کو ہجرت کرنے کی تاریخ سے شروع ہوا۔
سنہرا - سنہری (سُن ہ رَا، سُن ہ رِی) (ہ) (۱) سونے کے رنگ کا زرد - پیلا (۲) طلائی زرّین - پُر زر - سونے کا۔
سُنّی (سُن نِی) (ع) مذکر - اہل سنت والجماعت مسلمانوں کا وہ فرقہ جو خلفائے اربعہ کو برحق مانتا اور علیٰ قدر مراتب چاروں کو بزرگ جانتا ہے طریقۂ رسول اللہ پر قائم رہنے والا فرقہ - سنتِ رسول صلعم پر چلنے والا گروہ۔
سنیاس (سَن یَاس) (س - مذکر) (۱) دنیا چھوڑ دینا فقیری۔
سنیاسی (س) مذکر - تارک الدنیا - فقیر - جوگی - آزاد فقیر۔
سُنی ان سُنی کرنا (ہ) سن کر ٹال جانا - چپ سادھ رہنا۔
سنیچر (سَنی چَر) (ہ) مذکر (۱) ساتواں ستارہ - زحل - جمعہ کے بعد کا دن - شنبہ ہفتہ - (۲) بدنصیبی - نحوست ادبار۔
سنیچر آنا (ہ) زحل ستارہ کے اثر میں آنا - نحوست آنا ادبار آنا - بُرا ستارہ اور بُری گھڑی آنا۔
سنین (سِنِین) (ع - مذکر) سنہ کی جمع - سال۔

س - و

سُو (سُو) (ف) سمت - طرف - جانب۔
سو (سُو) (ہ) سونا کا امر۔
سو (سَو) (ہ) صد - پانچ بیسی - سیکڑا - ۱۰۰ - ما۔
سولہ بِسوے (ہ) (۱) یقیناً (۲) بالکل درست۔

سو پر سو (ہ) سو فی صدی۔

سو جتن کئے (ہ) بہت کوشش کی۔ ہر چند تدبیر حیلہ سازی اور مکر و فریب کئے۔

سو جان سے صدقے (ی) سو جان سے قربان۔ سو دل و جان سے قربان اور صدقے۔

سو جان سے عاشق ہونا (ا) از بس شیدا و والہ ہونا۔ محو ہونا۔

سو چھپائیں (ہ) ہر چند چھپائیں۔ کسی طرح پوشیدہ کریں۔

سو دن چور کے تو ایک دن سادہ کا (کہاوت) ہمیشہ ایک ہی شخص کی نہیں چلتی۔ چور کبھی نہ کبھی پکڑا ہی جاتا ہے۔ سو دفعہ شریر کی چلے گی تو ایک دفعہ شریف کی بھی چل جائے گی۔

سو سر کا ہونا (ہ) ایک ایسے دانا یا زور آور کا سو پر بھاری ہونا۔

سو سنار کی ایک لوہار کی (ہ) (کہاوت) کمزور کی سو چوٹیں زبردست کی ایک چوٹ کے برابر ہوتی ہیں۔ زیر دست کی کوشش زبردست کے آگے بے فائدہ ہے۔

سَو سُو (ہ) بہت زیادہ۔ بافراط۔ بکثرت۔

سو سو بل کھانا (ہ) نہایت غصہ اور پیچ و تاب کھانا۔

سو سو کوس (ہ) لمبا سفر۔ دُور دُور۔ کوسوں۔

سو سو کوس بھاگنا (ہ) نہایت رمیدگی اور وحشت اختیار کرنا۔ دور بھاگنا۔ پاس نہ پھٹکنا۔ الگ رہنا۔ دُور رہنا۔ پرے ہونا۔

سو سیانے ایک مت (ہ) (کہاوت) جتنے دانا ہونگے سب کی ایک رائے ہوگی۔

سو غلاموں گھر سونا (ی) کہاوت۔ اگر فرزند نہ ہو تو سو غلاموں کے ہوتے بھی گھر خالی لگتا ہے۔ یعنی ایک فرزند بھی آبادیٔ خانہ کا باعث ہے۔

سو کی ایک بات کہنا (ہ) مختصر ایک بات کہنا۔

سو گز بھاڑیں ایک گز نہ واریں (ہ) (کہاوت) بظاہر تو نہایت محبت مگر موقع یا ضرورت کے وقت فوراً الگ۔

سو لنگڑوں میں ایک ناک والا نکو (ہ) (کہاوت) سو عیب داروں میں ایک بے عیب سب سے زیادہ عیبی خیال کیا جاتا ہے۔

سُو (سُو۔ آ) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا خوشبودار ساگ۔

سوآ۔ سُوا (سُوا۔ آ۔ سُوا) (ہ۔ مذکر) بہت بڑی سوئی

سَوا (سَوَا) (ہ) ایک چوتھائی زیادہ۔ ایک اور اس کا چوتھا حصہ۔ $\frac{1}{4}$ ۱۔

سوا نیزے پر سورج آنا (ا) (۱) نہایت گرمی پڑنا۔ آگ برسنا (۲) قیامت آجانا۔

سِوا (سِوَا) (ع) حرف استثناء (۱) ماسوا۔ بجز۔ بغیر (۲) زیادہ۔ فالتو۔

سواحل (سَوَا۔حِل) (ع۔ مذکر) ساحل کی جمع کنارے

سَواد (سَوَاد) (ہ۔ مذکر) (۱) ذائقہ۔ مزہ۔ چاٹ (۲) فرحت۔ خوشی (۳) محبت۔ اخلاص۔

سواد (سَوَاد) (ع) مذکر۔ (۱) سیاہی کا ملک (۲) نواح۔ اردگرد۔ حوالی شہر (۳) ذہن۔ ملکہ۔

سوار (سَوار) (ف) مذکر۔ راکب۔ گھوڑے وغیرہ پر چڑھا ہُوا۔

سوا راج (سَوا۔راج) (ہ) دیکھو (سوراج)۔

سواری آنا (ہ) تشریف لانا۔

سُوال (سُوَال) (ع) مذکر۔ درخواست۔ مانگ۔ التماس (۲) دریافت۔ استفسار (۳) مسئلہ۔ عقیدہ۔

سوال از آسمان جواب از ریسمان (ف) (مثل) سوال کچھ جواب کچھ۔

سوال جرح (ع) مذکر۔ سوال تردید۔ بات میں سے بات نکال کر اعتراض کرنا۔ گرفت کا سوال۔ بات کاٹنا

سوال حل کرنا (و) مسئلہ حل کرنا۔ مشکل حل کرنا۔ کسی عقدے کا کھولنا۔

سوال خوانی (ع۔ ف) مؤنث۔ عرضے یا عرضی کا سُنانا۔

سوال دقیق (ع۔ مذکر) باریک سوال جس پر بحث ہو سکے

سوال مُتمّم (ع۔ مذکر) وہ درخواست جو اسٹامپ کی کمی پوری کرنے کے لئے دی جائے۔

سوال مرمت (ع۔ مذکر) عرضی کی ترمیم اور درستی کے لئے سوال۔

سوال موصل الی المطلوب (ع۔ مذکر) پوچھنے والے کے مطلب تک پہنچانے والا سوال۔

سوالی (سُوَا۔لی) (ع۔ ف) (۱) مانگنے والا (۲) عرضی پڑھنے والا۔

سوامی (سَوَا۔می) (ہ) مذکر۔ (۱) آقا۔ مالک۔ حاکم۔ خداوند۔ بادشاہ (۲) پتی۔ سیاں۔ خاوند۔ خصم۔ شوہر (۳) گرو۔ پیر۔ جوگی۔

سوانا۔ سوانہ (سِوَا۔نا۔ سَوَانہ) (ہ۔ مذکر) [illegible]

کنارہ - مینڈ (۲) حد کی برجی یا نشان •
سوانح (سَوَا - نِحْ) (ع) مذکر۔ (۱) سانحہ کی جمع (۲) واقعات - ملاقات - روئداد - حالات •
سوانح عمری (ع - ف) مؤنث سرگزشت - کسی شخص کی زندگی کا حال - تذکرہ - لائف •
سوانح نگار (ع - ف) مذکر - وقائع نگار - اخبار نویس - نامہ نگار •
سوانگ (سَوَا - نْگ) (ہ) مذکر (۱) شعبدہ - تماشا۔ (۲) کھیل - نقل •
سوانگ لانا (ہ) (۱) روپ بھرنا - نقل کرنا (۲) رنگ لانا •
سَوَانگیا (ہ) مذکر (۱) بہروپیا - روپ بھرنے اور دکھانے والا (۲) شعبدہ باز - مکّار - فریبی - دغا باز - عیّار •
سَوائی (سَوَا - ئِی) (ہ - مؤنث) فالتو آمدنی - لگان کے علاوہ دوسری چیزوں کی آمدنی •
سِوائی (سِوَا - ئِی) (ہ - مؤنث) وہ زمین جس میں چاول کے سوا ہر چیز پیدا ہو •
سَوایا (ہ) (۱) ایک چوتھائی زیادہ (۲) بیش - زیادہ - بڑھا ہوا •
سوبھا (سُو - بھَا) (ہ) مؤنث (۱) زینت - آرائش - خوبصورتی (۲) شان و شوکت (۳) عزّت - آبرو •
سوپ (سُوپ) (ہ) مذکر - چھاج - غلّہ افشاں •
سُوپ (سُوپ) (انگ SOUP) (مذکر) شوربا یخنی •
سوپ (سُوپ) (انگریزی - SOAP) مذکر - صابن •
سوت (سُوت) (ہ) مؤنث - پانی کا چشمہ - سوتا - منبع - نکاس - نکلنے کی جگہ •
سوت جاری ہونا (ہ) چشمہ جاری ہونا •
سوت (سُوت) (ہ) مذکر (۱) تاگا - دھاگا (۲) گز کا سولھواں حصہ (۳) سیدھ دیکھنے کا ڈورا (۴) رتیہ •
سوت باندھنا (ہ) سیدھ باندھنا - نشانہ باندھنا - شست باندھنا •
سوت کی انٹی اور یوسف کی خریداری (ف) (مثل) تھوڑی سی حیثیت پر اتنا بڑا حوصلہ •
سَوت - سَوتن (سَوت - سَو - تَن) (ہ) مؤنث - سوکن - وہ بیوی جو پہلی بیوی پر لائی جائے •
سَوت بھلی سوتیلا بُرا (ہ) (کہاوت) سوکن کی نسبت اس کی اولاد زیادہ خطرناک ہوتی ہے •
سَوت پر سَوت اور جلاپا (ہ) (کہاوت) ایک دشمن کے ہوتے ہوئے دوسرا دشمن اور آجانا اور بھی دُکھ ہے •
سوت چُون کی بھی بُری ہوتی ہے (ہ) (مثل) شریک اگرچہ سزاوار نہ بھی ہو - پھر بھی اچھا نہیں - دشمن ادنیٰ بھی بُرا معلوم ہوتا ہے •
سَوت کا لانا جیتے جی کا جلانا (ہ) (کہاوت) دوسری جورو کا لانا پہلی جورو کو زندہ درگور کرنا ہے •
سوتا (سُو - تَا) (ہ) مذکر (۱) سوت - چشمہ - کھاڑی - خلیج (۲) خفتہ - سوتا ہوا •
سَوتاپا (ہ) مذکر - وہ دشمنی جو دو سوکنوں میں قدرتی طور پر ہوتی ہے •
سَوت نہ کیس کولی رجلاہے) سے لٹھم لٹھا (ہ) (کہاوت) بے اصل تکرار - خواہ مخواہ کا جھگڑا •
سُوتک (س) مذکر - بچے کے وقت پیدائش کی ناپاکی •
سُوتنا - سونتنا (سُوت - نَا - سُونْت - نَا) (ہ) نچوڑنا - صاف کرنا - چوسنا - جذب کرنا - کھینچ لینا •
سُوتواں (سُوت - وَاں) (ہ) دیکھو (سُتواں) •
سُوتی (ہ) سُوت کا بنا ہوا •
سوتی بھڑ جگانا (ہ) نئے سرے سے فساد اٹھانا - پُرانے جھگڑوں کو از سرِ نو تازہ کرنا •
سوتے جاگتے منہ دیکھنا (ہ) ہر وقت توقع رکھنا - امید رکھنا - بھروسا کرنا •
سوتے کا سوتا رہنا (ہ) (۱) حالت خراب ہی میں پڑا رہنا - بے خبر سوتا ہوا رہ جانا (۲) سوتے میں مر جانا - رات کو سو کر جیتا نہ اٹھنا •
سوتیلا (مذکر) سَوت کا بیٹا •
سوٹ (سُوٹ) (انگ SUIT) (مذکر) - کپڑوں کا جوڑا •
سوجا (سُو - جَا) (ہ) مذکر (۱) برما - شفتہ - چھید کرنے کا آلہ •
سُوجن (سُو - جَن) (ہ) مؤنث - ورم - پھولن - آماس •
سُوجنا (ہ) (۱) ورم ہونا - سُوجن چڑھنا (۲) غصے یا بدمزاجی سے منہ پھلائے رکھنا •
سُوجھ (سُوجھ) (ہ) مؤنث (۱) نظر - بینائی - بصارت (۲) عقل - سمجھ بوجھ •
سُوجھتا کرنا (ہ) فکر کرنا - تدبیر کرنا - بندوبست کرنا •

سُوجھنا (ہ) (۱) نظر آنا۔ آنکھ سے معلوم ہونا۔ نظر پڑنا۔ (۲) خیال میں آنا۔ ذہن میں آنا۔

سُوجی (سُو۔جی) (ہ) مؤنث۔ رَوا۔ گیہوں کا مغز۔ ایک قسم کا موٹا آٹا۔

سوچ (سُوچ) (ہ) مذکر (۱) فکر۔ اندیشہ۔ خیال (۲) غم و الم۔ رنج (۳) غور۔ دھیان۔ توجہ۔

سوچ بچار (ہ) مذکر۔ فکر و تامل۔ سوچ سمجھ۔ غور و فکر۔

سوچ (سُوِچ) (انگریزی SWITCH) مذکر کنجی۔ ریل اور بجلی کے گھمانے کی کنجی۔

سوچ بورڈ (انگریزی SWITCH BOARD) (مذکر) وہ تختہ جس پر مختلف بجلی کے میل اور جوڑ کئے جائیں۔ وہ انتظام جو بجلی کے مختلف حلقوں کو آپس میں ملاتے۔

سوچنا (ہ) (۱) فکر کرنا۔ غور کرنا (۲) مراقبہ کرنا۔ دھیان لگانا (۳) سمجھنا۔ بوجھنا۔ عاقبت اندیشی کرنا۔

سُوچنا (سُوچ۔نا) (ہ) آبدست کرنا۔ پانی لینا۔ طہارت کرنا۔

سوخت (سُو۔خت) (ف) مؤنث۔ سوختگی۔ سوزش۔

سوختگی (ف) مؤنث (۱) جلن۔ سوزش۔ تکلیف (۲) رنج۔ صدمہ۔ غم۔

سوختنی (ف) مؤنث۔ جلنے کے قابل۔ جلانے کے لائق۔

سوختہ (ف) (۱) جلا ہوا۔ جُھلسا ہوا (۲) غم سے جلا ہوا۔ مصیبت زدہ۔ افسردہ۔

سوختی (۱) مؤنث۔ کلفت۔ رنج۔ تکلیف۔ غم۔

سُود (سُود) (ف) مذکر (۱) نفع۔ فائدہ۔ منافع۔ (۲) بہتری۔ بھلائی (۳) بیاج۔ نقد روپے کا نفع۔

سُود بٹا (ہ) مذکر۔ نفع نقصان۔

سود خوار یا سود خور (ف) مذکر۔ بیاج کھانے والا۔ رباخوار۔

سُود در سُود (ف) مذکر۔ بیاج پر بیاج۔ مرکب سود ڈبل سود۔

سُود مند (ف) مفید۔ فائدہ مند۔

سودا (سَو۔دَا) (ع) مذکر (۱) سیاہ۔ کالا۔ سوختہ بلغم (۲) خبط۔ جنون۔ دیوانگی (۳) عشق۔ محبت۔ خیال۔ دُھن (۴) خرید و فروخت۔ بیوپار (۵) مرزا محمد رفیع مرحوم کا تخلص جو ہجو گوئی اور قصائد میں شہرۂ آفاق تھے۔

سودا اُچھلنا (ہ) جنون ہونا۔ خفقان ہونا۔ پاگل پن کا زور ہونا۔

سودا پٹنا (ہ) قیمت طے ہونا۔ بھاؤ مقرر ہونا۔

سودا دست بدست ہونا (ا) کسی چیز کا فی الفور قیمت پر فروخت ہو جانا۔

سودا سلف (ہ) مذکر۔ چیز بست۔ کھانے پینے کی چیز۔ بازاری چیز جو خریدی جائے۔

سوداگر (ف) مذکر۔ تاجر۔ مہاجن۔ بیوپاری۔

سوداگر بچہ (ف) مذکر۔ تاجر زادہ۔ بیوپاری کا بیٹا۔

سوداگر بچی (ف) مؤنث۔ تاجر زادی۔

سوداگری (ف) مؤنث (۱) تجارت۔ بیوپار (۲) تجارتی۔

سوداگری کرنا (ا) تجارت کرنا۔ بیوپار کرنا۔ کاروبار کرنا۔ لین دین کرنا۔

سودا مول لینا (ا) (۱) کوئی چیز خریدنا (۲) جھگڑا مول لینا۔

سودا نہ ہونا (ہ) قیمت طے نہ ہونا۔ معاملہ نہ پٹنا۔

سُودھا (سُو۔دھا) (ہ) سیدھا۔ صاف۔ سچا۔ سادہ دل۔

سودائی (ع) مذکر۔ دیوانہ۔ پاگل۔ خبطی۔ احمق۔

سوداوی (ع) (۱) سودا سے متعلق (۲) مغموم۔ فکرمند۔ غمگین۔

سوداوی مزاج (ع) مذکر۔ وہ شخص جس میں خلط سودا غالب ہو۔ خفقانی آدمی۔ جنونی آدمی۔

سودھن (سُو۔دھن) (ہ) مذکر (۱) تہذیب شائستگی لطافت۔ پاکیزگی (۲) اصلاح۔ درستی۔

سُودھنا (ہ) (۱) صاف کرنا۔ پاک کرنا (۲) فرض ادا کرنا۔ (۳) اصلاح دینا۔ درست کرنا (۴) تلاش کرنا۔ (۵) پھیلانا۔

سُودی (ف) بیاجو۔ وہ روپیہ جو سُود پر لیا جائے۔

سودیشی (سُو۔دے۔شی) (ہ) اپنے دیس کا۔

سوڈا (سُو۔ڈا) (انگریزی SODA) مذکر۔ دھات کا کھار۔ ایک قسم کی سجی کا کھار۔

سوڈا بائیکارب (انگریزی SODA BICARB) مذکر۔ ایک مرکب دوا جو ہضم کے لئے بہت فائدہ مند ہے۔

سوڈا واٹر (سُو۔ڈا۔وَا۔ٹَر) (انگریزی SODA WATER) وہ کل کا پانی جو سوڈے کی لاگ سے بنایا جائے۔ ولایتی پانی۔

سوڈھی (سُو۔ڈھی) (ہ) مذکر۔ چھتریوں کی ایک قوم جو اپنے آپ کو بابا گرو نانک کی اولاد بتاتی ہے۔

سوڈیم (سُو۔ڈِیَم) (انگریزی، SODIUM) (۱) سجّی کا۔ سوڈے کا بنا ہوا (۲) ایک غیر دھاتی عنصر۔

سُور (سُوْر) (ہ) مذکر۔ بہادر آدمی۔ سورما۔ پہلوان آدمی۔ غازی مرد۔

سُوربیر (ہ) بڑا بہادر۔ سورما۔

سُؤر (سُؤَر) (ہ) مذکر۔ (۱) جانور۔ خوک۔ خنزیر (۲) حرامزادہ۔ شریر۔ ایک بڑی گالی۔

سوراج (سُو۔رَاج) (س) مذکر۔ اپنا راج۔ حکومت خود اختیاری۔ ہوم رول۔

سُوراخ (سُو۔رَاخ) (ف) مذکر (۱) چھید۔ رخنہ۔ روزن (۲) منہ۔ دہان۔ موری۔

سُورداس (سُور۔دَاس) (ہ) مذکر۔ ایک اندھا ہندو شاعر اور گویا چونکہ یہ نابینا تھا۔ اس لئے ہر نابینا ہندو کو ہندو سورداس کہنے لگے جیسے مسلمانوں میں اندھے کو حافظ کہتے ہیں۔

سُور (س) مذکر (۱) عالم۔ فاضل۔ پنڈت (۲) خورشید۔ سُورج۔ آفتاب۔

سُوراخ کرنا (ف) بیندھنا۔ چھیدنا۔

سُورت یا سورۃ (سُو۔رَت) (ع) مؤنث۔ قرآن شریف کا کوئی باب۔ کلام مجید کا کوئی حصہ۔

سُورت (ہ) (مذکر) ہندوستان کا ایک بڑا شہر اعلاط بمبئی میں واقع ہے۔

سورج (سُو۔رَج) (ہ) مذکر (۱) شمس۔ خورشید۔ آفتاب (۲) دھوپ۔ روشنی آفتاب۔

سورج بنسی (ہ) مذکر۔ راجپوتوں کا فرقہ جو اپنے آپ کو سورج کی (ایک مورث اعلیٰ کی) اولاد ظاہر کرتا ہے۔ راجہ رامچندر اسی خاندان میں سے تھے۔

سورج ڈوبتے (ڈوبے) (ہ) سورج چھپنے کے وقت۔

سورج ڈوبنا (ہ) آفتاب کا غروب ہونا۔ سورج کا چھپنا۔

سورج سنسار (ہ) مذکر۔ نظام شمسی۔

سورج سنکرات (ہ) مؤنث۔ تحویل آفتاب۔ سورج کا ایک برج سے دوسرے برج میں جانا۔

سورج کو چراغ دکھانا (ہ) فعل عبث کرنا۔ دانا کو دانائی کی بات بتانا۔ تجربہ کار کو عقل دینا۔

سُورج گرہن۔ یا۔ سورج گہن (ہ) کسوف۔ گرفتگی آفتاب۔

سُورج مُکھی (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا زرد پھول جو آفتاب کے ساتھ اپنا رُخ بدلتا ہے۔

سُورج منڈل (ہ۔ مذکر) سورج کی ٹکیا۔

سُورج نِکلنا (ہ) آفتاب کا طلوع ہونا۔

سورگ (سُوَرْگ) (س) مذکر۔ دیکھو (سُرگ)۔

سُورما (ہ) بہادر۔ شجاع۔

سُورما چنا بھاڑ نہیں پھوڑ سکتا (ہ) (مثل) اکیلا بہادر بہت سے آدمیوں پر غالب نہیں آسکتا۔

سورنجان (سُو۔رَن۔جَان) مؤنث۔ ایک دوا جسے جنگلی سنگھاڑا بھی کہتے ہیں۔

سُورنی (ہ) مؤنث (۱) مادہ خوک (۲) بہت سے بچے جننے والی عورت۔

سورہ (ع) (مذکر) دیکھو (سورت بمعنی باب قرآن)۔

سُورۂ اخلاص (ع) (مذکر) قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَد الخ اخیر کی سورتوں میں سے ایک سو بارہویں سورت۔

سورۂ یٰسین (ع) (مذکر) قرآن شریف کی ایک مشہور سورت جس کی ابتدا میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ثنا اور تعریف ہے۔ اکثر حل مشکلات بالخصوص سختی موت کے دفع ہونے کے لئے حالت نزع میں سنائی جاتی ہے۔

سوز (سُوْز) (ف) مذکر (۱) سوزش۔ جلن۔ دکھ۔ درد (۲) مرثیہ خوانی کی ایک طرز (۳) منشی محمد میر مرحوم کا تخلص جو ایک مشہور شاعر تھے۔

سُوزاک (سُو۔زَاک) (ف) مذکر۔ رقت البول۔ ایک مرض جس میں پیشاب سوزش کے ساتھ آتا اور پیپ بھی آتی رہتی ہے۔

سوزش (سُو۔زِش) (ف) مؤنث۔ جلن۔ سوختگی۔

سوزن (سُو۔زَن) (ف) مؤنث۔ سُوئی۔ کپڑا سینے کا آلہ۔

سوزنی (سُو۔زَنی) (ف) مؤنث (۱) ایک قسم کا موٹا بچھونا جس پر سُوئی کا باریک کام کیا ہوا ہو (۲) ایک قسم کا دوہرا روئی سے بھرا ہوا کپڑا۔

سُوس (سُوْس) (ع) (مذکر و مؤنث) (۱) ملٹھی (۲) خوک آبی۔ ایک قسم کا گرمچھ۔

سوسائٹی (سُو۔سَا۔ئِٹی) (انگریزی SOCIETY) (مؤنث) انجمن۔ مجلس۔ سبھا۔ منڈلی۔ سماج۔

سوسمار (سُوس۔مَار) (ف) مذکر۔ گوہ۔ ایک مجہولی

جاتا ہ

سوسن (سو-سَن) (ف) ایک قسم کا آسمانی رنگ کا پھول جسے شعرا اکثر زبان سے تشبیہ دیتے ہیں ہ

سوسنی (سو-سَنی) (ف) مؤنث - نیلگوں - آسمانی ہ

سوسی (سو-سی) (ہ) (مؤنث) ایک قسم کا رنگین کپڑا ہ

سوشل (سو-شل) (انگریزی SOCIAL) سوسائٹی کا - معاشرتی - عمرانی - تمدنی ہ

سوشلزم (سو-شلزم) (انگ SOCIALISM) (مؤنث) اشتراکیت - اجتماعیت - وہ اصول اور تحریک جس کا مقصد عوام کے فائدے کے لئے ان کی اجتماعی ترتیب ہے - اس میں ملکیت - پیداوار اور خرید و فروخت وغیرہ کا انتظام مشترکہ ہے ہ

سوشلسٹ (سو-شلسٹ) (انگریزی SOCIALIST) (مذکر) اشتراکیت کے اصول پر عمل کرنے والا ہ

سوغات (سَو-غات) (ت) مؤنث (۱) تحفہ - ہدیہ - (۲) عمدہ چیز - عجیب چیز ہ

سوفار (سو-فار) (ف) مذکر (۱) سوفی کا ناکا (۲) تیر کا سر - تیر کی چٹکی ہ

سوفتہ (سوف-تہ) (سپیتا کا مخرب - مذکر - (۱) مہلت فرصت (۲) نجات - چھٹکارا ہ

سوفسطائی (سو-فِس-طا-ئی) حکیموں کا وہ گروہ جس کی بنیاد وہم پر ہے - اور جو حقائق سے بالکل منکر ہے ہ

سوفہ (سو-فہ) (انگریزی SOFA) مذکر - نشست دار کرسی - کاؤچ ہ

سوقیانہ (سو-قیا-نہ) (ع-ف) بازاری - عوام کا ہ

سوکَن (سوکُن) (ہ) مذکر - زہرہ ستارہ - گولئی فلک - یوم آدینہ یا جمعہ کا ستارہ ہ

سوکا (سو-کا) (ہ) مذکر (۱) وہ فصل جو اولوں سے مر جاتے (۲) امساک باران - قحط سالی ہ

سوکن (سو-کَن) (ہ) مؤنث - سوت - خاوند کی دوسری بیوی ہ

سوکھ (سوکھ) (ہ) سوکھنا کا امر ہ

سوکھ کر کانٹا ہونا (ہ) نہایت لاغر ہونا - دُبلا ہونا ہ

سوکھا (سو-کھا) (ہ) مذکر (۱) یابس - خشک (۲) پتلا دبلا - لاغر (۳) قحط سالی - کال (۴) بھنگ (۵) خشک تمباکو ہ

سوکھا پڑنا (ہ) قحط پڑنا - کال پڑنا ہ

سوکھا ٹالنا (ہ) خشک جواب دینا - صاف انکار کرنا - باتوں میں ٹال دینا ہ

سوکھا جواب دینا (ہ) صاف انکار کر دینا - مطلق جواب دے دینا ہ

سوکھا لگنا (ہ) دُبلا ہوتا جانا - غم یا بیماری کے باعث بدن کا سوکھتا جانا - لاغر ہو جانا ہ

سوکھنا (ہ) (۱) خشک ہونا (۲) دُبلا ہونا (۳) سکڑنا ہ

سوکھنا (سوکھ-نا) (ہ) (۱) چوسنا - جذب کرنا (۲) سڑکنا - چڑھا جانا - بہت پینا ہ

سوکھی (ہ) (۱) خشک چیز - روکھی (۲) دُبلی پتلی - لاغر - ناتواں ہ

سوکھی الفن (ا) مؤنث (طنزاً) دبلی پتلی الف کی مانند عورت ہ

سوکھی سُنانا (ہ) انکار کرنا ہ

سوکھی چپاتی کرنا (ہ) پانی پئے بغیر کھانے چلے جانا ہ

سوکھے (سو-کھے) سوکھا کی جمع ہ

سوکھے ٹکڑوں پر کوّوں کی مہمانی (ہ) (کہاوت) ناداری میں عیش کی باتیں - مفلسی میں شیخی ہ

سوکھے ٹکڑوں پر کوّے اُڑانا (ہ) (کہاوت) تھوڑی سی اُجرت پر بے عزتی کا کام کرنا ہ

سوکھے دھانوں پانی پڑنا (ہ) (۱) عین وقت پر بارش ہونا (۲) تروتازہ ہونا - از سرِ نو زندگی پانا ہ

سوکھے ساون نہ روکھے بھادوں (ہ) (کہاوت) سدا ایک سے یعنی نہ ان سے ساون میں فائدہ - نہ بھادوں میں (۲) پورے مستقل مزاج اور باوضع جن کے افلاس اور دولتمندی کا پتہ ہی نہ چل سکے ہ

سوکھے گھاٹ اُتارنا (ہ) سوکھا ٹال دینا - مایوس رکھنا ہ

سوگ (سوگ) (ف-ہ) (مذکر) ماتم - غم - رنج ہ

سوگ اُٹھانا (ہ) ماتم دُور کرنا - سوگ اُٹھنا ہ

سوگوار - (ف) مذکر - غمگین - مغموم - ماتمی ہ

سوگند (ف) مؤنث - قسم - قول - عہد - حلف ہ

سوگند کھا کے (ہ) قسم کھا کر ہ

سوگی (ہ) غمگین - مصیبت زدہ - رنجیدہ - ماتمی ہ

سول (سُول) (ہ) مذکر (۱) کانٹا - خار (۲) برچھی کی نوک (۳) دردِ شکم - پیٹ کا درد (۴) چبھن - چُبھن ہ

سول (سُول) (انگریزی SOLE) اکیلا ہ

سِول (انگریزی SIVIL) (۱) ملکی - انتظامی (۲)

عیق - مہذب •

سِول جج (انگریزی CIVIL JUDGE) مذکر - دیوانی مقدمات کا فیصلہ کرنے والا حاکم وہ عہدہ دار جو فوجداری اور انتظامی مقدمات کے سوا لین دین اور معاملات باہمی کے فیصلے پر مامور ہو •

سِول سرجن (انگریزی CIVIL SURGEON) (مذکر) ملکی ڈاکٹر - اعلٰے درجے کا سرکاری ڈاکٹر جو عموماً ہر ضلع میں عام ہسپتالوں کا نگران ہوتا ہے •

سِول سروس (انگریزی CIVIL SERVICE) (مؤنث) ملازمت کا وہ بڑا درجہ جس میں بڑے بڑے عہدہ دار شامل ہوتے ہیں - مثلاً ڈپٹی کمشنر سول سرجن وغیرہ •

سِول سرونٹس (انگریزی CIVIL SERVANTS) مذکر - حکام - متعہد - وہ اعلٰے درجے کے ملکی ملازم جو بڑے بڑے عہدوں کے مستحق خیال کئے جاتے ہیں •

سِول کوڈ (انگ CIVIL CODE) (مذکر) دیوانی قانونوں کا دستور العمل •

سِول کورٹ (انگریزی CIVIL COURT) (مؤنث) عدالت دیوانی - وہ عدالت جس میں لین دین کے مقدمات ہوتے ہوں •

سِول لا (انگ CIVIL LAW) (مذکر) دیوانی قانون •

سِول لسٹ (انگریزی CIVIL LIST) (مؤنث) ملازمان ملکی کی فہرست جس میں مدت ملازمت و مقدار تنخواہ وغیرہ درج ہوتی ہے •

سولہ (سُولَہ) (ہ) شانزدہ - چھ اوپر دس - ۱۶ •

سولہ سنگار (ہ) مذکر - ہر طرح کی آرائش و زینت جو خصوصاً عورتوں کے لئے مخصوص ہے •

سولھی (سُو - لھی) (ہ - مؤنث) ایک کھیل جو سولہ کوڑیوں سے کھیلا جاتا ہے •

سولہ سنگار بارہ ابرن (ہ) (مثل) پوری طرح بناؤ سنگار کیے ہوئے •

سُولی (سُو - لی) (ہ) مؤنث - دار - پھانسی •

سولی پر بھی نیند آجاتی ہے (ہ) (کہاوت) نیند ایسا قدرتی خاصہ ہے کہ سخت مصیبت میں بھی آئے بغیر نہیں رہتی •

سُولی پر جان ہونا (ہ) عذاب میں جان ہونا - سخت مصیبت میں گرفتار ہونا •

سُولی چڑھانا (ہ) (۱) دار پر کھینچنا - پھانسی پر چڑھانا (۲) نہایت تکلیف دینا - تنگ کرنا •

سولی پر کٹنا (ہ) مصیبت سے بسر ہونا •

سِولین (انگریزی CIVILIAN) سول کے محکمے کا ملازم (فوجی کی ضد) •

سُوم (سُوم) (ہ) کنجوس - بخیل - ممسک - شُوم •

سُوم کے گھر میں لٹ پڑا جائے نہ جانے دے - (کہاوت) کنجوس کے نوکر بھی نہ آپ فائدہ اٹھائیں نہ دوسرے کو اٹھانے دیں •

سوم (سُوم) مذکر - (۱) چاند - ماہ - قمر - مہتاب - چندرماں (۲) ملک الموت (۳) ایک بوٹی •

سومنات (سُوم - نات) (ہ - مذکر) گجرات - (کاٹھیاواڑ) کا ایک مشہور بت خانہ اور شہر •

سوم وار (ہ) مذکر - چاند کا دن - پیر کا روز - دو شنبہ •

سوم (سِوَم) (ف) (۱) تیسرا - ثالث (۲) تیسرے دن کی فاتحہ - تیجا •

سوں (سَوں) (ہ) مؤنث - قسم - سوگند - حلف - عہد پیمان •

سُوں (سُوں) (ہ) (۱) مؤنث - چپ - خاموشی (۲) دم - نفس - سانس •

سُوں سُوں کرنا (ہ) ناک سے سانس لینا - ہانپنے کی آواز نکالنا •

سُوں کھینچنا (ہ) دم کو روکے رکھنا - چپ رہنا - خاموشی اختیار کرنا •

سون (سُون) (ہ - مذکر) شگون - اچھا شگون •

سون چڑیا (ہ) مؤنث (۱) نیک شگون کا پرندہ (۲) مسلمان بچوں کو ختنے بٹھانے وقت ان کی توجہ دوسری طرف کرنے کے لئے کہتے ہیں - سون چڑیا دیکھو •

سونا (سو - نا) (ہ) مذکر - طلا - زر - زرد رنگ کی مشہور قیمتی دھات جس کے زیورات اور سکے وغیرہ بنتے ہیں •

سونا اچھالتے چلے جاؤ (ہ) (کہاوت) نہایت امن اور خوش انتظامی کی تعریف میں بولتے ہیں •

سونا جانے کسے آدمی جانے بسے (ہ) (کہاوت) سونا کسوٹی پر رگڑنے اور آدمی پاس رہنے سے پہچانا جاتا ہے •

سونا چاندی (ہ) مؤنث۔ مال و دولت۔ روپیہ پیسہ زر و مال۔

سونا چھوتے مٹی ہوتا ہے (ہ) (کہاوت) نہایت بدبخت اور بد اقبال آدمی کی نسبت بولتے ہیں کہ بھلائی بھی کرے تو بُرائی پلّے پڑتی ہے۔

سونا سُگند (ہ) (۱) زرِ خالص۔ کھرا سونا۔ کندن سا۔ (۲) اچھی نسل یا اچھے خاندان سے۔

سونا سُنار کا۔ ابھرن سنسار کا (ہ) (مثل) اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو خوشامد یا دھوکے سے لوگوں کو ٹھگ لے۔

سونا لے کے مٹی نہ دینا (ہ) نہایت نادہند اور ہاتھ کا چھوٹا ہونا۔

سونا (سُو۔ نا) (ہ) (۱) نیند لینا۔ آنکھ لگنا۔ آرام کرنا (۲) ہمبستر ہونا (۳) مرنا۔

سُوْنا (سُوْ۔ نا) (ہ) مذکر۔ اُجاڑ۔ ویران۔ سنسان۔

سونا گھر بھڑوں کا راج۔ جب کوئی لائق نہیں رہتا تو نالائقوں کی بن آتی ہے۔

سونا ہونا (ہ) خاموشی کا عالم ہونا۔

سونپنا (سَونپ۔ نا) (ہ) (۱) سپرد کرنا۔ حوالے کرنا (۲) کسی کے اعتبار پر چھوڑ دینا۔ امانت رکھنا۔

سونٹا (سُوں۔ ٹا) (ہ) مذکر۔ ڈنڈا۔ لٹھ۔ جریب۔ عصا۔

سونٹا سے ہاتھ (ہ) (مذکر) خالی ہاتھ۔ ننگے ہاتھ۔ عورتیں چوڑیوں سے خالی ہاتھوں کی نسبت تحقیراً بولتی ہیں۔

سونٹھ (سُونٹھ) (ہ) مؤنث (۱) خشک ادرک۔ زنجبیل۔ (۲) نادر چیز (۳) حقیر چیز۔

سونٹھ بسانا (ہ) (۱) کوئی قیمتی چیز خریدنا (۲) زچہ خانہ کی چیزیں یا سامان خریدنا۔

سونٹھ کی ناس لینا (ہ) برداشت کرنا۔ تحمل کرنا۔

سونٹھ ہو رہنا (ہ) خاموش ہو رہنا۔ چُپ ہو جانا۔

سونٹے (سُوں۔ ٹے) (ہ) سونٹا کی جمع۔

سونٹے پڑنا (ہ) لٹھ پڑنا۔ لاٹھیاں پڑنا۔ ڈنڈوں سے پٹنا۔

سونٹے سے (ہ) بلا سے۔ کیا پروا ہے۔

سوندھا (سَوں۔ دَھا) (ہ) سُہانا۔ خوشبودار۔ کوری مٹی یا کورے برتن کی سی خوشبو والا (۲) آگ کے اندر بھنا ہوا پھل۔

سوندھنا (سُوندھ۔ نا) (ہ) دبانا۔ ملنا (۲) کپڑوں کو دھونے کے لئے ملنا۔

سُونڈ (سُونڈ) (ہ) مؤنث۔ ہاتھی کی ناک خرطوم۔

سونڈی (سُوں۔ ڈی) (ہ۔ مؤنث) (۱) اناج کو تباہ کر دینے والا ایک چھوٹا کیڑا (۲) ناف (۳) حلق کا کوّا۔

سونف (سَونف) (ا) مؤنث۔ بادیان۔ مشہور دوا جو ہاضمے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

سونف کا عرق (و) مذکر۔ عرق بادیان۔

سونگھا (سُوں۔ گھا) (ہ) مذکر (۱) شکاری کتّا (۲) جاسوس۔ بھیدی۔ کھوجی۔

سونگھنی (سُونگھ۔ نی) (ہ) مؤنث (۱) ہلاس۔ نسوار۔ (۲) باس۔

سونلانا (سَوں۔ لا۔ نا) (ہ) رنگ سیاہی پر آ جانا۔ سانولا ہو جانا۔

سونی (سُو۔ نی) (ہ) مؤنث (۱) خالی۔ اجاڑ (۲) جانفزا

سونے جھونے میں لدا پھندا رہنا (ہ) سونے کے زیور میں پیلا رہنا۔ زیور میں گھلنا۔ سونے کا بہت سا زیور پہنے رہنا۔

سونے سے گھڑاون مہنگی (ہ) (کہاوت) اصل قیمت سے مزدوری زیادہ۔

سونے کا پانی (ہ) مذکر۔ آبِ طلا۔ وہ سبز پانی جس میں سونا حل کیا ہو۔ یہ اکثر مصوروں اور نقاشوں کے استعمال میں آتا ہے۔

سونے کا نوالہ (ف) مذکر۔ لقمۂ نعمت۔ چرب لقمہ۔

سونے کا ورق (ا) مذکر۔ سونے کے ٹکڑے کو کوٹ کر بنایا ہوا ورق۔ ورقِ طلا۔

سونے کی چڑیا (ہ) مؤنث (۱) مالدار۔ دولتمند۔ دھنی۔ (۲) گراں بہا۔ قیمتی مال۔ نایاب چیز۔

سونے کی چڑیا ہاتھ آنا (ہ) کسی مالدار احمق کا داؤں میں پھنسنا۔ دولتمند کا قابو میں آنا۔

سونے کی چڑیا ہاتھ سے نکل جانا (ہ) (۱) کسی مالدار کا جال سے بچ جانا (۲) عمدہ کام بگڑ جانا۔

سونے کی کٹاری کوئی پیٹ میں نہیں مار لیتا (کہاوت) فائدے یا لالچ کی خاطر جان نہیں دی جاتی۔

سونے کے سہرے بیاہ ہو (ا) خدا تم نے بیاہ دولتمند کر دے کہ بیاہ میں پھولوں کی بجائے سونے کا سہرا بندھے۔

سونے پر سہاگا (ہ) باعثِ زینت دوبالا

جیسا کہ سہاگہ دینے سے سونا اور چمک جاتا ہے ۔

سُوہا (سُو۔ ہا) (ہ) (۱) لال ۔ سرخ (۲) میگھ (دیپ) ۔ راگ کی ایک قسم ۔

سُوہان (سُو۔ ہان) (ف) مذکر ۔ ریتی ۔ لکڑی یا لوہا صاف کرنے کا اوزار ۔

سوہانِ رُوح (ف) آزار دہندۂ جان ۔ گرانِ خاطر ۔

سوہلا (سُوہ ۔ لا) (ہ ۔ مذکر) تعریف کا گیت ۔

سوہن (سُو ۔ ہَن) (ف) مؤنث ۔ ریتی ۔

سوہنا (سُوہ ۔ نا) (ہ) (۱) خوبصورت ۔ خوشنما (۲) معشوق دلبر ۔ (۳) خاوند ۔

سوہنی (ہ) مؤنث (۱) خوبصورت ۔ خوشنما ۔ دلفریب (۲) گجرات (پنجاب) کی ایک کمہارن جو مہینوال کی معشوقہ تھی (۳) جھاڑو ۔ جاروب ۔ بہاری ۔

سُوء (سُوء) (ع ۔ مذکر) (۱) بُرائی ۔ خرابی (۲) بدی (۳) بیماری (۴) بُرا ۔ خراب (۵) بد ۔

سوءِ اتفاق (ع ۔ مذکر) موقع کی خرابی ۔

سوءِ ادب (ادبی) (ع ۔ مؤنث) بے ادبی ۔

سوءِ ظن (ع ۔ مذکر) بدگمانی ۔ بدظنی ۔ خیالِ بد ۔ خیالِ باطل ۔

سُوءِ مزاجی (ع ۔ مؤنث) بیماری ۔ علالت

سُوئی (سُو ۔ ئی) (ہ) مؤنث (۱) سینے کی سوزن (۲) ترازو ۔ گھڑی ۔ کمپاس وغیرہ کی سوئی جو حرکت کرتی یا نشان بتاتی ہے (۳) کانٹا ۔ خار ۔

سوئی کا بھالا یا پھاوڑا ہو جانا (ہ) بات کا بتنگڑ ہو جانا ۔ ذرا سی بات کی بڑی بات ہو جانا ۔

سوئی کے ناکے سے اونٹ نکالنا (ہ) (۱) ناممکن بات کا کر دکھانا ۔

سوئیوں اناج پروتا (ہ) (۲) کنجوسی کرنا ۔ بخل کرنا ۔

سوئیا (ہ) دیکھو (سُوآ) ۔

سویا اور کھویا (ہ) (کہاوت) غافل ہوا اور خطا کھائی ۔

سویا سو کھویا ۔ جاگا سو پایا (ہ) (مثل) جاگنے والے ہوشیار شخص کو سب کچھ مل جاتا ہے لیکن سونے والا اور غافل فائدہ نہیں اٹھاتا ۔

سوئیا (سَوئی ۔ یا) (ہ) (۱) سوا کا پہاڑا (۲) سوا سیر کا باٹ ۔

سوئیاں (سِوئی ۔ یاں) ایک قسم کی خوراک ۔ یہ میدے یا سوجی کو گوندھ کر تار کی مانند بنائی جاتی ہیں ۔

سویدا (سُوَے ۔ دا) (ع) مذکر ۔ وہ سیاہ نقطہ جو دل پر ہوتا ہے ۔

سویرا (سَوے ۔ را) (ہ) مذکر ۔ اوّل وقت ۔ صبح دم ۔ نور کا تڑکا ۔

سُویمبر (سُوَیَم ۔ بَر) (ہ) مذکر ۔ ہندوؤں کی وہ مشہور رسم جس میں لڑکی اپنا بَر خود پسند کرتی ہے ۔

سویمبر رچانا (ہ) خاوند کے انتخاب کی مجلس بپا کرنا ۔

سویمبرا (ہ) مؤنث ۔ اپنے آپ خاوند کو چننے والی لڑکی ۔

س ۔ ہ

سِہ (سِہ) (ف) تین ۔ ثلاث ۔ ۳ ۔

سہ بندی (ف) مؤنث ۔ معاملے کی سہ ماہی قسط ۔

سہ چند (ف) تگنا ۔ سہ گنا ۔

سہ حدّہ (ف ۔ مذکر) دو سے زیادہ پرگنوں کے ملنے کی حد پر بنایا ہوا چبوترہ ۔

سہ شنبہ (ف) مذکر ۔ اتوار سے تیسرا دن ۔ منگل ۔

سہ ماہی (ف) سال کا چوتھا حصہ ۔ ہر تیسرا مہینہ ۔

سُہا (سُہا) (ع ۔ مذکر) ایک چھوٹا سا ستارہ جو بنات النعش میں ہے ۔

سہار (سَہار) (ہ) مؤنث ۔ تحمل ۔ صبر ۔ برداشت ۔

سہارا (سَہا ۔ را) (ہ) مذکر ۔ (۱) مدد ۔ آسرا ۔ بھروسہ (۲) امید ۔ تکیہ (۳) قوت ۔ توانائی ۔

سہارا پانا (ہ) تقویت پانا ۔ مدد پانا ۔

سہارا دینا (ہ) (۱) مدد کرنا ۔ تھامنا (۲) امید دلانا ۔

سہارا ڈھونڈنا (ہ) آسرا تکنا ۔ وسیلہ ڈھونڈنا ۔

سہارا لینا (ہ) وسیلہ دیکھنا ۔

سہارنا (ہ) سہنا ۔ برداشت کرنا ۔ تحمل کرنا ۔ گوارا کرنا ۔

سہاگ (سُہاگ) (ہ) مذکر (۱) خوش نصیبی ۔ خوشحالی (۲) عورت کے لئے خاوند کی حیات کا زمانہ ۔ وہ زمانہ جو خاوند کی زندگی میں بسر ہو ۔ لاڈ ۔ پیار (۳) ایک قسم کا عطر (۴) ایک خاص گیت جو عورتیں شادی میں گایا کرتی ہیں ۔

سہاگ اترنا (ہ) بیوہ ہونا ۔ رانڈ ہونا ۔

سہاگ پٹارا (ہ) مذکر ۔ کاغذ کا بنا ہوا وہ خوشنما پٹارا جس میں خوشبو کی چیزیں رکھ کر ساچق کے روز دلہن کے ہاں لے جاتے ہیں ۔

سُہاگ رات (ہ) (مؤنث) بیاہ کی پہلی رات - دولہا دلہن کے ساتھ سونے کی اوّل شب ۔

سُہاگ سیج (ہ) مؤنث - برات کا پلنگ جس پر دولہا دلہن سوتے ہیں ۔

سُہاگا (سُہا - گا) (ہ) مذکر (۱) ایک کھار جو سونا چاندی گلانے کے کام آتا ہے (۲) کھیت کے یکساں کرنے کا پٹڑا چدرا ۔

سُہاگن (ہ) (مؤنث) وہ عورت جس کا خاوند زندہ ہو شوہر والی - خاوند والی ۔

سہاگن کا بچّہ پچھواڑے کھیلتا ہے (ہ) (کہاوت) سہاگن کے بچے کو کیا مرنا - میاں بیوی زندہ ہیں تو بتیرے بچے پیدا ہو جائیں گے ۔

سہال (سُہال) (ہ - مذکر) ایک قسم کی خستہ اور روغنی تلی ہوئی روٹی ۔

سہالگ (سُہا - لگ) (ہ) مذکر - ہندوؤں کے بیاہ کا زمانہ - ساہا ۔

سہالی (سُہا - لی) (ہ) مؤنث (۱) پوری پکوڑی (۲) چپاتی ۔

سہام (سِہام) (ع) مذکر (۱) حصے - ٹکڑے (۲) تیر - ناوک - بان - خدنگ ۔

سُہانا (سُہا - نا) (ہ) (۱) مرغوب - پسند (۲) مناسب معقول

سَہائے (سَہا - ئے) (س) مذکر - مددگار ۔

سَہنا سَہتا (ہ) قابل برداشت - سہارنے کے لائق - شیر گرم ۔

سَہج (سَہج) (ہ) مذکر - سہل - آسان - آہستہ - ہولے سے

سِہرا (سِہ - رَا) (ہ) مذکر - وہ پھولوں یا موتیوں کی لڑیاں جو دولہا اور دلہن کے سر پر لٹکائی جاتی ہیں (۲) وہ نظم جو شاعر سہرا باندھنے کی تقریب پر لکھتے ہیں ۔

سِہرانا (سِہ - رَا - نا) (ہ) مقدس چیز کو دریا میں بہانا ۔

سہروردیہ (سُہر - وَر - دِی - یَہ) (ف - مذکر) فقرا کا ایک گروہ جو حضرت شیخ شہاب الدین ساکن سہرورد (ایران) کی طرف منسوب ہے ۔

سہری (سُہ - رِی) (ہ - مؤنث) ایک قسم کی مچھلی ۔

سَہسر (سَہ - سَر) (س) (۱) ہزار - الف (۲) خدا کا اصطلاحی نام ۔

سَہل (ع) نرم - آسان - سہج ۔

سہل انگاری (ع - ف) مؤنث - تن آسانی - آرام طلبی - کاہلی - سستی - حیلہ جوئی - بہانہ سازی ۔

سہلانا (ہ) (۱) آہستہ آہستہ ہاتھ پھیرنا - آہستہ آہستہ ملنا (۲) خوشامد کرنا (۳) چمکارنا - تھپکنا ۔

سہم (سَہم) (ع - مذکر) (۱) چلانے یا قرعہ ڈالنے والا تیر (۲) حصہ جزو ۔

سہم معیّن (ع - مذکر) مقررہ حصہ ۔

سہم (سَہم) (ف) مذکر - ترس - بیم - خوف - ڈر ۔

سہم جانا (ہ) ڈر جانا ۔

سَہما (ہ) خوف زدہ - ڈرا ہوا - چپ ۔

سہمنا (ہ) ڈرنا - خوف کھانا ۔

سَہنا (ہ) برداشت کرنا - صبر کرنا - اٹھانا - جھیلنا ۔

سہو (سَہو) (ع) مذکر - بھول - چوک - خطا - غلطی ۔

سہواً (ع) بھولے سے - بلا ارادہ - غفلت سے ۔

سہو قلم (ع - مذکر) تحریری غلطی ۔

سہولت (سُہو - لت) (ع) (مؤنث) نرمی - آسانی آہستگی ۔

سہی - سہی (سَہی - سَہی) (ہ) (۱) ٹھیک - بجا - درست (۲) قبول - منظور - تسلیم - مانا - فرض کیا ۔

سُہَیل (سُہَیل) (ع) مذکر - ایک مشہور تاباں ستارہ جو ملک یمن میں طلوع ہوا کرتا ہے - اس کی تاثیر سے چمڑے میں خوشبو پیدا ہو جاتی ہے اور کل حشرات الارض مر جاتے ہیں ۔

سہیلی (سَہے - لی) (ہ) مؤنث - ساتھ رہنے والی - مصاحبہ خاص - ہمعصر - ساتھن - ہمدم - سکھی ۔

سہیم (سَہیم) (ع) شریک - حصہ دار ۔

سہنی (سِہنی) (ہ) (مؤنث) سینہ ۔

سہیس (سَہیس) (ع) دیکھو (سائیس) ۔

س - ی

سی (سِی) (ہ) (مؤنث) (۱) ایک لفظ جو آدمی کے منہ سے چلے نکلے جانے - کسی کے کاٹ کھانے - تکلیف یا مرچ کی جلن محسوس ہونے پر نکلتا ہے (۲) جیسی (۳) سینا کا امر

سی سی (سی سی) (ہ - مؤنث) دیکھو (سی ملا) ۔

سی (سِی) (ف) تیس - تین دہائی - ۳۰ ۔

سی پارہ (سِی پا رہ) مذکر - قرآن شریف کا ہر تیسواں حصہ پارۂ قرآن ۔

سے - سیہ - ساہی (ہ) مؤنث - خارپشت - ایک جانور جس کے تمام جسم پر بڑے بڑے سیاہ و سفید کانٹے

ہوتے ہیں۔

سے (سے) (ہ) برائے ابتدا۔ جیسے گھر سے۔ بازار سے گیا۔

سے (سے) (ہ) ستو۔

سے (ہکا) (ہ) سینا کا امر۔

سیّاح (سَی۔ یاح) (ع) مذکر۔ بہت سیر کرنے والا۔ جہاں گرد۔ مسافر۔ جاتری۔

سیاحت (سِیا۔ حَت) (ع) سیر و سفر۔

سیاحی (سَی۔ یا۔ حی) (ع) مؤنث۔ مسافرت۔ سیر سفر۔

سیادت (سِیا۔ دَت) (ع) مؤنث (۱) سرداری۔ بزرگی۔ امامت۔ سلطنت۔ حکومت (۲) قوم سادات۔

سیار (سِیار) (ہ۔ مذکر) گیدڑ۔

سیّارہ (سَی۔ یا۔ رَہ) (ع) مذکر۔ گردش کرنے والا۔ پھرنے والا ستارہ۔

سیاست (سِیا۔ سَت) (ع) مؤنث۔ حکومت۔ سلطنت۔ انتظام ملک (۲) تنبیہ۔ دھمکی۔ رُعب داب۔

سیاست مُدن (ع) مؤنث۔ شہری انتظام۔ نظام شہری۔

سیاسی (ع) ملکی انتظام کے متعلق۔

سیاسیات (سِیا۔ سِی۔ یات) (ع) مؤنث (۱) علم سیاست (۲) سیاست سے تعلق رکھنے والی باتیں۔

سیاق (سِیاق) (ع) مذکر (۱) حساب۔ حساب کے قاعدے (۲) ربط مضمون۔ طرز۔ ترکیب۔

سیاق عبارت یا سیاق کلام (ع) ربط تحریر یا طرز کلام۔ روانی عبارت یا کلام۔

سیّال (سَی۔ یال) (ع) رواں۔ بہنے والا۔ ۔۔ ۔ پتلا۔ مائع۔

سیالا (سِیا۔ لا) (ہ) مذکر۔ موسم سرما۔ جاڑا۔

سیام (سَیام) (ہ) (۱) کالا۔ سیاہ (۲) مؤنث۔ کالی کوئل۔ ایک راگنی۔

سیام برن (ہ) مذکر۔ کالا رنگ۔ سیاہ رنگ۔

سیام (سِیام) (ا۔ مذکر) چین کے جنوب میں ایک ملک۔

سیّاں (ہ) مذکر (۱) بالم۔ پیا۔ سوامی (۲) خاوند۔ خصم۔ شوہر۔

سیّاں بھئے کوتوال اب ڈر کاہے کا (ہ) (کہاوت) جان پہچان یا دوست کے صاحب اختیار ہونے سے قانون کا ڈر جاتا رہتا ہے۔

سیان (سِیان) (ہ) مذکر۔ دانا۔ ہوشیار۔ چالاک (۲) حکیم۔ طبیب۔

سیان پت (ہ) مؤنث (۱) چترائی۔ دانائی۔ چالاکی۔ (۲) فریب۔ دھوکا (۳) کنجوسی۔ بخیلی۔

سیانا (ہ) مذکر۔ عالم۔ گیانی۔ دانا۔ سمجھدار (۲) ہوشیار۔ عیار۔ چالاک۔

سیانا کوا گوہ کھاتا ہے (ہ) مثل۔ حد سے زیادہ ہوشیار دھوکا کھاتا ہے۔

سیاوش (سِیا۔ وُش) (ف۔ مذکر) کیکاؤس کا بیٹا۔

سیاوشاں (سِیا۔ وُشاں) (ف۔ مذکر) ایک پودا۔

سیاہ (ف) (۱) کالا (۲) شوم۔ نحس۔ بد۔

سیاہ باطن (ع) مذکر۔ بد باطن۔ ریاکار۔ کینہ توز۔ منافق۔

سیاہ بخت (ف) بدنصیب۔ بد طالع۔ واژوں بخت۔

سیاہ پوش ہونا (ہ) سوگ کرنا۔ ماتمی لباس پہننا۔

سیاہ سفید کرنا (ا) مختار جزو کل ہونا۔ کار مختار ہونا۔ بُرے بھلے کا اختیار رکھنا۔

سیاہ کار (ف) فاسق۔ بدکار۔ پاپی۔ گنہگار۔ (سیاہ کرنا)

سیاہ کرنا (ا) (۱) لکھنا۔ تحریر کرنا (۲) کالا کرنا۔

سیاہ گوش (ف) مذکر۔ ایک درندہ۔ بن بلاؤ۔

سیاہا (سِیاہا) (ہ) مذکر۔ بھوت۔ پریت۔ جن۔ دیو۔

سیاہہ (سِیا۔ ہَہ) (ف) مذکر۔ کچا روزنامچہ۔ بہی کھاتہ۔

سیاہہ آمدنی (ف۔ مؤنث) زمینداروں سے وصول کرکے جمع کیا ہوا۔ خزانے کا روزانہ حساب۔

سیاہہ دکھانا (ا) فوج کی تعداد ظاہر کرنا۔ جائزہ دینا۔ موجودات سپرد کرنا۔

سیاہہ کرنا (ا) درج رجسٹر یا داخل روزنامچہ کرنا۔ کھاتے پر چڑھانا۔

سیاہہ نویس (ف) مذکر۔ محاسب۔ روزنامچہ لکھنے والا کھاتے پر چڑھانے والا۔

سیاہہ ہونا (ا) داخل ہونا۔ درج ہونا۔

سیاہی (سِیاہی) (ف) (۱) کالک۔ روشنائی۔ لکھنے والی چیز (۳) تاریکی۔ اندھیرا۔ کاجل۔ داغ۔ دھبہ۔

سیاہی چٹ (ا) مذکر۔ جاذب کاغذ۔ بلاٹنگ پیپر۔ سیاہی چوس۔

سیاہی فالیز (ا) مذکر۔ بجکا۔ ڈرانے کا آدمی۔

سیب (سِیب) مذکر۔ ایک سرخ و سفید خوشنما شیریں میوہ۔

سیب زنخدان (ف) مذکر۔ خوشنما چھوٹی اور خوبصورت ٹھوڑی۔

سیپ (سِیپ) (ہ) مؤنث (۱) صدف - سیپی - ایک قسم کا دریائی کیڑا جس میں سے موتی نکلتے ہیں (۲) پرندوں کی ایک بیماری۔

سیپ کے بوتام (ا) مذکر - وہ بٹن یا گھنڈیاں جو سیپ کے خول سے بنائی جاتی ہیں۔

سیپ کے موتی (ا) مذکر - وہ موتی جو سیپ کے خول سے بنائے جاتے ہیں۔

سیپی سا مُنہ نکل آیا (ا) ہڈیاں نکل آنا - چہرے کا بالکل دُبلا پتلا ہو جانا۔

سیتا (سِی۔تا) (س) مؤنث (۱) راجہ جنک کی بیٹی - پاکدامن - پارسا - باعصمت۔

سیتا پھل (ہ) مذکر - شریفہ - ایک عمدہ اور خوش ذائقہ پھل۔

سیتا ستی (ہ) سیتا کی سی پاکدامن - نیک بیوی - باعصمت و پارسا عورت۔

سیتلا (سِیت - لا) (ہ - مؤنث) چیچک - ماتا - پھپھولے والی دیوی - مشہور مرض۔

سیتلا منہ داغ (ا) وہ شخص جس کے مُنہ پر چیچک کے نشان ہوں - آبلہ رو - بدنما چہرے والا۔

سیٹ (سِیٹ) (انگریزی SEAT) مؤنث - نشست - بیٹھک - ایک آدمی کے لئے بیٹھنے کی جگہ۔

سیٹن (سِے ٹَن) (ہند) (انگ شیٹنگ SHEETING) مؤنث - ایک قسم کا موٹا سُوتی کپڑا۔

سیٹھ (سیٹھ) (ہ) مذکر - دھن کا دینا - دھنی - دولتمند مہاجن - صراف (۲) تھوک فروش بیوپاری - تاجر۔

سیٹھا (سِی - ٹھا) (ہ) بے مزہ - بے لذّت - نمک مرچ کے بغیر۔

سیٹی (سِی - ٹی) (ہ) مؤنث (۱) مُنہ کی مہین آواز (۲) پرندوں کی آواز (۳) پپیہے کی سی آواز۔

سیج (سیج) (ہ - مؤنث) بستر - بچھونا - پلنگ - چارپائی۔

سیج چڑھنا (ہ) میاں بیوی کا اکٹھا سونا - ہم بستر ہونا۔

سیج سجانا (ہ) پلنگ کو آراستہ کرنا - پلنگ درست کرنا - بستر بچھانا۔

سیج گاڑی (ہ) مؤنث - بینس جیسی گاڑی - پالکی گاڑی۔

سیچنا - سینچنا (سیچ - نا - سینچ - نا) (ہ) پانی دینا - آبپاشی کرنا - کھیتی یا باغ میں پانی دینا۔

سیخ (سِیخ) (ف) مؤنث - لوہے کی وہ لمبی اور گول سلاخ جس پر کباب لگاتے ہیں۔

سیخ پا ہونا (ا) گھوڑے کا پچھلے پاؤں پر کھڑا ہو جانا - گھوڑے کا الف ہونا۔

سیخ پر لگانا (ا) کباب بھوننا - کباب لگانا۔

سیخچہ (ف) مذکر - چھوٹی سیخ - صاف کرنے کی لوہے کی سلاخ۔

سیخیا کباب (ا) مذکر - وہ کباب جو سیخ پر بھونے جائیں - سیخ کے کباب۔

سیّد (سَی - یِد) (ع) مذکر - (۱) امام - پیشوا - سردار (۲) مجازاً پیغمبرِ اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام کی آل - آپ کی دخترِ نیک اختر کی اولاد۔

سیّدزادہ (ف) مذکر - اولادِ حسینؓ - سیّد کی اولاد نسلِ سادات سے۔

سیّدانی (ا) مؤنث - قوم سادات کی عورت - سیّد کی بیوی جو اپنی ہی قوم سے ہو۔

سیدھ (سِیدھ) (ہ) مؤنث - راستی - سیدھا پن - (۲) سامنے کی طرف (۳) نشست - نشانہ۔

سیدھ باندھنا (ا) نشانہ باندھنا - نشست لگانا۔

سیدھا (ہ) (۱) راست - ٹھیک (۲) ہموار (۳) آسان سہل (۴) سامنے (۵) داہنا (ہاتھ)۔

سیدھا آنا (ہ) سامنے آنا - سامنا کرنا۔

سیدھا بنانا (ہ) (۱) شدھ بنانا - راست بنانا یا سرزنش کرنا - آڑے ہاتھوں لینا۔

سیدھا بننا (ہ) درست ہونا - ٹھیک بننا - راہ پر آنا۔

سیدھا سادہ (ا) مذکر - بے تکلّف - سادہ وضع بھولا بھالا۔

سیدھا گھر خدا کا (ہ) (مثل) اناکا سیانی میں خدا بہت جلد یاد آتا ہے۔

سیدھے منہ بات نہ کرنا (ہ) غرور سے بات کرنا - بے رُخی کرنا۔

سیدھی آنکھ (ہ) مؤنث (۱) داہنی آنکھ (۲) نظرِ عنایت و کرم۔

سیدھی انگلیوں گھی نہیں نکلتا (ہ) (کہاوت) ہر کام سیدھائی سے طے نہیں ہو سکتا - گھی جیسی نرم شے بھی انگلیوں کو ٹیڑھا کئے بغیر نہیں چڑھتی - غرض ہر کام میں کسی قدر سختی کی ضرورت ہے۔

سیدھی چال چلنا (ہ) سیدھی راہ چلنا - کھوٹے کھرے

عمل کرنا۔ سلامت روی کا طریق اختیار کرنا ۔
سیدھیاں سُنانا۔ صاف صاف کہنا۔ لاگ لپیٹ نہ رکھنا (۲) صاف گالیاں دینا ۔
سیدی (سی۔ دِی) (ف۔ مذکر) سودان کا باشندہ حبشی ۔
سَیِّدی (سَی۔ یِدِی) (ع) میرا سردار ۔
سَیر (سَیْر) (ع۔ مؤنث) (۱) ہوا خوری۔ چہل قدمی تفریح سیر سپاٹا (۲) تماشا۔ مزہ۔ لطف ۔
سیرگاہ (ف) مؤنث (۱) تماشا گاہ (۲) سیر دیکھنے کی جگہ۔ پُر فضا مقام۔ دیر کی جگہ۔ نظارہ گاہ ۔
سیر و شکار میں مصروف رہنا (۱) جا بجا پھرنے اور شکار کھیلنے میں مشغول رہنا ۔
سیر (سِیْر) (ف) (۱) پیٹ بھرا۔ رجا ہوا (۲) بے پروا (۳) متنفر۔ بیزار ۔
سیر چشم (ف) (۱) بے پروا۔ قانع (۲) آسودہ حال۔ تو کلّے والا ۔
سیر حاصل (ف۔ ع) زرخیز۔ سرسبز۔ شاداب۔ اچھی پیداوار کی زمین ۔
سیر (سیر) (ہ) مذکر۔ سولہ چھٹانک کا وزن۔ ۸۰ تولہ کا وزن ۔
سیر کو سوا سیر موجود ہے (۱) (کہاوت) ایک سے ایک طاقتور اور زبردست موجود ہے ۔
سیر کی ہانڈی میں سوا سیر پڑا اور اُبل گیا (ہ) (کہاوت) کمینہ دولت مند ہو کر آپے سے باہر ہو جاتا ہے ۔
سیر میں پونی بھی نہیں (ہ) مثل۔ جتنی مقدار درکار ہے۔ اس کا قلیل سے قلیل بھی نہیں ۔
سِیر (سِیر) (ہ) مؤنث (۱) کاشتکاری (۲) اراضی کاشت جو زمیندار کے نام ہو (۳) شریک۔ حصہ دار ۔
سِیر (سِیر) (ف) مذکر۔ لہسن ۔
سِیَر (ع) مؤنث (۱) سیرت کی جمع۔ عادتیں خصلتیں (۲) علم تاریخ ۔
سیرا (سی۔ رَا) (ہ) مذکر۔ چیلا حلوا (۲) گُڑ کا پتلا شیرہ جو تمباکو وغیرہ میں پڑتا ہے۔ راب ۔
سیراب (ف) (۱) لبریز۔ پانی سے بھرا ہوا (۲) سرسبز شاداب۔ زرخیز۔ فائدہ مند ۔
سیراب کرنا (ف) (۱) تر و تازہ کرنا (۲) چھکانا۔ پیاس بجھانا۔ پیٹ بھرنا۔ نیت بھرنا ۔
سیرت (سی۔ رَت) (ع) مؤنث۔ عادت۔ خو۔ خصلت۔ وصف۔ سلیقہ ۔

سیروار (سیر۔ وا) (ہ) مذکر۔ چارپائی کے سرہانے اور پائنتی کی لکڑی ۔
سیروں لہو بڑھنا (ہ) خوشی و انبساط کے باعث جسم میں بہت سا خون پیدا ہونا ۔
سیری (ف) مؤنث (۱) اطمینان۔ آسودگی۔ پیٹ بھرا ہونا۔ رجا ہوا ہونا (۲) بیری۔ متنفر ۔
سیڑھا (سیڑھا) (ہ) مؤنث (۱) نئی بیل (۲) وہ ندی۔ نہریا نالہ جس سے آس پاس کے کھیتوں کی آبپاشی کی جائے ۔
سیڑھی (سی۔ ڑھی) (ہ) مؤنث۔ زینہ۔ نردبان (۲) درجہ۔ مرتبہ (۳) ذریعہ۔ وسیلہ ۔
سیڑھی سیڑھی چڑھنا (ہ) درجہ بدرجہ ترقی کرنا۔ زینہ بہ زینہ چڑھنا ۔
سیزدہ (سیز۔ دَہ) (ف) تیرہ - ۱۳ ۔
سیزدہم (ف) تیرھواں ۔
سیزن (سی۔ زَن) (انگریزی SEASON) مذکر۔ رُت۔ موسم۔ سما۔ فصل ۔
سیس (سِیس) (ہ) مذکر۔ سر۔ کھوپری۔ پیشانی ۔
سیس پھول (ہ) مذکر (۱) ایک زیور جو عورتیں سر پر باندھتی ہیں۔ (۲) خاوند۔ شوہر۔ پتی ۔
سیس ناگ (ہ) مذکر۔ بڑا سانپ۔ سانپوں کا بادشاہ ۔
سیسر (سی۔ سَر) (ہ۔ مذکر) کمان کا چلّہ ۔
سیسہ (سی۔ سَہ) (ہ) مذکر۔ ایک دھات جو نیلاہٹ لئے ہوتی ہے ۔
سیف (سَیف) (ع) مؤنث۔ تلوار۔ شمشیر۔ تیغ ۔
سیف تو پٹ پڑی تھی۔ مگر نیچہ کاٹ کر گیا (ہ) (کہاوت) جس شخص پر کام کا بھروسہ تھا۔ اس سے تو کچھ نہ بنا۔ مگر ایک ادنیٰ شخص سے کام نکل گیا ۔
سیف زبان (ع۔ ف) (۱) تیز اور موثر زبان والا (۲) اعلیٰ درجے کا شاعر (۳) مقبول دعا والا۔ بزرگ۔ ولی اللہ ۔
سیف (سیف) (انگ SAFE) مذکر (۱) روپیہ زیور وغیرہ رکھنے کا لوہے کا صندوق (۲) محفوظ ۔
سیفٹی (انگ SAFETY) مؤنث۔ حفاظت ۔
سیفٹی ریزر (انگ SAFETY RAZOR) ایک قسم کا استرہ جس سے بال مونڈتے وقت جسم زخمی نہیں ہوتا ۔
سیفن (سے۔ فَن) (انگریزی SIPHON) مؤنث

گمدار نلی ۔
سیفہ (سے ۔ فَہ) (ف) مذکر ۔ جلد سازوں کا وہ اوزار جس سے کاغذ کاٹتے ہیں ۔ تلوار کا ٹکڑا ۔
سیفی (ع ۔ ف) (مؤنث) (۱) وہ اسم جلالی جو کسی دشمن کو نقصان پہنچانے کے لئے پڑھا جاتا ہے (۲) ایک دُعا (۳) تسبیح (۴) تلوار جیسا (۵) بددُعا ۔
سیکرٹری (انگ) دیکھو (سکرٹری) ۔
سیکڑا ۔ سیکڑا (سَینک ۔ ڑا ۔ سَینک ۔ ڑا) (ھ) مذکر سو ۔ صد ۔ ۱۰۰ ۔
سیکڑوں گھڑے پانی پڑ جانا (۱) سخت نادم و شرمندہ ہونا ۔
سیکسن (سَینک ۔ سَن) (انگریزی ، SAXON) (مذکر) وہ قوم جو شمالی جرمنی سے آئی ۔ اور اس نے انگلستان فتح کیا ۔
سیکنڈ (سَیکنڈ) (انگریزی ، SECOND) ایک منٹ کا ساٹھواں حصہ ۔ ثانیہ (۲) دوسرا ۔ دوم ۔
سیکھ (سِیکھ) (ھ) (۱) مؤنث (۱) سیکھنا کا امر (۲) پند ۔ نصیحت ۔ اُپدیش (۳) صلاح ۔ مشورہ ۔
سیکھ واکو دیجئے جاکو سیکھ سہائے
سیکھ نہ دیجے باندرا جو بئے کا گھر جائے } (ھ) (مثل) نصیحت اسی کو دینی چاہئے جسے فائدہ ہو ۔ بندر کو نصیحت کرنے سے بئے کا گھر برباد ہو گیا ۔
سیکھنا (تعلیم پانا ۔ پڑھنا ۔
سیل (سِیل) (ھند) (انگ ۔ شیل SHELL) (مذکر) ایک قسم کا آہنی گولہ جو توپ میں بھر کر چلاتے ہیں ۔
سیل (سَیل) (انگ SALE) فروخت ۔ بکری ۔
سیل (سَیل) (ھ ۔ مذکر) (۱) تیر (۲) چھوٹا نیزہ (۳) ایک قسم کی مچھلی ۔
سیل (سَیل) (ع) (مذکر و مؤنث) رَو ۔ پانی کا سیلاب ۔ بہاؤ ۔ طغیانی ۔ لہر ۔
سیل (سِیل) (ھ) مؤنث (۱) تری ۔ نمی (۲) شرم ۔ حیا ۔ (۳) ٹھنڈ ۔ سردی (۴) عادت ۔ خصلت ۔
سیلا (ھ) نم دار ۔ بھیگا ہوا ۔ تر ۔
سیلا (سے ۔ لا) (۱) ریشمی چادر (۲) سر پر باندھنے کی ریشمی پگڑی (۳) ایک قسم کا چاول (۴) اُبلے ہوئے دھان (۵) شیر ۔ شیر ببر ۔
سیلاب (ع ۔ ف) مذکر ۔ پانی کا چڑھاؤ ۔ طوفان ۔ پانی کی رَو ۔
سیلابچی (ف) (مؤنث) چلمچی ۔ لگن ۔ طشت ۔ منہ ہاتھ دھونے کا برتن ۔
سیلان (سے ۔ لان) (ع ۔ مذکر) جاری ہونا ۔
سیلانی (ف) سیّاح ۔ سیر کرنے والا ۔ زیادہ پھرنے والا ۔
سیلانی جیوڑا (ف) (مذکر) موجی ۔ لہری ۔ وہ شخص جو ایک جگہ نہ ٹکے اور سیر و تماشا میں مصروف رہے ۔
سیلانی فقیر (ف) مذکر ۔ رمتا ۔ جوگی ۔ درویش ۔ جہاں گرد مرد سیاح ۔
سیلکھڑی (ھ) مؤنث ۔ ایک قسم کا پتھر جو زخموں پر چھڑکتے ہیں ۔ سنگ جراحت ۔
سیلنا (ھ) نم والا ہونا ۔ گیلا ہونا ۔ تر ہونا ۔
سیلون (سے ۔ لون) (انگریزی SALOON) صدر جہاز میں مسافروں کا بڑا کمرہ ۔ ٹھہرنے کی جگہ ۔
سیلی (سے ۔ لی) (ھ) مؤنث (۱) جالی (۲) سنے اور بیٹ کے بالوں کی سیدھی لکیر ۔
سیلی (سی ۔ لی) (ف ۔ مؤنث) (۱) تھپڑ ۔ چانٹا (۲) تھپیڑا ۔
سیم (سِیم) (ھ) مؤنث ۔ پھلی ۔ ایک قسم کی ترکاری ۔
سیم (سِیم) (ف) مؤنث (۱) چاندی ۔ نقرہ (۲) دولت ۔ روپیہ ۔
سیم تن (ف) چاندی کے جسم والا ۔ گورا ۔ چٹا ۔ معشوق ۔ خوبصورت ۔
سیما (سی ۔ ما) (ف ۔ مذکر) (۱) چہرہ ۔ منہ (۲) پیشانی ۔
سیماب (ف) مذکر ۔ پارہ ۔
سیمرغ (سی ۔ مُرغ) (ف) (مذکر) کوہ قاف کا ایک قد آور پرند ۔
سیمنٹ (سِیمنٹ) (انگریزی CEMENT) (مذکر) گچ گارا ۔
سیمیا (سی ۔ میا) (ع ۔ مؤنث) (۱) وہ علم جس کے ذریعے سے روح کو ایک جسم سے دوسرے جسم میں لے جایا جا سکے اور خیالی چیزیں جن کا حقیقت میں کوئی وجود نہ ہو ۔ صرف لوگوں کو دکھائی جا سکیں ۔ (۲) جادو ۔
سیمیں (ف) چاندی کا ۔
سین (سِین) (انگریزی SCENE) (۱) نظارہ ۔ تماشا (۲) پردہ ۔
سین (سَین) (ھ) مذکر ۔ آنکھ کا اشارہ ۔ رمز ۔ علامت ۔ نشان ۔
سینا (ھ) ٹانکے لگانا ۔ رفو کرنا ۔
سینا (سے ۔ نا) (س) مذکر ۔ فوج ۔ لشکر ۔ سپاہ ۔
سینا (سی ۔ نا) (ع ۔ مذکر) طور پہاڑ ۔

سینا (ف) انڈوں پر بیٹھنا۔ انڈوں کو گرمی پہنچانا۔
سینا پتی (س) مذکر۔ سپہ سالار۔ کپتان۔ کمانیر۔ میر لشکر۔
سینت (سَینت) (ف) (۱) مفت۔ بلاقیمت۔ بن داموں (۲) ناحق۔
سینتالیس (سَین۔ تا۔ لیس) (ف) سات اُوپر چالیس۔ چہل وہفت۔ ۴۷۔
سینت رکھنا (ف) حفاظت سے رکھنا۔ ملتوی رکھنا۔
سینتنا (ف) (۱) حفاظت سے رکھنا۔ جمع کرنا۔ علیحدہ کرکے رکھنا۔ ملتوی رکھنا (۲) (عوام) مار ڈالنا (۳) (عو) پاخانہ صاف کرنا۔
سینتیس (ف) سات اور تیس۔ سی وہفت۔ ۳۷۔
سینٹ (انگریزی SCENT) (۱) خوشبو۔ مہک (۲) عطر۔
سینٹ (سینیٹ) انگ SENATE مؤنث۔ یونیورسٹی کی مجلس منتظمہ۔
سینٹری (سَنے۔ نِٹ۔ری) انگریزی SANITARY (۱) حفظانِ صحت کے متعلق (۲) صحت افزا۔
سیندور (سِیں۔ دُور) (ف) مذکر۔ سُرخ رنگ کا ایک سفوف۔
سیندور کھانا (ف) آواز بند ہونے کی دوا کھانا۔ سرمہ کھانا۔
سیندھ (سینْدھ) (ف) مؤنث۔ نقب۔ کول۔ چوری کرنے کے لئے دیوار میں سوراخ کرنا۔
سیندھ لگانا (ف) نقب زنی کرنا۔
سیندھا (ف) مذکر (۱) پہاڑی نمک جو سیاہ۔ سفید۔ گلابی تینوں رنگ کا ہوتا ہے (۲) ایک رنگ کا کبوتر۔
سیندھی (سیں۔ دھی) (ف) مؤنث۔ جنگلی کھجور کا رس۔
سینک (سِینک) (ف) مؤنث (۱) جھاڑو بنانے کی گھاس (۲) خلال (۳) تنور کا گز۔
سینکنا (ف) آگ پر گرم کرنا۔
سینک سڑپے تو لالہ جی کے ساتھ گئے۔ اب تو دیکھو اور کھاؤ (ف) (مثل) اب پہلے سے بھی زیادہ کفایت شعاری کرو۔ نہایت کنجوس کی نسبت بولتے ہیں۔
سینکیا (ف) دھاری دار کپڑا۔ ڈوریا۔
سینگ (سِینگ) (ف) مذکر۔ ہڈی کی شاخ جو چوپایوں کے سر پر ہوتی ہے۔
سینگ سمانا (ف) (۱) آسرا ملنا۔ پناہ ملنا (۲) گزر اوقات ہونا۔
سینگ کٹا کر بچھڑوں میں ملنا (ف) بزرگوں کا بچوں کی صحبت میں شریک ہونا۔

سینگ نکلنا (ف) (۱) شاخ کا نمودار ہونا۔ ماتھے پر قرن نکلنا (۲) جانوروں کا جوان ہونا۔ جوانی پر آنا۔
سینگڑا (ف) مذکر (۱) وہ سینگ جس میں بارود رکھی جائے (۲) سینگ کا بنایا ہوا باجہ جو مُنہ سے بگل کی طرح بجاتے ہیں۔
سینگوں (سِین۔ گوں) (ف۔ مؤنث) ریت اور مٹی کی ملاوٹ۔
سینگی (ف) مؤنث (۱) سوراخ کیا ہوا سینگ جسے درد وغیرہ کے دفعیہ کو انسان کے بدن پر لگاتے ہیں (۲) ایک قسم کی مچھلی۔
سینو (سَیں۔ نُو) (ف۔ مذکر) ایک قسم کا کپڑا۔
سینہ (سِی۔ نَہ) (ف) مذکر۔ چھاتی۔ گردن سے نیچے اور پیٹ سے اُوپر کا حصہ۔
سینہ اُبھار کر چلنا - اکڑ کر چلنا۔ تن کر چلنا۔ غرور سے چلنا۔ اترا کر چلنا۔
سینہ بند (ف) مذکر (۱) انگیا۔ ایک پوشش جو چھاتی کو گرم رکھنے کے لئے پہنتے ہیں (۲) گھوڑے کی پیٹی۔
سینہ بہ سینہ (ف) چھاتی سے چھاتی میں۔ وہ راز جو خاندان میں ایک دوسرے کا بتایا ہوا۔ برابر چلا آتے۔
سینہ پیٹنا (ف) دیکھو چھاتی پیٹنا۔
سینہ چاک ہونا (ف) چھاتی پھٹنا۔ سینہ شق ہونا۔ صدمے کے مارے چھاتی کا پھٹا جانا۔
سینہ زن (ف) مذکر۔ وہ شخص جو محرم میں سینہ زنی کرے ماتمی۔
سینہ زور (ف) مذکر۔ زبردست۔ سرکش۔ طاقتور۔
سینہ زوری (ف) مؤنث۔ زبردستی۔ سرزوری۔ سختی۔
سینہ زوری کرنا (ف) زبردستی کرنا۔ جھگڑنا۔
سینہ سپر (ف) میدان جنگ میں ڈٹا رہنے والا۔ مقابل اور سامنے ہو کر لڑنے والا۔
سینہ سپر ہونا (ف) (۱) آفت وبلا کا نشانہ ہونا (۲) صف جنگ میں ڈٹنا۔ مقام خوف وخطر میں مُنہ سامنے کرکے کھڑا ہونا۔ مقابل ہونا۔
سینہ کاوی (ف) مؤنث۔ سخت کوشش۔ بہت محنت۔ نہایت مشقت۔
سینہ کوٹنا (ف) ماتم کرنا۔ چھاتی پر دوہتڑ مارنا۔
سینی (سِی۔ نی) (ف) طشت۔ خوان۔ پیتل۔ تانبے یا ٹین وغیرہ کا بنا ہوا پتنوس۔
سینے سے لگانا (ف) پیار کرنا۔ چھاتی سے لگانا۔

سینے کا ابھار (۱) مذکر۔ عورتوں کی چھاتیوں کا نمو۔ چھاتیوں کا ابھر آنا جو علامت بلوغ ہے ٭

سینیئر (سِی - نِیَر) (انگریزی SENIOR.) بڑا - بڑے ٭

سیو (سیُو) (ا) مذکر۔ سیب - ایک میٹھا پھل۔ ایک مٹھائی ٭

سیوا (سے - وَا) (س) مؤنث - (۱) خدمت۔ ٹہل۔ (۲) نگہداشت - حفاظت (۳) نوکری - ملازمت ٭

سیواجی (ہ) مذکر۔ مرہٹہ حکومت کا بانی ٭

سیوتی (سیُو - تِی) (ہ) مؤنث - گلاب کی مانند ایک قسم کا خوش رنگ پھول ٭

سیورا (سیُو - رَا) (ہ) مذکر - (۱) مٹی کا بظاہر پکا لیکن اندر سے کچا برتن (۲) کنایتہً ظاہر میں اچھا باطن میں برا شخص ٭

سیوڑا (سیُو - ڑَا) (د) ایک قسم کا ہندو فقیر ٭

سیوک (ہ) مذکر (۱) نوکر چاکر۔ خدمتگار (۲) عابد - پجاری - مرید - چیلا ٭

سیون (سِی - وَن) (ہ) مؤنث - دوخت - ٹانکا سلائی (۲) دونوں خصیوں کے نیچے کی ملی ہوئی جگہ (۳) کھوپڑی کا جوڑ ٭

سیونگ بنک (سے - وِنگ - بَنک) (انگریزی SAVING BANK.) (مذکر) بچت کا روپیہ امانتاً رکھنے کا محکمہ ٭

سیئات (سَی - یِ - آت) (ع) مؤنث - برائیاں ٭

ش

ش (شِین) (ع) مذکر۔ عربی کا تیرھواں۔ فارسی کا سولھواں اور اُردو کا اُنیسواں حرف۔ بحساب ابجد اس کے تین سو عدد لئے گئے ہیں ۔

ش ۔ ا

شاب (شَاب) (ع) مذکر۔ جوان۔ گبرو۔ چوبیس ۲۴ برس سے چالیس تک عمر کا آدمی ۔
شاباش (ف) (مؤنث) (کلمۂ تحسین) شاد باش کا مخفف خوش رہو۔ آفرین۔ مرحبا۔ جزاک اللہ ۔
شاپ (شَاپ) (انگریزی SHOP) مؤنث ہاٹ۔ دکان۔ کارخانہ۔ بھنڈار ۔
شاپ کیپر (انگریزی SHOP KEEPER) مذکر۔ دکاندار۔ خردہ فروش۔ سوداگر ۔
شاپور (شا۔ پُور) (ف۔ مذکر) (۱) ایک بادشاہ (۲) ایک مصور (۳) ایک پہلوان ۔
شاخ (شَاخ) (ف) مؤنث (۱) ٹہنی۔ ڈالی (۲) سینگ (۳) ایک قسم کا قتلہ جو میدے کے خمیر اور کھانڈ کو ملا کر بناتے ہیں ۔
شاخ در شاخ (ا) (۱) بات میں بات (۲) پیچیدہ (۳) بہت لمبا ۔
شاخ زعفران (ف۔ ع) عجیب۔ انوکھی ۔
شاخسار (ف) (۱) بہت ٹہنیوں والا (۲) (مؤنث) درختوں کا جھنڈ۔ باغ (۳) ٹہنی ۔
شاخ غزال (آہو) (ف۔ ع) مؤنث۔ (۱) ہرن کا سینگ (۲) تیراندازی کی کمان (۳) ہلال۔ اوّل روز کا چاند ۔
شاخ لگانا (و) (۱) شتی لگانا (۲) سینگی لگانا (۳) ایک کام کے ساتھ دوسرا کام لگا دینا ۔
شاخ نکالنا (ل) عیب نکالنا۔ حجت کرنا ۔
شاخسانہ (ف) مذکر (۱) فتنہ و فساد (۲) شک و شبہ۔ (۳) نئی بات (۴) عیب۔ نقص (۵) سلسلہ ۔
شاخیں لگانا (و) (۱) سینگیاں لگانا (۲) درخت کی ٹہنیاں بونا ۔
شاد (ف) خوش و خرم۔ بےغم ۔
شاد باش دیکھو (شاباش) ۔
شاد باید زیستن نا شاد باید زیستن (ف) (مثل) زندگی سے بیزاری ظاہر کرنے کے موقع پر بولتے ہیں ۔
شاداب (ف) ہرا بھرا۔ سرسبز۔ تر و تازہ ۔
شادمان (ف) خوش و خرم ۔
شادی (ف) مؤنث۔ خوشی۔ (۱) بیاہ ۔
شادی کرنا (و) بیاہ کرنا۔ نکاح کرنا (۲) خوشی منانا جشن کرنا (۳) گھوڑا بیچنا ۔
شادی گندھرب (ا۔ د) مؤنث۔ عشقیہ شادی ۔
شادی مرگ (ا) مؤنث۔ خوشی کی موت۔ ایسی موت جو حد سے زیادہ خوشی سے آجائے ۔
شادی مرگ ہونا (ہ) فرطِ خوشی سے موت آجانا ۔
شادیانہ (ف) مذکر (۱) مبارکباد (۲) شادی کے وقت کا باجا۔ خوشی کے نقارے ۔
شادیانہ بجانا (ا) خوشی کی نوبت بجانا۔ فتح کا نقارہ بجانا
شاذ (شَاذ) (ع) عجیب۔ نادر۔ انوکھا ۔
شاذ و نادر (ع) گاہ بگاہ۔ اتفاقاً۔ کبھی کبھی ۔
شارب (شَا۔ رِب) (ع) پینے والا ۔
شارح (شَا۔ رِح) (ع) مذکر۔ کھول کر بیان کرنے والا۔ شرح لکھنے والا ۔
شارع (شَا۔ رِع) (ع) مذکر۔ (۱) بڑا راستہ۔ سڑک (۲) شرع پر چلنے والا۔ متقی (۳) عالم فاضل ۔
شارع عام (ع) مذکر۔ عام راستہ۔ گزرگاہ عام۔ شاہراہ ۔
شارک (شَا۔ رَک) (ف) (مذکر و مؤنث) مینا ۔
شارک (شَارک) (انگریزی SHARK) مچھلی۔ جھنگ۔ شیر دریا ۔
شاستر (شَاس۔ تَر) (س) ہندوؤں کے شاستر منو

جی کا بنایا ہوا قانون ۔
شاستری (ہ) مؤنث (۱) پنڈت ۔ شاستر جاننے والا ۔ (۲) سنسکرت کا اعلیٰ امتحان ۔
شاشہ (شا۔شہ) (ف) مذکر۔ پیشاب ۔ موت ۔ بول ۔
شاطر (شا۔طر) (ع) مذکر (۱) شوخ ۔ عیار ۔ چالاک (۲) وہ شخص جو کسی سے باز نہ ہو (۳) شطرنج کھیلنے والا ۔
شاعر (شا۔عر) مذکر۔ شعر کہنے والا ۔ ناظم ۔ کبیشر ۔
شاعرانہ (ع۔ف) (۱) شاعر کی طرح ۔ شاعر سے منسوب (۲) مبالغہ آمیز ۔
شاعرہ (ع۔ مؤنث) عورت شاعر ۔
شاعری (ع) مؤنث ۔ شعر گوئی ۔ بلند خیالی ۔ مبالغہ آرائی ۔
شاغل (شا۔غل) (ع) (۱) مصروف ۔ مشغول (۲) ذاکر ورد و وظیفہ میں محو ۔
شافع (شا۔فع) (ع) مذکر (۱) شفاعت کرنے والا ۔ سفارشی (۲) (اصطلاحاً) رسولِ مقبول صلعم کی ذات مبارک ۔
شافعِ روزِ جزا (ع۔ف) (مذکر) رسولِ مقبولؐ ۔
شافعی (شا۔فعی) (ع) مذکر (۱) امام شافعیؒ کی پیروی کرنے والا (۲) اہلِ سنت والجماعت کے اماموں میں سے ایک امام ۔
شافہ (شا۔فہ) (ف) مذکر۔ (۱) دوا میں بھگو کر آنکھ پر رکھنے کی روئی ۔ (۲) دوا لگا کر زخم کے اندر رکھنے کی بتی ۔ (۳) قبض دور کرنے کے لئے دُبر میں رکھنے کی دوا یا صابون کی بتی ۔
شافی (شا۔فی) (ع) مذکر۔ (۱) شفا دینے والا ۔ صحت بخشنے والا (۲) خدا کا ایک صفاتی نام ۔
شافی جواب (ع) مذکر۔ پورا جواب ۔ ٹھیک جواب ۔ ایسا جواب جس میں دوبارہ دریافت کرنے کی حاجت نہ ہو ۔
شافیِ مطلق (ع) (مذکر) اللہ تعالیٰ ۔
شاق (شاق) (ع) (۱) دوبھر ۔ دشوار (۲) ناگوار ۔ برا ۔
شاق گزرنا (و) برا معلوم ہونا ۔ بار گزرنا ۔ ناگوار معلوم ہونا ۔
شاقول (شا۔قول) (ع) مذکر۔ دیکھو (ساقول) ۔
شاقہ (ع) سخت ۔ مشکل ۔ دشوار ۔
شاکر (شا۔کر) (ع) مذکر (۱) شکر گزار ۔ احسان مند ۔ (۲) صابر ۔ قانع ۔
شاکر کو شکر موذی کو فکر (۱) (کہاوت) صابر اور قانع کو خدا ہمیشہ خوشحال رکھتا ہے اور موذی کو فکر کے بدلے فکر لگ جاتی ہے ۔
شاکی (شا۔کی) (ع) مذکر (۱) شکایت کرنے والا (۲) فریادی (۳) بدگو ۔ غیبت کرنے والا ۔
شاگرد (شا۔گرد) (ف) مذکر (۱) خدمتگار (۲) طالب علم استاد سے کچھ سیکھنے والا (۳) مرید ۔ چیلا (۴) [illegible]
شاگرد پیشہ (ف) مذکر۔ نوکر چاکر ۔
شال (شال) (ف) مؤنث ۔ اون یا پشم کی چادر ۔ پشمینہ ۔
شال باف (ف) مذکر۔ شال بننے والا ۔ پشمینہ باف ۔
شال دوز (ف) مذکر۔ شال پر بیل بوٹے بنانے والا ۔ شال پر کام کرنے والا ۔
شالی (شا۔لی) (ف۔ہ) مذکر۔ دھان ۔ چاول ۔
شام (شام) (ہ) مؤنث ۔ کسی دھات کا بنا ہوا چھلا جو اوزاروں یا چھڑیوں پر لگاتے ہیں ۔
شام (شام) (ف) مؤنث ۔ سورج ڈوبنے کا وقت ۔ سانجھ ۔ وقتِ مغرب ۔
شامِ اودھ (ف) (مؤنث) اودھ میں شام کی سیر کا نظارہ دیکھنے کے لائق ہوتا ہے ۔ اس لئے شامِ اودھ مشہور ہے ۔
شامِ غریباں (ف) مذکر (۱) مصیبت کی شام (۲) بے کسی اور تنہائی کی شام (۳) مسافری کی شام (۴) مفلسی کی شام ۔
شام کا بھولا صبح گھر آئے تو اُسے بھولا نہیں کہتے ۔ (و) (کہاوت) اگر کوئی شخص اپنا وعدہ وقتِ مقررہ سے کچھ دیر بعد بھی پورا کردے تو اُسے وعدہ خلاف نہیں سمجھا جاسکتا ۔
شام کلیان (و) مذکر۔ شام کا راگ ۔ شام کے وقت کا گانا ۔
شام کی صبح کرنا (و) ایسا مصروف ہونا کہ رات دن کا فرق معلوم نہ ہو ۔
شام کے مردے کو کب تک روئیے (۱) (کہاوت) تمام عمر کے جھگڑے کی شکایت کہاں تک کی جائے ۔
شام و سحر (ف۔ع) سانجھ سویرے ۔ ہر وقت ۔
شام (شام) (ع) مذکر۔ عرب کے شمال میں ایک ملک ۔ سیریا ۔ سام بن نوحؑ کا آباد کیا ہوا ملک ۔
شامپرتی (انگ ۔ چمپرٹی) (CHAMPERTY) (مؤنث) اس شرط پر مقدمہ لینا جب ہی ڈگری کا

کچھ حصہ وکیل لے جائے۔

شاما (شا ما) (ہ) مؤنث۔ ایک سیاہ رنگ کی چڑیا۔

شامک (شا۔ مک) (ف۔ مؤنث) املی۔

شامپین (شام۔ پین) (انگ CHAMPION) (مؤنث) ایک قسم کی شراب۔

شامت (شا۔ مت) (ع) مؤنث۔ بدقسمتی۔ ادبار۔ نحوست آفت۔ سختی۔

شامت آنا یا شامت کا سر پر کھیلنا (ل) برے دن آنا۔ مصیبت و سختی آنا۔

شامت اعمال (ع) مؤنث۔ گناہوں کی سزا کئے کا ثمرہ۔ کرتوت کا بدلہ۔

شامت اعمال ما صورت نادر گرفت (ف) (مثل) ہمارے گناہوں کی سزا نے نادر کی صورت اختیار کر لی۔ اس موقع پر بولتے ہیں۔ جب کسی قوم کے اعمال خراب ہو جانے کے باعث اس پر کوئی ظالم حاکم مسلط ہو جائے یہ مصرع نظام الملک نے اس وقت کہا تھا جب نادر شاہ نے دہلی میں ظلم و ستم سے قیامت برپا کر دی تھی۔

شامت کی مار (ل) مؤنث۔ قسمت کا لکھا۔ بدنصیبی۔

شامت میں پھنسنا (ل) دام مصیبت میں گرفتار ہونا خرابی میں آنا۔ آفت میں پھنسنا۔ شومئی طالع میں مبتلا ہونا۔

شامل (شا۔ مل) (ع) ملا ہوا۔ اکٹھا (۲) شریک۔

شامل مسل (ف) کاغذات مقدمہ کے ساتھ لگا ہوا مسل کے ساتھ منسلک کیا ہوا۔

شاملات (ل) مذکر و مؤنث۔ (۱) بہت سے آدمیوں کی مشترکہ جائداد یا ملکیت (۲) حصہ داری (۳) وہ زمین جو گاؤں کے مالکوں کی مشترکہ ملکیت ہو۔

شامہ (شام۔ مہ) (ع) مذکر۔ سونگھنے کی قوت۔

شامی (ع) مذکر۔ شام کا رہنے والا۔ شام کا باشندہ۔

شامی کباب (ل) مذکر۔ وہ کباب جو گوشت کو مع مسالے کے اُبال کر پیسنے کے بعد ٹکیاں بنا کر تلے جاتے ہیں۔ یہ ملک شام کی ایجاد ہے۔

شامیانہ (شا۔ میا۔ نہ) (ل) مذکر۔ سائبان۔ بڑا خیمہ۔

شان (شان) (ع) مؤنث (۱) مرتبہ۔ دبدبہ۔ عزت۔ قدر و منزلت (۲) انداز۔ آن۔

شان پانا (ہ) انداز پانا۔

شان جانا (ہ) بے عزتی ہونا۔

شان چوٹا (ل) مذکر۔ دوسرے کی طرز اُڑانے والا آدمی۔

شان دار (ف) مذکر۔ (۱) ذی رتبہ (۲) خوشنما۔ بھڑکیلا۔

شان کا مارا جانا۔ شان گھٹنا۔ شان میں بٹہ لگنا۔ شان میں جھفتے پڑنا (ل) عزت و حرمت میں فرق آنا۔ بیعزتی ہونا۔

شان نزول (ع) مؤنث۔ (۱) کسی آیت قرآنی کے اُترنے کا موقع (۲) موقع نزول۔ باعث نزول۔

شان و شوکت (ع) مؤنث۔ رعب داب۔ بھڑک۔ تجمل۔

شانتی (شان۔ تی) (ہ۔ مؤنث) (۱) امن۔ آرام سکھ (۲) تسلی (۳) خوشی۔

شانزدہم (شا نز۔ دہم) (ف) سولھواں۔

شانہ (شا۔ نہ) (ف) مذکر۔ (۱) کنگھا (۲) (ا) مونڈھا۔ کاندھا۔

شانہ پھڑکنا (ہ) کاندھے کا پھڑکنا جو کسی دوست کے ملنے کا شگون سمجھا جاتا ہے۔

شانہ ہلانا (ل) سوئے ہوئے کو جگانا۔ کاندھا ہلا کر جگانا۔

شانے سے شانہ چھلنا (ل) ہجوم خلائق کے باعث کاندھے سے کاندھا لگنا۔ نہایت بھیڑ ہونا۔ کثیر مجمع ہونا۔

شاہ (شاہ) (ف) مذکر۔ بادشاہ۔ سلطان (۲) فقیروں کا لقب۔ داتا۔ (۳) سیدوں کے نام سے مخصوص لفظ (۴) خطاب شاہ فارس۔

شاہ اُمم (ف۔ ع) مذکر۔ اُمتوں کا بادشاہ یعنی رسول خدا صلعم۔

شاہ باز (ف) مذکر۔ ایک سفید شکاری پرند۔ بڑا باز شاہین۔

شاہ بالا (ف) مذکر۔ (معنوی معنے) (۱) ہمدوش (۲) دولہا وہ شخص جو قد و بالا میں دولہا کا ہمسر اور قریبی رشتہ دار ہو۔ جیسے مثل نوشہ آراستہ کرکے دولہا کے پیچھے گھوڑی پر بٹھاتے ہیں۔

شاہ بلوط (ف۔ ع) (مذکر) سینٹا سپاری کا درخت۔

شاہ پر (ف) مذکر۔ پرندے کے بازو کا سب سے بڑا پر۔

شاہ ترہ (ف) مذکر۔ ایک دوا۔ پت پاپڑا۔

شاہ خانم (ل) مؤنث (طنز) بڑے گھر کی عورت یا متکبر عورت۔

شاہ درہ۔ شاہدرہ (ف۔ مذکر) (۱) لاہور کے پاس دریائے راوی کے کنارے پر ایک قصبہ جہاں شہنشاہ جہانگیر اور ملکہ نورجہاں کے مقبرے ہیں (۲) ضلع میرٹھ میں ایک قصبہ۔

شاہ دریا (ل) مذکر عورتوں کے اعتقاد کے موافق ایک فرضی جن

شاہ راہ (ف) مؤنث۔ جرنیلی سڑک۔ بڑی سڑک۔ بادشاہی

گزرگاہ۔
شاہ رگ (ف۔ مؤنث) بڑی رگ جو گردن میں سے گزرتی ہے۔
شاہزادہ۔ شاہزادہ (ف۔ مذکر) (۱) بادشاہ کا لڑکا (۲) شاہی خاندان کا ایک فرد (۳) پیارا فرزند۔
شاہزادی۔ شاہزادی (ف۔ مؤنث) (۱) بادشاہ کی لڑکی (۲) شاہی خاندان کی عورت (۳) کنول کے پھول کا زرد زیرہ۔
شاہسوار (ف) مذکر۔ بڑا سوار۔ خوب سواری جاننے والا۔
شاہ عباس (ف) مذکر۔ حضرت علیؓ کے صاحبزادے جو ام سلمہؓ کے بطن سے پیدا ہوئے۔ بڑے بہادر اور جری تھے۔ یزید کی فوج کے مقابلے میں انہوں نے بہادرانہ کارنامے انجام دئے۔ اور اکثروں کو نیچا دکھایا۔
شاہ عباس کا علم (ف) مذکر (۱) وہ جھنڈا جو حضرت عباسؓ ابن علیؓ کی فوج کے ساتھ تھا (۲) وہ علم جو شیعہ لوگ محرم کو نکالتے ہیں۔
شاہکار۔ شاہکار۔ شہکار (ف۔ مذکر) سب سے بڑا کارنامہ۔
شاہ گام (ف۔ مذکر) گھوڑے کی ایک عمدہ چال۔
شاہ لولاک (ف۔ ع) (مذکر) (کن یہ) جناب رسالتمآبؐ۔
شاہ مرداں (ف) (مذکر) (۱) حضرت علیؓ کا لقب (۲) دہلی کے قریب ایک مقام جہاں تعزیے دفن ہوتے ہیں۔
شاہ نشین (ف) (مذکر و مؤنث) (۱) بادشاہ کے بیٹھنے کی جگہ (۲) مکان کی کسی کھڑکی کے آگے بڑھا کر بنائی ہوئی جگہ جہاں بیٹھ کر بادشاہ درشن دیا کرتے تھے۔
شاہانہ (ف) (۱) شاہی۔ بادشاہوں کی مانند (۲) بڑی شان و شوکت سے۔
شاہد (شا۔ ہِد) (ع) (مذکر) (۱) گواہ۔ وہ شخص جس نے کوئی بات آنکھ سے دیکھی ہو (۲) خوبصورت۔ معشوق۔ حسین۔
شاہدی (ع) (مؤنث) (۱) شہادت۔ گواہی۔ اظہار۔ بیان (۲) معشوقی۔
شاہنشاہ (شا۔ ہَن۔ شاہ) (ف) (مذکر۔ بادشاہوں کا بادشاہ سب سے بڑا بادشاہ۔ قیصر۔ سلطان۔ خاقان۔
شاہی (ف) بادشاہی۔ حکومت۔
شاہین (شا۔ ہین) (ف) (مذکر) (۱) ایک سفید رنگ کا شکاری پرندہ۔ شاہ باز (۲) ترازو کی شوقی یا ڈنڈی۔

شائبہ (شا۔ اِ بہ) (ع) مذکر۔ شک۔ شبہ۔ احتمال۔ آمیزش ملاوٹ۔
شائستگی (شا۔ اِس۔ تَگی) (ف) مؤنث۔ تہذیب۔ قابلیت لیاقت۔ اخلاق۔ مروت۔ آدمیت۔
شائستہ (ف) مذکر (۱) زیبا۔ موزوں۔ مناسب (۲) لائق تعلیم یافتہ۔ مہذب۔ خوش اخلاق۔ باسلیقہ۔ باتمیز۔
شائع (شا۔ اِع) (ع) (۱) جاری (۲) ظاہر۔ آشکارا۔ پھیلا ہوا۔
شائع کرنا (ف) مشتہر کرنا۔ پھیلانا۔ اشتہار دینا (۲) جاری کرنا (۳) چھاپنا۔
شائق (شا۔ اِق) (ع) شوقین۔ شوق رکھنے والا۔ طلبگار۔
شائگاں (شا۔ اِگاں) (ف) (۱) بادشاہ کے لائق (۲) مذکر۔ بیگار (۳) قافیے کا ایک عیب۔
شایاں (شا۔ یاں) (ف) (۱) لائق۔ زیبا۔ موزوں (۲) عمدہ نفیس۔
شاید (شا۔ یَد) (ف) (۱) لائق۔ زیبا (۲) غالباً۔ ممکن ہے۔

ش - ب

شب (شَب) (ف) مؤنث۔ رات۔ رین۔
شب باش (ف) مذکر مقیم۔ رات رہنے والا۔
شب بخیر (ف) (دعا)۔ رات خیر سے گزرے۔
شب برات (ف) مؤنث (۱) شعبان کی چودھویں اور پندرھویں تاریخ کی درمیانی رات (۲) خوشی کی رات۔
شب بیدار (ف) رات کو اٹھنے والا۔ رات بھر جاگنے والا۔ رات بھر عبادت کرنے والا۔
شب تار (ف) مؤنث۔ اندھیری رات۔
شب چراغ (ف) مذکر۔ ایک قسم کا لعل جو رات کو چراغ کی مانند چمکتا ہے (۲) جگنو۔ کرمک شب تاب۔
شب خوابی (ف) مؤنث (۱) رات کی پوشاک۔ رات کو پہن کر سونے والے کپڑے (۲) رات کا سونا۔
شب خون (ف) مذکر (۱) چھاپہ (۲) رات کے وقت کا قتل۔
شب دیز (ف) مذکر۔ مشکی گھوڑا۔ سیاہ رنگ کا گھوڑا۔
شب دیگ (ف) مؤنث۔ شلغم اور گوشت جو رات بھر پکاتے رہیں اور صبح کو کھائیں۔
شب زفاف (ف) مؤنث۔ دولہا دلہن کی اوّل رات

ہمبستری کی پہلی رات ۔

شبِ شہادت (ف) مؤنث (۱) قتل کی رات (۲) محرم کی دسویں رات جس کی صبح کو حضرت امام حسینؓ مع اپنے کنبے اور ہمراہیوں کے کوفیوں کے ہاتھوں شہید ہوئے ۔

شبِ قدر (ف - ع) مؤنث (۱) رمضان المبارک کی ستائیسویں رات (۲) عزت اور عظمت والی رات ۔

شباب (شَباب) (ع) مذکر (۱) شروع - آغاز - ابتدا - (۲) جوانی کا زمانہ ۔

شبان (شَبان) (ف - مذکر) چرواہا ۔

شباہت (شَبا - ہَت) (ع - مؤنث) (۱) شکل (۲) مشابہت مطابقت (۳) رونق - روپ ۔

شبد (شَبَد) (س - مذکر) (ہندو) (۱) آواز (۲) لفظ (۳) صیغہ (۴) بھجن ۔

شبّر (شَب - بَر) (سریانی) (مذکر) حضرت امام حسنؓ کا لقب

شبکا (شُب - کا) (ہ - مذکر) کپڑے یا دیوار کا شگاف ۔

شبکہ (شَب - کَہ) (ع - مذکر) (۱) لوہے یا جست وغیرہ کے تاروں کا جال (۲) کبوتروں کے پکڑنے کا جال - (۳) (ف) بڑا سوراخ ۔

شبنم (شَب - نَم) (ف) مؤنث (۱) اوس - (۲) ایک قسم کا نہایت باریک اور سفید کپڑا ۔

شبنمی (ف - مؤنث) اوس سے بچنے کے لئے پلنگ پر تاننے کا کپڑا ۔

شب بو (شَب - بُو) (ف - مذکر) ایک قسم کا پھول جس کی خوشبو رات کو پھیلتی ہے ۔

شبہ (شِبْہ) (ع - مذکر) (۱) مانند (۲) تصویر - ڈھانچ - (۳) مشابہت - مطابقت ۔

شبہہ (شُبْہ) (ع) مذکر - شک - گمان - وہم ۔

شبیر (شَب - بیر) (سریانی) (۱) نیک (۲) خوب صورت (۳) حضرت امام حسینؓ کا لقب ۔

شبینہ (شَبی - نَہ) (ف) مؤنث (۱) رمضان شریف کی کسی ایک رات میں پورے قرآن مجید کا نماز تراویح میں ختم کرنا (۲) رات کا بچا ہوا - باسی ۔

شبیہ (شَبِیہ) (۱) شکل - تصویر - صورت (۲) مانند - مشابہ ۔

ش - پ

شپ (شَپ) (ف) جلد ۔

شپا (شِپ - پا) (ہ - مذکر) ٹیپس ۔

شپاشپ (شَپا - شَپ) (ف) مؤنث (۱) پے در پے - متواتر - اوپر تلے (۲) چاٹنے یا پینے کی آواز ۔

شپر - شپرہ (شَپ - پَر - شَپ - پَرَہ) (ف) (مذکر) چمگادڑ ۔

ش - ت

شتا (شِتا) (ع - مذکر) جاڑا ۔

شتاب (شِتاب) (ف) فوراً - جلد - جھٹ پٹ ۔

شتابا (شَتا - با) (ہ - مذکر) وہ کاغذ جو بارود میں تر کرکے خشک کرنے کے بعد فتیلے کی جگہ استعمال کیا جاتا ہے ۔

شتاب کار (ف) جلد کار ۔

شتابان (ف) (۱) جلد باز - (۲) دوڑنے والا ۔

شتابی (ف - مؤنث) (۱) جلدی (۲) (عوام) گھبراہٹ ۔

شتر (شُتُر - شُتْر) (ف) مذکر - اونٹ - جمل ۔

شتربان (ف) مذکر - اونٹ ہانکنے والا - ساربان ۔

شتر بے مہار (ف) مذکر (۱) نکیل کے بغیر اونٹ (۲) (مجازاً) آزاد - ناشائستہ - آوارہ آدمی ۔

شتر غمزہ (ف) مذکر - ناز بیجا - فضول چوچلے - ناموزوں نخرہ ۔

شتر غمزے اٹھانا (ہ) بیجا ناز برداشت کرنا ۔

شتر کینہ (ف) مذکر - دلی دشمنی - سخت دشمنی ۔

شتر گاو (ف) مذکر - زرافہ - ایک حیوان جو مصر کے نواح میں پایا جاتا ہے ۔

شتر گربہ (ف - مذکر) (۱) دو اَنمل بے جوڑ چیزیں (۲) شعر میں ایک ہی شخص کے لئے دو مختلف ضمیریں استعمال کرنے کا عیب ۔

شتر مرغ (ف) مذکر - ایک بڑا قدآور پرند جو صحرائے افریقہ و عرب میں پایا جاتا ہے ۔

شتر نال (ف) مؤنث - ایک قسم کی چھوٹی توپ جو اونٹ کی پیٹھ پر لدی ہوتی ہے ۔

شتری (ف) مؤنث - (۱) اونٹ کے رنگ کا بادامی گندمی کپڑا (۲) وہ نقارہ جو اونٹ پر رکھا جاتا ہے (۳) وہ نقارہ جو روزہ کھولنے کے وقت بجایا جاتا ہے ۔

شتم (شَتْم) (ع) مذکر - گالی گلوچ ۔

ش ۔ ج

شجاع (شُجَاع) مذکر ۔ بہادر ۔ دلیر ۔ من چلا ۔ سورما ۔
شجاعت (شُجَا ۔ عَت) (ع) مؤنث ۔ بہادری ۔ دلیری ۔ مردانگی ۔
شجر (شَجَر) (ع) مذکر ۔ درخت ۔ پیڑ ۔ پودا ۔
شجر دار (ف) مذکر ۔ وہ نگینہ جس میں پیڑ سے بنے ہوں ۔ سنگ شجر ۔
شجرہ (شَج ۔ رَہ) (ع) مذکر (۱) نسب نامہ ۔ سلسلہ ۔ وہ کاغذ جس میں وارث اوّل کو درخت کی جڑ قرار دے کر کل اولاد ترتیب وار درج ہو (۲) کھیت کا نقشہ ۔
شجرہ و کُلہ (ع ۔ ف) مذکر ۔ پیروں کا شجرہ اور ٹوپی جو تبرکاً مریدوں کو دی جاتی ہے (۲) بوریا بدھنا ۔ برتن بھانڈا استر بستر ۔

ش ۔ ح

شحم (شَحْم) (ع) مؤنث (۱) چربی ۔ موٹاپا ۔ فربہی (۲) گودا ۔ مغز
شحنہ (شِح ۔ نَہ) (ع) مذکر ۔ کوتوال ۔ انسپکٹر پولیس ۔ محافظ شہر ۔
شحیم (شَحِیْم) (ع) موٹا ۔

ش ۔ خ

شخص (شَخْص) (ع) مذکر ۔ آدمی کا جسم ۔ وجود انسان ۔ بدن ۔
شخص ثالث (ع) مذکر ۔ تیسرا آدمی جو دو میں فیصلہ کرا دے سرپنچ ۔
شخص حیّ القائم (ع) مذکر ۔ وہ شخص جو اکیلا خاندان میں سے زندہ رہے ۔
شخص غیر (ع) مذکر ۔ اجنبی آدمی ۔
شخص واحد (ع) مذکر ۔ اکیلا آدمی ۔ ایک آدمی ۔ وہ شخص جس کا کوئی ساتھی یا معاون نہ ہو ۔
شخصی (ع) ایک آدمی کے متعلق ۔ شخص واحد سے منسوب ۔ ذاتی ۔
شخصی حکومت (ع) مؤنث ۔ وہ حکومت جس میں بادشاہ کو اختیار کلی حاصل ہو ۔
شخصیت (ع) مؤنث (۱) انسانیت ۔ آدمیت (۲) عزت و وقعت ۔ بزرگی ۔ وقار ۔
شخصیت بگھارنا (ع ۔ ہ) اپنا آپ دکھانا ۔ شیخی مارنا ۔ لاف زنی کرنا ۔ اترانا ۔

ش ۔ د

شُد (شُد) (ف) مؤنث ۔ کسی کام کا آغاز یا ابتدا ۔ شروع ۔
شُدبُد (ف) مؤنث (۱) حرف شناسی (۲) کسی کام میں تھوڑی سی مہارت ۔ قلیل واقفیت ۔
شَدّ (شَدّ) (ع ۔ مذکر) (۱) ایک حرف کو دو بار پڑھنا (۲) مدد دینا (۳) پہلوانوں کا نعرہ ۔
شدّ و مدّ (ع) مؤنث ۔ دھوم دھام ۔ تکلف ۔ شان و شوکت ۔
شدّاد (شَد ۔ دَاد) مذکر ۔ ایک مشہور بادشاہ جس نے خدائی دعوٰے کیا تھا ۔
شدائد (شَدَا ۔ ءِد) (ع) (مذکر و مؤنث) شدیدہ کی جمع ۔ سختیاں ۔ تکلیفیں ۔
شدّت (شِد ۔ دَت) (ع) مؤنث ۔ سختی ۔ زیادتی ۔ تیزی ۔
شُدنی (ف) مؤنث (۱) ہونے والی بات (۲) ہونہار ۔
شدّہ (شَد ۔ دَہ) (ع) مذکر ۔ علم ۔ وہ جھنڈا یا نشان جو محرم میں شہدائے کربلا کی یادگار میں تعزیوں کے ساتھ نکالا جاتا ہے ۔
شُدّہ (شُدّہ) (ہ) پاک صاف ۔ پوتر ۔ خالص ۔ نرمل ۔
شُدہ شُدہ (ف) آہستہ آہستہ ۔ رفتہ رفتہ ۔
شَدید (شَدِیْد) (ع) سخت ۔ کٹھن ۔ مشکل ۔ دشوار ۔
شدید العداوت (ع) مذکر ۔ دشمن سخت ۔ جانی دشمن ۔ وہ شخص جو دشمنی کرنے میں نہایت سخت ہو ۔

ش ۔ ر

شَرّ (شَرّ) (ع) (مذکر و مؤنث) بدی ۔ شرارت ۔ فساد ۔
شر اٹھانا (ہ) جھگڑا نکالنا ۔ فساد کرنا ۔
شِرَا (شِرَا) (ع) مذکر (۱) مول لینا (۲) بیچنا ۔
شراب (شَرَاب) (ع) مؤنث (۱) پینے کی چیز (۲) (مجازاً) نشہ دار عرق ۔
شراب خانہ (ف) مذکر ۔ کلال خانہ ۔ مے خانہ ۔ شراب بننے یا بکنے کی جگہ یا دکان ۔
شراب دو آتشہ (ف) مؤنث ۔ دو مرتبہ کشید کی ہوئی شراب

تیز شراب ۔ تند شراب ۔
شرابِ طہور (ع) مؤنث ۔ وہ پاک شراب جو بہشت میں جنتیوں کو ملے گی ۔
شرابِ مقطر (ع) مؤنث ، تیز شراب ۔
شرابور (شَرا بور) (ف) تر بتر ۔ لتھڑ پتھڑ بھیگا ہوا ۔
شرابور ہو جانا (ہ) تر ہو جانا ۔
شرابی (ف) مذکر ۔ شراب پینے والا ۔ شراب خوار ۔ مے نوش ۔ متوالا ۔ مخمور ۔
شراٹا (شَرَا ۔ ٹا) (ہ) مذکر ۔ (۱) زور کی آواز (۲) شور غل (۳) ہوا کا سناٹا ۔
شراٹے بھاری ہونا (ہ) زور سے بہنا ۔
شرادہ (شَرا دہ) (س) مذکر ۔ کریا کرم ۔ مُردوں کے نام پر برہمنوں کو پوری کچوری کھلانا ۔
شرار (شَرار) (ع) مذکر ۔ آگ کا انگارا ۔
شرارت (شَرا ۔ رَت) (ع) مؤنث ۔ بدی ۔ برائی ۔ شوخی ۔
شرارہ (شَرا ۔ رَہ) آگ کا پتنگا ۔ چنگاری ۔
شرافت (شَرا ۔ فَت) (ع) مؤنث ۔ بزرگی ۔ بھلمنسائی انسانیت ۔ آدمیت ۔
شرائط شَرا ۔ ئِط) (مذکر و مؤنث) (شریطہ کی جمع) شرطیں قول و قرار ۔
شرائطِ تمہیدی (ع ۔ ف) (مذکر و مؤنث) ابتدائی شرطیں ۔
شرائطِ مظہرہ (ع) (مذکر و مؤنث) بیان یا ظاہر کرنے کی شرطیں ۔
شرائین (شَرا ۔ ئِین) (ع) مؤنث (شریان کی جمع) جسم میں خون پہنچانے والی رگیں ۔
شرب (شُرْب) (ع ۔ مذکر) پینا ۔
شربت (شَر بَت) (ع) مؤنث (۱) پینے کی چیز (۲) مٹھاس میں پکا ہوا عرق ۔ دواؤں کا شیرہ ۔
شربت پلانا (ہ) (۱) شربت نوش کرانا (۲) ایک رسم ہے کہ بعد نکاح شربت پلایا جاتا ہے اس کے عوض شربت والے برتن میں دُلہن کے لئے کچھ نقدی ڈالی جاتی ہے ۔ سگائی کرنا ۔
شربت پلائی (ہ) مؤنث ۔ وہ نقدی جو دلہن کے نائی کو شربت پینے کے عوض بعد از نکاح دی جائے (۲) ایک قسم کا نیگ جو حجام کو رخصت کرتے وقت دیا جائے ۔ رخصتانہ ۔
شربت کے پیالے پر نکاح پڑھانا (ہ) کچھ خرچ نہ کرنا اور غریبوں کی طرح صرف شربت کا پیالہ پلا کر نکاح کر دینا ۔
شربت کے سے گھونٹ پینا (ہ) کسی ناگوار یا تلخ بات کو خوشی اور ملائمت سے سننا ۔ سختی اُٹھانا ۔
شربتی (شَر ۔ بَتی) (ف) مؤنث (۱) ایک قسم کا ہلکا زرد کسی قدر سُرخی لئے ہوئے رنگ (۲) ایک قسم کا میٹھا لیمو (۳) ایک قسم کے بڑے بڑے فالسے (۴) ایک قسم کا نہایت باریک اور عمدہ کپڑا ۔
شربہ (شَر ۔ بَہ) (ع ۔ مذکر) (۱) ایک قسم کی چھوٹی ماشک ۔ (۲) تھالا (۳) تالاب ۔
شرح (شَرح) (ع) مؤنث (۱) کھول کر کہنا ۔ تفسیر ۔ حاشیہ (۲) نرخ ۔ در ۔ بھاؤ ۔
شرح آبپاشی (ہ) مؤنث ۔ نہر کے پانی دینے کا نرخ ۔
شرح بندی (ا) مؤنث ۔ نرخنامہ ۔ نرخ کی فہرست ۔
شرح چڑھانا (ہ) تفسیر لکھنا ۔ حاشیہ چڑھانا ۔
شرح خوراک گواہان (ا) مؤنث ۔ گواہوں کی خوراک کا معمول ۔
شرح سود (ع) مؤنث ۔ سود کا معمول ۔
شرح لگان (ا) مؤنث ۔ خراج کا نرخ ۔
شرر (شَرَر) (ع) مذکر (۱) آگ کی چنگاری (۲) مولانا عبدالحلیم لکھنوی مرحوم کا تخلص ۔
شرط (شَرْط) (ع) مؤنث (۱) عہد و پیمان ۔ قول قرار (۲) بازی ۔ داؤں (۳) دفعہ ۔ قاعدہ ۔
شرط باندھنا (ہ) بازی بدنا ۔
شرطیہ (ع) شرطی ۔ بقراری ۔
شرع (شَرْع) (ع) مؤنث (۱) سیدھا راستہ ۔ قانون محمدی جو قرآن کے مطابق ہے (۲) طور ۔ طریقہ ۔
شرعِ محمدی (ع) مؤنث ۔ قانون محمدی ۔ دین اسلام کا طریقہ ۔
شرع محمدی نکاح پڑھنا (ہ) قانون اسلام کے مطابق سادہ نکاح کر دینا ۔
شرع میں رخنہ ڈالنا (ہ) مذہب میں کوئی بات داخل کرنے خلل انداز ہونا ۔ جھگڑا نکالنا ۔
شرع میں شرم کیا : (ا) (کہاوت) جو بات شرع میں جائز ہو اس میں شرم بے سود ہے ۔ معاملے میں شرم نہیں کرنی چاہئے ۔
شرعاً (ع) از روئے شرع ۔ قانون اسلام کے مطابق ۔
شرف (شَرَف) (ع) مذکر ۔ بزرگی ۔ برتری ۔ ترجیح ۔ عمدگی ۔ خوبی ۔
شرف خدمت (ع) مذکر ۔ خدمت میں حاضر ہونے کا

نحو۔
شرفِ عدالت (ع ۔ مذکر) ناظر۔
شرف ہونا (ہ) (۱) بزرگی یا عزّ حاصل ہونا ۔ عزّت ملنا (۲) کسی ستارے کا اپنے اصلی گھر میں داخل ہونا۔
شرف یاب (ع ۔ ف) بزرگی پانے والا ۔ اعزاز یافتہ۔
شرفا (شُرَ فا) (ع ۔ مذکر) شریف کی جمع۔
شرق (شَرق) (ع) مذکر ۔ آفتاب نکلنے کی جگہ ۔ مشرق ۔ پورب
شرق سے غرب تک (ہ) مشرق سے مغرب یا پورب سے پچھم تک۔
شرقی (ع) مشرق کا ۔ پورب کا۔
شرقی زبان (ہ) مؤنث ۔ وہ زبان جو یورپ کے مشرق میں بولی جاتی ہے ۔ ایشیائی زبان مثلاً عربی چینی ۔ فارسی سنسکرت وغیرہ۔
شرقی علوم (ع) مذکر ۔ وہ علوم مشرقی جو ایشیا میں رائج ہیں۔
شرک (شِرک) (ع) مذکر ۔ خدا کی ذات میں کسی اور کو شریک کرنا ۔ کفر ۔ بُت پرستی۔
شرکِ جلی (ع) مذکر ۔ شرک ظاہر و صریح جیسے بت پرستی۔
شرکِ خفی (ع) مذکر ۔ شرک پوشیدہ ۔ جیسے کسی آدمی کو حاجت روا سمجھنا۔
شرکا (شُرَکا) (ع) مذکر ۔ شریک کی جمع۔
شرکت (شِر ۔ کَت) (ع) مؤنث ۔ شمولیت ۔ ساتھ ۔ ساجھا۔
شرکت قبل وقوع جرم (ع ۔ مؤنث) وقوع جرم کے مشورے میں شریک ہونا۔
شرکت مابعد وقوع جرم (ع ۔ مؤنث) جرم معلوم ہونے کے بعد اُسے چھپانے کی کوشش کرنا۔
شرکت ملکیت (ع ۔ مؤنث) ملکیت کا ساجھا۔
شرکت نامہ (ع ۔ ف) (مذکر) وہ اقرار نامہ جو شریکوں میں باہمی قول و قرار کی بابت لکھا جائے۔
شرم (شَرم) (ف) مؤنث (۱) لاج ۔ عزت ۔ غیرت ۔ حیا (۲) خیال ۔ لحاظ۔
شرم رکھنا (ہ) لاج رکھنا ۔ عزت بچانا۔
شرم رہ جانا (ہ) (۱) بات رہ جانا۔
شرم سے پانی پانی ہونا (ہ) شرمندگی سے آب آب ہونا ۔ نہایت شرمندہ ہونا۔
شرم کی بات (ہ) مؤنث ۔ لاج کی بات ۔ افسوس کی بات ۔ غیرت کی بات۔
شرم کی بہو نت بھوکی مرے (ا) (کہاوت) غیرت مند ہمیشہ نقصان اٹھاتا ہے ۔ جس دُلہن کو کھانے میں شرم ہوتی ہے ۔ وہ ہمیشہ بھوکی مرتی ہے۔
شرم گاہ (ف) مؤنث ۔ عورت کی جائے ستر ۔ پردے کی جگہ ۔ اندام نہانی۔
شرما شرمی (ہ) (۱) شرم و لحاظ سے مجبور ہو کر (۲) مؤنث شرم ۔ حیا ۔ لاج۔
شرمانا (ہ) شرمندہ ہونا ۔ لجانا ۔ غیرت کھانا۔
شرمسار (ف) مذکر (۱) صاحب شرم (۲) شرمندہ۔
شرمساری (ف) مؤنث (۱) شرمندگی ۔ خجالت (۲) لاج ۔ شرم۔
شرمناک (ف) قابل شرم۔
شرمندگی (ف) مؤنث ۔ ندامت ۔ شرم ۔ لاج۔
شرمندہ (ف) (۱) نادم ۔ شرمسار (۲) حیا والا۔
شرمندۂ احسان (ف ۔ ع) احسان مند۔
شرمیلا (ہ) مذکر ۔ شرماؤ ۔ شرم مند ۔ حیادار۔
شروا (شُرُوَا) (ہ ۔ مذکر) شوربا۔
شروع (شُرُوع) (ع) مذکر ۔ آغاز ۔ ابتدا ۔ پہل ۔ اوّل۔
شروع سے آخر تک (ہ) ابتدا سے انتہا تک ۔ اوّل سے آخر تک۔
شروع کرنا (ہ) (۱) پہل کرنا (۲) بنیاد ڈالنا ۔ بنا ڈالنا۔
شریان (شِر ۔ یَان) (ع) مؤنث ۔ نبض دیکھنے کی رگ ۔ لال رگ ۔ خون کے دورہ کرنے کی رگ۔
شریر (شَرِیر) (ع) شوخ ۔ سرکش۔
شریعت (شَرِی ۔ عَت) (ع) مؤنث (۱) دینی قانون (۲) طریقہ ۔ راستہ (۳) صفائی کی سر۔
شریف (شَرِیف) (ع) (۱) بزرگ ۔ عالی ۔ خاندان (۲) بھلا مانس ۔ مہذب ۔ اشراف۔
شریف زادہ (ف) مذکر ۔ اشراف کا بیٹا۔
شریفہ (شَرِی ۔ فَہ) (ہ) مذکر ۔ ایک میٹھا اور چھوٹا سا پھل سیتا پھل۔
شریک (شَرِیک) (ع) (۱) شامل (۲) طرفدار (۳) حصہ دار ۔ پتی والا (۴) مددگار ۔ رفیق ۔ دوست (۵) ساتھی (۶) رشتہ دار۔
شریک الرائے (ع) رائے سے اتفاق کرنے والا ۔ متفق الرائے۔
شریک رنج و راحت (ف) دُکھ سُکھ کا ساتھی ۔ ہمدم ۔ رفیق۔

ش - س

شست (شِسْت) (ف- مؤنث) بنسی مچھلی پکڑنے کا کانٹا۔
شست (شَسْت) (ف) مؤنث (۱) انگوٹھا- انگشت (۲) ہدف- نشانہ- سیدھ۔
شست باندھنا- یا- لگانا (۱) سیدھ باندھنا۔ تاک لگانا- نشانہ درست کرنا۔
شستگی (شُسْ- تَگی) (۱) صفائی- دُھلا ہوا ہونا۔ (۲) الفاظ کی سلاست۔
شست وشو (ف) (مؤنث) (۱) نہانا دھونا (۲) دھوکر صاف کرنا۔
شستہ (ف) (۱) دھویا ہوا- صاف کیا ہوا (۲) پاک- خالص۔
شستہ ورفتہ (ف) منجھا ہوا- پاکیزہ۔

ش - ش

شُش (شُش) (ف) مذکر- پھیپھڑا۔
شش (شَش) (ف) چھ- ۶۔
شش پہلو (ف) چھ کونہ- مسدس۔
شش جہت (ف- ع) مؤنث- تمام عالم۔
شش دانگ (ف) (۱) چھ طرفیں (۲) (کنایۃً) تمام دنیا۔
شش در یا ششدر (ف) مذکر (۱) چھ دروازے کا مکان (۲) حیران- پریشان- ہکا بکا۔
شش ماہی (ف) چھ ماہی- نصف سال۔
شش وپنج (ف) مذکر- سوچ بچار- فکر واندیشہ- گھبراہٹ- پریشانی۔
شُشکار یا شُشکاری (شُشْکار- شُش- کا- ری) (۱) مؤنث (۱) شش کر کے کسی کو شکار پر دوڑانا۔
شُشکارنا (۱) شُشکار کا مصدر۔

ش - ص

شصت (شَصْت) (ف) ساٹھ- ۶۰۔

ش - ط

شط (شَطّ) (ع) (مذکر و مؤنث) (۱) دریا- ندی- نالہ (۲) فرائض اور عبادات۔
شطاح (شَطْ- طا ح) (ع) (۱) نہایت شوخ- نہایت بےحیا۔ حرافہ- شوخ دیدہ- (۲) خلاف شرع بکنے والا۔
شطحیات (شَطْ- حِی- یا ت) (ع) (مذکر و مؤنث) (۱) زٹل بازی (۲) خلاف شرع بڑ اور بکواس۔
شطرنج (شَطْ- رَنْج) (ع) مؤنث- ایک کھیل جو ۳۲ مہروں اور ۶۴ خانوں سے کھیلا جاتا ہے۔
شطرنج باز (ع- ف) مذکر- شاطر- شطرنج کا کھلاڑی۔
شطرنجی (ف) مؤنث (۱) مختلف قسم کے اناج کی روٹی (۲) دری- ایک قسم کا سوتی فرش۔

ش - ع

شعار (شِعار) (ع) مذکر (۱) جسم سے چمٹے ہوئے کپڑے (۲) (مجازاً) دستور- طریقہ- طرز- عادت۔
شعاع (شُعاع) (ع) مؤنث- کرن- چمک- چاند یا سورج کی روشنی کا انعکاس۔
شعائر (شَعا- ئِر) (ع- مذکر) (۱) قربانیاں (۲) نشانیاں رسوم (۳) فرائض اور عبادات۔
شعبان (شَعْبان) (ع) مذکر- مسلمانوں کا آٹھواں قمری مہینہ جس کی چودھویں اور پندرھویں کی درمیانی شب کو شب برات کہتے ہیں۔
شعبدہ (شُعْ- بَدَہ) (ع) مذکر (۱) وہ بازی جو سحر، جادو یا مکر وفریب سے متعلق ہو- (۲) نظربندی (۳) حقہ بازی- دھوکا- فریب- چھل۔
شعبدہ باز یا شعبدہ گر (ف) مذکر- (۱) بازیگر (۲) جادوگر (۳) مداری (۴) مکار- فریبی۔
شعبدہ بازی (ف) مؤنث (۱) نظربندی (۲) جادوگری- (۳) دغابازی- چالاکی- مکاری۔
شعبہ (شُعْ- بَہ) (مذکر) (۱) گروہ- فرقہ (۲) شاخ- ٹہنی- ٹکڑا- حصہ- (۳) راگنی (۴) وہ نہر جو کسی نہر سے نکالی جائے۔
شعر (شِعْر) (ع) مذکر (۱) (لغوی معنی) جاننا- دریافت کرنا

(۲) (اصطلاحاً) وہ موزون کلام جو بالقصد کہا جائے۔ نظم۔ فرد۔ گیت۔ دوہا۔ بیت۔

شعرِ تر (ع) مذکر۔ پاکیزہ۔ آب دار۔ بامزہ اور تازہ کلام۔

شعر خوانی (ع، ف) مؤنث۔ شعر پڑھنا۔

شعر کہنا (ہ) نظم لکھنا۔ شعر گوئی کرنا۔

شعر گوئی (ع۔ف) مؤنث۔ شاعری۔ شعر کہنا۔

شعرِ مرا بمدرسہ کہ بُرد (ف) (مثل) میرا شعر مدرسے میں کون لے گیا۔ اُس وقت بولتے ہیں جب کوئی چیز نااہل کے ہاتھ پڑ جائے۔

شعریت (ع۔ مؤنث) (۱) شعرپن۔ شعر کا حسن، شعر کی سوز و گداز۔ اثر و تاثیر (۲) حسن و رعنائی۔ انتہائی دلکشی۔ کمال جاذبیت۔

شعراء (شُعَرا) (ع) مذکر۔ شاعر کی جمع۔ شعر کہنے والے۔

شعشعہ (شَعْ شَعَہ) (ع) مذکر۔ آفتاب کی شعاع چمک روشنی۔

شعلہ (شُعْ۔لَہ) (ع) مذکر (۱) چمک۔ روشنی۔ درخشندگی۔ (۲) لَو۔ لپٹ (۳) آتش۔ آگ (۴) (ہ) غصہ غضب۔

شعلہ اُٹھنا (ہ) آگ بھڑکنا۔

شعلہ بھبوکا (ہ) (۱) نہایت حسین۔ گورا۔ چٹا (۲) غضبناک خشمناک۔

شعلہ بھبوکا ہونا (ہ) نہایت غضبناک ہونا۔ غصے کے مارے جل بھن جانا۔ آگ لگ جانا۔ آگ ہو جانا۔

شعلہ جوالہ (ع) مذکر (۱) گرداگرد پھرنے والا شعلہ۔ (۲) جلتی ہوئی بنیٹی کا چکر۔ (۳) معشوق۔

شعلہ خو (ع۔ف) مذکر (۱) تیز مزاج۔ تندخو۔ بدمزاج (۲) معشوق۔

شعور (شُعُور) (ع) مذکر (۱) تمیز۔ دانائی۔ واقفیت (۲) (ا) سمجھ۔ عقل۔ دانش۔

شعور پکڑنا (ہ) ہوش سنبھالنا۔ تمیز سیکھنا۔

شعیب (شُعَیب) (ع۔ مذکر) ایک مشہور پیغمبر۔

ش-غ

شغال (شَغَال) (ع) مذکر۔ گیدڑ۔

شغب (شَغَب) (ع) مذکر۔ شور و غل۔

شغف (شَغَف) (ع۔ مذکر) (۱) لگاؤ۔ دلچسپی (۲) انتہائی محبت۔

شغل (شُغْل) (ع) مذکر (۱) بے فرصتی۔ کام کاج (۲) خدا کا دھیان (۳) (ہ) کھیل کود۔ دل لگی (۴) دھیان تصور۔ خیال۔

شغل کرنا (ہ) (۱) کسی کام میں مصروف ہونا (۲) ہلکا پھلکا تفریح طبع میں مشغول ہونا۔

ش-ف

شفا (شِفا) (ع) مؤنث۔ صحت۔ تندرستی۔

شفاخانہ (ع۔ف) مذکر۔ بیماروں کے علاج کی جگہ۔ ہسپتال۔

شفاعت (شَفا عَت) (ع) مؤنث (۱) سفارش۔ وساطت (۲) گنہگاروں کے گناہوں کی معافی کی سفارش۔

شفاف (شَفْ۔ فاف) (ع) نہایت صاف جس کے آر پار نظر جائے نہایت اُجلا اور صاف۔

شفتالو (شَفْ۔تا لُو) (ف) مذکر۔ آڑو۔ ایک قسم کا بڑا آلو۔

شفتل (شَفْ۔ تَل) (ہ) مذکر (عو) بیہودہ۔ نالائق۔ بیکار۔

شفعہ (شُف۔ عَہ) (ع) مذکر۔ گھر یا زمین کی ہمسائیگی جس کا بہت بڑا حق ہے ہمسائیگی کا حق۔

شفعہ جار (ع۔ مذکر) پڑوسی کا شفعہ۔

شفعہ خلیط (ع۔ مذکر) ملا ہوا شفعہ۔

شفعہ واجب العرض (ع۔ مذکر) خریداری کا حق جو بندوبست کے وقت شرائط کے مطابق لکھا جائے۔

شفق (شَفَق) (ع) مؤنث سرخی جو شام اور صبح کو آسمان پر ظاہر ہوتی ہے۔

شفق پھولنا (ہ) شفق کا نمودار ہونا۔

شفقت (شَفْقَت) (ع) مؤنث (۱) لطف۔ مہربانی۔ ہمدردی۔ رحم۔ ترس (۲) (ا) محبت۔ پیار۔

شفیع (شَفِیع) (ع) مذکر (۱) گناہوں کی سفارش کرنے والا۔ (۲) شفعہ کا حق رکھنے والا۔

شفیع الاُمم (ع) مذکر۔ اُمتوں کی شفاعت کرنے والا حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم کا لقب۔

شفیع محشر (ع) مذکر۔ حشر میں شفاعت کرنے والا۔ رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کا لقب۔

شفیق (شَفِیق) (ع) مہربان۔ عنایت فرما۔ کریم۔ محب۔

ش-ق

شق (شَق) (ع) (۱) پھٹا ہوا۔ شگاف پڑا ہوا (۲) (مذکر) شگاف

شق القمر (ع) مذکر۔ چاند کا پھٹ جانا۔ آنحضرتؐ کا ایک معجزہ۔

شق ہونا (ا) پھٹنا۔ شگاف پڑنا۔ دراڑ آنا۔

شِق (شِقّ) (ع) مؤنث (۱) نصف حصّہ (۲) ٹکڑا۔ حصّہ (۳) طرف۔ جانب (۴) قسم۔ نوع۔

شقاوت (شَقَا۔ وَت) (ع) مؤنث (۱) بدبختی (۲) سنگ دلی۔

شقائق (شَقَا۔ اِئق) (ع) مذکر۔ گلِ لالہ۔ پھول۔

شقہ (شُق۔ قَہ) (ع) مذکر (۱) وہ رقعہ جو بادشاہ اپنے امراء کو کسی ضروری امر کے لئے لکھیں (۲) وہ رقعہ جو امیر لوگ اپنے سے کم رتبہ کے امیروں کو دوستانہ طور پر لکھیں۔

شقی (شَقِی) بدنصیب۔ بدبخت۔

شقیقہ (شَقِی۔ قَہ) (ع) مذکر (۱) کان اور پیشانی کے بیچ کا ملائم حصّہ جہاں رگ پھڑکتی رہتی ہے (۲) دردِ نیم سر۔ آدھا سیسی۔

ش۔ک

شک (شَکّ) (ع) مذکر۔ گمان۔ شبہ۔ احتمال۔

شک ڈالنا (ا) شبہ پیدا کرنا۔ گمان کرنا۔

شک رفع کرنا۔ یا نکالنا۔ یا مٹانا (ا) شبہ دُور کرنا۔ گمان مٹانا۔

شک کرنا (ا) شبہ کرنا۔ گمان کرنا۔

شکار (شِکَار) (ف) مذکر (۱) حیوان کے مارنے کا قصد۔ صید (۲) وہ حیوان یا پرند جو شکار کیا گیا ہو (۳) (ا) اسامی۔ سونے کی چڑیا (۴) (ا) مفت کا مال۔

شکار بند (ف) مذکر۔ وہ تسمہ جو گھوڑے کی دُم کے قریب شکار لٹکانے یا ضروری سامان باندھنے کے لئے لگا ہوتا ہے۔ فتراک۔

شکار کرنا (ا) (۱) صید کرنا۔ کسی جانور یا حیوان کو مارنا۔ (۲) قابو میں لانا۔ دام میں لانا (۳) فریفتہ کرنا۔ عاشق بنانا (۴) اسامی بنانا۔ فریب سے لُوٹنا۔ دھوکے سے مارنا۔

شکار کھیلنا (ا) صید مارنا۔ جانوروں کو مارنا یا پکڑنا۔

شکار کے وقت کتیا ہگائی (ا) (مثل) کام کے وقت حیلہ بہانہ یا سستی کرنے لگے۔

شکار گاہ (ف) مؤنث۔ صید گاہ۔ شکار کھیلنے کا مقام۔ رمنا۔

شکار ہونا (ا) (۱) کسی جانور کا مارا جانا (۲) جال میں پھنسنا (۳) عاشق ہونا۔

شکاری (ف) مذکر (۱) شکار کرنے والا شخص۔ صیّاد (۲) شکار کے متعلق۔

شکاری کُتّا (ا) مذکر۔ شکار مارنے یا پکڑنے والا کُتّا۔ سگِ تازی۔

شکال (شِکَال) (ع) مذکر۔ وہ گھوڑا جس کی تین ٹانگیں سفید اور چوتھی کسی اور رنگ کی ہو۔

شکایت (شِکَا۔ یَت) (ع) مؤنث (۱) گلہ۔ شکوہ (۲) (ا) مرض۔ بیماری (۳) (ا) فریاد۔ دادخواہی (۴) (ا) بُرائی بدی۔ غیبت۔

شکایت کرنا (ا) (۱) دُکھڑا رونا۔ مصیبت بیان کرنا (۲) گلہ شکوہ کرنا (۳) فریاد کرنا (۴) بدی کرنا۔ بُرائی کرنا۔

شکتی (شَک۔ تِی) (س) مؤنث۔ طاقت۔ بل۔ زور۔

شکر (شُک۔ کَر) (س) مذکر (۱) چھٹا سیارہ۔ زہرہ۔ نولی فلک (۲) جمعہ۔ یوم آدینہ۔

شکر (شُکْر) (ع) مذکر (۱) احسان ماننا۔ سپاس۔ احسان مندی۔

شکر کرنا۔ یا۔ بجالانا (ا) احسان ماننا۔ سپاس گزاری کرنا۔

شکر گزار (ع۔ ف) شاکر۔ ممنون۔ احسان مند۔

شکر گزاری (ع۔ ف) مؤنث۔ احسانمندی۔ ممنونیت۔

شکرانہ (ا) مذکر (۱) شکریہ۔ احسان۔ منت (۲) کسی کام کے بدلے میں کچھ دینا۔

شکرہ (شِک۔ رَہ) (ا) سُرخ کھانڈ۔

شکر (شَکَر) (ف) مؤنث۔ کھانڈ۔ چینی۔ بُورا۔ نبات۔ قند مصری۔

شکر پارہ (ف) مذکر۔ ایک قسم کی مٹھائی جو مربع شکل کی پارہ پارہ ہوتی ہے۔

شکر تری (ف) مؤنث۔ سفید کھانڈ۔

شکر خورا (ا) مذکر (۱) ایک پرند جو مٹھاس نہایت شوق سے کھاتا ہے (۲) (مجازاً) تر مال کھانے والا۔

شکر خورے کو شکر۔ موذی کو ٹکر (ا) (مثل) اچھے کو نیک مزہ اور بُرے کو سزا ملتی ہے۔

شکر رنجی (ف) مؤنث۔ اَن بَن۔ معمولی سی رنجش۔ رکاوٹ انقباضِ خاطر۔

شکر سے منہ بھرنا (ا) کسی خوشخبری کے شکریے میں مٹھائی کھلانا۔

شکر قلم (ف) (۱) لائق مصنف۔ اچھی زبان لکھنے والا شخص۔ (۲) ایک قسم کی مٹھائی۔

شکر قند (ا) مذکر۔ ایک قسم کی میٹھی جڑ جسے اُبال کر یا ریت میں بھون کر کھاتے ہیں ۔

شکر لب (ف) شیریں ہونٹوں والا ۔ معشوق ۔

شکرانا (ا) مذکر (۱) وہ خشکہ جس میں کھانڈ ، و گھی ڈال کر کھائیں (پنجابی) چوپا ۔

شکرم (شِکَ ۔ رَم) (ا) مؤنث ۔ ایک قسم کی گاڑی ۔

شکرہ (شِکْ ۔ رَہ) (ف) مذکر ۔ باز کی قسم کا ایک شکاری پرند ۔ ایک قسم کا باشہ ۔

شکرہ پالنا (ا) (۱) خرچ باندھنا (۲) بھروسہ کرنا (۳) اپنے سر پر بار لینا ۔

شکری (شُکَرِی) (ف) مؤنث ۔ ایک قسم کا فالسہ جو نہایت شیریں اور بڑا ہوتا ہے ۔

شکست (شِکَسْت) (ف) (مؤنث) (۱) ٹوٹ پھوٹ ۔ شکستگی (۲) ہار ۔ ہزیمت ۔ زک (۳) کمی ۔ نقصان ۔ زیاں ۔

شکست فاش (ف) مؤنث ۔ ایسی ہار جس میں کسی کو کلام نہ ہو ۔ بھاری شکست ۔

شکست و ریخت (ف) مؤنث ۔ ٹوٹ پھوٹ ۔ گری پڑی چیز ۔

شکستگی (ف) ٹوٹ پھوٹ ۔ شکست و ریخت ۔ خستگی ۔

شکستہ (ف) (۱) ٹوٹا ہوا ۔ گرا پڑا (۲) وہ خط جو بیقاعدہ اور گھسیٹ کر لکھا جاتا ہے ۔

شکستہ بال ۔ شکستہ بازو } بیکس ۔ بے بس ۔ کمزور ۔
شکستہ پا ۔ شکستہ پر } بے قوت ۔ ضعیف ۔

شکل حماری (ع) ۔ مؤنث ، اقلیدس کے پہلے مقالے کی بیسویں شکل جو اس قدر آسان ہے کہ جو اُسے بھی نہ سمجھے ۔ وہ گدھا ہے ۔

شکستہ حال (ف ۔ ع) خستہ حال مصیبت زدہ ۔ آفت کا مارا ۔ پریشان حال ۔

شکستہ حالی (ف ۔ ع) مؤنث ۔ پریشانی ۔ خستہ حالی تباہی ۔ مصیبت ۔ آفت ۔

شکستہ خاطر (ف ۔ ع) رنجیدہ دل ۔ غمگین ۔ آزردہ دل ۔

شکستہ خط (ف ۔ ع) مذکر ۔ ایک قسم کا خط جو گھسیٹ کر لکھا جاتا ہے ۔

شکل (شَکْل) (۱) صورت ۔ چہرہ ۔ ہیبت (۲) مانند ۔ مثل (۳) رنگ ڈھنگ ۔ وضع قطع (۴) ڈھب ۔ طور ۔ طریق (۵) قسم ۔ نوع ۔ جنس (۶) (ا) ڈول ۔ انداز ۔ نقشہ (۷) (ا) مورت ۔ بُت ۔ مورتی (۸) (ا) اقلیدس کی ایک شکل جو ایک حد یا کئی حدوں سے محدود ہو (۹) (ا) موقعے ۔ تدبیر (۱۰) (ا) حالت ۔ گت ۔

شکل بگاڑنا (ا) صورت بگاڑنا ۔ اس قدر پیٹنا کہ صورت نہ پہچانی جائے ۔

شکل بنانا (ا) (۱) غارت کرنا ۔ ڈول ڈالنا (۲) کسی صورت کا اختیار کرنا ۔ نقل کرنا (۳) چہرہ بگاڑنا ۔

شکل تو دیکھو (ا) قابلیت تو دیکھو ۔ لیاقت تو دیکھو ۔

شکل چڑیلوں کی مزاج پریوں کا (ا) (مثل) اس بھونڈی صورت پر غرور ۔

شکل سے بیزار ہونا (ا) نہایت ناراض ہونا ۔ سخت متنفر ہونا ۔ صورت سے نفرت کرنا ۔

شکل نکالنا (ا) (۱) موقع نکالنا ۔ تدبیر سوچنا (۲) صورت کا خوشنما کرنا ۔ جوبن نکالنا ۔

شکل و شمائل (ع ۔ ف) مؤنث ۔ صورت و سیرت ۔ رنگ روپ ۔ خوبصورتی ۔

شکم (ف) مذکر ۔ پیٹ ۔ بطن ۔

شکم بندہ ۔ شکم پرست ۔ شکم پرور (ف) (۱) پیٹو ۔ کھاؤ ۔ حریص ۔ لالچی (۲) تن ش خوراک ۔

شکم سیر (ف) پیٹ بھرا ۔ آسودہ ۔

شکمی (ف) (۱) پیٹ کا ۔ جنم کا ۔ مادر زاد ۔ پیدائشی (۲) نج کا (۳) اندرونی (۴) پیٹو ۔

شکمی کاشتکار (ا) مذکر ۔ اجارہ دار ۔ اسامی ۔ پٹے دار ۔ وہ کسان جو پرائی زمین کو بونے جوتنے میں شریک ہو مگر اس کا نام سرکاری کاغذات میں نہ ہو ۔

شکن (شِکَن) (ف) مؤنث ۔ جھول ۔ سلوٹ ۔ جھری ۔

شکن ڈالنا (ا) نشان ڈالنا ۔ تہ کرنا ۔

شکنجہ (شِکَن ۔ جَہ) (ف) مذکر (۱) مجرموں کو سخت سزا دینے کا ایک اوزار (۲) جلد سازوں کا ایک اوزار جس میں کتابیں دبا کر کاٹتے یا پشتہ لگاتے ہیں (۳) عذاب ۔ سخت دُکھ سزا (۴) روئی دبانے کی کل ۔

شکنجے میں کھینچنا (ا) سخت تکلیف دینا ۔ نہایت دق کرنا بہت تنگ کرنا ۔

شکور (شَکُور) (۱) بڑا شکرگزار (۲) شکریہ قبول کرنے والا ۔ (۳) خدا کا ایک صفاتی نام ۔

شکوہ (شِکْ ۔ وَہ) (ف) **شکوہ** (شُکُ ۔ وَا) (ع) مذکر ۔ گلہ ۔ شکایت ۔

شکوہ گزاری (ف) مؤنث ۔ گلہ گزاری ۔ شکایت دوستانہ ۔

شکوہ (شُکُوہ) (ف) مذکر۔ رعب داب۔ شان و شوکت۔
شکیب۔ شکیبائی (شکیب۔ شکیبا۔ ئی) (ف) مذکر صبر تحمل۔
شکیل (شکیل) (ع) خوبصورت۔ خوش وضع
شکیلہ (ع) مؤنث۔ خوبصورت عورت حسین عورت۔

ش۔گ

شگاف (شِگاف) (ف) مذکر (۱) دراز۔ دراڑ۔ چیری (۲) قلم کے بیچ کا چراؤ۔
شگاف دینا یا۔ لگانا (ف) (۱) قلم کو چیرنا (۲) چیر دینا۔ نشتر لگانا۔
شگرف (شگرف) (ف) (۱) عمدہ۔ عجیب (۲) نادر (۳) نیک۔ بزرگ (۴) خوب صورت (۵) مذکر معشوق۔
شگفت (شِگفت) (ف) مذکر تعجب۔ حیرانی۔
شگفت (شِگُفت) (۱) خوش (۲) کھلا ہوا (۳) مؤنث تفریح۔ خوشی۔
شگفتگی (شگفتہ۔ گی) (ف) مؤنث (۱) پھول کا کھلنا۔ (۲) خوشی۔ فرحت (۳) سرسبزی۔ شادابی۔
شگفتہ (ف) (۱) کھلا ہوا (۲) خوش۔
شگفتہ خاطر (ف۔ ع) مذکر۔ خوش دل۔ خوش مزاج۔
شگفتہ رو (ف) ہنس مکھ۔ خندہ پیشانی۔
شگن (شگن) (ہ) (۱) فال (۲) نذرانہ۔ نقد۔ نیگ (۳) منگنی کی رسم۔
شگنیا (ہ) مذکر۔ نجومی۔ رمال۔ جوتشی۔
شگوفہ (شِگُوفَہ) (ف) مذکر (۱) غنچہ۔ کھلے بغیر کلی (۲) گل پھول (۳) (ہ) کسی عجیب یا انوکھی بات کا ظہور۔ چٹکلا۔
شگوفہ پھوٹنا (ہ) (۱) پھولوں کا کھلنا (۲) انوکھی بات نکلنا (۳) فتنہ کھڑا ہونا۔ ناگہانی امر پیش آنا۔
شگوفہ چھوڑنا (ہ) انوکھی نئی یا عجیب بات بیان کرنا۔
شگوفہ کھلنا (ہ) (۱) کلی کا پھوٹنا۔ گل کھلنا (۲) عجیب و غریب بات کا پیش آنا (۳) فتنہ اٹھنا۔
شگون (شگون) (ف۔ مذکر) دیکھو (شگن)۔
شگون ہونا (ہ) (۱) اچھی فال نکلنا۔ کسی کام کا نیک وقت میں شروع کیا جانا (۲) منگنی یا نسبت کی رسم ادا ہونا۔

ش۔ل

شل (شَل) (ع) (۱) ہاتھ پاؤں کا کام سے جاتا رہنا۔ بیکار ہو جانا۔ تھکنا۔ رہ جانا۔ سُن ہو جانا۔ سست۔ تھکا ماندہ۔
شل ہو جانا (ہ) (۱) کام سے تھک جانا (۲) ہاتھ پاؤں کا جاتا رہنا (۳) ہاتھ پاؤں کا سُن ہو جانا۔
شلجم یا شلغم (ف) مذکر۔ ایک ترکاری جو مولی کی قسم میں سے ہے۔ (پنجابی) گونگلو۔
شلق (شَلَق) (ت) مؤنث۔ لکڑی یا کوڑے سے مار پیٹ۔
شلک (شِلک۔ شل۔ لک) (ت) مؤنث۔ بندوقوں یا توپوں کی باڑ جو سلامی کے لئے چھوڑی جائے۔
شلک اڑانا (ہ) (۱) بندوق یا توپ چھوڑنا۔ سلامی اتارنا (۲) شگوفہ چھوڑنا۔ گپ اڑانا (۳) پاد مارنا۔ گوز لگانا۔
شلنگ (شِلِنگ) (انگریزی SHILLING) مذکر۔ پونڈ کا بیسواں حصّہ۔ تخمیناً ہندوستانی بارہ آنے کے برابر۔ ایک سکّہ جس کا رواج انگلستان میں ہے۔
شلنگ (شَلَنگ) (ف) مذکر (۱) ورزش کی بیٹھک (۲) دو قدم کے درمیان کا فاصلہ۔ جست۔ کسی جگہ سے اچھلنا۔ اور پھر وہیں آ جانا۔ زقند۔
شلنگا (شلنگ۔ گا) (ہ) مذکر دُور دُور کا ٹانکا۔
شلوار (شل۔ وار) (ف) مؤنث۔ گھٹنا۔ ازار۔ پاجامہ۔
شلوک (شلوک) (س) مذکر۔ شعر۔ فرد۔ دو مصرع۔ بیت نظم۔
شلوکا (شلوکا) (ہ۔ مذکر) کہنیوں تک آستینوں کا کرتا جو کمر تک ہوتا ہے۔
شلہ (شُلّہ۔ شُل۔ لہ) (ف) مذکر (۱) پتلی کھچڑی (۲) ایک قسم کا کھانا جو چاولوں کو گوشت کے شوربہ میں بطور ہریسہ نہایت گلا کر پکاتے ہیں۔
شلیتا۔ شلیتہ (شلی۔ تا۔ شلی۔ تہ) (ہ) مذکر۔ ٹاٹ کا بڑا تھیلا جس میں میوہ تر کرکے رکھتے ہیں۔

ش۔م

شماتت (شَمَا۔ تَت) (ع) مؤنث کسی کی مصیبت پر خوش ہونا۔ (۲) خندہ زنی۔
شمار (شُمار) (ف) مذکر (۱) گنتی۔ تعداد حساب (۲) (ہ) اندازہ۔ تخمینہ۔ جانچ۔

شمار کرنا (ا) گنتی - حساب کرنا - اندازہ کرنا ۔
شمار کنندہ (ف) مذکر حساب کرنے والا - اندازہ لگانے والا ۔
شمار نویس (ف - مذکر) محاسب - رجسٹرار ۔
شماس (شَم - ماس) (ع) مذکر - (۱) آفتاب پرست - سورج کی پرستش کرنے والا - گبر - ترسا (۲) وہ شخص جس نے آفتاب پرستی کا طریقہ ایجاد کیا تھا ۔
شمال (شِمَال) (ع) مذکر - اُتر - دستِ چپ - بایاں ہاتھ ۔
شمال رو - یا - شمال رویہ (ع - ف) وہ مکان یا دکان یا باغ وغیرہ جس کا رُخ اُتر جانب ہو ۔
شمالی (ع) شمال سے منسوب - اُتر کا ۔
شمالی ہوا (ا) مؤنث - اُتر کی طرف سے آنے والی ہوا ۔
شمامہ (شَمَا - مَہ) (ع - مؤنث) خوشبو جو کسی چیز سے سونگھی جائے ۔
شمائل (شَما - اِل) (ع) مذکر - عادتیں خصلتیں - سیرتیں ۔
شمائم (شَمَا - اِم) (ع - مذکر) شمیمہ کی جمع - خوشبوئیں ۔
شمر (شِمر) (ع) مذکر (۱) یزید کا ایک فوجی افسر جس نے حضرت امام حسینؓ کو میدان کربلا میں شہید کیا تھا (۲) (کنایۃً) مردود - ملعون بشقی - بدذات - ظالم ۔
شمشو (شَم - شو) (ل) (مذکر) (عو) دال یا چاول میں پانی ڈال کر نیچے بیٹھے ہوئے کنکر چننے کا فعل ۔
شمشو کرنا (ا) (عو) چاول یا دال کو پانی میں بھگو کر تہ کے روڑے کنکر چننا ۔
شمس (شَمس) (ع) مذکر - سورج - آفتاب ۔
شمسہ (شَم - سہ) (ع) مذکر (۱) وہ سنہری چاند جو قبہ میں لگاتے ہیں (۲) وہ گول گول چپٹے کلابتونی یا زردوزی حلقے جو تسبیح میں بنا کر ڈال دیتے ہیں ۔
شمسی (ع) سورج کا - آفتابی ۔
شمشاد (شَم - شاد) (ف) مذکر - ایک خوش قد اور سیدھا درخت جو سرو کی قسم سے ہے ۔
شمشیر (شَم - شیر - شِم - شیر) (ف) مؤنث - تلوار - سیف - تیغ ۔
شمع (شَمع) (ع) مؤنث (۱) موم (۲) موم کی بتی - چربی کی بتی (۳) چراغ ۔
شمع دان (ع - ف) مذکر - چراغ رکھنے کی چیز ۔
شمع رو (ع - ف) نورانی چہرے والا - خورشید رو معشوق ۔
شمع سحری (ع - ف) (کنایۃً) چراغ صبح - عنقریب فنا ہونے والا ۔
شمع کا سا دو طرف برابر ہے (ف) (مثل) صاف باطن آگے پیچھے یکساں ہیں ۔
شمع مردہ (ف) (مؤنث) بجھی ہوئی شمع - بجھا ہوا چراغ ۔
شملہ (شَم - لہ) (ع) مذکر (۱) کمبل جو کندھے پر ڈالتے یا سر سے باندھنے کی شال عمامہ - پگڑی (۲) (ا) طرہ - عمامہ کا سرا یا چوٹی ۔
شملہ بمقدار علم (ف) (مثل) علم کے مطابق دعویٰ کرنا چاہئے ۔
شملہ (شِم - لہ) (ا - مذکر) موسم گرما میں حکومت ہند کا صدر مقام ۔
شمول (شُمُول) (ع) مذکر شامل ہونا ۔
شمہ (شَم - مہ) (ع) مذکر - ذرا سی خوشبو - تھوڑی سی مہک (۲) (مذکر) کم - ذرا - تھوڑا ۔
شمیم (شَمیم) (ع) مؤنث (۱) خوشبو - نکہت - مہک (۲) خوشبو کا ہوا ۔

ش - ن

شناخت (شِنَا - خت) (ف) مؤنث - تمیز - پہچان - واقفیت شناسائی ۔
شناس (شِنَاس) (ف) شناختن کا امر - صرف مرکبات میں استعمال کیا جاتا ہے - اور اسم کے ساتھ مل کر اسم فاعل کا کام دیتا ہے - مثلاً قدرشناس ۔
شناسا (۱) پہچاننے والا (۲) پرکھنے والا - واقف ۔
شناسائی (ف) مؤنث - جان پہچان - واقفیت - صاحب سلامت ۔
شناور (شِنَا - وَر) (ف) تیراک - تیرنے والا ۔
شناوری (ف - مؤنث) تیراکی ۔
شنبہ (شَم - بہ) (ف) مذکر - ہفتہ - سنیچر ۔
شنجرف - شنگرف (شَن - جَرف - شِن - گَرف) (ف) مذکر (۱) ایک سرخ رنگ کی چیز - جسے گندھک اور پارے کی آمیزش سے تیار کرتے ہیں (۲) سُرخ روشنائی ۔
شنگ (شَنگ) (ف) (۱) چالاک - شوخ - ظریف (معشوق) (۲) (مؤنث) سننے کا فعل ۔
شنگرفی (ف) شنگرف کے رنگ کا سُرخ ۔
شنوا (شِنَوا) (ف) سننے والا ۔
شنوائی (ف - مؤنث) (۱) سماعت - سننا (۲) توجہ ۔
شنید (شُنید) (ف) (۱) شنیدن (سننا) کی ماضی (۲) (مؤنث) سننے کا فعل ۔
شنیدنی (ف) سننے کے لائق ۔

شنیدہ (ف) سُنا ہُوا۔
شنیدہ کے بود مانند دیدہ (ف) (مقولہ) سُنی ہوئی بات کی وقعت دیکھی ہوئی بات کی طرح نہیں ہو سکتی۔
شنیع (شَنِیع) (ع) خراب۔ بُرا۔ معیوب۔
شنیعہ (ع) مذکر۔ خراب بات۔ بُرا کام۔

ش - و

شو (شَو) (ف۔ مذکر) (۱) شوہر کا مخفف (۲) شدن کا امر
شو (شِو) (س) مذکر۔ مخلوقات کو فنا کرنے والا۔ ہندوؤں کا ایک دیوتا۔
شوراتری (س) مؤنث۔ ہندوؤں کے ایک مشہور تہوار کا نام۔ جو شوجی کی یادگار میں منایا جاتا ہے۔
شو (انگریزی SHOE) (مذکر و مؤنث) جوتا۔ پاپوش نعل۔
شولیسز (انگریزی SHOE LACES) (مذکر) بُوٹ کے فیتے۔
شومیکر (انگریزی SHOE MAKER) مذکر۔ موچی۔ جوتا بنانے والا۔
شوہارن (انگریزی SHOE HORN) بوٹ پہننے کا آلہ۔
شوال (شَوْ۔وَال) (ع) مذکر۔ مسلمانوں کا دسواں قمری مہینہ عید کا مہینہ۔
شوالا (شِوا۔لا) (ہ) مذکر۔ مہادیو کا استھان۔ شوجی کا مندر۔
شواہد (شَوا۔ہِد) (ع۔ مذکر) شاہد کی جمع (۱) گواہ (۲) مثالیں ثبوت۔
شوب (شُوب) (ف) مذکر۔ دُھلائی۔
شوب پڑنا (ہ) کپڑے کا دھویا جانا۔
شوخ (شُوخ) (ف) (۱) چالاک۔ تیز۔ بے چین (۲) بے ادب۔ گستاخ (۳) (ہ) کھلاڑی۔ کھلنڈرا۔ (۴) (ہ) زندہ دل۔ ظریف۔ لاف زن (۵) معشوق دلربا (۶) (ہ) رنگ کا تیز (۷) (ہ) (عو) فاحشہ (۸) (ہ) فتنہ انگیز۔
شوخ چشم۔ شوخ دیدہ (ف) بے حیا۔ گستاخ۔ بے ادب۔
شوخ چشمی (ف) مؤنث (۱) بے حیائی۔ گستاخی۔ شرارت۔
شوخی (ف) مؤنث (۱) بدذاتی۔ شرارت۔ دنگا (۲) چلبلا پن۔ (۳) بیباکی۔ دلیری۔ بے ادبی۔ گستاخی (۴) بے شرمی۔ بے حیائی (۵) اضطراب۔ بے قراری۔
شودر (شُو۔دَر) (س) مذکر۔ منو کے دھرم شاستر کے مطابق خدمت کرنے والی ذات۔ نیچی ذات۔ ملیچھ۔ خدمتگار۔

شور (شُور) (ف) مذکر (۱) غل غپاڑہ (۲) شہرت۔ دھاک۔ دھوم (۳) (ہ) (عو) خفگی۔ غصہ (۴) عشق۔ جنون۔
شور و شر۔ شور شغب (ف) مذکر (۱) فتنہ و فساد۔ لڑائی دنگا۔
شور (ف) (مذکر) (۱) نمک۔ کھار (۲) وہ زمین جو کھار یا شور کے سبب قابل کاشت نہ ہو (۳) نحس۔ شوم۔ نامبارک۔
شوربخت (ف) بدبخت۔ بدنصیب۔ کم نصیب۔ بدقسمت۔
شورابہ (ف) مذکر۔ آب شور۔ کھاری پانی۔
شوربا (شُور۔بَا) (ف) مذکر (۱) یخنی۔ آب گوشت پختہ (۲) (ہ) اچار کا پانی یا سرکہ (۳) اکثر رقیق چیز کے متعلق بولا جاتا ہے۔
شوربا حلال بوٹی حرام (ہ) (مثل) اُس موقع پر بولتے ہیں۔ جب کوئی شخص کسی حرام چیز کا ایک حصہ کھا لے۔ اور باقی یونہی چھوڑ دے۔
شوربور (ہ) لتھڑ پتھڑ۔ شرابور۔ تر بتر۔
شورش (ف) مؤنث (۱) شور و غوغا۔ ہنگامہ (۲) بلوہ۔ غدر (۳) پریشانی۔ ابتری۔
شورش برپا کرنا (ف) مؤنث۔ (۱) فساد کھڑا کرنا۔ بغاوت کرنا۔ سرکشی کرنا۔
شورہ (ف) مذکر۔ ایک قسم کا کھار۔
شورہ پشت (ف) سرکش۔ نافرمان۔ جھگڑالو۔ لڑاکا۔ فسادی۔
شورہ پشتی (ف) مؤنث (۱) شوخی (۲) زور آوری (۳) لڑائی دنگا۔
شوری (ہ) مذکر (۱) شور کرنے والا۔ شوریلا (۲) پنجاب کا ایک گویا جو ٹپے کا موجد سمجھا ہے۔
شوریت (ا) مؤنث۔ کھار۔ نمکینی۔
شوریدگی (شُو۔رِی۔دَگی) (ف۔ مؤنث) (۱) پریشانی حیرانی (۲) جنون۔ دیوانگی (۳) عشق محبت۔
شوریدہ (شُو۔رِی۔دَہ) (ف) (۱) آوارہ و سرگرداں۔ حیران و پریشان (۲) دیوانہ۔
شوریدہ حال (ف۔ ع) (۱) پریشان حال (۲) دیوانہ و سرگشتہ۔
شوریدہ سر (ف) دیوانہ۔ سودائی۔
شوربے کی پھٹکی (ف) مؤنث (۱) شوربے کا گھونا (۲) نہایت گوری اور خوبصورت عورت۔
شوربے کی قلفی (قفلی) (ہ) مؤنث۔ (۱) صبیح (۲) نہایت گوری عورت۔
شوشہ (شُو۔شَہ) (ف) مذکر (۱) ریزہ۔ ذرہ۔ ٹکڑا (۲) حرف

کا سرا (۳) چھوٹی سی علامت جو "ھ" کے نیچے لگا دیتے ہیں (۴) (ل) جھگڑے کی بات۔ شگوفہ۔

شوشہ چھوڑنا (ل) فساد انگیز بات کہنا۔ نئی بات نکالنا۔

شوفر (شَو۔فَر) (انگ. CHAUFFEUR) (مذکر) موٹر چلانے والا ملازم۔

شوق (شَو۔ق) (ع) مذکر (۱) خواہش۔ آرزو (۲) رغبت۔ میل (۳) (ل) شغل۔ کام (۴) (ل) محبت۔ عشق (۵) (ل) جوش۔ سرگرمی (۶) (ل) ذوق۔ مزہ (۷) (ل) لہر۔ موج اُمنگ۔

شوق داد الٰہی ہے (ل) (مثل) کسی چیز کی رغبت یا محبت طبعی ہُوا کرتی ہے۔

شوق سے (ل) (۱) خوشی سے۔ مزے سے (۲) بے خوف ہوکر۔ بے ہراس ہوکر (۳) دل سے۔ کمال رغبت اور چاؤ سے (۴) اپنی مرضی سے۔ اپنے ارادے سے۔

شوق میں ذوق دستوری میں لڑکا (ل) (مثل) ایک کے بدلے دو لطف حاصل ہونے۔ کوشش ایک کے لئے کی۔ دوسرا مفت میں حاصل ہُوا۔

شوق و ذوق (ل) مذکر (۱) عیش و عشرت۔ گرمجوشی۔ (۲) لطیف۔ شغل و اشغال۔ الفت سے ہو یا شعر و سخن سے۔

شوقین (ل) (۱) شائق۔ صاحب شوق (۲) رنگیلا۔ لہری موجی (۳) عادی۔ خوگر (۴) عیاش۔ تماش بین۔

شوقین بڑھیا چٹائی کا لہنگا (ل) (مثل) بے محل بناؤ سنگار۔ مفلسی میں نمائش کی تمنا۔

شوقیہ (ع) (۱) شوق سے منسوب (۲) شوق سے۔ رغبت سے۔

شوکت (شَو۔کَت) (ع) مؤنث (۱) زور۔ قوت (۲) (ل) دبدبہ۔ رُعب داب (۳) (ل) درجہ۔ قدر۔ مرتبہ (۴) (ل) ٹھاٹھ۔ شان و شوکت حشمت و ثروت۔

شوکت اسلام (ع)۔ مؤنث۔ اسلام کا دبدبہ اور اس کی قوت۔

شولہ (شَو۔لَہ) (ل) مذکر۔ دیکھو (شُلہ)۔

شوم (شُوم) (ع) منحوس۔ بدبخت۔ کنجوس۔ بخیل۔

شوم قدم (ع) سبز قدم۔ وہ شخص جس کا قدم نحس ہو۔

شومی (ع) مؤنث۔ بدنصیبی۔ نحوست۔

شومی طالع۔ یا۔ بخت (ع) مؤنث۔ نحوست۔ بدنصیبی۔

شوں شاں (شُوں۔ شاں) (ل) مؤنث۔ (ل) علو۔ غرور۔

شوہر (شَو۔ہَر) (ف) مذکر۔ خاوند۔ خصم۔ مالک۔ پتی۔

ش۔ہ

شہ (شَہ) (ل) مؤنث (۱) اکساہٹ (۲) شاہ شطرنج کو کشت دینا۔

شہ پانا (ل) اشارہ پانا۔ بہکانے یا ورغلانے میں آنا۔

شہ دینا (ل) (۱) شطرنج کے بادشاہ کو کشت دینا (۲) مکلوا بڑھانا (۳) اُکسانا۔ بہکانا (۴) اغوا کرنا۔ حمایت کرنا۔ (۵) تعریف بے جا کرنا (۶) لڑائی کرانا۔ آگ لگانا۔

شہ رُخ (ف) مؤنث۔ وہ شہ جو شطرنج میں رُخ سے بادشاہ کو دی جائے۔

شہ (شَہ) (ف) مذکر۔ شاہ کا مخفف (۱) بادشاہ۔ دولھا۔

شہباز (ف) مذکر۔ بڑا باز۔ شاہین۔ ایک شکاری پرند۔

شہپر۔ شہپر (ف) مذکر۔ پرندے کا سب سے بڑا پر۔

شہتوت۔ شہ توت (شَہ۔تُوت) (ف) مذکر۔ ایک قسم کا بڑا توت جلیبا۔

شہتیر۔ شہتیر (شَہ۔تِیر) (ف) مذکر۔ بڑی کڑی۔ وہ بڑا چوبی لٹھہ جس پر کڑیاں رکھی جائیں۔

شہ چال (ل) مؤنث۔ شطرنج کے بادشاہ کی چال جو اور مہروں کے ختم ہو جانے کے بعد چلی جاتی ہے۔

شہ رگ (ف) مؤنث۔ دیکھو "شاہ رگ"۔

شہزادہ (ف) مذکر۔ دیکھو (شاہزادہ)۔

شہزادی (ف) مؤنث۔ دیکھو (شاہزادی)۔

شہ زور (ف) نہایت طاقتور پہلوان۔ زبردست پہلوان۔

شہسوار (ف) مذکر۔ دیکھو (شاہسوار)۔

شہ گام (ف) مذکر۔ دیکھو (شاہ گام)۔

شہ مات (ل) مؤنث۔ شطرنج کی بازی میں کشت دیکر شاہ کو مات دینا۔

شہ نشین (ف) مؤنث۔ دیکھو۔ (شاہ نشین)۔

شہاب (شِہاب) (ع) مذکر۔ وہ نہایت سُرخ رنگ جو کُسنبہ کو بھگو کر ٹپکانے کے بعد حاصل ہوتا ہے۔ سُرخ رنگ۔

شہاب (شِہاب) (ع) مذکر (۱) لَو۔ لپٹ۔ بلند شعلہ (۲) وہ چمکتا ہُوا ستارہ جو آسمان سے گرتا یا اِدھر اُدھر آتش بازی کی طرح جاتا ہُوا دکھائی دیتا ہے۔

شہاب ثاقب (ع) مذکر۔ وہ چمکتا ہُوا ستارہ جو رات کو ٹوٹتا ہے۔

شہابہ (ل) مذکر۔ آگ کی بتیاں۔

شہابی (ف) (۱) عرغ۔ شہاب کے رنگ کا (۲) (ا) (عو) عکس۔ پرتو۔ جھلک (۳) (ا) ایک قسم کی مہتابی جس کا رنگ سُرخ نکلتا ہے ۔

شہادت (شَہا۔ دَت) (ع) مؤنث (۱) گواہی صحیح خبر۔ (۲) راہِ خدا میں شہید ہونا (۳) خدائے تعالےٰ کی وحدانیت اور رسول مقبول صلعم کی رسالت پر سچے دل سے اقرار کرنا (۴) کلمہ شہادت (۵) قتل۔ ذبح۔ موت۔ مرگ ۔

شہادت دینا (۱) گواہی دینا۔ اظہار دینا ۔

شہادت رویت (ع۔ مؤنث) چشم دید گواہی ۔

شہادت سمعی (ع۔ مؤنث) سُنی سُنائی گواہی ۔

شہادت غیر ممکن التردید (ع۔ مؤنث) ناقابل تردید گواہی ۔

شہادت منقول (ع۔ مؤنث) وہ گواہی جو دوسرے کے بیان کے حوالے سے ہو ۔

شہادت ہونا (۱) (۱) گواہی ہونا۔ شہید ہونا۔ راہِ خدا میں مارا جانا (۲) مرنا۔ فوت ہونا ۔

شہامت (شَہا۔ مَت) (ع) مؤنث۔ دلیری۔ بہادری شجاعت

شہانہ (ف) شاہانہ کا مخفف۔ دیکھو (شاہانہ) ۔

شہانہ وقت (ہندی مذکر) (۱) برات چڑھنے کا وقت (۲) شام کا وقت (۳) سہانا وقت ۔

شہانی چوڑیاں (۱) مؤنث (عو) عمدہ چوڑیاں۔ قیمتی چوڑیاں۔ شادی کی چوڑیاں ۔

شہانی مہندی (۱) مؤنث (عو) شوخ رنگ مہندی۔ دلہن کی سی مہندی ۔

شہد (شَہد) (ع) مذکر (۱) انگبین۔ وہ میٹھا شیرہ جو مہال کی مکھیاں جمع کرتی ہیں (۲) نہایت شیریں ۔

شہد سا (۱) نہایت شیریں۔ شہد کی مانند ۔

شہد کی چھری (۱) مؤنث (۱) وہ مکھی جو شہد جمع کرتی اور چھتا بنا کر رہتی ہے (۲) ہری چگ۔ لالچی۔ حریص۔ (۳) چپچڑ۔ وہ شخص جو چمٹ جائے ۔

شہد لگا کر چاٹو (۱) (طنز) کمال احتیاط سے رکھو۔ نہایت عزت اور قدر سے کام میں لاؤ ۔

شہد لگا کے الگ ہو جانا (۱) فساد کی بنیاد ڈال کے الگ ہو جانا۔ لڑائی کی بات نکال کے آپ علیحدہ ہو جانا

شہدا (شُہَدا) (ع) مذکر۔ شہید کا جمع۔ شہید ہونے والے [illegible]

[illegible]

شہدپن۔ یا۔ شہدپنا (۱) مذکر۔ چھچھورپن۔ بدمعاشی ۔

شہر (شَہر) (ع) مذکر۔ قمری مہینہ۔ ماہ ۔

شہر (شَہر) (ف) مذکر۔ نگر۔ بلدہ۔ بہت بڑی آبادی ۔

شہر آشوب (ف) مذکر (۱) کسی شہر کے اُجڑنے یا برباد ہونے کا منظوم تذکرہ یا ماتم (۲) وہ شخص جو اپنے حسن و جمال کے باعث شہرۂ آفاق ہو اور اس کے حسن پر گڑنے کا اندیشہ

شہر بانو (ف) مؤنث۔ بانوئے شہر۔ شہر کی امیر زادی۔ شہر کی دُلہن (۲) یزدجرد بادشاہ ایران کی بیٹی جن کا نکاح حضرت امام حسین علیہ السلام سے ہوا۔ جن سے امام زین العابدین پیدا ہوئے ۔

شہر بدر کرنا (۱) جلا وطن کرنا۔ دیس نکالا دینا۔ شہر سے کسی جرم یا گناہ کے سبب باہر کرنا ۔

شہر پناہ (ف) مؤنث۔ شہر کی چار دیواری۔ فصیل شہر ۔

شہر خبرا (ا۔ مذکر) شہر کی خبریں لانے والا ۔

شہر خموشاں (ف) مذکر۔ قبرستان۔ گورستان وہ جگہ جہاں مردے دفن ہوں۔ تکیہ۔ مسان ۔

شہردار (ا۔ مذکر) شہر کا رہنے والا ۔

شہرداری (ا۔ مؤنث) شہر میں رہنے کے فرائض یا تعلقات ۔

شہر شملہ (ا) مذکر (عو) اندھیر نگری۔ وہ جگہ جہاں سے انصاف اُٹھ جائے ۔

شہر میں اُونٹ بدنام (۱) (مثل) (۱) مشہور آدمی کی شامت آتی اور نامی چور مارا جاتا ہے (۲) وہ شخص جو کسی عیب کے باعث مشہور ہو ۔

شہریار (ف) مذکر (۱) بادشاہ۔ شہنشاہ (۲) بزرگ شہر۔ شریف شہر ۔

شہرت (شُہ۔ رَت) (ع) مؤنث (۱) افواہ۔ شہرہ۔ چرچا (۲) ناموری۔ نیکنامی (۳) (۴) رسوائی ۔

شہرت ہونا (۱) چرچا ہونا۔ مشتہر ہونا ۔

شہرہ (شُہ۔ رَہ) (ا۔ عو) مذکر۔ آوازہ۔ دھوم دھام ۔

شہرۂ آفاق (ع) جہاں بھر میں مشہور۔ تمام عالم میں مشہور ۔

شہرہ اُڑنا (۱) شہرت پھیلنا ۔

شہری (ف) مذکر۔ شہر کا رہنے والا۔ شہر سے منسوب ۔

شہریت (ف۔ مؤنث) (۱) شہرپن۔ شہر کا باشندہ ہونے کی حالت (۲) شہر کی آبادی (۳) شہر کی وسعت (۴) شہر کے باشندے اور عادتیں ۔

شہریور (شَہ۔ رِے۔ وَر) (ف۔ مذکر) چھٹا ایرانی مہینہ ۔

شہلا (شَہ۔ لا) (ع) مؤنث (۱) وہ عورت جس کی آنکھیں بیڑ کیا شدہ ہوں (۲) سیاہی لئے ہوئے بھوری آنکھ یا مائل بسرخی

سیاہ نرگس (۲) ایک قسم کی نرگس جس کا پھول زرد ہونے کی بجائے سیاہ ہوتا ہے۔

شہنائی (شہنا۔ ئی) (ف) مؤنث (۱) نفیری (۲) بانسری۔ (۳) الغوزہ۔

شہنشاہ۔ شہنشہ (شہن۔ شاہ۔ شہن۔ شہ) (ف) مذکر۔ شاہوں کا شاہ۔ بادشاہوں کا بادشاہ۔ بڑا بادشاہ۔

شہنشاہی (ف) مؤنث (۱) بادشاہی (۲) بادشاہ سے نسبت رکھنے والی شے۔

شہنشاہی دربار (ف) مذکر۔ بھاری دربار۔ قیصری دربار۔

شہوت (شہ۔ وت) (ع) مؤنث (۱) خواہش۔ آرزو۔ شوق (۲) بھوک۔ اشتہا (۳) خواہش۔ جماع۔ باہ۔

شہوت انگیز (ف) شہوت بڑھانے یا خواہش نفسانی کو اُبھارنے والا۔

شہوت پرست (ف) عیاش۔ تماش بین۔

شہوت ہونا (ل) (۱) خواہش جماع ہونا (۲) خیزی ہونا۔

شہود (شہُود) (ع) مذکر (۱) حاضر ہونا (۲) اہلِ تصوف کی اصطلاح میں وہ درجہ جس میں جلوۂ حق بلکہ ہر شے عین حق نظر آئے۔

شہودی (ع) سالکوں کی اصطلاح میں وہ لوگ جو توحید کے اس درجے پر پہنچ جائیں کہ موجودات کی تمام صورتوں میں مشاہدۂ حق کریں۔

شہور (شُہُور) (ع۔ مذکر) شہر کی جمع۔ مہینے۔

شہید (شہِید) (ع) مذکر (۱) خدا کی راہ میں قربان ہونے والا۔ (۲) وہ شخص جس کے علم سے کوئی چیز پوشیدہ نہ ہو (۳) (ف) مقتول۔ کشتہ۔

شہید ہونا (ل) (۱) راہ خدا میں یا حق پر مارا جانا (۲) مرنا۔ انتقال کرنا (۳) عاشق ہونا۔

شہیدی (ع۔ ف) (۱) شہید سے منسوب (۲) مذکر۔ کرامت علی خاں مرحوم کا تخلص۔

شہیدی تربوز (ل) مذکر۔ نہایت پکا اور سرخ چھلکوں کے لال تربوز۔

ش-ی

شے (شَے) (ع) مؤنث۔ چیز۔ ہست۔

شے مبیعہ (ع۔ مؤنث) بیچی ہوئی چیز۔

شے متنازعہ (ع۔ مؤنث) وہ چیز جس کی بابت جھگڑا ہو۔

شے مدعا بہا (ع۔ مؤنث) وہ چیز جس کی بابت دعویٰ ہو۔

شے مرہونہ (ع۔ مؤنث) گرو رکھی ہوئی چیز۔

شے مکفولہ (ع۔ مؤنث) ضمانت کی ہوئی چیز۔

شے موہوبہ (ع۔ مؤنث) ہبہ کی ہوئی چیز جو انعام کے طور پر دی گئی ہو۔

شیاطین (شیاطِین) (ع) مذکر۔ شیطان کی جمع۔

شیام (سیام) (س) ایک بڑ کا درخت جو الہ آباد میں ہے۔ اسے ہندو پوجتے ہیں۔

شیب (شیب) (ع۔ مذکر) (۱) بڑھاپا (۲) بالوں کی سفیدی۔

شیٹ (شیٹ) (انگریزی SHEET) مذکر (۱) کاغذ کا تختہ۔ تاؤ۔ ورق (۲) دھات یا پانی کی چادر (۳) پلنگ کی چادر۔

شیخ (شیخ) (ع) مذکر (۱) پیر۔ خواجہ۔ مرشد (۲) عالم فاضل۔ (۳) بڑا بوڑھا۔ سرگروہ۔ پیشوا (۴) خانقاہ کا سردار۔ صوفی۔ سجادہ نشین (۵) مسلمانوں کی ایک ذات (۶) عرب کا سردار۔

شیخ الاسلام (ع) مذکر۔ سب سے بڑا پیشوائے دین۔ امامِ وقت۔ سرگروہ شریعت۔

شیخ الشیوخ (ع) مذکر۔ تمام عالموں اور فاضلوں کا سرگروہ۔

شیخ جی (ل) (۱) قوم شیخ کا تعظیمی خطاب۔ شیخ صاحب (۲) زاہد اور عابد آدمی کو طنزاً بھی کہتے ہیں۔

شیخ چلی (ل) مذکر (۱) بے وقوف۔ مورکھ (۲) پاگل۔ دیوانہ (۳) ایک فرضی احمق جس کے قصے کہانیاں بہت مشہور ہیں۔

شیخ چنڈال نہ چھوڑے مکھی نہ چھوڑے بال (مثل) ایسا بلانوش کہ مکھی اور بال تک کی پروا نہیں کرتا۔ سب ہضم۔

شیخ ڈونڈو۔ یا۔ ڈونڈول (ل) مذکر۔ مینہ تھمانے کا ٹوٹکا جس میں کپڑے کا ایک مسافر بنا کر ایک گٹھڑی اس کی کمر سے باندھ کر بارش کے پانی میں لکڑی کے ذریعے سے کھڑا کر دیتے ہیں۔ اور بقول جہلا اس سے بارش تھم جاتی ہے۔

شیخ سدو (ل) مذکر۔ عورتوں کا ایک فرضی ولی یا جن۔

شیخ کیا جانے صابن کا بھاؤ (ل) (مثل) جس چیز سے جس کو تعلق نہ ہو یا جس کام کو جس سے مناسبت نہ ہو۔ اس سے تعلق کرنا بے جوڑ ہے۔ کیونکہ وہ اس کی کیفیت اور قدر سے واقف نہیں ہوتا۔

شیخ وقت (ع۔ مذکر) (۱) اپنے زمانے کا فاضل یا فقیہ۔ علامۂ عصر (۲) اپنے وقت کا ولی کامل۔ بہت بڑا عارف۔

شیخانی (ل) مؤنث (۱) قوم شیخ کی عورت (۲) شیخ کی بیوی۔

شیخڑا (ل) مذکر (۱) شیخ کی تصغیر یا تحقیر (۲) ایک قوم جو حلال خوروں سے مسلمان ہوئی۔

شیخی (ف) مؤنث۔ لاف زنی۔ گھمنڈ۔ خود پرستی۔

شیخی اور تین کانے (ف) (مثل) (۱) قماربازی کا دعویٰ کرنا اور پھر تین کانے یعنی خالی داؤں لانا (۲) شیخی ہمیشہ خالی جاتی ہے (۳) بیجا شیخی کرنے والے کی نسبت بھی بولتے ہیں۔

شیخی باز یا شیخی خورا (ف) مذکر۔ گھمنڈی۔

شیخی بگھارنا (ف) ڈینگ مارنا۔ بڑائی کرنا۔ اترانا۔

شیخی جھڑنا یا۔ کرکری ہونا (ف) سبک ہونا۔ گھمنڈ نکلنا۔ لت گڑنا۔

شیخی کرنا۔ یا۔ مارنا (ف) اترانا۔ ڈینگ مارنا۔

شیخ نے چھوے (کوّے) کو بھی دغا دی ہے (ف) (مثل) شیخ بہت مکار ہوتے ہیں۔

شید (شَیْد) (ع) مذکر۔ مکر۔ فریب۔

شیدا (شَے۔ دَا) (ف) مذکر۔ دیوانہ۔ مجنوں۔ عاشق۔

شیدائی (ف) مذکر۔ عاشق۔ شیدا ہونے والا۔

شیدی (شَی۔ دِی) (ف۔ مذکر) حبشیوں کا لقب۔

شیڈ (شَیڈ) انگریزی SHED ، مذکر۔ سائبان۔ چھپر۔ جھونپڑا۔

شیر (شِیر) (ف) مذکر۔ دودھ۔ وہ سفید اور رقیق مادہ جانوروں کے تھنوں اور عورت کی چھاتیوں سے بچے کی خوراک کے لئے نکلتا ہے۔

شیر برنج (ف) (مؤنث) کھیر۔ دودھ میں پتلے پکے ہوئے چاول۔

شیرخشت (ف) مؤنث۔ ایک میٹھی اور نفیس دوا جو بطور مسہل استعمال کی جاتی ہے۔

شیرخوار۔ یا۔ شیرخوردہ (ف) مذکر۔ دودھ پیتا بچہ۔

شیردان (ف۔ مذکر) (۱) دودھ کا برتن (۲) بکری وغیرہ کا معدہ۔

شیرگرم (ف) نیم گرم۔ گنگنا۔

شیرمادر (ف۔ مذکر) (۱) ماں کا دودھ (۲) حلال۔ جائز۔

شیرمال (ف) میدے کی خمیری روغنی روٹی۔

شیرماہی (ف۔ مؤنث) سفید چھلکوں اور نہایت لذیذ گوشت والی ایک قسم کی مچھلی۔

شیر و شکر (ف) (۱) دودھ اور شکر کی طرح ملا ہوا ایک جان دو قالب (۲) (مذکر) گہرا دوست۔ دلی دوست (۳) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

شیر و شکر ہونا (ف) نہایت مانوس ہونا۔ گھل مل جانا۔

شیر (شِیر) (ف) مذکر (۱) اسد۔ باگھ۔ جھمیلا (۲) پرنالے کا حصہ جو شیر کی شکل کا بنایا جاتا ہے (۳) بہادر۔ جوانمرد۔ نڈر (۴) بے پروا۔ مستغنی۔

شیر آبی (ف) مذکر۔ دریائی شیر۔ گھڑیال۔ مگر۔ نہنگ۔

شیر ببر (ف) مذکر۔ ایک قسم کا بہت بڑا شیر جو افریقہ میں ہوتا ہے اور اس کے گردن پر بالوں کے گچھے ہوتے ہیں۔

شیر بچہ (ف) مذکر (۱) شیر کا بچہ (۲) ایک قسم کی چھوٹی بندوق (۳) دلیر۔ بہادر۔

شیر بکری (ف) (مؤنث) بچوں کا ایک کھیل۔

شیر بکری ایک گھاٹ پانی پیتے ہیں (ف) (مثل) نہایت عدل و انصاف کی تعریف میں بولتے ہیں۔

شیر خدا (ف) مذکر۔ حضرت علیؓ کا لقب۔

شیر دہاں (ف) مذکر (۱) وہ صورت جو شیر کے کلّے سے مشابہ پانی گرنے کی جگہ لگا دیتے ہیں (۲) بڑے کلے جبڑے کا آدمی (۳) ایک قسم کی بندوق (۴) ایک قسم کا عصا (۵) وہ مکان جو دروازے کی طرف سے عرض میں زیادہ اور پیچھے کی طرف سے کم ہو۔

شیر ژیاں (ف۔ مذکر) (۱) غضب ناک شیر (۲) بہادر آدمی۔

شیر قالین (ف) مذکر (۱) شیر کی وہ تصویر جو اکثر قالینوں پر بنی ہوئی ہوتی ہے (۲) وہ تن و توش کا آدمی جو دیکھنے میں شیر مگر بہادری میں بھیڑ سے بھی کم ہو۔ بہادری کی شیخی مارنے والا۔

شیر کا ایک ہی بھلا (ف) (مثل) اچھوں کا ایک ہی کافی ہے کہتے ہیں کہ شیر کا ایک ہی بچہ ہوتا ہے۔ باقی تیندوے یا بھیلے وغیرہ۔

شیر کا بال (ف) مذکر (۱) مونے شیر (۲) سمِ قاتل۔ زہر ہلاہل۔

شیر کا بال کھلانا (ف) کسی شخص کو شیر کا بال کھلا دینا جس کے کھلانے سے بقول عوام آدمی مرجاتا ہے۔

شیر کا برقع (ف) مذکر۔ فقیری۔ درویشی۔

شیر کرنا (ف) (۱) کسی شخص کو کسی پر دلیر کرنا (۲) غالب کرنا۔ بڑھانا۔

شیر کی خالہ (ف۔ مؤنث) بلی۔

شیر کے برقع میں چھیچھڑے کھاتے ہیں (ف) (مثل) باوجود مقدرت اور امیری کے تھوڑے سے لالچ پر گر پڑتے ہیں۔

شیر کے کان (ف) مذکر۔ بھنگ چھاننے کی صافی۔

شیر مرد (ف) (۱) بہادر۔ جوانمرد۔ دلیر (۲) عارف۔ کامل۔

شیر ہونا (ف) (۱) دلیر ہونا (۲) غالب ہونا (۳) تیز ہونا۔ زیادہ ہونا (۴) زبردست بننا۔

شیئر (شیئر) (انگ SHARE) مذکر۔ حصّہ۔ بھاگ۔ بانٹ۔ تقسیم۔

شیئر ہولڈر (انگریزی SHAREHOLDER) مذکر۔ حصہ دار۔ شریک۔

شیراز (شی۔ راز) (ف) مذکر۔ ایک مشہور شہر جہاں خواجہ حافظؒ اور شیخ سعدیؒ گزرے ہیں۔

شیرازہ (شی۔ رازہ) مذکر (۱) ایک قسم کا فیتہ جو کتاب کی جزبندی کے بعد پشتے کے دونوں طرف لگا دیتے ہیں (۲) انتظام۔ بندوبست۔

شیرازہ بندی (ف) مؤنث (۱) جلد بندی (۲) انتظام۔

شیرازہ بکھرنا (۱) ابتری پڑنا۔ انتظام بگڑنا۔

شیرازی (ف) (۱) شیراز کا رہنے والا (۲) کبوتر کی ایک قسم۔

شیرنی (۱) مؤنث۔ شیر کی مادہ۔

شیروں کا منہ کس نے دھویا ہے (۱) (مثل) بچوں کے بے منہ دھوئے کھاتے وقت بولتے ہیں۔

شیرہ (شی۔ رہ) (ف) مذکر (۱) شربت۔ قوام (۲) (۱) پتلا گڑ جو تمباکو میں ڈالا جاتا ہے۔ راب۔

شیریں (ف) (۱) میٹھا۔ خوش گوار (۲) عزیز۔ پیارا (۳) نرم ملائم۔ رس دار (۴) فرہاد کی معشوقہ اور خسرو پرویز کی بیوی۔

شیریں زبان (ف) خوش گفتار۔ فصیح۔

شیرینی (ف) مؤنث (۱) مٹھائی (۲) حلاوت۔

شیشم (شی۔ شم) (۱) مذکر۔ ایک درخت جس کی لکڑی نہایت وزنی اور خوش رنگ ہوتی ہے۔

شیش محل (شیش۔ محل) (۱) مذکر۔ امیروں کا وہ مکان جس میں چاروں طرف شیشے لگے ہوں۔

شیش محل کا کتا (۱) مذکر (۱) باولا کتا (۲) (مجازاً) دیوانہ آدمی۔ پاگل۔ مجنون۔ سودائی۔

شیش ناگ (س) مذکر۔ دیکھو (سیسناگ)۔

شیشہ (شی۔ شہ) (ف) مذکر (۱) آئینہ۔ کانچ (۲) بوتل۔ مینا (۳) آرسی کا آئینہ۔

شیشہ دکھائی (۱) مؤنث۔ وہ انعام جو نائی کو آئینہ دکھانے پر دیا جاتا ہے۔

شیشہ ساعت (ف۔ ع) مذکر۔ ریت گھڑی۔ دھرم گھڑی۔

شیشہ گر (ف) شیشہ بنانے والا۔ شیشے کی چیزیں بنانے والا۔

شیشی (۱) مؤنث۔ کانچ کا چھوٹا سا ظرف۔ چھوٹی سی بوتل۔

شیشی سنگھانا (۱) دارو سے بیہوشی سنگھانا۔ کلورا فارم سنگھانا۔

شیشے (۱) مذکر۔ شیشہ کی جمع۔

شیشے کا دلو (۱) مذکر۔ شراب۔ صہبا۔ مے۔ دارو۔

شیشے میں اُتارنا (۱) (۱) قابو میں لانا۔ تسخیر کرنا۔ یار بنانا۔ (۲) غصّہ دھیما کرنا (۳) مقید کرنا۔ جن بھوت کو قابو کرنا۔

شیطان (شَے۔ طان) (ع) (۱) نافرمان۔ سرکش۔ باغی۔ (۲) پلید۔ خبیث۔ بدکار (۳) مردود۔ نکالا ہوا (۴) گمراہ۔ بدراہ (۵) (۱) شریر۔ بدذات (۶) (۱) فتنہ انگیز۔ فسادی (۷) جن۔ بھوت۔ دیو۔ ایک جن جو فرشتوں کو تعلیم دیا کرتا تھا۔ چونکہ اُس نے خدا تعالیٰ کی نافرمانی کر کے حضرت آدمؑ کو سجدہ نہیں کیا۔ اس وجہ سے راندہ گیا (۱۰) (۱) غصّہ۔ غضب (۱۱) (۱) طوفان۔ بہتان (۱۲) (۱) جھگڑا۔ فساد۔

شیطان اُٹھانا (۱) (۱) بہتان لگانا۔ طوفان اٹھانا۔ (۲) جھگڑا کھڑا کرنا (۳) شور و غل مچانا۔

شیطان سر پہ چڑھنا (۱) جن یا بھوت کا سر پہ سوار ہونا۔

شیطان سے زیادہ مشہور (۱) (۱) نہایت بدنام المشہور (۲) (مذاقاً) نہایت مشہور۔

شیطان کا شیرہ (ازسہ) (۱۔ مذکر) وہ شخص جو نامعلوم بات یا حرکت کر کے بڑا بھاری فساد برپا کر دے اور آپ الگ ہو جائے۔

شیطان کا کان میں پھونک دینا (۱) (۱) شیطان کا بہکا دینا (۲) شیطان کا کسی شخص کو مغرور بنا دینا۔

شیطان کو آتے دیر نہیں لگتی (۱) (مثل) جھگڑا کھڑا ہونے یا غصّہ آتے عرصہ نہیں لگتا۔

شیطان کی آنت (۱) مؤنث (۱) وہ چیز جو بہت لمبی ہو۔ نہایت دراز (۲) جی کو اُکتا دینے والا قصہ یا کہانی۔

شیطان کی خالہ (۱) لڑائی جھگڑا کرا دینے والی عورت۔

شیطان کے کان بہرے (۱) (مثل) (عو) خدا کرے یہ خبر جھوٹ ہو مگر دراصل مدعا یہ ہے کہ خدا عما ز کے کان تک یہ بات نہ پہنچے۔

شیطان کے کان کاٹنا (۱) شیطان سے بڑھ کر کام کرنا۔ شیطان سے زیادہ شریر اور فتنہ انگیز ہونا۔ شیطان کو مات کرنا۔

شیطان مجسم (ع) مذکر۔ سرتاپا شریر۔ بدآدمی۔ فتنہ پرداز۔

شیطان نے لڑکوں سے پناہ مانگی ہے (۱) (مثل) لڑکوں سے شیطان نے بھی توبہ کی ہے یعنی لڑکے شیطان

سے بھی زیادہ شریر ہوتے ہیں۔

شیطان ہر جگہ موجود ہے (ا) (مثل) (۱) سامانِ گناہ ہر جگہ تیار ہے (۲) بدخواہ دین و ایمان سے کوئی جگہ خالی نہیں۔

شیطانی (ف) (۱) شیطان سے منسوب۔ شیطان کا (۲) (مؤ) احتلام جو عورتوں کو ہو جائے۔ بدخوابی۔

شیطانی لشکر (ا۔ مذکر) شریر لڑکوں کا مجمع۔

شیطنت (شَے۔ طَنَت) (ع) مؤنث۔ (۱) بدکاری (۲) شرارت (۳) فتنہ فساد۔

شیعہ (شی۔ عَہ) (ع) مذکر۔ (۱) گروہ (۲) مددگار۔ پیرو (۳) وہ گروہ یا شخص جو حضرت علیؓ اور اُن کی اولاد کا دوستدار اور باقی خلفاء کے خلاف ہو۔

شیفتگی (شے۔ فتَ۔ گی) (ف) مؤنث (۱) مدہوشی۔ حیرانی۔ پریشانی (۲) عشق۔

شیفتہ (شے۔ فتَہ) (ف) مذکر۔ عاشق۔ فریفتہ۔ متحیر۔ پریشان۔

شیک (شیک) (انگ SHAKE) ہلانا۔

شیک ہینڈ (مذکر) مصافحہ۔ ہاتھ ملانا۔

شیکسپیر (انگریزی SHAKESPEARE) (مذکر) انگلستان کا ایک مشہور شاعر جس کا کلام انجیل کے بعد دوسرے درجے پر سمجھا جاتا ہے۔

شیلف (شیلف) (انگریزی SHELF) مؤنث۔ طاق۔ الماری۔

شیم (شیم) (انگریزی SHAME) (مؤنث) شرم۔ غیرت۔ لاج۔ پشیمانی۔

شِیَم (شِیَم) (ع۔ مذکر) شیمہ کی جمع۔ عادتیں۔ خصلتیں۔

شین (شِین) (ع۔ مذکر) حرف "ش" کا تلفظ۔

شین قاف درست نہ ہونا (ف) تلفظ صحیح نہ ہونا۔

شَین (شَین) (ع۔ مذکر) (۱) عیب۔ برائی (۲) عیب لگانا۔

شیوخ (شیوخ) (ع۔ مذکر) (۱) شیخ کی جمع۔ مشائخ (۲) بوڑھے (۳) اُستاد۔ معلمین۔

شیوع (شیوع) (ع۔ مذکر) (۱) ظاہر ہونا (۲) جاری ہونا۔

شیون (شے۔ وَن) (ف) مذکر (۱) نالہ۔ نوحہ و آہ۔ ماتم۔ فریاد (۲) رنج۔ دُکھ۔ صدمہ۔

شیوہ (شے۔ وَہ) (ف) مذکر (۱) ناز۔ کرشمہ (۲) طرز طور۔ طریقہ۔ دستور۔ عمل۔ ڈھنگ۔ طریق۔

ص

ص (ع) (صَاد) مذکر (۱) عربی کا چودھواں فارسی کا سترھواں اور اُردو کا بیسواں حرف (۲) حساب جمل میں اس کے ۹۰ عدد فرض کئے گئے ہیں ۔

ص - ا

صابر (صَا۔ بِر) (ع) (۱) صبر کرنے والا۔ متحمل۔ بُردبار۔ (۲) (مذکر) حضرت ایوبؑ کا لقب جن کا صبر ضرب المثل ہے ۔

صابن (صَا۔ بُن) (صابون کا مفرس) (مذکر) کپڑا یا میل دھونے
صابون (صَا۔ بُون (ع) کی چیز جو تیل۔ سجی اور چربی وغیرہ سے بنائی جاتی ہے ۔

صاحب (صَا۔ حِب) (ع) مذکر (۱) یار۔ دوست۔ ساتھی۔ (۲) مالک۔ خداوند۔ آقا۔ حاکم۔ سرکار۔ (۳) خدائے تعالیٰ۔ پرمیشر (۴) کلمۂ تعظیم۔ حضور۔ جناب۔ جی۔ وغیرہ (۵) (ل) خاوند۔ خصم۔ شوہر (۶) (ل) آپ (۷) (ل) یورپین لوگوں کا عام لقب (۸) جنٹلمین۔ شریف (۹) (ل) معشوق۔ دلبر ۔

صاحب اختیار (ع) با اختیار۔ خود مختار۔ آزاد مطلق العنان ۔

صاحب اخلاق (ع) خوش اخلاق۔ خلیق ۔

صاحب اقبال (ع) خوش نصیب۔ نیک اختر ۔

صاحب الزمان (ع) مذکر۔ حضرت امام مہدیؑ کا لقب ۔

صاحب بہادر (ع۔ ف) مذکر۔ انگریز۔ یورپین ۔

صاحب تخت (ع) مذکر۔ گدی نشین۔ بادشاہ۔ تاجدار۔ تاجور ۔

صاحب تدبیر (ع) مذکر۔ ذی شعور۔ ہوشیار۔ تجربہ کار ۔

صاحب جائداد (ع۔ ف۔ مذکر) وہ شخص جس کے پاس زمین۔ املاک۔ باغات وغیرہ ہوں۔ جاگیردار ۔

صاحب جمال (ف۔ ع) حسین ۔

صاحب حیثیت (ع) مذکر (۱) صاحب جائداد (۲) دولتمند۔ صاحب عزت ۔

صاحب خانہ (ع۔ ف) مذکر (۱) گھر والا۔ گھر کا مالک۔ (۲) مہمان دار۔ میزبان ۔

صاحب دل (ع۔ ف) مذکر۔ عارف۔ خداشناس۔ پارسا متقی۔ پرہیزگار۔ دیندار ۔

صاحب ذوق (ع) عارف کامل (۲) شوقین۔ عاشق مزاج ۔

صاحب راز (ع۔ ف) مذکر۔ بھیدی۔ محرم۔ محرم کار۔ دمساز۔ ہمدم ۔

صاحب زادہ (ع۔ ف) مذکر (۱) شریف زادہ۔ رئیس زادہ۔ عزت دار کا بیٹا۔ (۲) بیٹا۔ فرزند۔ لڑکا۔ (۳) پیرزادہ۔ کسی بزرگ دین کی اولاد (۴) ناتجربہ کار نوجوان ۔

صاحب زادی (ع۔ ف) (مؤنث) معزز اور بڑے آدمی کی بیٹی ۔

صاحب زبان (ع۔ ف) زبان کا ماہر ۔

صاحب سلامت (ا) مؤنث۔ علیک سلیک۔ ملاقات۔ جان پہچان۔ ربط ضبط ۔

صاحب فراش (ع۔ ف) مذکر۔ وہ بیمار جو بستر سے نہ اُٹھ سکے۔ چارپائی پر پڑا رہنے والا بیمار آدمی ۔

صاحب قِران (ع) مذکر۔ (۱) وہ شخص جس کے نطفہ ٹھیرنے یا پیدا ہونے کے وقت زہرہ و مشتری ایک گھر میں ہوں قران السعدین والا (۲) (مجازاً) بہت بڑا نیک طالع اور فتحمند (۳) امیر تیمور کا لقب ۔

صاحب قلم (ع) ادیب۔ شاعر ۔

صاحب کتاب (ع۔ مذکر) وہ پیغمبر جس پر کوئی آسمانی کتاب اُتری ہو ۔

صاحب کمال (ع) (۱) کامل۔ ماہر۔ اُستاد (۲) عارف۔ ولی۔ سادھو۔ سنت۔ صاحب علم (۳) حکیم۔ وید ڈاکٹر ۔

صاحب لوگ (ا۔ مذکر) یورپین۔ فرنگی ۔

صاحب لولاک (ع۔ مذکر) رسول ﷺ جناب رسالت مآبؐ ۔

صاحب مقدور (ع) مذکر۔ ذی مقدور۔ مالدار۔ دولتمند۔
صاحب من (ع۔ ف) میرے صاحب۔ جناب من۔ مہربان۔
صاحب نسبت (ع) مذکر۔ خدا سے لگاؤ رکھنے والا۔ ولی کامل۔
صاحب نصیب (ا) مذکر (۱) خوش نصیب۔ خوش قسمت (۲) (عو) (طنزاً) بدنصیب۔ کمبخت۔
صاحبان (ف) مذکر۔ صاحب کی فارسی جمع۔ شرفاء۔
صاحبو (ا) (خطاب) اے حاضرین جلسہ۔
صاحبہ (ع) مؤنث۔ جناب۔ صاحب کی تانیث۔
صاد (صَاد) (ع) مذکر۔ مؤنث (۱) حرف "ص" کا تلفظ (۲) علامت تصدیق و اقرار۔ منظور کرنے کی علامت (۳) قرآن شریف کی اڑتیسویں سورت (۴) (ا) (تشبیہاً) چشم۔ آنکھ۔
صاد کرنا (ا) تصدیق کرنا۔ منظور کرنا۔ پسند کرنا (۲) دستخط کرنا۔
صادر (صَا۔ دِر) (ع) نافذ ہونے والا۔ نکلنے والا۔
صادر وارد۔ یا۔ وارد و صادر (ع) مذکر (۱) مسافر۔ آتا جاتا (۲) مہمان۔
صادر ہونا (ع) (۱) نافذ ہونا۔ جاری ہونا (۲) واقع ہونا۔ پیش آنا (۳) (ا) پہنچنا۔ نازل ہونا۔
صادق (صَا۔ دِق) (ع) سچا۔ راست گو (۲) منصف۔ انصاف کی بات کہنے والا (۳) وفادار (۴) (ا) ٹھیک۔ درست۔ موزون۔
صادق آنا (ا) (۱) درست ہونا۔ ٹھیک ہونا (۲) چسپاں ہونا۔ عائد ہونا۔
صادق الاعتقاد (ع) سچّے اعتقاد والا۔
صادق القول (ع) بات کا پورا۔ وفادار۔
صادق دوست (ع) مذکر۔ سچا دوست۔ بے ریا دوست۔ باوفا دوست۔ دلی دوست۔
صاعقہ (صَا۔ عِقَہ) (ع) مؤنث۔ کڑکنے اور زمین پر گرنے والی بجلی۔
صاف (صَاف) (ع) (۱) کھرا۔ نرل۔ خالص (۲) بے داغ۔ کورا۔ بے عیب (۳) بے گناہ۔ بے لاگ۔ پاک (۴) (ا) سہل۔ آسان (۵) (ا) اُجلا۔ مصفّا (۶) (ا) ہموار۔ برابر (۷) (ا) چکنا۔ ریشم یا کاغذ کی مانند (۸) (ا) (عو) ہو بہو (۹) (ا) بے کینہ (۱۰) (ا) بالکل۔ قطعی (۱۱) (ا) ظاہر۔ آشکار (۱۲) (ا) پڑھنے کے قابل (۱۳) (ا) ستھرا۔ پتوا۔ مانجھا ہوا (۱۴) (ا) صیقل کیا ہوا (۱۵) (ا) سچا۔ سیدھا (۱۶) (ا) مفصل۔ واضح (۱۷) (ا) ٹھیک۔ درست (۱۸) (ا) سادہ رُو۔ بے بال (۱۹) (ا) بے روک۔ بے اٹکاؤ (۲۰) بے کدورت (۲۱) بالکل۔ پورا پورا۔
صاف اُڑا لانا (ا) اس طرح بھگا لانا کہ کسی کو کانوں کان خبر نہ ہو۔
صاف انکار کرنا (ا) بالکل جواب دینا۔ مکر جانا۔
صاف بات (ا) مؤنث۔ آزادانہ بات۔ بے لاگ بات۔
صاف باطن (ع) صاف دل۔ بے کینہ۔
صاف جواب دینا (ا) بالکل انکار کرنا۔ دو ٹوک جواب دینا۔
صاف چھوٹنا (ا) بری ہونا۔ بے قصور بن کر رہائی پانا۔
صاف دل (ا) بے کینہ۔ بے ریا۔
صاف دیدہ (ا) (عو) بے شرم۔ بے حیا۔ بے عزت۔
صاف رہنا (ا) (۱) اُجلا رہنا۔ پاک رہنا (۲) دیانتداری اور ایمانداری سے رہنا (۳) بھوکا رہنا۔ کچھ نہ کھانا۔
صاف شعر (ا) مذکر۔ آسان اور فوراً سمجھ میں آجانے والا شعر۔
صاف شفاف (ع) ایسا صاف جس کے آر پار نظر آسکے۔ بالکل صاف۔
صاف صاف (ا) بے لاگ۔ کھری کھری۔ کھلم کھلا۔ علانیہ۔
صاف صاف سنانا (ا) (۱) بے نقط سنانا۔ گالیاں دینا (۲) کھری کھری کہنا۔
صاف صاف کہنا (ا) کھری کھری کہنا۔ کھلی کھلی کہنا۔
صاف کر دینا۔ یا۔ صاف کرنا (ا) (۱) دھونا۔ میل نکالنا (۲) کوڑا کرکٹ نکالنا (۳) مانجھنا۔ اُجلا کرنا (۴) نقل کرنا۔ مسودہ کو ٹھیک کرکے لکھنا (۵) جنگل کاٹ کر میدان بنانا (۶) جھاڑو دینا (۷) چٹ کرنا۔ اُڑا دینا (۸) بالکل غارت کرنا۔ تاخت و تاراج کرنا (۹) اُجاڑنا۔ مارنا (۱۰) مشق کرنا (۱۱) مُنہ کا مزہ ٹھیک کرنا (۱۲) مذبوحہ جانور کو بنانا۔
صاف گزرنا۔ یا۔ بیتنا (ا) فاقہ گزرنا۔ بالکل کھانے کو نہ ملنا۔
صاف نکل جانا (ا) کسی صدمہ۔ آزار۔ ضرر یا خطرناک جگہ سے بچ کر چلا جانا۔
صاف ہونا (ا) (۱) جھڑنا (۲) خلوص اور اخلاص ہونا (۳) کھلنا۔ جاری ہونا (۴) گر پڑنا۔ مسمار ہونا (۵) رواں ہونا (۶) بہت سے آدمیوں کا مارا جانا (۷) جنگل کا کٹ جانا (۸) بال مونڈے جانا (۹) بیباق ہونا (۱۰) آسمان کھلنا۔ بادلوں کا دور ہونا (۱۱) درست کرکے لکھی جانا۔

صَافَہ (صا - فَہ) (ف) مذکر (۱) سر پر باندھنے کا دو پٹہ۔ (۲) جانور کا بچھو کا ڈنکنا۔
صَافی (ع) مؤنث دستمال۔ وہ رومال یا کپڑا جس سے باورچی دیگ وغیرہ پکڑ کر اتارتے ہیں (۲) چھاننے کا کپڑا۔
صَافی نامہ (ف۔ مذکر) راضی نامہ۔
صالح (صا - لِح) (ع) (۱) نیک۔ پارسا۔ پرہیزگار (۲) ایک مشہور پیغمبر۔
صالحات (ع۔ مؤنث) (۱) صالحہ کی جمع۔ نیک اور پاکدامن عورتیں (۲) اچھے کام۔
صالحہ (ع) مؤنث۔ نیک بخت عورت۔ پاکدامن بی بی۔
صالحین (ع۔ مذکر) صالح کی جمع۔ نیک اور پرہیزگار لوگ۔
صانع (صا - نِع) (ع) مذکر۔ کاریگر۔ بنانے والا۔ صنعت کرنے یا دکھانے والا (۲) پیدا کرنے والا۔ خالق۔
صانعِ حقیقی یا صانعِ قدرت (ع) مذکر۔ خدا تعالےٰ۔ اللہ پاک۔ دنیا بنانے والا۔
صانعِ مطلق (ع) مذکر۔ وہ کاریگر جو صنعت میں کسی غیر کا محتاج نہ ہو۔ خدا تعالیٰ۔
صائب (صا - اِب) (ع) (۱) رسا۔ پہنچنے والا۔ (۲) درست۔ ٹھیک (۳) مشہور ایرانی شاعر مرزا محمد علی اصفہانی کا تخلص۔
صائم (صا - اِم) (ع) مذکر۔ روزہ دار۔ برتی۔
صائم الدہر (ع) ہمیشہ روزہ رکھنے والا۔

ص - ب

صبا (صَبا) (ع) مؤنث (۱) وہ ہوا جو مشرق سے چلے۔ وہ پُروا ہوا جو موسم بہار میں چلتی ہے (۲) میرزا وزیر علی لکھنوی شاگرد آتش کا تخلص۔
صباح (صَبَاح) (ع) مؤنث۔ صبح۔ تڑکا۔ فجر۔ سحر۔
صباحت (ع) مؤنث۔ گورا پن۔ خوب روئی۔ جمال۔
صبّاغ (صَب - بَاغ) (ع) مذکر۔ رنگریز۔ رنگنے والا۔
صبح (صُبح) (ع) مؤنث۔ دیکھو (صباح)۔
صبحِ بنارس (ع + ف) (مؤنث) بنارس میں صبح کا نظارہ نہایت دلکش ہوتا ہے۔ اس لئے بنارس کی صبح بہت مشہور ہے۔
صبح خیز (ف) - علی الصبح اٹھنے والا۔ بہت سویرے جاگنے والا (۲) مذکر۔ وہ چور جو سوتے ہوئے مسافروں سے پیشتر اٹھ کر ان کا مال اسباب لے جاتا ہو۔
صبح دم (ع - ف) علی الصبح۔ بڑی فجر۔ نور کے تڑکے منہ اندھیرے۔
صبح شام بتانا۔ یا۔ کرنا (ا) حیلہ بہانہ کر کے ٹالنا۔
صبح صادق (ع) مؤنث۔ نور کا تڑکا۔ علی الصبح۔ پَو پھٹے۔ تجر دم۔
صبح کا بھولا شام کو آئے تو اُسے بھولا نہیں کہتے (ا) (مثل) اگر آدمی خرابی اٹھا کر جلد سنور جائے یا ایک وقت کے کام کو دوسرے وقت میں کرلے۔ تو وہ قابل مواخذہ نہیں۔
صبح کا تارا (ا) مذکر۔ وہ نہایت روشن ستارہ جو اکثر صبح کے وقت اور کبھی شام کو بھی دکھائی دیتا ہے زہرہ ستارہ۔
صبح کاذب (ع) مؤنث۔ صبح سے پہلے کی وہ روشنی جس کے بعد پھر اندھیرا ہو جاتا ہے اور تھوڑی دیر بعد پھر سفیدۂ صبح نمودار ہوتا ہے۔ وہ آسمان کی اونچی اٹھی ہوئی سفیدی جو صبح صادق سے کچھ پہلے نمودار ہوتی ہے۔
صبح کرنا (ا) رات کاٹنا۔
صبح کس کا منہ دیکھا تھا (ا) (مثل) جب کوئی کام بگڑ جاتا یا خلاف مرضی ہوتا ہے تو اس وقت کہا جاتا ہے۔
صبح کی پوہنی اللہ میاں کی آس (ا) (مثل) علی الصبح پہلی بکری ہو جاتی ہے تو پھر خدا تعالےٰ سے بہت بکری کی امید ہو جاتی ہے۔
صبح کی پوچھنا تو شام کی کہنا (ا) نہایت بے اوسان اور حواس باختہ ہونا۔ گھبرا جانا۔
صبر (صَبِر) (ع۔ مذکر) ایلوا۔
صبر (صَبْر) (ع) مذکر۔ (۱) شکیبائی۔ خاموشی (۲) برداشت بُردباری۔ تحمل (۳) توقف۔ تامل (۴) (ا) (مجاز) خدا کی مار۔ کسی کا دل دُکھانے کی آفت (۵) (ا) توکل۔ قناعت۔
صبر آنا (ا) (عو) تسلی ہونا۔ اطمینان ہونا۔ چین آنا۔
صبر پڑنا (ا) (عو) آہ پڑنا۔ کسی کو ستانے کی غیب سے سزا ملنا۔
صبر کرنا (ا) (۱) نا امید ہو جانا (۲) سہارنا۔ سہنا۔ تحمل کرنا۔ خاموش رہنا (۳) ٹھہرنا۔ تامل کرنا (۴) توکل کرنا۔ قناعت کرنا۔
صبر کی داد خدا کے ہاتھ ہے (ا) (مقولہ) صبر کرنے والوں کا انصاف خدا ہی کرتا ہے۔

صبر لینا (ا) (۱) کسی کے صبر کے عذاب میں گرفتار ہونا (۲) کسی پر بہتان یا الزام لگا کر آہ لینا ۔

صبر و شکر کرنا (ا) (ع) کسی مصیبت یا بلا کے ناگہانی پر چُپ رہنا ۔ حالت تکلیف میں خدا کا شکر بجالانا ۔

صبر ہونا (ا) (۱) برداشت ہونا ۔ سہارا ہونا ۔ قناعت ہونا (۲) اطمینان ہونا ۔ تسلی ہونا (۳) تامل ہونا ۔ توقف ہونا ۔

صبغۃ اللہ (صِب ۔ غَتُل ۔ لَہ) (ع ۔ مذکر) قدرتی رنگ دین کا رنگ ۔

صبوح ۔ صبوحی (صَبُوح ۔ صَبُوحی) (ع) مؤنث ۔ شراب صبح ۔ وہ شراب جو صبح کو پی جائے ۔

صبوحی کش (ع ۔ ف) صبح کو شراب پینے والا ۔ شراب خوار ۔

صبورا (صَبُو ۔ رَا) (ا) مذکر ۔ بنایا ہوا عضو تناسل ۔

صبیح (صَبِیح) (ع) گورا ۔ خوب صورت ۔

صبی (صَبِی) (ع ۔ مذکر) دودھ پیتا بچہ ۔ لڑکا ۔

صبیہ (صَبِی ۔ یَہ) (ع) مؤنث ۔ لڑکی ۔ دختر ۔ بیٹی ۔

ص ۔ ح

صحابہ (صَحَا ۔ بَہ) (ع) مذکر (۱) یار ۔ دوست (۲) (مجازاً) رسول مقبول صلعم کے ہم مجلس ۔

صحابی (ع) مذکر ۔ رسول مقبولؐ کے ساتھی ۔ ہم مجلس یا وہ مسلمان جنہوں نے آنحضرت صلعم کو دیکھا ۔

صحائف (صَحَا ۔ اِف) (ع) مذکر ۔ صحیفہ کی جمع ۔ رسالے کتابیں ۔

صحبت (صُح ۔ بَت) (ع) مؤنث (۱) یاری ۔ مددگاری (۲) ہمراہی ۔ ساتھ (۳) دوستی ۔ آشنائی ۔ یارانہ (۴) محفل مجلس سوسائٹی ۔ مل بیٹھنا (۵) ہم نشینی ۔ ہم صحبتی (۶) (ف) ہمبستری ۔ عورت کے ساتھ سونا ۔

صحبت اٹھانا (ا) (۱) پاس رہنا (۲) پاس رہ کر تعلیم و تربیت پانا ۔

صحبت بھلی بیٹھئے کھائیے ناگر پان } (ا) (مثل) نیک صحبت بُری بیٹھئے کٹائیے ناک اور کان } صحبت سے نیک ... بُری صحبت سے بُرا ثمرہ ۔

صحبت برآ رہنا یا ۔ بھاری ہونا (ا) صحبت کا موافق ہونا ۔ جو ہتی بہت ۔

صحبت برتنا (ا) دیکھو (صحبت اٹھانا) ۔

صحبت داری (ا) مؤنث ۔ مجامعت ۔ ہمبستری ۔ جماع ۔

صحبت داری ۔ یا ۔ صحبت کرنا (ا) مجامعت کرنا ۔ ہمبستر ہونا ساتھ سونا ۔

صحبت گرم ہونا (ا) جلسے ہونا ۔ مزے اُڑنا ۔ پاس بیٹھ کر دل خوش ہونا ۔

صحبت نہ رہنا (ا) پاس اُٹھنے بیٹھنے کا موقع نہ ملنا ۔ شریک جلسہ نہ ہونا ۔

صحبت یافتہ (ع ۔ ف) تعلیم یافتہ ۔ شائستہ ۔ کسی لائق یا لائقوں کی صحبت کا فیض پایا ہوا آدمی ۔

صحبتی (ع ۔ ف) یار ۔ ہمنشین ۔ دوست ۔

صحبتیں (ا) مؤنث ۔ صحبت کی جمع ۔

صحبتیں اُٹھانا ۔ یا ۔ برتنا ۔ یا ۔ دیکھنا (ا) اچھے لوگوں کی صحبتوں سے فیض اُٹھانا ۔

صحت (صِح ۔ حَت) (ع) مؤنث (۱) آرام ۔ تندرستی ۔ شفا (۲) درستی ۔ تصحیح (۳) املا کی درستی ۔

صحت بخش (ع ۔ ف) فائدہ بخشنے والا ۔ شفا دینے والا ۔ مفید ۔

صحت خانہ (ع ۔ ف) مذکر ۔ پاخانہ ۔ ٹٹی ۔ بیت الخلا ۔

صحت قانونی (ع ۔ ف) (مؤنث) قانونی صحت یا درستی یا اصلاح ۔

صحت نامہ (ع ۔ ف) مذکر (۱) فہرست اغلاط ۔ اغلاط نامہ (۲) تندرستی کا سرٹیفکیٹ ۔

صحرا (صَح ۔ رَا) (ع) مذکر ۔ میدان جہاں درخت وغیرہ کچھ نہ ہو بیابان ۔ ویرانہ ۔ ریگستان ۔

صحرا گرد (ع ۔ ف) جنگلوں میں پھرنے والا ۔

صحرا نورد (ع ۔ ف) دیکھو (صحرا گرد) ۔

صحرائے لق و دق (ع) مذکر ۔ سنسان اور ویران جنگل ۔

صحرائی (ع) جنگلی ۔ بیابانی ۔

صحرائے اعظم (ع) مذکر ۔ افریقہ کا ایک طویل و عریض مشہور ریگستان ۔

صحن (صَحن) (ع) مذکر (۱) آنگن ۔ انگنائی (۲) لکھنؤ کا ایک قسم کا عمدہ ریشمی کپڑا ۔

صحن چمن (ع ۔ ف) مذکر ۔ باغ کا تختہ ۔ تختۂ گلشن ۔

صحنچی (ف) مؤنث ۔ وہ چھوٹا صحن جو دالان کے بیچ میں بنا دیتے ہیں ۔

صحنک (ع) مؤنث (۱) رکابی ۔ طباق (۲) چھوٹا صحن (۳) (ا) (عو) حضرت فاطمہؓ کی نیاز کا کھانا یا فاتحہ ۔

صحنک سے اُٹھ جانا (ا) ناپاکی کے باعث حضرت فاطمہؓ کی نیاز یا فاتحہ کی مجلس میں شریک ہونے کے قابل نہ رہنا ۔

صحیح (صَحِیح) (ع) (۱) صحت مند (۲) درست۔ ٹھیک۔ بجا (۳) تندرست۔ چنگا (۴) پورا۔ کامل۔ سارا (۵) (ا) مؤنث۔ تصدیق۔ دستخط۔

صحیح العقل (ع) عقل کا پورا۔ وہ شخص جس کی عقل سالم ہو۔

صحیح النسب (ع) نسل سے ٹھیک۔ خاندانی شریف ولد الحلال۔

صحیح سالم (ع) پورا و کامل۔ صحیح سلامت۔ بھلا چنگا۔ تندرست۔

صحیح سلامت۔ جیتا جاگتا۔ صحت اور تندرستی کے ساتھ۔

صحیح کرنا (ا) (۱) اصلاح دینا۔ درست کرنا (۲) ٹھیک کرنا (۳) تصدیق کرنا۔ دستخط کرنا (۴) درج حساب کرنا۔ لکھ لینا (۵) مارنا (۶) ثابت کرنا (۷) کھرا کرنا (۸) گواہی کے لئے پیش کرنا۔ ثبوت پہنچانا۔

صحیح گئے۔ سلامت آئے (ا) (مثل) جیسے یہاں سے گئے ویسے ہی واپس آ رہے۔ کچھ کمایا نہ کھایا۔

صحیح ہونا (ا) (۱) غلطی نکلنا۔ درست ہونا۔ ٹھیک ہونا (۲) تصدیق ہونا۔ گواہی ہونا۔ دستخط ہونا۔ ثبوت ہونا (۳) پکا ہونا (۴) بہی میں لکھا جانا۔

صحیح ہے۔ یا سچی ہے بجا ہے۔ درست ہے۔ حق ہے۔

صحیفہ (ع) مذکر۔ کتاب۔ رسالہ۔ ورق۔ لکھا ہوا صفحہ۔ نامہ۔

صحیفۂ ابراہیمی (ع۔ مذکر) وہ کتاب جو حضرت ابراہیمؑ پر نازل ہوئی تھی۔

ص - د

صد (صَد) (ف) سو۔ سیکڑا۔ ۱۰۰۔

صد آفرین۔ صد رحمت (ع۔ف) کلمۂ تحسین و آفرین شاباش۔ مرحبا۔ بارک اللہ۔

صد برگ (ف) مذکر۔ وہ پھول جس کی بہت سی پنکھڑیاں ہوں گیندا۔

صدا (صَدَا) (ع) مؤنث (۱) گونج۔ گنبد کی آواز (۲) مطلق آواز۔ آہٹ (۳) درویش یا فقیر کے مانگنے کی آواز۔

صدا دینا (ا) (۱) فقیر کا آواز لگانا (۲) بلانے کے لئے آواز دینا۔

صدا کرنا۔ یا۔ لگانا فقیرانہ سوال کرنا۔ آواز لگانا۔

صدارت (صَدَا۔رَت) (ع) مؤنث۔ (۱) صدر نشینی۔ پریزیڈنٹی۔ چیئرمینی (۲) چیف جسٹس کا عہدہ۔

صداقت (صَدَا۔قَت) (ع) مؤنث (۱) سچائی۔ خلوص۔ وفاداری (۲) (ا) تصدیق۔ ثبوت۔ گواہی۔

صدائے برنخاست (ف) کوئی آواز نہ آئی۔ کچھ جواب نہ ملا۔

صدر (صَدر) (ع) مذکر (۱) سینہ۔ چھاتی (۲) صحن۔ انگنائی (۳) سامنا۔ آگا۔ سامنے کا رُخ (۴) اعلیٰ جگہ۔ کسی عزت دار یا اعلیٰ رتبہ شخص کے رہنے کی جگہ۔ ہیڈ کوارٹر (۵) اعلیٰ۔ بزرگ۔ امیر۔ سردار (۶) بڑا۔ اونچا۔ بول کال (۷) کیمپ۔ چھاؤنی (۸) (ا) خاص منڈی۔

صدر اعظم (ع) مذکر۔ دیوانِ اعلیٰ۔ وزیر اعظم۔

صدر اعلیٰ (ع) مذکر۔ اوّل درجے کا جج۔ منصف درجۂ اوّل۔

صدر الصدور (ع) (ف) مذکر (۱) اعلیٰ درجے کا منصف (۲) شاہی گھر کا محافظ۔

صدر امین (ع) مذکر۔ اعلیٰ درجے کا امین۔ وہ حاکم جو جج کے ماتحت ہو۔

صدر بازار (ا) مذکر (۱) چھاؤنی کا بڑا بازار۔ اردو بازار۔

صدر بورڈ (ا) مذکر۔ عدالتِ عالیہ۔ مال کا محکمۂ اعلیٰ۔

صدر پڑھ کر احمق رہے (ا) (مثل) پڑھ کر بھی عقل نہ آئی۔

صدر جمع (ا۔ مؤنث) لگان کی وہ اصل رقم جو اخراجات تحصیل کے علاوہ حکومت کو دینی پڑے۔

صدر جہاں (ع + ف) مذکر (۱) جہاں کا سردار (۲) بعض کے نزدیک ایک فرضی ولی۔

صدر دیوان (ع۔ ف) مذکر۔ دیوانِ اعلیٰ۔ خزانۂ شاہی کا مہتمم اعلیٰ۔

صدر عدالت (ع۔ مؤنث) بڑی عدالت۔

صدر مالگزار (ا۔ مذکر) کسی کی وساطت کے بغیر سرکار کو خود معاملہ ادا کرنے والا۔

صدر مجلس (ع) پریزیڈنٹ۔ میر مجلس۔

صدر مقام (ع) مذکر۔ پایہ تخت۔ دار الحکومت۔

صدر منصرم (ع) مذکر۔ اعلیٰ درجے کا منصرم۔ پیمائش کے دفتر ہندوستانی کا اعلیٰ عہدیدار۔

صدر نشین (ع۔ف) مذکر۔ میر مجلس۔ کرسی نشین۔ چیئرمین۔

صدر ہر جا کہ نشیند صدر است (ف) (مثل) بزرگ حاکم یا کوئی بڑا آدمی جہاں بیٹھ جائے۔ وہی جگہ معزز سمجھی جاتی ہے۔

صدری (ع) مؤنث (۱) ایک قسم کی مرزائی۔ کمری۔

واسکٹ (۲) سینہ بند (۳) سینہ بسینہ پہنچا ہوا نسخہ یا کلام وغیرہ ۔

صدف (صَدَف) (ع) مؤنث ۔ سیپ ۔ ایک قسم کا سمندری گھونگا جس سے موتی نکلتا ہے ۔

صِدق (صِد ق) (ع) مذکر ۔ سچ ۔ راستی ۔ سچائی ۔ خلوص ۔

صِدق دل سے (ا) تہ دل سے ۔ بطیبِ خاطر ۔ صاف دلی سے ۔

صدقہ (صَدَ قَہ ۔ صَدْ قَہ) (ع) مذکر (۱) خیرات ۔ وہ چیز جو خدا کے نام پر دی جائے ۔ (۲) وہ کھانا وغیرہ جو سر سے اتار کر دیا جائے ۔ اتارا (۳) (مجازاً) قربان واری ۔ فدا (۴) (ا) طفیل ۔ بدولت ۔

صدقہ اتارنا ۔ یا ۔ دینا (ا) (۱) اتارا دینا یا اتارنا (۲) خیرات کرنا (۳) قربان کرنا ۔

صدقہ سیلا ۔ یا ۔ سیلا (ا) مذکر ۔ (عو) خیر خیرات ۔ وہ صدقہ جو سلامتی کے عوض دیا جائے ۔

صدقے (ا) مذکر (عو) (۱) صدقہ کی جمع (۲) واری قربان ۔

صدقے جانا (ا) (عو) قربان ہونا ۔ واری جانا ۔ تصدق ہونا ۔

صدقے کرنا (ا) (عو) قربان کرنا ۔ وارنا ۔ نثار کرنا ۔ (۲) کلمۂ تنفر و حقارت ۔

صدقے کروں (ا) (عو) (۱) قربان کروں (۲) آگ لگاؤں ۔

صدقے گیا ۔ یا ۔ گیا تھا (ا) ادب و محبت کے ساتھ کسی چیز کے نہ ہونے کا اقرار کہ ہوتی تو ضرور تصدق اور قربان کی جاتی ۔

صدقے کی بلبل (ا ۔ مؤنث) پکڑ کر صدقے کے لئے چھوڑی ہوئی بلبل ۔

صدقے ہونا (ا) دیکھو (صدقے جانا) ۔

صدمہ (صَدْ ۔ مَہ) (ع) مذکر ۔ (۱) دھکا ۔ ٹکر ۔ آسیب (۲) (ا) تکلیف ۔ چوٹ ۔ ضرب ۔ رنج و غم (۳) (ا) حادثہ ۔ واقعہ (۴ ۔ ا) نقصان ۔ ضرر ۔ (۵ ۔ ا) بلا ۔ مصیبت ۔

صدمہ اٹھانا (ا) (۱) نقصان اٹھانا (۲) رنج اٹھانا ۔ (۳) کسی کے مرجانے یا کسی حادثے کے واقع ہونے کا غم سہنا ۔

صدمۂ جانکاہ (ع ۔ ف) مذکر ۔ سخت ۔ ضرب ۔ وہ چوٹ جس سے نقصانِ جان ہو ۔

صدمہ گزرنا (ا) مصیبت بیتنا ۔ حادثہ پیش آنا ۔

صدور (صُدُور) (ع) مذکر (۱) صادر ہونا (۲) اجرا ۔ (۳) صدر کی جمع ۔

صدورِ حکم (ع) مذکر ۔ اجرائے حکم ۔ نفاذِ حکم ۔

صدہا (ف) سیکڑوں ۔ بہت سے ۔

صَدِی (ع) مؤنث (۱) سو برس سے منسوب ۔ سو برس کی تعداد (۲) سیکڑہ ۔

صدیق (صَدِیق) (ع ۔ مذکر) دوست ۔

صِدِّیق (صِد ۔ دِیق) (ع) مذکر (۱) نہایت سچا ۔ راست گو (۲) حضرت ابوبکر رضہ خلیفہ اوّل کا لقب (۳) یار وفادار ۔

صِدِّیقہ (ع ۔ مؤنث) (۱) حضرت عائشہ رضہ کا لقب (۲) حضرت مریم ع کا لقب ۔

ص ۔ ر

صراح (صُرَاح) (ع ۔ مؤنث) (۱) کھلی اور صاف بات چیت (۲) خالص شراب کا پیالہ (۳) ایک مشہور عربی لغت ۔

صراحت (صَرَا ۔ حَت) (ع) مؤنث ۔ تشریح ۔ وضاحت ۔

صراحتاً (ع) کھلم کھلا ۔ ظاہراً ۔

صراحی (صُرَا ۔ حی) (ع) مؤنث (۱) شراب یا پانی رکھنے کا لمبی گردن کا چھوٹا برتن (۲) کوزہ ۔ بوتل (۳) (ا) مخروطی شکل کپڑے کا ٹکڑا جو انگرکھے وغیرہ کی دونوں بغلوں کے نیچے خوبصورتی کے لئے سی دیتے ہیں ۔

صراحی دار (ع ۔ ف) صراحی نما ۔ اونچی گردن کا ۔

صراحی دار گردن (ا) مؤنث ۔ لمبی گردن ۔ معشوقانہ گردن ۔

صراحی دار گھنگرو (ا) مذکر ۔ ایک قسم کے لمبوترے خوشنما گھنگرو ۔

صراط (صِرَاط) (مؤنث) (۱) راستہ ۔ راہ راست (۲) اہل اسلام کے عقائد کے مطابق ایک پُل جو دوزخ اور بہشت کے درمیان بال سے باریک اور تلوار سے تیز بنا ہوا ہے ۔ نیک لوگ اس پر آسانی سے گزریں گے اور گنہگار کٹ کٹ کر دوزخ میں گر پڑیں گے ۔

صراطِ مستقیم (ع) سیدھا راستہ ۔ راہِ راست ۔

صرّاف (صَرْ ۔ رَاف) (ع) مذکر (۱) روپیہ پرکھنے والا ۔ سونا چاندی پرکھنے والا (۲) (ا) وہ مہاجن یا ساہوکار جو نقدی یا زیورات وغیرہ کا لین دین کرے (۳) (ا) مالدار ۔ دولتمند ۔ معاملے کا صاف ۔ کھرا (۴) (ا)

پرکھنے والا - جانچنے والا ۔

صرّاف کے سے ٹکے (ا) مذکر - زیادہ تر اس سودے یا مال کی نسبت بولتے ہیں جو پڑا نہ رہے اور جب چاہیں - بانقصان دام کھرے کریں ۔

صرّافہ (ا) مذکر (۱) صرّافی کا پیشہ (۲) صرّافوں کا بازار - (۳) بنک - کوٹھی ۔

صرّافہ کھولنا (ا) کوٹھی کھولنا - بنک جاری کرنا - صرّافی کی دکان کھولنا ۔

صرّافی (ا) مؤنث (۱) روپے پیسے کا بیوپار - ساہوکارہ کا بیج (۲) تُڑائی - روپیہ یا اشرفی کی خُردہ کرائی - (۳) ایک قسم کا ہندی خط جو مہاجن اور صرّاف لکھا کرتے ہیں - لنڈے ۔

صرّافی چھٹی (ا - مؤنث) ہنڈی - چک - بل ۔

صرصر (صَرْ - صَرْ) (ع) مؤنث - آندھی - باد تند - جھکڑ ۔

صرع (صَرْع) (ع) مؤنث - مرگی کا مرض ۔

صرف (صِرْف) (ع) فقط - تنہا - اکیلا ۔

صَرف (ع) مذکر (۱) خرچ (۲) وہ علم جس سے کلموں کی شناخت اور ادل بدل معلوم ہو ۔

صرف کرنا (ا) خرچ کرنا - خرچ میں لانا ۔

صرف و نحو (ع) مذکر - گرامر - وہ علم جس میں لفظوں کا جوڑ توڑ اور ان کے بولنے برتنے کا قاعدہ بیان کیا جائے ۔

صرفہ (ع) مذکر (۱) زیادتی - غلبہ (۲) (ا) بخل - کنجوسی خِسّت - کفایت شعاری (۳) (ا) فضول - دریغ ۔

صرفہ کرنا (ا) کفایت شعاری کرنا - بخل کرنا ۔

صرفی (ع) مذکر - علم صَرف جاننے والا شخص ۔

صرّہ (صُرْ - رَہ) (ع) مذکر - توڑا - تھیلی - ہمیانی ۔

صریح (صَرِیْح) (ع) ظاہر - آشکار - صاف - علانیہ ۔

صریح انکار کرنا (ا) ظاہرا انکار کرنا - جان بوجھ کر انکار کرنا - صاف انکار کرنا ۔

صریحاً (ع) ظاہراً - کھُلم کھُلا - صاف ۔

صریر (صَرِیْر) (ع) مؤنث - قلم چلنے کی آواز - صدا ۔

ص - ع

صعب (صَعْب) (ع) سخت - دشوار - کٹھن ۔

صعوبت (صُعُوبَت) (ع) مؤنث - سختی - دقّت - مشکل تکلیف - مصیبت ۔

صعود (صُعُود) (ع) مذکر (۱) بلندی پر چڑھنا (۲) حساب میں کسی عدد کو کئی دفعہ ضرب دیکر اس کی قوتوں کو اُبھارنا ۔

صعود کرنا (ا) اوپر چڑھنا ۔

صعود و نزول (ع) مذکر - اُتار چڑھاؤ ۔

صعوہ (صَعْ - وَہ) (ع) مذکر - ممولا - ممولا - ایک چڑیا جس کی لمبی دُم ہر وقت اور جلد جلد حرکت کرتی رہتی ہے ۔

ص - غ

صغر (صِغَر) (ع) مذکر - خردی - چھوٹائی ۔

صغر سن (ع) مؤنث - کم عمر - خردسال ۔

صغر سنی (ع - ف) مؤنث کم عمر - بچپن ۔

صُغرا - صُغریٰ (صُغْ - رَا) (ع) مؤنث (۱) چھوٹی لڑکی (۲) سب سے چھوٹی چیز (۳) علم منطق میں شکل کا پہلا قضیہ ۔

صغیر (صَغِیْر) (ع) چھوٹا - خُرد ۔

صغیر سن (ع) دیکھو (صغر سن) ۔

صغیر سنی (ع) مؤنث دیکھو (صغر سنی) ۔

صغیر و کبیر (ع) مذکر - چھوٹے بڑے - اونے واعلے ۔

صغیرہ (ع) چھوٹا - چھوٹی ۔

ص - ف

صف (صَفّ) (ع) مؤنث (۱) قطار - سلسلہ (۲) فرش بستر بچھونا (۳) (ا) بوریا - چٹائی (۴) نمازیوں کی قطار جس میں سب لوگ برابر اور ایک خط پر ہوں ۔

صف آرا (ع - ف) جنگ یا مقابلے کے لئے سپاہ کو جمانے والا ۔

صف آرائی (ع - ف) مؤنث - قطاربندی - جنگ آرائی ۔

صف بستہ (ع - ف) پَرا باندھے ہوئے - آراستہ ۔

صف جنگ (ف) مؤنث - لڑائی کی صف آرائی - لڑائی کی پرابندی (۲) وہ لڑائی جو آمنے سامنے قطار باندھ کر شروع کی جائے ۔

صف در - صفدر (ع - ف) (۱) لشکر کی صف پھاڑنے والا (۲) حضرت علی رض کا لقب ۔

صف ماتم (ع - ف) (مؤنث) وہ فرش جس پر ماتم کرنے والے یا ماتمی آکر بیٹھیں ۔

صفا (صَفَا) (ع) (۱) پاک - پاکیزہ - اُجلا - صیقل کیا ہُوا (۲) ہموار - سپاٹ (۳) کھرا - نرمل (۴) (ف) بے لاگ - الگ تھلگ (۵) (ع) مؤنث مکہ شریف کی ایک پہاڑی جہاں دوڑنا ارکان حج میں داخل ہے ۔

صفا چٹ کرنا (ف) بالکل مونڈ ڈالنا - صفایا کرنا ۔

صفا مُنصفا (۱) بے نشان - ویران - برباد ۔

صفات (صِفَات) (ع) مؤنث (۱) اوصاف - خواص - خاصیتیں (۲) تعریفیں - بھلائیاں - خوبیاں ۔

صفاتی (ع) منسوب بہ صفات - عارضی ۔

صفائی (ف) مؤنث - پاکیزگی - صاف ہونا (۲) صداقت - سچائی - راستی (۳) سادگی - بے وقوفی (۴) جھاڑ پونچھ - جھاڑو بہارو (۵) چکناہٹ (۶) ہمواری - برابری (۷) بریت - رہائی (۸) ملاپ - صلح (۹) کھرا پن (۱۰) حساب کی بے باقی - فیصلہ - تصفیہ (۱۱) دیانتداری (۱۲) بے شرمی - بے حیائی (۱۳) تردید - بطلان (۱۴) کانٹ چھانٹ - قطع و برید (۱۵) فاقہ کرانا (۱۶) بربادی - تباہی (۱۷) جلا - صیقل (۱۸) فاتحہ انجام (۱۹) پھرتی - چالاکی - تیز دستی (۲۰) رونق ۔

صفائی کر دینا (ف) (۱) جھاڑو دینا - جھاڑ پونچھ دینا (۲) فیصلہ کر دینا - بے باقی کر دینا (۳) خرچ کر ڈالنا - (۴) اُجاڑ دینا (۵) قتل کر ڈالنا ۔

صفت (صِفَت) (ع) مؤنث (۱) کسی چیز کا نشان بیان نشانی (۲) تعریف - خوبی - عمدگی (۳) (۴) خاصیت - خصلت - عادت - تاثیر (۴) وضع - شکل - طرح (۵) مثل - مانند (۶) صرف نحو میں وہ اسم ہے جس سے کسی چیز کی خصوصیت معلوم ہو ۔

صفحات (صَفَ - حَات) (ع) - مذکر - صفحہ کی جمع ۔

صفحہ (صَفْ - حَہ) (ع) مذکر (۱) ورق کے ایک طرف کا رُخ (۲) منہ - چہرہ (۳) سطح - فراخی - وسعت ۔

صفحۂ ہستی (ع - ف) مؤنث - روئے زمین - دنیا کا پرت

صفحۂ ہستی سے نام و نشان مٹانا (ف) دنیا کے پردے سے ناپید کر دینا - بالکل ناس کر دینا ۔

صفر (صَفَر) (ع) مذکر - اسلامی سال کے شروع کا دوسرا مہینہ جو محرم کے بعد آتا ہے ۔

صِفر (صِفْر) (ع) مذکر (۱) خالی - تہی (۲) ہندی حساب میں وہ نقطہ جو عدد کے دائیں جانب ہونے سے اس کی قیمت دس گنا بڑھا دیتا ہے - اور بائیں جانب ہونے سے کچھ قیمت نہیں پاتا مثلاً ۱ - کے دائیں طرف جتنے نقطے بڑھاتے جاؤ - اس کا درجہ بڑھتا جائے گا - لیکن دوسری طرف چاہے جتنے نقطے لگا دو کسی کام کے نہیں ۔

صفرا (صَف - رَا) (ع) مذکر - پت - اخلاطِ اربعہ میں سے ایک زرد رنگ کا خلط جو مزاجاً نہایت گرم و خشک ہوتا ہے ۔

صفراوی (ع) صفرا سے منسوب ۔

صفراوی مزاج (ف) مذکر - وہ شخص جس کے مزاج میں خلط صفرا زیادہ ہو - تلخ مزاج ۔

صفو (صَف - فُو) (ف) - مذکر - تاش اور گنجفے کی ایک اصطلاح یعنی کھیلنے والے کے پاس پتّے بالکل نہ آنا ۔

صفو دینا (۱) تاش کا ایک ایک پتا جیت لینا - حریف کے پاس کوئی پتّہ نہ چھوڑنا ۔

صفوت (صَف - وَت) (ع - مؤنث) (۱) برگزیدگی - (۲) خالص - برگزیدہ ۔

صفوی (ع) ایران کا ایک شاہی خاندان جس میں شاہ طہماسپ صفوی مشہور بادشاہ گزرا ہے ۔

صفی (صَفِیْ) (ع) (۱) صاف - پاک (۲) حضرت آدمؑ کا لقب (۳) ایک ایرانی درویش کامل ۔

صفیر (صَفِیر) (ع) مؤنث (۱) پرندوں کی آواز (۲) وہ سیٹی جو پرندوں کے لئے منہ سے بجائیں ۔

صفیں (ف) مؤنث - صف کی جمع ۔

صفیں اُلٹنا (ف) (۱) لڑائی کی صف بستہ فوجوں کا تتر بتر ہونا (۲) مجلس یا محفل کا تہ و بالا ہونا ۔

صفیں باندھنا (ف) قطاریں لگانا - صف بستہ کرنا ۔

ص - ل

صَل (صَلّ) (ع) (۱) برکت دینا - درود بھیجنا - رحمت اُتارنا (۲) تو درود بھیج ۔

صلِّ علیٰ (ع) مؤنث (۱) اہل اسلام میں دستور ہے کہ جب کسی خوبصورت یا عمدہ چیز کو دیکھتے یا خوشبو سونگھتے یا کوئی بات قابل تعریف سنتے ہیں تو یہ کلمہ کہتے ہیں (۲) واہ واہ - سبحان اللہ - مرحبا ۔

صلِّ علیٰ کہنا (ف) درود بھیجنا - واہ واہ کرنا - سبحان اللہ کہنا - تعریف و توصیف کے واسطے زبان کھولنا ۔

صلِّ علیٰ محمد (ع) (سرور لولاک حضرت) محمد مصطفیٰؐ پر درود

صلّی اللہ علیہ وسلّم (ع) دعا۔ صلّے اللہ علیہ وسلّم کا مخفف یعنی اُن پر خدا تعالےٰ کا درود۔ رحمت اور سلام ہو۔

صلّ وعلیٰ (ع) کلمۂ تعریف۔ سبحان اللہ۔ واہ وا۔ مرحبا۔ شاباش۔

صلا (صَلَا) (ع) مؤنث۔ پکار۔ آواز۔

صلا نہ شُد بلا شُد (ف) مثل۔ منہ کیا لگایا۔ گلے ہی پڑ گئے۔ بُلانا ہی غضب ہوگیا۔

صلائے سمرقندی (ع۔ف) مؤنث۔ وہ صلا جو دل سے نہ ہو صرف منہ جھٹلانے کے لئے ہو۔

صلاءِ عام (ع) مؤنث۔ اجازت عام۔ دعوت عام۔

صلابت (صَلَا۔ بَت) (ع) مؤنث۔ سختی۔ مضبوطی۔ استحکام۔

صلابت جنگ (ع) مذکر۔ جنگی عہدہ داروں کا خطاب۔

صلاح (صَلَاح) (ع) مؤنث (۱) نیکی۔ بھلائی۔ بہتری۔ اچھائی (۲) (و) مشورہ۔ مصلحت (۳) (و) رائے۔ تدبیر۔ تجویز (۴) (و) ارادہ۔ منشا۔

صلاح ٹھیرنا (و) تجویز ٹھہرنا۔ ارادہ ہونا۔ رائے قرار پانا۔

صلاح کار (ف) مذکر (۱) زاہد۔ متقی (۲) (و) صلاح دینے والا۔ مشیر۔ ناصح۔

صلاح کرنا (و) رائے لینا۔ ارادہ کرنا۔ تدبیر سوچنا۔

صلاح مشورہ (و) مذکر۔ تدبیر و تجویز۔ ارادہ۔ منصوبہ۔

صلاحیت (ع) مؤنث (۱) نیکی۔ بھلائی۔ بہتری (۲) پرہیزگاری۔ پارسائی (۳) (و) رسائی۔ پہنچ۔ لیاقت۔ سمجھ (۴) (و) اصلاح۔ درستی۔ نرمی (۵) (و) ملائمت۔ آہستگی۔ حلم (۶) (و) پولیس کی رپورٹ۔

صُلب (صُلْب) (ع) مذکر (۱) پشت کے مہرے۔ پیٹھ کی ہڈیاں (۲) زمین سخت و درشت (۳) خاندانی بزرگی (۴) (و) نطفہ۔ اولاد۔ نسل۔

صُلبی (ع) سگا۔ اصلی۔ حقیقی۔ نسلی۔ اپنے نطفے کا بیٹا۔

صلح (صُلْح) (ع) مؤنث (۱) میل ملاپ۔ دوستی۔ اتحاد (۲) نئے سرے سے دوستی۔ آپس کی صفائی (۳) (و) امن و امان (۴) قانون۔ باہمی اتصال۔ تصفیۂ باہمی۔

صلح دوست (ع۔ف) صلح کل۔ وہ شخص جو جھگڑے اور فساد کو پسند نہ کرے۔

صلح کرنا (و) ملاپ کرنا۔ مل جانا۔ باہم صفائی کرنا۔

صلح کُل (ع) وہ شخص جو ہر مذہب و ملت اور دوست دشمن سے یکساں برتاؤ رکھے۔ ہمہ دوست کا قائل۔

صُلح نامہ (ع۔ف) مذکر۔ صلح کا عہد نامہ۔ راضی نامہ۔

صلحا (صُلَحا) (ع) مذکر۔ صالح کی جمع۔

صلصل (صُلْ۔ صُل) (ع) مؤنث (۱) فاختہ۔ قمری (۲) حوض میں بچا ہوا پانی (۳) گھوڑے کی چوٹی۔

صلوات (صَلَوَات) (ع) مؤنث (۱) صلوٰۃ کی جمع۔ برکتیں۔ رحمتیں جو حضرت محمد صلّے اللہ علیہ وسلّم کے حق میں ہوں (۲) (و) سلام کرنا۔ رخصت کرنا (۳) باز آنا (۴) (و) (طنزاً) ہجو۔ گالی۔ دشنام۔

صَلَوَات (صلواتیں) **سنانا** (و) بُرا بھلا کہنا۔ گالیاں دینا۔

صَلَوَات ہے (و) سلام ہے۔ باز آئے۔ کچھ غرض نہیں۔

صَلَواتیں (و) مؤنث۔ صلوات کی جمع۔

صلوٰۃ (صَلَاۃ) (ع) مؤنث (۱) درود۔ رحمت خدا۔ دعا (۲) نماز۔

صَلوٰۃ التسبیح (ع) مؤنث۔ ایک خاص قسم کی نماز نفل۔

صلہ (صِلَہ) (ع) مذکر (۱) انعام۔ عطا۔ تحفہ۔ ہدیہ (۲) (و) بدلہ اجر۔ جزا۔ نیک۔

صلہ دینا (و) انعام دینا۔ بدلہ دینا۔ عوض دینا۔ اُجرت یا مزدوری دینا۔

صلیب (صَلِیب) (ع) مؤنث (۱) دار۔ سولی۔ چلیپا (۲) وہ علامت یا لکڑی کی بنی ہوئی صورت جسے بعض عیسائی ہر وقت پہنے رہتے ہیں۔

ص - م

صُمّ (صُمّ) (ع) مذکر۔ اصم کی جمع۔ بہرے جنہیں سنائی نہ دے۔

صُمٌّ بُکمٌ (ع) مذکر۔ بہرے۔ گونگے۔

صمد (صَمَد) (ع) (۱) بے نیاز۔ جو خود کسی کا محتاج نہ ہو۔ اور سب اس کے محتاج ہوں (۲) مذکر۔ خدا کا ایک صفاتی نام۔

صَمَدیّت (ع) مؤنث۔ بے نیازی۔

صَمصام (صَمْ۔ صَام) (ع) مؤنث۔ تیغ بُرّاں جس کا منہ نہ پھرے۔ مجازاً مطلق تلوار یا شمشیر۔

صمیم (صَمِیم) (ع) (۱) خالص (۲) سچا۔ مخلص (۳) مذکر۔ گودا (۴) کسی چیز کا بہترین حصہ (۵) جڑ۔ اصل (۶) اندرونی حصہ۔ دل کا نچلا حصہ (۷) بہرا جسے سنائی نہ دے۔

ص - ن

صنادید (صَنَا۔ دِید) (ع) مذکر (۱) صندید کی جمع۔ سردار۔

جرنیل۔ راجے۔ بادشاہ (۲) مصیبتیں۔ خطرات ؛

صنّاع (صَن۔ نا ع) (ع) مذکّر۔ بہت بڑا کاریگر۔ پیشہ ور ؛

صناعت (صَنا۔ عَت) (ع) مؤنّث۔ ہنر۔ کاریگری۔ دستکاری ؛

صنائع۔ (صَنا۔ ءِع) (ع) مذکّر۔ صنعت۔ صناعت اور صنیعہ کی جمع۔ کاریگریاں ؛

صنائع بدائع (ع) مذکّر۔ وہ عجیب و غریب نکات اور باریکیاں جو نظم میں ظاہر کی جائیں ؛

صندل (صَن۔ دَل) (ع) چندن۔ ایک قسم کی خوشبودار لکڑی ؛

صندل کی سی تختی (ا) (عو) نہایت صاف۔ سپاٹ۔ شفاف ؛

صندل کے چھاپے منہ کو لگے (ل) (مثل) (۱) بڑی بدنامی ہوئی (۲) الٹو ریسہ بڑا نام پایا۔ نیکنامی پائی۔ صندل گھسنے سے خوشبو آتی ہے۔ مگر تشبیہ (طنزاً) برعکس ہے ؛

صندل لگانا (ا) صندل کا اعضا پر طلا کرنا۔ اکثر درد سر کے لئے لگاتے ہیں ؛

صندلی (ف) (۱) صندل کا رنگ۔ حنائی رنگ سے مشابہ (۲) صندل کی لکڑی کا بنا ہُوا (۳) (مؤنّث) ایک قسم کی اونچی تپائی جو مخروطی شکل کی ہوتی ہے (۴) کرسی۔ چوکی۔ (۵) (مذکّر) قدرتی نامرد ؛

صندوق (صَن۔ دُوق۔ صُن دُوق) (ع۔ مذکّر) (۱) چوبی بکس پیٹی (۲) تابوت (۳۔ ل) ابھرا ہُوا۔ آگے نکلا ہُوا ؛

صندوقچہ (ع۔ ف) مذکّر۔ چھوٹا بکس ؛

صندوقچی (ا) مؤنّث۔ صندوق کی تصغیر ؛

صنعت۔ (صَن۔ عَت) (ع۔ مؤنّث) کاریگری۔ پیشہ۔ ہنر دستکاری۔ کام ؛

صنف (صِنف) (ع) مؤنّث۔ نوع۔ جنس۔ قسم ؛

صنفِ نازک (ع۔ ف) مؤنّث۔ عورتوں کا طبقہ ؛

صَنم (صَنَم) (ع) مذکّر۔ (۱) بُت۔ مورتی۔ پتلی۔ کسی چیز کا بنا ہُوا قالب بے جان (۲) (ف) پریتم۔ دلبر۔ جانی۔ پیارا۔ معشوق ؛

صنم خانہ۔ صنم کدہ (ع۔ ف) مذکّر۔ مندر۔ بُت خانہ۔ ٹھاکردوارہ

صنم کا کھیل (ل) ایک کھیل۔ چند ہم عمر لڑکے مل کر ایک جگہ بیٹھ جاتے ہیں اور دائیں جانب سے حرف الف سے ی تک سوال کرتے جاتے ہیں۔ ان میں سے ایک کہتا ہے صنم آمد دوسرا پوچھتا ہے از کجا۔ وہ کہتا ہے از احمد نگر غرض جب کوئی شخص ایک حرف کے جواب دینے میں بھی عاجز رہے تو اُسے خوب ہی شرمندہ کرتے ہیں ؛

صنم کدۂ چین (ع) (۱) چین کا مشہور بُت خانہ جہاں کے بتوں کی تعریف شعرائے فارس نے بہت لکھی ہے (۲) ایک کتاب جو سید حسین حقیقت کی تصنیف ہے ؛

صنوبر (صَنَو۔ بَر۔ صَنَوبَر) (ع) (مذکّر) (۱) چلغوزے کا درخت جو نہایت سیدھا ہوتا ہے (۲) ایک قسم کا سرو جس سے معشوق کے قد اور اس کے خرام کو تشبیہ دیتے ہیں ؛

ص - و

صواب (صَواب) (ع) مذکّر۔ راست۔ درست۔ خوب۔ بہتر۔ بہتری

صَوب (صَوب) (ع۔ مذکّر) (۱) طرف۔ سمت (۲) راستہ (۳) تجویز۔ ارادہ ؛

صوبجات (صُوبَ۔ جات) (ف) مذکّر۔ صوبہ کی جمع ؛

صُوبہ (ع) مذکّر (۱) سلطنت کا وہ حصہ جس میں بہت سے پرگنے یا اضلاع شامل ہوں (۲) لفٹنٹ گورنر۔ گورنر۔ حاکم صوبہ ؛

صُوبہ دار (ع۔ ف) مذکّر (۱) حاکم صوبہ (۲) پیادہ سپاہ کا وہ اعلیٰ ہندوستانی افسر جس کا رتبہ کپتان کے برابر ہوتا ہے

صوبہ داری (ع۔ ف) مؤنّث (۱) صوبے کی حکومت۔ نظامت (۲) صوبہ دار کا عہدہ ؛

صَوت۔ (صَوت) (ع) مؤنّث۔ بانگ۔ آواز۔ صدا۔ ندا ؛

صُور۔ (صُور) (ع۔ مذکّر) تُرئی۔ بگل۔ نفیری۔ قرنا۔ ترم ؛

صُورِ اسرافیل (ع) مذکّر۔ وہ آواز جو حضرت اسرافیل حشر کے روز ایک دفعہ مار ڈالنے کے لئے اور دوسری دفعہ جلانے کے لئے چالیس برس کے فاصلے سے نکالیں گے ؛

صورت (صُو۔ رَت) (ع۔ مؤنّث) (۱) شکل۔ چہرہ۔ مُنہ۔ مکھڑا (۲) نقش۔ تصویر (۳) خاکہ۔ ڈھانچہ (۴) حالت۔ کیفیت (۵) طرح۔ طور طریق۔ ڈھنگ (۶) تدبیر۔ تجویز (۷) مانند۔ مثل۔ مشابہ (۸) موقع۔ محل (۹) ظاہر (۱۰) بھیس۔ روپ۔ (۱۱) علامت۔ نشان (۱۲) شغل۔ کام (۱۳) مُورت۔ بُت ؛

صورت آشنا (ع۔ ف) جان پہچان۔ معمولی واقف۔ روشناس ؛

صُورت آشنا ہونا۔ یا ہو جانا (ل) صورت پہچاننا۔ جان پہچان ہو جانا ؛

صورت بنانا (ل) تصویر بنانا۔ شکل بنانا (۲) بھیس بدلنا (۳) منہ چڑانا۔ منہ بنانا (۴) خاکہ ڈھالنا (۵) غریبی اور مسکینی ظاہر کرنا۔

صورت پرست (ف) مذکّر۔ بُت پرست ؛

صورت پکڑنا (ل) شکل بننا (۲) رنگ اختیار کرنا (۳) کسی طریقہ کو قبول کرنا ؛

صورت تو دیکھو (ل) (طنزاً) کہاں تو یہ دعویٰ اور کہاں یہ شکل۔ چھوٹا منہ بڑی بات۔ اظہار نا قابلیت کے لئے کہا جاتا ہے ؛

صُورت چڑیلوں کی مزاج یا دماغ پریوں کا (ل) (مثل)

بدشکل برے داغ۔ بدصورتی پر ابسا مزاج ؛

صورت حال (ع) مؤنث۔ صورت۔ معاملہ۔ کیفیت ظاہری روئداد ؛

صورت حرام (ا) وہ چیز جو دیکھنے میں خوشنا لیکن ذائقے میں قابلِ نفرت ہو۔ ظاہری ٹیپ ٹاپ کا ؛

صورت دار (ا) (ع) خوبصورت۔ شکیل ؛

صورت گر (ع۔ ف) مذکر۔ مصور۔ نقاش ؛

صورت گری (ع۔ ف) مؤنث۔ مصوری۔ نقاشی ؛

صورت نہ شکل بھاڑ سے نکل (ا): مقولہ۔ بدصورت آدمی کی نسبت طنزاً کہتے ہیں ؛

صورت یہ ہے (ا) بات یہ ہے۔ حال یہ ہے ؛

صورتاً (ع) ظاہراً۔ بظاہر ؛

صوری (صُو۔ رِی) (ع) ظاہری ؛

صُوف (صُوف) (ع) مذکر (۱) اون۔ پشمینہ۔ کمبل (۲) ایک قسم کا دبیز پشمینے کا کپڑا (۳) وہ کپڑے کا ٹکڑا جو دوات میں سیاہی کے ساتھ رکھا جاتا ہے (۴) (ا) گوٹا بننے کا بانا ؛

صوفی (ع) مذکر (۱) پشمینہ پوش (۲) (ا) متقی۔ پارسا۔ پرہیزگار

صوفی صافی (ع) مذکر۔ فقرا کی اصطلاح میں وہ شخص جو اپنے دل کو غیر حق سے پاک صاف رکھے ؛

صوفیانہ (ع۔ ف) (۱) منسوب بہ صوفی۔ صوفیوں کا سا (۲) (۱) سادہ ؛

صوفیانہ وضع (ا) مؤنث۔ سادہ وضع۔ سادہ پن ؛

صوفیہ (ع۔ مذکر) صوفی کی جمع ؛

صولت (صَو۔ لَت) (ع۔ مؤنث) دبدبہ۔ رعب۔ ہیبت ؛

صوم (صَوْم) (ع۔ مذکر) روزہ۔ برت ؛

صوم و صلوٰۃ (ع۔ مؤنث) روزہ نماز ؛

صومعہ (صَو۔ مَعہ) (ع۔ مذکر) (۱) گرجا (ف) عبادت خانہ ؛

ص-ہ

صہبا (صَہ۔ با) (ع۔ مؤنث) ایک قسم کی لال شراب۔ سفید انگوروں کی شراب۔ مئے احمر ؛

ص-ی

صیاد (صَی۔ یاد) (ع۔ مذکر) شکاری۔ صید کرنے والا۔ چڑی مار۔ ماہی گیر ؛

صیاد اجل (ع۔ مذکر) ملک الموت۔ عزرائیل ؛

صیام (صِیام) (ع۔ مذکر) (۱) صوم کی جمع۔ روزے (۲) صائم کی جمع۔ روزہ رکھنے والے (۳) روزہ رکھنا ؛

صیانت (صِیا۔ نَت) (ع۔ مؤنث) نگہبانی۔ حفاظت۔ پاسبانی۔ بچاؤ ؛

صیحہ (صَیْ۔ حَہ) (ع۔ مذکر) سخت یا بلند آواز۔ نعرہ۔ چنگھاڑ ؛

صید (صَید) (ع۔ مذکر) (۱) شکار۔ وہ جانور جس کو شکار کریں (۲) (ا) مؤنث۔ ہم پیشہ اور ہم کار آدمیوں کی باہمی ضد اور لڑائی ؛

صید بدنا (ا) کبوتر کو پکڑ کر نہ دینے کا باہم عہد کرنا۔ ضد باندھنا ؛

صید کرنا (ا) شکار کرنا۔ پکڑنا (۲) قابو میں لانا۔ فریفتہ کرنا ؛

صیدگاہ (ع۔ ف) مؤنث۔ شکار گاہ۔ شکار کھیلنے کی جگہ ؛

صیدی (ا) مذکر۔ شکاریوں کی اصطلاح میں وہ شخص جو اپنے ہم پیشہ آدمیوں سے ضد اور لڑائی رکھے ؛

صیغہ (صِیغَہ) (ع۔ مذکر) (۱) سانچے میں ڈھلی ہوئی چیز (۲) طریقت۔ خلقت۔ اصل (۳) وہ مشتق اور منصرف کلمہ جو کسی اصل لفظ سے نکالا گیا ہو (۴) اہل تشیع میں کلمات ایجاب و قبول۔ نکاح۔ عقد (۵) (ا) محکمہ۔ شعبہ

صیغہ پرمٹ (ا سانگ) (مذکر) نمک کے محصول یا چنگی کا محکمہ ؛

صیغہ پڑھانا (ا) اہل تشیع میں نکاح پڑھانا۔ ایجاب و قبول کرانا ؛

صیغہ گردانا (ا) فعل کی گردان کرنا ؛

صیغہ ہوم (ا سانگ) (مذکر) ہوم ڈیپارٹمنٹ ؛

صیقل (صَی۔ قَل) (ع۔ مؤنث) جلا۔ صفائی۔ آب چمک ؛

صیقل کرنا (ا) جلا کرنا۔ صاف کرنا۔ چمکانا۔ آب دینا ؛

صیقل گر (ف) جلا کرنے والا۔ ہتھیار صاف کرنے اور سان چڑھانے والا ؛

صیہونیت (صَیہ۔ ہُو۔ نی۔ یَت) (ع۔ مؤنث) (۱) یہودیت (۲) یہودیوں کی عالمگیر تحریک وطن ؛

ض

ض (ضاد) مذکر (۱) عربی کا پندرھواں۔ فارسی کا اٹھارھواں۔ اور اردو کا اکیسواں حرف (۲) حساب جمل میں اس کے آٹھ سو عدد فرض کئے گئے ہیں ؛

ض-ا

ضابط (ضا-بِط) (ع) (۱) حفاظت میں رکھنے والا (۲) انتظام کرنے والا۔ منتظم۔ مدبّر (۳) حاکم۔ مالک۔ قابض (۴) پابند قاعدہ۔ محتاط (۵) بردبار۔ متحمل۔ صابر ؛

ضابطہ (ع) مذکر (۱) نگہداشت۔ قاعدہ۔ عمل درآمد۔ آئین۔ قانون۔ دستور العمل (۲) انتظام۔ بندوبست۔ ربط و ضبط

ضابطۂ تعزیری (ع۔ مذکر) سزا دینے کا قانون ؛

ضابطۂ دیوانی (ا) مذکر۔ دیوانی کا قانون۔ وہ قانون جس میں باہمی لین دین کے قواعد منضبط ہوں ؛

ضابطۂ عدالت (ع۔ ف) (مذکر) قانونی طریقہ عمل ؛

ضابطۂ فوجداری (ا) (مذکر) قانون فوجداری۔ مجرموں اور شریروں نیز جرائم کے انسداد کا دستور العمل ؛

ضابطۂ مال (ا) مذکر۔ محکمہ مال کا قانون۔ خزانہ یا مالگزاری کے متعلق قانون

ضاحک (ضا-حِک) (ع) مذکر۔ ہنسنے والا۔ ظریف ؛

ضارب (ضا-رِب) (ع) مارنے والا ؛

ضال (ضالّ) (ع) گمراہ ؛

ضامن (ضا-مِن) (ع۔ مذکر) (۱) ذمہ دار۔ وہ شخص جو کسی کی ضمانت دے۔ کفیل (۲) (ا) وہ لکڑی کی پچّڑ جو حقّے کی نے کے درمیان باندھ دیتے ہیں (۳) (ا) مایہ شیر۔ وہ دہی جس کے ذریعے سے دودھ جماتے ہیں ؛

ضامن دار (ضامن) (ا) مذکر۔ کفیل کا کفیل۔ ذمہ دار کا ذمہ دار ؛

ضامن نہ ہوجئے گرہ کا دیجئے (ا) (مثل) گرہ سے دینے میں حرج نہیں۔ مگر ضمانت دینے میں خرابی ہے ؛

ضامن نہ ہووے باپ کا یہ ضامنی گھر پاپ کا (ا) (مثل) چاہے کوئی کیسا ہی قرابتی کیوں نہ ہو ضمانت ہرگز نہ دینی چاہیئے۔ کہ ضمانت خرابی کی جڑ ہے ؛

ضامنی (ع) مؤنث۔ کفالت۔ ذمہ داری ؛

ضامنی دینا (ا) ضمانت دینا۔ کفیل یا ذمہ دار بننا ؛

ضائع (ضا-ئِع) (ع) اکارت۔ بے فائدہ۔ لا حاصل ؛

ضائع کرنا (ا) (۱) برباد کرنا۔ اڑانا (۲) بیکار اور نکما کرنا (۳) مارنا۔ قتل کرنا ؛

ضائع ہونا (ا) (۱) برباد ہونا۔ خراب ہونا (۲) مرنا۔ فوت ہونا۔ مارا جانا ؛

ضبط (ضَبط) (ع) مذکر (۱) نگہبانی۔ حفاظت۔ ہوشیاری (۲) انتظام۔ بندوبست (۳) حکومت۔ راج (۴) قید۔ پابندی (۵) (ا) قرق

ضبط کرنا (ا) (۱) روکنا۔ نگرانی کرنا۔ قرق کرنا (۲) قانون باندھنا۔ قابو کرنا (۳) پینا۔ جذب کرنا ؛

ضبط ہونا (ا) قرق ہونا۔ چھننا۔ کسی جرم میں مال و جائداد کا سرکاری ہوجانا (۲) متحمل ہونا۔ برداشت ہونا۔ بردباری ہونا ؛

ضبطی (ا) مؤنث (۱) قرقی (۲) نگرانی ؛

ضبطی جائداد یا مال (ا) مؤنث۔ دھن دولت کی قرقی ؛

ضبطی میں آنا (ا) قرق ہونا۔ چھن جانا۔ سرکاری ہوجانا ؛

ض-ح

ضحا (ضَحَا) (ع) مذکر۔ پہر دن چڑھے یا دس بجے کا وقت ؛

ضحاک (ضَحّ-حَاک) (ع۔ مذکر) (۱) بہت ہنسنے والا (۲) ایک ایرانی بادشاہ جو بڑا ظالم اور جابر گزرا ہے ؛

ض-خ

ضخامت (ضَخَا-مَت) (ع) مؤنث۔ موٹاپا۔ حجم۔ جسامت ؛

ضخیم (ضَخِیم) (ع) بڑے حجم والا۔ موٹا ۔

ض ۔ د

ضد (ضِدّ) (ع) مؤنث۔ (۱) برعکس۔ مخالف۔ خلاف (۲) (ا) دشمنی۔ عداوت۔ بغض (۳) (ا) ہٹ۔ اَڑ (۴) (ا) سینہ زوری۔ انانیت (۵) غصہ۔ کرودھ (۶) تعصب ۔

ضد باندھنا (ف) (۱) ہٹ۔ اصرار کرنا۔ ہٹ کرنا (۲) دشمنی باندھنا۔ مخالفت کرنا (۳) بحث کرنا ۔

ضد پر آنا (ف) اصرار پر آنا۔ ہٹ باندھنا۔ مخالفت پر کمر باندھنا ۔

ضد پوری کرنا (ف) اصرار کے مطابق کرنا۔ ہٹ رکھ لینا۔ کسی کے کہنے کے بموجب کر دینا ۔

ضد چڑھنا (ف) غصہ چڑھنا۔ اڑنا۔ ہٹ پر آنا ۔

ضد رکھنا (ف) دشمنی رکھنا۔ مخالفت رکھنا ۔

ضد کرنا (ف) (۱) اصرار کرنا۔ ہٹ کرنا (۲) بحث و تکرار کرنا۔ جھگڑنا ۔

ضدی (ا) (۱) بہت اصرار کرنے والا۔ متعصب۔ نہایت پیچ کرنے والا ۔

ضِدّین (ع) دو ضدیں۔ دو نقیض اور مخالف چیزیں ۔

ض ۔ ر

ضَرّاب (ضَرْ۔ رَاب) (ع) روپیہ اشرفی پر ٹھپا لگانے والا ۔

ضراب (ضِرَا بْ) (ع۔ مذکر) کسی کو تلوار مارنا ۔

ضِرار (ضِرَار) (ع۔ مذکر) (۱) ایک دوسرے کو نقصان پہنچانا (۲) (مؤنث) مدینہ میں منافقوں کی ایک قدیم مسجد ۔

ضرب (ضَرْب) (ع) مؤنث (۱) مار۔ چوٹ۔ دھکا۔ صدمہ (۲) بیان و ذکر (۳) ٹھپا۔ مُہر (۴) توپ۔ شمار۔ ظاہر کرنے کا عدد (۵) نقصان۔ گھاٹا (۶) شمشیر زنی (۷) صوفیوں کا کسی اسم یا کلمے کو خاص زور اور جھٹکے کے ساتھ پڑھنا جس سے دل پر چوٹ لگے (۸) حساب کا ایک قاعدہ

ضرب آنا (ف) (۱) چوٹ آنا۔ دھکا لگنا (۲) گھاٹا آنا ۔

ضرب اٹھانا (ف) صدمہ اٹھانا۔ نقصان گوارا کرنا ۔

ضرب المثل (ع) مؤنث۔ کہاوت۔ وہ جملہ جو مثال کے طور پر بیان کیا جائے ۔

ضرب المثل ہونا (ف) کہاوت کی طرح مشہور ہونا۔ شہرت پانا ۔

ضرب جلیبیا (ع۔ ف) مؤنث۔ ایک خاص قسم کی ضرب جو آڑی لگائی جاتی ہے ۔

ضرب خفیف (ع۔ مؤنث) ہلکی چوٹ ۔

ضرب دینا (ف) نقصان دینا۔ ضرر پہنچانا (۲) اعداد کو ہم ضرب کرنا

ضرب شدید (ع) مؤنث۔ سخت چوٹ۔ مہلک ضرب ۔

ضرب شمشیر (ع) مؤنث۔ تلوار کا زخم۔ تلوار کا ہاتھ ۔

ضرب لازب (ع۔ مؤنث) وہ چوٹ جس کا نشان اچھا ہونے کے بعد بھی قائم رہے ۔

ضرب لگانا (ف) (۱) چوٹ لگانا۔ کوٹنا۔ مارنا (۲) تلوار مارنا (۳) ٹھپا لگانا۔ چھاپ لگانا (۴) اس طرح خدا کا نام لینا یا کلمہ پڑھنا جس سے دل کو چوٹ لگے اور وہ بیدار ہو جائے ۔

ضرب مہلک (ع۔ مؤنث) ہلاک کر دینے والی چوٹ ۔

ضرر (ضَرَر) (ع) مذکر (۱) نقصان۔ خسارہ (۲) دکھ۔ تکلیف۔ صدمہ (۳) (ا) ضرب۔ چوٹ ۔

ضرر جسمانی (ا) مذکر۔ قانون۔ تکلیف جسمانی۔ جسمانی چوٹ ۔

ضرر خفیف (ع) مذکر۔ تھوڑا سا نقصان ۔

ضرر رسانی (ع۔ ف) مؤنث۔ ایذا رسانی۔ تکلیف دہی ۔

ضرر شدید (ع) مذکر (۱) بڑا بھاری نقصان (۲) دیکھو ضرب شدید۔

ضرر صریح (ع۔ مذکر) (۱) دھمکی (۲) مار پیٹ (۳) زخمی یا کسی عضو کے بیکار کرنے سے پہنچا ہوا نقصان یا چوٹ ۔

ضرغام (ضِرْ۔ غَام) (ع۔ مذکر) پھاڑنے والا شیر ۔

ضرور (ضَرُور) (ع) (۱) واجب۔ لازم۔ وہ بات جس کا ہونا فرض ہو (۲) درکار۔ مطلوب (۳) (ا) (طنزاً) بیشک بجا۔ درست (۴) (ا) البتہ (۵) (ا) مؤنث) حاجت۔ ضرورت۔ خواہش (۶) (ا) البتہ۔ لاکلام ۔

ضرور نہیں (ف) (۱) لازم نہیں (۲) درکار نہیں ۔

ضرور ہے (ا) (۱) واجب ہے (۲) درکار ہے۔ خواہش ہے ۔

ضرورت (ع) مؤنث۔ حاجت۔ خواہش۔

ضرورت ایجاد کی ماں ہے (ف) (مثل) جب کسی چیز کی ضرورت پڑے تو انسان کوئی نہ کوئی انتظام ضرور کر لیتا ہے ۔

ضرورت کا کوئی قانون نہیں (ا) (مثل) ضرورت کے وقت کسی قاعدے کی پابندی نہیں کی جاتی ۔

ضرورت کے وقت گدھے کو باپ بناتے ہیں (ا) (مثل) لاچاری کے وقت ادنیٰ لوگوں کی بھی خوشامد کرنی پڑتی ہے ۔

ضرورت مند (۱) حاجت مند۔ تنگ حال۔ مفلس ◆
ضرورتاً (ع) از روئے ضرورت۔ واجباً۔ لازماً۔ لاچار ◆
ضروری (۱) (۱) واجبی۔ لازمی (۲) ناچاری۔ مجبوری ◆
ضروریات (ع) مؤنث۔ ضروری چیزیں ◆
ضریح (ع) مؤنث (۱) قبر۔ گور۔ حوات۔ مرقد۔ مقبرہ (۲) تعزیہ ◆

ض - ع

ضِعف (ضِعف) (ع) دوچند۔ دُگنا ◆
ضُعف (ضُعف) (ع) مذکر۔ کمزوری۔ بے عقلی۔ بے ہوشی
ضعفِ باہ (ع) مذکر۔ سستی۔ کمزوری۔ نامردی ◆
ضعفِ بصارت (ع) مذکر۔ آنکھوں کی ناطاقتی ◆
ضعفِ جگر (ع۔ف) مذکر۔ کلیجے کی ناطاقتی۔ ایک بیماری
ضعفِ دل (ع۔ف) مذکر۔ دل کی کمزوری ◆
ضعیف (ع) سست۔ ناطاقت۔ کمزور۔ بوڑھا ◆
ضعیف الاعتقاد (ا) مذکر۔ وہ شخص جس کے اعتقاد میں گرمجوشی نہ ہو۔ بھولا۔ سادہ ◆
ضعیف العقل (ع) کم عقل۔ بے وقوف ◆
ضعیفہ (ع) مؤنث۔ بڑھی عورت۔ کمزور عورت ◆
ضعیفی (ع) مؤنث۔ بڑھاپا۔ پیری۔ کمزوری ◆

ض - غ

ضَغطہ (ضَغ۔ طَہ) (ع۔ مذکر) (۱) دباؤ (۲) جھٹکا (۳) بھینچنا
ضُغطہ (ضُغ۔ طَہ) (ع۔ مذکر) سختی۔ رنج۔ تنگی۔ کشمکش۔ زحمت ◆

ض - ف

ضفدع (ضِف۔ دَع) (ع۔ مذکر) مینڈک ◆

ض - ل

[illegible]

[illegible]

رعایتِ لفظی ◆
ضلع بندی (ع۔ف) مؤنث۔ صوبے کی ضلع وار تقسیم ◆
ضلع بولنا (۱) تلازمہ اور مناسبت کے ساتھ گفتگو کرنا ◆
ضلع دار (ع۔ف) مذکر (۱) نگرانِ ضلع۔ زمینداروں سے مالگزاری وغیرہ وصول کرنے والا افسر (۲) محکمہ آبپاشی کا وہ افسر جو پانی کا حساب لگاتا ہے ◆
ضلعداری (ع۔ف) مؤنث۔ ضلعدار کا عہدہ یا کام ◆

ض - م

ضَمّ (ضَمم) (ع) مذکر (۱) ملانا۔ شامل کرنا (۲) پیش کی حرکت ◆
ضماد (ضِماد) (ع) مذکر۔ لیپ۔ دوا کو نرم کر کے جسم پر لگانا ◆
ضمان (ضَمان) (ع) مذکر۔ ضامنی ◆
ضمان بعدة الثمن (ع) مؤنث۔ مالک کی طرف سے نیلام یا قیمت پوری کرنے کے لیے ضمانت ◆
ضمانت (ضَمانت) (ع) مؤنث۔ ذمہ داری۔ کفالت۔ ضامنی ◆
ضمانت حفظِ امن (ع) مؤنث۔ امن قائم رکھنے کے لئے ضمانت ◆
ضمانت داخل کرنا (۱) تحریری ضمانت۔ ضامن ہونا ◆
ضمانت نامہ (ع۔ف) مذکر۔ تحریری ضمانت۔ کفالت نامہ
ضمانتاً (ع) کفالتاً۔ بطور ضمانت ◆
ضمانتی (۱) مذکر۔ ضامن۔ ذمہ دار ◆
ضمائر (ضما۔ اِر) مؤنث۔ ضمیر کی جمع ◆
ضمن (ضِمن) (ع) مذکر (۱) قبیل۔ اندر (۲) شرکت۔ شمول (۳) (قانون) دفعہ۔ بات۔ فصل (۴) (۵) تعلق ◆
ضمناً (ع) (۱) عموماً (۲) اشارۃً۔ کنایۃً ◆
ضمّہ (ع) مذکر۔ ضم۔ پیش۔ پیش کی حرکت ◆
ضمیر (ضَمیر) (ع) مؤنث (۱) دل۔ من۔ جی۔ قلب۔ اندرونِ دل (۲) بھید۔ راز۔ پوشیدہ۔ مخفی (۳) خیال۔ اندیشہ (۴) (قواعد صرف و نحو میں) وہ مختصر اسم جس سے اسم غائب یا حاضر یا متکلم سمجھا جائے تا کہ جس اسم کو تم پہلے لے چکے ہو۔ وہ بار بار نہ لینا پڑے ◆
ضمیمہ (ضمی۔ مہ) (ع۔ مذکر) وہ شے جو کسی اور شے پر بڑھا کر لگائیں۔ تکملہ۔ پرچہ۔ تتمہ ◆

ض - و

ضَو (ضَو) (ع - مؤنّث) (۱) روشنی (۲) سورج کی روشنی ۔
ضوگُستر (ع - ف) روشن ۔
ضَوابِط (ضَوا - بِط) (ع) مذکّر - ضابطہ کی جمع - قوانین ۔

ض - ی

ضِیا (ضِیا) (ع) مؤنّث (۱) روشنی چمک - تجلّی ۔

ضیافت (ضِیا فَت) (ع) مؤنّث - مہمانی - دعوت - کھانا کھلانا
ضیافت کرنا (ف) دعوت کرنا - کھانا کھلانا ۔
ضیغم (ضے غَم) (ع - مذکّر) پھاڑنے والا - شیر - شیر ببر ۔
ضَیف (ضَیف) (ع - مذکّر) مہمان ۔
ضیق (ضِیق) (ع - مؤنّث) (۱) تنگی - کسیا (۲) مشکل - دقت (۳) کمی - کوتاہی (۴) دمے کا مرض ۔
ضیق النفس (ع) مذکّر - دمہ - سانس کا روگ - دم کا گھٹنا ۔
ضیق میں آنا یا ہونا (ا) تنگ ہونا - عاجز آنا - مشکل میں پھنسنا ۔

ط

ط (طوئے) مؤنث (۱) عربی کا سولھواں۔ فارسی کا اُنیسواں اور اُردو کا بائیسواں حرف (۲) حساب جمل میں اس کے ۹ عدد فرض کئے گئے ہیں ؛

ط-ا

طاب (طَاب) (ع) (۱) خوشبودار (۲) خوشگوار۔ نفیس (۳) صاف ستھرا ؛

طاب ثراہ (ع) دعا اس کی قبر خوشبودار ہو۔ یعنی اس کی روح کو خوشی۔ سکون اور آرام نصیب ہو ؛

طابع (طَا۔ بِع) (ع۔ مذکر) چھاپنے والا۔ پرنٹر ؛

طابق النعل بالنعل (طَا۔ بَقَ۔ نَّ عْ۔ لُ۔ بِنْ۔ نَعْ۔ لِ) (ع) (مثل) جوتی جوتی کے ساتھ مطابق ہوگئی۔ اس موقع پر بولتے ہیں جب دو شخص یا چیزیں تمام باتوں میں ایک دوسرے (دوسری) سے عین مطابق ہو جائیں ؛

طارم (طَا۔ رَم) (تارم کا معرب) (مذکر) (۱) لکڑی کا گھر۔ بالا خانہ (۲) گول چھت کا لکڑی کا مکان جو باغ میں بنایا جائے (۳) گنبد (۴) آسمان ؛

طاری (طَا۔ رِی) (ع) (۱) چھا جانے والا (۲) ہراداً مسلط ہو جانے والا ؛

طاری ہونا (ف) چھا جانا (۲) غالب آنا ؛

طاس (طَا س) (ع) مذکر (۱) پیالہ۔ طشت۔ لگن۔ تھال (۲) ایک قسم کا ریشمی کپڑا ؛

طاسہ (طَا۔ سَہ) (ع) مذکر۔ ایک قسم کا باجا۔ جو کھال منڈھ کر بنایا جاتا ہے۔ تاسہ۔ تاشہ ؛

طاسہ مرفا (۱) مذکر۔ تاشہ اور ڈھول ؛

طاعت (طَا۔ عَت) (ع) مؤنث۔ فرمانبرداری۔ عبادت بندگی ؛

طاعن (طَا۔ عِن) (ع) طعنہ دینے والا ؛

طاعون (ع) مذکر۔ ایک مشہور متعدی وبا جس میں چھاتی یا بغل یا ران کے نیچے گلٹی نکلنے سے نیزے کی انی کی سی چبھن ہوتی ہے اور آدمی کم جانبر ہوتا ہے۔ اس [illegible] ؛

طاغوت (طَا۔ غُوت) (۱) ایک بت اور دیو کا نام (۲) شیطان ؛

طاغی (طَا۔ غِی) (ع) مذکر۔ باغی۔ سرکش۔ مفسد۔ شریر ؛

طاق (طاق) (ع) مذکر۔ (۱) محراب۔ آلا (۲) (ف) فرد۔ یکتا۔ یگانہ۔ لاثانی۔ بے نظیر (۳) (۱) نادر۔ کمیاب (۴) وہ عدد جو جفت ہو جیسے ۱-۳-۵ وغیرہ ؛

طاق ابرو (ع۔ ف) مذکر۔ ابرو کی محراب ؛

طاق بھرنا (ف) (عو) مسجد یا کسی مزار کے طاق میں چراغ جلا کر پھول۔ بتاشے وغیرہ چڑھانا ؛

طاق پر رکھا رہنا (ف) کام نہ آنا۔ بیکار اور نکما رہنا ؛

طاق پر رکھنا (ف) (۱) طاق پر اٹھا رکھنا۔ الگ کرنا۔ الغط کرنا۔ خیال چھوڑ دینا (۳) بھلا دینا ؛

طاق کرنا (ف) یکتا کرنا۔ یگانہ بنانا

طاق نسیاں پر رکھنا (۱) بھلا دینا۔ یاد نہ رکھنا ؛

طاق ہونا (ف) (۱) لاثانی اور بے نظیر ہونا۔ نادر اور کمیاب ہونا (۲) جاتا رہنا۔ زائل ہونا ؛

طاقت (طَا۔ قَت) (ع) مؤنث (۱) زور۔ بل۔ قوت (۲) تاب مجال۔ جرأت۔ حوصلہ (۳) قابلیت۔ لیاقت۔ مقدور (۴) برداشت سمائی۔ بساط (۵) سلطنت۔ حکومت ؛

طاقت آزمائی (ع۔ ف) مؤنث۔ زور آزمائی۔ زور لگانا ؛

طاقت طاق ہونا (ف) زور و قوت کا عنقا صفت ہو جانا۔ بالکل طاقت نہ رہنا۔ نام کو بل نہ رہنا ؛

طاقت مہماں نداشت خانہ بہ مہماں گزاشت (ف) اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جس کے گھر میں کوئی مہمان آئے اور وہ وہاں سے نکل جائے ؛

طاقتور (ف) زور آور۔ توانا ؛

طاقچہ (ف) مذکر۔ چھوٹا طاق۔ طاق کی تصغیر ؛

طاقہ (طَا۔ قَہ) (ع) مذکر۔ ادنی یا ریشمی کپڑے کا تھان یا ٹکڑا

طاقی (طَا۔ قِی) (ف) مؤنث (۱) ایک قسم کی لمبی ٹوپی۔ سادہ (۲) (مذکر) وہ گھوڑا جس کی ایک آنکھ چھوٹی اور دوسری بڑی

ہو (۳) بیٹھا۔ کج نظر۔

طاق نہ رکھتے باقی (ا) (مثل) جس کی آنکھ میں عیب ہوتا ہے وہ کچھ رہنے نہیں دیتا یعنی سخت منحوس ہوتا ہے۔

طال (طَال) (ع) لمبا ہوا۔

طالَ عمرُہٗ (ع) خدا کرے اس کی عمر لمبی ہو۔

طالب (طا۔لِب) (ع۔ مذکّر) طلب کرنے والا۔ تلاش کرنے والا۔ خواستگار۔

طالبِ دنیا (ع۔ مذکّر) دنیا دار۔ حریص۔ لالچی۔

طالبِ دیدار (ع۔ف) (مذکّر) مشتاقِ نظارہ۔ عاشق۔ مشتاق۔

طالب زر خر۔ طالب مولےٰ اولےٰ (ف) (مثل) دولت کا چاہنے والا آدمی بے وقوف۔ گدھا۔ اور خدا کا طالب سب سے بہتر ہوتا ہے۔

طالب علم (ع۔ف) (مذکّر) متعلّم۔ مبتدی۔ علم حاصل کرنے والا۔ نوآموز۔

طالب علمی (ع) (مؤنّث) علم سیکھنے کا کام۔ شاگردی۔

طالب و مطلوب (ع) (مذکّر) عاشق و معشوق۔

طالِع (طا۔لِع) (ع۔ مذکّر) (۱) طلوع کرنے والا (۲) بخت۔ نصیبا۔ قسمت۔ اقبال۔

طالع چمکنا (ف) نصیب جاگنا۔ قسمت کھلنا۔

طالع شناس (ع۔ف) (مذکّر) جوتشی۔ نجومی۔ قسمت کا حال بتانے والا۔

طالع مند یا۔ طالع ور (ع۔ف) خوش نصیب۔ قسمت والا۔ بختاور۔

طالع وری (ع۔ف) (مؤنّث) خوش نصیبی۔ اقبال مندی۔

طالوت (طا۔لُوت) (ع۔ مذکّر) بنی اسرائیل کا پہلا بادشاہ۔

طامات (طا۔مات) (ع) (مذکّر و مؤنّث) (۱) لاف و گزاف (۲) کرامات کے اظہار میں ریاکار صوفیوں کی گپیں۔

طامع (طا۔مِع) (ع) لالچی۔ حریص۔ طمع کرنے والا۔

طاہر (طا۔ہِر) (ع) پاک۔ صاف۔ ستھرا۔

طاہری (ف) (مؤنّث) ایک قسم کا پلاؤ جو چاولوں اور بڑیوں سے پکایا جاتا ہے۔ بڑی پلاؤ۔

طائر (طا۔اِر) (ع) (مذکّر) اُڑنے والا۔ پرند۔ پکھیرو۔ چڑیا۔ مرغ۔

طائرِ قدس یا قدسی (ع) (مذکّر) (۱) پاک جہان کا پرندہ۔ فرشتہ (۲) جبرائیلؑ۔

طائف (طا۔اِف) (ع۔ مذکّر) (۱) طواف کرنے والا (۲) عرب کا ایک شہر۔

طائفہ (طا۔اِفہ) (ع۔ مذکّر) (۱) قوم۔ ذات۔ ملّت (۲) گروہ۔ جتھا۔ فرقہ۔ پنتھ۔ جماعت۔ پرا۔ غول (۳) رنڈی اور اس کے ساتھی۔ ناچنے والوں کا گروہ (۴) قافلہ۔ کارواں۔

طائفہ سجانا (ا) رنڈی یا بھانڈوں کا ناچ کرانا۔

طاؤس (طا۔ؤس) (ع۔ مذکّر) (۱) مور (۲) ایک ساز جو مور کی شکل کا بنا ہوتا ہے۔ اور سارنگی کی طرح بجایا جاتا ہے۔

طاؤسی (ع۔ف) (۱) طاؤس کا (۲) طاؤس کے رنگ کا۔

طاؤسی رقص (ع۔ مذکّر) ایک قسم کا ناچ جو مور کے ناچ سے مشابہ ہے۔

طائی (طا۔ئی) (ع) (۱) قبیلۂ طے کا (۲) حاتم کا لقب۔

ط۔ب

طب (طِب) (ع۔ مؤنّث) (۱) علم الابدان۔ جسمانی علاج کا علم (۲) حکمت۔ بیدک۔ ڈاکٹری کا علم۔

طبابت (طِبا۔بت) (ع۔ مؤنّث) بیدک۔ ڈاکٹری۔ حکمت۔ علاج و معالجہ۔

طبّاخ (طب۔باخ) (ع۔ مذکّر) رسوئیا۔ باورچی۔ کھانا پکانے والا۔

طباشیر (طَبا۔شیر) (تباشیر کا معرب) (مؤنّث) بنسلوچن۔ ایک سفید نیلاہٹ لئے ہوئے چیز جو بانس کے اندر سے نکلتی ہے۔

طبا طبا (طَبا۔طَبا) (ع۔ مذکّر) حضرت اسمٰعیل بن حضرت ابراہیم بن حضرت حسنؑ بن حضرت علی کرّم کا لقب۔

طبا طبائی (ع) حضرت اسمٰعیلؒ طبا طبا کی اولاد۔

طباع (طَبّاع) (ع) غیر معمولی ذہین۔

طباعت (طِبا۔عت) (ع۔ مؤنّث) چھپائی۔

طباعی (ع۔ مؤنّث) بے حد ذہانت۔

طباق (طَباق) (ع۔ مذکّر) (۱) بڑی رکابی۔ تھالی (۲) کھوپری کا سر۔

طباق سا منہ (ا) (مذکّر) پھیلا ہوا چوڑا چکلا منہ۔ موٹا چہرہ۔

طباقی کتّا (ا) (مذکّر) مفت خورا۔ طفیلی۔ دوسرے شخص کی روٹیاں توڑنے والا۔

طبائع (طَبا۔ئِع) (ع) (مذکّر و مؤنّث) طبیعت کی جمع۔ طبیعتیں۔

طبراق (کَث۔ بَ۔ رَاق) مذکر (۱) فقیروں کی جھولی۔ کاسۂ گدائی ؛
طبع (طَبع) (ع۔ مؤنث) (۱) طبیعت۔ فطرت۔ خلقت۔ مزاج (۲) خو۔ خصلت۔ عادت۔ سیرت (۳) ٹھپہ۔ چھاپہ۔ سکہ۔ نقش ؛
طبع آزمائی (ع۔ ف۔ مؤنث) طبیعت کی رسائی اور جودت کا امتحان ؛
طبع زاد (ع۔ ف) طبیعت سے نکلا ہوا۔ اپنی ایجاد یا اختراع۔ اپنا۔ ذاتی ؛
طبع کرنا (ا) چھاپنا۔ شائع کرنا ؛
طبعی (ع) طبع سے منسوب (۱) ذاتی۔ فطری۔ خِلقی (۲) حکمت کا ایک فن جس میں خواص اشیاء اور تحقیقات سے بحث کی جاتی ہے۔ وہ علم جس میں اجسام کے تغیر و تبدل اور ان کی خاصیت کا حال درج ہوتا ہے ؛
طبعی جغرافیہ (ا) مذکر۔ وہ جغرافیہ جس میں خشکی و تری کی بحث ہو ؛
طبق (طَبَق) (ع۔ مذکر) (۱) تھال۔ بڑی رکابی (۲) موافق۔ مطابق۔ برابر (۳) خطہ۔ ملک۔ حصہ۔ پرت (۴) (لو) ہونے کا ورق۔ پتا (۵) (ا) (عو) پریوں کی نیاز کا کونڈا دینا ؛
طبق زن (ع۔ مؤنث) چپٹی باز۔ مساحقت باز ؛
طبقات (طَبَقَات) (ع) مذکر۔ طبقہ کی جمع ؛
طبقہ (طَبَقَہ) (ع۔ مذکر) (۱) منزل۔ درجہ (۲) تہ۔ پرت (۳) لوک۔ پردہ (۴) آدمیوں کا گروہ (۵) پایہ۔ رتبہ ؛
طبقہ الٹ جانا (ا) (۱) حالت بدل جانا کسی ملک یا خطہ یا سرزمین کا تہ و بالا ہو جانا (۲) (مجازاً) کسی معاملے کا بالکل بگڑ جانا ؛
طبل (طَبل) (ع۔ مذکر) بڑا ڈھول۔ دمامہ۔ دھونسہ ؛
طبلچی (ا) طبلہ بجانے والا ؛
طبلق (طَب۔ لَق) (ع۔ مذکر) (۱) وہ کاغذ جو کاغذات کے تختے یا اخبار کے اوپر اس کے بند رہنے کے لئے لگایا جائے۔ چٹ (۲) دو طرف سے کھلا ہوا لفافہ (۳) کاغذات کا بنڈل ؛
طبلہ (طَب۔ لَہ) (ع۔ مذکر) (۱) ڈبا۔ صندوقچی (۲) چھوٹا ڈھول۔ ڈھولک۔ ایک خاص طرز کا ایک رخا باجا ؛
طبلہ بجنا۔ طبلہ ٹھنکنا۔ گھر کنا ؛
طبّی (ع) طب کا۔ ڈاکٹری اور یونانی علاج معالجہ سے متعلق ؛

طبیب (طَبِیب) (ع۔ مذکر) حکیم۔ ڈاکٹر۔ معالج۔ علاج کرنے والا۔ چارہ گر ؛
طبیعت (طَبِی۔ عَت) (ع۔ مؤنث) (۱) مزاج۔ سرشت۔ فطرت (۲) خصلت۔ عادت۔ سبھاؤ (۳) پیدائش۔ خِلقت ؛
طبیعت آنا (ا) (۱) دل آنا۔ عاشق ہونا۔ جان دینا (۲) کوئی چیز پسند آنا۔ بھانا ؛
طبیعت اُلجھنا (ا) دل گھبرانا۔ جی پریشان ہونا۔ ناگوارِ خاطر ہونا ؛
طبیعت بحال ہونا (ا) طبیعت کا درست ہونا ؛
طبیعت بگڑنا (ا) (۱) جی متلانا۔ متلی ہونا (۲) ناراض ہونا۔ دل خفا ہونا (۳) بیمار ہونا ؛
طبیعت بھر جانا (ا) دل اُکتا جانا۔ جی بھر جانا ؛
طبیعت بہلنا (ا) دل کا سیر تماشے کی طرف مصروف ہونا
طبیعت ثانیہ (ع) مؤنث۔ دوسری طبیعت۔ عادت ؛
طبیعت دار (ع۔ ف) ذہین۔ ہوشیار۔ سمجھ دار۔ عالی دماغ
طبیعت لڑانا (ا) توجہ ڈالنا۔ دل پر زور ڈالنا۔ متوجہ ہونا
طبیعت لڑنا (ا) ذہن لڑنا۔ دل کے ساتھ کسی امر کی مناسبت اور لگاؤ ہونا ؛
طبیعت لگنا (ا) جی لگنا۔ دل کا مشغول یا مصروف ہونا ؛
طبیعت ہونا (ا) (۱) دل آنا۔ جی چاہنا۔ رغبت ہونا (۲) عشق ہونا
طبیعی (طَبِی۔ عی) (ع) دیکھو (طبعی)

ط۔پ

طپاں (طَپَاں) (ف) تڑپنے والا ؛
طپانچہ (طَپَا۔ نچہ) (ف۔ مذکر) دیکھو (تمانچہ) ؛
طپنچہ (طَپَن۔ چَہ) (ف۔ مذکر) (دیکھو طمنچہ) ؛

ط۔ح

طحال (طِحَال) (ع۔ مؤنث) (۱) تلی۔ ایک عضو جو جگر کے قریب ہے (۲) تاپ تلی۔ وہ مرض جس سے تلی پھول جاتی اور اس میں درد ہوتا ہے ؛

ط۔ر

طرّہ (ا) مذکر۔ دیکھو (طُرّہ ۵) ؛

طرح جمانا (۱) (ہ) سکہ بٹھانا۔ رُعب جمانا۔ حکم چلانا ؛

طرّار (طَرْ۔رَار) (ع۔ ا) گرہ کٹ۔ جیب کترا (۲) زبان دراز۔ لسّان (۳) اُچکا۔ بدمعاش (۴)۔ (۵) چالاک۔ ہوشیار ؛

طرارا یا طرارہ (۱) مذکر۔ چھلانگ۔ جست کرنا ؛

طراری (ف) مؤنث تیزی۔ لسانی۔ چالاکی۔ چلبلاپن ؛

طرارے (۱) طرارا کی جمع ؛

طرارے بھرنا (۱) جلد جلد پڑھنا (۲) گھوڑے کا سرپٹ دوڑنا ؛

طراز (طِ۔رَاز) (معرب) مذکر۔ نقش و نگار۔ زینت ؛

طراوت (طَرَا۔وَت) (ع) مؤنث (۱) تازگی۔ سرسبزی (۲) (۱) ٹھنڈک۔ خنکی (۳) (۱) تری۔ نمی ؛

طراوت بخشنا (۱) تازگی بخشنا۔ خنکی بخشنا۔ فرحت بخشنا ؛

طرب (طَ۔رَب) (ع) مؤنث) خوشی و خرمی۔ عیش۔ شادمانی

طرب انگیز (ع۔ ف) فرحت بخش۔ اُمنگ بڑھانے والا۔

طربوش (طَرْ۔بُوش) (ف۔ مذکر) ترکی ٹوپی ؛

طرح (ع۔ مؤنث) (۱) تفریق۔ (۲) بنیاد۔ جڑ (۳) نقش کاری نقاشی۔ ڈول۔ خاکہ (۴) علیحدگی۔ جدائی (۵) (۱) طرز۔ طریق۔ ڈھنگ۔ انداز۔ وضع (۶) (۱) حال احوال۔ (۷) (۱) وہ مصرع جو اہلِ مشاعرہ آئندہ کی غزل کے لئے بطور طرز و زمین شعرا کو دیتے ہیں ؛

طرح اُڑانا (۱) وضع سیکھ لینا۔ ہو بہو نقل کرنا ؛

طرح بطرح (۱) رنگ برنگ۔ قسم قسم کا ؛

طرحدار (ع۔ ف) وضعدار۔ بانکا۔ خوبصورت۔ خوش انداز ؛

طرح دے جانا یا دینا (۱) (۱) ٹالنا۔ اغماض کرنا (۲) توجہ نہ کرنا۔ دھیان نہ دینا ؛

طرح ڈالنا (۱) بنیاد ڈالنا۔ تدبیر کرنا ؛

طرز (طَرْز) (ع) مؤنث و مذکر) (۱) ہیئت۔ شکل (۲) (۱) طور طریقہ۔ قانون۔ قاعدہ۔ روش (۳) وضع انداز (۴) (۱) عادت۔ خصلت ؛

طرز اُڑانا (۱) انداز سیکھنا۔ ڈھنگ اُڑانا۔ وضع اختیار کرنا

طرزِ تحریر یا طرزِ عبارت (ع) (مؤنث و مذکر) مضمون نگاری کا طریقہ۔ لکھنے کا ڈھنگ ؛

طرزِ کلام (ع) (مذکر و مؤنث) اندازِ گفتگو ؛

طرف (طَ۔رَف) (ع۔ مؤنث) (۱) کنارہ۔ حاشیہ۔ سِرا۔ افق (۲) جانب۔ سمت۔ پہلو۔ بازو۔ رُخ (۳) (ف) کسی چیز کا حصہ یا ٹکڑا۔ (۴) پاسداری۔ لحاظ (۵) (ف) مقابل حریف ؛

طرفِ اوّل (ع۔ مذکر) (۱) مدعی۔ مستغیث (۲)۔ مؤنث پہلی طرف ؛

طرفِ ثانی (۱) (مذکر) فریق ثانی۔ فریق مخالف۔ مدعا علیہ دوسری طرف ؛

طرفدار (ع۔ ف) (۱) ساتھی۔ مددگار۔ حمایتی (۲) مذکر کسی فریق کا آدمی۔

طرفدار ہونا (۱) حمایتی ہونا۔ مددگار ہونا ؛

طرفداری (۱) مؤنث۔ پاس۔ لحاظ۔ حمایت ؛

طرفداری کرنا (۱) پاسداری کرنا۔ حامی و مددگار ہونا ؛

طرفت یا طرفۃ (طَرْ۔فَت) (ع۔ مؤنث) آنکھ کا جھپکنا ؛

طرفۃ العین (ع۔ مؤنث) آنکھ کا جھپکنا ؛

طرفگی (طُرْ۔فَگی) (ف۔ مؤنث) عمدگی۔ خوبی ؛

طرفہ (طُرْ۔فَہ) (ع) (۱) نیا۔ (۲) انوکھا۔ عجیب (۳) عمدہ ؛

طرفہ تماشا (۱) مذکر۔ عجیب و غریب تماشا۔ نیا کھیل ؛

طرفہ گل پھولنا (۱) کسی عجیب یا انوکھی بات کا ظہور ہونا۔ نئی بات ہونا ؛

طرفہ ماجرا (۱) مذکر۔ انوکھا واقعہ۔ نئی بات

طرفہ معجون (ع) مذکر۔ (۱) وہ چیز جو عجیب و غریب اجزا سے مرکب ہو (۲) عجیب آدمی (۳) عجیب سرشت و خصلت کا آدمی (۴) احمق ؛

طرفہ یہ ہے (۱) حیرت یہ ہے۔ تعجب یہ ہے ؛

طرفین (طَرَ۔فَین) (ع۔ مذکر) مقدمے کے دونوں فریق

طرّہ (طُرْ۔رَہ) (ع۔ مذکر) (۱) زلف کا بل (۲) ماتھے کے بل (۳) وہ پھندنا جو پگڑی کے اوپر لگاتے ہیں (۴) پگڑی کا اوپر کا سرا جو باہر نکلا رہتا ہے (۵) تاج جانور کے سر کی چوٹی۔ (۶) (۱) اضافہ۔ علاوہ۔ فائق (۷) انوکھا۔ عجب ہونا (۸) مکان کا چھجا (۹) کوٹھا۔ تہ خانہ (۱۰) ہر چیز کا کنارہ (۱۱) عجیب۔ انوکھا (۱۲) (ف) انوکھی بات (۱۳) خوبی۔ عمدگی (۱۴) جال۔ پھندا (۱۵) بھنگ کی چسکی یا گھونٹ۔

طرّہ چڑھانا (۱) بھنگ پینا۔ سبزی پینا ؛

طرّہ ہونا (۱) اصل سے بڑھ کر بیان ہونا (۲) فائق ہونا۔ (۳) عجیب اور انوکھا ہونا (۴) زیادہ ہونا۔ بڑھنا ؛

طرّہ ہے (۱) زیادتی ہے ؛

طریق (طَ۔رِیق) (ع۔ مذکر) (۱) راہ۔ راستہ (۲) مذہب۔ شریعت (۳) طرز۔ روش۔ ڈھنگ۔ طریقہ (۴) رسم۔ رواج۔ دستور (۵) آئین و دین۔ قانون مذہب (۶) طریقہ ترکیب

طریقِ استحصالِ جائداد (ع۔ ف) (مذکر) جائداد حاصل کرنے کا طریقہ ؛

طریق الشمس (ع) مذکر۔ وہ دائرہ جو زمین کے مدار سے منطبق کیا ہوتا ہے اور آفتاب کا اس پر گزر رہتا ہے ۔

طریقت (طَرِی۔قَت) (ع) مؤنث (۱) راستہ (۲) مذہب (۳) تزکیۂ باطن ۔

طریقہ (طَرِی۔قَہ) مذکر (۱) دیکھو (طریق) (۲) قاعدہ ترکیب۔ گر ۔

ط۔ش

طشت (طَشت) (ع) (مذکر) بڑا تھال۔ لگن۔ پرات ۔

طشت ازبام (ف) ظاہر۔ عیاں۔ عام مشہور ۔

طشت ازبام ہونا (۱) رسوا ہونا۔ بدنام ہونا (۲) مشہور ہونا۔ الم نشرح ہونا۔ برائی کے ساتھ ظاہر ہونا۔ راز فاش ہونا ۔

طشت چوکی (ا) مؤنث۔ وہ چوکی جس کے اوپر بیٹھ کر پاخانہ پھرتے ہیں اور اس کے نیچے ایک ظرف رکھا جاتا ہے ۔

طشتری (ا) مؤنث چھوٹی رکابی۔ بیہ چ ۔

ط۔ع

طعام (طَعام) (ع۔ مذکر) کھانا۔ غذا۔ بھوجن ۔

طعم (طَعم) (ع۔ مذکر) مزہ۔ لذت۔ ذائقہ ۔

طعم (طُعم) (ع۔ مذکر) طعام۔ خوراک ۔

طعمہ (طُع۔مَہ) مذکر (۱) روزی۔ رزق (۲) شکاری پرندوں کا کھاجا۔ (مجازاً) (۳) لقمہ۔ نوالہ ۔

طعن (طَعن) (ع۔ مذکر) (۱) نیزہ مارنا (۲) طعنہ۔ طنز۔ سرزنش ۔

طعن پیوسن (ا) مؤنث (۱) عورطعنہ مہنا۔ لعن طعن۔ ملامت۔ طنز

طعن تشنیع (ع) مؤنث۔ طعنہ۔ مہنا۔ چھیڑ چھاڑ ۔

طعن توڑنا (ا) طنز کرنا۔ طعنہ دینا ۔

طعنہ (ع۔ مذکر) (دیکھو طعن ۲)

طعنہ تشنہ (ا) مذکر (تشنہ تشنیع کا مخرب ہے) بُرا بھلا۔ لعنت ملامت ۔

طعنہ دینا (ا) ملامت کرنا۔ چھیڑنا۔ بولی مارنا ۔

طعنہ زنی (ع۔ ف) مؤنث۔ عیب گیری۔ چھیڑ ۔

طعنہ مارنا (ا) (عو) طعنہ زنی کرنا۔ آوازہ کسنا ۔

طعنہ مہنا (ا) مذکر۔ بُرا بھلا۔ چھیڑ چھاڑ۔ طعن تشنیع ۔

طعنے (ا) مذکر۔ طعنہ کی جمع ۔

طعنے تشنے (ا۔ مذکر) طعنہ تشنہ کی جمع ۔

طعنے تشنے دینا یا سنانا (ا) بُرا بھلا کہنا ۔

طعنے مہنے (ا) مذکر۔ طعنہ مہنا کی جمع ۔

ط۔غ

طُغرا (طُغ۔را) (ت) مذکر۔ پیچیدہ خط۔ وہ خط جس میں اپنا نام یا کوئی خاص نشان اوپر چھپا ہو (۲) شاہی مہر

طغرل (طُغ۔رَل) (ت۔ مذکر) خاندان سلجوق کا پہلا بادشاہ ۔

طغیان (طُغ۔یان) (ع۔ مذکر) حد سے بڑھ کر زیادتی۔ ظلم ۔

طغیانی (ع۔ مؤنث) (۱) سرکشی۔ بغاوت۔ حد سے بڑھنا (۲) سیلاب۔ دریا کا چڑھاؤ (۳) زیادتی۔ افزونی ۔

ط۔ف

طفل (طِفل) (ع۔ مذکر) (۱) بچہ۔ لڑکا (۲) شیرخوار۔ دودھ پیتا۔ نادان

طفل شیرخوار (ع۔ ف) مذکر۔ دودھ پیتا بچہ۔ معصوم بچہ ۔

طفل صحیح النسب (ع۔ مذکر) حلال کا لڑکا ۔

طفل مکتب (ع۔ مذکر) (۱) مبتدی۔ طالب علم (۲) ناتجربہ کار۔ نوآموز ۔

طفلی } (ع۔ مذکر، مؤنث (۱) لڑکپن۔ بچپن کی عمر
طفولیت } (۲) نادانی ۔

طفیل (ع۔ مذکر) ذریعہ۔ وسیلہ۔ بدولت ۔

طفیلی } (ع) دوسروں کے طفیل گزارہ کرنے والا ۔
طفیلیا } پچھلگو ۔

ط۔ل

طِلا (طِلا) (ع) (۱) سونا۔ زر سرخ (۲) اصطلاح طب میں وہ خاص روغن جو سستی کے مرض کے لئے لگاتے ہیں ۔

طلا (طِلا) (ا۔ مذکر) سونے کے تار۔ کلابتون ۔

طُلاب (طُل۔لاب) (ع۔ مذکر) طالب کی جمع۔ طالب علم۔ مبتدی ۔

طلاق (طَلاق) (ع) مؤنث (۱) عورت کا قید نکاح سے آزاد ہونا (۲) آزادگی (۳) روانی۔ کشادگی ۔

طلاق بائن (ع- مؤنث) طلاق کا دوسرا درجہ ؛
طلاق دینا (ا) زوجہ کو چھوڑنا۔ قانونِ مذہب کے مطابق بیوی سے قطع تعلق کرنا ؛
طلاق رجعی (ع- مؤنث) طلاق کا پہلا درجہ ؛
طلاق کنایہ (ع- مؤنث) اشارے سے دی ہوئی طلاق
طلاق لینا (ا) خاوند کو چھوڑ دینا۔ خاوند سے آزادی حاصل کرنا۔ خلع ؛
طلاق مغلظہ (ع- مؤنث) تیسرا درجہ یعنی قطعی طلاق
طلاق نامہ (ع- ف) مذکر۔ طلاق حاصل کرنے یا ہونے کی دستاویز ؛
طلاقت (طَلا- قَت) (ع- مؤنث) تیز زبانی۔ چرب زبانی۔ فصاحت ؛
طلاقن (ا) مؤنث۔ مطلقہ۔ وہ عورت جسے طلاق مل چکی ہو ؛
طلائی (ع- ف) سونے کا۔ زریں۔ سنہرا۔ سنہری ؛
طلایہ (طَلا- یَہ) (ف) مؤنث (۱) دورند۔ گشت (۲) سپاہیوں کا وہ گروہ جو رات کو شہر یا اپنے لشکر کی چوکسی کرے ؛
طلب (طَلَب) (ع- مؤنث) (۱) تلاش۔ جستجو (۲) درخواست۔ التجا۔ آرزو۔ تمنّا (۳) (ا) عادت۔ لت دھت (۴) بلاوا۔ طلبی (۵) (ا) ماہانہ۔ تنخواہ ؛
طلب بانٹنا (ا) تنخواہ تقسیم کرنا ؛
طلب بجھانا (ا) خواہش مٹانا۔ آرزو پوری کرنا ؛
طلبدار (ا) مذکر (۱) کسی چیز کا خواہش مند (۲) تنخواہ دار
طلب کرنا (ا) (۱) بلانا (۲) مانگنا۔ دعوے کرنا ؛
طلبگار (ف) خواہش مند۔ متلاشی ؛
طلب نامہ (ا) مذکر۔ سمن۔ حاضر عدالت ہونے کا سرکاری پروانہ
طلبانہ (ا) مذکر۔ قانون۔ کسی گواہ کا سر جانہ اور وہ رقم جو گواہ کی طلبی کی بابت یا چپڑاسی کی فیس سمجھ کر لی جائے ؛
طلبہ (طَلَبَہ) (ع- مذکر) طالب کی جمع۔ طلب کرنے والے۔ مبتدی۔ طالب علم ؛
طلبی (ا) مؤنث۔ بلاوا۔ طلب ؛
طلبی ہونا (ا) حاضر ہونے کا حکم ہونا۔ سمن جانا ؛
طلسم (طِلِسم) (ع- مذکر) (۱) جادو کا عجیب و غریب تماشا (۲) وہ عجیب یا ڈراؤنی صورت جو دفینوں یا خزانوں پر اس لئے بنا دیتے ہیں کہ غیر شخص کا ہاتھ نہ پہنچے (۳) منتر۔ جادو۔ ٹونا (۴) عجیب و غریب بات۔ حیرت میں ڈالنے والی بات (۵) (ا) وہ علم جو محض خیالات موہومہ کو بہ شکل عجیب و غریب نظر میں لائے
طلسم باندھنا (ا) کوئی عجیب و غریب بات کر کے دکھانا انوکھی بات کرنا ؛
طلسمات (ع) مذکر۔ طلسم کی جمع ؛
طلسمائی (ا) (۱) آفت کا پرکالہ (۲) جادو کا ؛
طلعت (طَل- عَت) (ع- مؤنث) (۱) نظارہ۔ دیدار (۲) صورت۔ شکل۔ چہرہ ؛
طلوع (طُلُوع) (ع- مذکر) چاند یا سورج کا نکلنا۔ نکلنا۔ بلند ہونا ؛
طلوع ہونا (ا) سورج نکلنا۔ چاند نکلنا ؛

ط-م

طمّاع (طَم- مَاع) (ع) بہت لالچی ؛
طمانچہ (طَمان- چَہ) (ا) مذکر۔ تھپّڑ۔ لپّڑ۔ ہاتھ کا تھپّڑ جو کسی کے رخسارے پر لگائیں ؛
طمانچے سے منہ لال رکھنا (ا) صاحب غیرت ہونا۔ باوجود افلاس کے چہرے کی سرخی برقرار رکھنا ؛
طمانچے سے منہ لال کرنا (ا) تھپّڑ مار کر منہ لال کرنا ؛
طمانچہ مارنا (ا) تھپّڑ لگانا ؛
طمانیت (طما- نی- یت) (ع- مؤنث) اطمینان۔ دلجمعی۔ تسلّیِ دل ؛
طمطراق (طم- طراق) (ف) مذکر۔ شان و شوکت۔ دھوم دھام۔ کروفر ؛
طمع (طَمَع) (ع- مؤنث) (۱) لالچ۔ حرص (۲) خواہش۔ چاہ ؛
طمع خام (ع- ف) مؤنث۔ ناممکن بات کی تمنا۔ تمنّائے محال۔ حاصل نہ ہو سکنے والی آرزو ؛
طمع را سہ حرف است ہر سہ تہی ست (ف) مثل۔ طمع کے تین حرف ہیں اور تینوں نقطوں سے خالی ہیں۔ لالچی آدمی کو کچھ نہیں ملتا ؛
طمنچہ (طَمن- چہ) (ا) مذکر (۱) چھوٹی سی بندوق۔ پستول (۲) (زنخیز) کسبی۔ باکرہ۔ کنواری ؛

ط-ن

طناب (طَناب) (ع) مؤنث۔ خیمے کی رسّی (۲) رسّی۔ ڈوری
طنابیں (ا) مؤنث۔ طناب کی جمع۔ رسّیاں۔ ڈوریاں ؛
طنّاز (طَن- نَاز) (ع) طنز کرنے والا۔ شوخ۔ بیباک۔ چالاک۔ مطربہ

طنبورا (ا) مذکر۔ دیکھو "طنبورہ" ۔
طنبور۔ طنبورہ (طَن۔ بُور۔ بُو۔ رَہ) (ف۔ مذکر) دیکھو "تنبور۔ تنبورہ" ۔
طنز (طَنز) (ع۔ مؤنث) (۱) ٹھٹھا۔ تمسخر۔ تشنیع (۲) رمز کے ساتھ بات کرنا (۳) طعنہ۔ طعنا۔ آوازہ۔ آوازہ ۔
طنزاً (ع) مذکر۔ رمزاً۔ اشارۃً۔ کنایۃً۔ طعنے سے۔ بنظر حقارت ۔
طنطنہ (طَن۔ طَنَہ) (ع۔ مذکر) (۱) طنبور اور بربط وغیرہ کی آواز۔ نقارہ۔ نوبت یا دمامہ کی آواز (۲) کرّ و فر۔ دھوم دھام (۳) دبدبہ۔ رعب داب (۴) (ل) (مجاز) غصہ۔ بد مزاجی (۵) (ل) غرور۔ تکبّر۔ تمکنت (۶) (ل) آن بان
طنطنہ دکھانا (ا) (ع) حکومت دکھانا۔ تحکّم جتانا۔ اترانا

ط - و

طواف (طَواف) (ع۔ مذکر) (۱) گرد پھرنا (۲) کسی بزرگ یا مقدس مقام کے گرد پھرنا ۔
طواف کرنا (ا) (۱) گرد پھرنا۔ کعبہ کے چاروں طرف گھومنا ۔
طوالت (طَوا۔ لَت) (ع۔ مؤنث) (۱) طول۔ درازی۔ لمبائی (۲) زیادتی۔ افزونی ۔
طوائف (طَوا۔ ئِف) (ع) مذکر۔ طائفہ کی جمع (۱) گروہ (۲) (ل) مؤنث۔ ناچنے والی عورت۔ رنڈی۔ کسبی ۔
طوائف الملوکی (ع۔ مؤنث) (۱) ہلچل۔ کھلبلی۔ غدر۔ بد انتظامی۔ اندھیر (۲) بادشاہوں کی بدنظمی اور نا اتفاقی کے سبب نقض امن ۔
طوبیٰ (طُو۔ بیٰ) (ع) (۱) نہایت خوشبودار (۲) بہشت کا درخت جس کی شاخیں ہر جنتی کے مکان پر چھائی ہوئی ہوں گی۔ اور اس میں سے طرح طرح کے میوے اتریں گے ۔
طُور (طُور) (ع۔ مذکر) کوہ سینا۔ ایک مقدس پہاڑی حضرت موسیٰ کلیم اللہ اسی پہاڑی پر چڑھ کر جناب باری سے احکام اور تجلی پاتے تھے ۔
طَور (طَور) (ع) مذکر (۱) یکبار (۲) حد (۳) بنیاد (۴) طرف (۵) (ل) طرز۔ روش۔ طرح۔ ڈھنگ (۶) (ل) گت۔ حالت۔ رنگ۔ ڈھنگ (۷) (ل) قسم۔ نوع ۔
طَور بے طَور ہونا (ا) (۱) حال بے حال ہونا (۲) قریب مرگ ہونا (۳) ابتر حالت ہونا (۴) موقع بے موقع ہونا ۔

طور طریق (ا) مذکر۔ رنگ ڈھنگ۔ چال چلن۔ رویہ۔ برتاؤ
طوس (طُوس) (ع۔ مذکر) (۱) خراسان کا ایک شہر جہاں فردوسی شاعر گزرا ہے (۲) ایک قسم کا نہایت ملائم اور ملدار اونی کپڑا ۔
طوسی (ف) (۱) طوس کا۔ طوس کا رہنے والا (۲) مذکر۔ کرنجی یا بینگنی رنگ ۔
طوطک (طُو۔ طَک) (ف۔ مذکر) (۱) طوطا (۲) (مؤنث) الغوزہ
طوطا (طُو۔ طا) (ا۔ مذکر) طوطا اور اس کے متعلق تمام الفاظ و محاورات دیکھو "توتا" کے ذیل میں ۔
طوطی (طُو۔ طی) (ف۔ مذکر) طوطی اور اس کے متعلق دیکھو "توتی" کے ذیل میں ۔
طوطیا (طُو۔ طِیا) (ف) مذکر (۱) نیلا تھوتھا (۲) (ل) تہمت بہتان ۔
طوع (طَوع) (ع۔ مؤنث) (۱) رضامندی۔ رغبت (۲) فرماں برداری۔ اطاعت (۳) دل کی خوشی ۔
طوعاً (طَو۔ عَن) اپنی خوشی اور رضامندی سے ۔
طوعاً و کرہاً (ع) چار و ناچار۔ جبراً و قہراً۔ خواہ مخواہ رضامندی و نارضامندی سے ۔
طَوف (طَوف) (ع۔ مذکر) (۱) طواف کرنا۔ گرد پھرنا (۲) کعبے کے گرد پھرنا (۳) حج ۔
طوفان (طُو۔ فان) (ع) مذکر (۱) غرق کر دینے والی بڑی سیلاب۔ طغیانی۔ چڑھاؤ (۲) آندھی۔ نہایت شدت کی ہوا (۳) شدّت کی بارش (۴) وبا۔ مری (۵) بے حد کمال۔ نہایت (۶) پانی کی ایسی افراط جو تمام ملک کو غرق کر دے (۷) کار عظیم۔ بڑا بھاری کام (۸) (ل) غضب قیامت۔ کلمۂ تعریف بھی ہے (۹) (ل) (مجاز) تہمت۔ الزام (۱۰) (ل) غل۔ شور (۱۱) (ل) فساد۔ بلوہ۔ ہنگامہ۔ جھگڑا۔ لڑائی (۱۲) (ل) واویلا۔ ہائے ہائے۔ ماتم۔ کہرام (۱۳) آفت۔ مصیبت۔ بلا ۔
طوفان آنا (ا) آندھی آنا۔ سیلاب آنا۔ شدّت سے مینہ برسنا
طوفان اٹھانا (ا) (۱) الزام دھرنا۔ بہتان دھرنا (۲) فساد کھڑا کرنا۔ آفت مچانا (۳) نہایت غل شور مچانا۔ واویلا کرنا
طوفان اٹھنا (ا) (۱) تہمت لگنا۔ الزام لگنا (۲) سیلاب آنا۔ زور آنا۔ آندھی آنا ۔
طوفان باندھنا (ا) (۱) بدنام کرنا۔ تہمت لگانا (۲) کسی بات کو مبالغہ سے بیان کرنا ۔
طوفان برپا کرنا (ا) (۱) جھگڑا اٹھانا (۲) غل شور مچانا۔

(۲) پانی چڑھانا ۔

طوفان جوڑنا (ا) جھوٹا الزام لگانا ۔ بہتان باندھنا ۔

طوفان شیطان (ا) مذکر ۔ فتنہ و فساد تہمت و بہتان ۔

طوفان شیطان اللہ نگہبان (ا) (مثل) شیطانی تہمت اور شیطانی بہتان سے خدا محفوظ رکھے ۔ طوفان اور شیطان سے اللہ بچائے ۔

طوفان کھڑا کرنا (ا) دیکھو طوفان اٹھانا ۔

طوفان میں آنا (ا) باد مخالف یا پانی کی طغیانی کے سبب تلاطم میں آنا ۔

طوفان نوح (ع) وہ عظیم الشان طوفان جو حضرت نوح ؑ کے زمانے میں آیا تھا جس میں تمام عالم غرق آب ہو کر خلق خدا غرقاب ہو گئی تھی ۔

طوفانی (ا) (۱) وہ شخص جو ہر ایک پر تہمت دھرے ۔ جھوٹا ۔ مفتری (۲) فسادی ۔ شریر ۔ فتنہ (۳) آفت ۔ بلا ۔ غضب آفت کا پرکالہ (۴) دھواں دھار ۔

طوق (طَوق) (ع) مذکر (۱) گردن بند ۔ حلقہ ۔ وہ بھاری حلقہ جو مجرموں کے گلے میں ڈالتے ہیں (۲) ایک قسم کا جھنڈا جس پر تیغے کی شکل بنی ہوتی ہے (۳) (ا) پٹا ۔ چپراس (۴) وہ گول نشان جو بعض پرندوں کے گلے میں قدرتی طور پر ہوتا ہے (۵) (ا) گلوبند ۔ ہار ۔ ایک قسم کا زیور ۔

طول (طُول) (ع ۔ مذکر) لمبائی ۔ درازی ۔

طول امل (ع) مذکر ۔ امید کی درازی ۔ لالچ ۔ لوبھ ۔

طول بلد (ع) مذکر ۔ شہر یا ملک کا وہ فاصلہ جو نصف النہار کے خطوط سے معلوم کیا جائے ۔

طول پکڑنا (ا) بڑھ جانا ۔ کسی بات یا معاملے کا لمبا ہو جانا ۔

طول دینا (ا) بہت بڑھانا ۔ دراز کرنا ۔

طول کلام (ع) مذکر ۔ بات کا بتنگڑ ۔ زیادہ گوئی ۔ بات کو بڑھانا ۔

طول کھینچنا (ا) دیر لگنا ۔ عرصہ گزرنا ۔ مدت لگنا ۔

طولا ۔ طولیٰ (طُو ۔ لا) (ع) پورا ۔ کامل ۔

طولاً (ع) لمبائی میں ۔ درازی میں ۔

طولانی (طُو ۔ لا ۔ نی) (ع) بہت لمبا ۔

طومار (ع) مذکر ۔ بہت بڑا خط (۲) (ا) ڈھیر ۔ تودہ (۳) (ا) کاغذات کا مٹھا (۴) جھوٹ ۔ طوفان ۔ بہتان ۔

طومار باندھنا (ا) جھوٹ کا پل باندھنا ۔ چھوٹی سی بات کو بڑھا کر بیان کرنا (۲) لمبا قصہ چھیڑنا ۔

طویل (طَوِیل) (ع) دراز ۔ لمبا (۲) اشعار کی انیس بحروں میں سے ایک ۔

طویلہ (طَوِیلہ) (ع) مذکر ۔ اصطبل ۔ تھان ۔ گھوڑے باندھنے کی جگہ ۔

طویلے کی بلا بندر کے سر (ا) (مثل) ہر مصیبت و ذلت منحوس و کمزور ہی کے سر پڑتی ہے قصور کسی کا اور مارا کوئی جائے ۔ غریب پر سب کا زور چلتا ہے ۔

ط ۔ ہ

طٰہٰ (طا ۔ ہا) (ع) مؤنث (۱) قرآن کریم کی ایک سورۃ (۲) حضرت آنحضرت ؐ کا اسم مبارک ۔

طہارت (طَہا ۔ رَت) (ع) مؤنث (۱) صفائی ۔ پاکی (۲) وضو ۔ استنجا ۔

طہارت کرنا (ا) ہاتھ دھونا ۔ آبدست لینا ۔

طہر (طُہر) (ع) عورت کا حیض سے پاک ہونا ۔

طہور (طَہُور) (ع) پاک ۔ پوتر ۔

ط ۔ ی

طے (طَے) (ع) مؤنث ۔ عرب کا ایک قبیلہ جس میں حاتم طائی بڑا نامی سخی گزرا ہے ۔

طے کرنا (ا) (۱) لپیٹنا ۔ تہ کرنا (۲) فیصلہ کرنا ۔ بیباق کرنا (۳) ختم کرنا (۴) قطع منزل کرنا (۵) تصفیہ کرنا ۔ جھگڑا چکانا ۔

طیار (طَی ۔ یار) (ع) (۱) نہایت اڑنے والا (۲) آمادہ ۔ مستعد ۔ لیس (۳) حضرت جعفر بن ابی طالب کا لقب ۔

طیارہ (طَی ۔ یا ۔ رَہ) (ع ۔ مذکر) ہوائی جہاز ۔

طیب (طِیب) (ع ۔ مؤنث) (۱) خوشی ۔ رضامندی (۲) خوشبو

طیب (طَی ۔ یِب) (ع ۔ مذکر) (۱) پاک ۔ حلال (۲) اچھا ۔ نفیس (۳) لذیذ ۔ خوشگوار (۴) آنحضرت کے ایک صاحبزادے ۔

طیبات (طَی ۔ یِبات) (ع ۔ مؤنث) (۱) پاک عورتیں (۲) خوشیاں (۳) نیک نام ۔

طیبہ (طَی ۔ یِبَہ) (ع) پاک ۔

طیبہ (طے ۔ بَہ) (ع ۔ مذکر) مدینہ منورہ ۔

طیر (طَیر) (ع) مذکر ۔ پرند ۔ پکھیرو ۔ اڑنے والا جانور ۔

طیش (طَیش) (ع ۔ مذکر) (۱) خفت ۔ سبکی ۔ بے عقلی (۲) غصہ ۔ جوش ۔ غضب ۔ کرودھ ۔ قہر ۔

طیش دلانا (ا) غصہ دلانا ۔ بھڑکانا ۔ برافروختہ کرنا ۔

طیش میں آنا (ا) غصے میں بھرنا ۔ جوش میں آنا ۔ غضبناک ہونا ۔

طیلسان (طے ۔ لِسان) (ع ۔ مذکر) کندھے پر ڈالنے کی چادر ۔

طینت (طِی ۔ نَت) (ع ۔ مؤنث) خمیر ۔ سرشت ۔ خلقت ۔ اصل پیدائش ۔ عادت ۔ خصلت ۔

طیور (طُیُور) (ع ۔ مذکر) طیر کی جمع پرندے ۔

ظ

ظ (ظوے) (ع - مؤنث) (۱) عربی کا سترھواں - فارسی کا بیسواں اور اردو کا تیئیسواں حرف (۲) حساب جمل میں اس کے ۹۰۰ عدد فرض کئے گئے ہیں۔

ظ - ا

ظالم (ظا-لِم) (ع - مذکر) (۱) اندھیر کرنے والا - مردم آزار - ظلم کرنیوالا - ستمگر (۲) غیر منصف - دل آزار (۳) زور آور - زبردست (۴) جاہل - وحشی (۵) شریر - بدذات (۶) شوخ - بے باک (۷) سفاک - معشوق ۔

ظالم کا پنڈا ہی نرالا ہے (۱) مثل - ظالم سب سے جدا طریق رکھتا ہے ۔

ظالم کی داد خدا کے گھر (۱) مثل - زبردست زور آور کے ظلم کا انصاف خدا ہی کرے گا - غریب کی کیا پیش جائے گی ۔

ظالم کی رسّی دراز ہے (۱) مثل - ظالم کو مہلت بہت ملتی ہے ۔

ظالم کی عمر کوتاہ ہے (۱) مثل - ظالم مدّت تک نہیں جیتا۔

ظالمانہ (ع - ف) (۱) ظلم سے بھرا ہوا (۲) ظالم کے طریقے پر - ظالم کی طرح ۔

ظالم مظلوم نما (ع - ف) (۱) ظاہر میں نرم اور باطن میں سخت (۲) معشوق کی آنکھ ۔

ظالمی (ع - ف) (مؤنث) ظلم

ظاہر (ظا-ہِر) (ع) آشکارا - عیاں - روشن - واضح - کھلا ہوا - ہویدا - (۲) باطن کا نقیض ۔

ظاہر بین یا ظاہر پرست (ع - ف) ظاہر دار - ظاہری حالت پر نظر رکھنے والا ۔

ظاہر پیر (۱) مذکر - خاکروبوں کا مرشد ۔

ظاہر دار (ع - ف) دکھاوے کا برتاؤ کرنیوالا - منافق - مکّار ۔

ظاہر داری (۱) مؤنث دکھاوا - نمائش - نمود - تکلّف ۔

ظاہر داری برتنا (۱) دکھاوے کی باتیں کرنا - تکلّف سے پیش آنا - تکلّف کرنا ۔

ظاہر رحمٰن کا باطن شیطان کا (۱) مثل - ظاہر اچھا - باطن بُرا - اس شخص کے حق میں بولتے ہیں - جس کا ظاہر اچھا اور باطن بُرا ہو ۔

ظاہر کرنا (۱) کھولنا - اِفشا کرنا - بھید کھولنا (۲) اشتہار دینا - مشتہر کرنا (۳) تشریح کرنا - وضاحت کرنا ۔

ظاہر و باطن (ع - مذکر) اندر باہر - باہر بھیتر ۔

ظاہراً (ع) بظاہر - دیکھنے میں - جہاں تک خیال کریں ۔

ظاہری (ف) (۱) دکھاوے کا - (۲) بدیہی کھلا ہوا ۔

ظ - ر

ظرافت (ظرا-فت) (ع - مؤنث) (۱) دانائی زیرکی (۲) خوش طبعی - دل لگی - مذاق - تمسخر - چھیڑ خانی ۔

ظرافتاً (ع) ہنسی سے - مزاح سے - دل لگی سے ۔

ظرف (ظَرف) (ع) مذکر (۱) دانائی - زیرکی (۲) برتن - بھانڈا - ہانڈی - دیگچی (۳) (ت - ا) حوصلہ - سمائی (۴) صرف و نحو میں وہ اسم ذات جو جگہ یا وقت کے معنوں پر دلالت کرے ۔

ظرفِ آفتاب (ع) مذکر - (لکھنؤ) شراب کا پیالہ - گلاس۔

ظرفِ زمان (ع - ف) مذکر - صرف و نحو میں وہ اسم جس میں زمانہ یا وقت پایا جائے - اسم زمان ۔

ظرفِ مکان (ع) مذکر - وہ اسم جس میں مکانیت پائی جائے - اسم مکان ۔

ظروف (ظُروف) (ع) مذکر - ظرف کی جمع ۔

ظریف (ظَریف) (ع) مذکر - لطیفہ گو - بذلہ سنج - خوش طبع - دل لگی باز ۔

ظریفانہ (ع - ف) (۱) ظرافت کا (۲) ظریف کی طرح ۔

ظ - ف

ظفر (ظَفَر) (ع) مؤنث (۱) فتح مندی - نصرت - فتح - جیت (۲)

کشائش۔ خوش نصیبی۔ کامیابی (۳) ہندوستان کے آخری تاجدار ابوظفر سراج الدین کا تخلص ۔
ظفر موج (ع۔ف) فتحمند۔ فاتح ۔

ظ - ل

ظِل (ظِل) (ع) مذکر۔ سایہ۔ چھاؤں ۔
ظلِ اللہ (ع۔ مذکر) (۱) خدا کا سایہ (۲) نائب خدا ۔
ظلِ الٰہی۔ خلیفہ۔ بادشاہ۔ حاکم ۔
ظلِ حمایت (ع) مؤنث۔ امداد کی پناہ ۔
ظلم (ظُلم) (ع) مذکر۔ (۱) اندھیرا (۲) ستم۔ بے انصافی۔ بے رحمی (۳) پاپ۔ (۴) زبردستی۔ زد۔ زیادتی ۔
ظلم توڑنا (ا) (۱) سختی کرنا۔ آفت ڈھانا۔ قیامت برپا کرنا ۔
ظلم دوست (ع۔ف) ستم پیشہ۔ ظلم کو پسند کرنے اور روا رکھنے والا ۔
ظلم ڈھانا (ا) (۱) غضب ڈھانا۔ ستم کرنا۔ خفا ہونا (۲) کوئی عجیب کام کرنا۔ انوکھا کام کرنا ۔
ظلم رسیدہ (ع۔ف) مظلوم۔ ستم رسیدہ۔ وہ شخص جس پر جبر ہوا ہو ۔
ظلم کرنا (ا) (۱) ستم کرنا۔ سختی کرنا (۲) کوئی عجیب یا حد بشری سے باہر کام کرنا ۔
ظلم ہے (ا) (۱) اندھیر ہے (۲) غضب ہے ۔
ظلمات (ظُل۔ مات۔ ظلمات) (ع) مؤنث۔ ظلمت کی جمع۔ (۱) تاریکیاں۔ اندھیرے (۲) وہ تاریکی جس میں آب حیات کا چشمہ خیال کیا گیا ہے (۳) بحر اوقیانوس ۔
ظلمانی (ظُلما۔نی) (ع) (۱) ناصاف جو شفاف نہ ہو (۲) تاریک ۔
ظلمت (ظُل۔مت) (ع) مؤنث۔ تاریکی۔ اندھیرا۔ سیاہی ۔
ظلمی (ع) (۱) ظالم۔ ستم شعار (۲) بے رحم۔ سنگدل۔ سخت جابر ۔
ظلوم (ظَلُوم) (ع) نہایت ظالم ۔
ظلّہٗ (ظِل۔ لہو) (ع) اس مرد کا سایہ ۔
ظلّہا (ع) اس عورت کا سایہ
ظلّہم (ع) اُن مردوں کا سایہ ۔

ظ - ن

ظن (ظن) (ع) مذکر (۱) وہم۔ گمان۔ شبہ۔ خیال (۲) تہمت۔ بہتان (۳) بدگمانی۔ بدظنی ۔
ظنِ غالب (ع) مذکر۔ یقین۔ غالب رائے ۔
ظنِ فاسد (ع) مذکر۔ گمان بد۔ شک وشبہ۔ بدظنی ۔
ظنی (ع۔ف) (۱) خیالی۔ وہمی (۲) عقل کے قریب ۔
ظنیہ (ع) (۱) ظن سے منسوب۔ گمانی (۲) وہ مقدمہ جو قریب بہ یقین ہو ۔

ظ - و

ظواہر (ظَوا۔ہِر) (ع) مذکر و مؤنث (۱) زمین کی بلندیاں (۲) زمین سے اُگی ہوئی چیزیں۔ نباتات (۳) ظاہری شکلیں (۴) مکّہ کے باہر خیمہ زن ہونے والے قریش ۔

ظ - ہ

ظہار (ظِہار) (ع) مذکر (۱) ایک قسم کی طلاق (۲) ہم پشت ہونا ۔
ظہر (ظُہر) (ع) مذکر (۱) زوال کا وقت۔ تیسرا پہر (۲) تیسرے پہر کی نماز ۔
ظہر (ظَہر) (ع) مؤنث۔ پیٹھ۔ پشت ۔
ظہر سمن۔ یا تمسک (ا) مؤنث۔ سمن کی پشت پر تمسک کی پشت پر ۔
ظہری (ا) پشت پر لکھا ہوا کیفیتی ۔
ظہری تحریر (ع) مؤنث۔ وہ تحریر جو سمن۔ وارنٹ وغیرہ کی پشت پر لکھی جائے ۔
ظہور (ظُہور) (ع) مذکر۔ انکشاف۔ اظہار۔ وقوع۔ اعلان ۔
ظہور میں آنا (ا) ظاہر ہونا۔ پیش آنا۔ طلوع ہونا ۔
ظہور میں لانا (ا) ظاہر کرنا۔ پیش کرنا۔ آشکارا کرنا ۔
ظہورا (ظُہو۔را) (ا) ظہور۔ نمود۔ نمائش۔ جلوہ (۲) ڈھانڈھر۔ مدق۔ (۳) بیٹا۔ اولاد ۔
ظہوری (ع) (۱) ظاہری (۲) ایرانی شاعر ملا نور الدین کا تخلص ۔
ظہیر (ظَہِیر) (ع) (۱) مددگار (۲) مذکر۔ ضعیف (۳) ظہیر الدین فاریابی کا تخلص ۔

ع

ع (عَین) (ع ۔ مذکر) (۱) عربی کا اٹھارھواں ۔ فارسی کا اکیسواں اور اردو کا چوبیسواں حرف (۲) حساب جمل میں اس کے ۷۰ عدد فرض کئے گئے ہیں ۔

ع ۔ ا

عابد (عَابِد) مذکر ۔ عبادت کرنے والا ۔ پجاری ۔ پرہیزگار ۔
عاج (عَاج) (ع) مذکر ۔ ہاتھی دانت ۔
عاجز (عَا ۔ جِز) (ع ۔ مذکر) (۱) کمزور ۔ ناتواں (۲) بےبس ۔ تنگ ۔ مجبور ۔ ناچار (۳) مغلوب (۴) تھکا ماندہ (۵) مایوس ناامید (۶) غریب ۔ مسکین ۔
عاجز آنا (۱) تنگ آنا ۔ دق آنا ۔ مایوس ہونا ۔
عاجزی (ع) مؤنث ۔ عجز ۔ انکسار ۔ منت سماجت ۔
عاجزی کرنا (۱) منت سماجت کرنا ۔ گڑگڑانا ۔ فروتنی کرنا ۔ ہاتھ جوڑنا ۔
عاجل (عَاجِل) (ع) جلدباز ۔
عاد (عَاد) (ع ۔ مذکر) (۱) وہ عدد جو ایک معلوم عدد کو پورا تقسیم کردے (۲) ایک قوم جس کے پیغمبر حضرت ہود تھے ۔
عادِ اعظم (ع) مذکر ۔ وہ سب سے بڑا عدد جو دو یا دو سے زیادہ اعداد کو پورا پورا تقسیم کردے ۔
عادات (عَا ۔ دَات) (ع ۔ مؤنث) عادت کی جمع ۔
عادت (عَا ۔ دَت) (ع ۔ مؤنث) خو ۔ خصلت ۔ سبھاؤ (۲) طبیعت ۔ خاصیت (۳) طور طریقہ ۔ چال چلن (۴) رت دستور ۔ قاعدہ ۔ رسم (۵) (۱) طلب کسی چیز کی لت ۔
عادت پڑنا (۱) سبھاؤ پڑنا ۔ عادی ہونا ۔ ڈھب پڑنا ۔
عادل (عَا ۔ دِل) منصف ۔ جج ۔ انصاف کرنے والا ۔
عادل الرحمن (ع ۔ مذکر) وہ شخص جس کے پاس دو آدمیوں کا رہن نامہ رکھ دیا جائے ۔
عادی (ع) مذکر ۔ وہ شخص جسے کسی امر کی عادت پڑگئی ہو ۔
[illegible]
[illegible]
[illegible]

موجودات لینے والا ۔ فوج کا میر منشی (۳) لاحق ہونیوالا ۔ پیش آنے والا ۔
عارضِ سیمیں (ع) چاندی جیسا گال ۔ نہایت خوبصورت اور سفید چہرے کی تعریف ۔
عارض ہونا (۱) لاحق ہونا ۔ پیدا ہونا ۔ نمودار ہونا ۔
عارضہ (عَا ۔ رِضَہ) (ع ۔ مذکر) مرض ۔ دکھ ۔ روگ ۔ بیماری ۔
عارضہ سماعت لاحق ہونا (۱) (قانون) میعاد گزر جانے کے باعث سماعت نہ ہونا ۔
عارضی (عَا ۔ رِضِی) (ع ۔ (۱)) چند روزہ ۔ اتفاقیہ (۲) نقلی ۔
عارف (عَا ۔ رِف) (ع ۔ مذکر) پہچاننے والا ۔ (۲) خداشناس ولی ۔ خدا رسیدہ ۔ معرفت میں ڈوبا ہوا ۔
عاری (عَا ۔ رِی) (ع) (۱) ننگا ۔ خالی ۔ برہنہ (۲) تنگ ۔ قاصر ۔ عاجز ۔ دق ۔ مجبور (۳) وہ شخص جس سے کام نہ ہو سکے ۔
عاریت (عَا ۔ رِیَت یا عَا ۔ رِی ۔ یَت) (ع ۔ مؤنث) (۱) قرض چند روز کے لئے ادھار مانگی ہوئی چیز ۔
عاریت نامہ (ع ۔ ف) مذکر ۔ اقرار نامہ جو کسی چیز کے لوٹانے کے لئے لکھ دیا جائے ۔
عاریتاً (ع) قرضے کے طور پر ۔
عازم (عَا ۔ زِم) (ع ۔ مذکر) قصد کرنے والا ۔ ارادہ کرنے والا ۔ کسی چیز پر دل لگانے والا ۔
عاشق (عَا ۔ شِق) (ع ۔ مذکر) (۱) چاہنے والا ۔ مریض عشق ۔ طالب ۔ پریمی ۔ فریفتہ ۔ تصدق ۔ نثار (۲) نہایت پسند کرنے والا (۳) عارف ۔ کامل (۴) (۱) بے فکرا ۔ بےپروا ۔ غافل ۔ مدہوش (۵) (۱) وہ پرزہ جو گھنڈی کی طرح حلقے میں ڈالا جاتا ہے ۔
عاشق مزاج (ع) (۱) حسن پرست (۲) دل لگی کرنے والا ۔
عاشق مولیٰ (ع) مذکر ۔ خدا کا طالب ۔ خدا کا عاشق ۔
عاشق و معشوق (ع) مذکر (۱) یار و آشنا ۔ سہیلی (۲) (۱) پیچ بار ۔
[illegible]

(۵) (و) فاعل و مفعول ؛
عاشق ہونا (ا) کسی پر فریفتہ ہونا۔ کسی سے آنکھ لگنا ؛
عاشقانہ (ع۔ ف) عاشقوں کا سا۔ عاشقوں کی طرح ؛
عاشقی (ا) مؤنث۔ عشق۔ محبت۔ فریفتگی ؛
عاشور۔ عاشورا۔ عاشوراء (عا۔شور۔ عا۔شو۔را) (ع) مذکر۔ محرم کی دسویں تاریخ۔ امام حسینؑ کے شہید ہونے کی تاریخ
عاصی (عا۔صی) (ع۔ مذکر) نافرمان۔ گنہگار۔ مجرم۔ تقصیروار۔ پاپی۔ بدکار۔ خطاکار ؛
عاطر (عا۔طِر) (ع) (۱) خوشبودار۔ معطر (۲) فیاض۔ بہی خواہ۔ خیر اندیش ؛
عاطفت (عا۔طِفَت) (ع) مؤنث۔ مہربانی۔ لطف۔ عنایت
عافیت (عا۔فیت) (ع) مؤنث (۱) صحت۔ سلامتی۔ امن اور آسودگی (۲) بھلائی۔ نیکی۔ خیریت ؛
عافیت تنگ کرنا (ا) چین سے نہ بیٹھنے دینا۔ آرام نہ لینے دینا ؛
عاق (عا۔ق) (ع) ماں باپ کا نافرمان۔ باغی۔ سرکش۔ متمرد ؛
عاق کرنا (ا) اولاد کو نافرمانی کے باعث حقوق فرزندی سے الگ کرنا۔ چھوڑ دینا ؛
عاق نامہ (ع۔ ف) مذکر۔ فرزندی یا ارث سے اولاد کو محروم کرنے کی دستاویز ؛
عاقبت (عا۔قبت) (ع) مؤنث۔ (۱) آخر۔ انجام۔ خاتمہ (۲) (لا) نتیجہ۔ ثمرہ۔ حاصل (۳) (ا) آخرت۔ عقبےٰ (۴) (ا) آخرکار ؛
عاقبت اندیش (ع۔ ف) (۱) اندیش۔ انجام کا سوچنے والا۔ ہوشیار۔ عاقل ؛
عاقبت بگاڑنا (ا) (عو) (۱) انجام خراب کرنا۔ آخرت خراب کرنا۔ ماں باپ کی نافرمانی سے گنہگار بننا ؛
عاقبت خراب یا گندی کرنا (ا) عاقبت بگاڑنا۔ برے کام کرنا ؛
عاقبت کا توشہ (ا) دوسری دنیا کا سہارا۔ نیک اعمال اچھے کام ؛
عاقبت کے بورئیے سمیٹنا (ا) مدت تک جینا۔ جو شخص باوجود بڑھاپے کے مرنے سے وہم کرے اس کی نسبت طنزاً کہتے ہیں ؛
عاقرقرحا (ع) مذکر۔ ایک تیز دوا جو دانتوں کے درد اور تقویت باہ کے کام آتی ہے ؛
عاقل (عا۔قِل) (ع) عقلمند۔ دانا۔ ہوشیار۔ دانشمند ؛
عاکف (عا۔کف) (ع) [illegible] کرنے
[illegible]

مکاشف ؛
عالم (عا۔لِم) (ع) (۱) دانا۔ جاننے والا۔ پڑھا لکھا۔ مولوی۔ ملا ؛
عالم الغیب (ع) مذکر۔ غیب کا حال جاننے والا۔ خدا تعالےٰ ؛
عالم باعمل (ع۔ ف) وہ عالم جس نے پڑھ کر اس پر عمل بھی کیا ہو ؛
عالم (عا۔لَم) (ع) مذکر۔ (۱) زمانہ۔ دنیا۔ جہان۔ سنسار (۲) دنیا کے لوگ۔ خلقت۔ مخلوق (۳) قسم۔ جنس (۴) حصہ (۵) حالت۔ صورت۔ درجہ۔ کیفیت (۵) طریقہ۔ ڈھنگ۔ حال (۶) (و) لطف۔ مزہ۔ سیر۔ تماشا (۷) (و) عجیب حسن رونق (۸) (و) مانند۔ نظیر۔
عالم آرا (ع۔ ف) دنیا کو آراستہ کرنے والا۔ جہاں آرا۔ گیتی آرا ؛
عالم ارواح (ع۔ مذکر۔ (۱) روحوں کا جہان (۲) چاروں عناصر ؛
عالم اسباب (ع۔ مذکر) دنیا۔ کیونکہ اس کے سب کام سببوں پر موقوف ہیں ؛
عالم افروز (ع۔ ف) جہان کو روشن کرنے والا ؛
عالم امر (ع) مذکر (۱) عالم ملکوت۔ عالم ارواح۔ فرشتوں یا روحوں کا جہان (۲) وہ چیزیں جن میں طول اور اندازہ کو دخل نہ ہو ؛
عالم بالا (ع۔ ف) مذکر (۱) آسمان۔ عرش (۲) بہشت کے عالی درجہ لوگوں کا جہان ؛
عالم برزخ (ع۔ مذکر) مقام ارواح جو موت اور قیامت کے درمیان ہے ؛
عالم پناہ (ع۔ ف) مذکر۔ وہ شخص جو مخلوق کے امن کا سبب ہو۔ بادشاہ ؛
عالم پھر جانا (ا) زمانہ پھر جانا۔ تمام خلائق کا ناراض ہو جانا ؛
عالم جاوید (ع۔ مذکر) عالم آخرت۔ دوسری دنیا جو بے زوال ہے ؛
عالم جبروت (ع۔ مذکر) (تصوف) خدائے تعالےٰ کا عالم عظمت و جلال ؛
عالم رؤیا (ف۔ ع) (مذکر) خواب کی حالت ؛
عالم سفلی (ع) مذکر۔ دنیا۔ پرتھی۔ زمین۔ عالم ملک ؛
عالم عالم (ف) کثرت سے ؛
عالم کون و فساد (ع) مذکر۔ دنیا ؛
عالم گیر (ع۔ ف) (۱) جہان کو لینے والا [illegible]
[illegible]

(۳) دنیا میں پھیلا ہوا۔ تمام عالم میں چھایا ہوا۔
عالم لاہوت (ع۔ مذکر) عالم ذات الٰہی جہاں سالک کو فنا فی اللہ کا مقام حاصل ہوتا ہے۔
عالم ملکوت (ع۔ مذکر) فرشتوں کی دنیا۔
عالم ناسوت (مذکر) فانی دنیا۔
عالی (عا۔ لی) (ع) (۱) اونچا۔ بلند۔ بالا (۲) بڑا عظیم (۳) صدر۔ مقدس۔ قابلِ تعظیم۔
عالی جاہ (ع ف) بڑے رتبے والا۔ بلند شان والا۔ بلند پایہ۔
عالی جناب (ع) بلند رتبے والا۔ اعلیٰ حضرت۔
عالی خاندان (ع۔ ف) بڑے گھر کا۔ امیرزادہ۔ اچھے خاندان کا۔
عالی دماغ (۱) بڑے دماغ والا۔ عقلمند۔ دانا۔
عالی شان۔ عالیشان (ع) (۱) اعلیٰ رتبہ کا۔ بڑی شان والا (۲) عمدہ۔ شان دار۔
عالی ظرف (ع) عالی حوصلہ۔ سمائی والا۔
عالی رتبہ یا عالی قدر (ع) بڑے مرتبے والا۔ بالاشان
عالی ہمت (ع) (۱) بڑی ہمت والا۔ اولوالعزم صاحب حوصلہ (۲) سخی۔ فیاض۔ دل والا۔
عالی ہمت سدا مفلس (ف) مثل۔ سدا خرچ کرنے والے کے پاس کچھ نہیں رہتا۔
عالی ہمتی (ع) مؤنث۔ (۱) جرأت۔ دلیری (۲) بلند حوصلگی۔ سخاوت۔ فیاضی۔
عالیہ (ع) عالی کی تانیث (۱) بلند۔ بڑی۔ بزرگ (۲) مسلمان عورتوں کا خطاب۔
عام (عا م) ع (۱) پھیلا ہوا۔ مشہور۔ معمولی (۲) سب۔ تمام۔ (۳) بازاری عام (۴) رواجی۔ رسمی (۵) مذکر سب لوگ تمام آدمی۔
عام فہم (ع) سہل۔ فصیح۔ آسان۔ سب کی سمجھ میں آ جانے والا۔
عام میں (۱) سب کے سامنے۔ علانیہ۔ کھلم کھلا۔
عامر (عا۔ مِر) (ع) (۱) آباد (۲) آباد کرنے والا۔
عامرہ (ع) (۱) بھرا ہوا۔ مالا مال (۲) (مراداً) شاہی خزانہ۔
عامل (عا۔ مِل) (ع۔ مذکر) (۱) حاکم۔ تحصیلدار (۲) سیانا بھوت پریت کا عمل جاننے والا۔ منتر پڑھنے والا (۳) عمل کرنے والا۔
عامہ (عام مَہ) (ع) (۱) عام سے منسوب مشہور۔ عام (۲) کل۔ سب۔
عامی (ع۔ مذکر) عام سے منسوب۔ ادنیٰ۔ جاہل۔ ناواقف۔

عانہ (عا۔ نَہ) (ع۔ مذکر) (۱) ناف سے نیچے کی جگہ جہاں بال ہوتے ہیں (۲) شرمگاہ کے بال۔
عائد (عا۔ ئِد) الٹ کر آنے والا۔ واپس آنے والا۔ پھرنے والا۔
عائد ہونا (ف) الٹ پڑنا۔ ذمے پڑنا۔

ع ۔ ب

عبا (عَبا) (ع۔ مذکر) ایک قسم کی عربی پوشاک۔ جبہ۔ چغہ۔
عباد (عِباد) (ع۔ مذکر) عبد کی جمع۔ بندے۔ غلام۔
عبادت (عِبادَت) (ع۔ مؤنث) (۱) بندگی۔ طاعت (۲) بمعنی نماز دعا۔
عبادت کرنا (ف) خدا کی بندگی کرنا۔ پوجا پاٹ کرنا۔ پرستش کرنا طاعت کرنا۔ نماز پڑھنا۔
عبادت گاہ (ع۔ ف) مسجد۔ مندر۔ گرجا۔
عبارت (عِبارَت) (ع مؤنث) تحریر۔ مضمون۔ بیان۔ مدعا۔ مراد
عبارت آرائی (ع۔ ف۔ مؤنث) مضمون کو سنوار کر لکھنا۔ مضمون کی رنگینی۔
عبارت ظہری (ع۔ مؤنث) وہ عبارت جو کسی تحریر کی پشت پر لکھی جائے۔
عباس (عَب۔ باس) (ع۔ مذکر) (۱) پیغمبر خدا صلعم کے عم بزرگوار جن کی نسل میں خلفائے عباسیہ ہوئے ہیں (۲) ایک پودا۔
عباسی (ع) حضرت عباس کے خاندان کا جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عم محترم تھے۔
عبث (عَبَث) (ع) (۱) بیفائدہ۔ فضول۔ نکما (۲) بازاری کھیل۔ (۳) ناحق۔ بلاوجہ۔
عبد (عَبد) (ع۔ مذکر) (۱) بندہ۔ غلام (۲) ملازم۔ نوکر۔
عبد الدنیا (ع) مذکر۔ دنیا کا بندہ۔ دنیا کے لالچ پر دین کی پروا نہ رکھنے والا۔
عبد الشہوت (ع) مذکر۔ شہوت کا بندہ۔ شہوت پرست۔ نفسانی خواہشوں کا غلام۔
عبرانی (عِب۔ را۔ نی) (ع) مؤنث۔ (۱) اہل کنعان کی زبان۔ یہودیوں کی زبان۔ حضرت موسیٰ پر توریت اسی زبان میں نازل ہوئی تھی۔
عبرت (عِب۔ رَت) (ع۔ مؤنث) (۱) نصیحت پکڑنا (۲) خوف۔ اندیشہ۔
عبرت انگیز (ع۔ ف) ایسی بات جسے دیکھ کر آدمی کو خوف آئے۔ اور وہ اس سے نصیحت پکڑے۔

عبرت پکڑنا (۱) نصیحت پکڑنا۔ متنبہ ہونا۔ نصیحت حاصل کرنا ؛

عبری (عِب۔ ری) (ع) مؤنث۔ دیکھو (عبرانی)

عبودیت (عُبُو۔ دِیْ۔ یَت) (ع) مؤنث (۱) بندگی۔ غلامی (۲) اطاعت۔ عبادت ؛

عبور (عُبُور) (ع۔ مذکر) (۱) دریا سے اترنا۔ گزرنا (۲) (کُ) کتب یا مسائل وغیرہ پر حاوی ہونا ؛

عبور دریائے شور کرنا (۱) سمندر پار اتارنا۔ کسی جرم کی پاداش میں جزیرہ انڈیمان (کالے پانی) بھیجنا ؛

عبہر (عَب۔ ہَر) (ع) مؤنث۔ ایک خاص قسم کی نرگس جو نرگس شہلا کے خلاف اندر سے زرد ہوتی ہے ؛

عبید (عَبِید) (ع۔ مذکر) بہت سے غلام ؛

عبید (عُبَید) (ع۔ مذکر) چھوٹا غلام ؛

عبیر (عَبِیر) (ع۔ مذکر) ایک خوشبودار سفوف جو مشک۔ گلاب اور صندل وغیرہ سے تیار کر کے کپڑوں پر چھڑکا جاتا ہے ؛

ع۔ ت

عتاب (عِتاب) (ع۔ مذکر) (۱) ملامت (۲) غصہ (۳) کرودھ

عتاب الہی (ع) مذکر۔ قہر خدا۔ آفت سماوی۔ غضب الہی خدا کی مار ؛

عتاب شاہی (ع) مذکر۔ بادشاہ کا غصہ ؛

عتاب و خطاب (ع) مذکر۔ غضب و غصہ۔ خفگی و ناراضی ڈانٹ ڈپٹ ؛

ع۔ ج

عجائب (عَجا۔ ئِب) (ع) مذکر۔ عجیب کی جمع ؛

عجائب خانہ (ع۔ ف) مذکر۔ عجائب گھر۔ وہ مکان جہاں عمدہ عمدہ جدید و قدیم نادر اور انوکھی چیزیں سیر دیکھنے کے لئے رکھی جائیں۔ میوزیم ؛

عجائب و غرائب (ع۔ مذکر) انوکھی اور عجیب چیزیں ؛

عجائبات (ع) مذکر۔ عجائب کی جمع ؛

عجب (عَجَب) (ع) (۱) انوکھا۔ نادر۔ تعجب انگیز (۲) نیا۔ عمدہ۔

عجب حال ہونا (۱) برا حال ہونا۔ ابتر حال ہونا ؛

عجب عجب گذرا یاد دوستاں آمد (ف) (مثل) تعجب تعجب کہ تجھے دوستوں کی یاد آئی۔ دوست سے شکایتاً کہتے ہیں

عجب (عُجب) (ع) مذکر۔ تکبر گھمنڈ۔ گمان ؛

عجز (عِجز) (ع) مذکر (۱) عاجزی۔ کمزوری۔ ناتوانی (۲) (۱) ہار شکست (۳) (۱) مسکینی۔ غریبی۔ انکسار (۴) (۱) منت سماجت۔ خوشامد و درآمد ؛

عجز کرنا (ع۔ مذکر) گڑگڑانا۔ منت سماجت کرنا ؛

عجلت (عَج۔ لَت) (ع) مؤنث۔ جلدی۔ شتابی (اردو میں بالعموم)

عجم (عَجَم) (ع۔ مذکر) عرب کے سوا ملک ایران و توران و

عجمی (ع۔ مذکر) عجم کا رہنے والا۔ ایرانی۔ تورانی۔ لغوی معنی گونگا۔ اور وحشی یعنی عربی زبان نہ سمجھنے والا ؛

عجوبہ (عُجو۔ بَہ) (ع) (جمع اعاجیب) مذکر۔ دیکھو (اعجوبہ)

عجوز (عَجُوز) (ع۔ مؤنث) بڑھیا ؛

عجیب (عَجِیب) (ع) انوکھا۔ قابل تعریف۔ نرالا۔ حیرت انگیز ؛

عجیب و غریب (ع) طرفہ۔ نرالا۔ انوکھا۔ حیرت انگیز ؛

ع۔ د

عدالت (عَدا۔ لَت) (ع) مؤنث (۱) برابری (۲) انصاف بابت۔ داد۔ عدل (۳) (ادب جاننا) کچہری۔ دربار۔ اجلاس ؛

عدالت ابتدائی (ع) مؤنث۔ وہ پہلی عدالت جس میں مقدمہ رجوع او فیصل ہوتا ہے ؛

عدالت اپیل (۱) مذکر۔ (قانون) بڑے حاکم کی کچہری۔ جہاں اپیل کیا جائے ؛

عدالت خفیفہ (ع) مؤنث۔ وہ عدالت جس میں قرضہ کے چھوٹے چھوٹے مقدمات کا فیصلہ کیا جائے۔ چھوٹی کچہری ؛

عدالت دیوانی (۱) وہ عدالت جس میں صرف لین دین کے متعلق مقدمات کا فیصلہ ہوتا ہو۔ اور قید و جرمانہ کی مجاز نہ ہو ؛

عدالت ریاست غیر (ع) مؤنث۔ برطانی ہند کی حدود سے باہر کی عدالت ؛

عدالت سشن (۱) مؤنث۔ وہ فوجداری کی کچہری جس میں سنگین مقدمات کا فیصلہ کیا جائے ؛

عدالت ضلع (ع) مؤنث۔ ضلع کی کچہری جس میں مجسٹریٹ چوری۔ چکاری۔ قتل و خون وغیرہ کے مقدمات فیصل کئے جائیں ؛

عدالت عالیہ (ع) مؤنث بہت بڑی عدالت چیف کورٹ۔ ہائی کورٹ ؛

عدالت فوجداری (ع۔ ف) مؤنث۔ فوجداری مقدمات کی عدالت ؛

عدالت کرنا (ا) انصاف کرنا (۲) کچہری کرنا - اجلاس کرنا ؂
عدالت کے گتے (ا) مذکر - عدالت کے ملازم جو رشوت لینے کے لئے مقدمے والوں کے پیچھے پڑے رہتے ہیں ؂
عدالت ماتحت (ع) مؤنث - چھوٹی کچہری یا محکمہ جو کسی بڑے محکمے کے ماتحت ہو ؂
عدالت مال (ع) مؤنث - مال افسر یا کلکٹر کی عدالت جو لگان - مالیہ اور زرعی اراضی کے متعلق فیصلہ کرتی ہے ؂
عدالت مجاز (ا) مؤنث - با اختیار عدالت جسے پورا پورا اختیار حاصل ہو ؂
عدالت مرافعہ اولی (ع - مؤنث) پہلے اپیل کی عدالت -
عدالتی (ا) عدالت کے متعلق ؂
عداوت (عَدَا - وَت) (ع) مؤنث - بغض - دشمنی - کینہ - مخالفت
عداوت رکھنا (ا) کینہ رکھنا - دشمنی ؂
عداوت نکالنا (ا) دشمنی کا بدلہ لینا - عوض لینا ؂
عداوتی (ا) عداوت رکھنے والا - دشمن - مخالف - بدخواہ ؂
عِدّت (عِدْ - دَت) (ع) مؤنث (۱) تعداد - شمار (۲) وہ مدت شرعی جس میں عورت نکاح نہ کر سکے - یعنی طلاق یا فراق کے بعد کا وہ محدود زمانہ جس میں عورت دوسرا خاوند نہیں کر سکتی - چنانچہ مطلقہ کے لئے تین حیض یا تین مہینے کی مدت مقرر ہے - جس میں اس کا نان و نفقہ سابقہ شوہر پر واجب ہے - بیوہ کے لئے چار ماہ دس دن اور حاملہ کے لئے وضع حمل کے چالیس دن بعد تک کی مدت مقرر ہے ؂
عدت میں بیٹھنا (ا) عدت کے زمانے کو شرع اور رسم ملک کے مطابق گزارنا ؂
عَدَد (عَدَد) (ع) مذکر (۱) نمبر - گنتی - تعداد (۲) ہندسہ - رقم ؂
عدد صحیح (ع) مذکر - وہ عدد جو کسر نہ ہو - نہ بٹا ہوا عدد اکائی ؂
عدس (عَدَس) (ع - مؤنث) مسور ؂
عدل (عَدْل) (ع - مذکر - (۱) برابری - مساوات (۲) نظیر مانند - (۳) انصاف - داد - نیاؤ ؂
عدل کرنا (ا) انصاف کرنا - ایمانداری اور دیانت سے فیصلہ کرنا ؂
عدل گستر (ع - ف) مذکر - انصاف کرنے اور داد دینے والا - عادل منصف ؂
عدل گستری (ع - ف) مؤنث - انصاف - عدالت مؤنث

عدم (عَدَم) (ع) مذکر (۱) نیستی - ناپیدی (۲) حاجت (۳) غیر حاضری (۴) نقصان ؂
عدم اختیارات سماعت (ع - مذکر) مقدمہ سننے کا اختیار نہ ہونا ؂
عدم پیروی (ع - ف) مؤنث (قانون) بے پروائی - غیر حاضری ؂
عدم تعمیل (ع) تعمیل نہ کرنا ؂
عدم توجہ (ع) مؤنث - بے توجہی - بے پروائی - بے احتیاطی بے مروتی ؂
عدم ثبوت (ع) مذکر - کسی امر کی دلیل یا تصدیق یا شہادت کا نہ ہونا ؂
عدم موجودگی (ا) مؤنث - غیر حاضری - غائبانہ - غیبت ؂
عدم و وجود برابر ہے (ا) ہونا نہ ہونا برابر ہے ؂
عدن (عَدَن) (ع - مذکر) (۱) عرب کے جنوب مغربی کونے میں ایک چھوٹا جزیرہ نما (۲) بہشت (۳) اقامت کرنا ؂
عدو (عَدُو) (ع) مذکر (۱) دشمن - بیری - بدخواہ - مخالف (۲) (ا) رقیب - اپنے معشوق کا دوسرا عاشق ؂
عدو شرے بر انگیزد کہ خیر ما در آں باشد (ف) (مثل) دشمن ایسی شرارت کرتا ہے کہ اس میں ہماری بہتری ہوتی ہے ؂
عدو شود سبب خیر گر خدا خواہد (ف) (مثل) اگر خدا چاہے - تو دشمن ہی کے ذریعے سے بھلائی کرا دیتا ہے ؂
عدول (عُدُول) (ع) مذکر - روگردانی - اعراض ؂
عدول حکم (ع - مذکر) نافرمان حکم نہ ماننے والا - سرکش - باغی ؂
عدول حکمی (ع) مؤنث - نافرمانی - سرکشی - بغاوت ؂
عدیل (عدیل) (ع) (۱) برابر - یکساں - مانند - رتبہ اور قدر میں مساوی (۲) ہم زلف ہمسر ؂
عدیم (عدیم) (ع) مذکر - نیست و نابود - ناپید - گم - نایاب
عدیم الفرصت (ع) جسے بالکل فرصت نہ ہو ؂
عدیم المثال (ع) بے نظیر - بے مثل جس کے برابر کوئی نہ ہو ؂

ع - ذ

عذاب (عَذَاب) (ع - مذکر) (۱) تنگی - تکلیف - دکھ - مصیبت - اذیت (۲) سزائے گناہ (۳) (ا) بدقسمت - جھگڑا بکھیڑا (۴) (ا) روگ - علت (۵) (ا) گناہ - پاپ ؂
عذاب - ثواب (ا) مذکر - گناہ - ثواب نیکی - بدی - برائی - بھلائی ؂
عذاب قبر - یا - گور (ع - ف) مذکر - فشار قبر - گنہگار مردے کو قبر کا بھینچنا - قبر میں جلتا رہنا ؂
عذاب مول لینا (ا) روگ خریدنا - درد سر مول لینا ؂
عذاب میں پڑنا - یا - پھنسنا (ا) وقت میں مبتلا ہونا - مصیبت میں پڑنا ؂

عذار (عِذَار) (ع۔ مذکر) رخسار۔ گال۔ چہرہ۔ رُخ ٭
عذب البیان (عَذْب۔ بَیَان) (ع) شیریں کلام ٭
عذر (عُذْر) (ع۔ مذکر) بہانہ۔ حیلہ (۲) معذرت (۳) سبب۔ حجت (۴) (۱) اعتراض۔ گرفت۔ پکڑ (۵) (۱) معافی۔ طلب عفو (۶) (۱) انکار ٭
عذر امتناع نالش (ع۔ ف، مذکر) دعوے کی روک کا عذر ٭
عذر بیجا (ع۔ ف، مذکر) ناجائز عذر۔ لغو یا بیہودہ معذرت جو قابل سماعت نہ ہو ٭
عذر پذیر (ع۔ ف) (۱) عذر قبول کرنے والا (۲) معافی کے قابل (۳) قابل تسلیم یا پذیرائی ٭
عذر پیش کرنا (۱) اعتراض پیش کرنا۔ کوئی دلیل یا حجت لانا بحث کرنا ٭
عذر تمادی ایام (ع۔ مذکر) میعاد گزرنے کا عذر ٭
عذر خواہی (ع۔ ف، مؤنث) معذرت۔ کسی امر کا عذر بیان کرنا (۲) ماتم پرسی۔ تعزیت پرسہ ٭
عذرداری (۱) مؤنث (۱) اعتراض۔ مزاحمت (۲) دعویٰ حجت۔ دلیل ٭
عذر کرنا (۱) معذرت کرنا۔ معافی مانگنا (۲) اعتراض کرنا (۳) بحث کرنا ٭
عذر وراثت (ع۔ مذکر) (قانون) میراث یا ورثے کا دعویٰ ٭
عذرا (عَذْرَا) (۱) کنواری (۲) وامق کی معشوقہ (۳) حضرت مریمؑ کا لقب (۴) حضرت فاطمۃ الزہراؑ ٭
عذوبت (عُذُوبَت) (ع۔ مؤنث) شیرینی ٭

ع - ر

عراق (عِرَاق) (ع۔ مذکر) (۱) کنارہ۔ لب دریا (۲) (مجازاً) وہ خاص ملک جو دریائے جیحوں، دجلہ اور فرات کے کنارے واقع ہے (۳) موسیقی کا ایک مقام جسے چاشت کے وقت گاتے ہیں ٭
عراقی (ع۔ مذکر) (۱) عراق کا گھوڑا۔ تازی۔ عربی گھوڑا (۲) منسوب بہ عراق۔ عراق کا (۳) مولانا فخرالدین کا تخلص ٭
عرب (عَرَب) (ع) مذکر (۱) ایشیا کا وہ مشہور اور بہت بڑا جزیرہ نما جس میں مکہ اور مدینہ کے مقامات پیغمبر اسلام حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پیدا ہونے اور ہجرت کرنے کے سبب بہت مشہور ہیں (۲) اہل عرب۔ علی الخصوص شہری عرب ٭
عرب سرائے (۱) (مذکر) ایک چھوٹی سی بستی جو دہلی سے تین میل کے فاصلے پر موضع غیاث پورہ کے قریب واقع ہے ٭
عربدہ (عَرْبَدَہ) (ع۔ مذکر) (۱) بدخوئی (۲) لڑائی جھگڑا فتنہ
عربدہ جو (ع۔ ف) لڑاکا۔ جھگڑالو۔ فسادی۔ مفتونی ٭
عربستان (ف، مذکر) عرب کا ملک۔ عربوں کے رہنے کی ولایت۔ عرب کی زمین ٭
عربی (ع) (۱) عرب سے منسوب۔ عرب کا باشندہ (۲) (مؤنث) عربی زبان۔ عرب کی بول چال (۳) (مذکر) تازی گھوڑا ٭
عرس (عُرس) (ع۔ مذکر) (۱) شادی کی دعوت طعام ولیمہ (۲) (۱) (مجازاً) بزرگوں یا مرشدوں کی سالانہ فاتحہ کی مجلس جو تاریخ وفات کو ہوا کرتی ہے ٭
عرش (عَرش) (ع۔ مذکر) (۱) چھت۔ سقف (۲) تخت آسمان۔ آٹھواں آسمان ٭
عرش آشیانی (ع۔ ف) مذکر۔ وہ شخص جس کا گھر عرش پر ہو۔ شاہان مغلیہ کو مرنے کے بعد ایسے خطاب دیئے جاتے تھے۔ چنانچہ یہ خطاب جلال الدین اکبر بادشاہ کا تھا ٭
عرش بریں (ع۔ ف) (مذکر) وہ آسمان جہاں خدا کا تخت ہے ٭
عرش پر جھولنا (۱) بلندی پر ہونا۔ بڑے رتبے پر ہونا ٭
عرش پر چڑھانا (۱) قدر و منزلت میں نہایت بڑھانا۔ آسمان پر چڑھانا۔ بڑی تعریف کرنا ٭
عرش پر دماغ ہونا یا پہنچنا (۱) (۱) آسمان پر دماغ ہونا۔ نہایت متکبر و مغرور ہونا (۲) فخر کرنا ٭
عرش سے چھوٹی کھجور میں اٹکی (۱) (مثل) ایک مصیبت سے چھوٹتے ہی دوسری میں گرفتار ہو گئے ٭
عرش سے فرش تک (۱) آسمان سے زمین تک۔ اوپر سے نیچے تک ٭
عرش کا تارا (۱) سب سے اونچے آسمان کا ستارہ (۲) نہایت بڑے درجے والا ٭
عرش کے تارے توڑنا (۱) (۱) بڑا کام کرنا۔ بڑھ کر ہاتھ مارنا۔ انوکھا اور عجیب کام کرنا۔ نئے جلالے ظاہر کرنا (۲) گناہ عظیم کرنا ٭
عرش معلّیٰ (ع۔ ف) مذکر۔ عرش اعظم ٭

عرشہ (عَر - شَہ) (ع - ث) (۱) جہاز کی چھت (۲) جہاز کا تختہ ؛

عرصہ (عَر - صَہ) (ع - مذکر) (۱) آنگن - انگنائی (۲) میدان (۳) بساط شطرنج - (۴) (ف) فاصلہ - دوری (۵) (ف) دیر - تاخیر - توقف (۶) (ا) زمانہ - اثنا ؛

عرصہ تنگ ہونا (ف) (۱) میدان تنگ ہونا (۲) وقت کم ہونا ؛

عرصۂ محشر (ع) مذکر - میدان قیامت ؛

عرض (عَرَض) (ع - مذکر) (۱) وہ چیز جو دوسری چیز کی وجہ سے قائم ہو - برعکس جوہر کے کہ وہ بذات خود قائم ہوتا ہے - مثلاً رنگ اور کپڑا - اس میں رنگ عرض ہے - اور کپڑا جوہر (۲) وہ بیماری جو کسی دوسرے مرض کے سبب سے ہو - جیسے درد سر جو بخار کی وجہ سے ہو ؛

عرض (عَرْض) (ع - مؤنث) (۱) بیان - اظہار - التماس (۲) (مذکر) چوڑائی - چوشان - پاٹ (۳) (ف) عرصہ مدت - دفعہ - (۴) (ف) اثنا - درمیان ؛

عرض ارسال (ع - مؤنث) وہ کاغذ جس کے ذریعے سے مالگزاری کسی کارندے یا پیادے کے ہاتھ تحصیلدار کے پاس بھیجی جاتی ہے ؛

عرض بلد (ع - مذکر) جغرافیہ میں وہ عرض جو بذریعہ خطوط درجات العرض معلوم کیا جائے ؛

عرض بیگی (ع - ت) مذکر - وہ عہدہ دار جس کے ذریعے سے بادشاہ کے حضور میں گزارشات ہو سکیں - اب یہ عہدہ صرف حیدرآباد دکن میں باقی ہے ؛

عرض حال (ع - مذکر) اظہار - عرضداشت - بیان ؛

عرض کرنا (ف) (۱) التماس کرنا - کہنا - پیش کرنا (۲) اطلاع دینا - رپورٹ کرنا ؛

عرض معروض (ع - مؤنث) درخواست - التماس و گزارش - کہنا سننا ؛

عرض و طول (ع - مذکر) چوڑائی لمبائی ؛

عرضاً (ع) از روئے عرض - چوڑائی میں ؛

عرضداشت (ف) مؤنث - عرضی - درخواست - گزارش -

عرضی (ا) مؤنث) تحریری درخواست ؛

عرضی ٹھوکنا (ا) نالش کرنا - دعویٰ کرنا - مقدمہ دائر کرنا ؛

عرضی دعویٰ (ا) مذکر - (قانون) وہ کاغذ جس میں مدعی حالات مقدمہ لکھ کر عدالت ابتدائی میں گزارتے یا وہ درخواست جو ابتدا میں پیش کر کے مقدمہ چلایا جائے ؛

عرضی نویس (ف) مذکر - قانونی اجازت سے عدالتی عرضیاں اور تمسک وغیرہ لکھنے والا آدمی ؛

عُرف (عُرْف) (ع - ف) پہچان - مشہور نام - عام نام ؛

عُرفا (عُرَفا) (ع - مذکر) عارف کی جمع - ولی لوگ ؛

عرفات (عَرَفات) (ع - مؤنث) مکہ سے بارہ میل کے فاصلے پر ایک مقدس میدان جہاں حاجی حج کے دن کھڑے ہو کر لبیک پکارتے ہیں ؛

عرفان (عِر - فان) (ع - مذکر) (۱) شناخت - پہچان (۲) حق تعالیٰ کی معرفت - خداشناسی ؛

عرفہ (عَرَ - فَہ - (عَرْفَہ) (ع - مذکر) (۱) ذی الحجہ کی نویں تاریخ جس میں حجاج عرفات میں کھڑے ہو کر لبیک پکارتے ہیں (۲) (ا) ہر تہوار کا پہلا دن (۳) (ا) کسی شخص کے مرنے کے بعد دوسرا دن جس میں مردے کی فاتحہ دلواتے ہیں ؛

عرفی (عُر - فی) (ع (۱) رسمی - مشہور (۲) ایک مشہور شاعر جمال الدین شیرازی کا تخلص جو اکبر کے زمانے میں گزرا ہے ؛

عِرق (عِرْق) (ع - مؤنث) (۱) رگ (۲) جڑ ؛

عِرق النسا (ع - مؤنث) چڈوں سے ٹخنوں تک پہنچنے والا درد ؛

عرق (عَرَق) (ع - مذکر) (۱) پسینہ - وہ رطوبت جو انسان کے جسم سے حالت گرمی میں نکلتی رہتی ہے (۲) (ا) کشید کے ذریعے سے نکالا ہوا پانی (۳) (ا) رس کسی چیز کا - نچوڑا ہوا پانی وغیرہ ؛

عرق آجانا (ا) شرم سے پسینے پسینے ہو جانا ؛

عرق چین (ع - ف) (ا) مذکر - ایک قسم کی گول ٹوپی جو چندے دار اور آڑی کتری ہوئی طلائی کام دار بنائی جاتی ہے - (۲) پگڑی کے نیچے پہننے کی ایک قسم کی ٹوپی (۳) پسینہ صاف کرنے کا رومال ؛

عرق ریزی کرنا (ا) کمال محنت کرنا - نہایت جانفشانی کرنا ؛

عرق عرق ہو جانا سیاہ ہونا (ا) پانی پانی ہو جانا - نہایت شرمندگی اٹھانا ؛

عرق کھینچنا (ا) (۱) بخارات کے ذریعے سے کسی چیز کا پانی کشید کرنا (۲) نچوڑ لینا - طاقت کھینچ لینا ؛

عرق گیر (ع - ف) مذکر - خوگیر - پالان ؛

عروج (عُرُوج) (ع - مذکر) بلندی - اونچائی ؛

عروج پر ہونا (ا) اوج موج میں ہونا - اقبال یاور ہونا - اعلیٰ رتبے پر پہنچنا ؛

عروس (عَرُوس) (ع) مؤنث) دلہن۔ بنی۔ بہو ٭
عروض (عَرُوض) (ع۔ مذکر) (۱) کہ معظمہ۔ کعبہ (۲) وہ علم جس سے نظم کے قواعد معلوم ہوتے ہیں۔ (۳) (مذکر) شعر کے پہلے مصرع کا آخری جزو ٭
عروق (عُرُوق) عرق کی جمع۔ رگیں ٭
عریان (عُر۔یان) (ع) ننگا۔ برہنہ۔ بے پردا ٭
عریش (عَرِیش) (ع۔ مذکر) پھوس سے پٹا ہوا مکان جو باغ میں بنایا جاتا ہے ٭
عریض (عَرِیض) (ع) چوڑا چکلا۔ عرضدار ٭
عریضہ (عَرِی۔ضَہ) (ع۔ مذکر) عرضی۔ وہ خط جو چھوٹے کی طرف سے بڑے کو لکھا جائے۔ معروضہ ٭

ع۔ز

عز (ع) مؤنث۔ عزت شرف۔ بزرگی ٭
عزّ (عَزَّ) (ع) (۱) زبردست ہوا۔ غالب ہوا (۲) اس کی بڑائی ہو۔ اس کی حمد ہو۔ خداتعالیٰ ٭
عزّا۔ عزّیٰ (ع۔ مذکر) (۱) ایک بت (۲) عرب کا ایک درخت جسے کافر بتوں کی طرح پوجتے تھے ٭
عزا (عَزَا) (ع۔ مذکر) (۱) مصیبت پر صبر (۲) ماتم پرسی۔ پرسہ ٭
عزادار (ف) سوگوار۔ سوگی۔ میّت کا غم کرنے والا ٭
عزازیل (عَزَا۔زِیل) (ع۔ مذکر) ابلیس۔ شیطان ٭
عزائم (عَزَا۔ئم) (ع۔ مذکر) عزیمت کی جمع۔ (۱) ارادے (۲) منتر ٭
عزت (ع) مؤنث۔ (۱) آبرو۔ پت (۲) بزرگی۔ بڑائی۔ (۳) شان۔ عظمت ٭
عزت اتارنا۔ بگاڑنا۔ کھونا۔ لینا (۱) دیکھو آبرو اتارنا ٭
عزت بنانا (۱) دیکھو آبرو بنانا ٭
عزت دار (ع۔ ف) مذکر۔ صاحب عزت۔ ذی رتبہ۔ ممتاز۔ معزز ٭
عزت کرنا (۱) تعظیم و تکریم سے پیش آنا۔ آداب کرنا ٭
عزت میں بٹا لگنا یا فرق آنا (۱) دیکھو آبرو میں بٹا لگنا۔
عزرائیل (عِز۔رَا۔ئِیل) (ع۔ مذکر) ملک الموت۔ جان نکالنے والا فرشتہ ٭
عزل (عَزْل) (ع۔ مذکر) موقوفی۔ برطرفی۔ بیکاری۔ معطلی ٭
عزل و نصب (ع۔ مذکر) ترقی و تنزل۔ موقوفی و بحالی
عزل و نصب کرنا (۱) موقوف و بحال کرنا۔ ترقی و تنزل کرنا

عزلت (عُز۔لَت) (ع۔ مؤنث) (۱) خلوت۔ تنہائی (۲) اعتکاف ٭
عزم (عَزْم) (ع۔ مذکر) قصد۔ ارادہ۔ نیت ٭
عزم بالجزم (ع۔ مذکر) مستقیم ارادہ۔ پکا ارادہ ٭
عزیز (عَزِیز) (ع) (۱) پیارا۔ جانی۔ دل پسند (۲) لائق (۳) عمدہ۔ کمیاب۔ قابل عزت۔ صاحب مرتبہ (۴) (۱) رشتہ دار۔ قریبی (۱) (۵) یار۔ دوست (۶) خداتعالیٰ کا ایک نام ٭
عزیز القدر (ع۔ مذکر) قابل قدر۔ عزیز۔ ایک القاب ہے جو چھوٹے بھائی یا رشتہ دار کو لکھا جاتا ہے ٭
عزیز داری (۱) مؤنث۔ رشتہ داری۔ بھائی بندی۔ یگانگت
عزیز رکھنا (۱) (۱) قدر و منزلت کرنا (۲) دوست جاننا ٭
عزیمت (عَزِی۔مَت) (ع) مؤنث۔ (۱) طلسمی دعا (۲) وہ عمل یا افسوں جس سے موکلوں کو حاضرات میں موجود کر سکیں۔ (۳) ارادہ ٭

ع۔س

عساکر (عَسَا۔کِر) (ع) مذکر۔ عسکر کی جمع بہت سے لشکر ٭
عسر (عُسر) (ع۔ مذکر) } (۱) دشواری۔ وقت مصیبت
عسرت (عُس۔رَت) (مؤنث) } (۲) تنگی۔ مفلسی۔ غریبی ٭
عسس (عَسَس) (ع۔ مذکر) کوتوال۔ شہر کے گردگشت کرنے والا عہدہ دار ٭
عسکر (عَس۔کَر) (ع) مذکر۔ فوج۔ سپاہ۔ لشکر ٭
عسل (عَسَل) (ع۔ مذکر) شہد۔ انگبین ٭
عسیر (عَسِیر) (ع) مشکل ٭

ع۔ش

عشا (عِشَا) (ع۔ مؤنث) (۱) رات کا اندھیرا (۲) رات کی نماز۔ سوتے وقت کی نماز ٭
عشاق (عُشْ۔شَاق) (ع۔ مذکر) عاشق کی جمع ٭
عشبہ (عُش۔بَہ) (ع۔ مذکر) ایک بوٹی جو مصفّی خون ہے ٭
عشر (عَشَر) دس۔ دہ ٭
عشر (عُشر) دسواں حصّہ۔ دہ یک ٭
عشر عشیر (ع) (۱) دسویں حصے کا دسواں حصّہ (۲) ذراسا۔ تھوڑا سا ٭
عشرت (عِش۔رَت) (ع۔ مؤنث) (۱) خوشی۔ عیش و نشاط۔ مزہ (۲) (۱) حظ نفسانی۔ مباشرت ٭

عشرت خانہ (ع۔ف) مذکر۔ عیش و عشرت کرنے کا مقام ۔
عشرت منانا (۱) مزے اڑانا۔ موج مارنا۔ چین کرنا۔
(۲) بھوگنا۔ بلاسنا۔ مباشرت کرنا ۔

عشرہ (عَشَرَہ۔ عَش۔ رَہ) (ع۔۱) دہ۔ دس (۲) (۱) محرم کی دسویں تاریخ۔ یوم عاشورہ ۔

عشرہ کاملہ (ع۔ مذکر) حاجیوں کے دس روزے جو قربانی دینے کی استطاعت نہ رکھنے والے تین حج سے پہلے اور سات اس کے بعد رکھتے ہیں ۔

عشرہ مبشرہ ۔ رسول صلعم کے وہ دس صحابی جنہیں اُن کی زندگی میں ہی جنت کی بشارت دی گئی تھی ۔

عش عش کرنا (۱) نہایت خوشی منانا۔ واہ وا کرنا۔ تحسین و آفریں کرنا ۔

عشق (ع۔ مذکر) (۱) ازحد محبت۔ پریم۔ پیار۔ حُبّ (۲) شوق چاہ۔ خواہش (۳) عادت۔ لت (۴) ایک قسم کا جنون جو کسی پر فریفتہ ہونے سے ہو جاتا ہے (۵) سلام رخصت ۔

عشق اللہ (۱) مذکر (۱) جاہل آنا د فقیروں اور درویشوں کا باہمی سلام (۲) پہلوانوں کا سلام جو اکھاڑے میں اتر کر کیا جاتا ہے ۔

عشق بازی (۱) مؤنث (۱) عاشق کسی کے ساتھ عشق کرنا (۲) عیاشی ۔

عشق پیچاں۔ پلیپچہ (ف۔ مذکر) ایک بیل جس کا پھول سُرخ اور پتیاں باریک ہوتی ہیں ۔

عشق حقیقی (ع۔ مذکر) خدا تعالے کا عشق۔ محبت الٰہی ۔

عشق مجازی (ع۔ مذکر) دنیوی معشوقوں کا عشق۔ بناوٹ کا عشق ۔

عشوہ (عِش۔ وَہ) (ع۔ مذکر) ناز فریب۔ ادائے معشوقانہ۔ کرشمہ۔ نخرہ ۔

عشوہ ساز۔ عشوہ گر (ع۔ف) مذکر۔ معشوق۔ صنم۔ دلدار ۔

ع - ص

عصا (عَصَا) (ع۔ مذکر) لاٹھی۔ سونٹا۔ لکڑی۔ قلم ۔

عصا بردار (ع) ۔ف۔ مذکر۔ چوبدار جو امیروں یا بادشاہوں کی سواری کے ساتھ ساتھ چلتے ہیں ۔

عصائے پیر۔ یا پیری (ع۔ف) مذکر (۱) بوڑھے کے ہاتھ کی لکڑی (۲) بڑھاپے کا سہارا۔ بوڑھے کا لڑکا

عصائے موسیٰ (ع) مذکر۔ حضرت موسیٰ کے ہاتھ کی لکڑی جو طرح طرح کے معجزے تھے ساحروں کے مقابلے

میں سانپ بن جاتی اور اکثر اوقات عجیب عجیب کرشمے دکھاتی تھی ۔

عصارہ (عُصَارَہ) (ع) مذکر۔ رس۔ نچوڑ۔ شیرہ ۔

عصابہ (عِصَابَہ) (ع۔ مذکر) عورتوں کے سر سے باندھنے کا کپڑا ۔

عصافیر (عَصَافِیر) (ع۔ مذکر و مؤنث) عصفور کی جمع۔ چڑیاں

عصب (عَصَب) (ع۔ مذکر) پٹھا۔ اعضائے حیوانی کی سفید لچکدار چیز جس سے حس و حرکت اور اعضا کی مضبوطی وابستہ ہے ۔

عصبہ (عَصَبَہ۔ عَص۔ بَہ) (ع۔ مذکر) (۱) جسم کا پٹھا (۲) باپ کی طرف سے خویش اور فرزند نرینہ (۳) ورثا کا باقی حصہ اور ان کے نہ ہونے کی صورت میں سارا حصہ لینے والے اشخاص ۔

عصبیت (ع۔ مؤنث) (۱) طرف داری (۲) رشتہ داری (۳) مضبوطی۔ طاقت ۔

عصر (عَصر) (ع) مذکر (۱) روزگار۔ زمانہ۔ وقت۔ سماں (۲) دن کا اخیر حصہ ۔

عصفور (عُص۔ فُور) (ع۔ مؤنث) چڑیا ۔

عصل (عَضْل) (ع۔ مذکر) بیوہ کو دوسرا خاوند کرنے سے روکنا ۔

عصمت (عِص۔ مَت) (ع۔ مؤنث) پارسائی۔ پرہیزگاری۔ بے گناہی ۔

عصیان (عِص۔ یَان) (ع۔ مذکر) گناہ۔ پاپ۔ جرم۔ خطا۔ قصور ۔

ع - ض

عضد (عَضُد۔ عُضُد) (ع۔ مذکر) (۱) بازو (۲) ساتھی ۔

عضلات (عَضَلَات۔ عَض۔ لَات) عضلہ کی جمع ۔

عضد الدولہ (ع۔ مذکر) سلطنت کا بازو۔ شاہی زمانے کا خطاب ۔

عضلہ (عَضَلَہ۔ عَض۔ لَہ) (ع۔ مذکر) (۱) جسم بدن (۲) جوڑ بند۔ بدن کا ٹکڑا ۔

عضو (عُضو) (ع۔ مذکر) (۱) جسم۔ اندام۔ بدن (۲) جوڑ۔ بدن کا ٹکڑا۔ جزو بدن ۔

عضو تناسل (ع) مذکر۔ نسل بڑھانے کا جسم کا حصہ۔ آلۂ تناسل۔ ذکر۔ قضیب ۔

ع - ط

عطا (عَطا) (ع - مؤنث) انعام بخشش - سخاوت - دینا ؛
عطا کرنا (ف) دینا - بخشنا - مرحمت کرنا - مفت دینا ؛
عطاء تو بلقائے تو (ف) (مثل) جب کسی کی دی ہوئی چیز ناپسند ہو - تو اُسے واپس کرتے وقت طنزاً کہتے ہیں - آپ کی چیز آپ ہی کو مُبارک رہے - تمہارا منہ اور تمہاراہی تھپڑ ؛
عطّار (عَطْ - طار) (ع - مذکر) (۱) عطر فروش (۲) (ف) دوا فروش ؛
عطّار کا شیشہ اور مداری کا پٹارا (ف) مثل - عطّار کی بوتل اور مداری کے پٹارے کا کچھ اعتبار نہیں کیونکہ عطار ایک ہی بوتل سے ہر قسم کا عرق یا شربت دیتا ہے اور مداری بھی ایک ہی پٹارے میں سے سینکڑوں کھیل دکھاتا ہے ؛
عطارد (ع) مذکر (۱) بدھ ستارہ جو دوسرے آسمان پر ہے - دبیر فلک (۲) کیمیا گروں کی اصطلاح میں جست ؛
عطائی (عَطا - ئی) (ف) مذکر - وہ شخص جس نے کسی استاد کے بغیر اپنے شوق سے کوئی کام حاصل کیا ہو بے اُستادا ؛
عِطر (عِطر) (ع - مذکر) (۱) خوشبو - مہک کسی چیز کی نکالی ہوئی خوشبو (۲) (ف) خلاصہ - لبّ لباب - جوہر - نچوڑ
عطر پان کی تواضع (ف) مؤنث عطر اور پان سے مہمان کی خاطر داری کرنا
عِطر دان (ع - ف) مذکر - عطر رکھنے والا ظرف ؛
عِطر کا پھویا (ف) مذکر - عطر میں تر کی ہوئی رُوئی ؛
عِطر کھینچنا - یا - نکالنا (ف) (۱) ست نکالنا - خوشبو کا تیل بذریعہ کشید نکالنا (۲) طاقت کھینچ لینا - کس نکالنا - (۳) جوہر نکالنا - خلاصہ نکالنا ؛
عِطریات (ع - مذکر) عطر کی جمع ؛
عطسہ (عَطْ - سَہ) (ع - مذکر) چھینک ؛
عطش (عَطَش) (ع - مؤنث) پیاس تشنگی ؛
عطف (عَطف) (ع - مذکر) (۱) پھیرنا - موڑنا لپیٹنا - (۲) کسی کلمے یا کلام کو دوسرے کلمے یا کلام کی طرف پھیرنا ؛
عطوفت (عَطُو - فت) (ع - مؤنث) مہربانی - عنایت - کرم - نوازش - کرپا ؛

عطیہ (عَطِی - یَہ) (ع) مذکر - عطا بخشش - انعام دی ہوئی چیز ؛
عطیہ سرکار (ع) مذکر - گورنمنٹ سے انعام میں ملا ہوا ؛
عطیہ سلطانی یا شاہی - بادشاہ کا بخشا ہوا - گورنمنٹ کا دیا ہوا ؛

ع - ظ

عظام (عِظام) (۱) عظیم کی جمع - بزرگ لوگ (۲) عظم کی جمع - ہڈیاں ؛
عَظم (عَظم) (ع - مذکر) ہڈی - استخواں ؛
عُظَما (عُظَما) (ع - مذکر) عظیم کی جمع - بڑے لوگ - بزرگ لوگ ؛
عُظما - عظمیٰ (ع - مؤنث) بڑی - بزرگ ؛
عظمت (عَظمت - عَظْ - مَت) (ع - مؤنث) بزرگی - بڑائی شان و شوکت - قدر و منزلت ؛
عظیم (عَظیم) (ع - مؤنث) بڑا - کلاں - بزرگ - سخت نہایت ؛
عظیم الشان (ع) بڑی شان و شکوہ والا - والا قدر - بہت بڑا ؛

ع - ف

عِفّت (عِف - فَت) (ع - مؤنث) - پرہیزگاری - عصمت - پارسائی
عِفّت میں خلل ڈالنا (ف) عزت لینا - عصمت بگاڑنا ؛
عفریت (عِف - رِیت) (ع - مذکر) (۱) دیو - بھوت پریت - (۲) ہولناک چیز ؛
عف عف (عَف - عَف) (ع - مذکر) کتے کی آواز ؛
عفو (ع) مذکر - معافی خطا بخشنا بخشش ؛
عفو کرنا (ف) معاف کرنا بخشنا - درگزر کرنا ؛
عفونت (عُفو - نت) (ع - مؤنث) بدبو - گندگی سڑاند
عفی عنہ (عُفِی - عَنْ - ہُ) (ع) اس پر معافی کی جائے خدا اس کے گناہ معاف کرے ؛
عفیف (عفیف) (ع) پارسا - پرہیزگار - عصمت مآب ؛
عفیفہ (ع) مؤنث - پارسا - عورت - پرہیزگار عورت باعصمت عورت ؛

ع-ق

عقاب (عُقَاب) (ع - مذکر) (۱) گدھ کی قسم کا ایک طاقتور بلند پرواز سیاہ شکاری پرندہ ۔

عقائد (عَقَا - اِ ئِد) (ع - مذکر) عقیدہ کی جمع ۔

عقب (عَقَب) (ع - مذکر) پیچھے - پس پشت ۔

عقبیٰ (عُق - بَا) (ع - مؤنث) آخرت - عاقبت ۔

عقد (عَقد) (ع - مذکر) (۱) گرہ - گانٹھ (۲) قول و قرار - نکاح - (۳) فروخت - بیع ۔

عقد بیع (ع - مذکر) فروخت کا اقرار نامہ ۔

عقد کرنا (ا) نکاح کرنا - بیاہ کرنا ۔

عقدہ (عُق - دَہ) (ع - مذکر) (۱) گرہ - گانٹھ (۲) مشکل بات - پیچیدہ بات - معمّا - دقیقہ (۳) (ا) راز - بھید (۴) (ا) بکھیڑا - پیچ ۔

عقدہ حل ہونا (ا) گرہ کھلنا - دقت اور مشکل دور ہونا ۔

عقدہ کشائی (ع - ف - مؤنث) (۱) گرہ کشائی - مشکل حل کرنا (۲) افشائے راز ۔

عقدہ کھل جانا (ا) (۱) بھید کھل جانا - افشائے راز ہو جانا (۲) مشکل حل ہو جانا - معمّا کھل جانا ۔

عقر (عُقر) (ع) بانجھ پن ۔

عقرب (عَق - رَب) (ع - مذکر) (۱) بچھو - کژدم (۲) آسمان کا آٹھواں برج ۔

عقرب ساعت (ع - مذکر) گھڑی کی سوئی ۔

عقرقرحا (ع - مذکر) دیکھو (عاقر قرحا) ۔

عقل (عَقل) (ع - مؤنث) دانائی - فہم - شعور - تمیز - سمجھ - نفس ناطقہ ۔

عقل انسانی (ع - مؤنث) وہ قوت انسانی اور عقل و تمیز جس کے باعث وہ حیوانات پر ممتاز ہے ۔

عقل بڑی کہ بھینس (ا) مثل (طرافتاً) خوش تدبیری عمدہ ہے یا بھینس ۔

عقل پر پتھر پڑنا (ا) عقل ماری جانا - بیوقوف ہو جانا ۔

عقل پر پردہ پڑ جانا (ا) عقل کا جاتا رہنا - بے وقوف اور تنبلی ہو جانا ۔

عقل پر بجلی پڑنا (ا) (عو) عقل ماری جانا - عقل پر آفت آنا ۔

عقل پکڑنا (ا) ہوش میں آنا - شعور پکڑنا - تربیت پانا ۔

عقل جانا (ا) ہوش جانا - حواس باختہ ہونا ۔

عقل چرخ میں آنا (ا) ہوش گم ہونا - گھبرا جانا - حیران و پریشان ہو جانا ۔

عقل چرنے جانا (ا) سمجھ نہ رہنا - عقل کا موجود نہ ہونا ۔

عقل چکرانا (ا) دیکھو (عقل چرخ میں آنا) ۔

عقل حیوانی (ع - مؤنث) وہ عقل جو حیوانات کی فطرت میں داخل ہے ۔

عقل خرچ کرنا - یا - دوڑانا (ا) رائے لڑانا - سمجھ سے کام لینا - فکر کرنا ۔

عقل دینا - (ا) سمجھ کی بات بتانا - تدبیر سمجھانا - تربیت کرنا ۔

عقل کی داڑھ (ا) (مؤنث) وہ داڑھ جو انسان کے جوان ہونے پر ظاہر ہوتی ہے ۔

عقل رفو چکر ہو جانا (ا) عقل کا حیران ہونا ۔

عقل سٹھیا جانا - یا - سٹھیانا (ا) بڑھاپے کے باعث عقل نہ رہنا ۔

عقل سلیم (ع - مذکر) پوری عقل - رائے صائب ۔

عقل ششدر ہونا (ا) عقل کا سخت حیران ہو جانا ۔

عقل کا پتلا (ا) نہایت عقلمند - مجسم عقل ۔

عقل کا پورا (ا) مذکر (طنزاً) بالکل بے وقوف - احمق - کاٹھ کا اُلّو ۔

عقل کا چراغ گل ہو جانا (ا) سمجھ میں فرق آ جانا - عقل کا زائل ہو جانا ۔

عقل کا دشمن (ا) مذکر - عقل سے بیر رکھنے والا - بیوقوف ۔

عقل کا مارا (ا) بے وقوف - بے عقل ۔

عقل کام نہیں کرتی سمجھ میں نہیں آتا - احاطۂ عقل سے باہر ہے ۔

عقل کل (ع - مذکر) (۱) دانائے کل - عقل کامل (۲) مراد نور محمدی - حضرت جبریل اور عرش اعظم سے کنایہ (۳) (ا) وہ مشیر جس کی رائے کے بغیر کوئی کام نہ کر سکیں - مختار کل ۔

عقل کی مار (ا) مؤنث (عو) عقل کی پھٹکار ۔

عقل کے پیچھے ڈنڈا (لٹھ) لئے پھرتا ہے (ا) (مثل) سخت احمق ہے ۔

عقل کے طوطے اُڑ گئے (ا) عقل جاتی رہی - بے اوسان ہو گیا - گھبرا گیا ۔

عقل کے گھوڑے دوڑانا (ا) (۱) کسی کام میں فکر دوڑانا - رائے لگانا - دلیلیں پیش کرنا - (۲) خیالی پلاؤ پکانا ۔

عقل کے ناخن لو - یا - عقل نبواؤ (ا) ہوش میں آؤ - سمجھ کی بات کرو - بے وقوف نہ بنو ۔

عقل میں آنا (ا) سمجھ میں آنا - خیال میں آنا - رائے میں آنا ۔

عقل میں فتور آنا - یا - پڑنا (ا) سمجھ میں خرابی آنا - حواس

ٹھکانے نہ رہنا۔ عقل میں کمی آنا ؎
عقلا (عُقَلَا) (ع۔ مذکر) عاقل کی جمع ؎
عقلاءِ زمانہ (ع۔ ف۔ مذکر) دنیا کے عقلمند۔ جہان کے دانا
عقلاً (ع) (۱) از روئے عقل۔ عقلیہ ؎
عقلمند (ع۔ ف) عاقل۔ ہوشمند۔ دانا۔ ہوشیار ؎
عقلمند کی دور بلا (مثل) دانشمند آفت سے بچ جاتا ہے عقلمند سے بلا دور ہو جاتی ہے ؎
عقلمندی (ف) مؤنث۔ دانائی۔ ہوشمندی۔ فراست ؎
عقلی (۱) عقل سے منسوب۔ وہ بات جو صرف ذہن میں آئے خارج میں نہ ہو ؎
عقوبت (عُقُو۔ بَت) (ع۔ مؤنث) دُکھ۔ عذاب۔ سزا سیاست۔ سرزنش ؎
عقول (عُقُول) (ع۔ مؤنث) عقل کی جمع۔ دانائیاں ؎
عقولِ عشرہ (ع۔ مذکر) دسوں فرشتے جنہیں خداتعالیٰ نے یکے بعد دیگرے پیدا کیا ؎
عقیدت (عَقِی۔ دَت) (ع۔ مؤنث) اعتقاد۔ دل کا بھروسہ ایمان۔ مذہب کے وہ اصول جن پر یقین دلانے سے کوئی شخص کسی مذہب میں شامل ہو سکے ؎
عقیدت مند (ع۔ ف) مذکر۔ معتقد۔ دیندار۔ ارادتمند ؎
عقیدہ (عَقِی۔ دَہ) (ع۔ مذکر) دل میں جما یا ہوا یقین اعتقاد ؎
عقیق (عَقِیق) (ع۔ مذکر) ایک سرخ رنگ کا قیمتی پتھر ؎
عقیقِ یمن۔ یا یمنی (ع) نہایت اعلیٰ قسم کا عقیق ؎
عقیق البحر (ع۔ مذکر) مونگا۔ سمندری عقیق ؎
عقیقہ (عَقِی۔ قَہ) (ع۔ مذکر) مونڈن۔ سر مونڈنے اور نام رکھنے کی تقریب جو یومِ ولادت سے ساتویں دن ہوتی ہے اس میں شریعت اسلام کے مطابق لڑکی کے لئے ایک اور لڑکے کے لئے دو بکرے ذبح کر کے ان کا کچا یا پکا ہوا گوشت تقسیم کیا جاتا ہے ؎
عقیل (عَقِیل) (ع۔ مذکر) دانا اور ذکی آدمی ؎
عقیلہ (ع۔ مؤنث) دانا عورت ؎
عقیم (عَقِیم) (ع) وہ مرد یا عورت جس کا نطفہ قرار نہ پائے بانجھ ؎
عقیمہ (ع۔ مؤنث) بانجھ عورت۔ وہ عورت جس کے بال بچہ نہ ہوتا ہو ؎

ع-ک

عکس (عَکس) (ع۔ مذکر) (۱) اُلٹا۔ لوٹا ہوا۔ ضد۔ خلاف۔ (۲) سایہ۔ پرچھائیں۔ پرتو۔ (۳) فوٹو ؎
عکس کھینچنا۔ یا۔ اتارنا (۱) سامنے کے ذریعے سے فوٹو لینا۔ تصویر اُتارنا ؎
عکسی (۱) منسوب بہ عکس ؎

ع-ل

علا (علاء عُلا) (ع) (۱) بلند۔ اعلیٰ۔ بزرگ (۲) (مذکر) مرتبہ بلندی۔ اوج ؎
علاتی (عَلّ۔ لَا۔ تِی) (ع) ماں کی طرف سے سوتیلا بھائی
علاج (عِلَاج) (ع۔ مذکر) (۱) چارہ۔ اپاؤ۔ (۲) تدبیر۔ درستی (۳) بیماری کی دوا دارو۔ معالجہ (۴) (۱) سزا۔ پاداش
علاج کرنا (۱) (۱) معالجہ کرنا۔ دوا دارو کرنا (۲) تدبیر کرنا۔ (۳) سزا دینا۔ ٹھیک بنانا ؎
علاج معالجہ (ع) مذکر۔ دوا دارو۔ اپائے چارہ ؎
علاقہ (عِلَا۔ قَہ) (ع۔ مذکر) (۱) تعلق۔ لگاؤ۔ رابطہ۔ دوستی رشتہ (۲) (۱) سروکار۔ نسبت (۳) (۱) نوکری۔ عہدہ۔ کام (۴) (۱) ضلع۔ صوبہ۔ پرگنہ۔ احاطہ (۵) تعلقہ۔ ملکیت۔ قبضہ۔ زمینداری (۶) (۱) جاگیر۔ جائداد۔ ریاست (۷) (۱) قلمرو۔ عملداری۔ حکومت (۸) (۱) حدود۔ سرحد
علاقہ دار (۱) مذکر۔ رشتہ دار۔ قریبی (۲) تعلقہ دار۔ ذیلدار ؎
علاقہ رکھنا (۱) تعلق رکھنا۔ واسطہ رکھنا۔ نسبت رکھنا ؎
عِلاقہ (عِلَا۔ قَہ) (ع۔ مذکر) کسی چیز سے بندھی یا لٹکی ہوئی چیز۔ تلوار کا ڈورا۔ کوڑے یا رکاب کا تسمہ۔ طرۂ دستار ؎
عِلاقہ بند (ف) مذکر۔ پٹوا۔ زیور میں ڈورا ڈالنے والا ؎
عِلاقہ بندی (ف) مؤنث۔ پٹوے کا کام۔ پٹواگری
علالت (عَلَا۔ لَت) (ع) مؤنث۔ بیماری۔ دُکھ۔ روگ ؎
علام (عَلّ۔ لَام) (ع۔ مذکر) بہت جاننے والا۔ ہر بات سے واقف
علام الغیوب (ع) مذکر۔ غیب دان۔ آئندہ کی باتوں سے واقف۔ خداتعالیٰ۔ عالم الغیب ؎
علامات (عَلَامَات) (ع۔ مؤنث) (۱) علامت کی جمع ؎
علامت (عَلَا۔ مَت) (ع۔ مؤنث) (۱) نشان۔ مارک (۲) پتہ (۳) سراغ۔ کھوج (۴) اشارہ۔ کنایہ (۵) چھاپ۔ مہر۔ لیبل (۶) آثار ؎
علامتِ بلوغ (ع) مؤنث۔ جوانی کی نشانی۔ مونچھوں وغیرہ کا نکلنا ؎
علامتِ تذکیر و تانیث (ع۔ ف) مؤنث۔ مذکر و مؤنث یا

تر و مادہ پہچاننے کی نشانی ؛

علّامہ (عَل۔ لا۔ مَہ) (ع) مؤنث (۱) بہت جاننے والی عورت۔ فاضلہ (۲) (۱) نہایت چالاک اور عیار عورت (۳) مذکر نہایت دانا اور فاضل مرد (۴) (۱) نہایت چالاک اور مکّار آدمی

علّامۂ دہر یا۔ علامۃ الدہر (ع) (۱) زمانے کا فاضل۔ بہت بڑا عالم (۲) نہایت چالاک۔ عیار۔ مکار ؛

علّامی (ع) بہت بڑا عالم۔ علّامہ ؛

عَلانِیہ (عَلا۔ نِیَہ) (ع) ظاہر بظاہر کھلّا۔ سب کے سامنے بپیر عام ؛

عِلاوہ (عِلا۔ وَہ) (ع) (۱) حرف استثنا۔ ماسوا۔ سوا (۲) اور۔ اوپر۔ فالتو۔ زیادہ ؛

علاوہ ازیں۔ علاوہ بریں (ع۔ ف) اس کے سوا باوجودیکہ

علائق (عَلا۔ اِق) (ع) مذکر علاقہ کی جمع۔ بکھیڑے۔ تعلقات ؛

عِلّت (ع۔ مؤنث) (۱) بیماری۔ دکھ۔ روگ (۲) وجہ سبب۔ باعث (۳) خراب اور ناکارہ چیز (۴) (۱) جھگڑا۔ بکھیڑا (۵) (۱) عادت بد۔ لت (۶) (۱) عیب نقص (۷) (۱) الزام۔ بہتان (۸) (۱) کوڑا کرکٹ۔ خس و خاشاک ؛

علّت ابنہ (ع۔ مذکر) فعل بد کرانے کی عادت۔ اغلام کرانے کی عادت۔ علت مشائخ ؛

علّت تامہ (ع) مؤنث۔ سبب کامل۔ پورا سبب ؛

علّت صوری (ع) مؤنث۔ ظاہری سبب۔ صورت اختیار کرانے کی وجہ ؛

علّت غائی (ع) مؤنث (۱) نتیجہ۔ حاصل۔ ماحصل مقصود اصلی (۲) فائدہ پھل (۳) سبب۔ وجہ

علّت فاعلی (ع۔ مؤنث) سبب ایجاد۔ وہ سبب جس سے کوئی شے بنائی گئی ہو ؛

علّت لگا لینا (ا) (۱) عادت ڈال لینا (۲) اپنے پیچھے لگا لینا۔ عذاب مول لینا ؛

علّت مشائخ (ع) مؤنث) ایک بیماری جس سے مقعد میں خارش پیدا ہوکر مفعولیت کی خواہش پیدا ہو جاتی ہے علّت اُبنہ ؛

علّت و معلول (ع) مذکر۔ سبب۔ کارن

علیٰ رؤس الاشہاد (ع) گواہوں کے روبرو۔ علی الاعلان۔ علانیہ ؛

علف (عَلَف) (ع۔ مذکر) گھاس۔ گیا ؛

علف زار (ع۔ ف) مذکر۔ چراگاہ۔ ڈھور چرانے کی جگہ ؛

عِلَل (عِلَل) (ع مؤنث) علّت کی جمع ؛

عَلَم (عَلَم) (ع۔ مذکر) (۱) جھنڈا۔ نیزہ۔ نشان۔ جھنڈی۔ بیرق (۲) (۱) امام حسینؑ یا شہدائے کربلا کے نام کا جھنڈا (۳) وہ نام جس سے آدمی مشہور ہو۔ خاص نام (۴) (۱) مشہور۔ ام نشرح۔ رسوا۔ بدنام (۵) (ا) برہنہ۔ بے غلاف (۶) (ا) بلند کرنا۔ اونچا کرنا ؛

عَلَم اٹھنا (ا) محرم کی ساتویں تاریخ کو شہدائے کربلا کی یادگار میں جھنڈے نکلنا ؛

علمبردار (ع۔ ف) مذکر۔ وہ شخص جو موقع جنگ یا سواری پر فوج کا جھنڈا لے کر چلے۔ جھنڈا اٹھانے والا ؛

علم ٹوٹنا (ا) (عو) ایک سخت کوسنا ہے۔ جو شیعہ مستورات سخت تکلیف کی حالت میں منہ سے نکالتی ہیں ؛

علم دار (ع۔ ف) مذکر (۱) وہ شخص جو فوج کا جھنڈا لے کر آگے چلے۔ جھنڈا اٹھانے والا (۲) حضرت عباسؑ ابن حضرت علیؓ کا لقب جنہیں میدان کربلا میں علم کی خدمت سپرد ہوئی تھی ؛

عَلَم کرنا (ا) تلوار علم کرنا۔ تیغ یا تلوار کو میان سے نکالنا ؛

عَلَم ہونا (ا) مشہور ہونا۔ رسوا ہونا۔ بدنام ہونا ؛

عِلم (عِلم) (ع۔ مذکر) (۱) دانش۔ دانائی۔ واقفیت۔ آگاہی (۲) ہنر۔ فن۔ جوہر (۳) (ا) جادو۔ ٹونا۔ منتر (۴) عمل تسخیر ؛

علم اخلاق (ع۔ مذکر) وہ علم جس کے ذریعے سے آدمی کی عادات درست ہوں نشست و برخاست کے طریقے ؛

علم ادب (ع) مذکر۔ زبان کا علم ؛

علم الٰہی (ع۔ مذکر) وہ علم جس میں ان امور سے بحث کی جائے جو وجود خارجی یا تعقل میں مادہ کے محتاج نہ ہوں ؛

علم لدنی (ع۔ مذکر) وہ علم جو کسی کو خدائے تعالےٰ کی طرف سے محض اس کے فیض سے بغیر محنت و استاد حاصل ہو ؛

عُلَما (عُلَما) (ع۔ مذکر) عالم کی جمع۔ عالم فاضل لوگ ؛

علمائے دہر (ع) (مذکر) دنیا کے عالم۔ دنیا کے فاضل ؛

علمی (ع) علم سے منسوب۔ علم سے متعلق ؛

علمیت (ع۔ مؤنث) (۱) علم ہونا (۲) بدیا۔ علم ؛

عُلو (عُلو) (ع۔ مذکر) بلندی۔ اونچائی۔ برتری ؛

علو ہمت (ع) عالی ہمتی۔ بلند ہمتی۔ ارادے کی بلندی ؛

عُلوفہ (عُلو۔ فَہ) (ع۔ مذکر) خوراک۔ راتب۔ بھتہ۔ وظیفہ۔ روزینہ ؛

علوم (عُلوم) (ع) مذکر۔ علم کی جمع۔ ہنر و فن ؛

علوم جدیدہ (ع۔ مذکر) وہ علوم جو زمانہ حال میں ایجاد ہوئے ہیں جیسے علم آب۔ زلزال۔ علم ہوا۔ علم طبقات الارض

جزثقیل وغیرہ ۔

علوم قدیم (ع ۔ مذکر) وہ علوم جو زمانۂ قدیم سے چلے آتے ہیں جیسے منطق ۔ نجوم ۔ عروض وغیرہ ۔

علوم متعارفہ (ع ۔ مذکر) اقلیدس، وہ مشہور و معروف اور صریح باتیں جو دلیل کی بنیاد قائم کرنے کے لئے اختیار کی جائیں ۔

علوم مشرقی (مذکر) وہ علوم جو مشرقی ممالک یعنی ایشیا و افریقہ میں رائج ہیں ۔

علوم مغربی (ع ۔ مذکر) وہ علوم جو ممالک مغربیہ یعنی یورپ اور امریکہ میں رائج ہیں ۔

عَلَوی (عَلَوِی) (ع ۔ مذکر) وہ شخص جو حضرت علی کی اولاد سے ہو ۔ مگر حضرت فاطمہؓ کے بطن سے نہ ہو ۔

عُلْوی (عُل ۔ وِی) (ع ۔ مذکر) (۱) فرشتہ ۔ ملک (۲) ستارۂ آسمانی ۔ (۳) فلکی (۴) اعلےٰ درجہ کا ۔

علی (عَلِی) (ع) مذکر (۱) اونچا ۔ بلند (۲) حق تعالےٰ (۳) خلیفہ چہارم

علی بند (ع ۔ ف) (۱) ایک زیور جسے اکثر اہل تشیع کلائی یا بازو وغیرہ پر باندھتے ہیں (۲) کشتی کا ایک پیچ (۳) جادو کا اثر روکنے والا تعویذ ۔

علی الرغم (ع) برخلاف ۔ برعکس ۔ مقابلے میں ۔

علی ۔ عَلَا (ع) پر ۔ اوپر ۔ بالا ۔

علی الاتصال ۔ علی التواتر (ع) متواتر ۔ پے در پے ۔ لگاتار ۔

علی الحساب (ع) چلتے ہوتے حساب میں ۔ بلا حساب چکائے

علی الحساب دینا (ا) قبل از حساب دینا ۔ بیچ کے طور پر دینا ۔ پیشگی دینا ۔

علی الخصوص (ع) خاص کر ۔ خصوصاً ۔

علی الدوام (ع) ہمیشہ ۔ ہمیشہ کے لئے ۔

علی الصباح (ع) بہت سویرے ۔ تڑکے ہی ۔ نور کے تڑکے ۔

علی العموم (ع) عموماً ۔ عام طور پر ۔

علٰحدگی (اَلَگ ۔ حدگی) (ف ۔ مؤنث) جدائی ۔ تنہائی ۔ خلوت

علٰحدہ (عَلَا ۔ حدہ) (ع) (۱) الگ (۲) جدا (۳) سوا (۴) تنہائی میں (۵) شرکت سے باہر ۔

علٰحدہ ۔ علٰحدہ (ع) جدا جدا ۔ الگ ۔ الگ ۔

علٰحدہ کرنا (ا) (۱) جدا کرنا (۲) موقوف کرنا (۳) انتخاب کرنا ۔ چھانٹنا ۔

علی قدر مراتب (ع) حسب مرتبہ ۔ حیثیت یا مرتبے کے مطابق ۔

علی ہٰذا القیاس (ع) اسی قیاس پر ۔ اسی طرح ۔ یونہی ۔

علیا (عَل ۔ یا) (ع) اعلیٰ کی مؤنث ۔

علیک (ع) تجھ پر ۔

علیک سلیک (ا) مؤنث ۔ صاحب سلامت ۔ معمولی واقفیت ۔

علیل (ع) مریض ۔ بیمار ۔ دکھیا ۔ روگی ۔

علیم (عَلِیم) (ع) (۱) دانا ۔ جاننے والا ۔ عالم ۔ واقف (۲) علم والا ۔ فاضل ۔ صاحب علم ۔

علیہ الرحمۃ (عَلَے ۔ ہر ۔ رَح ۔ مَت) (ع) اس پر خدا کی رحمت ہو ۔

علیہ السلام (ع) اس پر سلام یعنی خدا تعالےٰ کی عنایت و مہربانی اور توجہ ہو ۔

علیہم (ع) اُن پر ۔ اُن کے اوپر ۔

علیہم السلام (ع) اُن سب پر خدا تعالےٰ کا درود اور سلام ہو ۔

علیین (عِل ۔ لِی ۔ یِین) (ع ۔ مؤنث) (۱) بہشت کا نام آٹھواں آسمان (۲) علیہ کی جمع ۔ جنت کے اونچے اونچے مکان یا اس کی کھڑکیاں ۔

ع ۔ م

عَم (عَم) چچا ۔ باپ کا بھائی ۔ عمو ۔

عم زادہ (ع ۔ ف) مذکر ۔ چچا زاد ۔ چچا کا بیٹا ۔

عمارات (عِما ۔ رَت) (ع) مؤنث (۱) آبادی بستی (۲) مکان محل مسکن ۔ گھر ۔

عماری (عَما ۔ رِی ۔ عَم ۔ ما ۔ رِی) (ع ۔ مؤنث) ہاتھی کا ہودا ہودج ۔

عمال (عُم ۔ مال) (ع) مذکر ۔ عامل کی جمع ۔ حاکم ۔ روپیہ تقسیم کرنے والے ۔ عہدہ دار ۔ تحصیلدار ۔

عمامہ (عِما ۔ مَہ ۔ عِم ۔ ما ۔ مَہ) (ع) مذکر ۔ پگڑی ۔ دستار ۔ سر پیچ ۔

عمان (عَم ۔ مان) (ع ۔ مذکر) ملک شام کا ایک شہر ۔

عمان (عُم ۔ مان) (ع ۔ مذکر) (۱) عرب کا جنوب مشرقی حصہ (۲) سمندر (۳) یمن کا ایک شہر ۔

عمد (عَمْد) (ع ۔ مذکر) قصد ۔ ارادہ ۔ نیت ۔ عزم ۔

عمداً (ع) قصداً ۔ ارادۃً ۔ جان بوجھ کر ۔

عمدہ (عُم ۔ دَہ) (ع) (۱) معتمد ۔ اعتبار والا (۲) اچھا ۔ خوب بھلا (۳) اشراف ۔ امیر ۔ دولتمند ۔ ذی عزت ۔ ذی رتبہ ۔ منتخب ۔ پسندیدہ (۴) نفیس ۔ تحفہ ۔ قابل تعریف (۵) اول درجے کا ۔ اعلیٰ قسم کا (۶) خالص ۔

(۸) (۹) خوش ذائقہ۔ لذیذ (۸) قیمتی۔ بیش بہا (۹) نیک۔ خلیق
(۱۰) خوبصورت۔ خوش وضع ۰
عُمر (عُمْر) (ع۔ مؤنث) (۱) سن و سال (۲) عرصہ۔ مدت۔ زمانہ
قرن۔ عہد۔ دَور ۰
عمدۃ الملک (ع۔ مذکر) ملک کے اعلٰے عہدہ داروں کا خطاب
جو شاہی زمانے میں دیا جاتا تھا ۰
عمدگی (عُمْ۔ دَ۔ گی) (ع۔ مؤنث) خوبی۔ وصف۔ گُن ۰
عمر بھر (۱) تمام عمر۔ تاذیست۔ ہمیشہ۔ سدا ۰
عمر بھر کی روٹیاں سیدھی کر لینا (۱) تمام عمر کے خرچ کے
لائق بہت سا روپیہ کما لینا ۰
عمر پٹہ لکھوا لانا۔ یا۔ لکھوا لینا۔ یا۔ لکھوا تا (۱) ہمیشہ
زندہ رہنے کا اجارہ لینا۔ سدا جیتے رہنے کا اقرار نامہ
لکھوا لینا ۰
عمر تیر کرنا (۱) عمر گزارنا۔ عمر کے دن پورے کرنا۔ عمر بسر کرنا۔
عمر کاٹنا۔ ایام گزاری کرنا ۰
عمر دراز (۱) دعا (ع) (۱) عمر بڑی ہو۔ جیتے رہو ۰
عمر رسیدہ (ع۔ ف) بڑی عمر کا بوڑھا۔ معمر۔ تجربہ کار۔ زمانہ
شناس ۰
عمر طبعی۔ یا۔ طبیعی (ع، مؤنث) پوری عمر۔ اصل عمر جو
از روئے حکمت و فطرت قرار دی گئی ہے ۰
عمر قید (۱) مؤنث۔ عمر بھر کی قید۔ جیتے جی کی قید ۰
عمر کا پیمانہ بھر جانا۔ یا۔ لبریز ہو جانا (۱) زندگی پوری
ہو جانا۔ مرنے کا وقت آ جانا ۰
عمر کاٹنا (۱) عمر بسر کرنا۔ بے لطفی سے دن پورے کرنا ۰
عمر کے دن بھرنا۔ یا۔ پورے کرنا (۱) یوں توں کر کے
عمر کاٹنا ۰
عمر نوح (ع، مؤنث۔ نوح کی سی بڑی عمر والا۔ کہتے ہیں۔
ان کی عمر ساڑھے نو سو برس کی تھی۔ بہت بڑی عمر ۰
عمران (عِمْ۔ رَان) (ع۔ مذکر) (۱) حضرت موسیٰ کے والد
(۲) آبادی ۰
عمرو (عَمْر) (ع۔ مذکر) ایک نام ۰
عمرہ (عُمْ۔ رَہ) (ع، مذکر) حاجیوں کی وہ خاص عبادت جو ایام حج
کے سوا خانہ کعبہ کا طواف کرنے میں ہوتی ہے ۰
عمق (عُمْق) (ع۔ مذکر) گہرائی۔ قعر۔ تہ۔ حوض یا دریا کی تھاہ ۰
عمل (عَمَل) (ع۔ مذکر) (۱) کام۔ فعل۔ کار۔ دھندا (۲) تعمیل۔
کارروائی۔ برتاؤ (۳) استعمال۔ عادت۔ معمول (۴) قاعدہ
(۵) (۶) اثر۔ تاثیر (۶) (۷) نشے کا اثر (۸) (۱) حکومت۔
سلطنت۔ راج (۸) (۹) قبضہ (۹) (۱۰) وقت۔ سماں (۱۰)
(۱۱) حد و ملک (۱۱) (۱۲) جادو۔ منتر۔ افسوں۔ سحر ۰
عمل بیٹھ جانا۔ یا۔ بیٹھنا (۱) قبضہ ہو جانا۔ عمل دخل ہونا۔
حکومت ہونا ۰
عمل پانی (۱) مذکر۔ نشہ پانی ۰
عمل پڑھنا (۱) کسی منتر یا افسوں یا عمل کا کسی خاص ترکیب
سے پڑھنا ۰
عمل جراحی (ع، مذکر) جراح کا کام۔ چیر پھاڑ ۰
عمل دار (ع۔ ف، مذکر) حاکم۔ عامل۔ تحصیلدار۔ محصل ۰
عملداری (ع۔ ف، مؤنث) (۱) حکومت۔ سلطنت۔ راج۔ ریاست
(۲) علاقہ۔ قلمرو (۳) اختیار۔ حکم ۰
عمل دخل (۱) مذکر۔ تسلط۔ حکومت (۲) قبضہ۔ اختیار ۰
عمل درآمد (ع۔ ف، مذکر) تعمیل۔ کاربندی۔ کارروائی ۰
عمل شمسی و قمری (ع۔ ف، مذکر) کیمیاگروں کی اصطلاح سونا
چاندی بنانا ۰
عمل معمولی (ع۔ مذکر) پرانی رسم ۰
عمل کرنا (۱) بات ماننا۔ کسی بات پر چلنا۔ برتنا (۲) اثر کرنا (۳)
نشہ پانی کرنا (۴) قبضہ کرنا ۰
عمل ہونا (۱) (۱) قبضہ ہونا (۲) نشہ ہونا (۳) کسی بات پر کاربند
ہونا (۴) وقت ہونا ۰
عملہ (عَمَلَہ) (ع۔ مذکر) عامل کی جمع (۱) کسی محکمے کے ملازم۔ کارکن
لوگ۔ اہلکار۔ کچہری کے لوگ (۲) (۱) مکان کا سامان ۰
عملہ پولیس یا فوجداری (۱) مذکر۔ محکمۂ پولیس۔ محکمہ فوجداری۔
شہری انتظام اور محافظت کے لوگ ۰
عمل دخل (۱) مذکر۔ قبضہ۔ تصرف ۰
عملہ فعلہ (۱) مذکر (۱) محکمے کے نوکر چاکر۔ اہلکاران محکمہ (۲)
اہالی موالی ۰
عملی (ع) (۱) عمل سے منسوب (۲) (۱) نشہ باز۔ نشے کا عادی ۰
عمو (ع) مذکر۔ چچا۔ باپ کا بھائی۔ تایا ۰
عمود (عَمُوْد) (ع، مذکر) (۱) تھم۔ کھم۔ ستون۔ چوب خیمہ (۲) وہ
خط مستقیم جو دوسرے خط مستقیم پر قائم ہو کر زاویہ متصلہ باہم
برابر پیدا کرے۔ اُسے عمود اور ان زاویوں کو زاویۂ قائمہ
کہتے ہیں ۰
عمود ڈالنا (۱) کسی خط مستقیم پر عمود قائم کرنا ۰
عموم (عُمُوم) (ع۔ مذکر) عام ہونا۔ عام۔ بیشتر۔ بہت۔ علی العموم
سرسری طور پر ۰
عمیق (عَمِیْق) (ع) گہرا۔ ڈباؤ۔ اتھاہ ۰
عمیم (عَمِیْم) (ع) پورا۔ تمام۔ سب میں شامل۔ عام ۰

ع-ن

عن (عَن) (ع) سے
عن قریب - عنقریب (ع) (۱) پاس - نزدیک (۲) جلد فوراً ؛
عنا (عَنَا) (ع - مذکّر) (۱) تکلیف (۲) محنت (۳) تھکاوٹ (۴) رنج ؛
عنّاب (عُن - نَاب) (ع) مذکّر - ولایتی بیر جو نہایت سرخ رنگ کا ہوتا ہے ؛
عنّابی (ع) عنّاب کی مانند - سیاہی مائل سرخ ؛
عناد (عِنَاد) (ع) مذکّر (۱) لڑائی - سرکشی - خصومت (۲) ضد - اصرار - ہٹ (۳) دشمنی - عداوت - بیر (۴) کینہ - نفاق ؛
عنادل (عَنَا - دِل) (ع) عندلیب کی جمع - بلبلیں ؛
عناصر (عَنَا - صِر) (ع - مذکّر) عنصر کی جمع - اصلی جزو - چار عنصر یعنی مٹی - ہوا - آگ - پانی ؛
عنان (عِنَان) (ع) مؤنّث - باگ - لگام - باگ ڈور - راس ؛
عنایات (عِنَا - یات) (ع - مؤنّث) (۱) مہربانی - نوازش - تلطف (۲) بخشش - فیض (۳) تحفہ - عطیّہ (۴) (۱) التفات توجّہ ؛
عنایت (عِنَا - یَت) (ع - مؤنّث) (۱) لطف - مہربانی (۲) توجّہ (۳) تحفہ ؛
عنایت کرنا (۱) مہربانی کرنا (۲) احسان کرنا (۳) بخشنا - عطا کرنا (۴) توجّہ کرنا ؛
عنایت ہے (۱) مہربانی ہے - کرم بخشی ہے ؛
عنب (عِنَب) (ع) مذکّر - انگور - داکھ - کشمش ؛
عِنَبُ الثّعلب (ع) مؤنّث - مکو ؛
عنبر (ع) مذکّر - ایک قسم کی خوشبودار چیز جو آگ پر موم کی طرح پگھل جاتی ہے ؛
عنبرِ اشہب (ع) مذکّر - سیاہ رنگ کا عنبر ؛
عنبرِ خشخاشی (ع) مذکّر - ایک قسم کا صاف کیا ہوا عنبر جس پر سفید سفید خشخاش کی مانند چھتیاں ہوتی ہیں ؛
عنبریں (ع - ف) عنبر میں خوشبودار کیا ہوا - خوشبودار (۲) سیاہ عنبر کے رنگ کا ؛
عند (عِنْد) (ع) (۱) نزدیک - پاس - قریب (۲) سامنے - آگے (۳) تقریباً ؛
عند الطّلب (ع) مانگنے کے وقت - بروقت مطالبہ ؛
عند الضّرورت (ع) ضرورت کے وقت - ضرورت میں ؛
عند الملاقات (ع) بروقت ملاقات - ملنے کے وقت ؛
عند الوقوع (ع) واقع ہونے کے وقت ؛
عندلیب (عَن - دَلِیب) (ع) مؤنّث و مذکّر - بلبل - ہزار - داستان ؛
عندیہ (عِن - دِیَہ) (۱) مذکّر (۱) رائے - منشاء (۲) ارادہ - منصوبہ ؛
عندیہ پانا - پا - لینا - یا معلوم کرنا (۱) رائے لینا - منشاء دریافت کرنا - بھید لینا ؛
عُنصر (عُن - صُر) (ع) مذکّر - اصل بنیاد - اصل جزو ؛
عُنفوان (عُن - فُوَان) (ع) آغاز - شروع ؛
عنقا (عَن - قَا - عُن - قَا) (ع) مذکّر (۱) سیمرغ - ایک موہوم جانور جس کا ذکر صرف اشعار میں تو آیا ہے مگر آج تک کسی نے دیکھا نہیں (۲) نایاب شے - بے نظیر چیز ؛
عنقا ہونا (۱) نادر - کمیاب ہونا (۲) بے نشان و غائب ہونا (۳) مشکل ہونا - دشوار ہونا ؛
عنکبوت (عَن - کَبُوت) (ع) مؤنّث - مکڑی ؛
عنوان (عُن - وَان) (ع) مذکّر (۱) سرنامہ - سرخی (۲) فروع آغاز (۳) دیباچہ (۴) فصل - باب (۵) (ف) سبب - وجہ طور - طریق - طرز - ڈھنگ ؛
عنّین (عِن - نِین) (ع - مذکّر) نامرد - ہیجڑا ؛

ع-و

عوارض (عَوَا - رِض) (ع) مذکّر - عارضہ کی جمع ؛
عواطف (عَوَا - طِف) (ع) مؤنّث - عاطفہ کی جمع ؛
عواقب (عَوَا - قِب) (ع) مذکّر - نتائج ؛
عوام (عَوَام) (ع) مذکّر - عامہ کی جمع - (۱) عام لوگ - مخلوق (۲) رعایا - پرجا (۳) جہلا - جاہل آدمی - بازاری لوگ ؛
عوام النّاس (ع) مذکّر - تمام آدمی - عام لوگ ؛
عوامل (عَوَا - مِل) (ع) مذکّر - عمل کرنے والے - حاکم لوگ ؛
عوائب (ع) عائب کی جمع - عیب کرنے والے ؛
عوج بن عوق (ع) مذکّر (۱) ایک طویل القامت شخص جو حضرت آدمؑ کی بیٹی سے پیدا ہوا اور حضرت موسیٰؑ کے وقت تک زندہ رہا - اس کی عمر ساڑھے تین ہزار برس کی ہوئی - حضرت موسیٰؑ نے اسے مارا (۲) ظرافتاً بہت لمبے قد والا (۳) بیوقوف ؛
عَود (عَوْد) (ع) مذکّر - واپسی - مراجعت - اعادہ - لوٹنا پھرنا ؛
عود کرنا (۱) لوٹ آنا - اعادہ کرنا - پھر آ جانا ؛

عُود (عُود) (ع، مذکر) (۱) ایک قسم کی سیاہ لکڑی جو آگ میں جل کر نہایت عمدہ خوشبو دیتی ہے ہندی میں اسے اگر کہتے ہیں (۲) ایک باجا جسے بربط کہتے ہیں ٭
عود سوز (ع-ف) مذکر۔ عود جلانے کی انگیٹھی۔ اگردان ٭
عورات (عَو-رَات) (ع) مؤنث۔ عورت کی جمع ٭
عورت (عَو-رَت) (ع۔ مؤنث) (۱) انسان کے جسم کا وہ حصّہ جس کا کھولنا موجبِ شرم ہے (۲) (ا) زن۔ نار۔ لُگائی۔ استری (۳) (ا) جورو۔ بیوی۔ منکوحہ ٭
عورت کی بلا رضامندی (ا) (قانون) عورت کا اس قدر مدہوش ہونا کہ زنا کی ماہیت نہ سمجھ سکے ٭
عورت کی عقل گُدّی کے پیچھے (ا) (مثل) عورت بیوقوف ہوتی ہے۔ اس لئے دیر میں سمجھتی ہے ٭
عورت کی مرضی کے خلاف (ا) (قانون) وہ حالت جب عورت ہوش و حواس میں زنا کے لئے راضی نہ ہو ٭
عِوَض (عِوَض) (ع۔ مذکر) (۱) بدلہ۔ معاوضہ۔ اجر۔ تاوان ڈنڈ۔ جوا۔ جُرمانہ (۲) قائم مقام۔ بجائے (۳) (ا) سزا۔ تعزیر۔ عذاب ٭
عوض لینا (ا) بدلہ لینا۔ کئے کی سزا دینا ٭
عوض معاوضہ (ا) مذکر۔ معاوضہ۔ الٹا پلٹی۔ ادل بدل ٭
عوض معاوضہ گلہ ندارد (ف) (مثل) لے دے کر پھر کوئی شکوہ شکایت نہیں چاہیئے ٭
عوضانہ (ا) مذکر۔ صلہ۔ بدلہ۔ معاوضہ ٭
عِوَضی (ع) مذکر (۱) قائم مقام (۲) قائم مقامی ٭
عوضی دینا (ا) اپنی جگہ کیلئے کوئی دوسرا آدمی دیکر آپ رخصت لینا ٭
عَو عَو (عَو-عَو) (ع-مؤنث) (۱) کتے کے بھونکنے کی آواز (۲) کنایۃً ڈینگ
عَون (عَون) (ع-مذکر) (۱) مدد۔ کمک۔ معاونت (۲) مددگار ٭
عون اللّٰہ (ع-مؤنث) مددِ خدا۔ خدا کی مدد ٭

ع-ہ

عہد (ع) مذکر (۱) وقت۔ زمانہ۔ سال (۲) قول و قرار۔ اقرار۔ مدار۔ قسم۔ سوگند (۳) سلطنت کا زمانہ۔ زمانۂ حکومت (۴) (ا) پابندی ٭
عہد توڑنا (ا) اقرار کے خلاف کرنا۔ قول و قرار پر نہ رہنا ٭
[illegible] مذکر۔ سلطنت کا زمانہ۔ ایّامِ حکومت ٭
[illegible] اپنے قول و قرار پر نہ رہنے [illegible]

عہد کر لینا (ا) (۱) قسم کھا لینا (۲) چھوڑ دینا (۳) وعدہ کر لینا قول و قرار کر لینا ٭
عہد لینا (ا) قسم لینا۔ کسی امر کا وعدہ لینا ٭
عہد نامہ (ع-ف) مذکر۔ معاہدہ۔ تحریری۔ اقرار نامہ۔ وہ کاغذ جو قول و قرار کے وثوق کے لئے لکھا جائے ٭
عہد پیمان (ع-ف) مذکر۔ قسماقسمی۔ اقرار۔ مدار۔ قول و قرار ٭
عُہدہ (ع) مذکر (۱) ذمّہ۔ ضمانت (۲) منصب۔ مرتبہ۔ سرداری۔ افسری ٭
عُہدہ برآ ہونا (ا) بری الذمّہ ہونا۔ فرض ادا کر دینا۔ وعدہ پورا کر دینا ٭
عہدہ پانا (ا) منصب حاصل کرنا۔ درجہ پانا ٭
عہدہ دار (ع-ف) مذکر۔ ذی رتبہ۔ افسر۔ صاحب منصب ٭

ع-ی

عیادت (عِیَا-دَت) (ع-مؤنث) بیمارپرسی بیمار کی خبر پوچھنا
عیادت کرنا (ا) بیمار پرسی کرنا۔ بیمار کا حال پوچھنا ٭
عیاذ (عِیَاذ) (ع-مذکر) (۱) پناہ لینا (۲) بُرائی سے بھاگنا ٭
عیاذاً باللّٰہ (ع) خدا کی پناہ۔ میں خدا سے پناہ مانگتا ہوں
عیار (عِیَار) (ع-مذکر) (۱) کھرا کھوٹا پن (۲) سونا چاندی تولنے کا کانٹا ٭
عیّار (عَیّ-یَار) (ع-مذکر) مکّار۔ فریبی چال باز۔ ٹھگ (۲) چالاک ہوشیار ٭
عیّاری (ف) مؤنث۔ فریب۔ دغا۔ چالاکی۔ دھوکا بازی ٭
عیّاش (ع) مذکر (۱) آرام سے رہنے والا (۲) (ا) تماش بین۔ بدکار۔ رنڈی باز ٭
عیّاشی (ا) مؤنث (۱) عیش و عشرت۔ تن آسانی (۲) تماش بینی نفس پرستی۔ اوباشی ٭
عیّاشی کرنا (ا) تماش بینی کرنا۔ مزے اڑانا ٭
عیال (عِیَال) (ع) مذکر۔ زن و فرزند۔ بال بچے۔ متعلقین ٭
عیال دار (ع-ف) مذکر۔ کنبے والا۔ بال بچے والا ٭
عیال داری میں پھنسنا (ا) بال بچوں میں گرفتاری۔ گھربار اور خانہ داری کے جھگڑے بکھیڑے میں گھرنا ٭
عیاں (عَیَاں) (ع) ظاہر۔ علانیہ۔ الم نشرح۔ کھلا ہوا نمودار
عیاں راچہ بیاں (ع-ف) (مثل) ظاہر اور علانیہ چیز کو بیان کرنے کی ضرورت نہیں ٭

عیب (عَیب) (ع) مذکّر نقص برائی - خرابی - کھوٹ - داغ روگ - قصور ۔

عیب بچھانا (۱) (۱) نقص بیان کرنا (۲) بھید کھول دینا ۔

عیب پوش (ع - ف) (۱) لوگوں کا عیب چھپانے والا (۲) (مذکّر) اوپر کی عمدہ پوشاک ۔

عیب پوشی (ع - ف) مؤنث - چشم پوشی - اغماض - پردہ پوشی ۔

عیب جو یا - عیب بیں (ع - ف) حرف گیر نقص نکالنے والا ۔

عیب دار (ف) عیبی - ناقص جس میں کچھ عیب ہو ۔

عیب سے بری - یا - پاک ہونا (۱) بے عیب ہونا بے نقص ہونا ۔

عیب کرنے کو بھی ہنر چاہیئے (۱) (ف) عیب کرنے
عیب کردن راہنرے باید کے لئے بھی لیاقت
بکار ہے - بے وقوفی سے تھوڑا عیب بھی بڑا ہو جاتا ہے ۔

عیب گیری کرنا (۱) (۱) عیب جوئی کرنا نقص نکالنا ۔

عیب لگانا (۱) (۱) الزام دھرنا - بہتان باندھنا - کلنک لگانا داغ لگانا (۲) بدنام کرنا - رسوا کرنا (۳) عفت میں فرق ڈالنا - عزت بگاڑنا ۔

عیبی (۱) (۱) عیب دار - ناقص (۲) شریر - بد ذات (۳) روگی مریض (۴) معیوب ۔

عید (عِید) (ع) مؤنث (۱) مسلمانوں کے جشن کا روز - خوشی کا تہوار (۲) (۱) نہایت خوشی ۔

عیدِ اضحیٰ - عید الاضحیٰ (ع) مؤنث بقر عید - مسلمانوں کا وہ تہوار جس میں حج اور قربانیاں کرتے ہیں ۔

عید الفطر (ع - مؤنث) رمضان کے بعد کی عید - وہ عید جس میں فطرہ دیا جائے ۔

عید قربان (ع - مؤنث) دیکھو (عید اضحیٰ) ۔

عید کا چاند (۱) مذکّر (۱) رمضان کے بعد کا چاند (۲) شوال کا مہینہ (۳) قابل اشتیاق - وہ شخص جسے مدّت کے بعد عین انتظار یا حالتِ اشتیاق میں دیکھیں ۔

عید کا چاند نکلنا (۱) (۱) عید کے چاند کا نظر آنا (۲) جس چیز کے مشتاق ہوں - اس کا نظر پڑنا ۔

عید کا چاند ہو جانا (۱) کمال اشتیاق اور آرزو کے بعد ملنا - بہت کم نظر آنا ۔

عید کی نماز (۱) مؤنث - وہ دوگانہ جو عید کے روز عیدگاہ میں ادا کیا جائے ۔

عید کے پیچھے ٹر (۱) (مثل) وقت گزر جانے کے بعد خوشی کی بے موقع نقل کرنا - تہوار نکل گیا تو خوشی کیسی

عید کے پیچھے چاند مبارک (۱) (مثل) بے محل مبارکباد دینا ۔

عیدگاہ (ع - ف) مؤنث وہ مقام جہاں جا کر عید کی نماز پڑھتے ہیں ۔

عید منانا (۱) خوشی کرنا - جشن منانا ۔

عید ہو جانا - یا - ہونا (۱) (۱) عید کا تہوار ہونا یا ہو جانا (۲) کمال خوشی ہونا - مراد بر آنا ۔

عیدی (۱) مؤنث (۱) عید کا انعام - عید کا خرچ جو بچوں کو دیا جائے (۲) وہ نظم جو بچوں کو ایک خوشنما کاغذ پر لکھ کر عید کی مبارکباد میں استاد کی طرف سے دی جاتی ہے (۳) وہ مٹھائی اور نقدی وغیرہ جو عید کے دن سسرال سے آئے یا وہاں بھیجی جائے (۴) وہ خوشنما کاغذ جس پر عید کے اشعار لکھتے ہیں ۔

عیسیٰ - عیسیٰ (عبرانی) مذکّر (۱) گناہ سے بچانے والا - ایک پیغمبر جو حضرت مریمؑ کے بطن سے بغیر باپ کے پیدا ہوئے ۔

عیسیٰ بدینِ خود - موسیٰ بدینِ خود (ف) (مثل) ہر شخص اپنے اپنے مذہب میں خوش ہے - دوسرے کے مذہب سے کیا واسطہ - عیسائی اپنے مذہب پر قائم ہیں - تو موسائی اپنے دین پر ۔

عیسائی (عبرانی) (ف) مذکّر - نصرانی - مسیحی - حضرت عیسیٰؑ کے پیرو اور ان کے ماننے والے ۔

عیسوی (عبرانی) مسیحی - حضرت عیسیٰؑ سے متعلق - وہ سنہ جو حضرت عیسیٰؑ کی ولادت کے زمانے سے شروع ہوا - مگر انگریزی تاریخ کے مطابق ان کے انتقال سے سنہ شروع ہوا ہے ۔

عَیش (عَیش) (ع) مذکّر (۱) عشرت - آرام - چین - سکھ - خوشی مزہ (۲) (۱) نفس پرستی - مباشرت ۔

عیش اڑانا (۱) (۱) مزے اڑانا - لطف حاصل کرنا (۲) مباشرت کرنا - ہمبستر ہونا ۔

عیش تلخ یا منغص کرنا (۱) عیش و آرام میں خلل انداز ہونا ۔

عیش کا بندہ (۱) مذکّر - (۱) آرام طلب - نفس پرست (۲) عیاش ۔

عیش و عشرت (ع - ف) (مذکّر) انتہائی مسرت - بے حد خوشی ۔

عیش و عشرت (ع) مذکر (۱) خوشی و خرمی۔ عیش و نشاط (۲) نفسانی خوشی ؎

عین، عَین (ع) (۱) آنکھ۔ چشم۔ نین (۲) پانی کا چشمہ۔ چشمۂ آفتاب (۳) حقیقت۔ جوہر (۴) حقیقی بھائی۔ سگا بھائی (۵) (ا) ٹھیک۔ ہو بہو۔ درست ؎

عین اتحاد (ع) مذکر۔ ٹھیک دوستی۔ اصل دوستی۔ گہرا یارانہ ؎

عین المال (ع) مذکر۔ (۱) اصل زر۔ خاص سرکاری خزانہ دولت شاہی۔ وہ روپیہ جو زمین کے خراج سے وصول ہو ؎

عین الیقین (ع) مذکر۔ کسی چیز کو اپنی آنکھ سے دیکھ کر یقین کرنا ؎

عین بعین (ا) ہو بہو۔ بعینہٖ۔ ویسا ہی ٹھیک۔ ٹھیک ؎

عین غَین (ا) (۱) قریب قریب۔ مشابہ۔ ہم صورت۔ ہم شکل (۲) بھینگا۔ احوال (۳) بھکی والا ؎

عینک (ع۔ ف) مؤنث۔ آنکھ کا چشمہ ؎

عیوب (عُیُوب) (ع) مذکر۔ عیب کی جمع۔ برائیاں۔ نقائص ؎

عیون (عُیُون) (ع) مذکر (۱) چشمے (۲) آنکھیں (۳) ایک کتاب ؎

غ

غ (غین) (ع - مذکر) (۱) عربی کا انیسواں - فارسی کا بائیسواں اور اردو کا چھبیسواں حرف (۲) حساب جمل میں اس کے عدد ۱۰۰۰ فرض کئے گئے ہیں ؛

غ - ۱

غاٹیا (غا - ٹِیا) } (۱) موٹا اور چھوٹے قد کا آدمی ؛
غاٹیر (غا - ٹِیر) }

غار (غا - ر) (ع - مذکر) (۱) گڑھا - کھڈ (۲) کھوہ ؛

غارت (غا - رَت) (ع - مؤنث) (۱) لوٹ کھسوٹ - تاخت و تاراج (۲) (ا) تباہ - برباد - ویران - اجاڑ - خراب ؛

غارت غول (ا) مذکر - (ع) (۱) تباہ - برباد (۲) برباد شدہ - خانہ خراب ؛

غارت غول ہونا (ہ عو) تباہ و برباد ہونا - چوری جانا ؛

غارت کرنا (و) (۱) تباہ و برباد کرنا - تاراج کرنا - اجاڑنا - پامال کرنا (۲) ضائع کرنا - تلف کرنا (۳) فساد کرنا - ناپید کرنا ؛

غارت گر (ع) ف - مذکر - لٹیرا - قزاق - راہزن ؛

غارت گری (ع - ف) مؤنث - لوٹ مار - تاخت و تاراج ؛

غارت گیا (ا) (عو) برباد شدہ - تباہ شدہ - خانہ خراب اجڑا ہوا ؛

غارت ہو (ا) (دعائے بد) (عو) اجڑ جائے - تباہ و برباد ہو جائے - فنا ہو جائے ؛

غارت ہونا (و) (۱) لٹنا (۲) تباہ و برباد ہونا (۳) اجڑنا (۴) پامال ہونا (۵) ضائع ہونا - گم ہونا (۶) رخصت ہو جانا (۷) ناپید ہونا - مرنا ؛

غارتی (ا) مؤنث - دیکھو (غارت گیا) ؛

غاریقون (غا - رِی - قوُن) (یونانی) مذکر - ایک دوا ؛

غازہ (غا - زَہ) (ف - مذکر) ابٹنا - اُبٹن - گلگونہ - ایک قسم کا خوشبودار گلابی پوڈر جو بعض عورتیں خوبصورتی کے لئے رخساروں پر مل لیا کرتی ہیں ؛

غازی (غا - زِی) (ع) مذکر (۱) کفار سے لڑنے اور مارنے والا (۲) بہادر - شجاع - سورما - فتحمند ؛

غازی مرد (ع - ف) مذکر (۱) بہادر آدمی (۲) گھوڑے کا خطاب ؛

غاشیہ (غا - شِیَہ) (ع) مذکر - زین پوش - پالان ؛

غاشیہ بردار (ع) (۱) زین پوش کا کونہ پکڑ کر چلنے والا - خدمتگار - سائیس (۲) فرماں بردار ؛

غاصب (غا - صِب) (ع) جبراً دوسرے کا مال لینے والا ؛

غافل (غا - فِل) (ع) بے خبر - بے فکر - بے پروا - کم توجہ ؛

غالب (غا - لِب) (ع) (۱) غلبہ والا - زبردست - دربیش - زیادہ بھاری (۲) اکثر - ضرور (۳) فتحیاب - جیتنے والا (۴) میرزا اسد اللہ خاں دہلوی کا تخلص جو ایک بڑے پایہ کے نامی شاعر گذرے ہیں ؛

غالب آنا (و) (۱) بڑھ جانا - زبر ہو جانا جیتنا (۲) سبقت لے جانا (۳) بھاری ہونا - زیادہ ہونا ؛

غالب تھا (و) یقین تھا - گمان تھا - غلبہ تھا ؛

غالب ہے (ا) گمان ہے یقین ہے ؛

غالباً (ع) (۱) یقیناً - بالضرور (۲) گمان ہے - شاید - بظاہر - ظاہرا ؛

غالی (غا - لی) (ع) (۱) حد سے گزرنے والا (۲) بہت زیادہ (۳) قیمتی (۴) (مذکر) ایک فرقہ جو حضرت علی کرم کو خدا جانتا ہے ؛

غالیچہ (غا - لی - چَہ) (ف - مذکر) قالین - ایک قسم کا اونی گلکاری کیا ہوا بچھونا ؛

غالیہ (غا - لِیَہ) (ع - مذکر) ایک مرکب خوشبو ؛

غائب (غا - اِب) (ع) غیر حاضر - جو موجود نہ ہو - پوشیدہ مخفی ؛

غائب غلہ (ا) بالکل غائب ؛

غائب غلہ کر دینا (ا) اُڑا دینا۔ چھپا دینا۔ پتہ نہ لگنے دینا۔
غائب ہونا (ل) (۱) پوشیدہ ہونا۔ چھپنا (۲) چوری جانا۔ جاتا رہنا (۳) موجود نہ ہونا۔
غائبانہ (ع۔ ف) غیر حاضری میں۔ پیٹھ پیچھے۔
غائبانی۔ غیبانی (ا) مؤنث، عورت کے لئے ایک گالی یعنی رنڈی وغیرہ۔
غائر (غا۔ یِر) (ع) (۱) گہرا (۲) وسیع۔
غایت (غا۔ یَت) (ع) (۱) نہایت۔ آخر۔ انتہا۔ انجام (۲) بازحد۔ بے حد۔ بے شمار۔
غایت درجہ (ع) انتہائی نہایت۔ اخیر درجہ۔ حد سے زیادہ۔

غ - ب

غبار (غُبار) (ع) مذکر (۱) گرد۔ دھول۔ خاک۔ راکھ (۲) ملال۔ رنج (۳) تیرگی۔ خیرگی (۴) (۱) دشمنی۔ کینہ (۵) دھند۔ کہر۔
غبار آلودہ (ف) گرد میں بھرا ہُوا۔
غبار آنا (ا) رنج آنا۔ کدورت آنا۔
غبار اٹھنا (ا) ... آندھی اٹھنا۔ زمین سے گرد کا بلند ہونا (۲) بخارات۔ غلیظ کا بلند ہونا۔
غبار خاطر (ع۔ ف۔ مذکر) رنج۔ رنجش۔ ملال خاطر۔
غبار نکالنا (ا) دشمنی کرنا۔ بیر نکالنا۔
غبارا (ا) مذکر (۱) باریک کاغذ کا بنا ہُوا ایک تھیلا جس کے اندر تیل کی بھیگی ہوئی گیند روشن کر کے ہوا میں اڑاتے ہیں (۲) ہوائی جہاز۔ ایروپلین (۳) ایک قسم کا گولہ جس میں آتشبازی بھر کر چھوڑتے ہیں۔
غبط (غِبط) (ع۔ مذکر) رشک۔
غبغب (غب۔ غَب) (ع) مؤنث، ٹھوڑی کے نیچے کا لٹکا ہُوا گوشت جو انسان کی خوبصورتی میں داخل ہے۔
غبن (غَبن) (ع۔ مذکر) تغلب۔ دستبرد۔ خورد بُرد۔ ہیر پھیر کئے ہوئے۔ مال کی چوری۔ خیانت۔
غبن کرنا (ا) خیانت کرنا۔ چرانا۔ خورد بُرد کرنا۔
غبی (غَبی) (ع) کم عقل۔ بے وقوف۔ کند ذہن۔ وہ شخص جس کا حافظہ درست نہ ہو۔

غ - پ

غپ (غَپ) (ا) مؤنث گپ۔ جھوٹی اور شیخی کی بات۔ لاف و گزاف۔ گھڑت۔
غپ شپ (ا) مؤنث جھوٹی سچی بات۔ بیہودہ اور لغو بات چیت۔
غپا (غَپ۔ پا) (ا) مذکر (۱) جلدی سے اندر اتر جانے والا (۲) قضیب۔ ذکر۔
غپا غپ (ا) (۱) متواتر۔ پے در پے۔ بکثرت (۲) ملائم چیز کے اندر کسی چیز کے متواتر آنے جانے کی آواز۔
غپی (ا) مذکر۔ جھوٹا۔ لاف زن۔ لپاڑیا۔
غپیا (غپی) ...

غ - ت

غت ربود (غَت۔ رَبُود) (۱) غائب۔ گاؤ خورد۔ خراب۔ برباد۔ تباہ۔
غت ربود کرنا (ا) اڑا دینا۔ خراب کر دینا۔

غ - ٹ

غٹ (غَٹ) (ا) مذکر (۱) گروہ۔ جتھا۔ ہجوم (۲) نگلنے یا حلق میں اترنے کی آواز۔
غٹ غٹ پانا (ا) ... لئے پینا۔
غٹا غٹ (ا) متواتر ... کی آواز۔
غٹ پٹ (ا) گتھم گتھا۔
غٹ پٹ ہو جانا (ا) لپٹ جانا۔ گتھم گتھا ہو جانا۔
غٹر غٹر (غٹر۔ غٹر) ... کے بغیر (۲) مزے مزے سے۔
غٹر غوں۔ غٹغوں (غٹر۔ غوں۔ غٹ۔ غوں) (ا) مؤنث کبوتر کے ... اور گو بجنے کی آواز۔
غٹک (غَٹک) (ا) غٹکنا کا امر۔

غ - ث

غثیان۔ غثیان (غَث۔ یان) (ع) مذکر جی متلانا۔ متلی

غ - چ

غچ (غَچ) (۱) مؤنث، تلوار۔ چاقو وغیرہ کے گوشت میں گھسنے کی آواز (۲) کیچڑ میں چلنے کی آواز (۳) وہ آواز جو جماعت

کے وقت نکلتی ہے ؛

غچا غچ (ا ۔ مؤنث) دیکھو غچ ؛

غچا (غِ ۔ چا) (ا) ۔ مذکر ۔ فریب ۔ دھوکا ؛

غچّک (غُچ ۔ چَک) (ا ۔ مؤنث) (۱) بھیڑ ۔ اژدحام (۲) کمپا گچھا ؛

غچلی (غِچ ۔ لی) (ا) گدلا ۔ میلا ؛

غ ۔ د

غدّار (غَد ۔ دار) (ع ۔ صفت) (۱) سرکش ۔ باغی (۲) (ا) بہت بڑا ۔ کلاں ؛

غدر (غَد ۔ ر) (ع ۔ مذکر) (۱) بے وفائی ۔ عہد شکنی ۔ بغاوت (۲) ہنگامہ ۔ ہلچل ۔ کھلبلی ۔ دنگا ؛

غدر کرنا ۔ یا ۔ مچانا (ف) (۱) فساد اٹھانا ۔ بلوہ کھڑا کرنا (۲) شور و غل مچانا (۳) بد انتظامی پھیلانا (۴) لوٹ کھسوٹ مچانا (۵) بغاوت کرنا ۔ باغی ہونا ؛

غدود (غُدُود) (ع ۔ مذکر) جلد کے اندر کی گانٹھ ۔ گلٹی ؛

غدیر (غَدِیر) (ع ۔ مذکر) تالاب ۔ جوہڑ ۔ جھیل ۔ گڑھا ؛

غ ۔ ذ

غذا (غِذا) (ع ۔ مؤنث) خوراک ۔ کھانا ۔ طعام ؛

غذائیت (غِذا ۔ اِی ۔ یت) (ع ۔ مذکر) غذا ہونا ؛

غذائے ثقیل (ع ۔ مؤنث) دیر ہضم خوراک ؛

غذائے لطیف (ع ۔ مؤنث) زود ہضم کھانا ۔ ہلکی خوراک

غ ۔ ر

غرّا ۔ غرّہ (غُر ۔ را ۔ غُر ۔ رَہ) (ع ۔ مذکر) (۱) شب ہلال ۔ چاند کی پہلی تاریخ (۲) گھوڑے کی پیشانی کی وہ سفیدی جو ایک درم سے زیادہ ہو (۳) (ا) ناغہ ۔ تعطیل ؛

غرّا بتانا ۔ یا ۔ کرنا (ف) (۱) چاند دیکھنے کی پہلی تاریخ کا وعدہ کرنا (۲) ٹالنا ۔ بہانا کرنا (۳) ناغہ کرنا ۔ غیر حاضری کرنا (۴) فاقہ کرنا ؛

غرّا (غَر ۔ را) (ع) مشہور ۔ جیّد ؛

غرابت (غَرا ۔ بت) (ع ۔ مؤنث) عجیب پن ؛

غرارہ (غَرا ۔ رہ) (ع ۔ مذکر) حلق میں پانی ڈال کر کلی کرنا (۲) کلی (۳) (۴) غرغرہ کرنے کی دوائیں (۴) (ا) ڈھیلا پاجامہ ؛

غرارہ کرنا (ف) (۱) کلی کرنا ۔ حلق میں پانی ڈال کر خوب ہلانا (۲) دوائیوں کی کلی کرنا ؛

غرّاں (غُر ۔ راں) (ف ۔ صفت) (۱) غرّانے والا ۔ گرجنے والا ۔ (۲) غضبناک ۔ خونخوار

غرّانا (ف) غصّے کی آواز نکالنا ۔ شیر کی طرح دھاڑنا ؛

غرائب (غَرا ۔ اِب) (ع ۔ مذکر) عجائب ۔ نادر چیزیں ؛

غرب (غَرب) (ع ۔ مذکر) (۱) سورج ڈوبنا ۔ چھپنا (۲) مغرب ۔ پچھم ۔ جانب قبلہ ؛

غربا (غُر ۔ با) (ع ۔ مذکر) غریب کی جمع ۔ محتاج ۔ مفلس ۔ کنگال لوگ

غربال (غِر ۔ بال) (ع ۔ مؤنث) چھلنی ۔ آٹا چھاننے کا آلہ ؛

غربت (غُر ۔ بت) (ع ۔ مؤنث) (۱) مسافرت ۔ سفر ۔ سیاحت (۲) (ا) غریبی ۔ انکسار ۔ عجز ۔ حلم ۔ بردباری (۳) (ا) مفلسی ۔ تنگدستی ؛

غربی (ع) مغرب کا ۔ پچھمی ؛

غرّش (غُر ۔ رش) (ف ۔ مؤنث) غصّہ ۔ غرّانا ؛

غرض (غَرَض) (ع ۔ مذکر) (۱) نشانہ ۔ ہدف (۲) مطلب ۔ مقصد ۔ حاجت (۳) ارادہ ۔ نیّت ۔ قصد ۔ منشا (۴) ضرورت ۔ چاہ ۔ خواہش (۵) حاصل کلام ۔ قصّہ مختصر ۔ بس ؛

غرض آشنا (ف) گوں کا یار ۔ غرضی ۔ مطلبی ؛

غرض باؤلی ہوتی ہے (ا ۔ مثل) مطلب انسان کو دیوانہ اور بے وقوف بنا دیتا ہے ؛

غرض رکھنا (ف) مطلب رکھنا ۔ امید رکھنا ۔ تمنا رکھنا ؛

غرض کا باؤلا ۔ یا ۔ دیوانہ (ا) مذکر ۔ گوں کا یار ۔ مطلب کا دیوانہ ؛

غرض کرنا (ف) سمجھنا یا فرض کرنا ۔ اپنا مطلب نکالنا ؛

غرض مند (ع ۔ ف) حاجتمند ۔ طالب ۔ خواہشمند ۔ خواہاں ؛

غرض نکالنا (ف) (۱) مطلب پورا کرنا ۔ کام نکالنا (۲) مطلب میں کامیاب ہونا ؛

غرضی (ا) مذکر ۔ غرض مند ۔ لاگو ۔ خواہاں ؛

غرضیکہ (ا) حاصل کلام یہ کہ ۔ القصّہ ۔ قصہ کوتاہ ؛

غرغرہ (غَر ۔ غَرہ) (ع ۔ مذکر) دیکھو غرارہ نمبر ۳ ؛

غرفش (غُر ۔ فش) (ا) مؤنث ۔ غصّے کی باتیں ۔ بحث تکرار ؛

غرفہ (ع ۔ مذکر) (۱) دریچہ ۔ کھڑکی ۔ جھروکا (۲) خلوت ۔ گوشۂ تنہائی ؛

غرفہ کی بات چیت (ا) مؤنث ۔ خلوت کی باتیں ۔ خفیہ باتیں جو علیحدگی میں کی جائیں ؛

غرق (غَرق) (ع ۔ مذکر) (۱) سر سے پانی گزر جانا (۲) ڈوبا ہوا ۔ غریق (۳) (ا) مخمور ۔ نشہ میں چور (۴) (ا) مستغرق ۔ محو ؛

غرق ہونا (ف) (۱) ڈوبنا (۲) نہایت مصروف و مشغول ہونا ؛

غرقاب (ع۔ ف) (۱) پانی میں ڈوبا ہوا۔ بالکل غرق (۲) (۱) نشے میں چور۔ (۳) گہرا پانی بھنور۔ گرداب (۴) (۱) نہایت مصروف۔ مشغول۔

غرقی (ع۔ مؤنث) (۱) پانی میں ڈوبی ہوئی زمین (۲) ڈوبا ہوا (۱) نشیب۔ پستی (۳) (۱) لنگوٹی۔

غرُوب (غُرُوب) (ع۔ مذکر) ڈوبنا۔ سورج کا چھپنا۔

غرور (غُرُور) (ع۔ مذکر) تکبر۔ گھمنڈ۔ فخر۔ گمان۔ دماغ۔

غرور کا سر نیچا (۱) (مثل) آخر غرور کرنے والے کو سزا مل جاتی ہے۔ تکبر کرنے والا ضرور ذلیل ہو کر رہتا ہے۔

غرور کرنا (۱) اترانا۔ ناز کرنا۔ فخر کرنا۔

غرّہ (غُر۔ رَہ) (ع۔ مذکر) (۱) غرور۔ گھمنڈ (۲) مغرور۔

غرّہ ہونا (۱) گھمنڈ ہونا۔ فخر ہونا۔

غریب (غَرِیب) (ع) مذکر (۱) مسافر۔ اجنبی۔ بیگانہ۔ (۲) عجیب۔ انوکھا (۳) (۱) عاجز۔ مسکین (۴) (۱) مفلس۔ نادار۔

غریب الوطن (ع) مذکر۔ مسافر۔ پردیسی۔ بے وطن۔

غریب پرور (ف) غریبوں کی پرورش کرنے والا۔ حکام یا اعلیٰ مرتبہ اشخاص کی نسبت کہتے اور بولتے ہیں۔

غریب کی جورو سب کی بھابی (۱) (مثل) غریب پر ہر ایک کا بس چل سکتا ہے۔ غریب کو ہر ایک برا بھلا کہہ سکتا ہے۔

غریب نواز (ف) دیکھو غریب پرور۔

غریبا مئو (۱) غریبوں جیسا۔ روکھا سوکھا۔ دال دلیا۔

غریبانہ (ف) غریب کی مانند۔ غریبوں جیسا۔

غریبی (ع۔ ف) مؤنث (۱) مسافرت (۲) (۱) مفلسی۔ محتاجی (۳) (۱) عاجزی۔ انکسار۔

غریبی آنا (۱) مفلسی آنا۔ محتاج ہو جانا۔

غریب حرام زادہ (۱) مذکر۔ بظاہر مسکین۔ وہ شخص جس کی صورت تو مسکینوں کی سی ہو۔ اور افعال بد ذاتوں کے سے۔

غریب خانہ (ف) (۱) مذکر۔ وہ مکان جہاں غریبوں کو کھانا اور رہنے کے لئے جگہ ملے (۲) (۱) غریب کا گھر جھونپڑا بطور کسر نفسی اپنے مکان کی نسبت بھی کہا جاتا ہے۔

غریب زادہ (ع۔ ف۔ مذکر) (۱) مسافر زادہ (۲) حرامی۔

غریب غربا (۱) مذکر۔ محتاج۔ کنگال۔ بھوکے ننگے۔

غریب کو جب میسّر آئے امیر کو جب بھوک لگے (۱) (مقولہ) غریب کو کھانا اس وقت کھانا چاہیے۔ جب مل جائے اور امیر کو جب بھوک لگے۔

غریب (غریبوں) نے روزے رکھے دن بڑے آئے (۱) (مثل) مصیبت میں مصیبت آتی ہے۔ غریب کی ہر طرح شامت ہے۔

غریزی (غَرِی۔ زی) (ع) اصلی۔ جبلی۔ طبعی۔

غریق (غَرِیق) (ع) (۱) ڈوبا ہوا (۲) سمایا ہوا (۳) محو۔ نہایت مصروف۔

غریق رحمت (ع) خدا تعالےٰ کی رحمت اور عنایت میں ڈوبا ہوا۔ مرحوم۔ مغفور۔

غریق رحمت ہو (۱) خدا بخشے۔ خدا جنت نصیب کرے۔

غریو (غَرِیو) (ف) مذکر۔ (۱) شور و غوغا (۲) فریاد۔

غ۔ ڑ

غڑاپ (غَڑَاپ) (۱۔ مذکر) پانی میں ڈوبنے کی آواز۔

غڑاپ سے (۱) جلد۔ پھرتی سے۔

غڑپ (غَڑَپ) (۱۔ مؤنث) (۱) ڈوبنے کی آواز (۲) کسی چیز کے فوراً اندر داخل ہونے یا نکلنے کی آواز۔

غڑپ سے (۱) جلدی سے۔

غڑپ شڑپ (۱) (۱) جلد کھا جانا (۲) جلد جلد باتیں کرنا۔

غ۔ ز

غزا (غَزَا) (ع۔ مذکر) جہاد۔ کافروں سے لڑنا۔ دشمن دین کے ساتھ جنگ کرنا۔

غزال (غَزَال) (ع) مذکر۔ ہرن کا بچہ۔ ہرنوٹا۔

غزال چشم (ع) بڑی بڑی آنکھوں والا معشوق۔

غزالی (غَزْ۔ زَا۔ لی) (ع۔ مذکر) امام محمد غزالیؒ۔

غزل (غَزَل) (ع۔ مؤنث) (۱) عورتوں کے عشق کا ذکر۔ عورتوں کے ساتھ بات چیت (۲) اصطلاح میں وہ نظم جس میں حسن و جمال۔ فراق و وصال شراب و کباب۔ فنا و معرفت۔ تعریف یا ہجو و نصیحت وغیرہ کا ذکر ہو۔ غزل کے اشعار کم سے کم پانچ ہوتے ہیں۔ اور زیادہ سے زیادہ کی کوئی حد نہیں مگر طاق ہونا شرط ہے۔

غزل پڑھنا (۱) غزل سنانا۔ غزل خوانی کرنا۔

غزل خواں (ع۔ ف) مذکر۔ غزل پڑھنے یا سنانے والا۔

غزل خوانی (ع۔ ف) مؤنث۔ غزلوں کا پڑھا جانا۔ مشاعرہ۔

غزل کہنا (ا)، غزل لکھنا۔ شعر کہنا ۔
غزوہ (غَز ۔ وَہ) کافروں سے مسلمانوں کی وہ لڑائی جس میں آنحضرتؐ بنفسِ نفیس شریک ہوئے ۔

غ ۔ س

غسّال (غَس ۔ سَال)، (ع ۔ مذکر) نہلانے والا۔ مُردے کو غسل دینے والا ۔
غسّالہ (ع ۔ مؤنث) ۔ مُردوں کو نہلانے والی عورت ۔
غسل (غُسل (ع ۔ مذکر) تمام جسم کا دھونا۔ نہانا۔ اشنان۔ دھونا ۔
غسل خانہ (ع ۔ ف)، مذکر۔ حمّام۔ نہانے کی جگہ ۔
غسلِ صحّت (ع ۔ مذکر) صحّت حاصل کر کے نہانا۔ بیماری سے اٹھ کر نہانا ۔
غسل کرنا (ا)، نہانا۔ حمام کرنا۔ اشنان کرنا ۔
غسلِ میّت (ع)، مذکر۔ مُردے کا غسل۔ مُردے کو نہلانا ۔

غ ۔ ش

غِشّ (غِشّ)، (ع ۔ مذکر) (۱) کدورت۔ کھوٹ۔ (۲) تشویش ۔
غش (غَش)، (ف ۔ مذکر) (۱) بیہوشی۔ سکتہ (۲) (۱) فریفتہ عاشق۔ معشوق ۔
غش آنا ۔ یا ۔ ہونا (و ۔ ا) بے ہوش ہونا۔ متحیّر ہونا (۲) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا ۔
غش کھا کر گرنا ۔ یا ۔ کھانا (و)، بیہوش ہو جانا۔ بیہوش ہو کر گر جانا (۲) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا ۔
غشی (ع)، مؤنث۔ بے ہوشی۔ بے خبری ۔

غ ۔ ص

غصب (غَصَب)، (ع ۔ مذکر) زبردستی لینا۔ دبا لینا۔ خیانت مجرمانہ۔ بددیانتی ۔
غصب کرنا (ا)، ظلم یا زبردستی سے لینا۔ کسی کا حق زبردستی سے رکھ لینا ۔
غصّہ (غُص ۔ صَہ)، (ع ۔ مذکر) (۱) وہ رنج جس سے گلا گھُٹ جائے (۲)، (۱) عتاب۔ خفگی۔ رنجش ۔
غصّہ اتارنا کسی سے ناراض ہونا۔ اور اس کا بدلہ کسی سے لینا ۔

غصّہ بہت زور تھوڑا۔ مار کھانے کی یہی نشانی (۱)، (مثل) کمزور کا غصّہ اس کی شامت کا موجب ہوتا ہے
غصّہ پینا۔ تھوک دینا۔ یا تھوک ڈالنا (ا)، غم کھانا جوش روکنا۔ غصّہ دور کرنا۔ معاف کرنا ۔
غصّہ چڑھنا (و)، عتاب میں آنا۔ طیش میں آنا ۔
غصّہ دلانا (ا)، بھڑکانا۔ اُکسانا۔ خفا کرنا۔ ناراض کرنا ۔
غصّہ کرنا (و)، خفا ہونا۔ ناراض ہونا ۔
غصّہ مارنا (ا)، دیکھو "غصّہ پینا"
غصّہ ناک پر ہونا (و)، بات بات پر غصّہ آنا۔ ہر وقت غصّہ موجود رہنا۔ ذرا ذرا سی بات پر بگڑ جانا ۔
غصّہ نکالنا (و)، دل کا بخار نکالنا۔ انتقام سے دل ٹھنڈا کرنا
غصّے سے بھوت ہو جانا (ا)، غصّے کے مارے آپے سے باہر ہو جانا ۔
غصّے میں بھر جانا ۔ یا ۔ لال ہو جانا (و)، غضبناک ہو جانا غضب کے مارے آپے سے باہر ہو جانا ۔
غصّے ہونا (و)، خفا ہونا۔ ناراض ہونا ۔
غصیل ۔ یا ۔ غصیلا (ا)، مذکر۔ بدمزاج۔ غصّے والا۔ تندمزاج

غ ۔ ض

غضب (غَضَب)، (ع ۔ مذکر) (۱) غصّہ۔ قہر۔ کرودھ۔ خفگی۔ (۲) (۱) آفت۔ مصیبت۔ فتنہ۔ فساد (۳) (۱) ظلم۔ ستم۔ بے انصافی۔ زبردستی (۴) کلمۂ تعریف و مبالغہ (۵) آفت کا پرکالہ۔ بلاخیز ۔
غضب آلودہ (ا)، غصّے میں بھرا ہوا۔ غضبناک ۔
غضب آنا۔ غضب پڑنا (ا)، غصّہ میں آنا۔ آفت آنا۔ شامت آنا۔ صدمہ یا مصیبت پیش آنا ۔
غضبِ الٰہی (ا)، مذکر (۱) قہرِ خدا۔ انتقامِ آسمانی۔ بلائے آسمانی (۲) (دعائے بد) خدا کا غضب پڑے۔ آسمانی بلا ٹوٹے
غضب توڑنا (ا)، (۱) فساد برپا کرنا۔ ظلم ڈھانا (۲) غصّہ کرنا ۔
غضب ٹوٹنا (ا)، آفت آنا۔ مصیبت پڑنا۔ خفگی ہونا ۔
غضب خدا کا (ا)، (کلمۂ تنفّر و حیرت)، (۱) خدا کا قہر پڑے (۲) یہ کیا قہرِ الٰہی ہو گیا ۔
غضب ڈھانا (ا)، (۱) سخت بلا یا آفت لانا۔ نہایت ظلم کرنا (۲) کوئی انوکھی بات یا عجیب کام کرنا ۔
غضب کرنا (ا)، (۱) ظلم ڈھانا۔ آفت برپا کرنا (۲) بُرا کرنا۔ کوئی بے جا اور نامناسب بات کرنا۔ (۳) انوکھی بات کرنا (۴) اندھیر کرنا ۔

غضب کی (ا) (۱) بے طرح - از حد (۲) تعریف کے قابل
غضب میں پڑنا - یا - گرفتار ہونا (ا) مصیبت یا بلا میں گرفتار ہونا - آفت میں پڑنا ؛
غضبناک (ع - ف) غصّے میں بھرا ہُوا - خفا - تند ؛
غضبناک ہونا (ا) (ع) غصّے ہونا خفا ہونا - غصے میں لال ہونا
غضب ہونا (ا) (۱) کوئی حرکت بے جا ہونا - کام بگڑنا - (۲) قیامت ہونا - نہایت حسین اور طرح دار ہونا ؛
غضبین (ا) مؤنث - آفت کی پڑیا - فتنہ - مکارہ ؛
غضبی (ا) مذکّر (۱) غضبناک - غصیلا - بد مزاج (۲) آفت - بے ڈھب (۳) دلیر - نڈر (۴) ظالم - ظلمی ؛
غضنفر (غَضَن - فَر) (ع - مذکّر) (۱) شیر درندہ (۲) بہادر

غ - ف

غَفْش (غَفَش) (ا) دبیز - دلدار - موٹا - وہ کپڑا جو خوب ٹھوک کر بُنا گیا ہو ؛
غفّار (غَف - فار) (ع) (۱) معاف کرنے والا - گناہ پوش خدا تعالےٰ کا صفاتی نام ؛
غفران (غُف - رَان) (ع - مذکّر) گناہوں کا بخشا جانا
غفرلہٗ (غُفِرَ - لَہٗ) (ع) اس کے لئے بخشش کی جائے خدا اسے مغفرت کرے ؛
غفلت (غَف - لَت) (ع) مؤنث (۱) بھول - چوک بے خبری - بے پروائی - تغافل - بے توجّہی (۲) بیہوشی غشی - (۳) (ا) نیند - خواب - اونگھ ؛
غفلت کا پردہ پڑ جانا (ا) خواب خرگوش میں آ جانا بے خبر اور مدہوش ہو جانا ؛
غفلت کرنا (ا) (۱) کوتاہی کرنا (۲) خبر نہ لینا ؛
غفور (غَفُور) (ع) (۱) معاف کرنے والا - خدا تعالیٰ کا صفاتی نام
غفور الرّحیم (ع) بخشنے اور رحم کرنے والا - خدا تعالےٰ کا صفاتی نام ؛
غفیر (ع) بہت - کثیر - انبوہ ؛

غ - ل

غُل (غُل) (ف - مذکّر) (۱) شور - غوغا - فریاد و فغاں (۲) شورش - بلوہ - ہنگامہ ؛
غُل غپاڑا (ا) مذکّر شور و غوغا - واویلا - آہ و فریاد ؛
غل کرنا - یا - مچانا (ا) چیخنا - چلّانا - پکارنا ؛

غلاظت (غَلا - ظَت) (ع) مؤنث (۱) گاڑھا پن (۲) (ا) میلا - نجاست - ناپاکی - گندگی ؛
غلاف (غِلاف) (ع - مذکّر) (۱) پوشش (۲) میان - نیام (۳) تکیہ وغیرہ کے اوپر کا کپڑا - (۴) خول ؛
غلاف کرنا (ا) (۱) غلاف چڑھانا - (۲) تلوار کو میان میں ڈالنا ؛
غلافنا - یا - غلیفنا (ا) شیرے میں غوطہ دینا - شیرہ چڑھانا
غلافی آنکھ (ا) مؤنث - وہ بڑی کبوتری اور جھکی ہوئی آنکھ جو پپوٹوں سے ڈھکی ہوئی ہو ؛
غلام (غُلَام) (ع - مذکّر) (۱) نوجوان - لڑکا (۲) خدمتی - داس - خانہ زاد (۳) (ا) کلمۂ عجز و انکسار - نیازمند - فدوی - ملازم - نوکر - نمک خوار (۴) (ا) تاش کا ایک تصویر دار پتّہ ؛
غلام بنانا (ا) تابع یا فرمانبردار بنانا - مطیع بنانا ؛
غلام بے دام (ع - ا) مذکّر - بن داموں کا غلام - مفت غلام ؛
غلام زر خرید (ا) مذکّر - خریدا ہوا بردا - چیلا ؛
غلام کرنا (ا) تابع بنانا - فرمانبردار بنانا ؛
غلام گردش (ع - ف) مؤنث (۱) وہ دیوار جو حرم سرا اور دیوان خانہ کے درمیان حائل ہو - پردے کی دیوار (۲) برامدہ جس میں نوکر چاکر غلام وغیرہ حاضر رہتے ہیں ؛
غلام مال (ا) مذکّر - وہ چیز جو مدتوں کام دے اور غلام کی طرح ہر کام میں موجود رہے ؛
غلام ہونا (ا) تابع ہونا - مطیع اور فرمانبردار ہونا ؛
غلاموں (ا) مذکّر - غلام کی جمع ؛
غلامی (ف) مؤنث (۱) حلقہ بگوشی - اطاعت - فرمانبرداری (۲) (ا) قید - اسیری ؛
غلامی اختیار کرنا (ا) غلام بننا - نوکری قبول کرنا ؛
غلامی کا خط (ا) غلام ہو جانے یا بن جانے کا عہد و پیمان کر دینا ؛
غلامی میں دینا (ا) خدمت کو دینا - قبول کرنے کے لئے دینا ؛
غلبہ (غَلَبہ - غَل - بَہ) (ع) مذکّر (۱) زبردستی - زور آوری (۲) تسلّط - زور - جیت (۳) زیادتی - بیشی (۴) ترجیح - فوقیت ؛
غلبۂ رائے (ع) مذکّر - کثرت رائے - رائے کی زیادتی ؛
غلبہ کرنا (ا) غالب آنا - حملہ کرنا - فتح پانا ؛
غلط (غَلَط) (ع) (۱) نادرست - غیر صحیح (۲) (ا) جھوٹ - خلاف سچا ؛

غلط العام (ع۔ مذکّر) (۱) عام غلطی جسے سب لوگ استعمال کریں (۲) (اصطلاحاً) وہ بات جسے بالاتفاق تمام زباندانوں نے بھی باعث فصاحت اپنے محاورے میں استعمال کیا ہو۔

غلط العام فصیح (ع) (مثل) جو غلطی عام لوگوں سے شروع ہو کر خاص ہو گئی یعنی ثقاہت تک جا پہنچی ہو۔ وہ درست تسلیم کر لی جاتی ہے۔

غلط العوام (ع، مذکّر) وہ غلطی جو جہلا اپنی جہالت اور بے علمی کے سبب کرتے ہیں۔ اور ان کی وہ بات قابل سند نہیں خیال کی جاتی۔

غلط بردار (ع۔ ف، مذکّر) (۱) لفظ مٹانے کا آلہ۔ ربڑ (۲) وہ کاغذ جس پر سے لفظ آسانی کے ساتھ اُڑ سکیں۔

غلط ٹھیرانا (ا) غلط ثابت کرنا۔ جھوٹا قرار دینا۔

غلط فہمی (ع۔ ف) مؤنّث۔ بھول۔ خطا۔ ناسمجھی۔

غلط نامہ (ا) مذکّر۔ صحت نامہ۔ فہرست اغلاط۔

غلطاں (غَلْ۔ طاں) (ف) (۱) لوٹتا ہوا۔ لڑھکتا ہوا (۲) (مذکّر) ایک قسم کا کپڑا۔

غلطان و پیچان (ف) پیچ و تاب میں۔ متفکّر۔ حالت فکر میں۔ سوچ بچار میں۔

غلطک (غَلْ۔ طَک) (ف۔ مؤنّث) (۱) گاڑی کی پہیری (۲) کنوئیں پر چرخی کی جگہ لگا کر پانی نکالنے والی سوراخ دار لکڑی (۳) گوٹ۔

غلطہ (غَلْ۔ طَہ) (ع۔ مذکّر) (۱) ایک قسم کا موٹا کپڑا (۲) نیا۔ (۳) خلاف

غلطی (ا) مؤنّث۔ بھول۔ چوک۔ خطا۔ سہو۔ فروگذاشت۔ دھوکا۔ غلط فہمی۔

غلطی کرنا۔ یا۔ کھانا (ا) بھولنا۔ دھوکا کھانا۔ خطا کرنا۔
غلطی میں پڑنا

غلطیاں (ا) مؤنّث۔ غلطی کی جمع۔

غلظت (غِلْ۔ ظَت) (ع۔ مؤنّث) گاڑھاپن (۲) گندگی۔ کثافت (۳) موٹائی۔ دبیز پن۔

غلغلہ (غُلْ۔ غُلَہ) (ف، مذکّر) (۱) غل۔ شور۔ غوغا (۲) (ا) شہرہ۔ دھاک۔

غلک (غُلَک۔ غُلْ لَک) (ف۔ مؤنّث) وہ برتن جس میں آمدنی ڈالتے رہتے ہیں۔ نقدی رکھنے کا ظرف۔

غلک میں دھرنا (ا) جیب میں رکھنا۔ جمع کرنا۔

غلمان (غِلْ۔ مان) (ع۔ مذکّر) غلام کی جمع۔ نوعمر لڑکے (۲) وہ مخلوق جو اہل جنّت کی خدمت کے لئے ہوگی۔

غلمشا (غُلْ۔ مَ۔ شا) (ا۔ مذکّر) (۱) غلام۔ بچہ (۲) تاش کا ایک پتّہ

غلو (غُلُو) (ع۔ مذکّر) (۱) ہجوم (۲) حد سے گزرنا۔ علم معانی کی اصطلاح میں مبالغہ کی ایک قسم جس کی یہ تعریف ہے کہ متکلم کا مدعا حسب عقل و عادت محال ہو۔

غل و غش (ع۔ ف، مؤنّث) (۱) کدورت (۲) کھوٹ (۳) تشویش۔

غلول (غُلُول) (ف۔ مذکّر) غلّہ مارنے کی کمان۔

غلولہ (غُلُو۔ لَہ) (ف۔ مذکّر) گولی۔ غلّہ۔

غلّہ (غُلْ۔ لَہ) (ا۔ مذکّر) مٹی کی گولی جو غلیل میں رکھ کر چلاتے ہیں۔

غلّہ (غَلْ۔ لَہ) (ع۔ مذکّر) (۱) اناج۔ سان۔ زمین کی پیداوار (۲) (ا) نقدی رکھنے کا صندوقچہ یا ظرف۔

غلّہ فروش (ع۔ ف۔ مذکّر) بنیا۔ بقّال۔ اناج بیچنے والا۔

غلیان (غَلَیان) (ع۔ مذکّر) (۱) جوش۔ غضب (۲) (ف) (غِلْ۔ یان) حقّہ۔

غلیظ (غَلیظ) (ع) (۱) گاڑھا ہونا۔ دبیز (۲) گندہ۔ دھندلا۔ (۳) (ا) ناپاک۔ پلید۔ میلا۔

غلیل (غُلیل) (ا) مؤنّث۔ وہ کمان جس میں غلّہ رکھ کر مارتے ہیں۔

غلیل باز۔ یا۔ غلیل چی (ا) مذکّر۔ وہ شخص جو غلیل چلائے۔ غلّہ مارنے والا۔

غلیلہ (ا) مذکّر۔ دیکھو (غلّہ)

غلیواز (غَلْ۔ یَ۔ واز) (ع) مؤنّث چیل۔ زغن۔

غ۔م

غم (غَم) (ع، مذکّر) (۱) رنج۔ ملال۔ الم (۲) دُکھ۔ درد۔ تکلیف (۳) (ا) سوگ۔ ماتم (۴) (ا) افسوس۔ تاسّف (۵) (ا) فکر۔ چنتا۔ خیال۔ دھیان۔

غم خوار (ع۔ ف) (۱) غم کھانے والا۔ ہمدرد۔ دردمند۔ دُکھ درد کا ساتھی (۲) (ا) متحمّل۔ بُردبار۔

غم خواری (ع۔ ف) مؤنّث (۱) ہمدردی۔ دردمندی۔ (۲) تحمّل۔ برداشت۔

غم خواری کرنا (ا) (۱) ہمدردی کرنا۔ غمگساری۔

غم دیدہ۔ غم رسیدہ۔ غم زدہ (ع۔ ف) دُکھی مصیبت کا مارا۔

غم غلط کرنا (ا) دل بہلانا۔ تفریح طبع کرنا۔

غم کدہ۔ غمکدہ (ف۔ مذکّر) غم یا مصیبت کا گھر۔

غم کرنا (ا) رنج کرنا۔ افسوس کرنا ماتم کرنا۔ فکر کرنا۔ کڑھنا۔

غم کھانا (۱) (۱) رنج اٹھانا - دُکھ اٹھانا (۲) فکر کرنا (۳) ہمدردی کرنا - افسوس کرنا (۴) تحمّل کرنا - جھیلنا ۞
غم گسار (ف) مذکّر (۱) غمخوار - ہمدرد - درد مند (۲) (۱) مریض کی خبرگیری رکھنے والا - تیمار دار ۞
غم گساری (۱) مؤنّث (۱) دیکھو (غمخواری) (۲) تیمار داری - بیمار داری ۞
غمگین - غمناک (ع - ف) (۱) رنجیدہ - دلگیر - مغموم - دُکھی (۲) اُداس - پژمردہ خاطر ۞
غم نداری بز بخر (ف) (مثل) فکر نہیں تو بکرا پال لو - وہاں بولتے ہیں - جہاں خواہ مخواہ کوئی بلا مول لے ۞
غمّاز (غَمْ - مَا زْ) (ع) (۱) آنکھ سے اشارہ کرنے والا (۲) چغل خور - سخن چین ۞
غمّازی (ع) مؤنّث (۱) چغل خوری (۲) (۱) عیب چینی - بدگوئی
غمزہ (غَمْ - زَہْ) (ع - مذکّر) (۱) اشارہ - آنکھ مارنا (۲) رمز - عشوہ (۳) (۱) ناز - نخرہ - لاڈ - پیار - اخلاص ۞
غمزہ اٹھانا (۱) ناز برداری کرنا ۞
غمزہ جتانا - یا - دکھانا (۱) نخرہ کرنا - اترانا - ناز دکھانا ۞
غمی (۱) مؤنّث (۱) رنج - دُکھ - غم (۲) ماتم - سوگ ۞

غ-ن

غنا (غِنا) (ع) مؤنّث (۱) تونگری - دولتمندی (۲) بے پروائی - بے نیازی ۞
غنا (غِنا) (ع - مذکّر) راگ - گیت ۞
غنائم (غَنا - اِم) (ع - مذکّر) غنیمت کی جمع - لوٹ کا مال ۞
غنج (غُنْج) (ع - مذکّر) ناز - کرشمہ ۞
غنچہ (غُن - چَہ) (ف) مذکّر (۱) بے کھلا پھول - کلی (۲) تنگ منہ (۳) نہایت آباد اور معمور مقام ۞
غنچہ چٹخنا - یا - چٹکنا (۱) کلی کا کھلنا - پھول کھلنا ۞
غنچہ دہان - یا - غنچہ دہن (ف) مذکّر (۱) چھوٹے سے منہ والا معشوق (۲) مجازاً کم سن محبوب ۞
غنچۂ ناشگفتہ (ف) مذکّر (۱) منہ بند کلی - بے کھلا پھول (۲) (۱) پاکیزہ - دوشیزہ - کنواری کنیا ۞
غنڈا (غُن - ڈا) (ا) (۱) مذکّر - لُچّا - شہدا - بدمعاش ۞
غِنغِنا - غِنغِنا (غِن - غِنا) (۱) مذکّر - ناک میں بولنے والا ۞
غنغنانا (۱-۱) ناک میں بولنا (۲) آہستہ آہستہ کچھ گانا یا شعر پڑھنا ۞

غنغنی - یا - غِنغِنی (۱) مؤنّث - ناک میں بولنے والی عورت ۞
غنودگی (غُنُو - دَگی) (ف) مؤنّث - اونگھ - نیند - خمار ۞
غنودگی آنا - (۱) نیند آنا - اونگھنا ۞
غنّہ (غُنْ - نَہ) (ع) مذکّر (۱) ناک کی آواز (۲) وہ نون جس کی آواز ناک سے نکلے ۞
غنی (غَنی) (ع) بے پروا - دولتمند ۞
غنیم (غَنیم) (ع) مذکّر (۱) لوٹنے والا - لٹیرا (۲) دشمن - مخالف - حریف ۞
غنیم چڑھ آنا (۱) دشمن کا اپنے ملک پر چڑھ آنا ۞
غنیمت (ع) مؤنّث (۱) لوٹ کا مال - وہ مال جو بلا محنت ہاتھ آئے (۲) (۱) قابل قدر چیز (۳) بہتر - عمدہ - فائدہ مند ۞
غنیمت جاننا (۱) قدر کرنا - عزّت کرنا ۞
غنیمت ہے (۱) بہتر ہے - شکر کا مقام ہے - کافی ہے ۞

غ-و

غوّاص (غَوْ - وَاص) (ع) مذکّر - غوطہ لگانے والا - غوطہ خور ۞
غوّاصی (ع - ف) مؤنّث - غوطہ خوری ۞
غوامض (ع) مذکّر و مؤنّث - چھپی ہوئی باتیں - بھید - باریکیاں - نکتے - دقیقے ۞
غوث (غَوْث) (ع) مذکّر (۱) فریاد کو پہنچنے والا (۲) اہل اسلام میں ولایت الٰہی کا ایک درجہ ۞
غور (غَوْر) (ع) (مذکّر و مؤنّث) (۱) گہراؤ - عمق - تہ (۲) (۱) فکر - سوچ - بچار (۳) خبرگیری ۞
غور پرداخت (ع - ف) مؤنّث (۱) خبرگیری - خیال - توجّہ (۲) پرورش - علاج معالجہ ۞
غور طلب (۱) قابل فکر - سوچنے اور سمجھنے کے لائق ۞
غور کرنا (۱) (۱) فکر کرنا - دھیان کرنا - سوچنا (۲) توجّہ کرنا (۳) علاج معالجہ کرنا - خبرگیری کرنا ۞
غور (غُور) (ف) مذکّر - عجم کا ایک ملک ۞
غورہ (غُورَہ) (ف) مذکّر (۱) کچّے ترش انگور جن کا شربت بنایا جاتا ہے (۲) کبوتروں کا ایک رنگ ۞
غوری (ف) (۱) منسوب بہ غور - غور کا رہنے والا (۲) ایک طشت نما برتن جس میں پلاؤ وغیرہ کھایا جاتا ہے ۞
غوں (غُوں) (ا) مؤنّث (۱) گپ - لغو اور بیہودہ بات (۲) نجی (۳)

مبالغہ ؛
غوطہ (غوَ۔ طہ) (ف) مذکّر (۱) ڈبکی (۲) کنکوے کا اوپر سے نیچے آنا (۳) غشی۔ بیہوشی (۴) استغراق ؛
غوطہ خور (غ۔ ف) مذکّر (۱) غوّاص۔ ڈبکی لگانے والا (۲) ایک آبی پرندہ۔ کوّا ؛
غوطہ دینا (ف) (۱) ڈبکی دینا۔ ڈبا دینا۔ تر کرنا (۲) بپتسمہ دینا عیسوی مذہب میں لانا (۳) دھوکا دینا ؛
غوطہ کھاتا (ف) ڈوبنا۔ غرق ہونا۔ ڈبکی مارنا (۲) بھولنا بھٹکنا۔ بیچ میں چھوڑنا ؛
غوطہ لگانا۔ یا۔ مارنا (ف) ڈبکی مارنا (۲) پوشیدہ رہنا چھپا رہنا (۳) کسی خیال میں ڈوبنا۔ خوب سوچنا ؛
غوطہ میں آنا (ف) غش میں آنا۔ بیہوش ہونا ؛
غوغا (غوَ۔ غا) (ف) مذکّر (۱) غل۔ شور (۲) ہجوم۔ بھیڑ بھاڑ ؛
غوغائی (ف) شور کرنے والا (۲) (عو) واہی تباہی بیہودہ ؛
غوک (غوُک) (ف) مذکّر۔ مینڈک ؛
غول (غوُل) (ف) مذکّر۔ (۱) جمعیّت۔ بھیڑ۔ جھمگھٹا۔ جتھا۔ ٹولا۔ جھنڈ (۲) کان۔ گوش ؛
غول (غوُل) (ف) مذکّر۔ ایک قسم کا جن جو آدمیوں کو راستہ بھلاتا ہے۔ چھلاوا۔ بھوت ؛
غول بیابان (ف) مذکّر۔ چھلاوا۔ بھوت پریت۔ جن ؛
غولک (غوُ۔ لک) (ف) مؤنّث۔ دیکھو (غلک)
غوں (غوُں) (ا) مؤنّث۔ بچّوں یا پرندوں کی موٹی آواز ؛
غوں غاں (ا) مؤنّث۔ دودھ پیتے بچّے کے بولنے کی آواز ؛
غوں غاں کرنا (ا) ننھّے بچّوں کا بولنا ؛

غ۔ی

غیاث (غِیاث) (ع) مؤنّث (۱) فریاد۔ داد خواہی (۲) ایک مشہور لغت کی کتاب جس کے مصنف مولوی غیاث الدین رامپوری مرحوم گزرے ہیں ؛
غیب (غَیب) (ع) مذکّر (۱) غائب۔ پوشیدہ۔ مخفی (۲) غیر موجودگی (۳) مستقبل کی کوئی بات ؛
غیب دان (ع۔ ف) مذکّر (۱) پوشیدہ حال جاننے والا۔ خدا تعالیٰ۔ عالم الغیب (۲) نجومی۔ رمّال۔ جفّار ؛
غیبانی (ا) مؤنّث (۱) بےشرم عورت (۲) بدچلن عورت ؛
غیبت (غی۔ بَت) (ع) مؤنّث۔ بدگوئی۔ بدی۔ کسی کے پیچھے اس کا عیب کہنا ؛
غیبت (ع) مؤنّث۔ پیٹھ پیچھے۔ پس پردہ ؛
غیبت میں (ا) غیر حاضری میں۔ پس پشت ؛
غیر (غَیر) (ع) (۱) سوا۔ علاوہ۔ بجز (۲) جدا۔ علیحدہ۔ الگ (۳) دیگر۔ دوسرا۔ اور (۴) (ا) ناموزون۔ بدتہذیب (۵) بد بُرا۔ (۶) (ا) اجنبی۔ بیگانہ (۷) رقیب۔ عدو (۸) خلاف نہیں ؛
غیر آباد (ع۔ ف) (۱) ویران۔ اُجاڑ (۲) غیر مزروعہ زمین
غیر اختیاری (ع۔ ف) جس پر اختیار اور قدرت نہ ہو۔ مجبوری کی ؛
غیر حاضر (ع) ناموجود۔ غائب ؛
غیر حاضری (ع) مؤنّث۔ ناموجودگی۔ ناغہ ؛
غیر حالت ہو جانا (ا) حال سے بے حال ہو جانا۔ نڈھال ہونا ؛
غیر علاقہ (ا) مذکّر۔ دوسرے کا علاقہ۔ اپنے علاقے یا اختیار سے باہر ؛
غیر کی آگ میں جلنا (ا) دوسرے کی آفت یا مصیبت میں پڑنا (۲) دوسرے شخص کی محبت میں سوختہ ہونا ؛
غیر کی بدشگونی کے واسطے اپنی ناک کٹانی (کہا) (مثل) کسی کو بُرا کہنے کے لئے اپنا نقصان کیا ؛
غیر متحد (ع) جس میں اتحاد نہ ہو۔ اجنبی ؛
غیر متعہد (ع) بلا قول و اقرار۔ ذمہ داری سے باہر ؛
غیر متناہی (ع) جس کی انتہا نہ ہو ؛
غیر مجاز (ع) جسے اختیار نہ ہو ؛
غیر مزروعہ (ع) کاشت نہ کی ہوئی (زمین)
غیر مستعمل (ع) کورا۔ اچھوتا۔ استعمال میں نہ آیا ہوا ؛
غیر مشروط (ع) بلا شرط۔ جو شرط نہ کیا گیا ہو ؛
غیر معتبر (ع) بے اعتبار۔ جس پر بھروسہ نہ ہو ؛
غیر مکمل (ع) ناتمام۔ ادھورا۔ ناقص ؛
غیر ممکن (ع) ناممکن۔ دشوار۔ محال ؛
غیر ممکن التردید (ع) جس کی تردید نہ ہو سکے ؛
غیر ممکن الزراعت (ع) کاشت کے ناقابل زمین ؛
غیر مناسب (ع) نامناسب۔ بیجا ؛
غیر منقولہ (ع) قائم۔ غیر متحرک۔ وہ چیز جو ایک جگہ سے دوسری جگہ نہ جا سکے۔ جیسے مکان۔ اراضی ؛
غیر منکوحہ (ع) بے نکاحی۔ وہ عورت جس سے نکاح نہ ہوا ہو۔ بن بیاہی۔ گھر میں ڈالی ہوئی۔ مدخولہ ؛
غیر موروثی (ع) جو ورثہ میں نہ آئی ہو ؛
غیر نافذ (ع) جو جاری نہ ہو ؛

غیر واجب (ع) (۱) ناواجب۔ ناجائز (۲) خلافِ قانون یا خلافِ دستور۔

غیرت (غَے۔ رَت۔ (ع۔ مؤنث) (۱) رشک (۲) حسد۔ رقابت۔ جلن (۳) (ی) شرم۔ لاج۔ حیا۔ عار۔

غیرتِ چمن۔ یا۔ غیرتِ گلزار (ف۔ مذکر) (۱) رشکِ گلزار۔ رشکِ چمن جس کے دیکھنے سے باغ کو رشک آئے (۲) (مجاز) معشوق۔

غیرت حور (ف) نہایت خوبصورت۔ حور کو شرما دینے والی۔

غیرت سے مر جانا (۱) ننگ و ناموس یا شرم کے باعث جان دینا۔ نہایت شرمندہ ہونا۔ حیا سے جان دے دینا

غیرت کھانا (۱) شرمانا۔ لجانا۔ شرمندہ ہونا۔

غیرتِ ماہ (ع) چاند کو شرما دینے والا۔ معشوق۔

غیرتمند (ع۔ ف) غیرت والا۔ صاحبِ شرم و حیا۔

غیریت (۱) مؤنث۔ اجنبیت۔ بیگانگی۔ مغایرت۔

غَیظ (غیظ) (ع۔ مذکر) غضب۔ غصّہ۔ قہر۔

غیظ و غضب (ع۔ مذکر) سخت غصہ۔

غِیس (غیش) (۱۔ مؤنث) ایک بے معنی آواز۔

غیس پیس بھیش پیش (۱) مؤنث (۱) جھگڑا۔ تکرار (۲) بچوں کے رونے کی دھیمی دھیمی آواز۔

غِیش مِغِش (۱۔ مؤنث) (۱) منّت (۲) مغلوب ہونا۔

غَین غِین (ع۔ مذکر) (۱) گھٹا۔ سارے آسمان پر چھا جانے والی گھٹا (۲) پیاس (۳) تیرگی (۴) حرف "غ" کا تلفظ (۵) (۱) نشے میں چُور۔

غین ہونا (۱) نشہ میں غرقاب اور بے ہوش ہونا۔

غیور (ع) (۱) بہت غیرت کرنے والا (۲) حد رشک کرنے والا (۳) خدا کا ایک صفاتی نام۔

ف

ف - (فے) (ع) مؤنث (۱) عربی کا بیسواں - فارسی کا تیئیسواں اور اُردو کا چھبیسواں حرف (۲) حساب جمل میں اس کے اسّی عدد فرض کئے گئے ہیں۔

ف - ا

فاتح (فا - تِح) (ع) - مذکّر (۱) کھولنے والا (۲) فتح کرنے والا (۳) شروع کرنے والا۔

فاتحہ (فا - تِحَہ) (ع) مؤنث (مذکّر) (۱) کسی چیز کا شروع ابتدا - آغاز (۲) سورۂ الحمد (۳) (۱) کسی مُردے کی رُوح کو قرآن شریف وغیرہ پڑھ کر ثواب پہنچانا - نذر نیاز (۴) فتح کرنے یا کھولنے والی عورت۔

فاتحہ پڑھنا (۱) کسی مُردے کو ثواب پہنچانے کے لئے الحمد وغیرہ کا پڑھنا - نذر نیاز دینا (۲) کسی چیز سے ہاتھ اٹھا لینا - مایوس ہو جانا - توقع نہ رکھنا۔

فاتحۂ خیر (ع) مؤنث (۱) دعائے خیر (۲) مجازاً نکاح - عقد۔

فاتحہ دینا (۱) نیاز دینا (۲) مُردے کی روح کو درود پڑھ کر ثواب پہنچانا۔

فاتحہ نہ درود کھا گئے مردود (۱) (مثل) کسی چیز کے اکارت جانے پر بولتے ہیں۔

فاتحہ نہ درود مر گئے مردود (۱) (مثل) ایسے بے اولاد کے مرنے پر بولتے ہیں جس کی شرارت اور فتنہ انگیزی سے لوگ ناراض رہتے ہوں۔

فاتر (فا - تِر) (ع) (۱) کمزور (۲) سست۔

فاتر العقل (ع) جس کی عقل میں فتور آ گیا ہو۔

فاجر (فا - جِر) (ع) - مذکّر - بدچلن - بدکار - گنہگار۔

فاجرہ (ع) مؤنث - بدکار عورت - فاحشہ۔

فاحش (فا - حِش) (ع) (۱) حد سے بڑھا ہوا (۲) وہ بدی جو حد سے گزر جائے (۳) گالیاں بکنے والا (۴) شرمناک قابلِ شرم۔

فاحشہ (ع) مؤنث - بدکار عورت - بیسوا - رنڈی۔

فاختہ (فا - خِتَہ + فاخ - تَہ) (ع) مؤنث - قمری اور کبوتر کی قسم کا ایک پرند جس کا رنگ خاکی مائل ہوتا ہے اور گردن میں طوق ہوتا ہے۔

فاختہ اڑانا (۱) گل چھرّے اڑانا - مزے اڑانا - عیش منانا۔

فاختی (۱) مؤنث - خاکستری - خاکی - کرنجوی - ایک قسم کا رنگ۔

فاخر (فا - خِر) (ع) فخر کرنے والا - نازاں (۲) قیمتی - عمدہ - بیش قیمت۔

فاخرہ (ع) عمدہ - بیش قیمت۔

فادزہر (فاد - زَہر) (ف) - مذکّر تریاق - دافعِ زہر (۲) زہر مہرہ۔

فار (فار) (ع) - مذکّر - چوہا - موش۔

فار (فار) (انگریزی - FOR) برائے - بجائے - کسی افسر کی جگہ جب کوئی اس کا ماتحت دستخط کرے تو وہ اپنے نام کے ساتھ لکھ دیتا ہے - یعنی یہ حکم یا چٹھی گویا اصل افسر کی طرف سے جاری ہوئی ہے۔

فارخطی (۱) مؤنث - دیکھو فارغ خطی۔

فارس (فارِس - فا - رِس) (ع - مذکّر) ملک ایران کا دوسرا نام۔

فارس (فا - رِس) (ع - مذکّر) گھوڑے کا سوار۔

فارسٹ (فا - رَسٹ) (انگریزی FOREST) (مذکّر) جنگل - بیابان۔

فارسٹ آفس (انگریزی FOREST OFFICE) (مذکّر) محکمۂ جنگلات کا دفتر۔

فارسٹر (انگ FORESTER) (مذکّر) محکمۂ جنگلات کا ایک ادنیٰ ملازم۔

فارسی (ف) مؤنث - وہ زبان جو ملک ایران میں بولی جاتی ہے۔

فارسی بگھارنا (۱) فارسی زبان میں گفتگو کرنا (۲) فارسی بولنا (ایسی زبان بولنا جسے دوسرا نہ سمجھے)۔

فارسی خواں یا فارسی داں (۱) مذکّر - فارسی پڑھنے والا یا فارسی جاننے والا۔

فارسی کی ٹانگ توڑنا (ا) ٹوٹی پھوٹی فارسی بولنا کچّی پکّی اور غلط سلط فارسی بولنا ۔

فارغ (فا۔ رِغ) (ع) (۱) آسودہ۔ مطمئن (۲) خلاصی اور نجات پانے والا (۳) آزاد۔ بری ۔

فارغ البال (ع) آسودہ حال۔ مطمئن۔ آزاد۔ خوشحال ۔

فارغ البالی (ا) مؤنث۔ خوش حالی۔ بے فکری ۔

فارغ النحال (ع) مؤنث۔ وہ تحریر جو بے باقی کی بابت بطور رسید لی جاتی ہے۔ دوسرے سے اپنا مطالبہ بھر پانے کا اقرار۔ چکوتی ۔

فارغ خطی (ف) مؤنث (۱) مطالبہ بھر پانے کا تحریری اقرار (۲) طلاق نامہ ۔

فارغ خطی لکھوانا (ا) (۱) حساب بے باق کر کے رسید لینا (۲) زبردستی اقرار کرانا۔ دھمکی سے رسید لینا ۔

فارغ ہونا (ا) (۱) فرصت پانا۔ مطمئن ہونا (۲) خلاص ہونا انزال ہونا ۔

فارم (فارم) (انگریزی۔ FORM) مذکر (۱) نقشہ نمونہ۔ وضع (۲) چھپا ہوا کاغذ جس میں حسب ضرورت خانہ پوری کی جاتی ہے ۔

فارمولا (فار۔ مُو۔ لا) (انگ FORMULA) (مذکر) مقررہ قاعدہ۔ گُر ۔

فارن (فا۔ رِن) (انگریزی۔ FOREIGN) غیر ملک یا سلطنت ۔

فارن آفس (انگریزی FOREIGN OFFICE) (مذکر) وہ محکمہ جس کے ذریعے سے گورنمنٹ دوسری حکومتوں کے معاملات پر غور کرتی ہے دفتر متعلق بہ دول خارجہ۔ دفتر ریاست ہائے غیر ۔

فارورڈ (فار۔ وَرڈ) (انگ FORWARD) آگے ۔

فارورڈ کرنا (ا) (ہ) آگے چلتا کرنا۔ بھیجنا۔ ارسال کرنا ۔

فاروق (فا۔ رُوق) (ع) (۱) فرق کرنے والے (۲) (مذکر) حضرت عمرؓ خلیفۂ دوم کا لقب (۳) ایک تریاق (۴) ایک تیزاب جس سے چاندی اور سونا علیحدہ ہوتا ہے ۔

فاروقی (ع) فاروقؓ سے منسوب (۲) حضرت عمر فاروقؓ کی اولاد ۔

فازہ (فا۔ زَہ) (ف) مذکر۔ جمائی ۔

فاسٹ (فاسٹ) (انگریزی FAST) تیز۔ سریع الحرکت آگے بیش۔ زیادہ ۔

فاسخ (فا۔ سِخ) (ع) فسخ کرنے والا۔ توڑنے والا ۔

فاسد (فا۔ سِد) (ع) (۱) تباہ۔ برباد۔ بد (۲) شریر۔ بدمعاش۔ فسادی ۔
جھگڑالو (۳) خراب۔ ناقص ۔

فاسق (فا۔ سِق) (ع) (۱) دروغ گو۔ جھوٹا (۲) (ا) بدکار۔ گنہگار

فاش (فاش) (ف) ظاہر۔ کھلا۔ آشکارا۔ ظاہرا۔ صریح ۔

فاش غلطی کرنا (ا) کھلی غلطی کرنا۔ نہایت بڑی غلطی کرنا ۔

فاش ہونا (ا) ظاہر ہونا۔ طشت از بام ہونا ۔

فاصل (فا۔ صِل) (ع) جدا کرنے والا۔ فرق کرنے والا ۔

فاصلہ (فا۔ صِلہ) (ع) مذکر۔ دوری۔ مسافت۔ عرصہ۔ میدان

فاضل (فا۔ ضِل) (ع) (۱) زیادہ۔ زائد۔ نکلتا ہوا۔ بڑھا ہوا (۲) (مذکر) عالم۔ دانا۔ صاحب علم و فضل ۔

فاضل اجل (ع) بہت بڑا فاضل۔ ذی شان عالم ۔

فاضل باقی (ع) (مذکر، مؤنث) بچا ہوا روپیہ ۔

فاضل باقی نکالنا (ا) وصول شدہ رقم حساب میں جمع کر کے کمی بیشی یا لینا دینا نکالنا ۔

فاضل ہونا (ا) (۱) عالم ہونا۔ صاحب علم و فضل ہونا (۲) کسی شے کا زیادہ ہونا۔ جیسے آپ کے ہاں فلاں چیز فاضل ہے۔

فاطمہ (فا۔ طِمَہ) (ع) مؤنث (۱) وہ عورت جس نے دو ہی برس میں بچے کا دودھ چھڑا دیا ہو۔ بچے کو دودھ پلانے والی عورت (۲) سیدۃ النساء حضرت فاطمۃ الزہراؓ کا اسم مبارک جو رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹی حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کی زوجۂ مطہرہ اور حضرت حسنینؓ علیہما السلام کی والدہ ماجدہ ہوئی ہیں ۔

فَاعتَبِرُوا یَا اُولی الاَبصار (ع) سمجھ والو! عبرت حاصل کرو ۔

فاعل (فا۔ عِل) (ع) مذکر (۱) کام کرنے والا (۲) موجد (۳) مرتکب۔ مجرم (۴) وہ اسم جس سے کوئی فعل سرزد ہو (۵) اغلامی۔ زانی ۔

فاعل حقیقی (ع) مذکر۔ اصل بنانے والا۔ اصلی خالق۔ خالق حقیقی۔ خدائے تعالےٰ ۔

فاعل و مفعول (ع) مذکر (۱) کسی کام کے کرنے والا (۲) فعل بد کرنے اور کرانے والا ۔

فافہم (ع) غور کرو اور سمجھو ۔

فاق (ت) مذکر۔ سوفار۔ تیر کا پچھلا حصہ ۔

فاقد (فا۔ قِد) (ع) کھو دینے والا ۔

فاقد البصر (ع) اندھا ۔

فاقوں (ا) مذکر۔ فاقہ کی جمع ۔

فاقوں کا کوٹا۔ یلے مارا (ا) (۱) وہ شخص جو کھانا نہ ملنے کے باعث مرتے مرتے نہایت دبلا اور لاغر ہو گیا ہو (۲) نہایت مفلس۔ قحط زدہ

فاقہ (فَا - قَہْ) (ع - مذکّر) (۱) بے کھاتے ہونے - بھوکا رہنا (۲) معدہ برت ٭

فاقہ زدہ (ف) بھوک کا مارا - بھوکا - کنگال ٭

فاقہ کرنا (ف) بھوکا رہنا - کھانا نہ کھانا ٭

فاقہ کش (ع - ف) مذکّر - بھوکا رہنے والا - کنگال ٭

فاقہ کشی (ع - ف) مؤنث - بھوکا رہنا - مفلسی و تنگ حالی ٭

فاقہ مست (ع - ف) مذکّر (۱) مفلسی میں امیروں کی سی حرص کرنے والا (۲) فاقے میں بھی مگن رہنے والا ٭

فاقہ مستی (ف) مؤنث (۱) تنگدستی میں خوشی - مفلسی میں رنگ رلیاں ٭

فاقہ ہونا - یا - گزرنا (ف) بھوکا رہنا - بے کھائے رہنا ٭

فال (فَال) (ع) مؤنث - شگون - غیب کی بات - پیشین گوئی ٭

فال دیکھنا - فال کھولنا - فال لینا (ف) کسی کتاب یا پانسا وغیرہ کے ذریعے سے نیک و بد شگون کا معلوم کرنا - غیب کی بات دریافت کرنا ٭

فال کی کوڑیاں ملّا کو بھی حلال ہیں (ف) مثل - محنت کی اجرت پرہیزگار اور متّقی کو بھی جائز ہے ٭

فال گو (ع - ف) مذکّر - فال دیکھنے اور بتانے والا ٭

فالنامہ (ع - ف) مذکّر - وہ کتاب جس میں شگون دیکھتے ہیں ٭

فال نکلنا (ف) شگون ہونا - کوئی غیب کی بات معلوم ہونا ٭

فالتو (فَال - تُو) (ف) (۱) ضرورت سے زائد - بیکار - فضول (۲) قلی - مزدور ٭

فالج (فَا - لِج) (ع) مذکّر - ادھرنگ - آدھے جسم کا ڈھیلا یا سُن پڑ جانا ٭

فالج گرنا (ف) ادھرنگ کی بیماری کا ہونا ٭

فالسہ (فَا - لسَہ) (ف) مذکّر - ایک پھل جو جھاڑی بیر کے برابر اُودے رنگ کا ترش و شیریں ہوتا ہے ٭

فالسئی (ف) اُودا رنگ - سرخ مائل بہ سیاہی ٭

فالودہ (فَا - لُو - دَہ) (ف) مذکّر - چھنے اور جمائے ہوئے نشاستہ کے باریک باریک ٹکڑے - آودے ٭

فالودہ کھاتے دانت ٹوٹیں تو بلا سے (ف) مثل - اگر بھلائی میں بھی برائی ہو - تو گوارا کرے - اگر آسان کام میں جی گھبرا جائے تو بلا سے ٭

فالیز (فَا - لیز) (ف) مؤنث - خربوزے وغیرہ کا کھیت ٭

فام (فَام) (ف) مذکّر (۱) رنگ - برن جیسے سیاہ فام ٭

فانوس (فَا - نُوس) (ع - ف) مذکّر - وہ بڑی قندیل جو ابرے کی شکل کی باریک کپڑے یا کاغذ سے منڈھی ہوتی ہے - چراغ دان ٭

فانوس خیال - یا خیالی (ف - ع) مذکّر - وہ فانوس جس کے اندر کاغذ کی تصویریں وغیرہ کی تصاویر کا چکّر باندھ دیتے ہیں اور وہ ہوا یا دھوئیں سے گردش کرتے ہیں ان سے ایک عجیب نظارہ دکھاتا ہے ٭

فانہ (فَا - نَہ) (ف) مذکّر - چانہ - ایک پچّر جس کے ذریعے سے لکڑی کو درز چیرتے ہیں ٭

فانی (فَا - نِی) (ع) صفت (۱) فنا ہونے والا - مرنے والا - جان سے گزرنے والا (۲) نہایت بوڑھا - عمر رسیدہ شخص ٭

فائدہ (فَا - اِ - دَہ) (ع) مذکّر (۱) نفع - سود - لابھ (۲) نتیجہ - پھل - حاصل (۳) وصف - خوبی (۴) پیداوار - آمدنی (۵) غرض - مطلب - واسطہ (۶) کارآمد - مفید مطلب (۷) افاقہ - آرام (۸) بہتری - بھلائی ٭

فائدہ مند (ع - ف) (۱) مفید - سودمند (۲) کارگر - مؤثر ٭

فائدہ ہونا (ف) (۱) نفع ہونا (۲) صحت پانا - آرام پانا - افاقہ ہونا ٭

فائر (فَا - اِر) (انگریزی FIRE) مذکّر (۱) آگ - آتش (۲) بندوق چلانا ٭

فائر بریگیڈ (انگریزی FIRE BRIGADE) مذکّر - آگ بجھانے کا کام کرنے والی جماعت جو عموماً مشہور شہروں میں میونسپلٹیوں کی ملازمت میں ہوتی ہے ٭

فائرمین (انگریزی FIREMAN) مذکّر - آگ کا کام کرنے والا - انجن میں کوئلے جھونکنے والا ٭

فائز (فَا - اِز) (ع) پہنچنے والا - فتح پانے والا ٭

فائز المرام (ع) مراد پانے والا - کامیاب - بامراد ٭

فائق (فَا - اِق) (ع) فوق رکھنے والا - ممتاز - اعلیٰ - معزز - بڑھا ہوا ٭

فائل (فَا - اِل) (انگریزی FILE) مذکّر (۱) سوہن - ریتی (۲) قطار - سلسلہ (۳) مثل (۴) وہ تار جس میں خطوط پرو کر رکھے جائیں (۵) مسل - فرد - فہرست (۶) پنڈولیم - منشاء ٭

فائل بک (انگریزی FILE BOOK) مؤنث - وہ کتاب جس میں کاغذات نتھی کر کے رکھے گئے ہوں ٭

فائل کرنا (ف) نتھی کرنا - منسلک کرنا - مسل میں شامل کرنا - تار میں ڈالنا ٭

فائن (فَا - اِن) (انگریزی FINE) مذکّر (۱) جرمانہ - ڈنڈ - تاوان (۲) نفیس - عمدہ - خوبصورت ٭

فائن بک (انگریزی FINE BOOK) مؤنث - جرمانے کی کتاب ٭

فائنل (فَا - اِنل) (انگریزی FINAL) آخری - قطعی ٭

ف - ب

فبہا (فِبِہا) (ع) بہت خوب - بہتر - فہو المراد ۔

ف - ت

فتا (فَتا) (ع - مذکر) (۱) جوان آدمی (۲) دلیر و بہادر آدمی ۔
فتّاح (فَت - تاح) (ع) (۱) کھولنے والا - حکم کرنے والا -
(۲) خدا تعالےٰ کا اسم صفاتی ۔
فتّان (فَت - تان) (ع) فتنہ انگیز - آفت خیز - اکثر معشوق
کی آنکھ کی نسبت آتا ہے ۔
فتی (فَ - تی) (فَتا - وا) (ع - مذکر) فتیٰ کی جمع ۔
فتح (فَتح) (ع - مؤنث) (۱) کھولنا - کشائش (۲) نصرت - جیت
ظفر (۲) (مذکر) زبر - فتحہ - حروف کی ایک حرکت (۳)
(مؤنث) سکھوں کا سلام - بندگی ۔
فتح باب (ع - مؤنث) کشادگی - آسودگی ۔
فتح پانا (۱) جیتنا - ظفریاب ہونا ۔
فتح پیچ (ا) مذکر - (۱) عورتوں کے بال گوندھنے کا ایک
طریقہ (۲) پگڑی باندھنے کا ایک خاص ڈھنگ (۳)
ایک قسم کا حقّے کا نیچہ ۔
فتح کرنا (ا) (۱) جیتنا - غالب آنا - سر کرنا (۲) کام بنانا ۔
فتح گڑھ (ا) مذکر - وہ قلعہ یا عمارت جو کسی فتح کی یادگار میں
بنائی جائے ۔
فتح مند (ع - ف) غالب - جیتنے والا - ظفریاب ۔
فتح نامہ (ع - ف) مذکر - تحریر جو کسی فتح کی خوشی اور اس
کے حالات میں لکھی جائے ۔
فتح و ظفر (ع) ... جیت - ظفرمندی ۔
فتح یاب (ع) ... فتح مند - کامیاب ۔
فتح یابی (ع) ... مؤنث جیت - فتح و ظفر ۔
فتحہ (فَت - حَہ) (ع) مذکر - زبر - نصب - حروف کی ایک حرکت
فتراک (فِت - راک) (ف) مذکر - شکار بند - زین کے ساتھ
لٹکے ہوئے ... تسمے ۔
فتق (فَتق) (ع) ... ایک مرض جس سے آدمی کے ... پھٹے
بڑھ جا... ۔
فتنہ (فِت - نَہ) (ع) مذکر (۱) جھگڑا - فساد - ہنگامہ (۲)
دیوانگی - عذاب - گناہ (۳) عاشق - معشوق (۴) معشوق
دلبر (۵) (ا) ایک قسم کا عطر اور ایک پھول (۶) (ا) نہایت
شریر - آفت کا پرکالا - شوخ ۔
فتنہ اٹھانا (ا) جھگڑا اٹھانا - فساد کھڑا کرنا ۔
فتنہ انگیز - یا - **فتنہ پرداز** (ع - ف) فسادی - جھگڑالو -
لڑائی جھگڑا کرنے والا ۔
فتنۂ جہاں - یا - **فتنۂ عالم** (ع - ف) (۱) دنیا میں حشر برپا
کرنے والا (۲) مجازاً معشوق ۔
فتنہ خوابیدہ (ع) فتنہ پوشیدہ در پردہ - سوتی آفت ۔
فتنہ زا (ع - ف) آفت اٹھانے والا - عموماً آنکھ کی
نسبت آتا ہے ۔
فتنی (ا) (مؤنث) فتنہ پرداز عورت - عیّارہ - فسادن ۔
فتوا - (فتویٰ) (فَت - وا) (ع) مذکر - فیصلہ شرعی - حکم شرع
قاضی کا وہ شرعی فیصلہ جو کسی بات کے جواز یا عدم جواز
میں دیا جائے ۔
فتوا - فتویٰ دینا (ا) شرعی حکم لگانا - قانون مذہب کے
مطابق حکم دینا ۔
فتوت (فُتُوْ - وَت) (ع - مؤنث) (۱) جوانمردی - بہادری
(۲) مروّت - سخاوت ۔
فتوح (فُتُوح) (ع) (مذکر و مؤنث) فتح کی جمع (۱) کشائشیں -
فتحیں (۲) (مؤنث) بالائی آمدنی - مجرد مفت کا روپیہ ۔
فتوحات (ع) (مذکر و مؤنث) فتوح کی جمع ۔
فتوحی (فُتُوحی) (ع) مؤنث - صدری - مرزئی - کمری - کرتی ۔
فتور (فُتُور) (ع - مذکر) (۱) خرابی - نقص - ضعف (۲) (۱) فتنہ
فساد - جھگڑا - دنگا ۔
فتور آنا (ا) خرابی پیدا ہونا - نقص نکلنا - خلل پڑنا - بیکار
ہونا ۔
فتور اٹھانا (ا) فساد مچانا - جھگڑا کھڑا کرنا - مفسدہ پردازی
کرنا - شور و شر کرنا - فتنہ اٹھانا ۔
فتوری - یا - **فتوریا** (ا) فتنہ پرداز - جھگڑالو - لڑاکا ۔
فتیل (فَتیل) (ع - مذکر) چراغ کی بتی ۔
فتیل سوز (ع - ف) پیتل لوہے وغیرہ کا ... چوکھا ظرف
فتیلہ (فَتی - لَہ) ع - مذکر - فلیتہ - بتی ... کوئی چیز ۔
فتیلہ سوز (ع - ف) مذکر - شمع دان ۔

ف - ٹ

فٹ (فِٹ) (انگ - FIT) چست - درست - ٹھیک - پورا ۔
فٹ ہونا (ا) کپڑے یا جوتے وغیرہ کا چست اور ٹھیک ہونا ۔
فٹر (فِٹَر) (انگ - FITTER) (مذکر) مشینوں کے

پرزے درست کرنے والا مستری ۔

فٹ (فُٹ) انگریزی (FOOT) (۱) پاؤں - قدم - پیر (۲) بارہ انچ کا پیمانہ - گز کا تیسرا حصّہ ۔

فٹ بال (انگریزی FOOT BALL) (مذکّر) گیند کو پاؤں سے لڑھکانے کا کھیل ۔

فٹ نوٹ (انگریزی FOOT NOTE) (مذکّر) حاشیہ ۔

فٹن (انگریزی PHAETON) (مؤنّث) ایک قسم کی چوپہیہ گاڑی ۔

ف - ج

فُجّار (فُج - جار) (ع - مذکّر) فاجر کی جمع - بدکار لوگ ۔

فجر (فَجر) (ع) مؤنّث - سحر - ور کا تڑکا - صبح - سویرا ۔

فجر ہونا (ف) (۱) صبح ہونا - تڑکا ہونا (۲) آنکھیں کھلنا - غفلت دور ہونا ۔

فجور (فُجور) (ع) مذکّر - گناہ - جرم - قصور - زنا - بدکاری - گنہگاری ۔

ف - ح

فحش (فُحش) (ع) مذکّر - قابل شرم بات - بیہودہ بات - گالی

فحش بکنا (ف) گالیاں بکنا - بُری بات کہنا ۔

فحوا - فحویٰ (فَح - وا) (ع - مذکّر) (۱) مضمون - معنی - مطلب (۲) ڈھنگ - انداز ۔

فحول (فُحول) (ع) فحل کی جمع (۱) جیّد علما و فضلا (۲) … (۳) اونٹ - سانڈ ۔

ف - خ

فخر (فَخر) (ع) مذکّر (۱) ناز - گھمنڈ - غرور - بزرگی - شرف (۲) شیخی - تعلّی - گمان ۔

فخر جاننا - یا - سمجھنا (ف) قابل عزّت جاننا - باعث بزرگی یا خوبی خیال کرنا ۔

فخر خاندان (ع - ف - مذکّر) وہ شخص جس کے باعث خاندان کو بزرگی اور عزّت حاصل ہو ۔

فخر کرنا (ف) غرور کرنا - گھمنڈ کرنا - شیخی مارنا ۔

فخریہ (ع) از روئے فخر - نازاں ہو کر ۔

ف - د

فدا (فِدا) (ع) (۱) جان نثار - قربان - صدقے - تصدّق (۲) عاشق - فریفتہ - معتقد ۔

فدا ہونا (ف) (۱) قربان ہونا - صدقے ہونا - جان نثار ہونا - (۲) عاشق ہونا - فریفتہ ہونا ۔

فدائی (ع) مذکّر - جان نثار - عاشق - سر دینے والا ۔

فدوی (فِد - وِی) (ع - صفت) (۱) جان نثار - قربان ہونے والا (۲) مذکّر - جان نثار - نوکر - ملازم - اکثر خُردوں کو عرضی کے اخیر میں اپنے نام کے ساتھ لکھتے ہیں ۔

فدیہ (فِد - یہ) (ع - مذکّر) (۱) نقد معاوضہ (۲) خون بہا ۔

ف - ذ

فذالک (فَذا - لِک) (ع - مؤنّث) اہل حساب کی اصطلاح میں وہ جمع جو تفصیل کے بعد دی جائے ۔

ف - ر

فر (فَر) (ف) مذکّر (۱) آرائش - آراستگی - دھوم دھام (۲) رعب داب - دبدبہ ۔

فر (فَر) (انگریزی FUR) (مؤنّث) سمّور - بال - پشمینہ - پشم ۔

فرات (فُرات) (ع - مذکّر) … نام جو ایشیائی روم میں بہتا ہے ۔

فراٹا (فرّ - راٹا) (ا - مذکّر) (۱) کسی چیز کے اڑنے کی آواز (۲) ہوا کا سنّاٹا (۳) جلد جلد پڑھنا یا بولنا ۔

فراٹے (ا) مذکّر - فراٹا کی جمع ۔

فراٹے بھرنا - یا - لینا (ف) (۱) جلد جلد پڑھنا … (۲) خوب دوڑنا - بے تحاشا بھاگنا (۳) جھنڈے یا پھریرے کا ہوا میں لہرانا ۔

فراخ (فَراخ) (ف) (۱) وسیع - کشادہ - چوڑا - کھلا (۲) بڑا - کلاں ۔

فراخ چشمی (ف - مؤنّث) بلند حوصلہ ہونا ۔

فراخ حوصلہ (ف) بڑے حوصلے والا - عالی ہمّت ۔

فراخ کرنا (ف) چوڑا کرنا - کشادہ کرنا - ڈھیلا کرنا ۔

فراخی (ف) مؤنّث (۱) چوڑائی - وسعت (۲) خوش حالی - آسودگی (۳) (ا) گھوڑے کا تنگ - پٹی ۔

فَرّار (فَرْ۔رَار) (ع) بہت بھاگنے والا۔ چالاک ٭
فِرار (فِ۔رار) (ع) مذکر۔ بھاگ چلنا۔ بھاگنا ٭
فِرار ہونا (ا) بھاگنا۔ غائب ہونا۔ روپوش ہونا ٭
فَراری (ع۔ف) (۱) بھگوڑا۔ بھاگا ہوا (۲) روپوش ٭
فَراز (فَراز) (ف) مذکر (۱) بلندی (۲) آگے۔ سامنے (۳) کشادہ (۴) کلمۂ زائد (۵) فراختن کا امر ٭
فِراست (فِرا۔سَت) (ع) مؤنث۔ دانائی۔ ذہانت۔ سمجھداری۔ قیافہ شناسی ٭
فِراسیس (فِرا۔سیس) (ا) مذکر۔ فرانسیس کا مخفف ٭
فراسیسی (ا) مذکر۔ فرانسیسی کا مخفف ٭
فَرّاش (فَرْ۔رَاش) (ع) مذکر (۱) فرش بچھانے والا (۲) وہ شخص جس کے اہتمام میں خیموں کا لگانا اور کھڑا کرنا ہو (۳) (ا) ایک قسم کا درخت جو صنوبر یا شمشاد سے مشابہ ہوتا ہے ٭
فرّاش خانہ (ع۔ف) مذکر۔ وہ جگہ جس میں ڈیرے خیمے اور فرش فروش کا سامان رہے ٭
فرّاشی (ع۔ف) مؤنث (۱) فرّاش کا کام (۲) فرّاش کی بیوی ٭
فرّاشی پنکھا (ا) مذکر۔ ایک قسم کا بہت بڑا پنکھا جسے بڑی محفلوں میں دستی ہلایا کرتے ہیں ٭
فرّاشی سلام (ا) مذکر۔ وہ سلام جس کے جھکنے میں فرش تک سر لے جانا پڑے ٭
فَراغ (فَرا غ) (ع) مذکر (۱) فرصت۔ مہلت۔ نجات۔ خلاصی۔ آرام (۲) خوشی۔ سکھ۔ چین (۳) خوش حالی (۴) (ا) افراط بہتات (۵) (ا) دلجمعی۔ اطمینان ٭
فراغ بالی (ع۔ف) مؤنث۔ دیکھو (فارغ البالی)
فراغ خاطر۔ یا۔ فراغ دل (ع۔ف) (مذکر) دلجمعی۔ تسلی۔ بے فکری۔ آسودگی ٭
فَراغت (ع) مؤنث (۱) فرصت۔ چھٹکارا۔ نجات۔ رہائی (۲) اطمینان۔ بے فکری (۳) آرام۔ آسودگی (۴) (ا) پاخانہ۔ ٹٹی ٭
فراغت پانا (ا) (۱) فرصت پانا۔ خالی ہونا (۲) انزال ہونا۔ (۳) فیصلہ کرنا۔ جھگڑا چکانا ٭
فراغت جانا (ا) ٹٹی جانا۔ رفع حاجت کے لئے جانا ٭
فراغت سے بیٹھنا (ا) بے فکری اور آرام سے بیٹھنا ٭
فراغت ہونا (ا) (۱) فارغ ہونا۔ فرصت پانا (۲) انزال ہونا ٭
فِراق (فِراق) (ع) مذکر (۱) جدائی۔ ہجر۔ علیحدگی۔ مفارقت (۲) (ا) فکر۔ خیال۔ دُھن (۳) (ا) عشق۔ محبت ٭

فراک (فراک) (انگ، FROCK) مذکر۔ بچوں اور عورتوں کا ایک قسم کا لمبا کرتا ٭
فراک کوٹ (انگریزی FROCK COAT) مذکر۔ مردوں کا ایک خاص وضع کا لمبا کوٹ ٭
فراموش (فَرا۔موش) (ف) بھولا ہوا ٭
فراموش کرنا (ا) بھولنا۔ خیال نہ رکھنا ٭
فراموشی (ف) مؤنث۔ بھول۔ چوک۔ سہو۔ خطا ٭
فرامین (فَرامین) (ع) مذکر۔ فرمان کی جمع ٭
فرانس (انگریزی FRANCE) مذکر۔ یورپ کا ایک قدیم اور مشہور ملک ٭
فرانسیس (ا) مذکر۔ فرانس سے منسوب۔ فرانس کا باشندہ یا چیز۔ فرنگی۔ اہلِ فرانس ٭
فرانسیسی (ا) مؤنث (۱) فرانس کے ملک کی زبان۔ فرنگی زبان (۲) کوئی چیز جو فرانس کی بنی ہوئی ہو ٭
فرانک (فرانک) (انگریزی، FRANC) (مذکر) فرانس کا چاندی کا ایک سکہ ٭
فراوان (فَرا۔وان) (ف) بہت زیادہ۔ وافر ٭
فراوانی (ف) مؤنث۔ کثرت۔ زیادتی۔ افراط ٭
فراہم (فَرا۔ہَم) (ف) اکٹھا۔ جمع شدہ ٭
فراہم کرنا (ا) اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا ٭
فراہمی (ف) مؤنث۔ اجتماع۔ جمعیت ٭
فرائض (فَرا۔ئض) (ع) مذکر۔ فریضہ کی جمع (۱) لازمی کام۔ وہ کام جن کا کرنا ضروری ہو (۲) شرعی اصطلاح میں خدا کا فرمودہ (۳) میراث یا ترکہ تقسیم کرنے کا علم ٭
فرائض منصبی (ع) مذکر۔ عہدے یا اسامی کے فرائض ٭
فربہ (فَر۔بہ) (ف) موٹا۔ لحیم شحیم۔ تیار۔ جسیم ٭
فربہ اندام (ف) جسیم۔ موٹا۔ چپس ٭
فربہی (ف) مؤنث۔ موٹاپا۔ تناوری۔ تیاری ٭
فرتوت (فَر۔تُوت) (ف) بہت بوڑھا۔ نہایت ضعیف۔ بے عقل۔ بدحواس ٭
فَرج (فَرْج) (ع) مؤنث (۱) چھید۔ سوراخ۔ شگاف (۲) مجازاً عورت کا اندام نہانی ٭
فرجاد (فَر۔جاد) (ف) دانا۔ عقل مند ٭
فرجام (فَر۔جام) (ف) مذکر۔ انجام۔ اخیر۔ خاتمہ۔ انتہا ٭
فَرَح (فَرَح) (ع) مؤنث۔ خوشی۔ خرمی۔ شادمانی ٭
فرحاں۔ فرحان (ف) شاداں۔ خوش۔ مگن ٭
فرحت (ع) مؤنث۔ خوشی۔ خرمی۔ شادمانی ٭
فرحت افزا (ع۔ف) خوشی بڑھانے والا۔ مفرح ٭

فرحت بخش (ع - ف) خوشی دینے والا ؛
فرخ (فَرَ - رُخ) (ف) (۱) مبارک - سعید ؛
فرخندہ (فُر - خُن - دَہ) (ف) مبارک - مسعود ؛
فرخندہ بخت - یا - طالع (ف - ع) خوش نصیب نیک اختر - سعادت مند - خوش اقبال ؛
فرد (فَرْد) (ع) مؤنث (۱) واحد - ایک - طاق (۲) ایک شعر دو ہا (۳) فہرست حساب - چٹھا - رجسٹر (۴) (۱) لحاف یا رضائی کا ابرہ - چادر - شال (۵) ایک آدمی - متنفس - نفر (۶) ایک پرند (۷) اکّا - دُکّا - تنہا - اکیلا ؛
فرد باطل (ع) (۱) منسوخ اور بے کار فرد جو کارآمد نہ رہی ہو - (۲) مجازاً بیہودہ - ناکارہ ؛
فرد بشر (ع) مذکر - متنفس - شخص واحد ؛
فرد تعلیقہ (ع) مؤنث - ضبطی جائداد کی فہرست ؛
فرد فرد (ع) ایک ایک - الگ الگ - ہر ایک ؛
فرد قرار داد جرم (ع) مؤنث - مِسل کا وہ کاغذ جس میں مجرم ٹھہرانے کا مضمون اور دفعہ درج ہوتی ہے ؛
فرد نیلامی (ا) مؤنث - وہ کاغذ جس میں قیمت و قسمت کے تخمینے کی فہرست درج ہوتی ہے ؛
فردا (فَر - دَا) (ف) (۱) کل - دوسرا دن (۲) روز قیامت ؛
فرداً فرداً (ع) ایک ایک - جدا جدا - علیحدہ علیحدہ
فردوس (فِر - دَوس) (ع) مذکر (۱) باغ - گلزار - گلشن (۲) بہشت - جنت - سورگ ؛
فردوس مکانی (ع - ف) مذکر (۱) وہ مردہ شخص جو فردوس میں رہتا ہو (۲) بابر بادشاہ کا لقب جو اُن کے انتقال کے بعد دیا گیا ؛
فردوس منزلت (ع) مذکر - جنت میں رہنے والا - مرحوم و مغفور ؛
فردوسی (ع - ف) مذکر - حکیم ابو القاسم منصور طوسی کا تخلص جو محمود غزنوی کے زمانے میں شاہنامہ کا مصنف گزرا ہے ؛
فرزانگی (فر - زا - نگی) (ف) مؤنث (۱) عقل - دانائی - سمجھ (۲) علم - حکمت ؛
فرزانہ (ف) دانا - عاقل - دانشمند - ہوشیار - سمجھدار - حکیم گیانی - ہنرمند - لائق ؛
فرزند (فَر - زَند) (ف) مذکر (۱) بیٹا - پسر - لڑکا (۲) اولاد لڑکا یا لڑکی ؛
فرزند ارجمند (ف) مذکر - لائق بیٹا - ہونہار بیٹا - پیارا اور قابل قدر بیٹا ؛

فرزند خلف (ف - ع) مذکر - نیک اور صالح بیٹا - سپوت - نیک بخت اور فرمانبردار بیٹا ؛
فرزند ناخلف (ف - ع) مذکر - نالائق بیٹا - نافرمان بیٹا ؛
فرزند نرینہ (ف) مذکر - بیٹا - لڑکا - پسر ؛
فرزندی (ف) مؤنث - باپ کا بیٹا ہونا ؛
فرزندی میں لینا (ف) (۱) بیٹا بنانا - متبنّٰی کرنا (۲) داماد بنانا ؛
فرزین (فَر - زِین) (ف) مذکر (۱) دانا - عاقل (۲) شطرنج کے کھیل میں وزیر کا مہرہ ؛
فرس (فَ - رَس) (ع) مذکر (۱) گھوڑا - اسپ - مرکب (۲) شطرنج کا وہ مہرہ جو ڈھائی گھر چلتا ہے ؛
فرستادہ (فِرِس - تَا - دَہ) (ف) مذکر - بھیجا ہوا - قاصد - ایلچی - پیغامبر ؛
فرسٹ (فَرسٹ) انگریزی (FIRST) اول - پہلا - اگلا - مقدم - سابق ؛
فرسٹ اننگ (انگ FIRST INNING) (مؤنث) کرکٹ میں پہلی دفعہ کا کھیل ؛
فرسٹ کلاس (انگ FIRST CLASS) مؤنث (۱) پہلا درجہ (۲) تھیٹر کا پہلا درجہ (۳) ریل کا پہلا درجہ (۴) نہایت اعلےٰ ؛
فرسخ - فرسنگ (فَر - سَخ - فَر - سَنگ) (ع - ف) مذکر - کوس تین میل کی مسافت ؛
فرسودگی (فَر - سُو - دَگی) (ف - مؤنث) پرانا پن - گھساؤ - پھٹاؤ ؛
فرسودہ (فَر - سُو - دَہ) (ف) (۱) گھسا ہوا - کہنہ - پرانا - بوسیدہ تھکا ماندہ - خستہ حال ؛
فرسودہ حال (ف - ع) خستہ حال - تباہ حال ؛
فرسے اڑنا (۱) پھر سے اُڑنا - جلدی سے پروں کی ایک آواز کے ساتھ اُڑنا ؛
فرش (فَرْش) (ع) مذکر (۱) بچھونا - بستر - بچھانے کی چیز بوریا غالیچہ (۲) مجازاً زمین - دھرتی (۳) (۱) چونے سے پکی ہوئی زمین - اینٹیں لگی ہوئی زمین ؛
فرش فروش (ا) مذکر - استر بستر - بچھونا ؛
فرش کرنا (ا) (۱) بستر بچھانا (۲) چونے یا اینٹوں یا سلوں وغیرہ سے سطح یکساں اور پختہ کرنا (۳) مار کر بھرکس نکالنا ؛
فرشتگان (فِرِش - تَگان) (ف) مذکر - فرشتہ کی جمع ؛
فرشتوں (فِرِش - توں) (ا) مذکر - فرشتہ کی جمع ؛

فرشتوں کو خبر نہ ہونا۔ یا فرشتوں کا واقف نہ ہونا (ا) بالکل بے خبر ہونا۔ محض ناواقف ہونا۔

فرشتوں کے پر جلنا (ا) تاب نہ ہونا۔ مجال نہ ہونا۔ رُعب جلال یا خوف کے باعث حوصلہ نہ پڑنا۔ پہنچ نہ ہونا۔

فرشتہ (فِرِش۔ تَہ) (ف، مذکّر) (۱) بھیجا ہوا۔ رسول۔ قاصد (۲) ہاتف۔ مَلَک۔ وہ مقدس مخلوق جس کی پیدائش نور سے ہے۔ اور صرف عبادت الٰہی جس کی خوراک ہے۔

فرشتہ پر نہیں مارتا (ا، مذکّر) کوئی غیر اور اجنبی کسی طرح نہیں جا سکتا۔ کسی کا گزر نہیں۔

فرشتہ خاں (ا، مذکّر) تیس مار خاں۔ زبردست آدمی۔ رعب داب والا۔

فرشتہ خصلت۔ یا فرشتہ خو۔ یا فرشتہ صفت (ف۔ ع) فرشتہ کی عادات والا۔ نہایت سیدھا سادہ اور بھولا بھالا۔ پاک۔ مقدس۔ جنّتی۔ بہشتی۔

فرشتہ عمّال (ا، مذکّر) تسخیر کے علم میں ماہر۔ کامل۔

فرشتے (ا، مذکّر) فرشتہ کی جمع۔ ملائک

فرشتے دکھائی دینا۔ یا۔ نظر آنا (ا) مرنے کا وقت قریب آنا۔ موت نظر آنا۔

فرشی (ع۔ ف) فرش سے منسوب۔

فرشی حقہ (ا، مذکّر) چوڑے پیندے کا بڑا حقہ۔

فرشی سلام (ا، مذکّر) دیکھو (فرشی سلام)۔

فرشی لیمپ (ا، مذکّر) فرش پر رکھ کر جلانے کا لیمپ۔

فرصت (فُر۔ صَت) (ع۔ مؤنّث) (۱) چھٹکارا۔ خلاصی۔ فراغت (۲) خلوت کا وقت (۳) چھٹکارے کا وقت۔

فرصت پانا (ا) (۱) وقت یا موقع پانا (۲) فارغ ہونا (۳) چھٹی پانا (۴) برخاست ہونا۔ موقوف ہونا (۵) مہلت پانا۔

فرض (فَرض) (ع، مذکّر) (۱) اندازہ۔ تعیّن۔ تشخیص (۲) خدا کا حکم۔ شرعی حکم جس کے نہ کرنے سے آدمی گنہگار خیال کیا جاتا ہے (۳) ضروری اور لازمی امر۔ ڈیوٹی (۴) جوابدہی۔ ذمہ داری (۵) مانا ہوا۔ تسلیم کیا ہوا۔

فرض ادا کرنا (ا) (۱) خدا کا حکم بجا لانا (۲) اپنے اوپر جو کچھ واجب ہے اس کا بجا لانا۔

فرض پڑھنا (ا) نماز فرض پڑھنا۔ ان رکعتوں کو ادا کرنا جو خدا تعالیٰ نے واجب اور لازم کر دی ہیں۔

فرض سے ادا ہو جانا۔ یا۔ ہونا (ا) اولاد کی شادی کر کے ماں باپ کا سبکدوش ہو جانا۔

فرض عین (ع، مذکّر) خالص فرض۔ ذاتی فرض۔

فرض کرنا (ا) ماننا۔ تسلیم کرنا۔ خیال کرنا۔ جاننا۔

فرض کفایہ (ع، مذکّر) وہ فرض جو کنبہ میں سے کسی ایک ہی شخص کے ادا کرنے سے اور لوگوں کے سر سے اُتر جائے۔ جیسے نماز جنازہ فرض کفایہ ہے۔ کنبہ بھر میں سے ایک آدمی پڑھ لے تو سب کے سر سے اُتر جاتا ہے۔

فرضاً (ع) ازروئے فرض۔ بالفرض۔ قیاساً۔

فرضی (ع) (۱) ضروری۔ لازمی۔ واجب (۲) (۱) قیاسی۔ خیالی۔ برائے نام۔ مصنوعی۔ نقلی۔

فرضیّت (ع۔ مؤنّث) فرض ہونا۔

فرط (فَرط) (ع۔ مؤنّث) زیادتی۔ غلبہ۔ کثرت۔ افراط۔

فرطِ شوق (ع۔ مؤنّث) کمال تمنّا و آرزو۔ کثرتِ اشتیاق۔

فرطِ محبت (ع۔ مؤنّث) محبت اور پیار کی زیادتی۔

فرع (فَرع) (ع، مؤنّث) (۱) شاخ۔ ٹہنی۔ ڈالی۔ چھنگ (۲) وہ دینی مسائل جو عمل سے متعلق ہوں۔

فرعون (فِر۔ عَون) (ع۔ مذکّر) (۱) ایک بادشاہ مصر کا لقب جو حضرت موسیٰؑ کے زمانے میں خدائی کا دعویٰ کرتا تھا (۲) پہلے مصری بادشاہوں کا عام لقب ہوا کرتا تھا (۳) مجازاً ظالم۔ جابر۔ مغرور۔ متکبّر۔ باغی۔ نافرمان۔

فرعون بے سامان (ع۔ ف) وہ شخص جو مقدرت نہ ہونے پر بھی اترائے اور سرکشی کا دم مارے۔ نواب بے ملک۔ متکبّر۔ ظالم۔

فرعونی (ف، مؤنّث) سرکشی۔ بدذاتی۔ شرارت۔

فرعونیّت (فِر۔ عَو۔ نِی۔ یَت) (ع۔ مؤنّث) سرکشی۔ تکبّر۔

فرغل (فَر۔ غَل) (ع، مؤنّث) ایک قسم کا روئی دار لباس۔ روئی دار لبادہ۔

فرفر (ا) جلد جلد۔ ہوا کی طرح۔

فرفر پڑھنا (ا) جلد جلد پڑھنا۔ بلا روک پڑھنا۔

فرفیون (فَر۔ فیُون) (یونانی، مؤنّث) ایک قسم کا خاکستری رنگ کا گوند۔

فرق (فَرق) (ع، مذکّر) (۱) جدائی۔ علیحدگی (۲) فاصلہ۔ دوری (۳) اختلاف۔ تفاوت (۴) تمیز۔ شناخت (۵) (ا) کمی۔ کسر (۶) (ا) بیگانگی۔ غیریت۔

فرق آجانا (ا) (۱) غیریت ہونا۔ پہلی سی بات نہ رہنا (۲) بات بگڑنا۔ بٹا لگنا (۳) اصلیت میں اختلاف ہونا (۴) رنج ہو جانا۔ شکر رنجی ہونا۔

فرق نکالنا (ا) غلطی نکالنا۔ تفاوت معلوم کرنا۔

فرقان (فُر۔ قان) (ع۔ مذکّر) (۱) لغوی معنی حق اور باطل میں فرق کرنے والا (۲) اصطلاحاً قرآن شریف۔ کلام الٰہی۔

فرقت (فُر۔ قَت) (ع۔ مؤنّث) جدائی۔ ہجر۔ مفارقت۔ علیحدگی۔

فرقدان - فرقدین (فر قدان - فر قدین) (ع - مذکر) قطب شمالی کے پاس دو ستارے ہیں۔
فرقہ (فر - قہ) (ع - مذکر) قوم - گروہ - جماعت - فرق۔
فرقہ پرست - فرقہ پسند (ع - ف) اپنی قوم کا طرفدار، سیاسی اعتبار سے تنگ نظر۔
فرقہ وارانہ (ف) (۱) فرقے سے متعلق (۲) ہر فرقے کا الگ الگ
فرلانگ (فر - لانگ) انگریزی FURLONG (مذکر) میل کا آٹھواں حصہ - دو سو بیس گز کا فاصلہ۔
فرلو (فر لو) انگریزی FURLOUGH (مونث) لمبی رخصت - خاص میعاد کی ملازمت کے بعد کی چھٹی جو نصف تنخواہ پر ملے۔
فرم (فرم) انگ FIRM (مونث) دکان، کارخانہ، کمپنی۔
فرما - فرمہ (فر - ما - فر - مہ) (ف - مذکر) (۱) کتب کا ایک حصہ جو چھپا ہوا ہو (۲) سانچہ۔
فرما موڑنا (ا) چھپے ہوئے کاغذوں کو ترتیب سے موڑ کر جزو بنانا۔
فرمان (فر - مان) (ف - مذکر) حکم شاہی حکم نامہ - پروانہ - سند شاہی - حکم - آگیا۔
فرمانبردار (ف) (۱) مطیع - تابع (۲) ملازم - نوکر چاکر۔
فرمانبرداری (ف) مونث - اطاعت - متابعت۔
فرمانبرداری کرنا (ا) اطاعت کرنا - حکم ماننا۔
فرمان پذیر (ف) مذکر - حکم بجا لانے والا - فرمانبردار۔
فرمانروا (ف) مذکر - حکمران - حاکم - بادشاہ۔
فرمانروائی (ف) مونث - حکمرانی - حکومت - بادشاہی۔
فرمانا (فر - مانا) (ا) حکم دینا - بولنا - کہنا - بیان کرنا۔
فرمائش (ف) مونث - درخواست - طلب - مانگ - تمنا - چاہت - فرمودہ۔
فرمائش کرنا (ا) چاہنا - کوئی چیز طلب کرنا - ارشاد کرنا۔
فرمائشی (ف) (۱) فرمائش کی ہوئی - حکماً منگوائی یا بنوائی ہوئی (۲) (مجازاً) عمدہ اور نفیس چیز۔
فرمائشی پڑنا (ا) جوتیاں پڑنا - جوتیاں لگنا۔
فرمائشی لگانا (ا) خوب جوتیاں مارنا۔
فرن (فرن) (انگ FERN) (مذکر) کائی کی قسم کے پودے جو نہروں، کنوؤں اور پانی کے آس پاس اُگتے ہیں۔
فرنٹ (فرنٹ) انگریزی FRONT (۱) سامنا - حصہ پیشانی - مکان (۲) خلاف - ناراض - خفا۔

فرنٹ ہو جانا (ا) (۱) باغی ہو جانا - بگڑ جانا (۲) رنجیدہ ہو جانا - ناراض ہو جانا۔
فرنٹیئر (فرن - ٹیئر) انگ FRONTIER (مذکر) (۱) سرحد (۲) شمال مغربی سرحدی صوبہ۔
فرنچ (فرنچ) انگریزی FRENCH (مذکر) (۱) فرانس کا باشندہ (۲) مونث - فرانس کی زبان (۳) ایک قسم کا ہلکا کاغذ جو فرانس میں بنتا ہے۔
فرنگ - فرنگ (ف - مذکر) (۱) یورپ سے متعلق جیسے قید فرنگ۔
فرنگستان (ف) مذکر - ولایت - یورپ۔
فرنگی (ا) مذکر - یورپین - انگریز۔
فرنگی محل (ا) مذکر لکھنؤ کا ایک بازار۔
فرنی (فر - نی) (ف) مونث - ایک قسم کی کھیر جو دودھ چینی اور چاولوں کے آٹے سے بنتی ہے۔
فرنی فالودہ ایک بھاؤ نہیں ہوتا (ا) (مثل) ہر شے کی قدر اپنی حیثیت کے مطابق ہوتی ہے - برے بھلے سب یکساں نہیں ہوا کرتے۔
فرنیچر (فر - نی - چر) انگریزی FURNITURE (مذکر) میز، کرسی وغیرہ - اسباب آرائش۔
فرو (فرو) (ف) (۱) نیچے تحت (۲) زیر، کم (۳) سفلہ - کمینہ۔
فروتن (ف) غریب - مسکین۔
فروتنی (ف) مونث - عاجزی - مسکینی - تواضع - خوبی۔
فرو کرنا (ا) دبانا - بٹھانا - بجھانا۔
فروکش ہونا (ا) بسیرا کرنا - ٹھہرنا - مقام کرنا - رات بھر ٹھہرنا۔
فرو ہونا (ا) دبنا - نیچے بیٹھنا - کم ہونا - بجھنا۔
فروٹ (فروٹ) (ا) سرپٹ۔
فروٹ اڑانا (ا) (۱) گھوڑے کو سرپٹ دوڑانا (۲) جوتے لگانا - زدوکوب کرنا۔
فروٹ (فروٹ) انگریزی FRUIT (مذکر) میوہ - پھل۔
فروخت (فروخت) (ف - مونث) بکری - بیع۔
فروخت کرنا (ا) بیچنا - بیع - مول دینا۔
فرود (فرود) (ف) (۱) زیر، نیچے (۲) مذکر، ٹھہراؤ - بسیرا۔
فرودگاہ (ف) مونث - اترنے کی جگہ - ٹھہرنے کی جگہ۔
فروردین (فر - ور - دین) (ف - مذکر) ایرانی سال کا پہلا مہینہ۔
فروری (فر - وری) (ہند فیبرواری FEBRUARY) (مذکر) سن عیسوی کا دوسرا مہینہ جو ۲۸ یوم کا ہوتا ہے - مگر لیپ کا یعنی ہر چوتھا سال ۲۹ دن کا ہوتا ہے۔

فروناں (فرو ۔ ناں) (ف) روشن ۔ درخشاں ۔
فروش (فرو ۔ مش) (ف) فروختن کا امر ۔
فروشندہ (ف) بیچنے والا ۔ فروخت کرنے والا ۔ بائع ۔
فروع (فرو ۔ ع) (ع) ۔ مذکر (۱) فرع کی جمع شاخیں ۔ ٹہنیاں (۲) مذہبی اصطلاح میں وہ مسائل جو عمل سے تعلق رکھتے ہیں (۳) وہ رشتہ دار جو اصل وارث سے فاصلے پر ہوں ۔ جیسے پوتے پوتیاں ۔ نواسے ۔ نواسیاں ۔
فروغ (فرو ۔ غ) (ف ۔ مذکر) روشنی ۔ نور ۔ چمک دمک ۔ رونق ۔
فروغ پانا (ا) رونق پانا ۔ عزت پانا ۔ نام پانا ۔
فروعی (فرو ۔ عی) (ا ۔ مؤنث) (۱) دستوری ۔ کمیشن ۔ بٹا (۲) حصول فائدہ (۳) وارث کے حقوق (۴) ایک قسم کی تلوار ۔
فرہاد (فر ۔ ہاد) (ف ۔ مذکر) فارس کا ایک مشہور سنگتراش جو شیریں پر عاشق ہو گیا تھا ۔ اس کے عشق کے متعلق کئی افسانے اور قصے مشہور ہیں ۔
فروگذاشت (ف) مؤنث (۱) درگزر ۔ نظر انداز (۲) چشم پوشی (۳) بے پروائی ۔ غفلت (۴) کوتاہی ۔ کمی (۵) بھول ۔ خطا ۔
فروگذاشت کرنا (۱) (۱) بھول جانا ۔ چوکنا (۲) ٹالنا ۔ چشم پوشی کرنا ۔ جانے دینا ۔
فرومایگی (ف) مؤنث ۔ ناچاری ۔ عاجزی ۔ افلاس ۔ مفلسی ۔
فرومایہ (ف) عاجز ۔ مفلس (۲) کمزور ۔ تھکا ہوا ۔
فرومایہ (ف) پیچ ۔ کمینہ ۔ سفلہ ۔ کم ظرف ۔
فروہونا (ا) دبنا ۔ نیچے بیٹھنا ۔ کم ہونا ۔ بجھنا ۔
فرہنگ (فر ۔ ہنگ) (ف) مؤنث (۱) دانش ۔ دانائی ۔ سمجھ (۲) لغت کی کتاب ۔ ڈکشنری ۔
فری (فری) (انگریزی ۔ FREE) (۱) مفت ۔ بلاقیمت ۔ (۲) آزاد ۔
فریاد (فریاد) (ف) مؤنث (۱) غل ۔ شور ۔ آہ و نالہ (۲) نالش ۔ استغاثہ ۔
فریادرس (ف) مذکر ۔ فریاد کو پہنچنے والا ۔ داد دینے والا ۔
فریادرسی (ف) مؤنث ۔ دادرسی ۔ انصاف دہی ۔
فریاد کرنا (ا) (۱) شور کرنا ۔ دکھڑا رونا (۲) نالش کرنا ۔ داد چاہنا ۔
فریاد لانا (ا) کسی کے ظلم و ستم کا شکوہ بیان کرنا ۔
فریادی (ف) مؤنث ۔ (۱) دہائی دینے والا (۲) نالشی ۔ دادخواہ ۔ مستغیث ۔
فریب (فریب) (ف) مذکر (۱) دغا ۔ مکر ۔ دھوکا ۔ دم ۔ جھانسا (۲) چالاکی ۔ عیاری (۳) طلسم ۔ شعبدہ ۔
فریب دہی (ا) مؤنث ۔ (قانون) دھوکا دینے کا جرم ۔ دغا بازی ۔ ٹھگی ۔
فریب کرنا (۱) دغا کرنا ۔ چالاکی کرنا ۔
فریب میں آنا (۱) دام میں آنا ۔ دھوکا کھانا ۔ جال میں پھنسنا ۔
فریبی | (۱) مذکر دغاباز ۔ مکار ۔ دھوکا دینے والا ۔
فریبیا | ٹھگ ۔
فرید (فرید) (ع) (۱) فرد ۔ یکتا ۔ بے مثل ۔ لاثانی (۲) حضرت شیخ فرید الدین کا لقب ۔ جنہیں بابا فرید اور شکر گنج بھی کہتے ہیں ۔ آپ کا مزار مبارک پاک پٹن میں واقع ہے ۔ اور محرم کی ۵ سے ۔ تک عرس ہوتا ہے ۔
فرید بوٹی (ا) مؤنث ۔ ایک نہایت سرد اور لیسدار بوٹی جس سے پانی جم جاتا ہے ۔
فرید شکر گنج نہ رہے دکھ نہ رہے رنج (ا) بابا فرید کے فقیروں کی صدا ۔
فریدوں (فرے ۔ دوں) (ف) مذکر ۔ فارس کا ایک مشہور اور قدیم بادشاہ جس نے کاوہ آہنگر کی مدد سے ضحاک کو ہلاک کیا تھا ۔
فریضہ (فری ۔ ضہ) (ع ۔ مذکر) خدا کا حکم ۔
فریضہ ادا کرنا (ا) خدا کے حکم کی تعمیل کرنا ۔ مثلاً نماز پڑھنا وغیرہ ۔
فریفتہ (فری ۔ فتہ) (ف) عاشق ۔ دلدادہ ۔ والہ ۔ شیدا ۔
فریفتہ ہونا (ا) عاشق ہونا ۔
فریق ، فریق) (ع) مذکر (۱) گروہ ۔ جماعت ۔ فرقہ (۲) (۱) مدعی یا مدعا علیہ کی طرف کا جتھا ۔
فریق اوّل (ع) مذکر (قانون) مدعی ۔ وہ گروہ جس نے اوّل دعویٰ کیا ہو ۔
فریق ثانی (ع) مذکر (قانون) مدعا علیہ کا گروہ ۔ طرف ثانی جس پر دعویٰ کیا گیا ہو ۔
فریقین (ع ۔ مذکر) طرفین ۔ دونوں فریق ۔ جانبین ۔ مدعی اور مدعا علیہ ۔
فریم (فریم) (انگریزی ۔ FRAME) مذکر (۱) چوکھٹا ۔ حاشیہ ۔ گھیرا ۔ تصویر کا چوکھٹا (۲) جسم ۔ قالب ۔ پنجرہ ۔
فری میسن (فری ۔ مے سن) (انگریزی FREEMASON) مذکر ۔ یہ لفظ فری یعنے آزاد اور میسن یعنے معمار یا سنگ تراش سے مرکب ہے ۔ اوّل میں معماروں کا ایک فرقہ تھا جس کا اتحاد اور ایکا مشہور تھا ۔ بعد میں انہیں نے ایک فرقہ نکالا ۔ جو اب تک رائج ہے ۔ خفیہ مجلس ۔ ایک خاص عقیدے کے لوگوں کا فرقہ ۔

ف ۔ ز

فزع (فَزَع) (ع ۔ مؤنث) ڈر ۔ ہراس ۔ دہشت ۔ خوف

فزوں (فُزُوں) (ف) زیادہ ۔ بڑھا ہُوا ؛

ف ۔ س

فساد (فَسَاد) (ع ۔ مذکر) (۱) تباہی ۔ خرابی ۔ خلل (۲) غدر ۔ فتنہ بلوہ (۳) لڑائی ۔ جھگڑا ۔ ہنگامہ ۔ شرارت ۔ مخالفت ؛

فساد اٹھانا ۔ یا ۔ برپا کرنا (۱) جھگڑا مچانا ۔ غدر مچانا ۔ بلوہ کرنا ہنگامہ برپا کرنا ۔ فتنہ کھڑا کرنا ؛

فساد کی جڑ (۱) مؤنث ۔ جھگڑے کی بنیاد ۔ باعث ۔ فتنہ ۔ لڑائی کا گھر ۔ مفسد ؛

فساد معدہ (ع) مذکر ۔ معدے کا بگاڑ ۔ پیٹ کا خلل ؛

فسادی (ع ۔ ف) مفسد ۔ فتنہ انگیز ۔ جھگڑالو ۔ شریر ؛

فسان (فَسَان) (ف ۔ مؤنث) دیکھو (افسان) ؛

فسانہ (فسانہ) (ف ۔ مذکر) (۱) گھڑا ہوا قصّہ ۔ بنائی ہوئی کہانی (۲) سرگزشت ۔ حال احوال ؛

فسخ (فَسخ) (ع) مذکر ۔ ارادہ توڑنا ۔ منسوخ کرنا ۔ منسوخی ۔ تردید ۔ رد

فسخ کرنا (۱) توڑنا ۔ منسوخ کرنا ۔ رد کرنا ؛

فسردگی (فَسُردگی) (ف ۔ مؤنث) دیکھو (افسردگی)

فسردہ (فَسُردَہ) (ف) دیکھو (افسردہ)

فسق (فِسق) (ع) مذکر ۔ نافرمانی ۔ جرم ۔ بدکاری ۔ گناہ ؛

فسق و فجور (ع) مذکر ۔ بدکاری ۔ گمراہی ؛

فسوں (فَسُوں) (ف ۔ مذکر) جادو ۔ ٹونا ۔ منتر ؛

فسوں ساز (ف) مذکر ۔ جادوگر ۔ تسخیر کرنے والا ؛

ف ۔ ش

فش (فَش) (۱) ہیچ ۔ لچ ؛

فشار (فِشَار) (ف ۔ مذکر) (۱) دبانا ۔ بھینچنا (۲) قبر کا مردے کو بھینچنا (۳) پھیلانا ؛

فشار قبر (ف) مذکر ۔ دیکھو (فشار ۲)

فشردہ (فِشُردَہ) (ف) (۱) افشردہ ۔ عرق نکالا ہُوا ۔ نچوڑا ہُوا (۲) مذکر ۔ رس ۔ عرق ؛

ف ۔ ص

فصاحت (فَصَاحَت) (ع ۔ مؤنث) خوش کلامی ۔ خوش بیانی

فصّاد (فَصّاد) (ع ۔ مذکر) فصد کھولنے والا ۔ جرّاح ؛

فصحا (فُصَحَا) (ع ۔ مذکر) فصیح کی جمع ۔ خوش بیان اور خوش کلام لوگ ؛

فصد (فَصد) (ع ۔ مؤنث) نشتر زنی ۔ رگ سے خون لینا ؛

فصد کھلوانا (ف) (۱) خون نکلوانا ۔ رگ سے خون نکلوانا ؛

فصد لینا (۱) خون نکلوانا ۔ رگ سے خون لینا (۲) اپنے جنون یا سودا کا علاج کرنا ؛

فصل (فَصل) (ع ۔ مؤنث) (۱) موسم ۔ رُت ۔ سماں (۲) کسی کتاب یا کلام کا ایک حصّہ (۳) بیان ۔ ضمن ۔ کتاب کا حصہ ۔ باب (۴) جدائی ۔ علیحدگی (۵) پردہ ۔ حجاب (۶) قطع و برید (۷) غلّہ ۔ اناج ۔ پیداوار ؛

فصل استادہ (۱) مؤنث ۔ کھڑی کھیتی ؛

فصل بہار (ع ۔ ف ۔ مؤنث) موسم گل ۔ پھول کھلنے کا زمانہ ۔ ربیع ؛

فصل تخم ریزی (۱) مؤنث ۔ بیج بونے کا سماں ۔ بیج ڈالنے کا موسم ؛

فصل خریف (ع) مؤنث ۔ ساونی ۔ برس کے پہلے چھ مہینے جن میں اناج پیدا ہوتا ہے ۔ اس میں برسات کی سخت ضرورت ہوتی ہے ؛

فصل ربیع (ع ۔ مؤنث) ۔ اساڑھی ۔ برس کے دوسرے چھ مہینے جن میں پیداوار ہوتی ہے ؛

فصلی (ع ۔ ف) (۱) فصل سے منسوب ۔ فصل سے متعلق ۔ موسمی ۔ رُت کا ۔ (۲) ایک سن جو اسی حساب ۔۔۔ جاری ہے

فصلی بخار (۱) مذکر ۔ وہ موسمی بخار جو موسم بدلنے کے سبب سے ہو جاتا ہے ؛

فصلی کوا (۱) مذکر ۔ (۱) پہاڑی کوا جو برف کے موسم میں پہاڑ سے اتر کر میدان میں چلا آتا ہے (۲) (پنجاب) چند روز کا یار ۔ مطلبی یار ۔ غرض کا آشنا ؛

فُصُول (فُصُول) (ع ۔ مذکر) فصل کی جمع ؛

فصول اربعہ (ع) مذکر ۔ برس کی چاروں رُتیں جاڑا ۔ گرمی ربیع ۔ خریف ؛

فصیح (فَصِیح) (ع) خوش بیان ۔ خوش کلام ۔ شیریں زبان ؛

فصیل (فَصِیل) (ع ۔ مؤنث) شہر پناہ ۔ شہر کی چار دیواری ۔ آبادی کو غیر آبادی سے جدا کرنے والی دیوار ؛

ف - ض

فضا (فَضَا) (ع) مؤنث (۱) زمین کی فراخی - وسعت کشادگی سطح میدان (۲) (ا) بہار - جوبن - رونق - کیفیّت ٭

فضائل (فضا ئِل) (ع - مذکّر) فضیلت کی جمع (۱) نیکیاں خوبیاں (۲) ہنر - جوہر - کمالات ٭

فضائل اربعہ (ع) مذکّر - چار فضیلتیں - حکمت - شجاعت عفت - عدالت ٭

فضل (فَضْل) (ع - مذکّر) (۱) زیادتی - افزونی (۲) علم و ہنر - جوہر (۳) رحم - مہربانی - بخشش ٭

فضل مولےٰ (ع) (فقرا کی دعا) خدا کا فضل ہے - اللہ کی مہربانی ہو ٭

فضلا (فُضَلَا) (ع - مذکّر) فاضل کی جمع - علما ٭

فضلات (فُضْ - لَات) (ع - مذکّر) فضلہ کی جمع

فضلہ (فُضْ - لَہ) (ع - مذکّر) (۱) بچا ہوا - پس خوردہ - جھوٹا کھانا - کسی چیز کا پھوک - تلچھٹ ٭

فضول (فُضُول) (ع -) (۱) زیادہ - از حد - کثیر (۲) (۱) بے فائدہ لاحاصل - بے کار - نکمّا (۳) (ا) فالتو - زائد ٭

فضول خرچ (ف) آمدنی سے زیادہ خرچ کرنے والا - لٹ لٹ - مسرف ٭

فضول خرچی (ا) مؤنّث - خرچ کی زیادتی - اسراف - بے موقع خرچ ٭

فضول گو (ع - ف) مذکّر - بیہودہ بکنے والا - بکّی ٭

فضول ہے (ا) (۱) لاحاصل ہے (۲) لغو ہے ٭

فضیتا (فَضِی - تَا) (فضیحت کا مخرّب) (مذکّر) (دیکھو فضیحت)

فضیحت (فَضِی - حَت) (ع - مؤنّث) (۱) ذلّت - بدنامی رسوائی (۲) جھڑکی - دھتکار ٭

فضیحتی (ا - مؤنّث) (۱) بدنامی - رسوائی (۲) بے عزّتی (۳) لڑائی جھگڑا ٭

فضیحتی کرنا (ا) (عو) (۱) رسوائی کرنا - بدنامی دینا (۲) لتّے لینا - دھجیاں اُڑانا ٭

فضیلت (فَضِی - لَت) (ع - مؤنّث) (۱) بزرگی - بڑائی (۲) عمدگی - خوبی (۳) علمیّت - سلیقہ (۴) ترجیح - فوقیت ٭

فضیلت کا تمغہ (ا) مذکّر - لیاقت کی سند - ڈپلوما سرٹیفکیٹ ٭

فضیلت کی پگڑی (دستار) **باندھنا** - فضیلت حاصل کرنا - فاضل ہونا - عالم ہونا ٭

ف - ط

فطانت (فَطَانَت) (ع - مؤنّث) ذہانت - عقلمندی - دانائی

فطر (فِطْر) (ع - مذکّر) روزہ رکھنا ٭

فطرت (فِطْ - رَت) (ع - مؤنّث) (۱) پیدائش - خلقت - نیچر - قدرت (۲) ضمیر - اصل (۳) عقلمندی - ہوشیاری (۴) (ا) (عو) فریب - چالاکی (۵) (ا) (عو) سازش - ملی بھگت (۶) فتنہ انگیزی ٭

فطرت لڑانا (ا) (۱) سازش کرنا - چالاکی کرنا (۲) تدبیر لڑانا ٭

فطرتی (ع - ف) (۱) جبلی - پیدائشی - خلقی - اصلی - حقیقی (۲) (ا) (عو) شوخ - عیار - چالاک - مکّار - فریبی - دغاباز ٭

فطرہ (فِطْ - رَہ) (ع - مذکّر) عید رمضان کا صدقہ جو فی آدمی دو سیر گیہوں یا چار سیر جَو ہوتے ہیں - اور قبل از نماز غربا کو دیئے جاتے ہیں ٭

فطیر (فَطِیر) (ع - مذکّر) تازہ آٹا - جس کا خمیر نہ کیا گیا ہو ٭

فطیری (ا - مؤنّث) تازہ گندھے ہوئے آٹے کی ٭

فطیری روٹی (ا) سادہ روٹی - چپاتی - پھلکا ٭

فطین (فَطِین) (ع) ذہین - دانا ٭

ف - ع

فعل (فِعْل) (ع - مذکّر) (۱) کام - کاج - عمل (۲) علم صرف میں وہ کلمہ جس کے معنوں میں تینوں زمانوں میں سے کوئی زمانہ یعنی ماضی استقبال یا حال پایا جائے (۳) حرکت و جنبش (۴) (ا) چلن - کرتوت - حرکت بد (۵) (ا) حیلہ - بہانہ (۶) (ا) بدفعلی - بُرا کام - زنا - لواطت - مباشرت - جماع ٭

فعل جائز (ع - مذکّر) وہ کام جو شرعاً روا ہو ٭

فعل شنیع (ع - مذکّر) حرکت بیجا - شرمناک فعل ٭

فعل ضمانی (ا) مؤنّث - نیک چلنی کی ضمانت ٭

فعل عبث (ع - مذکّر) بے فائدہ اور بے سود کام - فضول اور نکمّا کام ٭

فعل کرانا (ا) لواطت کرانا - زنا کرانا ٭

فعل کرنا (ا) (۱) کوئی کام یا حرکت کرنا (۲) مجامعت کرنا - بدفعلی کرنا (۳) عمل کرنا (۴) مکر کرنا - فریب کرنا ٭

فعل لازم (ع - مذکّر) علم صرف میں وہ فعل جو صرف فاعل ہی پر تمام ہو جائے اور مفعول کو نہ چاہے ٭

فعل لانا (ا) (۱) جھگڑا کرنا - فساد کرنا (۲) بے ایمانی کرنا (۳) شرارت کرنا - بگڑنا - مچلنا (۴) ہٹ کرنا - پاؤں پھیلانا - مکر کرنا ٭

فعل متعدی (ع ۔ مذکر) علم صرف میں وہ فعل جس میں مفعول کے سننے کا انتظار رہے یا فعل سے تجاوز کر کے مفعول پر واقع ہو۔

فعل مجہول (ع ۔ مذکر) علم صرف میں جب فعل کا فاعل معلوم نہ ہو۔ اور مفعول اس کا قائم مقام ہو۔ تو اُسے فعل مجہول کہتے ہیں۔

فعل معروف یا معلوم (ع ۔ مذکر) علم صرف میں وہ فعل جس کا فاعل مذکور ہو۔

فعل ناجائز (ع ۔ ف) مذکر۔ وہ کام جس کا کرنا شرعاً یا قانوناً ممنوع ہو۔ خلاف قانون حرکت۔

فعل ناشائستہ (ع ۔ ف) مذکر۔ حرکت نامناسب ۔ غیر واجب کام ۔ نا درزدان امر۔

فعلاً (ع) عملاً ۔ از روئے عمل یا فعل۔

فعلی (ع) فعل سے منسوب ۔ عملی۔

ف ۔ غ

فغاں (فُغاں) (ف) مذکر۔ شور ۔ غوغا ۔ نالہ و فریاد ۔ آہ و زاری۔

فغفور (فَغ ۔ فُور) (ف ۔ مذکر) شاہانِ چین کا لقب۔

ف ۔ ف

فف (فُف) (ف ۔ مؤنث) پھونک۔

ففرو (فَفر ۔ رُو) بھاگا ہوا ۔ رفو چکر۔

ففرو ہونا (ا) (۱) رفو چکر ہونا ۔ بھاگ جانا ۔ (۲) معدوم ہونا۔

ف ۔ ق

فق (فَق) (ع) (۱) خوف یا حیرت یا وحشت سے چہرے کی رنگت کا تغیر ۔ (۲) زرد ۔ سفید (۳) اُداس (۴) حیران و پریشان ۔ ہکا بکا۔

فق پڑ جانا ۔ فق ہو جانا ۔ فق ہونا (ل) (۱) چہرے کا رنگ اُڑ جانا (۲) حیران و پریشان ہو جانا ۔ دنگ رہ جانا ۔ (۳) اُداس ہونا۔

فقدان (فُق ۔ دان) (ع ۔ مذکر) (۱) گم کرنا ۔ کھویا جانا ۔ بھول (۲) مرکبات میں عدم و نیست کے معنے میں آتا ہے۔

فقر (فَقر) (ع ۔ مذکر) فقیری ۔ درویشی (۲) محتاجی۔

فقر و فاقہ (ع ۔ مذکر) تنگی ترشی ۔ غریبی ۔ مفلسی۔

فقرا (فُقرا) (ع ۔ مذکر) فقیر کی جمع بہت سے درویش۔

فقروں (فِق ۔ رُوں) (ا) مذکر۔ فقرہ کی جمع۔

فقروں میں آنا (ا) باتوں میں آنا ۔ دھوکا کھانا ۔ فریب میں آنا۔

فقرہ (فِق ۔ رَہ) (ع ۔ مذکر) (۱) ریڑھ کی ہڈی (۲) عبارت کا ٹکڑا ۔ کلام ۔ جملہ (۳) (ا) دم ۔ جھانسا ۔ دھوکا۔

فقرہ باز (ا) چالباز ۔ عیار ۔ دغا باز۔

فقرہ بتانا یا بنانا ۔ یا ۔ گھڑنا (ا) دم دینا ۔ کوئی جھوٹی بات گھڑ دینا ۔ دھوکا دینا۔

فقرہ چلنا (ا) کسی جھوٹی بات یا فریب کا کارگر ہونا۔

فقرہ دینا (ا) جھانسا دینا ۔ چال چلنا ۔ دم دینا۔

فقرے (فِق ۔ رے) (ا) مذکر۔ فقرہ کی جمع جھوٹی باتیں ۔ دم جھانسے۔

فقرے بازیاں کرنا (ا) باتیں بنانا ۔ دھوکے دینا۔

فقرے بندی (ا) مؤنث۔ جملوں کی بناوٹ ۔ تک بندی۔

فقرے ڈھالنا ۔ سنانا ۔ یا ۔ کہنا (ا) آوازے کسنا ۔ طعنے مارنا۔

فَقَط (فَقَط) (ع) (۱) صرف ۔ محض ۔ نرا ۔ (۲) بس ۔ خاتمہ تمام شد۔

فقط تعویذ سے کام نہیں نکلتا ۔ کمر کا بھی زور چاہیئے ۔ صرف تعویذ گنڈے کے بھروسے نہیں رہنا چاہیئے بلکہ خود بھی ہمت کرنا چاہیئے۔

فِقہ (فِقہ) (ع ۔ مؤنث) (۱) واقفیت ۔ علم (۲) (مجازاً) احکام شریعت کی واقفیت ۔ علم دین۔

فقہا (فُقہا) (ع) مذکر۔ فقیہ کی جمع ۔ علم دین کے جاننے والے عالم۔

فقید (فَقید) (ع) نایاب۔

فقید المثال ۔ فقید النظیر (ع) بے مثل ۔ بے نظیر ۔ لاثانی ۔ جس کی مانند کوئی نہ ہو۔

فقیر (فَقیر) (ع ۔ مذکر) (۱) گدا ۔ بھکاری ۔ منگتا (۲) (ا) صاحبِ فقر ۔ تارکِ خدا پرست ۔ تارک الدنیا (۳) غریب ۔ محتاج۔

فقیر اپنی کملی ہی میں مست ہے (ا) (مثل) غریب تھوڑے ہی سامان سے خوش ہے۔

فقیر بنا دینا ۔ یا ۔ کر دینا (ا) محتاج کر دینا ۔ مفلس بنا دینا ۔ لوٹ لینا۔

فقیر کو کملی ہی دوشالہ ہے (ا) (مثل) غریب کو جو میسر آئے وہی غنیمت ہے۔

فقیر کی صورت سوال ہے (ا) (مثل) محتاج کے چہرے ہی سے اس کی ضرورت ٹپکتی ہے۔

فقیر ہو جانا (ا) (۱) جوگ لے لینا۔ تارک الدنیا بن جانا (۲) محتاج ہو جانا۔ تنگ دست ہو جانا ؛

فقیرانہ (ع۔ف) (۱) درویشانہ۔ فقیروں کی مانند (۲) (مذکر) وہ زمین جو فقرا کے گزارے کے لئے وقف کر دی جائے ؛

فقیرنی (ا) مؤنث۔ فقیر کی تانیث (۱) بھیک مانگنے والی عورت (۲) محتاج عورت ؛

فقیرنی کا پوت چلن امیروں کا (ا) (مثل) جو غریب ہو کر امیرانہ ٹھاٹھ رکھے۔ اُس کی نسبت بولتے ہیں ؛

فقیری (ع۔ف) مؤنث۔ فقیر سے منسوب (۱) درویشی۔ گدائی۔ مسکینی (۲) غریبی۔ محتاجی ؛

فقیری شیر کا برقع ہے (ا) مثل۔ فقیر شیر کی طرح سب سے نڈر اور سب پر غالب ہوتے ہیں۔ پس جو شخص فقیری لباس پہن لیتا ہے۔ شیر کا لباس پہنتا ہے۔ اندر سے چاہے کنگال ہی کیوں نہ ہو۔ لباس ڈراتا ہے۔ اس سے ڈرنا ہی چاہیئے ؛

فقیری ٹُٹکا (ا) مذکر۔ نہایت سہل نسخہ۔ درویشی چٹکلا۔ چھو منتر ؛

فقیہ (فَقِیہ) (ع) مذکر۔ علم فقہ کا عالم۔ فاضل۔ مفتی شرعی مسئلوں سے واقف ؛

ف۔ک

فک (فَکّ) (ع) مذکر (۱) دو باہم ملی ہوئی چیزوں کو علیحدہ کرنا۔ چھوڑ دینا (۲) علم نحو میں وہ اضافت جو پڑھنے میں نہ آئے ؛

فکِ اضافت (ع) مذکر۔ اضافت کا چھوڑ دینا۔ اضافت نہ پڑھنا ؛

فکِ الرّہن (ع) مذکر (۱) گرو چیز کو چھڑانا ؛

فکاہات (فُکَا۔ہَات) (ع) مذکر۔ فکاہتہ کی جمع۔ ظرافت۔ مزاح اور تفنن کی باتیں۔ دلچسپ چٹکلے۔ لطیفے۔ ہنسنے ہنسانے کی باتیں۔ مطایبات ؛

فکر (فِکْر) (ع) مؤنث۔ مذکر (۱) سوچ بچار۔ اندیشہ (۲) خیال و دھیان (۳) غم۔ رنج (۴) غور۔ تامل (۵) پروا۔ حاجت (۶) تدبیر۔ ٹھکانا ؛

فکر کرنا (ا) (۱) تامل کرنا۔ سوچنا۔ غور کرنا (۲) غم کرنا۔ رنج کرنا ؛

فکرِ معاش (معیشت) (ع) مذکر و مؤنث۔ روٹی کمانے کا دھندا۔ زندگی بسر کرنے کا فکر ؛

فکرمند (ع۔ف) متفکر۔ اندیشہ ناک۔ غمگین ؛

فکرمندی (ا) مؤنث۔ فکر۔ خیال۔ سوچ بچار ؛

فکیف (فَکَیْفَ) (ع) پس کیونکر۔ پس کیسا ہے ؛

ف۔گ

فگار (فِگَار) (ف) زخمی۔ مجروح۔ گھائل ؛

ف۔ل

فلاح (فَلَاح) (ع) مؤنث۔ آسودگی۔ نیکی۔ بھلائی۔ خیر (۲) نجات۔ سلامتی (۳) عمدگی۔ خوبی ؛

فلّاح (فَل۔لَاح) (ع۔مذکر) کاشت کار لوگ ؛

فلاحت (فَلَا۔حَت) (ع۔مؤنث) زراعت۔ کشت کاری کھیتی باڑی۔ بونا جوتنا ؛

فلاخن (فَلَا۔خَن) (ف) (مذکر و مؤنث) گوپھیا۔ گوپھن۔ وہ رسی کا آلہ جس میں پتھر رکھ کر پھینکتے ہیں ؛

فلاسفر (فِلَاس۔فَر) (ہند) انگریزی فلوسفر PHILOSOPHER فلسفہ جاننے والا ؛

فلاسفہ (فَلَا۔سِفَہ) (ع۔مذکر) (۱) فلسفی کی جمع۔ حکیم لوگ (۲) (مؤنث) ایک معجون ؛

فلاطون (فَلَا۔طُوْن) (یونانی) مذکر۔ ایک یونانی حکیم جو سقراط کا شاگرد تھا ؛

فلاکت (فَلَا۔کَت) (ع۔مؤنث) ناداری۔ مصیبت نحوست ؛

فلاکت زدہ (ع۔ف) مصیبت کا مارا۔ شامت زدہ۔ بدنصیب۔ بدبخت ؛

فلالین (ہند) انگریزی فلینل FLANNEL ایک قسم کا نہایت ملائم اور گدگدا گرم دار اونی کپڑا ؛

فلاں (فُلاں) (ع۔مذکر) (اشارہ (۱) شخص (۲) کوئی۔ کسی ؛

فلان (فُلان) (ا) مذکر و مؤنث۔ اندام نہانی۔ مرد و زن کی جائے مخصوص۔ عضو تناسل۔ فرج۔ قضیب ؛

فلانا (ا) مذکر (۱) فلاں شخص۔ وہ آدمی ؛

فلانی (ا) مؤنث (۱) فرضی عورت۔ اکی ڈھمکی ؛

فلٹر (فِل۔ٹَر) (انگ FILTER) (مذکر) پانی صاف کرنے کا آلہ ؛

فلزات (فِلِز۔زَات) (ع۔مؤنث) وہ کانی جواہر جن میں پگھلنے کی صلاحیت ہو۔ جیسے رانگ۔ تانبا۔ چاندی۔ سونا وغیرہ معادن ؛

فلس (فَلْس) (ع - مذکر) (۱) پیسہ - تانبے کا سکہ (۲) مچھلی کے اوپر کا چھلکا (۳) المتاس کا قرص ؛
فلسطین (فِلَس - طِین) (ع - مذکر) شام کا ایک علاقہ ؛
فلسفہ (فَل - سَفَہ) (مذکر) حکمت - دانائی - علم موجودات ؛
فلسفی (۱) فلسفہ جاننے والا - محقق - فلاسفر ؛
فلسفیانہ (ف) فلسفے کے متعلق - حکیمانہ ؛
فلس کیپ (فُلْس - کیپ) (انگریزی - FOOLS-CAP) (مذکر) ایک قسم کا دو ورقہ ولایتی کاغذ جو تقریباً ۱۳ ¼ ۱۳ انچ سے ۱۷ - انچ تک ہوتا ہے ؛
فلفل (فِل - فِل) (ع - مؤنث) ایک قسم کی مرچ ؛
فلک (فَلَک) (ع - مذکر) آسمان - چرخ ؛
فلک الافلاک (ع - مذکر) نواں آسمان - سب آسمانوں کا آسمان - کرسی ؛
فلک پر چڑھانا (۱) آسمان پر چڑھانا - کمال عزت بخشنا ؛
فلک پر دماغ ہونا (۱) نہایت مغرور اور متکبر ہونا - اترانا ؛
فلک سیر (ف) مؤنث - بھنگ - سبزی - بوٹی ؛
فلک کو خبر نہ ہونا (۱) نہایت بے خبر ہونا ؛
فلکی (ع - ف) آسمانی - سماوی - علوی ؛
فلم (فِلم) (انگریزی - FILM) (مذکر) وہ مصور کاغذ جو سنیما میں حرکت کرتا دکھائی دیتا ہے ؛
فلور (فلَوْر) (انگریزی - FLOUR) (مذکر) آٹا ؛
فلوس (فُلُوس) (ع - مذکر) فلس کی جمع (۱) تانبے کا سکہ - پیسہ (۲) المتاس کے قرص ؛
فلولوجی (فِلو - لُو - جی) (انگریزی - PHILOLOGY) (مؤنث) علم زبان - تحقیق زبان - صرف نحو اور زبانوں سے واقف ہونے کا علم ؛
فلیتہ (فَلی - تَہ) (۱) (مذکر) (۱) بتی - پلیتہ - موٹی بتی - چراغ کی بتی (۲) توپ یا بندوق کا توڑا - شتابہ (۳) تعویذ کی بتی ؛
فلیتہ دینا (۱) (۱) آگ روشن کرنا (۲) توپ یا بندوق چلانا (۳) آسیب زدہ کو تعویذ کی دھونی دینا ؛
فلیتہ سنگھانا (۱) تعویذ یا جنتر کی دھونی دینا ؛

ف - م

فم (فَم) (ع - مذکر) منہ - دہن - مکھ - دہان ؛
فم رحم (ع - مذکر) بچہ دانی کا منہ ؛
فم معدہ (ع - مذکر) معدے کا منہ - معدے کا سوراخ جہاں سے غذا معدے میں داخل ہوتی ہے ؛

ف - ن

فن (فَن) (ع - مذکر) (۱) انداز - ڈھنگ (۲) قسم - شاخ (۳) وصف - گن - کرتب - ہنر (۴) مکر - فریب - دھوکا ؛
فنا (فَنا) (ع - مؤنث) (۱) نیستی - موت - ہلاکت - بربادی (۲) معدوم - نابید - نیست ؛
فنا فی الشیخ (ع - مذکر) فقیر کا ایک مرتبہ جس میں مرید ہر وقت اپنے مرشد کے دھیان میں ڈوبا رہتا ہے ؛
فنا فی اللہ (ع - مذکر) فقیر کا وہ اعلیٰ مقام جس میں طالب خدا تعالیٰ کی حقیقت اور معرفت میں غرق ہو جاتا ہے ؛
فنا فی اللہ ہونا (۱) (ل) خدا تعالیٰ کی محبت میں اپنے آپ کو مٹا دینا (۲) برباد ہونا (۳) ہلاک ہو جانا - مر جانا ؛
فنانس (فِنَانْس) (انگریزی - FINANCE) (مذکر) (۱) مالگزاری (۲) فنڈ - آمدنی (۳) مالیات ؛
فنانشل (فِنان - شَل) (انگریزی - FINANCIAL) خزانہ یا خراج یا آمدنی ملک کے متعلق ؛
فنانشل کمشنر (انگریزی - FINANCIAL COMMISSIONER) (مذکر) صیغہ مال کا اعلیٰ افسر ؛
فنانشلی (۱) مؤنث - فنانشل کمشنر کی عدالت - صیغہ مال کی اعلیٰ کچہری ؛
فنجان (فِن - جان) (فنگاں کا معرب) (مؤنث) چائے پینے کی چھوٹی پیالی ؛
فند (فَنْد) (ف - مذکر) مکر - فریب - دھوکا ؛
فند فریب (ف) مذکر - مکر و دغا - دم جھانسا ؛
فندق (فُن - دُق) (ع - مؤنث) ولایت کا ایک مشہور میوہ جو نہایت سُرخ اور جھاڑی کے بیر کے برابر ہوتا ہے -
فنڈ (فَنْڈ) (انگریزی - FUND) (مذکر) راس المال - پونجی - سرمایہ - جمع - مال - بضاعت ؛
فنل (فَنَل) (انگریزی - FUNNEL) (مذکر) (۱) تیل وغیرہ رقیق چیز ڈالنے کی نلی دار آلہ - قیف (۲) کمانی - لوہے کو چکر جو گھڑی کے اندر لگا ہوتا ہے ؛
فنون (فُنُون) (ع - مذکر) فن کی جمع ؛

ف - و

فواحش (فَوا - حِش) (ع - مؤنث) فاحشہ کی جمع (۱) بدکار عورتیں (۲) برے کام

فواد (فُو ۔ ا) (ع) مذکر۔ دل ٭

فوارہ (فَو۔ وا ۔ رَہ) (ع) مذکر (۱) ابال۔ سرجوش (۲) پچکاری چھہارا (۳) نہایت جوش مارنے والا (۴) پانی کو اوپر پھینکنے والا آلہ یا برتن ٭

فواکہ (فَ۔ وَا۔ کِہ) (ع) مذکر۔ خشک میوہ جات ٭

فوائد (فَوا ۔ اِ د) (ع) مذکر۔ فائدہ کی جمع ٭

فوت (فَوت) (ع) مؤنث (۱) موت۔ مرگ۔ انتقال (۲) جاتا رہنا۔ نیست ہونا ٭

فوت ہونا (ا۔ ۱) مرنا۔ انتقال کرنا (۲) گم ہونا۔ جاتا رہنا ٭

فوتی (ع۔ ف) فوت شدہ۔ مرا ہوا۔ متوفی ٭

فوتی نامہ (ا) مذکر۔ شہر کے مُردوں کا روزنامچہ۔ مقتولوں کی فہرست ٭

فوٹو (فُو۔ ٹو) (انگ PHOTO) مذکر۔ تصویر ٭

فوٹو گراف (انگ PHOTO GRAPH) (مذکر) تصویر کھینچنے کا فن ٭

فوٹو گرافر (انگ PHOTO GRAPHER) (مذکر) تصویر کھینچنے والا ٭

فوج (فَوج) (ع) مؤنث (۱) گروہ۔ جتھا۔ انبوہ۔ بھیڑ (۲) سپاہ۔ لشکر۔ جنگی آدمیوں کا مجمع ٭

فوجدار (ع۔ ف) مذکر (۱) سپہ سالار۔ فوج کا افسر (۲) شہر کے باہر یا اندر کا حاکم۔ کوتوال۔ مجسٹریٹ (۳) (ا) فیل بان۔ ہاتھی والا۔ جو بادشاہ کی سواری میں ہاتھی پر آگے بیٹھے ٭

فوجداری (ع۔ ف) مؤنث (۱) فوجدار کا عہدہ (۲) مجسٹریٹی (۳) (ا) وہ محکمۂ عدالت جس میں لڑائی جھگڑے خون وغیرہ کے مقدمات فیصل ہوں (۴) (ا) لڑائی جھگڑا فساد ٭

فوجداری کرنا (ا) لڑنا۔ جھگڑنا۔ دنگا کرنا۔ فساد کرنا ٭

فوج کشی (ع۔ ف) مؤنث۔ چڑھائی۔ حملہ۔ دھاوا ٭

فوج کشی کرنا (ا) حملہ کرنا۔ دھاوا کرنا۔ چڑھائی کرنا ٭

فوجی (ع۔ ف) فوج سے متعلق۔ لشکری۔ جنگی ٭

فور (فَوْر) (ع) مذکر (۱) وقت۔ ساعت۔ گھڑی (۲) جلدی۔ شتابی۔ فوراً ٭

فوراً (ع) جلدی سے۔ معاً۔ بلا توقف۔ فی الفور۔ جھٹ پٹ ٭

فورتھ (فُورْ۔ تھ) (انگریزی۔ FOURTH) چوتھا۔ چہارم ٭

فورٹ (فُورٹ) (انگ FORT) (مذکر) قلعہ ٭

فورمین (فُور۔ مَین) (انگریزی FORMAN) (مذکر) میر کارخانہ۔ میر کاریگران ٭

فوز (فَوز) (ع) مؤنث۔ کامیابی۔ ظفر ٭

فوضویت (فَو۔ ضَوِی۔ یَت) (ع) مؤنث (۱) تمدنی مساوات۔ اشتراکیت (۲) مجادلہ۔ شورش۔ نزاع ٭

فوطہ (فُو۔ طَہ) (ف) مذکر (۱) پیش۔ کمربند (۲) حمام کی لنگی یا رومال۔ پگڑی (۳) خراج۔ محصول (۴) خزانہ۔ گنج (۵) تھیلی۔ غیلا۔ (۶) بیضہ۔ خصیہ۔ خایہ ٭

فوطہ خانہ (ف) مذکر۔ خزانہ۔ گنج ٭

فوطہ دار (ع۔ ف) مذکر۔ خزانچی۔ تحویلدار ٭

فوفل (فَو۔ فَل) (ع) مؤنث۔ چھالیہ۔ سپاری ٭

فوق (فَو۔ ق) (ع) (۱) بالا۔ اوپر۔ بلند۔ اونچا (۲) (مذکر) بلندی۔ اونچائی۔ اوج (۳) (مذکر) سبقت۔ فوقیت۔ بزرگی۔ بڑائی۔ فضیلت ٭

فوق البرق (۱) بھڑکیلا۔ چمکیلا۔ زرق برق ٭

فوق العادت (ع) عادت سے بڑھ کر۔ بساط سے باہر۔ انسانی طاقت سے بڑھ کر ٭

فوقانی (ع) اوپر کا۔ بالائی ٭

فوقیت (ع) مؤنث (۱) ترجیح۔ سبقت۔ امتیاز (۲) بزرگی۔ شان۔ قدر ٭

فوقیت چاہنا (ا) (۱) بڑائی چاہنا۔ عزت چاہنا (۲) ترجیح چاہنا ٭

فوقیت لے جانا (ا) سبقت لے جانا۔ بڑھ جانا۔ غالب ہو جانا ٭

فول (فُول) (انگریزی FOOL) بیوقوف۔ احمق۔ نادان۔ بدھو ٭

فولاد (فَو۔ لاد) (ف) مذکر (۱) ایک قسم کا نہایت سخت جوہردار لوہا۔ اسپات (۲) سخت۔ کرا۔ مضبوط ٭

فولادی (ف) (۱) فولاد کا بنا ہوا (۲) (مؤنث) چھڑ۔ بانس ٭

فوں (فُوں) (ا) مؤنث۔ سانپ کی پھنکار ٭

ف-ہ

فہرس (فِہ۔ رِس) (فہرست کا معرّب) دیکھو فہرست ٭

فہرست (فِہ۔ رِست) (ف) مؤنث۔ فرد۔ چیزوں کی تفصیل۔ لسٹ ٭

فہرست میں نام چڑھانا یا داخل کرنا (ا) دفتر میں نام درج کرنا ٭

فہم (فَہم) (ع) مؤنث۔ سمجھ۔ دریافت۔ عقل۔ دانائی۔ شعور۔ وقوف ٭

فہم ناقص (ع) مؤنث۔ ناکامل عقل۔ ناقص رائے ٭

فہمائش (فَہ۔ ما۔ اِش) (ف) مؤنث۔ ہدایت۔ نصیحت۔ تلقین۔ سمجھانا۔ آگاہ کرنا ٭

فہمائش کرنا (ا) سمجھانا۔ جتانا۔ آگاہ کرنا۔ تنبیہ کرنا ٭

فہمید (فَہ۔ مِید) (ف) مؤنث۔ سمجھ۔ عقل۔ رائے ٭

فہمید حساب (ف) مؤنث۔ حساب کا سمجھنا ٭
فہمیدہ (ف) سمجھدار۔ ہوشیار۔ دانا
فہو المراد (ف۔ فُ۔ وَل۔ مُراد) (ع) پس یہی مراد ہے۔ یہ فقرہ کسی شرط کے آخر میں آتا ہے یعنی اگر فلاں امر اس طرح ظہور میں آ جائے تو ہمارا یہی مراد ہے ٭
فہیم (فہیم) (ع) دانا۔ سمجھ والا۔ عقلمند۔ ہوشیار۔ ذی شعور۔ دانشمند ٭

ف - ی

فی (فِی) (ع) (۱) درمیان۔ بھیتر (۲) ساتھ۔ ہر۔ ہر ایک (۳) (۴) مؤنث، نقص۔ کمی۔ غلطی۔ داغ۔ دھبّا۔ عیب۔ کھوٹ۔ (۵) (۱) (مؤنث) سازش۔ دغا ٭
فی البدیہہ (ع) فی الفور۔ فوراً۔ فی الحال۔ بے سوچے ٭
فی الجملہ (ع) (۱) القصہ۔ الغرض۔ حاصل کلام۔ قصہ مختصر (۲) (ف) تھوڑا سا۔ یونہی ٭
فی الحال (ع) بالفعل۔ اب۔ اس وقت۔ سردست۔ ابھی ٭
فی الحقیقت (ع) دراصل۔ واقعی۔ حقیقتاً۔ بیشک ٭
فی الفور (ع) فوراً۔ جھٹ۔ جلدی۔ شتابی ٭
فی المثل (ع) تمثیلاً۔ نظیراً۔ کہاوت میں۔ بالفرض ٭
فی النار (ع) (دعا) تے (بد) دوزخ میں پڑے ٭
فی النار والسقر ہو جانا (ا) دوزخ کی آگ میں پڑنا۔ جل جانا کباب ہو جانا ٭
فی النار ہونا (و) (۱) ظالم کا مرنا۔ جہنم واصل ہونا (۲) دور ہو جانا ٭
فی الواقع (ع) دیکھو (فی الحقیقت) ٭
فی امان اللہ (ع) دعائے نیک جو بوقت رخصت زبان پر لاتے ہیں۔ خدا حافظ۔ اللہ بیلی ٭
فی روپیہ (ا) ہر روپیہ کے پیچھے۔ ہر روپیہ پر ٭
فی روز (ا) روزانہ۔ فی یوم ٭
فی رہ جانا (ا) کمی رہ جانا۔ نقص رہ جانا۔ کسر رہ جانا ٭
فی زمانناً (ع) ان دنوں ٭
فی زمانہ (ع) آج کل ٭
فی سبیل اللہ (ع) (۱) خدا کی راہ میں (۲) مالِ غنیمت ٭
فی سبیل اللہ کر دینا (ا) (۱) خیرات کر دینا (۲) خدا کے نام پر چھوڑنا۔ وقف کر دینا ٭
فی صدی (ع۔ ف) فی سیکڑہ۔ سو پیچھے ٭
فی کس۔ فی نفر (فی آدمی) (ع۔ ف) ہر آدمی کے پیچھے

فی ما بین (ع) دونوں کے بیچ میں۔ باہم۔ آپس میں ٭
فی نکالنا (ا) عیب نکالنا۔ نکتہ چینی کرنا۔ عیب لگانا ٭
فیاض (فَ۔ یا۔ ض) (ع) بڑا سخی۔ دریا دل ٭
فیاضی (ع) مؤنث۔ سخاوت۔ دریا دلی۔ خیر خیرات۔ بخشش۔ عطا ٭
فیاضی کرنا (ا) سخاوت کرنا۔ بخشنا۔ عطا کرنا ٭
فیتا۔ یا۔ فیتہ (پرتگالی) مذکر۔ کنارہ۔ بنا ہوا کنارہ ٭
فیثا غورس (فِی۔ ثا۔ غو۔ رَس، فے۔ ثا۔ غو۔ رس) مذکر۔ یونان کا ایک مشہور عالم فلسفی ٭
فیڈرل۔ فیڈ۔ رل (انگ FEDERAL) متفق۔ اجتماعی۔ وفاقی ٭
فیڈرل سٹیٹ (انگ FEDERAL STATE) مؤنث، دولت متفقہ۔ وفاقی ریاست ٭
فیڈریشن (انگ FEDERATION) مؤنث، (۱) اتفاق۔ اجتماع (۲) وفاقیت (۳) وفاقی انجمن یا جماعت
فیر (مہند) (انگ۔ فائر۔ FIRE) مذکر (۱) آگ۔ آتش (۲) بندوق یا توپ کو آگ دینا۔ سر کرنا (۳) (۴) وار (۵) جماع ٭
فیر کرنا (ا) سر کرنا۔ چھوڑنا۔ بندوق یا توپ چلانا ٭
فیروز (فی۔ روز) (ف) مذکر۔ فتحمند۔ ظفریاب۔ کامران۔ کامگار ٭
فیروز بخت (ف) خوش نصیب ٭
فیروزمند (ف) کامیاب۔ فتحمند ٭
فیروزمندی (ف۔ مؤنث) کامیابی۔ فتحمندی ٭
فیروزہ (فی۔ روزَ۔ نہ) (ف) مذکر۔ ایک جواہر جو رنگ میں سبز۔ زنگاری۔ نیلگوں یا آسمانی ہوتا ہے ٭
فیروزی (ف) (۱) فیروزے کے رنگ کا۔ نیلگوں۔ نیلا۔ زنگاری۔ (۲) کامیابی ٭
فیس (مہند) (انگ۔ فی FEE) مؤنث (۱) محنتانہ۔ رقم۔ اُجرت (۲) وہ رقم جو طالب مدرسے میں ماہوار ادا کرتے ہیں (۳) ڈاکٹر وغیرہ کی اُجرت ٭
فیس کورٹ (مہند) (انگ۔ کورٹ فی۔ COURT FEE) مؤنث، رقم عدالت۔ حق خدمت۔ محنتانہ ٭
فیشن (فے۔ شَن) (انگریزی۔ FASHION) مذکر (۱) رسم۔ رواج۔ دستور (۲) چلن۔ اسلوب (۳) صورت۔ شکل (۴) ساخت۔ بناوٹ (۵) طریق۔ ڈھنگ۔ طرز (۶) تراش خراش۔ (۷) بناؤ سنگار۔ آن بان (۸) نمونہ۔ نقشہ۔ مثال (۹) ہنر۔ صنعت (۱۰) لباس۔ پوشاک (۱۱) مروج۔ رائج الوقت ٭
فیشن ہونا (ا) رواج ہونا۔ رسم پڑنا۔ چلن ہونا ٭
فیشنیبل (انگ FASHION ABLE) (۱) بانکا۔ خوش

لباس (۲) فیشن کے مطابق نفیس۔ خوب صورت۔ عمدہ۔ فینسی ؛
فیصل (فتح۔ صل) (ع۔ مذکر) فیصلہ۔ تصفیہ۔ نپٹاؤ ؛
فیصل کرنا (۱) تصفیہ کرنا۔ جھگڑا چکانا (۲) بیباق کرنا۔ مٹانا (۳) ڈگری کرنا۔ مقدمے کا فیصلہ کرنا ؛
فیصلہ (فتح۔ صل) (ع۔ مذکر) ڈگری۔ تصفیہ ؛
فیصلہ زیر اپیل (ع۔ ف۔ انگ) (مذکر) وہ فیصلہ جس کا اپیل کیا گیا ہو ؛
فیصلہ کرنا (۱) جھگڑا چکانا۔ قصّہ طے کرنا۔ کام تمام کرنا۔ برباد کرنا۔ مٹانا ؛
فیصلہ ہونا (۱) تصفیہ ہونا۔ طے ہونا۔ جھگڑا چکنا ؛
فیض (فیض) (ع۔ مذکر) (۱) فائدہ۔ نفع (۲) سخاوت۔ فیاضی (۳) نیکی۔ بھلائی ؛
فیض پہنچانا (۱) فائدہ پہنچانا۔ نفع پہنچانا (۲) بھلائی کرنا۔ نیکی کرنا (۳) خیرات کرنا ؛
فیض رساں (ع۔ ف) (۱) سخی۔ داتا (۲) فائدہ پہنچانے والا ؛
فیض عام (ع) مذکر (۱) عام لوگوں کا فائدہ (۲) عام سلوک ؛
فیضان (فتح۔ ضاد) (ع۔ مذکر) (۱) بڑا فائدہ (۲) بڑی بخشش (۳) فائدہ یا نفع پہنچانا ؛
فیضی (ع) مذکر۔ شیخ ابوالفیض کا تخلص جو دربار اکبری کے نورتنوں میں سے ایک عظیم رتن تھا۔ اس نے ملک الشعرا کا خطاب پایا۔ اور فن شعر میں کمال حاصل کیا ؛
فیکٹری (فتک۔ ٹری) (انگریزی۔ FACTORY) (مؤنث) گودام۔ کوٹھی۔ کارخانہ ؛
فیل (فیل) (انگریزی۔ FAIL) (۱) ناکامیاب۔ نامراد (۲) گرا ہوا۔ ناقص ؛

فیل ہونا (۱) (۱) ناکام ہونا۔ گرنا۔ رہ جانا ؛
فیل (فیل) (ع) مذکر (۱) مکر۔ فریب (۲) شرارت ؛
فیل (فیل) معرب۔ مذکر۔ ہاتھی۔ پیل ؛
فیلبان (ف) مذکر۔ مہاوت۔ فوجدار۔ ہاتھی چلانے والا ؛
فیل پا (ف) (مذکر) ایک مرض جس سے پاؤں ہاتھی کے پاؤں کی مانند موٹا ہو جاتا ہے۔ داء الفیل ؛
فیل خانہ (ف) مذکر۔ ہاتھیوں کا طویلہ ؛
فیل مرغ (ف) مذکر۔ ایک پرندہ جو اکثر مور سے مشابہت رکھتا ہے۔ پیرو ؛
فیلڈ (فیلڈ) انگریزی۔ FIELD (مذکر) میدان۔ میدان جنگ ؛
فیلڈ بک (انگ۔ FIELD BOOK) (مؤنث) کھیتوں کے متعلق ایک کتاب جس میں ہدایات کے مطابق کھیتوں کی پیمائش درج کی جاتی ہے ؛
فیلڈ مارشل (انگریزی۔ FIELD MARTIAL) مذکر۔ سپہ سالار افواج ؛
فیلسوف (فیل۔ سوف) (یونانی) مذکر (۱) حکیم۔ دانشمند۔ عالم۔ فاضل (۲) مکار۔ فریبی۔ دغا باز ؛
فیلسوفی (ا) مؤنث (۱) فضول خرچی۔ نمود و نمائش (۲) عیاری۔ چالاکی۔ خراست ؛
فیلو (فتح۔ لو) (انگریزی۔ FELLOW) (مذکر) ہمسر۔ ہمجولی۔ ساتھی ؛
فیلہ (ف) مذکر۔ پیلہ۔ شطرنج کا ایک مہرہ جو ترچھا چلتا ہے ؛
فیلی۔ فیلیا۔ فیلی ہا یا (۱) مکار۔ فریبی۔ دغا باز ؛
فیملی (انگریزی۔ FAMILY) (مؤنث) (۱) اہل و عیال (۲) (مذکر) خاندان۔ نسب ؛
فیوض (فیوض) (ع۔ مذکر) فیض کی جمع ؛

ق

ق (قاف) مذکر (۱) عربی کا اکیسواں۔ فارسی کا چوبیسواں اور اردو کا ستائیسواں حرف (۲) حساب جمل میں اس کے ایک سو عدد مقرر ہیں۔

ق-ا

قا (قَا) (۱) مذکر۔ کوّے کی آواز۔ کائیں کائیں۔

قاآن (قا-آنْ) (ت) مذکر (۱) بہت بڑا عادل۔ سخی اور عاقل بادشاہ (۲) شاہ چین کا لقب (۳) چنگیز خاں کا بیٹا۔ (۴) ترکستان کے بادشاہ کا لقب (۵) (مجازاً) ہر جلیل القدر بادشاہ۔

قاآنی (قا-آ-نِی) (ت-ف) (مذکر) ایک مشہور ایرانی شاعر کا تخلص۔

قاب (قَاب) (ف، مؤنث۔ بڑی رکابی۔ خوان۔ تھال۔

قاب (قَاب) (ع) مذکر۔ کمان کی موٹھ سے گوشہ تک کا فاصلہ ایک ہاتھ کا فاصلہ۔

قابَ قوسین (ع، مذکر (۱) دو ہاتھ کا فاصلہ۔ دو کمان کا فاصلہ (۲) نہایت قرب (۳) ابروئے دلدار۔

قابض (قَا-بِض) (ع، مذکر (۱) قبضہ کرنے والا (۲) وہ چیز (یا دوا) جو قبض کرے (۳) (ز) مالک۔

قابض اَرواح (ع، مذکر۔ روح قبض کرنے والا فرشتہ ملک الموت۔

قابض حین حیاتی (ع-ف) (مذکر) عمر بھر کے لئے قابض۔

قابض شکمی (ع-ف) درمیانی قابض۔

قابض ہو بیٹھنا (ل) کسی جائداد پر قبضہ کر بیٹھنا۔

قابل (قا-بِل) (ع) (۱) مناسب۔ جوگا۔ سزاوار (۲) (۱) عقلمند۔ لائق (۳) (۴) (عو) عالم۔ فاضل۔

قابل ادا (ع) (قانون) ادا کرنے کے لائق۔

قابلِ اعتبار (ع) معتبر۔ بھروسے کے لائق۔

قابلِ اعتراض (ع) اعتراض کے لائق۔ بیجا۔ قبیح۔

قابلِ التفات۔ یا۔ توجہ (ع) توجہ کرنے کے لائق۔ دھیان دینے کے لائق۔

قابلِ انقسام (ع) وہ چیز جسے جس قدر اجزا میں تقسیم کریں ہو سکے۔ تقسیم ہونے کے لائق۔

قابلِ بازپرس (ع) جواب دہی کے قابل۔ جوابدہ۔ مواخذہ طلب۔

قابلِ تعریف (ع) سراہنے کے لائق۔ آفرین کے قابل۔ نہایت پسندیدہ۔

قابلِ سماعت (ع) (۱) سننے کے لائق (۲) وہ مقدمہ جو ازروئے قانون توجہ کرنے کے لائق ہو۔

قابلِ غور (ع-ف) توجہ کرنے اور سوچنے کے لائق۔

قابلِ فنا (ع) مٹ جانے اور معدوم ہوجانے کے لائق۔

قابل کرنا (ف) لائق بنانا۔ شائستہ بنانا۔ گن سکھانا۔ ہنرمند کرنا۔

قابلِ مواخذہ۔ یا۔ اخذ (ع) جواب دہی یا گرفت کے لائق۔

قابلِ نکاح (ع) شادی کرنے کے لائق۔ جوان۔ بالغ بالغہ۔

قابل ہونا (ف) لائق ہونا۔ تجربہ کار ہونا۔

قابلہ (ع) مؤنث (۱) ہوشیار اور لائق عورت (۲) دائی۔ (۳) بچے جنانے والی عورت۔

قابلیت (ع، مؤنث (۱) لیاقت۔ سلیقہ (۲) سمجھ۔ دانائی۔ (۳) اہلیت (۴) (ل) مادہ۔

قابو (قَا-بُو) (ف) مذکر (۱) موقع۔ فرصت (۲) زور۔ طاقت قدرت (۳) (ل) حکم۔ اختیار۔ کہنا (۴) (۱) رسائی۔ پہنچ۔

قابو چڑھنا یا۔ چلنا (ف) بس میں آنا۔ اختیار میں آنا۔ پیچ ہونا۔

قابو سے نکلنا (ف) اختیار سے باہر ہونا (۲) مچلنا۔ آپے سے باہر ہونا (۳) داؤ سے نکلنا۔

قابو میں آنا (ف) داؤ پر چڑھنا۔ بس میں آنا۔

قابو میں لانا (ف) داؤ میں لانا۔ مغلوب کرنا۔

قابو ہونا (ف) (۱) قبضہ ہونا۔ بس ہونا (۲) موقع ملنا۔

قابوچی (ت) مذکر (۱) دربان (۲) چوکیدار۔

قابیل (قَا-بِیل) (عبرانی) حضرت آدمؑ کا بیٹا۔ جس نے اپنی بہن اقلیما کے بارے میں اپنے بڑے بھائی ہابیل کو مار ڈالا تھا۔

قاتل (قَا-تِل) (ع) مذکر (۱) قتل کرنے والا آدمی۔ جلاد۔ خونی

(۲) نٹ کھٹ ۔ جان لیوا (۳) ظالم ۔ معشوق کا خطاب ۔
قاجار ۔ قاچار (قا ۔ جار ۔ قا ۔ چار) (ف) مذکر ۔ وہ خاندان جس کے ہاتھ میں ایران کی حکومت تھی ۔
قادر (قا ۔ دِر) (ع) (۱) قدرت والا ۔ توانا (۲) خدا تعالیٰ کا صفاتی نام (۳) غالب ۔ طاقتور (۴) قابو رکھنے والا ۔ مختار ۔
قادر انداز (ع ۔ ف) مذکر ۔ ٹھیک نشانہ لگانے والا ۔ وہ تیر انداز جس کا نشانہ کبھی خطا نہ کرے ۔
قادرِ مطلق (ع) مذکر ۔ ہر کام پر قدرت رکھنے والا ۔ خدا تعالیٰ ۔
قادری (قا ۔ دِری) حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رح کے طریقہ پر چلنے والا ۔
قارورہ (قا ۔ رُو ۔ رَہ) (ع) مذکر (۱) لغوی معنے شیشی (۲) اصطلاحاً پیشاب جو شیشی میں بھر کر حکیم کو دکھاتے ہیں ۔
قارورہ دیکھنے والا (۱) مذکر (مجازاً) حکیم ۔ طبیب ۔
قارورہ ملنا (۱) نہایت ربط بڑھنا ۔ کمال اتحاد ہونا ۔
قارون (قا ۔ رُون) (ع) مذکر ۔ حضرت موسیٰ کا چچیرا بھائی جو بڑا دولتمند اور بخیل تھا (۲) مجازاً بہت بخیل مالدار ۔
قارون کا خزانہ (۱) مذکر (مجازاً) بہت بڑا خزانہ ۔ بے انتہا دولت
قاری (قا ۔ ری) (ع) مذکر ۔ پڑھنے والا (۲) وہ شخص جو علم قرأت سے واقف ہو اور حروف کے مخارج کے مطابق قرآن شریف پڑھے ۔
قاز (قاز) مؤنث ۔ (۱) راج ہنس (۲) ایک قسم کے مرغ جو دریا کے کنارے پر پیا باندھ کر اڑتے رہتے ہیں
قاسم (قا ۔ سِم) (ع) مذکر ۔ تقسیم کرنے والا ۔ بانٹنے والا ۔
قاش (قاش) (ت) مؤنث (۱) پھانک ۔ ٹکڑا ۔ پھل وغیرہ کی پھانک (۲) چاند یا ابرو کی تشبیہ ۔
قاشِ زین (ف) مذکر ۔ زین کا ابھرا ۔ گھوڑے کی زین کے آگے اور پیچھے کے تکیے جو پھانک کی صورت کے ہوتے ہیں ۔
قاصد (قا ۔ صِد) (ع) مذکر (۱) ارادہ کرنے والا ۔ نامہ بر ۔ چٹھی رساں ۔ پیامبر ۔
قاصر (قا ۔ صِر) (۱) کوتاہی کرنے والا (۲) مجبور ۔ ناچار ۔
قاضی (قا ۔ ضی) (ع) (۱) حکم کرنے والا (۲) مسلمانوں کا منصف جو شرع کے بموجب فیصلہ کرتا ہے ۔ جج ۔
قاضیُ الحاجات (ع) مذکر (۱) حاجت روا کرنے والا خدا تعالیٰ (۲) (مجازاً) روپیہ ۔ پیسہ ۔ نقدی ۔ دولت ۔
قاضی القضاۃ (ع) مذکر ۔ بڑا قاضی جیسے چیف جسٹس ۔ حاکم اعلیٰ ۔

قاضی بہ دو گواہ راضی (ع ۔ ف) (مثل) شریعت اسلامی کے مطابق دو گواہوں سے مقدمے کا فیصلہ ہو جاتا ہے ۔ اس موقع پر بولتے ہیں جب دو گواہوں سے کوئی کام نکالنا مقصود ہو ۔
قاضی جی اپنا آنکا تو ڈھانکو پیچھے کسی کو نصیحت کرنا ۔ (۱) (مثل) ناصح پہلے اپنے اخلاق و اطوار درست کرے ۔ پھر دوسرے کو نصیحت دے ۔
قاضی جی بہتیرا ہراتیں ہیں مارنا ہی نہیں (۱) (بل) سخت ... دینداری اور روزہ کے اظہار پر طنزاً بولتے ہیں ۔
قاضی جی دبلے کیوں ہوئے؟ شہر کے اندیشے سے (۱) (مثل) خواہ مخواہ غیروں کے غم و فکر میں رہنے والے کی نسبت بولتے ہیں ۔
قاضی جی کا پیادہ گھوڑے سوار (۱) ... حاکم کا ادنیٰ ملازم جلدی ہی کرتا ہوا نظر آتا ہے ۔
قاضی جی کی لونڈی مری سارا شہر آیا ۔ قاضی جی مرے کوئی نہ آیا (۱) (مثل) جس کا لحاظ ہوتا ہے (۲) اس کے سبب اس کے خدمت گاروں کی بھی خاطر ہوتی ہے ۔ الا خود وہ مر جائے تو بعد میں کوئی نہیں پوچھتا ۔ غرض دنیا تنہ دیکھے کی یار ہے ۔
قاضی جی کے گھر کے چوہے بھی سیانے (۱) (مثل) حاکم یا امیر کے گھر کے ادنیٰ آدمی بھی سمجھ والے ہوتے ہیں ۔
قاضیٔ چرخ ۔ یا قاضی فلک (ع ۔ ف) مذکر ۔ مشتری یعنی برہسپت ستارہ جو سعد اکبر ہے ۔
قاضی عدو (۱) (مثل) اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو کسی طرح پیچھا ہی نہ چھوڑے ۔
قاضی قدوہ (ع) مذکر (۱) ایک کثیر الاولاد قاضی (۲) (مجازاً) ہر کثیر الاولاد کی نسبت بولتے ہیں ۔
قاضی کا پیادہ (۱) مذکر (۱) عدالت کا چپراسی (۲) کانسٹیبل (۳) آگے آنے والا ۔ پکڑے جانے والا (۴) پاخانہ کی حاجت جو کسی کے روکے نہ رکے ۔
قاضی گلہ نہ کرے گا (۱) کوئی معترض نہ ہوگا ۔ کچھ قباحت نہ ہوگی ۔
قاضی نیاؤ نہ کرےگا تو گھر تو آنے دیگا (۱) (مثل) اگر فائدہ نہ ہوا تو کچھ نقصان بھی نہیں ۔
قاطبۃً (قا ۔ طِبتًن) (ع) (۱) عموماً ۔ اکثر ۔ بیشتر (۲) بالکل ۔ تمام یک لخت ۔
قاطع (قا ۔ طِع) (ع) کاٹنے والا ۔ قطع کرنے والا ۔
قاطع الطریق (ع) مذکر ۔ لٹیرا ۔ بٹ مار ۔ ڈاکو

قاعِدہ (قَا - عِدَہ) (ع) (۱) مذکر - اصل - بنیاد (۲) دستور رسم - قانون - ضابطہ (۳) (ف) عادت - خصلت (۴) (ف) حروف تہجی کا پہلا رسالہ (۵) (ف) قرینہ - ترتیب (۶) (ف) دستور العمل (۷) (ف) کر - صرف ونحو یا حساب کا قاعدہ ÷

قاعِدہ باندھنا (ف - ۱) دستور ٹھیرانا - قانون باندھنا ÷

قاعِدہ دان (ع - ف) مذکر - ہر امر کے سلیقہ اور علم مجلس سے واقف ÷

قاعِدہ سے - (ف) دستور کے موافق - ترتیب سے - ادب سے - بالترتیب ÷

قاعدہ کلیہ (ع) مذکر - عام قاعدہ - اصول - کر ÷

قاعدہ کی بات ہے (ف) عام دستور ہے - عام بات ہے

قاعدہ نکالنا (ف) طریقہ نکالنا ÷

قاف (قاف) (ع) مذکر (۱) عربی کا اکیسواں حرف جیساکہ بیان ہوچکا ہے (۲) ایک پہاڑ جو ایشیائے کوچک کے شمال میں واقع ہے - قفقاز ÷

قاف تا قاف (ع - ف) ساری دنیا ÷

قافلہ (قَا - فِلَہ) (ع) مذکر - کارواں - مسافروں یا تاجروں کا گروہ - حاجیوں کا گروہ ÷

قافلہ سالار (ع - ف) مذکر - سردار قافلہ - میر قافلہ - سالار کارواں ÷

قافیہ (قَا - فِیَہ) (ع) مذکر (۱) (لغوی معنی) پیچھے چلنے والا - (اصطلاحًا) ردیف سے پہلے کا حرف یا لفظ - تک - غزل وغیرہ کے اخیر حروف کی مشابہت جو بیتوں یا مصرعوں کے اخیر میں واقع ہوتے ہیں -

قافیہ بندی (ع - ف) مؤنث - تک بندی - اشعار موزوں کرنا ÷

قافیہ پیمائی (ع - ف) مؤنث - اشعار کی گنتی پوری کرنے کے لیئے قافیہ جوڑ دینا ÷

قافیہ تنگ کرنا (ف) تنگ کرنا - عاجز کرنا - ستانا - حیران و پریشان کرنا ÷

قافیہ تنگ ہونا (ف) قافیہ نہ ملنا - کسی شعر یا نظم کا قافیہ دستیاب نہ ہونا (۲) گفتار و کردار میں عاجز آنا (۳) دق ہونا - ہار ماننا - تنگ ہونا - گھبرانا ÷

قافیہ ملانا (ف) (۱) تک سے تک جوڑنا (۲) یارانہ کرنا - ہمراز بننا ÷

قاق (قَاق) (ت) مذکر (۱) سوکھا ہوا گوشت (۲) (مجازًا) نہایت دبلا - ناتواں آدمی ÷

قاقا (ع) مذکر - کوّے کی آواز - کائیں کائیں ÷

قاقلہ (قَا - قُلَہ) (ع) مؤنث - بڑی الائچی - ہیل کلاں ÷

قاقم (قَا - قُم) (ت) مذکر - ایک قسم کا نیولا - جس کی کھال نہایت باریک اور پشم ازحد سفید و ملائم ہوتی ہے - اس کی پوستین پہنتے ہیں ÷

قال (قَال) (ع) مذکر (۱) گفتگو - مباحثہ - مقولہ - قول (۲) ظاہری اور دکھاوے کی بات چیت ÷

قال مقال (ع) مؤنث - بحث - حجت - قضیہ

قال اقول (ع) اس نے کہا - میں کہتا ہوں - بحث و تکرار ÷

قالِب (قا - لِب) (ع) سانچا - ڈھانچا - جیسے جوتی کا قالب (ٹوپی) کا قالب (۲) انسانی جسم - رنگ - تن ÷

قالب بدلنا (ف) چولا بدلنا - دوسرا جسم اختیار کرنا ÷

قالب خالی کرنا (ف) مرجانا ÷

قالی - یا - قالین (ت) مؤنث - غالیچہ ایک قسم کا بچھونا - فرش پشمین ÷

قامت (قَا - مَت) (ع) مذکر - قد - جسم - ڈیل ÷

قاموس (قَا - مُوس) (ع - مذکر) (۱) گہرا دریا (۲) عربی کا ایک مشہور لغت ÷

قانِت (قَا - نِت) (ع) (۱) فرمانبردار (۲) خاموش ÷

قاں قاں (قاں - قاں) (ف) مؤنث - بط کی آواز - بطخ کی آواز ÷

قانع (قَا - نِع) (ع) صابر - تھوڑی چیز پر قناعت کرنے والا

قانون (قَا - نُون) (ع) (۱) بنیاد - جڑ - بنا (۲) (مجازًا) قاعدہ دستور - ضابطہ - آئین - رسم و رواج (۳) طریق - طور - ڈھنگ ÷

قانونِ استقرائی (ع) مذکر - وہ آئین جس کے ذریعے جائز کی تعیین اور افعال ناجائز سے پرہیز کی تعریف ہو ÷

قانونِ جنگی (ف) مذکر - فوجی آئین - وہ قانون جو افواج کے متعلق ہو ÷

قانونچہ (ع - ف) مذکر (۱) علم طب کی ایک کتاب (۲) ایک باجا ÷

قانون چھانٹنا (ف) قانونی بحث کرنا - خواہ مخواہ حجت نکالنا ÷

قانون دان (ع - ف) مذکر - قانونی - آئین سرکاری کا واقف ÷

قانون دانی (ف) مؤنث - قانونی واقفیت ÷

قانون دیوانی (ف) مذکر - وہ سرکاری ضابطہ یا دستور العمل جو لین دین کے متعلق ہو ÷

قانون گو (ع - ف) مذکر - صدر پٹواری - گاؤں اور ضلع کا وہ اہلکار مال جو اپنے حلقے کے تمام مالیات و پیمائش کا حساب کتاب رکھتا ہے - پرگنہ کا زمینداری رجسٹرار ÷

قانونِ مال (ع) مذکر۔ لگان اور مال گزاری کا ضابطہ ÷

قانون مختص الامر (ع) (مذکر) وہ قانون جو کسی خاص امر کی بابت جاری ہو ÷

قانون مختص المقام (مذکر) (ع) وہ قانون جو کسی خاص ملک یا حصۂ ملک کے متعلق ہو ÷

قانوناً (ع) از روئے قانون۔ حسب ضابطہ ÷

قانونی (ع) (۱) قانون بنانے والا (۲) قانون داں۔ قانون جاننے والا (۳) (ف) از روئے قانون و شرع (۴) (ا) جھگڑالو۔ تکراری حجتی ÷

قانونیا (ع) مذکر۔ حجتی۔ جھگڑالو ÷

قاہر (قا۔ ہر) (ع) غالب۔ زور آور۔ زبردست۔ طاقتور ÷

قاہرہ (قا۔ ہرہ) (ع) مؤنث۔ مصر کا دار الخلافہ

قاہ قاہ (قاہ۔ قاہ) (ف) مؤنث۔ ٹھٹھا مارنے کی آواز۔ ٹھٹھا قہقہہ ÷

قائد (قا۔ اِد) (ع) رہنما۔ لیڈر ÷

قائزہ (قا۔ اِزہ) (ع) مذکر (۱) لگام (۲) لنگوٹا ÷

قائزہ کرنا (ع) (۱) گھوڑے کے منہ میں دہانہ چڑھا کر لگام کے تسمے کو دم سے باندھ دینا (۲) (ا) مجرد رہنا۔ لنگوٹا باندھنا ÷

قائل (قا۔ اِل) (ع) (۱) کہنے والا۔ بر لینے والا (۲) (ف) اپنا قصور ماننے والا۔ تسلیم کرنے والا۔ ہارنے والا۔ لاجواب ÷

قائل کرنا (ل) لاجواب کرنا۔ معقول کرنا ÷

قائل معقول کرنا (ا) لاجواب کرنا۔ جھوٹا ثابت کرنا۔ شرمندہ کرنا۔ قصور کا معترف کرنا ÷

قائل ہونا (ا) (۱) معترف ہونا۔ غلطی قبول کرنا (۲) اُستاد ماننا۔ ماہر فن ماننا ÷

قائم (قا۔ اِم) (ع) (۱) کھڑا ہونے والا۔ کھڑا۔ سیدھا۔ مضبوط پائدار (۳) موجود۔ مستقل (۴) مقررہ۔ مستقیم (۵) شطرنج میں دونوں حریفوں کا برابر رہنا ÷

قائم اُٹھنا (ا) شطرنج میں برابر کی بازی رہنا۔ دونوں حریفوں میں سے کسی کو مات نہ ہونا ÷

قائم النار (ع) مذکر۔ آگ پر ٹھہرا ہوا پارہ وغیرہ ÷

قائم انداز (ع۔ ف) (۱) شاطر کامل جو اپنی بازی کو ہر طرح قائم اور برقرار رکھے (۲) نشانہ باز۔ قادر انداز ÷

قائم بالذات (ع) وہ چیز جو بذات خود قائم اور برقرار ہو۔ جوہر ÷

قائم بالغیر (ع) دوسری چیز کے بھروسے یا سہارے پر قائم رہنے والا۔ محتاج غیر ÷

قائم کرنا (ا) (۱) بنیاد رکھنا (۲) مقرر کرنا (۳) اُٹھانا۔ کھڑا کرنا۔ بنانا (۴) حد مقرر کرنا (۵) مضبوط کرنا (۶) مستقل کرنا۔ برقرار کرنا (۷) رکھنا۔ دھرنا (۸) پیدا کرنا۔ موجود کرنا ÷

قائم مزاج (ع) مستقل مزاج۔ ثابت قدم۔ بات کا پورا ÷

قائم مزاجی (ع۔ ف) مؤنث۔ استقلال۔ مضبوطی۔ ثابت قدمی ÷

قائم مقام (ع) مذکر (۱) دوسرے کی جگہ کام کرنے والا آدمی۔ عوضی (۲) مختار کار۔ وکیل۔ گماشتہ۔ ولیعہد۔ خلیفہ۔ نائب۔ یہ بولا جاتا ہے کہ یہ اصل قائم مقام ہیں ÷

قائم مقام ہونا (ا) عوضی پر ہونا۔ دوسرے کی جگہ کام کرنا ÷

قائم مقامی (ع۔ ف) مؤنث (۱) وکالت۔ سفارت (۲) عوضی ÷

قائمہ (ع) مذکر (۱) نوّے درجہ کا زاویہ۔ وہ زاویہ جو دو خطوط مستقیم کے عمود وار تقاطع کرنے یا قائم ہونے سے پیدا ہو ÷

قاؤں قاؤں (قا۔ ؤں۔ قاؤں) (ا۔ مؤنث) کوّے کی بولی

قائیں قائیں (قا۔ ئیں۔ قا۔ ئیں) (ا۔ مؤنث) دیکھو (کائیں کائیں) ÷

ق - ب

قبا (قَبا) (ع۔ مؤنث) ایک قسم کا آگے سے کھلا ہوا کوٹ یا اچکن ÷

قباحت (قَبا۔ حَت) (ع) مؤنث (۱) بُرائی۔ خرابی (۲) نقص۔ عیب۔ کھوٹ (۳) (ا) دقت۔ مشکل۔ مصیبت ÷

قباحت نکالنا (ا) نقص نکالنا۔ عیب دھرنا۔ خرابی ظاہر کرنا ÷

قباحت نکلنا (ا) (۱) خرابی نکلنا (۲) نقص یا عیب نکلنا۔ (۳) مشکل پڑنا۔ دقت پیش آنا ÷

قباحت ہونا (ا) (۱) خرابی ہونا۔ بُرائی ہونا (۲) دشواری ہونا ÷

قبالہ (قَبا۔ لہ) (ع) مذکر۔ تمسک۔ بیع نامہ۔ وہ کاغذ جس سے کسی چیز کی ملکیت ثابت ہو۔ مکان کا کاغذ یا سند ÷

قبالہ لکھوانا (ا) قابض ہو جانا۔ گھر کا مالک ہو جانا ÷

قبالہ لینا (ا) کسی جاگیر، مکان یا جائداد پر قابض ہونا ÷

قبالہ نویس (ع۔ ف) مذکر۔ عرائض نویس۔ وہ شخص جو بطور پیشہ تمسک اور بیع ناموں کے لکھنے کا کام کرتا ہو ÷

قبالہ نیلام (ع۔ پر) (مذکر) وہ سند ملکیت جو نیلام کرنے والے کی طرف سے ہو۔ خط فروخت ÷

قبالے (۱)، مذکّر۔ قبالہ کی جمع۔ بیع نامے ✦

قبالے لے ڈالنا (ل) (۱)، قبضہ کر لینا۔ قابض ہو جانا (۲)، عاجز کر دینا۔ ہرا دینا ✦

قبالے لے لینا۔ یا۔ لکھوا لینا (۱)، قابض ہو جانا ۔ مالک بن جانا ✦

قبالے میں لانا (۱)، بیع کرنا۔ قبضے میں دینا ✦

قبائل (قَبَا۔ اِل) (ع)، مذکّر (۱)، قبیلہ کی جمع۔ گروہ۔ جماعتیں فرقے۔ اقوام (۲)، خاندان۔ عیال و اطفال۔ بال بچّے ✦

قبچاق (قَب۔ چاق) (ت۔ مذکّر) (۱)، توران اور ترکستان کے درمیان ایک جنگل جہاں لٹیرے رہتے ہیں (۲) (مجازاً) بے باک۔ نڈر ✦

قبح (قُبْح) (ع)، (مذکّر) نقص۔ عیب۔ برائی ✦

قبر (قَبْر) (ع)، مؤنّث۔ تُربت۔ گور۔ مدفن ۔ مقبرہ ۔ مزار وہ گڑھا جس میں مُردے کو دفن کرتے ہیں ✦

قبر بنانا (۱)، (۱)، مدفن تیار کرنا (۲) مار کر دبا دینا ۔ مار رکھنا ✦

قبر پہ قبر نہیں ہوتی (۱)، مثل ۔ قرض پر قرض نہیں ملتا ✦

قبر اسلامی (۱)، مؤنّث۔ وہ نقدی جو مالک زمین کو اس کی ملکیت میں قبر بنانے کے عوض دی جاتی ہے ✦

قبر کا تعویذ (۱) مذکّر۔ سنگ مزار۔ وہ پتھر جو قبر کی نشانی کے لئے صندوق کی وضع کا بنا کر رکھ دیتے ہیں ✦

قبر کا عذاب (ف۔ مذکّر) وہ تکلیف جو قبر میں گنا ہگار کو ہوتی ہے ✦

قبر کا منہ جھانک کر آنا (۱)، مر مر کر بچنا۔ نئے جنم سے پیدا ہونا ✦

قبر کھود کر نکال لانا (۱)، پاتال سے ڈھونڈ کر نکال لانا جہاں ہو۔ وہاں سے لے آنا ✦

قبر کھودنا (۱)، (۱)، مُردے کے لئے گڑھا کھودنا (۲)، مار رکھنا۔ مار ڈالنا ✦

قبر کے مُردے اکھاڑنا۔ یا۔ اکھیڑنا (۱)، (۱) پرانے جھگڑے نکالنا۔ دبی ہوئی باتوں کو ابھارنا (۲)، مُردوں کا عیب ظاہر کرنا ✦

قبر میں پاؤں لٹکائے بیٹھنا (۱)، مرنے کو تیار ہونا۔ قریب مرگ ہونا۔ نہایت بڑھاپے یا سخت بیماری کے موقع پر بولتے ہیں ✦

قبر میں سے نکل کر آنا (۱)، بیماری یا کسی اور صدمہ سے ایسا نحیف ہو جانا کہ صورت نہ پہچانی جا سکے ✦

قبرستان (ع۔ ف) مذکّر۔ مدفن گورستان۔ شہر خموشاں وہ جگہ جہاں مُردے دفن ہوتے ہیں ✦

قبرہ (قُب۔ بَرَہ) (ع) (۱) چنڈول (۲) سرخاب ✦

قبض (قَبْض) (ع)، مذکّر (۱) گرفتگی۔ بستگی (۲)، دبوچنا (۳)، سمیٹ ۔ سکیڑ (۴)، قابو۔ بس۔ دخل (۵)، پاخانہ نہ آنا ✦

قبض الوصول (ع)، مذکّر۔ وہ کتاب جس میں روپے کی وصولیت درج کی جائے ۔ رسید کا رجسٹر ✦

قبض بالجبر (ع)، مذکّر۔ زبردستی قبضہ کر لینا۔ ناجائز طور سے مالک بن جانا ✦

قبض کرنا (۱)، پیٹ میں گرفتگی پیدا کرنا (۲) کھینچنا۔ سلب کرنا ✦

قبضہ (ع)، مذکّر (۱)، دستہ۔ موٹھ۔ ہتھی (۲)، پنجہ۔ مٹھی (۳) (۱)، کواڑ وغیرہ کے جوڑ کا ٹرا (۴)، (۱)، ڈنڈ۔ بازو کی مچھلی (۵)، دخل۔ قابو۔ تصرّف ✦

قبضہ بالنیابت (ع۔ مذکّر) قائم مقام ہونے کی حیثیت سے قبضہ ✦

قبضہ پانا (۱)، دخل پانا۔ قابو پانا۔ تصرّف میں لانا ✦

قبضہ علی الاتصال (ع۔ مذکّر) متواتر قبضہ ✦

قبضہ کرنا (۱)، دخل کرنا۔ مالک بن بیٹھنا ✦

قبضہ لاخراجی (ع۔ ف)، مذکّر۔ وہ قبضہ جس کا خراج اور محصول معاف ہو ✦

قبضہ مستاجرانہ (ع۔ ف) (مذکّر) ٹھیکیداروں کی طرح کا قبضہ ✦

قبضۂ مخالفانہ (ع۔ ف) (مذکّر) کسی کے خلاف قبضہ ✦

قبضے (۱)، مذکّر (۱)، قبضہ کی جمع (۲) حروف مغیّرہ یا تابع مغیّرہ کے آ جانے کی صورت ✦

قبضے پہ ہاتھ ڈالنا (۱)، (۱) تلوار سونتنے کے لئے اس کی مُوٹھ پر ہاتھ لے جانا (۲)، دوسرے شخص کی تلوار کا قبضہ پکڑ لینا۔ تلوار نہ نکالنے دینا ✦

قبضے میں کر لینا (۱)، قابو میں کر لینا۔ بس میں کر لینا ✦

قبطی (قِب۔ طی)، (ع ۔ مذکّر) قدیم مصری قوم۔ فرعون کے ساتھی ✦

قبل (قَبْل) (ع)، (۱)، پہلے ۔ آگے ۔ پیشتر۔ اوّل (۲) (منگل) کا مزہ کھیرا ✦

قبل از آنکہ (ع۔ ف) پہلے سے ۔ اس سے پیشتر ✦

قبل از مرگ واویلا (ف)، (مثل)، موت سے پہلے رونا پیٹنا۔ خیالی تکلیف سے ڈر کر کسی کام کو ترک کر دینا ✦

قبل ازیں (ع۔ ف) اس سے پہلے ✦

قُبُل (قُبُل)، (ع)، عورت کا اندام نہانی ✦

قِبلہ (قِب۔ لہ) (ع)، مذکّر (۱)، سامنے یا مقابل کی چیز (۲)، سمت کعبہ (۳) کعبہ (۴) کلمۂ تعظیم۔ حضرت۔ جناب ۔ حضور ✦

قبلۂ حاجات (ع)، مذکر (۱)، دوسرے شخص کی حاجتوں اور ضرورتوں کو رفع کرنے والا۔ مراد بر لانے والا (۲)، ایک کلمۂ تعظیم ٭

قبلہ رو (ع۔ف)، مذکر (۱) قبلہ کی سمت (۲)، وہ شخص یا چیز جو قبلہ کی طرف منہ کئے ہوئے ہو ٭

قبلۂ عالم (ع)، مذکر۔ جہان کا بزرگ۔ بادشاہوں کا لقب۔ جہاں پناہ ٭

قبلۂ کونین (ع)، مذکر (۱) دین و دنیا کے بزرگ (۲)، والد بزرگوار ٭

قبلہ گاہ (ع۔ف)، مذکر (۱) بجائے قبلہ (۲)، والد بزرگوار۔ باپ۔ (۳)، بزرگ ٭

قبلہ نما (ع۔ف)، مذکر۔ قبلہ کی سمت معلوم کرنے کا آلہ ٭

قبلہ و کعبہ (ع)، مذکر۔ کلمۂ تعظیم و تکریم ٭

قبور (قُبُور) (ع)، (۱)، قبر کی جمع (۲)، پستول کا چرمی خانہ ٭

قبول (قَبُول) (ع)، مذکر۔ تسلیم۔ منظور ٭

قبول صورت (ا)، (ع)، خوب صورت۔ حسین ٭

قبول کرنا (ا)، (۱)، ماننا۔ منظور کرنا (۲)، پسند کرنا (۳)، (۵) اقرار کرنا۔ اقبال کرنا ٭

قبولنا (ا)، (ع)، (۱)، پسند کرنا (۲)، منظور کرنا (۳)، اقبال کرنا۔ اقرار کرنا ٭

قبولی (قَبُو۔لی) (ف)، مؤنث۔ ایک قسم کا پلاؤ جو چنے کی دال اور چاول ملا کر پکایا جاتا ہے ٭

قبولیت (ع)، مؤنث (۱)، اجابت دعا (۲)، قانون۔ منظوری۔ کاشتکار کے اقرار نامے پر مالک اراضی کی منظوری کی سند ٭

قبہ (قُب۔بَہ) (ع)، مذکر (۱)، گنبد۔ برج (۲)، کلغی۔ کلس ٭

قبیح (قَبِیح) (ع)، (۱) قباحت والا۔ برا۔ نازیبا۔ نامناسب ٭

قبیل (قَبِیل) (ع)، مذکر (۱)، آدمیوں کا گروہ (۲)، قسم۔ جنس۔ نوع (۳)، قبیلہ۔ خاندان ٭

قبیلہ (ع)، مذکر (۱) گروہ۔ فرقہ۔ زمرہ۔ جتھا (۲)، خاندان۔ تبار (۳)، (ا)، بیوی۔ جورو۔ اہلیہ۔ گھروالی ٭

قبیلہ پرور (ع۔ف)، کنبہ پرور۔ اپنے کنبے کی پرورش کرنے والا ٭

ق۔ت

قتال (قِتَال) (ع)، مؤنث۔ جنگ۔ لڑائی۔ کشت و خون ٭

قتال (قَت۔تَال) (ع)، مذکر۔ بہت قتل کرنے والا ٭

قتالہ (ع۔ مؤنث)۔ قتل کرنے والی ٭

قتل (قَتل) (ع)، مذکر۔ خون۔ ہلاکت۔ تلوار یا کسی ہتھیار سے مار ڈالنا ٭

قتل المؤذی قبل الایذاء (ع)، مثل، موذی کو ایذا دینے سے پہلے مار دینا چاہئے ٭

قتل انسان مستلزم سزا (ع۔ف)، مذکر۔ انسان کا ایسا قتل جس کی سزا دی جائے ٭

قتل عام (ع)، مذکر۔ بلا امتیاز سب کا جان سے مار ڈالنا ٭

قتل عام کرنا (ا) سب کو مار ڈالنا۔ مار ڈالنے کا حکم دینا ٭

قتل عمد (ع)، مذکر (قانون)، جان بوجھ کر مار ڈالنا۔ دیدہ و دانستہ ہلاک کرنا ٭

قتل کا بیڑا اٹھانا (ا)، کسی کے مارنے کا عہد کرنا۔ خون کرنے کی قسم کھانا ٭

قتلا (قَت۔لَا) (ا)، مذکر۔ قاش۔ پھانک۔ ٹکڑا ٭

قتی (قَت۔تی) (ت۔ مؤنث) (۱)، صندوقچہ۔ صندوقچی (۲) انگور کی بیماری ٭

قتیل (قَتِیل) (ع)، مقتول۔ شہید ٭

ق۔ح

قحبہ (قَح۔بَہ) (ع)، مؤنث۔ فاحشہ۔ رنڈی ٭

قحط (قَحط) (ع)، مذکر (۱) مہنگائی۔ گرانی (۲) کمی۔ کمیابی ٭

قحط پڑنا (ا)، کال پڑنا۔ گرانی ہونا۔ کمیابی ہونا ٭

قحط زدہ (ع۔ف)، کال کا مارا۔ بھوکا۔ کنگال ٭

ق۔د

قد (قَد) (ع)، مذکر۔ جسم کی لمبائی۔ قامت۔ ڈیل ٭

قد آدم (ع)، مذکر۔ آدمی کے قد کے برابر۔ چار ہاتھ ٭

قد آور (ع۔ف) لمبا۔ لمبے قد کا۔ طویل القامت۔ دراز قد ٭

قدر برابر بجلی پڑے۔ یا۔ ٹوٹے (ا) (عو) دعا کہ جتنا قد ہے اسی قدر بجلی گرے اور ہلاک کر دے ٭

قد نکالنا (ا)، (عو) بچے کا بڑھنا۔ بچے کا بڑا ہونا ٭

قد و بالا۔ یا۔ قد و قامت (ع۔ف) مذکر۔ جسامت۔ ڈیل ڈول ٭

قدامت (قَدَا۔مَت) (ع)، مؤنث (۱) ہمیشگی۔ بیشگی (۲)، زمانۂ سلف۔ اگلا زمانہ ٭

قدامت پسند (ع۔ف)، پرانے رسم و رواج کی پیروی کرنے والا ٭

قدح (قَدح) (ع۔ مؤنث) (۱)، ہجو۔ عیب چینی (۲)، اعتراض (۳)، تردید ٭

قدح کرنا (ا)، جھٹلانا۔ جرح کرنا ٭

قَدَح (قَدَح) (ع) مذکر۔ بڑا پیالہ۔ شراب یا بھنگ کا پیالہ جام۔ پیمانہ۔ ساغر ✦
قَدَح خوار۔ قَدَح کَش (ع۔ ف) مذکر۔ شراب خوار۔ نشہ باز۔ بہت سے جام پینے والا ✦
قَدَح کی خیر منانا (۱) اپنی ہی بھلائی چاہنا ✦
قَدَر (قَدَر) (ع) مؤنث (۱) اندازہ۔ جانچ۔ مقدار (۲) قسمت نصیب (۳) طاقت۔ قدرت (۴) عزت۔ بزرگی۔ بڑائی۔ رتبہ ✦
قَدَر انداز (ع۔ ف) مذکر۔ وہ شخص جس کا تیر ٹھیک نشانے پر بیٹھے۔ نشانہ باز۔ قادر انداز ✦
قُدرَت (قُد۔ رَت) (ع) مؤنث (۱) طاقت۔ زور۔ قوت (۲) حوصلہ (۳) خدائی طاقت۔ فطرت۔ نیچر۔ شانِ الٰہی۔ (۴) اختیار۔ پہنچ۔ دسترس ✦
قدرت رکھنا (۱)۔ قادر ہونا۔ لائق ہونا۔ قابلیت رکھنا ✦
قدرت کاملہ (ع) مؤنث۔ پوری پوری طاقت۔ بے انتہا طاقت ✦
قدرتی (ع۔ ف) طبعی۔ فطری۔ اصلی۔ حقیقی۔ جبلّی ✦
قدرتی رنگ (۱) مذکر۔ خود رنگ۔ اصلی رنگ۔ ذاتی رنگ ✦
قدرتی علامات (ع) مؤنث۔ فطری نشانیاں۔ ظہور یزدانی۔ نشانِ ایزدی کا ظہور ✦
قدر دان (ع۔ ف) مذکر (۱) قدر شناس۔ جوہر شناس (۲) (۱) بزرگ۔ مربی۔ سرپرست ✦
قدر دانی (ع۔ ف) مؤنث۔ جوہر شناسی۔ عزت۔ آبرو ✦
قدر دانی کرنا (۱) ہنر کے باعث عزت کرنا۔ ہنر کی داد دینا ✦
قدر کرنا (۱) عزت کرنا۔ توقیر کرنا ✦
قدر و منزلت (ع) مؤنث۔ رتبہ و منصب۔ عزت و توقیر ✦
قَدَر (قَدَر) (ع۔ مؤنث) (۱) قضا۔ حکمِ الٰہی۔ تقدیر (۲) اندازہ (۳) برابر۔ شریک ✦
قدری کرنا (۱) (ع) (۱) کوشش کرنا (۲) اصرار کرنا۔ دباؤ ڈالنا۔
قدرے (قد۔ رے) (ع۔ ف) ذرا سا۔ قلیل۔ کچھ ✦
قدرے قلیل (۱) بہت کم۔ کسی قدر ✦
قُدس (قُد۔ س) (ع) (۱) متبرک۔ پاک۔ مقدس (۲) (مذکر) عرب کا ایک پہاڑ (۳) (مجازاً) بیت المقدس۔ یروشلم (۴) جبرائیلؑ۔ روح القدس (۵) پاکیزگی۔ تقویٰ۔ طہارت ✦
قدسی (ع) (۱) پاک۔ پاکیزہ۔ متبرک (۲) (مذکر) فرشتہ۔ نیک آدمی (۳) ایک مشہور فارسی شاعر حاجی محمد جان کا تخلص ✦
قدغن (قَد۔ غَن) (ت) مؤنث (۱) (لغوی معنے) اہتمام (۲) (اصطلاحاً) خبرداری۔ تاکید۔ ممانعت۔ نہایت روک ٹوک

قدم (قَدَم) (ع) مذکر (۱) پاؤں۔ پیر۔ پا۔ چرن (۲) کا فاصلہ جو حالتِ رفتار میں ایک پاؤں سے دوسرے پاؤں تک ہو۔ (۳) روش۔ رفتار۔ چال (۴) نقشِ پا (۵) (مجازاً) واسطہ۔ دخل (۶) (۱) ذات۔ دم۔ موجودگی۔ وجود (۷) (۱) گھوڑے کی ایک قسم کی بے تکان رفتار۔ دھیمی چال۔ (۸) (۱) ایک سایہ دار درخت (۹) (۱) ایک قسم کی گھاس ✦
قدم اٹھا کر جانا۔ یا۔ چلنا۔ یا۔ قدم اٹھانا (۱) جلد جلد چلنا۔ جلد جلد قدم رکھنا ✦
قدم اُٹھنا (۱) پاؤں اُٹھنا۔ سرکنا۔ ہلنا۔ حرکت کرنا ✦
قدم اُکھڑنا (۱) پاؤں نہ جمنا۔ چل نہ سکنا ✦
قدم باز (۱) (۱) تیز رفتار۔ جلد چلنے والا (۲) ایک انداز کے ساتھ چلنے والا ✦
قدم بقدم چلنا (۱) (۱) کسی کی پیروی کرنا (۲) پیچھے پیچھے چلنا۔ ساتھ ساتھ چلنا ✦
قدم بڑھانا (آگے رکھنا) (۱) (۱) آگے بڑھنا۔ جلد جلد چلنا (۲) حد سے باہر قدم رکھنا۔ زیادتی کرنا (۳) مداخلت کرنا۔ قابض ہونا ✦
قدم بوس (ع۔ ف) (۱) پاؤں چومنے والا (۲) پاؤں چومنا ✦
قدم بوس ہونا (۱) تعظیماً پاؤں چومنا۔ پاؤں کو ہاتھ لگانا ✦
قدم بوسی (ع۔ ف) مؤنث (۱) پاؤں چومنا۔ پاؤں کو ہاتھ لگانا۔ (۲) خدمت۔ بندگی۔ سلام۔ آداب۔ بڑوں کی ملاقات ✦
قدم بھاری ہونا (۱) منحوس قدم ہونا۔ کسی شخص کا نامبارک ہونا ✦
قدم چومنا (۱) (۱) تعظیماً پاؤں چومنا (۲) استاد اور قابلِ تعظیم ماننا (۳) نہایت فتنہ انگیز اور شریر تسلیم کرنا ✦
قدم چھونا (۱) ادباً پاؤں کو ہاتھ لگانا۔ گھٹنے چھونا۔ پاؤں پڑنا ✦
قدم درمیان ہونا (۱) واسطہ ہونا۔ دخل ہونا۔ بیچ میں پڑنا۔ آڑے آنا ✦
قدم رسولؐ۔ یا۔ قدم شریف (ع) مذکر۔ وہ مکان یا جگہ جہاں رسول مقبولؐ کے قدم مبارک کا نشان رکھا ہو جیسے دہلی کے قریب قدم شریف ہے ✦
قدم رکھنا (۱) (۱) پاؤں رکھنا۔ چلنا (۲) دخل دینا۔ مداخلت کرنا (۳) کسی کام کے کرنے کا دعویٰ کرنا (۴) کوئی کام اختیار کرنا۔ (۵) آنا۔ تشریف لانا ✦
قدم رنجہ فرمانا۔ یا۔ کرنا (۱) تشریف لانا۔ تکلیف اٹھانا۔ کسی کے گھر تک جانے کی تکلیف اٹھانا ✦
قدم قدم پر (۱) ہر قدم پر۔ چپے چپے پر ✦
قدم قدم جانا۔ یا۔ چلنا (۱) آہستہ آہستہ جانا۔ سہج سہج چلنا ✦

قدم لگنا (ل) (۱) گھوڑے کو قدم چلنے کی چال آنا (۲) کسی کی پناہ یا حفاظت میں جگہ ملنا (۳) پاؤں چومنا۔ قدمبوسی کرنا ٭

قدم لینا (ل)، (۱) ادباً یا تعظیماً قدموں کو ہاتھ لگانا۔ پاؤں چھونا۔ (۲) اُستاد ماننا۔ دُوسرے کے کمال کا اعتراف کرنا۔ نیکی میں ہو یا بدی میں (۳) خوشامد کرنا۔ احسان ماننا (۴) استقبال کرنا۔ خیر مقدم کرنا ٭

قدم مارنا (ل) (۱) کوشش کرنا۔ دَوڑ دھوپ کرنا (۲) کسی کام میں پڑنا۔ قدم رکھنا (۳) جلد جانا۔ تیز جانا ٭

قدم نکالنا (ل) گھوڑے کو چال سکھانا یا سدھانا۔

قدم نہ اُٹھ سکنا (ل) خوف یا دہشت کے مارے پاؤں نہ اُٹھنا آگے نہ چل سکنا۔ عاجز ہونا ٭

قِدَم (قِدَم) (ع۔ مذکّر) (۱) کہنگی۔ پُرانا ہونا (۲) ہمیشگی ٭

قدما (قُدَما) (ع) مذکّر۔ قدیم کی جمع۔ اگلے لوگ۔ پُرانے وقتوں کے آدمی ٭

قدمچہ (ع۔ ف) مذکّر۔ پاخانے کے اندر کا چبوترہ یا وُہ پایہ جس پر پاؤں رکھ کر بیٹھتے ہیں ٭

قدماں (ل) مذکّر۔ قدم کی جمع

قدموں پر گرنا (ل) پَیروں پر گرنا۔ پاؤں پہ سر رکھنا۔ پاؤں کو چومنا۔ پابوسی کرنا ٭

قدموں سے لگنا (ل) (۱) پاؤں چومنا (۲) نہایت تعظیم و تکریم سے پیش آنا (۳) زیرِ سایہ رہنا ٭

قدموں سے لگے پڑے ہیں (ل) (۱) تابع اور مطیع ہیں فرمانبردار ہیں (۲) زیرِ سایہ ہیں۔ رعیت ہیں۔ ماتحت ہیں ٭

قدموں سے لگے رہنا (ل) ہر وقت ساتھ رہنا۔ کسی کا کسی کے پاس سے کبھی جُدا نہ ہونا ٭

قدموں کو چھوڑنا (ل) ساتھ چھوڑنا۔ کسی سے علیحدہ ہونا ٭

قدموں کے تلے سے زمین نکل گئی (ل) سخت گھبراہٹ اور پریشانی ہُوئی ٭

قدّوس (قُدّ۔ دُوس) (ع) (۱) بڑا پاک (۲) (مذکّر) خدا کا ایک صفاتی نام ٭

قدوم (قُدُوم) (ع) مذکّر (۱) کسی جگہ سے آنا (۲) سفر سے واپس آنا ٭

قدوہ (قِد۔ وَہ) (ع) پیشوا۔ برگزیدہ۔ سرگردہ ٭

قدیر (قدیر) (ع) (۱) قادر۔ صاحبِ قدرت۔ طاقتور۔ صاحبِ قدر (۲) مضبوط۔ پختہ (۳) خدا تعالےٰ کا صفاتی نام ٭

قدیم (قَدِیم) (ع) (۱) پُرانا۔ دیرینہ۔ کہنہ۔ ازلی۔ پہلے زمانے کا (۲) (قانون) آبائی۔ جدّی۔ باپ دادا کا ٭

قدیم ایام سے۔ یا۔ قدیم سے (ل) ہمیشہ سے۔ سدا سے۔ اگلے وقتوں سے ٭

قدیم نمک خوار۔ یا۔ نوکر (ل) مذکّر۔ پُرانا ملازم ٭

قدیمی (ل) پُرانا۔ ہمیشہ کا ٭

ق۔ ر

قرابادین (قَرا۔ با۔ دِین) (ع) مؤنّث۔ لغات الادویہ۔ دواؤں کی ڈکشنری ٭

قرابت (قَرا۔ بَت) (ع) مؤنّث (۱) قُربت۔ نزدیکی (۲) رشتہ داری۔ یگانگی۔ رشتہ۔ ناتا ٭

قرابت دار (ل) مذکّر۔ رشتہ دار ٭

قرابت داری (ل) مؤنّث۔ رشتہ داری۔ ناتا ٭

قرابتِ طرفی (ع) مؤنّث۔ باہم جدّی رشتہ ٭

قرابتِ قریبہ (ع) مؤنّث۔ پاس کی رشتہ داری۔ قریب کا رشتہ ٭

قرابتِ مستقیمہ (ع) مؤنّث۔ پختہ رشتہ پُشت در پُشت رشتہ داری ٭

قرابتی (ل) رشتے کا۔ یگانہ۔ ناتے کا ٭

قرابتی قرابت (ع۔ ف) مؤنّث۔ وُہ رشتہ جس میں پانچ پشت سے زیادہ کا رشتہ دار شامل ہو ٭

قرابہ (قَرا۔ بہ) (ع) مذکّر (۱) عرق رکھنے کا بڑا شیشہ (۲) شراب کا شیشہ۔ صراحی ٭

قرابین (قَرا۔ بِین) (ت) مؤنّث۔ چوڑے منہ کی چھوٹی بندوق ٭

قراءت (قِر۔ اَت) (ع) مؤنّث (۱) پڑھنا۔ خواندگی۔ تلفّظ (۲) حرفوں کا صحیح مخرج ادا کرنا (۳) ایک علم جس میں مخارج و تلفّظ حروفِ عربیہ سے بحث کی جاتی ہے۔ علمِ تجوید ٭

قرار (قَرار) (ع) مذکّر (۱) آرام۔ سکون۔ آسودگی۔ قیام (۲) صبر۔ تحمّل۔ برداشت۔ سہار۔ بردباری۔ حلم (۳) استقلال۔ ثبات (۴) قول۔ اقرار۔ عہد ٭

قرار آنا (ل) اضطراب رفع ہونا۔ جی ٹھہرنا۔ اطمینان ہونا ٭

قرار پانا (ل) (۱) ٹھہرنا۔ مقرّر ہونا (۲) قیام کرنا (۳) تصفیہ ہونا (۴) تاریخ کا ٹھہرایا جانا (۵) باہم وعدہ یا عہد و پیمان ہونا ٭

قرارداد (ع۔ ف) مؤنّث (۱) قرار مدار۔ قول قرار۔ معاہدہ۔ شرط۔ ٹھیکہ (۲) فیصلہ۔ تصفیہ۔ تجویز۔ ریزولیوشن ٭

قرار داد جُرم (ا)، مؤنث (قانون) مجرم پر بعد از تحقیقات جُرم ضابطہ کا لگایا جانا۔ تجویز جُرم +

قرار دینا (ا)، ٹھہرانا۔ مقرر کرنا۔ ٹھاننا۔ تجویز کرنا +

قرار مدار (ع)، مذکر۔ قول و قرار۔ بچن۔ عہد و پیمان +

قرار واقعی (ع)، (۱)، بخوبی۔ ہر طرح۔ اطمینان کے ساتھ۔ جیسا چاہئے (۲)، اصل میں +

قِراض (قِراض)، (ع)، مؤنث۔ ایسی شرکت جس میں ایک شخص دوسرے کو سرمایہ دے اور دوسرا اپنی محنت اور ہنر کے نتیجوں کو مقررہ حصّوں میں تقسیم کرے +

قُراضہ (قُرا۔ ضَہ)، (ع)، مذکر (۱)، مقراض سے گرا ہُوا کسی چیز کا ریزہ (۲) سونے چاندی کا ٹکڑا +

قراقر (قُرا۔ قِر)، (ع)، مذکر۔ پیٹ کے بولنے کی آواز۔ گُڑ گُڑ گُڑ گُڑاہٹ +

قراقر ہونا (ا)، پیٹ بولنا۔ پیٹ میں گُڑ گُڑ ہونا +

قِران (قِران)، (ع)، مذکر (۱)، نزدیکی۔ قُربت (۲)، دو ستاروں کا ایک بُرج میں جمع ہونا۔ لگن۔ گرہ +

قِران السَّعدَین (ع)، مذکر (۱)، دو اچھے ستاروں کا سنجوگ۔ نیک ساعت۔ نیک شگون (۲)، دو نیک یا اچھے آدمیوں کا اجماع +

قُرآن (قُر۔ آن)، (ع)، مذکر (۱)، کلام اللہ۔ وُہ کلام الٰہی جو جناب رسُول مقبول صلعم پر نازل ہُوا۔

قُرآن اُٹھانا۔ قرآن پر ہاتھ دھرنا یا رکھنا (ا)، قرآن شریف کو ہاتھ میں لے کر قسم کھانا +

قرآن پر قرآن رکھنے کا کیا مضایقہ (ا)، مثل۔ ہم رتبہ اشخاص باہم سب کچھ کر سکتے ہیں۔ یا ہم قوم میں شادی ہونا کچھ مضایقہ اور عیب نہیں رکھتا +

قرآن ٹھنٹھا کرنا (ا)، (۱)، کلام اللہ کو زمین پر گرا دینا (۲)، کلام مجید ہاتھ سے چھوٹ کر زمین پر گر پڑنا +

قرآن درمیان ہونا (ا)، قرآن کی قسم ہونا +

قرآن سر پر رکھنا (ا)، دیکھو "قرآن اُٹھانا"

قرآن کا جامہ پہننا (ا)، نیک پارسا اور لا مع اعتماد بننا +

قرآن کی مار (ا)، (عو) (دعائے بد) قرآن کی پھٹکار پڑے +

قرآن میں نام نِکلوانا (ا)، کسی مولود کا نام قرآن شریف میں دیکھ کر اس کے حرف اوّل کے مطابق رکھنا +

قرآن ہدیہ کرنا (ا)، (تعظیماً)، قرآن شریف فروخت کرنا +

قراوِل (قَرا۔ وُل)، (ت)، مذکر (۱)، بندوق سے شکار کھیلنے والا۔ بندوقچی (۲)، وُہ فوج جو لڑائی کے لئے جگہ مقرر کرنے کو آگے جاتی ہے (۳) بھیلیا۔ شکار کھلانے والا +

قرائن (قَرا۔ اِن)، (ع)، مذکر۔ قرینہ کی جمع +

قُرب (قُرب)، (ع)، مذکر (۱) پاس۔ نزدیکی (۲)، رشتہ۔ رشتہ داری +

قُربِ روحانی (ع)، مذکر۔ دلی نزدیکی۔ باطنی نزدیکی +

قُرب و جوار (ع)، مذکر گرد و نواح۔ آس پاس۔ ارد گرد۔ پاس پڑوس +

قُربان (قُر۔ بان)، (ع)، مذکر (۱)، وُہ چیز جو خدا تعالے کی راہ میں تصدق کی جائے۔ بھینٹ۔ صدقہ۔ تصدق (۲)، صدقے۔ بلہاری۔ نثار۔ فدا +

قربان جانا (ا)، (۱)، نثار ہونا۔ واری جانا۔ صدقے ہونا (۲)، عاشق ہونا۔ مرنا +

قربان کرنا (ا)، (۱)، تصدق کرنا۔ فدا کرنا۔ وارنا (۲)، ایک کلمۂ حقارت +

قربان کروں (ا)، (عو) کلمۂ تنفر۔ صدقے کروں۔ آگ لگاؤں +

قربان گاہ (ع۔ ف) قربان ہونے کی جگہ۔ مذبح۔ مقتل +

قربان ہونا (ا)، واری جانا۔ تصدق ہونا +

قربانی (ع۔ ف) مؤنث (۱)، ذبح۔ حلال (۲) عید الاضحیٰ کو بکرے یا دنبہ وغیرہ کا ذبح کرنا +

قربانی کرنا (ا)، راہِ خدا میں حلال چیز کو ذبح کرنا

قُربت (ع)، مؤنث (۱)، نزدیکی۔ پاس۔ قرابت۔ رشتہ +

قُرۃ العین (قُر۔ رَتُل۔ عَین)، (ع)، مذکر (۱)، وُہ چیز جس سے آنکھوں میں طراوت اور ٹھنڈک پیدا ہو (۲)، (مجازاً) پیارا بچہ۔ نورِ چشم +

قَرح (قَرح)، (ع)، (مذکر) زخم کرنا۔ گھاؤ کرنا +

قَرحہ (قَرحَہ)، (ع)، مذکر۔ جراحت۔ زخم +

قُرحہ (قُر۔ حَہ)، (ع)، مذکر (۱)، وُہ زخم جس میں پیپ پڑ گئی ہو۔ ناسور (۲)، پُرانا سوزاک۔ لا علاج سوزاک +

قرحہ پڑ جانا۔ یا۔ ہو جانا (ا)، زخم پڑ جانا۔ زخم میں پیپ پڑ جانا۔ ناسور ہو جانا گل جانا +

قُرشی (قُرشی)، (ع)، مذکر۔ "دیکھو قریشی" +

قُرص (قُرص) (ا)، مذکر (۱)، ٹکیا (۲)، گردا۔ گھیرا (۳)، گول مُدّور (۴)، دوا کی ٹکیا +

قَرض (قَرض)، (ع)، مذکر۔ اُدھار۔ دام مستعار۔ مانگا ہُوا +

قرض اُتارنا (ا)، کسی سے لیا ہُوا بیباق کرنا۔ آیا ہُوا چکانا +

قرض اُٹھانا (ا)، اُدھار لینا۔ مستعار لینا +

قرض ادا کرنا۔ یا۔ چکانا (ا)، اُدھار کا روپیہ بے باق کرنا۔ قرض چکانا +

قرضِ حسنہ (ع)، مذکر۔ بلا سود اور بلا میعاد قرض +

قرض خواہ (ع۔ ف)، مذکر۔ اُدھار دینے والا۔ لین دار +

قرض دار (ع ۔ ف) مذکر۔ اُدھار لینے والا۔ مقروض۔ دین دار ۔
قرض داری (ا) مؤنث۔ دین داری۔ قرض ۔
قرضہ (ع) مذکر۔ دین۔ اُدھار۔ قرض ۔
قرضہ تمسکی (ع ۔ ف) مذکر۔ تمسک کی رُو سے قرضہ ۔
قرضہ منقضی المیعاد (ع ۔ مذکر) وہ قرضہ جس کی میعاد گزر چکی ہو ۔
قرطاس (قِر۔طاس) (ع) مذکر۔ کاغذ۔ پتّر ۔
قرعہ (قُر۔عَہ) (ع) مذکر۔ پانسہ۔ کعبتین ۔
قرعہ پھینکنا ۔ یا ۔ ڈالنا (ا) پانسے کے ذریعے سے فال لینا۔ داؤ پھینکنا۔ چٹھی ڈالنا ۔
قُرق (قُرق) (ت) مذکر (ا) نگہبانی۔ نگرانی۔ محافظت (۲) روک۔ ممانعت ۔
قرق امین (ت ۔ ع) مذکر۔ ناظرِ عدالت ۔
قرق تحصیل (ت ۔ ع) مذکر۔ مال گزاری کے حصول کے لئے قرقی ۔
قرق کرنا (ا) (۱) ضبط کرنا (۲) کسی جرم یا قرضہ وغیرہ کی بابت کسی کے مال یا جائداد کو تحویل میں رکھنا ۔
قرق نامہ (ع) مذکر۔ ضبطی کا پروانہ ۔
قرقی (ا) مؤنث (۱) ضبطی۔ روک۔ ممانعت (۲) نگرانی ۔ محافظت ۔ روک ٹوک ۔
قرقی بٹھانا (ا) (۱) ضبطی کے مال پر پہرہ بٹھانا (۲) (عو) آنے جانے سے روکنا۔ آمد و رفت بند کرنا۔ ممانعت کرنا ۔
قرقی دار (ا ۔ ف) قرقی کرنے والا ۔
قرقی قبل فیصلہ (ا ۔ ع) مؤنث ۔ فیصلے سے پہلے کی اپنی کچی قرقی ۔
قرقی کا پروانہ (ا) مذکر۔ ضبطی کا وارنٹ۔ ضبطی نامہ ۔
قرم (قُرم) (ا) مذکر۔ قرساق کا مخفف۔ دیُوث۔ بھڑوا۔ میاں جی۔ رنڈیاں بلا لینے والا ۔
قرمز (قِر۔مِز) (ع) مذکر (۱) ایک چھوٹا سا کیڑا جس سے سُرخ ریشم رنگتے ہیں (۲) سُرخ۔ لال ۔
قرمزی (ع) سُرخ۔ لال ۔
قرمساق (ت) مذکر (۱) وہ شخص جو اپنی بیوی کو دُوسرے کے حوالے کردے۔ دیوث۔ بھڑوا (۲) (ا) نالائق۔ پاجی ۔
قَرن (قَرن) (ع) مذکر (۱) ستاروں کا ملاپ (۲) جُگ۔ دس بارہ ۔ تیس ۔ استی یا ۱۲۰ برس کا زمانہ (۳) (مجازاً) مُدّت مدید۔ عرصہ (۴) سینگ ۔
قرنا (قَر۔نا) (ع ۔ ف) مذکر۔ سینگ کا بگل۔ نرسنگا۔ تُرئی ترم۔ نفیری ۔

قرنبیق (قَرَم۔بیق) (ع) مذکر۔ عرق کھینچنے کا آلہ ۔
قرنطینہ (قُرَن۔طِی۔نَہ) (معرب) انگ۔ کوارنٹین۔ (Quarantine) مؤنث۔ طبّی قید۔ وہ میعاد جب مسافروں یا وَبا زدہ جانوروں یا بیماروں کو جبراً سب سے علٰحدہ رکھا جائے تاکہ بیماری پھیلنے نہ پائے ۔
قرنفل (قَرَن۔فُل) (ع) مذکر۔ لونگ ۔
قرولی (قَرَو۔لی) (ا) مؤنث (۱) شکاری کا چاقو (۲) پہرہ دار۔ چوکیدار۔ محافظ (۳) راجپوتانہ میں ایک ریاست ۔
قریب (قَریب) (ع) (۱) نزدیک۔ پاس۔ متصل۔ لگ بھگ۔ تقریباً ۔
قریب الاختتام (ع) پورا یا ختم ہو جانے کے لگ بھگ۔ عنقریب ختم ہونے والا ۔
قریب الفہم (ع) جلدی سے سمجھ میں آجانے والا۔ قریب العقل ۔
قریب القیاس (ع) جلد قیاس میں آجانے والا۔ قرینِ عقل ۔
قریب مرگ (ا) مرنے کے قریب پہنچا ہوا۔ کوئی دم کا مہمان ۔
قریب الوقوع (ع) عنقریب ظاہر اور واقع ہونے والا ۔
قریب قریب (ا) (۱) پاس پاس۔ نزدیک نزدیک۔ (۲) ملتا جلتا۔ لگ بھگ ۔
قُریش (قُرَیش) (ع) مذکر۔ عرب کا ایک مشہور اور ذی عزت قبیلہ۔ پیغمبر خدا صلعم اسی قبیلہ سے تھے ۔
قُریشی (ع) قبیلۂ قریش کا۔ شیخ قریش ۔
قرین (قَرِین) (ع) (۱) قریب۔ پاس۔ نزدیک (۲) لاحق۔ ملحق (۳) مثل۔ مانند۔ نظیر۔ مشابہ (۴) (مذکر) پاس رہنے والا۔ ہم نشین۔ ہم صحبت ۔
قرینہ (قَرِی۔نَہ) (ع) مذکر (۱) مناسبت (۲) ڈھنگ۔ طرز۔ روش۔ طور۔ طریق (۳) سلیقہ۔ سجاوٹ۔ ترتیب (۴) قیاس۔ قیافہ ۔
قرینہ بقرینہ (ع) ترتیب وار۔ موزونیت کے ساتھ ۔
قرینے سے (ا) (۱) ڈھنگ سے۔ ترتیب سے (۲) اندازے سے۔ قیافے سے۔ قیاس سے ۔
قرینے سے لگانا (ا) ڈھنگ سے رکھنا۔ بالترتیب رکھنا۔ جوڑ کر خوش اسلوبی سے رکھنا ۔
قریہ (قَر۔یَہ) (ع) مذکر۔ گاؤں ۔

ق-ز

قَزّاق (قَز-زاق)(ت) مذکر۔ راہزن۔ لُٹیرا۔ غارت گر ✦

قزّاقِ اَجل (ت-ع) مذکر۔ ملک الموت۔ موت کا فرشتہ۔ قابضِ ارواح ✦

قَزّاقی (ت) مؤنث۔ راہزنی۔ لُوٹ مار۔ غارت گری ✦

قزح (قُزَح)(ع) مؤنث (۱) ایک فرشتہ جو ابر کا موکل ہے (۲) بقول صاحب برہان شیطان چنانچہ اسی وجہ سے قوسِ قزح کو کمانِ شیطان کہتے ہیں ✦

قِزِل ارسلان (ت) مذکر۔ خاندانِ سلجوق کا ایک بادشاہ ✦

قِزِل باش (ت) مذکر (۱) سُرخ ٹوپی والی ایرانی فوج (۲) (اصطلاحاً) ایران و افغانستان کے شیعہ لوگ (۳) مغلوں کی ایک قوم جس کا پیشہ سپہ گری تھا ✦

ق-س

قَسّام (قَس-سام)(ع) مذکر۔ تقسیم کرنے والا ✦

قسّامِ ازل (ع) مذکر (کنایۃً) خدائے تعالیٰ ✦

قساوت (قَسا-وَت)(ع) مؤنث۔ سخت دلی۔ بے رحمی۔ سنگدلی ✦

قساڈا (قَسا-ڈا)(ا) مذکر۔ قصائی کا بیٹا ✦

قسائن (قَسا-اِئن)(ا) مؤنث (۱) قصاب کی عورت (۲) ظالم۔ بے رحم ✦

قسائی (قَسا-ای)(ا) مذکر (۱) قصاب۔ گوشت فروش۔ ذبح کرنے والا (۲) بے رحم۔ سنگدل۔ ظالم ✦

قسائی بچّا کبھی نہ سچّا جو سچّا سو لُچّا (ا) مثل۔ قصائی کی بات کا اعتبار نہیں۔ یہ دوست کو سب سے بُرا مال دیتا ہے ✦

قسائی کی بیٹی دس برس کی عمر میں بچّہ جنتی ہے۔ (ا) مثل۔ اس مثل میں یہ دکھایا گیا ہے کہ نشو و نما اور بڑھاؤ صحت اور عمدہ کھانے پر منحصر ہے۔ چنانچہ اسی عمدہ غذا کے باعث علی العموم قصائی کی بیٹی جلد بالغہ اور صاحبِ اولاد ہو جاتی ہے ✦

قسائی کی گھاس کو کُتّا کھا جائے؟ (ا) مثل بطور تعجب کہا جاتا ہے کہ زبردست کے مال پر زیردست کیونکر قابض ہو سکتا ہے؟

قسائی کے کھونٹے سے بندھنا (ا) (۱) بے رحم اور ظالم خاوند کے پلّے بندھنا (۲) مہلک جگہ اور جان جوکھوں

کے موقع پر چلے جانا ✦

قِسط (قِسط)(ع) مؤنث (۱) حصّہ۔ جزو۔ ٹکڑا (۲) بانٹ (۳) وہ روپیہ جو تھوڑا تھوڑا کر کے حسب اقرار ادا کیا جائے ✦

قسط بہ قسط (ع-ف) بانٹ کے ساتھ۔ ہر قسط کے ساتھ۔ بالاقساط ✦

قسط خلافی (ع-ف) مؤنث۔ ادائے قسط میں وعدہ خلافی ✦

قِس علیٰ ہٰذا (قِس-عَلا-ہا-ذا)(ع) اسی پر قیاس کرو ✦

قَسَم (قَسَم)(ع) مذکر۔ سوگند۔ حلف ✦

قسم اتارنا (ا) عہد پورا کرنا۔ وعدہ وفا کرنا ✦

قسم توڑنا (ا) عہد کے خلاف کرنا۔ قول و اقرار پر نہ رہنا ✦

قسم دلانا۔ قسم دینا۔ یا۔ قسم کھلانا (ا) حلف اٹھوانا۔ عہد لینا۔ قول لینا ✦

قسم کھانا (ا) (۱) عہد کرنا۔ قول دینا (۲) صاف انکار کرنا۔ (۳) حلف اُٹھانا ✦

قسم کھانے کو بات یا جگہ رہے (ا) قسم کھانے کا تو موقع مل جائے ✦

قسم کھانے ہی کے لئے ہے (ا) مثل۔ بے ایمانوں اور دغا بازوں کا مقولہ ہے کہ قسم صرف کھانے ہی کو بنی ہے عمل کو نہیں ✦

قسم لینا (ا) (۱) عہد لینا۔ اقرار کرنا (۲) حلف اٹھوانا۔ خدا کو درمیان لانا ✦

قسم ہونا (ا) (۱) عہد ہونا (۲) مطلق انکار ہونا (۳) بالکل ترک ہونا ✦

قِسم (قِسم)(ع) مؤنث (۱) حصّہ۔ ٹکڑا۔ جزو (۲) جنس۔ نوع (۳) طور۔ طریق۔ ڈھنگ۔ طرز (۴) بانٹ۔ تقسیم ✦

قِسم وار (ا) جنس وار۔ حصّے وار ✦

قِسمت (قِس-مَت)(ع) مؤنث (۱) حصّہ۔ جزو۔ مقسوم۔ تقسیم کیا ہُوا (۲) تقدیر۔ بھاگ۔ نصیب۔ مقدر۔ بخت۔ (۳) صوبہ۔ کمشنری۔ احاطہ۔ پرگنہ۔ ضلع۔ علاقہ ✦

قسمت آزمائی (ع-ف) مؤنث۔ امتحانِ تقدیر۔ تقدیر آزمائی ✦

قسمت آزمائی کرنا (ا) نصیبے کا امتحان کرنا۔ تقدیر کی آزمائش کرنا ✦

قسمت اُلٹنا

قسمت بگڑنا (ا) نصیبے کا خلاف ہو جانا۔ نحوست اور شامت کا آ جانا ✦

قسمت پھرنا (ا) نصیبا جاگنا۔ بھلے دن آنا۔ دن پھرنا ✦

قسمت پھوٹنا (ا) بُرے دن آنا۔ تقدیر بگڑنا ✦

قسمت جاگنا (ل) دیکھو (قسمت پھرنا)
قسمت چمکنا (ل) نصیبا جاگنا۔ اقبال کا سامنے آنا۔
قسمت سے (ل) خوش نصیبی سے خوش تقدیری سے ۔
قسمت کا پھیر (ل) مذکر۔ بدبختی۔ بداقبالی۔ اِدبار۔
قسمت کا دھنی (ل) اقبال مند۔ صاحب نصیب۔ تقدیروالا۔
قسمت کا لکھا (ل) مذکر۔ ماتھے کا لکھا۔ نوشتۂ تقدیر۔
قسمت کا لکھا پورا ہونا (ل) (۱) مقسوم کا لکھا پیش آنا۔ مصیبت کا پیش آنا (۲) شامت آنا (۳) تقدیر بگڑنا۔ نصیبا پھوٹنا۔
قسمت کا ہیٹا (ل) مذکر۔ بدنصیب۔ بدبخت۔ منحوس۔
قسمت کرنا (ل) بانٹنا۔ تقسیم کرنا۔
قسمت کھلنا (ل) (۱) بھاگ جاگنا۔ دن پھرنا (۲) شادی ہونا بیاہا جانا۔
قسمت لڑنا (ل) (۱) تقدیر کا یاور اور موافق ہونا۔
قسمت والا (ل) (۱) خوش نصیب۔ صاحب اقبال۔ بھاگوان۔
قسمیہ (ع) از رُوئے قسم۔ قسم کھاکر۔
قسمیہ ہونا (ل) قسما قسمی ہونا۔ عہد و پیمان ہونا۔
قسیس (قِس۔ سِیس) (ع) مذکر۔ دین نصاریٰ کا عالم۔
قسیم (قَسِیم) (ع) مذکر۔ تقسیم کرنے والا۔

ق ش

قشر (قِشر) (ع) مذکر۔ چھلکا۔
قشعریرہ (قَشَع۔ رِی۔ رَہ) (ع) مذکر۔ رونگٹے کھڑے ہونا۔
قشقہ (قَش۔ قَہ) (ف) مذکر۔ تلک۔ ٹیکا۔ صندل وغیرہ کا نشان جو ہندو لوگ ماتھے پہ لگاتے ہیں۔
قشون (قُشُون) (ت) مذکر (۱) فوج کا دستہ۔ فوج (۲) چھاؤنی کیمپ۔

ق ص

قصاب (قَص۔ صَاب) (ع) مذکر۔ ذبح کرنے والا۔ کاٹنے والا۔ بوچڑ۔ قسائی۔
قصابہ (ع) مذکر (۱) قصائی کا پیشہ (۲) قصائی کی جورو۔
قصابہ (قَصَا۔ بَہ) (ع) مذکر۔ عورتوں کا سر پہ باندھنے کا رومال۔
قصار (قَص۔ صَار) (ع۔ مذکر) دھوبی۔
قصاص (ع) (۱) جان کے عوض جان اور خون کے بدلے خون (۲) جزا۔ مکافات۔ بدلہ۔ انتقام۔ عوض۔

قصاص لینا (ل) خون کا بدلہ لینا۔ انتقام لینا۔
قصائد (قصا۔ اِد) (ع) مذکر قصیدہ کی جمع۔
قصائی (قصا۔ ای) (ل) مذکر۔ دیکھو قسائی۔
قصبات (قَصَبَات۔ قَص۔ بَات) (ع) مذکر۔ قصبہ کی جمع۔ چھوٹے شہر۔
قصباتی (ل) (۱) قصبے کا رہنے والا۔ قصبہ سے متعلق۔
قصبہ (قَصَبَہ۔ قَص۔ بَہ) (ع۔ مذکر) چھوٹا شہر۔ نگری۔
قصد (قَصد) (ع) مذکر (۱) ارادہ۔ نیت۔ عزم (۲) (ل) منشاء۔ مقصد۔ عندیہ۔ مطلب۔ مرضی۔ خواہش (۳) (ل) سعی۔ کوشش۔ پیشقدمی۔ اقدام۔
قصد کرنا (ل) ارادہ کرنا۔ نیت کرنا۔
قصداً (ع) ارادۃً۔ جان بوجھ کر۔ دیدہ و دانستہ۔
قصر (قَصْر) (ع، مذکر) (۱) کمی۔ تخفیف۔ اختصار (۲) محل۔ ایوان۔ مکان۔ حویلی (۳) وہ نماز جو مسافرت کی حالت میں معینہ رکعتوں سے کم کرکے پڑھی جائے۔
قصص (قَصَص) (ع) (۱) حکایت کرنا (۲) مذکر۔ قصہ کا اسم جمع۔
قِصص (قِصَص) (ع۔ مذکر) قصہ کی جمع۔ کہانیاں۔
قصور (قُصُور) (ع) مذکر۔ خطا۔ بھول۔ تقصیر۔ غلطی۔
قصورمند / قصوروار } (ع۔ ف) تقصیروار۔ خطادار۔ گنہگار۔
قِصہ (قِص۔ صہ) (ع) مذکر (۱) کہانی۔ حکایت۔ داستان۔ افسانہ (۲) ذکر۔ بیان (۳) لڑائی۔ جھگڑا۔ قضیہ۔ بکھیڑا۔
قِصہ انفصال ہونا (ل) (۱) دیکھو (قصہ فیصل ہونا) (۲) بڑھانا قصے کو طول دینا۔ داستان کو طوالت سے بیان کرنا۔ (۳) جھگڑے کو طول دینا۔ قضیہ بڑھانا۔
قِصہ پاک کرنا (ل) (۱) جھگڑا طے کرنا۔ قضیہ چکانا (۲) قتل کر ڈالنا۔ مار کر تمام کرنا (۳) قرضہ نمٹانا۔
قِصہ پاک ہونا (ل) (۱) جھگڑا چکنا (۲) عذاب دور ہونا۔ (۳) قرضہ ادا ہونا (۴) مرجانا۔
قِصہ تمام کرنا (ل) (۱) داستان پوری کرنا (۲) کام تمام کرنا۔ عذاب دور کرنا۔
قصہ تمام ہونا (ل) (۱) جھگڑا چکنا۔ تصفیہ ہونا۔ عذاب دور ہونا (۲) کام تمام ہونا۔ جان نکلنا۔
قِصہ چکا دینا۔ یا۔ چکانا (ل) جھگڑا طے کردینا۔ فیصلہ کردینا۔
قِصہ چکنا (ل) (۱) جھگڑا طے ہونا۔ تکرار دور ہونا (۲) عذاب دور ہونا۔ کام تمام ہونا۔

قصّہ خواں (ع - ف) مذکر - داستان گو - افسانہ خوان ناقل ۔
قصّہ خوانی (۱) مؤنث (۱) داستان گوئی - قصّہ سنانا (۲) پشاور کا ایک بازار ۔
قصّہ فیصل ہونا (۱) (۱) انفصال ہونا - قصّہ نمٹنا - جھگڑا چکنا (۲) کام تمام ہونا ۔
قصّہ کرنا (۱) (۱) جھگڑا ٹنٹا کرنا (۲) تکرار کرنا ۔
قصّہ کوتاہ (ع - ف) الحاصل - الغرض - حاصلِ کلام پس - فقط - بس ۔
قصّہ کوتاہ کرنا (۱) جھگڑا طے کرنا - معاملہ فیصل کرنا ۔
قصّہ کہانی (۱) مؤنث - افسانہ و حکایت - ذکر اذکار - داستان گوئی ۔
قصّہ مختصر (ع) دیکھو (قصّہ کوتاہ) ۔
قصّہ مختصر کرنا (۱) بات نہ بڑھانا - کلام کو طول نہ دینا ۔
قصّہ مختصر ہونا (۱) (۱) خاتمہ ہونا (۲) کام تمام ہونا (۳) عذاب دور ہونا ۔
قصّہ مول لینا (۱) جھگڑا خریدنا - جان کو روگ لگانا - بکھیڑے میں پڑنا ۔
قصّہ یکسو ہو جانا (۱) قصّہ طے ہو جانا ۔
قصیدہ (قَصِی - دَہ) (ع) مذکر (۱) لغوی معنی، ٹھوس اور بھرا ہوا مغز یا دماغ یعنی پُر مغز (۲) (اصطلاحاً) وہ نظم جو کسی کے لئے مدح یا ذم کے ارادہ سے کہی جائے اور اس کے اوّل شعر کے دونوں مصرعے دوسرے شعروں کے مصرعہائے دوم سے ہم قافیہ ہوں - یہ کم سے کم پندرہ شعر کا ہوتا ہے - زیادہ کی کچھ قید نہیں - قصیدے میں چند امور کا لحاظ رکھنا ضروری ہے مثلاً اوّل تشبیب یعنی تمہید - دوم گریز - یعنی تمہید سے مضمون کا مدح کی طرف دوڑنا - سوم تعریف ممدوح - چہارم حسن طلب - پنجم دُعا ۔

ق ض

قضا (قَضَا) (ع) مؤنث (۱) حکم - حکمِ خدا - مشیّت ایزدی - فرمانِ الٰہی (۲) تقدیر - قسمت (۳) موت - وفات - اجل - (۴) وہ عبادت جو مقررہ وقت کے بعد ادا کی جائے - جیسے نماز قضا کر کے پڑھنا ۔
قضا پڑھنا (۱) چھوٹی ہوئی نماز کو ادا کرنا ۔
قضا پھڑ پھڑاتی ہے (۱) موت قریب ہے ۔
قضا سر پر کھیلنا (۱) موت کا سر پر منڈلانا ۔
قضا عِندَ اللہ (ع) دیکھو (قضا (۱)) ۔
قضا را (ع - ف) اتفاقاً ۔
قضا کا فرشتہ (۱) مذکر - موت کا فرشتہ - مَلَکُ الموت ۔
قضا کا مارا (۱) اجل رسیدہ - مرنے جوگا ۔
قضا کرنا (۱) (۱) مذہبی فرض یا واجب کا وقت مقررہ پر ادا نہ کرنا (۲) مرنا - انتقال کرنا ۔
قضا نے گھر دیکھ لیا (۱) قضا کے آنے کا رستہ کھل گیا ۔
قضا و قدر (ع) مذکر - وہ حکم جو خدا تعالیٰ نے ازل میں کل کائنات کی نسبت لگا دئے ہیں ۔
قضا ہونا (۱) گذرنا - روزے یا نماز کا وقت پر ادا نہ ہونا ۔
قضائے الٰہی سے مرنا (۱) اپنی موت سے مرنا - اپنی آئی سے مرنا ۔
قضائے حاجت کرنا (۱) پاخانہ پھرنا - ٹٹی جانا ۔
قضائے عمری (ع) مؤنث - وہ نماز جو ہر وقت کے فرضوں کے ساتھ معمول سے زیادہ ہر روز کی قضا شدہ نمازوں کے عوض میں شامل ہو جانے کے لئے بقیہ عمر میں پڑھتے ہیں ۔
قضاء کار (ع - ف) دیکھو (قضا را) ۔
قضائے مُبرم (ع) مؤنث (۱) نہ ٹلنے والا حکم (۲) وہ موت جو کسی طرح نہ ٹلے ۔
قضات (قُضَات) (ع) مذکر - قاضی کی جمع ۔
قضایا (قَضَا - یا) (ع) مذکر (۱) قضیہ کی جمع - عبارت کے جملے اور فقرے (۲) جھگڑے - مباحثے (۳) احکام باہم خبریں ۔
قضیب (قَضِیب) (ع) مذکر (۱) کٹی ہوئی شاخ (۲) تیز تلوار (۳) (مجازاً) عضو تناسل - ذکر - اندری ۔
قضیہ (قَضِی - یَہ) (۱) (۱) بحث - تکرار - جھگڑا - فساد (۲) نالش - مقدمہ (۳) (ع) جملہ فقرہ - عبارت کا ٹکڑا ۔
قضیہ کرنا (۱) جھگڑا کرنا - تکرار کرنا ۔
قضیہ مول لینا (۱) دوسرے کے جھگڑے میں پڑنا ۔

ق ط

قط (قَط) (ع) مذکر - تراشنا یا کاٹنا - قلم کی نوک کو کاٹنا ۔
قط زن (ع - ف) مذکر - وہ لکڑی یا کسی اور چیز کی بنی ہوئی قط گیر (چپٹی جس پر قلم رکھ کر اس کی نوک کاٹتے ہیں ۔
قط لگانا (۱) قلم کے سر کو روانی کے لئے تراشنا ۔
قطار (قِطَار) (ع) مؤنث (۱) سیدھی اور لمبی صف (۲) پرا - ٹکڑی - ڈار (۳) سلسلہ - ترتیب ۔
قطار باندھنا (۱) سلسلہ باندھنا - صف باندھنا - صف بستہ کرنا - پرا جمانا ۔

قُطّاع (قُطْ-طَاع) (ع) مذکر۔ قاطع کی جمع۔ کاٹنے والے ٭

قُطّاع الطّریق (ع) مذکر۔ دھاڑی۔ راہ زن۔ رستہ لُوٹنے والے ٭

قطاعِ دائرہ (قِطَا-عِ-دَا-اِرَہ) (ع) مذکر (اقلیدس) دائرے کا وُہ حصّہ جو دو نصف قطروں اور قوس کے کسی حصّہ سے گھِر گیا ہو ٭

قطّامہ (قَطْ-طَا-مَہ) (ع) مؤنث (۱) چھنال۔ فاحشہ عورت۔ بے غیرت عورت۔ کٹنی۔ بیسو (۲) حرامزادی ٭

قُطب (قُطْب) (ع) مذکر (۱) وُہ کیل جس پر چکّی پھرتی ہے (۲) سردار قوم (۳) شمال وجنوب کا وُہ ستارہ اور جنوبی یا شمالی نقطہ جو ہمیشہ ساکن رہتا ہے (۴) وُہ ولی اللہ جس پر کسی مُلک کے انتظام اور نگہبانی کا مدار ہوتا ہے ٭

قطب تارہ (ع) مذکر۔ وُہ جنوبی یا شمالی چھوٹا سا نہایت روشن تارا جو ہمیشہ ساکن اور ایک جگہ قائم رہتا ہے ٭

قطبِ جنوبی (ع) مذکر (۱) دکھنی تارا جو جنوبی بحرِ منجمد پر واقع ہے (۲) زمین کے محور کا وُہ نقطہ جو دکھن کی طرف ہے ٭

قطبِ شمالی (ع) مذکر (۱) اُتّر تارا جو شمالی بحرِ منجمد پر واقع ہے (۲) زمین کے محور کا وُہ نقطہ جو اُتّر کی طرف ہے ٭

قطب نما (ع-ف) مذکر۔ قطب کی سمت معلوم کرنے کا آلہ۔ کمپاس ٭

قُطبی (ع-ف) قطب سے متعلق ٭

قُطبین (ع) مذکر۔ دونوں قطب یعنی قطب شمالی وجنوبی ٭

قُطر (قُطْر) (ع) مذکر (۱) طرف۔ سمت۔ کنارہ (۲) وُہ خطِ مستقیم جو دائرے کے مرکز پر گذر کر اس کے دو برابر حصّے کرے اور محیط تک برابر چلا جائے ٭

قطرات (قَطْ-رَات) (ع) مذکر۔ قطرہ کی جمع۔ بوندیں ٭

قطرہ (قَطْ-رَہ) (ع) مذکر۔ بُوند۔ پانی یا کسی رقیق چیز کی بُوند۔ نہایت کم مقدار چیز۔ بُوند کے برابر ٭

قطرہ آنا (۱) مُوت کی بُوند ٹپکنا۔ بلا ارادہ پیشاب کی بُوند نکل پڑنا ٭

قطع (قَطْع) (ع) مذکر (۱) تراش۔ کاٹ (۲) حصّہ۔ ٹکڑا۔ جُزو (۳) (۱) طور۔ طریق۔ ڈھنگ۔ طرز۔ انداز ٭

قطع تعلق کرنا (۱) ترک ملاقات یا دوستی کرنا۔ کچھ لگاؤ نہ رکھنا۔ چھوڑنا ٭

قطع کرنا (۱) کاٹنا۔ تراشنا (۲) چھوڑنا۔ القط کرنا ٭

قطع کلام کرنا (۱) بات کاٹنا۔ کسی کی بات پوری ہونے سے پہلے اپنی بات کہنے لگنا ٭

قطع نظر (ع) (۱) سوا۔ اس کے سوا۔ بجز۔ غیر۔ بن (۲) اس پر بھی۔ تاہم۔ بہر صورت ٭

قطع وبُرید (ع-ف) مؤنث۔ تراش خراش۔ کانٹ چھانٹ ٭

قطع ہونا (۱) (۱) کٹنا۔ ترشنا (۲) کپڑے کا چھانٹا جانا۔ (۳) فیصلہ ہونا۔ نبٹنا ٭

قطعاً (ع) (۱) ضرور۔ یقیناً (۲) ہرگز ٭

قطعہ (قِطْ-عَہ) (ع) مذکر (۱) ٹکڑا۔ حصّہ۔ جُزو (۲) پُرزہ۔ پرچہ (۳) سرزمین۔ خِطّہ۔ مُلک (۴) مطلع کے سوا ایک متفق المضمون نظم جو دو شعروں سے کم نہ ہو ٭

قِطعہ بند (ع-ف) مذکر۔ وہ اشعار جن کے معانی متصل کا شعر ملائے بغیر تمام نہ ہوں۔ بلکہ بے نتیجہ رہیں ٭

قطعی (قَطْ-عِی) (ع) (۱) بالمقطع (۲) ضرور۔ یقینی۔ واقعی (۳) اخیر۔ ناطق۔ کامل (۴) درحقیقت۔ بیشک ٭

قطعی گز (۱) مذکر۔ درزیوں کا وُہ گز جس سے کپڑا ناپ کر قطع کرتے ہیں ٭

قِطمیر (قِطْ-مِیر) (ع) مذکر (۱) اصحاب کہف کا کتّا (۲) کھجور یا چھوارے کی گٹھلی پر کی پتلی جھلّی (۳) (کنایۃً) بہت چھوٹا۔ ذرا سا۔ نہایت قلیل ٭

ق-ع

قَعدہ (قَعْ-دَہ) (ع) مذکر (۱) بیٹھنا (۲) نماز میں التحیات پڑھتے وقت بیٹھنا ٭

قعر (قَعْر) (ع) مذکر۔ عمق۔ تھاہ۔ گہرائی ٭

قعود (قُعُود) (ع) مذکر۔ سجود کا نقیض۔ بیٹھک۔ قعدہ۔

ق-ف

قفا (قَفَا) (ع) مؤنث (۱) پشت گردن۔ گدّی۔ منکا (۲) (مجازاً) پیچھے۔ پس پشت ٭

قفس (قَفَس) (ف) مذکر (۱) پرندوں کا پنجرا۔ کابک (۲) (مجازاً) قالب خاکی۔ جسم (۳) (۱) (عو) قید۔ قیدخانہ ٭

قفقاز (قَفْ-قَاز) (ت) مذکر۔ کوہ قاف کا علاقہ جنوبی یورپی روس ٭

قُفل (قُفْل) (ع) مذکر۔ تالا ٭

قفلِ ابجد (ع) مذکر۔ ایک قسم کا قفل جس میں حروف لکھے ہوتے ہیں۔ انھیں ترتیب کے ساتھ ملا دینے سے دفعۃً کھُل جاتا ہے اور جب گڈ مڈ کر دیتے ہیں تو بند ہو جاتا ہے ٭

قفل توڑنا (ف) (۱) تالا توڑنا (۲) چوری کرنا ◆
قفل کا جھوٹا ہونا (ف) قفل کا ایسا ناقص ہونا کہ کنجی کے بغیر کھل سکے ◆
قفل لگانا (ف) (۱) تالا بند کرنا (۲) مکان بند کرنا۔ مکان پر قبضہ کرنا ◆
قُفلی (قُف۔ لی) (ا) مؤنث (۱) ڈھکنے والا ظرف جو ایک دوسرے میں آکر پھنس جاتا ہے (۲) ٹین کی وہ شام جیسی چیز جس میں برف ملائی بھرتے ہیں۔ قلفی ◆

ق ق

قُقنُس (قُق۔ نُس) (یونانی) مذکر۔ ایک نہایت خوشرنگ اور خوش آواز پرند۔ علم موسیقی اسی سے نکلا ہے۔ موسیقار ◆

ق ل

قُل (قُل) (ا) مذکر۔ فاتحہ سوم۔ تیجا۔ ختم۔ پھول ◆
قُل اَعُوذِی۔ قُل اَعُوذیہ (ف) (۱) مکڑ (۲) ملا ◆
قُل ھُوَ اللہ پڑھنا (ف) (۱) آیت قُل ھُوَ اللہ پڑھنا (۲) بھوک کے مارے جان نکلنا ◆
قُل ہو جانا (ا) ماتم ہو جانا۔ فاتحہ ہو جانا (۲) مرنے کے قریب پہنچنا۔ خاتمہ ہو جانا ◆
قُل ہونا (ف) (۱) عُرس ہونا۔ ختم ہونا (۲) فاتحۂ سوم ہونا۔ پھول ہونا۔ کام تمام ہونا ◆
قلابازی (قَل۔ با۔ زِی) (ا) مؤنث۔ کرتب۔ کھیل۔ سر نیچے پاؤں اوپر کرکے لڑھکنیاں لینا ◆
قلابازی کھانا (ف) (۱) سر نیچے پاؤں اوپر کرکے لوٹنا۔ (۲) بھوک کے مارے لوٹنے پوٹنے پھرنا ◆
قُلّابہ (قُل۔ لا۔ بَہ) (ع) مذکر (۱) مچھلی پکڑنے کا کانٹا (۲) کنڈا۔ کڑی۔ حلقہ ◆
قلاّچ (قَل۔ لاچ) (ا) (۱) لُچا۔ شہدا۔ بے غیرت (۲) مفلس
قلاش (قَل۔ لاش) } غریب۔ کنگال ◆
قلادہ (قِلا۔ دَہ) (ع) مذکر (۱) گلوبند (۲) کُتّے وغیرہ کا پٹہ ◆
قلاقنا (قُلاق۔ نا) (ف) (عو) آوازہ کسنا۔ بنانا۔ مذاق کرنا ◆
قلاقند (قَلا۔ قَند) (ا) (مذکر و مؤنث) ایک قسم کی مٹھائی ◆
قلانچ (قَلا۔ نچ) (ا) مؤنث (۱) کپڑا ناپنے کا گز جو دو ہاتھ کا ہوتا ہے (۲) گھوڑے کا کودنا۔ چوکڑی۔ چھلانگ ◆

قَلانچیں (ا) مؤنث۔ قلانچ کی جمع۔ چھلانگیں۔ چوکڑیاں زقندیں ◆
قَلانچیں بھرنا (ف) چوکڑیاں بھرنا۔ زقندیں لگانا ◆
قَلب (قَلب) (ع) مذکر (۱) اُلٹا ہُوا۔ اوندھا (۲) دل۔ من۔ ضمیر (۳) وسط۔ درمیان۔ فوج کا درمیانی حصہ (۴) کھوٹا سکہ (۵) گری۔ گودا (۶) چپ۔ راست کا نقیض ◆
قلب ساز (ع۔ ف) مذکر۔ کھوٹا اور جعلی سکہ بنانے والا ◆
قلب سازی (ع۔ ف) مؤنث۔ جھوٹا سکہ بنانا۔ کھوٹ ملانا ◆
قلبہ (قُل۔ بَہ) (ع) مذکر۔ ہل۔ کاشت ◆
قلبہ رانی (ع۔ ف) مؤنث۔ ہل چلانا۔ کاشت کرنا۔ کھیت جوتنا ◆
قَلبی (ع) (۱) دلی۔ جانی (۲) کھوٹا۔ جعلی ◆
قَلپاق (قَل۔ پاق) (ت) مذکر۔ کلاہ۔ ٹوپی ◆
قِلّت (قِل۔ لَت) (ع) مؤنث (۱) کمی۔ تھوڑا ہونا۔ کمیابی (۲) (ا) دقت۔ مشکل۔ دشواری ◆
قلتبان (قَل۔ تَبان) (ع) مذکر۔ دیوث۔ بھڑوا۔ قرمساق۔ وہ شخص جو اپنی عورت کو دوسروں کے پاس بھیجے ◆
قُلّتین (قُل۔ لَتَین) (ع) مذکر (۱) دو مٹکے جن میں بیس من مقدار کا پانی سما سکے۔ یہ شافعیوں کے نزدیک پاک یعنی دہ در دہ کا حکم رکھتا ہے (۲) (ا) مکروہ۔ خراب۔ ناپاک گندہ (۳) (ا) مستعمل (۴) کسبی۔ فاحشہ ◆
قلتین کرنا (ف) ناپاک کرنا۔ گندہ کرنا۔ نجس کرنا ◆
قُلزم (قُل۔ زُم) (ع) مذکر (۱) ایک مشہور بحیرہ جو عرب اور مصر کے مابین واقع ہے (۲) نہایت گہرا و عمیق سمندر ◆
قلع (قَلع) (ع) مذکر۔ گرانا۔ ڈھانا۔ بیخ کنی ◆
قلع و قمع (ع) مذکر۔ توڑ پھوڑ۔ مسماری ◆
قلعہ (قَل۔ عَہ) (ع) مذکر۔ حصار۔ وہ سنگین اور محفوظ عمارت جس میں بادشاہ۔ حاکم یا فوج رہے۔ کوٹ۔ گڑھ۔ کوٹھ ◆
قلعہ باندھنا (ف) (۱) دمدمہ بنانا (۲) فوج کا حصار باندھ کر کھڑا ہونا ◆
قلعہ دار (ع۔ ف) مذکر۔ قلعہ کا افسر۔ کمیدان۔ محافظ قلعہ ◆
قلعہ شکن توپ (ا) مؤنث۔ بڑی بھاری توپ جس سے قلعہ کی دیواریں توڑتے ہیں ◆
قلعی (قَل۔ عی) (ع) مؤنث (۱) رانگ۔ رانگا (۲) سفیدی۔ مکان پر پھیرنے کا چونا۔ کھانے کا چونہ (۳) (ا) ملمع۔ گلٹ۔ روغن وارنش۔ جلا (۴) (ا) ظاہری ٹیپ ٹاپ اور چمک دمک ◆
قلعی اتر جانا (ف) رنگ کا ملمع اتر جانا۔ تانبا نکل آنا ◆
قلعی کا چونہ (ا) مذکر۔ پتھر کا چونہ۔ سفیدی ◆

قلعی کا کُشتہ (ا)، مذکر۔ مارا ہُوا رانگ +

قلعی کرنا (ا)، (۱) برتنوں پر رنگ چڑھانا۔ رانگ کا ملمع کرنا۔ (۲)، سفیدی پھیرنا۔ وارنش کرنا +

قلعی کُھل جانا (ا)، (۱) ملمع اُتر جانا۔ اصلی حالت دکھائی دینے لگنا (۲) بھید کُھل جانا (۳) اصلیت معلوم ہو جانا۔ (۴) شیخی کرکری ہو جانا +

قلعی کُھلنا (ا)، پوشیدہ عیب ظاہر ہو جانا۔ بھید پُھوٹنا +

قلعی کھولنا (ا) پوشیدہ عیب ظاہر کرنا۔ راز افشا کرنا +

قلعی گر (ع - ف)، مذکر۔ تانبے کے برتنوں پر رانگ کا ملمع کرنے والا +

قلفا (قُل - فا)، (ا)، مذکر (ع)، خُرفہ +

قلفی (قُل - فی) (ا)، مؤنث۔ دیکھو (قفلی)

قلق (قَلَق) (ع)، مذکر (۱)، بے قراری۔ اضطراب۔ بے چینی۔ گھبراہٹ (۲)، (ا)، غم و اندوہ۔ سوچ۔ فکر (۳)، (ا)، (ع)، حسرت افسوس۔ پچھتاوا +

قلق گذرنا۔ یا۔ ہونا (ا)، (۱) ناگوار گذرنا۔ بُرا لگنا (۲)، رنج ہونا۔ افسوس ہونا +

قلقاری (قِل - قا - ری) (ا)، مؤنث۔ بے زبان بچوں کی ہنسی جو آواز کے ساتھ ہو +

قلقاریاں مارنا (ا)، بے زبان بچوں کا آواز کے ساتھ ہنسنا +

قلقل (قُل - قُل) (ع) مؤنث۔ صراحی یا بوتل کے اندر سے پانی یا شراب کے نکلنے کی آواز +

قَلَم (ع)، مذکر (۱)، خامہ۔ کلک۔ تراشا ہُوا نیزہ۔ لکھنے کا آلہ۔ (۲)، بُریدہ۔ کاٹا ہُوا (۳)، مؤنث۔ کاٹی ہوئی ہری شاخ یا ٹہنی جو زمین میں لگاتے ہیں (۴)، (مؤنث) کنپٹیوں کے اوپر کے چھوٹے چھوٹے بال (۵) (مؤنث)، بالوں کا بُرش یا وُہ باریک کوچی جس سے مصوّر لوگ تصویر وغیرہ بناتے یا رنگ بھرتے ہیں (۶)، (ا) (مؤنث) شاخ۔ ٹہنی (۷)، (ا)، (مؤنث) سینگ۔ شاخ (۸)، (ا)، حکم۔ حکومت۔ فرمانروائی +

قلم اُٹھا کر۔ یا۔ قلم برداشتہ لکھنا (ا)، فی البدیہہ لکھنا۔ بے ساختہ اور بے تکلف لکھنا۔ بے سوچے اور جلد جلد لکھنا۔ گھسیٹنا +

قلم انداز کرنا (ا)، نہ لکھنا۔ لکھتے میں چھوڑ جانا +

قلم بنانا (ا)، (۱) قلم کو تراش کر لکھنے کے قابل کرنا (۲) کنپٹی کے اوپر کے بالوں کو دُرست کرانا +

قلم بند (ع - ف)، (۱) لکھا ہُوا۔ مرقومہ (۲)، مندرجۂ رجسٹر۔ درج فہرست (۳)، شمار کیا ہُوا۔ گِنا ہُوا (۴)، داخل شدہ۔ (۵)، گنتی کے مطابق۔ حساب سے +

قلم بند سُنانا (ا)، بہت زیادہ گالیاں دینا +

قلم بند کرنا (ا)، لکھنا۔ درج کرنا۔ کتاب یا رجسٹر میں درج کرنا۔ لکھ لینا۔ نوٹ کر لینا +

قَلَم پاک (ع)، مذکر۔ قلم پونچھنے اور صاف کرنے کا کپڑا۔ وغیرہ +

قلم پھیرنا (ا)، (۱) لکھے ہوئے کو کاٹ دینا۔ مٹا دینا۔ منسوخ کر دینا (۲)، گناہوں سے یا خطا سے درگذر کرنا +

قلم تراش (ع - ف)، مذکر۔ قلم بنانے کا چاقو +

قلم جاری رہے (ا)، (دُعا)، حکم جاری رہے۔ حکومت برقرار رہے +

قلم چلانا (ا)، لکھنا۔ تحریر کرنا۔ درج کرنا۔ رجسٹر میں داخل کرنا +

قلم دان — قلمدان (ع - ف)، مذکر۔ قلم۔ دوات وغیرہ رکھنے کا آلہ +

قلمدان دینا۔ یا۔ عنایت کرنا (ا)، عہدہ بخشنا۔ منشی خاص مقرر کرنا۔ وزیر بنانا +

قلم رَو۔ قلمرو (ع - ف)، مؤنث۔ راج۔ حکومت۔ ریاست۔ عملداری۔ سلطنت۔ بادشاہی +

قلم روشن رہے (ا) (قرار کی دعا) حکم چلتا رہے۔ حکومت بنی رہے +

قلم زن۔ قلمزن (ف) (۱) محرّر (۲) مصوّر +

قلم فولاد (ف)، مذکر۔ لوہے کا قلم۔ انگریزی قلم جس کے آگے نِب لگتا ہے +

قلم قصائی (ا)، مذکر۔ رشوت خوار اور ظالم محرر عدالت +

قلم کار (ع - ف)، مذکر (۱)، منشی۔ لکھنے پڑھنے کا کام کرنے والا (۲)، نقاش۔ مصوّر۔ رنگ بھرنے والا (۳) حکّاک۔ مُہرکن۔ (۴)، ایک قسم کا منقش پارچہ +

قلم کاری (ا)، مؤنث (۱)، تحریر۔ کتابت (۲)، نقاشی۔ مصوری رنگ سازی (۳)، مُہرکنی۔ منبّت کاری +

قلم کرنا (ا)، (۱) کاٹنا۔ تراشنا (۲) اتارنا۔ جُدا کرنا۔ اُڑانا (۳) چھانٹنا شاخ یا درخت وغیرہ کو کاٹنا +

قلم لگانا (ا)، کسی پھول کے درخت کی شاخ کو زمین میں دبانا۔ پیوند لگانا +

قلم مارنا (ا) قلم پھیرنا۔ کاٹنا۔ رد کرنا۔ منسوخ کرنا +

قلمِ مو (ع - ف)، مذکر۔ بُرش۔ بالوں کا قلم +

قلم نہ اُٹھ سکنا (ا)، (۱) لکھا نہ جانا (۲)، قلم اُٹھانے کی طاقت نہ ہونا +

قلم ہونا (ا)، (۱) کٹنا۔ ترشنا (۲)، درخت یا شاخ وغیرہ کا کاٹا جانا (۳) اُڑنا۔ جُدا ہونا +

قلماقنی (قَل - ماق - نی) (ا)، مؤنث۔ اردا بیگنی۔ ترکنی۔ وہ

عورت جو پانچوں ہتھیاروں سے مسلح شاہی محلوں اور حرم سراؤں میں سپاہیوں کی طرح پہرہ چوکی دیتی ہے ۔

قلمی (ع) (۱) تحریری - مکتوبی (۲) ہاتھ کا لکھا ہوا - دستی (۳) شاخ نما (۴) (مؤنث) تحریر - رقم ۔

قلمی آم (ا) مذکر - پیوندی آم جو نہایت بڑا اور خوش ذائقہ ہوتا ہے ۔

قلمی شورہ (ا) مذکر - صاف کیا ہوا شورہ جس کی قلمیں سی بن جاتی ہیں ۔

قلمی کرنا (ا) تحریر کرنا - لکھنا ۔

قلمیں (ا) مؤنث - قلم کی جمع ۔

قلمیں چھوڑنا (ا) کنپٹی کے بالوں کو ترشوا کر استرے سے درست کرا کر رکھنا - کنپٹی کے بال بڑھانا ۔

قلندر (ف) (۱) اصطلاح فقرا میں دین و دنیا سے آزاد آدمی (۲) اصطلاح عام میں ریچھ اور بندر نچانے والا - (۳) خیمہ کا آنکڑا یا قلابہ ۔

قلندرا (ا) مذکر (۱) ایک قسم کا ریشمی کپڑا (۲) خیمے کا آنکڑا جس پر ریشم یا کپڑا لپیٹ دیتے ہیں ۔

قلندری (ا) (مؤنث) ایک قسم کی پھولداری جس میں قلندرا لگاتے ہیں ۔

قلُوب (ع) مذکر - قلب کی جمع ۔

قُلّہ (قُل-لہ) (ع) مؤنث (۱) پہاڑ کی چوٹی (۲) گھوڑے کا ایک رنگ جو زردی مائل ہوتا ہے ۔

قُلی (قُلی) (ت) مذکر (۱) غلام (۲) (ا) (اصطلاحاً) مزدور - بوجھ اٹھانے والا - اجیر - محنتی ۔

قُلی گری (ا) مؤنث - محنت - مزدوری - قلی کا کام یا پیشہ ۔

قُلیا (قُل-یا) (ا) مؤنث - قرآن شریف کی سورۃ کافرون جسے اکثر فاتحہ وغیرہ میں پڑھتے ہیں ۔

قُلیا تمام کرنا (ا) کام تمام کرنا - فاتحہ کرنا - مار ڈالنا ۔

قلیان (قَل-یان) (ف) مذکر - حُقّہ - کلی - گڑگڑی - پیچوان ۔

قلیل (قَلِیل) (ع) (۱) کم - تھوڑا - ذرا سا (۲) چھوٹا - کوتاہ - خُرد ۔

قلیہ (قَل-یہ) (ع) مذکر (۱) (لغوی معنی) آگ پر بھنا ہوا گوشت (۲) (اصطلاحاً) وہ سادہ گوشت جو گھی میں بھون کر شوربہ دار پکائیں ۔

قلیہ چپاتی (ا) مذکر - پھلکا گوشت - گوشت روٹی ۔

ق-م

قُم (قُم) (ع) اُٹھ - کھڑا ہو - اُٹھ بیٹھ - جی اُٹھ ۔

قُم بِاذنِ اللہ (ع) مذکر - خدا تعالیٰ کے حکم سے جی اٹھ - حضرت عیسیٰؑ کا معجزہ مشہور ہے کہ آپ مُردے کو قُم بِاذنِ اللہ کہہ کر اُٹھا دیا کرتے تھے ۔

قُم بِاذنی (ع) مؤنث - میرے حکم سے جی اُٹھ ۔

قِمار (قِمار) (ع) مذکر (۱) جُوا بازی - پانسہ کھیلنا (۲) چالبازی -

قِمار باز (ع - ف) مذکر - جوئے باز - جواری ۔

قِمار بازی (ع - ف) مؤنث - جُوا کھیلنا - جُوا ۔

قِمار خانہ (ع - ف) مذکر - جُوا کھیلنے کا مکان - جُوئے خانہ ۔

قِمار کا غذی (ع-ف) (مذکر) تاش - گنجفہ ۔

قِماریا (ا - مذکر) عیار - چالاک ۔

قُماش (قُماش) (ع) مذکر (۱) متاع - اثاثہ - گھر کا اسباب - (۲) ریشم کا کپڑا اطلس (۳) ہنر - جوہر - گُن (۴) (ا) وضع قطع - طور - طریق - ڈھنگ - انداز (۵) (ا) قسم - نوع - جنس (۶) (ا) گنجفے کا ایک پتّہ ۔

قمچی (قم-چی) (ت) مؤنث (۱) کوڑا - تازیانہ - چابک - ہنٹر (۲) (ا) بید - چھڑی - سٹک (۳) (ا) ہاتھ کا جھٹکا (۴) پتلی شاخ یا ٹہنی - ڈالی ۔

قمچی کرنا (ا) پنجہ کرتے وقت ہاتھ کا جھٹکا دینا ۔

قمر (قَمَر) (ع) مذکر (۱) چاند - ماہ - مہ (۲) کیمیا گروں کی اصطلاح میں چاندی - سیم - نقرہ ۔

قمر درعقرب (ع - ف) مذکر (۱) وہ منحوس وقت جب چاند برج عقرب یعنی بچھو میں آئے - یہ وقت نحس اور نامبارک خیال کیا گیا ہے (۲) (ا) خوبصورت اور بدصورت کا ساتھ ۔

قمروش (ع - ف) چاند جیسا - خوب صُورت ۔

قمری (ع) منسوب بہ قمر - وہ مہینے یا سال جو چاند کی چال کے مطابق قرار دئے گئے ہیں ۔

قُمری (قُمری) (ع) مؤنث (۱) ایک مشہور طوق دار پرندہ جو فاختہ کی قسم سے ہوتا ہے (۲) (ا) ایک گداگر قوم کی عورتوں کا لقب ۔

قمع (قَمع) (ع) مذکر - بیخ کنی - انہدام - توڑنا پھوڑنا ۔

قمقام (قَم-قام) (ع - مذکر) (۱) بڑا چھرا (۲) دریا (۳) سردار قوم ۔

قمقمہ (قُم-قُمہ) (ع) مذکر (۱) ایک قسم کی چھوٹی قندیل -

قُونبٹری (ہ) (۱)، وُہ گولہ جس میں عبیر اور گلال یا رنگ بھرا ہوا ہوتا ہے اور ہولی میں اُسے ہندو لوگ ایک دوسرے پر ملتے ہیں ۔

قمیص قمیض (ع)، مذکّر۔ لمبا کُرتہ۔ پیراہن۔ کُرتہ ۔

ق-ن

قنات (قَنَات) (ت)، مؤنث (۱)، وُہ کپڑے کی دیوار یا پردہ جو خیمے کے چاروں طرف لگاتے ہیں (۲)، کپڑے کا بنا ہُوا پردہ۔ کپڑے کی بنی ہُوئی اوٹ یا ٹٹّی ۔

قنات کھینچنا یا گھیرنا (ل)، پردے کی دیوار کھڑی کرنا۔ خیمے کے چاروں طرف یا صحن میں کپڑے کا پردہ لگانا ۔

قنّاد (قَن۔ نَاد) (ع۔ مذکّر)، حلوائی ۔

قنادیل (قَنَا۔دِیل) (ع)، مؤنث۔ قندیل کی جمع ۔

قناعت (قَنَا۔عَت) (ع)، مؤنث۔ تھوڑی چیز پر راضی اور خوش رہنا۔ صبر۔ اکتفا ۔

قناویز (قَنَا۔وِیز) (ت)، مؤنث۔ ایک قسم کا نہایت چمکدار ریشمی کپڑا ۔

قند (قَند) (ع)، مذکّر (۱)، شکر۔ کھانڈ۔ چینی (۲)، ایک قسم کی دانہ دار مٹھائی (۳) (۱)، سُرخ پکّے رنگ کا کپڑا۔ سالو ۔

قند لٹے کوئلوں پہ مُہر (ا)، (مثل)، بیش قیمت چیز کے ضائع ہونے کا افسوس نہیں۔ اور ادنےٰ کم قیمت چیز پر سخت کنجوسی کا خیال ۔

قندِ مُکرّر۔ یا۔ دوبارہ (ف)، مذکّر۔ دو مرتبہ صاف کیا ہُوا قند (۲)، دوبارہ (۳)، لب ہائے معشوق (۴)، پُر مضمون دعمدہ کلام کا دُہرانا ۔

قِندیل (قِن۔ دِیل) (ع)، (۱)، ایک قسم کا شیشے کا بنا ہُوا ظرف جس میں بتّی روشن کر کے چھت میں آہنی زنجیروں سے لٹکا دیتے ہیں (۲)، ایک قسم کا فانوس جس میں چراغ جلا کر لٹکاتے ہیں (۳) لالٹین۔ چراغ دان ۔

قندیلا (ا)، مذکّر۔ بہت بڑا فانوس ۔

قنصل (قُن۔ صُل) (ف۔ مذکّر) دیکھو (قونصل)

قنوت (قُنُوت) (ع۔ مؤنث) (۱)، نماز وتر میں پڑھنے کی مشہور دعا (۲)، فرماں برداری (۳)، خاموشی (۴) چھوٹی نہر ۔

قنوط (قُنُوط) (ع، مؤنث) ناامیدی ۔

ق-و

قُو (قُو) (ل)، (مؤنث، (۱)، ایک قسم کی آواز جو کبوتر باز کبوتر اڑاتے وقت نکالتے ہیں (۲)، وہ آواز جو بچوں کے کان کے پاس منہ لے جاکر انہیں چونکانے اور ڈرانے کیلئے نکالتے ہیں ۔

قوا۔قویٰ (قُوا) (ع)، مذکّر۔ قوت کی جمع۔ قوتیں۔ طاقتیں ۔

قواریر (قَوا۔ رِیر) (ع)، مذکّر۔ شیشیاں ۔

قواعِد (قَوا۔عِد) (ع)، مذکّر۔ قاعدہ کی جمع (۱)، دستور۔ قاعدے۔ رسوم۔ ضوابط۔ رواج (۲)، قانون۔ ضابطہ (۳)، اصُول۔ بُنیادیں (۴)، صرف و نحو۔ گریمر (۵)، صف آرائی کے ڈھنگ۔ پریڈ۔ اُصُول جنگ ۔

قواعد دان (ع۔ف) (۱)، فوجی قاعدوں اور ان کی ورزش سے واقف۔ تجربہ کار اور قواعد جنگ سے واقف سپاہی (۲)، گریمر کا جاننے والا۔ نحوی ۔

قواعد کرنا (ا)، فوج کا ورزش کرنا۔ جنگی کرتب کرنا ۔

قواعد گاہ (ع۔ف) مؤنث۔ پریڈ۔ فوجی ورزش کا میدان ۔

قواعد لینا (ا)، فوج سے ورزش کرانا۔ جنگی قاعدوں اور کرتبوں کو دیکھنا ۔

قوافی (قَوَا۔فِی) (ع)، مذکّر۔ قافیہ کی جمع ۔

قوّال (قَو۔ وَال) (ع)، مذکّر (۱)، خوش گفتار (۲)، گویّا۔ ڈوم۔ مطرب۔ مغنّی ۔

قوالی (ع)، مؤنث۔ وُہ گانا بجانا جو اکثر صوفیانہ مجالس میں ہوتا ہے۔ صوفیانہ اور حقانی چیزوں کا گانا ۔

قِوام (قِوَام) (ع)، مذکّر (۱)، قیام۔ ٹھہراؤ (۲)، مدار۔ نظام۔ (۳) اصل۔ اصلیت۔ مادہ۔ خمیر۔ بُنیاد (۴)، چاشنی۔ شیرہ۔ پت ۔

قِوانین (قَوَا۔نِین) (ع)، مذکّر۔ قانون کی جمع ۔

قُوت (قُوت) (ع)، مؤنث (۱)، کھانا۔ خوراک۔ طعام بھوجن۔ (۲)، روزی۔ روزینہ۔ رزق۔ اناج۔ دانہ پانی ۔

قُوتِ لایموت (ع)، مؤنث۔ اس قدر خوراک جس سے زندگی قائم رہے ۔

قُوّت (قُو۔ وَت) (ع)، مؤنث (۱)، طاقت۔ زور۔ توانائی قدرت (۲)، سہارا۔ مدد۔ کمک۔ اعانت (۳)، سلطنت دولت۔ ریاست ۔

قُوّتِ باصِرہ (ع)، مؤنث۔ وُہ قوت جس سے رنگوں اور صورتوں کی تمیز کی جاتی ہے۔ بینائی۔ بصارت۔ آنکھ کی روشنی ۔

قوتِ باہ (ع) مؤنث ۔ شہوت (۵) کام

قوتِ جاذبہ (ع) مؤنث ۔ کھینچنے والی قوت ۔ چوس لینے والی قوت ۔ وہ قوت جو غذا کھینچتی ہے ✦

قوت جسمانی (ع) مؤنث ۔ طاقتِ جسم ۔ بدنی طاقت ✦

قوتِ حافظہ (ع) مؤنث ۔ یادداشت کی قوت ۔ یاد ✦

قوتِ دافعہ (ع) مؤنث ۔ باہر نکالنے اور خارج کرنے والی قوت ✦

قوتِ ذائقہ (ع) مؤنث ۔ سواد ۔ مزہ ۔ لذت بتانے کی قوت ✦

قوتِ سامعہ (ع) مؤنث ۔ سننے یا شنائی دینے کی قوت ✦

قوتِ شامہ (ع) مؤنث ۔ بو پہچاننے اور سونگھنے کی قوت

قوتِ لامسہ (ع) مؤنث ۔ چھونے اور مس کرنے کی قوت

قوتِ ماسکہ (ع) مؤنث (طب) وہ قوت جو غذا کو معدے میں محفوظ رکھتی ہے ۔ غذا کو روکے رکھنے والی قوت ✦

قوتِ متخیلہ (ع) مؤنث (۱) (طب) وہ قوت جو صور محسوسہ کو غائب میں محفوظ رکھتی ہے (۲) خیال پیدا کرنے کی قوت ✦

قوتِ مدرکہ (ع) مؤنث (۱) (طب) دریافت کرنے اور معلوم کرنے کی قوت (۲) سمجھ ۔ فہم ۔ بدھ ۔ گیان وغیرہ ✦

قوتِ ممیزہ (ع) مؤنث (طب) تمیز کرنے اور پہچاننے کی قوت ۔ ہر چیز کا فرق دریافت کرنے کی قوت ✦

قوتِ ہاضمہ (ع) مؤنث (طب) کھانا پچانے کی قوت ✦

قورخانہ (قُور ۔ خا نہ) (ف ۔ مذکر) لڑائی کے ہتھیار رکھنے کا مکان ✦

قورمہ (قُور ۔ مَہ) (ت) مذکر ۔ گھی میں بھنا ہوا گوشت ✦

قوس (قَوس) (ع) مؤنث (۱) کمان ۔ دھنک (۲) دائرے کا ایک حصہ (۳) آسمان کا نواں برج ✦

قوسِ قزح (ع) مؤنث ۔ وہ کمان جو ابر میں رنگ برنگ کے رنگوں سے بنی ہوئی دکھائی دیتی ہے ✦ دھنک ✦

قوس نما (ع ۔ ف) کمان کی وضع کا ۔ محراب دار ✦

قوسی (ع) دیکھو (قوس نما)

قول (قَول) (ع) مذکر (۱) سخن ۔ بچن ۔ کہاوت (۲) عہد و قرار ۔ قسم ۔ سوگند (۳) مقولہ ۔ بیان (۴) مثال ۔ پسندِ کلام ✦

قول دینا (۱) قسم کھانا ۔ عہد کرنا ۔ اقرار کرنا ✦

قول سے پھرنا (۱) بات سے پھرنا ۔ وعدہ خلافی کرنا ✦

قول صالح (ع) مذکر ۔ پختہ اقرار ✦

قول فیصل (ع) مذکر ۔ فیصلے کی بات ✦

قول قرار (ع) مذکر ۔ عہد و پیمان ۔ اقرار و مدار ✦

قول قرار کرنا (۱) عہد و پیمان کرنا ۔ اقرار مدار کرنا ✦

قول کا پورا (۱) بات کا پکا ✦

قول لینا (۱) عہد لینا ۔ اقرار لینا ✦

قول مرداں جان دارد (۔ جانِ دارد) (ع ۔ ف) (مثل) مرد کی زبان پکی ہوتی ہے ۔ مرد اپنی زبان سے نہیں پھرتے ✦

قول نامہ (ع ۔ ف) مذکر ۔ قول قرار کا کاغذ ✦

قول و فعل (ع) مذکر ۔ چال چلن ۔ اطوار ۔ طور ۔ طریق ۔ رنگ ڈھنگ ✦

قول ہارنا (۱) عہد کرنا ۔ زبان دینا ✦

قولاً (ع) قول کے ساتھ ۔ قول کے اعتبار سے ✦

قولنج (قُولَنج) مذکر (طب) وہ درد جو بڑی انتڑی (قولون) میں پیدا ہوتا ہے ✦

قوم (قَوم) (ع) مؤنث (۱) آدمیوں کا گروہ (۲) فرقہ ۔ خاندان (۳) نسل ۔ ذات ۔ گوت ✦

قوم دار (ع) اچھی نسل کا ۔ اصیل ۔ خاندانی ✦

قومہ (قَومَہ) (ع) مذکر ۔ نماز میں رکوع کے بعد کھڑا ہونا ✦

قومی (ع) قوم کا ۔ قوم کے متعلق ✦

قومی مجلس (۱) مؤنث ۔ ہم قوم لوگوں کی انجمن ۔ جاتی سبھا

قومیت (ع) مؤنث ۔ نسل ۔ اصل ۔ تعلق مذہبی ✦

قونسل ۔ قونصل (قَون ۔ سَل ۔ قَون ۔ صَل) (معرب) انگریزی (Consul) مذکر (۱) قدیم جمہوریہ روم کا صدر (۲) جمہوریہ فرانس کا چیف مجسٹریٹ (۳) وکیل ۔ نائب ۔ غیر ملک میں مقرر کیا ہوا شاہی وکیل جس کا عہدہ سفیر سے چھوٹا ہوتا ہے ✦

قوی (قَوِی) (ع) (۱) زبردست ۔ توانا ۔ طاقتور ۔ قوت والا (۲) مضبوط ۔ مستحکم (۳) سخت ۔ کڑا ✦

قوی الجثہ (ع) مضبوط جسم کا ۔ فربہ اندام ۔ ہٹا کٹا ✦

قوی ہیکل (ع) زور آور ۔ شہ زور ۔ قد آور ✦

ق ۔ ہ

قہار (قَہ ۔ ہار) (ع) جبار ۔ بہت غلبہ والا ۔ خدا تعالیٰ کا صفاتی نام ✦

قہر (قَہر) (ع) مذکر (۱) غلبہ ۔ زبردستی (۲) (۱) طیش ۔ غصہ ۔ (۳) (۱) جوش ۔ ولولہ (۴) (۱) تیزی ۔ تندی (۵) (۱) دشوار کام ۔ مشکل امر (۶) (۱) بلا ۔ آفت ۔ شامت ۔ مصیبت ۔ غضب ۔ قیامت (۷) (۱) ظلم ۔ اندھیر ۔ ناانصافی (۸) (۱) فسادی ۔ فتنہ پرداز ✦

قہر الٰہی (ع) مذکر ۔ غضبِ خدا ✦

قہر توڑنا (ف)، (عو) غضب ڈھانا۔ نہایت غصّے ہونا۔
قہر ٹوٹنا (ف) (عو) (۱) آفت آنا۔ خدا کی طرف سے بدی کا بدلہ ملنا (۲) خفّگی ہونا۔ غضب نازل ہونا +
قہرِ درویش برجانِ درویش (ف) (مثل) غریب کا غصّہ اپنے ہی اوپر چلتا ہے +
قہر قیامت (ا) خوبصورتی یا شوخی میں کوٹ کوٹ کر بھرا ہُوا۔ نہایت خوبصورت۔ فتنہ زا +
قہر کا (ا) (۱) آفت کا۔ غضب کا (۲) نہایت۔ از حد (۳) خوفناک۔ ہولناک (۴) نہایت چالاک۔ شوخ۔ منتفنی
قہر کرنا (اُ) (۱) غضب کرنا۔ بُرا کرنا (۲) ظلم کرنا۔ ستم کرنا۔ (۳) انوکھا کام کرنا +
قہر کی آنکھ سے دیکھنا (۱) غضب آلود یا نگاہِ خشم گین سے دیکھنا۔ نیلی پیلی آنکھیں کرنا +
قہر ہوتا ہے (ا) بُرا ہوتا ہے۔ غضب ہوتا ہے +
قہر ہے (ا) (۱) آفت۔ غضب۔ فتنہ پرداز۔ عیّار اور چالاک ہے (۲) از حد خوبصورت ہے +
قہراً (ع) جبراً۔ زبردستی سے۔ مجبوراً۔ چار ناچار +
قہرمان (کہرمان کا معرب) (۱) وکیل۔ خزانچی (۲) حاکم۔ صاحب اقتدار (۳) قہر اور جلال کے ساتھ۔ حکم اور حکومت +
قہقری (قَہْ۔ قَرا) (ع) مذکر۔ اُلٹا چلنا +
قہقہہ (قَہْ۔ قَہَہ) (ع) ٹھٹّھا۔ پکار کر ہنسنا۔ کھلکھلا کر ہنسنا۔
قہقہہ اُڑانا (ا) ٹھٹّھا مارنا۔ مضحکہ اُڑانا۔ احمق بنانا
قہقہہ لگانا۔ یا۔ مارنا (ا) ٹھٹّھا مارنا۔ کھلکھلا کر ہنسنا۔ مسخر کرنا +
قہوہ (قَہْ۔ وَہ) (ع) مذکر۔ کافی۔ ایک قسم کا تخم جسے بھون کر پکاتے اور پھر پانی میں چائے کی طرح جوش دے کر پیتے ہیں +
قہوہ خانہ (ا) مذکر۔ وہ مکان جہاں قہوہ پینے والے قہوہ پیتے اور گپ شپ اُڑاتے ہیں +

ق-ی

قے (قَے) (ع) مؤنث۔ اُلٹی۔ استفراغ۔ متلی +
قے آنا (ا) (۱) جی متلانا۔ اُبکائی آنا۔ استفراغ ہونا (۲) کراہت ہونا۔ نفرت ہونا +
قے کرنا (ا) اُلٹی کرنا۔ اُگلنا +
قیادت (قِیا۔ دَت) (ع۔ مؤنث) رہنمائی۔ راہبری۔ سرداری۔ سرکردگی +
قیاس (قِیَاس) (ع) مذکر (۱) جانچ۔ اندازہ۔ اٹکل۔ تخمینہ (۲) منطقی شکل یا مقولہ (۳) (ا) ذہن۔ فہم۔ عقل۔ رائے۔ خیال۔ سوچ۔ بچار (۴) (ا) قیافہ +
قیاس سے باہر (ا) (۱) بے اندازہ۔ بے شمار۔ بے حساب۔ بے حد (۲) تصور یا خیال کی حد سے گذرا ہُوا (۳) سمجھ سے باہر +
قیاس کرنا۔ یا۔ لگانا (ا) (۱) اندازہ کرنا۔ جانچنا۔ تولنا (۲) خیال کرنا۔ گمان کرنا (۳) تصور کرنا۔ ماننا۔ تسلیم کرنا +
قیاس مع الفارق (ع) مذکر۔ ایک چیز کا دوسری چیز پر ان کی مناسبت و مشابہت کے بغیر قیاس کرنا +
قیاس میں آنا (ا) سمجھ میں آنا۔ قرینِ عقل ہونا۔ خیال میں ہونا +
قیاساً (ع) از روئے قیاس۔ اٹکل سے۔ تخمیناً +
قیاسی (ع) خیالی۔ وہمی۔ ذہنی +
قیاصرہ (قَیا۔ صِرَہ) (ع) مذکر۔ قیصر کی جمع +
قیافہ (قِیَافَہ) (ع) مذکر (۱) فال۔ شگون (۲) ایک علم جس میں خط و خال اور علامات سے بھلا بُرا پہچان لیتے ہیں (۳) (ا) اندازہ۔ قیاس (۴) (ا) عقل۔ سمجھ۔ تمیز۔ دریافت۔ شناخت +
قیافہ شناس (ع۔ ف) مذکر۔ علم قیافہ سے واقف۔ قیافہ دان۔ جوتشی +
قیافہ شناسی (ع۔ ف) مؤنث۔ قیافہ دانی۔ علم قیافہ سے واقفیت +
قیام (قِیَام) (ع) مذکر (۱) اِستادگی۔ ٹھہراؤ۔ کھڑا ہونا۔ اُٹھنا (۲) سکونت۔ بسیرا (۳) پائداری۔ استحکام۔ ٹکاؤ (۴) وثوق۔ اعتماد۔ استقلال (۵) موجودگی۔ سلامتی۔ ہستی (۶) نماز میں کھڑا ہونا +
قیام پذیر (ع۔ ف) (۱) دیرپا۔ دیر تک رہنے والا (۲) ٹکا ہُوا۔ مقیم۔ وارد +
قیام کرنا (ا) مقام کرنا۔ ٹھہرنا۔ اُترنا +
قیامت (قِیَامَت) (ع) مؤنث (۱) قائم رہنا۔ کھڑا ہونا۔ (۲) روزِ محشر۔ وہ دن جب مُردے زندہ ہو کر کھڑے ہوں گے۔ روزِ شمار۔ (۳) (ا) (مجازاً) زمانۂ دراز۔ مدّت دراز۔ مدّت بعید (۴) (ا) موت۔ قضا۔ اجل۔ (۵) (ا) انوکھی بات۔ تعجب (۶) (ا) بلا۔ آفت۔ غضب۔ قہر (۷) (ا) غصّہ۔ کرودھ (۸) (ا) واویلا۔ آہ و زاری۔ اودھم۔ شور و غل (۹) (ا) ہل چل۔ کھلبلی (۱۰) (ا) اندھیر۔ ظلم۔ ستم۔ ناانصافی (۱۱) (ا) مصیبت۔ سختی۔

عذاب ۔ دُکھ (۱۲)(ف) افسوس ۔ دریغ ۔ رنج ۔ ملال (۱۳)(ف) بدرجۂ کمال ۔ بکثرت (۱۴)(ل) چالاک ۔ چلبلا ۔ (۱۵)(ل) فتنہ پرداز ۔ فسادی ۔ منتفنی (۱۶)(ل) مشکل ۔ دُشوار ۔

قیامت آنا (ل) (۱) حشر برپا ہونا (۲) آفت آنا ۔ مصیبت پڑنا ۔

قیامت اُٹھانا (ل) آفت برپا کرنا ۔ شور مچانا ۔

قیامت بپا ۔ یا ۔ برپا کرنا ۔ ہونا (ل) (۱) فتنہ اُٹھانا ۔ شور مچانا (۲) مصیبت ڈالنا ۔ غضب ڈھانا (۳) نہایت مصیبت پیش آنا (۴) خفگی ہونا ۔ حشر ٹوٹنا (۵) فساد مچنا ۔ تلوار چلنا ۔

قیامت پر قیامت ڈھانا ۔ یا ۔ لانا (ل) آفت پر آفت برپا کرنا ۔ ظلم پر ظلم ڈھانا ۔ نہایت حشر و فتنہ برپا کرنا ۔

قیامت توڑنا (ل) (۱) نہایت خفا ہونا ۔ شور کرنا (۲) ظلم کرنا ۔ نہایت ستانا ۔

قیامت خیز (ف) قیامت اُٹھانے یا پیدا کرنے والا ۔

قیامت ڈھانا ۔ (ل) (۱) ظلم و ستم کرنا (۲) واویلا مچانا ۔

قیامت کا (ل) (کلمۂ تعجب و تعریف) (۱) آفت ڈھانے والا ۔ بے ڈھب (۲) از حد خوبصورت ۔

قیامت گزرنا (ل) آفت گزرنا ۔ مصیبت کا سامنا ہونا ۔

قیامت مچنا (ل) (۱) ماتم پڑنا ۔ کہرام ہونا (۲) خفگی ہونا ۔ آفت ٹوٹنا ۔

قیامت ہونا (ل) (۱) حشر کے دن کا ہونا ۔ عالم فنا ہونے کا دن آنا (۲) مصیبت و آفت کا پیش آنا (۳) مشکل ہونا ۔ دشوار ہونا (۴) فساد کھڑا ہونا ۔ شور و شر ہونا ۔ (۵) نہایت بُرا ہونا ۔

قیامت ہے (ل) (مبالغۂ تعریف) (۱) آفت ہے ۔ بلا ہے (۲) شوخ ہے (۳) نہایت خوبصورت ہے (۴) ظلم ہے ۔ قہر ہے ۔

قیچی (قَے ۔ چی) (ت ۔ مؤنث) دیکھو (قینچی) ۔

قید (قَید) (ع) مؤنث (۱) بند ۔ ممانعت ۔ اسیری (۲) روک ۔ شرط ۔ پابندی (۳) مقدار ۔ اندازہ ۔

قیدِ بلا مشقّت (ل) مؤنث ۔ وہ قید جس میں قیدی سے محنت نہ لی جائے ۔ صرف خوراک معمول سے کم ملے ۔ قیدِ محض ۔

قید بھرنا ۔ قید بھگتنا ۔ قید کاٹنا (ل) قید خانے میں بسر کرنا ۔ محبوس رہنا ۔

قیدِ تنہائی (ل) مؤنث ۔ اکیلی قید جس میں تنہائی کے علاوہ مشقت بھی زیادہ لی جاتی ہے ۔

قید خانہ (ع ۔ ف) مذکر ۔ جیل خانہ ۔ محبس ۔ زندان ۔ قیدیوں کے رہنے کا مکان ۔

قیدِ سخت (ع ۔ ف) مؤنث ۔ مشقّت والی قید ۔

قیدِ فرنگ (ع ۔ ف) مؤنث ۔ اہل فرنگ کی قید جو نہایت تکلیف دہ سمجھی جاتی ہے ۔

قید کرنا (ل) (۱) بند کرنا ۔ زندان میں بھیجنا ۔ اسیر کرنا ۔ (۲) روکنا ۔ ضبط کرنا ۔ پابند کرنا (۳) پکڑنا ۔ گرفتار کرنا ۔

قید لگانا (ل) (۱) حد باندھنا ۔ محدود کرنا (۲) شرط باندھنا ۔ (۳) پابند کرنا ۔ مقید کرنا ۔

قیدِ محض (ع) مؤنث ۔ قید بلا مشقت ۔

قید ہونا (ل) (۱) جیل خانے جانا (۲) پکڑا جانا (۳) پابند ہونا (۴) محدود ہونا ۔

قیدی (ع ۔ ف) مذکر (۱) اسیر ۔ مقید ۔ محبوس ۔ گرفتار ۔ پابند (۲) مجرم ۔ سزا یافتہ ۔

قیر (قِیر) (ع) مذکر (۱) ایک قسم کا سیاہ روغن (۲) ایک قسم کا سیاہ اور نہایت چپکنے والا گوند ۔

قیراط (قِی ۔ رَاط) (ع) مذکر ۔ درہم کے بیسویں حصے کے برابر ایک وزن ۔

قیس (قَیس) (ع) مذکر (۱) عرب کا ایک مشہور قبیلہ جو بنی قیس عیلان کی اولاد سے ہے (۲) اصطلاحاً ۔ مجنون عامری ایک مشہور عاشق ۔ یہ شخص عرب کے مشاہیر سے مذہب اسلام کے شروع میں ہوا ہے ۔ اس کے عشق کے فسانے دنیا بھر میں مشہور ہیں ۔

قیصر (قَے ۔ صَر) (ع) (۱) شاہ روم کا لقب ۔ رومی زبان میں قیصر اس بچے کو کہتے ہیں جو ابھی ماں کے پیٹ ہی میں ہو کہ ماں مر جائے اور وہ ماں کا پیٹ چاک کر کے نکالا جائے ۔ روم کا بادشاہ اول بھی اسی طرح پیدا ہوا تھا ۔ جو بڑا زبردست اور صاحب اقبال ہوا ۔ اس وجہ سے آگے بلکہ روم کے کل بادشاہوں کو اس لقب سے ملقب کرنے لگے (۲) سلطان ۔ شہنشاہ ۔

قیصرِ روم (ع) مذکر ۔ سلطان روم ۔ شہنشاہ روم ۔

قیصرِ ہند (ف) مؤنث ۔ ملکہ وکٹوریہ آنجہانی کا لقب جو انہوں نے دہلی میں دربار منعقد کر کے اختیار کیا تھا ۔

قیطون (قَے ۔ طُون) (ع) مذکر ۔ ایک قسم کی زری یا ریشم کی بٹی ہوئی ڈوری ۔ ایک قسم کی باریک چِک ۔

قیف (قِیف) ت ۔ مذکر ۔ ایک ٹونٹی دار ظرف جس کا منہ اُوپر سے کھلا ہوا اور نیچے ایک نلی لگی ہوئی ہوتی

پیچ۔ اس کے ذریعے سے رقیق چیز بوتلوں وغیرہ میں بھرتے ہیں۔

قیل وقال (قی۔ لُو۔ قا۔ ل) (ع) مؤنث (۱) گفتگو۔ بات چیت (۲) رد و کد۔ بحث و تکرار۔

قیلولہ (قے۔ لُو۔ لہ) (ع) مذکر۔ دوپہر کا سونا۔ کھانا کھانے کے بعد لیٹنا۔

قیلولہ کرنا (ف) کھانا کھا کر لیٹنا۔ دوپہر کو سونا۔

قیّم (قَیْ۔ یِم) (ع) مذکر (۱) کسی چیز کو نگاہ اور قائم رکھنے والا (۲) خدا کا ایک صفاتی نام۔

قیمت (قی۔ مَت) (ع) مؤنث (۱) مول۔ دام (۲) بھاؤ۔ نرخ۔ دَر (۳) قدر۔ مرتبہ۔

قیمت پانا (ف) دام، مول کرنا۔ مول بھر پانا۔

قیمت ٹھہرانا / **قیمت چکانا** } (ف) مول چکانا۔ بھاؤ مقرر کرنا۔

قیمت لگانا (ف) دام لگانا۔ مول قرار دینا۔

قیمت مالِ مبیع (ع) مؤنث۔ بکے ہوئے مال کی قیمت۔

قیمت تجویز کرنا (ف) دام تجویز کرنا۔ مول ٹھہرانا۔ بھاؤ لگانا۔ نرخ کی تشخیص کرنا۔

قیمتاً (ع) قیمت کے ساتھ۔

قیمتی (ع۔ ف) (۱) بیش بہا۔ گراں بہا۔ زیادہ قیمت کا (۲) عمدہ۔ نفیس۔ قابلِ قدر۔

قیمہ (قی۔ مَہ) (ع۔ ف) مذکر۔ کٹا ہوا گوشت۔ ریزہ ریزہ کیا ہوا گوشت۔

قیمہ کرنا (ف) پرزے اڑانا۔ کاٹ کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔

قینچی (قَیْن۔ چی) (ت) مؤنث (۱) مقراض۔ کترنی (۲) وہ لمبے یا لکڑی کی ترچھی سلاخیں جو جنگلے کے طور پر کسی مکان کے گرد لگا دیتے ہیں یا وہ آڑی لکڑیاں جن پر کھپریل ڈالتے ہیں۔

قینچی باندھنا (ف) (۱) پہلوانوں کا مخالف کی دونوں ٹانگوں میں اپنی ٹانگیں ڈال کر مجبور کر لینا (۲) گھوڑے کو دونوں رانوں تلے دبا لینا۔

قینچی سی۔ یا۔ قینچی کی طرح زبان چلنا (ف) جلد جلد زبان چلنا۔ دوسرے کی بات کاٹنے کو فر فر بولنا۔

قینچی لگانا (ف) (۱) قینچی سے کترنا۔ کاٹنا۔ تراشنا۔ (۲) ظلم کرنا۔ چھانٹنا (۳) ترچھی اڑواڑ لگانا۔

قیود (قُیُود) (ع) (مذکر و مؤنث) قید کی جمع۔ شرطیں۔ پابندیاں۔

قیّوم (قَیْ۔ یُوم) (ع) مذکر۔ (۱) بہت بڑا قائم رہنے والا (۲) خدا تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔

ک

ک (کاف) (ع) مذکر (۱) عربی کا بائیسواں۔ فارسی کا پچیسواں اور اردو کا اٹھائیسواں حرف (۲) حساب جمل میں اس کے بیس عدد فرض کئے گئے ہیں ۔

ک۔ا

کا (ہ) حرفِ اضافت کی علامت ہے ۔
کابر (کا۔بَر) (ہ) مذکر (۱) چکبرا (۲) ایک سیاہ پرند جس کے پیٹ پر سیاہ چتیاں ہوتی ہیں ۔
کابرا (کاب۔رَا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا کبوتر کا رنگ ۔
کابس (کا۔بَس) (ہ) مؤنث۔ مٹی کے برتن پر قلعی کرنے کی مٹی ۔
کابک (کابُک) (ف) مؤنث۔ کبوتروں کا وہ ڈربہ جو بانس کی کھپچیوں وغیرہ سے بنا ہوا ہوتا ہے۔ لکڑی کا ڈربہ ۔
کابل (کابُل) (ف) مذکر۔ افغانستان کا دارالحکومت ۔
کابل میں کیا گدھے نہیں ہوتے ؟ (ہ) (مثل) کابل کے گھوڑے مشہور ہیں۔ پس اس مثل میں یہ دکھایا گیا کہ کیا وہاں گدھے نہیں ہوتے ؟ یعنی ہوتے ہیں مطلب یہ کہ جہاں اچھے لوگ ہوتے ہیں۔ وہاں بُرے بھی ہوتے ہیں ۔
کابلا (کاب۔لَا) (ہ) ایک قسم کا بڑا پیچ ۔
کابلی (ف) (۱) کابل سے منسوب (۲) (۱) پٹھان ۔
کابوس (کا۔بُوس) (ع) مذکر۔ ایک مرض جس میں آدمی کو نیند میں یہ معلوم ہوتا ہے جیسے کسی شخص نے آ کے دبا لیا ہے اور گویا خواب دیکھنے والا اس کی ڈراؤنی اور مہیب شکل سے ڈر کر آواز نکالتا اور اس کے بوجھ سے پسا جاتا ہے ۔

. . . .

کابین (کا۔بِین) (ع) مذکر۔ مہر۔ وہ روپیہ جو نکاح کے وقت مرد کے ذمے ڈالا جاتا ہے ۔
کابین نامہ (ع ف) مذکر۔ مہر کا کاغذ۔ وہ کاغذ جس پر مہر کی مقدار اور اقرار نامہ لکھا جاتا ہے ۔
کابینہ (کا۔بِی۔نَہ) معرّب (انگ کیبنٹ۔ CABINET) مذکر۔ وزیروں کی مجلس۔ وزارت ۔
کاپی (کاپی) (انگریزی COPY) مؤنث (۱) نقل۔ (۲) جلد۔ نسخہ (۳) چند سِلے ہوئے اوراق ۔
کاپی رائٹ (انگریزی COPY RIGHT) مذکر۔ حقِ تصنیف وتالیف۔ حقِ ایجاد۔ حقِ اختراع ۔
کاپی نویس (ا) مذکر (۱) نقل نویس۔ نقل کرنے والا۔ (۲) کاتب۔ خوش نویس ۔
کات (کات) (ہ) کاتنا کا امر ۔
کاتا (کا۔تَا) (ہ) (۱) کتا ہوا (۲) تاگا۔ سوت۔ تار (۳) بانس کاٹنے کا چھرا ۔
کاتا اور لے دوڑی (ہ) (عو) مثل۔ کام کرتے ہی مزدوری کا تقاضا۔ پیٹ کے ہلکے اور مُتلوّن مزاج کی نسبت بولتے ہیں ۔
کاتب (کا۔تِب) (ع) مذکر۔ کتابت کرنے والا۔ لکھنے والا۔ کاپی نویس۔ محرر ۔
کاتک (کا۔تِک) (ہ) مذکر۔ ہندی کا ساتواں مہینہ۔ تقریباً ۱۵۔ اکتوبر سے ۱۵۔ نومبر تک کا زمانہ ۔
کاتک کی کتیا (ہ) مؤنث۔ کاتک کے مہینے میں کتیا کو خواہش جماع زیادہ ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے اکثر کتے اس کے گرد رہتے ہیں۔ اس لئے یہ محاورہ چھنال اور فاحشہ عورت پر بولا جاتا ہے ۔
کاتنا (ہ) چرخے پر سوت بنانا۔ چرخے کے ذریعے سے روئی کے تار نکالنا۔ پیرنا ۔
کاتنا تو آتا نہیں لگی پونیاں بنانے (ہ) (عو) (مثل) بے جانے بوجھے کام میں دخل دینا ۔
کاتن بیٹھی دیا بالے۔ دن کھویا آلے بالے (ہ) (مثل) مناسب وقت کھو کر بے وقت کام شروع کیا ۔
کاتی (کا۔تِی) (ہ) مؤنث۔ سناروں کا ایک اوزار جس سے تار یا پترہ وغیرہ کاٹتے ہیں ۔
کاٹ (کاٹ) (ہ) (مذکر و مؤنث) (۱) برش۔ کٹاؤ (۲)

زخم ۔ گھاؤ (۳) چھانٹ ۔ قطع ۔ تراش (۴) تیزی ۔ روانی (۵) خراش ۔ چھیلن (۶) برائی ۔ بدی (۷) عداوت ۔ دشمنی (۸) کاٹنا کا امر ۔

کاٹ پھانس (ہ) مؤنث (۱) توڑ ۔ موڑ ۔ کتر بیونت ۔ لگائی بجھائی (۲) عیاری ۔ چالاکی (۳) اُجرت میں کمی بیشی ۔

کاٹ پھانس کرنا (ہ) (۱) توڑ جوڑ کرنا (۲) کمی بیشی کرنا ۔ (۳) غیبت کرنا ۔ لگائی بجھائی کرنا (۴) برائی کرنا ۔

کاٹ چھانٹ (ہ) مؤنث ۔ قطع و برید ۔ توڑ جوڑ ۔ کتر بیونت ۔

کاٹ چھانٹ کرنا (ہ) (۱) قطع و برید کرنا (۲) جوڑ توڑ کرنا (۳) کمی بیشی کرنا ۔ غبن کرنا (۴) برائی کرنا ۔ دشمنی کرنا (۵) منہا کرنا ۔ اگلے پچھلے حساب میں وضع کرنا ۔

کاٹ کرنا (ہ) (۱) زخم ڈالنا ۔ چھیلنا (۲) پانی کا اپنے آپ راستہ کر لینا (۳) توڑ کرنا ۔ تردید کرنا (۴) تراشنا ۔ کاٹنا ۔

کاٹ کوٹ (ہ) مؤنث ۔ جراحی ۔ چیر پھاڑ ۔

کاٹ کھانا (ہ) (۱) ڈس لینا ۔ ڈنک مارنا (۲) منہ مارنا ۔

کاٹ کھانے کو دوڑنا (ہ) بدمزاجی سے جواب دینا ۔ تند مزاجی اور ترش روئی سے پیش آنا ۔

کاٹا (ہ) (۱) ڈسا ہوا ۔ کاٹا ہوا (۲) (مذکر) چوٹ ۔

کاٹا اور الٹ گئی (ہ) چونکہ ناگن کاٹتے ہی پلٹ جاتی ہے ۔ اس وجہ سے اس کا اطلاق ایسے موذی شخص یا جانور پر ہونے لگا ۔ جو نقصان پہنچا کر محض تماشا بن جائے ۔

کاٹن (کاٹَن) (انگریزی) (COTTON) (۱) کپاس ۔ پنبہ ۔ (۲) روئی کا کپڑا ۔

کاٹنا (ہ) (۱) تراشنا ۔ قاش اتارنا (۲) شاخ قلم کرنا ۔ درخت چھانٹنا (۳) قینچی سے کترنا (۴) قطع کرنا (۵) ڈسنا ۔ (۶) منہ مارنا ۔ دانت مارنا (۷) زخم کرنا (۸) دور کرنا ۔ چھوڑنا (۹) اسقط کرنا (۱۰) گزارنا ۔ بسر کرنا (۱۱) ضائع کرنا ۔ گنوانا (۱۲) حلال کرنا ۔ ذبح کرنا ۔ گردن اڑانا (۱۳) طے کرنا ۔ قطع مسافت کرنا (۱۴) فیصلہ کرنا ۔ چکانا (۱۵) وضع کرنا ۔ منہا کرنا (۱۶) کمیشن دینا (۱۷) منسوخ کرنا ۔ قلم پھیرنا ۔ (۱۸) تردید کرنا (۱۹) شرم دلانا ۔ شرمانا ۔

کاٹنے کو دوڑنا (ہ) (۱) دیکھو (کاٹ کھانے کو دوڑنا) ۔ (۲) ناگوار گذرنا (۳) ویران اور اُجاڑ معلوم ہونا ۔

کاٹو تو خون نہیں ۔ کاٹو تو لہو نہیں (۱) خوف کے باعث بدن میں لہو کی بوند نہیں رہی ۔ شدید صدمہ گزرنے اور خوف طاری ہونے کے موقع پر بولتے ہیں ۔

کاٹھ (کاٹھ) (ہ) مذکر (۱) لکڑی ۔ چوب (۲) ایک بھاری اور موٹا لٹھا جس میں مجرموں کا پاؤں ٹھونکنے کے لیے چھید کر دیتے تھے ۔

کاٹھ پتلی (ہ) مؤنث ۔ کٹھ پتلی ۔ لکڑی کی بنی ہوئی پتلی لکڑی کی گڑیا ۔ لعبت چوبیں ۔

کاٹھ چبانا (ہ) تنگی میں بسر کرنا ۔ مشکل سے بسر اوقات کرنا ۔

کاٹھ کا (ہ) لکڑی کا بنا ہوا ۔ چوبیں ۔

کاٹھ کا اُلّو (ہ) مذکر ۔ احمق ۔ نادان ۔ بیوقوف ۔ مورکھ ۔

کاٹھ کا گھوڑا (ہ) مذکر (۱) لنگڑے آدمی کا عصا (۲) لکڑی کا بنا ہوا گھوڑا (۳) لکڑی کا زینہ ۔

کاٹھ کباڑ (ہ) مذکر ۔ ٹوٹا ہوا اسباب ۔ نکما اسباب ۔

کاٹھ کٹول بالنسلی (ہ) مذکر ۔ بچوں کا ایک کھیل جس میں آنکھ مچولی کی طرح آنکھیں بند کرتے اور لکڑی کو چھوتے پھرتے ہیں ۔

کاٹھ کوڑا چلنا (ہ) کاٹھ میں دینے اور کوڑے مارنے کا اختیار ہونا ۔ زور چلنا ۔ صاحب حکومت ہونا ۔

کاٹھ کی گھوڑی (ہ) مؤنث ۔ جنازہ ۔ ارتھی ۔ تابوت ۔

کاٹھ کی مورتی اور چینین ہار (ہ) کہاوت (۱) بدشکل آدمی کا بناؤ سنگار (۲) تعجب اور بد اقبالی کا اظہار ۔

کاٹھ کی ہانڈی بار بار نہیں چڑھتی (۱) (مثل) بار بار جھوٹ اور دغا بازی نہیں چل سکتی جیسے کاٹھ کی ہنڈیا دیکھنے میں تو ہنڈیا ہے مگر آگ سلگی اور یہ جل گئی ۔ اسی طرح دغا اور جھوٹ بھی حق و صداقت کی آنچ نہیں سہار سکتا ۔

کاٹھ کے گھوڑے دوڑانا (ہ) بیہودہ باتیں بنانا ۔

کاٹھ میں پاؤں پڑنا (ہ) (۱) بیڑی کا پہنایا جانا (۲) (کنایۃً) پابندی ہونا ۔

کاٹھ ہو جانا (ہ) بالکل بے حس و حرکت اور خاموش ہو جانا ۔ سخت ہو جانا ۔ پتھر بن جانا ۔

کاٹھی (کا ۔ ٹھی) (ہ) مؤنث (۱) جسم ۔ جسامت (۲) ڈھانچ قالب (۳) تلوار کا نیام ۔ میان ۔ غلاف (۴) گھوڑے کا ۔ چمڑے کا زین جس کے نیچے لکڑی ہوتی ہے ۔

کاٹھی گر (ہ) تلوار کا غلاف بنانے والا ۔

کاٹھیا واڑ (کا ۔ ٹھیا ۔ واڑ) (ہ) ہندوستان کے مغرب میں ایک مشہور علاقہ ۔

کالی انگلی پر نہ موتنا (ہ) (عو) ایسا کاہل اور بے درد ہو جانا کہ اگر کسی زخم پر اس کے اچھا ہو جانے کے لئے کہیں کہ ذرا پیشاب کر دے تو بھی نہ ہو سکے۔ نہایت سخت دلی اور بے رحمی کا اظہار۔

کاٹے باڑھ نام تلوار کا | لڑے فوج نام سردار کا (ہ) (مثل) چھوٹوں کی کارگذاری سے بڑوں کا نام ہو جاتا ہے۔

کاٹے کھانا (ف) نہایت ناگوار گزرنا۔ خوفناک معلوم ہونا۔ تکلیف دینا۔

کاٹے کٹے نہ مارے مرے (ہ) (۱) نہایت سخت جان آدمی ہے (۲) نہایت دشوار کام ہے۔

کاج (کا ج) (ہ) مذکر (۱) کام۔ کار (۲) بٹن کا گھر (۳) بیاہ شادی کا کاروبار۔

کاج بنانا (ف) بوتام کا گھر بنانا۔ بٹن کے لئے کسی کپڑے میں شوراخ بنانا۔

کاجل (کا۔جل) (ہ) مذکر۔ چراغ کا دھواں۔ دود چراغ

کاجل اڑانا (ف) (۱) کاجل صاف کر دینا۔ اس کا نشان مٹا دینا (۲) کاجل پارنا۔

کاجل پارنا (ہ) چراغ کی لو کے اوپر سرپوش رکھ کر کاجل اکٹھا کرنا۔

کاجل دینا۔ یا۔ سارنا (ف) آنکھوں میں کاجل لگانا۔

کاجل کا تل (ہ) مذکر۔ وہ خال جو خوبصورت لوگ خوشنمائی کے لئے کاجل سے اپنے رخساروں پر بنا لیتے ہیں۔

کاجل کی کجلوٹی اور پھولوں کا سنگار (ہ) (مثل) بدصورت آدمی کا بناؤ سنگار۔ کالی رنگت پر حسن چمکانے کا اظہار۔

کاجل کی کوٹھڑی (ہ) مؤنث (۱) کاجل اکٹھا کرنے کا مکان (۲) بدنامی کا گھر۔ خراب صحبت۔

کاجل کی کوٹھڑی میں جو جائیگا اسی کے ٹیکا لگیگا (ہ) (مثل) بری صحبت یا بدنام مکان میں جانے سے بدنامی ہی حاصل ہوتی ہے۔

کاجل کی کوٹھڑی میں دھبے کا ڈر (ہ) (مثل) بدنام جگہ جانے میں بدنامی لازمی ہے۔

کاجل لگانا (ف) آنکھوں میں کاجل لگانا۔

کاجو بھوجو (ہ) (۱) نہایت نازک اور کمزور چیز۔ ناپائدار (۲) دکھاوے کا۔ جلد ٹوٹنے والا۔

کاچ (کا چ) کانچ (کانچ) (ہ) مذکر۔ شیشہ۔ ایک قسم کا سخت چمکدار مادہ جو ریت اور کھار یعنی سجی کے ذریعے سے بنایا جاتا ہے۔

کاچھ (کا چھ) (ہ) مذکر (۱) زانو کے اوپر کا حصہ۔ جانگھ (۲) جانگیا۔ کاچھا۔ آدھا لنگ (۳) بھیس۔ لباس۔ روپ۔

کاچھ کاچھنا (ہ) (ہندو) سوانگ بھرنا۔ بھیس بدلنا۔

کاچھ کھولنا (ہ) لنگوٹی کھولنا۔ ازاربند کھولنا۔

کاچھا (ہ) مذکر۔ جانگیا۔ گھٹنا۔

کاچھا باندھنا یا کسنا (ہ) لنگوٹا باندھنا۔ کشتی کے واسطے لنگر کسنا۔ جانگیا پہننا۔

کاچھن (کا۔چھن) (ہ) مؤنث (۱) کاچھی کی بیوی (۲) ہندو سبزی فروش عورت (۳) مالن۔

کاچھی (کا۔چھی) (ہ) مذکر (۱) ہندو کنجڑا۔ ہندو سبزی بیچنے والا (۲) مالی۔

کاخ (کا خ) (ف) مذکر۔ بلند عمارت۔ محل۔ ایوان۔ قصر۔

کاذب (کا۔ذب) (ع) جھوٹا۔ دروغ گو۔

کار (کا ر) (انگ) (CAR) مؤنث (۱) موٹر کار (۲) گاڑی

کار (کا ر) (ف) مذکر (۱) کام کاج۔ دھندا۔ فعل۔ کرتوت۔ (۲) ہنر۔ پیشہ (۳) زراعت۔ کھیتی باڑی (۴) جنگ وجدل۔ لڑائی (۵) مطلب۔ مراد۔ مقصد (۶) مصروفیت شغل (۷) معاملہ۔ بیوہار (۸) (عو) شادی وغیرہ کی تقریب (۹) غرض۔ واسطہ۔

کار آزمودہ (ف) تجربہ کار۔ آزمودہ کار۔

کار آفریں (ف) کام کا پیدا کرنے والا۔ خدا تعالیٰ۔

کار آگاہ (ف) کام کی حقیقت سے واقف۔

کار آمد (ف) مطلب کی شے۔ کام کا آدمی۔ فائدہ مند چیز۔

کار برآری (ف) مؤنث۔ کام نکلنا۔ مطلب برآری۔

کار بند (ف) تعمیل کرنے والا۔ فرمانبردار۔ مطیع۔

کاربند ہونا (ف) (۱) تعمیل کرنا (۲) کرنا۔ ادا کرنا۔

کار بوزینہ نیست نجاری (ف) (مثل) بندر کا کام آرہ کشی نہیں۔ جس کا کام اسی کو ساجھے اور کرے تو ٹھینگا باجے ہر کسے را بہر کارے ساختند۔ خدا نے ہر مخلوق کیلئے الگ کام مقرر کیا ہے

کار پرداز (ف) مذکر۔ کارکن منتظم۔ سربراہ کار۔ کارندہ۔ گماشتہ۔

کار پردازی (ف) مؤنث۔ اہتمام۔ کارروائی۔ کارندگی۔

کار ثواب (ف۔ع) مذکر۔ نیک کام۔ نیکی کا کام۔ بھلائی کا کام۔

کار چوب (ف) مذکر (۱) وہ لکڑیاں یا ڈنڈے جن پر جولاہے تانی پھیلا کر بنتے ہیں (۲) (ف) ایک قسم کا کشیدہ جو لکڑی

کے جو کپڑے پر پھیلا کر کاڑھا جاتا ہے (۳) (ا)، زر دوز کشیدہ کار (۴) (ا)، زر دوزی کا کام کیا ہوا +

کارچوبی (ف)، مؤنث (۱)، زردوزی۔ کشیدہ کاری (۲)، زردوزی کیا ہوا +

کارخانہ (ف)، مذکر (۱)، کام کرنے کی جگہ۔ چیزوں کے بنانے اور تیار کرنے کا مقام (۲)، دکان۔ کوٹھی (۳) (ا)، ایک قسم کی اونچی چوکی جس پر بیٹھ کر گوٹہ کناری بنتے ہیں (۴)، جلاہوں کی کرگہ (۵) (ا)، کاروبار۔ کام کاج (۶)، (ا)، معاملہ۔ حساب (۷)، (ا)، نیچر۔ خدا کے کاروبار +

کارخانۂ الٰہی (ف۔ ع)، مذکر۔ معاملاتِ خدا۔ نیچر +

کارخانہ دار (ا)، مذکر (۱)، مالک کارخانہ۔ وہ شخص جس کا کاروبار ہو (۲) (ا)، خانساماں۔ داروغہ۔ باورچی خانہ +

کارِ خیر (ف۔ ع)، مذکر (۱)، نیک کام۔ بھلائی یا ثواب کا کام۔ (۲)، فاتحۂ خیر (۳)، لڑکی کا نکاح +

کاردار (ف)، مذکر۔ عہدہ دار۔ عامل۔ منصب دار +

کارداں (ف)، (۱)، تجربہ کار۔ واقف کار (۲)، ہنرمند۔ کاریگر (۳)، قدردان۔ کارشناس +

کارروائی (ف)، مؤنث (۱)، اجرائے کار۔ کام چلانا۔ کاربراری (۲)، کام کاج (۳)، تعمیل۔ کارگذاری۔ برتاؤ (۴)، قانون۔ ضابطہ (۵)، انتظام۔ بندوبست۔ اہتمام۔ پیروی (۶) (ا)، مجامعت۔ جماع (۷) (قانون)، روئداد عدالت +

کارروائی کرنا (ا)، (۱)، کارگذاری کرنا۔ کام چلانا (۲)، عمل کرنا۔ تعمیل کرنا (۳)، فرض ادا کرنا (۴)، مجامعت کرنا (۵)، مطلب نکالنا (۶)، پیروی مقدمہ کرنا +

کارزار (ف)، مؤنث۔ لڑائی۔ جنگ۔ رزم۔ معرکہ +

کارساز (ف) (۱)، کام بنانے والا۔ صانع (۲)، قادرِ مطلق +

کارسازی (ف)، مؤنث (۱)، کام کرنا۔ یا۔ بنانا (۲)، چالاکی۔ عیاری۔ دغابازی +

کارسنج (ف)، (۱)، کام سے واقف۔ معاملہ فہم (۲)، عقل مند +

کارفرما (ف)، مذکر (۱)، کام لینے اور کام بتانے والا۔ حکم کرنے اور چلانے والا۔ کمانڈر +

کارکردگی (ف)، مؤنث۔ کارگزاری +

کارکردہ (ف)، دیکھو (کارآزمودہ) +

کارکن (ف)، مذکر (۱)، سربراہ۔ مختار۔ وزیر (۲)، اہلکار +

کارگاہ (ف)، (۱)، کارخانہ۔ کام کرنے کی جگہ (۲)، کرگہ +

کارگر (ف)، (۱)، مؤثر۔ سریع التاثیر (۲)، مفید۔ فائدہ مند (۳)، مہلک۔ کاری۔ بھاری۔ گہرا +

کارگر ہونا (ا)، (۱)، مؤثر ہونا (۲)، مفید ہونا (۳)، کاری ہونا۔

کارگزار (ف)، کام کرنے اور حکم بجالانے والا۔ خدمتگزار۔ فرمانبردار۔ (۲)، چالاک (۳)، حاجت روا +

کارگزاری (ف)، مؤنث (۱)، خدمت گزاری۔ فرمانبرداری (۲)، خدمت۔ نوکری (۳)، ہوشیاری۔ مستعدی +

کارمند (ف)، کام کرنے والا +

کارنامہ (ف)، مذکر (۱)، جنگ نامہ۔ رزم نامہ (۲) تحفۂ بہادری (۳)، واقعات تاریخ (۴)، ضابطہ۔ قانون سلطنت۔ آئین +

کارِ نمایاں (ف۔ مذکر)، بڑا کام +

کاروبار (ا) مذکر (۱)، کام کاج۔ شغل۔ مشغلہ (۲)، لین دین۔ بیوپار +

کاروباری (ا)، مذکر (۱)، کام کاج کا آدمی (۲)، کارندہ۔ مہتمم۔ منصرم (۳)، تاجر (۴)، سوداگر (۵)، اودھ پور ریاست میں وزیر اعظم کا عہدہ +

کاربانک (کار۔ با۔ نک) (انگریزی ، CARBONIC) کاربن کا کوئلہ +

کاربانک ایسڈ گیس (کار با نک ایسڈ گیس) انگ (CARBNIC ACID GAS) مؤنث۔ وہ زہریلی ہوا جو زندہ حیوانات کے سانس اور نباتات سے بکثرت خارج ہوتی ہے

کاربن (کار۔ بن) انگریزی ، CARBON) مذکر۔ وہ اصلی زہریلا اور بسیط مادہ جو اکثر ہیرے یا جلی ہوئی چیز۔ در علی الخصوص کانی کوئلے یا سیسے میں پایا جاتا اور تیزاب کی آمیزش سے نمک بن جاتا ہے +

کاربین (کار۔ بین) (ا)۔ مؤنث۔ ایک قسم کی بندوق +

کارپوریشن (انگریزی، (کار۔ پو۔ ریشن) (CORPORATION) مذکر (۱)، سند یافتہ جماعت۔ وہ جماعت یا کمیٹی جو قانوناً کسی کام کے کرنے کی مجاز ہو (۲) بڑی میونسپل کمیٹی +

کارتوس (کار۔ توس) (ا)، مذکر۔ بارود بھری گولی جسے بندوق میں بھر کر سر کرتے ہیں +

کارٹرائی (کار۔ ٹرا۔ ای) (ا)، مؤنث۔ ایک قسم کا موٹا دبیز کا مضبوط کپڑا جس کا پاجامہ گھوڑے کی سواری کے وقت پہنتے ہیں +

کارٹون (کار۔ ٹون) انگریزی۔ CARTOON تصویری ہجو۔ بری تصویر +

کارج (کا۔ رج) (س)، مذکر (۱)، کام کاج (۲)، تقریب (۳) غرض۔ مطلب۔ مقصد۔ مدعا (۴)، باعث۔ سبب۔ (۵)، پیشہ۔ حرفہ +

کارد (کارد) (ف)، چاقو۔ چھری۔ چھرا +

کارڈ (کارڈ) انگریزی ، CARD مذکر۔ پوسٹ کارڈ

وُہ تین پیسہ کا سرکاری کاغذ جس پر کچھ لکھ کر بند یہ ڈاکخانہ بھیجتے ہیں (۲) ملاقات کا ٹکٹ (۳) ورق۔ پتّا ۔

کارڈ بورڈ (انگریزی) - CARD BOARD (مذکر) موٹے کاغذ کا تختہ۔ پٹھا۔ گتّا ۔

کارسپانڈنٹ (انگریزی) - CORRESPONDENT (مذکر) خبرنویس۔ نامہ نگار۔ وقائع نگار ۔

کارسپانڈنس (انگریزی) - CORRESPONDENCE (مؤنث) خط و کتابت۔ مراسلت ۔

کارستانی (کا۔رِس۔تا۔نی) (ف) مؤنث (۱) چالاکی۔ عیّاری جوڑ توڑ (۲) اُستادی۔ ہوشیاری (۳) تدبیر (۴) شرارت۔ بدی ۔

کارستانیاں (ف) مؤنث۔ کارستانی کی جمع۔ چالاکیاں۔

کارک (کارک) (انگریزی) (CORK) (مذکر) (۱) ایک درخت جس سے اکثر بوتل وغیرہ کے ڈاٹ بناتے ہیں (۲) کاک۔ کاگ۔ ڈاٹ ۔

کارن (کا۔رَن) (ہ) مذکر۔ سبب۔ واسطے۔ لئے۔ باعث۔ خاطر ۔

کارندہ (کا۔رِن۔دَہ) (ف) (۱) محنتی۔ کام کرنے والا (۲) (مذکر) کارکن۔ گماشتہ۔ مختار۔ مینجر ۔

کارنس (کا۔نِس) (انگریزی) CORNICE (مؤنث) دیوار کی کنگنی۔ منڈیر ۔

کارن فلور (کارن۔فلوَر) (انگ) CORN FLOUR, (مذکر) ایک قسم کا چاول کا آٹا ۔

کارنیوال (انگریزی) CARNIVAL) کیتھولک عیسائیوں کا ایک جشن۔ جشن ۔

کارواں (کار۔واں) (ف) مذکر۔ قافلہ ۔

کارواں سرائے (ف) مؤنث۔ قافلہ اترنے کی سرائے ۔

کاری (کا۔ری) (ف) مہلک۔ کارگر۔ کام تمام کرنے والا۔ گہرا۔ بھاری ۔

کارے دارد (ف) بہت مشکل ہے۔ کوئی خالہ جی کا گھر نہیں ۔

کاریز (کا۔ریز) (ف) مؤنث (۱) کھیت میں پانی دینے کی نالی (۲) چھوٹی نہر ۔

کاریگر (کا۔رِی۔گر) (ف) مذکر (۱) ہنرمند۔ دستکار۔ کام بنانے والا (۲) اُستادِ فن۔ ماہر (۳) کامل۔ ہوشیار۔ سمجھ والا (۴) موچی۔ چمار ۔

کاریگری (ف) مؤنث (۱) ہنرمندی۔ دستکاری۔ پیشہ (۲) اُستادی۔ ہوشیاری ۔

کارے نہ مسئلے (ا) حاصل نہ حصول۔ یونہی ۔

کاڑھا (کا۔ڑھا) (ہ) مذکر۔ وُہ جوش دی ہوئی گرم دوائیں جو زچہ کو پلاتے ہیں ۔

کاڑھنا (ہ) (۱) نکالنا (۲) باہر کرنا (۳) کھینچنا (۴) کشیدہ بنانا۔ (۵) جوش دینا (۶) اُدھار لینا (۷) انتخاب کرنا (۸) نقشہ کھینچنا (۹) موقوف کرنا (۱۰) پیٹ گرانا (۱۱) (ل) دیس نکالا دینا ۔

کاسب (کا۔سِب) (ع) کسب کرنے والا ۔

کاست (کا۔سْت) (ف) مؤنث۔ کمی۔ گھٹائی ۔

کاسد (کا۔سِد) (ع) کھوٹا۔ غیر خالص۔ ناقص۔ بےرواج ۔

کاسر (کا۔سِر) (ع) توڑنے والا ۔

کاسنی (کا۔س۔نی) (ف) مؤنث۔ ایک دوا کا نام جو سرد ہے اور دافع بخار ۔

کاسنی رنگ (ف) مذکر۔ سرخی مائل نیلا رنگ ۔

کاسہ (کا۔سَہ) (ف) مذکر (۱) پیالہ۔ بادیہ (۲) بھیک کا ٹھیکرا (۳) ف۔ نقارہ۔ دھونسا (۴) طعام۔ خاصہ ۔

کاسہ سر (ف) مذکر (۱) کھوپری۔ سر کا پیالہ ۔

کاسۂ گدائی (ف) مذکر۔ کچکول۔ بھیک کا پیالہ ۔

کاسہ لیس (ف) (۱) جھوٹے برتن چاٹنے والا (۲) خوشامدی چاپلوس (۳) پُرخور۔ پیٹو (۴) فقیر۔ گدا (۵) حریص لالچی ۔

کاش (کاش) (ف) خدا کرے۔ کیا اچھا ہو۔ حسرت و خواہش کے موقع پر بولا جاتا ہے ۔

کاشانہ (کا۔شا۔نَہ) (ف) مذکر (۱) جھونپڑا (تحقیراً) چھوٹا سا گھر (۲) آشیانہ۔ گھونسلا ۔

کاشت (کا۔شْت) (ف) مؤنث (۱) زراعت۔ کھیتی باڑی (۲) جوتی ہوئی زمین۔ کھلا کھیت (۳) موروثی زمین ۔

کاشت کار (ف) مذکر۔ کسان۔ زمیندار۔ کھیتی باڑی کرنے والا۔ مزارع ۔

کاشت کار باستحقاق حقّہ (ف۔ ع) مذکر۔ موروثی اسامی۔ مستقل اسامی ۔

کاشتکاری (ف) مؤنث۔ کھیتی باڑی۔ زراعت۔ قلبہ رانی ۔

کاشف (کا۔شِف) (ع) مذکر۔ کھولنے والا۔ ظاہر کرنے والا

کاشکے (ف) دیکھو (کاش)

کاشی (کا۔شی) (ہ) مؤنث (۱) بنارس (۲) کاشان کا باشندہ ۔

کاظم (کا۔ظِم) (ع) (۱) غصّہ پی جانے والا (۲) (مذکر) امام موسےٰ رضا بن جعفر صادق کا لقب ۔

کاظمین (ع - مذکر) ایک شہر۔

کاغذ (کا - غَذ) (ع) مذکر (۱) قرطاس - پتر (۲) پرچہ - پُرزہ رقعہ (۳) چٹھی - خط (۴) (ہ) نوشتہ - تحریر - دستاویز - تمسک (۵) اخبار - پرچہ خبر (۶) ورق (۷) روزنامچہ اعمال نامہ (۸) ہنڈی - کاغذ زر۔

کاغذ پتر (ہ) مذکر (۱) خط پتر - چٹھی چپاٹی (۲) دستاویز - تحریر - سند۔

کاغذ زر (ف - مذکر) تمسک - ہنڈی - نوٹ۔

کاغذ سا (ہ) پتلا - باریک - نازک - نہایت ہلکا اور پتلا۔

کاغذ سیاہ کرنا (ہ) (۱) خوب لکھ کر کاغذ بھرنا (۲) کاغذ خراب کرنا۔

کاغذ کرنا (ہ) (۱) دستاویز لکھنا (۲) کوئی چیز کسی کے نام پر لکھ دینا۔

کاغذ کھولنا (۱) بھید کھولنا - عیب یا غلطی ظاہر کرنا۔

کاغذ کھیوٹ (ہ - مذکر) وہ کاغذ جو پٹواری سالانہ تیار کرتا ہے۔

کاغذ کی ناؤ (ہ) مؤنث - ناپائدار چیز - فانی - کمزور - بے اصل بات۔

کاغذ کی ناؤ آج نہ ڈوبی کل ڈوبی (ہ) مثل جیسے کاغذ کی ناؤ کا کچھ اعتبار اور بھروسا نہیں - ویسے ہی بے اصل بات کو قیام نہیں ہوتا۔

کاغذ کی ناؤ کب تک بہے گی (ہ) مثل دھوکے سے کام نہیں چلتا۔

کاغذ کی ناؤ میں کون پار اترا (ہ) مثل ناپائدار سہارے پر کیا بھروسہ؟

کاغذ کے گھوڑے (ہ) مذکر - خطوط - چٹھیاں - نامے۔

کاغذ کے گھوڑے دوڑانا (ہ) جابجا خطوط بھیجنا - خط و کتابت کرنا۔

کاغذات (ع) (مذکر) کاغذ کی جمع۔

کاغذی (ع) مذکر (۱) کاغذ بنانے یا بیچنے والا (۲) دفتری (۳) کاغذ کا بنا ہوا (۴) (ہ) نازک - پتلا۔

کاغذی بادام (ف) مذکر - ایک قسم کا نہایت باریک چھلکے والا بادام۔

کاف (کاف) (ع) مذکر "ک" کا تلفظ۔

کاف کن (ع) مذکر - روز ازل۔

کاف و لام (ف - مذکر) گپ شپ۔

کاف و نون (ف - مذکر) کُن (ہوجا) سے مراد ہے

کافر (کا - فِر) (ع) مذکر (۱) غیر - دشمن - بیگانہ (۲) (اصطلاحاً) خدا کو نہ ماننے والا - بے دین - ملحد (۳) (ہ) مجازاً معشوق دلدار - صنم۔

کافر حربی (ع) مذکر - وہ کافر جس کے سبب سے امور دین میں حرج واقع ہو اور لڑنا پڑے۔

کافر ذمی (ع) مذکر - وہ کافر جو سلطنت اسلام کا مطیع ہو اور اس سے جزیہ لیا جائے۔

کافر کتابی (ع) مذکر - وہ کافر جو کسی پیغمبر کی امت میں ہو مگر دین محمدی کے خلاف ہو - جیسے یہود اور نصاریٰ۔

کافر نعمت (ع) (۱) ناشکر - منکر نعمت - احسان فراموش (۲) حرام خور - نمک حرام۔

کافور (کا - فُور) (ع) مذکر - کپور - ایک نہایت تیز خوشبو اور تلخ ذائقہ کا سفید مادہ جو بطور دوا مستعمل ہوتا اور کھلا رہنے سے اڑ جاتا ہے۔

کافور ہو جانا (ہ) اڑ جانا - غائب ہو جانا - چل دینا۔

کافوری (ع - ف) (۱) کافور کا بنا ہوا (۲) کافور کے سے سفید رنگ کا (۳) کافور ملا ہوا۔

کافوری شمع (ہ) مؤنث - کافور کی بنی ہوئی شمع جس کی روشنی بہت صاف ہوتی ہے اور دھواں مطلق نہیں دیتی۔

کافۂ انام (کا - ف - اِ - نام) (ع - مذکر) آدمیوں کا گروہ - سب لوگ۔

کافی (کا - فی) انگریزی - COFFEE) مؤنث - قہوہ کی ایک قسم۔

کافی (کا - فی) (ع) (۱) کفتی - وافر - بہت - بس - بخوبی (۲) (ہ) (مؤنث) ایک راگنی (۳) (پنجابی) قافیہ بندی تک بندی - نظم کی ایک قسم۔

کافی وافی (ع) بہت سے بہت - بخوبی - پورا - پورا۔

کاک (کاک) (ہ) مذکر - دیکھو (کارک)

کاک (کاک) (ف) مذکر - ایک قسم کی روغنی ٹکیا۔

کاکا (کا - کا) (ف) مذکر (۱) بڑا بھائی (۲) بہت بوڑھا اور قدیم غلام (۳) (پ) چھوٹا بچہ - ننھا۔

کاکاتوا / کاکاکوا (ہ) مذکر - ایک قسم کا سفید اور بڑا طوطا جس کے سر پر سرخ یا زرد کلغی ہوتی ہے۔

کاکریزی (ہ) ایک سیاہی مائل اودا رنگ۔

کاکڑا (ہ) مذکر - ہرن کی قسم کا ایک جانور۔

کاکڑا سینگی (ہ) مؤنث - ایک قسم کی پھلی جو اکثر دواؤں میں کام آتی ہے۔

کاکل (کا - کُل) (ف) مؤنث۔ سر کے بڑے بڑے آگے لٹکے ہوئے بال۔ زُلف۔ گیسو۔ لٹ۔ جٹا ۔
کاکلِ پیچاں (ف) مؤنث۔ پیدار زُلفیں۔ بل کھائے ہوئے بال۔
کاکلوڈ (کاک - لُوڈ) (ہ) مؤنث (عو) ماتا۔ محبت ۔
کاکلیں (ا) مؤنث۔ کاکل کی جمع ۔
کاکلیں چھوڑنا (ا) زُلفیں چھوڑنا۔ لٹیں لٹکانا ۔
کاکُن (کا - کُن) (ہ) - مؤنث۔ کنگنی ۔
کاکو (کا - کُو) (ہ) مذکر۔ ماموں ۔
کاکی (ہ) مؤنث (گنوار) (۱) چچی۔ باپ کے چھوٹے بھائی کی بیوی (۲) (وپ) لڑکی۔ بچی۔ بیٹی۔ بیوی ۔
کاکی (کا - کی) (ف) مذکر۔ حضرت خواجہ قطب الدین بختیار چشتی کا لقب
کاگ (کاگ) (ا) مذکر۔ دیکھو (کارک)
کاگ (کاگ) (ہ) مذکر (۱) کوّا۔ زاغ (۲) حلق کا وُہ گوشت جو تالو سے اندر کی طرف پر لٹکتا رہتا ہے ۔
کاگا۔ یا۔ کگروا۔ یا۔ کگوا (ہ) مذکر۔ کاگ کی تصغیر۔ کوّا۔ زاغ ۔
کاگا باسی موتی (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا سیاہ موتی ۔
کاگا رول (ہ) مؤنث (۱) کوّوں کی کائیں کائیں (۲) نہایت شور و غل ۔ غوغا۔ ہلڑ ۔
کال (ہ) مذکر (۱) موت۔ قضا۔ اجل (۲) موت کا فرشتہ۔ ملک الموت (۳) وقت۔ زمانہ۔ موسم۔ رُت (۴) قحط۔ گرانی۔ خشک سالی (۵) قلت۔ کمی۔ توڑا (۶) سیاہ کالا ۔
کال بنجر (ہ) مؤنث۔ بہت دنوں کی پڑی ہوئی بنجر زمین ۔
کال پڑنا (ہ) (۱) قحط ہونا۔ خشک سالی (۲) تھوڑا ہونا۔ کمی ہونا ۔
کالٹین (ہ) مذکر (تحقیرا) نہایت کالا۔ حبشی ۔
کال جواری (ہ) مذکر۔ نامی قمار باز۔ بڑا بھاری جواریا ۔
کال کا ٹوٹا۔ یا۔ مارا ہوا (ہ) (ر) قحط زدہ۔ بھوکا۔ کنگال ۔
کال کر جانا (ہ) (ہندو) مرجانا۔ انتقال کر جانا۔ گزر جانا ۔
کال کوٹھڑی (ہ) مؤنث (۱) اندھیری کوٹھڑی (۲) قیدِ تنہائی ۔
کال کے ہاتھ کمان نہ بوڑھا بچے نہ جوان (ہ) (مثل) ظالم آدمی یا موت کے ہاتھ سے کسی کو پناہ نہیں ۔
کالا (کا - لا) (ف) مذکر) پونجی۔ مال و اسباب ۔
کالا (کا - لا) (ا) سیاہ۔ اسود (۲) مذکر۔ کالے رنگ کا آدمی۔ سیاہ فام (۳) سانپ۔ ناگ۔ مار سیاہ ۔

کالا آدمی (ا) مذکر (۱) انگریزوں کی اصطلاح میں حقارتاً ہندوستانی آدمی۔ دیسی آدمی۔ نیٹو (۲) حبشی۔ افریقہ کا آدمی ۔
کالا بال (ہ) مذکر (۱) موئے زہار۔ جھانٹ کا بال (۲) ناچیز۔ ادنیٰ۔ حقیر ۔
کالا بھجنگ (ہ) نہایت کالا۔ از حد سیاہ فام ۔
کالا پانی (ہ) مذکر (۱) جزائر انڈیمان۔ جہاں ہندوستان سے عمر قیدی بھیجے جاتے ہیں (۲) عبور دریائے شور۔ عمر قید۔ حبسِ دوام (۳) سمندر کا پانی جو سیاہ نظر آتا ہے ۔
کالا پہاڑ (ہ) مذکر (۱) کوہِ سیاہ جو صوبہ شمال مغربی سرحد میں واقع ہے (۲) (مجازاً) ہاتھی فیل (۳) انسان کا سر بیس (۴) ناگوار طبع۔ اجیرن ۔
کالا تل (ہ) مذکر (۱) کنجد سیاہ (۲) خال سیاہ ۔
کالا چور (ہ) مذکر (۱) بھاری چور۔ چوروں کا سردار (۲) فرضی چور۔ نامعلوم الاسم آدمی ۔
کالا دانہ (ا) مذکر۔ حب النیل۔ نیل کے بیج جو دست آور ہوتے ہیں ۔
کالا زیرہ (ا) مذکر۔ ایک قسم کا عمدہ خوشبودار زیرہ ۔
کالا کلوٹا (ہ) نہایت کالا۔ حبشی ۔
کالا کوّا (ہ) مذکر۔ پہاڑی کوّا۔ کاگ ۔
کالا کوّا کھایا ہے (ہ) بہت باتیں کرنے والے کے متعلق بولتے ہیں ۔
کالا کوئلہ (ہ) (صفت) نہایت سیاہ۔ کالا کلوٹا ۔
کالا کھیلنا (ہ) منتر کے اثر سے سانپ کا کھیلنا ۔
کالا منہ (ہ) (کلمۂ تنفر و دعائے بد) (۱) دُور ہو۔ منہ نہ دکھا۔ پرے ہٹ (۲) روئے سیاہ ۔
کالا منہ کر جگ دکھلاوے تب لاگن کی لالی پاوے (ہ) (مثل) آدمی بدنامی جھیل کر اور مشقت اُٹھا کر نام روشن کرتا ہے ۔
کالا منہ کرنا (ہ) (۱) کسی کا منہ سیاہ کرنا (۲) عیب لگانا۔ بدنام کرنا۔ بے عزتی کرنا (۳) چھوڑنا۔ ترک کرنا (۴) نکال دینا (۵) زنا کرنا۔ بُرا کام کرنا ۔
کالا منہ کریل کے دانت (ہ) (مثل) سب باتیں بگڑی ہوئی ۔
کالا منہ نیلے ہاتھ پاؤں (ہ) (کلمۂ تنفر۔ دعائے بد) (عو) جب عورتیں کسی سے نہایت بیزار اور ناراض ہوتی ہیں تو یہ کلمہ زبان پر لاتی ہیں ۔
کالا منہ ہونا (ہ) (۱) منہ کالا کیا جانا۔ روسیاہ ہونا (۲) بدنام و رسوا ہونا (۳) نکالا جانا ۔

کالا ناگ (ف) مذکر (۱) مارِ سیاہ (۲) موذی۔ ظالم۔ ایذا رساں۔ تکلیف دِہ ✤

کالا ہرن مت مارو ستّر ہو جائیں گی رانڈ (ف) (مثل) ایسا آدمی نہ مرے جس کے ہاتھ بہنوں کی روزی ہو ✤

کالانعام (کل۔ اَن۔ عام) (ع) چوپایوں کی مانند۔ بیوقوف ✤

کالبُد (کال۔ بُد) (ف) مذکر (۱) قالب۔ ڈھانچہ۔ ڈھانچا۔

کالبُوت (کال۔ بُوت) (۲) جسم۔ تن۔ بدن (۳) سانچہ ڈھالنے کا اوزار (۴) (ل) کالبوت۔ جوتے کے اندر پھنسا کر اُسے اُبھارنے والی لکڑی ✤

کالج (کا۔ لِج) (انگریزی) (COLLEGE) (مذکر) بڑا مدرسہ اعلےٰ تعلیم گاہ۔ مدرسۃ العلوم۔ انٹرنس سے اُوپر کی جماعتوں کی درسگاہ ✤

کالجیئٹ (انگریزی) (COLLEGIATE) (مذکر) کالج کا طالب علم۔ کالج میں تعلیم پانے والا ✤

کالر (کا۔ لَر) انگریزی (COLLAR) مذکر (۱) ایک چوڑی سِلی ہوئی پٹی جو گلے میں باندھتے ہیں (۲) گریبان سے اوپر۔ بند کپڑا جو خوبصورتی کے لئے ساتھ ہی سی دیتے ہیں (۳) کُتّے یا دیگر جانوروں کا پٹا ✤

کالرا (کال۔ را) (انگریزی) (COLERA) مذکر۔ ہیضہ ✤

کالک (کا۔ لَک) (ف) مؤنث (۱) رسوائی (۲) رسوائی۔ عیب ✤

کالک کا ٹیکا (ف) مذکر (ہندو) (۱) سیاہی کا داغ۔ دھبا (۲) بدنامی۔ ذلت ✤

کالک کا ٹیکا لگنا (ل) بدنام ہونا۔ رسوائی ہونا۔ داغ لگنا ✤

کالکا (کال۔ کا) (س) مؤنث (۱) کالی دیوی۔ دُرگا۔ ایک کالے رنگ کی دیوی جسے ہندو پُوجتے ہیں (۲) کوہ شملہ کے نیچے ایک مقام جہاں سے میدان شروع ہوتا ہے

کالم (کا۔ لَم) (انگریزی) (COLUMN) (۱) ستون۔ کھمب (۲) خانہ۔ قطار (۳) فوج کا ایک دستہ (۴) اخبار کے صفحے کا ایک حصّہ ✤

کالمعدوم (کل۔ مَع۔ دُوم) (ع) نہ ہونے کے برابر ✤

کالنقش فی الحجر (کن۔ نقش۔ فل۔ حَجَر) (ع) پتھر کی لکیر کی طرح۔ پائدار ✤

کالی (کا۔ لی) (ف) مؤنث (۱) سیاہ۔ اسود (۲) ایک سیاہ دیوی دُرگا۔ کالکا (۳) سیاہ فام۔ کالے رنگ کی ✤

کالی آندھی (ف) مؤنث۔ وہ طوفانِ باد جس کی گرد کے باعث اندھیرا چھا جائے ✤

کالی بلا (ف) مؤنث (۱) نہایت کالی اور سخت چڑیل (۲) سخت مصیبت۔ بپتا (۳) کالی اور بدصورت عورت۔ چڑیل۔ بھتنی ✤

کالی بھلی نہ سیت دونوں مارو ایک ہی کھیت (ف) دونوں خراب ہیں۔ دونوں کو مار ڈالو ✤

کالی پیلی آنکھیں کرنا (ف) نہایت غصّے ہونا ✤

کالی جمعرات (ا۔ مؤنث) کوئی دن جو مقرر نہ ہو۔ وعدہ ٹالنے کے موقع پر طنزاً بولا جاتا ہے ✤

کالی دیبی (ف) مؤنث (۱) کالکا۔ دُرگا (۲) افیم۔ افیون ✤

کالی زبان (ل) مؤنث۔ سیاہ زبان کی نسبت عوام کا اعتقاد ہے کہ اس کی بددعا جلد اثر کرتی ہے ✤

کالی زیری (ل) مؤنث۔ ایک قسم کا زیرہ ✤

کالی سیتلا۔ یا۔ ماتا (ف) مؤنث۔ چیچک ✤

کالی کلوٹی (ف) نہایت سیاہ ✤

کالی کھانسی (ف) مؤنث۔ ایک قسم کی کھانسی جس میں بچے مبتلا ہوتے ہیں۔ اس میں سخت تکلیف ہوتی ہے ✤

کالی گھٹا (ف) مؤنث۔ ابرِ سیاہ ✤

کالی گھٹا ڈراؤنی بھوری برسن ہار (ل) (مثل) جو شیخی خورے اور بکواسی نہیں۔ وہی کام دے جاتے ہیں ✤

کالی مٹّی (ف) مؤنث۔ جوہڑ کی چکنی مٹی ✤

کالی مرچ (ف) مؤنث (۱) سیاہ مرچ (۲) اُشبیہا۔ مکھی۔ مگس ✤

کالی ہانڈی سر پر دھرنا (ف) بدنام ہونا۔ رسوا ہونا ✤

کالی ہڑ (ف) مؤنث۔ ہلیلہ سیاہ۔ چھوٹی ہڑ ✤

کالے پانی بھیجنا (ف) جلاوطن کرنا۔ عبورِ دریائے شور کرانا ✤

کالے تِل چابنا (ف) (ہندو) (ع) احسان اٹھانا۔ کنوڈا ہونا ✤

کالے سر کا (ل) مذکر (۱) انسان۔ بنی آدم (۲) جوان آدمی گبرو ✤

کالے کا کاٹا پانی نہیں مانگتا (ل) (مثل) سانپ کے کاٹے کا بچنا دشوار ہے (۲) موذی۔ دغاباز اور فریبی آدمی سے بچنا مشکل ہے ✤

کالے کوس (ل) مذکر (۱) دور دراز کا راستہ بہت دور (۲) بڑے بڑے کوس (۳) لمبے کوس ✤

کالے کوسوں (ف) مذکر۔ بہت دور اور برسوں اور مہینوں کی راہ ✤

کالے کوّے کھائے ہیں (ف) عوام کا اعتقاد ہے کہ جو کالے کوّے کا گوشت کھاتا ہے اُس کے بال سفید نہیں ہوتے۔ اس لئے جب پیرانہ سالی پر بھی کسی آدمی کے بال سفید نہیں ہوتے تو اس کی نسبت بولتے ہیں ✤

کالے کی سی لہر آجاتی ہے (ف) (مثل) کبھی کبھی جنون

آجاتا ہے۔ کبھی کبھی سانپ کی طرح لہریے کی چال چلنے لگتے ہیں ✤

کالے کے آگے چراغ نہیں جلتا (۱) زبردست کے آگے کچھ پیش نہیں جاتی۔ چونکہ کالے سانپ کی پھنکار کے سامنے چراغ نہیں جلتا۔ اس سبب سے یہ محاورہ ہوگیا ہے کہ زورآور کے سامنے کمزور کی نہیں چلتی ✤

کالے منہ اندھیرے (ہ)، (ہندو)، نہایت سویرے تڑکے تڑکے۔ علی الصبح ✤

کام (کَام) (ف، مذکر (۱) تالو۔ حلق۔ دہان۔ منہ (۲) مراد مطلب۔ مقصد (۳) خواہش۔ آرزو (۴) (ل) کارو بار۔ کاج کار (۵) (ل) کرتوت۔ کردار۔ فعل (۶) (س) شہوت کام دیو (۷) (ل) ہنر۔ پیشہ۔ دستکاری (۸) (ل) شغل مصروفیت (۹) (ل) بیچ بیوپار (۱۰) (ل) مطلب۔ واسطہ غرض (۱۱) (ل) جماع۔ مجامعت (۱۲) (ل) روزگار۔ نوکری۔ خدمت (۱۳) (ل) زردوزی۔ کارچوبی۔ نقاشی (۱۴) (ل) فرض۔ ڈیوٹی (۱۵) (و۔ ہش) خدمت۔ سیوا (۱۶) (ل) چالاکی۔ ہوشیاری۔ عیاشی ✤

کام آخر ہونا (ل) (۱) کام پورا ہونا (۲) مرنا۔ دم نکلنا — قریب مرگ ہونا ✤

کام آنا (ل) (۱) کارآمد ہونا (۲) مناسب جگہ خرچ ہونا۔ (۳) مددگار ہونا۔ سہارا دینا (۴) مارا جانا۔ لڑائی میں ہلاک ہونا (۵) خرچ ہونا (۶) استعمال میں آنا ✤

کام اٹکا رہنا (ل) کام رُکا رہنا ✤

کام بتانا (ل) (۱) کام سکھانا (۲) کام پر لگانا ✤

کام بڑھانا (ل) (۱) کام ختم ہونا (۲) کام کو ترقی دینا۔ بیوپار کو وسعت دینا۔ کام زیادہ کرنا ✤

کام بڑھنی۔ یا۔ کام بڑھنی کا (ل) گلی کوچوں میں بڑھنی کی آواز ✤

کام بگاڑنا (ل) (۱) کام خراب کرنا (۲) کسی کے کام یا مطلب میں خلل ڈالنا ✤

کام بگڑنا (ل) (۱) کام خراب ہونا (۲) معاملہ بگڑنا (۳) بات میں فرق آجانا (۴) کاروبار میں فرق آجانا ✤

کام بنا رہنا (ل) اقبال کا یاور ہونا۔ زمانہ کا حسب مراد رہنا ✤

کام بنانا (ل) (۱) کام درست کرنا (۲) کوئی چیز بنانا (۳) مطلب نکالنا۔ مقصد پورا کرنا۔ ارمان پورا کرنا ✤

کام بن جانا (ل) مطلب پورا ہونا۔ مراد برآنا ✤

کام بھگتانا (ل) (۱) کام پورا کرنا۔ کام نمٹانا ✤

کام پر لگانا (ل) (۱) کسی خدمت پر مقرر کرنا (۲) کسی کام کے سیکھنے میں مصروف کرنا (۳) مزدوری پر لگانا ✤

کام پیارا ہے چام پیارا نہیں (ہ) (مثل) انسان کی قدر اس کے کام سے ہے۔ نرے چمڑے سے کسی کو کیا پیار ؟

کام تمام کرنا (ل) (۱) کام پورا کرنا یا انجام کو پہنچانا (۲) مار ڈالنا۔ ہلاک کرنا ✤

کام تمام ہونا (ل) (۱) کام پورا ہونا (۲) مرنا (۳) جان سے گزرنا ✤

کام چڑھانا (ل) کسی کل یا مشین وغیرہ پر کام لگانا ✤

کام چلانا (ل) (۱) مطلب برآری کرنا (۲) کاروبار چلتا رکھنا (۳) انتظام کرنا (۴) دقت سے کام نکالنا ✤

کام چلاؤ (ل) ضرورت پوری کرنے کے لائق۔ گذارے کے قابل ✤

کام چلنا (ل) (۱) کاروبار جاری رہنا (۲) گذر ہونا۔ بسر ہونا (۳) ہاتھ تنگ نہ رہنا ✤

کام چمکنا (ل) کاروبار ترقی پر ہونا۔ کام کا رونق پر ہونا ✤

کام چوپٹ ہوجانا (ل) کام خراب ہوجانا ✤

کام چور (ل) سُست۔ کاہل وجود۔ کام سے دل چُرانے والا ✤

کام چور نوالے کو حاضر (ل) وہ سُست اور خودغرض آدمی جو کام تو نہ کرے مگر کھانے پر آموجود ہو ✤

کام دار (ل) مذکر (۱) کارکُن۔ عہدہ دار (۲) ریاست بھوپال میں پرائیویٹ نوکروں کے حساب کتاب اور خرید و فروخت کے افسر کا عہدہ (۳) زردوزی یا زری کا کام کیا ہوا ✤

کام دانی (ع م) وہ ریشمی کپڑا جس پر سونے چاندی کے تاروں سے بیل بوٹے کاڑھے گئے ہوں ✤

کام دو لہا دُلھن ہی سے پڑتا ہے (ہ) (مثل) آپس کا معاملہ آپس ہی میں طے ہوتا ہے ✤

کام دیکھنا (ل) کام کی پڑتال کرنا۔ معاینہ کرنا ✤

کام دینا (ل) (۱) کام آنا۔ حاجت روائی کرنا (۲) عہدہ یا خدمت سپرد کرنا (۳) کام سپرد کرنا (۴) کوئی کام بنانے کو دینا ✤

کام دیو (ل) مذکر (۱) خواہش نفسانی کا دیوتا (۲) قوتِ باہ۔ خواہش جماع ✤

کام سے جاتا رہنا (ل) (۱) مطلب کا نہ رہنا۔ قابل استعمال نہ رہنا (۲) موقوف ہوجانا (۳) نامرد ہو جانا ✤

کام سے کام ہونا (ل) اپنے مطلب سے مطلب اور غرض سے غرض ہونا۔

کام کا (ل) کارآمد مفید مطلب۔

کام کا آدمی (ل) مذکر (۱) اچھی طرح کام کرنے والا آدمی۔ (۲) ہوشیار اور تجربہ کار آدمی۔

کام کو آنہاں کھانے کو ہُوں (ل) (مثل) کام کے وقت نہیں اور کھانے کے وقت ہاں۔

کام لینا (ل) (۱) کام کرانا (۲) دفتر کا کام سنبھالنا (۳) اختیار کرنا (۴) ٹھیکہ لینا (۵) کسی بات کا ذمّہ لینا۔

کام کاج (ل) مذکر۔ کاروبار۔ معاملہ۔ بیوپار۔ لین دین

کام کاجی (ہ) (ہندو) محنتی۔ چیرتیل۔ کامی۔

کام کا نہ کاج کا دشمن اناج کا (ل) (مثل) سست کاہل وجود جو کھانے اور اناج بگاڑنے کے سوا اور کسی کام کا نہ ہو۔

کام کرنا (ل) (۱) کاروبار میں لگنا (۲) کوئی شغل کرنا۔ (۳) فائدہ مند ہونا (۴) اثر کرنا۔ مؤثر ہونا (۵) کامیاب ہونا۔ مطلب پورا کرنا (۶) کارنمایاں کرنا (۷) ہم صحبت ہونا۔ مجامعت کرنا (۸) قتل کرنا (۹) کوئی عجیب کام کرنا۔ (۱۰) کام دینا۔

کام میں کام نکالنا (ل) (۱) ایک کام کے ساتھ دوسرا کام بھی کرلینا (۲) ایک کام میں دوسرا کام نکالنا۔

کام میں لانا (ل) (۱) استعمال یا برتاؤ میں لانا (۲) صرف کرنا۔ اٹھانا۔

کام نکالنا (ل) (۱) مطلب نکالنا۔ غرض نکالنا (۲) کسی کے لئے کوئی کام تجویز کرنا۔

کام ہو جانا (ل) (۱) مراد برآنا۔ مطلب پورا ہو جانا (۲) ہلاک ہو جانا۔ بُرا حال ہو جانا (۳) کوئی خدمت مل جانا۔

کام ہونا (ل) (۱) ضرورت پڑنا (۲) مطلب حاصل ہونا (۳) جان سے جانا۔

کامران (کام۔ ران) (ف) صاحب نصیب۔ اقبال مند۔

کامرانی (کام۔ رانی) (ف) مؤنث۔ خوش نصیبی۔ اقبالمندی۔

کامروپی (کام۔ رُوپی) (ہ) شہوت انگیز۔ خوبصورت۔ حسینہ۔

کامگار (ف) خوش نصیب۔ اقبال مند۔

کامیاب (کام۔ یاب) (ف) فتحمند۔ کامران۔ منصور و مظفر۔

کامیابی (کام۔ یابی) (ف) مؤنث۔ فتحیابی۔ نصرت۔ ظفر۔ بہرہ مندی۔

کامل (کا۔ مِل) (ع) (۱) پُورا۔ تمام۔ سب۔ جملہ (۲) ماہر۔ پُورا کاریگر (۳) پہنچا ہُوا۔ عارف۔ خدارسیدہ (۴) فاضل اجل (۵) مضبوط۔ پکّا۔

کامل ہونا (ل) (۱) کسی کام میں پُورا ہونا۔ پکّا ہونا۔ استاد ہونا۔ (۲) عارف ہونا۔ خدارسیدہ ہونا۔

کام لیٹ (کام۔ لیٹ) (مہنّد) (انگ) کیملٹ CAMLET) اونٹ کی اُون اور ریشم کا بنا ہُوا ایک قسم کا کپڑا۔

کامنی (کام۔ نی) (ہ) مؤنث (۱) نہایت خوبصورت عورت۔ حسینہ (۲) نازک اور دُبلی عورت۔ چھریری۔

کامود (کا۔ مُود) (ہ) مذکر۔ مالکوس۔ راگ کی ایک قسم جسے رات کے وقت گاتے ہیں۔

کامونی۔ کموئی (کا۔ مُو۔ نی۔ کمُوئی) مؤنث۔ زیرہ ملا کر بنائی ہوئی ایک قسم کی معجون۔

کامی (ل) (۱) کاروباری۔ کام میں لگا ہُوا (۲) کام کا۔ مفید کار (۳) ہ۔ عیاش۔ شہوت پرست۔

کان (کان) (ف) مؤنث (۱) معدن۔ وہ جگہ جہاں سے کھود کر دھات یا جواہرات یا دیگر قیمتی اشیاء نکالتے ہیں (۲) (ل) منبع۔ چشمہ۔

کان کن (ف) (۱) کان کھود دینے والا (۲) فرہاد کا لقب۔

کانِ ملاحت (ف۔ ع) وہ معشوق جو نہایت سلونا ہو۔

کان (کان) (ہ) مذکر (۱) گوش۔ سمع (۲) سماعت۔ سُننے کی قوت (۳) چاپ۔ پانی کی ٹیڑھ۔ بل۔ کھنچاؤ (۴) دھیان۔ توجہ۔ دھیان (۵) کانوں کا ایک زیور۔

کان آشنا ہونا (ل) کسی بات کا سُنا ہُوا ہونا۔

کان آڑے۔ یا۔ کان پھٹے۔ یا۔ کان پھوٹے جانا (ل) کثرت شور و غل یا داستانِ طول کے سننے سے کانوں کا پریشان ہو جانا۔

کان اکھاڑنا۔ اینٹھنا۔ کھینچنا۔ یا۔ مروڑنا } (ل) (۱) سزا دینا۔ ادب دینا۔ دھمکانا (۲) باز آنا۔ کسی کام کے نہ کرنے کا عہد کرنا (۳) ستار۔ طنبور۔ یا سارنگی وغیرہ کی کھونٹی مروڑنا۔

کان اونچے کرنا (ہ) دیکھو (کان کھڑے کرنا)۔

کان بال (ہ) مذکر۔ ہندوؤں کی ایک رسم جس میں بچّے کے بال منڈوائے اور کان چھدوائے جاتے ہیں۔

کان بجنا (ہ) (۱) کان میں ہر وقت آواز آنا (۲) کسی کے بغیر پکارے اور بے بلائے بول اُٹھنا۔

کان بچھلانا (ہ) گھوڑے کا شرارت کیلئے کان پھڑپھڑانا۔

کان بدمزہ ہونا (ل) سُننا ناگوار ہونا۔

کان بندھوانا (ف) کان میں چھید کرانا - کان چھدوانا +

کان بھرنا (ف) (۱) لگائی بجھائی کرنا (۲) غیبت کرنا +

کان بہنا (ف) کان سے پیپ جاری ہونا +

کان پر جُوں نہ چلنا یا رینگنا (ف) (۱) کہا نہ ماننا (۲) بے پروائی کرنا (۳) ڈھٹائی کرنا +

کان پر سے گولی جانا (ف) کسی صدمہ یا آفت سے بال بال بچ جانا +

کان پر ہاتھ دھرنا - یا - رکھنا (ف) صاف انکار کرنا لاعلمی ظاہر کرنا +

کان پڑنا (ف) سننے میں آنا (سنائی دینا)

کان پڑی آواز - یا - بات سنائی نہ دینا (ف) نہایت شور و غل ہونا +

کان پڑی کام آتی ہے (ف) (مثل) سُنی سُنائی بات کبھی نہ کبھی کام آ ہی جاتی ہے +

کان پکڑ کے اُٹھانا - بٹھانا (ف) (۱) کان پکڑ کر اُٹھانا بٹھانا (۲) نہایت مطیع و فرمانبردار بنانا +

کان پکڑنا (ف) (۱) کان مروڑنا (۲) قائل ہونا - اُستاد تسلیم کرنا (۳) توبہ کرنا - عہد کرنا (۴) پرہیز کرنا - چھوڑنا (۵) اطفال کو ایک طرح کی سزا دینا +

کان پکڑی باندی - یا - لونڈی (ف) (مؤنث) نہایت مطیع و فرمانبردار - کنیز - زرخرید باندی +

کان پیارے تو بالیاں} (ف) (مثل) کسی چیز کے ساتھ
جورو پیاری تو سالیاں} محبت ہونے کی وجہ سے اس کے متعلقات کے ساتھ محبت ہونے کے موقع پر بولتے ہیں +

کان تلے کی چھوڑنا (ف) (۱) بھید کی بات کہنا (۲) جھوٹی بات اُڑانا +

کان جھنجنانا (ف) کسی سخت آواز کا کانوں کو ناگوار اور گراں گزرنا +

کان دکھانا (ف) کان کا میل نکلوانا - کان میلیے سے کان صاف کرانا

کان دھر کر - یا - کان دھر کے سُننا (ف) غور سے
کان دھرنا - یا - کان رکھ کر سُننا} سُننا دھیان دے کر سُننا - توجہ سے سُننا +

کان رکھنا (ف) (۱) کان لگانا (۲) توجہ دے کر سُننا (۳) خیال رکھنا +

کان کا پردہ (ف) مذکر - کان کے اندر کی باریک سوراخ دار جھلی جو نہایت باریک اور نازک ہوتی ہے +

کان کاٹنا (ف) (۱) کان تراشنا (۲) مات کرنا - بڑھ جانا - فوقیت رکھنا (۳) دھوکا دینا - فریب دینا +

کان کا کچّا (ف) مذکر - وہ شخص جو بے سوچے سمجھے ہر ایک کی بات پر اعتبار کر لے - ضعیف الاعتقاد +

کان کا میل (ف) مذکر - وہ غلاظت اور کثافت جو کان کے اندر جمع ہو جاتی ہے

کان کھانا (ف) ملونس سے دماغ پریشان کرنا - ستانا دق کرنا - شور و غل کرنا +

کان کھڑے کرنا (ف) کان اونچے کرنا - چوکنا ہونا - ہوشیار ہونا - بدکنا +

کان کھولنا (ف) (۱) کسی بات کے سننے کے لئے کانوں کو متوجہ کرنا (۲) خبردار کرنا - ہوشیار کرنا - نصیحت کرنا +

کان لگانا (ف) (۱) دھیان لگا کر سُننا (۲) چھُپ کر سُننا +

کان لگنا (ف) (۱) کان پک جانا (۲) یار بننا - منہ چڑھنا (۳) کانا پھوسی کرنا - سرگوشی کرنا (۴) خیال ہونا - توجہ ہونا +

کان مروڑنا یا - مَلنا (ف) (۱) کان کھینچنا - گوشمالی کرنا (۲) ڈرانا - سزا دینا (۳) ماننا - نیچی بات - کی کھونٹی کسنا +

کان میلیا (ف) مذکر - کان کا میل صاف کرنے والا +

کان میں بات مارنا (ف) بات سُن کر ٹال جانا +

کان میں پارہ بھرنا (ف) گونگا بہرا کر دینا +

کان میں پڑنا (ف) سننے میں آنا - گوش زد ہونا +

کان میں پھونکنا (ف) (۱) کان میں لگنا (۲) بدگوئی کرنا (۳) بدگمان کرنا - بددل کرنا (۴) کسی کی تعریف کر کے آسے پھسلانا +

کان میں تیل ڈال لینا - یا - ڈالنا (ف) (۱) اپنے آپ بے خبر - بہرہ بنا لینا (۲) خاموشی اختیار کر لینا +

کان میں جھنجھی کوڑی ڈالنا (ف) غلام بنانا - غلام ہونے کی نشانی کان میں ڈالنا +

کان میں ڈال دینا - یا - ڈالنا (ف) سُنا دینا - کہہ دینا - آگاہ کر دینا +

کان میں ڈھول بجانا (ف) کان کے پاس چلّانا - بہت زور سے کہنا +

کان میں روئی (دے کے ہو بیٹھنا) دینا (ف) محض بے خبر - غافل - بے مدد اور بے پروا بن جانا +

کان میں کھٹکنا (ف) کانوں کو بُرا لگنا - ناگوار معلوم ہونا +

کان میں کہہ دینا۔ یا۔ کہنا (ہ) چپکے سے کہنا۔ پوشیدہ یا خفیہ طور سے کہہ دینا ÷
کان نہ کھڑکھڑانا۔ یا۔ کان نہ ہلانا (ہ) (۱) چپ ہو جانا خاموش ہو جانا (۲) انکار نہ کرنا (۳) جانور کا سدھ جانا ÷
کان ہونا (ہ) (۱) چارپائی یا کپڑے وغیرہ میں ٹیڑھ ہونا۔ (۲) نصیحت حاصل ہونا۔ خبردار ہو جانا (۳) اطلاع ہو جانا امتحان ہو جانا (۴) خیال ہو جانا دھیان ہو جانا ÷
کانا (کا نا) (ہ) (ہندی) (۱) یک چشم۔ ایک آنکھ کا۔ کانڑا (۲) داغی پھل (۳) ٹیڑھا۔ ترچھا ÷
کانا ٹھو نڈھو نقرا ۔ عیب میں عیب۔ خراب و تباہ حال کا بے جوڑ اور بے میل سامان ÷
کانا پھوسی (ہ) مؤنث۔ سرگوشی کھسر پھسر ÷
کانا پھوسی کرنا (ا) سرگوشی کرنا۔ کان میں بات کہنا۔ کھسر پھسر کرنا ÷
کانا گھو (ہ) مذکر۔ ایک پہاڑی ترکاری جو برسات میں از خود پیدا ہوتی ہے ..
کانا گوشی (ر) مؤنث (۱) کانا پھوسی (۲) گوشمالی ÷
کانپ (کا نپ) (ہ) مؤنث (۱) پتنگ یا کنکوے کی خمدار اور لچکدار پتلی قمچی (۲) (گنوا) سؤر یا ہاتھی کا اگلا دانت ÷
کانپ اٹھنا (ہ) خود اسے تھرّا جانا۔ لرز جانا ÷
کانپنا (ہ) ہلنا۔ لرزنا۔ تھرتھرانا ÷
کانٹا (کاں۔ ٹا) (ہ) مذکر (۱) خار۔ سُول (۲) ترازو۔ (۳) ترازو کے دستے کی سوئی (۴) مچھلی پکڑنے کا خمیدہ اور نوکدار کانٹا (۵) کنوئیں وغیرہ میں سے گرے ہوئے ڈول نکالنے کا اوزار (۶) مرغ کا پنجہ سکھانے کا کانٹا (۷) مچھلی کا خار (۸) آنکڑا (۹) وہ کل جس کے کھینچنے سے ریل گاڑی دوسری پٹڑی پر چلی جاتی ہے (۱۰) ٹہک (۱۱) پرندوں کا ایک مہلک مرض (۱۲) خلش۔ کھٹکا (۱۳) نہایت دبلا۔ لاغر (۱۴) نہایت ناگوار طبع (۱۵) وہ چوبی پنجہ جس سے زمیندار لوگ گھاس وغیرہ اٹھاتے ہیں (۱۶) شراب کا مہلک نشہ۔ نہایت تیز اور تند شراب (۱۷) گھنٹے یا گھڑی کی سوئی (۱۸) علم حساب میں جمع ضرب۔ تفریق۔ تقسیم کا نشان (۱۹) زبان کا کھردرا پن (۲۰) قوام کا تار (۲۱) روک۔ اٹکاؤ (۲۲) دشمن ÷
کانٹا چبھونا (ا) (ہ) کنایۃً۔ خلش دینا۔ تکلیف دینا ÷
کانٹا سا کھٹکنا (ہ) نہایت ناگوار گزرنا۔ برا لگنا ÷
کانٹا سا نکل جانا (ہ) کسی دکھ یا مصیبت یا سختی سے رہائی پانا۔ آرام ہو جانا ÷
کانٹا کر دینا (ہ) دبلا کر دینا ÷
کانٹا لگنا (ہ) (۱) کانٹا چبھنا (۲) پرندوں کو کانٹے کا مرض لاحق ہونا (۳) مہلک نشہ ہونا ÷
کانٹا مارنا (ہ) (۱) پر مارنا (۲) لڑتے وقت ایک مرغ کا دوسرے مرغ کو لات مارنا ÷
کانٹا نکالنا (ہ) تکلیف یا مصیبت سے بچانا۔ کھٹکا دور کرنا ÷
کانٹا نکلنا (ہ) (۱) خلش دور ہونا۔ تکلیف رفع ہونا ÷ (۲) پرندوں کو کانٹے کا مرض لاحق ہونا ÷
کانٹا ہو جانا (ہ) لاغر ہو جانا ÷
کانٹوں (ہ) مذکر۔ کانٹا کی جمع ÷
کانٹوں پر کھینچنا۔ یا۔ گھسیٹنا (ہ) (۱) سزا دینا (۲) شرمندہ کرنا (۳) نہایت تکلیف دینا (۴) از حد ستانا ÷
کانٹوں پر لوٹنا (ہ) (۱) تڑپنا۔ بے قرار رہنا (۲) آتش رشک و حسد میں جلنا ÷
کانٹوں میں تل کر بکنا (ہ) نہایت گراں بکنا۔ کسی چیز کی کمال قدر ہونا۔ سونے چاندی کے بھاؤ بکنا ÷
کانٹی (کاں۔ ٹی) (مؤنث) (۱) ردی کا کوڑا (۲) وہ نکمی روئی جو دھننے میں نہ آسکے (۳) چھوٹا ٹہک۔ آنکڑا (۴) بیڑی۔ جولان (۵) (پ) ڈوریں بندھا ہوا ڈورا جس سے لڑکے کھیلتے ہیں ÷
کانٹی کھانا (ہ) قید کاٹنا۔ جیلخانے میں جانا۔ سزایافتہ ہونا ÷
کانٹے (ہ) مذکر۔ کانٹا کی جمع ÷
کانٹے بونا (ہ) اپنے یا کسی کے حق میں برا کرنا۔ برائی کرنا ÷
کانٹے بوئے ببول (ککول) کے تو آم کہاں سے ہوں (ہ) (مثل) بدی کر کے نیکی کی امید رکھنا محض حماقت ہے ÷
کانٹے پر کی اوس (ہ) نہایت ناپائدار۔ بے قیام چیز ÷
کانٹے پڑنا (ا) پیاس کے مارے زبان یا حلق یا منہ خشک ہو جانا ÷
کانٹے میں تلنا (ہ) بیش قیمت ہونا۔ سونے چاندی کے مول بکنا ÷
کانجی (کاں۔ جی) (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کا کھٹا پانی جس میں رائی۔ زیرہ۔ نمک وغیرہ اچار کی طرح ڈالتے ہیں۔ (۲) چاولوں کی پیچ۔ مانڈی ÷
کانجی ہوس (ا) مذکر (۱) قیدخانے کا مکان (۲) حوالات۔ نگرانی (۳) وہ سرکاری مکان جہاں لاوارث مویشی بھیج دئے جاتے ہیں ÷

کانچ (کانچ) (ہ) مؤنث (۱) دیکھو (کانچ) (۲) ایک بیماری جس میں پاخانہ پھرتے وقت مقعد کا گوشت نکل آتا ہے ۔

کانچ نکال دینا (ہ) خوب مارنا۔ اس قدر مارنا کہ اس کا صدمہ مقعد تک پہنچے ۔

کانچو (ہ) مذکر (۱) وہ شخص جسے کانچ نکلنے کا مرض لاحق ہو (۲) اغلامی۔ لوطی ۔

کاندھا (کاں۔دھا) (ہ) مذکر (گنوار) کندھا۔ دوش۔ مونڈھا۔ شانہ ۔

کاندھا بدلنا (ہ) ایک دوش سے دوسرے دوش پر کسی بوجھ کا لینا ۔

کاندھا دینا (ہ) جنازے کو کندھا دینا ۔

کاندھی دے جانا (ہ) بہانہ کرنا۔ ٹال جانا ۔

کانڈ (کانڈ) (ہ) مذکر (ہندو) کتاب کا باب۔ حصّہ۔ فصل ۔

کانڈا (کاں۔ڈا) (ہ۔ مذکر) پیاز جیسی جڑ ۔

کانڈل (کاں۔ڈل) (ہ) مذکر سرسوں کا ساگ ۔

کانڈلی (کانڈ۔لی) (ہ۔ مؤنث) خرفہ ۔

کانڑا (کاں۔ڑا) (ہ) (۱) دیکھو (کانا) (۲) ایک راگنی۔

کانڑا رگی (ہ) مذکر۔ نہایت شوخ اور شریر کانڑا ۔

کانڑا بھے بھائے نہیں
کانڑے بن سہائے نہیں (ہ) ایک شخص سے نفرت کرنا اور پھر اُس کے بغیر صبر بھی نہ کرسکنا ۔

کانڑی (ہ) مؤنث (۱) ایک آنکھ کی عورت۔ یک چشم (۲) داغی ہوئی ترکاری ۔

کانڑی اپنا ٹینٹ نہ نہارے اوروں کی پھلی دیکھ بھکلانے (ہ) (مثل) عیب دار کو اپنا عیب تو کیسا ہی بڑا ہو عیب نہیں معلوم ہوتا مگر دوسرے کا چھوٹا عیب بھی بُرا معلوم ہوتا ہے ۔

کانڑی کو کون سراہے کانڑی کا باوا (ہ) (مثل) اپنی بُری چیز بھی اچھی معلوم ہوتی ہے ۔

کانڑے کی ایک رگ سوا ہوتی ہے (ہ۔ مثل) کانڑے میں شرارت زیادہ ہوتی ہے ۔

کانڑے کے بیاہ کو سو سو جوکھوں (ہ) (مثل) عیب دار شے کے لئے ہر جگہ مشکلات پیش آتی ہیں ۔

کانِس (کا۔نِس) (ہند) دیکھو (کارنس)

کانس (کانس) (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کی لمبی گھاس جو اکثر غیر مزروعہ زمین میں پیدا ہوتی ہے (۲) جھگڑا۔ منٹا۔ قضیہ (۳) چمک۔ تابش ۔

کانس میں تیرنا (ہ) (۱) دھوکا کھانا (۲) غور و فکر میں ہونا (۳) جی جان جوکھوں میں رہنا ۔

کانسا (کاں۔سا) (ہ) مذکر (۱) راجہ کا کھانا۔ قاصہ (۲) کانسی ۔

کانسٹیبل (کانس۔ٹے۔بل) (انگ CONSTABLE (مذکر) پولیس کا سپاہی۔ چوکیدار۔ محافظ۔ نگران ۔

کانسٹی ٹیوشن (کانس۔ٹی۔ٹیو۔شن) (انگریزی) CONSTITUTION (مذکر) (۱) ساخت۔ بناوٹ۔ وجود (۲) قوانین۔ خصلت۔ طبیعت (۳) قوانین (۴) طریق حکومت ۔

کانسل (کَان۔سَل) (انگریزی COUNSEL (مذکر) مشیر قانونی ۔

کانسل (کان۔سَل) انگریزی CONSUL - مذکر (دیکھو قونصل)

کانسہ (کاں۔سہ) (ف) مذکر۔ پیالہ۔ کاسہ۔ بھیک کا ٹھیکرا ۔

کانسی (کاں۔سی) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی دھات جو تانبے اور رانگ کی آمیزش سے تیار ہوتی ہے ۔

کانشنس (کان۔شنس) (انگ CONSCIENCE (مذکر) انسانی ضمیر۔ وجدان سلیم۔ وہ انسانی قوت جو انسان کو بھلائی کی طرف متوجہ کرے ۔

کانفرنس (کان۔فرنس) (انگ CONFERENCE (مؤنث) (۱) مجلس شوریٰ۔ مشورے کی مجلس (۲) سوال وجواب۔ مباحثہ (۳) صلاح مشورہ (۴) [illegible]

کانفیڈنشل (انگریزی) CONFIDENTIAL رازداری کا خفیہ۔ پرائیویٹ ۔

کانکڑا (کانک۔ڑا) (ہ) مذکر۔ بُلبُل ۔

کانکھ (کانکھ) (ہ) مؤنث (۱) بغل (۲) کنارہ (۳) کانکھنا کا اثر

کانکھنا (ہ) (۱) گلا صاف کرنے کیلئے آواز نکالنا (۲) کراہنا۔ آہیں بھرنا ۔

کانگرس (کانگ۔گرس) (انگ CONGRESS (مؤنث) (۱) اجتماع۔ مجلس (۲) ہندوستانیوں کی قومی و سیاسی جمعیت ۔

کانگڑی (کانگ۔ڑی) (کشمیری) مؤنث۔ مٹی کی انگیٹھی جس کے اوپر تیلیوں کا غلاف چڑھا ہوتا ہے۔ اِس کا استعمال کشمیر میں زیادہ ہے ۔

کانورا (کاں۔وَرا) (ہ) (عو) حواس باختہ۔ بے اوسان۔ بدحواس ۔

کانون (کا۔نُون) (ف) مذکر (۱) انگیٹھی (۲) آگ ڈالنے

کاپیالہ ٭

کانوں (ہ) مذکر (۱) کان کی جمع - بہت سے کان (۲) کانیں - معدنیات ٭

کانوں پر ہاتھ دھرنا - یا - رکھنا (ہ) (۱) صاف انکار کرنا (۲) کہکر پھر جانا - مکرنا (۳) محض لاعلمی اور بے خبری ظاہر کرنا (۴) نماز کی تکبیر کے ساتھ کانوں پر ہاتھ رکھنا ٭

کانوں کان خبر نہ ہونا } (ہ) اس طرح کوئی بات ہونا

کانوں کان نہ جاننا } جس کی دوسرے کو مطلق خبر نہ ہو - بالکل خبر نہ ہونا - کچھ نہ جاننا ٭

کانوں میں انگلیاں دینا - یا - رکھنا (ہ) کسی کی آواز نہ سننے کی غرض سے کانوں کو بند کرنا ٭

کانوں میں رس پڑنا (ہ) کانوں کا رسیلی یا سُریلی آواز سے حظ اٹھانا - لطف حاصل کرنا ٭

کانووکیشن (کا - نو - وو - کے - شن) (انگریزی CONVOCATION) مذکر - یونیورسٹی کا سالانہ جلسہ جس میں انعامات تقسیم کئے جاتے ہیں ٭

کانی (ہ) مؤنث (۱) دیکھو کانڑی (۲) (ف) معدن کی چیز ٭

کانے (ہ) مذکر - کانا کی جمع - کانڑے ٭

کانے چوٹ کٹو نڑے بھینٹ (ہ) (مثل) دکھتے زخم پر چوٹ زیادہ لگتی ہے - جس بات کا ڈر ہو - وہی پیش آتی ہے ٭

کاو (کاؤ) (ف - مؤنث) (۱) کھودنا (۲) تلاش (۳) تفتیش -

کاوکاو (کاؤ - کاؤ) (ف) مؤنث (۱) کوشش (۲) تفتیش - (۳) زخم کو ناخن سے چھیلنا اور کھجانا ٭

کاوا (کا - وا) (ا) مذکر - گھوڑے کو اس طرح چکر دینا - کہ اس کے قدموں کے نشانوں سے زمین پر ایک دائرہ پیدا ہوجائے - چوگان ٭

کاوا دینا (ا) گھوڑے کو حلقہ باندھ کر چکر دینا ٭

کاواک (کا - واک) (ف) (۱) کھوکھلا - خالی (۲) بیدل ٭

کاوش (کا - وش) (ف) (مؤنث) (۱) کھودنا - کھوج نکالنا (۲) خلش (۳) تجسس - تلاش - جستجو (۴) (ا) بیر - دشمنی حسد - جلن ٭

کاوہ (کا - وہ) (ف) مذکر - ایک مشہور آہنگر جس نے فریدوں کو ڈھونڈھ نکالا - اور اُسے ضحاک پر چڑھا کر ملک دلوایا ٭

کاہ (کاہ) مذکر - کٹی ہوئی سوکھی گھاس پھوس ٭

کاہکشاں (ف) (مؤنث) دیکھو (کہکشاں) ٭

کاہ گل (ف) مؤنث - دیکھو (کہگل)

کاہش (کا - ہش) (ف) مؤنث (۱) گھٹاؤ - زوال - آثار - تنزل (۲) لاغری - دبلاہٹ ٭

کاہل (کا - ہل) (ع) سست - کام چور ٭

کاہلا (کاہ - لا) (ا) سست ڈھلکا ہوا ٭

کاہلی (ع - ف) مؤنث - سستی - آرام طلبی - آلکسی ٭

کاہن (کا - ہن) (ع - مذکر) جنوں سے دریافت کرکے غیب کی خبریں بتانے والا ٭

کاہو (کا - ہو) (ف) مذکر - ایک قسم کا ساگ اور اس کا تخم ٭

کاہی (کا - ہی) (ا) مذکر (۱) ہلکا سبز رنگ مائل بسیاہی - (۲) کیس جو ایک قسم کی پھپھوندی ہے ٭

کاہے (کا - ہے) (ہ) کیوں - کس لئے (متروک) ٭

کاہے کو (ہ) (کلمہ استفہام) کیوں - کس لئے - کس واسطے ٭

کاہیدگی (کا - ہی - دگی) (ف - مؤنث) لاغری - دبلاپن ٭

کاہیدہ (کا - ہی - دہ) (ف) (۱) گھٹا ہوا (۲) لاغر شدہ ٭

کائپھل (کا - ئپھل) (ہ - مذکر) (۱) ایک دوا جو کسی درخت کی چھال ہوتی ہے (۲) فالسہ کی مانند ایک پہاڑی اودا ترش پھل ٭

کائنات (کا - ئنات) (ع - مؤنث) (۱) دنیا (۲) حقیقت حیثیت (۳) پونجی - مال

کاؤنٹ (کاؤنٹ) انگریزی (COUNT) نواب ٭

کاؤں کاؤں (کاؤں - کاؤں) (ہ - مؤنث) (۱) کوّے کی مسلسل آواز (۲) لوگوں کا شور و غوغا ٭

کائی (کا - ئی) (ہ) مؤنث (۱) سبزی جو اکثر بند پانی کے اوپر یا برسات میں چونے کی دیواروں وغیرہ پر جم جاتی ہے - ایک قسم کی پھپھوندی - پانی کا جالا (۲) گہرا سیاہی مائل سبز رنگ ٭

کائی سی پھٹ جانا (ہ) بادلوں کی طرح الگ الگ ہوجانا - دفعۃً تتر بتر ہوجانا ٭

کائیاں (کا - ئیاں) (ا) (۱) نہایت چالاک ہوشیار - خرانٹ - تجربہ کار (۲) فریبی - دغاباز (۳) بخیل - کنجوس ٭

کائیاں پن (ہ) مذکر (۱) عیاری - چالاکی (۲) مکاری (۳) کنجوسی ٭

کائیں کائیں (ہ) مؤنث (۱) کوّے کے بولنے کی آواز (۲) بک بک - جھک جھک (۳) غل - شور ٭

کائیں کائیں کرنا - یا - مچانا (ہ) غل شور کرنا - بک بک کرنا ٭

کایا (کا - یا) (ہ) مؤنث (۱) جسم - تن - بدن - سراپا (۲) روپ - بھیس (۳) اصلیت - ماہیت ٭

کایا بڑی کرمایا (ہ)، (مثل)، جان سے بہتر مال نہیں ÷

کایا پلٹ (ہ)، (۱)، قالب بدلنے والا (۲) بھیس بدلنے والا۔ بہروپیا (۳)، وہ دوا جس کے ذریعے سے بوڑھا آدمی جوان ہو جائے ÷

کایا پلٹ ہو جانا (ہ)، رنگ روپ بدل جانا۔ کچھ سے کچھ ہو جانا۔ دوسرے رنگ میں آجانا ÷

کایا کشٹ (ہ)، مؤنث (ہندو) جسمانی تکلیف۔ جسمانی مرض ÷

کایتھ۔ یا۔ کایستھ (ہ)، مؤنث۔ ایک ہندو ذات کا نام جس کا کام نوشت و خواند۔ منشی گری ہے ÷

ک - ب

کُب (کُب) (ہ)، مذکر (۱) ٹیڑھ۔ کج (۲)، خم۔ جھکاؤ (۳)، اونٹ یا سانڈ کے اوپر کا ابھرا ہوا مقام۔ کوہان ÷

کُب نکلنا (ہ)، پیٹھ کا کُبڑا ہو جانا۔ ٹیڑھا ہو جانا ÷

کَب (کَب) (ہ)، (۱)، کس وقت۔ کس دن (۲)، کیونکر۔ کس طرح ÷

کَب تھوکتے ہیں (ہ)، بالکل خیال نہیں کرتے۔ کبھی خاطر میں نہیں لاتے ÷

کَب کا (ہ)، مذکر (۱) کس زمانے کا۔ کس مدت کا (۲)، مدت دراز کا۔ بڑی دیر کا ÷

کباب (کَبَاب) (ع)، مذکر (۱)، سیخ پر چڑھا کر کوئلوں پر بھنا ہوا قیمہ یا گوشت کے ٹکڑے (۲)، گھی وغیرہ میں تلی ہوئی قیمے کی ٹکیاں۔

کباب کرنا (ف) (۱) کباب بنانا۔ کباب بھوننا (۲)، جلانا۔ بھوننا۔ رنج پہنچانا (۳)، رشک دلانا ÷

کباب لگانا (ف)، (۱) کباب بھوننا یا تیار کرنا ÷

کباب ہونا (ف)، (۱)، کباب تیار ہونا (۲)، جلنا۔ بھننا (۳)، دکھ پانا (۴)، حسد ہونا (۵)، نہایت برا لگنا (۶)، غصے میں نیلا پیلا ہو جانا ÷

کباب۔ کبابہ (کَبَاب۔ کَبَا۔ بَہ) (ف۔ مذکر) سیاہ مرچ سے مشابہ ایک قسم کے گول گول بیج جو بطور دوا مستعمل ہوتے ہیں ÷

کباب چینی (ف۔ مؤنث)، دیکھو (کبابہ) ÷

کبابن (ف۔ مؤنث) کباب بیچنے والی ÷

کبابی (ف)، مذکر۔ کباب بنا کر بیچنے والا۔ کباب فروش ÷

کبادہ (کَبَا۔ دَہ) (ف)، مذکر۔ نرم کمان۔ مشق کرنے کی کمزور کمان ÷

کِبار (کِبار) (ع)، مذکر۔ کبیر کی جمع۔ بڑے آدمی۔ بزرگ ÷

کباڑ (کَبَاڑ) (ہ)، مذکر۔ کاٹھ کباڑ۔ ٹوٹا پھوٹا اسباب ÷

کباڑیا (ہ)، مذکر۔ نیلام کا لایا ہوا مال فروخت کرنیوالا پرانا اور ٹوٹا پھوٹا اسباب بیچنے والا ÷

کبائر (کَبَا۔ اِر) (ع۔ مذکر) بڑے گناہ ÷

کبت (کَبِت) (ہ)، مذکر۔ شعر۔ ایک قسم کی ہندی نظم ÷

کبد (کَبِد۔ کَبْد) (ع)، مذکر۔ کلیجہ۔ جگر ÷

کبدھی (کَب۔ دھی) (ہ)، احمق۔ بے سمجھ۔ بے وقوف ÷

کبڈی (کَبَڈ۔ ڈی) (ا)، مؤنث۔ لڑکوں کا کھیل ÷

کبڈی کھیلتے پھرنا (ہ)، آوارہ گرد ہونا۔ خالی خولی اور بیکار پھرنا ÷

کِبر (کِبْر) (ع)، مذکر (۱)، بزرگی۔ بڑائی۔ عظمت (۲)، غرور۔ تکبر گھمنڈ ÷

کِبَر (کِبَر) (ع)، مذکر۔ بڑھاپا۔ پیری ÷

کبرسن (ع)، مذکر۔ بوڑھا۔ عمر رسیدہ۔ کہن سال ÷

کبرا (کَب۔ رَا) (ہ)، چت کبرا۔ ابلق۔ سیاہ و سفید ÷

کُبریٰ (کُب۔ رٰا) (ع)، بہت بڑی۔ بہت بزرگ ÷

کُبرا (کُبَرا) (ع۔ مذکر)، کبیر کی جمع۔ بڑے آدمی۔

کبریا (کِب۔ رِیا) (ع)، مذکر (۱)، بزرگی۔ عظمت (۲)، فخر۔ غرور۔ تکبر (۳) خدا تعالیٰ کا ایک صفاتی نام ÷

کبریت (کِب۔ رِیت) (ع)، مؤنث (۱)، گندھک (۲)، عمدہ سونا۔ زر خالص ÷

کبریت احمر (ع)، مؤنث (۱)، لال گندھک جو نہایت کمیاب ہے۔ معدوم۔ کمیاب (۲)، وظائف کی ایک کتاب جو حضرت غوث الاعظم رح کی تصنیف ہے ÷

کُبڑا (کُب۔ ڑا) (ہ)، مذکر۔ خمیدہ پشت۔ وہ شخص جس کی پیٹھ جھک گئی ہو ÷

کُبڑاپن (ہ)، مذکر۔ ٹیڑھ۔ خمیدگی ÷

کبڑن (کَب۔ ڑَن) (ہ۔ مؤنث)، ترکاری بیچنے والی عورت ÷

کُبڑی (ہ)، مؤنث۔ گوژپشت عورت جھکی ہوئی کمر والی عورت ÷

کبڑیا (کَبْڑ۔ یا) (ہ) مذکر، ترکاری بیچنے والا۔ سبزی فروش ÷

کبک (کَبْک) ف۔ مذکر۔ چکور۔ ایک قسم کا تیتر ÷

کبکِ دری۔یا۔کوہی (ف) مذکر۔ پہاڑی چکو۔ جو نہایت خوش رفتار ہوتا ہے۔

کبوتر (کبو۔تر) (ف) مذکر۔ ایک مشہور پرند۔

کبوترباز (ف) مذکر۔ کبوتر پالنے اور اُڑانے والا۔

کبوتربازی (ف) مؤنث۔ کبوتر اُڑانے کا کھیل۔

کبوتر باکبوتر باز با باز (ف) (مثل) ہر شے اپنی جنس کی طرف رجوع ہوتی ہے۔ کبوتر کبوتر سے اور باز باز سے محبت رکھتا ہے۔

کبوتر کا گونجنا (ا) کبوتر کا مست ہو کر بولنا۔

کبوتر کی طرح لوٹنا (ا) بہت تڑپنا۔ لوٹن کبوتر کی مانند زمین پر تڑپنا۔

کبوتری (ا) مؤنث (۱) کبوتر کی مادہ (۲) ناچنے والی دہقانی عورت (۳) (ب) خوبصورت۔

کبود (کبو۔د) مذکر (۱) نیلا رنگ۔ آسمانی رنگ (۲) نیلگوں۔

کبودی (ف) نیلا۔ نیلگوں۔ آسمانی۔

کبھو (کبھو) (ا) کبھی۔ گاہے۔ کسی وقت (متروک)

کبھی (کبھی) (ہ) (۱) گاہے۔ کسی نہ کسی وقت۔ کوئی دم۔ (۲) شاذ و نادر۔ اتفاقاً (۳) کسی زمانے میں (۴) ہرگز۔ بالکل مطلق۔

کبھی تولہ کبھی ماشہ (ا) دم میں کچھ۔ دم میں کچھ۔ غیر مستقل مزاج اور متلون شخص کی نسبت بولتے ہیں۔

کبھی تو ہمارے بھی کوئی تھے (ہ) کسی زمانے میں ہم سے بھی یارانہ تھا گو اب ملاقات نہیں۔

کبھی رات بڑی کبھی دن بڑا (ہ) (مثل) زمانہ ایک حال پر نہیں رہتا۔

کبھی کا (ہ) بہت دیر کا۔ مدت کا۔

کبھی کا دن بڑا کبھی کی رات (ہ) زمانے کا حال یکساں اور ایک حالت پر نہیں رہتا۔

کبھی کبھار۔کبھی کبھی (ہ) گاہے ماہے۔ بھولے چوکے۔ وقت بے وقت۔

کبھی کچھ ہے کبھی کچھ ہے (ہ) ایک حال پر نہیں۔ تلون اور انقلاب کی نسبت بولتے ہیں۔

کبھی کے دن بڑے اور کبھی کی راتیں (ہ) (مثل) زمانے کی دو رنگی اور اس کے انقلاب پر بولتے ہیں۔

کبھی گاڑی ناؤ پر کبھی ناؤ گاڑی پر۔یا۔کبھی ناؤ گاڑی پر کبھی گاڑی ناؤ پر (ہ) (مثل) زمانے کے انقلاب پر بولتے ہیں۔ کبھی ایسا کبھی ویسا۔

کبھی نہ کبھی (ہ) (۱) کسی نہ کسی وقت (۲) گاہے ماہے۔

بھولے بسرے۔

کبیدگی (کبی۔دگی) (ف۔ مؤنث) رنجیدگی۔ آزردگی۔

کبیدہ (کبی۔دہ) رنجیدہ۔ غمگین۔

کبیدہ خاطر (ا) مذکر۔ رنجیدہ دل۔ آزردہ خاطر۔

کبیر (کبیر) (ع) (۱) بڑا بزرگ (۲) ایک خدا پرست ہندی شاعر کا تخلص جو توحید ہی کے اشعار لکھا کرتا تھا۔ اُس نے کبیر پنتھ مذہب ایجاد کیا تھا۔

کبیر پنتھی (ا) مذکر۔ وہ لوگ جو کبیر کے مذہب اور اُس کے اقوال پر چلتے تھے۔

کبیسر (کبی۔سر) (ہ) (۱) انجیل۔ کنجوس۔ سنگدل۔

کبیسہ (کبی۔سہ) (ع) مذکر۔ لوند کا مہینہ۔ جو تیسرے تری سال میں بڑھا لیتے ہیں۔ جیسے فروری چوتھے سال ۲۹ کا آتا ہے۔

کبیشر (کبی۔شر) (س) مذکر۔ ملک الشعراء۔ شاعروں کا بادشاہ۔

ک۔پ

کپ (کپ) (ہ) مذکر۔ مخبس کا ٹکڑا جو برج کی شکل کا بنا کر رکھتے ہیں۔

کپا (کپ۔پا) (ہ) مذکر (۱) چمڑے کا بنا ہوا چھوٹے منہ کا ظرف جس میں گھی یا تیل رکھتے ہیں (۲) (تشبیہاً) موٹے جسم کا۔ فربہ (۳) پھولا ہوا کپے کی مانند بھرا ہوا۔

کپا ہو جانا (ہ) (۱) پھول جانا۔ سوج جانا (۲) نہایت موٹا ہو جانا (۳) خفا ہو جانا۔

کپار (کپار) (ہ) مذکر (۱) کھوپری۔ کاسہ سر (۲) گھوڑے کا ماتھا۔

کپاری (ہ) مؤنث گھوڑے کے منہ پر باندھنے کی پٹی۔

کپاس (کپاس) (ہ) مؤنث (۱) بغیر صاف کی ہوئی روئی (۲) روئی کا پودا۔

کپال (کپال) (س) مؤنث (۱) کھوپڑی (۲) شوجی کا لقب (۳) ماتھا۔ پیشانی (۴) قسمت۔ نصیب۔

کپال کریا (ہ۔ مؤنث) ہندوؤں کی ایک رسم کہ جب لاش جل چکتی ہے تو بیٹا اس کا سر پھوڑ کر اُس میں گھی ڈالتا ہے۔

کپال کریا کرنا (ہ) (۱) کپال کریا کی رسم ادا کرنا (۲) بہت سوچنا۔

کپتان (کپ۔تان) (ہند) انگریزی کیپٹن (CAPTAIN,

(مذکر) فوج۔ پولیس یا جہاز کا بڑا افسر ۔

کپٹ (کَپَٹ) (ہ)، مؤنث (۱)، چھل۔ دغا۔ فریب۔ دھوکا۔ کھوٹ (۲)، دشمنی۔ عداوت (۳)، کینہ۔ نفاق۔ کدورت ۔

کپٹی (س)، دغا باز۔ فریبی۔ کینہ ور۔ حاسد۔ دشمن ۔

کپٹی کی پریت مرن کی ریت (ہ)، (مثل)، کینہ ور کی دوستی میں ہمیشہ خطرہ ہی خطرہ ہے ۔

کپڑ (کَپَڑ)، (ہ)، مذکر۔ کپڑا کا مخفف ۔

کپڑ چھن (ہ) کپڑے کا چھنا ہوا۔ باریک اور میدہ سا چھنا ہوا

کپڑ دھول (ہ)، مذکر۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا ۔

کپڑ کوٹ (ہ)، مذکر۔ ڈیرہ۔ خیمہ۔ تنبو ۔

کپڑ گند (ہ)، (مؤنث)، کپڑے جلنے کی بو ۔

کپڑا (کَپ۔ڑا) (ہ)، مذکر (۱)، پارچہ۔ بستر (۲)، لباس۔ پوشاک جامہ ۔

کپڑا اوڑھنا (ہ)، (۱)، کپڑا اوپر لینا۔ کپڑے سے اپنے آپ کو ڈھانکنا (۲)، (عو)، دوپٹہ سر پر ڈالنا ۔

کپڑا پہنئے جگ بھاتا کھانا کھائیے من بھاتا (ہ)، (مثل)، لباس عام پسند اور خوراک حسب طبع کھانے سے آدمی اچھا رہتا ہے ۔

کپڑوٹی (کَپ۔ڑَو۔ٹی) (۱)، گل حکمت۔ کپڑے پر مٹی لتھیڑ کر کسی ظرف پر لپیٹنا (۲)، کپڑ چھن ۔

کپڑوٹی کرنا (ہ)، (۱)، گل حکمت کرنا (۲)، کپڑے میں چھاننا ۔

کپڑوں (ہ)، مذکر۔ کپڑا کی جمع ۔

کپڑوں سے ہونا (ہ)، حیض سے ہونا۔ ایام آنا۔ میلے سر سے ہونا ۔

کپڑوں میں نہ سمانا (ہ)، خوشی کے مارے از حد پھول جانا ۔

کپڑھ (کَپڑھ)، (ہ)، ان پڑھ ۔

کپڑے (ہ)۔ مذکر (۱)، کپڑا کی جمع (۲)، (مجازاً) حیض۔ معمول کے دن ۔

کپڑے آنا (ہ)، حیض آنا۔ ایام ہونا ۔

کپڑے اتارنا (ہ)، (۱)، پوشاک بدلنا (۲)، کپڑے چھیننا (۳)، ننگا کرنا (۴)، (پ)، بے عزت کرنا۔ عیب لگانا (۵)، ننگا ہونا ۔

کپکپانا (کَپ۔کَپا۔نا)، (ہ)، تھرتھرانا ۔

کپکپاہٹ۔ کپکپی (ہ۔ مؤنث)، (۱)، لرزہ۔ تھرتھری۔ (۲)، گھبراہٹ ۔

کپوت (کَپُوت)، (ہ)، مذکر۔ نالائق بیٹا بیٹا اور بد چلن لڑکا ۔

کپوت بیٹا مرا بھلا (ہ)، (مثل)، ناخلف بیٹے کا مرنا ہی اچھا ہے ۔

کپور (کَپُور)، (ہ)، مذکر۔ کافور۔ ایک خوشبودار سفید چیز ۔

کپور کچری (ہ)، مؤنث۔ ایک قسم کی خوشبودار گھاس کی جڑ ۔

کپورا (ہ)، مذکر۔ خصیہ۔ بیضہ۔ خصوصاً بکرے یا مینڈھے کا ۔

کپوری (ہ)، (۱)، دیکھو (کافوری)، (۲)، ایک قسم کا پان (۳)، ایک نمک ۔

کپی (ہ)، مؤنث (۱)، چھوٹا کپا (۲)، چھوٹی سی چمڑی شیشی۔ (۳)، بارود رکھنے کا ظرف ۔

ک۔ت

کت (کَت)، (ہ)، کتنا کا امر ۔

کت (کِت)، (ہ)، کدھر۔ کہاں۔ کس طرف ۔

کتا (کَت۔تا)، (ہ)، (مذکر)، ایک قسم کی تلوار ۔

کتا (ہ)، مذکر (۱)، سگ۔ کلب (۲)، ایک قسم کی گھاس جو کپڑوں سے چمٹ جاتی ہے (۳)، غلام۔ داس (۴)، بندوق کا گھوڑا (۵)، امیروں کا دربان (۶)، عدالت کا چپراسی (۷)، کمینہ۔ پاجی۔ ذلیل (۸)، ہٹ کی مکڑی (۹)، گھڑی کا ایک پرزہ ۔

کتا بھی دم ہلا کر بیٹھتا ہے (ہ)، (مثل)، گھر کی صفائی جب جانور پسند کرتا ہے تو انسان کو سب سے زیادہ اس کا خیال رکھنا چاہئے ۔

کتا دیکھے گا نہ بھونکے گا (ہ)، (مثل)، نہ لالچی کو مال کی خبر ہو گی نہ نقصان پہنچائے گا ۔

کتا راج بٹھایا اور چکی چاٹنے آیا (ہ)، (مثل)، کمینہ آدمی اعلیٰ رتبہ پر پہنچ کر اپنے رتبہ کا لحاظ نہیں رکھتا بلکہ اپنی جبلی عادت کی طرف رجوع کرتا ہے ۔

کتا گھاس (ہ)، مؤنث۔ ایک قسم کی گھاس جو بسبب اپنے خاروں کے چمٹ جاتی ہے ۔

کتاب (کِتاب)، (ع)، مؤنث (۱)، نوشتہ۔ نامہ (۲)، پوتھی۔ گرنتھ (۳)، جلد۔ نسخہ (۴)، رسالہ (۵)، (ا)، بہی۔ رجسٹر ۔

کتاب آسمانی۔ یا۔ کتاب الٰہی (ع۔ف)، مؤنث۔ وہ کتاب جو کسی پیغمبر کے وسیلے سے بطور احکام خدا تعالےٰ کی طرف سے نازل ہو۔ قرآن شریف۔ توریت۔ انجیل۔ زبور وغیرہ ۔

کتاب فروش (ع۔ف)، مذکر۔ تاجر کتب۔ کتابیں بیچنے والا ۔

کتاب کا کیڑا (ہ)، مذکر (۱)، وہ کیڑا جو کتاب کو چاٹ جاتا ہے (۲)، (مجازاً)، وہ شخص جو ہر وقت کتاب بینی میں مصروف

رہے ٭

کتابِ ہُدٰی (ع) مؤنث - ہدایت کرنے والی کتاب - قرآن مجید ٭

کِتابت (ع) مؤنث - تحریر - نوشت - کاپی نویسی ٭

کِتابہ (ع) مذکر کتبہ - وہ عبارت جو کتبوں پر لکھی جائے ٭

کتابی (ع) (۱) کتاب سے منسوب (۲) لکھی ہوئی - تحریری ٭

کتابی چہرہ - یا - کتاب رُو چہرہ (ل) مذکر - لمبا چہرہ ٭

کتارا (کَتا - رَا) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا پتلا گنا جس سے گڑ کھنڈ وغیرہ بناتے ہیں (۲) املی کا پھل ٭

کتان (کَتّان) (ف) مؤنث (۱) السی جس کا تیل نکلتا ہے (۲) (مذکر) ایک قسم کا باریک کپڑا جس کی نسبت مشہور ہے کہ چاندنی رات میں ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتا ہے ٭

کتانا (ہ) (عوام) دیکھو (کتوانا)

کتائی (ہ) مؤنث (۱) کاتنا (۲) کاتنے کی اُجرت ٭

کُتُب (کُتُب) (ع) مذکر - کتاب کی جمع ٭

کتب خانہ (ع - ف) مذکر - کتاب گھر - بک ڈپو - کتابوں کے بکنے کا مقام ٭

کتب فروش (ع ف) مذکر - تاجر کتب - کتابیں بیچنے والا ٭

کتبہ (کُت - بَہ) (ع) مذکر - وہ عبارت جو اکثر مقابر - مساجد اور سراؤں وغیرہ کے دروازوں پر لکھوا کر یا کھدوا کر لگا دیتے ہیں ٭

کتخدا (کَت - خُدا) (ف - مذکر) دیکھو (کدخدا) ٭

کتخدائی (ف - مؤنث) دیکھو (کدخدائی) ٭

کتر (کَتَر) (ہ) مؤنث (۱) دھجی - کپڑے کی چھانٹن (۲) کترنا کا امر ٭

کتر بیونت (ہ) مؤنث (۱) قطع و برید - کاٹ چھانٹ - (۲) غبن - خورد بُرد (۳) حساب میں کمی بیشی کرنا - منہائی - وضع (۴) کاٹ پھانس - توڑ جوڑ - چال (۵) فکر - سوچ ٭

کتر (کُت - تَر) (ہ - مؤنث) دیکھو (کترن)

کترا (کَتْرا) (ہ) کترنا کا امر ٭

کترا کر جانا - کترا کے جانا - کترانا (ہ) (۱) راستے سے بچ کر جانا (۲) بیگانگی اختیار کرنا (۳) ساتھ سے جُدا ہو کر چلنا (۴) کنارہ کرنا ٭

کَتَرن (ہ) مؤنث - چھانٹن - کتری ہوئی دھجی ٭

کُتَرن (ہ) مؤنث - دانتوں سے کتری ہوئی چیز ٭

کَترنا (ہ) تراشنا - قطع کرنا - کاٹنا - چھانٹنا ٭

کُترنا (ہ) (۱) دانتوں سے کاٹنا (۲) بیچ میں سے رکھ لینا ٭

کترنی (ہ) مؤنث (ہندو) قینچی - مقراض ٭

کترنی سی زبان چلنا (ا) دیکھو (قینچی سی زبان چلنا) ٭

کتروال (ہ) ترچھا - آڑا - اُریبواں ٭

کتروان چال (ہ - مؤنث) (ہو) (۱) ٹیڑھی چال (۲) خرابی ٭

کتروانا (ہ) قطع کرانا - ترشوانا - بیونت کرانا ٭

کتروائی (ہ) مؤنث - قطع کرانے کی اُجرت ٭

کتف (کَتِف - کَتْف) (ع) مذکر - کندھا - شانہ - مونڈھا - گائے بکری وغیرہ کے اگلے پیروں کا حصہ ٭

کتک (کُتْکَک - کُت - تک) (ہ) مذکر - خنک - سونٹا - موسل ٭

کتکا (ہ) مؤنث (۱) ٹھنکار (۲) بھنگ گھوٹنے کا سونٹا - موسل ٭

کتل (کَت - تَل) (ہ) مؤنث (۱) اینٹ یا زمل کا ٹکڑا - (۲) پتھر کی کرچ ٭

کتلا (کَت - لا) (ہ - مؤنث) دیکھو (قتلا) ٭

کتم (کَتْم) (ع) (مذکر) (۱) چھپاؤ - پوشیدگی (۲) حجاب - پردہ ٭

کتمان (کِت - مان) (ع - مذکر) دیکھو (کتم) ٭

کتنا (کِت - نا) (ہ) (۱) کس قدر - کس مقدار کا (۲) کہاں تک ٭

کتنا (ہ) کاتا جانا - روئی کے تاگے بننا ٭

کُتنا (کُت - نا) (ہ) اندازہ ہونا - تخمینہ ہونا ٭

کتنے (ہ) (۱) بہت سے - بتیرے (۲) کس قدر - چند ٭

کتنے پانی میں ہے (ہ) (۱) کتنا حوصلہ ہے (۲) کہاں تک دستگاہ ہے ٭

کتوانا (ہ) سوت تیار کرانا - چرخہ چلوانا ٭

کتوال (کُت - وال) (ہ) مذکر - کوتوال کا مخفف ٭

کتھا (کَتْھ - تھا) (ہ) مذکر - پان کے ساتھ کھانے والی ایک سیاہی مائل چیز ٭

کتھا (کَتھا) (س) مؤنث (۱) بیان - مقولہ - بات (۲) قصہ کہانی - افسانہ (۳) ذکر - روایت (۴) وعظ - مذہبی اپدیش ٭

کتھرا (کُتھ - رَا) (ل) (ہ - مذکر) (۱) سڑاند - بساند (۲) ناپاکی - گندگی ٭

کتھری (کُتھ - رِی) (ہ - مؤنث) (۱) گدڑی (۲) کملی - (۳) بستر ٭

کتھک (کَتھک) (ہ) مذکر (۱) ناچنے اور گانے والا لڑکا (۲) گویوں اور ناچنے والوں کا ایک ہندو فرقہ (۳) تعریف گو - مدح خواں ٭

کتی (کَت - تی) (ہ) مؤنث (۱) سُناروں کا ایک اوزار - (۲) ایک قسم کی تلوار - تیغچہ ٭

کتّے (کُت - تے) (ہ) مذکر - کتا کی جمع ٭

کُتّے تیرا منہ نہیں تیرے سائیں کا منہ ہے۔

(ہ) (مثل) (عو) کسی کمینے کا قصور کسی شریف کی خاطر معاف کرتے وقت بولتے ہیں کہ اُن کی خاطر ہے۔ ورنہ خوب سزا دیتے۔

کُتّے خسّی (خصّی) (ل) مؤنث (۱) پاجی پن۔ زبونی (۲) مصیبت کی نوکری (۳) آوارہ گردی

کُتّے خصّی میں کون پڑے (ہ) (مثل) جھگڑے سے الگ رہنے کے موقع پر بولتے ہیں۔

کُتّے کا بھیجا کھانا (ہ) بکواس کرنے اور بہت بولنے والے کی نسبت بولتے ہیں۔

کُتّے کا کاٹا (ہ) مذکر۔ کُتّے کے کاٹنے کا زخم۔

کُتّے کا کُتّا بیری (ہ) ہر شخص کا دشمن اُس کی جنس ہی سے ہوتا ہے۔

کُتّے کا کفن (ل) مذکر (عو) (حقارتاً) نہایت تھڑ تھڑ موٹے سوت کا اور نکما کپڑا۔ دھوتر۔

کُتّے کو گھی نہیں پچتا (ہ) کم ظرف میں حوصلہ نہیں ہوتا۔

کُتّے کی دُم (ل) (مؤنث) کج فہم۔ نااہل۔ بدطینت جسے صحبت کا اثر نہ ہو۔

کُتّے کی دُم کو بارہ برس نلکی میں رکھا۔ پھر دیکھا تو ٹیڑھی کی ٹیڑھی۔ یا۔ کُتّے کی دُم سونے پر بھی ٹیڑھی (ہ) (مثل) کج طبع کبھی تربیت سے درست نہیں ہو سکتے۔

کُتّے کی سی ہڑک اُٹھنا (ہ) کسی بُری بات کا کبھی کبھی دفعتاً خیال آجانا۔ شوق اُبھرنا۔

کُتّے کی موت آتی ہے تو مسجد کی طرف بھاگتا ہے (ل) (مثل) جب آدمی کی شامت آتی ہے تو دانستہ خطرناک کام میں پڑتا ہے۔

کُتّے کی موت مرنا (ل) (۱) بُرے حال مرنا۔ ذلیل حالت سے جان دینا (۲) حرام موت مرنا۔

کُتیا (کُت۔یا) (ہ) مؤنث (۱) مادہ سگ (۲) (حقارتاً) کمینی اور چھنال عورت۔

کُتیا چوروں سے مل گئی تو پہرا کون دے (ہ) (مثل) جب اپنے ہی دشمن ہو جائیں تو پھر ساتھ کون دے۔

کُتیا کا پلّا (ہ) (۱) کُتیا کا بچہ۔ پلّا (۲) ادنےٰ آدمی (۳) حرام کار۔ حرامی۔

کُتیا کے چھنالے میں پکڑا جانا یا پھنسنا (ہ) اور کی بلا میں پھنسنا۔ دوسرے کے جرم میں گرفتار ہونا۔ مفت میں بدنام ہونا۔

کُتیرا (کَتی۔را) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا گوند (۲) لوہا کرنے

کا ایک آہنی اوزار۔

ک۔ٹ

کُٹ (کُٹ) (ہ) مؤنث۔ ایک دوا۔

کَٹ (کَٹ) (ہ) مؤنث (۱) کُٹی کا کاغذ (۲) ایک دھات۔

کُٹ بدیا (ہ) مؤنث۔ زدوکوب۔ گوشمالی۔

کَٹ (کَٹ) (ہ) کٹنا کا امر۔

کَٹ جانا (ہ) (۱) ترش جانا۔ دو ٹکڑے ہو جانا۔ زخم لگ جانا (۲) بارش کے سبب رستے میں گڑھے پڑ جانا (۳) شرمندہ ہو جانا۔ خجل ہو جانا (۴) گزر جانا۔ بسر ہو جانا (۵) علیحدہ ہو جانا (۶) قتل ہو جانا (۷) رنگ اُڑ جانا (۸) منہا ہو جانا (۹) فصل کا صاف کیا جانا (۱۰) کم رہ جانا (۱۱) خارج ہو جانا۔

کَٹ کَٹ کے مرنا (ہ) خوب جان توڑ توڑ کر لڑنا۔ نہایت بہادری اور شجاعت سے لڑنا۔

کَٹ کھنا (ہ) (۱) کاٹ کھانے والا (۲) وہ کڑے کچے حرف جو طالب علم کا ہاتھ صاف کرنے کے لئے دیتے ہیں (۳) عادت۔ چلن۔ ڈھنگ۔

کَٹ مرنا (ل) لڑ مرنا۔ باہم چھری کٹاری سے لڑ کر مر جانا۔

کَٹ مسنا (ل) (۱) بدمست (۲) موٹا (۳) طاقتور (۴) بے فکرا۔

کُٹّا (کُٹ۔ٹا) (ہ) مذکر۔ پر اکھاڑا ہوا کبوتر۔

کَٹّا (ہ) (۱) سخت۔ پکّا۔ مضبوط (۲) طاقتور۔ زبردست (۳) (مثلاً) موٹی جوں (۴) (پ) بھینس کا بچہ۔

کَٹا (ہ) مذکر (۱) خونریزی (۲) کاٹنا کوٹنا۔

کَٹا چھنی (ہ) مؤنث (۱) لڑائی بھڑائی۔ کشت و خون (۲) سخت عداوت۔ بیر۔

کَٹار (کَٹار) (ہ) مذکر۔ خنجر۔ بچھوا۔ پیش قبض۔

کُٹار (کُٹار) (ہ) مذکر۔ شریر ٹٹو۔

کَٹارا (کَٹارا) (ہ) مذکر۔ ایک دوا۔

کَٹاری (ہ) مؤنث (۱) چھوٹا خنجر (۲) خنجر کی شکل کے نشان جو ریشمی تلبدن یا لُنگی وغیرہ پر ہوتے ہیں۔

کَٹانا (کَٹا۔نا) (ہ) دیکھو (کٹوانا)۔

کَٹاؤ (ہ) مذکر (۱) تراش خراش (۲) گلکاری۔

کَٹائی (ہ) مؤنث (۱) فصل کا کاٹنا (۲) کاٹنے کی اجرت (۳) فصل کاٹنے کا موسم۔

کٹ پیس (کَٹ۔پِیْس) (انگ - CUT PIECE) (مذکر) تھانوں کے ٹکڑے ۔

کٹی کٹی باتیں (ہ۔ مؤنث) طعنے کی باتیں ۔

کٹی کہنا (ہ) برائی کرنا۔ کسی کے خلاف کہنا ۔

کٹر (ہ) (۱) سنگدل۔ بے شرم۔ سخت دل (۲) بیوفا۔ بے مروت ۔

کڑکڑ (ہ) مؤنث۔ کسی سخت چیز کے چبانے کی آواز ۔

کٹڑا (کَٹ۔ڑا) (ہ) مذکر (۱) چھوٹا سا کوچہ۔ احاطہ (۲) منڈی چوک۔ چھوٹا سا بازار (۳) بھینس کا نر بچہ (۴) کاٹھ کا کوندا ۔

کٹڑی (ہ - مؤنث) (۱) دریا کے کنارے کی زمین (۲) بھینس کا مادہ بچہ (۳) چھوٹا سا احاطہ ۔

کٹک (کَٹَک) (س) مذکر (۱) لشکر۔ فوج۔ سپاہ (۲) ایک شہر ۔

کٹکٹانا (کِٹ۔کِٹا۔نا) (ہ) (۱) دانت پیسنا (۲) حیوانات کو جلد جلد چلانا ۔

کٹکنہ (کَٹ۔کَنَہ) (ہ۔ مذکر) (۱) نمونہ (۲) خاکہ (۳) تدبیر (۴) قانون (۵) صنعت (۶) مکر (۷) اجارہ۔ پٹہ (۸) چالاک۔ (۹) منصوبہ باز ۔

کٹکنہ دار (ہ۔ مذکر) زمیندار کا پٹہ یا ٹھیکہ رکھنے والا ۔

کٹکنہ رکھنا (ہ) زمیندار کا کسی کو ٹھیکہ یا پٹہ دینا ۔

کٹکی (کَٹ۔کِی) (ہ) ایک کالے رنگ کی گرہ دار کڑوی دوا ۔

کٹکی دینا۔ یا۔ لگانا (ہ) ڈوری میں دانتوں کا نشان ڈال دینا ۔

کٹ گلاس (کَٹ۔گِلاس) (انگ CUT GLASS) مذکر۔ ایک عمدہ قسم کا مضبوط گلاس۔ نقشین گلاس ۔

کٹلس (کَٹ۔لَس) (ہند) (انگ۔ کٹلٹ CUTLET) (مذکر) گوشت کا بھونا یا ابالا ہوا ٹکڑا ۔

کٹم۔ کٹمب (کُٹَم۔ کُٹَمب) (ہ) مذکر۔ خاندان۔ قبیلہ۔ گھرانا۔ کنبہ ۔

کٹ ملا (کَٹ۔مُل۔لا) (۱) مذکر۔ کم پڑھا ہوا ملا۔ مسجد کی روٹیاں توڑنے والا ۔

کٹنا (کُٹ۔نا) (ہ) مذکر۔ (عو) (۱) دیوث۔ بھڑوا (۲) کوٹا جانا (۳) مار کھانا ۔

کٹنا (ہ) (۱) تراشنا۔ تراشا جانا (۲) زخم لگنا (۳) الگ ہونا۔ (۴) شرمندہ ہونا (۵) بیتنا۔ بسر ہونا (۶) رستہ طے ہونا۔ (۷) رنگ آنا (۸) منہا ہونا (۹) کھیت میں درانتی پڑنا۔ (۱۰) [illegible] (۱۱) ذلت ہونا (۱۲) خارج ہونا (۱۳) روپیہ خرچ ہونا ۔

کٹناپا (ہ) مذکر۔ بھڑواپن۔ دیوثی۔ قرمساقی ۔

کٹنی (ہ) مؤنث (۱) دلالہ۔ نائکہ (۲) عیارہ۔ چالاک ۔

کٹواں (ہ) تراشیدہ۔ تراشا ہوا ۔

کٹوانا (ہ) کسی سے کاٹنے کا کام لینا ۔

کٹوانا (ہ) (۱) پٹوانا (۲) کچلوانا ۔

کٹوتی (کَٹَو۔تی) (ہ) مؤنث (۱) منہائی۔ کمیشن (۲) کٹائی تراش ۔

کٹورا (کَٹو۔را) (ہ) مذکر (۱) پانی پینے کا تانبے یا پیتل کا پیالہ (۲) پورا کھلا ہوا پھول (۳) آباد۔ معمور ۔

کٹورا بجنا۔ یا۔ کھنکنا (ہ) شہر کا آباد اور معمور ہونا۔ رونق ہونا ۔

کٹورا پھرانا۔ یا۔ دوڑانا (ہ) منتر یا کسی عمل کے زور سے چور کو معلوم کرنے کے لئے کٹورے میں ناموں کی چٹھیاں رکھ کر مشتبہ لوگوں کا نام لے لے کر پھرانا ۔

کٹوراسی آنکھیں (ہ) مؤنث۔ بڑی بڑی اور گول گول آنکھیں ۔

کٹوردان (ہ۔ مذکر) (ہند) ڈھکنے والا پیتل کا برتن ۔

کٹوری (ہ) مؤنث (۱) چھوٹا کٹورا۔ پیالی (۲) انگیا کا وہ حصہ جس میں چھاتیاں رہتی ہیں ۔

کٹول (کَٹول) (س۔ مذکر) (۱) ایک درخت (۲) چنڈال ۔

کٹھ پتلی (کَٹھ۔پُت۔لی) (ہ) مؤنث (۱) کاٹھ کی مورتی۔ (۲) نازک لڑکی۔ دبلی پتلی عورت (۳) دوسرے کی عقل پر چلنے والی عورت (۴) مذکر۔ بے اختیار شخص۔ بے بس ۔

کٹھ پھوڑا (ہ) (مذکر) ہدہد۔ ایک پرند ۔

کٹھ گلاب (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا گلاب ۔

کٹھا (کَٹھ۔ٹھا) (ہ) مذکر (۱) پانچ سیر غلے کا پیمانہ (۲) ایک درخت ۔

کٹھالی (کُٹھا۔لی) (ہ) مؤنث۔ چاندی یا سونا گلانے کی پیالی جو کھریا مٹی اور روئی کوٹ کر بنائی جاتی ہے ۔

کٹھالی کرنا (ہ) (۱) سونا چاندی گلانا (۲) (ہندو) مردے کو جلانا ۔

کٹہرا (کَٹَہ۔را) (ہ) مذکر (۱) لوہے یا لکڑی کا جنگلا (۲) درندوں کے رکھنے کا لکڑی کا پنجرا ۔

کٹھڑا (ہ) مذکر (۱) لکڑی کا بڑا اور چوڑا ظرف (۲) بھینس کا نر بچہ (۳) منڈی۔ چھوٹا بازار۔ محلہ ۔

کٹھل (کَٹھَل) (ہ) مذکر۔ ایک پھل جس کے اوپر خار خار ہوتے ہیں ۔

کٹھلا (کَٹھ۔لا) (ہ) مذکر (ہندو) ہنسلی۔ گلے کا ایک زیور ۔

کٹھلا (کَٹھ۔لا) (ہ) مذکر۔ (۱) اناج کا گودام (۲) چوہے

کا بچہ ۔

کٹھن (کَٹھِن) (ہ) (۱) سخت ۔ دشوار (۲) تکلیف ۔ مشکل ۔ دُکھ ۔

کٹھوتی (کَٹھ ۔ تی) (ہ) مؤنث ۔ کٹھڑا ۔ کاٹھ کا برتن ۔

کٹھور (کَٹھُو۔ر) (ہ) سخت ۔ کڑا ۔ سنگدل ۔ بے رحم ۔

کٹھور (کُٹھَوْر) (ہ) بے موقع ۔ بے ڈھب ۔ بے جگہ ۔

کٹھیا (کَٹھ ۔ یا) (ہ) (۱) سخت ۔ کڑا (۲) (مؤنث) بھینس کا مادین بچہ ۔

کٹھیا ۔ کٹھار (کُٹھ ۔ یا ۔ کُٹھار) (ہ) مذکر ۔ ذخیرہ ۔ گودام ۔

کُٹی ۔ کُٹیا (کُٹی ۔ کُٹ ۔ یا) (ہ) ، مؤنث (ہندو) (۱) درویشوں یا زاہدوں کی جھونپڑی (۲) مڑھی ۔ سمادھ ۔

کُٹی (کُٹ ۔ ٹی) (ہ) مؤنث (۱) باریک باریک کٹا ہوا چارہ (۲) پانی میں گلایا ہوا کاغذ (۳) پرکٹا کبوتر ۔

کنٹیا (کَنٹ ۔ یا) (ہ) مؤنث (۱) دودھ رکھنے کا مٹی کا بنا ہوا برتن (۲) مچھلی پکڑنے کا کانٹا (۳) جوان بھینس ۔

کنٹیا (کَنٹ ۔ یا) (ہ) مذکر ۔ ایک خاردار بوٹی (۲) ایک قسم کی موٹی گھاس ۔

کٹے پر نمک چھڑکنا ۔ یا ۔ نون لگانا (ہ) زخم پر نمک ڈال کر تکلیف دینا ۔ دکھ میں دکھ بڑھانا ۔ جلے کو جلانا ۔ مرے کو مارنا ۔

کٹے جانا (ہ) شرم کے مارے گڑے جانا ۔ نہایت شرمندہ ہوتے جانا ۔

کٹیلا (کٹی ۔ لا) (ہ) (۱) خاردار ۔ نوک دار (۲) دل میں کھبنے والا ۔ دلربا (۳) زہریلا ۔ قاتل (۴) تیز ۔ آب دار ۔

کٹے لگنا (ہ) (عو) روپے کا بری جگہ صرف ہونا ۔

ک ۔ ث

کثافت (کَثا ۔ فت) (ع) مؤنث (۱) غلاظت ۔ نجاست گندگی (۲) موٹائی ۔ گاڑھاپن ۔

کثرت (کَث ۔ رَت) (ع) مؤنث (۱) زیادتی ۔ افراط ۔ (۲) (مجازاً) انبوہ ۔ ہجوم ۔ بھیڑ ۔

کثرتِ رائے (ع) لوگوں کی رائے کا کسی امر کی طرف زیادہ ہونا ۔

کثیر (کَثِیر) (ع) بہت ۔ زیادہ ۔ نہایت ۔ بے شمار ۔

کثیر الاضلاع (ع) مؤنث ۔ بہت سے ضلعوں کی شکل (اقلیدس) ۔

کثیر الاولاد ۔ کثیر العیال (ع) بہت سے بال بچوں والا ۔

کثیر المعنی (ع) وہ لفظ جس کے بہت سے معنی ہوں ۔

کثیف (ع) (۱) دبیز ۔ گاڑھا (۲) گندہ ۔ میلا ۔ ناپاک ۔

کثیف الطبع (ع) مذکر ۔ میلا آدمی ۔ غلیظ آدمی ۔ وہ شخص جو پاک صاف نہ رہے ۔

ک ۔ ج

کج (کَج) (ف) (۱) ٹیڑھا ۔ ترچھا ۔ آڑا (۲) (مذکر) ٹیڑھ ۔ کجی ٹیڑھاپن ۔

کج اخلاق (ف) بدخلق ۔ اکھڑ ۔ روکھا ۔

کج ادا (ف) بے وفا ۔ روکھا ۔ بدخلق ۔ اکھڑ ۔

کج ادائی (ف) مؤنث (۱) بے مروتی ۔ بے وفائی (۲) (مجازاً) دشمنی ۔ برائی ۔ عداوت ۔

کج بحث (ف ۔ ع) مؤنث ۔ وہ شخص جو ٹیڑھی بحث کرے ۔

کج بحثی (ف ۔ ع) مؤنث ۔ نامعقول گفتگو ۔ فضول تکرار ۔

کج خلق (ف ۔ ع) بدمزاج ۔ اکھڑ ۔ بے مروت ۔

کج دار و مریز (ف) (مثل) ٹیڑھا رکھو ۔ گرانا نہیں ۔ ایسے موقع پر بولتے ہیں جب کسی شخص کو تنگ کرنے کیلئے دو متضاد باتوں کی تعمیل پر مجبور کیا جائے ۔

کج رائے (ف) وہ شخص جس کی رائے اور تدبیر درست نہ ہو ۔

کج رفتار یا کجرو (ف) ٹیڑھی چال چلنے والا ۔ ناہنجار ۔

کج طبع (ف) بدطینت ۔ بدخو ۔ بداخلاق ۔

کج فہم (ف) الٹی رائے کا ۔ خود رائے ۔

کجکلاہ (کج کُلاہ) (ف) (۱) ٹیڑھی ٹوپی رکھنے والا (۲) شاہان ایران کا لقب ۔

کج کلاہی (ف) مؤنث ۔ ترچھاپن ۔ ٹیڑھ ۔ خود نمائی ۔

کج مج زبان (ف) (۱) وہ شخص جس کا کلام فصیح نہ ہو (۲) وہ شخص جو صاف بول نہ سکے ۔

کجا (کُجا) (ف) (۱) کہاں (۲) نفی کے واسطے بھی آتا ہے ۔

کجات (کُجات) (ہ) (ہندو) کمینی ذات کا ۔ کمینہ ۔ نیچ قوم کا ۔

کجاوہ (کُجا ۔ وَہ) (ف) مذکر ۔ اونٹ کی کاٹھی ۔ محمل ۔

کجری (کَج ۔ ری) (ہ ۔ مؤنث) مرزاپور کے خاص گیت جو ہولی میں گائے جاتے ہیں ۔

کجک (کَجَک) (ف) مذکر ۔ ہاتھی کا آنکس ۔

کجکول (کَج ۔ کول) (ف) مذکر (۱) زنبیل ۔ بھیک کی جھولی ۔

کشکول (ف) (مجازاً) وہ بیاض جس میں انتخابی اشعار یا مضامین درج ہوں ۔
کجلا (کج-لا) (ہ- مذکر) کاجل کی تصغیر ۔
کجلانا (کج-لا-نا) (ہ-ف) (۱) آگ کا بجھ جانا (۲) سانولا پڑ جانا ۔
کجلوٹی (کج-لو-ٹی) (ہ) مؤنث - کاجل کی ڈبیا ۔
کجلی (ہ) - مؤنث (۱) دیکھو (کجری) (۲) کاجل (۳) ہاتھی ۔
کجلی بن (ہ) ہاتھیوں کا جنگل - وہ بن جہاں بہت سے ہاتھی رہتے ہوں ۔
کجی (کج-ی) (ف) مؤنث - ٹیڑھا پن - خمیدگی - ترچھا پن ۔
کجی (ک-جی) (ہ) - مؤنث، چھوٹا کونہ ۔
کجی دینا (ہ) خوشامد کرنا ۔

ک-چ

کچ (کچ) (ہ) مؤنث - چوچی - پستان - تھن ۔
کچ (کچ) (ہ) "کچا" کا مخفف - خام ۔
کچ بچ (ہ) (مذکر) چھوٹے چھوٹے - کم عمر لڑکے بالے ۔
کچ پیندا (ہ) مذکر (۱) بودا - کمزور (۲) اوچھا (۳) غیر مستقل مزاج ۔
کچ دلا (ہ) مذکر - بودے دل کا آدمی - بزدل ۔
کچ لونڈا (ہ) مذکر - کچا آٹا - کچے آٹے کا پیڑا ۔
کچا (کچ-چا) (ہ) (۱) خام (۲) بن پکا (۳) بودا (۴) نرم ملائم (۵) وہ بچہ جو پیدا ہونے کے معمولی اوقات سے پہلے ہو پڑے (۶) ناتجربہ کار (۷) اڑ جانے والا رنگ (۸) ایسا مکان جو صرف مٹی سے بنا ہو ۔
کچا پکا (ہ) (۱) نیم پختہ (۲) مذبذب (۳) وہ تعمیر جس میں کہیں اینٹ چونہ اور کہیں اینٹ گارے کی چنائی ہو ۔
کچا پکا کرنا (ہ) (۱) ادھ جنا کرنا (۲) کسی بات پر نیم راضی کرنا ۔
کچا تاگا (ہ) مذکر (۱) بغیر بل دیا ہوا سوت (۲) (پ) نازک چیز ۔
کچا ساکھ (ہ) مذکر (ع) چھوٹے چھوٹے بچوں کا کنبہ ۔
کچا سیر (ہ) مذکر - اسی روپے سے کم وزن کا سیر بعض جگہ ۳۲ کا اور بعض جگہ اس سے بھی کم و بیش کا سیر رائج ہے ۔
کچا کرنا (ہ) (۱) ذلیل کرنا - شرمندہ کرنا (۲) کچی سلائی کرنا ۔
کچا کھو (مشکل) دریا کا ڈھلوان کنارہ - دریا برآمد زمین ۔

کچائی (ہ) مؤنث - خامی - ناتجربہ کاری ۔
کچ پچ (کچ پچ) (ہ) (مؤنث) (۱) کیچڑ - دلدل (۲) کیچڑ میں چلنے کی آواز ۔
کچالو (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کی ترکاری (۲) امرود یا ابلی ہوئی اروی کی قاشیں جن پر نمک مرچ اور کھٹائی ڈال کر کھاتے ہیں ۔
کچا ہنڈ (کچا ہنڈ) (ہ) کچا مصالح رہنے کی بو ۔
کچرا (کچ-را) (ہ) مذکر (۱) کچا خربوزہ (۲) کپاس کا ڈوڈا ۔
کچر کچر ہونا (ہ) (۱) کیچڑ یا دلدل میں چلنے کی آواز ہونا (۲) لت پت ہونا (۳) کیچڑ ہونا - دلدل ہونا ۔
کچر کچر (ہ) (مؤنث) کچے پھل کے چبانے کی آواز ۔
کچر کھان (ہ) مذکر - بہت سے بال بچے ۔
کچری (ہ) ایک پھل - چھوٹا کچرا ۔
کچریاں (ہ) مؤنث - کچری کی جمع ۔
کچلانا (کچ-لا-نا) (ہ) (ہندی) آنکھوں میں [illegible] ہونا ۔
کچ کچ (کچ-کچ) (ہ) مؤنث بک بک - تکرار - حجت ۔
کچکچانا (کچ-کچا-نا) (ہ) (۱) کثرت سے ہونا (۲) دیکھو (کچکچانا) ۔
کچکچانا (ہ) غصے سے دانت پیسنا ۔
کچکچی (کچ-کچی) (ہ) مؤنث (۱) دانتوں کے پیسنے کی آواز ۔
کچکڑ (کچ-کڑ) (ہ) مذکر - کچھوے یا ویل مچھلی کی ہڈی ۔
کچکول (کچ-کول) (ف) - مذکر، دیکھو (کشکول) ۔
کچل (کچل) (ہ) کچلنا کا امر ۔
کچلا (کچ-لا) - ایک زہریلا پھل ۔
کچل ڈالنا (ہ) پیس ڈالنا - کچل ڈالنا ۔
کچلنا (ہ) (۱) مسلنا - رگیدنا - روندنا (۲) مارنا - کچومر نکالنا - بھرکس نکالنا ۔
کچ لہو (ہ) مذکر - پیپ ملا ہوا خون - مواد ۔
کچلی (کچ-لی) (ہ) مؤنث - نوک دار دانت ۔
کچنار - کچنال (کچ-نار + کچ-نال) (ہ) مؤنث - ایک درخت اور اس کا پھول ۔
کچو (کچ-چو) (ہ) مذکر - کچالو کی طرح ایک قسم کا پھل ۔
کچوانسی (کچ-وان-سی) (ہ) مؤنث - بسوانسی کا بیسواں حصہ - ۶۵ مربع انچ کی مقدار ۔
کچور (کچ-ور) (ہ) ایک ہلدی کی قسم کا درخت اور اس کی جڑ ۔
کچوری (کچ-وری) (ہ) مؤنث - ماش کی دال بھری ہوئی پوری ۔

کچھری سے گال (ہ)، مذکر۔ چھوٹے چھوٹے گال ‌‌۔
کچوکا۔ (کچو۔کا) (ہ)، مذکر (۱) نوکدار چیز چبھونکنا (۲) طعنہ ۔
کچومر (کچو۔مر) (ہ)، مذکر۔ ایک طرح کا اچار۔ جس میں کیری وغیرہ کتر کر ڈالتے ہیں ۔
کچومر نکالنا (ہ)، بھرکس نکالنا۔ بہت مارنا ۔
کچونا (کچو۔نا) (ہ)، چبھونا۔ چبھونکنا۔ گھونپنا ۔
کچہ (کچھ) (ہ)، "ہرا" کا تابع مہمل جو تاکید کیلئے آتا ہے ۔
کچھ (کچھ) (ہ)۔ مذکر (۱) بغل۔ پہلو (۲) دیوار کا کونا (۳) چوتڑ (۴) انام نہانی (۵)، مؤنث۔ سکھوں کا جانگھیا ۔
کچھ (کچھ) (ہ)، مذکر۔ کچھوا۔ سنگ پشت ۔
کچھ مچھ (کچھ مچھ) (ہ)، کچھوے اور مچھلیاں۔ آبی جانور ۔
کچھ (کچھ) (ہ) (۱) ذرا۔ کسی قدر۔ تھوڑا (۲) استفہام کیلئے کیا؟ کہیں؟ کوئی (۳) کثرت کے لئے بہت کچھ۔ بہت زیادہ (۴) (بطور انکار۔ نہیں کی تاکید) بالکل مطلق ۔
کچھ آنسو پونچھ گئے (ہ)، کسی قدر صبر آگیا ۔
کچھ اتنا فرق نہیں (ا)، بڑا بھاری فرق نہیں ۔
کچھ اور (ہ) (۱) اور بھی (۲) دوسری بات (۳) تازہ۔ جدید نئی ۔
کچھ بات بھی؟ (ہ)، کوئی وجہ بھی؟
کچھ بات ہے؟ کوئی وجہ ہے؟ کس لئے؟ کیوں؟
کچھ بسنت کی بھی خبر ہے؟ (ا)، دنیا کے حالات سے بھی واقف ہو؟
کچھ پروا نہیں (ا)، کیا ڈر ہے۔ کچھ مضایقہ نہیں ۔
کچھ تم سمجھے کچھ ہم سمجھے (ہ)، (مثل) کسی امر کا تمہیں خیال ہوگا۔ اور کسی بات کا ہمیں۔ ہم تم برابر ہیں ۔
کچھ تو (ہ) (۱) ذرا تو۔ تھوڑا بہت۔ کسی قدر۔ کوئی چیز ۔
کچھ تو خربوزہ میٹھا اور کچھ اوپر سے قند پڑا (ا) (مثل) دل میں لالچ تو تھا ہی۔ اوپر سے نفع ہوا۔ حرص اور بڑھ گئی ۔
کچھ دال میں کالا (کالا) ہے (ہ)، کوئی راز ہے۔ کوئی سبب ہے۔ کوئی مشتبہ امر ہے ۔
کچھ دلائیے۔ یا۔ دلوائیے (ہ)، تھوڑا بہت ضرور دیجئے ۔
کچھ دور نہیں (ا)، بعید نہیں۔ ہوسکتا ہے۔ شاید ایسا ہی ہو ۔
کچھ دیا ہی آگے آگیا (ہ) (مثل) کبھی کی خیرات دی ہوئی

کام آگئی کہ خدا نے اس مصیبت سے بچا لیا ۔
کچھ ڈر نہیں (ہ) (۱) اندیشہ نہ کرو (۲) کیا پروا ہے۔ بدلہ لے کر چھوڑیں گے ۔
کچھ راہ پر آچلے ہیں (ا)، نیم راضی ہوگئے ہیں۔ کچھ درست ہوگئے ہیں ۔
کچھ زبان سے نکالنا (ہ)، عذر کرنا ۔
کچھ سننا چاہتے ہو؟ (ہ)، گالیاں سننے کو جی چاہتا ہے؟
کچھ سونا کھوٹا کچھ سنار کھوٹا (ہ)، ہر طرح نقصان۔ استاد اور شاگرد دونوں نکمے ۔
کچھ سے (کا) کچھ ہو جانا (ہ) (۱) تھوڑی بات کا بڑھ جانا (۲) کوئی برا یا بھلا کام خلافِ توقع ہو جانا (۳) معاملہ کا رنگ بدل جانا ۔
کچھ شک نہیں (ا)، بلا شک۔ یقیناً ۔
کچھ کا کچھ سمجھنا (ہ)، الٹا سمجھنا ۔
کچھ کا کچھ کہنا (ہ)، اصل کے خلاف کہنا۔ امید کے خلاف کہنا ۔
کچھ کان میں پھونکنا (ہ)، کچھ برائی کرنا۔ کوئی منتر یا جادو پڑھ کر کان میں پھونکنا ۔
کچھ کچھ (ا) ذرا ذرا۔ کسی قدر۔ تقریباً۔ تھوڑا۔ بہت ۔
کچھ کرتے دھرتے بن نہیں پڑتا (پڑتی) (ا)، کچھ سمجھ میں نہیں آتا کہ کیا کیا جائے ۔
کچھ کر دینا (ہ) (۱) کوئی امر کر دکھانا (۲) ٹونا جادو کر دینا ۔
کچھ کھا جانا (لینا) (ہ)، زہر کھانا۔ کوئی مہلک دوا کھا کر خودکشی کر لینا ۔
کچھ کھا کے سو رہنا (ہ)، زہر ہلاہل نوش کر کے سو رہنا۔ خودکشی کرنا۔ افیون یا سنکھیا پھانک کر لیٹ رہنا ۔
کچھ کہہ بیٹھنا (ہ)، گالی دے بیٹھنا۔ کوئی ناگوار بات کہہ دینا ۔
کچھ کھو کے سیکھنا (ہ)، (۱) نقصان سے تجربہ حاصل کرنا (۲) ٹھوکریں کھا کر سیدھا ہونا ۔
کچھ گوشہ جھکے کچھ کمان (ا) (مثل) صلح کے لئے طرفین سے نرمی چاہئے ۔
کچھ گیہوں سیلے کچھ جندرے ڈھیلے (ہ) (مثل) (عو) بہانہ کرنے والی عورت کی نسبت کہا جاتا ہے ۔
کچھ لے رہنا (ہ)، کچھ حاصل کرنا۔ کچھ فائدہ اٹھانا ۔
کچھ نہ پوچھو۔ یا کچھ نہ پوچھئے (ہ) (۱) قابلِ اظہار بات نہیں (۲) کیا کہنا ہے۔ کیا بات ہے ۔

کچھ نہ کچھ (ہ) کسی نہ کسی قدر۔ تھوڑا بہت۔ کوئی نہ کوئی چیز۔

کچھ نہ رہا (ہ) (۱) مرنے کو ہے۔ دم نہیں رہا (۲) بالکل تباہ و برباد ہو گیا۔

کچھ نہ نکلا (ہ) بالکل خراب نکلا۔ اکارت گیا۔

کچھ نہیں (ہ) (۱) کوئی بات نہیں (۲) بالکل نہیں (۳) بُرا ہے۔ خراب ہے۔

کچھ نہیں کیا (ہ) (۱) کوئی بھلائی نہیں کی (۲) کوئی کام نہیں کیا (۳) بُرا کیا۔ ناواجب کیا۔

کچھ ہو (ہ) جو ہو سو ہو۔ کیا پروا ہے۔

کچھ ہو جانا (ہ) (عو) (۱) سایہ ہو جانا۔ آسیب جھپٹ جانا (۲) کسی لائق ہو جانا۔

کچھ ہو رہنا (ہ) (۱) کسی قابل ہو جانا (۲) تھوڑا بہت فیصلہ ہو جانا۔

کچھ ہی کرو (ہ) جو چاہو سو کرو۔ جو مرضی آئے سو کرو۔

کچھ ہی کہو (ہ) ذرا نہیں سنتا۔ کہا نہیں مانتا۔

کچھ ہے (ہ) (۱) کوئی بات ہے (۲) بہت زیادہ ہے۔ (۳) بُرائی ہے۔

کچھ ہیں (ہ) کسی قابل ہیں۔ کسی لائق ہیں۔

کچھا (کچھ۔ چھا) (ہ۔ مذکر) دیکھو (کچھ ۵)

کچھار (کچھار) (ہ) (۱) دریا کا کنارہ (۲) دریا کے نزدیک نشیب کی زمین۔ ترائی جہاں شیر رہتا ہے۔

کچہری (کچہ۔ ری) (ہ) مؤنث (۱) انصاف گاہ۔ محکمہ عدالت۔ دربار (۲) (مجازاً) بھیڑ۔ انبوہ۔

کچہری برخاست ہونا (ف) عدالت بند ہونا۔ تعطیل ہونا۔

کچہری چڑھنا (ہ) (عو) عدالت تک جانا۔ عدالت میں مقدمہ لے جانا۔ نالش کرنا۔

کچہری کرنا (ہ) عدالت میں بیٹھ کر مقدمات طے کرنا۔ اجلاس کرنا۔

کچہری کے کتے (ہ) مذکر۔ عدالت کے چپراسی اور اہلکار جو رشوت کے لئے مستغیث کے پیچھے پڑ جاتے ہیں۔

کچہری لگانا (ہ) (۱) اجلاس کرنا (۲) بہت سے آدمیوں کو جمع کرنا۔ زور شور دکھانا۔

کچھنا۔ کچھنی (کچھ۔ نا۔ کچھ۔ نی) مذکر۔ جانگھیا۔ گھٹنا۔

کچھنیا (کچھ۔ نیا) (ہ) مؤنث۔ کچھنی کی تصغیر۔ ڈھیلا ڈھالا گھٹنا یا جانگھیا۔ گھگریا۔

کچھوا (ہ) مذکر۔ سنگ پشت۔ ایک لمبی گردن کا دریائی جانور۔

کچھواہا (کچھ۔ وا۔ ہا) (ہ) مذکر۔ راجپوتوں کی ایک قوم جو راجہ رامچندر جی کے بیٹے کشو کی اولاد سے ہونے کی دعویدار ہے۔

کچھوٹی (کچھو۔ ٹی) (ہ) مؤنث۔ لنگوٹی۔ کچھ۔

کچھوے کے کچھو (ہ) مذکر۔ بدذاتوں کے بدذات ہی ہوتے ہیں۔

کچھوی (ہ) کچھوے کی مادہ۔

کچی (ہ) مؤنث ”کچا“ کی تانیث۔

کچی اسامی (ف) مذکر (۱) غیر موروثی زمیندار۔ چند روزہ (۲) قائم مقامی۔ عارضی جگہ۔

کچی پیشی (ف) مؤنث۔ اپیل کی پہلی شنوائی جس پر اُس کے قابل سماعت اور لائق غور ہونے یا نہ ہونے کا دار و مدار ہوتا ہے۔

کچی ترکاری (ف) مؤنث۔ ہری ترکاری۔ سبز ترکاری۔

کچی رسوئی (ہ) مؤنث (۱) وہ روٹی جسے چوکے سے باہر نہ کھا سکیں (۲) گھی کے بغیر روٹی۔

کچی رنڈی دسترخوان کا ضرر (۱) (کہاوت) نادان اور ناتجربہ کار کی صحبت میں بدنامی اور افشائے راز کا اندیشہ ہوتا ہے۔ طفل نوخیز سے احتراز کرنا چاہئے۔

کچی سڑک (ہ) مؤنث۔ وہ سڑک جس پر کنکر وغیرہ کوٹ کر زمین کو سخت اور پختہ نہ کیا گیا ہو۔

کچی کلی (ہ) مؤنث (۱) منہ بند کلی (۲) باکرہ۔ دوشیزہ۔ نابالغہ۔

کچی کلی توڑنا (ہ) (۱) چھوٹی عمر میں مر جانا (۲) کم سنی میں ازالۂ بکر ہونا۔

کچی گولیاں کھیلنا (ہ) (۱) مٹی کی گولیوں سے کھیلنا جو جلد ٹوٹ جاتی ہیں (۲) ناتجربہ کار ہونا۔

کچی مدت (ہ) مؤنث۔ میعاد باقی۔ ابھی میعاد باقی ہو۔ کہ پورا سود لگا لیا جائے۔

کچی مچھلی پکی مچھلی (ہ) (مثل) ایسے موقع پر بولتے ہیں۔ جب کوئی بدمزاج کھانے کے وقت پکی ہوئی چیز میں برابر نقص نکالے جائے۔

کچے (ہ) مذکر۔ ”کچا“ کی جمع۔

کچے پکے دن (ہ) مذکر (عو) (۱) حمل کے چوتھے پانچویں مہینے تک کا زمانہ جس میں بہت احتیاط لازمی ہے (۲) برسات کا موسم جس میں بیماری کا اندیشہ ہوتا ہے۔

کچے دھاگے میں بندھنا (ہ) (کنایۃً) مطیع ہونا۔
کچے گھڑے پانی بھرنا (ہ) سخت مشکل یا تکلیف اٹھانا۔ سخت مصیبت جھیلنا ✦
کچے گھڑے کی چڑھنا (ہ) (۱) نشے میں غرقاب ہونا (۲) دیوانہ ہونا۔ پاگل ہونا ✦
کچیا (کَچ۔یَا) (ہ۔ مؤنث) کان کی لَو۔
کچیا جانا (کَچیَا۔جَانا) (ہ) کچا ہونا۔ دل چھوڑ دینا۔ شرما جانا ✦
کچیاند (کَچ۔یَاند) (ہ۔ مؤنث) دیکھو (کچا ہند)
کچیں (کَچیں) (ہ) مؤنث۔ چھاتیاں۔ چھچیاں۔ پستان۔

ک۔ح

کحال (کَح۔حَال) (ع) مذکر۔ آنکھوں کا علاج کرنے والا۔ آنکھوں کا حکیم۔ معالج چشم ✦
کحل (ع) مذکر۔ سرمہ۔ انجن ✦
کحل الجواہر (ع) مذکر۔ وہ سرمہ جس میں آنکھوں کی تقویت کے لئے مروارید ناشفتہ اور دیگر جواہرات ڈالے جاتے ہیں ✦
کحیل (کَحِیل) (ع) (۱) جس کی آنکھ میں سرمہ لگا ہو (۲) سرگیں (۳) سرمئی رنگ کا ✦

ک۔د

کد (کَدّ) (ع) مؤنث (۱) سرگرمی۔ جدوجہد (۲) اصرار۔ ضد۔ ہٹ ✦
کدوکاوش (ف) مؤنث (۱) تلاش۔ جستجو (۲) کوشش چھان بین ✦
کد ہونا (ل) ضد ہونا۔ اصرار ہونا ✦
کدبانو (ف) مؤنث (۱) گھروالی۔ دلھن۔ بیوی۔ بیگم۔ (۲) سلیقہ والی عورت ✦
کدخدا (ف) مذکر۔ صاحب خانہ۔ گھروالا۔ دولھا۔ نوشہ۔ خاوند۔ خصم ✦
کدخدائی (ف) مؤنث۔ نکاح۔ ازدواج۔ بیاہ ✦
کدارا (کِدَا۔رَا) (ہ) مذکر۔ دیپک راگ کی ایک راگنی ✦
کدال (کُدَال) (ہ) مؤنث۔ زمین کھودنے کا ایک نوکدار اوزار ✦

کدال سے فصد کھلواؤ (ل) بجائے نشتر کے کدال سے رگ کھلواؤ۔ عقل کے ناخن لو۔ ہوش کی لو ✦
کدالی (ہ) مؤنث۔ چھوٹی کدال ✦
کدام (کُدَام) ف۔ کون۔ کونسا ✦
کدائی (ہ۔ مؤنث) (۱) گھوڑوں کا گڑھوں۔ دیواروں اور ٹیلوں پر سے کودنا (۲) انعام جو کودنے کے لئے دیا جائے ✦
کدانا (کُدَا۔نَا) (ہ) اڑانا۔ اچھلوانا۔ چھلانگ لگوانا ✦
کدر (کَدَر) (ع۔ مؤنث) کدورت۔ گدلاپن ✦
کدر (کَدِر) (ع) میلا۔ گدلا۔
کدرا (کَد۔رَا) (ہ۔ مذکر) ذلیل آدمی۔ کمینے لوگ ✦
کدکڑے۔ کدکے (کُدَک۔ڑے ✦ کُدَک۔کے) (ہ) (مذکر) چھلانگیں۔ قلانچیں۔ چوکڑیاں ✦
کدکڑے۔ یا۔ کدکے لگانا۔ یا۔ مارنا (ہ) (عو) کھیلنا کودنا۔ چھلانگیں مارنا۔ اچھلنا کودنا۔ چوکڑیاں بھرنا ✦
کدکنا (کُدَک۔نَا) (ہ) اچھلنا کودنا۔ چاتمنا۔ چوکڑیاں بھرنا ✦
کدلی (کَد۔لِی) مذکر (ہندو) (۱) کیلا (۲) جھنڈا ✦
کدم (کَدَم) (ہ۔ مذکر) (۱) ایک سایہ دار درخت (۲) ایک قسم کی گھاس ✦
کدو (کَدُو) (ف) } مذکر۔ ایک مشہور ترکاری ✦
کدّو (کَد۔دُو) (ہ) }
کدودانہ (ف) مذکر (۱) پیٹ کا ایک قسم کا کیڑا۔ کرم شکم۔ (۲) وہ بیماری جس سے تمام بدن پر تخم کدو کی مانند چھپیاں نکل آتی ہیں ✦
کدوکش (ف) مذکر۔ ایک آلہ جس سے کدو کو رگڑ کر باریک کرتے ہیں ✦
کدورت (کُدُو۔رَت) (ع) مؤنث (۱) گدلاپن۔ تلچھٹ۔ آلودگی (۲) رنجش۔ آزردگی (۳) دل کا غبار ✦
کدہ (کَدَہ) (ف) مذکر (۱) جگہ۔ مقام۔ گھر۔ خانہ (۲) گاؤں۔ قریہ۔ دیہ ✦
کدھر (کِدَھر) (ہ) (۱) کہاں۔ کس جگہ۔ کس طرف (۲) کس طرف چلے ✦
کدھر آیا۔ کدھر گیا (ہ) (۱) آنے جانے کی کچھ بھی خبر نہ ہوئی (۲) غفلت و بے خبری کے اظہار پر بھی بولا جاتا ہے ✦
کدھر جاؤں کیا کروں (ہ) ہر طرح مجبوری اور بیکسی ہے ✦
کدھر کا چاند نکلا (ہ) حیرت۔ تعجب۔ یا کسی دوست

کے دفعتاً آ جانے پر کہتے ہیں۔ اتنی بڑی بات کیونکر
میسّر آ گئی ۔

ک ۔ ڈ

کڈھب (کَڈھَب) (ف) (۱) بے ڈھب ۔ بے موقع (۲) بُرا
زبون ۔
کُڈھنگ (کُڈھَنگ) (ف) بدسلیقہ ۔ بد اطوار ۔
کُڈھنگا (ف) (مذکر) بدمزاج ۔ بداطوار ۔ بدچلن ۔
کڈھیلا ۔ کڈھیلڑا (کَڈھے ۔ لا ۔ کَڈھے ۔ لڑا)
(ف) مذکر ۔ سوتیلا بیٹا ۔

ک ۔ ذ

کذا (کَذا) (ع) اِس طرح ۔ اُس طرح
کذّاب (کَذ ۔ ذاب) (ع) مذکر ۔ نہایت جھوٹا ۔ دروغگو ۔
کِذب (کِذب) (ع) مذکر ۔ جھوٹ ۔ دروغ ۔

ک ۔ ر

کر (کَر) (ف) مذکر (۱) ہاتھ (۲) ہاتھی کی سونڈ (۳) مؤنث
چُنگی کا محصول (۴) (مؤنث) خراج ۔ مالگذاری (۵)
(مؤنث) ٹیکس (۶) (مؤنث) جرمانہ ۔ تاوان (۷) مؤنث
جزیہ ۔
کر (کَر) (ف) کرنا کا امر ۔
کر بیٹھنا (ف) (۱) کسی کام کو اختیار کر لینا (۲) خاوند کر لینا ۔
(۳) مورد بنا لینا ۔
کر تو ڈر نہ کر تو ڈر (ف) (مثل) انسان کو چاہئے کہ خواہ
گناہ کرے یا نہ کرے ۔ خدا سے ڈرتا رہے ۔ اکثر کسی
بیگناہ کے مبتلائے مصیبت ہونے پر بولتے ہیں ۔
کر جائے (کرے) داڑھی والا (ف) (مثل) کرے کوئی
پکڑا جائے مونچھوں والا } بھرے کوئی ۔ جب
جرم کسی کا ہو اور پکڑا دوسرا جائے تو اس موقع پر
بولتے ہیں ۔
کر دکھانا (دکھلانا) (ف) کوئی کام بنا کر دکھا دینا ۔ انجام
پر پہنچا دینا ۔
کر سیوا کھا میوہ (ف) (مثل) خدمت کر اور آرام پا ۔
کر گزرنا (ف) کر ڈالنا ۔ اپنی ہٹ سے باز نہ آنا ۔

کڑ (کَڑ) کڑنا کا امر ۔
کڑ جانا (ف) کسی دھاردار چیز کی دھار ٹوٹنا ۔
کر (کَر) (ف) بہرہ ۔ اصم ۔
کرّ (کَرّ) (ع) (۱) پھیر دینا ۔ ہٹا دینا (۲) حملہ کرنا (۳) مؤنث
درخت پر چڑھنے کی رسّی (۴) مذکر ۔ زور ۔ طاقت (۵) شان اور
شوکت ۔
کرّ و فر (ع ۔ ف) مذکر ۔ شان و شوکت ۔ دھوم دھام ۔
زور و طاقت ۔
کرّا (کَرّا) (ف) (عو) کرارا ۔
کرّات و مرّات (ع) بہت دفعہ ۔ بار بار ۔
کرّار (ع) (۱) بار بار حملہ کرنے والا ۔ بھگا دینے والا (۲) حضرت
علی کرم اللہ وجہہ کا لقب ۔ چنانچہ آپ کو حیدر کرّار اسی
وجہ سے کہتے ہیں کہ آپ شجاعت خداداد سے دشمنوں
پر حملہ کرتے اور انہیں فوراً بھگا دیتے ۔
کرار (کَرار) (ف) دیکھو (کراڑ) ۔
کرارا (کَرا ۔ را) (ف) (۱) سخت ۔ اکڑا ہوا (۲) رد عادار ۔ ہٹا کٹا
(۳) خستہ ۔ بھربھرا (۴) (ہندو) مہنگا ۔ گراں (۵) وہ
سکّہ جس کے حروف نہ مٹے ہوں (۶) بہادر ۔ دلیر ۔
(۷) ایک قسم کی شیرینی ۔
کرارا پن (ف) مذکر (۱) سختی ۔ اکڑ (۲) مضبوطی (۳)
خستگی ۔
کراری (ف) مؤنث ۔ کرارا کی تانیث ۔
کرارے دم (ف) تازہ دم ۔ توانا ۔
کراڑ (کَراڑ) (ف) (۱) سود کا لین دار ۔ غلّے کا تاجر ۔ بنیا ۔
(۲) (حقارتاً) ہندو ۔
کراڑا (کَرا ۔ ڑا) (ف) مذکر ۔ دریا کا بلند کنارہ ۔ دریا
کے کنارے کی بلندی ۔
کراکل (کَرا ۔ کُل) (ف ۔ مذکر) (۱) کلنگ ۔ سارس ۔
(۲) لق لق (۳) ایک قسم کا بگلا ۔
کرال (کَرال) (ف) اُبھرے ہوئے دانتوں والا ۔ ڈراؤنا ۔
کرام (کِرام) (ع) کریم کی جمع ۔ بڑے لوگ ۔ ذی رتبہ
اشخاص ۔
کرامات (کَرا ۔ مات) (ع) مؤنث (۱) کرامت کی جمع ۔
بزرگیاں ۔ فضیلتیں (۲) دل ۔ عمدگی ۔ بڑائی (۳) (۴)
خرقِ عادت ۔ جو ولی سے ظاہر ہو ۔
کراماتی (ف) کرامات دکھانے والا ۔
کراماً کاتبین (ع) مذکر (۱) بہت بڑے لکھاڑی (۲)
(اصطلاحاً) وہ دو فرشتے جو انسان کے اعمال لکھتے

رہتے ہیں ٭
کرامت (کَرَا۔مَت) (ع) مؤنث (۱) بزرگی۔ بڑائی۔ فضیلت (۲) بخشش۔ سخاوت (۳) (و) کرامات (۴) (۱) خوبی۔ عمدگی انوکھاپن ٭
کرانا (ہ) (۱) دوسرے سے کوئی کام لینا (۲) خاص کام دینا ٭
کِرانا + کِرانہ (کِرَا۔نَا۔کِرَا۔نَہ) (ہ) مذکر۔ مختلف قسم کا مصالحہ وغیرہ ٭
کرانہ (کَرَا۔نَہ) (ف) مذکر۔ دریا وغیرہ کا کنارہ ٭
کرانت (کِرَانْت) (فرانسیسی) مذکر۔ ایک پیمانہ ٭
کرانچی (کَرَاں۔چِی) (ہ) مؤنث۔ اسباب لادنے کی چوپہیہ یا دو پہیہ گاڑی ٭
کِرانی (کِرَا۔نِی) (۱) مذکر۔ عیسائی۔ نصرانی۔ کرسچین ٭
کراؤ (کِرَا۔اَوْ) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا چھوٹا مٹر ٭
کراؤ (کَرَا۔اَوْ) (ہ) مذکر (۱) ہندو جاتوں وغیرہ میں بیوہ کی شادی کی رسم (۲) رنڈی بازی (۳) آشنا ٭
کراؤ کرنا (ہ) (۲) رانڈ کے ساتھ شادی کرنا (۲) بیوہ کا کسی مرد کے ساتھ خود نکاح پڑھا لینا ٭
کراؤن (کَرَا۔ؤُن) انگریزی (CROWN) مذکر۔ تاج اکلیل ٭
کراؤن پرنس (انگ) (CROWN PRINCE) مذکر۔ ولی عہد سلطنت ٭
کراہ (کُرَاہ) (ف) بُرا راستہ۔ ٹیڑھا راستہ ٭
کراہ (کَرَاہ) (ہ) مؤنث۔ وہ آواز جو کسی دُکھ یا درد کے باعث نکلے۔ ہائے ہائے ٭
کراہت (کَرَا۔ہَت) (ع) مؤنث۔ نفرت۔ بیزاری۔ گھِن ٭
کراہنا (ہ) ہائے ہائے کرنا۔ درد یا دُکھ سے آہ آہ کرنا ٭
کراہیت (کَرَا۔ہِیَت) (ع) دیکھو (کراہت) ٭
کرایہ (کِرَا۔یَہ) (ع) مذکر۔ کسی چیز کی اُجرت۔ بھاڑا۔ مزدوری ٭
کرایہ چلانا۔ یا۔ کرایہ پر چلانا (ف) بھاڑے پر دینا۔ اُجرت پر چڑھانا ٭
کرایہ دار (ف) مذکر (۱) کرایہ کے مکان میں رہنے والا۔ اسامی۔ رعیت (۲) پیٹ کے اندر کا بچہ ٭
کرایہ دار اُترنا (ف) (۱) کسی مکان میں کرایہ دار آکر رہنا (۲) حاملہ ہونا ٭
کرایہ نامہ (ف) مذکر۔ وہ کاغذ جو مکان وغیرہ لینے کی بابت کرایہ دار کی جانب سے بطور اقرار نامہ لکھ کر دیا جائے ٭
کرائے (ف) مذکر۔ کرایہ کی جمع ٭
کرب (کَرْب) (ع) مذکر (۱) رنج والم۔ دُکھ۔ مصیبت (۲) بیقراری۔ اضطراب (۳) نہایت تکلیف اور سختی ٭
کربڑا (کَرْ۔بَڑَا) (ہ) سیاہ و سفید ملا ہوا۔ چتکبرا ٭
کربڑی (ہ) مؤنث۔ کربڑا کی تانیث۔ کالے اور دھولے رنگ کی ٭
کربلا (کَرْ۔بَلَا) (ع) مؤنث (۱) رنج و آفت کا مقام بیابان عراق میں اُس جگہ کا نام جہاں حضرت امام حسین رض نے شہادت پائی (۲) (و) وہ جگہ جہاں تعزیے دفن کئے جاتے ہیں (۳) (و) وہ مقام جہاں پانی نہ ملے (۴) (و) مدفن شہدا ٭
کِرپا (کِرْ۔پَا) (ہ) مؤنث (ہندو) مہربانی۔ عنایت۔ نوازش۔ کرم ٭
کِرپا کرنا (ہ) (ہندو) مہربانی کرنا۔ عنایت فرمانا۔ دینا ٭
کُرت (کُرُت) (ہ) بے موسم ٭
کرت (کَرْ۔رَت) (ع۔ مؤنث) دفعہ۔ باری۔ نوبت۔ نمبر ٭
کرتا دھرتا (کَرْتَا۔دَھرْتَا) (ہ) مذکر (۱) کرنے والا۔ فاعل (۲) خالق (۳) مالک۔ مختار (۴) تجربہ کار۔ واقف کار ٭
کرتار (کَرْ۔تَار) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) کرنے والا (۲) خالق۔ پیدا کرنے والا ٭
کرتب (کَرْ۔تَب) (ہ) مذکر (۱) کام۔ فعل (۲) کمال۔ ہنر (۳) چالاکی۔ ہوشیاری۔ عیاری (۴) طلسم۔ عجیب و غریب کام (۵) مشق۔ مہارت۔ عمل (۶) فن سپہ گری ٭
کرتب کی بدیا ہے (ہ) ہر کام مشق و مہارت سے ٹھیک ہوتا ہے ٭
کرتبی۔ یا۔ کرتبیا (ہ) مذکر (۱) عامل۔ کرنے والا۔ فن سپہ گری میں مشّاق و ماہر (۲) شعبدہ گر۔ بھان متی (۳) چال باز ٭
کرتوت (کَرْ۔تُوت) (ہ) (مذکر و مؤنث) (۱) کام۔ فعل۔ عمل (۲) چالاکی۔ فریب۔ کرتب (۳) بُرا کام۔ بدعادت (۴) جادو۔ ٹونا ٭
کُرتہ (ہ) مذکر۔ قمیص۔ جسم ڈھانکنے کا سیا ہوا کپڑا ٭

کرتھی (کُرْ۔تھی) (ہ)، مؤنث۔ ایک قسم کا اناج جو خشخاش کی مانند چھوٹا چھوٹا ہوتا ہے ÷

کرتی (کُرْ۔تی) (ا)، مؤنث (۱) بن آستینوں کا اونچا کرتہ جسے عورتیں انگیا کے اوپر پہنتی ہیں (۲)، وردی کا کوٹ ÷

کرتے کی بدیا ہے (ہ) (مثل) مشق ہی سے کام درست ہوتا ہے ÷

کرجگ (کَرْ۔جُگ) (ہ۔ مذکر) کام کرنے کا زمانہ موجودہ زمانہ ÷

کرچ (کِرْچ) (ہ)، مؤنث۔ ریزہ۔ ذرّہ۔ ٹکڑا ÷

کرچ (کِرْچ) (ہ)، مؤنث۔ ایک قسم کی لمبی تلوار ÷

کرچھا (کَرْ۔چھا) (ہ)، مذکر۔ لوہے کا ایک ڈنڈی والا ظرف جس میں گھی وغیرہ داغتے ہیں۔ فریپان ÷

کرچھی (ہ) مؤنث۔ کرچھا کی تانیث ÷

کرخت (کَرَخْت) (ف) سخت۔ کڑا ÷

کرختگی (ف) مؤنث۔ کڑاپن۔ سختی ÷

کردا (کَرْ۔دا) (ہ) مذکر (۱) بٹا۔ بدلوائی (۲) کٹوتی۔ دھڑا ÷

کردار (کِرْ۔دار) (ف) (مذکر و مؤنث) (۱) طرز۔ طریق۔ قاعدہ (۲) شغل۔ کام (۳) چلن۔ خصلت۔ عادت ÷

کردگار (ف) مذکر۔ خالق۔ کرتار۔ خدا تعالےٰ ÷

کردنی (کَرْ۔دَنی) (ف) (۱) کرنے کے لائق (۲) (ا) کرنی اعمال ÷

کردنی خویش آمدنی پیش (ف) (مثل) جیسا کیا تھا ویسا پایا۔ یعنے بُرے کام کا نتیجہ بھی بُرا ہی پیش آتا ہے ÷

کردہ (کَرْ۔دَہ) (ف) کیا ہوا۔ عمل میں لایا ہوا ÷

کَرَڑ۔ کَرَڑ (کَرَڑ۔ کَرَڑ) (ہ)، مؤنث۔ کسی چیز کے کھنچنے کی آواز ÷

کرسٹان (کِرِس۔ٹان) (ا)، عیسائی۔ کرسچین۔ نصرانی

کرسچین (کِرِسْ۔چِیَن) (انگریزی) (CHRISTIAN) (مذکر) عیسائی۔ مسیح علیہ السلام کو ماننے والا ÷

کرسمس ڈے (کِرِسْ۔مَس۔ ڈے) (انگریزی) (CHRISTMAS DAY) (مذکر) بڑا دن عیسائیوں میں مسیحؑ کے قبر سے اُٹھنے کا تیوہار ÷

کرسی (کَرْ۔سی) (ہ۔ مؤنث) (۱) گوبر (۲) اُپلوں کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے اور چورا ÷

کرسی (کُرْ۔سی) (ع)، مؤنث (۱) چوکی (۲) تخت۔ مسند۔ گدی (۳) عمارت کی تہ کی اونچائی (۴) زینہ۔ درجہ۔ (۵) (شرعی اصطلاح میں) آٹھویں آسمان پر تخت الٰہی کا مقام (۶) لکھنؤ کے قریب ایک مقام ÷

کرسی دینا (ا) (۱) برابر بیٹھنے کی عزت دینا۔ تعظیم و تکریم اور آؤ بھگت کرنا (۲) عمارت کو سطح زمین سے اونچا کرکے بنانا ÷

کرسی کا احمق (ا۔ مذکر) نہایت احمق ÷

کرسی نامہ (ع۔ف) مذکر۔ سلسلہ خاندان۔ نسب نامہ ÷

کرسی نشین (ع۔ف) (مذکر) (۱) وہ شخص جسے افسر ملاقات کے وقت کرسی بیٹھنے کو دیں (۲) کرسی پر بیٹھنے والا (۳) ذہن نشین (۴) کامیابی یا مرتبہ حاصل کرنے والا ÷

کرسی نشین ہونا (ا) (۱) کرسی پر بیٹھنے کے درجے کو پہنچنا۔ (۲) ٹھیک بیٹھنا۔ درست ہونا ÷

کرشمہ (کَرِشْمَہ۔ کِرِشْمَہ) (ف) مذکر (۱) آنکھ کی جھپکی۔ ناز۔ نخرہ۔ غمزہ۔ (۲) (ا) انوکھی اور حیرت انگیز بات (۳) کرامات۔ اعجاز (۴) نشان۔ علامت ÷

کرشمہ دکھانا (ا) کوئی کرامات یا اعجاز دکھانا۔ کوئی عجیب اور حیرت انگیز بات کرنا ÷

کرشن (کِرْشَن) (ہ)، مذکر (۱) وشنو کے اوتار کنھیا جی (۲) (مجازاً) سیاہ فام آدمی ÷

کرشن پکش۔ یا۔ پکھ (ہ)، مذکر۔ اندھیرا پکھ۔ چاند کے اخیر دن جن میں اوّل رات اندھیرا رہتا ہے ÷

کرشن جٹا (ہ)، مؤنث۔ بال چھڑ۔ جٹاماسی۔ سنبل الطیب ÷

کرشن لیلا (ہ)، مؤنث۔ کرشن جی کے کھیل تماشے ÷

کرفس (کَرَفْس) (ع)، مؤنث۔ خراسانی اجوائن ÷

کرک (کَرَک) (ہ)، مذکر۔ درد۔ دُکھ۔ ٹیس ÷

کرک (کَرْک) (س)، مذکر (۱) کیکڑا (۲) برج سرطان۔ (۳) سفید گھوڑا ÷

کرکٹ (کَرْ۔کَٹ) (ہ)، مذکر۔ گھاس پھوس۔ خس و خاشاک ÷

کرکٹ (کِرِکِٹ) (انگریزی) (CRICKET) (مذکر) گیند بلے کا کھیل۔ گوئے چوگان ÷

کرکچ (کَرْ۔کَچ) (ہ)، مذکر۔ سمندری نمک ÷

کرکرا (کِرْ۔کِرا) (ہ)، خاک آمیز۔ ریتیلا ÷

کرکرا (کُرْکُرا) (ہ) خستہ۔ بھربھرا۔ کراراٌ ÷

کرکرانا (کِرکِرانا) (ہ)، بگاڑنا۔ بدمزہ کرنا۔ بھنگ ڈالنا ÷

کرکراہٹ (ہ)، مؤنث۔ دانت کے تلے کنکریلی چیز کے بولنے کی آواز ÷

کرکری (کِرْ۔کِری) (ہ)، (۱) ریت یا کنکر ملی ہوئی (۲) مؤنث۔

ذلّت۔ خواری۔ ہیٹی (۳) ایک قسم کا ریشمی زرتار کپڑا۔
کرکری خانہ (۱)، مذکر۔ اُمرا کے پرانا اسباب رکھنے کی جگہ۔
کرکری ہونا (ہ)، ذلت ہونا۔ خواری ہونا۔ آبرو بگڑنا۔
کُرکُری (ہ)، مؤنث (۱) مروڑ۔ پیچش (۲) گھوڑے کی بدہضمی (۳) نرم اور ملائم ہڈی جو چبائی جاسکے (۴) بھربھری۔ خستہ۔
کرکری اُٹھنا (ہ)، (ہندو) (۱) پیٹ میں درد ہونا (۲) گھوڑے کا پیشاب بند ہونا۔
کرکولنا (کَر۔کول۔نا) (ہ)، کسی ٹھوس چیز کے اندرونی حصے کو خالی کرنا۔
کرگدن (کَرگَدَن) (ف)، مذکر۔ گینڈا۔ ہاتھی کی مانند ایک جانور جس کی کھال سے ڈھال بناتے ہیں۔
کرگس (کَرکَس) (ف)، مذکر۔ گدھ۔
کرگہ (کَر۔گَہ) (ف)، مؤنث۔ وہ گڑھا جس میں جُلاہے بیٹھ کر کپڑا بنتے ہیں (پنجابی) کھڈی۔
کرگہ چھوڑ تماشے جائے۔ ناحق چوٹ جُلاہا کھائے (ہ)، (مثل) ایسے موقع پر بولتے ہیں۔ جب کوئی شخص دوسروں کی ریس کرکے بے فائدہ اپنا نقصان کرے یا تکلیف اٹھائے۔
کرم (کَرَم)، (ع)، مذکر (۱) بزرگی (۲) ہمّت۔ جوانمردی۔ (۳) بخشش۔ دان۔ پُن (۴) عنایت۔ مہربانی۔
کرم کرنا (ا) (۱) مہربانی کرنا۔ عنایت فرمانا (۲) تشریف لانا۔ قدم رنجہ فرمانا (۳) رحم کرنا۔ بخشنا۔
کِرم (کِرْم) (ف)، مذکر۔ کیڑا۔ مکوڑا۔
کِرم پیلہ (ف)، مذکر۔ ریشم کا کیڑا۔
کِرم خوردہ (ف) گھُن لگا ہُوا۔ پُرانا۔ بوسیدہ۔
کرم (کَرَم) (ہ۔ مذکر) (۱) کام (۲) نوکری (۳) فرض۔ (۴) چال چلن (۵) مذہبی رسم (۶) ذات کے فرائض (۷) مفعول (۸) قسمت۔ نصیبہ۔
کرم بھوگ (ہ)، پہلے جنم میں کئے ہوئے کام کا پھل۔ بھلائی بُرائی کا نتیجہ۔
کرم پھوٹنا (ہ) (۱) بدنصیب ہونا (۲) رانڈ ہونا (۳) بُری جگہ شادی ہونا۔
کرم ریکھ (ریکھا) (ہ)، مؤنث۔ تقدیر کا لکھا ہوا نوشتہ ازلی۔
کرم کا بلیا (دھنی) (ہ) (۱) زبردست نصیبے والا (۲) (طنزاً) بدقسمت۔

کرم کی ریکھ نہیں مٹتی (ہ)، (مثل) تقدیر کا لکھا نہیں مٹتا۔ نوشتۂ ازلی ہو کر رہتا ہے۔
کرم (کَرَم) (ف، مذکر) بند گوبھی۔
کرم کلا (ف)، مذکر۔ ایک قسم کی گوبھی جس میں پھول نہیں ہوتا۔
کرم کرم (کُرَم کُرَم) (ہ۔ مؤنث) بھربھری یا کرکری چیز کے چبانے کی آواز۔
کِرمکِ شب تاب (ف)، مذکر۔ رات کو چمکنے والا چھوٹا کیڑا۔ جگنو۔
کرمل (کَر۔مَل) (ہ)، مذکر۔ کن پیڑا۔ کانوں کے نیچے کا ورم۔
کرموں کو رونا (ہ)، نصیبوں کو پیٹنا۔ پچھتا۔ افسوس کرنا۔
کرمی (کُرمی) (ہ)، مذکر۔ پورب کے ہندو زمینداروں کی ایک ذات۔
کرن (کِرَن)، (ہ)، مؤنث (۱) سورج یا چاند کی شعاع۔ (۲) سنہری یا روپہلی گوٹے کا تار۔
کَرن (کَرَن)، (ہ)، مذکر (ہندو)، (۱) کان۔ گوش۔ (۲) مثلث کا قاعدہ۔
کرن پھول (ہ)، مذکر۔ کان کا ایک زیور۔ گوشوارہ۔
کرن کا پھرا (ہ)، مذکر۔ علی الصبح۔ نور کا تڑکا۔
کرنا (کَر۔نا) (ہ)، (۱) بنانا۔ عمل میں لانا (۲)، انتظام کرنا۔ (۳) بیوہ کا کسی سے شادی کرلینا (۴) بیوی بنانا (۵) جادو کرنا (۶) کاروبار کرنا (۷)، مجامعت کرنا (۸)، ونج کرنا (۹)، شروع کرنا۔
کرنا۔ کرّنا (کَرنا۔ کَر۔رَنا) (ف۔ مؤنث) نفیری۔ بگل۔ قرنا۔
کرنا (کَرْ۔نا) (ہ۔ مذکر) ایک قسم کی گلگل۔
کِرنا (کِرْ۔نا) (ہ)، دیکھو (کِرجانا)۔
کرنٹا (کِرَن۔ٹا) (ہ)، مذکر۔ کرسٹان۔ کرسچین۔ کرانی۔
کرنجا (کَرَن۔جا) (ہ)، ازرق چشم۔ کیرا۔ بلی کی سی آنکھوں والا۔
کرنجوا (کَرَنج۔وا) (ہ)، مذکر (۱) ایک درخت اور اس کا خاکی پھل (۲) خاکی رنگ۔
کرنجی (کَرَن۔جی) (ہ) نیلی۔
کرنجی نکھ (ہ) مؤنث۔ نیلی آنکھ۔ کیری آنکھ چشم ازرق۔
کرنڈ (کُرَنڈ) (ہ)، مذکر۔ ایک قسم کا مصالحہ سے بنایا ہُوا پتھر جو ہتھیار تیز کرنے کے کام آتا ہے۔

کرنڈی (کَرَن - ڈِی) (ہ) مؤنث - سر کی چادر - کچے ریشم کی تنگی ۔

کرنسی (کَرَن - سِی) (انگ) CURRENCY (مؤنث) سکہ - چلتا روپیہ - سرکاری نوٹ ۔

کرنسی آفس کَرَن - سِی - آفِس) (انگریزی) (CURRENCY OFFICE) (مذکر) نوٹوں کے روپے بدلنے کا محکمہ ۔

کرنسی نوٹ (انگ) CURRENCY NOTE (مذکر) نقدی کی بجائے لین دین میں مستعمل ہونے والا سرکاری نوٹ ۔

کرنل (کَرْ - نَل) (انگریزی) COLONEL (مذکر) فوج کا حاکم اعلیٰ - سرلشکر ۔

کرنی (ہ) مؤنث (۱) کام - فعل (۲) معماروں کا ایک اوزار جس سے گارا چونہ لگاتے ہیں ۔

کرنی نہ کرتوت جھوجھڑ لڑنے کو مضبوط (مثل) اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو کوئی کام تو نہ کرے اور مفت کی شیخی اور بدمزاجی ہی ظاہر کرے ۔

کرنیل (کَرْنِیل) (ا) مذکر - کرنل ۔

کرُوا (کَرْ - وَا) (ہ) مذکر (ہندو) مٹی کا ٹونٹی والا برتن - لوٹا ۔

کروا چوتھ (ہ) مؤنث (ہندو) ہنود کا ایک تیوہار ۔

کروانا (ہ) (ا) کام بنوانا - کام لینا (۲) مجامعت کرانا ۔

کرّوبی (کَرْ - رُوْ - بِیْ) (ع) مذکر - اعلیٰ درجے کا فرشتہ ۔

کرّوبیاں (ف) مذکر - کرّوبی کی جمع - اعلیٰ درجے کے فرشتے ۔

کروت (کَرْ - وَت) (ہ) مذکر - بڑا آرا ۔

کروٹ (کَرْوَٹ) (ہ) مؤنث (۱) پہلو - سینے کی دونوں طرفوں میں سے ایک طرف (۲) جانب - رخ - بل (۳) طور - ڈھنگ - طریق ۔

کروٹ بدلنا (ہ) (۱) ایک پہلو سے دوسرا پہلو بدلنا (۲) انقلاب ہو جانا (۳) مخالف سے جا ملنا ۔

کروٹ لینا (ہ) (۱) رخ بدلنا (۲) منہ پھیر لینا (۳) انقلاب اختیار کرنا ۔

کروٹوں - کروٹیں (ہ) (مؤنث) کروٹ کی جمع ۔

کروٹوں میں رات کاٹنا (۱) بیقراری اور بے چینی میں شب بسر کرنا - بے چین رہنا - تڑپ کر رات گزارنا ۔

کروٹیں بدلنا (۱) بستر پر بے قرار اور بے چین رہنا - آرام سے نہ سونا ۔

کرودھ (کَرُوْدھ) (س) مذکر - غصہ - خفگی - طیش ۔

کرودھی (ہ) غصہ ور - غضبی ۔

کرورا بنانا (کَرُوْ - رَا - بَنَا - نَا) (ا) ترجیح دینا - ایک کو دوسرے سے اچھا سمجھنا ۔

کروڑ (کَرُوْڑ) (ہ) سو لاکھ = ۱۰۰۰۰۰۰۰ ۔

کروڑپتی (ہ) مذکر - ایک کروڑ کا مالک - بھاری مالدار ۔

کروڑ کی ایک بات (ہ) مؤنث - نہایت تجربے کی بات - نہایت پکی اور گہری بات ۔

کروڑوں (ہ) مذکر - کروڑ کی جمع - بے شمار ۔

کرونڈا (کَرُوْں - ڈَا) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) گہرے لال سرخ اور سفید رنگ کا ایک ترش پھل (۲) کان کے پاس کی گلٹی یا غدود ۔

کروہ (کَرُوْہ) (ف) مذکر - کوس - چار ہزار گز زمین کی مسافت ۔

کُرَوی (کُرَ - وِیْ) (ع) گول - مدوّر - دائرہ نما ۔

کُرَہ (کُرَہ) (ع) مذکر - گیند - گولا - ہر گول چیز ۔

کرہ ارض - یا - زمین (ع) مذکر - تمام زمین جو گیند کی شکل پر ہے ۔

کُرّی (کُرْ - رِیْ) (ہ) کرکری - خستہ - بھربھری ۔

کریا کرم (کِرْیَا - کَرَم) (ہ - مذکر) مردے کے متعلق مذہبی رسوم ۔

کریا کرم کرنا (ہ) (ہندو) مردے کو کفنانے اور جلانے کی مذہبی رسوم کا ادا کرنا ۔

کُریال (کُرْ - یَال) (ہ) (مؤنث) (۱) جانوروں کا اپنے بازوؤں کو کھجانا اور سہلانا (۲) امن - آرام - بے فکری ۔

کُریال میں آنا (ا) (۱) پرندوں کا خوش ہو کر اپنے پروں کو پھڑپھڑانا اور صاف کرنا ۔

کُریال میں غلہ (غلیلہ) لگنا (ا) عین حصول مقصود میں خلل واقع ہونا - عین مزے میں کھنڈت پڑنا - رنگ میں بھنگ کرنا ۔

کرے ایک پکڑے جائیں سب (مثل) ایک شخص کی برائی سے تمام قوم پر الزام عائد ہوتا ہے ۔

کریپ (کَرِیپ) (ہند) (انگ - کریپ) (CRAPE) (مؤنث) ایک قسم کا انگریزی ریشمی کپڑا ۔

کریت (کُرِیْت) (ہ) مؤنث - بری رسم - بدمعاملگی ۔

کُریدؔ (کُرید) (ہ) مؤنث۔ جہان بین۔ تلاش۔ جستجو۔
کُریدنا (ہ) (۱) کھودنا۔ کسی چیز کی تلاش کرنا (۲) کُھرچنا۔ (۳) نکالنا۔ کھود کر باہر نکالنا۔
کُریدنی (ہ) مؤنث۔ کُھرچنے کا آلہ۔
کریر (کَرِیر) (ہ۔ مذکر) ایک کانٹوں والا پودا جس کے پتے نہیں ہوتے۔
کُریز (کُریز) (ف) مؤنث (۱) پرندوں کا پَر گرانا (۲) (ہ) پرندوں کے پر جھاڑنے کی کیفیت۔
کُریز چھوڑنا (ہ) پرندوں کا پُرانے پر جھاڑ کر نئے نکالنا۔
کُری کُری (کُڑی کُڑی) [کُری کُری (کُڑی کُڑی)] (ہ۔ مؤنث) مُرغی مُرغے کے ہنکانے کی آواز۔
کریل (کَرِیل) (ہ) مذکر (دیکھو کریر)۔
کریلا (کَرے۔لا) (ہ) ایک قسم کی کڑوی ترکاری جو پکانے سے بڑی مزیدار ہو جاتی ہے۔
کریلا اور نیم چڑھا (ہ) (مثل) کریلا پہلے ہی تلخ تھا۔ نیم پر چڑھ کر اور زہریلا ہوگیا۔ یعنی خیر سے پہلے ہی بدمزاج تھے۔ خود مختار ہو کر اور بھی آزاد ہو گئے۔
کریم (کَرِیم) (ع) (۱) بخشنے والا (۲) سخی۔ فیاض (۳) مہربان (۴) خدا تعالےٰ کا ایک صفاتی نام۔
کریمانہ (ع۔ ف) سخی کی مانند۔
کریمہ (ع۔ مؤنث) سخی عورت۔
کریمی (ع۔ مؤنث) (۱) فیاضی۔ سخاوت (۲) عنایت۔ مہربانی۔
کریہ (کَرِیہ) (ع) مکروہ۔ قابل نفرت۔ بدشکل۔
کریہ الصوت (ع) بدآواز۔ ناگوار آواز والا۔
کریہ منظر (ع) بدصورت۔ بدشکل۔ بدنما۔

ک۔ڑ

کڑ (کَڑ) (ہ) مؤنث۔ کسمب کا بیج۔
کڑ (کِڑ) (ہ) مذکر۔ کیڑا کا مخفف۔
کڑ کھایا (ہ) (۱) کیڑوں کا کھایا ہوا۔ کِرم خوردہ (۲) بوسیدہ۔ پُرانا (۳) (حقارتاً) چیچک رُو۔
کڑا (کَڑا) (ہ) (۱) سخت۔ کرخت (۲) بے رحم (۳) شہ زور۔ زور آور (۴) بدمزاج (۵) کٹھن۔ دشوار (۶) بہادر۔ دلیر (۷) سکھوں کے پہننے کا لوہے کا کڑا (۸) گہنہ۔
(۹) وہ عمارت جس میں چھت۔ پتھر اور اینٹوں کے سوا لکڑی کا کام نہ ہو (۱۰) ہاتھ یا پاؤں میں پہننے کے لئے سونے چاندی کے حلقے۔
کڑاپن (ہ) مذکر۔ سختی۔ کرختگی۔ مضبوطی۔ بہادری۔ تندی۔
کڑا سماں (ہ) مذکر (کنعار) (۱) گرانی۔ کال (۲) بُرا زمانہ افلاس کے دن۔
کڑا کرنا (ہ) (۱) سخت کرنا (۲) بھاؤ چڑھانا (۳) مضبوط کرنا (۴) جکڑنا۔ کسنا (۵) سختی جھیلنا (۶) ہمت بڑھانا۔
کڑاڑا (کَڑا۔ڑا) (ہ) مذکر۔ دریا کا اونچا کنارا۔ کراڑا۔
کڑاکا (کَڑا۔کا) (ہ) مذکر (۱) کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز (۲) فاقہ (۳) سختی۔ شدّت۔
کڑاکا گزرنا (ہ) فاقہ ہونا۔ بھوکا رہنا۔
کڑاکڑ (کَڑا۔کڑ) (ہ) مذکر۔ کسی سخت چیز کے ٹوٹنے یا بجنے کی متواتر آواز۔
کڑاکے کا جاڑا (ہ) مذکر۔ شدّت کا جاڑا۔ سخت سردی جس میں دانت بجے۔
کڑاکے کا فاقہ (ہ) مذکر۔ سخت فاقہ۔
کڑاہ (کَڑاہ) (ہ) مذکر (۱) بڑی کڑاہی (۲) لوہے کا بڑا برتن (۳) (پنجابی۔ سکھ) حلوا۔
کڑاہی (ہ) مؤنث (۱) کڑھاؤ۔ لوہے کا ظرف (۲) (پنجابی۔ سکھ) حلوا (۳) شیرینی کی نیاز۔
کڑاہی چڑھنا (ہ) (۱) کڑاہی کا کسی چیز کے تلنے کے لئے چولھے پر رکھا جانا (۲) پکوان کا تلا جانا (۳) (ہندو) شادی کے کھانوں اور ضیافت کا سامان ہونا۔
کڑاہی میں ہاتھ ڈالنا (ہ) اپنی صداقت جتانے کو جلتے ہوئے تیل میں ہاتھ ڈال کر دکھا دینا کہ ہم سچے ہوں گے تو ہاتھ نہیں جلے گا۔
کڑ بڑا (کَڑ۔بڑا) (ہ) مذکر۔ ادھیڑ۔ وہ شخص جس کی ڈاڑھی میں سیاہ اور سفید بال ہوں۔
کڑ بڑی ڈاڑھی (ہ) مؤنث۔ وہ ڈاڑھی جس میں سیاہ اور سفید بال ہوں۔
کڑک (کَڑَک) (ہ) (۱) بجلی کی آواز۔ سخت اور مہیب آواز (۲) کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز (۳) گھوڑے کی پویہ رفتار (۴) (پ) بجلی۔ برق۔
کڑک بانکا (ہ) مذکر۔ بانکا ترچھا جوان۔ کڑیل جوان۔
کڑک بجلی (ہ) مؤنث۔ توڑے دار بندوق۔ وہ بندوق

جس کی آواز نہایت مہیب ہو (۲) کڑاکے کی آواز والی عورت۔ عب داب والی عورت ؛

کُڑک (کُڑَک) (ہ) مؤنث (۱) وہ مُرغی جو انڈے دینے سے رُک گئی ہو (۲) خالی۔ کورا ؛

کُڑک ہونا (ا) مُرغی کا انڈے دینے سے باز رہنا ؛

کڑکا (کَڑ۔ کا) (ہ) مذکر (۱) کڑاکا۔ بجلی کا شور۔ آواز (۲) رجز۔ میدان میں دل بڑھانے والے اشعار یا گیت (۳) وہ آواز جو نقیب لوگ بادشاہ کی سواری کے آگے لگاتے ہیں (۴) رزم نامہ۔ بہادری کے گیت ؛

کڑکڑ (کَڑ۔ کَڑ) (ہ۔ مؤنث) (۱) کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز (۲) کسی سخت چیز کے چبانے کی آواز (۳) انگلیوں کے چٹخنے کی آواز ؛

کِڑکِڑ (کِڑ۔ کِڑ) (ہ۔ مؤنث) دانتوں کے باہم رگڑ کھانے کی آواز ؛

کُڑکُڑ (کُڑ۔ کُڑ) (ہ۔ مؤنث) مُرغیوں کے کُڑکُڑانے کی آواز ؛

کڑکڑاتا (ہ) زور کا۔ شدت کا (جاڑا) ؛

کڑکڑاتا جاڑا (ہ) نہایت زور کی سردی۔ شدت کا جاڑا ؛

کڑکڑانا (ہ) گھی یا تیل کے بگھارنے کی آواز نکلنا (۲) بگھارنا۔ داغ دینا ؛

کِڑکِڑانا (ہ) دانتوں کا باہم رگڑ کھا کر آواز دینا ؛

کُڑکُڑانا (ہ) (۱) مرغیوں کا بولنا (۲) بڑبڑانا (۳) جلنا۔ حسد کرنا (۴) بُرا بھلا کہنا ؛

کڑکنا (ہ) (۱) تڑکنا۔ چٹکنا۔ تڑخنا (۲) موتی میں بال آجانا۔ موتی کا ٹوٹ جانا (۳) چڑچڑا ہونا ؛

کڑکنا (ہ) (۱) گرجنا۔ بجلی کی آواز نکلنا (۲) چیخ کر بولنا (۳) باجے یا نوبت کا زور کے ساتھ بجنا ؛

کڑکناتھ (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا مُرغ ؛

کڑکو (کَڑ۔ کو) (ہ۔ مؤنث) (۱) بدمزاج عورت (۲) بیہودہ گو عورت ؛

کُڑکی (کُڑ۔ کی) (ہ۔ مؤنث) وہ چیز جس سے لڑکے چھوٹی چھوٹی چڑیاں پکڑتے ہیں ؛

کڑکَیت (ہ) مذکر (۱) نقیب۔ وہ شخص جو بادشاہ کی سواری کے آگے آگے آواز لگاتا جاتا ہے (۲) وہ شخص جو میدان جنگ کے اندر نظم یا نثر میں بہادروں کو جوش اور غیرت دلاتا ہے ؛

کڑکی تو ڈری پڑی تو سہی (ہ) (مثل) ہول کھانا مصیبت اُٹھانے سے زیادہ سخت ہے اور جب مصیبت پڑ جاتی ہے تو آدمی سہہ لیتا ہے ؛

کڑنگا (کَڑ۔ نگ۔ گا) (ہ) مذکر (۱) سخت گو۔ سخت کلام (۲) نہایت توانا۔ قوی شخص ؛

کڑوا (کَڑ۔ وا) (ہ) (۱) تلخ۔ نیم کے مزے کا (۲) تیز۔ تند (۳) کھاری۔ نمکین (۴) بدمزاج۔ غصیل (۵) سخت اکھڑ ؛

کڑوا تھو تھو میٹھا ہپ ہپ (ہ) (مثل) بُری چیز چھوڑ دینا۔ اور اچھی چیز لے لینا ؛

کڑوا تیل (ہ) مذکر۔ سرسوں وغیرہ کا تیل۔ روغن تلخ ؛

کڑوا دل کرنا (ا) سختی جھیلنا۔ ہمت باندھنا۔ ناگوار بات کی برداشت نہ کرنا ؛

کڑوا زہر (ا) نہایت تلخ۔ زہر ہلاہل ؛

کڑوا کریلا نیم چڑھا (ہ) (مثل) بدمزاج تو تھے ہی۔ خلاف طبع بات نے اور چڑچڑا کر دیا ؛

کڑوا کسیلا (ہ) تلخ و ناگوار طبع ؛

کڑوا ہونا (ہ) (۱) کسی چیز کا تلخ اور بدمزہ ہونا (۲) خفا ہونا۔ بگڑنا ؛

کڑواپن (ہ) مذکر۔ بدمزاجی۔ تندی۔ تلخی ؛

کڑوانا (ہ) (۱) کڑواہٹ آجانا (۲) بگڑنا۔ خفا ہو جانا (۳) نیند میں بھرنا ؛

کڑواہٹ (ہ) مؤنث۔ تلخی۔ تیزی ؛

کڑوڑ (ہ) مذکر۔ کروڑ ؛

کڑوڑگیری (دکن) چنگی کا محکمہ ؛

کڑوڑا (کَڑ۔ وڑا) (ہ) مذکر۔ حاکم اعلےٰ۔ وہ حاکم جو اور افسروں پر افسر ہو۔ افسروں کا افسر۔ حاکموں کا حاکم ؛

کڑوی (ہ) مؤنث۔ جوار یا باجرے کی چری ؛

کڑوی (ہ) مؤنث (۱) تلخ (۲) تیز۔ تند (۳) ناگوار طبع بات ؛

کڑوی روٹی (کھچڑی) (ہ) مؤنث (ہندو) جس روز کوئی ہندو مر جائے۔ اس دن کا کھانا ؛

کڑوی نگاہ (ا) مؤنث۔ خفگی کی نظر۔ ناراضی کی نگاہ ؛

کڑوے (ہ) کڑوا کی جمع ؛

کڑوے کسیلے دن (ہ) مذکر (عو) (۱) بُرے بھلے دن سختی اور مصیبت کے دن۔ تنگی کا زمانہ (۲) حمل کا آٹھواں مہینہ ؛

کڑوے گھونٹ (۱) مذکر۔ مشکل و ناگوار بات۔ کٹھن کام۔ کارِ سخت ۔

کڑھ (کَڑھ) (ہ) کڑھنا کا امر ۔

کڑھ (کُڑھ) (ہ) کڑھنا کا امر ۔

کڑھانا (ہ) (۱) رنجیدہ کرنا۔ غمگین کرنا۔ رنج دینا (۲) رنج دلانا (۳) افسوس دلانا (۴) جان کرنا راکھ کرنا ۔

کڑھا ہُوا (ہ) (۱) کشیدہ۔ کاما ر۔ زر دوزی وغیرہ (۲) جوش دیا ہُوا (دودھ) (۳) کھنچا ہُوا۔ مقطر کیا ہُوا ۔

کڑھنا (ہ) (۱) رنجیدہ ہونا۔ دل دُکھنا (۲) درد آنا۔ رحم آنا (۳) افسوس کرنا۔ سوچ کرنا (۴) رنج کرنا۔ غم کھانا ۔

کڑھنا (ہ) گنوار (۱) نکلنا۔ باہر آنا (۲) کھنچنا (۳) زردوزی اور کشیدہ کاری ہونا (۴) دودھ اُبلنا ۔

کڑھوانا (ہ) (۱) کشیدہ کڑھوانا (۲) نکلوانا (۳) کسی چیز کو گروی رکھ کر قرض لینا ۔

کڑھوائی (ہ۔ مؤنث) کاڑھنے کی اُجرت ۔

کڑھی (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا سالن جو بیسن اور دہی یا چھاچھ میں مصالح ڈال کر پکاتے ہیں ۔

کڑھی کا سا اُبال (ہ) مذکر۔ جلد فرو ہو جانے والا غصہ یا ارادہ ۔

کڑھی میں کوئلہ (ہ) مثل۔ اچھی بات میں کچھ نقص ۔

کڑی (ہ) مؤنث (۱) مُرغیوں کے ہنکانے کی آواز (۲) (پ) لڑکی ۔

کڑی (کَڑی) (ہ) (۱) کرخت۔ سخت۔ شدید (۲) مضبوط مستحکم (۳) ناگوار طبع (۴) تیز۔ تند (۵) سختی اٹھانے والی (۶) مشکل۔ کٹھن۔ بھاری۔ دشوار (۷) خشمناک۔ غضبناک (۸) مؤنث) شہتیر۔ چھت کا (۹) جریب کا باریک اور پتلا حصہ (۱۰) حلقہ آہنی (۱۱) چاندی یا سونے کا باریک اور پتلا حلقہ (۱۲) سختی۔ رنج۔ دُکھ۔ (۱۳) ہندی نظم کا بند (۱۴) پاؤں کا ایک زیور ۔

کڑی آنکھ پڑنا (ہ) قہر کی نظر پڑنا ۔

کڑی اُٹھانا (ہ) سختی جھیلنا۔ سخت بات سہنا ۔

کڑی بات (ہ) مؤنث۔ ناملائم بات۔ ناگوار طبع بات ۔

کڑی جھیلنا (ہ) دیکھو (کڑی اُٹھانا)

کڑی چوٹ (ہ) مؤنث۔ ضرب شدید۔ صدمہ سخت ۔

کڑی دھوپ پڑنا (ہ) مؤنث۔ شدت کی دھوپ پڑنا۔ تیز دھوپ پڑنا ۔

کڑی سُنانا (ہ) سخت بات کہنا۔ ناملائم بات کہنا ۔

کڑی منزل (۱) کٹھن راستہ۔ سخت منزل ۔

کڑیاں (ہ) مؤنث۔ کڑی کی جمع۔ چھت کے شہتیر۔ حلقے ۔

کڑیل (کَڑ۔ یَل) (ہ) (۱) کڑا۔ سخت (۲) طاقت ور ۔

کڑیل جوان (ہ) مذکر۔ لمتڑ نگا جوان۔ قدر آور جوان۔ گراں ڈیل یا گبرو جوان۔ زور آور آدمی۔ پہلوان آدمی ۔

ک۔ژ

کژ دم (کَژ۔ دُم) بچھو۔ عقرب ۔

ک س

کَس (کَس) (ہ) کسنا کا امر ۔

کَس (کَس) (ف) مذکر (۱) آدمی۔ شخص۔ لوگ (۲) (ہ) کوئی۔ کدام ۔

کس نگوید کہ دوغ من تُرش است (ف) کوئی نہیں کہتا کہ میرا دہی کھٹا ہے۔ اپنی چیز کو کوئی بُرا نہیں کہتا ۔

کس نے پُوچھا کہ بھیّا کون ہو (۱) (مثل) مفلس تین ہو یا ڈیڑھ ہو یا پون ہو۔ آدمی کو کوئی نہیں پوچھتا کہ تو کس حال میں ہے

کس و ناکس (ف) (مذکر) ادنےٰ و اعلےٰ۔ خاص و عام ہر آدمی ۔

کَس (کَس) (ہ) مذکر (۱) زور۔ بل (۲) امتحان۔ آزمائش۔ چاشنی (۳) تلوار کی خمیدگی (۴) مضبوطی۔ (۵) حقیقت (۶) پہاڑی بارش کے پانی سے بہنے والا نالہ

کَس بَل (ہ) مذکر۔ دم خم۔ زور و طاقت۔ قوت ۔

کَس دیکھنا (ہ) سونے کو کسوٹی پر لگانا۔ سونے کو تپانا ۔

کُس (کُس) (ف) عورت کی شرمگاہ۔ اندام نہانی۔ عورت کی پیشاب کرنے کی جگہ ۔

کِس (ہ) کون۔ کدام ۔

کِس بات پر بھُولا ہے (ہ) کس گھمنڈ میں ہے۔ کس خیال میں ہے ۔

کِس باغ کی مُولی (کا بتھوا) ہے (۱) بے حقیقت ہے کسی شمار و قطار میں نہیں ۔

کِس برتے پر تتا پانی (ہ) مثل، کس حوصلے پہ شیخی مارتے ہو؟ اس مقدور اور حقیقت پر یہ غرور!

کِس بلا کا ہے (ہ) کس غضب کا ہے۔ نہایت تعریف کے موقع پر بولتے ہیں۔

کِس بلا کو پیچھے لگا دیا (ہ) (عو) جب کسی ضدی سے پالا پڑ جائے تو بولتے ہیں کہ ہم کس عذاب میں پھنس گئے۔

کِس پر پھولے ہو (ہ) کس بات پر مغرور ہو؟ کونسا وسیلہ ہے؟

کِس جنم کے کالے تِل چابے ہیں (ہ) کس زمانے سے اطاعت کا بیڑا اٹھایا ہے۔ جو ذرا نافرمانی نہیں کرتے۔

کِس چکّی کا پِسا کھایا ہے (ہ) کس چکّی کا آٹا کھایا ہے کہ اتنے موٹے ہو گئے۔

کِس حساب میں ہے (ہ) کون پوچھتا ہے؟ کس گنتی میں ہے؟

کِس خدا نے بنایا (کہا) (ہ) بیہودہ یا بیوقوفی کی بات کرنے والے کو کہتے ہیں۔

کِس خیال میں ہے (ہ) کیا سوچتا ہے؟ کیوں نہیں سمجھتا؟

کِس دَرد کی دوا ہے (ہ) کس کام کا ہے۔ تجھ سے کیا امّید ہے؟

کِس دِن کو (کے لئے) اُٹھا رکھا ہے (ہ) کب کے لئے ملتوی کیا ہے۔ کرتے کیوں نہیں؟

کِس شمار و قطار (گنتی) میں ہے (ہ) کچھ قدر و منزلت نہیں۔

کِس طرح (ہ) کیونکر۔ کیسے۔ کس سبب سے۔

کِس قدر (ہ) (۱) کتنا (۲) نہایت۔ حد سے زیادہ۔

کِس کا (ہ) کس شخص کا؟ کون سے آدمی کا؟

کِس کا سر لائیں (یا) لاؤں (ہ) (۱) کسی شخص کی مدد چاہنے کے لئے کہتے ہیں۔ کوئی ہو۔ تو یہ کام سرانجام ہو سکے (۲) بعض اوقات کسی کی باتوں سے تنگ آکر بھی کہتے ہیں۔

کِس کام کو نکلا تھا کیا کر آیا (ہ) جب غلطی سے اصل مقصود کو بھول کر آدمی کوئی اور کام کر بیٹھتا ہے تو بولتے ہیں۔

کِس کام کا (کی) (ہ) کسی کام کا (کی) نہیں۔

کِس کتاب میں (لکھا) ہے (ہ) کس قانون کے مطابق ہے؟ دستور کے خلاف ہے۔

کِس کِس دُکھ کو جھیلا ہے (ہ) کونسی تکلیف نہیں اٹھائی؟ سب مصیبتیں اٹھائی ہیں۔

کِس کِس دُکھ کو روئیں (ہ) کون کون سی مصیبت بیان کریں۔

کِس کو (ہ) کس شخص کو؟ کسے؟

کِس کھیت کا بتھوا (کی مُولی) ہے (ہ) (دیکھو کس باغ کی مُولی ہے)۔

کِس کی بکری کون ڈالے گھاس (ہ) مثل، دوسرے کی چیز کوئی نہیں سنبھالتا۔ سب اپنی ہی چیزوں کی رکھوالی کرتے ہیں۔

کِس کی ماں کو ماں کہیں (ہ) (عو) یتیم یا غریب بچے کی مصیبت پر بولتے ہیں کہ ماں نہ تھی۔ کسے ماں کہتا یا کہتی اور وہ امداد کرتی۔

کِس لئے۔ یا کِس واسطے (ہ) کیوں؟ کس سبب سے؟ کس وجہ سے؟

کِس مَرض کی دَوا ہے (ہ) محض نکمّا اور بیفائدہ ہے کسی کام کا نہیں۔

کِس مُنہ سے (ہ) (۱) بات کرنے کا منہ نہیں (۲) کوئی اعتراض کرنے کی وجہ نہیں (۳) اتنی عزّت نہیں کہ ایسی بڑی بات منہ سے کہہ بیٹھیں (۴) ایسی خوبی نہیں کہ اتنی بڑی بات منہ سے نکالیں (۵) اتنا حوصلہ اور جرأت نہیں۔

کِس نیند سوتا۔ یا سو رہا۔ یا سویا ہے (ہ) کس بےخبری میں ہے؟ ہوش پکڑ۔ عبرت حاصل کر۔

کِس وقت (ہ) کب۔ کس گھڑی۔

کِس ہَوا میں ہے (ہ) کیا سمجھے ہوئے ہے؟

کَسا (ہ) (۱) کھنچا ہُوا۔ تنا ہُوا (۲) وزن میں کم (۳) تنگ۔ چُست۔

کَسا کَسایا (ہ) تیّار۔ مستعد۔ کاٹھی رکھا رکھایا گاڑی میں جتا بنایا۔

کُسّا (کُسْ سا) (ہ) مذکر (۱) کیکر کی چھال (۲) کیکر کی چھال کی بنی ہوئی شراب۔ ٹھرّا۔

کُسّا (کُسْ۔سا) (ہ) مذکر، پھاوڑا۔

کَساد (کَسَاد) (ع) مؤنث جنس کا نہ بکنا۔ عدم خریداری اشیا۔

کَساد بازاری (ف) مؤنث۔ بِکری کا نہ ہونا۔ بازار۔

مندا ہونا ٭

کساری (کِسا۔ رِی) (ہ۔ مؤنث) ایک قسم کی دال ٭

کسالہ (کَسا۔ لَہ) (ل) (مذکر) (۱) تکلیف۔ دُکھ۔ درد۔ محنت۔ مشقت (۲) سستی۔ کاہلی ٭

کسانا (ہ) (فعل) (۱) امتحان کرنا۔ پرکھوانا۔ کسوٹی پر گھسوانا (۲) تلوانا۔ کھچوانا (۳) تلوار کو موڑ کر آزمائش کرنا (۴) بٹیروں کو لڑانے کے لئے باہم کشتی کرا کے دیکھنا (۵) مشکل کاموں میں آدمی کا امتحان کرانا ٭

کساوٹ (ہ) مؤنث۔ دیکھو (کساؤ) ٭

کساؤ (ہ) مذکر (۱) کھچاوٹ۔ تناؤ (۲) تنگی چُستی (۳) بدمزگی۔ کسیلا پن۔ وُہ کیفیت جو تانبے یا پیتل کے برتن میں کسی ترش چیز کے رکھنے سے پیدا ہو جاتی ہے ٭

کسب (کَسْب) (ع) مذکر (۱) حاصل کرنا (۲) پیشہ کام۔ دھندا (۳) ہنر۔ فن (۴) وُہ کمائی جو عورت بدکاری سے حاصل کرے ٭

کسب کرنا۔ یا۔ کمانا (ل) بدکاری سے کما کر کھانا۔ پیشہ کرنا۔ کوٹھے پر بیٹھنا ٭

کسب کمال کن کہ عزیز جہاں شوی (ف) (مثل) کسی ہنر میں کمال حاصل کر۔ تاکہ تو دُنیا میں ہر دل عزیز ہو ٭

کِسبَت (کِس۔ بَت) (ل) مؤنث (۱) وُہ چمڑے کا تھیلا جس میں حجام اور جراح اپنے اوزار رکھتے ہیں (۲) چمڑے کا ٹکڑا جو سقے اکثر اپنے بائیں چوتڑ پر حفاظت کے لئے باندھتے ہیں ٭

کسبی (کَس۔ بِی) (ع۔ ف) مذکر (۱) پیشہ ور۔ دستکار۔ کاریگر (۲) اپنی کوشش سے حاصل کیا ہُوا کمال (۳) (ل) مؤنث۔ فاحشہ۔ بدکار عورت۔ رنڈی۔ بازاری عورت ٭

کستورا (کَس۔ تو۔ رَا) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا ہرن جس کی ناف سے مُشک نافہ نکلتا ہے (۲) ایک قسم کی مچھلی جس کے سینگ ہوتے ہیں (۳) ایک قسم کا سیاہ رنگ خوش آواز پرند (۴) ابابیل کا لعاب جو مقوی ہوتا ہے ٭

کستوری (ہ) مؤنث۔ مشک۔ وُہ خوشبودار چیز جو کستورے ہرن سے نکلتی ہے ٭

کسٹم (کَس۔ ٹَم) (انگریزی) (CUSTOM) (مذکر) (۱) چنگی کا محصول (۲) رسم و رواج ٭

کسٹمر (کَس۔ ٹَمَر) (انگریزی) (CUSTOMER) (مذکر) گاہک۔ خریدار ٭

کسر (کَسْر) (ع) (مؤنث) (۱) شکستگی۔ ٹوٹ پھوٹ (۲) ٹکڑا۔ حصّہ۔ جُزو (۳) زیر کی حرکت۔ کسرہ (۴) علم حساب میں اکائی کا ایک حصّہ یا کئی حصّے ٭

کسر اعشاریہ (ع۔ مؤنث) وُہ کسر جو دس کا کوئی حصّہ ہو۔ اس کی نشانی ۶ ہے ٭

کسر اعشاریہ متوالی (ع۔ مؤنث) وہ کسر اعشاریہ جس میں کچھ حصّے بار بار آتے ہیں۔ اُن کے پہلے اور آخری ہندسے پر نقطہ لگا دیتے ہیں ٭

کسر غیر واجب۔ یا۔ ملفوظی (ع) (مؤنث) وُہ کسر جس کا شمار کنندہ یعنی کسر نما، نسب نما کے برابر یا اس سے بڑا ہو ٭

کسر مرکب (ع) (مؤنث) وُہ رقم جس میں کسر کے ساتھ عدد صحیح بھی موجود ہو ٭

کسر مضاف (ع) مؤنث۔ وُہ کسر جس میں کسر کی کسر ہو۔ کسر الکسر ٭

کسر ملتف (ع) مؤنث۔ وُہ کسر جس کے شمار کنندہ یا نسب نما یا دونوں میں کوئی عدد مرکب یا کسر مضاف ہو ٭

کسر مفرد (ع) (مؤنث) وُہ کسر جس کا شمار کنندہ اور نسب نما صحیح عدد ہوں۔ مساوی کسر ٭

کسر واجب (ع) مؤنث۔ وُہ کسر جس کا شمار کنندہ نسب نما سے چھوٹا ہو ٭

کَسَر (کَسَر) (ع) مؤنث (۱) نقص۔ کمی (۲) بچّوں کی بدہضمی (۳) نقصان ٭

کسر باقی نہ رکھنا (ل) (۱) ذرا کوتاہی اور کمی نہ کرنا (۲) بدی کرنے میں نہ چوکنا ٭

کسر رہنا (ل) (۱) گھاٹا رہنا (۲) کمی رہنا ٭

کسر شان (ع۔ ف) مؤنث۔ خلاف شان۔ وہ بات جس سے آدمی کی عزت و آبرو میں فرق آ جائے ٭

کسر کھانا (ل) نقصان اُٹھانا۔ خسارہ بھرنا۔ پلّے سے دینا ٭

کسر نکالنا (ل) (۱) کمی پوری کرنا۔ خسارہ پورا کرنا (۲) بدلہ لینا۔ انتقام لینا ٭

کسر ہونا (ل) (۱) کمی ہونا۔ گھٹنا (۲) خسارہ ہونا (۳) بچّے کو بدہضمی ہونا (۴) کوتاہی ہونا ٭

کِسریٰ۔ کِسریٰ (کِس۔ را) (ع) مذکر (۱) نوشیرواں عادل

(۲) شاہان عجم کے ہر بادشاہ کا لقب ٭

کَسرات (ا) مؤنث ۔ وہ رقوم جو خصت وغیرہ سے کٹ کر بچت میں ڈال دی جاتی ہیں ۔

کَسرَت (ا) مؤنث (۱) ورزش ۔ ریاضت (۲) مشق ۔ مہارت ٭

کَسرَت کرنا (ہ) (۱) ورزش کرنا ۔ ریاضت کرنا ۔ پہلوانی کرنا (۲) مشق کرنا ۔ ربط کرنا ٭

کَسرَتی (ا) (۱) کسرت یا ورزش کیا ہوا (۲) کسرت کرنے والا ۔ ورزشی ٭

کَسرَہ (ع) مذکر ۔ زیر ۔ زیر کی صورت ٭

کَسَک (کَسَک) (ہ) مؤنث (۱) ٹیس ۔ ہلکا سا درد (۲) کسکنا کا امر ٭

کسک آنا (ہ) ضرب پہنچنا ۔ درد ہونا ٭

کسک اُٹھنا (ہ) ٹیس ہونا ٭

کسک مٹانا (نکالنا) (ہ) (۱) تکلیف دور کرنا (۲) خواہش نفسانی کو پورا کرنا ٭

کَسکُٹ (کَس کُٹ) (ہ) مذکر ۔ کسی قسم کی ملی ہوئی دھات ۔ کانسی ٭

کسکنا (ہ) (۱) درد کرنا ۔ دُکھنا (۲) ٹیس مارنا ۔ کم کم درد ہونا ٭

کَسگَر (ا) (۱) مٹی کے برتن بنانے والا ۔ کمہار ۔ کوزہ گر ٭

کَسَل (کَسَل) (ع) مذکر (۱) سستی ۔ کاہلی (۲) تکان تھکاوٹ (۳) (ا) علالت طبع (۴) (ا) کمزوری ۔ ناتوانی ٭

کسل مند (ا) (۱) علیل ۔ بیمار (۲) سست ٭

کسل ناک (ع ۔ ف) (۱) دیکھو کسل مند (۲) بزدلی ٭

کُشَل (کُشَل) (ہ) مذکر (ہندو) خیریت ۔ تندرستی ٭

کسم ۔ کسمبھ (کُسُم ۔ کُسُمبھ) (ہ) مذکر ۔ کرڈ کا پھول جس سے شہاب نکلتا اور سرخ کپڑے رنگے جاتے ہیں ٭

کُسُم کا آزار ہونا (ا) (عو) متواتر حیض آتے جانا ٭

کسمسانا (کَس ۔ مَسا ۔ نا) (ہ) (۱) بل کھانا ۔ انگڑائی لینا ۔ پہلو بدلنا ۔ ہلنا (۲) گھبرانا ۔ بیقرار ہونا ۔ تنگ ہونا ۔ بے چین ہونا ٭

کسمساہٹ (ہ) مؤنث ۔ بے آرامی ۔ بے چینی ۔ اضطراب ٭

کَسنا (کَس ۔ نا) (ہ) مذکر (۱) پٹاری کا غلاف (۲) بستربند (۳) پلنگ کسنے کی ڈوری (۴) خوان پوش ٭

کَسنا (کَس ۔ نا) (ہ) (۱) کھینچنا ۔ جکڑنا ۔ تاننا (۲) مضبوط اور تنگ کرکے باندھنا (۳) تلوار کو خمیدہ کرنا (۴) ستانا ۔ تنگ کرنا (۵) کسوٹی پر لگانا ۔ کھرا کھوٹا پرکھنا (۶) آزمائش کرنا ۔ جانچنا (۷) بجیروں کا باہم لڑانا (۸) بندوق بھرنا (۹) دام بڑھانا (۱۰) کم تولنا (۱۱) مارنا ۔ پھینکنا ٭

کُسَنگ (کُسَنگ) (ہ) مذکر (ہندو) بُرا ساتھ ۔ بُری صحبت ٭

کُسوانا (ہ) (عو) (۱) بددعا دلوانا (۲) بددعا لینا ٭

کِسوَت (کِس ۔ وَت) (ع) مؤنث ۔ لباس ۔ پوشاک ٭

کسوٹی (کَسَو ۔ ٹی) (ہ) مؤنث (۱) وہ پتھر جس پر سونے کا کس دیکھتے ہیں (۲) پرکھ ۔ جانچ ۔ امتحان ٭

کسوٹی پر رکھنا ۔ کسوٹی پر کسنا ۔ کسوٹی پر لگانا (ہ) (۱) محک پر گھس کر سونے چاندی کا کھوٹا کھرا پرکھنا (۲) آزمانا ۔ جانچنا ٭

کُسُور (کُسُور) (ع) مؤنث ۔ کسر کی جمع ۔ کسرات ۔ اجزا ۔ ٹکڑے ٭

کسورِ اعشاریہ (ع) مؤنث ۔ وہ کسریں جن کا نسب نما دس یا دس کی کوئی قوت رکھتا ہو ٭

کسورِ عام (ع) مؤنث ۔ وہ کسریں جن کا نسب نما لکھا جائے ٭

کسوف (کُسُوف) (ع) مذکر ۔ سورج گرہن ۔ زمین اور سورج کے درمیان چاند کا آجانا ٭

کسون (کَسُون) (ا) کنجی آنکھ کا گھوڑا ۔ بھینگا ۔ احول ٭

کسونجی ۔ کسونجھی (کَسَون ۔ جی ۔ کَسَون ۔ جھی) (ہ) مؤنث ۔ ایک درخت ٭

کَسّی (کَس ۔ سی) (ہ) مؤنث (۱) چھوٹا پھاوڑا ۔ بیلچہ (۲) دو قدم کے برابر فاصلے کا ایک پیمانہ ٭

کسی (کِسی) (ہ) (۱) کوئی چیز ۔ کوئی آدمی ۔ کوئی بات (۲) نامعلوم الاسم (۳) فلاں ۔ شخص معلومہ (۴) معشوق ۔ دلبر ٭

کسی بات سے ہاتھ اُٹھانا (ہ) کسی بات یا کسی کام کو چھوڑنا ٭

کسی بات کے لالے پڑنا (ہ) (۱) کسی بات کا دشوار ہونا (۲) کسی بات کا نہایت خواہش مند ہونا مگر اسے پورا نہ کر سکنا (۳) مایوسی ہونا ۔ ناامیدی ہونا ٭

کسی پر پھولے پھرنا (ہ) کسی کی امید یا حمایت پر اترائے پھرنا ٭

کسی پر جان جانا ۔ (دینا) (ہ) کسی پر عاشق د

مفتون ہونا ◆

کسی پر دم دینا (مرنا) (ہ) دیکھو (کسی پر جان دینا)

کسی پر دیوانہ ہونا (ف) کسی کے عشق میں مجنون و سودائی ہونا۔ کسی پر فریفتہ ہونا ◆

کسی پر ہاتھ رکھنا (ہ) تسلی دینا۔ کسی کا حامی و مددگار ہونا ◆

کسی پہلو (ف) کسی طرح ◆

کسی چیز پر آنکھ نہ ٹھہرنا (ف) (۱) کمال استغنائے کسی چیز کو خاطر میں نہ لانا (۲) نہایت خوب صورت ہونا ◆

کسی چیز پر دل چلنا یا للچانا (ف) کسی چیز پر دل مائل ہونا۔ کسی بات کو جی چاہنا ◆

کسی چیز پر لات مارنا۔ یا۔ ٹھوکنا (ف) کسی چیز کو ٹھکرانا یا خاطر میں نہ لانا ◆

کسی چیز پر ہاتھ نہ رکھنے دینا (ف) فروخت کی اشیاء میں نہایت بے پروائی اور ترش روئی سے کام لینا ◆

کسی چیز کا دھواں اُڑانا (ف) کسی چیز کو خاک میں ملانا۔ ریزہ ریزہ کرنا ◆

کسی سے دل لگانا (ہ) کسی سے عشق کرنا۔ کسی سے دوستی کرنا ◆

کسی سے سائی } (ہ) (مثل) جھوٹی خاطر داری۔ ہر ایک
کسی سے بدھائی } سے وعدہ وعید ◆

کسی سے کھل جانا (ف) کسی سے نہایت بے تکلف اور بے حجاب ہونا۔ کسی سے شرم و لحاظ اُٹھا دینا ◆

کسی طرح } (ف) کسی طور۔
کسی عنوان } کسی پہلو ◆

کسی قدر (ف) (۱) ذرا سا۔ کچھ۔ قدرے قلیل (۲) بہت کچھ۔ بہت سا ◆

کسی کا (ہ) (۱) کسی شخص کا (۲) شخص معلومہ کا (۳) (مجازاً) معشوق دلربا کا (۳) دوسرے کا۔ غیر کا۔ (۴) اپنا۔ اپنی ذات کا۔

کسی کا پردہ پوشیدہ ہونا (ف) مر جانے سے کسی کی عزت رہ جانا یا بدنامی سے بچنا ◆

کسی کا کچھ نہیں جاتا (ف) کسی کا کچھ نقصان نہیں ہوتا ◆

کسی کا کچھ (بس) نہیں چلتا (ہ) کسی کی پیش نہیں جاتی۔ قابو اور اختیار سے باہر ہے ◆

کسی کا کلمہ بھرنا۔ یا۔ پڑھنا (ف) (عو) (۱) کسی کا نہایت مطیع و معتقد ہونا۔ کسی پر ایمان لانا (۲) کسی کو ہر وقت یاد کرنا ◆

کسی کا گھر جلے کوئی تاپے (ہ) (مثل) کسی کا نقصان ہو اور کوئی خوشی منائے۔ ایک کی مصیبت۔ دوسرے کی خوشی ◆

کسی کا لہو پینا (ف) (۱) کسی کو جان سے مارنا۔ قتل کرنا (۲) تنگ کرنا۔ عاجز کرنا ◆

کسی کام کا نہ ہونا (ف) محض نکما اور بیکار ہونا ◆

کسی کا نقشہ جمنا (ف) کسی کا قبضہ ہونا۔ دخل ہونا۔ بات بننا ◆

کسی کا ہاتھ چلے۔ کسی کی زبان چلے (ف) (مثل) (۱) ایک شخص مارتا ہے تو دوسرا زبان سے گالی ہی دے کر اپنا دل ٹھنڈا کر لیتا ہے (۲) بدزبانی کا نتیجہ مار کھانا اور ستانے کا نتیجہ کوسنے سننا ہے (۳) ہر شخص اپنے مقدور اور امکان کے مطابق انتقام لے سکتا ہے ◆

کسی کا ہو رہنا (ہ) کسی کا مطیع و فرمانبردار ہو جانا ◆

کسی کو آنکھ اٹھا کر نہ دیکھنا (ہ) (۱) نہایت بے پروائی ظاہر کرنا (۲) نہایت شرم والا ہونا ◆

کسی کو اپنا کر رکھو۔ یا۔ کسی کے ہو رہو (ہ) (مثل) یا تو خود کسی کی متابعت اختیار کرو یا کسی کو اپنا مطیع بناؤ ◆

کسی کو اُڑانا (ہ) (۱) کسی کی بات کو ہنسی میں ٹال دینا۔ (۲) بہکانا۔ دھوکا دینا (۳) کسی عورت کو بھگانا ◆

کسی کو بینگن بیائے کسی کو وان پیچ (ہ) ایک ہی چیز کسی کو موافق پڑتی ہے کسی کو مضر ◆

کسی کو خیال میں نہ لانا (ف) کسی کی پروا نہ کرنا۔ کسی کو کچھ نہ سمجھنا ◆

کسی کو کسی کی خبر نہیں (ف) (مثل) کسی جماعت میں بے ہوشی اور غفلت کا عالم ہونے پر بولتے ہیں ◆

کسی کی آگ میں پڑنا۔ یا۔ گرنا (ہ) دوسرے کی مصیبت اپنے سر لینا۔ ہمدردی کرنا ◆

کسی کی آئی مجھ کو آ جائے (ہ) (عو) دوسرے کی موت مجھے آ جائے۔ نہایت غصے یا تکلیف کی حالت میں اپنے آپ کو بد دعا دینے کا فقرہ ہے ◆

کسی کی جان سے دور کہنا (ف) (عو) مردہ یا میت کا ذکر کرتے وقت یہ فقرہ کہتی ہیں تاکہ اس کا اثر زندہ تک نہ پہنچے ◆

کسی کی خبر لینا (ہ) (۱) کسی کی خبرگیری کرنا۔ سلوک کرنا۔ مدد کرنا (۲) مارنا پیٹنا۔ سیدھا کرنا (۳) کسی کو سرزنش کرنا۔ لعنت ملامت کرنا (۴) کسی کی بیمار پرسی کو جانا۔ خیر سلّا لینے جانا +

کسی کی روح بھاگتی تھی (ل) جب پانی کا بھرا ہوا گھڑا یا مٹکا از خود ٹوٹ جاتا ہے تو یہ فقرہ بول بولا کرتے ہیں +

کسی کی دھول اڑا دینا (۹) کسی کو ملیامیٹ یا برباد کر دینا +

کسی کے آگے کان پکڑنا (ہ) کسی کو اپنا اُستاد ماننا۔ سب سے بڑھ کر تسلیم کرنا۔ جگت استاد جاننا۔ سردا ماننا +

کسی کے پالے پڑنا (ہ) (۱) کسی کے قابو میں آنا (۲) کسی سے واسطہ پڑنا +

کسی کے ٹکڑوں پہ پڑنا (ہ) دوسرے کی روٹیاں کھانا۔ مفت کی روٹیاں توڑنا۔ دوسرے کے گھر کھانا +

کسی کے حال پہ رونا آنا (ل) کسی پہ رحم آنا۔ یا افسوس ہونا +

کسی کے حق میں کانٹے بونا (ل) (۱) کسی کے لئے بُرائی کرنا۔ کسی کی طرف سے بدگمان کرنا +

کسی کے خون کا پیاسا ہونا (ل) کسی کی جان کا دشمن ہونا۔ کسی کے درپے قتل ہونا۔ کسی کی جان کا لاگو ہونا +

کسی کے سر ہونا (ل) (۱) کسی کے پیچھے پڑنا (۲) کسی کے ذمے پڑنا +

کسی کے کٹے میں گھی گھڑے } (ہ) ایک ہی کام
کسی کے کٹے میں پتھر پڑے } اگر دولت مند یا قسمت والا کرے تو اس سے نیک نام ہو جاتا ہے۔ وہی کام دوسرا بدقسمت غریب کرے۔ تو انگشت نما ہو جاتا ہے +

کسی کے لتّے لینا (ل) بحث و گفتگو میں عاجز اور قائل معقول کرنا۔ تنگ کرنا۔ آڑے ہاتھوں لینا +

کسی کے منہ لگنا (ہ) (۱) باتوں میں برابری کرنا۔ ہمکلام ہونا (۲) قرب حاصل ہونا۔ اخلاص سے باتیں ہونا +

کسی کے ہاتھوں تنگ آنا (ل) کسی سے عاجز اور دق ہونا +

کسی لائق ہونا (ل) (۱) کسی قابل ہونا (۲) کسی ہنر یا لیاقت میں کامل ہونا +

کسی نہ کسی (ہ) کوئی نہ کوئی۔ ایک نہ ایک +

کسی نے پیا دودھ } (ہ) (مثل) امیر و غریب بُرے
کسی نے پیا پانی } اور بھلے سب کی گذر جاتی
سب کو ایک رین گوانی } ہے +

کسے (کسے) (ف) کوئی آدمی۔ کوئی شخص +

کسے باشد (ف) کوئی ہو +

کسے (کِسے) (ل) کس شخص کو۔ کون سے آدمی کو +

کسیا جانا۔ کسیانا (کس۔یا۔جا۔نا ۔ کس۔یا۔نا) (ہ) کسیلا ہو جانا۔ کساؤ آجانا +

کسیرا (کسے۔را) (ہ) مذکر۔ ٹھٹھیرا۔ مٹی برتن وغیرہ بنانے اور بیچنے والا +

کسیرو (کسے۔رُو) (س) مذکر۔ ایک قسم کی گھاس جس کی جڑ بھی اور بھون کر کھایا کرتے ہیں +

کسیرہٹّا (ہ) مذکر۔ کسیروں کا بازار۔ مٹی برتنوں کے فروخت ہونے کی جگہ +

کسیس (کسیس) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کی پھٹکڑی جو لوہے اور گندھک کے پھُونکنے سے تیار ہوتی ہے +

کسیلا (کسے۔لا) (ہ) کساؤ دار۔ بدمزہ۔ ترش جو زبان اور حلق کو پکڑے +

ک ۔ ش

کش (کش) (ف) مذکر (۱) کشیدن کا امر (۲) حقے کا دم +

کش مکش (ف) مؤنث (۱) کھینچا تانی۔ کشاکش کشیدگی۔ رکاوٹ (۲) (ل) آبیچیڑا۔ قضیہ (۳) (ل) دقت۔ دشواری (۴) (ل) لڑائی۔ جھگڑا۔ تکرار +

کش (کُش) (ف) کشتن کا امر۔ مار ڈال +

کشا (کُشا) (ف) کشادن کا امر۔ کھول +

کشاد (کُشاد) (۱) خوشی (۲) فتح (۳) فراخ +

کشادگی (کُشا۔دگی) (ف) مؤنث۔ فراخی۔ وسعت۔ چوڑائی +

کشادہ (کُشا۔دہ) (ف) (۱) کھلا ہوا۔ وا (۲) فراخ۔ لمبا۔ چوڑا +

کشادہ پیشانی (ف) چوڑے اور کھلے ہوئے ماتھے والا۔ خندہ پیشانی۔ ہنس مکھ۔ خوش اخلاق +

کُشادہ دِل (ف) سخی - فیاض - عالی حوصلہ - فراخ دل ✣
کَشّاف (کَش - شاف) (ع) نہایت کھولنے والا - بالکل پردہ اُٹھا دینے والا ✣
کَشاکَش (کَشَا - کَش) (ف) مؤنث (۱) کھینچا تانی (۲) دھکم دھکا (۳) تکرار - جھڑپ ✣
کَشامِرہ (کَشَا - مِرَہ) (ع - مذکر) کشمیری کی جمع - اہلِ کشمیر ✣
کَشاوَرز (کَشَا - وَرز) (ف) مذکر - کھیتی کرنے والا - دہقان - کسان ✣
کَشاوَرزی (ف - مؤنث) کھیتی باڑی - بونا جوتنا ✣
کُشائِش (کُشَا - اِش) (ف - مؤنث) فراخی - کُشادگی ✣
کُشت (کُشت) (ف) مذکر - قتل - خونریزی ✣
کُشت و خون (ف) مذکر - خونریزی - جدال و قتال - مارکٹائی ✣
کِشت (کِشت) (ف) مؤنث - کھیتی - زراعت - بویا ہوا کھیت ✣
کِشت زار (ف) مؤنث - کھیت - کھیتی ✣
کِشت کار (ف) مذکر - کسان - کھیتی کرنے والا ✣
کِشت کاری (ف) مؤنث - کھیتی باڑی - زراعت ✣
کَشت (کَشت) (ہ - مذکر) دیکھو کَشٹ ✣
کشت کی صحنک (ا - مؤنث) ایک منت جس میں عورتیں مُراد مل جانے پر قلیہ یا قورمہ پکاتی اور پاؤں پر رکھ کر حضرت فاطمہ رض کی فاتحہ دلاتی ہیں ✣
کُشتوں (ا) مذکر - کشتہ کی جمع - حروف جار سے پہلے ✣
کُشتوں کے پُشتے لگ جانا (ا) (کنایۃً) لاشوں کا ڈھیر ہو جانا ✣
کُشتہ (کُش - تَہ) (ف) (۱) مقتول - قتل کیا ہوا (۲) لاش - جسم مُردہ (۳) عاشق - مفتون (۴) ماری ہوئی دھات ✣
کُشتہ ہونا (ا) (۱) قتل ہونا - ذبح (۲) عاشق ہونا - کسی پر مرنا (۳) دھات پھنک کر اکسیر بننا ✣
کَشتی (کَش - تی) (ف) مؤنث (۱) ناؤ - بیڑی - سفینہ - ڈونگا (۲) ایک قسم کی پیالی (۳) (ا) سینی - لمبا خوان ✣
کَشتی بان (ف) مذکر - ملاح - مانجھی ✣
کُشتی (کُش - تی) (ف) مؤنث - زور آزمائی - دو پہلوانوں کا باہم گتھم گتھا ہونا ✣
کُشتی برابر رہنا (ا) ایک دوسرے پر غالب نہ آنا - برابر چھوٹنا ✣
کُشتی جیتنا (ا) کُشتی مارنا - پچھاڑنا ✣
کُشتی کرنا (ا) (۱) زور آزمائی کرنا - پکڑنا (۲) ورزش کرنا - پہلوانی کرنا ✣
کُشتی لڑنا (ا) (۱) لپٹنا - پکڑنا (۲) باہم لڑنا - مقابلہ کرنا ✣
کَشٹ (کَشٹ) (س) مذکر (ہندو) (۱) دُکھ - سختی - (۲) دِقت (۳) تنگی - مصیبت - عذاب - بپتا ✣
کِشٹا (کِش - ٹا) (ا) مذکر (۱) زردآلو (۲) شفتالو - ایک قسم کا چھوٹا اور زرد آڑو ✣
کَشِش (کَشِش) (ف) مؤنث (۱) کشیدگی - کھنچاؤ - جذب (۲) دلربائی - ناز و کرشمہ (۳) رجحان - رغبت - (۴) (ا) دیر - توقف (۵) (ا) مصیبت - سختی (۶) (ا) شکر رنجی - انقباض ✣
کَشِشِ اتّصال (ع) مؤنث علم طبعیات میں اجسام کے پاس پاس کے اجزا کو آپس میں ملا کر رکھنے کی قوت ✣
کَشِش اُٹھانا (ا) مصیبت اُٹھانا - تکلیف جھیلنا ✣
کَشِشِ ثِقل (ع) مؤنث - وہ کشش جس سے اجسام زمین کے مرکز کی طرف مائل ہوتے ہیں ✣
کَشِش کہربائی (ف) مؤنث - وہ قوت جس کے ذریعے سے کہربا گوند گھاس کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے ✣
کَشِش کیمیائی (ف - ع) مؤنث - وہ قوت جس کے اثر سے دو مختلف چیزیں مل کر ایک نئی چیز بن جاتی ہے ✣
کَشِش مقناطیسی (ف - ع) مؤنث - پتھر کی وہ قوت جس کے ذریعے سے وہ لوہے اور پارے کو اپنی طرف کھینچتا ہے ✣
کَشف (کَشف) (ع) مذکر (۱) کھولنا - ظاہر کرنا - پردہ اُٹھانا (۲) غیب کی باتوں کا اظہار - انکشاف - الہام - اِلقا ✣
کشفِ قبور (ع - مذکر) قبر سے مُردے کے حالات معلوم ہو جانا ✣
کشف و کرامات (ع) مؤنث - اعجاز و تصرّف - خرقِ عادت ✣
کَشکول (کَش - کُول) (ف) مذکر (دیکھو کجکول) ✣
کِشمِش (کِش - مِش) (ف) مؤنث - ایک قسم کے چھوٹے

سوکھے ہُوئے انگور ÷

کِشمِشی (ف) کشمش سے منسوب کشمش کے رنگ کا۔

کشمیر (کِش-میر) (ف) مذکّر۔ پنجاب کے شمال میں ایک مشہور سرسبز و شاداب علاقہ اور ریاست ÷

کشمیری (ف) (۱) کشمیر سے منسوب (۲) (مذکّر) باشندۂ کشمیر (۳) (مونث) کشمیر کی زبان ÷

کِشن (کِشَن) (ہ۔ مذکّر) سری کرشن جی ÷

کشنیز (کِش-نِیز) (ف) مذکّر۔ دھنیا ÷

کشود (کُشُود) (ف) مؤنّث (۱) کھُلنا (۲) پھیلاؤ (۳) خوشی سے پھیلنا (۴) کامیابی۔ فائدہ ÷

کِشور (کِشُور) (س-مذکّر) (۱) لڑکا۔ نوجوان۔ (۲) ہندوؤں کے ناموں کا آخری جُزو (۳) جانور کا بچہ ÷

کِشور (کِش-وَر) (ف مؤنّث) ولایت۔ اقلیم۔ ملک ÷

کشید (کَشِید) (ف-مؤنّث) عرق نکالنا ÷

کشیدگی (کَشِی-دَگی) (ف) مؤنّث (۱) کھنچاؤ۔ کشمکش (۲) شکررنجی۔ ملال ÷

کشیدہ (کَشی-دَہ) (ف) (۱) کھینچا ہُوا (۲) رنجیدہ ملول (۳) (مذکّر) سوئی کا کام۔ زردوزی۔ گلکاری (۴) دراز۔ بلند ÷

کشیدہ خاطر (ف-ع) رنجیدہ دل۔ آزردہ۔ ناراض ÷

کشیدہ خاطر ہونا (ل) آزردہ دل ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔

کشیدہ کاڑھنا (ل) سوئی کا کام کرنا ÷

ک۔ع

کعب (کَعْب) (ع) مذکّر (۱) ٹخنہ (۲) پانسہ۔ نرد۔ (۳) علم حساب میں جب کوئی عدد تین مرتبہ باہم ضرب کھاتا ہے تو اس کا حاصل ضرب "کعب" کہلاتا ہے ÷

کَعْبَتَین (ع) مذکّر (۱) ہڈی کے دو مربع شش پہلو پانسے جن سے چوسر اور جوا کھیلا جاتا ہے (۲) ہر دو کعبہ یعنی مکّہ معظمہ اور بیت المقدس ÷

کعبہ (کَعْ-بَہ) (ع) مذکّر۔ قبلہ۔ بیت الحرام۔ مکّہ۔ عرب میں اہل اسلام کے مقدّس اور متبرّک مقام کا نام جہاں ہر سال حج ہوتا ہے ÷

کعبہ کی طرف ہاتھ اٹھانا (ل) کعبہ کو اپنی قسم اور عہد کا گواہ ٹھہرانا۔ کعبہ کی قسم کھانا ÷

کعبہ ہو تو اس طرف منہ نہ کروں (ل) کسی جگہ سے اس قدر بیزار ہونا کہ اگر وہ مقام مقدس اور خدا کا گھر بھی ہو تو ادھر رُخ نہ کرنا۔ نہایت بیزار ہونا ÷

ک۔ف

کَف (کَف) (ع۔ مذکّر) (۱) روکنا (۲) ساتویں حرف کا ساکت کردینا ÷

کَف (کَف) (ف، مذکّر) (۱) تلوا۔ پاؤں۔ پاؤں کے نیچے کا حصّہ (۲) پنجۂ دست (۳) ہاتھ کی ہتھیلی (۴) کپڑے کی دُسہری پٹّی (۵) جھاگ (۶) (ل) تھوک۔ بلغم ÷

کفِ افسوس ملنا (ل) ہاتھ ملنا۔ افسوس کرکے ہاتھوں کو باہم ملنا ÷

کفِ پا (ف) (مؤنّث و مذکّر) پاؤں کا تلوا ÷

کفِ پائی (ل) مؤنّث۔ زنانہ سلیپر۔ ایک قسم کی تلی ایڑی کی جوتی ÷

کفِ دست (ف) مؤنّث (۱) ہاتھ کی ہتھیلی (۲) برابر ہموار۔ یکساں ÷

کفِ دست میدان (ل) مذکّر۔ ویرانہ۔ بیابان سنسان جنگل ÷

کف گیر۔ کفگیر (ف۔ مذکّر) ڈوئی۔ کفچہ۔ ڈنڈی والا بڑا چمچہ ÷

کف لانا (ل) (۱) جھاگ لانا (۲) غصّے لانا۔ بدمزاج ہونا (۳) بدی اور شرارت کرنا ÷

کَفا جَفا (ف) مؤنّث (۱) ظلم و ستم (۲) (ل) بمشکل تمام جوں توں کرکے ÷

کُفّار (کُف-فَار) (ع) مذکّر۔ کافر کی جمع۔ ناشکرے کافر لوگ۔ انکار کرنے والے ÷

کفّارہ (کَف-فَا-رَہ) (ع) مذکّر۔ گناہ دھو دینے والا۔ گناہ یا خطا کا بدلہ۔ قصور کا ڈنڈ جو خدا تعالےٰ کی طرف سے مقرر ہے ÷

کفّارہ دینا (ل) گناہ کا عوض ادا کرنا۔ خطا کا بدلہ دینا ÷

کفاف (کَفَاف) (ع) مذکّر۔ روزمرہ کا خرچ۔ وظیفہ۔ روزینہ۔ روٹی کپڑا ÷

کفالت (کَفَا-لَت) (ع) مؤنّث۔ ذمہ داری۔ ضمانت۔

ضامن۔

کفالت خاص (ع۔ مؤنث) کسی شخص کا کسی چیز کے نہ دینے یا رکھ چھوڑنے کا اس بنا پر دعویدار ہونا کہ اس نے مذکورہ چیز پر محنت یا روپیہ صرف کیا ہے۔

کفالت المال (ع) مؤنث۔ مال کی ضمانت۔ ایسی دستاویز جس کے ذریعے سے کوئی شخص اقرار کرے کہ میں قانوناً ذمہ دار ہوں۔

کفایت (کِفَایَت) (ع) مؤنث (۱) کافی ہونا۔ حسب ضرورت (۲) بچت۔ کمی۔ صرفہ۔

کفایت شعار (ع) کم خرچ کرنے والا۔ جزرس۔

کفایت شعاری (ا) مؤنث۔ کم خرچی۔ جزرسی۔ صرفہ۔

کفایت کرنا (ا) (۱) کافی ہونا۔ پورا ہونا (۲) بچت کرنا۔ صرفہ کرنا (۳) قیمت میں کمی کرنا۔

کفتار (کَف۔ تار) ف۔ مذکر (۱) بجو (۲) کفن چور۔

کفچہ (کَف۔ چَہ) (ف) مذکر (۱) بڑا چمچہ۔ کفگیر۔ کڑچھا۔ ڈوئی (۲) سانپ کا پھن۔

کفر (کُفر) (ع) مذکر (۱) ناشکری (۲) خدا کو نہ ماننا۔ بے دینی (۳) ضد۔ ہٹ۔ آڑ۔

کفر توڑنا (ا) (۱) دیندار بنانا (۲) ضد توڑنا۔ ہٹ توڑنا (۳) مطیع کرنا۔ مرید کرنا۔

کفر ٹوٹا خدا خدا کر کے (ا) (مقولہ) نہایت مشکل سے مانا یا راضی ہوا۔

کفر کا فتوے دینا (ا) ازروئے شرع کسی کو کافر قرار دینے کا حکم جاری کرنا۔

کفر کا کلمہ بولنا۔ یا۔ منہ سے نکالنا (ا) کفر بکنا۔ بے دینی کے الفاظ زبان پر لانا۔

کفر کچہری (ا) مؤنث۔ بری صحبت۔ بدسنگت۔

کفران (کُف۔ رَان) (ع۔ مذکر) ناشکری۔ ناسپاسی۔

کفران نعمت (ع) مذکر۔ احسان فراموشی۔ نعمت کی ناشکری۔ نمک حرامی۔

کفش (کَفش) (ف) مؤنث۔ جوتی۔ پاپوش۔

کفش پا (ف) (مؤنث) پاؤں کی جوتی۔

کفش خانہ (ا) مذکر۔ غریب خانہ (انکسار) اپنا مکان۔ جھونپڑا۔

کفش دوز (ف) مذکر۔ جوتی بنانے والا۔ چمار۔ موچی۔

کفش نشین (ف) جوتیوں میں بیٹھنے والا۔ حاشیہ نشین۔

ادنیٰ مرتبہ کا آدمی۔

کفک (کَفَک) (ف) مؤنث (۱) ہاتھ کی ہتھیلی (۲) پاؤں کا تلوا (۳) مہندی لگا ہوا پاؤں کا تلوا۔

کفل (کَفَل) (ع۔ مذکر) آدمی یا حیوان کے چوتڑ۔

کفن (کَفَن) (ع) مذکر۔ وہ کپڑا جس میں مردے کی لاش لپیٹتے ہیں۔ مردے کی چادر۔

کفن پھاڑ کر بولنا (ا) (۱) دفعتاً بول اٹھنا یا چیخ مارنا۔ نہایت بے تاب اور مضطرب ہو کر بولنا۔

کفن چور (ا) مذکر (۱) قبر کھود کر مردے کا کفن چرانے والا (۲) شریر۔ بے رحم۔

کفن سر سے باندھنا۔ یا۔ لپیٹنا (ا) جان پر کھیلنا۔ مرنے کو تیار ہونا۔

کفن کو کوڑی نہیں (ا) نہایت مفلس و قلاش ہے۔

کفن کو لگے (ا) (ع) کچھ پاس نہ ہونے کی نسبت قسم کھاتے ہیں یعنی اگر کچھ ہو تو کفن پر صرف ہو۔

کفن کھسوٹ (ا) مذکر (۱) کفن چور (۲) آدمیوں کا مال کھا جانے والا۔

کفن میلا نہ ہونا (ا) (۱) مرے ہوئے بہت زمانہ نہ گذرنا (۲) تازہ معاملہ ہونا۔

کفنانا (ا) میت کو کفن پہنانا۔ مردے کو نہلا دھلا کر کفن میں لپیٹنا۔

کفنی (کَف۔ نی) (ف) مؤنث (۱) کپڑا جو مردے کے گلے میں تکفین کے وقت ڈالتے ہیں (۲) فقیروں کے پہننے کا پیرہن جو مردے کی کفنی کی طرح ہوتا ہے۔

کفو (کُفو۔ کُفُو) (ع) مذکر (۱) ہم جنس ہم ذات ہم قوم ہم خاندان (۲) مانند۔ برابر (۳) فرقہ۔ قوم۔ برادری جیسے غیر کفو۔

کفیل (کَفِیل) (ع) مذکر۔ ذمہ دار۔ ضامن۔ جوابدہ۔

کفیل ہونا (ا) ضامن ہونا۔ ذمہ دار ہونا۔ ضمانت دینا۔

ک۔ک

کک (کُک) (انگریزی) COOK (مذکر) باورچی۔ کھانا پکانے والا۔ خانساماں۔

ککا (کک۔ کا) (ف) سفید۔ بھورا۔

ککا (کک۔ کا) (س۔ مذکر) (۱) سورج (۲) برہما (۳) آگ (۴) ہوا (۵) موت (۶) روح (۷) حرف ک۔

(۸) سکھوں کی پانچ مذہبی علامتوں میں سے ہر ایک کا نام +

ککرالی (کک۔ را۔ ری) (ہ)۔ مؤنث۔ ایک قسم کی گلٹی جو بغل میں ہو جاتی ہے +

ککرمتّا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کی نباتات جو برسات میں اُگتی ہے +

ککرونداد (کک۔ رُوں۔ دا) (ہ)، مذکر۔ ایک درخت اور اس کا پھل +

ککڑ۔ ککڑا (کک۔ کڑ+ کک۔ ڑا) (ہ)، مذکر (۱) مرغا (۲) (طنزاً) بوڑھا آدمی +

ککڑ (کک۔ کڑ) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا بھر بھرا تمباکو (۲) مٹی کا بڑا حقّہ (۳) لمبے نیچے کا حقّہ (۴) دبلا پتلا آدمی +

ککڑ باز (ہ) مذکر۔ ککڑ کا حقّہ بہت پینے والا +

ککڑ خانہ (ا) مذکر (۱) حقّہ پینے کی جگہ۔ تکیہ۔ دائرہ۔ (۲) بُری صحبت +

ککڑ والا (ہ) مذکر (۱) بازاروں میں حقّہ پلانے والا (۲) (مجازاً) ذلیل اور خوار آدمی +

ککڑوں کوں (کک۔ ڑوں۔ کوں) (ہ) (مؤنث) مرغے کی اذان۔ مرغے کے بولنے کی آواز +

ککڑی (کک۔ ڑی) (ہ)، مؤنث (۱) کچے سوت کی لچھی۔ انٹی (۲) مکئی کا بھٹا (۳) آک کا ڈوڈا + (۴) (عبا) مرغی +

ککڑی ہو جانا (ہ) (۱) سردی سے اینٹھ جانا (۲) سوکھ کر دبلا ہو جانا +

ککڑی (کک۔ ڑی) (ہ)، مؤنث۔ خیار۔ ایک قسم کی لمبی اور سبز ترکاری (پنجابی) تر +

ککڑی کھیرا کرنا (ل) بات بات پر کوسنا +

ککڑی کے چور کو گردن نہیں مارتے (۱) چھوٹی سی خطا پر بڑی سزا نہیں چاہیے +

ککھوالی۔ ککھوری (کک۔ کھ۔ وا۔ لی+ کک۔ کھو۔ ری) (ہ)، مؤنث (عو) کنکرالی۔ بغل کا پھوڑا +

گگیانا (کک۔ یانا) ہ (۱) بندر کا چلانا (۲) چیخنا چنگھاڑنا

ککے زئی۔ (کک۔ کے۔ ز۔ ای) ف۔ پٹھانوں کی ایک قوم جس کی بیشتر تعداد آج کل پاکستان میں موجود ہے۔ اس قوم کے اکثر لوگ علاقہ غیر اور افغانستان میں بھی آباد ہیں۔ یہ قوم سلطان محمود غزنوی کے افواج کے ساتھ ہندوستان آئی اور بعد میں بھی یہ لوگ آتے رہے +

ک۔گ

کگار۔ کگر (کگار۔ کگر) (ہ) مؤنث (۱) کنارہ۔ حاشیہ۔ لب۔ حد (۲) مکان کی کنگنی (۳) دھار باڑھ +

ک۔ل

کل (کل) (ہ) مؤنث (۱) آج سے پہلا دن جو گزر چکا (۲) آج سے دوسرا دن جو آئے گا (۳) زمانہ قریب۔ جیسے کل کی بات ہے (۴) قیامت کا دن۔

کل کا لڑکا (ہ) مذکر۔ حال کا پیدا شدہ۔ سامنے کا بچّہ +

کل کلاں (کو) پھر۔ آئندہ زمانے میں +

کل کل کرنا (ہ) (۱) آج کل کرنا۔ لیت و لعل کرنا +

کل کی بات (ہ) مؤنث۔ حال کا ذکر۔ تھوڑے دنوں یا تھوڑے زمانے کا ذکر +

کل کے جوگی کندھے پر جٹا (ہ) (مثل) کل کی پیدائش اور اتنے کمال کا دعوے۔ صرف بھیس بدلنے سے کچھ نہیں ہوتا۔ جب تک کچھ زمانہ نہ گزرے فقیری نہیں آتی +

کل (ہ) کالا کا مخفف +

کل جبھا (ہ)، مذکر (۱) وہ شخص جس کی زبان کالی ہو (۲) وہ شخص جس کی دعا یا بد دعا جلد اثر کرے۔ منحوس +

کل جبواں (ہ) سانولا +

کل چھویں صورت (ا۔ مؤنث) کالی صورت۔ سانولی رنگت +

کل سرا (ہ) مذکر (۱) کالے سر کا پرندہ (۲) انسان۔ (۳) کالے سر کا پتنگ +

کل منہا۔ کل موہا (ہ) مذکر (عو) (۱) کالے منہ کا آدمی (۲) کم بخت۔ کم نصیب +

کل منہی۔ کل موہی۔ کل موی (ہ)، مؤنث (عو) (۱) نابکار۔ ذلیل (۲) بد نصیب۔ کم بخت عورت +

کل (کل)، (ہ)، مؤنث مشین۔ کام کرنے کا آلہ +

کل بگڑ جانا - **کل بگڑنا** (ہ) مشین کا بیکار ہو جانا ٭

کل بیکل ہونا (ہ) (۱) بے آرامی (۲) بے ترتیب ہو جانا ٭

کل دار (ا) کل کے ذریعے سے بنا ہوا سکّہ - چہرہ شاہی - روپیہ ٭

کل دار بندوق (ا) مؤنث - گھوڑے کی بندوق یا ٹدار بندوق ٭

کل کار (ہ) کل کے ذریعے سے بنایا ہوا ٭

کل کا گھوڑا (ہ) مذکر - وہ گھوڑا جو کل اور پرزوں سے چلے ٭

کل کل (ہ) مؤنث (۱) جوڑ جوڑ - بند بند ٭

کل مروڑنا (ہ) (۱) مشین کو چلتا کرنا - کل درست کرنا (۲) خلاف کر دینا - طبیعت کو پھیر دینا ٭

کل (کَل) (ہ) مؤنث - آرام - چین - سکون - قرار - اطمینان ٭

کل آنا (ہ) اطمینان ہونا - آرام ملنا - چین پڑنا ٭

کل پانا (ہ) آرام پانا - اطمینان ہونا ٭

کل پڑنا (ہ) جی ٹھہرنا - اطمینان ہونا - چین پڑنا ٭

کل نہ پڑنا (ہ) تڑپنا - آرام نہ ملنا - قرار نہ پڑنا ٭

کل (کَلْ) (ہ) مذکر (۱) پاسا (۲) پاسے کا دیوتا (۳) لڑائی - جھگڑا - فساد (۴) کسی قسم کی سب سے بُری چیز ٭

کل جگ (ہ - مذکر) چوتھا جگ - وہ زمانہ جس میں فساد و گناہ کی کثرت ہو ٭

کُل (کُلّ) (ع) تمام - سب - جملہ - پورا - کامل ٭

کل جدید لذید (کُلُّ جَدِیْدٍ لَذِیْذٌ) (ع) (مثل) ہر نئی چیز مزیدار ہوتی ہے ٭

کل شیءٍ یرجع الی اصلہا (کُلُّ شَیْءٍ یَرْجِعُ اِلٰی اَصْلِھَا) (ع) (مثل) ہر چیز اپنی اصل کی طرف لوٹتی ہے ٭

کل طویل احمق (الّا عمرؓ) کُلُّ طَوِیْلٍ اَحْمَقُ (اِلَّا عُمَرُؓ) (ع) (مثل) ہر لمبے قد والا بیوقوف ہوتا ہے (سوا حضرت عمرؓ کے)

کل قلیل فتنۃ (الا علیؓ) کُلُّ قَلِیْلٍ فِتْنَۃٌ اِلَّا عَلِیؓ (ع) (مثل) ہر چھوٹے قد کا آدمی شرارتی ہوتا ہے (سوا حضرت علیؓ کے)

کل من علیہا فان (کُلُّ مَنْ عَلَیْھَا فَانٍ) (ع) (مثل) دنیا کی ہر چیز فنا ہونے والی ہے ٭

کُل کلاں (کلاں) (ف) (۱) اسی قدر (۲) لے دے کے - ہمہ وجوہ (۳) بالکل - پورا پورا (۴) مختار کل - حاکم مجاز ٭

کُل (ہ) مذکر (۱) خاندان - گھرانا - کنبہ (۲) ذات - قوم ٭

کُل اُجیال (ہ) مذکر (ہندو) خاندان کو بدنام کرنے والا آدمی - ننگ خاندان ٭

کُل بکھاننا (ہ) (۱) کسی خاندان کی تعریف و توصیف کرنا (۲) کسی خاندان کا نسب نامہ پڑھنا (۳) خوشامد اور تعریف کرنا (۴) کسی کے بڑوں کو بُرا کہنا ٭

کُل دھرم (ہ) مذکر (ہندو) خاندانی رسم و قاعدہ - بڑوں کی ریت ٭

کَلّا (کَلْ - لا) (ہ) مذکر (۱) کونپل (۲) گال (۳) جبڑا (۴) لمپ کا وہ پرزہ جس میں بتی لگائی جاتی ہے - (۵) بشدا (۶) شیخی (۷) بدزبانی ٭

کَلّا (کَل - لا) (ہ) مذکر (ہندو) کُلّی - مرزو - غرغرہ ٭

کلا (کَلا) (س) مؤنث (۱) بہت چھوٹا حصّہ - ذرّے کا آٹھواں حصّہ (۲) چاند کے قطر کا سولھواں حصّہ (۳) منٹ - درجے کا سولھواں حصّہ (۴) فریب - مکر - دھوکا (۵) ہنر - شعبدہ (۶) گُن - ہنر - فن ٭

کلا بازی (ا) مؤنث - دیکھو (قلابازی) ٭

کلا جنگ (ا) مذکر - کشتی کا ایک داؤ ٭

کلا کار (ہ) (ہندو) (۱) مکار - فریبی - دغا باز (۲) فن کا ڈنگی شور مچانے والا ٭

کلابتو (ا) مذکر - چاندی یا سونے کے تار جو ریشم
کلابتون (ت) پر چڑھا کر بٹے جاتے ہیں - چاندی یا سونے کے تاروں کی ڈوری ٭

کلابتونی (ت - ف) کلابتون کا بنا ہوا ٭

کلاہ (کلا - ہ) (ف - مذکر) دیکھو (کلاہ) ٭

کلاتھ (انگریزی) (CLOTH) مذکر - جامہ - کپڑا ٭

کلاتھ مارکیٹ (انگ - CLOTH MARKET) مؤنث - کپڑے کی منڈی ٭

کلاتھ مرچنٹ (انگ - CLOTH MERCHANT) (مذکر) سوداگر جامہ - کپڑا بیچنے والا ٭

کلار (کَلّار) (ہ - مذکر) شراب فروش ٭

کلارک (کلارک) انگ - مذکر - دیکھو (کلرک) ٭

کلارک آف دی کراؤن - انگریزی CLERK OF THE CROWN - مذکر - بادشاہی محرر ٭

کلّا بہ کلّا لڑنا (ﻫ) (۱) دُو بدُو لڑنا (۲) برابری کے ساتھ مقابلہ کرنا ٭

کلّا توڑ (ﻫ) (۱) برابر کا (۲) دنداں شکن ٭

کلّا جبڑا (ﻫ) مذکّر (۱) رُخسارہ - گال (۲) رعب - دھاک۔ (۳) بلند آوازی ٭

کلّا چلے ستر بلا ٹلے (ﻫ) (مثل) کھانے پینے سے آدمی تندرست و توانا رہتا ہے - مُنہ چلتا رہے تو کوئی اندیشہ نہیں ٭

کلّا دراز (ﻫ) (۱) چلّا کر بولنے والا (۲) بدزبان - زبان دراز ٭

کَلاس (انگریزی - CLASS) مؤنّث (۱) درجہ - رُتبہ (۲) قسم - نوع - ذات - جنس (۳) طلبہ کی جماعت - (۵) فرقہ - زمرہ ٭

کلاس فیلو (انگریزی - CLASS FELLOW) (۱) ہم جماعت (۲) ہم جنس ٭

کلاغ (کَلاغ - کُلاغ) (ع - مذکر) جنگلی کوّا ٭

کلاک (کَلاک) (انگریزی CLOCK) مذکّر - گھنٹہ - وقت بتانے والی بڑی گھڑی ٭

کلاک میکر (انگریزی - CLOCK MAKER) گھڑی ساز - گھڑیاں بنانے والا ٭

کلال (کُلال) (ف - مذکر) کمہار ٭

کلال (کَلال) (ﻫ) مذکّر دیکھو (کلاڑ)

کلال خانہ (ﻫ) مذکّر شراب خانہ - شراب کی دُکان ٭

کلام (کَلام) (ع) مذکّر (۱) سخن - بات - گفتگو (۲) وہ عبارت جو کلموں سے مُرکّب ہو (۳) ف شعر - سخن - نظم (۴) (ﻟ) مقولہ - قول (۵) ملفوظات (۶) تصنیف مضمون (۷) (ﻟ) اعتراض - عُذر ٭

کَلَامُ المُلُوکِ مُلُوکُ الکَلَام (ع) (مثل) بادشاہوں کی باتیں نہایت اعلیٰ ہوتی ہیں ٭

کَلَامُ اللہ (ع) مذکّر - خدا کا کلام - قرآن شریف - کلام الٰہی - وہ خدائی کتاب جو رسول مقبول صلعم پر وحی کے ذریعے سے نازل ہوئی ٭

کلام اللہ اُٹھانا (ﻟ) قرآن اُٹھا کر قسم کھانا ٭

کلام کرنا (ﻟ) (۱) بولنا - بات چیت کرنا (۲) جھگڑنا - بحث کرنا ٭

کلامِ مجید (ع - مذکّر) قرآن شریف ٭

کلامِ ناقص (ع) مذکّر (نحو) وہ مرکب جس سے سُننے والے کو پورا فائدہ حاصل نہ ہو - مرکب غیر مفید ٭

کلاں (کَلاں) (ف) (۱) بڑا - بزرگ (۲) لمبا - طویل (۳) بلند - اونچا (۴) وسیع - فراخ ٭

کلانا (کَلا-نا) (ﻫ) (ہندو) پھٹکنا - رولنا - اناج کا چھڑانا ٭

کلّانا (کَل-لا-نا) (ﻫ) (۱) چوٹ کی وجہ سے کسی عضو کا درد کرنا (۲) سوزش ہونا (۳) جلنا ٭

کُلانج (ﻟ) مؤنّث - دیکھو (قلانچ)

کلاونت (کَلاں-وَنت) (ﻫ) مذکر (۱) ایک قسم کے ڈوم (۲) مُغنّی - گویّا ٭

کلاوہ (کَلا-وَہ) (ف) مذکّر (۱) تکلے پر لپیٹا ہوا کچا سُوت (۲) (ﻟ) سُرخ سُوت - مَولی ٭

کُلاہ (کُلاہ) (ف) مذکر و مؤنّث (۱) لمبی ٹوپی (۲) تاج شاہی - افسر (۳) ٹوپی ٭

کلائی (کَلا-ای) (ﻫ) مؤنّث - ساعد - پہنچا - ہاتھ اور کہنی کا درمیانی حصّہ ٭

کلائی کرنا (ﻫ) اپنی کلائی کو حریف کے ہاتھ سے چھڑا کر اس کی کلائی پر اپنا ہاتھ پہنچا دینا ٭

کلائیاں (ﻫ) مؤنّث - کلائی کی جمع ٭

کلائیاں مارنا (ﻫ) گھوڑے شیر وغیرہ کا پاؤں اٹھا کر خاص انداز سے چلنا ٭

کلب (کَلَب) (انگریزی - CLUB) مذکّر (۱) انجمن مجلس سوسائٹی (۲) پنچایتی مکان ٭

کلب (کَلب) (ع) مذکر - کُتّا ٭

کلبل (کَل-بَل) (ﻫ - مؤنّث) (عو) آفت ٭

کلبل (کِل-بِل) (ﻫ) مؤنّث (۱) کیڑوں کا رینگنا (۲) بچے کچے - بچے کچے ٭

کلبلانا (ﻫ) کیڑوں مکوڑوں کا پیٹ کے بل چلنا - کلبل کرنا ٭

کُلبُلانا (کُل-بُلا-نا) (ﻫ) (۱) آہستگی سے ہلنا (۲) کھجانا - (۳) بیقرار ہونا - تڑپنا (۴) کیڑوں کا رینگنا (۵) انتڑیوں کا بولنا (۶) گدگدیاں کرنا ٭

کُلبُلاہٹ (ﻫ) مؤنّث (۱) کیڑوں کا رینگنا (۲) آہستگی سے حرکت کرنا ٭

کُلبہ (کُل-بَہ) (ف) مذکر (۱) چھوٹا سا گھر - غریبوں کا جھونپڑا (۲) گوشہ - کونہ ٭

کُلبۂ احزاں (ف - ع) مذکّر - غم کدہ - غموں کا گھر - ماتم کدہ ٭

کَلپ (کَلَپ) (س) مذکر (ہندو) وید کے چھ انگوں

یں کا ایک انگ - وید کی ایک فصل (۲) قیامت (۳) غلو - اندیشہ (۴) شک و شبہ (۵) مطلب - مراد - (۶) دیوتاؤں کے ہزار جگ کے برابر کا زمانہ (۷) صرف و نحو - گرامر ÷

کلپ برچھ - یا - برکش (ہ) مذکّر - بہشت کا ایک درخت ÷

کلپانا (کَل - پا - نا) (ہ) (۱) ستانا - دُکھ دینا - ظلم کرنا - بیقرار کرنا - تڑپانا ÷

کلپنا (کَلَپ - نا) (ہ) (۱) دُکھ پانا - ستایا جانا - کڑھنا - (۲) کوسنا - بددعا دینا (۳) افسوس کرنا ÷

کلتھی (کُل - تھی) (ہ - مؤنّث) ماش ÷

کلٹا (کُل - ٹا) (ہ) مذکّر - ایک قسم کا کھانچی ÷

کَل جانا (ہ) کیلا جانا ÷

کلچا - کلچہ (ل) مذکّر - ایک قسم کی میدے کی چھوٹی خمیری روٹی جو تنور میں پکائی جاتی ہے ÷

کلچا سا (ل) کلچے کی مانند پھولا ہوا ÷

کلچھن (کُل چھ - چھن) (ہ) مذکر (ہندو) بدچلن - بدکردار ÷

کلچھنا (ہ) (ہندو) (۱) بداخلاق - بدکردار (۲) نحس منحوس ÷

کَلّر (کَل - لَر) (ہ) (۱) بنجر - شور (۲) (مؤنّث) وہ زمین جس میں شوریت کے سبب کچھ پیدا نہ ہو (۳) مذکّر - شور ÷

کلرک (کَلَرک) (ہند) (انگریزی - کلارک CLERK) مذکّر محرّر - منشی - متصدّی ÷

کلرن (کَل - رَن) (ہ) مؤنّث (عو) جونک لگانے والی ÷

کلس (کَلَش) (ہ) مذکّر (۱) گنبد کے اوپر کا نوک دار حصہ - (۲) سنہری کلغی جو مندروں مسجدوں یا گنبدوں پر لگی ہوتی ہے ÷

کلسا (کَل - سا) (ہ) مذکّر - تانبے یا پیتل کا تنگ منہ کا بڑا گھڑا - دیگچہ - گاگر ÷

گُلغا (گُل - غا) (ل) مذکّر - ایک سُرخ رنگ کا پھول ÷

کلغی (کَل - غی) (ل) مؤنّث (۱) پرندوں کے خوشنما پر جو بادشاہ اپنے تاج - ٹوپی یا پگڑی پر لگاتے ہیں - جیغہ - طرّہ (۲) مور یا اور پرندوں کے سر کا تاج - پرندوں کی چوٹی - (۳) کلس ÷

کلف (کَلَف) (ل) مذکّر (۱) ایک پکا ہوا لیسدار مادہ جسے پانی میں ملا کر کپڑے کو اس میں ڈبوتے ہیں - آہار (۲) وہ سیاہ دھبّے جو خون کے بگاڑ سے منہ پر ہو جاتے ہیں - چھیپ (۳) وسمہ - خضاب ÷

کلفت (کُل - فَت) (ع) مؤنّث (۱) رنج و تکلیف - مصیبت (۲) کدورت - رنجش ÷

کلفت دُور ہونا (ل) (۱) رنج و تکلیف کا مٹنا (۲) کدورت کا جاتا رہنا ÷

کُلفہ (کُل - فَہ) (ہ - مذکّر) (عوام) دیکھو (قُلفا) ÷

کِلک (کِلَک) (ف) مؤنّث (۱) نیزہ جس کا قلم بناتے ہیں - نے (۲) (ل) قلم - خامہ ÷

کلکارنا (کَل - کار - نا) (ہ) (ہندو) پکارنا - نعرہ لگانا - چیخنا ÷

کلکاری (کَل - کا - ری) مؤنّث (۱) چیخ - زور کی آواز (۲) بندر کی آواز ÷

کلکٹر (کُلَک - ٹر) (انگریزی - COLLECTOR) مذکّر - ضلع کا مالی افسر - محصّل - محصول اور ٹیکس وغیرہ وصول کرنے والا حاکم ضلع ÷

کلکٹری (ل) مؤنّث (۱) کلکٹر کا عہدہ (۲) کلکٹر کا کام - (۳) کلکٹر کی کچہری ÷

کِلکِل (کِل - کِل) (ہ - مؤنّث) (۱) بک بک (۲) جھگڑا (۳) شور و غل (۴) عورتوں کا بلند آواز سے لڑنا ÷

کِلکِل پٹ پٹ (ہ - مؤنّث) دیکھو (کلکل علتانے) ÷

کِلکِل کانٹا (ل - مذکّر) بچوں کا ایک کھیل ÷

کِلکِل کرنا (ل) (۱) بکواس کرنا (۲) باہم تکرار کرنا ÷

کِلکِلانا (ہ) کاٹ کھانے کو دوڑنا - بدمزاج اور ترش رو ہونا - چڑچڑانا ÷

کِلکنا (کِلَک - نا) (ہ) (۱) کبوتر کے بچے کا پرواز میں تیزی کرنا (۲) چوپایوں کے بچوں کا میدان میں اچھلنا کودنا (۳) (عو) ٹھنکنا ÷

کُلما (کُل - ما) (ل) مذکّر - دُلمہ - مصالحہ دار قیمہ بھری ہوئی بکری کی انتڑی ÷

کلمات (کَلِمات) (ع) (مذکّر - مؤنّث) کلمہ کی جمع ÷

کلمت - کلمۃ (کَلِمَت) (ع - مذکر) دیکھو (کلمہ) ÷

کلمۃ الحق (ع) مذکّر - سچّی بات - حق کی بات - انصاف کی بات ÷

کلمہ (کَلِمَہ) (ع) مذکر (۱) لفظ - بات - قول (۲) وہ بامعنی لفظ جو آدمی کے منہ سے نکلے (۳) دین اسلام کی صداقت کا عقیدہ (۴) (مجازاً) خدا کا نام ÷

کلمہ بھرنا (ل) (۱) لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ کہنا - خدا کا نام لینا (۲) کسی کا کمال معتقد اور دالہ و شیدا ہونا ÷

کلمہ پڑھانا (ل) مسلمان بنانا - اسلام میں لانا ÷

کلمہ پڑھنا (ل) (۱) خدا تعالیٰ کی توحید کا اقرار کرنا - کلمہ

شہادت کو زبان سے نکالنا (۲) مسلمان ہونا (۳) خدا کا نام لینا (۴) کسی کی اطاعت یا فرمانبرداری کرنا (۵) کسی بات میں استاد یا کامل ماننا (۶) کسی کا نام یاد کرتے رہنا (۷) کسی کا عاشق وشیدا ہونا ۔

کلمہ تکبیر (ع) مذکر۔ کلمہ "اللہ اکبر" سے مراد ہے ۔

کلمہ شہادت (ع) مذکر۔ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ۔ اس میں صرف خدا ہی کے معبود ہونے اور حضرت محمد صلعم کے بندہ اور رسول ہونے پر گواہی دی جاتی ہے ۔

کلمہ کفر (ع) مذکر (۱) وہ بات جس سے دین کی مخالفت یا اہانت ہو (۲) غرور اور گھمنڈ کی بات ۔

کلمہ گو (ع - ف) (۱) مسلمان ۔ دین اسلام کا کلمہ پڑھنے والا (۲) (ل) کسی کا معتقد (۳) (ا) کسی کا خیر طلب ۔ دعا گو ۔

کلمے (ا) کلمہ کی جمع ۔

کلمے کا شریک (ا) مذکر۔ ایک ہی خدا اور ایک ہی رسول کا کلمہ پڑھنے والا ۔ مسلمان بھائی ۔ دینی بھائی ۔

کلمے کی انگلی (ا) مؤنث۔ انگوٹھے کے پاس کی انگلی ۔ انگشت شہادت ۔ سبابہ ۔

کلن (کَلَن) (ہ) مؤنث (۱) زخم کی ٹیس (۲) درد ۔

کلنج (کَلَنج) (ہ) مذکر (۱) چلتے وقت گھوڑے کی پچھلی ٹانگوں کا آپس میں رگڑ کھانا (۲) ٹیڑھی ٹانگوں والا آدمی ۔

کلندرا (کَلَن - دَرا) (ل) (۱) فرد ۔ فہرست (۲) فرد قرارداد جرم (۳) جنتری ۔

کلنک (کَلَنک) (س) مذکر۔ عیب ۔ الزام ۔ بدنامی ۔ داغ ۔ دھبہ

کلنک کا ٹیکا (ہ) مذکر۔ بدنامی کا دھبہ ۔ داغ رسوائی ۔ روسیاہی ۔

کلنک کا ٹیکا لگنا (ہ) عیب لگنا ۔ رسوا ہونا ۔ بدنام ہونا ۔ الزام دھرا جانا ۔

کلنگ (کُلَنگ) (ف) مذکر (۱) قاز ۔ کونج ۔ ایک مٹیالا لمبی گردن کا پرندہ (۲) (ل) (مجازاً) لمبی ٹانگوں والا آدمی ۔

کلنی (کَل - نی) (ہ) مؤنث۔ چھوٹی جو جانوروں کے جسم میں ہوتی ہے ۔

کلو (کِلو) (یونانی) (KILO) ہزار ۔ مرکبات میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

کلوگرام (کِلو - گرام) (یونانی) (KILOGRAMME) ہزار گرام یا ایک سیر آٹھ تولہ کے برابر وزن ۔

کلومیٹر (یونانی) (KILOMETRE) ہزار میٹر یا گیارہ سو گز کے برابر فاصلہ ۔

کلو (کَل - لُو) (ہ) کالے رنگ کا آدمی ۔ حبشی ۔ سیاہ فام ۔

کلو (کَل - لُو) (ہ) مؤنث۔ کالے رنگ کی عورت ۔

کلوا (کَل - وا) (ہ) مذکر (۱) کالا کتا (۲) کالا کلوٹا ۔ سیاہ فام ۔

کلوا بیر (ہ) مذکر۔ کالا دیو ۔ کالے رنگ کا ایک فرضی موکل ۔

کلوار (کَل - وار) (ہ) مذکر۔ کلال ۔ شراب کھینچنے اور بیچنے والا ۔

کلوانا (کِل - وا - نا) (ہ) (۱) منتر سے قابو کرانا (۲) بند کرانا ۔

کلوٹا (کَلُو - ٹا) (ہ) کالا ۔ سیاہ فام ۔

کلوخ (کُلوخ) (ف) مذکر۔ مٹی کا ڈھیلا ۔ کچی یا پکی اینٹ کا روڑا ۔

کلوخ انداز را پاداش سنگ است (ف) مثل ۔ اینٹ کا جواب پتھر ۔ خواہ مخواہ چھیڑ کرنے والے کو سخت سزا ملتی ہے ۔

کلور (کَلُور) (ہ) مؤنث۔ گائے کا بچہ جو جوان ہونے کے قریب ہو ۔

کلوروفارم (کُلو - رو - فارم) (انگریزی) (مذکر) (CHLOROFORM) ایک دوا جو بیہوش کرنے کے کام آتی ہے ۔

کلول (کَلُول) (ہ) مؤنث (۱) کھیل کود ۔ اچھل کود (۲) دل لگی ۔ سیر (۳) شوخی ۔ چلبلاپن ۔

کلول کرنا (ہ) (۱) کھیلنا ۔ کودنا ۔ کودنا (۲) خوشی میں بولنا ۔ چہچہانا (۳) مزے لوٹنا ۔ باہم ہنسنا ۔ بولنا ۔

کلونتا (کُل - وَن - تا) (ہ ۔ مذکر) خاندانی ۔ اچھے گھر کا ۔ رئیس زادہ ۔ فخر خاندان ۔

کلونتی (ہ - مؤنث) (۱) شریف زادی ۔ اچھے گھرانے کی عورت (۲) پاک دامن ۔ عفیفہ ۔ فخر خاندان عورت ۔

کلونجی (کَلَوں - جی) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کے سیاہ بیج جو اکثر اچار میں ڈالے جاتے ہیں ۔

کلونس (کَلَونس) ہ ۔ مؤنث (۱) کالک ۔ سیاہی ۔ کاجل (۲) داغ ۔ دھبہ (۳) بدنامی ۔

کلہ (کُلَہ) (ف) مذکر۔ دیکھو (کلاہ) ۔

کلہ شجرہ (ف - ع) مذکر (۱) سلسلۂ خاندان (۲) (ا) مال اسباب ۔ ستر اسٹر ۔

کلہ (کَل - لَہ) (ف) مذکر۔ سر ۔ سیس ۔

کلّہ دراز (ف) بیہودہ غل مچانے والا ۔ شوری ۔ زبان دراز ۔

کلہارا (کَل ۔ ہا ۔ را) (ہ) جھگڑالو ۔ لڑاکا ۔

کلہارنا (کَل ۔ ہار ۔ نا) (ہ) دال کا چھلکا جلاکر اتارنا ۔

کلہاری (ہ) مؤنث ۔ جھگڑالو عورت ۔ جنگجو عورت ۔

کلہاڑا (کُل ۔ ہا ۔ ڑا) (ہ) مذکر ۔ بڑی کلہاڑی جس سے لکڑی کاٹتے اور پھاڑتے ہیں ۔

کُلہاڑی (ہ) مؤنث ۔ لکڑی کاٹنے کا چھوٹا آلہ ۔ تیشہ ۔

کُلھڑ (کُل ۔ ہڑ) (ہ ۔ مذکر) (۱) مٹی کا بڑا آبخورہ (۲) ایک قسم کی آتش بازی (۳) موٹا ۔ بے ڈول آدمی ۔

کُلّہم (کُل ۔ لُہُم) (ع) (۱) سب کا سب ۔ پورے کا پورا ۔ (۲) تمام و کمال ۔ پورا ۔ کامل (۳) (ا) فقط ۔

کلھیا ۔ کلیا (کُلھ ۔ یا ۔ کُل ۔ یا) (ہ) (مؤنث) مٹی کا چھوٹا سا گول برتن ۔ چھوٹا سا آبخورہ ۔

کُلھیا سا (ہ) بہت تنگ ۔ سکڑا ہوا ۔ چھوٹا ۔

کُلھیا میں گڑ پھوڑنا (ہ) (۱) چھپا کر کوئی کام کرنا (۲) ناممکن کام کرنا ۔

کُلھیا میں گڑ تھوڑا ہی پھوٹتا ہے (ا) (مثل) بُرا کام چھپ نہیں سکتا ۔

کُلّی (کُل ۔ لی) (ع) سارا ۔ پورا ۔ تمام ۔ کامل ۔

کُلّی (کُل ۔ لی) (ا) (مؤنث) منہ میں پانی بھر کر اگلنا ۔ غرغرہ ۔ غرارہ ۔

کِلّی (کِل ۔ لی) (ہ ۔ مؤنث) (عوام) (۱) پیچ (۲) کھونٹی ۔ کیل (۳) چھچھڑی ۔

کَلی (ہ) مؤنث ۔ غنچہ ۔ بِن کھلا پھول ۔ شگوفہ (۲) کونپل ۔ (۳) دوشیزہ ۔ کنواری ۔ باکرہ (۴) پرندوں کے ننھے اور چھوٹے پر (۵) مثلثی تراش کا کپڑا جو پاجاموں اور انگرکھوں وغیرہ میں ڈالتے ہیں ۔ تریز (۶) ایک قسم کا مراحی دار حقہ ۔

کلّے (ا) مذکر (۱) کلّا (جبڑا) کی جمع (۲) سریاں ۔ بکریوں کی سریاں ۔

کلّے پائے (ا) مذکر ۔ بکری کا سر اور اس کے پاؤں کے اوپر کا حصہ جو اکثر پکائے جاتے ہیں ۔ سری ۔ پائے ۔

کلّے تلے دبا لینا (ا) (عو) اپنی آواز سے دوسرے کو بات نہ کرنے دینا ۔

کلّے والی (ا) مؤنث (۱) بلند آواز عورت ۔ زبان دراز عورت ۔

کُلیا (کُل ۔ یا) (ہ ۔ مؤنث) (۱) کلھیا (۲) تنگ کوچہ ۔

کُلّیات (ع) (مذکر و مؤنث) (۱) کُلّی (پورا) کی جمع (۲) تصنیفات یا نظموں کا مجموعہ ۔

کلیاں (ہ) مؤنث (۱) کلی کی جمع (۲) ریاست جیند میں ایک قصبہ ۔

کلیان (کَل ۔ یان) (س ۔ مذکر (ہندو) (۱) خیریت ۔ عافیت (۲) خوشی ۔ آنند (۳) سونا ۔ زر ۔ (۴) صاحب اقبال (۵) ایک راگنی ۔

کلیان ہونا (ہ) (۱) صاحب اقبال ہونا ۔ خوش طالع ہونا ۔ (۲) پھلنا ۔ پھولنا ۔ سرسبز ہونا (۳) مرنا ۔ فوت ہونا ۔

کلیانا (کَل ۔ یا ۔ نا) (ہ) کلیاں آنا ۔

کُلّیتہً (کُل ۔ لی ۔ یَتَن) (ع) پورے طور پر ۔

کلیجا (کلے ۔ جا) (ہ) مذکر (۱) جگر ۔ ایک عضو (۲) (مجازاً) ہمت جرأت ۔ دلیری ۔ حوصلہ ۔

کلیجا اچھلنا (ہ) (عو) دل دھڑکنا ۔ گھبرا جانا ۔

کلیجا اڑا جانا (ہ) دل کا نہایت پریشان ہو جانا ۔ اوسان اڑے جانا ۔

کلیجا الٹ جانا (ہ) (۱) دل الٹ جانا ۔ دیوانہ ہو جانا ۔ (۲) قے کرتے کرتے جی گھبرا جانا ۔

کلیجا بڑھ جانا (ہ) دل بڑھ جانا ۔ جوش مسرت سے باغ باغ ہو جانا ۔

کلیجا بیٹھا جانا (ہ) (عو) دل کا خوف اور ناتوانی کے باعث ڈوبا جانا ۔

کلیجا پاش پاش ہو جانا (ا) دل کا ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا ۔ دل کڑھنا ۔

کلیجا پک جانا (ہ) دکھی ہو جانا ۔ جلتے جلتے کباب ہو جانا ۔ چھاتی پک جانا ۔

کلیجا پکڑ کر رہ جانا (ہ ۔ ا) تڑپ کر رہ جانا ۔ دل مسوس کر رہ جانا ۔

کلیجا پکڑ لینا (ہ) کسی صدمے سے بیتاب اور مضطرب ہو جانا ۔

کلیجا پکنا (ہ) عاجز آنا ۔ دل جلنا ۔ تنگ آ جانا ۔

کلیجا پھٹا جانا (ہ) کسی صدمے کی تاب نہ لا سکنا ۔

کلیجا پھٹ جانا (ہ) (۱) دل پاش پاش ہو جانا (۲) عشق و محبت کا گھائل ہو جانا (۳) حسد یا رشک سے جل مرنا ۔

کلیجا پھٹنا (ہ) (۱) کسی کی مصیبت نہ دیکھ سکنا ۔ ترس آنا (۲) دل پر صدمہ گزرنا ۔ دل بھر آنا (۳) جلنا ۔ رشک کھانا ۔

کلیجا تھام تھام کر رونا (ہ)، بیتابانہ گریہ وزاری کرنا ٭
کلیجا تھام کر رہ جانا (ہ) (۱)، دِل مسوس کر رہ جانا۔ نہایت بیتاب و بیقرار ہو جانا۔ تڑپ کر رہ جانا (۲)، صبر کر بیٹھنا۔ رنج و غم کا اظہار نہ کر سکنا ٭
کلیجا ٹوٹنا (ہ)، دِل پر صدمہ پہنچنا۔ دِل پر چوٹ لگنا ٭
کلیجا ٹوک ٹوک ہونا (ہ)، دل کو صدمہ گزرنا۔ دِل ٹکڑے ٹکڑے ہونا ٭
کلیجا ٹھنڈا ہونا (ہ) (۱)، جی خوش ہونا۔ دل کو آرام ملنا۔ (۲)، تسلی پانا (۳)، صبر آنا چین پڑنا ٭
کلیجا چھلنی ہونا (ہ)، (عو)، دل کا خون ہونا۔ طعن و تشنیع سے تنگ آجانا ٭
کلیجا دھک دھک ہونا (ہ)، دل کانپنا۔ خوف چھا جانا ٭
کلیجا دھک سے ہو (رہ) جانا (ہ)، دل پر خوف چھا جانا (۲)، متعجب ہو جانا۔ دنگ ہو جانا ٭
کلیجا سلگانا (ہ)، دِل جلانا۔ دِل کباب کرنا ٭
کلیجا کاڑھ لینا (ہ)، (عو) (۱)، ڈائن کی طرح جگر کھا جانا (۲)، فریفتہ کر لینا۔ دل چھین لینا (۳)، چوٹی کی یا عمدہ چیز نکال لینا ٭
کلیجا کانپنا (ہ)، (۱)، خوف چھانا دل کا لرز جانا (۲)، سردی لگنا۔ کپکپی چھوٹنا ٭
کلیجا کٹنا (ہ)، (۱)، ہیرے کی کنی یا کسی اور زہریلی چیز کے کھا جانے سے دل یا جگر کے ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔ (۲) خونی دست آنا۔ اسہال آنا (۳)، دل دُکھنا۔ دِل پر نہایت صدمہ گزرنا (۴)، حادثہ گزرنا ٭
کلیجا کھرچنا۔ (ہ)، خوب بھوک لگنا ٭
کلیجا کھلانا (ہ) (۱)، دولت کھلانا۔ جان تک نکال کر حوالے کر دینا۔ از حد خاطر تواضع کرنا ٭
کلیجا مسوس کر رہ جانا (ہ)، صدمے کو ضبط کر کے چپ رہ جانا۔ دل مار کر رہ جانا ٭
کلیجا ملنا (ہ)، دِل مسوسنا۔ کسی صدمے سے بیتاب ہو کر دل کو پکڑ لینا ٭
کلیجا منہ کو آنا (ہ)، دم گھبرانا۔ جی اکتانا۔ خفقان ہونا ٭
کلیجا نکال کر (کے) لے جانا (ہ)، کسی کی دولت چرا کر لے جانا۔ مال مار کر چلا جانا ٭
کلیجا نکال لینا۔ یا۔ نکالنا (ہ)، دیکھو (کلیجہ کاڑھ لینا) ٭
کلیجن (کَلے جَن) (ہ۔ مؤنث) پان کی جڑ۔ خولنجان ٭
کلیجہ (کَلے جَہ) (ہ۔ مذکر) دیکھو (کلیجا) ٭

کلیجی (ہ) (مؤنث)، بکرے وغیرہ کا کلیجا جس میں جگر۔ دل پھیپھڑے۔ تلی وغیرہ شامل ہیں ٭
کلیجے (ہ) مذکر۔ کلیجہ کی جمع ٭
کلیجے پر ہاتھ دھر کے دیکھنا (ہ)، اپنے دل کا سا حال دوسرے کے دِل کا جاننا ٭
کلیجے سے دھواں اٹھنا (ہ)، دِل سے بھاپ اٹھنا۔ دِل سے دھواں نکلنا ٭
کلیجے سے لگا کے رکھنا (ہ)، (عو) (۱)، نہایت عزیز کر کے رکھنا (۲)، کمال احتیاط اور حفاظت سے رکھنا ٭
کلیجے کا ٹکڑا (ہ)، مذکر (۱)، لختِ جگر۔ کلیجے کی کور۔ نور چشم۔ پیارا۔ (۲)، پارۂ دِل ٭
کلیجے میں آگ لگنا (ہ) (۱)، دِل یا جگر یا سینے میں کسی تیز چیز کے کھا جانے سے سوزش ہونا (۲)، نہایت پیاس اور تشنگی ہونا (۳)، کسی صدمے سے دل کا بے قرار و بیتاب ہونا ٭
کلیجے میں ڈال رکھنا (ہ)، فرطِ محبت کے باعث یا ممتا کے مارے دل کے اندر رکھ لینا ٭
کلیجے میں ہاتھ ڈالنا (ہ) (۱)، دل میں گھر کرنا۔ مقرب اور عزیز ہو جانا (۲)، دولت پر ہاتھ مارنا (۳)، دِل دُکھانا تکلیف دینا ٭
کلیچہ (کُلی۔ چہ) (ف۔ مذکر)، دیکھو (کلچہ) ٭
کلید (کَلید) (ف)، مؤنث۔ چابی۔ تالی۔ کنجی ٭
کلیسا (کَلی۔ سا)، (ف۔ مذکر) گرجا۔ قوم ترسا کا معبد ٭
کلیسیا (کَلی۔ سِیا) (ف۔ مذکر) عیسائیوں کی ایک جماعت جو حضرت مریمؑ کا بت پوجتی ہے ٭
کلیش (کَلیش) (ہ) (مذکر ہندو) (۱)، دکھ۔ درد۔ تکلیف۔ سختی۔ مصیبت (۲)، جھگڑا۔ فساد۔ لڑائی۔ دنگا ٭
کلیل (کَلیل) (ہ)، مؤنث۔ گھوڑے کا خوشی میں اچھلنا کودنا ٭
کلیل میں غلیل لگنا (ہ)، خوشی کی حالت میں دفعتہً رنجش پیدا ہو جانا ٭
کلیل (کَلیل) (ف) (۱)، کند (۲)، سست (۳)، تھکا ہوا (۴)، گونگا ٭
کلیم (کَلیم) (ع)، مذکر (۱)، بات کرنے والا۔ ہم سخن (۲)، حضرت موسیٰؑ کا لقب جو خدا تعالیٰ سے ہمکلام ہوا کرتے تھے ٭
کلیم اللہ (ع)، مذکر۔ حضرت موسیٰؑ کا لقب۔ خدا سے کلام کرنے والا ٭
کلیہ (کُل۔ یَہ)، (ع۔ مذکر) گردہ ٭
کلیّہ (کُل۔ لی۔ یَہ) (ع۔ مذکر) (۱)، جزئیہ کی ضد۔ عام قاعدہ (۲)، کالج (۳)، یونیورسٹی (۴)، ہمگی۔ تمام پن ٭

ک۔م

کم (کَم) (ف) اندک۔ قلیل۔ تھوڑا۔ خفیف۔ ذرا سا ٭
کم اصل (ا) (۱) ہیچ ذات کا۔ کمینہ۔ ذلیل (۲) نالائق ٭
کم بخت (ف) بدقسمت۔ بدنصیب ٭
کم بخت گئے ہاٹ، ترازو ملے نہ باٹ (ک) (مثل) بدنصیب دکاندار سودا لینے جاتے تو ترازو اور باٹ نہیں ملتے۔ نہایت بدنصیبی کے اظہار پر بولتے ہیں ٭
کم بختی (ا) مؤنث (۱) بدنصیبی۔ بدقسمتی (۲) بدشگونی ٭
کم بختی جب آئے اونٹ چڑھے کو کتّا کھائے (ہ) (مثل) بدنصیبی میں چاہے لاکھ احتیاط کرو۔ ہونے والی ہو کر رہتی ہے ٭
کم بختی کے دن (ا) (مذکر) بُرے دن۔ ایّامِ نحوست ٭
کم بختی نے تو نہیں گھیرا؟ کم بختی تو نہیں آئی؟ (ا) تمہاری شامت آگئی ہے؟ کیا کھوٹے دن آگئے ہیں؟
کم تر (کمتر) (۱) بہت کم۔ بہت تھوڑا (۲) نہایت ادنیٰ ٭
کم ترین (کمترین) (ف) (۱) نہایت کم (۲) ناچیز۔ خاکسار (۳) وہ لفظ جو سائل درخواست میں اپنے لئے لکھتا ہے ٭
کم توجّہی (ف۔ع) (مؤنث) بے پروائی۔ غفلت ٭
کم حوصلگی (ف۔ع) (مؤنث) تھُڑدلی۔ بے ہمّتی ٭
کم حوصلہ (ف۔ع) کم ظرف۔ اوچھا۔ تھُڑدِلا۔ کم ہمّت ٭
کم حیثیت (ف۔ع) (۱) کم بضاعت۔ تھوڑی سی پونجی والا (۲) کمینہ۔ سفلہ۔ ذلیل (۳) تھُڑدِلا۔ اوچھا ٭
کم خرچ (ا) (۱) کفایت شعار۔ جُزرس (۲) کنجوس۔ تنگ دل ٭
کم خرچ بالانشین (ف) (مثل) قیمت میں کم اور پائداری میں زیادہ ٭
کم خوراک (ف) تھوڑا کھانے والا۔ کم خور ٭
کم دلا (ا) (۱) بُزدِل۔ ڈرپوک (۲) کنجوس ٭
کم ذات (ا) رذیل۔ کمینہ ٭
کم راہ (ف) سُست (گھوڑا) ٭
کم رُو (ف) بدصورت۔ کریہ منظر ٭
کم زور (ف) (۱) ناتواں۔ ناطاقت (۲) ہلکا ٭
کم زوری (ف) (مؤنث) ضعف۔ ناطاقتی۔ نقاہت ٭
کم سخن (ف) کم بولنے والا۔ چُپ چاپ ٭
کم سخنی (ف) (مؤنث) کم گوئی۔ تھوڑا بولنا ٭
کم سِن (ف۔ع) چھوٹی عمر کا ٭
کم سُننا (ا) (۱) توجّہ نہ کرنا۔ خیال میں نہ لانا (۲) اونچا سننا۔ کسی قدر بہرا ہونا ٭
کم سِنی (ف) مؤنث۔ بچپن۔ خورد سالی ٭
کم سے (از) کم (ا) تھوڑے سے تھوڑا۔ بہت ہی کم ٭
کم ظرف (ف۔ع) (۱) کم حوصلہ۔ اوچھا۔ تھُڑدِلا (۲) کمینہ سفلہ ٭
کم ظرفی (ف) (مؤنث) (۱) کم حوصلگی (۲) کمینہ پن۔ رذالت ٭
کم عقل (ف۔ع) بے وقوف۔ نادان ٭
کم عقلی (ف) (مؤنث) نادانی۔ بے وقوفی ٭
کم عمر (ف۔ع) چھوٹی عُمر کا۔ کم سِن ٭
کم فرصتی (ف۔ع) مؤنث۔ کام سے نمٹ نہ سکنا ٭
کم فہم (ف۔ع) نادان۔ ناسمجھ ٭
کم فہمی (ف۔ع) مؤنث۔ نادانی۔ ناسمجھی ٭
کم قسمتی (ف۔ع) مؤنث۔ کم نصیبی۔ بدقسمتی ٭
کم قیمت (ف۔ع) سستا۔ ارزاں ٭
کم کرنا (ا) (۱) گھٹانا (۲) وضع کرنا (۳) سست کرنا (۴) مختصر بنانا ٭
کم کم (ا) (۱) تھوڑا۔ تھوڑا (۲) کبھی کبھی (۳) آہستہ آہستہ۔ بتدریج ٭
کم کھائے غم نہ کھائے (ا) (مثل) کم کھانے سے آدمی نہیں مرتا۔ لیکن غم کھانے اور فکر کرنے سے تباہ و برباد اور ہلاک ہو جاتا ہے ٭
کم و بیش (ف) تھوڑا بہت۔ تقریباً۔ لگ بھگ ٭
کم ہمّت (ف۔ع) کم حوصلہ۔ بُزدِل۔ ڈرپوک۔ کام چور ٭
کم ہمّتی (ف۔ع) مؤنث۔ بُزدلی۔ کم حوصلگی۔ کام چوری ٭
کم ہونا (ا) (۱) تھُڑنا (۲) گھٹنا (۳) کسر رہنا ٭
کم یاب (ف) (۱) کم ملنے والا (۲) نادر۔ نایاب ٭
کم یابی (ف) مؤنث۔ ناپیدگی۔ نایابی۔ قِلّت ٭
کما (کَما) (ہ) کمانا کا امر ٭
کما کھانا (ا) محنت و مزدوری سے پیٹ پالنا ٭
کما لینا (ا) (۱) چمڑے کو ملائم اور درست کرنا (۲) کسی وسیلے سے روپیہ پیدا کر لینا (۳) نجاست صاف کر دینا (۴) گڑ کر دینا۔ سنوار لینا ٭
کما (کَمَا) (ع) جیسا ٭
کما حقہٗ (کَمَا۔ حَقّہٗ) (ع) بخوبی۔ ٹھیک ٹھیک ٭
کما ہی (کَمَا ہِیَ + کَمَا ہِیَ) (ف) جیسا وہ ہے ٭
کما ینبغی (کَمَا۔ یَن۔ بَغِی) (ع) جیسا چاہیئے۔ حسب اطمینان۔ بخوبی ٭

کملج - کماچ (کُمَاَچ - کُمَاَچ) (ت - مذکر) (۱) کہیں سے موٹی اور کہیں سے پتلی رسّی (۲) موٹی اور گول چیز (۳) لکڑی کا گول ٹکڑا جو چوب خیمہ کے اُوپر ہوتا ہے ٭

کُمار (کُمَار) (س۔ مذکر) (۱) کنوارا - بِن بیاہا (۲) شہزادہ - راجہ کا بیٹا (۳) بیٹا - فرزند - پسر ٭

کماری (ہ) مؤنث - کمار کی تانیث ٭

کمال (کَمَال) (ع) مذکر (۱) پُورا ہونا - کمالیت (۲) ہنر - گُن - لیاقت (۳) (۱) خوبی - عمدگی (۲) (۱) عجیب کام - انوکھی بات - اچنبھا (۵) (۱) صنعت - کاریگری - استادی - (۶) کامل - پُورا - سارا ٭

کمال حاصل کرنا (۱) کوئی ہنر یا فن بہم پہنچانا - لیاقت یا قابلیت حاصل کرنا (۲) کسی کام میں یدِطُولیٰ رکھنا - مہارت کامل بہم پہنچانا ٭

کمال درجے کا - (۱) ازحد - نہایت کامل - پُورا ٭

کمال دکھانا (ل) (۱) ہنر یا کرتب دکھانا (۲) کرامات دکھانا ٭

کمال کا بنا ہُوا (ل) (۱) پُرفن - بڑا کرتبی (۲) نہایت عیّار - آفت کا پرکالہ (۳) فریبی - چالباز (۴) نہایت ہوشیار ٭

کمال کرنا (ل) (۱) کوئی عجیب اور انوکھا کام کرنا - کاریگری دکھانا - غضب کرنا - تعجب انگیز کام کرنا (۲) مبالغہ کرنا - دھوکا دینے میں کامل ہونا (۳) کسی بات میں غالب آنا ٭

کمال کو پہنچنا (ل) (۱) کسی بات میں کمال حاصل ہونا (۲) پکّا ہونا - ختم ہونا ٭

کمالا (کَمَا - لَا) (ل) (مذکر) صلح کے ساتھ کشتی کرنا - پہلوانوں کی جنگ زرگری ٭

کمالات (ع) مذکر - کمال کی جمع ٭

کمالیت (کَمَا - لِی - یَت) (ع - مؤنث) کمال ٭

کمان (کمان) (ہند) (انگ - کمانڈ) (COMMAND) مؤنث - حکومت - سرداری - اختیار ٭

کمان افسر (ل) مذکر - فوج کا سردار - کمانیر - کمانڈر - سپہ دار ٭

کمان پر جانا (ل) جنگی نوکری پر جانا - لڑائی پر جانا ٭

کمان (کَمَان) (ف - مؤنث) (۱) ایک خمیدہ آلہ جس سے تیر چلاتے ہیں - قوس - دھنک (۲) دائرے کا کوئی حصّہ - (۳) خمیدہ - کُبڑا - جھکا ہُوا (۴) لچکدار ٭

کمانِ ابرو (ف) (۱) کمان جیسی بھووں والا (۲) (مجازاً) معشوق ٭

کمان بردار (ل) کمان دار - تیرانداز سپاہی ٭

کمان تاننا (ل) چلّہ چڑھانا - کمان کھینچنا ٭

کمان چڑھنا (ل) بااقبال ہونا - ڈنکا بجنا - دور دورہ ہونا

کمان دار (ف) (۱) کمان بردار (۲) محراب دار ٭

کمان گر (ف) مذکر (۱) کمان بنانے والا - کمنگر (۲) ہاتھ پاؤں کی ہڈیوں کو جوڑنے اور باندھنے والا ٭

کمانِ گردوں (ف - مؤنث) (۱) قوس گردون (۲) برج قوس ٭

کمانا (ہ) (۱) روپیہ حاصل کرنا (۲) لوہے کی سختی دُور کرنا (۳) چمڑا صاف کرنا (۴) ٹٹّی صاف کرنا (۵) پیشہ کرنا (۶) بڑا کام کرکے روپیہ حاصل کرنا (۷) محنت مشقّت کرکے جسم کو پکّا اور مضبُوط کرنا (۸) ارتکاب کرنا - ذمّے لینا (۹) زمین کو زرخیز بنانا (۱۰) کم کرنا - گھٹانا ٭

کمانچہ (ف) (۱) چھوٹی کمان (۲) دھنکی جس سے رُوئی دُھنتے ہیں (۳) ایک قسم کی سارنگی - چوتارا (۴) (مجازاً) طاقچہ - محرابدار چھت (۵) فولاد کی کمانی ٭

کمانڈر (کَمَاں - ڈَر) (انگریزی COMMANDER) مذکر - فوج کا بڑا افسر - سالار لشکر ٭

کمانڈر انچیف (انگریزی COMMANDER-IN-CHIEF) مذکر - جنگی لاٹ - سپہ سالار اعظم ٭

کمانی (کَمَا - نِی) (ل) مؤنث - وُہ خمیدہ اور لچکدار لوہے کی تیلی وغیرہ جو اکثر گاڑیوں - گھڑیوں اور کرسیوں وغیرہ میں لگاتے ہیں ٭

کمانیر (کَمَا - نِیر) (ل - مذکر) دیکھو کمانڈر ٭

کماؤ (کَمَا - اُو) (ہ) (۱) روپیہ کمانے والا (۲) محنتی - مزدور ٭

کماؤ آوے ڈرتا، نکھٹو آوے لڑتا (ہ) (مثل) نکھٹو اور نکما گھروالوں پر اپنا ناجائز رعب ڈالتا ہے اور کماؤ بے چارہ خاموشی سے گزارہ کرلیتا ہے ٭

کماؤ خصم کس نے نہیں چاہا؟ (ہ) (مثل) جس شخص سے کچھ فائدہ ہو۔ اُسے ہر ایک چاہتا ہے ٭

کمائی (کَمَا - اِی) (ہ) مؤنث (۱) آمدنی - پیدا - یافت (۲) نفع فائدہ (۳) کام - مزدوری ٭

کمائیں میاں خان خاناں، اُڑائیں میاں فہیم (۱) (مثل) کمائے کوئی - لُٹائے کوئی - دوسرے کے مال پر گلچھرے اُڑانے والے کی نسبت بولتے ہیں ٭

کمبل (کَم - بَل) (س) مذکر - ایک قسم کی موٹی اُونی لوئی ٭

کمبل اوڑھنے سے فقیر نہیں ہوتا (ہ) (مثل) فقیری نیکی اور صفائے باطنی سے حاصل ہوتی ہے صرف گدڑی پہننے پر منحصر نہیں ٭

کمبل پوش (ا) مذکر - وہ درویش جو ہمیشہ کمبل ہی اوڑھے یا پہنے رہے ٭

کمبل نے پکڑ لیا (ا) (مثل) اُس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص کسی سے جان چھڑانا چاہے مگر وہ اس کا پیچھا نہ چھوڑے ٭

کمبوہ (کَم۔بُوْہ) (ہ۔ مذکر) ایک قوم ٭

کمبھ (کُمبھ) (س۔ مذکر) (۱) گھڑا۔ مٹکا (۲) ہاتھی کا سر مستک۔ (۳) گیارھواں آسمانی برج۔ دلو (۴) ہر دوار کا میلہ جو بارھویں برس ہوا کرتا ہے ٭

کمپا (کَم۔پا) (ا) مذکر) لاسہ لگی ہوئی لمبی چھڑی یا بانس جس سے پرندوں کو پکڑتے ہیں ٭

کمپا لگانا (مارنا) (ا) (۱) لاسہ کے ذریعے سے جانور کو پکڑنا۔ (۲) کسی کو قابو میں لانا۔ داؤں مارنا ٭

کمپاس (کَم۔پاس) (انگریزی) (COMPASS) (مؤنث) (۱) قطب نما۔ قبلہ نما (۲) پرکار (۳) حدود۔ دائرہ۔ رقبہ (۴) پیمائش کا آلہ جس سے زمین ماپتے ہیں ٭

کمپاؤنڈ (کَم۔پاؤنڈ) (انگریزی) مذکر (COMPOUND) (۱) احاطہ مکان (۲) مرکب (۳) ملانا ٭

کمپاؤنڈر (انگریزی) (COMPOUNDER) مذکر) دواساز۔ ڈاکٹر کا ماتحت اور مددگار ٭

کمپنی (کَم۔پنی) انگریزی (COMPANY) مؤنث (۱) جماعت۔ ٹولی۔ انجمن۔ گروہ۔ فرقہ۔ جتھا (۲) شریک۔ ساجھی (۳) (مجازاً) انگلستان کے سوداگروں اور ساہوکاروں کی وہ جماعت جس نے تجارت کرتے کرتے ہندوستان کی حکومت بھی اپنے ہاتھ میں لے لی۔ ایسٹ انڈیا کمپنی ٭

کمپنی کا راج (ا) مذکر۔ ایسٹ انڈیا کمپنی کی حکومت ٭

کمپنی مارک (انگریزی) (COMPANY MARK) (مذکر) کپڑے کی مخصوص علامت جو کسی انگریزی کپڑے کی کمپنی نے تجویز کر رکھی ہو ٭

کمپو (کَم۔پُو) (ا) مذکر (۱) کیمپ۔ لشکرگاہ۔ چھاؤنی (۲) ڈیرے خیمے (۳) فوج۔ لشکر۔ سپاہ (۴) وہ فوج جو ایک جرنیل کے ماتحت ہو ٭

کمپوزنگ (کَم۔پو۔زِنگ) (انگریزی) (COMPOSING) مذکر۔ ٹائپ کے حرفوں کو جوڑنا۔ ملانا۔ مرتب کرنا ٭

کمپوزنگ سٹک (انگریزی) (COMPOSING STICK) (مؤنث) وہ قالب یا سانچہ جس میں ٹائپ کے حروف جوڑ کر رکھے جاتے ہیں ٭

کمپوزیٹر (انگریزی) (COMPOSITOR) مذکر۔ ٹائپ کے حروف ملانے یا جوڑنے والا ٭

کمتی (ا) کم۔ کسی چیز میں گھٹا ہوا ٭

کمٹھا (کَمَ۔ٹھا) (ا) مذکر۔ بانس کی کمان ٭

کمخاب (کَم۔خاب) (ف) مؤنث۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا جو زری کی تاروں کی آمیزش سے بنا جاتا ہے۔ زربفت ٭

کمڈا (کَم۔ڈا) (ہ۔ مذکر) (ہندو) گول کدو ٭

کمر (کَمَر) (ف) مؤنث) (۱) جسم کا درمیانی حصہ (۲) پیٹھ۔ پشت (۳) وسط۔ بیچ کا حصہ (۴) پٹکا۔ پیٹی۔ پرتلا (۵) فوج کا پہلو (۶) (مجازاً) ہمت۔ ڈھارس ٭

کمر اکھڑ جانا۔ کمر کی ہڈی ٹوٹ جانا ٭

کمر باندھنا (ا) (۱) کمر سے دوپٹہ یا پٹکا وغیرہ کسنا (۲) مستعد ہونا۔ تیار ہونا (۳) ارادہ کرنا ٭

کمربستہ (ف) (۱) موجود۔ حاضر۔ آمادہ (۲) ہتھیار بند۔ مسلح۔ (۳) نوکر۔ خدمت گار ٭

کمربند (ا) مذکر (۱) پیٹی۔ کمر کے باندھنے کا دوپٹہ (۲) ازاربند۔ (۳) مستعد۔ تیار ٭

کمر پکڑ کے اٹھنا (ا) بڑھاپے یا کمزوری کے سبب کمر تھام کر کھڑا ہونا۔ بوڑھا ہونا ٭

کمر پیچ (ا۔ مذکر) کمہاروں کی اصطلاح۔ موڑ ٭

کمر تکیہ (ا۔ مذکر) کمر کے نیچے رکھنے کا تکیہ ٭

کمر توڑنا (ا) (۱) کمر کو شکستہ کر دینا (۲) نا امید کرنا۔ ہمت توڑنا۔ (۳) عاجز کر دینا۔ کمزور اور ناتوان کر دینا ٭

کمر ٹوٹا (ا) (۱) کبڑا۔ خمیدہ پشت (۲) سست کاہل ٭

کمر ٹوٹ جانا (ٹوٹنا) (ا) (۱) کمر شکستہ ہو جانا (۲) مایوس ہو جانا۔ ہمت ٹوٹ جانا (۳) بے یار و مددگار ہو جانا (۴) اولاد یا بھائی بند کا مرجانا (۵) سخت صدمہ گزرنا ٭

کمر ٹوٹ گئی (ا) ہمت جاتی رہی۔ مایوسی ہو گئی ٭

کمر ٹھوکنا (ا) تھپکنا۔ تعریف کرنا۔ شاباش دینا۔ سراہنا ٭

کمر جھکنا (ا) کبڑا ہو جانا۔ نہایت بوڑھا اور کمزور ہو جانا ٭

کمر دوال (دوال) (ا) مذکر (۱) کمر باندھنے کا تسمہ (۲) چمڑے کا تنگ ٭

کمر رہ جانا (ا) (۱) کمر تھک جانا (۲) مفلوج ہو جانا۔ دھڑ کا بے حس و حرکت ہو جانا ٭

کمر سیدھی کرنا (ا) (۱) آرام کرنا۔ لیٹنا (۲) (مجازاً) کھانا کھا کر کسی قدر سو جانا ٭

کمر کا ڈھیلا (ا) نامرد۔ خنثیٰ ٭

کمر کا مضبوط (ا) (۱) پوری قوت باہ والا (۲) طاقت ور۔ شہ زور ٭

کمر کرنا (ا) (۱) کبوتر کا اڑنے میں قلابازیاں کھانا (۲) گھوڑے کا کمر کو اس طرح اچھالنا کہ سوار کو گرنے کا اندیشہ ہو۔

(۲) پہلوانوں کا کمر کا داؤں کرنا ✦
کمر کسنا (ل) (۱) تیار ہونا (۲) پکا ارادہ کرنا ✦
کمر کمر (ا) کمر تک - کمر کے برابر ✦
کمر کوٹ (ا) مذکر - چھوٹی دیوار - کمر تک اونچی فصیل ✦
کمر کوٹھا (ا) مذکر - شہتیر یا کڑی کا وہ حصّہ جو دیوار سے باہر کے رُخ نکلا کرتا ہے ✦
کمر کھول کر بیٹھنا (ل) (۱) کسی کام سے فارغ ہو کر بیٹھنا (۲) کوشش سے باز آنا ✦
کمر کھولنا (ل) (۱) پیٹی کھولنا ہتھیار کھولنا (۲) کوشش سے باز آنا (۳) کسی کام سے فارغ ہونا (۴) آرام لینا - دم لینا (۵) ارادہ فسخ کرنا ✦
کمر لگنا (ل) (۱) چوپائے کی پیٹھ کا زخمی ہونا (۲) چارپائی یا بستر پر پڑے پڑے کمر میں زخم ہو جانا ✦
کمر مارنا (ل) (۱) فوج کے بیچ کے حصّے پر حملہ کرنا (۲) پہلو کے رُخ ضرب لگانا - ترچھا یا آڑا وار کرنا ✦
کمر میں توشہ تو منزل کا بھروسہ (ہ) (مثل) (۱) کھانا ساتھ ہو تو منزل اطمینان سے طے ہو جاتی ہے (۲) مالدار کو سفر میں بھی تسلّی ہوتی ہے ✦
کمر ہلانا (ل) کمر کو حرکت دینا ✦
کمر ہمت (چست) باندھنا (ل) تہمد باندھنا - مستعد ہونا ✦
کمرا (کمرہ) (کَم رَا + کَم رَہ) (ل) مذکر (۱) حجرہ - کوٹھڑی - خلوت خانہ (۲) کوٹھی کا ہر درجہ (۳) ریل یا جہاز کا درجہ ✦
کمرک (کَم رَک) (ہ) مذکر - ایک قسم کا عمدہ باریک پھل ✦
کمرکھ (کَم رَکھ) (ہ) مؤنث - ایک ترش پھل جس کی قدرتی طور پر چار پھانکیں ہوتی ہیں ✦
کمری (ف) مذکر (۱) جھک کر چلنے والا گھوڑا - کمزور گھوڑا (۲) (ل) مؤنث) ایک قسم کی جاکٹ - مرزئی ✦
کمسریٹ (کَم سَر یٹ) (ہند) (انگ - کامیسریٹ - COMMISSARIAT) (مذکر و مؤنث) سپاہیوں کی رسد رسانی کا محکمہ ✦
کمشنر (کَمِش نَر) (انگ - COMMISSIONER) (مذکر) کئی ضلعوں کا حاکم - قسمت کا حاکم ✦
کمشنری (ل) مؤنث (۱) قسمت - کئی ضلعوں کا حلقہ (۲) کمشنر کی کچہری (۳) کمشنر کا عہدہ ✦
کمک (کُمَک) (ت - مؤنث) (۱) مدد - حمایت (۲) وہ فوج جو لڑائی میں مدد دینے کے لئے بھیجی جائے ✦
کمل (کَم مَل) (ل) مذکر - دیکھو کمبل ✦
کملا (کَم لَا) مذکر (۱) ایک قسم کا زرد کپڑا (۲) ایک قسم کی نارنگی - (۳) پاگل ✦
کملانا (کُم لا نا) (ہ) (۱) مرجھانا - طراوت نہ رہنا (۲) خشک ہونا - سوکھنا (۳) دبلا ہونا (۴) غمگین ہونا ✦
کمل باؤ (بائی - بائے) (کَمَل - با - اُو (با - اِی - با - اِے) (ہ) مذکر (ہندو) یرقان - ایک بیماری جس میں آنکھیں زرد ہو جاتی ہیں ✦
کملی (کَم - لی) (ہ) مؤنث - کمل کی تصغیر - چھوٹا کمبل ✦
کملی بچھانا (ل) (ہندو) سوگ یا ماتم کی علامت ظاہر کرنا کیونکہ جس شخص کا کوئی مرجائے اُسے کریا کرم تک کملی بچھا کر بیٹھنا ضروری ہے ✦
کملیٹ (ہند) (مذکر) دیکھو (کالیٹ) ✦
کمند (کَمَند) (ف) مؤنث ایک قسم کی چرمی رسّی جو کسی کی گردن یا منڈیر میں ڈال دیتے ہیں اور اس کے ذریعے سے گلا گھونٹنے یا دیوار پر چڑھنے میں مدد لیتے ہیں (۲) رسّی کی سیڑھی جس سے چور مکان پر چڑھتے ہیں (۳) پھندا ✦
کمنڈل (کَمَن - ڈَل) (ہ - مذکر) (۱) مٹّی یا لکڑی کا پانی کا برتن جسے سادھو استعمال کرتے ہیں (۲) ٹونٹی والا برتن ✦
کمنگر (کَمَن - گَر) (ل) مذکر (۱) دیکھو (کمان گر) (۲) ٹوٹی ہوئی ہڈی جوڑنے والا ✦
کمونی (کَمُّو نِی) (ف - مؤنث) ایک قسم کی معجون ✦
کمھار (کُمھَار) (ہ) مؤنث - مٹّی کے برتن بنانے والا - کوزہ ساز ✦
کمھار کہنے سے گدھے پر نہیں چڑھتا (ہ) (مثل) جب کوئی صرف اپنی ہی خوشی سے کام کرے - اور لوگوں کے کہنے سننے سے نہ کرے - اُس وقت یہ مثل بولی جاتی ہے ✦
کمھاری (ہ) مؤنث (۱) کمھار کی جورو (۲) ایک قسم کی بھڑ ✦
کمی (کَمِی) (ل) مؤنث - توڑا - قلّت - نقصان - خسارہ - کوتاہی - کسر ✦
کمی نہ کرنا (ل) کوتاہی نہ کرنا - کسر نہ چھوڑنا - کوشش سے باز نہ رہنا - ذرا نہ چوکنا ✦
کمیت (کُمَیت) (ف) مذکر - سیاہی مائل سُرخ رنگ کا گھوڑا - تیلیا - سرنگ ✦
کمیّت (کَم - مِی - یَت) (ع) مؤنث - مقدار ✦
کمیٹی (کَمیٹی) (ہند) (انگ - COMMITTEE) مؤنث - (۱) بہت سے آدمیوں کی جماعت - مجلس - سبھا - انجمن - پنچایت

(۲) جلسہ ۔

کمیٹی کرنا (ہ) پنچایت کرنا۔ باہم جمع ہو کر مشورہ کرنا ۔

کمیدان (کُمی۔دان) (ت۔ مذکر) کپتان کا نائب ۔

کمیرا (کَمی۔را) (ہ) مذکر (۱) کسان کا ٹہلوا ۔ نوکر چاکر۔ (۲) باغبان کے ماتحت کام کرنے والا مزدور۔ (۳) مددگار۔ معاون ۔

کمیشن (کَمی۔شَن) (انگریزی) (COMMISSION) (مذکر۔ (۱) جماعت۔ گروہ۔ جتھا۔ کمیٹی (۲) سفارت وہ جماعت جو ایک بادشاہ کی طرف سے دوسرے بادشاہ کے سامنے نیابت کرے (۳) دستوری۔ دلالی۔ محنتانہ (۴) وہ کمیشن یا کمیٹی جو کسی معاملہ کی تحقیقات کے لئے موقع پر کارروائی کرے ۔

کمیشن بیٹھنا (ہ) کسی امر کی تحقیقات یا تصفیہ کے لئے کسی جماعت کا اجلاس ہونا ۔

کمیلا (کَمی۔لا) (ہ) مذکر۔ ایک سُرخ رنگ کی دوا جو اکثر بچوں کو کرم شکم یا کھجلی والے زخموں کے دفعیہ کے لئے دیتے ہیں ۔

کمیلا (کَمی۔لا) (ہ) مذکر۔ مذبح۔ ذبح خانہ ۔

کمین (کَمین) (ف) مذکر (۱) پنچ۔ کمینہ۔ نوکر چاکر۔ (۲) سفلہ۔ اوچھا۔ کم ظرف (۳) نالائق۔ نابکار (۴) مؤنث۔ گھات۔ دشمن یا شکار کے لئے چھپ کر بیٹھنا ۔

کمین گاہ (ف) مؤنث۔ گھات کی جگہ۔ وہ موقع جہاں چھپ کر شکار یا دشمن کو ماریں ۔

کمینڈ (کمینٹ) (ہ) مذکر۔ دغا۔ فریب۔ مکر ۔

کمینڈیا (ہ) مذکر۔ دغاباز۔ فریبی۔ مکار۔ چالباز ۔

کمینہ (کَمی۔نَہ) (ف) (۱) اوچھا۔ سفلہ۔ کم ظرف (۲) مذکر۔ نیچ ذات کا۔ کم اصل ۔

کمینہ پن (ا) مذکر۔ اوچھا پن۔ رذالت۔ کم ظرفی ۔

کمینے سے خدا کام نہ ڈالے (ہ) (مثل) بداصل اور کم ذات سے خدا پالا نہ ڈالے ۔

ک۔ن

کن (کَن) (ہ) مذکر (۱) ریزہ۔ ریزہ۔ ذراسا (۲) اناج کا دانہ (۳) غلہ ۔

کن بٹائی (ہ۔ مؤنث) فصل کو چند حصہ داروں میں نسبتاً تقسیم کرنا ۔

کن (کَن) (ہ) مذکر (۱) کونہ۔ گوشہ (۲) آدھا ۔

کن انکھیوں سے دیکھنا (ہ) ترچھی نگاہ سے دیکھنا۔ آنکھ چرا کر دیکھنا ۔

کن (کَن) (ہ۔ مذکر) کان کا مخفف ۔

کن پٹی (ہ) مؤنث۔ کان اور آنکھ کے درمیان کا حصّہ ۔

کن پھول (ہ۔ مذکر) کرن پھول ۔

کن پیڑ (ہ) مذکر۔ وہ ورم جو کان کے نیچے سے گلے کی حد تک آجاتا ہے ۔

کن ٹوپ (ہ) مذکر۔ ایک قسم کی بڑی ٹوپی جس سے کان ڈھکے رہتے ہیں ۔

کن چھدا (ہ) وہ شخص جس کے کان چھدے ہوں ۔

کن چھیدن (ہ) مذکر (ہندو) بچوں کے کان چھیدنے کی رسم ۔

کن رس (ہ) مذکر (۱) راگ رنگ سننے کا مزہ (۲) باتیں سننے کا مزہ (۳) کانوں کا راگ کی آوازوں سے آشنا ہونا (۴) بدگوئی سننے کی عادت ۔

کن رسیا (ہ) مذکر۔ وہ شخص جسے گانا سننے کا شوق ہو۔ راگ کے سمجھنے اور لطف حاصل کرنے کا مذاق رکھنے والا ۔

کن سلائی (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا لمبا خاردار کیڑا جو اکثر کان میں چلا جاتا ہے ۔

کن سوئیاں لینا (ہ) چھپ کر باتیں سننا۔ خفیہ بھید لینا ۔

کن کٹا (ہ) گوش بریدہ۔ بوچا ۔

کن کھجورا (ہ) مذکر۔ ہزارپا۔ ایک زہریلا کیڑا جو کان میں گھس جاتا ہے یا جسم سے چمٹ کر اپنے پاؤں گاڑ دیتا ہے ۔

کن (کُن) (ف) کندن (کھودنا) کا امر ۔

کن (کِن) کس کی جمع ۔

کن (کُن) (ع) ہو جا ۔

کن فیکون (کُن۔ فَیَکُون) (ع) مؤنث (۱) (لفظی معنی) ہو جا۔ پس وہ ہو گیا (۲) (مجازاً) مخلوق۔ کائنات ۔

کنا (کَن۔ نا) (ہ) (مذکر) (۱) کنارہ۔ کور۔ لب (۲) پتنگ کا وہ حصّہ جس میں ڈور باندھتے ہیں (۳) جوتی کے نیچے کا کنارہ ۔

کنا نکل جانا (ہ) کنارے کا پھٹ جانا۔ کنارہ ٹوٹ جانا۔

کنار (کِنار) (ف) مؤنث (۱) بغل۔ آغوش۔ گود۔ سینہ۔ چھاتی (۲) جدائی۔ علیحدگی۔ مفارقت ۔

کنار (کَنار) (ہ) مذکر۔ حاشیہ۔ کنارہ۔ کور۔ سنجاف۔ طرف۔ پہلو ۔

کنار (کَنار) (ہ) مذکر۔ گھوڑے کا لگام ۔

کنارا (کِنا۔را) (ہ) مذکر۔ حاشیہ۔ کنی۔ کور۔ پہلو۔ پلشی

ندی کا فیتہ ÷

کنارہ (کِنَا رَہْ) (ف) مذکر (۱) ساحل - کراڑ (۲) طرف - گوشہ - کھونٹ (۳) انجام - سرا - انتہا - حد (۴) جُدائی - علٰحدگی ÷

کنارہ کرنا (ا) علٰحدگی اختیار کرنا - الگ ہونا - چھوڑ بیٹھنا - باز آنا ÷

کنارہ کشی (ف) مؤنث - علٰحدگی - جُدائی - قطع تعلق ÷

کِناری (ا) مؤنث - وہ پتون وغیرہ کے کنارے لگانیوالا تپلا گوٹہ ÷

کناری باف (ا) مذکر - کِناری بُننے والا ÷

کنارے (کِنا - رے) (ا) مذکر - کنارہ کی جمع ÷

کِنارے بیٹھنا (ا) (ہندی) (۱) الگ بیٹھ جانا (۲) گور میں پاؤں لٹکانا ÷

کنارے کنارے (ا) الگ الگ - پہلُو میں ÷

کنارے کنارے چلنا (ا) بچ کر چلنا ÷

کنارے لگانا (ا) (۱) دریا پار اُتارنا (۲) مدد کرنا ÷

کنارے لگنا (ا) (۱) ساحل پر پہنچنا - دریا پار ہونا (۲) اختتام پر پہنچنا - قریب مرگ ہونا ÷

کنارے ہوجانا (ا) راستے سے بچ جانا - ایک طرف کو ہٹ جانا ÷

کنّاس (کَنْ - نَاس) (ع) مذکر (۱) مہتر - خاکروب - حلال خور (۲) جلاد - پھانسی دینے والا ÷

کناگت (کِنا - گت) (ہ) مؤنث - سرادھ ÷

کنال (ا) مذکر - ۲۰ مرلے کے برابر زمین کا پیمانہ - گھماؤں کا آٹھواں حصہ ÷

کنائی (کِنَا - اِئی) (ہ - مؤنث) راہ - گذرگاہ - راستہ ÷

کنائی کاٹنا (ا) ایک رستہ چھوڑ کر دوسرا رستہ اختیار کرنا ÷

کنایت (کِنَا - یَتْ) (ع) مؤنث - رمز - اشارہ - پوشیدہ طور پر بات کہنا ÷

کنایۃً (ع) اشارۃً - ضمناً - مجازاً ÷

کنایہ (کِنَا - یَہْ) (ع) مذکر (۱) اشارہ - رمز - ایما (۲) منشا - مطلب - معنی - مُراد (۳) (مجازاً) استعارہ ÷

کِنبوہ (کَمْ - بُوْہ) (ہ - مذکر) دیکھو (کمبوہ)

کُنبہ (کُنْ - بَہْ) (ہ) مذکر (۱) قبیلہ - گھرانا - خاندان (۲) بال بچے اہل و عیال - لڑکے بالے ÷

کُنبہ پرور (ا) بال بچوں اور رشتہ داروں کی خبر گیری کرنے والا ÷

کُنبھ (کُمْبھْ) (ہ) دیکھو (کُمبھ) ÷

کنت - کنتھ - کنتھا (کَنْت - کَنْتھ - کَن - تھا) (ہ) مذکر (۱) دوست - پیارا (۲) خاوند - پیا - شوہر ÷

کنٹر (کَن - ٹر) (ہند) دانگ - ڈی کنٹر (DECANTER) شراب رکھنے کا شیشہ - قرابہ ÷

کنٹریکٹر (کَن - ٹریک - ٹر) (انگریزی) (CONTRACTOR) (مذکر) ٹھیکیدار - ٹھیکہ لینے والا ÷

کنٹک (کَن - ٹِک) (ہ) بخیل - کنجوس - تنگ دل - مُمسک ÷

کنٹنجنٹ (کَن - ٹِن - جَنٹ) (انگریزی) (CONTINGENT) مذکر (۱) بالائی خرچ - زائد خرچ (۲) حصّہ - فوج کا حصّہ ÷

کنٹونمنٹ (کَن - ٹون - مَنٹ) (انگریزی) (CONTONMENT) مؤنث - چھاؤنی ÷

کَنٹھ (ہ) مذکر (۱) حلق - گلا (۲) گلے کی ہڈی - گانٹھی (۳) آواز - سُر (۴) حفظ - ازبر ÷

کنٹھ بیٹھنا (ہ) آواز بیٹھنا - گلا پڑ جانا ÷

کنٹھ سُوکھنا (ہ) (۱) پیاس یا خشکی سے گلا خشک ہو جانا (۲) دُبلا ہو جانا - لاغر ہو جانا ÷

کنٹھ کرنا (ہ) (ہندو) زبانی یاد کرنا - حفظ کرنا ÷

کنٹھ مالا (ہ) مذکر (۱) خنازیر - گلے کا وُہ مرض جس میں گلٹیاں ہو جاتی ہیں (۲) ایک زیور - جو مالا کے طور پر پہنا جاتا ہے ÷

کنٹھ نکلنا - یا - پھوٹنا (ہ) گلے کی ہڈی کا نمایاں ہونا - بالغ ہونا ÷

کنٹھا (ہ) مذکر (۱) سونے کے بڑے بڑے دانوں کا ہار (۲) ایک طلائی زیور جو گلے میں پہنتے ہیں (۳) پھولوں کا ہار - (۴) بڑے بڑے دانوں کی تسبیح ÷

کنٹھا اُٹھانا (ہ) تسبیح کی قسم کھانا ÷

کنٹھی (کَن - ٹھی) (ہ) مؤنث (۱) تسبیح (۲) گلے میں باندھنے کی لڑی (۳) پرندوں کے گلے کا طوق ÷

کنٹھی باندھنا (ہ) مُرید ہونا - بیعت کرنا - پارسا اور سادھو ہو جانا (۲) مُرید کرنا - چیلا بنانا ÷

کِنٹیا (کَن - ٹیا) (ہ) مؤنث - چھوٹا کانٹا ÷

کُنج (کُنْج) (ف) مذکر - گوشہ - کونہ - زاویہ - کنارہ ÷

کُنج تنہائی (ف) (مذکر) خلوت - گوشۂ عزلت ÷

کُنج قناعت (ف - ع) مذکر - صبر کا گوشہ - گوشۂ تسلیم و رضا ÷

کُنج (کُنْج) (س) مذکر (۱) بیل بوٹوں کی جگہ - درختوں کے سائے میں بیٹھنے کی جگہ (۲) محلہ - کوچہ ÷

کنجا (کَن - جا) (ہ) (ہندو) کرنجا - نیلی آنکھوں والا - گربہ چشم ÷

کنجر (کَن - جَر) (ہ) مذکر (۱) ایک خانہ بدوش قوم - سانسی (۲) (مجازاً) ارباب نشاط کی قوم - ناچنے والی قوم ÷

کنجر - کنجل (کُن - جَر - کُن - جَل) (ا) مذکر - بڑا اور قوی الجثہ ہاتھی ÷

کنجری (ہ) مؤنث (۱) کنجر قوم کی عورت (۲) ایک قسم کے فحش گیت (۳) (پنجابی) رنڈی۔ کسبی۔ کنچنی ٭

کنجڑا (کُنْ۔جْ۔ڑا) (ہ) مذکر۔ ترکاری بیچنے والا۔ سبزی فروش۔ ارائیں ٭

کنجڑن (ہ) مؤنث۔ ترکاری بیچنے والی عورت ٭

کنجڑے (ہ) مذکر۔ کنجڑا کی جمع ٭

کنجڑے قصائی (ا) مذکر۔ گھٹیا درجے کے لوگ ٭

کنجڑے کی اگاڑی، قصائی کی پچھاڑی (ا) (مثل) ترکاری اوّل وقت یعنی آتے ہی اچھی ملتی ہے۔ اور گوشت اخیر وقت اچھا ملتا ہے ٭

کنجشک (کُنْ۔جِشْک) (ف) مؤنث۔ چڑیا ٭

کنجوس (کَنْ۔جُوس) (ہ) بخیل۔ شوم۔ تنگ دل۔ ممسک ٭

کنجوسی (ہ) مؤنث۔ بخل۔ تنگدلی۔ خست۔ کنکک پن ٭

کنجی (کُنْ۔جی) (ہ) مؤنث۔ چابی۔ تالی۔ کلید ٭

کنجی (کِن۔جی) (ہ) (ہندو) نیلی۔ کرنجی۔ نیلگوں ٭

کنچن (کَنْ۔چَن) (ہ) مذکر (۱) سونا۔ زر۔ طلا (۲) ایک قوم جو اپنی عورتوں کو نچواتی ہے اور اُن سے کسب کراتی ہے (۳) حرامی ٭

کنچن بچہ (ا) مذکر۔ کنچنی کا بیٹا۔ کسبی کا جنا ہُوا۔ بیسوا پُتر ٭

کنچن برسنا (ہ) (۱) روپیہ برسنا۔ کثرت سے آمدنی ہونا۔ (۲) زرخیزی اور خوب پیداوار ہونا ٭

کنچن نیر (ہ) (مذکر) صاف و شفاف پانی۔ ستھرا پانی ٭

کنچنی (ہ) مؤنث۔ بیسوا۔ رنڈی۔ کسبی۔ ناچنے والی۔ رقاصہ ٭

کُند (کُنْد) (ف) (۱) کھُنڈا۔ وہ چاقو۔ چھری یا تلوار وغیرہ جو تیز نہ ہو (۲) سست۔ کاہل۔ غبی ٭

کُندا (کُن۔دا) (ا) مذکر (۱) پاجامہ کی سہ گوشہ تریز (۲) بندوق کا پچھلا حصہ (۳) پتنگ کا ہر گوشہ (۴) کھویا۔ بھُنا ہُوا دوُدھ ٭

کُندا بھُوننا یا کسنا (ا) دوُدھ کا کھویا بنانا۔ دوُدھ کا ماوا بنانا ٭

کُندا چڑھانا (ا) بندوق کی نال میں لکڑی لگانا ٭

کُندرو (کُنْدُ۔رُو) (ہ۔ مذکر) ایک قسم کی ترکاری ٭

کُندلا (کُنْد۔لا) (ہ) مذکر۔ سونے کا تار ٭

کُندلا کش (ا) مذکر۔ وہ شخص جو چاندی کے ڈلے پر سونا چڑھائے ٭

کُندن (کُن۔دَن) (ہ) مذکر (۱) خالص سونا (۲) نہایت چکیلا ٭

کُندن بن جانا (ہ) اکسیر کے ذریعے سے خالص سونا بن جانا (۲) نکھرنا۔ صاف اور ستھرا نکل آنا (۳) اکسیر بن جانا۔ کیمیا بن جانا ٭

کَندن (کَن۔دَن) (ف) کھودنا ٭

کندن کرنا (ا) کھودنا۔ منبت کاری کرنا۔ کندہ کرنا ٭

کندورا (کَن۔دُو۔را) (ف۔ مذکر) دسترخوان ٭

کندوری (کَن۔دُو۔ری) (ف۔ مذکر) دسترخوان۔ روٹیوں پر لپیٹنے کا رومال ٭

کَندہ (ف) کھُدا ہُوا۔ منبت۔ منقش ٭

کندہ کار (ف) مذکر۔ نقش و نگار کھودنے والا۔ منبت کار ٭

کندہ کرنا (ا) کھودنا۔ نقاشی کرنا۔ قلمکاری کرنا ٭

کُندہ (کُن۔دَہ) (ف) مذکر (۱) موٹی لکڑی کا ٹکڑا (۲) بندوق کی لکڑی ٭

کُندۂ ناتراش (ف، مذکر) (۱) اَن گھڑی لکڑی (۲) مجازاً احمق بے وقوف۔ نالائق۔ بے تمیز ٭

کندھا (کَن۔دھا) (ہ) مذکر۔ شانہ۔ مونڈھا ٭

کندھا بدلنا (ہ) ایک کندھے سے دوسرے کندھے پر بوجھ لینا۔ ڈولی اُٹھانے والوں کا مونڈھا بدلنا ٭

کندھا دینا (ہ) (۱) جنازے کو کندھے پر لینا (۲) مدد دینا۔ سہارا دینا۔

کندھا ڈالنا (ہ) (۱) بیل کا اپنے کندھے پر سے جُوا گرا دینا (۲) تھک جانا۔ ہمت ہار دینا ٭

کندھا لگنا (ہ) بوجھ یا رگڑ کے سبب کندھے کا زخمی ہونا ٭

کند ہم جنس با ہم جنس پرواز (ف) (مثل) ہر چیز اپنی جنس کی طرف رجوع کرتی ہے ٭ اُتم سے اُتم ملے۔ ملے نیچ سے نیچ ٭

کندھے (ہ) مذکر۔ کندھا کی جمع ٭

کندھے چڑھانا (ہ) بچوں کو کندھے پر اُٹھانا۔ پہلوانوں کو کشتی جیتنے کے بعد کندھے پر چڑھا کر لوگوں کو دکھانا ٭

کندئی (کَن۔دَ۔ئی) (ہ) مؤنث (۱) لکڑی کا وہ ٹکڑا جس پر دروازے کی چوُل گھومتی ہے ٭

کُندی (کُن۔دی) (ا) مؤنث (۱) دھلے ہوئے یا رنگے ہوئے کپڑوں کو کوٹ کر صفائی کرنے کا کام۔ کپڑوں کی صفائی جو موگری کے ذریعے سے کی جاتی ہے ٭

کُندی کرنا (ا) (۱) موگری سے کپڑوں کی صفائی کرنا (۲) اچھی طرح کرنا (۳) مارنا پیٹنا۔ گت بنانا ٭

کُنڈی گر (۱) مذکر۔ ریشمی اور عمدہ کپڑوں کو صاف کرتے والا ٭
کُنڈ (کُنڈ) (س) مذکر (۱) گڑھا۔ غار۔ کھڈ (۲) تالاب - حوض - پانی کا چشمہ ٭
کُنڈا (کُن - ڈا) (ہ) (پوربی) اُپلا - تھاپی ٭
کُنڈا (کُن - ڈا) (ہ) مذکر (۱) حلقہ۔ لوہے کا وہ حلقہ جس میں زنجیر ڈالتے ہیں (۲) (پنجابی) زنجیر - کُنڈی ٭
کُنڈل (کُن - ڈَل) (ہ) مذکر۔ پیاز کا موٹا چھلکا ٭
کُنڈل (کُن - ڈَل) (ہ) مذکر (۱) حلقہ - چکر۔ دائرہ (۲) کان کا بالا (۳) ہالہ۔ چاند یا سورج کا حلقہ ٭
کُنڈل مارنا۔ کُنڈل میں بیٹھنا (ہ) خرمن زدن ماہ یا خورشید۔ چاند کا ہالہ نشین ہونا۔ سورج کا کُنڈل میں ہونا ٭
کُنڈلی (کُن - ڈِلی) (ہ) مؤنث (۱) دور۔ چکر۔ گھیرا۔ حلقہ۔ (۲) جنم پترا (۳) سانپ کا جسم کو جلیبی کی طرح بنا کر بیٹھنا ٭
کُنڈلی بنانا (ہ) زائچہ بنانا۔ جنم پتری بنانا ٭
کُنڈی (ہ) مؤنث ۔ دروازے کی زنجیر ٭
کُنڈی دینا یا۔ لگانا (ہ) زنجیر لگانا - دروازہ بند کرنا ٭
کُنڈی کھڑکھڑانا (ہ) دروازے پر زنجیر مار کر بلانا - دستک دینا - پکارنا ٭
کُنڈی کھولنا (ہ) کواڑوں کی زنجیر کھولنا۔ کواڑ کھولنا دروازہ کھولنا ٭
کنز (کَنز) (ع) مذکر۔ خزانہ - گنجینہ - مخزن ٭
کنس (کَنس) (س) مذکر۔ متھرا کا ایک ظالم راجہ جسے سری کرشن جی نے ہلاک کیا تھا ٭
کنستر (کَنس - تَر) (ہند) انگریزی کینسٹر CANISTER (مذکر) ٹین کا بکس - پیپا ٭
کنسرویٹر (کَن - سَر - وے - ٹَر) (انگریزی) (CONSERVATOR) (مذکر) محافظ - نگران کار - مہتمم ٭
کنسرویٹر آف فارسٹ (انگریزی) (CONSERVATOR OF FOREST) مذکر محکمہ جنگلات کا ایک بڑا عہدہ دار ٭
کنسرویٹو (کَن - سَر - وے - ٹِو) (انگریزی) (CONSERVATIVE) (مذکر) قدامت پسند - برطانیہ کا قدامت پسند سیاسی فرقہ ٭
کُنش (کُنِش) (ف - مؤنث) اعمال - افعال - کردار ٭
کُنشت (کُنِشت) (ف - مذکر) (۱) آتش کدہ (۲) یہودیوں کا عبادت خانہ ٭

کنعان (کَن - عَان) (ع - مذکر) شام کا صوبہ فلسطین - جہاں حضرت یوسفؑ پیدا ہوئے تھے ٭
کنف (کَنَف) (مؤنث - مذکر) (۱) جانب - طرف - سمت (۲) پناہ (۳) پرندے کا بازو (۴) کنارہ - ساحل ٭
کنک (کَنَک) (ہ) مذکر - گیہوں - گندم ٭
کنکالا - کنکالنا (کَنکَا - لا - کَنکال - نا) (ہ) مؤنث - سفلی جادوگری ٭
کنکر (کَن - کَر) (ہ) مذکر (۱) چونے کا سخت ٹکڑا (۲) سنگریزہ ٭
کنکر پتھر (ہ) مذکر (۱) کوڑا کرکٹ - الا بلا - واہیات - (۲) (تحقیراً) جواہرات ٭
کنکر سا (ہ) نہایت سرد - بہت ٹھنڈا ٭
کنکری (ہ) مؤنث (۱) ٹھیکری (۲) ڈلی - ٹکڑا ٭
کنکریلی (ہ) مؤنث - پتھریلی زمین - سنگلاخ زمین ٭
کُنکنا (کُن - کُنا) (ہ) نیم گرم - شیر گرم - سہتا سہتا ٭
کنکوا (کَن - کَو - وا) (ہ) مذکر (۱) کاغذ کا بنا ہوا پتنگ - گڈی - تکل (۲) ایک بوٹی ٭
کنکوا اُڑانا - یا - بڑھانا (ہ) پتنگ بازی کرنا - گڈی کو ہوا پر تاننا ٭
کنکوا کاٹنا (ہ) مخالف کے پتنگ کی ڈور کو اپنی ڈور کے کھینے اور پتنگ کے زور سے اڑا دینا ٭
کنکوا لڑانا (ہ) پتنگ بازی کرنا - پتنگوں کا باہم اڑا کر ڈور کی رگڑ سے کاٹنا کٹوانا ٭
کنکوت (کَن - کُوت) (ہ) مذکر - کھڑے کھیت کا تخمینہ لگانے والا ٭
کنکی (کَن - کِی) (ہ) مؤنث - چاول کا چورا - چاول کے ٹکڑے
کنگال (کَنگ - گال) (ہ) (۱) مفلس - محتاج - نادار - تنگ حال (۲) کال کا مارا - فاقہ کش ٭
کنگال کر دینا (ہ) نردھن کر دینا - مفلس بنا دینا - محتاج کر دینا ٭
کنگال مُلک (ا) مذکر - بھوکا دیس - کنگلوں کا ملک - جیسے مارواڑ ٭
کنگال ہو جانا (ہ) مفلس ہو جانا - محتاج ہو جانا - افلاس میں گھر جانا
کنگرہ (کَنگ - گُرہ) (ف - مذکر) دیکھو (کنگورہ)
کنگری (کَنگ - گُری) (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کی بیل (۲) (پ) کپڑوں پر لگانے کا باریک کنگرے دار فیتہ ٭
کنگرو - کنگرا (کَنگ - گَرُو - کَنگ گرا) (ا) مذکر (۱) موٹا - فربہ

(۲) قوی ہیکل ٭

کنگلا (کَنگ۔لا) (ہ) مفلس۔ بھوکا۔ محتاج ٭

کنگلی (ہ) مؤنث۔ بھوکی عورت۔ محتاج عورت۔ مفلوکہ ٭

کنگن (کَنگ۔گن) (ہ) مذکر۔ کلائی کا ایک زیور ٭

کنگنا (ہ) مذکر (ہندو) وہ ڈورا جو دولہا کی کلائی میں باندھتے ہیں ٭

کنگنی (کَنگ۔گنی) (ہ) مؤنث (۱) کانس۔ دیوار کی کگر (۲) ایک چھوٹا سا چکنا اناج ٭

کنگورا۔ کنگورہ (کَنگ۔گو۔را۔ کَنگ۔گو۔رہ) (ہ) (ا) مذکر (۱) وہ طاقچے جو فصیل قلعہ یا دوسری عالیشان عمارتوں میں خوبصورتی کے لئے بنا دیتے ہیں (۲) کلغی۔ جیغہ۔ وہ خوشنما پر جو ٹوپی پر لگاتے ہیں ٭

کنگھا (کَنگ۔گھا) مذکر } (ہ) (۱) بال سلجھانے کا اوزار جس
کنگھی (کَنگ۔گھی) مؤنث } میں دندانے ہوتے ہیں۔ شانہ۔ (۲) جلاہوں کا ایک اوزار جس سے بانا ٹھونکتے ہیں ٭

کنگھی چوٹی کرنا (ہ) بناؤ سنگار کرنا۔ بال سنوارنا۔ سر گوندھنا ٭

کنمنانا (کُن۔مُنا۔نا) (ہ) (۱) بے چین ہونا (۲) عذر کرنا ٭

کنوار (کَن۔وار) (ہ) دیکھو (کوار) ٭

کنوارا (ہ) دیکھو (کوارا)

کنواں (کُن۔واں) (ہ) مذکر۔ چاہ ٭

کنواں پیاسے کے پاس نہیں آتا بیچا۔ کنواں بیچا ہے کنوئیں کا پانی نہیں بیچا۔ (ہ) مثل بے فائدہ تکرار اور خواہ مخواہ کی حجت کا اظہار ٭

کنواں ٹوٹنا (ہ) کنوئیں کا پانی کم ہو جانا ٭

کنواں چھوڑ دینا (ہ) (۱) کنوئیں کا پانی چلا دینا (۲) کنواں بند کر دینا۔ آبپاشی سے باز رہنا ٭

کنواں کھودنے والا (ہ) مذکر (۱) چاہ کن (۲) (مجازاً) برائی کرنے والا ٭

کنوانسا (کَن۔واں۔سا) (ہ) مذکر۔ نواسے کا بیٹا ٭

کنوانسی (کَن۔واں۔سی) (ہ) مؤنث۔ نواسی کی بیٹی ٭

کنوتی (کَنَو۔تی) (۱) گھوڑے کا کان (۲) کان کی بالی۔ مرکی ٭

کنوتیاں (ہ) مؤنث۔ کنوتی کی جمع ٭

کنوتیاں بدلنا۔ یا۔ کھڑی کرنا۔ (ہ) گھوڑے کا دونوں کانوں کو کھڑا کرنا۔ چوکنا ہونا ٭

کنوٹھا (کَنو۔ٹھا) (ہ) مذکر (۱) کونہ گوشہ (۲) بغل۔ آغوش۔ (۳) ہمسایہ کا بھائی ٭

کنور (کُن۔وَر) (ہ) مذکر۔ اعزازی خطاب۔ لڑکا۔ بیٹا۔ پسر

(۲) راجہ کا بیٹا۔ ٹیکا۔ شہزادہ ٭

کنول (کَن۔وَل) (ہ) مذکر (۱) ایک پھول۔ گل نیلوفر (۲) قمقمہ سرخ کاغذ یا ابرق کا پھول جس میں موم کی بتی جلاتے ہیں (۳) شیشے کے ایک ظرف کا نام جس میں شمع روشن کرتے ہیں ٭

کنول کھلنا (ہ) (۱) گل نیلوفر کا شگفتہ ہونا (۲) دل کا خوش و خرم اور شاداب ہونا ٭

کنول گٹا (ہ) مذکر۔ کول ڈوڈے۔ کھانا۔ کنول کا بیج ٭

کنونڈا (کَنو۔ن۔ڈا) (۱) شرمندہ۔ شرمسار (۲) بدنام۔ رسوا۔ ذلیل (۳) عیبی۔ ناقص ٭

کنونڈا کرنا (ہ) (۱) شرمندہ کرنا (۲) احسان مند کرنا (۳) عیب لگانا ٭

کنونڈی (ہ) کنونڈا کی مؤنث ٭

کنونڈی بلی چوہے سے کان کترواتی ہے (ہ) مثل احسان مندی شرمسار کرتی ہے ٭

کنوؤں (ہ۔ مذکر) کنواں کی جمع حرف جار سے پہلے ٭

کنوؤں (کنوئیں) میں بانس ڈالنا (ہ) بہت دیکھ بھال کرنا۔ نہایت ڈھونڈنا ٭

کنوئیں بھانگ پڑنا (ہ) سب کا متوالا اور پاگل ہو جانا۔ اعلیٰ سے لے کر اعلیٰ تک کا مست و بیہوش بلکہ ازخود رفتہ و دیوانہ ہو جانا۔ کسی کی عقل کا بھی سلیم اور بجا نہ رہنا ٭

کنوئیں پر گئے اور پیاسے آئے (ہ) مثل امید کی جگہ گئے اور محروم آئے۔ کمال بدنصیبی کا اظہار ٭

کنوئیں جھانکنا (ہ) (۱) نہایت جستجو اور تلاش کرنا۔ حیران و پریشان ہونا (۲) کنوئیں میں گرنا ٭

کنوئیں کھودنے کو کھاتہ تیار (ہ) مثل اوروں کی برائی کرنے والے کو بھی نقصان اور ضرر پہنچ کر ہی رہتا ہے۔ جیسے فارسی میں "چاہ کن را چاہ در پیش" ٭

کنوئیں کی مٹی کنوئیں کو لگتی ہے (ہ) جہاں کی کمائی ہوتی ہے۔ وہیں صرف بھی ہو جاتی ہے ٭

کنوئیں میں بولنا (ہ) نہایت آہستہ اور دبی آواز سے بولنا۔ قریب مرگ ہونے کی آواز ٭

کُنہ (کُنْہ) (ع) مذکر (۱) کسی چیز کی انتہا۔ تہ۔ حقیقت (۲) (مجازاً) نکتہ باریکی۔ بات کی تہ ٭

کنہائی (کَنْہا۔ ای) (ہ) (مذکر) (۱) کرشن جی (۲) مؤنث سکڑی فصل کا تخمینہ ٭

کنہیا (کَنْہی۔یا) (ہ) مذکر (۱) سری کرشن جی (۲) خوب صورت لڑکا (۳) معشوق ٭

کنی (کَنی) (ہ) مؤنث (۱) ٹکڑا۔ ریزہ۔ پارہ۔ الماس کا ریزہ۔

(۲) ٹوٹے ہوئے چاول (۳) خامی - چاولوں کا وہ حصّہ جو گلنے سے رہ گیا ہو ÷
کنی (کَنی - نی) (ہ) مؤنث (۱) حاشیہ - کنارہ - سنجاف - فیتہ (۲) کنکوّے کا بازو ÷
کنی باندھنا (ہ) پتنگ کے بازو میں دھجی باندھ کر اُس کے دونوں بازوؤں کو ہموزن کرنا ÷
کنی دبنا (ہ) (۱) شرم کرنا - کنیانا (۲) ڈرنا - خائف ہونا ÷
کنی کھانا (ہ) پتنگ کا ایک رُخ کو جُھکنا - کنکوّے کا ایک طرف سے نیچا ہو کر اُڑنا ÷
کنے (ہ) مذکر - کنا کی جمع ÷
کنے ڈھیلے ہو جانا (ہ) (۱) رگ و پے کا سُست اور عضو کا بیکار ہو جانا - عاجز آ جانا (۲) کنکوّے کے بازو ڈھیلے ہو جانا ÷
کنیا (کَن - نِیا) (ہ) مؤنث (۱) چھوٹی عُمر کی لڑکی - معصومہ (۲) دوشیزہ کنواری (۳) بیٹی - دختر (۴) دُلھن - عروس (۵) چھٹی راس - بُرج سنبلہ کا ہندی نام (۶) دُرگا دیوی ÷
کنیا دان (ہ) مذکر (ہندو) (۱) لڑکی کا بیاہ کرنا (۲) جہیز - دان (۳) بیٹی کے بیاہنے کے لئے لوگوں سے کچھ مانگنا ÷
کنیانا (ہ) (۱) کنکوّے کا ایک طرف کو جُھکنا - پتنگ کا کنی کھانا (۲) کنارہ کرنا - بچنا - کترانا (۳) شرمانا - آنکھ سامنے نہ کرنا (۴) پاس نہ پھٹکنا - الگ الگ رہنا ÷
کُنیت (کُن - یَت) (ع) مؤنث - وہ نام جو باپ - ماں - بیٹا یا بیٹی کے تعلق سے بولا جائے ÷
کنیر (کَنیر) (ہ) مذکر - ایک تلخ زہریلا درخت اور اُس کا پھل ÷
کنیر کا پھول (ہ) مذکر (۱) گل خرزہرہ (۲) لڑائی کا گھر - فتنہ پرداز - فتنہ انگیز ÷
کنیز (کَنیز) (ف) مؤنث - لونڈی ÷
کنیزک (ف - مؤنث) کنیز کی تصغیر ÷
کنیسہ (کَنی - سَہ) (ف - مذکر) گرجا - یہودیوں اور عیسائیوں کا عبادت خانہ ÷

ک - و

کو (کُو) (ہ) (۱) علامت مفعول (۲) واسطے - لئے - برائے ÷
کو (کُو) (ف) مؤنث (۱) گلی - کوچہ - محلّہ (۲) کون - کدام ÷
کواپریٹ (کو - آپ - رِیٹ) (انگ CO-OPERATE) باہم مل کر کام کرنا ÷
کواپریٹو سوسائٹی (انگ CO-OPERATIVE - SOCIETY) (مؤنث) مُشترک سرمائے سے کام کرنے والی جماعت ÷
کواپریشن (انگ CO-OPERATION) (مذکر) تعاون - اشتراکِ عمل ÷
کوّا (کَو - وَا) (ہ) مذکر - زاغ - کاگ (۲) گوشت کا وہ چھوٹا سا ٹکڑا جو آدمی کے حلق میں ہوتا ہے ÷
کوّی (ہ) مؤنث - کالی عورت - حبشن ÷
کوّا پھنسانے کی چال ہے (ہ) ہوشیار آدمی کو دام فریب میں لانے کا ڈھنگ ÷
کوّا ٹرٹراتا ہی ہے - دھان پکتے ہی ہیں (۱) دشمن کے بُرا چاہنے سے بُرا نہیں ہوتا ÷
کوّا چلا ہنس کی چال اپنی بھی بھول گیا (ہ) (مثل) اپنی اوقات سے بڑھ کر حوصلہ کرنے کا نتیجہ یہ ہے کہ انسان اپنی پچھلی حیثیت بھی گنوا دیتا ہے ÷
کوّا ناک لے گیا ناک کو نہیں دیکھتے کوّے کے پیچھے دوڑے جاتے ہیں (ہ) جہاں کوئی شخص جھوٹی بات کی پیروی کرتا جائے اور تحقیق کی طرف متوجہ نہ ہو - وہاں یہ مثل بولی جاتی ہے ÷
کوار (کُوار) (ہ) مذکر - ہندی چھٹا مہینہ - اسوج ÷
کوارا (کُوا - رَا) (ہ) بن بیاہا - ناکتخدا - مجرد ÷
کوارپت (مؤنث) (ہ) دوشیزگی
کوار چھل (مذکر) کوارپن - چیرہ ÷
کوارپت (یا) کوار چھل اُتارنا (ہ) ازالۂ بکر کرنا - چیرہ اُتارنا - کوارپن دُور کرنا ÷
کوارپن - کوارپنا (ہ) مذکر (عو) شادی ہونے سے پہلے کا زمانہ ÷
کوارٹر (کُوار - ٹَر) (انگ QUARTER) (مذکر) (۱) چوتھا حصّہ - چوتھائی (۲) ہنڈرڈ ویٹ کا چوتھا حصّہ ۲۸ پونڈ کا وزن (۳) سہ ماہی - سال کا چوتھا حصّہ (۴) مقام - جگہ - چھاؤنی - قیام (۵) محلّہ - ٹولہ (۶) سپاہیوں یا افسروں کے رہنے کا مقام ÷
کوارٹر گارڈ (انگ - QUARTER GUARD) (مؤنث) چھاؤنی - فوج یا پولیس گارد کی حوالات جہاں قید کی سزا پانے والے سپاہی رکھے جاتے ہیں ÷
کوارٹر ماسٹر (انگریزی - QUARTER MASTER) (مذکر - فوجی محکمے کا وہ افسر جو چھاؤنیوں کے لئے ہر

چیز مہیا کرتا ہے ۔

کوارنٹین (کُوا۔ رَن۔ ٹِین) (انگ۔ مؤنث دیکھو (قرنطینہ) ۔

کوارنٹین کی حالت (ا۔ مؤنث) جہاز کا مقررہ عرصے کے لئے کوارنٹین کے باعث بندرگاہ میں کھڑا رہنا ۔

کواری (ہ) بن بیاہی لڑکی۔ دوشیزہ۔ باکرہ ۔

کواری کوارمان بیاہی پشیمان۔ کام کے نہ کرنے والا تو یاس میں پریشان اور کرنے والا مصیبت میں حیران ۔

کواری کو سدا بسنت (ہ) (مثل) آزاد اور مجرد آدمی کے لئے ہر وقت خوشی ہے ۔

کواڑ (کِوَاڑ) (ہ) مذکر (۱) در۔ دروازہ (۲) پٹ۔ دروازہ بند کرنے کے تختے ۔

کواڑ بند کرنا۔ یا۔ بھیڑنا (ا) پٹ بھیڑنا۔ کواڑ موندنا۔ کنڈی لگانا۔ دروازہ بند کرنا ۔

کواڑ توڑ کے کھانا (ہ) مصیبت کے دن کاٹنا۔ مصیبت بھرنا۔ جوں توں عمر بسر کرنا ۔

کواڑی (کِوَا۔ ڑِی) (ہ) مؤنث (۱) کواڑ کی تصغیر (۲) انگرکھے کا پردہ۔ قبا۔ وہ کپڑا جو سینے کے دونوں طرف ہوتا ہے (۳) مذکر نیلام کی چیزیں بیچنے والا۔ کباڑیا ۔

کواسا (ہ) دیکھو (کنواسا) ۔

کواغذ (کَوَا۔ غِذ) (ع۔ مذکر) کاغذ کی جمع۔ کاغذات ۔

کواکب (کَوَا۔ کِب) (ع۔ مذکر) کوکب کی جمع۔ روشن ستارے ۔

کوانا (کُوَا۔ نَا) (ہ) (عوام) (عو) (۱) برّانا (۲) (کنایۃً) بدحواس ہو جانا ۔

کوانچ (کُوَانچ) (ہ) مؤنث۔ ایک درخت اور اس کی پھلی ۔

کوائف (کَوَا۔ اِف) (ع۔ مذکر) (عوام) کیفیت کی جمع ۔

کوبانس (کَو۔ بانس) (ہ۔ مذکر) کوّوں کو بانس سے اڑانے کا فعل۔ کوّوں کے اڑانے کی آواز ۔

کوبانس کو بانسہ کرنا (ہ) کوّے اڑانا (۲) مارا مارا پھرنا ۔

کوبڑ (کُو۔ بڑ) بڑھاپے کے باعث پیٹھ کی ہڈی کا نکل آنا ۔

کوبہ (کُو۔ بَہ) (ف۔ مذکر) مٹی کوٹنے یا ڈھیلے پھوڑنے کا چوبی آلہ ۔

کوبہ کاری (ف) مؤنث (۱) چونہ وغیرہ کوٹنا (۲) مار پیٹ کرنا زدوکوب کرنا ۔

کوپ (کُوپ) (س) مذکر (ہندو) (۱) غصہ۔ خفگی۔ کرودھ عتاب (۲) اصطلاح بمبئی میں چائے کی پیالی ۔

کوپل (کُو۔ پَل) (ہ) مؤنث۔ شگوفہ۔ کلی۔ ننھے پھوٹے ہوئے ملائم پتے ۔

کوپل پھوٹنا۔ یا۔ نکلنا (ا) شگوفہ نکلنا۔ نئے پتے پھوٹنا ۔

کوپن (کُو۔ پَن) انگریزی (COUPON) (مذکر) پرچہ۔ رسید۔ اقرارنامہ ۔

کوت (کُوت) (ہ) مؤنث (۱) اندازہ۔ تخمینہ۔ پرکھ۔ جانچ (۲) پیمائش ماپ ۔

کوتاہ (کُو۔ تاہ) (ف) (۱) چھوٹا۔ اوچھا (۲) کم۔ تھوڑا (۳) مختصر۔ مجمل (۴) تنگ۔ سکڑا (۵) ٹھنگنا۔ پست (۶) (ا) بے باقی ۔

کوتاہی (ف) مؤنث (۱) کمی۔ نقص۔ کسر (۲) تنگی۔ ضیق ۔

کوتاہی کرنا (ا) کمی کرنا۔ دریغ کرنا ۔

کوتک (کَو۔ تُک) (ہ) مذکر (۱) کام۔ فعل۔ لچھن (۲) بدکرداری۔ بدچلنی ۔

کوتل (کُو۔ تَل) (ف) مذکر۔ خالی گھوڑا۔ خاص گھوڑا۔ وہ گھوڑا جو امیروں کی سواری کے آگے آراستہ پیراستہ ہو کر محض سجاوٹ اور دکھاوے کے لئے رہے۔ جلو کا گھوڑا ۔

کوتل گارد (ہند) دیکھو (کوارٹر گارڈ) ۔

کوتنا (ہ) اندازہ کرنا۔ جانچنا۔ پرکھنا ۔

کوتوال (کُو۔ تْ۔ وَال) (ف) مذکر۔ پولیس کا وہ عہدہ دار جس کے ماتحت کئی تھانے ہوں۔ محافظ قلعہ یا شہر ۔

کوتوالی (ا) مؤنث۔ کوتوال کا دفتر۔ پولیس سٹیشن۔ بڑا تھانہ ۔

کوتوالی چڑھنا (ا) (۱) دنگا فساد یا چوری اور فوجداری کے جرم کے سبب کوتوالی تک جانا (۲) بدمعاشوں میں نام لکھا جانا ۔

کوتہ (کُو۔ تَہ) (ف۔ ا) کوتاہ کا مخفف ۔

کوتہ اندیش (ف) چھوٹی سمجھ والا۔ کم سمجھ۔ کم حوصلہ۔ کم بین ۔

کوتہ قد (ف۔ ع) ٹھنگنا۔ بونا۔ پستہ قد ۔

کوتھا (کَو۔ تھَا) (ہ) (عوام) کون سا ۔

کوتھلا (کُو۔ تھ۔ لا) (ہ) مذکر (۱) تھیلا۔ تھیلی (۲) جیب۔ پاکٹ (۳) (مجازاً) پیٹ۔ شکم ۔

کوتھلا بھرنا (ہ) پیٹ بھرنا۔ ادھوڑی تاننا ۔

کوتھمیر (کُو۔ تھ۔ مِیر) (ہ) مذکر۔ ہرا دھنیا۔ دھنیے کے پتے ۔

کوتھی (کَو۔ تھِی) (ہ) (عوام) کون سی ۔

کوتھی (کُو۔ تھِی) (ہ) مؤنث۔ تلوار وغیرہ کے میان کا لوہا جو

بطور شام کے لگا ہوتا ہے ۔

کوٹ (کوٹ) انگریزی COAT (مذکر) واسکٹ کے اوپر کا چوغہ ۔

کوٹ (کوٹ) (ہ) مذکر (۱) قلعہ۔حصار۔گڑھ (۲) فصیل۔شہر پناہ۔چار دیواری (۳) احاطہ (۴) (مجازاً) قالب۔جسم۔سریر ۔

کُوٹ (کُوٹ) (ہ) کوٹنا کا امر ۔

کُوٹ کر (ہ) پیس کر۔چورا کر کے۔ازحد ۔

کُوٹ کُوٹ کر موتی بھرنا (ہ) (۱) حسن کا ایک جا جمع کر دینا (۲) آنکھوں کو نہایت چمکدار اور بارونق بنانا ۔

کوٹلا۔یا۔کوٹلہ (ہ) چھوٹا قلعہ۔گڑھی ۔

کُوٹنا (ہ) (۱) پیٹنا۔کوبہ کاری کرنا (۲) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔کچلنا (۳) مارنا۔زدوکوب کرنا (۴) بجانا۔ڈنکا لگانا ۔

کوٹو (کُو۔ٹُو) (ہ) مذکر۔ایک قسم کا اناج ۔

کوٹھا (کُو۔ٹھا) (ہ) مذکر (۱) بالاخانہ۔اوپر کا کمرہ (۲) مکان کی بڑی کوٹھڑی (۳) ذخیرہ۔گودام۔گھر (۴) (گنوار) پیٹ۔شکم۔معدہ (۵) بچہ دان۔رحم ۔

کوٹھا بگڑ جانا (ہ) (ہندو) (۱) معدے کا غلیظ ہونا (۲) رحم یا بچہ دان میں خرابی ہو جانا ۔

کوٹھا لینا۔یا۔کوٹھا لیکر بیٹھنا (ہ) (۱) پیشہ کمانا۔(۲) کسب اختیار کرنا ۔

کوٹھڑی (کوٹھ۔ڑی) (ہ) مؤنث۔حجرہ۔کمرہ۔درجہ ۔

کوٹھی (کو۔ٹھی) (ہ) مؤنث (۱) چھوٹا پکا گھر (۲) گودام۔ذخیرۂ غلہ رکھنے کا ظرف (۳) بینک۔ساہوکار یا صراف کی کوٹھی (۴) کارخانہ۔بڑی دوکان (۵) بندوق کا خزانہ جس میں بارود جا کر ٹھہرتی ہے (۶) امیروں یا انگریزوں کے رہنے کا مکان بنگلہ۔حویلی (۷) بچہ دان۔رحم ۔

کوٹھی بیٹھنا (ہ) دیوالہ نکلنا۔گھاٹا آنا ۔

کوٹھی کُٹھلا کو ہاتھ نہ لگانا گھر بار آپ کا ہے (ہ) (مثل) ایسے موقع پر بولتے ہیں۔جہاں کوئی مطلوبہ چیز تو نہ دے مگر زبانی کہتا جائے کہ سب کچھ آپ کا ہے ۔

کوٹھی وال (ہ) مذکر۔ساہوکار ۔

کوٹھے (ہ) مذکر۔کوٹھا کی جمع ۔

کوٹھے اوپر تومڑی۔کیا دے گی سوتڑی (ہ) (مثل) کنجوس سے حاجت پوری ہونے کی امید نہیں ہوتی ۔

کوٹھے پر بیٹھنا (ہ) (فحش) پیشہ کمانا (ناجائز) کسب کمانا ۔

کوٹھے والا روئے چھپر والا سوئے (ہ) دولتمند کی نسبت غریب آدمی آسودہ زندگی بسر کرتا ہے غریب لوگ کی نسبت دولتمند زیادہ محتاج اور شاکی پائے جاتے ہیں ۔

کوٹھے والیاں (ہ) مؤنث (عو) رنڈیاں۔کنچنیاں کسبیاں ۔

کوثر (کو۔ثر) (ع) مذکر۔بہشت کی ایک نہر۔جنت کا حوض ۔

کُوچ (کُوچ) (ف) مذکر۔روانگی۔رحلت۔ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا ۔

کُوچ کرنا (ل۔ا) روانہ ہونا۔سفر کرنا (۲) مرنا۔وفات پانا (۳) رخصت ہونا۔وداع ہونا ۔

کُوچ مقام (ف۔ع) (مذکر) چلنا اور ٹھہرنا ۔

کُوچ (کُوچ) (ہ) مذکر جلاہوں کی تانی صاف کرنے کا بُرش ۔

کُوچ (کُوچ) (ہ۔مذکر) وہ موٹا پٹھا جو آدمی کی ایڑی کے اوپر اور چارپایوں کے ٹخنے کے پیچھے ہوتا ہے ۔

کوچ (کوچ) (انگریزی۔COACH) (مؤنث) پالکی۔گاڑی ۔

کوچ بکس (انگریزی۔COACH BOX) (مذکر) بگھی میں کوچبان کے بیٹھنے کی جگہ ۔

کَوچ (کَوچ) (انگریزی COUCH) بستر۔آرام گاہ۔بید سے بنا ہوا ایک قسم کا پلنگ۔گدے دار بڑی کرسی جس پر دو تین آدمی بیٹھ سکیں ۔

کوچا (کو۔چا) (ہ) مذکر۔کچوکا۔کسی نوک دار چیز کا تھوڑا سا زخم ۔

کُوچا (کُو۔چا) (ہ) مذکر۔املی کی نئی چلی جسے برج کے ساتھ پیس کر کھاتے ہیں ۔

کوچک (کُو۔چک) (ف) چھوٹا۔خرد۔کوتاہ ۔

کُوچنا (کُوچ۔نا) (ہ) (ہندی) (عو) چبھونا۔چھری یا کانٹے سے گودنا ۔

کُوچہ (کُو۔چہ) (ف) مذکر۔گلی۔محلہ۔باڑا۔تنگ راہ ۔

کُوچہ بکُوچہ (ف) گلی گلی ۔

کوچہ بندی کرنا (ل) محلوں یا گلیوں کی حد باندھنا۔احاطہ کھینچنا ۔

کوچہ گردی (ف) مؤنث۔آوارہ گردی۔گلیوں کو چھانتے پھرنا ۔

کوچہ گردی کرنا (ل) آوارہ پھرنا۔خراب خستہ پھرنا۔واہی تباہی پھرنا ۔

کُوچے (ل) مذکر۔کوچہ کی جمع ۔

کوچے (ہ) مذکر۔کوچا کی جمع ۔

کوچے دینا (ہ) (۱) زخم ڈالنا۔ گودنا (۲) طعنے جھڑ دینا۔ جلانا +

کُوچی (ت) مؤنث۔ بُرش +

کوچیں (ہ) (مؤنث) کوچ کی جمع (۱) دونوں پیروں کی ایڑیوں کے اوپر کے موٹے پٹھے (۲) (مجازاً) پاؤں +

کوچیں کاٹنا (ہ) ایڑی کے اوپر سے پاؤں کے پٹھے کاٹنا۔ قدم کاٹ ڈالنا۔ لُولا بنا دینا +

کُود (کُوْد) (ہ) کودنا کا امر +

کُود پھاند (ہ) مؤنث۔ اُچھل کود۔ دوڑ دھوپ +

کودک (کُو۔دَک) (ف) مذکر۔ طفل۔ لڑکا۔ بچّہ +

کودن (کُو۔دَن) (ف) مذکر (۱) سُست رفتار۔ بارکش۔ گھوڑا (۲) کُند فہم۔ مُورکھ۔ نادان۔ احمق +

کودنا (ہ) (۱) اُچھلنا۔ پھاندنا۔ چھلانگیں مارنا (۲) بنایت خوش ہونا۔ خوشی میں پھُولا نہ سمانا (۳) گھمنڈ کرنا۔ اترانا +

کودوں (کُو۔دُوں) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا سخت غلّہ +

کودوں دلانا (ہ) سخت کام لینا۔ کٹھن کام کرانا +

کودوں دیکر پڑھنا (ہ) مُفت پڑھنا۔ کم خرچ کرکے پڑھنا۔ ناقص تعلیم پانا +

کور (کُوْر) (ہ) مؤنث۔ کنارہ۔ حاشیہ۔ کنّی۔ سرا۔ سنجاف مغزی +

کور دبنا (ہ) (۱) کنّی دبنا (۲) عاجز ہونا۔ مغلوب ہونا +

کور کسر (ہ) مؤنث۔ کمی۔ نقص۔ عیب۔ کمی وبیشی۔ بُرائی بھلائی۔ قصور۔ قباحت +

کور (کُوْر) (ف) اندھا +

کورانہ (ف) اندھوں کی طرح +

کور باطن
کور دِل } (ف) کُند فہم۔ کم ذہن۔ ناسمجھ +

کور بخت (ف) بدبخت۔ بدنصیب +

کور چشم۔ دیدہ یا نگاہ (ف) اندھا +

کور دِہ (ف) مذکر (۱) کم آباد اور چھوٹا گاؤں جسے کوئی نہ جانتا ہو (۲) جاہلوں کی بستی +

کور مادر زاد (ف) پیدائشی اندھا +

کور نمک (ف) نمک حرام۔ ناشکرا۔ احسان فراموش +

کَور (کَوْر) (ہ۔ مذکر) (ع) لقمہ +

کورا (کُو۔رَا) (ہ) (۱) نیا۔ غیر مستعمل (۲) سادہ۔ صاف۔ بے لاگ (۳) محض جاہل۔ احمق۔ نادان (۴) غریب مفلس۔ تنگ دست (۵) بے مروّت۔ بے وفا۔ مُنہ کھا (۶) خالص۔ بالکل +

کورا بچنا (ہ) صاف بچنا۔ بال بال بچنا +

کورا برتن (ہ) مذکر (۱) غیر مستعمل برتن (۲) (مجازاً) دوشیزہ لڑکی۔ کنواری بچی +

کورا پنڈا (ہ) مذکر (ع) بن بیاہی عورت۔ کوارا۔ کنواری +

کورا رکھنا (ہ) (۱) کچھ نہ سکھانا (۲) بالکل محروم رکھنا۔ وعدہ وفا نہ کرنا +

کورا رہ جانا (ہ) بالکل محروم رہ جانا۔ کچھ حاصل نہ ہونا (۲) جاہل رہنا +

کورا کاغذ (ہ) بے لکھا کاغذ۔ سادہ کاغذ +

کورٹ (کُوْرٹ) (انگریزی COURT) (مذکر) قصر شاہی۔ محل سرا (۲) کچہری۔ عدالت۔ دربار۔ (۳) مرد اور عورت کا شادی کے ارادے سے باہم ملنا +

کورٹ آف وارڈز (انگ COURT OF WARDS) مذکر نابالغوں کی جائداد کے انتظام کا سررشتہ +

کورٹ انسپکٹر (انگریزی COURT INSPECTOR) مذکر۔ پولیس کا وہ عہدہ دار جو سرکار کی طرف سے عدالت میں مقدمات کی پیروی کرتا ہے +

کورٹ شپ (انگریزی۔ COURTSHIP) (مؤنث) شادی سے پہلے میاں بیوی بننے والوں کی ملاقاتوں کا زمانہ۔ جس میں ایک دوسرے کو پرکھ دیکھ لیتے ہیں +

کورٹ مارشل (انگریزی ۔ COURT MARTIAL) (مذکر) جنگی یا جہازی افسروں کے مقدمات کا اجلاس +

کورس (کُوْرس) (انگریزی ۔ COURSE) (۱) رستہ طور۔ طریقہ (۲) تعلیم کا زمانہ (۳) درسی کتاب +

کُورنش (معرّب) (ت۔ کُرنش) مؤنث۔ خمیدگی۔ جھکاؤ۔ تسلیم۔ بندگی۔ آداب +

کورنش بجالانا (ا) آداب بجالانا۔ تسلیم عرض کرنا۔ بندگی کرنا +

کورنشات (ف) مؤنث۔ جمع کورنش کی +

کورو (کُو۔رُو) (س) مذکر۔ دھرت راشٹر کے بیٹے۔ مہابھارت کی لڑائی میں یہی پانڈوں کے مقابلہ پر تھے +

کورو (کَو۔رُو) (ہ۔ مذکر) (۱) غلّے وغیرہ کی لکڑی یا جھانکڑ (۲) شہتیر +

کوری (کُو۔رِی) (ف۔ مؤنث) اندھاپن +

کوری (ہ) مؤنث۔ کورا کی تانیث +

کورے (ہ) مذکر۔ کورا کی جمع +

کورے استرے سے سر مُنڈوانا (ا) (۱) نہایت تکلیف دینا - سخت سزا دلوانا (۲) لُوٹ لینا ؛

کوڑ (ہ) (۱) بے وقوف - گنوار - احمق - مُورکھ - لغو - مہمل - بے تمیز ؛

کوڑ مغز (ا) کند ذہن - احمق - نادان - بے تمیز - نالائق ؛

کوڑا (کُوڑا) (ہ) (۱) گھاس پھوس - خس و خاشاک (۲) خراب اور نکمّی چیز - الا بلا ؛

کوڑا کرکٹ (ہ) مذکر - دیکھو (کوڑا) ؛

کوڑا (کُوڑا) (ہ) مذکر (۱) چابک - دُرّہ - تازیانہ (۲) تنبیہ - گوشمالی ؛

کوڑا لگانا (ہ) (۱) چابک لگانا - تازیانہ مارنا (۲) تنبیہ کرنا - گوشمالی کرنا ؛

کوڑا (کَوڑا) (ہ - مذکر) بڑی کوڑی ؛

کوڑھ (کُوڑھ) (ہ) (مذکر) برص - جُذام - ایک مرض جو فسادِ خون سے ہوتا ہے اس میں یا تو بدن پر سفید دھبّے پڑ جاتے ہیں یا اعضا پر ورم ہو کر انگلیاں وغیرہ گرنے لگتی ہیں ؛

کوڑھ ٹپکنا - یا - چونا (ہ) برص یا جذام کی شدّت سے جا بجا زخم ہو کر بہنے لگنا ؛

کوڑھ میں کھاج (ہ) مصیبت میں مصیبت - تکلیف میں تکلیف - ایک تو کوڑھ اُس پر کھجلی اور بھی عذاب جان ؛

کوڑھی (ہ) (۱) جذامی - مجذوم (۲) سُست - کاہل - نکمّا ؛

کوڑھی کے جُوں نہیں پڑتی (ہ) (مثل) جو خود مصیبت زدہ ہے - اس پر کیا آفت آئے گی - دراصل کوڑھی کا خون خراب ہو جاتا ہے - جسے جُوں بھی پینے کے لائق نہیں سمجھتی ؛

کوڑی (کُو - ڑی) (ہ) مؤنث - ایک بیسی - بیس کی گنتی ؛

کوڑی (کَو - ڑی) (ہ) مؤنث (۱) خرمُہرہ - ایک قسم کا چھوٹا سنکھ جو ادنےٰ سکّے کا کام بھی دیتا ہے (۲) سینے کی ہڈی جو خرمُہرے کی طرح اونچی ہے (۳) کٹاری کی نوک (۴) (مجازاً) روپیہ - پیسہ - مال - دولت (۵) مقدار قلیل (۶) حبّہ - دمڑی - پائی ؛

کوڑی بھر (ہ) تھوڑا سا ؛

کوڑی پاس نہ ہونا (ہ) نہایت مفلس اور تنگدست ہونا ؛

کوڑی پھرنا (ہ) چند آدمیوں کا کسی امر پر متفق اور ہم رائے ہونا ؛

کوڑی پھیرا کرنا (ہ) بہت سے پھیرے کرنا - بار بار آنا جانا ؛

کوڑی کا ہو جانا (ہ) نکمّا اور خراب ہو جانا - کام کا نہ رہنا - نظروں سے گر جانا ؛

کوڑی کا مال نہیں (ہ) محض نکمّا ہے - بے حقیقت ہے ؛

کوڑی کفن کو نہ ہونا (ا) نہایت محتاج اور مفلس ہونا ؛

کوڑی کوڑی (ہ) (۱) ایک ایک کوڑی (۲) ذرا ذرا - حبّہ حبّہ ؛

کوڑی کوڑی ادا کرنا (ا) ایک ایک حبّہ چُکا دینا - دام دام بے باق کرنا ؛

کوڑی کوڑی جوڑنا (ہ) تھوڑا تھوڑا کر کے روپیہ جمع کرنا - نہایت کفایت شعاری اور کنجوسی سے پس انداز کرنا ؛

کوڑی کوڑی کو تنگ یا حیران ہونا (ا) نہایت تنگدست ہونا - ایک ایک پیسے کے لئے حیران و پریشان ہونا ؛

کوڑی کوس دَوڑنا (ہ) (۱) نہایت لالچی اور حریص ہونا ایک ایک کوڑی کے لئے کوس بھر کا چکّر لگانا (۲) نہایت محنت و مشقّت کرنا ؛

کوڑی کو نہ پوچھنا (ہ) (۱) ذرا قدر نہ کرنا - مُفت بھی کام نہ لینا (۲) نہایت حقیر اور ذلیل جاننا ؛

کوڑی کے تین تین بِکنا (ہ) (۱) نہایت ارزاں اور سستا بِکنا (۲) کمال بے قدر اور حقیر ہونا ؛

کوڑی کے کام کا نہیں (ہ) محض نکمّا اور ناکارہ ہے ؛

کوڑی کے مول بِکنا (ہ) نہایت سستا اور ارزاں بِکنا ؛

کوڑی نہیں گانٹھ میں چلے باغ کی سیر (ہ) (مثل) کم مائگی کی حالت میں بڑے حوصلے کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں ؛

کوڑے کر ڈالنا (ہ) ارزاں بیچ ڈالنا - دام کھرے کر لینا ؛

کوڑیا (کَو - ڑِیا) (ہ) (مذکر) چھوٹا دروازہ ؛

کوڑیا غلام (ا - مذکر) بے دام غلام ؛

کوڑیالا (کَو - ڑِیا - لا) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا سفید چتّیوں والا زہریلا سانپ (۲) ایک بُوٹی (۳) مالدار - دولتمند - امیر ؛

کوڑیاں (ہ) مؤنث - کوڑی کی جمع ؛

کوڑیوں کے مول بِکنا (ہ) نہایت ارزاں اور بے قدری کے ساتھ فروخت ہونا ؛

کوز (کُوز) (ف) خمیدہ - کُبڑا ؛

کوزپشت (ف) خمیدہ پشت ۔ کبڑا ۔ بڈھا ۔

کوزہ (کُو ۔ زَہ) (ع) مذکر (۱) ڈونگا (۲) قفلی ۔ قلفی (۳) مصری کے گول گول ڈلے (۴) مٹی کا برتن (۵) مٹی کا آبخورہ ۔

کوزے (ا) کوزہ کی جمع ۔

کوزے میں دریا بند کرنا (ا) کسی بہت بڑے مضمون کو نہایت قلیل اور مختصر کر کے اس طرح لکھ دینا کہ مطلب بھی فوت نہ ہو اور اختصار بھی ہو جائے ۔

کوزیاں (کُو ۔ زیاں) (ا ۔ مؤنث) مٹی کے چھوٹے آبخورے ۔

کوس (کُوس) (ہ) مذکر (۱) فرسنگ ۔ تین ہزار گز کی لمبائی (۲) (ا) آستین کا کف ۔

کوس نہ چلی بابل پیاسی (ہ) کام کے شروع ہی میں تھک جانے اور ہمت ہار دینے کا اظہار ۔

کوس (ف) مذکر ۔ بڑا نقارہ ۔ دمامہ ۔ بڑا طبل ۔

کوس رحلت (ف) مذکر ۔ کوچ کا نقارہ ۔ روانگی کی خوشی ۔

کوس لمن الملک (ف ۔ ع) لڑائی کا ڈنکا لمن ترانی ۔

کوسا (کُو ۔ سا) (ہ) مذکر ۔ دعائے بد ۔ بُرا بھلا کہنا ۔

کوسا کاٹی (ہ) (مؤنث) (ع) دعائے بد ۔ کوسنا ۔

کوسنا (ہ) (۱) دعائے بد دینا ۔ بُرا بھلا کہنا (۲) پیٹنا ۔ ماتم کرنا ۔

کوسوں (ہ) مذکر (۱) کوس کی جمع (۲) بہت دُور ۔ کالے کوس ۔

کوسوں بھاگنا (ہ) (۱) دُور چلے جانا ۔ الگ رہنا (۲) ازحد نفرت کرنا ۔

کوسوں دُور ہونا (ہ) نہایت دور ہونا ۔ بہت الگ رہنا ۔

کوش (کُوش) (س) مذکر (۱) خزانہ ۔ گنجینہ (۲) ڈکشنری ۔ لغات ہندی (۳) میان ۔ نیام ۔ خانہ ۔

کوشاں (ف) کوشش کرنے والا ۔

کوشش (کُو ۔ شِش) (ف) مؤنث ۔ سعی ۔ جدوجہد ۔ جستجو قصد ۔ پیروی ۔ دوڑ دھوپ ۔

کوشش کرنا (ا) جدوجہد کرنا ۔ ہاتھ پاؤں ہلانا ۔ دوڑ دھوپ کرنا ۔

کوشک (کُو ۔ شَک) (ف) (مذکر) قصر ۔ محل ایوان ۔ اونچی اور بلند عمارت ۔ راج مندر ۔

کوفت (کُوفْت) (ف) (مؤنث) (۱) صدمہ آزار ۔ آسیب (۲) (ا) درد ۔ دکھ ۔ سختی ۔ مصیبت (۳) (ا) غم ۔ رنجش (۴) (ا) تھکن ۔ تکان ۔

کوفتہ (ف) (۱) آسیب رسیدہ (۲) (مذکر) گول کباب ۔

کوفتہ بیختہ (ف) کوٹ چھان کر ۔

کوفتہ را نانِ تہی کوفتہ است (ف) (مثل) دکھی کے لئے سوکھی روٹی بھی غنیمت ہے ۔

کوفہ (کُو ۔ فَہ) (ع) مذکر ۔ عراق عرب کا مشہور شہر جسے حضرت عمرؓ نے بطور چھاؤنی کے سرحد عرب پر آباد کیا تھا ۔ اور حضرت علیؓ نے اسے دار الخلافہ بنایا ۔

کوفی (ع) (۱) کوفہ کا رہنے والا (۲) (مجازاً) بے وفا ۔

کوک (ف) مؤنث (۱) آواز بلند (۲) (ا) تیز یلی آواز ۔ ترانہ (۳) (ا) قمری ۔ فاختہ اور کوے کی آواز (۴) (ا) چیخ ۔ شور ۔ کلکاری (۵) (ا) آہ و نالہ (۶) (ا) گھڑی گھنٹے یا باجے وغیرہ کی کنجی ۔

کوک (کُوک) (ہ) مؤنث ۔ کچی سلائی ۔ لمبے لمبے ٹانکے ۔

کوک شاستر (ہ) مذکر ۔ وہ کتاب جس میں عورتوں کی قسمیں اور عورتوں کے آسنوں کے ڈھنگ لکھے ہیں اس کے مصنف کا نام "کوکا" تھا ۔ اسی پر کتاب کا نام ہے

کوکا (کُو ۔ کا) (ہ) مذکر ۔ سکھوں کا وہ فرقہ جو بھائی رام سنگھ بڑھئی نے قائم کیا تھا ۔

کوکا (کُو ۔ کا) (ہ ۔ مذکر) چھوٹی سی میخ ۔

کوکا بیلی (ہ ۔ مذکر) کنول

کوکب (کَو ۔ کَب) (ع) مذکر ۔ روشن ستارہ ۔ بڑا ستارہ ۔ محض ستارہ ۔

کوکبہ (کَو ۔ کَبَہ) (ع ۔ ف) مذکر (۱) ستارہ (۲) جماعت انبوہ ۔ بھیڑ بھاڑ (۳) شان و شکوہ (۴) شاہی جلوس جلوہ ۔

کوکر (کُو ۔ کَر) (ہ) مذکر (۱) سگ ۔ کتا ۔ کلب (۲) (حقارتاً) نوکر کا نوکر ۔

کوکر بسیرا کرنا (ہ) ذرا کی ذرا ستانا ۔ بہت کم آرام لینا ۔ بہت کم ٹھہرنا ۔

کوکر چندی (چھندی) (ا) مؤنث ۔ ایک جنگلی بوٹی جس کے پتوں کو پیس کر سگ گزیدہ کے زخم پر لیپ کرتے ہیں ۔

کوکلا (کُوک ۔ لا) (ہ) مذکر ۔ کویل ۔

کوکلتاش (کُو ۔ کل ۔ تاش) (ت ۔ مذکر) بادشاہ کا دودھ بھائی ۔

کوکنا (ہ) کچی سلائی کرنا ۔ تاگا ڈالنا ۔

کوکنا (ہ) (۱) چیخنا چلانا ۔ شور کرنا ۔ غل مچانا (۲) کویل کا بولنا (۳) گھڑی یا گھنٹے یا باجے میں کنجی دینا (۴) کراہنا ۔ درد کی آواز نکالنا ۔

کوکنار (کُوک ۔ نار) (ف) پوست ۔ خشخاش کا ڈوڈا ۔

کوکنی (کُوک ۔ نی) (ہ) (۱) چھوٹا ۔ ننھا (۲) ادنے درجہ کا

کٹھل۔

کوکئی (کو-کَ-ئی) (ا) مذکر۔ ایک رنگ جو شہاب لاجورد اور پھٹکڑی سے تیار کیا جاتا ہے۔

کوکو (کو-کو) (ف) مؤنث۔ فاختہ کی آواز۔ قمری کی صدا۔

کوکو (کو-کو) (ہ) : مؤنث (۱) کوا۔ زاغ (۲) بچوں کو ڈرانے کی آواز۔

کوکو (کو-کو) (انگریزی COCOA) مؤنث (۱) ایک قسم کا سفوف جو ایک درخت کے بیجوں سے تیار کیا جاتا ہے (۲) ایک قسم کی چائے جو اس سفوف سے تیار کی جاتی ہے۔

کوکہ (کو-کہ) (ت) (۱) انّا کا بیٹا۔ برادر رضاعی۔ دودھ شریک بھائی (۲) انّا کی بیٹی۔ دودھ بہن۔

کوکھ (کو-کھ) (ہ) مؤنث (۱) پیٹ۔ شکم۔ بطن (۲) پیچے کی وہ جگہ جہاں ہڈی نہیں ہوتی (۳) حمل۔ گربھ (۴) بچہ دانی (۵) اولاد۔

کوکھ اُجڑ جانا (ہ) (۱) حمل کا گر پڑنا۔ حمل کا قرار نہ پانا۔ حمل نہ رہنا (۲) اولاد کا مر جانا۔ اولاد کا زندہ نہ رہنا۔

کوکھ بند (ہ) مؤنث۔ بانجھ عورت۔ عقیمہ۔

کوکھ جلی (ہ) مؤنث۔ وہ عورت جسے بچوں کے مرنے کا صدمہ پہنچا ہو۔

کوکھ سے ٹھنڈی ہے (ہ) اولاد سے خوش ہے۔ گود بھری ہے۔

کوکھ ماری جانا (ہ) (ہندو) (عو) بانجھ ہو جانا۔ حمل کے قابل نہ رہنا۔

کوکھ مانگ بھری پُری رہے (ہ) (دعا) (عو) تمہاری اولاد اور خاوند زندہ و سلامت رہیں۔ گود بھری رہے اور سہاگن بنی رہو۔

کوکھیں (ہ) مؤنث۔ کوکھ کی جمع۔

کوکھیں لگنا (ہ) بھوک کے مارے کوکھوں کا خالی معلوم ہونا۔ بھوکا ہونا۔

کوکئی (کو-کئی) (ا) ایک قسم کا اودا رنگ۔ کوکئی رنگ۔

کوکین (کو-کین) (انگ - COCAINE) مؤنث۔ ایک انگریزی دوا جو نشہ آور اور بے حس کر دینے والی ہوتی ہے بعض لوگ پان میں ڈال کر استعمال کرتے ہیں۔

کوک (کو-ل) (ہ) مذکر۔ کچا اناج جو بھون کر یا اسی طرح گنوار لوگ کھا لیتے ہیں۔

کول (کو-ل) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) لقمہ۔ نوالہ (۲) اناج کی وہ مقدار جو ایک ہی دفعہ چکی میں پیسنے کے لئے ڈالتے ہیں۔ گالا۔

کول (کو-ل) (انگ COAL) مذکر۔ پتھر کا کوئلہ۔

کولا (کو-لا) (ہ) مذکر۔ کوئلہ۔

کولا (کو-لا) (ہ) مذکر (۱) دروازے کے اِدھر اُدھر کا پہلو۔ کونہ۔ گوشہ (۲) وہ اناج کی پوٹلی جو کاٹنے کو دی جائے (۳) بغل۔ گود (۴) رنگترا۔ نارنگی۔

کولا (کو-لا) (ہ) مذکر۔ پٹھہ۔ پٹھا۔ چوتڑ۔ سرین۔ آزار بند ہنے کی جگہ۔

کولا کاٹنا (ہ) (عو) سزا دینا۔ سخت صدمہ پہنچانا۔

کولا مٹکانا۔ یا۔ کولا مار کر چلنا (ہ) چونچلے کرنا۔ کولا پھڑکانا۔

کولھو (کو-لھو) (ہ) مذکر۔ تیل یا رس بیلنے کا آلہ۔ تیل یا رس نکالنے کی کل۔

کولھو کا بیل (ہ) مذکر (۱) تیلی کا بیل۔ (۲) نہایت محنتی محنت کش۔

کولھو کاٹ موگری بنانا (ہ) مثل۔ دینے کام کے لئے بڑا کام خراب کرنا۔ ایک بڑے کام کی چیز کو بگاڑ کر چھوٹی چیز بنانا۔

کولھو کے بیل کو گھر ہی کوس پچاس
کولھو کے بیل کو گھر ہی میں منزل ہے } (ا) مصیبت زدہ کو گھر میں بھی آرام و قرار نہیں ملتا۔

کولھو کے بیل کی طرح پلنا (ا) سخت محنت و مشقت کرنا کسی کام میں دن رات مصروف رہنا۔

کولھو میں پلوا دینا (ہ) شکنجے میں کھنچوا دینا سخت بیرحمی کی سزا دینا۔

کولی (کو-لی) (ہ) مذکر (۱) جلاہا (۲) وہ سیاہی جو مہندی لگانے کے بعد مہندی لگے ہاتھوں میں نمودار ہو جاتی ہے۔

کولی (کو-لی) (ہ) مؤنث (۱) گود۔ دونوں ہاتھوں کا حلقہ گودی۔ آغوش۔

کولی بھرنا۔ یا۔ کولی میں بھر لینا (ہ) گودی بھرنا۔ بغل میں دبانا۔ بغل گیر ہونا۔ گلے لگانا۔

کولے (ہ) مذکر۔ کولا کی جمع۔

کولیت (کو-لیت) (ہ - مؤنث) (۱) ایک مزارع کا دوسرے مزارع سے زمین اجارے پر لینا (۲) اصل اجارہ دار کے سوا کسی اور کا کاشت کرنا۔

کومل (کو-مل) (ہ) (ہندو) (۱) نرم۔ ملائم۔ نازک (۲)

شیریں ۔ میٹھا (۳) فصیح ۔

کَومل ۔ کونھل ۔ کونبھل (کَوَ ۔ مَل ۔ کَونھل + کَوں ۔ بھَل) (ہ) مذکر ۔ سیندھ ۔ نقب ۔ وہ شگاف جو چور دیوار میں کر کے مکان کے اندر گھس آتے ہیں ۔

کَون (کَوْن) (ع) مذکر ۔ (۱) ہونا ۔ موجود ہونا (۲) عالم ۔ وجود ۔ دنیا ۔ جہان ۔ ہستی ۔

کون و فساد (ع) مذکر (۱) موجود ہونا اور تباہ ہو جانا ۔ ہو کر بگڑ جانا ۔ ہونا اور مٹنا (۲) (مجازاً) فانی ۔

کون و مکان (ع) مذکر ۔ دنیا ۔ جہان ۔ جگ ۔ سنسار ۔

کُون (کُوْن) (ف) مؤنث ۔ مقعد (ہ) گانڈ ۔ شفرہ ۔

کونِ خر (ف) مذکر ۔ نہایت گندہ دماغ ۔ جو صرف نرا ہی احمق نہیں بلکہ احمق کی بھی حائے بدبو ۔

کون (کَوْن) (ہ) (دلالوں کی اصطلاح) نو ۔ ۹ ۔

کون (کَوْن) (ہ) (کلمۂ استفہام) کدام ۔

کون پرائی آگ میں گرتا ہے (ہ) دوسرے کی مصیبت کوئی اپنے سر نہیں لیتا ۔

کون سا (ہ) (کلمۂ استفہام) (۱) کون (۲) کیا (۳) کس قدر کتنا ۔

کون سا درخت ہے جس کو ہوا نہیں لگی (ہ) عیب اور تکلیف سے کوئی خالی نہیں ۔

کون سے مرض کی دوا ہو (ل) کس کام کے ہو ۔ محض نکمے اور بے مصرف ہو ۔

کون ہوتا ہے (ہ) محاورہ (۱) اُسے کیا واسطہ ہے ۔ وہ کیا تعلق رکھتا ہے (۲) کیا رشتہ ہے ؟

کونا (کَو ۔ نا) (ہ) مذکر (۱) گوشہ ۔ زاویہ (۲) طرف ۔ جانب ۔ پہلو ۔ کولا ۔

کونپل (کَوں ۔ پل) (ہ) مؤنث ۔ دیکھو (کوپل) ۔

کونت (کَوْ نت) (ہ) مؤنث (۱) اندازہ ۔ تخمینہ ۔ آنکنا ۔ تشخیص (۲) نیزہ ۔

کونتا ۔ کونتھنا (کَو نت ۔ تا + کَو نتھ ۔ نا) (ہ) وضع ۔ زور کے ساتھ زور لگانا ۔

کونج (کُونج) (ل) مؤنث ۔ قاز ۔ کلنگ ۔ راج ہنس ۔ حواصل ۔ مرغابی ۔

کونجیں (ل) مؤنث ۔ کونج کی جمع ۔

کونچ (کُونچ) (ہ) مذکر ۔ جلاہے کا برش جس سے تانی صاف کی جاتی ہے ۔

کونچا (کَوں ۔ چا) (ہ ۔ مذکر) بھڑبھونجے کا ریت ہلانے والا کڑچھا ۔

کونچا (کَوں ۔ چا) (ہ ۔ مذکر) گھاس کا پولا ۔

کونچے کا پلا (ہ ۔ مذکر) (تشبیہاً) چیچک کے بہت سے داغوں والا چہرہ ۔

کونچی (ہ) مؤنث (۱) سفیدی پھیرنے کا برش (۲) لمبی داڑھی (۳) چاندی صاف کرنے کا برش ۔

کوند (کَوند) (ہ) مؤنث ۔ بجلی کی چمک ۔

کوندا ۔ کوندھا (ہ ۔ مذکر) بجلی کی چمک ۔

کوندنا (ہ) بجلی چمکنا ۔

کونڈ (کُونڈ) (ہ ۔ مؤنث) ناند ۔

کونڈا (کُوں ۔ ڈا) (ہ) مذکر (۱) آٹا گوندھنے کا مٹی کا ظرف ۔ ناند ۔ پرات (۲) (عو) نذر نیاز کی شیرینی ۔

کونڈا کرنا (ہ) (۱) (عو) کسی کے نام کی نیاز دلوانا (۲) دو تین آدمیوں کا مل کر کسی کے ساتھ برا کام کرنا ۔

کونڈی (ہ) مؤنث (۱) چھوٹا کونڈا جو اکثر مٹی یا پتھر کا بنا ہوا ہوتا ہے ۔ دوری ۔

کونرا (کَوں ۔ را) (ہ) (عو) (۱) بے اوسان ۔ بدحواس (۲) کائیں کائیں سے گھبرایا ہوا ۔

کونسل (کَوں ۔ سَل) (انگریزی ۔ COUNCIL) مؤنث ۔ صلاح ۔ مشورہ ۔ منصوبہ ۔ مصلحت ۔

کونسل آف سٹیٹ (انگ COUNCIL OF STATE) مؤنث ۔ مملکت برطانیہ کے حکام کی مجلس ۔

کونسل بل (انگریزی ۔ COUNCIL BILL) مذکر ۔ کونسل کے حساب و اخراجات وغیرہ کا کاغذ ۔ آمدنی و خرچ کا سٹیٹ ۔

کونسل کرنا (ل) صلاح مشورہ کرنا ۔ منصوبہ گانٹھنا ۔

کونسل (انگریزی ۔ COUNCIL) (مؤنث) مشورے کی مجلس ۔ مجلس شورٰی ۔ پنچایت ۔ رائے دینے والوں کا مجمع ۔

کونسلر (انگریزی ۔ COUNSELLOR) (مذکر) کونسل کا ممبر ۔ صلاح کار ۔ مشیر ۔

کونسلی (ل) مذکر ۔ صلاح کار ۔ کونسل کا ممبر ۔ مشیر ۔ وکیل ۔ پیروکار ۔

کوں کوں (کُوں ۔ کُوں) (ہ ۔ مؤنث) کتوں کے بچوں کی آواز ۔

کونی (ف) مذکر ۔ وہ شخص جسے علت مشائخ ہو ۔ بولیا ۔

کونین (کَونَین) (ع) دونوں جہان ۔ ہردو عالم ۔ دین و دنیا ۔ ہر دو سرا ۔

کونین (کُو۔نِین) مؤنث۔ کُوِن۔اِن (QUININE) ایک مشہور انگریزی دوا جو بخاروں اور بالخصوص ملیریا بخار میں استعمال کی جاتی ہے ؛

کوہ (کُوہ) (ف) مذکر۔ پہاڑ۔ وہ سنگلاخ قطعہ جو سطح زمین سے بلند ہو ؛

کوہِ آتش فشاں (ف) مذکر۔ وہ پہاڑ جس میں سے گندھک کا مادہ ہونے کے باعث آگ کے شعلے اُٹھتے رہتے ہیں۔ جوالا مکھی کا پہاڑ ؛

کوہِ آدم (ف۔ ع) مذکر۔ لنکا کے سلسلۂ کوہ کی وہ بلند چوٹی جس پر خیال کیا جاتا ہے کہ حضرت آدمؑ بہشت سے اُترے تھے ؛

کوہِ بے ستون (ف) مذکر۔ فارس کا ایک پہاڑ جسے فرہاد نے کھود کر اپنی معشوقہ شیریں کے لئے "جوئے شیر" نامی نہر نکالی تھی ؛

کوہِ جگر (ف) بہادر۔ باحوصلہ ؛

کوہِ جودی (ف۔ مذکر) وہ پہاڑ جس پر حضرت نوحؑ کی کشتی طوفان کے ختم ہو جانے پر ٹھہری تھی ؛

کوہِ رحمت (ف۔ ع) (مذکر) مکہ معظمہ کے پاس ایک پہاڑی ؛

کوہِ رواں (ف) (مذکر) (۱) چلنے والا پہاڑ (۲) (مجازاً) گھوڑا (۳) ہاتھی ؛

کوہِ صفا (ف۔ ع) مذکر۔ صفا اور مروہ مکہ معظمہ کے نزدیک دو مقدس پہاڑیاں ہیں جن کے بیچ میں حاجیوں کو سات بار دوڑنے کا حکم ہے ؛

کوہِ طور (سینا) (ف۔ ع) شام کا وہ مشہور پہاڑ جس پر خدا تعالیٰ نے حضرت موسیٰؑ کو اپنی تجلی دکھائی تھی ؛

کوہِ قاف (ف۔ ع) مذکر (۱) دیکھو (قاف ؏) (۲) (۱) وہ جگہ جہاں آدمی کا گذر نہ ہو سکے۔ نہایت دشوار گزار اور سنسان پہاڑ ؛

کوہ کن (ف) مذکر۔ پہاڑ کھودنے والا۔ شیریں کے عاشق فرہاد کا لقب جس نے کوہِ بے ستون کھود کر ایک نہر شیریں کے محل تک پہنچائی تھی ؛

کوہِ نور (ف۔ ع) (مذکر) ہندوستان کا ایک نہایت مشہور و معروف "ہیرا" جو اب انگلستان میں حکومتِ برطانیہ کے پاس ہے ؛

کوہان (کُو۔ہان) (ف) مذکر۔ اونٹ کے پیٹھ کی بلندی۔ سانڈ یا بیل کا مُڈو۔ بیل کا اُونچا کندھا ؛

کوہسار (ف) (مذکر) (۱) پہاڑی ملک یا مقام (۲) پہاڑ۔ سنگلاخ۔ سلسلۂ کوہ ؛

کوہستان (ف) مذکر۔ پہاڑی مُلک۔ پہاڑوں کا سلسلہ پہاڑ ؛

کوہستانی (ف) (۱) پہاڑی۔ کوہی۔ پہاڑ کا (۲) (مذکر) پہاڑ کا رہنے والا ؛

کوہی (ف) پہاڑ کا۔ پہاڑی ؛

کوہی (کو۔ہی) (ہ) مؤنث۔ بہری۔ ایک قسم کا شکرا ؛

کوئلا (کو۔اِلا) (ہ) مذکر۔ جلی ہوئی لکڑی کا بجھا یا ہوا ٹکڑا یا کان سے نکالا ہوا سیاہ مادہ ؛

کوئلوں پر مُہر ہونا (ا) بڑے بڑے اخراجات پر توجہ نہ کرنا اور ادنیٰ خرچ میں کفایت دیکھنا ؛

کوئلوں کی دلالی میں (منہ بھی کالا کپڑے بھی کالے) ہاتھ کالے (ا) جس کام میں ناحق نام بدنام ہو یا کچھ منفعت نہ ہو۔ اُس کی نسبت بولتے ہیں۔ بُرے کاموں میں پڑنے کا انجام بدنامی ہے ؛

کوئلے (ہ) مذکر۔ کوئلہ کی جمع ؛

کوئلے کی کان (ا) مؤنث۔ وہ کان جس میں سے پتھر کا کوئلہ نکلتا ہے ؛

کوئی (کُو۔اِی) (ہ) علامت تنکیر (۱) کچھ۔ کسی (۲) نامعلوم شخص (۳) تقریباً۔ لگ بھگ۔ تخمیناً (۴) ایک آدھ۔ اِکّا دُکّا ؛

کوئی اب بولے کوئی جب بولے میری نکٹی شپاشپ سب بولے (ا) نہایت بے شرم اور بے حیا کی نسبت بولتے ہیں جو بے عزت ہو کر بھی بکواس کئے جائے ؛

کوئی آنکھوں کا اندھا کوئی ہیے (عقل) کا اندھا۔ (ا) کوئی جہالت کے سبب سے بے وقوف اور کوئی پڑھا لکھا ہو کر جاہل ؛

کوئی تقدیر کے لکھے کو مٹا نہیں سکتا (ا) کسی کی تدبیر سے تقدیر نہیں بدل سکتی ؛

کوئی تن دُکھی کوئی من دُکھی۔ دُکھی سارا سنسار (ا) (مثل) کسی کو کوئی دُکھ ہے۔ کسی کو کوئی۔ دُنیا میں کوئی بھی سکھی نہیں ؛

کوئی تو پوچھے گا (ا) کوئی تو فریاد کو پہنچیگا۔ کسی کو تو ضرور رحم آئے گا ؛

کوئی تولوں بھاری۔ کوئی مولوں بھاری۔ کوئی تولوں کم۔ کوئی مولوں کم (ا) کوئی کسی سبب سے عزت دار ہے اور کوئی کسی سبب سے ہر شخص اپنی اپنی حیثیت کے مطابق عزت رکھتا ہے ؛

کوئی دم کا مہمان (ا) قریب مرگ۔ جلد رخصت ہونے والا۔ جانہار ؛

کوئی دن یاد کروگے (ل) ہماری قدر کچھ دن بعد ہوگی (۲) کئی روز تک تکلیف اور مصیبت اُٹھاتے ۔ بوگے +

کوئی کسی کی آگ میں نہیں گرتا (ہ) کسی کی مصیبت اور بلا کو کوئی شخص اپنے سر پر نہیں لیتا +

کوئی کسی کی قبر میں نہیں جاتا (سوتا) (ل) کوئی کسی کے عوض نہیں مرتا ۔ ہر شخص اپنی ہی جوابدہی کرے گا +

کوئی کم نہ سمجھے (ل) (تعریف کے پردے میں بُرائی) بڑے بدذات ہیں +

کوئی کوئی (ہ) ایک آدھ ۔ اکا دُکا ۔ شاذ و نادر +

کوئی مرے کوئی ملہار گائے (ہ) (مثل ، جب کسی کی مصیبت پر کوئی خوشی منائے اس موقعہ پر بولتے ہیں +

کوئی نہ کوئی (ل) ایک نہ ایک ۔ یہ نہیں وہ +

کوئی نہیں پوچھتا کہ تیرے مُنہ میں کے دانت ہیں (ہ) (مثل ، نہایت امن چین کا زمانہ ہے ۔ ہر شخص بے خوف و آزاد ہے (۲) کس نپرسی کا اظہار +

کوئی ہے! (ہ) ملازم کو بلانے کی آواز +

کوئین (کُئین) (انگریزی ۔ OLEEN) (مونث) ملکہ رانی ۔ بادشاہ بیگم

کوّے ۔ (ہ) مذکر (کوّا کی جمع)

کوّے اُڑانی (ہ) (۱) نہایت ادنیٰ درجہ کی ملازمہ (۲) دیوانی پگلی ۔ باولی +

کویا (کُو ۔ یا) (ہ) مذکر (۱) آنکھ کا کونہ ۔ گوشۂ چشم (۲) شریفہ یا کٹھل کا دانہ یا گُودا (۳) ریشم کے کیڑے کا خول +

کویل (کُو ۔ یل) (ہ) مونث ۔ ایک خوش آواز کالے رنگ کے پرند کا نام ۔

کویہ (کُو ۔ یَہ) (ف) مذکر ۔ ریشم کے کیڑے کا خول +

کویۂ ابریشم (ف) مذکر ۔ ریشم کے کیڑے کا خول ۔

ک ۔ ہ

کہ (کِہ) (ف) (۱) بیان کے لئے ۔ نیز "جو" کی بجائے جو بیان کے موقع پر آتا ہے (۲) علت ۔ سبب (۳) ناگاہ ۔ دفعتہً (۴) استفہام +

کہ (کِہ) (ف) چھوٹا ۔ کم رتبہ +

کہ تر ۔ (کہتر (ف) زیادہ چھوٹا +

کہ و مہ (ف) چھوٹا بڑا +

کہ (کَہ) (ف ۔ مذکر) کاہ کا مخفف ۔ تنکا +

کہ رُبا (کہربا) (ف ۔ مذکر) ایک قسم کا زرد گوند جو اپنی مقناطیسی قوت سے گھاس کے تنکے کو کھینچ لیتا ہے +

کہ رُبائی (کہربائی) (ف ۔ مونث) مقناطیسی قوت +

کہ کشان (کہکشاں) (ف ۔ مونث) بہت سے چھوٹے چھوٹے ستاروں کی قطار جو اندھیری رات میں سڑک کی مانند آسمان پر دور تک گئی ہوئی نظر آتی ہے +

کہ گِل (کہگل) (ف ۔ مونث) پلستر کرنے کی بھس ملی ہوئی مٹی +

کہگل کرنا (ل) پلستر کرنا ۔ لیپنا +

کُہ (کُہ) (ف ۔ مذکر) کوہ کا مخفف +

کہ (کَہ) (ہ) کہنا کا امر +

کہہ بیٹھنا (ہ) بُرا بھلا کہہ دینا ۔ گالی دے بیٹھنا +

کہہ دینا (ہ) (۱) ظاہر کر دینا ۔ بھید کھول دینا (۲) جتا دینا ۔ بتا دینا (۳) عرض کر دینا ۔ بات سُنا دینا +

کہا (ہ) مذکر (۱) کہنا ۔ بچن ۔ سخن ۔ قول ۔ مقولہ (۲) کہا ہوا کلمہ (۳) کہنا کی ماضی ،

کہا سُنا (ہ) مذکر (۱) جُرم ۔ تقصیر (۲) گلہ ۔ شکوہ (۳) مُنہ سے نکلا یا کانوں سے سُنا ہوا +

کھا (کھا) (ہ) کھانا کا امر +

کھا جانا (ہ) (۱) نگل جانا ۔ ہڑپ کر جانا (۲) مال مار لینا (۳) صرف ہو جانا (۴) رشوت لے لینا (۵) برباد کر دینا ۔ تباہ کر دینا +

کھا کر (کے) ڈکار نہ لینا (ہ) (۱) پرایا مال بالکل ہضم کر جانا (۲) قرض لے کر نہ دینا +

کھابڑ (کھا ۔ بڑ) اونچا نیچا +

کھات (کھات) (ہ) مونث (۱) وہ میلا جسے گڑھا کھود کر دبا رکھتے اور کچھ عرصے کے بعد نکال کر کھیتوں میں ڈالتے ہیں (۲) بوسیدہ اور گلی سڑی چیزیں ۔ کھاد +

کھاتا (کھا ۔ تا) (ہ) مذکر (۱) کھاتا ہوا (۲) گڑھا (۳) حساب کی کتاب +

کھاتا بہی (ہ ۔ مونث) ہر اسامی کے علیحدہ حساب کی کتاب +

کھاتا پیتا (ہ) خوش حال ۔ آسودہ حال +

کھاتری (کھات ۔ ری) (ہ ۔ مونث) دریا کے کنارے کی فصل +

کھاتی (ہ) مذکر ۔ بڑھئی ۔ نجار +

کھاتے پیتے لاتیں مارنا (ہ) (ہندو) آسودگی میں ناشکری

کھاٹ (کھاٹ) (ہ) مونث ۔ چارپائی ۔ پلنگڑی +

کھاٹ سے اُتار لینا (ہ) (ہندو) قریب مرگ آدمی کو چارپائی سے نیچے ڈال دینا +

کھاٹ سے لگ جانا (ہ) بیمار ہو کر چارپائی پر پڑ جانا ۔

صاحب فراش ہو جانا ✤

کھاٹ کھٹولا (ہ) مذکر - استر بستر - مال اسباب - بوریا بندھنا ✤

کھاٹ نکلنا (ہ، ع) جنازہ نکلنا - ارتھی نکلنا - مرنا ✤

کھاج (کھاج) (ہ) مؤنث (۱) کھجلی - خارش (۲) جماع کی خواہش ✤

کھاجا (کھا - جا) (ہ) مذکر - خوراک - غذا ✤

کھاد (کھاد) (۱) دیکھو (کھات) (۲) پیشگی جو کاشتکار کو خوراک کے لئے دی جائے (۳) وہ رقم جو کاشتکار ہل وغیرہ پر خرچ کرے ✤

کھادر (کھا - در) (ہ) مؤنث - نشیب - پست زمین - وہ زمین جہاں سیلاب رہتے ✤

کھادی (کھا - دی) (ہ - مؤنث) دیکھو (کھدر)

کہار (کہار) (ہ) مذکر (ہندو) پانی لانے والا - مہرا (۲) ڈولی یا پالکی اٹھا کر چلنے والا - حمال (۳) برتن مانجھنے والا ✤

کھار (کھار) (ہ) مذکر (۱) شورہ - کلر - شوریت - نمک (۲) سجی - کاٹ کرنے والی چیز ✤

کھارا (ہ) مذکر - شور - نمکین - کڑوا - نمک ✤

کھاروا (کھار - وا) (ہ) مذکر - ایک قسم کا سرخ رنگ کا موٹا کپڑا ✤

کہاری (ہ) مؤنث - کہاروں کی مزدوری - ڈولی کا کرایہ ✤

کھاری (ہ) نمکین - شور - تلخ - کڑوا ✤

کھاری کنواں (ہ) مذکر (۱) وہ کنواں جس کا پانی نمکین - بدمزہ یا کڑوا ہو (۲) (اصطلاحاً) بے فیض - دولت مند - بے مروت حاکم ✤

کھاری کنوئیں میں ڈال لینا (ہ) ضائع کر دینا - پھینک دینا - فائدے سے ہاتھ اٹھا لینا ✤

کھاڑی (کھا - ڑی) (ہ) مؤنث - خلیج - پانی کا وہ تنگ قطعہ جو خشکی میں دور تک چلا گیا ہو ✤

کھاس (کھاس) (ہ) مؤنث - وہ جالی دار بورا جس میں اپلے بھر کر گدھوں پر لادتے ہیں ✤

کھاکر - کھاکھر (کھا - کر - کھا - کھر) (ہ - مؤنث) دستہ دار لکڑی جس میں لوہے کی زنجیریں لگی ہوتی ہیں اور اس سے گھوڑے کو دوڑانے کی مشق کراتے ہیں ✤

کھاکسی (کھاک - سی) (ہ - مؤنث) وہ موٹی موٹی لکیریں یا رنگ بدن کے خلاف نشان جو جننے کے بعد زچہ کی رانوں اور پیٹ پر پڑ جاتے ہیں ✤

کھاگ (کھاگ) (ہ) مذکر - گینڈے کا سینگ جو اکثر دستی

چھڑیوں میں لگایا جاتا ہے ✤

کھال (کھال) (ہ) مؤنث (۱) چمڑا - چام - چرم - دھوڑی انسان کے جسم کا پوست (۲) دھونکنی (۳) پوست چھلکا چھال ✤

کھال اتارنا (ہ) (۱) کسی کے جسم سے پوست جدا کرنا - چمڑی ادھیڑنا (۲) سزا دینا - بدلہ لینا ✤

کھال بگڑنا (ہ) شامت آنا - پٹنے کو جی چاہنا ✤

کھال کھچنا (ہ) چمڑا ادھڑنا - سخت سزا ملنا - چمڑی اترنا ✤

کھال میں مست ہونا (ل) اپنے حال میں خوش ہونا - مگن رہنا ✤

کھالا (کھا - لا) (ہ) مذکر (۱) وہ نیچی زمین جس میں بہت سے ندی نالے ہوں (۲) غار - گڑھا (۳) ندی - نالے ✤

کھان (کھان) (ہ) مؤنث (۱) کان - معدن (۲) مخزن - خزانہ منبع - چشمہ (۳) افراط - کثرت - بہتات ✤

کہاں (کہاں) (ہ) استفہام (۱) کس جگہ - کدھر (۲) کہیں کب (۳) دوری - فرق عظیم ✤

کہاں تک (ہ) (۱) کتنی دور تک (۲) کتنی دیر تک - کس عرصے تک ✤

**کہاں راجہ بھوج کہاں گنگا تیلی
کہاں رام رام کہاں ٹیں ٹیں** } (ہ) زمثل) ادنیٰ کو اعلیٰ سے کیا نسبت؟ کہاں یہ کہاں وہ؟

کہاں سے ٹپک پڑے (ہ) کدھر سے آ گئے - اچانک کہاں سے آ گئے؟

کہاں سے کہاں (ہ) (۱) کدھر سے کدھر (۲) بہت آگے ✤

کہاں کا (ہ) (۱) کس جگہ کا؟ کس شہر کا؟ (۲) کس طرف کا (۳) کیسا؟ کس مطلب کا؟ (۴) کس کا؟ کدھر کا؟ (۵) کون سا (۶) کب کا؟ کس زمانے کا؟

کہاں کا آنا کہاں کا جانا (ہ) کیسا آنا - کیسا جانا؟ کیسی ملاقات؟ کیا واسطہ؟ قطعی بے تعلقی ✤

کہاں کی بلا پیچھے لگی (ل) کسی بات سے تنگ یا ناراض ہو کر یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں - کہ کس آفت میں پڑ گئے ✤

کہاں کے ہیں (ہ) کون سے ملک کے رہنے والے ہیں ایسے کون ہیں؟

کہاں لا کر پھنسایا (ہ) کس عذاب میں ڈال دیا - کس بلا میں مبتلا کر دیا ✤

کہانا (کہا - نا) (ہ) (۱) مشہور کرنا - کہلانا - نام رکھا جانا (۲) کہلوانا - پیغام دینا ✤

کھانا (کھا-نا) (ہ) مذکر- خوراک- طعام روٹی (۲) دعوت - ضیافت - مہمانی ✦

کھانا پرایا ہے تو پیٹ پرایا نہیں (ہ) (مثل) جب کوئی شخص زیادہ کھا جائے تو لوگ کہتے ہیں کہ کھانا پرایا سہی پیٹ تو تمہارا ہے - زیادہ کھا کر تکلیف اٹھاؤ گے ✦

کھانا پینا (ہ) مذکر (۱) دانہ پانی - آب و خور (۲) خورد نوش کا خرچ ✦

کھانا جوڑا (ہ) مذکر- وہ طعام اور دولہا کا بیش قیمت جوڑا جو دلھن کے گھر سے آتا ہے ✦

کھانا دانہ (ا) مذکر (ع) بیاہ کی دعوت - شادی کی ضیافت ✦

کھانا کھانا (ہ) تناول طعام کرنا - خاصہ نوش فرمانا - روٹی کھانا ✦

کھانا کھلانا (ہ) (۱) روٹی کھلانا (۲) دعوت دینا ✦

کھانا وہاں کھاؤ تو پانی یہاں پیو - یا - ہاتھ یہاں دھوؤ (ہ) محاورہ - جلد آؤ - فوراً چلے آؤ ✦

کھانا (ہ) (۱) نوش کرنا (۲) نگلنا - حلق سے اتارنا (۳) ہضم کرنا - اڑانا - غبن کرنا (۴) رشوت لینا (۵) اڑانا - فضول خرچی کرنا ✦

کھانا اور غرانا (ا) ایک تو کھانا دوسرے دھمکانا - محسن کا احسان فراموش کرنا ✦

کھانا پینا - کھانا اڑانا ✦

کھانپ (کھانپ) (ہ - مؤنث) پھانک - ٹکڑا ✦

کہانت (کہانت) (ع - مؤنث) (۱) غیب کی بات بتانا - فال گوئی (۲) نجوم کا علم ✦

کھانچ - کھانچا (کھانچ - کھاں-چا) (ہ) مذکر (۱) مرغیوں کے بند کرنے کا اونچا ٹوکرا - ٹاپا (۲) جھابا - خوان - خوانچہ

کھاندنا (کھاں-د-نا) (ہ) (۱) ایک جگہ سے کھود کر دوسری جگہ درخت لگانا (۲) درخت لگانے کے لئے گڑھا کھودنا ✦

کھانڈ (کھانڈ) (ہ) مؤنث - بورا - چینی - شکر سفید ✦

کھانڈا (کھاں-ڈا) (ہ) مذکر- ایک قسم کی سیدھی دو دھاری تلوار ✦

کھانڈا بجنا (ہ) تلوار چلنا - جنگ و جدل ہونا ✦

کھانسنا (ہ) (۱) کھانسی کی آواز نکالنا (۲) کھنکارنا ✦

کھانسی (کھاں-سی) (ہ) مذکر- سرفہ - سُعال - کھر کھر -

کہانی (کہا-نی) (ہ) مؤنث (۱) حکایت - قصہ - داستان - افسانہ (۲) ذکر - بیان (۳) سرگزشت - گزری ہوئی بات ✦

کہانی جوڑنا (ہ) افسانہ گھڑنا - قصہ بنانا ✦

کہانی ہے (ا) افسانہ ہے - غلط ہے - جھوٹی بات ہے ✦

کھانے (ہ) مذکر- کھانا کی جمع ✦

کھانے کمانے کا ٹھیکرا (ہ) مذکر (۱) روزی کا وسیلہ (۲) نوچی - وہ لڑکی جسے کمانے کے لئے پالا ہو ✦

کھانے کو اونٹ کمانے کو مجنوں } (ل) (مثل) کھانے
کھانے کو شیر کمانے کو بکری } میں سب سے زیادہ اور زبردست - کمانے میں سب سے کم اور پست ✦

کھانے کو بسم اللہ } کھانے میں چستی اور کام کاج
کمانے کو استغفر اللہ } میں سستی کا اظہار - کام چور نوالہ حاضر شخص ✦

کھانے کو دوڑنا (ہ - ا) بد مزاجی سے پیش آنا (۲) ڈرانا - کاٹ کھانے کا ارادہ کرنا ✦

کھانے کے دانت اور ہیں دکھانے کے اور (ہ) ظاہر باطن کے خلاف ہے - قول کچھ ہے عمل کچھ ✦

کہاوت (ہ) مؤنث (۱) قول - بچن - مثل (۲) ضرب المثل وہ بات جو نظیراً بار بار زبان پر آئے -

کھاؤ (ہ) (۱) بہت کھانے والا - پیٹو (۲) رشوت خوار - برتشی (۳) چٹورا - بہت خرچ کرنے والا ✦

کھاؤ اڑاؤ (ہ) فضول خرچ - مسرف - چٹورا - تن پرور

کھائی (کھا-ای) (ہ) مؤنث - خندق - گڑھا ✦

کھائے بکری کی طرح } (ہ) (مثل) بہت کھا کر دبلا نظر
سوکھے لکڑی کی طرح } آنے والے کی نسبت بولتے ہیں ✦

کھائے پر کھایا وہ بھی گنوایا (ہ) (مثل) زیادہ حرص کرنے والا بھلا جمع جتھا بھی کھو بیٹھتا ہے ✦

کھائیے من بھاتا پہنئے جگ بھاتا (ہ) (مثل) جس چیز کو جی چاہے وہ کھانی چاہئے - پہننا رواج کے مطابق چاہئے ✦

کھایا پیا انگ نہ لگنا (ہ) کھانے پینے کے باوجود جسم کا فربہ اور تر و تازہ نہ ہونا بلکہ روز بروز لاغر اور دبلا ہوتے جانا ✦

کھبّا (ہ) (۱) بایاں - الٹا - چپ (۲) بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا ✦

کھب (کھُب) (ہ) کھبنا کا امر -

کھب جانا (ہ) (۱) گھس جانا - گڑ جانا - چبھ جانا (۲) سما جانا - پسند خاطر ہونا - نقش ہو جانا ✦

کھبنا (ہ) (۱) چبھنا - گڑنا (۲) بنا - سمانا - نظروں کو اچھا

لگنا ٭

کھپ (کھَپ) (ہ) کھپنا کا امر ٭

کھپا (ہ) (۱) کھپنا کی ماضی (۲) کھپانا کا امر ٭

کھپا دینا۔ کھپانا (ہ) (۱) برتنا۔ صرف کرنا۔ کام میں لانا۔ (۲) گھلانا۔ تحلیل کرنا (۳) کام تمام کرنا (۴) تباہ کرنا۔ برباد کرنا (۵) کھونا۔ گنوانا۔ ضائع کرنا (۶) جذب کرنا۔ پلانا (۷) سمانا۔ بھرنا ٭

کھپاچ (کھَپاچ) (مذکر۔ مؤنث) (ہ) (۱) بانس کا ٹکڑا۔ کھپچی۔ (۲) پھانس (۳) نہایت دبلا آدمی ٭

کھپت (کھَپَت) (ہ) مؤنث (۱) صرف۔ خرچ (۲) گنجائش۔ گزار۔ سمائی ٭

کھپٹ (کھَپ۔پَٹ) (ہ) بوڑھا۔ بوڑھی ٭

کھپٹا (کھَپ۔ٹا) (ہ۔ مذکر) (۱) لکڑی یا اینٹ کا بنا ہوا ٹکڑا (۲) کچے آم کا خشک کیا ہوا ٹکڑا ٭

کھپچ (کھَپَچ) (ہ) دیکھو کھپاچ ٭

کھپچا (کھَپ۔چا) (ہ۔ مذکر) لکڑی کا کفگیر ٭

کھپچی (کھَپ۔چی) (ہ) مؤنث (۱) بانس کا چرا ہوا ٹکڑا۔ کھپاچ (۲) لاغر۔ دبلا۔ پتلا ٭

کھپچی (کھَپ۔چی) (ہ۔ مؤنث، ہندو) گود ٭

کھپچی بھرنا (ہ) آغوش میں لینا۔ دونوں ہاتھوں سے گود میں اٹھا لینا ٭

کھپر (کھَپ۔پَر) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) کھوپڑی۔ سر کی ہڈی (۲) تونبی۔ تونبے کا بنا ہوا برتن (۳) خون کی بھینٹ یا قربانی جو دیوتا کو چڑھائی جائے ٭

کھپرا (کھَپ۔را) (ہ) مذکر (۱) چھال۔ چھلکا۔ پوست (۲) پھانک۔ قاش (۳) مٹی کا ٹھیکرا جو کھپریل پر بچھاتے ہیں (۴) ایک قسم کا کیڑا جو گیہوں میں پیدا ہو جاتا ہے۔ سُرسُری (۵) چوڑے پھل کا تیر ٭

کھپریل (کھَپ۔ریل) (ہ) مؤنث۔ کھپروں سے چھائی ہوئی چھت ٭

کھپنا (ہ) (۱) صرف ہونا۔ خرچ میں آنا (۲) سمانا۔ آنا (۳) جذب ہونا۔ سوکھنا (۴) بک جانا۔ فروخت ہو جانا (۵) گھلنا۔ تحلیل ہو جانا (۶) کام آنا۔ مارا جانا ٭

کھتا (کھَت۔تا) (ہ) مذکر۔ وہ گڑھا جس میں غلہ بھر رکھتے ہیں۔ کھتی (۲) ذخیرہ۔ ڈھیر (۳) خزانہ۔ گنجینہ

کہتا (ہ) مذکر۔ کہنے والا۔ متکلم

کھترا (کھَت۔را) (ہ۔ مذکر) (۱) کونا۔ گوشہ (۲) جس کے منہ پر چیچک کے داغ ہوں ٭

کھترانی (کھَت۔را۔نی) (ہ) مؤنث (۱) کھتری کی جورو۔ (۲) کھتری قوم کی عورت ٭

کھترما (کھَت۔رَم۔ما) (ہ) مذکر (۱) کھتریوں کی برادری کھتریوں کی وضع کا ٭

کھتری (ہ) مذکر۔ ہندوؤں کی ایک قوم ٭

کھتریٹا (ہ) (مذکر) (حقارتاً) کھتری بچہ ٭ کھتری زادہ۔

کھتونی (کھَتَو۔نی) (ہ) مؤنث گاؤں کی زمین کا حساب کتاب مع کیفیت تقسیم وغیرہ ٭

کھتونی عام (ا۔ مؤنث) ایک کتاب جس میں سالانہ کی ہر رقم درج ہوتی اور پٹواری کے پاس رہتی ہے ٭

کھتی (کھَت۔تی) (ہ۔ مؤنث) کھتا ٭

کھتی (کھُت۔تی) (ہ) مؤنث (عو) روپے پیسے جمع کرنے کی گولک ٭

کھتے (ہ) مذکر۔ کھتا کی جمع ٭

کھتیانا (کھَت۔یا۔نا) (ہ) روزنامچہ سے نکال کر کھاتے میں چڑھانا ٭ کھاتے میں رقم جمع کرنا ٭

کہتے (ہ) بات کرتے یا جواب دیتے ہوئے ٭

کہتے سنتے (ہ) ہوتے ہوتے ٭

کہتے ہوئے (ہ) منہ سے نکالتے ہوئے۔ زبان پر لاتے ہوئے ٭

کہتے ہیں (ہ) روایت ہے ٭

کھٹ (کھَٹ) (ہ) دو چیزوں کے ٹکرانے کی آواز ٭

کھٹ راگ (س) مذکر (۱) چھ راگ (۲) جھگڑا۔ بکھیڑا۔ قضیہ عذاب۔ جھمیلا ٭

کھٹ راگ میں پڑنا (ہ) بکھیڑے میں پڑنا۔ فضول اور بے سود کام میں پھنسنا۔ جھمیلے میں پڑنا ٭

کھٹ (کھَٹ) (ہ) مؤنث (۱) دو چیزوں کے باہم ٹکرانے کی آواز (۲) کھاٹ۔ (چارپائی) کا مخفف ٭

کھٹ پٹ (ہ) مؤنث (۱) جلد جلد چلنے کی آواز (۲) لڑائی جھگڑا۔ ان بن۔ ناچاقی ٭

کھٹ پٹ کرنا (ہ) لڑنا جھگڑنا۔ فتنہ و فساد برپا کرنا ٭

کھٹ کھٹ (ہ) مؤنث۔ دو چیزوں کے متواتر ٹکرانے کی آواز ٭

کھٹ (کھُٹ) (ہ) مؤنث (۱) کسی چیز کے کھٹکنے کی آواز۔ کھٹکا (۲) بچوں کے باری توڑتے وقت انگوٹھے کے ناخن کو اوپر کے دانت سے کھٹک کر نکالنے کی آواز ٭

کھٹ بڑھئی (ہ) مذکر۔ کٹھ پھوڑا۔ ہدہد۔ ایک لمبی چونچ

کا پرندہ جو درخت کو کھود کر اُسی کے اندر گھر بنا کر رہتا ہے ÷

کھٹ (کھَٹ) (ہ) کھٹا کا مخفف ÷

کھٹ مِٹھا (ہ) (۱) دیکھو کھٹا میٹھا (۲) مذکّر۔ ایک پھل جو ذائقے میں کھٹا اور میٹھا ہوتا ہے ÷

کھٹّا (کھَٹ ۔ ٹا) (ہ) مذکّر (۱) ایک تُرش پھل ۔ گلگل ۔ ترنج (۲) صرف ترش چیز ۔ تُرشی ÷

کھٹّا چوک (ہ) نہایت تُرش ۔ بہُت ہی کھٹا ÷

کھٹّا کھانا (ہ) (۱) بُری بات سُننا ۔ بُرا بھلا سُننا (۲) خفا ہونا ۔ ناراض ہونا ۔ بگڑنا ÷

کھٹّا میٹھا (ہ) کچھ ترش کچھ شیریں ÷

کھٹّا میٹھا ہونا (ہ) (۱) دل للچانا ۔ لالچ ہونا ۔ مُنہ میں پانی بھر آنا (۲) ستکر رنجی ہونا ۔ اَنْ بَنْ ہونا ÷

کھٹّا ہو جانا (ہ) (۱) تُرش ہو جانا (۲) اچار کا تیار ہو جانا (۳) سڑ جانا (۴) بیزار اور متنفر ہو جانا ÷

کھٹا پٹ (ہ) مؤنّث (۱) اَنْ بَنْ ۔ لڑائی ۔ تکرار ۔ ناراضی ۔ (۲) ہتھیاروں یا کسی چیز کے متواتر ٹکرانے کی آواز ÷

کھٹا پٹی (ہ) مؤنّث (۱) ہتھیاروں کا باہم ٹکرانا (۲) لڑائی جھگڑا ۔ تکرار ۔ بگاڑ ۔ ناموافقت ÷

کھٹاس (کھَٹ ۔ ٹاس) (ہ) مؤنّث (۱) تُرشی ۔ کھٹائی (۲) خفگی ناراضگی ۔ بدمزگی ÷

کھٹاکا (کھَٹا ۔ کا) (ہ) مذکّر ۔ دو چیزوں کے ٹکرانے کی آواز کھڑاکا ÷

کھُٹائی (کھُ ۔ ٹا ۔ ئی) (ہ) مؤنّث (۱) کھوٹاپن ۔ کھوٹ ۔ (۲) عیب ۔ بُرائی ۔ نقص ۔ تہمت (۳) قصور ۔ (۴) بدی (۵) بدسلوکی (۶) دغا ۔ فریب ÷

کھُٹائی کرنا (ہ) (۱) بُرائی کرنا (۲) فریب کرنا ۔ دھوکا دینا ۔ (۳) عیب لگانا ÷

کھٹائی (ہ) مؤنّث (۱) تُرشی ۔ کھٹاپن (۲) امچور ۔ کچے آم کی سوکھی پھانکیں ÷

کھٹائی کھانا (ہ) (۱) تُرشی کھانا (۲) مذکّر ۔ کھٹائی کھانے والا (۳) (مجازاً) وہ بھڑوا جو کسی نوچی کی کمائی کھائے ۔

کھٹائی میں پڑنا (ہ) (۱) زیور کو صاف کرنے کے لئے تُرشی میں ڈالا جانا (۲) بکھیڑے میں پڑنا (۳) وعدہ وعید میں پڑنا (۴) دیر لگنا ÷

کھٹائی میں ڈالنا (ہ) (۱) زیور کا تُرشی میں ڈالنا (۲) جھمیلے میں ڈالنا ۔ ٹال مٹول کرنا (۳) وعدہ وعید کرنا (۴) توقف کرنا ÷

کھٹک (کھَٹَک) (ہ) مؤنّث (۱) خلش ۔ چُبھن ۔ رڑک (۲) ٹیس ÷

کھٹک جانا (ہ) (۱) چُبھ جانا ۔ خلش کر جانا ۔ اثر کر جانا (۲) ناگوار گزرنا ۔ بُرا لگنا (۳) اچٹ جانا ۔ اکھڑ جانا (۴) بگڑ جانا ۔ دوستی میں فرق آ جانا ÷

کھٹکا (کھَٹ ۔ کا) (ہ) مذکّر (۱) کسی چیز کے ٹکرانے یا گرنے کی آواز ۔ کھڑکا ۔ آہٹ (۲) خلش ۔ چبھن (۳) بانس کا وہ ٹکڑا جو درخت میں جانوروں کے ڈرانے کے لئے باندھ دیتے ہیں اور اُسے ہلاتے رہتے ہیں (۴) چٹخنی (۵) ٹک ۔ کانٹا (۶) سُریلی آواز کا وہ جھٹکا جس سے دل پر چوٹ لگتی ہے (۷) خوف ۔ خطرہ ۔ ڈر ۔ اندیشہ ۔ تردّد ÷

کھٹکا لگا رہنا (ہ) اندیشہ اور دغدغہ لگا رہنا ۔ خطرے میں جان رہنا ۔ فکر و تشویش میں رہنا ÷

کھٹکا ہونا (ہ) (۱) آہٹ ہونا (۲) فکر ہونا ۔ سوچ ہونا ۔ (۳) خوف ہونا ۔ اندیشہ ہونا ÷

کھٹکا (کھُٹ ۔ کا) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) کھڑکا ۔ آہٹ ۔ (۲) نقصان ۔ ضرر (۳) اندیشہ ۔ دغدغہ (۴) گمان ۔ شک شُبہ ÷

کھٹکار (کھُٹ ۔ کار) (ہ ۔ مؤنّث) آواز جو مچھلی کے شست کو جُنبش دینے سے ہوتی ہے ÷

کھٹکارنا (ہ) مچھلی کا شست کو جُنبش دینا ۔

کھٹکانا (ہ) کھڑکانا (متروک)

کھٹکنا (ہ) (۱) چُبھنا ۔ کھُبنا ۔ خلش ہونا (۲) درد کرنا ۔ ٹیس مارنا (۳) رڑکنا (۴) بُرا لگنا ۔ گراں گزرنا (۵) کھڑکنا ۔ بجنا ۔ (۶) لڑائی ہونا ۔ بگڑنا (۷) اچٹنا ۔ کنارہ کش ہونا ۔ بیزار ہونا (۸) خائف ہونا ۔ ڈرنا ۔ دبنا ۔ کنیانا ۔ بدکنا ۔ چونکنا (۹) تردّد اور اندیشہ کرنا (۱۰) دل پر اثر کرنا ۔ موثّر ہونا ۔ (۱۱) کھلا لگنا ۔ کھُبنا ÷

کھُٹکنا (ہ) (۱) پرندے کے بچّے کا انڈے میں چونچ مار کر باہر نکلنا (۲) چھلکا اتارنا ÷

کھٹکھٹا (ہ) مذکر (۱) جھگڑا ۔ بکھیڑا ۔ جھمیلا (۲) کام ۔ دھندا (۳) کھٹکھٹانا کا امر ÷

کھٹکھٹانا (ہ) کھڑکھڑانا ۔ دستک دینا ÷

کھٹکھٹی (کھِٹ ۔ کھِٹی) (ہ ۔ مؤنّث) ہنسی ۔ کھلکھلی ÷

کھٹکی (کھَٹ ۔ کی) (ہ) مؤنّث ۔ ڈوری یا تاگے کو دانت سے کاٹ کر ٹوٹ جانے کے قابل کر دینا ÷

کھٹلے (کھَٹ ۔ لے) (ہ) مذکّر (جمع) کان کے اُوپر کے سوراخ جو عورتیں زیور کے لئے چھدواتی ہیں ÷

کھٹمل (کھَٹ۔مَل) (ہ) مذکر۔ ایک سیاہی مائل سرخ رنگ کا کیڑا جو اکثر پلنگ اور چارپائی میں پیدا ہو کر آدمی کا خون پیتا ہے۔ چارپائی کا کیڑا۔

کھٹنا (کھَٹ۔نا) (ہ) لمانا۔ حاصل کرنا۔

کھٹو (کھَٹ۔ٹُو) (ہ۔ا) کمانے والا۔ کمانے والا۔ محنتی۔

کھٹوائی پٹوائی (ہ۔ مؤنث) دیکھو (اٹوائی کھٹوائی)

کھٹولا (کھَٹو۔لا) (ہ) مذکر (۱) چھوٹا پلنگ (۲) پالنا۔ جھولنا۔ پنگوڑا۔

کھٹولی (ہ) مؤنث۔ چھوٹی سی چارپائی۔ کھٹیا۔

کھٹے (ہ) کھٹا کی جمع۔

کھٹے میٹھے دِن (ہ) مذکر جمع (۱) بُرے دن۔ تردد کے دن (۲) ایام حمل۔

کھٹی (ہ) (۱) کھٹا کی مؤنث (۲) (پنجابی) کمائی۔ نفع۔

کھٹی چھاچھ سے بھی گئے (ہ) جو کچھ ذرا سا فائدہ یا امید تھی وہ بھی جاتی رہی۔

کھٹی میٹھی باتیں سُننا (ہ) (ہندو) بری بھلی باتوں کو برداشت کرنا۔

کھٹیا (ہ) مؤنث (۱) چھوٹی کھاٹ۔ پلنگڑی۔ چارپائی (۲) (مجازاً) ارتھی۔ تابوت۔ جنازہ۔

کھٹیا (کھَٹ۔یا) (ہ۔ مؤنث) ریوڑی۔

کھٹیک (کھَٹِیک) (ہ) مذکر (۱) چمڑا۔ بُننے والا (۲) ایک قوم جس کا پیشہ عموماً ہر قسم کے جانوروں کے پالنے اور رکھنے کا ہے۔

کھج (کھِج) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) رنجیدگی۔ ملال۔ رنج خفگی ناراضی۔ چڑ۔ چھیڑ (۲) کھجنا کا امر۔

کھجانا (ہ) چڑانا۔ چھیڑنا۔ جلانا۔ ناراض کرنا۔ خفا کرنا۔

کھُجانا۔ کھُجلانا (کھُجا۔نا + کھُج۔لا۔نا) (ہ) سہلانا۔ ناخن سے کھرچنا۔

کھَجلا (کھَج۔لا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کی خستہ پوری جس میں چار چھید اور پرت پرت علیحدہ ہوتے ہیں۔

کھُجلاہٹ (ہ) مؤنث۔ خارشت۔ خارش۔ کھجلی۔

کھُجلی (ہ) مؤنث۔ خارش۔ کھاج۔ خارشت۔ چُل۔

کھُجلی اُٹھنا (ہ) (۱) خارش ہونا۔ چل اٹھنا (۲) پیٹنے یا مار کھانے کو جی چاہنا (۳) (اصطلاحاً) خواہش جماع کا زور کرنا۔

کھجور (کھَجُور) (ہ) مؤنث (۱) خرما۔ ایک قسم کا چھوٹا چھوہارہ۔ (۲) درخت خرما (۳) ایک قسم کی مٹھائی جس پر کھجور کی مانند نشان ڈال کر تلتے ہیں۔

کھجور چھڑی (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس پر کھجور کی ٹہنیوں سے مشابہ چھڑیاں بنی ہوئی ہوتی ہیں۔

کھجورا (ہ) مذکر۔ نر کھجور جس میں پھل نہیں لگتا۔

کھجوری چوٹی (ہ) مؤنث (عو) نہایت مضبوط گندھے ہوئے بال۔

کھچ (کھَچ) (ہ۔ مؤنث) (۱) بھیڑ کی حالت (۲) مجمع۔ بھیڑ (۳) ضرب۔ دھماکا۔

کھچ کھچ (کھَچ کھَچ) (ہ) مؤنث۔ کیچڑ میں چلنے کی آواز۔

کھِچ (کھِچ) (ہ) کھِچنا کا امر۔

کھِچ جانا (ہ) (۱) آزردہ اور خفا ہو کر ترکِ ملاقات کرنا (۲) کنارہ کش ہو جانا۔

کھِچا (ہ) (۱) تنا ہوا۔ کسا ہوا۔ جکڑا ہوا (۲) کشیدہ۔ ناراض (۳) گراں۔ مہنگا۔

کھِچا رہنا (ہ) (۱) الگ اور دور دور رہنا (۲) رکا رہنا۔ (۳) آزردہ رہنا۔ کشیدہ رہنا۔

کھَچا کھچ (ہ) (۱) خوب بھرا ہوا (۲) بکثرت۔ کثرت سے۔

کھِچاؤ (ہ) مذکر (۱) تناؤ۔ کھچاوٹ۔ کشیدگی۔ کشش۔ کھنچیج۔

کھِچاوٹ (ہ) مؤنث (۱) تناوٹ۔ کساوٹ (۲) کشش۔ جذب (۳) رکاوٹ۔ کشیدگی۔

کھچڑی (کھِچ۔ڑی) (ہ) مؤنث (۱) ایک خوراک جو دال اور چاول ملا کر پکاتے ہیں (۲) بیری کا پھول (۳) ملی جلی اشرفیاں اور روپے (۴) خفیہ صلاح مشورہ (۵) سیاہ اور سفید بال (۶) خلط ملط۔ ملا جلا۔

کھچڑی پکانا (ہ) (۱) دال اور چاول ملا کر پکانا (۲) خفیہ صلاح مشورہ کرنا۔ سازش کرنا۔

کھچڑی پکے کھُد بُد کھُول (ہ) (مثل) فضول اور احمقانہ حرکت۔

کھچڑی داڑھی (ہ۔ مؤنث) وہ داڑھی جس میں کچھ سیاہ کچھ سفید بال ہوں۔

کھچڑی کھاتے پہنچا اُترنا (ہ) نازک اور چھوٹی نزاکت جتانا۔

کھچڑی ہو جانا (ہ) (۱) بالوں کا سفید و سیاہ ہو جانا۔ (۲) مل جل جانا۔ گڈ مڈ ہو جانا۔

کھِچنا۔ کھِنچنا (ہ) (۱) کسا جانا۔ تننا (۲) گھسٹنا (۳) کنارہ کش ہونا۔ کشیدہ ہونا (۴) عرق نکلنا (۵) عرصہ لگنا طول پکڑنا (۶) اُترنا۔ نقل ہونا (۷) گراں ہونا۔ مہنگا ہونا۔ (۸) کشش ہونا۔

کُھد (کُھَد) (ہ) کھُدنا کا امر۔
کھَدانا (ہ) مذکر۔ وُہ گڑھا جہاں سے چکنی مٹی کھودتے ہیں۔
کھُدائی (ہ) مؤنث (۱) کھودنے کا فعل (۲) کھُدوانے کی اُجرت (۳) کندہ کاری۔
کھدبد (کھَد۔بَد) (ہ) مؤنث۔ کسی اناج کے اُبلنے کی آواز۔ پکنے کا شور۔
کھدبدانا (کھَد۔بَدا۔نا) (ہ) اُبلنا۔ پکنا۔ جوش ہونا۔ کھولنا۔
کھدبدرا (کھَد۔بَد۔رَا) (ہ) (عو) ناہموار۔
کھدّر (کھَد۔دَر) (ہ۔ مذکر) (۱) موٹا۔ کھُردرا سفید دیسی کپڑا (۲) موٹا کھُردرا۔
کھدرا (کھَد۔رَا) (ہ) کھُردرا۔ ناہموار۔ اونچا نیچا۔
کھُدنا (ہ) (۱) کندہ ہونا۔ کھودا جانا (۲) نقش کیا جانا۔ (۳) اکھڑنا۔ مسمار ہونا۔
کھُدنی (کھُد۔نی) (ہ۔ مؤنث) (۱) (عو) خلال (۲) کھُدائی۔ دولت کی تلاش کے لئے زمین کا کھودنا (۳) تلاش۔ پوشیدہ تحقیقات۔
کھُدوانا (ہ) (۱) کندہ کرانا (۲) نقش کرانا (۳) جڑ سے نکلوانا۔
کھدوائی (ہ) مؤنث۔ کھُدوانے کی اُجرت۔ کندہ کرائی۔
کھُدیا (کھُدی۔یا) (ہ) مؤنث۔ بھوک۔ اشتہا۔ کھانے کی خواہش۔
کھُدیڑ (کھُدیڑ) (ہ) مؤنث (گنوار) (۱) تعاقب۔
کھدیڑنا (ہ) (گنوار) (۱) تعاقب کرنا (۲) نکالنا۔ بھگانا۔ باہر کرنا۔
کھڈ (کھَڈ) (ہ) مذکر (۱) دو پہاڑوں کے بیچ کا عمیق نالہ (۲) خندق۔ کھائی۔ گڑھا۔
کھڈا (کھَڈا) (ہ) مذکر (۱) گڑھا۔ غار (۲) وہ گڑھا جو بنتے وقت گاؤں تلے پڑتا ہے (۳) گھُٹنے کا گڑھا۔ (۴) دندانہ (۵) کُبڑا۔
کھڈی (کھَڈ۔ڈی) (ہ) مؤنث (۱) قدمچہ۔ وہ اینٹوں یا پتھروں کا چوڑا سا جس پر بیٹھ کر پاخانہ پھرتے ہیں (۲) (مجازاً) دانتوں کا سوراخ۔
کھُر (کھُر) (ہ) مذکر۔ گائے۔ بکری اور ہرن وغیرہ کے ناخن۔ چرے ہوئے سُم۔
کھُر بندی (ہ) مؤنث۔ گھوڑے کی نعل بندی۔
کھُر کھوج (ہ) مذکر۔ نشان۔ سُراغ۔ پتہ۔
کھُر (ہ) مؤنث۔ کھانسی۔ سُرفہ۔

کھُر کھُرا (ہ) مؤنث۔ وُہ بخارات جو سردی کے موسم میں صبح اور شام کو دھند سی پیدا کر دیتے ہیں۔
کھُرا (ہ) مذکر۔ کھُر۔
کھرّا (کھَر۔رَا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا دوا جس سے کپڑے سینتے اور اس میں بنت ڈالتے ہیں (۲) کھنگر۔ کھنکری ایک مسالہ کا نام جس سے چھاپنے کے پتھر پر سے حروف مٹاتے ہیں (۳) درشت۔ سخت (۴) بدمزاج اکھڑ (۵) بچھونے کے بغیر (تخت یا پلنگ)۔
کھرّا (کھَر۔رَا) (ہ) مذکر (ہندی) (۱) مسودہ۔ کچا حساب کتاب (۲) طول طویل خط۔
کھرا (کھَرَا) (ہ) (۱) خالص۔ بے کھوٹ۔ خالص۔ بے ملاوٹ۔ (۲) اچھا۔ عمدہ۔ خوب (۳) صاف۔ سچا۔ خوش معاملہ۔ (۴) صاف گو۔ کسی کا پاس اور لحاظ نہ کرنے والا۔ (۵) نڈر۔
کھراپن (ہ) مذکر (۱) صفائی۔ خوش معاملگی (۲) خوبی۔ عمدگی (۳) دیانتداری۔ ایمانداری (۴) سچائی۔ صداقت (۵) صاف گوئی۔
کھراپن بگھارنا (ہ) صاف اور خوش معاملہ ہونے کا دعویٰ کرنا۔
کھرا کرنا (ہ) (بندھ) بڑھانا۔ چیکلی لگانا۔
کھرا کھوٹا (ہ) بُرا بھلا۔ اُلٹا سیدھا۔
کھرا کھوٹا پرکھنا (ہ) بُرے بھلے کی آزمائش کرنا۔ اچھے بُرے کو آزمانا۔
کھرا کھیل (ہ) مذکر (۱) خوش معاملگی۔ معاملے کی صفائی۔ (۲) جلد۔ فوراً۔
کھرا کھیل فرخ آبادی (ہ) مذکر۔ چونکہ فرخ آباد کا روپیہ کھرا مانا جاتا تھا۔ اس لئے خوش معاملگی کے معنی میں بولتے ہیں یعنی خوش معاملگی اچھی ہے۔
کُہرام (کُہ۔رَام) (ہ) مذکر۔ رونا۔ واویلا۔ آہ و نالہ۔ آفت قیامت۔
کُہرام مچنا (ہ) (عو) ماتم ہونا۔ رونا پیٹنا پڑنا۔ شور و شر کرنا آفت برپا ہونا۔
کھرائند۔ کھراہند (کھَرائند۔ کھَراہند) (ہ۔ مؤنث) (۱) پیشاب کی بُو (۲) گھاس یا بھوسے کے جلنے کی بُو (۳) بری بُو۔
کھرب (کھَرَب) (ہ) مذکر۔ سو ارب کی مقدار۔ دس ہزار کروڑ۔
کھُرپا (کھُر۔پَا) (ہ) مذکر۔ گھاس کھودنے کا آلہ (پ) رنبہ

کھرپا جالی سنبھالنا (ہ) گھاس کھودنے جانا۔ ماٹھی کرنا ٭

کھرپی (ہ) مؤنث۔ چھوٹا کھرپا۔ کھرچنی ٭

کھرپیچ (کھَر۔پیچ) (ہ۔ مذکر) دیکھو (کھڑپیچ)

کھرتل (کھَر۔تَل) (ہ) (۱) کھرا۔ صاف گو (۲) آزاد ٭

کھرتوا (کھَر۔توا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کی گھاس جو بتھوے کے ساگ کے مشابہ ہوتی ہے ٭

کھرج (کھَرَج) (ہ) مؤنث۔ علم موسیقی کا پہلا سُر جو سب سے پست ہوتا ہے ٭

کھرچال (کھَر۔چال) (ہ۔ مذکر) لوہے کا برتن جس میں راکھ چھانی جاتی ہے ٭

کھرچن (کھُر۔چن) (ہ) مؤنث (۱) وہ چیز جو پکی ہوئی ہانڈی کی پیندی میں جم جائے (۲) دودھ کی جمائی ہوئی مٹھائی (۳) بچا کھچا۔ پس ماندہ ٭

کھرچنا (کھُرچ۔نا) (ہ) چھیلنا۔ کریدنا ٭

کھردرا (کھُر۔دَ۔را) (ہ) ناہموار۔ دانہ دار۔ اونچا نیچا ٭

کھردراپن (ہ) مذکر۔ ناہمواری۔ کھرکھراہٹ ٭

کھرسا (کھَر۔سا) (ہ) مؤنث (۱) خشک موسم۔ وہ موسم جس میں گرمی کے باعث گھاس وغیرہ جل جاتی ہے (۲) قحط۔ کال۔ خشک سالی ٭

کھرسیلا (کھَر۔سے۔لا) (ہ) کھجلی والا۔ خارشتی ٭

کھرک (کھَرَک) (ہ) مذکر۔ باڑ۔ وہ مکان جس میں چوپائے بند کئے جاتے ہیں ٭

کھرکا (کھَر۔کا) (ہ۔ مذکر) دانتوں کا خلال ٭

کھرکھرا (کھَر۔کھَرا) (ہ) (۱) کھردرا۔ ناہموار (۲) مذکر۔ خرخرا۔ کھریرا ٭

کھُرکھُرا (کھُر۔کھُرا) (ہ) کھردرا۔ ناہموار۔ اونچا نیچا ٭

کھرگونیا (کھَر۔گو۔نیا) (ہ۔ مذکر) کمینہ۔ کم عقل ٭

کھرل (کھَرَل) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی پتھر کی کونڈی جو دوائیں پیسنے اور حل کرنے کے کام آتی ہے ٭

کھرل کرنا (ہ) کسی دوا کو کھرل میں حل کرنا۔ خوب باریک کرنا ٭

کھرلی (کھَر۔لی) (ہ۔ مؤنث) چارپایوں کے چارہ کھانے کی جگہ ٭

کھرنجا (کھَرَن۔جا) (ہ۔ مذکر) (۱) کھڑی اینٹوں کا فرش (۲) پتھر کا فرش یا سڑک ٭

کھرنڈ (کھُرنڈ) (ہ) مذکر۔ زخم کا انگور۔ وہ خشکی جو زخم اچھا ہوجانے کے بعد اس کے اوپر جم جاتی ہے ٭

کھرنی (کھِر۔نی) (ہ) مؤنث۔ ایک درخت اور اس کا میٹھا پھل ٭

کہروا (کہَر۔وا) (ہ) مذکر۔ کہاروں کا ناچ اور گانا ٭

کھروچا۔ کھرونچا (کھَرو۔چا۔ کھَرَوں۔چا) (ہ۔ مذکر) خراش ٭

کھروچنا (ہ) نوچنا کھسوٹنا۔ پنجہ مارنا ٭

کھرونٹ (کھَرَونٹ) (ہ) مؤنث (عوام) خراش ٭

کھرونٹا (ہ۔ مذکر) خراش ٭

کھرہا (کھَر۔ہا) (ہ۔ مذکر) خرگوش ٭

کھُری (کھُری) (ہ) مؤنث۔ جوتی کے تلے کا وہ حصہ جو ایڑی کے نیچے رہتا ہے۔ جوتی کا وہ حصہ جہاں نعل لگاتے ہیں ٭

کھَری (کھَ۔ری) (ہ) کھرا کی تانیث ٭

کھَری (ہ) کھرا کی تانیث ٭

کھری سنانا (ہ) صاف صاف کہنا۔ لگی لپٹی نہ رکھنا ٭

کھری مزدوری چوکھا کام (ہ) (مثل) نقد مزدوری دینے سے کام بہت اچھا اور جلد ہوتا ہے ٭

کھُریا (کھُر۔یا) (ہ۔ مذکر) (۱) کپڑا چھننے کا کٹوری جیسا آلہ (۲) گھٹنے کی چپنی ٭

کھریا (کھَر۔یا) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی سفید مٹی۔ چاک ٭

کھریا میں کوئلہ (ہ) ناموزوں اور بے میل بات ٭

کھریرا (کھَرے۔را) (ہ) مذکر۔ گھوڑے کے بال صاف کرنے اور گرد نکالنے کا آہنی کنگھا۔ کھرکھرا ٭

کھڑ (کھَڑ) (ہ۔ مؤنث) (۱) قیمتی موتی کا ریزہ (۲) کانچ کا ٹکڑا (۳) (عوام) گھاس ٭

کھڑا (کھڑا) (ہ) (۱) اٹھا ہوا۔ قائم (۲) سیدھا (۳) کچا۔ ادھ کچلا (۴) بکی سس نہ سیا ہوا (۵) مذکر۔ عمود ٭

کھڑا پچھاڑیں کھانا (ہ) (۱) بچے کا غصے یا ضد کے سبب اپنے آپ کو ہلکان کرنا۔ کھڑے ہو ہو کر گر پڑنا (۲) اچانک کوئی صدمہ پہنچنا ٭

کھڑا داؤں (ہ) مذکر۔ قماربازی میں وہ داؤں جو چلتے چلتے لگایا جائے۔ اخیر داؤں ٭

کھڑا دونا (ہ) مذکر (مو) حضرت علی کرم اللہ وجہہ مشکل کشا کی نیاز جو فوراً ادا کی جائے ٭

کھڑا رہنا (ہ) (۱) ٹھہرا رہنا (۲) استادہ رہنا (۳) منتظر رہنا۔ راہ تکنا ٭

کھڑا کر کے دکھانا (ہ) مانگنے کے جواب میں انگوٹھا کھڑا کر کے دکھانا۔ صاف انکار کرنا ٭

کھڑا کرنا (ہ) (۱) استادہ کرنا۔ اٹھانا (۲) برپا کرنا (۳) ٹھہرانا۔

روکنا (۴) جاری کرنا - قائم کرنا (۵) کچی سلائی کرنا (۶) نصب کرنا - گاڑنا (۷) کمال یا فصل کرنا ❊

کھڑا کھیت (ہ) مذکر (۱) سبز کھیت جو ابھی نہ کاٹا گیا ہو (۲) لمبا میدان ❊

کھڑا کھیل (ہ) مذکر - ترت کا معاملہ - ہاتھوں ہاتھ کا کام ❊

کھڑاکا (کھڑ-ڑاکا) (ہ) مذکر - کھڑکا - کھٹکا ❊

کھڑاؤں (کھڑ-اؤں) (ہ) مؤنث - لکڑی کی جوتی کفش چوبیں ❊

کھڑ بڑ (کھڑ-بڑ) (ہ) کھٹ کھٹ - ٹاپ کی متواتر آواز ❊

کھڑپیچ (کھڑ-پیچ) (ہ) مذکر - عیب - نقص - حجت ❊

کھڑک (کھڑک) (ہ) مذکر (۱) دیکھو (کھڑک) (۲) کھڑکنا کا امر ❊

کھڑکا (کھڑ-کا) (ہ) مذکر - کھٹکا - آہٹ ❊

کھڑکانا (ہ) (۱) کنڈی کھٹکھٹانا - زنجیر مارنا - پکارنا - بلانا (۲) جھڑکنا - دھمکانا ❊

کھڑکنا (کھڑک-نا) (ہ) (۱) سوکھے پتوں کا بجنا (۲) دیگوں کا بجنا (۳) بگاڑ ہونا - لڑائی ہونا ❊

کھڑکھڑ (کھڑ-کھڑ) (ہ) مؤنث - کھٹ کھٹ - کسی چیز کے ٹکرانے یا چلنے یا گھسٹنے کی آواز ❊

کھڑکھڑانا (ہ) (۱) کھٹکھٹانا - بجانا - کھٹ کھٹ کرنا - کنڈی بجانا (۲) دھمکانا - خبر لینا - جھڑکنا ❊

کھڑکھڑاہٹ (ہ) (۱) سوکھے پتوں کے بجنے کی آواز (۲) دیگوں کے باہم ٹکرانے کی آواز ❊

کھڑکھڑیا (ہ) مذکر - ایک قسم کی گاڑی جس میں بگھی کے گھوڑوں کو سدھاتے ہیں ❊

کھڑکی (کھڑ-کی) (ہ) مؤنث - جھروکا - دریچہ - چھوٹا دروازہ ❊

کھڑکی دار انگرکھا (ہ) مذکر - وہ انگرکھا جو سینے پر سے کھلا ہو ❊

کھڑکی دار پگڑی (ہ) مؤنث - مارواڑی پگڑی - وہ پگڑی جس کے آگے موکھا سا ہو ❊

کھڑگنجا (کھڑ-گن-جا) (ہ) (۱) سر سے گنجا (۲) چیچک رو (۳) نہایت بدصورت اور کریہ منظر - (۴) بدحال

کھڑگنجی (ہ) مؤنث - چیچک رو بدصورت عورت ❊

کھڑلاد (کھڑ-لاد) (ہ) مذکر (۱) مرغی خانہ (۲) گڑھا (۳) ناہموار (۴) سوراخ دار ❊

کھڑنک (کھڑ-نک) (ہ) نہایت سوکھا ❊

کھڑوا (کھڑ-وا) (ہ) مذکر - ہندو بچوں کے ہاتھ پاؤں کا زیور ❊

کھڑوے (ہ) کھڑوا کی جمع ❊

کھڑنجا (کھڑ-نجا) (ہ) مذکر - دیکھو (کھرنجا) ❊

کھڑے (ہ) کھڑا کی جمع ❊

کھڑے پانی نہ پینا (ہ) محاورہ - فوراً چلا جانا - ذرا نہ ٹھہرنا ❊

کھڑے پاؤں (ہ) کھڑے کھڑے - فوراً - اسی وقت - ترت ❊

کھڑے پاؤں بیٹھک دینا (ہ) محاورہ - فوراً حضرت مشکل کشا کی نیاز دلوانا - نذر منت ادا کرنا - ہاتھوں ہاتھ فاتحہ یا نیاز دلوانا ❊

کھڑے پیر کا روزہ رکھنا (ہ) مذکر - بیمار کھڑے رہنا - بیٹھنے کا نام نہ لینا ❊

کھڑے کھڑے (ہ) (۱) فوراً - بلاد رنگ - اسی وقت (۲) دیر تک کھڑے نہ رہ کر (۳) ذرا کی ذرا - تھوڑی سی دیر کو ❊

کھڑے گھاٹ کپڑے دھلوانا (ہ) کھڑے کھڑے کپڑے دھلوانا - کپڑے دھلنے کی جگہ جاکر کپڑے دھلوالینا ❊

کھڑپیچ (کھڑ-پیچ) (ہ) مؤنث (۱) خفیف زخم (۲) کینہ - دشمنی (۳) نکتہ چینی (۴) چھیڑ چھاڑ - بے جا تکرار ❊

کھڑپیچ نکالنا (ہ) (۱) عیب چینی کرنا - نقص نکالنا (۲) دشمنی کرنا - بیر کرنا (۳) چھیڑنا - ناحق کی تکرار اور حجت کرنا ❊

کھڑپیچیا (ہ) صفت - نکتہ چینی - حاسد ❊

کھساَر (کھ-سار) (ہ) مذکر - دیکھو (کوہسار) ❊

کھساری (کھسا-ری) (ہ) مؤنث - ایک قسم کا غلہ ❊

کھسانا (کھسا-نا) (ہ) دیوار کا کوئی حصہ گرا دینا ❊

کھس پھس (کھس پھس) (ہ) مؤنث - دیکھو (کھسر پھسر) ❊

کھسرا (کھس-را) (ہ) مؤنث - چھوٹی چیچک ❊

کھسر پھسر (ہ) مؤنث - کانا پھوسی - سرگوشی - چپکے چپکے باتیں کرنا ❊

کھسک (کھسک) (ہ) کھسکنا کا امر ❊

کھسکانا (ہ) (۱) ہٹانا - سرکانا (۲) روانہ کرنا - ٹالنا (۳) الگ کرنا - غائب کرنا ❊

کھسک جانا (ہ) (۱) سرک جانا (۲) چلا جانا۔ آنکھ بچا کر نکل جانا (۳) پھسل جانا ؛

کھسکنا (ہ) (۱) سرکنا۔ ٹلنا (۲) پھسلنا۔ اپنی جگہ سے ہٹنا (۳) چل جانا (۴) پست ہونا (۵) چھپ کر چل جانا۔ نکل جانا۔ روانہ ہونا ؛

کھسکو (ہ) جاؤ۔ ہوا کھاؤ۔ سدھارو۔ چل دو۔ چلے جاؤ۔ جاتے رہو۔ ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا کھاؤ ؛

کھس کھس (کھس کھس) (ہ) مؤنث۔ گھاس کٹنے کی آواز ؛

کھسکھسا (کھس کھسا) (ہ) کرکرا ؛

کھسکھسانا (ہ) کرکرانا ؛

کھسکھساہٹ (ہ) مؤنث۔ کھسکھسانا ؛

کھسلنا (کھسل۔ نا) (ہ) پھسلنا ؛

کھسنا (کھس۔ نا) (ہ) (۱) گرنا۔ ڈھے جانا (۲) تباہ ہونا۔ برباد ہونا ؛

کھسوٹا (کھسوٹ۔ ٹا) (ہ) مذکر۔ کشتی کا ایک داؤں جس میں حریف کو آگے گھسیٹ لیتے ہیں ؛

کھسوٹنا (کھسوٹ۔ نا) (ہ) (۱) نوچنا۔ بال اکھاڑنا (۲) زبردستی سے لینا ؛

کھسیانا (کھس۔ یانا) (ہ) (۱) بری صورت کا۔ رو دینے والا۔ چڑچڑا (۲) شرمندہ۔ نادم۔ خجل ؛

کھسیانی بلی کھمبا نوچے (ہ) مثل۔ غصے والا اور شرمندہ شخص دوسروں پر اپنی جھنجھلاہٹ اور شرمندگی اتارتا ہے ؛

کھسیانی ہنسی (ہ) مؤنث۔ وہ ہنسی جو حالت شرمندگی یا قہر و غضب میں ہو۔ زہر خند ؛

کہف (کَہف) (ع) مذکر۔ غار۔ گڑھا ؛

کھکا (کھک۔ کا) (ہ) مذکر۔ خاکی۔ پنجابی فوج کا وہ آدمی جسے غدر کے دنوں میں سرکاری خاکی پوشاک ملی تھی ؛

کھکل (کھک۔ کل) (ہ) دیکھو "کھکھل" ؛

کھکھ (کھکھ) (ہ) (۱) کھوکھلا۔ خالی (۲) مفلس۔ نادار ؛

کھکھل (ہ) دیکھو "کھکھ" ؛

کھکھوڑنا (کھکھوڑ۔ نا) (ہ) (۱) زمین کو پنجوں سے کھودنا۔ کریدنا (۲) بخوبی تلاش کرنا (۳) معلوم کرنا ؛

کھکیڑ (کھکیڑ) (ہ) مؤنث۔ رنج۔ سختی۔ مصیبت۔ محنت ؛

کھکیڑ اٹھانا (ہ) مصیبت جھیلنا۔ رنج و مصیبت سہنا ؛

کھگ (کھگ) (ہ) مؤنث۔ (۱) ایک قسم کی مہندوانہ اونچی پگڑی (۲) کونا ؛

کھل (کھل) (ہ) مؤنث۔ کھلی۔ تل یا سرسوں کا پھوک ؛

کھل (کھل) (ہ) مؤنث۔ کھال۔ چمڑا۔ چام۔ پوست ؛

کھل اُپاڑ (ہ) (۱) کھال ادھیڑنے والا (۲) سینے کے لئے کھال تک میں سے نکال لینے والا (۳) کج بحث ؛

کھل کھا کھل (ہ) سستا مال خریدنے والے گاہک کو چڑانے کے لئے کہتے ہیں۔ یعنی تجھ میں اس چیز کے کھانے یا خریدنے کی لیاقت اور حوصلہ نہیں۔ اس کی جگہ کھل خریدے جو سستی ملے گی ؛

کہل (کَہل) (ع) مذکر۔ ادھیڑ۔ میانہ سال۔ نہ بوڑھا۔ نہ جوان ؛

کھل (کھِل) (ہ) کھلنا کا امر ؛

کھل (کھُل) (ہ) کھلنا کا امر ؛

کھل بیٹھنا (ہ) اچھی طرح آرام سے چار زانو ہو کر بیٹھنا ؛

کھل پڑنا (ہ) بے تکلف ہو جانا۔ شرم کو درمیان سے اٹھا دینا ؛

کھل جانا (ہ) (۱) بندھی ہوئی چیز کا وا ہو جانا (۲) ظاہر ہو جانا (۳) پھٹ جانا۔ ادھڑ جانا (۴) رنگ سے نکل جانا (۵) چلنے لگنا۔ جاری ہونا (۶) شرم اٹھ جانا۔ بے تکلف ہو جانا (۷) وسیع ہو جانا (۸) بادل نہ رہنا (۹) ضائع ہو جانا ؛

کھل کر۔ کے (ہ) (۱) آرام سے۔ اچھی طرح۔ آزادانہ۔ جی کھول کر (۲) بے حجاب ہو کر۔ بے تکلف ہو کر (۳) ظاہر۔ علانیہ ؛

کھل کھیلنا (ہ) شرم و حجاب اٹھا کر علانیہ کسی معیوب امر کا کرنا۔ مطلق آزاد ہو جانا ؛

کھلا (ہ) (۱) کشادہ۔ وا۔ فراخ۔ وسیع۔ چوڑا (۲) ننگا۔ برہنہ (۳) بے روک۔ آزادانہ (۴) نام۔ مشہور (۵) ظاہر۔ علانیہ ؛

کِھلا (کِھلا) (۱) کھلنے کی ماضی (۲) کھلانا کا امر ؛

کھلا جاتا ہے (ہ) خوشی سے ہنستا جاتا ہے ؛

کھلا کھلا (ہ) (۱) صاف۔ صاف۔ کھرا کھرا (۲) دور دور فاصلے سے (۳) فراخ۔ دلکشا ؛

کھلابلی (کھلا۔ بلی) مؤنث۔ دیکھو "کھلبلی" ؛

کہلا بھیجنا (ف) پیغام بھیجنا۔ بلا بھیجنا ٭

کھالر (کھا۔ لَر) (ف۔ مذکر) (۱) ڈھلوان جگہ (۲) غار۔ گڑھا (۳) نشیب ٭

کھلاڑ (کھلا۔ ڑ) (ف) (۱) فاحشہ۔ مردوں کے ساتھ کھیلنے والی بدکار عورت (۲) (مذکر) وہ شخص جو عیاشی اور لہو و لعب کی طرف مائل ہو ٭

کھلاڑی (ف) (۱) کوئی کھیل یا بازی جاننے والا۔ استاد (۲) جواری۔ جُوا کھیلنے والا (۳) کھلنڈرا۔ کھیل کود میں مصروف رہنے والا ٭

کھلا لا (کھلا۔ لا) (ف۔ مذکر) (۱) بہت شور کرنے والی ندی یا نالہ چشمہ (۲) سر سے پانی ڈال کر نہانا ٭

کھلانا (ف) (۱) تناول طعام کرانا (۲) دعوت کرنا۔ مدد دینا (۳) بہلانا۔ بچے کا دل خوش کرنا ٭

کہلانا (ف) (۱) دوسرے شخص کی معرفت پیغام دینا (۲) اقرار لینا (۳) دوسری دفعہ پڑھوانا (۴) مشہور ہونا۔ نامزد ہونا ٭

کھلاؤ (ف) مذکر (۱) سخی۔ دریا دل (۲) اوروں کو مال کھلانے والا ٭

کھلائی (ف) مؤنث (۱) خوراک۔ خورش (۲) خوراک کی قیمت (۳) بچوں کو کھلانے والی دایہ ٭

کھلائی پلائی (ف) مؤنث۔ کھانے پینے کی قیمت ٭

کھلائے سونے کا نوالہ دیکھئے شیر کی نظر (مثل) اولاد کو کھلائے تو حسب دلخواہ۔ مگر ادب و تہذیب سکھانے کے لئے اپنا رعب ضرور قائم رکھے ٭

کھلائے کا نام نہیں رُلائے کا نام ہے (مثل) نیک کام کی کوئی داد نہیں دیتا۔ مگر بُری بات فوراً پکڑی جاتی ہے ٭

کھلبلی (ف) مؤنث (۱) ہلچل۔ ہنگامہ۔ فتور۔ شور و شر فتنہ و فساد (۲) گھبراہٹ۔ اضطراب۔ بے قراری جلدی ٭

کھلبلی پڑنا۔ یا۔ مچنا (ف) (۱) ہل چل ہونا۔ ہنگامہ برپا ہونا۔ شور و شر ہونا (۲) گھبرانا۔ اضطراب اور بے قراری ہونا۔ جلدی پڑنا ٭

کھلڑ (کھل۔ لَڑ) (ف) مؤنث (۱) وہ بوڑھی عورت جس کے جسم پر گوشت کی بجائے کھال ہی کھال ہو (۲) چمڑے کی تھیلی ٭

کھلڑی (ف) مؤنث۔ کھال کی تصغیر۔ پوست۔ چمڑا کھال ٭

کھلکھل (ف) مؤنث۔ ٹھٹھے یا قہقہے کی آواز ٭

کھلکھلا کر ہنسنا
کھلکھلا کے ہنسنا
کھلکھلانا
(ف) زور سے ہنسنا۔ قہقہہ مارنا۔ بہت ہنسنا ٭

کھلانا (کھل۔ کھلا۔ نا) (ف) مرغیوں کا گڑگڑ بولنا۔ بیٹ بولنا ٭

کھلم کھلا (ف) بے روک ٹوک۔ علانیہ ٭

کہلنا (ف) (۱) کھٹنا (۲) مرجھانا (۳) کمہلانا (۴) خشک ہو جانا ٭

کھلنا (ف) (۱) کلی کا پھولنا۔ پھول کا شگفتہ ہونا (۲) پھول آنا (۳) خوش ہونا۔ ہنسنا (۴) زیب دینا۔ پھبنا۔ سجنا۔ نکھرنا ٭

کھلنا (ف) (۱) کسی بندھی ہوئی چیز کا وا ہونا۔ عقدہ حل ہونا (۲) ظاہر ہونا۔ بھید کھلنا (۳) پھٹنا (۴) ادھڑنا (۵) جاری ہونا۔ بہنے لگنا (۶) بے تکلف ہونا (۷) چوڑا اور وسیع ہونا (۸) بادل کا صاف ہونا (۹) روشن ہونا (۱۰) پھوٹنا۔ نکلنا (۱۱) شائع ہونا (۱۲) چمکنا۔ نکھرنا (۱۳) منکشف ہونا (۱۴) انقباض دور ہونا۔ بشاش ہونا (۱۵) ترقی پانا۔ بڑھ جانا ٭

کھلنڈرا۔ کھلنڈرا (کھِلَنڈرا) (کھل۔ نڈ۔ را) (ف) (مذکر) کھلاڑی۔ کھیل کود میں مشغول رہنے والا ٭

کھلنڈری (ف) مؤنث۔ کھلاڑن۔ کھیل کود میں مشغول رہنے والی ٭

کھلّو (کھل۔ لو) (ف) مؤنث۔ ہر وقت ہنستی رہنے والی۔ کھلنڈری ٭

کھلّو باولی (ف) بے موقع ہنسنے والی ٭

کہلوانا (ف) (۱) پیغام دلوانا (۲) سبق یا کسی عبارت کا منہ سے نکلوانا ٭

کھلوانا (ف) کھلانا کا متعدی ٭

کھلونا (کھل۔ لَو۔ نا) (ف) مذکر (۱) بچوں کے کھیلنے کی چیز (۲) نازک اور دکھاوے کی چیز (۳) خوش طبع یا مسخرہ آدمی ٭

کھلی (کھلی) (ف) مؤنث۔ تل یا سرسوں کا پھوک ٭

کھلی (کھِل۔ لی) (ف) مؤنث۔ ہنسی۔ ٹھٹھا۔ چہل۔ مذاق۔ تمسخر ٭

کھلّی اڑانا
کھلّی کرنا
(ف) ہنسی اڑانا۔ مذاق کرنا۔ چھیڑنا ٭

کھلے (کھلے) (ف) کھلا کی جمع ٭

کھلے بازار - کھلے بندوں - کھلے خزانے (کھلے بند) (ع) (۱) کھلم کھلا - علانیہ - ڈنکے کی چوٹ (۲) بے تکلف - آزادانہ - ظاہر (۳) وہ شخص جو پابند نہ ہو ۔

کھلیان (کھل - یان) (ہ - مذکر) (۱) وہ جگہ جہاں بھس میں سے اناج برسا کر ڈھیر لگاتے ہیں - خرمن (۲) غلے کا انبار - ڈھیر - کوٹھی ۔

کھم (کھم) (ہ - مذکر) (۱) کھم - ستون (۲) رکن (۳) استنبار (۴) لاٹھ ۔

کھماچ (کھماچ) (ہ) مؤنث - ایک راگنی ۔

کھمبا (کھم - با) (ہ) مذکر - دیکھو (کھم) ۔

کھمبی (کھم - بی) (ہ - مؤنث) ایک قسم کی سفید نباتات جو اکثر برسات میں از خود پیدا ہو جاتی ہے اور اسے تل کر کھاتے ہیں ۔

کھن (کھن) (ہ - مذکر) لکڑی میں سوراخ کرنا ۔

کہن کہن (ہ - مؤنث) عو - کہنے کا ڈھنگ ۔

کہن (کہن) (ف) پرانا (کہنہ سال) خوردہ ۔

کہن سال (ہ) مذکر - بوڑھا - بڈھا - بڑی عمر کا معمر ۔

کہنا (ہ) (۱) بیان کرنا - زبان پر لانا (۲) کھولنا - ظاہر کرنا (۳) اطلاع دینا - خبر کرنا (۴) نام رکھنا (۵) برا کہنا - گالی دینا (۶) شعر کہنا (۷) سمجھانا - نصیحت کرنا (۸) تنبیہ کرنا ۔

کہنا سننا (ہ) (۱) بہلانا - ورغلانا (۲) گالی گلوچ کرنا برا بھلا سنانا ۔

کہنا (ہ) مذکر (۱) مقولہ - قول - کہاوت (۲) ذکر - بیان (۳) نصیحت - پند (۴) حکم - ارشاد - فرمان (۵) گفتگو - بات چیت ۔

کہنا سننا (ہ) مذکر (۱) دخل - رسائی - پہنچ (۲) حکم - اختیار ۔

کہنا کرنا - یا - ماننا (ہ) حکم بجا لانا - بات ماننا - تعمیل ارشاد کرنا ۔

کھنجری - کھنجری (کھن - جر - ی - کھن - جر - ی) (ہ) مؤنث - (۱) ایک باجہ - چھوٹی سی ڈفلی (۲) (۱) چھوٹا خنجر (۳) (۱) ایک قسم کی لہردار دھاری جو ریشمی کپڑے پر ہوتی ہے ۔

کھنجن (کھن - جن) (ہ - مذکر) ممولا جو ایک سیاہ رنگ کا پرندہ ہے ۔

کھنچاؤ (ہ) مذکر - دیکھو (کھچاؤ) ۔

کھنچنا (ہ) دیکھو (کھچنا) ۔

کھند (کھند) (ہ - مذکر) دیوار کا چھوٹا طاق ۔

کھندانا (کھن - دا - نا) (ہ - مذکر) (۱) تلوار وغیرہ کی باڑھ میں پڑ جانے والا دندانہ (۲) لکڑی یا دیوار کا خفیف سا سوراخ (۳) (کنایۃً) رخنہ ۔

کھندلنا (کھندل - نا) (ہ) پامال کرنا - پاؤں میں ملنا مسلنا - کچلنا ۔

کھنڈ (کھنڈ) (ہ - مذکر) کھانڈ - چینی - شکر - قند - بورا ۔

کھنڈسار - سال (ہ - مؤنث) کھانڈ بنانے کا کارخانہ ۔

کھنڈ (کھنڈ) (ہ) کھنڈنا کا امر ۔

کھنڈا (کھن - ڈا) (ہ) مذکر - (۱) چاولوں کا چورا (۲) کھانڈا - تلوار - تیغ - شمشیر ۔

کھنڈا (کھن - ڈا) (ہ - مذکر) (ہندو) گنڈ جو تیز نہ ہو ۔

کھنڈانا (ہ) بکھیرنا - تتر بتر کرنا - پراگندہ کرنا ۔

کھنڈت (کھن - ڈت) (ہ) (۱) شکستگی - ٹکڑے ٹکڑے ہونا - ابتری - پراگندگی (۲) خلل - مزاحمت - دست اندازی - حرج (۳) تردید - تنسیخ ۔

کھنڈت پڑنا (ہ) کسی کام میں حرج واقع ہونا (۲) کسی بات کا سلسلہ نہ رہنا ۔

کھنڈر (کھنڈر) (ہ - مذکر) (۱) ٹوٹا ہوا مکان - ویران مکان ویرانہ (۲) ٹوٹے پھوٹے مکانوں کے نشان ۔

کھنڈلا (کھنڈ - لا) (ہ - مذکر) قاش - پھانک - قتلہ - ٹکڑا ۔

کھنڈلا (کھنڈ - لا) (ہ - مذکر) (کھنبرا) جھونپڑا - چھوٹا سا گھر - ٹوٹا پھوٹا مکان ۔

کھنڈن (ہ - مذکر) (ہندو) (۱) تردید - تنسیخ (۲) بت شکنی ۔

کھنڈنا (ہ) بکھرنا - پھیلنا - پریشان ہونا - منتشر ہونا ۔

کھنڈوی (کھنڈ - وی) (ہ - مؤنث) ایک قسم کی بیسن کی غذا ۔

کھنس (کھنس) (ہ - مؤنث) (۱) نفرت (۲) دشمنی (۳) غصہ (۴) حسد (۵) رشک (۶) کھنسنا کا امر ۔

کھنسانا (ہ) (۱) حسد کرنا (۲) دشمنی کرنا (۳) تیوری چڑھانا (۴) لگائی بجھائی کرنا ۔

کھنسنا (ہ) کھنسانا کا لازم ۔

کھنسی (ہ) (۱) لڑاکا - چڑچڑا (۲) خفا (۳) حسد کرنے والا ۔

کھنک (کھَنَک) (ا) مؤنث ۔ بجنے کی آواز جھنکار ۔ کھڑک ؎

کھنکار ۔ کھنکھار (ا) ۔ مؤنث ، بلغم ۔ کف (۲) کھانسی کی آواز ۔ وہ آواز جو بلغم کے ہٹانے یا گلا صاف کرنے کے واسطے نکالی جائے (۳) مونہوں کے پاس کھنے یا کھنے کی آواز ؎

کھنکارنا ۔ کھنکھارنا (ف) (۱) کھانسنا کھانسنے کی آواز نکالنا (۲) کھانسی کے ذریعے سے اشارہ کرنا (۳) کھانس کر تھوکنا ۔ گلا صاف کرنا ؎

کھنکانا (ف) بجانا ۔ جھنکارنا ۔ کھڑکانا ؎

کھنکڑی (کھَنَک ۔ ڑی) (ا ۔ مؤنث) ایک قسم کا پاپڑ ؎

کھنکنا (ف) (۱) بجنا ۔ کھڑکنا ۔ جھنکار ہونا ۔ پرکھتے وقت روپے کا بجنا (۲) ٹوٹے ہوئے مٹی کے برتن کی آواز ؎

کھنکھ (کھَنَکھ) (ص) (۱) بہت خشک (۲) کمزور (۳) بوڑھا ؎

کھنکھجورا (کھَن ۔ کھجو ۔ را) (ا ۔ مذکر) کنکھجورا ؎

کھنکھڑ (ص) (۱) خشک ۔ سخت (۲) مرجھایا ہوا ؎

کھنکھن (کھِن ۔ کھِن) (ا ۔ مؤنث) (۱) بچے کے ناک میں رونے کی آواز (۲) کھنکھنانا کا امر ؎

کھنکھن کرنا (ف) بیماری کے باعث بچے کا ناک میں رونا ؎

کھنکھنا (کھَن ۔ کھَنا) (ا) (۱) مٹی کا برتن جس میں دراڑ پڑ جائے (۲) دیکھو (کھنکنا) (۳) کھنکھنانا کا امر ؎

کھنکھنانا (ف) دیکھو (کھنکانا) ؎

کھنکھنانا (ف) بچے کا بیماری کے باعث ناک میں رونا ؎

کھنگھنانا (کھُن ۔ کھُنا ۔ نا) (ف) دیکھو (کھنکھنانا) ؎

کھنگالنا (کھَنگا ۔ لْ ۔ نا) (ف ۔ ا) پانی ڈال کر برتن میں ہلانا اور اسے پھینک دینا ۔ پانی سے برتن صاف کرنا (۲) سرسری طور پر کپڑے کو دھونا اور صاف کرنا ؎

کھنگر ۔ کھنگڑ (کھِنگَر ۔ کھِنگَڑ ۔ کھَنگَر ۔ گڑ) (ا ۔ مذکر) (۱) بہت سی جلی ہوئی اینٹوں کا مجموعہ (۲) دھات کا میل جو پگھلنے کے بعد نکلتا ہے (۳) ایک قسم کا مسالے کا پتھر جس سے چھاپے کا پتھر صاف کرتے ہیں ؎

کھنگر لگ جانا (ف) ہڈیاں نکل آنا ۔ گوشت اور جسم گھُل کر صرف ہڈیاں رہ جانا ؎

کُہنگی (کُہ ۔ نگی) (ف) مؤنث ۔ پرانا پن ۔ پیری ۔ قدامت دیرینگی ؎

کُہنہ (کُہ ۔ نہ) (ف) پرانا ۔ دیرینہ ۔ سال خوردہ

کُہنی (کُہ ۔ نی) (ا ۔ مؤنث) ساعد و بازو ۔ ساعد و بازو کا جوڑ ؎

کُہنی مارنا ۔ یا ۔ چلانا (ف) کہنی کی ضرب لگانا ۔ کہنی سے ہٹانا ؎

کہنے پر جانا (۱) کسی بات کا خیال کرنا ۔ کسی بات کو یقین کرنا ؎

کہنے سے بات پرائی ہو جاتی ہے (ف) (مثل) منہ سے نکلی ہوئی بات پر قابو نہیں رہتا ؎

کہنے سے ضد سوا ہوتی ہے (ا) (مثل) آدمی کو جس قدر سمجھاؤ اسی قدر زیادہ ہٹ کرتا ہے ؎

کہنے کو (ف) (۱) نام کو (۲) عیب لگانے کو ؎

کہنے کو بات رہ گئی (ف) وقت نکل گیا ۔ شکوہ شکایت اور گلہ باقی رہ گیا ؎

کہنے کی باتیں ہیں (ف) صرف زبانی جمع خرچ ہے ۔ عمل میں لانا مشکل ہے ؎

کہنے میں (ف) مطیع ۔ فرمانبردار ؎

کہنے میں آجانا (ف) بہکانے میں آجانا ۔ دھوکے میں آجانا ۔ کسی بات کا اعتبار کر لینا ؎

کُہو (کُہو) (ا) مؤنث ۔ کویل کی آواز ؎

کھو (کھو) (ا ۔ مؤنث) غار ۔ بھٹ ۔ گڑھا ۔ پہاڑ کے اندر کا کھوکھلا حصہ ؎

کھو (کھو) (ف) کھونا کا امر ؎

کھو بیٹھنا (ف) ضائع کر دینا ۔ تباہ کر دینا ؎

کھو دینا (ف) (۱) ضائع کر دینا ۔ برباد کر دینا (۲) نکما کر دینا (۳) غائب کر دینا ۔ گم کر دینا ۔ گنوا دینا ؎

کھو کر سیکھنا (ف) نقصان اٹھا کر تجربہ حاصل کرنا ؎

کھوا (کھوا) (ا ۔ مذکر) شانہ ۔ مونڈھا ۔ کندھا ۔ دوش ؎

کہوا چھوڑنا (ف) کسی سے کوئی بات جبراً کہلا لینے کے بعد اسے چھوڑ دینا ؎

کھوبڑ (کھو ۔ بڑ) (ا ۔ مذکر) درخت کی لکڑی کی بر آمدگی ؎

کھوپرا (کھو ۔ پ ۔ را) (ا ۔ مذکر) (۱) کھوپا ۔ ناریل کا مغز (۲) کاسۂ سر ۔ کھوپری ؎

کھوپری ۔ کھوپڑی (ا ۔ مؤنث) کاسۂ سر ۔ سر کے

اوپر کا حصہ۔ سر کی ہڈی ۔

کھوپری چٹخنا۔ یا چٹکنا (ف) تالو پھٹنا۔ شدت گرمی کے سبب کاسۂ سر کا پھٹ جانا ۔

کھوپری کھا جانا (ف) (محاورہ) (۱) دماغ چٹ کر جانا (۲) بک بک کر کے ستانا۔ دق کرنا (۳) دوسرے کا مال کھا جانا ۔

کھوپری گنجی کرنا (ف) اس قدر مارنا کہ سر کے بال اڑ جائیں۔ بہت مارنا ۔

کھوٹ (کھوٹ) (ہ) مؤنث، مذکر۔ (۱) ملاوٹ۔ آمیزش (۲) مذکر۔ نقص۔ عیب۔ دوش۔ قباحت۔ خطا قصور (۳) نقصان۔ ضرر (۴) بدی۔ برائی۔ شرارت۔ بدذاتی (۵) دغا۔ فریب۔ کینہ ۔

کھوٹ کرنا (ف) برائی کرنا۔ بدی کرنا۔ قصور کرنا۔ دوسرے کو نقصان یا ضرر پہنچانا ۔

کھوٹ ملانا (ف) (۱) خالص سونے چاندی میں کوئی اور ادنیٰ دھات ملانا (۲) نقص کرنا۔ خلل ڈالنا ۔

کھوٹا (ہ) (۱) جعلی۔ غیر خالص سکہ (۲) برا۔ خراب بخریہ۔ عیبی (۳) ناقص۔ نکما۔ ناکارہ (۴) دغاباز۔ فریبی۔ مکار۔ (۵) برے ارادے والا۔ بدنیت ۔

کھوٹا پیسہ بھی برے وقت کام آتا ہے (ا) (مثل) اپنی نکمی چیز بھی وقت پر کام دے جاتی ہے ۔

کھوٹی (ہ) مؤنث (۱) غیر خالص (۲) جعلی (۳) بد (۴) ناقص۔ نکمی (۵) دغاباز ۔

کھوٹی کرنا (ف) (۱) کھوٹ ملانا (۲) بدی کرنا۔ برائی کرنا (۳) ضرر یا نقصان پہنچانا ۔

کھوج (کھوج) (ہ) مذکر (۱) سراغ۔ آدمی کے پاؤں کا نشان۔ ٹھکانا (۳) تلاش۔ جستجو ۔

کھوج پانا (ف) سراغ لگنا۔ خبر پانا۔ نشان ملنا ۔

کھوج کرنا (ف) ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا۔ پتہ لگانا ۔

کھوج لگنا (ف) پتہ لگنا۔ تلاش سے کسی چیز کا معلوم ہو جانا ۔

کھوج مٹانا (ف) نام و نشان نہ رکھنا۔ نیست و نابود کرنا۔ بیخ کنی کرنا ۔

کھوج نکالنا (ف) چوری کے مال کا پتہ لگانا۔ سراغ رسانی کرنا ۔

کھوجڑ (کھو۔ جڑ) (ہ) مذکر۔ بھوک ۔

کھوجڑا (ہ) مذکر (۱) کھوج۔ سراغ (۲) نام و نشان۔ بیج و بنیاد ۔

کھوجی۔ کھوجیا (ہ) مذکر۔ سراغ لگانے والا۔ سراغ رساں ۔

کھوچڑ۔ کھوچڑ (کھو۔ چڑ ۔ کھوں۔ چڑ) (ہ) ہوتے ہوئے کام کو روک دینے والا ۔

کھود (کھود) (ہ) (۱) کھودنا کا امر (۲) مؤنث، کھودنے کا فعل (۳) کھونچ (۴) کھونپ۔ ہونک ۔

کھود کھود کر (کے) پوچھنا (ف) طرح طرح سے پوچھنا۔ خوب چھان بین کرنا ۔

کھودنا (ہ) (۱) گڑھا کرنا (۲) جڑ سے اکھاڑنا (۳) خالی کرنا۔ کھرچنا۔ کریدنا (۴) کرنا۔ نقاشی کرنا (۵) تحقیقات کرنا۔ تفتیش کرنا ۔

کھودن کی سینے رات دن کی | کھوکھیت کی سینے کھلیان کی (ف) سوال کچھ جواب کچھ۔ سوال کے خلاف جواب دینا ۔

کھور (کھور) (ہ) مؤنث (۱) مویشیوں کے گھی کھانے اور پانی پینے کی ناند یا نالی ۔

کھور (کھور) (ہ) مذکر (۱) غار۔ کھوہ (۲) چھوٹی وردی (۳) راستہ۔ گلی (۴) چھپنی۔ ڈھکنا ۔

کھور (کھو۔ رُ) (ہ) مذکر۔ بدی۔ فساد۔ شرارت۔ جھگڑا۔ تنازع ۔

کھورولانا (ہ) (۱) حیوانوں کا زمین پر کھر یا سم دے دے مارنا (۲) شور مچانا (۳) جھگڑا کرنا۔ شرارت کرنا۔ فساد مچانا ۔

کھوڑ (کھوڑ) (ہ) مؤنث (۱) (ہندو) مرے ہوئے بزرگوں کی ناراضی (۲) آسیب۔ خلل ۔

کھوڑ (کھوڑ) (ہ) مؤنث۔ وہ تلک جو ہندو لوگ صندل یا سیندور وغیرہ کا لگاتے ہیں ۔

کھوسا (کھو۔ سا) (ا) وہ شخص جس کی ڈاڑھی اور مونچھ جوانی پر بھی نہ نکلے (پ) کھودا ۔

کھوسٹ (کھو۔ سٹ) (ہ) مذکر۔ بوڑھا پھوس۔ پیر فرتوت۔ نہایت بدشکل اور کہن سال۔ بہت بوڑھا ۔

کھوسڑا (کھو۔ سڑا) (ہ) دیکھو کھونسڑا ۔

کھوسنا (کھو۔ سنا) (ہ) کسی چیز کو کسی چیز میں الجھا دینا۔ اٹکا دینا ۔

کھوکھا (کھو۔ کھا) (ہ) (۱) وہ ہنڈی جس کے روپے دیئے جا چکے ہوں (۲) (دہقانی) لڑکا۔ طفل ۔

کھوکھلا (ص) تھوتھا ۔ خالی ۔ بے مغز ۔

کھول (کھول) (ف) کھولنا کا امر ۔

کھول کر (ف) (۱) واضح کر کے ۔ ظاہر کر کے (۲) آزادانہ ۔ بے روک ٹوک (۳) بخوبی ۔ جیسا چاہیئے ۔

کھول کر کہنا (ف) کسی بات کو خوب ظاہر کر کے اور علانیہ کہنا ۔ بے لاگ کہنا ۔

کھول کیسہ کھا پیسہ (ا) گرہ کا زر خرچ کر اور دنیا کا مزہ اٹھا ۔

کھول (کھول) (ف) کھولنا کا امر ۔

کھولانا (ف) (۱) جوش دینا ۔ اُبالنا (۲) (عو) جلانا ۔ غم دینا ۔

کھولن (ا) مؤنث (۱) اُبال ۔ جوش (۲) جلن ۔ سوزش ۔ زخم ۔ ٹیس ۔

کھولنا (ف) اُبلنا ۔ سُلگنا ۔ جوش کھانا ۔

کھولنا (ف) (۱) کسی بندھی ہوئی چیز کا وا کرنا (۲) ظاہر کرنا (۳) جدا جدا چھوڑنا (۴) پھاڑنا ۔ چیرنا (۵) اُدھیڑنا (۶) رہا کرنا ۔ آزاد کرنا ۔

کھونا (کھو ۔ نا) (ف) (۱) گم کرنا ۔ گنوانا (۲) بھلانا ۔ بسرانا (۳) ضائع کرنا ۔ برباد کرنا (۴) بے قابو کرنا (۵) بگاڑنا (۶) دفع کرنا ۔

کھونپ (کھونپ) (ا) مؤنث ۔ ایک قسم کی لمبی لمبی سلائی ۔ سیون ۔

کہوں تو ماں ماری جائے نہ کہوں تو باوا کتا کھائے (ف) (مثل) اس موقع پر بولتے ہیں جب کسی بات کے کہنے اور نہ کہنے میں دونوں طرح خرابی پیدا ہو ۔

کھونٹ (کھونٹ) (ا) مؤنث (۱) کونہ ۔ گوشہ ۔ زاویہ (۲) جانب ۔ طرف ۔ سمت ۔ پہلو (۳) کان کا میل (۴) ملک کا حصہ ۔ قطعہ ۔

کھونٹا (کھوں ۔ ٹا) (ا) مذکر ۔ (۱) میخ ۔ کیل ۔ چوب (۲) کھوکھلی لاٹھ (۳) چکی کا ہتھا ۔

کھونٹا سا بیٹھ جانا (ف) مضبوطی کے ساتھ قائم ہو جانا ۔ کھونٹے کی طرح جم جانا ۔

کھونٹی (ا) مؤنث (۱) چھوٹی میخ ۔ کیل (۲) سارنگی یا ستار کے کان (۳) بالوں کی جڑ ۔

کھونٹی نہ چھوڑنا (ف) (۱) بہت صفائی سے حجامت بنانا (۲) لوٹ کر بالکل صفایا کر دینا ۔

کھونٹے (ا) مذکر ۔ کھونٹا کی جمع ۔ میخیں ۔

کھونٹے پر مارنا (ف) خاطر میں نہ لانا ۔ جوتی کی نوک پر مارنا ۔

کھونٹے سے بندھنا (ف) (۱) میخ سے بندھنا (۲) پابند ہونا (۳) نکاح یا شادی ہونا ۔

کھونٹے کے بل کودنا (ف) کسی کی حمایت پر اترانا ۔ کسی کے بھروسے پر گھمنڈ کرنا ۔

کھونچ (کھونچ) (ا) مؤنث ۔ کپڑے وغیرہ کی وہ جگہ جو کیل یا کانٹے سے اُلجھ کر پھٹ جائے ۔

کھونچ آنا ۔ یا ۔ لگنا (ف) کپڑے کا کسی چیز سے اُلجھ کر پھٹ جانا ۔

کھونچا (ا) مذکر ۔ بڑی کھونچ ۔

کھونچا (کھوں ۔ چا) (ا) ساڑھے چھ کا پہاڑہ ۔

کھونچڑ (کھوں ۔ چڑ) (ص) فسادی ۔ بدباطن ۔

کھوندنا (کھوند ۔ نا) (ف) پامال کرنا ۔ روندنا ۔ پاؤں سے ملنا یا کچلنا ۔

کھونڈا (کھوں ۔ ڈا) (ص) جس کے اگلے دانت ٹوٹے ہوئے ہوں ۔

کھونسڑا (کھونس ۔ ڑا) (ا) مذکر ۔ پرانی پھٹی ٹوٹی جوتی ۔

کھوں کھوں (کھوں ۔ کھوں) (ا) مؤنث ۔ کھانسی کی آواز ۔

کھوں کھوں کرنا (ف) دھانسنا ۔ کھانسنا ۔

کھوہ (کھوہ) (ا) مؤنث ۔ دیکھو (کھو : غار) ۔

کھوئی (کھو ۔ ئی) (ا) گنے یا ایکھ کا پھوک ۔ جو رس نکالنے کے بعد رہ جاتا ہے ۔

کھوئے سے گئے (ف) سٹ پٹا گئے ۔ گھبرا گئے ۔

کھوے (ا) مذکر ۔ کھوا کی جمع ۔ مونڈھے ۔ کندھے ۔

کھوے سے کھوا چھلنا (ف) نہایت بھیڑ بھاڑ ہونا ۔ شانے سے شانہ رگڑنا ۔

کھونیا (کھو ۔ نیا) (ص) بہت کھانے والا ۔ پیٹو ۔ کھانے والا ۔

کھویا (کھو ۔ یا) (ص) ناؤ چلانے والا ۔ ملاح ۔

کھویا (کھو ۔ یا) (ا) مذکر ۔ دودھ کا ماوا ۔ ربڑی ۔

کھویا (کھوئے) **جانا** (ف) (۱) گم ہو جانا ۔ جاتا رہنا (۲) گھبرا جانا ۔ بدحواس ہو جانا ۔ حیران ہو جانا (۳) لاجواب ہو جانا ۔

کھے (کھے) (ا) مؤنث (۱) میلا ۔ گوہ ۔ نجاست (۲) خاک ۔ دھول ۔ راکھ ۔

کھے کھانا (ف) جھک مارنا ۔ بیہودہ بکنا ۔

کھے (کھے) (ف) کھینا کا امر ۔

کھی (کہی) (ا ۔ مؤنث ۔ (گنوار) بات ۔ کہا ۔

کہی بدی (ا ۔ مؤنث) قول و قرار ۔ باہمی عہد و پیمان ۔

کہی سنی (ا) مؤنث ۔ بہکانا ۔ ورغلانا ۔ لوگوں کا کہنا سننا ۔

کھیپ (کھیپ) (ا) مؤنث (۱) دریائی سفر (۲) بھرتی ۔ بوجھ (۳) دفعہ ۔ شمار ۔ بار ۔ مرتبہ (۴) کھوٹ ۔

کھیپ بھرنا (ف) بوجھ لادنا ۔ مال بھرنا ۔

کھیت (کھیت) (ا) مذکر ۔ (۱) کشت ۔ وہ زمین جس میں بویا جوتا جائے (۲) زمین ۔ ملک ۔ دیس ۔ خطہ (۳) کارزار ۔ جنگ و جدل (۴) چاندنی ۔ چاندنا ۔ روشنی ۔

کھیت آنا (ف) کام آنا ۔ مارا جانا ۔ قتل ہو جانا ۔ شہید ہونا ۔ مقتول ہونا ۔

کھیت اٹھانا ۔ کھیت لگان پر دینا ۔

کھیت پتر (ا) مذکر (گنوار) زمین کا رہن نامہ ۔ زمین کا کاغذ ۔ خطِ زمین ۔

کھیت پڑنا (ف) بہت سے لوگوں کا مارا جانا کسی جنگ و جدل کا واقع ہونا ۔

کھیت چٹھا (ا ۔ مذکر) پیمائش والوں کی کتاب جس میں زاویہ کی پیمائش لکھی جاتی ہے پٹواریوں کا خسرہ ۔

کھیت چھوڑ جانا (چھوڑنا) (ف) میدانِ جنگ سے بھاگ نکلنا ۔ پیٹھ دکھانا ۔

کھیت رہنا (ف) (۱) کام آنا ۔ مارا جانا ۔ قتل ہونا (۲) فریفتہ ہو جانا ۔ جان دینا ۔

کھیت کاٹنا (ف) فصل کاٹنا ۔ غلّہ کاٹنا ۔

کھیت کا لکھا پڑھا (ا) مذکر (گنوار) کسان ۔ دہقان ۔ دیہاتی ۔ ہل چلانے والا ۔

کھیت کرنا (ف) (۱) چاند نکلنا (۲) زراعت کرنا ۔ بونا ۔ جوتنا ۔

کھیت کمانا (ف) محنت کر کے کھیت کی زمین کو پیداوار کے قابل بنانا ۔

کھیت کھائے گدھا مارا جائے جلاہا (ف) (مثل) گناہ کوئی کرے آفت کسی کے سر پر آئے ۔

کھیت ہاتھ ہونا (ف) میدان ہاتھ ہونا ۔ فتحیابی ہونا ۔

کھیتی (ا) مؤنث ۔ (۱) زراعت ۔ کشت ۔ بویا جوتا کھیت (۲) فصل ۔ اناج ۔ غلّہ (۳) کاشتکاری ۔

کھیتی باڑی (ا) مؤنث ۔ کسانی ۔ کاشتکاری ۔

کھیتی باڑی کرنا (ف) زراعت کرنا ۔ بونے جوتنے کا کام کرنا ۔

کھیتی پھلنا (ف) کامیابی ہونا ۔

کھیتی خصم سیتی (ا) (مثل) کام مالک کی اپنی ہمت اور ہاتھ لگانے سے ہوتا ہے ۔ غیروں پر چھوڑ دینے سے کوئی کام حسبِ دلخواہ نہیں ہو سکتا ۔

کھیتی رکھے باڑ کو ۔ باڑ رکھے کھیتی کو (ف) (مثل) بادشاہ رعیّت کے سبب اور رعیّت بادشاہ کے سبب قائم ہے ۔

کھید (کھید) (س) مؤنث (ہندو) (۱) دُکھ ۔ درد ۔ تکلیف (۲) سوچ ۔ فکر (۳) غم ۔ ماتم ۔ سوگ (۴) بیماری ۔ روگ ۔

کھیدا (ا) مذکر ۔ ہاتھیوں وغیرہ کے پکڑنے کا گڑھا جسے گھاس پھوس اور پتلی پتلی لکڑیوں سے پاٹ کر مٹی سے چھپا دیتے ہیں ۔

کھیدنا (ف) (۱) نکالنا ۔ باہر کرنا (۲) ستانا ۔ تکلیف دینا ۔

کھیر (کھیر) (ا) مؤنث ۔ دودھ اور چاولوں کا پکا ہوا ایک قسم کا عمدہ کھانا ۔

کھیر کا دلیا ہو جانا (ف) (۱) قسمت پلٹ جانا ۔ اقبال جاتا رہنا (۲) کچھ سے کچھ ہو جانا ۔ سنورا ہوا کام بگڑ جانا ۔

کھیرا (کھیرا ۔ را) (ا ۔ مذکر) (۱) بھورا ۔ بھوسلا خاکی (۲) (مذکر) ایک قسم کا کبوتر ۔

کِھیرا (کھیرا ۔ را) (ا ۔ مذکر) ایک قسم کی چھوٹی اور موٹی ککڑی ۔

کھیرا ککڑی کرنا (ف) دعا بیدردی سے کوسنا ۔ کھیرے ککڑی سے بھی کم سمجھ کر کسی کا مرنا چاہنا ۔

کِھیری (کھیری ۔ ری) (ا) مؤنث ۔ جانوروں کے تھنوں سے اوپر کا وہ گوشت جس میں دودھ رہتا اور بنتا ہے ۔ بانگ کا گوشت ۔

کھیڑا (کھیڑا ۔ ڑا) (ا ۔ مذکر) (۱) بستی چھوٹا سا گاؤں (۲) کسی قسم کا ملا جلا اناج ۔

کھیڑی (کھیڑی ۔ ڑی) (ا ۔ مؤنث) ایک قسم کا سخت اور عمدہ لوہا ۔ فولاد ۔ اسپات ۔

کھیس (کھیس) (ا) مذکر۔ ایک قسم کا سوتی کپڑا جو اوڑھنے اور بچھانے کے کام آتا ہے ۔

کھیس (کھیس) (ا) مؤنث۔ وہ گاڑھا دودھ جو بچہ پیدا ہونے پر پہلے تین روز تک نکلتا ہے ۔

کھیسا (کھی۔سا) (ا) مذکر۔ (۱) تھیلی۔ کیسہ۔ جیب۔ پاکٹ (۲) وہ تھیلی جسے ہاتھ میں پہن کر بدن کا میل صاف کرتے ہیں۔ کپڑے کا جھانواں ۔

کھی کھی (کھی۔کھی) (ا) مؤنث۔ ہنسنے کی ناگوار آواز ۔

کھے کھے (کھے۔کھے) (ا) مؤنث۔ (ع) جھگڑا۔ بکھیڑا ۔

کھیل (کھیل) (ا) مؤنث۔ (۱) بھنے ہوئے چاول یا اناج۔ جو پھول گیا ہو (۲) ذرا سا۔ مقدار قلیل ۔

کھیل اڑ کر منہ میں نہ جانا۔ یا۔ نہ پڑنا (ف) بالکل نہ کھانا۔ کوئی چیز نہ کھانا ۔

کھیل بتاشوں کا میل ہے (ف) (مثل) (۱) نہایت موزوں ہیں (۲) خوب جوڑی ملی ہے ۔

کھیل کھیل ہو جانا (ف) ٹکڑے ٹکڑے یا ریزہ ریزہ ہو جانا۔ خستہ ہو جانا ۔

کھیل (کھیل) (ا) مذکر۔ (۱) بازی (۲) تماشا۔ کرتب (۳) سیر۔ مشغلہ۔ شغل (۴) سہل۔ آسان ۔

کھیل بگڑ جانا (ف) بنے ہوئے کام کا بگڑ جانا۔ کام میں رخنہ پڑ جانا ۔

کھیل بنانا (ف) کام بنانا۔ یا۔ رنگ لگانا۔ بات بنانا ۔

کھیل جاننا (سمجھنا) (ف) (۱) آسان جاننا۔ بہت ہی سہل جاننا (۲) سیر سمجھنا۔ تماشا جاننا ۔

کھیل کرنا (ف) (۱) مذاق میں ڈالنا۔ کسی کام کو کام کی طرح نہ کرنا (۲) کھیلنا۔ تماشا کرنا ۔

کھیل کود (ا) مذکر۔ لہو ولعب۔ اچھل کود ۔

کھیل کھانا (ف) بدچلنی اور آوارگی میں زندگی بسر کرنا ۔

کھیل کھلانا (ف) (۱) بازی کرانا (۲) (ہندو) دعوا ستانا۔ دق کرنا ۔

کھیل ہے (ف) (۱) ادنیٰ بات ہے۔ معمولی کام ہے (۲) تماشا ہے۔ شغل ہے (۳) سہل ہے۔ آسان ہے ۔

کھیلا کھایا۔ تجربہ کار۔ کار کردہ ۔

کھیلنا (ف) (۱) بازی کرنا۔ دل بہلانا۔ کھیل کرنا (۲) اچھلنا۔ کودنا (۳) لہو ولعب کرنا (۴) کام کرنا۔ کوئی شغل کرنا (۵) دل بہلانا (۶) گونا۔ بیتنا۔ (۷) جوا کھیلنا۔ قمار بازی کرنا ۔

کہیں (کہیں) (ف) (۱) کسی جگہ۔ جائے۔ جا۔ دوسری جگہ۔ اور جگہ (۲) کسی طرف کسی جانب (۳) شاید۔ ایسا نہ ہو ۔

کہیں اوس سے (اوسوں) پیاس بجھتی ہے؟ (ف) (مثل) تھوڑی چیز کسی طرح کافی نہیں ہو سکتی ۔

کہیں پاؤں رکھتے ہیں اور کہیں پڑتا ہے (ف) اس قدر بیخود ہیں کہ سیدھا راستہ بھی نہیں چلا جاتا۔ نہایت بیہوش اور مخمور ہونے کے موقع پر نشہ باز کی نسبت بولتے ہیں ۔

کہیں تل دھرنے کو جگہ نہیں (ف) بالکل جگہ نہیں۔ اتنی جگہ نہیں۔ کہ ایک تل بھی رکھ سکیں ۔

کہیں دائی سے پیٹ چھپتا ہے (ف) (مثل) خاص لوگوں سے راز پوشیدہ نہیں رہ سکتا ۔

کہیں ڈوبے بھی ترے ہیں (ف) بگڑوں کا سنورنا دشوار ہے ۔

کہیں سے (ف) کسی جگہ سے۔ کسی مقام سے ۔

کہیں کا نہ رہنا (ف) کسی کام کا نہ رہنا۔ محض نکما یا برباد ہو جانا ۔

کہیں کا ہو رہنا۔ یا۔ ہو جانا (ف) جا کر واپس نہ آنا۔ کسی جگہ رہ پڑنا ۔

کہیں کہیں (ف) بہت کم۔ کسی کسی جگہ ۔

کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا ۔ بھان متی نے کنبہ جوڑا (ف) بے میل رشتہ جوڑنے کے موقع پر بولتے ہیں ۔

کہیں ناخن سے بھی گوشت جدا ہوا ہے؟ (ف) (مثل) اپنے سے چھوڑنا مشکل ہے۔ رشتہ کسی طرح نہیں چھوٹتا ۔

کہیں نہ کہیں (ف) کسی نہ کسی جگہ۔ ضرور ۔

کہیں نہیں (ف) کسی جگہ۔ موقع یا مقام پر نہیں۔ بالکل پتہ نہیں ۔

کہیں ہاتھوں کی بھی لکیریں مٹی ہیں؟ (ف) کہیں تقدیر بھی خطا کرتی ہے ۔

کھینا (ہ) ناؤ چلانا۔ چپو سے کشتی چلانا ۔

کھینچ (کھنچ) (ہ-مؤنث) (۱) کشش۔ کھنچاؤ (۲) کمی کست۔ قحط۔ کال ۔

کھینچ لانا (ہ) پکڑ لانا۔ گھسیٹ لانا ۔

کھینچنا (ہ) (۱) گھسیٹنا۔ تاننا۔ اینچنا (۲) جذب کرنا چوسنا (۳) غرور کرنا۔ اکڑنا (۴) جلد جلد لکھنا۔ (۵) تصویر بنانا۔ عکس اتارنا (۶) میان سے تلوار باہر کرنا (۷) باہر لانا۔ نکالنا (۸) کھینچ کمانا (۹) لٹکانا۔ چڑھانا ۔

کھیوا (ہ-مذکر) (۱) ناؤ کا کرایہ (۲) کشتی۔ ناؤ (۳) دریا کے پار اترنا (۴) کشتی میں بیٹھنے والوں کا گروہ ۔

کھیوا پار کرنا۔ یا۔ لگانا (ہ) (۱) کشتی کو کنارے پہنچانا بیڑا پار لگانا (۲) عاقبت بخیر ۔

کھیوٹ (دیکھو۔ وٹ) (ہ-مؤنث) (۱) وہ سرکاری رجسٹر جس میں گاؤں کی کیفیت درج ہوتی ہے۔ کاغذات بندوبست (۲) خراج کی قسط (۳) ملاح ۔

کھیوٹ کھتونی (ہ) (۱) گاؤں کے بندوبست کا حساب کتاب (۲) مالکان اراضی اور ان کی زمینوں کا حساب کتاب ۔

کھیوٹیا }
کھیون ہار } (ہ) مذکر۔ ملاح۔ مانجھی۔ کشتی بان۔ ناؤ چلانے والا
کھیوتا }

کھیم (دیکھو۔ ری) (ہ-مؤنث) سوکھی ہوئی جھاڑی یا جھڑبیری کے وہ درخت جو باڑ لگانے اور جلانے کے کام آتے ہیں ۔

ک-ئ

کئی (کئی) (ہ) چند۔ کتنے ہی ۔

کئی ایک (ہ) چند۔ چند ایک ۔

کئی بار (۱) چند مرتبہ۔ اکثر۔ بارہا۔ کتنی دفعہ ۔

ک-ی

کی (کی) (ہ) (حرف اضافت) مؤنث سے پہلے "کا" کی جگہ ۔

کی خاطر (۱) کے لئے ۔

کے (دیکھو) (ہ) (حرف جار) (۱) "کا" کی جمع الفاظ جمع سے پہلے "کا" کی جگہ مستعمل ہوتا ہے (۲) دو فعلوں کے درمیان اظہار عطف کے لئے۔ جیسے پڑھ کے آیا ۔

کے (دیکھو) (ف۔ مذکر) (۱) بڑا بادشاہ (۲) خاندان کیانیاں کا بادشاہ ۔

کے (دیکھو) (ہ) کتنے ۔

کے آدمی کے پیر شدی (ف) (مثل) تھوڑے سے تجربے پر اترانے والے کو کہتے ہیں۔ کہ ابھی کچھ کرو تو سہی۔ اتنی جلدی کہاں سے تجربہ کار ہو گئے ۔

کے بار (۱) کتنی دفعہ۔ چند بار ۔

کیا (کیا) (ہ) کلمۂ استفہام۔ چہ ۔

کیا آسمان کے تارے ہیں؟ (۱) ایسی نایاب چیز تو نہیں کہ نہ مل سکے ۔

کیا آگ لگاؤں (ہ) دعا کیا کروں۔ نہایت اکراہ اور بیزاری کے موقع پر بولتے ہیں ۔

کیا آگ لینے آئے تھے؟ (ہ) فوراً آ کر چلے جانے والے کی نسبت طنزاً بولتے ہیں ۔

کیا آنکھوں میں خاک ڈالتے ہو (۱) کیا صریح دھوکا دیتے ہو ۔

کیا آئے کیا چلے (ہ) جب کوئی آتے ہی جانے کا ارادہ کرتا ہے تو اس وقت بولتے ہیں۔ کہ یہ آنا نہ آنا تو برابر ہے ۔

کیا اُدھار کی ماں مری ہے؟ (ہ) جب کوئی قرض دینے میں حیل حجت کرتا ہے تو اس جگہ بولتے ہیں۔ یعنی تم نہ دو گے تو کسی اور سے لے لیں گے۔ دنیا سے کوئی لین دین کا دستور اٹھ تو نہیں گیا ۔

کیا اکھاڑ سکتا ہے؟ (ہ) کچھ نقصان اور ضرر نہیں پہنچا سکتا ۔

کیا اُن ہی کے سر ٹیکا (سہرا) ہے؟ (۱) یعنی یہ کام کچھ ان ہی پر موقوف و منحصر نہیں۔ اور لوگ بھی کر سکتے ہیں ۔

کیا ایسے لعل لگے ہیں (۱) کون سی خوبی ہے ۔

کیا بات ہے (ہ) کیا کہنا ہے۔ کیا خوب! سبحان اللہ ۔

کیا بلا ہے (۱) کوئی چیز نہیں۔ کچھ نہیں۔ ہیچ ہے ۔

کیا بھروسہ ہے (ف) کیا اعتبار ہے۔ کچھ ٹھکانا نہیں ۔

کیا پاؤں میں مہندی لگی ہے؟ جب کوئی شخص آنے جانے میں ہچکچاتے ہیں تو اس موقع پر بولتے ہیں۔ کیا سبب ہے جو یہاں آنے سے مانع ہے ۔

کیا پدّی کیا پدّی کا شوربا (۱) نہایت بے قدر اور حقیر چیز کی نسبت بولتے ہیں ۔

کیا پروا ہے (۱) کچھ مضایقہ نہیں۔ کیا ڈر ہے ۔

کیا پوچھنا ہے (ف) کیا کہنا ہے۔ کیا بات ہے ۔

کیا تھا کیا ہوا۔ یا۔ کیا تھا کیا ہوگیا (ف) پہلا کام یا زمانہ دگرگوں اور الٹ پلٹ ہوگیا ۔

کیا ٹونا کرنے آئی تھیں؟ (ف) (عو) جب کوئی عورت جلد آ کر چلی جائے یا تھوڑی دیر کے لئے آئے۔ تو طنزاً یہ محاورہ بولتی ہیں کہ کوئی تعویذ گنڈا کرنے آئی تھیں جو آتے ہی چل دیں ۔

کیا جاتی دنیا دیکھی ہے (۱) جب کسی بے رحم بے مروّت سے کوئی رحم یا مروّت کا کام ہو جائے یا کسی بخیل سے سخاوت ظہور میں آئے تو اس وقت کہتے ہیں۔ کیا سبب ہوا جو تم نے دنیا کو فانی سمجھ کر خلافِ عادت بات کر دی ۔

کیا جان ہے (۱) کیا حوصلہ ہے۔ کیا مجال ہے کیا طاقت ہے ۔

کیا جانے۔ یا۔ کیا جانئے (ف) خدا جانے ہمیں خبر نہیں۔ لاعلمی ظاہر کرنے کو بولتے ہیں ۔

کیا چوڑیاں ٹوٹ جائیں گی (ف) جب کوئی شخص کسی کام کے کرنے میں اکراہ یا سستی کرے تو طنزاً یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں ۔

کیا چیز ہے (۱) کیا حقیقت ہے۔ کم قدر اور حقیر چیز کی نسبت بولتے ہیں ۔

کیا خاک رہا (۱) کچھ نہیں رہا۔ کچھ نہیں بچا ۔

کیا خبر (۱) خدا جانے۔ کیا معلوم۔ کچھ خبر نہیں ۔

کیا خوب! (۱) (کلمۂ طنز و تعریف) (۱) واہ۔ کیا کہنا ہے۔ سبحان اللہ (۲) ہوش کی لو۔ عقل سے بات کرو ۔

کیا خوب آدمی تھا (۱) کسی نیک آدمی کا اس کے مر جانے کے بعد ذکر کرتے وقت یہ کلمہ افسوس کے ساتھ زبان پر لاتے ہیں ۔

کیا درجہ یا دہانا کر رکھا ہے (۱) (عو) کیا حال کر رکھا ہے۔ کیا درگت بنا رکھی ہے ۔

کیا درزی کا کوچ کیا مقام (۱) اکیلے آدمی کو سفر و حضر میں کوئی تکلیف نہیں کہ مفلس کو سفر کا تردّد کرنا نہیں پڑتا ۔

کیا دھوپ میں بال سفید کئے ہیں (ف) بڈھے ہونے پر بھی تجربہ نہ ہوا ۔

کیا ڈر ہے (ف) کچھ مضایقہ نہیں۔ کیا اندیشہ ہے۔ کوئی نقصان نہیں ۔

کیا رہا (ف) (۱) کوئی امید نہیں رہی (۲) کچھ باقی نہیں رہا ۔

کیا زمانہ ہے (۱) کیسا برا وقت ہے۔ کیسا انقلاب ہے ۔

کیا شان میں چھپتے پڑ جائیں گے (۱) کونسا نقص میں بٹہ لگ جائے گا۔ جب کوئی شخص کسی کام کے کرنے میں پس و پیش کرتا ہے۔ اس وقت طنزاً یہ فقرہ کہتے ہیں ۔

کیا ضرور ہے (۱) کچھ ضرورت نہیں ۔

کیا غم ہے (۱) (۱) کیا اندیشہ ہے۔ کیا فکر ہے۔ (۲) کچھ ڈر نہیں۔ کیا مضایقہ ہے ۔

کیا قاضی کی گدھی چرائی ہے (۱) ہم نے کونسا گناہ یا جرم کیا ہے جس کے سبب ڈریں ۔

کیا قاضی گلہ کرے گا (۱) کچھ نقصان اور ضرر نہیں ہوگا۔ کوئی شکوہ و شکایت نہیں کرے گا۔

کیا قیامت ہے (۱) (۱) کیسا برا ہے۔ کیا ستم ہے (۲) نہایت خوبصورت ہے۔ کس قدر حسین و جمیل ہے ۔

کیا کروں (۱) حیرانی۔ تعجب اور مجبوری کے موقع پر بولا جاتا ہے۔ یعنی حیران ہوں۔ مجبور ہوں۔ کوئی تدبیر بتاؤ ۔

کیا کرے گا۔ یا۔ کیا کر لیگا (ف) کچھ نہیں کر سکتا یا کیا کر سکتا ہے ۔

کیا کوسوں۔ یا۔ کیا کہہ کر کوسوں (عو) ہم تو ایسے ناراض ہیں۔ کہ کوئی بددعا بھی ایسی نہیں پاتے۔

جو اس ملال کو رفع کر دے ۔

کیا کوئی شاخ نکل ہے؟ (ف) کیا کوئی انوکھی بات ہے؟

کیا کہنا ہے (ف) (کلمۂ تحسین و طنز) کیا بات ہے کیا پوچھنا ہے ۔

کیا کیا؟ (ف) (۱) افسوس ۔ تعجب ۔ حیرت اور پریشانی کے موقع پر بولتے ہیں ۔ یعنی بڑا غضب کیا ۔ نہایت شرم کی بات کی (۲) کون سا بُرا کیا ۔ کوئی بے جا بات نہیں کی ۔

کیا کیا (ف) (استفہام) (۱) کون کون سا (۲) سب کچھ کس قدر ۔ کیسے کیسے ۔

کیا کیا کچھ کہا کیا کچھ نہ کہا (ف) بہت کچھ بُرا بھلا کہا ۔ کون سی بات نہ کہی ۔

کیا کیا نہ کیا (ف) سب کچھ کیا ۔ کوئی کام نہ چھوڑا ۔

کیا کیا نہ ہوا (ف) کون سی بات رہ گئی ۔ کون سی بے عزتی تھی جو باقی رہ گئی ۔

کیا گزری (ف) کیا ہوا ۔ کیونکر بسر ہوئی ۔

کیا گل پھولا ہے / کیا گل کھلا ہے (ف) کیا بہتان اٹھا ہے ۔ کیا خرابی نکلی ہے ۔ کونسی عجیب و غریب بات ظہور میں آئی ہے ۔

کیا گونگے کا گڑ کھایا ہے (ف) کیوں نہیں بولتے ۔ کس لئے گونگے سے بن گئے ہو ۔

کیا لو گے (ف) کیا فائدہ اٹھاؤ گے ۔ کیا حاصل ہو گا ۔

کیا مال ہے (ف) کیا حقیقت ہے ۔ نہایت کم قدر اور حقیر ہے ۔

کیا مجال ہے (ف) کیا کر سکتا ہے ۔ کیا حوصلہ ہے ۔

کیا مذکور (ف) (۱) کیا تعریف ہو (۲) کچھ موقع نہیں ۔ محل نہیں ۔

کیا معنی؟ (ف) (۱) کیا وجہ ۔ کیا سبب ۔ کیوں (۲) کیا مراد کیا غرض (۳) کیا حوصلہ ۔ کیا مجال ۔

کیا ممکن (ف) نا ممکن ہے ۔ نہیں ہو سکتا ۔

کیا منہ پر پھٹکار برستی ہے (ف) کیا لعنت برستی ہے ۔ کیسا بے رونق اور اداس چہرہ ہے ۔

کیا منہ دکھاؤ گے (ف) کیا جواب دو گے ۔ کیونکر سامنے آؤ گے؟

کیا منہ سے پھول جھڑتے ہیں (ف) کیا خوش گفتار اور شیریں بیان ہے (۲) کسی شخص کی بدکلامی پر بھی طنزاً کہتے ہیں ۔

کیا منہ کا نوالا ہے (ف) کام کچھ آسان تو نہیں کہ جلد ہو جائے ۔

کیا منہ لے کر جاؤں (ف) کس منہ سے جاؤں ۔ کونسی بھلائی لے کر سامنے ہوں ۔

کیا منہ ہے (ف) کیا حوصلہ ہے ۔ کیا مقدور ہے ۔

کیا ناک لے کر بولتے یا بات کرتے ہو (ف) کس برتے اور شرم سے منہ سامنے کرتے ہو ۔ اپنے گریبان میں منہ ڈال کر شرماؤ ۔

کیا ننگی نہائے گی کیا نچوڑے گی (ف) (مثل) مفلس کے پاس کیا رکھا ہے جو دے گا یا دلائے گا ۔

کیا واسطہ (ف) (۱) کیا تعلق (۲) کیوں ۔ کس لئے ۔

کیا ہوا (ف) (۱) کیا حال گزرا (۲) کون سا نقص ہو گیا کیا بگڑ گیا (۳) کیا بات ہے ۔ کیا معاملہ ہے (۴) کچھ تعجب نہیں (۵) کیا اندیشہ ہے ۔ کیا ڈر ہے ۔

کیا ہوتا (ف) (۱) کیا حاصل ہوتا ۔ کیا فائدہ ہوتا ۔ کون سا کام بن جاتا (۲) کیا بگڑ جاتا ۔ کیا نقصان ہو جاتا (۳) کیا مصیبت پڑتی (۴) کیا اچھا ہوتا ۔

کیا ہو گا (ف) (۱) کیا گزرے گا (۲) کیا بگڑے گا ۔

کیا ہو گیا (ف) (۱) حیرت ۔ تعجب اور افسوس کے موقع پر بولتے ہیں (۲) کچھ ڈر نہیں ۔

کیا ہی (ف) (۱) بہت ہی ۔ بکثرت ۔ از حد (۲) نہایت عمدہ ۔ بہت ہی اچھی ۔ حسب دلخواہ ۔

کیا ہے (ف) (۱) کیا بات ہے ۔ کیا معاملہ ہے ۔ (۲) کون ہے (۳) بیکار ہے ۔ نکما ہے ۔

کیا بھیڑیے راہ مارتے ہیں (ف) (طنزاً) کیوں نہیں جاتے ۔

کیا یاد کرو گے (ف) مدت تک یاد رکھو گے ۔ بہت یاد رکھو گے ۔

کیاری (کیا ۔ ری) (ع ۔ مؤنث) کھیت یا باغ کا ہر چھوٹا حصہ یا تختہ ۔ تختۂ باغ ۔

کیاست (کیا ۔ ست) (ع ۔ مؤنث) دانائی ۔ فہم ۔ ہوش و خرد ۔

کیانی (کیا ۔ نی) (ف) (۱) کَے کی طرف منسوب (۲) بادشاہوں کے لائق ۔

کیبن (کے ۔ بن) (انگریزی ۔ CABIN ۔ مذکر) کوٹھڑی ۔ کمرہ ۔

کیبنٹ (کے۔بِ۔نِٹ) (انگریزی۔ CABI-NET) مؤنث۔ مجلسِ منتظمہ ۔

کیپ (کَیپ) (انگریزی۔ CAP) مؤنث۔ کلاہ۔ ٹوپی ۔

کیت (ع) مذکر۔ دم دار ستارہ ۔

کیت (کَیت) (ہ) مذکر۔ ایک درخت اور اس کا ترش پھل ۔

کیتکی (کَیت۔ کی) (ہ) مؤنث۔ ایک خوشبودار پودا ۔

کیتلی (کیت۔ لی) (ا) مؤنث۔ ایک ٹونٹی والا ظرف جس میں چائے یا پانی جوش کرتے ہیں۔ کیتلا ۔

کیتھا (کے۔ تھا) (ہ) مذکر۔ (۱) ایک درخت (۲) اُس کا ترش پھل ۔

کیتھانا (ہ) مذکر۔ کاؤستھوں کا محلہ ۔

کیتھولک (کے۔ تھو۔ لِک) (انگریزی۔ CATHOLIC) (مذکر) عیسائیوں کا ایک فرقہ جو آزادی کا دعویدار ہے ۔

کیتھی (کے۔ تھی) (ہ) مؤنث۔ ہندی جو کایتھ لکھتے ہیں ۔

کیٹ (کِیٹ) (ہ) مذکر۔ (۱) چراغ کی گاد (۲) حقے کا میل (۳) کیڑا مکوڑا ۔

کیجے۔ کیجیے (کی۔ جے۔ کی۔ جیے) (ہ) کروں۔ کریں ۔

کیچ (کیچ۔ کی۔ چڑ) (ہ) مؤنث۔ ہندی (۱) گارا۔ **کیچڑ** غلیظ مٹی۔ دلدل (۲) چرک چشم۔ چیپڑ ۔

کیچل۔ کیچلی (کے۔ چل۔ کیچ۔ لی) (ہ) دیکھو (کینچل۔ کینچلی) ۔

کیچوا (کیچ۔ وا) (ہ) (۱) ایک قسم کا لمبا اور سرخ رنگ کا کیڑا جو اکثر برسات کے موسم میں نمناک زمین میں پیدا ہوتا ہے (۲) ایک قسم کا پیٹ کا کیڑا۔ کرم شکم ۔

کید (کَید) (ع) مذکر۔ مکر۔ فریب۔ دھوکا۔ دغا ۔

کیر (کِیر) (ف) مذکر۔ عضوِ تناسل۔ آلت ۔

کیرا (کے۔ را) (ہ) نیلی آنکھوں والا۔ کرنجا۔ ازرق چشم ۔

کیری (کے۔ ری) (ہ) مؤنث۔ (۱) کچا آم (۲) ایک قسم کا زیور جس میں عطر رکھ کر گلے میں لٹکاتے ہیں ۔

کیری آنکھ (ہ) مؤنث۔ کرنجی آنکھ۔ چشمِ ازرق ۔

کیڑا (کی۔ ڑا) (ہ) مذکر۔ کرم۔ مکوڑا۔ حشرات الارض (۲) رینگنے والا جانور (۳) سانپ۔ ناگ ۔

کیڑا پڑنا (ہ) کسی کی نفسانی خواہش مٹانا۔ چل مٹانا ۔

کیڑا لگنا (ہ) دیمک لگنا۔ کرم خوردہ ہونا ۔

کیڑی (ہ) مؤنث (۱) چیونٹی۔ مور (۲) (ع) جھینگ ۔

کیڑے پڑنا (۱) سڑ جانے سے کسی چیز میں کرم پیدا ہو جانا (۲) عیب ہونا۔ نقص ہونا ۔

کیڑے پڑیں (۱) بد دعا ہے (۲) گلے سڑے ۔

کیڑیاں (ہ) مؤنث۔ کیڑی کی جمع (۲) چیونٹیاں ۔

کیس (کیس) (ہ) مذکر (ہندی) (۱) بال۔ موئے سر۔ لمبے بال (۲) پرندکی چوٹی ۔

کیس (کیس) (انگریزی۔ CASE) مذکر (۱) خانہ۔ ڈھکنا۔ بکس۔ ڈبیا (۲) مقدمہ۔ معاملہ۔ قضیہ (۳) سانچا۔ فریم ۔

کیسا (کے۔ سا) (ہ) (۱) کس قسم کا (۲) کس چیز کا (۳) کس کام کا (۴) کیوں۔ کس لئے ۔

کیسا ہی (ہ) (۱) کتنا ہی۔ کسی قدر۔ تا بمقدور (۲) کسی قسم کا ہی ۔

کیسر (کے۔ سَر) (ہ) مؤنث۔ زعفران۔ زرد رنگ کا ایک نہایت خوشبودار پھول ۔

کیسری (ہ) (ہندی) زعفرانی۔ زرد ۔

کیسہ (کی۔ سَہ) (ف) مذکر۔ جیب۔ پاکٹ۔ تھیلا ۔

کیسہ بُر (ف) مذکر۔ گٹھ کترا۔ جیب کترا۔ اُچکا ۔

کیسی (ہ) کیسا کی تانیث ۔

کیسے (ہ) مذکر (۱) کیسا کی جمع۔ کس قسم کے۔ کس وضع کے (۲) کیوں۔ کس لئے ؟ (۳) کس طرح۔ کس حالت میں (۴) کس قدر۔ کتنے ۔

کیش (کَیش) (ف) مذکر (۱) مذہب۔ دین۔ اعتقاد (۲) عادت۔ خصلت (۳) صفت۔ وصف۔ طور۔ طریقہ۔ ڈھنگ ۔

کیش (کَیش) (انگریزی۔ CASH) (مذکر) نقد روپیہ پیسہ۔ نقدی ۔

کیش بُک (انگریزی۔ CASH BOOK) مؤنث۔ نقد کے حساب کی کتاب۔ روکڑ بہی ۔

کیش بکس (انگریزی۔ CASH BOX) (مذکر) نقدی رکھنے کا صندوق ۔

کیف (کَیف) (ع) (۱) کیونکر۔ کیسا (۲) نشہ۔ خمار۔ سرور ۔

کیف و کم (ع) مذکر۔ کیسا اور کتنا ۔

کیفر (کے۔ فَر) (ف) مذکر۔ سزا۔ پاداش۔ بُرے کام کا بدلہ ۔

کیفرِ کردار (ف) مذکر۔ کیے کی سزا۔ کارِ بد کی سزا ⁂
کیفرِ کردار کو پہنچنا (ا) اپنی سزا کو پہنچنا۔ کیے کی سزا پانا ⁂
کیفی (ع) متوالا۔ مدہوش ⁂
کیفیت (ع) مؤنث (۱) حالت۔ احوال۔ حقیقت (۲) عالم۔ رنگ۔ ڈھنگ (۳) (ا) شرح۔ تفسیر۔ تشریح (۴) (ا) جوبن۔ رونق (۵) (ا) مزہ۔ لطف ⁂
کیفیت بندوبست (ع۔ ف) (مؤنث) بندوبست کی رپورٹ۔ تحقیقات مکمل ہونے کی رپورٹ ⁂
کیفیت عجب ہے (ا) لطف عجب ہے ⁂
کیفیت طلب (ا) (قانونا) (پوچھنا) استفسار کرنا یا نہ ہونا ⁂
کیفیت لکھنا (ا) تحریری رپورٹ لکھنا ⁂
کیک (کیک) (انگریزی - CAKE) مذکر۔ ایک قسم کی انگریزی مٹھائی یا روٹی جو میدہ۔ انڈے۔ میوے وغیرہ ڈال کر سانچے کے ذریعے سے تنور میں پکائی جاتی ہے ⁂
کیکر (کی۔ کَر) (ہ) مذکر۔ ببول کا درخت ⁂
کیکری (ہ) مؤنث۔ (۱) چھوٹا کیکر (۲) ایک قسم کی سلائی جو کپڑے کو کتر کر کنگرے سے اسی کے اندر بناتے چلے جاتے ہیں ⁂
کیکڑا (کیک۔ ڑا) (ہ) مذکر۔ سرطان۔ کرک۔ ایک آبی کیڑا جو بچھو سے مشابہ ہوتا ہے ⁂
کیکنا (کیک۔ نا) (ہ) چیخنا۔ چلانا۔ بندر کا کلکاری مارنا ⁂
کیل (کیل) (ہ) مؤنث (۱) میخ۔ لوہے کی کھونٹی (۲) مہاسوں کے اندر کی جمی ہوئی پیپ (۳) ناک میں پہننے کا زیور جو لونگ کی شکل کا ہوتا ہے ⁂
کیل کا کھٹکا نہیں (ہ) کسی شے کا خوف و اندیشہ نہیں ⁂
کیل کانٹا (ہ) مذکر (۱) ہتھیار۔ اوزار (۲) ایک قسم کا زیور ⁂
کیل نکالنا (ہ) (۱) پھنسی یا مہاسے کو دبا کر اس کے اندر سے پیپ کا خشک مادہ نکالنا (۲) مارتے مارتے کوڑا نکالنا۔ خوب ٹھیک بنانا ⁂
کیل (کِیل) (ہ) کیلنا کا امر ⁂
کیل ڈالنا (ہ) سانپ کو منتر کے زور سے کاٹنے کے قابل نہ رکھنا۔ قابو میں لانا ⁂
کیلا (ہ) مذکر۔ (۱) کھونٹا۔ بڑی میخ (۲) گوشت خور جانوروں کے وہ دونوں بڑے دانت جن کے ذریعے سے وہ گوشت کاٹتے یا شکار پکڑتے ہیں ⁂
کیلا (کے۔ لا) (ہ) مذکر۔ ایک درخت اور اس کا پھل جس کی پھلی لمبی اور میٹھی ہوتی ہے ⁂
کیلنا (ہ) (۱) سانپ کو منتر کے زور سے قابو کرنا۔ (۲) جادو یا منتر کے زور سے کسی شخص کو اپنے خلاف بولنے سے باز رکھنا۔ منہ بند کرنا ⁂
کیلنڈر (کے۔ لَن۔ ڈَر) (انگریزی - CALENDAR) (مذکر) جنتری۔ تقویم ⁂
کیلوس (کے۔ لوس) (یونانی - مذکر) غذا کا معدے میں پہلا ہضم ⁂
کیلی (ہ) مؤنث (۱) لکڑی کی کھونٹی (۲) لوہے کی لاٹھ۔ (۳) کشتی کا ایک داؤں (۴) پیچ ⁂
کیلی بارا چلانا (ہ) کنواں چلانا۔ کنوئیں کا پانی بیلوں کے ذریعے سے نکالنا ⁂
کیلی والا۔ کیلیا (مذکر) (۱) وہ شخص جو کنوئیں کے بیل جوتتا ہے (۲) پانی کا چرس ڈالنے اور نکالنے والا ⁂
کیمپ (کیمپ) (انگریزی - CAMP) (مذکر) پڑاؤ۔ چھاؤنی۔ لشکرگاہ ⁂
کیمپ کلرک (انگریزی - CAMP-CLERK) (مذکر) وہ محرر یا منشی جو لشکرگاہ میں آمدنی و خرچ وغیرہ کا حساب رکھتا ہے ⁂
کیمخت (کی۔ مُخت) (ف) (مذکر و مؤنث) گھوڑے یا گدھے کی پیٹھ کی کھال۔ دانہ دار چمڑا۔ گودے کا چمڑا ⁂
کیمرہ (کے۔ مِرَہ) (انگریزی - CAMERA) (مذکر) عکسی تصویر کھینچنے کا آلہ ⁂
کیموس (کے۔ موس) (یونانی) (مذکر) غذا کا معدے میں دوسرا ہضم ⁂
کیمیا (کی۔ میا) (ع) مؤنث (۱) رانگ کو چاندی یا تانبے کو سونا بنانا (۲) (مجازاً) رسائن۔ اکسیر (۳) خاصیت و ماہیت اشیاء کا علم۔ کیمسٹری (۴) (ا) نہایت مفید۔ تیر بہدف۔ مفید مطلب ⁂
کیمیا بنانا (ا) (۱) چاندی سونا بنانا (۲) رسائن (۳) آسانی

سے روزی حاصل کرنا ॰
کیمیا گر (ع۔ف) مذکر۔ (۱) وہ شخص جو کیمیا بنانے والا۔ زرساز (۲) چالاک۔ مکار ॰
کیمیا گری (ع۔ف) مؤنث۔ چاندی سونے بنانے کا فن۔ زرسازی ॰
کین (کِین) (ف) مؤنث۔ نفاق۔ حسد۔ بغض۔ دشمنی۔ عداوت۔ بَیر ॰
کینچلی۔ کینچل۔ کینچلی (کَین چُل، کَینچ ۔ لی) (ہ) مؤنث (۱) سانپ کی سفید جھلی جو اس کے جسم کے اوپر سے اترتی ہے (۲) پوشاک۔ لباس ॰
کینچلی بدلنا (۱) (۱) سانپ کا پرانا پوست چھوڑ کر نیا پوست لانا (۲) (ظرافتاً) کپڑے بدلنا۔ پوشاک بدلنا۔ نکھرنا۔ روپ نکالنا ॰
کینچلی بھرنا (ہ) سانپ کے کینچلی جھاڑنے کا وقت آنا ॰
کینچلی میں آنا (ہ) سانپ کا کینچلی جھاڑنے کو ہونا ॰
کینچوا (کَینچ ۔ وَا) (ہ) مذکر۔ دیکھو (کیچوا) ॰
کینڈا (کَین ۔ ڈَا) (ہ) مذکر (۱) نمونہ۔ انداز۔ خاکہ (۲) ڈھانچ۔ سانچا۔ قالب (۳) نقشہ۔ پیمانہ۔ (۴) وہ اوزار جس سے کسی چیز کا نقشہ درست کیا جائے ॰
کینڈا کرنا (ہ) ماپنا۔ سرسری پیمائش کرنا ॰
کینڈل (کَین ۔ ڈَل) (انگریزی — CANDLE) مؤنث۔ موم بتی۔ شمع۔ قندیل ॰
کینسل (کَین ۔ سَل) (انگریزی — CANCEL) خارج کرنا۔ قلم زد کرنا۔ منسوخ کرنا ॰
کینوس (کَین ۔ وَس) (انگریزی — CANVAS) (مؤنث) ولایتی ٹاٹ۔ جس کے سفید کوٹ بنتے ہیں اور کھیلوں میں استعمال کئے جاتے ہیں ॰
کینہ (کِی ۔ نَہ) (ف) مذکر۔ حسد۔ بغض۔ دشمنی۔ عداوت ॰
کینہ توز (ف) حاسد۔ دل میں بغض رکھنے والا۔ کپٹی ॰
کینہ رکھنا (۱) عداوت رکھنا۔ دشمنی رکھنا ॰
کینہ کش (ف) دشمنی رکھنے والا ॰
کینہ ور (ف) کینہ رکھنے والا۔ دشمن۔ حاسد ॰
کیوان (کَے ۔ وَان) (ف) مذکر (۱) زحل ستارہ جو بہت بلند ساتویں آسمان پر واقع ہے۔ سنیچر (۲) ساتواں آسمان ॰

کیوٹی (کیو ۔ ٹی) (ہ) مؤنث (ہندی) وہ دال جو ہر قسم کی ملا کر پکائی جائے ॰
کیوڑا (کیو ۔ ڑا) (ہ) مذکر۔ (۱) ایک درخت اور اس کا نہایت خوشبودار پھول (۲) کیوڑے کا عرق ॰
کیوکی (کیو ۔ کی) (ہ) مؤنث۔ دیکھو (کیوٹی) ॰
کیوکی دال (ہ) مؤنث۔ ست رنگی دال۔ کیوٹی ॰
کیول (کے ۔ وَل) (س) (ہندی) (۱) ایک۔ اکیلا۔ واحد۔ (۲) نِرا۔ صرف (۳) تمام۔ بالکل (۴) علم وحدانیت ॰
کیوں (کیوں) (ہ) کلمۂ استفہام، کس لئے؟ کس سبب سے ॰
کیوں اندھا نیوتا کیوں دو بلائے (۱) (ہ) اندھے شخص کو بلاؤ گے تو ایک کے ساتھ دو آئیں گے۔ کیونکہ وہ دوسرے کی مدد کے بغیر نہیں آسکتا۔ یعنی اپنی بے وقوفی سے دُگنا نقصان اٹھانا اور حماقت ہے ॰
کیوں بہشت میں لاتیں مارتے ہو (۱) کیوں گناہ کرتے ہو۔ کیوں بُرے کاموں سے باز نہیں آتے ॰
کیوں کیسے۔ کیوں رے (ہ) احتقاراً کیوں جی ॰
کیوں جان نکلتی ہے، کیوں دم نکلتا ہے (۱) کس لئے مرا جاتا ہے۔ کس سبب سے گھبرایا جاتا ہے۔ تجھ کو کیا پڑی ہے ॰
کیوں چبا چبا کر باتیں کرتے ہو (ہ) کس لئے اس قدر اتراتے ہو۔ کیوں طنز آمیز باتیں کرتے ہو؟
کیوں کانٹوں میں گھسیٹتے ہو (ہ) کس لئے شرمندہ کرتے ہو ॰
کیوں کر۔ کیونکر (ہ) (۱) کس طرح۔ کیسے۔ کس لئے (۲) کس انداز سے۔ کس ڈھنگ سے ॰
کیوں کہ۔ کیونکہ (ہ) اس لئے کہ۔ اس طرح کہ ॰
کیوں نہ ہو (ہ) (کلمۂ تحسین و آفرین) سبحان اللہ۔ واہ وا۔ کیا کہنا ہے ॰
کیوں نہیں (ہ) (۱) کیا سبب۔ کیا وجہ (۲) ضرور۔ یقیناً ایسا ہی ہے ॰
کیوں ہم نہ کہتے تھے (ہ) آخر وہی ہوا جو ہم کہتے تھے ॰
کیہل (کے ۔ ہل) (ہ) مؤنث۔ شدید گرمی جب ہوا بند ہو۔ حبس ॰

گ

گ (گاف) (ا - مذکر) (۱) اردو کا اٹھائیسواں اور فارسی کا چوبیسواں حرف (۲) حساب ابجد میں اس کے بھی ک کے برابر بیس عدد ہیں ۔

گ - ا

گا (گا) (ہ) فعل مستقبل کی علامت جو آخر میں آتی ہے۔ مثلاً پڑھے گا۔ لکھے گا ۔

گا (گا) (ہ) گانا کا امر ۔

گاب (گاب) (ہ۔ مذکر) گودا ۔

گابا (گا - با) (ہ) دیکھو (گابھا) ۔

گابھ (گابھ) (ہ) مذکر۔ حیوانات کا حمل ۔

گابھ ڈالنا (ہ) (۱) حیوانات کا کچا بچہ گرانا (۲) خوف یا رعب کے مارے قبل از وقت بچہ جننا ۔

گابھا (گا - بھا) (ہ - مذکر) (۱) پیڑ کا نیا پتا (۲) کوڑی کا اندرونی حصہ۔ گودا (۳) کھڑی کھیتی۔ کچا اناج (۴) پرانی روئی ۔

گابھن (ہ) مؤنث۔ حاملہ۔ پیٹ والی ۔

گابھنی گابھ ڈالتی ہے (ہ) (عو) خوف اور رعب کے مارے پیٹ والیوں کے حمل گرے پڑتے ہیں۔ نہایت رعب اور دبدبہ ہے ۔

گابھی (گا - بھی) (ہ - مؤنث) کشتی اور جہاز کا ایک پردہ ۔

گات (گات) (ہ - مؤنث) (۱) جسم - بدن - سریر (۲) سینہ چھاتی۔ چوچی۔ پستان (۳) وضع۔ اسلوب (۴) عورت کا اوڑھنا۔ دھڑ (۶) (ہندی) (عو) پیٹ۔ حمل۔ گربھ ۔

گات اُلگنا (ہ) عورت کی چھاتیاں اُبھرنا ۔

گات سے ہونا (ہ) حمل سے ہونا۔ حاملہ ہونا ۔

گاتی (گا - تی) (ہ - مؤنث) دوپٹے کو اوڑھنے کا ایک طریقہ جس میں عورتیں دوپٹے کو دونوں کندھوں کے اوپر اور نیچے سے گرا کر سامنے گرہ دے دیتی یا پن لگالیتی ہیں ۔

گاتے گاتے کلاونت ہو ہی جاتا ہے (ع) آدمی کام کرتے کرتے تجربہ کار اور ماہر ہو ہی جاتا ہے ۔

گاج (گا - ج) (ہ) مؤنث (۱) بجلی۔ برق (۲) کانچ کی چوڑیاں (۳) جھاگ۔ کف (۴) غضب۔ قہر ۔

گاج پڑنا (ہ) بجلی پڑنا۔ بجلی گرنا۔ بجلی کے صدمے سے مرجانا ۔

گاجا باجا (ہ) مذکر۔ ڈھول۔ تاشے۔ نقارے اور دمامے وغیرہ۔ باجوں کی آواز ۔

گاجر (گا - جر) (ہ) مؤنث (۱) گزر۔ ایک قسم کی میٹھی جڑ والی ترکاری (۲) (حقارتاً) ادنیٰ اور کم قیمت چیز ۔

گاجر کھا گجروٹا پھینکا۔ماں ری ماں میرا اٹک مٹک سہاگ لو ہیرا (ع) (مثل) (عو) (۱) اس موقع پر بولتی ہیں۔ جب بیوی سے نفرت کرنے والا میاں ذرا بھی اس کی طرف متوجہ ہوتا ہے (۲) کوئی بڑا آدمی غریب کی طرف متوجہ ہو تو اس موقع پر بھی کہتے ہیں ۔

گاجر مولی (ہ) مؤنث (مجازاً) کم قیمت اور نہایت ادنیٰ درجے کی چیز ۔

گاجنا (گا - ج - نا) (ہ) (۱) گرجنا - دہاڑنا - چنگھاڑنا (۲) خوش و خرم ہونا (۳) ناگوار گزرنا ۔

گاچ (گاچ) (ہ) مؤنث ایک قسم کا باریک جالیدار کپڑا ۔

گاد (گاد) (ہ - مؤنث) (۱) تلچھٹ۔ تلچھٹ۔ پانی یا تیل وغیرہ کے نیچے بیٹھی ہوئی گرد (۲) نیچے کا گدلا اور گاڑھا تیل ۔

گادا (گا - دا) (ہ - مذکر) (۱) خام گیہوں اور بھنے ہوئے جو (۲) خوشے میں پکنے کے قریب گیہوں اور جو ۔

گادنا (گا - د - نا) (ہ) (ہندی) دبانا۔ ٹھونسنا ۔

گاڈ (گاڈ) انگریزی۔ GOD (مذکر) خدا۔ رب۔ پرمیشور

گارا (گا - را) (ہ) مذکر۔ گوندھی ہوئی مٹی جس سے اینٹیں چنتے ہیں ۔

گارا بنانا (کرنا) (ع) مٹی گوندھنا۔ مٹی میں پانی ملانا ✦

گارد (گا۔رَد) (ف) مذکر (۱) پہریدار۔ پاسبان۔ چوکیدار۔ سنتری (۲) چار سپاہیوں کا گروہ۔ ایک افسر سمیت (۳) سپاہیوں کے رہنے کی جگہ۔ چوکی ✦

گارڈ (گارڈ) انگریزی۔ GUARD (مذکر) (۱) پوری ریل گاڑی کا نگہبان اور ذمّہ دار جو سب سے اخیر کی گاڑی (بریک وان) میں سوار ہوتا ہے (۲) چوکیداری۔ نگہبانی۔ نگرانی ✦

گارڈن (گار۔ڈن) انگریزی۔ GARDEN (مذکر) باغ۔ گلستان۔ چمن زار۔ پھلواڑی ✦

گارڈن پارٹی (انگریزی۔ GARDEN PARTY) (مؤنث) وہ جلسہ جو کسی باغ میں دیا جائے۔ اور اس میں کچھ پھل یا چا۔ ئے وغیرہ کا بھی اہتمام ہو ✦

گارڈنر (انگریزی۔ GARDENER) (مذکر) مالی۔ باغبان ✦

گارڈین (انگریزی۔ GUARDIAN) (مذکر) محافظ۔ نگہبان۔ ولی۔ سرپرست ✦

گارنٹی (گا۔رن۔ٹی) (انگریزی۔ GUARANTEE) (مؤنث) ذمّہ داری۔ ضمانت ✦

گارڑا (گا۔ڑا) (س۔ مذکر) (۱) بندوق کی گولی (۲) گھات کی جگہ (۳) گھات میں بیٹھنے والے لوگ ✦

گاڑنا (گاڑ۔نا) (ف) (۱) دبانا۔ دفن کرنا (۲) ٹھونکنا۔ دھنسانا ✦

گاڑھ (گاڑھ) (ہ) مؤنث (۱) مصیبت۔ مشکل (۲) (مذکر) کرگہ کپڑا بننے کا گڑھا ✦

گاڑھا (گا۔ڑھا) (ہ) (۱) غلیظ۔ پتلا کی ضد (۲) گندہ (۳) گہرا دلی۔ جانی (۴) (ہندو) بھاری مشکل۔ سخت۔ دشوار (۵) مضبوط۔ طاقتور (۶) (مذکر) ہندوستانی موٹا کپڑا کھدّر (۷) (مذکر) مست اور جنگی ہاتھی ✦

گاڑھی (ہ) مؤنث۔ گاڑھا کی تانیث ✦

گاڑھی چھننا (ہ) (۱) کپڑے کی سی بھنگ چھننا (۲) گہری دوستی ہونا (۳) (طنزاً) دشمنی ہونا (۴) گہرا نشہ ہونا ✦

گاڑھے (گا۔ڑھے) (ہ) (۱) گاڑھا کی جمع (۲) حرف جار سے پہلے کی حالت ✦

گاڑھے (گاڑھے) بیٹھنا (ہ) گھات میں بیٹھنا۔ کمین گاہ میں بیٹھنا۔ گھات کے لئے غار میں دبک کر بیٹھنا ✦

گاڑھے ہیں (ہ) (۱) زبردست ہیں۔ غالب ہیں۔ بڑھ کر ہیں ✦

گاڑی (گا۔ڑی) (ہ) مؤنث (۱) اسباب لادنے یا سامان لے جانے کی شقی۔ چھکڑا۔ بہلی۔ رتھ۔ ٹمٹم۔ تانگہ۔ فٹن وغیرہ (۲) ریل ٹریں ✦

گاڑی بان | گاڑی وان (ہ) مذکر۔ کوچوان۔ گاڑی چلانے والا ✦

گاڑی بھر (ہ) بہت سا۔ اَنت گنت۔ حسب دلخواہ

گاڑی بھر آشنائی جو بھرنا طہ (۱) (مثل) معمولی سی رشتہ داری بہت سی دوستی سے بہتر ہے ✦

گاڑی جوتنا (ہ) بگھی وغیرہ میں گھوڑے کو جوتنا ✦

گاڑی چلانا (ہ) (۱) گاڑی ہانکنا۔ کوچوانی کرنا (۲) گاڑی کو کرائے پر دینا ✦

گاڑی چھوٹنا (ہ) ریل کا کسی اسٹیشن سے روانہ ہونا ✦

گاڑی خانہ (ہ) (مذکر) وہ جگہ جہاں بہت سی گاڑیاں رہیں۔ بگھی خانہ۔ گاڑیوں کا اڈا ✦

گاڑی کو دیکھ کر پاؤں پھولنا (ہ) سواری کو دیکھ کر تھکنے لگنا۔ سہارا پا کر محنت سے گھبرانا ✦

گاز (گاز) (ف۔ مذکر) (۱) ایک قسم کی قینچی (۲) شمع کا گل کترنے کی قینچی۔ گلگیر (۳) ہری گھاس ✦

گازر (گا۔زر) (ف۔ مذکر) دھوبی کپڑے دھونے والا ✦

گاس (ہند) مؤنث۔ دیکھو گیس ✦

گاف (گاف) (ف۔ مذکر) (۱) حرف گ اور اس کا تلفظ (۲) بیہودہ باتیں (۳) حد سے بڑھ جانا ✦

گاگر (گا۔گر) (ہ) مؤنث۔ لوہے۔ تانبے یا پیتل کا گھڑا ✦

گال (گال) (ہ) مذکر (۱) رُخسار۔ عارضہ (۲) (پنجابی) گالی کا مخفف ✦

گال بجانا (ہ) (۱) بیہودہ بکنا۔ بکواس کرنا (۲) شیخی بگھارنا۔ ڈینگ مارنا ✦

گال پچک۔ پچک یا۔ پچک جانا (ہ) (۱) دُبلا ہونا۔ رخساروں کا دُبلا پڑ جانا ✦

گال پر گال چڑھنا (ہ) بہت موٹا ہو جانا۔ گالوں کا پھول جانا ✦

گال پھلانا (ہ) گالوں میں ہوا بھر کر اونچا کرنا (۲) موٹا ہونا (۳) رنجیدہ ہونا۔ خفا ہونا ✦

گال کاٹنا (ہ) (۱) رخسارے پر دانت مارنا (۲) نقصان پہنچانا ✦

گال والا جیتے مال والا ہارے (ہ) (مثل) زبان دراز

کے آگے بھلے آدمی کو خاموش ہی رہنا پڑتا ہے +

گالا (گا۔لا) (ہ) مذکر۔ (۱) دھنی ہوئی روئی کا گولہ (۲) برف کی مانند۔ نہایت سفید +

گالا سا (ہ) (۱) روئی کی مانند۔ ملائم۔ نرم (۲) برف سا۔ نہایت سفید۔ چٹا +

گالا سے بال (ہ) مذکر۔ سفید بال۔ دھولے بال +

گالم گلوچ (ہ) مؤنث۔ گالی گلوچ۔ دشنام دہی +

گالو (ہ) مذکر (ہندو) بکواسی۔ باتونی +

گالوں (گا۔لوں) گال کی جمع حرف جار سے پہلے +

گالوں میں چاول بھرنا (ہ) چبا چبا کر باتیں کرنا +

گالی (گا۔لی) (ہ) مؤنث (۱) دشنام۔ فحش بات۔ بدزبانی۔ (۲) سٹھنی +

گالی دینا۔ یا۔ سنانا (ہ) دشنام دینا۔ بدزبانی کرنا۔ بری بات منہ سے نکالنا +

گالی کھانا (ہ) فحش بات کی سہار کرنا۔ دشنام سننا +

گالی گفتار / **گالی گلوچ** (ہ) مؤنث۔ گالیوں کی لڑائی۔ باہم دشنام دہی۔ زبان درازی +

گالے (ہ) مذکر۔ گالا کی جمع۔ دھنی ہوئی روئی کے گولے +

گالے ڈوبینگے پتھر تیرینگے (ہ) (مثل) اُلٹے زمانے (کل جگ) کی نسبت کہتے ہیں۔ جس میں شریف تو ذلیل و خوار ہیں اور کمینوں رذیلوں کی بن آئی ہے +

گالیاں (ہ) مؤنث (۱) گالی کی جمع (۲) سٹھنیاں +

گالیاں بکنا / **گالیاں دینا** (ہ) فحش بکنا۔ بدزبانی کرنا +

گالیاں سُہالیاں (ہ) مؤنث۔ معشوقوں یا پیاروں کے منہ کی گالیاں جو اچھی معلوم ہوتی ہیں +

گالی نہیں (ہ) بری بات نہیں۔ برا ماننے کے لائق نہیں۔ معیوب نہیں +

گالیوں (ہ) مؤنث۔ گالی کی جمع۔ حرف جار سے پہلے +

گالیوں پر اترنا (ہ) برا بھلا کہنے لگنا +

گالیوں پر منہ کھلنا (ہ) بدزبانی کرنا۔ گالیاں دینا +

گالیوں کا جھاڑ باندھنا یا / **گالیوں کی بوچھاڑ کرنا** (ہ) لگاتار گالیاں دینا۔ گالیوں کا مینہ برسا دینا +

گالیوں کی بھرمار (ہ) مؤنث / **گالیوں کے پرچے** (ہ) مذکر } لگاتار بے شمار گالیاں +

گام (گا۔م) (ف) مذکر (۱) قدم۔ پاؤں (۲) لگام لجام (۳) گھوڑے کی ایک چال +

گانا (ہ) (۱) الاپنا۔ راگ کہنا (۲) مشہور کرنا جیسے تم تو اس بات کو گاتے پھرتے ہو (۳) سراہنا۔ تعریف کرنا۔ جیسے جس کا کھاتے ہیں اس کا گاتے ہیں (۵) مذکر راگ۔ نغمہ +

گانا بجانا (ہ) مذکر راگ رنگ۔ نغمہ و سرود +

گانٹھ (گا۔نٹھ) (ہ) مؤنث (۱) گرہ (۲) جوڑ بند (۳) گٹھڑی (۴) جڑ (۵) عداوت۔ نفاق۔ بیر۔ جیسے ان کی گانٹھ پڑ گئی ہے (۶) عہد و پیمان۔ قول و اقرار +

گانٹھ باندھنا (ہ) (۱) گرہ دینا (۲) یاد رکھنا (۳) قول و اقرار کرنا (۴) عقد باندھنا۔ نکاح کرنا +

گانٹھ پڑنا (ہ) (۱) گرہ لگنا (۲) اَن بن ہونا +

گانٹھ سے جانا (ہ) ذاتی نقصان ہوجانا۔ اپنی جیب سے روپیہ نکل جانا +

گانٹھ کا پورا (ہ) مذکر۔ دولت مند۔ مالدار (۲) عیار۔ چالاک +

گانٹھ کا پورا عقل کا اندھا (ہ) وہ بیوقوف مالدار جو سستی چیز مہنگے داموں خریدے +

گانٹھ کا پیسہ (ہ) مذکر۔ ذاتی روپیہ۔ گنج کا مال +

گانٹھ کاٹنا (ہ) (۱) جیب کترنا (۲) زیادہ قیمت لینا۔ ٹھگنا۔

گانٹھ کا دینا اور لڑائی مول لینا (ہ) اپنا پیسہ قرض دینا اور لڑائی خریدنا برابر ہے +

گانٹھ کا کھونا (ہ) خاص اپنا روپیہ برباد کرنا۔ نقصان اٹھانا +

گانٹھ کترنا (ہ) دیکھو (گانٹھ کاٹنا) +

گانٹھ کٹنا (ہ) (۱) جیب میں سے چوری جانا (۲) لٹنا۔ لٹ جانا +

گانٹھ کرنا (ہ) (۱) اپنی جیب میں رکھنا (۲) غبن کرنا (۳) جمع کرنا (۴) اتفاق کرنا (۵) سازش کرنا +

گانٹھ کھولنا (ہ) (۱) گرہ دور کرنا (۲) تھیلی یا کیسہ کھولنا۔ خوب خرچ کرنا (۳) کینہ دور کرنا۔ صفائی کر لینا +

گانٹھ گٹھیلا (ہ) (۱) گرہ دار۔ بہت سی گانٹھوں والا (۲)

مضبوط۔ گانٹھوں سے گٹھا ہوا ؏

گانٹھ گرہ میں کچھ نہیں (۱) پلّے کچھ نہیں۔ نرا مفلس ہے ؏

گانٹھ میں رکھنا (ع) نقدی پلّے رکھنا۔ مالدار ہونا ؏

گانٹھ میں زر ہے تو نر ہے نہیں تو خر ہے (۱) مثل۔ اگر آدمی کے پاس دولت ہے۔ تو سب سے دانا اور عقلمند ہے۔ نہیں تو بڑا بے وقوف اور بودھو ہے ؏

گانٹھ نہ مٹھی پھڑ پھڑاتی اُٹھی (ع) مثل۔ پاس کچھ بھی نہیں۔ خرچ کرنے کو بھی چاہتا ہے ؏

گانٹھا (ع) مذکر۔ گرہ دار حصّہ۔ پتّھل ؏

گانٹھنا (ع) (۱) باندھنا۔ گرہ دینا (۲) جوڑنا۔ مرمّت کرنا (۳) خیال باندھنا (۴) ملانا۔ سازش کرنا (۵) قابو کرنا ؏

گانجا (گاں۔جا) (ع) مذکر۔ بھنگ کے پھولوں کا بنایا ہوا نشہ جسے حقّے کی طرح پیتے ہیں ؏

گانجنا۔ گانجھنا (گانج۔نا۔ گانجھ۔نا) (ع) (۱) مل دل ڈالنا (۲) بدتمیزی سے کپڑے کی تہیں توڑ کر خراب کر دینا ؏

گاندھا (گاں۔دھا) (ع) مذکر۔ علم موسیقی کے سات سُروں میں سے تیسرا سُر جو سینے سے نکلتا ہے ؏

گاندھی (گاں۔دھی) (ع) مذکر (۱) ایک قوم جس کا پیشہ عطر فروشی ہے (۲) ہندوؤں کے مشہور سیاسی لیڈر موہن داس کرم چند کا عرف جنہوں نے سودیشی تحریک کو بہت تقویت دی۔ آپ نہایت سادہ مزاج ہیں ؏

گانڈ (ع) مؤنث۔ مقعد۔ شُغرہ۔ پاخانہ نکلنے کا رستہ ؏

گانڈا (گاں۔ڈا) (ع) مذکر۔ گنّا۔ پونڈا۔ ایکھ ؏

گانڈر (گاں۔ڈر) (ع) مؤنث۔ ایک قسم کی گھاس جس سے چھپّر بناتے اور اس کی جڑوں کو خس کہتے ہیں ؏

گانڈو (ع) مذکر (۱) کُنی۔ لونڈے باز (۲) نامرد۔ ہیجڑا (۳) بزدل ڈرپوک

گانڈو کا ساتھی بھی ہارا ہے (۱) مثل۔ کم حوصلہ اور نامرد کا ساتھی بھی دُکھ اُٹھاتا ہے ؏

گانڈو ہاتھی اپنی ہی فوج کو مارتا ہے (۱) مثل۔ ڈرپوک سردار اپنی ہی فوج کٹواتا اور بزدل لیڈر اپنے ہی ساتھیوں کو پکڑواتا ہے ؏

گانٹھ (گانٹھ) (ع) مؤنث۔ دیکھو (گانٹھ) ؏

گانٹھ پھاڑنا (ع) (۱) ڈرانا۔ دھمکانا (۲) دق کرنا۔ ستانا (۳) خوب خبر لینا (۴) جنسی سزا دینا ؏

گانٹھ دھونی نہ آنا (ع) ذرا سلیقہ نہ ہونا۔ بالکل بے تمیز ہونا ؏

گانٹھ رگڑنا (ع) بازاری (۱) نہایت کوشش کرنا۔ کمال تندہی کرنا (۲) از حد جستجو کرنا (۳) خوب زور لگانا ؏

گانٹھ غلامی کرنا (۱) از حد خوشامد کرنا۔ نہایت فرمانبرداری کرنا ؏

گانٹھ گردن ایک ہو جانا (۱) تھک کر چور ہو جانا۔ کسی سخت محنت یا مشقّت کے مارے بالکل ہوش نہ رہنا ؏

گانٹھ میں گوہ بھی نہیں (۱) نہایت مفلس ہے۔ پلّے کچھ بھی نہیں ؏

گانٹھ میں گھسا جانا (ع) نہایت خوشامد کرنا ؏

گانسا (گاں۔سا) (ع) مذکر۔ انگلیوں اور انگوٹھے کے درمیان کا حصّہ ؏

گانسنا (گانس۔نا) (ع) پوربی۔ پرونا۔ برمانا۔ چبھونا۔ چھیدنا۔ آر پار کرنا۔ سوراخ کرنا ؏

گانسی (گاں۔سی) (ع) مؤنث۔ لوہے کا پھل جو تیر میں لگاتے ہیں ؏

گانکن (گاں۔کن) (ع) مؤنث۔ ایک قسم کا پھوڑا۔ سوتیل ؏

گانو۔ گانوں (گانو) (ع) مذکر۔ دیکھو (گاؤں) ؏

گانے والے کا منہ نہیں رہتا اور ناچنے والے کا پیر (ع) مثل۔ عادت یا ہنر چھپا نہیں رہتا۔ جیسا آدمی ہوتا ہے۔ اُس سے ویسا ہی ظاہر ہو جاتا ہے ؏

گاو (گاؤ) (ف) مؤنث۔ بیل ؏

گاوِ زمیں (ف) مؤنث۔ عقائد عوام کے مطابق زمین ایک بیل کے دونوں سینگوں پر رکھی ہوئی ہے۔ گناہوں کے بوجھ سے جب زمین بھاری ہو جاتی ہے۔ تو وہ گائے تھک کر ایک سینگ سے دوسرا سینگ بدلتی ہے۔ جس سے بھونچال آتا ہے۔ اسی بیل کو گاوِ زمین کہتے ہیں ؏

گاوِ سامری (ف) مؤنث۔ وہ سونے کا بچھڑا جو سامری نے بنایا تھا۔ اور جادو کے زور سے اس میں جان ڈال دی تھی۔ پھر بنی اسرائیل سے اس بچھڑے کی پوجا

کرائی تھی ۔

گاؤ عنبر (ف ۔ ع) مذکر۔ وہ سمندری گائے جس کی نسبت خیال کرتے ہیں ۔

گاؤ فلک (گردوں) (ف ۔ مؤنث) بُرج ثور ۔ برکھ ۔

گاہ (گاہ) (ف ۔ مؤنث) (۱) وقت ۔ سماں ۔ سمار (۲) جگہ ۔ مقام (۳) بار ۔ دفعہ ۔ موقع (۴) کسی وقت ۔ کبھی ۔

گاہ بہ گاہ ۔ گاہ گاہ (ف) کبھی کبھی ۔ کسی کسی وقت ۔ بھولے بسرے ۔

گاہک (گا ۔ ہک) (ہ) مذکر۔ خریدار ۔ مشتری ۔

گاہکی (ہ ۔ مؤنث) خریداری ۔ طلبگاری ۔

گاہن (گاہَن) (ہ ۔ مذکر) ہل چلاتے ہوئے کھیت کی گھاس فکر کرنے کا سرا ونی ۔

گاہنا (گاہ ۔ نا) (ہ ۔ ف) ملنا ۔ مسلنا ۔ روندنا ۔ اناج پر بیلوں کو پھرانا تاکہ بھس الگ اور اناج الگ ہو کر صاف ہو جائے (۲) ڈھونڈنا ۔ چھاننا ۔

گاہے (ف) کسی وقت ۔ کبھی ۔ بھولے چوکے ۔

گاہے گاہے (ف) دیکھو (گاہ گاہ)

گاہے ماہے (ف) کبھی ۔ مہینے بعد ۔ گاہ بگاہ ۔

گائیڈ (گا ۔ ئِڈ) (انگریزی ۔ GUIDE) (مذکر) راہنما ۔ پیشوا ۔ رہبر ۔

گائک (گا ۔ اِک) (س ۔ مذکر) گویا ۔ گانے والا ۔ مغنی ۔ میراثی ۔ قوال ۔ ڈوم ۔

گائن (س ۔ مؤنث) گانے والی عورت ۔ ڈومنی ۔

گاو (گاؤ) (ف ۔ مذکر) بیل ۔ گائے ۔ گئو ۔

گاؤ پچھاڑ (۱) مذکر۔ پہلوانوں کی اصطلاح میں کشتی کا ایک داؤں جس میں حریف کی گردن پکڑ کر دے مارتے ہیں ۔

گاؤ تکیہ (ف ۔ مذکر) بڑا تکیہ جس سے کمر لگا کر فرش پر بیٹھتے ہیں ۔

گاؤ چشم (ف ۔ مذکر) بڑی آنکھوں والا ۔ مگر یہ لفظ اکثر کراہت کے ساتھ مستعمل ہوتا ہے ۔ اظہار حسن کے لئے آہو چشم وغیرہ کہتے ہیں ۔

گاؤ خانہ (ف ۔ مذکر) گئو شالہ ۔ گایوں کے باندھنے کی جگہ ۔

گاؤ خورد ہونا (ا) (۱) گائے کے چرنے میں آنا (۲) دفع دفان ہو جانا ۔ جاتے رہنا ۔ گیا گزرا ہونا ۔

گاؤ دم (ف) مخروطی (لمبوترا) ۔ ایک سرے سے موٹا اور دوسرے سے پتلا ۔

گاؤ دیدہ (ف) مؤنث ۔ ایک قسم کی میدے کی خمیری روٹی جو بیل کی آنکھ سے مشابہ اور لمبوتری پکائی جاتی ہے ۔

گاؤ زبان (ف ۔ مؤنث) ایک بوٹی جس کا پتہ گائے کی زبان سے مشابہ ہوتا ہے ۔

گاؤ زور (ف) طاقتور ۔ شہ زور ۔

گاؤ زوری (ف ۔ مؤنث) (۱) طاقت ۔ توانائی ۔ شہ زوری (۲) کشتی کا ایک پیچ ۔

گاؤ کشی (ف ۔ مؤنث) گائے کا ذبح کرنا ۔

گاؤ میش (ف) مؤنث ۔ بھینس ۔

گاؤدی (گاؤ ۔ دِی) (ف) نادان ۔ بے عقل ۔

گاؤں (گا ۔ ؤں) (ہ ۔ مذکر) دہ ۔ قریہ ۔ موضع ۔ بستی ۔

گاؤں بانٹ (بانٹ ۔ بٹ) (ہ ۔ مؤنث) گاؤں کی تقسیم ۔

گاؤں میں گھر نہ جنگل میں کھیتی (ہ) (مثل) بے حد مفلس ہے ۔

گائے (گا ۔ ئے) (ہ ۔ مؤنث) (۱) مادہ گاؤ ۔ گئو ۔ بقر (۲) غریب بے زبان شخص ۔

گائے جنے بیل کی دُم پھٹے (ہ) مثل ۔ سخی دے اور حاسد کو صدمہ ہو ۔

گائے کا بچھیا تلے اور بچھیا کا گائے تلے کرنا (ہ) حکمت عملی سے کام نکالنا ۔ تدبیر سے مطلب براری کرنا ۔

گائے کو اپنے سینگ بھاری نہیں ہوتے (ہ) (مثل) ماں باپ کو اولاد کی پرورش مشکل معلوم نہیں ہوتی ۔ مالک کو اپنی چیز خواہ وہ تکلیف دہ ہی کیوں نہ ہو ۔ ناگوار نہیں گزرتی

گائے کی طرح کانپنا (ہ) نہایت ڈرنا ۔ اس طرح لرزنا جس طرح گائے قصائی کے آگے جان کے خوف سے تھرّاتی ہے ۔

گائے نہ بچھی نیند آئے اچھی (ہ) (مثل) جس کے پاس کچھ نہیں وہ بے فکر آرام کی نیند سوتا ہے ۔

گایتری (گا ۔ یت ۔ ری) (س ۔ مؤنث) رگ وید کا ایک منتر ۔

گ ۔ ب

گبدا (گَب ۔ دا) (ہ) بھیم شحیم موٹا تازہ گوشت سے بھرا ہوا

گبر (گَبْر) (ف) مذکر۔ آگ کی پوجا کرنے والا۔ پارسی۔ آتش پرست ✦
گبرو (گَب۔ رُو) (ع) (۱) بھاری قیمتی (۲) (پنجاب) مغرور۔ متکبر (۳) مالدار۔ دولت مند ✦
گبرو (گَب۔ رُو) (ہ) (۱) نوجوان۔ وہ جوان آدمی جسے ابھی تک داڑھی نہ آئی ہو (۲) (پنجابی) مذکر دولھا۔ نوشہ۔ خاوند۔ شوہر ✦
گبرون (گَب۔ رُون) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا موٹا کپڑا جو لدھیانے کا ہے ✦
گبریلا (گُب۔ رے۔ لا) (ہ) مذکر۔ ایک سیاہ رنگ کا بھونرے کی مانند پردار کیڑا ✦
گبھا (گَبْھ۔ بَھا) (ہ) مذکر۔ توشک۔ گدیلا۔ بالخصوص وہ گرم بھرا اور سردا ستر کا فرش جو لداخ وغیرہ سے آتا ہے ✦
گبھرو (گَبْھ۔ بھرو) (ہ) دیکھو (گبرو) ✦
گبھیلن (گبھے۔ لَن) (ہ) مؤنث۔ رحم کی وجہ سے محبت ✦

گ۔پ

گپ (گَپ) (ف) مؤنث (۱) جھوٹی بات۔ افواہ۔ من گھڑت خبر (۲) (۱) شیخی۔ بڑائی۔ ڈینگ (۳) (۱) بکواس بک بک ✦
گپ شپ (ہ) مؤنث۔ دل لگی کی باتیں۔ جھوٹی سچی۔ دلچسپ باتیں ✦
گپ مارنا۔ یا۔ ہانکنا (ف) (۱) جھوٹ بولنا (۲) شیخی بگھارنا ✦
گپت (گُپْت) (ہ) (۱) چھپا ہوا (۲) اندھا ✦
گپ چپ (ہ) مؤنث (۱) خاموشی (۲) چپ چاپ (۳) لڑکوں کا کھیل ✦
گپ چپ کی مٹھائی (مؤنث) گپ چپ کے لڈو (ہ) (مذکر) ایک قسم کی مٹھائی جو منہ میں رکھتے ہی گھل جاتی ہے ✦
گپا گپ (گَپا۔ گَپ) (ہ) مذکر (۱) غپا غپ۔ جلد جلد کھانے اور نگلنے کی آواز (۲) بکثرت۔ بافراط ✦
گپت (گُپْت) (س) (۱) مخفی۔ پوشیدہ۔ چھپا ہوا (۲) غائب (۳) بچا ہوا۔ محفوظ (۴) پیچھے سے۔ درپردہ ✦
گپت مار (ہ) مؤنث۔ (۱) گجھی مار۔ وہ ضرب جس کا نشان بظاہر دکھائی نہ دے (۲) طعنہ۔ مہنہ ✦
گپت مال (ہ) مذکر۔ چھپا خزانہ۔ دفینہ ✦
گپتی (گُپ۔ تی) (ہ) مؤنث۔ وہ تلوار جو لکڑی کے اندر عصا کی بجائے ہاتھ میں رہتی ہے ✦
گپڑ (گپڑ) (ہ) مؤنث۔ گپ ✦
گپڑ گپڑ (ہ) مؤنث (عوام) گپ غپ۔ بیہودہ باتیں ✦
گپکنا (گَپَک۔ نا) (ہ) (۱) نگلنا۔ جلد جلد کھانا (۲) ہوا میں جاتی ہوئی گیند کو ہاتھ میں لے لینا۔ لپکنا ✦
گپکنا (گُپَک۔ نا) (ہ) دیکھو (گپکنا) ✦
گپل (گُپ۔ پَل) (ہ) مذکر۔ گول ٹھیکرا ✦
گپڑ چوتھ (ہ) مؤنث۔ گڈمڈ۔ غلط ملط۔ وہ بات جو سمجھ میں نہ آئے ✦
گپتھ (گُپتھ) (ہ) گپتھنا کا امر ✦
گپھا (گُپھا) (ہ) مؤنث (۱) غار۔ کھوہ (۲) بن جنگل بیلا۔ جھاڑی ✦
گپھا (گُپھ۔ پھا) (ہ) مذکر۔ پھندنا۔ ریشم یا زری کے تاروں کا گچھا ✦
گپھے دار (ف) پھندنے دار ✦
گپی۔ یا۔ گپیا (ہ) مذکر۔ شیخی خور۔ لاف زن۔ جھوٹا ✦

گ۔ت

گت (گَت) (ہ) مؤنث (۱) حرکت۔ رفتار۔ چال (۲) حالت۔ کیفیت (۳) کریا کرم۔ مُردے کے جلانے یا دفنانے کی رسم (۴) مارپیٹ۔ زدوکوب (۵) لے تان۔ طرز۔ نغمہ (۶) ناچ کا ٹھاٹھ ✦
گت بجانا (ہ) ساز بجانا۔ کوئی لے چھیڑنا۔ بول بجانا ✦
گت بنانا (ہ) (۱) ڈھنگ بنانا۔ وضع اختیار کرنا (۲) نئے انداز سے گانے یا بجانے کے سُروں کو ملانا (۳) خراب حال کرنا۔ بُرا درجہ کرنا (۴) سزا دینا۔ مارنا پیٹنا ✦
گت بھرنا (ہ) ناچنے کا کوئی ٹھاٹھ بنانا۔ راگ کے اصول کے مطابق ناچنا ✦
گت کا (ہ) (۱) وضع کا۔ ڈھنگ کا (۲) اچھا۔ عمدہ۔ قابل تعریف ✦
گت کرنا (ہ) (۱) تجہیز و تکفین کرنا۔ مردے کی رسم ادا کرنا (۲) مارنا پیٹنا (۳) استعمال میں لانا (۴) اونے پونے فروخت کرنا ✦

گَتْ ہونا (ف) (۱) کام میں آنا (۲) مار کھانا۔ سزا پانا (۳) مُردے کی رسم ادا ہونا (۴) نجات ہونا (۵) بِک جانا۔ دام کھرے ہونا (۶) بیتنا۔ حال پیش آنا ؛

گَتْکا (گَت۔ کا) (ہ۔ مذکّر) (۱) پٹا کھیلنے کی لکڑی (۲) سونٹا۔ ختنک ؛

گُتّھ (ہ) گتھنا کا امر ہو

گُتَّھم گُتّھا (ف) گتھ پٹ۔ گُتھم گُتّھا ؛

گُتَّھم گُتّھا ہونا (ف) گتھنا۔ باہم لپٹ جانا ؛

گُتّھنا (ف) (۱) باہم لپٹنا۔ بھڑنا (۲) پرویا جانا۔ نتھی ہونا (۳) محو ہونا۔ غرق ہونا ؛

گُتّھواں (ہ) بٹا ہوا۔ ملا ہوا ؛

گُتّھی (ہ) مؤنّث۔ (ہندی) بجلک۔ گرہ۔ اُلجھن (۲) تھیلی ؛

گُتّھی پڑنا (ف) (۱) اُلجھنا (۲) معاملے کا پیچ در پیچ ہونا۔ دل میں گرہ پڑنا ؛

گِتی (گت۔ تی) (س) مؤنّث (ہندو) نجات۔ مُکتی ؛

گُتّی (گُت۔ تی) (ہ۔ مؤنّث) (۱) سپاہیوں کی ایک قسم کی چھوٹی پگڑی (۲) بچّوں کا ایک کھیل ؛

گَتیا (ہ) مذکّر۔ طبلہ بجانے والا۔ طبلچی ؛

گ۔ٹ

گَٹ (گَٹ) (ہ۔ مذکّر) دیکھو (غَٹ)

گَٹ گَٹ (ہ۔ مؤنّث) پانی کے جلد جلد پینے یا ایک برتن سے دوسرے برتن میں انڈیلنے کی آواز۔ قلقل ؛

گِٹّا (گِٹ۔ ٹا) (ہ) مذکّر (۱) ٹخنے کی ہڈّی (۲) کلائی کا جوڑ (۳) ہاتھ پاؤں کی ہڈیوں کا جوڑ (۴) گانٹھ۔ کاگ (۵) حقّے کا وہ حصّہ جہاں دونوں نَے ملائی جاتی ہیں (۶) وہ نشان جو بہت سجدہ کرنے سے پیشانی پر پڑ جاتا ہے (۷) کنکر۔ روڑی ؛

گِٹّا (گِٹ۔ ٹا) (ہ) مذکّر۔ بونا۔ ٹھنگنا۔ پستہ قد ؛

گَٹ پَٹ (گَٹ۔ پَٹ) (ہ۔ مؤنّث) (عو) لڑائی یا پیار سے باہم گتھ جانا ؛

گِٹ پِٹ (ہ) مؤنّث (مذاقاً) انگریزی زبان کی بول چال کی نقل اُتارتے وقت کہتے ہیں ؛

گِٹّک **ٹھگنک** (گِٹ۔ ٹک۔ گیٹ۔ ٹھگنک) (ہ۔ مذکّر) (۱) بونا۔ ٹھنگنا (۲) چلم کے سوراخ میں رکھنے کی ٹھیکری ؛

گُٹرگوں (ہ) مذکّر۔ کبوتر کے بولنے کی آواز۔ غٹرغوں ؛

گَٹّا (گَٹ۔ ٹا) (ہ) مذکّر (۱) بڑی گولی (۲) شطرنج کا مُہرہ (۳) چھوٹی سی کتاب (۴) ایک طلسمی گولی جس کے منہ میں رکھنے سے اُڑنے کی طاقت آجانا مشہور ہے ؛

گِٹکِری (گِٹ۔ کِری) (ہ) مؤنّث۔ وہ پیچ دار آواز جو گانے والوں کے گلے سے گاتے وقت لہرا کر نکلتی ہے ؛

گِٹکِری لینا (ف) (۱) گاتے گاتے آواز کو لہرا دینا۔ آواز کو جنبش دینا (۲) آواز کا لہرا لینا ؛

گُٹکنا (گُٹک۔ نا) (ف) کبوتر کا بولنا۔ غٹرغوں کرنا۔

گَٹّھ (گَٹّھ) (ہ) مؤنّث۔ گرہ کا مخفّف۔ گرہ۔ عُقدہ ؛

گَٹّھ جوڑ (ہ) مذکّر (ہندو) (۱) گرہ بندھن۔ ہندوؤں میں دولہا دُلہن کے آنچلوں کی وہ گرہ جو پھیروں کے وقت جوڑا لگانے کی غرض سے دی جاتی ہے (۲) میاں بیوی۔ دولہا دلہن ؛

گَٹّھ جوڑا باندھنا (ف) دولہا دلہن کے آنچلوں کو گرہ لگا دینا۔ بیاہ کرنا۔ نکاح کرنا۔ عقد باندھنا ؛

گَٹّھ کٹا (ہ) مذکّر۔ اچکّا۔ جیب کترا۔ ٹھگ ؛

گَٹّھا (گَٹّھ۔ ٹھا) (ہ۔ مذکّر) (۱) کسی چیز کا بڑا گٹھڑا۔ بوجھ (۲) بقچہ (۳) پیاز یا لہسن کی گانٹھ (۴) تین گز کا پیمانہ جریب کا بیسواں حصّہ ؛

گٹھانا (ف) سلوانا۔ پیوند لگوانا۔ جوتے وغیرہ کی مرمت کرانا ؛

گَٹّھر (گَٹّھ۔ ٹھر) (ہ۔ مذکّر) بڑی گٹھڑی۔ بوجھ۔ انبار۔ گٹھّا ؛

گَٹّھڑی (ہ۔ مؤنّث) (۱) بقچی (۲) مقدار۔ تعداد ؛

گَٹّھڑی حلال بقچہ مُردار (۱) مثل۔ کسی کی بہت بڑی چیز کو تو حلال سمجھ کر خورد برد کرنا اور تھوڑی سی چیز کو حرام جان کر اس میں ایمانداری ظاہر کرنا ؛

گَٹّھڑی کر دینا (ف) ہاتھ پاؤں باندھ کر یا توڑ کر ایک جگہ ڈال دینا۔ باندھ دینا۔ پوٹ بنا دینا ؛

گَٹّھڑی مارنا (ف) لوٹنا۔ مال مارنا۔ چوری کرنا۔ چرانا ؛

گَٹّھل (گَٹّھ۔ ٹھل) (ہ) (۱) بڑی گٹھلی کا (۲) جما ہُوا۔ منجمد (۳) گرہ۔ گانٹھ (۴) سُدّہ (۵) گٹھی۔ غدود ؛

گُٹّھلی (گُٹّھ۔ لی) (ہ۔ مؤنّث) (۱) پھل کا بیج۔ تخم (۲) گٹھی۔ (۳) سُدّہ۔ گانٹھ ؛

گُٹّھنا (ف) (۱) سلنا۔ پیوند لگنا (۲) مل جانا۔ شریک ہونا۔ (۳) مضمون بندھنا (۴) (پ) سجنا۔ زیب دینا ؛

گَٹّھوانسی (ہ۔ مؤنّث) گٹّھے کا بیسواں حصّہ ؛

گَٹّھوت (گَٹّھ۔ ٹھوت) (ہ۔ مؤنّث) (۱) میل جول۔ مشورہ (۲) سازش ؛

گٹھونا گٹھونا (ہ) مؤنث۔ پوٹلی میں رکھی ہوئی امانت ؞
گٹھی (ہ) مؤنث (۱) گرہ۔ گانٹھ (۲) جوڑ۔ بند ؞
گٹھیا (ہ) مؤنث (۱) جوڑوں کا درد۔ نقرس۔ وجع مفاصل (۲) چھوٹی گٹھڑی۔ پوٹلی ؞
گٹھیلا (ہ) (۱) گرہ دار۔ گانٹھوں والا (۲) مضبوط۔ سخت ؞
گٹّی (گَٹ۔ٹی) (ہ) مؤنث۔ نیل کا مربع کاٹا ہوا ٹکڑا ؞
گِٹّی (گِٹ۔ٹی) (ہ) مؤنث (۱) چھری۔ ریل جس پر تاگا لپٹا ہوتا ہے (۲) چلم کی ٹھیکری ؞

گ۔ج

گج (گَج) (س۔ مذکّر) ہاتھی۔ فیل ؞
گج باک۔ (باگ) (ہ۔ مذکّر) انکس۔ ہاتھی چلانے کا ہتھیار ؞
گج پال (س۔ مذکّر) فیلبان۔ مہاوت ؞
گج پتی (س۔ مذکّر) (۱) سب سے بڑا ہاتھی۔ ہاتھیوں کا راجا (۲) مہاوت۔ فیلبان ؞
گج دنت س۔ مذکّر۔ ہاتھی دانت ؞
گج نال (ہ۔ مؤنث) بہت بڑی جنگی توپ۔ قلعہ شکن توپ ؞
گجر (گَجَر) (ہ۔ مذکّر) چار۔ آٹھ اور بارہ بجنے پر گھنٹے کا لگاتار بجنا۔ گھنٹے یا گھڑیال کی آواز (۲) صبح صادق کا وقت ؞
گجر بجنا (ہ) (۱) گھنٹے کا مکرر بجنا (۲) صبح صادق کے وقت گھڑیال بجنا۔ صبح ہونا۔ تڑکا ہونا ؞
گجر بجے دم (ہ) مذکّر۔ علے الصباح۔ تڑکے بہت سویرے ؞
گجر (گَجَر) (ہ) مؤنث۔ گاجر کا مخفف۔ گزر ؞
گجر بھتّا (بھتّا) (ہ۔ مذکّر) کدّو کش میں سے نکال کر دودھ اور چاولوں میں پکائی ہوئی گاجریں (پ) گجریلا ؞
گجرا (گَج۔را) (ہ۔ مذکّر) (۱) پھولوں کا ہار (۲) کلائی میں پہننے کا زیور ؞
گجری (ہ) مؤنث۔ کلائی میں پہننے کا زیور ؞
گجری (گُج۔ری) (ہ) مؤنث۔ گوجری ؞
گجگجا (گج۔گجا) (ہ) (۱) گیلا گیلا۔ نم دار (۲) کچا۔ نیم پختہ ؞
گجگجانا (ہ) (۱) کھڑکنا (۲) بھنبھنانا (۳) اکٹھے ہونا (۴) بہت کاروبار ہونا (۵) پھسپھسا ہونا (۶) بیج کا پھلی میں آواز کرنا ؞
گجگجانا (ہ) کیڑوں کا کلبلانا۔ رینگنا ؞
گجھّا (گجھ۔ جھا) (ہ۔ مذکّر) (۱) بہت سا مال۔ دولت خزانہ (۲) ڈھیر۔ انبار ؞
گُجھّا (گُجھ۔ جھا) (ہ) پوشیدہ و مخفی۔ گپت ؞
گجھی (ہ) اندرونی۔ مخفی ؞
گجھی چوٹ (ہ) اندرونی صدمہ۔ گپت مار۔ مخفی ضرب۔ بھیتری مار ؞
گجھی گرمی (ہ) مؤنث۔ وہ گرمی جس میں حبس ہوا ہو۔ مگر بظاہر گرمی معلوم نہ ہو ؞
گجھی مار (ہ۔ مؤنث) اندرونی ضرب۔ وہ چوٹ جو بظاہر دکھائی نہ دے۔ بھیتری مار ؞
گجھی گجھی (ہ۔ مؤنث) کنسلائی۔ ایک برساتی کیڑا ؞
گجئی (گجئی) (ہ۔ مذکّر) گیہوں اور جَو باہم ملے ہوئے ؞
گجیا (گج۔یا) (ہ۔ مؤنث) (۱) ایک قسم کی مٹھائی (۲) کرن پھول (۳) کن سلائی ؞

گ۔چ

گچ (گَچ) (ف۔ ہ) مذکّر۔ چونہ۔ پکا فرش یا پکی چھت ؞
گچ کاری (ف) مؤنث۔ چونے کا کام ؞
گچلکا (گچ۔ لکا) (ہ۔ مذکّر) (۱) نوخیز عورت (۲) نوعمر لونڈی ؞
گچاگچ (گچا۔ گچ) (ہ۔ مؤنث) کسی ملائم گوشت میں تلوار یا خنجر وغیرہ گھسنے کی آواز ؞
گچ پچ (گچ۔ پچ) (ہ) اژدحام۔ کچ پچ ؞
گچھّا (گچھ۔ چھا) (ہ۔ مذکّر) (۱) خوشہ۔ اناج کی بال (۲) جھرمٹ بھیڑ (۳) پھندنا (۴) لچھا تاگوں کا ڈھیر ؞
گچی (گچ۔چی) (ہ) چھوٹے منہ کا ننھا سا گڑھا جس میں بچے کوڑیوں سے کھیلتے ہیں۔ گیند ڈالنے کا گڑھا ؞
گچی آنکھ (ہ۔ مؤنث) چھوٹی آنکھ ؞

گ۔د

گَد (گَد) (ہ۔ مؤنث) زمین پر سے مارنے کی آواز۔ دھم ؞
گدّا (گد۔دا) (ہ۔ مذکّر) ایک قسم کی چلتی ہوئی لَے کے گیت ؞
گدا (گدا) (ف۔ مذکّر) فقیر۔ بھکاری۔ منگتا ؞
گداگر (ف) بھکاری ؞

گداگری (ف) مؤنث، بھیک مانگنے کا کام۔ فقیری ٭
گداگری کرنا (ا) بھیک مانگنا۔ ٹکڑے مانگنا بھٹکتا مانگنا ٭
گدّا (گَد۔دا) (ہ۔ مذکر) (۱) جوار۔ بجرا یا گیہوں کا خوشہ جو پک جانے کے قریب ہو (۲) توشک۔ گدیلا۔ روئی دار بستر (۳) چرسی کی بولی ٭
گدّا (گَد۔دا) (ہ۔ مذکر) ٹہنا۔ درخت کی موٹی اور مضبوط شاخ ٭
گداز (گُدا۔ز) (ف۔ ص) گھلا ہوا (۲) نرم۔ ملائم ٭
گداز کرنا (ف) نرم کرنا۔ ملائم کرنا۔ پگھلانا ٭
گداکا (گُدا۔کا) (ہ) فربہ اندام اور سڈول بدن کا معشوق۔ نوخیز ٭
گداگد (گُدا۔گُد) (ہ) مؤنث (۱) پے در پے گرنے کی آواز (۲) لگاتار۔ برابر ٭
گدالا (گُدا۔لا) (ہ۔ مذکر) وہ بڑی کدال جس سے زمین کھودتے ہیں ٭
گدائی (ف) مؤنث، فقیری۔ بھکشا ٭
گدایانہ (ف) فقیر کی طرح ٭
گدبد (ہ۔ مؤنث) پے در پے گرنے کی آواز۔ اوپر تلے گرنے کی آواز ٭
گدّر (گَد۔دَر) (ہ) (۱) ادھ پکا۔ نیم پختہ (۲) وہ پھل جو پک جانے کے قریب ہو ٭
گدرانا (گَد۔را۔نا) (ہ) (۱) نیم پختہ ہونا۔ پھل کا پک جانے کے قریب پہنچنا (۲) جوانی میں بھرنا۔ جوبن پر آنا ٭
گدراہٹ (ہ۔ مؤنث) میوے کے پکنے کے قریب ہونے کی حالت ٭
گدرایا ہوا بدن (ا) مذکر۔ جوانی میں بھرا ہوا جسم ٭
گدڑ خیل (گُدڑ۔خیل) (ا) بدصورت اور دیکھنے میں حقیر (صورت) ٭
گدڑی (گُد۔ڑی) (ہ) مؤنث۔ فقیروں کا جُبّہ۔ جس میں بہت سے پیوند لگے ہوئے ہوں۔ خرقہ۔ گودڑی ٭
گدڑی میں لال (ہ) نالائقوں میں لائق ٭
گدڑیا (گُدڑ۔یا) (ہ۔ مذکر) (۱) وہ شخص جو گدڑی پہنے رہے (۲) پھٹے پرانے کپڑے بیچنے والا (۳) خیمہ اور فرش کرائے پر دینے والا (۴) پھٹے حالوں رہنے والا (۵) گدڑی کی تصغیر ٭

گدکا (گَد۔کا) (ہ۔ مذکر) چمڑے کا مڑھا ہوا ڈنڈا۔ گتکا ٭
گدگدا (ہ) نرم۔ ملائم۔ گداز ٭
گدگدانا (ہ) (۱) انگلیوں سے بغلوں یا پیٹ وغیرہ کو چھو کر ہنسی دلانا۔ ہنسانا (۲) ابھارنا۔ بھڑکانا (۳) چھیڑنا۔ ہنسانا۔ مذاق کرنا (۴) شوق بڑھانا (۵) گھوڑے کو ایڑ لگانا ٭
گدگداہٹ (ہ) مؤنث۔ گدگدی کا اثر ٭
گدگدائیے وہاں تک جہاں تک ہنسی نہ آئے (ہ) (مثل) دل لگی وہیں تک اچھی ہے۔ جہاں تک ناگوار نہ گزرے ٭
گدگدی (ہ۔ مؤنث) (۱) بغل وغیرہ میں انگلیوں کے مس ہونے سے ہنسی آنا (۲) جوش۔ شوق ٭
گدگدی دل میں ہونا (ہ) (۱) خود بخود ہنسی آنا (۲) شوق پیدا ہونا ٭
گدگدی کرنا (ہ) انگلیوں کو بدن سے لگا کر ہنسانا۔ چھیڑنا۔ گدگدانا ٭
گدگدے (ہ۔ مذکر) اُبلی ہوئی جوار۔ گھنگنیاں ٭
گدلا (گَد۔لا) (ہ) (۱) میلا۔ مکدر۔ گاد ملا ہوا (۲) گاڑھا۔ غلیظ ٭
گدلاپن (ہ۔ مذکر) میل۔ کدورت ٭
گدلانا (ہ) پانی کا میلا ہونا ٭
گدمہ (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا ملائم پشمدار کمل ٭
گدنا (گُد۔نا) (ہ) سوئی سے ہاتھوں یا بازوؤں وغیرہ میں چھید کر کے سرمہ یا نیل بھرا جانا ٭
گدنا گدوانا (ہ) بدن پر بیل بوٹے گدوانا ٭
گدوائی (گُد۔وا۔ئی) (ہ) مؤنث، بدن پر بیل بوٹے گدوانے کی اجرت ٭
گدھ (گِدھ) (ہ۔ مذکر) چیل کی قسم سے ایک جسیم مردار خوار پرندہ ٭
گدھا (گَدھا) (ہ۔ مذکر) (۱) خر۔ حمار (۲) (صفت) احمق۔ نادان۔ مورکھ ٭
گدھا برسات میں بھوکا مرے (ہ) احمق اپنے خیالات سے آپ ہی مصیبت میں پڑتا ہے
گدھاپن (ہ۔ مذکر) بیوقوفی۔ نادانی۔ حماقت ٭
گدھا پیٹے گھوڑا نہیں ہوتا (ہ) (مثل) رذیل سے شریف نہیں ہو سکتا۔ بیوقوف کو ادب دینے سے عقل نہیں آتی ٭
گدھا چند (ہ) بیوقوف آدمی ٭
گدھا دھونے سے بچھڑا نہیں ہوتا (ہ) کہاوت

کہنہ لباس سے شریف نہیں بن سکتا۔ زیب و آرائش سے بُری چیز اچھی نہیں بن سکتی ؛

گدھا گھر سا میں موٹا ہوتا ہے (ف) مثل۔ لوگوں کا خیال ہے۔ کہ موسم خزاں میں جب گدھا کھاتے کھاتے پیچھے مڑ کر دیکھتا ہے تو سمجھتا ہے کہ میں نے سارا کھا لیا۔ اور اسی خوشی میں موٹا ہوتا جاتا ہے۔ مگر اُسے یہ معلوم نہیں ہوتا۔ کہ اس موسم میں گھاس تو ہوتی ہی نہیں پس یہ مثل اسی طرح رنج کے موقع پر خوشی یا خوشی کے موقع رنج ظاہر کرنے والے بولتے ہیں ؛

گدھا کیا جانے زعفران کی قدر (ا) مثل بیوقوف کسی جاہ و منصب کی قدر نہیں کرتا ؛

گدھا گھوڑا ایک بھاؤ۔ یا گدھا گھوڑا برابر (ا) (مثل) بدتمیزی۔ بے انصافی اور ناقدرشناسی کے موقع پر بولتے ہیں۔ جب اچھی بُری چیز کا نرخ ایک ہو ؛

گدھا گیا دُم کی تلاش میں کٹا آیا کان (ا) (مثل) اُس موقع پر بولتے ہیں۔ جب کوئی احمق اپنے نقصان کی تلافی کے لئے کوشش کرتا ہوا نقصان کر بیٹھے ؛

گدھا مرے کمہار کا دھوبن ستی ہو (ف) (مثل) نقصان کسی کا ہو۔ اور جی کوئی کڑھائے ؛

گدھوں (ا) مذکر۔ گدھا کی جمع حرف جار سے پہلے۔

گدھوں سے ہل چلیں۔ تو بیل کیوں بسائیں (ا) (مثل) اگر نادانوں سے ہنرمندوں کا کام نکلے تو ہنرمندوں کو کون پوچھے ؛

گدھوں کے ہل چلانا۔ یا۔ پھیرنا (ف) کسی جگہ کا ایسا ویران ہونا کہ وہاں گدھے چرتے پھریں۔ نہایت ویران ہونا ؛

گدھی (ا) مؤنث (۱) مادۂ خر۔ حمارہ (۲) احمق عورت ؛

گدھے (ا) مذکر۔ گدھا کی جمع ؛

گدھے پر چڑھانا۔ یا۔ سوار کرنا (ف) رسوا کرنا۔ بدنام کرنا۔ تشہیر کرنا ؛

گدھے پر کتابیں لادنا (ف) بے وقوف کو علم پڑھانا ؛

گدھے کو انگوری باغ۔ پوری حلوا خشکہ یا گلقند (ا) نالائق کو بڑا کام۔ بے وقوف کو بڑا رتبہ ؛

گدھے کو باپ بنانا (ف) کام نکالنے کے لئے بیوقوف کی منت خوشامد کرنا ؛

گدھے کو حلوا کھلا کر لاتیں کھانا (ا) بدوں کے ساتھ بھلائی کر کے بُرائی پانا ؛

گدھے کو گدھا کھجاتا ہے (ف) احمق کو احمق ہی سراہتا ہے۔

گدھے کو نون دیا اس نے کہا میری آنکھیں دکھتی ہیں۔ گدھے کی آنکھوں میں نون دیا۔ اس نے کہا میری آنکھیں پھوڑ دیں (ا) (مثل) بے وقوف کے ساتھ احسان کیا۔ اُس نے سمجھا۔ بدسلوکی ہوئی۔ یعنی بے وقوف کے ساتھ بھلائی کرنا بُرائی کرنا برابر ہے ؛

گدھے کے ہل چلوانا (ف) کسی شہر یا جگہ کو اُجاڑنا۔ مسمار کرانا یا تباہ و برباد کرنا ؛

گدھیڑی (ا) مؤنث۔ نہایت پھوہڑ۔ بے تمیز اور بے سلیقہ عورت ؛

گُدی (گُد۔ دِی) (ا) مؤنث (۱) سر کا پچھلا حصہ۔ گردن کا پچھلا حصہ (۲) ہتھیلی ؛

گُدی پہچاننا۔ یا ناپنا (ف) دھپ لگانا۔ گُدی پر دھولیں جڑنا ؛

گُدی سے زبان کھینچنا۔ یا۔ نکالنا (ف) گردن کے پچھلے حصے کو چیر کر اُس راستے سے زبان نکال لینا۔ سزا کے موت دینا ؛

گدی (گد۔ دِی) (ا) مؤنث (۱) تخت شاہی۔ سنگھاسن۔ مسند حکومت (۲) گدیلا۔ گدا۔ مسند (۳) کاغذ یا کپڑے کی تہ ؛

گدی پر بیٹھنا (ف) (۱) مسند حکومت پر جلوہ فرمانا (۲) کسی بزرگ یا پیر یا گرو کے بعد اس کا جانشین ہونا ؛

گدی سے اتارنا (ف) حکومت سے معزول کرنا تخت سے اتارنا۔ فرمانروائی کے اختیارات لے لینا ؛

گدی نشین (ا) مذکر (۱) تخت نشین۔ وہ شخص جو حکومت کی گدی پر بیٹھے (۲) درویشوں۔ پیروں اور فقیروں کا جانشین ؛

گدی نشینی (ا) مؤنث (۱) تخت نشینی (۲) پیر یا گرو وغیرہ کی جانشینی ؛

گدیلا (گد۔ دے۔ لا) (ا) مذکر (۱) روئی کا گدا۔ توشک (۲) ہاتھی کے اوپر رکھنے کی گدی ؛

گ۔ڈ

گڈ (گڈ) (ا) مؤنث۔ گاڈی کا مخفف۔ گاڑی۔ چھکڑا ؛

گُڈ (گُڈ) (انگریزی - GOOD) (۱) اچھا - عمدہ نفیس - خوب (۲) پارسا - نیک (۳) مفید (۴) اشراف - شریف ؛

گُڈ آفٹر نُون (انگریزی GOOD AFTERNOON) (مؤنث) انگریزوں میں سہ پہر کا سلام - سہ پہر راحت سے بسر ہو ؛

گُڈ اِیوننگ (انگریزی - GOOD EVENING) (مؤنث) شام کا سلام - شام خیریت سے گزرے ؛

گُڈ بائی (انگریزی - GOOD BYE) (مؤنث) سلام رخصت جو جاتے وقت ادا کیا جاتا ہے - خدا حافظ - فی امان اللہ ؛

گُڈ فرائی ڈے (انگریزی - GOOD FRIDAY) (مذکر) حضرت عیسیٰؑ کے مصلوب ہونے کا جمعہ اُس دن عیسائی لوگ تہوار مناتے ہیں ؛

گُڈ مارننگ (انگریزی - GOOD MORNING) (مؤنث) صبح کا سلام - صبح سلامتی سے گزرے ؛

گُڈ نائٹ (انگریزی - GOOD NIGHT) (مؤنث) رات کا سلام - شب بخیر ؛

گُڈ نُون (انگ - GOOD NOON) (مؤنث) دوپہر کا سلام - دوپہر سلامتی سے گزرے ؛

گَڈّا (گَڈ - ڈا) (۱) (ہ - مذکر) چھکڑا - بوجھ لادنے کی گاڑی ؛

گُڈّا (گُڈ - ڈا) (ہ - مذکر) کپڑے کا بنا ہُوا آدمی کی صورت کا پتلا جس سے لڑکیاں کھیلتی ہیں ؛

گُڈّا بنانا - بدنام کرنا - رسوا کرنا - بے عزت کرنا ؛

گَڈریا (گَڈَر - یا) (ہ - مذکر) چرواہا - گوالا - بکریاں چرانے والا - شبان - راعی ؛

گُڈس (گُڈس) (انگ - GOODS) (مذکر) مال - سامان - اسباب ؛

گُڈس آفس (انگریزی - GOODS OFFICE) (مذکر) مال کا دفتر - ریلوے مال گودام کا دفتر - جہاں مال آتا اور روانہ کیا جاتا ہے ؛

گُڈس ٹرین (انگریزی - GOODS TRAIN) (مؤنث) مال گاڑی - وہ ریل گاڑی جس میں اسباب آتا جاتا ہے ؛

گُڈس کلرک (انگ - GOODS CLERK) (مذکر) مال گودام کا بابو - محرّر مال ؛

گڈ مڈ (گڈ - مڈ) (ہ) (۱) مخلوط - ملا جلا (۲) ملا یا ہُوا - آمیختہ ؛

گڈ مڈ ہونا (ہ) (۱) ملنا - مخلوط ہونا (۲) جُڑنا - گتھنا ؛

گڑھ (گَڑھ) (ہ - مذکر) کوٹ - قلعہ - حصار - گڑھ ؛

گڑھی (ہ) مؤنث - گڑھی - چھوٹا قلعہ - کوٹ ؛

گڈی (گڈ - ڈی) (ہ - مؤنث) (۱) بنڈل - پولی - مٹھا (۲) کاغذ کے دس دستوں کا مجموعہ (۳) گاڑی - چھکڑا ؛

گُڈی (گُڈ - ڈی) (ہ - مؤنث) (۱) ہڈیوں کے جوڑ (۲) ایک قسم کا پتنگ - تنکل (۳) پرند کے پر کی گرہ جو اُسے اُڑنے سے باز رکھنے کے لئے باندھ رکھتے ہیں ؛

گ - ذ

گُذارِش (گُذا - رِش) (ف) مؤنث (۱) لغوی معنی ادا کرنا - شرح - تشریح (۲) (اصطلاحاً) عرض - بیان - اظہار - درخواست - التجا ؛

گذاشتنی (گذاشت - نی) (ف) چھوڑ دینے کے لائق - قابل ترک ؛

گذشتنی (گذشت - نی) (ف) گزرنے والا - فانی ؛

گذشتہ (گذش - تہ) (ف) گزرا ہوا - ماضی - پچھلا - سابقہ ؛

گذشتہ را صلوٰۃ آئندہ را احتیاط (ف) - ع - گزری ہوئی باتوں کو جانے دو - اور آگے کے لئے محتاط رہو ؛

گ - ر

گَر (گَر) (ف - حرف شرط) "اگر" کا مخفف ؛

گرچہ (ف) (حرف شرط) "اگرچہ" کا مخفف ؛

گِر (گِر) (ہ) (۱) "گرنا" کا امر (۲) (سنسکرت) پہاڑ ؛

گِر پڑ کر (ہ) جوں توں کرکے - نہایت مشکل سے ؛

گر پڑنا (ہ) (۱) زمین پر آپڑنا - نیچے آرہنا (۲) دیوار یا مکان کا بیٹھ جانا (۳) نہایت کمزور اور نحیف ہوجانا (۴) تباہ و برباد ہوجانا

گر جانا (ہ) (۱) نیچے گر پڑنا (۲) پچھڑ جانا (۳) تلف ہونا ؛

گر گئے دانت آم کھانے سے (ہ) مثل تعجب اور خلاف عقل بات کی نسبت بولتے ہیں ؛

گرو (ہ) (مذکر) (۱) گرو کا مخفف - مرشد - رہنما (۲) استاد معلّم (۳) اصول - قاعدہ - کلیہ (۴) (۱) نکتہ - باریکی ؛

گُردوارہ (ہ) مذکر (۱) گرو کے رہنے کا مکان (۲) سکھوں کا دھرم سالہ ؛

گرگ بدیا بسر ہر گیان (ہ) (مثل) ہر گرو اور مرشد کا علم و عمل اور ہر سر کی عقل مختلف ہوتی ہے۔ ہر شخص کی رائے جدا ہوتی ہے ◆

گرمکھی (ہ) مؤنث۔ گروؤں کے منہ کی زبان پنجابی زبان جو ہندی نما حروف میں لکھی جاتی ہے۔

گرتا (گَرَ۔ تا) (ہ) لالی۔ سرخی مائل ◆

گراب (گَراب) (ا) مذکر۔ وہ توپ کا گولا جس میں بہت سی گولیاں رال چھرّا وغیرہ بھرا ہوا ہوتا ہے ◆

گرا پڑا (ہ) (۱) افتادہ۔ زمین پر گرا اور پڑا ہوا (۲) مبتذل۔ ذلیل۔ خوار ◆

گراری (گَرا۔ رِی) (ہ) مؤنث (۱) دھاگا یا رسّی بٹنے کا آلہ (۲) دھاگا لپٹنے کی ریل (۳) کنوئیں کی چرخی (۴) عام مشینوں کا ایک پرزہ جو پہیئے کی شکل کا ہوتا ہے ◆

گراس (گَراس) (ہ) مذکر (ہندو) لقمہ۔ نوالا ◆

گراس (گَراس) (انگریزی۔ GRASS) (مذکر و مؤنث) گیاہ۔ ہری گھاس ◆

گراس کٹ (انگریزی۔ GRASS CUT) (مذکر) گھسیارہ۔ گھاس کھود کر لانے والا۔ سائیس ◆

گراس کٹر (انگریزی۔ GRASS CUTTER) (مذکر) دیکھو (گراس کٹ) ◆

گرام (گَرام) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) گاؤں۔ روستہ۔ قریہ۔ موضع۔ بستی (۲) راگ کے سُروں کا مجموعہ ◆

گرامر (گَرا۔ مَر + گرَ۔ مَر) (انگریزی GRAMMER) (مؤنث) صرف و نحو ◆

گراموفون (گَرا۔ مو۔ فون) (انگریزی GRAMOPHONE) (مذکر) وہ باجہ جس میں ریکارڈ سے آواز پیدا ہوتی ہے ◆

گرامی (گِرا۔ مِی) (ف) (۱) بزرگ۔ مکرم۔ معظّم (۲) عزیز۔ پیارا۔ دلبند۔ ہر دلعزیز (۳) فارسی کے بہت بڑے شاعر مولانا غلام قادر جالندھری مرحوم کا تخلص ◆

گران (گِراں) (ف) (۱) ثقیل۔ وزنی۔ بھاری۔ بوجھل (۲) مہنگا (۳) ناگوار۔ تکلیف دہ (۴) بیش قیمت انمول (۵) سخت۔ درشت۔ کڑا (۶) سُست۔ کاہل (۷) مشکل۔ دشوار ◆

گراں بار (ف) (۱) بھاری۔ بوجھ میں لدا ہوا (۲) باردار۔ پھل لانے والا (۳) مالدار۔ دولتمند (۴) حاملہ ◆

گراں بہا (ف) بیش قیمت۔ قیمتی ◆

گراں خاطر (ف۔ ع) (۱) دو بھر۔ اجیرن۔ ناگوار طبع (۲) ناراض۔ آزردہ۔ رنجیدہ۔ غمگین ◆

گراں گزرنا۔ یا معلوم ہونا (۱) ناگوار گزرنا۔ بُرا لگنا۔ دل پر بوجھ معلوم ہونا ◆

گراں ہونا (۱) دو بھر ہونا۔ بُرا لگنا۔ ناگوار ہونا۔ بھاری ہونا (۲) مہنگا ہونا۔ بھاؤ چڑھنا۔ نرخ چڑھنا ◆

گرانا (ہ) (۱) نیچے ڈالنا۔ پھینکنا (۲) ڈھانا۔ مسمار کرنا (۳) دے مارنا۔ پٹکنا (۴) درجہ توڑنا۔ مرتبہ گھٹانا (۵) قیمت کم کرنا (۶) اسقاط کرنا (۷) بہانا۔ رواں کرنا (۸) مضمحل کرنا۔ نڈھال کرنا ◆

گرانٹ (گَرانٹ) (انگ۔ GRANT) (مؤنث) مالی امداد ◆

گرانڈ جیوری (گَرَانڈ۔ جیُو۔ رِی) (انگریزی۔ GRAND JURY) (مؤنث) وہ پنچایت جس میں بارہ سے کم اور تئیس سے زیادہ پنچ نہ ہوں۔ بڑی پنچایت جو کسی مقدمے کے فیصلے کے لیے مقرر کی جاتی ہے ◆

گرانی (ف) مؤنث (۱) مہنگاپن۔ بھاؤ کی تیزی (۲) توڑا۔ کمی۔ قلت (۳) قحط۔ کال۔ خشک سالی (۴) بدہضمی۔ بوجھ ◆

گرانی خاطر۔ یا۔ طبع (ا) مؤنث۔ بیزاری۔ ناگواری طبع ◆

گراہ (گِراہ) (ہ) مذکر۔ (ہندو) مگر۔ مگرمچھ۔ نہنگ گھڑیال ◆

گراؤ (گِرا۔ اُؤ) (ہ) جھکا ہوا۔ گر جانے کے قریب ◆

گراؤنڈ (گرا۔ ؤنڈ) (انگریزی GROUND) (۱) بنیاد۔ زمین (۲) زمین کا نقشہ (۳) میدان ◆

گرب (گَرب) (س) مذکر (ہندو) گمان۔ غرور۔ گھمنڈ۔ تکبّر ◆

گربز (گُر۔ بُز) (ف) مکّار۔ حیلہ گر۔ دغاباز ◆

گربزی (ف) مؤنث۔ مکاری ◆

گربہ (گُر۔ بہ) (ف) مؤنث۔ بلی۔ ہریرہ ◆

گربہ چشم (ف) کرنجا۔ بلّی کی سی آنکھوں والا۔ ازرق چشم۔ نیلی آنکھوں والا ◆

گربہ کشتن روز اوّل (ف۔ ع) (مثل) رعب پہلے ہی

وہ خوب بیٹھتا ہے۔ کہتے ہیں۔ دو بہنیں نہایت بدمذاق تھیں۔ اتفاق سے ایک ہی دن دونوں کی دو مردوں سے شادی ہوئی۔ ایک جو معمولی طور پر محبت و خلق سے پیش آیا۔ چند ہی دنوں میں بیوی صاحبہ اس پر قابو پا گئیں اور یہ جوتے کھانے لگ گیا۔ دوسرے نے پہلے ہی دن خلوت میں گھر کی بلی گھس آئی۔ تو تلوار سے اس کا سر تن سے جدا کر دیا۔ جس سے بیوی پر بھی ایک دہشت بیٹھ گئی۔ جوتے خور سے خاوند نے اس کی بیوی کو فرمانبردار دیکھ کر گربہ کش دوست سے پوچھا۔ بتاؤ تم نے کس ترکیب سے اس کو رام کیا تھا۔ اس نے سارا حال کہ سنایا۔ اس پر یہ بھی گھر میں جا کر کسی بات پر بالتو بلی سے ناراض ہو کر مارنے لگا۔ جس پر بیوی نے کہا۔ میاں اب وہ موقع نہیں۔ بلی تو پہلے دن مارنی چاہیئے تھی ؂

گربہ مسکین (ف) دیکھنے میں غریب اور افعال میں شریر مکار۔ فریبی ؂

گربھ (گَر۔ بھ) (س - مذکر) (ہندو) (۱) حمل - پیٹ (۲) جنین - کچا بچہ ؂

گربھ استھان (ہ) مذکر (ہندو) رحم - بچہ دان -

گربھ پات (س - مذکر) (ہندو) اسقاطِ حمل ؂

گروپ (گُروپ) (انگریزی - GROUP) (۱) جھنڈ - مجمع (۲) کئی آدمیوں کی یکجائی تصویر ؂

گرتا پڑتا (ہ) دیکھو (گرپڑ کر) ؂

گرج (گَرج) (ہ - مؤنث) (۱) کڑک - بجلی کی آواز (۲) شیر کی دہاڑ (۳) ہاتھی کی چنگھاڑ (۴) چیخ - زور کی آواز ؂

گرج کر بولنا (ہ) (م) چیخ کر بولنا - کڑاکے کی آواز نکالنا ؂

گرجا (گَر۔ جا) (ہ - مذکر) (۱) وہ موتی جس میں بال پڑا ہوا ہو (۲) گرجنا کی ماضی ؂

گرجا (گِر۔ جا) (پرتگالی - مذکر) کلیسا - صومعہ - چرچ - عیسائیوں کا عبادت خانہ ؂

گرجتے ہیں سو برستے نہیں (ہ) (مثل) زبانی شیخی بگھارنے والوں سے کچھ نہیں ہو سکتا۔ شیخی بازوں کی باتیں ہی باتیں ہوا کرتی ہیں ؂

گرجنا (ہ) (۱) بجلی کا آواز دینا - کڑکنا (۲) شیر کا دھاڑنا (۳) ہاتھی کا چنگھاڑنا (۴) چلا کر بولنا - شور مچانا -

کڑک کر بولنا ؂

گرجی (گُر۔ جی) (ف) (۱) منسوب بہ گرجستان (۲) گرجستان کا باشندہ (۳) ایک قسم کا کتا جو گرجستان سے لایا گیا تھا ؂

گرچ (گُرمچ) (ہ - مؤنث) ایک قسم کی گھاس ؂

گرد (گُرد) (ف) (۱) مضبوط - طاقتور (۲) پہلوان بہادر - شجاع - جنگجو ؂

گرد (گَرد) (ف - مؤنث) (۱) غبار - راکھ - دھول (۲) (ل) بے حقیقت - ناچیز ؂

گردِ آفتاب (ف - مؤنث) ذرے جو سورج کی کرنوں میں دکھائی دیتے ہیں ؂

گرد آلود (آلودہ) (ف) خاک میں ملا ہوا - غبار آلودہ - جس پر گرد جمی ہوئی ہو - خاک میں لپٹا ہوا ؂

گرد اڑانا (ا) (۱) غبار اڑانا - خاک کرنا (۲) تباہ کرنا - برباد کرنا ؂

گرد بیٹھنا (ا) (۱) غبار کا تہ نشین ہونا - خاک کا نیچے جمنا (۲) میل جمنا (۳) آندھی کا کم ہونا ؂

گرد جھاڑنا (ا) (۱) خاک اور دھول سے صاف کرنا (۲) مارنا - سزا دینا ؂

گرد کرنا (ا) (۱) بے نور کرنا - ماند کرنا - مات کرنا - ہرانا (۲) کپڑے میلے کرنا ؂

گرد کو نہ پہنچنا (ا) پیچھے رہ جانا - برابر نہ ہو سکنا - عاجز رہنا ؂

گرد و غبار (ف) مذکر (۱) خاک دھول ؂

گرد ہونا (ا) (۱) مات ہونا - خاک ہونا - ہیچ ہونا - بے اثر ہونا (۲) بے رونق ہونا (۳) شرمندہ ہونا ؂

گرد ہے (ا) کچھ حقیقت نہیں رکھتا - ہیچ ہے ؂

گِرد (گِرد) (ف) (۱) حلقہ - گھیرا - مدور - گول (۲) آس پاس - نواح - دور - اطراف (۳) جمع - فراہم (۴) (ا) پیچھے ؂

گرد باد (ف - مذکر) بگولا - ہوا چکر ؂

گرد بالش (ف) مذکر - وہ گول اور چھوٹا تکیہ جو امیر لوگ سوتے وقت رخساروں کے نیچے رکھتے ہیں ؂

گرد گھما (ا) مذکر (۱) آوارہ پھرنے والا - آوارہ گرد - کسی کے گرد پھرنے والا (۲) مفلس - تماشبین ؂

گرد و نواح (ف - ع) مذکر - آس پاس کا علاقہ - نواح - قرب و جوار - اطراف - پڑوس - سواد شہر ؂

گرد ہونا (ا) پیچھے پڑنا ۔ در پے ہونا ؛
گردا (ا) مذکر ۔ گرد ۔ دھول ۔ ریت ۔ باؤ ؛
گرداب (گِر ۔ داب) مذکر ۔ بھنور ۔ گھمن گھیری ۔ پانی کا چکر ؛
گرداگرد (ف) چاروں طرف ۔ سب طرف ۔ آس پاس ۔ اطراف ۔ اِرد گرد ؛
گردان (گَر ۔ دان) (ف) (۱) پھرنے والا ۔ دوّار (۲) (۱) الٹا ہوا ۔ پلٹا ہوا ؛
گردان (ف) مؤنث (۱) دَور ۔ لوٹاؤ (۲) ترتیب سے مطابق صیغوں کو پڑھنا (۳) قرآن شریف کو دُہرانا ؛
گردان کرنا (۱) (۱) صرف کے صیغوں کو بالترتیب زمانہ اور وحدت و جمع کے لحاظ سے پڑھنا (۲) دہرانا ؛
گرداننا (۱) (۱) کسی مصدر کے تمام صیغوں کو کہنا (۲) دہرانا ۔ دَور کرنا (۳) ماننا ۔ تسلیم کرنا (۴) رپ لپیٹ بلانا ۔ پھنسانا ؛
گردانی (گَر ۔ دا ۔ نی) (۱) مؤنث ۔ چادر یا دوپٹہ جو عورتیں نماز پڑھتے وقت خاص طریقے سے اوڑھتی ہیں ؛
گرداور (ف) مذکر ۔ پٹواریوں کے حلقے یا چُنگی کے علاقے میں پھر کر دیکھنے والا افسر ۔ گشت کرنے والا عہدہ دار ؛
گرداوری (ف) مؤنث ۔ گرداور کا عہدہ (۲) دَورہ ۔ گشت (۳) نگرانی ۔ نگہبانی (۴) گشت کرنے کا حلقہ یا علاقہ ؛
گردش (گَر ۔ دِش) (ف ۔ مؤنث) (۱) چکر ۔ دَور ۔ پھیر (۲) انقلاب ۔ تغیر (۳) ادبار ۔ بدنصیبی ۔ بداقبالی (۴) (۱) سختی ۔ مصیبت ۔ آفت ؛
گردش کرنا (۱) گھومنا ۔ چکر کھانا ۔ پھرنا ؛
گردش میں آنا (۱) چکر میں آنا ۔ مصیبت یا بپتا میں پھنسنا ؛
گردگاں (گِرد ۔ گاں) (ف ۔ مذکر) اخروٹ ؛
گردن (گَر ۔ دَن) (ف ۔ مؤنث) گلا ۔ گلو ۔ ناڑ ؛
گردن اڑانا (۱) گردن کاٹنا ۔ سر قلم کرنا ۔ سر اڑانا ۔ قتل کرنا ۔ قربانی کرنا ؛
گردن اینٹھی رہنا (۱) خفا رہنا ۔ اکڑا اور کھچا رہنا ؛
گردن پر بوجھ ہونا (۱) (۱) بارِ احسان میں دبنا ۔ (۲) گناہوں کے عذاب کا سر پر ہونا (۳) ناگوارِ خاطر ہونا (۴) گراں بار ہونا ؛
گردن پر جوا رکھنا (۱) (۱) بوجھ اٹھانا ۔ کوئی بھاری کام ذمے لینا (۲) فرمانبرداری کرنا (۳) جورُو والا بنانا ؛
گردن پر حق رہنا (۱) کسی کے ذمے کسی کا حق رہنا ؛
گردن پر خون ہونا (۱) کسی کے قتل کا عذاب یا گناہ سر پہ ہونا ۔ قتل کے گناہ کا مجرم اور خون کا ذمہ دار ہونا ؛
گردن پر سوار ہونا (۱) (۱) کسی کی گردن پہ چڑھنا (۲) سر رہنا ۔ سخت تقاضا کرنا ۔ کسی بات یا کام کے لئے از حد تنگ اور مجبور کرنا ؛
گردن پھنسانا (۱) (۱) گردن کو پھندے میں پھنسانا ۔ اپنے آپ کو خطرے میں پھنسانا (۲) ضامن ہونا ذمہ داری لینا ؛
گردن پھیرنا (۱) منحرف ہونا ۔ سرکشی کرنا ۔ حکم نہ ماننا ؛
گردن جھکانا (۱) (۱) گردن نیچے کرنا ۔ بوجھ کے مارے گردن خم کرنا (۲) تسلیم بجالانا ۔ ادب سے سلام کرنا (۳) اطاعت کرنا ۔ متابعت کرنا (۴) شرمندہ ہونا ۔ (۵) احسان مند ہونا (۶) عاجزی کرنا ؛
گردن ڈھلکنا ڈھلنا (۱) گردن کا ٹوٹ جانا ۔ منکا ڈھلکنا ۔ مرنے کے قریب ہونا ؛
گردن زدنی (ف) واجب القتل ۔ کشتنی ؛
گردن سے جوا اتارنا (۱) آزاد ہونا ۔ اطاعت اور فرمانبرداری سے نکلنا ؛
گردن کا ڈورا (۱) مذکر (۱) وہ سیاہ ڈورا جو نظرِ بد کے خیال سے گلے میں پہنتے ہیں (۲) ایک خاص انداز معشوقانہ سے گردن کی لچک ؛
گردن کا منکا (مہرہ) (۱) مذکر ۔ پشت کی وہ ہڈی جہاں سے گردن شروع ہوتی ہے ؛
گردن کا منکا ڈھلکنا ڈھلنا (۱) گردن کی پچھلی ہڈی کا نیچے لٹک جانا ۔ مرنے لگنا ؛
گردن کٹنا (۱) (۱) گلا کٹنا ۔ مارا جانا ۔ قتل ہونا ۔ حلال ہونا ۔ (۲) تباہ ہونا ۔ برباد ہونا ۔ زبردستی مال لیا جانا ؛
گردن کشی (ف ۔ مؤنث) (۱) بغاوت ۔ نافرمانی (۲) غرور ۔ تکبر (۳) شرارت ۔ شوخی ۔ گستاخی ؛
گردن مارنا (۱) قتل کرنا ۔ ہلاک کرنا ؛
گردن مروانا (۱) قتل کرانا ۔ ہلاک کرانا ؛
گردن مروڑنا (۱) (۱) گلا گھونٹنا (۲) کسی جانور کو بغیر ذبح کے گلا گھونٹ کر مارنا ؛
گردن میں ہاتھ دیکے نکالنا (۱) نہایت بے عزتی

سے گردن پکڑ کر نکال دینا ۔

گردن ناپنا (ا) سر اُٹھانا ۔ قتل کرنا ۔

گردن نہ اُٹھانا (ا) (۱) شرمندگی سے آنکھ سامنے نہ کرنا ۔ اُف نہ کرنا ۔ دم نہ مارنا (۲) انکار نہ کرنا ۔

گردن ہلانا (ا) (۱) انکار کرنا (۲) اکڑنا ۔

گردن ہلنے لگنا (ا) بڑھاپے کے باعث گردن میں رعشہ ہو جانا ۔ بہت بوڑھا ہو جانا ۔

گرَدَنا (گَرْ ۔ دَ ۔ نا) (ہ) مذکّر (۱) ڈھول ڈھمپا (۲) نہایت موٹی اور تیار گردن ۔

گردنی (ف) مؤنّث (۱) گھوڑے پر ڈالنے کا کپڑا ۔ جو گردن سے لے کر پٹھوں تک ہوتا ہے (۲) کشتی کا ایک داؤ ۔

گردنی دینا (ا) (۱) گردن میں ہاتھ دے کر نکال دینا ۔ (۲) گُدّی پر چانٹا لگانا ۔

گردوں (گَرْ ۔ دُوں) (ف ۔ مذکّر) آسمان ۔ فلک ۔ چرخ ۔

گردہ (گَرْ ۔ دَہ) (ف ۔ مذکّر) (۱) خاکہ (۲) مصوّروں کے استعمال کرنے کا سفوف ۔

گردہ (گِرْ ۔ دَہ) (ف ۔ مذکّر) حلقہ ۔ دائرہ ۔ کنڈلی ۔

گُردہ (گُرْ ۔ دَہ) (ف ۔ مذکّر) (۱) انسان یا حیوان کا ایک اندرونی عضو جس میں پیشاب چھنتا ہے (۲) (ا) ایک قسم کی چھوٹی توپ (۳) (ا) جرأت ۔ حوصلہ ۔ دلیری ۔

گُرڑ (گُرَڑْ) (ہ) مذکّر (۱) گِدھ (۲) (پنجاب) نیل کنٹھ ۔

گُرز (گُرْز) (ف ۔ مذکّر) ایک ہتھیار جو اوپر سے گول موٹا اور نیچے سے پتلا ہوتا ہے ۔ اور کبھی دشمن کے سر پر مارنے کے کام آتا تھا ۔

گُرزبردار (ف ۔ مذکّر) گُرز اُٹھانے والا ۔

گُرس (گُرُس) (ہندی) (انگریزی گروس ۔ GROSS) (مذکّر) بارہ درجن کا مجموعہ ۔ ۱۴۴ عدد کا بنڈل ۔

گُرسل (گُرْ ۔ سَل) (ہ ۔ مؤنّث) مینا کی قسم کا زرد چونچ والا ایک پرند ۔

گُرسنہ (گُرِس ۔ نَہ) (گُرُ ۔ سِنَہ) (ف) بھوکا ۔

گرفت (گِرِفْت) (ف ۔ مؤنّث) (۱) پکڑ (۲) دستہ ۔ موٹھ ۔ قبضہ (۳) اعتراض ۔ مزاحمت ۔ مطالبہ ۔

گرفت کرنا (ا) (۱) پکڑنا (۲) اعتراض کرنا ۔ مزاحمت کرنا ۔ تھامنا ۔

گرفتار (ف) (۱) پکڑا ہُوا ۔ قیدی ۔ اسیر (۲) پھنسا ہُوا ۔ (۳) عاشق ۔ فریفتہ ۔

گرفتار ہونا (ا) (۱) پکڑا جانا (۲) عاشق ہونا (۳) پھنسنا ۔ مبتلا ہونا ۔

گرفتاری (ف ۔ مؤنّث) (۱) پکڑ (۲) قید ۔ نظر بندی ۔ (۳) اُلجھاوا ۔ جنجال ۔

گرفتگی (ف ۔ مؤنّث) (۱) پکڑ (۲) رکاوٹ ۔ گھٹاؤ (۳) گُھٹن ۔ متلاہٹ ۔

گرفتگی آواز (ف ۔ مؤنّث) آواز بیٹھنا ۔ گلا پڑنا ۔

گرفتہ (ف) پکڑا ہُوا ۔

گرفتہ خاطر (دل) (ف) ناخوش ۔ رنجیدہ ۔

گُرگ (گُرْگ) (ف ۔ مذکّر) بھیڑیا ۔ ایک درندہ ۔

گُرگِ باراں دیدہ (ف) تجربہ کار ۔ خرّانٹ ۔ آزمودہ کار ۔

گُرگِ کہن (ف) (۱) بوڑھا اور پرانا بھیڑیا (۲) بڑا بھاری مکّار ۔ خرّانٹ ۔

گُرگا (گُرْ ۔ گا) (ہ ۔ مذکّر) (۱) چھوکرا ۔ چیلا ۔ شاگرد (۲) نوکر ۔ ادنیٰ ملازم (۳) بدکار ۔ بدوضع (۴) نہایت شریر ۔ شیطان ۔

گُرگابی (گُرْ ۔ گا ۔ بی) (ف ۔ مؤنّث) ایک قسم کا انگریزی جوتا جو صرف پنجے تک ہوتا ہے ۔

گرگٹ (گِرْ ۔ گِٹ) (ہ ۔ مذکّر) ایک قسم کی بڑی چھپکلی جو آفتاب نکلنے پر طرح طرح کے رنگ بدلتی ہے (پ) کرلا ۔

گرگٹ کی دوڑ بٹورے تک (ہ) (مثل) ہر شخص اپنے ٹھکانے پر جا کر پناہ لیتا ہے ۔ ہر شخص اپنے مربّی پر بھروسہ کرتا ہے ۔

گرگٹ کی طرح رنگ بدلنا (ا) نہایت متلوّن مزاج ہونا ۔ ایک حال پر نہ رہنا ۔ نیلی پیلی آنکھیں ہونا ۔ گھڑی میں کچھ گھڑی میں کچھ ہونا ۔

گرگرانا (گِرْ ۔ گِرا ۔ نا) (ہ) جال کی طرف بٹیروں کو ہنکانا ۔

گرگریا (گِرْ ۔ گِرِی ۔ یا) (ہ ۔ مؤنّث) چڑیا ۔

گرل (گَرْل) (انگریزی ۔ GIRL) (مؤنّث) دختر ۔ لڑکی ۔ چھوکری ۔ کنیا ۔

گرلز سکول (انگریزی ۔ GIRLS' SCHOOL) (مذکّر) لڑکیوں کے پڑھنے کا سکول ۔ مدرسۃ النساء ۔

گرم (گَرْم) (ف) (۱) حار ۔ تتا ۔ جلتا ہُوا (۲) تیز رفتار (۳) اختلاط رکھنے والا (۴) مستعد ۔ تند ۔ تیز (۵) لال ۔ دمکتا ہُوا (۶) خفا ۔ ناراض ۔

گرم اختلاطی (ف) مؤنث۔ گہری دوستی۔ از حد بے تکلفی ۔

گرم بازاری (ف) مؤنث۔ نہایت گاہکی اور خریداری بکثرت خرید و فروخت۔ لین دین اور بیوپار کی کثرت ۔

گرم بولنا (ا) بدمزاجی سے جواب دینا۔ تیز ہونا ۔

گرم تھوک ٹھنڈا تھوک (ا) (مثل) ایسے موقع پر بولتے ہیں۔ جب کوئی نوکر اپنے آقا کی نوکری چھوڑ دینے کے لئے کوئی بہانہ ڈھونڈے ۔

گرم جوشی (ف۔ مؤنث) (۱) تپاک۔ اختلاط (۲) سرگرمی جوش۔ شوق (۳) کوشش۔ سعی ۔

گرم خانہ (ف۔ مذکر) (۱) سردیوں میں نازک پودوں کو رکھنے کا مکان (۲) سردیوں کا موسم گزارنے کا مکان ۔

گرم خبر (ا) مؤنث۔ عام خبر۔ افواہ۔ دھوم ۔

گرم سرد (ف) (۱) تتّا اور ٹھنڈا (۲) شیر گرم (۳) بُرا بھلا۔ نیک و بد ۔

گرم سرد اٹھانا۔ یا۔ سہنا (ا) بُرا بھلا وقت دیکھنا۔ زمانے کی مصیبتوں کو برداشت کرنا ۔

گرم کپڑے (ا) مذکر۔ اونی یا روئی دار کپڑے جاڑے کے موسم کی پوشاک ۔

گرم کرنا (ا) (۱) تتّا کرنا۔ جوش کرنا (۲) غصہ دلانا۔ آگ لگانا (۳) تیز کرنا۔ دوڑاتا ۔

گرم مزاج (ا) بدمزاج۔ غصیل۔ تُند خو ۔

گرم مزاجی (ا) مؤنث۔ بدمزاجی۔ تند خوئی ۔

گرم مصالح (ا) مذکر۔ زیرہ سیاہ۔ مرچ۔ لونگ۔ الائچی اور دارچینی ان سب کے مجموعے کو گرم مصالح کہتے ہیں۔ جو عموماً سالن کو خوشبودار اور چٹ پٹا کرنے کے لیے ڈالتے ہیں ۔

گرم ہونا (ا) (۱) تتّا ہونا۔ تپنا۔ جلنا (۲) جوش ہونا۔ اُبلنا (۳) خفا ہونا۔ تیز ہونا (۴) بارونق ہونا ۔

گرما (گَرَ۔ما) (ف۔ مذکر) گرمی کا موسم ۔

گرمابہ (ف۔ مذکر) حمّام۔ نہانے کا گرم مکان ۔

گرما گرم (ف) (۱) تتا تتا۔ جلتا ہوا (۲) تازہ بتازہ (۳) پُرجوش۔ رقت خیز (۴) ظریف الطبع۔ چرب زبان (۵) فوراً۔ تڑاق پڑاق (۶) شوخ۔ چلبلا ۔

گرمانا (ا) (۱) گرم کرنا (۲) خفا ہونا۔ غصّے میں بھرنا (۳) جوش میں آنا (۴) ستانا (۵) گرم رفتار ہونا ۔

گرمائی (ا) مؤنث۔ گرمی۔ تپش ۔

گرمی (ف) مؤنث (۱) تپش۔ حرارت (۲) موسم گرما۔ تابستان (۳) تپاک۔ گرمجوشی (۴) شوخی۔ طرّاری (۵) تیزی۔ تندی (۶) آتشک (۷) غصہ (۸) شہوت۔ خواہش نفسانی ۔

گرمی پڑنا (ا) موسم گرما کا آنا۔ دھوپ آنا ۔

گرمی دانے (ا) مذکر۔ وہ چھوٹے چھوٹے دانے جو گرمی کے موسم میں بدن پر نکل آتے ہیں (پنجابی) پت ۔

گرمی کے کپڑے (ا) مذکر۔ وہ ٹھنڈی پوشاک جو موسم گرما میں پہنی جائے ۔

گرمی مضمون (ف۔ مؤنث) مضمون کی شوخی ۔

گرمی نکالنا (ا) (۱) حرارت دفع کرانا (۲) غصہ نکالنا۔ کسی کو مار پیٹ کرنا ۔

گرمی ہونا (ا) (۱) گرمی پڑنا (۲) آتشک ہونا (۳) حرارت بڑھنا ۔

گرمیاں (ا) مؤنث۔ (۱) گرمی کی جمع (۲) گرم جوشیاں۔ تپاک (۳) موسم گرما (۴) خفگیاں۔ تندیاں ۔

گرمیوں (ا) مؤنث۔ گرمی کی جمع۔ حرف جار سے پہلے ۔

گرنا (ہ۔ ا) (۱) اوپر سے نیچے آپڑنا (۲) پھسلنا۔ لڑھکنا۔ (۳) نہایت مائل ہونا۔ لالچ کرنا (۴) ہارنا۔ شکست کھانا (۵) بھاؤ کم ہونا۔ نرخ گھٹنا (۶) برسنا۔ پڑنا (۷) قدر نہ رہنا (۸) بیمار پڑنا ۔

گرنتھ (گَرَنتھ) (س) مذکر (۱) پستک۔ پوتھی۔ کتاب (۲) سکھوں کی مذہبی کتاب ۔

گرنڈ (گَرَنڈ) (ہ) مذکر۔ چکّی کا وہ حصّہ جس میں پس پس کر آٹا گرتا اور جمع ہوتا ہے ۔

گرنے والا ستا چھوٹے اور گردن میری ٹوٹے (ا) (مثل) اُس وقت پر بولتے ہیں۔ جب کوئی شخص جس پر اصل میں کوئی آفت آنے والی ہو۔ بچ جائے اور دوسرا اچانک اُس میں پھنس جائے ۔

گرو (گُرُو) (س۔ مذکر) (۱) پیر۔ مرشد۔ اچارج (۲) بزرگ (۳) اُستاد۔ معلم (۴) کامل فن۔ جگت استاد (۵) شریر مفسد۔ شہدا (۶) ہوشیار۔ خرّانٹ ۔

گرو گھنٹال (ہ) مذکر (۱) بہت بڑا استاد یا سب کا پیر و مرشد (۲) بدمعاشوں کا سرغنہ۔ بہت بڑا چالاک اور خرّانٹ ۔

گرو گڑ ہی رہے اور چیلے شکر ہو گئے (ا)

(مثل) جب کوئی شاگرد یا مرید اپنے استاد یا پیر سے بھی بڑھ جائے تو اس موقع پر بولتے ہیں ؁

گِرَو (گِرَوْ) (ف) مذکّر۔ رہن ۔ گہنے ۔ گروی ۔ بندھک ؁

گِرَو کرنا (ل) رہن کرنا کسی چیز کو نقدی کے عوض ضامن رکھنا ؁

گِرَو نامہ (ف ۔ مذکّر) رہن نامہ ۔ گہنے رکھنے کا تمسّک

گُروا (گُرْ ۔ وَا) (ہ) (عام) (۱) بھاری (۲) ضروری (۳) بلند مرتبہ ۔ معزز ۔ بڑا ؁

گِرْوَر (گِرْ ۔ وَر) (ہ ۔ مذکّر) (ہندی) پہاڑ ۔ کوہ ۔ پربت ؁

گروہ (گُرُوْہ) (ف) مذکّر (۱) ٹولی ۔ منڈلی ۔ جماعت ۔ جرگہ ۔ مجمع ۔ (۲) غول ۔ پرندوں کی جماعت (۳) قسم ۔ نوع ۔ درجہ ۔ ذات ؁

گروہ شرکا (ف ۔ ع) مذکّر ۔ حصّہ داروں کی جماعت ۔ شریک ۔ پٹی والے ؁

گروی (گِرْ ۔ وِی) (۱) مؤنث (۱) رہن ۔ بندھک (۲) وہ چیز جو گروی رکھی گئی ہو ؁

گروی دار (ا ۔ مذکّر) وہ آدمی جس کے پاس کوئی چیز کسی شرط سے ایفا پر واپس لینے کو رکھی جاتی ہے ؁

گروی سے چھڑانا (ل) رہن سے نکالنا ۔ فک الرّہن ؁

گرویدگی (گِرْ ۔ وِی ۔ دَگی) (ف ۔ مؤنث) رغبت ۔ میلان ۔ فریفتگی ؁

گرویدہ (گِرْ ۔ وِی ۔ دَہ) (ف) فریفتہ ۔ عاشق ؁

گرویدہ ہونا (ل) عاشق و شیدا ہونا ۔ دلدادہ ہونا ۔ مرنا ۔ مٹنا ۔ کسی پہ جان دینا (۲) سرہونا ۔ درپے ہونا ؁

گرہ (گِرَہ) (ف) مؤنث (۱) گانٹھ ۔ عقدہ (۲) جیب ۔ پاکٹ (۳) گز کا سولھواں حصّہ ۔ تین انگل کی چوڑائی (۴) (ل) بند ۔ جوڑ (۵) (ل) کدورت ۔ رنج (۶) (ل) شگوفہ ۔ کلی (۷) (ل) بند کے اخیر کا شعر ؁

گرہ باندھنا یا گرہ میں باندھنا (ل) (۱) کسی بات کے یاد رکھنے کے لئے رومال یا پگڑی میں گانٹھ لگا لینا (۲) کسی چیز کو اپنے قابو میں سنبھال کر رکھنا ؁

گرہ پڑجانا ۔ یا ۔ گرہ پڑنا (ل) (۱) گانٹھ پڑنا ۔ اُلجھنا (۲) دل میں فرق آنا ۔ دشمنی ہونا ؁

گرہ دار (ف) بہت سی گانٹھوں والا ۔ گٹھیلا ؁

گرہ دینا (ل) گانٹھ لگانا ۔ یاد رکھنا ؁

گرہ سے نکل جانا (ل) اپنی جیب سے خرچ ہونا ۔ ذاتی نقصان ہونا ؁

گرہ کھلنا (ل) (۱) عقدہ وا ہونا (۲) جیب کا کترا جانا ذاتی نقصان ہوجانا ؁

گرہ کھولنا (ل) (۱) گانٹھ کھولنا ۔ عقدہ وا کرنا (۲) دل کی کدورت اور رنجش کو دور کرنا ؁

گرہ گیر (ف) بل کھائے ہوئے ۔ مڑا ہوا ؁

گرہ لگانا (ل) (۱) گانٹھ باندھنا (۲) مصرع پہ دوسرا مصرع لگانا ؁

گرہ میں پیسہ ہونا (ل) (۱) مالدار ہونا ۔ دولت مند ہونا ؁

گرَہ (گْرَہ) (س) مؤنث ۔ ہندی جوتش کے مطابق ان نو ستاروں کو کہتے ہیں ۔ سورج ۔ چاند ۔ منگل ۔ بدھ ۔ برہسپت ۔ شکر ۔ سنیچر ۔ راہو ۔ کیت ؁

گرہ آنا (ہ) بُرا ستارہ آنا ۔ نحوست آنا ۔ ادبار آنا ؁

گرہ پتر (س ۔ مذکّر) اچھے بُرے پھلوں کا نامچہ ۔ جنم کنڈلی ؁

گرہست (گِرَہ ۔ سْت) (س) (۱) دنیا داری خانہ داری معاشرت (۲) عیالداری ۔ قبیلہ داری ؁

گرہستن (ہ ۔ مؤنث) (۱) زوجہ ۔ منکوحہ بیوی (۲) سگھڑ ۔ سلیقہ شعار ؁

گرہستی (ہ) مذکّر (۱) دنیا دار ۔ عیالدار ۔ گھر والا ؁

گرہن (گْرَہن) (س) مذکّر (۱) گہن (۲) کسوف و خسوف سورج پر چاند کا یا چاند پر زمین کا سایہ ہو جانے سے سیاہ نظر آنا ؁

گرہن لگنا (ہ) (۱) کسوف و خسوف کا واقع ہونا (۲) داغ لگنا ۔ عیب لگنا ؁

گرہی (گِرْ ۔ رہی) (ہ ۔ مؤنث) ڈول کی رسّی لپیٹنے کی چرخی ؁

گرِی (گِرِی) (ہ ۔ مؤنث) (۱) مغز ۔ تخم (۲) کھوپا ۔ ناریل کا مغز کھوپرا (۳) گودا ۔ بیجا ؁

گریا (گُرِّ ۔ یا) (س ۔ مؤنث) (۱) ریڑھ کی ہڈیوں کا مجموعہ (۲) سانپ کا پنجر (۳) شیشے کا موتی (۴) تسبیح یا ہار کا دانہ یا موتی ؁

گریاں (گِرْ ۔ یاں) (ف) (۱) روتا ہوا ۔ نالاں (۲) (ل) گری کی جمع ؁

گریبان (گِریبان) (گِرے۔بان)، ف۔ مذکر۔ کپڑے یا جامے کا وہ حصہ جو گلے کے نیچے رہتا ہے۔

گریبان پکڑنا۔ یا گریبان میں ہاتھ ڈالنا (۱) گریبان پکڑ کر گھسیٹنا۔ سخت تقاضا کرنا۔

گریبان پھاڑنا۔ گریبان تار تار کرنا۔ یا گریبان چاک کرنا (۱) گریبان ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ وحشت کے سبب کپڑے پھاڑ ڈالنا۔ دیوانہ ہونا۔ سودائی ہونا۔

گریبان میں منہ چھپانا (۱) کسی سے شرمندہ ہونا۔ آنکھیں نیچی کرنا۔

گریبان میں منہ ڈالنا (۱) (۱) نہایت شرمندہ ہونا اپنے قصوروں اور عیب کو دیکھ کر شرم سے سارے گردن نیچی کر لینا (۲) سر جھکا کر غور کرنا۔

گریٹ (گریٹ) (انگریزی۔ GREAT, مذکر) عظیم۔ بڑا۔ بہت۔

گریجویٹ (گرے۔جو۔ایٹ) (انگریزی۔ مذکر) وہ شخص جس نے انگریزی GRADUATE تعلیم میں بی۔اے کا امتحان پاس کیا ہو۔ سند یافتہ۔ فاضل۔

گریڈ (گریڈ) (انگریزی۔ GRADE (مذکر) درجہ۔ مرتبہ۔

گریز (گُریز) (ف، مؤنث) (۱) بھاگنا۔ فرار (۲) علیحدگی۔ اجتناب۔ پرہیز (۳) ایک مضمون سے دوسرے مضمون کی طرف متوجہ ہونا۔

گریز پا (ف) (۱) بھگوڑا۔ مغرور (۲) وحشت زدہ (۳) ناپائدار (۴) اکثر گھر سے بھاگ جانے والی لونڈی یا غلام۔

گریز کرنا (ف) (۱) بھاگنا (۲) پرہیز کرنا (۳) متنفر ہونا۔

گریزاں (ف) (۱) بھاگنے والا۔ متنفر۔

گریک (گریک) (انگریزی۔ GREEK (۱) یونان کا رہنے والا (۲) مؤنث۔ یونانی زبان (۳) مذکر۔ یونان کا۔

گریل (گُرِیل) (ع) (۱) وہ شخص جو سستی و جہالت کے باعث کسی جگہ پڑا رہے (۲) وہ کبوتر جو حریف کے مکان پر گرے۔

گریمر (انگ) دیکھو گرامر۔

گرینٹ (گرینٹ) (ع۔ مؤنث) وہ لکڑی جس پر کنوئیں کی چرخی چلتی ہے۔

گریہ (گِریَہ) ف۔ مذکر۔ رونا۔ زاری۔

گریہ کناں (ف) روتا پیٹتا ہوا۔ نالاں۔ گریاں۔

گریہ و زاری (ف) مؤنث۔ رونا پیٹنا۔ واویلا۔ کہرام۔ آہ و بکا۔

گ۔ڑ

گڑ (گُڑ) (ہ) گڑنا کا امر۔

گڑ (گُڑ) (ہ۔ مذکر) (۱) قند سیاہ۔ گنے کا جمایا ہوا رس (۲) مٹھاس۔ شیرینی (۳) میٹھا۔

گڑانبہ (گڑانبہ) (ہ۔ مذکر) گڑ کے شیرے میں پکائی ہوئی کچے آموں کی پھانکیں۔

گڑ دھانی (ہ۔ مؤنث) بھنے ہوئے چاولوں یا گیہوں میں گڑ ملا کر بنائے ہوئے مرنڈے۔

گڑ دیئے مرے تو زہر کیوں دیجئے۔ یا۔ گڑ سے جو مرے تو زہر کیوں دو (۱) جو کام آسانی اور نرمی سے نکلے اس میں سختی نہ چاہئے۔

گڑ (کا) کھیا کلیا میں پھوٹنا (ہ) (۱) کسی ظاہر ہونے والے کام کا پوشیدہ طور پر ہونا (۲) ایسا خفیہ مشورہ جو کھل جائے۔

گڑ کھانا اور گلگلوں سے پرہیز کرنا (۱) ذرا سی بدنامی سے بچنا اور بڑی بدنامی کا خیال نہ کرنا۔

گڑ کھائے گا تو اندھیرے میں آئے گا (ہ) (مثل) نفع کی امید پر تکلیف بھی برداشت کرے گا۔

گڑ کی جوتی (ہ) (مثل) (۱) اس موقع پر بولتے ہیں جب کسی چیز کے نایاب ہونے پر غریب لوگ اس کی شکل تک دیکھنے کو ترسیں۔ لیکن امیر لوگ اسے بے تحاشا استعمال کریں۔

گڑ نہ دے تو گڑ سی بات تو کہے (ہ) کوئی اچھا کام نہ کر سکو تو نرمی سے بول کر ہی خوش کر دیجئے۔

گڑ ہو گا تو مکھیاں بہت آجائیں گی (ہ) دولت ہو گی تو بہتیرے یار بن جائیں گے۔

گڑا (گَڑا) (ہ۔ مذکر) (۱) بڑا پولا (۲) ڈھیر۔ کھلیان۔

گڑا بٹائی (ہ) مؤنث۔ اناج وغیرہ کی وہ تقسیم جو اناج کے انبار لگا کر کی جائے۔

گڑاکو (ھ) مذکر۔ گڑ ملا ہوا تمباکو۔ بنا ہوا تمباکو ۔
گڑبڑ (گڑ۔ بڑ) (ھ۔ مؤنث) (۱) پیٹ کے بولنے کی آواز (۲) جھمیلا۔ بکھیڑا۔ افراتفری (۳) بے انتظامی۔ کھلبلی (۴) برہم برہم (۵) گڈمڈ ۔
گڑبڑانا (ھ) گھبرانا ۔
گڑبڑاہٹ (ھ۔ مؤنث) دیکھو (گڑبڑ) ۔
گڑبڑ جھالا ھ۔ مذکر (۱) میت اد۔ آندھی (۲) بدنظمی ۔
گڑبڑ کرنا (ھ) (۱) پیٹ بولنا (۲) گڈمڈ کرنا۔ گول مال کرنا (۳) جھگڑا پھیلانا ۔
گڑبڑی (ھ۔ مؤنث) (ہندو) کھلبلی ۔
گڑپ (گڑپ) (ھ۔ مؤنث) (۱) جلدی سے کسی ملائم چیز میں گھس جانے کی آواز۔ غڑاپ (۲) جلد جلد ۔
گڑپنکھ (گڑ۔ پنکھ) (ھ) مذکر (۱) بڑے بڑے پروں والا پرندہ (۲) ڈھیلی پوشاک پہننے والا آدمی ۔
گڑجانا (ھ) (۱) دھنس جانا (۲) دب جانا (۳) نہایت شرمندہ ہو جانا (۴) قائم ہو جانا (۵) جم جانا۔ اڑ جانا ۔
گڑگج (گڑ۔ گج) (ھ) مذکر۔ قلعے کا وہ برج جس پر توپیں چڑھاتے ہیں ۔
گڑگڑ (گڑ۔ گڑ) (ھ) مؤنث۔ (۱) پیٹ کے بولنے کی آواز۔ قراقر (۲) حقے کی بولنے کی آواز
گڑگڑا (ھ۔ مذکر) ایک قسم کا بڑا حقہ ۔
گڑگڑانا (ھ) حقے کا بولنا۔ آنتوں کا بولنا۔ قراقر ہونا ۔
گڑگڑانا (گڑ۔ گڑانا) (ھ) (۱) گرجنا۔ [illegible] (۲) توپوں کا لگاتار چھوٹنا ۔
گڑگڑانا (گڑ۔ گڑا۔ نا) (ھ) عاجزی کرنا۔ منت سماجت کرنا۔ خوشامد کرنا۔ التجا کرنا
گڑگڑاہٹ (ھ) مؤنث (۱) پیٹ کے بولنے کی آواز ۔
گڑگڑاہٹ (ھ) مؤنث (۱) گرج۔ کڑک۔ [illegible] کی آواز (۲) توپوں کے لگاتار چھوٹنے کی آواز ۔
گڑگڑاہٹ (ھ۔ مؤنث) عاجزی۔ منت سماجت۔ خوشامد۔ التجا ۔
گڑگڑی (ھ) مؤنث۔ ایک خاص وضع کا چھوٹا حقہ ۔

گڑگودڑ (گڑ۔ گو۔ دڑ) مذکر۔ پھٹے پرانے کپڑے۔ چیتھڑے ۔
گڑنا (ھ) (۱) دبنا۔ دفن ہونا (۲) چبھنا (۳) جمنا۔ قائم ہونا (۴) کھڑا ہونا (۵) شرمندہ ہونا ۔
گڑنت (گڑ۔ نت) (ھ) مؤنث۔ وہ صدقہ وغیرہ جس پر منتر پڑھ کر تسخیر یا دشمن کو ہلاک کرنے کی غرض سے دفن کرتے ہیں ۔
گڑنگ (گڑ۔ نگ) (ھ) مؤنث (ہندو) لاف۔ شیخی۔ ڈینگ۔ بڑائی ۔
گڑنگیا (ھ) مذکر۔ لاف زن۔ شیخی خورا۔ ڈینگیا ۔
گڑوا (گڑ۔ وا) (ھ۔ مذکر) (۱) پانی رکھنے کا برتن۔ لٹیا۔ لوٹا۔ آب خورہ (۲) آفتابہ۔ ٹونٹی دار لوٹا (۳) [illegible] کے پھولوں کا گلدستہ ۔
گڑولنا (گڑ۔ ول۔ نا) (ھ۔ مذکر) ایک چھوٹی سی گاڑی جس پر بچے کو کھڑے ہو کر چلنا سکھاتے ہیں ۔
گڑونا (گڑ۔ و۔ نا) (ھ) (۱) گاڑنا۔ [illegible] کرنا۔ چھیدنا۔ چبھونا ۔
گڑھ (گڑھ) (ھ) مذکر۔ قلعہ۔ کوٹ [illegible]
گڑھ جیتنا (ھ) (۱) قلعہ فتح کرنا (۲) [illegible] کرنا (۳) کسی مشکل یا مصیبت سے [illegible]
گڑھ کپتان (ھ) مذکر (۱) جمعدار۔ [illegible] (۲) انجینئر۔ قلعوں کی مرمت کرنے [illegible]
گڑھا (گڑھا) (ھ) مذکر (۱) [illegible] (۳) قبر۔ گور ۔
گڑھا بھرنا (ھ) [illegible] بڑی مشکل [illegible] سے پیٹ پورا کرنا ۔
گڑھت (گڑھت) (ھ۔ مؤ) [illegible] کا انداز ۔
گڑھنا [illegible]
گڑھنا (گڑھ۔ نا) [illegible]
گڑھنت (گڑھ۔ نت) [illegible] (۲) گڑھنا۔ بات بنانا
گڑھی (ھ) مؤنث۔ چھوٹا قلعہ ۔
گڑھی فتح کرنا (ھ) (۱) قلعہ فتح کرنا [illegible] کرنا۔ غالب آنا (۳) بازی [illegible]

میں کامیاب ہونا۔ اڑا لے بکر کرنا۔ ژ فافت ✦
گڑھیا (ہ) مؤنّث (۱) چھوٹی سی گڑھی (۲) گولا کرکٹ پڑنے کی جگہ (۳) بہت بڑا گڑھا۔ لالاؤ ✦
گڑیا (گُڑ۔یا) (ہ) مذکّر۔ ایک قسم کا چھوٹا نیزہ ✦
گڑیا (گُڑ۔یا) (ہ) مؤنّث۔ کپڑے کی بنی ہوئی پتلی جس سے لڑکیاں کھیلتی ہیں ✦
گڑیا سنوار دینا (ہ) (عو) مقدور کے مطابق بیٹی کا بیاہ کر دینا ✦
گڑیا کے بیاہ میں چنوں کی بیل (ہ) جیسا دیکھنا ویسا برتنا۔ جیسا موقع ویسا خرچ ✦
گڑیاں (ہ) مؤنّث۔ گڑیا کی جمع ✦
گڑیاں کھیلنا (ہ) (۱) لڑکیوں کا کپڑے کی پتلیوں کے ساتھ کھیلنا (۲) لڑکیوں کی سی باتیں کرنا (۳) لڑکیوں کا سا کھیل کھیلنا ✦
گڑے کو ٹلے مُردے اکھاڑنا (ہ) (۱) پُرانے فتنے کو جگانا۔ دبی دبائی بات کو چھیڑنا (۲) کسی کے مرے ہوئے بزرگوں میں عیب نکالنا ✦
گڑیوں (ہ) مؤنّث۔ گڑیا کی جمع۔ حرف جار سے پہلے
گڑیوں کا بیاہ (ہ) مذکّر (۱) گڈے گڑیا کی شادی (۲) غریبوں کا بیاہ۔ جس میں کوئی دھوم دھام نہیں ہوتی ✦
گڑیوں کا کھیل (ہ) مذکّر (۱) لڑکیوں کا گڑیوں سے کھیلنا (۲) آسان کام۔ نہایت سہل بات ✦
گڑول [illegible] میلا (ہ) (مذکّر) ہندوؤں کا ایک [illegible]

گ۔ز

[illegible] گاڑی یا لوہے یا کپڑے کا طلائی [illegible] سے کپڑا یا [illegible] وغیرہ ناپتے یعنی ۳۶ انچ کا پیمانہ ✦
[illegible] مذکّر۔ ایک ہی [illegible] جو اس [illegible] کا باجا
[illegible] گز تین فٹ کے برابر ✦
گزا [illegible] (ہ) گزارنا کا امر ✦
گزارہ (گزارہ) (ہ) مذکّر (۱) گزر اوقات۔ وجہ معیشت (۲) رسائی۔ گنجائش (۳) پہنچ۔ رسائی۔ دخل۔ اثر (۴) نباہ۔ ٹھکانا ✦
گزارا (گزارہ) کرنا (ہ) (۱) بسر اوقات کرنا۔ دن کاٹنا (۲) نباہنا۔ کام چلانا ✦
گزارش (گزا۔رش) (ف) مؤنّث (۱) درخواست (۲) عرض (۳) خبر ✦
گزارنا (ہ) (۱) ادا کرنا۔ بجا لانا (۲) چھوڑنا۔ مہلت دینا (۳) صرف کرنا۔ بسر کرنا (۴) ضائع کرنا۔ کھونا (۵) پیش کرنا ✦
گزاشتنی (ف) چھوڑ دینے کے لائق ✦
گزاف (گزاف) (ف) مؤنّث۔ بکواس۔ بیہودہ گفتگو ✦
گزٹ (گزٹ) (انگریزی۔ GAZETTE) مذکّر (۱) اخبار۔ روزنامہ۔ نیوز پیپر (۲) حکومت کا اخبار جس میں سرکاری ملازموں کی تبدیلیوں ترقیوں وغیرہ کا حال شائع ہو ✦
گزٹ ہو جانا (ہ) کسی خبر کا سرکاری طور سے چھپ کر مشتہر ہو جانا۔ گزٹ میں درج ہو جانا
گزر (گزر) (ف) مؤنّث۔ گاجر۔ دکن۔ مشہور ترکاری جو کچّی اور پکّی دونوں طرح کھائی جاتی ہے ✦
گزر (گزر) (ف) مذکّر (۱) راستہ۔ راہ۔ سڑک (۲) گھاٹ۔ پایاب (۳) دخل۔ باریابی۔ رسائی۔ پہنچ [illegible] رفت (۴) نباہ۔ گزران (۵) [illegible] گزرنا کا امر ✦
گزر جانا (ہ) [illegible] جانا (۲) [illegible] فوت ہو جانا (۳) [illegible]
گزر کرنا (ہ) (۱) [illegible] بسر اوقات کرنا (۲) پورا [illegible] نباہنا ✦
گزر عام (ف) مؤنّث۔ عام (۱) [illegible] عام سب کے آنے جانے کا راستہ
گزرگاہ (ف) مؤنّث (۱) راستہ۔ راہ (۲) سڑک [illegible] شارع عام [illegible] ✦
گزرگنی [illegible] گزران [illegible] بڑھی کی دکان [illegible] [illegible] بہت [illegible] زندگی [illegible] [illegible] ✦
گزرنامہ (ف) مذکّر۔ پروانہ راہداری ✦
گزران (ہ) مؤنّث۔ گزر اوقات بسری ✦
گزران (گز۔ران) (ف) گزر جانے والا۔ ناپائدار

گزرانتا (۱) پیش کرنا ۔
گزرنا (۱) (۱) بیتنا (۲) مرنا (۳) اتفاق سے کسی جگہ نکل آنا (۴) چھوٹنا (۵) پیش آنا (۶) بسر ہونا ۔ (۷) نباہ ہونا ۔ موافق آنا (۸) جانا ۔ نکلنا (۹) رخصت ہونا ۔ چلنا (۱۰) پار ہوجانا ۔
گزری (گُزْ رِی) (ف) مؤنث ۔ (۱) شام کا بازار (۲) وہ مقام جہاں شام کو کسی راستے کے کنارے سودا بیچنے والے آکر بیٹھ جاتے ہیں ۔
گزری سو دل پر گزری (۱) سب صدمے دل ہی پر اٹھائے ۔ زبان سے اُف تک نہ کی ۔
گزشت آنچہ گزشت (ف) (۱) جو کچھ اب تک ہوا ۔ وہ ہو گیا ۔ آئندہ احتیاط چاہیئے (۲) بڑا صدمہ ہوا جو ناقابل بیان ہے ۔
گزشتنی (ف) گزرنے والی ۔ گزرنے کے قابل ۔
گزشتہ (ف) گزرا ہوا ۔
گزشتہ را صلوٰۃ (ف) گزری ہوئی بات کو جانے دو ۔ اگلی باتوں کو سلام کرو ۔
گزک (گَزَک) (ف) مؤنث (۱) وہ چیز جو کسی نشہ کے پینے کے بعد منہ کا ذائقہ تبدیل کرنے کے لئے کھائیں (۲) نقل (۳) ایک مٹھائی ۔
گزک کرنا (۱) نقل کرنا ۔ ناشتہ کی بجائے کھانا ۔ اڑانا ۔
گزند (گَزَنْد) (ف) مذکر (۱) صدمہ ۔ آفت (۲) رنج (۳) نقصان (۴) ایذا ۔ دکھ ۔ تکلیف ۔
گزندہ (گَزَنْ دَہ) (ف) ڈنک مارنے والا ۔ ڈسنے والا ۔ سانپ بچھو وغیرہ ۔
گزی (گَزِی) (۱) مذکر ۔ ایک قسم کا بہت موٹا کپڑا ۔ سوتی کپڑا ۔
گزیدہ (گَزِیْ دَہ) (ف) کاٹا ہوا ۔
گزیدہ (گُزِی دَہ) (ف) چنا ہوا ۔
گزیر (گُزِیر) (ف) مذکر ۔ علاج ۔ تدبیر ۔ چارہ ۔
گزیں (گُزِیں) (ف) گزیدن کا امر ۔ مرکبات میں آتا ہے ۔ جیسے خلوت گزیں وغیرہ ۔

گ-س

گسائیں (گُسَا-اِیں) (ہ) ۔ مذکر (۱) گوسائیں کا مخفف ۔ گائیں کا مالک (۲) سائیں ۔ مالک (۳) خدا ۔
جوگی سنت (۴) مہنت ۔ سائیں ۔
گستاخ (گُس-تاخ) (ف) شوخ ۔ بے ادب ۔ بے شرم ۔ شریر ۔
گستاخانہ (ف) بے ادبانہ ۔ شوخی سے ۔
گستاخی (ف) مؤنث (۱) شوخی ۔ بے ادبی ۔ بے شرمی (۲) تحقیر ۔ حقارت (۳) شرارت ۔
گستاخی کرنا (۱) بے ادبی کرنا ۔ شوخی کرنا ۔ شرارت کرنا ۔
گستاخی معاف (ف ۔ ع) خطا معاف ۔ قصور معاف ۔ جب کوئی شخص کوئی بات خلاف اخلاق و ادب زبان پر لانا چاہتا ہے یا کسی بڑے کی بات کو رد کرتا ہے ۔ تو پہلے یہ کلمہ بطور معذرت زبان پر لاتا ہے ۔
گستانگر (گُس-تاں-گر) (ہ) بے وقوف ۔ بے شعور ۔ احمق ۔ جاہل ۔ ناشائستہ ۔
گسستہ (گُسِس-تہ) (ف) (۱) ٹوٹا ہوا (۲) اکھڑا ہوا
گسستہ عیاں (ف) (۱) کھلا ۔ بے قید (۲) آزاد ۔ بے لگام ۔

گ-ش

گشت (گَشْت) (ف) مذکر ۔ دور ۔ چکر (۲) دورہ ۔ سیر ۔
گشت سلامی (۱) مؤنث ۔ وہ نذرانہ جو حاکم کو دورے کے وقت حسب دستور دیا جاتا ہے ۔
گشت ناچنا (۱) کنچنیوں کا برات کے آگے آگے ناچتے ہوئے جانا ۔ برات کے ساتھ ناچتے ہوئے چلنا ۔
گشت کرنا (۱) دورہ کرنا ۔ چکر لگانا ۔
گشتی (ف) پھرنے والا ۔ گشت کرنے والا ۔
گشتی چٹھی پروانہ ۔ حکم (۱) مذکر ۔ وہ حکم یا فرمان جو یکے بعد دیگرے تمام افسروں کے پاس جاتا ہے ۔ ایک اس پر دستخط کر دیتا ہے ۔
گشتاسپ (گُش-تا-سپ) (ف) مذکر (۱) وہ جو حق تعالیٰ کا فیض پہنچنے کے لئے خلق خالق کے درمیان ہے (۲) ایران کا ایک بادشاہ جو اسفندیار کا باپ تھا ۔

گ۔ف

گَف (گَف) (ہ) موٹا۔ گاڑھا۔ خوب ٹھونک کر بُنا ہُوا ﴿

گفت (گُفت) (ف) (۱) گفتن (کہنا) کی ماضی (۲) مؤنث۔ بات چیت۔ لفظ ﴿

گفتار (ف) مؤنث۔ گفتگو۔ بول چال۔ قول۔ مقولہ ﴿

گفتگو (ف) مؤنث (۱) بات چیت۔ بول چال۔ تقریر ﴿

گفت وشنید (ف) مؤنث (۱) کہنا سننا (۲) ذکر اذکار۔ (۳) بحث۔ ردّوبدل ﴿

گ۔گ

گِگ (گِگ) (انگریزی۔ GiG) (مؤنث) ہلکی گاڑی۔ ٹمٹم ﴿

گگرا (گگ۔را) (ہ۔ مذکر) دیکھو گاگرا ﴿

گگری۔ گگریا (ہ۔ مؤنث) گاگر کی تصغیر۔ پانی رکھنے کا پیتل یا تانبے کا برتن ﴿

گگن (گگن) (ہ۔ مذکر) (۱) آسمان (۲) موج۔ لہر۔ پانی کا اچھلنا ﴿

گگن کھیلنا (ہ) پانی کا بلندی کی طرف اچھلنا ﴿

گگن ہونا (ہ) بلند ہونا۔ اونچا ہونا۔ تارا ہونا۔ آسمان سے لگنا ﴿

گ۔ل

گُل (گُل) (ف۔ مذکر) (۱) گلاب کا پھول (۲) مطلق پھول (۳) وہ نشان جو دھات کو گرم کرکے جسم پر دیا جائے (۴) چراغ کی بتّی کا جلا ہُوا۔ یا جلتا ہُوا سرا (۵) جوتے کی ایڑی کا چمڑا (۶) (۱) (تشبیہاً) معشوق دلبر ﴿

گل آفتاب (ف۔ مذکر) سورج مکھی کا پھول ﴿

گل اشرفی (ف۔ مذکر) ایک قسم کا گول پھول ﴿

گل افشاں (ف) (۱) پھول بکھیرنے والا۔ خوش گفتار آدمی (۲) ایک قسم کی آتشبازی۔ پھل جھڑی ﴿

گل انار (ف۔ مذکر) (۱) انار کا پھول (۲) سُرخ۔ لال۔ (۳) ایک قسم کا انار جس میں بڑے بڑے پھولوں کے سوا پھل نہیں لگتا ﴿

گل اندام (ف) پھول کے سے جسم والا۔ معشوق ﴿

گلِ اورنگ (ا) مذکر۔ ایک قسم کا گلابی پھول جو گھنڈی کی وضع کا ہوتا ہے۔ ایک قسم کا گیندا ﴿

گل بانگ۔ گلبانگ (ف۔ مؤنث) (۱) چہچہا۔ بلبل کی نغمہ سرائی (۲) شادی کی دھوم دھام کا شور (۳) نعرۂ جنگ (۴) خوش خبری۔ مژدہ۔ بشارت (۵) دھوم۔ افواہ (۶) آواز۔ صدا ﴿

گل بدن۔ گلبدن (ف) (۱) معشوق (۲) (ا) ایک قسم کا دھاری دار ریشمی کپڑا ﴿

گل برگ۔ گلبرگ (ف۔ مذکر) (۱) گلاب کی پتّی۔ گلاب کی پنکھڑی (۲) (مجازاً) نازک اندام معشوق ﴿

گل بکاؤلی (ا) مذکر۔ سفید رنگ کا ایک خوشبودار پھول۔ جس کے پودے کا رنگ ہلدی سے مشابہ ہوتا ہے ﴿

گل بوٹا (ا) مذکر (۱) پھول اور اس کا پودا۔ بیل بوٹا (۲) زیب وزینت ﴿

گل پوش۔ گلپوش (ف) (۱) پھولوں سے چھپا ہُوا بہت پھول نکلے ہوئے (۲) پھولوں کا لباس پہنے ہوئے ﴿

گل پھولنا (ا) (۱) پھول کھلنا (۲) کوئی عجیب بات ظہور میں آنا (۳) کوئی نئی آفت اٹھنا ﴿

گل پیادہ (ف) مذکر۔ وہ گلاب جس میں خوشبو نہیں ہوتی۔ سدا گلاب ﴿

گل پیرہن (ف) پھولوں کے سے لباس والا۔ معشوق ﴿

گل تراش (ف۔ مذکر) چراغ کی بتّی کترنے کی قینچی۔ گلگیر ﴿

گل جعفری (ف۔ مذکر) (۱) ایک قسم کا زرد پھول جو گیندے کے مشابہ ہوتا ہے (۲) (مجازاً) زرد رنگ ﴿

گل جھڑنا (ا) چراغ سے جلی ہوئی بتّی کی راکھ گرنا ﴿

گل چاندنی (ا) مذکر۔ ایک قسم کا سفید پھول جو چاندنی رات میں کھلتا ہے۔ گل مہتاب ﴿

گل چشم (ف) وہ شخص جس کی آنکھ میں پھلی یا سفیدی ہو ﴿

گل چہرہ (ف) (۱) پھول جیسے چہرے والا۔ معشوق ﴿

گل چین (ف) پھول توڑنے والا۔ مالی۔ باغبان ؛

گل خطمی۔ سیا۔ گل خیرو (۱) مذکر۔ نیلے رنگ کا ایک پھول جو بطورِ دوا مستعمل ہوتا ہے ؛

گل دار (۱) پھول دار۔ وہ چیز جس پر پھول بنے ہوئے ہوں ؛

گل دان (ف۔ مذکر) پھول دان۔ وہ گلاس وغیرہ جس میں پھولوں کا گلدستہ رکھا جائے ؛

گل داؤدی (۱) مذکر۔ ایک قسم کا پھول ؛

گل دستہ۔ گلدستہ (ف) مذکر۔ پھولوں کی ٹہنیوں کا گچھا ؛

گل دوپہریا (۱) مذکر۔ ایک قسم کا پھول جو دوپہر کو کھلتا ہے ؛

گل دُم۔ گلدم (۱) مذکر۔ عندلیب۔ مرغِ چمن۔ بلبل۔ سیاہ رنگ کا ایک پرند جس کے سر پہ چوٹی اور دُم کے نیچے سُرخ سا نشان ہوتا ہے اسے گلاب کے پھول کا عاشق مانا گیا ہے ؛

گل دینا (۱) دھات گرم کر کے جسم پر نشان ڈالنا ؛

گل رُخ (گل رخسار) (ف) وہ شخص جس کے رخسارے گلاب کی مانند سُرخ ہوں۔ خوبصورت ؛

گل رعنا (ف۔ ع) مذکر (۱) ایک قسم کا سُرخ اور زرد پھول (۲) معشوق۔ صنم ؛

گل رنگ۔ گلرنگ (ف) سُرخ۔ لال ؛

گل رُو (ف) مذکر (۱) گلاب کے سے چہرے والا (۲) معشوق ؛

گل ریز (ف) مؤنث۔ ایک قسم کی آتشبازی۔ پھل جھڑی ؛

گل زار۔ گلزار (ف) مذکر (۱) چمن۔ گلشن پھلواڑی (۲) (۱) رونق۔ معموری ؛

گل زارِ ابراہیم (ف۔ ع) مذکر۔ وہ آگ جس میں نمرود نے حضرت ابراہیم خلیل اللہ کو ڈال دیا تھا۔ اور وہ خدا کے حکم سے سرد ہو کر باغ بن گئی تھی (۲) (مؤنث) ایک کتاب ؛

گل ستان۔ گلستان (ف) مذکر (۱) باغ۔ گلزار۔ چمن۔ پھلواڑی (۲) (مؤنث) شیخ سعدیؒ کی مشہور اخلاقی کتاب ؛

گل سرسبد (ف) مذکر۔ سب سے اچھا پھول ؛

گل سوسن (ف) مذکر۔ آسمانی رنگ کا ایک پھول ؛

گل شب افروز (ف) مذکر۔ رات کو کھلنے والا ایک پھول ؛

گل شبّو (۱) (مذکر) ایک پھول جو رات کے وقت کھلتا ہے ؛

گل شن۔ گلشن (ف) مذکر۔ چمن۔ باغ۔ پھلواڑی۔ گلزار ؛

گل صد برگ (ف۔ مذکر) گیندے کا پھول ؛

گل عباسی (ف۔ ع) مذکر۔ ایک پھول ؛

گل عذار (ف) (۱) گلاب جیسے رخساروں والا۔ خوب صورت۔ لال لال گالوں والا (۲) معشوق ؛

گل فام۔ گلفام (ف) مذکر (۱) پھول کے سے رنگ والا (۲) معشوق ؛

گل فشانی (ف) مؤنث (کنایتہً) خوش بیانی ؛

گل قند۔ گلقند (ف) مذکر۔ گل شکر۔ کھانڈ اور گلاب کے پھولوں کا مادا ؛

گل کاری۔ گلکاری (ف) مؤنث۔ نقاشی۔ بیل بوٹے کا کام ؛

گل کترنا (۱) (۱) پھول تراشنا۔ گلکاری کرنا (۲) جلی ہوئی بتی کاٹنا (۳) عجیب و غریب کام کرنا (۴) ستم کرنا۔ غضب کرنا (۵) سبقت لے جانا ؛

گل کدہ۔ گلکدہ (ف) مذکر۔ باغ۔ پھلواڑی ؛

گل کرنا (۱) چراغ بجھانا۔ دیا بڑھا کرنا ؛

گل کھانا (۱) (۱) معشوق کے چھلے وغیرہ کو آگ میں تپا کر بدن پر داغ دلوانا (۲) حسد کرنا (۳) رشک کرنا (۴) عاشق ہونا (۵) ... کے لئے کنپٹیوں پر داغ دلوانا ؛

گل کھلانا (۱) (۱) پھول کھلانا (۲) فساد کھڑا کرنا۔ آفت لانا (۳) کوئی عجیب و غریب اور انوکھا کام کرنا ؛

گل کھلنا (۱) (۱) پھول کا شگفتہ ہونا (۲) کوئی نئی یا انوکھی بات ظاہر ہونا (۳) بھید کھلنا (۴) دھوم مچنا (۵) مصیبت آنا۔ فساد مچنا ؛

گل گلاب ... (۱) مذکر۔ ایک پھول ؛

گل گشت۔ گلگشت (ف) مذکر۔ باغ کی سیر۔ سیرِ چمن ؛

گل گوں۔ گلگوں (ف) (۱) گلاب کے رنگ کا سُرخ لال (۲) عمدہ اور چالاک گھوڑا ؛

گل گونہ۔ گلگونہ (ف) مذکر۔ غازہ۔ اُبٹنا۔ ایک قسم کا سُرخ و سفید مرکب رنگ جو عورتیں چہرے پر

ملتی ہیں ۔

گل گیر۔ گلگیر (ف۔ مذکر) شمع یا چراغ کی بتی کترنے کی قینچی ۔

گل لالہ (ف۔ مذکر) ایک قسم کا سُرخ پھول ۔

گل مہندی (ہ) (مذکر) مشہور پھول ۔

گل میخ (ف۔ مؤنث) وہ موٹی کیل جس کے اوپر بوٹا پھول بنا ہُوا ہوتا ہے۔ موٹی کیل ۔

گل نار۔ گلنار (ف۔ مذکر) دیکھو "گل انار"

گل ناشگفتہ (ف۔ مذکر) (۱) کلی۔ غنچہ (۲) کنواری لڑکی ۔

گل بلبل (ف۔ مذکر) عاشق و معشوق ۔

گل ولالہ (ا) مذکر (۱) معشوق لوگ (۲) طوائف۔ اربابِ نشاط ۔

گل ہزارہ (ف۔ مذکر) ایک قسم کا بہت سی پنکھڑیوں والا پھول ۔

گل ہونا (ہ) چراغ بجھنا ۔

گل (ہ۔ مؤنث) (۱) گولہ کا مخفف (۲) گولی کا مخفف (۳) گلٹھی (۴) کنّصل (۵) عقدہ ۔

گل جھٹی۔ گلجھٹی } (ا) مؤنث (۱) گرہ در گرہ گنجلک
گل جھڑی یا۔ گلجھڑی } (۲) شکن۔ بل (۳) کدورت۔ ملال کلبیج (۴) ایک آتشبازی ۔

گل چھرے۔ گلچھرے (ا) مذکر۔ لطف۔ عیش مزے ۔

گل چھرے اُڑانا (ہ) خوب عیش کرنا۔ مزے اُڑانا۔ دولت برباد کرنا ۔

گِل دگل (ف۔ مؤنث) (۱) گارا۔ گیلی مٹی (۲) کیچڑ۔ کیچ۔ دلدل ۔

گِل ارمنی (ف۔ مؤنث) ایک قسم کی سیاہی مائل سرخ مٹی ۔

گِل حکمت (ف۔ ع۔ مؤنث) کپڑوٹی کرنا۔ مٹی کو کپڑے پر لتھ کر کسی چیز کا منہ بند کرنا۔ کہ بھاپ باہر نہ نکلے ۔

گِل درگِل (ف۔ مؤنث) (۱) مٹی میں مل کر مٹی ہوجانا۔ (۲) قبر کھود کر اس میں پتلا گارا بھر کر مُردے کو ڈال دینا اہلِ اسلام میں مُردوں کو دفن کرنے کا ایک یہی طریق ہے ۔

گَل (ا) مذکر (۱) گول کا مخفف (۲) گلا کا مخفف (۳) گالی کا مخفف ۔

گل بہیاں (بیّاں) ڈالنا (ہ) محبت یا پیار سے گلے میں ہاتھ ڈال کر بغل گیر ہونا۔ ناز کرنا ۔

گل پھڑا۔ گلپھڑا (ہ۔ مذکر) (۱) مچھلی کا جبڑا جس سے وہ سانس لیتی ہے (۲) پرندوں کا وہ گوشت جو چونچ کے نیچے لٹکتا رہتا ہے ۔

گل پھولا (ہ) وہ شخص جس کے گال پھولے ہوئے ہوں ۔

گل پھیڑ (ہ) مذکر۔ گلے کی گلٹی۔ گردن کی گٹھلی ۔

گل تکیہ (ف) مذکر۔ وہ چھوٹا اور گول تکیہ جو سوتے وقت رخساروں تلے رکھتے ہیں ۔

گل تنی (ہ) مؤنث (۱) بیلوں کے گلے کی رسّی جو جوئے کے ساتھ باندھی جاتی ہے (۲) گھوڑے کا کنٹھا ۔

گل جندڑا (ہ) مذکر۔ وہ رومال یا کوئی اور کپڑا جو گلے میں لٹکا کر ضرب رسیدہ ہاتھ کو اس میں لٹکائے رکھتے ہیں ۔

گل جوٹ (ہ۔ مؤنث) وہ رسّی جو دو بیلوں کو آپس میں جُتے رہنے کے لئے باندھتے ہیں ۔

گل خپ۔ گلخپ (ا) مؤنث۔ ہاتھا پائی۔ باہمی تکرار۔ دست و گریباں ۔

گل خور (ا) مؤنث۔ وہ حلقہ دار رسّی جو مویشیوں کے گلے میں ڈالتے ہیں ۔

گل دینا (ہ) (۱) پھانسی دینا (۲) (مجازاً) کسی چیز کو کنڈی میں لگا دینا ۔

گل گل چوتھ ملانا (ا) (۱) مزے اُڑانا۔ خوشی منانا (۲) تر مال کھانا ۔

گَل مالا (ہ) مذکر۔ کنٹھا۔ گجرا۔ گلے کا ہار ۔

گل مچھے۔ (گلمچھے) (ہ) مذکر۔ ڈاڑھی کے وہ بال جو ٹھوڑی کے بال منڈانے کے بعد رخساروں پر رکھ لیتے ہیں ۔

گَلا (گلا) (ہ) (۱) گھلا ہُوا۔ خوب پکا ہُوا (۲) بوسیدہ۔ بے جان (۳) سڑا ہُوا (۴) پھسلا ہُوا ۔

گلا سڑا (ا) بوسیدہ۔ نکما۔ خراب ۔

گلّا (غلّہ) (ا) مذکر۔ دکاندار کا بکری کی نقدی رکھنے کا برتن۔ غلّہ ۔

گلا (ہ) مذکر (۱) گردن۔ گلو۔ حلق (۲) آواز۔ سُر (۳) گریبان ۔

گلا آنا (ہ) حلق کے کوّے کا لٹک جانا۔ گلے میں چھالے یا ورم ہوجانا ۔

گلا اٹھانا (ہ) حلق کے اندر کوّے کو رومال یا انگوٹھے

سے دبانا۔ تاکہ وہ اپنی جگہ آجائے۔ بچوں کے تالو کو انگوٹھے سے اٹھانا ٭

گلا بندھانا (ع) (ف) (۱) قرض لینا۔ مقروض ہونا۔ (۲) ذمہ وار ہونا۔ اپنے اوپر بوجھ لینا (۳) نکاح پڑھا لینا۔ آزادی بیچنا (۴) ضروری اخراجات روک کر کچھ جمع کرنا ٭

گلا بندھنا (ع) (ف) مقروض ہونا۔ قرضدار ہونا ٭

گلا بیٹھ (پڑ) جانا (ع) آواز کا بھاری ہو جانا۔ آواز بھرّا جانا ٭

گلا پکڑنا (ع) (۱) گردن پکڑنا (۲) کسی کسیلی چیز کا گلے کو دبانا (۳) تنگ کرنا۔ ستانا ٭

گلا پھاڑنا۔ یا۔ پھاڑ کر بولنا (ع) چیخ کر بولنا۔ چلّانا ٭

گلا پھانسنا (ع) (۱) کسی چیز سے گلا دبانا (۲) قرض میں مبتلا ہونا ٭

گلا پھرنا (ع) آواز کا حسب مراد گانے میں پھرنا ٭

گلا پھولنا (ع) گلپھڑا نکلنا۔ گلا سوجنا ٭

گلا دبانا (ع) (۱) گلا گھونٹنا۔ سانس روکنا (۲) بات کرنے سے روکنا ٭

گلا کاٹنا (ع) (۱) سر قلم کرنا۔ قتل کرنا (۲) حق دبانا۔ زبردستی کسی کا حق لینا (۳) ظلم کرنا۔ سختی کرنا ٭

گلا کاٹی (ا۔ مؤنث) سارنگی سے ملتا جلتا ایک باجا ٭

گلاب (گُلاب) (ف) مذکر۔ ایک خوشبودار گلابی رنگ کا پھول۔ اور اس کا پودا۔ گل سرخ۔ (۲) گلاب کے پھول کا عرق ٭

گلاب پاش (ف) (مذکر) وہ صراحی نما برتن جس میں عرق گلاب بھر کر چھڑکتے ہیں ٭

گلاب جامن (ا) مؤنث (۱) ایک قسم کی جامن جس میں گلاب کی سی خوشبو آتی ہے (۲) ایک قسم کی مٹھائی ٭

گلاب کی پتی۔ پنکھڑی (ا) مؤنث (۱) برگ گل (۲) (تشبیہاً) لب نازک ٭

• **گلاب کے پھول** (ا) مذکر (۱) گل سرخ (۲) نازک اور خوبصورت بچے ٭

گلابی (ف) (۱) گلاب کے پھول کی مانند۔ گہرا بیازی گلگوں۔ سرخ۔ لال (۲) (ا) شراب کی بوتل شراب کا گلاس۔ ساغر ٭

گلابی آنکھ (ا) مؤنث۔ شربتی آنکھ۔ گلاب کے ایسے رنگ کی آنکھ۔ سرور آلودہ آنکھ جیسے عاشق لوگ بہت پسند کرتے ہیں ٭

گلابی پوش (ف۔ مذکر) وہ شخص جو گلابی لباس زیب تن کئے ہو ٭

گلاپا۔ گلاپی (گُلا۔ پا۔ گُلا۔ پی) (ع) (۱) (مذکر) (۲) (مؤنث) گول ہونا ٭

گلابی جاڑا (ا) مذکر۔ ہلکا جاڑا۔ موسم بہار کا شروع ٭

گلاس (گِلاس) (انگریزی۔ GLASS) (مذکر) (۱) شیشہ۔ کانچ (۲) آئینہ۔ درپن (۳) پیالہ۔ ساغر ایک قسم کا آبخورہ (۴) عینک کا شیشہ ٭

گلال (گُلال) (ع۔ مذکر) ایک قسم کا سرخ پوڈر جو ہولی کے دنوں میں ہندو لوگ ایک دوسرے پر چھڑک کر خوشی مناتے ہیں ٭

گلانا (گَلانا) (ع) (۱) چاندی سونے وغیرہ کا آگ سے پگھلانا (۲) گوشت ترکاری وغیرہ کو پکا کر نرم کرنا۔ (۳) سڑانا (۴) (کنایتہً) بیماری یا غم کا دُبلا کر دینا (۵) ضائع کرنا (۶) بوسیدہ کرنا۔ آٹا آٹا کرنا ٭

گلاوٹ (گَلا۔ وَٹ) (ع۔ مؤنث) گوشت وغیرہ گلانے کی چیز ٭

گلاؤ (گَلا۔ اُو) (ع) (۱) گلنے والا (۲) (عوام) گھلنے والا۔ جلد سڑ جانے والا پھل ٭

گلتھی (گُلتھی) (ع۔ مؤنث) (۱) اُبلے ہوئے نرم چاول (۲) نرم۔ ملائم ٭

گلٹ (گِلٹ) (انگریزی۔ GILT) (مذکر) ملمع۔ کسی چیز پر سونا چاندی چڑھانا ٭

گلٹی (گِل۔ ٹی) (ع۔ مؤنث) (۱) رسولی۔ گانٹھ۔ گرہ (۲) غدود (۳) گلے کے اندر کا پھوڑا ٭

گلخن (گُل۔ خَن) (ف۔ مذکر) (۱) بھٹی۔ چولھا۔ تنور (۲) کوڑا پھینکنے کی جگہ۔ گڑھا ٭

گلڈ انگ (گُل۔ ڈانگ) (ع۔ مؤنث) (ہند) (انگ بل ڈاگ BULLDOG) (مذکر) ایک قسم کا بڑا غصیل اور بہادر کتا جس کا سر اور جبڑا سانڈ سے مشابہ ہوتا ہے ٭

گلگل (گَل۔ گَل) (ف۔ مذکر) ایک قسم کا بڑا اور لمبوترا نیبو۔ ترنج ٭

گلگلا (گُل۔ گُلا) (ع۔ مذکر) ایک قسم کا میٹھا پکوان ٭

گلگلا (گِل۔ گِلا) گیلا گیلا۔ تر۔ نم دار ٭

گلگلانا (گُل۔ گُلا۔ نا) (ع) ملائم کرنا۔ نرم کرنا ٭

گلگلاہٹ (گُل۔ گُلا۔ ہٹ) (ع۔ مؤنث) (۱)

نرم کرنے کا فعل (۲) نرمی۔ ملائمت ◊

گلگلی (ہ)۔ مؤنث، چھوٹا گلگلا ◊

گلگُنجم (ہ) مذکر، وہ سختی جو پیشانی یا سر پر کسی چوٹ کے باعث پیدا ہو جاتی ہے ◊

گلنا (گَل۔نا) (ہ) (۱) گھلنا (۲) پگھلنا (۳) اُبلنا۔ پکنا (۴) بوسیدہ ہونا۔ سڑنا (۵) داغ لگنا (۶) ضائع ہونا (۷) اجڑنا۔ ستیاناس جانا (۸) گرنا ◊

گلو (گِلو۔ گِلُو) (ہ) مؤنث۔ ایک بیل جو دوا کے طور پر استعمال کی جاتی ہے ◊

گلّو (گَل۔لُو) (ہ)۔ مؤنث (۱) گلہری (۲) چھوٹی لڑکیوں کا خطاب ◊

گُلو (گُلُو) ف۔ مذکر (۱) گلا۔ حلق۔ گردن (۲) آواز کے پتّر ◊

گلوبند (ف)۔ مذکر، گلے میں باندھنے کا اونی یا ریشمی پٹکا ◊

گلوخلاصی (ف) مؤنث۔ رہائی۔ چھٹکارا۔ نجات ◊

گلوسوز (ف) نہایت میٹھی اور لذت دار چیز ◊

گلوگیر (ف) (۱) گردن پکڑنے والا۔ الزام لگانے والا (۲) (ف) وہ کسیلی چیز جو گلے کو پکڑ لیتی ہے (۳) (ف) لالچی۔ طامع ◊

گلوب (گلوب) (انگریزی۔ GLOBE) مذکر (۱) گول چیز۔ (۲) کرۂ زمین ◊

گلوری (گلو۔ری) (ہ)۔ مؤنث، پان کی بیڑی۔ بنا ہوا پان جو ایک خاص وضع پر لپیٹا جاتا ہے ◊

گلوری بنانا (ہ) پان بنانا۔ پان لگانا ◊

گلوریاں (ہ) مؤنث۔ گلوری کی جمع۔ پان کی بیڑیاں ◊

گلولہ (گلو۔لہ) (ف)۔ مذکر (۱) گولی۔ گولہ (۲) غلّا ◊

گلوندا (گِلوں۔دا) (ہ) مذکر۔ مہندی کا پھول یا اس کی کلی ◊

گلہ (گِلہ) (ف)۔ مذکر، شکوہ۔ شکایت۔ اُلاہنا ◊

گلہ شکوہ (ف)۔ مذکر، اُلاہنا۔ شکوہ۔ شکایت ◊

گلہ کرنا (ہ) اُلاہنا دینا۔ شکایت کرنا۔ شکوہ کرنا ◊

گلہ گزاری (ف) مؤنث۔ شکوہ و شکایت ◊

گلّہ (گَل۔لَہ) (ف)۔ مؤنث (۱) جھنڈ۔ غول بھیڑ (۲) ریوڑ۔ مویشیوں کی ڈار (۳) دکانداروں کے بکری رکھنے کا ظرف ◊

گلّہ بان (ف)۔ مذکر، چرواہا۔ گڈریا۔ ریوڑ والا۔ بکری اور دیگر مویشی چرانے والا۔ گوجر ◊

گلّہ بانی (ف)، مؤنث۔ نگہبانی۔ محافظت ◊

گلہری (گِل۔ہ۔ری) (ہ) مؤنث، چوہے کی مانند ایک جانور جس پر کالی کالی دھاریاں ہوتی ہیں۔ یہ اکثر درختوں پر رہتی ہے۔ گلو (پنجابی)، گالڑ ◊

گلہری پیڑ ہی کو تکتا ہے (ہ)، مثل ہر شخص کو اپنی ہی جگہ آرام ملتا ہے ◊

گلھڑ (گِلھ۔لَھڑ) (ہ)۔ مذکر، گلے کا پھولا ہوا غدود۔ گلے کی ایک بیماری ◊

گلی (گُل۔لی) (ہ)۔ مؤنث (۱) گٹھلی کا بھٹّا (۲) کیوڑے کا پھول (۳) شہد کی چھال (۴) وہ گول اور چھوٹی لکڑی جو غل کے اندر دی جاتی ہے (۵) چاندی سونے کا ڈلا (۶) صیقل کرنے کا ایک اوزار ◊

گلی بندھنا (ہ) پورا جوان ہونا۔ سن بلوغت کو پہنچنا ◊

گلی (گُلی) (ہ)، گلنار۔ دغیلا۔ پھول دار ◊

گلی (گَلی)، (ہ)، مؤنث، کوچہ۔ محلے کے اندر کا راستہ ◊

گلی کوچہ (ہ)، مذکر، محلہ۔ ٹولہ ◊

گلی گلی۔ کوچہ کوچہ۔ ہر گلی کوچے میں ◊

گلی (گُل۔لی)، (ہ) مؤنث۔ لکڑی کی بنی ہوئی دونوں طرف سے نوک دار چھوٹی سی چیز جسے لڑکے ڈنڈا مار کر دور تک اچھالتے ہیں ◊

گلی ڈنڈا (ہ)۔ مذکر، ایک کھیل جو گلی ڈنڈے سے کھیلا جاتا ہے ◊

گلی ڈنڈا کھیلنا (ہ) (۱) گلی ڈنڈے کا کھیل کھیلنا (۲) وقت ضائع کرنا۔ آوارہ ہونا ◊

گلے (گَلے)، (ہ) مذکر، گلا کی جمع۔ حلق۔ گردن۔ گلو ◊

گلے باز (۱)، خوش آواز۔ اچھی آواز والا ◊

گلے بندھنا (ہ) (۱) ذمے پڑنا۔ بلا خواہش کسی چیز کا سر پڑنا (۲) کسی ناپسند عورت کا نکاح میں آنا ◊

گلے پڑے کے سودا کرنا (۱) زبردستی بیچنا۔ خواہ مخواہ کوئی چیز دینا ◊

گلے پڑنا (ہ) (۱) ذمے پڑنا (۲) پیچھے پڑنا (۳) زبردستی چمٹ جانا (۴) بلا خواہش نکاح ہونا ◊

گلے پڑے کا سودا (۱) مذکر۔ زبردستی کا سودا جو جبراً سر منڈھا جائے ◊

گلے کا ہار (۱)، مذکر (۱) ایک زیور جو گلے میں پہنا جاتا ہے (۲) وہ بچہ جو ہر وقت ماں سے چمٹا رہے (۳) ناگوار خاطر۔ اجیرن ◊

گلے کا ہار ہونا (۱)، (۱) سر ہونا۔ چمٹنا۔ پیچھے پڑنا (۲) وبالِ جان ہونا (۳) بارِ خاطر ہونا ◊

گلے کی رگیں پُھلانا (۱) غصے ہونا ؛

گلے لگانا (ہ) (۱) بغل گیر کرنا - چھاتی سے لگانا - پیار کرنا چمٹانا (۲) زبردستی کوئی چیز دے ڈالنا ؛

گلے لگنا (ہ) (۱) بغل گیر ہونا - چھاتی سے لگنا - لپٹنا - چمٹنا (۲) صفائی کر لینا - ملال دُور کر کے معانقہ کرنا ؛

گلے ملنا (ہ) (۱) ہم آغوش ہونا - لپٹنا - گلے لگنا - (۲) صفائی کرنا - سلوک کرنا (۳) ملاقات کرنا ؛

گلے منڈھنا (ہ) زبردستی کوئی چیز گلے ڈالنا - چیز حوالے کرنا ؛

گلے میں اٹکنا (ہ) گلے میں پھنسنا - کسی بدمزہ یا ناپسند کھانے کا حلق سے نیچے نہ اُترنا ؛

گلے میں زنجیر پڑنا (۱) (کنایتہً) بیاہ ہونا (۲) پابند ہونا - مقید ہونا ؛

گلے میں کانٹے پڑنا (۱) حلق میں کانٹے پڑنا حلق خشک ہونا ؛

گلے میں ہڈی نہیں (ہ) آواز نہایت دلکش اور گانے میں ماہر ہے ؛

گلیا (گَل - یا) (ہ - مذکر) (۱) تھکا ہارا بیل (۲) نکما چور ؛

گلتیا (گُل - یا) (ہ) مذکر - ریشمی کپڑے اور بانات وغیرہ رنگنے والا ؛

گلیاں (ہ - مؤنث) گلی کی جمع - کوچے ؛

گلیاں چھاننا (ہ) کسی کی تلاش میں گلی گلی اور کوچہ کوچہ سرگرداں پھرنا ؛

گلیانا (گَل - یا - نا) (ہ) (ہندی) (۱) گالی دینا - (۲) دوا کو زبردستی گلے سے اتارنا ؛

گلیر (گِل - یَر) (ہ) (عو) (۱) گلا ہوا (۲) شکست (۳) پھوہڑ (۴) غلیظ ؛

گلیم (گِلیم) (ف) مؤنث - کمبل - اُونی کپڑا - لوئی - بچھونا ؛

گ م

گم (گُم) (ف) (۱) کھویا ہوا (۲) ضائع - رائگاں (۳) غائب پوشیدہ - چھپا ہوا (۴) ناپید (۵) (ا) مغرور (۶) (ا) حواس باختہ - حیران - پریشان ؛

گم راہ - گمراہ (ف) (۱) راستہ بھولا ہوا - آوارہ - بہکا ہوا (۲) بد دین - بدعتی (۳) برگشتہ - سرکش - متمرد (۵) مغرور - متکبر ؛

گم راہ (گمراہ) ہونا (ہ) (۱) راستہ بھول جانا - بہکنا - بھٹکنا (۲) بد دین ہونا - بد مذہب ہونا (۳) پھرنا منحرف ہونا (۴) (ا) متکبر ہونا - مغرور ہونا ؛

گم راہی - گمراہی (ف) مؤنث (۱) بے راہی - کجروی (۲) تمرد - انحراف (۳) بد دینی - لامذہبی - بدعت ؛

گم شدہ (ف) کھویا ہوا - ضائع شدہ (۲) مفرور - بھاگا ہوا (۳) بھولا ہوا - (۴) حواس باختہ ؛

گم صم (ہ) (۱) گونگا - بہرہ (۲) خاموش - چپ چاپ (۳) حیران - ششدر ؛

گم صم رہ جانا (ا) خاموش اور چپ چاپ رہ جانا حیران و ششدر رہنا - ہکا بکا رہ جانا ؛

گم کردہ آشیاں (ف) گھر بھولا ہوا جانور ؛

گم کرنا (ا) (۱) چھپانا (۲) ضائع کرنا (۳) چرانا (۴) بھلانا ؛

گم گشتہ (ف) دیکھو (گم شدہ)

گم نام - گمنام (ف) (۱) غیر مشہور (۲) پوشیدہ - مخفی (۳) نام ظاہر کئے بغیر (۴) نیست و نابود - معدوم ؛

گم نامی - گمنامی (ف) مؤنث - پوشیدگی - نامعلومی ؛

گما (گُم - ما) (ہ - مؤنث) بہت بڑی اور موٹی اینٹ ؛

گماشتہ (گُما - شَ - تہ) (ف) مذکر - وہ شخص جسے کوئی کام سپرد کیا گیا ہو - کارندہ - منیم - وکیل ؛

گماشتہ کرنا (ا) نائب بنانا - منیجر مقرر کرنا - کار تو قرار دینا - ایجنٹ بنانا ؛

گمان (گُمان) (ف - مذکر) (۱) شک و شبہ - احتمال (۲) وہم - وسواس - خیال (۳) (۴) غرور - تکبر جیسے اُسے اپنی دولت پر گمان ہے ؛

گمان غالب (ف - ع) مذکر - پکا خیال - یقین کامل خیال غالب ؛

گمان غالب ہے (ا) یقین ہے سا غلب ہے ؛

گمان گزرنا (ہونا) (ا) (۱) شبہ ہونا - شبہ ہونا - (۲) خیال میں آنا ؛

گمان ہے (ا) شبہ ہے (۲) خیال ہے ؛

گمانا (ا) (۱) کھونا - گم کرنا (۲) آپے میں نہ رہنا ؛

گمانی (ف) متکبر - مغرور (۲) بدظن - وہمی ؛

گمبھیر (گَم - بھیر) (س) (۱) گہرا - عمیق - اتھاہ (۲) بردبار - متحمل (۳) سوچنے والا - دُور اندیش (۴) بھاری -

گوبھل ـ حفنی (ف) (مذکر) ایک قسم کا پھوڑا جو اکثر پیٹھ یا گردن پر نکلتا ہے ـ خنازیر ۔

گمت (گم مت) (ہ ـ مؤنث) (ہندی) (۱) مشکل چتھا ـ ٹیلا ـ سنگت (۲) مطلب ـ غرض (۳) رائے ـ صلاح مشورہ

گمٹ (گم ـ مٹ) (۱) مذکر ـ گنبد ـ برج ۔

گمٹی (۱) مؤنث ـ چھوٹا گنبد ـ برجک ۔

گمٹی (گم ـ ٹی) (۱) مؤنث ـ ایک قسم کا پھول دار یا دھاری دار مضبوط سوتی کپڑا ۔

گمر (گمر) (ہ) مذکر ـ مان ـ گمان ـ گھمنڈ ـ غرور ـ تکبر ۔

گمک (گمک ـ گم ـ مک) (ہ) مؤنث (۱) ڈھول ـ طبلے یا باجے کی آواز (۲) گرج ـ کڑک (۳) صدمہ ـ تصادم (۴) وہ گونج دار آواز جو گانے والوں کے منہ سے بھاری ہو کر نکلتی ہے ۔

گملا ـ گھملا (گم ـ لا ـ گھم ـ لا) (ہ ـ مذکر) پھولوں کے پودے بونے کا مٹی کا ظرف ۔

گ ـ ن

گن (گن) (ہ ـ مذکر) (۱) عادت ـ خصلت ـ سبھاؤ (۲) اعمال ـ کرتوت ـ پھن (۳) وصف ـ صفت ـ جوہر ـ اثر ـ تاثیر (۴) تعریف ـ مدح (۵) ہنر ـ فن (۶) خوبی ـ عمدگی ـ نیکی ـ بھلائی ۔

گن گانا (ہ) (۱) تعریف کرنا ـ مدح سرائی کرنا ۔

گن ماننا (ہ) احسان ماننا ـ ممنون ہونا ۔

گن (گن) (انگریزی ـ GUN) مؤنث ـ توپ ۔

گن پوڈر (انگریزی ـ GUN POWDER) مذکر باروت ـ بارود ۔

گن (گن) (ہ) گننا کا امر ۔

گن گن کر (ہ) (۱) ایک ایک کر کے (۲) سنبھال سنبھال کر (۳) چھانٹ چھانٹ کر (۴) بمشکل تمام جوں توں کر کے ۔

گن گن کر آوے ٹوٹا پاوے (ہ) بہت احتیاط اور ہوشیاری بھی اخیر کو نقصان پہنچاتی ہے ۔

گن گن کے دن کاٹنا (گزارنا) (ہ) مصیبت سے دن پورے کرنا ـ جوں توں کر کے دن تمام کرنا ۔

گن گن کے قدم رکھنا (ہ) (۱) آہستہ آہستہ چلنا (۲) ڈر ڈر کر اور سنبھل سنبھل کر چلنا (۳) نہایت نزاکت سے قدم اٹھانا ۔

گنا (گنا) (ہ ـ مذکر) چند ـ مرتبہ ـ بار ـ جیسے دُگنا ـ چوگنا ۔

گناگر (گنگ ـ گا) (ہ ـ مذکر) نبعکر ـ ایکہ ـ پونڈا ۔

گنا گنایا (ہ) گنا ہوا ۔

گنانا (ہ) شمار کرنا ـ گنوانا ۔

گناہ (گناہ) (ف ـ مذکر) (۱) پاپ ـ عصیاں (۲) جرم (۳) خطا ـ قصور ۔

گناہ بخشنا (۱) خطا معاف کرنا ـ قصور معاف کرنا ۔

گناہ بے لذت (ف ـ ع) مذکر ـ وہ گناہ جس کے کرنے میں کچھ فائدہ بھی نہ ہو ۔

گناہ صغیرہ (ف ـ ع) ادنیٰ گناہ ـ وہ گناہ اور وہ قصور جنہیں خدائے تعالیٰ توبہ کرنے سے معاف کر دے گا ۔

گناہ کبیرہ (ف ـ ع) مذکر ـ بھاری جرم ـ گناہ سخت ۔

گناہ گار ـ یا ـ گنہگار (ف) (۱) عاصی ـ پاپی ـ بدکار ـ فاسق (۲) خطاوار ـ مجرم ۔

گناہ گاری ـ یا ـ گنہگاری (ف ـ مؤنث) (۱) قصور ـ خطا ـ جرم (۲) (۱) جرمانہ ـ تاوان (۳) (۱) نقصان ـ خسارہ (۴) وہ آمدنی جو مالی عدالت کی طرف سے وصول کی جائے ۔

گنبد (گنبد) (گم ـ بد) (گم ـ بد) (ف ـ مذکر) برج ـ گمٹ ـ ایک گول قسم کی عمارت کی چھت جس میں آواز گونجتی ہے ۔

گنبد کی آواز (صدا) (۱) (مؤنث) گنبد کی گونج جیسا کہنا ویسا سننا ـ قاعدہ ہے کہ گنبدی مکان میں جو کچھ پکار کر کہو ـ ویسی ہی آواز واپس آ کر کانوں میں پڑتی ہے ۔

گنت (گنت) (س) مؤنث (ہندی) علم حساب ۔

گنیت بدیا (س) مؤنث ـ علم ہندسہ ـ علم ریاضی ۔

گنتی (ہ) مؤنث ـ شمار ـ اندازہ ـ تعداد ـ حساب ۔

گنتی کے (ہ) تھوڑے سے ـ چند ـ متعدد ـ

گنتی گنوانا (ہ) نام کی تعداد ظاہر کرنا ـ خانہ دی کر کے دکھا دینا ۔

گنتی میں لانا (ہ) (۱) شمار میں لانا ـ حساب میں داخل کرنا (۲) بات پوچھنا ـ خاطر میں لانا ۔

گنٹھا (گن ـ ٹھا) (ہ ـ مذکر) دیکھو گٹھا ۔

گنٹھنا (ہ) دیکھو گٹھنا ۔

گنٹھیا (۵) مؤنث - دیکھو (گٹھیا) ۔

گنج (گَنج) (ف - مذکر) (۱) خزانہ - دفینہ (۲) ذخیرہ - گودام (۳) مخزن - خزینہ (۴) (۱) اناج کی منڈی - ہاٹ - بازار (۵) (۱) انبار - ڈھیر ۔

گنج بخش (ف) (۱) بہت بڑا فیاض - لکھ داتا (۲) حضرت مخدوم علی ہجویریؒ کا لقب - جن کا مزار شریف لاہور میں واقع ہے ۔

گنج ڈالنا (۵) (۱) اناج کی منڈی آباد کرنا (۲) انبار لگانا ۔

گنجِ شائگاں (ف - مذکر) بہت بڑا خزانہ یا عمدہ چیز جو بادشاہوں کے قابل ہو ۔

گنجِ شہیداں (ف - ع - مذکر) (۱) وہ کھتا جس میں شہیدوں یا مقتولوں کو اوپر تلے بھر کر دفن کر دیتے ہیں (۲) مُردوں کا ڈھیر ۔

گنج قارون (ف - ع) مذکر (۱) حضرت موسیٰؑ کے زمانے میں ایک بہت بڑے دولت مند شخص کا خزانہ جس کا نام قارون تھا - اس خزانے کی کنجیاں چالیس لا دُو چوپائے اٹھاتے تھے - چونکہ اس بخیل نے حضرت موسیٰؑ کے کہنے پر بھی مال کی زکوٰۃ کبھی نہ دی تھی ۔ بلکہ انہی کی تخریب کے درپے ہو گیا تھا - اس لئے ان کی بددعا اور خدا کے حکم سے قارون سمیت یہ تمام خزانہ زمین میں قیامت تک دھنستا جائے گا (۲) (مجازاً) بہت بڑا خزانہ جس میں سے کچھ خرچ نہ ہوا ہو ۔

گنج (گنج) (۵ - مذکر) ایک مرض جس سے سر پر بال نہیں آتے - بال خورا ۔

گنجا (۵) مذکر - وہ شخص جس کے سر پر بال نہ ہوں - گنجے سر والا ۔

گنجان (گُن - جان) (۱) گھنا - پاس پاس متصل ۔

گنجانا (گُن - جا - نا) (۵) ہاتھ سے ملانا ۔

گنجائش (گُن - جا - اِش) (ف - مؤنث) (۱) سمائی - جگہ - ٹھکانا (۲) (۳) فائدہ - بچت - کفایت (۳) (۱) حوصلہ - مقدور ۔

گنجائی (گُن - جا - اِی) (۵ - مؤنث) گنسلائی ۔

گنجفہ (گنج - فہ) (۱) مذکر - ایک کھیل جو تاش کی طرح کھیلا جاتا ہے ۔

گنجفہ باز (۱) مذکر - (۱) گنجفہ کھیلنے والا (۲) مکار - چالباز - فریبی ۔

گنجلک (گُن - جلک) (۵) مؤنث (۱) شکن - سلوٹ (۲)

(۲) گانٹھ - گرہ - عقدہ (۳) (۱) اُلجھن - جھگڑا - بکھیڑا ۔

گنجور (گَن - جور) (ف) خزانچی ۔

گنجھیا (گنجھ - یا) (۵ - مؤنث) - ایک قسم کا تلا ہوا سموسہ ۔

گنجی (۵) مؤنث - وہ عورت جس کے سر پر بال نہ ہوں ۔

گنجی پنہاری اور گو کھرو کا اینڈوا (۵) (مثل) اپنی حقیقت سے بڑھ کر کام ۔

گنجی کبوتری محلوں میں ڈیرا (۱) (مثل) بد صورت اور کمینے کو کسی اعلیٰ مرتبہ پر دیکھ کر کہتے ہیں ۔

گنجے (۵) مذکر - گنجا کی جمع ۔

گنجے کو خدا ناخن نہ دے جو سر کھجائے (۱) (مثل) کمینوں کو خدا اس قدر اختیار نہ دے کہ وہ شریفوں کو تنگ کریں ۔

گنجیا (گنج - یا) (۱) مذکر - گاڑھی بان یا گھیا رسے کے اوناروں کا تھیلا ۔

گنجیا (گنج - یا) (۵ - مؤنث) ہندو کان کا ایک زیور ۔

گنجیڑی (گُن - جے - ڑی) (۵ - مذکر) گانجا پینے والا ۔

گنجیفہ (گَن - جی - فہ) (ف - مذکر) دیکھو (گنجفہ) ۔

گنجینہ (گَن - جی - نہ) (ف - مذکر) (۱) خزانہ - دفینہ - مال کثیر (۲) ذخیرہ - خزانہ - مال گودام ۔

گند (گَند) (۵) مؤنث (۱) بدبو - عفونت - تعفن (۲) نجاست - غلاظت - پلیدی (۳) کوڑا کرکٹ - خراب اور نکمی چیز ۔

گند کٹنا (۱) (محاورہ) پاک ہونا - تصفیہ ہونا - کسی مصیبت یا محنت و مشقت کا ختم ہونا ۔

گندک (گَن - دَک) (۵ - مؤنث) دیکھو گندھک ۔

گندگی (گَن - دَگی) (ف - مؤنث) (۱) بدبو - عفونت - بساند (۲) غلاظت - نجاست - ناپاکی ۔

گندگی پھیلانا (۱) (۱) بدبو پھیلانا - سڑاند پھیلانا (۲) کسی جگہ کو میلا اور غلیظ کرنا (۳) نامہذب گفتگو کرنا ۔

گندم (گَن - دُم) (ف) مذکر - گیہوں ۔

گندم از گندم بروید جو ز جو (ف) (مثل) جیسا کرو گے ویسا بھرو گے ۔

گندم اگر بہم نرسد جو (بھس) غنیمت است (ف) (مثل) اگر بڑا فائدہ میسر نہ ہو - تو تھوڑا ہی بہتر ہے ۔

گندم گوں (ف) گندمی رنگ کا سانولا - سلونا ۔

گندم نما (ف) دھوکے باز - مکار - چالاک - دغاباز ۔

گندم نما جو فروش (ف) مذکر۔ وہ شخص جو ظاہر تو کچھ اور دکھائے مگر باطن میں کچھ اور ہی کرے۔ مکّار۔ دغاباز۔ دھوکا کرنے والا ۔

گندمی (ف) گندم کے رنگ کا۔ سانولا ۔

گندنا (گَنْدَ۔نا) (ف) مذکر۔ لہسن سے مشابہ۔ ایک ترکاری ۔

گندورا (گَنْدَو۔را) (ہ) مذکر۔ کھانڈ کی ٹکیا یا روٹی جو ہندو لوگ شادیوں میں تقسیم کرتے ہیں ۔

گندہ (ف) (۱) ناپاک۔ نجس۔ غلیظ (۲) میلا (۳) بدبودار (۴) بگڑا ہوا۔ سڑا ہوا (۵) بدزبان (۶) برا (۷) خراب (۸) بیہودہ ۔

گندہ بروزہ (بیروزہ) (ف) مذکر۔ ایک سفید بدبودار مادہ جو چیڑ کے درخت سے نکلتا ہے۔ ایک قسم کا گوند ۔

گندہ بغل (ف) مذکر۔ وہ شخص جس کی بغلوں سے بدبو آئے۔ بغل گندوالا ۔

گندہ بہار (ف) مؤنث۔ وہ بارش جو موسم سرما میں ہو ۔

گندہ پانی (ہ) مذکر۔ (۱) ناپاک اور میلا پانی (۲) منی۔ دھات (۳) پیشاب۔ بول۔ موت ۔

گندہ دماغ (ف) مغرور۔ متکبر ۔

گندہ دہن (ف) مذکر۔ وہ شخص جس کے منہ سے بدبو آئے۔ بغل گندوالا ۔

گندہ کرنا (ہ) (۱) ناپاک کرنا (۲) خراب کرنا۔ داغ لگانا۔ عصمت بگاڑنا ۔

گندھ (گَنْدھ) (س) مؤنث (۱) بو۔ مہک (۲) بدبو (۳) سرخ صندل۔ گھسا ہوا صندل ۔

گندھار (گَن۔دھار) (ہ) مذکر۔ راگ کا ایک سُر ۔

گندھرپ (گَن۔دَھرپ) (س) مذکر (۱) راجہ اندر کے دربار کا گویّا (۲) (مجازاً) ہر ایک عمدہ گانے والا۔ قوّال۔ مغنّی (۳) کویل۔ ایک پرندہ (۴) خوبصورت حسینہ (۵) اچھا راگ۔ مزیدار سُر ۔

گندھرپ بیاہ (ہ) مذکر۔ عورت اور مرد کا اپنی مرضی سے بلا کسی رسم کے بیاہ کر لینا ۔

گندھک (گَن۔دَھک) (ہ) مؤنث۔ سفید۔ زرد یا سرخ رنگ کا ایک غیر دھاتی عنصر جو دیا سلائی کی نوک پر لگاتے ہیں۔ اور بارود کا ایک جزو ہوتا ہے۔

گندھنا (گُنْدھ۔نا) (ہ) (۱) آٹے میں پانی پڑ کر روٹی کے قابل ہونا (۲) سر کے بالوں کا گتھنا ۔

گندھوانا (گُنْدھ۔وا۔نا) (ہ) (۱) آٹے کو روٹی کے قابل بنوانا (۲) بال یا ہار وغیرہ گتھنا ۔

گندھی (گَن۔دھی) (ہ) مذکر۔ عطر پھلیل بیچنے والا۔ عطّار ۔

گندی (ف) گندہ کی تانیث (۱) ناپاک عورت۔ غلیظ عورت (۲) فحش۔ غیر مہذب گفتگو یا روش (۳) خراب ناکارہ۔ نکمّی چیز ۔

گندی بوٹی کا گندہ شوربا (ہ) مثل۔ بدوں کی بد اولاد۔ برے کام کا برا نتیجہ ۔

گندی گندی باتیں کرنا (ہ) گالیاں بکنا۔ شرم کی باتیں زبان پر لانا ۔

گُنڈا (گُن۔ڈا) (ہ) لچا۔ شہدا۔ بدکار۔ اوباش ۔

گنڈا (گَن۔ڈا) (ہ) مذکر (۱) حلقہ۔ چھلا۔ کڑا۔ چوڑی (۲) چار عدد چار کوڑیاں (۳) گھوڑوں کے گلے میں ڈالنے کا پٹا (۴) وہ بٹا ڈورا جس میں منتر یا کوئی عمل پڑھ پڑھ کر گرہ دیتے جاتے ہیں۔ اور یہ بچوں کے گلے یا ہاتھ میں دفع بیماری کے لئے باندھتے ہیں (۵) وہ بٹا ڈورا جو بٹ کر ہاتھ میں باندھ لیتے ہیں ۔

گنڈاسا (گَنْڈا۔سا) (ہ) مذکر (۱) چارہ کاٹنے کا ہتھیار (۲) تبر۔ لاٹھی میں لگا ہوا لوہے کا تیز ہتھیار ۔

گُنڈلا (گُنْڈ۔لا) (ہ) مذکر۔ دائرہ۔ حلقہ۔ کنڈلی ۔

گُنڈلی (ہ) مؤنث۔ دیکھو "کنڈلی" ۔

گُنڈلی مارنا (ہ) سانپ کا حلقہ کرکے بیٹھنا ۔

گنڈی (گَن۔ڈی) (ہ) (۱) لوبیا (۲) ہیجڑا۔ مخنث (۳) ڈرپوک۔ بزدل ۔

گنڈے دار (ہ) (۱) حلقہ دار۔ دھاری دار (۲) بیچ میں سے سفید چھوٹا ہوا (۳) بے سلسلہ۔ ناغہ کرکے۔ بے قاعدہ ۔

گنڈے دار نماز پڑھنا (ہ) ناغہ کرکے نماز پڑھنا۔ متواتر یا تسلسل سے نماز نہ پڑھنا۔ پابندی سے نماز نہ پڑھنا ۔

گنڈیری (گَن۔ڈے۔ری) (ہ) مؤنث۔ گنّے کی چھوٹی سی پوری ۔

گنڈیری دار (ہ) (۱) پونڈے کے کٹے ہوئے حصے جو بے تکلف چوسے جا سکیں (۲) گرہوں والا نیچہ ۔

گنگ (گَنگ) (ف) مؤنث۔ گنگا ۔

گنگ (گُنگ) (ف) مذکر۔ گونگا۔ وہ شخص جو زبان

سے بول نہ سکے ۔

گنگ محل (ف) مذکر۔ جلال الدین اکبر کا وہ عالیشان محل۔ جو اس نے انسان کی طبعی زبان دریافت کرنے کے لئے بنوایا تھا ۔

گنگا (ہ۔ گا) (س) مؤنث۔ ہندوستان کا ایک مشہور دریا جس میں نہانے سے ہندوؤں کے اعتقاد کے بموجب پاپ دُور ہوتے ہیں۔ اور اس میں مُردوں کی راکھ یا ہڈیاں ڈالنا باعث نجات سمجھا جاتا ہے۔ ہردوار تک آکر یہ دریا بہت چوڑا ہو گیا ہے ۔

گنگا اٹھانا (ہ) (لکھنؤ) دریائے گنگا کی قسم کھانا ۔

گنگا اشنان (ہ) مذکر۔ (ہندو) (۱) گنگا میں نہانا (۲) ہر دوار کا ایک مشہور سالانہ میلا جہاں دریائے گنگا میں جا کر نہاتے ہیں ۔

گنگا جل (س) مذکر (۱) دریائے گنگا کا پانی جسے پوتر مانا جاتا ہے ۔

گنگا جلی (ہ) مؤنث (۱) وہ برتن جس میں گنگا کا پانی رکھا جائے ۔

گنگا جلی اٹھانا (ہ) گنگا کا پانی ہاتھ میں لے کر قسم کھانا

گنگا جمنا (ہ) مؤنث (۱) دو مقدّس دریا (۲) ملا جُلا۔ آمیختہ۔ دو رنگا ۔

گنگا جمنی (ہ) (۱) ملا جُلا۔ دو رنگا (۲) سُنہری اور روپہلی (۳) (مؤنث) کان کا ایک زیور (۴) سیاہ اور سفید رنگ۔ ابلق ۔

گنگا دھر (س) مذکر۔ مہادیو۔ شِو شمبھو ۔

گنگا ساگر (س) مذکر (۱) وہ جگہ جہاں گنگا سمندر سے ملتی ہے۔ دریائے گنگا کا دہانہ (۲) ہندوؤں کے استعمال کا ٹونٹی دار لوٹا۔ آفتابہ ۔

گنگا کس کی کھدائی ہے (ہ) (مثل) ایسے کام قدرتی ہوتے ہیں ۔

گنگا کو آنا تھا بھاگیرتھ کے سر جس ہوا (ہ) (مثل) کوئی چیز ہونے والی تھی مگر شہرت نصیبوں سے کسی کی ہو گئی ۔

گنگ کے بیلے میں پڑے رہے کا کیا کام (ہ) (مثل) بے محل اور بے موقع کسی کام کی قدر نہیں ہوتی ۔

گنگ گئے منڈائے سدھ (ہ) (مثل) وہاں بولتے ہیں۔

جہاں کوئی کسی جگہ سے کچھ نہ کچھ نقصان ہی اٹھا کر آئے ۔

گنگا نہانا (ہ) (ہندو) (۱) دریائے گنگا میں اشنان کرنا۔ (۲) کسی مشکل کام کو انجام پر پہنچانا (۳) پاک ہونا۔ گناہ دھلنا (۴) قرضے سے سبکدوش ہونا (۵) بیٹی کے فرض سے فارغ ہونا (۶) ثواب کمانا ۔

گنگال (گن۔ گال) (ہ) مذکر (ہندو) پانی رکھنے کا برتن۔ گھسا۔ گاگر ۔

گنگا شلجم (ہ) مذکر۔ وہ بڑا شلجم جو دریائے گنگا کے کنارے پیدا ہوتا ہے ۔

گنگنا (گن۔ گنا) (ہ) مذکر (۱) ناک میں بولنے والا شخص۔ غنغنا (۲) نیم گرم پانی ۔

گنگنانا (ہ) (۱) ناک میں بولنا (۲) مدھم اور دھیمی آواز سے گانا ۔

گنگناہٹ (ہ) مؤنث۔ گنگنانے کا فعل ۔

گنگوتری (س) مؤنث۔ دریائے گنگ کے منبع کا نام جو کوہ ہمالیہ میں واقع ہے ۔

گننا (ہ) انگیزی کرنا ۔

گننا (گن۔ نا) (ہ) مفتق کرنا ۔

گنوار (گنوا۔ ر) (ہ) مذکر (۱) گاؤں میں رہنے والا۔ دیہاتی کسان۔ زمیندار (۲) مُورکھ۔ نادان۔ بیوقوف۔ احمق (۳) ان پڑھ۔ جاہل ۔

گنوار پن (ہ) مذکر (۱) بیوقوفی۔ نادانی۔ بے سلیقگی ۔

گنوار کا لٹھ (ہ) مذکر (۱) دہقان کی بدنما موٹی لاٹھی (۲) ناشائستہ۔ بے تمیز (۳) بد اخلاق۔ کج خلق ۔

گنوار کا پانسا توڑے پانسا (ہ) (مثل) احمق کا مذاق نقصان دیتا ہے ۔

گنوارو (ہ) گنواروں کا سا۔ بدنما۔ بھدا۔ بدزیب ۔

گنواری (ہ) (۱) گنوار کی (۲) گنوار کی سی (۳) بدنما۔ بھدی۔ بدزیب ۔

گنوانا (ہ) شمار کرانا ۔

گنوانا (گنوا۔ نا) (ہ) ضائع کرنا۔ برباد کرنا۔ کھونا ۔

گنونت ۔ یا ۔ **گنومتا** (ہ) (۱) ہنرمند۔ بہت سے فن جاننے والا (۲) دانا۔ فاضل۔ پنڈت (۳) سلیقہ شعار۔ سگھڑ ۔

گنونتی (ہ) مؤنث۔ سلیقہ شعار۔ سگھڑ۔ دانشمند عورت ۔

گنہ (گنہ) (ف) مذکر۔ گناہ کا مخفف۔ جرم۔ خطا۔ قصور ۔

گنہگار ہوجانا (ہ) (۱) عاصی ہوجانا۔ پاپی بن جانا۔ (۲) قصوروار ہونا۔ ملزم ٹھہر جانا ؛

گِنّی (گِنّی)، انگریزی۔ GUINEA (مؤنث) سونے کا ایک سکّہ جو اکیس شلنگ کا ہوتا ہے

گِنّی بوٹی مِیا خور با (ہ)، (مثل)، صرف گنا سے کے قابل۔ کم نہ زیادہ۔ بقدر ضرورت نہایت کھینچ تان کر ؛

گُنی (ہ) (۱) ہنرمند (۲) کامل۔ خدا رسیدہ (۳) لائق فائق (۴) سانپ کا منتر جاننے والا (۵) سیانا۔ جادو ٹونا کرنے والا ؛

گُنیا (گُن۔ یا) (ہ)، مذکر۔ (۱) مضروب فیہ۔ جس میں ضرب دیں (۲) بِسی کا کونیا۔ ٹیڑھی چیز کو سیدھا کرنے والا آلہ ؛

گنیش (گَنیش)، (ہ)، مذکر (ہندو) شیو جی اور پاربتی کا بیٹا۔ ہندو انہیں دانائی اور مشکل کشائی کا دیوتا مان کر ان کے نام کی بڑی تعظیم کرتے ہیں ؛

گنیش چوتھ (ہ)، مؤنث (ہندو)، ہندوؤں کا ایک تہوار جو گنیش جی کے نام سے منایا جاتا ہے۔ اور اس روز برت رکھنا بڑا پن سمجھتے ہیں ؛

گ ۔ و

گو (گُو)، (ہ) مذکر۔ دیکھو (گوہ)

گو (گو) (ف)، گفتن کا امر ؛

گو مگو (۔۔)، (ف) (۱) تذبذب۔ شک وشبہ۔ وسوسہ۔ کسی بات کے کہنے یا نہ کہنے کے متعلق سوچ (۲) مشتبہ۔ مشکوک (۳) پوشیدہ۔ مخفی۔ خفیہ (۴) ناگفتہ بہ ؛

گو (گو) (ف)، اگرچہ ؛

گوار (گوار)، (ہ)، مؤنث۔ ایک قسم کا غلّہ جو مویشیوں کو دودھ کی زیادتی کے لئے کھلایا جاتا ہے ؛

گوارا (گُوا۔ را) (ف) (۱) زود ہضم۔ انگ لگنے والا (۲) خوش ذائقہ۔ من بھاتا (۳) سہارنے کے لائق۔ قابل برداشت (۴) (ا) منظور۔ پسند خاطر ؛

گوارا کرنا (ف)، (۱) برداشت کرنا۔ سہارنا (۲) ماننا۔ منظور کرنا ؛

گوال۔ گوالا (گوال۔ گوا۔ لا)، (ہ)۔ مذکر، گھوسی۔ گوجر۔ گایوں کو پالنے والا ؛

گوالن (ہ)، مؤنث۔ گھوسن۔ گوجری ؛

گواہ (گواہ)، (ف)، مذکر۔ شاہد۔ ثبوت پہنچانے والا ؛

گواہ بنانا (ف)، (۱) شاہد ٹھہرانا (۲) جھوٹا گواہ بنانا ؛

گواہِ بےلوث (ف۔ ع)، مذکر۔ کھرا اور خودمختار گواہ ؛

گواہ تعلیمی (ف۔ ع)، مذکر۔ سکھایا پڑھایا ہوا گواہ ؛

گواہ دینا (ف)، اپنے دعوے کے ثبوت یا برأت کے لئے شاہد پیش کرنا ؛

گواہِ رویت۔ گواہِ عینی۔ گواہِ مشاہدہ (ف۔ ع)، مذکر۔ وہ گواہ جس نے اپنی آنکھوں سے کوئی معاملہ دیکھا ہو ؛

گواہ سماعی (سمعی)، (ف۔ ع)، مذکر۔ سُنی ہوئی بات کی گواہی دینے والا ؛

گواہ کرنا (ف)، (۱) شاہد بنانا (۲) آگاہ کرنا۔ جتانا ؛

گواہ مرقوم الحاشیہ (ف۔ ع)، مذکر۔ وہ گواہ جس نے دستاویز کے حاشیے پر اپنی گواہی لکھی ہو ؛

گواہ مندرجۂ دستاویز (ف۔ ع)، مذکر۔ وہ گواہ جس کے کسی دستاویز کے اندر دستخط موجود ہوں ؛

گواہی (ف)، مؤنث۔ شہادت۔ ساکھ۔ شاہدی ؛

گواہی دینا (ف)، شہادت دینا۔ اظہار دینا ؛

گواہی شاہدی (ف۔ ع)، مؤنث۔ گواہی ؛

گواہی کرنا۔ یا۔ لکھنا (ف)، کسی دستاویز پر اپنی شہادت کے طور پر دستخط کرنا ؛

گوائی (گوا۔ یئی)، (ہ)۔ مؤنث۔ (۱) گانے کی اُجرت (۲) (ف)۔ مؤنث۔ گواہی ؛

گوبر (گو۔ بَر)، (ہ)۔ مذکر، چوپایوں کا فضلہ۔ سرگین۔ مَیلا ؛

گوبردھن (ہ)، مذکر (۱) ہندوؤں میں مویشیوں کا ایک محافظ اور دیوتا (۲) ایک تہوار جو دیوالی کے دوسرے دن منایا جاتا ہے ؛

گوبر گنیش (ہ)، مذکر (۱) گوبر کا بنا ہوا گنیش (۲) نہایت بدصورت۔ بدنما۔ بے ڈول چیز (۳) موٹا بھینسا۔ (۴) سست۔ کاہل۔ آلکسی (۵) احمق۔ کند ذہن ؛

گوبری (ہ) مؤنث۔ [illegible] مٹی۔ جس میں گوبر ملا کر لپائی کرتے ہیں ؛

گوبند (گو۔ بند)، (س)، مذکر۔ کرشن جی کا ایک لقب ؛

گوبھی (گو۔ بھی)، (ہ) مؤنث۔ کرم کلّا۔ ایک ترکاری ؛

گوپ (گوپ)، (ف)، مذکر۔ گوالا۔ گوجر۔ گائے چرانے والا ؛

گوپال (گو۔ پال)، (ف)، مذکر۔ گرز۔ لڑائی کا ایک ہتھیار ؛

گوپن۔گوپھن (گُو۔پَنْ + گُو۔پَھن) (ہ) مذکر۔ گوپیا۔ فلاخن۔ وہ رسّی کا بنا ہُوا ہتھیار جس میں پتھر یا مٹی کے گولے رکھ کر جانوروں کو اُڑاتے ہیں۔

گوپی (گو۔پی) (س) مؤنث (۱) گوالن۔ گھوسن۔ گوجری۔ گائے چرانے والی (۲) دودھ بیچنے والی (۳) کرشن جی کے ساتھ بچپن میں کھیلنے والی گوالوں کی لڑکیوں میں سے ہر ایک کا لقب۔

گوپیا (گو۔پیا) (ہ) مذکر۔ دیکھو گوپن۔

گوپیا پھرانا۔ یا چلانا (فلاخن سے جانوروں کو اُڑانا۔ گوپیے میں غلہ رکھ کر مارنا۔

گوت۔ گوتر (گوت + گُو۔تر) (ہ) مذکر (۱) خاندان (گھرانا۔ حسب نسب (۲) قوم۔ فرقہ۔ قبیلہ۔

گوتم (گو۔تَم) (س) مذکر (۱) ایک رشی جس نے نیائے شاستر بنایا تھا (۲) بدھ مذہب کا بانی ساکیمنی جو ریاست کپل وستو میں پیدا ہُوا تھا۔

گوتھنا (گوتھ۔نا) (ہ) پرونا۔ لڑی بنانا۔ گوندھنا۔

گوتی (ہ) ہم نسل۔ ایک خاندان کے رشتہ دار۔

گوٹ (گوٹ) (ہ) مؤنث (۱) حاشیہ سنجاف۔ کنارہ۔ کور۔ لیس۔ گوٹا (۲) چوسر کی نرد (۳) دعوت۔ کھانا (۴) گاؤں۔ موضع (۵) جماعت۔ گروہ۔

گوٹا (گو۔ٹا) (ہ) مذکر۔ کناری۔ چاندی یا سونے کے تاروں کا فیتہ۔ پتلی لیس۔

گوٹا کناری (ہ) مؤنث۔ چاندی سونے کے تاروں کی لیس جو ریشم کے بانے کی بنی جاتی ہے۔

گوجر (گو۔جر) (ہ) مذکر۔ گوالا۔ اہیرا۔ راجپوتوں کی ایک قوم جس کا پیشہ گائے بھینس پالنا اور دودھ بیچنا ہے۔

گوجر لا گھوڑ دو کتا بلی دو ۔۔ یہ چار مل نہ ہوں تو کھلے کواڑوں سو (ہ) (مثل) یہ چاروں چور ہیں۔

گوجرا (ہ) مذکر۔ گیہوں اور جو ملا ہُوا اناج۔

گوجری۔ گجری (ہ) مؤنث۔ گوالن۔ گھوسن۔ گوجر قوم کی عورت۔

گوجھا (گو۔جھا) (ہ) مذکر (۱) جیب۔ کیسہ۔ پاکٹ (۲) ایک قسم کا پکوان۔ سموسہ (۳) ایک قسم کی خاردار گھاس۔

گوجئی (گو۔ج۔ئی) (ہ) مؤنث۔ گیہوں اور چنوں کا ملا ہُوا غلہ۔

گود (گود) (ہ) مؤنث۔ آغوش۔ پہلو۔ کنارہ۔

گود بھری (ہ) مؤنث (ہندو) (عو) بچے والی۔ صاحب اولاد۔

گود بھری رہے (ہ) (عو) دُعائیہ۔ گود میں ہر وقت بچہ رہے۔ اولاد زندہ و سلامت رہے۔

گود پسار کے کوسنا (ہ) (عو) ہاتھ پھیلا کے یا دامن پھیلا کے کسی کے لئے بد دُعا کرنا۔

گود پسارنا۔ یا پھیلانا (ہ) (عو) دامن پھیلانا۔ مانگنا۔ سوال کرنا۔

گود دینا (ہ) اپنا بچہ کسی کی گود میں ڈال دینا۔

گودکا (ہ) دودھ پیتا بچہ۔ شیر خوار۔ وہ بچہ جو گود میں ہو۔

گود کا کھلایا گود میں نہیں رہتا (ہ) (مثل) انسان ہمیشہ یکساں حالت میں نہیں رہتا۔

گود کھلانا (ہ) (۱) بچے کو گود میں رکھ کر بہلانا (۲) گود میں پالنا (۳) پرورش کرنا۔ بچے کو دودھ پلانا۔

گود لینا (ہ) متبنّٰی بنانا۔ پالک بنانا۔

گود میں لڑکا شہر میں ڈھنڈورا (ہ) (مثل) چیز پاس پڑی ہے۔ اور تلاش کسی اور جگہ کی جاتی ہے۔

گود میں لینا (ہ) (۱) گودی میں لینا۔ آغوش میں لینا۔ دونوں زانوؤں پر بٹھانا۔

گودا (گُو۔دا) (ہ) مذکر (۱) مغز۔ بھیجا۔ ہڈی۔ دماغ (۲) گری (۳) اندرونی حصّہ (۴) چربی (۵) خلاصہ۔ کسی چیز کا سب سے بہتر حصّہ۔

گودام۔ گدام (گو۔دام + گُ۔دام) (ا) انگریزی گواڈاؤن۔ (GO DOWN) کا بگڑا ہُوا (مذکر) (۱) ذخیرہ۔ ڈھیر۔ انبار (۲) ذخیرہ خانہ۔ مالخانہ۔

گودڑ (گُو۔دڑ) (ہ) مذکر (۱) پھٹا پرانا اور ناکارہ کپڑا۔ چیتھڑے (۲) پرانی روئی جو لحاف وغیرہ سے نکالی جائے۔

گودڑ خیل (ا) پھوہڑ۔ بدسلیقہ عورت۔

گودڑ کا لال (لعل) (ہ) مذکر (۱) وہ شریف اور نجیب شخص جو مفلسی میں مبتلا ہو۔ خوبصورت آدمی کا پھٹے پرانے لباس میں ہونا (۲) وہ صاحب کمال یا صاحب جوہر جس کا حال معلوم نہ ہو۔ چھپا رستم۔

گودڑوں سے گندوڑا نکلنا (ہ) (ہندو) جاہلوں سے اہل عالم کا پیدا ہونا۔ بُروں میں اچھا نکلنا۔

گودنا (گود۔نا) (ہ) (۱) چبھونا۔ نشتر لگانا (۲) جسم پر سوئی سے

کھود کر سرمہ یا نیل بھرنا (۳) (مجازاً) طعنے مہنے دینا (۴) (مذکر) جسم کے وہ نشان جو نشتر وغیرہ سے دبیئے گئے ہوں (۵) طعنے مہنے (۶) زمین کھودنے کا اوزار۔ کھرپا ÷

گودھ (گو دھ) (ہ) مذکر۔ پتوں کی بھری ہوئی شاخ ÷

گودی (ہ) مؤنث (۱) آغوش۔ کنارہ۔ بغل۔ جھولی (۲) پہلو۔ کوکھ (۳) دامن۔ آنچل (۴) بندرگاہ کا ایک حصّہ ÷

گودی میں بیٹھ کے داڑھی نوچے (ہ) (مثل) بہت بے ادب ہے جس سے نفع ہو اسی کی توہین کرے

گودے دار (ہ) (۱) پُر مغز (۲) گری دار ÷

گوڈا (گو۔ ڈا) (ہ) مذکر۔ گھٹنا۔ زانو (متروک) ÷

گور (گو۔ ر) (ہ) مؤنث۔ ایک راگنی ÷

گور (گو۔ ر) (ف۔ مؤنث) قبر۔ تربت۔ مزار ÷

گور پر گور نہیں ہوتی (ف) ایک شخص کے قابض ہوتے ہوئے دوسرے کو دخل نہیں ہوتا ÷

گورِ غریباں (ف۔ مؤنث) زمین کا وہ ٹکڑا جہاں مسافروں کو دفن کرتے ہیں۔ یتیموں کا گورستان ÷

گور کا منہ جھانک کر آنا۔ یا پھرنا (ف) کسی مہلک بیماری سے نجات پانا۔ از سرِ نو زندگی پانا ÷

گور کفن (ف) مذکر۔ تجہیز و تکفین کفن میں لپٹنا اور قبر میں پڑنا ÷

گور کن (ف۔ مذکر) قبر کھودنے والا۔ وہ شخص جس کا پیشہ قبر کھودنے اور مُردہ دفن کرنے کا ہو ÷

گور کنارے (ف) کوئی دم کا مہمان۔ قریب مرگ۔ جاں بلب ÷

گور کنارے جا لگنا (پہنچنا) (ف) (۱) مرنے کو تیار بیٹھنا۔ قریب مرگ ہونا (۲) نہایت بوڑھا ہونا ÷

گور کے مُردے اکھاڑنا (اکھیڑنا) (ف) (۱) پچھلی باتوں کو یاد کرنا (۲) پرانے جھگڑے نکالنا ÷

گور گڑھا (ف) مذکر۔ تجہیز و تکفین ÷

گور میں انگارے بھرنا (ف) (مجازاً) گنہگار ہونا۔ بدی کرنا۔ عذاب کمانا ÷

گور میں پاؤں لٹکائے بیٹھے ہیں (ف) چند روزہ مہمان ہیں۔ نہایت بوڑھے ہیں۔

گور میں دھواں اُٹھنا (ف) عذاب قبر ہونا۔ قبر میں جلنا یا سلگنا ÷

گور میں کیڑے پڑیں (ف) (دعائے بد) (مجازاً) جسم سڑ کر قبر میں کیڑے بہے بہے پھریں ÷

گورا (گو۔ را) (ہ) چِٹّا۔ سُرخ و سفید رنگ والا۔ سفید املا۔ خوبصورت۔ حسین (۲) (مذکر) یورپین سپاہی۔ فرنگی ÷

گورا چٹا (ہ) خوب صورت۔ حسین۔ سُرخ و سفید ÷

گوراڈہ (گو۔ را۔ ڈہ) (ہ۔ مذکر) گاؤں کے ارد گرد کی زمین ÷

گوراشاہی (ہ) (۱) گوروں کے استعمال کا مضبوط (۲) (مذکر) فرنگی سپاہیوں کے پہننے کا بہت مضبوط بوٹ ÷

گورائی (گو۔ را۔ ای) (ہ۔ مؤنث) ریتلی زمین ÷

گورخر (گو۔ر۔ خر) (ف۔ مذکر) جنگلی گدھا ÷

گورستان (ف۔ مذکر) قبرستان۔ مُردوں کے دفن ہونے کی جگہ ÷

گورکھ دھندا (گو۔ رکھ۔ دھن۔ دا) (ہ۔ مذکر) (۱) ایک پیچیدہ قفل جس کا کھولنا مشکل ہوتا ہے (۲) (مجازاً) ہر پیچیدہ معاملہ۔ بکھیڑے کا کام ÷

گورکھا (گو۔ رکھا) (ہ۔ مذکر) گورکھپور علاقہ نیپال کا رہنے والا (۲) (مجازاً) پستہ قد آدمی۔ ٹھگنا ÷

گورگاں (گو۔ ر۔ گاں) (ف) (۱) عیش و عشرت کرنے والا (۲) تیمور کا لقب (۳) کوئی جلیل القدر بادشاہ ÷

گورنر (گو۔ر۔ نر) (انگریزی۔ GOVERNOR) (مذکر) کسی ملک میں پورے اختیارات رکھنے والا حاکم اعلیٰ۔ صوبے کا فرماں روا ÷

گورنر جنرل (انگریزی۔ GOVERNOR GENERAL) (مذکر) گورنر سے بڑا عہدہ دار۔ نائب السلطنت۔ وائسرائے ÷

گورنری (ا۔ مؤنث) (۱) گورنر کا عہدہ (۲) گورنر کی حکومت ÷

گورنمنٹ (گو۔ رن۔ منٹ) (انگریزی۔ GOVERNMENT) (مؤنث) (۱) سلطنت۔ راج۔ بادشاہی۔ طاقت۔ حکومت (۲) حکمرانی۔ عملداری (۳) جمہوری حکومت ÷

گورو (گو۔ رو) (ہ۔ مذکر) (ہندو) (عوام) گائے بھینس وغیرہ سینگ والے چوپائے ÷

گوری (ہ) مؤنث (۱) معشوقہ۔ حسینہ۔ خوب صورت عورت (۲) ہر سفید جلد چیز ÷

گوری کا جوبن چنگیوں میں جانا (ہ) کسی کے حسن کی بے قدری ہونا۔ کسی چیز کی خوبی کا بے فائدہ

ضائع ہونا ❖

گوری - (گو - ری) (س) مؤنث - (۱) پاربتی - مہادیو کی استری - حوّا - حضرت آدمؑ کی بیوی (۲) آٹھ برس تک کی کنیا - باکرہ - دوشیزہ (۳) مالکوس راگ کی عصری راگنی جسے آخر روز میں گاتے ہیں ❖

گوریا - گوریّا - (گو - رِیَا + گو - رِی - یا) (ہ) مؤنث - (۱) چڑیا - کنجشک (۲) مٹی کا چھوٹا سا حقّہ ❖

گوڑ (گو ڑ) (ہ - مذکر) (۱) بنگال کا درمیانی حصّہ (۲) بنگال کا صدر مقام (۳) گوڑ کا باشندہ (۴) برہمنوں کا ایک اعلیٰ فرقہ ❖

گوڑ (گوڑ) (ہ) مذکر - (۱) قدم - پاؤں - پیر (۲) پنڈلی - ٹانگ (۳) ٹخنہ - کعب ❖

گوڑا (ہ) مذکر - دیکھو (گوڑ) ❖

گوڑنا (گو ڑ - نا) (ہ) (۱) ہل چلانا - زمین کھودنا (۲) اناج صاف کرکے خس سے نکالنا ❖

گوڑی (گو - ڑی) (ہ) مؤنث - (ہندو) فائدہ - نفع - وہ مال جو بے محنت و مشقت حاصل ہو ❖

گوڑی ہاتھ سے جانا (ہ) (۱) کمائی نہ ہونا - کچھ ہاتھ نہ لگنا (۲) شکار جاتا رہنا ❖

گوڑ سے پسار جانا (ہ) (ہندو) (۱) پاؤں پھیلا دینا (۲) ہمّت ہار دینا - حوصلہ چھوڑ دینا ❖

گوڑ سے ٹوٹ جانا (ہ) (ہندو) (۱) گھٹنے ٹوٹ جانا (۲) چلتے چلتے ٹانگیں تھک جانا - چلنے کی ہمّت نہ رہنا (۳) ہمّت نہ رہنا (۴) نااُمید ہو جانا ❖

گوڑیت (گو - ڑیت) (س) - مذکر (۱) چوکیدار (۲) مخبر ❖

گوز (گوز) (ف) - مذکر - پاد - ریح - باؤ - وہ گندی ہوا جو مقعد سے باآواز خارج ہو ❖

گوز اُڑانا - یا - مارنا (۱) پاد نکالنا - پاد مارنا - پادنا - بادی پھیلانا ❖

گوزِ شتر (ف) لغو - بے ہودہ - بادہوائی - بے اثر - بے تاثیر ❖

گوزِ شتر سمجھنا (۱) خاطر میں نہ لانا - بیہودہ اور لغو خیال کرنا - بے وقعت سمجھنا ❖

گوسالہ (گو - سا - لہ) (ف) - مذکر - گائے کا یک سالہ بچہ - بچھڑا ❖

گوسپند - یا - گوسفند (گو س - پند - گو س - فند) (ف) (مؤنث) بھیڑ بکری - دُنبہ - مینڈھا - بکری - بکرا ❖

گوش (گوش) (ف) مذکر - کان ❖

گوش بر آواز (ف) کسی بات کے سننے کا منتظر - کسی خبر کے آنے کا اُمیدوار - منتظر ❖

گوش گزار کرنا (۱) سنانا - اطلاع کرنا - آگاہ کرنا ❖

گوش مال - گوشمال (ف) مؤنث - تنبیہ - تادیب - سزا

گوش مالی - گوشمالی (ف - مؤنث) (۱) سزا (۲) مشکل کام کرنے کے لئے استاد کا نام لے کر کان پکڑنا ❖

گوشت (گو شت) (ف - مذکر) لحم - ماس ❖

گوشت خرِ دندانِ سگ (ف) (مثل) خراب چیز خراب جگہ صرف ہوتی ہے ❖

گوشت خوار (ف) گوشت کھانے والا ❖

گوشت سے ناخن جُدا کرنا (۱) اپنوں کو چھڑانا - گہرے دوستوں میں تفرقہ ڈالنا ❖

گوشت سے ناخن جُدا ہونا (۱) (۱) اپنوں کا چھوٹنا (۲) کوئی ناممکن اور دشوار کام ہونا ❖

گوشت کا لوتھڑا (۱) مذکر (۱) مضغۂ گوشت - گوشت کا ٹکڑا (۲) بالکل نکمّا جس سے کچھ نہ ہو سکے - اپاہج - سست - بے وقوف ❖

گوشوارہ (ف، مذکر) (۱) کان کا بالا - آویزہ (۲) بہت بڑا موتی (۳) خلاصۂ حساب - میزان - جوڑ (۴) کسی نقشے یا رجسٹر کی پیشانی

گوشہ (گو شہ) (ف - مذکر) (۱) زاویہ - کونہ (۲) خلوت تنہائی - کنارہ - تخلیہ (۳) طرف - جانب - پہلو (۴) کمان کا سرا ❖

گوشۂ چشم (ف) مذکر - آنکھ کا کونا ❖

گوشۂ عافیت (ف - ع) مذکر - وہ جگہ جہاں کوئی جھگڑا بکھیڑا نہ ہو - جائے امن ❖

گوشہ کماں (ف - مذکر) کمان کی نوک جس میں تانت اٹکی رہتی ہے ❖

گوشہ گزیں - گیر (ف) دیکھو (گوشہ نشین) ❖

گوشہ نشین (ف) تنہائی میں رہنے والا - سب سے الگ رہنے والا - تارک الدنیا ❖

گوشہ نشینی (ف) مؤنث - عزلت - علیحدگی - تنہائی ❖

گوکل (گو - کل) (س - مذکر) کرشن جی کی پیدائش کا مقام ❖

گوکھا (گو - کھا) (ہ - مذکر) (۱) گائے کا چمڑا (۲) احمق - بیوقوف ❖

گوکھرو (گو کھ - رُو) (ہ) مذکر (۱) ایک کانٹا جو سہ گوشہ ہوتا ہے (پنجابی) بھکڑا (۲) گوکھرو کا پودا یا بیل (۳) لو سے

کے بنے ہوئے کانٹے جو دشمن کی راہ میں ڈال دیتے ہیں تاکہ فوج کے پاؤں اور گھوڑوں کے سُموں میں چبھ جانے سے وہ آگے نہ بڑھ سکیں (۴) کان کا ایک زیور (۵) عقیش وغیرہ کا کھونسنا موٹھ دار گوکھرو ۔

گوگا (گو ۔ گا) (ا ۔ مذکر) خاکروبوں کا پیر ۔

گوگا پیر (ا ۔ مذکر) عزت و تعظیم سے گوگا کو کہتے ہیں ۔

گوگرد (گو ۔ گِرد) (ف ۔ مؤنث) گندھک ۔

گوگل (گُو ۔ گَل) (ا ۔ مذکر) ایک درخت کا گوند ۔

گول (گول) (ا) (۱) مدوّر ۔ چکر دار (۲) وہ بات جو بخوبی سمجھ میں نہ آئے ۔ مشکوک اور پیچیدہ بات ۔

گول (گول) (انگریزی ۔ GOAL) (مذکر) فٹ بال اور ہاکی وغیرہ کا نشان (۲) مقصد ۔

گول گول (ا) مشتبہ ۔ مبہم ۔ مشکوک ۔

گول گول کہنا (ہ) صاف صاف نہ کہنا ۔ اس طرح بیان کرنا کہ بخوبی سمجھ میں نہ آ سکے ۔

گول مال (ا) (۱) رَلا مِلا ۔ مِلا جُلا (۲) سازش ۔ سانٹھ گانٹھ (۳) غبن ۔ خیانت (۴) مشتبہ ۔ مشکوک (۵) غائب ۔ ملیامیٹ ۔

گول مال کرنا (ہ) (۱) گڈ مڈ کرنا (۲) غبن کرنا ۔ خیانت کرنا (۳) غائب کرنا ۔ چُرا لینا (۴) سانٹھ گانٹھ کرنا ۔ سازش کرنا ۔

گول مُنہ (ا ۔ مذکر) آفتابی چہرہ ۔ چوڑا مُنہ ۔

گول مول (ا) (۱) مدوّر ۔ نہایت گول (۲) موٹا تازہ اور گٹھیلا آدمی (۳) موٹا ۔ بے وقوف ۔

گول ہو رہنا (ہ) خاموش ہو رہنا ۔ جواب نہ دینا ۔

گولا (گو ۔ لا) (ا ۔ مذکر) (۱) گھیرا (۲) تاگوں کی پیچک (۳) گیند ۔ گرہ (۴) ستون کے گرداگرد کا اُبھرا ہوا حلقہ (۵) ایک قسم کا کبوتر پست قد گول مول جو بہت پر اُڑتا ہے (۶) پگڑی کا قالب جس پر دستار بند پگڑی باندھا کرتے ہیں (۷) ناریل کے اندر کی گری ۔ مغز ناریل (۸) اناج کا کوٹھا ۔ اناج کی منڈی (۹) پکا کنواں جو اندر سے استرکاری کیا ہوا ہو (۱۰) گول شہتیر ۔ لٹھا ۔

گولا اُٹھانا (ہ) پرانی رسم کے مطابق اپنی صداقت اور براءت کے لئے جلتے ہوئے لوہے کو ہاتھ میں پکڑ لینا ۔ کہ اگر ہم سچے ہوں گے ۔ تو اس کا کوئی اثر نہ ہوگا اور جھوٹے ہیں تو یہ جلا دے گا ۔

گولا چلانا (ہ) گولا مارنا ۔ توپ چھوڑنا ۔

گولا دَل (ا) نہایت موٹا تازہ ۔ گول مول ۔

گولا دَل بنا ہوا ہے (ا) نہایت موٹا تازہ ہے ۔

گولا دھار برسنا (ہ) مُوسلا دھار مینہ برسنا ۔ نہایت زور سے بارش ہونا ۔

گولائی (ا) مؤنث ۔ دَوَر ۔ چکر ۔

گولڈ (گولڈ) (انگریزی ۔ GOLD) (مذکر) سونا ۔ طلا ۔ زر ۔

گولڈن (گول ۔ ڈَن) (انگریزی ۔ GOLDEN) سنہری ۔ زرّیں ۔ طلائی ۔

گولر (گو ۔ لَر) (ا ۔ مذکر) (۱) ایک درخت اور اس کا پھل جو انجیر سے مشابہ ہوتا ہے (۲) روئی کا ڈوڈا ۔ کپاس ۔

گولر کا پھول (ا) نایاب ۔ کمیاب ۔ ناپید ۔

گولر کا پیٹ پھڑوانا (ہ) (ہندو) (عو) بھید کھلوانا ۔ پوشیدہ یا دبی ہوئی بات کو ظاہر کرنا ۔

گولر کا کیڑا (ا ۔ مذکر) (۱) وہ کرم جو گولر کے اندر رہتا ہے (۲) وہ شخص جو گھر سے باہر نہ نکلتا ہو ۔

گولف (گولف) (انگریزی ۔ GOLF) (مذکر) ایک کھیل جو چھڑی اور گولیوں سے کھیلا جاتا ہے ۔

گولک (گو ۔ لَک) (ا ۔ مذکر و مؤنث) (۱) غلہ ۔ گلّہ ۔ روز مرّہ کی بکری رکھنے کا ظرف (۲) حرامی بچہ ۔

گولنداز (گو ۔ لن ۔ داز) (ف ۔ مذکر) توپ چلانے والا ۔ توپچی ۔

گولہ (گو ۔ لہ) (ف ۔ مذکر) (۱) گیند ۔ انٹا (۲) غلّہ ۔ گوپیے میں چلانے کا گولہ (۳) بانُعدد کا گولہ (۴) گرہ ۔

گولی (ا) مؤنث ۔ گولا کی تصغیر (۱) بندوق کی گولی (۲) دوا کی چھوٹی بٹی (۳) انٹا ۔

گولی بارود نہیں جائے طلب لینے سے کام (مثل) کسی کا کام بگڑے یا سنورے اپنے مطلب اور غرض سے کام ۔

گولی بچا جانا (ہ) کسی مشکل کام یا مصیبت کے وقت الگ ہو جانا ۔

گولی چلانا (ہ) (۱) گولی مارنا (۲) بندوق میں گولی بھرنا (۳) کسی کے جسم میں گولی مار دینا ۔

گولی دینا (ہ) دھوکا دینا ۔ جُل دینا ۔ چکمہ دینا ۔ بِتی کھلانا ۔

گولی لگنا (ہ) (۱) بندوق کا نشانہ لگنا (۲) گولی کی ضرب سے زخم آنا ۔

گولی لگے (ہ) دعائے بد ۔ یعنی بندوق سے مارا جائے ۔

گولی مارنا (ہ) (۱) گولی چلانا ۔ بندوق چھوڑنا (۲) جان سے

مارنا ۔

گولی مارو (ف) اظہار نفرت کے موقع پر بولتے ہیں ۔ دُور کرو ۔ ایسے کام کا نام نہ لو ۔

گولیاں (ع) گولی کی جمع ۔ جھوٹ ۔ بتیاں ۔

گولیاں کھیلتے ہیں (ف) ابھی تک بچے ہیں ۔ ناسمجھ ہیں ۔

گولیاں کھیلنا (ف) (۱) گولیوں کا کھیل کھیلنا (۲) بچپن کا زمانہ ہونا ۔

گومڑ ۔ گومڑا (گو ۔ مڑ ۔ گو ۔ مڑا) (ع) مذکر (۱) سوجن ۔ ورم آماس (۲) دُنبل ۔ پھوڑا ۔

گومڑا پڑنا (ف) چوٹ کے باعث سوجن کا ظاہر ہونا ۔

گومڑی (ع ۔ مؤنث) پھنسی ۔ دانہ ۔

گون (گَون) (ف) مذکر ۔ رنگ ۔

گون (گُون) (ع) مؤنث ۔ خرجین ۔ گدھوں یا بیلوں وغیرہ پر غلہ وغیرہ بھرنے کا تھیلا ۔ جو ٹاٹ یا بکری وغیرہ کے بالوں یا رسیوں وغیرہ سے بنا ہوتا ہے ۔

گوں (گَوں) (ع) مؤنث (۱) مطلب ۔ غرض ۔ واسطہ (۲) لالچ ۔ قابل (۳) خواہش ۔ ضرورت ۔

گوں کا (ع) (۱) مطلب کا ۔ غرض کا ۔ لالچی (۲) کام کا ۔

گوں کا یار (ع) مذکر ۔ مطلب کا یار ۔ خود غرض ۔

گوں نکل گئی آنکھ بدل گئی (ف) (مثل) ایسے خود غرض آدمی کی نسبت بولتے ہیں ۔ جو مطلب نکال لینے کے بعد بے وفائی کرے ۔

گون (گاؤن) (انگریزی ۔ GOWN) (مذکر) (۱) ایک قسم کا ڈھیلا ڈھالا انگریزی زنانہ لباس پشواز (۲) وہ سیاہ جبہ جو یونیورسٹی سے ڈگری لینے کے وقت پہنا جاتا ہے ۔

گونا (گَو ۔ نا) مذکر (ہندو) دولہا کا اپنے سسرال جا کر دلہن کو اپنے گھر لانا ۔ مکلاوا ۔

گوناگوں (ف) رنگ برنگ کا ۔ طرح طرح کا ۔

گونتھنا (گُونتھ ۔ نا) (ف) دیکھو (گوندھنا) ۔

گونج (گُونج) (ع ۔ مؤنث) (۱) آواز کا گنبد وغیرہ میں دیر تک جھکتے رہنا ۔ گرج (۲) شیر کی آواز (۳) کبوتر اور قمری کی آواز (۴) ناک کا ایک زیور ۔

گونج اٹھنا (ف) آواز سے پُر ہو جانا ۔ شور و فغاں سے لبریز ہو جانا ۔

گونجنا (ف) (۱) آواز کا گنبد سے لوٹ کر آنا ۔ آواز سنائی دینا (۲) شیر کا دہاڑنا (۳) کبوتر کا مستی میں بولنا ۔

گونچ (گُونچ) (ع) مؤنث (۱) ریگی ۔ کھونچی (۲) ایک قسم کی مچھلی ۔

گوند (گُوند) (ع) مذکر ۔ ایک قسم کا چیپ دار مادہ جو درختوں سے نکلتا ہے ۔

گوند پنجیری سیا ۔ گوند کھانے (ع) مذکر ۔ گوند اور آٹے کی بنی ہوئی پنجیری یا کھانے وغیرہ جو زچہ کو کھلائے جاتے ہیں ۔

گوند پنجیری اور ہی کھائیں زچہ رانی پڑی کراہیں (ف) (مثل) مزے اور اٹھائیں ۔ تکلیف کوئی اٹھائے ۔

گوندوانی (ع) مؤنث ۔ وہ ظرف جس میں بھیگا ہوا گوند رکھا جاتا ہے ۔

گوندا (گُوں ۔ دا) (ع) (۱) مٹی کا لوندا (۲) بھنے ہوئے چنوں کا گوندھا آٹا جو بلبل کو کھلایا جاتا ہے (۳) (ع) گلتھی ۔

گوندا دکھانا (ف) (۱) بلبلوں کو باہم لڑانے کے لئے ان کا چارہ دکھا کر جھڑپانا (۲) (مجازاً) بھڑکانا ۔ اکسانا ۔ لڑوانا ۔

گوندنی (گُوند ۔ نی) (ع ۔ مؤنث) گوندی ۔ ایک درخت اور اس کا پھل جو نہایت لیسدار اور شیریں ہوتا ہے ۔

گوندھ (گُوندھ) (ع ۔ مؤنث) (۱) گوندھنے کا عمل (۲) گوندھنا کا امر ۔

گوندھنا (گُوندھ ۔ نا) (ع) (۱) آٹے میں پانی ملا کر روٹی پکانے کے قابل کرنا (۲) جھنڈی گھونٹنا (۳) سر کے بالوں کو باہم بُننا ۔ چوٹی کرنا (۴) پرونا ۔ منسلک کرنا ۔

گوندی (گُوں ۔ دی) (ع ۔ مؤنث) دیکھو ۔ (گوندنی) ۔

گونڈ (گُونڈ) (س) مذکر ۔ ایک ادنیٰ ذات کا ہندو فرقہ ۔

گونڈا (گُوں ۔ ڈا) (ع) مذکر ۔ (۱) گاؤں (۲) گاؤں کے قریب کے کھیت (۳) گاڑی کی سڑک ۔ شاہراہ (۴) وہ خیرات جو دلہن کے گھر برات پہنچنے کے وقت نچھاور کرتے ہیں ۔ بکھیر ۔ نثار ۔

گونڈا (گُوں ۔ ڈا) (ع ۔ مذکر) (۱) گوالوں کی ایک ذات (۲) گوالوں کے رہنے کی جگہ (۳) گایوں کے رہنے کی جگہ (۴) بھیڑ بکریوں کا باڑا (۵) صحن (۶) چوک ۔

گونڈا (گُوں ۔ ڈا) (ع ۔ مذکر) صوبجات متحدہ کا ایک شہر ۔

گونگا (گُوں ۔ گا) (ع) مذکر ۔ (۱) وہ شخص جو زبان سے بول نہ سکے ۔ گنگ (۲) چپ چاپ ۔ خاموش ۔

گونگی (ع) مؤنث ۔ گونگا کی تانیث ۔

گونگے (ع) مذکر ۔ گونگا کی جمع ۔

گونگے کا اشارہ گونگا ہی سمجھے (۵) (مثل) ہر جنس اپنی ہی جنس سے میل کھاتی ہے ۔

گونگے کا خواب (۱) مذکر (۱) وہ بات جسے آدمی دیکھے اور زبان سے ذکر نہ کر سکے (۲) مبہم بات جس کا سمجھنا مشکل ہو ۔

گونگے کا گڑ کھانا (۲) چپ سادھنا۔ کچھ بیان نہ کر سکنا ۔

گونگے کا گڑ کھٹا نہ میٹھا (۲) بیان نہ کر سکنے کے قابل۔ ناقابلِ اظہار ۔

گونگے نے سپنا دیکھا من ہی میں پچھتائے (۵) (مثل) جب کسی بات کے بیان کرنے کو جی چاہے اور بیان نہ ہو سکے تو اس موقع پر بولتے ہیں ۔

گون مشغون (گَوْن مُشْغَوْن) (۲) مُنہ پُھلا کر چپ ہو جانے والا ۔

گونہار (گَوْن۔ہَار) (۲) مذکر (ہندو) (۱) وہ عورتیں جو دلہن کے ساتھ میکے سے سسرال میں آتی ہیں (۲) وہ لوگ جو دولہا کے ساتھ گونے کے لئے جاتے ہیں ۔

گونہ گوں (ف) طرح طرح کا۔ انواع و اقسام کا ۔

گونیا (گُو۔نِیا) (۲) مذکر و مؤنث، عمارت کی سیدھ اور ٹیڑھ معلوم کرنے کا ایک تکونا اوزار ۔

گوہ (گوہ) (۲) مؤنث۔ ایک جانور جو چھپکلی کے مشابہ ہوتا ہے۔ سوسمار ۔

گُوہ (گُوْہ) (ف) مذکر (۱) فضلہ۔ میلا۔ نجاست۔ پلیدی (۲) چرک۔ میل ۔

گُوہ اچھلنا (۲) (۱) بُری بات کی شہرت کرنا۔ بدنام کرنا ۔

گُوہ تھاپتے پھرنا (۲) سودائی بنے پھرنا۔ مجنونانہ حرکتیں کرتے پھرنا۔ دیوانہ وار پھرنا۔ دیوانہ اور پاگل ہو جانا ۔

گُوہ سے گھن کرنا (۲) (عوام) از حد ذلیل و رسوا کرنا از حد نفرت کے قابل سمجھنا نہایت اکراہ کرنا ۔

گُوہ کا ٹوکرا سر پر اٹھانا (۲) بُرائی سر لینا ۔

گُوہ کا کیڑا (۱) مذکر (۱) وہ کیڑا جو فضلہ میں پیدا ہوتا ہے۔ کرم۔ پچھیا (۲) (عو) (مجازاً) انسان کا چھوٹا بچہ۔ ننھا منا بچہ ۔

گُوہ میں کر دینا (۲) (عو) نہایت میلا کر دینا ۔

گُوہ کھانا (۲) مذکر (۱) جھک مارنا۔ جھوٹ بولنا۔ بیہودہ بکنا (۲) زنا کرنا۔ حرام کرنا ۔

گُوہ میں ڈھیلا پھینکو تو چھینٹیں اڑیں (کہاوت) رذیل کو چھیڑ کر گالیاں کھانا۔ بُروں سے چھیڑ کر گندی باتیں سننا ۔

گُوہ نہ کھا (۲) مذکر (۱) جھک نہ مار۔ بکواس (کو) بک بک نہ کر (۲) جھوٹ ڈینگ شیخی نہ مار ۔

گُوہ ہو جانا (۲) (عو) میلا ہو جانا ۔

گوہا چھی یا چھی (۱) مؤنث (۱) غلاظت۔ نجاست۔ پلیدی (۲) تک تک۔ جھک جھک۔ گالی گفتار۔ بدتہذیبی (۳) جھگڑا۔ ٹنٹا۔ فضیحتی (۴) رسوائی۔ بدنامی (۵) بحث و تکرار ۔

گوہار (گُو۔ہَار) (۲) مؤنث (۱) واویلا۔ فریاد۔ استغاثہ (۲) غل و شور (۳) (۱) ایک آدمی کا کئی آدمیوں سے مقابلہ (۴) (ا) گالی گلوچ (۵) کمک۔ مدد۔ وہ جتھا جو لڑنے کے لئے ادھر اُدھر سے جمع کیا جائے ۔

گوہان (گو۔ہان) (۲) مذکر۔ گاؤں ۔

گوہانجنی (گو۔ہانج۔نی) (۱) مؤنث۔ آنکھ کی پھنسی جو پلک کے نیچے ہوتی ہے ۔

گوہانی (۲) مؤنث (۱) گاؤں (۲) گاؤں کے آس پاس کے کھیت (۳) عمدہ قسم کی زمین ۔

گوہر (گَو۔ہَر) (ف) مذکر (۱) موتی۔ مروارید (۲) جوہر۔ قیمتی پتھر (۳) مادہ۔ اصل۔ نسل۔ ذات (۴) بیٹا۔ فرزند ۔

گوہر شب تاب یا شب چراغ (ف) مذکر۔ ایک قسم کا لعل جو رات کو مثل چراغ چمکتا ہے ۔

گوہٹھا (گو۔اِٹھا) (۲) مذکر۔ اُپلا ۔

گوئندہ (گو۔اِن۔دَہ) (ف) کہنے والا۔ مخبر ۔

گوئنڈ (گو۔اِنْڈ) (۲) مؤنث۔ گاؤں کے پاس کی زمین ۔

گوئی (گو۔اِی) (۲) مؤنث (۱) ایک ہل میں جتے ہوئے دو بیل (۲) (عو) روئی کی وہ مقدار جو ایک بار انگلیوں سے توڑی جائے ۔

گوئے (گو۔ئے) (ف) مذکر۔ گیند ۔

گوئے سبقت لے جانا (۱) غالب آنا۔ بڑھ جانا ۔

گوئیاں (گو۔اِیاں) (۲) مؤنث۔ سہیلی ۔

گوئیٹھا (گو۔اِیٹھ۔ٹھا) (۲) مذکر۔ دیکھو (گوہٹھا) ۔

گویا (گو۔یا) (ف) (۱) بولنے والا۔ خوش گفتار (۲) غالباً۔ ظاہراً (۳) مانند۔ مثل (۴) جو ہو سو (۵) (ا) تسلیم کیا۔ مانا کہ

(۵) (ہ۔ مذکر) حیوان ناطق ۔

گویا ان تلوں میں تیل نہیں : (۱) کہاوت، یعنی بالکل روکھے اور بے مروت ہیں۔ طوطا چشم اور نہایت بے مروت ہیں ۔

گویّا (گو۔ یّا) (ع۔ مذکر) گانے والا۔ مُطرب۔ مُغنی۔ قوّال۔ ڈوم۔ میراثی ۔

گویائی (ف) مؤنث (۱) نطق۔ گفتار۔ بول چال۔ بات چیت (۲) بولنے کی طاقت (۳) فصاحت بلاغت ۔

گویم مشکل وگرنہ گویم مشکل (ف) کہوں تو مشکل، نہ کہوں تو مشکل ۔

گ - ہ

گہ (گہ) (ہ۔ مؤنث) (۱) کمرے یا مکان کی بلندی (۲) طبقہ درجہ (۳) قبضہ دستہ ہتھیار کے پکڑنے کی جگہ ۔

گہ (گہ) (ہ۔ مذکر) دیکھو (گوُہ) ۔

گہ (ف) "گاہ" کا مخفف۔ کبھی ۔

گہ (ہ) "گہنا" کا امر ۔

گہ جانا (ہ) (۱) دیکھو "گہنا" (گہن لگنا) (۲) کسی کڑی چیز کا گھس جانا ۔

گھابرا (گھا۔ب۔را) (ہ) (ہندو) گھبرایا ہوا ۔

گھات (گھات) (ہ۔ مؤنث) (۱) تاک۔ داؤں۔ موقع (۲) فریب۔ دھوکا (۳) انداز۔ ادا (۴) ارادہ مطلب (۵) کمین گاہ۔ وہ جگہ جہاں شکار یا دشمن کے انتظار میں بیٹھیں (۶) (ہندو) جادو۔ ٹونا ۔

گھات چلانا (ہ) (۱) داؤ چلانا۔ وار کرنا (۲) جادو چلانا ۔

گھات میں آنا (ہ) دم میں آنا۔ دھوکے میں آنا جال میں آنا۔ فریب کھانا ۔

گھات میں بیٹھنا (ہ) (۱) شکار یا دشمن کی تاک میں کسی جگہ چھپ کر بیٹھنا۔ (۲) موقع ڈھونڈنا ۔

گھات میں پھرنا (ہ) تاک میں پھرنا۔ قابو دیکھتے اور موقع ڈھونڈتے پھرنا۔ داؤں میں رہنا ۔

گھاتا (گھا۔ تا) (ہ۔ مذکر) مول لی ہوئی چیز پر کچھ اور سے لینا ۔

گھاتک (گھا۔تک) (س) مذکر (۱) قاتل۔ خونی۔ ہتیارا جلاد (۲) جانی دشمن۔ جان کا لاگو۔ لہو کا پیاسا۔ (۳) بے رحم۔ بزدل۔ ظالم۔ خونخوار (۴) نحوس۔ نحس ۔

گھاتی (ہ) ہندو (۱) موقع تاکنے والا۔ داؤ گھات رکھنے والا (۲) چال باز (۳) قاتل۔ خونی (۴) خود غرض۔ مطلبی ۔

گھاتیا (ہ) مذکر۔ وہ شخص جو کسی کی گھات میں رہے (۲) خود غرض۔ مطلبی ۔

گھاتے میں (ہ) زائد۔ خرید کی ہوئی چیز سے زیادہ منافع میں۔ مفت ۔

گھاتیں بتانا (ہ) چالیں بتانا۔ چالبازیاں سکھانا ۔

گھاٹ (گھاٹ) (ہ۔ مذکر) (۱) دریا یا تالاب وغیرہ سے اُترنے کا مقام جہاں پانی کم اور چوڑائی زیادہ ہوتی ہے (۲) تلوار کی وہ جگہ جہاں سے اس کا خم شروع ہوتا ہے (۳) طرف جانب سمت (۴) انگیا کا گریبان (۵) راہ۔ رستہ (۶) ناؤ کا کرایہ ۔

گھاٹ گھاٹ کا پانی پینا (ہ) جگہ جگہ پھر کر تجربہ حاصل کرنا۔ جہاں دیدہ اور تجربہ کار ہونا ۔

گھاٹ مارنا (ہ) پل کا محصول نہ دینا۔ اُترائی کا محصول ادا نہ کرنا ۔

گھاٹ مانجھی (ہ) مذکر۔ وہ ملاح جو کشتیوں کے کرائے کا انتظام کرتا ہے ۔

گھاٹ وال (ہ) مذکر (ہندو) وہ برہمن جو گھاٹوں پر اشنان کراتا اور ٹیکا لگاتا ہے ۔

گھاٹا (گھا۔ ٹا) (ہ) مذکر۔ کمی۔ نقصان۔ خسارہ ۔

گھاٹی (گھا۔ ٹی) (ہ) مؤنث (۱) دو پہاڑوں کے بیچ کا راستہ پہاڑ یا پہاڑیوں کے درمیان خشکی کا قطعہ (۲) پروانۂ راہداری۔ چالان ۔

گھاٹیا (ہ) مذکر (ہندو) دیکھو (گھاٹ وال) ۔

گھاگھر (گھا۔گھر) (ہ۔ مؤنث) دیکھو (گھاگھرا) ۔

گھاس (گھاس) (ہ۔ مؤنث) (۱) کاہ۔ گیاہ (۲) پھوس (۳) چارہ (۴) ساگ پات۔ سبزی ۔

گھاس پھوس (ہ) مذکر۔ کوڑا۔ کرکٹ ۔

گھاس کاٹنا (ہ) (۱) گھاس کو تراشنا (۲) بے سوچے سمجھے جلد جلد بولنا کہ سمجھ میں نہ آسکے ۔

گھاگ (گھاگ) (ہ) تجربہ کار۔ بوڑھا۔ خرانٹ ۔

گھاگرا۔ گھاگھرا (گھا۔گھ۔را) + **گھاگھرا** (گھا۔گھ۔را) [illegible]

(۱) بہادر۔ گروں پہلوان (۲) ایک دریا ◆
گھاگرا پلٹن (ا۔) مذکر۔ سکاٹ لینڈ کے پہاڑی گوروں کی پلٹن۔ سفر مینا ◆
گھاگھر (گھا۔گھر) (ا۔) مؤنث۔ ایک قسم کی بھیڑ ◆
گھاگھس (گھا۔گھس) (ا۔) مذکر۔ ایک قسم کا دوغلا مرغ ◆
گھال (گھال) (ا۔) مذکر۔ (۱) شرارت (۲) نقصان (۳) آفت۔ مصیبت (۴) تباہی ◆
گھال میل (ا۔) (ہندی) (۱) ملا جلا۔ گڈمڈ (۲) (مذکر) ربط ضبط۔ میل ملاپ ◆
گھال میل رکھنا (ف۔) میل ملاپ رکھنا۔ اتحاد رکھنا ◆
گھال میل کر دینا (ف۔) ملا جلا دینا۔ گڈمڈ کر دینا۔ غلط ملط کر دینا ◆
گھالنا (ف۔) برباد کر دینا۔ تباہ کر دینا ◆
گھام (گھام) (ا۔) مؤنث۔ (۱) دھوپ (۲) گھمس۔ گرمی۔ تپش ◆
گھامڑ (گھا۔مڑ) (ص۔) (۱) گرمی کی ماری ہوئی گائے (۲) بدحواس۔ بے اوسان (۳) احمق۔ سادہ لوح (۴) بدسلیقہ۔ پھوہڑ (۵) سست۔ کاہل ◆
گھان (گھان) (ا۔) مذکر۔ (۱) گالا۔ اناج کی وہ مقدار جو ایک دفعہ چکی یا اوکھلی میں ڈالی جائے (۲) پکوان کی وہ مقدار جو ایک دفعہ کڑاہی میں ڈالی جائے ◆
گھان ڈالنا (ف۔) (۱) ایک دفعہ کسی مقدار کا کڑاہی۔ چکی یا اوکھلی میں ڈالنا (۲) کسی کام کو ہاتھ لگانا ◆
گھانس (گھانس) (ا۔) مؤنث۔ (دیکھو گھاس)۔
گھانی (گھا۔نی) (ا۔) (۱) تلوں یا سرسوں کی وہ مقدار جو ایک بار کولہو میں پیلنے کے لئے ڈالی جائے (۲) (پنجاب) مٹی کا تغار ◆
گھانی کرنا (ف۔) کولہو چلانا۔ تیل نکالنا ◆
گھاؤ (گھاؤ) (ا۔) مذکر۔ (۱) زخم۔ جراحت (۲) نقصان ◆
گھاؤ بھرنا (ف۔) (۱) زخم کا اچھا ہو کر برابر ہونا (۲) سستا یا ہلکا ہونا ◆
گھاؤ گھپ (گھا۔ؤ۔گھپ) (ص۔) (۱) فضول خرچ۔ گھاؤ گپّا (۲) غبن کرنے والا ◆
گھاؤ گھپ کرنا (ف۔) (۱) فضول خرچ کرنا (۲) غبن کرنا ◆
گھاٹی (گھا۔ٹی) (ا۔) مؤنث (۱) دو پہاڑیوں کے درمیان کی جگہ (۲) چھل۔ فریب۔ دھوکا۔ مغالطہ ◆
گھاٹیاں (ا۔) مؤنث (۱) گھاٹی کی جمع (۲) چالاکیاں۔ دھوکے۔ فریب ◆
گھاٹیاں بتانا (ف۔) (۱) فریب دینا۔ دھوکا دینا (۲) ٹالنا (۳) حملے بچانا ◆
گھائیں (گھا۔ئیں) (ا۔) مؤنث (۱) طرف۔ جانب (۲) سلوتی۔ ہمراہی۔ مددگار۔ طرفدار (۳) بار۔ دفعہ ◆
گھائیں مائیں کر دینا (ف۔) (۱) اِدھر اُدھر کر دینا۔ اُڑا دینا۔ غائب کر دینا (۲) آج کل کر دینا۔ ٹال دینا ◆
گھایل (گھا۔یل) (ص۔) (۱) زخمی۔ مجروح (۲) عشق کا مارا۔ دل فگار ◆
گھایل کی گت گھایل جانے (مثل) مصیبت زدہ کی قدر مصیبت زدہ ہی جانتا ہے ◆
گھایل ہونا (ف۔) (۱) زخمی ہونا۔ مجروح ہونا (۲) عاشق ہونا ◆
گھبرا (گھب۔را) (ف۔) گھبرانا کا امر ◆
گھبرا کر (م۔) مضطرب ہو کر۔ جلدی سے ◆
گھبرانا (ف۔) بے اوسان ہونا۔ سٹ پٹانا۔ تلملانا۔ بے قرار ہونا ◆
گھبراہٹ (ا۔) مؤنث۔ (۱) بے قراری۔ اضطراب۔ بدحواسی (۲) ہل چل۔ جلدی۔ فتنا۔ بے کلی ◆
گھبرائی ہوئی ڈومنی پھر پھر سہلے گائے (مثل) جب ڈومنی گاتے گاتے یا بیل لیتے لیتے گھبرا جاتی ہے۔ تو پھر پھر کر ایک ہی گیت گانے لگتی ہے۔ اُسے یہ بھی خبر نہیں ہوتی کہ میں ابھی اسے گا چکی ہوں۔ یعنی گھبراہٹ کے وقت عقل ٹھکانے نہیں رہتی ◆
گھپ (گھپ) (ص۔) نہایت تاریکی۔ سخت اندھیرا ◆
گھپلا (گھپ۔لا) (ا۔) مذکر۔ (ہندی) (۱) گڑبڑ۔ جھگڑا (۲) شور و غل (۳) حساب کی غلطی ◆
گھپنا (گھپ۔نا) (ف۔) گھونپا جانا ◆
گھپونا (ف۔) گھونپنا۔ بھونکنا ◆
گھٹ (گھٹ) (ا۔) مذکر۔ (۱) دل۔ من۔ جی (۲) کم۔ تھوڑا (۳) (پنجاب) بادل۔ گھٹا۔ ابر (۴) گھٹنا کا امر ◆
گھٹ (گھٹ) (ف۔) گھٹنا کا امر ◆
گھٹ گھٹ کے (م۔) رُک رُک کے۔ سانس رُک رُک کر۔ ضیق سے ◆

گھُٹ گھُٹ کے مرنا (ف) چپ یا تنہا رہتے رہتے گھبرا تا چپ لگ کر مرنا۔ نفس تنگ ہونا ٭

گھٹّا (گھُٹ۔ٹا) (۱) مذکر (۱) نقب۔ سیندھ (۲) چھید۔ رخنہ (۳) شگاف۔ دراڑ (۴) ماتھے کا نشان جو سجدوں کی کثرت سے پڑ جاتا ہے۔ (۵) (پنجاب) خاک دھول گرد و غبار ٭

گھٹا (گھٹا) (۱) مؤنث (۱) ابر۔ بادل۔ کالی بدلی (۲) (مجازاً) غبار و کدورت ٭

گھٹا اٹھنا (ف) بادلوں کا آسمان پر نمایاں ہونا۔ بدلی چھانا ٭

گھٹا اُمڈنا۔ یا۔ امنڈنا (ف) بادلوں کا گھر کر آنا۔ بادل گھرنا۔ ابر کا کثرت سے چھانا ٭

گھٹا ٹوپ (۱) مذکر (۱) پالکی، بہلیں یا گھوڑا گاڑی کا غلاف جو گرد و غبار اور بارش سے محفوظ رکھنے کے لئے ڈالتے ہیں (۲) وہ اندھیرا جو بادلوں کے گھرے ہونے سے ہوتا ہے۔ اندھیرا گھپ ٭

گھٹا جھومتی آنا (ف) گھٹا کا چاروں طرف سے گھرنا ٭

گھٹا جھومنا (ف) بادلوں کا چھانا۔ بادلوں کا گھرنا ٭

گھٹا چھانا (ف) (۱) ابر گھرنا۔ بادلوں کا آسمان پر پھرنا۔ ابر محیط آسمان ہونا ٭

گھٹانا (ف) (۱) کم کرنا (۲) نرخ اتارنا (۳) درجہ توڑنا (۴) منہا کرنا۔ وضع کرنا (۵) کو بالا کرنا ٭

گھٹا ہوا (ص) پختہ کار۔ تجربہ کار۔ عیار۔ چالاک۔ ہوشیار ٭

گھٹاؤ (۱) مذکر (۱) حبس۔ ضیق (۲) گھمس ٭

گھٹاؤ (۱) مذکر (۱) کمی۔ قلت۔ تخفیف۔ تنزل۔ تفریق (۲) دریا کا اتار ٭

گھٹاؤ بڑھاؤ (۱) مذکر۔ کمی بیشی۔ ترقی، تنزل ٭

گھٹائی (گھٹا۔ئی) (۱) مؤنث۔ رگڑائی۔ پالش، کسی چیز کو گھوٹ کر یک جان کر دینا ٭

گھٹتی (۱) مؤنث (۱) کمی۔ تخفیف (۲) زوال۔ تنزل۔ انحطاط ٭

گھٹتی کا پہرا (ف) مذکر۔ زوال کے دن۔ کمی کا زمانہ ٭

گھٹس (گھُٹ۔ٹس) (۱) مؤنث۔ تنگ و تاریک جگہیں دم کا گھٹ جانا ٭

گھٹکنا (گھٹک۔کنا) (ف) (ہندی) (۱) نگلنا (۲) ہضم کرنا ٭

گھٹنا (گھُٹ۔نا) (۱) مذکر۔ گوڈا۔ زانو۔ پنڈلی اور ران کے بیچ کا جوڑ ٭

گھٹنا (گھُٹ۔نا) (۱) مذکر (۱) گھٹنوں تک کا پاجامہ جو جانگھیے سے بڑا ہوتا ہے (۲) پاجامے کے نیچے پہننے کی پوشش ٭

گھٹنا (ف) (۱) کم ہونا۔ تھوڑا ہونا (۲) اترنا۔ چڑھاؤ کم ہونا۔ (۳) تنزل ہونا (۴) دبلا ہونا (۵) نرخ کم ہونا بھاؤ اترنا ٭

گھُٹنا (ف) (۱) پسنا۔ حل ہونا۔ کھرل ہونا (۲) ایک جان ہونا (۳) پالش ہونا۔ یک حال ہونا (۴) سر منڈنا صفایا ہونا (۵) دم گھٹنا۔ سانس رکنا (۶) بھرنا۔ چکنا ہونا (۷) گھل مل کر باتیں ہونا۔ موافقت ہونا ٭

گھٹنوں (۱) مذکر۔ گھٹنا (گوڈا) کی جمع۔ حرف جار سے پہلے ٭

گھٹنوں (کے بل) چلنا (ف) زانو کے بل چلنا۔ رینگنا۔ آہستہ آہستہ چلنا ٭

گھٹنوں میں سر دے کے بیٹھنا (ف) (۱) غم یا فکر کے مارے سر جھکا کر بیٹھنا۔ سوچ میں بیٹھنا (۲) مایوس ہو کر بیٹھنا ٭

گھٹنوں میں سر دے لینا (ف) (ہندو) شرما جانا۔ شرم کے مارے گردن نیچی کر لینا ٭

گھٹنے (۱) مذکر۔ گھٹنا (گوڈا) کی جمع ٭

گھٹنے سے لگائے بیٹھے رہنا (ف) (۱) پاس سے جدا نہ ہونے دینا۔ جان کے ساتھ لگا کر رکھنا ٭

گھٹنے سے لگی بیٹھی رہتی ہے (ف) ہر وقت پاس بیٹھی رہتی ہے کبھی پاس سے نہیں سرکتی ٭

گھٹنے نیویں پڑیں گے تو پیٹ کی طرف (ف) (مثل) ہر شخص اپنوں کی پاسداری کرتا ہے ٭

گھٹوار (گھٹ۔وار) (۱) مذکر۔ ملاح۔ کشتی بان ٭

گھٹوانا (ف) (۱) حل کرانا۔ کھرل کرانا (۲) سر یا داڑھی یا مونچھوں وغیرہ کو ایسا منڈوانا کہ کھونٹی تک نہ رہے ٭

گھٹی (۱) مؤنث۔ کمی ٭

گھُٹی (گھُٹ۔ٹی) (۱) مؤنث (۱) وہ درست آور دوا جو بچے کا پیٹ صاف کرنے کے لئے جوش دیکر پلاتے ہیں (۲) (مجازاً) خمیر۔ عادت۔ طبیعت۔ خصلت ٭

گھٹی میں پڑنا (ف) عادت میں ہونا۔ طبیعت میں داخل ہونا ٭

گھٹیا۔ یا۔ گھٹیل (۱) (۱) کم قیمت۔ کم درجہ۔ ادنیٰ (۲)

سا دنی - کمینہ - ادنیٰ ذات کا چھچھ ۔

گھچا گھچ (گھچا - گھچ) (ع) مؤنث - گوشت کے اندر تیار کے متواتر گھسنے اور نکلنے کی آواز ۔

گھچ پچ (گِھچ) (گھچ - پچ (ع)) ، (ع) مؤنث (۱) کثرت - بھیڑ - جمگھٹ (۲) بہت پاس پاس لکھا ہوا ۔

گھر دگھر (ع) - مؤنث - کیلے کی بیل ۔

گھر دگھر (ف - مذکر) (۱) جوہر - قیمتی پتھر (۲) اصل نسل - حسب نسب - ذات - خاندان - اولاد - مادہ - اصلیت (۳) موتی ۔

گھر (ع) مذکر (۱) مکان - خانہ (۲) رہنے کا مکان - مسکن (۳) جگہ - ٹھکانا (۴) خول - کیس (۵) بیٹ - کھوہ - بل (۶) گھونسلا - آشیانہ (۷) وطن - دیس - جائے پیدائش (۸) خاندان - گھرانا ۔

گھر آباد کرنا (۱) بیوی لانا - بیاہ کرنا - شادی کرنا ۔

گھر آئے کتے کو بھی نہیں نکالتے (ع) (مثل) اپنے گھر پر کسی کی بے عزتی نہیں کرتے - ہر ایک کی خاطر تواضع کی جاتی ہے ۔

گھر آئے کی شرم یا لاج (ع) مؤنث - گھر پر آنے کا لحاظ اور پاس ۔

گھر آئے ناگ نہ پوجے باتنبے پوجن جائے

(ع) (مثل) جو گھر آئی دولت چھوڑ کر دوسری جگہ تلاش کو جائے - اس کی جہالت و حماقت پر بولتے ہیں ۔

گھر اجڑنا (ع) (۱) گھر برباد ہونا - خانہ ویرانی ہونا (۲) گھر لٹنا (۳) میاں بیوی میں نااتفاقی ہونا (۴) خاوند یا جورو کا مرجانا - رانڈ ہونا ۔

گھر آفت ہوجانا (ع) خانہ خراب ہوجانا - گھر کا بالکل تباہ ہوجانا - گھر میں کچھ نہ رہنا - ویران ہوجانا ۔

گھر بار (ع) مذکر (۱) گھر - خانہ - مکان (۲) اسباب خانہ داری (۳) بال بچے (۴) خاندان - کنبہ ۔

گھر بار تمہارا کوٹھی کٹھلے کو ہاتھ نہ لگانا (ع) (مثل) جھوٹی باتوں سے دل پرچا دینے اور مطلوبہ شے نہ دینے کے موقع پر بولتے ہیں ۔

گھر بار کی ہونا (ع) خاوند والی ہونا - بیاہی جانا - گھر کا بوجھ سر پڑنا ۔

گھر باری (ع) مذکر (۱) عیالدار - بال بچے دار - خانہ دار (۲) دنیادار - گرہستی ۔

گھر برباد ہونا (ع) (۱) گھر تباہ ہونا - خانہ خراب ہونا (۲) شوہر یا بیوی کا مرجانا (۳) سرپرست اور منتظم کا

سر سے اٹھ جانا ۔

گھر بسا (ع) (۱) وہ شخص جو ہر وقت گھر میں بیٹھا رہے (۲) کاہل - سست ۔

گھر بسنا (ع) (۱) گھر آباد ہونا (۲) شادی ہونا - بیاہ ہونا (۳) دولہا دلہن کا ہم بستر ہونا (۴) (عو) گھر کا خرچ چلنا ۔

گھر بگاڑنا (ع) (۱) گھر تباہ کرنا - خانہ ویرانی کرنا (۲) میاں بیوی میں نااتفاقی کرانا (۳) اغوا کرنا ۔

گھر بنانا (ع) (۱) مکان بنانا - مکان کی تعمیر کرنا (۲) پاؤں جمانا - اطمینان سے بیٹھنا (۳) گھر بھرنا (۴) گھر سنوارنا - (۵) گھر کا انتظام کرنا (۶) شادی کرنا - گھر آباد کرنا ۔

گھر بولنا (ع) بلبل کا چہکنا - خوش الحان پرندہ کا چہچہانا ۔

گھر بھائیں بھائیں کرتا ہے (ع) گھر سے ڈر آتا ہے ۔

گھر بھر (ع) وہ تمام گھر - گھر کے تمام لوگ ۔

گھر بھرنا (ع) (۱) مکان کو اسباب یا غلے سے پُر کرنا (۲) گل مارنا - دولت گھسیٹنا (۳) گھاٹا پورا کرنا (۴) لوگوں کا مکان میں جمع ہونا ۔

گھر بہ گھر (ف) (کہہ) گھر گھر - خانہ بہ خانہ ۔

گھر بیٹھنا (ع) (۱) تنہائی اختیار کرنا (۲) بیکار ہونا (۳) نوکری چھوڑنا (۴) پنشن لینا (۵) کام چھوڑنا - ملازمت سے دست بردار ہونا (۶) مکان کا گر جانا - مسمار ہونا (۷) کسی رانڈ یا کسی کا دوسرے مرد کے گھر پڑنا ۔

گھر بیٹھے (ع) (۱) گھر کے اندر - گھر میں (۲) گھر ہی میں بلا تردد ۔

گھر بیٹھے روٹی (ع) مؤنث (۱) بلا تکلیف اور گھر سے باہر آئے جائے بغیر کی آمدنی (۲) (مجازاً) پنشن - وظیفہ - کرایہ ۔

گھر پڑنا (ع) (۱) عورت کا کسی مرد کے نکاح میں آنا ۔

گھر پھونک تماشا دیکھنا (ع) (۱) روپیہ برباد کرکے آتش بازی چھوڑنا (۲) فضول خرچی سے خوش ہونا (۳) نقصان سے تجربہ حاصل کرنا ۔

گھر تک پہنچانا (ع) (۱) کسی کو گھر تک جاکر چھوڑ آنا (۲) انجام تک پہنچانا - پورا پورا قائل معقول کردینا - کوئی حجت باقی نہ رکھنا ۔

گھر تک پہنچنا (ع) (۱) کسی کے مکان تک جانا (۲) ماں بہن کی گالی دینا ۔

گھر جاتا رہنا (ہ)۔ عو۔ (۱) خاوند سے قطع تعلق ہونا۔ طلاق میں آنا (۲) خاوند کا مرجانا۔ گھر اُجڑ جانا ◆

گھر جانا (ہ)۔ (۱) اپنے مکان کو جانا (۲) گھر اُجڑنا۔ خانہ ویران ہونا (۳) خاوند سے چھوٹنا۔ طلاق میں آنا (۴) دکھنی۔ سما نا ◆

گھر جلے کسی کا تاپے کوئی (ہ) مثل۔ نقصان کسی کا ہو اور فائدہ کوئی اور ہی اٹھائے ◆

گھر جنوائی (ہ) مذکر۔ گھر میں رکھا ہوا داماد۔ بیٹی کو بیاہ کر داماد سمیت اپنے گھر رکھنا ◆

گھر جوت (ہ) مؤنث۔ اپنی کھیتی۔ گھر کی کھیتی۔ ذاتی زراعت ◆

گھر چڑھ کر لڑنے آنا (ہ) کسی کے مکان پر آکر لڑنا ◆

گھر چلانا (ہ) گھر کا خرچ اٹھانا۔ گھر کا انتظام و اہتمام سنبھالنا ◆

گھر چلنا (ہ) گھر کا انتظام چلنا۔ گھر کا خرچ اٹھنا ◆

گھر چھوٹا سمدھیانا بڑا (ہ) مثل۔ حیثیت کم۔ نخرہ زیادہ ◆

گھر چھوڑ خطرہ قائم (ہ) مثل۔ گھر چھوڑ کر جھونپڑا اختیار کرنا۔ فائدہ چھوڑ کر نقصان کی طرف دوڑنا ◆

گھر دار (ہ) مذکر۔ گھر والا۔ دُنیا دار۔ بال بچے والا۔ کنبے والا ◆

گھر دواری (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا محصول جو فی گھر۔ فی دکان یا چولہے پیچھے لیا جاتا تھا ◆

گھر داری (ہ) مؤنث۔ گرہستی پن۔ خانہ داری ◆

گھر دور بھرونا بھاری (ہ) مثل۔ گھر بہت دور ہے اور بوجھ بھاری۔ یعنی سخت مصیبت ہے ◆

گھر دیکھ لینا (ہ) (۱) کسی کے گھر بار بار جانا (۲) مکان دیکھ لینا۔ گھر سے واقف ہونا (۳) مانوس ہوجانا۔ مل جانا ◆

گھر ڈبونا (ہ) (۱) گھر برباد کرنا۔ گھر اُجاڑنا (۲) خاندان کو بدنام کرنا ◆

گھر ڈکو، سر پر اٹھانا (ہ) (۱) نہایت شور و غل مچانا۔ چیخم دھاڑ سے بات نہ سننے دینا (۲) گھر کا انتظام یا خرچ اپنے سر لینا ◆

گھر سکھ تو باہر چین (ہ) مثل۔ گھر میں راحت ہو۔ تو باہر بھی آرام ملتا ہے ◆

گھر سے (ہ) (۱) مکان سے (۲) گرہ سے۔ پلے سے (۳) اندر والی خاص سے۔ مراد بیوی۔ گھر والی ◆

گھر سے باہر پاؤں نکالنا (ہ) حد سے باہر کام کرنا ◆

گھر سے باہر کرنا (ہ) گھر سے نکالنا۔ گھر میں نہ رکھنا ◆

گھر سے بے گھر کرنا (ہ) گھر سے باہر نکال دینا۔ خانہ خراب کرنا ◆

گھر سے پاؤں نکالنا (ہ) عو۔ (۱) باہر پھرنے کی عادت ڈال لینا (۲) حد سے باہر جانے لگنا ◆

گھر سے دینا (ہ) اپنے پلے سے دینا۔ گرہ سے دینا اپنے پاس سے دینا۔ نقصان اٹھانا ◆

گھر سے فالتو (ہ) گھر میں نہ لگو ◆

گھر سے کافور ہو (ہ) گھر سے نکلو ◆

گھر سے کھونا (ہ) (۱) گرہ سے خرچ کرنا۔ ضائع کرنا (۲) نقصان اُٹھانا ◆

گھر سے لڑکر تو نہیں چلے (ہ) کسی کے خواہ مخواہ لڑنے پر بولتے ہیں ◆

گھر سینا (ہ)، (۱) ہر وقت گھر میں پڑے رہنا۔ گھر سے باہر نہ نکلنا (۲) بیکار اور نکما رہنا (۳) سست ہوجانا ◆

گھر صاف کرنا (ہ)، (۱) جھاڑو سے گھر کی صفائی کرنا۔ (۲) (کنایۃً) گھر کے رہنے والوں میں سے کسی کو زندہ نہ چھوڑنا ◆

گھر کا (ہ)، (۱) خانگی۔ گھریلو۔ گھر کے متعلق (۲) اپنا۔ ذاتی۔ نجی کا (۳) رشتہ دار۔ قرابتی۔ کنبے والا ◆

گھر کا آدمی (ہ) مذکر۔ (۱) رشتہ دار۔ بھائی بند۔ قرابتی۔ (۲) خانگی ملازم۔ نجی کا ملازم (۳) واقف کار۔ جان پہچان والا ◆

گھر کا آنگن ہوجانا (ہ) گھر تباہ ہوجانا۔ خانہ ویرانی ہونا ◆

گھر کا اُجالا (ہ) مذکر۔ (۱) نہایت عزیز۔ نورِ چشم جس سے گھر کی رونق ہو (۲) بیٹا۔ لڑکا۔ پسر ◆

گھر کا بامن (ہ) مذکر۔ ہندو، پروہت۔ برہمن۔ گرو۔ ندھا ◆

گھر کا بوجھ اٹھانا۔ یا۔ سنبھالنا (ہ) عو۔ گھر کا انتظام کرنا۔ گھر کے خرچ کا کفیل ہونا ◆

گھر کا بوجھ پڑنا (ہ) عو۔ گھر کے انتظام اور اخراجات کا اپنے سر ہونا۔ امور خانہ داری میں مبتلا ہونا ◆

گھر کا بھاڑا (ہ) مذکر۔ مکان کا کرایہ ◆

گھر کا بھرا (ص) مذکر۔ خاندانی امیر ٭

گھر کا نیولا (ص) گھر میں سب سے زیادہ بے وقوف سیدھا۔ نادان۔ احمق ٭

گھر کا بھیدی (ص) مذکر (۱) وہ شخص جو گھر کے کل راز جانتا ہو۔ امورِ خانگی سے آگاہ (۲) رازدان۔ محرم۔ ہمدم ٭

گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے (مث) راز دار کی دشمنی نہایت خطرناک ہوتی ہے۔ محرم کار ہی بنا بنایا کھیل بگاڑتا ہے ٭

گھر کاٹ کھانے (کاٹنے، کو دوڑتا ہے گھر میں جی گھبراتا ہے۔ گھر میں رہنا خوش نہیں آتا۔ نہایت بھیانک اور ویران معلوم ہوتا ہے۔ گھر میں سے کسی عزیز کے چلے یا مر جانے اور غیر آباد و ویران جگہ کی نسبت یہ فقرہ بولا جاتا ہے ٭

گھر کا چراغ (ا) مذکر۔ گھر کا اجالا۔ گھر کا نور۔ اولاد۔ عزیز ٭

گھر کا حساب (ا) مذکر (۱) ذاتی حساب کتاب۔ خانگی لین دین (۲) اپنی ہی سمجھ کا حساب ٭

گھر کا خرچ (ا) مذکر۔ اخراجاتِ خانگی ٭

گھر کا دھندا (ا) مذکر۔ گھر کے کام کاج۔ امورِ خانگی ٭

گھر کا راستہ۔ یا۔ رستہ (ا) مذکر (۱) وہ رستہ جو اپنے مکان کی طرف جائے (۲) نہایت آسان اور سہل کام ٭

گھر کا راستہ بتانا (ف) ٹالنا۔ رخصت کرنا ٭

گھر کا راستہ سمجھنا (ف) کسی کام کو نہایت آسان اور سہل سمجھنا ٭

گھر کا راستہ لو (ف) سدھارو۔ چلو۔ ہٹو۔ رخصت ہو۔ لمبے بنو۔ چلتے پھرتے نظر آؤ ٭

گھر کا راستہ لینا (ف) گھر کو سدھارنا۔ کسی جگہ سے واپس آنا ٭

گھر کا گھر (ا) (۱) مذکر۔ کنبہ بھر۔ گھر کے تمام لوگ۔ گھر بھر۔ سارا گھر (۲) گھر کا تمام مال و اسباب ٭

گھر کا گھر وا کر دینا (ف) کل گھر کو تباہ و برباد کر دینا ٭

گھر کا گھر وا ہو جانا (ف) (۱) گھر کا تباہ و برباد اور ستیاناس ہو جانا (۲) بڑے گھر کا چھوٹا گھر رہ جانا ٭

گھر کا مال (ا) مذکر (۱) دولت خانہ (۲) ذاتی روپیہ۔ ذاتی دولت (۳) سامانِ خانہ۔ اثاث البیت ٭

گھر کا مالک (ا) مذکر (۱) گھر والا۔ مالکِ مکان (۲) خصم۔ شوہر۔ خاوند۔ پتی۔ میاں ٭

گھر کا مرد (ا) مذکر (۱) خصم۔ شوہر۔ پتی۔ میاں (۲) خاندان یا کنبے قبیلے کا مرد (۳) وہ جو اپنے ہی گھر کا بہادر ہو۔ یعنی گھر میں شیر اور باہر بھیڑ ٭

گھر کا نام اچھالنا (ف) گھر کا نام بدنام کرنا۔ گھر کے والوں کو بدنام اور رسوا کرنا ٭

گھر کا نام ڈبونا (ف) خاندانی عزت کو برباد کرنا۔ خاندان کو بٹہ لگانا ٭

گھر کا نائی (ا) مذکر۔ قدیم نائی۔ جو ہمیشہ خدمت کرتا رہتا ہے ٭

گھر کا نہ گھاٹ کا (مث) کہیں کا نہیں ٭

گھر کا ہوا نہ در کا (مث) کہیں کا نہ رہا۔ نکما ہو گیا ٭

گھر کتی کا (ص) (۱) گھر کے کتے ہوئے سوت کا (۲) گھر کا بنا ہوا سوت (۳) مفت کا۔ مفت برابر ٭

گھر کر سترہ بلا سر دھر (مث) گھر باری بننا طرح طرح کی مصیبتوں میں گرفتار ہونا ہے۔ ایک خانہ داری ستر بلاؤں کے قبول کرنے کے برابر ہے ٭

گھر کرنا (ف) (۱) جگہ کرنا۔ سمائی کرنا۔ گنجائش کرنا (۲) گھر بسا کر رہنا۔ گھر آباد کرنا۔ خاوند سے نباہ کرنا (۳) بیٹھنا۔ گھسنا۔ چھپنا۔ گھسنا (۴) قبضہ کرنا۔ تصرف کرنا (۵) گھر بنانا۔ رہنا۔ بسنا (۶) گھونسلا بنانا۔ (۷) چھید کرنا۔ سوراخ کرنا (۸) گھر کے کام کاج میں نہایت کفایت شعاری کرنا (۹) بیاہ کرنا۔ باہم عقد کرنا (۱۰) قیام کرنا۔ جمنا ٭

گھر کھوج مٹا (ص) خانہ ویران۔ خانہ خراب ٭

گھر کھوج مٹی (ص) مؤنث۔ وہ عورت جس کے گھر کا تباہی اور بربادی میں نام و نشان تک مٹ گیا ہو۔ خانہ خراب۔ خانماں برباد ٭

گھر کھوج مٹے (ف) (دعائے بد) (مؤ) گھر برباد ہو جائے۔ تباہ ہو جائے ٭

گھر کھو کر تماشا دیکھنا (ف) گھر کی دولت ضائع کر کے عیش کرنا ٭

گھر کھونا (ف) (۱) گھر برباد کرنا۔ گھر اجاڑنا (۲) خاوند سے بگاڑ کرنا ٭

گھر کی (ص) (۱) خانہ ساز۔ خانگی (۲) ذاتی۔ اپنی۔ نج کی۔ (۳) آپس کی ٭

گھر کی آدھی نہ باہر کی ساری (۵) (مثل) گھر کی آدھی باہر کی زیادہ آمدنی سے بہتر ہے۔ وطن کی آدھی روٹی پردیس کی ساری سے اچھی ہے ؛

گھر کی بات (۵) مؤنث (۱) گھر کا بھید (۲) آپس کی بات معاملہ واحد (۳) اپنے ہاتھ کا کام نہایت سہل اور آسان کام ؛

گھر کی بیوی ہانڈی گھر کتوں چرے گا (۵) (مثل) جب گھر کی بیوی ادھر ادھر پھرے گی تو گھر میں کتے ہی پھریں گے ؛

گھر کی پتلی باسی ساگ (۵) (مثل) بے حاشیہ کمانے والے کی نسبت کہتے ہیں۔ یعنی گھر میں دیکھو تو مٹی کے برتن اور باسی ساگ کے سوا کچھ بھی نہ نکلے گا۔ اور باہر صرف شیخی ہی شیخی ہے ؛

گھر کی پونجی (۵) گھر کا سرمایہ۔ گھر کا مال و متاع ؛

گھر کی جلی بن میں گئی بن میں لاگی آگ \ بن بیچارہ کیا کرے جو ہیں تمہارے بھاگ (۵) (مثل) بدنصیب جہاں جائے گا مصیبت اٹھائے گا ؛

گھر کی جورو کی چوکسی کہاں تک (۵) (مثل) اپنے ہی گھر میں رہنے والے شخص کی نگہبانی کرنی بڑی مشکل ہے ؛

گھر کی سوبھا گھر والے سے (۵) مکان کی رونق صاحب خانہ ہی سے ہوتی ہے ؛

گھر کی طرح بیٹھنا (۵) (۱) آرام سے بیٹھنا۔ فراغت سے بیٹھنا۔ پھیل کر بیٹھنا ؛

گھر کی طرح رہنا (۱) تکلف نہ کرنا۔ بے تکلفی سے بسر کرنا۔ اپنا سا گھر سمجھ کر رہنا ؛

گھر کی عقل (۱) مؤنث۔ اپنی ہی سمجھ۔ خدائی عقل ؛

گھر کی کھانڈ کرکری چوری کا گڑ میٹھا (۵) (مثل) گھر کی قیمتی چیز کی نسبت مفت کی چیز زیادہ پسند ہوتی ہے ؛

گھر کی کھیتی (۵) مؤنث۔ (۱) گھر کی کھیتی باڑی۔ اپنی کھیتی (۲) اپنا ہی مال۔ موروثی مال ؛

گھر کی لونڈی (۵) مؤنث۔ (۱) گھر کی کنیز (۲) (کنایتہً) بے حد مطیع ؛

گھر کی مرغی دال برابر (۱) (مثل) گھر کی قیمتی اور عمدہ چیز کی بھی قدر نہیں ہوتی ؛

گھر کے بھیدی سے کوتل کا ملیدہ (۵) (مثل) گھر والوں کے ساتھ نہ سلوک اور غیر سے سلوک کی بہت کچھ مدد امداد یا خاطر تواضع کرنے کے موقع پر بولتے ہیں ؛

گھر کے جالے لیتے پھرنا (۱) گھر کے کونے کونے کو جھانکتے اور چیز ڈھونڈتے پھرنا ؛

گھر کے کونڈے (۵) مذکر۔ شب برات کو جب کسی پینے کی آتش بازی اچھی نہیں چلتی۔ تو دوسرے بچے اسے کہہ کر چڑاتے ہیں ؛

گھر کے گھر (۵) (۱) گھر ہی میں۔ گھر کے اندر (۲) برابر۔ نفع میں نہ نقصان میں (۳) بہت سے گھر۔ بہت سے خاندان ؛

گھر کے گھر بند ہو گئے (۱) (۱) کسی بیماری یا طوفان کی شدت سے بہت سے گھر تباہ و برباد ہو گئے (۲) حاکم کے ظلم و ستم سے بستیوں کی بستیاں ویران ہو گئیں ؛

گھر کے گھر بیٹھ گئے (۵) بارش کی کثرت سے بہت سے مکانات گر پڑے ؛

گھر کے گھر رہنا (۵) نہ نفع ہونا نہ نقصان۔ برابر برابر رہنا ؛

گھر کے گھر صاف ہو جانا (۱) بہت سے گھروں کا ویران اور تباہ و برباد ہو جانا ؛

گھر کے لوگ (آدمی) (۵) مذکر (۱) اہلیہ۔ بیوی۔ زوجہ (۲) جورو بچے۔ بال بچے۔ کنبہ ؛

گھر کے ہوئے نہ در کے (۱) نہ گھر کے قابل رہے نہ باہر کے۔ کہیں کے نہ رہے ؛

گھر گھاٹ (۵) مذکر (۱) چال ڈھال۔ رنگ ڈھنگ۔ طور طریق (۲) خو۔ خصلت۔ عادت۔ طبیعت (۳) نشان۔ پتہ۔ مقام۔ ٹھکانا ؛

گھر گھاٹ معلوم ہونا (۱) تمام باتوں کی واقفیت اور آگاہی ہونا۔ طور طریق معلوم ہونا۔ سارے بھید جاننا ؛

گھر گھالنا (۵) (۱) گھر برباد کرنا۔ لوٹنا۔ فریب سے مال مارنا (۲) عاشق بنانا۔ موہنا۔ فریفتہ کرنا ؛

گھر گھر (۵) (۱) خانہ بخانہ۔ ہر گھر میں۔ ہر مکان میں۔ سب جگہ (۲) سب کے گھروں میں۔ ہر کس و ناکس کے گھر میں ؛

گھر گھر عید ہے (۱) عام خوشی ہے۔ سب خوش و خرم ہیں ؛

گھر گھر کے جالے لینا (۵) ہر ایک کو ڈھونڈتے پھرنا گھر گھر پھرنا ؛

گھر گھر کے مزے چکھنا (۵) مختلف مقامات پر

رہنے اور کہیں دھکے والی ملازمہ کی نسبت بولتے ہیں ۔

گھر گھر لئے پھرنا (ع) ہر جگہ لئے پھرنا - در بدر لئے پھرنا ۔

گھر گھر مانگتے پھرنا (ع) (۱) ہر گھر سے سوال کرتے پھرنا (۲) قرض مانگتے پھرنا ۔

گھر گھر مٹیالے چولھے ہیں (ع) مثل: سب ایک جیسے ہیں - کوئی آسودہ اور فارغ البال نہیں - سب ایک حال میں ہیں ۔

گھر گھسنا (ع) مذکر - (۱) وہ مرد جو ہر وقت زنانخانہ میں بیٹھا رہے - عورتوں میں بیٹھا رہنے والا شخص ۔

گھر کھوڑا نخاس میں مول (ع) مثل: گھر میں چیز رکھ کر بازار میں بیچتے دکھاتے مول کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں یعنی بے فائدہ اور فضول کام ۔

گھر گتی (ع) مؤنث - (۱) خانہ خراب - بے گھر کی آوارگی - رانڈ - بیوہ ۔

گھر گیا (ع) مذکر - (۱) گھر اُجڑا - نگوڑا - ناشاد - خانہ خراب ۔

گھر لٹانا (ع) (۱) ضرورت سے زیادہ داد دہش کرنا - (۲) بہت فضول خرچی کرنا ۔

گھر لینا (ع) (۱) مکان مول لینا (۲) گھر کرائے پر لینا ۔

گھر موسنا (ع) گھر میں چوری کرنا - گھر کا صفایا کرنا - لوٹنا ۔

گھر میں (ع) (۱) گھر کے اندر (۲) مؤنث (کنایۃً) بیوی ۔

گھر میں آنا (ع) (۱) مکان میں داخل ہونا (۲) کسی بیاہے کا نکاح میں داخل ہونا (۳) اپنے ہاتھ لگنا - اپنی ذات کو فائدہ پہنچنا ۔

گھر میں آئی جورو ٹیڑھی پگڑی سیدھی ہوئے (ع) مثل: بیاہ ہوتے ہی سارا بانکپن نکل جاتا ہے - بیوی آتے ہی گھر بار کی فکر ہو جاتی ہے ۔

گھر میں بھونی بھانگ نہیں اور باہر نیوتے سانٹ (ع) مثل: مفلس - قلاش ہو کے کوتے بڑے بڑے محلے یا شیخی بگھارتے ہیں ۔

گھر میں بی بی لکھوا تار باہر میاں چھلیہ دار (ع) مثل: بیوی گھر میں ملی بن کر لوگوں کو لوٹتی ہے اور باہر میاں حکومت جتا کر لوٹتے ہیں ۔

گھر میں بیٹھے رکنا - یا - کھیلنا (ع) (۱) گھر بیٹھے گل مارنا - گھر کے اندر ہی لوگوں کو ٹھگنا - (۲) گھر کے اندر چوسے اٹھانا ۔

گھر میں پڑنا (ع) بیوی بننا - کسی بیسوا کا پیشہ ترک کر کے کسی کے نکاح میں آکر بیٹھ جانا ۔

گھر میں جورو کا نام ہو بیگم رکھ لینے سے کیا ہوتا ہے (ع) مثل: اپنی عزت اپنے منہ سے نہیں ہوا کرتی ۔

گھر میں چوہے لوٹتے - یا - قلابازیاں کھاتے ہیں (ع) مثل: اس قدر مفلس ہیں - کہ گھر کے چوہے تک بھوک کے مارے لوٹنیاں لے رہے ہیں ۔

گھر میں خاک اڑنا (ع) نہایت غریبی اور مفلسی ہونا ۔

گھر میں ڈالنا (ع) کسبی یا بیسوا کے ساتھ نکاح کر کے بیوی بنا لینا - گھر میں داخل کرنا - مدخولہ بنانا ۔

گھر میں نہ سمانا (ع) گھر میں نہ سکنا - مکان کی گنجائش سے زیادہ ہو جانا ۔

گھر میں قدم جانا (ع) مکان میں داخل ہونا ۔

گھر میں نہیں ہے تاگا - البیلا مانگے پاگا (ع) مثل: گھر میں تو مفلسی کے سبب دھاگا تک موجود نہیں - اور بیٹا چھیلا بننے کے لئے پگڑی مانگتا ہے ۔

گھر نہ بار میاں محلے دار (ع) مفت کی شیخی بگھارنے اور خواہ مخواہ اترانے والے کی نسبت بولتے ہیں ۔

گھر نہ بسنا (ع) آپس میں نہ بننا ۔

گھر نہ ہونا (ع) دھن تباہ نہ ہونا - موافقت نہ ہونا ۔

گھر والا (ع) مذکر (۱) صاحب خانہ - مالک مکان (۲) میاں - خاوند - شوہر - پتی ۔

گھر والی (ع) مؤنث (۱) صاحب خانہ - گھر کی مالکہ (۲) بیوی - بیگم - جورو - اہلیہ - زوجہ ۔

گھر والے کا ایک گھر نگھرے کے سو گھر (ع) (۱) بے گھر شہدے بدمعاشوں کے لئے ہر جگہ ہی ان کا گھر ہے (۲) آزاد اور درویش جہاں ٹھہر گئے - وہیں گھر ہو گیا ۔

گھر ویران ہونا (ع) (۱) گھر اجڑنا - گھر تباہ و برباد ہونا (۲) بیوی کا مرنا (۳) میاں بیوی کی نااتفاقی ہو جانا ۔

گھر ہونا (۵) (ھ) نباہ ہونا۔ نبھنا۔ خاوند اور بیوی میں موافقت ہونا (۲) گھر میں سلیقہ اور انتظام ہونا۔ (۳) سوراخ ہونا۔ چھید ہونا (۴) گنجائش ہونا۔ سمائی ہونا (۵) قیام ہونا۔ جمنا (۶) جگہ ہونا ۔

گھِر (گھِر) (۵) گھرنا کا امر ۔

گھر آنا (۵) امنڈ آنا۔ چھا جانا۔ ہجوم کر لینا ۔

گھر کرانا (۵) چھا کرانا۔ امنڈ کرانا۔ حصار کر کے آنا ۔

گھرگرا (گھُر۔گرا) (۱) مذکر (۱) آنکھ کی ایک دوا۔ جو مختلف اجزا سے تیار کی جاتی ہے (۲) گھنگرو۔ غرغرہ۔ وہ آواز جو حالتِ نزع میں سانس رُک رُک کر نکلنے سے پیدا ہوتی ہے ۔

گھرا چلنا (۵) (ہندو) حالتِ نزع میں گھنگرو بولنا۔ اخیر دم ہونا۔ مرتے وقت سانس رُک رُک کر نکلنا ۔

گھرا لگنا (۵) گھنگرو بولنا۔ اخیر سانس چلنا۔ قریب مرگ ہونا ۔

گہرا (گہ۔را) (ص) (۱) عمیق۔ ڈونگھا۔ گڈباؤ۔ بے تھاہ (۲) غار۔ گڑھا کھودا ہوا (۳) نہایت تیز جیسے گہرا نشہ (۴) شوخ۔ گاڑھا (۵) بڑا بھاری۔ پکا۔ گاڑھا جیسے گہرا یارانہ (۶) رسا۔ صائب۔ غائر۔ دُور کا (۷) لمبا۔ بڑا۔ جیسے گہرا پردہ ۔

گہرا پردہ (۱) مذکر۔ بڑی بھاری اوٹ۔ نہایت حجاب۔ بڑی شرم اور لحاظ ۔

گہرا رنگ (۱) مذکر۔ شوخ رنگ ۔

گہرا اخلاص (۱) مذکر۔ نہایت تپاک اور محبت ۔

گہرا زخم (۱) مذکر۔ زخم کاری۔ بھاری گھاؤ ۔

گہرا سہاگ (۱) مذکر (۱) میاں بیوی کی بے حد موافقت (۲) نہایت میل جول ۔

گہرا ہاتھ لگانا۔ یا۔ مارنا (۵۔ س) زور کا ہاتھ مارنا۔ مہلک زخم لگانا (۲) بڑا بھاری غبن کرنا۔ بڑی چوری کرنا (۳) بہت نفع کمانا (۴) کسی بڑے خاندان کی عورت کے ساتھ تعلق پیدا کرنا ۔

گہرا یارانہ (۱) مذکر۔ گہری دوستی۔ پکا یارانہ ۔

گھرّاٹا (گھر۔ را۔ ٹا) (۱) مذکر (گھگوا) خرّاٹا۔ وہ آواز جو سوتے وقت نکلتی ہے ۔

گھرّامی (گھر۔ را۔ می) (۱) مذکر (پورب) چھپّر۔ بند ۔

گھرّانا (۵) گھگھارنا۔ غرّانا ۔

گھرّانا (گھر۔ را۔ نا) (۵) (عوام) بلند آواز سے بلانا ۔

گہرانا (۵) گہرا ہونا۔ عمیق ہونا۔ ڈونگھا ہونا ۔

گھرانا (گھ۔ را۔ نا) (۱) مذکر (۱) خاندان۔ گھر۔ بنس۔ کل۔ (۲) کنبہ۔ قبیلہ (۳) سلسلۂ نسب۔ پشت۔ پیڑھی (۴) نسل۔ اولاد

گھراند (گھراند) (۱۔ مؤنث) (پورب) بدبو۔ پیشاب کی بو

گہراؤ } (۱) (۱) مذکر (۲) مؤنث۔ عمق۔ قعر۔ نشیب۔
گہرائی } ڈونگھاپن ۔

گھِرائی (گھِرا۔ ئی) (۱۔ مؤنث) وہ اُجرت جو مویشیوں کے چرانے کی بابت دی جائے ۔

گھرسنا (گھر۔ س۔ نا) (۵) گھسیڑنا۔ کسی چیز میں اٹکا دینا ۔

گھرک (گھُرک) (۵) گھرکنا کا امر ۔

گھرکنا (۵) گھرکی دینا۔ ڈانٹنا ڈپٹنا۔ گھورنا۔ دھمکانا۔ جھڑکی دینا ۔

گھرکی (۱) مؤنث۔ جھڑکی۔ دھمکی۔ ڈانٹ ڈپٹ ۔

گھرکی دینا (۵) جھڑکنا۔ ڈانٹنا۔ دھمکانا۔ ڈرانا ۔

گھرگھر (گھر۔ گھر) (۱۔ مؤنث) چکّی کی آواز۔ گھمر گھمر ۔

گھِرنا (۵) (۱) گھیرے میں آنا۔ محصور ہونا (۲) جھومنا۔ چھانا۔ امنڈنا ۔

گھرنائی۔ گھرنئی (گھر۔ نا۔ ئی + گھر۔ نئی) (۱۔ مؤنث) ایک قسم کی ناؤ جو گھڑوں سے بناتے ہیں ۔

گھِرنی (گھر۔ نی) (۱۔ مؤنث) (۱) چرخی۔ پہیہ گھمانے کا آلہ (۲) رسّی بٹنے کی کل (۳) سر کا چکر۔ دورانِ سر (۴) ایک آبی پرند۔ رام چڑیا (۵) لوٹن کبوتر ۔

گھِرنی کھانا (۵) لوٹنی لینا۔ گھومنا۔ چکر کھانا۔ چکپھیری لینا ۔

گھروا (۱) مذکر (گھر کی تصغیر بالتحقیر) چھوٹا سا گھر۔ جھونپڑا۔ کٹیا ۔

گھروا۔ یا۔ گھروایا (۱۔ مذکر) دیکھو (گھروا)

گھروندا (گھر۔ وں۔ دا) (۱۔ مذکر) (۱) بچوں کا گھر۔ جسے وہ گڑیاں کھیلنے کے لئے بناتے ہیں۔ چھوٹا سا مٹی کا بنایا ہوا گھر (۲) کنایۃً ناپائدار ۔

گہری (ص) (۱) عمیق۔ ڈونگھی۔ گہرا کی تانیث (۲) گاڑھی۔ غلیظ (۳) از حد۔ نہایت۔ جیسے گہری دوستی (۴) شوخ۔ جیسے گہری رنگت (۵) رسا۔ صائب۔ غائر۔ دُور کی ۔

گہری بات (۱۔ مؤنث) دُور کی بات۔ باریک خیال۔ دقیق اور مشکل بات۔ سخن رسا ۔

گہری چھننا (ہ) (۱) نہایت گاڑھی بھنگ چھننا (۲) گاڑھی دوستی ہونا۔ نہایت اخلاص اور یگانگت ہونا (۳) طنزاً انتہا لڑائی ہونا۔ بڑی شکر رنجی ہونا۔ مناقشہ ہونا ۔

گہری گھٹنا (ہ) (۱) بھنگ کا کثرت سے رگڑا اور پیا جانا (۲) بڑا بھاری سلوک اور یارانہ ہونا ۔

گہری نیند سونا (ہ) نہایت بے خبر اور غافل ہو کر سونا۔ خواب خرگوش میں ہونا۔ گہری نیند سونا ۔

گہرے (ف) گہرا کی جمع ۔

گہرے چلو (ف) ٹھگوں کی اصطلاح جلد جلد چل کر مار ڈالو۔ مسافر کا کام تمام کر دو ۔

گہرے سانس بھرنا (ہ) ٹھنڈے سانس بھرنا۔ لمبے سانس کھینچنا۔ آہ سرد نکالنا ۔

گہرے کرنا (ہ) نہایت نفع اٹھانا۔ مال مارنا۔ خاطر خواہ فائدہ اٹھانا ۔

گہرے ہونا (ہ) خوب کمانا۔ نہایت نفع اور فائدہ ہونا خوب مال مارنا ۔

گہرے یار (دوست) ہیں (ف) نہایت بے تکلف ہیں۔ ایک جان دو قالب ہیں۔ دلی دوست ہیں ۔

گھریا (گھر۔ یا) (ف) مؤنث۔ کٹھالی۔ کمہار مٹی کی بنی ہوئی کٹھیا جس میں سونا گلاتے ہیں ۔

گھریا (گھر۔ یا) (ف) مؤنث (عو) نرغہ ۔

گھریا میں گھرنا (ف) (عو) نرغے میں گھرنا ۔

گھریلو (ص) (۱) گھر کا۔ خانگی (۲) خانہ ساز۔ گھر کا بنا ہوا (۳) پالتو۔ گھر کا پلا ہوا ۔

گھڑ (گھڑ) (ف) مذکر۔ گھوڑا کا مخفف۔ جیسے گھڑ دوڑ ۔

گھڑ بہلی (ف) مؤنث۔ گھوڑوں کی رتھ جس کا پہلے راجاؤں میں دستور تھا ۔

گھڑ چڑھا (ف) مذکر (۱) گھوڑے پر چڑھا ہوا سوار (۲) پکا سوار۔ عمدہ سواری جاننے والا ۔

گھڑ چڑھی (ف) مؤنث (۱) ہندو، بیاہ کے موقع پر دلہا کا گھوڑے پر سوار ہو کر دلہن کے گھر جانا (۲) ایک قسم کی چھوٹی سی توپ جسے گھوڑے پر رکھ کر ہر جگہ آسانی سے لے جا سکتے ہیں۔ رہکلہ۔ شتر نال (۳) رسالہ۔ سواروں کی فوج ۔

گھڑ دوڑ (ف) مؤنث (۱) گھوڑوں کی دوڑ۔ گھوڑوں کا باہم شرط بد کر دوڑانا (۲) وہ میدان جہاں گھوڑوں کی دوڑ ہو ۔

گھڑسال (ف) مذکر۔ اصطبل۔ طویلہ ۔

گھڑ کشتی (ف) مؤنث۔ ایک قسم کی کشتی جو گھوڑے کو بہت تنگ کرتی ہے ۔

گھڑ منہا (ف) مذکر۔ وہ شخص جس کا منہ گھوڑے کے منہ سے ملتا جلتا ہو۔ لمبے منہ یا تھوتھنی والا ۔

گھڑ نال (ف) مؤنث۔ توپ۔ رہکلہ ۔

گھڑ (گھڑ) (ف) گھڑنا کا امر ۔

گھڑا (گھڑا) (ف) مذکر۔ ٹھلیا۔ مٹی کا مٹکا۔ سبوچہ۔ گاگر ۔

گھڑانا (ہ) گھڑوانا۔ بنوانا۔ جیسے گہنا گھڑانا ۔

گھڑاون (ف) مؤنث۔ گھڑنے کی اجرت ۔

گھڑائی (ف) مؤنث (۱) گھڑنے کی اجرت۔ بنانے کی مزدوری (۲) گھڑت۔ ساخت۔ بناوٹ ۔

گھڑت (ف) مؤنث (۱) ساخت۔ بناوٹ۔ تصنع (۲) بنائی ہوئی بات۔ جھوٹی بات ۔

گھڑ گھڑاہٹ (گھڑ۔ گھڑا۔ ہٹ) (ف) مؤنث۔ گھر گھر کی آواز۔ گاڑی یا چکی وغیرہ کے چلنے کی آواز ۔

گھڑنا (ف) (۱) بنانا۔ ساخت کرنا (۲) اینٹ کو تراش کر درست کرنا (۳) زیور بنانا (۴) جھوٹی بات بنانا (۵) دلی بنانا (۶) مارنا۔ زدوکوب کرنا ۔

گھڑنت (ف) مؤنث۔ گھڑت ۔

گھڑوں (ف) گھڑا کی جمع۔ حرف جار سے پہلے ۔

گھڑوں پانی پڑ جانا (ف) (عو) نہایت شرمندہ ہو جانا۔ شرم سے پسینہ پسینہ ہو جانا ۔

گھڑونچی (گھڑوں۔ چی) (ف) مؤنث۔ لکڑی کا وہ چوکھٹا جس پر پانی کے گھڑے وغیرہ رکھتے ہیں ۔

گھڑی (گھڑی) (ف) مؤنث۔ گھنٹے کا حصہ، پل یا ۲۴ منٹ کا وقفہ۔ رات دن کا ساٹھواں حصہ۔ ساعت (۲) وقت۔ زمانہ۔ سماں (۳) وقت بتانے کا آلہ۔ واچ ۔

گھڑی بنانا (ف) گھڑی درست کرنا۔ گھڑی کی مرمت کرنا ۔

گھڑی بھاری ہونا (ف) گھڑی کا گزرنا۔ نہایت دشوار ہونا ۔

گھڑی بھر (ف) ایک گھڑی۔ ساعت بھر (۲) لمحہ بھر۔ پل بھر۔ ذرا ۔

گھڑی پل کی آس نہیں کسے کال کی بات (ف) (مثل) دم بھر کا بھروسا نہیں۔ کل کی نسبت بات کرتا ۔

گھڑی میں تولہ گھڑی میں ماشہ (ف) غیر مستقل مزاج کبھی کچھ کبھی کچھ۔

دم بھر میں طبیعت بہلنے والا ۔

گھڑی ساز (ف) ، گھڑی کی مرمت اور درستی کرنے والا ۔

گھڑی ساعت پر ہونا (ہ) (ں) قریب مرگ ہونا ۔ کوئی دم کا مہمان ہونا ۔ دم توڑنا ۔

گھڑی گھڑی (ہ) (۱) دم بدم ۔ لحظہ بلحظہ ۔ لمحہ بہ لمحہ (۲) بار بار ۔ پے در پے ۔ متواتر ۔ لگا تار ۔

گھڑی میں تولہ ۔ گھڑی میں ماشہ (۱) دیکھو (گھڑی تولہ گھڑی ماشہ) ۔

گھڑی میں گھڑیال ہے (ہ) (مثل) مرتے دیر نہیں لگتی ۔ گھڑی میں کچھ ہے تو دم بھر میں کچھ ۔

گھڑے (ہ) مذکر ۔ گھڑا کی جمع ۔

گھڑمیا (ہ) مؤنث ۔ چھوٹے قد کی گھوڑی ۔ ٹائر ۔

گھڑیال (گھڑ ۔ یال) (ہ) مذکر (۱) پیتل کا وہ گھنٹہ جو مندروں یا امیروں کے دروازے پر بجایا جاتا ہے ۔ جرس ۔ گھنٹی (۲) مگر ۔ مگرمچھ ۔ نہنگ ۔

گھڑیالی (ہ) مذکر ۔ گھڑیال بجانے والا ۔

گھڑیاں (ہ) مؤنث ۔ گھڑی کی جمع ۔

گھڑیاں گننا (ہ) نہایت انتظار کرنا ۔ کسی کے انتظار میں وقت گنتے رہنا ۔

گھڑیوں (ہ) مؤنث (۱) گھڑی کی جمع ۔ حرف جار سے پہلے (۲) عرصے تک ۔ دیر تک ۔

گھس (گھِس) (ہ) مؤنث ۔ گھاس کا مخفف ۔

گھس کھدا (ہ) (۱) گھسیارا ۔ گھاس کھودنے والا (۲) ادنیٰ ۔ کمینہ ۔ رذیل (۳) بے حیثیت ۔ کم زور (۴) اناڑی ۔ ناشائستہ ۔ ناکارہ (۵) نادان ۔ احمق بے وقوف ۔

گھِس (گِھس) (ہ) گھسنا کا امر ۔

گھِس پس کر اترنا (ہ) لباس کا خوب کام میں آنا ۔ کپڑوں کا پوری طرح مستعمل ہو کر اترنا ۔

گھِس کر لگانے کو نہیں (ہ) (۱) اتنا نہیں ۔ کہ کوئی چیز گھس کر دوا کی بجائے لگا لیں ۔ ذرا نہیں ۔ مطلق نہیں ۔ بالکل نہیں (۲) ناپید او عنقا ہے ۔ نہایت کمیاب ہے (۳) بالکل نہیں بچا ۔ سب صرف ہو گیا ۔

گھِس گھِس کر چلنا (۱) کپڑے ، جوتے کو خوب در مدت تک استعمال میں ۔

گھُس (گھُس) (ہ) گھسنا کا امر ۔

گھُس آنا (ہ) بلا اجازت مکان میں داخل ہو جانا ۔ اندر چلا آنا ۔

گھُس بیٹھنا (ہ) (۱) اندر ہو بیٹھنا (۲) چھپ جانا (۳) پاس پاس بیٹھنا ۔

گھُس پیٹھ (ہ) مؤنث (۱) دخل ۔ پہنچ ۔ رسائی ۔ باریابی (۲) رسائی پیدا کرکے ۔ رسوخ حاصل کرکے ۔ یارانہ کر (۳) داخل ہو کر ۔ گھس کر ۔ اندر پہنچ کر ۔

گھُس پیٹھ کر (کے) (ہ) ۔ یارانہ گانٹھ کے ۔ راہ و رسم پیدا کرکے ۔

گھسّا (گھس ۔ سا) (ہ) مذکر ۔ رگڑ ۔ رگڑا ۔

گھسّا لگنا (ہ) رگڑ آنا ۔ رگڑ لگنا ۔ گھسے کا نشان پڑنا ۔

گھسّا میری (ہ) مؤنث ۔ بچوں کا ایک کھیل جس میں وہ ڈور ڈال کر گھسیٹتے ہیں ۔

گھِسا (ہ) گھسا ہوا ۔ پرانا ۔ کہنہ ۔ فرسودہ ۔ مستعمل ۔

گھُسانا (ہ) داخل کرنا ۔ گھسیڑنا ۔ سمانا ۔ بھرنا ۔

گھساؤ (ہ) مذکر (۱) رگڑ (۲) فرسودگی ۔

گھسائی (ہ) مؤنث (۱) فرسودگی (۲) گھسانے کی اجرت ۔

گھسٹنا (گھسَٹ ۔ نا) (ہ) (۱) کھنچنا ۔ کھچکر آنا (۲) زمین سے رگڑتا ہوا چلنا ۔

گھسٹتے گھسٹتے پھرنا (ہ) پڑے پڑے پھرنا ۔ کھنچے کھنچے پھرنا ۔

گھستم گھستا (ہ) مذکر (۱) ایک دوسرے کو زمین پر رگڑنے دینا (۲) ایک پتنگ کی ڈور کا دوسرے پتنگ کی ڈور کو رگڑا دینا ۔

گھِسن (ہ) مؤنث ۔ (ع) رگڑ ۔

گھِسنا (ہ) (۱) رگڑ آنا ۔ رگڑ لگنا (۲) پرانا ہونا ۔ فرسودہ ہونا (۳) وزن میں کم ہونا (۴) رگڑنا ۔ پیسنا ۔ حل کرنا ۔

گھُسنا (ہ) (۱) اندر جانا ۔ داخل ہونا (۲) دخل دینا ۔ مداخلت کرنا ۔

گھسّن پٹی (ہ) مؤنث ۔ مارکٹائی ۔ زدوکوب ۔

گھسیارا (ہ) مذکر (۱) گھاس کھودنے والا ۔ چرکٹا (۲) گھاس بیچنے والا ۔

گھسیارن ؍ گھسیارنی (ہ) مؤنث ، گھاس کھودنے یا بیچنے والی عورت ۔

گھسیٹ (گھسِیٹ) (ہ) (۱) گھسیٹنا کا امر (۲) مؤنث ۔ وہ نشان جو زمین پر کسی چیز کے گھسیٹنے سے ظاہر ہو ۔

گھسیٹا گھسائی (ہ) مؤنث ۔ کھینچا تانی ۔ کھینچا کھینچی ۔

گھسیٹن (ہ) مؤنث ۔ گھسیٹنے کا نشان ۔ وہ نشان جو

کسی چیز کے زمین پر کھینچنے سے پڑ جاتا ہے ۔

گھسیٹنا (گھسیٹنا) (ف) (۱) کھینچنا۔ زمین سے رگڑتے ہوئے لے جانا (۲) جلد جلد بُرا سا لکھ دینا (۳) پھنسوا دینا ۔ (۴) مصیبت میں مبتلا کر دینا ۔

گھسیڑنا (ف) (۱) اندر داخل کرنا (۲) بھرنا۔ ٹھونسنا (۳) ایک چیز کو دوسری چیز میں زور سے داخل کرنا

گمک (اُمنگ) (۱ - مؤنث) (۱) خوشی کی لہر یا امنگ (۲) نشے کی لہر (۳) خوشی۔ مسرت (۴) زور۔ تیزی۔ جوش (۵) گمکنا کا امر ۔

گمک کر بولنا (ف) (۱) تیز ہو کر بولنا۔ سخت کلامی سے جواب دینا (۲) نہایت تپاک اور گرم جوشی سے گفتگو کرنا ۔

گمکنا (ف) (۱) خوش ہونا (۲) نشے کے جوش میں ہونا (۳) تیز ہو کر بولنا ۔

گمگنڈ (گ - گنڈ) (ص) گہرا۔ گھنگھور۔ بیماری ۔

گھنگرا (گھنگ - رَا) (۱ - مذکر) دیکھو (گھنگرالا) ۔

گھنگری } (۱) مؤنث (ہندی)
گھنگریا } چھوٹا لہنگا ۔

گھگھو (گھگ - گھو) (۱) مذکر (۱) اُلّو۔ بوم۔ چغد (۲) پنجاب۔ مٹی کا ایک کھلونا جو پھونکنے سے بجتا ہے (۳) دخانی کارخانوں کے انجن کی آواز ۔

گھگی (گھگ - گی) (۱ - مؤنث) فاختہ۔ ٹوٹرو ۔

گھگی (گھگ - گی) (۱ - مؤنث) (۱) ہچکی۔ روتے روتے سانس کا رُک رُک کر نکلنا (۲) خوف یا دہشت کے مارے سکتے کا عالم ۔

گھگی بندھ جانا (ف) (۱) روتے روتے سانس بند ہو جانا - ہچکی بندھ جانا (۲) ڈر کے مارے بول نہ سکنا ۔

گھگیانا (ف) (۱) گھگی بندھ جانا (۲) عاجزی کرنا۔ منت سماجت کرنا۔ گڑگڑانا ۔

گھل (گھل) (۱) گھلنا کا امر ۔

گھل جانا (ف) (۱) پگھل جانا (۲) نرم ہو جانا۔ گداز ہو جانا ۔ پتلا ہو جانا (۳) پانی ہو جانا۔ رقیق ہو جانا (۴) تھک جانا۔ مضمحل ہو جانا (۵) دبلا ہو جانا۔ لاغر ہو جانا۔ سوکھ جانا (۶) پتلا پڑ جانا (۷) گھل مل جانا ۔

گھلانا (ف) (۱) گداز کرنا۔ پگھلانا۔ ملائم کرنا۔ بلبلانا (۲) دبلا کرنا۔ لاغر کرنا (۳) ناتوان کرنا۔ مضمحل کرنا۔ تحلیل کرنا ۔

گھلاوٹ (۱ - مؤنث) ملائمت۔ نرمی۔ گداز پن۔ پلپلاہٹ

گھلاہٹ (۱ - مؤنث) دیکھو (گھلاوٹ) ۔

گھلا ہوا (ص) گھلا بنا۔ گداز۔ پلپلا۔ ملائم ۔

گھل گھل کر (گئے) (ف) تحلیل ہو ہو کر۔ دبلا ہو ہو کر ۔

گھل گھل کر آخر (تمام) ہونا (۱) تحلیل ہو ہو کر مرنا۔ غم۔ بیماری یا عشق سے لاغر رنجیدہ کر دم دینا۔ دبلا اور لاغر ہو کر مر جانا ۔

گھل گھل کر مرنا (ف) غم یا بیماری میں تحلیل ہو ہو کر جان دینا۔ نہایت دبلا اور لاغر ہو کے مرنا ۔

گھل گھل کے کانٹا ہونا (ف) غم یا بیماری کے باعث گھل گھل کر لاغر اور دبلا ہونا۔ سوکھ کر کانٹا ہو جانا ۔

گھل مل جانا (ف) (۱) ایک جان ہو جانا (۲) دوستی گانٹھ لینا ۔

گھل مل کر رہنا (ف) پیار محبت سے رہنا۔ میل جول کر بسر کرنا ۔

گھل مل کے بیٹھنا (ف) (۱) میل جول کر بیٹھنا۔ محبت سے پاس جا کر بیٹھنا ۔

گھلنا (ف) (۱) پگھلنا۔ گداختہ ہونا۔ رقیق ہو جانا (۲) گداز ہونا۔ ملائم ہونا۔ نرم ہونا (۳) بیٹھ جانا۔ مضمحل ہونا۔ (۴) دُبلا ہونا۔ لاغر ہونا (۵) پتلا پڑنا (۶) گھورنا۔ پیٹنا (۷) پنجاب۔ لڑنا۔ کشتی کرنا ۔

گھلنا ملنا (ف) (۱) ایک جان ہونا (۲) یارانہ گانٹھنا۔ محبت پیدا کرنا ۔

گھلوانا (ف) حل کرانا۔ ملوانا ۔

گھلو مٹھو ہو جانا (ف) جلد میل جول ہو جانا۔ بے تکلف ہو جانا ۔

گھما گھم } (۱ - مؤنث) (۱) چہل پہل۔ آبادی۔ گرم بازاری
گھما گھمی } رونق۔ دھوم دھام ۔

گھمانا (گھما - نا) (ف) (۱) پھرانا۔ چکر دینا (۲) اسیر کرانا۔ گشت کرانا ۔

گھماؤ (گھما - اُؤ) (۱) مذکر (۱) پھیر۔ چکر (۲) زمین کی وہ مقدار جسے بیلوں کی ایک جوٹ دن بھر میں جوت لے ۔

گھماؤں (گھما - اؤں) (۱ - مذکر) آٹھ کنال یا دو بیگہ زمین کی مقدار ۔

گھمر گھمر (گھمر - گھمر) (۱ - مؤنث) چکی کے چلنے کی آواز ۔

گھمری (گھم - ری) (۱ - مؤنث) چکر۔ دوران سر ۔

گھمیریاں لینا (۲) چکر کھانا۔ گرد پھرنا۔ گھمیریاں کھانا ۔

گھمس (گھمس) (۲) مؤنث (۱) امس۔ حبس۔ مینہ کے بعد ہوا کا بند ہونا اور سخت گرمی ہوجانا ۔

گھمسان (گھمسان) (۲) مذکر (۱) لڑائی۔ رن۔ یُدھ۔ جنگ۔ رزم (۲) قتل عام۔ خونریزی (۳) لاشوں کے انبار کے انبار۔ کشتوں کے پشتے مقتولوں کا ڈھیر (۴) انبوہ۔ بھیڑ۔ ہجوم (۵) تباہی۔ بربادی۔ ویرانی (۶) زیر و زبر۔ اوپر تلے ۔

گھمسان کا رن (۲) بڑی بھاری لڑائی ہونا کشتوں کے پشتے لگ جانا ۔

گھمسان کرنا (۲) خونریزی کرنا۔ کشت و خون کرنا (۲) جان توڑ کر لڑنا ۔

گھمسان کی لڑائی (۲) مؤنث۔ بڑے معرکے کی جنگ بڑی بھاری لڑائی ۔

گھمسان ہوجانا (۲) (۱) کشتوں کے پشتے لگ جانا مقتولوں کے ڈھیر لگ جانا (۲) فوج کا ہجوم ہوجانا۔ لشکر اکٹھا ہوجانا ۔

گھمکا (گھمکا) (۲) مذکر۔ گھمس۔ حبس۔ انقباض۔ گھسا ہوا ۔

گھم گھم (۲) مؤنث۔ رتھ کے چلنے کی آواز ۔

گھمنڈ (گھمنڈ) (۲) مذکر (۱) تکبر۔ گمان۔ غرور۔ مان۔ کبر۔ نخوت (۲) خودنمائی۔ نمود۔ دکھاوٹ۔ نمائش۔ ٹیپ ٹاپ (۳) خودبینی۔ خودپسندی (۴) فخر۔ ناز۔ شیخی۔ بڑائی (۵) بل۔ زور۔ حمایت۔ بہتا۔ طاقت (۶) بھروسا۔ سہارا۔ آسرا۔ امید ۔

گھمنڈ پر آجانا (آنا) (۲) تکبر کرنا۔ مغرور ہونا۔ اترانا۔ شیخی سے بھر جانا ۔

گھمنڈ پر ہونا (۲) مغرور ہونا۔ اترانا۔ ناز کرنا۔ متکبر ہونا ۔

گھمنڈ رکھنا (۲) تکبر کرنا۔ غرور کرنا ۔

گھمنڈ کرنا (۲) (۱) تکبر کرنا۔ غرور کرنا۔ اترانا۔ شیخی کرنا (۲) ناز کرنا۔ فخر کرنا ۔

گھمنڈ معلوم ہونا (۲) بڑا بول سامنے آنا۔ بڑے بول کا سر نیچا ہونا ۔

گھمنڈ نکال دینا (۲) شیخی جھاڑ دینا۔ بل نکال دینا ۔

گھمنڈ ہونا (۲) غرور ہونا۔ تکبر ہونا۔ ناز ہونا۔ فخر ہونا۔ شیخی ہونا ۔

گھمنڈ (گھمنڈ) (۲) مذکر۔ بادلوں کا گھرنا یا چھا جانا۔ ابر کا ہجوم ۔

گھمنڈ لانا (۲) بادل گھرنا۔ ابر چھانا ۔

گھمنڈی (۲) (۱) متکبر۔ مغرور (۲) خودنما۔ خودپسند (۳) شیخی خورا۔ ڈینگیا (۴) اترانے والا۔ فخر کرنے والا ۔

گھمیر۔ گھمیری (گھمیر۔ گھمیری) گھمی۔ سبی (۲) مؤنث۔ چکر۔ دوران سر۔ درد سر ۔

گھن (گھن) (س) مذکر (۱) ابر۔ گھٹا۔ بادلوں کا ہجوم (۲) بہت بڑا ہتھوڑا (۳) اہرن۔ سنداں (۴) جسم۔ بدن۔ تن۔ انگ۔ سریر (۵) ایک قسم کی خوشبودار گھاس (۶) تعداد۔ گنتی۔ شمار (۷) وسعت۔ فراخی (۸) ٹھوس کی طرح۔ بلغم۔ کھنکار (۹) گھنٹہ۔ گھڑیال (۱۰) ایک قسم کا رقص (۱۱) موٹا۔ گاڑھا۔ دبیز (۱۲) بھاری۔ ٹھوس۔ ٹھوسی۔ یوجھل (۱۳) سخت۔ کڑا (۱۴) بھرا ہوا۔ معمور۔ پر (۱۵) بہت کثیر (۱۶) مبارک۔ سعید۔ (۱۷) مستقل۔ دائمی (۱۸) گنجان۔ گھنا ۔

گھن چکر (۲) (۱) بہت چکر کھانے والا۔ بہت گردش کرنے یا پھرنے والا (۲) آوارہ گرد (۳) بیوقوف۔ کم عقل۔ نادان (۵) آتشبازی کا چکر جو آگ دینے سے خوب گردش کرتا ہے ۔

گھن چکر میں آنا (۲) مصیبت میں پھنسنا۔ گردش میں آنا ۔

گھن دار (۲) گنجان۔ گھنا۔ پاس پاس ۔

گھن شیام (س) مذکر (۱) ابر سیاہ۔ کالی گھٹا (۲) کنہیا۔ سری کرشن جی کا لقب (۳) سیاہ فام۔ کالے رنگ کا ۔

گھن کا (۲) (۱) گنجان (۲) شاخ در شاخ اور سایہ دار درخت ۔

گھن کی چوٹ (۲) مؤنث۔ بھاری ضرب۔ ضرب شدید۔ سخت چوٹ ۔

گھن گرج (۲) مؤنث (۱) بجلی کی کڑک۔ زور کی کڑک (۲) نہایت شور و غل ۔

گھن گھور (گھنگھور) (۲) مؤنث۔ گہرا بادل۔ ابر مہیب گھٹا۔ ڈراؤنی اور نہایت گہری گھٹا ہولناک بادل ۔

گھن گھور (گھنگھور) گھٹا (۲) مؤنث۔ کالی اور مہیب گھٹا۔ بہت برسنے والی بہت چھائی ہوئی اور گہری گھٹا ۔

گھن گھور (گھنگھور) گھٹا چھانا (۲) کالی اور گہری گھٹا کا نمودار ہونا ۔

گہن (گ ہَن) (ا۔ مذکر) (۱) گرہن۔ کسوف۔ خسوف۔ چاند سورج یا کسی اور سیارے کی روشنی کا کسی اور جرم کے حائل یا مقابل ہو جانے سے رک جانا (۲) بگاڑ۔ داغ۔ عیب ۔
گہن پڑنا (لگنا) (ف) (۱) کسوف یا خسوف ہونا (۲) عیب لگنا۔ دھبا لگنا۔ بدنامی یا رسوائی ہونا ۔
گہن چھٹنا (ف) گہن کا اثر کم ہونا۔ چاند یا سورج میں گہن کے بعد روشنی آنے لگنا ۔
گہن میں آنا (ف) (۱) کسوف یا خسوف میں آنا (۲) آدمی یا حیوان کے کسی عضو کا ٹیڑھا یا ناقص پیدا ہونا۔ عوام کا خیال ہے کہ پیدائش کے وقت یا ایام حمل میں گہن پڑے۔ اور اس کا اثر زچہ پر ہو۔ تو بچے کے کسی نہ کسی عضو میں فرق آجاتا ہے ۔
گِھن (گِھن) (ا۔ مؤنث) (۱) کراہت۔ نفرت۔ اکراہ۔ تنفر (۲) متلی۔ اُبکی ۔
گھن آنا (ف) کراہت آنا۔ نفرت آنا ۔
گھن کھانا (ف) کراہت کرنا۔ نفرت کرنا ۔
گُھن (گُھن) (ا۔ مذکر) (۱) ایک قسم کا کیڑا جو اکثر لکڑی کو کھا کر آٹا کر دیتا ہے (۲) وہ کیڑا جو غلے میں لگ جاتا ہے (۳) وہ بُرا مرض جو گھن کی طرح اندر ہی اندر جسم کو کھا جاتا ہے ۔
گھن جھڑنا (ف) کرم خوردہ لکڑی کا میدہ سا ہو کر جھڑنا ۔
گھن لگ جانا ۔یا۔ لگنا (ف) (۱) کیڑا لگنا۔ لکڑی یا غلہ وغیرہ میں گھن یعنی کیڑے کا پیدا ہو جانا (۲) ایسا مرض ہو جانا جو دم کے ساتھ جائے۔ روگ لگ جانا (۳) فکر لگ جانا ۔
گھنا (گھَ۔نا) (ص) (۱) بہت سا۔ ڈھیر۔ زیادہ۔ وافر (۲) گھن کا۔ گھن دار۔ گنجان (۳) وہ درخت جس میں بہت سی اور پاس پاس شاخیں ہوں ۔
گہنا (گہ۔نا) (ا۔ مذکر) (۱) زیور۔ [illegible] (۲) (پنجاب) گرو۔ رہن۔ گروی ۔
گہنا (گہَ۔نا) (ف) گہن لگنا۔ کسوف یا خسوف ہونا ۔
گھُنا (ف) کرم خوردہ ہونا ۔
گھُنّا (ص) (۱) چُپ چپا۔ بات کو بخوبی سمجھ کر جواب نہ دینے والا (۲) دل میں بات رکھنے والا۔ کینہ ور ۔
گہنانا (ف) (۱) گہن لگنا۔ کسوف یا خسوف میں آنا (۲) مدھم پڑنا۔ رونق گھٹنا۔ ماند ہونا (۳) کسی عضو کا پیدائشی ٹیڑھا پیدا ہونا ۔
گھناؤنا (ص) (۱) مکروہ۔ کریہہ (۲) جس سے گھن معلوم ہو ۔
گھنٹ (گھَنٹ) (ا۔ مذکر) وہ گھنٹہ جو ہاتھی کے سینے پر لٹکایا جاتا ہے ۔
گھنٹا۔ گھنٹہ (گھن۔ٹا۔ گھن۔ٹہ) (ا۔ مذکر) (۱) گھڑیال (۲) جرس۔ درا۔ حیوانات کے گلے میں لٹکانے کی ٹال (۳) وقت بتانے کا بڑا آلہ۔ کلاک (۴) ساٹھ منٹ کا وقت (۵) (بازاری) عضو تناسل ۔
گھنٹہ بجانا (ف) گھنٹے پر چوٹ لگانا۔ گھڑیال بجانا ۔
گھنٹہ گھر (ا۔ مذکر) وہ اونچا مینار جس پر کلاک کی بڑی بڑی سوئیاں دور سے وقت بتاتی ہیں ۔
گھنٹہ ہلانا (ف) (۱) (ہندو) گھنٹہ ہلا کر پوجا پاٹ کرنا۔ (۲) وقت گزاری کرنا۔ بے فائدہ کام کرنا ۔
گھنٹی (ا۔ مؤنث) گھنٹا کی تانیث اور تصغیر ۔
گھنٹے (ا۔ مذکر) گھنٹا کی جمع ۔
گھنٹے کی مورچھل سے اٹھانا (ف) (ہندو) بوڑھے آدمی کے جنازے کو بڑی دھوم دھام اور باجے گاجے کے ساتھ مرگھٹ میں لے جانا ۔
گھُنڈی (گھُن۔ڈی) (ا۔ مؤنث) (۱) گریبان کو بند کرنے کے لئے کپڑے یا دھاگے کا گول بٹن (۲) دھان کی دوبارہ پھوٹی ہوئی جڑ (۳) (پنجاب) گرہ۔ عقدہ (۴) بل۔ فرق۔ کدورت (۵) رکاوٹ۔ انقباض ۔
گھنڈی کھولنا (ف) گرہ کھولنا۔ بند کھولنا۔ بٹن کھولنا ۔
گھنڈی لگانا (ف) (۱) بند باندھنا۔ بٹن لگانا (۲) گھنڈی ٹانکنا ۔
گھنگچی (گھُن۔گ۔چی) (ا۔ مؤنث) چرمٹی۔ سرخ رتی۔ ایک قسم کے سرخ دانے جن کا منہ سیاہ ہوتا ہے ۔
گھنگرالے (گھُن۔گ۔را۔لے) (ص) گھونگھر والے بال۔ بل کھائے ہوئے بال ۔
گھنگرو (گھُن۔گ۔رو) (ا۔ مذکر) (۱) ایک قسم کا بجنے والا زیور (۲) گلے کی وہ آواز جو جان کنی کے وقت سانس کے اٹک کر نکلنے یا بلغم کے پھنس جانے سے نکلتی ہے ۔
گھنگرو باندھنا (ف) (۱) کنچنوں کی اصطلاح میں ناچنے کا شاگرد کرنا (۲) ناچنے کی تیاری کرنا ۔
گھنگرو بند بھائی (ا۔ مذکر) کنچنی کا بچہ۔ کنچنی زادہ۔ ناچنے

گانے والے آپس میں ایک دوسرے کو کہتے ہیں ۔

گھنگرو بولنا (ع) (۱) گھنگروؤں کا چھن چھن بولنا۔ (۲) قریب مرگ ہونا۔ جان کنی کے وقت سانس کا رک رک کر نکلنا۔ گھرّا چلنا ۔

گھنگریا (گھنگ۔رِ۔یا) (ا) مؤنث۔ بچوں کے پہننے کا ایک قسم کا چھوٹا لہنگا ۔

گھنگنی (گھن۔گ۔نی) (ا۔ مؤنث) ابالا ہوا غلہ (چنے۔ مٹر۔ جوار۔ گیہوں وغیرہ) جو نمک ملا کر کھایا جاتا ہے ۔

گھنگنیاں (ا) مؤنث۔ گھنگنی کی جمع ۔

گھنگنیاں منہ میں بھر کر بیٹھ جانا (ع) خاموشی اختیار کرنا۔ چپ سادھنا ۔

گھنگولنا (گھن۔گو۔ل۔نا) (ف۔ا) کسی رقیق چیز یا پانی میں ہاتھ ڈال کر ہلانا۔ گدلا کرنا (۲) گھولنا۔ خوب ہلانا ۔

گھنگھنانا (گھن۔گھنا۔نا) (ف) کسی پہیے یا چرخی کے جلد جلد چلنے یا چکر کھانے کی آواز ۔

گھنی (گھ۔نی) (ا) مؤنث (۱) وہ گائے جسے گرہن لگ کر کسی عضو میں نقص ہو گیا ہو (۲) چھوٹے قد کی گائے ۔

گھنّی (ا) مؤنث (۱) خاموش۔ چپ (۲) گھری عورت۔ مطلب کو سمجھ کر جواب نہ دینے والی۔ کینہ توز ۔

گھنّی سمّی (ا) گھری عورت۔ گرہ سکیں کپٹ رکھنے والی ۔

گہنے (ا) مذکر۔ گہنا (زیور) کی جمع (۲) (ا) گرو۔ گروی رہن ۔

گہنے رکھنا (ع) گرو رکھنا۔ رہن کرنا ۔

گھنیرا (گھ۔نے۔را) (ا) گھنا ۔

گھنیری (ا) گھنی ۔

گھوآ (گھو۔آ) (ا) مذکر (۱) ایک کیڑا جو پانی کے کنارے رہتا ہے (۲) چھوٹی سرکنڈے کے اوپر کا پھول۔ جو روئی کے مانند ہوتا ہے ۔

گھوا (گھ۔وا) (ا۔ مذکر) (عوام) (۱) موچنا (۲) چمٹا (۳) سنسی ۔

گہوارہ (گہ۔وا۔رہ) (ف) (۱) پالنا۔ جھولا۔ پنگوڑا۔ ہنڈولا۔ بچوں کے سلانے یا بہلانے کا جھولا (۲) وہ جگہ جس پر محراب بنا کر نیاں باندھ کر

مُردوں کا جنازہ لے جاتے ہیں ۔

گہواں رنگ (گہ۔واں۔رنگ) (ا۔ مذکر) گندمی رنگ ۔

گھوٹ (گھوٹ) (ا) (۱) گھوٹنا کا امر (۲) (مؤنث) گھوٹنے کا فعل ۔

گھوٹا (گھو۔ٹا) (ا) مذکر (۱) کاغذ گھوٹنے کا مہرا۔ صاف یا چمکیلا بنانے کا اوزار (۲) استرے سے سر یا ڈاڑھی کی صفائی۔ چار ابرو کا صفایا ۔

گھوٹنا (ف) (۱) رگڑنا۔ حل کرنا۔ باریک کرنا (۲) استرے سے صفائی کرنا (۳) رٹنا۔ بار بار پڑھ کر ذہن نشین کر لینا ۔

گھور (گھور) (ا۔ مذکر) (۱) غلاظت۔ میل۔ چرک (۲) (ص) خوفناک۔ بھیانک۔ ڈراؤنا (۳) گہرا رنگ (۴) (س) رات۔ شب (۵) گھورنا کا امر ۔

گھور گھور کر دیکھنا (ع) تند نظر سے دیکھنا ۔

گھورا (گھو۔را) (ا۔ مذکر) چوپایوں کے رہنے کی جگہ ۔

گھورا (گھو۔را) (ا۔ مذکر) (۱) وہ جگہ جہاں کوڑا کرکٹ پھینکا جائے۔ کھتّا (۲) میلا۔ چرک۔ گو وغیرہ جو خاکروب صاف کر کے جاتے ہیں (۳) گھورنا کی ماضی ۔

گھورنا (ف) (۱) تاکنا۔ ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔ گھور سے دیکھنا (۲) خفگی کی نظر سے دیکھنا۔ تیز نگاہ سے دیکھنا (۳) دیدار بازی کرنا۔ محبت کی نظر سے دیکھنا۔ آنکھیں لڑانا ۔

گھوری (ص) غلیظ۔ میلا۔ گندہ ۔

گھوڑا (گھو۔ڑا) (ا۔ مذکر) (۱) اسپ۔ مرکب۔ توسن (۲) شطرنج کا ایک مہرہ (۳) بندوق کا کتّا۔ چٹکی۔ وہ چٹخنی جس کے دبانے سے بندوق چلتی ہے۔ بندوق کا طوطا ۔

گھوڑا اٹھانا (ع) گھوڑے کو دوڑانا۔ گھوڑا بھگانا ۔

گھوڑا الانگنا (ع) نئے گھوڑے پر پہلی مرتبہ سواری کرنا۔

گھوڑا بڑھانا (ع) (۱) گھوڑے کو آگے کرنا (۲) گھوڑا تیز چلانا۔ دوڑانا ۔

گھوڑا بھر جانا (ع) گھوڑے کا بند بند تھک کر اکڑ جانا ۔

گھوڑا پلانا (ع) گھوڑے پر کاٹھی یا زین رکھنا ۔

گھوڑا پلانے پر چڑھانا (ع) بندوق کے گھوڑے کو چڑھے پر زور دھکے کے لئے اٹھانا ۔

گھوڑا پھینکنا (ہ) گھوڑے کو کسی چیز کے پیچھے دوڑانا۔ گھوڑا پیچھے ڈالنا ۔

گھوڑا چراغ پا ہونا (ہ) گھوڑے کا پچھلی ٹانگوں پر کھڑا ہو جانا ۔

گھوڑا چھوڑنا (ہ) (۱) گھوڑے کو گھوڑی پر بچہ کشی کے لئے چڑھانا (۲) گھوڑا دوڑانا (۳) گھوڑے کو اس کی مرضی پر چھوڑنا (۴) سجتے ہوئے گھوڑے کو گاڑی سے نکالنا (۵) گھوڑے کو چرنے کے لئے کھلا چھوڑنا ۔

گھوڑا داغ ہونا (ہ) (مجازاً) سواروں کے زمرے میں نوکر ہونا

گھوڑا ڈالنا (ہ) (۱) گھوڑے کو سرپٹ دوڑانا (۲) گھوڑے کو کسی کے پیچھے لپکانا ۔

گھوڑا گھاس سے آشنائی کرے تو بھوکا مرے (ہ) (مثل) مزدور مزدوری نہ لے تو بھوکا مرے۔ معاملے کی جگہ مروت کے برتنے سے نفع نہیں ہوتا۔ اپنا مطلب کوئی نہیں چھوڑتا ۔

گھوڑا گھر کے تھان ہی میں قیمت پاتا ہے (ہ) (مثل) ہر چیز اپنی ہی جگہ قابل قدر ہوتی ہے۔ گھوڑے کی پوری قیمت تھان ہی پر ملتی ہے ۔

گھوڑا مارنا (ہ) گھوڑا بھگانا۔ گھوڑے کو ایڑ لگانا ۔

گھوڑا نکالنا (ہ) (۱) گھوڑے کو گاڑی کے لئے سدھانا۔ گھوڑے کو سواری کے قابل بنانا۔ (۲) گھوڑے کو آگے لے جانا۔ گھوڑا بڑھانا۔ (۳) ایام محرم میں شیعوں کا دلدل نکالنا ۔

گھوڑوں (ہ) مذکر۔ گھوڑا کی جمع حرف جار سے پہلے ۔

گھوڑوں کو گھر کتنی دور ؟ (۱) گھوڑوں کے آگے مسافت اور فاصلہ کچھ چیز نہیں۔ کام کرنے والے کے لئے سب آسان ہے ۔

گھوڑی (ہ) مؤنث (۱) گھوڑا کی تانیث۔ گھوڑیا۔ مادہ اسپ (۲) سوئیاں بنانے کا آلہ (۳) وہ لکڑی جو گوٹے کے تار تنے رہنے کے لئے تار کے نیچے کھڑی کر دیتے ہیں (۴) کپڑا ڈالنے کی چوبی تپائی (۵) بچوں کا ایک کھیل یعنی جس کی پیٹھ پر لیں اسے گھوڑی کہتے ہیں (۶) بانس کی بیچ میں سے چری ہوئی لکڑی جس سے کھلنے کے وقت کمان دبا کر کاٹتے ہیں ۔

گھوڑی چڑھانا (ہ) (۱) ختنے کی رسم ادا کرنا (۲) چری ہوئی لکڑی سے بچے کے عضو مخصوص کی کھال پکڑ کر ختنہ کرنا (۳) برات چڑھانا ۔

گھوڑے (ہ) مذکر۔ گھوڑا کی جمع ۔

گھوڑے بیچ کر سونا (ہ) پاؤں پھیلا کر سونا۔ بے فکری سے سونا ۔

گھوڑے جوڑے کی خیر (ہ) (عا) میاں بیوی اور سواری کا گھوڑا سلامت رہے ۔

گھوڑے سوار (ہ) (۱) اسپ سوار۔ گھوڑے چڑھا۔ راکب (۲) جلدباز ۔

گھوڑے کو لات اور آدمی کو بات (ہ) نادان کو مار پیٹ مگر سمجھ دار کو اشارہ کافی ہے ۔

گھوڑے کی دم بڑھے گی تو اپنی ہی مکھیاں اڑائیگا (۱) (مثل) ہر شخص اپنی ترقی سے خود ہی فائدہ اٹھاتا ہے ۔

گھوڑے کی شادی کرنا (۱) چونکہ گھوڑے کی نسبت بیچنے کا لفظ برا سمجھتے ہیں۔ اس وجہ سے شادی کرنا کہتے ہیں۔ گھوڑے کو بیچنا ۔

گھوڑے گھوڑے لڑیں موچی کا زین ٹوٹے (۱) (مثل) کرے کوئی بھرے کوئی۔ زبردستوں کے جھگڑوں میں کمزور ناحق نقصان اٹھائیں ۔

گھوڑے گئے گدھوں کا راج آیا (ہ) (مثل) شریف گئے بیوقوف ان کی جگہ قائم مقام ہوئے ۔

گھوس (گھوس) (ہ) مذکر و مؤنث (۱) ایک قسم کا بڑا چوہا۔ گھونس (۲) (ہندی) رشوت ۔

گھوس بحر (ہ) مذکر۔ رشوت ۔

گھوسم گھوسا (ہ) مذکر۔ مکا مکی۔ مار کٹائی۔ زد و کوب ۔

گھوسن (گھوسن) (ہ) مؤنث (۱) مسلمان گوالن۔ دودھ بیچنے والی ۔

گھوسی (ہ) مذکر (۱) مسلمان گوالا۔ گائے بھینس چرانے اور ان کا دودھ بیچنے والا (۲) (پنجاب) گھسیارا ۔

گھوش (گھوش) (س) مذکر (۱) شور (۲) ڈھول کی آواز (۳) جھنکار۔ دہاڑ (۴) زبان (۵) گوالوں کے رہنے کا مقام (۶) گوالوں کی ذات (۷) بنگالی کایستھوں کی ایک گوت ۔

گھوکنا (گھوک۔ نا) (ہ) (ہندی) سبق کا بار بار پڑھنا۔ رٹنا۔ یاد کرنا ۔

گھوگس (گھوگس) (ہ) مذکر۔ برج فصیل۔ گرگج ۔

گھوگی (گھُو۔گی) (ا) مؤنث (۱) گنوار جیب۔ کیسہ۔ ڈب (۲) فاختہ۔ گُگی۔ ٹُوٹرو ۔

گھول (گھُول) (ا) گھولنا کا امر ۔

گھول پینا (ف) (۱) شربت کی طرح پانی میں ڈال کر پی جانا (۲) کچھ بھی نہ سمجھنا۔ ہیچ جاننا (۳) مار ڈالنا ۔

گھول میل (ا) ۔ مذکر۔ میل جول۔ میل ملاپ ۔

گھولا (گھو۔لا) (ا) مذکر۔ پانی میں حل کی ہوئی افیون۔ گھولوا ۔

گھولنا (ف) (۱) پانی یا کسی رقیق چیز میں کچھ ملانا (۲) چوسنا۔ رس لینا ۔

گھولوا (ا) مذکر۔ پانی میں حل کی ہوئی افیون۔ گھولا (۲) کسی دوا کا عرق (۳) شوربا۔ یخنی ۔

گھولوا گھولنا (ف) (۱) رقیق بنانا۔ گھول کر پتلا کرنا (۲) افیون کو پانی میں حل کرنا (۳) دیر لگانا۔ ڈھیل کرنا ۔

گھوسے میں پڑنا (ف) عذاب میں پڑنا۔ کسی ایسے کام میں پڑنا جو تمام نہ ہو ۔

گھوسے میں ڈالنا (ف) (۱) بکھیڑے میں پھنسانا۔ شش و پنج میں ڈالنا (۲) حیران کرنا۔ ٹال مٹول کرنا۔ آج کل کرنا ۔

گھوم (گھُوم) (ا) (۱) گھومنا کا امر (۲) (مذکر) چکر (۳) لڑکوں کا ایک کھیل ۔

گھومنا (ف) (۱) پھرنا۔ چکر لگانا (۲) بخارات کا دماغ کو لگنا ۔

گھومنی (ا) مؤنث۔ دورانِ سر۔ سر درد ۔

گھُونا (گھُو۔نا) (ص) تجربہ کار۔ حرافہ۔ ہوشیار ۔

گھونپنا (گھونپ۔نا) (ف) (۱) بُری طرح سینا (۲) گھسیڑنا۔ ہُول مارنا۔ بھونکنا ۔

گھونٹ (گھُونٹ) (ا) مذکر۔ جُرعہ۔ چُسکی۔ پانی یا کسی رقیق چیز کی وہ مقدار جو ایک دفعہ حلق سے اترے (۲) حقے کا دم۔ کش (۳) گھونٹنا کا امر ۔

گھونٹ بھرنا (ف) (۱) جُرعہ پینا (۲) حقے کا دم لگانا ۔

گھونٹ گھونٹ کرکے اتارنا۔ پینا (ف) ذرا ذرا پینا۔ تھوڑا تھوڑا کرکے پینا ۔

گھونٹ گھونٹ کر مارنا (ف) دکھ رنج دے دے کر مارنا۔ جلا جلا کر مارنا ۔

گھونٹنا (گھونٹ۔نا) (ف) دیکھو (گھوٹنا) ۔

گھونٹنا (ف) (۱) گلا دبانا۔ دم روکنا۔ سانس بند کرنا (۲) (مجازاً) تنگ کرنا۔ بند کرنا۔ دق کرنا ۔

گھونس (گھُونس) (ا) (مذکر و مؤنث) دیکھو (گھوس) ۔

گھونس پچھڑ (ا) مؤنث (ہندی) دیکھو (گھوس پچھڑ) ۔

گھونسا (گھُوں۔سا) (ا) (۱) مکا۔ مُشت۔ ڈُک (۲) ضرب۔ چوٹ۔ صدمہ ۔

گھونسا جڑنا۔ چلانا۔ مارنا۔ لگانا سہی کرنا (ف) مکا لگانا۔ ڈک مارنا ۔

گھونسلا (گھونس۔لا) (ا) مذکر (۱) پرندوں کا گھر۔ آشیانہ۔ آلنا (۲) چھوٹا سا گھر۔ جھونپڑا ۔

گھونسلا بنانا (ف) (۱) پرندوں کا گھر یا آشیانہ ساخت کرنا (۲) چھوٹا سا گھر تعمیر کرنا ۔

گھونسم گھونسا (ا) مذکر۔ دیکھو (گھوسم گھونسا) ۔

گھونسوں (ا) مذکر۔ "گھونسا" کی جمع۔ بحرفِ جار سے پہلے ۔

گھونسوں کا کیا ادھار (ف) مثل۔ جُرم کی سزا میں کیا دیر۔ مار کا بدلہ ۔

گھونسوں لڑنا (ف) مکّوں سے لڑنا۔ ڈُک بازی کرنا ۔

گھونسیا (ا) (ہندی) رشوت خوار۔ کھاؤ ۔

گھونگا (گھوں۔گا) (ا) مذکر۔ ایک قسم کے دریائی کیڑے کا خول جو ہڈی کی مانند سیپی اور سنکھ کی قسم سے ہے۔ گوش ماہی ۔

گھونگٹ (گھُونگ۔گٹ) (ا) مذکر۔ برقع۔ نقاب۔ پردہ۔ چادر کا منہ پر پڑا ہوا کپڑا (۲) روک۔ حجاب۔ دروازے کی اندرونی دیوار (۳) شرم۔ حیا۔ لاج۔ لحاظ ۔

گھونگٹ اٹھانا (ف) (۱) پردہ دور کرنا۔ دلہن کا سامنے ہونا (۲) پردہ اونچا کرنا ۔

گھونگٹ کرنا (ف) (۱) پردہ کرنا۔ دوپٹے سے منہ چھپانا۔ لحاظ کرنا۔ شرم کرنا (۲) گھوڑے کا اپنی گردن پیچھے کی طرف موڑنا ۔

گھونگٹ کھانا (ف) (۱) لشکر یا فوج کا مڑ جانا یا رُخ بدلنا (۲) شکست کھانا۔ منہ موڑنا۔ بھاگ نکلنا ۔

گھونگٹ کی دیوار (ا) مؤنث۔ دروازے کے سامنے کی اندرونی دیوار۔ پردے کی دیوار ۔

گھونگٹ نکالنا (ف) پردہ کرنا۔ منہ چھپانا ۔

گھونگٹ والی (ا) مؤنث (۱) برقع پوش عورت۔ پردہ دار۔ حیا والی۔ شرم والی (۲) دُلہن۔ عروس۔ بنی ۔

گھونگر (گھُن۔گر) (ا) مذکر۔ بالوں کا چکر ۔

گھونگروالے یا گھونگریالے بال (ع) مذکر ۔ پیچ در پیچ بال ۔ مڑے ہوئے بال ۔ مرغول ۔ جعد ۔

گھونگھی (گھون ۔ گھی) (ع) مؤنث (۱) مٹی کا بنا یا گھونگے کی شکل کا ٹکڑا جو کھپروں کے بیچ میں کھپریل میں رخنہ بندی کرنے کے لئے رکھتے ہیں (۲) ایک کیڑا ۔

گھی (گھی) (ع) مذکر (۱) روغن زرد ۔ تپایا ہوا مکھن (۲) نرم ملائم ۔

گھی داغ کرنا (ا) گھی کا تڑکا لگانا ۔ گھی کڑکڑانا ۔

گھی سنوارے سالن اور بڑی بہو کا نام (۱) (مثل) کرے کوئی ۔ نام کسی کا ہو ۔ لذت گھی سے درست ہوتی ہے اور نام پکانے والی کا ہوتا ہے ۔

گھی کا کپا لنڈھنا (ع) (۱) روغن زرد کا اوندھا ہونا ۔ (۲) کسی بہت بڑے رئیس ۔ امیر یا بادشاہ وقت کا مرجانا ۔

گھی کہاں گیا کھچڑی میں (ع) (مثل) جب اپنا مال اپنے ہی عزیز و اقارب میں خرچ ہو ۔ یا ایسا نقصان ہو ۔ جس سے اپنوں کو فائدہ پہنچے ۔ تو اس موقع پر بولتے ہیں ۔ گویا ہمارا مال ہمارے ہی کام آیا ۔ بعض ”گھی کہاں گیا کھچڑی میں اور کھچڑی کہاں گئی پیاروں کے پیٹ میں“ بھی بولتے ہیں ۔

گھی کھچڑی (ع) شیر و شکر ۔ نہایت گہرے دوست ۔ گھٹے ملے ۔

گھی کھچڑی ہونا (ع) شیر و شکر ہونا ۔ بے حد میل ملاپ ہونا ۔ گھل مل جانا ۔

گھی کے چراغ جلانا (ع) (۱) مراد بر آنے پر مزار ۔ درگاہ یا مندر وغیرہ میں چراغوں میں تیل کی بجائے گھی کی روشنی کرنا (۲) مجازاً نہایت خوشی منانا (۳) اس قدر دولتمند ہونا ۔ کہ تیل کی بجائے گھی کے چراغ جلیں ۔

گھی کے سے گھونٹ آتے ہیں (ع) اس چیز میں بہت گھی پڑا ہوا ہے ۔ اور نہایت ذائقہ دار ہے ۔

گھی کے لیتے سے جا لگنا (ع) (ہندو) کسی مالدار کے پاس رسائی ہو جانا ۔

گھی گرا مجھے زرو گھی ہی بھاتی ہے (ع) (مثل) اپنی بھونڈی اور فرمندگی کو چھپانے کے موقع پر بولتے ہیں ۔ جیسے اخ تھو ۔ انگور کھٹے ہو گئے ہیں ۔

گھیے (گھیے) (ت) دیکھو (گا ہے)

گھیا (ع) مذکر ۔ کدو ۔ ایک قسم کی ترکاری ۔

گھیاتر ئی ۔ یا ۔ توری (ع) مؤنث ۔ ایک قسم کی لمبی ترکاری کا نام جو کھانے میں بہت لذیذ ہوتی ہے ۔

گھیاکش (ا) مذکر ۔ دیکھو (کدوکش) ۔

گھیاں (گھی ۔ یاں) (ع) مؤنث ۔ پوربی ۔ اروی ۔ ایک قسم کی لیسدار ترکاری جو جڑ کی قسم سے ہوتی ہے ۔

گھیپنا (گھیپ ۔ نا) (ع) (پوربی) خوب ملانا ۔ آمیز کرنا ۔ متھنا (۲) چھیلنا ۔ کھرچنا ۔

گھیتلا (گھیت ۔ لا) (ع) مذکر ۔ ایک قسم کا زنانہ جوتا جو آگے سے بہت مڑا ہوا ہوتا ہے ۔ لمبی نوک کا پھٹا جوتا ۔

گھیر (گھیر) (ع) مذکر (۱) محیط ۔ دور ۔ گردہ ۔ گھیرا ۔ چکر ۔ گھماؤ (۲) حلقہ ۔ دائرہ ۔ احاطہ ۔ صحن (۳) گھیرنا کا امر ۔

گھیر دار (ا) دور دار ۔ فراخ کشادہ ۔ ڈھیلا ڈھالا ۔

گھیر گھار کر لانا (ع) چاروں طرف سے اکٹھا کرکے لانا ۔ ہر طرف سے سمیٹ سماٹ کر ایک جگہ لانا ۔

گھیرا (گھے ۔ را) (ع) مذکر (۱) گردہ ۔ حلقہ ۔ دائرہ (۲) محیط ۔ چکر ۔ باڑ (۳) چار دیواری ۔ حصار فصیل (۴) نرغہ ۔ محاصرہ ۔

گھیرا ڈالنا (ع) محاصرہ کرنا ۔ چاروں طرف سے گھیر لینا ۔ حلقہ کر لینا ۔

گھیرا (گھی ۔ را) (ع) مذکر (۱) ایک چھوٹا سا زہریلا کیڑا جو مٹیالے رنگ کا ہوتا اور اکثر جنگلوں یا کھنڈروں میں بل بنا کر رہتا ہے (۲) ایک قسم کا نہایت زہریلا گرگٹ ۔

گھیرنا (ع) (۱) احاطہ کرنا ۔ محصور کرنا (۲) چار دیواری بنانا ۔ جنگلہ لگانا ۔ باڑ لگانا (۳) بند کرنا ۔ روکنا (۴) پکڑنا جکڑنا ۔

گھیرنی (گھیر ۔ نی) (ع) مؤنث ۔ چرخ چلانے کا ہتھا ۔

گھیرلا (گھے ۔ لا) (ع) مذکر ۔ ایک قسم کا رہن جس میں زمین بطور امانت رکھی جائے ۔ اور سود قابل ادا ہو ۔

گھیکوار } (گھی ۔ کوار + گھی ۔ کوا) (ع) مذکر ۔ ایک قسم کا پودا جس کے کناروں پر کانٹے ہوتے ہیں اور پتوں میں لیس ۔ یہ اکثر دواؤں میں کام آتا ہے ۔
گھیکوار }

گھینٹ (گھینٹ) (ع) مذکر (پوربی) گلا ۔ حلق ۔ حلق ۔

گھینٹا (گھین ۔ ٹا) (ع) مذکر ۔ سور کا بچہ ۔ بچہ خوک ۔

گھینگا ۔ گھینگھا (گھین ۔ گا + گھین ۔ گھا) (ع) مذکر ۔ گلے کا ایک مرض جس سے گلا پھولا رہتا ہے ۔ گلگنڈ ۔

گھیور (گھی۔ور) (ہ۔ مذکر۔ ایک قسم کی مٹھائی جو میدے اور گھی کی آمیزش سے تل کر بنائی جاتی ہے ؂

گ۔و

گئو (گئو) (س۔ مؤنث) گائے۔ بقر ؂
گئوپال۔ گوپال (س، مذکر۔ (۱) گوالا۔ گایوں کو پالنے والا (۲) کرشن جی کا لقب ؂
گئودان (ہ) مذکر (۱) گائے کو خیرات کرنا ؂
گئورس (س۔ مذکر (۱) دودھ (۲) دہی (۳) چھاچھ لسّی ؂
گئوسالہ (شالہ) (ہ) مذکر) گایوں کے رہنے کی جگہ ؂
گئوگھاٹ (ہ) مذکر۔ دریا یا تالاب کا وہ مقام جو مویشیوں کے پانی پینے کے لئے بنایا جاتا ہے ؂
گئومکھی (ہ) مؤنث (۱) بانات وغیرہ کی وہ تھیلی جس میں ہندو لوگ مالا ڈال کر جپ کرتے ہیں (۲) ہمالیہ پہاڑ کی ایک کھوہ جہاں سے گنگا نکلتی ہے ؂
گئوہتیا (ہ) مؤنث۔ گائے کے ذبح کرنے یا مارنے کا پاپ ؂
گئی بو تو فارسی کی اور رہی کھال کی کھال (۱) (مثل) عزت یا دولت کھو کر جیسے تھے۔ ویسے ہی رہ گئے ؂
گئی کرنا (ہ) (۱) درگزر کرنا۔ چشم پوشی کرنا۔ جان کر ٹال دینا۔ (۲) کمی کرنا۔ کوتاہی کرنا (۳) صبر کرنا۔ سہارنا۔ برداشت کرنا (۴) غفلت کرنا۔ چوکنا ؂
گئی گزری (ہ) (۱) ناچیز۔ حقیر۔ بے وقعت (۲) بھولی ہوئی۔ پرانی ؂
گئے بچارے روزے رہے ایک کم تیس (۱) (مثل) جب پہلا روزہ رکھ لیا تو باقی کے بھی رکھتے برابر سمجھو۔ جب ایک مشکل کام کا کوئی حصّہ کر لیا۔ تو وہ آسان نظر آنے لگا ؂
گئے تھے روزے چھڑانے نماز گلے پڑی (۱) (مثل) گئے نماز بخشوانے روزے گلے پڑے (۱) ایک کام سے عذر کیا۔ دوسرا کام اور سپرد ہوا۔ اُلٹے لینے کے دینے پڑ گئے ؂
گئے وہ دن۔ (ہ) دیکھو (وہ دن گئے) ؂
گئے وہ دن کہ خلیل خاں فاختہ اڑایا کرتے تھے (۱) (مثل) دیکھو (وہ دن گئے کہ خلیل خاں ......)

گ۔ی

گیا (گیا) (س۔ مؤنث) ہندوؤں کا ایک مشہور تیرتھ۔ جو صوبۂ بہار میں واقع ہے ؂
گیا وال (ہ) مذکر (۱) گیا کے مندر کا پجاری (۲) گیا کا بنا ہوا (۳) گیا کا رہنے والا ؂
گیا (گیا) (ہ) (۱) گزشتہ۔ اگلا۔ رفتہ۔ ماضی۔ سابقہ (۲) رفت۔ چلا گیا (۳) گزرا۔ جاتا رہا۔ بیتا ؂
گیا بیتا (ہ) (۱) گزرا ہوا۔ پچھلا (۲) (ہندو) (عو) نکما۔ ناکارہ۔ ناقابل استعمال۔ بیکار (۳) خراب۔ بگڑا ؂
گیا گزرا (۱) گزرا ہوا۔ رفتہ وگزشتہ (۲) معدوم۔ مفقود (۳) ناکارہ۔ نکما۔ بیکار (۴) خراب۔ بگڑا (۵) کم حوصلہ۔ بزدل (۶) نہایت کمزور۔ ناتواں (۷) بے حیثیت۔ ناچیز۔ بے قدر۔ بے شرم۔ بے حیا۔ بے غیرت (۸) نالائق۔ بدچلن (۹) مفلس۔ غریب۔ قلاش (۱۰) بے ٹھکانے۔ ناقابل وصول (۱۱) تباہ ہو گیا۔ برباد ہو گیا ؂
گیا گوایا (ہ) گزرا اور بیتا ہوا۔ جو گزر چکا ہو ؂
گیا وقت (ہ) (۱) وقت گزشتہ۔ وہ وقت جو گزر چکا ہو (۲) خوشی کا گزرا ہوا زمانہ ؂
گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں (۱) گزرا ہوا وقت دوبارہ نہیں مل سکتا۔ جو موقع ہاتھ سے نکل جائے۔ پھر میسر نہیں آتا۔ فرصت کو غنیمت سمجھو ؂
گیابھ (گیابھ) (ہ۔ مذکر) گابھ۔ حیوانوں کا حمل ؂
گیابھ ڈالنا (ہ) (۱) حمل گرانا۔ پیٹ گرانا (۲) خوف کے مارے وقت سے پہلے بچہ جن دینا (۳) بے حد ڈرنا۔ نہایت رعب ماننا ؂
گیابھن } (ہ) (گنوار) حاملہ۔ پیٹ والی۔ یہ لفظ صرف حیوانات
گیابھنی } کے لئے مخصوص ہے ؂
گیارہ (گیا۔رہ) (ہ) ایک اور دس۔ دہ و یک۔ یازدہ۔ ۱۱ ؂
گیارھواں (ہ) یازدہم۔ دسویں کے بعد کا ؂
گیارھویں (۱) حضرت غوث الاعظمؒ کی نیاز جو ۱۱ ربیع الآخر کو دی جاتی ہے۔ بعض لوگ ہر مہینے کی گیارھویں تاریخ کو دیتے ہیں ؂
گیان (گیان) (س) (۱) علم۔ واقفیت۔ دانش (۲) عقل۔ فہم۔ دانائی۔ سمجھ (۳) علم الٰہی۔ علم معرفت۔ عرفان ؂
گیان چرچا (س) مذکر۔ علمی یا مذہبی ذکر اذکار۔ علمی یا دینی

مباحثہ ؛
گیان چوسر (ہ) مؤنث ۔ ایک قسم کی چوسر جو کاغذ پر چھپی ہوئی ہوتی ہے ۔ اور پانچ یا سات کوڑیوں سے کھیلی جاتی ہے ؛
گیان وان } (س) عالم ۔ فاضل ۔ گیانی ۔ ودوان ۔ عارف ؛
گیانی }
گیاہ (گیاہ) (ف) مؤنث (۱) ہری گھاس (۲) خشک گھاس ۔ کاہ ؛
گیپا (گی ۔ پا) (ف ۔ مذکر) ایک قسم کا پلاؤ ؛
گیپائی (ف ۔ مذکر) گیپا بیچنے والا ؛
گیت (گیت) (ہ ۔ مذکر) راگ ۔ بھجن ۔ گانا ۔ سرود ؛
گیتا (گی ۔ تا) (س) مؤنث ۔ (۱) راگ ۔ گیت ۔ بھجن ۔ نغمہ (۲) بحث مباحثہ ۔ چرچا ۔ ذکر اذکار ۔ تذکرہ (۳) قول ۔ مقولہ (۴) ہندو کی ایک مذہبی کتاب جس میں معرفت الٰہی کا ذکر ہے ؛
گیتی (گی ۔ تی) (ف) مؤنث ۔ دنیا ۔ عالم ۔ جہان ۔ زمانہ ۔ سنسار ۔ جگ ؛
گیتی آرا (ف) (۱) جہان آرا ۔ دنیا کو آراستہ اور مزین کرنے والی نہایت خوب صورت (۲) بصرہ کا ایک خوبصورت پھول جس کی خوشبو سوکھ جانے کے بعد بھی مشک کی طرح ہوتی ہے (۳) زنانہ نام ؛
گیتی افروز (ف) (۱) عالمتاب ۔ جہان کا روشن کرنے والا (۲) مذکر ۔ آفتاب ۔ سورج ۔ خورشید ؛
گیٹس (گے ۔ ٹس) (ہ) (انگ) ۔ گارٹر ۔ (Garter) موٹے کپڑے یا چمڑے کی پٹی جسے اکثر سوار لوگ پنڈلیوں پر گھٹنوں یا بندوں سے کس لیتے ہیں (۲) رشیا سوت کا فیتہ جو موزوں پر چڑھا دیا جاتا ہے ۔ تاکہ وہ نیچے کو نہ اتر سکیں ؛
گیدڑ (گی ۔ دڑ) (ہ) مذکر ۔ ایک جانور جو کتے سے چھوٹا ہوتا ہے ۔ شغال ؛
گیدڑ اچھلا اچھلا جب انگور کے خوشے تک نہ پہنچا تو کہا ہم آ کھٹے ہوتے ہیں ۔
(۱) (مثل) اس موقع پر بولتے ہیں ۔ جہاں کوئی کسی چیز کے حاصل کرنے میں بہت سی تدبیریں کر کے بھی ناکام رہے ۔ اور اپنی شرمندگی کا خیال نہ کر کے دل کی تسلی یا شیخی کے باعث قابل نہ ہونے کے لئے کہہ دے ۔ کہ وہ چیز ہی کام کی نہ تھی ؛
گیدڑ اوروں کو شگون بتائے ۔ آپ اپنی گردن کٹوں سے تڑوائے (۱) (مثل) اپنی خبر نہیں اور وں کو شگون بتاتے پھرتے ہیں ؛
گیدڑ بولنا (ہ) (۱) گیدڑوں کا بھونکنا (۲) کسی کام کے شروع کرنے پر گیدڑوں کا بولنا منحوس خیال کرتے ہیں ۔ شگون بد ہونا ۔ بدشگونی کی علامت ظاہر ہونا (۳) اجڑنا ۔ ویران ہونا ۔ غیر آباد ہونا ؛
گیدڑ بھبکی (ہ) مؤنث ۔ گیدڑ کی طرح غرا کر حملہ کرنے کا ڈراوا ۔ دکھاوے کی گھرکی ۔ بے اثر دھمکی یا ڈراوا ؛
گیدڑ جب جھبرے میں گرا تو کہا آج یہیں مقام ہے (۱) (مثل) جب کوئی شخص اپنی تدبیر یا ارادے میں کامیاب نہیں ہوتا ۔ یا اپنی بے عقلی سے کسی تکلیف میں پھنس جاتا ہے اور اسے اپنی ناکامی یا بیوقوفی نہیں سمجھتا ۔ تو اس کے چھیڑنے کو یہ کہاوت بولتے ہیں ؛
گیدڑ کی کمبختی آئے تو گاؤں کو بھاگا جائے (۱) (مثل) جب برے دن آتے ہیں تو تدبیریں بھی الٹی سوجھتی ہیں ؛
گیدی (گے ۔ دی) (ف) (۱) بے عزت ۔ بے حمیت (۲) (مجازاً) بھڑوا ۔ دیوث (۳) نامرد ۔ ہیجڑا (۴) بزدل (۵) احمق ۔ نادان ۔ بے وقوف ؛
گیدی خر (ف) بہت بڑا بے وقوف ۔ خر دنا شخص ۔ الو ۔ گدھا ؛
گیر (گیر) (ف) گرفتن کا امر ہے ۔ پکڑ ؛
گیر و دار (ف) مؤنث ۔ پکڑ دھکڑ ۔ لڑائی بھڑائی جنگ و جدال (۲) حکومت ۔ حکمرانی ۔ شان و شکوہ ؛
گیرائی (ف) مؤنث (۱) گرفتگی ۔ پکڑ (۲) شکل کا محکمہ (۳) خفیہ پولیس کا محکمہ ؛
گیرنا (گیر ۔ نا) (ہ) (ہندو) (۱) گرانا (۲) لگانا ۔ سارنا ۔ جیسے سرمہ گیرنا (۳) بنانا ۔ تیار کرنا ۔ جیسے اچار گیرنا ؛
گیرو (گے ۔ رو) (ہ ۔ مذکر) گِل ارمنی ۔ ایک قسم کی لال مٹی (پنجابی) گیری ؛
گیروا (ہ) لال رنگ کا ۔ گیرو کے رنگ کا ۔ گہرا گلابی ؛
گیڑی (گے ۔ ڑی) (ہ) مؤنث ۔ وہ لکڑی جس سے لڑکے اس طرح کھیلتے ہیں ۔ کہ ایک لکیر کھینچ کر اس سے تھوڑے فاصلے پر لکڑی رکھتے اور دوسرا

لڑکا اس پر اپنی لکڑی کی چوٹ لگا کر لکیر سے پار کر دینے کی صورت میں جیت لیتا ہے ۔

گیڑیاں (ہ) مؤنث، گیڑی کی جمع ۔ کھیلنے کی بہت سی لکڑیاں ۔

گیڑیاں کھیلنا (ہ) لکڑیوں سے کھیلنا ۔

گیس (گیس) (انگ۔ Gas) مؤنث، (۱) ہوا۔ روشنی دینے والا دھواں جو اکثر ہڈیوں یا کوئلوں سے پیدا ہوتا ہے ۔

گیسو (گے۔ سُو) (ف) مذکر (۱) سر کے لمبے بال (۲) جو دونوں طرف ہوتے ہیں ۔ کاکل ملٹ ۔ زلف ۔

گیگلا (گیگ۔ لا) (ہ) سادہ لوح ۔ بھولا ۔ احمق ۔ مورکھ ۔

گیگلاپن (ہ) مذکر ۔ بھولاپن ۔ سادہ لوحی ۔ حماقت ۔ بے وقوفی ۔

گیگلی (ہ) مؤنث ۔ بدتمیز عورت ۔ پھوہڑ ۔ احمق ۔

گیل (گَیل) (ہ) مؤنث (۱) راستہ ۔ راہ ۔ باٹ ۔ سڑک ۔ پگ ڈنڈی ۔ باٹ ۔ بٹیا (۲) تیلوں کا گچھا ۔ (۳) ساتھ ۔ سنگ ۔ ہمراہ ۔

گیل جانا (ہ) ساتھ ساتھ ۔ ہمراہ ۔

گیل گیل (ہ) ساتھ جانا ۔ ہمراہ جانا ۔

گیل لگے پھرنا (ہ) پیچھے پیچھے پھرنا ساتھ ساتھ رہنا ۔ پیچھا نہ چھوڑنا ۔ ہمراہ رہنا ۔

گیلا (گی۔ لا) (ہ) تر ۔ نم ۔ بھیگا ہوا ۔

گیلا کرنا (ہ) تر کرنا ۔ بھگونا ۔ نم کرنا ۔

گیلا ہونا (ہ) نم ہونا ۔ بھیگنا ۔ تر ہونا ۔

گیلان (گی۔ لان) (ف) ۔ مذکر (۱) عراق کے شمال میں ایک صوبہ (۲) بغداد کے پاس ایک گاؤں ۔

گیلری (گَیل۔ لرِی) (انگریزی۔ Gallery) (۱) تصویرخانہ (۲) گرجے ۔ تھیٹر ہال یا مکان میں بیٹھنے یا گزرنے کی اونچی جگہ ۔

گیلڑ (گے۔ لَڑ) (ہ) پہلے خاوند کا وہ بچہ جسے عورت اپنے ساتھ دوسرے خاوند کے ہاں لائی ہو ۔ ساتھ کا بچہ ۔

گیلن (گے۔ لَن) (انگریزی۔ Gallon) مذکر سیال یا رقیق اشیاء کے ماپنے کا آلہ ۔ جو دو سیر دس چھٹانک کے برابر ہوتا ہے ۔

گیلی (گی۔ لی) (ف) گیلان کا رہنے والا (۲) گیلا کی تانیث ۔

گیلی لکڑی سیدھی ہوسکتی ہے (ہ) مثل ۔ بچے کی تربیت ہوسکتی ہے ۔

گیم (گیم) (انگریزی۔ Game) مذکر (۱) کھیل ۔ شکار وغیرہ ۔

گینا (گے۔ نا) (ہ) مذکر ۔ چھوٹے قد کا بیل ۔

گینتی (گین۔ تی) (ہ) مؤنث ۔ زمین کھودنے کا ایک نوکدار آہنی اوزار ۔ کدال ۔

گینچنا (گینچ۔ نا) (ہ) ہاتھ سے مَل دَل ڈالنا ۔

گیند (گَیند) (ہ) ۔ مذکر (ہندو) ہاتھی ۔ فیل ۔ گج ۔

گیند (گیند) (ہ) (مذکر و مؤنث) (۱) چمڑے کپڑے یا ربڑ کا وہ گولا جس سے لڑکے کھیلتے ہیں ۔

گیند بلا (ہ) مذکر ۔ ڈنڈے اور گیند کا کھیل ۔ کرکٹ ۔

گیندا (ہ) مذکر ۔ گلِ صد برگ ۔ ایک قسم کا زرد پھول اور اس کا پودا ۔

گیندوا (گین۔ دوا) (ہ) ۔ مذکر ، (۱) تکیہ (۲) پیٹ میں پیدا ہو جانے والا ایک کیڑا (۳) دیکھو (گیندا) ۔

گیندئی (ہ) گیندے کے رنگ کا سرخی لئے ہوئے زرد رنگ ۔

گینڈا (گیں۔ ڈا) (ہ) مذکر ۔ بھینسے کے برابر ایک بڑا جانور چوپایہ جس کی ناک پر ایک سینگ ہوتا ہے کھال اتنی سخت اور مضبوط ہوتی ہے کہ اس کی ڈھالیں بناتے ہیں ۔

گینڈلی (گین۔ ڈلی) (ہ) ۔ مؤنث (۱) سوت کا لچھا ۔ سوت کی انٹی ۔ لچھی (۲) سانپ کا حلقہ بنا کر بیٹھنا ۔ کنڈلی ۔

گینگٹا (گین۔ گٹا) (ہ) ۔ مذکر (پورب) کیکڑا ۔ سرطان ۔ کرک ۔

گینی (گے۔ نی) (ہ) مؤنث ۔ چھوٹے قد کی فربہ گائے ۔

گیو (گیو) (ف) ۔ مذکر (۱) ایک پہلوان جو گودرز کا بیٹا تھا (۲) بہادر ۔

گیہان (گے۔ ہان) (ف) ۔ مذکر (۱) جہان (۲) زمانہ ۔

گیہان خدیو (ف) ۔ مذکر ۔ جہان کا بادشاہ ۔ خداوند ۔

گیہواں (گے۔ ہُواں) (ہ) گیہوں کے رنگ کا ۔ گندمی ۔

گیہوں (گے۔ ہُوں) (ہ) ۔ مذکر گندم ۔ کنک ۔ ایک غلّہ ۔

گیہوں کی بال نہیں دیکھی (ہ) نہایت ناتجربہ کار اور نادان ہے ۔ گھر سے باہر کبھی قدم نہیں نکالا ۔ یہ بھی معلوم نہیں کہ گیہوں کا پودا اور اس کی بال کیسی ہوتی ہے ۔

گیہوں کی روٹی کو فولادی پیٹ چاہیے (ہ) مثل نعمت کو ہضم کرنے کے لیے بھی حوصلہ چاہیے ۔

گیہوں کے ساتھ گھن بھی پس جاتا ہے (ہ) امیروں کے ساتھ غریبوں کی بھی شامت آجاتی ہے ۔ گنہگار کے ساتھ بےگناہ ساتھی بھی گرفتار بلا ہو جاتا ہے ۔ بُرے کے ساتھ اچھا بھی دھرا جاتا ہے ۔

ل

ل (لام) (ع۔ مذکر) عربی کا تیئیسواں۔ فارسی کا ستائیسواں اور اُردو کا تیسواں حرف۔ حسابِ جمل میں اس کے تیس عدد مانے گئے ہیں ؀

ل-ا

لآلی (لَ۔ آ۔ لِیْ) (ع۔ مذکر) لُؤلُؤ کی جمع۔ بہت سے موتی ؀

لا (لا) (ہ) لانا کا امر ؀

لا (لا) (ع) کلمۂ نفی (۱) بغیر۔ بِنا (۲) نہیں۔ نہ ؀

لاأبالی (۱) (ع۔ لغوی) میں پروا نہیں کرتا (۲) (ا) نڈر۔ دلیر (۳) بے فکر۔ بے پروا (۴) لا مذہب۔ رند مشرب (۵) شوخ۔ بے شرم ؀

لاأبالی کارخانہ (ا) مذکر۔ نہایت بد انتظامی ؀

لا أعلم (ع) مجھے معلوم نہیں ؀

لا إلٰہ إلّا اللہ محمد رسول اللہ (ع۔ مذکر) (کلمۂ طیّب) خدا کے سوا کوئی پرستش کے قابل نہیں اور محمد (صلعم) اس کے بھیجے ہوئے رسول ہیں۔ مسلمانوں کا ایمان بس اسی کلمہ پر ہے ؀

لابُدّ (ع) (۱) بیشک۔ یقیناً۔ قطعی (۲) مجبوراً ؀

لابُدّی (ع) لازمی۔ ضروری۔ یقینی ؀

لاپروائی (ا) مؤنث۔ (عوام) بے پروائی۔ غفلت۔ بےخوفی ؀

لاتحصیٰ / لاتعداد } (ع) بے حساب۔ بے شمار۔ ان گنت ؀

لاثانی (ع) بے مثل۔ بے نظیر۔ یگانہ۔ یکتا۔ فرد ؀

لاجرعہ (ع) گھونٹ کے بغیر۔ ڈگڈگا کر ایک ہی سانس میں پی جانا ؀

لاجَرَم (ع) (۱) بے شک (۲) مجبوراً۔ لابُدّ ؀

لاجواب (ع) (۱) خاموش۔ چُپ (۲) (ا) بے نظیر۔ بے مثل۔ یکتا (۳) مغلوب۔ عاجز (۴) جھوٹا ؀

لاجواب کر دینا (ا) ہرا دینا۔ جواب نہ بننے دینا۔ تھکا دینا۔ بند کر دینا ؀

لاچار (ا) (۱) (عوام) ناچار۔ لا علاج (۲) محتاج (۳) غریب۔ مفلس (۴) معذور (۵) ہار کر۔ مجبور ہو کر۔ تنگ کر ؀

لاچار کرنا (ا) (۱) مجبور کرنا۔ بے بس کرنا (۲) اپاہج کرنا۔ ناکارہ کرنا (۳) مفلس بنانا۔ تنگدست کر دینا ؀

لاچار ہونا (ا) (۱) لا علاج ہونا (۲) مجبور ہونا (۳) عاجز ہونا۔ ہارنا۔ تھکنا (۴) محتاج ہونا (۵) مفلس اور تنگ دست ہونا ؀

لاچارگی (ا) مؤنث (۱) مجبوری۔ ناچاری (۲) محتاجی غریبی۔ مفلسی ؀

لاچاری (ا) مؤنث (۱) ناچاری۔ مجبوری (۲) عاجزی (۳) محتاجی۔ مفلسی (۴) مصیبت ؀

لاچاری پربت سے بھاری (ہ) (مثل) درماندگی پہاڑ سے بھی زیادہ بھاری ہے ؀

لاحاصل (ع) بے فائدہ۔ فضول۔ نکمّا۔ بیکار ؀

لاحل (ع) جو حل نہ ہو سکے۔ مشکل۔ دشوار۔ کٹھن۔ دقیق ؀

لاحول (ع) (ا) مؤنث (۱) اظہار نفرت و حقارت کا کلمہ (۲) شیطان کے بھگانے اور بھوت پریت دفع کرنے کا کلمہ ؀

لاحول بھیجنا (ا) لعنت۔ نفرت ظاہر کرنا ؀

لاحول پڑھنا (ا) شیطان یا بھوت پریت کے بھگانے کو لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہ پڑھنا ؀

لاحول ولا قوّۃ (ع) مؤنث۔ اظہارِ نفرت و بیزاری کے موقع پر بولتے ہیں ؀

لاحول ولا قوّۃ إلّا باللہ (ع۔ مؤنث) کسی کو کوئی قدرت و طاقت حاصل نہیں بجز خدائے بزرگ و بلند کو سب کچھ حاصل ہے۔ شیطان یا بھوت پریت بھگانے اور توہمات و وسواس دفع کرنے

کے لئے یہ پڑھتے ہیں ؞

لاخراج (ع) (۱) وہ زمین جس پر سرکاری محصول نہ ہو معافی (۲) وہ زمین جس کا مالیہ نہ دینا پڑے ؞

لادعوی (ع) مذکر۔ دست برداری۔ فارغ خطی۔ بے تعلق ہونے کی سند ؞

لادعویٰ دینا (لکھنا) (۱) کسی حق یا دعوے کو چھوڑ دینا ؞

لادوا (ع) لاعلاج جس کی دوا نہ ہو سکے ؞

لاریب (ع) بلاشبہ یقیناً۔ بیشک۔ تحقیق ؞

لازوال (ع) جس کو زوال نہ ہو۔ غیر فانی۔ ابدی۔ ازلی ؞

لاطائل (ع) لاحاصل بے فائدہ۔ بے سود ؞

لاعلاج (ع) (۱) جس کا علاج نہ ہو سکے۔ لادوا (۲) لاچار۔ ناچار ؞

لاعلم (ع) بے علم۔ جسے معلوم نہ ہو۔ کسی بات کا نہ جاننے والا ؞

لاعلمی (ع) مؤنث۔ بے خبری۔ کسی بات کا علم نہ ہونا ؞

لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار (ع) (مثل) حضرت علیؓ کے سوا کوئی بہادر نہیں اور ذوالفقار کے سوا کوئی تلوار نہیں ؞ (حدیث شریف)

لاکلام (ع) (۱) وہ بات جس میں کچھ جائے گفتگو نہ ہو۔ (۲) بلاشبہ۔ یقیناً۔ ضرور۔ البتہ ؞

لامحالہ (ع) (۱) ناچار (۲) بالضرور۔ یقیناً ؞

لامذہب (ع) جس کا کوئی مذہب نہ ہو۔ بے دین۔ بے ایمان۔ دہریہ ؞

لامکان (ع) (مذکر) وہ مقام جس میں مکانیت کی تخصیص نہ ہو۔ عالم قدس۔ خدا تعالیٰ کی تعریف کا کلمہ ؞

لامکان پرواز (عیر) (ف) عالم بالا تک پہنچنے والا ؞

لاوارث (ع) وہ مال یا شخص جس کا کوئی وارث نہ ہو۔ وہ چیز جس کا کوئی مالک یا حقدار نہ ہو ؞

لاوارثی (ا) مذکر۔ وہ مال جس کا کوئی وارث نہ ہو ؞

لاولد (ع) بے اولاد۔ بے اولاد۔ جس کے کوئی اولاد نہ ہو ؞

لاہوت (ع) مذکر۔ تصوف میں مقامات کا وہ طبقہ یا درجہ جہاں سالک کو "فنا فی اللہ" کا مقام حاصل ہوتا ہے ؞

لایزال (ع) ہمیشہ رہنے والا۔ بے زوال۔ قدیم۔ دائمی خدا تعالیٰ کی صفت میں بولتے ہیں ؞

لایعقل (ع) بے وقوف۔ نادان ؞

لایعلم (ع) جاہل۔ بے علم۔ حیوان کی صفت میں کہتے ہیں ؞

لایعنی (ع) بیہودہ۔ لغو۔ بے فائدہ۔ بے نتیجہ فضول لاحاصل ؞

لایموت (ع) (۱) نہ مرنے والا۔ غیر فانی (۲) وہ خوراک جو صرف زندگی قائم رکھنے کے لئے کافی ہو ؞

لا (لا) (انگ۔ Law) (مذکر) قانون۔ ضابطہ۔ قاعدہ ؞

لابک (انگ۔ Law book) (مؤنث) کتاب قوانین۔ وہ کتاب جس میں قانونی باتیں درج ہوں ؞

لابہ (لابَہ) (ف۔ مذکر) (۱) درخواست (۲) خواہش (۳) دعا (۴) طنز (۵) مذاق (۶) خوشامد ؞

لابھ (لابھ) (س، مذکر) (۱) فائدہ۔ نفع (۲) حصول تحصیل (۳) بالائی آمدنی۔ رشوت (۴) نجوم کا گیارھواں گھر۔ (۵) لالچ۔ طمع۔ حرص۔ لوبھ ؞

لابھ بنا نہیں ہر کے (ہ، مثل) (۱) خدا کو بھی لالچ کے سوا کوئی نہیں پوجتا (۲) خدا کی امداد کے سوا کوئی کام بذات خود فائدہ نہیں پہنچا سکتا ؞

لات (لاَت) (ع۔ مذکر) عرب کے اُن تین مشہور بتوں میں سے ایک جن کی پرستش زمانۂ جاہلیت میں ہوتی تھی ؞

لات (لاَت) (ہ۔ مؤنث) لت۔ لگد۔ پاؤں کی ضرب ٹھوکر ؞

لات مارنا (ہ) (۱) پاؤں کی ٹھوکر لگانا (۲) نفرت ظاہر کرنا۔ بے عزتی کرنا (۳) ترک کر دینا۔ چھوڑنا۔ ہاتھ اٹھانا۔ دست بردار ہونا ؞

لات مکی (ہ) مؤنث۔ لاتوں اور مکوں سے مارنے کی لڑائی ؞

لاتوں (ہ) مؤنث۔ لات کی جمع۔ حرف جار سے پہلے ؞

لاتوں کا بھوت (دیو) باتوں سے نہیں مانتا (ہ) (مثل) کمینہ جوتیاں کھائے بغیر سیدھا نہیں ہوتا ؞

لاتیں (ہ) مؤنث۔ لات کی جمع ؞

لاٹ (لاٹ) (ہ) مؤنث۔ (۱) لاٹھ۔ ایک قسم کا بہت اونچا مینار (۲) لو۔ شعلہ ؞

لاٹ (لاٹ) (ہند) (انگ۔ لارڈ۔ Lord) (مذکر) (۱) صاحب۔ خداوند۔ مالک۔ آقا۔ امیر (۲) حاکم ملک (۳) ایک قسم کا اعزازی خطاب (۴) وہ بشپ جو پارلیمنٹ کا ممبر ہو (۵) گورنر۔ لفٹننٹ گورنر۔

حاکم صوبہ ۔

لاٹ پادری (۱) مذکر۔ بڑا پادری۔ صوبے کا سب سے بڑا پادری ۔

لاٹ (لاَٹ) (ہندی) (انگریزی) لوٹ Lot (مذکر) چیزوں کا انبار۔ ڈھیر۔ مقسوم ۔

لاٹری (لاَٹ ۔ ری) (انگریزی۔ Lottery) (مؤنث) ایک قسم کی قرعہ اندازی۔ جوئے کی ایک قسم ۔

لاٹھ (لاَٹھ) (ہ) مؤنث (۱) عظیم ستون۔ کھمبا (۲) کولھو کی موٹی اور لمبی لکڑی (۳) موسل۔ دستہ۔ موگری (۴) چرخی کی سب سے لمبی اور بیچ کی کھونٹی ۔

لاٹھی (لاَ۔ ٹھی) (ہ) مؤنث۔ عصا۔ جریب۔ ہاتھ کی لکڑی ۔

لاٹھی پاٹھی (ہ) مؤنث۔ مارپیٹ۔ زدوکوب ۔

لاٹھی پونگا (ہ) مذکر (۱) لاٹھی اور سونٹا۔ لٹھ اور بانس (۲) لٹھم لٹھا۔ مارپیٹ۔ جوتی پیزار ۔

لاٹھی پونگا کرنا (ف) لٹھم لٹھا ہونا۔ جوتی پیزار ہونا ۔

لاٹھی ٹوٹے نہ باسن پھوٹے (ہ) (مثل) اس طرح کام لینا کہ کسی کا نقصان نہ ہو۔ نرمی سے کام لینا ۔

لاٹھی کتا رہے بیٹھے نہیں (ہ) (مثل) (پورب) جھونٹوں باپ رہے باپ] ابھی تک لاٹھی کا تو سامنا بھی نہیں ہوا۔ اور باپ کو پکارنا شروع کر دیا۔ ناحق کا واویلا ۔

لاٹھی کے ہاتھ۔ مالگزاری بیباق (۱) (مثل) مار دھاڑ سے حساب جلد بیباق ہوتا ہے ۔

لاٹھی ٹھونسا (ہ) مؤنث۔ جوتی پیزار۔ مارپیٹ۔ زدوکوب ۔

لاٹھی مارے پانی جدا نہیں ہوتا (۱) (مثل) رشتہ داروں یا بھائی بندوں میں بگاڑنے سکھانے سے فرق نہیں پڑ سکتا ۔

لاٹھی ہاتھ کی بھائی ساتھ کا (ہ) (مثل) جو چیز ساتھ ہو اسی کا بھروسہ ہوتا ہے ۔

لاج (لاَج) (ہندی) (انگریزی۔ لوج Lodge) (مؤنث) مکان۔ منزل۔ عمارت ۔

لاج (لاَج) (ہ) مؤنث (۱) شرم۔ حیا۔ ننگ۔ عار۔ شرمندگی۔ غیرت (۲) عزت۔ آبرو ۔

لاج رکھنا (ہ) آبرو نہ بگڑنے دینا۔ عزت بچانا۔ شرم رکھنا ۔

لاج کی آنکھ جہاز سے بھاری (۱) (مثل) حیا اپنی جگہ سے ہل سکتا ہے۔ مگر لحاظ والی آنکھ سے بے غیرتی نہیں اٹھائی جاتی۔ عزت اور شرم کے مارے بدلحاظی نہ کرنے کے موقع پر بولتے ہیں ۔

لاجورد (لاَ۔ جُ۔ وَرْد) (ف) مذکر (۱) نیلے رنگ کا ایک چمکدار پتھر (۲) نیل ۔

لاجوردی (ف) لاجورد کے رنگ کا۔ نیلا ۔

لاجونتی (ہ) مؤنث۔ (ہندی) (۱) شرم والی۔ غیرت مند (۲) پاک دامن۔ باعصمت ۔

لاجوں مرنا (ہ) شرم کے مارے زمین میں گڑ جانا ۔

لاحق (لاَ۔ حِق) (ع) ملا ہوا۔ پیوستہ۔ وابستہ۔ کسی چیز کے پیچھے لگا ہوا۔ وابستہ۔ ملحق ۔

لاحق ہونا (ل) (۱) ملنا۔ چمٹنا۔ لپٹنا۔ وابستہ ہونا (۲) کوئی بیماری لگنا ۔

لاحقہ (ع) پیچھے لگا ہوا۔ وابستہ۔ ملحق ۔

لاد (لاَد) (۱) "لادنا" کا امر ۔

لاد چلنا (ہ) کوچ کرنا۔ بستر بوریا سمیٹ کر رخصت ہونا ۔

لادے لدادے لادنے والا ساتھ دے (ہ) (مثل) جو کچھ دے۔ اسے لدوا بھی دے اور ایک آدمی بھی دے جو جا کر اُتروا دے یعنی ہم سے کچھ نہ ہوگا۔ جو کچھ بھی کرنا ہے۔ آپ ہی کو کرنا چاہیئے۔ جو شخص ہر طرح کا بوجھ دوسرے پر ڈال دے۔ اس کی نسبت بولتے ہیں ۔

لادنا (۱) (۱) اسباب بھرنا۔ بوجھ رکھنا (۲) بہت سا بوجھ رکھ دینا ۔

لادی (ہ) مؤنث (۱) بوجھ۔ بھار۔ بوجھا (۲) دھوبیوں کی گٹھڑی ۔

لادیا (ہ) مذکر۔ باربردار۔ بوجھ لاد کر لے جانے والا ۔

لاڈ (لاَڈ) (ہ) مذکر۔ پیار۔ ناز۔ اخلاص۔ محبت ۔

لاڈ پیار (ہ) مذکر۔ پیار۔ اخلاص ۔

لاڈ لڈانا (ہ) (ہندی) چاؤ چونچلے میں پرورش کرنا۔ ناز و نعمت سے پالنا ۔

لاڈا (ہ) (۱) پیارا۔ معشوق (۲) ناز و نعمت سے پالا ہوا (۳) (مذکر) عاشق (۴) دولھا ۔

لاڈا لاڈی (مذکر) (۱) عاشق و معشوق (۲) دولھا دلھن۔ لاڈا لاڈی۔ بنا بنی ۔

لاڈلا (ہ) پیارا۔ دُلارا۔ نازپروردہ۔ ناز و نعمت میں پرورش کیا ہوا ۔

لاڈلا پوت کٹورے موت (ہ) مثل - لاڈلا بیٹا کمانے کے بعد کٹورے میں موت دیتا ہے - یعنی زیادہ پیار سے اولاد بے تمیز اور گستاخ ہو جاتی ہے ۔
لاڈلی (ہ) مؤنث - پیاری - دُلاری - ناز پروردہ - وہ لڑکی جو ناز و نعم سے پلی ہو ۔
لاڈو (ہ) مؤنث (۱) لاڈلی (۲) دُلھن - عروس ۔
لار (لاڑ) (ہ) مؤنث (۱) قطار - صف - پرا - اونٹوں کی قطار (۲) تھوک - منہ کی رال ۔
لارا (لا-را) (ہ - مذکر) حیلہ - بہانہ ۔
لارالیری (ہ) مؤنث - حیلہ حوالہ - ٹال مٹول ۔
لارالیری کا یار کبھی نہ اترے پار (ہ) (مثل) جو شخص بیٹھ ٹال مٹول یا حیلے حوالے کے بھروسے پر رہے اس کی امید کبھی پوری نہیں ہوتی ۔
لارالیری لگانا (ہ) حیلہ حوالہ کرنا - ٹالنا - آج کل کرنا ۔
لارڈ (لا-رڈ) (انگریزی - Lord) (مذکر) دیکھو لاٹ (صاحب) ۔
لارڈ چانسلر (انگریزی - Lord Chancellor) چیف جج - ادارہ قانون کا حاکم اعلیٰ - میر مجلس عدالت عالیہ ۔
لاروا (لا-ر-وا) (انگریزی - Larva) (مذکر) کیڑے کے انڈے سے نکلنے کے بعد کی حالت - جھانجھا ۔
لاری (لا-ری) (انگ - Lorry) (مؤنث) ایک قسم کی گاڑی ۔
لاڑھیا (لا-ڑھیا) (ہ) (۱) بری چیز کی تعریف کرکے اُسے بکوا دینے والا - دلال (۲) مکار - فریبی - دغاباز ۔
لازم (لا-زِم) (ع) (۱) چمٹا ہوا - وابستہ - ملحق (۲) ضرور - واجب - فرض (۳) صرف و نحو میں وہ فعل جو صرف فاعل ہی پر ختم ہو جائے اور مفعول کو نہ چاہے (۴) (ا) ذمہ - متعلق - سر ۔
لازم ملزوم (ع - ا) ایک دوسرے کے متعلق - ایک دوسرے سے وابستہ (۲) (ا) واجب - ضرور ۔
لازمہ (ا) مذکر - جوڑ - میل - سامان ۔
لازمی (ع) ضروری - لابدی - واجب ۔
لاسا (لا-سا) (ہ) مذکر - ایک لیسدار مادہ جو پودوں سے حاصل کیا جاتا ہے ۔
لاسا لگانا (ہ) (۱) جانوروں کے پکڑنے کو کسی چیز پر چیپ دار مادہ لگانا (۲) دو شخصوں کو بھڑوانا - جھگڑا لگا دینا (۳) پھنسانا - چپکانا ۔
لاسا ہو جانا (ہ) چپک جانا ۔
لاسک (لا-سک) (ہندی) دیکھو دایا سکہ ۔
لاسے پر لگانا (ہ) (۱) مانوس کرنا - ہلانا (۲) گرویدہ بنانا - یار بنانا ۔
لاش (لاش) (ت) مؤنث - مردہ جسم - نعش - میت - جنازہ ۔
لاش بینی (ہ) (مؤنث) خون یا بسبب موت کی اطلاعی رپورٹ ۔
لاش پڑنا (ہ) مارا جانا - ہلاک ہونا - مردہ ہو کر گرنا ۔
لاش گرا لینا (ہ) مار ڈالنا - قتل کرنا - مار کر ڈھیر کرنا ۔
لاشہ (ف - مذکر) مردہ جسم - لاش - نعش ۔
لاطینی (معرب) (انگ - Latin) (مؤنث) قدیم روما کی زبان - رومی زبان ۔
لاغر (لا-غر) (ف) دُبلا - پتلا - نزار ۔
لاغری (ف) مؤنث - دُبلاپن - کمزوری - ناطاقتی - ناتوانی ۔
لاف (لاف) (ف) مؤنث - شیخی - بڑائی - ڈینگ - خودستائی ۔
لاف زن (ف) شیخی باز - ڈینگیا - بڑبولا ۔
لاف زنی (ف) مؤنث - شیخی - خودستائی - تعلی ۔
لاف زنی کرنا - لاف مارنا (ہ) شیخی بگھارنا - اترانا - ڈینگ مارنا ۔
لاف و گزاف (ف) مؤنث - بیہودہ - بڑائی - شیخی - تعلی ۔
لاک (لاک) (انگ - Lock) (مذکر) قفل - تالا ۔
لاکٹ (لا-کٹ) (انگریزی - Locket) (مذکر) (۱) گھنڈی - تکمہ - ہک (۲) تعویذ - ڈھولنا ۔
لاکھ (لاکھ) (ہ - مذکر) (۱) سو ہزار کی تعداد - لکھو ۱۰۰۰۰۰ - (۲) بہت بے حد - بہتیرے - بہت سے ۔
لاکھ بسوے (ہ) (مجازاً) ضرور - یقیناً - بلاشبہ ۔
لاکھ پر بھاری ہے (ہ) بہادر ہے - غالب ہے - کوئی مقابلہ نہیں کر سکتا - لاثانی ہے - بے نظیر ہے ۔
لاکھ جان (ہ) سے (ہ) ہزار جان سے - نہایت شوق سے - بدل و جان ۔
لاکھ چوہے کھا کر بلی حج کو چلی (ہ) بے شمار گناہ کرکے توبہ کا ارادہ کیا ۔
لاکھ کا گھر خاک کر دینا (ہ) (۱) تمام دولت و عزت

خاک میں ملا دینا - بالکل تباہ و برباد ہو جانا (۱۲) بنا بنایا کام بگاڑ دینا ۔

لاکھ لاکھ شکر (ا - مذکّر) خدا کا بے حد شکر ۔

لاکھ من کا ہونا (ہ) (۱) بہت بھاری اور بوجھل ہونا (۲) صاحبِ عزّت و وقار ہونا (۳) بھاری بھرکم ہونا ۔

لاکھ میں (ہ) (۱) ہزاروں میں سینکڑوں میں بہتیروں کے سامنے (۲) ضرور - یقیناً - بیشک ۔

لاکھ (لاکھ) (ہ) مؤنّث - مشہور عام شے ہے - جسے پارسلوں وغیرہ پر لگا کر مُہر لگائی جاتی ہے ۔

لاکھا (ہ) مذکّر - (۱) لاکھ کا سرخ رنگ جسے عورتیں خوبصورتی بڑھانے کے لئے اپنے ہونٹوں پر لگاتی ہیں (۲) (پنجاب) لاکھی رنگ کا گھوڑا ۔

لاکھواں (ہ) لاکھ کی نسبت رکھنے والا ۔

لاکھوں (ہ) مذکّر - (۱) لاکھ کی جمع (۲) ہزاروں سینکڑوں - بہت سے ۔

لاکھوں میں (ہ) دیکھو (لاکھ میں) ۔

لاکھی (ہ) (۱) لاکھ کے رنگ کا - سُرخ - گھوڑے کا ایک رنگ (۲) لاکھ کا بنا ہُوا ۔

لاگ (لاگ) (ہ) مؤنّث - (۱) تعلّق - علاقہ - نسبت (۲) اُنس - محبت - لگن (۳) مزہ - چسکا (۴) شوق - رغبت - (۵) عداوت - دشمنی - بیر (۶) کرتب - شعبدہ - طلسم (۷) جادو - ٹونا - منتر (۸) دعا - دارو (۹) سہارا - مدد ۔

لاگ دار (ہ) مذکّر (ہندو) (۱) رشتہ دار - ناتا دار (۲) بہنوئی - بہن کا خاوند (۳) دوست - یار - آشنا ۔

لاگ ڈانٹ (ہ) مؤنّث - اَن بَن - عناد - بغض - عداوت ۔

لاگ رکھنا (ہ) (۱) تعلّق رکھنا (۲) عداوت رکھنا - دشمنی رکھنا ۔

لاگ کھلانا (ہ) (۱) کوئی جادو کی ہوئی چیز کھلانا (۲) جادو کرنا (۳) کُشتہ کھلانا ۔

لاگ لپیٹ (ہ) مؤنّث (۱) طرف داری - پاسداری - حمایت (۲) دغا بازی - مکر - فریب ۔

لاگ لگنا (ہ) (۱) عشق ہونا - لگن ہونا (۲) شوق ہونا - اُمنگ ہونا (۳) نیارستہ کھلنا (۴) ٹیکس لگنا ۔

لاگ لگی تب لاج کہاں (ہ) (مثل) عشق کی لاگ لگ جائے تو شرم نہیں رہتی ۔

لاگت (لا - گت) (ہ) مؤنّث (۱) خرچ - صرف (۲) قیمت - مول - بھاؤ - نرخ ۔

لاگت آنا - یا - بیٹھنا (ہ) خرچ ہونا - صرف بیٹھنا - خرچ اُٹھنا ۔

لاگو (ہ) (۱) درپے - بسر (۲) یار - دوست - آشنا - (۳) خواہشمند - چاہنے والا (۴) ساتھی - خبر گیر (۵) طرف دار (۶) خریدار - گاہک ۔

لاگو ہونا (ہ) (۱) ہوا خواہ ہونا - چاہنا - خواہش رکھنا (۲) خریدار ہونا - گاہک ہونا (۳) درپے ہونا - پیچھے پڑنا (۴) شریکِ حال ہونا (۵) حامی ہونا - طرفدار ہونا (۶) مطلب رکھنا - واسطہ رکھنا ۔

لال (لال) (ف - مذکّر) (۱) سرخ رنگ (۲) ایک قسم کا بیش قیمت معدنی جوہر جو کئی رنگ کا ہوتا ہے - لعل (۳) سُرخ - احمر - شوخ ۔

لال (لال) (ہ) مذکّر (۱) لڑکا - بالک - چھوکرا (۲) بیٹا - فرزند - پسر (۳) ایک چھوٹا سا خوش آواز پرند (پنجاب) سُرخ (۴) (مؤنّث) لعابِ دہن - رال (۵) (ف) لعل - ایک قیمتی کانی پتھر (۶) (ف) سرخ - احمر - گہرا (۷) (ف) دہکتا ہُوا - انگارا سا (۸) (ف) غصّے میں بھرا ہُوا - خشمناک (۹) (ف) لاڈلا - پیارا - نازپروردہ ۔

لال انگارا (ہ) مذکّر - آگ کا انگارا (۲) نہایت سُرخ - چمکتا (۳) غصّے میں بھرا ہُوا جیسے لال پیلا - غضبناک ۔

لال بُجھکّڑ (ہ - مذکّر) پہلے درجے کا بے وقوف - وہ احمق جسے اپنی عقل پر پورا گھمنڈ ہو ۔

لال بھبوکا (ہ) (۱) نہایت سُرخ (۲) غصّے کے باعث سرخ (چہرہ) ۔

لال بیگ (ہ) مذکّر - خاکروبوں کا پیشوا ۔

لال بیگی - لال بیگیا (ہ) (مذکّر) لال بیگ کا معتقد - خاکروب - مہتر - بھنگی ۔

لال پانی (ہ) مذکّر - (۱) حیض کا خون (۲) سُرخ رنگ کی شراب ۔

لال پری (ہ) مؤنّث (۱) سُرخ پوشاک پہننے والی پری (۲) اندر سبھا کے قصّے کی ایک پری (۳) شرابِ سرخ - لال شراب ۔

لال پلکا (ہ) مذکّر - ایک قسم کا کبوتر جس کا رنگ سرخ - پلٹا - دُم اور بازو سفید ہوتے ہیں ۔

لال پیارا تو اس کا خیال بھی پیارا (ہ) (مثل) جو من بھا جائے اس کی ہر بات پسند آتی ہے ۔

لال پیلا (ہ) غضبناک - خشمناک - غصّے میں بھرنا ۔

لال پیلی آنکھیں کرنا (ف) غصّے کی نگاہ سے دیکھنا۔ بسعنی ناراض ہونا ۔

لال خاں کا لکھا (ف) مذکّر۔ مجرم کو سزا دینے کا ایک بڑا بھاری شہتیر جو بیچ میں سے چرا ہوا اور سوراخ والا ہوتا ہے۔ اس میں مجرم کے پاؤں رکھکر دونوں ٹکڑوں کو ملا دیتے ہیں ۔

لال ڈورے (ف) مذکّر۔ (۱) سُرخ تار (۲) سُرخ تاگے (۳) لال لال رگیں جو آنکھوں میں دکھائی دیتی ہیں ۔

لال رکابی (ف) مؤنّث۔ حضرت فاطمہؓ کی نیاز صحنک ۔

لال سوداگر (۱) مذکّر۔ وہ کم مایہ سوداگر جو ادھر مال لے ادھر جھٹ تھوڑے سے منافع پر بیچ ڈالے ۔

لال کتاب (۱) مؤنّث (۱) وہ کتاب جس میں جاہلوں کے نزدیک تمام باتوں کا جواب حسب مرضی یا حسب سوال مل جائے (۲) بندوبست کی کتاب پٹواریوں یا قانون گویوں کی سرکاری کتاب ۔

لال کُرتی (ف) مؤنّث۔ گوروں کی پلٹن جو سرخ وردی پہنتی ہے ۔

لال گودڑ میں نہیں چھپتا (ف) (مثل) اچھی چیز چھپائے نہیں چھپتی ۔

لال مرچ (ف) مؤنّث۔ سُرخ مرچ۔ فلفل دراز ۔

لال ہونا (ف) (۱) سُرخ ہوجانا (۲) غصّے میں چہرہ تمتما اٹھنا (۳) غضبناک ہونا۔ خفا ہونا (۴) پھل پکنا۔ پختہ ہونا ۔

لالا (لا۔لا) (ف) مذکّر (۱) غلام (۲) روشن ۔

لالا شاہی (۱) مذکّر۔ پینے کا تمباکو ۔

لالٹین (لال۔ٹین) (ہندی) (انگ۔ لینٹرن Lantern) (۱) مؤنّث۔ وہ فانوس جس میں شیشے لگے ہوں۔ شیشے کی قندیل ۔

لالچ (لا۔لچ) (ہ) مذکّر (۱) حرص۔ طمع۔ سودا (۲) ترغیب۔ پھسلاوا ۔

لالچ بُری بلا ہے (۱) (مثل) حرص سے بڑھ کر کوئی آفت نہیں ۔

لالچ بس پرلوک بساٹے دنساٹے (ہ) (مثل) لالچ آدمی کو دوزخ میں بھیج دیتا ہے۔ لالچ کا انجام خراب ہوتا ہے ۔

لالچ دینا (ف) طمع دینا۔ لوبھ دینا۔ پھسلانا۔ ترغیب دینا ۔

لالچ میں آنا (ف) لوبھ میں آنا۔ دم میں آنا۔ طمع میں پھنسنا ۔

لالچی (ف) حریص۔ طامع۔ لوبھی ۔

لالچی بندہ (۱) مذکّر۔ خود غرض۔ لوبھی۔ مطلبی ۔

لالڑی (ف) مؤنّث (۱) چھوٹا لال۔ یاقوت (۲) کانٹرا ۔

لالوں (ف) مذکّر۔ لال کی جمع۔ حرف جار سے پہلے ۔

لالوں کا لال (ف) (۱) نہایت پیارا۔ لاڈلا (۲) سُرخ و سفید۔ رنگ و روغن والا ۔

لالوں لال (ف) نہایت شوخ۔ چہچہاتا ہوا۔ سُرخ و شاداب ۔

لالہ (لا۔لہ) (ف) مذکّر۔ ایک قسم کا سُرخ پھول۔ جس کے اندر سیاہ داغ ہوتا ہے ۔

لالہ رُخ۔ لالہ رُخسار۔ لالہ رُو۔ لالہ عذار (ف) سُرخ چہرے والا معشوق۔ دلبر۔ دلرُبا ۔

لالہ زار (ف) مذکّر (۱) وہ کھیت جس میں لالہ کے پودے ہوں (۲) باغ۔ گلزار۔ چمن ۔

لالہ فام۔ لالہ گوں (ف) لال۔ سُرخ رنگ کا ۔

لالہ (ف) مذکّر۔ (ہندو) (۱) جناب۔ صاحب۔ معزز ہندوؤں کا خطاب (۲) بنیا۔ ساہوکار۔ مہاجن (۳) والد کا خطاب۔ اباّ۔ باوا (۴) عزیز۔ پیارا۔ (۵) (ہندو) خسر۔ سسرا (۶) ہندو کا خطاب ۔

لالی (ف) مؤنّث (۱) سُرخی (۲) عزّت۔ آبرو۔ سُرخ روئی (۳) پیاری۔ عزیزہ (۴) ہمشیرہ۔ بہن ۔

لالی رہ جانا (ف) (ہندو) عزّت رہ جانا۔ آبرو بچ جانا۔ بات بنی رہنا ۔

لالے (ف) مذکّر۔ آرزو۔ اشتیاق۔ تمنّا (۲) ارمان ۔

لالے پڑنا (ف) (۱) ارمان ہونا۔ آرزو ہونا (۲) نہایت نااُمیدی ہونا (۳) مصیبت میں پھنسنا (۴) دشوار ہونا۔ مشکل ہونا ۔

لام (لام) (ع) مذکّر (۱) فوج یا پلٹن کا مجموعہ وغیرہ۔ بریگیڈ (۲) فوج کا راستہ ۔

لام باندھنا (۱) چاروں طرف سے لشکر جمع کرنا۔ لڑائی کا سامان کرنا ۔

لام (ع) مذکّر (۱) دیکھو "ل" (۲) (ف) تشبیہ زلف ۔

لام کاف (ع) مذکّر۔ گالی گفتار۔ بُرا بھلا۔ واہی تباہی ۔

لام کاف بکنا (۱) گالی گلوچ بکنا۔ واہی تباہی بولنا۔ بدزبانی کرنا۔ فحش بکنا ۔

لاما (لَا۔مَا) (ت) مذکّر۔ بدھ مذہب والے اپنے گرُو اور پیشوائے مذہب کو "لاما" کہتے ہیں ۔

لامس (لَا۔مِس) (ع) چھونے والا ۔

لامسہ (ع) چھونے یا مس کرنے والی قوت ۔

لامع (لَا۔مِعْ) (ع) چمکنے والا۔روشن ۔

لانا (ہ) (۱) لے آنا (۲) حاضر کرنا۔پیش کرنا۔سامنے کرنا (۳) اٹھانا۔برپا کرنا (۴) مول لینا۔خریدنا ۔

لانابندی (ہ) مؤنث۔معاملہ۔مالگزاری۔ہلوں کی تعداد کے مطابق لگان ۔

لانبا (لَاں۔بَا) (ہ) لمبا۔طویل۔دراز قد ۔

لانڈری (لانْڈْ۔رِی) (انگریزی۔ Laundry) مؤنث۔کپڑا دھونے کا کارخانہ ۔

لانک (لانْک) (ہ) مؤنث (۱) کٹے ہوئے اناج کا ڈھیر۔ (کھلیان۔خرمن (۲) بھس۔بھوسا۔چوکر (۳) مقدار۔اندازہ۔ تعداد ۔

لانگ (لَانْگ) (ہ) مؤنث۔ دھوتی کا وہ حصّہ جو آگے لٹکتا رہتا ہے ۔

لانگا ٹیر (لَاں۔گَا۔ٹِیر) (ہ) مؤنث (۱) قطار۔صف۔پرا۔ ڈار۔سلسلہ ۔

لانگن۔لانگھن (لاں۔گَن یا لَاں۔گھَن) (ہ) مؤنث۔"لانگن" کا مخفف۔پھاندنا۔چھلانگ مارنا ۔

لانگنا۔لانگھنا (ہ) دیکھو "لانگنا" ۔

لاون (لَا۔وَن) (ہ) مذکّر۔سالن۔ترکاری وغیرہ۔وہ چیز جس سے روٹی لگا کر کھائیں ۔

لاہ (لَاہ) (ہ) مؤنث (۱) کونپل کا بڑا اور کمزور پتّا (۲) جالی کے مانند ایک قسم کا ریشمی کپڑا (۳) مُہر لگانے کی لاکھ ۔

لاہا (لَا۔ہَا) (ہ) مذکّر (سنسکرت لابھ) فائدہ۔نفع ۔

لاہن (لَا۔ہَن) (ہ) مذکّر۔شراب کا خمیر جو بیری۔پیپل اور بڑ کے درختوں کی چھال سے اٹھایا جاتا ہے ۔

لاہور (لَا۔ہَور) (ہ) مذکّر۔پنجاب کا صدر مقام ۔

لاہوری (ہ) (۱) لاہور کا۔لاہور کا بنا ہُوا (۲) (مذکّر) لاہور کا باشندہ ۔

لاہوری نمک (ہ) (مذکّر) وہ نمک جو پنجاب میں کھیوڑا وغیرہ کی کانوں سے نکلتا ہے ۔

لاہوریہ (ہ۔ مذکّر) (۱) ایک قسم کا کبوتر (۲) لاہور کا رہنے والا ۔

لاہی (لَا۔ہِی) (ہ) مؤنث۔(۱) ایک قسم کا پودا (۲) ایک قسم کی سرسوں (۳) ایک قسم کا ریشمی کپڑا ۔

لائبریری (لَائِ۔بْرے۔رِی) (انگریزی۔ Library) (مؤنث) کتب خانہ۔مجموعۂ کتب ۔

لائبریرین (انگریزی۔ Librarian) (مذکّر) محافظ کتب خانہ۔کتب خانہ کا داروغہ ۔

لائٹ (لَائِٹْ) (انگریزی۔ Light) (مؤنث) روشنی ۔

لائٹ ہاؤس (انگریزی۔ Light House) (مذکّر) مینار جس پر جہازوں کی رہنمائی کے لئے روشنی کی جاتی ہے ۔

لائحہ (لَا۔اِحَہ) (ع) مذکّر (۱) کوئی چمکیلی چیز (۲) کوئی واضح چیز (۳) ثبوت (۴) فہرست (۵) پروگرام (۶) ولولہ ۔

لائحہ عمل (ع) مذکّر۔دستور العمل۔نصب العین۔پروگرام۔ نظام عمل ۔

لائسنس (لَائِ۔سَنْس) (انگریزی License) (مذکّر) اجازت۔حکم ۔

لائسنس دار (ہ) مذکّر۔جسے کوئی چیز رکھنے یا بیچنے کی اجازت ملی ہو ۔

لائق (لَا۔اِق) (ع) (۱) قابل۔مناسب۔زیبا۔موزوں۔واجب (۲) روا۔جائز (۳) سچا۔درست (۴) لا۔کافی۔مکتفی۔ وافی (۵) ہنرمند۔گنی۔ذی جوہر۔مستعد۔اہل۔دانا۔ ہوشیار ۔

لائم (لَا۔اِم) (ع) ملامت کرنے والا ۔

لائن (لَا۔اِن) (انگریزی۔ Line) (مؤنث) خط (۲) ریل کی سڑک جو لوہے کی بنی ہوتی۔

لائن کلیر (انگ۔ Line clear) ریل کی سڑک کے صاف اور آمد و رفت کے قابل ہونے کی سند ۔

لاؤ (لَا۔اُوْ) (ہ) مؤنث (۱) چرس کھینچنے کی موٹی رسّی۔موٹا رسّا (۲) اس قدر زمین جو ایک دن میں ایک لاؤ کے ذریعے سے بھری جائے (۳) مانگ۔طلب (۴) لانا کا امر (جمع حاضر) ۔

لاؤلشکر (ہ) مذکّر۔فوجی بھیڑ بھاڑ۔لشکر اور اس کے ہمراہی ہجوم۔ازدحام ۔

لاؤں (ہ) لے آؤں۔خرید لوں۔حاضر کردوں ۔

لاونی (لَا۔اُنی) (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کے گیت (۲) فصل کاٹنے کی مزدوری (۳) خراج۔مال گزاری۔معاملہ ۔

لائی (لَا۔اِی) (ہ) مؤنث (۱) فصل کا کاٹنا (۲) بھونے ہوئے چاول۔

(۳) بھنا ہوا اناج (۴) لانا کی ماضی مطلق صیغہ واحد غائب مؤنث ۔

لائی لوچی (لا ۔ ای ۔ لو ۔ چی) (ہ ۔ مؤنث) (عو) خوشامد ۔

لاسے (لا ۔ ے) (ف ۔ مؤنث) (۱) شراب وغیرہ کی تلچھٹ (۲) ایک قسم کا ریشمی کیڑا ۔

ل ۔ ب

لُبّ (لُبّ) (ع) مذکر ۔ عطر ۔ نچوڑ ۔ خلاصہ ۔ ست ۔ مغز ۔

لُبّ لُباب (ع) مذکر ۔ خلاصے کا خلاصہ ۔ عطر کا عطر ۔ ست کا ست ۔ نہایت خالص ۔

لَب (لَب) (ف) مذکر (۱) ہونٹ (۲) کنارہ ۔ طرف ۔ جانب (۳) ساحل ۔ کراڑا (۴) حاشیہ ۔ قدر ۔ کنی (۵) منڈیر ۔ (۶) (ہ) تھوک ۔ لعاب دہن (۷) (ہ) ہونٹوں کے اوپر کے بال ۔ مونچھیں ۔

لب بند ہونا (ہ) (۱) شیرینی سے ہونٹوں کا چپک جانا (۲) منہ بند ہونا ۔ خاموش ہونا ۔

لبِ دریا (ف) مذکر ۔ دریا کا کنارا ۔ کراڑا ۔

لب ریز ۔ لبریز (ف) بھرا ہوا ۔ پُر ۔ لبالب ۔

لبِ شیریں (ف) مذکر ۔ میٹھے ہونٹ ۔ معشوق کے ہونٹ ۔

لب کھولنا (ہ) بات کرنا ۔ بولنا ۔

لبِ گور ہونا (ہ) مرنے کے قریب ہونا ۔ گور کے کنارے پہنچنا ۔

لب لگانا (ہ) تھوک لگانا ۔ لعاب دہن لگانا ۔

لبِ نوشیں (ف) مذکر ۔ لب شیریں ۔ معشوق کے لب لعلیں ۔

لب و لہجہ (ف) مذکر ۔ تلفظ ۔ طرزِ کلام ۔ طرزِ گفتگو ۔

لبادہ (لَبا ۔ دَہ) (ف) مذکر ۔ روئی دار چوغہ ۔ جبّہ ۔ فرغل ۔

لباڑ (لبا ۔ ڑ) (ہ) جھوٹا ۔ دروغ گو ۔

لباڑیا (ہ) جھوٹا ۔ لپاڑی ۔

لباس (لِباس) (ع ۔ مذکر) (۱) پوشاک ۔ جامہ ۔ کپڑے (۲) بھیس ۔ شکل ۔ بھیس ۔

لبالب (ف) لبریز ۔ بھرا ہوا ۔ کناروں تک بھرا ہوا ۔

لبالب ہونا (ہ) ٹھسا ٹھس بھرنا ۔ پُر ہونا ۔ لبریز ہونا ۔

لبڑی (لَب ۔ ڑی) (ہ ۔ مؤنث) لکڑی ۔ لبڑی ۔ سپلٹس ۔

لبرٹی (لِبر ۔ ٹی) (انگریزی ۔ Liberty) مؤنث ۔ آزادی ۔ حریت ۔

لبرل (انگریزی ۔ Liberal) (۱) آزاد ۔ خود مختار ۔ طلق اللسان (۲) سب کا بھلا چاہنے والا ۔ خیر خواہ خلائق ۔

لبر بخندہ (لبر ۔ غن ۔ دَہ) (ہ) بیہودہ گو ۔ جھوٹا ۔ لپاڑی ۔

لبر بخندی (ہ) مؤنث ۔ بیہودہ عورت ۔ خوشامدی عورت ۔

لبڑ دھول ۔ دھتول (ہ) (۱) غل ۔ شور ۔ ہنگامہ (۲) بے ایمانی (۳) بد انتظامی ۔ بد عملی ۔

لبڑ سبڑ (ہ) مؤنث ۔ بیہودگی ۔ بدسلیقگی ۔

لبڑ ہو (ہ) جھوٹی ۔ بیہودہ گو ۔ بکواس ۔ باتونی چرب زبان ۔ نسان ۔

لبلب (لَب ۔ لَب) (ہ) بیوقوف ۔

لبلبا (لَب ۔ لَبا) (ہ) (۱) لیس دار ۔ چپکنے والا (۲) لچکدار ۔

لبلبی (ہ) مؤنث ۔ بندوق کی کمانی ۔

لبلوس (لَب ۔ لوس) (ہ) (۱) ننگا ۔ بے حیا (۲) بیوقوف ۔

لبن (لَبَن) (ع ۔ مذکر) دودھ ۔

لبنی (لَب ۔ نی) (ہ) مؤنث ۔ مٹی کی چھوٹی سی ٹھلیا ۔

لبوب (لُبُوب) (ع ۔ مذکر) (۱) لُب (مغز) کی جمع (۲) ایک قسم کی معجون مقویات وغیرہ ۔

لبوں (ہ) مذکر ۔ لب کی جمع ۔

لبوں پر جان آنا (ہ) ہونٹوں پر دم آنا ۔ جان کنی کا وقت آنا ۔ دم واپسیں ہونا ۔ گور کنارے لگنا ۔

لبوں پر جان (دم) ہونا (ہ) مرنے کے قریب ہونا ۔ جان کنی میں ہونا (۲) نہایت تنگ و عاجز ہونا ۔

لبوں پر ہونا (ہ) کناروں پر پہنچنا ۔ کسی کام کے خاتمے پر ہونا ۔

لبھانا (لُبھا ۔ نا) (ہ) (۱) لالچ دینا ۔ للچانا (۲) مائل کرنا ۔ عاشق بنانا ۔ موہنا (۳) پھسلانا ۔ بہکانا ۔ ورغلانا ۔

لبھاؤ (لُبھا ۔ آؤ) (ہ ۔ مذکر) (۱) لالچ ۔ ترغیب (۲) رونگا یعنی کوئی چیز جو سودے کے بعد مفت دی جائے ۔

لبھیڑا (لبھے ۔ ڑا) (ہ) مذکر ۔ لسوڑا ۔

لبی (لِبی) (ہ) مؤنث ۔ سگتے کا اُبلا ہوا رس ۔ راب ۔

لبیب (لَبِیب) (ع) دانا ۔

لبید (لَبِید) (ع ۔ مذکر) عرب کا ایک مشہور شاعر ۔

لبیڑا (لبے ۔ ڑا) (ہ) مذکر ۔ سوٹا ۔ لٹھ ۔ ڈنڈا ۔

لبیرا (لبے ۔ را) (ہ) مذکر ۔ دھجی ۔ چیتھڑا ۔

لبیک (لَب ۔ بیک) (ع ۔ مذکر و مؤنث) حاضر ہوں ۔ موجود ہوں ۔ جی ۔ حاجی لوگ مقام عرفات میں بار بار یہ کلمہ کہتے ہیں ۔

لبیں (ہ) مؤنث ۔ لب کی جمع (۱) ہونٹ ۔ دونوں لب (۲) مونچھیں ۔ مونچھوں کے بال ۔

لبیں لینا (ف) (۱) مونچھیں منڈوانا - ہونٹوں کے اوپر کے بال کتروانا (۲) شرمندہ کرنا ۔

ل ۔ پ

لَپ (لَپ) (ع) مؤنث - ہتھیلی بھر ۔

لپاڑ (ع) مذکر - شیخی باز - لبار - چانٹا ۔

لپاڈگی (ع) مؤنث - گھونسوں اور تھپڑوں کی لڑائی - مارپیٹ ۔

لپاڑی (لَپا - ڑی) (ع) جھوٹا - دروغ گو - کذاب ۔

لپاڑیا (ع) نہایت جھوٹا - کذاب - دروغ گو ۔

لپا لپ (لَپا - لَپ) (ع) جلد جلد ۔

لپائی (لِپا - ئی) (ع) مؤنث (۱) کہگل پلستر لیپنے کا کام - (۲) لیپنے کی اجرت ۔

لپٹ (لپٹ) (ع) مؤنث (۱) شعلہ - لَو - آنچ - گرمی (۲) ہوا کی لہر (۳) مہک - خوشبو ۔

لپٹ (لپٹ) (ع) لپٹنا کا امر ۔

لپٹا (لپ - ٹا) (ع) مذکر (۱) موٹے موٹے آٹے کا حلوا (۲) راب - پتلا شیرا (۳) ایک قسم کی گھاس (۴) گنوار - رشتہ - ناتا ۔

لپٹانا (ع) (۱) چمٹانا - گلے لگانا - پیار کرنا (۲) اُلجھانا - لپیٹنا - (۳) چپکانا (۴) ساتھ لگانا (۵) پیچھے لگانا - پھنسانا (۶) کنکوا اُڑانا (۷) دگنوار - شادی کرنا - رشتہ کرنا ۔

لپٹنا (ع) (۱) چمٹنا - پیچھے لگنا (۲) چسپاں ہونا - چپکنا (۳) چھاتی سے لگنا (۴) عاشق ہونا (۵) دوستی ہونا - پھنسنا (۶) پڑنا - گتھنا (۷) مبتلا ہونا (۸) مصروف ہونا (۹) کشتی کرنا (۱۰) بل کھانا (۱۱) کنکوے کا الجھنا (۱۲) بند ہونا - ملفوف ہونا ۔

لپٹنت (ع) مؤنث (۱) بغل گیری - ہم آغوشی (۲) کشتی - لڑائی ۔

لپ جھپ (ع) مؤنث (۱) پھرتی - تیزی - جلدی (۲) فریب - مکر - چالاکی (۳) ہاتھ کی چالاکی - چوری (۴) فوراً - فی الفور - جھٹ پٹ ۔

لپ جھپی (ع) مؤنث - خوشامد کرنے والی - زٹلو - بکواس ۔

لپڑ (لپ - پڑ) (ع) مذکر - تھپڑ - طمانچہ - چانٹا ۔

لپڑ شپڑ (لپڑ شپڑ) (ع) مؤنث (۱) جلد جلد بولنا - ایسی بات جو سمجھ میں نہ آسکے (۲) غلط ملط - گڈمڈ (۳) آلا بالا - ٹال مٹول ۔

لپڑ لپڑ کرنا (ع) بیہودہ بکنا - بکواس کرنا ۔

لپڑی (لپ - ڑی) (ع) مؤنث (۱) لیپ - پلستر - ضماد (۲) سپیدہ وغیرہ کی پوٹلی جس سے گھی یا سینک کرتے ہیں (۳) حنا - (۴) سر کی پگڑی - دستار ۔

لپڑی باندھنا (ع) گدی باندھنا - ضماد کرنا - پلستر باندھنا ۔

لپڑی (لپ - ڑی) (ع) مؤنث (۱) کپڑا - بستر (۲) پھٹا پرانا صافہ - پگڑی ۔

لپسی (لپ - سی) (ع) مؤنث (۱) موٹے آٹے کا حلوا - سیرا لیٹی (۲) بڑھا کھونس - نہایت بوڑھا ۔

لپک (لپک) (ع) مؤنث (۱) کوند - روشنی - چمک دمک - چمک (۲) لاٹ - لَو - شعلہ - لپیٹ (۳) تڑپ - دھڑک (۴) جھپٹ - چھلانگ (۵) ٹیس - زخم کی ہوک ۔

لپک جھپک (ع) مؤنث - تیزی - طراری - سبکی - پھرتی - جلد بازی ۔

لپک کر (ع) جلدی سے - دوڑ کر - فوراً - ترت ۔

لپکا (لپ - کا) (ع) مذکر (۱) بدعادت (۲) لت - عادت - خو (۳) مزہ - چسکا - چاٹ ۔

لپکا پڑنا (ع) مزہ پڑنا - چسکا لگنا - بُری عادت پڑنا ۔

لپکانا (ع) (۱) اُکسانا - بھگانا (۲) آگے کرنا - پھیلانا ۔

لپکنا (ع) (۱) دوڑنا - جھپٹنا (۲) اُچکنا - چھیننا (۳) زخم میں ٹیس پڑنا (۴) بجلی چمکنا (۵) دھڑکنا - پھڑکنا - اچھلنا (۶) چھلانگ مارنا - پھاندنا (۷) دوڑ کر جانا - حملہ کرنا ۔

لپکی (لپ - کی) (ع) مؤنث (۱) خوف - ڈر - دہشت (۲) ڈر سے چھپ جانا ۔

لپکی (لپ - کی) (ع) مؤنث - (عو) (۱) ٹانکا - سیون - شلنگا - کچی سلائی (۲) گوٹ کناری ۔

لپکی بھرنا - یا - مارنا (ع) ٹانکا لگانا - کچی سلائی کرنا ۔

لپلپانا (ع) (۱) مقعد کا بند ہونا اور کھلنا (۲) ڈرنا - خوف کھانا ۔

لپ لپ کرنا (ع) (۱) بغیر چبائے نگلنا (۲) بکواس کرنا - بیہودہ بکنا ۔

لپ لپ کھانا (ع) جلد جلد کھانا - بغیر چبائے کھا جانا ۔

لپنا (ع) استرکاری ہونا - پلستر ہونا ۔

لپوائی (ع) مؤنث - لپائی کی اجرت - کہگل کرانے کی

مزودی ۔

لیپو لپا (لیپو۔ لِپا) (ہ۔ مذکر) منت سماجت کر کے کام نکالنے والا۔ خوشامدی ۔

لپیٹ (لَپیٹ) (ہ۔ مؤنث) (۱) پیچ۔ بل۔ تہ (۲) مکر۔ فریب۔ دغا (۳) گھیرا۔ گردہ۔ دور۔ محیط (۴) الجھیڑا۔ جنجال (۵) مصیبت۔ آفت ۔

لپیٹ جھپیٹ (ہ۔ مؤنث) فریب۔ مکر۔ داؤ گھات

لپیٹ لپاٹ کر (ہ) باندھ کر۔ تہ کر کے ۔

لپیٹ لینا (ہ) (۱) شریک کر لینا۔ ملا لینا (۲) الجھا لینا۔ گھیر لینا ۔

لپیٹن (لَپیٹَن) (ہ۔ مؤنث) (۱) پیچ (۲) چرخ (۳) بیلن جس پر جلاہے کپڑا لپیٹتے ہیں ۔

لپیٹنا (ہ) (۱) تہ کرنا۔ باندھنا۔ کسنا (۲) آلودہ کرنا۔ لتھیڑنا (۳) الجھانا۔ ملانا (۴) چھپانا۔ ڈھانکنا (۵) راضی کرنا۔ آمادہ کرنا ۔

لپیٹواں (ہ) (۱) پیچیدہ۔ ملفوف (۲) ملا ہوا (۳) در پردہ پوشیدہ (۴) بل دار۔ پیچ دار ۔

لپیٹواں بات (ہ۔ مؤنث) گول بات۔ پیچیدہ بات۔ چال کی بات۔ فریب کی بات ۔

ل۔ت

لَت (لَت) (ہ) لات کا مخفف۔ لات۔ لکد۔ دولتی ۔

لَت۔ لَت (ہ۔ مؤنث) (۱) بُری عادت (۲) بُری خصلت۔ علت۔ لپکا ۔

لتاڑ (لِتاڑ) (ہ۔ مؤنث) (۱) ملامت۔ سرزنش (۲) دکھ۔ مصیبت (۳) کام کاج کی زیادتی (۴) دوڑ دھوپ (۵) پامالی۔ روندن (۶) لتاڑنا کا امر ۔

لتاڑنا (ہ) (۱) لاتیں مارنا۔ روندنا۔ پامال کرنا (۲) دھتکارنا۔ ملامت کرنا ۔

لترا (لُت۔ رَا) (ہ۔ مذکر) (۱) ادھر کی ادھر کہنے والا۔ چغل خور۔ غماز (۲۔ پنجاب) بکواسی۔ بکی (۳) بے وفا۔ بے مروت ۔

لتری (ہ۔ مؤنث) وہ عورت جو ادھر کی ادھر اور ادھر کی ادھر کہے چغل خور۔ پیٹ کی ہلکی ۔

لتری کان کتری (ہ) مؤنث۔ حقارتاً وہ عورت جو اپنے لترا پے کے سبب کان کاٹ دینے کے لائق ہو یا جس کے کان کاٹ دیئے گئے ہوں۔

غمازہ ۔

لتّہ (لَت۔ تَہ) (ف۔ مذکر) (۱) گودڑ۔ چیتھڑا (۲) بستر۔ پارچہ۔ کپڑا ۔

لتّی (لَت۔ تی) (ہ۔ مؤنث) (۱) لٹو کی ڈوری (۲) پگڑی دستار ۔

لتّے (ہ) مذکر۔ لتّہ کی جمع ۔

لتّے لینا (ہ) (۱) منہ سے اتارنا۔ دھجیاں اڑانا (۲) سرزنش کرنا۔ آڑے ہاتھوں لینا۔ لتاڑنا ۔

لتیا (ہ) بُری عادت والا۔ عادی۔ علتی ۔

لتیانا (ہ) لاتیں مارنا۔ لاتوں سے خبر لینا ۔

لتھ۔ لتھڑ (لِتھ) (ہ) مؤنث۔ آمیزش۔ آلودگی ۔

لتھ پتھ (لَت پَت) (ہ) (۱) بھرا ہوا۔ آلودہ۔ شرابور (۲) مؤنث۔ خستہ حالی۔ خراب حالی ۔

لتھ پتھ ہونا (ہ) شرابور ہونا۔ بھرنا۔ آلودہ ہونا ۔

لتھڑ پتھڑ (ہ) دیکھو لتھ پتھ ۔

لتھڑنا (لِتھَڑ۔ نا) (ہ) (۱) آمیز ہونا۔ ملنا (۲) ملانا۔ آمیز کرنا (۳) لیپ لگانا ۔

ل۔ٹ

لُٹ (لُٹ) (ہ) لٹنا کا امر ۔

لٹ جانا (لُٹ جانا) (ہ) (۱) تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ خاک میں ملنا (۲) خرید و فروخت میں نقصان اٹھانا (۳) گھر اجڑنا۔ ویران ہونا ۔

لٹ (لَٹ) (ہ) مؤنث (۱) جٹا۔ بالوں کی لڑی۔ زلف (۲) رسی۔ ڈوری ۔

لٹا (لَٹا) (ہ) (۱) دبلا۔ لاغر (۲) جٹا۔ لٹ ۔

لٹا پٹا (ہ) مذکر۔ بستر بوریا۔ انگڑ کھنگڑ۔ اٹالا ۔

لٹا دھاری (ہ) مذکر۔ جٹا دھاری۔ جوگی۔ لمبے لمبے بالوں والا فقیر ۔

لٹا ہاتھی بتورا سا (ہ) (مثل) امرا کے پاس تباہی میں بھی بہت کچھ ہوتا ہے ۔

لٹا ہاتھی سوا لاکھ ٹکے کا (ہ) (مثل) گیا گزرا امیر بھی غریبوں سے بہتر ہے ۔

لٹانا (لِٹا۔ نا) (ہ) (۱) پسارنا۔ پھیلانا۔ فرش یا چارپائی پر ڈالنا (۲) بچے کو سلانا (۳) قبر میں ڈالنا (۴) پچھاڑنا۔ چت گرانا ۔

لٹانا (ہ) (۱) اڑانا۔ بے دریغ برباد کرنا (۲) غارت کرنا۔ فضول

خرچ کرنا ۔
لُٹاؤ (ہ) فضول خرچ ۔ اُڑاؤ ۔ کھاؤ ۔
لٹائی (لَٹا ۔ ئی) (ع ۔ مؤنث) پتنگ کی ڈور ۔ لپیٹنے کی چھوٹی چرخی ۔
لٹ بھر (ع ۔ مؤنث) (۱) اسباب ۔ سامان جو کسی کے ساتھ ہو (۲) دنیا کے تعلقات ۔ کام اور ضرورتیں ۔
لَٹ پَٹ (ع) (ہندی) (۱) رنگیلا ۔ بانکا چھیل ۔ چھبیلا ۔ (۲) نشیلا ۔ متوالا (۳) اُلٹ پلٹ ۔
لٹے پٹے دن (ع) مذکر ۔ مصیبت کے دن ۔
لٹر (لَتَر) (ع ۔ مذکر) بد وضع اور بیہودہ مرد ۔
لٹریچر (لِٹ ۔ رے ۔ چر) انگریزی LITERATURE (مذکر) علم انشا ۔ علم ادب ۔ انشا پردازی ۔
لٹس (ع) مؤنث ۔ لوٹ مار ۔ لوٹ کھسوٹ ۔
لٹس مچانا (ع) لوٹ مچانا ۔ چھینا جھپٹی کرنا ۔ غارت گری کرنا ۔
لٹک (لَٹَک) (ع) مؤنث (۱) لٹکاؤ ۔ آویزش (۲) ناز و ادا ۔ آن بان (۳) لہر ۔ موج ۔ ترنگ (۴) سایہ بھوت پریت وغیرہ کا اثر ۔ (۵) لٹکنا کا امر ۔
لٹک کر چلنا (ع) مستانہ رفتار سے چلنا ۔ جھوم کر چلنا ۔ ناز نخرے سے قدم اٹھانا ۔
لٹکا (ع) مذکر (۱) موہنی ۔ سحر ۔ جادو ۔ منتر ۔ افسون ۔ ٹوٹکا (۲) شعبدہ ۔ کرتب ۔ عیاری چالاکی (۳) چٹکلہ (۴) طور ۔ طریقہ ۔ تدبیر ۔ داؤں پیچ (۵) شغل ۔ دل بہلاوا (۶) مکر ۔ فریب (۷) چلتا ہوا نسخہ ۔ اکسیر ۔
لٹکانا (ع) (۱) معلق کرنا ۔ آویزاں کرنا (۲) پھانسی دینا (۳) اٹکائے رکھنا ۔ الجھانا (۴) امید میں رکھنا ۔ انتظار میں رکھنا ۔
لٹکن (ع) مذکر (۱) لٹکنے والی چیز (۲) ایک زیور ۔
لٹکنا (ع) (۱) آویزاں ہونا ۔ معلق ہونا ۔ پھانسی گھٹنا (۳) رکنا ۔ اٹکنا (۴) منتظر رہنا ۔ امیدوار رہنا ۔ (۵) مدتوں بیمار رہنا (۶) لاغر ہونا ۔ دبلا ہونا (۷) آگے نہ بڑھنا ۔ پیچھے رہنا ۔
لٹنا (لُٹ ۔ نا) (ع) دبلا ہونا ۔ لاغر ہونا ۔ کمزور ہونا ۔
لٹو (لَٹ ۔ ٹو) (ع) مذکر (۱) ایک کھلونا ۔ جو پھرانے سے دیر تک گھومتا رہتا ہے (۲) سیدھ معلوم کرنے کا آلہ ۔ ساقول ۔
لٹو ہونا (ع) (۱) عاشق ہونا ۔ فریفتہ ہونا (۲) محو ہونا (۳) بہکنا ۔

چکر کھانا ۔
لٹوانا (ع) (۱) غارت کرانا ۔ تباہ کرانا (۲) نقصان کرانا ۔ صرف کرنا ۔ مہنگا سودا دلانا ۔
لٹورا (لَٹو ۔ را) (ع) مذکر ۔ ایک پرندہ ۔
لٹورا (لَٹو ۔ را) (ع) مذکر ۔ (ع) الجھے ہوئے بالوں کی لٹ ۔
لٹوروں (لٹوریوں) والی (ع) مؤنث ۔ ڈائن ۔ چڑیل ۔ جادوگرنی ۔
لٹوریا (لٹو ۔ ریا) (ع ۔ مذکر) جٹا دھاری ۔ لٹوں والا جوگی ۔ گیسو دراز ۔
لٹھ (لَٹھ) (ع) مذکر (۱) موٹی لکڑی ۔ سونٹا ۔ لاٹھی (۲) پنجاب چرخے یا کسی اور چیز کی لاٹھ ۔
لٹھ باز (ع) مذکر ۔ لاٹھی سے لڑنے والا ۔
لٹھ بازی (ع) مؤنث ۔ لاٹھیوں کی لڑائی ۔ لٹھم ۔ لٹھا ۔
لٹھ بند (ع) لاٹھی باندھنے والا ۔
لٹھ سا مار دینا (ع) سخت بات کہہ دینا ۔ نہایت درشت جواب دے دینا ۔
لٹھا (لَٹھ ۔ ٹھا) (ع ۔ مذکر) (۱) شہتیر ۔ لکڑی کڑی ۔ سلیپر (۲) جریب کا دسواں حصہ ۔
لٹھا (لَٹھ ۔ ٹھا) (ع) مذکر ۔ ایک قسم کا سوتی کپڑا ۔
لٹھیا (ع) مؤنث ۔ لاٹھی کی تصغیر ۔ چھوٹی چھڑی ۔
لٹھیت (لٹھیت) (ع ۔ مذکر) (۱) لاٹھی سے لڑنے والا ۔ لٹھ باز (۲) سینہ زور (۳) غنڈا ۔
لٹیا (لُٹ ۔ یا) (ع) چھوٹا سا لوٹا ۔ گڑوی ۔
لٹیا ڈبونا (ع) (۱) لوٹا پانی میں گرا دینا (۲) بات بگاڑنا ۔ (۳) نقصان اٹھانا (۴) ہمت ہارنا ۔
لٹے پٹے دن کاٹنا (ع) (ہندو) مصیبت برداشت کرنا ۔ مشکل سے گزر اوقات کرنا ۔
لٹیرا (ع) لوٹ مار کرنے والا ۔ راہزن ۔ قزاق ۔ ڈاکو ۔ چور ۔

ل ج

لجا (لَجا) (ع) لجانا کا امر ۔
لجا (لَج ۔ جا) (ع ۔ مؤنث) لاج کی تصغیر ۔ شرم ۔ حیا ۔ غیرت ۔
لجاجت (ع) مؤنث ۔ عاجزی ۔ منت سماجت ۔ خوشامد ۔
لجالو (ع) (۱) شرم والا ۔ با حیا (۲) مذکر ۔ ایک پودا

جو آدمی کے ہاتھ لگانے یا گرم ہوا سے مرجھا جاتا ہے۔ لاجونتی ÷

لجام (لِگام) (ع) مؤنث۔ لگام۔ باگ۔ عنان ÷

لجانا (ف) شرمانا۔ شرمندہ ہونا ÷

لجاؤُ (ص) (۱) شرمیلا (۲) غیرت والا ÷

لجلاج (لج۔ لاج) (ت۔ مذکر) (۱) شطرنج کا موجد (۲) شطرنج یا چوسر کا استاد (۳) (ف) رعاف کیا ہوا پارہ ÷

لجلجا (لج۔ لجا) (ص) پلپلا۔ لچکدار۔ ملائم۔ لیسدار ÷

لجونتی (ا) مؤنث۔ دیکھو (لاجونتی)

لجّہ (لج۔ جہ) (ع) مذکر (۱) دریا۔ ندی (۲) بے نور (۳) منجدھار ÷

ل ۔ چ

لچ (لَچ) (ف) لچنا کا امر ÷

لچ (لُچ) ف (۱) ننگا۔ برہنہ (۲) (ص) بدچلن۔ آوارہ۔ بدکار۔ بدمعاش ÷

لچ بہادر (ا) غنڈوں کا سردار۔ نہایت شہدا۔ بدمعاش ÷

لُچّا (ص) (۱) بے شرم۔ بے باک (۲) بدمعاش۔ شہدا۔ گنڈا۔ اوباش (۳) فسادی۔ جھگڑالو۔ شریر (۴) اُچکا۔ ٹھگ (۵) عیبی ÷

لچانا (لچکنا) (ف) ٹیڑھا کرنا۔ جھکانا ÷

لچپن (ا) مذکر۔ شہداپن۔ بے شرمی۔ بے عزتی۔ بدچلنی۔ شرارت۔ بدکاری۔ گنڈاپن ÷

لچر (لچر) (ص) (۱) لغو۔ مہمل۔ بیہودہ (۲) بے وقوف۔ احمق (۳) بے معنی۔ بے تکی (بات)

لچک (لچکت) (ا) مؤنث (۱) نرمی۔ ملائمت (۲) کسی چیز کا نزاکت سے حرکت کرنا۔ لرزش (۳) جھٹکا۔ ضرب۔ ہچکولا (۴) کجی۔ خم۔ جھکاؤ ÷

لچک آجانا (ف) جھٹکا لگنا۔ ضرب آجانا ÷

لچک دار (ا) (۱) وہ چیز جو حرکت سے جنبش کرے۔ لرزاں۔ لہردار ÷

لچکا (ا) مذکر (۱) ضرب۔ جھٹکا۔ ہچکولا۔ موچ (۲) لچک (۳) ایک قسم کا پتلا گوٹا (۴) جنبش۔ لرزش ÷

لچکانا (ف) ہلانا۔ لرزش دینا۔ جنبش دینا ÷

لچکنا (ف) (۱) خمیدہ ہونا۔ جھکنا۔ مڑنا۔ بل کھانا (۲) لرزنا۔ کانپنا۔ ہلنا جلنا ÷

لچکیلا (ص) دیکھو لچک دار۔

لچ لچ (ا) مؤنث۔ لچکنے کی آواز ÷

لچلچا (ا) مذکر۔ لعابدار سالن۔ رس دار سالن ÷

لچلچانا (ف) (۱) لیس دار ہونا۔ لعاب دار ہونا۔ لچکیلا ہونا ÷

لچنا (ف) (۱) جھکنا۔ ٹیڑھا ہونا (۲) فروتنی کرنا ÷

لچھا (لچھ۔ چھا) (ا) مذکر (۱) سوت کی انٹی (۲) ایک زیور (۳) اُلجھی ہوئی ڈور (۴) مسلسل اور پیچیدہ لپٹے ہوئے تار ÷

لچھمی (لچھ۔ می) (ا) مؤنث (۱) دولت کی مالک۔ دھن کی دیوی (۲) دھن۔ دولت۔ مال (۳) شان و شوکت۔ حشمت۔ دبدبہ (۴) حسن۔ خوبصورتی۔ جمال (۵) بہو۔ بیٹے کی بیوی (۶) لڑکیاں بیٹیاں (۷) رامچندر جی کی بیوی سیتا ÷

لچھمی بن آدر کون سے (۱) (مثل) دولت کے بغیر کوئی نہیں پوچھتا ÷

لچھمی گھر میں آنا (ف) (۱) دولت کا گھر میں آنا۔ صاحب اقبال ہونا (۲) گھر میں مبارک قدم بہو کا آنا (۳) گھر میں بیٹی کا پیدا ہونا ÷

لچھمی نارائن کرنا (ف) بسم اللہ کرنا۔ کھانا شروع کرنا ÷

لچھن (لچھ۔ چھن) (ا) مذکر (۱) علامت۔ نشانی۔ آثار۔ انداز (۲) طور۔ طریق۔ ڈھنگ (۳) کرتوت۔ فعل۔ کام (۴) عادت۔ خصلت۔ کردار (۵) عیب۔ بدنامی (۶) حال۔ کیفیت ÷

لچھن جھڑ جانا۔ یا۔ جھڑنا (ف) پہلی سی رونق نہ رہنا۔ حسن کا ورا ترتا جانا۔ رنگ روپ جاتا رہنا۔ حسن کا زوال پذیر ہونا ÷

لچھن پکڑنا۔ یا۔ سیکھنا (ف) کسی کے ڈھنگ سیکھنا۔ کسی کے ڈھنگوں پر آنا۔ بُری عادت پکڑنا۔ اوگن سیکھنا ÷

لچھے (ا) مذکر۔ لچھا کی جمع ÷

لچھے دار (ص) (۱) پیچیدہ۔ پیچدار۔ پیچ در پیچ (۲) سلسلہ وار۔ متواتر۔ برابر (۳) ڈوروں والا (۴) حلقہ دار۔ پرپیچ دار (۵) مزیدار ÷

لچھے دار باتیں (ا) مؤنث۔ مسلسل اور مزیدار باتیں۔ پیچ در پیچ باتیں ÷

لچھیانا (ف) ڈورے۔ دھاگے وغیرہ کا ریل۔ چرخی وغیرہ پر لپیٹنا ÷

لچھی (لچھی) (ا) مؤنث (۱) ریشم کی پتلی اور ملائم ڈوری جو کمی میں لگتے ہیں ÷

لچھی سا پیٹ (ا) مذکر۔ نہایت نرم پیٹ ÷

لچّی (ہ) مؤنث (۱) شہدی - بدچلن (۲) بد خو (۳) لڑاکا - (۴) فضول خرچ (۵) بیہودہ ؎

ل-ح

لحاظ (لِحا ظ) (ع - مذکر) (۱) نظر - نگاہ (۲) ادب - حفظِ مراتب (۳) (۳) شرم - حیا (۴) (۴) مروّت - ملاحظہ (۵) (۵) خیال - دھیان (۶) (۶) پرہیز - اجتناب (۷) (۷) توجّہ (۸) (۸) غیرت - حمیّت ؎

لحاظ اُٹھا دینا (ف) بے شرم ہو جانا - بے غیرت ہو جانا - بے حیا بن جانا ؎

لحاظ رکھنا (ف) (۱) دھیان رکھنا - خیال رکھنا (۲) ادب کا خیال رکھنا (۳) شرم کرنا (۴) پرہیز کرنا ؎

لحاظ نہ کرنا (ف) (۱) ادب نہ کرنا - حفظِ مراتب کا خیال نہ رکھنا (۲) شرم نہ کرنا - حیا نہ کرنا (۳) مروّت سے پیش نہ آنا - خیال نہ کرنا ؎

لحاظ والا (ف) (۱) شرم و حیا والا (۲) با مروّت ؎

لحاف (لِحاف) (ع - مذکر) وہ رضائی جس میں بہت روئی ہو ؎

لحد (لَحَد) (ع - مؤنث) قبر - مزار - تربت - گور خصوصاً قبر کے اندر کا وہ گڑھا جس میں مُردہ کو رکھا جاتا ہے ؎

لحظہ (لَحظ - ظہ) (ع - مذکر) پل لمحہ - دم کے دم - دم بھر ؎

لحظہ بہ لحظہ (ع) دم بہ دم - ساعت بساعت - ہر دم - ہر گھڑی ؎

لحم (لَحم) (ع) مذکر - گوشت - ماس ؎

لحن (لَحن) (ع - مذکر) (۱) آواز (۲) سُریلی آواز (۳) سُر - لے (۴) خوش آوازی - خوش خوانی ؎

لحیم (لَحِیم) (ع) موٹا - فربہ ؎

لحیم شحیم (ع) موٹا تازہ - فربہ اندام - توانا ؎

ل-خ

لخت (لَخت) (ف) مذکر - ٹکڑا - پارہ - حصّہ ؎

لختِ جگر (ف) مذکر - (۱) جگر کا ٹکڑا (۲) اولاد - بیٹا - بیٹی - نورِ چشم ؎

لغ لغ (لَغ - لَغ) (ف) (۱) لاغر - دُبلا - پتلا (۲) بھوک پیاس کے مارے وہ آواز جو حلق کی خشکی کے باعث نکلتی ہے ؎

لخلخانا (ف) بھوک پیاس سے تڑپنا - بھوک سے نڈھال ہو جانا ؎

لخلخہ (لَخ - لَخَہ) (ف - مذکر) چند خوشبودار چیزوں کا مجموعہ جو تقویتِ دماغ کے لئے مریض کو سنگھاتے ہیں ؎

ل-د

لد (لَد) (ہ) لدنا کا امر ؎

لدا پھندا (ہ) (۱) اچھی طرح لدا ہوا (۲) بہت بھرا ہوا (۳) بوجھ میں دبا ہوا (۴) اسباب ساتھ لئے ہوئے ؎

لدا لد (ہ) مؤنث - (۱) اونچائی سے کسی چیز کے گرنے کی آواز (۲) درختوں سے پھلوں کے گرنے کی آواز (۳) دیوار کے ردّے گرنے کی آواز - (۴) اسباب لادنے کی آواز (۵) کنوئیں میں گرنے کی آواز (۶) لگاتار - پے در پے ؎

لدانا (ہ) بار کرانا - بوجھ دھروانا - اسباب لدوانا ؎

لداوا (ہ) مذکر - بوجھ - بھار - اسباب ؎

لداؤ (ہ - مذکر) بوجھ - بھار - بار - لادنے کا اسباب ؎

لداؤ کی چھت (ہ) مؤنث - وہ چھت جو صرف چونے سے ڈاٹ لگا کر بنا دیں - اس چھت پر کڑیاں نہیں ہوتیں - گنبد نما چھت ؎

لدجانا (ہ) (۱) بوجھ رکھا جانا (۲) بھر جانا - پُر ہو جانا (۳) چلا جانا - گزر جانا (۴) مر جانا - انتقال کر جانا ؎

لدنا (ہ) (۱) بار ہونا - بوجھ رکھا جانا (۲) بھرنا - پُر ہونا ؎

لدنی (لَدُنّ - نی) (ع) خدا داد - وہ علم جو سیکھنے کے بغیر وحی یا الہام وغیرہ کے ذریعے سے حاصل ہو ؎

لدّو (ہ) (۱) بوجھ اُٹھانے کے قابل - بار برداری کے لائق (۲) وہ حیوان جو بار برداری کے کام آئے ؎

لدّو کرنا (ہ) بار برداری کے قابل بنانا - سواری کے قابل نہ رکھنا ؎

لدوانا (ہ) بار کرانا ؎

لدھڑ (لَدّھ - دھَڑ) (ہ) (۱) موٹا اور بد وضع کا غذ یا کپڑا وغیرہ (۲) بھاری اور بھدّا (۳) کند ذہن ؎

ل-ڈ

لڈّو (لَڈ-ڈُو) (ہ) مذکر- ڈھیلا- ڈلا- کلوخ (۲) ایک قسم کی مٹھائی جو بیسن یا مونگ کے آٹے وغیرہ سے گول سی بنائی جاتی ہے ؛

لڈو بانٹنا (ہ) کسی خوشی کی تقریب پر شیرینی تقسیم کرنا ؛

لڈو تو کڑوے ہیں (ہ) مثل، جب کوئی شخص کسی کی نقدی وغیرہ چرائے- اور اسی میں سے لڈو لا کر اسے کھانے کے لئے دے- تو وہ رنج و افسوس کے ساتھ یہ جملہ کہتا ہے ؛

لڈو کھلانا (ہ) مٹھائی کھلانا- منہ میٹھا کرنا (۲) رشوت دینا- منہ بھر دینا ؛

لڈو کہے سے منہ نہیں میٹھا ہوتا - (ہ) کہاوت نری چاپلوسی اور خالی باتوں ہی باتوں سے مطلب براری نہیں ہوتی بغیر لئے دیئے کچھ کام نہیں چلتا ؛

ل-ذ

لذائذ (لَذَا-ئِذ) (ع) مؤنث- لذّت کی جمع- مزے- ذائقے لذتیں ؛

لذائذ نفسانی (ع- مؤنث) حظِ نفسانی- نفس کی خوشی- اندری بھوگ- شہوت پرستی ؛

لذت (لَذ- ذَت) (ع) مؤنث (۱) مزہ- ذائقہ- سواد (۲) حظ ؛

لذت اٹھانا (ہ) (۱) مزہ لینا- لطف حاصل کرنا- حظ اٹھانا (۲) ذائقہ لینا ؛

لذت چکھنا (ہ) (۱) مزہ چکھنا- مزہ لینا- سواد پانا (۲) لطف حاصل کرنا- مزے اڑانا ؛

لذیذ (لَذِیْذ) (ع) (۱) خوش ذائقہ- مزیدار (۲) (۱) خوشگوار پرلطف (۳) (۱) عزیز- پیارا ؛

ل-ر

لَر (لَر) (ہ) مذکر ایک قسم کا گز جس سے زمین ناپی جاتی ہے اس کی لمبائی ساڑھے چار فٹ سے ساڑھے چھ فٹ تک ہوتی ہے ؛

لُر (لُر) (ف) احمق- اجہل- بے تمیز ؛

لرز (لَرز) (ف) لرزنا کا امر ؛

لرز جانا (ہ) (۱) تھرّا جانا- کانپ اٹھنا (۲) ڈرنا ؛

لرزش (ف- مؤنث) رعشہ- کپکپی- تھرتھراہٹ ؛

لرزنا (ہ) (۱) کانپنا- تھرّانا (۲) ڈرنا (۳) ہلنا- جنبش کرنا ؛

لرزہ (لَر-زَہ) (ف- مذکر) (۱) تھرتھراہٹ- لرزش- رعشہ (۲) خوف یا بیماری کے باعث کپکپی (۳) بھونچال ؛

لرزہ آنا (ہ) (۱) رعشہ آنا- کانپنا (۲) بھونچال آنا- زلزلہ آنا (۳) خوف آنا ؛

ل-ڑ

لَڑ (لَڑ) (ہ) مؤنث (۱) لڑی- ہار- سلسلہ- ڈور (۲) رسّی کا بل (۳) قطار- صف (۴) (پنجاب) پلہ- کنارہ- دامن (۵) گرہ- گانٹھ (۶) وسیلہ- تعلق- رشتہ (۷) لڑنا کا امر ؛

لڑ لگانا (ہ) (۱) وسیلہ یا تعلق پیدا کرنا (۲) (پنجاب) بیاہنا- شادی کرنا ؛

لڑ مرنا (ہ) (۱) لڑ کر مر جانا (۲) باہم تکرار یا جھگڑا کر بیٹھنا ؛

لڑ میں رہنا (ہ) (۱) کسی کا طرفدار بنا رہنا- ساتھ دینا- کسی کے کہنے میں رہنا (۲) (پنجاب) جیب میں ہونا- پلّے ہونا ؛

لڑا (ہ) (۱) لڑنا کی ماضی (۲) لڑانا کا امر (۳) (بذکر) لڑی ؛

لڑاک - لڑاکا- لڑاکو (ہ) (۱) جنگجو- جھگڑالو- شریر (۲) بدخو- بدمزاج- ترش رو (۳) بہادر- جنگی ؛

لڑاکا کے چار کان (ہ) مثل، جس عورت کو لڑنے کا چسکا ہو- وہ لڑائی کے لئے ہمیشہ کوئی بہانہ تلاش کر لیتی ہے

لڑانا (ہ) لڑائی کرانا- جنگ کرانا- کشتی کرانا- بھڑانا ؛

لڑاؤ (ہ) (۱) لڑنے کے قابل (۲) ڈور جو ایک مرتبہ کنکوا لڑانے کے قابل ہو ؛

لڑائی (ہ) مؤنث (۱) جنگ (۲) جھگڑا- فساد- مار پیٹ (۳) مقابلہ- سامنا (۴) دشمنی- عداوت (۵) خفگی- اَن بَن ؛

لڑائی باندھنا (ہ) (۱) جنگ کی ٹھہرانا (۲) دشمنی کرنا- جھگڑا کھڑا کرنا ؛

لڑائی بھڑائی (ہ) مؤنث- دنگا فساد- جنگ وجدل ؛

لڑائی ٹل جانا (ہ) جنگ کا موقع قریب آ جانا- مہم سر پر

آجانا ۔

لڑائی کا گھر (ہ) (۱) فساد کی جڑ۔ فتنہ پرداز (۲) جھگڑا ڈالنے والا۔ فساد کرانے والا ۔

لڑائی کا گھر ہانسی روگ کا گھر کھانسی (ہ) (مثل) لڑائی کی ابتدا ہنسی مذاق سے ہوتی ہے اور بیماری کا آغاز کھانسی سے ۔

لڑائی مارنا (ہ) شکست دینا۔ حریف کو مغلوب کرنا۔ لڑائی سر کرنا ۔

لڑائی مول لینا (ہ) (۱) خواہ مخواہ جھگڑے میں پڑنا ناحق دقت اور مصیبت میں پڑنا (۲) خود جھگڑا نکال لینا ۔

لڑائی میں لڈو نہیں بٹتے / لڑائی میں مٹھائی نہیں بٹتی (ہ) (مثل) لڑائی میں شیرینی نہیں تقسیم ہوتی یعنی لڑائی خوشی کا مقام نہیں ۔

لڑبڑا (ہ) دیکھو (لجلجا) ۔

لڑبڑانا (لَڑ۔ بڑا۔ نا) (ہ) (۱) زبان میں لکنت ہونا۔ ہکلانا۔ رُک رُک کر بولنا (۲) ڈگمگانا۔ لڑکھڑانا ۔

لڑست (ہ) مؤنث ۔ دیکھو (لڑنت)

لڑکا (لَڑ۔ کا) (ہ) مذکر (۱) طفل۔ کودک۔ چھوکرا (۲) بالک۔ بچہ۔ کمسن (۳) بیٹا۔ پوت۔ پسر (۴) ناتجربہ کار۔ نادان ۔

لڑکا بالا (ہ) مذکر (۱) بال بچہ۔ اولاد۔ عیال و اطفال ۔

لڑکا جنے بیوی اور پیٹ باندھیں میاں (ہ) (مثل) تکلیف کوئی اٹھائے اور اظہار تکلیف کوئی کرے ۔

لڑکا روئے بالوں کو / نائی روئے منڈائی کو (ہ) (مثل) ہر ایک اپنا اپنا دکھ روتا ہے ۔

لڑکپن (لَڑ۔ کَ۔ پَن) (ہ) مذکر (۱) بچپن۔ طفولیت (۲) کمسنی کا زمانہ (۳) چھچھورا پن۔ اوچھا پن ۔

لڑکنا۔ لڑکنی (ہ) دیکھو (لڑھکنا۔ لڑھکنی) ۔

لڑکوں (ہ) مذکر۔ لڑکا کی جمع۔ حرف جار سے پہلے ۔

لڑکوں کا کھیل (ہ) مذکر (۱) بچوں کا کھیل (۲) بچوں کا دل بہلاوا (۳) آسان کام۔ سہل بات (۴) (طنزاً) بڑائی کا کام ۔

لڑکوں کا کھیل چڑیوں کا مرن (ہ) (مثل) ناسمجھ کے ہتھے جان کی کچھ قدر نہیں ۔

لڑکھڑانا (لَڑ۔ کھڑا۔ نا) (ہ) (۱) ڈگمگانا۔ پاؤں کا کانپنا۔ لرزنا۔ تھرتھرانا۔ ہلنا (۲) بے راہ ہونا۔ بہکنا (۳) نیت بگڑنا۔ ایمان میں فرق آنا ۔

لڑکی (ہ) مؤنث (۱) چھوکری۔ کنیا۔ بیٹی۔ دختر (۲) کم عمر۔ نادان (۳) کنواری۔ دوشیزہ (۴) ناسمجھ ناتجربہ کار ۔

لڑکی والا (ہ) مذکر (۱) لڑکی کا باپ (۲) دلہن کا باپ ۔

لڑکے (ہ) مذکر "لڑکا" کی جمع ۔

لڑکے بالے (ہ) مذکر بال بچے۔ بیوی بچے۔ میاں و اطفال۔ کنبہ ۔

لڑکے کو جب بھیڑیا لے گیا تب ٹٹی باندھی (ہ) (مثل) کام بگڑ جانے کے بعد احتیاط کرنا بے فائدہ ہے ۔

لڑکیاں (ہ) مؤنث (۱) لڑکی کی جمع (۲) بیٹیاں ۔

لڑنا (ہ) (۱) جھگڑنا۔ تکرار کرنا (۲) بھڑنا (۳) مقابلہ کرنا (۴) ٹکرانا۔ جیسے ریل کا لڑنا (۵) باہم ضد کرنا (۶) زور آزمائی کرنا۔ کشتی کرنا (۷) (پنجاب) کاٹنا۔ ڈسنا۔ ڈنک مارنا۔ جیسے اسے سانپ لڑ گیا ۔

لڑنا بھڑنا۔ لڑنا جھگڑنا (ہ) آپس میں جھگڑا فساد کرنا بحث و تکرار کرنا ۔

لڑنت (لَڑَنت) (ہ) مؤنث۔ پہلوانی کشتی۔ زور آزمائی۔ جنگ ۔

لڑھانا (لُڑھا۔ نا) (ہ) (۱) پھسلانا۔ لڑھکانا (۲) بہانا۔ گرانا (۳) مار کر گرا دینا ۔

لڑھک (لُڑھَک) (ہ) لڑھکنا کا امر ۔

لڑھکانا (ہ) گھومتا ہوا پھینکنا کسی چیز کو گھمانا ۔

لڑھکنا (ہ) (۱) پھسلنا۔ لڑھکنی کھانا۔ ڈگمگانا (۲) لیٹنا۔ پڑنا۔ سونا۔ جیسے "یہ ابھی سے لڑھک گئے" (۳) مرنا۔ انتقال کرنا۔ جیسے "وہ بھی لڑھک گئے" ۔

لڑھکنی (ہ) مؤنث۔ لوٹنی۔ لوٹ ۔

لڑھکنی کھانا (ہ) (۱) پھسل جانا۔ قلابازی کھانا۔ لڑھکنا ۔

لڑھنا (لُڑھ۔ نا) (ہ) (۱) لڑھکنا۔ پھسلنا (۲) بہنا۔ گرنا (۳) بندوق یا توپ کا نشانہ بننا۔ مر جانا ۔

لڑی (ہ) مؤنث (۱) ہار۔ موتیوں کی مالا۔ لڑ (۲) جھڑی۔ سلسلہ۔ تسلسل ۔

لڑے فوج نام سردار کا کاٹے باڑھ نام تلوار کا (ہ) (مثل) کام کوئی کرے نام کوئی پائے۔ چھوٹے کام کریں۔ بڑے نام پائیں ۔

ل - ز

لزج (لَزِج) (ع) (ص) لعاب دار۔ لیس دار۔ چپچپا ۔

لزوجیت (لُزُو - جی - یَت) (ع) مؤنث۔ لیس - چیپ - لعاب ۔

لزوم (لُزُوم) (ع) مذکر (۱) لازم ہونا (۲) واجب - ضرور - لازم ۔

ل - س

لس (لَس) (ہ) مذکر۔ لیس - لعاب - چیپ ۔

لس تگا (ہ) مذکر (عو) تعلق ۔

لس دار (ہ) لعاب دار - چیپ دار ۔

لسان (لِسان) (ع) مؤنث (۱) زبان (۲) بولی - بھاشا ۔

لسان العصر (ع) (۱) اپنے وقت کا فصیح الکلام (۲) مولانا اکبر حسین الہ آبادی مرحوم کا خطاب جو اس کے کلام معجز بیان کو تسلیم کرکے زمانہ نے خود قرار دے دیا تھا ۔

لسان الغیب (ع) مؤنث (۱) غیب کی زبان (۲) حافظ شیرازی کا لقب، کہ ان کے دیوان سے جو فال دیکھتے ہیں۔ وہ آواز غیبی کی طرح بے خطا ہوتی ہے ۔

لسّان (لَس - سان) (ع) (۱) بہت بولنے والا - بکّی (۲) خوش گفتار شیریں زبان (۳) چرب زبان - چکنی چپڑی باتیں بنانے والا ۔

لسر کا (لَسَر - کا) (ہ) مذکر۔ تعلق - واسطہ - سروکار ۔

لسلسا (ہ) مذکر۔ لعاب دار - لیسدار - چیپ دار ۔

لسن (لَس - سَن) (ہ) مذکر (۱) لہسن (پنجاب، جموں) (۲) وہ سرخ یا سیاہ داغ جو جسم پر رہ جاتا ہے ۔

لسنا (لَس - نا) (ہ) (۱) آلودہ ہونا - لتھڑنا (۲) چپاں ہونا - ٹھیک بیٹھنا ۔

لسوڑا (لَسو - ڑا) (ہ) مذکر۔ ایک نہایت چیپ دار پھل - سپستان ۔

لسّی (لَس - سی) (ہ) مؤنث۔ پانی ملا ہوا دودھ - دہی اور پانی کا مرکب - چھاچھ ۔

ل - ش

لش (لَش) (ہ) مؤنث۔ کتّے کو کسی پر جھپٹانے کا اشارہ کرنے کی آواز (پنجاب) ۔

لش پش ہونا (ہ) تھک کر چور ہونا - نہایت مضمحل ہونا ۔

لشتم (لُش - تم) (ہ) ناکارہ - شکست ۔

لشتم پشتم (لُش - تَم پُش - تَم - لَش - تَم پَش - تَم) (ہ) (۱) بری بھلی طرح - جوں توں کرکے (۲) بہر حال (۳) مشکل سے ۔

لشکارنا (ہ) کتّے کو شکار پر جھپٹانے کے لئے لش لش کرنا ۔

لشکر (لَش - کَر) (ف) مذکر (۱) فوج - سپاہ (۲) بھیڑ بھاڑ - ہجوم (۳) چھاؤنی - کیمپ ۔

لشکر اکٹھا کرنا (۱) فوج اکٹھی کرنا - سپاہ فراہم کرنا (۲) بہت سے آدمی جمع کرنا - بھیڑ لگانا ۔

لشکر جمانا (۱) فوج کو ترتیب دینا ۔

لشکر کشی (ف) مؤنث۔ فوج کشی - حملہ - دھاوا - چڑھائی ۔

لشکری بولی (۱) مؤنث۔ لشکری زبان - وہ بولی جس میں بھانت بھانت کی بھاکھا ملی ہوئی ہو ۔

لشکر گاہ (ف) مذکر (۱) کیمپ - چھاؤنی - معسکر (۲) سپاہ کا پڑاؤ - فرودگاہ لشکر ۔

لشکری (ف) مذکر۔ سپاہی - فوجی - تلنگا ۔

ل - ط

لطافت (لَطا - فَت) (ع) مؤنث (۱) عمدگی - خوبی (۲) نرمی - ملایمت (۳) پاکیزگی - صفائی (۴) نزاکت - خوبصورتی (۵) مزہ - ذائقہ - لذت (۶) باریکی - نکتہ (۷) فصاحت ۔

لطائف (لَطا - ئِف) (ع) لطیفہ کی جمع - چٹکلے - مزے - ظرافت کی باتیں ۔

لطائف الحیل (ع) مذکر۔ حیلے - بہانے۔ وہ بہانے جو دوسروں کو ناگوار نہ گزریں ۔

لطف (لُطف) (ع) مذکر (۱) عنایت - مہربانی (۲) خوبی - عمدگی (۳) نرمی - ملایمت (۴) لذت - مزہ - بہار ۔

لطف یہ ہے (۱) خوبی یہ ہے - عمدگی یہ ہے (۲) تعجب یہ ہے ۔

لطفی (ع) متبنّیٰ - لے پالک ۔

لطمہ (لَط - مَہ) (ع) مذکر (۱) تھپیڑا - طمانچہ - دھکا (۲) دریا کا تھپیڑا ۔

لطیف (لَطِیف) (ع) (۱) نازک - نرم (۲) ملائم - سبک (۳) صاف - شفاف (۴) پاکیزہ - ستھرا (۵) لذیذ - مزہ دار (۶) خوب - عمدہ (۷) پاک - مقدس ۔

لطیف الطبع (ع) سبک روح - خوش دل - زندہ دل -

خوش طبع ۔ رحم دل سلیم الطبع ◆

لطیفہ (لَطِی ۔ فَہ) (ع ۔ مذکّر) (۱) چٹکلا ۔ دلچسپ بات (۲) (۱) انوکھا ۔ عجیب ۔ اعجوبہ (۳) (۱) شگوفہ تعجب انگیزیات ◆

لطیفہ چھوڑنا (ف) کوئی انوکھی بات بیان کرنا ۔ شگوفہ چھوڑنا ◆

لطیفہ گو (ع ۔ ف) ظریف ۔ خوش مزاج ۔ بذلہ سنج ◆

ل ۔ ع

لُعاب (لُعَاب) (ع ۔ مذکّر) (۱) تھوک ۔ آبِ دہن ۔ کف رال (۲) لیس ۔ چیپ ◆

لُعاب دار (ع ۔ ف) لیس دار ۔ چیپ دار ۔ لسلسا ◆

لَعِب (لَعِب ۔ لَعْب) (ع ۔ مذکّر) (۱) کھیل کود ۔ دل بہلاؤ (۲) (ا) سیر ۔ تماشا ◆

لُعبت (لُعْ ۔ بَت) (ع ۔ مؤنّث) (۱) پتلی ۔ گڑیا ۔ گڈا ۔ مورت ۔ بت (۲) کھلونا ۔ کھیل ◆

لعل (لَعْل) (ع ۔ مذکّر) (۱) لال ۔ ایک قیمتی کانی پتھر جو جواہرات کی قسم سے ہے (۲) لال ۔ سُرخ ۔ احمر ◆

لعل اُگلنا (ف) (۱) منہ سے پھول جھڑنا ۔ خوش کلام ہونا (۲) (طنزاً) بدزبانی کرنا ۔ گالی بکنا ◆

لعل لگنا (ف) (۱) قیمتی ہونا (۲) انوکھا ہونا ◆

لعن (لَعْن) (ع ۔ مؤنّث) (۱) پھٹکار ۔ نفرین (۲) سرزنش ۔ جھڑکی ◆

لعن طعن (ع ۔ مؤنّث) لعنت ملامت ۔ نفرین ۔ پھٹکار ۔ دھتکار ۔ جھڑکی ۔ سرزنش ◆

لَعنت (ع ۔ مؤنّث) (۱) پھٹکار ۔ نفرین (۲) سرزنش ۔ دھتکار (۳) سخت سست ۔ بُرا بھلا ◆

لعنۃ اللہ علی الکاذبین (ع) (فقرہ) جھوٹوں پر خدا کی لعنت ◆

لعنت بھیجنا (ف) (۱) بُرا بھلا کہنا ۔ نفرین کرنا (۲) چھوڑنا ۔ کنارہ کرنا ۔ نفرت کرنا (۳) بد دعا دینا ۔ کوسنا ◆

لعنت کا ٹکڑا ۔ پھٹ پھٹ کی روٹی } (ف)
لعنت کی روٹی ۔ پھٹ پھٹ کا ٹکڑا } نہایت بے عزتی کی روٹی ۔ وہ روٹی جو سیکڑوں باتیں سنا کر اور طعنے دے کر کھلائی جائے ◆

لعنت کا طوق (ف) مذکّر ۔ کنایۃً رسوائی ◆

لعنت کا مارا (ف) (۱) لعنتی ۔ ملعون ۔ مردود (۲) بدنصیب ۔ بدبخت ◆

لعنت ملامت کرنا (ف) (۱) بُرا بھلا کہنا ۔ سخت سست کہنا ۔ شرمندہ کرنا ۔ ذلیل کرنا ۔ دھتکارنا ۔ خبر لینا ◆

لعنتی (ف) (۱) ملعون ۔ مردود ۔ لعین (۲) بدنصیب ۔ بدبخت ◆

لَعُوق (لَعُوق) (ع ۔ مذکّر) چاٹنے کی لیسدار دوا ۔ چٹنی ◆

لَعِین (لَعِین) (ع) ملعون ۔ مردود ۔ لعنتی ۔ بدبخت ۔ دوزخی ۔ جہنمی ◆

ل ۔ غ

لُغات (لُغَات) (ع ۔ مذکّر) (۱) لغت کی جمع (۲) الفاظ ۔ زبانیں (۳) فرہنگ ۔ ڈکشنری ۔ وہ کتاب جس میں الفاظ اور اُن کے معانی بالتشریح دیئے گئے ہوں ◆

لُغام (لُغَام) (ف ۔ مؤنّث) لگام ◆

لغایت (لَغَا ۔ یَت) (ع) (۱) آخر تک ۔ انجام تک (۲) (۱) شامل ۔ داخل ۔ ملا ہوا ◆

لُغت (لُغت) (ع ۔ مذکّر) (۱) بولی ۔ زبان (۲) لفظ (۳) لفظ (۴) فرہنگ ۔ ڈکشنری ۔ لغات ۔ لغت کی کتاب ◆

لُغت تراش (ع) (لسان) الفاظ ۔ لغت چھانٹنے اور گھڑنے والا ◆

لُغت جھاڑنا (ف) (۱) علمیت جتانا (۲) غیر مشہور اور مشکل الفاظ بولنا ◆

لُغت چھانٹنا (ف) نہایت مشکل اور ناموزوں الفاظ استعمال کرکے علمیت کا اظہار کرنا ◆

لُغز (لُغز) (ع ۔ مؤنّث) معما ۔ چیستان ۔ پہیلی ◆

لغزش (لَغ ۔ زِش) (ف ۔ مؤنّث) (۱) پھسلن ۔ پھسلاہٹ (۲) لرزش ۔ جنبش ۔ کپکپی (۳) خطا ۔ سہو ۔ غلطی ۔ بھول چوک (۴) گمراہی ۔ ضلالت ◆

لغزش آنا (ف) (۱) پھسلنا (۲) بہکنا ۔ لڑکھڑانا (۳) استقلال میں فرق آنا (۴) گمراہ ہونا (۵) اظہار یا بیان میں فرق آنا ◆

لغزش کرنا (ف) (۱) گمراہ ہونا ۔ بہکنا (۲) ڈگمگانا ۔ لڑکھڑانا (۳) کانپنا (۴) بھول چوک کرنا ◆

لغزش کھانا (ف) دیکھو لغزش کرنا وغیرہ ◆

لَغو (لَغو) (ع) (۱) بیہودہ ۔ واہیات ۔ نامعقول ۔ مہمل ۔ بے معنی ۔ بے کار ۔ بے فائدہ (۲) (مذکّر) بیہودہ آدمی ۔

(۳) مؤنث۔ بکواس۔ زٹل۔ جھک ۔
لغو بکنا (ف) بیہودہ بکنا۔ واہیات باتیں زبان پر لانا۔ بے سود و بے معنی باتیں کہنا ۔
لغوی (ع) لغت سے منسوب۔ اصلی موضوعی ۔
لغویات (ع) مؤنث۔ لغو کی جمع ۔
لغویت (لَغ۔ وِی۔ یَت) (ع۔ مؤنث) بیہودگی ۔

ل - ف

لَف (لَف) (ع) لپٹا ہوا۔ تہ کیا ہوا۔ شامل۔ منسلک ۔
لف و نشر (ع) مذکر۔ علم بیان کی اصطلاح میں وہ صنعت جس میں اول چند چیزوں کا ذکر کریں۔ پھر چند اور چیزیں بیان کریں جو پہلی چیزوں سے نسبت رکھتی ہوں۔ مگر اس طرح کہ ہر ایک کی نسبت اپنے منسوب الیہ سے مل جائے۔ پراگندہ اور منتشر چیزوں کو لپیٹنا ۔
لفّاظ (لَف۔ فاظ) (ع) (۱) خوش گو۔ خوش بیان۔ شیریں زبان (۲) بے معنی لفظوں میں خوش کرنے والا ۔
لفّاظی (ع) مؤنث (۱) فصاحت۔ خوش بیانی (۲) (ا) لسانی۔ بکواس۔ بک بک (۳) (ا) شیخی۔ ڈینگ ۔
لِفافہ (لِفا۔ فَہ) (ع۔ مذکر) (۱) وہ کاغذ کا غلاف جس میں خط وغیرہ بند کیا جاتا ہے (۲) بناوٹ۔ دکھاوا۔ ظاہری سامان (۳) دھوکا (۴) قلعی۔ ملمع (۵) جلد ٹوٹ جانے والی چیز (۶) بھید۔ راز ۔
لفافہ بنا رکھنا (ف) (۱) ظاہری ٹیپ ٹاپ بنا رکھنا۔ (۲) دھوکا دینا ۔
لفافہ کرنا (ف) (۱) دکھاوا کرنا (۲) ہلکا سا خول یا ملمع چڑھانا ۔
لفافہ کھل جانا (ف) (۱) چٹھی کے مضمون کا معلوم ہو جانا (۲) بھید فاش ہو جانا۔ عیب کھل جانا ۔
لِفٹ (لِفٹ) (انگریزی۔ مؤنث) اٹھانے کی کل جو انگلستان و دیگر ممالک یورپ میں بڑے بڑے اونچے مکانوں میں لگی ہوتی ہے ۔
لفٹنٹ (لَف۔ ٹِی۔ نَنٹ) (انگ۔ لیفٹی۔ نینٹ) Lieutenant (مذکر) (۱) نائب حاکم (۲) طنزاً چھوٹا حاکم (۳) کپتان کے ماتحت ایک فوجی افسر (۴) کپتان کا نائب بحری فوج کا افسر ۔
لفظ (لَفظ) (ع) مذکر۔ کلمہ۔ شبد۔ بات۔ لغت۔ وہ بامعنی کلمہ جو منہ سے نکلے ۔
لفظ بہ لفظ (ع) (۱) حرف بحرف۔ ایک ایک لفظ (۲) ہو بہو (۳) تفصیل وار۔ صاف صاف ۔
لفظاً (ع) لفظ کے اعتبار سے ۔
لفظی (ع) (۱) اصلی۔ حقیقی۔ لغوی (۲) باتوں کی۔ الفاظ کی ۔
لفنگ۔ لفنگا (لَفَنگ + لَفَنگ۔ گا) (ف۔ مذکر) لچا۔ شہدا۔ گنڈا۔ بدمعاش۔ بدچلن۔ بے غیرت۔ شیخی باز ۔

ل - ق

لِقا (لِقا) (ع۔ مؤنث) (۱) دیدار۔ ملاقات (۲) (ف) چہرہ۔ صورت۔ شکل ۔
لقّا (لَق۔ قا) (ا) مذکر۔ ایک قسم کا کبوتر۔ جو اکثر اپنی گردن دم کے ساتھ لگائے رکھتا ہے ۔
لقّات (لَق۔ قات) (ا) (عو) نہایت دبلا ۔
لقب (لَقَب) (ع۔ مذکر) وہ نام جو کسی خاص مدح یا ذم کے سبب پڑ گیا ہو ۔
لُقطہ (لُق۔ طَہ) (ع۔ مؤنث) راستے سے اٹھائی ہوئی گری پڑی چیز ۔
لقلق (لَق۔ لَق) (ع۔ مذکر) سارس ۔
لقلقہ (ع) مذکر (۱) رعب۔ داب۔ حوصلہ۔ ہمت۔ ظرف (۲) لہجہ۔ خوش الحانی (۳) (ع) م ٹوھینگ کے زور سے بولنے کی آواز ۔
لقمان (لُق۔ مان) (ع۔ مذکر) (۱) ایک مشہور حکیم۔ جس کی بہت سی نادر تصانیف۔ اقوال اور نصائح مشہور ہیں (۲) مجازاً۔ ہر ایک بہت بڑا دانا۔ نہایت تجربہ کار ۔
لقمان کو حکمت سکھانا (ف) عقلمند کو تدبیر بتانا۔ نصیحت کرنا ۔
لقمہ (لُق۔ مَہ) (ع) مذکر۔ نوالہ۔ کھانے کی وہ مقدار جو ایک دفعہ منہ میں ڈالی جائے ۔
لقمہ دینا (ف) (۱) نوالہ دینا (۲) دوسرے کی بات میں بولنا۔ (۳) کسی کو قرآن شریف یا اور چیز سناتے وقت بھول چوک بتانا (۴) توپ میں گولہ بارود ڈالنا (۵) رشوت دینا ۔
لقمہ کر جانا (ف) نگل جانا۔ چٹ کر جانا۔ ہڑپ جانا ۔
لقندرا (لَقَن۔ دَرا) (ا) مذکر۔ بدمعاش۔ لچا۔ شہدا۔ گنڈا۔ بدچلن ۔
لق و دق (ع) چٹیل میدان۔ صحرا۔ بیابان۔ بھوکا مقام۔ سنسان۔

جگہ۔ وہ مقام جہاں آدمی چھوڑ درخت تک بھی نہ ہوں ؎

لق و دق میدان (ا) مذکر۔ وہ میدان جہاں گھاس پات اور درخت وغیرہ کا نام نہ ہو۔ چٹیل میدان ؎

لقوہ (لَق۔وَہ) (ع) مذکر۔ ایک مرض جس میں منہ ٹیڑھا ہو جاتا ہے اور چہرہ پھر جاتا ہے ؎

لُقّہ (لُق۔قَہ) (ف) مذکر (۱) بدمعاش۔ لُچّا۔ گنڈا۔ شُہدا (۲) ابر کا ٹکڑا (۳) دھوئیں کی وہ مقدار جو ایک ہی دفعہ بلند ہو ؎

ل۔ک

لُک (لُک) (ہ) مذکر (۱) روغن۔ وارنش۔ جلا (۲) لُو۔ شعلہ لُوکا ؎

لکاتہ (لکا۔تہ) (ا) مؤنث۔ بے حیا اور فاحشہ عورت ؎

لکان (لکان) (ہ) مذکر۔ کُشتی کا ایک داؤ جس میں حریف کو جھکا کر نیچے لایا جاتا ہے ؎

لُکانا (ف) (ہندی) چھپانا۔ پوشیدہ

لکُٹی (لکُٹی) (لُک۔ٹی۔ لُک۔ٹی) (ہ) مؤنث (ہندی) (۱) ادھ جلی لکڑی۔ ہیزمِ نیم سوختہ (۲) آگ لگاؤ عورت۔ لڑائی کرا دینے والی عورت (۳) کرچھا۔ آگ کریدنے کا اوزار ؎

لکچر (لِک۔چَر) (ا) انگریزی۔ Lecture (ا) مذکر۔ درس۔ سبق۔ وعظ۔ تقریر۔ زبانی مضمون۔ اپدیش ؎

لکچرار (ہندی) (انگ۔ لکچرار) Lecturer (مذکر) واعظ۔ درس کہنے والا۔ اپدیشک۔ تقریر کرنے والا۔ مقرّر ؎

لِکد (لکد) (ف) مؤنث۔ لات۔ ٹھوکر۔ دولتّی ؎

لِکر (لِکر) (انگ) Liquor (مذکر و مؤنث) شراب ؎

لکڑ (لَک۔کَڑ) (ہ) مذکر۔ شہتیر۔ لکڑی۔ بڑی

لکڑا (لک۔ڑا) لکڑی۔ ٹھا ؎

لکڑہارا (ہ) مذکر (۱) لکڑیاں بیچنے والا (۲) لکڑیاں چیرنے پھاڑنے والا ؎

لکڑی (ہ) مؤنث (۱) ہیزم۔ کاٹھ۔ چوب (۲) چھڑی۔ ہاتھ میں رکھنے کی لکڑی۔ لاٹھی۔ عصا۔ سونٹا (۳) مجازاً سہارا۔ مدد۔ آسرا (۴) پٹا۔ چوب بازی ؎

لکڑی پھینکنا (ف) پٹا پھینکنا۔ چوب بازی کرنا ؎

لکڑی کے بل کوڑی دینا، ناچے (ہ) (مثل) (۱) کمائی کے بھروسے پر ہر ایک کودتا ہے (۲) زور کے مارے سب کچھ کرنا پڑتا ہے ؎

لکڑیاں (ہ) مؤنث۔ لکڑی کی جمع ؎

لکڑیاں دینا (ف) (ہندی) (۱) مُردے کو جلانا۔ چتا میں آگ دینا (۲) گرما گرم کرنا ؎

لکڑیاں کھانا (ف) لاٹھیوں سے مار کھانا۔ کڑیوں سے پٹنا ؎

لکشمی (لک۔شمی) (س) مؤنث۔ دیکھو لچھمی ؎

لُکنا (ف) پوشیدہ ہونا۔ چھپنا۔ مخفی ہونا ؎

لُکنت (لُک۔نَت) (ع) مؤنث۔ ہکلاپن۔ رُک رُک کر بولنے کی حالت ؎

لکنجن (لَک۔جَن) (ہ) مذکر۔ وہ سرمہ جس کی نسبت یہ خیال ہے کہ لگانے سے آدمی نظروں سے پوشیدہ ہو جاتا ہے ؎

لکہ (لک۔کہ) (ف) مذکر۔ ابر کا ٹکڑا۔ دھوئیں کا بھبکا ؎

لکھ (لکھ) (ہ) مذکر۔ لاکھ کا مخفف۔ سو ہزار کی تعداد ؎

لکھ بخش (داتا) (ا) (۱) نہایت سخی۔ داتا۔ فیاض۔ لاکھوں لٹا دینے والا (۲) (مذکر) قطب الدین ایبک کا لقب جو اپنی فیاضی کے باعث اس لقب سے ملقب تھا ؎

لکھ پتی (ہ) مذکر (۱) لاکھ کی حیثیت والا۔ وہ شخص جس کے پاس لاکھ روپیہ ہو (۲) دھنی۔ دولت مند۔ امیر ؎

لکھ پیڑا (ہ) مذکر۔ وہ باغ جس میں بہت سے پیڑ ہوں اور خصوصاً آموں کے ؎

لکھ لُٹ (ہ) بہت بڑا فضول خرچ۔ مُسرف۔ اُڑاؤ ؎

لکھ (لِکھ) (ف) لکھنا کا امر ؎

لکھا (لِک۔کھا) (ہ) مذکر (۱) نوشتہ۔ لکھا ہوا (۲) قضا۔ بھاگ۔ تقدیر۔ قسمت ؎

لکھا پڑھا (ہ) تعلیم یافتہ۔ خواندہ ؎

لکھا پورا کرنا (ف) (عو) قسمت بھُگتنا۔ مصیبت بھرنا۔ بُرے دن کاٹنا ؎

لکھانا (ف) (۱) لکھوانا۔ تحریر کرانا (۲) تحریری اقرار نامہ لینا (۳) عبارت لکھوانا۔ مشق کرانا ؎

لکھائی (ہ) مؤنث (۱) لکھنے کا کام (۲) لکھنے کی مزدوری۔ لکھنے کی اُجرت ؎

لکھت (ہ) مؤنث (۱) تحریر ۔ نوشت (۲) اقرار نامہ ۔ دستاویز ۔

لکھت پڑھت ہونا (ہ) تحریری عہد و پیمان ہونا ۔ باہمی دستاویز لکھی جانا ۔

لکھنا (ف) تحریر کرنا ۔ لکھائی کرنا ۔

لکھنا پڑھنا (ہ) نوشت و خواند ۔ لکھائی پڑھائی ۔

لکھنی (لیکھنی) (ہ) مؤنث ۔ قلم ۔ کلک ۔

لکھوانا (ہ) دیکھو (لکھانا) ۔

لکھوٹا (لکھوٹیا) (ہ) (۱) پان یا شہاب کی سُرخی جو عورتیں ہونٹوں پر لگاتی ہیں (۲) لاکھ کی مُہر جو لفافوں یا پارسلوں پر لگائی جاتی ہے ۔

لکھوری (لکھ ۔ ری) (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کی پختہ چھوٹی اینٹ (۲) ایک قسم کی چھوٹی بھڑ یعنی کُمہاری ۔

لکھّی (لکھ ۔ کھی) (ہ) لکھ پتی ۔ لاکھ روپے کی حیثیت والا ۔

لکھے (لکھے) (ہ) لکھنا کا مضارع ۔

لکھے مُوسیٰ پڑھے خُدا (۱) (مثل) ایسی تحریر کی نسبت کہتے ہیں جو کسی سے پڑھی نہ جائے ۔

لکھے نہ پڑھے نام محمد فاضل (۱) (مثل) عالمانہ وضع رکھنے والے جاہل کی نسبت بولتے ہیں جسے لکھنا پڑھنا تو نہ آتا ہو ۔ مگر فضیلت کا دعویدار ہو ۔

لکھیا (لکھ ۔ یا) (ہ) مؤنث (۱) چغل خور ۔ غمّاز ۔ اِدھر کی اُدھر لگانے والی (۲) بیسوا ۔ کسبی ۔ رنڈی ۔ فاحشہ ۔ بدکار (۳) چھنال ۔ چالاک عورت ۔ چاتر ۔

لکھیرا (لکھیرا) (ہ) مذکر ۔ لاکھ کا کام کرنے والا ۔ لاکھ کی چیزیں بنانے والا ۔

لکیر (لکیر) (ہ) مؤنث (۱) خط ۔ لائن (۲) سلسلہ ۔ قطار (۳) سطر (۴) رحجان ۔ پُرانا دستور ۔ رسم قدیم (۵) سانپ کے چلنے کا نشان ۔

لکیر پر چلنا (ہ) پُرانے طریقے کے مطابق چلنا ۔ پُرانی رسموں کا پابند رہنا ۔

لکیر پیٹنا (ہ) (۱) پُرانی رسم پر چلنا (۲) افسوس کرنا ۔ ہاتھ ملنا ۔

لکیر کا فقیر ہونا (ہ) (۱) پُرانی رسم کا پابند ہونا (۲) عاشق ہونا ۔ معشوق کے کسی نشان پر عاشق ہونا ۔

لکیر کھینچنا (ہ) (۱) خط کھینچنا ۔ نشان کرنا (۲) نشان لگانا ۔ حد باندھنا (۳) قلم پھیرنا ۔ مٹانا (۴) توبہ کرنا ۔ کان پکڑنا ۔ عہد کرنا ۔

لکیرنا (ہ) (۱) لکیر یا خط کھینچنا (۲) منتر سے محدود کرنا ۔ (۳) جدول یا خاکہ بنانا ۔

ل ۔گ

لَگ (لَگ) (ہ) قریب ۔ پاس (۲) لگنا کا امر ۔

لگ بھگ (ہ) (۱) قریب قریب (۲) ملتا جلتا ۔ مشابہ ۔

لگ جانا (ہ) (۱) مائل ہو جانا ۔ رجوع ہو جانا (۲) شروع ہو جانا (۳) اٹک جانا (۴) کھٹک جانا ۔ چبھ جانا ۔

لگ چلنا (ہ) (۱) ساتھ ہو لینا ۔ ہمراہ چلنا (۲) پاس ہو کر چلنا ۔ چھو کر چلنا (۳) مل کر چلنا ۔ دوستی بڑھانا ۔ یارانہ (۴) محبت جتانا ۔ تعلق کرنا ۔ لپٹنا ۔ چمٹنا ۔

لگا (لگ ۔ گا) (ہ) مذکر (۱) لاگ ۔ پیار ۔ محبت ۔ عشق ۔ دوستی (۲) تعلق ۔ واسطہ ۔ نسبت ۔ ربط (۳) برابری ۔ ہمسری (۴) ناؤ کھینے کا چپّو (۵) ڈھنگ ۔ ڈول (۶) شروع ۔ آغاز (۷) پہنچ ۔ رسائی ۔ دخل ۔

لگّا سگّا (ہ) مذکر (۱) محبت ۔ رابطہ ۔ آنٹ سانٹ ۔ میل جول (۲) واقفیت ۔ رسائی ۔

لگّا کھانا (ہ) (۱) دوستی پیدا کرنا ۔ یارانہ گانٹھنا (۲) شروع کرنا (۳) ڈھنگ ڈالنا (۴) موقع لگنا (۵) مطابقت کھانا ۔

لگا (ہ) (۱) ملا ہوا ۔ ساتھ ۔ ہمراہ (۲) پیوستہ ۔ چسپاں (۳) گلا ۔ سڑا (۴) لگانا کا امر (۵) لگنا کی ماضی ۔

لگا بندھا (ہ) مذکر (۱) مطیع ۔ فرمانبردار (۲) مقرر کیا ہوا ۔ ٹھہرایا ہوا (۳) آشنا ۔ یار (۴) متعلق ۔ وابستہ (۵) قیدی ۔ پابند ۔ گرفتار ۔

لگاتار (ہ) پے در پے ۔ برابر ۔ متواتر ۔ پاس پاس ۔

لگا تو تیر نہیں تو تکا (۱) (مثل) ہو گیا تو اچھا نہ ہوا تو خیر ۔

لگا (لگائے) رکھنا (ہ) (۱) بچا رکھنا ۔ اُٹھا رکھنا (۲) اُمیدوار رکھنا (۳) مشغول رکھنا ۔ مصروف رکھنا (۴) پاس سے جُدا نہ ہونے دینا ۔

لگا رہنا (ہ) (۱) ساتھ رہنا ۔ پیچھے رہنا (۲) چمٹا رہنا ۔ لپٹا رہنا (۳) مصروف رہنا (۴) جاری رہنا (۵) جما رہنا ۔ مستقل رہنا ۔

لگا سو بھگا (ہ) (مثل) (۱) جو کام شروع ہوا وہ انتہا کو پہنچا ۔ (۲) زمانے کو گزرتے دیر نہیں لگتی ۔

لگا لانا (ہ) بہکا کرلے آنا ۔ بہانے سے لے آنا ۔ دم دلاسا دے کر لے آنا ٭

لگا لگایا (ہ) (۱) بنا بنایا ۔ جڑا جڑایا (۲) جما جمایا ۔ (۳) صرف شدہ ۔ خرچ کیا ہوا (۴) لگا بندھا ۔ مقرّر شدہ (۵) آراستہ ۔ درست ٭

لگا لینا (ہ) (۱) ساتھ کر لینا (۲) یار بنا لینا (۳) مشغول کر لینا (۴) اپنے مطلب کا بنا لینا (۵) شروع کر لینا ٭

لگا مارنا (ہ) عیب دھرنا تہمت لگانا ۔ الزام رکھنا ۔ بدنام کرنا ٭

لگا ہوا (ہ) (۱) ملا ہوا ۔ پاس ۔ قریب (۲) مصروف ۔ مشغول (۳) ہلا ہوا ۔ سدھا ہوا (۴) عادی ۔ خوگر ٭

لگام (لگام) (ف) مؤنث ۔ باگ ۔ عنان ۔ گھوڑے کے منہ کا دہانہ ٭

لگام چڑھانا (دینا) (ہ) (۱) گھوڑے کے منہ میں دہانہ چڑھانا (۲) روکنا ۔ بند کرنا ۔ تھامنا ۔ قابو کرنا ۔ چُپ کرنا ٭

لگام لئے پھرنا (ہ) رسّی لئے پھرنا ۔ کسی کو پکڑنے کے لئے رسّی لئے پیچھے پیچھے پھرنا ٭

لگان (لگان) (ہ) مذکّر ۔ معاملہ ۔ خراج زمین ۔ باج ۔ کر ۔ سرکاری محصول ٭

لگانا (ہ) (۱) جوڑنا ۔ ملانا ۔ پیوست کرنا (۲) ٹانکنا ۔ سینا (۳) شامل کرنا ۔ ساتھ جوڑنا (۴) بونا ۔ (۵) ماتیا (۶) اُکسانا ۔ اُبھارنا ۔ چغلی کھانا (۷) سجانا ۔ ترتیب سے رکھنا (۸) مشغول رکھنا ۔ مصروف رکھنا (۹) سدھانا ۔ ہلانا (۱۰) پھنسانا ۔ اُلجھانا (۱۱) تہمت دھرنا ۔ عیب لگانا (۱۲) مقرر کرنا (۱۳) قیمت لینا ۔ محسوب کرنا (۱۴) مول تجویز کرنا (۱۵) داؤں پر رکھنا بازی پر رکھنا ٭

لگانا بجھانا (ہ) لڑائی جھگڑا کرانا ۔ غیبت اور بدگوئی کرنا ٭

لگانے والے (ہ) مذکّر ۔ چغل خور ۔ غیبت کرنے والے ۔ دراندازہ ٭

لگاوٹ (لگا ۔ وٹ) (ہ) مؤنث (۱) لگاؤ ۔ تعلّق ۔ علاقہ (۲) میلان ۔ رُجحان (۳) میل ملاپ ۔ سازش (۴) دوستی یارانہ ۔ آشنائی (۵) ناز ۔ نخرہ ٭

لگاوٹ دکھانا (ہ) توجہ ظاہر کرنا ٭

لگاوٹ کرنا (ہ) (۱) محبّت جتانا ۔ اُنس ظاہر کرنا (۲) غمزہ کرنا ۔ ناز کرنا (۳) دوستی ظاہر کرنا ۔ آشنائی جتانا ٭

لگاوٹ کی باتیں (ہ) مؤنث ۔ دوسرے کے دل میں محبّت پیدا کرنے والی باتیں پھسلانے والی باتیں ٭

لگاوٹ ہونا (ہ) ظاہرداری ہونا ۔ بناوٹی محبّت کا اظہار ہونا ٭

لگانے میں آنا (ہ) لگائی بجھائی سے اثرپذیر ہو جانا ٭

لگاؤ (ہ) مذکّر (۱) تعلّق ۔ علاقہ ۔ نسبت (۲) پہنچ ۔ دخل ۔ باریابی (۳) میل ملاپ ۔ راہ و رسم ۔ محبّت ۔ پیار (۴) رشتہ ۔ ناتا ۔ یگانگی (۵) مناسبت ۔ جوڑ ۔ ہمسری (۶) آمیزش ۔ لاگ (۷) شرکت (۸) رُجحان میلانِ طبع (۹) ایما ۔ اشارہ ٭

لگائی (لگا ۔ ئی) (ہ) مؤنث (۱) عورت ۔ استری ۔ زن (۲) بیوی ۔ زوجہ ۔ اہلیہ (۳) رنڈی ۔ بیسوا کسبی ۔ قحبہ ٭

لگائی بجھائی (ہ) مؤنث (۱) چغل خوری ۔ بدگوئی ۔ غمّازی (۲) تہمت ۔ بہتان ۔ الزام ٭

لگائی لتری (ہ) مؤنث ۔ ایک کی برائی دوسرے سے کہنا ۔ لگائی بجھائی ٭

لگتا ہوا (ہ) (۱) چھوتا ہوا ۔ ملتا ہوا (۲) ملتا جلتا (۳) چبھنے یا گھبنے والا (۴) کاٹ کرنے والا (۵) زخم ڈالنے والا (۶) گندہ ۔ خراب (۷) قرینِ قیاس ۔ (۸) ناگوار (۹) مؤثر ٭

لگتی (ہ) (۱) چبھتی ۔ گھبتی (۲) کاٹ کرنے والی (۳) زخم ڈالنے والی (۴) ہم شکل ۔ مشابہ ۔ ملتی جلتی (۵) اثر کرنے والی ۔ مؤثر ٭

لگتی کہنا (ہ) (۱) چبھتی کہنا ۔ گھٹتی کہنا (۲) مؤثر بات کہنا (۳) بھاتی ہوئی کہنا ۔ پسندیدہ کہنا ۔ ایمان لگتی کہنا ٭

لگتی لگاتی بات (ہ) مؤنث (۱) وہ بات جو کسی موقع پر چسپاں یا قرینِ قیاس ہو (۲) چبھتی ہوئی بات ٭

لگتے ہاتھ (ہ) ساتھ کے ساتھ کسی کام کے ساتھ ٭

لگدی (لگ ۔ دی) (ہ) مؤنث ۔ کسی گیلی پسی ہوئی چیز کی گولی یا ٹکیہ ٭

لگڑ (لگڑ) (ہ) مذکّر ۔ ایک قسم کا باز ۔ شکرا ٭

لگڑا (لگ ۔ ڑا) (ہ) مذکّر (۱) چیتھڑا ۔ پھٹا پرانا کپڑا (۲) لبستہ گٹھ بگڑا ۔ بیا ۔ لکڑ بھگا (ہ) مذکّر ۔ ایک درندہ ٭

لگما تُرا (ہ) مذکّر ۔ اعراب ۔ حرفوں کی علامات و حرکات جیسے زبر ۔ زیر ۔ پیش وغیرہ ٭

لگن (لگن) (ف) مذکّر (۱) طشت ۔ طاس ۔ پرات ۔ ٹب ۔ چلمچی (۲) شمعدان (۳) مجمر ۔ اگردان ٭

لگن (لگن)، (ع) مؤنث - تعلق - نسبت (۲) دھن - خیال - چیت (۳) شوق - خواہش (۴) محبت - عشق (۵) پیالا (۶) (مذکر) گھڑی - ساعت - وقت - سماں - مُہورت (۷) (ہندو) پیغام - شادی - شادی کی تاریخ اور وقت کا تقرر (۸) آفتاب کے برج حمل میں تحویل کرنے کی ساعت ۔

لگن دھرنا (ف) (ہندو) شادی کا روز مقرر کرنا ۔

لگن کنڈلی (ع) مؤنث - جنم پتری - زائچہ ۔

لگن لگنا (ف) (۱) محبت ہونا - عشق ہونا - دل لگنا (۲) دھیان لگنا - خیال بندھنا ۔

لگنا (ف) (۱) چسپاں ہونا - ملنا - جڑنا (۲) سلنا - ٹنکنا (۳) شامل ہونا - نتھی ہونا (۴) جمنا - قائم ہونا (۵) اُگنا - پیدا ہونا (۶) کھڑا ہونا - نصب ہونا (۷) چوٹ آنا - ضرب پہنچنا (۸) ٹکر کھانا - ٹکرانا (۹) محسوس ہونا - مس ہونا (۱۰) برابر ہونا - مقابل ہونا (۱۱) شروع ہونا - آغاز ہونا (۱۲) باہم آشنائی ہونا (۱۳) مؤثر ہونا - کارگر ہونا (۱۴) جلنا - سلگنا - مشتعل ہونا (۱۵) ہضم ہونا - انگ لگنا (۱۶) ہمبستر ہونا - جماع کرنا (۱۷) سر ہونا - پیچھے پڑنا (۱۸) سجایا جانا - ترتیب سے رکھا جانا (۱۹) مشغول ہونا - مصروف ہونا (۲۰) غصّے پڑنا - سیر پڑنا (۲۱) گھسنا - چبھنا (۲۲) تیز ہونا - دھار پر رکھا جانا (۲۳) کنارے پر پہنچنا (۲۴) خرچ ہونا - صرف ہونا (۲۵) بازی پر لگانا - داؤں پر رکھنا (۲۶) استعمال میں آنا - برتا جانا (۲۷) جڑا جانا - مرصّع کیا جانا (۲۸) پکنا ۔

لگنت (ع) مؤنث - جماع - مجامعت ۔

لگنت بدّیا (ع) مؤنث - وہ علم جس میں جماع کے طریق اور ڈھنگ بتائے گئے ہوں - کوک شاستر ۔

لگنی (ع) مؤنث - چھوٹا لگن ۔

لگو - لگو بندھو (ع) (۱) یار - آشنا - دوست (۲) ڈھنگرا - عورت کا یار ۔

لگوا - لگواڑ (ع) (۱) دیکھو لگو (۲) مطلبی - خود غرض - مطلب کا یار ۔

لگی (لگ - گی) (ع) مؤنث (۱) پھل پکڑنے کی لچکدار چھڑی - بنسی کی لمبی چھڑ (۲) لمبی چھڑی - بیر (۳) تار کو ٹھہرانے کا لمبا بانس ۔

لگی (ع) مؤنث (۱) خواہش - آرزو (۲) عشق - لگن (۳) بھوک - اشتہا ۔

لگی بجھنا (ف) (۱) خواہش پوری ہونا (۲) روٹی پیٹ میں پڑنا - بھوک رفع ہونا (۳) غصّہ دھیما ہونا ۔

لگی بُری ہوتی ہے (ف) عشق بُری بلا ہے - محبت میں بُرا بھلا کچھ نہیں سوجھتا ۔

لگی کو بجھانا (ف) (۱) عشق کی آگ کو دبانا - آرزو پوری کرنا (۲) پیٹ میں ڈالنا - بھوک مٹانا (۳) غصّہ فرو کرنا (۴) فتنہ و فساد کو مٹانا ۔

لگی کہنا (ف) (۱) طرفداری کی بات کہنا - موافق کہنا (۲) خوشامد کرنا ۔

لگی لپٹی (ع) کسی کے موافق - طرفداری کی - رُخ کی ۔

لگی لپٹی رکھنا (ف) (۱) طرفداری کرنا - رعایت کرنا (۲) صاف نہ کہنا - شک و شبہ میں رکھنا ۔

لگی لگائی (ع) لگی ہوئی - طے شدہ - مقررہ ۔

لگی نہ رکھنا (ف) (۱) لاگ لپیٹ نہ رکھنا (۲) پاس نہ کرنا - رُو رعایت نہ کرنا (۳) قطع تعلق کر لینا - بالکل بگاڑ لینا ۔

لگی ہونا (ف) (۱) محبت ہونا - دھن ہونا (۲) ناجائز تعلق ہونا

لگی ہوئی بات (ع) مؤنث - منگنی - نسبت ۔

لگے (ع) (۱) قریب - پاس - نزدیک (۲) ساتھ - ہمراہ ۔

لگے جانا (ف) (۱) ساتھ ساتھ جانا - پیچھے پیچھے چلا جانا (۲) چین نہ لینے دینا - پیچھے پڑے جانا ۔

لگے رہنا (ف) ساتھ رہنا - ہمراہ رہنا - پیچھے رہنا ۔

لگے لگے (ع) (۱) پاس پاس - قریب قریب - پہلو بہ پہلو ۔

لگے ہاتھ (ہاتھوں) (ع) ساتھ کے ساتھ - اسی وقت - اسی سلسلے میں ۔

ل - ل

للّا (للّا) (ع) مذکر (۱) بچّہ - طفل - بالک - لڑکا (۲) پیارا لاڈلا (۳) نادان - کم سن - کم عمر (۴) احمق - بیوقوف گاؤدی (۵) کرشن جی کا لقب (۶) بیٹا - پوت ۔

للاٹ (للاٹ) (ع) مؤنث (ہندی) (۱) ماتھا - مستک - پیشانی (۲) بھاگ - نصیب - قسمت ۔

للک (للک) (ع) مؤنث (۱) مرغوب - پسند خاطر (۲)

خوبصورت۔ حسین (۳) شوخ۔ چنچل۔ چلبلی۔ (۴) ولولۂ عشق۔ جذبۂ محبت (۵) ایک راگنی

للچانا (ہ) (۱) لالچ کرنا۔ لالچ کرنا۔ حرص کرنا (۲) آرزو کرنا۔ تمنا کرنا۔ مائل ہونا (۳) طمع دینا۔ لبھانا

للک (لَلَک) (ہ) مؤنث (۱) اُمنگ۔ شوق (۲) جوش ولولہ (۳) لالچ۔ لوبھ۔ طمع۔ حرص (۴) خیال۔ دُھن لَو۔ (۵) لہر۔ موج

للکار (لَل۔ کار) (ہ) مؤنث (۱) نعرہ۔ سخت آواز (۲) ہانک پکار (۳) ڈپٹ۔ دھمکی۔ جھڑکی۔ رعب کی آواز

للکارنا (ہ) (۱) نعرہ مارنا۔ آواز لگانا (۲) پکارنا۔ ہانک لگانا (۳) دھمکانا۔ دھتکارنا۔ کڑک کر بولنا

للو (لَل۔ لُو) (ہ) مؤنث (عو) (۱) زبان۔ جیبھ۔ لسان (۲) بولی۔ بول چال۔ زبان۔ گفتگو (۳) چٹورپن۔ چاٹ

للو پتو (ہ) مؤنث، خوشامد درآمد۔ چاپلوسی۔ سخن سازی۔ چکنی چپڑی باتیں

للو پتو کرنا (ہ) (عو) (۱) (لغوی معنی) زبانی عزت کرنا۔ (۲) (اصطلاحی) خوشامد درآمد کرنا۔ سخن سازی کرنا

للو میں سانپ ڈسے (ہ) (عو) (بددعا) خدا اس جھوٹ بولنے والے کی زبان میں سانپ ڈسے

للو نہ رہنا (ہ) (عو) بن بولے نہ رہنا۔ زبان کا تالو سے نہ لگنا

للہ (لِل۔ لَاہ) (ع) (ندا) (۱) خدا کے لئے۔ برائے خدا (۲) نامِ خدا۔ خیر خیرات

للہ الحمد (لِل۔ لَا۔ ہِل۔ حَمد) (ع) (ندا) (۱) سب تعریف خدا کے لائق ہے (۲) خدا کا شکر ہے

للہ الحمد والمنۃ (لِل۔ لَا۔ ہِل۔ حَمد۔ وَل۔ مِن۔ نَت) (ع) خدا کا شکر و احسان ہے

ل۔م

لَم (لَم) (ع) نہ۔ نہیں

لم یزل (لَم۔ یَزَل) (ع) لازوال۔ اٹل۔ ہمیشہ رہنے والا۔ غیر فانی۔ ذاتِ باری تعالیٰ

لم (لَم) (ہ) لمبا کا مخفف۔ طویل۔ دراز۔ لانبا

لم تڑنگا (ہ) دراز قد۔ قد آور

لم ٹنگا (لَم۔ ٹنگو) (ہ) (۱) بڑی بڑی اور لمبی ٹانگوں والا (۲) لم ڈھینگ۔ کلنگ

لم چھڑ (ہ) (۱) لمبا۔ قد آور۔ طویل القامت (۲) مؤنث، بانس کی لمبی اور پتلی چھڑ

لم ڈھینگ (ہ) مذکر (۱) ایک قد آور آبی بطخ (۲) لم ٹنگو

لم کنا (ہ) (۱) لمبے لمبے کانوں والا (۲) خرگوش

لِم (لِم) (ع) مؤنث (۱) باعث۔ سبب۔ وجہ (۲) بہتان و الزام۔ تہمت

لم دھرنا (رکھنا) (ہ) (۱) تہمت دھرنا۔ الزام لگانا۔ عیب لگانا

لمبا (ہ) (۱) دراز۔ طویل (۲) بلند۔ اونچا (۳) دراز قد۔ طویل القامت (۴) بہت۔ کثیر۔ زیادہ

لمبا چوڑا (ہ) فراخ۔ کشادہ۔ کھلا ہوا۔ وسیع۔ طویل و عریض

لمبا دفتر (ہ) مذکر۔ طویل مضمون

لمبا سفر کرنا (ہ) (۱) دور کا سفر کرنا (۲) دنیا سے کوچ کرنا۔ مرجانا

لمبا کرنا (ہ) (۱) دراز کرنا۔ طول میں بڑھانا (۲) روانہ کرنا۔ رخصت کرنا

لمبا ہونا (ہ) (۱) دراز ہونا۔ طویل ہونا (۲) چل دینا۔ رفوچکر ہونا۔ رخصت ہونا۔ سدھارنا

لمبان (ہ) مؤنث۔ درازی۔ لمبائی۔ طول۔ طوالت

لمبانا (ہ) لمبا کرنا

لمبائی (ہ) مؤنث۔ درازی۔ طوالت

لمبائی چوڑائی (ہ) مؤنث (۱) عرض و طول۔ لمبان چوڑان (۲) قد و قامت۔ جسامت

لمبر (ا) مذکر (صحیح "نمبر") (۱) ہندسہ۔ عدد۔ رقم۔ آنک (۲) درجہ۔ رتبہ۔ منصب۔ عہدہ (۳) باری۔ وار۔ نوبت (۴) مقررہ نشان۔ علامت (۵) شمار۔ گنتی۔ تعداد

لمبر آنا (ا) (۱) نوبت آنا۔ باری آنا (۲) امتحان میں نمبر پانا

لمبردار (ا) مذکر۔ مقدم۔ گاؤں کا چودھری۔ وہ زمیندار جو مال گزاری وصول کر کے سرکاری خزانے میں داخل کرتا ہے

لمبر سے خارج ہونا (ا) قانون یا فہرست سے خارج ہونا۔ نام کٹنا۔ داخل دفتر ہونا

لمبر قائم رہنا (ا) (قانون) پہلی ہی مسل پر بحالی ہونا

لمبر وار (ا) نمبروار۔ سلسلہ وار۔ باری باری سے۔

درجہ بدرجہ ۔

لمبری (ہ) (۱) نمبریا ۔ نمبروالا ۔ (۲) نشان لگا ہوا ۔ جیسے لمبری گھوڑا یا بیل وغیرہ (۳) سرکار کی طرف سے مقرر کیا ہوا پیمانہ ۔ جیسے لمبری گز یا بٹ وغیرہ (۴) پولیس کے رجسٹر میں درج شدہ بدمعاش ۔

لمبری دعویٰ یا ۔ نالش (مذکر ۔ مؤنث) (۱) نالش عام ۔ دعویٰ عام ۔ ابتدائے مقدمہ سے حسبِ سلسلہ نالش ۔

لمبڑ (لمْ بَڑ) (ہ) (۱) معمولی سے زیادہ لمبا (۲) لمبا اور احمق آدمی ۔

لمبو (ہ) لمبا ۔ دراز قد ۔ لانبا ۔ طویل القامت ۔

لمبوترا (لَم ۔ بُو ۔ تَرا) (ہ) چوڑا کم اور لمبا زیادہ بیضوی ۔ کتابی ۔

لمبی (ہ) "لمبا" کی تانیث (۱) دراز ۔ طویل (۲) بڑی (۳) اونچی ۔ بلند ۔

لمبی تاننا (ہ ۔ ۱) بے فکری سے سو جانا ۔ دراز ہونا (۲) دُور کا سفر کرنا ۔ مدت تک اپنے ملک سے دُور رہنا (۳) مر جانا ۔ سفرِ آخرت اختیار کرنا ۔

لمبی چوڑی ہانکنا (ہ) (۱) شیخی بگھارنا ۔ ڈینگ مارنا ۔ (۲) بڑی داستان سنانا ۔

لمبے (ہ) "لمبا" کی جمع ۔

لمبے بنو (ہ) ہوا کھاؤ ۔ چل دو ۔ چلتے پھرتے نظر آؤ ۔

لمبے (لمبے) سانس بھرنا (ہ) (۱) بڑے بڑے سانس لینا ۔ گہرے سانس لینا (۲) آہ کھینچنا ۔ ٹھنڈے سانس لینا (۳) دم توڑنا ۔ مرتے وقت بڑے بڑے سانس بھرنا (۴) نہایت افسوس کرنا ۔

لمپ (انگ ۔ مذکر) دیکھو "لیمپ" ۔

لمحہ (لَم ۔ حَہ) (ع ۔ مذکر) (۱) کوند ۔ بجلی کی چمک (۲) پلک مارنے کا وقفہ ۔ چشم زدن (۳) (مجازاً) بہت تھوڑا وقت ۔ ثانیہ ۔ پل ۔ دقیقہ ۔ سکنڈ ۔

لمحہ بھر (۱) ذرا سی دیر ۔ پل بھر ۔ ایک نظر ۔

لمس (لَمْس) (ع ۔ مذکر) (۱) مَس ۔ کسی چیز کو کسی عضو سے چھونا ۔ ہاتھ لگانا (۲) کسی چیز کو چھو کر معلوم کرنے کی قوت ۔ قوتِ لامسہ ۔

لمعہ (لَم ۔ عَہ) (ع ۔ مذکر) (۱) چمکارا ۔ چمک ۔ روشنی ۔ نور (۲) شعاع ۔ کرن ۔

لمکنا (لَمَک ۔ نا) (ہ) جھپٹنا ۔ دوڑنا ۔ لپک کر جانا ۔

لمن الملک (لِمَنِ ۔ الْمُلْک) (ع) (۱) کس کے لئے ملک

سے ؟ (۲) (ف ۔ ۱) بیجا ناز و فخر ۔

ل ۔ ن

لن (لَن) (ع) نہ ۔ مت ۔

لن ترانی ۔ لنترانی (ع ۔ مؤنث) لفظی معنی "تو مجھے ہرگز نہ دیکھ سکے گا" ایک مرتبہ حضرت موسیٰ نے کوہ طور پر جناب باری میں عرض کی تھی ۔ کہ رَبِّ اَرِنِی اَنْظُرْ اِلَیْک (اے میرے پروردگار تو مجھے اپنا دیدار دکھا دے کہ میں اس کا نظارہ کروں ۔ ارشاد ہوا ۔ "لَنْ تَرَانِی" (تو میرے دیدار کی ہرگز تاب نہ لائیگا) چونکہ خدا تعالیٰ کے سوا یہ کلمہ کسی دوسرے کو شایاں نہیں اس لئے مجازاً انسان کے حق میں اس کے معنی خود ستائی ۔ تعلّی ۔ انانیت ۔ شیخی ۔ ڈینگ وغیرہ ہو گئے ۔

لن ترانی (لنترانی) کرنا ۔ (لن ترانی (لنترانی) کی لینا (ہ) شیخی کرنا ۔ ڈینگ مارنا ۔ دون کی لینا ۔

لن ترانیاں (لنترانیاں) (ہ) مؤنث "لنترانی" کی جمع ۔ شیخیاں ۔ ڈینگیں ۔ تعلّیاں ۔

لنبا (لَم ۔ بَا) (ہ) دیکھو "لمبا" ۔

لنبان (ہ) دیکھو "لمبان" ۔

لنبائی (ہ) دیکھو "لمبائی" ۔

لنج (ف) (لُنْج ۔ لُنْ ۔ جَا) (۱) ہاتھ پاؤں سے معذور
لنجا (ہ) (۲) لنگڑا ۔ لولا ۔

لنجھا ڑا (لُنْجھا ۔ ڑَا + لُنْجھے ۔ ڑَا) (ہ) مذکر ۔ دنیا کے
لنجھیڑا (بکھیڑے ۔ دنیوی اسباب اور تعلقات ۔

لنچ (لَنْچ) انگریزی ۔ Lunch) مذکر ۔ (۱) دوپہر کا کھانا (۲) حاضری ۔ چاشت کا کھانا ۔

لنڈے پھندے (لَنْ ڈے ۔ پَھنْ دے) (ہ) مذکر ۔ مکر و دغا ۔ فند فریب ۔

~~**لنڈ** (لَنْڈ) (ہ ۔ مذکر) آلۂ تناسل ۔ ذکر ۔ اندری ۔ لنگ ۔~~

لنڈ (لُنْڈ) (ہ) (۱) سر کٹا ہوا دھڑ ۔ بے سر کا تو پتا ہوا جسم (۲) کٹا ہوا (۳) بن پتوں اور بن شاخوں کا درخت یا ٹھوکھا ٹہنا ۔

لنڈ منڈ (ہ) (۱) وہ شخص جس کا سر داڑھی اور مونچھیں منڈی ہوئی ہوں ۔ صفا چٹ (۲) بن پتوں اور بن

شاخوں کا درخت (۳) مفلس۔ تنگ دست۔ بے سروسامان ۔

لنڈا (لَن۔ڈَا) (۵) مجرّد ۔

لنڈا بازار (۱) مذکر۔ مجرّدوں کا بازار (۲) لاہور کا ایک بازار ۔

لُنڈا (۵)، (۱) دُم بُریدہ۔ لنڈورا۔ دُم کٹا (۲) وہ درخت جس میں شاخیں اور پتّے نہ ہوں (۳) بیکس۔ بے یار و مددگار۔ وہ شخص جس کا کوئی ساتھی نہ ہو ۔

لنڈکری۔ لنڈکڑی (لَنڈ۔کَ رِی + لَنڈ۔کَ ڑِی) (۵) مؤنث۔ اڑنگنی۔ قلابازی ۔

لنڈکری (لنڈکریاں) کھانا | لنڈکڑی (لنڈکڑیاں) کھانا (۶) کر کر قلابازی کھانا ۔

لنڈورا (لَنڈُو۔رَا) (۵) (۱) مُنڈا۔ دُم کٹا (۲) بے یار و مددگار۔ بےکس ۔

لَنڈوری (۵) "لنڈورا" کی تانیث ۔

لَنڈوری فاختہ (۱) مؤنث (۶) وہ عورت جس کا کوئی سہارا نہ ہو۔ بےکس ۔

لَنڈھانا (لُنڈھا۔نا) (۶) (۱) اوندھانا یا بہانا۔ کسی رقیق چیز کو برتن سے زمین پر گرانا ۔

لَنڈھنا (لَنڈھ۔نا) (۶) (۱) بہنا۔ لڑھنا (۲) لڑھکنا۔ علیحدہ ہونا (۳) مرنا ۔

لنڈی (۵) مؤنث۔ یہ کلمہ عورت کو نفرت یا حقارت سے خطاب کرتے وقت بولتے ہیں۔ جیسے جاری لنڈی۔ موئی قطامہ وغیرہ ۔

لَنگ (لَنگ) (ف) مذکر (۱) ڈھیر۔ انبار۔ تودہ (۲) مؤنث باگ۔ عنان (۳) کمر۔ میان ۔

لَنگ لگنا (۶) (عو) انبار لگنا۔ ڈھیر ہونا ۔

لنکا (لَن۔کا) (س) مؤنث۔ (۱) ہندوستان کے جنوب میں ایک جزیرہ (۲) راون کا صدر مقام ۔

لنکا میں جو چھوٹا سو باون ہی گز کا (۵) (مثل) یہ مثل ایسے مقام پر بولی جاتی ہے۔ جہاں چھوٹے سے بڑے تک تمام نہایت ڈینگ باز۔ لاف زن اور شرارت و فتنہ انگیزی میں بڑھ چڑھ کر ہوں۔ یا جہاں کا بچہ بچہ فسادی اور آفت روزگار ہو۔ لنکا کے لوگوں کو دیو اور جن مان کر ان کے پورے قد باون باون گز کے خیال کئے گئے ہیں۔ جس سے مراد یہ ہے۔ کہ ایسے شہر کا چھوٹے سے چھوٹا بھی اور جگہ کے بڑوں سے بڑا ہوتا ہے۔ اس مثل کو اس طرح بھی بولتے ہیں: "لنکا میں چھوٹے سے چھوٹا وہ بھی باون گز کا" ۔

لنگ (لَنگ) (ف) (۱) لنگڑا۔ لولا۔ اپاہج (۲) مذکر۔ لنگڑاپن۔ پاؤں کا نقص ۔

لنگ کرنا (۱) لنگڑانا۔ کسی نقص کے باعث پورا پاؤں زمین پر نہ ٹکنا ۔

لَنگ (لَنگ) (ہ) مؤنث (۱) قطار۔ صف۔ یعنی سلسلہ (۲) طرف۔ جانب۔ سمت۔ سرا۔ کنارا (۳) دیوار۔ قنات۔ اوٹ۔ پردہ (۴) دھوتی کی لڑیا پلّا ۔

لِنگ (لِنگ) (س) مذکر (۱) عضو تناسل (۲) جنس۔ قسم صنف ۔

لَنگ (لَنگ) (ف) مذکر (۱) گھٹنوں تک تہبند۔ دھوتی لنگوٹی (۲) آلۂ تناسل ۔

لنگارا۔ لنگاڑا (لَنگا۔رَا + لَنگا۔ڑَا) (۵) (۱) بے حیا۔ بےشرم۔ ڈھیٹ (۲) لچا۔ لفنگا۔ شہدا (۳) شریر۔ بدمعاش (۴) فسادی۔ دنگئی ۔

لنگاراپن۔ لنگاڑاپن (۵) مذکر (۱) بےشرمی۔ بےحیائی۔ ڈھٹائی (۲) لچپن۔ شہدا پن (۳) شرارت۔ بدمعاشی ۔

لنگر (لَنگ۔گَر) (ف) مذکر (۱) (مجازاً) جہاز یا قافلے کا ٹھہرنا (۲) لوہے کی زنجیر یا رسّا جو کشتی ٹھہرانے کے لئے کسی بھاری چیز کے ساتھ کنارے پر باندھ رکھتے ہیں کہ پانی اسے بہا نہ سکے (۳) خیرات خانہ۔ سدابرت بٹنے کی جگہ۔ وہ جگہ جہاں مساکین و فقرا کو روزانہ کھانا تقسیم ہو (۴) خیرات۔ وہ کھانا جو مساکین و فقراء کو دیا جائے جیسے لنگر بٹنا (۵) (۱) بڑے آدمیوں کا باورچی خانہ جہاں بہت سے آدمی کھانا کھاتے ہوں (۶) (۱) خیمہ کھڑا کرنے کا موٹا رسّا (۷) (۱) پہلوانوں کا لنگوٹ (۸) (۱) دھڑ کے نیچے کا حصّہ۔ کولھے چوتڑ (۹) (۱) بوجھ۔ بھار۔ وزن (۱۰) گھنٹے کا لٹکن۔ پینڈلم ۔

لنگر اٹھانا (۱) کشتی یا جہاز کا رسّہ کھول کر آگے چلانا۔ جہاز روانہ کرنا ۔

لنگر باندھنا (۱) پہلوانوں کا لنگوٹ باندھنا (۲) مجامعت سے پرہیز کرنا ۔

لنگر بٹنا (۱) سدابرت بٹنا۔ روزانہ کھانا تقسیم ہونا ۔

لنگر توڑنا (۱) پہلوان کا اپنے حریف کو زمین پر سے

اٹھا لینا (۲) شکست دینا ◆

لنگر جاری کرنا (ل) خیرات تقسیم کرنا۔ سدا برت جاری کرنا ◆

لنگر خانہ (ف۔ مذکر) (۱) مساکین و فقراء کے روزمرہ کھانا تقسیم ہونے کی جگہ۔ خیرات خانہ (۲) باورچی خانہ۔ رسولی ◆

لنگر ڈالنا (ل) (۱) جہاز یا کشتی ٹھہرانا (۲) ٹھہرنا۔ قیام کرنا ◆

لنگر کا بوجھ (ل) بہت وزنی ◆

لنگر گاہ (ف۔ مذکر) بندرگاہ۔ جہازوں کے ٹھہرنے کی جگہ ◆

لنگر لنگوٹا (ل) مذکر۔ پہلوانی لنگوٹ ◆

لنگر لنگوٹا باندھنا یا کسنا (ل) کشتی کرنے کو تیار ہونا ◆

لنگر لنگوٹا دینا یا آگے رکھنا (ل) کسی پہلوان کی شاگردی اختیار کرنا ◆

لنگروا (لنگر۔ وَا) (ہ) (۱) بے حیا۔ ڈھیٹ۔ بے غیرت (۲) لچا۔ شہدا۔ اوباش (۳) بدچلن ◆

لنگری (ل) مذکر (۱) وہ شخص جو محتاج خانے میں مساکین و غرباء کو کھانا تقسیم کرے (۲) لگنی۔ پانی کے رکھنے کی چھوٹی گہری تھالی (۳) (ف) ایک قسم کا ظرف ◆

لنگڑا (لنگ۔ ڑا) (ل) (۱) ایک ٹانگ سے معذور۔ اپاہج۔ پاشکستہ۔ (۲) مذکر۔ بنارس کا ایک مشہور و معروف آم جو بہت لذیذ اور شیریں ہوتا ہے ◆

لنگڑانا (ہ) لنگ کرنا۔ پاؤں برابر نہ پڑنا ◆

لنگڑ بیچ (ل) مذکر۔ بچوں کا ایک کھیل جس میں وہ پتھر یا اینٹ کا ٹکڑا ڈور میں باندھ کر آپس میں لڑاتے ہیں ◆

لنگڑدین (ل) (مذاقاً) لنگڑا ◆

لنگڑی تکڑی (ہ) "لنگڑا" کی تانیث ◆

لنگڑی گلہری آسمان پر گھونسلا (ل) (مثل) چونکہ لنگڑی گلہری اپنا گھونسلا عموماً نہایت بلندی پر بناتی ہے یعنی اپنی طاقت سے باہر کام کرتی ہے۔ لہٰذا یہ مثل اپنی لیاقت سے بڑھ کر حوصلہ کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں ◆

لنگوٹ (لنگوٹ) (ل) مذکر (۱) کاچھا (۲) کم عرض کپڑا جو فقراء یا پہلوان باندھتے ہیں ◆

لنگوٹ بند (ل) (۱) لنگوٹ باندھے رہنے والا (۲) مجرد۔ جتی ستی۔ عورت سے بچا رہنے والا ◆

لنگوٹ دار (ل) وہ پتنگ یا کنکوا جس کے نیچے کی طرف رنگین مثلثی یا دراز کاغذ لگا ہوا ہو ◆

لنگوٹ کا سچا (ل) (۱) وہ شخص جو غیر عورت پر لنگوٹ نہ کھولے۔ زنا سے بچا رہنے والا (۲) جتی ستی۔ مجرد۔ پارسا۔ پرہیزگار ◆

لنگوٹا (ل) مذکر۔ کاچھا۔ لنگوٹی۔ لنگوٹ۔ تہ بند ◆

لنگوٹی (ل) "لنگوٹا" کی تانیث۔ کشتی۔ چھوٹا تہ بند ◆

لنگوٹی باندھے پھرنا (ل) (۱) نہایت غریبی کے باعث ننگا پھرنا (۲) جنگل میں پھرنا ◆

لنگوٹی بندھوا دینا (ل) (۱) بالکل مفلس و قلاش بنا دینا (۲) سب کچھ لوٹ لینا ◆

لنگوٹی کھلنا (ل) (۱) لنگوٹ کھلنا (۲) پردے کی دیوار کھل جانا ◆

لنگوٹی میں پھاگ کھیلنا (ل) تنگ دستی میں مزے اڑانا۔ مفلسی میں شوقینیاں کرنا ◆

لنگوٹے (ل) مذکر۔ "لنگوٹا" کی جمع ◆

لنگوٹے کا ڈھیلا (ل) زانی۔ زناکار۔ وہ شخص جو ہر عورت کے ساتھ صحبت کرنے کو مستعد ہو جائے۔ مغلوب شہوت ◆

لنگوٹے کا سچا (ل) دیکھو (لنگوٹ کا سچا)

لنگوٹیا (ل) (۱) لنگوٹ بند (۲) ساتھ کا کھیلا۔ بچپن کا یار۔ پرانا یار۔ گہرا دوست ◆

لنگوٹیا یار (ل) مذکر۔ بچپن کا یار۔ برابر کا پرانا یار۔ وہ شخص جس سے بچپن ہی سے یارانہ ہو ◆

لنگوچا (لنگو۔ چا) (ل) مذکر۔ گھما۔ جانور کی آنت جس میں مصالحہ دار قیمہ بھر کر تلتے ہیں ◆

لنگور (لنگ۔ گور) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا بندر جس کا منہ کالا اور دُم لمبی ہوتی ہے ◆

لنگوری (لنگ۔ گو۔ ری) (ہ) مؤنث (۱) چوری کا مال برآمد کرانے میں امداد (۲) چور پکڑوانے کا انعام (۳) گھوڑے کی ایک چال ◆

لنگھ (لنگھ) (ہ) لنگھنا کا امر ◆

لنگھانا (ہ) پار اتارنا۔ ندی یا دریا سے پار کرنا ◆

لنگھن (س۔ مذکر) (۱) پار اترنا۔ عبور (۲) فاقہ ◆

لنگھنا (ہ) (۱) پار ہونا۔ عبور کرنا (۲) الانگھنا۔ پھلانگ

جاتا

لِنگی (ہ) مؤنّث (ہندی) (۱) پیشاب - بَول - موت (۲) (مذکّر) مہادیو کی پوجا کرنے والا ۔

لُنگی (ہ) مؤنّث (۱) تہ بند - دھوتی - لنگ (۲) سر سے باندھنے کی رنگین دھاری دار پگڑی ۔

لُنیا (لُنِ - یا) (ہ) - مذکّر ایک قوم جس کا پیشہ کنواں کھودنا اور دیوار بنانا ہے ۔

ل - و

لو (لَو) (ہ) (۱) لینا کا امر صیغہ جمع حاضر - پکڑلو - سنبھالو (۲) کسی شخص کو اپنی طرف مخاطب کرنے کا کلمہ - سنو دیکھو - خیال کرو (۳) کلام کو خوب صورت بنانے کا کلمہ - تحسین کلام کا کلمہ ۔

لُو (لُو) (ہ) - مؤنّث) وہ گرم ہوا جو موسم گرما میں چلتی ہے - سموم ۔

لَو (لَو) (ہ) - مؤنّث (۱) شعلہ - لپیٹ - بھبوکا - لاٹ (۲) دھیان - توجّہ - خیال (۳) آس - اُمید - توقّع - شوق - محبّت (۴) کان کی جڑ - کان کے نیچے کے رُخ کی نوک (۵) یک سوئی - یک طرفی ۔

لَو اُٹھنا (ہ) شعلے کا بلند ہونا - لاٹ نکلنا ۔

لَو لگانا (ہ) (۱) تصوّر باندھنا - خیال باندھنا - توجّہ دینا - رجوع ہونا - ہر وقت دھیان لگانا (۲) عشق کرنا - دل لگانا - عاشق ہونا (۳) خواہش کرنا - آرزومند ہونا ۔

لَو لگنا (ہ) (۱) تصوّر بندھنا - خیال بندھنا - توجّہ ہونا - (۲) عبادت یا ذکر خدا میں مصروف و مشغول ہونا (۳) خواہش ہونا - اشتیاق ہونا - شوق ہونا (۴) اُمید بندھنا - آس بندھنا (۵) آگ لگنا - جلن ہونا (۶) بار بار نام لینا - دیر تک ذکر کئے جانا ۔

لَو (لَو) (ع) اگر ۔

لَو فرضنا (ع) اگر ہم نے فرض کیا - بالفرض - فرض کردہ ۔

لَولاک (ع) (حدیث قدسی) لولاک لما خلقت الافلاک کی طرف اشارہ ہے - کہ اگر تیری ذات نہ ہوتی - تو میں آسمانوں کو پیدا نہ کرتا ۔

لَوا (لَوا) (ع) - مذکّر (۱) بٹیر کی قسم کا ایک چھوٹا پرندہ جو اکثر جھاڑیوں میں رہتا ہے - اس کا گوشت بہت لذیذ ہوتا ہے - جسے عربی میں سلویٰ یا من و سلویٰ کہتے ہیں ۔

لِوا (لِوا) (ع) - مذکّر علم - جھنڈا - فوج کا نشان ۔

لِوا (لِوا) (ہ) لوانا کا امر ۔

لِوا لے جانا (ہ) ہمراہ لے جانا - ساتھ لے جانا - کھوا لے جانا ۔

لَواحِق (ع - مذکّر) لاحق کی جمع (۱) متعلّقین - رشتہ دار - جانی بند - بچے (۲) نوکر چاکر ۔

لَوارا (لَوَا - رَا) (ہ) مذکّر - گوسالہ - بچھڑا - گائے کا بچّہ ۔

لَوازِم (لَوَا - زِم) (ع - مذکّر) لازم کی جمع الجمع - چیزیں - اسباب ۔

لَوازِمات (ع - مذکّر) لازم کی جمع الجمع - سامان - اسباب ۔

لَوازمہ (ع - مذکّر) لازم کی جمع - ضروری چیزیں - سامان ۔

لِواطت (لِوَا - طَت) (ع - مؤنّث) - اغلام - لونڈے بازی - لڑکوں کے ساتھ بدفعلی کرنا ۔

لِوانا (ہ) (۱) خرید کرنا - مول لے دینا (۲) اکھڑوانا ۔

لَوائح (لَوَا - اِئح) (ع - مذکّر) لائحہ (دستور) کی جمع ۔

لُوبان (لُو - بَان) (ع - مذکّر) ایک قسم کا گوند جو آگ پر رکھنے سے خوشبو دیتا ہے ۔

لوبھ (لُو بھ) (س - مذکّر) حرص - لالچ - طمع - تمنّا ۔

لوبھ کرنا (ہ) لالچ کرنا - طمع کرنا - حرص کرنا ۔

لوبھی (ہ) ہندی (۱) حریص - لالچی - طامع (۲) خواہش مند - آرزو مند (۳) کنجوس - بخیل - ممسک ۔

لوبیا (ہ - مذکّر) ماش کی قسم سے ایک سفید رنگ کا غلّہ جس کی کچی پھلیاں گوشت میں پکاتے اور دانوں کو گھگنیاں بنا کے کھاتے ہیں ۔

لوپ (لُو پ) (ہ) (۱) مخفی - پوشیدہ - چھپا ہوا (۲) نیست و نابود - معدوم ۔

لوتھ (لو تھ) (ہ - مؤنّث) لاش - مردہ جسم ۔

لوتھ پڑنا (ہ) لاش پڑنا - مردہ ہو کر گرنا ۔

لوتھ پوتھ (ہ) تھک کر چُور - مردہ جسم کی طرح ۔

لوتھ ڈالنا (ہ) مار گرا دینا - لاش ڈال دینا ۔

لوتھڑا (لُو تھ - ڑا) (ہ - مذکّر) گوشت کا بڑا ٹکڑا جس میں ہڈی نہ ہو - مضغہ - پارچہ ۔

لوٹ (لوٹ) (ہ) لوٹنا کا امر ۔

لوٹ (لُوٹ) (ہ - مؤنّث) (۱) لوٹنی - لڑھکنی - غلطیدگی (۲) عاشق - مفتون - فریفتہ (۳) کروٹ - پہلو ۔

لوٹ پوٹ (ہ) (۱) لوٹنیاں کھاتا ہوا - لڑھکتا پڑھکتا - (۲) عاشق - فریفتہ - مفتون (۳) مضطرب - بیقرار (۴)

(۴) اِدھر کے اُدھر۔ اُلٹ پلٹ (۵) (اہلِ مطابع کی اصطلاح) دو رخی۔ دو طرفہ چھپائی ◆

لوٹ پوٹ ہونا (ف) (۱) قہقہوں سے بیحال ہونا (۲) تڑپ جانا۔ پھڑک جانا (۳) فریفتہ ہو جانا۔ مفتون ہو جانا۔ عاشق ہو جانا (۴) تڑپ کر مر جانا۔ دفعتہً مر جانا ◆

لوٹ جانا۔ لوٹ ہو جانا۔ لوٹ ہونا (ف) (۱) لڑھکنیاں کھانے لگنا۔ زمین پر لوٹنے لگنا (۲) غش ہو جانا۔ مر جانا (۳) پھڑک جانا۔ عاشق ہو جانا (۴) بیقرار ہو جانا۔ تڑپ جانا (۵) مُکر جانا۔ انکار کر جانا (۶) پھر جانا۔ برگشتہ ہو جانا (۷) خوش ہونا۔ بہت پسند کرنا۔ للچانا (۸) ریجھنا (۹) قربان ہونا۔ تصدق ہونا۔ صدقے ہونا ◆

لُوٹ (لُوٹ) (ا) مؤنث (۱) غارت۔ غنیمت۔ غارت گری۔ تاراج۔ چھینا جھپٹی (۲) ظلم۔ اندھیر ◆

لُوٹ پر کمر باندھنا (ف) لوٹنے کی تیاری کرنا ◆

لُوٹ پڑنا (ف) (۱) غارتگری ہونا (۲) ظلم ہونا۔ اندھیر مچنا ◆

لوٹ کا مال (ا) مذکر (۱) مالِ غنیمت۔ یغما (۲) چوری کا مال (۳) مفت کا مال (۴) نہایت سستا مال ◆

لُوٹ کھسوٹ۔ یا لوٹ مار (ا) مؤنث۔ غارتگری۔ ڈاکہ۔ قزاقی۔ رہزنی ◆

لوٹ کے موسل ہی بھلے (مثل) مفت میں کوئی ادنیٰ چیز بھی مل جائے تو غنیمت ہے ◆

لُوٹ لائے۔ کُوٹ کھائے (مثل) مفت کا مال حاصل کیا اور مزے اُڑائے ◆

لُوٹ میں چرخہ بھی غنیمت ہے (مثل) مفت میں جو بھی مل جائے وہی اچھا ہے ◆

لوٹ لینا (ف) (۱) مال چھین لینا (۲) موہ لینا۔ عاشق کر لینا (۳) چوری کر لینا۔ مال مار لینا (۴) تباہ و برباد کر دینا ◆

لوٹ مچانا (یا ڈالنا) (ف) زبردستی کرنا۔ غارتگری کرنا ◆

لوٹا (لو۔ٹا) (ا) مذکر۔ ایک قسم کا ٹونٹی دار برتن۔ آفتابہ۔ بدھنا۔ ٹنیا ◆

لوٹا اٹھانا۔ یا۔ رکھنا (ف) ادنیٰ درجے کی نوکری کرنا ◆

لوٹا سجی۔ یا لوٹن سجی (ا) مؤنث۔ ایک قسم کی سفید یا گلابی رنگ کی کھار ◆

لُوٹا کھسوٹا (ص) غارت زدہ۔ لٹا ہوا ◆

لُوٹا لُوٹ (ا) مؤنث (۱) لوٹ مار۔ قزاقی۔ رہزنی۔ غارت گری (۲) اندھیر۔ ظلم ◆

لَوٹانا (ف) (۱) واپس کرنا۔ پھیرنا (۲) اوپر تلے کرنا۔ نیچے کا اوپر اور اوپر کا نیچے کرنا ◆

لوٹتا پھرنا (ف) بے قرار رہنا۔ نہایت تڑپنا۔ بے تابانہ پھرنا ◆

لُوٹم لاٹ (لُوٹ) (ا) مؤنث (ع) ایک دوسرے کو لوٹنا ◆

لوٹن (ص) لوٹنے والا۔ پھڑکنے والا۔ تڑپنے والا ◆

لوٹن کبوتر (ا) مذکر۔ ایک قسم کا کبوتر جس کے سر پر ہاتھ لگا کر چھوڑ دینے سے وہ لوٹنیاں کھانے لگتا ہے۔ قلابازیاں کھانے والا کبوتر۔ گرہ باز کبوتر ◆

لوٹنا (ف) (۱) لڑھکنا۔ کروٹیں بدلنا (۲) مچلنا۔ بچے کا ضد کرنا (۳) پھڑکنا۔ بے قرار ہونا۔ تلملانا۔ بے چین ہونا (۴) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا (۵) پاؤں میں گرنا۔ پڑنا (۶) انکار کر جانا۔ مُکر جانا (۷) وجد میں آنا۔ رقص کرنا (۸) نہایت خوش ہونا۔ از حد پسند کرنا ◆

لَوٹنا (ف) (۱) واپس ہونا۔ پھرنا۔ ہٹنا۔ واپس پھرنا (۲) لٹنا۔ پلٹنا۔ رُخ بدلنا ◆

لُوٹنا (ف) (۱) لوٹ کھسوٹ کرنا۔ غارت گری کرنا۔ جبراً یا زبردستی چھیننا (۲) تباہ کرنا۔ برباد کرنا (۳) عاشق بنانا۔ اپنا شیدا کرنا (۴) مزے اٹھانا (۵) مال مارنا۔ غبن کرنا ◆

لوٹنی (ا) مؤنث (۱) قلابازی۔ لڑھکنی (۲) صاف جواب۔ بالکل انکار ◆

لوٹنی لینا (ف) بالکل انکار کرنا۔ صاف مکر جانا۔ بے ایمانی کرنا ◆

لوٹنیاں (ا) مؤنث۔ لوٹنی کی جمع ◆

لوٹنیاں کھانا (ف) تڑپنا۔ قلابازیاں کھانا۔ بیقرار ہونا۔ پھڑکنا ◆

لوٹنے کی جا ہے (ف) (۱) کیا لطف ہے۔ عجیب کیفیت ہے (۲) پھڑکنے کا موقع ہے۔ قربان ہونے کی جگہ ہے۔ دلچسپی کا مقام ہے ◆

لَونٹھا (لَونٹھا) (ص) ہٹا کٹا۔ موٹا تازہ۔ مُسٹنڈا ◆

لَونٹھی (ص) "لونٹھا" کی تانیث ◆

لوٹے (ہ) مذکر۔ لوٹا کی جمع ؀

لوٹے ڈالنا (ہ۔ مص) نہانا۔ پاک ہونا۔ غسل کرنا۔ نہانا ؀

لوٹے میں نمک ڈالنا / گھلانا (ہ۔ مصدر) سخت عہد کرنا۔ قسمیہ عہد کرنا ؀

لوث (لَوث) (ع) مذکر (۱) آمیزش۔ ملاوٹ (۲) آلودگی (۳) داغ۔ دھبہ۔ عیب ؀

لوچ (لُوچ) (ہ) مذکر (۱) چیپ چیپ (۲) نرمی۔ ملایمت نزاکت۔ لچک ؀

لوچ دار (ہ) (۱) لیسدار۔ لسدار (۲) ملائم۔ نازک۔ لچک دار ؀

لوچرا (لُوچ۔را) (ہ) (۱) نامرد (۲) لولیا ؀

لوچن (لو۔چن) (س) مذکر۔ نین۔ آنکھ۔ چشم۔ دیدہ ؀

لوح (لَوح) (ع) مؤنث (۱) لکھنے کی تختی۔ پٹی (۲) لوحِ مزار۔ قبر کے سرہانے کا پتھر یا سل جس پر نام۔ تاریخ وفات وغیرہ لکھ کر لگاتے ہیں (۳) سرورق۔ ٹائیٹل پیج۔ سرنامہ۔ عنوان (۴) وہ بیل بوٹے جو کسی کتاب کے شروع میں بنا دیتے ہیں ؀

لوحِ تربت۔ قبر۔ مرقد۔ یا۔ مزار (ع) مؤنث۔ دیکھو "لوح" نمبر ۲ ؀

لوحِ طلسم (ع) مؤنث۔ وہ تختی جس میں طلسم کے کھولنے کا طریق اور حقیقت لکھ کر کے دفن کر دیتے ہیں ؀

لوحِ محفوظ (ع) مؤنث۔ وہ تختی جس پر خدا تعالیٰ نے ہر فعل کی نسبت جو دنیا میں واقع ہوتے ہیں۔ ابتدا سے انتہا تک لکھ دیا ہے اور اسی کے موافق ہوتا ہے۔ علم الٰہی ؀

لوحِ مشق (ع۔ ف) مؤنث (۱) تختۂ مشق۔ وہ تختی جس پر بچے مشق کرتے ہیں۔ پٹی (۲) وہ چیز جو کثرت سے استعمال میں آئے۔ تختۂ مشق ؀

لوح نویس (ع۔ ف) مذکر۔ نقاش۔ مصور۔ کتابوں کا سرورق بنانے والا ؀

لوح و قلم (ع) مذکر (۱) تختی اور قلم (۲) نامہ (۳) خدا کے احکام کی تختی اور اس کے لکھنے کا قلم قدرت ؀

لوحش اللہ (لَو۔حَشَل۔لاہ) (ف) عربی مثل لا اوحش اللہ خدا وحشت نہ دے۔ یہ کلمہ تعظیم و تعجب کے موقع پر بطور کلمۂ تحسین استعمال کرتے ہیں ؀

لودھ (لَودھ) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کی بوٹی جو رنگنے کے کام آتی ہے (۲) لودھ درخت کی چھال جو دعا کے طور پر مستعمل ہوتی ہے ؀

لودھا (ہ) مذکر۔ ایک غیر مسلم فرقہ ؀

لودھی۔ لودی (لُو۔دھی، لو۔دی) (ہ) مذکر۔ پٹھانوں کا ایک فرقہ جس میں بہلول لودھی سکندر لودھی اور ابراہیم لودھی مشہور بادشاہ گزرے ہیں ؀

لوڈ (لوڈ) (انگریزی۔ Load) مذکر۔ بوجھ۔ بھار۔ وزن ؀

لوما (لُو۔ما) (ہ) مذکر (۱) آوارہ مرد ؀

لوری (لو۔ری) (ہ) مؤنث۔ ہلکی آواز کے وہ سُریلے گیت جو عورتیں بچوں کو سلانے یا بہلانے کے لئے آہستہ آہستہ گاتی ہیں ؀

لوری دینا (ہ) بچے کے سلانے یا بہلانے کے لئے گیت گانا ؀

لوڑ (لوڑ) (ہ۔ پ) (مؤنث) ضرورت۔ خواہش۔ حاجت۔ چاہ ؀

لوڑا (لَوڑا) (ہ) مذکر۔ آلۂ تناسل۔ ذکر۔ قضیب۔ لینڈ۔ لنڈ۔ لنگ ؀

لوڑھنا (ہ) (عوام) کپاس سے بیج علیحدہ کرنا ؀

لوڑی (لو۔ڑی) (ہ) مؤنث۔ ہندوؤں کا ایک تہوار جس میں کالی دیوی کے نام پر رات بھر آگ جلاتے اور گیت گاتے ہیں۔ کنواری لڑکیاں اس موقع پر گیت گا کر مانگتی پھرتی ہیں ؀

لوز (لَوز) (ع) مؤنث (۱) بادام (۲) ایک مثلثی وضع کی بنی ہوئی مٹھائی ؀

لوزات۔ لوزیات (ع) مؤنث (۱) لوز کی جمع (۲) بادام کا حلوا ؀

لوزینہ (ع) مذکر۔ بادام کا حلوا ؀

لوط (لوط) (ع) مذکر (۱) ایک مشہور پیغمبر جنہیں خدا نے ملک شام کے شہر سدوم میں لوگوں کو مردی۔ بت پرستی اور اغلام سے منع کرنے اور ان کی ہدایت کے لئے بھیجا (۲) ایک کھاری جھیل جسے جھیل مردار بھی کہتے ہیں ؀

لوطی (ع) مذکر (۱) لوط پیغمبر کی قوم (۲) مجازاً بے شرم غلام باز ؀

لوگ (لوگ) (س) مذکر (۱) انسان۔ آدمی۔ بشر۔ لوگ۔ مرد (۲) عالم ارواح (۳) دنیا۔ عالم۔ جہان (۴) نیچے کا طبقہ۔ تحت الثریٰ ؀

لوک آچار (ہ) مذکر۔ رسم و رواج۔ ملکی دستور۔ ملک کا **لوک بیوہار** دستور ؀

لوک پال (س۔ مذکر) راجہ۔ بادشاہ۔

لوک ناتھ (س۔ مذکر) (ہندو) (۱) راجہ۔ بادشاہ (۲) مہادیو جی (۳) برہما (۴) بشنو۔

لوکار (لو۔ کار) (ع۔ مذکر) (۱) الاؤ۔ رہیٹ۔ آگ کا شعلہ (۲) جلتی ہوئی لکڑی۔

لوکا لگانا (ف۔ ل) (۱) آگ لگانا۔ جلانا۔ جھلسانا (۲) چغلی کھانا۔ لگائی بجھائی کرنا۔

لوکا لگ جائے۔ یا۔ لگے (۱) دعائے بد، یعنی آگ لگے۔ غارت ہو۔ چولہے میں جائے۔

لوکاٹ (لو۔ کاٹ) (۱) مذکر) ایک زرد رنگ کا میوہ۔

لوکا رٹم (لو۔ گا۔ رٹم) (ع۔ مذکر) ایک قسم کا حساب۔ حساب کے مسائل کو بہت مختصر کر دیتا ہے۔

لوکا لوک (س۔ مذکر) (ہندو) پہاڑوں کا وہ فرضی سلسلہ جو تمام دنیا کے اردگرد حد کے طور پر خیال کیا جاتا ہے۔

لوکٹ (لو۔ کٹ) (۱) مؤنث) ادھ جلی لکڑی۔

لوکڑا (لو۔ کڑا) (ہ) مذکر) لڑکا۔ طفل۔ کودک۔ معصوم۔

لوکل (لو۔ کل) (انگریزی) Local مقامی۔

لوکل انسٹی ٹیوشن (انگ۔ Local Institution) (مذکر) مقامی ادارہ۔

لوکل سلف گورنمنٹ (انگ۔ Local Self Government) (مؤنث) (۱) مقامی حکومت خود اختیاری (۲) رجسٹرار ڈسٹرکٹ بورڈ اور میونسپل کمیٹیوں کے ذریعے جن میں ضلع اور مقام کے چیدہ لوگ رہتے ہیں تعلیم اور صحت و صفائی، سڑکوں اور پلوں وغیرہ کا انتظام اس اصول پر کرتے ہیں جو سرکار کی طرف سے مقرر ہو چکے ہیں۔

لوکنا (لو۔ کنا) (ف۔ لازم) بجلی چمکنا۔

لوکھڑی۔ لوکھڑی (لو۔ کھ۔ ری) (ہ) مؤنث۔ لومڑی۔

لوکی (لو۔ کی) (ہ) مؤنث) ایک قسم کا کدو۔ لمبا گھیا۔

لوگ (لو۔ گ) (ہ۔ مذکر) بہت سے آدمی۔ اشخاص۔ خلقت۔

لوگ باگ (ہ۔ مذکر) عوام۔ عام لوگ۔

لوگوں (ہ۔ مذکر) لوگ کی جمع۔ حرف جار سے پہلے۔

لولا (ہ) لنجا۔ لنگڑا۔ پیروں سے اپاہج۔ لنگڑا۔

لولاسی (لو۔ لا۔ سی) (ہ۔ مؤنث) پھولوں کی چھڑیاں جو سالیاں دولھا کو اس روز مارتی ہیں۔ جب وہ پہلی دفعہ زنانہ مکان میں جاتا ہے۔

لُؤلُؤ (لُؤ۔ لُؤ) (ع۔ مذکر) (۱) موتی۔ گوہر۔ دُر۔ مروارید۔

لولو (لو۔ لو) (ہ۔ مذکر) (۱) ایک فرضی ڈراؤنی چیز جس سے بچوں کو ڈراتے ہیں۔ ہیا (۲) ایران کی ایک خوبصورت قوم گرجی (۳) (ق) بیوقوف۔ احمق (۴) (ق) پاگل۔ سودائی۔ خبطی۔ دیوانہ۔ باؤلا۔

لولو بنانا (ف) احمق بنانا۔ پاگل بنانا۔

لولو (لو۔ لو) (ہ۔ مذکر) بچوں کی پھٹو۔

لولی (لو۔ لی) (ف۔ مؤنث) (۱) خوب صورت۔ عمدہ۔ نازک (۲) پنچنی۔ رنڈی۔ ناچنے گانے والی عورت (۳) فاحشہ۔ کسبی (۴) ایک خوب صورت قوم جسے گرجی بھی کہتے ہیں۔

لولی فلک (ف۔ ع) مؤنث) زہرہ ایک مشہور ستارہ۔

لونین (لو۔ ہین) (ق) محو۔ مستغرق۔ کسی خیال میں ڈوبا ہوا۔

لومۃ (لو۔ مَت) (ع۔ مؤنث) ملامت۔ ملامت کرنا۔

لومۃ لائم (ع۔ مؤنث) ملامت کرنے والے کی ملامت۔

لومڑی (لوم۔ ڑی) (ہ۔ مؤنث) (۱) معیارہ۔ بلی کے قد کے برابر ایک جنگلی جانور (۲) چالاک۔ مکار۔ عیار۔

لومڑی کے شکار کو جائیے تو شیر کا سامان کر لیجئے (مثل) معمولی سے کام کے لئے بھی کافی انتظام کرنا چاہئے۔

لون (لون) (انگریزی۔ Loan) (مذکر) قرض۔ اُدھار۔

لون (لو۔ ن) (ہ۔ مذکر) نمک۔ کھار۔ نون۔

لون مرچ لگانا (ف۔ م) بات کو بڑھا کر بیان کرنا۔ حاشیہ چڑھانا (۲) جھڑکانا۔

لونا (ہ) (ہندو) (۱) سلونا۔ نمکین (۲) کھاری۔ شور۔ کڑوا۔ (۳) تیز۔

لونا چاری (ہ۔ مؤنث) بنگالے کی ایک مشہور معروف جادوگرنی۔

لونبڑ (لون۔ بڑ) (ہ) لمبا۔ طویل القامت۔ احمق۔ بے وقوف۔

لونجی (لون۔ جی) (ہ۔ مؤنث) کچے آموں کی پھانکوں کا اچار۔ گچومر۔

لوند (لو۔ ند) (ہ۔ مذکر) (۱) وہ مہینہ جو ہر تیسرے برس شمسی حساب سے بڑھا دیا جاتا ہے (۲) زیادہ۔ فاضل۔ نہ مستعمل۔

لونڈ مشو دا خصم خدا ئی (۱) (مثل) (عو) جو عورت بالکل آزاد و خود مختار ہو۔ اور اس کا روکنے ٹوکنے والا کوئی نہ ہو ⁂

لوندا (لَوں-دَا) (ع) مذکّر۔ گندی۔ گیلی چیز کا لُڈا ⁂

لونڈا (لَوں-ڈا) (ع) مذکّر (۱) لڑکا۔ چھوکرا۔ وہ لڑکا جس کے ڈاڑھی مونچھ نہ نکلی ہو (۲) بیٹا۔ پسر۔ پوت (۳) داس۔ غلام۔ بردہ (۴) کام کرنے والا لڑکا (۵) بد فعلی کرانے والا لڑکا (۶) نادان۔ ناتجربہ کار۔ بچہ (۷) سفلہ۔ چھچھورا پن ⁂

لونڈا پن (ع) مذکّر۔ چھوکرا پن۔ لڑکپن۔ کھلنڈرا پن۔ چھچھورا پن ⁂

لونڈر (لَوں-ڈَر) (انگریزی۔ Lavender) مذکّر (۱) ایک خوشبودار درخت جس کی خوشبو پھیلی جاتی ہے (۲) پانی کی مانند۔ وہ خوشبودار عرق جو کپڑوں وغیرہ پر لگاتے ہیں ⁂

لونڈھل (ع) مذکّر۔ "لونڈا" کی جمع حرف جار سے پہلے ⁂

لونڈوں بازی (ع) مؤنّث۔ لڑکوں سے محبت رکھنے والی عورت۔ محبت رکھنے والی عورت ⁂

لونڈی (ع) مؤنّث (۱) کنیز۔ باندی۔ چیری (۲) خدمت کرنے والی۔ سیوک۔ ٹہلنی ⁂

لونڈی اَور کے پیر دھوئے اپنے پیر دھوتی لجائے (ع) (مثل) جو اوروں کا کام کرتا پھرے اور اپنی خبر نہ رکھے۔ اس کی نسبت طنزاً بولتے ہیں ⁂

لونڈی بچہ (ع) مذکّر۔ وہ شخص جو لونڈی باندی کے پیٹ سے ہو۔ پرستار زادہ ⁂

لونڈی کو لونڈی کہا رو دی، بیوی کو لونڈی کہا ہنس دی (ع) (مثل) شریف اور رذیل میں یہی فرق ہے۔ کہ شریف کا ظرف بڑا اور رذیل کا چھوٹا ہوتا ہے ⁂

لونڈی کی خوشامد سے سسرال میں باس (ع) (مثل) نوکروں کے خوش رکھنے سے آقا بھی راضی رہتا ہے ⁂

لونڈی ہو کر کمانا۔ بیوی بن کر کھانا (ع) (مثل) جو شخص محنت میں شرم نہیں کرتا۔ وہ اپنی گزران امیرانہ کرتا ہے ⁂

لونڈے (ع) مذکّر۔ "لونڈا" کی جمع ⁂

لونڈے باز (ع) بچہ باز۔ لوطی۔ اغلامی ⁂

لونڈے بازی (ع) مؤنّث۔ اغلام۔ لواطت۔ بچہ بازی ⁂

لونڈے لپاڑیے (ع) مذکّر۔ کچی لونڈے ⁂

لونڈیا (ع) مؤنّث (۱) لڑکی۔ چھوکری (۲) بیٹی۔ دختر ⁂

لونگ (لَوں-گ) (ع) (مذکّر و مؤنّث) (۱) قرنفل۔ ایک خوشبودار درخت کی کلی جو نہایت تیز و خوشبودار ہوتی ہے اور گرم مصالحوں میں مستعمل ہے (۲) ناک کا ایک زیور جو لونگ کی شکل کا ہوتا ہے۔ ناک کی کیل ⁂

لونگ چڑے (ع) مذکّر (۱) بیسن کی پھلکیاں (۲) بیسن کی آمیزش سے بنائے ہوئے کباب ⁂

لونی (لو-نی) (ع) مؤنّث۔ شورہ۔ کھار ⁂

لونیا (ع) مذکّر (۱) ایک قسم کا ساگ جو نمکین اور ترش ہوتا ہے (۲) نمک بنانے والا (۳) نمک فروش۔ نمک کی سوداگری کرنے والا۔

لونے کا لون گرا دونا ہوا، تیلی کا تیل گرا ہیٹا ہوا (ع) (مثل) (۱) ضروری نہیں۔ کہ جس کام میں ایک کو فائدہ ہو۔ اس میں دوسرے کو بھی ہو (۲) کسی کی ریس سے دوسرے کو نقصان ہونے کے محل پر بھی بولتے ہیں ⁂

لوہ (لَوہ) (ع) مذکّر۔ لوہے کا مخفف۔ آہن ⁂

لوہ چون (ع) مذکّر۔ لوہے کا چورا۔ بُرادۂ آہن ⁂

لوہا (لو-ہا) (ع) مذکّر (۱) آہن۔ حدید (۲) مضبوط۔ سخت بھاری ⁂

لوہا بجانا (ع) تلوار چلانا۔ تیغ زنی کرنا ⁂

لوہا برسنا (ع) تلوار چلنا۔ کشت و خون ہونا۔ گولیوں کی بوچھاڑ ہونا۔ جنگ ہونا ⁂

لوہا تیز ہونا (۱) تلوار یا چھری تیز ہونا (۲) غصہ چلنا۔ قابو چلنا۔ زور چلنا۔ جیسے تمہارا لوہا غریب ہی پر تیز ہوتا ہے (۳) غالب ہونا ⁂

لوہا جانے لوہار جانے دھونکنے والے کی بلا جانے (۱) (مثل) فریقین ہی آپس کے معاملے کو بخوبی سمجھتے ہیں۔ اجنبی کو کیا معلوم ⁂

لوہا دینا۔ یا۔ کرنا (ع) استری کرنا۔ لوہے کو گرم کرکے ٹانکے بٹھانا۔ ڈھلے ہوئے کپڑے کو لوہے کی گرمی سے صاف کرکے شکن وغیرہ نکالنا ⁂

لوہا لاٹھ (ع) (۱) نہایت مضبوط۔ بہت سخت (۲) مشکل قافیہ یا ردیف کے اشعار ⁂

لوہا لوٹ جانا (ع) (۱) تلوار کا ٹیڑھا ہونا (۲) وار خالی جانا۔ تلوار کا دُہرا ہو کر کچھ کاٹ نہ کرنا (۳) کام بگڑ جانا۔ نصیبا بگڑ جانا ⁂

لوہا مان جانا - یا - ماننا (ع) (۱) کسی کی دلیری شجاعت یا مستعدی کا قائل ہونا (۲) تسلیم کرنا - ماننا (۳) دب جانا - ڈرنا - عاجز ہونا ◆

لوہار (لو-ہار) (ہ - مذکر) آہنگر - لوہے کی چیزیں بنانے والا ◆

لوہار خانہ (ف) مذکر - وہ جگہ جہاں بہت سے لوہار کام کرتے ہوں ◆

لوہار خانے میں سوئیاں بیچنا (ع) (۱) جہاں چیز خود تیار ہوتی ہو - وہیں لے جانا - بے قدری کرنا (۲) بے وقوفی کا کام کرنا ◆

لوہارنی (ہ) } لوہار کی بیوی ◆
لوہاری (ہ) } لوہار قوم کی عورت ◆

لوہو (لو - ہو) (ہ - مذکر) لہو - خون ◆

لوہے (ہ - مذکر) (۱) "لوہا" کی جمع (۲) حرف جار سے پہلے لوہا کے بجائے ◆

لوہے ٹھنڈے ہو گئے (ع) امنگ غائب ہو گئی - ارادہ جاتا رہا ◆

لوہے کا پانی (ہ - مذکر) تلوار وغیرہ کی آب ◆

لوہے کا دل (ہ - مذکر) نہایت سخت دل ◆

لوہے کی چھاتی کر لینا (ع) (۱) پتھر کا جگر کر لینا - دل سخت کر لینا (۲) مصیبت جھیلنے کے لائق ہو جانا ◆

لوہے کے چنے (ع) مذکر سخت اور مشکل کام ◆

لوہے کے چنے چبانا (ع) (۱) سخت اور مشکل کام کرنا یا کرانا (۲) اَدق علم پڑھنا ◆

لوہیا (ہ - مذکر) لوہے کی چیزیں بیچنے والا ◆

لوئر (لو - اَر) (انگ - Lower) (۱) چھوٹا - ادنیٰ - کمتر (۲) ماتحت (۳) ابتدائی ◆

لوئر پرائمری (انگ - Lower primary) مؤنث پہلی اور دوسری جماعت ◆

لوئر سکول (انگ - Lower school) مذکر - سکول چھوٹا مدرسہ ◆

لوئر کلاس (انگ - Lower class) مؤنث ابتدائی جماعت - چھوٹا درجہ ◆

لوئی (لو - ای) (ہ - مؤنث) (۱) اونی چادر - باریک کمل (۲) گندھے ہوئے آٹے کا پیڑا ◆

لوے (لو - ے) (ہ) (۱) اوپر کو (۲) قریب - نزدیک ◆

لوے لگنا (ع) (ہندو) دل لگنا - یقین ہونا - اعتبار ہونا ◆

ل - ہ

لُہا - (لُہار) (ہ - مذکر) لوہا ◆

لُہارن } (ہ) مؤنث - دیکھو (لوہاری) ◆
لُہاری }

لِہاڑا (لِہا - ڑا) (ہ) نادہند - لین دین کا کھوٹا - لیکر نہ دینے والا ◆

لہاس (لَہاس) (ہ - مذکر) (۱) جنگی جہاز موٹا رسّا جہاز کا رسّا (۲) (پورب) بڑا ٹوکرا - جھال ◆

لہاسی (ہ) مؤنث - کشتی کھینچنے کی چھوٹی رسّی ◆

لُہان (لُہان) (ہ) خون آلود - لہو سے لتھڑا ہوا (یہ لفظ لہو کے ساتھ مستعمل ہوتا ہے - جیسے لہولہان) ◆

لہاؤ (لَہاؤ) (ہ - مذکر) (عو) چوچلے ◆

لمبر (لَہ - بر) (ہ - مذکر) (پورب) (۱) چوغہ - لبادہ - جبّہ (۲) ایک قسم کا لمبا طوطا (۳) (س) چھڑ - نیزہ - علم - جھنڈا - نشان ◆

لہبری (ہ) مذکر - ایک قسم کا دراز قد اور لمبی گردن کا طوطا ◆

لہٹنا (لَہٹ - نا) (ہ) (استارۃً) (عو) طبیعت کا مائل ہونا ◆

لہجہ (لَہ - جہ) (ع - مذکر) (۱) الفاظ کی آواز - تلفظ کلام (۲) زبان - محاورہ - بول چال (۳) لَے - سُر ◆

لہچون (لَہ - چُون) (ہ) دیکھو (لوہ چون) ◆

لہٰذا (لہا - ذا) (ع) اسی واسطے - اسی لئے - اس واسطے - پس - الحاصل - الغرض - القصّہ ◆

لہر (لَہر) (ہ - مؤنث) (۱) دریا کی موج - تلاطم - جوار بھاٹا - جزر و مد (۲) امنگ - ترنگ (۳) وجد - حال (۴) وہم - خیال (۵) دیوانگی - سودا - خبط - جنون (۶) کسی مرض یا زہر وغیرہ کا دورہ - ہڑک (۷) سوزش - جلن - تیزی - ٹیس - چمک (۸) خواہش جماع - مستی (۹) نشہ کی دھاری - بیل (۱۰) ہرے پودوں کی جنبش - لہلہاہٹ (۱۱) وہیان - کسی کی یاد یا خیال کا دل میں آنا ◆

لہر آنا (ع) (۱) موج آنا - تلاطم ہونا (۲) تصور بندھنا - خیال آنا (۳) شوق پیدا ہونا (۴) زہر کے اثر سے پیچ و تاب کھانا ◆

لہر اٹھنا (ع) (۱) موج آنا - ترنگ آنا (۲) جوش اٹھنا - شوق پیدا ہونا (۳) ارادہ ہونا - خیال پیدا ہونا - ٹیس اٹھنا ◆

لہر اُٹھانا (ف) (۱) تان لگانا۔ سُر نکالنا (۲) پیہم مارنا۔ متواتر پیٹنا •

لہر چڑھنا (ف) (۱) پانی کا زور پر ہونا (۲) زہر کا دورہ ہونا۔ زہر کا اثر کرنا •

لہر چھوٹنا (ف) (ہندی) (عو) مستی چھوٹنا۔ جماع کو جی چاہنا •

لہر بہر (ہ) مؤنث (۱) خوشحالی۔ خوش اقبالی (۲) کسی چیز کی افراط (۳) برکت۔ بہبود •

لہر بہر ہو جانا (ف) (۱) کام بن جانا۔ اقبال یاور ہونا (۲) خوب مینہ کی بارش ہونا (۳) روپے پیسے کی طرف سے فارغ البالی ہو جانا •

لہرا (لَہ۔رَا) (ہ) مذکر (۱) چلتی ہوئی لے۔ طبیعت میں جوش پیدا کرنے والا سُر۔ سارنگی کی ایک گت (۲) سُر۔ آواز۔ لے۔ ترانہ۔ نغمہ (۳) ٹکڑا ٹکڑا مارنا۔ (۴) لہرانا کا امر •

لہرانا (ف) (۱) موج مارنا۔ پانی کا لہریں لینا (۲) لہلہانا۔ ہلنا جنبش کرنا (۳) اُڑنا۔ خرّاٹے بھرنا (۴) مچلنا۔ مائل ہونا (۵) سانپ کا چلنا •

لہری (ہ) (۱) ترنگی۔ موجی۔ دل چلا۔ بے پروا (۲) زندہ دل۔ ظریف۔ ٹھٹھول۔ خوش مزاج •

لہریا (ہ) (۱) لہردار۔ دھاری دار (۲) مذکر۔ ایک قسم کا کپڑا جس میں آڑی ترچھی دھاریاں ہوتی ہیں •

لہریں (ہ) مؤنث۔ لہر کی جمع۔ موجیں •

لہریں گننا (ف) وقت ضائع کرنا۔ بیکار رہنا۔ تضیع اوقات کرنا •

لہریں لینا (ف) (۱) لہرانا۔ جھومنا۔ ہلنا (۲) دریا کا موجیں مارنا •

لہسن (لَہ۔سَن) (ہ) دیکھو "لسن" •

لہسنیا (ہ) مذکر۔ لہسن کے رنگ سے مشابہ ایک بیش قیمت جواہر •

لہک۔ لہک (ہ) مؤنث (۱) لہر۔ شعلہ۔ لاٹ (۲) لہلہاہٹ۔ بہار۔ جوبن (۳) چمک (۴) لہکنا کا امر •

لہکا (لَہ۔کا) (ہ) مذکر۔ چسکا۔ لت۔ لپکا •

لہکارنا (لَہ۔کار۔نا) (ف) گھوڑے کو چمکارنا۔ تھپکی دینا •

لہکانا (ف) (۱) بھڑکانا۔ اُکسانا۔ اُبھارنا (۲) آگ سُلگانا۔ آگ دہکانا (۳) چمکانا۔ اُجلانا۔ صیقل کرانا (۴) آواز لگوانا۔ کسی پرند کو بُلوانا •

لہکنا (ف) (۱) چمکنا۔ چہچہانا۔ نغمہ سرا ہونا (۲) بھڑکنا۔ جلنا۔ دہکنا۔ مشتعل ہونا (۳) لہلہانا۔ لہرانا (۴) چمکنا۔ روشن ہونا •

لہلوٹ (لَہ۔لوٹ) (ہ) بیقرار •

لہلہا (لَہ۔لَہا) (ہ) (۱) لہلہانا کا امر (۲) لہراتا ہوا (۳) ہرا بھرا •

لہلہاتا (ہ) (۱) چمکتا ہوا۔ جھومتا ہوا۔ لہراتا ہوا (۲) سرسبز ہرا بھرا۔ شاداب۔ تروتازہ۔ پھولا پھلا۔ شگفتہ •

لہلہانا (ف) (۱) موج مارنا۔ ہلنا۔ جھومنا (۲) تروتازہ ہونا۔ پھلنا پھولنا۔ کھلنا •

لہلہاہٹ (ہ) مؤنث۔ لہر۔ موج۔ شادابی۔ سرسبزی •

لہن (لَہَن) (ہ) مذکر۔ وہ اجزا جنہیں خمیر کر کے شراب کھینچتے ہیں •

لہنا (لَہ۔نا) (ہ) مذکر (۱) قسمت۔ نصیب۔ بھاگ۔ بخت (۲) نفع۔ فائدہ حاصل (۳) شرکت۔ حصّہ۔ ساجھا •

لہنا پہنا (ہ) مذکر (۱) قسمت کا ساجھا (۲) حاصل حصول (۳) نصیب •

لہنگا (لَہنگا) (ہ) مذکر۔ ہندو عورتوں کا پاجامہ۔ گھگرا •

لہنگا پہننا (ف) (ہندو) (مجازاً) زنانہ لباس پہننا۔ عورت کا بھیس بدلنا •

لہو (لَہُو) (ہ) مذکر۔ لوہو کا مخفف۔ خون۔ دم۔ ایک خلط •

لہو اُترنا (ف) (۱) خون کا نیچے کی طرف آنا۔ ابھر آنا (۲) لال ہونا۔ سُرخ ہونا •

لہو برسنا (ف) خون ٹپکنا۔ غصّے کی حالت میں آنکھیں نہایت سُرخ ہو جانا •

لہو بگڑنا (ف) (۱) خون میں فساد آ جانا (۲) کوڑھ ہو جانا (۳) آتشک ہو جانا •

لہو بہانا (ف) (۱) خون نکالنا (۲) جان سے مار ڈالنا۔ قتل کرنا (۳) جان دینا۔ ہلاک ہونا •

لہو پانی ایک کرنا (ف) (۱) خون اور پانی ملانا (۲) کسی کام میں نہایت سخت محنت اٹھانا (۳) بے حد سختی اٹھانا۔ اپنے آپ کو نہایت تکلیف دینا (۴) ناراض ہونا۔ بگڑنا۔ غصّہ کرنا (۵) تکلیف دینا۔ ستانا •

لہو پینا (ف) (۱) خون پینا۔ خون چوسنا (۲) تکلیف دینا۔ نہایت دق کرنا (۳) مارنا۔ قتل کرنا۔ جان لینا •

لہو تھوکنا (ف) خون کی قے کرنا۔ پھیپھڑے میں زخم پڑ کر منہ سے لہو آنے لگنا •

لہو ٹپکنا (۲) (۱) لہو گرنا۔ لہو لینا (۲) نہایت سُرخ سفید ہونا۔ بدن میں خون کی زیادتی ہونا (۳) جلدی اسباب کے سبب سے خون ٹپکنا ٭

لہو خشک ہو جانا (ہونا) (۲) (۱) خون سوکھ جانا۔ ڈر جانا۔ غم یا خوف سے جسم میں خون نہ رہنا۔ خوف کے مارے دم فنا ہونا (۲) نہایت سخت صدمہ اٹھانا ٭

لہو دینا (۲) خون چھوٹنا۔ فصد کھولتے وقت رگ سے خون نکلنا ٭

لہو رونا (۲) آنکھوں سے بجائے اشک خون نکلنا۔ نہایت رونا ٭

لہو سفید ہو جانا (۱) محبّت نہ رہنا۔ رحم نہ رہنا۔ مروّت نہ رہنا۔ ہمدردی نہ رہنا ٭

لہو سوکھ جانا
لہو سوکھنا (۲) دیکھو "لہو خشک ہو جانا" ٭

لہو کا پیاسا (۱) جانی دشمن۔ جان کا لاگو ٭

لہو کا جوش (۱) مذکر۔ ممتا۔ مادری محبّت۔ پدری محبّت۔ ایک خون ہونے کی محبّت ٭

لہو کا ہلکا (۲) (صفت) (۱) لطیف اور صاف خون والا (۲) وہ شخص جس کا خون جلد اثر قبول کرے۔ نہایت نرم دل۔ وہ شخص جو کسی کا صدمہ یا خون دیکھ کر غش کھا جائے ٭

لہو کرنا (۲) (۱) خون میں ڈبونا۔ تلخ کرنا ٭

لہو کی ندیاں بہنا (۲) (۱) کثرت سے خون جاری ہونا (۲) نہایت کثرت و خون ہوا ٭

لہو کے سے گھونٹ پینا (۲) غم کھانا۔ سخت تکلیف یا صدمہ اٹھانا۔ غصّے کو آپ کر جانا ٭

لہو لگا کر شہیدوں میں داخل ہونا، ملنا (۱) ذرا سا کام کر کے اپنے آپ کو بڑا کام کرنے والوں میں شمار کرنا۔ کسی کام میں تھوڑا سا شریک ہو کر اپنا نام کرنا ٭

لہو لہان (ص) خون آلودہ۔ خون میں لتھڑا ہوا ٭

لہو لہان کرنا (۲) خون کی ندیاں بہانا۔ ایسا زخمی کرنا کہ تمام بدن خون آلود ہو جائے ٭

لہو لینا (۲) (۱) خون لینا۔ فصد کھولنا (۲) فصد کھلوانا ٭

لہو میں ہاتھ رنگنا (۲) خون کرنا۔ قتل کرنا۔ کسی کے خون سے ہاتھوں کو رنگین کرنا ٭

لہو و لہو (ع۔ مذکر) (۱) کھیل (۲) ہم بستری (۳) واہیات

لہو و لعب (ع۔ مذکر) کھیل کود۔ سیر و تماشا۔ عیش و نشاط۔ تفریح۔ ہنسی۔ مذاق ٭

لینڈی (انگریزی۔ ڈولی) (ا۔ مؤنث) وہ ڈولی یا ٹوکری جس کے دونوں کونوں پر رسّی باندھ کر پانی نشیب سے بلندی کو لے جاتے ہیں۔ تاکہ زمین خشک نہ ہو ٭

ل۔ئ

لئی (لئی) (۲) دیکھو "لیئی" ٭

لئے (لئے) (۲) (۱) واسطے۔ برائے (۲) مفعول جمع مذکر ہونے کی صورت میں "لیا" کے بجائے (۳) تکمیل فعل کے لئے جیسے کیا آپ نے انگور کھا لئے ؟ (۴) لئے ہوئے۔ لے کر ٭

لئیق (لئیق) (لائق کا مُعرّب) لائق۔ قابل ٭

لئیم (لئیم) (ع) (۱) وہ کنجوس جو نہ خود کھائے نہ دوسرے کو دے (۲) کمینہ۔ سفلہ ٭

لئیم الطبع (ع) وہ شخص جس کی طبیعت میں کنجوسی اور خسّت ہو ٭

ل۔ی

لی (لی) (۲) لینا سے ماضی مطلق واحد غائب جب مفعول مؤنث ہو۔ جیسے اس نے ایک کتاب لی ٭

لے (لے) (۲) مؤنث (۱) آواز۔ سُر۔ آہنگ۔ لحن۔ لہجہ (۲) شوق۔ آرزو۔ تمنّا (۳) دُھن۔ خیال۔ رٹ (۴) تسلسل۔ سلسلہ ٭

لے (لے) (۲) (۱) لینا کا امر۔ پکڑ۔ گرفت کر (۲) سنبھال۔ قابو کر (۳) متوجّہ ہو۔ سن۔ جان۔ آگاہ ہو (۴) دیکھ (۵) لے کر۔ ساتھ لے کر ٭

لے آنا (۲) (۱) کوئی چیز اٹھا لانا (۲) جا کر کسی کو ہمراہ لانا (۳) باہر سے لانا (۴) دوسرے مقام سے لانا ٭

لے اُڑنا (۲) (۱) لے کر بھاگ جانا۔ اپنے ساتھ لے کر اُڑ جانا (۲) بھڑکا دینا۔ تیز کرنا۔ نشے میں ہوش و حواس کھو دینا (۳) مزے دار بنا دینا۔ مزہ دوبالا کر دینا (۴) بدتر بڑھا دینا (۵) لے جانا۔ پہنچا دینا (۶) نقل اتار لینا۔ طرز حاصل کر لینا ٭

لے بھاگنا (ف) (۱) کسی چیز کو لے کر فرار ہو جانا۔ لے کر چل دینا (۲) بھگا کر لے جانا۔ کسی عورت کو نکال لانا (۳) کسی کی طرف اٹھا لینا ۔

لے بھاگو (ص) (۱) طرز اُٹھا لینے والا (۲) وہ شخص جس نے بغیر استاد کے کوئی کام اختیار کر لیا ہو۔ بے استادا۔ عطائی ۔

لے بیٹھی (ف) (۱) میں کہتا ہوں۔ سنو یار (۲) بڑا تعجب ہے ۔

لے بیٹھنا (ف) (۱) لے ڈوبنا۔ اپنے ساتھ دوسرے کو بھی تباہ و برباد کر دینا (۲) لے گرنا۔ اپنے ساتھ گرانا۔ (۳) کسی عورت کو گھر میں ڈال لینا ۔

لے پالک (ا) مذکر۔ متبنّٰی۔ گود لیا ہوا۔ وہ بچہ جسے لے کر پال لیا گیا ہو ۔

لے پڑنا (ف) (۱) کسی بچے کو ساتھ لے کر لیٹ جانا (۲) کسی عورت سے زبردستی لپٹ جانا ۔

لے دے (ا) مؤنث (۱) لینا دینا (۲) کبھی لینا کبھی دینا (۳) مچانا۔ دوڑ دھوپ۔ جد و جہد۔ کوشش (۴) سرزنش لعنت ملامت۔ لتاڑ جیسے اُن سے بڑی لے دے ہوئی ۔

لے دے کرنا (ف) (۱) خوب کوشش کرنا۔ جد و جہد کرنا (۲) سرزنش کرنا۔ لعنت ملامت کرنا۔ ڈانٹنا (۳) مار پیٹ کرنا ۔

لے دے کے (م) (۱) نہایت کوشش اور محنت سے (۲) بمشکل تمام۔ نہایت مشکل سے (۳) بیباق کر کے۔ دے دلا کر (۴) صرف۔ فقط۔ کُل۔ جیسے لے دے کے ایک ہی بچہ ۔

لے دینا (ف) دلا دینا۔ خرید دینا۔ مول لے دینا ۔

لے ڈوبنا (ف) (۱) اپنے ساتھ دوسرے کو بھی نقصان پہنچانا (۲) ڈبو دینا۔ غرق کر دینا ۔

لے لوٹ (ص) قرض لے کر نہ دینے والا۔ نادہندہ۔ لے کر مکر جانے والا۔ لیچڑ ۔

لے لینا (ف) (۱) چھین لینا۔ مار لینا۔ دبا لینا (۲) خرید لینا۔ اپنا کر لینا (۳) سنبھال لینا۔ قابو کر لینا (۴) وصول کر لینا۔ پھیر لینا (۵) جا پہنچنا۔ منزل طے کر لینا (۶) جا لینا۔ پکڑ لینا (۷) بہم پہنچانا۔ حاصل کر لینا ۔

لے مرنا (ف) (۱) لے ڈوبنا۔ لے بیٹھنا۔ اپنے ساتھ دوسرے کو بھی نقصان پہنچانا (۲) الزام دھرنا۔ تہمت دھرنا۔ چوری لگانا (۳) دبا لینا۔ مار لینا (۴) حاصل کر لینا۔ کما لینا ۔

لیا (لِیا) (ف) (۱) پکڑا۔ گرفت کیا (۲) وصول کیا۔ حاصل کیا (۳) خرید کیا۔ جیسے میں نے اُسے خوب سستے داموں لیا (۴) خریدا۔ مول لیا (۵) کمایا ۔

لیا دیا (ا) مذکر۔ نیک کاموں کا پھل۔ وہ نیکی جو کبھی کی ہو۔ جیسے کبھی کا لیا دیا کام آ گیا ۔

لیا دیا آگے آ جانا (ف) نیکی بدی کا نتیجہ ملنا۔ کرنی کا پھل ملنا ۔

لیا گیا (ص) (۱) شرمندہ ہوا۔ رسوا ہوا۔ ذلیل ہوا (۲) پا لیا۔ لے لیا ۔

لیا ہی نہیں جاتا (ف) (۱) مٹائے نہیں مٹتا۔ سنبھالے نہیں سنبھلتا (۲) دھوکا نہیں کھاتا ۔

لیاقت (لِیا۔ قت) (ع) مؤنث (۱) قابلیت۔ استعداد (۲) وصف۔ جوہر۔ خوبی۔ عمدگی (۳) دانائی۔ ہوشیاری (۴) کسی چیز کے حاصل کرنے کا مادہ۔ (۵) شائستگی۔ تمیز (۶) حوصلہ۔ ظرف (۷) مقدرہ۔ مقدرت ۔

لیاں (لِ۔یاں) (ا) مؤنث۔ کھیلیں ۔

لیبارٹری (لے۔با۔رے۔ٹری) (انگ۔ Laboratory) مؤنث۔ کیمیاگری کا کارخانہ۔ وہ کمرہ جہاں سائنس کے تجربات کئے جاتے ہیں۔ دار التجربہ۔ معمل ۔

لیبر (لے۔بر) (ا) مذکر۔ منہ کا لعاب جس میں جھاگ ہو ۔

لیبر (لے۔بر) (انگریزی۔ Labour) مؤنث۔ محنت۔ مشقت۔ جد و جہد ۔

لیبر پارٹی (انگریزی۔ Labour party) مؤنث۔ مزدوروں کی وہ جماعت جو دار العوام میں اپنی جماعت کی نمائندہ ہے ۔

لیبر گورنمنٹ (انگریزی۔ Labour Government) مؤنث۔ وہ حکومت جس میں لیبر پارٹی با اقتدار ہوتی ہے اور اس میں سے وزیر چنے جاتے ہیں ۔

لیبڑی (لی۔بڑی) (ا) مذکر۔ آنکھ کا میل ۔

لیبل (لے۔بل) (انگریزی۔ Label) مذکر۔ رنگین کاغذ۔ چھپے کپڑے یا دھات وغیرہ کا ٹکڑا جو کسی چیز پر اس کا نام۔ نوعیت یا مالک کا پتہ نشان وغیرہ بتانے کے لئے لگایا جاتا ہے۔ چٹ ۔

لیپ (لیپ) (ا) مذکر (۱) ضماد۔ پلستر۔ وہ دوا جو پانی یا روغن میں ملا کر کسی جگہ لگائی جائے (۲) کہگل۔ لپائی ۔

لیپ (اِ۔ مؤنث) (۲) لیپنا کا امر ٭
لیپا (ا) (۱) لیپنا کی ماضی (۲) (مذکر) پلستر۔ کہگل ٭
لیپا پوتا (۲۔ مذکر۔ (۱) لیپا اور پوتا ہوا۔ پلستر کیا ہوا (۲) بنا بنایا۔ کیا کرایا ٭
لیپا لیپا پھر دیکھا تو ہاتھ کاٹنے (۲) (مثل) محنت بھی کی اور بے فائدہ ٭
لیپنا (۲) (۱) پوتنا۔ کہگل کرنا۔ سفیدی کرنا۔ گوبری پھیرنا پلستر کرنا (۲) چھپانا۔ مخفی کرنا ٭
لیپنے کا نہ پوتنے کا (۲) کسی کام کا نہیں۔ محض نکمّا اور بے کار ہے ٭
لیتا ہُوں نہ دیتا (۲) نقد لین دین۔ صاف سیدھا اور سکرا حساب ٭
لیترا۔ لیتڑا (اِ۔ مذکر۔ (۱) پرانا۔ ٹوٹا جوتا۔ کھو سڑا ٭
لیترے (۲) لیترا کی جمع ٭
لیترے پڑنا (۲) جوتیاں پڑنا۔ نہایت ذلیل ہونا ٭
لیت ولعل (ع۔ مؤنث) ٹال مٹول۔ آج کل۔ بہانہ۔ عذر حیلہ۔ حوالہ۔ وعدہ وعید ٭
لیتھڑا (۔ مذکر) دیکھو (لیترا) ٭
لیٹ (انگریزی۔ Late) دیر سے بے وقت۔ وقت کے بعد۔ ٹائم سے پیچھے ٭
لیٹ جانا (۲) (۱) پڑ جانا۔ دراز ہو جانا (۲) تھک جانا۔ آگے نہ چل سکنا (۳) ہمت ہار دینا (۴) عاجزی کرنا۔ عجز و انکسار کرنا ٭
لیٹر (۔ انگریزی۔ Letter) (مذکر) (۱) خط۔ چٹھی۔ نامہ (۲) حرف ٭
لیٹر بکس (انگریزی۔ Letter box) (مذکر) وہ لکڑی یا ٹین کا صندوق جو بازاروں میں خطوط وغیرہ ڈالنے کے لئے ہوتا ہے ٭
لیٹنا (۲) (۱) سیدھا ہو کر پڑنا۔ پسرنا۔ پڑنا۔ سونا۔ آرام کرنا (۲) پاؤں پڑنا (۳) خوشامد کرنا۔ عجز کرنا (۴) ہار ماننا۔ مغلوب ہونا ٭
لیٹی (۔ مؤنث) دیکھو (لٹی) ٭
لیج (۔ مؤنث) وہ رسّی جسے ڈول وغیرہ کے ساتھ باندھ کر کنوئیں سے پانی نکالتے ہیں ٭
لیجر (انگریزی۔ Ledger) (مؤنث) بہی کھاتہ۔ روزانہ حساب کی کتاب ٭
لیجسلیٹو (انگریزی۔ Legislative) وضع قانون کا۔ قانون سازانہ۔ قانون ساز ٭
لیجسلیٹو اسمبلی (انگریزی۔ Legislative Assembly) (مؤنث) صوبہ یا ملک کی مجلس قانون ساز جس میں عوام کے نمائندے شامل ہوں ٭
لیجسلیٹو کونسل (انگریزی۔ Legislative Council) (مؤنث) صوبے یا ملک کی مجلس قانون ساز جس میں خاص طبقوں کے نمائندے شامل ہوں ٭
لیچی (۔ مؤنث۔ (۱) وہ چیز جو بان کی گھسی کا عرق نکلنے کے بعد رہ جاتی ہے (۲) لکنا پیڑا ٭ ہُکّی اور نرم شدہ چیز ٭
لیچے (۔ لئے) جیسے لو۔ سے لو ٭
لیچڑ (۔ (۱) خسیس بخیل کنجوس (۲) نادہند۔ قرضہ لے کر بمشکل دینے والا ٭
لیچی (۔ مؤنث) ایک خاردار چھلکے والا سرخی مائل شیریں و ترش پھل ٭
لید (۔ مؤنث) گھوڑے۔ گدھے۔ ہاتھی وغیرہ کا گوبر۔ فضلہ ٭
لیدر (انگریزی۔ Leather) (مذکر) ادیم۔ کمایا ہوا چمڑا ٭
لیڈر (انگریزی۔ Leader) (مذکر) (۱) سربراہ۔ سرگروہ۔ سردار (۲) ایڈیٹر کا لکھا ہوا مضمون ٭
لیڈی (انگریزی۔ Lady) (مؤنث) بی بی۔ بیگم۔ معزز عورت۔ خاتون ٭
لیڈی ڈاکٹر (انگریزی۔ Lady Doctor) (مؤنث) زنانہ امراض کا علاج معالجہ کرنے والی عورت۔ ڈاکٹرنی۔ زنانہ ڈاکٹر ٭
لیر (۔ مؤنث) دھجّی۔ کترن۔ کپڑے کی لمبی اور پتلی پٹی۔ چیتھڑا ٭
لیر لیر کرنا (۲) دھجّیاں اڑانا۔ پھاڑ ڈالنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کر دینا ٭
لیری (۔ مؤنث۔ کنکوے کے پچھلے میں لگانے کی لمبی دھجّی جس سے ہوا میں اس کا وزن یکساں رہتا ہے ٭
لیرے (۔ مذکر۔ چیتھڑے۔ دھجّیاں ٭
لیرے لگنا (۲) کپڑے پھٹ جانا۔ کپڑوں کا تار تار ہونا ٭
لیریں (۔ مؤنث۔ لیر کی جمع ٭

لیریں لٹکنا (۵) پرانا ہو کر لباس کا تار تار ہو جانا ◆
لیرم تم (لِی-رَم) (ف) مؤنث-ایک قسم کی نرم اور لچکدار کمان جس میں لوہے کی زنجیر اور بہت سی کٹوریاں پڑی ہوئی ہوتی ہیں ◆
لیس (لَیس) (ع) (۱) کمربستہ-مستعد-تیار-آمادہ-کیل کانٹے سے درست (۲) ڈوری اور فیتوں سے چوٹی بنی ہوئی پیک ◆
لیس (لِیس) (۵) چیپ-چپچپاہٹ ◆
لیسدار (ہ) چیچپا-چپکنے والا ◆
لیپنا (ہ) پلستر کرنا-لیپنا-لگانا ◆
لیک (لِیک) (ہ) مؤنث-(۱) راہ-باٹ-سڑک-پگڈنڈی (۲) گاڑی کے پہیے کا نشان (۳) پل بانے کا نشان (۴) سانپ یا چیونٹیوں وغیرہ کے چلنے کا نشان (۵) لکیر-دھاری (۶) پٹڑی (۷) وہ انعام جو حسب دستور کھلاڑیوں کو دیا جاتا ہے (۸) رسم و رواج-ریت-دستور-قاعدہ (۹) داغ-عیب (۱۰) جوں کا نہایت چھوٹا بچّہ ◆
لیک پیٹنا (ہ) (۱) لکیر پیٹنا-قدیم رسم و رواج اور پرانے دستور پر چلنا (۲) کسی بات کو بار بار دہرانا ◆
لیک سے بے لیک ہونا (۱) گمراہ ہونا-بے راہ ہونا-سیدھا راستہ چھوڑ دینا ◆
لیک لیک چلنا (ہ) رستے سے چلنا-راہ راہ چلنا-پرانے رسم و رواج کا پابند رہنا ◆
لیک (لِیک) (ف) "لیکن" کا مخفف ◆
لیکن (ف) مگر-الا ◆
لیکوئیڈیٹر (لِی-کوِ-ڈے-ٹر) (انگریزی- Liquidator) (مذکر) بھگتان کرنے والا-قرض بیباق کرنے والا-ادا کرنے والا-جن بنکوں یا کمپنیوں یا فرموں کا دیوالہ نکل جاتا ہے-اُن پر سرکار کی طرف سے ایک افسر بھگتان کرنے کے لئے مقرر ہوتا ہے-اُسے "لیکوئیڈیٹر" کہتے ہیں-یہ سب کا حساب بحصّہ رسدی چکاتا ہے ◆
لیکویڈیشن (انگریزی- Liquidation) (مؤنث) لیکوئیڈیٹر کی تحویل میں بھگتان ◆
لیکھ (لیکھ) (ہ) مؤنث-(۱) چھوٹی جوں-دھک (۲) لکیر-آمد و رفت کا نشان ◆
لیکھ (لیکھ) (ہ) مذکر-(۱) لکھی ہوئی چیز-تحریر (۲) نام لکھنا-دستخط ◆
لیکھا (لے-کھا) (ہ) مذکر-(۱) حساب-لین دین (۲) بیگا حساب بہی کھاتہ (۳) معاملہ-برتاؤ (۴) دستور طریقہ ◆
لیکھا جوکھا (ہ) مذکر-لین دین-حساب کتاب ◆
لیکھا کرنا (ہ) حساب کرنا-لین دین کی رقم معلوم کرنا ◆
لیکھنی (ہ) مؤنث-ہندی-قلم-خامہ-کلک ◆
لیکھے (ہ) مذکر-ہندی (۱) "لیکھا" کی جمع (۲) حساب میں-نزدیک ◆
لیکھے والا (ہ) مذکر-(۱) ساہوکار (۲) اکاؤنٹنٹ ◆
لیگ (لِیگ) (انگریزی- League) مؤنث-مجلس-جماعت-کمیٹی ◆
لیگ آف نیشنز (League of Nations) مؤنث-جمعیت الاقوام-وہ مجلس جو تمام قوموں پر مشتمل ہے اور جس میں ہر قوم کے نمائندے موجود ہیں ◆
لیل (لَیل) (ع) مؤنث-رات-شب ◆
لیل و نہار (ع) مذکر-رات دن-شب و روز ◆
لیلا (لے-لا) (ہ) مذکر-بکری یا بھیڑ کا بچّہ-برّہ ◆
لیلا (لی-لا) (س) مؤنث-ہندو (۱) کھیل-لہو و لعب-عیش و نشاط-سیر و تماشہ (۲) تماشائے قدرت-کرتب ◆
لیلا دھاری (ہ) مذکر-ایکٹر-کھلاڑی-تماشا دکھانے والا ◆
لیلاوتی (س) مؤنث-عیّاش عورت-عیش و نشاط منانے والی عورت-چھلاوہ ◆
لیلۃ الاسریٰ (ع) مؤنث-شب معراج ◆
لیلۃ البدر (ع) مؤنث-چودھویں رات جس میں چاند پورا ہو جاتا ہے-اور اس کی روشنی کمال کو پہنچ جاتی ہے ◆
لیلۃ القدر (ع) مؤنث-شب قدر-ایک متبرک رات کا نام جو سال میں ایک مرتبہ آتی ہے-اس ایک رات کی عبادت کا ثواب ہزار ماہ کے برابر ہوتا ہے-اس لئے اس کی سب سے زیادہ قدر کی جاتی ہے ◆
لیلیٰ-لیلا (لے-لا) (ع) مؤنث-(۱) لڑکی یعنی شب رنگ سیاہ فام-سانولی (۲) مشہور واقع عرب میں قیس یعنی مجنوں کی معشوقہ (۳) مجازاً ہر معشوقہ (۴) تشبیہاً خوبصورت حسینہ-جمیلہ ◆

لیلیٰ را بہ چشمِ مجنوں باید دید (ف) (مقولہ) معشوق کو عاشق کی نظروں سے دیکھنا چاہیئے ۔

لیلیٰ زاد (ع) (ف) معشوق ۔ (ع) دش ۔

لیمپ (لیمپ) (انگریزی ۔ Lamp) (مذکر) چراغ ۔ دیا ۔ انگریزی طرز کا چراغ ۔

لیمن (یے ۔ مَن) (انگریزی ۔ Lemon) (مذکر) لیموں ۔ نیبو ۔ ترنج ۔

لیمو (لِی ۔ مُو) (ف ۔ مذکر) نیبو ۔ ترنج ۔ ایک ترش گول پھل جو نافع صفرا ہوتا ہے ۔

لیمو کے چور کا ہاتھ کٹتا ہے (۱) بازار جور و جفا گرم ہے ۔ اندھیر نگری چوپٹ راجہ ۔

لیموں (ع) (مذکر) نیبو ۔ ترنج ۔

لیمونیڈ (لے ۔ مو ۔ نیڈ) (انگریزی ۔ Lemonade) (مذکر) لیمو کا میٹھا پانی یا شربت ۔

لین (لین) (ع ۔ مذکر) لینا ۔ حاصل کرنا ۔

لین دین (ع) (مذکر) (۱) لینا دینا ۔ داد و ستد ۔ حساب کتاب (۲) معاملہ ۔ برتاؤ ۔ بیوہار (۳) خرید و فروخت (۴) واسطہ ۔ تعلق ۔ سروکار (۵) کاروبار ۔ تجارت ۔ سوداگری ۔

لین دین کرنا (ع) (۱) داد و ستد کرنا (۲) معاملہ کرنا ۔ بیوہار کرنا (۳) خرید و فروخت ۔ کاروبار ۔ تجارت کرنا ۔

لین (لین ۔ مشدد) (انگریزی ۔ Line) (مؤنث) لائن ۔ لکیر ۔ خط ۔ جدول ۔ رول (۲) ڈوری ۔ رسّی (۳) حد ۔ بندی (۴) قطار ۔ صف ۔ باڑ (۵) سطر (۶) لوہے کی پٹڑی ۔ ریل کی سڑک (۷) چھاؤنی ۔ کیمپ ۔ لشکر گاہ ۔

لین ڈوری (ع) مؤنث ۔ وہ خیمہ جو آگے جاتا ہے ۔ پیش خیمہ ۔ وہ فوجی سامان جو کوچ سے پیشتر روانہ کیا جاتا ہے ۔

لین کلیئر (مشدد) (انگریزی) لائن کلیر Line clear دیکھو (لائن کلیر) ۔

لینا (لے ۔ نا) (ع ۔ مذکر) وہ روپیہ جو لینا ہو ۔ قرضہ آسامی یا لہنی ۔

لینا (ع) (۱) پکڑنا ۔ گرفت کرنا (۲) حاصل کرنا ۔ اخذ کرنا (۳) سنبھالنا ۔ سہارنا ۔ تھامنا (۴) خریدنا (۵) قرض لینا ۔ (۶) فتح کرنا ۔ جیتنا (۷) وصول کرنا ۔ اُگاہنا ۔

لینا ایک نہ دینا دو (۱) حاصل نہ حصول ۔ فائدہ نہ غرض نہ کسی سے ایک لینا ہے نہ دو دینے ہیں ۔

لینا دینا (ع) (مذکر) (۱) لین دین ۔ داد و ستد ۔ حساب کتاب ۔ برتاؤ ۔ معاملہ ۔

لینا نہ دینا باتوں کا جمع خرچ (۱) (مثل) فضول وقت گزارنا ۔ تضیعِ اوقات کرنا ۔ نری باتیں ہی باتیں کرنا جن کا نتیجہ کچھ نہ نکلے ۔ ناحق کی دردسری ۔

لینا نہ دینا کا ہے کے مسئلے (۱) (مثل) فضول بیہودہ بے فائدہ ۔ لاحاصل ۔ کچھ حاصل نہ حصول ۔

لینڈ (لِینڈ) (ع) مذکر ۔ فضلہ ۔ موٹی لینڈی ۔ گندگی ۔ گُوہ ۔

لینڈ (لَینڈ) (انگریزی ۔ Land) (مؤنث) زمین ۔

لینڈ لارڈ (انگریزی ۔ Land lord) (مذکر) زمیندار ۔ مالک زمین ۔

لینڈو (لین ۔ ڈو) (انگریزی ۔ Lando) (مؤنث) ایک قسم کی گاڑی جس کے اوپر کھلدار چھت ہوتی ہے ۔ جب چاہا چڑھا لی اور جب جی چاہا اُتار لی ۔

لینڈی (ع) مؤنث ۔ (۱) چھوٹا لینڈ ۔ بندھا ہوا پاخانہ ۔ (۲) چھوٹا کتا جو شکار کے قابل نہیں ہوتا (۳) بزدل ۔ ڈرپوک ۔ نامرد ۔

لینڈی تر ہونا (ع) غرور زیادہ ہونا ۔ گھمنڈ بڑھنا ۔ بہت خوش ہونا ۔ (طنزاً)

لینڈی کتا (ع) بازاری اور عام کتا ۔ ڈرپوک اور بزدل کتا ۔

لینڈی کتے کی موت مارنا (۱) نہایت آسانی سے مار ڈالنا ۔ نہایت ذلت سے مارنا ۔

لینی (لے ۔ نی) (ع ۔ مؤنث) وہ رسم جو بچے کو دایہ سے واپس لینے پر ادا کی جاتی ہے ۔

لینے کے دینے پڑ جانا (پڑنا) (۱) فائدے کی جگہ نقصان ہونا ۔ مصیبت بننا ۔

لینے میں نہ دینے میں (۱) نفع میں نہ نقصان میں برے میں نہ بھلے میں ۔ بے تعلق اور بے غرض ۔

لینے دینے میں نہ ہونا (۱) بے تعلق اور بے غرض ہونا ۔ واسطہ نہ ہونا ۔

لینے کو چھلنی دینے کو کانٹا (۱) (مثل) (۲) لیتے وقت اچھی چیز لینا اور دیتے وقت بری سے بری دینا ۔

لیوا (لے ۔ وا) (ع) لینے والا ۔ مستعمل (۲) کا ۔ لے ۔ جیسی

یا بکری کا تھن ؛

لیول (سے ۔ وَل) (۱) انگریزی۔ Level (۱) ہموار۔ مساوی۔ برابر کا ؛ (۲) (مذکر) یکسانیت دیکھنے کا ایک اوزار ؛

لیوی (سے ۔ وِی) (۱) انگریزی۔ Levy (مؤنث) (۱) مالگذاری یا لگان وصول کرنا (۲) جنگ کے لئے فوج کی بھرتی (۳) عائد کرنا ۔ لگانا (۴) قانوناً وصول کرنا ؛

لیہی (سے ۔ ہی) (۱) دیکھو (لیئی) ؛

لیئی (سے ۔ ای) (۲) مؤنث ۔ وہ لیسدار مادہ جو میدے کو پانی میں پکا کر کاغذ وغیرہ جوڑنے کے لئے بناتے ہیں ؛

م

م (میم) (ع) مذکر عربی کا چوبیسواں۔ فارسی کا اٹھائیسواں۔ ہندی کا پچیسواں اور اُردو کا اکتیسواں حرف ہے۔ ابجد میں اس کے چالیس عدد فرض کئے گئے ہیں ✦

مـا

مآب (مَآب) (ع۔ مؤنث) لوٹ کر جانے کی جگہ ✦

مآت (مِآت) (ع) مأت کی جمع کئی سو سیکڑوں ✦

مآثر (مَآثِر) (ع۔ مذکر) ماثرہ کی جمع آثار۔ اچھے کام (۲) تاریخیں۔ حدیثیں (۳) یادگاریں۔ نشانیاں ✦

مآل (مَآل) (ع۔ مذکر) لوٹنے کی جگہ (۲) انجام ✦

مآل اندیش (ع۔ ف) انجام سوچنے والا ✦

مآل اندیشی (ع۔ ف) مؤنث) دُور اندیشی ✦

مآل کار (ع۔ ف) (۱) مذکر کام کا نتیجہ۔ کرنی کا پھل (۲) انجام کار۔ آخرکو ✦

ما (مَا) (ہ۔ مؤنث) ماں کا مخفف ✦

ما (مَا) (ف) ہم ✦

ما بخیر شما بسلامت (ف) مثل) ہم خیریت سے۔ تم سلامتی سے ہم جُدا تم جُدا۔ ہمیں تم سے کوئی واسطہ نہیں ✦

ما بدولت (ف) وہ کلمہ جو بادشاہ اپنے متعلق استعمال کرتے تھے ✦

ما چہ دمی) سرائیم و طنبورۂ ما چہ (می) سراید (ف) مثل) دیکھو (من چہ (می) سرایم) ✦

ما در چہ خیالیم و فلک در چہ خیال (ف۔ مثل) ہم کس خیال میں ہیں اور آسمان کس خیال میں ہے۔ خلاف امید بات کے محل پر بولتے ہیں ✦

ما را چہ ازیں قصّہ کہ گاؤ آمد و خر رفت (ف) مثل) ہمیں اس بات سے کیا غرض کہ بیل آیا اور گدھا چلا گیا۔ اس موقع پر بولتے ہیں جب کسی کے تنے جانے پر بے پروائی کا ... مقصود ہو ✦

ما و شما (ف۔ مذکر) ہم اور تم۔ سب لوگ ہر شخص ✦

ما و من (ف۔ مؤنث) (۱) خودستائی۔ تکبر (۲) مذکر۔ ایرے غیرے

ما (مَا) (ع) (۱) جو نہیں ... (۲) جو کچھ کوئی چیز (۳) کیا۔ کیا چیز (۴) کون (۵) کیوں (۶) کیونکہ ✦

مابعد (ع) پچھلا۔ پیچھے کا۔ پیچھے آنے والا ✦

مابقا (ع) (۱) باقی بچا ہوا۔ (۲) جھوٹا کھانا پس خوردہ ✦

ما بہ الاحتیاج (ع۔ مذکر) ضرورت کی چیز یا چیزیں جن کی حاجت ہو ✦

ما بہ الامتیاز (ع۔ مذکر) وہ چیز جس سے شناخت ہو سکے۔ باعث امتیاز۔ نشان امتیاز ✦

ما بہ النزاع (ع۔ مذکر) جھگڑے کی بنا۔ فساد کا باعث ✦

مابین (ع) اوسط۔ بیچ۔ درمیان ✦

ماتحت (ع) (۱) زیر فرمان۔ زیر حکم۔ نیچلے درجے کا (۲) نائب۔ مددگار۔ ہاتھ بٹانے والا ✦

ماتقدم (ع) پہلے کا۔ اوّل کا۔ جو پہلے گزر چکے۔ مذکورہ بالا ✦

ماحصل (ع۔ مذکر) (۱) حاصل شدہ۔ جو کچھ حاصل ہو۔ نتیجہ۔ تحصیل۔ ثمرہ (۲) نفع۔ فائدہ۔ منافع (۳) پیداوار۔ غلہ۔ اناج۔ جنس وغیرہ ✦

ماحضر (ع۔ مذکر) جو کھانا موجود ہو۔ جو کچھ حاضر ہو۔ موجودہ ✦

مادام (ع) (۱) ہمیشہ (۲) جب تک ✦

مادام الحیات (العمر) (ع) عمر بھر۔ تا عمر۔ زندگی تک ✦

مازاغ (ع۔ مذکر) قرآن مجید کی آیت "مازاغ البصر وما طغیٰ" کی طرف اشارہ ہے۔ نہ پھیری آنکھ اور نہ نافرمانی کی ✦

ماجرا (ع۔ مذکر) (۱) جو چیز جاری ہو۔ جو کچھ گزر گیا (۲) سرگزشت (۳) ... واقعہ ... (۴) درجہ۔ حالت کیفیت (۵) ذکر اذکار ✦

ماسبق (ع) گزشتہ۔ جو پہلے گزر چکا ہو۔ اوّل الذکر ✦

ماسلف (ع) گزرا ہوا۔ گزشتہ۔ بیتا ہوا ✦

ماسوا (ع) بجز۔ ... کے سوا۔ علاوہ (۲) ... تصوف کی اصطلاح میں ... کے سوا جو کچھ ہے ✦

ماشاء اللہ (ع) جو خدا نے چاہا ... (۲) ... سبحان اللہ کیا کہنا ہے ✦

مافات (ع) جو فوت ہوا۔ جو گزر گیا ✦

مافوق (ع) جو اوپر ہو۔ اعلیٰ ... اونچا ... برتر۔ فائق ✦

مافی الضمیر (ع) مذکر۔ دل کی بات۔ نیت۔ غرض۔ مطلب۔ مدعا۔ مقصد ◆

مافیہا (ع) مذکر۔ جو کچھ اس میں ہے ◆

ماقبل (ع) مذکر۔ پہلے کا۔ جو پہلے ہو ◆

ماقبل الذکر (ع) مذکر۔ جس کا ذکر ہو چکا ہو۔ مذکورہ بالا ◆

مالایطاق (ع) مذکر۔ کسی کی قدرت طاقت سے باہر کی چیز یا کام ◆

مالاینحل (ع) مذکر۔ جو حل نہ ہو سکے۔ ادق مسئلہ جو ناقابل حل ہو ◆

مَالَہٗ وَمَا عَلَیہ (ع) مذکر۔ (۱) معاملے کے تمام پہلو۔ (۲) بُرائی بھلائی۔ نفع نقصان ◆

ماوجب (ع) وُہ چیز جو واجب ہو ◆

ماوَرا (ع) بجز۔ سوا۔ اس کے علاوہ۔ علاوہ بریں ◆

مایحتاج (ع) مذکر۔ وُہ شئے جس کی انسان کو حاجت پڑتی ہے۔ ضروریات ◆

مایُقرا (ع) ایسی تحریر جو پڑھی جا سکے ◆

ماں (ماں) (ف) مؤنث۔ مادر۔ ماتا۔ والدہ۔ امّاں۔ بچے اپنی ماں کو اسی کلمہ سے خطاب کرتے ہیں ◆

ماں ایلی باپ تیلی بیٹا زپوت ہشاخ زعفران (ل) (مثل) جب کوئی نیچ قوم یا کمینہ شیخی مارے تو اس کے حق میں بولتے ہیں یا کوئی ادنیٰ فخر خاندان ہو جائے تو اس کی نسبت بھی کہتے ہیں ◆

ماں باپ (ہ) مذکر۔ والدین۔ مادر پدر۔ ماتا پتا ◆

ماں بہن (ہ) مؤنث۔ والدہ ہمشیرہ ◆

ماں بہن کرنا (ہ) کسی کی ماں بہن کو گالی دینا ◆

ماں بیٹوں میں چھنالا نہیں چھپتا (ہ) (مثل) قریبی رشتہ داروں یا پاس رہنے والوں سے عیب نہیں چھپ سکتا ◆

ماں بیٹوں میں لڑائی ہوئی لوگوں نے جانا بیر پڑا (ہ) (مثل) آپس کی لڑائی کو کوئی لڑائی نہیں سمجھی جاتی ◆

ماں پر پوت پتا پر گھوڑا بہت نہیں تو تھوڑا تھوڑا (ہ) (مثل) اولاد اپنے ماں باپ پر ہوتی ہے ◆

ماں پنہاری بغلی۔ باپ ہفت ہزاری نہ بھلا (ل) (مثل) باپ کی محبت سے ماں کی محبت زیادہ ہونے پر بولتے ہیں ◆

ماں ٹھینی باپ کلنگ } (ل) (مثل) دوغلے یا ناخلف خاندان
بچے نکلے رنگ برنگ } کی بُری اولاد کی نسبت بولتے ہیں ◆

ماں جائی (ہ) مؤنث۔ ہمشیرہ۔ سگی بہن۔ خواہر ◆

ماں جایا (ہ) مذکر۔ سگا بھائی۔ برادر حقیقی ◆

ماں چھوڑ موسی سے ٹھٹھا (ہ) (مثل) (دو) اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی چھوٹا بد تمیزی کرے ◆

ماں سارنگی باپ تنبور (ہ) مذکر۔ کم ذات بچہ۔ جس کی ماں ڈومنی اور باپ ڈوم ہو۔ میراثی ◆

ماں سے سوا چاہے سو کٹنی کہلائے (ل) (مثل) ماں سے زیادہ پیار جتانا ضرور کسی خاص بات پر مبنی ہوتا ہے ◆

ماں فقیرنی پوت فتح خاں (ل) کم اصل و نیچ خاندان کے مغرور آدمی کی نسبت بولتے ہیں ◆

ماں کا پیٹ کمہار کا آوا۔ کوئی کالا کوئی گورا (ہ) (مثل) جس طرح کمہار کے آوے سے برتن سرخ و سیاہ پکے اور کچے نکلتے ہیں، اسی طرح ماں کے پیٹ سے بھی کالے اور گورے بچے پیدا ہوتے ہیں۔ یہ مثل وہاں بولی جاتی ہے جہاں ایک ہی ماں باپ کے بیٹے بعض خوبصورت اور بعض بدصورت ہوں ◆

ماں کا دودھ (ہ) مذکر (۱) شیر مادر (۲) نہایت مفید (۳) حلال۔ جائز ◆

ماں کو نہ باپ کو جو بنے گی سو آپ کو (ہ) (مثل) ہر نیک و بد عمل کا ذمہ دار کرنیوالا ہی ہوتا ہے ◆

ماں کے پیٹ سے لیکر کوئی نہیں آتا (ہ) کام سیکھنے ہی سے آتا ہے۔ سیکھا سکھایا کوئی پیدا نہیں ہوتا ◆

ماں کے پیٹ سے لیکر نکلنا (ہ) سیکھا سکھایا پیدا ہونا یعنی بغیر کچھ حاصل کرنا ◆

ماں مارے اور ماں ہی پکارے (ہ) (مثل) اپنا جلے کتنی ہی تکلیف دے پھر بھی اپنا ہی کہلائے گا۔ اپنوں کی سختی بھی بُری نہیں لگتی ◆

ماں مرگئی پیاسی پوت (بیٹے) کا نام تبنا (ہ) (مثل) ماں باپ غریب تھے اور اولاد امیر ہو گئی ◆

ماں مری بغیر کفن۔ بیٹی کا نام قلچی (ہ) (مثل) (دو) اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص شیخی ہانکنے لگے ◆

ماں مرے ماسی جیے (ہ) (مثل) ماں مر جائے گی تو خالہ پر نگی بیتی۔ ماں اور خالہ کی محبت میں کوئی فرق نہیں ◆

ماں نہ ماں کا جایا سبھی لوک پرایا (ہ) (مثل) اس جگہ کی نسبت بولتے ہیں جہاں کوئی اپنا واقف نہ ہو ◆

ماں، ماں (ہ) انعد۔ بہتر نیچ ◆

مابون (ع) مذکر۔ (۱) وہ شخص جسے اغلام کرانے کی علت ہو ◆

ماپ (ناپ) (ہ) مؤنث (۱) پیمائش۔ ناپ (۲) پیمانہ (۳) اندازہ۔ مبالغہ۔ لمبائی چوڑائی کا تخمینہ ◆

ماپ تول (ہ) مؤنث۔ وزن طول کی پیمائش۔ رقبہ جانچ پڑتال ◆

مَاپک (ہ) (مذکر) ناپ۔ ماپ۔ پیمائش (۲) ناپنے والا پیمائش کرنے والا ♦
ماپنا (ہ) (۱) پیمائش کرنا۔ ناپنا (۲) جانچنا۔ اندازہ کرنا ♦
مَاْت (مَاْت) (ع) مئو۔ ۱۰۰ ♦
مات (مَات) (ع۔ مؤنث) ہار۔ شکست۔ ہزیمت۔ زک ♦
مات دینا (ہ) (۱) ہرانا۔ جیتنا۔ بازی لے جانا (۲) شکست دینا۔ مغلوب کرنا (۳) نیچا دکھانا۔ شرمندہ کرنا ♦
مات کرنا (ہ) (۱) شکست دینا۔ ہرانا۔ بازی لے جانا (۲) شرمندہ کرنا (۳) فوقیت لے جانا۔ کسی کام میں بڑھ جانا ♦
مات ہو جانا (ہونا) (ہ) (۱) شکست کھانا۔ ہارنا (۲) شرمندہ ہونا۔ ماند ہونا ♦
ماتا (مَا۔ تَا) (ہ۔ مؤنث) (ہندی) (۱) ماں۔ اماں۔ والدہ (۲) چیچک سیتلا ♦
ماتا پِتا (ہ) (مذکر) (۱) ماں باپ۔ والدین (۲) بزرگ۔ آقا۔ مالک ♦
ماتا نکلنا (ہ) (۱) بدن پر چیچک کے داغ پیدا ہونا۔ سیتلا اُبھرنا ♦
ماتر (س۔ مؤنث) (ہندی) (۱) اکیلا۔ تنہا۔ فقط۔ تھوڑا سا۔ کسی قدر (۲) اندازہ ♦
ماترا (س۔ مؤنث) (ہندی) (۱) ناپ۔ ماپ۔ کسی دوا کی مقدار یا اندازہ (۲) ہندی حرفوں کے اعراب (۳) مال دھن۔ دولت۔ زر ♦
ماتم (مَا۔ تَم) (ع۔ مذکر) (۱) مصیبت۔ آفت (۲) سیاپا (۳) سوگ۔ رنج۔ غم۔ ملال (۴) آہ و نالہ۔ نوحہ۔ گریہ و زاری (۵) اہل تشیع میں چھاتی پیٹنے کا فعل۔ سینہ کوبی ♦
ماتم پُرسی (ع۔ ف۔ مؤنث) تعزیت۔ پُرسا۔ ورثائے میّت سے ہمدردی و غمخواری ♦
ماتم پُرسی کرنا (ہ) تعزیت کرنا۔ پُرسا دینا۔ میّت کے وارثوں سے غمخواری اور ہمدردی کرنا ♦
ماتم خانہ (ف۔ مذکر) سوگ کا گھر ♦
ماتم سرا | **ماتم کدہ** } غم کا گھر۔ وہ گھر جس میں کوئی مصیبت یا غم انگیز واقعہ ہو گیا ہو۔
ماتم دار (ع۔ ف) ماتمی۔ سوگی۔ سوگوار ♦
ماتم داری (ع۔ ف) مؤنث۔ غم۔ سوگ۔ رنج و غم۔ کہرام۔ گریہ و زاری ♦
ماتم زدہ (ف۔ مذکر) ماتمی۔ غمگین۔ رنجور ♦
ماتم کرنا (ہ) (۱) ماتم کرنا۔ رنج کرنا (۲) سوگ کرنا۔ مُردے کو رونا (۳) مرثیہ خوانی کرنا۔ سینہ کوبی کرنا ♦
ماتمی (ع) ماتم کرنے والا۔ سوگوار۔
ماتمی لباس (ع) (مذکر) سیاہ یا سیاہ رنگ کا لباس جو رنج و غم کی حالت میں پہنا جاتا ہے ♦
ماتھا (مَا۔ تھَا) (ہ) مذکر (۱) پیشانی۔ جبین۔ مستک۔ سر کا اگلا حصّہ (۲) ناؤ کا اگلا حصّہ ♦
ماتھا پیٹنا (ہ) (۱) ماتم کرنا۔ سر پیٹنا (۲) پچھتانا۔ افسوس کرنا۔
ماتھا پیٹی (ہ) مؤنث (۱) ماتمی عورت (۲) وہ عورت جس کا ماتھا چپٹا اور بیٹھا ہو ♦
ماتھا ٹھنکنا (ہ) کسی کام کی بدانجامی کے متعلق پہلے ہی خبر ہو جانا ♦
ماتھا رگڑنا (ہ) (۱) پیشانی گھِسنا۔ جبہ سائی کرنا (۲) خوشامد کرنا۔ ناک رگڑنا۔ نہایت عاجزی کرنا ♦
ماتھُر (س۔ مذکر) (۱) متھرا کا رہنے والا (۲) کائستھوں کی ایک ذات ♦
ماتھے (ہ) "ماتھا" کی جمع ♦
ماتھے جانا (ہ) الزام لگنا۔ سر لگنا۔ تھُپنا ♦
ماتھے چاند ٹھوڑی تارا (ہ) خوبصورتی کی تعریف یعنی ماتھا چاند سا روشن ہے اور ٹھوڑی تارے کی طرح چمک رہی ہے ♦
ماتھے مارنا (ہ) واپس کرنا۔ لوٹانا۔ پھیرنا۔ سر سے مارنا ♦
ماتی (مَا۔ تی) (ہ) (۱) مست۔ مخمور۔ مدہوش (۲) نوجوان (۳) شاداب۔ تر و تازہ (۴) بھرپور۔ پورا۔ کامل ♦
ماٹ (مَاٹ) (ہ) مذکر (۱) مٹکا۔ خم (۲) نیل کا حوض ♦
ماٹھ (مَا۔ ٹھ) (ہ۔ مؤنث) (۱) مٹھی (۲) مذکر۔ دیکھو ماٹ (۳) دیکھو رنگ ♦
ماٹھا پھولام (مَا۔ ٹھَا۔ پھُو۔ لَام) (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا کپڑا جو ہندوستان میں بنا جاتا ہے ♦
ماٹھو (مَا۔ ٹھو) (ہ) مذکر (۱) مسخرا آدمی (۲) بیوقوف شخص (۳) ایک قسم کا بندر ♦
ماٹی (مَا۔ ٹی) (ہ) مؤنث (۱) مٹی۔ خاک۔ دھول۔ گرد و غبار (۲) زمین۔ دھرتی ♦
ماٹی میں رُلنا (ہ) (۱) خاک میں ملنا۔ دفن ہونا (۲) برباد ہونا ♦
مَاثُور۔ مَاثُورہ (مَا۔ ثُور۔ مَاثُو۔ رَہ) (ع) (۱) نقل کیا ہوا (۲) اثر قبول کیا ہوا (۳) جزا دیا ہوا ♦
ماجد (مَا۔ جِد) (ع) مذکر۔ بزرگ۔ قابل احترام شخص ♦
ماجدہ (ع) قابل تعظیم عورت۔ معظمہ۔ بزرگ عورت۔ ماں۔ چچی۔ تائی وغیرہ۔ بزرگ رشتہ دار عورتوں کے لئے مستعمل ہوتا ہے ♦

ماجنا (نا۔ نا) (ہ)، مذکر (ہندو) (۱) عزت۔ پت آبرو۔ وقار۔ وقر ◆

ماجُو (نا۔ جُو) (ہ)، مذکر۔ ایک قسم جو بطور دوا کام آتا ہے ◆

ماجُوج (ع)، مذکر۔ ایک قوم جو حضرت یافث ابن نوحؑ کی اولاد سے ہے ◆

ماچھی (نا۔ چھی) (ہ) دیکھو: ماچھی ◆

ماچا (نا۔ چا) (ہ)، مذکر (۱) اونچی اور بہت بڑی چارپائی (۲) وہ اونچی جگہ جس سے کھیت کے پرندوں کو اڑاتے ہیں۔ مانڈ۔ مچان ◆

ماچا توڑ (ہ)، مذکر۔ کاہل۔ سست آدمی۔ نکما۔ نکھٹو جو چارپائی پر پڑا رہے ◆

ماچی (ہ)، مؤنث (۱) چارپائی۔ پلنگڑی (۲) وہ جالی دار تھیلا جو گاڑی کے پیچھے اسباب وغیرہ رکھنے کے لئے ہوتا ہے ◆

ماخذ (ع) (۔ خذ) (ع)، مذکر (۱) اخذ کرنے یا لینے کی جگہ۔ نکاس۔ وہ جگہ جہاں سے کوئی چیز نکلے (۲) اصل بنیاد (۳) مادہ۔ مبدا ◆

ماخوذ (نا۔ خوذ) (ع)، مذکر (۱) گرفتار۔ پھنسا ہوا (۲) لیا ہوا ◆

ماخوذ ہونا (ع)۔ گرفتار ہونا۔ پکڑا جانا ◆

مادر (دَر) (ف)، مؤنث۔ ماں۔ والدہ۔ اماں۔ ماتا ◆

مادرانہ (ف)۔ ماں سے متعلق ◆

مادر بخطا (ف۔ ع)، مذکر۔ حرامی۔ ولدالزنا۔ ایک سخت گالی ◆

مادر خواہی کرنا۔ ماں کو گالی دینا ◆

مادر زاد (ف) (۱) پیدائشی۔ جنم کا (۲) بچہ جو ابھی ماں کا جنا ہوا ہو ◆

مادر زاد اندھا یا نابینا (ف) جنم کا اندھا۔ کور مادرزاد۔ سورداس ◆

مادرانہ۔ ماں کا۔

مادری (ف) (۱) ماں کی طرف منسوب۔ ماں کا (۲) پیدائشی فطری ◆

مادری زبان (ف)، مؤنث۔ ماں کی زبان۔ گھر کی زبان۔ ذاتی زبان۔ اپنی زبان ◆

مادہ (نا۔ دَہ) (ف) عورت۔ نر کی نقیض۔ استری۔ مؤنث ◆

مادّہ (نا۔ دّہ) (ع)، مذکر (۱) ہر چیز کا اصل۔ وہ شے جس سے کوئی چیز بنائی جائے (۲) جوہر۔ گوہر۔ گن (۳) قابلیت۔ صلاحیت۔ استعداد (۴) باب۔ مقدمہ۔ بابت (۵) ماخذ۔ اصل۔ جڑ۔ منبع (۶) کسی بات کے سمجھنے کی قوت۔ عقل۔ تمیز۔ ادراک (۷) جسم۔ وجود (۸) مواد۔ پیپ ◆

مادّی (ع) (۱) مادہ سے منسوب (۲) ذاتی۔ اصلی۔ قدرتی۔ طبعی ◆

مادیان (نا۔ دیاں) (ف)، مؤنث۔ گھوڑی۔ مادہ اسپ ◆

مادّیت (ع)، مؤنث۔ جسمانیت۔ جسمیت ◆

ماڈریٹ (نا۔ ڈریٹ) Moderate (ا) معتدل (۲) مذکر۔ ایک گروہ ہے انگلستان میں جو میانہ روی کا قائل ہے۔ اور افراط و تفریط کو برا سمجھتا ہے ◆

مار (ف)، مذکر۔ سانپ۔ ناگ۔ افعی ◆

مار آستین (ف)، بغل کی چھری۔ دوست نما دشمن ◆

مارپیچ (نا۔ پیچ) (ف)، مذکر (۱) پیچ۔ بل۔ چکر دار جھاڑ کی چوٹی (۲) سانپ کی سی لہر۔ پیچ دار۔ ٹیڑھا راستہ ◆

مارگزیدہ (ف) وہ شخص جسے سانپ نے ڈس لیا ہو ◆

مارگزیدہ از ریسماں مے ترسد (ف)، مثل؛ سانپ کا ڈسا ہوا رسی سے ڈرتا ہے۔ جس چیز سے نقصان پہنچا ہو۔ اس کی ہم شکل سے بھی خوف ہوتا ہے ◆

مار گیسو (ف)، مذکر۔ معشوق کی پیچ دار زلف۔ جوش عشق کی لٹ ◆

مارمہرہ (ف)۔ مذکر۔ وہ مہرہ جو سانپ کے سر سے نکالا جاتا ہے ◆

مار (ہ)، مؤنث (۱) چوٹ۔ ضرب۔ زدوکوب (۲) حصر۔ دھکا (۳) عذاب۔ رنج دکھ۔ تکلیف۔ مصیبت (۴) لعنت۔ پھٹکار۔ ملامت (۵) غضب الٰہی۔ وبال۔ آفت (۶) کثرت۔ بہتات۔ شدت ◆

مار اُتارنا (ہ)، (۱) مار ڈالنا (۲) مرنے کے قریب کر دینا (۳) تباہ کرنا (۴) مرہ لینا ◆

مار بھگانا (ہ)، مار کر بھگا دینا۔ ہرا دینا۔ شکست دینا ◆

مار بیٹھنا (ہ)، (۱) ٹھوک دینا۔ لکڑی سے پیٹ دینا (۲) مار لینا۔ غصب کر لینا ◆

مار پڑنا (ہ)، (۱) مار پیٹ ہونا۔ زدوکوب ہونا۔ خدا کا غضب ٹوٹنا (۲) بددعا لگنا ◆

مارپیٹ (ہ)، مؤنث، (۱) مار کٹائی۔ زدوکوب۔ لڑائی جھگڑا ◆

مار پیٹ کے (ہ) مشکل سے ◆

مار پیچھے سنوار (ہ): (۱) لڑائی کے بعد صلح (۲) رسوائی کے بعد نیک نامی ◆

مار دھاڑ (ہ) مؤنث۔ زد و کوب۔ جنگ و جدل ◆

مار دینا (ہ): (۱) جان نکال دینا۔ قتل کر دینا (۲) مار بیٹھنا ◆

مار ڈالنا (ہ) (۱) ہلاک کر دینا۔ قتل کر دینا (۲) تباہ و برباد کر دینا (۳) عاشق بنا لینا۔ فریفتہ کر لینا (۴) بیتاب کر دینا۔ پچھاڑ دینا۔ ہنساتے ہنساتے لٹا دینا ◆

مار رکھنا (ہ) (۱) مر دے کے برابر کر دینا (۲) عاشق بنا لینا۔ (۳) تباہ و برباد کر دینا (۴) دوسرے کے مال پر ناجائز قبضہ کر لینا ◆

مار سے بھوت بھاگتا ہے (ہ) (مثل) مار بھوت کو بھی درست کر دیتی ہے۔ مار کے آگے سب جھک جاتے ہیں ◆

مار کٹائی (ہ) مؤنث۔ مار پیٹ۔ زد و کوب۔ مار دھاڑ ◆

مار کھانا (ہ) سزا پانا۔ پٹنا۔ ضرب کھانا ◆

مار کھانے کی نشانی (ف) کمزور۔ ناطاقت ◆

مار لینا (ہ) (۱) ناجائز طور سے قبضہ کر لینا۔ دبا لینا (۲) لوٹ لینا۔ تباہ کر دینا ◆

مار مرنا (ہ) دوسرے کو قتل کر کے اپنے آپ کو ہلاک کر لینا ◆

مار مارنا۔ زد و کوب کرنا۔ پیٹنا ◆

مار مُٹے مار تیری ہتڑی پہ آئے میری عادت نہ جائے (ہ) (مثل) چاہے کیسی ہی سزا دے، تیرے اپنے ہی ہاتھ درد کریں گے میری عادت نہ چھوٹے گی ◆

مارا (ہ) مؤنث۔ بارانی زمین جس میں صرف بارش کے پانی سے پیداوار ہو ◆

مارا (ہ) (۱) کشتہ۔ مقتول۔ ذبح (۲) ڈسا ہوا۔ گزیدہ (۳) تباہ شدہ۔ برباد شدہ (۴) دکھی۔ ستایا ہوا (۵) مارا ہوا۔ زدہ ◆

مارا جانا (ہ) (۱) جان سے جانا۔ قتل ہونا۔ ہلاک ہونا (۲) ڈوبنا۔ ضائع ہونا (۳) تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ تلف ہونا ◆

مارا مار (ہ) مؤنث (۱) کثرت۔ بہتات۔ افراط۔ زیادتی (۲) جلد و جلد۔ نہایت کوشش (۳) مار دھاڑ۔ زد و کوب (۴) بھاگڑ۔ بھل بھل ◆

مارا مار کرنا (ہ) (ہ) نہایت کوشش کرنا۔ دوڑ دھوپ کرنا جلدی کرنا ◆

مارا مارا پھرنا (ہ) (۱) در بدر پھرنا (۲) آوارہ پھرنا (۳) ٹھوکریں کھاتے پھرنا (۴) بھوکا بھٹکا پھرنا۔ بھٹکتا پھرنا ◆

ماربل (مَار۔ بَل) (انگریزی) Marble مذکر
سنگ مرمر۔ ایک قسم کا سفید پتھر ◆

مارتا (ہ) مذکر۔ مارنے والا ◆

مارتول (ہ) مذکر۔ ہتوڑا۔ موگرا۔ ٹھونکنے کا آلہ ◆

مارتے مارتے بھرکس بنا دینا (ہ) نہایت سخت مارنا۔ بُری طرح پیٹنا ◆

مارچ (مَارچ) (انگریزی) March (مذکر) (۱) تیسرا انگریزی مہینہ (۲) کوچ (۳) فوجی اصول سے چلنا ◆

مارشل (مَار۔ شَل) (انگریزی) Martial (مذکر) سردار۔ سپہ سالار۔ سب سے اونچے درجے کا فوجی عہدہ ◆

مارشل لا (انگریزی) Martial Law (مذکر)
فوجی قانون۔ جنگی قانون ◆

مارک (مَا۔ رک) (انگریزی) Mark (مذکر) علامت۔ نشان ◆

مارکا (مَا۔ رکا) (مارک کا محرف) (۱) کسی سلطنت کی علامت ظاہر کرنے کا نشان (۲) کمپنی یا کارخانے کی علامت ◆

مارکوئس (انگریزی) Marquis
(مذکر) دولت میں امرا کا ایک خطاب ◆

مارکیٹ (مَار۔ کیٹ) (انگریزی) (Market)
(مؤنث) بازار۔ منڈی ◆

مارگ (س) مذکر (۱) رستہ۔ راہ۔ باٹ (۲) طریق۔ سبیل۔ مسلک (۳) طور۔ طریقہ۔ روش۔ ڈھب (۴) علاج۔ تدبیر۔ چارہ ◆

مارنا (ہ) (۱) پیٹنا۔ زد و کوب کرنا (۲) چوٹ لگانا۔ ضرب لگانا (۳) جڑنا۔ لگانا (۴) ہاتھ اٹھانا۔ وار کرنا (۵) حملہ کرنا (۶) ہلاک کرنا۔ قتل کرنا (۷) سزا دینا۔ ڈانٹنا (۸) فتح کرنا۔ جیتنا۔ (۹) خورد برد کرنا۔ اڑا دینا (۱۰) پٹکنا۔ پچھاڑنا۔ نیچے گرانا (۱۱) چلانا۔ فیر کرنا (۱۲) دبانا۔ غصب کرنا (۱۳) لوٹنا (۱۴) تباہ و برباد کرنا ◆

مارننگ (مَار۔ ننگ) Morning (مؤنث)
صبح۔ فجر۔ پگاہ۔ تڑکا ◆

مارو (مَا۔ رُو) (۲) مذکر (۱) مارنے والا۔ ہلاک کرنے والا۔ (۲) مؤنث) ایک راگنی ◆

ماروار (مَار۔ وَاڑ) (ہ) مذکر۔ جودھپور کا علاقہ ◆

ماروت (مَا۔ رُوت) (ع) مذکر۔ ان دو فرشتوں میں سے ایک جو چاہ بابل میں اوندھے لٹکے ہوئے عذاب الٰہی میں گرفتار ہیں ◆

ماروں گھٹنا پھوٹے آنکھ (ہ) (مثل) پوچھوں کچھ۔ جواب کچھ۔ مارو کہیں لگے کہیں ◆

مارے (ہ)، (۱) وجہ - باعث۔ سبب (۲) خاطر - واسطے۔ لئے +

مارے مارے پھرنا (ہ) دیکھو (مارا مارا پھرنا) +

ماڑا (ما - ڑا) (ہ) (۱) بُرا۔ کمزور۔ کم طاقت۔ ناتواں (۲) دُبلا - پتلا - لاغر (۳) بُڈھا - ضعیف (۴) غریب - مسکین (۵) مفلس - کنگال - تنگ دست (۶) نکمّا - خراب - کھوٹا (۷) حقیر - ناچیز (۸) کمینہ - ادنیٰ - ہیچ +

ماڑی (ہ - مؤنث) (۱) "ماڑا" کی تانیث - کمزور - ناتواں - ضعیف - نحیف۔ (۲) محل - اٹاری (۳) اُوپر کی منزل۔ اٹاری +

ماژو (ما - ژُو) دیکھو (ماجو)

ماس (ماس) (س) مذکّر (۱) ماہ - مہینا (۲) چندرما - قمر - چاند (۳) (ہ) گوشت - لحم +

ماس آدھاری (ہ) گوشت کھانے والا - گوشت خوار +

ماس سب کوئی کھاتا ہے - ہڈّی گلے میں کوئی نہیں باندھتا (ہ) (مثل) اچھی چیز سبھی چاہتے ہیں - بُری کوئی بھی پسند نہیں کرتا +

ماس کبار (ہ) مذکّر (۱) ماہواری نقشہ - برآورد - پُورے مہینے کا حساب (۲) مہینے کا آخیر دن +

ماس نماس (ہ) (ہندُو) (۱) ماہوار۔ ماہ بماہ۔ مہینے کے مہینے (۲) مؤنث، اماس پر سُود در سُود کی زیادتی +

ماست (ماشت) (ف) مذکّر (۱) دہی (۲) اچھا چھ +

ماس نوچنا (ہ) گوشت اُتارنا - بوٹیاں کاٹنا +

ماسٹر (ماس - ٹر) (انگریزی Master) (مذکّر) (۱) اُستاد - مُعلّم تعلیم دینے والا - اتالیق (۲) مالک - افسر - مہتمم +

ماسٹر پیس (انگریزی Masterpiece)، مذکّر - شاہکار - بہترین کاریگری - اوج صنعت +

ماسکہ (ما - سِکَہ) (ع) - مذکّر (۱) وُہ قوّت جو غذا کو معدے میں ہضم کے لئے روکتی ہے (۲) نگہبان +

ماسی (ما - سی) (ہ) مؤنث - ماں کی بہن - خالہ +

ماش (ما - ش) (س) - مذکّر - اُڑد - ایک قسم کا لیسدار اناج جس کی دال وغیرہ بناتے ہیں +

ماش مارنا (ہ)، ماش کے دانوں پر جادُو ٹونا کر کے کسی پر پھینکنا - ٹونا کرنا +

ماشہ (ما - شَہ) (ف) مذکّر - آٹھ رتّی کا وزن - تولہ کا بارھواں حصّہ -

ماشہ بھر (ہ)، (۱) ایک ماشے کی مقدار - پُورا آٹھ رتّی (۲) رتّی بھر - ذرا سا - تھوڑا سا +

ماشہ تولہ ہوتا (ہ)، ایک حالت پر قیام نہ رہنا +

ماضی (ما - ضی) (ع) گزشتہ - گزرا ہُوا +

ماضی احتمالی یا شکیہ (ع - ف) وہ ماضی جس سے گزشتہ زمانے میں کسی فعل کے صادر ہونے کا احتمال یا شک ہو +

ماضی استمراری (ع) مؤنث - وہ ماضی جس میں زمانہ گزشتہ میں کسی فعل کا بار بار واقع ہونا ظاہر ہو +

ماضی بعید (ع) مؤنث - وُہ ماضی جس سے دُور کا گزرا ہُوا زمانہ سمجھا جائے +

ماضی تمنّائی یا شرطی (ع) مؤنث، وہ ماضی جس میں تمنا یا شرط پائی جائے +

ماضی قریب (ع) مؤنث - وُہ ماضی جس سے قریب کا گزرا ہُوا زمانہ سمجھا جائے +

ماضی مطلق (ع) مؤنث - وُہ ماضی جس سے مُطلق گزرا ہُوا زمانہ سمجھا جائے +

ماضیہ (ع) بیتا ہُوا - گزشتہ - پیشتر کا +

ماکول (ما - کُول) (ع) (۱) کھایا ہُوا (۲) کھانے کی چیز +

ماکولات (ع) کھانے کی چیزیں +

ماکولات و مشروبات (ع - ف) مذکّر و مؤنث، کھانے پینے کی چیزیں +

ماکھن (ما - کھن) (ہ) مذکّر - مکھن - مسکا - نیّا گھی +

ماکھو (ما - کھو) (ہ) مؤنث (۱) افواہ - شہرت - چرچا (۲) (پنجاب) شہد کی مکھی +

ماکیاں (ما - کیاں) (ف) مؤنث - مُرغی +

ماگھ (ما - گھ) (س) مذکّر - ہندوؤں کا دسواں مہینہ +

ماگھ ننگی بیساکھ بھُوکی (ہ) (مثل) ہمیشہ مفلس - سدا کنگال +

مال (مال) (ہ) مؤنث (۱) وہ ڈور جو چرخے میں تکلے کو متحرک کرتی ہے (۲) مالا (۳) ہار +

مال (مال) (ع) مذکّر (۱) دولت - دھن - نقدی (۲) اسباب - جائداد - املاک - سامان (۳) جنس - چیز - اشیاء (۴) مالگزاری - لگان - معاملہ - محصول (۵) (قانون) پیداوار - آمدنی - زراعت (۶) (و) حقیقت - اصل کائنات +

مال اُڑانا (ہ) (۱) روپیہ لُٹانا - فضول خرچی کرنا (۲) لذیذ اور نفیس چیزیں کھانا (۳) روپیہ خورد بُرد کرنا - غبن کرنا - خیانت کرنا۔ (۴) روپیہ صرف کر کے عیش اُڑانا +

مالِ اموات (ع) مذکّر (قانون) مُردے کا مال - لاوارث مال - جس کا کوئی وارث نہ ہو +

مال برآمد (ع - ف - مذکّر) (۱) تجارت کا سامان جو مُلک سے باہر بھیجا جائے (۲) چوری کا مال جو ملزم سے برآمد ہو +

مال پہ زکوٰۃ ہے (ا) (مثل) آمدنی پہ خرچ ہوتا ہے، جتنی آمدنی ہو اُتنی ہی خیرات فرض ہے +

مال تال (ا) (ا) مذکّر۔ روپیہ پیسہ۔ مال متاع +

مال چھکنا (ا) پرائے روپے سے عیش منانا +

مال چھیرنا (ا) غبن کرنا۔ مال چھیننا۔ مال ہضم کرنا +

مال حرام (ع) مذکّر۔ ناجائز (۱) چوری کا مال۔ بُری کمائی۔ مفت کا مال +

مال حرام بُود بجائے حرام رفت (ف) (مثل) ناجائز مال جس طرح آیا تھا اُسی طرح خرچ ہو گیا۔ جس طرح آیا اُسی طرح گیا۔ جیسی بُری کمائی تھی ویسی ہی بُری جگہ خرچ ہوئی +

مال حصّہ داری (ا) مذکّر۔ (قانون) حصّہ داری کا سرمایہ۔ ساجھے کی پُونجی۔ شراکت کا مال +

مال خانہ (ع - ف) مذکّر۔ گودام۔ ذخیرہ۔ بھنڈار۔ کوٹھی۔ جنس گھر +

مال دار (ع - ف) دولت مند۔ دھنی۔ روپے والا۔ مالدار۔ صاحبِ زر +

مال داری (ع - ف) مؤنّث۔ تونگری۔ دولت مندی۔ ثروت +

مال زادی (ا) مؤنّث (۱) قحبہ۔ رنڈی۔ کسبی۔ بازاری عورت۔ (۲) دلّالہ۔ کٹنی۔ نائکہ +

مال سائر (ع) مذکّر (قانون) مالگزاری کے علاوہ چنگی۔ سرک۔ مدرسہ وغیرہ کے دیگر محاصل +

مال شرکت (ع) مذکّر۔ حصّہ داری کا مال۔ ساجھے کی پُونجی +

مال ضامن (ع) مذکّر۔ نقدی کی ضمانت دینے والا۔ روپیہ ادا کرنے کا ذمّہ دار +

مال ضامنی (ع - ف) مؤنّث۔ مال کی ضمانت +

مال ضبطی (ع) مذکّر۔ سرکاری حکم سے قبضہ کیا ہوا مال۔ قُرق کیا ہوا مال +

مال طیّب (ع) مذکّر۔ حلال کی کمائی۔ اچھا مال۔ پاکیزہ مال +

مال عرب پیش عرب (ع - ف) (مثل) اپنا مال اپنی ہی آنکھوں کے سامنے محفوظ رہتا ہے +

مال غنیمت (ع - ف) مذکّر (۱) لُوٹ کا مال (۲) دشمنوں کا وہ مال جو لڑائی میں ہاتھ آئے +

مال [illegible] (ع) مذکّر (۱) مال (۲) اپنی جگہ سے سرک نہ [illegible]

سکے، جیسے مکانات۔ زمین وغیرہ +

مال فرود (ع - ف) مذکّر۔ (قانون) مال اُترنے کی جگہ۔ آڑھت منڈی (۲) کوٹھے یا دکان کا مال +

مال کا بندوبست (ا) مذکّر (قانون) بندوبست۔ پیداوار کے خراج کا انتظام +

مال لُٹنا (ا) (۱) مال کا چوری جانا (۲) مال کا کثرت سے بکنا +

مال گزار (ع - ف) مذکّر (۱) باج گزار۔ معاملہ دینے والا۔ ٹیکس ادا کرنے والا۔ (۲) گاؤں کا وہ چودھری جو زمینداروں سے محصول لے کے داخلِ خزانہ کرے +

مال گاڑی (ا) مؤنّث۔ وہ گاڑی جس میں مال لادا جاتا ہے، خصوصاً ریل کی +

مال گزاری (ع - ف) مؤنّث۔ خراج۔ معاملہ۔ زمین کا محصول +

مال لاوارث (ع) مذکّر۔ وہ مال جس کا کوئی وارث یا دعوے دار نہ ہو +

مال لُٹے سرکار کا مرزا کھیلے پھاگ (ا) (مثل) دوسرے کے مال پر عیش اُڑانا +

مال مارنا (ا) چوری کرنا۔ ٹھگنا۔ غبن کرنا۔ فریب سے لینا +

مال مارُو (ا) غبن کرنے والا۔ خورد بُرد کرنے والا۔ خائن۔ غاصب +

مال محمولہ (ع) مذکّر۔ وہ مال جو ریل۔ گاڑی۔ ناؤ یا جہاز سے دوسری جگہ لے جایا جائے۔ جہاز پر لدا ہوا مال +

مال مست (ع - ف) دولت کے نشے میں سرشار۔ دولت پر مغرور۔ پیسے کا نکمّا +

مال مفت (ا) مذکّر۔ محنت یا کوشش کے بغیر حاصل کیا ہوا مال۔ بِن داموں ملا ہوا مال +

مال مفت دل بے رحم (مثل) مفت کی چیز کی قدر نہیں ہوتی، پیارے قیمتی کیوں نہ ہو +

مال منقولہ (ع) مذکّر (قانون) وہ جائداد جو ایک جگہ سے دوسری جگہ تبدیل ہو سکے۔ جیسے روپیہ۔ زیور۔ گھوڑا۔ بیل وغیرہ +

مال وقف (ع) مذکّر۔ وہ مال جو خدا کے نام پر عام استعمال کے لئے چھوڑ دیا جائے۔ جیسے مسجد۔ مندر۔ تکیہ وغیرہ +

مال و متاع (ع - ف) مذکّر۔ سامان اور روپیہ پیسہ +

مال (ف) مالیدن مصدر سے صیغہ امر۔ مَل۔ رگڑ +

مالا (ما - لا) (ہ) مذکّر و مؤنّث (۱) ہار۔ گجرا۔ پھولوں۔ موتی یا موتی وغیرہ کا بنایا ہوا ہار (۲) تسبیح۔ سمرن۔ سبحہ (۳) ایک قسم کا درخت +

مالا پھیرنا۔ یا جپنا (ہ) تسبیح پڑھنا۔ سمرن جپنا +
مالا مال (ع) (۱) بہت۔ کثیر۔ کثرت سے (۲) پُر۔ معمور۔ بھرا ہوا (۳) دولتمند۔ زردار۔ تونگر۔ خوشحال +
مالا مال کر دینا (ف) امیر بنا دینا۔ دولتمند کر دینا +
مال پوا (ہ) مذکر۔ گلگلا۔ میٹھا پکوڑا +
مالتی (مال۔ تی) (س) مؤنث (۱) ایک بوٹی۔ ایک قسم کی بیل (۲) ایک قسم کا پھول۔ چنبیلی (۳) جوان عورت (۴) چاندنی رات +
مالتی بسنت (ہ) مؤنث۔ ایک کُشتہ جو سونے کے ورق اور موتیوں سے تیار کیا جاتا ہے +
مالٹا (مال۔ ٹا) (ا) مذکر۔ ایک قسم کا بڑا و میٹھا سنگترہ +
مال روڈ (ا) (رنگ Mall Road) مؤنث۔ ایک بہترین سڑک جو صفائی اور خوبصورتی کے لئے مشہور ہے اور شہر کا کام دیتی ہے +
مالسری (مال۔ سری) (س) مؤنث) ایک راگنی جو دن کو گائی جاتی ہے +
مالش (ف) مؤنث (۱) ملنا۔ رگڑنا (۲) متلی۔ غثیان۔ جی کا متلانا +
مالش کرنا (ف) رگڑنا۔ ملنا (۲) مانجھنا۔ صیقل کرنا (۳) متلانا۔ ابکائی کرنا +
مالک (ما۔ لک) (ع) مذکر (۱) صاحب۔ آقا۔ خداوند (۲) خالق۔ رب۔ ایشور (۳) کسی چیز کی ملکیت رکھنے والا (۴) خصم۔ شوہر۔ خاوند۔ پتی۔ سوامی (۵) قابض۔ متصرف (۶) مختار۔ مجاز (۷) حاکم۔ افسر۔ سردار +
مالک الملک (ع) مذکر (۱) خداوند تعالیٰ (۲) بادشاہ۔ شہنشاہ۔ ملک کا مالک +
مالک خود کاشت (ع۔ ف) مذکر) اپنی زمین آپ بونے والا مالک +
مالک کرنا (ف) مالک بنانا۔ قبضہ دینا۔ مختار کرنا۔ اختیار دینا +
مالک مکان (ع) مذکر۔ گھر والا۔ صاحب خانہ +
مالک ہونا (ف) (۱) وارث ہونا۔ والی ہونا۔ قابض ہونا (۲) مختار ہونا۔ مجاز ہونا (۳) سرپرست ہونا۔ مربی ہونا +
مالکانہ (ع ف) مذکر (۱) زمینداری کا حق۔ حق زمین جو کاشتکار سالانہ یا ماہوار نقدی یا جنس کی صورت میں زمیندار کو ادا کرتا ہے (۲) بطور مالک۔ مالک کے طور پر +
مالکانہ رسوم (ع) مؤنث۔ ملکیت کا حق۔ حقیت کا روپیہ +
مال کنگنی (مال کنگ۔ نی) (ہ) مؤنث۔ ایک خوشبودار دانہ +
مالکوس (مال۔ کوس) (ہ) مذکر۔ ایک راگ +
مالکی (ع) مذکر (۱) امام مالکؒ کا پیرو (۲) (ف) مؤنث) ملکیت

مالن (ما۔ لن) (ہ) مؤنث (۱) مالی کی بیوی (۲) پھول بیچنے والی +
مالوف (ما۔ لوف) (ع) مانوس۔ خوگر۔ اُلفت کیا گیا۔ انیس۔ عزیز۔ پیارا +
مالی (ع) مال کے متعلق +
مالی پیشکار (ف) مذکر (قانون) محصل۔ نقل نویس۔ مالگزاری یا معاملہ کا جمع خرچ لکھنے والا۔ محرر مالگزاری +
مالی کام (ف) مذکر (قانون) معاملات مالی۔ مالگزاری یا معاملہ کے متعلق کام کاج +
مالی (ما۔ لی) (ہ) مذکر (۱) باغبان (۲) ایک قوم جو باغبانی اور کھیتی باڑی کرتی ہے +
مالیت (ع) مؤنث (۱) جمع۔ پونجی۔ سرمایہ (۲) دولت۔ دھن (۳) قیمت۔ مول (۴) (ف) مول۔ اصل (۵) (ف) جانچ۔ تشخیص +
مالیخولیا (ما۔ لی۔ خو۔ لیا) (ع) مذکر۔ خلل دماغ۔ سودا۔ خفقان +
مالیدہ (ما۔ لی۔ دہ) (ف) (۱) ملا ہوا (۲) مذکر) ایک قسم کا پشمینے کا کپڑا جو مل کر ملائم کیا جاتا ہے (۳) ملیدہ۔ چورما +
مام (ہ) مذکر (عو) مقدرت۔ استطاعت۔ بساط۔ طاقت۔ بل بوتہ +
ماما (ماماں) (ما۔ ما۔ ماں) ہندی۔ دیکھو (ماموں) +
ماما (ما۔ ما) (ف) مؤنث (۱) والدہ۔ ماں (۲) بوڑھی عورت (۳) کھانا پکانے والی عورت۔ باورچن (۴) (ف) خادمہ۔ خارمہ۔ دائی (۵) (ف) کنیز۔ باندی۔ لونڈی +
ماما اصیل (ف) مؤنث۔ لونڈی۔ باندی۔ کنیز +
ماما چھتریاں (چھتریاں) کھانا (ہ) (۱) چاؤ چوچلے میں پلنا (۲) مفت کا مال اُڑانا +
ماماگری (ف) مؤنث (عو) کھانا پکانے کی ملازمت (۲) خدمت گاری کا پیشہ +
مامتا (مام۔ تا) (ف) مؤنث (۱) اُلفت۔ محبت۔ پیار (۲) ماں کی محبت۔ اُلفت مادرانہ +
مامتا ٹھنڈی رہنا (ہ) بچے کو دیکھ دیکھ کر ماں کا خوش رہنا +
مامن (ما۔ من) (ع) مذکر۔ آرام کی جگہ۔ ٹھکانا۔ پناہ گاہ۔ جائے امن +
ماموں یا ماموں (ما۔ مو۔ ماموں) (ف) مذکر۔ ماں کا بھائی +
ماموں (ماموں) کے کان میں انٹیاں (انٹیاں یا بالیاں) بھانجا اینڈا اینڈا پھرے (ہ) (مثل) دوسروں کی دولت

نزانا ◆

مامور (ا۔ مجزز) (ع) مقرر۔ متعین (۲) حکم کیا گیا۔ اجازت دیا گیا ◆

مامور ہونا (ف) کوئی کام سپرد کیا جانا۔ مقرر ہونا ◆

مامون (ع) (۱) محفوظ۔ بے خوف۔ امن کیا گیا (۲) ہارون الرشید خلیفۂ بغداد کا بیٹا ◆

مامی (ا۔ بی) (ف) مؤنث (ہندی) ماموں کی بیوی۔ ممانی ◆

مامیراں (ا۔ بی۔ راں) (ف) مذکر۔ دیکھو ممیرا ◆

مان (مان) (ف) مذکر (۱) گھر۔ خانہ۔ مکان (۲) اسباب۔ خانہ۔ اثاثہ ◆

مان (ہ) ماننا کا امر ◆

مان لینا (ہ) (۱) منظور کر لینا۔ تسلیم کر لینا (۲) راضی ہو جانا۔ اقرار کر لینا ◆

مان نہ مان میں تیرا مہمان (ہ) (مثل) خواہ مخواہ کسی بات میں دخل دینا ◆

مان (ہ۔ مذکر) (۱) عزت۔ قدر منزلت (۲) خاطر تواضع۔ آؤ بھگت (۳) گھمنڈ۔ غرور۔ تکبر۔ نخوت۔ کبر (۴) ناز نخرہ۔ تمکنت ◆

مان بھری (ف) (ہ) مشتاق۔ آرزومند۔ پُر ارمان (۲) مغرور۔ دماغ دار۔ مزاج دار۔ متکبر ◆

مان پان (ہ) مذکر۔ عزت و آبرو ◆

مان ڈھینا (ہ) عزت ڈھینا۔ تکبر یا نخوت نہ رہنا۔ گھمنڈ نکلنا ◆

مان رکھنا (ہ) (۱) بات رکھنا۔ عزت رکھنا۔ خاطر مدارات کرنا۔ تعظیم و تکریم کرنا (۲) کہنا پورا کرنا۔ مراد بر لانا (۳) بات ماننا۔ کہا ماننا ◆

مان رہنا (ہ) (۱) عزت رہنا۔ بات رہنا (۲) (ہندو) (عو) ماتحت رہنا۔ زیر سایہ رہنا۔ تابع رہنا ◆

مان کا پان بہت ہوتا ہے (ہ) (مثل) عزت کے ساتھ تھوڑا ملنا بھی بہت ہوتا ہے ◆

مان کرنا (ہ) (۱) تعظیم و تکریم کرنا۔ آؤ بھگت کرنا (۲) تکبر کرنا۔ فخر کرنا۔ گھمنڈ کرنا۔ دماغ کرنا۔ ناز کرنا۔

قوانہ ◆

مان گمان (ہ) مذکر۔ گھمنڈ۔ کبر و ناز۔ غرور ◆

مان گون (ہ) مذکر (عو) (۱) ناز و نیاز۔ ناز برداری (۲) عزت۔ قدر و منزلت ◆

مان مر جانا (ہ) (۱) تکبر نہ رہنا۔ گھمنڈ جاتا رہنا (۲) دل مر جانا۔ امنگ نہ رہنا (۳) عاجز ہو جانا ◆

مان مت (ہ) مذکر (عو) (۱) مان گمان۔ ناز نخرہ۔ غرور۔ تمکنت (۲) ناز بے جا (۳) تعظیم و تکریم۔ قدر و منزلت

مانا (ا۔ نا) (ف) صفت۔ مانند۔ برابر ◆

مانا (ہ) (۱) فرض کیا۔ تسلیم کیا۔ منظور کیا جانا ◆

مانتا ہوں (۱) قائل ہوں۔ تمہاری ہوشیاری اور چالاکی کو تسلیم کرتا ہوں۔ کیا کہنا ہے۔ کیا بات ہے ◆

ماننا (ہ) مؤنث (۱) منت۔ اپنے اوپر کسی بات کا فرض کر لینا (۲) عقیدہ۔ اعتقاد (۳) نیت۔ عزم۔ عہد (۴) تعظیم و تکریم۔ آؤ بھگت۔ قدر دانی ◆

مانج (مانج) (ہ) مؤنث (۱) دلدل کی زمین (۲) کچھار۔ ترائی (۳) مانجنا کا امر ◆

مانجنا (ہ) (۱) صاف کرنا۔ برتن مانجنا۔ اجالنا۔ صیقل کرنا۔ جلا کرنا (۲) سونتنا۔ بٹی ہوئی ڈور یا تاگے کو تر کپڑے سے صاف کرنا ◆

مانجھ (ہ) مؤنث (۱) ایک مانجھی (۲) وسط۔ بیچوں بیچ ◆

مانجھا (ماں۔ جھا) (ہ) مذکر (۱) وہ کلف دار مصالحہ جو ڈور پر تیزی اور برانی ہونے کے لئے پھیرتے ہیں (۲) (پنجاب) پلنگ۔ چارپائی۔ کھاٹ (۳) پنجاب کا ایک علاقہ جس میں امرت سر۔ جنڈیالہ۔ ترن تارن۔ بٹالہ وغیرہ شامل ہیں۔ یہاں کے آدمی بڑے مضبوط اور قوی ہیکل ہوتے ہیں (۴) اقبلیس کا۔ گاؤمیش کا۔ جیسے مانجھا گھی (۵) (پنجاب) وہ ضیافت جو دولہا کی طرف سے شادی سے پہلے دی جاتی ہے (۶) (پنجاب) دلہن کا تنہ (۷) وہ زرد پوشاک جو مائیوں میں دولہا دلہن کو پہنائی جاتی ہے۔ مائیوں کا زرد جوڑا ◆

مانجھن (ماں۔ جھن) (ہ۔ مؤنث) (۱) ملاح کی بیوی (۲) کشتی چلانے والی عورت ◆

مانجھی (ماں۔ جھی) (ہ) (مذکر) (۱) ملاح۔ کشتی چلانے والا۔ کھویا۔ ناؤ کھینے والا ◆

ماند (ماند) (ہ) مؤنث (۱) گوبر کا ڈھیر۔ سرگین بستہ۔ جسے اُپلوں کی طرح جلاتے ہیں (۲) (پوُرب) غار۔ بھٹ۔ کھوہ (۳) بے رونق۔ بے روپ۔ غیر معتدل (۴) ہلکا۔ پھیکا۔ مدھم رنگ ◆

ماند پڑ جانا (ہ) آب و تاب نہ رہنا۔ مدھم ہو جانا۔ پھیکا پڑ جانا۔ رنگ اتر جانا ◆

ماند بال (ف) مذکر۔ وہ مال جس کی چمک دمک مند پڑ گئی ہو ◆

ماندا (ماں۔ دا) (ف) مذکر۔ بیمار۔ مریض۔ علیل۔ روگی۔ ناساز ◆

ماندگی (ماں۔ دگی) (ف) مؤنث (۱) تکان۔ تھکاوٹ۔ کسل۔ سستی (۲) ایک قسم کا جنون (۳) (ف) علالت۔ بیماری۔ ناسازی۔

روگ۔ آزار ◆

مانْدہ (مَاں۔ دَہ) (۱) تھکا ہوا۔ خستہ (۲) بچا ہوا۔ پیچھے رہا ہوا ◆

مانْڈ (مَانڈ) (۲) مذکر (۱) پیچ۔ ماڑی۔ کانجی۔ اُبلے ہوئے چاول کا پانی (۲) کلف۔ اہار (۳) ایک قسم کا مارواڑی گیت (۴) ماڈنا کا امر ◆

مانڈا (مَاں۔ ڈا) (۲) مذکر (۱) ایک قسم کی نہایت پتلی اور بڑی روٹی جو بھوسے میں گھی ملا کر تنور میں پکائی جاتی ہے۔ لچی۔ پوری (۲) سفید جالا جو آنکھ کی پتلی پر آ جاتا ہے ◆

مانڈل (مَان۔ ڈَل) (۲) مؤنث۔ حلقہ آہنی جو پانی کے جہاز کے منہ پر لگا رہتا ہے ◆

مانڈنا (۲) (۱) گوندھنا۔ مسلنا۔ ملنا۔ مَلنا۔ پاؤں کے نیچے روندنا۔ (۲) گوندھنا۔ سانَنا (۳) بنانا۔ چلتا کرنا۔ رچانا (۴) لکھنا۔ تحریر کرنا۔ قلم کرنا (۵) ٹھانَنا۔ مصمم ارادہ کرنا۔ عزم بالجزم کرنا ◆

مانڈھی (۲) مؤنث۔ دیکھو (مانڈ ۲)

مانس (مَا۔ نَس) مذکر۔ انسان۔ آدمی۔ شخص۔ بشر ◆

مانسون (مَان۔ سُون) (ا)، Monsoon مؤنث۔ موسمی ہوا جو بارش لاتی ہے ◆

مانع (ع) مذکر۔ منع کرنے والا۔ روکنے والا۔ سدِ راہ ◆

مانع آنا۔ یا۔ ہونا (۲) مزاحم ہونا۔ سدِ راہ ہونا۔ معترض ہونا ◆

مانک (مَانِک) (س) مذکر (۱) یاقوت۔ لعل (۲) گوہر۔ جوہر ◆

مانک ٹیکا (۲) مذکر۔ ایک قسم کا موتی جڑا ہوا ماتھے پر لگانے کا زیور ◆

مانگ (۲) مؤنث۔ سر کے بالوں کے بیچ کی لکیر (۲) منگیتر۔ وہ کنواری لڑکی جس کی نسبت ہو گئی ہو (۳) (ع) شوہر۔ خاوند ◆

مانگ اُجڑنا (۲) (ع) بیوہ ہونا۔ رانڈ ہونا ◆

مانگ بنانا (۲) دیکھو مانگ نکالنا ◆

مانگ بھرنا (۲۔ ہندو) (۱) مانگ میں موتی یا سیندور بھرنا جو اکثر شادی کے موقع پر بھرتے ہیں (۲) بیاہ دینا۔ شادی کر دینا ◆

مانگ بھری (۲) مؤنث (۱) سہاگن۔ خاوند والی (۲) پیاری۔ عزیزہ (۳) جورو۔ بیوی ◆

مانگ پٹی (۲) مؤنث۔ بالوں کی درستی۔ کنگھی چوٹی ◆

مانگ پٹی میں لگا رہنا (۲) بناؤ سنگار میں مشغول رہنا ◆

مانگ جلی (۲) مؤنث (ع) رانڈ۔ بیوہ۔ وہ عورت جس کا شوہر مر گیا ہو ◆

مانگ جھڑنا (۲) انداز بگڑ جانا۔ چہرا ٹوٹنا۔ کنوارپنا دُور ہونا ◆

مانگ سنوارنا (۲) بالوں کو درست کرنا۔ کنگھی چوٹی کرنا ◆

مانگ سے ٹھنڈی رہے (۲) (دُعا) (ع) خاوند جیتا رہے۔ سہاگ بنا رہے ◆

مانگ سے ٹھنڈی ہے (۲) جو سہاگن ہے۔ خاوند جیتا ہے

مانگ کوکھ سے ٹھنڈی رہے (۲) شوہر اور بچے جیتے رہیں ◆

مانگ کھلنا (۲۔ ہندو) (ع) منگیتر لڑکی یا لڑکے کے مر جانے سے رشتہ نہ رہنا (۲) بیاہی عورت کا مر جانا ◆

مانگ کیا مانگتا ہے (۲) امیر لوگ کسی پر مہربان ہو کر زبان پر لاتے ہیں ◆

مانگ نکالنا (۲) بالوں کے بیچ میں لکیر بنانا ◆

مانگ (مَانگ) (۲) مؤنث (۱) خواہش۔ چاہ۔ طلب۔ ضرورت۔ حاجت (۲) گاہکی۔ خریداری (۳) مانگنا کا امر (۴) زودھی ◆

مانگ تانگ کر کام چلانا (۲) اِدھر اُدھر سے پورا کر کے گزارہ کرنا۔ قرض دام سے وقت گزارنا ◆

مانگ تانگ کر کھانا (۲) بھیک مانگ کر گزارہ کرنا ◆

مانگ لینا (۲) عاریۃً لے لینا۔ مستعار لے لینا۔ اُدھار لینا ◆

مانگا (۲) (۱) مانگنا کی ماضی (۲) طلب کیا ہوا۔ مستعار لیا ہوا ◆

مانگا تانگا (۲) قرض لیا ہوا۔ اُدھار لیا ہوا۔ عاریتاً لیا ہوا ◆

مانگا ہوا (۲) مستعار لیا ہوا۔ مطلوبہ ◆

مانگنا (۲) (۱) چاہنا۔ طلب کرنا۔ درخواست کرنا (۲) سگائی چاہنا۔ نسبت کی درخواست کرنا (۳) دعا یا التجا کرنا (۴) اُدھار چاہنا۔ قرض طلب کرنا (۵) تقاضا کرنا ◆

مانگی تھی نیچے کو ملی اوپر کو (۲) مثل۔ اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی چیز خواہش و ضرورت کے خلاف ہو ◆

مانگے (۲) مستعار۔ اُدھار ◆

مانگے پر تانگا اور بڑھیا کی برات (۲) (مثل) جب کوئی شخص ایک چیز خود مانگ کر لاتا ہے اور دوسرا اُس سے وہی چیز مانگ کر کام نکالے تو اس وقت کہتے ہیں ◆

مانگے تانگے (۲) مانگ تانگ کر۔ اُدھار لے لوا کر ◆

مانگے دینا (۲) عاریۃً دینا۔ مستعار دینا۔ اُدھار دینا ◆

مانگے کا۔ یا۔ مانگے کی (۲) عاریتاً لیا ہوا۔ مستعار لی ہوئی ◆

مانگیں بھیک بوجھیں گاؤں کی جمع (۲) (مثل) حالت ذلیل اور حوصلہ بڑا ◆

مانمنت (مَا۔ نَ۔ مَنْت) (۲) مؤنث (ع) بخشش (۱) داد و دہش۔ خوشخبری۔

ماد فیاد (۲) غُل۔ شور۔ ہنگامہ۔ دُھوم ◆

ماتم مچانا (ہ۔) (۱) واویلا کرنا۔ قیامت برپا کرنا (۲) ہنگامہ برپا کرنا ◆

ماننا (ہ) (۱) تسلیم کرنا۔ قبول کرنا۔ منظور کرنا (۲) قیاس کرنا۔ فرض کرنا (۳) خیال کرنا۔ اثر ماننا (۴) شستی کرنا (۵) تعظیم و تکریم کرنا۔ ادب کرنا۔ عزت کرنا (۶) پاسداری کرنا (۷) اُستاد جاننا۔ کسی کے ہنر یا کمال کا اقرار کرنا (۸) بزرگوں کی ارواح کے لئے کچھ دینے کا عہد کرنا (۹) پرستش کرنا یا اعتقاد رکھنا (۱۰) راضی ہونا۔ خوش ہونا (۱۱) اقرار کرنا۔ قبول کرنا (۱۲) ثابت ہونا۔ صحیح ہونا (۱۳) کہا ماننا حکم بجالانا (۱۴) خیال کرنا۔ جاننا ◆

مانند (ف۔ صفت۔ عف) جیسا۔ نظیر۔ مثل۔ مشابہ۔ مطابق ◆

مانو (ہ) (۱) جیسا گویا۔ مثلاً (۲) تسلیم کرو۔ قبول کرو۔ اقرار (۳) فرض کرو۔ یا تو

مانو تو ایشور نہیں تو پتھر (ہ۔ مثل) اعتقاد ہی سے کسی کی عزت و حُرمت کی جاتی ہے۔ بلا اعتقاد کچھ بھی نہیں ◆

مانوس (ما۔ نُوس) (ع) مائل۔ مالوف۔ راغب۔ پسند۔ مرغوب۔ ہلا ہوا ◆

مانی (ما۔ نی) (ف) مذکر۔ ایک مشہور و معروف رومی نقاش جو نبوت کا جھوٹا دعویٰ کرتا تھا۔ کتاب "ارژنگ" اسی کی تصنیف ہے ◆

مانی (ما۔ نی) (ہ) مؤنث۔ بچے کی خادمہ۔ دایہ۔ آیا۔ بچے کو پالنے والی عورت ◆

مانی (ہ) (ہندی) مغرور۔ متکبر۔ گھمنڈی ◆

مانی (ہ) مؤنث۔ وہ چھوٹی سی سوراخ دار لکڑی جو چکی کی کیلی میں ڈالی جاتی ہے۔ جس سے چکی کا پاٹ آسانی پھرتا ہے ◆

مانیاں (ما۔ نیاں) (ہ) مؤنث (۱) غریب عورتیں۔ مسکین عورتیں (۲) رانجھا کا محرّب۔ شادی کی ایک رسم جس میں بیاہ سے کچھ روز پہلے دولہا اور دلہن کو زرد کپڑے پہنا کر گھر میں بٹھا دیتے ہیں ◆

مانیٹر (ا۔ نِٹر) (انگریزی) Monitor (مذکر) (۱) جماعت میں سب سے ہوشیار اور منتظم لڑکا (۲) آگاہ کرنے والا ◆

مانیوں بٹھانا (ہ) بیاہ سے کچھ دن پہلے دولہا۔ دلہن کو زرد کپڑے پہنانا ◆

ماوا (ف) مذکر۔ جائے پناہ۔ گھر۔ ٹھکانا ◆

مادہ (ما۔ دہ) (ع) مذکر (۱) مادّہ۔ اصل۔ جوہر (۲) گُھٹ یا دودھ کا گاڑھا ہوا نمدہ۔ کھویا (۳) سامان۔ مسالا (۴) مٹی۔ ملغوبہ۔ گارا (۵) سرشت۔ خمیر (۶) کُودہ۔ نشاستہ (۷) انڈے کی زردی ◆

ماوس (ما۔ وس) (ہ) مؤنث۔ دیکھو ماوس ◆

ماہ (ف) وہ چاند۔ ماہتاب۔ قمر۔ چندرماں۔ ماہتاب (۲) مہینہ۔ ماس ◆

ماہ بماہ (ف) ہر مہینے۔ ماہوار ◆

ماہ پارہ (ف) مذکر۔ چاند کا ٹکڑا۔ خوبصورت۔ معشوق۔ دلدار ◆

ماہ رُخ۔ ماہ رُو (ف) (۱) چاند جیسے چہرے والا۔ معشوق (۲) سفید رنگ کا کبوتر ◆

ماہ کامل (ف۔ ع) مذکر۔ پُورا چاند۔ چودھویں رات کا چاند۔ پُورنماشی کا چاند ◆

ماہِ کنعان (ف۔ ع) مذکر۔ حضرت یوسفؑ سے مراد ہے ◆

ماہِ نخشب (ف) مذکر۔ وہ چاند جو حکیم ابن عطا معروف بہ "مقنع" نے اجزائے سیمابی کی ترکیب سے بنا کر روشن کیا تھا۔ نخشب ماوراء النہر کا ایک شہر ہے۔ جہاں یہ چاند بنایا گیا تھا ◆

ماہِ تمام (ف) مذکر۔ چودھویں رات کا چاند ◆

ماہتاب (ف) مذکر (۱) چاندنی۔ چاند کی روشنی (۲) چاند۔ قمر۔ چندرماں ◆

ماہتابی (ف) مؤنث (۱) (پورب) ایک قسم کا تربوز (۲) چبوترہ (۳) ایک قسم کا کپڑا جس پر سنہری یا روپہلی شکلیں منقوش ہوتی ہیں (۴) ایک قسم کی آتشبازی جس کے چھوڑنے سے چاند جیسی روشنی ہو جاتی ہے ◆

ماہُر (ما۔ ہُر) (ہ) مذکر (ہندی) زہر۔ بس۔ سَم۔ ہلاہل ◆

ماہر (ما۔ ہر) (ع) (۱) کامل فن۔ ذہین۔ تیز فہم (۲) واقف کار۔ تجربہ کار ◆

ماہو (ما۔ ہو) (ہ) مذکر (پورب) اَن سلائی۔ ایک برساتی کیڑا جو اکثر کان میں گھس جاتا ہے ◆

ماہوار (ف) (۱) ہر مہینے۔ ماہ بماہ (۲) [illegible] (۳) [illegible] مشاہرہ۔ تنخواہ ◆

ماہواری (ف) مہینے کا۔ پورے مہینے کا ◆

ماہُوں (ما۔ ہُوں) (ہ) مذکر۔ ایک کیڑا جو کپاس کو کھا جاتا ہے ◆

ماہی (ما۔ ہی) (ف) مؤنث (۱) مچھلی۔ حوت۔ سمک (۲) ایک برج جیسے مچھلی کا ہم شکل سمجھتے ہیں ◆

ماہی پشت (ف) (۱) گنبدی محدب۔ ابھرا ہوا (۲) ایک قسم کا کار چوب جو پشت ماہی سے مشابہ ہوتا ہے ◆

ماہی توا (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا توا جس پر مچھلی تلتے ہیں یا کڑھائی ◆

ماہی خوار (ف) مذکر۔ مچھلی کھانے والا۔ بگلا۔ بطیا ◆

ماہی گیر (ف) مذکر۔ مچھلیاں پکڑنے والا۔ ماہی۔ مچھوا ◆

ماہی مراتب (ف - مذکر) (۱) اعزازی نشان - جو خلیل سبارات بادشاہوں کی سواری کے آگے ہاتھیوں پہ چلتے ہیں ◆

ماہیانہ (ف) مذکر (۱) تنخواہ - مہینہ - مشاہرہ (۲) ماہواری - مہینے کا نام ◆

ماہیت (ع) مؤنث (۱) حقیقت - کیفیت (۲) اصل - مغز - جوہر - مادہ ◆

ماء (مَا ءْ) (ع) مذکر - (۱) پانی - آب - جل (۲) عرق - رس ◆

ماء الجبن (ع - مذکر) وہ پانی جو دودھ کو پھاڑ کر سفیدی جُدا کرنے کے بعد رہ جاتا ہے ◆

ماء الحیات (ع - مذکر) (۱) آبِ حیات (۲) ایک دوا ◆

ماء اللحم (ع - مذکر) گوشت کا پانی جو کشید کر کے نکالا جاتا ہے ◆

ماء معین (ع - مذکر) جاری پانی - پاک اور صاف پانی ◆

مائدہ (مَا - ئِدَہ) (ع - مذکر) (۱) دسترخوان (۲) قرآن شریف کی ایک سورۃ

مائع (ع - مؤنث) رقیق شے جیسے پانی - تیل وغیرہ ◆

مائل (مَا - ئِل) (۱) متوجہ - راغب (۲) میلان رکھنے والا - عاشق - شائق (۳) خمیدہ - جھکا ہوا (۴) ڈھلوان (۵) تھوڑا سا ◆

مائل کرنا (۱) متوجہ کرنا - راغب کرنا - آمادہ کرنا (۲) جھکانا - خم کرنا ◆

مائل ہونا (ل) راغب ہونا - متوجہ ہونا - رجوع ہونا - رغبت کرنا ◆

ماؤف (مَا - ؤُف) (ع) صدمہ پہنچایا گیا ◆

مائی (مَا - ئِی) (ع) مؤنث - آبی پانی سے نسبت رکھنے والا ◆

مائی (ہ - مؤنث) ماں - مادر - اماں - والدہ - ناتا - ضعیفہ - بڑھیا ◆

مائی باپ (ہ) مذکر (۱) والدین - ماتا پتا (۲) سردار ◆

مائیکروسکوپ (مائی - کروس - کوپ) (انگریزی - ع ۸۹ (Microscope) مؤنث - خرد بین - ایک آلہ جس سے چھوٹی سے چھوٹی چیز دیکھ سکتے ہیں ◆

مائیس (ا ...) ایک درخت کا پھل جو ماژو سے مشابہ ہوتا ہے ◆

مایا (...) خدا کی قدرت (۲) نیچر - فطرت (۳) رحم - دیا - کرپا (۴) پیار - محبت (۵) دھوکا - فریب (۶) دھن - دولت - زر - مایہ (۷) عجیب - نادر - اعجوبہ (۸) رونق - بہار - کیفیت (۹) کرامت - کرشمہ (۱۰) شعلہ - جان - آتما (۱۱) سامان - دستگاہ (۱۲) دُنیا - خلق - خلقت ◆

مایا پتر (س - مذکر) دھنی - دولتمند - زردار - مالدار ◆

مایا پتی (س - مذکر) خدا تعالیٰ - پرمیشور - ایشر ◆

مایا چار (س) فریبی - دھوکے باز - ریاکار ◆

مایا روپی (س) فریبی ◆

مایا کے ہیں تین نام - پرسا - پرسو - پرس رام (کہاوت) جوں جوں انسان کے پاس زیادہ دولت جمع ہوتی جاتی ہے اس کی عزت بھی بڑھتی جاتی ہے ◆

مایوس (مَا - یُوس) (ع) (۱) ناامید - بے آس - بے توقع (۲) ناکام - نامراد - دل شکستہ ◆

مایوس کرنا (ل) آس توڑنا - ناامید کرنا - نراس کرنا - ناکام کرنا - دل توڑنا ◆

مایوس ہونا (ل) ناامید ہونا - دل ٹوٹنا - ناکام ہونا - بے آس ہونا ◆

مایوسی (ع - مؤنث) ناامیدی - ناکامی - شکستہ دلی ◆

مایہ (مَا - یَہ) (ف - مؤنث) (۱) پونجی - جمع - سرمایہ (۲) اصل - راس المال (۳) مادہ - جوہر (۴) دستگاہ - سامان (۵) مال - دولت ◆

مایہ دار (ف) دولتمند - مالدار - متمول ◆

مایۂ ناز (ف) (۱) فخر - ناز کا سبب (۲) یگانہ - معشوق ◆

م - ب

مُباح (مُبَاح) (ع) جائز - روا - حلال - درست - پاک - ستھرا - پوتر ◆

مُباح کرنا (ل) جائز کرنا - روا ٹھہرانا - حلال جاننا - درست تصور کرنا ◆

مباحث (مَبَا - حِث) (ع - مذکر) بحثیں - بحث کے مقامات ◆

مُباحثہ (مُبَا - حَثَہ) (ع - مذکر) تکرار - بحث - مناظرہ - سوال و جواب ◆

مُباحثہ کرنا (ل) بحث کرنا - مناظرہ کرنا ◆

مبادا (مَبَا - دَا) کلمہ ہے ... ایسا نہ ہو - خدا نہ کرے - خدا نخواستہ ◆

مُبادرت (مُبَا - دَرَت) (ع - مؤنث) (۱) جلدی - شتابی - تیزی - سرعت (۲) سبقت - پیش دستی (۳) دلیری - جرأت - چالاکی - چستی ◆

مُبادلہ (مُبَا - دَلَہ) (ع - مذکر) بدلہ - معاوضہ - بدلائی - بٹا - ادل بدل ◆

مبادلہ کرنا (ل) بدلہ کرنا - بدلنا - تبادلہ کرنا - ایک ملک کے سکہ سے دوسرے ملک کا سکہ بدلنا ◆

مُبادی (مُبَا۔ دِی) (ع۔ مؤنث۔ ابتدا) اصول۔ بنیادی باتیں ۔
مُبارِز (مُبَا۔ رِز) (ع) جنگی بہادر۔ دل چلا۔ لڑاکا۔ مقابلہ پر بھیج کر لڑنے والا ۔
مُبارَک (مُبَا۔ رَک) (ع) (۱) باعثِ برکت۔ خجستہ۔ فرخ۔ ایمن (۲) عرش رتبت۔ نصیب آور۔ بھاگوان (۳) نیک۔ سعید۔ موافق۔ لائق (۴) مبارک باد۔ خوش آمدید۔ تہنیت (۵) بشارت (۶) مژدہ۔ خوش خبری ۔
مُبارَک باد (ع۔ ف) مؤنث (۱) تہنیت۔ خوش خبری۔ شادیانہ (۲) دعائے خیر۔ اشیر باد (۳) خدا برکت دے۔ مبارک نصیب ہو ۔
مُبارَک باد دینا (ف) شادی کی تہنیت دینا۔ بھلائی چاہنا۔ مبارک بادی
مُبارَک بادی (ف۔ مؤنث) مبارکی۔ تہنیت۔ خوشخبری۔ شادیانہ ۔
مُبارَک بادی گانا (ف) شادی کے گیت گانا۔ شادیانہ گانا ۔
مُبارَک سلامت (ع۔ مؤنث) شادی کی باہمی تہنیت۔ مبارکی۔ سلامتی۔ شادیانے ۔
مُبارَک ہو (ف) (کلمۂ دعا) خدا نیک کرے۔ اللہ بھلا کرے۔ راس آئے ۔
مُبارَکی (ف) مؤنث (۱) مبارک بادی۔ برکت۔ بدھائی۔ تہنیت (۲) دعائے خیر (۳) نیکی۔ سعادت ۔
مُباشَرت (مُبَاشَرَت) (ع) مؤنث۔ جماع۔ مجامعت۔ صحبت۔ ہمبستری ۔
مُباشَرت کرنا (ف) جماع کرنا۔ مجامعت کرنا۔ صحبت کرنا۔ ہمبستر ہونا ۔
مُبالِغ (مُبَا۔ لِغ) (ع) مبلغ کی جمع۔ روپے۔ رقوم۔ نقدی ۔
مُبالَغہ (مُبَا۔ لَغَہ) (ع۔ مذکر) زیادہ گوئی۔ رائی کا پہاڑ بنانا۔ معمولی سی بات کو بہت سی طوالت دے کر بیان کرنا۔ کسی کام میں سخت کوشش کرنا ۔
مُبالَغہ کرنا۔ زیادہ گوئی کرنا۔ بڑھا کر بیان کرنا۔ اصل کے خلاف کہنا۔ حد سے زیادہ تعریف یا مذمت کرنا ۔
مَبانی (مَبَا۔ نِی) (ع۔ مذکر) (۱) بنیادیں (۲) مکانات۔ عمارتیں ۔
مُباہات (مُبَا۔ ہَات) (ع۔ مؤنث) فخر۔ بڑائی۔ شیخی ۔
مُباہَلہ (مُبَا۔ ہَلَہ) (ع۔ مذکر) ایک دوسرے کو بددعا یا باہم نفرین کرنا ۔
مُبتَدا (مُب۔ تَدَا) (ع۔ مذکر) (۱) آغاز۔ شروع۔ پہل۔ اوّل۔ ابتدا (۲) صرف و نحو میں جملۂ اسمیہ کا پہلا جزو ۔
مُبتَدا و خبر (ع۔ مؤنث) (۱) اوّل آخر۔ ابتدا اور انتہا (۲) اسم اور اس کی خبر۔ مسند الیہ اور مسند ۔
مُبتَدا خبر ندارد (ف) وہ بات جس کا سر پیر نہ ہو۔ بے سر و پا بات۔ فضول اور بیہودہ بات ۔
مُبتَدی (مُب۔ تَدِی) (ع۔ مذکر) نو آموز۔ ابتدا کرنے والا۔ سکھیتر۔ ابجد خواں ۔
مُبتَذَل (مُب۔ تَذَل) (ع) ذلیل۔ رذیل۔ حقیر۔ سفلہ۔ کمینہ۔ بے قدر۔ خفیف ۔
مُبتَلا (مُب۔ تَلَا) (ع) (۱) گرفتار۔ پکڑا ہوا۔ ماخوذ (۲) پھنسا ہوا۔ اُلجھا ہوا۔ گھرا ہوا (۳) عاشق۔ مفتون۔ شیدا۔ فریفتہ۔ دیوانہ۔ دل دادہ۔ گرویدہ (۴) مصروف۔ مشغول۔ لگا ہوا ۔
مُبتَلا ہونا (ف) (۱) پھنسنا۔ گرفتار ہونا (۲) اُلجھنا۔ اٹکنا (۳) عاشق ہونا۔ فریفتہ ۔
مُبتَلائے آفت (بلا) (ف) مصیبت میں پھنسا ہوا۔ آفت زدہ۔ مصیبت کا مارا ۔
مُبتَلائے عشق (ع) عشق میں گرفتار۔ عاشق۔ دلدادہ۔ شیدا۔ فریفتہ ۔
مَبحَث (مَب۔ حَث) (ع۔ مذکر) (۱) بحث۔ معاملہ (۲) بحث یا تفتیش کا مقام ۔
مَبدَا (مَب۔ دَا) (ع۔ مذکر) (۱) ظاہر ہونے کی جگہ۔ شروع ہونے کی جگہ (۲) آغاز۔ شروع۔ ابتدا (۳) اصل۔ بنیاد (۴) چشمہ ۔
مَبدائے فیض (ع۔ مذکر) (۱) فیض کا سرچشمہ (۲) مجازاً خدا تعالیٰ ۔
مُبدَل (مُب۔ دَل) (ع) (۱) تبدیل شدہ۔ بدلا ہوا۔ متغیر۔ پلٹا ہوا (۲) وہ اسم جس کے بعد ایک اسم اس کا بدل واقع ہو ۔
مَبذُول (مَب۔ ذُول) (ع) (۱) خرچ کیا گیا۔ مصروف (۲) لگایا گیا۔ منعطف ۔
مُبَرّا (مُبَر۔ رَا) (ع) (۱) پاک۔ بے عیب۔ صاف۔ منزہ۔ بری۔ معصوم (۲) بیزار۔ متنفر ۔
مَبرَز (مَب۔ رَز) (ع۔ مذکر) (۱) مقعد۔ سرین۔ دُبر۔ پاخانہ نکلنے کی جگہ (۲) پاخانہ کرنے کی جگہ ۔
مُبرَم (مُب۔ رَم) (ع) مضبوط۔ مستحکم۔ استوار۔ ضروری۔ لابد۔ نہ ٹلنے والی بات۔ شدنی ۔
مَبرُور (مَب۔ رُور) (ع) مرحوم و مغفور۔ جنتی۔ پاک۔ مقدس۔ گناہوں سے بری ۔
مَبسُوط (مَب۔ سُوط) (ع) پھیلا ہوا ۔
مُبَشِّر (مُبَش۔ شِر) بشارت دینے والا۔ خوشخبری سنانے والا ۔
مُبصِر (مُب۔ صِر) (ع۔ و) دیکھنے والا۔ بینا (۲) پرکھنے والا۔ پہچاننے والا۔ تراف۔ کھرا کھوٹا دیکھنے والا ۔

مُبْتَصِربھی (ع - ۲) بھی کی پڑتال کرنے والا ٭
مَبْعُوث (مَب - عُوث) (ع) بھیجا گیا - پیدا کیا گیا - اُٹھایا گیا ٭
مبعوث ہونا (ل) نبی کا بھیجا جانا ٭
مبغوض (مَب - غُوض) (ع) بغض کیا گیا - قابلِ نفرت ٭
مبلغ (مَب - لَغ) (ع) روپیہ کی رقم - تعداد زر ٭
مبلّغ (مُبَل - لِغ) (ع) تبلیغ کرنے والا - مشنری ٭
مبنا - مبنیٰ (مَب - نا) (ع - مذکر) (۱) بنیاد (۲) عمارت ٭
مبنی (مَب - نی) (ع) جس پر کسی چیز کی بنا ہو ٭
مبنی ہونا [illegible] ات کی کسی بات پر بنا ہونا - منحصر ہونا - موقوف
مُبْهَم (مُب - هَم) (ع) اشتباہ - مشکوک - مذبذب - گول بات - وہ کلام جس کا مطلب کسی طرح دریافت نہ ہو سکے ٭
مبہوت [illegible] حیران - متحیر - ہکا بکا (۲) (ل) دیوانہ - باؤلا - مخبوط - سرشیدہ ٭
مُبِہی (مُبہِ - ہی) (ع) قوت باہ بڑھانے والا - شہوت زیادہ کرنے والا ٭
مُبِین و مُبِیْن (ع) ظاہر - صاف - صریح - کھلا ہوا - آشکارا - ظاہر - روشن ٭
مُبَیَّن (مُبَی - یَن) (ع - مذکر) (۱) بیان کیا گیا (۲) نحو میں وہ اسم جس کے بعد ایک جملہ اس کی تفسیر میں واقع ہو - جملہ بیانیہ ٭

م - پ

مَپ (مَپ) (ہ) ماپنا کا امر ٭
مَپان (مَپان) (ہ) مؤنث - ناپ - پیمائش - ماپائی - پیمائش
مپانا (ہ) مذکر (۱) پیمانہ - ناپنے کی چیز (۲) نپوانا - مپوانا - پیمائش کرانا - ناپ کرانا ٭
مپت (ہ) مؤنث - پیمائش - ناپ ٭
مپنا (ہ) ناپا جانا - پیمائش ہونا - مپائی ہونا - اندازہ کیا جانا ٭
مپوانا (ہ) ناپ کرانا - پیمائش کرانا

م - ت

مَت (مَت) (ہ) لا - نہ - نہیں - نفی کا کلمہ ٭
مت پوچھو (ل) (۱) اکراہ و رغبت دونوں طرح مستعمل ہوتا ہے - ایسا اچھا ہے کہ قابلِ بیان نہیں (۲) ایسی سخت مصیبت ہے کہ کہنے کے لائق نہیں ٭
مت کر ساس بُرائی تیری بھی آگے جائی (ہ) (مثل) (م) بدی کا نتیجہ ہمیشہ بدی ہوا کرتا ہے - ساس جیسا اپنی بہو سے کرے گی - ویسا ہی اس کی بیٹی کے ساتھ ہوگا ٭
مَت (مَت) (ہ) مؤنث (۱) سمجھ بوجھ - عقل - دانش - فہم - ادراک - دانائی (۲) رائے - نصیحت (۳) عادت (۴) (مذکر) مذہب - ملت - دھرم - فرقہ - عقیدہ - اعتقاد - یقین ٭
مَت پھرنا (ہ) (۱) رائے پلٹنا - رائے بدلنا (۲) عقل ماری جانا - سمجھ اُلٹ ٭
مت دینا (ہ) نصیحت کرنا - رائے دینا - عقل کی بات بتانا ٭
مت ماری جانا (ہ) (م) عقل ماری جانا - بے وقوف بننا ٭
مُتابعت (مُتا - بَعَت) (ع) مؤنث (۱) تقلید - پیروی (۲) اطاعت گزاری - اطاعت - فرمانبرداری ٭
مُتاثّر (مُت - تاث - ثِر) (ع) مؤنث (۱) کارگر - اثر (۲) دلگداز - جگر سوز - دل کو لگ جانے والا - رقت انگیز ٭
مُتاخِّر (مُت - اَخ - خِر) (ع) پیچھے آنے والا ٭
مُتاخّرین (ع) مذکر - پچھلے لوگ - پچھلے زمانے ٭
مُتاس (مُتاس) (ہ) مؤنث - موتنے یا پیشاب کرنے کی حاجت - احتیاج - بول ٭
مُتاسا (ہ) مذکر - وہ شخص جسے پیشاب کرنے کی سخت حاجت ہو ٭
مُتاسِّف (مُت - آس - سِف) (ع) افسوس کرنے والا ٭
مَتاع (مَتاع) (ع) مؤنث - پونجی - اثاثہ - چیز - سوداگری کا مال - اسباب - تجارت کا مال ٭
مُتاعی (مُتا - عی) (ع) مؤنث - اہلِ تشیع میں وہ عورت جس سے متعہ کیا گیا ہو - نکاحی سے کم درجے کی عورت ٭
مُتالی (مُتا - لی) (ہ) مؤنث (۱) گھوڑے کے موتنے کی جگہ (۲) ... طویلے کی وہ جگہ جہاں پر گھوڑوں نے موتا ہو ٭
مُتالّم (مُت - آل - لِم) (ع) دکھیا - جسے رنج پہنچا پہنچا ہو ٭
مُتامِّل (مُت - اَم - مِل) (ع) تامل کرنے والا - سوچنے والا ٭
مُتانا (مُتا - نا) (ہ) (ل) (۱) بچے کو پیشاب کرانا (۲) (مذکر) مثانہ - پھکنا - پیشاب رہنے کی جگہ (۳) باندی - ذکر
مَتانت (مَتا - نت) (ع) مؤنث - مضبوطی - استواری - پختگی

پاگلی ✦

مُتانی (مُت - نی) (مؤنث) (۱) بکھو (متالی) (۲) گھوڑے کا پیشاب ✦

مُتاہِل (مُت - آہ - ہِل) گھر والا - قبیلہ دار - بیوی بچے والا - بیاہا ہوا ✦

مُتبادِر (مُت - با - دِر) (ع) (۱) جلدی کرکے آگے بڑھ جانے والا (۲) جلد ذہن میں آنے والا (۳) جلد نکلنے والا ✦

مُتبادِل (مُت - با - دِل) (ع) (۱) بدلنے والا (۲) باری سے آنے یا کام کرنے والا ✦

مُتبادِلہ (ع) (۱) وہ جو بدلے (۲) جب دو متوازی خطوں پہ تیسرا خط آکر گرے تو اس خط کے دونوں طرف کے داخلی زاویے متبادلہ کہلاتے ہیں بشرطیکہ متقیلہ نہ ہوں ✦

مُتبائِن (مُت - با - اِن) (ع) باہم مختلف - باہم جدا - دو ایسے مخالف کہ ایک دوسرے پر صادق نہ آسکیں - بےمیل ✦

مُتبحِّر (مُت - بح - حِر) (ع) بہت بڑا عالم - فاضل اجل - عالم - علم کا دریا ✦

مُتبرّک (مُت - بَر - رَک) (ع) (۱) … پاک صاف - پوتر - برکت والا (۲) معزز - بزرگ - قابلِ تعظیم ✦

مُتبسِّم (مُت - بَس - سِم) (ع) (۱) مسکرانے والا (۲) کھلا ہوا - شگفتہ ✦

مُتّبِع (مُت - تَ - بِع) (ع) پیروی کرنے والا ✦

مُتبنّیٰ (مُت - بن - نا) (ع) لے پالک - پالا ہوا - دوسرے کا بیٹا جو اپنا … ✦

مُتبنّیٰ کرنا (ف) گود لینا - بیٹا بنانا - فرزندی میں لینا ✦

مُتجاوِز (مُت - جا - وِز) (ع) اپنی حد سے گزر جانے - تجاوز کرنے والا ✦

مُتجسِّس (مُت - جس - سِس) (ع) تلاش کرنے والا ✦

مُتجمِّد (مُت - جم - مِد) (ع) جما ہوا - منجمد - … ✦

مُتحرِّک (مُت - حَر - رِک) (ع) (۱) حرکت کرنے والا - ہلنے والا - … (۲) نحو میں وہ حرف جو زبر یا زیر یا پیش رکھتا ہو ✦

مُتحقِّق (مُت - حق - قِق) (ع) ثابت - درست - ٹھیک - صحیح - مصدقہ ✦

مُتحمِّل (مُت - حم - مِل) (ع) بردبار - مستقل مزاج - ثابت قدم - برداشت کرنے والا ✦

مُتحیِّر (مُت - حی - یِر) (ع) حیران - متعجب - حیرت زدہ - … بکا بکا ✦

مُتخاصِم (مُت - خا - صِم) (ع) آپس میں جھگڑا کرنے والا - دشمن - مخالف - مدعی ✦

مُتخاصِمین (ع - مذکر) باہم مخالف - دشمن - … ✦

… علیہ ✦

مُتخلخَل (مُت - خل - خَل) (ع) (۱) … خلا سے خالی (۲)

… ڈھیلا ڈھالا ✦

مُتخلِّص (مُت - خل - لِص) (ع) تخلص رکھنے والا - مسمّیٰ - ملقب - معروف ✦

مُتخلِّل (مُت - خل - لِل) (ع) خلل ڈالنے والا - … والا ✦

مُتخیَّل (مُت - خی - یَل) (ع) خیال کیا گیا - موہوم ✦

مُتخیِّلہ (ع - مذکر) (۱) خیال کی قوت (۲) جہاں خیال پیدا ہو - تصور - وہم - قیاس ✦

مُتدارَک (مُت - دا - رَک) (ع) (۱) کھوئی ہوئی چیز کو پانے والا (۲) عروض کی ایک بحر ✦

مُتداوَل (مُت - دا - وَل) (ع) مروج - رواج - دست بدست پہنچی ہوئی چیز - ہاتھوں ہاتھ پھری ہوئی چیز ✦

مُتدیِّن (مُت - دی - یِن) (ع) (۱) مومن - ایمان دار - دین دار (۲) … معاملے اور بات کا سچا - کھرا ✦

مُتذبذِب (مُت - ذب - ذِب) (ع) تذبذب یا تردد میں پڑنے والا ✦

مُتذکّرہ (مُت - ذک - کَرَہ) (ع) بیان کیا گیا - مذکورہ - ذکر کیا گیا

مُتذکرہ بالا (ع - ف) مرقومہ بالا - جس کا ذکر اوپر کیا گیا ہے ✦

مِتر (ہ) (مذکر) (۱) دوست - یار - مخلص … (۲) بھلا چاہنے والا (۳) مددگار - ساتھی (۴) … ہم جنس ✦

مِتّر (مِت - تر) (ہ) (مذکر) (۱) وہ لڑکا جو کھیل میں سردار بنایا جائے - سرگروہ - سرغنہ (۲) دوست - ہمدم (۳) مصاحب ✦

مِترائی (ہ) (مؤنث) دوستی ✦

مُترادِف (مُت - را - دِف) (ع) ہم ردیف - ہم معنی - دو ایسے لفظ جن کے معنی ایک ہی ہوں ✦

مُترتِّب (مُت - رت - تِب) (ع) ترتیب دیا گیا ✦

مُترجِم (مُت - رَ - جِم) (ع) (مذکر) ترجمہ کرنے والا - ترجمان - … ایک زبان سے دوسری زبان میں بیان کرنے والا ✦

مُترجَم (مُت - رَ - جَم) (ع) ترجمہ کیا گیا ✦

مُتردِّد (مُت - رد - دِد) (ع) (۱) تردد کرنے والا - آنے جانے والا (۲) فکرمند - متفکر - پس و پیش کرنے والا (۳) مضطرب - پریشان ✦

مُترسِّل (مُت - رس - سِل) (ع) خط بھیجنے والا ✦

مُترشِّح (مُت - رش - شِح) (ع) ٹپکنے والا - ظاہر - عیاں - آشکارا ✦

مُترصِّد (مُت - رص - صِد) (ع) امیدوار - آس رکھنے والا -

متوقی ٭

مُتَرَنِّم (مُ-تَ-رَن-نِم) (ع) گانے والا ٭

مَتْرُوک (م-ت-رُو-ک) (ع) چھوڑا گیا۔ ممنوع۔ موقوف۔ باطل۔ ٹکسال سے باہر ٭

مَتْرُوکات (ع) مؤنث۔ چھوڑی ہوئی چیزیں ٭

مُتَزَائِد (مُ-تَ-زا-ئِد) (ع) بڑھنے والا۔ زیادہ ہونے والا ٭

مُتَزَلْزِل (مُ-تَ-زَل-زِل) (ع) جنبش کرنے والا۔ ڈگمگانے والا۔ لرزاں۔ کانپنے والا ٭

مُتَساوِی (مُ-تَ-سا-وِی) (ع) برابر۔ مُساوی۔ ہم وزن۔ ہم مقدار۔ ہم قیمت۔ ہمسر۔ ہم پلّہ ٭

مُتَسَلِّط (مُ-تَ-سَل-لِط) (ع) غالب۔ غلبہ کرنے والا۔ قابض۔ قبضہ کرنے والا۔ مُوَکَّل ٭

مُتَشابِہ (مُ-تَ-شا-بِہ) (ع) (۱) ہم شکل۔ ہم صورت۔ یکساں۔ برابر۔ مانند (۲) مُشتبہ۔ مشکوک۔ جس کے معنی میں کچھ شبہ ہو (۳) گڑبڑ۔ چوک۔ مشتبہ ٭

مُتَشابِہ لَگْنا (ل) شبہ پڑنا۔ کہیں سے کہیں پڑھنے لگنا۔ قرآن شریف پڑھتے وقت حافظوں کا بعض آیات کے مختلف موقعوں پر آجانے سے کہیں سے کہیں پڑھ جانا ٭

مُتَشاعِر (مُ-تَ-شا-عِر) (ع) وہ جو اپنے آپ کو شاعر ظاہر کرے مگر اصل میں شاعر نہ ہو ٭

مُتَشَدِّد (مُ-تَ-شَد-دِد) (ع) سختی کرنے والا ٭

مُتَشَرِّع (مُ-تَ-شَر-رِع) (ع) پابند شریعت۔ پارسا۔ پرہیزگار۔ دیندار۔ ایماندار ٭

مُتَشَکِّر (مُ-تَ-شَک-کِر) (ع) شکرگزار ٭

مُتَشَکِّل (مُ-تَ-شَک-کِل) (ع) شکل اختیار کرنے والا۔ کوئی صورت اختیار کرنے والا ٭

مُتَصاعِد (مُ-تَ-صا-عِد) (ع) صعود کرنے والا۔ اوپر چڑھنے والا ٭

مُتَصَدِّع (مُ-تَ-صَد-دِع) (ع) دردِ سر کرنے والا۔ تکلیف دینے والا۔ متکلف ٭

مُتَصَدِّی (مُ-تَ-صَد-دِی) (ع) (۱) پیش آنے والا۔ پیشکار۔ دیوان (۲) ذمہ دار۔ کفیل (۳) انتظام کرنے والا۔ مہتمم (۴) کاتب۔ منشی۔ محرّر (۵) محاسب۔ حساب دان۔ پٹواری (۶) نائب۔ گماشتہ ٭

مُتَصَرِّف (مُ-تَ-صَر-رِف) (ع) قابض۔ قبضہ کرنے والا ٭

مُتَّصِف (مُت-تَ-صِف) (ع) تعریف کیا گیا۔ جس کے ساتھ کوئی وصف لگا ہو ٭

مُتَّصِل (مُت-تَ-صِل) (ع) (۱) پاس۔ قریب۔ نزدیک۔ برابر (۲) متواتر۔ لگاتار۔ پے در پے ٭

مُتَصَوَّر (مُ-تَ-صَو-وَر) (ع) خیال کیا گیا۔ تصور کیا گیا۔ سوچا ہوا ٭

مُتَضاد (مُ-تَ-ضا-د) (ع) (۱) منافی۔ برعکس۔ خلاف۔ اُلٹا (۲) ایک صنعت جس میں مخالف اور متضاد معنی کے الفاظ لائے جاتے ہیں ٭

مُتَضَمِّن (مُ-تَ-ضَم-مِن) (ع) شامل۔ مشتمل۔ مندرج۔ داخل۔ مشمول ٭

مُتَظَلِّم (مُ-تَ-ظَل-لِم) (ع) ظلم کی شکایت کرنے والا۔ فریادی۔ دادخواہ ٭

مُتَعارِض (مُ-تَ-عا-رِض) ایک دوسرے کے خلاف ٭

مُتَعارَف (مُ-تَ-عا-رَف) (ع) معروف۔ مشہور۔ آپس میں جان پہچان رکھنے والے ٭

مُتَعارِفَہ (ع) مشہور۔ ظاہر ٭

مُتَعاقِب (مُ-تَ-عا-قِب) تعاقب کرنے والا۔ پیچھے آنے والا ٭

مُتَعاقِد (مُ-تَ-عا-قِد) (ع) عہد و پیمان کرنے والا ٭

مُتَعاقِدَین (ع) باہم اقرار کرنے والے۔ فریقین ٭

مُتَعال (مُ-تَ-عا-ل) بلند۔ عالی۔ بزرگ۔ برتر۔ بلند ہونے والا ٭

مُتَعَجِّب (مُ-تَ-عَج-جِب) تعجب کرنے والا۔ حیران۔ متحیر۔ دنگ۔ ششدر ٭

مُتَعَدِّد (مُ-تَ-عَد-دِد) (ع) (۱) گنے ہوئے۔ چند۔ تھوڑے گنتی کے (۲) بہت۔ کئی۔ بہتیرے (۳) متفرق۔ جدا جدا۔ مختلف ٭

مُتَعَدِّی (مُ-تَ-عَد-دِی) (ع) (۱) تجاوز کرنے والا (۲) اُڑ کر لگنے والی بیماری (۳) نحو میں وہ فعل جو مفعول کو بھی چاہے ٭

مُتَعَرِّض (مُ-تَ-عَر-رِض) (ع) (۱) اعتراض کرنے والا۔ روکنے والا (۲) آگے آنے والا ٭

مُتَعَصِّب (مُ-تَ-عَص-صِب) (ع) سخت دل۔ تعصب کرنے والا ٭

مُتَعَفِّن (مُ-تَ-عَف-فِن) (ع) سڑا ہوا۔ گلا سڑا۔ بدبودار ٭

مُتَعَلِّق (مُ-تَ-عَل-لِق) (ع) (۱) تعلق رکھنے والا۔ لگاؤ رکھنے والا (۲) رشتہ دار۔ قرابتی (۳) شامل۔ مشمول۔ منسلک (۴) ماتحت۔ تابع۔ وابستہ ٭

مُتَعَلِّق کرنا (۱) ملانا۔ لگانا۔ ملحق کرنا۔ شامل کرنا (۲) جوڑنا۔ چسپاں کرنا۔ ساتھ لگانا (۳) سپرد کرنا۔ سونپنا ٭

مُتَعَلِّقات (ع) وہ چیزیں جو کسی دوسری چیز سے لگاؤ رکھیں ٭

مُتَعَلِّقِین (ع) (متعلق کی جمع) تعلق رکھنے والے۔ لواحقین۔ گھر کے لوگ۔ بال بچے۔ نوکر چاکر ٭

مُتَعَلِّم (مُ-تَ-عَل-لِم) (ع) تعلیم پانے والا۔ طالب علم۔ بچھڑا

تلمیذ۔ شاگرد ◆

مُتعہ (مُتْ۔ عَہ) (ع) مذکر۔ شیعہ فرقے میں کچھ مدت کے لئے عورت سے نکاح کر لینا ◆

مُتعہد (مُتَ۔ عَہ۔ ہِد) (ع) (۱) ذمہ دار۔ کام میں مشغول (۲) جس سے عہد کیا گیا ہو۔ وہ سرکاری ملازم جو ولایت میں عہد نامہ کر کے آتے ہیں (۳) ہمعصر۔ ایک زمانے کے (۴) ٹھیکہ دار۔ مُستاجر ◆

مُتعین (مُتَ۔ عَیْ۔ یَن) (ع) مقرر کیا گیا۔ تعین شدہ۔ کسی کام پر لگایا گیا ◆

مُتعین کرنا (ف) مقرر کرنا۔ مقرر رکھنا۔ کام پر لگانا۔ نامزد کرنا۔ تعینات کرنا ◆

مُتغزل (مُتَ۔ غَزْ۔ زِل) (ع) غزل لکھنے والا۔ غزل گو شاعر ◆

مُتغیر (مُتَ۔ غَیْ۔ یِر) (ع) (۱) تبدیل ہونے والا۔ متبدل (۲) غیر مستقل۔ بے ثبات (۳) حیران۔ گھبرایا ہُوا ◆

مُتفاوت (مُتَ۔ فا۔ وِت) (ع) فرق رکھنے والا۔ ایک دوسرے سے دُور ہونے والا۔ متضاد۔ مخالف ◆

مُتفحص (مُتَ۔ فَح۔ حِص) (ع) (۱) ڈھونڈنے والا۔ تلاش کرنے والا۔ متلاشی۔ کھوجی (۲) محقق۔ تحقیق کرنے والا ◆

مُتفرق (مُتَ۔ فَر۔ رِق) (ع) فرق کیا گیا۔ جدا جدا۔ الگ الگ۔ پراگندہ۔ منتشر ◆

مُتفرقات (ع۔ مؤنث) (۱) مختلف چیزیں (۲) حساب کی مختلف رقمیں (۳) زمین کے وہ جدا جدا اور مختلف حصے جو ایک گاؤں یا املاک میں شامل ہوں ◆

مُتفق (مُتْ۔ تَفِق) (ع) (۱) اتفاق کرنے والا۔ ملا ہوا۔ شامل۔ لگا ہوا (۲) رضا مند۔ موافق (۳) ہم رائے۔ ہم خیال۔ ہم صلاح۔ ہم مشورہ ◆

مُتفق الرائے (ع) شریک الرائے۔ ہم رائے۔ ہم صلاح۔ ہم مشورہ ◆

مُتفق الکلمہ۔ یا متفق اللفظ (ع) ایک زبان۔ ہم زبان۔ ہم رائے۔ ہم صلاح۔ ہم مشورہ ◆

مُتفق علیہ (ع) جس پر اتفاق کیا گیا ہو۔ سب کی رائے اور مرضی کے موافق ◆

مُتفق ہونا (ف) (۱) موافق ہونا۔ ہمزبان ہونا (۲) ایک دل ہونا ◆

مُتفکر (مُتَ۔ فَک۔ کِر) (ع) فکر مند۔ مغموم۔ دلگیر۔ اُداس ◆

مُتفنن (مُتَ۔ فَن۔ نِن) (ع) مختلف فن جاننے والا ◆

مُتقی (مُتْ۔ تَق۔ قی) (ع) متقابر۔ سفر پیشہ۔ خانہ بدوش۔ عیار ◆

مُتقابل (مُتَ۔ قا۔ بِل) (ع) (۱) مقابلہ کرنے والا۔ حریف (۲) آمنے سامنے ◆

مُتقارب (مُتَ۔ قا۔ رِب) (ع) (۱) ایک دوسرے کے نزدیک (۲) عروض کی ایک بحر ◆

مُتقاضی (مُتَ۔ قا۔ ضی) (ع) تقاضا کرنے والا۔ مانگنے والا۔ طلب کرنے والا ◆

مُتقدم (مُتَ۔ قَد۔ دِم) (ع) (۱) پیش ہونے والا۔ آگے بڑھنے والا (۲) اگلا۔ پہلا۔ سابق کا۔ پرانا۔ پہلے زمانے کا ◆

مُتقدمین (ع) (مذکر) متقدم کی جمع۔ پہلے زمانے کے لوگ۔ سابقین ◆

مُتقی (مُتْ۔ تَق۔ قی) (ع) پرہیزگار۔ عابد۔ زاہد۔ پارسا۔ دیندار۔ گناہوں سے بچنے والا ◆

مُتکبر (مُتَ۔ کَب۔ بِر) (ع) تکبر کرنے والا۔ مغرور۔ گھمنڈی۔ خود پسند ◆

مُتکفل (مُتَ۔ کَف۔ فِل) (ع) ضامن۔ کفیل۔ ذمہ دار ◆

مُتکلف (مُتَ۔ کَل۔ لِف) (ع) (۱) تکلیف کرنے والا۔ کوشش کرنے والا (۲) تکلیف دینے والا۔ تصدیعہ دینے والا ◆

مُتکلم (مُتَ۔ کَل۔ لِم) (ع) کلام کرنے والا۔ بات کرنے والا ◆

مُتکلمین (ع۔ مذکر) (۱) کلام کہنے والے لوگ (۲) علم کلام جاننے والے اشخاص (۳) شیریں زبان لوگ۔ خوش بیان ◆

مُتلاشی (مُتَ۔ لا۔ شی) (ع) تلاش کرنے والا۔ ڈھونڈنے والا۔ کھوجی۔ ترکی لفظ تلاش سے بنایا گیا ہے ◆

مُتلاطم (مُتَ۔ لا۔ طِم) (ع) تھپیڑے مارنے والا۔ ٹھاٹھیں مارنے والا (دریا۔ سمندر) ◆

مِتلانا (مِتْ۔ لا۔ نا) (ف) قے کرنے کو جی چاہنا ◆

مُتلذذ (مُتَ۔ لَذ۔ ذِذ) (ع) لذت اُٹھانے والا۔ ذائقہ چکھنے والا۔ لطف اُٹھانے والا ◆

مُتلون (مُتَ۔ لَو۔ وِن) (ع) (۱) وہ شخص جس کے مزاج میں استقلال نہ ہو (۲) متغیر۔ تبدیل ہونے والا (۳) مختلف رنگ اختیار کرنیوالا ◆

مُتلون مزاج (ع) غیر مستقل مزاج۔ گھڑی میں تولہ گھڑی میں ماشہ ◆

مَتلی (مَتْ۔ لی) (ہ۔ مؤنث) طبیعت کا مالش کرنا۔ غثیان۔ اُبکائی ◆

مُتمادی (مُتَ۔ ما۔ دی) (ع) لمبا۔ طویل۔ دراز ◆

مُتمتع (مُتَ۔ مَت۔ تِع) (ع) فائدہ اُٹھانیوالا۔ استفادہ۔ تمتع حاصل کرنیوالا ◆

مُتمدن (مُتَ۔ مَد۔ دِن) (۱) بسنے والا (۲) مہذب ◆

مُتمرد (مُتَ۔ مَر۔ رِد) (ع) نافرمان۔ سرکش۔ باغی۔ بپھرا ہُوا ◆

مُتمکن (مُتَ۔ مَک۔ کِن) (ع) جگہ پکڑنے والا۔ جاگزین۔ قائم ◆

مُتَمَلِّق (مُ-تَ-مَل-لِق) (ع) خوشامدی۔ ہاں میں ہاں ملانے والا۔ خلق۔ پسند ✦

مُتَمِّم (مُ-تَم-مِم) (ع) تمام کرنے والا۔ پورا کرنے والا۔ ختم کرنے والا ✦

مُتَمَنِّی (مُ-تَ-مَن-نی) (ع) تمنّا کرنے والا۔ آرزومند۔ خواہشمند ✦

مُتَمَوِّج (مُ-تَ-مَو-وِج) (ع) لہریں لینے والا۔ موجیں مارنے والا ✦

مُتَمَوِّل (مُ-تَ-مَو-وِل) (ع) دولت مند۔ مال دار۔ امیر ✦

مُتَمَیِّز (مُ-تَ-مَی-یِز) (ع-۱) جُدا ہونے والا (۲) الگ۔ علیحدہ ✦

مَتْن (مَتن) (ع) (مذکر) (۱) پیٹھ۔ پُشت (۲) مضبوط۔ اُستوار (۳) سخت اور اونچی زمین (۴) کتاب کی اصل عبارت۔ جس کی شرح کی جائے (۵) بیچ۔ درمیان۔ وسط۔ درمیانی حصّہ ✦

مَثْنا (مَث-نا) (ہ) مذکر۔ نیشکر کی ایک قسم ✦

مُتنّا (مُت-نا) (ہ) مذکر۔ بستر پر پیشاب کر دینے والا بچہ ✦

مُتَنازَع (مُ-تَ-نا-زَع) (ع) جھگڑا کیا گیا۔ وہ چیز جس پر جھگڑا ہو ✦

مُتَناسِب (مُ-تَ-نا-سِب) (ع) تناسب رکھنے والا۔ نسبت رکھنے والا ✦

مُتَناقِص (مُ-تَ-نا-قِص) نقص رکھنے والا۔ ناقص۔ ناتمام ✦

مُتَناقِض (مُ-تَ-نا-قِض) (ع) نقیض۔ مخالف۔ برعکس۔ اُلٹا۔ منافی ✦

مُتَناہی (مُ-تَ-نا-ہی) (ع) انتہا کو پہنچنے والا ✦

مُتَنَبِّہ (مُ-تَ-نَب-بِہ) (۱) تنبیہ کیا گیا۔ چوکس۔ ہوشیار (۲) مُطّلع۔ آگاہ ✦

مُتَنَبِّہ کرنا (ف) (۱) جتانا۔ آگاہ کرنا (۲) چوکس کرنا۔ ہوشیار کرنا ✦

مُتَنَبِّی (مُ-تَ-نَب-بی) (ع-۱) نبوّت کا دعوی کرنے والا (۲) ایک بلند پایہ عرب شاعر کا تخلّص ✦

مُتَنْجَن (مُ-تَن-جَن) (ف- مذکر) ایک قسم کا میٹھا پلاؤ جس میں میووں کی کثرت بھی پڑتی ہے ✦

مُتَنَفِّر (مُ-تَ-نَف-فِر) (ع) نفرت کرنے والا۔ بیزار۔ کراہت کرنے والا ✦

مُتَنَفِّس (مُ-تَ-نَف-فِس) (ع) (۱) نفس رکھنے والا۔ جان دار (۲) انسان۔ آدمی۔ بشر۔ نفر ✦

مُتْبَنّی (مُت-بَن-نی) (ع۔ مؤنث) آلۂ تناسل ✦

مُتَواتِر (مُ-تَ-وا-تِر) (ع) یکے بعد دیگرے۔ لگاتار۔ جاری۔ مسلسل۔ سلسلہ وار ✦

مُتَوازی (مُ-تَ-وا-زی) (ع) برابر ہونے والا۔ برابر فاصلے پر رہنے والا ✦

مُتَواضِع (مُ-تَ-وا-ضِع) (ع) (۱) تواضع کرنے والا۔ عاجزی کرنے والا (۲) خاطر مدارات کرنے والا ✦

مَتْوالا (مَت-وا-لا) (ہ) (۱) مست۔ مخمور۔ مدہوش۔ نشے میں چور۔ مستانہ ✦

مَتْوالا ہونا (ف) مست ہونا۔ مدماتا ہونا۔ مخمور ہونا ✦

مُتَوالی (مُ-تَ-وا-لی) (ع) پے در پے آنے والا۔ وہ جو بار بار آئے ✦

مُتَوَجِّہ (مُ-تَ-وَج-جِہ) (ع) (۱) دھیان دینے والا۔ توجہ کرنے والا۔ ملتفت۔ راغب (۲) مخاطب (۳) مہربان۔ نظرِ عنایت رکھنے والا ✦

مُتَوَجِّہ ہونا (ف) (۱) رجوع ہونا۔ توجہ کرنا (۲) مخاطب ہونا ✦

مُتَوَحِّش (مُ-تَ-وَح-حِش) (ع) وحشت اختیار کرنے والا۔ غیر مانوس۔ متنفّر ✦

مُتَوَرِّع (مُ-تَ-وَر-رِع) (ع) پارسا۔ پرہیزگار۔ عابد۔ زاہد ✦

مُتَوَرِّم (مُ-تَ-وَر-رِم) (ع) سُوجا ہوا۔ سُوجنے والا ✦

مُتوڑا (مُت-وڑا) (ہ) مذکر۔ بستر پر موت دینے والا ✦

مُتَوَسِّط (مُ-تَ-وَس-سِط) (ع) (۱) بیچ۔ درمیانی۔ میانہ (۲) معمولی۔ رسمی۔ درمیانی ✦

مُتَوَسِّط الحال (ع) اوسط درجے کی حالت والا۔ نہ امیر نہ غریب ✦

مُتَوَسِّل (مُ-تَ-وَس-سِل) (ع) (۱) وسیلہ ڈھونڈنے والا (۲) وسیلہ ہونے والا۔ قُربی (۳) وسیلہ بنانے والا۔ سبب ڈھونڈنے والا۔ نزدیکی چاہنے والا ✦

مُتَوَطِّن (مُ-تَ-وَط-طِن) (ع) باشندہ۔ ساکن۔ مقیم۔ مکین۔ رہنے والا ✦

مُتَوَفّی (مُ-تَ-وَف-فی) (ع) مرا ہوا۔ جہان سے گزرا ہوا۔ وفات یافتہ ✦

مُتَوَقِّع (مُ-تَ-وَق-قِع) (ع) توقع رکھنے والا۔ اُمیدوار۔ آس رکھنے والا ✦

مُتَوَقِّف (مُ-تَ-وَق-قِف) (ع) ٹھہرنے والا۔ رکنے والا۔ توقف کرنے والا ✦

مُتَوَکِّل (مُ-تَ-وَک-کِل) (ع) توکل پر رہنے والا۔ خدا پر بھروسہ کرنے والا ✦

مُتَوَلِّد (مُ-تَ-وَل-لِد) (ع) پیدا ہونے والا ✦

مُتَوَلّی (مُ-تَ-وَل-لی) (ع) کام پر رہنے والا۔ مہتمم۔ منصرم۔ سرپرست۔ نگران کار ✦

مُتَوَہِّم (مُ-تَ-وَہ-ہِم) (ع) سودائی۔ وہم کرنے والا ✦

مُتھا (مُتھ-تھا) (ہ) مذکر۔ ماتھا۔ پیشانی +
متھا پھوٹول (ہ) مذکر۔ معمولی صاحب سلامت +
متھانی (مَتھا-نِی) (ہ) مؤنث۔ بلونی۔ رئی۔ مدھانی۔ دہی بلونے کا ایک اوزار۔ مِتھنی +
متھرا (مَتھ-رَا) (س) مذکر۔ ایک مشہور شہر جو دریائے جمنا کے کنارے ہندوؤں کا مشہور تیرتھ ہے۔ وہاں کے پیڑے بہت مشہور ہیں +
متھری (مَتھ-رِی) (ہ) مؤنث۔ وہ جگہ جو گھوڑوں کے اصطبل میں پیشاب کے لئے بنائی جاتی ہے +
مُتّہم (مُت-تَہَم) (ع) مذکر۔ وہ شخص جس پر تہمت لگائی گئی ہو +
مِتھن (مِتھُن) (س) مذکر۔ آسمان کا تیسرا برج جسے جوزا بھی کہتے ہیں +
متھنا (مَتھ-نَا) (ہ) (۱) بلونا۔ مسکہ نکالنے کے لئے دہی کو بلونا (۲) مارنا۔ بیلنا (۳) کسی بات کا کھوج نکالنے کے لئے بار بار پوچھنا +
متھنی (ہ) مؤنث۔ دیکھو (متھانی) +
مَتّی (مَت-تِی) (ا) مذکر۔ حضرت عیسیٰ کا ایک حواری +
مِتّی (مِت-تِی) (ہ) مؤنث (۱) تاریخ۔ تتھ (۲) سود کی تاریخ۔ وہ تاریخ جس سے سود لگایا جائے (۳) روپیہ ادا کرنے کا وقفہ (۴) سود۔ بیاج۔ منافع۔ سود کی تاریخ +
مِتّی پکنا (ہ) ہنڈی کی میعاد کا ختم ہو جانا۔ روپیہ ادا کرنے کی تاریخ کا پورا ہونا +
مِتّی کاٹا (ہ) مذکر۔ وہ حساب جس کے مطابق مدت معینہ کا سود ہنڈی پر لیتے ہیں۔ کوڑی +
مِتّی وار (ہ) (ہندو) تاریخ وار۔ تاریخ کے بموجب +
متیرا (مَتی-رَا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا چھوٹا اور نہایت میٹھا تربوز +
مُتیقّن (مُتَ-یَق-قَن) (ع) وہ امر جس کا یقین ہو۔ یقین کیا گیا۔ یقینی +
مَتین (مَتِین) (ع) (۱) مضبوط۔ اُستوار (۲) پختہ۔ ٹھوس (۳) مستقل مزاج +

م-ٹ

مِٹ (مِٹ) (ہ) مٹنا کا امر +
مِٹ جانا (ہ) (۱) تباہ و برباد ہو جانا۔ بے نشان ہو جانا (۲) عاشق ہونا (۳) محو ہو جانا (۴) مائل ہو جانا +
مُٹاپا (مُٹا-پَا) (ہ) مذکر۔ موٹائی۔ پھیلاوٹ۔ تیاری۔ فربہی +
مُٹاپا چڑھنا۔ (ہ) فربہ ہونا۔ جسم کا پھول جانا +
مِٹانا (ہ) (۱) معدوم کرنا۔ نابود کرنا (۲) زائل کرنا۔ کھرچنا۔ چھیلنا (۳) تباہ کرنا۔ برباد کرنا (۴) منسوخ کرنا۔ رد کرنا +
مُٹائی (ہ) مؤنث۔ فربہی۔ تیاری۔ جسامت۔ موٹاپا۔ دبیزپن +
مُٹ بھیڑ (مُٹ-بھیڑ) (ہ) مؤنث۔ دیکھو (مُٹھ بھیڑ) +
مُٹ بھیڑ ہونا (ہ) دیکھو (مُٹھ بھیڑ ہونا) +
مَٹر (مَٹَر) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا غلہ جس کے گول گول دانے ہوتے ہیں +
مَٹر سی آنکھیں (ہ) مؤنث } چھوٹی چھوٹی آنکھیں +
مٹر سے دیدے (ہ) مذکر } ننھی ننھی آنکھیں +
مٹر گشت (ف) مذکر (۱) آوارہ گردی۔ کوچہ گردی (۲) ہوا خوری۔ سیر +
مٹر گشت کرنا (ف) مذکر (۱) آوارہ پھرنا۔ بیہودہ پھرنا (۲) ہوا خوری کرنا۔ سیر کرنا +
مَٹک (مَٹَک) (ہ) مؤنث (۱) شکل (۲) ناز نخرہ۔ چوچلا (۳) نخرے کی چال +
مَٹکا (مَٹ-کَا) (ہ) بڑا گھڑا۔ گاگر۔ خُم +
مَٹکانا (ہ) (۱) گھمانا۔ پھرانا۔ مچکانا۔ گردش دینا۔ جیسے آنکھیں مٹکانا (۲) ہلانا۔ نچانا۔ جیسے ہاتھ مٹکانا (۳) (عو) نزیب تن کرنا +
مَٹکنا (ہ) (۱) نخرہ کرنا۔ ناز دکھانا (۲) ہاتھوں کو نچانا +
مُٹکنا (مُٹ-کَنَا) (ہ) میانہ۔ چھوٹا۔ پستہ۔ متوسط۔ چھوٹا اور بہت ہی خوب صورت +
مُٹکنا سا قد (ف) مذکر۔ میانہ اور موزوں قد۔ بوٹا سا قد +
مَٹکو (ہ) مؤنث۔ نہایت ناز نخرہ کرنے اور مٹک مٹک کر چلنے والی عورت +
مٹکی (ہ) مؤنث (۱) چھوٹا گھڑا۔ مٹکیا (۲) شراب کا گھڑا۔ (۳) دہی جمانے کا برتن۔ چاٹی +
مَٹکینا (ہ) مذکر۔ مٹی کا آبخورہ۔ کوزہ +
مُٹّل۔ مُٹلا (مُٹ-ٹَل۔ مُٹ-لا) موٹا جسم۔ بھدا +
مَٹن (مَٹَن) (انگ) Mutton (مذکر) بھیڑ یا بکری کا گوشت +
مٹن چاپ (انگ) Mutton Chop (مذکر)

انگریزی طرز کے پھندے جو سینے کے گوشت سے تیار کئے جاتے ہیں ◆

مِٹْنا (ہ) (۱) ناپید ہونا۔ معدوم ہونا۔ محو ہونا (۲) زائل ہونا۔ چھپ جانا (۳) تباہ ہونا۔ برباد ہونا (۴) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا (۵) منسوخ ہونا۔ رد ہونا ◆

مَٹھ (مَٹْھ) (ہ۔ مذکر) (۱) خانقاہ۔ دھرم سالہ (۲) ہندو فقیروں کی طرح جھونپڑی۔ کُٹی (۳) مذہبی مدرسہ۔ پاٹ شالا۔ (۴) نیل کا حوض ◆

مَٹھ دھاری (ہ) مذکر (ہندو) مہنت۔ جوگی۔ بیراگی ◆

مَٹھ مارا جانا (ہ) خراب ہو جانا۔ بگڑ جانا۔ ستیاناس ہو جانا ◆

مِیٹھ (مِیٹْھ) (ہ۔ مذکر) میٹھا کا مخفف۔ شیریں۔ میٹھا ◆

مِیٹھ بولا۔ مِیٹھ بولنا (ہ) مذکر۔ میٹھی میٹھی باتیں کرنے والا۔ شیریں کلام

مِٹھ لونا } (ہ) پھیکے نمک کا۔ جس میں نمکینی کے ساتھ کچھ
مِیٹھ لونا } میٹھا پن ہو ◆

مُٹھ (مُٹھ) (ہ) مؤنث (۱) مُشت (۱) گھونسا۔ مُکّا (۲) پنجہ۔ مٹھی۔ چنگل (۳) قبضہ۔ دستہ۔ پکڑ (۴) جلق۔ ہتھ رس۔ مٹھولا ◆

مُٹھ بھیڑ (ہ۔ مؤنث) (۱) مُقابلہ (ہ۔ مؤنث) (۱) مقابلہ۔ آمنا سامنا (۲) گتھ جانا (۳) اتفاقیہ ملاقات ◆

مُٹھ بھیڑ ہونا (ہ) (۱) راستے میں آمنا سامنا ہو جانا (۲) اتفاقیہ ملاقات ہونا (۳) گتھ جانا ◆

مُٹھ مارنا (ہ) جلق زنی کرنا۔ ہتھ رس کرنا ◆

مُٹھ مَرد (ہ) مذکر (۱) مضبوط اور قوی ہیکل آدمی۔ زبردست زور آور۔ سخت۔ کڑا (۲) چور۔ رہزن۔ دُزد۔ لٹیرا ◆

مُٹھ مَردی (ہ) مؤنث (۱) سینہ زوری۔ شہ زوری۔ زیادتی زبردستی (۲) جبر و تعدی۔ ستم۔ ظلم۔ جور۔ جفا (۳) تندی۔ سختی۔ غضب۔ اندھیر ◆

مُٹھا (ہ) مذکر (۱) مٹھی۔ لپ (۲) گٹھا۔ بنڈل۔ گڈا۔ کاغذوں کا پشتارہ (۳) قبضہ۔ دستہ۔ مٹھ۔ گرفت۔ ہل کا وہ حصّہ جس جگہ سے اُسے پکڑے رکھتے ہیں (۴) لکڑی کا وہ اوزار جسے تانت پر مار کر روئی دُھنتے ہیں ◆

مَٹھا (مَٹْھا۔ مٹھا) (ہ۔ مذکر) (۱) پتلا دہی۔ چھاچھ (۲) ایک قسم کا پکوان (۳) سُست۔ ڈھیلا۔ نکما۔ جڑ (۴) جتی۔ کند ذہن۔ موٹی سمجھ کا ◆

مٹھاپن (ہ۔ مذکر) سستی۔ کاہلی۔ کند ذہنی ◆

مٹھار (مٹھار) (ہ) مٹھارنا کا امر ◆

مٹھار مٹھار کر باتیں کرنا (ہ) مزے سے لے کر باتیں کرنا۔ (۲) تمکنت کے ساتھ بولنا ◆

مُٹھارنا (ہ) (۱) گول کرنا۔ مُدوّر بنانا (۲) لیس پیدا کرنا۔ ٹھپے کر لوچ دینا۔ چکنی دینا (۳) چبا چبا کر باتیں کرنا۔ باتیں بنانا (۴) پھیلانا۔ چوڑا کرنا (۵) مفصّل بیان کرنا۔ شرح کرنا۔ تفسیر کرنا ◆

مٹھاس (مٹھاس) (ہ) مؤنث۔ شیرینی۔ حلاوت۔ مٹھائی۔ رس ◆

مٹھائی (ہ) مؤنث۔ شیرینی۔ لڈو۔ پیڑا۔ وغیرہ ◆

مٹھڑی (مٹھ۔ ڑی) (ہ۔ مؤنث) مٹھی۔ مٹھن۔ تلی ہوئی خستہ ٹکیہ ◆

مٹھڑیاں (ہ۔ مؤنث) دودھ پیتے بچے کی ہچکیاں ◆

مِٹھو (مِٹھو۔ مٹھو) (ہ) مؤنث (۱) رٹنے والا طوطا۔ میاں مٹھو (۲) پیاری پیاری باتیں کرنے والا بچہ ◆

مٹھو (ہ) مذکر۔ بچوں کا چوما۔

مٹھو سا (مٹھو۔ سا) (ہ۔ مذکر) وہ شخص جو کسی فکر یا رنج سے خاموش رہے اور کسی سے بات چیت نہ کرے (۲) وہ شخص جو اپنے دل کا حال کسی سے نہ کہے ◆

مٹھولا (مٹھولا) جلق۔ ہتھ رس۔ مٹھ۔ مُشت زنی ◆

مٹھولے (ہ۔ مذکر) مٹھولا کی جمع ◆

مٹھولے لگانا۔ یا۔ مارنا (ہ) جلق لگانا۔ ہتھ رس کرنا۔ مُشت زنی کرنا ◆

مِیٹھی (ہ) مؤنث۔ بتی ◆

مُٹھی (مُٹْھی) (ہ) مؤنث (۱) مُشت۔ قبضہ۔ چنگل (۲) مٹھی (۳) ایک مُشت کے برابر مقدار۔ لپ بھر (۴) گرفت۔ پکڑ۔ (۵) بند ہاتھ کی مقدار جو ناپنے میں آتی ہے (۶) مالش۔ چاپی۔ ڈانک ◆

مُٹھی بھر (ہ) لپ بھر۔ ایک مُشت مقدار کے برابر ◆

مُٹھی بھرنا (ہ) دیکھو (مٹھیاں بھرنا) ◆

مُٹھی گرم کرنا (ہ) (۱) رشوت دینا۔ منہ بھرائی دینا۔ کسی کے ہاتھ میں نقدی دینا۔ (۲) جائز فائدہ اُٹھانا ◆

مُٹھی میں ہونا (ہ) قابو میں ہونا۔ قبضہ میں ہونا۔ اختیار میں ہونا ◆

مُٹھیا (ہ) مؤنث (۱) ہل کی مٹھ (۲) ہل کی وہ جگہ جہاں ہاتھ رہتا ہے (۳) مٹھ۔ قبضہ (۴) گرگٹ کی پٹی ◆

مُٹھیاں (ہ) مؤنث۔ مٹھی کی جمع ◆

مٹھیاں بھرنا (ہ) پاؤں دبانا۔ چپی کرنا ◆

مُٹھیانا (ہ) (۱) ہاتھ میں پکڑنا (۲) قبضے میں دبانا۔ مٹھی میں پکڑنا۔

بچھانا ✦

مٹّی (ہند) - ہُ (ہ)، مؤنث، (۱) - زمین - دھرتی - ارض (۲) گیلی مٹی - کیچڑ (۳) خاک - دُھول (۴) دُنیا - سنسار - کُرّۂ زمین - (۵) میت - ریگ (۶) مادہ - خاک - عنصر (۷) خمیر - سرشت - اصلہ ✦

مٹّی اُٹھنا (ہ) مرنا - فوت ہو جانا -

مٹّی اُڑانا (ہ) (۱) خاک اُڑانا (۲) اِدھر اُدھر کہیں جانا ✦

مٹّی برباد کرنا (ہ) - میت کو رُسوا کرنا - کسی کی خاک اُڑانا - ذلیل و خوار کرنا - بدنام کرنا ✦

مٹّی پر لڑنا (ہ) زمین پر جھگڑا کرنا ✦

مٹّی پکڑے سونا ہوتا ہے (ہ) ایسا صاحبِ اقبال ہے کہ اگر مٹی پر بھی ہاتھ ڈالتا ہے تو وہ سونے کی طرح معلوم ہوتی ہے ✦

مٹّی پلید کرنا (ہ)، (۱) ذلیل و رُسوا کرنا - بُرا حال کرنا - دُرگت بنانا (۲) ستانا - دِق کرنا - ہنسی اُڑانا ✦

مٹّی تھوپنا (ہ) پلستر کرنا - کہگل کرنا ✦

مٹّی ٹھکانے لگنا (ہ) اچھی طرح کفن دفن ہونا - مُردے کی تجہیز و تکفین حسبِ قاعدہ سرانجام ہونا ✦

مٹّی خراب کرنا (ہ) - (۱) مُردے کی تجہیز و تکفین اچھی طرح نہ کرنا (۲) رُسوا کرنا - ذلیل کرنا - بدنام کرنا - (۳) ستانا - تکلیف دینا - حیران کرنا (۴) احمق بنانا - ہنسی اُڑانا (۵) برباد کرنا - تباہ کرنا - ستیاناس کرنا - بگاڑنا ✦

مٹّی خرابی (ہ)، (۱) بربادی - خرابی - تباہی - ستیاناس (۲) بے عزتی - ذلت - رُسوائی ✦

مٹّی خراب ہونا (ہ) (۱) میت کا اچھی طرح نہ اُٹھایا جانا (۲) بدنام ہونا - خوار ہونا - ذلیل ہونا - رسوا ہونا - (۳) دُرگت ہونا - بُرا حال ہونا (۴) حیران ہونا - دق ہونا - (۵) برباد ہونا - تباہ ہونا (۶) آوارہ ہونا - پریشان ہونا - تمسخر ہونا - بے قدری ہونا ✦

مٹّی خوار کرنا (ہ) دیکھو (مٹّی خراب کرنا) ✦

مٹّی خوار ہونا (ہ) دیکھو (مٹّی خراب ہونا) ✦

مٹّی دینا (ہ) قبر میں دفن کرنا - دفنانا - دفن کرتے ہوئے مٹی ڈالنا ✦

مٹّی ڈالنا (ہ) جب کسی کی کوئی چیز چوری ہو جائے - تو جن لوگوں پر شبہ ہو اُنھیں کسی پوشیدہ جگہ باری باری مٹی ڈالنے کو کہا جاتا ہے کہ جس نے وہ چیز لی ہے اُس مٹی کے ساتھ ہی اُس جگہ ڈال دے - اس طرح اس کا پردہ ڈھکا رہے گا (۲) کسی بات کا خاک میں ملا دینا (۳) چھپانا - پردہ ڈالنا - پردہ پوشی کرنا (۴) سنت دیکھنا - معاف کرنا - درگزر کرنا ✦

مٹّی ڈھونا (ہ)، (۱) مٹی اُٹھانے کی مزدوری کرنا - نکمّی کام کرنا (۲) سخت مصیبت اُٹھانا - بے منفعت کام کرنا ✦

مٹّی سے مٹّی مل جانا (ہ) میت کا دفن ہو جانا ✦

مٹّی عزیز کرنا (ہ)، (۱) مٹی ٹھکانے لگانا - کسی مُردے کا دفن کفن اپنے ہاتھوں سے کرنا (۲) گاڑنا - دابنا ✦

مٹّی کا برتن (ہ) مذکّر - ظرفِ گلی - کاسۂ گلی ✦

مٹّی کا پتلا (پیکر) (ہ)، مذکّر (۱) خاکی جسم (۲) مجازاً انسان کو

مٹّی کا تیل (ہ)، مذکّر - ایک قسم کا تیل جو لیمپ وغیرہ میں جلایا جاتا ہے - کیروسین آئیل ✦

مٹّی کا عطر (ہ)، مذکّر - عطرِ گِل - ایک قسم کا عطر جس کا جزوِ اعظم مُلتانی یا پنڈول مٹی ہوتی ہے ✦

مٹّی کا کھینچ لانا (ہ) قضا کا اُس جگہ لانا جہاں مرنا ہو ✦

مٹّی کا گھڑا بھی ٹھونک بجا کر لیتے ہیں (ہ) مثل، ہر چیز چاہے کیسی ہی کم قیمت کیوں نہ ہو - پوری احتیاط اور دیکھ بھال کر لینی چاہیئے ✦

مٹّی کا مادھو (ہ)، احمق - بے وقوف ✦

مٹّی کرنا (ہ) (۱) خراب کرنا - بگاڑ کرنا - خاک میں ملانا (۲) میلا کرنا - مٹی کے رنگ کا کر دینا (۳) دکھانا وغیرہ) ٹھنڈا کر دینا - بے لطف کر دینا (۴) برباد کرنا - لٹانا ✦

مٹّی کی مُورت (ہ)، مؤنث (۱) مٹی کی بنی ہوئی مُورتی - قالبِ خاکی (۲) بے وقوف آدمی ✦

مٹّی کے مادھو (ہ)، مذکّر - بے وقوف - مُورکھ - نادان ✦

مٹّی کے مول (ہ) نہایت ارزاں - نہایت سستا - کوڑیوں کے مول ✦

مٹّی لے ڈالنا (ہ)، بار بار آنا جانا ✦

مٹّی میں اَٹنا یا سَننا (ہ)، مٹی سے بھرا جانا ✦

مٹّی میں رنگنا (ہ)، مُلتانی مٹی میں رنگنا ✦

مٹّی میں لوٹنا (ہ)، خاک میں رُلنا ✦

مٹّی میں مٹّی ملنا (ہ)، خاک میں ملنا - فنا ہو جانا - خاک کے ساتھ خاک ہو جانا - دفن ہونا ✦

مٹّی میں ملانا (ہ)، (۱) خاک میں ملانا - مٹانا - ناپید کرنا - بے نشان کرنا - دابنا - دفن کرنا (۲) بے مزہ کرنا - بے لطف کرنا - (۳) ضائع کرنا - برباد کرنا - کھوانا ✦

مٹی میں مل جانا (ملنا) (ہ، ل) (۱) خاک میں مل جانا (۲) جسم کا خاک ہو جانا (۳) بگڑ جانا۔ خراب ہو جانا ◆

مٹی ہو جانا (ہونا) (ہ، ل) (۱) خاک میں مل جانا۔ خاک ہو جانا۔ راکھ ہو جانا (۲) بگڑ جانا۔ بوسیدہ ہو جانا۔ نکما ہو جانا۔ خراب ہو جانا (۳) بے رونق ہو جانا۔ ماند ہو جانا۔ (۴) مُردہ دل ہو جانا (۵) شرما جانا۔ شرمندہ ہونا (۶) ٹھنڈا ہو کر بگڑ جانا۔ ہلکی۔ شرمانا (۷) مرنا۔ دفن ہونا ◆

مٹیا (مَٹ۔ یا) (ہ) (۱) مٹی۔ مٹی کے رنگ کا (۲) چکنوٹ۔ چکنی مٹی کی زمین ◆

مٹیا پھوس (ہ) مذکر (۱) نہایت بُڑھا اور ناتواں۔ جس کی مٹی یعنی جسم پھوس کی مانند ہو گیا ہو ◆

مٹیا مُغلش (ہ) نہایت کاہل اور سُست آدمی۔ مٹی کی طرح ایک جگہ پڑا رہنے والا ◆

مٹیا سانپ (ہ) مذکر بھورے رنگ کا سانپ۔ وُہ سانپ جس پر کالی کالی چتّیاں ہوں ◆

مٹیا محل (ل) مذکر (۱) چکنی مٹی کا بنا ہُوا مکان (۲) دہلی کا ایک محلہ ◆

مٹیا زرد (ہ) مؤنث (۱) مٹی کا۔ مٹی کے رنگ کا (۲) بھورا (۳) گدلا۔ مکدر (۴) جواں عورت ◆

مٹیال (ہ) مذکر (۱) گڑھا جس میں سے مٹی کھودی جائے (۲) دیکھو (مٹیالا) ◆

مٹیالا (ہ) (۱) مٹی کا۔ گِل۔ مٹی کا بنا ہُوا (۲) بھورا۔ بھوسلا (۳) مٹی میں بھرا ہُوا۔ مٹی میں لتھڑا ہُوا ◆

مٹیانا (ہ) (۱) مٹی کر ڈال جانا (۲) چپ سادھنا۔ اغماض کرنا (۲) چراغ گُل ہو جانا۔ بجھنا۔ بجھ جانا۔ (۳) مٹی سے مَلنا یا صاف کرنا (۴) مٹی کا پلستر کرنا۔ (۵) مٹی ہو جانا (۶) ہموار ہو جانا ◆

م - ث

مُثاب (مُثا۔ ب) (ع) اجر کے لائق۔ صلے کے قابل۔ لائق ◆

مِثال (مِثا۔ ل) (ع) مؤنث (۱) نظیر۔ مانند۔ تمثیل۔ مشابہت (۲) تصویر۔ تمثال۔ صُورت (۳) نمونہ (۴) کہاوت علامت (۵) مثل۔ کہاوت۔ بیان (۶) ایک عالم جو اس عالم اور عالم ارواح کے درمیان ہے جو کچھ اس عالم ظاہری میں پایا جاتا ہے۔ اس میں بھی موجود ہے۔ عالمِ خواب ◆

مثال دینا (ل) تشبیہ دینا۔ نظیر دینا ◆

مثانہ (مَثا۔ نہ) (ع) مذکر۔ وُہ تھیلا جس کے اندر پیشاب رہتا ہے۔ کیسۂ بول ◆

مُثبَت (مُث۔ بَت) (ع) (۱) قائم کیا گیا۔ ساکن کیا گیا۔ وہ جو منفی نہ ہو (۲) لکھا گیا۔ مرقوم شدہ۔ ثبت کیا گیا ◆

مُثبِت (مُث۔ بِت) (ع) (۱) مقرر شدہ (۲) ثابت۔ ثابت شدہ (۳) تصدیق کیا گیا (۴) لکھا ہُوا (۵) مُہر لگا ہُوا۔ استامپ لگا ہُوا۔ نشان کیا ہُوا ◆

مُثبتہ (ع) دیکھو (مُثبت) ◆

مُثبتہ اسٹامپ (و) مذکر۔ وہ کاغذ جس پر استامپ لگایا گیا ہو ◆

مِثقال (مِث۔ قال) (ع) مذکر (۱) ساڑھے چار ماشے کا وزن (۲) سونے کا ایک سکّہ جو عرب میں رائج ہے ◆

مِثل (مِثل) (ع) (۱) موافق۔ برابر۔ مانند۔ جیسا۔ ہم شکل ملتا ہُوا۔ یکساں (۲) (ل) مؤنث۔ مقدمے کی کیفیت یا کارروائی۔ رُوداد مقدمہ۔ مسل ◆

مِثل مُرتب کرنا (ل) مقدمے کے کاغذات کو ترتیب دے لگانا ◆

مِثل مرتب ہونا۔ یا۔ بننا (ل) کسی مقدمے کی کُل کاغذات کے کاغذات کا اکٹھا ہو کر ترتیب دیا جانا ◆

مَثل (مَثَل) (ع) مؤنث (۱) کہاوت۔ مثال (۲) حکایت۔ کہانی ◆

مَثلاً (مَث۔ لَن) (ع) جیسے۔ یعنی۔ گویا۔ جس طرح ◆

مُثلّث (مُثَل۔ لَث) (ع) مؤنث (۱) وُہ سطح جو تین خطوطِ مستقیم سے گھری ہو۔ تین ضلعوں کی شکل۔ تکون۔ تکونہ (۲) (مذکر) وُہ نظم جس کے ہر بند میں تین مصرعے ہوں (۳) سہ گوشہ۔ تکونا (۴) وہ علم جس میں مثلث بنا کر سطح کی پیمائش کی جاتی ہے۔ زاویوں کی پیمائش کا علم ◆

مُثلّث حادّ الزاویہ (ع) مؤنث۔ وہ مثلث جس کے سب زاویے حادّے ہوں ◆

مُثلّث قائم الزاویہ (ع) مؤنث۔ وہ مثلث جس میں ایک زاویہ قائمہ ہو ◆

مُثلّث متساوی الاضلاع (ع) مؤنث۔ وہ مثلث جس کے تینوں ضلعے آپس میں برابر ہوں ◆

مُثلّث متساوی الساقین (ع) مؤنث۔ وُہ مثلث جس کے دو ضلعے آپس میں برابر ہوں ◆

مُثلّث مختلف الاضلاع (ع) مؤنث۔ وہ مثلث جس کے ...

تینوں ضلعے آپس میں برابر نہ ہوں ✦

مُثلث منفرجۃ الزاویہ (ع) مؤنث ۔ وہ مثلث جس میں ایک زاویہ منفرجہ ہو ✦

مثلثی (ف) تکونا ۔ تکونیا ✦

مَثَلی (ف) مذکر (۱) سزا یافتہ ۔ وہ شخص جس کی مثل بنی ہوئی ہو (۲) نامی چور ۔ پرانا مجرم ✦

مثلی اُچکا ۔ چور ۔ یا ۔ بدمعاش (ف) مذکر ۔ سزا یافتہ ۔ چور ۔ نامی بدمعاش ۔ وہ اُچکا جو سزا پا چکا ہو ✦

مُثمِر (مُث ۔ مِر) (ع) فائدہ دینے والا ۔ فائدہ مند ✦

مُثمّن (مُثَم ۔ مَن) (ع) (۱) ہشت پہلو ۔ آٹھ ضلعوں کا آٹھ کونیا (۲) مؤنث ، آٹھ ضلعوں کی شکل ✦

مُثنّٰی (مُثَن ۔ نَا) (ع) (۱) دوسرا ۔ ثانی ۔ تثنیہ (۲) مذکر ، دوسری نقل ۔ نقل مطابق اصل (۳) جوڑ ۔ جفت ۔ جوڑا ✦

مثنیٰ بہ (ع) (مذکر) وہ اصل جس سے نقل کی گئی ہو ✦

مَثنوی (مث ۔ نَوِی) (ع) مؤنث (۱) دو دو کیا گیا ۔ چونکہ مثنوی کی بیتوں میں ہر بیت کے دو قافیے علیحدہ علیحدہ ہوتے ہیں ۔ اس لئے ابیات مختلفہ کو مثنوی کہنے لگے یعنی ایسے اشعار جن کے ہر بیت کا قافیہ جدا اور ہر دو مصرعوں کا متفق ہو ۔ کل مثنوی ایک ہی وزن میں ہوتی ہے ۔ اور اس کے اشعار کی کوئی خاص تعداد نہیں (۲) مولانا روم کی مشہور و معروف نظم کی کتاب ✦

م ۔ ج

مُجادِل (مُجا ۔ دِل) (ع) لڑنے والا ۔ جھگڑنے والا ✦

مُجادلہ (مُجا ۔ دَلَہ) (ع) ۔ مذکر (۱) لڑائی ۔ جنگ ہنگامہ خونریزی (۲) جھگڑا ۔ بکھیڑا ۔ تنازع (۳) دشمنی ۔ عداوت خصومت (۴) حجت ۔ تکرار ۔ مباحثہ ✦

مجاریہ (مُجا ۔ رِیَہ) (ع) بقانون پاس شدہ ۔ جاری شدہ ۔ رواں ۔ مروجہ ۔ ناقدہ ۔ مجرب

مجاری (مَجا ۔ ری) (ع) جاری ہونے کی جگہیں ✦

مجاز (مَجا ۔ ز) (ع) (۱) راہ گزرنے کی جگہ (۲) حقیقت کے برعکس جو حقیقت نہ ہو (۳) وہ کلمہ جو اپنے حقیقی معنی کے خلاف مستعمل ہو ۔ مگر اس کے حقیقی موضوع معنی متروک نہ ہو گئے ہوں ✦

مجاز سماعت (ع) ۔ مذکر ، سننے اور منظور کرنے والا ✦

مجاز مرسل (ع) ۔ مذکر ، علم بیان میں اس مجاز سے مراد ہے جس میں سبب سے مسبب ظرف سے مظروف ۔ کل سے جزو وغیرہ مراد لے سکتے ہیں ✦

مجاز ہونا کسی امر کا از روئے شرع یا قانون اختیار رکھنا ۔ مختار ہونا ۔ کسی بات کے کر سکنے کی طاقت رکھنا ✦

مجازاً (ف) (۱) مراداً ۔ فرضاً (۲) حسب قانون ۔ قانوناً ۔ از روئے شرع ۔ شرعاً ✦

مجازی (ع) (مؤنث) (۱) غیر اصلی ۔ غیر حقیقی (۲) فرض کیا ہوا ۔ فرضی ۔ مرادی (۳) نقلی ۔ جعلی ۔ مصنوعی ✦

مجال (ع) مؤنث (۱) چکر دینے کا میدان ۔ جولان گاہ (۲) (مجازاً) قدرت ۔ طاقت ۔ بساط ۔ حوصلہ ۔ جگہ ۔ مقدور ✦

مجال رکھنا (ہونا) (ف) کسی بات کی قدرت رکھنا ✦

مجالس (مَجا لِس) (ع) ۔ مؤنث ، مجلس کی جمع مجلسیں ۔ سبھائیں ✦

مجالست (مُجا ۔ لَسَت) (ع) مؤنث ، باہم مل کر بیٹھنا ۔ ہم نشینی ✦

مجامع (مَجا ۔ مِع) (ع) ، مذکر ۔ مجمع کی جمع ✦

مُجامعت (مُجا ۔ مَعَت) (ع) ، مؤنث ۔ جماع ۔ صحبت ۔ ہمبستری ۔ مباشرت ✦

مُجامعت کرنا (ف) ، جماع کرنا ۔ صحبت داری کرنا ۔ ہم بستر ہونا ✦

مُجاور (مُجا ۔ وِر) (ع) ، مذکر (۱) پاس رہنے والا ۔ پڑوسی ۔ ہمسایہ (۲) مزار کا محافظ ۔ پجاری ۔ جاروب کش ✦

مُجاہد (مُجا ۔ ہِد) (ع) ۔ مذکر (۱) سعی ۔ کوشش کرنے والا (۲) کافروں سے لڑنے والا ۔ غازی ✦

مُجاہدہ (مُجا ۔ ہَدَہ) (ع) ۔ مذکر (۱) کوشش ۔ سعی ۔ جانفشانی (۲) محنت ۔ مشقت ۔ ریاضت (۳) کافروں سے لڑنا ۔ مذہبی جنگ ✦

مُجاہدین (ع) ۔ مذکر ، مجاہد کی جمع ۔ مذہب پر لڑنے والے ۔ غازی ✦

مجبور (مَج ۔ بُور) (ع) ، ناچار ۔ تنگ ۔ بے بس ✦

مجبور کرنا (ف) ، ناچار کرنا ۔ تنگ کرنا ۔ بے بس کرنا ۔ ستانا ۔ دبانا ✦

مجبور ہونا (ف) ، تنگ آنا ۔ عاجز ہونا ۔ بے بس ہونا ✦

مجبوراً (ف) ، تنگ آ کر جبر سے ۔ عاجز ہو کر ✦

مجبوری (ف) ، مؤنث ۔ عاجزی ۔ بے بسی ۔ ناچاری ✦

مُجتبیٰ (مُج ۔ تَبَا) (ع) منتخب ۔ چنا ہوا ۔ برگزیدہ ۔ پسندیدہ ۔ جھانٹا ہوا (۲) پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب ✦

مُجتث (مُج ۔ تَث) (ع) ۔ مؤنث ، علم عروض کی ایک بحر ✦

مُجتمع (ع ـ تَمَع) (ع) اکٹھا کیا گیا ـ جمع کیا گیا ◆

مُجتنِب (ع ـ تَنَب) (ع) علیحدگی اختیار کرنے والا ـ پرہیز کرنے والا ـ دُور رہنے والا ◆

مُجتہِد (ع ـ تَہَد) (ع) (۱) کوشش کرنے والا ـ جدوجہد کرنے والا (۲) تحقیق اور علیحدہ رستہ نکالنے والا (۳) اثنا عشری کا فقیہہ ـ پیشوائے مذہب ـ (۴) کافروں سے جہاد کرنے والا ◆

مَجد (فعل) (ع) مذکر ـ بزرگی ◆

مُجدِّد (مُجَدّ ـ دِد) (ع) تجدید کرنے والا ـ پرانے کو نیا کرنے والا ◆

مُجدّداً (ع) نئے سرے سے ـ از سرِ نو ◆

مُجدّد الف ثانی (ع ـ مذکر) (۱) دوسرے ہزار برس کا مجدد (۲) (مراد) حضرت شیخ احمد سرہندی ◆

مجذوب (ع ـ ذُوب) (ع) (۱) جذب کیا گیا ـ کھینچا گیا ـ (۲) صاحب جذب ـ جذب ـ خدا کی محبت میں غرق (۳) (ل) بے ہوش ـ مست ـ بے خود ـ آپے سے باہر (۴) (ل) دیوانہ ـ پاگل ـ سڑی ـ سودائی ◆

مجذوب کی بڑ (ل) مؤنث ـ بے معنی باتیں ـ بے سروپا باتیں ـ مجنونانہ بکواس ◆

مجذور (ع ـ ذُور) (ع) (مذکر) مربع ـ کسی عدد کو فی نفسہ ضرب دینے سے جو حاصل ضرب پیدا ہو ـ اُسے مجذور یا اُس عدد کا مربع کہتے ہیں ـ اور اس عدد کو جذر ـ فی نفسہ ضرب کیا ہوا ◆

مجذوم (ع ـ ذُوم) (ع) مذکر ـ کوڑھی ـ جذامی ـ مبروص ◆

مَجرا (ع ـ رَا) (ع) مذکر (۱) جاری ہونے کی جگہ (۲) دریا کا راستہ (۳) نہر ـ جدرَو ـ نالی ◆

مجرائے آب عملی (ع ـ ف) مذکر ـ جدرَو ـ نہر ◆

مجرائے آب دریا (ع ـ ف) مذکر ـ ندی ـ دریا ◆

مُجرا (ع ـ رَا) (ع) مذکر (۱) جاری کیا گیا (۲) کٹوتی ـ منہائی ـ محسوب کیا گیا (۳) (ل) آداب ـ بندگی ـ تسلیمات ـ کورنش ـ (۴) (ل) ناچ گانا ـ رقص و سماع (۵) (ل) باریابی ـ ملازمت بادشاہ یا اُمرا کا سلام (۶) (ل) مرثیہ جو رباعی یا غزل یا قصیدہ و قطعہ کی طرز پر کہا جاتا ہے بعد اس کے مطلع یا اول شعر میں لفظ مجرا یا سلام لایا جاتا ہے ◆

مُجرا پانا (ل) (۱) رسید یا وصول پانا ـ بھر پانا ـ (۲) باریابی پانا ◆

مُجرا دینا (ل) حساب میں لگا دینا ـ وضع کر دینا ـ حساب میں محسوب کر دینا ـ کاٹ دینا ◆

مُجرا طلبی (ل) مؤنث (قانون) اٹنا وضع ـ دعوے بالمقابل ◆

مُجرا کرنا (ل) (۱) حساب میں لگانا ـ محسوب کرنا (۲) کاٹ دینا ـ وضع کرنا ـ منہا کرنا (۳) آداب بجا لانا (۴) تسلیمات کرنا (۵) بطور سلام ناچنا ـ گانا ◆

مُجرا لینا (ل) حساب میں لگا لینا ـ کاٹ لینا ـ محسوب کر لینا ◆

مُجرا ہونا (ل) (۱) حساب میں لگایا جانا ـ وصول ہونا ـ وضع ہونا (۲) ناچ گانا ہونا ◆

مُجرائی (ل) مذکر (۱) سلامی ـ مجرا بجا لانے والا ـ سلام کرنے والا (۲) منصبدار ـ وہ لوگ جو صرف سلام کرنے کی تنخواہ پاتے ہیں ـ درباری (۳) مجرا ـ منہائی (۴) مرثیہ خواں ـ مرثیہ پڑھنے والا ◆

مُجرَّب (مُجَرّ ـ رَب) (ع) آزمایا گیا ـ آزمودہ ـ تیر بہدف ـ مؤثر ◆

مُجرَّبات (ع) (مذکر) تجربہ کی ہوئی چیزیں ـ آزمائے ہوئے نسخے ◆

مُجرَّد (مُجَرّ ـ رَد) (ع) (۱) تنہا ـ اکیلا ـ جریدہ (۲) کنوارا ـ بن بیاہا ـ آزاد (۳) سنیاسی ـ وہ شخص جو دُنیا سے الگ ہو گیا ہو ◆

مُجرَّد رہنا (ل) آزاد رہنا ـ بن بیاہا رہنا ـ شادی نہ کرنا ـ جتی ستی رہنا ◆

مُجرَّد سب سے اعلیٰ جس کے لڑکا نہ بالا }
مُجرَّد سب سے اعلیٰ جس کے سسر نہ سالا } (مقولہ) آزاد آدمی سب سے اچھا ہے جسے کسی کا غم نہ فکر ◆

مُجرَّدات (ع ـ مذکر) (۱) غیر محسوس ـ غیر مادی وجود ـ جو بے جسم (۲) ملائک ـ ارواح ◆

مُجرَّدی (ع ـ مؤنث) ـ کنوارا پن ـ جتّت ستّ ـ تجرد ـ تنہائی ـ آزادی ◆

مُجرِم (ع ـ رِم) (ع) مذکر ـ جرم کرنے والا ـ قصوروار ـ خطاوار ـ گنہگار ـ باغی ـ ملزم ◆

مُجرم اشتہاری (ع ـ مذکر) وہ مجرم جس کی بابت اشتہار ہو چکا ہو ◆

مُجرم عادی (ع ـ مذکر) بار بار جرم کرنے والا مجرم ◆

مُجرم فراری (ع ـ ف) مذکر بھاگا ہوا مجرم ◆

مُجرم ٹھیرانا ـ یا قرار دینا (قانون) جرم عائد کرنا ـ الزام ثابت کرنا ـ قصوروار ٹھیرانا ◆

مُجرم ہونا (ل) ملزم ہونا ـ خطاوار ہونا ـ قصوروار ہونا ◆

مجروح (مَج۔ رُوح) (ع) (۱) زخمی۔ گھایل۔ چوٹ کھایا ہُوا۔ وہ شخص جس کے زخم لگا ہو (۲) میر مہدی حسین مرحوم ایک مشہور شاعر کا تخلص ◆

مجروح کرنا (ف) گھایل کرنا۔ زخمی کرنا ◆

مجروح ہونا (ف) (۱) چوٹ کھانا۔ زخمی ہونا۔ گھایل ہونا۔ چوٹ لگنا ◆

مجسٹریٹ (مَجِس۔ ٹرَیٹ) (انگریزی Magistrate) مذکر۔ فوجداری کا حاکم ◆

مجسٹریٹی (ف) مؤنث (۱) مجسٹریٹ کا عہدہ (۲) اختیار۔ حکومت ◆

مجسطی (مِجِس۔ طی) (ع) مؤنث۔ حکیم ◆

مجسم (مُجَس۔ سَم) (ع) جسم دار۔ وہ چیز جس میں طول و عرض اور عمق ہو ◆

مجسمات (ع) مذکر۔ مجسم کی جمع۔ مسلمات۔ وہ اجسام جن میں عرض و طول اور عمق پایا جائے ◆

مجسمہ (مُجَس۔ سَمَہ) (ع) مذکر۔ بُت ◆

مجلّا (مُجَل۔ لا) (ع) جلا کیا ہُوا۔ چمکایا ہُوا۔ صاف۔ روشن۔ ظاہر۔ آشکارا ◆

مجلد (مُجَل۔ لَد) (ع) (۱) جلد بندی کیا ہُوا۔ جلد باندھا ہُوا (۲) کتاب۔ جلد۔ نسخہ ◆

مجلس (مَج۔ لِس) (ع) مؤنث (۱) بیٹھنے کی جگہ۔ انجمن۔ بزم۔ سبھا۔ سماج۔ جلسہ۔ مجمع (۲) وہ مقام جہاں آدمیوں کا گروہ جمع ہو (۳) شہدائے کربلا کے ماتم اور فاتحہ کا مجمع ◆

مجلس حیران (ف) مؤنث۔ ایک قسم کی نہایت عمدہ مٹی جو عورتیں ملتی ہیں ◆

مجلس خانہ (ع۔ ف) مذکر (۱) وہ جگہ جہاں مجلس کے لوگ جمع ہوتے ہیں۔ مجلس جمع ہونے کا مقام۔ دربار۔ دیوانِ عام (۲) امام حسین علیہ السلام کے ماتم کی مجلس ہونے کا مکان ◆

مجلس علمی (ع) مؤنث۔ علمی سوسائٹی۔ انجمن علوم ◆

مجلس کرنا (ف) (۱) جلسہ کرنا۔ سبھا کرنا (۲) مرثیہ خوانی کرنا ◆

مجلسی (ع۔ مذکر) اہلِ مجلس۔ وہ شخص جو شریک جلسہ ہو ◆

مجمع (مَج۔ مَع) (ع) مذکر (۱) لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ مجلس۔ جلسہ (۲) ہجوم۔ بھیڑ۔ انبوہ۔ ہنگامہ ◆

مجمع البحرین (ع) مذکر۔ وہ جگہ جہاں دو سمندر یا دو دریا ملتے ہوں۔ دو دریاؤں کا ملاپ ◆

مجمع الجزائر (ع) مذکر۔ ٹاپوؤں کا جھنڈ۔ کئی اکٹھے جزیرے ◆

مجمع خلافِ قانون (ع) مذکر۔ قانون کے خلاف ہنگامہ۔ اژدحام ناجائز ◆

مجمع عام (ع) مذکر۔ ہنگامہ عام۔ عام لوگوں کا ہجوم۔ عوام کی بھیڑ ◆

مجمل (مُج۔ مَل) (ع) اجمال کیا گیا۔ جو تفصیل کا محتاج ہو۔ خلاصہ۔ اختصار۔ انتخاب۔ ملا ہُوا ◆

مجمل حساب (ع) مذکر۔ وہ حساب جو تفصیل کے ساتھ نہ ہو۔ حساب کا گوشوارہ ◆

مجملاً (ع) اجمالاً۔ انتخاباً۔ بطور انتخاب۔ فی الجملہ۔ اختصاراً۔ سرسری ◆

مجموعہ (مَج۔ مُو۔ عَہ) (ع) (۱) اکٹھا کیا ہُوا۔ جمع کیا گیا (۲) مذکر۔ مجلد۔ کلیات۔ ذخیرہ۔ خزانہ۔ مخزن (۳) پشتارہ۔ بنڈل۔ گٹھا (۴) وہ عطر جس میں بہت سے عطر یا خوشبوئیں ملی ہُوئی ہوں ◆

مجموعۂ تعزیراتِ ہند (ع) مذکر۔ وہ قانون جس میں ہندوستان کی سزاؤں وغیرہ کا ذکر ہے ◆

مجموعۂ قوانین (ع) مذکر۔ قوانین کا ذخیرہ ◆

مجموعہ کا عطر (ف) مذکر۔ ایک قسم کا عطر جس میں اور اور عطر بھی شامل ہوتے ہیں ◆

مجموعی (ع) اجمالی۔ تمام۔ کُلّی ◆

مجموعی قیمت (ع) مؤنث۔ اکٹھی قیمت۔ کُل مالیت ◆

مجموعی نمبر (ف) مذکر۔ کُل نمبر۔ کُل حاصل شدہ نمبر ◆

مجنون (مَج۔ نُون) (ع) (۱) پاگل۔ دیوانہ۔ باؤلا۔ سڑی۔ سودائی (۲) قیس عامری کا لقب جو لیلےٰ کا عاشق تھا۔ عشق کی دیوانگی کے سبب "مجنون" نام پڑ گیا (۳) عاشق۔ شیدا۔ مفتون۔ فریفتہ (۴) نہایت دُبلا۔ پتلا اور کمزور آدمی (۵) ایک درخت جس کی شاخیں جھکی ہُوئی ہوتی ہیں۔ اور اسے بید مجنوں بھی کہتے ہیں ◆

مجنون دوری (ع۔ ف) جو ہمیشہ پاگل نہ رہے ◆

مجنوں کو لیلیٰ کا کتا بھی پیارا (ف) مثل۔ جس سے محبت ہو اس کی ہر چیز اچھی معلوم ہوتی ہے ◆

مجوَّز (مُجَوْ۔ وَز) (ع) تجویز کیا گیا۔ جائز کیا گیا ◆

مجوِّز (مُجَو۔ وِز) (ع) (۱) تجویز کرنے والا (۲) جائز رکھنے والا (۳) مُبصر۔ اصرار کرنے والا ◆

مجوزانِ قانون (ع) مذکر۔ قانون بنانے والے۔ واضعانِ قانون۔ قانون بنانے کی جماعت ◆

مجوّزہ (ع) تجویز شدہ۔ تجویز کیا ہوا۔ متعین۔ مقررہ ◆

مجوس و مجوش (ف) مذکر۔ آتش پرست۔ زردشت کا پیرو جو آگ کی پرستش کرتے ہیں ◆
مجوسی (مجوسی)

مجوّف (مُجَ۔ وَف) (ع) اندر سے خالی۔ پولا۔ کھوکھلا۔ کھوکھلا۔ جوف کیا گیا ◆

مجھ (مُجھ) (ہ) اپنی ذات کا خطاب۔ جیسے مجھ کو۔ ایک کلمہ ہے جو اپنے نفس پر اطلاق کیا جاتا ہے ◆

مجھ سے (ہ) میری ذات سے ◆

مجھ کو (ہ) مجھے ◆

مجھ میں آیا (ہ) (عوام) میں ذمہ دار ہوں۔ میں ضامن ہوں ◆

مجھلا (مَجھ۔ لا) (ہ) مذکر۔ بکھیڑا۔ جھمیلا ؛

مجہول (مَج۔ ہُول) (ع) (۱) نامعلوم۔ غیر معلوم (۲) وُہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو (۳) (۵) سست۔ کاہل۔ آرام طلب۔ نکمّا۔ نکھٹّو (۴) جبر و مقابلہ میں نامعلوم رقم ◆

مجہول النسب (ع) مذکر۔ وہ شخص جس کے حسب و نسب اور اصل نسب میں شبہ ہو ◆

مجھولا (مَجھو۔ لا) (ہ) وسطی۔ درمیانی۔ منجھلا۔ میانہ۔ متوسط (۲) بڑا دیگچہ۔ چھوٹی دیگ ◆

مجھولی (ہ) مؤنث۔ وسطی۔ منجھلی۔ درمیانی ◆

مجھی (ہ) مجھ ہی کا مخفف ◆

مجھے (ہ) مجھ کو۔ میری ذات کو ◆

مجھے اور نہ تجھے ٹھور (ہ) (مثل) مجھے تیرے بغیر اور تجھے میرے بغیر چین نہیں ◆

مجھے منہ نہ دکھا (ہ) (کلمۂ تنفر) دفع ہو۔ میرے سامنے مت آ۔ مجھے شکل نہ دکھا ◆

مجھیلا (مَجھے۔ لا) (ہ) مذکر۔ جھگڑا قضیہ۔ جھمیلا۔ ٹنٹا۔ لڑائی ◆

مجیب (مُجیب) (ع) (۱) جواب دینے والا (۲) قبول کرنے والا ◆

مجیب الدّعوات (ع) دعائیں قبول کرنے والا۔ خدا تعالیٰ ◆

مجیٹھ (مَجیٹھ) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی سُرخ لکڑی جس کے سُرخ رنگ سے کپڑے رنگے جاتے ہیں ◆

مجید (مَجید) (ع) (۱) بزرگوار۔ بزرگ (۲) اسم الٰہی ◆

مجیدی (ع) مذکر۔ ایک ترکی سکّہ ◆

مجیرا (مَجی۔ رَا) (ہ) مذکر۔ پیتل کی بنی ہوئی وہ چھوٹی چھوٹی کٹوریاں جو طبلے کے ساتھ تال دینے کے لئے دونوں ہاتھوں سے بجاتے ہیں ◆

م-چ

مچ (مَچ) (ہ) (۱) مچنا کا امر (۲) مؤنث۔ جنون۔ بچوک (۳) جہالت (۴) بے توجہی (۵) ضد کا خمار (۶) سونے کا ٹکڑا جو پرکھنے کے لئے بطور نمونہ لیا جائے ◆

مچا (مُچ۔ چا) (ہ) مذکر۔ گوشت کا بڑا ٹکڑا۔ سو ٹکڑا۔ مشتدہ ◆

مچاچچ (مُچا۔ چچ) (ہ) بھرپور۔ کھچا کھچ۔ بھرپور۔ لبالب (۲) مؤنث۔ چارپائی کے چُوں چُوں کرنے کی آواز ◆

مچان (مَچان) (ہ) مذکر۔ ناند۔ وہ تختے یا لکڑیاں جو دیواروں میں اسباب وغیرہ رکھنے کے لئے اُونچی جگہ لگا دیتے ہیں ◆

مچانا (ہ) (۱) جانا۔ کرنا۔ عمل میں لانا۔ برپا کرنا (۲) کاشتکار ہی جوتنا ◆

مچک (مَچک) (ہ) مؤنث۔ لرزش۔ لچک ◆

مچکا (مُچ۔ کا) (ہ) مذکر (۱) ارزانی۔ سستا پن (۲) فرق۔ تفاوت۔ وقفہ۔ ڈھیل ◆

مچکا پڑنا۔ یا۔ کھا جانا (ہ) (۱) سستا ہو جانا۔ بازار کا مندا پڑ جانا (۲) کسی چیز کی آمدنی رُک جانا (۳) ڈھیل پڑ جانا۔ وقفہ پڑ جانا ◆

مچکانا (ہ) آنکھ مارنا۔ جھپکا مارنا۔ پلک مارنا ◆

مچکانا (ہ) ہلانا۔ لچکانا۔ جھکانا ◆

مچکنا (ہ) (۱) لرزنا۔ تھرانا۔ کانپنا۔ لچکنا (۲) چارپائی کا چُوں چُوں کرنا ◆

مچل (مَچل) (ہ) (۱) مچلنا کا امر ◆

مچل پڑنا (ہ) ضد پر آ جانا۔ اَڑ جانا۔ مچلنا ◆

مچلا (ہ) مکر کرنا۔ ڈھیٹ۔ ضدی۔ ہٹیلا ◆

مچلاپن (ہ) مذکر۔ ضد۔ ہٹ۔ اَڑ۔ مکراپن۔ ڈھٹائی ◆

مچلانا (ہ) متلانا۔ مالش کرنا۔ مے آنا۔ ابکائی آنا ◆

مچلانا (ہ) ٹالنا۔ ٹال مٹول کرنا۔ بہانہ کرنا (۲) ضد کرنا۔ ہٹ کرنا۔ اصرار کرنا۔ اَڑ جانا ◆

مچلائی (ہ) مؤنث۔ ڈھٹائی۔ ضد۔ ہٹ۔ شوخی ◆

مچلکہ (مُچ۔ لکہ) مذکر۔ عہد نامہ۔ اقرار نامہ۔ پٹہ۔ کسی کام کے نہ کرنے کا تحریری عہد ◆

مچلکہ لکھوانا (ہ) عہد نامہ یا اقرار نامہ تحریر کرانا کسی بات کے نہ کرنے کا تحریری اقرار لے لینا ◆

مچلنا (ہ) (۱) ضد پکڑنا۔ ہٹ کرنا۔ اصرار کرنا۔ ڈھٹائی کرنا۔ ٹال مٹول کرنا۔ ٹالنا۔ تجاہل عارفانہ کرنا (۲) رونا۔ مچلنا۔ اقتضا (۳) کسی چیز کے نہ دینے کی ہٹ کرنا ◆

مچلی (ہ) مؤنث (۱) طرح۔ ڈھیٹ۔ ضدی (۲) حیلہ بازی۔ مکّاری۔

مچھلی۔ (۳) سست۔ کاہل ◆
مچلانا (ف) (۱) مچلانا (۲) شہوت یا مستی کے جوش میں آنا ◆
مچلاہٹ (ف) مؤنث۔ شہوت یا مستی کا زور (۲) چارپائی کی چوں چوں
مچنا (ف) مُندنا۔ بند ہونا ◆
مچنا (ف) (۱) ہونا۔ عمل میں آنا۔ کیا جانا (۲) رچنا۔ بننا ◆
مچوانا (ف) مُندوانا۔ بند کرانا ◆
مچوانا (ف) کرانا جیسے قتل مچانا ◆
مچھ (مَچھ) (ف) مذکر (۱) بڑی مچھلی (۲) وشنو کا پانچواں اوتار۔ جو مچھلی کی صورت میں ظاہر ہوا تھا ◆
مچھر نگا (مچھ رنگا) (ف) مذکر (۱) آبی پرندہ جو اکثر مچھلیاں پکڑ کر کھاتا ہے (۲) چھپا وہ
مچھر (ف) مذکر (۱) ایک چھوٹا سا پرندہ۔ پشہ جو ڈنک مارتا ہے ◆
مچھر کی جھول (ف) مؤنث۔ نہایت ادنیٰ اور کم قیمت چیز۔ حقیر چیز ◆
مچھر کی جھول کا چور (ف) مذکر۔ ادنیٰ درجے کی چیز کا چرانے والا۔ اُچکا۔ اُٹھائی گیرا ◆
مچھراند (ف) مؤنث۔ مچھلی کی بُو ◆
مچھلی (مَچھ۔ لی) (ف) مؤنث (۱) ماہی۔ مچھی۔ حوت (۲) بازو کا گوشت۔ ڈلا (۳) پنڈلی کا اندرونی گوشت (۴) ساق حیوانات کا گوشت (۵) مچھلی کی صورت کا طلائی زیور جسے عورتیں کان میں پہنتی ہیں (۶) ناک میں پہننے کا بلاق ◆
مچھلی پکڑنا (ف) مچھلی کا شکار کرنا۔ مچھلی پکڑنے کو بنسی یا ڈوری لگانا ◆
مچھلی تو نہیں کہ سڑ جائے گی (ف) (مثل) اکثر اوقات بیٹی کی شادی کی نسبت بولتے ہیں یعنی اتنی جلدی کیا پڑی ہے جب کہیں اچھا بر ملے گا کر دیں گے۔ مچھلی نہیں کہ سڑ جائے گی ◆
مچھلی کا تیل (ف) مذکر۔ ایک خاص قسم کی مچھلی کے کلیجے کا تیل جو سل دق وغیرہ کے لئے مفید ہوتا ہے ◆
مچھلی کی طرح تڑپنا (ف) بے چین ہونا۔ نہایت تڑپنا۔ از حد بیقرار اور بے کل ہونا ◆
مچھلی کے جائے کو تیرنا کون سکھائے (ف) (مثل) ہر ایک اپنے آبائی کام سے بخوبی ماہر ہوتا ہے ◆
مچھلی والا (ف) مذکر۔ مچھوا۔ ماہی گیر۔ دھیمر۔ مچھلی بیچنے والا ◆
مچھلیاں (ف) مؤنث۔ مچھلی کی جمع ◆
مچھلیاں پڑنا (ف) ورزش کے باعث ڈنڈوں پر تیاری ہو کر عضلوں کا اُبھر آنا ◆
مچھندر (مَچھ۔ ندر) (ف) مذکر (۱) بڑی بڑی مونچھوں والا (۲)

جُوہا۔ مُوش (۳) بیہودہ آدمی۔ مسخرہ۔ دیوث ◆
مچھوا (مَچھ۔ وَا) (ف) مذکر (۱) مچھلیاں پکڑنے والا۔ ماہی گیر۔ ماہی فروش (۲) چھوٹی کشتی۔ ڈونگا ◆
مچھی (مَچھ۔ چھی) (ف) مؤنث۔ ماہی۔ مچھلی۔ حوت ◆
مچھی بھون (ف) مذکر۔ بادشاہوں۔ راجاؤں یا اُمرا کے محلوں کا وہ تالاب جس میں چھوٹی چھوٹی مچھلیاں چھوڑی جاتی ہیں ◆
مچھیل (مَچھ۔ ییل) (ف) مذکر۔ بڑی بڑی مونچھوں والا آدمی ◆

م ح

مُحابا (ع) مذکر۔ لحاظ۔ مروت۔ پاس۔ رعایت۔ صلح۔ ہمدانست۔ اعانت ◆
محاذ (مَحَاذ) (ع) مذکر (۱) مقابلے کی جگہ۔ میدان (۲) لشکر مقابل ◆
محاذِ جنگ (ع) مذکر۔ لڑائی کا میدان ◆
محاذی (ع) برابر ہونے والا۔ برابر۔ رو برو ◆
مُحاربہ (مُحَا۔ رَبَہ) (ع) مذکر۔ لڑائی۔ جنگ۔ معرکہ۔ مجادلہ ◆
مُحاسب (مُحَاسِب) (ع) مذکر (۱) علم حساب سے واقف۔ حساب دان (۲) حساب کرنے والا۔ پڑتال کرنے والا (۳) (ف) مذکر۔ دفتر کا حساب رکھنے والا ملازم۔ اکاؤنٹنٹ (۴) (ف) مذکر۔ پٹواری۔ گاؤں کا حساب کتاب رکھنے والا ◆
مُحاسبِ دِہ (ع۔ ف) مذکر۔ گاؤں کا حساب کتاب رکھنے والا۔ پٹواری ◆
مُحاسبہ (مُحَاسَبَہ) (ع) مذکر (۱) حساب شمار۔ پڑتال (۲) بازپرس۔ حساب سے متعلق پوچھ گچھ ◆
مُحاسبہ طلب کرنا (ف) حساب مانگنا ◆
مُحاسبہ کرنا (ف) حساب طلب کرنا۔ مطالبہ کرنا۔ رد پٹے کی پوچھ گچھ کرنا ◆
مَحاسن (مَحَاسِن) (ع) مؤنث۔ خوبیاں۔ نیکیاں۔ بھلائیاں۔ (۲) خصائل (۳) مردوں کی داڑھی یا مونچھیں ◆
مُحاصِر (مُحَا۔ صِر) (ع) گھیرنے والا۔ محاصرہ کرنے والا ◆
مُحاصَرہ (مُحَا۔ صَرَہ) (ع) مذکر۔ گھیر ڈالنا۔ چاروں طرف سے بند کر دینا۔ تسخیر۔ احصار۔ قلعہ بندی ◆
مُحاصرہ اُٹھانا (ف) ناکہ بندی چھوڑ دینا۔ گھیرا ہٹا لینا ◆
مُحاصرہ کرنا (ف) گھیر ڈالنا۔ قلعہ بندی کرنا ◆
مُحاصرے میں آ جانا (ف) ہر طرف سے گھیرا جانا۔ قلعہ بند ہو جانا ◆
مُحاصِرین (ع) مذکر۔ گھیر ڈالنے والے۔ محاصرہ کرنے والے ◆

مَحَاصِیل (مَحَا۔صِل) (ع۔ مذکر۔ محصول کی جمع مگر اُردو میں واحد مستعمل ہوتا ہے) (۱) پیداوار کا محصول۔ معاملہ۔ لگان۔ مالگزاری خراج (۲) پیداوار۔ حاصل ◆

مُحَاط (مُحَاط) (ع) گھیرا گیا۔ احاطہ کیا گیا ◆

مُحَافِظ (ع) (۱) نگران۔ چوکیدار۔ پاسبان۔ دربان (۲) مُربّی۔ سرپرست۔ ولی ◆

مُحَافِظِ حقیقی (ع) اصلی حفاظت کرنے والا۔ خدا تعالیٰ ◆

مُحَافِظ خانہ (ع۔ف) مذکر۔ وہ دفتر جس میں فیصلہ شدہ مثلیں اور کاغذات رکھتے ہیں۔ دفتر خانہ۔ مسلوں کا دفتر۔ ریکارڈ آفس ◆

مُحَافِظ دفتر (ع۔ف) مسلوں کی حفاظت رکھنے والا۔ نگران دفتر۔ ریکارڈ کیپر ◆

مُحَافِظِ مَحبس (ع) مذکر۔ داروغۂ جیل۔ جیل خانے کا داروغہ ◆

مُحَافَظَت (مُحَا۔فَظَت) (ع۔ مؤنث) (۱) حفاظت۔ پاسبانی۔ نگہبانی (۲) سرپرستی۔ اہتمام ◆

مَحَافِل (مَحَا۔فِل) (ع۔ مذکر۔ مؤنث) محفل کی جمع۔ مجلسیں۔ انجمنیں ◆

مِحَافَہ (مِحَا۔فَہ۔ مُحَافہ) (ع۔ مذکر) ڈولی۔ ڈولا۔ پالکی۔ نینس۔ وہ پردہ دار سواری جس میں عورتیں بیٹھتی ہیں اور لوگ اسے کندھا پر اٹھا کر چلتے ہیں ◆

مُحَاق (مُحَاق) (ع۔ مذکر) (۱) چاند کا گھٹنا (۲) چاند کے گھٹنے کے دن جو پندرھویں تاریخ سے شروع ہوتے ہیں (۳) وہ دن جن میں چاند نظر نہیں آتا۔ ماہ قمری کی آخری تین تاریخیں ◆

مُحاق میں آنا (ل) چاند کا زوال شروع ہونا ◆

مُحَاکَات (مُحَا۔کَات) (ع۔ مؤنث) (۱) باہم حکایت کرنا۔ آپس میں بات چیت کرنا (۲) ایک دوسرے سے مشابہ ہونا (۳) کسی چیز یا حالت کی نقل اُتارنا ◆

مُحَاکَمہ (مُحَا۔کَمَہ) (ع۔ مذکر) (۱) کسی بات کے فیصلے کے لئے حاکم کے پاس جانا۔ معاملہ نمٹانے کے لئے کسی منصف کے پاس جانا (۲) دعویٰ۔ فیصلہ۔ انصاف طلبی (۳) منصف بن کر جھگڑا نمٹانا ◆

مَحَال (مَحَال) (ع۔ مذکر۔ محل کی جمع) (۱) مکانات۔ مقامات۔ منازل (۲) جائداد غیر منقولہ۔ پرگنے۔ ضلعے۔ جاگیریں (۳) شہد کی مکھیوں کا چھتہ ◆

محال آبکاری (ع۔ف) مذکر۔ شراب کا محکمہ ◆

محال حضور (ع۔ مذکر) ایسی جاگیر جس کے مالک کو براہِ راست مالگزاری خزانۂ صدر میں داخل کرنے کی اجازت ہو ◆

مُحَال (مُحَال) (ع) (۱) غیر ممکن۔ ان ہونی (۲) دشوار۔ مشکل۔ کٹھن ◆

مُحَالات (ع۔ مؤنث) (مُحال کی جمع) وہ باتیں جن کا ہونا سخت مشکل ہو۔ ناممکن چیزیں۔ مشکلات۔ دشواریاں ◆

مَحَامِد (مَحَا۔مِد) (ع۔ مؤنث) اوصاف حمیدہ۔ نیک صفتیں۔ اچھائیاں ◆

مُحَاوَرَات (مُحَا۔وَرَات) (ع۔ مذکر) مُحاورہ کی جمع ◆

مُحَاوَرہ (ع۔ مذکر) (۱) عام بول چال۔ ہم کلامی (۲) روزمرہ۔ (۳) عادت۔ مشق۔ مہارت ◆

مُحاورہ پڑنا (ل) روزمرہ کی عادت ہو جانا۔ مشق ہو جانا ◆

محاورہ ڈالنا (ل) عادت ڈالنا۔ مشق کرانا۔ مہارت پیدا کرنا ◆

محاورے (ع) مذکر (۱) مُحاورہ کی جمع (۲) بجائے محاورہ حرف جار سے پہلے ◆

مُحِبّ (مُحِب) (ع) مذکر۔ یار۔ دوست۔ مشفق۔ شفیق ◆

مُحِبّانہ (ع۔ف) دوست کی مانند ◆

مَحَبَّت (مَحَب۔بَت) (ع۔ مؤنث) (۱) اُلفت۔ پیار۔ چاہ (۲) یاری۔ دوستی (۳) عشق۔ لگن۔ (اُردو میں میم کی پیش سے بھی بولتے ہیں) ◆

محبت آمیز (ع۔ف) محبت بھرا۔ پیار سے بھرا ہوا۔ اُلفت آمیز ◆

محبت اُچھلنا (ل) محبت کا جوش مارنا۔ دل کا ولولہ اُٹھنا ◆

محبت رکھنا (ل) دوستی رکھنا۔ پیار کرنا۔ چاہنا ◆

محبت کا جوش (ع) مذکر۔ ولولۂ عشق ◆

محبت کا دم بھرنا (ل) اُلفت کا اقرار کرنا۔ عشق ظاہر کرنا ◆

محبت کا دم مارنا (ل) عاشقی کا دعویٰ کرنا۔ دعوائے اُلفت کرنا ◆

محبت کرنا (ل) پیار کرنا۔ چاہنا ◆

محبت کُل (ع۔ مؤنث) (۱) سب سے برابر محبت کرنے کی رتبہ (۲) صوفیوں کی اصطلاح میں سب کو دوست خیال کرنا ◆

محبت کی نظر یا نگاہ ڈالنا (ل) اُلفت کی نظر سے دیکھنا۔ نظرِ التفات کرنا۔ توجہ کی نگاہ ڈالنا ◆

مَحبَس (مَح۔بَس) (ع۔ مذکر) جیل خانہ۔ قید خانہ۔ زندان۔ حوالات ◆

محبُوب (مَح۔بُوب) (ع۔ مذکر) (۱) مُحِب۔ دوست۔ عزیز۔ پیارا (۲) معشوق۔ دلدار۔ منظورِ نظر۔ دل رُبا ◆

محبُوبِ الٰہی (ع۔ مذکر) (۱) خدا کا پیارا (۲) حضرت نظام الدین اولیا رحمۃ اللہ کا لقب۔ جن کا مزار مبارک دہلی میں مرجع خاص و عام ہے ◆

محبُوبہ (ع۔ مؤنث) پیاری۔ معشوقہ ◆

محبُوبی (مَح۔بُو۔بی) (ع۔ف۔ مؤنث) پیارا پن ◆

مَحْبُوبِیَّت (ع۔ بُو۔ بِی یَت) (ع) شوقیہ پیار ہونا
مَحْبُوس (ع۔ بُوس) (ع) ۔ مذکر قیدی۔ قید کیا گیا۔ اسیر مقید ◆
مُحْتَاج (ع۔ تاج) (ع) (۱) ضرورت مند۔ خواہشمند۔ طلبگار۔ خواہاں (۲) (۳) لنگڑا۔ لُولا۔ اندھا۔ وُہ شخص جس کے کسی عضو میں نقص آ گیا ہو ◆
مُحتاج خانہ (ف) (مذکر) غریب خانہ۔ وُہ جگہ جہاں غریبوں کو روٹی وغیرہ ملتی ہے ◆
مُحتاج ہونا (ف) (۱) حاجت مند ہونا (۲) دست تنگ ہونا۔ مفلس ہونا۔ اپاہج ہونا ◆
مُحتاجگی } (ت) (ف) (مؤنث) (۱) مجبوری۔ ناچاری (۲) ضرورت۔
مُحتاجی } حاجت (۳) تنگدستی۔ افلاس۔ غریبی (۴) دوسرے کا دست نگر ہونا۔ دست نگری ◆
مُحتَاط (ع۔ تاط) (ع) وہ شخص جو نہایت احتیاط رکھے
مُحتَرِز (ع۔ تَرِز) (ع) پرہیز کرنے والا۔ اپنے آپ کو بچانے والا ہوشیار رہنا ◆
مُحتَرَم (ع۔ تَرَم) (ع) معزز۔ عزت کیا گیا۔ بزرگ۔ واجب التعظیم ◆
مُحتَسِب (ع۔ تَسِب) (ع۔ مذکر) حساب لینے والا۔ شرع کے خلاف باتوں کی ممانعت کرنے والا۔ حاکم شرعی۔ کوتوال ◆
مُحتَسِب را درون خانہ چہ کار (ف) (مثل) کسی شخص کو دوسرے کے گھر کے معاملات میں دخل دینے کا اختیار نہیں ◆
مُحتَشِم (ع۔ تَشِم) (ع) احتشام والا۔ جاہ و جلال والا۔ بہت سے نوکروں چاکروں والا۔ نواب۔ امیر۔ دولت مند۔ رئیس ◆
مُحتَمَل (ع۔ تَمَل) (ع) احتمال کیا گیا۔ گمان کیا گیا۔ مشتبہ ◆
مُحتَوِی (ع۔ تَوِی) (ع) گھیر لینے والا۔ شامل ◆
مَحجُوب (ع۔ جُوب) (ع) (۱) پوشیدہ۔ مخفی۔ چھپا ہوا۔ پردے میں (۲) شرمندہ۔ منفعل ◆
مُحَدَّب (مُحَد۔ دَب) (ع) قبہ دار۔ اُبھرا ہوا۔ اُبھروان ◆
مُحَدِّث (مُحَد۔ دِث) (ع) حدیث کا جاننے والا۔ فقیہ ◆
مُحدِث (ع۔ دِث) (ع) نیا پیدا کرنے والا۔ نئی بات نکالنے والا ◆
مَحدُود (ع۔ دُود) (ع) حد کیا گیا۔ احاطہ کیا گیا (۲) محصور۔ مقید (۳) گھرا ہوا ◆
محدود کرنا (۱) حد باندھنا۔ حد بندی کرنا۔ احاطہ کرنا ◆
مَحذُور (ع۔ ذُور) (ع) ڈرانے والی (چیز) ◆
مَحذُوف (ع۔ ذُوف) (ع) حذف کیا گیا۔ علیحدہ کیا گیا۔ دُور کیا گیا۔ الگ کیا گیا ◆
مِحراب (ع۔ راب) (ع۔ مؤنث) (۱) لغوی معنی ہتھیار (۲) اصطلاحی، وہ قوس یا کمان جو مسجد میں کعبے کے رُخ امام کے کھڑے ہونے کے لئے بنائی جاتی ہے (۲) گھر۔ خانہ (۳) کمرے میں سب سے اُونچی بیٹھنے کی جگہ (۴) ڈاٹ۔ گول دروازہ (۵) حجرۂ خاص۔ شاہی خلوت گاہ ◆
محراب دار (ع۔ ف) کمان کی مانند۔ قوس نما۔ گول ◆
مُحَرِّر (مُحَر۔ رِر) (ع) مذکر۔ لکھنے والا۔ راقم۔ کاتب۔ نویسندہ۔ منشی ◆
مُحَرَّرہ (ع) لکھا ہوا۔ مرقوم۔ تحریر شدہ ◆
مُحَرِّری (ع) مؤنث۔ لکھنے کا کام۔ منشی گری ◆
مُحَرَّف (ع) ٹیڑھا۔ کج۔ اُلٹا۔ بدلا ہوا۔ جگہ سے ہٹا ہوا ◆
مُحَرَّفہ (مُحَر۔ رَفَہ) (ع) مذکر۔ وُہ ٹیکس جو ہمیشہ وصول کیا جاتا ہے ◆
مُحرِق (ع۔ رِق) (ع) جلا دینے والا ◆
مُحَرِّک (مُحَر۔ رِک) (ع) (۱) حرکت دینے والا۔ ہلاک کرنے والا۔ تحریک کرنے والا (۲) اُبھارنے والا۔ اُکسانے والا ◆
مَحْرَم (ع) مذکر (۱) ایسا قریبی رشتہ دار جس سے نکاح جائز نہ ہو۔ (۲) ہمراز۔ رازدار (۳) وہ شخص جس سے پردہ ضروری نہ ہو۔ (۴) واقف۔ روشناس (۵) (ف) مؤنث۔ انگیا کی کٹوری۔ انگیا ◆
محرم اسرار } (ع) (۱) پوشیدہ باتوں کا جاننے والا۔ خدا تعالیٰ
محرم راز } (۲) ولی۔ دوست۔ وہ یار جسے سب راز معلوم ہوں ◆
محرم کار (ع۔ ف) (۱) کسی کام سے واقف (۲) ماہر۔ تجربہ کار ◆
محرم ہونا (ف) واقف ہونا۔ جاننا ◆
مُحَرَّم (مُحَر۔ رَم) (ع) مذکر (۱) حرام کیا گیا (۲) تعظیم کیا گیا۔ عزت کیا گیا (۳) عربی سال کا پہلا مہینہ۔ وہ مہینہ جس میں حضرت امام حسینؓ یزید کے حکم سے شہید کئے گئے۔ ماتم کا مہینہ۔ سوگ کا مہینہ ◆
مُحرّم کا سپاہی (ف) مذکر۔ وہ سپاہی جو محرم میں امام حسینؑ کی مصیبت یاد کر کے لڑنے پر آمادہ ہو۔ اور بعد ازاں کچھ بھی نہیں۔ چند روزہ سپاہی۔ دو دن کا بہادر ◆
مُحرّم کی پیدائش (ف) مؤنث (۱) وہ شخص جو ایام محرم میں پیدا ہوا ہو (۲) مجازاً سوگی۔ دُکھی۔ مصیبت زدہ سی شکل اور رونی صورت والا۔ ہمیشہ غمگین اور رنجیدہ رہنے والا ◆

مُحرّمات (ع) مؤنث و مذکر۔ حرام چیزیں ♦

مُحَرّمات (ع۔ رَمات) (ع) مؤنث) (۱) ایک قسم کا کپڑا عربی یا ریشمی جس پر لال لال دھاریاں ہوتی ہیں (۲) گرگے۔ گرگٹ وغیرہ کے اُدھیلے ستارے سے صدر صبح کپڑا (۳) ایک قسم کا پشمینہ ♦

مَحرُور (ع۔ رُور) (ع) حرارت والا۔ گرم ♦

مَحرُورُ المِزاج (ع) وہ شخص جس کے مزاج میں حرارت ہو۔ گرم مزاج۔ تیز طبیعت ♦

مَحرُوسہ (ع۔ رُوسہ) (ع) نگہبانی کیا گیا۔ ماتحت کیا گیا ♦

مَحرُوق (ع۔ رُوق) (ع) جلا ہوا ♦

مَحرُوم (ع۔ رُوم) (ع) (۱) حرام کیا گیا۔ باز رکھا گیا (۲) بے نصیب ناکام۔ نا اُمید۔ مایوس ♦

مَحرُومُ الاِرث (ع) وراثت سے خارج کیا گیا ♦

مَحرُوم رکھنا (ف) بے بہرہ اور بے نصیب رکھنا۔ مایوس رکھنا ♦

مَحرُوم کرنا (ف) (۱) حق مار لینا۔ حق نہ دینا (۲) کسی کام سے روکنا ♦

مَحرُومی (ف) **مَحرُومیت** (ع) (مؤنث) نا اُمیدی۔ مایوسی۔ ناکامی۔ بدنصیبی ♦

مَحزُون (ع۔ زون) (ع) غمگین۔ رنجیدہ۔ مغموم۔ دلگیر۔ متفکّر۔

مُحسِن (ع۔ سِن) (ع) (۱) احسان کرنیوالا۔ بھلائی کرنے والا۔ سخی۔ فیاض (۲) مددگار۔ معاون۔ مربّی۔ سرپرست ♦

مُحسِن کُش (ع۔ف) احسان کرنے والے کے ساتھ برائی کرنے والا۔ ناشکرا۔ احسان نہ ماننے والا ♦

مُحسَنات (ع) (۱) احسانات۔ سلوک (۲) بھلائیاں۔ نیکیاں۔ خوبیاں (۳) خوبصورت اور نیک عورتیں ♦

مَحسُوب (ع۔ سُوب) (ع) (۱) حساب کیا گیا (۲) وضع کیا گیا۔ حساب میں لگایا گیا ♦

مَحسُوب ہونا (ف) حساب میں لگنا۔ وضع ہونا۔ مُجرا ہونا ♦

مَحسُود (ع۔ سُود) (ع) حسد کیا گیا۔ رشک کیا گیا ♦

مَحسُوس (ع۔ سُوس) (ع) (۱) وہ شے جو حواس خمسہ میں سے کسی کے ذریعے معلوم ہو (۲) ظاہر۔ معلوم۔ آشکارا ♦

مَحسُوس ہونا (۱) حس میں آنا۔ معلوم ہونا۔ ظاہر ہونا۔ پہچانا جانا ♦

مَحسُوسات (ع) محسوسہ کی جمع۔ وہ چیزیں جو محسوس ہو سکیں ♦

مَحشَر (ع۔ شَر) (ع۔ مذکر) حشر۔ قیامت۔ وہ قیامت کا وقت مُردوں کے اُٹھ کر جمع ہونے کا دن ♦

مُحَشّی (ع۔ شّی) (ع) حاشیہ چڑھانے والا۔ شرح کے ساتھ ♦

مُحَصِّل (ع۔ صِّل) (ع) حاصل کرنے والا۔ محصول وصول کرنے والا ♦

مُحصَنات (ع۔ صَنات) (ع) نیک بیویاں۔ باعصمت بیویاں ♦

مُحصَنہ (ع۔ صَنہ) (ع) مؤنث۔ نیک بیوی ♦

مَحصُور (ع۔ صُور) (ع) گھیرا ہوا۔ قلعہ بند۔ قید۔ روکا ہوا ♦

مَحصُور کرنا (ف) گھیرنا۔ گھیرا ڈالنا۔ قلعہ بند کرنا ♦

مَحصُور ہونا (ف) (۱) گھر جانا۔ گھیرے میں آنا۔ قلعہ بند ہونا ♦

مَحصُورِین (ع) (مذکر) محصور کی جمع۔ گھرے ہوئے قلعہ بند لوگ ♦

مَحصُول (ع۔ صُول) (ع) (۱) زرِ خراج۔ زرِ مالگزاری (۲) ٹیکس۔ لگان (۳) اُجرت۔ کرایہ (۴) آمدنی ♦

مَحصُولی (ع) مؤنث (۱) وہ زمین جس کی مالگزاری داخل سرکار کی جاتی ہے (۲) قابلِ محصول شئے۔ محصول لینے کے قابل ♦

مَحض (ع) (۱) صرف۔ فقط (۲) نرا۔ خالص (۳) بالکل۔ تمام۔ سرتاسر ♦

مَحضَر (ع۔ ضَر) (ع) (مؤنث) (۱) حاضر ہونے کی جگہ (۲) مذکر۔ وہ کاغذ جو قاضی کی مُہر سے مزیّن کیا گیا ہو (۳) وہ کاغذ جس پر عوام کسی بات کی شہادت لکھیں۔ عرضداشت ♦

مَحضَر خُون (ع۔ف) (مذکر) وہ شہادت جس سے کسی کا قتل کیا جانا ثابت کیا جائے ♦

مَحضَر نامہ (ع۔ف) مذکر۔ شہادتیں اور مُہروں سے تصدیق کیا گیا ہوا کاغذ (۲) عرض حال۔ نوشتہ۔ عرضداشت ♦

مَحظُوظ (ع۔ ظُوظ) (ع) (۱) خوش۔ مسرور۔ شاد ♦

مَحفِل (ع۔ فِل) (ع) (مؤنث) مجلس۔ انجمن۔ سبھا۔ جلسہ۔ مجمع آدمیوں کا اکٹھ ♦

مَحفِلِ رقص۔ سرود (ع۔ف) (مؤنث) ناچ اور گانے کی مجلس وہ مجمع جس میں ناچ اور گانا ہو ♦

مَحفِل کرنا (ف) (۱) لوگوں کو جمع کرنا۔ مجلس کرنا (۲) ناچ کرنا۔ ناچ کی مجلس کرنا ♦

مَحفُوظ (ع۔ فُوظ) (ع) (۱) حفاظت کیا گیا (۲) صحیح۔ سلامت ♦

مُحَقَّر (ع۔ قّر) (ع) (۱) ذلیل کیا گیا۔ حقیر سمجھا گیا (۲) ذلیل۔ حقیر۔ کمینہ ♦

مُحَقِّق (ع۔ قِّق) (ع۔ مذکر) تحقیق کرنے والا۔ وہ شخص جو بات کو دلیل سے ثابت کرے۔ فلاسفر ♦

مُحَقِّقانہ (ع۔ف) تحقیق و صداقت کی رُو سے ♦

مُحَقِّقِین (ع - مذکر) محقق کی جمع ◆

مِحَک (مِ حَک) (ع - مؤنث) کسوٹی - وہ پتھر جس پر سونے کو کَس کر کھرا کھوٹا معلوم کرتے ہیں ◆

مُحکَم (ع - مُح کَم) (ع) مضبوط - مستحکم - پائدار - مستقل - پکّا ◆

مُحکَمات (ع - مُح کَ مات) (ع - مؤنث) قرآن مجید کی وہ آیتیں جن کے معنی صاف اور واضح ہوں ◆

مَحکَمہ (ع - مَح کَ مَہ) (ع - مذکر) (۱) حکم کرنے کی جگہ (۲) عدالت - کچہری - دربار (۳) صیغہ - سررشتہ - ڈیپارٹمنٹ ◆

مَحکُوم (ع - مَح کوم) (ع) (۱) حکم کیا گیا (۲) تابع - ماتحت - دبیل - فرمان (۳) (مذکر) رعایا - رعیت - نوکر چاکر ◆

مَحکُومِیَّت (ع) (مؤنث) حکم کی تعمیل - جو حکم دی گئی ◆

مَحَل (مَ حَل) (ع) (مذکر) (۱) اُترنے کی جگہ - مکان - گھر - جگہ - ٹھکانا (۲) موقع - وقت (۳) بادشاہوں - نوابوں - مہاراجاؤں یا امیروں کا مکان - قصر - ایوان (۴) (ل) رانی - بیگم - ملکہ - بیوی ◆

مَحَلِّ خاص (۱) تمام بیگمات یا رانیوں میں سے چہیتی بیگم - بڑی رانی - ملکہ ◆

مَحَل دار (ع - ف) مذکر - ایک عہدہ دار جو محل کا انتظام اور حفاظت کرتا تھا ◆

مَحَل دارنی (ل) مؤنث - محل کی پہرہ دار یا چوکیدارنی - محافظ ◆

مَحَل سرا (ع - ف) مؤنث - بادشاہوں - نوابوں - اور راجاؤں کا زنانہ خانہ - حرم سرائے - محل ◆

مَحَلِّ نظر (ع) (۱) فکر و تامل کی جگہ (۲) جائے اعتراض ◆

مَحَلّات (ع) مذکر محلّہ کی جمع (۱) بہت سے محلّے (۲) محل کی جمع - بہت سے محل ◆

مُحَلِّل (ع) (۱) حل کرنے والا (۲) گھلا دینے والا ◆

مَحلُول (ع - مَح لول) (ع) حل کیا ہوا ◆

مَحَلّہ (مَحَل - لَہ) (ع - مذکر) (۱) اُترنے کی جگہ - ٹھکانا (۲) شہر کا کوئی حصہ - کوچہ - ٹولہ - گلی ◆

مَحَلّہ دار (ع - ف) مذکر - محلّے کا چودھری - محلّے میں بڑا آدمی - میر محلہ (۲) خاکروب - مہتر - بھنگی (۳) ایک محلّے کے رہنے والے ◆

مُحَلّی (ل) مذکر - خواجہ سرا - مخنّث - وہ نامرد یا مخنث آدمی جو بادشاہوں کے محلّوں میں آنے جانے کا مجاز ہوتا ہے ◆

مُحَمَّد (مُ حَم مَد) (ع - ۱) نہایت تعریف کیا گیا - سراہا گیا (۲) (مذکر) رسول خدا صلعم کا اسم مبارک جو دین اسلام کے پیغمبر اور آخر الزمان نبی ہوئے ہیں - آپ کی ولادت ۵۷۰ء اور وفات ۶۳۲ء میں ہوئی - دُنیا بھر کے مسلمان آپ کو خدا کا رسول جانتے ہیں اور انہی کے احکام کی پیروی باعث نجات سمجھتے ہیں - قرآن کریم آپ ہی پر نازل ہوا تھا ◆

مُحَمَّدی (ع) رسول خدا حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے نسبت رکھنے والا - آنحضرتؐ کا پیرو ◆

مَحمِل (مَح مِل) (ع) مذکر - اونٹ کا ہودہ - کجاوہ ◆

مَحمُود (ع - مَح مود) (ع - ۱) تعریف کیا گیا - سراہا گیا (۲) غزنی کا ایک مشہور بادشاہ سلطان ناصرالدین ابن سبکتگین جس نے ہندوستان پر سترہ حملے کئے ◆

مَحمُودی (ع - مَح مو دی) (ع) مؤنث (۱) ایک قسم کی باریک ململ (۲) عرب کا ایک نقرئی سکّہ جو قیمت میں ڈھائی آنے کے قریب ہوتا ہے ◆

مَحمُول (ع - مَح مول) (ع) (۱) لادا گیا - اُٹھایا گیا - گمان کیا گیا - ظن کیا گیا (۲) علم منطق میں وہ خبر جو مبتدا کے مقابل واقع ہوتی ہے ◆

مَحمُولہ (ع) دیکھو محمول معنی ۱ ◆

مِحَن (مِحَن) (ع - مؤنث) محنت کی جمع (۲) تکلیفیں - بلائیں ◆

مِحنَت (ع - مِح نَت) (ع) (۱) مؤنث (۱) کوشش - سرگرمی (۲) مشقت - ریاضت (۳) مزدوری - کام کاج - قوت بازو - کام کی اُجرت (۵) (ع) رنج - دکھ - تکلیف ◆

مِحنَت اُٹھانا (ل) (۱) تکلیف برداشت کرنا - دکھ سہنا (۲) جان مارنا - کوشش کرنا ◆

مِحنَت ٹھکانے لگنا (ل) کوشش کا صلہ ملنا - کسی کام میں کوشش کرکے کامیاب ہونا ◆

مِحنَت شاقّہ (ع) مؤنث - سخت محنت - دشوار کام - سعیِ بلیغ ◆

مِحنَت کرنا (ل) (۱) سعی کرنا - کوشش کرنا (۲) مزدوری کرنا - کام کرنا (۳) کاشت کرنا - قلبہ رانی کرنا ◆

مِحنَت مزدوری (ل) (مؤنث) محنت مشقت - کام کاج - کاروبار ◆

مِحنَتانہ (ع - ف) مذکر - حق الخدمت - کام کی اُجرت - محنت کا بدلہ - اُجرت - عوض - معاوضہ ◆

مِحنَتی (ع) (۱) محنت کرنے والا - جفاکش (۲) مزدور پیشہ ◆

مَحو (مَحو) (ع) (۱) زائل - دُور - گم - معدوم - مٹا ہوا - فنا (۲) (ف) عاشق

فریفتہ ۔ مفتون ۔
محو کر دینا (ف) (۱) زائل کر دینا ۔ دُور کر دینا ۔ گم کر دینا ۔ بھلا دینا (۲) متحیر کر دینا ۔ حیران کر دینا (۳) عاشق کر لینا ۔ موہ لینا ۔ فریفتہ کر لینا ۔
محو ہو جانا (ل) (۱) زائل ہو جانا ۔ مٹ جانا (۲) گم ہو جانا ۔ غائب ہو جانا (۳) عاشق ہو جانا ۔ فریفتہ ہو جانا (۴) حیران ہونا ۔ متحیر ہو جانا ۔
محور (ع ۔ وَر) (ع) مذکر ۔ وہ دھرا جس پر پہیہ گردش کرتا ہے ۔ کیلی ۔ دھری ۔
محورِ زمین (ع ۔ ف) مذکر ۔ زمین کا وہ فرضی خط جو اس کے مرکز سے گزرتا ہے ۔ اور زمین اس پر گردش کرتی ہے ۔
محوّلہ (ع ۔ وَّلَہ) (ع) (۱) حوالہ دیا گیا (۲) سپرد کیا گیا ۔
محوّلہ حاشیہ (ع) جس کا حوالہ حاشیے پر دیا گیا ہو ۔
محویت (ع) مؤنث ۔ استغراق ۔ گمشدگی ۔ فریفتگی ۔
محی (ع ۔ ی) (ع) زندہ کرنے والا ۔
محی الدین (ع) (۱) دین کو زندہ کرنے والا (۲) حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رح کا لقب ۔
محیّر (ع ۔ یَّر) (ع) حیران کرنے والا ۔
محیّر العقول (ع) عقلوں کو حیران کرنے والا ۔ عجیب و غریب ۔ نادر ۔
محیط (ع ۔ حِیط) (ع) (۱) احاطہ کرنے والا ۔ گھیرنے والا ہونا (۲) چھانا ۔ غالب ہونا ۔ حاوی ہونا ۔
محیط ہونا (ل) احاطہ کرنے والا ہونا ۔ گھیرنے والا ہونا (۲) چھانا ۔ غالب ہونا ۔ حاوی ہونا ۔
محیل (ع ۔ حِیل) (ع) حیلہ گر ۔ مکّار ۔
محیی (ع ۔ یی) (ع) (۱) مخلوق کو زندہ کرنے اور رکھنے والا (۲) خدا کا ایک صفاتی نام ۔

م ۔ خ

مُخ (ع) (ع ۔ مذکر) مغز ۔ سر ۔ گودا ۔
مُخابرہ (ع ۔ مُخا ۔ بَرَہ) باہم خبریں پہنچانا ۔ خبر رسانی ۔
مَخارج (ع ۔ مَخا ۔ رِج) (ع) مذکر ۔ مخرج کی جمع ۔ خارج ہونے کی جگہیں ۔ نکلنے کی جگہیں ۔
مخاصم (ع ۔ مُخا ۔ صِم) (ع) دشمنی کرنے والا ۔
مخاصمت (ع ۔ مُخا ۔ صَمَت) (ع) مؤنث ۔ دشمنی ۔ عداوت ۔ بیر ۔ مخالفت ۔ لاگ ۔
مخاطِب (ع ۔ مُخا ۔ طِب) (ع) مذکر (۱) خطاب کرنے والا ۔ بات کرنے والا (۲) جو روبرو سامنے ہونے والا ۔
مخاطَب (ع ۔ مُخا ۔ طَب) (ع) مذکر ۔ وہ شخص جس کی طرف خطاب کیا جائے ۔ جس سے بات کی جائے ۔
مخاطب ہونا (ل) خطاب کرنا ۔ بات کرنا ۔ متوجہ ہونا ۔
مخاطرہ (ع ۔ مُخا ۔ طَرَہ) (ع) ۔ مذکر (۱) ڈر ۔ خوف ۔ خطرہ ۔ اندیشہ (۲) وہ بات جو ذہن میں آ جائے ۔
مخافات (ع ۔ مُخا ۔ فات) (ع) ۔ مؤنث ۔ مخافت کی جمع ۔ خطرے ۔ اندیشے ۔ خوف ۔ خدشات ۔
مخافت (ع ۔ مَخا ۔ فَت) (ع) مؤنث ۔ خطرہ ۔ اندیشہ ۔ ڈر ۔ خوف ۔
مخالطت (ع ۔ مُخا ۔ لَطَت) (ع) مؤنث ۔ میل جول ۔ دوستی ۔ اختلاط ۔ میل ملاپ ۔
مخالف (ع ۔ مُخا ۔ لِف) (ع) مذکر (۱) دشمن ۔ بیری ۔ عدو ۔ مدعی (۲) برخلاف ۔ برعکس ۔ اُلٹا ۔
مخالف ہونا (ل) (۱) خلاف ہونا ۔ برعکس ہونا (۲) باغی ہونا ۔
مخالفت (ع ۔ مُخا ۔ لَفَت) (ع) مؤنث (۱) دشمنی و عداوت ۔ رُو گردانی (۲) ضد (۳) اختلاف (۴) کشیدگی ۔
مخالفت کرنا (ف) اختلاف کرنا ۔ اعتراض کرنا ۔
مخبر (ع ۔ بِر) (ع) مذکر ۔ خبر دینے والا ۔ جاسوس ۔ بھیدی ۔
مخبری (ل) مؤنث ۔ جاسوسی ۔ خفیہ خبر رسانی ۔
مخبط (ع ۔ مُخَبْ ۔ بَط) (ع) (۱) پاگل ۔ خبطی (۲) فاسد ۔ تباہ (۳) بگڑا ہوا ۔
مخبطِ فطری (ع) ۔ مذکر ۔ پیدائشی پاگل ۔
مخبوط (ع ۔ بُوط) (ع) خبطی ۔ جنونی ۔ مجنون ۔ بدحواس ۔
مخبوط الحواس (ع) مذکر ۔ دیوانہ ۔ پاگل ۔ سودائی ۔ خبطی ۔
مختار (ع ۔ تار) (ع) (۱) با اختیار ۔ آزاد ۔ مجاز (۲) سربراہ کار ۔ ولی ۔ سرپرست (۳) گماشتہ ۔ وکیل (۴) اختیار دیا گیا ۔ پسند کیا گیا ۔
مختارِ عام (ع) ۔ مذکر (قانون) جسے ہر بات کے کرنے کا اختیار ہو ۔
مختارِ کار (ع ۔ ف) مذکر ۔ کام کرنے کا مجاز ۔ منیجر ۔ منتظم ۔
مختار کرنا (ف) اختیار دینا ۔ اجازت دینا ۔ مجاز کرنا ۔
مختارِ کل یا مختارِ مطلق (ع) مذکر ۔ پورا با اختیار جسے اختیار قطعی حاصل ہو ۔ مدار المہام ۔
مختار نامہ (ع ۔ ف) مذکر ۔ وہ تحریر جس کے ذریعے سے اختیار دیا گیا ہو ۔
مختار نامہ خاص (ع) مذکر ۔ کسی خاص کام یا امر کی بابت نوشتہ یا وثیقہ ۔

مختار نامہ عام (ع) مذکر (۱) مختار نامہ مطلق۔ عام امور کی نسبت مختار کر دینے کا نوشتہ ۔

مختار ہونا (ف) رہا نہ رہنا۔ با اختیار ہونا ۔

مخترع (ع۔ ترِع) (ع) مذکر (۱) موجد۔ بانی۔ ایجاد کرنے والا۔ نئی بات یا نئی چیز نکالنے والا ۔

مخترعات (ع) مؤنث، وہ چیزیں جو نئی ایجاد کی گئی ہوں ۔

مختص (ع۔ تَص) (ع) مخصوص۔ خاص کیا گیا ۔

مختصر (ع۔ تصَر) (ع) (۱) اختصار۔ خلاصہ۔ انتخاب۔ قلیل۔ تھوڑا (۲) چھوٹا ۔

مختصر کرنا (ف) (۱) گھٹانا۔ کم کرنا۔ چھانٹنا۔ اختصار کرنا ۔

مختصراً (ع) اختصار کے ساتھ ۔

مختفی (ع) پوشیدہ۔ مخفی۔ چھپا ہوا ۔

مختل (ع۔ تل) (ع) بگڑا ہوا۔ درہم برہم ۔

مختل الحواس (ع) حواس باختہ۔ مخبوط الحواس ۔

مختلف (ع۔ تلِف) (ع) (۱) علیحدہ۔ جدا (۲) مخالف (۳) قسم قسم کا۔ طرح طرح کا ۔

مختوم (ع۔ توم) (ع) (۱) دستخط کیا گیا (۲) مُہر شدہ (۳) بند کیا ہوا۔ مقفل ۔

مختون (ع۔ تون) (ع) ختنہ کیا ہوا ۔

مخدر (مُخدّر) (ع) پردے میں رکھا ہوا۔ چھپا ہوا۔ پردہ نشین ۔

مخدر (مُخدِّر) (ع) (۱) بے حس و حرکت کر دینے والا۔ سن کر دینے والا (۲) نیند لانے والا ۔

مخدرات (ع) مؤنث، مخدرہ کی جمع۔ پردہ والیاں ۔

مخدرات (ع) مؤنث، سن کر دینے والی دوائیں۔ خواب آور دوائیں ۔

مخدوش (ع۔ دُوش) (ع) خدشے سے بھرا ہوا۔ وسوسہ کیا ہوا ۔

مخدوم (ع۔ دُوم) (ع) مذکر، خدمت کیا گیا۔ آقا۔ قابل تعظیم ۔

مخدومہ (ع) مؤنث، مخدوم کی تانیث ۔

مخرب۔ مخرّب (ع۔ رِب + مُخرّ۔ رِب) (ع) خراب کر دینے والا۔ ویران کرنے والا ۔

مخرّب (مُخرّ۔ رَب) (ع) خراب شدہ۔ بگڑا ہوا ۔

مخرج (ع۔ رَج) (ع) مذکر (۱) منبع۔ مصدر۔ نکلنے کی جگہ (۲) اصل جڑ۔ مادہ ۔

مخروط (ع۔ رُوط) (ع) ترا شا گیا۔ چھیلا گیا ۔

مخروطی (ع) گاؤدم۔ گاجر کی وضع کا ۔

مخزن (ع۔ زَن) (ع) خزانے کی جگہ۔ خزانہ۔ گودام۔ گنجینہ وغیرہ ۔

مخصوص (ع۔ صُوص) (ع) خاص کیا گیا۔ نامزد کیا گیا ۔

مخصوص کرنا (ف) خاص کرنا۔ نامزد کرنا ۔

مخطط (مُخطّط) (ع) خط دار۔ لکیروں والا۔ وہ کپڑا جس پر لکیریں کھچی ہوئی ہوں۔ دھاری دار ۔

مخطوطہ (ع۔ طُوطہ) (ع) وہ مسودہ جس کی نقل ہاتھ کی ہو ۔

مخطور (ع۔ طُور) (۱) فکر۔ اندیشہ (۲) خیال کیا گیا۔ سوچا گیا (۳) خطرناک ۔

مخطورات (ع) مذکر، دل کے خطرے۔ دلی خیالات ۔

مخفی (ع۔ فی) (ع) جس سے بے ادبی یا غلطی سرزد ہو ۔

مخفف (مُخفّف) (ع) تخفیف کیا گیا۔ گھٹایا گیا یا اختصار کیا گیا۔ کم کیا گیا ۔

مخفی (ع۔ فی) (ع) (۱) پوشیدہ۔ چھپا ہوا۔ خفیہ (۲) اورنگ زیب کی دختر زیب النساء کا تخلص۔ جو شعر و سخن کی شائق تھی ۔

مخفی رکھنا (ف) چھپانا۔ خفیہ رکھنا۔

مخفی کرنا (ف) ڈھانپنا۔ پوشیدہ رکھنا ۔

مخفی نہ رہے (۱) پوشیدہ نہ رہے۔ واضح ہو۔ معلوم ہو ۔

مخل (مُخِل) (ع) (۱) خلل ڈالنے والا (۲) خارج۔ علیحدہ۔ فتنہ پرداز ۔

مخل ہونا (ف) خلل انداز ہونا۔ خارج ہونا ۔

مخلد (مُخلّد) (ع) ہمیشگی کا۔ دائمی ۔

مخلص (ع۔ لِص) (ع) (۱) خالص۔ صادق۔ سچا۔ راستباز۔ باوفا (۲) مذکر۔ سچا دوست۔ یار صادق ۔

مخلصانہ (ع) دوستانہ۔ خلوص دل سے ۔

مخلصی (ع) مؤنث۔ خلاصی۔ نجات۔ رہائی۔ چھٹکارا۔ آزادی ۔

مخلوط (ع۔ لُوط) (ع) ملا۔ جُلا۔ گڈ مڈ ۔

مخلوط النسل (ع) مذکر۔ دوغلا۔ وہ شخص جو ایک نسل سے نہ ہو ۔

مخلوق (ع۔ لُوق) (ع) (۱) پیدا کیا ہوا۔ پیدا کیا گیا (۲) مؤنث۔ دنیا۔ خلق۔ سنسار۔ کائنات۔ خلقت ۔

مخلوقات (ع) مؤنث۔ مخلوق کی جمع ۔

مخلی (ع۔ لّیٰ) (ع) خالی کیا گیا۔ آزاد کیا گیا ۔

مخلی بالطبع (ع) بالہم۔ بے تکلف ۔

مخمر (مُخمّر) (ع) خمیر کیا گیا۔ خمیر اٹھایا گیا ۔

مخمس (مُخمّس) (ع) (۱) پنج گوشہ۔ پانچ ضلعوں والی شکل (۲) مذکر۔ وہ نظم جس میں پانچ پانچ مصرعوں کا ایک بند ہو ۔

مخمسات (ع) مذکر۔ مخمس کی جمع ۔

مخمصہ (ع۔ مَصہ) (ع) مذکر۔ جھگڑا۔ بکھیڑا۔ جھنجھٹ ۔

مخمصے (ع) مذکر۔ مخمصہ کی جمع۔ بکھیڑے ۔

مخصمے میں پڑنا (۱) مناسب جگہ کرنا ہے جند جگڑے میں پڑنا ◆

مخمل (ع - بل) (ما - مؤنث) (۱) ایک قسم کا سنہایت نرم اسلامی ریشمی روئیں دار کپڑا (۲) ایک قسم کا شرع اور نہایت ملائم پھول ◆

مخملی۔ مخملیں (ع - ف) (۱) مخمل کا (۲) مخمل جیسا ◆

مخمور (ع - مخ - مُور) (ع) نشے میں چور۔ مست۔ مدہوش متوالا ◆

مخنث (مُخَ - نَث) (ع) ہیجڑا۔ زنخہ۔ وہ شخص جسے خصّی بنایا گیا ہو ◆

مخول (مَخول) (ع) مؤنث۔ ٹھٹھا۔ مذاق۔ چھیڑ خانی ◆

مخول کرنا (ا) ٹھٹھا کرنا۔ ہنسی اڑانا۔ مذاق کرنا۔ چھیڑ خانی کرنا ◆

مخولیا (ا) مذکر۔ مسخرا۔ ظریف ◆

مخیّر (مُخَیْ - یِر) (ع) خیرات کرنے والا۔ سخی۔ فیاض ◆

مخیلہ (مُخی - یَلَہ) (ع) مذکر۔ خیالی قوت ◆

مخیم (مُخَ - یِم ۔ مُخَیْ - یَم) (ع) خیمہ لگانے کی جگہ۔ پڑاؤ۔ قیام کرنے کی جگہ۔ کیمپ ◆

م - د

مَد (مَد) (ع - مذکر) (۱) کھنچاؤ۔ کشش (۲) جوار۔ جزر کا نقیض (۳) درازی۔ پھیلاؤ (۴) وہ لمبا خط جو حساب یا عرض میں کھینچ کر اس کے نیچے حساب یا مضمون شروع کرتے ہیں (۵) (۱) محکمہ۔ سررشتہ۔ دفتر۔ صیغہ (۶) عنوان۔ سرنامہ (۷) (مذکر) الف ممدودہ کو کھینچ کر پڑھنے کی علامت ◆

مدِ امانت (ع) مؤنث۔ بطور امانت۔ امانت کے طور پر۔ صیغہ امانت ◆

مدظلہ۔ مدظلہ العالی (ع) خدا اس کا سایہ (عاطفت) ہمیشہ قائم رکھے ◆

مدِ مقابل (ع - مذکر) (۱) مخالف۔ برابر کا دعویدار (۲) حریف (۳) برابر کی جوڑ۔ برابر کی چوٹ (۴) عدو۔ رقیب ◆

مدِ نظر (ع) مؤنث (۱) وہ چیز جو نگاہ کے سامنے ہو۔ پیش نظر (۲) ارادہ۔ منصوبہ۔ قصد ◆

مد و جزر (ع - مذکر) سمندر کے پانی کا اُتار چڑھاؤ۔ جوار بھاٹا

مَد (مَد) (س) مؤنث۔ خمار۔ نشہ۔ سرشاری۔ مدہوشی (۲) شراب۔ مے۔ بادہ (۳) خوشی۔ مسرت۔ فرحت (۴) غرور۔ تکبر۔ گھمنڈ (۵) جنون۔ دیوانگی (۶) منی۔ نطفہ (۷) وہ پانی جو مستی کی حالت میں ٹپکتا ہے (۸) ندی۔ دریا ◆

مد پر آنا (ہ) (۱) مست ہونا (۲) جوان ہونا ◆

مد ماتا (ہ) (۱) سرشار۔ مخمور۔ مست۔ مدہوش۔ نشے میں چور (۲) مغرور۔ گھمنڈی۔ متکبر (۳) بالغ۔ جوان۔ جو بن بھرا یا چڑھا (۴) شہوتی۔ نفس پرست ◆

مَدماتی (ہ) مؤنث (۱) شہوت یا مستی کے جوش میں آتی ہوئی (۲) مخمور۔ سرشار۔ مست۔ جوانی نشے میں بھری ہوئی (۳) مغرور۔ گھمنڈی۔ متکبر ◆

مدا (مَدا) (ہ) (عوام) ہستا ◆

مدا پڑنا (ہ) (عوام) کساد بازاری ہونا ◆

مدّاح (مَدْ - دَاح) (ع) مذکر (۱) تعریف کرنے والا۔ ثنا خواں۔ بھاٹ (۲) (۱) خوشامدی ◆

مداحی (ع) مؤنث۔ تعریف کرنے کا فعل۔ مدح سرائی۔ ثنا خوانی ◆

مداخل (مَدَا - خِل) (ع) مؤنث۔ آمدنی۔ محاصل۔ خراج ◆

مداخل و مخارج (ع - مؤنث) آمد و خرچ۔ روپے کی آمد و رفت ◆

مداخلت (مُدَا - خَلَت) (ع) مؤنث (۱) دخل۔ دست اندازی۔ مزاحمت۔ تعرض (۲) قبضہ۔ ناجائز تصرف ◆

مداخلت بلا مرضی (ع) مؤنث (قانون) بلا اجازت کسی کے مکان میں دخل کرنا ◆

مداخلت بے جا (ع - ف) بے جا دست اندازی۔ خلاف ورزی۔ کسی کے مکان میں زبردستی سے داخل ہونا ◆

مداخلت صریح (ع) مؤنث۔ علانیہ دست اندازی۔ کھلم کھلا دخل کرنا ◆

مداخلت کرنا (ا) دخل انداز ہونا۔ بیچ میں بولنا۔ دست اندازی کرنا ◆

مِداد (مِدَاد) (ع) مؤنث۔ روشنائی۔ دوات کی سیاہی ◆

مَدار (مَدَار) (ہ) مذکر (۱) آک کا پودا۔ جس کے پتوں سے دودھ اور ڈوڈوں میں سے روئی کی طرح ریشے نکلتے ہیں ◆

مدار کا ٹِڈّا (ہ) مذکر۔ آک پر بیٹھنے والا سبز رنگ کا کیڑا۔ جس کے پر سرخ ہوتے ہیں ◆

مدار کی بڑھیا (ہ) مؤنث۔ آک کے ڈوڈے میں سے نکلے ہوئے روئیں جو ہوا میں اُڑتے پھرتے ہیں ◆

مَدار (مَدَار) (ع) مذکر (۱) گردش کی جگہ۔ دور کرنے کی جگہ (۲) ستارے کے دورہ کرنے کا مقام۔ قطب۔ جہاں کو ہر چیز گھومتی ہے (۳) موقوف کیا گیا۔ جس پر کوئی بات ٹھہری ہو۔ انحصار (۴) دور۔ دائرہ۔ حلقہ (۵) قرار۔ ٹھہراؤ۔ قیام ◆

مدار المہام (ع) مذکر۔ وزیر اعظم۔ وہ حاکم اعلیٰ جو سلطنت کے کاروبار کا مرکز ہو ◆

مدارِ کار (ع - ف) مذکر۔ کسی کام کا انحصار ◆

مُدارا۔ مُدارات (مُدَا۔رَا + مُدَا۔رَات) (ع۔ مؤنّث) (۱) ظاہری آؤ بھگت۔ خاطر۔ تواضع (۲) صُلح۔ رعایت ◆

مَدارِج (مَدَا۔رِج) (ع) (مذکّر) درجے۔ رُتبے۔ مناصب ◆

مَدارِس (مَدَا۔رِس) (ع، مذکّر۔ مدرسہ کی جمع۔ مدرسے۔ مکاتب۔ درسگاہیں ◆

مداری (مَدَا۔رِی) (ہ) مذکّر۔ شعبدہ باز۔ ہاتھ کی چالاکی سے طرح طرح کے کھیل تماشے کرنے والا ◆

مداریا (مَدَا۔رِیَا) (ہ) مذکّر (۱) شاہ مدار ایک مجذوب اور درویش گزرے ہیں۔ اُن کے سلسلے کے درویشوں کو مداریا کہتے ہیں (۲) سُلفہ پیچوان۔ ایک قسم کا چھوٹا حُقّہ ◆

مدافعت (مُدَا۔فَعَت) (ع۔ مؤنّث) دفع کرنا۔ فیصلہ روکنا۔ تردید ◆

مُدام (مُدَا۔م) (ع) ہمیشہ۔ برابر۔ سدا۔ دائم۔ متواتر (۲) مؤنّث۔ شراب۔ مے ◆

مُداوا۔ مداوات (مُدَا۔وَا۔ مُدَا۔وَات) (ع) بلا تذکیرو تانیث علاج۔ معالجہ۔ دوا دارو۔ درمان۔ تدبیر۔ چارہ ◆

مُداومت (ع۔ مؤنّث) ہمیشگی۔ قیام۔ ثبات ◆

مداہنت (مُدَا۔ہَنَت) (ع۔ مؤنّث) خوشامد ◆

مدائح (مَدَا۔اِح) (ع۔ مذکّر) مدیحہ کی جمع۔ تعریفیں۔ مدحیں ◆

مدائن (مَدَا۔اِن) (ع۔ مذکّر) (۱) مدینہ (شہر) کی جمع (۲) عراقِ عرب کا ایک شہر ◆

مُدبِر (مُدْ۔بِر) (ع) بدنصیب۔ بدبخت ◆

مُدَبِّر (مُدَبْ۔بِر) (ع) (۱) تدبیر کرنے والا۔ عاقل۔ دانشمند (۲) مشیر۔ صلاح کار ◆

مُدَبِّرانِ سلطنت (ع۔ مذکّر) سلطنت کے ارکان حکومت کے امیرو وزیر ◆

مُدَبِّرانِ فلک (ع۔ مذکّر) سات سیارے ◆

مُدّت (مُدْ۔دَت) (ع۔ مؤنّث) (۱) دیر۔ عرصہ (۲) میعاد۔ مہلت (۳) وقت۔ زمانہ ◆

مُدّت العُمر (ع) تمام عمر۔ جیتے جی۔ عمر بھر ◆

مُدّتِ عِدّت (ع۔ مؤنّث) طلاق کے بعد کی میعاد جس میں عورت کو نکاح کرنا جائز نہیں ◆

مُدّتِ مدید (ع۔ مؤنّث) زمانۂ دراز۔ بہت دیر ◆

مُدّتِ مقرّرہ (ع۔ مؤنّث) میعاد مقررہ۔ بندھی ہوئی میعاد۔ معمولی وقت ◆

مُدّت ہوئی (ہ) عرصہ ہوا۔ دیر گزری ◆

مُدّتوں (ہ) زمانۂ دراز تک ◆

مَدح (مَدْح) (ع۔ مؤنّث) (۱) تعریف۔ توصیف۔ ثنا۔ ستائش (۲) شاعر کی وہ نظم جس میں کسی کی تعریف کی گئی ہو ◆

مَدح خواں (ع۔ف) مذکّر۔ تعریف کرنے والا۔ ثناخواں ◆

مَدح خوانی | مَدح سرائی (ع۔ف) مؤنّث۔ تعریف گوئی۔ توصیف خوانی ◆

مِدحت (مِدْ۔حَت) (ع) مؤنّث۔ حمد۔ تعریف۔ ثناء۔ ستائش ◆

مَدخل (مَدْ۔خَل) (ع) مؤنّث (۱) داخل ہونے کی جگہ (۲) آمدنی و محاصل۔ معاملہ ◆

مَدخُولہ (مَدْ۔خُو۔لَہ) (ع) مؤنّث۔ وہ عورت جسے گھر میں ڈال لیا گیا ہو ◆

مَدَد (مَدَد) (ع) مؤنّث (۱) کمک۔ امداد۔ سہارا۔ اعانت۔ حمایت (۲) (ل) رسد۔ خوراک (۳) (ل) راج مزدور۔ کار تعمیر (۴) (ل) اُجرت۔ مزدوری ◆

مَدَد اللہ (ع) مؤنّث۔ جاہل فقیر سلام کے جواب میں وعلیکم السلام کی جگہ استعمال کرتے ہیں ◆

مدد بانٹنا (ل) راج مزدوروں کو اُن کی مزدوری تقسیم کرنا۔ اُجرت دینا ◆

مدد پہنچانا (ہ) (۱) کمک پہنچانا (۲) سہارا دینا۔ دستگیری کرنا ◆

مَدَدِ خرچ (ع۔ف) مؤنّث۔ خرچ میں بطور امداد کچھ دینا (۲) پیشگی روپیہ دینا ◆

مَدَد کرنا (ہ) (۱) یاری کرنا۔ دستگیری کرنا۔ پُشتی کرنا (۲) کمک دینا ◆

مَدَدگار (ع۔ف) مذکّر۔ مدد کرنے والا۔ معاون۔ حمایتی ◆

مَدَد مانگنا (ہ) امداد چاہنا۔ کمک طلب کرنا ◆

مَدَد محرّر (ع) مذکّر۔ نائب محرر۔ اسسٹنٹ۔ وہ شخص جو کارِ تحریر میں اپنے افسر محرر کی مدد کرے ◆

مَدَدِ معاش (ع) مؤنّث (۱) کھانے پینے کا سہارا۔ پرورش کا وسیلہ (۲) وظیفہ۔ پنشن (۳) وہ جاگیر جو کسی خاص مصرف کے لئے وقف کر دی جائے ◆

مُدِرّ (مُدِرّ) پیشاب لانے والی دوا ◆

مُدرا (مُدْ۔رَا) (ہ) مؤنّث (ہندو) (۱) انگوٹھی۔ چھلا (۲) چھاپ۔ انگوٹھی جس میں نام کی مُہر کُھدی ہو (۳) جوگی کے کان کا چوبی کنڈل ◆

مُدِرّات (ع) مؤنّث۔ "مُدِرّ" کی جمع۔ پیشاب جاری کرنے والی دوائیں ◆

مُدَرِّس (مُدَرْ۔رِس) (ع) مذکّر۔ درس دینے والا۔ پڑھانے والا۔ معلّم۔ مولوی۔ ماسٹر۔ ٹیچر۔ اتالیق۔ ادیب ◆

مَدرسہ (مَدْ۔رَسَہ) (ع) مذکّر۔ جائے درس۔ پڑھانے کی جگہ۔ سکول۔ مکتب ◆

مَدرسۂ ابتدائی (ع - مذکر) پرائمری سکول - وہ مدرسہ جس میں شروع کی تعلیم اور ابجد خوانی ہو ◆

مدرسۂ وسطی (ع - مذکر) مڈل سکول - متوسط درجہ کی تعلیم کا مدرسہ انٹرنس سے نیچے کی تعلیم کا مدرسہ ◆

مُدَرِّسی (ع - مؤنث) معلمی - پڑھانے کا پیشہ ◆

مُدرِک (مُد - رِک) (ع) (۱) سمجھنے والا مطلب کو پہنچنے والا (۲) دانا، عقلمند، فہیم - ذہین ◆

مُدرِکہ (ع) مؤنث (۱) وہ بات جس سے کسی بات کی تہ دریافت کی جا سکے (۲) ذہن، عقل - ذکا ◆

مدلہ یا (مَدّ رِیَا) (ع - مذکر) دیکھو - مدلسا ◆

مُدّعا (مُد - دَعَا) (ع) مذکر (۱) مقصد، غرض، مطلب، مراد، ارادہ، منشا، خواہش (۲) (ل) مال، ملکیت - مال مسروقہ ◆

مُدّعا بہا (ع) مذکر (قانون) وہ چیز جس کے لئے دعوے کیا گیا ہو ◆

مُدّعا پکڑنا (ل) چوری پکڑنا - چوری کا مال نکالنا ◆

مُدّعا حاصل ہونا (ل) مراد بر آنا، مطلب پورا ہونا ◆

مُدّعا علیہ (ع - ف) مذکر - فریق ثانی - وہ شخص جس پر دعوے یا نالش کی گئی ہو ◆

مُدّعا علیہ ترتیبی (ع - ف) نمبر کے اعتبار سے مدعا علیہ ◆

مُدّعا علیہ گرداننا (ل) ملزم ٹھیرانا - مجرم قرار دینا - الزام دھرنا ◆

مُدّعا نکلنا (ل) چوری برآمد ہونا - مال مسروقہ پکڑا جانا (قانون) ◆

مَدعو (مَد - عُو) (ع) بلایا گیا - دعوت دیا گیا ◆

مُدّعی (مُد - دَعِی) (ع) مذکر - دعوے کرنے والا - نالش کرنے والا - دعوے دار - نالشی، مستغیث - سائل (۲) (ل) رقیب، حریف، غیر

مُدّعی سست گواہ چست (ل) مثل - ایسے موقع پر بولتے ہیں جہاں خود صاحب غرض تو تساہل کرے اور حمایتی مستعد اور تیار ہوں ◆

مُدّعی مُدّعا علیہ (ع) مذکر - مخالفین، فریقین - وہ دونوں فریق جو کسی معاملے میں عدالت کی طرف رجوع ہوں ◆

مُدّعی مُدّعا علیہ ناؤ میں شاہد تیرتے جائیں (ل) (مثل) اپنے حمایتی اور امداد دینے والے کی بے قدری کرنے کے موقع پر بولتے ہیں ◆

مُدّعی ہونا (ل) دعوے دار ہونا - نالشی ہونا ◆

مُدّعیہ (ع) مؤنث - دعوی کرنے والی عورت، مستغیثہ ◆

مدغاسکر (مَد - غاس - کَر) (انگریزی) Madagascar (مذکر) افریقہ کے جنوب میں پچھم کی طرف ایک جزیرہ ◆

مُدغم (مُد - غَم) (ع) مذکر - ایک جنس کے دو حرف جو باہم ادغام کیئے گئے ہوں ◆

مَدفن (مَد - فَن) (ع) مذکر - قبر، گور، مزار - وہ گڑھا جس میں مُردہ دفن کیا جائے ◆

مَدفُون (مَد - فُون) (ع - ل) دفن کیا ہوا - گاڑا ہوا (۲) پوشیدہ مخفی ◆

مَدقُوق (مَد - قُوق) (ع) تپ دق کا مریض - وہ شخص جسے دق ہو گئی ہو ◆

مَدَک (مَ - دَک) (ع) مؤنث - ایک قسم کا نشہ جو تمباکو کی طرح چلم میں بھر کر پیا جاتا ہے ◆

مَدَک باز } (ل) مذکر - مدک کا نشہ پینے والا ◆
مَدَکی }

مُدَلَّل (مُ - دَل - لَل) (ع) دلیل سے ثابت کیا ہوا - معقول - ٹھیک - درست ◆

مُدَمِّغ (مُ - دَم - مِغ) (ع) متکبر، مغرور، دماغ دار ◆

مَدَن (مَ - دَن) (س) مذکر (۱) مست یا خوش کرنے کا فعل (۲) خوش ہونا (۳) عشق - محبت (۴) جوش (۵) شہوت (۶) کئی پودوں کا نام ◆

مَدَن بان (مَ - دَن - بان) (س) مذکر - ایک قسم کا پھول جو بیلے کی قسم سے ہوتا ہے ◆

مُدُن (مُ - دُن) (ع) مذکر - مدینہ (شہر) کی جمع ◆

مَدَنی (مَ - دَ - نی) (ع) (۱) مدینہ کا باشندہ (۲) شہر کے متعلق ◆

مدنی الطبع (ع) فطرتاً اپنے ساتھیوں سے مل جُل کر رہنے کا عادی ◆

مدنیت (ع) مؤنث - شہریت - شہری پن ◆

مَدُّو (مَد - دُو) (ع) مذکر (۱) اُونٹ یا سانڈ کی پیٹھ کا اُبھرا ہوا حصّہ - کوہان (۲) وہ زخم جو گھوڑے کے دھڑ پر ہو ◆

مُدَوَّر (مُ - دَو - وَر) (ع) دائرہ نما - گول ◆

مَدھ (مَدھ) (س) (۱) درمیان - وسط، بیچ (۲) مؤنث شراب ◆

مَدھر (مَدھر) (س) (ہندی) (۱) شیریں، میٹھا، مزے دار (۲) سریلا (۳) دل پسند - پیارا (۴) معشوقانہ چال (۵) ملایم (۶) نرم، ملائم ◆

مَراجم (مَرا - جم) (ع) ...

مراجم خسروانہ (ع - ف) مؤنث (۲) شیریں کلامی، میٹھا بول ◆

مُدھر بولنا (ہ) شیریں کلامی سے پیش آنا میٹھا بولنا ◆

مدھرا (مَدھ۔ رَا) (ہ) متوسط۔ درمیانی۔ میانہ ◆

مدھری (مَدھ۔ رِی) (ہ) مؤنث میٹھی۔ رسیلی۔ مرغوب۔ دل پسند

مدھم (مَدھ۔ دھم) (ہ) (۱) آہستہ۔ دھیما (۲) میانہ۔ بیچا۔ نہ بُرا۔ متوسط (۳) نیچا۔ کم (۴) ہلکا۔ خفیف (۵) بے آب۔ پھیکا۔ ماند (۶) سُست۔ کاہل (۷) گرا ہُوا۔ گھٹا ہُوا۔ مندا ◆

مدھم بیچنا (ہ) مذکر (۱) سستا بیچنا۔ ارزاں کرنا۔ قیمت سے کم دینا ◆

مدھم ٹھاٹھ (ہ) مذکر (۱) سُست آدمی (۲) ستار کا وہ ٹھاٹھ جو مدھم سُر پر قائم کیا جائے ◆

مدھم سُر (ہ) مذکر۔ راگ کا چوتھا سُر جو گندھار سے ایک درجہ بلند اور اس کا مخرج معدہ ہوتا ہے۔ دھیما سُر ◆

مدھم کرنا (ہ) (۱) کم کرنا۔ گھٹانا (۲) دھیما کرنا۔ آہستہ کرنا۔ (۳) پھیکا اور بے رُوپ کرنا ◆

مدھو (مَدھو) (س) مذکر (ہندو) (۱) شہد۔ انگبین (۲) شراب۔ مے۔ دارُو (۳) موسم بہار۔ بسنت۔ رُت (۴) دُودھ۔ شیر (۵) پانی۔ جل۔ آب۔ ماء (۶) میٹھا۔ شیریں (۷) ایک قسم کا درخت (۸) ایک راکشس ◆

مدھو ماکھی (ہ) مؤنث۔ شہد کی مکھی۔ نحل ◆

مدہوش (مَد۔ ہوش) (ف ع) (۱) حیران۔ ہکا بکا۔ متحیر۔ خوف زدہ (۲) (ف، دو لفظوں سے) بدمست۔ متوالا ◆

مدہوشی (ف) مؤنث۔ متوالا پن۔ بدمستی۔ بے ہوشی ◆

مدے (مَد۔ دے) (ا) مذکر۔ بقالوں کی اصطلاح بابت حساب ◆

مدیح۔ مدیحہ (مَدِیح۔ مَدی حَہ) (ع۔ مؤنث) تعریف ◆

مدید (مَدِید) (ع) لمبا۔ طویل۔ دراز ◆

مُدیر (مُدِیر) (ع۔ مذکر) (۱) ایڈیٹر (۲) مہتمم ◆

مدیرا (مَدی۔ رَا) (ہ۔ مؤنث) (۱) ایک قسم کی شراب (۲) ایک قسم کی مُرغابی ◆

مدینہ (مَدی۔ نَہ) (ع۔ مذکر) (۱) شہر۔ نگری۔ نگر۔ بلدہ (۲) عرب کا مشہور و مقدس شہر جہاں حضرت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا روضہ مبارک ہے۔ اور مسلمان لاکھوں کی تعداد میں ہر سال زیارت کو جاتے ہیں ◆

مدینۃ الحکماء (ع۔ مذکر) یونان کا پایۂ تخت ایتھنز ◆

مدینۃ السلام (ع۔ مذکر) بغداد ◆

مدینۃ العلم (ع۔ مذکر)

مدیون (مَد۔ یُون) (ع)

م۔ڈ

مڈاسا (مُڈ۔ اسا) (ہ) مذکر۔ دیکھو (مڈاسا)

مِڈل (مِڈل) (انگریزی) (Middle) (مذکر) اوسط۔ درمیانہ درجہ ◆

مِڈل سکول (انگریزی) (Middle School) (مذکر) اوسط درجے کی تعلیم کا مدرسہ۔ انٹرنس سے نیچے درجے کی تعلیم کا مدرسہ ◆

مڈلچی (ا) مذکر (حقارتاً) وہ شخص جس نے صرف مڈل کا امتحان پاس کیا ہو ◆

مُڈھ۔ مُڈھا (ہ) (مذکر) (۱) کسی چیز کا نچلا حصہ۔ جڑ۔ بنیاد (۲) بوڑھا آدمی۔ مرد معمر (۳) سرغنہ۔ سردار۔ چودھری۔ سرگروہ (۴) (پنجاب) بڑے درخت کی جڑ ◆

مُڈھا (ہ) مذکر (۱) پتنگ یا کنکوے کا سر (۲) (پنجاب) لکڑی جو تکلے پر بنتی ہے ◆

مُڈھ بھیڑ (ہ) مؤنث۔ دیکھو (مٹھ بھیڑ)

م۔ذ

مَذاق (مَذاق) (ع) (مذکر) (۱) چکھنا۔ چکھنے کی جگہ (۲) چاٹ۔ مزہ۔ سواد۔ لذت۔ چسکا (۳) قوتِ ذائقہ (۴) (ف) باہمی اختلاط (۵) (ا) میلان۔ رغبت (۶) (ا) سلیقہ۔ لطف (۷) (ا) ہنسی ٹھٹھا۔ تمسخر۔ ظرافت۔ دل لگی ◆

مذاق سے (ا) ہنسی سے۔ چھیڑ سے۔ تمسخر سے۔ ظرافتاً۔ مذاقاً۔ دل لگی سے ◆

مذاق کا آدمی (ا) مذکر۔ ظریف۔ خوش طبع۔ زندہ دل ◆

مذاقیہ (ا) مذاق کے طور پر۔ ہنسی سے۔ مذاقاً ◆

مذاکرہ (مُذا۔ کَرَہ) (ع) (مذکر) (۱) آپس میں بات چیت کرنا (۲) مباحثہ ◆

مذاہب (مَذا ہِب) (ع) (مذکر) مذہب کی جمع ◆

مذبح (مَذ۔ بَح) (ع) مذکر۔ ذبح کرنے کی جگہ ◆

مُذبذب (مُذ۔ بَذ۔ ذَب) (ع) متردد۔ غیر مستقل مزاج۔ وہ شخص جس کو ایک حال اور ایک جگہ برقرار نہ ہو ◆

مذبوح (مَذ۔ بُوح) (ع) (۱) ذبح کیا ہُوا (۲) مقتول ◆

مُذکّر (مُذَک۔ کَر) (ع) نر۔ مرد ◆

مذکور (مَذ۔ کُور) (ع) (۱) ذکر کیا گیا (۲) ذکر۔ گفتگو۔ بات (۳) افواہ۔ چرچا۔ شہرت ◆

مذکورۂ بالا۔ یا۔ مذکورۂ صدر (ع) وہ شخص یا بات جس کا ذکر اُوپر کی عبارت میں آچکا ہو ✦

مذکوری (ا) مذکر۔ وہ بلا تنخواہ سپاہی یا چپراسی جو مالیہ کی وصولی پر مقرر ہو۔ مالگزاری اُگاہنے والا۔ اُس سپاہی کو طلبانہ سے اُجرت دی جاتی ہے ✦

مَذَلَّت (مَذَل۔ لَت) (ع) مؤنث۔ ذِلّت۔ رُسوائی۔ بدنامی۔ خواری۔

مَذَمَّت (مَذَم۔ مَت) (ع) مؤنث۔ بُرائی۔ بدی۔ ہجو ✦

مذموم (مَذ۔ مُوم) (ع) (۱) بُرا۔ خراب۔ قبیح (۲) وہ شے جس کی بُرائی کی جائے ✦

مذمومہ (ع) مؤنث (۱) ہجو کی گئی (۲) بُری۔ خراب۔ بد۔ زبُون ✦

مُذنبین (مُذ۔ نِبِین) (ع) (مذکر) مُذنب کی جمع۔ گنہگار لوگ۔ اہلِ معاصی ✦

مُذَہَّب (مُذَہ۔ ہَب) (ع) سونا چڑھا ہُوا۔ سونے کا ملمع کیا ہُوا۔ سنہری ✦

مذہب (مَذ۔ ہَب) (ع) مذکر (۱) راہ۔ رستہ۔ طریقہ (۲) دین۔ ایمان۔ دھرم۔ آئین۔ عقیدہ (۳) مت۔ ملت۔ کیش۔ مشرب ✦

مذہب بدلنا (ا) دوسرا مذہب اختیار کرنا۔ دوسرے پنتھ میں آنا ✦

مذہب پھیلانا (ا) پنتھ بڑھانا۔ دین کو ترقی دینا ✦

مذہب میں ملانا (ا) پنتھ میں داخل کرنا۔ دین میں شامل کرنا ✦

مذہبی (ا) مذکر۔ بھگتی سکھ۔ جو ہڑا سکھ۔ جتھے سکھ ✦

مذہبی (ع) مذہب سے منسُوب۔ مذہب سے نسبت رکھنے والا۔ مذہب کے متعلق ✦

مذی (مَذی) (ع) مؤنث۔ وہ مادہ جو شہوت کے غلبے سے نکلتا ہے ✦

م۔ر

مَر (مَر) (ہ) مرنا کا اَمر ✦

مَر بھکّا (ہ) (۱) وہ جو کھانے سے سیر نہ ہو۔ پیٹو (۲) کنگال ✦

مَرے چور پرائے دھن پر (ہ) (مثل) پرائے مال کی خاطر جان دینا بے وقوفی ہے ✦

مَر پٹ کر (ہ) بمشکل تمام۔ نہایت کوشش سے۔ بڑی محنت سے ✦

مَر جانا (ہ) (۱) انتقال کر جانا (۲) کسی دھات کا کُشتہ ہو جانا (۳) فریفتہ ہو جانا۔ عاشق ہو جانا (۴) تباہ ہو جانا۔ سخت نقصان ہو جانا (۵) نہایت شرمندہ ہونا (۶) خواہش نہ رہنا (۷) بُجھ جانا۔ فرد ہو جانا ✦

مَرجیا (ہ) (۱) وہ شخص جو مرکر جیا ہو (۲) نہایت سست۔ مُردہ دِل ✦

مَر چلنا (ہ) مرنے کے قریب ہونا۔ مرنے لگنا ✦

مَر رہنا (ہ) (۱) مر جانا۔ حرکت آ جانا (۲) (مجازاً) کسی کام میں دیر لگانا۔ جہاں جانا وہیں بیٹھ رہنا (۳) بے خبر رہنا۔ سو رہنا۔

مرکر۔ یا۔ مَر کے (ہ) (۱) بمشکل تمام۔ نہایت دشواری سے۔ دِقّت سے (۲) مرنے کے قریب پہنچ کر ✦

مَر کر۔ یا۔ مر کے بچنا (ہ) مرتے مرتے بچنا۔ ہلاکت کے قریب پہنچ کر بچنا ✦

مَر کر چھُوٹنا (ہ) مرنے کے سبب چھُٹکارا پانا۔ مرکر نجات پانا ✦

مر کھپنا (ہ) مرکر خاک میں مل جانا۔ مرکر تمام ہو جانا ✦

مر لینا (ہ) جان دے دینا ✦

مَر مِٹا (ہ) جو فنا اور بے نشان ہو گیا ہو ✦

مَر مِٹنا (ہ) (۱) فنا ہو جانا۔ مرکر تمام ہو جانا (۲) عاشق ہو جانا۔ تباہ و برباد ہو جانا ✦

مَر مَر کر۔ یا۔ مَر مَر کے (ہ) بڑی مشکل سے۔ بڑی دِقّت سے۔ بڑی محنت و مشقّت سے۔ خدا خدا کر کے ✦

مَر مَر کے بچنا (ہ) مرنے کے قریب پہنچ کر جانبر ہونا۔ مرضِ مہلک سے رہائی پانا ✦

مُر۔ مُرّ مکی (مُر۔ مُرّ۔ مَک۔ کی) (ع) مذکر۔ ایک قسم کا گوند اور اُس کا درخت ✦

مَرا (مَرا) (ہ) فوت ہُوا ✦

مَرا جانا (ہ) بےتاب ہُوا جانا ✦

مِرا (مِرا) (ہ) میرا کا مخفف ✦

مرآت۔ مِرأت (مِر۔ آت۔ مِر۔ اَت) (ع) مذکر۔ آئینہ۔ شیشہ۔ آرسی ✦

مَراتِب (مَرا۔ تِب) (ع) مذکر۔ مرتبہ کی جمع۔ درجے۔ رُتبے۔ مناصب ✦

مَراتبِ تمہیدی (ع) (مذکر) ابتدائی باتیں ✦

مراتب طے کرنا (ہ) دریافت طلب امُور کا فیصلہ کرنا۔ تمام مرحلوں اور درجوں کا تصفیہ کرنا ✦

مَرائی (مَرا۔ ئی) (ع) (مذکر) مرثیے ✦

مُراجعت (مُرا۔ جَعَت) (ع) مؤنث۔ واپسی۔ رجوع۔ لوٹنا۔ واپس آنا ✦

مُراجعت کرنا (ا) واپس آنا۔ لَوٹنا۔ اُلٹا پھرنا ✦

مراحِل (مَرا۔ حِل) (ع۔ مذکر) مرحلہ کی جمع۔ منازل۔ منزلیں۔ درجے ✦

مَراحِم (مَرا۔ حِم) (ع۔ مذکر) مرحمت کی جمع۔ مہربانیاں۔ بخششیں ✦

مراحمِ خسروانہ (ع۔ مذکر) بادشاہی بخششیں۔ عطیات شاہی۔ شاہی کرم ✦

مُراد (مُ رَاد) (ع ۔ مؤنث) (۱) مُدعا ۔ ارادہ ۔ مطلب ۔ مقصد ۔ غرض ۔ خواہش ۔ تمنا ۔ آرزو (۲) (ہ) (ص) مَنّت ماننا ۔ نذر ۔ بھینٹ (۳) منشا ۔ مفہوم ✦

مُراد پانا (ف) مطلب برآنا ۔ منشا پورا ہونا ۔ مراد کو پہنچنا ✦

مُراد پُوری کرنا (ف) مطلب پورا کرنا ۔ کام نکالنا ۔ کام کو انجام دینا ✦

مُراد حاصل ہونا (ف) مطلب برآنا ۔ غرض پوری ہونا ۔ کام بننا ✦

مُرادِ دعویٰ (ف ۔ مؤنث ۔ قانون) نالش کرنے کی اصلی غرض ۔ مدعائے نالش ✦

مُراد لینا (ف) (۱) نتیجہ نکالنا ۔ معنی نکالنا ۔ قیاس کرنا (۲) غرض پوری کرنا ۔ کام لینا ✦

مُراد ماننا (ف) (ہ) منت ماننا ۔ نیت کرنا ۔ نذر و نیاز ماننا ✦

مُراد مند (ع ۔ ف) خواہشمند ۔ حاجتمند ۔ محتاج ✦

مُراد ہے (ف) مطلب ہے ۔ غرض ہے ۔ منشا ہے ۔ مفہوم ہے ✦

مُرادات (ع) (مؤنث) مراد کی جمع ✦

مُرادِف (مُ را ۔ دِف) (ع ۔ مذکر) (۱) ہم معنی ۔ مترادف ۔ کسی کے پیچھے بیٹھنے یا سوار ہونے والا ✦

مُرادوں کے دِن (ف) (مذکر) ایّامِ جوانی ۔ شباب کا زمانہ ۔ بہار کے دن ۔ جوبن کا موسم ✦

مُرادی (ف) (۱) منشا کے مطابق ۔ مراد کے موافق (۲) فرضی ۔ اصطلاحی ۔ مجازی ✦

مُراری (مُ را ۔ ری) (س ۔ مذکر) (۱) (لغوی معنی) مُر راکشس کا دشمن ۔ (۲) کرشن جی کا لقب (۳) وشنو ✦

مُراسلات (مُ را ۔ سَلات) (ع ۔ مذکر) مُراسلہ کی جمع (۱) چٹھیاں ۔ خطوط (۲) خط و کتابت ۔ تحریر ✦

مُراسلت (مُ را ۔ سَلَت) (ع ۔ مؤنث) (۱) خط و کتابت (۲) (قانون) اطلاع نامہ ۔ طلبی سمن ✦

مُراسلہ (مُ را ۔ سَلَہ) (ع) مذکر ۔ چٹھی ۔ خط ۔ نامہ ✦

مَراسِم (مَ را ۔ سِم) (ع) (مؤنث و مذکر) (۱) رسمیں ۔ رسوم ۔ نشانیاں (۲) قاعدہ ۔ دستور ۔ برتاؤ ✦

مُراعات (مُ را ۔ عات) (ع ۔ مؤنث) رعایت ۔ سلوک ۔ لحاظ ۔ مُروّت ۔ توجہ ✦

مُراعاتُ النّظیر (ع ۔ مؤنث) علم بدیع کی ایک صنعت ✦

مُرافعہ (مُ را ۔ فَعَہ) (ع ۔ مذکر) اپیل ۔ نگرانی ۔ نظرِ ثانی ۔ ایک حاکم کے فیصلے پر مطمئن نہ ہو کر دوسرے حاکم کے پاس داد خواہی کرنا ✦

مُرافعۂ اُولیٰ (ع ۔ مذکر) پہلا اپیل ✦

مُرافعہ کرنا (ف) اپیل کرنا ۔ ایک حاکم کی عدالت سے مقدمہ ہار کر دوسرے حاکم بالا دست کے رُوبرُو اپیل کرنا ✦

مُرافقت (مُ را ۔ فَقَت) (ع ۔ مؤنث) باہمی میل جول ۔ ہم نشینی ۔ اتحادِ باہمی ۔ رفاقت ✦

مراق (مِ راق) (ع) (مذکر) (ع ۔ مذکر) ایک قسم کا مالیخولیا ۔ جنون ۔ سودا ✦

مُراقبہ (مُ را ۔ قَبَہ) (ع ۔ مذکر) سوچ ۔ بچار ۔ گیان ۔ غور ۔ گردن جھکا کر فکر کرنا ✦

مَرام (مَ رام) (ع ۔ مذکر) مراد ۔ مطلب ۔ مقصد ✦

مراہق (مُ را ۔ ہِق) (ع ۔ مذکر) بالغ ہونے والا لڑکا ✦

مَراہِم (مَ را ۔ ہِم) (ع ۔ مذکر) مرہم کی جمع ✦

مُراؤ ۔ مرائی (مُ را ۔ اُو + مُرا ۔ ای) (ہ) (مذکر) ترکاری بونے یا بیچنے والا ۔ کنجڑا ۔ کاچھی ۔ ارائیں ✦

مُربّا ۔ مُربّیٰ (مُ رَب ۔ بَا) (ع ۔ مذکر) (۱) وہ پھل وغیرہ جو کھانڈ کے قوام میں ملا کر رکھا گیا ہو (۲) پالا ہوا ✦

مُربّع (مُ رَب ۔ بَع) (ع ۔ مذکر) چوگوشہ ۔ چوکھونٹا ۔ وہ سطح جس کے چاروں ضلعے باہم برابر اور چاروں زاویے قائمے ہوں ✦

مُربّع یا چارزانو بیٹھنا (ف) آلتی ۔ پالتی مار کر بیٹھنا ۔ چوکڑی مار کر بیٹھنا ✦

مَربُوط (مَر ۔ بُوط) (ع) ربط کیا گیا ۔ بندھا ہوا ۔ لگا یا گیا ۔ وابستہ ✦

مُربّی (مُ رَب ۔ بِی) (ع ۔ مذکر) پرورش کرنے والا ۔ تربیت کرنے والا ۔ سرپرست ۔ پشت پناہ ۔ حامی ✦

مُربّی بنانا (ف) سرپرست قرار دینا ۔ معاون بنانا ✦

مرت لوک (س) مذکر ۔ دنیائے فانی ۔ دھرتی ۔ پاتال ✦

مُرتاض (مُر ۔ تاض) (ع ۔ مذکر) ریاضت کرنے والا ۔ زاہد ۔ علم و ہنر یا تصوف میں مشقت اُٹھانے والا ✦

مَرتا کیا نہ کرتا (ہ) (مثل) جس کی جان پر آ بنتی ہے ۔ وہ سب کچھ کر گزرتا ہے ✦

مُرتّب (مُ رَت ۔ تِب) (ع) ترتیب دینے والا ۔ تالیف کرنے والا ✦

مُرتّب (مُ رَت ۔ تَب) (ع) (۱) ترتیب دیا گیا ۔ باقاعدہ ۔ درست (۲) تیار ۔ مکمل (۳) اکٹھا کیا گیا ۔ تالیف کیا گیا ✦

مُرتّب کرنا (ف) تیار کرنا۔ درست کرنا۔ تالیف کرنا۔ ترتیب دینا۔ بنانا۔ تصنیف کرنا۔

مرتبان (مَر۔تَ۔بان) (ف) روغنی یا چینی کا روغن کیا ہوا ایک قسم کا برتن۔

مرتبت (مَر۔تَ۔بَت) (ع۔ مؤنث) مرتبہ

مرتبہ (مَر۔تَ۔بَہ) (ع۔ مذکر) (۱) درجہ۔ رُتبہ۔ منصب۔ عہدہ۔ (۲) بار۔ دفعہ

مُرتد (مُر۔تَد) (ع۔ مذکر) منحرف۔ اسلام سے پھرا ہوا۔ ملعون۔ ملحد۔ مردود

مُرتد ہو جانا (ف) دین سے پھر جانا۔ ملحد ہو جانا۔ کافر ہو جانا

مُرتسم (مُر۔تَ۔سِم) (ع) نقش کیا ہوا۔ نشان کیا گیا۔ کھینچا گیا

مُرتشی (مُر۔تَ۔شی) (ع) رشوت لینے والا۔ رشوت خوار۔ کھاؤ

مُرتضوی (مُر۔تَ۔ضَ۔وی) (ع) مرتضیٰ سے نسبت رکھنے والا

مُرتضیٰ (مُر۔تَ۔ضا) (ع۔ مذکر) (۱) پسندیدہ۔ مقبول (۲) حضرت علیؓ کا لقب

مُرتعش (مُر۔تَ۔عِش) (ع) کانپنے والا

مُرتفع (مُر۔تَ۔فِع) (ع) اونچا۔ بلند

مُرتکب (مُر۔تَ۔کِب) (ع) (۱) ارتکاب کرنے والا۔ کسی فعل کا کرنے والا (۲) قصوروار۔ مجرم

مُرتہن (مُر۔تَ۔ہِن) (ع۔ مذکر) رہن لینے والا۔ گرو رکھنے والا

مُرتہن قابض (ع) گروی چیز کو اپنے قبضے میں رکھنے والا۔ گرودار

مرتے (ہ) مرنا کی جمع

مرتے جیتے (ہ) جس طرح ہو سکا۔ جوں توں کر کے۔ بُری بھلی طرح

مرتے دم (ف) اخیر دم۔ حالت نزع میں۔ وقت مرگ

مرتے کو ماریں شاہ مدار (ف) (مثل) مصیبت ہی پر مصیبت آتی ہے ہر ایک غریب ہی کو تنگ کرتا ہے

مرتے مرتے (ف) نزع کے وقت میں۔ حالت نزع میں۔ مرتے کے وقت

مرتیلیا (مر۔تی۔لِ۔یا) (ہ) (۱) مریل (۲) بلا۔ لاغر۔ مدقوق۔ ناتواں (۳) سست اور کاہل

مرثیہ (مَر۔ثِ۔یَہ) (ع۔ مذکر) وہ نظم جس میں کسی شخص کی وفات پر ملال اور اس کی خوبیوں کا ذکر ہو۔ وہ نظم جس میں شہدائے کربلا کی شہادت کے واقعہ اور حادثات کا درد انگیز بیان ہو

مرثیہ پڑھنا (ف) مرثیہ خوانی کرنا۔ نوحہ پڑھنا

مرثیہ خواں (ع۔ف) مذکر۔ وہ شخص جو مجلس میں جا کر مرثیہ پڑھنے کا پیشہ کرتا ہو۔ نوحہ خواں

مرثیہ خوانی (ع۔ف) (مؤنث) نوحہ خوانی۔ مرثیہ پڑھنا

مرثیہ خوانی کرنا (ف) دیکھو مرثیہ پڑھنا

مرثیے (ا) مذکر۔ مرثیہ کی جمع۔ نوحے

مرج (مَرَج۔ مَرج) (ع۔ مذکر) خرابی۔ تباہی۔ بے چینی۔ بے آرامی

مرجاد (مَر۔جاد) (ہ) مؤنث۔ برتاؤ۔ طور۔ طریقہ۔ چلن۔ رواج

مرجان (مَر۔جان) (ع۔ مذکر) مونگا۔ حجر البحر۔ ایک قسم کا سوراخ دار بحری درخت جسے سمندری کیڑے بناتے ہیں اور اکثر دواؤں کے کام آتا ہے

مُرجّح (مُ۔رَج۔جَح) (ع) ترجیح دیا گیا۔ غلبہ پایا گیا۔ افضل۔ فائق۔ غالب

مُرجّز (مُ۔رَج۔جَز) (ع) نثر کی ایک قسم

مرجع (مَر۔جَع) (ع۔ مذکر) ٹھکانا۔ ملجا۔ ماوا۔ جائے پناہ۔ جائے رجوع

مرجع خلائق / **مرجع عام** (ع۔ مذکر) تمام خلقت کا ٹھکانا۔ وہ شخص یا وہ جگہ جہاں سب رجوع ہوں

مَرجوع (مَر۔جوع) / **مَرجوعہ** (مَر۔جو۔عَہ) (ع) رجوع کیا گیا۔ لوٹایا گیا

مُرجھانا (مُر۔جھا۔نا) (ہ) (۱) پژمردہ ہونا۔ کملانا (۲) لاغر ہونا۔ دُبلا ہونا (۳) خشک ہونا۔ سوکھنا (۴) غمگین ہونا۔ اُداس ہونا

مرچ (مِرچ) (ہ) مؤنث (۱) ایک پودا جس کا پھل بالعموم سرخ لیکن زرد، سیاہ اور سفید بھی ہوتا ہے۔ اس کا مزہ بہت تیز ہوتا ہے (۲) اس پودے کا پھل جو نمک کے ساتھ پیس کر ہنڈیا میں ڈالا جاتا ہے (۳) نہایت تیز۔ نہایت تند (۴) آفت۔ قیامت

مُرچڑا (مُر۔چِ۔ڑا) (ہ) (۱) اپنا سر چیر دینے والا۔ ہٹ دھرم (۲) ایک قسم کا فقیر جو اپنا سر زخمی کر کے بھیک مانگتا ہے

مرچڑا پن (ہ) مذکر۔ ضد۔ ہٹ۔ ہٹ دھرمی۔ سر زوری

مرچنٹ (مَر۔چِنٹ) (انگریزی) Merchant مذکر۔ سوداگر۔ تاجر

مرچنگ (مُر۔چَنگ) (ف) مذکر۔ ایک قسم کا باجا جسے منہ میں پکڑ کر انگلیوں سے بجاتے ہیں

مرچیں (ہ) مؤنث۔ مرچ کی جمع

مرچیں سی لگ اُٹھنا ۔ یا ۔ لگنا (ہ) کسی بات کا نہایت ناگوار گزرنا ۔ آگ سی لگ جانا ۔ جھنجھلا اُٹھنا ۔ بُرا لگنا ۔ جلنا ‡

مَرحبا (مَر ۔ حَبا) (ع) شاباش ۔ آفرین ۔ واہ وا ۔ سبحان اللہ ‡

مَرحلہ (مَر ۔ حَلَہ) (ع) مذکر (۱) سفر کی جگہ ۔ کُوچ کی جگہ ۔ منزل ۔ (۲) درجہ ۔ مرتبہ (۳) سفر ۔ کُوچ ‡

مَرحلے کرنا (ہ) (۱) منزل پُوری کرنا (۲) معاملہ نمٹانا ۔ کام نبٹانا ‡

مَرحمت (مَر ۔ حَمت) (ع) مؤنث ۔ مہربانی ۔ رحم ۔ کرم ۔ عنایت ۔ الطاف ۔ نوازش ‡

مَرحوم (مَر ۔ حُوم) (ع) (۱) رحمت کیا گیا ۔ بخشا گیا ۔ مغفور ۔ جنّتی ۔ (۲) فوت شُدہ ۔ مَرا ہُوا ۔ متوفی ‡

مَرحومہ (ع) مؤنث ۔ مرحوم کی تانیث ‡

مُرخّص (مُرَ خ خَص) (ع) رخصت کیا گیا ۔ روانہ کیا گیا ۔ اجازت دیا گیا ‡

مُرخّص ہونا (ہ) رخصت ہونا ۔ چل دینا ۔ سدھارنا ۔ روانہ ہونا ‡

مُرخّم (ع) (۱) نرم کیا گیا (۲) وہ کلمہ جس کا آخیر حرف گرا دیا گیا ہو ‡

مَرد (مَرد) (ف ۔ مذکر) (۱) نر ۔ مذکر (۲) آدمی ۔ بشر ۔ شخص (۳) (ا) خاوند ۔ شوہر ۔ خصم ۔ پتی (۴) (ا) بہادر ۔ شجاع ۔ سُورما ۔ دلیر ‡

مَرد آدمی (ہ) شریف ۔ مہذب ۔ بھلا مانس ‡

مَرد بچہ (ف) مرد کا بچہ ۔ دلیر ۔ بہادر ‡

مَرد بننا (ا) حوصلہ کرنا ۔ جُرأت دکھانا ‡

مرد تازہ ولایت (ف) مذکر (۱) وہ شخص جو حال ہی میں ولایت سے آیا ہو (۲) وہ شخص جو ہندوستانیوں سے میل جول نہ رکھے (۳) وحشی ‡

مردِ خدا (ا ۔ مذکر) (۱) عارف ۔ پارسا ۔ خدا شناس ۔ خدا کا بندہ ‡

مرد روغن (ا) مذکر ۔ (بازاری) منی ۔ نطفہ ۔ آبِ پُشت ‡

مَرد کی ذات } (ا) مؤ ۔ مذکر
مَرد کی صُورت } مرد کی جنس ۔ ذکر ۔ نر ۔ مذکر ‡

مَرد کی صُورت نہ دیکھنا (ا) عورت کا مرد کے پاس نہ جانا ۔ عورت کا مجرّد رہنا ‡

مرد مانس (ا) مذکر (ہندی) (عو) منش ۔ پُرکھ ۔ پُرش ۔ لوگ ‡

مَرد مانس گھر ہی بھلے (ہ) (ہندو) (عو) شریف آدمی وہی ہے جو گھر ہی میں رہے ۔ یعنی آوارہ اور بدچلن نہ ہو ‡

مَردِ معقول (ف ۔ ع) شریف ۔ باوضع ۔ مہذب ۔ شائستہ ۔ دانا ۔ دانشمند ‡

مَرد کی موت نامرد کے ہاتھ (ا) (مثل) جب کوئی بہادر یا زبردست شخص کسی بزدل یا غریب سے مارا جائے ۔ یا شکست کھائے ۔ وہاں بولتے ہیں ‡

مَرد مرے نام کو نامرد مرے نان کو (ا) (مثل) شریف اور بہادر آدمی عزّت و شہرت کے لئے جان تک دے دیتا ہے ۔ اور نامرد صرف روٹی کے لئے خوار ہوتا ہے ‡

مَردِ میدان (ف) بہادر ۔ دلیر ۔ سُورما ۔ حریف ‡

مَرداد (مُر ۔ داد) (ف) مذکر ۔ پانچواں شمسی مہینہ ‡

مُردار (مُر ۔ دار) (ف) (۱) اپنی موت سے مَرا ہُوا جانور (۲) ناپاک ۔ نجس ۔ حرام (۳) مُردہ ۔ بے جان (۴) نہایت حقارت کا کلمہ جو بحالتِ ناراضی عورت کو کہا جاتا ہے ۔ (۵) نالائق ۔ نابکار (۶) فاحشہ ‡

مُردار سنگ (ف ۔ مذکر) ایک قسم کی دوا جو پتھر کی مانند ہوتی ہے ‡

مُردار مال (ا) (مذکر) خلاف شرع حاصل کیا ہُوا مال ۔ ناجائز مال ۔ حرام مال ‡

مُردار ہڈّی پر اڑنا (ہ) حرام مال پر تکرار کرنا ‡

مُردار ہو جانا (ہ) حرام ہو جانا ۔ ناجائز ہو جانا ۔ ذبح کرنے کے قابل نہ رہنا ‡

مُرداری (مُر ۔ دا ۔ ری) (ا) مؤنث (عو) چھپکلی ۔ چلپاسہ ‡

مَردا مردی (ا) مؤنث ۔ زبردستی ۔ سینہ زوری ۔ زور آوری ‡

مَردانگی (مر ۔ دا ۔ نگی) (ف) مؤنث ۔ مردی ۔ بہادری ۔ جوانمردی ۔ دلیری ‡

مَردانہ (ا) مذکر (۱) وہ جگہ جہاں مَرد بیٹھتے ہوں (۲) دیوان خانہ ۔ بیٹھک (۳) (ف) مَرد سے نسبت رکھنے والا (۴) مرد کی مانند ۔ دلیری سے ۔ جرأت سے ‡

مَردانہ بھیس (ا) (مذکر) مردانہ لباس ۔ یا ۔ صُورت ۔ مرد کا سا رُوپ ‡

مَردانہ جوڑا (ا) مذکر ۔ مردوں کے پہننے کا لباس ‡

مَردانہ مکان (ا) مذکر ۔ وہ مکان جس میں مَرد موجُود ہوں ۔ دیوان خانہ ۔ بیٹھک ‡

مردانہ وار (ف) مردوں کی مانند ۔ بہادرانہ ۔ دلیرانہ ‡

مَردانی (ا) مؤنث (۱) وہ عورت جو اپنے آپ کو مردوں کی طرح بنائے (۲) چالاک عورت ۔ مَردوں کے سے کام کرنے والی عورت (۳) منسوب بہ مرد ۔ مَرد سے نسبت رکھنے والی ‡

مردک (مَرْدَک) (ف۔ مذکر) (۱) ٹھگنا۔ بونا۔ پست قد (۲) حقیر آدمی۔ ادنیٰ اور ذلیل آدمی ◆

مُردگان (مُرْ۔ دَگان) (ف۔ مذکر) مُردہ کی جمع۔ مَرے ہوئے لوگ۔ مُردے ◆

مَرْدُم (مَرْ۔ دُم) (ف۔ مذکر) (۱) عام لوگ۔ مرد۔ انسان۔ آدمی (۲) مہذب اور شائستہ آدمی ◆

مردم آبی (ف) مذکر۔ جل مانس۔ دریائی آدمی۔ انسانی صورت کے حیوانات جو سمندر میں ہوتے ہیں ◆

مردم آزار (ف) لوگوں کو ستانے والا۔ ظالم۔ بے رحم۔ موذی ◆

مردم خوار (ف۔ مذکر) (۱) آدم خور۔ وہ لوگ یا حیوان جو آدمیوں کو کھا جاتے ہیں (۲) (ا) ب، نم۔ سفاک۔ ظالم ◆

مردم خیز (ف) (۱) وہ مقام جہاں عمدہ۔ اچھے۔ لائق اور بہادر آدمی پیدا ہوں (۲) وہ جگہ جہاں کثرت سے آدمی پیدا ہوتے ہوں ◆

مردم شماری (ف۔ مؤنث) آدمیوں کی گنتی ◆

مردم شناس (ف) آدمیوں کی قابلیت کو جانچنے والا ◆

مردم گیا۔ یا۔ گیاہ (ف۔ مؤنث) (۱) ایک قسم کا پودا یا گھاس جو حدود چین میں بشکل مردم پیدا ہوتی ہے۔ اس کے پتے آفتاب کے مقابل رہتے ہیں۔ اگر کوئی کھالے تو فوراً مر جاتا ہے (۲) تزک جہانگیری میں بہنی خظل آیا ہے ◆

مردم ماہی (ف۔ مؤنث) ایک قسم کی مچھلی جس کا دھڑ انسان جیسا ہوتا ہے ◆

مردمک (ف۔ مؤنث) آنکھ کی پتلی ◆

مردمی (ف۔ مؤنث) (۱) انسانیت۔ مروت۔ خلق۔ رعایت (۲) اہلیت (۳) بہادری۔ شجاعت۔ دلیری ◆

مردنگ (مِر۔ دَنگ) (ہ۔ مؤنث) ایک قسم کی ڈھولک جو طبلے کی طرح بجائی جاتی ہے (۲) ایک قسم کا شیشے کا فانوس جس پر شمع کو روشن کرکے رکھا جاتا ہے ◆

مردنگی (ہ) مذکر۔ مردنگ بجانے والا ◆

مُردنی (ا۔ مؤنث) (۱) موت کے آثار۔ چہرے کی زردی۔ جو مرنے کے وقت معلوم ہوتی ہے (۲) (ہندو) مرنا (۳) بتقضائے موت ◆

مُردنی پھرنا۔ چھا جانا۔ یا۔ چھانا (ا) چہرے کا رنگ زرد پڑ جانا۔ موت کے آثار ظاہر ہونا ◆

مَردوا (ہ) (مذکر) دیکھو (مردک) ◆

مَرْدُود (مَرْ۔ دُود) (ع) (۱) رد کیا گیا۔ بے عزت کیا گیا۔ ملعون (۲) نابکار (۳) ناخلف۔ بدنصیب نکما ◆

مردود ہو جانا (ا) نکالا جانا۔ باہر کیا جانا۔ ملعون ہو جانا ◆

مُردوں (مُرْ۔ دُوں) (ا) مذکر۔ مُردہ کی جمع۔ مُردے ◆

مُردوں کو اوندھا ڈال رکھنا (ا، عو) (۱) مُردوں کی فاتحہ نذر و نیاز نہ کرنا ◆

مُردوں کی ہڈیاں اُکھیڑنا (ا) (۱) شعرائے گزشتہ کے کلام میں نکتہ چینی کرنا (۲) مُردوں کو برائی کے ساتھ یاد کرنا (۳) اگلے لوگوں کی باتوں کو برا کہنا۔ مَرے ہوئے لوگوں کے عیب ظاہر کرنا (۴) پرانے مضامین باندھنا ◆

مُردوں کی ہڈیاں بیچنا (ا) بزرگوں کے کارناموں پر فخر کرنا ◆

مُردہ (مُرْ۔ دَہ) (ف) (۱) بے جان۔ بے روح۔ مرا ہوا۔ متوفی (۲) (ا) کمزور۔ نحیف۔ لاغر۔ دبلا (۳) (ا) نہایت بڈھا۔ عمر رسیدہ (۴) (ا) مرجھایا ہوا۔ افسردہ (۵) میت۔ لاش۔ جنازہ ◆

مُردہ اٹھانا (۱) تجہیز و تکفین کرنا۔ کسی کا گور گڑھا کرنا (۲) میت کی رسمیں ادا کرنا ◆

مُردہ بدست زندہ (ف) (مثل) جب آدمی مر جاتا ہے تو زندہ شخص جس طرح چاہیں۔ اس کی تجہیز و تکفین کریں۔ وہ بے اختیار رہتا ہے۔ اسی طرح بے بس اور بیکس کے حق میں بھی یہ مثل بولتے ہیں ◆

مُردہ بھاری ہونا (ا) (۱) میت کا وزنی ہونا (۲) ناتواں ہوکر بھی زورآور پر غالب آنا (۳) مشہور ہے کہ گنہگار کا جنازہ بھاری ہوتا ہے۔ اس لئے نہایت گنہگار کے مرنے پر یہ جملہ بولا جاتا ہے ◆

مُردہ پسند (ف) مُردے کی تعریف کرنے والا ◆

مُردہ خراب ہونا (ا) میت کی مٹی پلید ہونا۔ مُردے کا رسوا ہونا ◆

مُردہ خوار (ف) (۱) مُردہ کھانے والا (۲) غیبت کرنے والا ◆

مُردہ دل (ف) (۱) اُداس۔ آزردہ۔ رنجیدہ۔ دلگیر۔ مغموم (۲) سست۔ کاہل (۳) کمبخت (۴) بے مذاق ◆

مُردہ دوزخ میں جائے یا بہشت میں اپنے حلوے مانڈے سے کام (ا) (مثل) خود غرض کو اپنے مطلب سے کام ہے۔ خواہ کوئی مرے یا جیئے ◆

مُردہ شو (ف) مذکر۔ غسال۔ مُردے کو نہلانے یا غسل دینے والا ◆

مُردہ شو کے حوالے۔ مُردہ شو لے جائے (ا، عو) مر جائے۔ موت آئے۔ سپرد غسال ہو۔ دنیا سے جانا

سے ✦

مُردہ کر دینا۔ یا۔ کر ڈالنا (ہ) (۱) کمزور کر دینا۔ مرنے کے قریب کر دینا۔ مُردہ سا بنا دینا۔ (۲) مار ڈالنا۔ ذبح کرنا ✦

مردھا (مَر۔دھا) (ہ) (مذکّر) (۱) چودھری۔ مقدم۔ مکھیا۔ سردار (دہ) (۲) جیب کش۔ پیادہ ✦

مردی (مَر۔دی) (ف) (مؤنث) (۱) مردانگی۔ مَردپن۔ آدمیت۔ اِنسانیت (۲) بہادری۔ مردانگی (۳) (ک) قوّتِ باہ رجولیت۔ طاقتِ مردی ✦

مُردے (ہ) (مذکّر) مُردہ کی جمع ✦

مُردے پر تین دن بھاری (ہ) مُردے کے لئے پہلے تین دن بڑے سخت ہوتے ہیں کیونکہ مسلمانوں کے عقیدے کے مطابق اس دوران میں اس سے سوال و جواب ہوتے ہیں ✦

مُردے پر جیسے سو من مٹّی ویسے ہزار من (ہ) (مثل) جب مصیبت ہی ہے تو جیسی تھوڑی ویسی بہت ✦

مُردے (مُردوں) سے شرط باندھ کر سونا (ہ) بہت سونا۔ گھوڑے بیچ کر سونا۔ جاگنے کا نام نہ لینا ✦

مُردے کا مال (ہ) (مذکّر) (۱) مال متروکہ (۲) لاوارث مال (۳) بہت ارزاں مال یا سودا ✦

مُردے کو بیٹھ کر روتے ہیں اور روزی کو کھڑے ہو کر (ہ) (مثل) روزگار کا غم مُردے کے غم سے بھی زیادہ ہوتا ہے ✦

مَرز (مَرز) (ف) (مذکّر) (۱) حد۔ سرحد (۲) زمین (۳) قابلِ کاشت زمین ✦

مرزبان (مذکّر) (۱) زمیندار (۲) سردار (۳) آتش پرستوں کا سردار (۴) سرحد کا افسر (۵) صوبیدار۔ حاکم (۶) بادشاہ۔ شہزادہ ✦

مرزبوم (ف۔ مذکّر) (۱) پیدائش کی جگہ (۲) ملک کی حدود (۳) مملکت۔ سلطنت ✦

مِرزا (مِر۔زا) (ف) (مذکّر) امیرزادہ۔ شہزادہ (۲) مغلوں کا لقب۔ مغل زادہ (۳) خاندانِ تیموریہ کے شہزادوں کا لقب ✦

مِرزا پھویا (ہ) (مذکّر) نہایت نازک اندام آدمی۔ لاغر۔ دُبلا۔ پتلا۔ آرام طلب۔ تن آسان آدمی ✦

مِرزا منش (ف) نازک مزاج۔ نازک طبع ✦

مرزائی (ف) (مؤنث) (۱) بزرگی۔ شہزادگی (۲) (ک) حکومت کی بُو۔ تکبّر۔ غرور (۳) (ک) حکومت۔ سرداری (۴) (ہ) کمری صدری۔ واسکٹ۔ نیم آستین۔ آدھی یا پوری آستینوں کی کمری (۵) مرزا غلام احمد قادیانی کا پیرو ✦

مِرزئی (ہ) (مؤنث) نیم آستین کمری ✦

مُرسَل (مُر۔سَل) (ع۔ مذکّر) (۱) بھیجا ہُوا۔ رسول۔ پیغمبر۔ نبی (۲) ارسال کیا گیا (۳) حدیث کی ایک قسم ✦

مُرسِل (ع۔ مذکّر) بھیجنے والا۔ ارسال کرنے والا۔ خط بھیجنے والا ✦

مُرسَل الیہ (ع) جس کی طرف کچھ بھیجا جائے ✦

مُرسَلہ (ع) بھیجا ہُوا۔ فرستادہ ✦

مُرسَلین (ع) (مذکّر) مُرسَل کی جمع۔ بہت سے رسول۔ بہت سے پیغمبر ✦

مرسوم (مَر۔سُوم) (ع) (۱) قاعدہ باندھا گیا۔ رسم ڈالا گیا (۲) نشان کیا گیا (۳) تنخواہ۔ وظیفہ۔ مشاہرہ ✦

مُرشِد (مُر۔شِد) (ع۔ مذکّر) (۱) رہنما۔ ہادی۔ مرشد۔ پیر۔ ہدایت کرنے والا (۲) (ک) اُستاد۔ چالاک۔ عیّار۔ ہوشیار ✦

مُرصّع (مُر۔صّع) (ع) (۱) جڑاؤ۔ نگینے یا جواہرات جڑا ہُوا۔ آراستہ (۲) وہ نظم یا نثر جس میں ہر لفظ کے مقابل دُوسرا لفظ اسی وزن اور قافیے کا آتا ہو ✦

مُرصّع ساز } (ع) (ف) (مذکّر) جڑیا۔ زیور میں نگینے یا جواہرات
مُرصّع کار } جڑنے والا ✦

مُرصّع کاری (ع۔ف) (مؤنث) جڑنے کا کام۔ جڑت ✦

مَرصُوص۔ مَرصُوصہ (مَر۔صُوص ✦ مَر۔صُو۔صَہ) (ع) نہایت مضبوط کیا ہُوا۔ رانگ پلایا ہُوا ✦

مَرض (مَرَض) (ع۔ مذکّر) (۱) روگ۔ دُکھ۔ آزار۔ بیماری (۲) (ک) لت۔ عادت ✦

مَرضُ الموت (ع) (مذکّر) وہ مرض جس سے آدمی مر جائے ✦

مرضِ لاحقہ (ع۔ مذکّر) موروثی بیماری۔ وہ آزار جو لاحق ہو ✦

مرضِ متعدّی (ع) (مذکّر) چھوت کی بیماری۔ وہ بیماری جو ایک سے دوسرے کو ہو جائے ✦

مرضِ مہلک (ع۔ مذکّر) خوف ناک بیماری۔ خطرناک آزار۔ وہ بیماری جس میں جان کا اندیشہ ہو ✦

مَرضا (مَر۔ضا) (ع) (مذکّر) مریض کی جمع ✦

مرضی (مَر۔ضی) (ع۔ مؤنث) (۱) رضا۔ خوشی۔ منظوری۔ اقرار (۲) (ک) اجازت (۳) (ک) خواہش ✦

مرضیٔ مولیٰ از ہمہ اولیٰ (ع۔ف) خدا کی مرضی سب کی رائے سے بہتر ہے۔ خدا جو چاہے سو کرے ✦

مرضی کے موافق (و) حسبِ اطمینان۔ خاطر خواہ ◆
مرضی ملنا (و) دل ملنا۔ اتفاقِ رائے ہونا۔ باہم رضامند ہونا ◆
مرضی ملے کا سودا ہے (و) رضامندی کا معاملہ ہے۔ باہم راضی ہو جانے کی بات ہے ◆
مرضی میں آنا (ر) پسند ہونا۔ رائے میں آنا ◆
مرطوب (مَر۔طُوب) (ع) تر۔ گیلا بھیگا ہوا ◆
مرعوب (مَر۔عُوب) (ع) رُعب میں آیا ہوا۔ ڈرنے والا۔ ڈرا ہوا ◆
مرعی (مَر۔عی) (ع) رعایت کیا گیا ◆
مرغ (مُرغ) (ف۔ مذکر) (۱) پرند۔ اُڑنے والا جانور۔ طائر (۲) مُرغا۔ خروس ◆
مرغِ آتش خوار (ف) مذکر۔ چکور ◆
مرغِ باز (ف۔ مذکر) مُرغ اڑانے والا ◆
مرغ بازی (ف۔ مؤنث) مُرغ لڑانا ◆
مرغِ بام (ف۔ مذکر) (۱) بُلبُل (۲) قُمری۔ فاختہ ◆
مرغِ چمن (ف۔ مذکر) بُلبُل۔ عندلیب۔ ہزار داستان ◆
مرغِ دست آموز (ف۔ مذکر) پلا ہُوا پرند ◆
مرغِ سحر یا۔ مرغِ صبح (ف۔ ع، مذکر) (۱) خروس۔ نر ماکیان مُرغا جو صبح کو بانگ دیتا ہے (۲) بُلبُل۔ عندلیب۔ قمری۔ فاختہ وغیرہ۔ وہ پرندے جو صبح کو چہچہاتے ہیں ◆
مرغِ سلیمان (ف۔ ع) مذکر۔ ہُدہُد۔ کھٹ بڑھئی۔ ایک تاج دار پرندہ۔ جو اکثر درخت کو کھود کر اس میں گھونسلا بناتا ہے۔ کہتے ہیں۔ کہ یہی حضرت سلیمان کے پاس سے قاصد بن کر بلقیس کے پاس گیا تھا ◆
مرغِ قبلہ نما (ف۔ ع) مذکر۔ وہ مُرغ جو قبلہ نما آلہ کے اندر قبلہ کی سمت ظاہر کرنے کے لئے بنا رہتا ہے۔ طائرِ قبلہ نما ◆
مرغ کی ایک ہی ٹانگ (و) (مثل) وہاں بولتے ہیں۔ جب کوئی جھوٹی بات ہی کی پچ کئے جائے اور قائل نہ ہو ◆
مرغ لڑانا (و) (۱) مُرغوں کی لڑائی کرانا (۲) دو شخصوں کے درمیان لڑائی کرانا ◆
مرغِ مصلّی (ع۔ف، مذکر) وہ شخص جو ظاہر میں تو نمازی اور پرہیزگار۔ مگر باطن میں کینہ۔ اور مکار ہو ◆
مرغِ نامہ بر (ف، مذکر) وہ سدھایا ہُوا کبوتر جس کے گلے یا بازو میں خط باندھ کر ایک شہر سے دُوسرے شہر میں بھیجتے ہیں ◆
مرغا (مُر۔غا) (و) مذکر۔ خروس۔ مُرغ ◆
مرغا نہ ہوگا تو کیا اذان نہ ہوگی؟ (و) (مثل) کوئی کام کسی کی ذاتِ خاص پر موقوف نہیں۔ یہی دُنیا تک کام ہوتے ہی رہیں گے ◆
مرغابی (ف، مؤنث) قاز۔ بطخ۔ مُرغے کی طرح پانی میں رہنے والا پرند ◆
مرغان (ف، مذکر) مُرغ کی جمع۔ بہت سے پرند۔ طیور ◆
مرغزار (مَر۔غ۔زار) (ف۔ مذکر) سبزہ زار۔ چراگاہ۔ وہ جگہ جہاں کثرت سے دوب گھاس کھڑی ہو ◆
مرغن (و) (عوام) جس میں بہت سا گھی پڑا ہو ◆
مرغوب (مَر۔غوب) (ع) (۱) دلپسند۔ پسندیدہ (۲) دلکش۔ دلربا۔ محبوب۔ پیارا۔ خوب صورت (۳) لذیذ۔ مزے دار ◆
مرغوب الطبع (ع) دلپسند۔ من بھاتا۔ جو دل کو بھائے ◆
مرغول۔ مرغولہ (مَر۔غول) (مؤنث) (ف) (۱) پیچیدہ۔ پیچدار۔ خمدار۔ ٹیڑھا۔ مڑا ہوا۔ بل کھائے ہوئے۔ گھنگریالا (۲) (و) (مذکر) ڈنڈی دار محراب (۳) مدور بنا ہوا (۴) پیچیدہ آواز۔ گٹکری ◆
مرغوں (و) (مذکر) مُرغ اور مُرغا کی جمع ◆
مرغوں کی پالی (و) (مؤنث) (۱) مُرغوں کا اکھاڑا۔ حرف جار سے پہلے۔ وہ جگہ جہاں مُرغے لڑائے جائیں ◆
مرغوں کے خواب میں دانہ ہی دانہ (و) (مثل) جو دل میں ہوتا ہے وہی خواب میں نظر آتا ہے ◆
مرغی (مُر۔غی) (و) (مؤنث) ماکیاں۔ مادۂ مُرغ ◆
مرغی اپنی جان سے گئی۔ کھانے والے کو مزہ ہی نہ آیا (و) (مثل) غریب نے جانفشانی اور تندہی سے کام کیا۔ مگر دُوسرے کی نگاہ میں نہ آیا۔ محنت کی قدر نہ ہونے اور احسان نہ مانے جانے کے موقع پر بولتے ہیں ◆
مرغی انڈے کی بحث (و) (مؤنث) غیر منتج بحث۔ بے نتیجہ گفتگو ◆
مرغی کا (و) (مذکر) بطور گالی کے بولتے ہیں۔ مُرغ کا جنا ◆
مرغی کو تکلے کا گھاؤ (داغ) بہت ہے (و) (مثل) غریب کو تھوڑا نقصان بھی بہت ہے۔ کمزور کو تھوڑا صدمہ بھی بہت ہے ◆
مرغی کی بانگ کون سُنتا ہے (و) (مثل) عورت کی بات کا کیا اعتبار ◆
مرغی میجر (و) (مذکر) (ظرافتاً) مُرغیوں کی سوداگری کرنے والا

مُرغیاں پالنے والا ◆

مَرفُوع (مَر۔ فُوع) (ع) (۱) اُٹھایا گیا۔ بلند کیا گیا۔ رفع کیا گیا (۲) نحو میں وہ حرف جس پہ پیش ہو ◆

مَرفُوعُ القلم (ع) وہ شخص جس کا جُرم قابلِ باز پُرس نہ ہو۔ معذور۔ دیوانہ ◆

مُرفّہ (مُرَف۔ فہ) آسودہ۔ خوشحال۔ پیٹ بھرا ہُوا۔ فارغ البال ◆

مرفّہ الحال (ع) خوشحال۔ معاش سے بے فکر۔ فارغ البال ◆

مَرقد (مَر۔ قد) (ع مذکر) سونے کی جگہ۔ آرام گاہ۔ خواب گاہ (۲) قبر۔ تُربت۔ گور۔ مزار ◆

مُرقّع (مُرَق۔ قع) (ع۔ مذکر) (۱) البم تصویروں کی کتاب (۲) قطعات رکھنے کی کتاب (۳) فقیروں کی گُدڑی ◆

مُرقّع بن جانا (ہ) حیران ہو جانا ◆

مَرقُوم (مَر۔ قُوم) (ع) لکھا ہُوا۔ لکھا گیا ◆

مرقوم الحاشیہ (ع) (قانون) حاشیہ پر لکھا ہُوا یعنی گواہ ◆

مرقومہ (ع) لکھا ہُوا۔ لکھا گیا ◆

مرقومہ بالا (ع۔ ف) اُوپر لکھا ہُوا۔ مسطورہ بالا ◆

مُرکانا (مُر۔ کا۔ نا) (ہ) مروڑنا۔ موڑنا۔ بل دینا ◆

مَرکَب (مَر۔ کَب) (ع۔ مذکر) سواری گھوڑا شے جس پہ سوار ہوں ◆

مُرکّب (مُرَک۔ کَب) (ع۔ مذکر) (۱) ترکیب دیا ہُوا۔ ملا ہُوا۔ مخلوط۔ (۲) دوات کی سیاہی ◆

مُرکّبات (ع۔ مذکر) مرکّب کی جمع۔ ملی ہُوئی دوائیں ◆

مرکز (مَر۔ کز) (ع۔ مذکر) (۱) کسی چیز کے کھڑا کرنے کی جگہ۔ نوکدار چیز (۲) کسی چیز کا درمیانی حصّہ۔ عین وسط۔ درمیان۔ قلب (۳) دائرے کے بیچ کا وُہ نقطہ جس سے اس کے محیط تک جتنے خطوط کھینچے جائیں سب برابر آئیں (۴) مقام ٹھہرنے کی جگہ۔ صدر مقام کیمپ۔ (۵) وہ آڑی لکیر جو کاف یا گاف پر کھینچی جاتی ہے (۶) دورہ کرنے کی جگہ۔ مدار۔ دُھری کیلی) وہ شے جس کے گرد کوئی چیز گھومے

مرکزِ ثقل (ع۔ مذکر) وُہ نقطہ جس کے گرد کسی جسم کے تمام اجزا متلے رہیں۔ اور وہ جسم کرنے نہ پائے ◆

مرکزِ زمین (ع۔ ف) مذکر۔ کرۂ ارض کا وسط۔ دنیا کی کیلی۔ دُھری یا۔ مدار ◆

مُرکنا (مُر۔ کنا) (ہ) بل کھانا۔ مُڑنا۔ ٹوٹنا ◆

مَرکوز (مَر۔ کوز) (ع) (۱) گڑا ہُوا۔ محکم کیا ہُوا (۲) مجازاً منظور کیا گیا۔ پسند کیا گیا۔ دل نشین ◆

مرکوزِ خاطر (ع۔ ف) جو بات دل میں بیٹھی ہو ◆

مَرکَھنا (مَر۔ کھنا) (ہ) مذکر۔ وُہ جانور جسے سینگ مارنے کی عادت ہو۔ شریر جانور ◆

مُرکی (مُر۔ کی) (ہ۔ مؤنث) کان کا ایک زیور۔ چھوٹی سی بالی ◆

مُرکیاں (ہ) "مُرکی" کی جمع ◆

مرگ (مَر۔ گ) (ف) مؤنث۔ موت۔ قضا۔ اجل ◆

مرگِ اتفاقی (ف) (مؤنث) ناگہانی موت۔ وہ موت جو اچانک آ جائے۔ قضائے ناگہانی۔ بے وقت کی موت ◆

مرگِ انبوہ جشنے دارد (ف) (مثل) عام مصیبت ایک قسم کا جلسہ ہوتا ہے۔ یعنی عام مصیبت میں رنج نہیں ہوتا ◆

مرگ پیچ (ف۔ مذکر) پگڑی کا ایک قسم کا پیچ جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس پیچ کا باندھنے والا جان دینے کو تیار ہے ◆

مرگِ طبعی (ف) مؤنث۔ قدرتی موت۔ اپنی موت ◆

مرگِ مفاجات (ف) مؤنث۔ ناگہانی موت جو اچانک آ جائے۔ بے وقت کی موت ◆

مرگِ ناگہاں۔ یا۔ ناگہانی (ف) مؤنث۔ وہ موت جو ناگہانی آ جائے۔ مرگِ اتفاقی ◆

مِرگ (مِر۔ گ) (ہ) مذکر (۱) ہرن۔ آہو۔ چیکارا (۲) چوپایہ۔ حیوان (۳) پانچواں نچھتر ◆

مِرگ چھالا (ہ) (مذکر) ہرن کی بالوں سمیت کھال جس پر بیٹھ کر عبادت کرتے ہیں ◆

مِرگ سالا (ہ) مذکر۔ رمنا۔ ہرنوں کے رہنے کی جگہ ◆

مِرگ مارنا (ہ) (۱) ہرن کا شکار کرنا (۲) لڑکا پیدا ہونے پر باپ کا زچہ کی چارپائی پر کھڑا ہو کر چھت میں تیر مارنا۔ یہ ایک رسم ہے ◆

مِرگانک (مِر۔ گانک) (ہ) مذکر۔ دھات وغیرہ کا کشتہ ◆

مِرگج (مِر۔ گج) (ہ۔ مذکر) ایک جواہر ◆

مَرگل (مَر۔ گل) (ہ۔ مذکر) (۱) تلی ہوئی مچھلی (۲) تلی ہوئی مچھلی کے ٹکڑے ◆

مَرگھٹ (مَر۔ گھٹ) (ہ) مسان۔ شمشان۔ ہندوؤں کے مُردے جلانے کی جگہ ◆

مرگھٹ کا بھتنا (ہ) (مذکر) (۱) مسان کا آسیب۔ بھوت پریت سایہ (۲) جادو (۳) ہمزاد ◆

مِرگی (مِر۔ گی) (ہ) مؤنث۔ ایک مرض جس میں آدمی یک لخت بے ہوش ہو کر زمین پر گر پڑتا ہے۔ ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہو جاتے ہیں۔ اور مُنہ سے جھاگ نکلتا ہے۔ صرع (۲) اُمّ الصبیان ◆

مِرگی آنا (ہ) صرع کے مرض کا دورہ کرنا۔ غش آنا ◆

مِرگیا (ہ) (مذکر) وہ شخص جس کو مِرگی کی بیماری ہو۔
مُرلی (مُر۔لی) (ہ۔مؤنث) بانسری۔ نَے۔ الغوزہ۔ منہ سے بجانے والا باجہ ✦
مُرلی بجانا (ہ) بانسری بجانا ✦
مُرلی بجنا (ہ) (۱) بانسری بجنا (۲) طوطی بولنا۔ اقبال یاوَر ہونا۔ (۳) دست آنا۔ پڑپڑ بولنا ✦
مُرلی دھر (ہ۔ مذکر) مُرلی دھرنے والا۔ کرشن جی کا لقب۔ کنھیا ✦
مُرلی دُھن (ہ) مؤنث۔ بانسری کی سُریلی اور دلکش آواز ✦
مُرلیا (مُر۔لِیا) (ہ۔مؤنث) چھوٹی مُرلی ✦
مُرلیا باجنا (ہ) (۱) چھوٹی مُرلی کا بجنا (۲) دست آنا ✦
مَرَم (س۔ مذکر) (۱) علم۔ دانش۔ گیان (۲) مطلب۔ مقصد۔ غرض۔ مُدعا (۳) حال۔ احوال۔ کیفیت (۴) راز۔ بھید (۵) دل۔ اندر۔ باطن ✦
مُرم (مُرَم) (ہ۔مؤنث) پتھریلی مٹی۔ کنکریلی مٹی ✦
مرمّت (مَرَمّ۔مَت) (ع۔مؤنث) (۱) درستی۔ اصلاح۔ ٹوٹی پھوٹی چیز کو بنانا۔ ترمیم۔ پھٹے پُرانے کپڑے کی دُرستی۔ (۲) سزا۔ مارپیٹ۔ گوشمالی ✦
مرمّت طلب (ع) قابلِ درستی۔ اصلاح طلب۔ بننے کے لائق ✦
مرمّت کرانا (ہ) درست کرانا۔ ٹوٹ پھوٹ بنوانا ✦
مرمّت کرنا (ہ) (۱) سنوارنا۔ درست کرنا (۲) مارنا۔ خوب پیٹنا۔ گوشمالی کرنا۔ گت بنانا ✦
مَرمَر (مَر۔مَر) (یونانی) مذکر۔ ایک قسم کا سفید یا نیلگوں چمکدار پتھر ✦
مُرمُرا (مُر۔مُرا) (ہ) مذکر۔ بھُنے ہوئے چاول جنہیں چباتے وقت مُرمُر کی آواز نکلتی ہے ✦
مُرمُرے (ہ) مذکر۔ "مُرمُرا" کی جمع ✦
مُرمُرے کا گوکھرو (ہ) (مذکر) ایک قسم کا پتلا اور مُڑا ہوا گوکھرو ✦
مرمریں (ف) سنگِ مرمر کی مانند ✦
مُرمّم (مُرَم۔مَم) (ع) ترمیم شدہ۔ اصلاح کیا گیا۔ ٹھیک کیا گیا۔ دُرست کیا گیا ✦
مُرمّمہ (ع) ترمیم کی ہوئی (چیز)۔ اصلاح کی ہوئی (چیز)۔ مرمّت کی ہوئی (چیز)۔ درست کی ہوئی (چیز) ✦
مَرن (مَرَن) (ہ) مذکر (۱) موت۔ قضا۔ اجل (۲) مرنے کے وقت۔ وقتِ مرگ (۳) مرجانا۔ جان دینا ✦
مَرنا (ہ) (۱) فوت ہو جانا۔ دم نکلنا۔ وفات پانا۔ جان دینا۔ (۲) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ مائل ہونا (۳) بے حد محنت کرنا۔ (۴) پسند ہو جانا (۵) کوشش کرنا (۶) کشتہ ہونا۔ خاک ہونا۔ (۷) تباہ ہونا۔ برباد ہونا (۸) سونا۔ نیند کرنا (۹) مُرجھانا۔ کمھلانا ✦
مَرنا جینا (ہ۔ مذکر) شادی غمی ہونا۔ موت و زندگی ✦
مَرنا جینا لگ رہا ہے (ہ) زندگی کا کچھ اعتبار نہیں یعنی ہیں کچھ ہے تو پل میں کچھ اور ✦
مُرنڈا (مُرَن۔ڈا) (ہ) مذکر (۱) بھُنے ہوئے گیہوں جن میں گُڑ اور گھی ملا کر لڈو سے بناتے ہیں (۲) بچہ مر۔ سوکھا بچہ ✦
مُرنڈا کرنا (ہ) (۱) گٹھڑی بنانا۔ توڑنا مروڑنا (۲) بھُرتا بنانا (۳) قیمہ بنانا۔ سفرنجہ کرنا ✦
مرنے تک کی فرصت نہیں۔ یا۔ مرنے کی بھی فرصت نہیں (ہ) دم بھر کی مہلت نہیں۔ ذرا فرصت نہیں۔ سخت مصروفیت ہے ✦
مرنے جائیں ملار گائیں (ہ) مثل۔ آزاد طبع اور بے پرواہ کی نسبت بولتے ہیں۔ کہ مرنے کو بھی ہنسی کھیل سمجھ رہے ہیں اور گیت گا رہے ہیں۔
مَرنے کو (ہ) مرنے کو تیار۔ قبر میں پاؤں لٹکائے ہوئے ✦
مَرنے کو بیٹھا ہے (ہ) قریبِ مرگ ہے۔ بہت بوڑھا ہے۔ گور میں پاؤں لٹکائے بیٹھا ہے ✦
مَرنے کو چلے کفن کا ٹوٹا (ہ) (مثل) بہانہ بنانے والے شخص کی نسبت بولتے ہیں۔ کہ مرنے کو تو جا رہا ہے۔ مگر کفن نہ ملنے کا بہانہ کرتا ہے ✦
مرنے لگنا (ہ) (۱) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہو جانا (۲) جان دینے لگنا ✦
مَرنے والا (ہ) (۱) وہ شخص جو مر گیا ہو۔ مرحوم۔ مغفور۔ متوفی۔ (۲) عاشق۔ شیدا (۳) بہادر۔ شجاع۔ دل چلا۔ جان پر کھیلنے والا ✦
مروا (مَر۔وَا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کی گھاس (۲) ایک خوشبودار پودا ✦
مُروا (مُر۔وَا) (ہ۔مذکر) وہ لکڑی جو دیوار پر رکھ کر اس کے اوپر مٹی کے کھپرے رکھتے ہیں ✦
مَرواری (مَر۔وَا۔رِید) (ف) مذکر۔ موتی۔ گوہر۔ دُر۔ وہ گول گول دانے جو سیپی کے اندر سے نکلتے ہیں ✦
مرواریدِ ناسُفتہ (ف) مذکر۔ دُرِ ناسُفتہ۔ اَن بندھا موتی ✦
مَروانا (ہ) (۱) ہلاک کرانا۔ قتل کرانا (۲) بُرا کام کرانا۔ فعلِ بد کرانا ✦
مُروّت (مُرَوْ۔وَت) (ع۔مؤنث) (۱) مردانگی۔ بہادری۔ جوانمردی (۲) (ہ) لحاظ۔ رعایت (۳) (ہ) اخلاق۔ خُلق۔ ملنساری۔ اِنسانیت (۴) سخاوت۔ فیاضی۔ توفیق ✦

مروّت برتنا (ف) اخلاق سے پیش آنا۔ انسانیت کا برتاؤ کرنا +
مروّت کرنا (ف) رعایت کرنا۔ لحاظ کرنا +
مروّت والا (ف) با اخلاق۔ ملاحظہ گار۔ رحم دل۔ دیانت +
مروج (مَرْوَج) (ف۔ مذکر و مؤنث) سہاگ پڑے کی خوشبودار چیزیں جو دلہن کی مانگ میں بھرتے ہیں +
مُروّج (مُرَوْ۔ وَج) (ع) رائج کیا گیا۔ چلایا گیا۔ رائج الوقت جاری۔ مستعمل۔ رسمی۔ معمولی +
مِروحہ (بز۔ وَحَہ) (ع) مذکر۔ دستی پنکھا +
مروحہ جنباں (ع۔ ف) پنکھا جھلنے والا +
مروحہ جنبانی (ع۔ ف) مؤنث۔ پنکھا جھلنے کی خدمت +
مُرور (مُرُ۔ وْر) (ع) مذکر۔ گزرنا۔ چلا جانا۔ انقضا +
مروڑ (مَرْوُڑ) (ف۔ مؤنث) (۱) پیچ۔ خم۔ بل۔ مڑوڑ۔ تمکنت۔ نخوت (۴) اینٹھن۔ تشنج (۵) مروڑ توڑ (۶) قرار قرار (۷) مروڑنا کا امر +
مروڑ اُٹھنا (ف) پیٹ میں پیچ و تاب پڑنا۔ قراقر ہونا +
مروڑ پھلی (ف۔ مؤنث) ایک قسم کی پھلی جو پیچش کی دوا میں کام آتی ہے +
مروڑ کی بات (ف۔ مؤنث) (۱) پیچ دار بات (۲) نوک جھونک کی بات۔ طعنے کی بات۔ طنز کی بات +
مروڑا (ف۔ مذکر) (۱) پیچش۔ اینٹھن (۲) وہ درد جو پاخانہ آتے وقت پیچ و تاب کے ساتھ ہو +
مروڑنا (ف) (۱) بل دینا۔ موڑنا۔ پھیرنا (۲) اینٹھنا (۳) دبانا۔ دبوچنا (۴) نچوڑنا۔ مسوسنا (۵) توڑنا۔ رکھانا +
مروڑی (ف۔ مؤنث) (۱) آٹے کی وہ بتی جو روٹی پکاتے وقت ہتھیلیوں اور انگلیوں سے مل کر اتارتے ہیں (۲) بل (۳) پیچ دار چیز +
مروڑے (ف۔ مذکر) مروڑا کی جمع +
مروّق (مُرَوْ۔ وَق) (ع) مصفّا۔ صاف کیا ہوا۔ مقطر۔ نتھرا +
مَروَہ (مَرْ۔ وَہ) (ع۔ مذکر) مکہ معظمہ کی ایک پہاڑی +
مَروی (ع) روایت کیا گیا۔ منقول۔ مذکور۔ بیان کیا گیا +
مَرّہ (مَرْ۔ رَہ) (ع۔ مذکر) ایک بار۔ ایک دفعہ +
مَرہٹہ (مَرْ۔ ہَٹَہ) (ف۔ مذکر) (۱) ایک قوم جو مہاراشٹر کی رہنے والی ہے +
مرہٹی (ف۔ مؤنث) (۱) منسوب بہ مرہٹہ (۲) مرہٹی زبان مرہٹوں کی بولی (۳) ایک قسم کا گیت (۴) بدعملی۔ ابتری۔ بدنظمی +

مرہم (مَرْ۔ ہَم) (ع۔ مذکر) (۱) دوا جو زخم پر لگائی جاتی ہے (۲) ضماد۔ لیپ۔ پلستر +
مرہم پٹی کرنا (ف) زخم کا علاج کرنا۔ زخمی کا علاج معالجہ کرنا +
مرہم دان (ع۔ ف) مذکر۔ مرہم رکھنے کا ڈبہ +
مرہم لگانا (ف) مرہم چپڑنا۔ مرہم کا لیپ کرنا۔ زخم کی دوا کرنا +
مُرہن (مُرْ۔ ہَن) (ف) مؤنث۔ تمباکو کا چورا۔ سوکھا اور کٹا ہوا تمباکو +
مَرہون (مَرْ۔ ہُوْن) (ع) گرو رکھا گیا۔ رہن کیا گیا +
مرہونِ منّت (ع) ممنون۔ احسان مند۔ شکر گزار +
مَرہونہ (ع۔ ف) گرو رکھی ہوئی چیز +
مَرئی (مَرْ۔ ئی) (ع) دیکھا گیا۔ جو چیز دیکھنے میں آئے۔ جسے دیکھ سکیں +
مَرئیات (ع۔ مذکر و مؤنث) وہ چیزیں جو دیکھی جا سکیں +
مُرّی (ف) مؤنث۔ گرہ۔ پھندا۔ مروڑی +
مَری (مَرِی) (ف) مؤنث۔ وبا۔ مرضِ عام۔ جیسے طاعون۔ ہیضہ۔ انفلوانزا وغیرہ (۲) وبائے حیوانات (۳) مُردہ۔ قسمے۔ ماری گئی +
مَری بھیڑ خواجہ خضر کے نام (ف) مثل۔ اس موقع پر کہتے ہیں جب کوئی شخص کھوئی ہوئی یا ناقص شے کو اللہ کے نام پر خیرات کر کے مفت ثواب کمانا چاہے +
مَری پڑنا (ف) وبا پھیلنا +
مَری جوں (ف) نہایت سست۔ بے حد کاہل +
مُری (مُرِی) (ع۔ مؤنث) مرکنی ہڈی (۲) گلے سے معدے تک کی نلی۔ نرخرہ +
مِری (مِری) (ف) مؤنث۔ میری کا مخفف +
مِری جان (ف) ایک کلمۂ محبت ہے۔ میری پیاری۔ جانِ من۔ عزیزِ من +
مِرّیخ (مِرْ۔ رِیخ) (ع۔ مذکر) ایک آتشی صفت سیارہ جو ساتویں آسمان پر ہے۔ منگل ستارہ +
مُرید (مُرِیْد) (ع۔ ا) ارادہ کرنے والا۔ پیرو۔ معتقد (۲) مطیع۔ فرمانبردار۔ چیلا۔ بالکا۔ دینی شاگرد +
مُرید کرنا (ف) (۱) چیلا بنانا۔ بالکا بنانا (۲) فرمانبردار بنانا۔ مطیع کرنا۔ معتقد بنانا۔ پیرو بنانا +
مریض (مَرِیْض) (ع۔ مذکر) بیمار۔ علیل۔ روگی +
مریضہ (ع۔ مؤنث) بیمار عورت +
مریل (مَرْ۔ یَل) (ف) نہایت دُبلا۔ پتلا۔ لاغر۔ کمزور۔ ناتواں +

مریل ٹٹو (۲) نہایت سست رفتار ۔

مریم (مَر-یَم) (ع) (۱) کنواری ۔ دوشیزہ ۔ کنیا (۲) پارسا ۔ باعصمت ۔ پاک دامن (۳) مؤنث حضرت عیسےٰؑ کی والدہ ماجدہ ۔

مریم کا پنجہ (۱) مذکر ۔ ایک خوشبودار گھاس ۔ جو پنجے کی شکل سے مشابہ ہوتی ہے ۔ کہتے ہیں ۔ کہ حضرت مریمؑ نے درد زہ کے وقت اس پر ہاتھ رکھا تھا ۔ اسی سبب سے یہ شکل ہو گئی ۔

مَرینو (مَ رِی-نَو) (ہ) (ھند) (انگریزی میرینو Merino) (مذکر) ایک قسم کا کپڑا جو میرینو نامی پہاڑی مینڈھے کی اُون سے بنایا جاتا ہے ۔

م-ڑ

مُڑ (مُڑ) (ہ) مُڑنا کا امر ۔

مُڑ آنا (ہ) لوٹ آنا ۔ واپس آ جانا ۔

مُڑ جانا (ہ) (۱) خمیدہ ہو جانا (۲) پھر جانا ۔ واپس ہو جانا ۔

مُڑ کر نہ دیکھنا (ہ) مُنہ موڑ کر نہ دیکھنا ۔ دوبارہ نہ دیکھنا (۲) بات نہ پُوچھنا ۔

مُڑ مُڑ کر دیکھنا (ہ) پھر پھر کر دیکھنا ۔ کسی عزیز کا اپنے خویش و اقارب کو بار بار پھر کر دیکھنا ۔

مُڑا سا (مُڑ-اسا) (ہ - مذکر) دیکھو (منڈاسا) ۔

مُڑک (مُڑ-ک) (ہ) مؤنث (۱) (عو) بل ٹیڑھ ۔ کجی ۔ مروڑ ۔ اینٹھ ۔ اکڑ (۲) گُر ۔ قاعدہ کلیہ (۳) ساز باز ۔ داؤں ۔ گھات ۔ توڑ جوڑ ۔

مُڑکنا (ہ) ٹوٹنا ۔

مُڑنا (ہ) (۱) بل کھانا ۔ خم کھانا (۲) پھرنا ۔ واپس ہونا ۔ لوٹنا ۔

مُڑوا (مُڑ-وا) (ہ) مذکر ۔ ایک قسم کا غلہ ۔

مروڑا (ہ) - مذکر - دیکھو (مروڑا) ۔

مروڑنا (ہ) دیکھو (مروڑنا) ۔

مروڑی (ہ) - مؤنث ۔ دیکھو (مروڑی) ۔

مڑھنا (ہ) منڈھنا ۔ کھال چڑھانا ۔ پوشش کرنا ۔

مڑھوانا (ہ) کھال چڑھوانا ۔ پوشش کرانا ۔

مڑھی (مَڑھی) (ہ) مؤنث (۱) فقیر کی جھونپڑی (۲) چھوٹا مندر ۔ معبد ۔

م-ز

مَزا (ف) مذکر ۔ لذت ۔ سواد ۔ ذائقہ ۔ حظ ۔ مزہ ۔

مِزاج (مِزَاج) (ع - مذکر) (۱) طبیعت ۔ سرشت ۔ خمیر (۲) گُن ۔ خاصیت ۔ اثر ۔ خاصہ (۳) عادت ۔ خصلت ۔ سبھاؤ (۴) مادہ ۔ اصلیت ۔ جوہر ۔ حقیقت (۵) (۱) تکبر ۔ غرور ۔ دماغ ۔ گھمنڈ (۶) دل ۔ طبیعت (۷) (۱) ناز نخرہ ۔

مزاج برہم ہونا (ف) مزاج خراب ہونا ۔ طبیعت بگڑنا ۔ بد مزاج ہونا ۔

مزاج بگاڑنا (ف) عادت خراب کرنا ۔ مزاج میں غصّہ اور تیزی پیدا کرنا ۔

مزاج پانا (ف) (۱) (عو) توجہ پانا ۔ رُخ پانا (۲) طبیعت معلوم کرنا ۔

مزاج پُرسی کرنا (ف) (۱) طبیعت حال دریافت کرنا ۔ خیریت پوچھنا ۔ (۲) سزا دینا ۔ خبر لینا ۔

مزاج پھڑک جانا (ف) طبیعت کا خوش ہو جانا ۔

مزاج چیٹی (ف) (عو) دماغ دار ۔ متکبر ۔ مغرور ۔ گھمنڈی ۔

مزاج دار (ف) خود پسند ۔ مغرور ۔ گھمنڈی ۔

مزاج دان (ف) طبیعت سے واقف ۔ مزاج سے آگاہ ۔ وہ شخص جو کسی کی طبیعت اور نیکی بدی سے واقف ہو ۔

مزاج شریف | مزاج عالی | مزاج مبارک (ف) آپ کی طبیعت کیسی ہے؟ خیریت سے ہیں؟ مزاج کیسے ہیں؟ آپ کی طبیعت اچھی ہے؟

مزاج عالی نہ توشک نہ نہالی (ف) (مثل) غریبی میں امیرانہ طبیعت دکھانے والے پر طنزاً کہتے ہیں ۔

مزاج کرنا (ف) اِترانا ۔ دماغ کرنا ۔ نخوت کرنا ۔ غرور کرنا ۔

مزاج کے مارے (ف) تکبر کے باعث ۔ غرور کے سبب ۔ نخوت سے ۔

مزاج میں آنا (ف) (۱) طبیعت میں آنا ۔ خیال میں آنا ۔ سمجھ میں آنا (۲) اترانا ۔ نخوت کرنا ۔ غرور میں آنا ۔

مزاج نہ پایا جانا (ملنا) (ف) نہایت مغرور و متکبر ہونا ۔ بے حد اترانا ۔ غرور کے سبب کسی کی طرف توجہ نہ کرنا ۔

مزاج والا (ف) (مذکر) مغرور ۔ متکبر ۔ نخوت والا ۔ گھمنڈی ۔

مزاج والی (ف) (مؤنث) دماغ دار ۔ متکبر ۔ مغرور ۔

مزاجاً (ع) (۱) از روئے مزاج ۔ طبیعت کے رُو سے (۲) بالخواص ۔ بالخاصیت ۔

مزاجی } (ا) ۱ ہندی) (ع) خود پسند۔ دماغ دار۔ مغرور۔ متکبر
مزاجو } نشنت والی ✦

مزاح (مِزاح) (ع) (مؤنث) ہنسی۔ خوش طبعی۔ ٹھٹھا۔ ظرافت۔ مذاق ✦

مُزاحم (مُزا۔ حِم) (ع) روکنے والا۔ مزاحمت کرنے والا۔ مانع۔ حائل ✦

مزاحم ہونا (ف) مانع ہونا۔ حائل ہونا۔ متعرض ہونا ✦

مُزاحمت (مُزا۔ حَمَت) (ع) مؤنث۔ روک۔ تعرض۔ اٹکاؤ۔ ممانعت ✦

مزاحمت بیجا (ع۔ ف) (مؤنث) قانون کے خلاف روک ٹوک ✦

مزار (مَزار) (ع) (مذکر) (۱) زیارت کرنے کی جگہ۔ درگاہ۔ آستانہ۔ مقبرہ۔ مرقد (۲) قبر۔ تربت۔ گور ✦

مزارع (مُزا۔ رِع) (ع۔ مذکر) کھیتی کرنے والا۔ کسان۔ کاشتکار ✦

مزارع تابع مرضی مالک (ع۔ مذکر) مالک کی مرضی کے تابع کاشتکار ✦

مزارع چھپر بند (ع۔ ف) مذکر۔ وہ کاشتکار جس کا حق قدیم سے چلا آتا ہو ✦

مزارع خود کاشت (ع۔ ف) (مذکر) آپ بونے جوتنے والا کاشت کار ✦

مزامیر (مَزا۔ میر) (ع۔ مذکر) (۱) مطربوں کے ساز۔ بانسلی۔ نے مُرلی۔ الغوزہ۔ باجہ (۲) بھجن۔ راگ ✦

مزامیر داؤد (ع) مذکر۔ کتاب زبور۔ جو حضرت داؤدؑ پر نازل ہوئی تھی ✦

مُزاوجت (مُزا۔ وَجَت) (ع۔ مؤنث) زوج ہونا۔ جوڑا لگنا۔ بیاہ شادی ✦

مُزاولت (مُزا۔ وَلَت) (ع) مؤنث۔ کسی کام کو ہمیشہ کرنا۔ روزمرہ۔ مشق ✦

مَزبور (مَز۔ بُور) (ع) لکھا ہوا۔ اوپر کا۔ مذکورۃ الصدر ✦

مُزجات (مُز۔ جات) (ع) تھوڑا۔ ناچیز۔ ادنیٰ ✦

مُزخرف (مُز۔ خَرَف) (ع) مؤنث۔ بناوٹ کی بات۔ جیلی بات۔ جھوٹی بات۔ بناوٹی بات۔ جھوٹی بات جو سچ کی طرح آراستہ کی گئی ہو۔ سچ کی جھوٹی بات ✦

مُزخرفات (ع) مؤنث۔ مزخرف کی جمع۔ جھوٹی اور واہیات باتیں۔ چکنی چپڑی باتیں ✦

مُزد (مُزد) (ف) مؤنث۔ اُجرت۔ مزدوری۔ طلب۔ تنخواہ۔ مشاہرہ۔ صلہ۔ بدلہ ✦

مُزدور (مُز۔ دُور) (ف) مذکر۔ مزدوری کرنے والا۔ اُجرت پہ کام کرنے والا۔ قلی۔ بوجھ اُٹھانے والا ✦

مُزدوری (ف۔ مؤنث) (۱) اُجرت۔ محنتانہ۔ کام کا معاوضہ۔ بدلہ۔ صلہ (۲) محنت۔ مشقت۔ خدمت ✦

مُزدوری کرنا (ف) محنت کرنا۔ کام کرنا ✦

مزدوری لنڈوری (ف) مزدوری بھی ہمیشہ نہیں ملتی ✦

مزرع (مَز۔ رَع) (ع) (مذکر و مؤنث) کھیتی۔ کھیت۔ کشت ✦

مزروع (مَز۔ رُوع) (ع) کھیت میں بوئی ہوئی چیز ✦

مزروعہ (مَز۔ رُوعَہ) (ع) جوتا ہوا۔ بویا ہوا۔ کشت کیا ہوا ✦

مُزعفر (مُز۔ عَ۔ فَر) (ع) (مذکر) زعفرانی۔ زرد۔ زعفران میں رنگے ہوئے میٹھے چاول ✦

مُزکّا (مُز۔ کّا) (۱) پاک کیا گیا (۲) زکوٰۃ دیا گیا ✦

مزکّی (مُزک۔ کی) (ع) (۱) پاک کرنے والا (۲) زکوٰۃ دینے والا ✦

مزلف (مُزل۔ لَف) (ع) زلف والا۔ زلفوں سے گھرا ہوا ✦

مزمار (مِز۔ مار) (ع۔ مؤنث) (۱) بانسری (۲) باجا ✦

مزمن (مُز۔ مِن) (ع) پرانا۔ کہنہ ✦

مُزمّہ (مُزم۔ مَہ) (ع۔ مذکر) وہ رسّا جو گھوڑے کی پچھاڑی کے ساتھ باندھا جاتا ہے ✦

مزے لینا (ف) خبر لینا۔ تنگ کرنا۔ ٹھیک بنانا۔ آڑے ہاتھوں لینا ✦

مزور (مَز۔ وَر) (مزدور کا مخفف) مذکر۔ قلی۔ بارکش۔ بوجھ اُٹھانے والا ✦

مزوّر (مُزو۔ وَر) (ع) (۱) جھوٹا کیا گیا (۲) کھوٹا (۳) ملایا گیا ✦

مزہ (مَزَہ) (ف) مذکر (۱) مزا۔ لذت۔ سواد۔ ذائقہ (۲) چسکا۔ چاٹ (۳) لطف۔ حظ (۴) عیش۔ عشرت۔ خوشی (۵) جوبن۔ شباب (۶) لت۔ عادت۔ دھت (۷) سیر۔ تماشا (۸) حالت۔ کیفیت۔ گت۔ درجہ (۹) سزا۔ جزا۔ تعزیر ✦

مزہ آنا (ف) لذت آنا۔ لطف آنا۔ لطف حاصل ہونا ✦

مزہ اُٹھانا (ف) (۱) لطف حاصل کرنا۔ حظ اُٹھانا (۲) بُرے کام کی سزا پانا۔ رنج اُٹھانا ✦

مزہ اُڑانا (ف) (۱) لطف حاصل کرنا۔ عیش لوٹنا (۲) بہار لوٹنا۔ جوبن لوٹنا ✦

مزہ پانا (ف) (۱) حظ اُٹھانا۔ لطف حاصل کرنا۔ کیے کی سزا پانا ✦

مزہ پڑنا (ف) عادت پڑنا۔ چاٹ پڑنا ✦

مزہ چکھانا (ف) (۱) ذائقہ چکھانا (۲) سزا دینا۔ کیفر کردار کو پہنچانا ✦

مزہ کرکرا۔ یا کھنڈت ہونا (ف) بے لطفی آنا۔ رنگ میں بھنگ پڑنا ✦

مزہ لوٹنا (ل) عیش منانا۔ لطف حاصل کرنا۔ بہار لوٹنا ✦
مزہ ہے: عیش ہے۔ بڑا لطف ہے۔ عجیب کیفیت ہے ✦
مزے (ا) ہندی مزہ کی جمع ✦
مزے اڑانا (ل) عیش منانا۔ لذّت پانا ✦
مزے دار (ل) لذیذ۔ لذّت والا۔ باذائقہ۔ پُرتکلف ✦
مزے داری (ل) مؤنث۔ مزہ۔ لذّت۔ لطف۔ حظ ✦
مزے کرنا (ل) لطف اڑانا۔ عیش اڑانا ✦
مزے کی بات (ل) مؤنث تماشے کی بات۔ لطف کی بات۔ ہنسی کی بات ✦
مزے لوٹنا (ل) (۱) لذّت حاصل کرنا۔ لطف اٹھانا (۲) عیش منانا (۳) جوبن لوٹنا ✦
مزے میں آنا (ل) (۱) خوشی میں آنا۔ جاؤ میں آنا (۲) ناز کرنا۔ اترانا ✦
مزید (مَزِید) (ع) مذکر۔ اضافہ۔ زیادتی۔ افزونی۔ بیشی ✦
مزید برآں (ف) علاوہ بریں۔ اس کے سوا۔ ماسوا ✦
مزید علیہ (ع) مذکر۔ زیادہ کیا گیا۔ بڑھایا گیا ✦
مزیل (مُزِیل) (ع) کسی چیز کے آثار کا دور کرنے والا ✦
مزین (مُزَیَّن) (ع) سجایا گیا۔ سنوارا گیا۔ زینت دیا گیا۔ آراستہ۔ سجایا ہوا۔ مکلف ✦

م - ژ

مژدہ (مُژ۔ دَہ) (ف) مذکر (۱) خوشخبری۔ بشارت (۲) مبارکباد۔ تہنیت ✦
مژدہ پہنچانا (ل) خوشخبری دینا۔ بشارت دینا ✦
مژدہ سنانا (ل) خوشخبری لا کر دینا۔ خوشخبری دینا ✦
مژگان (مژ۔ گاں) (ف) مؤنث۔ مژہ کی جمع۔ پلکیں ✦
مژہ (مِژَہ) (ف) مؤنث۔ پلک ✦

م - س

مِس (مِس) (ف) مذکر۔ تانبا۔ ایک معدنی شے جس کے برتن وغیرہ بنتے ہیں ✦
مس خام (ف) مذکر۔ کچا تانبا۔ وہ تانبا جو کان سے نکالنے کے بعد ابھی صاف نہ کیا گیا ہو ✦
مس گر (ف) مذکر۔ تانبے کے برتن بنانے والا۔ ٹھٹھیرا۔ کسیرا ✦
مِس (مِس) (ہ) مذکر۔ بہانہ۔ حیلہ۔ عذر ✦
مَس (مَس) (ہ) مؤنث۔ مونچھوں کا روآں ✦
مِس (مِس) (ہ) مؤنث۔ سیاہی۔ روشنائی ✦
مِس (مِس) انگریزی Miss مؤنث۔ بن بیاہی لڑکی۔ کنواری۔ دوشیزہ ✦
مَس (مَس) (ع) مذکر (۱) چھونا۔ ہاتھ لگانا (۲) لگاؤ۔ رغبت۔ رجحان ✦
مَس کرنا (ل) چھونا۔ ہاتھ لگانا ✦
مس ہونا (ل) رغبت ہونا۔ رجحان ہونا۔ میل ہونا۔ لگاؤ ہونا ✦
مَسا (مَسَا) (ع) مذکر۔ شام کا وقت۔ شام ✦
مَسا۔ یا مَسّا (ہ۔ مذکر) گوشت کا ایک دانہ سا جو جسم میں پڑ جاتا ہے۔ (پنجاب) موکا ✦
مَسا (مَسَا) (ہ) مشکل سے۔ اردو میں صرف مسا کر کے میں مستعمل ہوتا ہے ✦
مسا کر کے (ہ) (۱) انتہائی درجہ۔ زیادہ سے زیادہ (۲) بمشکل تمام۔ دقت کے ساتھ ✦
مِسّا (مِس۔ سَا) (ہ) مذکر (۱) موٹا جھوٹا اناج۔ غریبوں کے کھانے کا اناج (۲) سستا اناج ✦
مِساکُسّا (ہ) مذکر۔ موٹا جھوٹا اناج ✦
مساجد (مَسَا۔ جِد) (ع) مؤنث۔ مسجد کی جمع۔ بہت سی مسجدیں ✦
مسّاح (مَس۔ ساح) (ع) مذکر۔ پیمائش کرنے والا ✦
مساحت (مِسَا۔ حَت) (ع) مؤنث۔ زمین کی ناپ۔ پیمائش زمین ✦
مَساس (مَسَاس) (ع) مذکر۔ چھونا۔ ہاتھ پھیرنا۔ ہاتھ سے ملنا ✦
مُساعِد (مُسَا۔ عِد) (ع) مددگار۔ یار۔ معاون۔ موافق۔ حامی ✦
مساعدت (مُسَا۔ عَدَت) (ع) مؤنث۔ یاری۔ یاوری۔ مدد۔ اعانت ✦
مساعی (مَسَاعِی) (ع) مؤنث۔ کوششیں ✦
مساعیِ جمیلہ (ع۔ مؤنث) نیک کوششیں ✦
مسافت (مَسَا۔ فَت) (ع) مؤنث (۱) دوری۔ بُعد۔ سفر۔ مرحلہ۔ فاصلہ (۲) سفر کی تکان ✦
مُسافر (مُسَا۔ فِر) (ع) مذکر۔ سفر کرنے والا۔ راہ گیر۔ پردیسی ✦
مسافر خانہ (ع۔ ف) مذکر۔ سرائے۔ مسافروں کے ٹھہرنے کی جگہ۔ کارواں سرائے ✦
مسافرانہ (ع) مسافروں کی طرح۔ پردیسیوں کی مانند ✦
مسافرت (مُسَا۔ فَرَت) (ع) مؤنث (۱) مسافری۔ سفر۔ سیاحی (۲) پردیس ✦
مسافری (ع) مؤنث (۱) سفر۔ سیاحی (۲) پردیس ✦
مساکن (مَسَا۔ کِن) (ع) مذکر۔ مسکن کی جمع۔ مکانات۔ رہنے کی جگہیں ✦

مساکین (مَسا۔کِین) (ع)۔ مذکر۔ مسکین کی جمع۔ غریب۔ محتاج۔ مفلس ♦
مسالا (مَسا۔لا) (۱) مذکر۔ دراصل مصالح ہے۔ سامان۔ ہر چیز کی تیاری کی ضروریات (۲) نمک مرچ۔ بیاز لہسن وغیرہ مسنبا وغیرہ (۳) گوٹا کناری گوکھرو وغیرہ
مسالا بنانا (و) مسالا تیار کرنا۔ مسالا مرکب کرنا ♦
مسالا ٹانکنا (و) کپڑے پر گوٹا کناری وغیرہ لگانا ♦
مسالک (مَسا۔لِک) (ع)۔ مذکر۔ مسلک کی جمع۔ راستے۔ راہیں۔ طریقے ♦
مسام (مَسا۔م) (ع)۔ مذکر) جسم کے وہ سوراخ جن میں سے پسینہ نکلتا ہے ♦
مسامات (ع) مذکر۔ مسام کی جمع ♦
مسامحت (مُسا۔مَحَت) (ع۔ مؤنث) (۱) چشم پوشی کرنا (۲) بزرگوں کی غلطی ♦
مسان (مَسان) (ہ) مذکر (۱) مرگھٹ۔ وہ جگہ جہاں ہندوؤں کے مردے جلائے جاتے ہیں۔ شمشان (۲) بچوں کی ایک بیماری ام الصبیان (۳) جنتر منتر ♦
مسانی (مَسانی) (ہ) مؤنث۔ خسرا۔ چھوٹی چیچک۔ وہ چھوٹے دانے جو بدن پر نکل آتے ہیں ♦
مسانیا (ہ) مذکر (۱) مُردے کی راکھ اٹھانے والا (۲) سیانا۔ بھوت پریت اُتارنے والا ♦
مساوات (مُسا۔وات) (ع۔ مؤنث) (۱) برابری۔ ہمسری (۲) باہم برابر کرنا۔ حالت کا برابر ہونا ♦
مساوات ذاتی (ع۔ مؤنث) (جبر و مقابلہ) وہ مساوات جس میں حرفِ مجہول کی کوئی سی قیمت کیوں نہ ہو۔ ہر حالت میں مساوات کی طرفیں برابر رہتی ہیں ♦
مساوات شرطی (ع۔ مؤنث) (جبر و مقابلہ) وہ مساوات کہ اس میں جب تک حرفِ مجہول کی کوئی خاص قیمت مقرر نہ کریں۔ مساوات کی شرط برابر نہ ہو ♦
مساوی (ع) برابر۔ یکساں۔ ہموزن ♦
مساوی الاضلاع (ع) وہ شکل جس کے سب ضلعے برابر ہوں ♦
مسائل (مَسا۔اِل) (ع۔ مذکر۔ مسئلہ کی جمع (۱) سوال۔ مسئلے پوچھنے والی باتیں۔ امور دریافت طلب (۲) (۱) مذہبی قواعد یا۔ احکام۔ اصولِ مذہب ♦
مسبّب (مُسَبْ۔بَب) (ع) سبب کیا گیا۔ باعث۔ سبب ♦
مسبّب (مُسَب۔بِب) (ع) سبب قائم کرنے والا ♦
مسبّب الاسباب (ع۔ مذکر) سبب بنانے والا یعنی خدا تعالیٰ ♦
مسبّب حقیقی (ع) مذکر۔ خدا تعالیٰ ♦
مسبّح (مُسَب۔بِح) (ع) سبحان اللہ کہنے والا۔ تسبیح کرنے والا ♦
مسبحانِ ملاءِ اعلیٰ (ع۔ ف) مذکر۔ فرشتے ♦

مسبّحہ (مُسَب۔بِحَہ) (ع۔ مؤنث) شہادت کی انگلی ♦
مسبّع (مُسَب۔بَع) (ع) (۱) سات حصے کیا گیا (۲) سات کے متعلق (۳) مذکر۔ سات برابر ضلعوں والی شکل (۴) وہ نظم جس کے بند میں سات مصرعے ہوں ♦
مسبوق (مَس۔بُوق) (ع) گزشتہ۔ سابق۔ گزرا ہوا ♦
مسبوق الذکر (ع) جو پہلے بیان ہو چکا ہو۔ جس کا سابق میں ذکر آ چکا ہو ♦
مست (مَست) (ف) (۱) متوالا۔ سرمست۔ نشے میں چور۔ مخمور (۲) پُرشہوت۔ جوانی میں بھرا ہوا (۳) سرشار۔ بے خود۔ بے ہوش۔ مدہوش (۴) مجذوب۔ مجنون۔ دیوانہ (۵) خوش۔ مگن۔ آنند۔ بشاش (۶) بے پروا (۷) مغرور۔ متکبر ♦
مستِ ازل } (ف۔ ع) مذکر۔ قدرتی مست۔
مستِ الست } مست ازلی ♦
مست بوک (ہ) مذکر۔ مستی میں بھرا ہوا بکرا ♦
مست مہینہ (ہ) مذکر۔ پھاگن کا مہینہ۔ ہولی کا مہینہ ♦
مست ہو جانا (و) (۱) شہوت میں بھر جانا۔ مستا جانا (۲) مغرور ہو جانا (۳) بے ہوش ہو جانا۔ سرشار ہو جانا (۴) آنند ہو جانا۔ مگن ہو جانا ♦
مست ہونا (و) (۱) مخمور ہونا۔ متوالا ہونا۔ نشے میں چور ہونا (۲) بے ہوش ہونا (۳) اترانا۔ گھمنڈ کرنا۔ مغرور ہونا (۴) شہوت میں بھرنا۔ مدھ پر آنا (۵) جوانی میں بھرنا۔ جوبن پر آنا (۶) خوش ہونا (۷) دیوانہ ہونا۔ مجنون ہونا۔ مجذوب ہونا ♦
مستاجر (مُس۔تا۔جِر) (ع) مذکر۔ زمیندار۔ کاشتکار (۲) اسامی۔ ٹھیکہ دار ♦
مستاجر سرکاری (ع۔ ف) مذکر۔ سرکاری ٹھیکہ دار ♦
مستاجری (ع۔ ف) (مؤنث) ٹھیکہ داری ♦
مستاصَل (مُس۔تا۔صَل) (ع) جڑ سے اکھڑا ہوا ♦
مستاصِل (مُس۔تا۔صِل) (ع) جڑ سے اکھاڑنے والا ♦
مستان (مَس۔تان) (ف) مذکر۔ مست۔ مجذوب۔ مستری۔ دیوانہ۔ مجنون ♦
مستان شاہ (ف) مذکر۔ مست فقیر۔ گدائے مجذوب ♦
مستانا (مستا جانا) (ہ) مست ہونا۔ مدھ پر آنا۔ گرمانا ♦
مستانہ (ف) (۱) مست کی مانند۔ متوالے کی طرح۔ وہ شخص جس کی حرکات و سکنات مستوں سے مشابہ ہوں ♦
مستانہ چال (ہ) (مؤنث) متوالے کی سی لڑکھڑاتی چال۔ جھومتی چال ♦

مستانی (ا) (مؤنث) (۱) شہوت میں بھری ہوئی۔ مستانی ہوئی عورت۔ (۲) باؤلی۔ دیوانی۔ پگلی ♦

مُسْتَبْعَد (مُسْ۔ تَبْ۔ عَدْ) (ع) (۱) دُور۔ بعید (۲) بعید از قیاس۔ دُشوار ♦

مُسْتَتَر (مُسْ۔ تَتَر) (ع) چھپا ہُوا۔ پوشیدہ کیا گیا ♦

مُسْتَتِر (مُسْ۔ تَتِرْ) (ع) چھپنے والا۔ پردے میں ہونے والا ♦

مستثنیٰ (مُسْ۔ تَسْ۔ نا) (ع) (۱) الگ کیا گیا۔ چُنا گیا۔ چھوٹا ہُوا۔ ماسوا۔ بجز۔ اِلّا۔ مگر (۲) وہ چیز یا شخص جسے الگ کر دیا گیا ہو ♦

مستثنیٰ کرنا (ا) الگ کرنا۔ کسی میں سے کسی کو جُدا کرنا ♦

مستثنیٰ مِنہ (ع) وہ چیز یا وہ شخص جس میں سے مستثنیٰ کو الگ کر دیا گیا ہو ♦

مستثنیات (مُسْ۔ تَسْ۔ نیات) (ع) مذکر۔ الگ کیے ہوئے اُمور ♦

مُسْتَجاب (مُسْ۔ تَجَاب) (ع) (۱) جواب دیا گیا (۲) مانا گیا۔ قبول کیا گیا۔ مانا گیا ♦

مُسْتَجابُ الدَّعوات (ع) جس کی دعا قبول ہو۔ جس کی دعا بارگاہِ الٰہی میں شرفِ قبولیت پائے ♦

مُسْتَجْمَع (مُسْ۔ تَجْ۔ مَعْ) جمع کیا گیا ♦

مُسْتَجْمِعُ الصِّفات (ع) جس میں تمام خوبیاں اکٹھی ہوں ♦

مُسْتَجِیب (مُسْ۔ تَجِیب) (ع) جواب دینے والا۔ دعا قبول کرنے والا ♦

مُسْتَحَبّ (مُسْ۔ تَحَبّ) (ع) (۱) محبت کیا گیا۔ پسند کیا گیا۔ (۲) (مذکر) عبادات میں سے وہ فعل جسے آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم نے پسند فرما کر خود کیا ہو۔ یا۔ اس کا ثواب بیان فرمایا ہو ♦

مُسْتَحْسَن (مُسْ۔ تَحْ۔ سَنْ) (ع) نیک۔ پسندیدہ۔ خوب۔ بہتر ♦

مُسْتَحْضَر (مُسْ۔ تَحْ۔ ضَر) (ع) یاد کیا ہُوا۔ وہ جو یاد ہو ♦

مُسْتَحِق (مُسْ۔ تَحِقْ) (ع) (۱) حق رکھنے والا۔ دعوے دار (۲) لائق۔ سزاوار (۳) درویش۔ مسکین۔ مفلس۔ نادار ♦

مستحق ٹھہرانا (ا) حقدار قرار دینا۔ لائق سمجھنا ♦

مُسْتَحْکَم (مُسْ۔ تَحْ۔ کَم) (ع) سخت پائدار رہنے والا۔ قائم رہنے والا۔ اٹل۔ مضبوط ♦

مُسْتَحِیل (مُسْ۔ تَحِیل) (ع) (۱) بدلا ہُوا۔ ایک حال سے دوسرے حال میں پھرنے والا (۲) ناممکن۔ محال ♦

مُسْتَدْعی (مُسْ۔ تَدْ۔ عی) (ع) استدعا کرنے والا۔ خواہش کرنے والا۔ خواہشمند۔ ملتجی۔ کسی بات کا چاہنے والا ♦

مُسْتَدِیر (مُسْ۔ تَدِیر) (ع) گول۔ مدوّر ♦

مُسْتَرْخی (مُسْ۔ تَرْ۔ خی) (ع) سُست۔ ڈھیلا ♦

مُسْتَرَد (مُسْ۔ تَرَدْ) (ع) رد کیا گیا۔ واپس کیا گیا ♦

مِسْتری (مِسْ۔ تَری) (ا) اہلِ حرفہ کا اُستاد۔ کسی پیشے کا کاریگر۔ کاریگر ♦

مُسْتَزاد (مُسْ۔ تَزاد) (ع) مذکر (۱) لغوی معنی بڑھایا گیا۔ زیادہ کیا گیا۔ افزوں (۲) عُروض میں وہ نظم جس کے ہر مصرع یا بیت کے بعد ایسا ٹکڑا لگایا ہو۔ جو اسی مصرع کے رکنِ اوّل اور رکنِ آخر کے برابر ہو ♦

مُسْتَسْقی (مُسْ۔ تَسْ۔ قی) (ع) استسقاء کی بیماری والا۔ پیاسا۔ جلندری۔ جلودری ♦

مُسْتَشار (مُسْ۔ تَشار) (ع) وہ جس سے مشورہ کیا جائے ♦

مُسْتَشارِ قانون (ع۔ ف) (مذکر) وہ شخص جس سے قانونی مشورہ لیا جائے۔ وکیل ♦

مُسْتَشْرِق (مُسْ۔ تَشْ۔ رِق) (ع) وہ فرنگی جو مشرقی زبانوں اور علوم کا ماہر ہو ♦

مُسْتَطاب (مُسْ۔ تَطاب) (ع) (۱) خوش گوار۔ اچھا۔ عمدہ۔ خوب (۲) مبارک۔ سعید۔ خجستہ۔ نیک ♦

مُسْتَطِیع (مُسْ۔ تَطِیع) (ع) استطاعت یعنی مقدور رکھنے والا ♦

مُسْتَطِیل (مُسْ۔ تَطِیل) (ع) (مذکر) وہ چار ضلعوں کی شکل۔ جس کے چاروں زاویے قائمے اور مقابل کے ضلعے برابر ہوں ♦

مُسْتَظْہِر (مُسْ۔ تَظْ۔ ہِر) (ع) (۱) امداد کا خواہاں۔ مدد چاہنے والا (۲) ظہور چاہنے والا ♦

مُسْتَعار (مُسْ۔ تَعار) (ع) مانگا ہُوا۔ اُدھار لیا ہُوا ♦

مستعار دینا (ا) اُدھار دینا۔ مانگے دینا ♦

مُسْتَعْجِل (مُسْ۔ تَعْ۔ جِل) (ع) تعجیل کرنے والا۔ جلدباز۔ جلدی کرنے والا ♦

مُسْتَعِد (مُسْ۔ تَعِدْ) (ع) (۱) آمادہ۔ تیار۔ موجود۔ کمربستہ (۲) چُست۔ چالاک۔ ہوشیار۔ تیز طرّار ♦

مستعد ہونا (ا) (۱) تیار ہونا۔ آمادہ ہونا۔ کمربستہ ہونا (۲) موجود ہونا۔ قابل ہونا۔ لائق ہونا ♦

مُسْتَعِدّی (ف) (مؤنث) (۱) آمادگی۔ تیاری (۲) چالاکی ♦

مُسْتَعْفی (مُسْ۔ تَعْ۔ فی) استعفیٰ دینے والا۔ نوکری چھوڑنے والا ♦

مُسْتَعْمَل (مُسْ۔ تَعْ۔ مَل) (ع) (۱) عمل میں لایا ہُوا۔ کام میں لایا ہُوا۔ برتا ہُوا (۲) مروّج ♦

مستعمل ہونا (ا) (۱) برتا ہُوا ہونا۔ کام میں آنا۔ برتنے میں آنا۔

(۲) مرقع ہونا ♦

مُستعین (مُس ـ تَعِین) (ع) مدد چاہنے والا ♦

مُستغاث (مُس ـ تغاث) (ع) وُہ شخص جس سے فریاد چاہیں ♦

مُستغاث علیہ (ع ، مذکّر) مُدّعا علیہ ـ جس کے اُوپر اِستغاثہ کیا گیا ہو ـ جواب دِہ ـ فریقِ ثانی ـ ریسپانڈنٹ ♦

مُستغرق (مُس ـ تغ ـ رِق) (ع) (۱) غرق شدہ ـ ڈوبا ہُوا (۲) نہایت مصروف ♦

مُستغنی (مُس ـ تغ ـ نی) (ع) (۱) آزاد ـ بری ـ بے پروا (۲) دولتمند ـ مالدار (۳) آسودہ حال ـ فارغ البال ـ مطمئن ♦

مُستغنی مزاج (۱) وُہ شخص جس کی طبیعت میں بے پروائی ہو ـ آزاد مزاج ـ مطلق العنان ـ فارغ البال ♦

مُستغیث (مُس ـ تغیث) (ع ، مذکّر) اِستغاثہ کرنے والا ـ نالشی ـ داد خواہ ـ فریادی (۲) مُدّعی ـ دعوے دار ـ اپیلانٹ ♦

مُستفاد (مُس ـ تفاد) (ع) حاصل کیا ہُوا ـ جو چیز فائدے میں حاصل ہو ♦

مُستفتی (مُس ـ تَف ـ تی) (ع) فتوے کا جواب چاہنے والا ♦

مُستفسِر (مُس ـ تَف ـ سِر) (ع) استفسار کرنے والا ـ پوچھنے والا ـ محقق ♦

مُستفید (مُس ـ تَفید) (ع) فائدہ چاہنے والا ـ فائدہ طلب کرنے والا ♦

مُستفیض (مُس ـ تَفیض) (ع) فیض چاہنے والا ـ فیض کا خواہاں ♦

مُستقبِل (مُس ـ تق ـ بِل) (ع) (۱) آگے آنے والا ـ آئندہ (۲) وُہ فِعل جو آنے والے زمانے سے تعلق رکھے ـ زمانۂ آئندہ ♦

مُستقر (مُس ـ تقر) (ع ، مذکّر) ٹھہرنے کی جگہ ـ ٹھکانا ـ جائے قرار ♦

مُستقر الخلافہ (ع ـ مذکّر) دار السلطنت ـ دار الخلافہ ـ دار الحکومت ♦

مُستقِل (مُس ـ تقِل) (ع) مضبوط ـ مُستحکم ـ اٹل ـ برقرار ـ پائدار ـ پکّا ـ قائم ـ ہمیشہ ـ مُدام ♦

مستقبل بہ ارادہ (۱) (مذکّر) پکّا اِرادہ ـ عزم بالجزم ـ مصمّم اِرادہ ♦

مستقل اسامی (۱) (مؤنّث) پکّی اسامی ـ پائدار نوکری ♦

مستقبل مزاج (۱) وُہ شخص جس کے مزاج میں استقلال ہو ـ ثابت قدم ♦

مُستقیم (ع) سیدھا ـ دُرست ـ مضبوط ♦

مَستک (مَس ـ تک ، س ـ مؤنّث) (۱) ماتھا ـ پیشانی (۲) ہاتھی کا ماتھا ♦

مُستکبِر (مُس ـ تک ـ بِر) (ع) متکبّر ـ مغرور ـ گھمنڈی ♦

مُستلزِم (مُس ـ تَل ـ زِم) (ع) کوئی کام اپنے اُوپر لازم کرنے والا ـ لازمی ♦

مستلزم سزا (ع ـ ف) بقانون ، قابل سزا ـ واجب التعزیر ـ سزا کا مستوجب ♦

مُستمِر (مُس ـ تمِر) (ع) ہمیشہ رہنے والا ـ دائم ـ مضبوط ـ پائدار ـ مستقل ـ پیوستہ ♦

مُستمِع (مُس ـ تمِع) (ع) سننے والا ♦

مُستمند (مُس ـ تمند) (ف) (۱) (لغوی معنی) غمگین (۲) (مجازاً) حاجتمند ♦

مُستنَد (مُس ـ تنَد) (ع) سند یافتہ ـ سند پایا ہُوا ـ معتبر ـ تصدیق کیا ہُوا ـ معتبر ♦

مُستنبط (مُس ـ تَن ـ بَط) (ع) اخذ کیا گیا ـ چُنا گیا ـ چھانٹا گیا ♦

مَستوجب (مَس ـ تَو ـ جِب) (ع) واجب ـ لائق ـ قابل ـ سزاوار ـ لازم ہونے والا ♦

مَستور (مَس ـ تُور) (ع) چُھپا ہُوا ـ مخفی ـ پوشیدہ ♦

مستورات (ع ـ مؤنّث) پردہ نشین عورتیں ـ پردے میں بیٹھنے والی عورتیں ♦

مُستوفی (مُس ـ تَو ـ فی) (ع ، مذکّر) (لغوی معنی) (۱) پُورا لینے والا (۲) (مجازاً) محاسب اعلیٰ جو اپنے ماتحتوں کے حساب کتاب کی جانچ پڑتال کرے ـ اکونٹنٹ جنرل ♦

مَستول (مَس ـ تُول) (ع ـ مذکّر) جہاز یا کشتی کا ستون ♦

مُستولی (مُس ـ تَو ـ لی) (ع) غالب ـ چھا جانے والا ـ قابو پانے والا ♦

مُستوی (مُس ـ تَوی) (ع) برابر ـ ہموار ♦

مُستہام (مُس ـ تہام) (ع) سرگشتہ ـ حیران ـ پریشان ♦

مَستی (ف ـ مؤنّث) (۱) نشہ ـ خمار ـ مدہ (۲) بے ہوشی ـ مدہوشی (۳) شہوت کا جوش ـ چہل ـ آگ ـ باہ ـ خواہش نفسانی (۴) خوشی کی حرکتیں ـ آنند (۵) حیوانات کی منی (۶) وُہ پانی جو جوش مستی میں درخت ـ پہاڑ ـ یا حیوانات سے ٹپکتا ہے ♦

مستی آنا (ل) مستانا ـ گرم ہونا ـ شہوت میں بھرنا ♦

مستی چڑھنا (ل) مستی میں بھر نا ـ متوالا ہونا ـ شہوت کا جوش مارنا ♦

مِسٹر (مِس ـ ٹَر) (انگریزی ـ Mester) (مذکّر) صاحب ـ جناب ـ انگریزوں میں تعظیمی خطاب ـ جیسے ہم میں لالہ ـ میاں ♦

مِسٹرس (انگریزی ـ Mistress) (مؤنّث) (۱) اُستانی ـ معلّمانی ـ کدبانو (۲) قحبہ ـ رنڈی ـ داشتہ عورت ـ

مُشٹنڈا (مُش۔ ٹَن۔ ڈا) (ہ۔ مو) بُہت موٹا۔ فربہ اندام۔ جسیم۔ تیار۔ ہٹّا کٹّا ♦

مُشٹنڈی (ہ۔ مؤنث) موٹی عورت۔ ہٹّی کٹّی ♦

مَسجِد (مَس۔ جِد) (ع۔ مؤنث) سر جھکانے یعنی سجدہ کرنے کی جگہ۔ نماز پڑھنے کی جگہ۔ عبادت خانہ۔ خانۂ خدا ♦

مسجد ڈھانا (ف) مسجد گرانا۔ خدا کا گھر گرانا (۲) بڑا بھاری گناہ کرنا ♦

مسجد ڈھے گئی محراب رہ گئی (ف) (مثل) اصل چیز جاتی رہی۔ صرف نشانی اور نام باقی رہ گیا ♦

مُسجّع (مُسَجّ۔ جَع) (ع) قافیہ بند۔ مقفّیٰ عبارت۔ وہ بات جس میں تُک بندی ہو۔ وہ عبارت یا مضمون جس کے الفاظ آپس میں ہم قافیہ۔ یا ہم وزن ہوں ♦

مُسجّل (مُسَجّ۔ جَل) (ع۔ مذکر) (۱) وہ کاغذ جس پر حاکم یا قاضی کی مُہر ثبت ہو (۲) مجازاً۔ صحیح۔ درست۔ ثابت شدہ ♦

مسجُود (مَس۔ جُود) (ع) سجدہ کیا گیا۔ جسے سجدہ کریں ♦

مَسح (مَسح) (ع) (مذکر) (۱) ہاتھ ملنا۔ ہاتھ پھیرنا (۲) وضو یا غسل کرتے وقت ہاتھ کو کسی عضو پر پھیرنا ♦

مَسخ (مَسخ) (ع) اچھی صُورت سے بُری شکل ہونا۔ بدل کر بُری صورت ہو جانا ♦

مسخ ہو جانا (ف) صُورت بگڑ جانا۔ چہرہ پلٹ جانا۔ اچھی سے بُری صُورت ہو جانا ♦

مُسخّر (مُسَخّ۔ خَر) (ع) تابع کیا گیا۔ تسخیر کیا گیا۔ قبضہ کیا گیا۔ فتح کیا گیا ♦

مسخرگی (مَس۔ خَرگی) (ف۔ مؤنث) تمسخر۔ ہنسی۔ مسخرہ پن ♦

مسخرہ (مَس۔ خَرَہ) (ع۔ مذکر) ظریف۔ ٹھٹھے باز۔ مذاقیا ♦

مسخرہ پن (ف) (مذکر) ہنسی ٹھٹھا۔ تمسخر ♦

مُسدّس (مُسَد۔ دَس) (ع) (مذکر) (۱) شش پہلو۔ چھ کونیا۔ چھ ضلعوں کی شکل (۲) وہ نظم جس کے چار مصرعے ہم قافیہ اور اخیر کی بیت بطور گرہ دوسرے قافیے کے ساتھ ہو ♦

مَسدُود (مَس۔ دُود) (ع) (۱) بند کیا گیا۔ روکا گیا (۲) بند بند کیا ہوا ♦

مسرّات (مَسَر۔ رات) (ع) (مؤنث) خوشیاں ♦

مسرّات اُمید (ع۔ ف) (مؤنث) وہ خوشیاں جن سے آئندہ مستفید ہونے کی اُمید ہو ♦

مسرّات بدخواہی (ع۔ ف) (مؤنث) وہ خوشیاں جو دشمنوں کی تکلیف وغیرہ دیکھ کر حاصل ہوں ♦

مسرّات تمدنی (ع۔ ف) (مؤنث) وہ خوشیاں جو ایک شہر یا ملک میں باہم رہنے سہنے کے متعلق ہوں ♦

مسرّات جدت (ع۔ مؤنث) وہ خوشیاں جو نئی چیزوں کے دیکھنے سے پیدا ہوں ♦

مسرّات طبعی (ع۔ ف) (مؤنث) فطری (قدرتی) خوشیاں ♦

مسرّات علمی (ع۔ ف) (مؤنث) علمی تحقیقات یا معلومات سے حاصل شدہ خوشیاں ♦

مسرّات متعلق (ع۔ مؤنث) وہ خوشیاں جو کسی پسندیدہ شے کے تعلق سے حاصل ہوں ♦

مسرّات نجات (ع۔ مؤنث) غم سے رہائی پانے کی خوشیاں ♦

مسرّت (مَسَر۔ رَت) (ع۔ مؤنث) خوشی۔ خرّمی۔ شادمانی۔ فرحت ♦

مُسرِف (مُس۔ رِف) (ع) بیہودہ خرچ کرنے والا۔ فضول خرچ۔ کھاؤ ♦

مَسرُور (مَس۔ رُور) (ع) خوش۔ آنندمگن۔ شادمان ♦

مَسرُوقہ (مَس۔ رُو۔ قَہ) (ع) چُرائی ہوئی چیز ♦

مُسطّح (مُسَط۔ طَح) (ع) بچھا ہوا۔ پھیلا ہوا۔ سطح کیا گیا۔ چوڑا۔ کھلا ہوا ♦

مِسطر (مِس۔ طَر) (ع) (مذکر) (۱) وہ کاغذ جس پر سطریں بنانے کے لئے ڈورے کھینچ لیتے ہیں (۲) لوہے کی چھوٹی پٹی جس سے کاغذ کاٹتے ہیں ♦

مَسطُور (مَس۔ طُور) (ع) سطر کیا گیا۔ اُوپر لکھا گیا۔ مرقومہ بالا۔ مرقوم۔ تحریر کیا گیا۔ لکھا گیا ♦

مَسعُود (مَس۔ عُود) (ع) سعید۔ نیک۔ مُبارک۔ سعادتمند۔ بختاور ♦

مَسقط (مَس۔ قَط) (ع۔ مذکر) (۱) گرنے کی جگہ (۲) ایک مشہور شہر جو ایشیائی روم میں واقع ہے وہاں کا حلوا بہت مشہور ہے ♦

مسقط الراس (ع۔ مذکر) پیدا ہونے کی جگہ۔ جنم بھوم۔ زاد بوم۔ جائے پیدائش۔ مولد۔ وطن ♦

مسقط کا حلوا (مذکر) ایک قسم کا نہایت مزیدار حلوا جو اُونٹنی کے دُودھ سے تیار کیا جاتا ہے۔ اکثر مسقط سے آتا ہے ♦

مُسقّف (مُسَق۔ قَف) (ع) چھت ڈالا گیا۔ پاٹا گیا ♦

مِشک (مِشک) (ع۔ مذکر) مُشک۔ کستوری ♦

مَسکٹ (مَس۔ کَٹ) (ہ) (مؤنث) کپڑے کا ذرا سا پھٹ جانا۔ یہ لفظ خاص کر چولی (انگیا) کے متعلق بولا جاتا ہے ♦

مسکٹ جانا (ف) پھٹ جانا۔ چاک ہو جانا ♦

مُسکّا (مُسک۔ کا) (ہ) (مذکر) وہ چھینکا جو چوپایوں کے مُنہ پر اس لئے باندھ دیتے ہیں۔ کہ وہ کسی چیز پر مُنہ نہ ڈالیں ♦

مُسکِت (مُس۔ کِت) (ع) خاموش کرانے والا ♦

مُسکِر (مُس۔ کِر) (ع۔ مؤنث) نشہ پیدا کرنے والی چیز ♦

مُسکرات (ع۔ مؤنث) وہ چیزیں جو نشہ پیدا کریں ♦

مُسکرانا (مُس۔کرا۔نا) (ہ) تبسّم کرنا۔ ہنسنا ۔

مُسکراہٹ (ہ۔مؤنث) ہونٹوں میں ہنسنا۔ وہ ہنسی جس میں دانت نہ کھلیں ۔

مَسکَن (مَس۔کَن) (ع۔ مذکر) جائے سکونت۔ رہنے کی جگہ۔ گھر۔ مکان۔ ٹھکانا ۔

مَسکنا (ہ) پھٹنا۔ چاک ہونا۔ چرنا ۔

مَسکَنت (مَس۔کَنَت) (ع۔ مؤنث) (۱) مفلسی (۲) عاجزی ۔

مِسکوٹ (مِس۔کوٹ) (ا۔ مؤنث) صلاح۔ مشورہ ۔

مُسکوڑا (مُس۔کو۔ڑا) (ہ۔ مذکر) (عوام) مسوڑھا ۔

مُشکوڑا (مُش۔کو۔ڑا) (ہ۔ مذکر) کروٹ کا دھچکا ۔

مُسکوڑا لینا (ہ) دفعتاً کروٹ بدلنا۔ دھچکے سے کروٹ بدلنا ۔

مَسکوک (مَس۔کوک) (ع) سکّہ کیا ہوا۔ ٹھپّہ لگا ہوا۔ سرکاری چھاپ کا سکّہ ۔

مَسکہ (مَس۔کہ) (ف۔ مذکر) تازہ نکلا ہوا۔ کچا گھی۔ مکھن ۔

مِسکین (مِس۔کین) (ع) (۱) عاجز۔ غریب۔ بے چارہ۔ ناتواں (۲) نادار۔ مفلس (۳) بھولا۔ کنگال (۴) نرم۔ حلیم۔ بردبار (۵) وہ شخص جس کے پاس اتنا مال نہ ہو کہ اس پر زکوٰۃ واجب آسکے ۔

مِسکین صُورت (ا۔ مذکر) (۱) وہ شخص جس کی صورت پر مسکینی اور غربت برستی ہو (۲) بعض اوقات شریر آدمی کو بھی کہتے ہیں۔ گربۂ مسکین ۔

مِسکین طبع (ا۔ مذکر) فروتن۔ بردبار۔ حلیم الطبع۔ وہ شخص جس کی طبیعت میں بالکل شر نہ ہو ۔

مِسکینی (ع۔ مؤنث) (۱) غریبی۔ عاجزی۔ انکسار۔ فروتنی (۲) مفلسی۔ ناداری ۔

مِسل (مِسَل) (ع) (مذکر) مقدمے کے کاغذات۔ روئداد مقدمہ ۔

مِسل کشی (ا۔ ع) (مؤنث) مقدمے کے کاغذات کی چوری۔ مسل ۔

مَسَل (مَسَل) (ہ) مَسَلنا کا امر ۔

مَسَل ڈالنا (ہ) مَل ڈالنا۔ کچل ڈالنا۔ مسل ڈالنا۔ توڑنا مروڑنا ۔

مَسَل کر (ہ) مَل دَل کر۔ کچل کر۔ توڑ مروڑ کر ۔

مُسلّح (مُسَل۔لَح) (ع) ہتھیار بند۔ لڑائی کے ہتھیار لگائے ہوئے ۔

مُسلّح ہونا (ا) ہتھیار باندھ کر لڑنے کو تیار رہنا۔ کمربستہ ہونا ۔

مَسلَخ (مَس۔لَخ) (ع۔ مذکر) وہ جگہ جہاں جانوروں کو ذبح کرکے کھال وغیرہ اُتار کر صاف کیا جائے۔ کمیلا ۔

مُسلسَل (مُسَل۔سَل) (ع) سلسلہ وار۔ متواتر۔ پے در پے۔ مُتّصل ۔

مُسلّط (مُسَل۔لَط) (ع) قبضہ کرنے والا۔ قابض۔ غالب۔ طاقت ور ۔

مَسلک (مَس۔لَک) (ع) (مذکر) (۱) راستہ۔ راہ (۲) طریقہ۔ قاعدہ۔ دستور ۔

مُسلِم (مُس۔لِم) (ع۔ مذکر) مسلمان۔ اسلام رکھنے والا۔ جس کا اسلام پر عقیدہ ہو ۔

مُسلّم (مُسَل۔لَم) (ع) (۱) پورا۔ کامل۔ ثابت۔ سارا۔ سب (۲) مانا گیا۔ تسلیم کیا گیا (۳) (ا) درست۔ بجا۔ ٹھیک۔ بیشک (۴) (ا) ضرور۔ واجب۔ فرض ۔

مسلّم الثبوت (ع) جو ثبوت کا محتاج نہ ہو ۔

مُسلّمات (ع۔ مذکر و مؤنث) تسلیم کی ہوئی باتیں ۔

مُسلمان (مُس۔ل۔مان) (ف۔ مذکر) مسلم۔ مومن۔ دین محمدی کا پیرو۔ وہ شخص جس کا مذہب اسلام ہو ۔

مُسلمان ہونا (ہ) اسلام لانا۔ دین محمدی قبول کرنا ۔

مُسلمانان درگور و مسلمانی در کتاب (ف) (مثل) نیک لوگ گزر گئے۔ اور نیکی کی باتیں کتابوں میں رہ گئیں ۔

مُسلمانی (ہ) (مؤنث) مسلمان عورت ۔

مُسلمانی (ف) (۱) مسلمان سے منسوب۔ مسلمان سے نسبت رکھنے والا (۲) اسلام۔ اسلامیت (۳) (ا) ختنہ۔ سنّت (۴) ہندوؤں میں مسلمان کی عورت۔ مسلمان عورت ۔

مُسلمانی اور آنا کانی (ہ) (مثل) نیک آدمی کو بے مروّتی زیبا نہیں۔ مسلمان ہو کر ہمدردی نہ کرنا ۔

مُسلمانی آبادانی (ہ) (مثل) مسلمانی باعث برکت ہے ۔

مُسلمانی کرنا (ا) ختنہ کرنا۔ سنّت کرنا ۔

مُسلّمہ (ع) مانا گیا ۔

مُسلِمہ (ع۔ مؤنث) مسلمان عورت ۔

مُسلِمین (ع۔ مذکر) مسلم کی جمع۔ مسلمان لوگ ۔

مَسلنا (ہ) (۱) ہاتھوں سے ملنا۔ رگڑنا (۲) کچلنا۔ روندنا (۳) پیسنا۔ دبانا ۔

مَسلوب (مَس۔لوب) (ع) سلب کیا گیا۔ چھین لیا گیا۔ اٹھا لیا گیا ۔

مسلوب الحواس } (ع) وہ شخص جس کے ہوش و حواس سلب
مسلوب العقل } ہو گئے ہوں۔ مجنوں۔ پاگل۔ دیوانہ۔ مخبوط الحواس

مَسلوک (مَس۔لوک) (ع) (۱) جاری کیا گیا (۲) سلوک کیا۔ احسان کیا گیا ۔

مَسلُول (مَس۔لول) (ع) (۱) سِل کی بیماری والا (۲) کھینچا ہوا ۔

مُسَمّاۃ (مُسَم-مات) (ع-مؤنث) (۱) علامتِ تانیث - وُہ لفظ یا خطاب جو عورت کے نام سے پہلے لگایا جاتا ہے (۲) نام رکھی گئی ♦

مِسمار (مِس-مار) (ع-مذکر) میخ - کھونٹی (۲) (ل-ف) گرایا ہُوا - منہدم ♦

مِسمار کرنا (ل) گرانا - ڈھانا - منہدم کرنا - ویران کرنا - تباہ کرنا - برباد کرنا ♦

مِسماع (مِس-ماع) (ع-مذکر) سُننے کا آلہ ♦

مِسماعُ الصّدر (ع-مذکر) وُہ آلہ جس کا ایک حصّہ ڈاکٹر لوگ اپنے کانوں میں لگاتے اور دوسرا مریض کے سینے یا پُشت وغیرہ پر لگا کر بیماری کی تشخیص کرتے ہیں ♦

مِسمریزم (مِس-مَرے-زِم) (انگریزی - میسمرزم Mesmerism) (مذکر) ایک علم کا نام جس میں تصوّر یا خیال باندھ کر انسان یا حیوان کو بے ہوش کیا جاتا ہے ♦

مُسمُسی (مُس-مُس-سی) (ہ) گھُنّا - دِل میں غریب مسکین صورت - چُپ چپاتا ♦

مُسمُسی صُورت (ا-مؤنث) غریب صُورت - گریہ - مسکین ♦

مُسَمَّط (مُسَم-مَط) (ع-مذکر) نظم کی ایک قسم ♦

مَسمُوع (مَس-مُوع) (ع) سُنا گیا - قبول کیا گیا ♦

مَسمُوم (مَس-مُوم) (ع-مذکر) زہر دیا گیا - وُہ جسے زہر کھلایا گیا ہو ♦

مُسَمّٰی (مُسَم-ما) (ع) نام رکھا گیا - موسوم - پُکارا گیا ♦

مُسِن (مُسِن) (ع) (۱) عمر رسیدہ - بُوڑھا (۲) پُرانا - (۳) تجربہ کار - دانا ♦

مُسنا (ہ) (۱) مَلا جانا - مَلنے میں آجانا (۲) (عو) لُٹنا - لُوٹا جانا ♦

مَسنَد (مَس-نَد) (ع) (مؤنث) تکیہ لگا کر بیٹھنے کی تکیہ گاہ (۲) تخت - صدر ♦

مَسنَد آرا (ع-ف) (مذکر) مسند نشین - مسند کو زینت دینے والا ♦

مسند کا گدھا (ل) (مذکر) بیوقوف امیر - کاٹھ کا اُلّو ♦

مَسند نشین ہونا (ل) تخت نشین ہونا - گدی پر بیٹھنا ♦

مَسند نشینی (ع-ف) (مؤنث) تخت نشینی - راج گدّی کی جلوس ♦

مُسنَد (مُس-نَد) (ع-مذکر) پیٹھ لگا کر بیٹھنے کی جگہ (۲) نحو کی اصطلاح میں وہ خبر جو مُبتدا کی نقیض ہے ♦

مُسنَدُ الیہ (ع-مذکر) علم نحو میں مبتدا کو کہتے ہیں ♦

مَسنُون (مَس-نُون) (ع) بااصول کام - جو شرع کی رُو سے جائز ہو اور جسے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود کیا ہو ♦

مِسواک (مِس-واک) (ع-مؤنث) داتن - دانت صاف کرنے کی ریشہ دار لکڑی ♦

مِسواک کرنا (ل) دانتوں کو داتن سے صاف کرنا - داتن کرنا ♦

مُسوانا (مُس-وا-نا) (ہ) (عو) لُٹوانا - چوری کرانا ♦

مُسَوَّدہ - مُسوَدّہ (مُسو-وَدہ - مُس-وَد-دَہ) (ع-مذکر) (۱) (لُغوی معنی) لکھا ہُوا (۲) (اصطلاحی) وہ تحریر جو پہلی دفعہ سرسری لکھی گئی ہو - پہلی کاپی (۳) مضمون (۴) (ل) منصوبہ - مُدّعا - مطلب ♦

مُسوّدہ گانٹھنا (ل) (۱) مضمون بنانا (۲) ارادہ گانٹھنا - منصوبہ باندھنا ♦

مَسُور (مَسُور) (ہ) (مؤنث) ایک قسم کا غلّہ جو بطور سالن کے پکا کر کھاتے ہیں ♦

مَسوڑا - مَسوڑھا (مَسو-ڑا - مَسو-ڑھا) (ہ-مذکر) دانتوں کے اوپر کا گوشت ♦

مَسوس (مَسوس) (ہ) (۱) مسوسنا کا ... (مؤنث) پیچ - مروڑ - بل ♦

مسوسا (ہ) (مذکر) (عو) پچھتاوا ♦

مسوسنا (مَسوس-نا) (ہ) (۱) بل دینا - مَلنا (۲) نچوڑنا - دبانا (۳) روکنا - تھامنا (۴) غم کرنا - افسوس کرنا - صدمے کے باعث دل پر ہاتھ رکھنا ♦

مَسہری (مَس-ہَری) (ہ) (مؤنث) چھپر کھٹ - ایک قسم کا پلنگ جس پر مکھیوں اور مچھروں سے بچنے کے لئے جالی لگا دیتے ہیں ♦

مُسہِل (مُس-ہِل) (ع) (۱) دست آور - اسہال لانے والا (۲) (مذکر) وہ دوا جس سے دست آئیں - جُلّاب ♦

مسہل لینا (ل) دست آور دوا کھانا - جلاب لینا ♦

مسئلہ (مس-آ-لہ) (ع-مذکر) (۱) سوال - کوئی پوچھی ہوئی بات (۲) (ل) کوئی دینی بات - مذہبی قانون ♦

مسئُول (مس-اُول) (ع) (۱) سوال کیا گیا - مانگا گیا (۲) ذمّہ دار - جواب دہ ♦

مِسی (مِسی) (س-مؤنث) سیاہی - روشنائی - مداد ♦

مِسی (مِسی) (ف) تانبے کا - تانبے کا بنا ہُوا ♦

مِسّی } (۲) موٹے جھوٹے اناج کی روٹی - جوال
مسّی تِسّی } دلیا ♦

مِسی - مِسّی (مِسی - مِس-سی) (ہ) (مؤنث) - ایک قسم کا منجن جسے عورتیں بطور سنگار کے استعمال کرتی ہیں - اس سے دانت سیاہ اور چمکدار ہو جاتے ہیں ♦

مِسّی کاجل کرنا (ل) عو - سنگار کرنا - دانتوں کو سیاہ کرنے والا

مجن (۲) سبزہ اگانا ✦

مِسّی کی دھڑی (ف) (مؤنث) (۱) مسّی کی تہ جو عورتیں ہونٹوں پر جماتی ہیں ✦

مِسّی لگانا - یا - مِسّی مَلنا (ل) (۱) مسّی مَلنا۔ دھڑی جمانا ✦

مَسِیت (مَسِیت) (ا) (مؤنث۔ گنوار) مسجد ✦

مَسِیح } (مَسِیح - مَسِی - حَا) (ع - مذکر) حضرت عیسیٰؑ کا لقب

مَسِیحا } جو بطور معجزہ مُردے کو زندہ کر دیتے تھے ✦

مسیحائی (ف) (مؤنث) مسیحؑ کے معجزے والی طاقت۔ اعجاز نمائی۔ حیات بخشی ✦

مسیحائی کرنا (ل) (۱) اعجاز دکھانا۔ حیات بخشنا۔ زندہ کرنا (۲) مرتے کو بچانا۔ جان بلب بیمار کو تندرست کرنا ✦

مسیحی (ع - ف) حضرت مسیحؑ کی طرف منسوب۔ عیسائی ✦

مسیلمہ (مُسَیلِ - مَہ) (ع - مذکر) عرب کا ایک کافر جس نے نبوّت کا دعویٰ کیا تھا ✦

مَسِیں (ہ) (مؤنث) مونچھوں کے روئیں جو ابتداء میں نکلتے ہیں ✦

مسیں بھیگنا (ل) سبزہ آغاز ہونا۔ مونچھوں کے روئیں نکلنا ✦

مِسینہ (مِسِی - نَہ) (ہ - مذکر) موٹا اناج۔ غریبوں کے کھانے کا غلّہ ✦

م-ش

مُشابہ (مُشَا - بِہ) (ع) مانند۔ مثل۔ نظیر۔ مطابق ✦

مُشابہت (مُشَا - بَہَت) (ع - مؤنث) موافقت۔ مطابقت۔ شکل۔ شبیہہ۔ تشبیہ ✦

مُشار (مُشَا - ر) (ع) اشارہ کیا گیا۔ بتایا گیا ✦

مُشارُ الیہ (ع - مذکر) وہ شخص یا چیز جس کی طرف اشارہ ہو چکا ہو۔ مذکورالصدر ✦

مَشارِب (مَشَا - رِب) (ع - مذکر) (۱) پانی پینے کی جگہیں (۲) مذاہب۔ طریقے ✦

مَشارِق (مَشَا - رِق) (ع - مذکر) مشرق کی جمع ✦

مُشارَکت (مُشَا - رَکَت) (ع - مؤنث) باہم شرکت کرنا ✦

مَشّاطہ (مَش - شَا - طَہ) (ع - مؤنث) (۱) وہ عورت جو دلہن کو کنگھی چوٹی کرکے بنا سنوار کر بٹھائے (۲) (ل) نائن۔ وہ عورت جو بیاہ شادی کے رشتے کرائے۔ دلّالہ ✦

مُشاعَرہ (مُشَا - عَرَہ) (ع - مذکر) شاعروں کا باہم جمع ہو کر شعر خوانی کرنا ✦

مشاعرہ پڑھنا (ل) مشاعرے میں شعر پڑھنا ✦

مَشاغِل (مَشَا - غِل) (ع - مذکر) شغل۔ کام۔ مشغلے۔ شغل کی جمع ✦

مُشافَہہ (مُشَا - فَہہ) (ع - مذکر) سامنے۔ رو برو۔ مُنہ در مُنہ ✦

مَشّاق (مَش - شَاق) (ع) ماہر۔ بہت مشق رکھنے والا۔ تجربہ کار۔ نہایت مہارت رکھنے والا ✦

مَشّاقی (ع - مؤنث) مہارت۔ دسترس۔ نہایت مشق۔ تجربہ ✦

مَشام (مَشَام) (ع - مذکر) دماغ۔ سونگھنے کی جگہ ✦

مُشاوَرت (مُشَا - وَرَت) (ع - مؤنث) باہم صلاح کرنا۔ مشورہ کرنا۔ پنچایت ✦

مُشاہدہ (مُشَا - ہَدَہ) (ع - مذکر) (۱) دیکھنا۔ دید۔ معاینہ۔ دیکھنا (۲) صوفیوں کی اصطلاح میں انوارِ الٰہی کا نظارہ ✦

مُشاہدہ کرنا (ل) (۱) دیکھنا۔ معاینہ کرنا۔ دیکھ کر تجربہ کرنا (۲) صوفیوں کی اصطلاح میں نورِ الٰہی سے مشرف ہونا ✦

مُشاہَرہ (مُشَا - ہَرَہ) (ع - مذکر) تنخواہ۔ طلب۔ ماہوار۔ ماہیانہ۔ وظیفہ ✦

مَشاہیر (مَشَا - ہِیر) (ع - مذکر) مشہور لوگ۔ بزرگ آدمی ✦

مَشائِخ (مَشَا - ئِخ) (ع - مذکر) شیخ کی جمع۔ بزرگ آدمی۔ عالم۔ صوفی۔ متقی۔ پارسا ✦

مَشّائین (مَش - شَا - ئِین) (ع - مذکر) چلنے والے۔ وہ حکیم جو ایک دوسرے کے پاس جا کر تحصیلِ علم کیا کرتے تھے ✦

مُشایَعت (مُشَا - یَعَت) (ع - مؤنث) (۱) پیروی۔ تقلید (۲) کسی کو رخصت کرنے کے لئے تھوڑی دور تک جانا ✦

مُشَبَّک (مُشَب - بَک) (ع) جالی دار۔ وہ چیز جس میں بہت سے سوراخ ہوں ✦

مُشَبَّہ (مُشَب - بَہ) (ع - ۱) تمثیل دیا گیا۔ نظیر دیا گیا۔ نسبت دیا گیا۔ مقابلہ کیا گیا۔ وہ چیز جسے کسی دوسری چیز سے تشبیہ دی جائے ✦

مُشَبَّہٌ بِہ (ع - مذکر) وہ چیز جس کے ساتھ تشبیہ دیں ✦

مُشت (مُشت) (ف - مذکر) (۱) مُکّا۔ ڈُک۔ گھونسا (۲) (مؤنث) مٹھی ✦

مُشتِ استخوان (ف - مذکر) مٹھی بھر ہڈیاں (۲) نہایت کمزور۔ دُبلا پتلا ✦

مُشتِ خاک (ف) (مؤنث) (۱) مٹھی بھر خاک (۲) (مجازاً) انسان۔ جو مٹی سے بنا ہے ✦

مُشت زَن (ف - مذکر) (۱) مُکّے سے لڑنے والا۔ گھونسا باز (۲) کشتی کرنے والا۔ پہلوان (۳) جلق باز ✦

مُشت زَنی (ف - مؤنث) جلق۔ ہتھرس۔ مٹھ مارنا ✦

مُشتِ غُبار (ف - مذکر) (۱) تھوڑا سا غبار (۲) مُردہ انسان کی مٹی جو بدن کے گل سڑ جانے کے بعد باقی رہ جاتی ہے ✦

مُشت مال } (ف) مؤنث۔ مٹھی چاپی۔ وہ مالش جو حمامی

مُشت مالی } حمام میں کرتے ہیں ✦

مُشت مالی کرنا (ف) بدن کو نہانے سے پہلے مَلنا دَلنا۔ جسم کی مالش کرنا۔ حماموں کا غسل وغیرہ سے پہلے دلائی کرنا ◆

مُشتاق (مُش۔ تاق) (ع) (۱) آرزومند۔ شائق۔ خواہاں۔ طالب۔ خواہشمند (۲) انتظار کرنیوالا۔ مُنتظر ◆

مُشتاقانہ (ع۔ ف) مُشتاق کی مانند۔ خواہشمندانہ ◆

مُشتبہ (مُش۔ تَبِہ) (ع) مشکوک۔ جس میں شُبہ ہو۔ مذبذب۔ شک کیا گیا ◆

مُشترَک (مُش۔ تَرَک) (ع) (۱) شرکت کیا ہُوا (۲) وہ لفظ جو کئی معنی دے

مُشترِک (مُش۔ تَرِک) (ع) (۱) شریک۔ شرکت کرنے والا۔ (۲) اخبار کا خریدار ◆

مُشترکہ (ع) مشترک۔ شرکت کا۔ ساجھے کا ◆

مُشتری (مُش۔ تَرِی) (ع، مذکر) (۱) خریدار۔ مول لینے والا (۲) ایک ستارہ جو چھٹے آسمان پر ہے۔ اور سعد اکبر سمجھا جاتا ہے ◆

مُشتری بیع مشروط (ع۔ مذکر) شرط پر خریدنے والا ◆

مُشتری ہوشیار باش (ف) خریدار کو سودا دیکھ بھال کر لینا چاہیئے۔ اگر کسی سودے میں بعد کو نقصان ہو۔ تو خریدار کی شکایت پر طنزاً بولتے ہیں ◆

مُشتعِل (مُش۔ تَعِل) (ع) بھڑکتا ہُوا۔ سوزاں۔ شعلہ زن ◆

مُشتعِل ہونا (و) بھڑکنا۔ شعلہ مارنا ◆

مُشتق (مُش۔ تَق) (ع) ماخوذ۔ وہ لفظ جو کسی دوسرے لفظ سے بنایا گیا ہو۔ وہ صیغہ جو مصدر سے بنا ہو ◆

مُشتمِل (مُش۔ تَمِل) (ع) شامل۔ شریک۔ مشمولہ ◆

مُشتہِر (مُش۔ تَہِر) (ع) منادی کرنے والا۔ مشہور کرنے والا ◆

مُشتہر کرنا (ا) شہرت دینا۔ مشہور کرنا۔ اشتہار دینا۔ منادی کرنا ◆

مُشتہَر (مُش۔ تَہَر) (ع) شہرت دیا گیا۔ مشہور کیا گیا ◆

مُشتہی (مُش۔ تَہِی) (ع) (۱) آرزومند۔ خواہش کرنے والا (۲) (طب) بھوک لگانے والا ◆

مُشتے کہ بعد از جنگ یاد آید بر کلّۂ خود باید زد (ف) (مثل) کسی بات کا موقع کے بعد یاد آنا سوا پچھتاوے کے بے سُود ہے۔ لڑائی کے بعد اپنے منہ پر مُکّا مارنا چاہیئے ◆

مُشتے نمونہ از خروارے (ف) (مثل) تھوڑے سے کُل چیز کی اصلیت معلوم ہو جاتی ہے ◆

مشٹ (مَشٹ) (ہ) (مؤنث) (ہندو) چُپ۔ خاموشی۔ کم گوئی ◆

مَشٹ مارنا (ہ) (ہندو) خاموش رہنا۔ چُپ رہنا۔ سُنی اَن سُنی کر دینا ◆

مَشٹ مارے جانا (ہ) چُپ اور خاموشی کے ساتھ چلے جانا ◆

مِشٹ (مِشٹ) (س) (ہندو) شیریں۔ میٹھا ◆

مِشٹان (مِش۔ ٹان) (س، مؤنث) (ہندو) شیرینی۔ مٹھائی ◆

مُشٹنڈا (مُش۔ ٹَن۔ ڈا) (ہ) (دیکھو مُسٹنڈا) ◆

مُشٹنڈی (ہ) (دیکھو مُسٹنڈی) ◆

مُشجّر (مُش۔ جّر) (ع) پھول دار کپڑا۔ جس پر بیل بوٹے بنے ہوئے ہوں ◆

مشحون (مَش۔ حُون) (ع) بھرا گیا ◆

مُشخّص (مُش۔ خّص) (ع) تشخیص کیا گیا۔ تجویز کیا گیا ◆

مُشخّص جمع (ع۔ مؤنث) تشخیص کی ہوئی مال گزاری ◆

مُشدّد (مُشَد۔ دَد) (ع) (۱) تشدید دیا گیا۔ وہ حرف جو تشدید سے زور دے کر پڑھا جائے (۲) باندھا گیا ◆

مِشر (مِشر) (س) مذکر (ہندو) (۱) ملا جلا۔ گڈ مڈ (۲) شریف۔ عزّت دار۔ معزز (۳) حکیم۔ طبیب۔ وید۔ بید (۴) برہمن کے نام کا جُز۔ برہمنوں کا خطاب (۵) رسوئی کرنے والا برہمن۔ پانی پلانے والا برہمن ◆

مِشرانی (ہ۔ مؤنث) (۱) برہمنی (۲) مشر کی بیوی ◆

مَشرب (مَش۔ رَب) (ع) (۱) پانی پینے کی جگہ۔ چشمہ۔ چھبیل (۲) دین۔ مذہب۔ ملّت (۳) طور۔ طریق۔ ڈھنگ۔ طریقہ ◆

مُشرّح (مُشَر۔ رَح) (ع) تفصیل کیا گیا۔ تشریح کیا گیا۔ صاف۔ مفصّل۔ واضح ◆

مشرّف (مُشَر۔ رَف) (ع) عزّت دیا گیا۔ شرف دیا گیا۔ معزّز ◆

مشرّف بہ اسلام ہونا (و) اسلام قبول کرنا۔ دین محمدی میں آنا۔ مسلمان ہونے کی عزّت حاصل کرنا ◆

مشرّف ہونا (ا) (۱) عزّت حاصل کرنا۔ امتیاز پانا (۲) اپنے سے ذی رُتبہ یا کسی بزرگ کی ملاقات کرنا۔ باریاب ہونا ◆

مُشرِف (مُش۔ رِف) (ع۔ مذکر) بلند جگہ۔ اونچی جگہ۔ (۲) بلند ہونے والا۔ اونچائی پر چڑھنے والا (۳) خبردار۔ نگران (۴) صدر محرّر۔ میر منشی (۵) خزانے کا مہتمم (۶) کسی بھلے یا بُرے کام کے قریب پہنچنے والا ◆

مَشرق (مَش۔ رِق) (ع۔ مذکر) سورج نکلنے کی جگہ۔ آفتاب طلوع ہونے کا مقام ◆

مَشرقی (ع) (۱) مشرق سے منسوب۔ پُوربی (۲) وہ برّ اعظم جو یورپ سے جانب شرق واقع ہو یعنی ایشیا (۳) ایشیائی ◆

مشرقی خیالات (ع۔ مذکر) (۱) ایشیائی خیالات (۲)

بولنے خیالات۔ دقیانوسی خیالات ◆
مشرقی زبان (ع۔ مؤنث) ان ملکوں کی زبان جو یورپ سے جانب مشرق واقع ہیں۔ جیسے ہندی۔ فارسی۔ عربی۔ ترکی۔ سنسکرت وغیرہ ◆
مُشرِک (مُش۔ رِک) (ع) شریک کرنے والا۔ وہ شخص جو خدا کے ساتھ کسی اور کو شریک کرے۔ بُت پرست ◆
مَشرُوط (مَش۔ رُوط) (ع) شرط کیا گیا۔ کسی شرط پر موقوف ◆
مَشرُوع (مَش۔ رُوع) (ع) جائز۔ موافق شرع ◆
مُشعِر (مُش۔ عِر) (ع) خبر دینے والا۔ اطلاع دہندہ ◆
مَشعَل (مَش۔ عَل) (ع۔ مؤنث) (۱) (لغوی معنی) روشنی کی جگہ (۲) (اصطلاحی) بڑی موٹی بتی۔ شمع ◆
مشعل جلانا (ا) شمع روشن کرنا۔ فلیتہ جلانا ◆
مشعل کی بُو دماغ میں سمائی ہے (ا) (مثل) غریبی میں بھی امیروں کا سا دماغ ہے ◆
مشعل لے کر ڈھونڈنا (ا) نہایت تلاش و تجسس کرنا۔ از حد تلاش کرنا۔ چراغ لے کر ڈھونڈنا ◆
مشعلچی (ع۔ ف۔ مذکر) مشعل جلانے یا دکھانے والا ◆
مشعلچی آپ ہی اندھا ہے (ا) (مثل) عقلمند ہی دھوکا کھاتا ہے۔ راہنما آپ ہی بے راہ ہے ◆
مشعلچی اندھا ہوتا ہے (ا) (مثل) مشعل دکھانے والا اس کی کثرت کے سبب دکھائی نہیں دیتا۔ دوسروں کیلئے راہنما اپنے لئے گمراہ ◆
مَشغَلہ (مَش۔ غَلہ) (ع۔ مذکر) (۱) شغل۔ کام۔ تفریح (۲) کھیل تماشہ (۳) (ا) ہنسی۔ ٹھٹول ◆
مَشغُول (مَش۔ غُول) (ع) معروف۔ کام میں لگا ہوا ◆
مشغولہ (ا) مذکر۔ مشغلہ۔ دل لگی ◆
مشغولی (ع۔ ف۔ مؤنث) مصروفیت ◆
مُشفِق (مُش۔ فِق) (ع) شفقت کرنے والا۔ مہربان شفیق۔ رفیق۔ دوست ◆
مشفق من (ع۔ ف۔ مذکر) میرے دوست۔ میرے رفیق۔ میرے مہربان۔ مہربان بندہ۔ یہ جملہ اکثر خطوط میں لکھا کرتے ہیں ◆
مشفقانہ (ع۔ ف) ہمدردانہ۔ مہربانہ۔ دوستانہ ◆
مشفقی (ع) میرے دوست۔ میرے مہربان ◆
مَشق (مَشَق) (ع۔ مؤنث) (۱) مہارت۔ مزاولت۔ مداومت۔ عادت۔ ربط (۲) بار بار لکھنا یا کوئی کام کرنا ◆
مشق کرنا (ا) (۱) مہارت پیدا کرنا (۲) بار بار لکھنا (۳) لگاتار کوئی کام کئے جانا ◆
مَشقّت (مَش۔ قّت) (ع۔ مؤنث) (۱) محنت۔ ریاضت۔ تکلیف۔ دکھ (۲) کام کاج۔ مزدوری ◆
مشقت بحالت قید (ع۔ ف۔ مؤنث) قید کی حالت میں سزا کی تکلیف ◆
مشقی (ع۔ مؤنث) مشق کرنے کا مرثیا کا غذ۔ سلیٹی ◆
مَشک (مَشک) (ف۔ مؤنث) پانی بھرنے کی کھال ◆
مشک چھوڑنا (ا) مشک بہانا۔ مشک کا پانی بہانا۔ چھڑکاؤ کرنا ◆
مُشک (مُشک) (ف۔ مذکر) (۱) کستوری۔ ایک خوشبودار شے۔ ایک قسم کا سیاہ سرخی مائل یا اودے رنگ کا مادہ جو کستورے ہرن کی ناف میں سے نکلتا ہے (۲) شعراء معشوق کی زلف کی سیاہی کو بھی اس سے تشبیہ دیتے ہیں (۳) کالا سیاہ ◆
مشک آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطار بگوید (ف۔ مثل) جوہر یا اچھی چیز خود ہی ظاہر ہو جاتی ہے تعریف کرنے کی ضرورت نہیں ◆
مشک اذفر (ف۔ مذکر) نہایت خوشبودار خالص کستوری ◆
مشک بلاؤ (ف۔ مذکر) ایک قسم کا جنگلی بلاؤ۔ جس کی دُم کے نیچے نافہ ہوتا اور اسی وجہ سے اس کے پسینے سے خوشبو آتی ہے ◆
مشک بو (ف) خوشبودار۔ معطر۔ معنبر ◆
مشک چین، ختن، یا خطا (ف۔ مذکر) مشک کی تین نہایت اعلےٰ قسمیں ◆
مشک نافہ (ف۔ مذکر) کستورے ہرن کی ناف جس کے اندر مشک رہتا ہے۔ وہ تھیلی جس میں کستوری رہتی ہے ◆
مُشکِل (مُش۔ کِل) (ع) (۱) سخت۔ دشوار (۲) (مؤنث) سختی۔ دشواری۔ مصیبت۔ دقت (۳) پیچیدہ۔ اُلجھا ہوا ◆
مشکل آسان ہونا (ا) (۱) مصیبت دور ہونا۔ مشکل حل ہونا۔ عذاب سے چھوٹنا (۲) جان نکلنا۔ مرنا۔ دم نکلنا ◆
مشکل آنا (ا) مصیبت آنا۔ دقت آنا۔ دشواری ہونا ◆
مشکل بننا یا پڑنا (ا) مصیبت پڑنا۔ دشواری ہونا۔ دقت پیش آنا ◆
مشکل پسند (ع۔ ف) دقت پسند۔ وہ شخص جو اپنی نظم یا نثر میں مشکل اور ادق الفاظ استعمال کرے۔ ادق لکھنے والا ◆
مشکل سے (ا) دشواری کے ساتھ۔ بدقت۔ جوں توں کر کے ◆

مشکل کُشا (ع) (۱) مشکل حل کرنے والا۔ مصیبت دُور کرنے والا۔ (۲) (مذکر) حضرت علیؓ کا لقب ◆

مشکل کُشائی کرنا (ا) کسی کا کام بنانا۔ بِپتا سے نجات دینا۔ مصیبت دور کرنا ◆

مشکل میں پڑنا (ا) دِقّت میں پڑنا۔ بکھیڑے میں پڑنا۔ آفت یا بلا میں پھنسنا ◆

مُشکلات (ع۔ مؤنث) مشکل کی جمع ◆

مِشکوٰۃ (مِش۔ کات) (ع۔ مؤنث) (۱) چراغ دان۔ فانوس (۲) حدیث کی مشہور کتاب ◆

مشکور (مَش۔ کُور) (ع) (۱) پسندیدہ (۲) شکر کیا ہوا ◆

مشکوک (مَش۔ کُوک) (ع) مشتبہ۔ شک کیا گیا۔ گمان کیا گیا ◆

مشکوئے ۔ مشکوئے معلّٰے (ف) شاہی محل سرا۔ امراء و رؤسا کا دولت خانہ۔ حرم شاہی ◆

مُشکی (ف) (۱) کالا۔ سیاہ رنگ کا (۲) (مذکر) کالے رنگ کا گھوڑا۔ سیاہ گھوڑا ◆

مُشکی رنگ (ا) (مذکر) سیاہ رنگ۔ کالا رنگ ◆

مشکیزہ (ف) مذکر۔ مشک کی تصغیر۔ چھوٹی مشک ◆

مُشکین (ف) (۱) سیاہ۔ مُشک کے رنگ کا (۲) مُشک کی سی خوشبو کا۔ معطر۔ عنبریں۔ خوشبو دار ◆

مشکیں (ا) (مؤنث) مشک کی جمع ◆

مشکیں (مُش۔ کیں) (ا۔ مؤنث) دونوں شانے۔ دونوں بازو ◆

مشکیں باندھنا (ا) دونوں شانوں کو پشت کی طرف ملا کر جکڑنا۔ پکڑنا۔ گرفتار کرنا ◆

مشمول (مَش۔ مُول) (ع) شامل کیا گیا۔ شریک کیا گیا۔ ملایا گیا ◆

مشمولہ (ع) شامل۔ شریک۔ ملا ہوا۔ ملحق۔ پیوستہ ◆

مِشن (مِشَن) (انگریزی) Mission (مذکر) (۱) رسالت۔ پیغمبری (۲) پادریوں کے رہنے کی جگہ (۳) سفارت۔ کمیشن۔ وفد (۴) پیغام۔ مقصد۔ تبلیغ ◆

مشن سکول (انگریزی) Mission School (مذکر) عیسائیوں کا سکول۔ وہ مدرسہ جہاں عیسائیت کی تعلیم دی جاتی ہے ◆

مشنری (انگریزی) Missionary (مذکر) پادری۔ مبلغ ◆

مشورت (مَش۔ وَ۔ رَت) (ع۔ مؤنث) } (۱) صلاح۔ منصوبہ۔

مشورہ (مَش۔ وَرَہ۔ مَشُو۔ رَہ) (ع۔ مذکر) } باہمی تجویز (۲) رائے (۳) سازش۔ کمیٹی۔ پنچایت ◆

مشورہ لینا (ا) (۱) رائے لینا۔ صلاح لینا۔ تدبیر پوچھنا۔ تدبیر دریافت کرنا (۲) نظم و نثر میں اصلاح لینا ◆

مُشوَّش (مُشَوْ۔ وَش) (ع) پریشان۔ مضطرب۔ حیران ◆

مُشوِّش (مُشَوْ۔ وِش) (ع) پریشان کرنے والا ◆

مشئوم (مَش۔ ءُوم) (ع) منحوس ◆

مشہد (مَش۔ ہَد) (ع۔ مذکر) (۱) حاضر ہونے کی جگہ (۲) شہید ہونے کی جگہ۔ شہادت گاہ۔ شہیدوں کا قبرستان (۳) ایران کا ایک مشہور شہر جسے "طوس" بھی کہتے ہیں ◆

مشہود (مَش۔ ہُود) (ع) حاضر کیا گیا۔ موجود۔ ظاہر۔ ثابت کیا گیا ◆

مشہور (ع) (۱) شہرت کیا گیا۔ نامور (۲) طشت از بام ◆

مشہور و معروف (ع) نامی۔ نامدار۔ جسے سب جانتے ہوں ◆

مشہور ہے (ا) افواہ ہے۔ زبان زد خلائق ہے۔ کہتے ہیں ◆

مشیّت (مَشی۔ یَت) (ع۔ مؤنث) (۱) خواہش۔ مرضی۔ ارادہ۔ (۲) قسمت۔ تقدیر ◆

مشیّت ایزدی (ع۔ ف۔ مؤنث) تقدیر الٰہی۔ حکم ربی۔ اللہ کی مرضی ◆

مشیخت (مَشی۔ خَت) (ع۔ مؤنث) (۱) بزرگی (۲) شیخی۔ غرور۔ گھمنڈ ◆

مشیخت مآب (ع۔ مذکر) مشیخت پناہ۔ عزت دار۔ متکبر اور شیخی سے بھرا ہوا ◆

مُشیَّد (مُشَی۔ یَد) (ع) گچ اور چونے سے پکا کیا ہوا ◆

مُشیر (ع۔ مذکر) (۱) صلاح کار۔ مشورہ دینے والا۔ تدبیر بتانے والا۔ رائے دینے والا (۲) کارپرداز۔ دیوان۔ مصاحب ◆

مُشیر الدولہ (ع۔ مذکر) ایک شاہی خطاب ہے جو بڑے بڑے امراء و وزراء کو دیا جاتا ہے۔ سلطنت کا صلاح کار ◆

مُشیر خاص (ع۔ مذکر) مصاحب خاص۔ پرائیویٹ سیکرٹری ◆

مُشیر مال (ع۔ مذکر) وزیر مال۔ وہ شخص جو محکمہ مال کا افسر ہو ◆

مُشیران (ف۔ مذکر) مشیر کی جمع۔ وزراء۔ امراء۔ ارکان ◆

مُشیرانِ سلطنت (ف۔ مذکر) ارکان حکومت سلطنت کے امیر و وزیر ◆

مُشیّن (مُشَی۔ یَن) (ع) شاندار۔ رعب و داب والا۔ خوبصورت۔ وجیہ۔ تمکنت والا ◆

مشین (مَشِین) (انگریزی) Machine (مؤنث) (۱) کل (۲) پرزہ ◆

مشین گن (انگریزی) Machine Gun (مؤنث) ایک قسم کی توپ جس میں گولیاں جلد جلد چلتی ہیں ◆

مشینری (انگریزی) (Machinery) (مؤنث) کل کی ترکیب۔ کل کے پُرزے ◆

م ـ ص

مصابیح (مَصَا۔بِیْح) (ع۔ مؤنث) مصباح کی جمع (۱) بہت سے چراغ (۲) حدیث کی ایک کتاب ◆

مصاحب (مُصَا۔حِب) (ع۔ مذکر) ساتھی ہم صحبت خاص دوست۔ رفیق۔ ندیم ◆

مُصاحبت (مُصَا۔حَبَت) (ع۔ مؤنث) ہم نشینی۔ ساتھ رہنا۔ پاس اُٹھنا بیٹھنا ◆

مصادر (مَصَا۔دِر) (ع۔ مذکر) مصدر کی جمع ◆

مصارف (مَصَا۔رِف) (ع۔ مذکر) مَصرف کی جمع (۱) اخراجات۔ بہت سا خرچ (۲) خرچ کرنے کی جگہیں۔ خرچ کے موقعے ◆

مصارف بے جا (ع۔ ف) (مذکر) غیر ضروری خرچ۔ فضول خرچ۔ بے جا اخراجات ◆

مَصاف (مَصَاف) (ع۔ مؤنث) (۱) صف کی جمع۔ صف باندھنے کی جگہیں۔ لڑائی کا میدان (۲) لڑائی۔ جنگ ◆

مُصافحہ (مُصَا۔فَحَہ) (ع) (مذکر) ملاقات کے وقت ہاتھ سے ہاتھ ملانا ◆

مُصافحہ کرنا (ا) ملتے وقت ہاتھ سے ہاتھ ملانا۔ دست بوسی۔ تپاک ظاہر کرنا ◆

مَصالح (مَصَا۔لِح) (ع) (مؤنث) (۱) مصلحت کی جمع۔ نیکیاں۔ بھلائیاں (۲) (ف) عمارت کی تعمیر کا سامان۔ اسبابِ تعمیر گارا مٹی۔ چونا وغیرہ (۳) (ا) پیاز۔ لہسن۔ ادرک۔ دھنیا۔ مرچ وغیرہ جو سالن میں ڈالا جاتا ہے (۴) (ا) گوٹا کناری ◆

مصالح ٹانکنا (ا) گوٹا کناری ٹانکنا ◆

مصالح دار (ع۔ ف) (مذکر) (۱) مصالح دینے والا (مجلی معنوں میں) (۲) (ا) وہ چیز جس میں نمک۔ مرچ وغیرہ خوب تیز ہو۔ چٹ پٹا ◆

مصالح کا تیل (ا) (مذکر) ایک قسم کا خوشبودار تیل جو بالچھڑ۔ کپور۔ کچری۔ چمیلی چنبیلا اور صندل وغیرہ ڈال کر تیار کیا جاتا ہے ◆

مصالح کی سِل (ا) (مؤنث) وہ پتھر جس پر گوشت وغیرہ کا مصالحہ پیسا جاتا ہے ◆

مُصالحت (مُصَالَحَت) (ع۔ مؤنث) میل ملاپ آپس میں۔ میں صلح کرنا ◆

مَصائب (مَصَا۔اِب) (ع۔ مؤنث) مصیبت کی جمع۔ تکلیفیں مصیبتیں۔ سختیاں۔ آفتیں۔ بلائیں ◆

مِصباح (مِص۔بَاح) (ع۔ مؤنث) (۱) چراغ۔ دیا (۲) صبح کے وقت شراب پینے کا پیالہ ◆

مُصحح (مُصَحِّح) (ع۔ مذکر) صحت کرنے والا۔ صحیح کرنے والا ◆

مُصحف (مُص۔حَف) (ع۔ مذکر) (۱) وہ کتاب جس میں رسالے اور صحیفے جمع ہوں۔ قرآن شریف۔ کلام اللہ (۲) (مجازاً) رخسارِ معشوق ◆

مصحف اُٹھانا (ا) قرآن مجید کی قسم کھانا ◆

مصحفِ بغلی (ع۔ ف) (مذکر) چھوٹی تقطیع کا قرآن شریف ◆

مصحفِ مجید (ع) (مذکر) قرآن شریف۔ کلام اللہ۔ مُقدّس کتاب ◆

مصحفی (ع۔ مذکر) غلام ہمدانی مرحوم۔ ایک مشہور شاعر کا تخلص

مَصحوب (مَص۔حُوب) (ع) (مذکر) ہمراہ۔ ساتھ ◆

مِصداق (مِص۔دَاق) (ع۔ مذکر) (۱) وہ شے جس پر کسی معنی کا اطلاق ہو (۲) گواہی۔ شہادت۔ دلیل ◆

مصدر (مَص۔دَر) (ع۔ مذکر) (۱) صادر ہونے کی جگہ۔ چشمہ۔ جڑ۔ اصل۔ بنیاد (۲) پھرنا۔ پھر کے آنے کی جگہ (۳) (ف) سبب۔ باعث (۴) وہ کلمہ جس سے فعل اور صیغے مشتق ہوں ◆

مصدرِ لازم (ع) (مذکر) وہ مصدر جو صرف فاعل کو چاہے ◆

مصدرِ متعدّی (ع۔ مذکر) وہ مصدر جو فاعل مفعول دونوں کو چاہے ◆

مصدرِ وضعی (ع۔ مذکر) وہ مصدر جو مصدری معنی کے لئے موضوع ہؤا ہو ◆

مُصدِّع (مُصَدْ۔دِع) (ع) تکلیف دہندہ۔ دردِ سر دینے والا

مُصدِّق (مُصَد۔دِق) (ع) تصدیق کرنے والا۔ سچی گواہی دینے والا۔ ثابت کرنے والا ◆

مصدَّق (مُصَد۔دَق) (ع) تصدیق کیا گیا۔ آزمائش کیا گیا۔ تجربہ کیا گیا ◆

مُصدَّقہ (ع) تصدیق کیا ہؤا۔ جس کی سرکاری طور پر تصدیق ہوئی ہو ◆

مِصر (مِصْر) (ع۔ مذکر) (۱) شہر۔ نگر۔ بلدہ (۲) ایک مشہور شہر اور ملک ◆

مِصر کی روشنی (ا) (مؤنث) (مجازاً) مصر کے علوم و فنون ◆

مُصِر (مُصِر) (ع) اصرار کرنے والا۔ ایک کام یا بات پر اڑ جانے والا ◆

مِصراع۔مِصرع ۔مِصرعہ (مِص۔راع + مِص۔رَع + مِص۔رَعَہ) (ع۔ مذکّر) (۱) ایک کواڑ۔ ایک پٹ (۲) عروض میں آدھا شعر۔ پوری بیت یا فرد کا نصف +

مُصَرَّح (مُصَر۔رَح) (ع) تصریح کیا گیا۔ تفصیل کیا گیا +

مِصرع لگانا (ف) ایک مِصرع میں دوسرا مصرع لگا کر شعر کو پورا کرنا۔ گرہ لگانا +

مَصرَف (مَص۔رَف) (ع۔ مذکّر) (۱) خرچ کرنے کی جگہ۔ خرچ کا موقع (۲) (مجازاً) مطلب۔ کام۔ غرض +

مُصرِف (مُص۔رِف) (ع) (۱) خرچ کرنے والا۔ صَرف کرنے والا (۲) (مجازاً) فضول خرچ +

مَصرُوع (مَص۔رُوع) (ع) مذکّر۔ وہ شخص جسے مِرگی کی بیماری ہو۔ مِرگی کا مریض +

مَصرُوف (مَص۔رُوف) (ع) (۱) صَرف کیا گیا۔ پھیر دیا گیا۔ (۲) (ل) مشغول۔ کام میں لگا ہُوا +

مصروف ہونا (ل) مشغول ہونا۔ کسی کام میں لگنا +

مِصری (ع) (۱) مِصر کا۔ مِصر سے منسوب (۲) (مذکّر) مِصر کا رہنے والا۔ باشندۂ مِصر (۲) (مؤنث) قلم۔ کلک (۳) تلوار۔ تیغ (۴) شیرہ۔ راب (۵) (ل) نبات دانہ دار۔ کھانڈ کی ڈلیاں +

مصری کا کوزہ (مذکّر) (ل) (۱) مِصری کا بنا ہُوا گول ڈلا (۲) تشبیہاً نہایت میٹھا خربوزہ +

مصری کھلانا (ل) (۱) قتل کرنا۔ تلوار، خنجر، کٹار یا پیش قبض سے ہلاک کرنا (۲) نِسبت کرنا۔ منگنی کی رسم ادا کرنا +

مصری کی ڈلی (ل۔ مؤنث) (۱) مِصری یا نبات کا ٹکڑا (۲) نہایت میٹھا۔ نبات کے مزے کا۔ شیریں +

مُصطَفَوی (مُص۔طَفَوی) (ع) مصطفیٰؐ سے منسوب +

مُصطَفیٰ (مُص۔طَفا) (ع) (۱) برگزیدہ۔ منتخب۔ پسندیدہ۔ مقبول (۲) پیغمبرِ خدا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب۔ پیغمبرِ اسلامؐ کا لقبِ مبارک +

مصطگی۔ مَصطَکی (مَص۔طِکی + مَص۔طَگی) (ع) ایک قسم کا زرد گوند جو پستے کے درخت سے نکلتا ہے +

مُصطلح (مُص۔طَلَح) (ع) اصطلاح کیا ہُوا +

مصطلحات (ع) (مؤنث) مصطلح کی جمع۔ اصطلاحیں۔ محاورے +

مُصَفّا (مُصَف۔فا) (ع) پاک۔ صاف۔ نِتھرا ہُوا +

مُصَفّی (مُصَف۔فی) (ع) صاف کرنے والا +

مُصَفّیِ خُون (ع۔ف) خون صاف کرنے والی چیز یا دوا +

مَصقَلہ (مِص۔قَلَہ) (ع۔ مذکّر) ریتی۔ صیقل کرنے کا اوزار +

مُصَلّا۔ مُصَلّیٰ (مُصَل۔لا) (ع۔ مذکّر) (۱) نماز پڑھنے کی جگہ۔ عبادت گاہ۔ مسجد (۲) شہر کی وہ عید گاہ جو ایک کھلے میدان میں واقع ہے (۳) جا نماز۔ بوریا۔ صف۔ دری وغیرہ جس پر نماز پڑھتے ہیں +

مُصلِح (مُص۔لِح) (ع۔ مذکّر) (۱) اِصلاح کرنے والا۔ درست کرنے والا۔ ریفارمر (۲) شر سے بچانے والا +

مَصلَحت (مَص۔لَحَت) (ع۔ مؤنث) (۱) نیک صلاح۔ اچھا مشورہ۔ مناسب تجویز (۲) خوبی۔ بھلائی (۳) مشورہ۔ صلاح (۴) حکمت۔ پالیسی +

مصلحت دیکھنا (ف) خوبی یا بہتری دیکھنا۔ مناسب سمجھنا +

مصلحتِ ملکی (ع۔ مؤنث) سلطنت کے مناسب تدبیر۔ رموزِ مملکت۔ مملکت کی پالیسی +

مصلحتِ وقت (ع۔ مؤنث) مناسبِ وقت تجویز +

مصلحتاً (ع) از روئے مصلحت۔ مناسب سمجھ کر +

مَصلُوب (مَص۔لُوب) (ع) صلیب پر چڑھایا گیا۔ سُولی دیا گیا +

مُصَلّی (مُصَل۔لی) (ع) (۱) نمازی۔ نماز پڑھنے والا (۲) (پنجاب) نومسلم خاکروب +

مُصَمَّم (مُصَم۔مَم) (ع) پکا۔ مضبوط۔ اُستوار۔ مُحکم +

مصمم ارادہ (ع) پختہ ارادہ +

مُصَنِّف (مُصَن۔نِف) (ع) تصنیف کرنے والا۔ کتاب تالیف کرنے والا +

مَصنُوع (مَص۔نُوع) (ع) بنایا ہُوا۔ صنعت کیا ہُوا +

مصنوعات (ع) (مذکّر و مؤنث) بنائی ہوئی چیزیں +

مصنوعی (ع) (۱) ساختہ۔ بنایا ہُوا (۲) (قانون) بناوٹی۔ جعلی +

مُصَوِّر (مُصَو۔وِر) (ع) (مذکّر) (۱) تصویر بنانے والا۔ تصویر کھینچنے والا۔ نقاش۔ آرٹسٹ (۲) رنگ ساز۔ رنگ بھرنے والا۔ بیل بُوٹے بنانے والا +

مصوّری (ع) (مؤنث) نقاشی۔ تصویر کشی +

مَصُون۔ مَصُونہ (مَص۔ون۔ مَص۔و۔نہ) (ع) محفوظ۔ نگہبانی کیا گیا۔ بچایا ہُوا +

مُصِیبت (مُصی۔بَت) (ع۔ مؤنث) (۱) رنج۔ دُکھ۔ تکلیف (۲) حادثہ۔ صدمہ (۳) نحوست۔ اِدبار۔ بداقبالی (۴) دِقّت۔ مشکل۔ دُشواری +

مصیبت اُٹھانا (ف) تکلیف برداشت کرنا۔ سختی اُٹھانا۔ دُکھ جھیلنا +

مُصیبت بھرنا۔ یا۔ بھگتنا (ل) (مص) تکلیف اُٹھانا۔ سختی جھیلنا ◆

مُصیبت پڑنا (ل) آفت آنا۔ سختی میں مُبتلا ہونا ◆

مصیبت بیٹھنا۔ یا۔ جھیلنا (ل) (۱) سختی برداشت کرنا۔ دُکھ اُٹھانا (۲) تنگی سے گزر اوقات کرنا۔ بمشکل بسر کرنا۔ سخت محنت و مشقت کرنا (۳) صدمہ برداشت کرنا ◆

مصیبت میں آنا (ل) مصیبت ہونا۔ تکلیف ہونا ◆

مصیبت دیکھنا (ل) مصیبت برداشت کرنا۔ تکلیف میں رہنا ◆

مصیبت زدہ۔ مصیبت کا مارا (ع۔ ف) (ل) آفت کا مارا۔ بدنصیب۔ بدبخت۔ مُفلس۔ خستہ حال۔ مفلوک ◆

مصیبت کے دن کاٹنا (ل) سختی کے دن گزارنا ◆

مصیبت میں پڑنا (ل) آفت میں مُبتلا ہونا ◆

مصیبت ناگہانی (ع۔ ف) (مؤنّث) وہ صدمہ یا حادثہ جو دفعتہً پیش آئے۔ بلائے ناگہانی ◆

م۔ض

مضار (مَضَا ر) (ع۔ مذکّر) مضرت کی جمع۔ نقصانات ◆

مُضارع (مُضَا۔ رِ ع) (ع۔ مذکّر) (۱) مشابہ۔ مانند (۲) وُہ فعل جس میں حال اور استقبال دونوں زمانے پائے جائیں (۳) عروض کی ایک بحر جو بحر منسرح اور بحر ہزج سے مشابہ ہے ◆

مُضاعف (مُضَا۔ عَف) (ع) (۱) دُگنا۔ دو چند۔ دُہرا۔ دُونا (مذکّر) (۲) علم صرف کی اصطلاح میں وُہ کلمہ جس کے آخر میں ایک جنس کے دو حرف آئیں ◆

مُضاف (مُضَا ف) (ع) (۱) جڑا ہوُا۔ ملا ہوُا۔ پیوستہ۔ ملحق کیا ہوُا۔ مُنسلک۔ شامل۔ مشمول (۲) (مذکّر) علم نحو میں وہ اسم جو دوسرے اسم کے ساتھ لگایا جائے۔ منسوب۔ متعلق ◆

مُضاف الیہ (ع) (مذکّر) وُہ اسم جس کے ساتھ کوئی دوسرا اسم لگایا جائے ◆

مُضافات (ع) (مؤنّث) مضاف کی جمع (۱) منسوبات جو کسی سے متعلق یا منسوب ہوں۔ ضمیمہ۔ تتمہ (۲) قُرب و جوار۔ گرد و نواح۔ اطراف و جوانب۔ مُتصلات شہر کے آس پاس کے قصبے۔ گاؤں ◆

مُضافاتِ شہر (ع) سوادِ شہر۔ کسی شہر کے آس پاس کی آبادی یا گاؤں۔ دامنِ شہر ◆

مضامین (مَضَا مِین) (ع۔ مذکّر) مضمون کی جمع۔ مطالب۔ معانی ◆

مُضایقہ (مُضَا۔ یِقَہ) (ع۔ مذکّر) (۱) تنگی۔ دشواری۔ ایک دوسرے کو تنگ کرنا (۲) (ل) قباحت۔ حرج (۳) (ل)

ڈر۔ خوف۔ پروا ◆

مضبُوط (مَض۔ بُو ط) (ع) (۱) قبضہ کیا گیا۔ ضبط کیا گیا (۲) پکّا۔ پائدار۔ دیرپا۔ اُستوار (۳) شہ زور۔ قوی۔ طاقت ور (۴) توانا۔ تندرست۔ ہٹّا کٹّا ◆

مضبوط رہنا (ل) مستقل رہنا۔ جما رہنا۔ ثابت قدم رہنا ◆

مضبوطی (ل) (مؤنّث) (۱) استقلال۔ پائداری۔ طاقت۔ ہمّت۔ جرأت (۲) اطمینان۔ دلجمعی۔ تسلّی ◆

مُضحِک (مُض۔ حِک) (ع) ہنسانے والا ◆

مضحکہ (مَض۔ حَکَہ) (ع۔ مذکّر) (۱) ہنسی۔ ٹھٹھا۔ تمسخر۔ مذاق (۲) مسخرہ (۳) وہ شخص جس کا ٹھٹھا اُڑائیں ◆

مضحکہ اُڑانا۔ یا۔ کرنا (ل) (۱) ہنسنا۔ ٹھٹھا کرنا (۲) ذلیل کرنا۔ مسخرہ بنانا ◆

مُضِر (مُضِر) (ع) (۱) ضرر پہنچانے والا۔ نقصان رساں۔ نقصان دہ (۲) غیر مفید (۳) زہریلا۔ سمّی۔ فاسد ◆

مُضِر ہونا (ل) نقصان دہ ہونا۔ غیر مفید ہونا۔ ضرر رساں ہونا ◆

مِضراب (مِض۔ رَا ب) (ع۔ مؤنّث) ساز بجانے کا آلہ۔ لوہے کا وہ تار جسے اُنگلی میں پہن کر ستار بجاتے ہیں۔ ناخنہ ◆

مُضِرّات (ع) (مذکّر۔ مؤنّث) نقصان پہنچانے والی چیزیں۔ ضرر دینے والی چیزیں ◆

مَضرّت (مَضَر۔ رَت) (ع۔ مؤنّث) نقصان۔ ضرر۔ زیان ◆

مَضرّتِ اصلی (ع۔ مؤنّث) اصلی نقصان ◆

مَضرّت رسانی (ع۔ ف) (مؤنّث) (قانون) تکلیف دہی۔ ایذا رسانی ◆

مَضرُوب (مَض۔ رُوب) (ع) (۱) ضرب دیا گیا۔ ضرب کھایا گیا (۲) (قانون) وہ شخص جسے ضرب آئی ہو۔ چوٹ کھایا ہوُا۔ زخمی۔ مجروح۔ گھایل ◆

مضرُوب فیہ (ع۔ مذکّر) وُہ عدد جسے ضرب دیں ◆

مُضطر (مُض۔ طَر) (ع) (۱) ضرر رسیدہ۔ تکلیف میں مبتلا (۲) مجازاً بےبس۔ بے اختیار (۳) (ل) بیتاب۔ بے قرار۔ بےچین۔ پریشان۔ آزردہ ◆

مُضطرب (مُض۔ طَرِب) (ع) بےچین۔ بے قرار۔ مُضطر۔ گھبرایا ہوُا۔ حیران۔ پریشان ◆

مُضطربُ الحال (ع) پریشان حال۔ گھبرایا ہوُا ◆

مُضعِف (مُض۔ عِف) (ع) ضعیف کرنے والا ◆

مُضغہ (مُض۔ غَہ) (ع) (مذکّر) (۱) گوشت کا ٹکڑا۔ لقمہ۔ نوالہ (۲) لوتھڑا۔ جنین۔ پیٹ کا وہ بچّہ جس میں ابھی جان نہ

پڑی ہو ۔

مضغۂ گوشت (ع۔ف) مذکر (۱) گوشت کا ٹکڑا (۲) نکما۔ بیکار آدمی ۔

مُضِل (مُضِل) (ع) گمراہ کرنے والا ۔

مِضمار (مِض۔ مار) (ع) مذکر (۱) میدان ہموار اور وسیع زمین (۲) چوک (۳) لڑائی کا میدان۔ رزمگاہ۔ میدان جنگ ۔

مُضمحِل (مُض۔ مَحِل) (ع) (۱) گمراہ ہونے والا (۲) ناچیز شکستہ (۳) کمزور۔ ناتوان۔ دُبلا پتلا۔ لاغر (۴) اُداس۔ غمگین۔ دلگیر۔ مغموم ۔

مضمحل کر دینا (ف) تھکا دینا۔ کمزور کر دینا۔ ناتواں کر دینا ۔

مُضمر (مُض۔ مَر) (ع) پوشیدہ۔ مخفی۔ دل میں رکھا گیا ۔

مضموم (مَض۔ مُوم) (ع) وہ حرف جس پر پیش ہو۔ پیش دیا گیا۔ مرفوع ۔

مضمون (مَض۔ مُون) (ع) مذکر (۱) (لغوی معنی) ضمن میں لیا ہوا۔ درمیان میں ڈالی ہوئی چیز (۲) مطلب۔ معنی۔ بیان۔ (۳) جواب مضمون۔ انشاء۔ ایڈیٹوریل۔ آرٹیکل (۴) بات۔ سخن ۔

مضمون لڑنا (ف) (۱) مضمون کا حسب منشا سوجھنا (۲) مضمون ملنا ۔

مضمون نگار (ع۔ف) مذکر۔ مضمون لکھنے والا۔ انشاپرداز۔ مضمون نویس۔ ایڈیٹر ۔

مضمون نگاری (ع۔ف) مؤنث۔ مضمون نویسی۔ ایڈیٹری ۔

مضمون واحد (ع) مذکر۔ ایک مطلب۔ ایک مدعا۔ ایک حال۔ ایک غرض ۔

مضمون ہتک (ع) مذکر۔ بے عزتی کا مضمون ۔

مضی (ع) گزرا ہوا۔ گزر گیا۔ بیت گیا ۔

مضی ما مضی (ع) جو ہونا سو ہوا۔ گزرا سو گزرا ۔

م ط

مطابع (مَطا۔ بِع) (ع) مذکر۔ مطبع کی جمع۔ بہت سے مطبعے۔ چھاپے خانے۔ بہت سے پریس ۔

مُطابق (مُطا۔ بِق) (ع) (۱) برابر۔ یکساں۔ مانند۔ مشابہ (۲) مناسب۔ بموجب۔ حسب ۔

مُطابق کرنا (ف) موافق کرنا۔ ملانا۔ ایک جیسا کرنا۔ مانند کرنا۔ یکساں کرنا (۲) مقابلہ کرنا ۔

مطابق ہونا (ف) برابر ہونا۔ یکساں ہونا۔ ملنا۔ مشابہ ہونا۔ موافق ہونا ۔

مُطابقت (مُطابَقَت) (ع) مؤنث۔ موافقت۔ مشابہت۔ برابری ۔

مطارحہ (مُطا۔ رَحَہ) (ع) مذکر۔ مشورہ۔ مباحثہ۔ گفتگو ۔

مُطاع (مُطاع) (ع) اطاعت کیا گیا۔ سردار۔ بزرگ۔ مقتدا۔ وہ شخص جس کی اطاعت کی جائے ۔

مطالب (مَطا۔ لِب) (ع) مذکر۔ مطلب کی جمع۔ کام۔ غرضیں۔ مقاصد۔ مُرادیں ۔

مُطالبہ (مُطا۔ لَبَہ) (ع) مذکر۔ اپنا حق چاہنا۔ دعویٰ۔ نالش۔ استغاثہ۔ درخواست۔ مطلوبیت۔ مانگ۔ تقاضا۔ طلبی ۔

مطالبۂ خفیفہ (ع) مذکر۔ عدالت خفیفہ۔ جج۔ چھوٹی عدالت۔ جہاں معمولی دیوانی مقدمات فیصل ہوں ۔

مُطالبہ کرنا (ف) طلب کرنا۔ تقاضا کرنا۔ مانگنا۔ استغاثہ کرنا۔ دعویٰ دار ہونا ۔

مطالع (مَطا۔ لِع) (ع۔ مذکر) مطلع کی جمع۔ طلوع ہونے کے مقامات ۔

مُطالعہ (مُطا۔ لَعَہ) (ع۔ مذکر) (۱) غور۔ توجہ۔ دھیان۔ کسی چیز کو اس سے واقفیت پیدا کرنے کے لئے دیکھنا (۲) کتاب بینی ۔

مُطالعہ کرنا (ف) پڑھنا۔ کتاب دیکھنا ۔

مُطایبہ (مُطا۔ یَبَہ) (ع) مذکر۔ ہنسی۔ مزاح۔ مذاق۔ ٹھٹھا۔ خوش طبعی۔ چہل۔ ظرافت۔ ٹھٹول ۔

مَطَب (مَطَب) (ع) مذکر۔ وہ جگہ جہاں طبیب بیماروں کا علاج معالجہ کرے۔ وہ مکان۔ بیٹھک یا دیوان خانہ جہاں طبابت کی جائے ۔

مَطبخ (مَط۔ بَخ) (ع۔ مذکر) کھانا پکانے کی جگہ۔ باورچی خانہ ۔

مَطبع (مَط۔ بَع) (ع۔ مذکر) چھاپنے کی جگہ۔ چھاپہ خانہ۔ پریس ۔

مطبوخ (مَط۔ بُوخ) (ع) (۱) آگ پر پکائی ہوئی۔ پکی ہوئی (۲) (مذکر) جوشاندہ۔ جوش دی ہوئی دوا ۔

مطبوع (مَط۔ بُوع) (ع) (۱) چھپا ہوا۔ طبع شدہ (۲) پسند کیا گیا۔ مرغوب۔ پسندیدہ۔ دل پسند ۔

مطبوعہ (مَط۔ بُوعَہ) (ع) چھپا ہوا۔ طبع شدہ ۔

مَطر (مَطَر) (ع۔ مذکر) بارش۔ باراں ۔

مُطرب (مُط۔ رِب) (ع۔ مذکر) (۱) خوش کرنے والا (۲) گویا۔ گانے والا۔ مغنی۔ قوال ۔

مطربہ (ع۔ مؤنث) گانے والی عورت ۔

مطرود (مَط۔ رُود) (ع) (۱) دھتکارا ہوا۔ نکالا ہوا (۲) مردود۔ بھیجا ہوا۔ شہر بدر کیا ہوا ۔

مَطعُون (مَط۔عُون) (ع) (۱) طعنہ دیا گیا۔ عیب لگایا گیا (۲) بدنام ہوا

مطعونِ خلائق (ع) رسوائے عام۔ رسوائے خلائق۔ وہ شخص جسے تمام لوگ لعنت ملامت کریں

مُطَلّا (مُطَل۔لا) (ع) طلا کیا گیا۔ سنہری۔ زرّیں۔ طلائی

مَطلَب (مَط۔لَب) (ع۔ مذکر) (۱) غرض۔ خواہش۔ منشا۔ ارادہ۔ مقصد۔ خود غرضی۔ نفسانیت

مطلب برآری (ع۔ف) مؤنث۔ کام نکالنا۔ حصولِ مدعا۔ حاجت روائی

مطلب برآری کرنا۔ مطلب بر لانا (ا) کام نکالنا۔ مقصد پورا کرنا۔ حاجت روائی کرنا

مطلب رکھنا (ا) واسطہ رکھنا۔ کام رکھنا۔ غرض رکھنا

مطلب سعدی دیگر است (ف) (مثل) ظاہر بات یوں ہے مگر دلی مقصد اور ہے

مطلب کا یار (ا) (مذکر) خود غرض۔ مطلبی جو صرف اپنا مطلب نکالنے کو یار بنا ہو

مطلب کو پہنچانا (ا) مراد کو پہنچانا۔ کامیاب کر دینا۔ کام بنا دینا

مطلب کی گھات چلنا (ا) اپنا فائدہ دیکھنا۔ اپنے فائدے کو مدِ نظر رکھنا

مطلب ہو جانا (ا) کام ہو جانا۔ کامیاب ہو جانا۔ خواہش پوری ہو جانا

مطلبی۔ مطلبیا (ا) خود غرض۔ مطلب کا یار۔ ابن الوقت

مَطلَع (مَط۔لَع) (ع) مذکر (۱) طلوع ہونے کی جگہ۔ مشرق۔ پورب (۲) غزل یا قصیدے کے شروع کی بیت۔ یا۔ پہلا شعر جس کے دونوں مصرعوں میں قافیے ہوں

مطلع صاف ہونا (ا) (۱) آسمان کا ہلال دکھائی دینے کی جگہ سے ابر و غبار سے صاف ہونا (۲) آسمان کا کھلا ہوا صاف ہونا۔ ابر کا نہ ہونا (۳) کچھ روک ٹوک نہ ہونا۔ دشمنوں وغیرہ سے جگہ خالی ہونا

مُطَّلَع (مُط۔طَلَع) (ع) اطلاع دیا گیا۔ خبر دیا گیا۔ واقف۔ محرم۔ آگاہ

مطلع کرنا (ا) آگاہ کرنا۔ واقف کرنا۔ اطلاع دینا۔ خبر دینا

مُطلَق (مُط۔لَق) (ع) (۱) جاری کیا گیا (۲) بالکل۔ قطعی۔ آزاد۔ خود مختار۔ بے تعلق (۳) (مذکر) قرآن شریف کی وہ آیت جہاں ٹھہرنا واجب ہے

مُطلَقُ الحَجلَین (ع) (مذکر) وہ گھوڑا جس کے بدن کا رنگ اَور اور پاؤں کا رنگ اَور ہو

مُطلَقُ العِنان (ع) (۱) بے لگام جس کی باگ چھوٹی ہوئی ہو (۲) آزاد۔ مختار۔ خود سر۔ بے باک

مُطلَقُ الیَدَین (ع) مذکر۔ وہ گھوڑا جس کے اگلے دونوں پاؤں سفید ہوں

مُطلَقُ الیَسار (ع) (مذکر) وہ گھوڑا جس کے پچھلے دونوں پاؤں سفید ہوں

مُطلَقُ الیَمِین (ع) (مذکر) وہ گھوڑا جس کے دونوں دائیں پاؤں سفید ہوں

مُطلَقاً (ع) بالکل۔ قطعی۔ اصلاً

مُطَلَّقہ (مُطَل۔لَقہ) (ع۔ مؤنث) طلاق دی ہوئی۔ وہ عورت جسے خاوند نے چھوڑ دیا ہو۔ طلاقن

مَطلُوب (مَط۔لُوب) (ع) طلب کیا گیا۔ مانگا گیا۔ خواہش کیا گیا

مَطمَح (مَط۔مَح) (ع) (۱) نظر پڑنے کی جگہ (۲) مقصود

مطمحِ نظر (ع) مرکزِ نگاہ۔ مقصدِ اصلی

مُطمَئِن (مُط۔مَ۔ئِن) (ع) اطمینان پانے والا۔ خاطر جمع رکھنے والا۔ بے فکر۔ آسودہ

مُطَوَّق (مُطَو۔وَق) (ع) طوق پڑا ہوا۔ حلقہ دار۔ گنڈا پڑا ہوا

مُطَوَّل (مُطَو۔وَل) (ع) لمبا

مُطَہِّر (مُطَہ۔ہِر) (ع) پاک کرنے والا

مُطَہَّر (مُطَہ۔ہَر) (ع) پاک صاف۔ مبرا۔ معصوم

مُطَہَّرہ (ع) (مذکر) وضو کرنے کا لوٹا۔ آفتابہ

مُطَیِّب (مُطَی۔یِب) (ع) (۱) پاک ہونے والا (۲) خوشبودار۔ معطر

مَطِیر (مُمطِیر) (ع) برسنے والا۔ بارش کرنے والا

مُطِیع (مُطِیع) (ع) فرمانبردار۔ تابع۔ اطاعت کرنے والا۔ حکم بردار۔ ماتحت

مطیع کرنا (ا) فرمانبردار بنانا۔ زیر کرنا۔ ماتحت بنانا۔ مغلوب کرنا

م۔ظ

مَظالِم (مَظا۔لِم) (ع) (مذکر) (۱) مظلمہ کی جمع۔ ظلم۔ ستم۔ سختیاں۔ بے انصافیاں (۲) وہ مقام جہاں ظالموں کو سزا دی جائے۔ کچہریاں۔ عدالتیں

مَظاہِر (مَظا۔ہِر) (ع) مظہر کی جمع۔ نظارے۔ ظاہر ہونے کی جگہیں

مُظاہَرہ (مُظا۔ہَرہ) (ع) مذکر (۱) مدد دینا (۲) (ا) کسی خاص امر کے اظہار تائید کے لئے جمع کرنا۔ جمع کر کے گشت کرنا

مُظَفَّر (مُظَف۔فَر) (ع) ظفریاب۔ منصور۔ فتح مند۔ فتحیاب۔

ملک گیر ٭

مَظلمہ (مَظ۔ لِمَہ) (ع) (مذکر) (۱) ظلم۔ ستم۔ اندھیر۔ بے انصافی (۲) داد خواہی۔ فریاد ٭

مَظلُوم (مَظ۔ لُوم) جس پر بے انصافی کی گئی ہو۔ ظلم رسیدہ۔ ستایا ہوا۔ ستم زدہ ٭

مَظلُومی (ع۔ ف۔ مؤنث) (۱) مظلوم ہونا (۲) ظلم۔ جور (۳) مظلوم ہونے کی حالت ٭

مَظلُومیت (ع۔ مؤنث) مظلوم پن ٭

مَظنُون (مَظ۔ نُون) (ع) ظن کیا گیا۔ مشتبہ۔ مشکوک۔ شکی ٭

مَظِنّہ (مَظِن۔ نَہ) (ع) (۱) گمان کرنے کا موقع۔ شبہ کرنے کی جگہ (۲) گمان۔ قیاس۔ خیال ٭

مَظہَر (مَظ۔ ہَر) (ع) مذکر۔ ظاہر ہونے کی جگہ۔ تماشا دکھانے کا چبوترہ۔ تماشا گاہ ٭

مُظہِر (مُظ۔ ہِر) (ع) بیان کرنے والا۔ گواہ۔ شاہد۔ مخبر۔ جاسوس۔ خبر رساں ٭

م ۔ ع

مَع (مَعْ) (ع) ساتھ۔ ہمراہ۔ سمیت۔ سنگ ٭

مَعَ الخَیر (ع) خیریت سے۔ سلامتی سے۔ بخیر و عافیت ٭

مَعَ ہٰذا (ع) علاوہ بریں۔ باوجود اس کے۔ ساتھ اس کے ٭

مَعاً (۱) ایک ساتھ۔ ساتھ مل کر (۲) فی الفور۔ فوراً۔ اسی وقت۔ دفعتہ۔ ایک ہی وقت۔ ایک ہی دفعہ ٭

مَعابِد (مَعا۔ بِد) (ع۔ مذکر) معبد کی جمع۔ عبادت خانے۔ مسجدیں۔ شوالے۔ مندر۔ گرجے وغیرہ ٭

معابر (مَعا۔ بِر) (ع۔ مؤنث) معبر کی جمع۔ گھاٹ۔ پل۔ دریا سے پار اترنے کی جگہیں ٭

مُعاتِب (مُعا۔ تِب) (ع) عتاب کرنے والا۔ خفا ہونے والا۔ سرزنش کرنے والا ٭

مُعاتَب (مُعا۔ تَب) (ع) عتاب کیا گیا۔ وہ شخص جس پر خفگی ہو۔ معتوب ٭

مَعاد (مَعاد) (ع) مؤنث (۱) لوٹ کر جانے کی جگہ۔ واپس جانے کا مقام (۲) (مجازاً) آخرت۔ عقبیٰ۔ قیامت۔ حشر ٭

مُعادِل (مُعا۔ دِل) (ع) برابر۔ مساوی۔ انصاف کے ساتھ عمل سے ٭

مُعادَلت (مُعا۔ دَلت) (ع۔ مؤنث) برابری۔ مساوات۔ انصاف۔ نیاؤ ٭

مَعادِن (مَعا۔ دِن) (ع) (مؤنث) معدن کی جمع۔ کانیں ٭

مَعاذ (مَعاذ) (ع) (مؤنث) بچاؤ کی جگہ۔ جائے پناہ ٭

مَعاذَ اللہ (ع) خدا کی پناہ۔ توبہ۔ خدا محفوظ رکھے ٭

مَعارِج (مَعا۔ رِج) (ع۔ مؤنث) معراج کی جمع۔ زینے۔ سیڑھیاں ٭

مُعارِض (مُعا۔ رِض) (ع) معترض۔ جھگڑا کرنے والا۔ مخالف۔ مدعی۔ حریف ٭

مُعارَضہ (مُعا۔ رَضَہ) (ع) مذکر۔ جھگڑا۔ ٹنٹا۔ مناقشہ۔ تعرض ٭

مَعارِف (مَعا۔ رِف) (ع۔ مذکر) (۱) شناسائیاں (۲) جان پہچان کے مقامات (۳) آشنا لوگ (۴) علوم و فنون (۵) علم و فضل (۶) نامور لوگ ٭

مَعارِک (مَعا۔ رِک) (ع) (مذکر) معرکہ کی جمع۔ لڑائی کے میدان۔ رزمگاہیں ٭

مُعارکت۔ مُعارکہ (مُعا۔ رَکَت۔ مُعا۔ رکہ) (ع) مؤنث۔ مذکر۔ لڑائی۔ جنگ۔ جدال۔ مہم ٭

معارکۃ الآرا (ع) عقلی لڑائی۔ اہم بحث و مباحثہ ٭

مَعاش (مَعاش) (ع۔ مؤنث) (۱) رزق۔ خوراک۔ روزی (۲) گزران (۳) وہ شے جس سے بسر اوقات کی جائے ٭

مُعاشَرت (مُعا۔ شَرت) (ع۔ مؤنث) کسی کے ساتھ عیش کرنا (۲) کسی کے ساتھ مل جل کر زندگی بسر کرنا ٭

مُعاصِر (مُعا۔ صِر) (ع) ہم عہد۔ اپنے زمانے کا ہم عصر ٭

مُعاصِرین (ع) معاصر کی جمع۔ اپنے ہمعصر ٭

مُعاصی (ع) مؤنث۔ گنہگار۔ مجرم۔ پاپی ٭

مُعاطفت (مُعا۔ طفت) (ع) مؤنث۔ مہربانی۔ عنایت۔ کرم۔ التفات۔ نوازش ٭

مُعاف (مُعاف) (ع) (۱) بخشا گیا۔ عفو کیا گیا۔ بری۔ آزاد (۲) درگزر۔ عفو ٭

مُعاف کرنا (ف) بخشنا۔ درگزر کرنا۔ عفو کرنا۔ چھوڑنا ٭

معاف کرو (ف) جاؤ۔ رخصت ہو۔ سدھارو ٭

مُعافی (ع) مؤنث (۱) بخشش۔ رہائی۔ خلاصی۔ نجات۔ عفو۔ مغفرت (۲) وہ زمین جس کا معاملہ سرکار سے معاف ہو ٭

معافی چاہنا (ف) معذرت کرنا۔ عذر خواہی کرنا۔ عفو کرنا ٭

معافی حین حیات (ع) (مؤنث) وہ زمین جو زندگی تک معاف کی جائے ٭

معافی دار (ع۔ ف) (مذکر) جاگیردار۔ معاف شدہ زمین کا مالک۔ ملکی ٭

معافی دائمی۔ یا۔ استمراری (ع) (مؤنث) دوامی جاگیر۔ وہ زمین جو ہمیشہ کے لئے معاف کر دی جائے ٭

معافی مانگنا (ف) عذر معذرت کرنا۔ قصور سے درگزر کرنے کی درخواست کرنا ◆
معافی نامہ (ع۔ف) (مذکر) معافی کی درخواست ◆
مُعاقِد (مُعا۔قِد) (ع۔ مذکر) نکاح کرنے والا ◆
مُعالِج (مُعا۔لِج) (ع۔ مذکر) حکیم۔ طبیب۔ ڈاکٹر۔ علاج کرنے والا ◆
مُعالجہ (مُعا۔لَجَہ) (ع۔ مذکر) علاج۔ دوا۔ دارو ◆
معالجہ کرنا (ف) علاج کرنا۔ دوا دارو کرنا ◆
معالی (مَعا۔لی) (ع۔ مذکر) بلندیاں ◆
مُعاملات (مُعا۔مَلات) (ع۔ مذکر) معاملہ کی جمع۔ کاروبار ◆
معاملاتِ ملکی (ع۔ مذکر) شاہی کاروبار۔ سلطنت کے کام۔ پولیٹیکل امور ◆
مُعاملت (مُعا۔مَلَت) (ع۔ مؤنث) (۱) لین دین (۲) بیوپار کاروبار (۳) کوئی بات (۴) باہم مل کر فیصلہ کرنا۔ قول و قرار ◆
مُعاملہ (مُعا۔مَلَہ) (ع) (مذکر) (۱) کاروبار۔ کام کاج۔ باہم مل کر کوئی کام کاج (۲) لین دین۔ بیع بیوپار۔ تجارت۔ خرید فروخت (۳) (ف) فیصلہ۔ قول و قرار۔ عہد و پیمان (۴) (ف) جھگڑا۔ بات۔ قضیہ (۵) محاصل۔ کر۔ مالگزاری۔ لگان۔ جمع (۶) (ف) خاص بات۔ تعلق واسطہ ◆
مُعاملہ باندھنا (ف) واقعہ نظم کرنا ◆
مُعاملہ بننا (ف) کام بننا۔ بات ٹھیک ہونا۔ سودا بننا ◆
مُعاملہ پڑنا (ف) کام پڑنا۔ واسطہ پڑنا۔ تعلق ہونا ◆
مُعاملہ دان | مُعاملہ شناس | مُعاملہ فہم } (ع۔ف) تجربہ کار۔ کاروبار سے واقف۔ بات کو پہنچنے والا۔ نکتہ رس۔ دانا ◆
معاملہ سنگین (ع۔ف) (مذکر) بھاری معاملہ ◆
معاملہ کرنا (ف) (۱) بات چیت کرنا۔ کسی امر کی نسبت طے کرنا (۲) لین دین کرنا۔ سودا کرنا۔ خرید و فروخت کرنا (۳) فیصلہ کرنا (۴) قول و قرار کرنا (۵) مل جل کر کام کرنا ◆
مُعاملہ ہونا (ف) (۱) کام ٹھیک ہونا۔ بات چیت ہونا۔ کام بننا۔ کارروائی ہونا (۲) سودا بننا۔ بھاؤ چکنا۔ لین دین ہونا (۳) فیصلہ ہونا۔ تصفیہ ہو جانا۔ بات طے ہونا ◆
معاملے کا سچا۔ یا۔ کھرا (صفت۔ مذکر) لین دین کا کھرا۔ بات کا پورا۔ دیانت دار ◆
معاملے کا کھوٹا (ف۔ مذکر) بے ایمان۔ دغا باز۔ لین دین کا کھوٹا ◆
مُعانِد (مُعا۔نِد) (ع۔ مذکر) عناد کرنے والا۔ عدو۔ دشمن۔ مخالف۔ مخاصم ◆
مُعانَدت (مُعا۔نَدَت) (ع۔ مؤنث) عداوت۔ دشمنی۔ جھگڑا۔ ٹنٹا ◆
مُعانقہ (مُعا۔نَقَہ) (ع۔ مذکر) باہم گلے لگنا۔ گلے ملنا۔ بغل گیر ہونا ◆
مَعانی (مَعا۔نی) (ع) معنی کی جمع (۱) مطالب۔ مقاصد (۲) وُہ علم جس سے الفاظ کا محل۔ صحیح اور معنی مطلوبہ کا درست ہونا معلوم کیا جائے ◆
مُعاوَدت (مُعا۔وَدَت) (ع۔ مؤنث) واپسی۔ لوٹنا۔ لوٹ آنا۔ واپس آنا ◆
مُعاوَدت کرنا (ف) لوٹنا۔ واپس آنا۔ پھرنا ◆
معاوضت (مُعا۔وَضَت) (ع۔ مؤنث) عوض۔ بدلہ۔ تاوان ◆
معاوضہ (ع) (مذکر) بدلہ۔ مبادلہ۔ عوض۔ پلٹا ◆
معاوضہ دلانا (ف) عوض دلانا۔ تاوان دلانا۔ ہرجانہ دلانا ◆
معاوِن (مُعا۔وِن) (ع) (مذکر) (۱) مدد دینے والا۔ مددگار۔ دستگیر۔ حامی (۲) وُہ دریا جو دوسرے دریا میں آکر شریک ہو ◆
مُعاوِنِ جُرم (ع) (مذکر۔ قانون) شریکِ جرم۔ ملزم کا مددگار ◆
مُعاونت (مُعا۔وَنَت) (ع۔ مؤنث) مدد۔ حمایت۔ دستگیری۔ سہارا۔ امداد۔ تائید ◆
مُعاہِد (مُعا۔ہِد) (ع) (مذکر) عہد کرنے والا۔ قول و قرار کرنے والا ◆
مُعاہدہ (مُعا۔ہَدَہ) (ع) (مذکر) قول و قرار۔ بچن۔ اقرار نامہ تحریر۔ عہد نامہ ◆
مُعاہدۂ ساقط النفاذ (ع) (مذکر) جاری نہ ہو سکنے والا معاہدہ ◆
معاہدۂ ممکن الانفساخ (ع) (مذکر) ٹوٹ سکنے والا معاہدہ ◆
مَعائب (مَعا۔ئِب) (ع) (مذکر) عیوب۔ نقائص۔ خرابیاں۔ کھوٹ۔ برائیاں ◆
مُعاینہ (مُعا۔یَنَہ) (ع) مذکر۔ ملاحظہ۔ جانچ پڑتال۔ مطالعہ۔ مشاہدہ۔ سامنے دیکھنا۔ اپنی آنکھوں سے دیکھنا ◆
مُعاینہ کرنا (ف) (۱) ملاحظہ کرنا۔ دیکھنا۔ نظر ڈالنا (۲) پرکھنا جانچنا۔ امتحان کرنا۔ آزمانا۔ تجربہ کرنا ◆
مَعبد (مَع۔بَد) (ع۔ مذکر) عبادت گاہ۔ جائے پرستش۔ پوجا پاٹ کرنے کی جگہ۔ مذہبی عبادت خانہ ◆
مَعبر (مَع۔بَر) (ع) مذکر۔ دریا سے عبور کرنے کی جگہ۔ گھاٹ۔ پل۔ رہ گزر ◆

مِعْبَر (مِع۔ بَر) (ع) (مؤنث) دریا سے پار اترنے کی سواری کشتی۔ ناؤ۔ ڈونگا ✦
مُعَبِّر (مُعَب۔ بِر) (ع۔ مذکر) خواب کی تعبیر بیان کرنے والا ✦
مَعْبُود (مَع۔ بُود) (ع) مذکر۔ عبادت کیا گیا۔ پوجا کیا گیا۔ خداوند کریم۔ اللہ تعالیٰ ✦
مُعْتاد (مُع۔ تاد) (ع) (۱) خوگر۔ عادی (۲) (مؤنث) مقدار خوراک۔ خوراک کا اندازہ ✦
مُعْتَبَر (مُع۔ تَبَر) (ع) (۱) اعتبار کیا گیا۔ بھروسہ کیا گیا۔ قابلِ اعتبار (۲) درست۔ ٹھیک۔ راست ✦
مُعْتَبَری (ع۔ ف) (مؤنث) قابلِ اعتبار ہونا ✦
مُعْتَد (مُع۔ تَد) (ع) شمار کیا گیا۔ حساب کیا گیا۔ گنا گیا ✦
مُعْتَدبہ (ع) (۱) معتبر قابلِ اعتبار (۲) معقول بہت سا (۳) تعداد یا مقدار میں زیادہ ✦
مُعْتَدِل (مُع۔ تَدِل) (ع) (۱) باعتدال والا۔ اوسط درجے کا متوسط۔ مدھم۔ درمیانی۔ موافق ✦
مُعْتَدِلُ المِزاج (ع) جس کا مزاج اعتدال پر ہو ✦
معتدل ہونا (ل) برابر ہونا۔ مساوی ہونا۔ اوسط درجے پہ ہونا۔ موافق ہونا ✦
مُعْتَرِض (مُع۔ تَرِض) (ع۔ مذکر) اعتراض کرنے والا۔ روک ٹوک کرنے والا۔ مزاحم ✦
معترض ہونا (ل) مزاحم ہونا۔ سدِّ راہ ہونا ✦
مُعْتَرِف (مُع۔ تَرِف) (ع۔ مذکر) اقرار کرنے والا۔ اعتراف کرنے والا۔ اقبالی۔ اقراری ✦
معترف ہونا (ل) اقرار کرنا۔ اقبال کرنا۔ مُقِر ہونا ✦
مُعْتَزِل (مُع۔ تَزِل) (ع) جدا ہونے والا۔ اختلاف کرنے والا ✦
مُعْتَزِلہ (ع) (مذکر) مسلمانوں کا ایک فرقہ ✦
مُعْتَزِلی (ع۔ مذکر) فرقۂ معتزلہ کا پیرو ✦
مُعْتَصِم (مُع۔ تَصِم) (ع) سہارا پکڑنے والا۔ پناہ لینے والا ✦
مُعْتَضِد (مُع۔ تَضِد) (ع) مدد لینے والا ✦
مُعْتَقِد (مُع۔ تَقِد) (ع) (مذکر) اعتقاد رکھنے والا۔ ماننے والا۔ پیرو۔ مُرید ✦
معتقد ہونا (ل) اعتقاد رکھنا۔ بھروسا رکھنا۔ ماننا۔ ایمان لانا۔ پیروی کرنا ✦
مُعْتَکِف (مُع۔ تَکِف) (ع) (مذکر) اعتکاف میں بیٹھنے والا۔ گوشہ نشین۔ دنیا سے کنارہ کرنے والا۔ عبادت کے لئے ایک کونے میں بیٹھنے والا ✦
مُعْتَل (مُع۔ تَل) (ع) (۱) بیمار۔ علیل (۲) وہ فعل جس کا درمیانی حرف۔ حرفِ علت ہو ✦

مُعْتَمِد (مُع۔ تَمِد) (ع) اعتماد رکھنے والا۔ بھروسہ رکھنے والا ✦
مُعْتَمَد (مُع۔ تَمَد) قابلِ اعتبار۔ اعتماد کیا گیا ✦
مُعْتَمَد علیہ (ع۔ مذکر) معتبر آدمی۔ بھروسے کا جس پر اعتبار کیا جائے ✦
مُعَجِّب (مُعَج۔ جِب) (ع) تعجب میں ڈالنے والا۔ حیرت میں ڈالنے والا ✦
مُعْجَب (مُع۔ جَب) (ع) مغرور۔ متکبر۔ گھمنڈی ✦
مُعْجِز (مُع۔ جِز) (ع) (۱) عاجز کرنے والا (۲) خرقِ العادت ✦
مُعْجِزات (ع) معجزے ✦
مُعْجِزہ (ع) (مذکر) وہ خرقِ عادت جو نبی سے ظاہر ہو۔ اعجاز۔ کرشمہ۔ حیرت میں ڈالنے والی بات ✦
معجزہ دکھانا (ل) کسی نبی یا پیغمبر کا وہ کام کر دکھانا جو انسانی طاقت سے باہر ہو ✦
مُعَجِّل (مُعَج۔ جِل) (ع) بے صبرانہ جلدی کرنے والا ✦
مُعَجَّل (مُعَج۔ جَل) (ع) فوراً۔ دست بدست ✦
مُعْجَم (مُع۔ جَم) و مُعَجَّم (مُعَج۔ جَم) (ع) نقطہ والا۔ منقوطہ۔ وہ حرف جو نقطہ رکھتا ہو ✦
مَعْجُون (مَع۔ جُون) (ع۔ مؤنث) (۱) کوئی مرکب دوا جو کئی دواؤں کو ملا کر آٹے کی طرح گوندھ کے بناتے ہیں۔ خمیر کی ہوئی چیز۔ گوندھی ہوئی شے (۲) ملی ہوئی۔ مرکب۔ آمیختہ (۳) قوام جو کھانڈ اور بھنگ سے تیار کیا جاتا ہے ✦
معجون فلاسفہ (ع) (مؤنث) ایک قسم کی معجون ✦
مَعْدَلَت (مَع۔ دَلَت) (ع۔ مؤنث) عدل۔ انصاف ✦
مَعْدِن (مَع۔ دِن) (ع۔ مذکر) کان۔ چاندی۔ سونا۔ تانبا۔ پیتل۔ کوئلہ وغیرہ نکلنے کی جگہ ✦
مَعْدَنی (ع) معدن سے منسوب۔ کانی۔ دھاتی۔ فلزاتی ✦
مَعْدَنیات (ع) (مؤنث) کانی چیزیں۔ دھات۔ فلزات ✦
مَعْدُود (مَع۔ دُود) (ع) (۱) گن گیا۔ شمار کیا گیا (۲) چند۔ گنتی کے۔ تھوڑے ✦
معدودے چند (ع۔ ف) گنتی کے۔ بہت تھوڑی تعداد میں ✦
مَعْدُولہ (مَع۔ دُو۔ لہ) (ع۔ مذکر) واؤ معدولہ، جو لکھنے میں تو آئے۔ مگر پڑھنے میں نہ آئے ✦
مَعْدُوم (مَع۔ دُوم) (ع) مٹایا گیا۔ نیست کیا گیا۔ فنا کیا گیا۔ ناپید۔ نابود۔ کالعدم ✦
معدوم البصر (ع) نابینا۔ کور۔ اندھا ✦
معدوم کرنا (ل) مٹانا۔ ناپید کرنا۔ فنا کرنا۔ نیست و نابود کرنا ✦
معدوم ہونا (ل) مٹنا۔ فنا ہونا۔ نیست ہونا۔ ناپید ہونا ✦

مَعدُومی (ع۔ دُو۔ مِی) (ع۔ ف) (مؤنّث) نیست ہونا۔ ناپید ہونا ٭

مَعِدَہ (ع۔ دَہ) (ع) (مذکّر) پیٹ میں کھانا رہنے اور ہضم ہونے کی جگہ ٭

مَعذِرَت (ع۔ ذِ۔ رَت) (ع۔ مؤنّث) عذر۔ بہانہ۔ حیلہ ٭

مَعذُور (ع۔ مُذور) (ع) عذر کیا گیا۔ بہانہ کیا گیا۔ مجبور۔ ناچار۔ بےبس (۲) قابلِ عفو۔ معاف کیا گیا (۳) (ا) اپاہج ٭

مَعذُور رکھنا (ا) معاف رکھنا۔ قابلِ عفو سمجھنا ٭

مَعذُوری (ع۔ ف) (مؤنّث) مجبوری ٭

مُعَرّا (مُعَرْ۔ رَا) (ع) (۱) ننگا۔ برہنہ۔ خالی۔ سادہ (۲) وہ کتاب جس پر حاشیہ نہ چڑھا ہوا ہو (۳) بلا ترجمہ قرآن شریف (۴) آزاد۔ کھلا ہوا ٭

مِعراج (مِع۔ راج) (ع۔ مؤنّث) (۱) سیڑھی۔ اوپر چڑھنے کی چیز (۲) حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلّم کا عالمِ ملکوت میں انوارِ الٰہی دیکھنے کا موقع (۳) اعلیٰ رتبہ۔ اعلیٰ درجہ۔ وہ رتبہ یا درجہ جس سے زیادہ تصوّر نہ ہو سکے ٭

مِعراج کی رات (ع) (مؤنّث) رجب کی ستائیسویں رات جس میں رسولِ مقبول صلعم معراج کو تشریف لے گئے تھے ٭

مُعَرَّب (مُعَرْ۔ رَب) (ع) (مذکّر) وہ لفظ جسے عربی بنا لیا گیا ہو اور در اصل وہ کسی اور زبان کا ہو ٭

مَعرَض (ع۔ رَض) (ع۔ مذکّر) (۱) ظاہر ہونے کی جگہ (۲) دوران ٭

مُعَرِّف (مُعَرْ۔ رِف) (ع۔ مذکّر) (۱) تعریف کرنے والا (۲) (مذکّر) امیروں اور بادشاہوں کے دربار میں ہر درباری کو اس کے درجے پر بٹھانے والا شخص (۳) بادشاہ کے روبرو کسی شخص کو پیش کر کے اس کا حال بیان کرنے والا شخص ٭

مَعرِفَت (ع۔ رِ۔ فَت) (ع) (مؤنّث) (۱) شناخت۔ پہچان (۲) علمِ الٰہی (۳) خداشناسی (۴) (ف) ذریعے سے۔ وساطت سے

مَعرِفَہ (ع۔ رِ۔ فَہ) (ع۔ مذکّر) وہ اسم جو ایک معیّن شے کے لیے وضع کیا گیا ہو ٭

مَعرَکَہ (ع۔ رِ۔ کَہ) (ع) (مذکّر) (۱) میدانِ جنگ۔ لڑائی کا میدان۔ رزمگاہ (۲) لڑائی جنگ۔ رن۔ مہم (۳) (ا) جھگڑا قضیّہ۔ قصّہ۔ نزاع۔ تکرار (۴) بھیڑ۔ ہنگامہ۔ انبوہ ٭

مَعرَکہ آرا (ع۔ ف) (۱) صف آرا۔ جنگ آور (۲) معرکے کو رونق دینے والا ٭

مَعرکہ آرائی (ع۔ ف) (مؤنّث) جنگ آرائی۔ میدانِ کارزار میں فوجوں کی ترتیب ٭

معرکے کا (ا) مشکل۔ دشوار۔ بھاری (۲) دھوم دھام کا۔ زور شور کا ٭

معرکے کا آدمی (ا) (مذکّر) بڑی لیاقت کا۔ رعب داب والا۔ دلیر آدمی۔ بڑا آدمی۔ جنگی۔ جنگ کا تجربہ کار ٭

مَعرُوض (ع۔ رُوض) (۱) عرض کیا گیا۔ پیش کیا گیا (۲) عرض۔ التماس۔ گزارش۔ درخواست ٭

مَعرُوضہ (ع) (مذکّر) (۱) عرضی۔ عریضہ (۲) گزارش ٭

مَعرُوف (ع۔ رُوف) (ع) (۱) مشہور۔ معلوم۔ ظاہر (۲) وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو (۳) وہ حرف جس کے پہلے ضمہ خالص ہو۔ اور خوب ظاہر پڑھا جائے ٭

مُعَزَّز (مُعَز۔ زَز) (ع) عزّت والا۔ بزرگ۔ بڑا شریف۔ باوقعت ٭

مُعزّز عہدہ (ع) (مذکّر) عزّت کا منصب یا رتبہ۔ بڑا عہدہ ٭

مَعزُول (ع۔ زُول) (ع) موقوف کیا گیا۔ نوکری سے برطرف کیا گیا۔ بے روزگار۔ بے کار۔ تخت یا گدّی سے اتارا گیا ٭

معزول کرنا (ا) (۱) موقوف کرنا۔ برطرف کرنا۔ معطّل کرنا۔ (۲) تخت سے اتارنا ٭

معزول ہونا (ا) (۱) موقوف ہونا۔ برطرف ہونا۔ خارج ہونا (۲) تخت یا گدّی سے اترنا ٭

مَعزُولی (ع۔ مؤنّث) موقوفی۔ برطرفی۔ معطّلی۔ بیکاری ٭

مُعَسکَر (مُعَس۔ کَر) (ع) (مذکّر) لشکر اترنے کی جگہ۔ چھاؤنی۔ کیمپ۔ لشکرگاہ ٭

مُعَشَّر (مُعَش۔ شَر) (ع) (۱) دس ضلعوں کی شکل (۲) دس کونوں والی چیز (۳) (مذکّر) ایک قسم کی نظم ٭

مَعشُوق (ع۔ شُوق) (ع) جس پر کوئی عاشق ہو۔ دلبر۔ پیارا۔ صنم۔ دلدار۔ دلربا ٭

معشوقانہ (ع۔ ف) معشوق کی مانند۔ دلفریب۔ دلکش۔ خوبصورت۔ دلآویز ٭

معشوقانہ انداز (ا) (مذکّر) دل لبھانے والی ادائیں ٭

مَعشُوقہ (ع۔ مؤنّث) پیاری۔ محبوبہ۔ عزیزہ۔ آشنا ٭

مَعشُوقی (ع) (مؤنّث) معشوقیت۔ دلفریبی۔ دوستی۔ محبّت ٭

معشوقیت (ع) (مؤنّث) دلفریبی۔ معشوق پن ٭

مُعَصفَر (مُعَص۔ فَر) کسم سے رنگا ہوا ٭

مَعصُوم (ع۔ صُوم) (ع) (۱) بے گناہ۔ بے قصور۔ پاک دامن (۲) ننھا بچّہ۔ چھوٹا بچّہ۔ کم سن (۳) سیدھا سادہ۔ بھولا بھالا ٭

معصومیت (ع۔ مؤنّث) معصومی۔ بےگناہی۔ پاک دامنی۔ بھولاپن۔ طفولیت ٭

مَعصِیَت (ع۔ صِ۔ یَت) (ع۔ مؤنّث) (۱) گناہ۔ قصور۔ خطا۔ پاپ (۲) انحراف۔ نافرمانی ٭

مُعَطَّر (مُعَطْ۔ طَر) (ع) خوشبودار۔ خوشبو میں بسا ہوا ◆

مُعَطَّل (ع) (مُعَط۔ طَل) (ف) (۱) بیکار۔ کام سے خالی (۲) سست۔ کاہل۔ ڈھیلا (۳) نکما (۴) کچھ دنوں کے لئے بے کار (۵) بنجر۔ زمین اُفتادہ ◆

مُعَطَّل کرنا (ف) کچھ عرصے کے لئے بیکار کر دینا۔ تھوڑی مدت کے لئے کام چھڑا دینا ◆

مُعَطَّلی (ع۔ مؤنث) بے روزگاری۔ بے کاری۔ معزولی۔ موقوفی ◆

مَعطُوف (مَع۔ طُوف) (ع) (۱) پھیرا گیا۔ لَوٹا ہوا (۲) مذکر۔ علم نحو میں وہ کلمہ جو حرف عطف کے بعد واقع ہو ◆

مَعطُوف علیہ (ع) (مذکر) وہ کلمہ یا کلام جو حرف عطف سے پہلے واقع ہو ◆

مُعطِی (مُع۔ طی) (ع) (۱) عطا کرنے والا (۲) خدا تعالیٰ ◆

مُعَظَّم (مُعَظْ۔ ظَم) (ع) بزرگ۔ بڑا شریف۔ بزرگی دیا گیا ◆

مُعَظَّمہ (ع) (مؤنث) (۱) تعظیم کی ہوئی (۲) بزرگ عورت ◆

مَعقُول (مَع۔ قُول) (ع) (۱) نقل میں لایا گیا۔ مناسب۔ واجب۔ بجا۔ ٹھیک۔ درست (۲) پسندیدہ۔ اچھا۔ بھلا (۳) لائق۔ قابل (۴) خاطر خواہ۔ اطمینان کے قابل (۵) (ف) موزون۔ زیبا۔ پھبتا ہوا (۶) (ف) شائستہ۔ مہذب۔ فہمیدہ۔ سنجیدہ (۷) ماننے والا۔ تسلیم کرنے والا۔ قائل ◆

معقول آدمی (ف) مذکر۔ مہذب آدمی۔ شائستہ آدمی۔ سمجھدار آدمی۔ بھلا آدمی ◆

معقول تنخواہ (ع۔ ف) (مؤنث) کافی تنخواہ۔ خاطر خواہ مشاہرہ۔ اچھی تنخواہ ◆

معقول کرنا (ف) قائل کرنا۔ لاجواب کرنا۔ عاجز کرنا ◆

معقول می شوند چو معزول می شوند (ف) (مثل) جب کوئی شخص اپنے عہدے سے معزول ہو جاتا ہے۔ تو اُسے عقل آجاتی ہے ◆

معقولات (ع) (مؤنث) معقول کی جمع۔ علوم حکمت۔ علوم فلسفہ ◆

معقولیت (ع) (مؤنث) انسانیت۔ سمجھ بوجھ۔ پسندیدگی۔ مناسبت ◆

معکوس (مَع۔ کُوس) (ع) اُلٹا۔ اوندھا۔ ٹیڑھا ◆

معلا۔ یا۔ مُعلّیٰ (مُعَل۔ لا) (ع۔ مذکر) بلند [illegible] ◆

مِعلاق (مِع۔ لاق) (ع۔ مؤنث) کھونٹی۔

مُعَلَّق (مُعَل۔ لَق) (ع) لٹکایا ہوا۔ آویزاں۔ لٹکا ہوا ◆

مُعَلِّم (مُعَل۔ لِم) (ع) (مذکر) اُستاد۔ علم سکھانے والا۔ مدرس۔ مولوی۔ مُلّا۔ ماسٹر ◆

مُعَلِّمُ الملکوت (ع) مذکر۔ شیطان۔ جو پہلے فرشتوں کو تعلیم دیا کرتا تھا ◆

مُعَلِّمِ اوّل (ع) مذکر۔ حکیم ارسطو جس نے علم حکمت کو سب سے پہلے کتابت میں لا کر پڑھانا شروع کیا ◆

مُعَلِّمِ ثانی (ع) (مذکر) حکیم ابونصر فارابی کا لقب جس نے ارسطو کی کتب حکمت کا عربی میں ترجمہ کر کے تعلیم دینی شروع کی ◆

مُعَلِّمِ ثالث (ع) مذکر۔ حکیم بو علی سینا کا لقب جس نے فارابی کے بعد سو کتابوں کے قریب تصنیف کیں ◆

مُعَلِّمہ (ع) (مؤنث) اُستانی۔ پڑھانے والی عورت۔ لڑکیوں کو تعلیم دینے والی عورت ◆

مُعَلِّمی (ع) (مؤنث) لڑکیوں یا لڑکوں کو پڑھانے کا پیشہ۔ مدرسی۔ اتالیقی ◆

مُعلِن (مُع۔ لِن) (ع) اعلان کرنے والا ◆

مَعلُول (مَع۔ لُول) (ع) (۱) علت کیا گیا۔ وہ شے جس کا کوئی باعث یا سبب ہو۔ وہ چیز جسے علت یا اسباب سے ثابت کریں (۲) علم منطق۔ نتیجہ۔ حاصل۔ ثمرہ۔ پھل ◆

مَعلُوم (مَع۔ لُوم) (ع) (۱) جانا گیا۔ تمیز کیا گیا (۲) ظاہر۔ روشن۔ واضح۔ نمود (۳) مشہور و معروف ◆

معلوم شد معلوم شد ذات شما بافندگی (ف) (مثل) اصلیت ظاہر ہو گئی۔ راز فاش ہو گیا ◆

معلوم کرنا (ف) (۱) دریافت کرنا۔ پتا لگانا۔ کھوج لگانا (۲) سمجھنا۔ جاننا۔ خیال میں لانا (۳) پہچاننا۔ تمیز کرنا (۴) تجربہ کرنا۔ جاننا۔ آزمائش کرنا۔ جانچنا ◆

معلوم نہیں (ف) خبر نہیں۔ میں نہیں جانتا۔ کیا معلوم۔ خدا جانے ◆

معلوم ہوتا ہے (ف) خیال گزرتا ہے۔ نظر آتا ہے۔ دکھائی دیتا ہے ◆

معلوم ہونا (ف) (۱) ظاہر ہونا۔ بھید کھلنا (۲) دکھائی دینا۔ نظر آنا۔ سوجھنا (۳) تمیز ہونا۔ شناخت ہونا۔ پہچان میں آنا (۴) محسوس ہونا۔ حس میں آنا (۵) خیال میں آنا۔ خیال گزرنا ◆

معلومات (ع۔ مؤنث) (معلوم کی جمع) واقفیت۔ تجربہ۔ علمی لیاقت۔ محسوسات۔ علم۔ گیان ◆

معلومہ (ع) جس کا حال پہلے سے معلوم ہو۔ جانی گئی ◆

مُعَلّیٰ (مُعَل۔ لا) (ع) عالی۔ بلند۔ اونچا۔ بزرگ۔ معظم ◆

مُعَلّی القاب (ع) بڑے القاب والا۔ عالی مرتبہ۔ عالی جاہ ◆

مُعَمّا (مُعَم۔ ما) (ع۔ مذکر) (۱) مخفی۔ پوشیدہ۔ چیستان۔ وہ بات جو بطور رمز بیان کی جائے (۲) پیچیدہ بات۔ اُلجھا ہوا مسئلہ ◆

مُعَمّا حل کرنا (ف) (۱) پہیلی بوجھنا۔ چیستان سمجھنا (۲) پیچیدہ

مشکل بات طے کرنا ◆

مُعمّا کھُلنا (ل) عقدہ کھُلنا۔ پوشیدہ راز کا ظاہر ہونا ◆

مِعمار (ع۔ مِع۔ مار) (ع۔ مذکر) عمارت بنانے والا۔ راج۔ مستری ◆

مِعماری (ع۔ مؤنث) راج گری۔ عمارت سازی۔ تعمیر ◆

مُعمّر (مُعَم۔ مَر) (ع) عمر رسیدہ۔ بوڑھا۔ بڑی عمر کا آدمی ◆

مَعمُور (ع۔ مَع۔ مور) (ع) (۱) آباد۔ بسا ہُوا۔ گنجان (۲) بھرا ہُوا۔ پُر۔ لبریز (۳) بند۔ مقفل ◆

معمور کرنا (ل) (۱) بھرنا۔ پُر کرنا (۲) آباد کرنا۔ بسانا (۳) بند کرنا۔ بھرنا ◆

معمور ہو جانا (ل) بند ہو جانا۔ بھر جانا۔ مُنْد جانا۔ کنڈی لگ جانا ◆

مَعمُورہ (ع۔ مذکر) (۱) بستی۔ آبادی (۲) کاشت کی ہوئی زمین۔ بوئی ہوئی زمین ◆

مَعمُول (ع۔ مَع۔ مُول) (ع) (۱) عمل کیا گیا (۲) وہ بات جو روزمرّہ کی جائے (۳) (ل) عادت۔ بھاؤ۔ ربط (۴) (ل) (مذکر) رواج۔ دستور۔ ریت۔ قاعدہ ◆

معمول باندھنا (ل) دستور باندھنا۔ قاعدہ مقرر کرنا۔ رویّہ اختیار کرنا ◆

معمول کے دن (ل) (مذکر) (عو) حیض آنے کے دن۔ ایّامِ ماہوار ◆

معمول کے دن ٹل جانا (ل) (عو) حیض کے دنوں کا ٹل جانا۔ حیض نہ آنا۔ پیٹ رہ جانا۔ پیٹ رہ جانے کی علامت ظاہر ہونا ◆

معمُولی (ع) مقررہ۔ مروّجہ۔ رسمی۔ حسبِ عادت ◆

معمُولی کارروائی (ل) مؤنث۔ ضابطے کی کارروائی۔ مقررہ طریق ◆

مُعمّی (مُعَم۔ مّا) (ع۔ مذکر) دیکھو معمّا ◆

مُعنبر (مُعَم۔ بَر) (ع) عنبر کی خوشبو سے بسا ہُوا۔ معطّر۔ خوشبودار ◆

مُعنوَن (مُعَن۔ وَن) (ع) (۱) عنوان کیا گیا۔ دیباچہ کیا گیا (۲) (ل) نامزد کیا گیا۔ کسی کے نام سے منسوب کیا گیا ◆

مَعنَوی (ع۔ نَوی) (ع) منسوب بہ معنی۔ باطنی۔ اندرونی۔ فیاتی۔ حقیقی۔ اصلی۔ واقعی۔ یقینی۔ تصوّری ◆

معنویّت (ع) (مؤنث) باطن پن ◆

معنی۔ مَعنی (ع۔ نا + مَع۔ نی) ع۔ ف۔ مذکر (۱) مقصد۔ ارادہ۔ مطلب۔ مدّعا۔ منشا۔ مُراد (۲) علم بیان (۳) (ل) سبب۔ وجہ۔ باعث (۴) اصلیت۔ ماہیّت۔ حقیقت ◆

معنی بیان کرنا (ل) مطلب سمجھانا۔ ترجمہ کرنا ◆

معنیِ بیگانہ (ف۔ مذکر) وہ عمدہ معنی جو پہلے کسی نے نہ باندھے ہوں ◆

معنیِ پیچیدہ (ف۔ مذکر) پیچیدہ مطلب۔ مضمون جسے غور و فکر کے بغیر سمجھا جا سکے ◆

معنی دینا (ل) (۱) معنی رکھنا (۲) دلالت کرنا۔ جتانا ◆

مَعہُود (ع۔ مَع۔ ہُود) (ع) (۱) عہد کیا ہُوا۔ مشروط (۲) مقرّر۔ معمولی (۳) پرانا۔ قدیم (۴) مشہور و معروف۔ نامی۔ نامور ◆

مِعیار (مِع۔ یار) (ع۔ مذکر) (۱) کسوٹی۔ محک۔ کھرا کھوٹا جانچنے کا پتھر (۲) اندازہ۔ پیمانہ۔ قاعدہ۔ نصاب۔ کسوٹی (۳) پرکھ۔ جانچ ◆

مَعیّت (مَعی۔ یَت) (ع۔ مؤنث) ہمراہی۔ ساتھ ◆

مَعیشت (مَعی۔ شَت) (ع۔ مؤنث) (۱) زندگانی۔ زندگی۔ زیست۔ عیش۔ روزگار۔ روزی۔ وجہ معاش ◆

مُعین (مُعِین) (ع) مددگار۔ معاون۔ امداد دینے والا ◆

معین و مددگار (ع۔ ف) ممدّ و معاون۔ مدد امداد دینے والا ◆

مُعیّن (مُعی۔ یَن) (ع) (۱) ٹھہرایا گیا۔ مقرر کیا گیا۔ معہود (۲) مقررہ۔ مفروضہ (۳) وہ شکل جس کے چاروں اضلاع تو برابر ہوں لیکن زاویے قائمے نہ ہوں ◆

معیّن کرنا (ل) ٹھہرانا۔ مقرر کرنا۔ قائم کرنا ◆

معیّن ہونا (ل) (۱) ٹھہرنا۔ مقرر ہونا۔ قائم ہونا ◆

مَعیُوب (مَع۔ یُوب) (ع) (۱) عیب دار۔ عیب کیا گیا (۲) بُرا۔ نکمّا (۳) قابلِ شرم۔ باعثِ ندامت ◆

م ـ غ

مُغ (مُغ) (ف۔ مذکر) آتش پرست۔ آگ کی پوجا کرنے والا۔ مجوسی ◆

مُغ بچہ (ف۔ مذکر) (۱) آتش پرست کا لڑکا (۲) خوب صورت لڑکا (۳) کلال بچہ۔ مے فروش کا لڑکا (۴) (ل) بھنگ پینے والوں کی اصطلاح میں بھنگ کا بیج ◆

مَغار (مَغا۔ ر) (ع۔ مذکر) (۱) غار۔ گڑھا۔ پہاڑ کی کھوہ (۲) کھڈ۔ کھائی ◆

مَغاک (مَغاک) (ف۔ مذکر) (۱) کھڈ۔ غار۔ کھوہ (۲) کھائی۔ گڑھا (۳) دوزخ ◆

مُغالطہ (مُغا۔ لَطہ) (ع۔ مذکر) (۱) دھوکا۔ فریب۔ دغا۔ مکر۔ دم۔ جھانسا (۲) بھول چوک ◆

مُغالطہ دینا (ل) (۱) دھوکا دینا (۲) گمراہ کرنا (۳) غلط بتانا ◆

مُغالطہ ڈالنا (ل) (۱) غلطی ڈالنا (۲) شبہ ڈالنا ◆

مُغاں (ف۔ مذکر) مُغ کی جمع۔ آتش پرست ◆

مُغایرت (مُغا۔ یرت) (ع۔ مؤنث) غیریت۔ اجنبیّت۔ مخالفت۔ جُدائی ◆

مُغتنم۔ مُغتنَم (مُغ۔ تَنِم + مُغ۔ تَنَم) (ع) (۱) غنیمت سمجھا گیا۔

غنیمت (۲) نعمت غیر مترقبہ (۳) مالِ مُفت ٭

مُغتنمات (ع) (مؤنث) مُغتنم کی جمع ٭

مَغرِب (مَغ - رِب) (ع) - مذکر (۱) سُورج کے چھپنے کی جگہ (۲) (۱) سورج چھپنے کا وقت - شام ٭

مغرب سے آفتاب نکلنا (ا) قیامت کی علامتیں ظاہر ہونا ٭

مغرب کی نماز (ا) (مؤنث) شام کے وقت کی نماز - نمازِ شام ٭

مغربی (ع) (۱) مغرب کا - پچھم کا (۲) مغرب کا باشندہ ٭

مغربیت (ع - مؤنث) (۱) یورپ پن (۲) پچھم پن ٭

مُغرَق (مُغ - رَق) (ع) (۱) لغوی معنی) پانی میں ڈوبا ہوا (۲) جگمگاتا ہوا - چمکتا ہوا - سونے یا چاندی میں لپا ہوا ٭

مغرور (مَغ - رُور) (ع) متکبر - بد دماغ - خود پرست - گھمنڈی

مغرور ہونا (ا) متکبر ہونا - اترانا - شیخی میں آنا ٭

مغروری (ا) (مؤنث) - غرور - تکبّر - نخوت - گھمنڈ - دماغ ٭

مغز (مَغز) (ع) مذکر (۱) دماغ - بھیجا (۲) گری - گودا - کسی چیز کا اندرونی حصّہ (۳) (مجازاً) عقل - سمجھ - فہم - فراست (۴) (ا) جڑ - انجام - اصل - خلاصہ - مادہ (۵) (ا) تکبّر - غرور - دماغ ٭

مغز اُڑا جانا (ا) دماغ پریشان ہو جانا ٭

مغز اُڑنا (ا) دماغ پریشان کرنا ٭

مغز پھٹنا (ا) دماغ چکرانا - سر چکرانا - کسی بدبو یا تیز خوشبو سے دماغ پریشان ہونا ٭

مغز پچی کرنا (ا) مغز پھرانا - مغز مارنا - دیر تک سمجھانا - بک بک کرنا ٭

مغز چاٹنا (ا) دماغ کھانا - دماغ خالی کر دینا - باتوں سے سر کھپانا ٭

مغز چٹ (ا) بکواسی آدمی - باتونی - بک بک کرنے والا ٭

مغز چٹی (ا) (مؤنث) بکواس - بک بک - جھک جھک ٭

مغز چلنا (ا) غرور کرنا - اترانا - گھمنڈ کرنا (۲) دیوانہ ہونا - پاگل ہونا ٭

مغز خالی کرنا (ا) دیر تک سمجھانا - سر مارنا - بکتے جانا ٭

مغز روشن (ع) (ف - مذکر) نسوار ٭

مغز سے اُتارنا (ا) دماغ سے بات نکالنا - نئی بات اختراع کرنا - نہایت عمدہ بات نکالنا ٭

مغز کا (ا) دماغ کا - سمجھ دار - عالی دماغ ٭

مغز کو چڑھ جانا (ا) (۱) نشے کا دماغ میں جا کر تیزی کرنا (۲) اترا جانا - مغرور ہو جانا - بد دماغ ہو جانا (۳) پاگل ہو جانا ٭

مغز کھانا (ا) بکواس کرنا - دماغ چاٹنا - بک بک کرنا ٭

مغز کے کیڑے اُڑانا (ا) بکواس کرنا - دماغ پریشان کرنا ٭

مغز کے کیڑے جھڑنا (ا) (۱) سزا پانا (۲) درست ہونا - سیدھا ہونا (۳) غرور ڈھینا ٭

مغز کے کیڑے نہ اُڑاؤ (ا) (جملہ) بکواس مت کرو - دماغ نہ کھاؤ ٭

مغز کی کیل نکلنا (ا) غرور ڈھینا - گھمنڈ نکلنا ٭

مغزی (مَغ - زی) (ف) (مؤنث) پتلی گوٹ - کور ٭

مغشوش (مَغ - شُوش) (ع) کھوٹا ٭

مِغفَر (مِغ - فَر) (ع) مذکر - لوہے کا ٹوپ جو لڑائی کے وقت پہنا جاتا ہے - خود ٭

مَغفِرت (مَغ - فِرت) (ع) مؤنث - نجات - چھٹکارا - رہائی - خلاصی - برأت - بخشش

مغفور (مَغ - فُور) (ع) بخشا گیا - مغفرت کیا گیا - مرحوم - جنتی - بہشتی - متوفی ٭

مُغل (مُغل) (ف - مذکر) (۱) سادہ دل (۲) تاتاری - ترکوں کا ایک ملّی فرقہ ٭

مغل پٹھان (ا) مذکر (۱) مسلمانوں کا ایک فرقہ جو پٹھانوں سے افضل خیال کیا جاتا ہے (۲) ایک قسم کا کھیل ٭

مُغلا (مُغ - لا) (ا) مذکر - مغل کی تصغیر یا تحقیر ٭

مُغلانی (ا) (مؤنث) (۱) مغل قوم کی عورت (۲) کپڑے سینے والی عورت - درزن (۳) خادمہ - ملازمہ ٭

مُغلانیاں (ا) (مؤنث) مغلانی کی جمع (۱) مغل قوم کی عورتیں (۲) سینے پرونے والی عورتیں ٭

مُغلائی (ا) (۱) مغلوں کی طرز یا فیشن کا (۲) مغلوں کی طرز و روش کی چیز ٭

مُغلّظ (مُغ - لّظ) (ع) (۱) موٹا - درشت - سخت - دبیز (۲) گندہ - میلا (۳) گاڑھا جما ہوا (۴) ناپاک - نجس ٭

مغلّظات (ع) (مؤنث) مغلظ کی جمع - موٹی موٹی گالیاں - فحش باتیں - بُری باتیں ٭

مغلّظات سنانا (ا) فحش گالیاں دینا - کھلّی کھلّی گالیاں دینا ٭

مُغلَق (مُغ - لَق) (ع) (۱) بند کیا ہوا دروازہ - قفل لگایا ہوا (۲) دِق - مشکل کلام - دقیق - سخت اور دُور از فہم الفاظ ٭

مُغلِم (مُغ - لِم) (ع) اغلامی - اغلام کرنے والا - لُوطی ٭

مَغلوب (مَغ - لُوب) (ع) غلبہ کیا گیا - ہارا ہوا - عاجز - زیر - دبا ہوا ٭

مَغلوبُ الغَضَب (ع) غُصّے میں آیا ہوا - وہ شخص جو جلد غُصّے میں آ جائے - بدمزاج - غصیل - تند مزاج ٭

مغلوب کرنا (ف) عاجز کرنا۔ ہرانا۔ زیر کرنا۔ تابع کرنا۔ فتح کرنا ✦

مغلوبیت (ع۔ مؤنث) عاجزی۔ دباؤ۔ اطاعت۔ فرمانبرداری ✦

مغلئی (ف) مغلائی کا مخفف۔ مغل سے منسوب۔ مغلوں کی وضع کا (۲) بیسدار (۳) مغلیہ خاندان کی حکومت۔ حکومت چغتائی کا زمانہ ✦

مغلئی ٹوپی (ف) (مؤنث) ایک قسم کی گوشہ دار ٹوپی۔ اونچے گوشوں کی ٹوپی ✦

مغلئی ہاڑ (ف) مذکر۔ زبردست ہڈی۔ مضبوط ہڈی۔ چوڑی چکلی ہڈی ✦

مغلی (ف) (۱) مغلوں سے منسوب۔ مغلوں کی طرز کا (۲) (مؤنث) پسلی کا خلل۔ اُم الصبیان۔ ایک مرض جو بچوں کو ہوتا ہے اور اس سے ہاتھ پاؤں اینٹھ جاتے ہیں ✦

مغلی بیماری (ف) (مؤنث) اُم الصبیان۔ پسلی کا خلل۔ بچوں کا وہ مرض جس میں ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہو جاتے ہیں ✦

مغلیہ (ف) (۱) مغلوں کے خاندان سے منسوب۔ مغلوں سے متعلق (۲) مغل قوم کے آدمی ✦

مغموم (مَغ۔ مُوم) (ع) دلگیر۔ غمگین۔ ملول۔ رنجیدہ۔ آزردہ۔ غمزدہ۔ اداس۔ فکرمند۔ پریشان ✦

مغنی (مُغ۔ نی) (ع) (۱) بے نیاز کر دینے والا۔ امیر یا آزاد کر دینے والا (۲) خدا تعالیٰ ✦

مغنی (ع) (مذکر) گویا۔ گانے والا۔ ڈوم۔ میراثی ✦

مغنیہ (ع) (مؤنث) گانے والی عورت۔ ڈومنی۔ میراثن ✦

مغیلاں (مُغی۔ لاں) (ع) (مذکر) کیکر۔ ببول۔ ایک قسم کا خاردار درخت ✦

م-ف

مفاتیح (مَفا۔ تیح) (ع۔ مؤنث) مفتاح کی جمع۔ کنجیاں۔ چابیاں ✦

مفاجات (مُفا۔ جات) (ع) اچانک۔ دفعتہً۔ یکبارگی۔ ناگاہ۔ یکایک۔ ناگہاں ✦

مفاخرت (مُفا۔ خرت) (ع۔ مؤنث) بڑائی۔ شیخی۔ لاف زنی۔ ڈینگ۔ فخر۔ ناز ✦

مفاد (مَفاد) (ع) (مذکر) فائدہ ✦

مفارقت (مُفا۔ رقت) (ع) (مؤنث) جدائی ✦

مفاسد (مَفا۔ سِد) (ع) (مؤنث) مفسدہ کی جمع۔ فساد۔ خرابیاں۔ برائیاں۔ فتنے۔ جھگڑے ✦

مفاصل (مَفا۔ صِل) (ع) (مذکر) مفصل کی جمع۔ جوڑ۔ بند۔ پیوند۔ گرہ۔ گانٹھ۔ عضو ✦

مفاوضات (مُفا۔ وضات) (مفاوضہ کی جمع۔ مراسلات۔ مکتوبات۔ وہ خطوط جو بزرگوں یا برابر والوں کو لکھے جائیں۔ وہ خطوط جو اعلیٰ کی طرف سے ادنیٰ کو لکھے جائیں ✦

مفاوضہ (ع) (مذکر) چٹھی۔ خط۔ نامہ۔ مکتوب۔ وہ خط جو اعلیٰ کی طرف سے ادنیٰ کو لکھا جائے ✦

مفت (مُفت) (ف) (۱) بلاقیمت۔ بن دام۔ بلاعوض (۲) ناحق۔ بے فائدہ۔ لاحاصل (۳) ضائع۔ اکارت۔ رائیگاں (۴) بلاسبب۔ بے وجہ۔ بلاقصور (۵) بے محنت۔ بلامشقت ✦

مفت بر (ف) مفت خورا۔ بلاقیمت لے جانے والا ✦

مفت خور۔ یا۔ مفت خورا (ف) بلامحنت و اجرت کھانے والا۔ بے داموں کھانے والا۔ طفیلی ✦

مفت دینا (ف) بلاقیمت دینا۔ بغیر مول لئے دینا ✦

مفت را چہ گفت (ف) (مثل) بلاقیمت چیز کو ذرا لے لینا چاہیئے ✦

مفت کی شراب (ف) (مؤنث) بے داموں کی چیز۔ مال مفت ✦

مفت کی شراب قاضی کو بھی حلال ہے۔ یا قاضی نے بھی حلال کی ہے (ف) (مثل) مفت چیز لینے میں باشرع آدمی بھی جائز و ناجائز کا خیال نہیں کرتا ✦

مفت میں (ف) (۱) بلاقیمت۔ بلا اجرت۔ یونہی بے دام (۲) ناحق۔ بلاسبب (۳) بیگار میں (۴) ضائع۔ اکارت ✦

مفت ہاتھ لگنا (ف) بے داموں ہاتھ لگنا۔ بلامحنت یا بغیر کوشش حاصل ہونا ✦

مفتاح (مِف۔ تاح) (ع) (مؤنث) کنجی۔ چابی۔ قفل کھولنے کا آلہ۔ تالی ✦

مفتح (مُفَت۔ تِح) (ع) (۱) فتح کرنے والا۔ جیتنے والا۔ فاتح (۲) مفتح، وہ دوا جو سدّوں کو خارج کرے ✦

مفتحات (ع) (مؤنث) وہ دوائیں جو پتھری۔ سدّے وغیرہ کو گھلا دیتی ہیں ✦

مفتخر (مُف۔ تَخِر) (ع) فخر کرنے والا۔ شیخی باز۔ ڈینگیا۔ لاف زن ✦

مفتخر فرمائیں (ف) عزت بخشیں۔ فخر بخشیں۔ اکثر خطوط میں لکھا کرتے ہیں ✦

مفتری (مُف۔ تری) (ع) (۱) الزام لگانے والا۔ بہتان

لگانے والا (۲) شریر۔ مُفسِد و غا باز۔ فریبی ◆
مُفتّش (مُفَت۔ تِش) (ع) تفتیش کرنے والا ◆
مفتقر (مُفت۔ تَقِر) (ع) فقیر۔ کنگال ◆
مفتوح (مَفت۔ تُوح) (ع) (۱) کھولا گیا (۲) فتح کیا گیا (۳) وہ حرف جس پر زبر ہو ◆
مَفتُون (مَف۔ تُون) (ع) فتنے میں ڈالا ہوا۔ مُبتلا۔ شیدا۔ فریفتہ۔ فدا ◆
مفتون ہونا (ف) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ فدا ہونا ◆
مُفتی (مُف۔ تی) (ع۔ مذکر) فتویٰ دینے والا۔ شرعی حاکم۔ قاضی۔ جج۔ قانون محمدی کا حاکم ◆
مَفخر (مَف۔ خَر) (ع۔ مذکر) فخر کا باعث۔ مایۂ ناز ◆
مُفتخر (مُف۔ خَر) (ع) فخر کیا گیا۔ معزز۔ بہت بزرگ ◆
مَفَر (مَفَر) (ع) (مذکر و مؤنث) فرار گاہ۔ بھاگنے کی جگہ ◆
مُفرّح (مُفَر۔ رِح) (ع) فرحت بخشنے والا۔ وہ دوا جو طبیعت کو فرحت بخشے ◆
مُفرح قلب (ع۔ مؤنث) وہ دوا جو دل کو فرحت بخشے ◆
مُفرّحات (ع۔ مؤنث) وہ دوائیں جن سے طبیعت کو فرحت اور خوشی حاصل ہو ◆
مُفرد (مُف۔ رَد) (ع) (۱) تنہا۔ اکیلا۔ علیحدہ (۲) ایک۔ واحد (۳) غیر مرکب۔ یکتا۔ یگانہ۔ منفرد ◆
مُفردات (ع۔ مؤنث) (۱) مفرد کی جمع (۲) وہ کتاب جس میں مفرد دواؤں کا حال ہو ◆
مُفرّس (مُفَر۔ رَس) (ع) غیر زبان سے فارسی بنایا ہوا لفظ ◆
مُفرِط (مُف۔ رِط) (ع) زیادہ۔ افزوں۔ کثیر ◆
مفرور (مَف۔ رُور) (ع۔ مذکر) بھاگا ہوا۔ فراری۔ روپوش ◆
مفروش (مَف۔ رُوش) (ع) بچھایا گیا ◆
مفروض (مَف۔ رُوض) (ع) فرض کیا گیا۔ مانا گیا۔ فرضی۔ قیاسی ◆
مَفروق (مَف۔ رُوق) (ع) (۱) فرق کیا گیا۔ جدا کیا گیا (۲) وہ عدد جسے کسی عدد میں سے خارج یا منہا کیا گیا ہو ◆
مفروق منہ (ع) (مذکر) وہ بڑے اعداد جن میں سے چھوٹے اعداد تفریق کئے جائیں ◆
مُفسِد (مُف۔ سِد) (ع) (۱) فساد کرنے والا۔ جھگڑالو۔ فسادی۔ خرابی ڈالنے والا (۲) (مذکر) باغی۔ بغاوت کرنے والا (۳) لوگوں کو آپس میں لڑا دینے والا۔ شریر ◆
مُفسِدانہ (ع۔ ف) مفسدوں کی مانند۔ فتنہ پردازوں کی طرح۔ باغیانہ ◆
مفسدہ (مَف۔ سَدَہ) (ع۔ مذکر) تباہی۔ فساد۔ جھگڑا۔ غدر۔ بلوہ۔ ہنگامہ ◆
مفسدہ برپا کرنا (ف) فساد اٹھانا۔ جھگڑا کھڑا کرنا ◆
مفسدہ پرداز (ع۔ ف) جھگڑالو۔ فسادی۔ فتنہ انگیز ◆
مفسدہ پردازی (ع۔ ف) (مؤنث) فتنہ انگیزی۔ شرارت ◆
مُفسّر (مُفَس۔ سِر) (ع) تفسیر کرنے والا۔ شارح۔ مترجم۔ ترجمان ◆
مَفصَل (مَف۔ صَل) (ع۔ مذکر) بدن کا جوڑ۔ اعضا کا جوڑ ◆
مُفصّل (مُفَص۔ صَل) (ع) تفصیل کیا گیا۔ مشرح۔ بالتفصیل۔ کھلا ہوا۔ صاف واضح ◆
مفصل بیان کرنا۔ یا۔ لکھنا (ف) جدا جدا لکھنا۔ شرح وار لکھنا۔ کھول کر بیان کرنا ◆
مفصل جمع (ع۔ مؤنث) لگان کی وہ مجموعی رقم جو زمیندار اور ٹھیکیدار کاشتکاروں سے وصول کر کے سرکاری خزانے میں داخل کرتے ہیں ◆
مفصّلات (مُفَص۔ صَلات) (ع۔ مذکر) دیہات۔ قصبات۔ ارد گرد کے گاؤں۔ دیہاتی آبادی ◆
مفصلۂ ذیل (ع) وہ چیزیں جن کی تفصیل نیچے لکھی گئی ہو ◆
مُفطِر (مُف۔ طِر) (ع) روزہ کھولنے والا ◆
مَفعُول (ع) (۱) فعل کیا گیا۔ کام کیا گیا (۲) (مذکر) وہ اسم جس پر فعل کیا گیا ہو (۳) بُرا کام کرانے والا۔ بدفعلی کرانے والا ◆
مَفعُول بہٖ (ع) (مذکر) وہ مفعول جس پر کوئی فعل واقع ہو ◆
مَفعُول ثانی (ع) مذکر۔ فعل کا دوسرا مفعول ◆
مفعول فیہ (ع۔ مذکر) وہ مفعول جو وقوع فعل کے مکان یا زمانے پر دلالت کرے ◆
مفعول لہٗ (ع) مذکر۔ وہ مفعول جو فعل کے سبب پر دلالت کرے ◆
مفعول مطلق (ع۔ مذکر) وہ حاصل مصدر جو بطور مفعول کے فعل کے ساتھ مذکور ہو ◆
مَفعول معہٗ (ع۔ مذکر) وہ مفعول جو ہمیشہ مفعول بہٖ کا شریک حال ہو ◆
مفعُول منہ (ع) (مذکر) وہ لفظ یا مفعول جو فعل کے آلہ ہونے پر دلالت کرے ◆
مفقود (مَف۔ قُود) (ع) کھویا ہوا۔ کھویا گیا۔ ناپید۔ معدوم۔ غائب۔ ندارد ◆
مفقود الخبر (ع) جس کا پتہ نہ ملے۔ وہ شخص جس کی کچھ خبر نہ ہو۔ گمشدہ ◆
مفقود ہونا (ف) گم ہونا۔ کھویا جانا۔ غائب ہونا۔ ناپید ہونا ◆
مُفکّر (مُفَک۔ کِر) (ع) فکر کرنے والا۔ سوچنے والا ◆
مُفلس (مُف۔ لِس) (ع) محتاج۔ نادار۔ بے زر۔ غریب۔ مسکین ◆
مفلس بنا دینا (ف) غریب کر دینا۔ محتاج کر دینا۔ بے زر

کر دینا ◆
مُفلس سے سوال حرام ہے (ف) (مثل) غریب کو تکلیف دینا جائز نہیں ◆
مُفلس کا مال ہے (ف) (مثل) اس مال ہے سستا مال ہے ◆
مُفلس کر دینا (ف) دیکھو مُفلس بنا دینا ◆
مُفلسا بیک (ف) (مکرہ) نہایت مفلس۔ بھوکا۔ نادار۔ نہایت محتاج۔ کنگلا ◆
مُفلسی (ف۔ مؤنث) ناداری۔ تنگ حالی۔ غریبی۔ افلاس ◆
مُفلسی چھانا (ف) مُفلسی میں پھنسنا۔ ناداری میں گرفتار ہونا ◆
مُفلسی میں آٹا گیلا ہونا (ف) تکلیف میں تکلیف ہونا۔ نقصان پہ نقصان ہونا ◆
مُفلسی میں شوق شہابی بننا (ف) لنگوٹی میں پھاگ کھیلنا۔ ناداری میں اسراف کا حوصلہ کرنا ◆
مَفلوج (مَف۔ لُوج) (ع) فالج زدہ۔ فالج کا مریض۔ وہ شخص جس کو فالج کی بیماری ہو۔ ادھرنگی ◆
مَفلوک (مَف۔ لُوک) (ع) مُفلس۔ تباہ حال۔ خستہ حال ◆
مَفلوک الحال (ع) خستہ حال۔ تباہ حال ◆
مُفَوِّض (مُفَو۔ وِض) (ع) سپرد کرنے والا ◆
مُفَوَّض (مُفَو۔ وَض) (ع) سپرد کیا ہوا۔ سونپا ہوا۔ حوالے
مُفَوَّضہ (مُفَو۔ وَضہ) کیا ہوا۔ امانت رکھا ہوا ◆
مَفہوم (مَف۔ ہُوم) (ع) (۱) جو کچھ میں آئے۔ سمجھا گیا (۲) مذکر۔ منشا۔ مراد۔ مقصد۔ منصوبہ (۳) مثل۔ سمجھ۔ رائے ◆
مفہوم ہونا (ف) سمجھا جانا۔ خیال میں آنا۔ معلوم ہونا ◆
مُفِید (مُ۔ فید) (ع) فائدہ مند۔ سودمند۔ فائدہ دینے والا ◆
مفید پڑنا۔ یا۔ ہونا (ف) فائدہ مند ہونا۔ موافق ہونا ◆
مُفِیض (مُ۔ فِیض) (ع) فیض پہنچانے والا ◆

م۔ق

مَقابِر (مَقا۔ بِر) (ع۔ مذکر) مقبرہ کی جمع۔ وہ جگہ جہاں بہت سے مقبرے یا قبریں ہوں ◆
مُقابِل (ع) (۱) سامنے والا۔ روبرو (۲) دشمن۔ مخالف۔ حریف۔ (۳) برابر۔ مساوی (۴) نظیر۔ مثل۔ مانند۔ مقابل ◆
مُقابِل ہو جانا (ف) لڑنے کو سامنے کھڑے ہو جانا۔ بھڑ جانا۔ سامنا کر بیٹھنا ◆
مُقابلہ (مُقا۔ بَلہ) (ع۔ مذکر) (۱) آمنا سامنا۔ مُٹھ بھیڑ (۲) برابری۔ ہمسری (۳) مخالفت۔ ضد۔ اختلاف (۴) پڑتال کرنا۔ جانچنا (۵) مخالفت کرنا۔ ضد کرنا۔ اڑنا (۶) تکرار کرنا۔ بحث کرنا (۷) دھڑا باندھنا۔ جنگ و جدل کرنا۔ دو فوجوں کا باہم لڑنا ◆
مُقابلے (ف) (مذکر) مقابلہ کی جمع ◆
مُقابلے پر آنا (ف) (۱) فوج کا لڑنے کے لئے سامنے آنا (۲) لڑنے کو کھڑا ہونا۔ سامنے آنا (۳) معترض ہونا (۴) مزاحم ہونا ◆
مُقابلے پر مستعد ہونا (ف) لڑنے کو تیار ہونا۔ دو بدو ہونے کے لئے موجود ہونا۔ خم ٹھونک کر سامنے آنا۔ لڑنے کی ٹھانا ◆
مَقابہ (مُقا۔ بَہ) (ف) مذکر۔ سنگاردان۔ وہ صندوقچہ جس میں سُرمہ کنگھی۔ تیل۔ عطر وغیرہ رکھتے ہیں ◆
مُقاتلہ (مُقا۔ تَلہ) (ع۔ مذکر) قتل۔ کشت و خون۔ خونریزی۔ باہم قتل کرنا ◆
مَقادِیر (مَقا۔ دِیر) (ع۔ مؤنث) مقدار کی جمع۔ اندازہ۔ تعداد۔ شمار ◆
مَقادیر غیر متماثلہ (ع۔ مؤنث) جبر و مقابلہ میں وہ مقداریں جن کے حروف مختلف ہوں ◆
مَقادیر متماثلہ (ع۔ مؤنث) وہ مقداریں جن کے حروف یکساں اور اعداد مختلف ہوں ◆
مَقادیر مجہولہ (ع۔ مؤنث) غیر معلوم مقداریں ◆
مَقادیر معلومہ (ع۔ مؤنث) وہ مقداریں جو معلوم ہوں ◆
مُقاربت (مُقا۔ رَبت) (ع۔ مؤنث) (۱) قرب۔ نزدیکی۔ قربت۔ صحبت (۲) ہمبستری ◆
مُقارِن (مُقا۔ رِن) (ع) (۱) قریب۔ نزدیک (۲) آشنا۔ دوست ◆
مُقارنت (مُقا۔ رَنت) (ع) مؤنث۔ نزدیک ہونا۔ قربت۔ نزدیکی ◆
مَقاصِد (مَقا۔ صِد) (ع۔ مذکر) مقصد کی جمع۔ مطالب ◆
مُقاطعہ (مُقا۔ طَعَہ) (ع) (مذکر) (۱) کاٹنا (۲) قطع تعلق کرنا ◆
مَقال (مَقال) (ع) (مؤنث) گفتگو۔ کلام۔ بات چیت ◆
مَقالہ (ع۔ مذکر) (۱) قول۔ مقولہ۔ کہی ہوئی بات (۲) تحریر (۳) اُقلیدس کا ہر حصہ جس میں اُقلیدس کے دعاوی اور ان کے ثبوت اور شکلیں وغیرہ درج ہیں (۴) کتاب کا باب۔ حصہ۔ فصل۔ رسالہ۔ حاشیہ ◆
مَقام (مَقام) (ع۔ مذکر) (۱) ٹھہرنے کی جگہ۔ مکان۔ مسکن۔ ٹھکانا۔ گھر (۲) منزل۔ اترنے کی جگہ۔ پڑاؤ (۳) ٹھہراؤ۔ قیام۔ اُتار (۴) (ف) محل۔ موقع۔ وقت ◆
مَقام ابراہیم۔ یا۔ مُصلّٰی (ع۔ مذکر) مکہ معظمہ میں اس مقام کا نام جہاں حضرت ابراہیم خلیل اللہ نے پتھر پر پاؤں جمائے

تھے ◆

مقام بولنا (ا) ٹھہرنے کا حکم دینا۔ ٹھہرانا ◆

مقام کو دینا (ا۔ (ہندو) ع (ا) ماتم پُرسی کو جانا (۲) گھوڑے کو آرام دینا ◆

مقام کرنا (ا) قیام کرنا۔ ٹھہرنا۔ اُترنا ◆

مقام گفتگو (ع۔ ف) (مذکر) محل اعتراض۔ شک و شبہ کی گنجائش ◆

مقام محمود (ع) (مذکر) (۱) سب سے اعلیٰ درجہ (۲) وہ مقام جہاں حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم شب معراج میں پہنچے تھے ◆

مقام معین (ع) (مذکر) خاص مقام۔ مقرر جگہ ◆

مقام ہونا (ا) ٹھہرنا۔ قیام ہونا ◆

مُقامِر (مُقا۔ مِر) (ع) قمار باز۔ جواری۔ جوئے باز ◆

مقامی (ع) (۱) ٹھہرایا ہوا (۲) قیامی کسی خاص جگہ کے متعلق۔ لوکل (۳) ساکن۔ مقام ◆

مُقاومت (مُقا۔ مت) (ع۔ مؤنث) مُقابلہ ◆

مقبرہ (مَق۔ بَرَہ) (ع۔ مذکر) قبر کی جگہ۔ روضہ۔ آستانہ۔ مزار۔ گور۔ درگاہ۔ مرقد۔ تُربت ◆

مُقبل (مُق۔ بِل) (ع) حق کا فرمان قبول کرنے والا۔ رُو برو ہونے والا۔ مقبول۔ عزت دار ◆

مقبوضہ (مق۔ بُوضہ) (ع) قبضہ کیا گیا۔ وہ چیز جس پر قبضہ کیا جائے ◆

مقبول (مق۔ بُول) (ع) قبول کیا گیا۔ مانا گیا۔ پسندیدہ۔ برگزیدہ۔ پیارا۔ محبوب ◆

مقبولِ بارگاہ (ع۔ ف) خدا کا پیارا۔ محبوب الٰہی ◆

مقبول ہونا (ا) (۱) قبول ہونا۔ منظور ہونا۔ پسند ہونا۔ پسندیدہ ہونا ◆

مقبولیت (ع۔ مؤنث) قبولیت۔ اجابت۔ منظوری ◆

مُقتبِس (مُق۔ تَبِس) (ع) (۱) اقتباس کرنے والا۔ روشنی لینے والا۔ (۲) دوسرے شخص سے فائدہ اُٹھانے والا ◆

مُقتبَس (مُق۔ تَبَس) (ع) (۱) اقتباس کیا گیا۔ فائدہ اُٹھایا گیا ◆

مُقتدا (مُق۔ تدا) (ع۔ مذکر) پیروی کیا گیا۔ وُہ شخص جس کی پیروی اور لوگ کریں۔ امام۔ پیشوا۔ رہنما ◆

مُقتدر (مُق۔ تدِر) (ع) (۱) اقتدار رکھنے والا۔ طاقت ور۔ قوی۔ زور آور ◆

مُقتدی (مُق۔ تدِی) (ع) (مذکر) (۱) پیروی کرنے والا۔ پیرو۔ مقلد (۲) امام کے پیچھے کھڑا ہونے والا ◆

مُقتصِر (مُق۔ تَصِر) (ع) مختصر کرنے والا۔ تھوڑے پر صبر کرنے والا ◆

مُقتضا (مُق۔ تضا) (ع) (۱) تقاضا کیا گیا (۲) مطلب۔ مراد۔ (۳) مصلحت (۴) موقع ◆

مُقتضائے انصاف (ع) انصاف کے موافق۔ انصاف کے رُو سے ◆

مُقتضائے وقت۔ مناسب وقت۔ مصلحت وقت کے مطابق ◆

مُقتضَب (مُق۔ تَضَب) (ع) (۱) کاٹا گیا (۲) نکالا گیا (۳) (مذکر) عروض کی ایک بحر ◆

مُقتضی (مُق۔ تضی) (ع) خواہش کرنے والا۔ چاہنے والا۔ تقاضا کرنے والا ◆

مَقتل (مَق۔ تَل) (ع۔ مذکر) قتل کرنے کی جگہ۔ مذبح۔ کُشت گاہ ◆

مَقتول (مَق۔ تُول) (ع) (۱) قتل کیا گیا۔ مارا گیا (۲) عاشق۔ فریفتہ۔ مذبوح ◆

مِقدار (مِق۔ دار) (ع۔ مؤنث) اندازہ۔ شمار۔ وزن۔ تول۔ جسامت۔ تعداد۔ مجموعہ۔ میزان۔ حاصل ◆

مقدارِ مجہول (ع۔ مؤنث) نامعلوم رقم۔ وہ مقدار جس کی قیمت معلوم نہ ہو ◆

مقدارِ مرکب (ع) مؤنث۔ وُہ مقدار جس کے کئی اجزا ہوں اور ہر جزو کی داہنی طرف علامت اثبات یا نفی کی ہو ◆

مقدارِ مثبتہ (ع) مؤنث۔ جبر و مقابلہ میں وہ مقدار جس کی داہنی طرف جمع کی علامت ہو ◆

مقدارِ معروف (ع) (مؤنث) مقدار معلوم۔ وہ رقم جو معلوم ہو ◆

مقدارِ مقررہ (ع) مؤنث۔ مقرر کی ہوئی مقدار ◆

مقدارِ منفیہ (ع) مؤنث۔ وہ مقدار جس کی داہنی طرف نفی کی علامت ہو ◆

مُقدَّر (مُقد۔ دَر) (ع) (۱) پہلے سے لکھا گیا۔ نوشتہ مشیت ایزدی (۲) وہ حرف جو عبارت میں نہ ہو۔ مگر اس کے معنی لئے جائیں (۳) (مذکر) تقدیر۔ قسمت۔ نصیب۔ مقسوم ◆

مُقدر آزمانا (ا) قسمت کا امتحان کرنا۔ نصیبے کی آزمائش کرنا ◆

مُقدر آزمائی (ا) (مؤنث) قسمت آزمائی۔ تقدیر کا امتحان ◆

مُقدر برگشتہ ہونا (ا) قسمت پلٹنا۔ تقدیر کا برگشتہ ہونا ◆

مُقدر چمکنا (ا) نصیب جاگنا۔ دن پھرنا۔ نصیب یاور ہونا ◆

مقدر سامنے ہونا (ا) تقدیر موافق ہونا۔ اقبال یاور ہونا۔ بخت تیز ہونا ◆

مقدرت (مق۔ دُرت) (ع) (مؤنث) (۱) قدرت۔ طاقت۔

قوت (۲) حیثیت۔ بساط ✦

مُقَدَّس (مُقَدْ۔دَس) (ع) (۱) پاک کیا گیا۔ مبرا۔ معصوم۔ بیگناہ (۲) بزرگ۔ پارسا۔ فرشتہ خصلت ✦

مُقَدَّس کتاب (ع۔ مؤنث) پاک کتاب۔ آسمانی کتاب۔ جیسے توریت۔ زبور۔ انجیل۔ قرآن۔ وید۔ شاستر وغیرہ ✦

مُقَدَّسہ (ع) (صفت مؤنث ہے) دیکھو مقدس (۲) مؤنث۔ پاک صاف ✦

مُقَدِّم (مُقَدْ۔دِم) (ع) (۱) آگے چلنے والا (۲) ترجیح دینے والا۔ (۳) پیش کرنے والا (۴) خدا تعالیٰ کا ایک نام ✦

مُقَدَّم (مُقَدْ۔دَم) (ع) (۱) پیش کیا گیا۔ آگے کیا گیا (۲) پہلا۔ اگلا۔ گزشتہ سابقہ۔ قدیم (۳) اعلیٰ۔ اونچا۔ معزز۔ برتر۔ بزرگ (۴) (ف) واجب۔ فرض۔ ضروری۔ لازم۔ مناسب (۵) آگے کا حصہ (۶) گاؤں کا نمبردار۔ چودھری۔ سرگروہ۔ پٹواری۔ سردار (۷) زمینداروں میں ایک عزت کا لقب (۸) حساب کی پہلی رقم ✦

مقدم جاننا۔ یا۔ سمجھنا (ف) کسی کام کو سب سے اول خیال کرنا۔ اچھا جاننا۔ مناسب سمجھنا۔ واجب جاننا ✦

مقدم ہونا (ف) کسی کام کا پہلے ہونا۔ فرض یا ضروری ہونا ✦

مَقْدَم (مَق۔دَم) (ع) (مذکر) قدم رنجہ فرمائی۔ رونق افروزی کسی جگہ سے تشریف آوری (۲) پاؤں رکھنے کی جگہ۔ قدم رکھنے کی جگہ ✦

مقدمات (مُقَد۔دَمات) (ع) (مذکر) مقدمہ کی جمع۔ مقدمے۔ معاملات ✦

مُقَدِّمَہ (مقدمہ) (مُقَدْ۔دِمَہ) (ع) (۱) آگے چلنے والا۔ آگے جانے والا (۲) لشکر کا کچھ حصہ جو آگے کو بھیج دیا جائے۔ (۳) تمہید۔ دیباچہ ✦

مقدمۃ الجیش (ع۔ مذکر) (۱) وہ لشکر جو آگے بھیج دیا جائے۔ پیش خیمہ (۲) آگے کی فوج۔ ہراول (۳) فوج کا حاکم اعلیٰ۔ سپہ سالار ✦

مُقَدَّمہ (مُقَدْ۔دَمَہ) (ع۔ مذکر) (۱) نالش۔ استغاثہ۔ دعویٰ (۲) حادثہ۔ وقوعہ۔ واردات۔ واقعہ (۳) معاملہ۔ موقع (۴) (ف) مسئلہ۔ بات ✦

مقدمہ باز (ع۔ ف) وہ شخص جسے مقدمہ بازی کا بہت شوق ہو ✦

مقدمہ بازی (۱) نالش۔ عدالتی چارہ جوئی ✦

مقدمہ اٹھانا۔ یا۔ بنانا (ف) جھوٹا دعویٰ کرنا جھگڑا کھڑا کرنا ✦

مقدمہ جیتنا (ف) دعوے میں کامیاب ہونا ✦

مقدمہ قابل دست اندازی پولیس (ع۔ ف) (مذکر) وہ مقدمہ جس میں پولیس قانونی اختیارات یا وارنٹ سے گرفتار کر سکے ✦

مقدمہ کھڑا کرنا (ف) دعویٰ پیدا کرنا۔ جھگڑا اُٹھانا ✦

مقدمہ ہارنا (ف) دعوے میں ناکامیاب ہونا ✦

مَقْدُور (مَق۔دُور) (ع۔ مذکر) (۱) قدرت دیا گیا۔ طاقت مجال۔ زور۔ قوت۔ حوصلہ (۲) قابو۔ رسائی۔ پہنچ۔ دسترس (۳) گنجائش۔ سمائی۔ بساط۔ حیثیت (۴) (ف) دولت۔ ثروت۔ پونجی۔ مایہ (۵) (ف) علاج۔ تدبیر (۶) (ف) دلیری۔ جرأت (۷) (ف) ذریعہ۔ وسیلہ۔ سہارا ✦

مقدور بھر (ف) حتی الوسع۔ جہاں تک ممکن ہو۔ تابمقدور ✦

مقدور چلنا (ف) بس چلنا۔ زور چلنا۔ قابو چلنا ✦

مقدور کی بات (ف) (مؤنث) روپے کی بات۔ دولت کی بات ✦

مقدور نہ رکھنا (ف) (۱) طاقت نہ رکھنا۔ تاب نہ رکھنا۔ (۲) حوصلہ نہ رکھنا (۳) نادار ہونا (۴) بس نہ رکھنا۔ ناچار ہونا ✦

مقدور والا (ف) دولت مند۔ غنی۔ مال دار۔ زردار۔ پونجی والا۔ امیر۔ متمول ✦

مقدور ہونا (ف) (۱) حوصلہ ہونا (۲) تاب ہونا۔ مجال ہونا (۳) قابو ہونا۔ بس ہونا (۴) بساط ہونا۔ حیثیت ہونا (۵) زر ہونا۔ مال ہونا۔ دولت ہونا (۶) زور ہونا۔ طاقت ہونا (۷) گنجائش ہونا۔ سمائی ہونا ✦

مَقْدُونِیَہ (مَق۔دُو۔نِیَہ) (ع۔ مذکر) یونان کے شمال میں ایک مشہور شہر جو سکندر اعظم کا پایۂ تخت تھا ✦

مُقِرّ (مُقِرّ) (ع) اقرار کرنے والا۔ اقراری۔ معترف۔ اعتراف کرنے والا۔ تسلیم کرنے والا۔ ماننے والا ✦

مُقِرِّ جُرم (ع) جرم کا اقراری۔ وہ مجرم جس نے اپنے جرم کا اقرار کیا ہو ✦

مُقِر ہونا (ف) اقرار کرنا۔ اقبال کرنا۔ معترف ہونا۔ ماننا۔ تسلیم کرنا ✦

مَقَرّ (مَقَرّ) (ع) (مذکر) ٹھہرنے کی جگہ۔ مسکن۔ مقام۔ قرار گاہ ✦

مَقَرِّ خلافت (ع) (مؤنث) دار الخلافہ۔ دار السلطنت۔ دار الحکومت صدر مقام۔ پایۂ تخت ✦

مِقْراض (مِق۔راض) (ع۔ مؤنث) کترنی۔ کترنے کا اوزار۔ قینچی ✦

مقراض کی طرح زبان چلنا (ف) (کنایۃً) بہت تیز بولنا ✦

مقراض کرنا (ف) کترنا ✦

مِقْراضَہ (مِق۔راضَہ) (ع۔ مذکر) (۱) ایک قسم کا تیر جس کا پھل قینچی کی طرح دو شاخہ ہوتا ہے (۲) گلگیر۔ گل تراش (۳) ایک قسم کا حلوا ✦

مُقَرَّب (مُقَر۔رَب) (ع) (۱) قریب کیا گیا۔ بندگی دیا گیا (۲)

(مذکر) مصاحب۔ خاص دوست۔ ہمراز۔ مُنہ لگا ◆

مقربِ بارگاہ (ع۔ف) (مذکر) وہ شخص جس کو دربار میں آنے کی اجازت ہو۔ بادشاہ کے پاس رہنے والا معزز درباری ◆

مُقرّر (مُقَر۔ رَر) (ع) (۱) قرار کیا گیا۔ ٹھہرایا گیا (۲) بالمقطع۔ چُکا یا گیا (۳) معیّن۔ تعینات۔ مامور (۴) عہد کیا گیا۔ قول کیا گیا (۵) (ا) بلاشبہ۔ یقیناً۔ ضرور۔ بالضرور۔ لا کلام ◆

مقرر کرنا (ل) (۱) قایم کرنا۔ ٹھہرانا۔ قرار دینا۔ متعین کرنا۔ (۲) نوکر رکھنا۔ جگہ دینا (۳) جاری کرنا (۴) قیمت چکانا۔ (۵) لگانا۔ تجویز کرنا ◆

مقرر ہونا (ل) ٹھہرنا۔ قرار پانا۔ متعین ہونا (۲) نوکر ہونا۔ ملازمت پر مامور ہونا ◆

مُقرّرہ (ع) قرار دیا گیا۔ ٹھہرایا گیا۔ تجویز کیا گیا۔ معینہ۔ بوجہ مروجہ۔ حسب دستور ◆

مقرری (ع) (مؤنث) (۱) تقرر۔ تعیناتی (۲) جمع۔ معاملہ۔ لگان۔ مالگزاری (۳) مشاہرہ۔ تنخواہ۔ طلب۔ وظیفہ ◆

مُقرنس (مُقر۔ نس) (۱) بلند (۲) گول (۳) (مذکر) اونچی اور گول عمارت جس پر گول سیڑھیوں سے چڑھتے ہیں ◆

مقروض (مَق۔ رُوض) (ع) (مذکر) (۱) قرضہ۔ قرض دیا ہُوا۔ اُدھار لیا ہُوا (۲) وہ شخص جس نے اُدھار لیا ہو۔ قرضدار۔ دیندار۔ مدیون ◆

مقروض ہونا (ل) قرض دار ہونا۔ دیندار ہونا ◆

مقرون (مَق۔ رُون) (ع) نزدیک کیا گیا۔ پاس۔ قریب ◆

مُقسط (مُق۔ سِط) (ع) (۱) منصف (۲) خُدا تعالیٰ کا ایک نام ◆

مقسوم (مَق۔ سُوم) (ع) (۱) تقسیم کیا گیا۔ بانٹا گیا (۲) (مذکر) علم حساب میں وہ عدد جسے تقسیم کیا گیا ہو (۳) حصّہ۔ بخرہ (۴) نصیب۔ تقدیر۔ بخت۔ مقدر ◆

مقسوم جاگنا (ل) (عو) نصیب جاگنا۔ دن پھرنا۔ اقبال یاور ہونا۔ بخت بیدار ہونا ◆

مقسوم چمکنا (ل) دیکھو (مقسوم جاگنا) ◆

مقسوم علیہ (ع) (مذکر) بانٹنے والا عدد۔ وہ عدد جس پر کوئی عدد تقسیم کیا جائے ◆

مقسوم کا لکھا (ل) (مذکر) سرنوشت۔ تقدیر کا لکھا۔ کرم ریکھ ◆

مُقشّر (مُقَش۔ شَر) (ع) چھلکا اُتارا ہُوا۔ پوست اُتارا ہُوا۔ چھیلا ہُوا ◆

مَقصد (مَق۔ صَد) (ع) (مذکر) (۱) قصد کرنے کی جگہ۔ وہ جگہ جہاں کا ارادہ کیا جائے (۲) مُراد۔ مطلب۔ ارادہ۔ نیّت۔ عزم۔ منشا۔ معنی ◆

مقصد برآنا (ل) مطلب پورا ہونا۔ مُراد حاصل ہونا ◆

مُقصّر (مُقَص۔ صِر) (ع) (۱) تقصیر کرنے والا۔ قصور کرنے والا۔ (۲) کوتاہی کرنے والا (۳) کم رہنے والا ◆

مَقصُود (مَق۔ صُود) (ع) قصد کیا گیا۔ ارادہ کیا گیا۔ غرض۔ مدعا۔ مطلب ◆

مَقصُور (مَق۔ صُور) (ع) کم کیا گیا۔ چھوٹا کیا گیا (۲) وہ الف جس پر مد نہ ہو ◆

مُقطّر (مُقَط۔ طَر) (ع) ٹپکایا ہُوا۔ قطرہ قطرہ کرکے ٹپکایا اور صاف کیا ہُوا ◆

مَقطع (مَق۔ طَع) (ع) (مذکر) غزل یا قصیدے کا آخری شعر جس میں شاعر کا تخلص آتا ہے ◆

مقطع کا بند (ل) (مذکر) (۱) نظم کا آخری بند۔ جس میں شاعر کا تخلص آتا ہے (۲) فخریہ کلام جو بار بار زبان پر لایا جائے ◆

مُقطّع (مُقَط۔ طَع) (ع) (۱) تراشا ہُوا۔ چھانٹا ہُوا۔ تراش خراش سے سجایا گیا (۲) مہذب۔ ثقہ۔ شائستہ۔ سنجیدہ۔ (۳) قابلِ اعتماد۔ معتمد ◆

مُقطّع ڈاڑھی (ل) (مؤنث) شرع کے مطابق تراشی ہوئی ڈاڑھی۔ لمبی ڈاڑھی ◆

مقطّعات (ع) (مذکر) چھوٹے چھوٹے ریشمی کپڑے (۲) چھوٹے وزن کے شعر اور بحر رجز کے اشعار ◆

مقعد (مَق۔ عَد) (ع) (مؤنث) دُبر۔ کون (۲) بیٹھنا ◆

مُقعّر (مُقَع۔ عَر) (ع) گہرا۔ عمیق (۲) گڑھا ◆

مُقفّل (مُقَف۔ فَل) (ع) قفل لگا ہُوا۔ بند۔ تالا دیا ہُوا ◆

مقفل کرنا (ل) قفل لگانا۔ تالا لگانا ◆

مُقفّیٰ (مُقَف۔ فا) (ع) قافیہ کیا گیا۔ قافیہ دار۔ مسجع ◆

مُقلّب (مُقَل۔ لِب) (ع) بدلنے والا ◆

مُقلّبُ القلوب (ع) دلوں کو پھیر دینے والا۔ پلٹنے والا۔ (۲) خدا تعالیٰ ◆

مُقلّد (مُقَل۔ لِد) (۱) تقلید کرنے والا (۲) پیرو۔ مرید۔ معتقد (۳) مسلمانوں کا وہ فرقہ جو چاروں اماموں سے کسی ایک کو مانتا ہو ◆

مَقلُوب (مَق۔ لُوب) (ع) (۱) پلٹا گیا۔ اُلٹا گیا (۲) (مذکر) علم بیان کی ایک صنعت جس کی عبارت اُلٹی سیدھی

یکساں پڑھی جائے ◆
مقلوبِ بعض (ع)، (مذکر) علم بیان کی وہ صنعتِ مقلوب جس میں کہیں کے حروف کہیں ملا کر پڑھنے سے عبارت موزوں ہو جاتی ہے ◆
مقلوبِ کل (ع)، (مذکر) علم بیان کی وہ صنعتِ مقلوب جس میں لفظ کی تبدیلی یا ترتیب ہو ◆
مقلوبِ مستوی (ع)، (مذکر) علم بیان کی وہ صنعت مقلوب جس میں لفظ یا کلام کو اُلٹ کر پڑھیں تو وہی عبارت یا لفظ بن جائے ◆
مقناطیس (مِق ۔ نا ۔ طِیس) (معرب)، (مذکر) آہن ربا۔ ایک قسم کا پتھر جو اپنی کشش سے لوہے کو کھینچ لیتا ہے۔ ایک قسم کا سیاہ پتھر۔ چمک پتھر ◆
مقنّع (مُقَن ۔ نَع)، (ع)، (مذکر) ایک مشہور شخص جس کے بیٹے کا نام عطا تھا اسی عطا نے سحر و طلسم سے ایک کنوئیں میں سے چاند نکالا تھا ◆
مقنع۔ مِقنعہ (مِق ۔ نَع ۔ مِق ۔ نَعَہ) (ع)، (مذکر) (۱) نقاب۔ سر پر ڈالنے کا کپڑا (۲) برقع ◆
مقنّن (مُقَن ۔ نِن)، (ع)، قانون بنانے یا جاننے والا ◆
مقنیشیا (مِق ۔ نے ۔ شِیا)، معرب، (انگریزی)، میگنیشیا (Magnesia) (مذکر) ایک قسم کی انگریزی سفید مٹی جو دواؤں میں برتی جاتی اور مسہل کے کام آتی ہے ◆
مقوّد (مِق ۔ وَد)، (ع)، (مؤنث)، رسی۔ ڈوری۔ تاگا (۲) جہاز کا لنگر یا کشتی کا رستہ ◆
مقوّس (مُقَو ۔ وَس)، (ع)، کمان کی طرح خم کھائے ہوئے ◆
مقولہ (مَقُو ۔ لَہ)، (ع)، (مذکر)، قول۔ بات۔ کہاوت۔ سخن۔ ضرب المثل۔ سخن ◆
مقوّی (مُقَو ۔ وِی)، (ع)، قوت دینے والا۔ طاقت بخشنے والا ◆
مقوّی باہ (ع)، جو باہ کو طاقت دے (دوا)، جو شہوت کو بڑھائے ◆
مقوّی بدن (ع)، جو بدن کو قوت بخشے (دوا) ◆
مقوّی دل (ع ۔ ف)، جو دل کو قوت دے (دوا) ◆
مقوّی دماغ (ع)، جو دماغ کو طاقت دے (دوا) ◆
مقوّی معدہ (ع)، جو معدے کو قوت دے (دوا)، جو قوت ہاضمہ کو بڑھائے (دوا)
مقوّیٰ (مُقَو ۔ وا)، (ع)، (۱) مضبوط کیا گیا (۲)، (مذکر) موٹا کاغذ جس سے کتاب کی جلد باندھتے ہیں۔ پٹھا۔ وصلی۔ دفتی ◆
مقہور (مق ۔ ہور)، (ع)، قہر کیا گیا۔ مغضوب۔ راندۂ درگاہ۔ مردود۔

مقیئ (مُقَی ۔ یِئ)، (ع)، وہ جو قے لائے (دوا) ◆
مقیاس (مِق ۔ یاس)، (ع)، (مذکر) (۱) اندازہ (۲) وہ آلہ جس سے کسی چیز کا اندازہ کریں۔ پیمانہ۔ گھڑی کی سوئی ◆
مقیاسُ الحرارت (ع)، (مذکر) گرمی معلوم کرنے کا آلہ۔ تھرمامیٹر ◆
مقیاسُ الماء (ع)، (مذکر) وہ آلہ جس سے پانی کے اتار چڑھاؤ کا اندازہ کیا جاتا ہے۔ نپسال ◆
مقیاسُ الموسم (ع)، (مذکر) موسم کے تغیر و تبدل معلوم کرنے کا آلہ ◆
مقیاسُ الہوا (ع)، (مذکر) وہ آلہ جس سے ہوا یا طوفان وغیرہ کی علامت معلوم کی جاتی ہے۔ بیرومیٹر ◆
مُقیت (مُقِیت)، (ع)، (مذکر)، خدا تعالے کا نام جو مخلوق کو قوت یعنی روزی پہنچاتا ہے ◆
مقیّد (مُقَی ۔ یَد)، (ع)، قید کیا گیا۔ اسیر۔ قیدی۔ پابند ◆
مقیش (مُقَی ۔ یش)، (۱) (مؤنث) چاندی یا سونے کے تار۔ بادلہ (۲) زری۔ سونے چاندی کے تاروں کا بنا ہوا کپڑا ◆
مقیشی (ف)، بادلے کا۔ زری کا۔ چاندی یا سونے کے تاروں کا ◆
مقیشی گوکھرو (ف)، (مذکر)، ایک قسم کا باریک گوکھرو جو صرف تاروں کو موڑ کر بنایا جاتا ہے ◆
مُقیم (مُقِیم)، (ع)، اقامت کرنے والا۔ ٹھہرنے والا۔ اترنے والا۔ قائم۔ قیام پذیر ◆
مقیم ہونا (و)، ٹھہرنا۔ رہنا۔ بسنا۔ اقامت کرنا ◆

م ۔ ک

مُک (مُک)، (ف)، (مذکر)، (عوام) مکا ◆
مَکا (مَک ۔ کا)، (ہ)، (مذکر)، دیکھو (۱)، بڑی جوار۔ مکئی ◆
مُکا (مُک ۔ کا)، (ہ)، (مذکر) گھونسا۔ مشت۔ ڈک ◆
مکا لگانا۔ یا۔ مارنا (ہ)، گھونسا لگانا۔ ڈک جڑنا ◆
مُکابرہ (مُکا ۔ بَرَہ)، (ع)، (مذکر) (۱) غرور۔ تکبر۔ شیخی۔ گھمنڈ (۲) جھگڑا۔ قضیہ۔ لڑائی (۳) مقابلہ۔ مجادلہ ◆
مکاتب (مَکا ۔ تِب)، (ع)، (مذکر)، مکتب کی جمع۔ بہت سے مکتب یا مدرسے ◆
مکاتبت (مُکا ۔ تَبَت)، (ع)، (مؤنث)، باہمی خط و کتابت۔ مراسلت۔ لکھت پڑھت ◆
مکاتیب (مَکا ۔ تِیب)، (ع)، (مذکر)، مکتوب کی جمع۔ چٹھیاں۔ خطوط۔ رقعے ◆

مَکّار (مَک ۔ کار) (ع) مکر کرنے والا ۔ دغا باز ۔ عیار ۔ فریبی ✦
مکارِم (مَکا ۔ رِم) (ع) (مذکر) مکرمت کی جمع ۔ بزرگیاں ۔ عنایتیں نوازشیں ۔ مہربانیاں ۔ خوبیاں ۔ قابلِ تعریف کام ✦
مَکّارہ (ع) (مؤنث) مکر کرنے والی عورت ۔ عیارہ ۔ فریبن ✦
مکّاری (ع) عیاری ۔ دغا بازی ۔ فریب ۔ چالاکی ✦
مُکاشفت (مُکا ۔ شَفَت) (ع) (مؤنث) بھید کھولنا ۔ انکشاف افشائے راز ✦
مُکاشفہ (مُکا ۔ شَفَہ) (ع) (مذکر) کشف ۔ کرامات ۔ امورِ غیبی کا معلوم ہو جانا ✦
مُکافات (مُکا ۔ فات) (ع) (مؤنث) بدلہ ۔ عوض ۔ تاوان ۔ پاداش ۔ سزا ۔ انتقام ✦
مُکافات کو پہنچنا (ل) کیے کی سزا ملنا ✦
مُکالمہ (مُکا ۔ لَمَہ) (ع) (مذکر) گفتگو ۔ زبانی سوال و جواب ۔ ہم کلامی ✦
مکان (مَکان) (ع) (مذکر) رہنے کی جگہ ۔ گھر ۔ مسکن ✦
مکان بدلنا (ل) جگہ بدلنا ۔ ایک گھر سے دوسرے گھر میں منتقل ہونا ✦
مکان بیٹھنا (ل) مینہ سے گھر کا گر پڑنا ۔ بارش کے سبب مکان گرنا ✦
مکان دار (ع ۔ ف) (مذکر) گھر والا ۔ مالکِ مکان ✦
مکان دینا (ل) (۱) گھر کرائے پر دینا (۲) اُتارنا ۔ ٹھہرانا ✦
مکان لینا (ل) (۱) گھر کرائے پر لینا ۔ (۲) مکان مول لینا ۔ گھر خریدنا ✦
مکانات (ع) (مذکر) مکان کی جمع ۔ بہت سے گھر ✦
مکائد (مَکا ۔ ئِد) (ع) (مذکر) مکر ۔ فریب ۔ مغالطہ ✦
مُکبّر (مُکَب ۔ بِر) (ع) تکبیر کہنے والا ✦
مُکت (مُکت) (ہ) (مذکر) مکتی ۔ نجات ۔ مغفرت ۔ بخشش ۔ چھٹکارا ۔ رہائی ✦
مُکت پانا (ہ) رہائی پانا ۔ چھٹکارا پانا ۔ نجات پانا ✦
مکت داتا (ہ) (مذکر) نجات دہندہ ۔ شفیع ۔ شفاعت کنندہ ✦
مُکتا (مُک ۔ تا) (ہ) بہت سا ۔ بکثرت ۔ بافراط ۔ کافی ۔ بخوبی ✦
مُکتا (مُک ۔ تا) (س) (مذکر) موتی ۔ گوہر ۔ دُر ✦
مکتب (مَک ۔ تَب) (ع) مذکر ۔ لکھنے پڑھنے کی جگہ ۔ مدرسہ ۔ سکول ۔ درسگاہ ✦
مکتب خانہ (ع ۔ ف) مذکر ۔ سکول ۔ مدرسہ ۔ لڑکوں کے لکھنے پڑھنے کی جگہ ✦
مُکتفی (مُک ۔ تَفی) (ع) کافی ۔ پورا ۔ وافی ✦
مکتوب (مَک ۔ توب) (ع) مذکر ۔ لکھا گیا ۔ مرقوم ۔ چٹھی ۔ خط ۔ مراسلہ ✦
مکتوب الیہ (ع) مذکر ۔ وہ شخص جس کے نام خط بھیجا جائے ✦
مکتوم (مَک ۔ تُوم) (ع) پوشیدہ ۔ مخفی ۔ چھپا ہوا ۔ بھید ۔ راز
مُکٹ (مُکُٹ) (ہ) (مذکر) مور ۔ تاج ۔ وہ کلاہ یا تاج جو ہندو لوگ میں دُولہا کے سر پر رکھتے ہیں ✦
مُکٹا (مُک ۔ ٹا) (ہ) مؤنث پوجا کرنے کی ریشمی دھوتی ✦
مُکث (مُکث) (ع) مؤنث ۔ دیر ۔ توقف ۔ وقفہ ۔ تاخیر ۔ التوا انتظار ۔ ڈھیل ✦
مَکث ۔ مُکث (مَکث ۔ مُکث) (ع) دیر لگانا ۔ انتظار کرنا ✦
مُکدّر (مُکَد ۔ دَر) (ع) (۱) دھندلا ۔ گدلا ۔ متغیر (۲) ناراض ۔ رنجیدہ ۔ غمگین ۔ ملول ✦
مکر (مَکَر) (س) مذکر ۔ آسمان کا دسواں برج ۔ جدی ✦
مکر منڈل ۔ یا ۔ چکر (ہ) (مذکر) خطِ جدی ✦
مکر (مَکر) (ع) (مذکر) (۱) فریب ۔ دغا ۔ دھوکا ۔ چھل ۔ حیلہ بہانہ (۲) جھوٹ ۔ کذب (۳) چالاکی ۔ عیاری ✦
مکر چاندنی (ل) (مؤنث) پچھلی رات کی دھندلی سی چاندنی جو صبح ہو جانے کا دھوکا دیتی ہے ۔ صبحِ کاذب ✦
مکر چکر (ل) (مذکر) دغا ۔ فریب ۔ فند فریب ✦
مکر چکر کی کہانی آدھا تیل آدھا پانی (ہ) (مثل) فریب کی باتوں میں آدھا سچ آدھا جھوٹ ہوتا ہے ✦
مکر کرنا (ل) فریب کرنا ۔ دھوکا دینا ✦
مُکر (مُکَر) (ہ) مکرنا کا امر ✦
مُکرانا (ہ) جھٹلانا ۔ سچے کو جھوٹا بنانا ✦
مُکر جانا (ہ) (۱) انکار کر جانا ۔ قول سے پھر جانا ۔ منکر ہو جانا (۲) بے ایمانی کرنا ۔ دوسرے کا مال دبا بیٹھنا ✦
مُکرّر (مُکَر ۔ رَر) (ع) دوبارہ ۔ بارِ دیگر ۔ پھر ✦
مُکرّر سہ بارہ (ل) دوبارہ ۔ تین دفعہ ۔ بار بار ۔ کئی دفعہ ✦
مُکرّم (مُکَر ۔ رَم) (ع) عزت دیا گیا ۔ بزرگ ۔ معظم ۔ محترم ۔ معزز ✦
مُکرّم بندہ (ع ۔ ف) (مذکر) جنابِ والا ۔ جنابِ من ۔ بندہ نواز ۔ بزرگوں کا القاب ✦
مَکرُمت (مَک ۔ رُمَت) (ع) (مؤنث) بزرگی ۔ عنایت ۔ مہربانی ۔ نوازش
مکرمی (ع) مذکر ۔ میرے مکرم ۔ میرے مہربان ✦
مُکرنا (ہ) (۱) اقرار سے انکار کرنا ۔ جھوٹ بولنا ۔ اپنے قول سے پھرنا (۲) مال مار لینا ۔ بے ایمانی کرنا ✦
مُکرنی (مُکَر ۔ نی) (ہ) مؤنث (دیکھو مُکری)
مکرنیاں (ہ) (مؤنث) مکرنی کی جمع ✦
مکروہ (مَک ۔ روہ) (ع) (۱) کریہ ۔ جس سے کراہت آئے ۔ (۲) ناپسند ۔ برا ۔ بدنما (۳) (مذکر) مذہباً ناجائز چیز ۔ وہ

چیزیں جو بعض اماموں کے نزدیک حلال اور بعض کے نزدیک ناجائز ہوں ✦

مکروہ تحریمہ (ع)، (مذکر) بالکل ناجائز۔ وہ مکروہ جو حرام کے قریب ہو ✦

مکروہات (ع) (مذکر) مکروہ کی جمع (۱) نفرت انگیز چیزیں (۲) واہیات۔ بیہودہ کام۔ [illegible] ✦

مکری (مُک۔ رِی) (ہ) ایک قسم کی ہندی چومصرعی پہیلی جس کے اوّل تین مصرعوں میں جو بیان ہوتا ہے وہ آخری مصرع کے مضمون کو کسی اور طرف منسوب کرنے سے سب کو اُلٹ دیتا ہے ✦

مکڑ (مَک۔ کَڑ) (ہ) مذکر۔ بڑی مکڑی۔ نر مکڑی ✦

مکڑانا (مَک۔ ڑا۔ نا) (ہ) اِترانا۔ غرور کرنا۔ تکبر کرنا۔ اکڑ کر چلنا ✦

مکڑنا (مَکَڑ۔ نا) (ہ) اکڑنا۔ اینٹھنا۔ کھینچنا ✦

مکڑی (مَک۔ ڑی) (ہ) مؤنث، مکڑ کی مادہ۔ عنکبوت۔ ایک قسم کا کیڑا جو اپنے لعاب سے جالا تنتا اور مکھیاں پکڑ کر کھاتا ہے ✦

مکڑی کا جالا (ہ) مذکر۔ تارِ عنکبوت ✦

مکسّر (مُکَس۔ سَر) (ع) (۱) شکستہ۔ ٹوٹا ہوا۔ کسر کیا گیا (۲) مکعب ✦

مکسور۔ مکسورہ (مَک۔ سُور۔ مَک۔ سُو۔ رَہ) (ع) (مذکر) (۱) زیر دیا ہوا حرف۔ وہ حرف جس کے نیچے زیر ہو (۲) کسر مفرد ✦

مکشوف (مَک۔ شُوف) (ع) کھولا گیا۔ واضح۔ ظاہر ✦

مکعّب (مُکَع۔ عَب) (ع) (۱) چارگوشہ کیا گیا (۲) وہ جسم جس کی لمبائی۔ چوڑائی اور گہرائی برابر ہو (۳) وہ عدد جو کسی عدد کو تین دفعہ ضرب دینے سے حاصل ہو ✦

مکفوف (مَک۔ فُوف) (ع۔ مذکر) (۱) لپیٹا ہوا پیراہن (۲) عروض میں سات حرفوں کا رکن جس کے آخر کا حرف گرا دیا گیا ہو ✦

مکفول (مَک۔ فُول) کفالت میں دیا گیا۔ مرہون۔ گرو رکھا گیا ✦

مکفول کرنا (ر) ضمانت میں دینا۔ گرو رکھنا ✦

مُکلاوہ (مُک۔ لا۔ وَہ) (ہ) (مذکر) (ہندو) دلہن کی رخصت جو شادی کے بعد ہو۔ گونا ✦

مُکلّف (مُکَل۔ لَف) (ع) (۱) پُرتکلف۔ مزین۔ بھڑکیلا۔ سجا ہوا (۲) تکلیف دیا گیا ✦

مُکلِّف (مُکَل۔ لِف) (ع) (۱) تکلیف دینے والا (۲) بُلانے والا۔ دعوت کرنے والا۔ داعی ✦

مُکلّل (مُکَل۔ لَل) (ع) تاجدار۔ چمکایا گیا۔ چمکدار۔ چمکیلا۔ مرصع۔ جڑاؤ ✦

مُکمّل (مُکَم۔ مَل) (ع) کامل کیا گیا۔ پورا کیا گیا۔ تمام۔ کامل۔ پورا۔ کل ✦

مُکنت (مُک۔ نَت) (ع) مؤنث۔ قدرت۔ طاقت۔ توانائی ✦

مُکند (مُکُند) (س۔ مذکر) (۱) وشنو بھگوان (۲) ایک قسم کا گوند (۳) پارہ۔ سیماب ✦

مکنون (مَک۔ نُون) (ع) مخفی۔ خفیہ۔ سربستہ۔ چھپا ہوا ✦

مکنونِ خاطر (ع) مؤنث۔ دل کی پوشیدہ باتیں۔ مرکوزِ خاطر ✦

مکو (مَکو) (ہ) (مؤنث) ایک بوٹی اور اُس کا پھل۔ عنب الثعلب ✦

مکوڑا (مَکو۔ ڑا) (ہ) (مؤنث) بڑا کیڑا۔ بڑا چیونٹا ✦

مکوکب (مُکَو۔ کَب) (ع) (۱) روشن (۲) وہ جس پر ستارے جڑے ہوں یا جس میں سونے۔ چاندی کی کیلیں لگی ہوں ✦

مکول (مَکول) (ہ) (مؤنث) ایک قسم کی پہاڑی سفید کھریا مٹی ✦

مکوّن (مُکَو۔ وَن) (ع) پیدا کیا گیا ✦

مُکھ (ہ) مذکر۔ منہ۔ دہن۔ چہرہ ✦

مکھ میں رام پیٹ میں چھُری (ہ) (مثل) ظاہر میں نیک اور باطن میں بد۔ باہر کچھ اور اندر کچھ ✦

مکھا (مَکھ۔ کھا) (ہ) مذکر، بڑی مکھی۔ نیلے رنگ کی بڑی مکھی ✦

مکھانا (مَکھا۔ نا) (ہ) مذکر، کنول کے پھول کا سوکھا ہوا بیج ✦

مُکھڑا (مُکھ۔ ڑا) (ہ)۔ مذکر، پیارا منہ۔ پیارا چہرہ ✦

مُکھڑا تلووں کو تو پہنچے (ہ) (مثل) انسان کے رنگ کی تعریف میں کہتے ہیں۔ مثلاً ایک شخص اتنا خوبصورت ہے کہ دوسرے شخص کا منہ اس کے تلووں کا بھی مقابلہ نہیں کر سکتا ✦

مکھن (مَکھ۔ کھَن) (ہ۔ مذکر) کچا گھی۔ مسکہ ✦

مکھن نکالنا (ہ) دہی۔ یا کچے دودھ کو بلو کر مسکہ نکالنا ✦

مکھنا (مَکھ۔ نا) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا بڑا ہاتھی جو جھوم جھام کر چلتا ہے (۲) وہ ہاتھی جس کے دانت لمبے نہ ہوں ✦

مکھنیا (مَکھ۔ کھَن۔ یا) (ہ) مذکر۔ مکھن بیچنے والا ✦

مکھی (مَکھ۔ کھی) (ہ۔ مؤنث) (۱) مگس (۲) بندوق کا وہ ابھرا ہوا نشان جسے نظر کی سیدھ میں رکھ کر نشانہ لگاتے ہیں ✦

مکھی پر مکھی مارنا (ہ) پوری طرح نقل کرنا۔ بے سمجھے نقل کرنا ✦

مکھی چوس (ہ) (مذکر) نہایت کنجوس۔ ممسک۔ شوم۔ ایسا بخیل کہ اگر سالن میں مکھی گر پڑے تو اُسے بھی چوس کر پھینکے ✦

مکھی چھوڑنا اور ہاتھی نگلنا (ہ) چھوٹی باتوں میں دیانتداری جتانا اور بڑی باتوں میں بے ایمانی کرنا ✦

مکھی کی طرح نکال ڈالنا (ہ) بالکل واسطہ نہ رکھنا۔ دودھ سے مکھی کی طرح نکال کر پھینک دینا ✦

مکھی مار (ہ) مذکر (۱) مکھی کو جان سے مارنے والا (۲) وہ شخص جسے دیکھ کر کراہت آئے۔ مکروہ (۳) بے

بچے جُوں کی تُوں نقل کرنے والا (۴) ایک کیڑا جو مکھیاں مارکر کھاتا ہے +

مکھی مار بڑا چمار (ہ) (کہاوت) غریبوں کو ستانے والا نہایت کمینہ ہوتا ہے +

مکھی ناک پر نہیں بیٹھنے دیتے (ہ) (۱) نہایت نازک مزاج اور نزاکت پسند ہیں (۲) بڑے صاحبِ عزت ہیں۔ کسی کا ذرہ برابر بھی احسان نہیں اُٹھاتے +

مکھی نِگلنا (ہ) آفت میں پھنسنا۔ جان بُوجھ کر مصیبت میں مبتلا ہونا +

مُکھی (مُکھ۔کھی) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا کبوتر جس کا سر اور بازوؤں کے ایک ایک یا دو دو پر سفید ہوں +

مُکھیا (مُکھ۔یا) (ہ) مذکر۔ سرگروہ۔ سرغنہ۔ سردار۔ چودھری +

مکھیاں (ہ) مؤنث۔ مکھی کی جمع +

مکھیاں اُڑانا (ہ) (۱) مکھیاں دُور کرنا۔ خوشامد سے مکھیاں جھلنا (۳) بے کار رہنا۔ خالی رہنا (۴) مرض آتشک میں مبتلا ہونا +

مکھیاں بھِنکنا (ہ) (۱) مکھیوں کا کسی چیز پر بھِن بھِن کرنا۔ سرد بازاری ہونا (۲) کریہ منظر ہونا۔ گھناؤنا ہونا +

مکھیاں جھَلنا (ہ) (۱) مکھیاں ہٹانا۔ چنور کرنا (۲) خالی رہنا۔ بے کار رہنا۔ سرد بازاری ہونا (۳) مرض آتشک میں مبتلا ہونا +

مکھیاں مارنا (ہ) بیکار بیٹھنا۔ بے شغل رہنا +

مَکھیر (مَکھیر) (ہ) مذکر۔ شہد۔ انگبین +

مکھیوں (ہ) مؤنث۔ مکھی کی جمع +

مکھیوں کا چھتّا (ہ) مذکر (۱) بہت سی مکھیوں کا جھنڈ (۲) شہد کا چھتّا +

مکھیوں کے چھتّے کو چھیڑنا (ف) فتنہ انگیز یا تُند مزاج آدمی سے جھگڑا پیدا کرنا +

مکئی (مَکئی) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا غلّہ۔ جوار +

مکّی (مَک۔کی) (ع) مکّہ کا۔ مکّہ کا رہنے والا +

مُکّی (مُک۔کی) (ہ) مؤنث (۱) انگلیاں ہتھیلی پر بند کی ہوئی (۲) مُکّی سے پاؤں دبانا +

مِکیال (مِک۔یال) (ع) مذکر۔ ماپنے کا آلہ۔ پیمانہ +

مُکیانا (مُک۔یا۔نا) (ہ) مُکّی مارنا +

مکین (مَکین) (ع) مذکر (۱) صاحبِ خانہ۔ مکان دار۔ مکان میں رہنے والا (۲) قائم۔ مقیم۔ ساکن +

مکین ہونا (ف) ٹھہرنا۔ رہنا۔ مقام کرنا۔ بسنا۔ آباد ہونا +

مِکینِکس (مِکَے۔نِکس) (انگریزی) Mechanics (مذکر) کلوں کا علم۔ علم جر ثقیل +

مکینیکل انجینیر (مِکے۔نی۔کل۔اِن۔جی۔نیر) (انگریزی) Mechanical Engineer (مذکر) کلوں کے علم کا ماہر۔ علم جر ثقیل کی پوری پوری واقفیت رکھنے والا +

مکینیکل ورکس (انگ) Mechanical Works (مذکر) وہ کارخانہ جہاں کلوں کا علم سکھایا جاتا ہے۔ علم جر ثقیل کا سکول +

م-گ

مَگ (مَگ) (ہ) مذکر (ہندی) راہ۔ راستہ۔ باٹ (۲) انتظار (۳) وہ کبوتر جو جنگلی کبوتر کی مادہ کو اپنے ساتھ لگا کر گھر لے آئے +

مگد (ہ) مذکر (ہندی) ایک قسم کے لڈّو جو مرنے میں تقسیم کئے جاتے ہیں +

مُگدر (مُگ۔دَر) (ہ) مذکر۔ وہ بھاری لکڑی جو ورزش کے لئے ہاتھ سے اُٹھاتے ہیں اور جس کے عین درمیان میں مُٹھ لگی ہوتی ہے +

مُگدر ہلانا (ہ) ورزش کے لئے مگدر اُٹھانا +

مگدھ (س) صوبہ بہار کا جنوبی حصّہ۔ گیا +

مگدھ بھاشا (ہ) مؤنث۔ گیا کی زبان۔ جو خاص کر صوبہ بہار (پٹنہ) میں بولی جاتی ہے +

مگدھی (ہ) مذکر (۱) مگدھ کا رہنے والا (۲) ایک قوم +

مگڈمبر (مَگ۔ڈَم۔بَر) (ہ) مذکر (۱) لکڑی کا وہ مکان جس میں شاہان اودھ سفر کیا کرتے تھے (۲) ایک قسم کا بہت اونچا خیمہ (۳) کاغذ کی آرائشی چیز جو مہندی کی رسم میں آرائش کے آگے آگے لے جاتے ہیں +

مگر (مَگَر) (ف) (۱) ماسوا۔ بِلا۔ بجز۔ لیکن۔ پر (۲) شاید (۳) البتہ۔ ہاں۔ ضرور۔ بیشک +

مگر (مَگَر) (ہ) (مذکر) (۱) مگرمچھ۔ گھڑیال۔ نہنگ (۲) کان

کا ایک زیور۔ آویزہ ۔

مَگرا (مَگ۔رَا) (ہ) (۱) گھمنڈی۔ مکّار۔ وہ شخص جو اپنے غرور و تکبّر کے سبب کسی کی نہ سُنے (۲) کام چور۔ کاہل۔ سُست (۳) متکبّر۔ مغرور (۴) ڈھیٹھ۔ ضدّی۔ ہٹیلا (۵) سرکش۔ باغی۔ کج بحث ۔

مَگراپن (ہ) مذکر (۱) گھمنڈاپن۔ مکّاری۔ سرکشی (۲) کاہلی۔ سستی (۳) کِبر۔ غرور ۔

مگرمچھ (ہ) مذکر۔ گھڑیال۔ نہنگ ۔

مَگری (مَگ۔رِی) (ہ) مؤنث۔ چھپّر کا وہ حِصّہ جو سب سے اُوپر اور ماہی پُشت ہوتا ہے ۔

مَگس (مَگَس) (ف) مؤنث۔ مکھی۔ نحل۔ شہد کی مکھی ۔

مگس رانی (ف) مؤنث۔ مکھیاں اُڑانے کی خدمت۔ چنور ہِلانا ۔

مگس کی قَے (ا) مؤنث۔ شہد ۔

مگسی (ف) (۱) مگس کے رنگ کا۔ سیاہی مائل (۲) وہ گھوڑا جس کے تمام بال سفید ہوں۔ سارے بدن پر سُرخی کا چھینٹا ہو اور دم۔ ایال یک رنگ ہوں (۳) بعض ہُوا۔ مگس سے منسوب ۔

مگن (مَگَن) (س) (۱) غرق۔ مستغرق۔ ڈوبا ہُوا (۲) آنند۔ خوش۔ مسرور (۳) بے خود۔ مست ۔

مگنتا (مَگَن۔تَا) (ہ) مؤنث) خوشی۔ خورسندی۔ شادمانی۔ مسرت۔ انبساط ۔

مُگمّم (مُغَمَّم) (ع) (۱) چھپی ہوئی اور کئی معنی رکھنے والی بات (۲) مبہم۔ پوشیدہ۔ مخفی۔ در پردہ۔ جواریوں کی اصطلاح میں برابر سرابر یعنی نہ کچھ ہارنا نہ کچھ جیتنا ۔

مُگمّم رہنا (ا) (۱) (جواریوں کی اصطلاح) نہ ہارنا نہ جیتنا (۲) عزّت بنی رہنا۔ راز فاش نہ ہونا ۔

مُگمّم میں (ا) رمز میں۔ اشارۃً۔ کنایۃً ۔

م - ل

مُل (مُل) (ف) مؤنث۔ شراب۔ مے۔ دارُو۔ بادہ ۔

مَل (مَل) (ہ) مذکر (۱) پاخانہ۔ فضلہ۔ چرک (۲) شہ زور۔ طاقتور۔ زور آور۔ پہلوان۔ کُشتی کرنے والا (۳) دو غلا کھتری۔ (۴) بنیے بقالوں کا خطاب (۵) جھٹ۔ کار (۶) عمدہ۔ اچھا۔ اعلیٰ۔ برگزیدہ (۷) بہادر۔ سورما۔ شجاع (۸) ملنا کا امر ۔

مَل جی (ہ) مذکر۔ لالہ صاحب۔ لالہ جی ۔

مِل (مِل) (انگریزی — Mill مؤنث (۱) چکّی (۲) آٹے، کپڑے۔ کاغذ وغیرہ کی کَل ۔

مِل (مِل) (ہ) ملنا کا امر ۔

مِل بانٹ کے (ا) (۱) اتفاق کے ساتھ (۲) نفع میں شرکت حاصل کرکے ۔

مِل بیٹھنا (ہ) محبّت سے رہنا۔ سلوک سے بیٹھنا ۔

مِل جانا (ہ) (۱) جُڑ جانا۔ پیوستہ ہو جانا (۲) صلح ہو جانا۔ صفائی ہو جانا (۳) آمیز ہو جانا (۴) شامل ہو جانا۔ شریک ہو جانا (۵) دو چار ہو جانا۔ ملاقات ہونا (۶) حاصل ہو جانا۔ وصول ہو جانا ۔

مِل جُل کر (کے) (ہ) (۱) مل ملا کر۔ متّفق ہو کر۔ اکٹھے ہو کر (۲) بالاتفاق۔ بالاشتراک (۳) اتحاد سے۔ اتفاق سے۔ سلوک سے ۔

مِل کر چلنا (ہ) (۱) ساتھ چلنا۔ شریک ہو کر چلنا (۲) سلوک سے رہنا ۔

مِل گئے کی بات ہے (ہ) اتفاقیہ امر ہے۔ اگر مل گئے تو ملاقات۔ اور نہ ملے تو کچھ نہیں ۔

مِل مِل کر رونا (ہ) گلے لگ لگ کر رونا ۔

مَلا (ع) مذکر (۱) گروہ (۲) شریف لوگ ۔

ملاءِ اعلیٰ (ع) مذکر۔ فرشتے ۔

مَلا (مَلا) (ع) بھرا ہُوا۔ پُر (۲) ظاہر۔ آشکارا۔ واضح ۔

مُلّا (مُل۔لا) (ع) (۱) نہایت عمدہ لکھنے والا (۲) عالم۔ فاضل۔ پڑھا ہُوا (۳) (ف) مسجد میں رہنے والا۔ نماز پڑھانے والا۔ بچّوں کو پڑھانے والا ۔

مُلّا دو پیازہ (ف) مذکر۔ دربارِ اکبری کے ایک خوش طبع اور ظریف درباری کا لقب۔ جس کا نام ابوالحسن تھا ۔

مُلّا کی دوڑ مسجد تک (ف) (مثل) ہر شخص کی پہنچ اپنے مقدور اور حوصلے تک ہوتی ہے۔ جہاں تک آدمی کی دسترس ہو اس سے آگے نہیں جا سکتا ۔

مُلّا کی داڑھی تبرّک (ہی) میں گئی (ا) (مثل) بیفائدہ اور بے مصرف خرچ ہونے کے موقع پر بولتے ہیں ۔

مُلّا کی ماری حلال (ا) (مثل) بڑے آدمیوں کا بُرا کام بھی درست اور جائز سمجھا جاتا ہے۔ کبھی مُلّا کی ماری حلال اور خدا کی ماری حرام بھی بولتے ہیں ۔

مُلّا گری (ع۔ف) مؤنث۔ اِستعمی۔ مدرّسی۔ پڑھانا ۔

مُلّا نہ ہوگا تو کیا مسجد میں اذان نہ ہوگی؟ (ا) (مثل) کوئی کام کسی شخص کے بغیر رُکا نہیں رہتا ۔

مُلّا بست (مُلّا۔بَست) (ع) مؤنث (۱) میل جول رکھنا (۲) تعلّق ۔

مِلاپ (مِلاپ) (ہ) مذکر (۱) آمیزش (۲) میل جول۔ اتفاق

(۴) صلح صفائی۔ باہم رضامندی (۵) موافقت۔ سنجوگ (۶) ملاقات۔ وصال۔ میل (۷) محبت۔ دوستی۔ ربط ضبط (۸) اخلاص۔ سلوک (۹) سازوں کی ہم آوازی ◆

مِلاپ دار (ہ) مذکر۔ متعلق۔ جان پہچان۔ دوست آشنا ◆

مِلاپ کرانا (ہ) صلح کرانا۔ صفائی کرانا۔ تصفیہ کرانا۔ گلے ملوانا ◆

مِلاپ کرنا (ہ) صلح کرنا۔ صفائی کرنا۔ ملنا ◆

مِلاپ ہونا (ہ) (۱) صلح ہونا۔ صفائی ہونا (۲) ملاقات ہونا۔ مواصلت ہونا ◆

مِلا جُلا (ہ) (۱) ملا مخلوط۔ گڈ مڈ ◆

مِلا جُلا رہنا (ہ) محبت پیار سے رہنا۔ مل جُل کر رہنا۔ سلوک سے رہنا ◆

مَلّاح (ع۔ لَاح) (ع) مذکر۔ کشتی بان۔ ناؤ چلانے والا۔ کھویا۔ ناخدا ◆

مَلّاح کا لنگوٹا ہی بھیگتا ہے (ا) (مثل)۔ غریب کا زیادہ نقصان نہیں ہوتا ◆

مَلاحَت (مَلا۔ حَت) (ع) مؤنث (۱) نمکینی (۲) سانولاپن۔ خوب صورتی ◆

ملاحد۔ ملاحدہ (مَلا۔ حِد۔ مَلا۔ حِدَہ) (ع) مذکر۔ ملحد کی جمع ◆

مُلاحظہ (مُلا۔ حَظَہ) (ع) مذکر۔ معاینہ۔ مشاہدہ۔ دیکھنا (۲) غور۔ توجہ (۳) (ل) لحاظ۔ پاسداری۔ مروت (۴) سامنے پیش ◆

مُلاحظہ سے گزرنا (ل) نظر سے گزرنا۔ دیکھنے میں آنا ◆

مُلاحظہ شُد (ع۔ ف) دیکھ لیا گیا۔ دیکھا گیا ◆

مُلاحظہ کا (ل) لحاظ کا۔ بامروت۔ سفارشی۔ سفارش والا ◆

مُلاحظہ کرنا (ل) (۱) دیکھنا۔ معاینہ کرنا (۲) لحاظ کرنا۔ طرفداری کرنا (۳) پڑتال کرنا۔ جانچنا (۴) مطالعہ کرنا ◆

مُلاحظہ میں آنا (ل) (۱) نظر سے گزرنا۔ کسی حاکم یا افسر کی نظر سے گزرنا (۲) لحاظ میں آنا ◆

مُلاحظہ میں ہونا (ل) کاغذات کا کسی حاکم یا افسر کے زیر نظر ہونا ◆

مُلاحظہ والا (ل) لحاظ والا۔ رسوخ والا۔ سفارشی۔ سفارش والا ◆

مُلاحظہ ہونا (ل) (۱) دیکھا جانا۔ معاینہ ہونا (۲) پیش ہونا (۳) پڑتال ہونا۔ جانچ ہونا (۴) لحاظ ہونا۔ مروت ہونا ◆

مَلاحن۔ مَلاحنی (ل) مؤنث۔ ملاح کی مؤنث ◆

مَلاحی (ع۔ ف) مؤنث (۱) ناؤ چلانے کی مزدوری۔ باَترائی (۲) ملاح کا کام۔ کشتی بانی (۳) (ل) گالی گلوچ۔ لعنت ملامت ◆

مَلاحی سُنانا (ل) گالی دینا۔ لعنت ملامت کرنا ◆

مَلاحی کی ملاحی دی اور بانس بھی کھائے (ل) (مثل) چیز بھی کھوئی اور مار بھی کھائی ◆

مَلاحی ہاتھ (ہ) مذکر۔ پیرنے کا ایک خاص طریق جس میں لمبے لمبے ہاتھ مار کر دریا کا راستہ جلد طے کر لیا جاتا ہے ◆

مَلا دَلا ہُوا (ہ) ملا جُلا۔ صاف کیا ہُوا۔ مستعمل ◆

مَلاذ (مَلاذ) (ع) مذکر۔ پہاڑ کی جگہ۔ جائے پناہ ◆

مَلار (مَلا۔ ر) (ہ) مذکر۔ وہ گیت جو برسات کے موسم میں گائے جاتے ہیں ◆

مَلار گانا (ہ) (۱) برساتی گیت گانا (۲) خوشی منانا۔ آنند کرنا ◆

مُلازِم (مُلا۔ زِم) (ع) مذکر (۱) پاس رہنے والا (۲) (مجازاً) نوکر چاکر۔ خادم ◆

مُلازِم خاص (ع) مذکر۔ اپنا خاص آدمی۔ بیخ کا ملازم ◆

ملازم سرکار (ع۔ ف) مذکر۔ گورنمنٹ کا ملازم۔ سرکاری نوکر

ملازم (ع) مذکر۔ وہ ملازم جسے خاص عہدیا فرضوں پر عہدہ ملا ہو ◆

مُلازمت (مُلا۔ زَمَت) (ع) مؤنث۔ کسی کے پاس ہمیشہ رہنا۔ خدمت۔ نوکری۔ ٹہل۔ سیوا ◆

ملازمت اختیار کرنا (ل) نوکر ہونا۔ نوکری قبول کرنا ◆

ملازمت پیشہ (ع۔ ف) مذکر۔ نوکری پیشہ۔ وہ شخص جس کا پیشہ ہی نوکری ہو ◆

ملازمت حاصل کرنا (ل) کسی امیر کی خدمت میں حاضر ہونا۔ ملاقات کرنا۔ باریاب ہونا (۲) نوکری ملنا۔ ملازمت ملنا۔ کوئی خدمت لینا ◆

مُلاطفت (مُلا۔ طَفَت) (ع) مؤنث۔ نیکی۔ بھلائی۔ الطاف۔ مہربانی۔ عنایت۔ شفقت ◆

مُلاطفہ (مُلا۔ طَفَہ) (ع) مذکر (۱) نیکی۔ بھلائی (۲) (مجازاً) عنایت نامہ۔ مراسلہ۔ چٹھی۔ رقعہ (۳) باہم بھیجے ہوئے خطوط ◆

مُلاقات (مُلا۔ قات) (ع) مؤنث۔ ایک دوسرے سے ملنا (۱) میل ملاپ۔ آنا جانا (۲) ہمبستری (۳) ہیشی۔ باہمی صحبت (۴) ملنا جلنا۔ بات چیت۔ گفتگو (۵) واقفیت۔ صاحب سلامت۔ جان پہچان ◆

مُلاقاتِ بازدید (ع۔ ف) مؤنث۔ وہی۔ دوسری ملاقات وہ ملاقات جو اپنے ہاں مل لینے کے بعد دوسری دفعہ اسی شخص کے مکان پر جا کر کی جائے ◆

مُلاقات پیدا کرنا (ل) میل ملاپ بڑھانا۔ دوستی پیدا کرنا۔ صاحب سلامت قائم کرنا ◆

ملاقات رکھنا (ل) (۱) صاحب سلامت رکھنا۔ میل جول رکھنا (۲) واقفیت رکھنا (۳) ملتے رہنا ◆

مُلاقات کرنا (ف) (۱) ملنا۔ دوستی کرنا (۲) باہم ملنا۔ صاحب سلامت کرنا ◆

مُلاقات کرانا (ف) (۱) باہم ملانا۔ شناسائی کرانا۔ دوستی کرانا (۲) زن و مرد کو باہم ملانا ◆

مُلاقاتی (ف) (۱) مذکر۔ ملنے والا۔ یار۔ دوست۔ جان پہچان والا ◆

مُلاقی (مُلا۔ قی) (ع) مذکر۔ ملنے والا۔ ملاقات کرنے والا ◆

مُلاقی ہونا (ف) ملنا۔ ملاقات کرنا ◆

ملاگیری (ملا۔ گی۔ ری) (ف) (۱) صندلی۔ صندل کے رنگ کا (۲) رنگ ◆

مَلال (مَ۔ لال) (ع) مذکر۔ رنج۔ غم۔ غمگینی۔ اداسی۔ طبیعت کا اکتا جانا ◆

ملال آنا (ف) رنج ہونا۔ دل میں کدورت آنا ◆

ملال اٹھانا (ف) تکلیف یا صدمہ برداشت کرنا ◆

ملال کھینچنا (ف) رنج برداشت کرنا ◆

ملالت (ع) مؤنث۔ رنج۔ اداسی۔ کلفت ◆

ملا لینا (ف) (۱) گانٹھ لینا۔ ہمراز بنا لینا (۲) شریک کر لینا۔ شامل کر لینا (۳) مخالف آدمی کو اپنی طرف کر لینا (۴) آمیز کر لینا۔ مرکب کر لینا (۵) مقابلہ کر لینا۔ باہمی پرتال کرنا ◆

مَلام (مَ۔ لام) (ع) مذکر۔ دیکھو ملامت ◆

مَلامت (مَ۔ لا۔ مت) (ع) مؤنث۔ برا بھلا۔ جھڑکی۔ سرزنش۔ لعنت۔ طعن۔ دھتکار۔ پھٹکار۔ فضیحت ◆

ملامت کرنا (ف) جھڑکنا۔ برا بھلا کہنا ◆

مَلامتی (ع) مردود۔ ملعون۔ لعنت کیا گیا ◆

مِلان (مِ۔ لان) (ہ) مذکر۔ (۱) مقابلہ۔ تقابل (۲) ملاپ۔ آمیزش۔ اتحاد۔ اتفاق (۳) فیصلہ۔ تصفیہ (۴) میزان ◆

مِلانا (ف) (۱) مطابق کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ فرق نکالنا (۲) ترکیب کرنا۔ آمیز کرنا (۳) شناسائی کرانا۔ ملاقات کرانا (۴) شامل کرنا۔ ملحق کرنا (۵) رازدار بنانا۔ گانٹھنا (۶) لڑانا۔ مقابلہ کرانا ◆

مُلّانہ (مُل۔ لا۔ نہ) (ف) مذکر۔ مُلا کی تصغیر۔ بالتحقیر (۱) مسجد میں بیٹھنے والا (۲) ملا (۳) صرف دین کی باتیں جاننے والا (۴) پابند شریعت۔ پکا دیندار ◆

مُلانی (ف) مؤنث (۱) ملا کی بیوی (۲) معلمہ۔ استانی ◆

مُلانے (ف) مذکر۔ ملا کی جمع۔ بہت سے ملا ◆

ملانے کھلانا (ف) مستحقوں کو کھلانا۔ مساکین کو کھلانا۔ اللہ کے نام کا کھانا۔ فقرا کو کھلانا ◆

مَلائک (مَلا۔ ئک) (ع) مذکر۔ ملک کی جمع۔ فرشتے ◆

مَلائکہ (مَلا۔ ئکہ) (ع) مذکر۔ ملک کی جمع۔ فرشتے ◆

مُلائم (مُلا۔ ئم) (ع) (۱) نرم۔ پلپلا (۲) مجرد بار۔ حلیم (۳) (ف) نازک۔ پتلا ◆

ملائم کرنا (ف) (۱) دھیما کرنا۔ ٹھنڈا کرنا۔ غصہ فرو کرنا (۲) نرم کرنا ◆

مِلاؤ (ف) مذکر۔ میل۔ آمیزش۔ ملاوٹ ◆

مَلائی (مَلا۔ ئی) (ہ) مؤنث۔ دودھ کے اوپر کی پپڑی ◆

ملائی پڑنا (ف) ملائی جمنا۔ ملائی کی پپڑی جمنے لگنا۔ دودھ پر ملائی آنے لگنا۔ سر بستہ ہونا ◆

مُلائی (مُلا۔ ئی) (ہ) مؤنث (۱) مالش (۲) مالش کی اجرت ◆

مَلائیاں (ہ) مؤنث۔ ملائی کی جمع۔ بالائیاں ◆

مُلائمت (مُلا۔ ئمت) (ع) مؤنث (۱) موافقت۔ مناسبت (۲) نرمی (۳) نزاکت۔ لاغری ◆

مَلبا (مَل۔ با) (ف) مذکر (۱) کوڑا کرکٹ۔ خس و خاشاک۔ خار و خس (۲) گرے ہوئے مکان کی مٹی۔ اینٹیں وغیرہ ◆

ملبا خرچ (ف) مذکر۔ وہ رقم جو نمبردار کاشتکاروں سے جمع کر کے سرکاری ملازموں کی آؤ بھگت کے لئے لیتے ہیں ◆

مُلَبّب (مُ لَب۔ بَب) (ع) لبریز۔ لبالب۔ بھرا ہوا۔ بھرپور ◆

مُلَبّس (مُ لَب۔ بَس) (ع) (۱) کپڑے سے پہنے ہوئے (۲) غلط ملط کیا ہوا ◆

مَلبوس (مَل۔ بوس) (ع) مذکر۔ (۱) وہ کپڑے جو پہن کر اتار دیئے گئے ہوں (۲) پہننے کے کپڑے۔ لباس۔ پوشاک ◆

مَلبوسات (ع) مذکر۔ ملبوس کی جمع۔ کپڑے۔ پوشاکیں۔ جوڑے ◆

مُلَبَّث (مُ لَب۔ بَث) (ع) مؤنث۔ ٹھپا ہوا سکہ ◆

مِلّت (مِل۔ لَت) (ع) مؤنث (۱) دین۔ مذہب۔ شریعت۔ دھرم۔ قوم۔ پنتھ۔ گروہ ◆

مِلت (مِل۔ لت) (ہ) مؤنث (۱) ملاپ۔ راہ و رسم۔ میل جول (۲) صحبت۔ سنگت۔ اتحاد (۳) ملنساری ◆

مِلت کا آدمی (ف) مذکر۔ ملنسار آدمی۔ ملاحظہ والا ◆

مِلتا جلتا (ہ) مشابہ۔ مثل۔ مانند ◆

مُلتانی (مُل۔ تا۔ نی) (ہ) مؤنث۔ ملتان سے منسوب (۱) ایک قسم کی چکنی مٹی۔ گاچنی (۲) ملتان کا رہنے والا (۳) ایک راگنی ◆

مُلتجی (مُل۔ تجی) (ع) (۱) التجا کرنے والا۔ درخواست کرنے والا۔ مستدعی۔ آرزومند۔ مشتاق (۲) عاجزی کرنے والا۔ منت سماجت کرنے والا ◆

مُلتزم (مُل۔ تزم) (ع) (۱) التزام کرنے والا (۲) مقصد حصول کرنے والا ◆

مُلتصق (مُل۔ تصق) (ع) ملا ہوا۔ پیوستہ ◆

مُلتفت (مُل۔ تفت) (ع) التفات کرنے والا۔ [illegible]

مُلتمس (مُل۔تَمِس) (ع) مذکر۔ اِلتماس کرنے والا۔ عرض کرنے والا۔ سائل ٭

مُلتوی (مُل۔تَوِی) (ع) (۱) التوا کرنے والا۔ دیر کرنے والا (۲) ٹھہرنے والا۔ توقف کرنے والا ٭

مُلتوی رکھنا (ف) دیکھو "مُلتوی کرنا" ٭

مُلتوی ہونا (ف) رُکنا۔ توقف میں پڑنا۔ تھمنا ٭

مُلتہب (مُل۔تَہِب) (ع) بھڑکنے والا۔ بھڑکانے والا ٭

مُلتہَب (مُل۔تَہَب) بھڑکا ہُوا۔ شعلہ زن ٭

مَلچہ (مَل۔چَہ) (۱) مذکر (۱) [illegible] (۲) خیمے کی میخ ٹھوکنے کا موٹا چوبی آلہ ٭

مِلٹری (مِل۔ٹَری) (انگریزی) Military (فوجی) ٭

مِلٹری پولیس (انگریزی) Military Police مؤنث۔ فوجی پولیس۔ جنگی سپاہ ٭

مُلتفی (مُل۔تَفِی) (ع) مؤنث۔ دیکھو "مُلتفت" ٭

مَلجا (مَل۔جا) (ع) مذکر۔ جائے پناہ۔ پُشت پناہ۔ پناہ گاہ ٭

مَلجا و ماوا (ع) مذکر۔ پناہ ملنے کی جگہ ٭

مُلجھ (مُلجھ) دیکھو "مُلچھ" ٭

مِلح (مِلح) (ع) مذکر۔ نمک۔ نون۔ کھار۔ شور ٭

مُلحد (مُل۔حِد) (ع) مذکر۔ فاسق۔ کافر۔ بے دین۔ راہِ حق سے پھرا ہُوا ٭

مُلحق (مُل۔حَق) (ع) (۱) جُڑا ہُوا۔ پیوستہ۔ لگا ہُوا۔ ملا ہُوا (۲) شریک (۳) منسلک ٭

مُلحق کرنا (ف) شامل کرنا۔ ملانا۔ داخل کرنا۔ الحاق کرنا ٭

مُلحق ہونا (ف) شامل ہونا۔ شریک ہونا۔ داخل ہونا ٭

ملحوظ (مَل۔حُوظ) (ع) لحاظ کیا گیا۔ خیال کیا گیا۔ غور کیا گیا ٭

ملحوظِ خاطر (ع) (۱) دلی خیال۔ دلی توجہ (۲) دل سے خیال رکھا گیا ٭

ملحوظ رکھنا (ف) لحاظ رکھنا۔ خیال رکھنا۔ یاد رکھنا۔ پیشِ نظر و خاطر رکھنا ٭

مَلخ (مَلخ) (ف) مؤنث۔ ٹڈی۔ ٹیڑی۔ یہ لفظ اکثر "مور و ملخ" کی ترکیب سے مستعمل ہوتا ہے ٭

مُلخص (مُل۔خَص) (ع) (۱) خالص۔ پاک (۲) خلاصہ۔ مختصر ٭

مَلذُوذ (مَل۔ذُوذ) (ع) لذیذ۔ مزے دار۔ لذت دار۔ خوش ذائقہ۔ مزے کا ٭

مُلر مُلر (مُلر۔مُلر) (ہ) (عو) (۱) عاجزی سے (۲) بھولے پن سے (۳) حسرت اور افسوس ظاہر کرنے کے موقع پر بولتے ہیں ٭

مُلزَم (مُل۔زَم) (ع) الزام لگایا گیا۔ مجرم۔ گنہگار۔ قصوروار ٭

مُلزوم (مَل۔زُوم) (ع) لازم کیا گیا۔ شریکِ حال ٭

مُلصق (مُل۔صَق) (ع) ملا ہُوا۔ متصل۔ پیوستہ ٭

مُلطِف (مُل۔طِف) (ع) مؤنث۔ تلطیف کرنے والی دوا۔ تلیین کرنے والی دوا ٭

مُلطفات (ع) مؤنث۔ ملطف کی جمع ٭

ملعون (مَل۔عُون) (ع) (۱) لعنت کیا گیا۔ مردود۔ نکالا گیا۔ لعین (۲) شیطان۔ ابلیس ٭

ملغوبا (مَل۔غُو۔با) (ف) مذکر (۱) کوڑا کرکٹ۔ خس و خاشاک (۲) ٹوٹی پھوٹی چیزوں کا انبار (۳) آلائش۔ آلودگی (۴) مواد۔ پیپ ٭

ملفوظ (مَل۔فُوظ) (ع) مذکر (۱) پڑھا گیا (۲) مذکر۔ اولیاء اللہ کا کلام (۳) وہ کتاب جس میں کسی بزرگ کی کیفیت ان ہی کی زبانی لکھی گئی ہو ٭

ملفوظات (ع) مذکر۔ ملفوظ کی جمع ٭

ملفوف (مَل۔فُوف) (ع) لفافہ کیا گیا۔ لپٹا ہُوا۔ لفافہ میں بند کیا ہُوا۔ سربند۔ بند ٭

مُلقّب (مُل۔قَّب) (ع) لقب دیا گیا۔ خطاب دیا گیا۔ مخاطب۔ نامزد۔ معروف۔ عُرف۔ لقب ٭

مَلَک (مَ۔لَک) (ع) مذکر۔ فرشتہ۔ ہاتف ٭

مَلَکُ الموت (ع) مذکر۔ موت کا فرشتہ۔ قابض الارواح۔ جان نکالنے والا۔ عزرائیل ٭

مَلَکُ الموت کا گھر دیکھ لینا (ف) کسی کا گھر میں مر جانا ٭

مَلَک خصلت۔ مَلَک سیرت (ع) فرشتے کی سی عادت والا۔ معصوم۔ عفیف۔ نیک۔ بے گناہ ٭

مِلک (مِلک) (ع) مؤنث (۱) ملکیت۔ زمینداری۔ جاگیر۔ معافی۔ جائداد (۲) مال اسباب (۳) حق۔ حقیت ٭

مُلک (مُلک) (ع) مذکر (۱) دیس۔ ولایت۔ کشور۔ اقلیم (۲) سلطنت۔ راج۔ بادشاہت۔ علاقہ عملداری۔ قلمرو (۳) احاطہ۔ پرگنہ۔ صوبہ (۴) شہر۔ نگر (۵) خلقت۔ لوگ ٭

مُلکِ خدا تنگ نیست۔ پائے گدا لنگ نیست

(ف) (مثل) خدا کا ملک تنگ نہیں اور فقیر کا پاؤں لنگڑا نہیں۔ کسی خاص مقام پر موقوف نہیں۔ ہر جگہ کوشش کرنے کا موقع ہے ٭

مُلک ستانی (ع۔ف) مؤنث۔ دیکھو "مُلک گیری" ٭

مُلک سے خارج کرنا (ف) دیس نکالا دینا۔ بن باس دینا۔ جلاوطن کرنا۔ شہر بدر کرنا ٭

مُلک گیری (ع۔ف) مؤنث۔ مُلک لینا۔ جیت۔ فتح۔ تسخیر۔ فتح یابی۔ حکمرانی۔ بادشاہی ٭

مَلِک (ع) مذکر۔ بادشاہ۔ سلطان۔ فرمانروا ٭

مَلِکُ التجار (ع) مذکر۔ بہت بڑا سوداگر۔ سوداگروں کا بادشاہ۔ بہت بڑے سوداگر کا خطاب ٭

مَلِکُ الشعرا (ع) مذکر۔ بہت بڑا شاعر۔ شاعروں کا بادشاہ

بہت بڑے شاعر کا خطاب ◆

مَلِک زادہ (ع-ف) مذکر۔ شاہزادہ۔ بادشاہ کا لڑکا۔ ولی عہد۔

مَلَکات (مَلَکات) (ع) مذکر۔ مَلَکَت کی جمع (۱) سیرتیں۔ عادتیں (۲) صفات۔ خوبیاں ◆

مَلَکاتِ رذیلہ (ع) مذکر (۱) بُری قوتیں۔ بُری عادتیں (۲) وہ آٹھ بُری خصلتیں جو اخلاق کی کتابوں میں درج ہیں۔ بغض۔ بُخل۔ حرص۔ کذب۔ غضب۔ کبر۔ بے حیائی ◆

مَلَکاتِ فاضلہ (ع) مذکر (۱) بڑی قوتیں۔ بُری عادتیں (۲) وُہ چار خصلتیں جو اخلاق کی کتب میں درج ہیں۔ حکمت۔ شجاعت۔ عفت۔ عدالت ◆

مَلَکانا (مَل۔ کانا) (ہ) (عو) (۱) بنا بنا کر بولنا (۲) ایک قسم کو ہم

مُلَکَٹ (مُل۔ کَٹ) (ہ) مذکر۔ انگیا کی کٹوری۔ جس میں چھاتی رہتی ہے ◆

مَلَکنا (مَلَک۔ نا) (ہ) (عو) اتھانا۔ مٹکنا ◆

مَلَکُوت (مَلَکُوت) (ع) مذکر (۱) بادشاہی۔ سلطنت۔ پروردگاری۔ حکمرانی۔ قبضہ (۲) فرشتوں کا عالم۔ فرشتوں کے رہنے کا مقام (۳) فرشتے۔ ملائکہ (۴) صوفیوں کی اصطلاح میں عالم ارواح ◆

مَلَکوتی صفات (ع) مؤنث۔ فرشتوں کی سی خصلتیں ◆

مَلَکہ (مَلَکَہ) (ع) مذکر۔ مہارت۔ لیاقت۔ قابلیت۔ استعداد۔ مجبر عقل۔ تجربہ۔ مشاقی۔ فہم۔ ادراک ◆

مَلَکہ حاصل ہونا (ا) نہایت تجربہ ہونا۔ قدرت یا مہارت حاصل ہونا ◆

مَلَکہ ہونا (ا) کسی بات کا کمال ہونا۔ مہارت حاصل ہونا ◆

مَلِکہ (مَلِکَہ) (ع) مؤنث (۱) مَلِک کی تانیث۔ بادشاہ کی بیوی۔ قیصرہ۔ سلطانہ۔ بادشاہ بیگم۔ حکومت کرنے والی عورت (۲) شہزادی۔ بادشہزادی (۳) مکھیوں کی سب سے بڑی مکھی جس کے ساتھ اور مکھیاں بطور پیش خدمت رہتی ہیں ◆

مَلِکہ مشیر (ا) مؤنث۔ بڑی مشورہ۔ بڑی قسم کی مشورہ ◆

مَلِکہ معظمہ (مؤنث) بڑی ملکہ۔ قیصرہ۔ بزرگ ملکہ ◆

مَلِکہ وکٹوریہ (ا) مؤنث۔ قیصرۂ ہند آنجہانی کا نام جن کے پڑپوتے شہنشاہ جارج ششم آج کل زینت آرائے تخت و تاج ہیں ◆

مَلَکی (ع) مذکر۔ جاگیردار۔ ملک والا۔ زمیندار ◆

مَلَکی کیا جانے پرائے دل کی (ا) خود غرض آدمی دوسرے کی تکلیف کو کچھ نہیں سمجھتا ◆

ملکیت کے دل کی بولا والی زمیندار ملک کا ...

نہیں دیتا ◆

مُلکی (ع) (۱) مُلک کا۔ مُلک والا (۲) قومی۔ وطن کا۔ حکمرانی کے متعلق ◆

مُلکی لارڈ۔ یا۔ لاٹ (ا) مذکر۔ نائب السلطنت۔ وائسرائے گورنر جنرل۔ مدار المہام سلطنت ◆

مَلَکی (ع) منسوب بہ مَلَک۔ فرشتے کی مانند۔ مَلَک سے منسوب ◆

مِلکیت (ع) مؤنث۔ قبضہ۔ تصرف۔ جائداد۔ زمینداری۔ املاک۔ مال اسباب ◆

مِلکیتِ استمراری (ع) مؤنث۔ ہمیشہ کی ملکیت ◆

مَلگجا (مَل۔ گجا) (ہ) میلا۔ غبار آلود۔ کچھ میلا۔ کچھ اُجلا ◆

مَلگجاپن (ہ) مذکر۔ ملگجا ہونا ◆

مَلگجی (ہ) ملگجا کی تانیث۔ میلی ◆

مِلَل (مِلَل) (ع) مذکر۔ مِلّت کی جمع۔ مذاہب ◆

مَلماس (مَل۔ ماس) (ہ) مذکر (ہندو) نحوس مہینا۔ جس مہینا میں ہندو خوشی کی رسمیں نہیں کرتے ◆

مُلَمّچی (مُلَمّع ساز) (ہ) مذکر۔ لوہے پر ملمع کرنے والا ◆

مُلَمّع (ع) (۱) چمکتا ہوا۔ درخشاں (۲) گلٹ کیا ہوا۔ سونا چاندی چڑھایا ہوا (۳) مذکر۔ جھول۔ گلٹ۔ سونے چاندی کا ورق۔ پترہ یا پانی جو کسی چیز پر چڑھایا جائے (۴) قلعی (۵) بزاوا۔ دکھاوا۔ ظاہری ٹیپ ٹاپ۔ بناوٹ ◆

مُلَمّع ساز (ع-ف) مذکر۔ ملمع کرنے والا۔ ملمع بنانے والا ◆

مُلَمّع کرنا (ا) (۱) گلٹ کرنا۔ سونا یا چاندی چڑھانا (۲) چمکانا۔ آب دینا۔ جلا کرنا ◆

مَلمَل (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا باریک سوتی کپڑا ◆

مَلُول (مَل۔ لُول) (ع) (۱) غمگین۔ کھاری۔ کھارا (۲) (ہندو) اُداس۔ غمگین۔ دلگیر ◆

کَلملانا (ہ) (ہندو) (عو) پچھتانا۔ افسوس کرنا ◆

کلملاہٹ (ہ) مؤنث۔ (ہندو) (۱) اُداسی (۲) افسوس۔ پچھتاوا۔ دریغ۔ حسرت۔ ارمان ◆

کلملاہٹ آنا (ا) (ہندو) (عو) افسوس آنا۔ پچھتانا۔ دریغ کرنا ◆

مِلَن (مِلَن) (ہ) ملاقات۔ میل ◆

مِلنا (ہ) (۱) پیوستہ ہونا۔ ملحق ہونا۔ چسپاں ہونا۔ ایک ہونا (۲) آمیز ہونا۔ مرکب ہونا (۳) گڈمڈ ہونا۔ خلط ملط ہونا (۴) ملاقات ہونا۔ سامنا ہونا۔ جمع ہونا۔ اکٹھا ہونا (۵) حاصل ہونا۔ ہاتھ میں آنا (۶) میسر ہونا۔ ہاتھ لگنا (۷) فائدہ ہونا (۸) گلے لگنا۔ بغل گیر ہونا (۹) وصل ہونا۔ ہمبستر ہونا (۱۰) سازش کرنا (۱۱) شامل ہونا (۱۲) مطابق ہونا۔ مثل ہونا۔

(۳) قابو میں آنا (۴) عطا ہونا۔ عنایت ہونا ◆

ملنا جلنا (ہ) (مذکر) میل ملاپ۔ راہ و رسم۔ ربط ضبط ◆

مَلنا (ہ) (۱) رگڑنا۔ مسلنا (۲) لیپ کرنا۔ نمائش کرنا (۳) چمکانا۔ مانجھنا (۴) مالیدہ کرنا ◆

ملنا دلنا (ہ) (۱) مسلنا۔ مالش کرنا (۲) استعمال میں لانا ◆

ملنسار (ہ) ہر ایک سے ملنے والا۔ خوش اخلاق۔ ملنے والا ◆

ملنساری (ہ) مؤنث۔ راہ و رسم۔ ربط ضبط۔ رسائی۔ محبت۔ اخلاص ◆

ملنگ (مَلَنگ) (ہ۔ مذکر) (۱) بے ہوش۔ آپے سے باہر۔ بے خود (۲) مجرد آدمی (۳) موٹا۔ تازہ آدمی ◆

ملنی (ہ) مؤنث۔ ہندو) (۱) ملاقات۔ درشن (۲) استقبال۔ پیشوائی (۳) ایک رسم جس میں شادی کے بعد سمدھی مع دیگر عزیز و اقارب ایک دوسرے سے ملتے ہیں۔ ملاوا (۴) وہ روپیہ جو دلہن والے دولھا والوں کو ملنے کے وقت دیتے ہیں ◆

ملنے کو جانا (ہ) ملاقات کو جانا ◆

ملو۔ ملھو (مَل۔ لُو۔ مَل۔ ھُو) (ہ) مذکر (۱) ریچھ۔ خرس۔ بھالو (۲) بندر۔ بوزنہ ◆

مَلُّو (مَل۔ لُو) (ہ) (مذکر) وہ پرند جس کے پاؤں باندھ کر جال میں ڈال دیں۔ تاکہ اور پرند بھی اسے دیکھ کر آ پھنسیں ◆

ملوانا (ہ) (۱) پالش کرانا (۲) صاف کرانا۔ صیقل کرانا۔ رگڑوانا (۳) مسلوانا۔ کچلوانا۔ پامال کرانا ◆

مِلوانا (ہ) (۱) گلے لگوانا (۲) صفائی کرانا۔ باہم سلوک کرانا (۳) ملاقات کرانا۔ تعارف کرانا (۴) مواصلت کرانا ◆

مُلَوَّث (مُلَو۔ وَث) (ع) آلودہ۔ بھرا ہوا۔ لتھڑا ہوا۔ ناپاک۔ نجس۔ پلید ◆

مَلوک (مَلُوک) (ہ) (۱) حسین۔ خوب صورت۔ شکیل۔ عمدہ۔ اچھا (۲) (مذکر) ایک قسم کا کپڑا ◆

مُلوک (مُلُوک) (ع) مذکر۔ مَلِک (بادشاہ) کی جمع۔ بہت سے بادشاہ۔ سلاطین ◆

ملوکانہ (ع۔ ف) شاہانہ۔ خسروانہ۔ قیصرانہ ◆

مَلول (مَلُول) (ع) رنجیدہ۔ اُداس۔ غمگین ◆

مَلولا (مَلُو۔ لا) (ہ) (مذکر) غم۔ ملال۔ رنج۔ حسرت۔ افسوس۔ پچھتاوا۔ ارمان ◆

ملولا آنا (ہ) افسوس آنا۔ ارمان آنا ◆

ملولے (ہ) مذکر۔ ملولا کی جمع۔ ارمان۔ افسوس۔ حسرتیں ◆

ملولے آنا (ہ) دیکھو ملولا آنا ◆

ملولے بھرے ہونا (ہ) بہت سے ارمان ہونا ◆

ملولے دل کے دل ہی میں رہنا (ہ) ارمان نہ نکلنا ◆

ملولے ہونا (ہ) حسرتیں ہونا۔ ارمان ہونا۔ غم ہونا۔ ارمان ہونا ◆

مُلَوَّن (مُلَو۔ وَن) (ع) رنگ برنگ کا۔ گونا گوں ◆

مَلَونی (مَلَو۔ نِی) (ہ۔ مؤنث) ملاوٹ۔ آمیزش۔ کھوٹ ◆

مُلّہ (مُل۔ لَہ) (ہ) مذکر۔ دیکھو مُلّا ◆

مُلَہٹی۔ مُلہٹھی (مُلَہ۔ ٹی۔ مُلَہ۔ ٹھی) (ہ) (مؤنث) اصل السوس۔ گھونگچی کے درخت کی جڑ۔ چرمٹی کی جڑ۔ جس کا سفوف پان میں ڈال کر کھاتے ہیں ◆

مُلہِم (مُل۔ ہِم) (ع) دل میں کوئی بات ڈالنے والا۔ خدائے تعالیٰ ◆

مُلہِم غیب (ع) مذکر۔ غیب سے کوئی بات دل میں ڈالنے والا۔ ہاتف۔ سروش غیب ◆

مُلہَم (مُل۔ ہَم) (ع) الہام کیا گیا۔ وہ شخص جس کے دل میں غیب سے کوئی بات پڑے ◆

مَلیا (مَل۔ یَا) (ہ۔ مؤنث) مٹی یا دھات کی ہنڈیا یا چھوٹا برتن ◆

مَلیامیٹ (مَل۔ یا۔ میٹ) (ہ۔ عو) ملا اور مٹا ہوا۔ پامال شدہ۔ روندا ہوا۔ تباہ و برباد۔ ستیاناس۔ ناپید۔ نیست و نابود ◆

ملیامیٹ کرنا (ہ۔ عو) برباد کرنا۔ غارت کرنا۔ ستیاناس کرنا۔ مٹانا۔ خاک میں ملانا ◆

ملی بھگت (ہ) مؤنث (عو) سازش۔ ہمرازی۔ گٹھت۔ اٹ سٹ ◆

ملیچ (ہ) مذکر۔ عمر رسیدہ گھوڑا۔ بوڑھا گھوڑا۔ آٹھ برس سے زیادہ عمر کا گھوڑا ◆

ملیچ۔ ملیچھ (مَلیچ۔ مَلیچھ) (ہ) مذکر (۱) پلید آدمی۔ نجس۔ ناپاک۔ گندے لوگ (۲) وحشی۔ جنگلی (۳) کافر۔ بے دین ◆

ملیح (مَلیح) (ع) (۱) نمکین۔ سلونا (۲) خوب صورت۔ سانولا سلونا ◆

مَلیدہ (مَلی۔ دَہ) (ف) مذکر۔ مالیدہ کا مخفف (۱) ایک قسم کا پشمینہ جو مل کر نرم کیا جاتا ہے (۲) چوری۔ چورما۔ شکر اور گھی میں ملی ہوئی روٹی ◆

ملیریا (ملے۔ ریا) (انگریزی) Malaria مذکر۔ موسمی بخار۔ مچھروں کا بخار ◆

ملی میٹر (ملی۔ می۔ ٹر) (انگریزی) Milimeter (مذکر) علم مساحت میں ایک پیمانہ جو میٹر کا ایک ہزارواں حصّہ ہوتا ہے ◆

مُلَیِّن (مُلَیْ۔یِن) (ع) نرمی کرنے والا۔ مُلائم کرنے والا۔ قبض دُور کرنے والا ✦

مَلِین (مَلِین) (ہ) (ہندی) (۱) مَیلا (۲) ناپاک۔ گندہ۔ غلیظ (۳) شکستہ۔ اُداس۔ غمگین (۴) مکدّر۔ مُنقّص ✦

مِلیَن (مِل۔یَن) (انگریزی) (Million) (مذکر) دس لاکھ ✦

مَلِینہ (مَلی۔نَہ) (ف) (مذکر) دیکھو "مَرینہ" ✦

م ۔ م

مَم (مَم) (۵) (مذکر) دُودھ پیتے بچّوں کی زبان (۱) پانی (۲) چھاتی۔ چُوچی۔ دُودھی ✦
مَمّا (مَم۔مّا)

مَمات (مَمات) (ع۔ مؤنث) مرگ۔ مرنا۔ موت۔ مَرن ✦

مُماثِل (مُما۔ثِل) (ع) مانند۔ مُشابہ۔ برابر۔ نظیر۔ مثل ✦

مُماثلت (مُما۔ثَلَت) (ع) (مؤنث) مشابہت۔ مانند ہونا ✦

مُمارَست (مُما۔رَسَت) (ع۔ مؤنث) مشق۔ تجربہ ✦

مُماس (مُماس) (ع۔ مؤنث) مس کرنے والا۔ چھُونے والا۔ وہ خط جو دوسرے کو چھُوتا ہُوا گزرے ✦

مَمالِک (مَما۔لِک) (ع) (مذکر) مملکت کی جمع۔ ملک۔ مقامات۔ بادشاہی سلطنت ✦

مَمالکِ غیر (ع) (مذکر) وہ مُلک جو اپنی سلطنت سے باہر ہوں ✦

مَمالکِ غیر آئین (ع۔ مذکر) وہ مُلک جن میں قانون کی پابندی نہ ہو ✦

مَمالکِ محروسہ (ع۔ مذکر) وہ ملک جو کسی بادشاہ کے قبضے اور تحت میں ہوں۔ ممالکِ ماتحت ✦

مَمالکِ مفوّضہ (ع۔ مذکر) سپرد کئے ہوئے مُلک ✦

مَمالِیک (مَما۔لِیک) (ع۔ مذکر) مملوک کی جمع۔ بندے۔ غلام ✦

مُمانَعت (مُما۔نَعَت) (ع۔ مؤنث) روک۔ مناہی۔ منع کرنا۔ بندش ✦

مُمانی (مُما۔نی) (ہ) مؤنث۔ ماموں کی بیوی۔ مامی۔ ماں کے بھائی کی بیوی ✦

مِمبر (مِم۔بَر) (ہندی) (انگریزی) ممبر (Member) (مذکر) (۱) جزو۔ بند۔ عضو (۲) رکن۔ شریک جلسہ (۳) شریک۔ حصّہ دار۔ پتی دار۔ ساجھی ✦

ممبر آف پارلیمنٹ (انگ) Member of Parliament (مذکر) رکنِ مجلس واضعِ آئین انگلستان ✦

ممبر آف ڈسٹرکٹ بورڈ (انگ) Member of District Board (مذکر) رکن مجلس ضلع ✦

مُمتاز (مُم۔تاز) (ع) (۱) امتیاز دیا گیا (۲) انتخاب کیا گیا۔ عزّت دیا گیا۔ شریف (۳) نامور۔ مشہور (۵) اعلیٰ۔ افضل۔ (۶) عالی مرتبہ ✦

مُمتاز فرمانا۔ یا۔ کرنا (۱) مرتبہ بڑھانا۔ معزّز کرنا۔ عزّت بخشنا ✦

مُمتَحِن (مُم۔تَحِن) (ع) (مذکر) اِمتحان لینے والا۔ پرکھنے والا۔ جانچنے والا۔ محاسب ✦

مُمتَحَن (مُم۔تَحَن) (ع) (مذکر) (۱) تجربہ کار۔ آزمودہ کار (۲) اِمتحان دینے والا ✦

مُمتَد (مُم۔تَد) (ع) لمبا۔ دراز۔ طویل۔ کھینچا گیا۔ تانا گیا ✦

مُمتَلی (مُم۔تَلی) (ع) بھرا ہُوا۔ پُر۔ معمور۔ لبریز ✦

مُمتَنَع (مُم۔تَنَع) (ع) منع کیا گیا۔ روکا گیا ✦

مُمتَنِع (مُم۔تَنِع) (ع) منع کرنے والا۔ روکنے والا ✦

مُمثّی (مُم۔ثی) (۲) مؤنث) ممثی ✦

مُمَثِّل (مُمَث۔ثِل) (ع۔ مذکر) ایکٹر۔ اداکار ✦

مُمِد (مُمِد) (ع) مدد کرنے والا۔ مددگار۔ ساتھی ✦

مَمدُوح (مَم۔دُوح) (ع) مدح کیا گیا۔ تعریف کیا گیا وہ شخص جس کی تعریف یا ذکر کیا گیا ہو

مَمدُوحہ (ع) (صفت مؤنث) تعریف کی گئی ✦

مَمدُود (مَم۔دُود) (ع) بڑھایا گیا۔ لمبا کیا گیا۔ پھیلایا گیا۔ وسیع کیا گیا ✦

مَمدُودہ (ع) مد والا۔ وہ الف جس پر مد ہو لمبی آواز کا الف ✦

مَمَر (مَمَر) (ع۔ مذکر) گزرنے کی جگہ۔ راہ گزر۔ راستہ۔ راہ ✦

مَمیز (مَم۔میز) (ا) (مؤنث) کانٹا۔ لوہے کی دندانہ دار پھرکی جو سواروں کے بوٹ کی ایڑی میں چابک کا کام دیتی ہے ✦

مَمزُوج (مَم۔زُوج) (ع) ملا ہُوا۔ آمیختہ ✦

مُمسِک (مُم۔سِک) (ع) خرچ نہ کرنے والا۔ کنجوس۔ شوم۔ تنگ دل۔ بخیل ✦

مُمکِن (مُم۔کِن) (ع) (۱) جو بات ہو سکے۔ ہونے والی بات۔ شدنی۔ آسان۔ سہل (۲) (۱) طاقت۔ مقدور۔ مجال ✦

مُمکِن الحصول } (ع) وہ چیز جو حاصل ہو جانے کے قابل ہو۔ وصول ہونے کے قابل ✦
مُمکِن الوصول

مُمکِن الوجود (ع) (۱) جس کے ہونے کا امکان ہو (۲) مخلوقات ✦

مُمکِن الوقوع (ع) ہونے والی بات۔ جس کے واقع ہونے کا اِمکان ہو ✦

مُمکِنات (ع) مؤنث (۱) ممکن کی جمع (۲) وجود۔ مخلوق (۳) قابل الحصول ٭

مَملکت (مَم۔ لَکت) (ع۔ مؤنث) بادشاہت۔ حکومت۔ سلطنت۔ فرمانروائی ٭

مَملُو (مَم۔ لُو) (ع) بھرا ہُوا۔ لبریز ٭

مَملُوک (مَم۔ لُوک) (ع) مذکر (۱) غلام۔ بندہ (۲) ملک ٭

مملوکہ (ع) مقبوضہ۔ قبضہ کیا گیا۔ خریدا گیا ٭

مملوکہ و مقبوضہ (ع) خریدا اور قبضہ کیا ہُوا ٭

مَمنُوع (مَم۔ نُوع) (ع) (۱) منع کیا گیا۔ روکا گیا (۲) ناجائز۔ ناروا۔ خلافِ قانون۔ شرع کے خلاف ٭

ممنوع التصرّفات (ع) مذکر۔ وہ شخص جو آئندہ دخل دینے سے منع کر دیا جائے ٭

مَمنُون (مَم۔ نُون) (ع) احسان کیا گیا۔ احسان مند۔ شکرگزار ٭

ممنون ہونا (ا) احسان مند ہونا۔ شکرگزار ہونا ٭

ممنونیت (ع۔ مؤنث) احسان مندی ٭

ممُولا (مَمو۔ لا) (ہ) (مذکر) چڑیا کے برابر ایک پرند جس کے پیٹ پر کالی دھاریاں ہوتی ہیں۔ جھانجو ٭

ممولے چِنا (ہ) (بیگمات) خاطر کے مارے بچھے جانا۔ غایت تواضع کرنا۔ آنکھوں پر رکھنا۔ آنکھیں بچھانا ٭

مَمّی (مَمی) (ا) انگ۔ ـــــ ـــــ (مؤنث) (۱) چھوٹے بچّے) ماں۔ اماں (۲) لاش۔ جو مسالا لگا کر محفوظ رکھی جائے ٭

مَمیا خُسر (مَم۔ یا۔ خُسَر) (ہ) (مذکر) خاوند یا بیوی کا ماموں ٭

مَمیا ساس (ہ۔ مؤنث) خاوند یا بیوی کی ممانی ٭

ممیانا (مَم۔ یا۔ نا) (ہ) بکری کا بولنا۔ بکری کا میں میں کرنا ٭

مُمیت (مُمیت) (ع) مارنے والا۔ خدائے تعالیٰ ٭

مَمیرا (مَمی۔ را) (ہ) (مذکر) ایک جڑ جو گٹھیلی اور ہلدی سے مشابہ ہوتی ہے۔ یہ آنکھ کی بینائی کے لئے نہایت مفید دوا ہے ٭

ممیرا (مَمے۔ را) (ہ) ماموں زاد۔ ماموں کا بیٹا ٭

ممیرا بھائی (ہ) (مذکر) ماموں کا بیٹا بھائی۔ ماموں زاد بھائی ٭

ممیری (ہ) ماموں کی بیٹی ٭

مُمیِّز (مُمیّ۔ یِز) (ع) بُرے بھلے کو پہچاننے والا۔ شناسا۔ تاڑنے والا ٭

مُمیِّزہ (ع) تمیز کرنے والی۔ پہچاننے والی ٭

م۔ن

مَن (مَن) (ہ) (مذکر) (۱) دل۔ خاطر۔ جی۔ قلب (۲) چالیس سیر کا وزن (۳) سانپ کا مُہرہ (۴) کنولیے کی مینڈ (۵) (ف) ۸۰ تولہ یا ۱۲ چھٹانک کا وزن ٭

من اٹکنا (ہ) دل آنا۔ عشق ہونا۔ آنکھ لڑنا ٭

من اُکتانا (ہ) (ہندی) جی بیزار ہونا۔ دل گھبرانا ٭

من اُگلنا (ہ) سانپ کا اپنے مُہرے کو مُنہ سے باہر نکالنا ٭

من اُمراؤ کرم دلدّری (ہ) (مثل) دل میں میری مَحبّت یاد رکھیں ٭

من بسنا (ہ) دل میں سمانا۔ دل میں رہنا ٭

من بھاتا (ہ) مرغوب خاطر۔ دل پسند۔ خوشگوار ٭

من بھاری کرنا (ا) (ہندی) (ع) کڑھنا۔ اُداس ہونا۔ غمگین ہونا ٭

من بھاوَن (ہ) (۱) دلپسند۔ دل پذیر۔ جو دل کو پسند

من بھاوُنا آئے (۲) جانی۔ پیارا۔ محبوب۔ معشوق۔ پیارا۔ دلربا ٭

من بھلے مُنڈیا ہلائے۔ مَن چاہے مُنڈیا ہلائے (ہ) (مثل) اندر دل تو چاہتا ہے۔ مگر بظاہر انکار ہے۔ اوپرے دل سے انکار کرنا ٭

من بھر (ہ) (۱) چالیس سیر۔ آٹھ دھڑی وزن کے برابر (۲) خاطرخواہ۔ دل کے موافق۔ جی بھر کر ٭

من بھر جانا (ہ) (ہندی) دل سیر ہو جانا۔ طبیعت بھر جانا ٭

من بھر کا سر ہلاتے ہیں پیسہ بھر کی زبان نہیں ہلائی جاتی (ہ) (مثل) مغرور آدمی کی نسبت بولتے ہیں۔ جو سلام کا جواب سر ہلا کر ہی دیدے۔ مگر زبان سے بات نہ کرے ٭

من پھٹ جانا (ہ) (ہندی) دل بیزار ہو جانا۔ نفرت ہو جانا ٭

من چلا (ہ) دل چلا۔ بہادر۔ دلیر۔ دلاور۔ شورہ پشت۔ نڈر۔ بے خوف۔ بے باک ٭

من چلنا (ہ) (ہندی) (۱) دل چاہنا۔ کسی چیز کی طرف دل کا رغبت کرنا (۲) دل قابو میں نہ رہنا۔ دیوانہ ہونا ٭

من چنگا تو کٹھوتی میں گنگا (ہ) (مثل) اگر دل درست اور اعتقاد کامل ہو۔ تو ہر جگہ خدا ہے ٭

من سمجھوتی (ہ) (مؤنث) (ہندی) اطمینان خاطر۔ دل کا سمجھا لینا ٭

من سمجھوتی کرنا (ہ) دل کو سمجھا لینا۔ اطمینان کر لینا۔

تسلی کر لینا ◆

مَن کا چیتا (ہ)، مذکر (ہندو) دل کا چاہا۔ دل کی خواہش ◆

مَن کا میلا (ہ)، (ہندو) بد باطن۔ ریاکار۔ منافق۔ دل میں کھوٹ رکھنے والا ◆

مَن کرنا (ہ)، (ہندو) دل چاہنا۔ جی چاہنا۔ خواہش کرنا ◆

مَن کھٹا ہونا (ہ)، (ہندو) طبیعت بیزار ہونا ◆

مَن کی ماری (ہ)، (ہندو) مُردہ دل۔ افسردہ دل ◆

مَن کی مَن میں رہنا (ہ)، دل میں حسرت رہنا۔ ارمان رہنا ◆

مَن لہر، موج (ہ)، مؤنث۔ دل کی لہر۔ دل کی ترنگ ◆

مَن کے چیتے ہونا (ہ)، (ہندو) دل کی مُراد پوری ہونا ◆

مَن کے لڈو پھوڑنا (ہ)، (ہندو) خیالی پلاؤ پکانا۔ دل ہی میں خوش ہونا ◆

مَن کے ہارے ہار رہے مَن کے جیتے جیت (ہ)، دل چھوڑ دینے سے کچھ نہیں ہوتا۔ حوصلے ہی سے کام بنتا ہے ◆

مَن لبھانا (ہ)، (ہندو) دل کو فریفتہ کرنا۔ دل کو مائل کرنا ◆

مَن للچانا (ہ)، (ہندو) دل چاہنا۔ دل کا خواہش کرنا ◆

مَن لینا (ہ)، (ہندو) دل لینا۔ عاشق بنا لینا۔ فریفتہ کر لینا ◆

مَن مار رہنا (ہ)، (ہندو) دل کی خواہش پر صبر اختیار کرنا۔ دل مسوس کر رہنا ◆

مَن مار کے بیٹھ رہنا (ہ)، (ہندو) جی مار کر بیٹھ رہنا۔ صبر کر کے بیٹھ رہنا۔ مایوس ہو کر رہ جانا ◆

مَن مارنا (ہ)، (ہندو) صبر اختیار کرنا۔ دل کی خواہش کو دبا لینا ◆

مَن مانتا (ہ)، حسب دل خواہ۔ خاطر خواہ۔ مَن بھاتا۔ دل کے موافق ◆

مَن مانی (ہ)، مؤنث۔ (ہندو) (ع)، حسب منشاء۔ دل کے مطابق۔ خود اختیاری ◆

مَن مانے (ہ)، (ہندو) دل چاہے۔ دل میں آئے۔ حسب دلخواہ ◆

مَن مست (ل)، (ہندو) زندہ دل۔ خوش طبع۔ ظریف۔ ہنس مکھ ◆

مَن میں آنا (ہ)، (ہندو) جی میں گزرنا۔ خیال میں آنا ◆

مَن میں شیخ فرید بغل میں اینٹیں (ل)، ظاہر اچھا۔ باطن بُرا ◆

مَن موجی (ہ)، خود مختار۔ زندہ دل۔ آوارہ مزاج ◆

مَن موہن (ہ)، (ہندو) دل رُبا۔ دل کو موہ لینے والا۔ معشوق۔ محبوب۔ پیارا ◆

مَن ہرن (ہ)، (ہندو) دل چُرا لینے والا۔ دل کا چور۔ معشوق ◆

مَن ہرنا (ہ)، دل چُرا لینا۔ فریفتہ کر لینا ◆

مَن (مَنّ) (ع) منتا کا امر ◆

مَن منا دینا (ہ)، راضی کر دینا ◆

مَن مَن کر بگڑ جانا (ہ)، راضی ہو کر پھر ناراض ہو جانا ◆

مَن (ع) کلمۂ موصول۔ وہ شخص۔ کوئی ◆

مَن (ع)، مذکر (۱) احسان۔ منّت (۲) نقصان۔ ضرر (۳) شہد۔ انگبین (۴) چالیس سیر بھر کا وزن ◆

مَن و سلوےٰ (ع)، (مذکر) خوانِ نعمت۔ نفیس کھانا۔ وہ خوانِ نعمت۔ جو بنی اسرائیل پر حضرت عیسیٰؑ کی دُعا سے بھوک پیاس کے زمانے میں ایک جنگل میں میسّر آیا ◆

مَن (ف)، ضمیر (۱) واحد متکلم کی ضمیر جو کبھی غائب کے لئے بھی آ جاتی ہے (۲) نسبت کے لئے جیسے دُشمن (۳) ترازو کا وہ بڑا سُوراخ جو ڈنڈی کے بیچ میں موٹھ کے لئے کیا جاتا ہے ◆

مَن آنم کہ مَن دانم (ف)، (مقولہ) تعریف کے جواب میں اپنی عاجزی ظاہر کرنے کے لئے مستعمل ہے ◆

مَن تُرا حاجی بگویم تو مرا حاجی بگو (ف)، (مقولہ) اس موقع پر طنزاً کہتے ہیں۔ جب دو شخص ایک دوسرے کو نیک و پاک باطن کہتے

مَن چہ می سرایم و طنبورہ مَن چہ می سراید (ف)، (مثل) اس وقت بولتے ہیں۔ جب کسی شخص کا ایک بیان دوسرے بیان سے مختلف ہو ◆

مَن خوب می شناسم پیرانِ پارسا را (ف)، (مثل)، (طنزاً) میں چالاک لوگوں سے خوب واقف ہوں ◆

مَن در چہ خیالیم و فلک در چہ خیال (ف)، (مثل) اس موقع پر مستعمل ہے۔ جب کوئی امر مقصود ہے کے خلاف واقع ہو ◆

مِن (مِنْ)، (ع)، (۱) از۔ سے۔ کا۔ ہر (۲) ماسوا۔ بسبب۔ بمقابلہ اس کے (۳) مانند۔ مشابہ (۴) ساتھ۔ مع (۵) در۔ بیچ۔ میں ◆

مِن اوّلہٖ اِلیٰ آخرہٖ (ع)، اوّل سے آخر تک۔ از سرتا پا۔ از ابتدا و تا انتہا ◆

مِن بَعد (ع) (۱) بعد سے ۔ پس ازاں ۔ بعد ازاں ۔ آگے کو ۔
پھر (۲) فوراً ۔ جلد ابھی ۔ فی الفور ◆
مِن جانب اللہ (ع) (۱) خدا کی طرف سے ۔ غیب سے
(۲) خود بخود ۔ آپ ہی آپ ◆
مِن جُملہ (ع) سب میں سے ۔ تمام میں سے ۔ کُل میں سے ◆
مِن حَیث المجموع (ع) مجموعی حیثیت سے ◆
مِن کُل وُجوہ (ع) ہر طرح ۔ ہر صورت سے ۔ بہر حال ۔
و بہر صورت ◆
مِن کُل وجہٍ (ع) ہر طرح ۔ ہر حالت سے ۔ بہر حال ۔
بہر صورت ۔ ہر وجہ سے ◆
مِن وجہٍ (ع) ایک وجہ سے ۔ ایک صورت سے ◆
مِن وعَن (ع) (۱) حرف بحرف بالتفصیل ۔ واضح بتفصیل وار
(۲) جُوں کا تُوں ۔ ہو بہو ◆
مُنِ (مُنّ) (س) مذکر ۔ مرتاض ۔ زاہد ۔ جوگی ۔ سادھو ◆
مَنِ (مَنّ) (س) مذکر ۔ قیمتی پتھر ۔ جواہر ۔ سنگ ◆
مِنا (مِنا) (ع) مذکر ۔ مکہ معظمہ کے قریب ایک مقام جو پہاڑیوں
میں واقع ہے ۔ وہاں حاجی لوگ قربانی کرتے ہیں ◆
مُنّا (مُن ۔ نا) (ہ) مذکر ۔ پیار سے چھوٹے بچے کو کہتے ہیں ۔
لاڈلا ۔ پیارا ۔ ننھا ◆
مَنابِر (مَنا ۔ بِر) (ع) مذکر ۔ منبر کی جمع ◆
مَنات (مَنات) (ع) عرب کا ایک مشہور بُت جس کی زمانۂ
جاہلیت میں پرستش کی جاتی تھی ◆
مُناجات (مُنا ۔ جات) (ع) (مؤنث) (۱) دُعا ۔ التجا ۔ عرض
(۲) وہ نظم جس میں خدا کی تعریف اور اپنی فروتنی ظاہر کر کے
دعا اور التجا کی جاتی ہے ◆
مُناجات پڑھنا (ف) خدا کی بزرگی کے گیت پڑھنا ۔
بھجن گانا ◆
مُناجاتی (ہ) مذکر ۔ مناجات پڑھنے والا ◆
مُنادمت (مُنا ۔ دَمَت) (ع) مؤنث ۔ مصاحبت ۔ ہم نشینی ◆
مُنادی (ع) مذکر ۔ بلایا گیا ۔ پکارا گیا ◆
مُنادی (ف) (۱) ڈھنڈورا ۔ ڈونڈی (۲) کسی بات کی ممانعت
کا اعلان (۳) وعظ ۔ دین کی تلقین (۴) وہ اطلاع جو ڈھنڈورا
دے کر سنائی جائے ◆
مُنادی پھرنا (ف) اعلان ہونا ۔ ڈونڈی پٹنا ◆
مُنادی کرنا (ف) (۱) اعلان کرنا مشہور کرنا ۔ شہرت دینا ۔ پھیلانا ۔
ڈونڈی پیٹنا (۲) وعظ سنانا ◆
منادِیل (مَنا ۔ دِیل) (ع) مؤنث ۔ مندیل کی جمع ۔ رومال ◆
مَنار ۔ منارہ (مَنا ۔ رَہ) (ع) مذکر (۱) اونچا ستون
(لائٹ ہاؤس) یا یہ ۔ کھم ۔ کھمبا (۲) جہاز کو روشنی دکھانے کا
اونچا ستون ◆
مُنازعت (مُنا ۔ زَعَت) (ع) مؤنث ۔ جھگڑا ۔ قضیہ ۔ ٹنٹا ۔
تکرار ۔ بحث ◆
مُنازع فیہ (ع) مذکر ۔ وہ امر جس کے لئے جھگڑا ہو ◆
مَنازِل (مَنا ۔ زِل) (ع) مؤنث ۔ منزل کی جمع ۔ اترنے کی
جگہیں ۔ مکانات ۔ مقامات ◆
مَنازِل قمر (ع) مؤنث ۔ نجوم ۔ مقامات قمر ۔ چاند کے ستائیس
گھر ◆
مُناسِب (مُنا ۔ سِب) (ع) (۱) نسبت رکھنے والا موزوں
لائق ۔ موافق ۔ زیبا ۔ شایاں (۲) ٹھیک ۔ درست ۔
معقول (۳) لازم اور جائز ◆
مُناسبت (مُنا ۔ سَبَت) (ع) مؤنث ۔ علاقہ ۔ تعلق ۔ موزونیت ۔
نسبت ◆
مناسخہ (مُنا ۔ سَخَہ) (ع) مذکر ۔ علم فرائض کا ایک قاعدہ
جس کے رو سے وارثوں کے حصے ٹھہرائے جاتے ہیں ◆
مناسک (مَنا ۔ سِک) (ع) مذکر ۔ حج کے ارکان ۔ حاجیوں
کی عبادت کے مقامات ◆
مَناصِب (مَنا ۔ صِب) (ع) مذکر ۔ منصب کی جمع ۔ رُتبے ۔
عہدے ◆
مُناصفت (مُنا ۔ صَفَت) (ع) مؤنث ۔ آدھوں آدھ ۔ نصفا
نصفی ۔ برابر کے دو حصے ◆
مُناصفہ (مُنا ۔ صَفَہ) (ع) مذکر ۔ آدھوں آدھ کرنا ◆
مناط (مَناط) (ع) مذکر (۱) مقصد (۲) بنیاد ◆
مناطِ دعویٰ (ع ۔ ف) مذکر ۔ دعویٰ کی بنیاد ◆
مُناظِر (مُنا ۔ ظِر) (ع) صفت ۔ تکراری ۔ جھگڑالو ۔ معترض ◆
مَناظِر (مَنا ۔ ظِر) (ع) مذکر ۔ منظر کی جمع ۔ نظارے ◆
مُناظرہ (مُنا ۔ ظَرَہ) (ع) مذکر ۔ بحث مباحثہ ۔ تکرار ۔ مذہبی امور
کے متعلق بحث کرنا ◆
مَناظمہ (مُنا ۔ ظَمَہ) (ع) مذکر ۔ آپس میں نظمیں پڑھنا ◆
منافذ (مَنا ۔ فِذ) (ع) مذکر ۔ منفذ کی جمع (۱) راستے (۲) رخنے
سوراخ (۳) مسامات (۴) روزن ◆
مُنافرت (مُنا ۔ فَرَت) (ع) مؤنث (۱) باہم نفرت کرنا ◆
مُنافست (مُنا ۔ فَسَت) (ع) مؤنث (۱) ایک دوسرے سے
بڑھنے کی کوشش کرنا ◆
مُنافع (ع) فائدہ دینے والا ۔ نفع دینے والا ◆
مَنافع (مَنا ۔ فِع) (ع) مذکر ۔ منفعت کی جمع ۔ فائدے ◆
مُنافق (مُنا ۔ فِق) (ع) مذکر (۱) نفاق رکھنے والا ۔ ریاکار ۔

مُنکَر (۲) کافر۔ بے دین۔ ملحد ✦
مُنافقت (مُنا۔ فَقَت) (ع۔ مؤنث) دو دلی۔ دو رنگی۔ مکاری۔ ریا کاری ✦
مُنافی (مُنا۔ فی) (ع) نفی کرنے والا۔ ضد۔ خلاف ✦
مُناقِب (مُنا۔ قِب) (ع۔ مؤنث) منقبت کی جمع تعریفیں۔ خوبیاں۔ بھلائیاں۔ اوصاف۔ اہل بیت اور اصحاب کبار کی ثناء ✦
مُناقبت (مُنا۔ قَبَت) (ع۔ مؤنث) (۱) حمد و تعریف۔ صفت و ثناء (۲) اہل بیت و اصحاب کبار کی تعریف ✦
مُناقشہ (مُنا۔ قَشَہ) (ع۔ مذکر) جھگڑا۔ قضیہ۔ قصّہ۔ نزاع۔ ٹنٹا ✦
مُناقض (مُنا۔ قِض) (ع) توڑنے والا۔ مخالف۔ ناموافق ✦
مُناکحت (مُنا۔ کحت) (ع۔ مؤنث) عورت و مرد کا نکاح۔ عقد۔ ازدواج ✦
مَنال (مَنال) (ع۔ مذکر) جاگیر۔ جائداد۔ مال۔ اسباب۔ دھن دولت ✦
مُنال (مُنال) (ف۔ مذکر) مرغ زرّین۔ ایک نہایت خوبصورت جانور۔ جس کی گردن میں سبز لاجوردی کنٹھا اور سر پر تاج ہوتا ہے
مَنّان (مَن۔ نان) (ع) بہت احسان کرنے والا۔ خدا تعالیٰ ✦
مَنانا (مَنا۔ نا) (ہ) (۱) روٹھے ہوئے کو راضی کرنا۔ رضامند کرنا (۲) رجھانا (۳) مَنّت ماننا۔ چاہنا۔ دعا کرنا (۴) نام لینا۔ یاد کرنا ✦
مَناہج (مَنا۔ ہِج) (ع۔ مؤنث) منہج کی جمع۔ راہیں۔ رستے ✦
مَناہی (مَنا۔ ہی) (ع۔ مؤنث) (۱) منہی کی جمع۔ منع کی ہوئی چیزیں۔ ناجائز باتیں۔ خلاف شرع کام (۲) روک ٹوک۔ ممانعت ✦
مَنایی (مَنا۔ ای) (ع۔ مؤنث) روک ٹوک۔ ممانعت ✦
مُنبت (مُن۔ بَت) (ع) (۱) اُگا یا ہوا (۲) اُبھرا ہوا۔ وہ نقش جو اپنی سطح سے اوپر کو اُٹھا ہوا ہو ✦
مُنبت کاری (ع۔ ف۔ مؤنث) بیل بوٹے کا کام جو لکڑی وغیرہ پر کیا جاتا ہے ✦
مِنبر (مِم۔ بَر) (ع۔ مذکر) اونچی جگہ۔ مسجد میں وہ اونچا مقام جہاں خطیب خطبہ پڑھتا ہے ✦
مُنبسط (مُم۔ بسط) (ع) خوش۔ مسرور۔ شادمان ✦
مَنبع (مَم۔ بع) (ع۔ مذکر) (۱) پانی نکلنے کی جگہ۔ چشمہ۔ سوتا (۲) پانی کا خزانہ۔ پمپ۔ پانی کا نل ✦
مِنّت (مِن۔ نَت) (ع۔ مؤنث) (۱) احسان۔ بھلائی۔ سلوک (۲) (ف) عاجزی۔ چاپلوسی۔ خوشامد۔ التجاء (۳) شکریہ۔ شکرگزاری۔ شکر ✦

مِنّت اُٹھانا (۱) احسان اٹھانا۔ ممنون ہونا ✦
مِنّت پذیر (ع۔ ف) احسان ماننے والا ✦
مِنّت دار (ع۔ ف) (۱) احسان مند۔ ممنون (۲) عاجزی کرنے والا ✦
مِنّت دار کرنا (۱) (ہ) احسان مند کرنا۔ ممنون بنانا ✦
مِنّت سماجت (ع۔ مؤنث) عاجزی۔ خوشامد۔ درآمد ✦
مِنّت شناس (ع۔ ف) احسان مند ✦
مِنّت کرنا (۱) عاجزی کرنا۔ انکسار کرنا۔ التجا کرنا ✦
مِنّت کش (ع۔ ف) احسان مند ✦
مِنّت کش ہونا (۱) ممنون ہونا۔ احسان مند ہونا ✦
مِنّت کشی (ع۔ ف۔ مؤنث) احسان مندی ✦
مَنّت (مَن۔ نَت) (ہ۔ مؤنث) ماننا۔ نیت۔ نذر۔ عہد۔ نیاز۔ بھینٹ ✦
مَنّت بڑھانا (۱) بھینٹ دینا۔ عہد کو پورا کرنا۔ ماننا کو ادا کرنا۔ کسی بزرگ کے نام جو کچھ دینے یا کسی کام کے کرنے کا وعدہ کیا ہو۔ اُسے پورا کرنا ✦
مَنّت چڑھانا (۱) بھینٹ دینا۔ عہد پورا کرنا۔ مراد پوری ہونے پر منّت ادا کرنا ✦
مَنّت کا طوق (۱) (مذکر) کسی پیر یا دیوتا وغیرہ کے نام کا تعویذ یا گنڈا وغیرہ جو بچے کے گلے میں میعاد مقررہ تک پڑا رہتا ہے ✦
مَنّت کی بیڑی (ہ) مؤنث۔ وہ حلقہ جو بچے کے پاؤں میں کسی بزرگ کے نام پر میعاد مقررہ کے لئے ڈال دیتے ہیں ✦
مَنّت کے بال (ہ) مذکر۔ وہ بال جو کسی بزرگ کے نام پر کچھ عرصہ کے لئے چھوڑ دیئے جاتے ہیں ✦
مَنّت ماننا (ہ۔ ع) منّت کرنا۔ عہد کرنا۔ بھینٹ ماننا۔ چڑھاوا چڑھانا۔ نذر ماننا۔ نیاز ماننا ✦
مُنتِج (مُن۔ تِج) (ع) نتیجہ دینے والا۔ ثمرہ دینے والا ✦
مُنتَج (مُن۔ تَج) (ع) نتیجہ ✦
مُنتخَب (مُن۔ تَخَب) (ع) (۱) پسندیدہ۔ چنا ہوا۔ چھانٹا ہوا۔ برگزیدہ۔ انتخاب کیا گیا (۲) نایاب۔ عجیب۔ یکتا ✦
مُنتخب کرنا (۱) انتخاب کرنا۔ چننا۔ پسند کرنا۔ اختیار کرنا۔ اخذ کرنا ✦
مُنتخب ہونا (۱) (۱) چنا جانا۔ چھانٹا جانا (۲) نادر ہونا۔ کمیاب ہونا۔ طرفہ ہونا ✦
مِنتَر (مِن۔ تَر) (ہ۔ مذکر) (۱) پیارا۔ عزیز۔ محبّ (۲) یار۔ رفیق۔ دوست۔ رشتہ دار ✦

مَنتر (مَن۔ تَر) (س۔ مذکر) (۱) جادُو۔ ٹُونا۔ سحر۔ افسون۔ کلام (۲) وید کا ایک حِصّہ ◆

مَنتر پڑھنا (ہ) عمل پڑھنا۔ کلام پڑھنا ◆

مَنتر پھُونکنا (ہ) جادو پڑھ کر دم کرنا۔ افسون پڑھنا ◆

مَنتر جَنتر (س) مذکر۔ جادُو۔ ٹُونا۔ جھاڑ پھُونک ◆

مَنتر چلانا (ہ) عمل کرنا۔ ٹُونا کرنا ◆

مَنتر دینا (ہ) تلقین کرنا۔ مُرید کو دینی ہدایت کرنا۔ چیلا بنانا۔ مُرید بنانا ◆

مَنتر مارنا (ہ) جادُو کرنا۔ ٹُونا کرنا ◆

مَنتری (س۔ مذکر) (۱) ہدایت کرنے والا۔ ہادی۔ رہبر۔ پیر۔ مُرشد (۲) صلاح کار۔ وزیر۔ مُشیر۔ کونسلی (۳) جادوگر۔ ساحر۔ فسُوں گر ◆

مُنتَسِب (مُن۔ تَسِب) (ع) نسبت رکھنے والا۔ لگاؤ رکھنے والا ◆

مُنتَشِر (مُن۔ تَشِر) (ع) پراگندہ ہونے والا۔ پھیلنے والا۔ پراگندہ۔ متفرق ◆

مُنتَشِر کرنا (ل) بکھیرنا۔ پراگندہ کرنا۔ تتر بتر کرنا ◆

مُنتَظِر (مُن۔ تَظِر) (ع) انتظار کرنے والا۔ راہ دیکھنے والا۔ آس تکنے والا ◆

مُنتَظِرِ حُکم (ع) ہدایت فرما ہر۔ فرمان پذیر۔ حُکم کا منتظر رہنے والا ◆

مُنتَظِر رکھنا (ل) اُمید میں رکھنا۔ انتظار میں رکھنا۔ راہ دکھانا ◆

مُنتَظِر رہنا (ل) راہ دیکھنا۔ اُمید میں رہنا ◆

مُنتَظِری (ع۔ ف) مؤنث۔ انتظار ◆

مُنتَظِم (مُن۔ تَظِم) (ع) انتظام کرنے والا۔ اہتمام کرنے والا۔ (ل) کفایت شعار۔ جزرس (۳) مہتمم۔ کارپرداز۔ منصرم ◆

مُنتَفِع (مُن۔ تَفِع) (ع) نفع اُٹھانے والا۔ فائدہ حاصل کرنے والا ◆

مُنتَفِی (مُن۔ تَفی) (ع) فنا ہونے والا۔ نیست ہونے والا ◆

مُنتَقِل (مُن۔ تَقِل) (ع) مکان بدلنے والا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ بدلنے والا ◆

مُنتَقِل اِلَیہ (ع) مذکر (قانون) وہ شخص جس کے نام پر کوئی چیز منتقل کی جائے ◆

مُنتَقِل کرنا (ل) بدلنا۔ تبدیل کرنا۔ ایک کے نام سے دوسرے کے نام پر کرنا۔ بیع کرنا ◆

مُنتَقِم (مُن۔ تَقِم) (ع) بدلہ لینے والا۔ انتقام لینے والا۔ عوض لینے والا ◆

مُنتَقِمِ حقیقی (ع) مذکر۔ حقیقی سزا دینے والا۔ خدا تعالیٰ ◆

مُنتَقِمِ مجازی (ع) مذکر۔ ظاہری سزا دینے والا۔ حاکم۔ بادشاہ ◆

مُنتَہیٰ (ع) (۱) انتہا کو پہنچا ہُوا۔ پُورا کامل۔ تمام۔ مکمل (۲) انجام۔ حاصل۔ تحصیل۔ فقرہ ◆

مُنتَہی (مُن۔ تَہی) (ع) انتہا کو پہنچنے والا۔ کامل۔ لائق۔ عالم فاضل (۲) وہ شخص جو علم کی تحصیل پُوری کر چکا ہو ◆

مِنّتی (مِن۔ نَتی) (۱) مؤنث۔ عاجزی۔ خوشامد۔ درخواست ◆

مَنّتیں (۲) مؤنث۔ مَنّت (منّت) کی جمع۔ مانتائیں۔ نذریں ◆

مَنّتیں ماننا (ل) نذریں ماننا۔ نیاز کے وعدے کرنا ◆

مِنّتیں (ل) مؤنث۔ منت کی جمع۔ عاجزیاں۔ التجائیں ◆

مِنّتیں کرنا (ل) عاجزیاں کرنا۔ خوشامدیں کرنا۔ ہاتھ جوڑنا ◆

مِنٹ (مِنَٹ) (انگریزی minute) (مذکر) گھنٹے کا ساٹھواں حِصّہ۔ ساٹھ سکنڈ کا وقت۔ لمحہ۔ پل ◆

مَنثُور (مَن۔ ثُور) (ع) (۱) اَن بندھا موتی (۲) پراگندہ (۳) نثر ◆

مَنجا (مَن۔ جا) (ہ) مذکر۔ پلنگ۔ چارپائی ◆

مُنجَذِب (مُن۔ جَذِب) (ع) جذب ہونے والا ◆

مُنجَر (مُن۔ جَر) (ع) کھینچا گیا ◆

مَنجَلاب (مَن۔ جَلاب) (ف۔ مذکر) (۱) گندہ پانی ڈالنے کی جگہ (۲) گندہ پانی ◆

مُنجَلی (مُن۔ جَلی) (ع) روشن۔ ظاہر۔ آشکارا ◆

مُنَجِّم (مُ نَج۔ جِم) (ع) مذکر (۱) نجوم جاننے والا۔ نجومی۔ ستاروں کا علم جاننے والا۔ جوتشی (۲) جنتری بنانے والا۔ پترا بنانے والا ◆

مُنجَمِد (مُن۔ جَمِد) (ع) سردی سے جما ہُوا۔ بستہ ◆

مُنجَمِد ہونا (ع) سردی سے جمنا۔ بستہ ہونا ◆

مَنجَن (مَن۔ جَن) (ہ۔ مذکر) دانتوں کے صاف کرنے کا سفوف ◆

مَنجنا (مَنج۔ نا) (ہ) (۱) برتنوں کا صاف ہونا (۲) صاف ہونا۔ صیقل ہونا ◆

مَنجَنیق (مَن۔ جَنیق) (ع۔ مذکر) ایک قسم کا آلہ جس کے ذریعے سے بڑے بڑے پتھر مارتے ہیں ◆

مَنجھ (مَنجھ) (ہ) بیچ۔ وسط۔ درمیان ◆

مَنجھ (مَنجھ) (ہ) منجھنا کا امر ◆

مَنجھدھار (ہ) مؤنث۔ دریا کا بیچ ◆

مَنجھدھار میں پڑنا (ہ) دریا کے بیچ میں پھنسنا۔ بڑی سخت مصیبت میں پڑنا ◆

مَنجھا (مَن۔ جھا) (ہ) مذکر (۱) لکڑی کا تختہ۔ چوکی (۲) چرخے کا وہ درمیانی حِصّہ جس کے اُوپر مال رہتی ہے۔ مائیرن کے بیچ کی لکڑی (۳) (پنجاب) پلنگ۔ چارپائی ◆

مَنجھلا (ہ) بیچ کا۔ درمیان کا۔ درمیانی ◆

مَنجھلا روزہ (ل) رمضان شریف کی چودھویں تاریخ کا روزہ ◆

منجھلی (ہ) مؤنث۔ بیچ کی۔ درمیانی ✦
منجھنا (ہ) (۱) صاف ہونا۔ اُجلا ہونا (۲) صیقل ہونا (۳) شائستہ ہونا (۴) تجربہ کار ہونا۔ مشاق ہونا ✦
منجھو (مَنجھو) (ہ) مذکر۔ درمیانہ۔ منجھلا ✦
منجھولا (ہ) (۱) میانہ۔ متوسط۔ بڑا نہ چھوٹا (۲) مذکر۔ اوسط درجے کی چھوٹی دیگ ✦
منجھولی (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کی چھوٹی بہلی (۲) درمیانہ قد عورت ✦
منجھیلا (مَنجھے۔ لا) (ہ) مذکر۔ دیر۔ التوا۔ وقفہ۔ ڈھیل۔ تعویق ✦
منجھیلا پڑنا (ہ) ڈھیل پڑنا۔ وقفہ ہونا۔ دیر لگنا۔ تعویق ہونا ✦
منجھیلا ڈالنا (ہ) کسی کام میں دیر لگانا ✦
منجھیلی (مَنجھے۔ لی) (ہ) (مؤنث) (۱) دوپہر (۲) (مجازاً) سنسان۔ چُپ چاپ ✦
منجھیلی رات (ہ) مؤنث (کہت) سنسان رات۔ چُپ چاپ رات۔ ڈراؤنی رات ✦
منجیرا (مَنجی۔ رَا) (ہ) مذکر۔ جوڑی۔ پیتل کی دو کٹوریاں جو طبلے کے ساتھ بجاتے ہیں ✦
مُنحرِف (مُن۔ حَرِف) (ع) (۱) پھرنے والا۔ ترچھا۔ ٹیڑھا (۲) سرکش۔ باغی۔ غدار ✦
مُنحرِف ہونا (ف) (۱) باغی ہونا۔ سرکش ہونا۔ بغاوت کرنا (۲) پھرنا ✦
مُنحَصِر (مُن۔ حَصِر) (ع) (۱) گھیر لینے والا (۲) موقوف۔ مشروط۔ متعلق۔ وابستہ ✦
مُنحنی (مُن۔ حَنی) (ع) (۱) خمیدہ۔ جھکا ہوا۔ ٹیڑھا۔ کوزہ پشت (۲) دبلا۔ لاغر۔ کمزور۔ نحیف ✦
منحُوس (مَن۔ حُوس) (ع) (۱) بدبخت۔ بدنصیب۔ شوم (۲) بُرا۔ بدزشت (۳) (ل) مکروہ۔ گھناؤنا ✦
منخر (مِن۔ خَر۔ مَن۔ خَر) (ع) مذکر۔ ناک کا چھید۔ نتھنا ✦
مَندا (مَن۔ دَا) (ہ) (۱) کم۔ ہلکا۔ دھیما۔ مدھم (۲) سستا۔ ارزاں ✦
مَندا بیچنا (ہ) سستا بیچنا۔ ارزاں فروخت کرنا ✦
مندا پڑنا (ہ) (ہندی) (۱) دھیما ہونا۔ سُست ہونا۔ ڈھیلا ہونا (۲) سستا ہونا۔ ارزاں ہونا۔ کم ہونا ✦
مندا ہونا (ل) (۱) سستا ہونا۔ ارزاں ہونا (۲) مدھم ہونا۔ کساد بازاری ہونا ✦
مَندَر (مَن۔ دَر) (س) مذکر (۱) گھر۔ مکان۔ محل۔ شوالہ۔ معبد۔ پرستش گاہ ✦
مُندرا (مُند۔ رَا) (ہ) مذکر (۱) جوگیوں کے کان کا کُنڈل (۲) کان کا ایک زیور ✦

مُندرِج (مُن۔ دَرِج) (ع) درج کیا ہوا۔ لکھا ہوا ✦
مُندَرِس (مُن۔ دَرِس) (ع) مذکر۔ اُترے ہوئے کپڑے۔ اُترن ✦
مُندری (مُند۔ رِی) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) انگوٹھی۔ چھلّا۔ انگشتری (۲) چھاپ۔ مُہر ✦
مُندریا (ہ) مؤنث۔ مُندری کی تصغیر۔ چھوٹی انگوٹھی ✦
مُندفِع (ع) دُور ہونے والا۔ دفع ہونے والا ✦
مَندَل (مَن۔ دَل) (ہ) مذکر (ہندو) (۱) ڈھول۔ طبلہ۔ دھونسا (۲) چشمہ۔ منبع۔ سوتا (۳) چرخے کے بیچ کا وہ حصّہ جس پر مال پھرتی ہے (۴) بندرگاہ (۵) (ل) وہ حلقہ جو جادوگر اپنے گرداگرد کھینچ لیتے ہیں ✦
مَندلا (مَند۔ لَا) (ہ) مذکر۔ درخت کا وہ موٹا حصّہ جو جڑ سے ٹہنیوں تک ہوتا ہے۔ دھڑ۔ تنہ ✦
مُندنا (ہ) (ہندو) (۱) بند ہونا۔ مُچنا (۲) بھڑنا۔ جیسے دروازہ مُندنا (۳) غائب ہونا۔ چھُپنا ✦
مُندمِل (مُن۔ دَمِل) (ع) وہ زخم جو انگور لائے۔ گھاؤ بھرنے والا ✦
مَندُوب (مَن۔ دُوب) (ع) مذکر۔ نمائندہ ممبر جو کام کے لئے بلایا گیا ہو۔ ڈیلیگیٹ ✦
مَندی (ہ) (مؤنث) (۱) دھیمی۔ ہلکی۔ مدھم۔ کم (۲) ارزانی۔ سستی ✦
مِندِیل (مِن۔ دِیل) (ع) مؤنث (۱) رومال۔ انگوچھا (۲) کمر کا پٹکا۔ پیٹی (۳) بے سِلا کپڑا (۴) طلائی پگڑی۔ عمامہ زریں ✦
مُنڈ (مُنڈا) (ہ) مذکر (۱) سر۔ کھوپڑی (۲) ایک راکشس (۳) سرگروہ۔ سردار۔ سرغنہ۔ اُستاد (۴) جس کے پتّے بِکھر گئے ہوں ✦
مُنڈ (مُنڈ) مُنڈنا کا امر ✦
منڈچڑا (ہ) مذکر (۱) فقیروں کا ایک گروہ جو سر اور ماتھے کو زخمی کرکے بھیک مانگتا ہے۔ اگر کوئی نہ دے تو ضد باندھ کر وہیں اَڑ بیٹھتا اور اپنے جسم کو لہو لہان کر لیتا ہے (۲) ضدّی۔ ہٹیلا ✦
منڈچراپن (ہ) مذکر۔ ضد۔ ہٹ۔ زبردستی ✦
مُنڈا (مُن۔ ڈا) (ہ) (۱) سر مُنڈا ہوا۔ صفاچٹ (۲) مذکر۔ ایک قسم کا جوتا جس کی نوک نہیں ہوتی (۳) مذکر (پنجاب) لڑکا۔ بالک۔ طفل۔ لونڈا۔ چھوکرا (۴) (پنجاب) مرید۔ چیلا۔ بالکا۔ شاگرد (۵) (ل) وہ جانور جس کے سینگ نہ ہوں (۶) وہ ہندی حرف جس پر اعراب نہیں دیتے (۷) وہ درخت جس پر شاخیں اور پتّے نہ ہوں ✦

مُنڈا (مُن - ڈا) (ہ۔ ی) (مذکر) (۱) بنگال کی ایک مشہور مٹھائی (۲) ایک قسم کی چپاتی ۔ روٹی (۳) آنکھ کی جھلّی ۔ پردہ ✦

مُنڈاسا (مُن - ڈا - سا) (ہ) (مذکر) پھینٹا ۔ عمامہ ۔ پگڑی ۔ دستار ✦

مُنڈاسا باندھنا (ہ) (۱) پگڑی باندھنا (۲) (عو) سر چڑھنا ✦

مُنڈانا (ہ) سر پہ اُسترا پھِرانا ۔ سر کے بالوں یا ڈاڑھی کا صفایا کرانا ✦

مُنڈائی (ہ) (مؤنث) سر مُنڈانے کی اُجرت ۔ حجامت بنوائی ✦

مَنڈپ (مَن - ڈَپ) (س - مذکر) (۱) وہ جگہ جہاں بیاہ وغیرہ کی خوب رونق ہو (۲) مندر ۔ معبد ۔ شوالہ ✦

مُنڈک (س - مذکر) (ہندو) حجام ۔ نائی ✦

مُنڈ کری (مُنڈ - کَڑی) (ہ - مؤنث) گھٹنوں میں سر دے کر بیٹھنے کا طریقہ ✦

منڈ کڑی مارنا (ہ) گھٹنوں میں سر دے کر سونا ۔ غمگین حالت میں ہونا ✦

مَنڈل (مَن - ڈَل) (س - مذکر) (۱) گھیرا ۔ دائرہ ۔ چکّر ۔ گولا (۲) گول خیمہ یا تنبو (۳) احاطہ ۔ صوبہ ۔ ضلع ۔ پرگنہ (۴) نمبردار ۔ گاؤں کا پٹواری ✦

مَنڈل باندھنا (ہ) (۱) جھرمٹ باندھنا ۔ حلقہ باندھنا ۔ (۲) اندھیرا چھانا ✦

مَنڈلا (مَنڈ - لا) (ہ) منڈلانا کا امر ✦

منڈلاتے (منڈلائے) **پھرنا** (ہ) ڈانواں ڈول پھرنا ۔ اِدھر سے اُدھر پھرنا ۔ اِرد گرد چکّر لگانا ✦

مَنڈلانا (مَنڈ - لا - نا) (ہ) چکّر لگانا ۔ گھومنا ۔ حلقہ باندھ کر پھرنا ۔ چیل کا کسی چیز کے اِرد گرد چکّر کھانا ✦

مَنڈلی (ہ) (مؤنث) ٹولی ۔ گروہ ۔ جتھا ۔ جماعت ۔ جھُنڈ ✦

مُنڈن (مُن - ڈَن) (ہ) (مذکر) سر کا مُونڈا جانا (۲) بچّے کے بالوں کا پہلی دفعہ مونڈا جانا ✦

مُنڈنا (ہ) (۱) حجامت بننا ۔ بال مُونڈے جانا (۲) لُٹنا ۔ چوری جانا (۳) دھوکے میں آ کر نقصان اُٹھانا ✦

منڈنی (مَنڈ - نی) (ہ - مؤنث) وہ غلّہ جس پر بیل چلائے جاتے ہیں ✦

مُنڈو (مُن - ڈو) (ہ) (مؤنث) (۱) وہ عورت جس کا سر مُونڈا گیا ہو (۲) بدبخت عورت (۳) وہ عورت جس کا خاوند مر گیا ہو ۔ رانڈ ۔ بیوہ ✦

مُنڈو کا (مُنڈو کا) (ہ) حرام کا ۔ ولد الزنا ✦

مَنڈوا (مَنڈ - وا ، (۲)) (مذکر) (۱) ایک دیسی قسم کا غلّہ (۲) تھیٹر ۔ تماشا گاہ ✦

مُنڈوانا (ہ) (۱) بال اُتروانا ۔ حجامت بنوانا (۲) چوری کرانا ۔ لُٹوانا ۔ ٹھگوانا (۳) دھوکے سے خرچ کرانا ✦

مُنڈھ (مُنڈھ) (ہ) منڈھنا کا امر ✦

مُنڈھ جانا (ہ) کسی کام میں پُورے طور پر مصروف ہو جانا ✦

مَنڈھا (مَن - ڈھا) (ہ) (مذکر) (ہندی) (۱) وہ سائبان یا شامیانہ جو ہندوؤں میں شادی کے روز بطور رسم تانا جاتا ہے (۲) ایک قسم کے گیت جو دُلہن کی رخصتی کے وقت گائے جاتے ہیں ✦

مَنڈھا چھوانا (ہ) شادی کا سائبان تنوانا ✦

مُنڈھنا (ہ) (۱) پوشش کرنا ۔ کپڑا ۔ کاغذ یا چمڑا چڑھانا ۔ مڑھنا ۔ ڈھانپنا ۔ ڈھانکنا (۲) ذمّے ڈالنا ۔ سیر کرنا ۔ کسی کے گلے مڑھنا (۳) رچنا ۔ مچنا ۔ ہونا ✦

مُنڈھوانا (ہ) (۱) پوشش کرانا ۔ چڑھوانا ۔ مڑھانا (۲) سر ڈلوانا ۔ ذمّے دھروانا ✦

مَنڈھی } (ہ) (مؤنث) (۱) جھونپڑی ۔ مڑھی ۔ کُٹیا (۲) جوگیوں
مَنڈھیا } کے رہنے کا چھوٹا سا گنبد ۔ یا ۔ سائبان ✦

مَنڈی (مَن - ڈی) (ہ) مؤنث ۔ تجارت گاہ ۔ بازار ۔ ہاٹ ۔ بڑا بازار ۔ تھوک فروشی کی جگہ ✦

مَنڈی لگنا (ہ) منڈی کا کاروبار شروع ہونا ۔ بازار لگنا ✦

مُنڈی (ہ) (۱) بن بالوں کی ۔ بن شاخوں کی ۔ سر مُونڈی ہوئی (۲) (مؤنث) وہ گائے جس کے سینگ نہ ہوں (۳) بے نوک جُوتی ۔ گُرگابی ۔ بُوٹ (۴) (مؤنث) ایک دوا ✦

مُنڈی مسجد (ا) (مؤنث) وہ مسجد جس کے کنگرے یا مینار گر پڑے ہوں ۔ مُنڈی مسجد ۔ بغیر بُرج کی مسجد ✦

منڈیانا (منڈ - یا - نا) (ہ) کلف لگانا ۔ آہار چڑھانا ۔ چاولوں کی پیچ یا نشاستے کی مایا سے کپڑے یا کاغذ کو کرخت بنا کر صاف کرنا ✦

منڈیر (مُنڈیر) (ہ) (مؤنث) (۱) دیوار کا وہ بالائی حصّہ جو ڈھلوان بنا ہُوا ہوتا ہے (۲) پُشتہ ۔ مینڈ ✦

مُنڈیر باندھنا (ہ) پُشتہ باندھنا ۔ حد باندھنا ✦

مُنڈیری (ہ) (مؤنث) منڈیر کی تصغیر (۱) دیوار کا سر جو ڈھلوان بنا ہوتا ہے (۲) پُشتہ ۔ کھیت وغیرہ کی منڈیر ✦

مَنزِل (مَن - زِل) (ع - مؤنث) (۱) اُترنے کی جگہ ۔ ٹھہرنے کی جگہ ۔ سرائے ۔ ٹھکانا ۔ پڑاؤ ۔ مسافر خانہ (۲) ایک دن کا سفر ۔ مرحلہ (۳) گھر ۔ مکان ۔ مقام ۔ مسکن (۴) مکان کا ایک درجہ (۵) چھتر ۔ بندکا گھر (۶) قرآن شریف کے سات حصّوں میں سے ایک حصّہ ✦

منزلِ اوّل ۔ یا ۔ **پہلی منزل** (ا) (مؤنث) (۱) مہمانی (۲) موت ۔ سفر آخرت ✦

منزل بہ منزل (ع - ف) (۱) پڑاؤ پڑاؤ ۔ ایک ایک

پڑاؤ - ڈیرہ - بسیرہ ◆

منزل پر پہنچانا (ف) اصل مقام پر پہنچانا ◆

منزل دینا (ف) جنازے کو راستے میں ذرا سی دیر کے لئے رکھ دینا - سُستانے کو آرام دینا ◆

منزل طے ہونا (ف) سفر پورا ہونا ٹھکانے پر پہنچنا ◆

منزل کاٹنا (ف) مرحلہ طے کرنا - مسافت طے کرنا ◆

منزل کٹنا (ف) سفر طے ہونا - مسافت طے ہونا ◆

منزل کرنا (ف) سفر کرنا - ایک پڑاؤ کا رستہ چلنا ◆

منزل کڑی ہونا (ف) سفر طے کرنا کٹھن ہونا ◆

منزل کھوٹی ہونا (ف) رستے میں اتنی دیر لگنا کہ منزل تک ٹھیک وقت پر نہ پہنچ سکنا - دیر ہونا - مقام مقصود تک پہنچنے سے رہ جانا ◆

منزل مارنا (ف) (۱) مسافت طے کرنا - سفر کرنا (۲) مشکل حل کرنا ◆

منزلِ مقصود (ع - مؤنث) (۱) مقام مقصود - ٹھکانا (۲) وہ جگہ جہاں پہنچنے کا ارادہ ہو ◆

منزلِ مقصود کو پہنچنا (ف) (۱) مطلب کو پہنچنا - مراد کو پہنچنا (۲) ٹھکانے پر پہنچنا ◆

مُنَزَّل (مُنَز - زَل) (ع) (۱) نیچے اُتارا گیا (۲) نازل کیا گیا ◆

مُنزِل (مُن - زِل) (ع) (۱) نیچے اُتارنے والا (۲) جس کی منی خارج ہو گئی ہو ◆

مُنزِل ہونا (ف) انزال ہونا - منی نکلنا - جھڑنا ◆

مَنزِلت (مَن - زِ لَت) (ع - مؤنث) (۱) توقیر - قدر - عزت - اعزاز - وقعت (۲) رُتبہ - درجہ - مرتبہ ◆

مَنزِلہ (ع - ف) (۱) درجے کا (۲) جائے - مقام - مسکن ◆

مُنزَوِی (مُن - زَ وِی) خلوت نشین - گوشہ گیر ◆

مُنَزَّہ (مُنَز - زَہ) (ع) (۱) بری - آزاد (۲) پاک - صاف (۳) ...

مَنسا (۱ - مؤنث) خواہش - مطلب - مراد - مقصد - چاہ - منشا ◆

منسا پورن کرنا (ف) (ہندی) مراد بر لانا - کام نکالنا - غرض نکالنا ◆

منسا دیوی (ہ - مؤنث) وہ دیوی جو سانپ کے کاٹے کے لئے منائی جاتی ہے - اور ہندوؤں کے عقیدے کے مطابق اس کی مہربانی سے زہر نہیں چڑھتا ◆

مِنِسٹر (مِنِس - ٹر) (انگریزی - MINISTER) (مذکر) (۱) ایلچی - گماشتہ (۲) مدار المہام -

وزیر ◆

مُنسَرِح (مُن - سَرِح) (ع) (۱) آسان (۲) (مؤنث) عروض کی ایک بحر ◆

مَنسَک (مَن - سَک) (ع) (مذکر) (۱) عبادت گاہ (۲) مکہ معظمہ میں وہ جگہ جہاں قربانیاں کرتے ہیں ◆

مُنسَلِک (مُن - سَلِک) (ع) (۱) پرویا ہوا - لڑی میں ملحق کیا ہوا (۲) شامل - مشمولہ ◆

مُنسَلِک کرنا (ف) ملحق کرنا - مسل میں شامل کرنا (۲) شامل کرنا ◆

مَنسُوب (مَن - سُوب) (ع) (۱) متعلق - نسبت کیا گیا - (۲) جس سے نسبت یعنی منگنی ہو ◆

منسوب کرنا (ف) (۱) نسبت کرنا (۲) منگنی کرنا - سگائی کرنا (۳) بیاہنا - نکاح کرنا ◆

مَنسُوبہ (ع) (۱) نسبت دی ہوئی - متعلقہ (۲) جس سے منگنی ہوئی ہو - منگیتر ◆

مَنسُوج (مَن - سُوج) (ع) بُنا ہوا ◆

مَنسُوخ (مَن - سُوخ) (ع) رد کیا گیا - نابود کیا گیا ◆

منسوخ کرنا (ف) رد کرنا - مٹانا - باطل کرنا - جائز نہ رکھنا ◆

منسوخ ہونا (ف) موقوف ہونا - رد ہونا - متروک ہونا - ناجائز ہونا ◆

منسوخی (ع - ف) (مؤنث) منسوخ ہونا - یا - کرنا ◆

مَنُش (مَنُش) (ہ - مذکر) (ہندی) (۱) آدمی - مرد - شخص - بشر - پرش (۲) خاوند - شوہر - پتی - خصم (گھر والا) ◆

مَنِش (مَنِش) (ف - مؤنث) طبیعت - مزاج - خو - خصلت - سبھاؤ ◆

مَنشا (مَن - شا) (ع) مذکر (۱) (مجازاً) سبب - باعث - وجہ (۲) (ف) ارادہ - مقصد - مطلب - مراد - منشور - عندیہ (۳) معنی ◆

مِنشار (مِن - شار) (ع) (مذکر) لکڑی چیرنے کا آلہ - آرہ - آرا ◆

مُنشَرِح (مُن - شَرِح) (ع) (۱) کھلا ہوا - آشکارا (۲) خوش - بشاش ◆

مُنشَعِب (مُن - شَعِب) (ع) پھیلا ہوا - منتشر - پراگندہ ◆

مَنشُور (مَن - شُور) (ع) (۱) بکھرا - پراگندہ - بکھرا ہوا - (۲) (مذکر) بادشاہی فرمان شاہی (۳) (مجازاً) مشہور - معروف ◆

منشورِ مثلثی (ع) (مذکر) سہ پہلو شیشہ جس سے آفتاب کی رنگ برنگ کی شعاعیں نظر آتی ہیں ◆

مُنشی (مُن - شی) (ع - مذکر) (۱) پیدا کرنے والا - آغاز کرنے والا (۲) لکھنے والا - محرر - متشی - نویسندہ (۳) مضمون نگار - خوش قلم - خوش تحریر ◆

منشی خانہ (ع - ف - مذکر) (۱) اردو کا دفتر - دفتر فارسی -

منشیِ فلک (ع) مذکر۔ عطارد ◆

منشی گری (ع۔ ف) مؤنث۔ محرری۔ کتابت۔ لکھنے کا کام ◆

مُنشیانہ (ع۔ ف) (۱) منشیوں کا سا (۲) منشی کا مختانہ ◆

مَنصَب (مَن۔ صَب) (ع) مذکر (۱) رُتبہ۔ عُہدہ۔ درجہ۔ مرتبہ (۲) کام۔ خدمت (۳) حوصلہ۔ مجال۔ طاقت ◆

منصب دار (ع۔ ف) مذکر (۱) عہدہ دار۔ عامل۔ حاکم (۲) نسلاً بعد نسلٍ وظیفہ پانے والا ◆

مُنصَرِف (مُن۔ صَرِف) (ع) پھر جانے والا ◆

مُنصَرِم (مُن۔ صَرِم) (ع) (مذکر) منتظم۔ انصرام کرنے والا۔ مہتمم۔ منیم۔ عہدہ دار ◆

مُنصِف (مُن۔ صِف) (ع) (مذکر) (۱) عادل۔ انصاف کرنے والا (۲) پنچ۔ ثالث۔ تصفیہ کرا دینے والا ◆

منصف مزاج (ع) کھرا۔ صاف گو۔ وہ شخص جو انصاف پسند ہو ◆

منصفانہ (ع۔ ف) اِنصافاً۔ از روئے انصاف۔ عادلاً۔ ٹھیک ٹھیک ◆

مُنصِفی (ع) مؤنث (۱) انصاف فیصلہ۔ تصفیہ (۲) منصف کی عدالت۔ منصف کا عہدہ ◆

منصوب (مَن۔ صُوب) (ع) (۱) کھڑا۔ سیدھا۔ قائم۔ کھڑا کیا گیا (۲) مفتوح۔ وہ حرف جس پر زبر ہو ◆

منصوبہ (مَن۔ صُوبَہ) (ع۔ مذکر) (۱) کھڑی کی ہوئی چیز (۲) تدبیر۔ توڑ۔ جوڑ۔ حکمت۔ دانائی (۳) اِرادہ۔ منشا۔ مقصد۔ عندیہ ◆

منصوبہ باز (ل) مدبّر۔ سوچنے والا۔ دُور اندیش ◆

منصوبہ باندھنا (ل) اِرادہ کرنا۔ ٹھاننا۔ کسی بات کو دل میں پختہ کرنا ◆

منصوبہ کرنا (ل) اِرادہ کرنا۔ ٹھہرانا۔ قصد کرنا۔ تدبیر کرنا ◆

منصور (مَن۔ صُور) (ع) (۱) مدد دیا گیا۔ مظفر۔ فتحمند۔ فتحیاب (۲) مذکر۔ ایک ولی اللہ جنہوں نے حالتِ جذبہ میں اناالحق (میں خدا ہوں) کہہ دیا تھا جس پر انہیں شرع کے مطابق سُولی چڑھا دیا گیا تھا ◆

منصور و مظفر (ع) فتحمند اور فتح نصیب ◆

منصوص (مَن۔ صُوص) (ع) (۱) تحقیق کیا گیا (۲) مذکر۔ قرآن شریف کی وہ آیت جو تاویل کی محتاج نہ ہو۔ (۳) وہ حدیث صریح جو کامل طور پر ثابت ہو گئی ہو ◆

منظر (مَن۔ ظَر) (ع) مذکر۔ کسی چیز کے نظر پڑنے کی جگہ۔ جلوہ گاہ۔ جھروکہ ◆

منظرِ شہود (ع) مذکر۔ وہ جگہ جہاں کسی چیز کا جلوہ دکھائی دے ◆

مُنضِج (مُن۔ ضِج) (ع) مذکر۔ پکانے والی دوا۔ وہ دوا جو مواد کو پکائے ◆

مُنضَم (مُن۔ ضَم) (ع) ملایا گیا۔ ملا ہُوا۔ شامل۔ پیوستہ ◆

منطبع (مُن۔ طَبِع) (ع) چھپنے والا۔ منقوش ہونے والا ◆

منطبق (مُن۔ طَبِق) (ع) برابر۔ موافق۔ مطابقت کیا گیا۔ یکساں۔ ہموار ◆

مُنطفی (مُن۔ طَفی) (ع) فرو ہونے والا۔ بجھا ہُوا ◆

مَنطِق (مَن۔ طِق) (ع) مؤنث (۱) نطق۔ گویائی۔ گفتگو۔ بات۔ لہجہ۔ تلفظ (۲) خوش کلامی۔ فصاحت (۳) وہ علم جو عقلی دلائل سے حق کو حق اور ناحق کو ناحق ثابت کر دیتا ہے۔ علم دلیل۔ علم مناظرہ ◆

منطق بگھارنا (ل) (عوام) تقریر چھانٹنا۔ حجت کرنا۔ باتیں بنانا۔ چناں چنیں کرنا ◆

منطق چھانٹنا (ل) دلیل کرنا۔ باتیں بنانا۔ حجت کرنا ◆

منطقات (مِن۔ طَقات) (ع) مذکر۔ منطقہ کی جمع ◆

مِنطقہ (مِن۔ طَقہ) (ع) (۱) پٹکا۔ کمر۔ بند۔ پیٹی (۲) وہ خط جو زمین کے گرد دائرہ مثل پٹکے کے واقع ہے۔ دائرہ۔ حلقہ ◆

منطقۃ البروج (ع۔ مذکر) وہ بڑا دائرہ جس پر بارہ برج آسمانی واقع ہیں۔ راس۔ منڈل ◆

منطقۂ باردہ (ع) مذکر۔ وہ ٹھنڈا حلقہ یا گھیرا جہاں آفتاب کے بعض دنوں میں نہ پہنچنے کے سبب ہمیشہ برف جمی رہتی ہے ◆

منطقۂ باردہ جنوبی (ع) مذکر۔ جنوبی ٹھنڈا منطقہ جہاں سورج کے بعض ایام میں نہ پہنچنے کے باعث ہر وقت برف جمی رہتی ہے ◆

منطقۂ باردہ شمالی (ع) مذکر۔ شمالی سرد منطقہ جہاں بعض اوقات آفتاب کے نہ پہنچنے سے برف ہمیشہ جمی رہتی ہے ◆

منطقۂ حارہ۔ یا محرقہ (ع) مذکر۔ گرم پٹکا۔ سطح زمین کا وسطی حصّہ جو خطِ سرطان سے خطِ جدی تک پھیلا ہُوا ہے۔ جہاں گرمی نہایت شدت کی پڑتی ہے۔ اور رات دن تقریباً برابر رہتے ہیں ◆

منطقۂ معتدلہ (ع) مذکر۔ سرد و گرم پٹکا۔ وہ منطقہ جہاں گرمی اور سردی برابر ہے ◆

مَنطِقی (ف) یا **منطقیا** (او - مذکر) (۱) علم منطق جاننے والا - منطق داں (۲) خوش تقریر - فصیح (۳) (ا) بحث کرنے والا - حجتی - معترض - جھگڑالو ◆

مَنطُوق (مَنْ - طُوْق) (ع) مذکر - کلام - قول - سخن - بات چیت - مفہوم ◆

مَنطَوی (مُن - طَوِی) (ع) لپیٹا ہوا - ملفوف - پیچیدہ ◆

مَنظَر (مَن - ظَر) (ع) مذکر (۱) جائے نظر - آنکھ - چشم - نظر - نظرگاہ (۲) چہرہ - صورت - شکل (۳) سیرگاہ - تماشا گاہ - نظارہ - دید - نظر پڑنے کی جگہ (۴) حدِ نظر - حدِ نگاہ (۵) دریچہ - کھڑکی - روزن - سوراخ (۶) اونچی عمارت - لاٹھ - مینار ◆

مَنظَرِ چشم (ع - ف) (مذکر) آنکھ کی پتلی ◆

مَنظَرِ عام (ع) مذکر - کھلی جگہ - گزرگاہ عام - شارع عام ◆

مُنَظَّم (مُنَظْ - ظَم) (ع) (۱) دھاگے میں پرویا ہوا (۲) موزوں کلام (۳) تنظیم کیا گیا - وہ چیز جو انتظام کے ساتھ ہو ◆

مَنظُور (مَن - ظُوْر) (ع) (۱) نظر کیا گیا - دیکھا گیا (۲) پسند - پسندیدہ - قبول - مانا گیا ◆

مَنظُورِ خاطر (ع) دل پسند - مقبول - پسند ◆

مَنظُورِ خُدا (ع - ف) (مذکر) مرضی مولا - مشیّتِ ایزدی ◆

مَنظُور کرنا (ا) قبول کرنا - تسلیم کرنا - اجازت دینا ◆

مَنظُورِ نظر (ع) پسند - دل پسند - مقبول - منظورِ خاطر (۲) عزیز - پیارا - محبوب (۳) وہ شخص جس پر کسی کی نظرِ عنایت ہو ◆

مَنظُورِ نظر ہونا (ا) دل کو اچھا لگنا - دل میں کھُبنا - مرغوب الطبع ہونا ◆

مَنظُوری (ع) مؤنث (۱) مرضی - قبولیت - اجابت (۲) اجازت - اختیار ◆

مَنظُوری کی اسامی (ا) مؤنث - وہ نوکری جس کی گورنمنٹ سے منظوری ہوئی ہو - اور اس میں پنشن کا بھی استحقاق ہو ◆

مَنظُوم (مَن - ظُوْم) (ع) (۱) پرویا گیا - منسلک کیا گیا (۲) نظم - نظم کیا گیا - اشعار میں لایا گیا ◆

مَنظُومہ (ع) نظم میں لایا ہوا ◆

مَنع (مَنْع) (ع) مذکر (۱) ممنوع - روکا گیا (۲) برا - زبون (۳) ناجائز - نادرست - نامناسب - بے جا - خلاف شرع و قانون - یا - رسم و رواج ◆

مَنع کرنا (ا) روکنا - باز رکھنا ◆

مَنع ہونا (ا) (۱) ممانعت ہونا (۲) نامناسب ہونا - بیجا ہونا (۳) برا ہونا (۴) قانون یا شرع کے خلاف ہونا ◆

مُنعَدِم (مُن - عَدِم) (ع) نیست و نابود - ناپید - فنا ◆

مُنعَطِف (مُن - عَطِف) (ع) (۱) پھرنے والا - واپس ہونے والا (۲) (کنایۃً) متوجہ ہونے والا ◆

مُنعَقِد (مُن - عَقِد) (۱) انعقاد پانے والا (۲) ٹھہرنے والا - مقرر ہونے والا ◆

مُنعَقِد ہونا (ا) ٹھہرنا - قرار پانا - قائم ہونا - اکٹھا ہونا ◆

مُنعَکِس (مُن - عَکِس) (ع) عکس قبول کرنے والا - شدہ شعاع جو الٹ کر آئی ہو - الٹا - اوندھا - سرنگوں - پلٹا ہوا ◆

مُنعِم (مُن - عِم) (ع) (۱) نعمت دینے والا - مالدار - متموّل - زردار - تونگر - غنی (۲) مربی - آقا (۳) فیاض - سخی - داتا ◆

مُنَغَّص (مُنَغْ - غَص) (ع) مکدّر - گدلا - ناراض - رنجیدہ - افسردہ ◆

مَنفَذ (مَن - فَذ) (ع) مذکر - راہ - راستہ - گزرگاہ - سوراخ - مسام - رخنہ - روزن ◆

مُنفَرِج (مُن - فَرِج) (ع) کشادہ - وسیع - کھلا ہوا ◆

مُنفَرِجہ (ع) کشادہ - پھیلا ہوا - وسیع ◆

مُنفَرِح (مُن - فَرِح) (ع) (۱) فرحت دینے والا - خوشی بخشنے والا (۲) خوش - شاد ◆

مُنفَرِد (مُن - فَرِد) (ع) (۱) تنہا - اکیلا - مفرد (۲) فرد - یکتا - یگانہ - واحد ◆

مُنفَصِل (مُن - فَصِل) (ع) جدا ہونے والا - الگ ہونے والا ◆

مُنفَصِلہ (ع) (۱) فیصل شدہ - تصفیہ کیا ہوا (۲) الگ کیا گیا - علیحدہ شدہ ◆

مَنفَعَت (مَن - فَعَت) (ع) مؤنث (۱) نفع - سود - فائدہ - حاصل - یافت (۲) بالائی آمدنی ◆

مُنفَعِل (مُن - فَعِل) (ع) (۱) اثر قبول کرنے والا (۲) نادم - شرمندہ - شرمسار ◆

مُنفَک (مُن - فَک) (ع) جدا کیا گیا - الگ کیا گیا ◆

مَنفی (مَن - فِی) (ع) (۱) نفی کیا گیا (۲) رد کیا گیا (۳) خارج کیا گیا (۴) تفریق کیا گیا ◆

مُنقاد (مُن - قاد) (ع) فرمانبردار - تابع ◆

مِنقار (مِن - قار) (ع) مؤنث - پرند کی چونچ ◆

مَنقَبَت (مَن - قَبَت) (ع - مؤنث) ہنر - تعریف و توصیف - صفت و ثنا ◆

مُنقَبِض (مُن - قَبِض) (ع) (۱) تنگ ہو کے باندھا ہوا - بھنچا ہوا - سمٹا ہوا - سکڑا ہوا (۲) مکدر - ناراض - ناخوش ◆

مُنَقَّح (مُنَقْ - قَح) (ع) جھوٹ سے پاک کیا گیا - سچ بات ◆

مُنقَسِم (مُن - قَسِم) (ع) تقسیم ہونے والا ◆

مُنَقَّش (مُنَقْ - قَش) (ع) نقش و نگار کیا گیا - منقشین - بیل

پُرتے دار ♦

مَنقَصت (مَن۔قَصَت) (ع) مؤنث (۱) کمی۔ نقصان (۲) عیب۔ نقص ♦

مُنقَضی (مُن۔قَضِی) (ع) گزرنے والا۔ گزرا ہُوا۔ گزشتہ۔ بیتا ہُوا ♦

مُنقَطِع (مُن۔قَطِع) (ع) (۱) کٹنے والا۔ قطع کیا گیا (۲) ختم (۳) فیصل شدہ تصفیہ شدہ ♦

منقطع ہونا (ف) (۱) فیصلہ ہونا۔ تصفیہ ہونا (۲) جاتا رہنا۔ ٹوٹنا۔ کٹنا ♦

مِنقَل (مِن۔قَل) (ع) مؤنث۔ انگیٹھی ♦

مِنقَلا (مِن۔قَلا) (ت) مذکر۔ فوج کا وہ حصّہ جو لشکر سے آگے رہے۔ ہراول ♦

مُنقَلِب (مُن۔قَلِب) (ع) (۱) اُلٹنے والا۔ لَوٹنے والا (۲) فنا ♦

مَنقُوش (مَن۔قُوش) (ع) نقش کیا گیا۔ کھدا ہُوا ♦

منقوشِ خاطر (ع) ذہن نشین ♦

مَنقُوط (مَن۔قُوط) } (ع) نقطے والا۔ نقطے دار۔ وہ حرف
مَنقُوطہ (مَن۔قُو۔طَہ) } جس پر نقطہ ہو ♦

مَنقُول (مَن۔قُول) (ع) (۱) نقل کیا گیا۔ اُتارا گیا۔ لکھا گیا (۲) ذکر کیا گیا (۳) ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جایا گیا ♦

منقول عنہ (ع) وہ کتاب۔ یا تحریر جس سے نقل کریں ♦

منقولہ (ع) ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے کے قابل۔ قابلِ انتقال ♦

منقولہ جائداد (ا) مؤنث (قانون) وہ چیزیں جو ایک جگہ سے دوسری جگہ جا سکیں۔ جیسے روپیہ پیسہ۔ مال۔ اسباب ♦

مُنَقّیٰ (مُنَق۔قا) (ع) (۱) مصفّا۔ صاف کیا ہُوا (۲) ایک قسم کی بڑی کشمش ♦

مُنَقِّی (مُنَق۔قِی) (ع) صاف کرنے والا ♦

مَنکا (مَن۔کا) (ہ) مذکر (۱) تسبیح کا دانہ۔ مالا کا دانہ (۲) کانچ۔ عقیق۔ نگینہ۔ یا کسی اور پتھر کا دانہ (۳) تسبیح۔ مالا۔ سُمرن (۴) ریڑھ کی بالائی حصّہ ♦

منکا ڈھل جانا (ہ) گردن کا گر پڑنا۔ گردن ٹوٹ جانا۔ مرنے کے قریب ہو جانا۔ دم توڑ دینا ♦

منکا ڈھلکنا (ہ) گردن کا ایک طرف لُڑھک جانا۔ گردن مُڑ جانا۔ مرنے کے قریب ہونا۔ گردن ٹوٹنا۔ گردن کا خم کھانا ♦

مُنکَر (مُن۔کَر) (ع) (۱) انکار کیا گیا (۲) خراب۔ کھوٹا۔ مکروہ۔ نامشروع (۳) ان دو فرشتوں میں سے ایک جو قبر میں مُردوں سے باز پُرس کرتے ہیں مگر اس معنی میں یہ لفظ منکر نکیر اکٹھا ہی آتا ہے ♦

منکر نکیر (ع) مذکر۔ وہ دونوں فرشتے جو قبر میں مُردے سے سوالات کرتے ہیں ♦

مُنکِر (مُن۔کِر) (ع۔صفت) (۱) انکار کرنے والا۔ مکر جانے والا۔ رد کرنے والا۔ خدا کی خدائی سے انکار کرنے والا (۲) بے دین۔ لا مذہب ♦

منکرِ نعمت (ع) مذکر۔ ناشکرا۔ ناشکر گزار۔ احسان نہ ماننے والا ♦

منکر ہونا (ف) مکرنا۔ انکار کرنا۔ نہ ماننا۔ قول سے پھرنا ♦

مُنکَسِر (مُن۔کَسِر) (ع) شکستہ۔ ٹوٹا ہُوا۔ عاجز۔ مسکین ♦

منکسر المزاج (ع) غریب مزاج۔ مسکین طبع ♦

مُنکَشِف (مُن۔کَشِف) (ع) کھلنے والا۔ کھلا ہُوا۔ ظاہر۔ آشکارا ♦

منکنا (منک۔نا) (ہ) (۱) چونکتا ہونا (۲) عذر و حجت کرنا ♦

مَنکُوحہ (مَن۔کُو۔حَہ) (ع) مؤنث۔ وہ عورت جس سے نکاح ہُوا ہو۔ زوجہ۔ بیوی۔ استری ♦

منگانا (منگ۔گا۔نا) (ہ) طلب کرنا۔ منگوانا ♦

منگتا (منگ۔تا) (ہ) مذکر۔ بھیک مانگنے والا۔ فقیر۔ بھکاری۔ گدا ♦

منگچھی (منگ۔چھی) (ہ) مؤنث۔ مونگ کی پھلوری۔ پکوڑی۔ پھلکی ♦

منگسر (منگ۔سر) (ہ۔مذکر) ہندی آٹھواں مہینہ۔ اگھن ♦

منگل (منگ۔گل) (س) مذکر (۱) خوشی۔ آنند (۲) خوشی کا گیت (۳) مریخ۔ جاند فلک۔ ایک ستارہ (۴) سہ شنبہ۔ پیر کے بعد کا دن (۵) اچھا۔ نیک۔ مبارک۔ مسعود (۶) رونق۔ چہل پہل ♦

منگل گانا (ہ) خوشی کے گیت گانا۔ خوشی منانا۔ مبارکباد گانا ♦

منگلاچار (س) مذکر۔ مبارک باد۔ بدھاوا۔ خوشی ♦

منگلامکھی (س) مذکر۔ خوشی منانے والے۔ اربابِ نشاط۔ مطرب ♦

منگلی (ہ) مؤنث۔ وہ لڑکی جو منگل کے روز پیدا ہوئی ہو۔ تند مزاج اور غصیل لڑکی ♦

منگنی (منگ۔نی) (ہ) مؤنث (۱) سگائی۔ نسبت۔ ایک رسم جس میں عورت کو مرد سے اور مرد کو عورت سے منسوب کر دیتے ہیں (۲) کسی سودے کے علاوہ کوئی اور چیز بلا قیمت طلب کرنا۔ جھونگا۔ رونگن (۳)

اُدھار ـ عاریتہ ـ قرض ◆

منگوانا (منگ ـ وا ـ نا) (۱) طلب کرانا ـ منگانا (۲) بُلوانا (۳) سوال کرنا ◆

منگوچی (منگو ـ چی) (ہ) مؤنث ـ تیل کی تلی ہوئی بُڑیاں ◆

منگورا (منگو ـ را) (ہ) مذکر ـ بیسن کی پھلوری ◆

منگوری (منگو ـ ری) (ہ) مؤنث ـ ماش کی پھلوری ◆

منگیتر (منگی ـ تر) (ہ) مذکر و مؤنث ـ منسوب ـ منسوبہ ـ وہ لڑکا یا لڑکی ـ جس کی سگائی کی گئی ہو ◆

منم (مَنَم) (ف) (۱) میں ہوں (۲) مؤنث ـ خودستائی ـ شیخی ◆

منمن (من ـ من) (ہ) (۱) آہستگی سے ـ سہج ـ سہج ـ سُستی سے ـ دیر سے ـ ڈھیل سے ◆

منمن کرنا (ہ) بڑی سُستی کرنا ـ کوئی کام نہایت کاہلی سے سوچ سوچ کر آہستہ آہستہ کرنا ◆

منمنا (مُن ـ مُنا) (ہ) مذکر (۱) ایک کالا دانہ جو گیہوں کے ساتھ پیدا ہو جاتا ہے (پنجاب) اُمنی ـ بیاجی (۲) ننھا ◆

منمنا سا (ہ) بہت چھوٹا ـ رائی کے برابر ـ نہایت کمزور اور پستہ قد آدمی ◆

منمنانا (ہ) (۱) آہستگی سے کھانا ـ سُستی سے کھانا (۲) (پُورب) کڑکڑانا ـ بڑبڑانا ◆

منمنی (ہ) مؤنث ـ نہایت چھوٹی ـ پستہ قد ـ ہیچ ـ حقیر ◆

منمنی (ہ) مؤنث (ع) نہایت سُست ـ کاہل وجود ◆

منن (مِنَن) (ع) مؤنث ـ مِنّت کی جمع ـ احسانات ◆

منّنا (مَن ـ نا) (ہ) راضی ہونا ـ خوش ہونا ـ رنجیدگی رفع ہونا ◆

منو (مَنو) (س) مذکر ـ منوسمرتی کا بنانے والا ـ ہندوؤں میں ایک بہت بڑا فاضل ـ جس نے دھرم شاستر بنایا ـ جو منو کا دھرم شاستر کہلاتا ہے ◆

منو (مَن ـ نُو) (ہ) مذکر (۱) بندر ـ میمون ـ بوزنہ (۲) بعض آدمیوں کا نام بھی ہوتا ہے ◆

منوا (مَن ـ وا) (ہ) مذکر (۱) دل ـ روح ـ آتما (۲) منوانا کا امر

منوا کے چھوڑنا (ہ) اپنی بات تسلیم کرا کے جانے دینا ـ اقرار کرا لینا ◆

منوال (مِن ـ وَال) (ع) مذکر (۱) وہ لکڑی جس پر جلاہا کپڑا بُن بُن کر لپیٹتا جاتا ہے (۲) (مجازاً) طرز ـ ڈھنگ ـ طور طریق ـ وضع ـ دستور ـ رسم ◆

منوانا (ہ) تسلیم کرانا ـ اقرار کرانا ـ منظور کرانا ◆

منوّر (مُنَوّ ـ وَر) (ع) روشنی دیا گیا ـ نورانی ـ چمکتا ہوا ـ چمکیلا ـ روشن ◆

منورتھ (مَنو ـ رتھ) (س) مذکر (ہندی) مطلب ـ مدعا ـ مقصد ـ خواہش ـ ارادہ ◆

منورتھ سدھ ـ یا ـ **پھل ہوں** (ہ) دعا ـ مراد بر آئے ـ مقصد پورا ہو ◆

منوّن (مُنَوّ ـ وَن) (ع) تنوین والا حرف ◆

منوہر (منو ـ ہر) (س) دلربا ـ خوبصورت ـ خوب رُو ـ جمیل ـ حسین ◆

مُنہ (مُنہ) (ہ) مذکر (۱) سوراخ ـ روزن ـ چھید (۲) موری ـ موکھا ـ کھڑکی ـ دریچہ (۳) (ل) دَر ـ دروازہ (۴) غار ـ گڑھا ـ گہراؤ ـ تہ (۵) راہ ـ راستہ ـ گزر ـ نکاس (۶) دہن ـ مکھ ـ دہانہ (۷) چہرہ ـ رُخ ـ رُو (۸) شکل صورت (۹) پاس ـ لحاظ ـ خاطر ـ ملاحظہ (۱۰) لیاقت ـ حوصلہ ـ مقدرت ـ جرأت (۱۱) زبان (۱۲) کلمہ کلام (۱۳) رُوبرو ـ سامنے (۱۴) نوک ـ دھار ـ انی (۱۵) طرف سمت ـ جانب ◆

منہ آ جانا ـ یا ـ **آنا** (ہ) (۱) منہ میں چھالے پڑ جانا ـ منہ میں زخم ہونا (۲) آوازے کسنا ـ بُرا بھلا کہنا ـ طعنہ مارنا ◆

منہ اپنا سا لے کر پھر جانا (ہ) شرمندہ ہو کر چلا جانا ـ ندامت اٹھا کر جانا

منہ اپنا سا لے کر رہ جانا (ہ) شرمندہ ہو کر نکلا جانا ـ ندامت اٹھا کر جانا ◆

منہ اُتر جانا ـ یا ـ **اُترنا** (ہ) چہرہ دبلا اور بے رونق ہو جانا ـ چہرے کا رنگ روپ جاتا رہنا ◆

منہ اتنا سا نکل آنا (ل) منہ اُتر جانا ـ نہ سُست ہونا ـ لاغر اور دُبلا ہونا ـ رنگ روغن نہ رہنا ◆

منہ اُٹھا کر چلنا (ہ) رستہ دیکھ کر نہ چلنا ـ بے تحاشا چلنا ـ بے پروائی سے بے خبر ہو کر چلنا ◆

منہ اُٹھانا (ہ) کسی طرف جانا ـ کہیں کا ارادہ کرنا ◆

منہ اُٹھائے (ہ) اندھا دُھند ـ بے پروائی سے ـ بلا سوچے سمجھے ◆

منہ اُٹھائے چلے جانا (ہ) بے دھڑک چلے جانا ـ دیکھے بھالے بغیر چلے جانا ◆

منہ اُٹھے }
منہ اجالے } (ہ) سویرے ـ تڑکے ـ دن نکلے ◆

منہ اُجلا ہو جانا (ہ) (ہندی) (۱) چہرے کا رنگ نکھر جانا (۲) عزت رہ جانا ـ سرخروئی ہونا ◆

منہ اُداس ہونا (ہ) چہرے کا اُداس ہونا ـ چہرے پر غمگینی کا ظاہر ہونا ◆

منہ اس قابل ہونا (ل) اتنی لیاقت ہونا ◆

منہ اشکوں سے دھونا (ل) بہت رونا ◆

مُنہ اکھری (ہ) (گنوار) مُنہ زبانی۔ زبانی لفظی ◆

مُنہ اندھیرے (ہ) (عو) پَو پھٹے۔ علی الصبح۔ صبح سویرے۔ نور کے تڑکے۔ صبح صادق کے وقت ◆

مُنہ اوندھا کر لیٹنا (ہ) (عو) (۱) رنج یا فکر میں منہ لپیٹ کر چپ رہنا (۲) ناراض ہو کر الگ جا پڑنا ◆

مُنہ بانا (ہ) (گنوار۔ دہقانی) (۱) منہ کھولنا۔ منہ پھاڑنا جمائی لینا (۲) اپنی بے وقوفی پر ہنس پڑنا (۳) چل بسنا۔ مر جانا ◆

منہ باندھ کے بیٹھنا (ہ) (۱) منہ بند کر کے بیٹھنا (۲) خاموش رہنا۔ چپ رہنا ◆

مُنہ باندھے ہوئے بیٹھنا (ہ) فاقے سے ہونا ◆

مُنہ بجھکنا (ہ) طاقت دینا ◆

مُنہ برا بنانا (ہ) ناراضی ظاہر کرنا۔ رنجش کے باعث تیوری چڑھانا ◆

مُنہ بسورنا (ہ) رونے کی صورت بنانا ◆

مُنہ بگاڑ دینا (ہ) (۱) چہرہ بگاڑ دینا۔ تھپّڑ۔ یا۔ جوتوں سے چہرہ سُجا دینا۔ مار مار کر چہرے کو زخمی کر دینا (۲) منہ کا ذائقہ خراب کر دینا ◆

منہ بگاڑنا (ہ) (۱) منہ بنانا (۲) تھپّڑ مارنا۔ منہ زخمی کرنا (۳) تیوری چڑھانا۔ غصّے کی سی صورت بنانا (۴) منہ ٹیڑھا کر کے ہنسنا (۵) منہ کو بدمزہ کرنا ◆

منہ بگڑ جانا (ہ) (۱) مُنہ کی ہیئت بدل جانا۔ صورت کا درست نہ رہنا (۲) منہ بدمزہ ہو جانا۔ منہ کا ذائقہ خراب ہونا (۳) تیوری چڑھانا۔ چیں بہ جبیں ہونا۔ چہرے کا رنگ متغیر ہونا۔ غصہ آ جانا ◆

مُنہ بن جانا۔ یا۔ بننا (ہ) (۱) تیوری چڑھنا۔ خفگی ہونا۔ ناراضی ہونا (۲) منہ ٹیڑھا ہونا۔ صورت بگڑ جانا ◆

منہ بنا بیٹھنا } (ہ) ناراض ہو بیٹھنا۔ بگڑ بیٹھنا۔ چیں بجبیں
منہ بنا کر بیٹھنا } ہو کر بیٹھنا ◆

منہ بنا لینا (ہ) خفا ہو جانا۔ ناراض ہو جانا۔ تیوری چڑھا لینا ◆

مُنہ بنانا (ہ) (۱) بُری صورت بنانا۔ چہرے کو بدنما کرنا۔ رونے کی صورت بنانا (۲) ناراض ہونا۔ غصّے کی صورت بنانا۔ رنجیدہ ہونا (۳) کسی بدذائقہ چیز کے پیتے وقت چہرے کی ہیئت بگاڑنا ◆

منہ بند (۱) (۱) لب بستہ۔ دہن بستہ (۲) خاموش۔ چُپ (۳) کنواری۔ دوشیزہ۔ باکرہ ◆

منہ بند کر دینا (۱) بولنے سے روک دینا۔ خاموش کر دینا ◆

منہ بند کر لینا (ہ) خاموش ہو جانا۔ چپ ہو جانا (۲) منہ پر کپڑا یا ہاتھ رکھ لینا ◆

منہ بند کرنا (۱) (۱) بولنے سے روکنا۔ خاموش کرنا (۲) رشوت دیکر اپنے خلاف کہنے سے باز رکھنا ◆

منہ بند کلی (۱) مؤنث (۱) شگوفہ۔ بن کھلا پھول (۲) دوشیزہ۔ کنواری۔ باکرہ ◆

مُنہ بند ہونا (ہ) (۱) دہن بستہ ہونا (۲) چُپ ہونا۔ خاموش ہونا۔ بات نہ کر سکنا (۳) کسی کی بدی یا چغلی سے رکنا۔ (۴) زخم بھرنا ◆

مُنہ بندھے (ہ) مذکر (ہندو) جین مت کے درویش جو مُنہ کے آگے کپڑا باندھ رکھتے ہیں۔ تاکہ کوئی جاندار ان کے مُنہ میں نہ پڑ جائے۔ یا مُنہ کی بھاپ سے نہ مر جائے ◆

مُنہ بنوا رکھو } (ہ) اس بات کے قابل تو ہو جاؤ۔ مُنہ
مُنہ بنوا لو } دھو رکھو۔ اُمید نہ رکھو۔ اِس خیال سے
مُنہ بنواؤ } باز آؤ ◆

مُنہ بنوانا (ہ) (۱) مُنہ کو درست کرانا (۲) لیاقت پیدا کرنا۔ کسی کام کے لائق ہونا ◆

مُنہ بولا (ہ) مُنہ سے کہا ہُوا۔ زبان سے بولا ہُوا ◆

مُنہ بولا بھائی (ہ) (مذکر) وہ شخص جسے اپنی زبان سے بھائی کہا ہو۔ پگڑی بدل بھائی۔ دینی بھائی ◆

مُنہ بولتی (ہ) گویا۔ باتیں کرتی ہوئی۔ ناطق۔ خوبصورتی کی تعریف میں کہتے ہیں۔ یعنی ایسی تصویر جس سے یہ معلوم ہو کہ ابھی کچھ مُنہ سے بولے گی ◆

مُنہ بولتی تصویر۔ یا۔ مورت (۱) مؤنث (۱) نہایت عمدہ تصویر یا صورت (۲) آدمی۔ انسان۔ بشر ◆

مُنہ بولی (ہ) زبان سے کہی ہُوئی۔ مُنہ سے بنائی ہُوئی ◆

مُنہ بولی بہن (ہ) مؤنث وہ عورت جسے اپنی زبان سے بہن کہہ دیا جائے ◆

مُنہ بھر آنا } (ہ) مُنہ میں رطوبت یا پانی کا چلا آنا۔ جی کا
مُنہ بھر آیا } مالش کرنا۔ متلی ہونا ◆

مُنہ بھرائی (ہ) مؤنث (عو) دہان بندی۔ رشوت ◆

مُنہ بھرائی دینا } (ہ) (عو) رشوت دینا ◆
مُنہ بھر دینا }

مُنہ بھر کے (ہ) (عو) خاطر خواہ۔ بھرپور۔ لبالب (۲) خاطر خواہ۔ بخوبی۔ حسب دلخواہ (۳) بھرپور۔ تمام وکمال (۴) نہایت از حد۔ از حد۔ بہت ◆

مُنہ بھر کے کوسنا (ہ) (عو) خاطر خواہ بددعا دینا۔

دوپٹے پر میں کسر نہ رکھنا۔ بے دردی سے کوسنا ✦

مُنہ بھر کے گالی دینا (ف) فحش بکنا۔ سخت اور قابلِ شرم گالی دینا ✦

مُنہ بھرنا (ف) (۱) مُنہ پُر کرنا۔ منہ میں لُقمہ دینا (۲) رشوت دینا (۳) منہ بند کرنا۔ خاموش کرانا ✦

مُنہ بھری (مث) رشوت ✦

مُنہ پھٹاک (ف) مُنہ کے بَل اوندھا گرنے کے لئے مستعمل ہے ✦

مُنہ پانا (ف) (ع) توجّہ پانا۔ رُخ پانا۔ راضی پانا۔ خوش پانا ✦

مُنہ پر (ف) سامنے۔ رُوبرُو۔ بالمقابل (۲) ہونٹوں پر۔ لب پر (۳) چہرے پر۔ چہرے کے اُوپر ✦

مُنہ پر آنا (ف) (۱) زبان پر آنا (۲) ظاہر ہونا۔ پیش آنا۔ نمودار ہونا ✦

مُنہ پر آئی بات (ف) مؤنث۔ زبان پر آئی ہُوئی بات ✦

مُنہ پر بات لانا (ف) بھید کھولنا۔ راز فاش کرنا۔ بات کا اظہار کرنا ✦

مُنہ پر برسنا (ف) چہرے سے ظاہر و آشکارا ہونا۔ چہرے سے عیاں ہونا۔ صورت سے پایا جانا ✦

مُنہ پر بسنت پھولنا یا۔ کھلنا (ف) چہرہ زرد پڑ جانا۔ خوف چھا جانا۔ منہ پیلا پڑ جانا ✦

مُنہ پر پانی پھر جانا (ف) منہ پر رونق آ جانا۔ چہرہ بھر جانا۔ منہ پر تازگی آ جانا ✦

مُنہ پر پلّو رکھ کے رونا، لینا (ف) دوپٹّے کا کونہ مُنہ پر ڈال کر رونا۔ مُنہ ڈھانپ کر رونا ✦

منہ پر پھینک مارنا (ف) خفگی سے کوئی چیز واپس کر دینا۔ منہ پر مارنا ✦

منہ پر تھوک دینا (ف) (۱) چہرے پر تھوک ڈالنا (۲) نہایت شرمندہ اور ذلیل کرنا۔ منہ پر عیب صاف کہہ دینا ✦

مُنہ پر ٹھیکری رکھ لی (ف) لحاظ نہ کیا۔ بے مروّتی کی ✦

مُنہ پر جانا (ف) کسی کا لحاظ کرنا۔ کسی کا خیال کر کے مروّت برتنا ✦

مُنہ پر چڑھنا (ف) (۱) مقابل ہونا۔ سامنے ہونا۔ رُوبرُو ہونا (۲) مقابلہ کرنا۔ سامنا کرنا۔ لڑنے کو کھڑا ہونا۔ (۳) گستاخ ہونا (۴) منہ لگنا۔ مصاحب بننا ✦

منہ پر خاک اُڑانا (ل) مُنہ کا نور جاتا رہنا۔ چہرے کا بے رونق اور پریشان ہونا ✦

منہ پر خاک مَلی ہے (ل) (۱) کسی اچھی چیز کو بُرے طور پر رکھا ہے (۲) مفلسی کو ظاہر کر کے دولت کو چھپایا ہے ✦

مُنہ پر خوشامد نہ کرنا (ل) پاسداری نہ کرنا۔ صاف بات کہنا۔ لگی لپٹی نہ رکھنا ✦

مُنہ پر رونق آ جانا (ل) چہرہ بشاش ہو جانا ✦

مُنہ پر زردی پھر جانا (ف) (۱) مُنہ زرد ہو جانا۔ چہرے کا سپید پڑ جانا (۲) مُردنی چھا جانا ✦

مُنہ پر زردی کھنڈ جانا (ل) (ع و) چہرہ زرد ہو جانا۔ مُردنی چھا جانا ✦

مُنہ پر شفق پھُولنا (ل) خوشی کے مارے مُنہ سرخ ہو جانا۔ منہ پر سرخی آنا ✦

مُنہ پر فاختہ اُڑ جانا (ل) مُنہ کا رنگ اُڑنے لگنا۔ مُنہ فق ہونا۔ چہرے پر ہوائیاں اُڑنے لگنا ✦

مُنہ پر قفل لگ جانا (ل) مُنہ بند ہو جانا۔ خاموشی چھا جانا ✦

مُنہ پر کچھ پیٹھ پر کچھ۔ منہ پر اور پیٹھ پیچھے اور (ف) بظاہر کچھ۔ باطن میں کچھ۔ بظاہر دوست۔ بباطن دشمن ✦

مُنہ پر کچھ نہ بولنا (ف) (ع و) رُوبرُو کچھ نہ کہنا۔ زبان پر نہ لانا ✦

مُنہ پر کہہ بیٹھنا (ف) سامنے کہہ دینا۔ رُوبرو کہہ دینا۔ مُنہ در مُنہ کہہ دینا ✦

مُنہ پر کہنا (ف) رُوبرو کہنا۔ مُنہ در مُنہ کہنا۔ سامنے بیان کرنا ✦

مُنہ پر کہنا خوشامد ہے (ل) (مثل) آپ کی تعریف آپ کے سامنے کرتے ہیں۔ یہ خوشامد نہیں امرِ واقعی ہے۔ آپ کا ظاہر و باطن ہمہ صفت موصوف ہے ✦

مُنہ پر کہے سو مُونچھ کا بال (ف) (مثل) مَرد وہی ہے جو سچ بات منہ پر کہہ دے ✦

مُنہ پر کی ساری باتیں ہیں (ف) سامنے تو محبت اور پیٹھ پیچھے عداوت ہے ✦

مُنہ پر لانا (ف) (۱) زبان پر رکھنا۔ زبان سے کہنا۔ بیان کرنا۔ ظاہر کرنا ✦

مُنہ پر لکھا ہونا (ف) کوئی ظاہری خاص نشانی ہونا ✦

مُنہ پر لگا لے جانا (ف) کسی خطرناک چیز کے سامنے لے جانا ✦

مُنہ پر میٹھا ہونا (ف) سامنے شیریں کلام اور دل میں کھوٹ ہونا ✦

مُنہ پر مارنا (ف) کسی بُری چیز کو واپس کرنا۔ لوٹانا ✦

مُنہ پر مُردنی پھرنا۔ یا۔ چھانا (ل) چہرے پر زردی چھانا۔ مُنہ زرد اور بے رونق ہو جانا ✦

مُنہ پر مُنہ رکھنا (ف) گال پر گال رکھنا ✦

مُنہ پر مہتاب چھٹنا (ل) مُنہ فق ہونا۔ خوف یا شرم کے مارے مُنہ کا رنگ پھیکا پڑ جانا ✦

مُنہ پر مُہر کر دینا۔ یا۔ کرنا (ل) مُنہ بند کر دینا۔ بولنے سے باز رکھنا۔ خاموش کرنا۔ چُپ رہنے کا حکم دینا ✦

مُنہ پر مُہر لگنا یا ہونا (ف) منہ پر قفل لگنا۔ مُنہ سیا جانا۔ سکوت ہونا۔ خاموشی ہونا ◆

مُنہ پر ناک نہ ہونا (ف) شرم نہ ہونا۔ حیا نہ ہونا۔ غیرت۔ مُرّوت اور ننگ و ناموس کا خیال نہ ہونا۔ بے عزّت ہونا ◆

مُنہ پر نمک ہونا (ف) چہرے میں ملاحت کی وجہ سے خوبصورتی ہونا ◆

مُنہ پر نُور نہ ہونا (ف) چہرے پر رونق نہ ہونا۔ چہرے کا بے رُوپ ہونا ◆

مُنہ پر نہ رکھنا (ف) (۱) زبان پر نہ رکھنا۔ ذائقہ نہ چکھنا۔ (۲) سامنے نہ کہنا۔ رُو برُو نہ کہنا ◆

مُنہ پر ہاتھ پھیرنا (ف) (۱) بدلہ لینے کا اشارہ کرنا (۲) گالوں پر ہاتھ لگانا ◆

مُنہ پر ہاتھ رکھنا (ف) بولنے سے روکنا۔ منہ بند کرنا۔ بات نہ کرنے دینا ◆

مُنہ پر ہوائیاں اُڑنا۔ یا۔ چھُوٹنا (ف) مُنہ فق ہونا۔ حواس باختہ ہونا۔ گھبرا جانا۔ چہرے کا رنگ اُڑ جانا ◆

مُنہ پڑنا (ف) (۱) حوصلہ پڑنا۔ جرأت ہونا (۲) افواہ ہونا۔ چرچا ہونا۔ مشہور ہونا (۳) مُنہ میں جانا۔ کھانے میں آنا ◆

مُنہ پڑی (ف) مشہور خاص و عام۔ زبان زدِ خلائق ◆

مُنہ پسار کر دوڑنا (ف) کسی چیز کی خواہش میں منہ کھول کر دوڑنا ◆

مُنہ پسار کر رہ جانا (ف) حیران رہ جانا۔ ہکا بکا رہ جانا ◆

مُنہ پکڑنا (ف) بولنے سے روکنا۔ مُنہ بند کرنا ◆

مُنہ پھاڑنا (ف) (۱) مُنہ کھولنا۔ بولنا (۲) منہ پھیلانا۔ منہ بنانا۔ اپنی بے وقوفی پر ہنسنا (۳) زبان درازی کرنا ◆

مُنہ پھٹ (ف) مُنہ زور۔ زبان دراز۔ بدلحاظ۔ بدزبان (۲) موقع بے موقع بولنے والا ◆

مُنہ پھرانا (ف) بے رُخی کرنا۔ صورت سے بیزار ہونا ◆

مُنہ پھر جانا (ف) (۱) منہ کا ٹیڑھا ہو جانا (۲) لقوے کا مرض ہو جانا (۳) مُنہ سامنے سے ہٹ جانا۔ رُخ پھر جانا۔ شکست کھا جانا۔ بھاگ جانا (۴) سیر ہو جانا۔ جی بھر جانا۔ اُکتا جانا (۵) دھار کا خم ہونا۔ نوک ٹیڑھی ہو جانا (۶) توجّہ نہ رہنا۔ خیال دوسری طرف لگ جانا ◆

مُنہ پُھلا کر بیٹھنا (ف) مُنہ سی کر بیٹھنا۔ ناراض اور خفا ہو کر بیٹھنا۔ گال پُھلا کر بیٹھنا۔ خفگی کی علامت ظاہر کرنا ◆

مُنہ پُھلانا (ف) ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔ مُنہ سُجانا ◆

مُنہ پھوڑ کر (ف) بیشرم ہو کر۔ آزادانہ۔ بے حیائی سے ◆

مُنہ پھوڑ کر کہنا (ف) بے حیائی سے کہنا۔ بے شرم ہو کر کہنا۔ آزادانہ راز کو ظاہر کر دینا ◆

مُنہ پھوڑ کر مانگنا (ف) بے شرم بن کر مانگنا۔ بے غیرت بن کر مانگنا۔ بے غیرت بن کر طلب کرنا۔ بے حیائی سے طلب کرنا

مُنہ پھیر دینا (ف) (۱) منہ موڑ دینا۔ چہرہ پھیر دینا۔ رُخ پھیر دینا (۲) جی بھر دینا۔ طبیعت سیر کر دینا (۳) پسپا کر دینا۔ مغلوب کر دینا ◆

مُنہ پھیر کر نہ دیکھنا۔ بے توجہی کرنا۔ پروا نہ کرنا ◆

مُنہ پھیرنا (ف) (۱) رُو گرداں ہونا۔ مُنہ موڑنا۔ بے وفائی کرنا۔ بے پروائی کرنا۔ بے مروّتی کرنا (۲) انکار کرنا۔ پھرنا۔ ہٹنا (۳) بیزار ہونا۔ ناراض ہونا ◆

مُنہ پھیلانا (ف) (۱) مُنہ کھولنا (۲) زیادہ مانگنا۔ بہت لالچ کرنا (۳) مول بڑھانا۔ زیادہ قیمت مانگنا ◆

مُنہ پھیلائے بیٹھنا (ف) مُنہ کھولے بیٹھنا۔ منتظر رہنا۔ مانگنے اور لینے کے لئے تیار ہو جانا ◆

مُنہ پیٹنا (ف) اپنے چہرے پر تھپڑ لگانا۔ نہایت غصّے یا افسوس کی حالت میں یہ کیفیت ہوتی ہے ◆

مُنہ تک آنا (ف) (۱) لب تک آنا۔ زبان تک آنا (۲) کناروں تک بھرنا۔ لبریز ہونا ◆

مُنہ تک جگر آنا (ف) دم گھبرانا۔ منہ کو کلیجہ آنا ◆

مُنہ تکتے رہ جانا (ف) حیرانی سے خاموش رہ جانا ◆

مُنہ تکنا (ف) (۱) صورت دیکھنا۔ چہرے کی طرف نظر کرنا (۲) جواب کا منتظر رہنا (۳) حسرت اور یاس کی نگاہوں سے دیکھنا (۴) حیران و ششدر ہو کر رہ جانا (۵) لاجواب ہونا (۶) تعجب سے دیکھنا ◆

مُنہ تمتمانا (ف) چہرے کا سُرخ ہو جانا ◆

مُنہ تنگ کرنا (ف) نہ بولنا ◆

مُنہ توبا (ف) (مذکر) منہ بھرائی۔ رشوت ◆

مُنہ تو دیکھو۔ یا۔ دیکھئے (ف) (طنزاً) اس قابل تو ہو جاؤ۔ اپنے دعوے اور ارادے کے مطابق۔ پہلے اپنے منہ کو تو دیکھ لو تمہاری حقیقت ہی کیا ہے۔

مُنہ توڑ کے جواب دینا (ف) صاف جواب دے دینا۔ بے باکانہ جواب دینا ◆

مُنہ توڑنا (ف) مُنہ میں ضرب لگانا ✦

مُنہ تھتھانا (ف) تیوری چڑھانا۔ رنجیدگی سے خفگی کی صورت بنانا ✦

مُنہ ٹوٹ جانا۔یا۔ٹوٹنا (ف) مُنہ پہ چوٹ آنا ✦

مُنہ جوڑنا (ف) (عو) (۱) کانا پھوسی کرنا۔ ذکر اذکار کرنا۔ (۲) غیبت کرنا۔ بدگوئی کرنا ✦

مُنہ جھالنا (ف) برائے نام کھانا۔ نام گنانے کو کھانا چکھ لینا ✦

مُنہ جھٹک جانا (ف) مُنہ اُتر جانا۔ چہرہ سست ہو جانا۔ دُبلا ہو جانا ✦

مُنہ جھلسنا (ف) (۱) مُنہ کو آگ لگانا۔ مُنہ کو جلا کر سیاہ کرنا (۲) لعنت بھیجنا (۳) رشوت دینا۔ مُنہ بھرائی دینا (۴) قرضہ ادا کرنا۔ دے دلا کر فارغ ہونا ✦

مُنہ جھوٹا کرنا (ف) تھوڑا سا کھانا ✦

مُنہ چاٹنا (ف) (۱) پیار کرنا۔ چمکارنا (۲) خوشامد کرنا۔ ناز برداری کرنا (۳) کسی کا مُنہ اپنی زبان سے صاف کرنا ✦

مُنہ چاہیئے (ف) ہمّت اور حوصلہ چاہیئے۔ دل گُردہ درکار ہے۔ قابلیت چاہیئے ✦

مُنہ چوٹل (ف) مؤنث (۱) چوما چاٹی۔ محبّت۔ پیار (۲) بک بک۔ بکواس ✦

مُنہ چڑانا (ف) (۱) دوسرے کے مُنہ کی نقل بدنمائی کے ساتھ کرکے اُسے غصّہ دلانا۔ تمسخر کرنا۔ مُنہ بگاڑ کر چھیڑنا (۲) بھونڈی تقلید کرنا (۳) بدنامی کرنا۔ مضحکہ اُڑانا ✦

مُنہ چڑھا (ف) گستاخ۔ بے ادب۔ سر چڑھا ✦

مُنہ چڑھانا (ف) (۱) کسی کو گستاخ اور بے ادب بنانا۔ سر چڑھانا (۲) مصاحب بنانا۔ مُنہ لگانا۔ مقرب بنانا (۳) مُنہ بنانا۔ مُنہ بگاڑنا (۴) ناک چڑھانا۔ مُنہ بنانا۔ تیوری چڑھانا۔ ناپسند کرنے کی علامت ظاہر کرنا ✦

مُنہ چڑھنا (ف) مصاحب بننا۔ رفیق ہونا۔ مُنہ لگنا (۲) تیوری چڑھنا (۳) گستاخ بننا۔ بے ادب ہونا (۴) مقابل آنا۔ سامنے آنا۔ برابری کرنا (۵) زبان پر چڑھنا (۶) پیچھے پڑنا۔ مُسر ہونا۔ در پے ہونا (۷) چہرے پر غصّہ ظاہر ہونا۔ مُنہ بھر آنا ✦

مُنہ چکنا پیٹ خالی (ف) ظاہر میں بڑی ٹیپ ٹاپ اور باطن خراب ✦

مُنہ چلانا (ف) (۱) مُنہ کو حرکت دینا (۲) کھانا۔ چبانا (۳) مُنہ ڈالنا۔ گھوڑے کا کاٹنا۔ مُنہ سے پکڑنا (۴) بدزبانی کرنا۔ گالیاں دینا ✦

مُنہ چلنا (ف) (۱) مُنہ کا متحرک ہونا (۲) کھاتے رہنا (۳) زبان چلنا (۴) بک بک کئے جانا۔ چُپ نہ بیٹھنا ✦

مُنہ چور (ف) باحیا۔ شرمسار۔ وہ شخص جو شرم و لحاظ سے کسی کے سامنے مُنہ نہ کرے ✦

مُنہ چوم کے چھوڑ دینا (ف) ذلیل و شرمندہ کرکے چھوڑ دینا۔ کام نکال کے الگ کرنا ✦

مُنہ چوم لینا (ف) (۱) بوسہ لے لینا (۲) بہت تعریف کرنا۔ کسی کی خوش گفتاری پر قربان ہو کر مُنہ چوم لینے کو جی چاہنا۔ داد دینا ✦

مُنہ چومنا (ف) (۱) بوسہ لینا۔ چُوما لینا۔ پیار لینا (۲) تعریف کرنا۔ داد دینا ✦

مُنہ چھپانا (ف) (۱) مُنہ پوشیدہ کرنا۔ چہرہ سامنے نہ کرنا۔ پردہ کرنا۔ نقاب ڈالنا (۲) شرمندہ ہونا۔ شرمسار ہونا۔ حیا کرنا۔ شرمانا (۳) رُوپوش ہونا۔ چھپنا۔ سامنے نہ آنا (۴) کنارہ کرنا۔ پہلو تہی کرنا (۵) آنکھ چُرانا۔ نظر چُرانا ✦

مُنہ چھٹ (ف) (۱) مُنہ پھٹ۔ بے لگام (۲) وافر۔ اَت گت۔ بہت زیادہ ✦

مُنہ چھوانا (ف) (۱) برائے نام کہنا۔ اوپرے دل سے کہنا (۲) جھوٹی خاطر کرنا۔ ظاہرداری کی تواضع کرنا ✦

مُنہ چھوٹا اور بڑی بات (ف) (مثل) ذلیل آدمی کا حوصلے سے بڑھ کر بات کرنا۔ شیخی بگھارنا ✦

مُنہ چھونا (ف) (۱) برائے نام کہنا۔ اوپرے دل سے کہنا (۲) ذرا بات کرنا۔ ذرا بولنا ✦

مُنہ خام کرنا (ف) مُنہ بند کرنا۔ کہرگِل کرنا۔ آٹے یا مٹی سے کھکمت کرنا ✦

مُنہ خدا کی طرف ہونا (ف) خدا پر بھروسہ ہونا ✦

مُنہ خراب کرنا (ف) مُنہ بگاڑنا۔ مُنہ کا بدمزہ کرنا ✦

مُنہ خشک ہو جانا (ف) (۱) مُنہ سوکھ جانا۔ گرمی یا پیاس کی شدّت سے زبان کا سوکھ جانا (۲) خوف چھا جانا۔ چہرہ زرد پڑ جانا۔ گھبرا جانا۔ ڈر جانا ✦

مُنہ در مُنہ (ف) رُوبرُو۔ سامنے۔ مُنہ پر ✦

مُنہ در مُنہ کر دینا (ف) رُوبرُو کر دینا۔ سامنے کر دینا ✦

مُنہ در مُنہ کہنا (ف) سامنے کہنا۔ مُنہ پر کہنا۔ رُوبرُو کہنا ✦

مُنہ دکھانا (ف) (۱) مُنہ سامنے کرنا۔ ملاقات کرنا۔ مُنہ رُوبرُو کرنا (۲) سامنے ہونا۔ رُوبرُو ہونا۔ مقابل ہونا۔ ملنا ✦

مُنہ دکھانا مشکل ہے۔ یا۔ ہوگیا (ف) نہایت سخت شرمندگی ہے۔ جس کے سبب سامنے نہیں ہو سکتا ہے

مُنہ دکھانے کی جگہ باقی نہیں (ف) نہایت شرمندگی کے باعث سامنے نہیں جا سکتا +

مُنہ دکھانے کی صورت نہ رہنا (ف) شرمندگی کے باعث ملنے کا موقع نہ رہنا +

مُنہ دکھانے کے قابل نہ رہنا (ف) نہایت شرمندگی کے باعث سامنے آنے کے لائق نہ رہنا +

مُنہ دکھائی (دکھلائی) (ع) مؤنث۔ رونمائی۔ وہ نقدی جو پہلے پہل دُلہن کا مُنہ دیکھ کر اُس کے رشتہ دار اُسے دیتے ہیں +

مُنہ دھُواں ہو جانا (ف) مُنہ پر ہوائیاں اُڑنا +

مُنہ دھو رکھو (ف) اِس کام کی اُمید نہ رکھو۔ تم اِس لائق ہی نہیں +

مُنہ دھونا (ف) (۱) مُنہ دُھلانا (۲) چہرہ صاف کرنا +

مُنہ دے کر بات کرنا (ع) (عو) متوجّہ ہو کر بات چیت کرنا +

مُنہ دیکھ (ف) (۱) کیا تاک رہا ہے۔ تجھے یہ شایاں نہیں (۲) قابلیت پیدا کر۔ لیاقت دیکھ +

مُنہ دیکھ کر اُٹھنا (ع) سوتے ہوئے اُٹھ کر کسی کی صورت دیکھنا خیال کرتے ہیں۔ کہ اگر کسی خوش نصیب کی صورت صبح سویرے دیکھی جائے تو تمام دن خوشی سے بسر ہوتا ہے۔ اور اگر کوئی منحوس سامنے آجائے۔ تو رنج و غم میں دن تمام ہوتا ہے +

مُنہ دیکھ کر بات کرنا (ف) (۱) مُنہ دیکھے کی باتیں کرنا۔ خوشامد کی باتیں کہنا (۲) لاجواب ہو کر رہ جانا۔ جواب نہ بن پڑنا +

مُنہ دیکھ کر رہ جانا (ف) (۱) مُنہ تکتا رہ جانا۔ مایوس ہو کر رہ جانا۔ نااُمید ہو کر رہ جانا۔ منتظر رہنا۔ نااُمید لوٹنا +

مُنہ دیکھا (ف) (۱) مُنہ دیکھنے والا (۲)۔ فرماں بردار۔ حلقہ بگوش +

مُنہ دیکھا کرنا (ف) (۱) مُنہ تکا کرنا۔ چہرے کو گھورا کرنا (۲) کسی بات کے سننے کا منتظر رہنا

مُنہ دیکھتا رہ جانا (ف) (۱) مُنہ تکتا رہ جانا۔ اُمید میں رہ جانا (۲) حیران و ششدر رہ جانا +

مُنہ دیکھنا (ف) (۱) صورت دیکھنا۔ چہرہ دیکھنا (۲) آئینے میں شکل دیکھنا (۳) حیرانی سے مُنہ دیکھنا (۴) حسرت سے مُنہ تکنا۔ تعجّب سے نظر کرنا (۵) جواب کے انتظار میں مُنہ تکنا +

مُنہ دیکھو (ع) (طنز) ذرا اُن کی لیاقت پر نظر کرو۔ کیا حوصلہ ہے +

مُنہ دیکھی (ف) مؤنث۔ سامنے کی۔ مُنہ پر کی۔ خوشامد کی +

مُنہ دیکھے کی (ع) (۱) ظاہری۔ اوپری۔ دکھاوے کی (۲) خوشامد کی +

مُنہ دیکھے کی اُلفت۔ پریت۔ محبّت۔ یا۔ چاہ (ف) مؤنث۔ ظاہری محبّت۔ دکھاوے کی محبّت۔ جھوٹی محبّت +

مُنہ دیکھے کی باتیں (ع) مؤنث۔ اوپری باتیں۔ ظاہری باتیں۔ دکھاوے کی باتیں +

مُنہ دیکھے کی سب کہتے ہیں۔ خدا لگتی کوئی نہیں کہتا (ف) (مثل) اِنصاف کی بات کوئی نہیں کہتا۔ سب خوشامد کی اور اوپری باتیں کرتے ہیں +

مُنہ دینا (ف) (۱) کسی برتن میں جانور وغیرہ کا مُنہ ڈالنا (۲) دھیان دینا۔ متوجّہ ہونا +

مُنہ ڈالنا (ع) (۱) کسی جانور کا کسی چیز میں مُنہ داخل کرنا (۲) لڑنا۔ حملہ کرنا +

مُنہ ڈھانپ ڈھانپ کر رونا (ع) نہایت گریہ کرنا +

مُنہ ڈھانپنا (ف) مُنہ پر کپڑا ڈالنا۔ رونا۔ نوحہ کرنا +

مُنہ ڈھانک کر رونا (ف) زار زار رونا۔ مُنہ پر رومال یا کپڑا رکھ کر رونا۔ ماتم کرنا +

مُنہ ڈھانکنا۔ یا۔ ڈھکنا (ف) (۱) مُنہ چھپانا۔ مُنہ پر پردہ ڈالنا (۲) (عو) رونا۔ گریہ و زاری کرنا۔ ماتم کرنا +

مُنہ ڈھک ڈھک کر رونا (ع) عورتوں کی طرح زار زار رونا۔ عورتوں کی طرح آٹھ آٹھ آنسو رونا۔ خوب رونا +

مُنہ ذرا سا نکل آنا (ف) (۱) چہرے کا کمزور اور دُبلا پڑ جانا (۲) نہایت لاغر و ناتواں ہو جانا +

مُنہ رکھنا (ف) پاس رکھنا۔ لحاظ رکھنا۔ توجّہ رکھنا۔ رو رعایت کرنا +

مُنہ روشن ہونا (ف) مُنہ پر رونق ہونا +

مُنہ زبانی (ف) (۱) زبانی۔ بلا تحریر۔ جیسے لکھے (۲) نوک زبان۔ حفظ +

مُنہ زرد ہو جانا (ف) مُنہ کا سپید پڑ جانا۔ چہرہ اُداس ہو جانا +

مُنہ زور (ف) (۱) بدلگام۔ تند بھٹ۔ بدزبان۔ بُرا بھلا بکنے والا (۲) بکّی۔ بکواسی۔ چپ نہ رہنے والا (۳) (مذکر) شریر گھوڑا۔ وہ گھوڑا جو لگام کو نہ مانے۔ وہ تیز گھوڑا جو رُک نہ سکے +

مُنہ زوری (ف) (مؤنث) (۱) بدزبانی۔ بدلگامی۔ سخت کلامی بیہودہ گوئی (۲) شرارت۔ شوخی۔ سرکشی +

مُنہ زوری کرنا (ف) (۱) بدزبانی کرنا۔ بدلگامی کرنا (۲)

شوخی کرنا۔ شرارت کرنا +

مُنہ زہر ہو جانا (۱) مُنہ تلخ ہو جانا +

مُنہ سُست ہو جانا (۲) مُنہ کا دُبلا ہو جانا +

مُنہ سُجانا (۲) (۱) مُنہ پھلانا۔ اُداس ہونا۔ ناراض ہونا۔ غمگین ہونا (۲) تھپڑوں سے مُنہ لال کرنا +

مُنہ سُرخ ہو جانا (۱) غضب ناک ہو جانا۔ غصّے کے سبب مُنہ کا لال ہو جانا +

مُنہ سفید پڑ جانا۔ یا۔ ہو جانا (۱) خوف چھا جانا۔ متحیر ہو جانا +

مُنہ سُکڑ جانا (۵) چہرے پہ دُبلاہٹ چھا جانا۔ مُنہ کی رونق نہ رہنا +

مُنہ سکوڑنا (سکیڑنا) (۵) ناک بھوں چڑھانا۔ مُنہ بنانا۔ ناراضی ظاہر کرنا۔ چیں بہ جبیں ہونا۔ ترشرو ہونا +

مُنہ سُکیڑنا (۵) مُنہ بنانا۔ مُنہ ٹیڑھا کرنا۔ تیوری چڑھانا۔ ناراض ہونا۔ ناک بھوں چڑھانا +

مُنہ سلونا کرنا (۵) کوئی نمکین چیز کھانا۔ خصوصاً شیرینی کے بعد +

مُنہ سنبھالنا (۲) زبان کو قابو کرنا۔ زبان کو لگام دینا +

مُنہ سنبھالو (۲) زبان کو روکو۔ سوچ سمجھ کر بات کرو۔ زبان درازی مت کرو +

مُنہ سُوکھ جانا۔ یا۔ سُوکھنا (۲) (۱) خوف یا ڈر سے مُنہ خشک ہو جانا (۲) مُنہ اُترنا۔ فق ہونا +

مُنہ سُوئی پیٹ کُوٹھی (۲) (مثل) (۱) ذرا سا مُنہ اور اتنا بڑا پیٹ (۲) آمدنی کم اور خرچ زیادہ۔ کھاؤ۔ لٹاؤ +

مُنہ سی دینا (۱) مُنہ بند کر دینا۔ خاموش کرا دینا +

مُنہ سے (۲) زبان سے۔ خاطر سے۔ رعایت سے۔ لحاظ سے +

مُنہ سیا جانا (۲) خاموش کیا جانا۔ مُنہ پر مُہر لگا یا جانا +

مُنہ سے اُگلنا (۵) مُنہ سے نکالنا۔ مُنہ سے باہر لانا +

مُنہ سیاہ کرنا (۱) (۱) مُنہ کالا کرنا۔ خضاب لگانا۔ (۲) کلنک لگانا +

مُنہ سے بات لپکنا۔ اُچکنا۔ لینا۔ یا۔ چھیننا (۲) کسی کے دل کی بات۔ جو بات دوسرا کہنے لگا ہو۔ وہ بات آپ اس سے پہلے کہہ دینا +

مُنہ سے بات نکلنا (۵) کہہ جانا۔ زبان پہ بات آنا۔ ہونٹوں سے بات نکلنا +

مُنہ سے بات نہ نکلنا (۲) خوف۔ غصّے یا دہشت کے سبب بول نہ سکنا +

مُنہ سے باتیں نکالنا (۱) بددُعا دینا۔ کوسنا (۲) کسی کی بابت باتیں کرنا +

مُنہ سے بس کرنا (۲) زبان سے انکار کرنا۔ مُنہ سے روکنا۔ کافی سمجھنا +

مُنہ سے بولنا (۲) زبان سے بات کرنا۔ جواب دینا +

مُنہ سے بولو سر سے کھیلو (۱) بات چیت کرو۔ خاموش نہ رہو +

مُنہ سے بولے نہ سر سے کھیلے (۱) بات ہی نہیں کرتا۔ بالکل چُپ ہے۔ مبہوت ہو گیا ہے۔ بالکل بے ہوش ہے +

مُنہ سے بھاپ نکلنا (۲) مُنہ سے اُف کرنا +

مُنہ سے پھوٹنا (۵) بولنا۔ جواب دینا۔ زبان سے کچھ کہنا +

مُنہ سے پھول جھڑنا (۵) (۱) نہایت خوش گفتار اور فصیح ہونا۔ شیریں کلام ہونا (۲) (طنزاً) بدزبان ہونا +

مُنہ سے تو پھوٹو۔ یا۔ مُنہ سے پھوٹو (۲) کچھ تو بولو۔ جواب تو دو۔ ہاں۔ یا۔ نہیں کرو +

مُنہ سے تو کہو (۲) بات تو کرو۔ زبان تو ہلاؤ +

مُنہ سے دُودھ ٹپکنا (۵) نادان اور بے سمجھ ہونا۔ ناتجربہ کار ہونا +

مُنہ سے دُودھ کی بُو آنا (۱) نادان اور بچہ ہونا۔ کم عقل اور بے لیاقت ہونا +

مُنہ سے رال ٹپکی پڑنا (۲) نہایت جی للچانا۔ از حد خواہش ہونا +

مُنہ سے سُنا چاہتے ہو (۲) کیا گالیاں کھانے کو جی چاہتا ہے؟

مُنہ سے سیاہی دھو جانا (۱) بدنامی مٹ جانا +

مُنہ سے کچھ کا کچھ نکلنا (۵) کہنا کچھ ہو اور ہنسے زبان سے کچھ اور نکلنا +

مُنہ سے کلیجہ نکل پڑنا (۲) گھبرا کر دم نکل جانا۔ دل گھبرا جانا۔ جی اُلٹا جانا +

مُنہ سے کیا پھول جھڑتے ہیں (۵) (۱) کیا پُرلطف باتیں کرتے ہیں (۲) (طنزاً) ناگوار باتوں کے متعلق کہتے ہیں +

مُنہ سے لعل اُگلنا۔ نہایت خوش کلام اور خوش گفتار ہونا۔ فصاحت و بلاغت سے کلام کرنا +

مُنہ سے مُنہ ملانا (۲) (۱) چُوما چاٹی کرنا۔ بوس و کنار کرنا۔ (۲) ہمکلام ہونا۔ زبان سے زبان ملانا +

مُنہ سے نہ بابا ہے (۱) خاطر سے خاطر اور محبت سے محبت ہے +

مُنہ سینا (۲) (۱) مُنہ بند کرنا۔ خاموش کرنا۔ چپ کرنا (۲)

رشوت دینا +

مُنہ فق (۱) اُداس۔ حواس باختہ۔ بے اُوسان۔ بے حواس +

مُنہ فق ہو جانا۔ یا۔ ہونا (ل) مُنہ سفید ہو جانا۔ حواس باختہ ہو جانا۔ گھبرا جانا۔ ڈر جانا۔ رُعب میں آ جانا۔ خوف زدہ ہو جانا +

مُنہ کا پھوڑا (ا) بدزبان۔ بدلگام۔ مُنہ پھٹ +

مُنہ کا پھوڑا سا ہو جانا (ا) پٹ جانا +

مُنہ کا کچّا (ا) (۱) وہ گھوڑا جو لگام کے جھٹکے کو نہ سہار سکے۔ نرم مُنہ کا گھوڑا (۲) مُرغ اصیل (۳) وہ آدمی جس کی زبان کا اعتبار نہ ہو +

مُنہ کا کڑا (ا) (۱) مُنہ کا سخت۔ سخت دہان۔ مُنہ زور (۲) مضبوط دھار کا +

مُنہ کالا کرنا (ا) (۱) منہ سیاہ کرنا۔ مُنہ کو سیاہی لگانا (۲) زنا کرنا۔ بدفعلی کرنا (۳) عیب لگانا۔ کلنک لگانا +

مُنہ کا مُنہ میں ہاتھ کا ہاتھ میں نوالہ رہ گیا (ل) (مثل) جب کوئی شخص کھانا کھاتے میں کسی صدمے کی خبر سُن کر فوراً کھانا چھوڑ دے وہاں بولتے ہیں۔ یعنی خبر کے سنتے ہی حیرت کا عالم چھا گیا +

مُنہ کا میٹھا (ا) زبان کا میٹھا۔ خلیق۔ شیریں گفتار +

مُنہ کا میٹھا پیٹ کا کھوٹا (ا) ظاہر میں دوست۔ باطن میں دشمن +

مُنہ کا نوالہ (ا) مذکر (۱) لقمۂ دہن (۲) نہایت آسان اور سہل کام۔ ادنیٰ کام

مُنہ کا نوالہ سمجھنا (ل) ایک ادنیٰ و آسان کام سمجھنا +

مُنہ کا نوالہ ہو جانا (ا) (۱) مُنہ میں چلا جانا۔ لقمہ ہو جانا (۲) سہل اور آسان ہو جانا +

مُنہ کا نُور اُتر جانا (ل) چہرے کی رونق اور آب و تاب کا جاتے رہنا۔ بے رونق ہو جانا +

مُنہ کرنا (ا) (۱) سُوراخ کرنا۔ چھید کرنا (۲) زخم یا پھوڑے کا سوراخ ظاہر ہونا۔ پھوٹنا (۳) لحاظ کرنا۔ پاس کرنا۔ خاطر کرنا (۴) مُنہ سامنے کرنا۔ رُخ کرنا۔ (۵) لالچ کرنا +

مُنہ کِلنا (ا) زبان بند ہونا۔ کسی کے خلاف کہنے سے رُکنا +

مُنہ کو بنوانا (ا) اپنے آپ کو کسی کام کے لائق کرنا۔ قابلیت پیدا کرنا +

مُنہ کو پھیر لینا (ا) (۱) اعراض کرنا۔ رو کشی کرنا۔ روگردانی کرنا (۲) انکار کرنا +

مُنہ کو جگر آنا (ل) دم اُلٹنا۔ جی گھبرانا۔ ضبط نہ ہو سکنا +

مُنہ کو خون لگنا (ل) (۱) خون کی چاٹ لگنا۔ خون کا مزہ پڑنا (۲) رشوت کا عادی ہونا +

مُنہ کو سنبھالنا (ا) بدزبانی سے باز آنا۔ بیہودہ باتیں کرنے سے رُکنا +

مُنہ کو قفل دینا۔ یا۔ لگا دینا (ل) (۱) مُنہ کو بند کرنا۔ خاموشی اختیار کرنا (۲) مُنہ کو کھانے پینے سے روکنا +

مُنہ کو کالک لگانا (ا) بدنام کرنا۔ رُو سیاہ کرنا۔ رُسوا کرنا۔ کلنک لگانا +

مُنہ کو کلیجہ آنا (ل) دم اُلٹنا۔ غم و غصّہ ضبط نہ ہو سکنا۔ دل کا نہایت بیزار ہونا۔ نہایت جی گھبرانا +

مُنہ کو لگام دو (ل) بدزبانی نہ کرو۔ زبان سنبھال کر بات کرو +

مُنہ کو لگنا (ا) (۱) مزہ پڑنا۔ چسکا پڑنا۔ زبان کو چاٹ پڑنا (۲) خوش ذائقہ معلوم ہونا +

مُنہ کو لہو لگنا (ا) (۱) خونخوار بن جانا۔ گوشت کا چسکا پڑنا۔ شکار کا مزہ پڑنا۔ خُون کی چاٹ لگنا (۲) رشوت کا مزہ پڑنا۔ مال مفت کی چاٹ لگنا +

مُنہ کو مزہ لگا دینا (ا) چٹورا بنا دینا۔ زبان کو چاٹ ڈال دینا +

مُنہ کو موڑنا (ا) مُنہ پھیرنا۔ بے رُخی کرنا۔ بے مروّتی کرنا +

مُنہ کہاں ہے؟ (ا) کیا تاب و طاقت ہے۔ کیا مجال ہے؟

مُنہ کھائے آنکھ لجائے (ا) (مثل) احسان کرنے والے کے ساتھ مروّت کرنی پڑتی ہے +

مُنہ کھل جانا (ا) (۱) دہن کشادہ ہو جانا (۲) مُنہ پھٹ ہو جانا۔ گستاخ ہو جانا۔ بدلگام ہو جانا +

مُنہ کھلنا (ا) (۱) دہن فراخ ہو جانا (۲) بدلگام ہو جانا۔ بدزبان ہونا (۳) بیان کرنے یا کہنے پر آمادہ ہونا +

مُنہ کھلوانا (ا) (۱) مُنہ فراخ کرنا (۲) بولنے پر مجبور کرنا۔ زبان کھلوانا (۳) گستاخ بنانا۔ بے ادب بنانا۔ بولنے یا بات کرنے کی جرأت دینا (۴) زبان سے نکلوانا۔ سوال کرنا +

مُنہ کھول کر رہ جانا (ا) (۱) کچھ کہتے کہتے خاموش ہو جانا (۲) مشتاق رہ جانا +

مُنہ کھولنا (ا) (۱) زبان کھولنا۔ بات کرنا۔ کہنا (۲) گالیوں پر اُترنا۔ باتیں سنانا۔ زبان چلانا (۳) نقاب اُٹھانا۔ مُنہ اُٹھانا۔ گھونگٹ کھولنا +

مُنہ کے آگے خندق نہیں (ل) بڑا بکواسی ہے +

مُنہ کیا ہے؟ (ا) کیا حوصلہ ہے۔ کیا مجال ہے۔

کیا تاب و طاقت ہے ◆

مُنہ کی بات چھین لینا (ف) دوسرے کے دل کی کہہ دینا ◆

مُنہ کے بل گرنا (ف) مُنہ کے بل آنا۔ ذلیل ہونا۔ ذلت اُٹھانا ◆

مُنہ کی ٹکیا (ف) (مؤنث) چہرہ ◆

مُنہ کی دکھائی (ف) (مؤنث) رُونمائی۔ وہ نقدی جو دُلہن کا مُنہ دیکھ کر عزیز و اقارب دیتے ہیں ◆

مُنہ کی سچی (ف) (مؤنث) وہ تلوار جس کا مُنہ نہ پھرے ◆

مُنہ کی کھانا یا (ف) (۱) چہرے کی کھانا۔ مُنہ پر چوٹ کھانا (۲) تھپڑ کھانا۔ طمانچہ کھانا (۳) سزا پانا۔ مار کھانا (۴) شرمندہ ہونا۔ خِفّت اُٹھانا۔ بدنامی حاصل کرنا۔ اِلزام اُٹھانا (۵) فریب کھانا۔ صریح دھوکا کھانا۔ مُبل میں آنا (۶) ہار جانا۔ شکست کھانا (۷) اوندھے مُنہ گرنا۔ سر کے بل گرنا (۸) اپنے مُنہ سے آپ قائل ہونا (۹) نقصان اُٹھانا ◆

مُنہ کیل دینا۔ یا۔ کیلنا (ف) (۱) جادُو۔ یا۔ منتر سے مُنہ کو بند کرنا (۲) زہریلے جانور کے مُنہ کو کاٹنے کے قابل نہ رکھنا (۳) خاموش کرا دینا (۴) رشوت دے دینا ◆

مُنہ کی لوئی جانا (ف) بے شرم ہونا۔ بے غیرتی چھا جانا۔ شرم و حیا کا جاتے رہنا ◆

مُنہ کی مکھی نہ اُڑا سکنا (ف) نہایت کمزور و ناتواں ہونا ◆

مُنہ لال کر دینا۔ یا۔ کرنا (ف) (۱) پان وغیرہ سے مُنہ سُرخ کرنا (۲) مُنہ پر تھپڑ مار کر چہرہ سرخ کر دینا ◆

مُنہ لال ہو جانا (ف) (۱) غصّے یا طیش سے چہرہ سُرخ ہو جانا (۲) ناموری حاصل ہو جانا (۳) تھپڑ لگنے سے چہرہ سرخ ہو جانا ◆

مُنہ لپیٹ کر پڑا رہنا۔ یا۔ پڑنا (ف) غمگین اور اُداس ہو کر پڑا رہنا۔ غم کے مارے مُنہ پر کپڑا ڈال کر لیٹ رہنا ◆

مُنہ لٹکانا (ف) (۱) دیکھو مُنہ پھُلانا (۲) شرمندگی کے باعث مُنہ کو جھکانا (۳) مُنہ میں کوئی دوا ڈال کر رطوبت ٹپکنے کے لیے مُنہ نیچے کی طرف کرنا ◆

مُنہ لگانا (ف) (۱) مُنہ سے مس کرنا۔ مُنہ سے چھُونا (۲) مُنہ سے جھوٹا کرنا۔ جُھوٹا لینا (۳) کھانا چکھنا۔ زبان پر رکھنا (۴) گستاخ بنانا۔ بے ادب کرنا۔ سر چڑھانا (۵) یار بنانا۔ مصاحب بنانا۔ دوست بنانا (۶) عزت دینا۔ توجہ کرنا۔ مہربانی سے پیش آنا (۷) حمایت کرنا ◆

مُنہ لگائی ڈومنی گاوے تال بے تال۔ مُنہ لگائی ڈومنی آئی بچوں سمیت (ف) (مثل) جب کوئی ذرا سی مہربانی کے سبب نہایت سر چڑھے تو ہاں بولتے ہیں ◆

مُنہ لگنا (ف) (۱) مُنہ سے چھُوا جانا۔ مُنہ سے مس ہونا (۲) مصاحب بننا۔ یار بننا (۳) عزت سے پیش آنا۔ مہربانی سے پیش آنا (۴) سر چڑھنا۔ گستاخ بننا (۵) مقابل ہونا (۶) برابری کرنا (۷) باہم باتیں کرنا (۸) چسکا پڑنا۔ مزہ پڑنا ◆

مُنہ لے کے آنا (ف) صورت دکھانا ◆

مُنہ لے کے پھر جانا (ف) بے اِلتفاتی کے سبب محروم جانا۔ بھروسے کے خلاف مایوس جانا ◆

مُنہ لیکے رہ جانا (ف) اختلاط مرتبہ کا خیال کر کے حالتِ اِنفعال میں خاموش رہ جانا۔ اپنی اُمید اور دعوے یا بھروسے کے خلاف جواب پانے پر شرمندہ ہو جانا ◆

مُنہ مارنا (ف) (۱) کاٹنا۔ ڈسنا۔ ڈنک مارنا (۲) شکار کو مُنہ سے پکڑنا (۳) چونچ مارنا (۴) مُنہ بند کر دینا۔ خاموش کرنا (۵) جلد جلد کھانا (۶) طعنہ کرنا ◆

مُنہ مانگا (ف) حسبِ دلخواہ۔ حسبِ خواہش۔ جیسا مُنہ سے کہا تھا۔ من مانتا ◆

مُنہ مانگا بَر پایا (ف) (۱) دل کے موافق شوہر ملا (۲) حسبِ دلخواہ کام ہُوا۔ جو چاہا سو ہُوا ◆

مُنہ مانگے دام (ف) (مذکر) مُنہ سے طلب کی ہُوئی قیمت۔ مُنہ کا مانگا ہُوا ◆

مُنہ مانگی مراد (ف) (مؤنث) دلی مُراد۔ دلی خواہش ◆

مُنہ مانگی مُراد نہیں ملتی (ف) (مثل) اپنا چاہا نہیں ہوتا۔ خدا کا چاہا ہوتا ہے ◆

مُنہ مانگی موت (ف) (مؤنث) مُنہ کی مانگی ہُوئی موت۔ جب دُکاندار خریدار سے مُنہ مانگی قیمت سے نہ گھٹے تو خریدار کہتے ہیں۔ کہ مُنہ مانگی تو موت بھی نہیں ملتی یہ تو قیمت ہے۔

مُنہ مانگی موت نہیں ملتی (ف) (مثل) انسان اپنی مرضی سے نہیں مر سکتا۔ جب قضا آئے گی تو مرے گا۔ آدمی جو چاہتا ہے۔ وہ نہیں ہوتا۔ بلکہ جو خدا چاہے وہی ہوتا ہے ◆

مُنہ مسل ڈالنا (ف) (۱) دانت جھاڑ دینا۔ کسی کے مُنہ کو ہاتھ سے رگڑنا (۲) دندان شکن جواب دینا ◆

مُنہ موڑنا (ف) (۱) مُنہ ہٹانا۔ رُوگردان ہونا۔ کسی کے شریک حال نہ ہونا۔ پہلو تہی کرنا (۲) رُخ نہ دینا۔ توجہ نہ کرنا۔

(۳) باغی ہونا۔ بغاوت کرنا (۴) پرہیز کرنا۔ باز رہنا (۵) انکار کرنا (۶) شکست کھانا۔ پسپا ہونا (۷) بے مروّتی کرنا۔ ٹالنا۔ بے وفائی کرنا ✦

مُنہ میٹھا کرنا (ف) (۱) مٹھائی کھلانا۔ شیرینی کھلانا (۲) شیرینی کھانا۔ مٹھائی کھانا (۳) عنایت فرمانا۔ کچھ دینا۔ بخشنا (۴) نذرانہ دینا (۵) رشوت دینا (۶) نسبت کرنا۔ منگنی کرنا ✦

مُنہ میں آنا (ف) زبان سے نکلنا۔ زبان پر آنا ✦

مُنہ میں بات کرنا۔ یا۔ بولنا (ف) اس طرح بولنا کہ سمجھ میں نہ آئے۔ غنغنانا ✦

مُنہ میں پانی بھر آنا (ف) (۱) ترشی کے خیال یا کسی عمدہ چیز کی خواہش سے مُنہ میں لُعاب آ جانا (۲) جی للچانا۔ طبیعت کا نہایت خواہش کرنا۔ مزہ یاد آنا۔ شوق پیدا ہونا ✦

مُنہ میں پانی چُوانا (ف) مرتے وقت مُنہ میں پانی ٹپکانا۔ مرنے کے قریب پہنچنا ✦

مُنہ میں پڑنا (ف) (۱) کھانے میں آنا۔ مُنہ میں جانا (۲) مشہور ہونا۔ زبان زد ہونا۔ پھیلنا ✦

مُنہ میں پڑھنا (ف) چُپکے چُپکے پڑھنا۔ آہستہ پڑھنا جو دوسرے کی سمجھ میں نہ آئے ✦

مُنہ میں پھپڑی یا۔ پھپڑیاں بندھ جانا (ف) پیاس۔ یا تشنگی سے ہونٹوں کا پپڑا جانا۔ لب خشک ہونا ✦

مُنہ میں تنکا لینا (ف) (۱) دانتوں میں تنکا لینا (۲) عاجزی کرنا۔ ہاتھ جوڑنا۔ پاؤں پڑنا ✦

مُنہ میں تھُوک بلونا (ف) بیہودہ اور بے معنی باتیں کرنا ✦

مُنہ میں خاک (ق) اپنے خلاف کہنے والے کے حق میں بولتے ہیں ✦

مُنہ میں دانت نہ پیٹ میں آنت (ف) (مثل) ایسا بوڑھا ہے کہ مُنہ میں دانت نہیں اور پیٹ میں ہضم ہونے کے لئے انتڑیاں نہیں ✦

مُنہ میں روٹی سر پر جوُتی (ف) نہایت بے عزّتی سے روٹی دینے کے لئے بولتے ہیں ✦

مُنہ میں زبان حلال ہے (ق) مُنہ میں زبان سچ اور حق بات کے لئے ہے۔ آدمی حلال چیز ہی کو مُنہ میں لے جاتا ہے۔ اگر یہ حرام ہوتی تو مُنہ میں نہ رہتی ✦

مُنہ میں زبان نہ ہونا (ف) گونگا ہونا۔ خاموش ہونا۔ بول نہ سکنا۔ بات نہ کر سکنا ✦

مُنہ میں زبان نہیں (ق) (۱) نہایت غریب اور بے زبان آدمی ہے (۲) خاموش ہے۔ چُپ ہے۔ بول نہیں سکتا ✦

مُنہ میں زبان ہونا (ف) کہنے اور بولنے کی طاقت رکھنا جواب دینے کے قابل ہونا ✦

مُنہ میں صابُون گھلا جانا (ف) مُنہ پھیکا بے مزہ ہو جانا ✦

مُنہ میں کالک لگ جانا (ف) بدنامی ہونا۔ رُسوائی ہونا ✦

مُنہ میں گھنگھنیاں بھر کر بیٹھنا (ف) خاموش ہو کر بیٹھنا خاموشی اختیار کرنا ✦

مُنہ میں گھنگھنیاں بھرنا (ف) چُپ ہونا۔ خاموشی اختیار کرنا۔ گونگا بن جانا ✦

مُنہ میں گھی شکّر (ق) اس موقع پر کہتے ہیں۔ جب کوئی خوش خبری سُنائے ✦

مُنہ میں نام پھرنا (ف) دماغ میں کسی کا نام محفوظ ہونا مگر موقع پر یاد نہ رہنا ✦

مُنہ نچوڑنا (ف) (۱) دانت نکالنا۔ بے وقوفوں کی طرح ہنسنا (۲) جواب نہ بن پڑنا ✦

مُنہ نکل آنا (ف) (۱) چہرہ اُتر جانا۔ مُنہ سُست ہو جانا۔ کمزور و ناتواں ہو جانا۔ دُبلا ہو جانا ✦

مُنہ نوچ لینا (ف) چہرے کو ناخنوں سے کھُرچ ڈالنا ✦

مُنہ نہ پڑنا (ف) حوصلہ نہ پڑنا۔ جُرأت نہ ہونا۔ کہنے کی جُرأت نہ ہونا ✦

مُنہ نہ پھیرنا (ف) مُنہ نہ موڑنا۔ مستقل رہنا۔ مُنہ نہ ہٹانا ✦

مُنہ نہ چڑھنا (ف) (۱) چیں بجبیں نہ ہونا۔ خفا نہ ہونا (۲) مقابل نہ ہونا۔ برابری نہ کرنا۔ ہمسری نہ کرنا ✦

مُنہ نہ دکھانا (دکھلانا) (ف) سامنے نہ آنا۔ صُورت نہ دکھانا۔ شرم کے باعث رُو پوش ہو جانا (۲) مُنہ آگے نہ لانا۔ سامنے نہ لانا ✦

مُنہ نہ دیکھنا (ف) صورت سے بیزار ہونا۔ از حد متنفر ہونا ✦

مُنہ نہ کرنا (ف) (۱) رُخ نہ کرنا۔ کسی طرف جانے کا نام نہ لینا (۲) متوجّہ نہ ہونا۔ اِلتفات نہ کرنا (۳) لحاظ نہ کرنا۔ پاس نہ کرنا ✦

مُنہ نہ کھلواؤ (ف) زبان نہ کھلواؤ۔ اپنے عیب نہ کھلواؤ۔ ہم سے بات نہ کرو۔ ورنہ ہمارے مُنہ میں جو آئیگا۔ صاف کہ دیں گے ✦

مُنہ نہ لگانا (ف) (۱) مُنہ کے پاس تک نہ لانا (۲) خیال میں نہ لانا۔ محبّت سے بات نہ کرنا (۳) بات نہ پوچھنا توجّہ نہ کرنا۔ خاطر میں نہ لانا (۴) یار نہ بنانا۔ صحبت

سے نفرت کرنا ۔ گستاخ نہ بنانا۔ بے ادب نہ کرنا ◆
مُنہ نہ موڑنا (ہ) (۱) رُخ نہ پھیرنا۔ مُنہ نہ پھیرنا (۲) اِنکار نہ کرنا (۳) بیوفائی نہ کرنا۔ بے مروّتی نہ کرنا (۴) سر گردانی نہ کرنا ◆
مُنہ ہاتھ دھونا (ہ) پانی سے ہاتھوں اور مُنہ کو صاف کرنا ◆
مُنہ ہونا (ہ) (۱) چھید ہونا۔ سوراخ ہونا (۲) پاس ہونا۔ لحاظ ہونا (۳) حوصلہ ہونا۔ مجال ہونا۔ تاب و طاقت ہونا ◆
مُنہ ہے (ہ) کیا طاقت ہے۔ کیا مجال ہے۔ کیا حوصلہ ہے ◆
مُنہ ہی مُنہ مارے اور توبہ توبہ پکارے (ہ) کہاوت اپنا الزام مظلوم کے سر تھوپے۔ خود ہی سزا دے۔ اور خود پناہ مانگے ◆
مُنہ ہی مُنہ میں (ہ) چپکے چپکے ہونٹوں ہی ہونٹوں میں ◆
مُنہ ہی مُنہ میں کہنا (ہ) اِس طرح بولنا کہ دُوسرا نہ سمجھے۔ چپکے چپکے کہنا ◆
مُنہا مُنہ (ہ) بھرپور۔ لبریز۔ معمور۔ لبالب ◆
مِنہا (مِن۔ ہا) (ع) تفریق۔ مُجرا۔ نفی۔ منفی۔ وضع ◆
مِنہا کرنا (ل) تفریق کرنا۔ مُجرا کرنا۔ منفی کرنا ◆
مِنہاج (مِن۔ ہاج) (ع) مذکر۔ راہ۔ راستہ۔ سڑک ◆
مِنہار۔ منار (مِنھار۔ مِنار) (س۔ مذکر) کانچ کی چوڑیاں بنانے اور بیچنے والا۔ شیشہ گر ◆
منہاری۔ مناری (ہ) مؤنث۔ منار کی بیوی۔ چوڑیاں بنانے اور بیچنے والی ◆
مِنہائی (ع) مؤنث۔ تفریق۔ نفی۔ وضع ◆
مِنہائی وار (ع۔ ف) قابل خراج زمین رکھنے والا ◆
مُنہدم (مُن۔ ہدِم) (ع) گرا ہُوا (مکان) مسمار۔ خراب ویران۔ برباد ◆
مِہندی (مِہن۔ دی) (ہ) مؤنث (۱) حنا۔ ایک قسم کے پتے جنہیں پیس کر لگانے سے ہاتھ سُرخ ہو جاتے ہیں (۲) ایک رسم جس میں دُولہا کے گھر سے دُلہن کے ہاں مہندی وغیرہ بھیجتے ہیں (۳) محرم کی ساتویں تاریخ۔ اہل تشیع حضرت قاسمؑ کی مہندی کی نقل کرتے ہیں ◆
مہندی تو پاؤں میں نہیں لگی ہے (ہ) آتے کیوں نہیں۔ بہانے بناتے ہو ◆
مہندی رچانا۔ یا۔ رنگانا۔ یا۔ ملنا (ہ) ہاتھوں میں مہندی لگانا ◆
مہندی رچنا (ہ) مہندی کا رنگ دینا۔ مہندی ملنا ◆

مہندی کی ٹٹّی (ہ) مؤنث۔ مہندی کے پودوں کی قطار جو باغ کی روشوں پر لگاتے ہیں ◆
مُنہزم (مُن۔ ہزِم) (ع) شکست کھانیوالا۔ لڑائی سے بھاگ جانیوالا۔ بھاگا ہُوا ◆
مُنہضم (مُن۔ ہضِم) (ع) ہضم ہونے والا۔ پچنے والا ◆
مُنہنال (مُنہ۔ نال) (ہ) مؤنث۔ مُنہ کی نال۔ وہ پیتل چاندی وغیرہ کی چھوٹی سی نالی جو حُقّے کی نے کے آگے لگا دیتے ہیں ◆
مَنی (مَنی) (ع۔ مؤنث) انزال کے وقت آلۂ تناسل سے نکلنے والی سفید رطوبت۔ دھات۔ رطوبت ◆
مَنی (مَنی) (ف۔ مؤنث) غرور۔ خود بینی۔ تکبر۔ خودی۔ نخوت ◆
مَنی (مَنی) (انگ Money) (مذکر و مؤنث) روپیہ۔ نقدی ◆
منی آرڈر (انگ Money order) (مذکر) وہ روپیہ جو ڈاک کے ذریعے سے بھیجا جاتا ہے ◆
منی آرڈر کا فارم (انگ۔ ہ) (مذکر) منی آرڈر بھیجنے کا کاغذ ◆
مَنی بیگ (انگ۔ Money bag) (مذکر) نقدی رکھنے کا تھیلا ◆
مُنی (مُنی) (س۔ مذکر) زاہد۔ رشی۔ تپسّی۔ مرتاض ◆
مُنّی (مُن۔ نی) (ہ۔ مؤنث) (۱) چھوٹی بچّی (۲) چھوٹی چیز ◆
مُنیا (مُن۔ یا) (ہ۔ مؤنث) لال کی مادہ۔ پدڑی ◆
مُنیا بول جانا (ہ) نیک شگون ہونا۔ اچھا شگون ہونا ◆
مُنیب (مُنیب) (ع۔ مذکر) آقا۔ مالک۔ مُربّی ◆
مُنیر (مُنیر) (ع) روشن۔ چمک دار۔ روشنی دینے والا ◆
مُنیم (مُنیم) (مُنیب کا مُخرب) (مذکر) حساب کتاب رکھنے والا۔ محرر۔ محاسب ◆

م ۔ و

مُو (مُو) (ف۔ مذکر) بال۔ کیس ◆
مُوباف (ف) (مذکر) وہ دھجی۔ ہتّی۔ یا فیتہ جسے عورتیں چوٹی میں ڈال کر گوندھتی ہیں ◆
مُو بمُو (ف) بال بال۔ ذرا ذرا۔ حرف بحرف ◆
مُوشگاف (ف) باریک بین۔ نکتہ رس۔ بال کی کھال کھینچنے والا ◆
مُوشگافی (ف) (مؤنث) باریک بینی۔ چھان بین ◆
مُوقلم (ف۔ ع) (مذکر) بالوں کا قلم۔ باریک برش ◆
مُوزہار۔ یا۔ نہانی (ف۔ ع) (مذکر) جھانٹیں۔ گُہ بال

جو زیرِ ناف ہوں ●
مُوئے مُبارک (ف - ع) (مذکر) کسی بزرگ کے مقدّس بال جو بطورِ تبرک یا نشانی رکھے جائیں ●
مَو (مَوْ) (ہ - مؤنث) (۱) جوانی - شباب - جوبن - بہار (۲) مرضی - خوشی - خواہش ●
مَو پہ آنا (ہ) (۱) جوبن پر آنا - جوانی میں بھرنا (۲) پکنا - پختہ ہونا ●
مَوا (مَوْ - وَا) (ہ - مذکر) ایک درخت اور اس کا پھل ●
مُوا (مُوْا) (ہ) (صفت) (۱) مَرا ہُوا - مُردہ - بے جان (۲) گوڑا - نامُراد - خانہ خراب (۳) مَر گیا - فوت ہو گیا ●
مُوا بادل (ہ - مذکر) اسفنج - سپنج - ابرِ مُردہ ●
مُوا جاتا ہے (ہ) (۱) مَرا جاتا ہے - دَم نِکلا جاتا ہے (۲) مِٹا جاتا ہے - فریفتہ ہُوا جاتا ہے ●
مواثیق (مَوَا - ثِیْق) (ع) (مذکر) میثاق کی جمع - عہد و پیمان ●
مَوّاج (مَوْ - وَاج) (ع) نہایت موج مارنے والا - لہریں مارنے والا - تُند - تیز ●
مواجب (مَوَا - جِب) (ع) (مذکر) (۱) موجب کی جمع (۲) بجا تنخواہیں - مُشاہرے ●
مُواجہہ (مُوَا - جَہَہ) (ع - مذکر) رُو برُو - سامنے یا مُقابل ہونا ●
مُواخِذ (مُوَا - خِذ) (ع) پکڑنے والا - مواخذہ کرنے والا ●
مُواخذہ (مُوَا - خَذَہ) (ع - مذکر) (۱) جواب طلبی - گرفت - باز پُرس (۲) بدلہ - عوض - مکافات
مُواخذہ دار (ع - ف) (مذکر) جواب دِہ - ذمّہ دار ●
مُواخذہ سے بری کرنا (ہ) قانون - جواب طلبی یا باز پُرس سے نجات دِلانا ●
مُواخذہ کرنا (ہ) پکڑ کرنا - باز پُرس کرنا - جواب طلب کرنا ●
مَواد (مَوَاد) (ع - مذکر) (۱) مادہ کی جمع (۲) اسباب - سامان - مصالح (۳) پیپ - غلاظت - رطوبت (۴) اشیاء - چیزیں (۵) دلائل ●
مَواد آنا (ہ) پیپ نِکلنا ●
مَوادِ فاسِد (ع - مذکر) خراب مادہ ●
مُوازنہ (مُوَا - زَنَہ) (ع - مذکر) برابری - ہموزنی - ہموزن ہونا ●
موازنہ رقبہ بندی (ع - ف) (مذکر) ایسی فہرست یا نقشہ جس سے رقبہ بندی کا اندازہ معلوم ہو ●
مُوازی (مُوَا - زِی) (ع) (۱) برابر - مُقابل - محاذی (۲) ہم قیمت (۳) اندازہ - تخمینہ - قریباً ●
مواشی (مَوَا - شِی) (ع - مذکر) بہت چلنے والا - چوپائے - گھوڑا - گدھا - گائے - بیل - بھیڑ - بکری وغیرہ -

ماشیہ کی جمع ●
مُواصلت (مُوَا - صَلَت) (ع - مؤنث) ملاقات - وصل - ملنا - پیوستگی ●
مواضع (مَوَا - ضِع) (ع) (مذکر) موضع کی جمع - جگہیں ●
مواطن (مَوَا - طِن) (ع) (مذکر) وطن کی جمع ●
مواظبت (مُوَا - ظَبَت) (ع) (مؤنث) ایک کام ہمیشہ کئے جانا ●
مواعظ (مَوَا - عِظ) (ع) (مؤنث) موعظت کی جمع - نصیحتیں ●
مواعید (مَوَا - عِیْد) (ع - مذکر) میعاد کی جمع - وعدے ●
مُوافِق (مُوَا - فِق) (ع) (۱) مطابق - مناسب - برابر کا - ٹھیک - مشابہ - ہمشکل (۲) لائق - سزاوار (۳) حسب ●
مُوافِق آنا (ہ) (۱) مطابق ہونا - ٹھیک آنا - درست آنا (۲) مزاج یا طبیعت کے مناسب ہونا ●
مُوافقت (مُوَا - فَقَت) (ع) (مؤنث) مطابقت - برابری - ساجھا - اتفاق - دوستی - رسائی ●
موافقت آنا (ہ) طبیعت مِلنا - مزاج کے موافق ہونا ●
مُوافقت کرنا (ہ) اتفاق کرنا - مِلنا - ملاپ کرنا - دوستی کرنا - دل مِلانا ●
موافقت ہونا (ہ) رسائی ہونا - اتفاق ہونا - مزاج مِلنا ●
مَواقِع (مَوَا - قِع) (ع - مذکر) موقع کی جمع - محل - موقعے ●
مَواقِف (مَوَا - قِف) (ع - مؤنث) موقف کی جمع - ٹھہرنے کی جگہیں ●
مَواکب (مَوَا - کِب) (ع - مذکر) موکب کی جمع - سواروں کے گروہ - لشکر - رسالے ●
مُواکلت (مُوَا - کَلَت) (ع - مؤنث) باہم مِل کر کھانا ●
مُوالات (مُوَا - لَات) (ع - مؤنث) باہمی اتحاد - آپس کی دوستی ●
مَوالی (مَوَا - لِی) (ع - مذکر) مولیٰ کی جمع - غلام - نوکر چاکر ●
مَوالید (مَوَا - لِیْد) (ع - مذکر) مولود کی جمع - بچے - لڑکے ●
موالیدِ ثلاثہ (ثَلَاثَہ) (ع) (مذکر) تین قسم کی مخلوق یعنی حیوانات - نباتات - جمادات ●
موالید سہ گانہ (ع - ف)
مؤانست (مُوَا - نَسَت) (ع - مؤنث) باہمی محبت - پیار - دوستی - اتحاد - ارتباط - اِخلاص ●
موانع (مَوَا - نِع) (ع - مذکر) مانع کی جمع - منع کرنے اور روکنے والی چیزیں ●
مواہب (مَوَا - ہِب) (ع - مؤنث) بخششیں - عطائیں ●
مُواہبت (مُوَا - ہَبَت) (ع - مؤنث) سخاوت - فیاضی - خیر خیرات ●
مَوائد (مَوَا - ئِد) (ع - مذکر) کھانے کے چُنے ہوئے دسترخوان ●
مَوب (مَوْب) (ہ) ... (مذکر) ہجوم عوام -

ہجوم۔ عوام۔ گروہ +
موبد (مُو۔بِد) (ف) (مذکر) حکیم۔ فلاسفر۔ پارسیوں کا مُلّا +
موت (مُوت) (ہ) مذکر (۱) پیشاب۔ بول (۲) نطفہ۔ منی (۳) لڑکا۔ اولاد۔ بدمعنی لڑکا +
موت اٹکنا (ہ) پیشاب بند ہونا۔ پیشاب رکنا۔ حبس البول +
موت پاتر (ہ) مذکر۔ پیشاب کرنے کا برتن +
موت سے نکال کر گوہ میں ڈالنا (ل) ذلیل سے ذلیل تر کرنا۔ ایک خراب حالت سے نکال کر دوسری بدتر حالت میں ڈالنا +
موت کا چلّو ہاتھ میں دینا (ہ) بھلائی کے بدلے بُرائی دینا۔ نیکی کے عوض بدی دینا +
موت کی دھار پر مارنا (ہ) بالکل ذلیل اور ہیچ سمجھنا۔ خاطر میں نہ لانا۔ کچھ قدر و قیمت نہ سمجھنا +
موت کے ریلے میں بہا دینا (ہ) (۱) موت کی دھار پر مارنا۔ بے قدری سے ضائع کرنا۔ کچھ حقیقت نہ سمجھنا (۲) عیاشی اور زناکاری میں روپیہ برباد کرنا +
موت لگنا (ل) پیشاب کی حاجت ہونا۔ بول آنا +
موت مارنا } (ہ) خوف سے موت دینا۔ ڈر سے پیشاب
موت نکلنا } خارج ہونا +
موت (مَوت) (ع۔ مؤنث) (۱) قضا۔ مرگ۔ اجل۔ انتقال۔ وفات (۲) (ل) شامت۔ خرابی +
موت آجانا (ل) (۱) مرجانا۔ فنا ہوجانا۔ گزر جانا (۲) (مجازاً) وقت پر موجود نہ ہونا۔ دیر لگا دینا +
موت آنا (ل) (۱) مرنا۔ قضا آنا (۲) جان نکلنا۔ ناگوار گزرنا۔ (۳) شامت آنا۔ خرابی آنا۔ آفت آنا +
موت بھلی کہ جان کندنی (ل) (مثل) روز روز کی تکلیف سے ایک دفعہ مرجانا ہی بہتر ہے۔ حالت نزع سے موت اچھی ہے +
موت پتر (ل) مذکر۔ وصیت نامہ +
موت پڑنا (ل) دشوار معلوم ہونا۔ ناگوار گزرنا۔ دم نکلنا۔ گھبرانا۔ ڈرنا۔ خوف کھانا +
موت چاہنا (ل۔ ۱) مرنے کی خواہش کرنا۔ موت قبول کرنا (۲) شامت چاہنا +
موت کا پسینہ آنا (ل) حالت نزع میں ٹھنڈا پسینہ آنا۔ تکلیف مرض یا ضعف سے چہرے کا عرق آلود ہونا +
موت سر پر کھیلنا۔ یا۔ سوار ہونا (ل) (۱) موت قریب

آنا (۲) شامت آنا +
موت کا بازار تیز (گرم) ہونا۔ کثرت سے موتیں واقع ہونا +
موت کا ڈھلکا (ل) (مذکر) مرنے کے قریب آنکھوں سے پانی بہنا۔ نیل ڈھلنا +
موت کا طمانچہ (ہ) مذکر۔ موت کا صدمہ۔ موت کا تھپیڑ +
موت کا مرض (ل) (مذکر) وہ بیماری جس کے سبب آدمی مرے +
موت کا ہنسنا (ل) قضا کا انسان کے غرور اور حرکات پر تمسخر کرنا +
موت کو پکڑا تو بخار پر راضی ہوا } (ل) (کہاوتیں) (۱) جو
موت کو پکڑا تو زحمت قبول کی } آدمی بڑے دکھ
موت کو پکڑے تو تپ کو راضی ہو } میں مبتلا ہوتا ہے۔
وہ تھوڑے دکھ کو بھی غنیمت جانتا ہے۔ (۲) مشکل کام پہ مجبور کریں گے۔ تو آسان کام پر راضی ہوگا +
موت کے دن پورے کرتے ہیں (ل) بڑی مشکل سے زندگی پوری کرتے ہیں۔ بڑی بے مزگی سے عمر کٹتی ہے +
موت لائی ہے (ل) قضا لائی ہے۔ شامت لائی ہے۔ موت نے بلایا ہے +
موت مجازی (ع۔ مؤنث) اعتباری موت +
موت نے گھر دیکھ لیا ہے۔ یا۔ موت گھر دیکھ گئی ہے (ل) مصیبت نے ہمارا گھر دیکھ لیا ہے۔ اب جب آئے گی۔ ادھر ہی چلی آئے گی۔ دشمن نے گھر دیکھ لیا ہے +
موت ہونا (ل) (۱) میّت ہونا۔ کسی کا کوئی مرجانا (۲) مصیبت ہونا۔ خرابی ہونا +
موتا (مَو۔تا) (ہ۔ مؤنث) (۱) میّت۔ مرنے کا واقعہ (۲) میّت کی رسم +
مؤتمر (مُو۔تَمِر) (ع۔ مؤنث) مجلس مشورہ۔ کانفرنس +
موتنا (ہ) (۱) پیشاب کرنا (۲) (مجازاً) بحالت تنفر توجہ کرنا۔ نظر ڈالنا +
موتھا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کی گھاس جس کی جڑیں سے دانے نکلتے ہیں +
موتھرا (مُوتھ۔رَا) (ہ) مذکر۔ گھوڑے کا ایک مرض جس میں اُس کے ٹخنے کی ہڈی بڑھ جاتی ہے۔ ہڈا +
موتی (مُو۔تی) (ہ) (مذکر) (۱) گوہر۔ دُر۔ مروارید۔ لُولُو

(۲) (تشبیہاً) گول اور مدوّر چیز (۳) صاف۔ شفاف۔ آب دار ✦

موتی پاک (ہ) (مذکر) ایک قسم کی مٹھائی ✦

موتی پرونا (ہ) (۱) موتیوں کی لڑی بنانا (۲) خوش کلامی کرنا۔ دلآویز باتیں کرنا (۳) نہایت خوش خط لکھنا (۴) کوئی باریک کام نہایت خوبی سے کرنا (۵) لگاتار رونا ✦

موتی ٹھنڈے ہونا (ہ) (۱) سحر ہونے کے آثار یا علامات کا ظاہر ہونا۔ صبح ہونا۔ پو پھٹنا (۲) موتیوں کا ٹوٹ جانا۔ موتیوں کا کڑک جانا ✦

موتی جھیل (ہ) (مؤنث) ایک خوبصورت تالاب۔ جو لکھنؤ کے عیش باغ میں بنا ہوا ہے ✦

موتی چور (ہ) (۱) چمکدار۔ چمکیلا (۲) (مذکر) ایک قسم کی مٹھائی جس میں موتی کے برابر دانے ہوتے ہیں (۳) (مؤنث) کابلی کبوتروں کی ایک قسم کی چمکدار آنکھیں ✦

موتی چور کے لڈو (ہ) مذکر۔ دانہ دار لڈو۔ ایک قسم کی مٹھائی ✦

موتی چھیدنا (ہ) (۱) موتی میں سوراخ کرنا (۲) ازالۂ بکر کرنا۔ چیرا توڑنا۔ کنوارپن دور کرنا ✦

موتی خاک میں رولنا (ہ) کسی اچھی چیز کی بیقدری کرنا ✦

موتی رولنا (ہ) (۱) موتی اکٹھے کرنا۔ گوہر جمع کرنا (۲) خوب روپیہ کمانا۔ دولت گھسیٹنا۔ مفت کا مال اڑانا ✦

موتی کا چونا (ہ) مذکر۔ جلے ہوئے موتیوں کا سفوف جو امیر لوگ پان میں استعمال کرتے ہیں ✦

موتی کوٹ کر بھرے ہیں (ہ) نہایت خوبصورت اور چمکیلی آنکھیں ہیں ✦

موتی کی آب (ہ) (مؤنث) موتی کی آب داری۔ گوہر کی چمک ✦

موتی کی سی آب اتر جانا۔ یا رجانا (ہ) عزت نکل جانا رہنا ✦

موتی کی سی آب ہے (ہ) عزت بڑی نازک چیز ہے ✦

موتی کی سیپی (ہ) (مؤنث) صدف مروارید۔ وہ سیپی جس میں موتی پیدا ہوتا ہے۔

موتی کی لڑی (ہ) (مؤنث) (۱) موتی کی مالا۔ موتی کا ہار۔ سلک مروارید (۲) (تشبیہاً) چمکدار اور صاف دانتوں کی قطار ✦

موتی محل (ہ) (مذکر) (۱) موتی کا بنا ہوا محل (۲) ایک خوبصورت محل جو دہلی کے قلعہ معلّٰی میں سنگ سرخ اور سنگ مرمر کا بنا ہوا ہے ✦

موتی مسجد (ہ) (مؤنث) قلعہ معلّٰی دہلی کی ایک نہایت خوبصورت سنگ مرمر کی مسجد ✦

موتیا (مو۔ تیا) (ہ) (۱) موتی کی مانند۔ موتی سے مشابہ (۲) (مؤنث) ایک قسم کا خوشبودار پھول (۳) (مؤنث) ایک قسم کی چیچک جس میں چمکدار اور سرخ پھنسیاں نکل آتی ہیں ✦

موتیا بند (ہ) (مذکر) آنکھ کی ایک بیماری جس سے بینائی جاتی رہتی ہے ✦

موتیوں (ہ) (مذکر) موتی کی جمع ✦

موتیوں سے مانگ بھرنا (ہ) مانگ میں موتی پرونا ✦

موتیوں سے منہ بھرنا (ہ) خوش گفتاری۔ یا خوشخبری کے انعام میں جواہرات سے مالا مال کر دینا۔ نہال کر دینا ✦

موتیوں کا جھالا (ہ) (مذکر) کان کا ایک زیور جس میں موتیوں کی لڑیاں ہوتی ہیں ✦

موتیوں کا نوالہ (ہ) (مذکر) تر مال۔ نہایت عمدہ غذا ✦

موتیوں کا ہار (ہ) (مذکر) موتیوں کی مالا ✦

موتیوں میں تولنا (ہ۔ مذکر) موتیوں کا ہم وزن سمجھنا۔ نہایت آبرودار جاننا ✦

موتیوں میں لدنا (ہ) موتیوں کا زیور بہت سا پہننا ✦

موٹ (مؤنث۔ (ہ) مؤنث) (۱) ایک غلہ۔ موٹھ (۲) گٹھڑی۔ پوٹلی۔ بستہ۔ بقچی (۳) چرس۔ ڈول ✦

موٹا (مو۔ ٹا) (ہ) (۱) لحیم۔ جسیم۔ فربہ۔ تیار۔ طاقت ور (۲) گاڑھا۔ سطبر۔ دبیز (۳) ادنیٰ درجے کا (۴) سخت۔ ناگوار۔ فحش (۵) مضبوط۔ قوی (۶) جلی ✦

موٹا اناج (ہ) مذکر۔ غریبوں کے کھانے کا سستا اناج ✦

موٹاپن (ہ) مذکر۔ فربہی۔ سطبری ✦

موٹا تازہ (ہ) تیار۔ لحیم۔ شحیم۔ تندرست و توانا ✦

موٹا جھوٹا (ہ) مذکر۔ ادنےٰ قسم کا۔ گھٹیا ✦

موٹا دکھائی دینا (ہ) کم نظر آنا۔ صاف نہ دکھائی دینا ✦

موٹا سا طوفان (ہ) (مذکر) (ع) بڑا بھاری الزام۔ بہتان عظیم ✦

موٹا قلم (ہ) مذکر۔ (۱) جلی قلم۔ وہ قلم جس سے موٹے حروف لکھے جائیں (۲) جلی خط۔ جلی لکھا ہوا ✦

موٹر (مو۔ ٹر) (انگریزی - MOTOR) (مؤنث)

کل کی گاڑی۔ کار۔ وہ گاڑی جو پٹرول اور مشین کے ذریعے سے چلتی ہے ✦

موٹھ۔موٹھا (مُوٹھ۔مُوٹھا) (۲) مؤنث (ایک قسم کا غلہ۔ موٹھ

موٹھ کا دانہ (۱) مذکر۔ ذلی ہوئی موٹھ ✦

مُوٹھ (مُٹھ) (۱) مؤنث (۱) دستہ۔ قبضہ۔ گرفت۔ دستی (۲) مُشت۔ مٹھی (۳) جادُو۔ ٹونا۔ سحر۔ منتر ✦

مُوٹھ چلانا (ل) جادو چلانا۔ منتر پھونکنا ✦

مُوٹھ کرنا (۵) بیٹروں کو مٹھی میں رکھ کر تیار کرنا اور سدھارنا ✦

مُوٹھ مارنا (۵) (۱) کبوتر کو مٹھی سے پکڑ لینا (۲) مٹھی بھر لینا۔ (۳) جادُو کرنا۔ سحر کرنا (۴) جلق لگانا۔ ہتھ رسی کرنا ✦

موٹھڑا (مُوٹھ۔ ڑا) (۵) مذکر (۱) ایک قسم کا موٹا سوتی دھاری دار کپڑا (۲) نقرئی یا طلائی کام جو تلوار یا کٹ وغیرہ پر بنا ہوتا ہے ✦

موٹی (مُو۔ ٹی) (۵) مؤنث (۱) فربہ عورت (۲) غلیظ۔ گاڑھی۔ دبیز۔ سطبر۔ ضخیم (۳) فحش۔ سخت (۴) مضبوط۔ قوی۔ دبیز ✦

موٹی اسامی (ل) مؤنث۔ دولتمند۔ مالدار آدمی۔ دھن والا دھنی۔ زردار ✦

موٹی بات (۵) مؤنث۔ سیدھی بات۔ ظاہر بات۔ عام فہم۔ صریح بات ✦

موٹی گالی (۵) مؤنث۔ فحش گالی۔ سخت گالی ✦

موٹے (مُو۔ ٹے) (۵) مذکر۔ موٹا کی جمع ✦

مُوثّر (مُ۔ اَثْ۔ ثِر) (ع) اثر کرنے والا۔ کارگر۔ تاثیر کرنے والا ✦

مُوثّر ہونا (ل) اثر کرنا۔ تاثیر دکھانا ✦

مَوج (مَوْج) (ع۔ مؤنث) (۱) لہر۔ ترنگ۔ تلاطم (۲) (ل) اُمنگ۔ طبیعت کی خوشی۔ ولولہ۔ جوش (۳) (ع) خیال۔ وہم (۴) (ل) کثرت۔ افراط۔ بہتات۔ فراغ بالی ✦

موج آنا (ل) (۱) ترنگ آنا۔ لہر آنا (۲) طبیعت میں ولولہ اُٹھنا (۳) شادابی اور سرسبزی ہونا (۴) خیال آ جانا۔ دُھن بندھنا ✦

مَوج خیز (ع۔ف) (دیکھو موج زن) ✦

مَوج زن (ع۔ف) ٹھاٹھیں مارنے والا ✦

مَوج زن ہونا (ل) لہریں مارنا۔ متلاطم ہونا ✦

موج کرنا (ل) عیش و عشرت کرنا۔ مزے اُڑانا ✦

موج مارنا (ل) (۱) لہرانا۔ لہریں مارنا (۲) عیش و عشرت کرنا

موج میں آنا (ل) (۱) لہر میں آنا۔ ترنگ میں آنا (۲) مزے میں آنا ✦

موجِ نسیم (ع۔ مؤنث) ہوا کا جھونکا ✦

مُوجِب (مُو۔ جِب) (ع۔ مذکر) (۱) واجب کرنے والا۔ لازم کرنے والا۔ فرض۔ واجب (۲) سبب۔ باعث۔ وجہ۔ علت (۳) موافق۔ حسب۔ بموجب ✦

مُوجِبہ (ع۔ مذکر) (۱) اثباتی۔ ایجابی۔ مثبت (۲) ضروری چیز ✦

مُوجِد (مُو۔ جِد) (ع۔ مذکر) نئی بات ایجاد کرنے والا۔ پیدا کرنے والا۔ بنانے والا ✦

مُوجَز (مُو۔ جَز) (ع) (۱) خلاصہ (۲) مختصر۔ کوتاہ ✦

مُوَجَّل (مُ۔ ءَج۔ جَل) (ع) مہلت دیا گیا۔ وہ مہر جو نکاح کے بعد کبھی ادا کیا جائے ✦

مَوجُود (مَو۔ جُود) (ع) (۱) وجود کیا گیا۔ پیدا شدہ (۲) حاضر۔ سامنے۔ روبرو۔ آگے (۳) اب۔ اس وقت (۴) تیار۔ مستعد۔ مہیا (۵) (ل) قائم۔ برقرار (۶) (ل) حاصل۔ میسر۔ دستیاب (۷) (ل) پاس ✦

مَوجُود رہنا (ل) (۱) پاس رہنا۔ حاضر رہنا۔ سامنے رہنا۔ برقرار رہنا ✦

موجود کرنا (ل) (۱) حاضر کرنا۔ منگوانا۔ رُوبرو کرنا (۲) پیدا کرنا۔ (۳) مستعد کرنا۔ تیار کرنا۔ آمادہ کرنا ✦

مَوجُودات (ع۔ مؤنث) (۱) مخلوق۔ خلق۔ مخلوقات۔ دُنیا۔ کائنات۔ جگ۔ سنسار۔ نیچر۔ وہ کل چیزیں جو خدا تعالیٰ نے پیدا کی ہیں (۲) گنتی۔ شمار۔ حاضری ✦

مَوجُودات لینا (ل) (۱) حاضری لینا۔ شمار کرنا۔ گننا۔ دیکھنا (۲) حساب دیکھنا۔ جائزہ لینا۔ مال متاع دیکھنا ✦

مَوجُودگی (ع) (ف) (مؤنث) حاضری۔ حاضر باشی۔ مقابلہ۔ حضوری ✦

مَوجُودگی میں (ل) سامنے ہوتے میں۔ رُوبرو ✦

مَوجُودہ (ف) حال کا۔ اب کا۔ حاضر۔ اس وقت کا ✦

مُوَجَّہ (مُ۔ وَج۔ جَہ) (ع) (۱) خوب۔ پسندیدہ۔ عمدہ۔ مقبول۔ (۲) قابل توجہ (۳) معقول۔ مدلل ✦

موجہ (مَو۔ جَہ) (ع۔ مذکر) لہر ✦

مَوجی (ل) لہری۔ خوش دل۔ ظریف طبع۔ خوش دل ✦

مَوجی بندہ (ل) مذکر۔ دل کا بادشاہ۔ آزاد طبع ✦

موجی جیوڑا (ل) مذکر۔ آزاد منش۔ دل کی خوشی کا تابع ✦

موجیں (ل) (مؤنث) موج کی جمع۔ لہریں ✦

موچھیں کرنا (ف) (۱) خوشی منانا۔ مزے اُڑانا۔ عیش منانا ◆

موچ (مُوْ۔ چ) (۲) مؤنث۔ پاؤں کا اونچا نیچا پڑ جانے سے مڑ جانا۔ لچک۔ چمک۔ چک ◆

موچ آنا (۲) پاؤں مڑ جانا۔ پاؤں کا ٹھوکر لگ کر (۲) مڑ جانا ◆

موچا (مُوْ۔ چا) (۲) مذکر (۱) کیلے کا درخت (۲) کونپل ◆

موچرس (مُوْ۔ چَ۔ رَس) (۲) مذکر۔ سمبل کے درخت کا گوند جو بطور دوا استعمال ہے ◆

موچڑی (مُوْ۔ چ۔ ڑی) (۲) مؤنث۔ جُوتی۔ جُوتا ◆

موچن (مُوْ۔ چَن) (۲) مؤنث (۱) موچی کی بیوی (۲) موچی ذات کی عورت ◆

موچنا (مُوْچ۔ نا) (ف) (مذکر) بال اُکھاڑنے کا آلہ۔ بال چننے والا اوزار ◆

موچھ۔ مُونچھ (مُوْ۔ چھ۔ مُوْنچھ) (۲) مؤنث۔ ہونٹوں کے اُوپر کے بال۔ بروت ◆

مُوچھ کا بال (۲) مذکر (۱) صاف۔ کھرا۔ سچا آدمی۔ مُنہ پر کہہ دینے والا آدمی (۲) ناک کا بال۔ نہایت مقرب اور بارسوخ آدمی ◆

موچھ مروڑا (۲) (مذکر) (۱) شیخی باز (۲) مونچھوں کو تاؤ دینے والا ◆

موچھ مروڑا روٹی توڑا (۲) (مثل) اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو کام کچھ نہ کرے مُونچھوں پر تاؤ دیتا پھرے اور مفت کی روٹیاں کھائے ◆

مُوچھ منڈا۔ یا۔ مُنڈا (۲۔ مذکر) وہ شخص جس کی مُوچھیں منڈی ہوئی ہوں ◆

مُوچھا کڑے (۲۔ مذکر) بڑی بڑی مُوچھیں۔ مچھے ◆

مُوچھوں (۲۔ مؤنث) مُوچھ کی جمع ◆

موچھوں پھیرا۔ موچھوں کو تاؤ دینا (ف) (۱) مُوچھوں کو بل دینا۔ (۲) غرور کرنا۔ گھمنڈ کرنا۔ اکڑنا۔ کسی بڑے کام کا ارادہ کرنا ◆

مُوچھوں سے چنگاریاں نکلنا (۲۔ ف) نہایت غضیل اور غضب ناک ہونا ◆

مُوچھیں (۲) (مؤنث) مُوچھ کی جمع ◆

مُوچھیں اُکھڑوا دینا (۲) نہایت ذلیل و خوار کرنا۔ کسی سزا میں مُوچھیں منڈوا دینا ◆

مُوچھیں نیچی کر لینا (۲) زبردست کے سامنے پہلے شیخی اور اکڑ فوں دکھانا اور اس کے کہنے پر مقابلے کو تیار ہو جانا۔ لیکن میدان میں جاتے ہی ہار مان کر بزدلی کا اظہار کر دینا ◆

موچی (مُوْ۔ چی) (۲) مذکر۔ چمار۔ چرم دوز۔ چمڑا سینے والا ◆

موچی کے موچی ہی رہے (۲) (مثل) ذلیل کے ذلیل ہی رہے۔ جیسے تھے ویسے ہی رہے ◆

مُوَحِّد (مُوَ۔ حِّد) (ع۔ مذکر) پکا مسلمان۔ سچا مسلمان۔ خدا کو ایک جاننے والا ◆

مُوَحِّدانہ (ع۔ ف) موحدوں کی طرح۔ پکے مسلمانوں کی مانند ◆

مُوحِش (مُوْ۔ حِش) (ع) وحشت میں ڈالنے والا۔ فکرمند ◆

مُؤَخَّر (مُ۔ ءَخ۔ خَر) (ع) آخر کیا گیا۔ پچھلا۔ انجھر کا ◆

مُؤَخَّرالذکر (ع) جس کا ذکر بعد میں آئے ◆

مُؤَدَّب (مُ۔ ءَدْ۔ دَب) (ع) ادب کیا گیا۔ با ادب۔ بڑا ادب والا۔ مہذب۔ شائستہ۔ خلیق۔ باتمیز۔ تربیت یافتہ ◆

مُؤَدِّب (مُ۔ ءَدْ۔ دِب) (ع) ادب سکھانے والا ◆

مؤدبانہ (ع) مہذب کی مانند۔ ادب و تہذیب سے ◆

مَوَدَّت (مُوَ۔ دَّت) (ع) مؤنث۔ پیار۔ محبت۔ دوستی ◆

مُوڈھو (۲) احمق۔ اُلو۔ بیوقوف۔ بیہودہ۔ سیدھا۔ سادہ۔ مورکھ۔ بھولا ◆

مودی (مُوْ۔ دی) (۲) مذکر (۱) اناج کا سوداگر۔ غلہ بیچنے والا۔ بنیا۔ بقال (۲) قرض دینے والا بنیا۔ وہ بنیا جس کی دُکان سے اُدھار لین دین ہو ◆

مودی خانہ (ف) (مذکر) گودام گھر۔ ذخیرہ رہنے کی جگہ۔ اناج وغیرہ رکھنے کا کمرہ ◆

موڈل (انگریزی۔ Model) (مذکر) (۱) نمود۔ نقشہ (۲) پیمانہ۔ ناپ ◆

موڈل ٹاؤن (انگ Model Town) (مذکر) ایک نیا آباد شدہ علاقہ جو لاہور سے چند میل کے فاصلے پر واقع ہے ◆

مُؤَذِّن (مُ۔ ءَذْ۔ ذِن) (ع) مذکر۔ اذان دینے والا۔ بانگ دینے والا۔ بانگی ◆

مُوذِی (مُوْ۔ ذی) (ع) ایذا دینے والا۔ تکلیف دینے والا۔ ظالم۔ جابر (۲) مارنے والا۔ ہلاک کرنے والا (۳) (مجازاً) بخیل۔ کنجوس (۴) (ف) شریر۔ بدذات ◆

موذی پنا (ف) (مذکر) (۱) ایذا رسانی۔ تکلیف دہی (۲) کنجوسی۔ بخیلی (۳) شرارت۔ فتنہ ◆

مُوذی کا چنگل (ف) (مذکر) ظالم کا پنجہ۔ زبردست کا پنجہ ◆

موذی کا مال (ف) (مذکر) ظالم کا مال۔ کنجوس کا مال ◆

موذی کو نا چھوڑ کر مار دیجئے (ف) (مثل) موذی کو ہر حالت میں مارنا چاہیئے ◆

مُور (مُوْر) (ف) مؤنث۔ چیونٹی ◆

مور و ملخ (ف) (۱) چیونٹی اور ٹڈی دل (۲) بے شمار۔ ان گنت

بہت سا +

مُور (مُوْر) ہ ۔ مذکر (۱) طاؤس ۔ ایک نہایت عمدہ خوبصورت رنگین پروں والا مشہور جانور +

مورپنکھی (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کی کشتی جو مور کی شکل کی بنی ہوئی ہوتی ہے ۔ بجرا (۲) پنکھا ۔ مور کے پروں کی پنکھی یا مورچھل (۳) ایک قسم کی پنکھی جو کھولنے سے مور کے پروں کی مانند گول ہو جاتی ہے +

مور چال (ہ) مؤنث (۱) وہ چال جو دونوں ہاتھوں کے بل ٹانگیں اُوپر کر کے چلتے ہیں (۲) ایک قسم کا ناچ (۳) مور کا ناچ +

مورچھل (ہ) مذکر ۔ مور کے پروں کا چنور جس سے مگس رانی کی جاتی ہے +

مور کی سی گردن (ل) مؤنث ۔ صراحی دار گردن خوبصورت اور لمبی گردن +

مورمکٹ (ہ) مذکر ۔ مور کا سا تاج +

مور ناچتا ہے جب اپنے پاؤں دیکھتا ہے تو رو دیتا ہے (ہ) خوب صورت آدمی کو ذرا سا عیب بھی بُرا معلوم ہوتا ہے +

مَور (مَوْر) ہ ۔ مذکر ۔ آم کا پھول ۔ بُور +

مَور آنا (ہ) آم کے درخت میں شگوفہ آنا +

مُور (ہ ۔ مذکر) تاج ۔ افسر ۔ مکٹ ۔ کلغی ۔ جیغہ +

مُورہ (مُوْرَہ) (انگ ۔ Moor) مذکر ۔ مراقش کے عرب باشندے +

موہا (مو۔ہا) (ہ ۔ مذکر) (۱) پیارا (۲) میرا +

مُورت (مُو۔رَت) } (ہ) مؤنث ۔ صورت ۔ مُورت ۔ لعبت ۔
مُورتی (مُو۔رَتی) } تصویر ۔ صنم ۔ پتلی +

مورتی پوجن (ہ) مؤنث ۔ بُت پرستی ۔ بتوں کی پوجا +

مُورِث (مُو۔رِث) (ع) مذکر (۱) وارث کرنے والا ۔ وہ شخص جس سے ورثہ ملا ۔ ترکہ ملے ۔ وصیت کنندہ (۲) (ف) باعث ۔ سبب +

مورثِ اعلیٰ (ع) مذکر ۔ سب سے بڑا مُورث ۔ مُورثِ اوّل ۔ جدِّ اعلیٰ ۔ وہ سب سے بڑا شخص جس سے ورثہ پہنچا جو کسی ورثے کا سب سے پہلا مالک +

مورچا (مُور۔چا) (ف) مذکر (۱) آڑ ۔ حصار (۲) وہ گڑھا جو قلعے کے چاروں طرف کھود دیتے ہیں ۔ خندق ۔ کھائی (۳) وہ فوج جو مورچے پر لڑنے کے لئے رہتی ہے +

مورچا باندھنا ۔ یا ۔ مورچا بندی کرنا (ل) خندق کھودنا ۔ لڑائی کے لئے دمدمہ تیار کرنا +

مورچا جیتنا (ل) دشمن کے مورچے کا مقام لے لینا ۔ دشمن پر قبضہ کر لینا ۔ گڑھ جیتنا +

مورچا لینا ۔ یا ۔ مارنا (ل) (۱) دشمن کے مورچے کی جگہ لے لینا (۲) جیتنا ۔ مُقابلہ کرنا ۔ لڑنا +

مورچل (مورچال) (ف) مذکر ۔ کھائی ۔ خندق ۔ حصار ۔ آڑ ۔ وہ گڑھا جو قلعے کے اردگرد کھود دیتے ہیں ۔ مورچا +

مورچہ (ف) مذکر (۱) زنگ ۔ زنگار ۔ پھپھوندی (۲) چیونٹی ۔ کیڑا +

مورچہ دوڑنا (ل) زنگ لگ جانا +

مورچہ لگنا (ل) زنگ لگنا +

مُورچھا (مُور۔چھا) (ہ) مؤنث (ہندو) بے ہوشی ۔ بے خودی +

مورچھت (مُور۔چھت) (ہ) (ہندو) بے ہوش ۔ بے خود ۔ بے سُدھ +

مورچے (ل) مذکر ۔ مورچا کی جمع ۔ کھائیاں ۔ خندقیں +

مورچے پر رکھنا (ل) نشانے پر رکھنا ۔ سامنے رکھنا ۔ مقابلے پر رکھنا +

مُورِّخ (مُو۔ءَر۔رِخ) (ع) مذکر ۔ تاریخ لکھنے والا ۔ صاحبِ تاریخ ۔ ناقل +

مورّخہ (ع) تاریخ ڈالا ہوا ۔ لکھا ہوا ۔ مرقومہ ۔ تحریرہ +

مَورِد (مَو۔رِد) (ع) مؤنث (۱) تالاب ۔ جوہڑ ۔ چشمہ (۲) اُترنے کی جگہ ۔ ٹھہرنے کی جگہ +

موردِ عنایت ۔ یا ۔ لطف و کرم (ع) مؤنث ۔ وہ شخص جس پر خاص مہربانی کی جائے +

مُورکھ (مُور۔کھ) (ہ) بیوقوف ۔ جاہل ۔ نادان ۔ ناواقف +

مُورکھ پن (ہ) مذکر ۔ احمق پن ۔ گدھا پن ۔ بے وقوفی +

مُورکھ کی ساری رین ، چتر کی ایک گھڑی (ہ) (مثل) بے وقوف جس کام کو رات بھر میں کرے ہوشیار آدمی تھوڑی دیر میں کر لیتا ہے ۔ بے وقوف کی محبت سے تمام رات وہ لطف حاصل نہیں ہوتا ۔ جو کسی دانشمند سے ایک گھڑی میں مزہ آجاتا ہے +

مورنی (ہ) مؤنث ۔ مور کی مادہ +

مَورُوث (مَو۔رُوث) (ع) وارث کیا گیا ۔ وراثت کیا گیا +

مَوروثی (ع) باپ دادا کا ۔ جدّی ۔ آبائی ۔ پشتینی +

موری (مو۔ری) (ہ) مؤنث (۱) نالی ۔ پانی کے نکاس کی جگہ ۔ بدررو (۲) مونگھ (۳) منہ ۔ دہانہ ۔ سوراخ +

موری پر جانا (ہ) (ہندو) (عو) موتنے جانا ۔ پیشاب کرنے جانا +

موری چھوٹنا (ہ) (ہندو) (عو) (کنایۃً) پیٹ چلنا +

موری کا کیڑا (ہ) مذکر (ہندو) (عو) وہ بچہ جو پیدا ہوتے

ہی مر جائے ◆

موری کا کیڑا موری میں خوش رہتا ہے (۱) (مثل) گندگی میں پلنے والا گندگی ہی میں خوش رہتا ہے ◆

موری کی اینٹ چوبارے چڑھی (۱) (مثل) کمینہ کو اچھا عہدہ مل گیا ◆

مَوَڑ (مَوَڑ) (ا) (مذکر) (ہندو) دولھا کا تاج ◆

موڑ (مَوڑ) (ا) (مؤنث) (۱) گھماؤ۔ وہ جگہ جہاں ایک طرف سے دوسری طرف کو رستہ پھرے (۲) پھیر۔ چکر (۳) بل۔ خم۔ پیچ ◆

موڑ توڑ (ا) (مذکر) جگہ پھیر۔ گھماؤ ◆

موڑ دینا (ا) (۱) پھیر دینا۔ واپس کرنا (۲) خمیدہ کر دینا (۳) ہٹا دینا۔ ایک طرف سے دوسری طرف رُخ پھیر دینا ◆

موڑنا (ا) (۱) پھیرنا۔ گھمانا۔ چکر دینا (۲) بل دینا۔ خم دینا۔ (۳) واپس کرنا۔ لوٹانا (۴) اُلٹا پھیرنا۔ واپس لانا (۵) رُخ بدلنا ◆

مُوڑھ (مُوڑھ) (ا) نالائق۔ بے وقوف۔ نادان۔ جاہل ◆

مُوڑھا (مُوڑھا) (ا) سرکنڈے کی بنی ہوئی کرسی ◆

مَوز (مَوز) (ع۔ مذکر) کیلے کی پھلی ◆

مَوزُوں (مَوْ۔ زُوں) (ع) (۱) جچا ہوا۔ تلا ہوا۔ زیبا۔ پھبتا ہوا۔ لائق۔ مناسب۔ واجب۔ ٹھیک۔ درست (۲) وہ شعر جس کی بحر وغیرہ بالکل درست ہو (۳) مقبول۔ پسندیدہ ◆

موزوں طبع (ع) طبیعت موزوں رکھنے والا۔ وزن کے لحاظ سے درست شعر کہنے والا ◆

موزوں کرنا (ا) (۱) شعر کو وزن یا بحر سے درست کرنا۔ (۲) ٹھیک اور درست کرنا ◆

موزوں ہونا (ا) (۱) پھبنا۔ زیبا ہونا (۲) لائق ہونا۔ واجب ہونا (۳) شعر کا بحر سے درست ہونا (۴) جچنا۔ تلنا ◆

موزونیت (ع۔ مؤنث) پسندیدگی۔ سنجیدگی۔ زیبائی۔ پھبن ◆

موزہ (مَوْ۔ زَہ) (ف۔ مذکر) (۱) جراب۔ چمڑے کی جراب۔ بوٹ۔ انگریزی جوتا ◆

موزہ ساز (ف۔ مذکر) جوتے بنانے والا ◆

موزہ گیر (ف۔ مذکر) وہ گھوڑا، جو اپنے سوار کی ٹانگ کو کاٹے۔ یا موزے پر منہ ڈالے ◆

موزے (ا) (مذکر) موزہ کی جمع۔ جرابیں ◆

موزے کا گھاؤ رانی جانے یا راؤ (۱) (مثل) موزے کا گھاؤ میاں جانیں یا پاؤں (۱) اپنے اندرونی حالات انسان آپ ہی خوب جانتا ہے۔ دوسرے

کو کیا خبر ◆

مُوس (مُوس) مُوسنا کا امر ◆

مُوس کے کھا جانا (ا) لُوٹ کر کھا جانا۔ کسی کا مال ہتھیا کر کھا جانا ◆

مُوس کے کھوکھ کر دیا (ا) (بیگمات) لُوٹ لُوٹ کر فقیر کر دیا۔ بالکل نادار بنا دیا۔ خوب لُوٹنا۔ دغا و فریب سے خوب مال مارا ◆

مُوسا (مُو۔ سَا) (ا) (مذکر) (ہندو) ماں کی بہن کا خاوند۔ خالو ◆

مُوسا (ا) (مذکر) (ہندی) چوہا۔ مُوش (ف) اُسترا ◆

مُوسائی (مُو۔ سَا۔ اِی) (ا) (مذکر) حضرت موسیٰؑ کے ماننے والے حضرت موسیٰؑ کے اُمتی۔ یہودی ◆

مُوسَل (مُو۔ سَل) (ا) (مذکر) دھان کوٹنے کا آلہ۔ سونٹا ◆

مُوسلا (مذکر) (۱) موسل کی تصغیر (۲) اصل۔ جڑ (۳) بڑی جڑ۔ بید۔ چوب۔ عصا ◆

مُوسلا دھار (ا) (مؤنث) وہ مینہ جو دیر تک خوب برسے ◆

مُوسلا دھار برسنا۔ یا پڑنا (ا) زور کی بارش ہونا۔ شدت سے مینہ پڑنا ◆

مُوسلوں ڈھول بجانا (ا) (ہندو) منادی کرنا۔ کسی بات کی تشہیر یا ذکر کرتے پھرنا۔ ڈونڈی پیٹنا ◆

مُوسلی (مُو۔ سَ۔ لی) (ا۔ مؤنث) اصل۔ جڑ۔ ریخ ◆

مَوسِم (مَو۔ سِم) (ع۔ مذکر) (۱) وقت۔ سماں۔ موقع۔ دن۔ زمانہ ◆

مَوسِمِ خزاں (ع۔ ف۔ مذکر) (۱) پت جھڑ۔ خریف (۲) زوال کا زمانہ۔ پیری۔ بڑھاپا۔ ڈھلتی جوانی ◆

مَوسِمی (ا) (مؤنث) موسم کا۔ رُت کا۔ وقت کا۔ موقع کا ◆

مُوسنا (ا) لُوٹنا۔ چرانا۔ دھوکا دے کر لینا۔ مال اُڑانا ◆

مَوسُوم (مَو۔ سُوم) (ع۔ ا) نام رکھا گیا۔ مخاطب۔ ملقب۔ منقوش۔ نقش کیا گیا ◆

مُوسَوِی (مُو۔ سَوِی) (ع) (مذکر) (۱) موسائی (۲) حضرت امام موسیٰ رضاؑ کی اولاد وغیرہ ◆

مَوسی (مَو۔ سی) (ا۔ مؤنث) (ہندو) ماں کی بہن۔ خالہ ◆

مُوسیٰ (مُو۔ سا) (ع۔ مذکر) مشہور پیغمبر جن پر توریت نازل ہوئی۔ یہودی انہی کے پیرو ہیں۔ فرعون کو انہی نے غرق کیا تھا ◆

موسیرا (ا) (مذکر) (ہندو) ماں کی بہن کا بیٹا۔ خالہ زاد بھائی ◆

مُوسیقار (مُو۔ سی۔ قار) (ف۔ مذکر) (۱) ایک پرندہ جس کی چونچ میں بہت سے سوراخ ہوتے ہیں اور ان میں سے طرح طرح کی آوازیں نکلتی ہیں۔ ققنس بھی اسی کو کہتے ہیں (۲) ایک باجا ◆

مُوسِیقی (مُو۔سِی۔قِی) (ع) فنّ گانے بجانے کا علم۔ راگ کا علم ✦
مُوسیو (مُو۔سِیو) (مُعَرَّب از فرانسیسی، از فرانسیسی Monsieur) (مذکر) جناب ✦
مُوش (مُوْش) (ف) (مذکر) چوہا ✦
مُوشِ دشتی یا صحرائی (ف۔ع۔ مذکر) جنگلی چوہا ✦
مُوَشَّح (مُو۔شَح) (ع) (صفت) مزیّن۔ زیور سے آراستہ کیا گیا ✦
مُوشک (مُو۔شَک) (ف۔ مؤنث) (۱) چھوٹا ساچوہا (۲) چھچھوندر ✦
موشک پرّاں (ف۔ مؤنث) پٹاکا۔ چھچھوندر ✦
موشکِ کور (موش) کور (ف۔ مؤنث) چھچھوندر ✦
مَوصُوف (مَو۔صُوف) (ع) (۱) تعریف کیا گیا۔ وہ شخص جس کی تعریف کی گئی ہو (۲) (مجازاً) مذکور ✦
مَوصُوف الیہ (ع۔ مذکر) وہ شخص جس کی تعریف کی گئی ہو ✦
مَوصُول (مَو۔صُول) (ع) (مذکر) (۱) ملا ہوا۔ ملایا گیا (۲) صرف ونحو میں وہ اسم ناتمام ہے جو اکیلا کسی جملے میں معنی نہیں دیتا ✦
مُوصٰی (مُو۔صَا) } (ع۔ مذکر) وہ شخص جس کی وصیّت کی گئی ہو ✦
مُوصٰی الیہ (مُو۔صَا۔ اِلَیْہ) }
مُوصٰی بہٖ (مُو۔صَا۔ بِہی) (ف۔ مذکر) وہ شے جس کے دینے کی وصیّت کی گئی ہو ✦
مُوصِی (مُو۔صِی) (ع۔ مذکر) وصیّت کرنے والا ✦
مُوصِیَہ (ع۔ مؤنث) وصیّت کرنے والی عورت ✦
مَوضَع (مَو۔ضَع) (ع۔ مذکر) (۱) گاؤں۔ دیہ (۲) جگہ۔ مکان ✦
موضع وار (ع۔ف) گاؤں گاؤں کی ترتیب سے۔ نمبروار ✦
مَوضُوع (مَو۔ضُوع) (ع) مذکر (۱) وضع کیا گیا۔ رکھا گیا (۲) مدعا۔ مضمون (۳) علم منطق میں مبتدا جو خبر کے مقابل میں ہو (۴) بامعنی لفظ ✦
مَوطِن (مَو۔طِن) (ع۔ مذکر) جائے وطن۔ زاد بوم۔ اپنا دیس۔ جنم بھوم ✦
مَوعِدَت (مَو۔عِدَت) (ع۔ مؤنث) عہد وپیمان۔ وعدہ۔ اقرار ✦
مَوعِظَت (مَو۔عِظَت) (ع۔ مؤنث) پند ونصیحت ✦
موعُود (مَو۔عُود) (ع) وعدہ کیا گیا۔ اقرار کیا گیا۔ وہ شے جس کا وعدہ کیا گیا ہو ✦
مَوفُور (مَو۔فُور) (ع) (۱) وافر کیا گیا (۲) بہت۔ بکثرت۔ بے انتہا (۳) کمل۔ پورا ✦
مُوَقَّت (مُوَق۔قَت) (ع) کسی خاص وقت پر ٹھہرایا ہوا ✦
مُوَقَّتُ الشُّیُوع (ع) ٹھیک وقت پر شائع ہونے والا ✦
مُوَقَّر (مُوَق۔قَر) (ع) توقیر کیا گیا۔ عزّت دار۔ معزز ✦
مَوقَع (مَو۔قَع) (ع۔ مذکر) (۱) واقع ہونے کی جگہ۔ جائے وقوع (۲) خاص وقت ✦
موقع بموقع (ع۔ف) (۱) وقت وقت پر (۲) جگہ جگہ ✦
موقع بے موقع (ع۔ف) وقت بے وقت۔ ہر وقت خواہ موقع ہو نہ ہو ✦
مَوقع پر (ل) خاص وقت پر۔ مناسب وقت پر۔ عین وقت پر ✦
موقع تکنا۔ یا دیکھنا (ل) وقت کا منتظر رہنا۔ داؤں گھات میں رہنا۔ وقت دیکھنا ✦
موقع سے (ل) وقت کے موافق۔ وقت دیکھ کر۔ وقت سے ✦
موقع کی (ل) لائق۔ مناسب۔ حسبِ منشا ✦
موقع نکل جانا (ل) وقت نکل جانا۔ وقت ہاتھ سے چلا جانا ✦
موقع واردات (ع۔ مذکر) وہ جگہ جہاں کوئی جُرم واقع ہوا ہو ✦
موقع ہاتھ سے دینا (ل) موقع کھو دینا۔ موقع جانے دینا ✦
مَوقِف (مَو۔قِف) (ع۔ مذکر) (۱) کھڑے ہونے کی جگہ۔ مقام (۲) عرب کا ایک مقام ✦
مَوقُوف (مَو۔قُوف) (ع) (۱) ٹھہرایا گیا۔ کھڑا کیا گیا (۲) برخاست کیا گیا۔ نوکری سے برطرف کیا گیا (۳) ردّ کیا گیا۔ منسوخ کیا گیا (۴) انحصار کیا گیا۔ منحصر (۵) ملتوی کیا گیا۔ ترک کیا گیا۔ چھوڑا گیا (۶) کسی لفظ کا وہ ساکن حرف جس سے پہلا حرف بھی ساکن ہو (۷) وقف کیا گیا۔ خدا کے نام پر چھوڑا گیا ✦
موقوف الیہ (ع۔ مذکر) وہ شخص جس کے لئے وقف کیا گیا ہو۔ متولّی ✦
مَوقُوف رکھنا (ل) (۱) کسی پر منحصر کرنا (۲) ملتوی کرنا ✦
مَوقُوف علیہ (ع) وہ شخص جس پر کسی کام کا فیصلہ منحصر کیا گیا ہو۔ ثالث۔ پنچ۔ منصف ✦
موقوف کرنا (ل) (۱) برخاست کرنا۔ برطرف کرنا (۲) ملتوی رکھنا۔ التوا رکھنا (۳) کسی پر منحصر کرنا ✦
مَوقُوف ہونا (ل) (۱) برخاست ہونا۔ نوکری سے برطرف ہونا (۲) منحصر ہونا (۳) ملتوی ہونا ✦
مَوقُوفی (ع۔ف) (مؤنث) (۱) برطرفی۔ برخاستگی۔ معزولی۔ علیحدگی (۲) التوا۔ ڈھیل۔ توقف ✦
موقوفی میں آنا (ل) دیکھو (موقوف ہونا) ✦
موکش (مو۔کش) (س۔ مؤنث) خلاصی۔ مکتی۔ نجات۔ رہائی۔ چھٹکارا ✦
موکب (مَو۔کِب) (ع۔ مذکر) (۱) اردل کے سوار اور پیادے

(۲) طریق۔ طَور ♦

مُؤکَّد (ع۔ اَکْ۔ کِدْ) (ع) تاکید کیا گیا ♦

مُؤکِّد (ع۔ اَکْ۔ کِدْ) تاکید کرنے والا ♦

مُوَکِّل (مُو۔ کَلْ) (ع) مذکر (۱) وہ شخص جسے کوئی کام سپرد ہوا ہو۔ وکیل (۲) وہ فرشتہ جو کسی کام پر مقرر ہو ♦

مُوَکِّل (مُو۔ کِلْ) (ع) مذکر وکیل کرنے والا۔ کام سپرد کرنے والا۔ وہ شخص جس نے وکیل کیا ہو۔ اسامی۔ مقدمہ دینے والا ♦

مُوکَلا (مُو۔ کَ۔ لا) (ہ) (معرب) (۱) کُشادہ۔ کھُلا ہُوا (۲) کافی۔ وافی ♦

مُوکو (مُو۔ کو) (ہ) (دکنی) مجھے۔ مجھ کو ♦

موکو نہ تو کو لے بھاڑ میں جھوکو (ہ) (مثل) نہ میرے کام کا۔ نہ تمہارے کام کا۔ ایسی چیز کو کیا کرنا ہے۔ دُور کرو ♦

مُوکھا (مُو۔ کھا) (ہ) (مذکر) بڑا سوراخ۔ روشندان ♦

موگرا (مُو۔ گرا) (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا پھول (۲) مُوسل بڑی موگری ♦

موگری (ہ) مؤنث۔ کُوٹنے کا آلہ ♦

مُول (مُو۔ ل) (س) مذکر (۱) اصل۔ جڑ۔ بنیاد۔ بیخ (۲) پونجی۔ سرمایہ۔ زرِ اصل (۳) اولاد۔ نسل۔ خاندان ♦

مُول سے بیاج پیارا ہوتا ہے (ہ) (۱) مال سے زیادہ اس کی آمدنی بھلی معلوم ہوتی ہے (۲) بیٹے سے پوتا پوتی زیادہ عزیز ہوتے ہیں ♦

مول (مُو۔ ل) (ہ) مذکر (۱) قیمت۔ دام (۲) نرخ۔ بھاؤ ♦

مول بننا (ہ) قیمت طے ہونا۔ سودا ہونا ♦

مول تول (ہ) مذکر۔ سودا۔ قیمت کا تعین ♦

مول ٹھہرانا }
مول چکانا } (ہ) قیمت چکانا۔ نرخ مقرر کرنا۔ سودا کرنا ♦

مول دینا (ہ) (۱) قیمتاً دینا۔ قیمت لیکر دینا (۲) قیمت ادا کرنا ♦

مول لگانا (ہ) دام لگانا۔ نرخ مقرر کرنا۔ سودا کرنا ♦

مول لے کر چھوڑ دینا (ہ) خرید کرکے آزاد کر دینا۔ غلام بنا کر چھوڑ دینا ♦

مول لینا (ہ) (۱) خریدنا۔ زر خرید کرنا (۲) سودا کرنا۔ چکانا (۳) غلام بنانا ♦

مولا۔ مولیٰ (ع) مذکر (۱) مالک۔ صاحب۔ آقا۔ والی۔ سردار (۲) خدا تعالیٰ۔ ایشور۔ اللہ۔ داتا (۳) غلام۔ داس (۴) مددگار۔ شریک۔ دوست۔ معاون (۵) پڑوسی۔ ہمسایہ ♦

مولا بخش (ف) مذکر (۱) خدا کا دیا ہُوا۔ بخشش الٰہی (۲)

شہنشاہ اکبر کے وقت ایک سونٹا جو شریروں کی سزا کے لئے بنایا جاتا تھا (۳) مسلمانوں میں ایک نام ♦

مولا بھلا کرے گا (ہ) (فقیروں کی دُعا) خدا نیک اجر دے گا

مولا علی (ع) مذکر (۱) حضرت علیؓ (۲) (آنا دیا لی اسلام) فقرا سلام علیکم کے جواب میں کہتے ہیں ♦

مولا کے بڑے ہاتھ ہیں جس کو چاہے تس کو دے (۱) (مثل) تمام بڑے مرتبے اور بزرگیاں خدا کے ہاتھ میں ہیں۔ جسے چاہتا ہے دیتا ہے ♦

مولانا (ع) مذکر (۱) علماء و فضلا کا اعزازی خطاب۔ فاضل اجل (۲) بعض جگہ اس لفظ سے جلال الدین رومی مُراد ہوتے ہیں ♦

مولائی (ع) مؤنث (۱) سرداری۔ امیری۔ امیری کی حالت۔ امارت۔ صدارت (۲) میرے مولا ♦

مَولِد (مَو۔ لِد) (ع) مذکر۔ پیدا ہونے کی جگہ۔ جائے ولادت وطن ♦

مُوَلَّد (مُو۔ لَّد) (ع) مذکر (عو) مول لیا ہُوا۔ زر خرید غلام ♦

مَولسرا (مَول۔ سِرا) (ہ) مذکر (ہندو) بیوی یا میاں کا میاں خسر ♦

مَولسَری (مَول۔ سِری) (ہ) مؤنث۔ ایک درخت اطلاس کا پھل۔ اس کے پھولوں سے بھینی بھینی مہک بڑی خوشگوار معلوم ہوتی ہے (۲) ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس پر مولسری کے پھولوں کی وضع کے پھول کڑھے ہوئے ہوتے ہیں ♦

مُؤلِّف (مُو۔ اَلْ۔ لِف) (ع) مذکر۔ تالیف کرنے والا۔ جمع کرنے والا۔ مختلف کتابوں کی مدد سے کتاب لکھنے والا ♦

مُؤلَّف (مُو۔ اَلْ۔ لَف) (ع) جمع کیا گیا۔ تالیف کیا گیا ♦

مُؤلَّفات (ع) مؤنث۔ وہ کتابیں جو تالیف کی گئی ہوں ♦

مُؤلَّفہ (ع) مؤنث۔ تالیف کی ہُوئی۔ جمع کی ہُوئی۔ تصنیف کی ہُوئی ♦

مُؤلِّفہ (ع) مؤلف کی تانیث ♦

مومنیت (ع) مؤنث۔ مومن ہونا ♦

مَولنا (ہ) آم کے درخت میں پھول آنا۔ شگوفہ آنا۔ بَور آنا ♦

مَولُود (مَو۔ لُود) (ع) مذکر (۱) جنا ہُوا۔ زائیدہ۔ وہ بچہ جو پیدا ہُوا ہو (۲) پیدا ہونے کا وقت۔ پیدائش کا دن۔ جنم دن۔ میلاد (۳) بیٹا۔ لڑکا۔ فرزند۔ پسر۔ پوت (۴) وہ مجلس جس میں حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ولادت باسعادت کا ذکر کیا جائے ♦

مولود خواں (ع۔ ف) مذکر۔ وہ شخص جو رسول مقبولؐ کے میلاد کا بیان پڑھ کر حاضرین مجلس کو سُنائے ♦

مَولُود شریف (ع ۔ ف) مذکر (۱) میلاد کا بیان ۔ میلاد شریف ۔ (۲) وہ مجلس جس میں رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے پیدا ہونے کا ذکر کیا جائے ◆

مولود مسعود (ع) مذکر ۔ نیک بخت لڑکا ◆

مولودی (ع ۔ ف) مذکر ۔ مولود خواں ۔ مولود پڑھنے والا ◆

مولوِیان (ع ۔ ف) جمع مونث ۔ مولوی کی جمع ۔ مسلمانوں کے عالم ◆

مولوی (مَو ۔ لَوی) (ع) مذکر (۱) شرع کے احکام جاننے والا ۔ دین کا عالم ۔ فاضل ۔ مسائل دین سے واقف (۲) پابندِ شریعت ۔ دیندار ۔ متشرع (۳) معلم ۔ مدرس (۴) عالموں فاضلوں کا لقب ◆

مُولَہ (مُو ۔ لَہ) (ع) مذکر (۱) عاشق ۔ دیوانہ ۔ والہ ۔ شیفتہ (۲) ایک درخت جسے بید مجنوں بھی کہتے ہیں ◆

مُولی (مُو ۔ لی) (ہ) مونث ۔ ایک ترکاری ۔ تُرب ◆

مُولی اپنے پتوں ہی بھاری (ہ) مثل ۔ جب اپنے ہی بوجھ میں دبے بیٹھے ہوں ۔ تو دوسرے کا بوجھ کس طرح اٹھائیں گے ◆

مُولی گاجر کی طرح (ا) نہایت بے قدری سے ◆

مُولی کے چور کو سُولی (ہ) مثل ۔ ذرا سے قصور پر شدید سزا ◆

مولیرا (مَو ۔ لے ۔ را) (ہ) مذکر (ہندو) ماموں زاد ◆

مولیرا بھائی (ہ) مذکر ۔ ماموں کا بیٹا بھائی ◆

موم (مُوم) (ف) مذکر (۱) وہ چکنا اور نرم مادہ جسے شہد کی مکھیاں شہد سے تیار اور جمع کرتی ہیں (۲) (تشبیہاً) نرم ۔ ملائم ◆

موم بتی (ا) مونث ۔ وہ بتی جو موم سے بنائی گئی ہو ۔ مومی شمع ◆

موم تو نہیں ہو جو پگھل جاؤ گے (ا) مثل ۔ ایسے نازک اور بے ہمت نہ ہو ۔ ذرا سے کام میں مر نہیں جاؤ گے ◆

موم جامہ (ا) مذکر ۔ وہ کپڑا جس پر موم کا روغن چڑھا ہو ۔ مومی کپڑا ۔ ترپال ◆

موم دِل (ا) نرم دل ۔ رحم دل ۔ ترس کھانے والا ◆

موم دِل ہونا (ا) (۱) نرم دل ہونا ۔ رحم دل ہونا (۲) ترس کھانا ۔ رحم کھانا ◆

موم روغن (ف) مذکر ۔ ایک قسم کا روغن ◆

موم کا (ا) موم کا بنا ہوا ۔ نہایت نازک اور ملائم ۔ موم کی مانند ◆

موم کا کھلونا (ا) مذکر ۔ ناپائدار چیز ◆

موم کا ہو جانا (ا) نہایت نازک بن جانا ۔ ازحد ملائم ہو جانا ◆

موم کرنا (ا) (۱) ملائم کرنا ۔ نرم کرنا ۔ نرم دل بنانا ۔ سختی دور کرنا ۔ (۲) پگھلانا ۔ گلانا ۔ پانی کرنا ◆

موم کی مریم (ا) مونث (عو) نہایت نازک عورت ◆

موم کی ناک (ا) (۱) غیر مستقل مزاج ۔ وہ شخص جسے جس طرف چاہو کر لو ۔ وہ شخص جو ہر ایک کے کہنے پر چلے ◆

موم ہو جانا (ا) پگھل جانا ۔ رحم دل بن جانا ۔ ملائم ہو جانا ◆

مومن (مُو ۔ مِن) (ع) مذکر (۱) ایمان لانے والا ۔ ایماندار (۲) مسلمان ۔ جولاہا (۳) شیعہ ۔ اہل تشیع (۴) حکیم مومن خان دہلوی مرحوم کا تخلص جو بڑے پایہ کے شاعر گزرے ہیں ◆

مومنیت (ع) مونث ۔ مومن ہو جانا ◆

مومنین (ع) مذکر ۔ مومن کی جمع ◆

مومی (ف) موم سے منسوب ۔ موم کا ۔ موم کا بنا ہوا ◆

مومی چھینٹ (ا) مونث ۔ ایک قسم کی نہایت ملائم چھینٹ ◆

مومی شمع (ا) مونث ۔ موم کی بنی ہوئی بتی ◆

مومی موتی (ا) مذکر ۔ ایک قسم کا جھوٹا موتی جو موم کی ڈاک سے بنایا جاتا ہے ◆

مُومیٰ (مُو ۔ ما) (ع) ۔ اشارہ کیا گیا ۔ ایما کیا گیا ◆

مُومیٰ اِلیہ (ع) مذکر ۔ مشارٌ الیہ ۔ وہ شخص جس کی طرف اشارہ کیا جاتا ہو ◆

مومیا (مُو ۔ میَا) (ف) (۱) مصالح لگی اور سوکھی ہوئی لاش (۲) ایک سیاہ رنگ کی چکنی دوا ◆

مومیائی (ف) مونث ۔ ایک دوا جو موم کی طرح نرم ہوتی ہے ، الم ضرب و زخم کے لئے بڑی مفید ہے ◆

مومیائی نکالنا (ا) (۱) چربی نکالنا ۔ تیل نکالنا ۔ سخت محنت لینا (۲) بہت سخت مارنا ◆

مَون (مَون) (س) مذکر (ہندو) چپ ۔ خاموشی ◆

مَون برت (س) مذکر ۔ چپ کا روزہ ۔ چپ رہنے کا عہد ◆

مونا (مُو ۔ نا) (ہ) مذکر (۱) بڑا برتن ۔ گھڑا ۔ مٹکا (۲) ٹوکرا ۔ سانپ رکھنے کا پٹارا ◆

مُونا (مُو ۔ نا) (س) مرنا ۔ فوت ہونا ۔ انتقال کرنا ◆

مَونتا (مَون ۔ تا) (س) مونث ۔ چپ ۔ خاموشی ◆

مُونث (مُو ۔ اَن ۔ نَث) (ع) عورت ۔ مادہ ۔ نر کی ضد ◆

مُونج (مُونج) (ہ) مونث ۔ ایک قسم کی گھاس جس کی رسّیاں بنتے ہیں ◆

مُونج کا بان (ہ) مذکر ۔ مونج کی بنی ہوئی رسّیاں جن سے چارپائیاں بنتے ہیں ◆

مُونج کی رَسّی (ہ) مؤنث۔ مُونج کی بٹی ہوئی رسّی ◆

مُونجھ (مُو۔نجھ) (ہ) مذکر۔ گھوڑے اور گائے بھینس وغیرہ کا ایک مرض جس سے اُن کی آنکھ کے نیچے ایک غدود سا ہو جاتا ہے اور دفعتہً پھوٹ کر سیاہ خون بہنے لگتا ہے ◆

مُونچھ (مُو۔نچھ) (ہ) مؤنث۔ دیکھو "مُچھ" ◆

مُونڈنا (مُونڈ۔نا) (ہ) بند کرنا۔ ڈھانپنا۔ معذور کرنا ◆

مُونڈ (مُونڈ) (ہ) مؤنث (۱) سر۔ مُنڈیا بیس۔ ماتھا۔ مستک (۲) مُونڈنا کا امر ◆

مُونڈ مارنا (ہ) (۱) گردن مارنا (۲) پھیرنا (۳) کوشش کرنا ◆

مُونڈ مُنڈانا (ہ) (۱) سر مُنڈانا۔ حجامت کرانا (۲) فقیری لینا ◆

مُونڈن (ہ) مؤنث۔ ایک رسم جس میں ساتویں دن بچے کے سر کے بال مُنڈوائے جاتے ہیں (۲) (ہنود) ہندوؤں کی ایک رسم جس میں پہلے پہل کسی دیوتا کے مندر میں لڑکے کے بال منڈواتے ہیں۔

مُونڈنا (ہ) (۱) حجامت کرنا۔ خط بنانا (۲) چیلا بنانا۔ مُرید کرنا۔ ہدایت کرنا۔ تلقین کرنا۔ رہنمائی کرنا (۳) شاگرد بنانا (۴) ٹھگنا۔ موسنا۔ فریب دے کر مال مارنا۔ دھوکے سے لینا۔ تباہ کرنا۔ برباد کرنا ◆

مُونڈھا (مُوں۔ڈھا) (ہ) (مذکر) (۱) کندھا۔ شانہ۔ دوش (۲) مُونج اور سرکنڈوں کی بنی ہوئی چوکی یا کرسی ◆

مُونڈھوں کے فرشتے (ا) مذکر۔ فرشتگان۔ کاتب اعمال۔ کراماً کاتبین ◆

مُونڈھے والی (ہ) مؤنث۔ رنڈی کسبی۔ پیشہ کرنے والی ◆

مُونڈی (ہ) مؤنث (عو) (۱) سر منڈ یا (۲) مونڈکی بھلی ◆

مُونڈی بھیڑ (ہ) مؤنث (۱) وہ بھیڑ جس کے بال منڈے ہوئے ہوں (۲) مفلس۔ قلاش ◆

مُونڈی کاٹا (ہ) عو:۔ (۱) سرکٹا۔ سر بُریدہ (۲) مُوا۔ مرنے جوگا ◆

مُونِس (مُو۔نِس) (ع) مذکر (۱) اُنس رکھنے والا۔ آرام دینے والا۔ ساتھی۔ دوست۔ یار ◆

مُونسِ تنہائی (ع و ف) مذکر۔ تنہائی کا دوست۔ غم بٹانے والا ◆

مُونگ (مُو۔نگ) (ہ) (مذکر) ماش کی قسم کا ایک غلہ ◆

مُونگ پلاؤ (ا) (مذکر) مونگ اور چاولوں کی کھچڑی ◆

مُونگ پھلی (ہ) مؤنث (۱) مونگ کی پھلی جس سے دانے نکلتے ہیں (۲) ایک قسم کا میوہ جس کی پھلیوں میں سے بادام کے سے دانے نکلتے ہیں ◆

مُونگ چھاتی پر دلنا (ہ) دیکھو "چھاتی پر مونگ دلنا"۔

مُونگ کی دال (ہ) مؤنث۔ دلے ہوئے مونگ ◆

مُونگ کی دال کھانے والا (ا) مذکر (۱) (مجازاً) بنیا۔ بقال (۲) کمزور۔ ڈرپوک ◆

مُونگ ماگتے پھرنا (ہ) کنایۃً۔ فریاد کرتے پھرنا ◆

مُونگا (ہ) (مذکر) بُسّد البحر۔ مرجان۔ ایک قسم کا درخت جو سمندر میں ہوتا ہے ◆

مُونگیا (ہ) (مذکر) سیاہی مائل۔ سبز رنگ ◆

مُونہہ (ہ) مذکر۔ دیکھو "مُنہ" ◆

مُونہاں (مُوں۔ہاں) (ہ) مذکر۔ گھوڑے کا ایک مرض جس سے مُنہ کے اندر چھالے پڑ جاتے ہیں ◆

مَونی (مَو۔نی) (ہ) مذکر (ہنود) (۱) چُپ چاپ آدمی۔ جوگیوں کا ایک فرقہ جو خاموش رہتا ہے (۲) ٹوکری ◆

موہ (مُوہ) (س) مؤنث (۱) پیار۔ محبت۔ پریت (۲) لاڈ۔ ناز (۳) عشق۔ فریفتگی (۴) خواہش۔ لوبھ۔ لالچ (۵) جادو۔ ٹونا۔ منتر۔ افسوس ◆

موہ جانا (ہ) عاشق ہو جانا۔ فریفتہ ہو جانا ◆

موہ رُوپی (ہ) دھوکے میں ڈالنے والا۔ پُرفریب۔ دلفریب ◆

موہ کرنا (ہ) (۱) لبھانا۔ عاشق بنانا (۲) پیار کرنا۔ محبت کرنا ◆

موہ لینا (ہ) فریفتہ کر لینا۔ عاشق کر لینا۔ لُبھا لینا ◆

موہ میں آنا (ہ) عشق کے بس میں ہونا۔ فریفتہ ہو جانا۔ حیرت زدہ ہو جانا۔ سکتے میں ہو جانا ◆

موہِب (مُو۔ہِب) (ع) بخشنے والا۔ خیر خیرات کرنے والا ◆

مَوہِب (مَو۔ہِب) (ع) مؤنث۔ بخشش۔ خیرات ◆

مَوہِبَت (مَو۔ہِبَت) (ع) مؤنث۔ عطا۔ بخشش۔ پیش کش۔ نذر۔ بھینٹ ◆

مَوہِبتِ عُظمیٰ (ع) مؤنث۔ بہت بڑی نعمت۔ بہت بڑی بخشش ◆

موہت (مُو۔ہِت) (س) (۱) جادو سے موہا ہوا۔ شیدا۔ فریفتہ۔ عاشق (۲) بیہوش۔ غش۔ متحیر ◆

موہن (مُو۔ہن) (ہ) (۱) موہنے والا۔ فریفتہ کرنے والا۔ لبھانے والا۔ دلفریب۔ دلربا۔ نہایت خوبصورت۔ (۲) کرشن جی کا لقب ◆

موہن بھوگ (ہ) (مذکر) حلوا۔ سیرا۔ میٹھا۔ پرشاد۔ (پ) کڑاہ ◆

موہنا (ہ) فریفتہ کرنا۔ عاشق بنانا۔ جادو کرنا۔ سحر کرنا ◆

موہنی (س) (مؤنث) (۱) موہنے والی۔ دلربا۔ نہایت خوبصورت عورت (۲) ساحرہ۔ جادو گرنی (۳) پیاری۔ پیار دلانے والی (۴) دلربائی۔ دلبری۔ دلفریبی +

مَوہُوب (مَوْ۔ ہُوْب) (ع) مرحمت کیا گیا۔ بخش گیا۔ عنایت کیا گیا +

مَوہُوم (مَوْ۔ ہُوْم) (ع) وہم کیا گیا۔ وہمی۔ قیاسی۔ فرضی +

مَوہُومی (ع۔ ف) وہمی۔ خیالی۔ تصوری +

موہے (مُو۔ ہے) (ہ) مجھ کو۔ مجھے۔ میرے تئیں۔ موکو +

موہے اور نہ تجھے ٹھور (ہ) (مثل) نہ مجھے تیرے بغیر اور نہ تجھے میرے بغیر چین آتا ہے +

موئی (مُو۔ ئی) (ہ) (مؤنث) (۱) مری ہوئی۔ مُردہ۔ (۲) (عو) کمبخت۔ نگوڑی۔ بدنصیب اُجڑی۔ خانہ خراب +

موئی بچھیا بامن کو دان (ہ) (مثل) جہاں کوئی بُری چیز خدا کے نام پر دے۔ دہاں بولتے ہیں +

موئی جوں (ہ) (مؤنث) (عو) (۱) سُست قدم۔ کاہل وجود۔ (۲) نہایت غریب اور مسکین +

موئی کیوں کہ سانس نہ آیا (ہ) (مثل) (عو) انسان کی زندگی اس کے دم کے ساتھ ہے۔ جہاں سانس نکلا اور انسان مُردہ ہوا +

مُوئی مائی ٹوٹی سگائی (ہ) (مثل) جہاں ماں مری اور سارے تعلقات اور رشتے چھُٹ گئے۔ بڑے بزرگوں ہی سے تعلقات قائم ہیں +

مُوئی مٹی (ہ) (مؤنث) (عو) (۱) میت۔ لاش۔ نعش (۲) متوفی۔ مرا ہوا۔ مرحوم۔ مغفور +

مُوئی مٹی کی نشانی (ل) (مؤنث) مرے ہوئے آدمی کی نشانی۔ ماں یا مرے ہوئے باپ کی اولاد +

مُوئے (مُو۔ ئے) (ہ) مذکر۔ مُوا کی جمع (۱) مرے ہوئے (۲) (عو) نگوڑے۔ بدنصیب۔ کمبخت۔ خانہ خراب (۳) مر گئے۔ فنا ہوئے +

مُوئے باپ کی بڑی بڑی آنکھیں (ہ) (مثل) مرے ہوئے رشتہ دار کی حد سے زیادہ تعریف کیا کرتے ہیں +

مُوئے پر سو دُرّے (ل) آفت پر آفت آئی۔ مرنے کے بعد بھی مورد سزا ہے +

مُوئے جیتے (ہ) مذکر۔ مرے ہوئے اور زندہ رشتہ دار +

مُوئے جیتے اُکھاڑ ڈالنا (ل) (عو) کسی کے مرے ہوئے اور جیتوں کے عیب ظاہر کرنا +

مُوئے کا کوئی نام نہیں جیتے کا سب کوئی (ہ) (مثل) زندہ کی سبھی خوشامد کرتے ہیں۔ مُردے کا کوئی نام نہیں لیتا +

مُوئے کی قبر اور جیتے کا گھر (ل) (مثل) مُردے کو قبر میں اور زندے کو اپنے گھر میں آرام ہے۔ یعنی ہر شخص اپنے ہی مسکن میں خوش ہے +

موئے ہوئے شیر سے جیتی بلی بھلی (ل) (مثل) زندہ اور مُردہ سے کمزور زندہ بہتر ہے۔ ادنیٰ زندہ آدمی مُردہ شخص سے بہتر ہے +

مُوئے (ف) (مذکر) دیکھو "مُو" +

مُوئے زہار (ف) (ع) مذکر۔ جھانٹیں۔ زیر ناف کے بال +

مُوئے مبارک (ف۔ ع) مذکر۔ کسی بزرگ اور مقدس آدمی کے بال جو بطور تبرک رکھے جاتے ہیں +

موئیا (مُو۔ یا) (ہ) مذکر۔ عورت کا چھوٹا پچھا۔ کچھے موت کی آئی +

مُؤیِّد (مُ۔ اَی۔ یِد) (ع) تائید کرنیوالا۔ مددگار۔ معاون۔ حمایتی۔ +

مُؤَیَّد (مُ۔ اَی۔ یَد) (ع) تائید کیا گیا۔ مدد دیا گیا۔ زور دیا گیا۔ حمایت کیا گیا +

مَوِیز (مَو۔ یز) (ف) مذکر۔ ایک قسم کے بڑے بڑے سوکھے ہوئے انگور دلکھ۔ بڑی کشمش +

مَویز منقی (ع) مذکر۔ بیج نکال کر صاف کی ہوئی داکھ +

مویشی (ہ) (مذکر) دیکھو "مواشی" +

مویشی آوارہ ہونا (ل) چوپایوں کا آپ سے آپ کہیں چلے جانا +

مویشی پھاٹک میں دینا (ل) آوارہ پھرتے ہوئے ڈھوروں کو کانجی ہوس میں بھیج دینا جہاں سے مالک جرمانہ دے کر انہیں چھڑاتا ہے۔ اگر کوئی مالک نہ آئے تو وہ فروخت کر دیئے جاتے ہیں +

مویشی خانہ (ف۔ مذکر) وہ جگہ جہاں ڈھور۔ ڈنگر رکھے جائیں۔ باڑا۔ احاطہ۔ کھڑک +

مہ

مِہ (مِہ) (ف) بڑا۔ کلاں۔ بزرگ۔ سوا +

مَہ (مَہ) (ف۔ مذکر) ماہ کا مخفف (۱) چاند۔ قمر۔ چندرما (۲) مہینہ +

مَہ پارہ (ف۔ مذکر) (۱) چاند کا ٹکڑا۔ نہایت خوبصورت (۲) معشوق +

مہ جبین۔ یا۔ مہ رُو (ف۔ ع) (مذکر) (۱) چاند کی سی پیشانی والا۔ خوبصورت (۲) معشوق +

مَہ لقا (ف۔ ع) (مذکر) (۱) چاند کی سی صورت والا (۲) معشوق

مہ گو برمی فشاند و سگ بانگ می زند (ف) مثل۔ چاند نور برساتا ہے اور کتا بھونکتا ہے۔ حاسد اور دشمن شور مچاتے رہتے ہیں اچھا کام کرنے والے اپنے کام میں مصروف رہتے ہیں ✦

مہ نومی شود ماہ تمام آہستہ آہستہ (ف) مثل۔ نیا چاند آہستہ آہستہ پورا چاند ہو جاتا ہے۔ کمال رفتہ رفتہ حاصل ہوتا ہے ✦

مَہ وَش (ف) (۱) چاند جیسا (۲) معشوق ✦

مَہا (مَہَا) (س) (۱) بڑا۔ بزرگ۔ اعلیٰ۔ معزز (۲) کلاں۔ عظیم (۳) خاندانی۔ شریف ✦

مہا اُوت (ہ) نہایت بیوقوف ✦

مَہا برہمن (ہ) مذکر۔ بڑا برہمن۔ اچارج۔ مُردوں کی کریا کرم کرنے والا

مَہا بَلی (ہ) بہت بڑا طاقتور۔ نہایت زبردست۔ شہزور ✦

مَہابھارت (س) مذکر (۱) بڑی بھاری لڑائی۔ جنگِ عظیم (۲) وہ بڑی لڑائی جو کوروں اور پانڈوؤں کے درمیان کورو چھیتر کے میدان میں اٹھارہ روز تک جاری رہی (۳) تاریخ کی ایک کتاب جس میں کوروؤں اور پانڈوؤں کی لڑائی کا حال درج ہے ✦

مہابھاگ (ہ) (۱) نہایت خوش نصیب (۲) مذکر بلند اقبالی ✦

مَہابیر (س) مذکر۔ بڑا سُورما۔ ہنومان کا خطاب ✦

مہاپاپ (ہ) مذکر۔ بڑا بھاری گناہ ✦

مہاپاپی (ہ) مذکر۔ بڑا بھاری گنہگار۔ فاسق فاجر ✦

مہاپرشاد (س) مذکر۔ تبرک۔ بھوگ جگن ناتھ کا پرشاد ✦

مہاپرش (س) مذکر (۱) بھگت۔ مہاتما۔ مقدس معصوم (۲) (طنزاً) شریر۔ بدمعاش۔ عیار۔ چالاک ✦

مہاپرلے (س) مؤنث۔ قیامت۔ دُنیا کے فنا ہونے کا دن جو ہنود کے عقیدے کے مطابق ۴۳۔ ارب بیس کروڑ برس کے بعد ہوتا ہے ✦

مہاپنچھی (س) مذکر۔ اُلّو۔ چغد۔ بُوم ✦

مہاپورا (ہ) مؤنث۔ سب گُنوں کا پُورا۔ پانچوں عیب والا ✦

مَہاتل (س) مذکر۔ زمین کا پانچواں طبقہ۔ پانچواں پاتال ✦

مہاتم (ہ) مذکر (۱) بڑائی۔ عظمت (۲) ثواب۔ اجر۔ نیک بدلہ ✦

مَہاتما (ہ) مذکر (۱) ولی۔ نیک آدمی (۲) اچھا۔ نیک۔ سعید ✦

مَہاجال (ہ) مذکر۔ مچھلیوں کے پکڑنے کا بہت بڑا جال ✦

مہاجن (ہ) مذکر (۱) بڑا آدمی (۲) دولتمند۔ غنی (۳) ساہوکار۔ بیوپاری (۴) ساہوکار۔ صراف (۵) خزانچی۔ بینکر۔ ہنڈی والا ✦

مَہاجنتر (ہ) مذکر (۱) بڑا قفل۔ بڑا تالا (۲) کلوں کا کارخانہ ✦

مَہاجنی (ہ) مؤنث (۱) ساہوکاری (۲) سوداگری ✦

مہاجنی پرچہ (اسمی) (ہ) مذکر۔ ہنڈی۔ چک۔ وہ کاغذ جس پر کسی کو روپے دینے کا حکم لکھا ہو ✦

مہادنت (س) مذکر۔ ہاتھی یا سؤر کا دانت ✦

مہادھات (ہ) مذکر۔ سونا۔ طلا۔ زر۔ سب دھاتوں سے اعلیٰ دھات ✦

مہادھن (ہ) مذکر۔ سونا ✦

مہادیو (ہ) مذکر۔ بڑا دیوتا۔ شیو ✦

مہاڈول (ہ) ایک قسم کی پالکی۔ بڑا اور عمدہ ڈولا ✦

مہاراج (ہ) مذکر (ہندو) (۱) بڑی سلطنت والا۔ راجاؤں کا راجا۔ بڑا راجا۔ بادشاہ (۲) برہمنوں اور بڑے خاندانی لوگوں کو اس معزز خطاب سے بُلاتے ہیں ✦

مَہاراجا۔ یا۔ مہاراجہ (ہ) مذکر۔ بڑا راجہ۔ مہاراج۔ بادشاہ ✦

مہاراجہ ادھیراج (ہ) مذکر۔ بہت بڑا راجہ۔ راجاؤں کا راجہ۔ سب سے بڑا راجہ۔ شہنشاہ ✦

مہارانی (ہ) مؤنث۔ بڑے راجے کی بیگم۔ بڑی رانی۔ بڑے مرتبے کی رانی ✦

مہاسبھا (ہ) مؤنث (۱) بڑی انجمن (۲) کھانے کا بڑا کمرہ ✦

مہاسکھ (ہ) مذکر (۱) گنتی میں سب سے آخیر اور بڑا درجہ (۲) مُردے کی کھوپڑی ✦

مَہاشَہ (ہ) مذکر (۱) کرشن جی کا ایک بیٹا (۲) آریہ سماجی ہر شخص کو کہتے ہیں ✦

مہاکالی (س) مؤنث۔ دُرگا دیبی۔ پاربتی۔ شیو جی کی استری ✦

مَہاکوپ (س) مذکر (۱) گہرا کنواں (۲) نہایت غصہ ✦

مہاکوڑھ (س) مذکر۔ برص کی بیماری۔ جذام ✦

مہاگنی (ہ) مؤنث۔ ایک درخت کی لکڑی ✦

مہاماتر (س) مذکر۔ مہاوت۔ فیلبان ✦

مہامائی (ہ) مؤنث۔ دُرگا دیوی۔ سیتلا ✦

مہامنتری (س) مذکر۔ مدار المہام۔ وزیرِ اعظم ✦

مَہانومی (ہ) مؤنث۔ وہ مہینہ جس میں دُرگا جی کی پوجا ہوتی ہے۔ دُرگا نومی ✦

مَہابَت (مَہا۔ بَت) (ع) (مؤنث) (۱) ڈر۔ خوف۔ دہشت۔ ہول۔ رعب۔ ہیبت (۲) (ف) شان و شکوہ۔ جاہ و جلال۔

(۳) خفگی۔ غضب (۴) متانت۔ سنجیدگی ◆

مہابت بیٹھنا (۱) خوف بیٹھنا۔ رُعب چھانا۔ دہشت بیٹھنا ◆

مُہاجِر (مُہا۔ جِر) (ع) مذکر (۱) ہجرت کرنے والا۔ وہ شخص جس نے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مکہ سے مدینہ کی ہجرت کی (۲) مسافر۔ تارک الوطن ◆

مُہاجَرت (مُہا۔ جَرَت) (ع۔ مؤنث) ہجرت۔ جُدائی۔ مفارقت ترک وطن۔ ایک ملک سے دوسرے ملک میں جا بسنا ◆

مُہار (ف۔ مؤنث) اُونٹ کی نکیل ◆

مہاراشٹر (ہ) مذکر۔ مرہٹوں کا وطن جو دکن میں ہے۔ ملک برار۔ علاقہ نظام کا بہت بڑا حصہ ◆

مَہارَت (مَہا۔ رَت) (ع۔ مؤنث) (۱) مشق۔ کسرت۔ ربط۔ عادت۔ سبھاؤ (۲) استعداد۔ لیاقت۔ دخل۔ دسترس۔ پہنچ۔ رسائی (۳) اُستادی۔ کاریگری۔ ہنرمندی (۴) ہنرمندی۔ چابکدستی (۵) علم و شعور۔ وقوف۔ قابلیت۔ واقفیت ◆

مُہاسا (مُہا۔ سا) (ہ) (مذکر) جوانی کی پھنسی۔ وہ دانے جو عہدِ شباب میں مُنہ پر نکل آتے ہیں ◆

مُہاسے نکلنا (ہ) جوشِ جوانی کے سبب چہرے پر پھنسیاں نکلنا ◆

مُہال (مُہال) (ہ) مؤنث۔ شہد کی مکھیوں کا چھتا ◆

مَہالِک (مَہا۔ لِک) (ع۔ مؤنث) مہلکہ کی جمع۔ خوفناک جگہیں۔ ہلاک ہونے کے مقامات یا جگہیں ◆

مَہام (مَہَام) (ع) مذکر۔ مہم کی جمع۔ مہمات۔ بڑے بڑے کام ◆

مہانا (مہا۔ نا) (ہ) مذکر۔ دریا کا دہانہ۔ دریا کا مُنہ ◆

مَہاوَت (مَہا۔ وَت) (ہ۔ مذکر) ہاتھی بان۔ فیلبان ◆

مَہاوَٹ (مَہا۔ وَٹ) (ہ) مؤنث۔ وہ بارش جو ماگھ کے مہینے میں ہوتی ہے ◆

مَہاوَٹیں (ہ) (مؤنث) جاڑے کی بارشیں ◆

مہاوَر (مہا۔ وَر) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا سرخ رنگ جو لاکھ سے تیار کیا جاتا ہے ◆

مَہبِط (مَہ۔ بِط) (ع) مذکر۔ اُترنے کی جگہ ◆

مَہَنت (مَہَنت) (س) (۱) بڑا۔ جلیل القدر۔ معزز۔ ماننے کے قابل (۲) (مؤنث) بڑائی۔ بزرگی (۳) لاڈ۔ پیار۔ ناز ◆

مہتا (مہ۔ تا) (ہ) مذکر (۱) سردار۔ زمیندار (۲) کاتب۔ محرر۔ منشی ◆

مہتاب (مہ۔ تاب) (ف۔ مؤنث) (۱) چاندنی۔ چاند کی روشنی (۲) مذکر۔ چاند (۳) مؤنث۔ ایک قسم کی آتشبازی ◆

مہتاب کا کھیت کرنا۔ چاند کا طلوع ہونا ◆

مَہتابی (ف۔ مؤنث) (۱) ایک قسم کی آتشبازی (۲) کمخواب۔ زربفت۔ بادلہ۔ زری (۳) کٹہرے دار بڑا اُونچا چبوترا ◆

مِہتاری (مِہ۔ تا۔ ری) (ہ) مؤنث (۱) ماں۔ مادر۔ ماتا۔ مائی ◆

مُہتَدی (مُہ۔ تَدی) (ع) ہدایت کرنے والا ◆

مُہتَدیٰ (مُہ۔ تَدا) (ع) ہدایت کیا گیا ◆

مِہتر (مِہ۔ تر) (ف۔ مذکر) (۱) سب سے بڑا۔ بزرگ۔ سردار۔ آقا۔ مالک۔ امیر۔ سرگروہ (۲) (ہ) خاکروب۔ بھنگی۔ حلال خور (۳) چمار۔ موچی (۴) (ہ) بھٹیارا ◆

مِہترانی (ہ) مؤنث (۱) حلال خوری۔ بھنگن (۲) چماری (۳) بھٹیاری ◆

مُہتَمِم (مُہ۔ تَمِم) (ع) مذکر (۱) اہتمام کرنے والا۔ منتظم۔ سربراہ کار ◆

مُہتَمِم اخبار (ہ) مذکر۔ اخبار کا منتظم ◆

مہتمم بندوبست (ہ) مذکر۔ منصرم۔ بندوبست کے محکمے کا انچارج۔ سپرنٹنڈنٹ ◆

مُہتَمِم مَطبع (ہ) مذکر۔ چھاپہ خانہ کا منیجر ◆

مہتو (مہ۔ تو) (ہ۔ مذکر) (۱) گاؤں کا نمبردار۔ چودھری (۲) وُہ شخص جو زمین کا مالک لگان وصول کرنے کے لئے مقرر کرے۔ ایجنٹ (۳) گاؤں کا چوکیدار (۴) محرر۔ کلرک ◆

مَہجُور (مَہ۔ جُور) (ع) جُدا۔ چھوڑا گیا۔ فراق زدہ ◆

مَہجُوری (ع۔ ف) مؤنث۔ فراق۔ جُدائی۔ مفارقت ◆

مَہد (مَہد) (ع) مذکر (۱) پنگوڑا۔ گہوارہ۔ ہنڈولا۔ پالنا۔ جھولنا (۲) بستر۔ بچھونا (۳) (مجازاً) ڈولا۔ محافہ۔ محمل۔ پالکی۔ چھپرکھٹ۔ مسہری ◆

مَہدِ عُلیا (ع) (مؤنث) اُونچے اور بڑے پردے والی بیگم۔ پردہ دار۔ علیاحضرت۔ تعظیماً بادشاہوں یا اُمراء کی بیگمات کے نام کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے ◆

مَہدی (مَہ۔ دی) (ع) (مذکر) (۱) راہنما۔ پیشوا۔ ہادی۔ رہبر (۲) مسلمانوں کا بارھواں امام جس کا ظہور قربِ قیامت میں ہوگا ◆

مُہَذَّب (مُہَذ۔ ذَب) (ع) شائستہ۔ آراستہ۔ تہذیب یافتہ۔ تعلیم یافتہ۔ ثقہ۔ خلیق۔ عیبوں سے پاک ◆

مَہر (مَہر) (ع) مذکر۔ وہ روپیہ یا جنس جو مسلمانوں کے نکاح کے وقت مرد کے ذمے عورت کو دینا مقرر کیا جاتا ہے۔ کابین۔ حقِ زوجیت ◆

مَہر باندھنا (ہ) مہر کے روپے کی تعداد مقرر کرنا ◆

مہر بخشنا (ہ) حقِ زوجیت کا واجب الادا روپیہ معاف کرنا ◆

مہر بندھنا (ہ) مہر مقرر ہونا۔ مہر کا روپیہ قرار پانا ◆

مہرِ شرعی (ع)، مذکر - وہ مہر جو شرع محمدی کے مطابق مرد کے مقدور پر منحصر ہو ◆

مہرِ مثل (ع)، مذکر - وہ مہر جو عورت کے باپ کے خاندان میں رائج ہو اور دیا جائے ◆

مہرِ مُعَجّل (ع)، مذکر - وہ مہر جو نکاح کے ساتھ ہی خلوت سے پہلے ادا کیا جائے ◆

مہرِ مؤجّل (ع)، مذکر، وہ مہر جو کسی اور وقت ادا کیا جائے ◆

مہر نامہ (ع)، (ف)، مذکر - نکاح نامہ - کابین نامہ - وہ کاغذ جس پر نکاح کے متعلق شہادتیں اور مہر کی مقدار لکھی جائے ◆

مہر (مِہر)، (ف)، مؤنث (۱) محبت - حُب - دوستی - اُلفت پیار - شفقت (۲) ہمدردی - رحم (۳) ترس (۴) ممتا - اُلفت مادری (۵) آفتاب - سورج - شمس (۶) مہر کا مہینہ (۷)، ہر شمسی مہینے کی سولھویں تاریخ - یا سولھواں دن ◆

مہربان (ف)، (۱) محبت کرنے والا - رفیق - شفیق (۲) توجہ کرنے والا - عنایت سے پیش آنے والا (۳) دوست - یار ◆

مہربان ہو جانا - یا - ہونا (۱)، (۱) رحم دل ہونا - ترس کھانا (۲)، خوش ہونا - راضی ہونا ◆

مہربانگی (۱)، گنوار، مؤنث - مہربانی ◆

مہربانی (ف - مؤنث)، (۱) عنایت - شفقت - نوازش - کرپا (۲)، توجہ - التفات - دھیان - خیال ◆

مہربانی سے پیش آنا (۱)، عنایت فرمانا - اخلاق سے پیش آنا - اچھا برتاؤ کرنا ◆

مہربانی کرنا (۱)، عنایت کرنا - لطف فرمانا - التفات کرنا ◆

مہربانی نامہ (۱)، مذکر - عنایت نامہ - الطاف نامہ - دوستانہ خط ◆

مہر گیاہ (گیاہ)، (ف - مؤنث)، ایک قسم کی گھاس جس کی جڑ انسانی چہرے کی مانند ہوتی ہے ◆

مہر سے پر دودھ نہیں (۱)، (مثل)، بڑی ظاہرداری ہے - لینا دینا کچھ نہیں ◆

مُہر (مُہر)، (ف)، مذکر (۱)، چھاپ - خاتم - کسی چیز پر کھدا ہوا نام - اشرفی - سونے کا ایک سکّہ ◆

مُہر اُٹھنا (۱)، مہر کا نقش اُبھرنا - مہر کا نمایاں ہونا ◆

مُہر بردار (ف - مذکر)، وہ شاہی ملازم جس کے پاس مہر خاص رہتی ہے - محافظ مہر ◆

مُہر حاکم - یا - مُصَفّٰی (ف - ع)، مؤنث - مہر عدالت ◆

مُہر خاص - یا - دستی (ف - مؤنث)، انگوٹھی کی مہر چھاپ ◆

مُہر سلیمان (ف - مذکر)، حضرت سلیمانؑ کی مہر جس پر اسم اعظم کندہ تھا اور اسی کی وجہ سے دیو - جن پری وغیرہ تمام مخلوق اُن کے زیر فرمان تھی ◆

مُہر شاہی (ف)، مؤنث - بادشاہی مہر - گورنمنٹ کی چھاپ ◆

مُہر کرنا - یا - لگانا (۱)، (۱) کاغذ پر چھاپ لگانا - مہر چسپاں کرنا۔ (۲) سر بند کرنا - بند کرنا (۳)، تصدیق کرنا - گواہی کرنا ◆

مُہر کَن (ف)، مذکر، مہر کھودنے والا - حکّاک ◆

مُہر لب (ف)، مؤنث - خاموشی - سکوت ◆

مُہر نامہ (ف - مذکر)، وہ مہر جو اعتبار کے لئے کاغذ کی پیشانی پر کر دیتے ہیں ◆

مُہر نبوت (ف - ع)، مؤنث - وہ نقش مبارک جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دونوں مونڈھوں کے درمیان تھا ◆

مُہر وصل (ف)، مؤنث - وہ مہر جو اعتبار کے لئے بڑے کاغذوں کے مقامِ وصل یعنی جوڑوں پر کر دیتے ہیں ◆

مَہرا (مَہ - رَا)، (ہ)، مذکر (۱)، کہار - ڈولی یا پالکی اُٹھانے والا - حمّال (۲)، کہاروں کا افسر ◆

مُہرا (مُہ - رَا)، (ہ)، مذکر (۱)، سامنا - آگا (۲)، نشانہ - زد ◆

مِہرا (مِہ - رَا)، (ہ)، مؤنث، پورب، عورت - استری جو زنانہ ہو ◆

مہرانا (ہ)، طعنہ مارنا - آوازہ کسنا - چھیڑنا ◆

مہرانہ (۱)، مذکر - مہر کھدوانے کی اُجرت ◆

مُہرہ (مُہ - رَہ)، (ف - مذکر) (۱)، کاغذ وغیرہ گھوٹنے کا آلہ - (۲)، شطرنج کا مُہرہ - گوٹ - نرد (۳)، کوڑی - سیپ - صدف (۴)، ایک قسم کا مشہور پتھر (۵) سانپ کا من - مُہرۂ مار (۶)، ہڈی ہڈی کا جوڑ - منکا ◆

مُہرہ باز (ف)، شعبدہ باز - عیّار ◆

مُہرہ کرنا (۱)، گھوٹا پھیرنا - پالش کرنا چکنانا ◆

مُہرۂ نماز (ف - مذکر)، خاک شفا کی ٹکیہ جو شیعہ لوگ نماز میں سجدے کی جگہ رکھتے ہیں ◆

مَہری (ہ)، مؤنث (پورب)، کہاری - پانی بھرنے والی عورت ◆

مُہری (ف)، (۱) دستخطی - مہر کیا ہوا (۲)، گھوٹا پھیرا ہوا ◆

مُہری (مُہ - رِی) (ہ)، مؤنث (۱) موری - بدرو (۲)، بندوق کا سوراخ - نال (۳)، آستین یا - پائجامے کا مُنہ ◆

مُہرے پر رکھنا (ہ)، سامنے رکھنا - نشانے پہ رکھنا - زد پہ رکھنا

مہریں لیں - کوئلوں پہ مُہر (۱)، (مثل)، اُس وقت کہتے ہیں جب

بے موقع روپیہ لٹا دیا جائے اور موقع پر کنجوسی کی جائے +

مہک (ہ)، مؤنث (۱) خوشبو۔ میٹھی میٹھی خوشبو (۲)، بدبو (ب) بو۔ باس +

مہک جانا (ہ)، معطر ہو جانا۔ خوشبو میں بس جانا +

مہکانا (ہ)، معطر کرنا۔ خوشبودار کرنا۔ خوشبو پھیلانا +

مہکنا (ہ)، خوشبو پھیلنا۔ معطر ہونا۔ خوشبو میں بسنا +

مہکیلا (ہ)، معطر۔ خوشبودار۔ مہکتا ہوا +

مہلت (مُہ۔ لَت) (ع)، مؤنث (۱) دیر۔ وقفہ۔ ڈھیل۔ توقف (۲)، فرصت۔ چھٹی۔ تعطیل +

مہلت دینا (ا)، فرصت دینا۔ موقع دینا۔ اجازت دینا۔ ڈھیل کرنا +

مہلت ملنا (ل)، فرصت ملنا۔ چھٹی ملنا۔ وقت ملنا۔ موقع ملنا +

مہلک (مَہ۔ لَک)، (ع)، مؤنث ہلاک ہونے کی جگہ۔ جہاں جوکھوں کی جگہ +

مہلک (ع)، قاتل۔ مار ڈالنے والا۔ ضرر رساں +

مہلک بیماری (ا)، ہلاک کر ڈالنے والا مرض۔ خطرناک بیماری +

مہلک دوا (ا)، مؤنث، ہلاک کر دینے والی دوا۔ زہر قاتل +

مہلک زخم (ا)، مذکر۔ کاری زخم۔ ایسا زخم جس سے جانبر ہونا دشوار ہو +

مہلکہ (مَہ۔ لَکہ)، (ع)، مذکر۔ ہلاکت کی جگہ +

مہم (مُہِم)، (ع)، مؤنث (۱) بڑا کام۔ بھاری کام۔ معرکے کا کام۔ مشکل کام۔ ضروری کام (۲)، جنگ۔ لڑائی۔ جدھ +

مہم جیتنا (ا)، (۱)، سخت یا مشکل کام کو سرانجام کرنا۔ (۲)، لڑائی مارنا +

مہم سر کرنا (ا)، (۱)، لڑائی فتح کرنا۔ نہایت دشوار اور سخت کام کا آسان کر لینا +

مہما (مَہ۔ مَا)، (ہ) مؤنث (ہندی)، (۱)، بڑائی۔ بزرگی۔ عظمت۔ شان و شوکت (۲)، مہربانی۔ عنایت۔ مروت۔ نوازش (۳)، تعریف۔ توصیف۔ مدح +

مہما سے بولنا (ہ)، بڑی نرمی اور مہربانی سے بات چیت کرنا۔ خوش اخلاقی سے پیش آنا +

مہما کرنا (ہ)، (۱)، تعریف کرنا۔ توصیف کرنا (۲)، تعظیم و تکریم کرنا۔ آؤ بھگت کرنا۔ خاطر مدارات کرنا +

مہمات (ع۔ مؤنث)، مہم کی جمع۔ بڑے بڑے کام۔ مہمیں۔ لڑائیاں۔ جنگیں +

مہمانز (مِہ۔ مَاز) (ف۔ مذکر)، وہ پھری جو سواروں کے موزے پہ گھوڑے کو ایڑ کرنے کے لئے لگی ہوتی ہے۔ مہمیز +

مہمان (مِہ۔ مَان)، (ف)، مذکر۔ وہ غیر شخص جو کسی کے گھر آکر اترے۔ مدعو۔ ضیافت میں آنے والا +

مہمان جانا (ا)، کسی کے گھر بلایا ہوا جانا +

مہمان خانہ (ف۔ مذکر)، مسافر خانہ۔ مہمان سرا +

مہمان داخل (ف۔ ع)، مہمان کے طور پر +

مہمان دار (ف۔ مذکر)، (۱) میزبان۔ مہمان بلانے والا (۲) وہ شخص جو مہمانوں کی آؤ بھگت پر متعین ہو +

مہمان داری (ا)، مؤنث، مہمان نوازی۔ دعوت۔ ضیافت +

مہمان رکھنا (ا)، ٹھہرانا۔ دعوت کرنا۔ ضیافت کرنا +

مہمان سرا (ف)، مذکر۔ مہمان خانہ۔ مسافر خانہ۔ ہوٹل +

مہمان کرنا (ا)، گھر بلانا۔ ضیافت کرنا +

مہمان نواز (ف)، مہمانوں کی خاطر تواضع کرنے والا۔ مسافر نواز۔ فیاض +

مہمان نوازی (ف۔ مؤنث)، مسافر پروری۔ مہمانوں کی خاطر تواضع +

مہمانی (ف۔ مؤنث)، دعوت۔ تواضع۔ ضیافت۔ مہمانداری۔ مہمان نوازی +

مہمانی کرنا (ا)، مہمان بلانا۔ دعوت کرنا۔ ضیافت کرنا +

مہمل (مُہ۔ مَل)، (ع۔ مذکر) (۱) چھوڑا ہوا۔ ترک کیا ہوا (۲)، (مجازاً) بے کار۔ نکما۔ زائد۔ بے معنی (۳)، بیہودہ۔ لغو۔ (۴) سست۔ کاہل +

مہملات (ع)، مؤنث، مہمل کی جمع۔ لغو باتیں۔ بیہودگیاں +

مہملہ (ع)، (۱) خالی۔ معطل (۲)، مذکر۔ وہ حرف جس پر نکتہ نہ ہو۔ غیر منقوطہ +

مہموز (مَہ۔ مُوز)، (ع)، (۱) عیب دار۔ معیوب (۲) عربی کا وہ کلمہ جس کے اصلی حرفوں میں سے ایک ہمزہ ہو +

مہمیز (مِہ۔ مِیز) (ف۔ مؤنث)، خار۔ کانٹا۔ لوہے کی وہ میخ جو سواروں کی ایڑی پر لگی ہوتی ہے۔ اور اس سے گھوڑے کو ایڑ لگاتے ہیں +

مہمیز خور (ف۔ مذکر)، وہ گھوڑا جسے مہمیز کی عادت پڑ گئی ہو۔ اڑیل ٹٹو +

مہمیز کرنا (ا)، ایڑ لگانا۔ گھوڑے کو چلانا +

مہنا (مِہ۔ نَا)، (س۔ مذکر)، طعنہ۔ تشنیع۔ سرزنش۔ طنز +

مہنائت (مِہ۔ نَا۔ ئت) (ہ۔ مؤنث)، رونا۔ پیٹنا۔ بلبلانا +

مہنال (مُہ۔ نَال)، (ہ۔ مذکر)، دیکھو "منہنال" +

مہنت (مَہَنت)، (س)، مذکر (۱)، جوگی۔ تکیہ دار۔ فقیروں کا سردار۔ گسائیں (۲)، بہت موٹا آدمی۔ موٹا۔ پھپس +

مہنتائی (ع) مؤنث، مہنت کا کام۔ ٹھیکہ داری +
مہنّد (مَہَن۔ نَد ہ ع) ہندی بنایا گیا +
مہندس (مُہَن۔ دِس) (ع۔ مذکر) (۱) اُقلیدس کا ماہر۔ اشکال ہندسہ کا عالم (۲) جوتشی (۳) منجّم +
مہندی (مَہَنْ۔ دِی) (ہ۔ مؤنث) دیکھو "مہندی" +
مہنگا (مَہَنْ۔ گا) (ہ) گراں۔ قیمتی۔ زیادہ مول کا +
مہنگا سماں (ہ۔ مذکر) گرانی کا وقت۔ قحط۔ کال۔ خشک سالی +
مہنگا ہونا (ہ) گراں ہونا۔ زیادہ مول سے بکنا +
مہنگی (ہ) مؤنث۔ گراں۔ قیمتی +
مہوا (مَہُو۔ ا) (ہ۔ مذکر) ایک درخت جس کا پھل کھاتے۔ پھولوں کی شراب بناتے اور بیجوں کا تیل نکالتے ہیں +
مہوا ٹپکنا (ہ) مہوے کے پھلوں کا متواتر برسنا +
مہوبا۔ مہوبہ (مَہُو۔ با۔ مَہُو۔ بہ) (ہ۔ مذکر) ضلع ہمیر پور میں ایک تحصیل +
مہورت (مَہُو۔ رَت) (ہ۔ مذکر) مبارک گھڑی۔ شگن۔ وقت۔ موقع۔ ستاروں کی چال کے مطابق کسی کام کے کرنے کا مبارک وقت +
مہورت دیکھنا (ہ) کسی کام کے لئے ستاروں کی چال کے مطابق کسی کام کے کرنے کا مناسب وقت +
مہورت کرنا (ہ) کسی کام کو اچھی گھڑی دیکھ کر ہاتھ لگانا۔ شگون کرنا۔ ساعت سعید اور وقت مسعود میں کوئی کام کرنا +
مہوس (مُہَو۔ وِس) (ع۔ مذکر) (۱) حریص۔ حرصی۔ لالچی (۲) کیمیا گر۔ سونا چاندی بنانے والا +
مہوسی (ف) مؤنث۔ حرص پن۔ لالچ پن (۲) کیمیا گری +
مہوک (مَہُوک) (ہ۔ مذکر) ایک قسم کی کوئل +
مہی (مَہِی) (س۔ مؤنث) (ہندو) (۱) زمین۔ ارض۔ ولایت۔ ویس (۲) چھاچھ +
مہیا (مُہَیْ۔ یا) (ع) آمادہ۔ تیار۔ موجود۔ ریس۔ حاضر +
مہیا کرنا (ف) تیار کرنا۔ موجود کرنا۔ حاضر کرنا +
مہیب (مُہِیب) (ع) خوفناک۔ خطرناک۔ بھیانک۔ ڈراؤنا +
مہیرو (مَہے۔ رُو) (ہ) مذکر۔ گھی کا میل +
مہیری (مَہے۔ رِی) (ہ۔ مؤنث) چھاچھ میں پکا یا ہوا باجرہ وغیرہ +
مہیش (مَہیش) } (س۔ مذکر) شیوجی۔ ہلاک کرنے والا دیوتا +
مہیشور (مَہیش۔ شوَر) }
مہیلا (مَہِی۔ لا) (ہ) مذکر (۱) گھوڑوں کے لئے اُبلے ہوئے موٹھ۔ جن میں گڑ وغیرہ بھی ڈالتے ہیں۔ سانی (۲) پھیکا، نہایت بے مزہ کھانا +
مہین (مَہِین) (ہ) (۱) باریک۔ پتلا۔ دقیق (۲) نازک۔ کومل +
مہین آواز (ف) مؤنث۔ باریک اور ملائم آواز +
مہینا (مَہی۔ نا) (ہ) مذکر (۱) ماہ۔ تیس یا اس سے کم دن کا عرصہ۔ سال کا بارھواں حصّہ (۲) تنخواہ۔ مشاہرہ۔ طلب۔ وظیفہ۔ روزینہ۔ ماہوار۔ ماہانہ۔ درماہہ +
مہینا بھاری ہونا (ف) مہینہ منحوس ہونا +
مہینا بھر (ف) تمام مہینے تک +
مہینا چڑھنا (ف) (۱) کسی کے ذمے مہینے کی تنخواہ کا ہو جانا۔ مشاہرہ نہ ملنا (۲) حیض کے دن ٹل جانا۔ معمول کے دن گزر جانا +
مہینا وار (ف) ماہواری تنخواہ کا ذکر +
مہینے (ہ) مذکر۔ مہینا کی جمع +
مہینے سے ہونا (ف) (ہندو) حیض سے ہونا۔ کپڑوں سے ہونا۔ ایام سے ہونا +
مہینے کے مہینے (ف) ماہوار۔ ہر تیس دن کے بعد۔ چاند کے چاند +

م - ے

مئی (مَ۔ ئی) (ہ۔ مذکر) ہل جُتے ہوئے کھیت کو ہموار کرنے کا پٹرا +
مئی (مَ۔ ئی) (ہند) انگریزی May (مذکر) انگریزی سال کا پانچواں مہینہ +

م - ی

مے (مَے) (ف۔ مؤنث) شراب۔ بادہ۔ دارُو۔ مُل۔ صہبا +
مے آشام (ف۔ مذکر) شرابی۔ شراب پینے والا۔ شراب خور۔ بادہ نوش +
مے پرست (ف۔ مذکر) شراب کا عاشق۔ شرابی۔ شراب خوار +
مے پرستی (ف۔ مؤنث) مے نوشی۔ شراب خواری۔ بادہ پیمائی +
مے خانہ۔ یا۔ مے کدہ (ف۔ مذکر) شراب خانہ۔ کلال خانہ۔ شراب بکنے اور بیٹھ کر پینے کی جگہ +
مے خوار۔ یا۔ میگسار (ف۔ مذکر) شرابی۔ شراب پینے

(۱) بادہ پرست۔ شراب خوار ◆
مے خواری (ف) مؤنث۔ شراب نوشی۔ شراب خواری ◆
مے فروش (ف) مذکر۔ شراب بیچنے والا۔ کلال ◆
مے کش (ف) مذکر۔ شراب پینے والا۔ مے خوار ◆
مے گوں (ف) شراب کے رنگ کا۔ سُرخ۔ لال ◆
مے نوش (ف) مذکر۔ بادہ خوار۔ شرابی۔ شراب پینے والا ◆
میا (ہ) یا مؤنث "ما" کی تصغیر۔ ماں۔ والدہ ◆
میان (میاں) (ف) مذکر (۱) درمیان۔ وسط۔ بیچ (۲) کمر (۳) نیام۔ تلوار وغیرہ رکھنے کا خانہ ◆
میان سے باہر ہونا (ل) (۱) تلوار کا غلاف سے باہر نکل آنا (۲) آپے میں نہ رہنا۔ غصے کے مارے آپے سے باہر ہونا ◆
میان سے کھینچنا۔ یا۔ لینا (ل) (۱) مرنے مارنے کو مستعد ہونا۔ تلوار کو میان سے باہر کر لینا ◆
میان میں کرنا (ل) (۱) تلوار کو غلاف میں بند کرنا (۲) صلح کرنا۔ لڑائی سے باز آنا ◆
میاں (میاں) (ہ) مذکر (۱) آقا۔ والی۔ وارث۔ خداوند۔ مالک۔ سرکار۔ حضور۔ حاکم۔ سردار (۲) (عو) خاوند۔ شوہر۔ خصم (۳) صاحبزادہ۔ بیٹا (۴) جناب۔ مسٹر۔ جناب عالی (۵) یار۔ دوست۔ بھائی (۶) اُستاد۔ معلم۔ مدرس۔ پڑھانے والا (۷) شہزادہ۔ صاحب عالم۔ امیر زادہ۔ کنور (۸) ٹھاکر۔ پہاڑی (۹) راجپوت۔ راجاؤں کے خاندانی لوگ ◆
میاں آدمی (ہ) مذکر۔ نیک آدمی۔ شریف آدمی۔ بھلا آدمی ◆
میاں بھائی (ہ) مذکر۔ کلمۂ محبت جو کسی برابر والے یا چھوٹے کو بلاتے وقت زبان پر لاتے ہیں ◆
میاں بیوی (ہ) زن و شوہر۔ خاوند بیوی ◆
میاں بیوی راضی کیا کرے گا قاضی (ہ) (مثل) جب آپس میں اتفاق ہو تو دوسرا کس طرح دخل در معقولات دے سکتا ہے ◆
میاں جی (ہ) مذکر۔ مُلا۔ مُعلم۔ مدرس۔ اُستاد۔ پڑھانے والا ◆
میاں جی گری (ف) مؤنث (۱) مدرسہ پڑھانے کی نوکری۔ یا۔ پیشہ (۲) پیام رسانی یا ایلچی پن (۳) کٹنا پا۔ دلالی ◆
میاں صاحب (ہ) مذکر (۱) حضرت سلامت۔ جناب عالی (۲) پیر و مرشد۔ قبلہ و کعبہ (۳) ابا۔ بڑا بھائی ◆
میاں مٹھو (ہ) مذکر (۱) میٹھی میٹھی باتیں کرنے والا۔ پیار سے طوطے کو کہتے ہیں (۲) بھولا۔ سادہ لوح۔ بھولا بھالا (۳) اپنی تعریف آپ ہی کرنے والا ◆
میاں موڈھو بیل (ہ) بیوقوف۔ نافہم ہے ◆
میانا (میانہ) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کی سواری۔ پالکی۔ محافہ۔ تخت پالکی ایک قسم کی زنانہ سواری (۲) گاڑی کی بیچ کی بانس۔ بم ◆
میانہ (ف) (۱) درمیان۔ بیچ۔ وسط۔ متوسط درجے کا۔ منجھلا (۲) وسطی۔ بیچ کا (۳) پستہ قد۔ درمیانہ قد (۴) مذکر۔ مرکز۔ دھری۔ کیلی ◆
میانہ رو (ف) متوسط چال چلنے والا ◆
میانہ روی (ف۔ مؤنث) اعتدال۔ کفایت شعاری۔ اوسط درجہ کی چال ◆
میانہ قد (ف۔ع) مذکر۔ ناٹا۔ ٹھگنا۔ پستہ قد۔ متوسط قد ◆
میانہ گیر (ف) اعتدال پسند۔ افراط و تفریط سے دور رہنے والا ◆
میانی (ہ) مؤنث۔ دونوں پائنچوں کے بیچ کا کپڑا ◆
میاؤں (میاؤں) (ہ) مؤنث (۱) بلی کی آواز (۲) خرخر۔ غرغر ◆
میاؤں کو کون پکڑے گا (ہ) (مثل) زبردست کی آواز ہی سے ڈر لگتا ہے ◆
میپ (میپ) (انگریزی Map) مذکر۔ نقشہ۔ ملک یا زمین کا نقشہ ◆
میت (می۔یت) (ع) مؤنث (۱) جنازہ۔ مُردہ۔ لاش۔ نعش ◆
میت (میت) (ہ) مؤنث (۱) یار۔ دوست۔ ساتھی۔ رفیق (۲) عاشق۔ ساجن۔ مفتون ◆
میتا (میتا) (ہ) مذکر (۱) گھڑا (۲) پیار ◆
میتھی (میتھی) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا نہایت خوشبودار ساگ ◆
میتھین (میتھین) (ف) مؤنث۔ لوہے کی چھینی جس سے پتھر تراشا جاتا ہے ◆
میٹ (میٹ) (انگریزی Mate) مذکر (۱) رفیق۔ ساتھی۔ ہمراہی (۲) قلیوں کا افسر۔ مزدوروں کا جمعدار ◆
میٹر (می۔ٹر) (انگریزی Metre) مذکر۔ ایک گز سوا تین انچ کا پیمانہ
میٹرکولیشن (میٹرکولیشن) (انگریزی Matriculation) مذکر۔ دسویں جماعت کا امتحان ◆
میٹنا (میٹ۔نا) (ہ) عو۔ (۱) مٹانا۔ خاک میں ملانا۔ نیست و نابود کرنا (۲) قلم پھیرنا۔ دور کرنا (۳) کھونا۔ ضائع کرنا ◆
میٹنگ (می۔ٹنگ) (انگریزی Meeting) مؤنث۔ مجلس۔ جلسہ۔ سبھا۔ بزم۔ مجمع۔ پنچایت۔ کمیٹی ◆
میٹھا (می۔ٹھا) (ہ) (۱) شیریں (۲) مزے دار۔ لذیذ۔ خوش ذائقہ (۳) سست رفتار۔ ڈھیلا۔ دھیما۔ کاہل۔ کند ذہن (۴) مذکر۔ شیرینی۔ مٹھاس۔ مٹھائی (۵) گڑ۔ قند (۶) حلوا (۷) نرم۔ ہلکا (۸) ایک قسم کا شیریں لیموں (۹) بردبار آدمی۔ وہ شخص جسے غصہ نہ آئے ◆
میٹھا برس (ہ) مذکر (عو) عمر کا اٹھارواں سال ◆
میٹھا بولنا (ہ) نرمی اور شیریں زبانی سے پیش آنا ◆
میٹھا پانی (ہ) مذکر (۱) آب شیریں (۲) سوڈا واٹر۔ ولایتی شربت جس میں لیمو کا عرق اور شیرہ ڈال کر کل کے ذریعے سے بوتلوں میں بھرتے ہیں۔

میٹھا پویہ یا دو (ہ) مذکر۔ گھوڑے کی ایک چال جو نہ بہت تیز ہو اور نہ بہت سست ✦
میٹھا تیل (ہ) مذکر۔ تلوں کا تیل۔ روغن کنجد ✦
میٹھا تیلیا (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا زہر ✦
میٹھا ٹھگ (ہ) مؤنث۔ میٹھی میٹھی باتیں بنا کر ٹھگنے والا۔ دغا باز یار۔ جھوٹا دوست ✦
میٹھا درد (ہ) مذکر۔ نرم درد۔ ہلکا سا درد ✦
میٹھا منہ (ہ) مذکر۔ تلوار یا کسی ہتھیار کی دھار کند ہونا ✦
میٹھا منہ کرانا (ہ) (۱) مٹھائی کھلانا (۲) شکرانہ دینا (۳) رشوت دینا ✦
میٹھا منہ کرنا (ہ) (۱) مٹھائی کھلانا (۲) مٹھائی کھانا (۳) صحبت کرنا۔ ہمبستری کرنا (۴) رشوت دینا ✦
میٹھا میٹھا (ہ) کم کم۔ ہلکا ہلکا۔ تھوڑا تھوڑا ✦
میٹھا میٹھا درد (ہ) مذکر۔ کم کم درد۔ ہلکا ہلکا درد ✦
میٹھا میٹھا ہپ ہپ اور کڑوا کڑوا تھو (ہ) (مثل) اچھی اچھی چیز لے لینا اور بری چیز سے نفرت کرنا ✦
میٹھا ہونا (ہ) (۱) شیریں ہونا (۲) کم ہونا۔ تھوڑا ہونا۔ پھیکا ہونا (۳) قابل برداشت ہونا۔ گوارا ہونا۔ دلپسند ہونا ✦
میٹھی (ہ) (۱) میٹھا کی تانیث۔ شیریں۔ شکریں (۲) نرم۔ کم (۳) مؤنث بوسہ بازی، جیسے مزاج کی عورت (۴) چوما۔ پیار۔ بوسہ ✦
میٹھی بات (ہ) مؤنث۔ ملائم بات۔ نرم بات۔ دلچسپ بات ✦
میٹھی باتیں کرنا (ہ) نرمی سے بولنا۔ مزے کی باتیں کرنا ✦
میٹھی باڑھ (ہ) مؤنث۔ کم تیز اور کند دھار۔ موٹی باڑھ ✦
میٹھی بولی (ہ) مؤنث۔ شیریں زبان۔ ملائم اور نرم زبان ✦
میٹھی چھری (ہ) مؤنث۔ وہ شخص جو بظاہر دوست ہو مگر باطن دشمن۔ دوست نما دشمن۔ مار آستین ✦
میٹھی عید (ہ) مؤنث۔ عید الفطر ✦
میٹھی گالی (ہ) مؤنث۔ وہ گالی جو ناگوار نہ گزرے۔ معشوق کی گالی ✦
میٹھی مار (ہ) مؤنث۔ (۱) باطنی تکلیف۔ گپت مار۔ وہ مار جو بظاہر معلوم نہ ہو ✦
میٹھی مار دینا (ہ) اندرونی مار مارنا۔ گپتی مار مارنا ✦
میٹھی مراد (ہ) مؤنث۔ اچھی مراد۔ مراد خوش ✦
میٹھی میٹھی باتیں کرنا (ہ) خوش گفتاری سے پیش آنا۔ شیریں اور مزیدار گفتگو کرنا ✦
میٹھی نظر۔ یا۔ نگاہ (ہ) مؤنث۔ محبت کی نظر۔ عاشقانہ نظر ✦
میٹھی نظریں۔ یا۔ میٹھی میٹھی نظریں۔ یا۔ نگاہیں (ہ) مؤنث (۱) محبت و الفت کی نگاہیں (۲) عاشقانہ نگاہیں ✦
میٹھی نیند (ہ) مؤنث۔ بے فکری کی نیند۔ گہری نیند۔ خواب راحت ✦
میٹھے (ہ) مذکر۔ میٹھا کی جمع ✦

میٹھے کھٹے۔ یا۔ کھٹے میٹھے کو جی چاہنا (ہ) محاورہ۔ حاملہ کی خواہش ہونا۔ ہم بستری کی رغبت ہونا۔ وصل اور ہم آغوشی کو دل چاہنا ✦
میٹھے کے لالچ (واسطے) جھوٹا کھاتے ہیں (ہ) (مثل) فائدے کے طمع میں سخت زبانی اور تکلیف برداشت کرتے ہیں ✦
میٹھے میں سلونا ملانا (ہ) بدمزگی پیدا کرنا ✦
میٹھے والے (ہ) مذکر۔ وہ ٹھگ جو مسافروں کو میٹھا تیلیا کھلا کر اڑا لے جاتے ہیں ✦
میثاق (ع) (ث۔ ثاق) (ع) مذکر۔ قول و قرار۔ عہد و پیمان۔ معاہدہ ✦
میجر (مے۔ جر) (انگریزی Major) (مذکر) ایک فوجی عہدہ ✦
میجسٹی (مے۔ جس۔ ٹی) (انگریزی Majesty) (مؤنث) والیٔ سلطنت کا اعزازی لقب ✦
میجک (مے۔ جک) (انگریزی Magic) (مذکر) علم تسخیر۔ جادو۔ افسون۔ ٹونا۔ سحر ✦
میجک لینٹرن (انگریزی Magic Lantern) (مؤنث) وہ لالٹین جس سے اندھیرے میں سینما کی طرح چلتی پھرتی تصویریں دکھائی جاتی ہیں۔
میچنا۔ مینچنا (میچ۔ نا + مینچ۔ نا) (ہ) (ہندی) (۱) ہاتھ سے ملنا۔ مسلنا (۲) ملانا۔ آمیز کرنا (۳) رگڑنا۔ صاف کرنا (۴) گوندھنا ✦
میچ (میچ) (انگریزی Match) (مذکر) (۱) بازی۔ شرط۔ کھیل میں مقابلہ ✦
میچ کرنا۔ یا۔ کھیلنا (ا) کسی کھیل میں کسی کے ساتھ مقابلہ کرنا ✦
میچ (میچ) (ہ) مؤنث (پہلا) (۱) نوٹ۔ پرتو (۲) میچنا کا امر ✦
میچز (مے۔ چز) (انگریزی Matches) (مؤنث) دیا سلائی۔ ماچس ✦
میچنا (ہ) (۱) بند کرنا۔ موندنا (۲) سکیڑنا۔ سکوڑنا۔ بھینچنا ✦
میخ (میخ) (ف) مؤنث (۱) کیل۔ پریک (۲) کھونٹی۔ چوب ✦
میخ اکھاڑنا (ا) کھونٹا اکھاڑ۔ سواروں کا ایک کرتب جس میں وہ گڑی ہوئی میخ کو گھوڑا دوڑا کر اکھاڑ کر لے جاتے ہیں ✦
میخ ٹھونکنا (ا) (۱) کیل جڑنا۔ کیل ٹھونکنا (۲) ہاتھ پاؤں میں کیل گاڑنا۔ ایسی سزائیں پہلے زمانے میں دی جاتی تھیں (۳) دبانا۔ مغلوب کرنا (۴) توپ میں کیل ٹھونک کے بے کار کرنا ✦
میخ دی میخ نہیں دیا (ا) (مثل) اس موقع پر بولتے ہیں۔ جب کوئی شخص بڑے حوصلے سے نہایت قیمتی چیزیں دے دے مگر لینے والا ایک حقیر سی چیز نہ دینے کے

باعث شکوہ کرے ۔

میخ مارنا (ف) (۱) کیل ٹھونکنا (۲) مغلوب کرنا ۔ ہرانا ۔ شکست دینا ۔ (۳) بھانجی مارنا (۴) نقب زنی کرنا ۔ سیندھ لگانا ۔

میخچو (ف) مذکر ۔ میخ ٹھونکنے کی موگری ۔

میخی روپیہ (ا) مذکر ۔ وہ روپیہ جس میں سوراخ کرکے چاندی نکال لیں اور اس کے بجائے سیسہ بھر دیں ۔

میدان (مے ۔ دان) (ع) ۔ مذکر (۱) صاف اور وسیع سطح زمین ۔ چٹیل زمین ۔ ہموار زمین (۲) (ا) لڑائی ۔ مقابلہ ۔ جنگ ۔

میدان جانا (ا) (گنوار) جنگل جانا ۔ پاخانے جانا ۔ قضائے حاجت کو جانا ۔ ٹٹی جانا ۔

میدان جنگ ۔ یا ۔ صف آرائی ۔ یا ۔ کارزار (ع ۔ ف) مذکر لڑائی کا کھیت ۔ معرکہ ۔ وہ جگہ جہاں لڑائی ہو ۔

میدان چھوڑنا (ا) (۱) جگہ چھوڑنا ۔ میدان دینا ۔ جگہ فارغ کرنا ۔ (۲) لڑائی کا موقع چھوڑ کر بھاگ جانا ۔

میدان دینا (ا) جگہ دینا ۔ پرے ہٹنا ۔ رستہ دینا ۔

میدان صاف ہے (ا) کوئی روک ٹوک نہیں ۔ خوف اور اندیشہ بالکل نہیں ۔

میدان قلم (ع) مذکر قلم کی تراش ۔ خانۂ قلم ۔ زمین قلم ۔

میدان کرنا (ا) (۱) ہموار کرنا ۔ گرانا ۔ ڈھانا (۲) جنگ کرنا ۔ صف آرائی کرنا ۔

میدان مارنا (ا) (۱) لڑائی جیتنا ۔ فتح کرنا ۔ کامیاب ہونا ۔ معرکہ ہونا ۔

میدان میں آنا (ا) لڑنے کو نکلنا ۔ سامنے آنا ۔ مقابلہ پر آنا ۔

میدان میں اترنا (ا) اکھاڑے میں اترنا ۔ لڑنے کو میدان میں آنا ۔

میدان ہاتھ میں آنا ۔ یا ۔ رہنا (ا) فتح پانا ۔ لڑائی مارنا ۔ میدان فتح ہونا ۔

میدان ہاتھ سے جانا (ا) ہار ہونا ۔ شکست ہونا ۔ موقع نکل جانا ۔

میدان ہاتھ ہونا (ا) سر سہرا ہونا ۔

میدان ہونا (ا) مقابلہ ہونا ۔ لڑائی ہونا ۔ جنگ ہونا ۔

میدانی (ع ۔ ف) (۱) میدان کے متعلق (۲) مؤنث صحن مکان میں نصب کرنے والی لالٹین (۳) مذکر ۔ نقیب ۔

میدنی (مے ۔ دَنی) (س) مؤنث (۱) زمین ۔ دھرتی ۔ ارض (۲) وہ زمین جس پہ پاپیادہ چل کر کسی مقدس مقام میں جاتے ہیں ۔

میدہ (مے ۔ دَہ) (ف) مذکر ۔ نہایت باریک آٹا ۔

میدہ سا (ا) میدے کی مانند نہایت باریک ۔

میدہ لکڑی (ا) مؤنث ۔ دوا کی ایک جڑ ۔

میدہ و شہاب (ا) خوبصورت آدمی ۔ گورا چٹا ۔ سرخ و سفید ۔

میدھ (میِدھ) (س) مذکر ۔ قربانی ۔

میڈل (مے ۔ ڈَل) (انگریزی Medal) (مذکر) تمغہ ۔

میڈم (مے ۔ ڈَم) (انگریزی Madam) مؤنث بیگم ۔ خاتون ۔ بانو ۔ خانم ۔

میڈیکل (مے ۔ ڈی ۔ کل) (انگ Medical) متعلقہ طبی ۔ ڈاکٹری سے نسبت رکھنے والا ۔

میڈیکل کالج (انگ Medical College) مذکر ۔ ڈاکٹری کی درسگاہ ۔

میر (میِر) (ف ۔ مذکر) (۱) افسر ۔ سردار ۔ سرکردہ ۔ سالار ۔ پیشوا ۔ مقدم (۲) ہادی ۔ راہنما ۔ پیشوائے دین (۳) سیدوں کا اعزازی لقب (۴) تاش کا بادشاہ (۵) (ت) شہزادہ ۔

میر آتش (ف) مذکر آگ کا داروغہ ۔ یعنی داروغۂ توپ خانہ ۔

میر آخور (ف) مذکر ۔ داروغۂ اصطبل ۔

میر بار (ف) مذکر ۔ وہ شخص جو بادشاہوں اور امیروں کے دربار میں آنے کی اجازت اپنے اطمینان پہ دیتا ہے ۔

میر بحر (ف ۔ ع) مذکر (۱) امیر البحر ۔ میر آب ۔ جہازی سپہ سالار (۲) دریا کے گھاٹ کا داروغہ (۳) بندرگاہوں کا منتظم ۔

میر بحری (ف ۔ ع) مؤنث (۱) امیر البحر کا عہدہ (۲) بحری فوج کا انتظام کرنے والا محکمہ ۔

میر بخشی (ف) مذکر ۔ تنخواہ تقسیم کرنے والا عہدہ دار ۔

میر بھجڑی (ا) (مذکر) ہیجڑوں کا ایک نامعلوم مورث اعلیٰ ۔

میر تزک ۔ یا ۔ توزک (ف) (مذکر) سپہ سالار ۔ فوج کا انتظام کرنے والا ۔

میر جی (ا) (مذکر) (۱) میراثیوں کا خطاب (۲) میر صاحب ۔ سید صاحب ۔

میر حاج (ف ۔ ع) مذکر ۔ حاجیوں کا سردار ۔

میر دِہ (ف) ۔ مذکر (۱) نمبردار ۔ مقدم ۔ گاؤں کا سردار (۲) جریب کش (۳) ایک قوم ۔

میر دیوان (ف) (مذکر) سررشتہ دار۔ نائب۔ پیشکار ✦
میر ساماں (ف) (مذکر) خانساماں۔ میر مطبخ۔ امیروں یا بادشاہوں کے کھانوں کا انتظام کرنے والا ✦
میر شکار (ف) (مذکر) وُہ ملازم شاہی جسے شکاری جانوروں کی نگرانی سپرد ہو ✦
میر عرض (ف-ع) (مذکر) عرض بیگی۔ بادشاہی ملازم۔ جو لوگوں کی عرض معروض پیش کرے ✦
میر فرش (ف) (مذکر) وہ بھاری پتھر جو فرش دبانے کے لیے چاروں کونوں پر رکھے جاتے ہیں ✦
میر قافلہ۔ یا۔ کارواں (ف) (مذکر) قافلے کا سردار ✦
میر کلام (ف-ع) (مذکر) نہایت اچھا مقرر۔ جادو بیان لیکچرار ✦
میر مجلس (ف) (مذکر) صدرِ مجلس۔ صدر نشین۔ صدرِ انجمن۔ پریزیڈنٹ ✦
میر محلہ (ف-ع) (مذکر) محلے کا چودھری۔ کسی کُوچے کا سردار ✦
میر مشاعرہ (ف-ع) (مذکر) بزمِ مشاعرہ کا صدر ✦
میر مطبخ (ف-ع) (مذکر) خانساماں۔ میر بکاول۔ بادشاہی کھانا پکانے والا ✦
میر منشی (ف-ع) (مذکر) سررشتہ دار۔ پیشکار۔ اعلیٰ محرر۔ صدر ✦
میرا (مے۔ رَا) (ہ) اپنا۔ اپنی ذات کا۔ خود کا ✦
میرا باپ سخی تھا۔ بڑے بردے آزاد کرتا تھا (ا) (مثل) شیخی خورے کی نسبت بولتے ہیں۔ جو آپ تو کسی قابل نہ ہو۔ مگر بزرگوں کی باتوں پر گھمنڈ کرے ✦
میرا بس چلے۔ تو تجھے کچا کھا جاؤں (ہ) (مثل) بے حد غصّے کی حالت میں کہتے ہیں ✦
میرا بھائی ہے (ہ) اپنا عزیز ہے۔ میرا پیارا ہے ✦
میرا بیل منطق نہیں پڑھا ہُوا (ا) (مثل) اس موقع پر بولتے ہیں، جب یہ ظاہر کرنا مقصود ہو کہ سیدھے سادے آدمی اپنا کام غرض سے رکھتے ہیں ✦
میرا تیرا (ہ) (مذکر) بیگانگی ظاہر کرنے کیلئے مستعمل ہے ✦
میرا حلوا کھائے (ا) (عو) اگر میرا کہنا نہ مانے تو مجھے مُردہ دیکھے (مُردے کا حلوا بانٹا کرتے ہیں) ✦
میرا اسلام ہے (ا) میں باز آیا۔ مجھے منظور نہیں۔ خدا بچائے ✦
میرا کیا گیا (ہ) ہمارا کیا نقصان ہُوا۔ میرا کیا بگڑا ✦
میرا لہو پیئے (ا) (عو) دیکھو میرا حلوا کھائے ✦
میرا ماتھا جبھی ٹھنکا تھا (ہ) مجھے پہلے ہی اندیشہ ہُوا تھا۔ میں پہلے ہی تاڑ گیا تھا ✦
میراث (مِی۔ رَاث) (ع۔ مؤنث) ورثہ۔ ترکہ۔ وہ جائداد وغیرہ جو متوفی کی ملکیت سے حقداروں کو ملے ✦

میراثن (ا) (مؤنث) مُطربہ۔ ڈومنی۔ گانے والی ✦
میراثی (ا) (مذکر) مُطرب۔ مُغنی۔ گویا۔ ڈُوم ✦
میراں (مِی۔ رَاں) (ف۔ مذکر) (۱) بہت بڑا امیر۔ سرداروں کا سردار (۲) خواجہ معین الدین چشتیؒ اور خواجہ عبدالقادر گیلانیؒ غوث الاعظمؒ کا لقب۔ بڑے پیر کا لقب ✦
میراں جی (ا) (مذکر) (۱) حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ اور حضرت غوث الاعظمؒ کا لقب (۲) بارہ وفات کے بعد کا مہینہ۔ ربیع الآخر ✦
میراں جی کا چاند (ا) (مذکر) مسلمانوں کا چوتھا قمری مہینہ۔ ربیع الآخر ✦
میرزا (مِیر۔ زَا) (ف۔ مذکر) (۱) امیر زادہ۔ رئیس زادہ۔ مغل زادہ۔ ملک زادہ (۲) شہزادوں اور مغلوں کا لقب ✦
میرزا منش (ف۔ مذکر) شہزادوں کی سی خُو بُو والا۔ نازک مزاج۔ شاہانہ مزاج کا آدمی۔ تنک مزاج ✦
میرزائی (ف۔ مؤنث) (۱) شہزادگی۔ بزرگی۔ شرافت۔ عالی خاندانی۔ نجابت (۲) تکبر۔ نازک مزاجی۔ ناز۔ گھمنڈ (۳) کمری۔ صدری۔ واسکٹ۔ نیم جامہ ✦
میری (ا) (مذکر) سب پر فوقیت لے جانے والا۔ جو سب میں اوّل رہے اُسے میری کہتے ہیں ✦
میری (ہ) (۱) میرا کی تانیث (۲) میری ملکیت ہے ✦
میری آنکھوں سے دیکھو (ہ) (عو) جب ایک چیز اچھی یا بُری ہو۔ مگر کہنے پر بھی دوسرا شخص اُس کی بھلائی بُرائی دیکھ نہ سکے۔ تو اس وقت کہتے ہیں۔ کہ خدا نے تمہیں بینائی نہیں دی۔ ہماری آنکھوں سے دیکھو ✦
میری بلّی اور مجھی سے میاؤں (ہ) (مثل) میرا مطیع اور مجھی سے مقابلہ ✦
میری بیزار سے / میری جُوتی سے (ا) (عو) میری بلا سے۔ مجھے کیا غرض ہے۔ مجھے کچھ پروا نہیں ✦
میری جان گئی (ا) میں مری۔ میری زندگی چلی۔ میری جان پر آبنی۔ مجھے نہایت تکلیف ہے ✦
میری جُوتی میرے ہی سر (ا) ہمارا ہی کھائے اور ہمیں پر غرّائے۔ ہماری چیز ہمارے ہی ذمّے ✦
میری طرف بھی دیکھنا (ا) میرا بھی لحاظ کرنا۔ مجھ پر بھی نظر عنایت رکھنا ✦
میری مُرغی کی تین ٹانگ (ہ) (مثل) اپنی چیز کی تعریف ✦
میرے (ہ) میرا کی جمع ✦
میرے بڑھاپے پر کرم کیجئے (ا) مجھ ضعیف اور ناتواں پر رحم کیجئے اور رنج و تکلیف نہ دیجئے۔ ستانے کی بجائے لطف و مہربانی سے پیش آئیے ✦

میرے بُوت کی ملیمی ملیمی باہیں (ع) (مثل) اپنی چیز کو ہر کوئی سراہتا ہے +

میرے سامنے آ سکتے ہیں؟ (ع) مجھ سے آنکھ ملا سکتے ہیں؟ کیا طاقت ہے؟ کیا مجال ہے جو میرے روبرو ہو سکیں +

میرے ملا کی اُلٹی ریت ساون ماس اُٹھاویں کھیت (ع) (مثل) ہمارے صاحبزادے کی اُلٹی نت ہے۔ وقت بے وقت نہیں دیکھتے۔ بےوقت کلام کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں +

میرے مُنہ سے (ع) (عو) میرے باعث سے۔ میری خاطر سے۔ میرے طفیل سے +

میرے سے سوراجا کے نہیں اور راجہ میرا منگتا (ع) (مثل) (عو) شیخی خورے کی نسبت بولتے ہیں جو کسی چیز پر گھمنڈ کرے +

میرے ہی نام پر آگ لائی۔ نام رکھا میندر (ع) (مثل) جب کوئی کسی کا نام دے کر کوئی چیز حاصل کرے اور اسی سے بات کو چھپائے اُس کی نسبت بولتے ہیں +

میڑا (مے۔ ڑا) (ع) (مذکر) (۱) وہ چبوترا سا جو کھیت میں فصل کی حفاظت کیلئے بنایا جاتا ہے (۲) سہاگا۔ پٹڑا +

میڑا پھیرنا (ع) کھیت کی زمین کو ہموار کرنا +

میز (میز) (ف) (مؤنث) کھانا کھانے۔ یا کتابیں وغیرہ رکھنے کا تختہ۔ ٹیبل +

میزبان (ف) (مذکر) دعوت کرنے والا۔ مہمان بلانے والا۔ مہماندار۔ مہمان نواز +

میزبانی (ف) (مؤنث) دعوت۔ مہمانی۔ مہمان نوازی +

میز پر کھانا (ا) بجائے دسترخوان کے میز بچھا کر اس پر کھانا۔ اہل یورپ کے طریقے پر کھانا +

میز کا کھن (ا) (مذکر) (خدمتگار) وہ عمدہ مکھن جو صاحب لوگوں کو میز پر کھانے کے وقت دیا جاتا ہے +

میز لگانا (ا) میز پر کھانا اور چھری کانٹا وغیرہ رکھنا +

میزان (ع) (مؤنث) (۱) ترازو (۲) تلا راس۔ آسمان کا ساتواں برج (۳) جمع۔ مجموعہ۔ جوڑ +

میزان بنانا (ا) (۱) موافقت ہونا (۲) سودا ہونا جیسا ٹو بنا دم ہاتھ سے ملنا +

میزان دینا۔ یا۔ لگانا (ا) جوڑنا۔ جمع کرنا۔ جوڑ لگانا +

میزان کل (ف۔ ع) (مؤنث) تمام رقموں یا عددوں کا مجموعہ +

میزان ملنا (ا) موافقت ہونا۔ مدا سے ملنا۔ مرضی ملنا +

میزانیہ (مِی۔ زا۔ نی۔ یہ) (ع) (مذکر) بجٹ۔ آمد و خرچ کا تخمینہ

میسر (مَے۔ یَس۔ سَر) (ع) (۱) آسان کیا گیا (۲) دستیاب۔ حاصل +

میسر ہونا (ا) ہاتھ لگنا۔ جُڑنا۔ ملنا +

میسرہ (مَے۔ یَس۔ رَہ) (ع) (مؤنث) بائیں طرف۔ بائیں بازو کی فوج +

میسوپوٹامیا (مے۔ سو۔ پو۔ ٹا۔ میا) (انگریزی Meso-potamia) (مذکر) عراق عرب کا علاقہ جس کا پایۂ تخت بغداد ہے +

میش (میش) (ف) (مؤنث) (۱) بھیڑ۔ بھیڑی۔ گوسفند (۲) بھینس۔ گاؤمیش +

میش چشم (ف) (۱) بھیڑ کی سی آنکھوں والا (۲) شرماؤ۔ نیچی نظروں والا +

میشا (ا) (مذکر) بھیڑ۔ یا۔ بکری کے بچے کا ملائم چمڑا +

میعاد (مِی۔ عاد) (ع) (مؤنث) (۱) وعدے کا وقت (۲) مدت وقت معینہ۔ ایام مقررہ +

میعاد بڑھانا (ا) (۱) وقت یا مہلت زیادہ کرنا۔ وقت معہود کو وسعت دینا (۲) قید زیادہ کر دینا۔ قید بڑھانا +

میعاد بولنا (ا) (پولیس) قید کا حکم لگانا +

میعاد غیر منقضیہ (ع) (مؤنث) وہ مقررہ زمانہ جو ابھی تک ختم نہ ہوا ہو +

میعاد کاٹنا (ا) قید بھگتنا۔ جیل خانہ کاٹنا +

میعاد گزرنا (ا) میعاد پوری ہونا۔ مہلت تمام ہونا۔ وعدے کا وقت پورا ہونا +

میعادِ مقررہ (ع) (مؤنث) معمولی وقت۔ وقتِ محدود۔ قرار دی ہوئی مدت +

میعادی (ا) (مؤنث) (پولیس) قیدی۔ سزایاب +

میعادی بخار (ع۔ ف) (مذکر) وہ بخار جو ایک خاص مدت تک چڑھے۔ جیسے تپ محرقہ۔ ٹائیفائیڈ +

میعادی ہنڈی (ا) (مؤنث) مدتی ہنڈی جسے ادا کرنے کیلئے وقت مقرر ہو +

میغ (میغ) (ف۔ مذکر) بادل۔ کالی گھٹا +

میقات (مِی۔ قات) (ع۔ مذکر) وقت۔ کسی کام کا وقت۔ وہ جگہ جہاں سے مکہ جانے والے حج کا احرام باندھے +

میکا (مَے۔ کا) (ع) (مذکر) عورت کے باپ کا گھر۔ عورت کی ماں کا گھر +

میکا بسانا (ع) (عو) عورت کا سسرال کو چھوڑ کر ماں باپ کے گھر جا رہنا +

میکائیل (مِی۔ کا۔ ایل) (ع) (مذکر) ایک فرشتہ جو خلق کی رزق رسانی پر مقرر ہے +

میکے والیاں (ع) (مؤنث) دلہن کے رشتے کی عورتیں +

میگھ (میگھ) (س) (مذکر) (۱) مینڈھا۔ بھیڑا۔ میش نر (۲) آسمانی برج

کا ایک بُرج جو مینڈھے کی صورت سے مشابہ ہے۔ جس روز آفتاب اس بُرج میں آتا ہے تو بہی وروز کہلاتا ہے چنانچہ شرف آفتاب اسی بُرج میں ہوتا ہے۔ ایران میں موسم بہار کا آغاز اور جشن مبا میں اہتمام خمیس وغیرہ دیکھا جاتا ہے۔ اسی کا مہینا اسی بُرج سے متعلق ہے ✦

میگھڈمبر (میگھ ڈمبر) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کی بڑی عماری جو ہاتھی پر رکھی جاتی ہے (۲) ایک قسم کا بہت اُونچا خیمہ ✦

میگزین (انگریزی) - Magazine (مذکر) (۱) خزانہ۔ مخزن۔ گنجینہ۔ گودام۔ بارود خانہ (۲) متفرق مضامین کا رسالہ ✦

میگھ (میگھ) (س) (مذکر) (۱) بادل۔ بدلی۔ گھٹا۔ ابر (۲) مینہ۔ بارش۔ باران (۳) ایک راکشس (۴) ایک ہندی راگ ✦

میگھ پتی۔ یا۔ میگھ راج (س) (مذکر) بادلوں کا دیوتا۔ مینہ برسانے والا دیوتا ✦

میگھ راگ (ہ) (مذکر) ایک ہندی راگ جو ساون بھادوں میں گایا جاتا ہے ✦

میگھ ناد (س) (مذکر) (۱) رعد کی سی گرج والا۔ بجلی کی آواز والا (۲) کڑک۔ گرج۔ رعد ✦

میگھا گھام (ہ) (مؤنث) ابر کی گرمی۔ اُمس۔ گھُمس ✦

مَیل (مَیل) (ع) مذکر (۱) جھکاؤ۔ خمیدگی۔ رغبت۔ میلان۔ توجّہ۔ رجوع۔ خواہش (۲) رعایت۔ پاسداری۔ جانبداری ✦

مَیلِ خاطر (ع) مذکر۔ توجّہ۔ خاطر۔ اِلتفات ✦

مَیل (ہ) (مذکر) چرک۔ کیچڑ۔ گاد ✦

مَیل بیٹھنا (ہ) (۱) مَیل کا تہ میں چلا جانا۔ مَیل جم جانا (۲) زنگ ونگ جانا ✦

مَیل چھٹنا (ہ) چرک دُور ہونا۔ مَیل صاف ہونا ✦

مَیل خورا (ف) (مذکر) (۱) مَیل کو چھپا لینے والا رنگ۔ خاکی رنگ کا کپڑا (۲) پہنا ہُوا کپڑا ✦

مَیل کا بَیل بنانا (ہ) بات کا بتنگڑ بنانا۔ بات بڑھانا ✦

مَیل کاٹنا (ہ) مَیل دُور کرنا۔ اُجلا کرنا۔ صاف کرنا ✦

مَیل کچیل (ہ) (مذکر) مَیل ✦

مَیل کی بتّی (ہ) (مؤنث) وہ بتّی سی جو جسم کو ہاتھ سے ملنے سے پیدا ہوتی ہے ✦

مَیل لانا (ہ) رنج لانا۔ کدورت لانا ✦

مِیل (مِیل) (ع) (مذکر) (۱) سُرمہ لگانے کی سلائی (۲) وہ پتھر جو میل کے فاصلے پر نصب کر دیتے ہیں۔ تھم۔ کھم۔ ستون (۳) ۱۷۶۰ گز زمین کا ناپ ✦

مَیل (مَیل) (انگریزی) Mail (مؤنث) (۱) ڈاک۔ ڈاک کا تھیلا (۳) ہرکارہ (۴) ڈاک گاڑی ✦

مَیل ٹرین (انگریزی) - Mail Train (مؤنث) ڈاک گاڑی۔ وہ ریل گاڑی جس میں خطوط اور چٹھیاں آتی جاتی ہیں ✦

مَیل کوچ (انگریزی) - Mail Coach (مؤنث) ڈاک کی گاڑی ✦

مَیل گارڈ (انگریزی) - Mail Guard (مذکر) ڈاک کا محافظ ✦

مِیل (ہ) (مذکر) (۱) آمیزش۔ ملاپ۔ اِتحاد۔ دوستی (۲) ناتا۔ رشتہ داری۔ قرابت (۳) مناسبت۔ نسبت۔ مشابہت (۴) جوڑ۔ ہمسری۔ یکتائی (۵) لگاؤ۔ ربط (۶) موافقت۔ سنجوگ (۷) نوع۔ قسم۔ جنس۔ ذات۔ رقم۔ فیشن ✦

مِیل جول (ہ) (مذکر) ملنا جلنا۔ پیار۔ اخلاص۔ اِتحاد۔ اختلاط ✦

مِیل رکھنا (ہ) پیار اخلاص رکھنا۔ راہ و رسم رکھنا ✦

مِیل دینا (ہ) اتفاق اور ربط و ضبط پیدا کرنا ✦

مِیل رکھنا (ہ) پیار اخلاص رکھنا۔ راہ و رسم رکھنا ✦

مِیل کرنا (ہ) (۱) ملانا۔ آمیزش کرنا (۲) ملاپ کرنا۔ اخلاص کرنا ✦

مِیل کھانا (ہ) مناسب ہونا۔ موزوں ہونا۔ مطابق ہونا ✦

مِیل ملاپ (ہ) مذکر۔ میل جول۔ اتحاد و ارتباط۔ اختلاط ✦

میلا (ہ) (مذکر) (۱) انبوہ۔ ازدحام۔ ہجوم (۲) سیر تماشا (۳) کسی خاص مقام پر ہر قسم کے لوگوں کا باہم مل کر اکٹھا ہونا ✦

میلا ٹھیلا (ہ) مذکر۔ سیر تماشا۔ بھیڑ بھاڑ ✦

میلا کرنا (ہ) میلے میں جانا۔ سیر تماشے میں شریک ہونا ✦

میلا لگنا (ہ) (۱) لوگوں کا کسی خاص جگہ سیر تماشے کے لئے جمع ہونا (۲) بھیڑ لگنا۔ اجتماع ہونا۔ ازدحام ہونا۔ ہجوم ہونا۔ انبوہ ہونا ✦

مَیلا (ہ) (۱) غلیظ۔ پلید۔ ناپاک۔ نجس (۲) غبار آلود۔ گدلا۔ مکدر۔ چرک آلودہ (۳) فضلہ۔ گُوہ۔ بول و براز (۴) کوڑا کرکٹ ✦

مَیلا پن (ہ) (مذکر) کدورت۔ نجاست۔ غلاظت ✦

مَیلا سر (ف۔ مذکر) (عو) حیض کے دن ✦

مَیلا کچیلا (ہ) چرک آلودہ۔ خاک دھول میں بھرا ہُوا ✦

مَیلا کرنا (ہ) (۱) گدلا کرنا۔ غبار آلودہ کرنا۔ بے آب کرنا (۲) براز کرنا۔ پاخانہ پھرنا (۳) گندہ کرنا۔ غلیظ کرنا ✦

مِیلاد (مِی۔ لاد) (ع) مذکر۔ پیدا ہونے کا زمانہ۔ پیدائش کا وقت ✦

مَیلان (ع) مذکر۔ توجّہ۔ اِلتفات۔ رجحان۔ خواہش ✦

مِینگل (مِینگل مِینگل) (ہ) (مذکر) ہاتھی کے چہانے کا گھر ✦

مِیلنا (ہ) (۱) جوڑنا۔ ملانا۔ شامل کرنا (۲) ڈالنا۔ داخل کرنا ✦

مِیلے (ہ) مذکر۔ میلا کی جمع ✦

مَیلے سر سے ہونا (ف) (عو) ایام سے ہونا۔ کپڑوں سے ہونا۔ حیض سے ہونا ✦

میلے کا بھائی نوشادر (ف) دونوں برابر ہیں۔ جیسا یہ ویسا وہ۔ دونوں گندے ہیں ✦

مِیم (مِیم) (ع) مذکر (۱) ایک حرف (۲) تشبیہاً دہن معشوق (۳) گنواں۔ چاہ ✦

میم (مَیم) (ا) مؤنث۔ بیگم۔ خانم۔ خاتون۔ لیڈی۔ میڈم ✦

میمانسا (مے۔ مان۔ سا) (س۔ مذکر) ہندی فلسفے کا ایک شاستر ✦
میمنا (مِم۔ نا) (ہ) مذکر۔ بکری کا بچہ۔ بُزغالہ ✦
میمنت (مَے۔ مَنَت) (ع۔ مؤنث) (۱) برکت۔ سعادت۔ مبارکی (۲) خوشی۔ کامرانی (۳) عروج۔ اقبال مندی ✦
میمند (مَے۔ مَند) (ف۔ مذکر) پٹھانوں کا ایک قبیلہ ✦
میموریل (مَے۔ مُو۔ رِیَل) (انگریزی۔ Memorial) (مذکر) یادگار ✦
میمنہ (مَے۔ مَنَہ) (ع) (مذکر) داہنے بازو کی فوج ✦
میمون (مَے۔ مُون) (ع) (۱) مبارک۔ بہرہ مند۔ کامیاب (۲) اقبال مند۔ نیکبخت۔ مسعود۔ بھاگوان (۳) (ف) مذکر۔ بوزنہ۔ بندر ✦
میں (مِیں) (ہ) (۱) اندر۔ بیچ (۲) (مؤنث) بکری کی آواز ✦
میں (مَیں) (ہ) (۱) ذاتِ خاص۔ اپنی ذات۔ خود۔ آپ (۲) غرور (۳) بکری کی آواز۔
میں بھروں سرکار کے میرے بھرے سقا (۱) (مثل) جو شخص اوروں کا کام خود کرے اور اپنا یہی کام کسی دوسرے پر ڈالے تو اُس کی نسبت بولتے ہیں ✦
میں بھی رانی تو بھی رانی کون ڈالے سر پر پانی (۱) (مثل) احدیوں اور کاہلوں کی نسبت بولتے ہیں جو باتیں ہی کیا کرتے ہیں ✦
میں تیرے صدقے (۱) (ع) قربان جاؤں۔ صدقے جاؤں واری جاؤں۔ خوشامد اور خوشی کے موقع پر پیار سے بولتی ہیں ✦
میں جانوں (۱) میں ذمّہ دار ہوں (۲) مجھے گمان گزرتا ہے۔ مجھے خیال آتا ہے ✦
میں خوش میرا خدا خوش (۱) میں راضی ہوں۔ میری عین خوشی ہے۔ میں صدقِ دل سے منظور کرتا ہوں ✦
میں کون تو کون (۱) میرا تیرا کیا واسطہ۔ میں کیا جانوں تو کون ہے ✦
میں میں (ہ) (مذکر) (۱) (غرور و نخوت کا کلمہ) انانیت۔ خودی۔ خود ستائی (۲) بکری کی آواز (۳) بکری ✦
میں میں کرنا (ہ) بکری کا بولنا ✦
میں نہ مانوں (ہ) میں یقین نہ کروں۔ مجھے اعتبار نہ ہو ✦
میں نے کیا بس ملا دیا تھا (ہ) میرے کہنے کا کیوں بُرا مانا تھا ✦
میں نے کیا تمہاری گدھی چرائی ہے (ہ) میں نے تمہارا کونسا قصور کیا ہے۔ جو مجھ کو کچھ کہہ رہے ہو ✦
مین (مِین) (س) (مؤنث) (۱) مچھلی۔ حُوت۔ ماہی (۲) آسمان کا بارھواں برج جس کی شکل مچھلی کی مانند ہے ✦
مین میکھ نکالنا (ہ) عیب نکالنا۔ نکتہ چینی کرنا۔ وہم ڈالنا ✦
مینا (مِی۔ نا) (ف) مذکر (۱) شیشہ۔ رنگ۔ رنگ کا شیشہ (۲) ایک قسم کا پتھر (۳) شراب کی بوتل۔ صراحی۔ قرابہ (۴) مرصع کاری۔ نقش و نگار ✦
مینا بازار (۱) مذکر (۱) وہ بازار جو خاص کر بادشاہوں کی سیر کے لئے طرح طرح کی چیزیں لگا کر سجایا جائے (۲) زنانہ بازار جو قلعی کا بازار۔ وہ بازار جہاں عورتیں ہی ہر طرح کی چیزیں بیچتی ہیں ✦
میناکار (ف) (مذکر) مرصع ساز۔ جڑاؤ کام کرنے والا ✦
میناکاری (ف۔ مؤنث) (۱) چاندی سونے پر مرصع سازی۔ نگینے کا کام (۲) باریکی۔ موشگافی ✦
میناکاری چھانٹنا (۱) مین میکھ نکالنا۔ باریکی چھانٹنا۔ نکتہ چینی کرنا ✦
مینا (مِی۔ نا) (ہ) (مذکر) راجپوتانہ کی ایک ہندو قوم جس کا پیشہ لوٹ مار اور چوری چکاری ہے ✦
مینا (مَے۔ نا) (ہ) (مؤنث) ایک خوش الحان پہاڑی چڑیا ✦
مینا جو مینا کیے۔ دودھ بھات نت کھائیے۔ بکری جو میں میں کرے اُلٹی کھال کھچائیے (ہ) (مثل) عاجزی سے انسان کی عزت زیادہ ہوتی ہے اور غرور سے نقصان پہنچتا ہے ✦
مینجنا (مِینج۔ نا) (ہ) دیکھو "میجنا" ✦
مینجنگ پروپرائٹر (مے۔ نے۔ جِنگ۔ پرو۔ پرا۔ اِٹر) (انگریزی Managing Proprietor) (مذکر) کسی کارخانے کا مالک جو خود ہی مہتمم بھی ہو ✦
مینجنگ ڈائرکٹر (انگریزی Managing Director) (مذکر) کسی بنک وغیرہ کا منتظم ✦
مینڈھی (مِیں۔ ڈھی) (ہ۔ مؤنث) دیکھو "مہندی" ✦
مینڈ (مِینڈ) (ہ) مؤنث۔ ستار کا ایک پُرزہ یا اُس کی مسلسل آواز ✦
مینڈ (مینڈ) (ہ) مؤنث۔ کھیت کی مُنڈیر۔ باڑ۔ ڈول۔ پُشتہ۔ حد۔ کنارہ (۲) موج۔ لہر (۳) گھاٹ۔ من۔ کنوئیں کی منڈیر ✦
مینڈبندی (۱) (مؤنث) کھیت کی حد بندی ✦
مینڈ پڑنا (ہ) موجیں اُٹھنا۔ پانی کا لہریں لینا ✦
مینڈک (مِیں۔ ڈک) (ہ۔ مذکر) ڈک۔ ترو۔ ایک قسم کا آبی جانور جو برسات کے دنوں میں تالابوں اور جوہڑوں وغیرہ کے کنارے پر چلّایا کرتا ہے ✦
مینڈک پھوڑا (ہ) مذکر ایک قسم کا دنبل جو کفِ پا میں ہوتا ہے اور نہایت تکلیف دیتا ہے ✦
مینڈکی (ہ) مؤنث۔ مینڈک کی تانیث۔ مادہ مینڈک۔ چھوٹا مینڈک ✦
مینڈکی چلی مدار کو (ہ) (مثل) کمینے یا نکمّے آدمی نے بھی بڑا حوصلہ کیا ✦
مینڈکی کو بھی زکام ہوا (۱) اپنی حد سے بڑھ کر شیخی مارنے والے مفلس کی نسبت بولتے ہیں۔ کہ وہ شیخی سے ایسے کام کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ جس کی اُس میں طاقت نہ ہو ✦
مینڈنا (مِینڈ۔ نا) (ہ) ملنا۔ لتھیڑنا۔ آلودہ کرنا ✦
مینڈھا (مِیں۔ ڈھا) (ہ) (مذکر) (۱) بھیڑا۔ دُنبہ۔ میش نر (۲) آسمان کا پہلا برج۔ میکھ راس (۳) لہر۔ موج۔

تلاطم ہو +

مینڈھا اُچھلنا (ہ) موجیں اُٹھنا۔ تلاطم ہونا۔ نہر کا اُونچا ہونا +

مینڈھا لڑانا (ہ) (۱) شرکت کرنا۔ ساجھا کرنا (۲) دو کو لڑانا (۳) دو بھیڑوں کو لڑانا +

مینڈھی (مِیں۔ ڈھی) (ہ) مؤنّث۔ دیکھو "مینڈی" +

مینڈھے (ہ) مذکّر۔ مینڈھا کی جمع +

مینڈھے لڑانا (ہ) (۱) دُنبے لڑانا۔ دو مینڈھوں کو بھڑا کر تماشا دیکھنا (۲) دو آدمیوں میں لڑائی کرانا +

مینڈی (مِیں۔ ڈی) (ہ) مؤنّث۔ گندھے ہوئے سر کے بال +

مینڈیاں (ہ) مؤنّث۔ مینڈی کی جمع +

مینڈیاں گوندھنا (ہ) بالوں کی لٹیں بنا کر سر گوندھنا +

مینک (مِی۔ نک) (ہ) مؤنّث۔ آنکھ کی پتلی۔ کلیجے کی ٹھنڈک +

مینگنی (مِینگ۔ نی) (ہ) مؤنّث۔ بھیڑ بکری۔ ہرن۔ خرگوش اور اُونٹ وغیرہ کا فضلہ جو گول گول گولیوں کی طرح بندھے ہیں +

مینگنیاں (ہ) مذکّر۔ مینگنی کی جمع +

مینجر (مے۔ نے۔ جَر) (انگ Manager) مذکّر۔ مہتمم۔ منتظم +

مینار (مِی۔ نار) (ع) مذکّر (۱) لاٹھ۔ کھمبا۔ ستون۔ کھمبا۔ برج (۲) بحری جہازوں کو روشنی دکھانے کا ستون +

مینائی (ف) (۱) مینا سے متعلق (۲) حضرت شاہ میناؒ سے منسوب +

مین پھل (مین۔ پھل) (ہ) مذکّر۔ خربوزے کی شکل کا ایک نہایت کڑوا پھل۔ اندرائن۔ حنظل۔ پھر پھیندوا +

مینو (مِی۔ نُو) (ف) مذکّر (۱) بہشت۔ فردوس۔ جنّت۔ (۲) آسمان۔ فلک۔ چرخ (۳) وہ رنگ و رنگ وغیرہ

جو زیور پر جڑا جاتا ہے +

مینوفیکچرر (مے۔ نُو۔ فیک۔ چَر۔ رَ) (انگریزی ۔ Manufacture) مذکّر۔ صنّاع۔ کاریگر۔ دستکار۔ بنانے والا +

مینہ (مِینہ) (ہ) مذکّر۔ بارش۔ برکھا۔ باران +

میو (مِیو۔ مِیُو) (ہ) مذکّر۔ میوات کی بسنے والی ایک بہادر مگر جاہل قوم +

میو مُوا جب جانیے جب دسواں تیجا ہو لے (ہ) مثل یہ قوم ایسی دغا باز اور مکّار ہے۔ کہ اس کے کسی فرد کا مر جانا بھی قابلِ اعتبار نہیں جب تک تین روز مرے ہوئے نہ گزر جائیں +

میوزیم (مِیُو۔ زِیَم) (انگریزی ۔ Museum) عجائب گھر۔ وہ جگہ جہاں طرح طرح کی مصنوعات ہوں +

میوں (مِیوں) (ہ) مؤنّث۔ دیکھو "میاؤں" +

میوں بلائی (ہ) مؤنّث (۱) بلّی۔ (۲) بے زبان۔ غریب +

میونسپل (مِیُو۔ نِسی۔ پَل) (انگ ۔ Municipal) شہری۔ قصباتی +

میونسپل کمشنر (انگریزی ۔ Municipal Commissioner) مذکّر۔ میونسپلٹی کا ممبر +

میونسپلٹی (انگریزی ۔ Municipality) مؤنّث۔ شہری لوگوں کی جماعت۔ جو شہر کے متعلق صفائی پانی اور روشنی وغیرہ کا انتظام کرتی ہے۔ بلدیہ +

میواڑ (مے۔ واڑ) (ہ) مذکّر۔ راجپوتانہ کی ایک ریاست +

میوہ (مے۔ وَہ) (ف) مذکّر۔ پھل۔ ثمر۔ بار +

میوہ جات (ف) مذکّر۔ میوہ کی جمع۔ میوے۔ فواکہ +

میوہ دار (ف) ثمردار۔ پھل دار۔ وہ درخت جس میں میوہ آتا ہو۔ یا۔ لگا ہوا ہو +

میوہ فروش (ف) مذکّر۔ پھل بیچنے والا +

میہماں (مِیہ۔ مَاں) (ف) مذکّر۔ دیکھو "مہمان" +

ن

ن (نُون) (ع) مذکر (۱) اُردو کا بتیسواں فارسی کا انتیسواں۔ عربی کا پچیسواں اور ہندی کا بیسواں حرف (۲) ابجد میں اس کے پچاس عدد قرار دیئے گئے ہیں۔

ن-ا

نا (نا) مذکر (۱) ہندی مصدر کی علامت جو اخیر میں آتی ہے۔ (۲) حرف نفی۔ نہ۔ نہیں۔

ناآزمودہ (ف) (۱) ناتجربہ کار۔ اناڑی۔ نادان۔ کچا۔ ناواقف۔ نوآموز (۲) بغیر آزمائش۔ بے تجربہ۔ بغیر دیکھے بھالے۔

ناآزمودہ کار (ف) ناتجربہ کار۔ اناڑی۔ ناپختہ کار۔ خام

ناآشنا (ف) (۱) ناواقف۔ انجان۔ نامحرم۔ جس سے جان پہچان نہ ہو۔ اجنبی (۲) بے وفا۔ بے مروت۔ خشک۔ بداخلاق۔ تیز مزاج (۳) جو تیراک نہ ہو۔

ناآشنائی (ف) مؤنث (۱) ناواقفی۔ نامحرمی (۲) بےوفائی۔ بے مروتی (۳) ناواقفی۔ جان پہچان نہ ہونا (۴) ملنساری۔

ناآشنائے محض (ف) (ع) بالکل ناواقف۔ قطعی ناآشنا۔

ناآگاہ (ف) ناواقف۔

ناآمیزگار (ف) ناملنسار۔ وہ شخص جو ملنا جلنا پسند نہ کرے۔

نااتفاقی (ف۔ ع) مؤنث۔ پھوٹ۔ نفاق۔ بگاڑ۔ رنجیدگی۔ عداوت۔ دشمنی۔

ناالتفاتی (ف۔ ع) مؤنث۔ بے پروائی۔ کم توجہی۔ بے اعتنائی۔

نااُمید (ف) مایوس۔ بے آس۔ ناکام۔

نااُمید کرنا (۱) مایوس کرنا۔ آس توڑنا۔ ناکام کرنا۔

نااُمید ہونا (ل) مایوس ہونا۔ ناکام ہونا۔ دل ٹوٹنا۔ آس ٹوٹنا۔

نااُمیدی (ف) مؤنث۔ مایوسی۔ ناکامی۔

نااندیش (ف) (۱) نہ سوچنے والا (۲) وہ بات جس میں سوچنے کی ضرورت نہ ہو۔

ناانصاف (ف۔ ع) نامنصف۔ وہ شخص جو انصاف نہ کرے۔

ناانصافی (ف۔ ع) مؤنث۔ بے انصافی۔ ظلم۔ اندھیر۔

ناانصافی کرنا (ل) بے انصافی کرنا۔ ظلم کرنا۔

نااہل (ف۔ ع) نالائق۔ ناشائستہ۔ ناموزوں۔ بے تہذیب۔

نابالغ (ف۔ ع) کم سن۔ صغیر سن۔ اٹھارہ برس سے کم عمر کا۔ نادان۔ ناسمجھ۔

نابالغی (ل) مؤنث۔ کم سنی۔ خورد سالی۔ صغیر سنی۔

نابکار (ف) (۱) نکما۔ بے فائدہ۔ بے کار۔ بے مصرف۔ (۲) (ل) بدذات۔ نالائق۔ شریر۔ بدکار (۳) (ل) معیوب۔ نازیبا (۴) خراب۔ بیہودہ۔

نابلد (ف۔ ع) انجان۔ ناواقف۔ ناآشنا (۲) اناڑی۔ دیہاتی۔ اُجڈ۔ کسان۔

نابود (ف) نیست۔ معدوم۔ فانی۔ ناپید۔

نابود کرنا (ل) نیست کرنا۔ معدوم کرنا۔ زمین کا پیوند کرنا۔ خاک میں ملانا۔ مٹانا۔

نابینا (ف) اندھا۔ کور۔

ناپاک (ف) (۱) پلید۔ نجس۔ گندہ۔ میلا (۲) وہ شخص جس پر نہانا فرض ہو۔

ناپاک ہونا (ل) (۱) پلید ہونا۔ نجس ہونا (۲) واجب غسل کرنا۔

ناپاکی (ف) مؤنث۔ پلیدی۔ نجاست۔ گندگی۔

ناپاکی اتارنا (ل) (۱) صحبت داری۔ انزال۔ احتلام وغیرہ کے بعد نہانا (۲) حیض و نفاس کا غسل کرنا۔

ناپائدار (ف) بودا۔ فانی۔ کمزور۔ بے ثبات۔

ناپائداری (ف) مؤنث۔ کمزوری۔ بے ثباتی۔ بودا پن۔

ناپختہ کار (ف) ناتجربہ کار۔

ناپدید (ف) جو ظاہر نہ ہو۔ پوشیدہ۔ چھپا ہوا۔ غائب۔ مخفی۔

ناپرساں (ف) بے پروا۔

ناپرہیزگار (ف) گنہگار۔ بے عصمت۔

ناپسند (ف) ناگوار۔ نامرغوب۔ نامقبول۔

ناپسند کرنا (ل) نامنظور کرنا۔ قبول نہ کرنا۔

ناپسندیدہ (ف) ناگوار۔ نامنظور۔ نامرغوب۔ بارِ خاطر۔

ناپید (ف) (۱) معدوم۔ فنا۔ نیست (۲) عنقا۔ نادر الوجود ؛

ناپید کرنا (ف) برباد کرنا۔ کھونا۔ اُجاڑنا۔ فنا کرنا ؛

ناپید ہونا (ف) مو (۱) اجڑنا۔ گم ہونا۔ تباہ و برباد ہونا (۲) قحط ہونا۔ کمی ہونا۔ نامیسر ہونا ؛

ناپیدا (ف) جو ظاہر نہ ہو۔ چھپا ہوا۔ غائب ؛

ناپیدا کنار (ف) ایسا بڑا سمندر یا دریا جس کا کنارہ نہ دکھائی دے۔ بہت لمبا چوڑا ؛

ناتجربہ کار (ف۔ ع) انجان۔ ناواقف۔ اناڑی۔ کچا ؛

ناتراش } (ف) (۱) بن چھلا۔ اَن گھڑ۔ (۲) جاہل (۳) بے ادب

ناتراشیدہ } (۴) سفلہ۔ کمینہ ؛

ناتربیت یافتہ (ف۔ ع) غیر مہذب۔ ناشائستہ۔ بدتہذیب ؛

ناترس (ف) جسے ڈر نہ ہو۔ بے رحم ؛

ناتمام (ف۔ ع) (۱) نامکمل۔ ادھورا۔ ناقص (۲) کچا۔ خام ؛

ناتواں (ف) کمزور۔ ناطاقت۔ بودا۔ لاغر۔ نحیف ؛

ناتوانی (ف) مؤنث۔ کمزوری۔ ناطاقتی۔ نقاہت۔ ضعف بودا پن ؛

ناجائز (ف۔ ع) ناروا۔ نادرست۔ غیر مباح۔ ممتنع۔ نامناسب۔ خلاف شرع یا قانون ؛

ناجائز مال (ف۔ ع) مذکر۔ وہ مال جو شرعاً یا قانوناً ناجائز ہو ؛

ناجنس (ف۔ ع) (۱) غیر جنس۔ ناموافق۔ اَن میل (۲) کم اصل۔ کمینہ۔ سفلہ۔ اوچھا (۳) ناشائستہ (۴) بے ادب ؛

ناچار (ف) (۱) لاعلاج۔ عاجز۔ مجبور۔ بیچارہ (۲) بالضرور۔ لابد (۳) مفلس۔ غریب۔ محتاج۔ نادار (۴) اپاہج۔ معذور (۵) نا امید۔ مایوس (۶) مجبوراً۔ ہار کر ؛

ناچاری (ف) مؤنث۔ لاعلاجی۔ بےچارگی۔ بےبسی۔ مجبوری۔ عاجزی ؛

ناچاق (ف) (۱) علیل۔ بیمار (۲) دُبلا۔ لاغر ؛

ناچاقی (ف) مؤنث (۱) علالت (۲) بدمزگی۔ اَن بن۔ بگاڑ۔ شکر رنجی ؛

ناچیز (ف) ہیچ۔ جو کچھ نہ ہو۔ ناکارہ۔ نالائق۔ نکما۔ ناقابل ؛

ناحق (ف۔ ع) بےانصافی سے۔ حق کے خلاف۔ بےجا۔ نامناسب۔ ناواجب۔ بلاسبب۔ بےفائدہ ؛

ناحق شناس (ف۔ ع) غیر منصف۔ بےانصاف۔ حق شناس ؛

ناحق شناسی (ف۔ ع) مؤنث۔ بےانصافی۔ ظلم ؛

ناحق کا (ف) فضول۔ بےفائدہ۔

ناحق کرنا (ف) حق کے خلاف۔ ناانصافی کرنا۔ بیجا کرنا۔ نامناسب کرنا ؛

ناحق کو (ف) مو (۱) بےسبب (۲) بےفائدہ ؛

ناحق کہنا (ف) حق کے خلاف کہنا۔ جھوٹ بولنا۔ جھوٹ کہنا ؛

ناخداترس (ف) بےرحم۔ ظالم۔ خدا کا خوف نہ کرنے والا۔ سخت دل۔ سنگدل ؛

ناخلف (ع) ناموافق بیٹا۔ ناشائستہ۔ بدچلن۔ سپوت کا ضد۔ نااہل۔ وہ بیٹا جو باپ کے موافق نہ ہو ؛

ناخواندہ (ف) (۱) بن پڑھا۔ اَن پڑھ۔ بےعلم۔ جاہل (۲) بغیر بلایا۔ بن بلایا ہوا ؛

ناخواندہ مہمان (ف) مذکر۔ بن بلایا مہمان (۲) طفیلی جو بن بلائے دعو کے ساتھ آئے ؛

ناخوش (ف) (۱) ناراض۔ جو راضی نہ ہو (۲) بیزار۔ نفرت کرنے والا (۳) مریض۔ بیمار ؛

ناخوش گوار (ف) جو بُرا معلوم ہو۔ ناپسندیدہ ؛

ناخوش ہونا (ف) ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔ بیزار ہونا۔ رنجیدہ ہونا ؛

ناخوشی (ف) مؤنث۔ (۱) ناراضی۔ خفگی۔ بیزاری۔ رنجش ؛

نادار (ف) (۱) مفلس۔ غریب۔ محتاج۔ کنگال ؛

ناداری (ف) مؤنث۔ مفلسی۔ تنگ دستی۔ تنگ حالی۔ افلاس۔ غریبی ؛

ناداری آنا (ف) مفلس یا کنگال ہو جانا ؛

نادان (ف) (۱) ناسمجھ۔ بےوقوف۔ انجان۔ جاہل (۲) چھوٹی عمر کا۔ کم سن۔ بچہ۔

نادان بات کرے دانا قیاس کرے (ف) مثل۔ عقلمند ہر بات کو پرکھ لیتے ہیں ؛

نادان پن (ف) مذکر۔ نادانی۔ بےوقوفی۔ جہالت ؛

نادان دوست سے دانا دشمن بھلا (ف) مثل۔ عقلمند دشمن اتنا نقصان نہیں پہنچاتا۔ جتنا بےوقوف دوست اپنی نادانی سے پہنچاتا ہے۔

نادان کی دوستی جی کا زیان (ف) مثل۔ کم فہم کی خیر خواہی بھی نقصان پہنچاتی ہے ؛

ناوابستگی (ف) مؤنث۔ نادانی۔ ناواقفیت۔ انجان پن۔ جہالت۔ بےخبری۔ لاعلمی ؛

ناوابستہ (ف) انجانے۔ ناواقفیت سے۔ اَن جانے سے ؛

نادانی (ف) مؤنث۔ جہالت۔ بےوقوفی۔ ناسمجھی ؛

نادرست (ف) بےٹھیک۔ جو ٹھیک نہ ہو۔ غلط۔ بیجا۔ نامناسب۔ ناجائز ؛

نادہند (ف) قرض لے کر نہ دینے والا۔ ہاتھ کا جھوٹا ❖

نادہندی (ف) مؤنث (۱) لے لوٹ پن۔ نیچرپن (۲) قرض لیکر واپس نہ دینے کی بد عادت ❖

نادیدہ (ف) (۱) آن دیکھا۔ بن دیکھا (۲) ندیدہ۔ جس نے کبھی کچھ نہ دیکھا ہو ❖

ناراست (ف) ٹیڑھا۔ جو سیدھا نہ ہو۔ کج ❖

ناراض (ف۔ع) ناخوش۔ رنجیدہ ❖

ناراضی (ف) مؤنث۔ ناخوشی ❖

نارس (ف) (۱) کچا (۲) کچی شراب جو پینے کے قابل نہ ہو۔ (۳) ناشگفتہ ❖

نارسا (ف) (۱) نہ پہنچنے والا (۲) نامراد اور بے اثر ❖

نارسائی (ف) مؤنث۔ پہنچ نہ ہونا۔ نا باریابی ❖

نارسیدہ (ف) (۱) کچا (پھل) (۲) نابالغ ❖

ناروا (ف) غیر شرع۔ ناجائز۔ بے جا۔ خلاف مذہب۔ دین سے خلاف (۲) نامناسب (۳) غیر مروّج۔ وہ سکہ جس کا چلن نہ ہو۔ (۴) ناپسند۔ نامقبول (۵) نامراد محروم ناکامیاب ❖

نازیب } (ف) بدزیب۔ بدنما ❖
نازیبا } ناموزون۔ آن میل ❖

ناساز (ف) (۱) مخالف۔ برعکس۔ خلاف (۲) ناراست۔ (۳) بیمار۔ علیل ❖

ناسازگار (ف) ناموافق۔ خلاف۔ برعکس۔ مخالف۔ بدنصیب۔ منحوس ❖

ناسازگاری (ف) مؤنث۔ ناموافقت۔ مخالفت (۲) بدنصیبی۔ بداقبالی (۳) علالت۔ کسل ❖

ناسپاس (ف) ناشکرا۔ بے احسانا۔ نمک حرام۔ کافر ❖

ناسپاسی (ف) مؤنث۔ ناشکری۔ نمک حرامی ❖

ناسزا (ف) (۱) نازیبا۔ نالائق۔ نامناسب۔ ناواجب۔ بیجا (۲) سفلہ۔ کمینہ ❖

ناسزاوار (ف) (۱) نازیبا۔ ناموزون۔ نامناسب۔ بیجا (۲) ناموافق (۳) ناشائستہ۔ غیر مہذب۔ نالائق ❖

ناسفتہ (ف) بن چھیدا۔ جس میں سوراخ نہ ہوا ہو۔ آن بندھا۔ جو پرویا نہ گیا ہو ❖

ناسمجھ (ف) (۱) کند ذہن۔ غبی۔ احمق۔ نادان۔ مورکھ۔ بے وقوف۔ سادہ لوح (۲) بچہ۔ کم عمر۔ کم سن ❖

ناسمجھی (ف) مؤنث۔ بے وقوفی۔ نادانی۔ نافہمی ❖

ناشاد (ف) (۱) رنجیدہ۔ ناخوش۔ ناراض (۲) نامراد۔ بدنصیب بدبخت (۳) مصیبت زدہ۔ آفت رسیدہ ❖

ناشاد جانا (ف) (عو) پریشان جانا۔ نامراد اور ناخوش جانا ❖

ناشاد و نامراد (ف) بدنصیب۔ بدبخت ❖

ناشاد و نامراد جائے (ف) (عو) دعائے بد۔ ارمان لے کر جائے۔ بے آس اولاد مر جائے ❖

ناشاعر (ف۔ع) جو شاعر نہ ہو ❖

ناشائستگی (ف) مؤنث۔ نالائقی۔ بدتہذیبی۔ بداسلوبی ❖

ناشائستہ (۱) نامناسب۔ بدزیب۔ ناموزون۔ نازیبا۔ ناسزا (۲) نالائق۔ غیر مہذب۔ گستاخ۔ بے ادب۔ بے تمیز۔ ناقابل ❖

ناشدنی (ف) (۱) ناممکن۔ محال۔ نہ ہونے کے لائق (۲) بدنصیب۔ کم بخت۔ ناخلف۔ مرنے جوگا ❖

ناشکر (ف) } بے احسانا۔ کور نمک۔ نمک حرام۔
ناشکرا } ناسپاس ❖

ناشکری (ف) مؤنث۔ بے احسانی۔ نمک حرامی۔ حق ناشناسی۔ ناسپاسی ❖

ناشکری کرنا (ف) احسان نہ ماننا۔ نمک حرامی کرنا۔ ناسپاسی کرنا ❖

ناشکیب (ف) بے صبر۔ بے قرار ❖

ناشکیبا (ف) بے صبرا۔ مضطر۔ مضطرب ❖

ناشنو۔ ناشنوا (ف) نہ سننے والا ❖

ناصاف (ف۔ع) جو صاف نہ ہو۔ میلا ❖

ناصبور (ف۔ع) دیکھو "ناشکیبا" ❖

ناطاقت (ف۔ع) کمزور۔ ناتوان۔ ضعیف۔ لاغر۔ بودا۔ شست ❖

ناطاقتی (ف) مؤنث۔ کمزوری۔ ناتوانی۔ لاغری۔ ضعف ❖

ناعاقبت اندیش (ف۔ع) بات کا انجام نہ سوچنے والا۔ کوتہ اندیش۔ عاقبت نا اندیش ❖

نافرجام (ف) ناعاقبت اندیش۔ بد انجام۔ بد اصل ❖

نافرمان (ف) (۱) سرکش۔ حکم نہ ماننے والا۔ متمرد (۲) (مذکر) اودے رنگ کا ایک پھول ❖

نافرمانی (ف) مؤنث۔ حکم عدولی۔ نافرمانبرداری۔ سرکشی۔ حکم نہ ماننا۔ بغاوت۔ انحراف ❖

نافرمانی رنگ (ف۔ مذکر) اودا رنگ ❖

نافرمانی کرنا (ف) سرکشی کرنا۔ حکم عدولی کرنا۔ حکم نہ ماننا ❖

نافہم (ف) نادان۔ ناسمجھ۔ بے وقوف۔ کم عقل ❖

ناقابل (ف) (۱) ناشائستہ۔ نالائق (۲) ناموافق۔ ناموزون (۳) جاہل۔ آن پڑھ ❖

ناقابل برداشت (ف۔ع) سہارنے کے ناقابل۔ جو برداشت

کے لائق نہ ہو۔
ناقابلیت (ف-ع) مؤنث۔ نالائقی۔ کم استعدادی۔ بے لیاقتی۔
ناقدر (ف) (۱) جو کسی کی قدر نہ سمجھے۔ ہنر ناشناس۔
ناقدرا (۲) حق نہ ماننے والا (۳) نالائق۔
ناقدری (ف) مؤنث۔ بے قدری۔ بے وقعتی۔
ناکارہ (ف) نکما۔ نابکار۔ بُرا۔ خراب۔ جو کام کا نہ ہو۔
ناکام (ف) (۱) نامراد۔ مایوس۔ ناامید۔ محروم۔ ناکامیاب۔
ناکامی (ف) مؤنث۔ مایوسی۔ ناامیدی۔ محرومی۔ ناکامیابی۔
ناکتخدا۔ بلناکتخدا (ف) بن بیاہا۔ کنوارا۔ جس کی شادی نہ ہوئی ہو۔
ناکردنی (ف) مؤنث۔ جو بات کرنے کے لائق نہ ہو۔
ناکردہ جرم (ف-ع) بے قصور۔ بے گناہ۔ بے خطا۔ ناحق۔
ناکردہ خوار۔ کردہ پشیماں (ف) (مثل) اس وقت بولتے ہیں جب کسی کام کے نہ کرنے میں ذلت ہو اور کرنے میں پچھتانا پڑے۔
ناکردہ کار (ف) ناواقف۔ انجان۔ ناتجربہ کار۔ کچا۔ اناڑی۔ خام۔
ناکردہ گناہ (ف) بے گناہ۔ بے جرم۔ بے خطا۔ بے قصور۔
ناکس (ف) نیچ۔ کمینہ۔ نالائق۔ فرومایہ۔ سفلہ۔ پاجی۔
ناکسی (ف) مؤنث۔ نالائقی۔ کم ظرفی۔ سفلگی۔ کمینگی۔
ناکند (ف) (۱) وہ بچھیرا جس کے ابھی تک دودھ کے دانت ہوں۔ دو برس تک کی عمر کا گھوڑا (۲) نادان۔ ناسمجھ۔ ناتجربہ کار۔
ناگاہ (ف) دیکھو ناگہ۔
ناگزیر (ف) لاعلاج۔ مجبور۔ ناچار۔ ضرور۔ لازم۔ واجب۔
ناگفتنی (ف) جو کہنے کے لائق نہ ہو۔
ناگفتہ (ف) نہ کہا ہوا۔
ناگفتہ بہ (ف) جس کا نہ کہنا اچھا ہو۔
ناگوار (ف) (۱) وہ کھانا جو معدے میں ہضم نہ ہوا ہو (۲) بدہضمی۔ امتلا (۳) (۱) کڑوا۔ بُرا۔ ناخوش (۴) بدمزہ۔ بے مزہ۔ بد ذائقہ۔
ناگوارا (۱) ناپسند۔ خلاف طبع۔
ناگوار گزرنا۔ یا ہونا (۱) بُرا معلوم ہونا۔ بُرا لگنا۔ اچھا نہ لگنا۔
ناگہ (ف) (۱) دفعتہً۔ اچانک۔ یکایک (۲) بے وقت
ناگہاں بے موقع (۳) بے خبری میں۔
ناگہانی (ف) مؤنث۔ اتفاقی۔
نالائق (ف-ع) ناقابل۔ بے استعداد۔ بے ہنر۔ ناسزاوار۔ ناتعلیم یافتہ۔ غیر مہذب۔ ناخلف۔ سفلہ۔ کمینہ۔
نالائق پن } (۱) (مذکر۔ مؤنث) سفلہ پن۔ کمینگی۔
نالائقی } نالائق ہونا۔
نامانوس (ف-ع) اجنبی۔ بیگانہ۔
نامبارک (ف-ع) ناسزاوار۔ منحوس۔ نامسعود۔
نامتناہی } (ف-ع) جس کی انتہا نہ ہو۔ بے انتہا۔ بے حد۔
نامحدود } نامحدود۔ بے تھاہ۔ بے کنارہ۔
نامحرم (ف-ع) (۱) ناآشنا۔ ناواقف۔ انجان۔ اجنبی۔ غیر (۲) وہ رشتہ دار یا شخص جس سے نکاح درست ہو اور اُس سے عورت کو پردہ واجب ہو۔
نامراد (ف) ناکام۔ محروم۔ بے نصیب۔ بے مراد۔
نامرادی (ف) مؤنث۔ ناکامی۔ محرومی۔ بے نصیبی۔
نامربوط (ف-ع) بے ربط۔ بے میل۔ ناموزوں۔ بے جوڑ۔ بے ترتیب۔
نامرد (ف) (۱) ہیجڑا۔ زنانہ۔ زنخہ (۲) ڈرپوک۔ بزدل۔ بودا۔ بے حوصلہ (۳) (۱) سست۔ وہ شخص جو عورت پر قادر نہ ہو۔
نامرد کرنا (۱) ہیجڑا بنانا۔ مخنث بنانا۔ خصّی کرنا۔
نامرد ہاتھی اپنے لشکر کو مارتا ہے (۱) (مثل) کم ہمت اور بودے آدمی سے اُلٹا نقصان ہی ہوتا ہے۔
نامرد ہونا (۱) (۱) ڈرپوک ہونا۔ بزدل ہونا (۲) رجولیت نہ رہنا۔
نامردی (ف) مؤنث۔ بزدلی۔ ہیجڑا پن۔
نامساعد (ف-ع) ناموافق۔
نامشخص (ف-ع) بے تحقیق۔ جو ایک وضع اور ایک حالت پر نہ ہو۔
نامعتبر (ف-ع) بے اعتبار۔ جس کا اعتبار نہ ہو۔
نامعقول (ف-ع) (۱) بے وقوفی کی بات جو عقل میں نہ آئے۔ ناپسندیدہ (۲) بے جا۔ نامناسب (۳) ناشائستہ۔ نالائق۔
نامعلوم (ف-ع) (۱) بے خبر (۲) ناواقف (۳) غیر مشہور (۴) انجان۔ مجہول الاسم۔
نامقر (ف-ع) اقرار نہ کرنے والا۔ انکاری۔
ناملائم (ف) (۱) کڑا۔ سخت (۲) نامناسب۔ نازیبا۔
ناممکن (ف-ع) اَن ہونی۔ نہ ہونے والی بات۔ خارج از امکان۔

نامناسب (ف-ع) غیر واجب۔ بے جا۔ بے ہودہ۔ نامعقول۔ ناموزوں۔ نازیبا۔

نامنظور (ف-ع) انکار کیا گیا۔ ناپسند۔ نامقبول۔

نامنظور کرنا (ا) نہ ماننا۔ انکار کرنا۔ ناپسند کرنا۔

نامنظوری (ا) مؤنث۔ انکار۔ تردید۔ منسوخی۔

ناموافق (ف-ع) جو موافق نہ ہو۔ خلاف۔ ناگوار۔ مخالف۔

ناموافقت (ف-ع) مؤنث۔ مخالفت۔ بگاڑ۔ اختلاف۔ ان بن۔ رنجش۔ شکر رنجی۔

ناموزوں (ف) (۱) نازیبا۔ بے جوڑ۔ ناموافق (۲) بےتالا۔ بے تکا (۳) بحر سے خارج شعر وغیرہ۔

نامہربان (ف) (۱) بے رحم۔ بے مہر۔ بے مروت۔ بے درد (۲) دشمن۔ بیری۔ بدخواہ۔

نامہربانی (ف) مؤنث۔ بیرحمی۔ بے دردی۔ جفا۔ بے مروتی۔

نامیسری (ا) مؤنث۔ مفلسی۔ عسرت۔ تنگدستی۔ غریبی۔ افلاس۔

ناں نکر (ا) مؤنث۔ انکار۔ نہیں۔ حیل و حجت۔

ناں نکر کرنا (ا) انکار کرنا۔ نہیں کرنا۔ حیل حجت کرنا۔

ناواجب (ف-ع) بے جا۔ نامناسب۔ نازیبا۔

ناواجب العمل (ف-ع) جس پر عمل نہ ہو سکے۔

ناواقف (ف-ع) انجان۔ نامحرم۔ جاہل۔ ناتجربہ کار۔

ناواقفیت (ف-ع) مؤنث۔ جہالت۔ ناتجربہ کاری۔ انجان پن۔

ناوقت (ف-ع) (۱) مو۔ بے وقت۔ بے ہنگام (۲) بے محل۔ بے موقع۔

ناہموار (ف) ناہمواری۔ نابرابر۔ ناموافق۔ اونچا نیچا۔ غیر مسطح (۲) بیہودہ۔ نالائق۔ ناشائستہ۔ نااہل۔

ناہمواری (ف) مؤنث۔ اونچ نیچ۔ کھردرا پن۔ نالائقی۔

ناہنجار (ف) بداطوار۔ بدچلن۔ ناپسند۔ بدذات۔ کمینہ۔ نالائق۔ بیہودہ۔ نابکار۔

نایاب (ف) کمیاب۔ نادر۔ عمدہ۔ ناپید۔ نامیسر۔ قیمتی چیز۔ قابل قدر۔ وہ چیز جو نہ مل سکے۔

ناب (ناب) (ف) (۱) خالص۔ نرمل۔ صاف۔ بے آمیزش (۲) پاک۔ شدھ۔ پوتر (۳) لبریز۔ بھرا ہوا۔ پُر (۴) (ا) (مؤنث) تلوار کی نالی جو نوک سے قبضے تک دو طرفہ ہوتی ہے۔

نابدان (نا۔بَ۔دان) (ف) مذکر۔ زمین کے اندر کی موری۔

نابھہ یا نابھی (نابھِہ۔ نابھی) (ہ) مؤنث۔ ناف۔

نابھارت (نا۔بھا۔رت) (ہ) مؤنث۔ وہ بھونری جو گھوڑے کے زیر ناف ہو۔ یہ علامت معیوب ہے۔

ناپ (ناپ) (ہ) مؤنث (۱) ماپ۔ پیمانہ۔ اندازہ۔ پیمائش (۲) ناپنا کا امر۔

ناپ تول (ہ) مؤنث۔ پیمائش اور تولنا۔

ناپ کا پورا (ہ) وہ گھوڑا یا جوان آدمی جو فوج کے مقررہ ماپ میں ٹھیک ہو۔

ناپنا (ہ) (۱) اندازہ کرنا۔ پیمائش کرنا۔ ماپنا (۲) کاٹنا۔ قلم کرنا۔

ناتا (نا۔تا) (ہ) مذکر (۱) رشتہ۔ قرابت۔ بھائی بندی (۲) تعلق۔ علاقہ۔ نسبت۔ واسطہ۔

ناتا ٹوٹنا (ہ) تعلق نہ رہنا۔ رشتہ نہ رہنا۔

ناتا جوڑنا (ہ) رشتہ گانٹھنا۔ قرابت نکالنا۔

ناتن (نا۔تِن) (ہ۔ مؤنث) بیٹی کی بیٹی۔ نواسی۔

ناتھ (ناتھ) (س) مذکر (۱) مالک۔ خداوند۔ پتی۔ آقا۔ ولی نعمت (۲) جوگیوں کا لقب (۳) وہ رسی جو بیلوں کی ناک میں ڈالتے ہیں (۴) ناتھنا کا امر۔

ناتھنا (ہ) (۱) سوراخ کرنا۔ چھیدنا (۲) نکیل ڈالنا۔ بیل کے نتھنے میں رسی ڈالنا۔ قابو کرنا۔ بس میں کرنا۔

ناتی (نا۔تی) (ہ) مذکر (پورب) نواسہ۔ بیٹی کا بیٹا۔

ناٹا (نا۔ٹا) (ہ) پستہ قد۔ ٹھگنا۔ بونا۔

ناٹک (نا۔ٹک) (س) مذکر (۱) کرشن کا تماشا۔ سوانگ۔ نقل۔ روپ (۲) ڈراما۔ کھیل (۳) ناچ گھر۔ تھیٹر۔ منڈوا۔ تماشا گاہ۔

ناٹکیا (ہ) مذکر۔ سوانگی۔ بہروپیا۔ ایکٹر۔

ناٹی (ہ) مؤنث۔ ٹھگنی۔ پستہ قد عورت۔

ناثر (نا۔ثِر) (ع۔ مذکر) نثر لکھنے والا۔ مضمون نگار۔

ناج (ناج) (ہ۔ مذکر) اناج۔ غلہ۔ دانہ دنکا۔

ناجو (نا۔جو) (ا) (ع) ناز پروردہ۔ لاڈلی۔ پیاری۔

ناجی (نا۔جی) (ع) نجات پانے والا۔ گناہ معاف کیا ہوا۔ مغفور۔ مبرور۔

ناچ (ناچ) (ہ۔ مذکر) رقص۔ خوشی میں آکر اچھلنا کودنا۔

ناچ دکھانا (ہ) کسی کے آگے ناچنا۔ رقص دکھانا۔

ناچ رنگ (ا) مذکر۔ گانا بجانا۔ رقص و سرود۔

ناچ گھر (ہ) مذکر۔ تماشا گاہ۔ سوانگ گھر۔ تھیٹر۔

ناچ نچانا (ہ) (۱) حیران کرنا۔ دق کرنا۔ ستانا (۲) قواعد کرانا۔ ہیرا پھیری کرنا۔

ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا (ہ) مثل۔ جب کوئی شخص اپنی بے لیاقتی کے سبب حیلے حوالے سے ٹالنا چاہتا ہے۔ وہاں بولتے ہیں۔

ناچنا (ہ) (۱) رقص کرنا (۲) خوشی یا غصے میں آکر اچھل اچھل پڑنا۔

ناخدا (نا۔ خُدا) (ف۔ مذکر) ملاح کشتی بان کشتی چلانے والا ۔

ناخن (نا۔ خُن) (ف۔ مذکر) (۱) انگلیوں کے سروں کی ہڈی ناخون (۲) پرندوں، درندوں کے پنجوں کی اوپر کی ہڈی (۳) چوپایوں کے کھر یا سُم ۔

ناخن بندی (ف) مؤنث۔ مددِ معاش۔ مدد خرچ۔ ملازمت۔ نوکری، چاکری۔ علاقہ۔ تعلق ۔

ناخن تراش (ف۔ مذکر) دیکھو ناخن گیر ۔

ناخن سے گوشت جدا کرنا (ا) رشتہ داروں کو جدا کرنا۔ اپنوں کو چھوڑنا ۔

ناخن شمشیر (ف) مذکر (۱) تلوار کی دھار، تلوار کی باڑھ ۔

ناخن کھونا (ا) اختیار ہونا۔ نقشہ جمنا ۔

ناخن گیر (ف) مذکر۔ ناخن لینے کا اوزار۔ نہرنی ۔

ناخن لینا (ا) (۱) ناخن تراشنا (۲) گھوڑے کا کھُر کر لینا ۔

ناخنہ (ف۔ مذکر) (۱) مضراب۔ ستار بجانے کا مڑا ہوا تار (۲) آنکھ کی ایک بیماری جس میں سفیدی مائل گوشت ناخن کے مشابہ آنکھ کے کونے میں نمودار ہو جاتا ہے (۳) وہ ریشہ ہائے سرخ جو گھوڑے کی آنکھ میں پیدا ہو جاتے ہیں ۔

ناخون (نا۔ خُون) (ا) مذکر۔ ناخن ۔

ناخون سے لکھنا (ا) سفید کاغذ پر ناخن سے نقش کاڑھنا یا کچھ تحریر کرنا ۔

ناخون کاٹنا (ا) ناخن تراشنا۔ ناخن قلم کرنا ۔

ناخون گیر (ا) دیکھو ناخن گیر ۔

ناخون لینا (ا) دیکھو ناخن لینا ۔

ناخون نیلے ہونا (ا) زہر چڑھنا۔ مرنے کی علامت ظاہر ہونا ۔

ناخونوں (ا) مذکر۔ ناخن کی جمع ۔

ناخونوں سے گوشت جدا نہیں ہوتا (ا) (مثل) اپنے کسی حالت میں غیر نہیں ہو سکتے۔ رشتہ داروں کی دشمنی قائم نہیں رہا کرتی ۔

ناخونوں میں پڑے ہیں (ا) دیکھے بھالے ہیں یعنی کچھ حقیقت نہیں ۔

ناخونوں میں لکھ رکھنا (ا) خیال میں رکھنا۔ نظر میں رکھنا۔ دھیان میں رکھنا ۔

ناد (ناد) (س) مذکر (۱) آواز۔ گرج۔ صدا۔ ندا۔ گونج (۲) گانا۔ نوا۔ سرود ۔

نادر (نا۔ دِر) (ع) (۱) کم۔ تھوڑا۔ قلیل۔ کمتر۔ کمیاب۔ نایاب (۲) عمدہ۔ نرالا۔ انوکھا۔ عجیب و غریب (۳) فارس کا ایک بادشاہ جو محمد شاہ رنگیلے بادشاہ ہندوستان پر چڑھ کر آیا تھا ۔

نادر پاٹ (ا۔ مذکر) ایک قسم کا بڑے عرض کا کپڑا ۔

نادرے ہوں سے نکلا (ا) اہل عالم کا خوف اور دہشت زیادہ ہو گئی ۔

نادر شاہ (ف) مذکر۔ ایک سخت گیر اور جابر بادشاہ جس نے محمد شاہ رنگیلے کے عہد میں دہلی میں لوٹ مار اور قتل و غارت کی تھی ۔

نادرشاہی۔ یا۔ نادرگردی (ف) مؤنث۔ نادر کے وقت میں بد انتظامی۔ نادرشاہی حکومت کا زمانہ یعنی ظلم ۔

نادرشاہی زمانہ (ا۔ مذکر) ظلم کا زمانہ۔ اندھیر کا زمانہ ۔

نادرہ (ف، ع) عجیب۔ انوکھا ۔

نادرہ کار (ع۔ ف، مذکر) (۱) وہ جس سے عجیب و غریب کام ظاہر ہوا (۲) وہ جس پر عجیب و غریب کام بنا ہو ۔

نادری (ف) مؤنث (۱) ایک قسم کی صدری (۲) تحفہ کا انگا (۳) نادر بادشاہ سے منسوب ۔

نادری حکم (ف۔ ع، مذکر) نادر شاہ کا سا حکم۔ سخت اور جابرانہ حکم ۔

نادعلی (ناد۔ علی) (ع) مؤنث۔ ایک دعا جو زہرہے یا چاندی کے پترے پر کندہ کر کے بچوں کے گلے میں ڈالتے ہیں ۔

نادم (نا۔ دِم) (ع) شرمندہ۔ خجل۔ شرمسار۔ پشیمان ۔

نادم ہونا (ا) شرمندہ ہونا۔ شرمانا ۔

نادھنا (نادھ۔ نا) (ہ) (۱) جوتنا۔ جوڑنا۔ بیلوں کی گردن پر جوا رکھنا (۲) ابتدا کرنا۔ آغاز کرنا (۳) پابند کرنا۔ غلام بنانا ۔

نادیا (نا۔ دیا) مذکر۔ وہ بیل جس کے جسم میں کوئی عضو زیادہ ہو ۔

نار (نار) (ع) مؤنث۔ آگ۔ آتش۔ اگنی ۔

نار (نار) (ف) مذکر۔ انار کا مخفف ۔

نار (نار) (ہ) مؤنث (۱) عورت۔ زن۔ استری۔ لگائی (۲) بیوی۔ جورو۔ زوجہ۔ اہلیہ ۔

نارائن (نا۔ را۔ ین) (س) مذکر۔ قدیم۔ ہمیشہ رہنے والا۔ خدا تعالیٰ۔ رب۔ پرمیشور۔ ایشور ۔

نارائن تیل (ہ) مذکر۔ ہندو۔ ایک قسم کا روغن جو بوٹیوں سے نکالا جاتا ہے۔ مومیائی ۔

نارائنی (ہ) مؤنث۔ لچھمی۔ درگا دیوی ۔

نارتھ (نارتھ) (انگریزی۔ NORTH) شمال۔ اتر ۔

نارتھ ویسٹرن ریلوے (انگریزی۔ NORTH WESTERN RAILWAY) (مخفف) شمال مغربی ریلوے۔ ہندوستان میں سب سے لمبی ریلوے

جو گورنمنٹ کی سرپرستی میں جاری ہے ۔
نارتھ ویسٹرن فرنٹیئر پراونس - (انگریزی - NORTH-WESTERN FRONTIER PROVINCE) (مذکر) شمال مغربی سرحدی صوبہ ۔
نارجیل (نا رجیل) (ف) مذکر۔ ناریل۔ کھوپرا۔ گری ۔
ناردرن (نار۔ درن) (انگریزی NORTHERN) شمالی ۔
نارمل (نار۔ مل) (انگریزی NORMAL -) باقاعدہ۔ حسب معمول ۔
نارمل ٹمپریچر (انگ (NORMAL - TEMPERATURE) (مذکر) طبعی درجہ حرارت ۔
نارمل سکول (انگریزی NORMAL SCHOOL) (مذکر) دیہاتی مدرسوں کی تعلیم کا مدرسہ۔ مدرسۃ المعلمین ۔
نارنج (نا۔ رنج) (ف) مذکر۔ رنگترہ۔ سنترہ۔ نارنگی۔ سنگترہ ۔
نارنجی (ف) مذکر۔ سرخی مائل زرد رنگ۔ وہ رنگ جو شہاب اور ہارسنگار کے پھولوں سے بنایا جاتا ہے ۔
نارنگی (ف) مؤنث - (۱) چھوٹا رنگترہ (۲) ابھری ہوئی چھاتی ۔
نارو۔ نارُوا (ہ) مذکر۔ ایک مرض جس میں آدمی کے جسم میں سے تاگا سا نکلتا ہے۔ رشتہ ۔
ناری (ع) آگ کا۔ آتشی ۔
ناری (ہ) مؤنث - نار - زن - استری - عورت ۔
ناریل (نار۔ یل) (ہ) مذکر۔ ناریل۔ کھوپرا۔ گری۔ نارجیل (۲) ایک قسم کا حقہ جو ناریل کو خالی کر کے اس سے چھید کر بنایا جاتا ہے ۔
ناریل کا تیل (ہ) مذکر۔ گری کا تیل۔ کھوپرے کا تیل ۔
ناڑ (ناڑ) (ہ) مؤنث - دگھوا - گردن - گلو ۔
ناڑا (نا۔ ڑا) (ہ) مذکر۔ (ہندی) (۱) ازار بند۔ پاجامے کے اندر ڈالنے کی رسی یا ڈوری (۲) کچا گنڈے دار رنگا ہوا سوت۔ مولی ۔
ناڑا چھوٹ کرنا (ہ) (ع) پیشاب کرنا۔ موتنا ۔
ناڑا کھولنا (ہ) (۱) ازار بند کھولنا (۲) زنا کرنا۔ جماع کرنا ۔
ناڑی (نا۔ ڑی) (ہ) مؤنث۔ گنوار۔ بندوق کی نال۔ نبض۔ شریان۔ رگ خون ۔
ناڑی چھوٹ جانا۔ ناڑی نہ بولنا (۱) [illegible] نبض کا [illegible] رہنا (۲) مرجانا۔ دم [illegible]
[illegible]

ناڑیا (ہ) مذکر۔ حکیم۔ طبیب۔ بید۔ نبض دیکھنے والا ۔
ناز (نا+ز) (ف) مذکر۔ (۱) معشوقوں کی ادا - غمزہ - نخرہ (۲) (۱) لاڈ - چوچلا - پیار - اخلاص (۳) (۱) گھمنڈ - غرور - نخوت (۴) فخر - بڑائی - عزت (۵) بھروسا - حمایت - برتا ۔
ناز اٹھانا (۱) ناز برداری کرنا - نخرے اور چوچلے کی برداشت کرنا ۔
ناز بالش (ف) مذکر۔ نرم تکیہ - ملائم تکیہ۔ پہلو کا تکیہ ۔
ناز برداری (ف) مؤنث۔ لاڈ چوچلے کی برداشت ۔
ناز بو (ا) مؤنث۔ ایک قسم کا خوشبودار بوٹا جس سے کالے کالے دانے تخم آتے ہیں ۔
ناز پرور (ف) مذکر۔ ناز کا پلا ہوا۔
ناز پروردہ لاڈ میں پلا ہوا ۔
ناز پیشہ (ف) ناز کرنے کا عادی۔ معشوق ۔
ناز سے چلنا (۱) انداز سے چلنا۔ خراماں چلنا ۔
ناز (ناز و نعم) کا پالا (۱)(۱) لاڈ پیار میں پلا ہوا (۲) معشوق۔ ساجن پیارا ۔
ناز کرنا (۱) (۱) اترانا۔ گھمنڈ کرنا۔ غرور کرنا (۲) نازاں ہونا۔ فخر کرنا (۳) نخرہ کرنا۔ لاڈ کرنا ۔
ناز نخرہ (ف) مذکر۔ لاڈ۔ پیار۔ چاؤ چوچلا ۔
ناز و نعمت میں پالنا (۱) لاڈ پیار میں پرورش کرنا - اچھے اچھے کھانے کھلا کر پالنا ۔
ناز و نیاز (ف) مذکر۔ (۱) عاشق و معشوق کی باہمی حرکات چھیڑ چھاڑ (۲) لاڈ پیار - ناز نخرہ ۔
ناز ہونا (۱) (۱) فخر ہونا۔ گھمنڈ ہونا ۔
نازاں (ف) (۱) ناز کرنے والا۔ فخر کرنے والا (۲) مغرور۔ گھمنڈی ۔
نازاں ہونا (۱) فخر کرنا۔ اترانا (۲) گھمنڈ کرنا ۔
نازش (ف) مؤنث۔ اترانا۔ گھمنڈ۔ فخر ۔
نازک (نا+زک) (ف) (۱) کومل۔ کامنی (۲) لطیف۔ نفیس (۳) ہلکا - چھریرا - دبلا - پتلا - باریک - خفیف (۵) جلد ٹوٹ جانے والا (۶) خوب صورت - خوش وضع - (۷) کمزور - بودا - کم طاقت (۸) باریک - دقیق - دقت طلب (۹) تیز - تند ۔
نازک اندام (ف) دبلا۔ پتلا۔ چھریرے بدن کا۔
نازک بدن نازک جسم والا ۔
نازک بات (ف) مؤنث۔ (۱) لطیف بات (۲) خطرناک بات۔
[illegible]

نازک جگہ (۵) مؤنث (۱) وہ مقام جہاں جان کا اندیشہ ہو۔ (۲) جسم کا وہ مقام یا عضو جس پر چوٹ لگنے سے آدمی مر جائے۔

نازک خیال (ف - ع) مذکّر۔ عمدہ خیالات والا۔ باریک مضامین لکھنے والا۔

نازک دماغ (ف - ع) (۱) دماغ دار۔ خود پسند۔ مُدَمّغ۔ مغرور (۲) تیز مزاج۔ چڑچڑا۔

نازک دماغی (ف - ع) مؤنث (۱) بدمزاجی۔ چڑچڑاپن۔ تنگ مزاجی (۲) دماغ۔ مزاج۔ دماغ داری۔

نازک زمانہ (ف) مذکّر۔ مصیبت کا وقت۔ بُرا وقت۔ خطرے کا وقت۔

نازک کام (ا) مذکّر۔ باریک کام۔ ناپائدار کام۔

نازک کلامی (ف) مؤنث۔ خوش گفتاری۔ نغزگوئی۔

نازک مزاج (ف - ع) دیکھو "نازک دماغ"۔

نازک مزاجی (ف - ع) دیکھو "نازک دماغی"۔

نازک مسئلہ (ف - ع) مذکّر۔ دقیق مسئلہ۔ مشکل امر۔

نازک معاملہ (ف - ع) مذکّر۔ خطرناک معاملہ۔ مشکل امر۔

نازک وقت (ف - ع) مذکّر۔ (دیکھو "نازک زمانہ")۔

نازکی (ف) مؤنث (۱) نزاکت۔ نرمی۔ ملایمت (۲) عمدگی۔ خوبی۔ (۳) تنگ مزاجی۔ لطافت۔ نفاست (۵) خود پسندی۔ خود بینی۔

نازل (نا - زِل) (ع) اُترنے والا۔ نیچے آنے والا۔ وارد ہونے والا۔ گزرنے والا۔

نازل ہونا (ہ) اُترنا۔ وارد ہونا۔ نیچے آنا۔ آسمان سے آنا۔

نازلہ (نا - زِلہ) (ع) (۱) واردہ۔ نازل شدہ (۲) حادثہ۔ سانحہ۔ مصیبت۔ شامت۔

نازنین (ف) ناز بھرا (۱) دلفریب۔ دلآویز۔ خوبصورت دلربا۔ بانکا۔ چھبیلا۔ پیارا۔

ناس (ناس) (ع) مذکّر۔ آدمی۔ انسان۔

ناس (ناس) (ہ) مؤنث۔ نسوار۔ ہلاس۔ سونگھنی۔

ناس دانی (ہ) مؤنث۔ ہلاس رکھنے کی ڈبیہ۔

ناس لینا (ہ) ہلاس سونگھنا۔ نسوار سونگھنا۔

ناس (ناس) (ہ) مذکّر (۱) تباہی۔ بربادی۔ خرابی (۲) غارت۔ نابود۔ معدوم۔

ناس کردینا۔ کھودینا۔ یا۔ ملا دینا (ہ) خراب کردینا۔ بگاڑ دینا۔ تباہ کردینا۔ برباد کردینا۔ فنا کردینا۔

ناس ہوجانا (ہ) برباد ہوجانا۔ بگڑ جانا۔ اُجڑ جانا۔ فنا ہوجانا۔

ناسا (نا - سا) (ہ) مذکّر (پورب) (۱) بڑی ناک (۲) ایک طرح کی پھنسی جو ناک میں ہوجاتی ہے۔

ناسپال (ناس - پال) (ف) مذکّر (۱) انار کا چھلکا (۲) ایک قسم کی آتش بازی (۳) کچا انار۔

ناسی (ہ) ہندو۔ ناس کرنے والا۔

ناسپالی (ہ) نسواری۔ سبزی مائل زرد۔

ناستک (ناس - تِک) (س) مذکّر۔ خدا پر یقین نہ کرنے والا۔ منکرِ خدا۔ دہریہ۔ زندیق۔ کافر۔

ناسخ (نا - سِخ) (ع) مذکّر (۱) لکھنے والا۔ کاتب (۲) منسوخ کرنے والا۔ رد کرنے والا۔ (۳) شیخ امام بخش مرحوم ایک مشہور شاعر کا تخلص۔

ناسرہ (نا - سَرَہ) (ف) کھوٹا۔ کھوٹ ملایا ہوا۔

ناسک (نا - سِک) (ع) عبادت کرنے والا۔ خدا کی راہ میں قربانی کرنے والا۔

ناسک (نا - سَک) (ہ) مذکّر و مؤنث۔ دیا۔

ناسوت (نا - سُوت) (ع) مذکّر (۱) دنیا (۲) مجازاً شریعت و عبادت ظاہرہ۔

ناسور (نا - سُور) (ع) مذکّر۔ وہ زخم جو ہمیشہ رستا رہے اور کبھی اچھا نہ ہو۔ دیرینہ زخم کا سوراخ جس سے پیپ نکلتی رہے۔

ناسور بھرنا (ہ) دیرینہ زخم کا اندمال پذیر ہونا۔

ناسور پڑنا (ہ) ایسا زخم ہونا جو پھر اچھا نہ ہوسکے۔

ناسور ڈالنا (ہ) عو۔ زخم ڈالنا۔ گھاؤ ڈالنا۔

ناشپاتی (ناش - پا - تی) (ت) مؤنث۔ ایک قسم کا پھل۔

ناشتا (ناش - تا) (ف) مذکّر۔ صبح کا تھوڑا سا کھانا۔ جیسے نہاری۔

ناشتا کرنا (ہ) نہار منہ تھوڑا سا کھانا۔ صبح کو ذرا سا کھانا۔

ناشی (نا - شی) (ع) اٹھنے یا پیدا ہونے والا۔

ناصب (نا - صِب) (ع) (۱) برپا یا قائم کرنے والا (۲) حرف پر زبر دینے والا۔

ناصح (نا - صِح) (ع) مذکّر۔ نصیحت کرنے والا۔ صلاح کار۔ پند گو۔ واعظ۔

ناصر (نا - صِر) (ع) مددگار۔ حامی۔ معاون۔

ناصیہ (نا - صِیَہ) (ع) مذکّر (۱) پیشانی کے بال (۲) پیشانی۔ جبیں۔ ماتھا۔

ناصیہ سائی (ف) مؤنث۔ جبہ سائی۔ ماتھا رگڑنا۔

ناطق (نا - طِق) (ع) مذکّر (۱) بولنے والا۔ گویا (۲) صاحب

عقل۔ منطق پہچاننے والا (۳) قرار واقعی۔ قطعی۔ مضبوط۔ مستحکم۔ اصل ؛

ناطقہ (ع) مذکّر۔ گویائی کی طاقت۔ بات چیت کا ملکہ ؛

ناطقہ بند کرنا (۱) بولنے کی مجال نہ رہنے دینا۔ دم بند کرنا ؛

ناظر (نا۔ ظِر) (ع) مذکّر (۱) نظر کرنے والا۔ دیکھنے والا (۲) محافظ۔ نگہبان (۳) صدر محرّر (۴) خواجہ سرا ؛

ناظرہ (ع) مذکّر۔ (۱) دیکھ کر پڑھنا (۲) دیکھنے کی قوّت۔ قوّت باصرہ ؛

ناظرہ پڑھنا (۱) دیکھ کر پڑھنا۔ دیکھ کر قرآن پڑھنا ؛

ناظرہ خواں (ف۔ ع) مذکّر (۱) دیکھ کر پڑھنے والا (۲) قرآن پڑھا ہوا ؛

ناظرین (ع) مذکّر۔ پڑھنے والے۔ دیکھنے والے۔ مطالعہ کرنے والے ؛

ناظم (نا۔ ظِم) (ع) مذکّر (۱) انتظام کرنے والا۔ منتظم۔ کارکن۔ منصرم۔ سربراہ کار (۲) شاعر۔ شعر کہنے والا۔ نظم کہنے والا ؛

ناظورہ (نا۔ ظُو۔ رَہ) (ع۔ مؤنّث) (۱) جس کی سب سے زیادہ عزّت کی جائے (۲) سردار۔ افسر (۳) مالنوں کی سردار (۴) خوب صورت عورت ؛

ناغہ (نا۔ غَہ) (ع) مذکّر۔ غیر حاضری۔ تعطیل۔ خالی۔ بیکار ؛

ناغہ کرنا (۱) غیر حاضری کرنا۔ تعطیل۔ خالی رہنا۔ بے کار رہنا ؛

ناغہ نویس (ع۔ ف) مذکّر۔ ملازموں کی حاضری اور غیر حاضری لگانے والا عہدہ دار ؛

ناف (ناف) (ف۔ مؤنّث) (۱) نابھ۔ ٹھونڈی۔ ڈُنڈی۔ نال (۲) نال کی جگہ (۳) (مجازاً) درمیان۔ وسط۔ بیچوں بیچ۔ مرکز ؛

ناف ٹلنا۔ یا۔ جانا۔ یا۔ ڈگنا (۱) ناف کی رگوں اور پٹھوں کا بوجھ اٹھانے کے سبب بے جگہ ہو جانا۔ دھرن ٹلنا ؛

ناف زمین (ف۔ مؤنّث) (۱) مرکز زمین۔ دھرتی کا بیچ (۲) مکّہ معظّمہ۔ کعبہ شریف ؛

نافذ (نا۔ فِذ) (ع) جاری ہونے والا۔ صادر ہونے والا ؛

نافذ کرنا (۱) جاری کرنا۔ صادر کرنا ؛

نافر (نا۔ فِر) (ع) نفرت کرنے والا۔ گھن کھانے والا ؛

نافع (نا۔ فِع) (ع) نفع دینے والا۔ مفید۔ فائدہ مند۔ سود مند

نافلہ (نا۔ فِلَہ) (ع۔ مذکّر) وہ عبادت جو فرض نہ ہو ؛

نافہ (نا۔ فَہ) (ف) مذکّر۔ مشک کی تھیلی۔ مشک نافہ ؛

نافی (نا۔ فِی) (ع) نفی کرنے والا ؛

ناقد (نا۔ قِد) (ع) پرکھنے والا ؛

ناقص (نا۔ قِص) (ع) (۱) ادھورا۔ غیر مکمّل۔ ناتمام۔ کم (۲) عیب عیبی (۳) کھوٹا۔ غیر خالص (۴) خراب۔ نکمّا۔ ناکارہ ؛

ناقص الخلقت (ع) وہ شخص جس کا کوئی عضو پیدائشی ناقص ہو۔ جسم کا عیبی ؛

ناقص العقل (ع) (۱) کم عقل۔ کند ذہن۔ جس کے قوائے عقل میں فتور ہو (۲) (مجازاً) عورت ؛

ناقص کرنا (۱) بگاڑ کرنا۔ خراب کرنا۔ نکمّا کرنا۔ کھوٹ ملانا ؛

ناقص ہونا (۱) بگڑنا۔ خراب ہونا۔ نکمّا ہونا۔ ناس ہونا ؛

ناقل (نا۔ قِل) (ع) مذکّر (۱) نقل کرنے والا۔ بیان کرنے والا (۲) راوی۔ روایت کرنے والا ؛

ناقوس (نا۔ قُوس) (ع) مذکّر (۱) سنکھ جو ہندو پوجا کے وقت بجاتے ہیں۔ نرسنگھا ؛

ناقوس پھونکنا (۱) مندر میں سنکھ بجانا ؛

ناقہ (نا۔ قَہ) (ع) مذکّر۔ اونٹنی۔ سانڈنی ؛

ناقہ سوار (ع۔ ف) (۱) سانڈنی سوار (۲) (مجازاً) قاصد ؛

ناک (ناک) (ہ) (۱) بینی۔ ایک عضو (۲) نمود کی چیز۔ چوٹی۔ (۳) غیرت۔ شرم۔ لحاظ۔ لاج (۴) عزّت۔ آبرو۔ بزرگی۔ عظمت (۵) زیب۔ زینت۔ آرائش۔ باعث فخر ؛

ناک آنا (ہ) ناک سے آلائش گرنا۔ سنک آنا ؛

ناک اِدھر کہ ناک اُدھر (ہ) (مثل) مطلب ہر طرح ایک ہی ہے ؛

ناک اونچی ہونا (ہ) عزّت بڑھنا۔ سرخروئی ہونا ؛

ناک بند (ہ) مذکّر۔ گھوڑے کی پوزی ؛

ناک ہونا (۱) زکام ہونا۔ زکام کے باعث سانس کا تنگی سے آنا جانا ؛

ناک بہنا (ہ) ناک سے رطوبت آنا۔ ناک سے ریزش گرنا ؛

ناک بھوں چڑھانا (ہ) ناراض ہونا۔ تیوری چڑھانا۔ خفا ہونا۔ بگڑنا۔ بیزار ہونا ؛

ناک بیٹھنا۔ یا۔ پچکنا (ہ) کسی چوٹ یا مرض کے سبب ناک کا چپٹا ہو جانا ؛

ناک بیندھنا (ہ) ناک میں سوراخ۔ ناک چھیدنا ؛

ناک پاک کرنا (۱) ناک صاف کرنا۔ ناک سنکنا ؛

ناک پر انگلی رکھ کر بات کرنا (ف) عورتوں یا زنخوں کی طرح بات کرنا ؛

ناک پر بیٹھ پھر جانا (ف) ناک کا چپٹا ہونا ؛

ناک پر دیا جلا کر آنا (ف) (طنزاً) (ع) ناک روشن کر کے آنا۔ سرخرو ہو کر آنا ؛

ناک پر رکھ دینا (ف) کسی چیز کی قیمت یا دام فوراً ادا کر دینا ؛

ناک پر غصہ ہونا (ف) جلد غصے ہونا۔ بات بات پر بگڑنا۔ بہت جلد خفا ہونا ؛

ناک پر کی مکھی تک نہ اڑانا۔ بہت سست یا کاہل ہونا ؛

ناک پر مکھی نہ بیٹھنے دینا (ف) کسی کا ذرا احسان نہ اٹھانا۔ نہایت غیرت والا ہونا ؛

ناک پکڑے دم نکلنا (ف) بالکل بے جان ہونا۔ نہایت ناتواں اور لاغر ہونا ؛

ناک تو کٹی پر وہ بھی مر گئے (ف) (طنزاً) ہمارا نقصان دوسرے کے بڑے نقصان کا باعث ہوا ؛

ناک چڑھانا (ف) (۱) نتھنے پھلانا۔ تیوری چڑھانا۔ بگڑنا۔ خفا ہونا (۲) نفرت کرنا۔ کراہت کرنا۔ ناپسند کرنا۔ حقیر جاننا ؛

ناک چڑھی رہنا (ف) (ع) تیوری چڑھی رہنا۔ بدمزاج بنا رہنا ؛

ناک سے چنے چبوانا (ف) نہایت تکلیف دینا۔ عاجز کر دینا۔ بہت تنگ کرنا ؛

ناک چوٹی کاٹ کر ہاتھ دینا (ف) (ع) سخت سزا دینا۔ رسوائی کی سزا دینا ؛

ناک چوٹی کٹوانا (ف) سخت سزا دینا۔ رسوائے عالم کرنا ؛

ناک چوٹی (میں) گرفتار رہنا (ہونا) (ف) (ع) (۱) بے حد نازک مزاج و دماغ دار ہونا۔ صاحب غیرت و مغرور ہونا (۲) اپنے ہی بکھیڑوں میں گرفتار ہونا ؛

ناک رکھ لینا (ف) عزت رکھ لینا۔ بات رکھ لینا۔ ساکھ رکھ لینا ؛

ناک رکھنا (ف) غیرت رکھنا۔ عزت رکھنا۔ لحاظ رکھنا ؛

ناک رگڑنا (ف) زمین پر ناک گھسنا۔ نہایت منت سماجت کرنا۔ خوشامد کرنا ؛

ناک رگڑے کا بچہ (۱) مذکر۔ وہ بچہ جو بہت سی دعاؤں سے منتیں مان کر پیدا ہوا ہو۔ اللہ آمین کا بچہ ؛

ناک ساکھ رکھنا (ف) نیک نامی حاصل کرنا۔ اپنی عزت بچانا ؛

ناک سکوڑنا (سکیڑنا) (ف) دیکھو ناک چڑھانا ؛

ناک سنکنا (ف) ناک صاف کرنا۔ ناک پاک کرنا ؛

ناک سے لکیریں کھینچنا (ف) اپنا قصور مان کر آئندہ کے لیے توبہ کرنا ؛

ناک کا بال (ف) مذکر۔ منہ چڑھا آدمی۔ معتمد علیہ۔ وہ شخص جس کی بات بہت مانی جائے ؛

ناک کا بانسا (ف) مذکر۔ دونوں نتھنوں کے بیچ کی دیوار

ناک کا بانسا پھر جانا (ف) دونوں نتھنوں کے بیچ کی دیوار کا ٹیڑھا ہو جانا۔ علامت مرگ ظاہر ہونا ؛

ناک کا تنکا (ف) مذکر۔ وہ تنکا جو عورتیں ناک کے چھید میں ڈال لیتی ہیں تاکہ سوراخ بند نہ ہو جائے ؛

ناک کاٹ چوتڑوں تلے رکھنا (ف) (ع) بے شرمی اور بے حیائی اختیار کرنا ؛

ناک کاٹنا (ف) (۱) ناک اتارنا (۲) بے عزتی کرنا۔ بدنام کرنا۔ رسوا کرنا ؛

ناک کاٹی مبارک کان کاٹے سلامت (ف) (مثل) سخت بے غیرت اور بے حیا کی نسبت بولتے ہیں۔ جسے سزا کی بھی کچھ پروا نہیں ہوتی ؛

ناک کان کاٹنا (ف) (ع) (۱) کٹنا اور بوچا بنانا (۲) بے عزت کرنا۔ رسوا کرنا ؛

ناک کٹانا (ف) (ع) بدنام ہونا۔ رسوا ہونا ؛

ناک کٹنا (ف) (ع) (۱) ناک کٹا ہونا (۲) بے عزتی ہونا۔ رسوائی ہونا۔ بے آبروئی ہونا ؛

ناک کٹی (ف) مؤنث۔ بدنامی۔ رسوائی۔ خواری۔ بے عزتی ؛

ناک کٹی پر ہاٹ نہ ہارے (ف) (مثل) جان جائے پر آن نہ جائے۔ چاہے کچھ ہی کیوں نہ ہو جائے۔ ضد نہ چھوڑے ؛

ناک کٹی ہونا (ف) رسوائی ہونا۔ بدنامی ہونا۔ بے عزتی ہونا ؛

ناک کٹے (ف) اس کی عزت جائے۔ رسوائی ہو ؛

ناک کی سیدھ میں (ف) ٹھیک سامنے۔ سیدھے خط میں ؛

ناک کے تیھرتے بیان کرنا (ف) سیدھی اور صاف بات کو طول دے کر بیان کرنا ؛

ناک گھسنا (ف) عاجزی کرنا۔ منت سماجت کرنا ؛

ناک لگا کر بیٹھنا (ف) عزت لے کر بیٹھنا۔ معزز بننا۔ صاحب عزت ہونا ؛

ناک مارنا (ف) اکراہ کرنا۔ حقارت کی نظر سے دیکھنا۔ ناپسند کرنا ؛

نام پر جان دینا (ف) نام پر مرنا۔ شہرت پر مرنا۔ از حد کوشش کرنا ؎

نام پر حرف آنا (ف) رسوا ہونا۔ بدنام ہونا ؎

نام پر مٹنا (ف) کسی چیز کے نام پر فریفتہ ہونا۔ بے حد مائل ہونا ؎

نام پڑ جانا (ف) کسی نام سے مشہور ہو جانا۔ عرف ہو جانا ؎

نام پکارنا (ف) نام لینا۔ نام سے بلانا۔ نام لیکر آواز دینا ؎

نام پیدا کرنا (ف) ناموری حاصل کرنا۔ شہرت حاصل کرنا۔ مشہور خلائق ہونا ؎

نام جاگنا (ف) شہرت کم ہونے کے بعد پھر زیادہ شہرت ہو جانا۔ نام زندہ ہونا۔ پھر نام مشہور ہونا ؎

نام جپنا (ف) (۱) نام کی تسبیح کرنا۔ نام رٹنا (۲) بار بار نام لینا ؎

نام جو (صف) نام کا خواہاں۔ ناموری چاہنے والا ؎

نام چار کو (ف) برائے نام۔ ذرا سا۔ نام گنانے کو ؎

نام چڑھنا (ف) نام درج ہونا۔ دفتر میں لکھا جانا ؎

نام چلنا (ف) نام کی یادگار رہنا۔ نام قائم رہنا ؎

نام خاک میں مل جانا (ف) شہرت باقی نہ رہنا ؎

نام خدا (صت) (کلمۂ دعا) (۱) (مجازاً) ماشاء اللہ۔ چشم بد دور۔ خدا چشم بد سے محفوظ رکھے (۲) کیا بات ہے۔ کیا کہنے ہیں واہ واہ۔ سبحان اللہ۔ مرحبا۔ شاباش۔ آفرین ہے ؎

نام خراب کرنا (ف) بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔ بدنام ہو جانا ؎

نام داخل، درج کرنا (ف) رجسٹر وغیرہ میں نام لکھنا ؎

نام دار (صف) مشہور۔ نامی۔ نامور ؎

نام دھرتا (مذ) (ف) نام رکھنے والا۔ باپ۔ پدر ؎

نام دھرنا (ف) (۱) نام تجویز کرنا۔ نام مقرر کرنا۔ نام رکھنا (۲) عیب لگانا۔ برا کہنا۔ نکتہ چینی کرنا (۳) الزام رکھنا (۴) قیمت مقرر کرنا۔ مول لگانا ؎

نام ڈبونا (ف) بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔ مول ما ملنا ؎

نام ڈوبنا (ف) نام بدنام ہونا۔ رسوائی ہونا۔ عزت جانا ؎

نام رکھنا (ف) دیکھو "نام دھرنا" ؎

نام روشن کرنا (ف) (۱) نیکنامی کے ساتھ مشہور کرنا (۲) (طنزاً) رسوا کرنا۔ بدنام کرنا ؎

نام روشن ہونا (ف) (۱) نام مشہور ہونا۔ شہرت پانا (۲) (طنزاً) بدنام ہونا۔ رسوا ہونا ؎

نام رہ جانا۔ یا۔ رہنا (ف) نام باقی رہ جانا۔ نام بنا رہنا۔ یادگار رہ جانا ؎

نام زد (صف) موسوم۔ مشہور و معروف۔ نامی ؎

نام زد کرنا (ف) (۱) کسی کے نام کرنا۔ منسوب کرنا۔ ڈیزیگنیٹ کرنا (۲) نام رکھنا۔ موسوم کرنا (۳) منسوب کرنا ؎

نام زندہ کرنا (ف) نام یاد دلانا۔ گمنامی کی حالت سے نکالنا۔ نام روشن کرنا ؎

نام سننا (ف) صرف نام سے واقف ہونا۔ صرف نام کی جان پہچان ہونا ؎

نام سے (ق) (۱) نام لے کر۔ نام پر (۲) نام کی بدولت۔ نام کے طفیل (۳) نام لینے سے۔ نام کے ساتھ (۴) بہانے سے۔ حیلے سے (۵) لقب سے۔ خطاب سے ؎

نام سے بکنا (ف) نام کی شہرت کے باعث کسی چیز کا زیادہ فروخت ہونا ؎

نام سے بیزار ہونا (ف) از حد متنفر ہونا۔ نام کا روادار نہ ہونا ؎

نام سے تپ چڑھنا (ف) بہت زیادہ ڈرنا ؎

نام سے دم نکلنا (ف) کسی سے نہایت ڈرنا۔ بے حد

نام سے کانپنا (ف) خوف کھانا۔ نہایت دہشت غالب ہونا ؎

نام سے کان پکڑنا (ف) استادی یا کمال کا قائل ہونا ؎

نام سے نفرت ہونا (ف) کمال نفرت ہونا۔ نام سے چڑ ہونا ؎

نام کا سکہ جاری ہونا (چلنا) (ف) (۱) کسی کے نام کا سکہ رائج ہونا (۲) نہایت رعب داب ہونا ؎

نام کا کتا نہ پالنا (ف) کمال بیزار ہونا۔ از حد متنفر ہونا۔ کسی کے نام سے اس قدر بیزار ہونا کہ اس نام کا کتا بھی ہو تو نہ پالنا ؎

نام کر جانا (ف) یادگار چھوڑ جانا۔ نہایت شہرت اور ناموری کے ساتھ زندگی بسر کر جانا ؎

نام کرنا (ف) (۱) دوسرے کا نام لگانا۔ کسی کو الزام دینا (۲) شہرت حاصل کرنا۔ نام پیدا کرنا۔ مشہور ہونا (۳) نام رکھنا۔ نام ٹھیرانا۔ نام مقرر کرنا ؎

نام کو (ف) (۱) برائے نام۔ کہنے کو۔ نام نہاد (۲) اپنی ذات کا اپنے قول اور اپنی بات کا ؎

نام کو دھبا لگانا (ف) نام کو بٹا لگانا۔ نام بدنام کرنا۔ عیب لگانا ؎

نام کو مرنا (ف) نام کے لئے جان دینا۔ ناموری اور عزت کی پاسداری کرنا ؎

نام کو نہ چھوڑنا (ف) بالکل نہ چھوڑنا۔ ذرا باقی نہ رکھنا۔ ناپید کر دینا ؎

نام کو نہ رہنا (ف) بالکل نہ رہنا۔ ذرا نہ رہنا۔ خاتمہ ہو جانا ؎

نام کو نہ ملنا (ف) بالکل نہ ملنا۔ بالکل نہ پانا ؎

نام کو نہ ہونا (ف) بالکل نہ ہونا۔ ذرا نہ ہونا ؎

نام کو نہیں (ف) برائے نام نہیں۔ بالکل نہیں۔ مطلق نہیں ؎

نام کی بھول۔ یا۔ چوک (ف) مؤنث۔ نام کی غلطی۔ سہو نام ؎

نام کی رٹ (ف) مؤنث۔ کسی کا نام جپنا۔ کسی کو ہر وقت یاد کرنا ؎

نام لکھنا (ف) نام درج کرنا۔ نام چڑھانا۔ نام تجویز کرنا ؎

نام لگانا (ف) الزام دھرنا۔ قصور وار ٹھہرانا۔ تہمت دھرنا ؎

نام لگنا (ف) الزام لگنا۔ نام ہونا۔ تہمت لگنا ؎

نام لے کر (ف) نام سے۔ نام کی بدولت ؎

نام لینا (ف) (۱) نام جپنا۔ نام کی تسبیح کرنا۔ نام رٹنا (۲) نام پکارنا۔ نام زبان پر لانا (۳) الزام دینا۔ تہمت لگانا (۴) تعریف کرنا۔ گن گانا (۵) ذکر کرنا۔ نام زبان پر لانا ؎

نام لیوا (ف) مذکر (۱) نام لینے والا۔ نام یاد رکھنے والا۔ (۲) یادگار۔ بیٹا۔ اولاد۔ وارث ؎

نام لیوا رہا نہ پانی دیوا (ف) مثل۔ سب مر گئے۔ کوئی باقی نہ رہا۔ نیست و نابود ہو گئے ؎

نام مٹنا (ف) نام جاتا رہنا۔ نام نہ رہنا۔ گم نام ہونا ؎

نام میرا کام تیرا (ف) مثل۔ کوئی کمائے۔ کوئی اڑائے۔ خود مال مارنا۔ دوسرے کو دھوکے میں رکھنا ؎

نام نامی (ف۔ مذکر) مشہور و معروف نام۔ عزت کے لئے مستعمل ہوتا ہے ؎

نام نکالنا (ف) (۱) برائی کے ساتھ مشہور کرنا۔ بدنام کرنا۔ رسوا کرنا (۲) کسی عمل کے ذریعے سے چور کا نام معلوم کرنا (۳) کسی مقدس کتاب سے بچے کا نام تجویز کرنا ؎

نام نکل جانا (ف) (۱) برائی یا بھلائی میں مشہور ہو جانا۔ بدنام ہو جانا (۲) نام پڑ جانا۔ عرف ہو جانا ؎

نام نکلنا (ف) (۱) برائی یا بھلائی کے ساتھ مشہور ہونا۔ رسوا ہونا۔ بدنام ہونا (۲) شہرت پانا۔ لقب پانا (۳) عمل کے ذریعے سے چور کا نام ظاہر ہونا ؎

نام نمود (ف) مؤنث (ع) ظاہری ٹھاٹھ۔ عزت و نمائش۔ ٹیپ ٹاپ ؎

نام نہاد (ف) (۱) موسوم۔ نامزد (۲) کہنے کو۔ نام کو ؎

نام نہ لینا (ف) نام زبان پر نہ لانا۔ نہایت بیزار ہونا ؎

نام نہیں (ف) بے نشان ہے۔ لامکان ہے۔ پتہ نہیں۔ ٹھکانا نہیں ؎

نام ور (ف) (نام آور کا مخفف) مشہور۔ معروف۔ نامی ؎

نام وری (ف) مؤنث (نام آوری کا مخفف) شہرت۔ نیک نامی ؎

نام و نشان (ف) مذکر۔ ظہور۔ ٹھکانا ؎

نام و نشان باقی نہ رہنا (ف) نیست و نابود ہو جانا۔ معدوم ہو جانا ؎

نام و نمود (ف) مذکر و مؤنث۔ دیکھو نام نمود ؎

نام وہ ہے جو خدا کہلوائے (ف) مثل۔ اپنے منہ میاں مٹھو بننے سے کچھ نہیں ہوتا ؎

نام ہو جانا (ف) (۱) ناموری ہو جانا۔ شہرت ہو جانا (۲) نام پر لکھا جانا (۳) نام لگ جانا۔ الزام لگ جانا ؎

نام ہونا (ف) (۱) ناموری ہونا۔ شہرت ہونا۔ نیک نامی ہونا۔ واہ واہ ہونا۔ شہرہ ہونا (۲) الزام لگنا۔ تہمت لگنا (۳) قرار پانا۔ ٹھہرنا۔ پایا جانا (۴) نام پر لکھا جانا۔ نام پر ہونا۔ (۵) ذمے ہونا۔ سر پڑنا (۶) شرکت ہونا۔ شمولیت ہونا ؎

ناموس (نا۔ موس) (ع) مؤنث (۱) عصمت۔ عفت۔ عزت۔ حرمت۔ نیک نامی (۲) مذکر فرشتہ۔ ملائک۔ احکام الٰہی (۳) جبرئیل علیہ السلام کا لقب (۴) حرم سرائے۔ زنانہ۔ اہل خانہ (۵) گھر والا۔ خاوند۔ گھر کا مالک (۶) شرم۔ بے عزتی۔ غیرت۔ لاج ؎

ناموس اکبر (ع) مذکر۔ قاعدہ و دستور۔ بزرگ شریعت (۲) حضرت جبرئیل علیہ السلام کا لقب ؎

ناموسی (ف) (۱) بے عزتی۔ بدنامی۔ رسوائی (۲) شرم۔ لحاظ ؎

نامہ (نا۔ مَہ) (ف) مذکر (۱) خط۔ چٹھی۔ مکتوب۔ نوشتہ (۲) کتاب۔ نسخہ۔ پوتھی۔ پستک۔ رسالہ (۳) دفتر۔ طومار (۴) (ف) قرضہ نامہ۔ لکھی ہوئی رقم ؎

نامۂ اعمال (ف۔ ع) مذکر (۱) اعمال نامہ۔ چال چلن کا رجسٹر (۲) وہ سرکاری رجسٹر جس میں ملازموں کا چال چلن اور کارگزاری وغیرہ درج ہوتی ہے ؎

نامہ بر (ف) مذکر (۱) قاصد۔ پیک۔ پیام بر (۲) چٹھی رسان۔ ہرکارہ۔ ڈاکیہ ؎

نامہ نگار (ف) مذکر۔ خبر نویس۔ خبر دہندہ۔ پرچہ نویس ؎

نامہ و پیام۔ پیغام (ف) مذکر۔ خط و کتابت۔ سلام پیغام ؎

نامی (ف) (۱) نامور۔ نامدار۔ مشہور و معروف (۲) موسوم۔ نام والا ؎

نامی چور (ف) مذکر۔ مشہور چور۔ بڑا بھاری چور ؎

نامی گرامی (ف) مشہور و معروف۔ سب کا جانا بوجھا ؎

نامیہ (نا - مِیَہ) (ع) مؤنث۔ بڑھنے والی قوت۔ نشوونما کرنے والی قوت ۔

نان (نان) (ف) مذکر۔ روٹی۔ چپاتی۔ بڑی اور موٹی تنور کی روٹی ۔

نان با۔ نان بائی۔ نانوا، پز (ف) (مذکر) روٹی اور شوربا بیچنے والا۔ روٹی پکانے والا ۔

نان پاؤ (ا) مذکر۔ ایک قسم کی موٹی خمیری روٹی ۔

نان جویں (ف) مذکر۔ روکھی سوکھی روٹی۔ غریبانہ کھانا۔ جَو کی روٹی۔ دال دلیا ۔

نان خطائی (ف) مؤنث۔ ایک قسم کی مٹھائی جو کھانڈ میدے اور گھی سے بنائی جاتی ہے۔

نان کلاغ (ف) مذکر۔ ایک قسم جسے روٹی پر چھڑک کر پکاتے ہیں۔ کوے کو اس تخم سے بڑی رغبت ہے ۔

نان و نفقہ (ف) (ع) مذکر۔ روٹی کپڑا۔ روٹی اور گھربار کا خرچ۔ بال بچوں اور بیوی کو روٹی کپڑا دینا ۔

نان و نفقہ دینا (ا) بیوی بچوں کو روٹی کپڑا دینا۔ گھر کا خرچ دینا ۔

نان و نمک (ف) مذکر۔ سادہ غذا جس میں کسی قسم کا تکلف نہ ہو ۔

نانا (س) طرح طرح کا۔ انواع و اقسام کا ۔

نانا (ہ) مذکر۔ ماں کا باپ ۔

نانا دادا (ہ) مذکر۔ (کنایۃً) استاد ۔

نانٹھ (نانٹھ) (ہ) مذکر (ہندی) لاوارث مال۔ وہ مال جس کا کوئی والی وارث نہ ہو ۔

نانٹھ پر بیٹھنا (ہ) ہندو۔ لاوارث مال پر قابض ہونا ۔

نانٹھا (نانٹھا) (ہ) بے وارثا۔ وہ شخص جس کا کوئی وارث نہ ہو۔

ناند (نانْد) (ہ) مؤنث۔ بہت بڑا کونڈا ۔

نانْدا (نان - دا) (ہ - مذکر) کھلا ۔

نانْدھنا (نانْدھ - نا) (ہ) (عو ۱) چھیڑنا۔ شروع کرنا۔ آغاز کرنا بیان کرنا۔ کوئی کام یا بات شروع کرنا (۲) اختیار کرنا کرانا ۔

نانس (نانس) (ہ) مؤنث (ہندو) (عو) ساس کی ماں ننیا ساس ۔

نانسرا (نان - سرا) (ہ) مذکر (ہندو) (عو) ننیا خسر ۔

نانک (نا - نک) (ہ) مذکر۔ ایک مشہور خدا پرست درویش کامل جو سکھوں کے فرقے کے بانی تھے اور بابر بادشاہ کے عہد میں گزرے ہیں ۔

نانک پنتھی (ہ) مذکر۔ سکھ۔ گرو نانک کے پیرو ۔

نانک شاہی (ہ) مذکر (۱) فقیروں کا ایک گروہ۔ (۲) سکھوں کے وقت کا ایک سکہ جو سکھوں کے عہد میں چلتا تھا ۔

نانگا (نان - گا) (ہ - مذکر) (۱) ننگا (۲) وہ سادھو جو برہنہ رہتا ہے (۳) سادھوؤں کی ایک جماعت جو ننگی رہتی ہے ۔

نانگھنا (نانگھ - نا) (ہ) دیکھو لانگھنا ۔

نانو۔ یا۔ نانوں (نانو - نانوں) (ہ) مذکر۔ نام۔ اسم ۔

نانواں۔ یا۔ نانوہ (ہ) مذکر (۱) وہ رقم جو کسی کے نام لکھی ہوئی ہو۔ (۲) واجب الادا قرضہ ۔

نانواں چکانا (ا) قرضہ ادا کرنا۔ حساب بے باق کرنا ۔

نانہ (نانہ) (ہ) نہیں۔ حرف نفی ۔

نانھیال (ہ) مذکر۔ نانا کا گھر۔ نانا کا گھرانا ۔

نانی (ہ) مؤنث۔ نانا کی بیوی۔ ماں کی ماں ۔

نانی کے آگے ننھیال کی باتیں (ہ) (مثل) (۱) ایک عزیز کی شکایت اسی کے عزیز کے روبرو (۲) ایک عزیز کی شکایت دوسرے عزیز کے سامنے ۔

نانی کے ٹکڑے کھاوے دادا کا پوتا کہلاوے (ہ) (مثل) خرچ کوئی کرے نام کسی کا ہو ۔

نانی نے خصم کیا نواسا چٹی بھرے (ا) (مثل) قصور کسی کا ذمے کسی کے۔ کرے کوئی بھرے کوئی ۔

نانی یاد آجانا (ا) مصیبت میں پھنس کر گذری عافیت معلوم ہونا۔ ناک میں دم ہو جانا۔ محنت سے گھبرا جانا ۔

ناورد (نا - وَرْد) (ف) مؤنث۔ لڑائی۔ جنگ و جدل ۔

ناوک (نا - وَک) (ف) مذکر۔ تیر۔ بان۔ خدنگ ۔

ناوک انداز (ف) تیر چلانے والا ۔

ناوک فگن (ف) تیر انداز ۔

ناول (نا - وِل) (انگ) NOVEL (مذکر) عشقیہ قصے کی کتاب ۔

ناولٹی (انگ) NOVELTY (مؤنث) نئی چیز ۔

ناو نوش (ف) مذکر۔ عیش و نشاط۔ رنگ رلیاں ۔

ناہار (ناہار) (س) مذکر۔ ناشتہ۔ نہار منہ کھانا ۔

ناہر (نا - ہر) (ہ) مذکر (ہندو) شیر یا گھوڑا ۔

ناہر سانس (ہ) مذکر۔ گھوڑے کا ایک مرض جس کے سبب سواری کے وقت اس کے منہ سے خرخراہٹ کی آواز نکلتی ہے اور دم پھول جاتا ہے ۔

ناہرو (نا - ہَرُو) مذکر۔ سختے کی بیماری نہرووا ۔

ناہید (نا - ہید) (ف) مذکر۔ زہرہ ستارہ جو تیسرے آسمان پر واقع ہے۔ مجاز۔ لونڈی فلک ۔

ناہیں (نا - ہیں) (ہ) کلمۂ نفی۔ (گنوار) نہیں ؎

نائب (نا - اِب) (ع) مذکر۔ مددگار۔ ماتحت۔ قائم مقام مختار۔ وکیل۔ سفیر ؎

نائرہ (نا - اِرہ) (ع) مذکر۔ شعلہ۔ لو۔ لپٹ ؎

نائزہ (نا - اِزہ) (ف) مذکر۔ عضو تناسل۔ پیشاب کی نالی۔ ذکر۔ قضیب ؎

نائک (نا - اِک) (ہ) مذکر۔ (۱) سالار قافلہ۔ سردار قافلہ۔ (۲) آقا۔ مزاج۔ سردار۔ (۳) فن موسیقی میں کامل۔ بہت بڑا گویا ؎

نائکا (نا - اِکا) (ہ) مؤنث (۱) نائک کی استری (۲) کٹنی۔ رنڈیوں کے گھر کی مالک ؎

نائم (نا - اِم) (ع) سونے والا ؎

نائن (نا - اِن) (ہ) مؤنث (۱) نائی کی بیوی (۲) نائی قوم کی عورت ؎

ناؤ (نا - اَؤ) (ہ) مذکر (گنوار) نائی۔ حجام ؎

ناؤ (نا - اَؤ) (ہ) مؤنث۔ کشتی۔ سفینہ۔ دریا سے پار اترنے کی سواری ؎

ناؤ خشکی میں نہیں چلتی (ہ) (مثل) داد و دہش کے بغیر کام نہیں چلتا۔ دولت مند کو سخاوت کے بغیر نام وری حاصل نہیں ہوتی ؎

ناؤ کس نے ڈبوئی۔ خواجہ خضر نے (ہ) (مثل) جب رہبر اور رہنما ہی نقصان کا باعث ہو تو اس موقع پر بولتے ہیں ؎

ناؤ کھینا (ہ) کشتی چلانا ؎

ناؤ میں خاک اڑانا (ہ) صاف جھوٹ بولنا۔ جھوٹا الزام لگانا ؎

ناؤ میں خاک کیوں اڑاتے ہو؟ (ہ) (مثل) اس موقع پر بولتے ہیں۔ جب کسی کے سر اس کے ستانے کے لئے کوئی بہتان لگایا یا بہانہ ڈھونڈا جائے۔ یا صریح جھوٹ بولا جائے ؎

ناؤکی (ہ) مذکر۔ (پنجاب) ملاح۔ کشتی بان۔ ناخدا ؎

نائی (نا - اِی) (ہ) مذکر۔ حجام۔ موتراش۔ خلیفہ ؎

نائی کی برات میں سبھی ٹھاکر (ہ) (مثل) وہاں بولتے ہیں۔ جہاں سب امتیازی ہوں۔ اور کام کرنے والا کوئی نہ ہو۔ یعنی قوم میں ہر کوئی ذی عزت ہے ؎

نائی نائی بال کتنے ججمان جی آگے ہی آتے ہیں (ہ) (مثل) جب کوئی فوراً ہی سامنے ظاہر ہونے والی بات کی نسبت پوچھے وہاں بولتے ہیں ؎

نائے (نا - اے) (ف) مؤنث (۱) بانسری (۲) نل (۳) نالی۔ نہر (۴) بید ؎

ن - ب

نب (نِب) (انگریزی NIB) مذکر (۱) ڈنک کی چونچ۔ زبانۂ قلم۔ انگریزی قلم کی زبان جو لوہے یا فولاد وغیرہ کی ہوتی ہے ؎

نبات (نَبات) (ع) مؤنث (۱) روئیدگی۔ ترکاری۔ سبزہ۔ بوٹی (۲) (ف) مصری۔ قند ؎

نباتات (ع) مؤنث۔ نبات کی جمع۔ پودے۔ سبزیاں۔ ترکاریاں ؎

نباتی (ع) نباس یا نبات کا۔ جڑی بوٹیوں کا ؎

نباض (نَب - بامُض) (ع) مذکر۔ نبض شناس۔ حکیم۔ طبیب ؎

نباضی (ع) مؤنث۔ نبض شناسی ؎

نباہ (نِباہ) (ہ) مذکر (۱) تکمیل۔ کمال۔ کسی کام کو اس کی حد تک پہنچانا (۲) گزارہ۔ وفاداری ؎

نباہ کرنا (ہ) گزارہ دینا۔ وفاداری کرنا۔ کسی کے ساتھ بسر کرنا ؎

نباہنا (ہ) کسی کے ساتھ بسر کرنا۔ گزارنا ؎

نباہو (ہ) وفادار۔ بسر کر دینے والا۔ نباہ دینے والا ؎

نبٹ (نِبٹ) (ہ) نبٹنا کا امر ؎

نبٹ جانا (نبٹنا) (ہ) بے باق ہونا۔ نمٹنا۔ فرصت پانا۔ فارغ ہونا۔ پورا ہونا۔ ختم ہونا۔ جھگڑا طے ہو جانا۔ فیصلہ ہو جانا۔ تکرار باقی نہ رہنا ؎

نبٹارا (ہ) مذکر (عو) فیصلہ ؎

نبٹانا (ہ) نمٹانا۔ بھگتانا۔ چکانا۔ بیباق کرنا۔ ادا کرنا ؎

نبٹا ہوا (ہ) (۱) بھگتا ہوا (۲) تجربہ کار۔ جہاں دیدہ ؎

نبٹاؤ (ہ) مذکر۔ فیصلہ۔ تصفیہ۔ بھگتان۔ بے باق ؎

نبیڑا (ہ) مذکر۔ نبٹاؤ۔ تصفیہ۔ فیصلہ ؎

نبختا (نِبخ - تا) (ہ) (عو) (۱) بدنصیب۔ کم بخت (۲) نگوڑا۔ موا ؎

نبختی (ہ) مؤنث (۱) بدنصیب۔ کم بخت (۲) موئی نگوڑی ؎

نبرد (نَبَرد) (ف) مؤنث۔ لڑائی۔ جنگ۔ مجادلہ۔ جدل ؎

نبرد آزما (ف) جنگی۔ جنگ آزمودہ۔ دلاور۔ بہادر۔ شجاع ؎

نبرد گاہ (ف) مؤنث۔ میدان جنگ۔ لڑائی کا کھیت ؎

نبڑ (نِبڑ) (ہ) نبڑنا کا امر ؎

نبڑ جانا (ہ) خرچ ہو جانا۔ تمام ہو جانا۔ نپٹ جانا۔ باقی نہ رہنا۔ انجام کو پہنچ جانا ؎

نبڑنا (ہ) تمام خرچ ہو جانا۔ نمٹنا۔ باقی نہ رہنا ؎

نبض (نَبض) (ع) مؤنث - ناڑی - ہاتھ کی وہ رگ جو حرکت کرتی ہے ۔
نبض دیکھنا (۱) (۱) ناڑی دیکھنا - نبض پر ہاتھ رکھ کر اس کی رفتار معلوم کرنا (۲) خبر لینا ۔
نبضوں (۱) مؤنث - نبض کی جمع ۔
نبضوں کا چلنا (۱) ناڑیوں کا بہت تیزی سے حرکت کرنا - نبضوں کا جلد جلد چلنا ۔
نبضیں (۱) مؤنث - نبض کی جمع - ناڑیاں ۔
نبضیں چھٹنا - یا - چھوٹنا (۱) نبضوں میں حرکت نہ رہنا - نزع کا عالم ہونا - قریب مرگ ہوجانا - مردہ سا ہوجانا - (۲) گھبرا جانا - خبر نہ رہنا - دم خشک ہوجانا ۔
نبل (نَبَل) (۱) (۱) کمزور - بے طاقت (۲) ناقص - خراب - (۳) بیکس - بے یار - بے مددگار ۔
نبوت (نبُو - وَت) (ع) مؤنث - آگاہی - پیغمبری - رسالت احکام الٰہی کا پہنچانا ۔
نبولی (نِبَو - لی) (۲) مؤنث - نیم کا پھل - نمکولی ۔
نبوی (نَبَوِی) (ع) منسوب - نبی - نبی سے نسبت رکھنے والا ۔
نبھ (نَبھ) (س) مذکر (۱) آسمان - آکاس - بادل - کرۂ ہوا (۲) ساون کا مہینہ - برسات کا مہینہ ۔
نبھاگا (نِبھا - گا) (۲) (ہندو) بدنصیب - بدنصیب ۔
نبھاگی (۲) مؤنث - بدنصیب عورت ۔
نبھاؤ (نبھا - اُؤ) (۲) مذکر - گزارا - باہم بسر کرنا - ثابت قدمی - استقلال ۔
نبہرا (نِبہ - رَا) (۲) - مذکر - وہ جگہ جہاں نیم کے درخت بکثرت ہوں ۔
نبھرما (نِبھرَ - ما) (۲) جس کا بھرم نہ ہو - نامعتبر ۔
نبھنا (نبھ - نا) (۲) (۱) بسر ہونا - باہم گزرنا (۲) انجام کو پہنچنا - اخیر تک رہنا ۔
نبی (نَبِی) (ع) - مذکر - خبر رساں - رسول - خبر پہنچانے والا پیغمبر ۔
نبی جی نبی جی بھیجو (۱) طوطے کی آواز ۔
نبی مرسل (ع) مذکر - وہ نبی جو صاحب کتاب ہو - وہ پیغمبر جس پر کوئی آسمانی کتاب نازل ہوئی ہو ۔
نبیذ (نَبِیذ) (ع) مؤنث - جَو کی شراب ۔
نبیرہ (نبی - رَہ) (ف) مذکر - پوتا - بیٹے کا بیٹا (۲) نواسا - بیٹی کا بیٹا ۔
نبیڑ (نبیڑ) (۲) نبیڑنا کا امر ۔
نبیڑ لینا (۲) پورا کر لینا - تمام کر لینا - بسر کر لینا - گزار لینا ۔

نبیڑا (۲) مذکر - دیکھو "نبیڑا" ۔
نبیڑنا (۲) تمام کرنا - نمٹانا - پورا کرنا - بسر کرنا - گزارنا ۔
نبیڑو (۲) پورا کرنے والا - نمٹانے والا ۔
نبیسہ (نبی - سَہ) (ف) - مذکر (۱) نواسا - نواسی (۲) پوتا پوتی ۔

ن - پ

نپ (نَپ) (۲) نپنا کا امر ۔
نپا - (نپا ہوا) (۲) اندازہ کیا ہوا - ماپا ہوا ۔
نپا تلا (نپی تلی) (۱) محدود - مقرر ۔
نپان (نپان) (۲) مؤنث - پیمانہ - پیمائش
نپت (۱) مؤنث - ناپ
نپٹ (۲) (۱) محض - بالکل - نرا - سراسر - تمام - سراسر - (۲) بہت - نہایت ۔
نپٹ - نپٹارا - نپٹانا - نپٹاؤ - نپٹ جانا (۲) دیکھو نمٹ وغیرہ ۔
نپنا (۲) (۱) پیمائش ہونا - ناپا جانا (۲) لڑائی ہونا - جھگڑا ہونا ۔
نپنسک (نپن - سَک) (س) مذکر - نامرد - ہیجڑا - مخنث - زنانہ - زنخہ ۔
نپوتا (نپو - تا) (۲) (ہندو) (عو) (۱) بے اولاد - لاولد - (۲) (عو) نگوڑا موا - نالائق ۔
نپوتی (۲) مؤنث (ہندو) (عو) (۱) بے اولادی - وہ عورت جس کے کوئی بال بچہ نہ ہو (۲) کم بخت - نگوڑی - نپوتی ۔
نپوڑنا (نپوڑ - نا) (۲) (گنوار) منہ بگاڑنا - زہر خند کرنا ۔

ن - ت

نت (نِت) (۲) ہمیشہ - سدا - مدام - دائم - ہر روز ۔
نت اٹھ (۲) ہمیشہ - اٹھ کر - ہر وقت - آئے دن - روز کے روز ۔
نت کنواں کھودنا - نت پانی پینا (۲) روز مزدوری کرنا - روز کمانا - جتنا کمانا - اتنا ہی کھا جانا ۔
نت کی دکھیا کرموں دوس - ہمیشہ کی مصیبت زدہ اور تقدیر پر الزام ۔
نت نت (۲) (کلمۂ دعا) (عو) ہمیشہ - سدا - روز کے روز ۔
نت نیا (۲) (۱) تازہ بتازہ - نو بنو - جو بات ہمیشہ نئی ہو (۲) ہر روز نیا - انوکھا - عجیب و غریب ۔

نتارنا (نِتا۔ رنا) (ف) (ہندی) دیکھو نتھارنا ؂

نتائج (نَتا۔ ئِج) (ع۔ مذکر) نتیجے ؂

نتنی (نَت۔ نی) (مؤنث) پورب کی خواص ٹیلی کی بیٹی ؂

نتھ (نَتھ) (ہ) مؤنث۔ ناک میں پہننے کا ایک زیور۔ حلقۂ بینی ؂

نتھ بڑھانا (ف) نتھ اتارنا۔ نتھ کو اتار کر رکھنا ؂

نتھ چوڑی برقرار رہے (۱) دعا (عو) سہاگن رہے۔ آباد رہے ؂

نتھارنا (ف) صاف کرنا۔ چھاننا۔ کدورت دور کرنا۔ تلچھٹ نیچے بٹھانا ؂

نتھرا (نِتھ۔ را) (ص) صاف۔ زلال۔ نرمل ؂

نتھرنا (نِتھر۔ نا) (ف) پانی کا صاف ہونا۔ چھننا ؂

نتھنا (نَتھ۔ نا) (ہ) مذکر۔ ناک کا سوراخ ؂

نتھنوں (ج) مذکر۔ نتھنا کی جمع ؂

نتھنوں میں سر دینا (ا) (عو) نہایت دق کرنا۔ از حد تنگ کرنا ؂

نتھنوں میں دم کرنا (ا) ناک میں دم کرنا۔ ستانا۔ نہایت تنگ کرنا ؂

نتھنی (ہ) مؤنث (۱) چھوٹی نتھ (۲) تلوار کے قبضے کی کڑی (۳) نانتہ۔ نکیل۔ مہار۔ بیل کی ناک کی رسی ؂

نتھنی اتارنا (ہ) (ف) (بازاری) چیرا اتارنا۔ کسی کا ازالۂ بکر کرنا۔ سر ڈھکنا ؂

نتھنے (ہ) مذکر۔ نتھنا کی جمع ؂

نتھنے پھلانا (ف) ناک چڑھانا۔ ناک بھوں چڑھانا۔ ناراض ہونا۔ تیوری چڑھانا ؂

نتھنے چڑھانا (ف) ناک چڑھانا۔ ناراض ہونا ؂

نتھی (نَتھ۔ تھی) مؤنث۔ کاغذ ٹانکنے کی ڈور۔ وہ ڈور جو کاغذ میں ڈالی جاتی ہے ؂

نتھی شدہ (ف) (عدالت) منسلکہ۔ ساتھ ٹکا ہوا۔ شامل ؂

نتھی کرنا (ف) منسلک کرنا۔ کاغذ میں ڈورا ڈال کر اس کے ساتھ دوسرا کاغذ شامل کرنا ؂

نتھیا (ہ مؤنث) نتھ کی تصغیر ؂

نتیجہ (نَتی۔ جَہ) (ع) مذکر (۱) حاصل۔ ماحصل (۲) غرض مطلب (۳) اخیر۔ انجام۔ خاتمہ۔ انتہا (۴) پھل۔ ثمرہ ؂

نتیجہ دیکھنا (ف) کئے کی سزا پانا۔ بدلہ ملنا ؂

ن۔ ٹ

نٹ (نَٹ) (ہ) مذکر (۱) بازیگر۔ شعبدہ باز۔ وہ لوگ جو ڈھول بجا کر بانس اور رسی پر چڑھ کر تماشا دکھاتے ہیں (۲) ایک قوم (۳) ایک راگنی ؂

نٹ بدیا پائی جائے جٹ بدیا نہ پائی جائے (مثل) جاٹ بہت چالاک ہوتا ہے یہاں تک کہ نٹ کو بھی ہرا دیتا ہے

نٹ کا تماشا (ہ) مذکر۔ وہ تماشا جو نٹ لوگ کرتے ہیں ؂

نٹ کھٹ (نَٹ۔ کَھٹ) (ص) (۱) نکھٹو۔ جو کمانے نہ ہو۔ دغاباز۔ عیار مکار۔ بدذات۔ شریر۔ شوخ۔ بیباک۔ فریبی۔ لواکا ؂

نٹ کھٹی (ہ) مؤنث (۱) عیاری۔ شوخی۔ چالاکی۔ فند۔ فریب (۲) دغابازی۔ بدمعاشی (۳) دنگا۔ شرارت ؂

نٹ کھٹی کرنا (ف) (۱) شرارت کرنا۔ دنگا کرنا۔ فساد کرنا۔ چالاکی کرنا (۲) بدمعاملگی کرنا۔ ہٹ دھرمی کرنا ؂

نٹنا (نَٹ۔ نا) (ف) انکار کرنا۔ منکر ہو جانا۔ مکرنا ؂

نٹنی (ہ) مؤنث۔ بازیگری۔ نٹ کی جورو ؂

نٹھر (نِٹھر) (ص) (ہندی) سخت۔ سنگدل۔ بے رحم۔ اکھڑ ؂

نٹھلا (نِٹھل۔ لا) (ص) (ہندی) خالی۔ بیکار۔ بے شغل ؂

نٹیا (نَٹ۔ یا) (ہ) مذکر۔ چھوٹے قد کا بیل۔ چھوٹی قسم کا بیل ؂

ن۔ ث

نثار (نِثار) (ع) مذکر (۱) نچھاور۔ بکھیر۔ وہ چیز جو بطور صدقہ کسی شخص کے سر پر بکھیری جائے (۲) صدقہ۔ قربان واری (۳) عاشق۔ فریفتہ ؂

نثار کرنا (ف) (۱) نچھاور کرنا۔ بکھیرنا (۲) وارنا۔ صدقے کرنا قربان کرنا ؂

نثار ہونا (ف) (۱) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا (۲) صدقے ہونا۔ قربان ہونا۔ واری ہونا ؂

نثر (نَثر) (ع) مؤنث (۱) پراگندہ۔ بکھرا ہوا۔ تتر بتر (۲) وہ عبارت جو نظم نہ ہو ؂

ن۔ ج

نج (نِج) (ص) (۱) اپنا۔ ذاتی۔ خاص۔ گھر کا خانگی ؂

نج کا حساب (ا) مذکر۔ ذاتی خرچ۔ خانگی حساب۔ پرائیویٹ لین دین ؂

نج کا مال (ا) مذکر۔ ذاتی مال۔ اپنا مال ؂

نج کا نوکر (ا) مذکر۔ ملازم خاص۔ گھر کا ملازم ؂

نجابت (نَجا۔ بت) (ع) مؤنث) بزرگواری۔ شرافت۔ اصالت ؂

نجات (نَجات) (ع) مؤنث) خلاصی۔ رہائی۔ چھٹکارا ؂

نجار (نَجّار) (ع) مذکر (۱) بڑھئی ۔ مستری ؀
نجاری (ع) مؤنث ۔ بڑھئی کا کام ۔ نجار کا پیشہ ؀
نجاست (ع) مؤنث ۔ پلیدی ۔ گندگی ۔ ناپاکی ۔ غلاظت ۔ میلا ؀
نجانے (ف) (۱) معلوم نہیں ۔ خدا جانے ۔ میں نہیں جانتا (۲) شاید ؀
نجباء (نُجَبَا) (ع) نجیب کی جمع ۔ شریف لوگ ؀
نجد (نَجْد) (ع) مذکر ۔ (۱) اونچی زمین (۲) عرب کا ایک مشہور شہر جس سے فرقہ وہابیہ کی ابتدا ہوئی ؀
نجس (نَجِس) (ع) گندہ ۔ ناپاک ۔ پلید ؀
نجس العین (ع) جہاں ناپاک ۔ جو کبھی پاک نہ ہو سکے جیسے کتا ۔ شراب وغیرہ ؀
نجف (نَجَف) (ع) مذکر (۱) وہ اونچا ٹیلہ جس پر پانی نہ چڑھ سکے (۲) عراق کا ایک مشہور شہر جہاں حضرت علیؓ کا مزار ہے ؀
نجم (نَجْم) (ع) مذکر ۔ ستارہ ۔ سیارہ ۔ تارا ؀
نجم الثاقب (ع) مذکر ۔ چمکتا ہوا ستارہ ۔ روشن ستارہ ؀
نجم الہند (ع) مذکر خطاب ۔ وہ شاہی خطاب جو حکومت ہند کی طرف سے رؤسائے ہند وغیرہ کو ملے ۔ سٹار آف انڈیا ۔ ستارۂ ہند ۔ سی ۔ ایس ۔ آئی ؀
نجوم (نُجُوم) (ع) مذکر (۱) نجم کی جمع ۔ ستارے ۔ سیارے (۲) جوتش ؀
نجومی (ع) مذکر ۔ علم نجوم جاننے والا ۔ جوتشی ۔ اختر شناس ؀
نچول (نِچُول) (ہ) (۱) وہ (شے) جس میں جھول نہ ہو (۲) وہ (چال) جس میں سوار کو دھکا محسوس نہ ہو ؀
نجیب (نَجِیب) (ع) مذکر ۔ خوش نسل ۔ شریف ۔ اشراف ۔ بھلامانس (۲) سپاہی ۔ دربان ۔ چوکی پہرہ دینے والا ؀
نجیب الطرفین (ع) جو ماں باپ دونوں کی طرف سے اصل نسل سے شریف و صحیح النسب ہو ؀

ن ـ چ

نچا (نَچَا) (ہ) نچانا کا امر ؀
نچا مارنا (۱) دق کر دینا ۔ ستا مارنا ۔ تنگ کرنا ؀
نچا کھچا (نُچَا ۔ کُھچَا) (ہ) نوچا کھسوٹا ہوا ؀
نچان (نِچَان) (ہ) پستی ۔ نشیب ۔ ڈھلان ۔ اتار ؀
نچانا (ہ) (۱) ناچ کرانا ۔ رقص کرانا (۲) ستانا ۔ دق کرنا ۔ ناک میں دم کرنا ؀

نچڑنا (نِچُڑْ ۔ نَا) (ہ) (۱) ٹپکنا ۔ تراوش ہونا (۲) دبنے یا بھینچنے سے عرق نکلنا (۳) دبلا ہونا ۔ لاغر ہونا ؀
نچلا (نِچْ ۔ لَا) (ہ) خاموش ۔ چپ چاپ ۔ ساکت ۔ بے حرکت ؀
نچلا نہ بیٹھنا (۱) ایک حالت پر نہ رہنا ۔ چپ نہ رہنا ۔ حرکت کئے جانا ۔ کسی نہ کسی چیز کو چھیڑے رہنا ؀
نچلا نہ رہنا (ہ) ساکت نہ رہنا ۔ ایک حالت پر نہ رہنا ۔ چپ نہ رہنا ۔ بے حس و حرکت نہ رہنا ؀
نچنا (نُچْ ۔ نَا) (ہ) نوچا جانا ۔ کھسوٹا جانا ؀
نچنت (نِچِنْت) (ہ) فارغ ۔ بے فکر ۔ بے پروا ۔ مطمئن ؀
نچنت ہونا (۱) بے فکر اور مطمئن ہونا ؀
نچنیا (نَچَن ۔ یَا) (ہ) مذکر ۔ ناچنے والا لڑکا ۔ بھانڈ ۔ زنانہ ۔ مخنث ؀
نچواتا (نَچْ ۔ وَا ۔ نَا) (ہ) ناچنا کا متعدی المتعدی ؀
نچوانا (نُچْ ۔ وَا ۔ نَا) (ہ) نوچنا کا متعدی المتعدی ؀
نچوائی (ہ) مؤنث ۔ ناچنے کی اجرت ؀
نچوڑ (نِچُوڑ) (ہ) مذکر (۱) رس ۔ افشرہ ۔ افشردہ (۲) (مجازاً) لب لباب ۔ رت ۔ عطر ۔ جوہر ۔ خلاصہ ۔ نتیجہ ۔ ماہیت ۔ اصل (۳) نچوڑنا کا امر ؀
نچوڑ لینا (ہ) (۱) دبا کر عرق نکال لینا ۔ (۲) مفلس بنا دینا ۔ (۳) پی لینا ۔ چوس لینا ؀
نچوڑنا (ہ) (۱) دبا کر عرق نکالنا ۔ سوتنا ۔ رس نکالنا ۔ (۲) کچھ باقی نہ رکھنا ۔ مفلس بنانا (۳) چوسنا ۔ خون پینا ؀
نچویا (نَچْ ۔ وَیْ ۔ یَا) (ہ) ۔ مذکر ۔ ناچنے والا ؀
نچھاور (نِچْھَا ۔ وَر) (ہ) مذکر ۔ نثار ۔ بکھیر ۔ اتارا ۔ وہ نقدی یا جنس وغیرہ جو کسی کے اوپر سے بطور صدقہ بکھیری جائے ؀
نچھاور کرنا (ہ) وارنا ۔ تصدق کرنا ۔ بکھیرنا ۔ نثار کرنا ؀
نچھتر (نَچْھَت ۔ تَر) (ہ) مذکر (۱) (مجازاً) کرم ۔ ستارہ ۔ طالع (۲) راس کا حصہ ؀
نچھتری (ہ) اچھے نچھتر کی پیدائش ۔ بھاگوان ۔ خوش نصیب ۔ با اقبال ؀

ن ـ ح

نحاس (نُحَاس) (ع) مذکر ۔ تانبا ۔ مس ؀
نحافت (نَحَا ۔ فَت) (ع) مؤنث ۔ دبلاپن ۔ لاغری ۔ ناتوانی ؀
نحر (نَحْر) (ع) مذکر ۔ اونٹ کا ذبح کرنا ؀
نحس (نَحْس) (ع) نامبارک ۔ نامسعود ۔ منحوس ۔ بدشگون ؀

نحسین فلک (ف - مذکر، کنایۃً) (۱) دو منحوس ستارے (۲) زحل اور مریخ ۔
نحل (نَحل) (ع) مؤنث - شہد کی مکھی - مُہال کی مکھی ۔
نحو (نَحْو) (ع) مؤنث - (۱) طور - طریق - ڈھنگ - راہ - رستہ (۲) وہ علم جس میں کلمات کو جوڑنا - کھولنا - اور اُن کا باہمی تعلق یعنی ترکیب معلوم ہو - جملوں کا علم ۔
نحوست (نُحُو - سَت) (ع) مؤنث - نامبارکی - بدشگونی - بدطالعی - بدنصیبی ۔
نحیف (نَحِیف) (ع) دُبلا - پتلا - کمزور - لاغر - نازک ۔

ن-خ

نخ (نَخ) (ف) مؤنث - کچا ریشم - ریشم کا تار یا سوت پتنگ کی ڈور ۔
نخاس (نَخ - خاس) (ع) مذکر - وہ بازار جہاں حیوان یا انسان فروخت ہوتے ہیں - چارپایوں کا بازار - غلاموں کی منڈی ۔
نخاس پر بیٹھنا (ہ) بازار دکھانا - چوک پر بیٹھنا - بازار میں بکنے کو بیٹھنا ۔
نخاس چڑھنا (ہ) بازار میں بکنے یا مشہور ہونے جانا - رسوائے عام ہونا ۔
نخاس کی گھوڑی (ہ) مؤنث - بازاری گھوڑی - عام بکری کی گھوڑی (۲) کسبی - رنڈی - فاحشہ - چھنال - قحبہ ۔
نخاس والی (ہ) مؤنث - بازاری عورت - قحبہ - بیسوا - فاحشہ - چھنال - رنڈی - کسبی - کنچنی - نٹنی - طوائف ۔
نخاس والیاں (ہ) مؤنث - رنڈیاں - کسبیاں - بازاری عورتیں - بیسوائیں ۔
نخالص (نَخا - لِص) (ہ) (۱) جو خالص نہ ہو - ملاوٹ کا (۲) (عوام) خالص - نرمل - بے ملاوٹ ۔
نخچیر (نَخ - چیر) (ف) مذکر (۱) جنگلی جانور - جانور صحرائی (۲) شکار - صید (۳) مارا ہوا شکار - شکار کیا ہوا جانور ۔
نخرا - نخرہ (نَخ - رَا - نَخ - رَہ) (ع) مذکر (۱) ناز - عشوہ - کرشمہ - غمزہ - معشوق کی حرکات و سکنات ۔
نخرا باز - یا - نخرے باز (ہ) نازگر - عشوہ گر - کرشمہ پرداز ۔
نخرا بازی (ہ) مؤنث - کرشمہ پردازی - عشوہ سازی - لاڈ - چونچلا ۔
نخرا بگھارنا (کرنا) (ہ) ناز اور لاڈ کرنا - چونچلا دکھانا - اترانا ۔
نخرا تلّا (ع) مذکر - ناز نخرہ - لاڈ پیار - ناز و کرشمہ ۔
نخرا گھر میں آگیا (ہ) (مثل) اس موقع پر بولتے ہیں - جب کوئی شخص کسی غیر عورت پر فدا ہو - اور جو لطف اسے باہر حاصل ہوتا ہو - وہی اپنے گھر میں حاصل ہو جائے ۔
نخرا نکالنا (ہ) لاڈ نکالنا - لاڈ میں آنا - سر چڑھنا ۔
نخروں (ہ) نخرہ کی جمع - عشووں - چونچلوں ۔
نخرے (ہ) مذکر - نخرہ کی جمع ۔
نخرے بھٹی (ہ - مؤنث) (۱) (طنزاً) نخرے باز (۲) وہ عورت جو اپنے غرور میں آپ مری جائے ۔
نخست نخستین (نَخُست - نُخُس - تِین) (ف) پہلا ۔
نخشب (نَخ - شَب) (ف) مذکر - ترکستان کا ایک شہر جہاں حکیم مقنع نے ایک کنوئیں سے چاند بنا کر نکالا تھا جو دو ماہ تک غروب نہ ہوتا تھا - اور چار فرسنگ تک اس کی روشنی پہنچتی تھی ۔
نخصمی (نَخَص - مِی) (ہ - مؤنث) (۱) عورت جس کا خاوند نہ ہو - عورتیں حقارتاً ایک دوسری کو کہتی ہیں ۔
نخل (نَخل) (ع) مذکر (۱) کھجور کا درخت (۲) عام درخت کو بھی کہتے ہیں ۔
نخل ایمن (طور) (ع) مذکر - وادی ایمن کا وہ درخت جس پر انوار حق تعالیٰ کی تجلی ظاہر ہوئی تھی ۔
نخل ماتم محرم (ف) مذکر - دیکھو "نخل تابوت" ۔
نخل مریم (ع) - مذکر - وہ سوکھا ہوا کھجور کا درخت جو حضرت مریمؑ کی برکت سے سرسبز ہو گیا تھا ۔
نخلستان (ف) مذکر (۱) کھجور کے درختوں کا جنگل - چھوہارے کے درختوں کا جنگل (۲) وہ میدان جس میں سرسبز درخت لہلہاتے ہوں ۔
نخل بند (ع) ف - مذکر (۱) باغبان - مالی (۲) موم کے درخت بنانے والا ۔
نخل بند کاف و نون - نخل بند ہستی (ف - ع) مذکر - دنیا کا باغبان - خدا تعالیٰ ۔
نخل تابوت (ع - ف) مذکر - ایک قسم کی آرائش جو مُردوں کے تابوت پر کی جاتی ہے ۔
نخوت (نَخ - وَت) (ع) مؤنث - گھمنڈ - غرور - تکبر - گمان - خود بینی ۔
نخوت سمانا (ہ) گھمنڈ ہونا - غرور ہونا ۔
نخود (نُخُد - نُخُود) (ف) مذکر - چنا ۔

نخود آب (ف) مذکر۔ ایک قسم کا شوربا جو گوشت اور چنے کی دال سے تیار کیا جاتا ہے۔

نخیں (نَخِیں) مؤنث۔ (ہ) کانچ یا ناریل کی چھوٹی چھوٹی چوڑیاں۔

ن ۔ د

ند (نَد) (س) مذکر۔ سمندر۔ دریا۔ ندی۔ نالہ۔

ندا (نِدا) (ع) مؤنث۔ (۱) آواز۔ پکار۔ صدا۔ بانگ (۲) بلانے اور پکارنے کا حرف۔

ندارد (نَدا۔ رَدْ) (ف) (۱) کورا۔ خالی (۲) نہیں (۳) غیر حاضر۔

نداف (نَد۔ دَاف) (ع) مذکر۔ روئی دھنکنے والا۔ دھنیا۔

ندافی (ع۔ ف) مؤنث۔ دھنکنے کا کام۔ روئی دھنکنے کا پیشہ۔

ندامت (نَدا۔ مَت) (ع) مؤنث۔ شرمندگی۔ خجالت۔ انفعال۔ خفّت۔ پشیمانی۔ پچھتاوا۔ تاسّف۔

ندان (نِدان) (ہ) اخیر کو۔ آخرکار۔ بعد میں۔ پیچھے۔

ندرا (نِد۔ را) (ہ) مؤنث۔ (پورب) نیند۔ خواب۔ نوم۔

ندرت (نُد۔ رَت) (ع) مؤنث۔ (۱) نادرپن۔ کمیابی۔ کمی (۲) عمدگی۔ (۳) انوکھاپن۔

ندما (نُدَما) (ع) مذکر۔ ندیم کی جمع۔ صاحب لوگ۔ جلیس۔

ندولا (نَدو۔ لا) (ہ) مذکر۔ چھوٹی ناند۔ چھوٹا کونڈا۔ مٹی کا ایک ظرف۔

ندوہ (نَد۔ وَہ) (ع) مذکر۔ مجلس۔ انجمن۔ سبھا۔

ندی۔ نَدّی (نَدِی۔ نَد۔ دِی) (ہ) مؤنث۔ چھوٹا دریا۔ نالا۔ جوٗ۔

ندی تو کیوں گھبراتی ہے کہ میں پاؤں ہی نہیں دھرتا (ہ) (مثل) مزاج کیوں کرتے ہو میں تم سے الگ رہتا ہوں۔ مجھے تمہاری کچھ پروا نہیں۔

ندی ناؤ سنجوگ (ہ) (مثل) اتفاقیہ ملاقات۔ اتفاق۔ خوشی اور دم بھر کی صحبت بھی غنیمت ہے۔

ندیدہ (نَدی۔ دَہ) (ف) (۱) بغیر دیکھا ہوا (۲) لالچی۔ لوبھی۔ وہ شخص جس نے عمدہ کھانا یا کوئی چیز نہ کھائی ہو۔ اور کسی کو کھاتے دیکھ کر گھورے (۳) مشتاق۔ طالب۔ خواہشمند (۴) کنجوس۔ بخیل۔ تنگ دل۔

ندیدی (ف) مؤنث۔ ندیدہ کی تانیث (۱) وہ عورت جس نے کبھی کچھ نہ دیکھا ہو۔ (۲) لالچن۔ لوبھن۔

ندیم (نَدِیْم) (ع) مذکر۔ دوست۔ ساتھی۔ مصاحب۔ ہمنشین۔

ن ۔ ڈ

نڈر (نِڈَر) (ہ) بے خوف۔ جو نہ ڈرے۔ بیباک۔ دیدہ دلیر۔ جری۔ بہادر۔

نڈھال (نِڈھال) (ہ) شکست۔ تھکا ماندہ۔ ضعیف و ناتواں۔ بےحس و حرکت۔ مضمحل۔

ن ۔ ذ

نذر (نَذْر) (ع) مؤنث۔ منّت۔ اقرار۔ صدقہ۔ قربانی۔ بھینٹ۔ چڑھاوا (۲) نیاز۔ فاتحہ (۳) تحفہ۔ پیشکش جو بادشاہ یا اُمراء و وزراء کی خدمت میں گزرانا جائے۔

نذر پکڑنا (ہ) ہدیۃً دینا۔ تحفۃً دینا۔ پیشکش کرنا۔

نذر چڑھانا (ہ) قبر یا تعزیے پر منّت کی طرح کوئی چیز چڑھانا۔

نذر دکھانا (ہ) کسی حاکم یا رئیس وغیرہ کے روبرو نقدی یا کچھ جنس ملاقات کے وقت پیش کرنا۔

نذر دکھلانا (ہ) نذر پیش کرنا۔ کچھ نقدی ہاتھ یا رومال وغیرہ پر رکھ کر کسی حاکم یا بادشاہ کے سامنے کرنا۔

نذر دینا۔ یا۔ گزارنا (ہ) (۱) پیشکش پیش کرنا۔ تحفہ دینا (۲) رشوت دینا۔ پوجا (۳) حوالے کرنا۔ سپرد کرنا۔

نذر ماننا (ہ) منّت ماننا۔ کسی بات یا عہد کو اپنے اوپر واجب گرداننا۔

نذریں دینا (ہ) دیکھو "نذر دینا"۔

نذر و نیاز (ع۔ ف) مؤنث۔ درود و فاتحہ۔ وہ تبرک یا جنس جو کسی بزرگ دین کے نام پر دی جائے۔ بھینٹ۔

نذر ہے (ہ) حاضر ہے۔ موجود ہے۔ نثار ہے۔

نذرانہ (ع۔ ف) مذکر۔ بھینٹ۔ تحفہ۔ ہدیہ۔ وہ چیز جو پیشکش کے طور پر دی جائے۔

نذریں (ہ) مؤنث۔ نذر کی جمع۔

نذیر (نَذِیْر) (ع) (۱) ڈرانے والا (۲) آنحضرتؐ کا لقب۔

ن ۔ ر

نر (نَر) (ف۔ س) مذکر۔ مرد۔ مذکر۔

نرپتی (ہ) مذکر۔ راجا۔ بادشاہ۔ مردوں کا حاکم۔

نر گاؤ (ف) مذکر۔ بیل۔ گائے کا نر ❖
نر ادگی (۱) مؤنث۔ بیٹی کا کیل کا شانا یا بیٹی کا ہک اور حلقہ
(۲) کواڑ یا صندوق کا قبضہ۔ بازو ❖
نر مادہ } (ف) مذکر و مؤنث۔ تذکیر و تانیث۔ مرد اور
نرمادین } عورت (۲) طبلے کا دایاں اور بایاں ❖
نرمیش (ف) مذکر۔ مینڈھا۔ دُنبہ ❖
نرہ (س) نہیں۔ بن۔ بے۔ بغیر ❖
نرادر (ع) مذکر (۱) بے عزت۔ بے حرمت۔ کمینہ۔ حقیر۔
ذلیل۔ خوار (۲) خواری۔ بے حرمتی۔ ذلت۔ رسوائی ❖
نرادھار (ع) (ہندو) بے وسیلہ۔ بے مدد۔ بے سہارا ❖
وہ شخص جس کا کوئی وسیلہ نہ ہو ❖
نراس (ع) (ہندو) بے آس۔ نا امید۔ ہراسا۔ مایوس ❖
نرانتر (ع) (ہندو) متواتر۔ پے در پے۔ لگاتار ❖
نرانکار (نر نکار) (ع) (ہندو) بے روپ جس کی کوئی
شکل یا صورت نہ ہو۔ پرمیشر۔ وشنو ❖
نربدھ (ع) (ہندو) بے وقوف۔ بودھو۔ نادان ❖
نربل (ع) کمزور۔ لاغر۔ ناتواں۔ کم طاقت ❖
نربھاگی (ع) (ہندو) بدنصیب۔ بدقسمت۔ بدطالع ❖
نربھے (ع) (ہندو) بے خوف۔ نڈر۔ بے باک ❖
نرپھل (ع) (ہندو) اکارت۔ بے فائدہ۔ بے حصول ❖
نرجل (ع) (ہندو) (۱) سوکھا۔ خشک (۲) (مذکر) ریگستان ❖
نرجلا (ع) (ہندو) وہ برت جس میں پانی تک نہ پئیں ❖
نرجیو (ع) (ہندو) بے جان۔ غیر ذی روح ❖
نردوش۔ یا۔ نردوکھ (ع) (ہندو) بے خطا۔ بے قصور۔
بے گناہ۔ معصوم ❖
نردوش ٹھہرانا (ع) (ہندو) بے قصور ٹھہرانا۔ بری
کرنا۔ رہا کرنا۔ چھوڑنا ❖
نردھن (ع) (ہندو) مفلس۔ نادار۔ غریب۔ کنگال ❖
نردئی (ع) (ہندو) بے رحم۔ سنگدل۔ کٹھور ❖
نرسا (ع) ملاوٹ کا۔ کھوٹا۔ خراب۔ بُرا ❖
نرگن (ع) (ہندو) (۱) ذات۔ وہ ذات جو صفات انسانی
سے مبرا اور منزہ ہے۔ صفات ربی (۲) بے ہنر۔
بے سلیقہ ❖
نرگنیا (ع) مذکر (ہندو) (۱) موحد۔ ویدانتی۔ صرف ذات کو
ماننے والا (۲) ناسمجھ۔ بے وقوف۔ جاہل ❖
نرلاج (ع) (ہندو) بے شرم۔ بے غیرت۔ بے حیا ❖
نرمل (ع) (ہندو) صاف۔ شفاف۔ بے کدورت ❖
نرملی (ع) مؤنث۔ ایک قسم کا بیج جس سے گدلا پانی صاف
ہو جاتا ہے ❖
نرمول (ع) (ہندو) بے اصل۔ بے بنیاد ❖
نرموہی (ع) (ہندو) بے مہر۔ سرد مہر۔ سنگدل۔ بے رحم ❖
نروان (س) مذکر (۱) فنا۔ نیستی (۲) مکتی۔ نجات ❖
نروید (س) وید کو نہ ماننے والا ❖
نرا (نِرا) (ع) (۱) اکیلا۔ تنہا۔ صرف۔ محض (۲) خالص۔ بے ملاوٹ
(۳) سراسر۔ بالکل ❖
نرا بس کی گانٹھ ہے (ع) (مثل) بے حد شرارتی ہے ❖
نرا کاٹھ کا اُلو ہے (ع) (مثل) بڑا بے وقوف ہے ❖
نرالا (نِرا۔ لا) (ع) (۱) انوکھا۔ نادر۔ عجیب و غریب۔ نئی وضع کا
سب سے الگ۔ سب سے جدا (۲) وہ شخص
جس کے اوضاع و اطوار سب سے جدا ہوں
(۳) جدا۔ علیحدہ ❖
نرالا پن (ع۔ مذکر) انوکھا پن ❖
نرالی (ع) مؤنث۔ نرالا کی تانیث۔ انوکھی ❖
نرانا (نِرا۔ نا) باغ اور کھیت سے خود رو گھاس پھوس
نکالنا ❖
نرائی (ع) مؤنث۔ نرانا کا فعل ❖
نربسی (نِر بسی) (ع) مؤنث۔ جھاڑ۔ ایک دوا ❖
نرخ (نِرخ) (ف۔ مؤنث) اناج وغیرہ کا بھاؤ۔ مول۔ قیمت
خرخ ❖
نرخ بندی (ف) مؤنث۔ تصفیہ قیمت۔ قیمت کا
چکوتا ❖
نرخ مقرر کرنا (ا) بھاؤ نکالنا ❖
نرخ نامہ (ف) مذکر۔ فہرست نرخ۔ بازار کے نرخ کی
فہرست ❖
نرخ نامہ ہنڈی (ا) مذکر۔ ہنڈی کا بھاؤ ❖
نرخرا (نَر۔ خرا) (ا) مذکر۔ گلے کی نلی۔ سانس نلی۔ ٹینٹوا۔ حلقوم ❖
نرخرا بولنا (ا) مرتے وقت حلق سے بلغم کی آواز نکلنا۔
گھرا چلنا ❖
نرد (نَرد) (ع) (۱) چوسر کی گوٹ۔ شطرنج کا مہرہ (۲) ایک
بازی جسے تختہ نرد بھی کہتے ہیں ❖
نرد مارنا (ا) گوٹ پیٹنا۔ بازی جیتنا ❖
نردبان (نَرد۔ بان) (ف) مؤنث۔ سیڑھی۔ زینہ ❖
نرمندہ (نَر۔ دَہ) (ع) مذکر۔ چھوٹی ترازو ❖
نرس (نَرس) (انگریزی۔ NURSE) مؤنث۔ دایہ۔
دودھ پلانے والی آیا۔ تیمار داری کرنے والی ❖
نرسل (نَر۔ سَل) (ع) مذکر۔ سرکنڈا۔ نرکل ❖

نرسنگا (نَر۔ سِنگ۔ گا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا بجانے کا سینگ کرنائے۔ بگل۔ ترئی۔ شور۔ شرم ؛

نرسنگھ (نَر۔ سِنگھ) (س) مذکر (۱) وشنو کا چوتھا اوتار جس کا سر شیر کا سا تھا (۲) شہ زور آدمی۔ بہادر آدمی (۳) اُوگل پیڑ

نرسوں (نَر۔ سُوں) (ہ) مؤنث۔ (ہندی) پرسوں کے بعد کا دن۔ چوتھا دن ؛

نرغہ (نَر۔ غَہ) (ع) مذکر (۱) گھیرا۔ آدمیوں کا حلقہ جو شکار کے گھیرنے کے لئے بنایا جائے۔ احاطہ (۲) بھیڑ۔ انبوہ۔ ہجوم (۳) مشکل۔ دقت۔ دشواری ؛

نرغہ کرنا (۱) (ع) گھیرنا۔ احاطہ کرنا۔ چاروں طرف سے پیچھے پڑ جانا ؛

نرغے میں آ جانا (۱) مصیبت میں پھنس جانا۔ آفت میں مبتلا ہو جانا۔ چاروں طرف سے گھر جانا ؛

نرغے میں جان ہونا (۱) مصیبت میں گرفتار ہونا۔ عذاب میں جان ہونا ؛

نرغے میں ڈالنا (۱) محصور کرنا۔ گھیرنا۔ پھانسنا۔ چاروں طرف سے گھیرے میں ڈالنا ؛

نرک (نَرَک) (س) مذکر۔ (۱) گنہگاروں کے رہنے کا مقام تحت الثریٰ۔ پاتال۔ دوزخ۔ جہنم ؛

نرگٹ (نِر۔ گَٹ) (س) مذکر۔ علم صرف۔ صیغوں اور مصدروں کا علم ؛

نرکل (نَر۔ کَل) (س) مذکر۔ (پورب) نرسل۔ نَے ؛

نرکی (۲) دوزخی۔ جہنمی ؛

نرگس (نَر۔ گِس) (ف) مؤنث (۱) ایک قسم کا درخت اور اس کا پھول جو آنکھ سے بہت مشابہت رکھتا ہے (۲) (مجازاً) چشم معشوق ؛

نرگس بیمار (ف) مؤنث۔ مست آنکھ۔ چشم معشوق ؛

نرگس شہلا (ف) مؤنث۔ وہ پھول جس میں زردی کی بجائے سیاہی ہو اور انسان کی آنکھ سے بہت مشابہ ہو ؛

نرگس مخمور (ف) مؤنث۔ نشیلی آنکھ۔ متوالی آنکھ۔ چشم خمار آلود ؛

نرگس نیم خواب (ف) مؤنث۔ وہ آنکھ جو معشوقانہ انداز سے جھکی ہوئی ہو ؛

نرگسی (ف) (۱) نرگس سے نسبت رکھنے والا۔ نرگس سے مشابہ (۲) مؤنث۔ ایک قسم کا کپڑا جس پر نرگس کی طرح پھول بنے ہوتے ہیں ؛

نرگسی پلاؤ (ف) مذکر۔ وہ پلاؤ جو ابلے ہوئے انڈوں کو کوفتوں میں لپٹا کر بیچ میں سے دو دو کر کے رکھ دیتے ہیں ؛

نرگسی کباب (ا) مذکر۔ مرغی کے انڈے کے کباب ؛

نرم (نَرْم) (ف - ا) ملائم۔ کومل (۲) گدگدا (۳) پلپلا۔ گلگلا (۴) لوچدار۔ لچیلا (۵) ڈھیلا۔ مندا (۶) سست۔ کاہل (۷) نرم۔ دھیما (۸) آسان۔ سہل (۹) ہلکا پھلکا۔ لطیف (۱۰) متحمل۔ حلیم۔ بردبار (۱۱) نازک ؛

نرم چارہ (ا) مذکر۔ ملائم خوراک۔ زود ہضم کھانا ؛

نرم دل (ا) رحمدل۔ موم دل ؛

نرم رو (ف) (۱) دھیما (۲) سوچ سمجھ کر کام کرنے والا ؛

نرم کرنا (ا) ملائم کرنا۔ دھیما کرنا ؛

نرم گرم (ف) سخت سست۔ برا بھلا ؛

نرم گرم اٹھانا۔ یا سہنا (ا) بری بھلی بات کا سہنا۔ سخت سست کی برداشت کرنا ؛

نرم لگام (ف) وہ (گھوڑا) جو لگام کے ذرا سے اشارے کو مانے ؛

نرما۔ نرمہ (نَر۔ مَا۔ نَر۔ مَہ) (ا) مذکر (۱) گھاس کا پودا۔ روئی کا درخت (۲) ایک قسم کا ملائم کپڑا ؛

نرمانا (ا) نرم کرنا۔ موم کرنا۔ ملائم کرنا۔ دھیما کرنا۔ سختی دور کرنا ؛

نرماہٹ۔ یا نرمائی (ا) مؤنث۔ ملایمت۔ نرمی ؛

نرمۂ گوش (ف) مؤنث۔ کان کی لو۔ بناگوش ؛

نرمی (ف۔ مؤنث) (۱) ملایمت۔ نازکی۔ نزاکت (۲) دھیما پن (۳) مہربانی۔ شفقت۔ رحم دلی (۴) آہستگی (۵) پلپلا پن (۶) سُستی۔ لطافت۔ ہلکا پن (۷) سہولت۔ آسانی (۸) بردباری۔ برداشت۔ سہار۔ تحمل ؛

نرنجن (نِرَن۔ جَن) (س) (۱) بے عیب۔ بے داغ۔ مبرا۔ منزہ (۲) (مجازاً) خدا تعالیٰ۔ پرمیشور۔ ایشور۔ پرماتما ؛

نرنے (نِر۔ نے) (ہ) منہ نہار۔ بغیر کھائے ؛

نروشا (نِرو۔ شَا) (ہ) مکروہ۔ بد صورت۔ کریہ منظر۔ بدخو ؛

نروگا۔ نروگی (نِرو۔ گا۔ نِرو۔ گی) (ہ) بے روگ۔ تندرست۔ اچھا بھلا۔ بھلا چنگا۔ نقصان نہ کرنے والا ؛

نری (نَرِی) (ف) مؤنث۔ بکری یا بکرے کا رنگا ہوا چمڑا ؛

نرینہ (نَرِی۔ نَہ) (ف) نر سے منسوب۔ نر سے نسبت رکھنے والا۔ مادین کا نقیض ؛

ن - ڑ

نڑا (نَڑ۔ ڑَا) (ہ) مذکر (گنوار) گاجر کے اندر کا سخت حصہ جو ناقابل استعمال ہوتا ہے ؛

نرمی (نَر۔مِی)، (ہ) مؤنث ایک قسم کی آتشبازی ۔

ن-ز

نزار (نِزار)، (ف)، لاغر۔ دبلا۔ کمزور۔ نازک۔ مفلس۔ قلاش ۔
نزاع (نِزاع)، (ع)، مؤنث۔ جھگڑا۔ تکرار۔ تنازع۔ بیر۔ دشمنی۔ عداوت۔ قضیہ۔ ٹنٹا۔ فساد ۔
نزاعِ لفظی (ا) مؤنث۔ باتوں کا جھگڑا۔ لفظوں پر جھگڑا۔ زبانی بحث و تکرار ۔
نزاکت (نَزا۔کَت)، (ف)، مؤنث (۱) نازک پن (۲) نازکی خوبی (۳) ناز و ادا۔ آن (۴) کمزوری۔ ناتوانی۔ نازک مزاجی ۔
نزد (نَزد)، (ف) (۱) قریب۔ پاس۔ نزدیک (۲) میں۔ آگے ۔
نزدات (نز۔دَات)، (ہ)۔ مؤنث، بقیہ مطالبہ ۔
نزدیک (نَزدِیک)، (ف) قریب۔ پاس (۲) حساب۔ آگے۔ رائے میں ۔
نزدیک جانا (ا) (۱) قریب جانا۔ پاس جانا (۲) پلنگ پر ساتھ سونا۔ ہم بستر ہونا ۔
نزدیکی (ا) مؤنث۔ پاس۔ قربت ۔
نزع (نَزع)، (ع)، مؤنث۔ جان کنی۔ جان نکلنا۔ دم ٹوٹنا ۔
نزلہ (نَز۔لَہ)، (ع)، مذکر۔ زکام۔ ایک مرض جس سے حلق میں پانی گرتا یا آنکھوں میں اترتا ہے ۔
نزلہ بر عضوِ ضعیف می ریزد (ف)، (مثل) مصیبت ہمیشہ کمزور ہی پر آتی ہے ۔
نزلہ بند (ف)، مذکر (۱) وہ گول پھاہا جو نزلہ روکنے کے لئے کنپٹیوں پر لگاتے ہیں (۲) قرص زری جو معشوق لوگ خوبصورتی کے لئے کنپٹیوں میں چسپاں کرتے ہیں ۔
نزلہ گرنا (ا۔ ا) نزول ہونا (۲) آفت آنا۔ شامت آنا ۔
نزول (نُزُول)، (ع)، مذکر (۱) اُترنا۔ فروکش ہونا (۲) نزلہ۔ ایک مرض جو زکام کی قسم سے ہے (۳) آنکھ کی بیماری۔ موتیا بند وغیرہ (۴) سرکاری زمین۔ ضبط کی ہوئی زمین (۵) لشکر شاہی کا فروکش ہونا ۔
نزولِ اجلال (ع)۔ مذکر۔ کسی بلند پایہ شخصیت کا آنا ۔
نزولِ وحی (ع)۔ مذکر۔ وحی آنا ۔
نزولی (ا) مؤنث۔ فوج کا پڑاؤ ۔

نُزہت (نُز۔ہَت)، (ع)۔ مؤنث) فرحت۔ تر و تازگی۔ خوشی۔ خرّمی۔ انبساط۔ سرور۔ عیش و نشاط ۔
نزہتِ خاطر (ع)، مؤنث۔ خوشدلی۔ دل بہلاوا۔ انبساطِ خاطر ۔
نزہت گاہ (ع۔ ف)، مؤنث۔ ترو تازہ اور سرسبز جگہ۔ سیرگاہ۔ تماشاگاہ ۔
نزیل (نَزِیل)، (ع)، (۱) کسی جگہ اترنے والا (۲) (مجازاً) مہمان پردیسی مسافر ۔

ن-ژ

نژاد (نِژاد)، (ف) مؤنث، اصل۔ نسل۔ نسب۔ تخم۔ نطفہ ۔
نژند (نَژند)، (ف)، (۱) غمگین (۲) ناراض (۳) خوفناک (۴) تنہا (۵) خوار ۔

ن-س

نِس (نِس)، (ہ) مؤنث (۱) رات۔ رین۔ شب (۲) حرفِ نفی ۔ نا۔ نہیں۔ بغیر۔ بے ۔
نِش دِن (ہ)، مذکر (ہندو) رات دن۔ لیل و نہار۔ ہمیشہ ۔
نس سنتان (ہ) بے اولاد۔ لاولد ۔
نس کپٹ (ہ)، صاف دل۔ بے کینہ ۔
نس کلنک (ہ) بے عیب۔ بے داغ ۔
نس (نَس)، (ہ) مؤنث (۱) رگ۔ خون کی نلی (۲) پٹھا۔ پے۔ عصب (۳) (عو) عضوِ تناسل۔ ذکر۔ نائزہ (۴) ریشہ ۔
نس دار (ا) بہت رگوں والا۔ رگ دار۔ رگیلا ۔
نس کٹا (ہ)، مذکر۔ خواجہ سرا۔ ہیجڑا۔ زنخہ۔ زنانہ ۔
نس مرنا (ہ) رگ مرنا۔ رگ کا کمزور ہونا۔ پٹھے کا کمزور ہونا ۔
نسا جال (ہ)، مذکر (۱) رگوں کا جال یا مجموعہ (۲) (کنایۃً) بڑا جال ۔
نساء (نِسا)، (ع)، مؤنث۔ عورتیں۔ بیویاں۔ استریاں۔ ناریاں ۔
نسائم (نَسا۔ءِم)، (ع) مؤنث۔ نسیم کی جمع۔ نرم ہوائیں۔ بھینی بھینی ہوائیں ۔
نساوَرلا (نِسا۔وُلا)، (ہ)، مذکر (۱) سبز رنگ کا کبوتر جس کے دو شہپر سفید ہوتے ہیں (۲) جوتا ۔

نسب (نَسَب) (ع) مذکر نسل۔ اصل۔ نژاد۔ سلسلۂ خاندان ٭
نسب نامہ (ف) مذکر شجرۂ خاندان۔ کرسی نامہ ٭
نسب نما (ع) مذکر علم حساب میں وہ عدد جس سے یہ معلوم ہو کہ ایک عدد کے کتنے برابر حصے کئے گئے ہیں۔ مخرج ٭
نسبت (نِس۔بَت) (ع) مؤنث (۱) لگاؤ۔ تعلق۔ علاقہ۔ واسطہ (۲) مناسبت۔ مطابقت۔ مشابہت (۳) منگنی۔ سگائی۔ پیغام نکاح ٭
نسبت آنا (ا) بات آنا۔ شادی کا پیغام آنا ٭
نسبت ٹھہرنا (ا) بات ٹھہرنا۔ سگائی قرار پانا ٭
نسبت دینا (ا) تشبیہ دینا۔ نظیر دینا۔ تعلق ظاہر کرنا ٭
نسبت کرنا (ا) منگنی کرنا۔ سگائی کرنا۔ منسوب کرنا ٭
نسبت ہونا (ا) (۱) تعلق ہونا۔ مطابقت ہونا۔ مناسبت ہونا۔ مشابہت ہونا (۲) منگنی ہونا۔ سگائی ہونا ٭
نسبتی (ا) مؤنث۔ رشتہ دار۔ قرابتی۔ نسبت رکھنے والا ٭
نسبتی بھائی (ا) مذکر۔ بہنوئی۔ دولہا بھائی (۲) سالا۔ جورو کا بھائی ٭
نسبی (ع) خاندانی ٭
نستار۔ نستارا (نِس۔تار۔ نِس۔تا۔را) (ہ) مذکر (ہندو) رہائی۔ چھٹکارا۔ نجات۔ خلاصی۔ مکتی ٭
نسترن (نَس۔تَرَن) (ف) مؤنث۔ ایک قسم کا خوشبودار سفید گلاب ٭
نستعلیق (نَس۔تَع۔لِیق) (ع) مذکر۔ فارسی کا خط جو نہایت خوبصورت۔ صاف اور واضح ہوتا ہے۔ (۲) فصیح۔ بلیغ۔ خوش گفتار ٭
نسخ (نَسخ) (ع) مذکر (۱) نقل۔ کاپی۔ تحریر۔ (۲) تردید۔ ابطال۔ تنسیخ۔ منسوخی۔ فسخ (۳) ایک مشہور خط ٭
نسخہ (نُس۔خَہ) (ع) مذکر (۱) نوشتہ۔ لکھا ہوا۔ مرقوم۔ مکتوب (۲) کتاب۔ صحیفہ۔ جلد۔ رسالہ۔ پوتھی (۳) کاغذ کا وہ پرچہ جس پر دوائیں لکھی ہوں (۴) (ا) ترکیب۔ ڈھنگ (۵) (ا) چٹکلا۔ ٹٹکا ٭
نسخہ باندھنا (ا) دوائیں دینا۔ عطار کا لکھے ہوئے کاغذ کے مطابق دواؤں کا پڑیوں میں باندھ دینا ٭
نسخہ لکھنا (ا) نسخہ بنانا۔ پرچے پر دوائیں تحریر کرنا ٭
نسخہ نویسی (ع۔ف) مؤنث۔ (۱) نسخہ لکھنا (۲) کتابت ٭
نسر (نَسر) (ع) مذکر گدھ۔ ایک مردار خوار پرندہ جو چیل کی قسم سے ہے ٭
نسر طائر (ع) مذکر۔ ستاروں کا ایک گچھا جس کی شکل پر پھیلائے ہوئے اوپر کی طرف اڑنے والے گدھ سے مشابہ ہے ٭
نسر واقع (ع) مذکر۔ ایک ستارہ جو قطب جنوبی کی طرف ہے۔ چونکہ اس کے پہلوؤں میں دو اور ستارے ہیں جو اس سے مل گئے ہیں اس لئے اس کی صورت گدھ کی سی ہے جو کندھے جوڑے ہوئے ہو ٭
نسرین (ف) مذکر۔ ایک قسم کا سفید جنگلی گلاب کا پھول سیوتی ٭
نسق (نَسَق) (ع) مذکر۔ ترتیب۔ بندوبست۔ انتظام۔ دستور۔ روش ٭
نسل (نَسل) (ع) مؤنث (۱) آل اولاد۔ بال بچے۔ خاندان (۲) اصل۔ تخم (۳) قبیلہ۔ قوم ٭
نسل بڑھانا (ا) اولاد زیادہ کرنا۔ پود بڑھانا ٭
نسل پدری (ع) مؤنث۔ باپ کا خاندان۔ جدی خاندان ٭
نسل دار (ع۔ف) اصیل۔ اچھی نسل کا۔ قوم دار ٭
نسلاً بعد نسل (ع) پیڑھی در پیڑھی۔ پشت بہ پشت ٭
نسنا (نَس۔نا) (ہ) (۱) غائب ہونا (۲) (پنجاب) بھاگنا دوڑنا
نسناس (نَس۔ناس) (ع) مذکر۔ بن مانس۔ ایک قسم کا جنگلی حیوان جو انسان سے مشابہ ہوتا ہے ٭
نسناس ہندی (ع۔ف) مذکر۔ ایک قسم کا جنگلی حیوان جو بندر اور لنگور کی قسم میں شامل ہے۔ ہندی بن مانس ٭
نسنکھ (نِ۔سَنکھ) (ہ) فارغ۔ آزاد۔ بے فکر ٭
نسوار (نَس۔وار) (ف) مؤنث (پورب) ناس۔ نسوار۔ ناس سونگھنے کا پسا ہوا تمباکو ٭
نسوان (نِس۔وان) (ع) مؤنث (۱) عورتیں۔ مستورات (۲) بیویاں ٭
نسوانی (ع۔ف) عورتوں سے منسوب ٭
نسوت (نِس۔وَت) (ہ) (۱) خالص۔ صاف۔ ستھرا ہوا (۲) سیدھا۔ نرا (۳) مؤنث۔ ایک قسم کا پودا ٭
نسیاً منسیاً (نَس۔یَم۔مَن۔سِی۔یا) (ع) فراموش۔ بہت بھولا ہوا۔ از یاد رفتہ ٭
نسیان (نِس۔یان) (ع) مذکر۔ بھول۔ سہو۔ چوک۔ فراموشی ٭
نسیم (نَسِیم) (ع) مؤنث (۱) نرم ہوا۔ ٹھنڈی ہوا۔ دھیمی دھیمی ہوا (۲) پنڈت دیاشنکر لکھنوی۔ مصنف مثنوی گلزار نسیم کا تخلص ٭
نسیم سحر (ع) مؤنث۔ صبح کی ہوا۔ باد صبا۔ پچھلی رات کی ہوا ٭

نسینی (نَسِی ـ نِی) (ف) مؤنث (پورب) لکڑی کی سیڑھی۔

نسیہ (نَسِی ـ یَہ) (ع) مذکر۔ اُدھار۔

ن ـ ش

نشا (نَش ـ شا) (ع) (۱) لغوی معنی، پیدا کرنا ـ نیا پیدا کرنا۔ (۲) (مجازاً) جہان ـ دُنیا ـ عالم۔

نشا (نَشّا) (ف) مذکر (۱) خمار ـ بیہوشی ـ مدہوشی ـ سُکر ـ سرور ـ مستی سرشاری (۲) غرور ـ گھمنڈ ـ تکبّر ـ تمکنت۔

نشا اُترنا (ف) ہوش میں آنا ـ خمار جاتا رہنا۔

نشا پانی (ف) مذکر۔ نشے کی چیز کھانا پینا۔

نشا پانی کرانا (۱) نشہ پلوانا ـ نشہ پینے کے لئے دینا۔ (۲) ...

نشا پانی کرنا (ف) نشہ پینا یا کھانا۔

نشا چڑھنا (ف) سرور ہونا ـ بیہوشی چھا جانا ـ مست ہونا۔

نشا کِرکِرا کرنا (ف) رنگ میں بھنگ ڈالنا ـ مزہ بگاڑنا ـ عیش میں خلل ڈالنا۔

نشا ہرن ہونا (ف) نشے کا کسی خوف یا صدمے کے باعث کافور ہو جانا ـ بیہوشی سے ہوش میں آنا۔

نشا ہونا (ف) سرور ہونا ـ خمار چڑھنا ـ مدہوشی ظاہر ہونا۔

نشا (نَشّا) (ف) مذکر (۱) یقین ـ اعتماد ـ اعتبار (۲) تسلی (۳) اعتقاد۔

نشا خاطر (ف) مؤنث ـ دلجمعی ـ اطمینان ـ تسلی ـ خاطر جمع۔

نشاتین (ع) مذکر۔ دونوں جہان ـ دنیا و آخرت۔

نشاستہ (نِشا ش ـ تَہ) (ف) مذکر (۱) بھیگا ہوا جما یا ہوا ـ گیہوں کا ست ـ مغز گندم (۲) اہار ـ مانڈی ـ کلف ـ پیچ۔

نشاط (نَشا ط) (ع) مؤنث (۱) خوشی ـ خرمی ـ شادمانی فرحت ـ حظ ـ عیش ـ مزہ (۲) (ع) مرزا عبدالوہاب معتمد الدولہ دہلی کا تخلص۔

نشان (نِشا ن) (ف) مذکر (۱) آثار ـ علامت ـ کھوج ـ پتہ ـ سراغ ـ نقش ـ ٹھپا ـ چھاپا ـ نام و نشان (۲) یادگار ـ نشانی (۳) جھنڈا ـ علم (۴) ٹھکانا ـ مقام ـ پتہ ـ سرنامہ ـ (۵) داغ ـ دھبا۔

نشان بردار ـ یا ـ **نشانچی** (ف) مذکر ـ علم بردار ـ جھنڈے لے کر چلنے والا۔

نشان پڑنا (ف) دھبا پڑنا ـ چوٹ کی علامت باقی رہنا۔

نشان چڑھانا (ف) منگنی یا ساچق کے روز انگوٹھی چھلا وغیرہ دلہن کو بیاہ کے پہنانا۔

نشان دہی (ف) مؤنث ـ سراغ رسانی ـ ٹھکانا بتانا پتا بتانا۔

نشان دینا (ف) (۱) پتا بتانا ـ سراغ لگانا (۲) کوئی علامت بنانا (۳) تصدیق کرنا ـ صحیح کرنا۔

نشان کرنا (ف) (۱) دھبا ڈالنا (۲) نمبر ڈالنا ـ صحیح کرنا۔

نشانہ (نِشا ـ نَہ) (ف) مذکر (۱) ہدف ـ وہ علامت جو تیر مارنے کے لئے بنا دیں ـ شست ـ زد ـ گولی یا تیر مارنے کی جگہ (۲) ٹھکانا ـ مقام ـ نازل ہونے کی جگہ۔

نشانہ اڑا دینا (ف) اڑانا ـ گولی یا تیر وغیرہ کا نشانے پر لگنا۔

نشانہ انداز (ف) مذکر ـ ٹھیک نشانہ لگانے والا ـ شست پر لگانے والا۔

نشانہ باندھنا (ف) سیدھ باندھنا ـ شست باندھنا ـ کمپاس لگانا۔

نشانہ کرنا ـ یا ـ **لگانا** ـ یا ـ **مارنا** (ف) (۱) نشانہ بنانا ـ گولی یا تیر کا وار کرنا ـ شکار کرنا (۲) چاندماری کرنا۔

نشانی (ف) مؤنث (۱) یادگار (۲) پہچان ـ علامت ـ شناخت (۳) آل اولاد ـ نسل ـ خاندان۔

نشانی کا چھلا (ف) مذکر ـ وہ چھلا جو کسی کو یادگار کے طور پر دیا جائے۔

نشتر دینا ـ یا ـ **لگانا** (ف) نشتر مارنا ـ فصد کھولنا۔

نشت (نَشْت) (س) ناش ـ نیست و نابود ـ گم کردہ ـ تباہ و برباد فنا ـ خراب ـ ستیاناس ـ ضائع ـ تلف۔

نشتر (نِش ـ تَر) (ف) مذکر فصد کھولنے یا زخم چیرنے کا اوزار۔

نشت کرنا (ف) برباد کرنا ـ ناپید کرنا ـ خاک میں ملانا ـ معدوم کرنا مسمار کرنا ـ تلف کرنا۔

نشچے (نِش ـ چے) (س) مذکر (۱) یقین ـ اطمینان ـ خاطر جمعی ـ ثابت ـ بھروسہ ـ اعتبار ـ اعتقاد ـ عقیدہ (۲) اصل ـ ٹھیک ـ سچ۔

نشچے کرنا (ف) اعتبار کرنا ـ یقین کرنا ـ خاطر جمع کرنا ـ تسلی کرنا۔

نشر (نَشْر) (ع) مذکر (۱) اشاعت ـ پھیلاؤ (۲) بکھیرنا ـ (۳) خبر مشہور کرنا (۴) مُردوں کو زندہ کرنا (۵) مُردوں کا زندہ ہونا (۶) (مجازاً) زندگی (۷) پراگندگی۔

نشر الصوت (ع) مذکر آواز پھیلانا۔

نَشَر (نَشَر) (ع) پریشان ـ پراگندہ ـ آوارہ۔

نشست (نِشَست) (ف) مؤنث (۱) بیٹھک (۲) موزونیت

(۳) کرسی (۴) صحبت ۔ مجالست ۔

نشست برخاست (ف) مؤنث ۔ اٹھنا بیٹھنا ۔ آداب مجلس ۔ اٹھنے بیٹھنے کی تمیز ۔

نشست گاہ (ف) مؤنث ۔ بیٹھنے کی جگہ ۔ بیٹھک ۔ مہمان خانہ

نشو (نَشْو) (ع) مذکر ۔ نمو ۔ بالیدگی ۔ روئیدگی ۔ پیداوار ۔ (۲) بڑھنا ۔ پیدا ہونا ۔ اُگنا ۔

نشو و نما (ع ۔ ف) مذکر و مؤنث (۱) بالیدگی ۔ بڑھنا (۲) اُگنا پھولنا پھلنا (۳) رونق ۔ بہبود ۔ ترقی ۔

نشو و نما پانا (۱) بڑھنا ۔ تنومند ہونا ۔ پروَرِش پانا (۲) سرسبز ہونا ۔ شاداب ہونا ۔

نشور (نُشُور) (ع) مذکر ۔ مُردے کا قیامت کے دن اٹھنا ۔ حشر ۔ قیامت ۔

نشہ (نَش ۔ شَہ) مذکر ۔ دیکھو (نشا) ۔

نشہ باز (ف) مذکر ۔ شراب خور ۔ نشے کا شوق رکھنے والا ۔

نشے (ف) مذکر ۔ نشہ کی جمع ۔

نشے کے ڈورے (ا) مذکر ۔ آنکھ کی رگوں کی سرخی ۔

نشے میں چور ہونا (ا) نشے میں غرقاب ہونا ۔ مخمور و سرشار ہونا ۔

نشے میں لے اڑنا (ا) شدت سکر سے عقل و ہوش کا پراگندہ کر دینا ۔ نہایت سرور اور مستی میں کر دینا ۔

نشیب (نِشِیْب) (ف) مذکر ۔ نہان پستی ۔

نشیب و فراز (ف) مذکر ۔ اونچ نیچ ۔ اُتار چڑھاؤ ۔

نشید (نَشِیْد) (ف) مذکر ۔ سرود ۔ گانے کی آواز کے الاپ ۔

نشیلا (نَشی ۔ لا) (۱) نشہ میں بھرا ہوا ۔ نشہ میں سرشار ۔ مست ۔ متوالا ۔

نشیلی (نَشی ۔ لی) (ا) نشیلا کی تانیث ۔

نشیلی آنکھیں (ا) مؤنث ۔ خمار آلودہ آنکھیں ۔ نشہ میں چور آنکھیں ۔ مست آنکھیں ۔ متوالی آنکھیں ۔

نشیمن (نَشے ۔ مَن) (ف ۔ مذکر) (۱) آرام کی جگہ ۔ خلوت کی جگہ (۲) پرندوں کا گھونسلا ۔ آشیانہ (۳) مسکن ۔ مکان ۔ محل سرائے ۔

نشیمن کرنا ۔ (ا) (۱) گھونسلا بنانا (۲) رات کو پرندوں کا بیٹھنا

نشیمن گاہ (ف) مؤنث ۔ خلوت خانہ ۔ آرام گاہ ۔

نشین (نَشِیْن) (ف) بیٹھ ۔

ن ۔ ص

نص (نَص) (ع) مؤنث ۔ (۱) لغوی معنی کھود کھود کر پوچھنا ۔ چھان بین کرنا (۲) بلندی ۔ اظہار ۔ ظاہر یا آشکارا (۳) قطعی حکم ۔ ناطق حکم (۴) قرآن شریف کی وہ آیتیں جو متعلقہ امور کو ظاہر کرتی ہیں ۔ کہ یہ اچھا ہے ۔ اور یہ بُرا ۔ کبھی ان آیتوں پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے جن کے معنی ظاہر و صریح ہوں ۔

نصاب (نِصَاب) (ع) مذکر (۱) سرمایہ ۔ پونجی (۲) اتنا مال جس پر زکوٰۃ دینا واجب ہو (۳) جزو ۔ بنیاد (۴) پڑھائی کا کورس (۵) جانچ ۔ تول ۔ اندازہ ۔

نصاریٰ (نَصَا ۔ رَا) (ع) مذکر ۔ عیسائی ۔ مذہب عیسوی کے پیرو ۔

نصائح (نَصَا ۔ اِح) (ع) مؤنث ۔ نصیحت کی جمع ۔ نصیحتیں ۔

نصب (نَصْب) (ع) مذکر ۔ کھڑا کرنا ۔ برپا کرنا ۔ قائم کرنا ۔ لگانا ۔

نصب العین (ع) مقصد اصلی ۔ دلی منشاء ۔ مدِ نظر ۔ منظورِ خاطر ۔

نصر (نَصْر) (ع) مؤنث ۔ یاری ۔ مدد ۔ حمایت ۔ پشتی ۔ فتح ۔ ظفر ۔

نصرٌ مِنَ اللّٰہِ و فتحٌ قریب (ع) خدا کی مدد سے فتح ٹھیک ہو جاتی ہے ۔

نصرانی (نَص ۔ رَا ۔ نی) (ع) مذکر ۔ عیسائی ۔ مذہب عیسوی رکھنے والا ۔

نصرانیت (ع ۔ مؤنث) عیسائی مذہب ۔

نصرت (نُص ۔ رَت) (ع) مؤنث (۱) یاری ۔ مدد ۔ حمایت ۔ پشتی (۲) فتح ۔ ظفر ۔ جیت ۔

نصف (نِصْف) (ع) آدھا ۔ نیم ۔

نصف النہار (ع) مذکر (۱) وہ فرضی خط جو ایک قطب سے دوسرے قطب تک کھینچے جائیں (۲) دوپہر کا وقت ۔

نصفا نصف
نصفا نصفی } (ع) آدھوں آدھ ۔ ٹھیک آدھا ۔

نصفت (ع ۔ مؤنث) انصاف ۔ عدل ۔ داد ۔ نیاؤ ۔

نصوح (نَصُوح) (ع) (۱) خالص ۔ صاف (۲) پکی توبہ ۔ ایسی پکی توبہ کہ پھر گناہ نہ کرے ۔

نصوص (نُصُوص) (ع) مذکر و مؤنث ۔ نص کی جمع ۔

نصیب (نَصِیْب) (ع) مذکر (۱) قسمت ۔ حصہ ۔ کرم ۔ تقدیر ۔ سہاگ

(۲) حاصل میسّر (۳) مبارک ۔

نصیب آزمانا (ا) قسمت آزمائی کرنا ۔ توکّل پر کوئی کام کرنا ۔

نصیبِ اَعْدا (ع) دشمنوں کے نصیب ہو جب کسی عزیز کی بیماری یا بُری خبر کا ذکر کرتے ہیں ۔ تو اس وقت یہ کلمہ اس کے ساتھ بولتے ہیں ۔

نصیب بگڑنا (ا) شامت آنا ۔ قسمت پھوٹنا ۔ تقدیر کا یاور ہونا ۔

نصیب پھوٹ جانا (ع) (م) قسمت بگڑنا ۔ تقدیر بگڑنا بد نصیب ہو جانا ۔

نصیب جاگنا (ا) قسمت کھلنا ۔ اقبال یاور ہونا ۔

نصیب چمکنا (ا) تقدیر جاگنا ۔ اقبال کا ستارا طلوع ہونا ۔

نصیبِ دُشمناں (ع ف) دیکھو نصیبِ اعدا ۔

نصیب کا لکھا (مذکر) (ا) قسمت کا لکھا ۔ یہ خوش نصیبی اور بدطالعی کے موقع پر بولتے ہیں ۔

نصیب کھل جانا ۔ یا ۔ کھلنا (ا) قسمت پھرنا ۔ اقبال مند ہونا ۔ بختاور ہونا ۔

نصیب کی شامت (ا) (مؤنث) بدقسمتی ۔ گردشِ تقدیر ۔

نصیب لڑانا (ا) قسمت آزمائی کرنا ۔

نصیب لڑنا (ا) اقبال مند ہونا ۔ تقدیر یاور ہونا ۔

نصیب ہونا (ا) حاصل ہونا ۔ میسّر ہونا ۔ دستیاب ہونا ۔

نصیبا (نصیبہ) (ا ۔ مذکر) قسمت ۔ نصیب ۔

نصیبا پھر جانا (پھرنا) (ا) قسمت پھرنا ۔ اچھے دن آنا ۔ نصیب چمکنا ۔

نصیبوں (ا) مذکر ۔ نصیب کی جمع ۔

نصیبوں جلا (ا) (م) کم بخت ۔ بد نصیب ۔ بدقسمت ۔

نصیبوں جلی (ا) (م) مؤنث ۔ کمبخت ۔ بد نصیب ۔ بدقسمت ۔

نصیبوں کو دعا دو (ا) قسمت کے شکر گزار رہو ۔ تقدیر کا احسان مانو ۔

نصیبوں کو رونا (ا) قسمت کے لکھے پر افسوس کرنا ۔

نصیبوں کی خوبی (ا) مؤنث (طنزاً) بد نصیبی ۔ بدطالعی ۔ بدقسمتی ۔ شامت ۔

نصیبوں کی شامت (ا) مؤنث ۔ قسمت کی برائی ۔

نصیبے (ا) مذکر ۔ نصیب یا نصیبا کی جمع ۔

نصیبے میں (ا) قسمت میں ۔ مقسوم میں ۔ بھاگ میں ۔

نصیبے ور (ا) (م) صاحبِ نصیب ۔ قسمت والا ۔ بھاگوان ۔

نصیحت (نَصِیحَت) ع ۔ مؤنث (۱) پند ۔ سچی صلاح ۔ نیک مشورہ ۔ اُپدیش (۲) تنبیہ ۔ گوشمال ۔ فہمائش ۔ عبرت ۔

نصیحت آمیز (ف ۔ ع) وہ بات جس میں نیک صلاح شامل ہو ۔

نصیحت پانا (۱) پند حاصل کرنا ۔ کان ہونا ۔ عبرت پکڑنا (۲) سزا پانا ۔ پاداش ملنا ۔

نصیحت دینا ۔ یا ۔ کرنا (ا) (۱) سمجھا دینا ۔ نیک بات بتانا ۔ (۲) گوشمالی کرنا ۔ تنبیہ کرنا ۔ عبرت دینا ۔

نصیحت گو (ع) ناصح ۔ پند دہندہ ۔ بھلے کی بات کہنے والا ۔

نصیحت ہونا (۱) بھلائی کی بات حاصل ہونا ۔ پند ہونا (۲) کان ہونا ۔ تنبیہ ہونا ۔

نصیر (نَصِیر) ع ۔ مذکر (۱) مددگار ۔ مدد کرنے والا ۔ معاون (۲) دوست ۔ خدا تعالیٰ کا صفاتی نام ۔

نُصَیری (نُصَے ۔ ری) (۱) نُصَیر نامی ایک عرب سے منسوب فرقہ ۔ یہ لوگ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو خدا مانتے ہیں (۲) (مجازاً) فدائی ۔ شیدائی ۔ جان نثار ۔

ن - ض

نضارت (نَضَا ۔ رَت) (ع ۔ مؤنث) آبداری ۔ تازگی ۔

نضج (نُضج) (ع) مذکر (۱) میوے کی پختگی (۲) اطبا کی اصطلاح میں خلطِ فاسد کا غلیظ یا رقیق ہو کر نکلنا ۔

ن - ط

نطع (نِطَع ۔ نَطَع) ع ۔ مذکر (۱) چمڑے کا دسترخوان (۲) چمڑے کا بچھونا (۳) دھوبی (۴) پینے ۔ کام کرنے یا مجرم کو قتل کرنے کے لیے چمڑے کا ٹکڑا ۔

نُطفہ (نُط ۔ فَہ) ع ۔ مذکر (۱) صاف و شفاف پانی (۲) مردی کا پانی ۔ منی (۳) اولاد ۔

نطفۂ بے تحقیق (ع ۔ ف) حرامی ۔ ولد الزنا ۔ وہ شخص جس کی نسبت معلوم نہ ہو کہ کس کا نطفہ ہے (۲) بد ذات ۔ بے حد شریر ۔ فتنہ پرداز ۔

نطفہ ٹھہرنا ۔ یا ۔ قرار پانا (ا) حمل ہونا ۔ پیٹ میں بچہ پڑنا ۔

نطفۂ حرام (ع) دیکھو نطفۂ بے تحقیق ۔

نطق (نُطق) (ع) مذکر (۱) گویائی ۔ بولنے کی طاقت

(۲) بات۔ گفتگو ؛

ن-ظ

نظافت (نَظَا-فَت) (ع۔ مؤنث) پاکیزگی۔ صفائی ؛
نظارت (نَظَا-رَت) (ع۔ مؤنث) (۱) کسی چیز کو دیکھنا۔ محافظت۔ نگہبانی (۲) ناظر کا عہدہ (۳) ناظر کا محکمہ یا دفتر ؛
نظارگی۔ نظّارگی (نَظَا-رَگی۔ نَظ۔ظَا-رَگی) (ع۔ف۔ مؤنث) (۱) نظارہ۔ دیدار بازی (۲) (مجازاً) تماش بینی ؛
نظارہ۔ نظّارہ (نَظَا-رَہ۔ نَظ-ظَا-رَہ) (ع۔ مذکر) (۱) نظر ڈالنا۔ دیکھنا (۲) نظر بازی۔ دیدار بازی (۳) نظر۔ چتون (۴) دیدار۔ درشن۔ دید (۵) گھور گھماری ؛
نظارہ بازی (ع۔ف۔ مؤنث) نظر بازی۔ دیدار بازی۔ گھورا گھری ؛
نظارہ کرنا (ف) دیکھنا۔ نظر بازی کرنا۔ گھورا گھاری کرنا ؛
نظارہ مارنا (ف) عوام۔ دیکھنا۔ دید بازی کرنا۔ گھورنا۔ گھارنا۔ نظر بازی کرنا ؛
نظام (نِظَام) (ع۔ مذکر) (۱) موتیوں کی لڑی (۲) جڑ۔ بنیاد (۳) سلسلہ۔ ترتیب (۴) بندوبست۔ انتظام (۵) آئین (۶) فرمانروائے دکن کا موروثی خطاب ؛
نظام الدین (ع۔ مذکر) دہلی کے قریب ایک بستی جہاں حضرت خواجہ نظام الدین اولیاؒ کا مزار مبارک ہے ؛
نظام شمسی۔ نظام فیثاغورسی (ع۔ مذکر) حکیم فیثاغورس کا نظام جس میں آفتاب کو مرکز عالم قرار دیکر اس کے گرد تمام سیارے گردش کرتے ہوئے مانے گئے ہیں ؛
نظامت (نِظَا-مَت) (ع۔ مؤنث) (۱) انتظام۔ بندوبست۔ ناظم کا محکمہ یا دفتر (۳) ناظمی۔ ناظم کا کام ؛
نظائر (نَظَا-ئِر) (ع۔ مذکر و مؤنث) نظیر کی جمع۔ امثال ؛
نظافت قانونی (ع۔ مذکر و مؤنث) پاکیزگی۔ صفائی ؛
نظر (نَظَر) (ع۔ مؤنث) (۱) بغور دیکھنا۔ دید (۲) نگاہ۔ آنکھ۔ چشم (۳) بصارت۔ روشنیٔ چشم (۴) غور۔ فکر۔ تامّل (۵) نگرانی۔ دیکھ بھال (۶) تمیز۔ شناخت۔ جانچ۔ پرکھ (۷) توجہ۔ مہربانی۔ عنایت (۸) ملاحظہ۔ معاینہ (۹) اندازہ۔ تخمینہ۔ اٹکل۔ قیاس (۱۰) آس۔ امید۔ توقع (۱۱) بھوت پریت کا اثر۔ سایہ۔ جن و پری (۱۲) نظر بد۔ چشم بد۔ آسیب نظر ؛

نظر آنا (ف) دکھائی دینا۔ سوجھنا۔ معلوم ہونا۔ ملنا۔ پانا ؛
نظر اتارنا (ف) عین الکمال کا دفعیہ کرنا۔ نظر بد کا دفعیہ کرنا۔ صدقہ دینا ؛
نظر اٹھانا (ف) آنکھ اونچی کرنا۔ اوپر دیکھنا ؛
نظر انداز کرنا (۱) دیکھنے سے چھوڑنا (۲) توجہ نہ کرنا (۳) ناپسند کرنا (۴) نامنظور کرنا ؛
نظر باز (ع۔ف) (۱) نیک و بد کا پہچاننے والا۔ تاڑو۔ چالاکوں اور عیّاروں کو فوراً بھانپ لینے والا (۲) وہ شخص جو صرف دیکھنے کا مزہ اٹھائے۔ حسن پرست ؛
نظر بازی (ف) مؤنث۔ دیدار بازی۔ نظارگی۔ گھورا گھاری ؛
نظر باندھنا (ف) نظر بندی کرنا۔ جادو کے زور سے عجیب کرتب دکھانا ؛
نظر بچانا (ف) آنکھ چرانا۔ ٹالنا۔ کترانا۔ بچ کر نکلنا ؛
نظر بد (ع۔ف) مذکر۔ بری نظر۔ بُری نظر کا اثر ؛
نظر بدلنا (ف) (۱) نظر میں فرق آنا۔ تیور بدلنا (۲) ارادہ بدلنا۔ بدنیت ہونا ؛
نظر بند (ع۔ف) مذکر (۱) وہ قیدی جو بظاہر آزاد ہو۔ مگر درحقیقت اس کی نگرانی کی جائے۔ بے زنجیر قیدی ؛
نظر بند کرنا (ف) حراست میں کرنا۔ قیدی بنانا۔ آنکھوں میں رکھنا۔ نگرانی میں رکھنا ؛
نظر بندی (ف) (مؤنث) (۱) پاسبانی۔ نگہبانی۔ حراست (۲) شعبدہ بازی۔ جادوگری ؛
نظر بھر کر دیکھنا (ف) کسی چیز کو اچھی طرح خوب غور سے دیکھنا۔ سیر ہو کر دیکھنا ؛
نظر پر چڑھنا (ف) (۱) دل کو بھانا۔ پسند آنا۔ وقعت پانا۔ کسی کی نگاہ میں معزز ہونا (۲) بچنا۔ اندازہ کیا جانا۔ نگاہ میں ٹھہرنا (۳) ذلیل ہونا۔ حقیر ہونا (۴) (عو) تاک میں آنا۔ نظر لگ جانا ؛
نظر پڑنا (ف) دیکھنے میں آنا۔ آنکھ میں پڑنا (۲) دکھائی دینا۔ معلوم ہونا ؛
نظر پھر جانا (ف) ناراض ہو جانا۔ بے مروّت ہو جانا ؛
نظر پھسلنا (ف) نگاہ نہ ٹھہرنا۔ کسی چیز کا نہایت صاف و شفاف ہونا ؛
نظر پھینکنا (ف) چاروں طرف نگاہ ڈالنا۔ ادھر ادھر دیکھنا ؛

نظر تاڑ لینا (مؤنث) نظر سے تاڑ لینا ؛

نظر تیز پڑنا (ف) غصّے سے دیکھا جانا ؛

نظر ثانی (ع۔ مؤنث) پڑتال۔ دوبارہ دیکھنا۔ ترمیم۔ تصحیح۔ دوسری دفعہ دیکھنا ؛

نظر ثانی کرنا (ف) (۱) پڑتال کرنا۔ دوبارہ دیکھنا۔ پھر دیکھنا۔ ترمیم کرنا۔ تصحیح کرنا۔ کسی مقالے کی مِس پھر دیکھنا ؛

نظر جلانا (ف) نظرِ بد کا دفعیہ کرنا۔ کپڑے کو نوسے کی سیاہی لگا کر اور اسے تیل میں بھگو کر بیمار کے سامنے جلانا ؛

نظر جمنا (ف) نگاہ ٹھہرنا۔ کسی چیز پر نظر ٹھہرنا ؛

نظر جھاڑنا (ف) افسوں اور دعا پڑھ کر نظرِ بد کے دفعیے کی تدبیر کرنا ؛

نظر چُرانا (ف) نظر بچانا۔ آنکھ چُرانا۔ آنکھ بچانا۔ کترانا۔ نظر بچا کر دیکھنا ؛

نظر چڑھنا (ف) (۱) خیال میں آنا۔ خاطر میں آنا۔ (۲) نظر پڑنا۔ دیکھنے میں آنا (۳) نگاہ میں جچنا۔ قدر پانا۔ پرکھا جانا (۴) پسند آنا۔ دل کو بھانا (۵) (عو) نظرِ بد لگنا۔ ٹوک میں آنا (۶) معزز ہونا۔ وقعت پانا۔ (۷) حقیر ہونا۔ رسوا ہونا ؛

نظر دوڑانا (ف) (۱) تلاش کرنا۔ چاروں طرف دیکھنا۔ اِدھر اُدھر دیکھنا (۲) غور کرنا ؛

نظر ڈالنا (ف) نگاہ کرنا۔ دیکھنا۔ معائنہ کرنا ؛

نظر رکھنا (ف) (۱) توجّہ رکھنا۔ محبّت کی نظر سے دیکھنا۔ عاشقانہ نگاہ ڈالنا (۲) خبر رکھنا۔ نگرانی کرنا (۳) ارادہ رکھنا۔ نیّت رکھنا (۴) شناخت رکھنا۔ تمیز رکھنا ؛

نظر سے اُترنا۔ یا۔ گرنا (ف) خفیف ہونا۔ بے قدر ہونا۔ ذلیل ہونا۔ بے عزّت ہونا ؛

نظر سیدھی ہونا (ف) مہربانی کی نظر ہونا ؛

نظر سے نظر ملنا (ف) روبرو ہونا۔ چار آنکھیں ہونا۔ آنکھ سے آنکھ ملنا ؛

نظر سے نکلنا (ف) (۱) دیکھنے میں آنا۔ آنکھوں کے سامنے سے گزرنا (۲) نظر سے دُور ہو جانا۔ نظر سے غائب ہو جانا ؛

نظر غلط انداز (ف۔ مؤنث) بچائی ہوئی نگاہ۔ عاشق کو دھوکا دینے والی معشوق کی نظر ؛

نظر کا کھا جانا (ف) نظر لگ جانا۔ بدنظری سے ضرر پہنچنا ؛

نظر کا نظر سے دوچار ہو جانا (ف) آنکھ کا آنکھ سے ملنا۔ آنکھیں لڑنا ؛

نظر کرنا (ف) (۱) دیکھنا۔ نظر ڈالنا (۲) اشارہ کرنا ؛

نظر گاہ (ع۔ ف۔ مؤنث) (۱) سیر گاہ۔ (۲) تماشا گاہ۔ رصد گاہ ؛

نظر گزر (ف۔ مؤنث) چشمِ بد کا اثر۔ بھوت پریت کا سایہ ؛

نظر ہو جانا (ف) نظرِ بد کا اثر ہو جانا۔ جن و پری کا سایہ ہو جانا ؛

نظر لگ جانا۔ لگنا (ف) بُری نظر کا اثر کرنا یا کر جانا۔ بھوت پریت کا سایہ ہونا۔ یا ہو جانا (۲) دل لگنا۔ آنکھ لگنا۔ عشق ہونا ؛

نظر مارنا (ف) آنکھ مارنا۔ اشارہ کرنا ؛

نظر ملانا (ف) آنکھ سامنے کرنا۔ آنکھ ملانا۔ آنکھ لڑانا ؛

نظر میں (ف) (۱) نگاہ میں۔ آنکھ میں (۲) روبرو۔ سامنے۔ دھیان میں۔ خیال میں (۳) شناخت میں۔ تمیز میں (۴) دیکھنے بھالنے میں ؛

نظر میں آنا (ف) (۱) (عو) ٹوک میں آنا۔ نظرِ بد کا اثر ہونا۔ (۲) معلوم ہونا۔ دکھائی دینا (۳) دھیان میں آنا۔ خیال میں آنا ؛

نظر میں پھر جانا (ف) آنکھوں کے سامنے دکھائی دے جانا۔ تصوّر میں آ جانا ؛

نظر میں جچنا۔ یا کھبنا (ف) آنکھوں میں کھبنا۔ نظروں میں بھلا معلوم ہونا۔ پسند آنا ؛

نظر میں خار ہونا (ف) آنکھوں میں بُرا لگنا۔ آنکھوں کو ناگوار گزرنا ؛

نظر میں سمانا (ف) نظر میں بیٹھنا۔ نظر میں گھر کرنا۔ آنکھوں کو بھلا لگنا ؛

نظر میں عالم سیاہ ہونا (ف) غم یا کسی صدمے کے باعث دنیا اندھیر ہونا۔ غم یا رنج کے مارے کچھ سجھائی نہ دینا ؛

نظر بازی (ف۔ مؤنث) ۔ بدی۔ نظر لگانے والی ؛

نظر باز (ف۔ مذکر) نظر لگانے والا۔ ندیدہ ؛

نظر ہو جانا (ف) نظر لگ جانا۔ چشمِ بد کا اثر ہو جانا ؛

نظر ہونا (ف) (۱) شناخت ہونا۔ تمیز ہونا۔ پرکھ ہونا۔ جانچ ہونا (۲) نظر لگنا۔ چشمِ بد کا اثر ہونا (۳) توجّہ ہونا۔ خیال ہونا۔ دھیان ہونا ؛

نظرِ دل (ف) مؤنث۔ نظر کی جمع ؛

نظروں سے گرا دینا (ف) بے اعتبار اور بے وقعت کر دینا۔ جی سے اُتار دینا۔ خاطر میں نہ لانا۔ توجّہ نہ رکھنا ؛

نظروں میں سمانا (ف) (۱) پسندِ خاطر ہونا۔ مرغوب ہونا۔ بھانا (۲) معتبر ہونا۔ معتمد علیہ ہونا ؛

نظروں میں غائب ہو جانا (۱) دیکھتے دیکھتے گم ہو جانا۔ آنکھوں کے سامنے سے جاتا رہنا ؎

نظروں میں کھائے جانا (۱) نگاہوں میں مارنا۔ آنکھوں میں دم نکالے جانا ؎

نظروں نظروں میں (۱) آنکھوں آنکھوں میں نگاہوں کے سامنے۔ آنکھوں کے سامنے ؎

نظری (ف) (۱) منظور (۲) نظر سے گرا ہوا (۳) رسالے سے نکالا ہوا (کھوٹا) (۴) بیکار۔ ناقص (۵) جو آنکھوں سے نظر آئے (۶) خیالی۔ قیاسی (۷) وہ علم جس میں حقائق موجودات کے تصور سے بحث کی جاتی ہے ؎

نظرے خوش گزرے (ف) (مقولہ) جلدی سے گزر جانے والی نگاہ۔ اڑتی ہوئی نظر۔ سرسری نظر ؎

نظریں (۱) مؤنث۔ نظر کی جمع۔ نگاہیں۔ آنکھیں ؎

نظریں بچا کر دیکھنا (۱) آنکھیں بچا کر دیکھنا۔ چھپ کر دیکھنا۔ دزدیدہ نگاہوں سے دیکھنا۔ کنکھیوں سے دیکھنا ؎

نظم (ع) (۱) پرونا۔ موتیوں کو دھاگے میں پرونا (۲) مؤنث لڑی۔ سلک (۳) (مذکر) بندوبست۔ انتظام (۴) (مؤنث) شعر۔ کلام موزوں ؎

نظم سنج (گستر) (ع۔ف) (مذکر) نظم کہنے والا۔ شاعر ؎

نظم کرنا (۱) کسی مضمون کو شعروں میں لکھنا ؎

نظم و نسق (۱) انتظام کرنا۔ بندوبست کرنا ؎

نظم ہونا (۱) کسی مضمون کا شعروں میں لکھا جانا ؎

نظیر (نَظِیر) (ع) مؤنث (۱) مانند۔ مثل (۲) مثال۔ تمثیل۔ (۳) نمونہ (۴) حوالہ (۵) ولی محمد اکبر آبادی مرحوم کا تخلص جو بڑے رنگین مزاج اور بلند پایہ شاعر تھے ؎

نظیر دینا (۱) تمثیل دینا۔ حوالہ دینا ؎

ن ۔ ع

نعال (نِعَال) (ع) مذکر۔ نعل کی جمع (۱) جوتے (۲) گھوڑوں کے نعل

نعت (نَعْت) (ع) مؤنث (۱) مدح۔ ثنا۔ تعریف و توصیف (۲) (مجازاً) حضرت رسول خدا احمد مجتبیٰ کی تعریف ؎

نعرہ (فتح۔ تہ) (ع) مذکر (۱) للکار۔ زور کی آواز۔ شور۔ (۲) آہ۔ ہائے توبہ۔ درد کی آواز ؎

نعرہ زن (ع۔ف) (۱) نعرہ مارنے والا۔ للکارنے والا زبردست ؎

نعرہ کرنا۔ یا۔ مارنا (۱) (۱) للکارنا۔ زور کی آواز نکالنا۔ پکارنا (۲) فریاد کرنا۔ شور کرنا ؎

نعش (نَعْش) (ع) مؤنث (۱) تابوت۔ ارتھی (۲) لاش۔ میت۔ لوتھ ؎

نعل (نَعْل) (ع) مذکر (۱) جوتی۔ کفش۔ پاپوش۔ جوتا (۲) گھوڑے بیل وغیرہ کے پاؤں میں لگانے کا آہنی حلقہ (۳) وہ لوہا جو جوتی کی ایڑی میں مضبوطی کے لئے لگاتے ہیں (۴) (۱) وہ نقدی جو جوا کھیلنے والے مکان والے کو جیتنے وقت دیتے ہیں (۵) خراج۔ باج۔ وہ نذرانہ جو ماتحت بادشاہ یا ریاست اپنے سے بڑے بادشاہ کو دے ؎

نعل بند (ع۔ف) مذکر۔ نعل لگانے والا۔ نعل باندھنے والا ؎

نعل بندی (ع۔ف) مؤنث۔ نعل باندھنے کا کام ؎

نعل بہا (ع۔ف) مذکر۔ باج۔ خراج۔ وہ ٹیکس جو بطور نذرانہ بادشاہ یا شہنشاہ کو دیا جائے ؎

نعل در آتش (ف) بے قرار۔ بے چین۔ مضطرب۔ گھبرایا ہوا ؎

نعلین (ع) مؤنث۔ دونوں جوتیاں۔ جوتی کا جوڑا ؎

نعلین تحت العین (ع) (مثل) جوتے کو اپنی آنکھوں کے سامنے ہی رکھنا چاہیئے۔ تاکہ کوئی نہ چرا لے ؎

نَعَم (نَعَم) (ع) مذکر (۱) چوپایہ (۲) ہاں ؎

نِعَم (نِعَم) (ع) مؤنث۔ نعمت کی جمع۔ نعمتیں ؎

نعم البدل (فتح۔ تل۔ بدل) (ع) مذکر۔ اچھا بدلہ۔ وہ عمدہ بدلہ جو کسی چیز کے عوض میں حاصل ہو ؎

نعمت (فتح۔ تمث) (ع) مؤنث (۱) مال۔ دولت۔ ثروت (۲) عطا۔ بخشش۔ عطیہ (۳) لذیذ چیزیں۔ مزیدار کھانا ؎

نعمت پروردہ (ع) نازپروردہ۔ لاڈلا ؎

نعمت خانہ (ع۔ف) (مذکر) (۱) وہ مکان جس میں کھانے کا سامان رکھا جاتا ہے (۲) امرا کے کھانا کھانے کا مکان (۳) لکڑی کی وہ الماری جس میں جالی لگی ہوتی ہے اور کھانا وغیرہ کھلا رکھا جاتا ہے۔ تاکہ مکھیاں نہ بیٹھیں ؎

نعمت عظمیٰ (ع) مؤنث) بڑی نعمت ؎

نعمت غیر مترقبہ (ع) مؤنث) وہ نعمت جس کی امید نہ ہو۔ مال مفت۔ وہ دولت جس کے ملنے کا سان گمان

مبنی نہ ہو ؛

نعمت کی ماں کا کلیجہ (ا) مذکر (بیگمات) عمدہ اور انوکھی چیز ؛

نعناع نعنع (نع-ناع-نع-نع) (ع) مذکر پودینہ ؛

نعوذ (نعوذ) (ع) ہم پناہ مانگتے ہیں ؛

نعوذ باللہ (ع) ہم خدا سے پناہ مانگتے ہیں۔ خدا کی پناہ۔ خدا بچائے ؛

نعوظ (نعو ظ) (ع) مذکر، شہوت۔ عضو تناسل کا کھڑا ہونا ؛

نعیم (نعیم) (ع) مؤنث (۱) نعمت۔ مال (۲) نیکی (۳) دسترس۔ پہنچ۔ رسائی (۴) لاڈ۔ پیار۔ تازہ۔ انعام دی ہوئی چیز ؛

ن-غ

نغز (نغز) (ع) خوب۔ عمدہ۔ اچھا۔ اعلیٰ۔ افضل۔ فائق ؛

نغزک (نغ۔ زک) (ف) مذکر (۱) (لغوی معنی) خوب۔ عمدہ۔ لطیف چیز (۲) (مجازاً) آم۔ انبہ ؛

نغم (نغم) (ع) مذکر۔ راگ۔ گیت ؛

نغمات (نغ۔ مات) (ع) مؤنث۔ نغمہ کی جمع۔ سریلی آوازیں۔ خوش آوازیں ؛

نغمہ (نغ۔ مہ) (ع) مذکر۔ راگ۔ گیت۔ ترانہ۔ سریلی آواز ؛

نغمہ سرائی (ع۔ ف) مؤنث۔ گانا۔ ترنم ؛

ن-ف

نفاخ (ع) نفخ کرنے والا۔ پیٹ میں ہوا پیدا کرنے والا۔ بادی ؛

نفاختی (نفاخ۔ تی) (۱) مؤنث۔ (۲) ذلیل تھوڑی سی چیز ؛

نفاذ (نفاذ) (ع) مذکر (۱) اجرا۔ صدور۔ حکم کا جاری ہونا۔ (۲) ایک چیز کا دوسری چیز میں سے نکلنا ؛

نفار (نف۔ فار) (ع) بہت نفرت کرنے والا نہایت بیزار ؛

نفاس (نفاس) (ع) مذکر۔ وہ خون جو عورت کو بچہ جننے سے چالیس روز تک ٹپکتا رہے۔ سوتک ؛

نفاست (نفا۔ ست) (ع) مؤنث۔ صفائی۔ لطافت۔ خوبی۔ عمدگی۔ پاکیزگی ؛

نفاق (نفاق) مذکر (۱) پھوٹ۔ دشمنی۔ عداوت۔ بغض۔ کینہ۔ کپٹ۔ بگاڑ۔ بظاہر دوستی۔ بباطن دشمنی ؛

نفاق پڑنا (ا) پھوٹ پڑنا۔ آپس میں بگاڑ ہونا ؛

نفاق رکھنا (ا) دو رُخی رکھنا۔ کپٹ رکھنا۔ دل میں بغض رکھنا ؛

نفاقیہ (ا) مذکر۔ منافق۔ مکار۔ کپٹ باز ؛

نفائس (نفا۔ ئس) (ع) مؤنث۔ نفیس کی جمع نفیس چیزیں ؛

نفت (نفت) (ف) مذکر۔ ایک قسم کا تیل ؛

نفتہ (نف۔ تہ) (ا) مذکر۔ سفید کبوتر جس پر کالی چتیاں ہوں ؛

نفحات (نفحات) (ع) مؤنث۔ نفحہ کی جمع۔ خوشبوئیں ؛

نفخ (نفخ) (ع) مذکر۔ اپھارہ۔ پیٹ کا پھولنا ؛

نفر (نفر) مذکر (۱) آدمیوں کا گروہ (۲) نوکر چاکر۔ سائیس۔ ادنیٰ ملازم (۳) (ف) شخص (۴) کام کرنے والا قلی مزدور (۵) (ف) ایک آدمی۔ واحد شخص ؛

نفرا (نف۔ را) (ا) مذکر۔ نہایت ذلیل نوکر۔ ادنیٰ سے ادنیٰ چاکر ؛

نفرت (نف۔ رت) (ع) مؤنث۔ گھن۔ بیزاری۔ کراہت۔ اکراہ۔ تنفر ؛

نفرت انگیز (ع۔ ف) نفرت بڑھانے والا۔ نفرت دینے والا ؛

نفرت کرنا۔ یا کھانا (ا) اکراہ کرنا۔ ذلیل سمجھنا۔ حقارت کی نظر سے دیکھنا ؛

نفرت ہونا (ا) اکراہ ہونا۔ کراہت آنا۔ بیزاری ہونا۔ تنفر ہونا۔ توحش ہونا۔ رغبت نہ ہونا ؛

نفری (نف۔ ری) (ا) مؤنث (۱) روزانہ مزدوری۔ اجرت (۲) ایک آدمی کا دن بھر کا کام (۳) فی سر۔ ہر ایک کے لئے ؛

نفری میں نخرا کیا (ا) (مثل) واجبی حق دینے میں احسان نہیں ہوتا ؛

نفرین (نف۔ رین) (ف) مؤنث (۱) دعائے بد، کوسنا۔ ملامت۔ پھٹکار۔ لعنت ؛

نفرین کرنا (ا) لعنت کرنا۔ پھٹکارنا ؛

نفس (نفس) (ع) مذکر (۱) سانس۔ تنفس (۲) دم۔ گھڑی۔ ساعت۔ لمحہ۔ پل۔ دقیقہ ؛

نفس پرور (ع۔ ف) راحت رساں۔ جاں فزا ؛

نفس واپسیں (ع) مذکر۔ دم اخیر۔ مرتے وقت کا سانس ؛

نفس (نفس) (ع) مذکر (۱) جان۔ روح۔ آتما (۲) ذات۔ وجود۔ ہستی (۳) حقیقت۔ شے۔ اصلیت۔ اصل۔ ست۔

نَپ بیاب (۴) (ت) ذکر۔ قضیب۔ عضو تناسل۔ (۵) عورت کا جسم۔ تن۔ بدن ؎

نفس الامر (ع) اصل مدعا۔ واقعی۔ اصلی مدعا ؎

نفس امّارہ (ف۔ ع) مذکر۔ انسان کی وہ خواہش جو بُرے کاموں کی طرف زبردستی موڈ کرے ؎

نفس بہیمی (ع۔ ف) مذکر (۱) چوپایوں کی جان (۲) (مجازاً) حیوانی خواہش۔ وہ خواہش جو حیوانوں کو بُری عادتوں کی طرف زبردستی کھینچتی ہے ؎

نفس پرست (ع۔ ف) نفس پرور۔ شہوت پرست۔ عیاش ؎

نفس پرستی (ع۔ ف) مؤنث۔ شہوت پرستی۔ عیاشی۔ خود غرضی ؎

نفس پرور (ع۔ ف) عیاش۔ نفس پرست ؎

نفس کش (ع۔ ف) نفسانی خواہشوں کو مارنے والا عابد۔ زاہد۔ پرہیزگار ؎

نفس کشی (ع۔ ف) مؤنث (۱) خواہش نفسانی کو روکنا۔ من مارنا (۲) پرہیزگاری۔ پارسائی۔ پاکدامنی ؎

نفس لوّامہ (ع) مذکر۔ گناہ سرزد ہونے پر اپنے آپ کو لعنت کرنے والا نفس ؎

نفس مارنا (۱) خواہشوں کو روکنا۔ دل کو مارنا۔ طبیعت مارنا۔ پاک دامن رہنا ؎

نفس مطلب (ع) مذکر۔ ماحصل۔ مدعا۔ منشا۔ مفہوم مضمون ؎

نفس مطمئنّہ (ع) مذکر (تصوف) وہ نفس جو بُری عادتوں سے پاک صاف ہو کر اطمینان کے ساتھ خدا کی تلاش کرے۔ یہ صلحا اور انبیاء کی روح ہے ؎

نفس مُلہمہ (ع) مذکر۔ وہ نفس جس کے ذریعہ سے الہام ہو ؎

نفس ناطقہ (ع) مذکر (۱) بولنے والی روح۔ روح انسانی (۲) نہایت مقرب۔ معتمد علیہ (۳) کسی جماعت یا کام کی روح رواں ؎

نفس نفیس (ع) مذکر۔ خدا کی ذات پاک (۲) (مجازاً) ذات خاص۔ خود بدولت۔ اپنے آپ ؎

نفسا نفسی (ع) مؤنث۔ خود غرضی۔ آپا دھاپی۔ نفس پرستی ؎

نفسانی (ع) منسوب بہ نفس۔ نفس کا ؎

نفسانیت (ع) مؤنث۔ خود غرضی۔ غرور۔ نخوت ؎

نفسی (ع) منسوب بہ نفس۔ اپنا۔ ذاتی ؎

نفسی نفسی (ع) اپنے اپنے نفس کی۔ اپنی اپنی ذات کی آپا دھاپی۔ خود غرضی ؎

نفسی نفسی کا دن (۱) مذکر۔ قیامت کا دن۔ روز محشر

نفسیات (ع) مؤنث۔ نفس سے نسبت رکھنے والی چیزیں۔ علم النفس ؎

نفع (نَفَع) (ع) مذکر۔ فائدہ۔ منافع۔ لابھ۔ سود۔ حاصل۔ پھل۔ نتیجہ۔ ثمرہ ؎

نفع اٹھانا (۱) فائدہ حاصل کرنا ؎

نفع میں دو جوتیاں (۱) (مثل) اس موقع پر کہتے ہیں جب تھوڑی سی چیز کے لالچ میں بہت سی قیمتی چیزیں ہاتھ سے چلی جائیں ؎

نفع ونقصان (ع) مذکر (۱) فائدہ اور ٹوٹا (۲) (۲) بُرائی بھلائی۔ بُرا بھلا (۳) علم حساب کا قاعدہ جس سے تجارت کا نفع اور نقصان معلوم کیا جاتا ہے ؎

نفقہ (نَفَقَہ۔ نَفَ۔ قَہ) (ع) مذکر۔ بال بچوں کا خرچ۔ بیوی کا روٹی کپڑا ؎

نفل (نفل) (ع) مذکر (۱) زائد۔ عطیہ (۲) وہ زائد عبادت جو شکریہ کی نیت سے ادا کی جائے ؎

نفلوں ہی میں یاروں کا کام بن گیا (۱) (مثل) اس موقع پر بولتے ہیں جب کسی دنیوی غرض کے لئے نماز شروع کی جائے۔ اور خدا کی قدرت سے نماز سے پہلے عام نفلوں ہی کے بعد وہ غرض پوری ہو جائے ؎

نفوخ (نَفُوخ) (ع) مؤنث۔ نسوار۔ ناک میں پھونکنے کی دوا ؎

نفوخ (نفوخ) (ع) مذکر۔ اصطلاح طب میں کسی دوا کو ناک وغیرہ میں پھونکنا ؎

نفوذ (نفوذ) (ع) اندر بیٹھنے والا۔ اثر کرنے والا۔ موثر۔ سرایت کرنے والا ؎

نفوذ (نفوذ) (ع) مذکر۔ گزرنا۔ جاری ہونا۔ اجرا۔ صدور احکام ؎

نفوذ کرنا (۱) سرایت کرنا۔ اندر گھسنا ؎

نفور (نفور) (ع) مذکر۔ نفرت کرنے والا۔ بھاگنے والا۔ متنفر۔ کراہت کرنے والا ؎

نفور (نفور) (ع) مذکر۔ نفرت کرنا۔ بھاگنا ؎

نفوس (نفوس) (ع) مذکر۔ نفس (روح) کی جمع۔ اشخاص۔

روحیں ۔

نفوس قدسیہ (ع) مذکر (۱) پاک روحیں (۲) بزرگان دین۔ پاکیزہ ہستیاں پیغمبر اور فرشتے ۔

نفی (نَفی) (ع) مؤنث (۱) اخراج۔ دوری (۲) انکار۔ نہیں۔ نہ ۔

نفی کرنا (۱) (۱) تفریق کرنا۔ منہا کرنا۔ نکالنا۔ اخراج کرنا۔ گھٹانا (۲) انکار کرنا۔ نامنظور کرنا ۔

نفی میں جواب دینا (۱) انکار کرنا۔ نامنظور کرنا ۔

نفی و اثبات (ع۔ ف) (مذکر) انکار اور اقرار۔ ہاں اور نہیں ۔

نفیر (نفیر) (ع) (۱) نفرت کرنے والا۔ متنفر (۲) مؤنث۔ نالہ۔ فریاد۔ آہ وزاری۔ واویلا۔ چیخ پکار (۳) (ف) مؤنث کرنائے۔ تُرہی۔ نفیری۔ شہنائی ۔

نفیرچی (ف۔ مذکر) نفیری بجانے والا ۔

نفیری (ف) مؤنث۔ کرنائے۔ تُرہی۔ شہنائی۔ الغوزہ ۔

نفیس (نَفیس) (ع۔ ۱) عمدہ۔ قیمتی۔ بیش بہا (۲) لطیف۔ پاکیزہ۔ پسندیدہ۔ پاک صاف۔ مطہر۔ ستھرا ۔

ن ۔ ق

نقاب (نِقَاب) (ع) (مذکر۔ مؤنث) گھونگھٹ۔ برقع۔ وہ پردہ جو منہ پر ڈالتے ہیں ۔

نقاب اٹھانا (۱) گھونگھٹ کھولنا۔ منہ پر سے پردہ اٹھانا ۔

نقاب پوش (ع۔ ف) وہ شخص جو منہ پر نقاب ڈالے ہے ۔

نقاب چھوڑنا (۱) کپڑا منہ پر ڈالنا ۔

نقاد (نَق۔ قاد) (ع) پرکھنے والا۔ پرکھیّا۔ کھوٹا کھرا دیکھنے والا ۔

نقارچی (نَق۔ قا۔ رچی) (ف) مذکر۔ نقارہ بجانے والا۔ نوبت بجانے والا ۔

نقارخانہ (ف) مذکر۔ نوبت خانہ۔ وہ جگہ جہاں نوبت وغیرہ بجائی جاتی ہے ۔

نقارخانے میں طوطی کی آواز کون سنتا ہے (۱) (مثل) بڑے آدمیوں کی رائے میں چھوٹے آدمی دخل نہیں پا سکتے۔ بہت شور وغل میں خوش الحان کی بھی نہیں سنی جاتی ۔

نقارہ (ف) مذکر۔ دھونسا۔ دمامہ۔ نوبت۔ طبل ۔

نقارہ بجاتے پھرنا (۱) منادی کرتے پھرنا۔ مشتہر کرتے پھرنا ۔

نقارہ بجا کے یا نقارہ کی چوٹ (۱) علانیہ۔ کھلم کھلا۔ ڈنکے کی چوٹ۔ آزادانہ۔ کھلے بندوں۔ ڈھونڈھی پٹوا کے ۔

نقارے (۱) مذکر۔ نقارہ کی جمع ۔

نقارے باجے دمامے باج گئے (۱) بڑی نمود اور شہرت ہو گئی۔ شہرہ ہو گیا۔ دھوم مچ گئی ۔

نقاش (نَق۔ قاش) (ع) مذکر (۱) نقش کرنے والا۔ رنگ ساز۔ نقش و نگار بنانے والا۔ گلکار (۲) مصور۔ نقشہ نویس ۔

نقاش ازل (ف۔ مذکر) (کنایۃً) خدا تعالیٰ ۔

نقاشی (ع) مؤنث (۱) نقش کرنے کا پیشہ (۲) گلکاری۔ مصوری۔ نقشہ نویسی۔ منبت کاری ۔

نقاط (نِقَاط) (ع) مذکر۔ نقطہ کی جمع ۔

نقال (نَق۔ قال) (ع) مذکر۔ نقل کرنے والا۔ بھانڈ۔ بہروپیا۔ مسخرا۔ ٹھٹھولیا ۔

نقالی (۱) مؤنث۔ نقل کرنے کا پیشہ۔ بھانڈپن ۔

نقاہت (نقا۔ ہت) (ع) مؤنث۔ ناطاقتی۔ ضعف۔ کمزوری۔ ناتوانی ۔

نقائص (نَقَا۔ ئِص) (ع) مذکر۔ نقیصہ کی جمع۔ عیب۔ کھوٹ۔ نقص۔ برائیاں ۔

نقب (نَقب) (ع) مؤنث۔ سیندھ۔ کوڑ۔ سرنگ۔ شگاف ۔

نقب دینا یا لگانا (۱) سیندھ لگانا۔ کوڑ دینا۔ دیوار یا فصیل میں شگاف کرنا ۔

نقب زن (ع۔ ف) مذکر۔ سیندھ لگانے والا۔ سرنگ لگانے والا ۔

نقب زنی (ع۔ ف) مؤنث۔ نقب دینا۔ سیندھ لگانا۔ سرنگ کھودنا ۔

نقد (نَقد) (ع) مذکر (۱) آمادگی۔ موجودگی (۲) مستعد۔ آمادہ۔ حاضر (۳) کھرا کھوٹا دیکھنا۔ پرکھنا (۴) سکہ۔ روپیہ پیسہ (۵) روکڑ۔ نقدی۔ کھرا روپیہ (۶) فی الحال۔ سردست (۷) پونجی۔ سرمایہ ۔

نقد جاں (ع۔ ف) مؤنث۔ روح۔ آتما۔ نفس ناطقہ ۔

نقد دل (ع۔ ف) (مذکر) دل ۔

نقد دم رہنا (۱) اکیلا رہنا۔ مجرد رہنا۔ تن تنہا رہنا ۔

نقدِ مال (ع) مذکر۔ نعمت۔ تر مال۔ عمدہ مال ؛
نقد و جنس (ع) مذکر۔ دھن دولت۔ مال اسباب ؛
نقدا نقد (ا) ہاتھوں ہاتھ۔ دستبدست۔ نقد اور فوراً ادا کرنے کی نسبت بولتے ہیں ؛
نقدہٗ و حرمتہٗ (ا) نقد و جنس میں بڑی عزت ہے۔ نقد سودا ہے ؛
نقدی (ع) مؤنث۔ روپیہ۔ مال و زر۔ دولت۔ زرِ نقد ؛
نقرس (نِق۔ رِس) (ع) مذکر۔ پاؤں کا درد۔ ایک طرح کا گٹھیا۔ وجع المفاصل ؛
نقرہ (نُق۔ رَہ) (ع) مذکر (۱) گلی ہوئی چاندی۔ سیم۔ روپا (۲) سفید رنگ کا گھوڑا۔ چتا گھوڑا (۳) سفید چمکدار ؛
نقرۂ خام (ع) مذکر۔ خالص چاندی ؛
نقرئی (ع) منسوب بہ نقرہ (۱) چاندی کا۔ روپے کا (۲) سفید۔ چٹا ؛
نقش (نَقش) (ع) مذکر (۱) نگار۔ صورت۔ شبیہ۔ مورت مورتی۔ تصویر (۲) پھول پتی کا کام۔ منبت کاری کھدائی۔ کندہ کاری۔ بیل بوٹے کا کام (۳) چھاپ۔ مُہر۔ چھاپہ۔ ٹھپّا (۴) (ف) نرد کی بازی میں جیت کا داؤں۔ پو بارہ (۵) ایک قسم کا جوا (۶) تعویذ (۷) نشان۔ کھوج۔ علامت (۸) خیال تصور (۹) تاثیر۔ اثر (۱۰) جادو۔ ٹونا۔ منتر۔ افسوں (۱۱) لکھا ہوا۔ منقوش۔ کھدا ہوا ؛
نقشِ اوّل (ع) مذکر۔ پہلی تحریر۔ مسودہ ؛
نقش بر آب (ف) مذکر۔ پانی پر کا نقش۔ فانی۔ جلد مٹ جانے والا۔ بے ثبات ؛
نقش بٹھانا۔ یا بٹھلانا (ف) (۱) سکّہ بٹھانا۔ رُعب جمانا (۲) اعتبار حاصل کرنا۔ دل میں گھر کرنا (۳) اثر جمانا ؛
نقش بدیوار۔ یا نقش بر دیوار (ع ف) حیران۔ متعجب۔ متحیر۔ حیرت زدہ۔ ہکا بکا۔ بے حس و حرکت ؛
نقش بند (ع۔ ف) مذکر۔ نقّاش۔ مصور۔ رنگساز ؛
نقش بندی (ع۔ ف) مؤنث۔ نقّاشی۔ مصوری۔ رنگ سازی ؛
نقشبندیہ خاندان (ا) مذکر۔ ایک مشہور خاندان کا نام جس کا سلسلہ حضرت خواجہ بہاؤ الدین سے چلا ہے۔ کیونکہ آپ کے ہاں نقاشی اور گلکاری کا کام ہوتا تھا ؛

نقشِ پا۔ نقشِ قدم (ع۔ ف) مذکر۔ پاؤں کا نقش۔ سُراغ۔ کھوج ؛
نقشِ تسخیر (ع) مذکر۔ وہ حُب کا تعویذ جس سے معشوق قابو میں آجائے۔ بس میں کر لینے والا۔ جنتر ؛
نقشِ ثانی (ع۔ مذکر) دوسرا نقش۔ یہ عموماً پہلے سے بہتر ہوتا ہے ؛
نقشِ دیوار (ع) (۱) حیران و سراسیمہ۔ ہکا بکا۔ حیرت زدہ (۲) خاموش ؛
نقشِ سویدا (ع۔ مذکر) دل کا کالا نقطہ ؛
نقش کالحجر (ع) پتھر کی لکیر۔ پتھر کے نقش کی مانند ؛
نقش کالحجر ہو جانا (ا) دل نشین ہو جانا۔ پتھر کی لکیر ہو جانا۔ خوب بیٹھ جانا ؛
نقش کرنا (ا) (۱) چھاپنا۔ بیل بوٹے کھودنا (۲) بٹھانا۔ جمانا ؛
نقش و نگار (ع۔ ف) مذکر (۱) قلم کاری۔ پھول پتّی کا کام۔ بیل بوٹے (۲) زیب و زینت ؛
نقش ہو جانا (ا) کسی بات کا دل پر بیٹھ جانا۔ دلنشین ہو جانا ؛
نقش ہونا (ا) (۱) کندہ ہونا۔ کھودا جانا۔ کُھدنا (۲) دل پر جمنا (۳) تحریر ہونا۔ رقم ہونا ؛
نقشہ (نَق۔ شَہ) (ع) مذکر (۱) تصویر۔ شبیہ۔ مورت۔ روپ (۲) صورت۔ شکل۔ چہرہ (۳) ڈول۔ ساخت (۴) طرز و انداز۔ سج دھج۔ وضع قطع (۵) حلیہ۔ خط و خال (۶) دنیا کی ہیئت۔ سطح زمین کی تصویر (۷) نمونہ۔ مثال۔ خاکہ۔ چربہ (۸) سانچا۔ قالب۔ ڈھانچا (۹) حال۔ حالت۔ کیفیت۔ عالم (۱۰) برا حال۔ بُرا درجہ (۱۱) طور۔ طریق۔ ڈھنگ (۱۲) فہرست۔ فردِ اسم نویسی ناموں کا رجسٹر (۱۳) چالان۔ مال کی خانہ پُری ؛
نقشہ اتارنا (ا) تصویر کھینچنا۔ فوٹو لینا۔ خاکہ لینا ؛
نقشہ بگاڑنا (ا) (۱) صورت بگاڑنا (۲) حال سے بے حال کرنا ؛
نقشہ بگڑنا (ا) (۱) حال خراب ہونا (۲) بدانتظامی اور بدنظمی ہونا ؛
نقشہ بنانا (ا) کسی چیز کی تصویر بنانا۔ خاکہ اتارنا ؛
نقشۂ پیدائش و اموات (ع) مذکر۔ وہ نقشہ جس میں کسی ملک کی پیدائش و اموات لکھی جاتی ہے اور اُسے مردم شماری سے ظاہر کیا جاتا ہے۔
نقشہ تیز ہونا (ا) (۱) اقبال پڑھنا۔ زور ہونا (۲)

نقش بیٹھنا ۔ بات جمانا ۔ راہ و رسم پیدا کرنا (۳) اعتبار جمانا ۔ رسوخ حاصل کرنا (۴) تصور جمانا ۔ دھیان بندھانا (۵) ترکیب لڑانا ۔ تدبیر کرنا ۔ موقع نکالنا ۔

نقشہ جمانا (ف) (۱) بنیاد ڈالنا (۲) راہ و رسم پیدا کرنا (۳) اعتبار جمانا (۴) تصور جمانا (۵) تدبیر کرنا ۔ موقع نکالنا ۔

نقشہ جم کر اکھڑنا (ف) اثر پیدا ہو کر مٹ جانا ۔

نقشہ جمنا (ف) (۱) بات بننا ۔ بنیاد پڑنا ۔ رسائی ہونا ۔ مطلب حاصل ہونا ۔ اعتبار ہونا ۔ رسوخ ہونا ۔ دل میں گھر ہونا (۲) تصور جمنا ۔ خیال جمنا ۔ خیال بندھنا ۔

نقشہ حاضری و غیر حاضری (ف) مذکر ۔ وہ رجسٹر جس میں طلبہ یا کچہری ملازموں کی موجودگی اور غیر موجودگی لکھی جاتی ہے ۔

نقشہ حد و دبست (ع) مذکر ۔ وہ کاغذ جس میں کھیتوں کی حدبندی درج ہو ۔ پیمائش دہ کی فہرست ۔

نقشہ کھنچ جانا (ف) تصویر کھنچ جانا ۔ صورت سامنے آجانا ۔ عکس دل نشین ہو جانا ۔

نقشہ نویس (ع ۔ ف) مذکر ۔ (۱) مصور ۔ نقاش (۲) دفتروں میں ایک اہلکار جس کا کام نقشے تیار کرنا ہے ۔

نقشی / **نقشیں** (ف) (۱) مذکر ۔ نقش دار ۔ نقش کیا ہوا (برتن) ۔

نقص (نقص) (ع) مذکر ۔ کمی ۔ کوتاہی ۔ ناتمامی ۔ خالی کسر (۲) عیب ۔ برائی ۔ کھوٹ ۔ سقم ۔

نقص نکالنا (ف) عیب نکالنا ۔ کھوٹ نکالنا ۔ اعتراض کرنا ۔

نقصان (نُق ۔ صَان) (ع) مذکر ۔ (۱) کمی ۔ کوتاہی (۲) ضرر تکلیف ۔ زیان ۔ قباحت ۔ حرج (۳) خسارہ ۔ گھاٹا (۴) بربادی ۔ تباہی (۵) ضائع ۔ رائیگاں (۶) فتور ۔ خلل ۔

نقصان اٹھانا (ف) خسارہ دینا ۔ گھاٹا بھرنا ۔ گرہ سے دینا ۔

نقصان بالقصد (ع) مذکر ۔ جان بوجھ کر نقصان اٹھانا ۔

نقصان بھرنا (ف) ٹوٹا بھرنا ۔ خسارہ دینا ۔ گھاٹا دینا ۔

نقصان پہنچانا (ف) ضرر پہنچانا ۔ ایذا پہنچانا ۔

نقصان رساں (ع ۔ ف) نقصان پہنچانے والا ۔

نقصان رسانی (ف) مؤنث ۔ تکلیف دہی ۔ ایذا رسانی ۔

نقصان کرنا (ف) (۱) کام بگاڑنا ۔ حرج کرنا ۔ فائدے سے باز رکھنا (۲) تکلیف دینا ۔ بگاڑ کرنا ۔ ضرر پہنچانا (۳) ضائع کرنا ۔ کھونا ۔

نقض (نقض) (ع) مذکر ۔ ٹوٹ پھوٹ ۔ بگاڑ ۔ توڑنا ۔

نقض عہد (ع) مذکر ۔ عہد شکنی ۔ وعدہ خلافی ۔

نقط (نُقَط) (ع) مذکر ۔ نقطہ کی جمع ۔ نقطے ۔ بندیاں ۔

نقطہ (نُق ۔ طَہ) (ع) مذکر ۔ (۱) بندی ۔ صفر (۲) مرکز ۔

نقطہ لگانا (ف) عیب لگانا ۔ دھبا لگانا ۔

نقطۂ موہوم (ع) مذکر (۱) وہ فرضی نقطہ جو خارج میں نہ ہو ۔ مثلاً وہ نقاط جو آسمان میں فرض کر لیتے ہیں (۲) (مجازاً) دہن معشوق ۔

نُقل (نُقل) (ع) مذکر (۱) وہ چیز جو کسی نشہ دار چیز کے بعد تبدیل ذائقہ کے لئے کھائی جاتی ہے (۲) ایک قسم کی شیرینی جو ساچق میں لی جاتی ہے ۔

نقل مجلس ۔ یا محفل (ف) مذکر ۔ غذائے محفل ۔ مسخرہ ۔ ظریف ۔

نَقل (نَقل) (ع) مذکر (۱) تبدیلی ۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا (۲) اصل کی ضد ۔ منقول ۔ مثنیٰ (۳) نمونہ ۔ نظیر ۔ مثل (۴) لطیفہ ۔ چٹکلہ (۵) روایت ۔ حکایت ۔ بیان ۔ ذکر (۶) سوانگ ۔ روپ ۔ لیلا ۔ ناٹک ۔

نقل اڑانا (ف) امتحان میں طلبہ کا ایک دوسرے کے جوابات کی نقل کرنا ۔

نقل کرنا (ف) (۱) کاپی کرنا ۔ کسی لکھی ہوئی چیز کو دوسرے نسخے پر اتارنا (۲) سوانگ کرنا ۔ روپ بھرنا (۳) بیان کرنا ۔ ذکر کرنا ۔ حکایت کرنا (۴) ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا ۔

نقل کفر کفر نہ باشد (ع ۔ ف) مثل ۔ کفر کے نقل کرنے سے ناقل کافر نہیں ہو جاتا ۔

نقل لینا (ف) کسی حکم یا کتاب وغیرہ کو دوسرے کاغذ پر اصل کے مطابق لکھوانا ۔

نقل مکان (ع) مذکر ۔ تبدیل مکان ۔ ایک مکان چھوڑ کر دوسرے مکان میں جانا ۔

نقل نویس (ع ۔ ف) مذکر (۱) نقل کر کے دینے والا ۔ (۲) محرر عدالت ۔

نقل نویسی (ع ۔ ف) مؤنث (۱) عدالت کی محرری (۲)

نقل کرنے کا علم ۔

نقل ہے (۱) محاورہ ۔ کہتے ہیں ۔ منقول ہے ۔ ذکر ہے ۔ روایت ہے ۔

نقلی (ع ۔ ۱) جھوٹا ۔ مصنوعی ۔ جعلی ۔ قلبی ۔ کھوٹا (۲) سماعی ۔ سماعی ۔ زبانی ۔

نقلیں کرنا (۱) کسی کو چڑانے یا دوسروں کو ہنسانے کے لئے کسی کے افعال و حرکات کی نقل کرنا ۔

نقود (نُقُود) (ع) مؤنث ۔ نقد کی جمع ۔ نقدیاں ۔

نقوش (نُقُوش) (ع) مذکر ۔ نقش کی جمع ۔

نقوع (نَقُوع) (ع) (مذکر ۔ بھیگا ہوا میوہ یا دوا ۔

نقول (نُقُول) (ع) مؤنث ۔ نقل کی جمع ۔

نقول مصدقہ (ع ۔ مؤنث) تصدیق کی ہوئی نقلیں ۔

نقی (نَقِی) (ع) (۱) پاک ۔ خالص (۲) (مذکر) بارہ اماموں میں سے دسواں امام ۔

نقیب (نَقِیب) (ع) مذکر (۱) لوگوں کے حالات اور خاندان سے واقف (۲) شہرت کرنے والا ۔ خبر کرنے والا ۔ مدح خواں ۔ (۳) وہ لوگ جو بادشاہوں یا امراء و وزراء کی سواری کے آگے آگے آواز لگاتے جاتے یا کسی باریابی کے موقع پر آواز بلند پکارتے ہیں ۔ ہرکارہ ۔ چوبدار ۔

نقیض (نَقِیض) (ع) (۱) توڑنے والا ۔ عمارت گرانے والا (۲) مخالف ۔ خلاف ۔ متضاد ۔ الٹا ۔ برعکس (۳) منطق کی اصطلاح میں کسی شے کا رفع کرنا ۔

نقیہ (نَقِیہ) (ع) ناتوان کمزور ۔ ضعیف ۔ نحیف ۔ لاغر ۔

ن ۔ ک

نک (نَک) (ہ) مؤنث ۔ ناک کا مخفف ۔ بینی ۔

نک بال (ہ) مذکر ۔ ناک کا بال ۔ موئے بینی ۔

نک بیسر (ہ) مؤنث ۔ ناک کا ایک زیور ۔ بلاق ۔ جھولنی ۔

نک تورا (ہ) مذکر ۔ (۱) ناز نخرہ (۲) غرور ۔ نخوت (۳) بولی ٹھولی ۔ وہ طنز آمیز بات جو ناک پر لا کر کہی جائے ۔

نک توروں (ہ) مذکر ۔ نک تورا کی جمع ۔

نک تورے (ہ) مذکر ۔ نک تورا کی جمع ۔ (۱) نخرے ۔ غمزے (۲) غرور ۔ گھمنڈ ۔

نک تورے اٹھانا ۔ (ہ) ناز بیجا کی برداشت کرنا ۔ ناز اٹھانا ۔

نک چڑھنا (۱) متکبر ۔ مغرور ۔ خود پسند ۔ دماغ دار ۔ کسی کو خاطر میں نہ لانے والا ۔

نک چڑھی (ہ) مؤنث ۔ دماغ دار عورت ۔ بد مزاج عورت ۔

نک چھکنی (ہ) مؤنث ۔ ایک دوا جس کے سونگھنے سے بکثرت چھینکیں آتی ہیں ۔

نک سک سے ٹھیک ۔ درست (۱) سر سے پاؤں تک خوب صورت ۔ ہر طرح بے عیب و بے نقص ۔

نک کٹا (ہ) ناک کٹا ہوا ۔ نکٹا ۔

نک کٹی (ہ) مؤنث ۔ رسوائی ۔ بدنامی ۔ بے عزتی ۔ تحقیر ۔ خواری ۔

نک کٹی ہونا (ہ) بدنامی ہونا ۔ بے عزتی ہونا ۔ تحقیر ہونا ۔

نک گھسنی (ہ) مؤنث ۔ ناک رگڑنا ۔ عاجزی ۔ منت ۔ سماجت ۔

نک گھسی کرنا (ہ) عاجزی کرنا ۔ منت سماجت کرنا ۔ خوشامد درآمد کرنا ۔ ناک رگڑنا ۔

نکا (نَکّا ۔ نَکا) (ہ) مذکر (۱) کوڑی ۔ چھوٹا سکہ ۔ خرمہرہ ۔ (۲) دانہ ۔ پانسہ ۔

نکا (نِکّا ۔ نِکا) (ہ) (۱) چھوٹا ۔ خرد ۔ ننھا ۔ (۲) مختصر ۔ کم ۔ قلیل (۳) ناقص (۴) نازک ۔ باریک (۵) ناتمام ۔ ادھورا (۶) ٹھنگنا ۔ پستہ قد ۔

نکا (نُکّا ۔ نُکا) (ہ) مذکر (۱) نوکدار ۔ نکیلا (۲) نوک دار گیڑی ۔

نکا لگانا (مارنا) (ہ) (۱) گیڑی مارنا یا لگانا (۲) زک پہنچانا (۳) ضرب لگانا (۴) صدمہ پہنچانا ۔

نکات (نِکات) (ع) مذکر ۔ نکتہ کی جمع (۱) نکتے ۔ باریکیاں (۲) وہ بلیغ کلام جو ہر ایک کی سمجھ میں نہ آسکے ۔

نکات (نَکّات) (ہ) نکما ۔ خراب ۔

نکاح (نِکاح) (ع) مذکر (۱) لغوی معنی مجامعت ۔ صحبت داری (۲) مجازاً عقد ۔ بیاہ ۔ شادی ۔

نکاح باندھنا (ہ) بیاہ کرنا ۔

نکاح پڑھانا ۔ یا ۔ کرنا (ہ) (۱) عقد کرنا ۔ شادی کرنا ۔ عورت کا مرد سے مرد کا عورت سے ازدواج ہونا (۲) نکاح خوانی کرنا ۔ قاضی کا کام ۔

نکاح پڑھائی (ہ) مؤنث ۔ نکاح پڑھانے والے کی فیس ۔

نکاح کی ہی خر لیں کرنا (۱) (م) نہایت جیل و حجت کرنا۔ کسی کا م کا بجزبی اطمینان چاہنا ۔

نکاح متعہ یا موقت (ع) مذکر۔ اہل تشیع میں ایک قسم کا نکاح جو صرف کسی خاص وقت کے لئے کیا جائے ۔

نکاح نامہ (ع۔ ف) مذکر۔ کابین نامہ۔ وہ کاغذ جس پر شادی کی تاریخ۔ مہر کی مقدار اور گواہیاں وغیرہ ثبت کی جاتی ہیں ۔

نکاح ہونا۔ (۱) عقد ہونا۔ شادی ہونا۔ بیاہ ہونا ۔

نکاحتا۔ یا۔ نکاحی (۱) مؤنث۔ منکوحہ۔ نکاحی۔ نکاح کرکے لائی ہوئی عورت۔ گھر میں ڈالی ہوئی عورت ۔

نکاحی بیاہی (۱۔ مؤنث) (۲) وہ عورت جسے برات لے جا کر نکاح اور بیاہ کرکے لایا جائے ۔

نکاحی نہ بیاہی نہر و بہو کہاں سے آئی (۱) (مثل) جو خواہ مخواہ آکر رشتہ دار بن بیٹھے۔ اس کی نسبت بولتے ہیں ۔

نکاس (نِکاس) (ع) مذکر (۱) اصل۔ مول۔ بنا۔ جڑ۔ بنیاد (۲) آغاز۔ شروع۔ ابتدا (۳) منبع۔ سوت مبدا (۴) مادہ۔ دہا تو (۵) بانی خاندان (۶) اخذ استخراج (۷) نسل۔ جنس۔ خاندان (۸) صدور۔ ظہور (۹) اخراج۔ برآمد ۔

نکاسی (ع) مؤنث۔ (۱) پیداوار۔ محاصل۔ آمد۔ حاصل مداخل۔ فائدہ۔ منافع (۲) بکری۔ مال کی فروخت (۳) روانگی۔ برآمد (۴) اڑائی بھرائی (۵) چنگی۔ محصول راہ (۵) حدبست۔ سرحد۔ علاقہ۔ اخراج ۔

نکال (نَکال) (ع) مذکر۔ عذاب۔ سزا۔ رنج۔ دکھ۔ تکلیف ۔

نکال (نِکال) (ہ) نکالنا کا امر ۔

نکال بیٹھاں کے دن (ہ) مذکر۔ فصل کے بدلنے کا زمانہ ۔

نکال دینا (ہ) (۱) باہر کر دینا۔ جدا کر دینا۔ موقوف کر دینا (۲) کوئی چیز گھر سے دے دینا ۔

نکال لانا (ہ) کسی عورت کو بھگا لانا۔ بھگا کر لے جانا ۔

نکالا (ہ) مذکر۔ اخراج۔ خارج۔ شہر بدر ۔

نکالا ملنا (ہ) خارج کیا جانا۔ نکالا جانا۔ شہر بدر کیا جانا۔ اخراج بلاد ہونا۔ جلاوطن کیا جانا ۔

نکالنا (ہ) (۱) باہر کرنا۔ خارج کرنا۔ نکالا جانا (۲) علیحدہ کرنا جدا کرنا۔ چھانٹنا۔ منتخب کرنا (۳) منہا کرنا۔ وضع کرنا۔ تفریق کرنا (۴) ایجاد کرنا۔ دل سے کوئی بات پیدا کرنا (۵) حل کرنا۔ سلجھانا (۶) باہر لانا۔ اکھیڑنا۔ (۷) کاڑھنا۔ بیل بوٹا نکالنا (۸) سدھانا۔ گھوڑے کو گاڑی میں جوتنے کے قابل بنانا (۹) اوپر لانا۔ باہر لانا (۱۰) بھرا لینا۔ کاٹنا (۱۱) موقوف کرنا۔ جواب دینا۔ برطرف کرنا ۔

نکانا (نِکا۔ نا) (ہ) کھیت میں سے گھاس پھوس صاف کرنا۔ نلانا ۔

نکائی (نِکا۔ ئی) (ہ۔ مؤنث) نلائی ۔

نکبت (نَک۔ بَت) (ع) مؤنث۔ ذلت۔ خواری۔ بدحالی (۲) افلاس۔ مفلسی۔ فلاکت ۔

نکتہ (نُک۔ تہ) (ع) مذکر۔ (۱) باریکی۔ باریک بات۔ راز۔ بھید (۲) سمجھ کی بات (۳) لطیفہ۔ چٹکلہ (۴) سربند۔ وہ چمڑا جو گھوڑے کے منہ پر رہتا ہے۔ تلہاری (۵) رخنہ۔ عیب۔ مین میکھ ۔

نکتہ بین (ف) عیب جو۔ خردہ گیر ۔

نکتہ پرداز (نکتہ پرور) (ف) (۱) نکتہ سنج۔ خوش گفتار (۲) سخن شناس (۳) شاعر (۵) زبان آور (۶) عقلمند۔ ہوشیار ۔

نکتہ چین (ف) عیب جو۔ مین میکھ نکالنے والا ۔

نکتہ چینی (ف) مؤنث۔ عیب گیری۔ عیب جوئی۔ مین میکھ ۔

نکتۂ خفی (ع) مذکر۔ راز نہاں۔ سرّ خفی ۔

نکتہ رس (ف) تیز فہم۔ زیرک۔ ذکی ۔

نکتہ سنج (ع۔ ف) (۱) سخن شناس۔ فصیح۔ خوش گفتار۔ زبان آور۔ تلی ہوئی بات کہنے والا (۲) عقلمند۔ ہوشیار (۳) (مجازاً) شاعر۔ سخن ور ۔

نکتہ سنجی (ف) مؤنث (۱) سخنوری (۲) خوش گفتاری۔ فصاحت۔ خوش بیانی ۔

نکتہ شناس (نکتہ دان) (ف) تیز۔ ذہین۔ دانا۔ سیانا۔ عقلمند ۔

نکتہ گیر (ف) نکتہ چین۔ عیب جو ۔

نکتی (نُکْ۔ تی) (۱) مؤنث۔ ایک قسم کی مٹھائی جو چنے کی دال میں کر بنائی جاتی ہے ۔

نکتے (۱) مذکر۔ نکتہ کی جمع ۔

نکتے نکالنا (ف) اعتراض کرنا۔ عیب نکالنا۔ مین میکھ نکالنا۔

نکٹا (نک۔ ٹا) (۱) ناک کٹا (۲) بے شرم۔ بے غیرت۔ بے لحاظ (۳) چپٹی ناک کا۔ ناک بیٹھا (۴) ایک پرند (۵) گھوڑی جس سے جوڑا کھیلتے ہیں۔

نکٹا بوچا سب سے اونچا (ہ) (مثل) اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو کھونڈا ہونے کے باوجود بڑا دعویٰ کرے۔

نکٹا جیے برے احوال (ہ) (مثل) کنوندا خستہ حالی سے بسر کرتا ہے۔

نکٹی (ہ) مؤنث (۱) وہ عورت جس کی ناک کٹی ہوئی ہو (۲) چپٹی ناک والی۔ جس کی ناک بیٹھی ہو (۳) (ع) بلی۔ گربہ (۴) بے غیرت عورت۔ بے شرم عورت۔

نکٹی کا جنا (ہ) مذکر۔ کمینہ۔ بد اصل۔ رذیل۔

نکٹے (ہ) مذکر۔ نکٹا کی جمع۔

نکٹے کی ناک کٹی سوا گز اور بڑھی (ہ) (مثل) بے عزت آدمی ذلت کو بھی عزت سمجھ کر خوش ہوتا ہے۔

نکرہ (نک رہ) (ع) مذکر (۱) ناشناسی (۲) معرفہ کی ضد۔ وہ اسم جو غیر معین شے کے لئے وضع کیا گیا ہو۔

نکڑ (نک۔ کڑ) (ہ) مذکر (۱) نوک کی تصغیر۔ سرا۔ نوک۔ اخیر۔ انتہا (۲) کونہ۔ گوشہ۔

نکس (نکس) (ع) مذکر (۱) نیچے کی طرف جھکنا (۲) الٹنا۔ اوندھنا۔

نکس (نکس) (ع) مذکر۔ مرض کا عود کرنا۔ پھر بیمار ہونا۔

نکسیر (نک۔ سیر) (ہ) مؤنث۔ گرمی کے باعث ناک سے خون جانا۔

نکسیر بھی نہیں پھوٹی (ہ) ذرا بھی صدمہ نہیں پہنچا۔ ناک تک سے بھی خون نہیں نکلا۔

نکسیر پھوٹنا (ہ) ناک سے خون نکلنا۔

نکل (نکل) (انگریزی) NICKEL (مذکر) ایک قسم کی سفید دھات جس کی انگنیاں وغیرہ بنتی ہیں۔

نکل (نکل) (ہ) چل۔ چل۔ دور ہو۔ بست۔

نکل آنا (ہ) (۱) باہر آنا۔ ظاہر ہونا (۲) پیدا ہونا۔ کھڑا ہونا۔ (۳) زمین سے باہر آنا۔ پھوٹنا۔

نکل بھاگنا (ہ) (۱) چلا جانا۔ چل دینا۔ فرار ہو جانا (۲) قابو سے چلا جانا (۳) چمپت ہو جانا۔ بچ کر چلا جانا (۴) صاف بچ جانا۔

نکل پڑنا (ہ) (۱) پیٹ گر جانا۔ وضع حمل ہو جانا (۲) ظاہر ہو جانا۔ نمایاں ہو جانا (۳) باہر آ جانا (۴) گر جانا۔ کھل پڑنا (۵) ٹپک جانا۔ ٹپکنے لگنا (۶) اچھل پڑنا۔ (۷) باہر چلا جانا۔

نکل جانا (ہ) (۱) چلا جانا۔ بھاگ جانا (۲) دور چلا جانا (۳) جاتا رہنا۔ زائل ہو جانا (۴) سبقت لے جانا۔ بڑھ جانا (۵) قابو سے باہر ہو جانا۔ قبضے سے چلا جانا (۶) کسی چیز کا ہاتھ سے جاتا رہنا۔ وقت گزر جانا۔

نکل چلنا (ہ) اپنی حیثیت اور بساط سے بڑھ کر چلنا۔ اترا جانا۔ مغرور ہو جانا۔

نکلتے بیٹھتے دن (ہ) مذکر۔ موسم کے تبدیل ہونے کا زمانہ۔

نکلنا (ہ) (۱) اگنا۔ پھوٹنا۔ اوپر آنا (۲) بہنا۔ جاری ہونا۔ رسنا (۳) پیدا ہونا۔ جنم لینا (۴) عیاں ہونا۔ ظاہر ہونا۔ نمودار ہونا (۵) باہر چلا جانا۔ رخصت ہونا (۶) طلوع ہونا۔ بلند ہونا۔ اٹھنا (۷) ثابت ہونا۔ ثبوت ہونا (۸) زائد ہونا۔ زیادہ ہونا (۹) چلا جانا۔ بھاگنا۔ فرار ہونا (۱۰) خارج ہونا (۱۱) سبقت لے جانا۔ بڑھ جانا (۱۲) ایجاد ہونا۔ نئی بات ظاہر ہونا۔

نکلوانا (ہ) (۱) باہر کرانا (۲) معلوم کرنا۔

نکلے ہوئے دانت پھر اندر نہیں جاتے (ہ) (مثل) جو بھید کھل جائے۔ وہ پھر نہیں چھپتا۔

نکما (نکم۔ ما) (ہ) (۱) بیکار۔ ناکارہ۔ بے مصرف (۲) خالی۔ بیکار۔ معطل۔ بے شغل (۳) برا۔ خراب (۴) ناچیز۔ حقیر۔

نکما ہو جانا (ہ) (۱) بے کار ہو جانا۔ کام کے قابل نہ رہنا۔ (۲) خراب ہو جانا۔ بگڑ جانا۔

نکو (نکو) (ف) نیکو کا مخفف۔ خوب۔ اچھا۔

نکو (نک۔ کو) (ہ) (صف) (۱) ناک والا۔ عزت والا (۲) بدنام۔ رسوا۔ معیوب (۳) بڑی ناک والا۔ لمبی ناک والا۔

نکو بنانا (ہ) (ع) بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔

نکوا (نک۔ وا) (ہ) مذکر (۱) سوئی کا ناکا۔ سوئی کا چھید (۲) ترازو کی ڈنڈی کا سوراخ۔

نکوہش (نکو ہش) (ف) مؤنث۔ ملامت۔ سرزنش۔ دھمکی۔

نکوئی (نِکو۔ ای) (ف) مؤنث۔ بھلائی۔ نیکی۔ خوبی۔ عمدگی۔ اچھا سلوک۔ مہربانی ۔

نکوئی با بداں کردن چنان ست (ف) (مثل) [بدوں کہ بد کردن بجائے نیک مرداں] سے نیکی کرنا۔ ایسا ہے۔ جیسے نیکوں کے ساتھ برائی کرنا ۔

نکھ (نِکھ) (ہ) مذکر۔ ناخن (۲) ایک دوا (۳) ابریشم۔ کچا ابریشم ۔

نکھ سکھ سے درست (ہ) (ہ) دیکھو "نک سک سے درست" ۔

نکھ سے سکھ تک (ہ) (عو) ایڑی سے چوٹی تک۔ اوّل سے آخر تک۔ تمام وکمال۔ از سرتا پا ۔

نکھاو (نِکھاؤ) (ہ) مذکر۔ ایک بلند اور اونچا کنگرہ ۔

نکھار (نِکھار) (ہ) مذکر (۱) صفائی۔ اُجلاپن (۲) بناؤ سنگار۔ زیب وزینت۔ آرائش (۳) نکھارنا کا امر ۔

نکھارنا (ہ) میل صاف کرنا۔ میل کاٹنا ۔

نکہت (نِکہت۔ نہت) (ع) مؤنث۔ خوشبو۔ مہک ۔

نکھت (نکھت) (ہ) مذکر۔ ہر مہینے کے پندرہ دن جن سے بارش کا حساب کرتے ہیں ۔

نکھٹر (نکھٹ۔ ٹر) (ہ) (۱) ناچیز (۲) بدمزہ (۳) ناقص ۔

نکھٹو (نِکھٹ۔ ٹو) (ہ) مذکر۔ وہ شخص جو کچھ نہ کمائے۔ ناکارہ۔ نکما (۲) سست۔ احدی (۳) احمق۔ بے وقوف (۴) نہایت مفلس۔ تنگ دست ۔

نکھٹو کی جورو سدا ننگی (ہ) (مثل) سست اور روزی نہ کمانے والے کے گھر ہمیشہ مفلسی رہتی ہے ۔

نکھد (نِکھد) (ہ) خراب۔ بُرا۔ ناکارہ۔ نکما۔ بدتر ۔

نکھر (نِکھر) (ہ) نکھرنا کا امر ۔

نکھرا ہوا (ہ) صاف۔ ستھرا۔ جوبن پر آیا ہوا ۔

نکھرنا (ہ) (۱) صاف ہونا۔ اُجلا ہونا۔ میل کٹنا۔ چمکنا۔ رونق آنا (۲) بننا۔ سنورنا۔ سنگار کرنا ۔

نکھنڈ (نِکھنڈ) (ہ) (۱) آدھا۔ نصف۔ نیم (۲) ٹھیک۔ عین ۔

نکھنڈ آدھی رات ہے (ہ) ٹھیک آدھی رات ہے ۔

نکی (نِک کی) (ہ) مؤنث (۱) ناک میں بولنے والا (۲) جُوئے کی کوڑی کا ایک داؤ (۳) ایک قسم کا جوا ۔

نکیر (نکیر) (ع) مذکر۔ قبر میں سوال و جواب کرنے والا فرشتہ۔ منکر نکیر ۔

نکیرین (ع) مذکر۔ منکر نکیر۔ قبر میں مردے سے سوال و جواب کرنے والے دو فرشتے ۔

نکیل (نِکیل) (ہ) مؤنث۔ اونٹ کی مہار۔ اونٹ کے ناک کی رسّی ۔

نکیل ہاتھ میں ہونا (ہ) قابو ہونا۔ قبضہ ہونا۔ لگام ہاتھ میں ہونا ۔

نکیلا (نکی۔ لا) (ہ) (۱) نوکدار۔ گاؤدم۔ مخروطی (۲) خوبصورت۔ خوش وضع۔ بانکا ترچھا (۳) غیرت اور عزّت والا ۔

نکیلاپن (ہ) مذکر۔ خوش وضعی۔ بانکپن ۔

نکیلی (ہ) مؤنث (۱) نوکدار۔ مخروطی۔ اُبھری ہوئی سُمیر والی (۲) وضعدار۔ طرحدار۔ خوش وضع ۔

ن ۔ گ

نگ (نگ) (ف) مذکر۔ نگینہ۔ نگین۔ انگوٹھی میں جڑنے کا قیمتی پتھر (س) پہاڑ۔ کوہ۔ پربت۔ جبل ۔

نگ جڑنا (ہ) نگینہ جڑاؤ کرنا۔ نگینہ بٹھانا ۔

نگ کی چوڑیاں (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی چوڑیاں جن میں نگ جڑے ہوئے ہیں ۔

نگار (نِگار) (ف) مذکر (۱) نقش (۲) بُت۔ مورت۔ مورتی (۳) خوبصورت۔ معشوق۔ محبوب (۴) وہ نقش جو مہندی سے عورتیں اپنے ہاتھوں پر بنالیتی ہیں (۵) زیبائش۔ آرائش۔ زینت ۔

نگارخانہ (ف) مذکر۔ تصویرخانہ۔ تصویروں سے سجا مکان ۔

نگارِ عالم (ف) (ع) مذکر۔ دنیا میں سب سے خوبصورت۔ بہت خوش وضع ۔

نگارش (ف) مؤنث (۱) تحریر۔ لکھنا (۲) نقشہ کشی ۔

نگارین (ف) (۱) مہندی لگا ہوا (۲) (مجازاً) معشوق۔ دلبر۔ محبوب ۔

نگالی (نگا۔ لی) (ہ) مؤنث (۱) حقّے کا وہ حصّہ جس میں مہنال لگاتے ہیں (۲) کیچا بنانے کی سنّی (۳) چھوٹا پیچوان ۔

نگاہ (نِگاہ) (ف) مؤنث (۱) نظر۔ چتون (۲) دید۔ بصارت (۳) آنکھ۔ چشم (۴) شناخت۔ پرکھ۔ مداخلت (۵) توجّہ۔ التفات۔ عنایت۔ مہربانی (۶) نظارہ۔ دید (۷) نگرانی۔ خبرداری۔ رکھوالی۔ چوکسی۔ نظربندی (۸) اُمید۔ بھروسا۔ خیال ۔

نگاہ اٹھا کر نہ دیکھنا (ہ) خیال میں نہ لانا۔ مغرور ہونا۔ با

شا پوچھنا - بے رُخی کرنا ؛
نگاہ اونچی ہونا (۱) بلند خیال ہونا - عالی حوصلہ ہونا ؛
نگاہ بان - نگاہبان (ف) مذکر - چوکیدار - پاسبان سنتری - پہرے دار - خبر رکھنے والا ؛
نگاہ بانی - نگاہبانی (ف) مؤنث - حفاظت - پاسبانی - نگرانی - چوکیداری ؛
نگاہ بانی (نگاہبانی) کرنا (۱) محافظت کرنا - نگرانی کرنا - پاسبانی کرنا - چوکیداری کرنا ؛
نگاہ پڑنا (۱) نظر پڑنا - دیکھنے میں آنا - دیکھا جانا ؛
نگاہ پھرنا (۱) (۱) توجہ نہ رہنا - التفات نہ ہونا (۲) نظر کا اِدھر اُدھر دیکھنا ؛
نگاہ چرانا (۱) نظر سامنے نہ کرنا - آنکھ سے آنکھ نہ ملانا ؛
نگاہ چڑھنا (۱) نظر چڑھنا - خاطر میں آنا - نظر میں سمانا ؛
نگاہ داشت (ف) مؤنث - حفاظت - نگرانی - چوکسی - ہوشیاری ؛
نگاہ رکھنا (۱) (۱) نظر رکھنا - توجہ رکھنا (۲) خیال رکھنا دیکھتے رہنا - شناخت رکھنا - پہچان رکھنا ؛
نگاہ کرنا (۱) (۱) دیکھنا - ملاحظہ کرنا - نظر کرنا (۲) سوچنا - خیال کرنا (۳) اندازہ کرنا - جانچنا - رکھنا ؛
نگاہ لڑانا (۱) آنکھیں لڑانا - نظر بازی کرنا - محبت آمیز نگاہوں سے دیکھنا - آنکھ سے آنکھ ملانا ؛
نگاہ لڑنا (۱) آنکھ سے آنکھ ملنا ؛
نگاہ ملنا (۱) نظر ملنا - دو چار ہونا - آنکھ لڑنا - سامنا ہونا ؛
نگاہ ناز (ف) مؤنث - معشوقانہ نظر - ناز و انداز کی نظر ؛
نگاہ نہ ٹھہرنا (۱) کسی صاف یا شفاف چیز پر نگاہ نہ ٹھہرنا - نظر نہ جمنا - نظر نہ ٹھہرنا ؛
نگاہوں (۱) مؤنث - نگاہ کی جمع ؛
نگاہوں پر چڑھنا (۱) نظروں میں کھبنا - نظروں میں جچنا ؛
نگاہیں (۱) مؤنث - نگاہ کی جمع - نظریں ؛
نگاہیں پھرنا (۱) توجہ نہ رہنا - نگاہیں بدلنا ؛
نگاہ بھر کر دیکھنا (۱) غور سے دیکھنا - اچھی طرح دیکھنا - بھرپور [illegible]
[illegible] دیکھنا [illegible]
[illegible] پھیلنا -

نگر (نَگَر) (ہ) مذکر (گنوار) شہر - بلدہ - قصبہ ؛
نگر (نِگَر - گَر) (ہ) بھاری - ٹھوس - سخت - وزنی - پکا - مضبوط - بھرا ہوا ؛
نگراں (نِگَراں) (ف) مذکر - دیکھنے والا - ناظر - نگہبان - محافظ - پاسبان ؛
نگرانی (نِگَرانی) (ف) مؤنث (۱) دیکھ بھال - نگہبانی (۲) حراست (۳) حفاظت (۴) اہتمام - انتظام ؛
نگلا (نَگ - لا) (ہ) مذکر - چھوٹی بستی - گاؤں کی آبادی کا ایک حصہ ؛
نگلانا (نِگ - لا - نا) (ہ) نگلنا کا متعدی ؛
نگلنا (نِگَل - نا) (ہ) (۱) حلق سے اُتارنا (۲) کھانا - ٹھونسنا - (۳) غبن کرنا - تغلب کرنا ؛
نگم (نِگَم) (س) مذکر (ہندو) (۱) آسمانی کتاب (۲) پاک مقدس (۳) عارف - ولی - صاحب دل ؛
نگند (نگند) (ہ) مذکر (۱) ایک بوٹی جو مصفی خون ہوتی ہے (۲) نگندنا کا امر ؛
نگندنا (۱) (ہندو) نگندے ملی لینا - لمبے ٹانکے لگانا - سینا ؛
نگندہ (ف) مذکر (۱) لغوی معنی بخیہ (۲) رضائی یا لحاف وغیرہ میں دور دور سیون ملی لینا کہ روئی نہ نکلے ؛
نگندے (۱) مذکر - نگندہ کی جمع - سیون - بخیہ ؛
نگندے ڈالنا (۱) روئی دار چیز میں لمبے لمبے ٹانکے بھرنا ؛
نگوڑا (نِگو - ڑا) (ہ) مذکر (ع) (۱) لنگڑا - اپاہج - نکما - ناکارہ (۳) کم بخت - بد قسمت (۴) منحوس (۵) ناشاد - نامراد - اُجڑا (۶) محتاج - دست نگر (۷) اکیلا - تنہا ؛
نگوڑا ناٹھا (ہ) مذکر (ع) وہ شخص جس کا آگا پیچھا کوئی نہ ہو - بے زن و فرزند - بے وارثا - بے اولاد ؛
نگوڑی (ہ) مؤنث - نگوڑا کی تانیث ؛
نگوڑی ناٹھی (ہ) مؤنث - بیکس و بے اولاد عورت ؛
نگوں (نِگُوں) (ف) خمیدہ - اوندھا لٹکا ہوا - اُلٹا - واژگوں ؛
نگوں بخت (ف) مذکر - بد نصیب - بد قسمت ؛
نگوں ہمت (ف ع) مذکر - بے ہمت - دُون ہمت ؛
نگہ (نِگَہ) (ف) مذکر - نگاہ کا مخفف - نظر - چتون ؛
نگہبان (ف) مذکر - دیکھو "نگاہبان" ؛
نگہبانی (ف) مؤنث - دیکھو "نگاہبانی" ؛
نگہت (نَک - ہَت) (ع) مؤنث (دیکھو نکہت) ؛

نگھرا (نگھرا) (ہ) بے گھر ۔ خانہ بدوش ۔

نگینہ (نگی ۔ نہ) (ف ، مذکر (۱) نگ ۔ قیمتی پتھر ۔ نگین ۔ جواہر ۔ جواہرات (۲) چسپاں ۔ موزون ۔ ٹھیک بیٹھا ہوا (۳) ہندوستان کا ایک شہر (۴) کانچ کا بنا ہوا نگ ۔

نگینہ جڑنا (۱) انگوٹھی میں نگ نصب کرنا ۔

نگینہ کی چوڑیاں (ہ) مؤنث ۔ جمع ۔ ایک قسم کی عمدہ چوڑیاں جن میں چھوٹے یا بڑے نگ جڑے ہوتے ہیں ۔

نگینہ ساز ۔ یا ۔ نگینہ گر (ف ، مذکر ۔ قیمتی پتھروں کو تراشنے والا ۔ جواہرات کو تراش کر بنانے والا ۔

ن ۔ ل

نل (نَل) (ہ ، مذکر (۱) موٹی نلی ۔ اندر سے کھوکھلی اور لمبی چیز (۲) نال ۔ بانس کا نلوا (۳) نرسل ۔ سرکنڈا ۔

نل کھوپچا (ہ ، مذکر ۔ سرکنڈیں لگا کر چڑیاں پکڑنے کی بڑی چھڑ ۔

نلا (نَلا) (ہ ، مذکر (۱) پیشاب کی نالی ۔ عورت کی ناڑی (۲) پیٹ کا پٹھا (۳) (ہندو) پاؤں کی ایک ہڈی ۔

نلانا (نَلا ۔ نا) (ہ) کھیت سے گھاس پھوس صاف کرنا ۔

نلائی (ہ ، مؤنث (۱) کھیت نلانے کی اُجرت (۲) نلانے کا کام ۔ صفائی ۔

نلجّا (نَلَج ۔ جا) (ہ (ہندو) بے شرم ۔ بے غیرت ۔ بے حیا ۔

نلوا (نَل ۔ وا) (ہ) (۱) مذکر ۔ نل کی تصغیر ۔ چھوٹا سا نل (۲) کاغذات وغیرہ رکھنے کے لئے ٹین یا پیتل کا بنا ہوا نل ۔

نلوانا (ہ) کھیت کی صفائی کرانا ۔

نلوائی (ہ) مؤنث ۔ نلوانے کی اُجرت ۔

نلوں (ہ) مذکر ۔ نلا کی جمع ۔ بہت سے نل ۔

نلوہ (نَل ۔ وَہ) (ہ ، (۱) بے لوث ۔ خالص ۔ صاف (۲) کھرے کھرے (۳) مفت ۔ زر نقد (۴) بے مشقت ۔

نلوہ جانا ۔ یا ۔ چلا جانا (ہ) صاف چلا جانا ۔ بے لاگ جانا ۔

نلی (ہ) مؤنث ۔ نے ۔ نال ۔ پنڈلی کی ہڈی (۲) جلاہے کی نال (۳) بندوق کی نالی ۔

نلے (ہ) مذکر ۔ نلا کی جمع ۔

نلے ٹل جانا (ہ) ناف سرک جانا ۔ بیکل ہو جانا ۔

نلیا (ہ) مذکر ۔ پدرب (۱) چڑی مار ۔ میلا (۲) مؤنث ۔ نال کی تصغیر ۔ چھوٹی نلی ۔

ن ۔ م

نم (نَم) (ف ، مذکر (۱) گیلا پن ۔ رطوبت ۔ سیل ۔ ستری (۲) تر ۔ گیلا ۔ مرطوب (۳) طراوت ۔

نم خوردہ ۔ دیدہ ۔ یا ۔ رسیدہ (ف) سیلا ہوا ۔

نم گیرہ (نمگیرہ) (ف ، مذکر (۱) وہ کپڑا جو اوس کی نمی سے محفوظ رہنے کے لئے پلنگ پر چھت گیری کی طرح لگا دیتے ہیں (۲) (مجازاً) شامیانہ ترپال ۔ سائبان ۔

نم ناک (ف) تر ۔ گیلا ۔ بھیگا ہوا ۔ مرطوب ۔

نما (نُما) (ف) (۱) دکھانے والا ۔ ظاہر کرنے والا ۔ نمایاں کرنے والا (مرکبات میں) (۲) مانند ۔ مثل ۔

نماز (نَماز) (ف ، مؤنث (۱) نیاز ۔ عاجزی ۔ انکسار (۲) خدمت ٹہل (۳) سجدہ ۔ جبہ سائی (۴) اہل اسلام کی عبادت ۔ صلوٰۃ (۵) پوجا ۔ عبادت ۔

نمازِ استسقاء (ف ۔ ع) مؤنث ۔ وہ نماز جس میں مینہ کے لئے دعا مانگی جائے ۔

نماز پڑھنا (۱) فرض پڑھنا ۔ خدا کی بندگی کرنا ۔ صلوٰۃ ادا کرنا ۔

نماز پنجگانہ (ف) مؤنث ۔ پنج وقتی نماز ۔ پانچوں وقت کی نماز ۔

نماز پیشیں ۔ یا ۔ پیشین (ف) مؤنث ۔ دن کی نماز تیسرے پہر کی نماز ۔ ظہر کی نماز ۔

نماز جنازہ (ف ۔ ع) مؤنث ۔ وہ نماز جو مُردے کی لاش پر کھڑے کھڑے ہی پڑھتے ہیں ۔

نمازِ خسوف (ف ۔ ع) مؤنث ، وہ نماز جو چاندگہن کے وقت پڑھتے ہیں ۔

نماز خفتن (ف) مؤنث ۔ سوتے وقت کی نماز ۔ عشاء کی نماز ۔

نماز دیگر (ف) مؤنث ۔ عصر کی نماز ۔ ظہر کے بعد کی نماز ۔

نماز شام (ف) مؤنث ۔ مغرب کی نماز ۔ شام کی نماز ۔

نماز عید (ف ۔ ع) مؤنث ۔ وہ نماز جو عید کے دن عیدگاہ میں ادا کی جائے ۔

نمازِ قصر (ف۔ع) مؤنث۔ وہ مختصر نماز جو حالتِ سفر میں کم کر کے پڑھی جاتی ہے ۔
نمازِ کسوف (ف۔ع) مؤنث۔ وہ نماز جو سورج گہن کے وقت سورج کی مشکل آسان ہونے کے لئے پڑھی جاتی ہے ۔
نماز کو گئے روزے گلے پڑے (۱) (کہاوت) ایک کام سے پیچھا چھڑانا چاہا۔ دوسرا اور گلے پڑا۔ ایک آفت سے تو مر مر کے ہوا تھا جینا پڑ گئی اور یہ کیسی مرے اللہ نئی ۔
نمازی (ف) مذکر (۱) نماز پڑھنے والا (۲) پارسا۔ پرہیزگار ۔
نمازی کا لگا (۱) بدی کا بدلہ۔ فعلِ بد کی سزا۔ وہ بات جس کا کہیں نہ کہیں بدلہ مل کر رہے ۔
نمازی کپڑے (۱) مذکر۔ پاک کپڑے۔ ایسے کپڑے جن سے نماز پڑھ سکیں ۔
نماشام (ا۔ مؤنث) (ہندو) سرشام۔ جھٹ پٹے کا وقت۔ جب دونوں وقت ملتے ہوں ۔
نمام (نَم۔ مام) (ع۔ مذکر) غمّاز۔ چغل خور۔ اِدھر کی باتیں اُدھر کہنے والا ۔
نمامی (ع) مؤنث۔ غمّازی۔ چغل خوری ۔
نمانا (نِما۔ نا) (ہ) (ہندو) (۱) غریب۔ مسکین (۲) سیدھا سادہ (۳) شرمیلا۔ شرمگیں (۴) بزدل۔ ڈرپوک ۔
نمائندگی (ف) مؤنث (۱) دکھاوٹ (۲) قائم مقامی ۔
نمائندہ (ف) (۱) دیکھنے والا (۲) قائم مقام ۔
نمائی (ف) مؤنث۔ اظہار۔ ظہور۔ اعلان۔ اشاعت ۔
نمایاں (نُما۔ یاں) (ف) (۱) ظاہر۔ فاش۔ عیاں۔ کھلا۔ علانیہ۔ برملا۔ آشکارا (۲) مشہور۔ نامور۔ نکلا ہوا۔ ابھرا ہوا ۔
نمائش (نُما۔ اِش) (ف) مؤنث (۱) دکھاوا۔ ظہور۔ نمود ۔
نمائش گاہ (ف) مؤنث۔ وہ جگہ جہاں صنعت و حرفت کا میلا ہو۔ تماشا گاہ ۔
نمائشی (۱) دکھاوے کا۔ ظاہر میں اچھا ۔
نمبر (نَم۔ بَر) (انگریزی۔ NUMBER) (مذکر) (۱) تعداد (۲) درجہ (۳) باری۔ نوبت ۔
نمبری نالش (۱) مؤنث۔ باقاعدہ نالش ۔
نمِت (نِمت) (س) مذکر (۱) سبب۔ باعث۔ لئے۔ واسطے۔ کارن (۲) نصیب۔ حصہ۔ بھاگ (۳) مراد۔ منشا ۔
نمٹ۔ نمٹانا۔ نمٹا ہوا۔ نمٹنا۔ نمٹیرا (ہ) دیکھو نبٹ

وغیرہ ۔
نمچھا (نَم۔ چھا) (ہ) مذکر۔ جس کی مونچھیں نہ ہوں۔ نوجوان۔ گبرو ۔
نمد (نَمَد) (ف) مذکر۔ نمدہ۔ اون یا پشم کا بستر۔ ملائم بالوں کا بسترہ ۔
نمد پوش (ف) مذکر۔ کمل پوش۔ وہ شخص جو پشمینہ یا پوستین پہنے ۔
نمد زین (ف) مذکر۔ وہ نمد جو زین کے نیچے گھوڑے کی پشت پر ڈالتے ہیں ۔
نمدہ (نَم۔ دَہ) (۱) مذکر۔ نمد۔ وہ اونی کپڑا جو گھوڑوں پر ڈالتے ہیں ۔
نمدہ بندھ جانا (۱) دیوالہ نکل جانا۔ مفلس ہو جانا ۔
نمرود (نَم۔ رُود) (ف) مذکر (۱) ایک کافر بادشاہ جس نے حضرت ابراہیمؑ خلیل اللہ کو آگ میں ڈالا تھا اور وہ آگ خدا کے حکم سے گلزار ہو گئی تھی (۲) مجازاً کافر۔ ظالم۔ سخت ۔
نمستے (نَمَس۔ تے) (ہ) مذکر۔ بندگی۔ آداب۔ تسلیم۔ کورنش ۔
نمسکار (نَمَس۔ کار) (س) مؤنث (ہندو) ڈنڈوت۔ سجدہ۔ تسلیم۔ کورنش۔ بندگی ۔
نمسکار کرنا (ہ) سلام کرنا۔ بندگی کرنا۔ رام رام کرنا ۔
نمش (نِمَش) (۱) مؤنث۔ دودھ کا جھاگ جس میں مصری ڈال کر کھاتے ہیں ۔
نمط (نَمَط) (ع۔ مذکر) (۱) رنگین فرش یا بچھونا (۲) دستور۔ طور طریق۔ ڈھنگ۔ وضع قطع ۔
نمک (نَمَک) (ف) مذکر (۱) لون۔ نون۔ سالونا (۲) کھاری پن۔ ملاحت۔ شور۔ نمکینی (۳) سلونا پن (۴) مجازاً روزی۔ روزینہ۔ تنخواہ (۵) مجازاً سلونی چیز کا ذائقہ ۔
نمک بر جراحت (ف۔ع) زخم پر نمک چھڑکنے یعنی زیادہ دکھ دینے والا ۔
نمک بند (ف) مذکر۔ وہ زخم جس میں نمک بھر کر بند کر دیں ۔
نمک پاشی کرنا (۱) (۱) نمک چھڑکنا (۲) ستانا۔ جلانا۔ تکلیف دینا ۔
نمک پروردہ (ف) مذکر۔ خانہ زاد۔ نمک خوار۔ ملازم۔ نوکر۔ غلام ۔
نمک پھوٹ پھوٹ کر نکلنا (۱) (۱) سالا کھایا پیا پھوڑے پھنسیوں کی راہ نکلنا (۲) نمک حرامی کی سزا ملنا ۔

نمک چشی (۱) مؤنث (۱) نمک چکھنا ۔ نمک دیکھنا (۲) پہلے پہل بچے کو نمک چٹانے کی رسم (۳) ذائقہ ۔ لذت ۔ مزہ (۴) چاشنی ۔ چٹول ۔

نمک چشی کرنا (۱) (۱) کھانے کا آب و نمک دیکھنا (۲) بچے کو پہلے پہل نمک چکھانے کی رسم ادا کرنا (۳) لپکا لگنا ۔ چاٹتے جانا ۔

نمک چھڑکنا (۱) (۱) لون لگانا (۲) ستانا ۔ جلانا ۔ تنگ کرنا ۔

نمک چکھنا (۱) نمک کی کمی بیشی معلوم کرنا ۔ آب و نمک دیکھنا ۔

نمک حرام (ف ۔ ع) (۱) ناشکرا ۔ ناشکر گزار ۔ کافر نعمت (۲) وہ شخص جو نیکی کے عوض بدی کرے ۔ بیوفا ۔ بے مروت ۔ سرکش (۳) محسن کش ۔

نمک حرامی (۱) مؤنث ۔ ناشکری ۔ بے وفائی ۔ بے مروتی ۔ دغا بازی ۔ بغاوت ۔ حرام خوری ۔

نمک حلال (ف ۔ ع) احسان مند ۔ شکر گزار ۔ حق شناس ۔ آقا کا خیر خواہ ۔

نمک حلالی (۱) مؤنث ۔ خیر خواہی ۔ شکر گزاری ۔

نمک خوار (ف) مذکر ۔ غلام ۔ خانہ زاد ۔ نمک پروردہ ۔ ملازم ۔ نوکر ۔

نمک خوردن و نمکدان شکستن (ف) مثل جس سے کھانا اسی کو نقصان پہنچانا ۔ محسن کشی کرنا ۔

نمک دان (ف) مذکر ۔ نمک رکھنے کا برتن ۔ پسا ہوا نمک رکھنے کا ظرف ۔

نمک دانی (۱) مؤنث ۔ نمک رکھنے کا ظرف ۔

نمک زہر کر دینا (کرنا) (۱) کھانے میں نمک زیادہ ڈال دینا ۔

نمک سار (ف) مذکر ۔ (۱) نمک پیدا ہونے کی جگہ ۔ نمک کی کان (۲) نمکین ۔ سلونا ۔

نمک کا حق ادا کرنا (۱) وفاداری کرنا ۔ نمک حلالی کرنا ۔

نمک کا سہارا (۱) ذرا سا سہارا ۔ تھوڑا سا آسرا ۔

نمک کی کان (۱) مؤنث ۔ وہ پہاڑ کی کھوہ جس میں سے نمک نکلتا ہے ۔

نمک کی کنکری حرام ہونا (۱) (م) بالکل فاقے سے رہنا ۔

نمک کی مار پڑنا (۱) نمک حرامی کی سزا ملنا ۔ نمک پھوٹ پھوٹ کر نکلنا ۔

نمک مرچ چھڑکنا (۱) (۱) نمک مرچ ڈالنا (۲) بہت دکھ دینا ۔

نمک مرچ لگانا (۱) (۱) مزیدار بنانا ۔ چٹخارے دار بنانا (۲) مبالغہ کرنا ۔ بات بڑھا کر بیان کرنا ۔ چھیڑنا ۔ جلانا ۔ بھڑکانا ۔ اکسانا ۔

نمکولی (نم ۔ کو ۔ لی) (ہ) مؤنث ۔ نیم کا پھل ۔ نبولی ۔

نمکین (ف) منسوب بہ نمک (۱) سلونا ۔ نمک دار ۔ چٹ پٹا (۲) ملیح ۔ سانولا ۔ سلونا ۔ گندمی رنگ کا ۔ چرپرا ۔ تیز (۳) کھارا ۔ کھاری ۔ شور ۔

نمکینی (۱) ملاحت ۔ سلونا پن ۔

نمل (نَمَل) (ع) مؤنث (۱) چیونٹا ۔ چیونٹی (۲) قرآن مجید کی ایک سورت ۔

نمو (نُمُوّ) (ع) مذکر ۔ بڑھنا ۔ بالیدگی ۔ افزونی ۔ بیشی ۔ اُگنا ۔ بڑھاؤ ۔ روئیدگی ۔

نمود (نُمُود) (ف) مؤنث (۱) ابھار ۔ دکھاوا ۔ اظہار ۔ ظہور ۔ بالیدگی (۲) نشان ۔ آثار ۔ علامت ۔ قبر کا نشان ۔ ڈھیر (۳) ہستی ۔ وجود ۔ قیام ۔ کائنات ۔ پیدائش ۔ مخلوق (۴) شیخی ۔ لاف ۔ ڈینگ ۔ تعلّی (۵) شان و شوکت ۔ کرّوفر (۶) دید ۔ نظارہ ۔ درشن ۔ دیدار ۔ جلوہ ۔ ظہور ۔ تجلّی (۷) شہرت ۔ ناموری (۸) صورت شکل ۔ ہیئت ۔

نمودِ بے بود (ف) مؤنث ۔ ظاہری نمائش ۔

نمود کرنا (۱) (۱) ڈینگ مارنا ۔ شیخی کرنا (۲) شہرت پکڑنا ۔ مشہور ہونا ۔

نمود کھونا (۱) غرور توڑنا ۔ شیخی توڑنا ۔

نمود کی لینا (۱) دُور کی لینا ۔ ڈینگ مارنا ۔ اترانا ۔ شیخی بگھارنا ۔

نمود ہونا (۱) (۱) دکھائی دینا ۔ ابھرنا ۔ ظاہر ہونا ۔ ظہور ہونا ۔ اظہار ہونا (۲) وجود ہونا ۔ ہستی ہونا (۳) شہرت ہونا ۔ اعلان ہونا ۔ نام ہونا (۴) آثار قائم رہنا ۔ علامت یا نشان موجود ہونا (۵) شیخی ہونا ۔ ڈینگ ہونا (۶) چمکنا ۔ عزت ہونا ۔ فروغ ہونا ۔

نمودار (ف) ظاہر ۔ عیاں ۔ پرگٹ ۔ آشکارا ۔

نمودار ہونا (۱) نکلنا ۔ ظاہر ہونا ۔ سامنے آنا ۔ ظہور ہونا ۔ برآمد ہونا ۔

نمودی (۱) مشہور ۔ نامی ۔

نمودیا (۱) مذکر ۔ شان و شوکت دکھانے والا ۔ ڈینگیا ۔

شیخی خورا ؁

نمونہ (نُمُو۔نَہ) (ف۔ مذکّر) (۱) وہ چیز جو دکھانے کے لئے آئے (۲) نظیر۔ مثل۔ تمثیل (۳) نقشہ۔ نقل۔ قالب۔ سانچا۔ ڈول۔ قطع ؁

نمونیا (نمُو۔نِیا) (انگریزی۔ PNEUMONIA) (مذکّر) ذات الجنب۔ وہ مرض جس سے پھیپھڑا خراب ہو جاتا ہے ؁

نموہا (نمُو۔ہا) (ہ) مذکّر (۱) کم گو۔ کم سخن۔ چپ۔ خاموش (۲) (مجازاً) غریب ؁

نموہی (ہ) (۱) مؤنّث۔ نموہا کی تانیث ؁

نمی (نمی) (ف) مؤنّث۔ تری۔ رطوبت۔ گیلاپن ؁

نمیقہ (نمی۔قَہ) (ع) مذکّر۔ خط۔ نامہ۔ مرقومہ۔ نوشتہ ؁

ن - ن

نن (نَن) (انگریزی۔ NUN) مؤنّث۔ دنیا چھوڑ دینے والی عورت۔ راہبہ۔ وہ راہبہ جو اپنی زندگی یسوع مسیحؑ کی خدمت کے لیے وقف کر دیتی ہے۔ اور دنیا کے دھندوں سے قطع تعلق کر کے گرجے میں تجرّد کی زندگی بسر کرتی ہے ؁

ننّا (نَن۔نَا) (ہ) (۱) چھوٹا۔ خُرد۔ کم۔ ٹھنگنا۔ پستہ قد۔ ننھا (۲) بچہ۔ ناسمجھ (۳) نادان۔ بے وقوف (۴) (مجازاً) لاڈلا۔ پیارا ؁

ننّا کاتنا (ہ) (۱) باریک سُوت کا تنا (۲) بے حد کفایت چاہنا۔ حد درجہ کنجوس ہونا۔ تنگ دل اور بخیل ہونا ؁

ننّا مُنّا (ہ) بہت چھوٹا ؁

ننّانوے (نِن۔نا۔نَ۔وے) (ہ) نوے اور نو۔ نود و نہ۔ ایک کم سو۔ ۹۹ ؁

ننّانوے کے پھیر میں آنا۔ یا۔ پڑنا (ہ) روپیہ بڑھانے کی فکر میں پڑنا۔ لالچ کے سبب مصیبت میں پڑنا ؁

نناواں۔ ننانواں (نِنا۔واں۔ نِناں۔واں) (ہ) مذکّر۔ عموماً (۱) وہ چیز جس کا نام لینا اچھا نہ ہو (۲) ہیضے کی بیماری (۳) وہ شخص جس کا نام اس کی خسّت اور بدی کے سبب نہ لیں (۴) منہ کا چھالا ؁

ننّاوِیں۔ ننانویں (ہ) مؤنّث (ہ) (۱) وہ چیز جس کا نام لینا بُرا خیال کریں (۲) چڑیل۔ بھتنی (۳) کنجوس اور منحوس عورت ؁

نند (نَنَد) (ہ) مؤنّث۔ خاوند کی بہن ؁

نندا (نِن۔دا) (ہ) مؤنّث (۱) بُرائی۔ عیب۔ دوش۔ ہجو۔ بدی (۲) غیبت۔ بدگوئی ؁

نِندا کرنا (ہ) (۱) بدگوئی کرنا۔ غیبت کرنا۔ چغلی کھانا۔ (۲) عیب لگانا۔ الزام دھرنا ؁

نِنداسا (نِن۔دا۔سا) (ہ) (ہندی) خواب آلود۔ نیند سے بھرا ہوا ؁

نندولا (نَن۔ڈو۔لا) (ہ) مذکّر۔ ناند کی تصغیر۔ مٹّی کا کونڈا ؁

نندوئی (ہ) مذکّر۔ نند کا خاوند ؁

نِندیا (نِنڈ۔یا) (ہ) مؤنّث۔ نیند کی تصغیر۔ نوم۔ خواب ؁

ننسار۔ ننسال (نَن۔سا۔ نَن۔سال) (ہ) مؤنّث (ہندو) ننھیال ؁

ننگ (ننگ) (ف) مذکّر (۱) لحاظ۔ حیا۔ شرم۔ غیرت۔ لاج (۲) عیب (۳) رسوائی۔ ذلت۔ بدنامی ؁

ننگِ خاندان (ف) خاندان کو بدنام کرنے والا۔ باعث عار۔ خاندان کو بٹا لگانے والا ؁

ننگِ خلائق (مخلوق) (ف۔ ع) خلقت کی بدنامی کا باعث ؁

ننگ و نام (ناموس) (ف) مؤنّث (۱) لحاظ و شرم حیا و غیرت (۲) عزّت و حرمت (۳) عصمت و عفّت ؁

ننگ و ناموس کو خیرباد کہنا (ہ) عزّت کھونا ؁

ننگ و ناموس میں رخنہ ڈالنا (ہ) عزّت میں فرق ڈالنا۔ بے آبرو کرنا ؁

ننگ ہونا (ہ) شرم ہونا۔ عار ہونا ؁

ننگ (ننگ) (ہ) مذکّر (۱) ننگا۔ برہنہ۔ عُریاں (۲) لچّا۔ شہدا۔ بے حیا۔ بے شرم (۳) قلّاش۔ نہایت مفلس ؁

ننگ دھڑنگ (دھڑنگ) (ہ) (۱) بالکل برہنہ۔ ننگا۔ (۲) بے شرم۔ بے حیا (۳) قلّاش۔ مفلس ؁

ننگا (ہ) مذکّر (۱) برہنہ۔ عریاں (۲) مفلس (۳) بے عزّت۔ بے غیرت۔ بے حیا (۴) بے ہتھیار ؁

ننگا جھوری (ہ) مؤنّث۔ مزدوروں کی تلاشی جو کارخانوں میں لی جاتی ہے۔ تاکہ وہ کوئی چیز چرا کر نہ لے جائیں ؁

ننگا دھڑنگا (دھڑنگا) (ہ) مذکّر۔ بالکل ننگا۔ عریان و برہنہ ؁

ننگا کر دینا (کرنا) (ہ) (۱) برہنہ کرنا۔ کپڑے اتار لینا (۲) زیور اتار لینا۔ لوٹ لینا۔ کچھ نہ چھوڑنا ؁

ننگا کھڑا اجاڑ میں ہے کوئی کپڑا لے (ہ) (مثل)

مفلس کا کوئی کچھ نہیں کر سکتا ۔

ننگا مادرزاد (ص) بالکل برہنہ۔ ایسا ننگا جیسے ماں کے پیٹ سے پیدا ہوتا ہے ۔

ننگا پُچی (ا) مذکر۔ بے نام و ننگ۔ بے ننگ و ناموس۔ شہدا۔ بے اعتبار۔ جس کی ساکھ نہ ہو۔ غریب۔ مفلس ۔

ننگوں (ا) مذکر۔ ننگا کی جمع ۔

ننگوں کو بھوکوں نے لوٹ لیا (ف) (کہاوت) دونوں ایک جیسے رل گئے۔ بدمعاشوں نے بدمعاشوں کی خبر لی۔ چور کے گھر چور پڑ گئے ۔

ننگی (ص) مؤنث (۱) برہنہ۔ عریاں (۲) بے گہنے۔ بے زیور (۳) مفلس۔ قلاّش۔ نادار ۔

ننگی بُچی (ا) مؤنث (۱) وہ عورت جس کے پاس کپڑا لتّا اور گہنا وغیرہ نہ ہو (۲) مفلس۔ قلاّش (۳) بافیض بہت۔

ننگی تلوار (ا) مؤنث (۱) میان سے نکلی ہوئی تلوار۔ شمشیرِ برہنہ (۲) بے خوف۔ نڈر۔ آزاد۔ صاف گو ۔

ننگی دھڑنگی (ص) مؤنث۔ برہنہ۔ بالکل عریاں ۔

ننگی شمشیر (ا) مؤنث (۱) نڈر۔ بیباک۔ بے خوف۔ صاف گو (۲) وہ شخص جو گفتگو میں کچھ شرم نہ رکھے (۳) صاحبِ جلال۔ باجلال فقیر (۴) صاحبِ عصمت ۔

ننگی کیا نہائے گی کیا نچوڑے گی (ف) (مثل) مفلس کی کچھ حقیقت نہیں۔ غریب دل والا بھی ہو تو کیا خرچ کرے ۔

ننگے (ص) ننگا کی جمع ۔

ننگے پاؤں (ف) پاؤں سے ننگے۔ برہنہ پا۔ جوتی پہنے کے بغیر ۔

ننگے پاؤں ننگے سر (ف) (۱) سر و پا برہنہ (۲) سراسیمہ۔ پریشان حال ۔

ننھا (ننھ۔ نھا) (ص) دیکھو "ننّا" ۔

ننھیال (ننھ۔ یال) (ا) مؤنث۔ نانا کا گھر۔ ماں کے باپ کا گھر۔ نانی کا گھر ۔

ننّی (ص) مؤنث (۱) چھوٹی۔ خرد (۲) لڑکی۔ بالی (۳) ادنیٰ۔ کمینہ۔ ہیچ (۴) نادان۔ ناسمجھ۔ انجان۔ بے وقوف ۔

ننّی ذات (ا) مؤنث۔ ادنیٰ ذات۔ کمینہ ذات۔ شودر۔ ادنیٰ قوم کے لوگ ۔

ننّی کا (ص) ننّی کا جنا ہوا۔ نادان۔ بھولا۔ بے وقوف۔ احمق۔ ناتجربہ کار۔ اناڑی ۔

ننّی کا جنا (ص) مذکر۔ نہایت بھولا۔ ناتجربہ کار۔ مورکھ۔ نادان ۔

ننّے (ص) (۱) ننّا کی جمع۔ چھوٹے (۲) بعض کا نام بھی ہوتا ہے ۔

ننّے میاں (ا) مذکر (۱) چھوٹے میاں۔ چھوٹے آقا۔ (۲) عورتوں کا ایک فرضی ولی یا جن ۔

ننّے ننّے (ص) چھوٹے چھوٹے۔ نہایت خرد ۔

ن۔و

نو (نُو) (انگریزی۔ NO) نہیں۔ حرفِ نفی ۔

نو (نَو) (ص) ایک کم دس۔ نہ۔ ۹ ۔

نو باتیں چنوانا (ف) (عو) دلہن کی پہلی رخصتی کے وقت ایک رسم ادا کرنا جس میں عورتیں دولہا سے مصری کی نو ڈلیاں منہ سے اٹھوا کر کھلاتی ہیں ۔

نو تیرہ بائیس بتا دینا (ف) ٹال مٹول کر دینا۔ حیلہ حوالہ کر دینا۔ بہانہ بنا دینا ۔

نو تیرہی (ا) مؤنث۔ ایک قسم کا جوا جو پاسوں سے کھیلا جاتا ہے ۔

نو راترے (ا) مذکر۔ درگا دیوی کی پوجا کے نو دن ۔

نو رتن (ا) (۱) مذکر۔ نو جواہر۔ نو طرح کا جواہر (۲) ایک قسم کا جڑاؤ زیور جس میں نو نگ یا جواہر ہوتے ہیں۔ بازوبند (۳) اکبر بادشاہ کے دربار میں نو دانشمندوں کی جماعت ۔

نو سو چوہے کھا کے بلّی حج کو چلی (ف) (مثل) ساری عمر گناہ کر کے اخیر پارسا بن بیٹھے۔ سیکڑوں پاپ کما کر توبہ کی ۔

نو کھنڈ (ا) دنیا کے نو بڑے حصّے ۔

نو گرہ (ا) مذکر۔ نو ستاروں کی گردش۔ اُن کا اثر اور نام ۔

نو لکھا (ص) نو لاکھ روپے کی قیمت کا۔ بیش بہا۔ قیمتی ۔

نو لکھا ہار (ا) مذکر۔ نو لاکھ روپے کی قیمت کا ہار ۔

نو لکھا ہار پہنانا (ف) (مجازاً) خوش کر دینا۔ نہال کر دینا۔

نو ماسہ (ا) مذکر۔ وہ رسم جو نویں مہینے کے حمل میں ادا کی جاتی ہے ۔

نو مٹھی کا ارت ہے (ف) پورا احمق ہے ۔

نویں نہ تیرہ میں (ف) شمار سے باہر۔ گنتی سے باہر۔ کسی تعداد و قطار میں نہیں۔ کوئی ہستی نہیں۔ غریب کو کون پوچھتا ہے ۔

نو ندھ بارہ سِدھ ہو جانا (ف) (ہندو) مراد حاصل

ہو جانا - کام حسب منشا بن جانا - مالا مال ہو جانا ۔

نو نقد نہ تیرہ اُدھار (۱) قرض کے تیرہ سے نقد کے نو اچھے - اُدھار میں زیادہ نفع ہو - اور نقد میں کم تو نقد ہی بیچنا اچھا ہے ۔

نو (نَو) (ف) نیا - جدید - تازہ - ابھی کا ۔

نو آباد (ف) حال کا بسایا ہوا - ابھی کا آباد کیا ہوا (۲) تازہ بنائی ہوئی زمین - وہ زمین جسے ابھی توڑا گیا ہو ۔

نو آبادی (ف - مؤنث) نیا آباد کیا ہوا علاقہ یا ملک - کالونی ۔

نو آبادیات (ف - مؤنث) نو آبادی کی جمع ۔

نو آموز (ف - مذکر) (۱) شروع کرنے والا - سیکھنے والا - مبتدی (۲) اناڑی - ناآزمودہ کار - کچا ۔

نو باوہ (ف) مذکر (۱) نیا پودا - نیا میوہ - نیا درخت (۲) نئی چیز - طرفہ - تحفہ ۔

نو بنو (ف) تازہ بتازہ - ابھی کا

نو بہار (ف - مؤنث) (۱) بسنت رت کا شروع (۲) مجازاً بسنت - موسم بہار (۳) وہ شے جس پر نئی بہار ہو (۴) تازہ رونق ۔

نوجوان (ف) مذکر - نوعمر - نوخیز - گبرو - پٹھا جس کی ابھی ڈاڑھی نہ نکلی ہو ۔

نوجوانی (ف) مؤنث - عالم شباب - بلوغ - شباب ۔

نوچندہ (ف) مذکر - وہ دن جو چاند کے دوسرے روز واقع ہو ۔

نوچندی (ف) مؤنث (۱) چاند رات کی پہلی جمعرات (۲) میرٹھ کا ایک مشہور میلا ۔

نوخاستہ - یا - نوخیز (ف) نوجوان - خردسال - نوعمر

نو دولت (ف - ع) وہ شخص جسے تازہ دولت ملی ہو - نیا مالدار - کم ظرف اور کم حوصلہ دولت مند

نورس (ف) (۱) پکا ہوا نیا پھل - تازہ میوہ (۲) نوخیز - نوجوان - نوخاستہ ۔

نوروز (ف) مذکر - نیا دن - نیا روز - وہ دن جس سے نیا سال شروع ہوتا ہے ۔

نوشہ (ف) مذکر (۱) نوجوان بادشاہ (۲) دولہا - بنا (۳) مرزا غالب مرحوم کا لقب ۔

نوعمر (ف - ع) مذکر - نوجوان - نابالغ - کم سن ۔

نوگرفتار (ف) - دیکھو تازہ گرفتار - نیا پکڑا ہوا - نا بیت یافتہ - عاشق تازہ ۔

نومسلم (ف - ع) مذکر - نیا مسلمان - وہ شخص جس نے کسی دوسرے مذہب سے تازہ اسلام قبول کیا ہو ۔

نومشق (ف - ع) مذکر - نو آموز - ناتجربہ کار - اناڑی - مبتدی ۔

نونہال (ف) مذکر (۱) درخت کا نیا پودا (۲) نوخیز - نوعمر - نوجوان - گبرو ۔

نووارد (ف) مذکر - اجنبی - مسافر - تازہ وارد ۔

نوا (نَوا) (ف) مؤنث (۱) گمر - لے - راگ - سرود - نالہ - صدا - نغمہ - کوک (۲) روزی - خوراک - وظیفہ (۳) پابند - گرفتار - مبتلا (۴) فرزند - پوتا ۔

نوّاب (نَوّ - وَاب) (ع) مذکر (۱) حاکم - سردار - رئیس - عامل - عزت کا شاہی خطاب (۲) وائسرائے - نائب السلطنت (۳) (۴) فضول خرچ (۴) (۵) نو دولت - نیا امیر ۔

نواب بے ملک (ف - ع) مذکر - بغیر ملک و املاک کے نوابوں کا سا دماغ رکھنے والا - امیری کی شیخی مارنے والا - نو دولت ۔

نوابی (ع - ف) مؤنث - (۱) قائم مقامی - نظامت (۲) حکومت - ریاست (۳) امیری - دولت مندی (۴) (۱) فضول خرچی - اسراف (۵) نواب پنا (۶) (۷) بدنظمی - طوائف الملوکی ۔

نوابی ٹھاٹھ (ا) مذکر - امیرانہ ٹھاٹھ - رئیسانہ ساز و سامان - طمطراق ۔

نوابی کرنا (ا) (۱) امیرانہ طور سے رہنا (۲) فضول خرچی کرنا - عیش اڑانا ۔

نواح - نواحی (نَواح - نَوا - حِی) (ع) مؤنث - اطراف - جوانب - مضافات ۔

نوادر (نَوَا - دِر) (ع) مؤنث - نادر کی جمع - عجائب - غرائب - نادر چیزیں - عجیب اشیاء ۔

نوار - نواڑ (نَوار - نِواڑ) (ا) مؤنث - وہ موٹا اور چوڑا فیتہ جس سے پلنگ بنا جاتا ہے ۔

نواڑا (نوا - ڑا) (ہ) مذکر - چھوٹی ناؤ - بجرا ۔

نواڑا کھیلنا (ہ) چھوٹی ناؤ پر سوار ہو کر دریا کی سیر کرنا ۔

نوازش (نَوا - زِش) (ف) مؤنث - عنایت - بخشش - لطف - کرم - مہربانی ۔

نوازشات (ف، مذکر و مؤنث) نوازش کی جمع ۔

نوازش کرنا (۱) عنایت کرنا ۔ مہربانی کرنا ۔ مدد کرنا ۔ پرورش کرنا ۔

نوازش نامہ (ف، مذکر) عنایت نامہ ۔ مہربانی نامہ ۔ برابر والے کا خط ۔

نوازنا (نَوا زْ ۔ نا) (۱) پرورش کرنا ۔ پالنا پوسنا (۲) پیارا سمجھنا ۔ (۳) بخشنا ۔ انعام دینا (۴) سربلند کرنا ۔ عزت بخشنا ۔

نواس (نَواس) (ف) مذکر ۔ محل ۔ مکان ۔ گھر ۔ خانہ ۔ مقام ۔ مسکن ۔ حویلی ۔ ٹھکانا ۔

نواسہ (نَوا سَہ) (ف) مذکر ۔ بیٹی کا بیٹا ۔ دختر زادہ ۔

نواسی (۱) مؤنث ۔ بیٹی کی بیٹی ۔ دختر زادی ۔

نواسی (نَوا سی) (ہ) ایک کم نوّے ۔ ہشتاد و نُہ ۔ ۸۹ ۔

نواسیر (نَوا سِیر) (ع) مؤنث ۔ ناسور کی جمع (۱) وہ زخم جو اچھا نہ ہو (۲) وہ ناسور جو مقعد میں ہو جاتا ہے ۔

نواصب (نَوا صِب) (ع ۔ مذکر) خارجی فرقہ ۔

نوافذ (نَوا فِذ) (ع ۔ مذکر) وہ سوراخ یا اعضا جن سے نفس کو خوشی یا غم پہنچ سکے ۔ مثلاً منہ ۔ آنکھ ۔ کان ۔

نوافل (نَوا فِل) (ع ۔ مذکر) وہ رکعتیں جو سنّت اور فرض کے سوا زائد پڑھی جاتی ہیں ۔ نفل کی جمع ۔

نوال (نَوال) (ع) مؤنث ۔ بخشش ۔ عطا ۔ مہربانی ۔ عنایت ۔ احسان ۔

نوالہ (نِوا ۔ لَہ) (ف) (۱) مذکر ۔ لقمہ (۲) ذرا سی چیز ۔ لقمے کے برابر ۔

نوالہ کرنا (۱) لقمہ کرنا ۔ چٹ کر جانا ۔ کھا جانا ۔ ہڑپ کر جانا ۔

نوالہ مارنا (۱) کھانا ۔ نگلنا ۔ ہڑپ کرنا ۔

نوالہ نہ توڑنا (۱) کسی کام کی ابتدا نہ کرنا ۔

نوامیس (نَوا مِیس) (ع ۔ مذکر) ناموس کی جمع ۔

نوان (نَوان) (ہ) نو سے نسبت رکھنے والا ۔ نہم ۔ منسوب بہ ۹ ۔

نِوال (نِوال) (۱) (ہندی) نیچا ۔ خمیدہ ۔ جھکا ہوا ۔ (پنجابی نیواں) ۔

نوانا (ہ) (ہندی) جھکانا ۔ خمیدہ کرنا ۔ موڑنا ۔

نواہی (نَوا ہی) (ع ۔ مؤنث) نہی کی جمع ۔ ممنوعات ۔ غیر مباح اور ناجائز باتیں ۔

نوائب (نَوا ۔ اِب) (ع ۔ مذکر ۔ مؤنث) نائبہ کی جمع ۔ مصیبتیں ۔ حوادث ۔ حادثے ۔ تکلیفیں ۔ زحمتیں ۔

نوبت (نَو ۔ بَت) (ع ۔ مؤنث) (۱) باری ۔ کسی چیز کا وقت (۲) (ف) حالت ۔ درجہ ۔ کیفیت ۔ عالم ۔ (۳) (ف) نقارہ ۔ دھونسا ۔ باجہ ۔ دمامہ ۔ ڈنکا ۔ (۴) (ف) مہلت ۔ فرصت ۔ وقفہ (۵) (ف) موقع ۔ قابو (۶) (ع) مرتبہ ۔ مدّت ۔ وقت ۔ عرصہ ۔ سماں ۔ دفعہ (۷) (ف) نگہبانی ۔ چوکیداری ۔ نگرانی (۸) (ف) واقعہ ۔ سانحہ ۔ حادثہ ۔ مصیبت (۹) (ف) خیمہ ۔ ڈیرہ ۔ خرگاہ (۱۰) (ف) چوکی ۔ پہرہ ۔

نوبت آنا (۱) باری آنا ۔ نمبر آنا ۔

نوبت بجنا (۱) نقارہ بجنا ۔ (۲) خوشی ہونا ۔ شادیانہ بجنا ۔ (۳) شادی ہونا ۔ بیاہ ہونا ۔

نوبت بنوبت (ف) باری باری سے ۔ یکے بعد دیگرے ۔ ایک کے بعد ایک ۔

نوبت پہنچنا (۱) (۱) باری آنا ۔ موقع آنا (۲) حالت یا درجہ پہنچنا ۔

نوبت خانہ (ف ۔ مذکر) (۱) نقارخانہ (۲) شاہی محل کے ساتھ وہ مکان جہاں دمامہ اور دھونسا بجتا ہے ۔

نوبت کا بخار (۱) مذکر ۔ باری کا بخار ۔

نوبت کو پہنچنا (۱) حالت کو پہنچنا ۔ درجہ کو پہنچنا ۔ (۲) گت ہونا ۔

نوبت گاہ (ف ۔ مذکر) (۱) پہرے کی جگہ ۔ جیل خانہ ۔ حوالات (۲) نوبت خانہ ۔ نقارخانہ ۔

نوبتی (ف) (۱) نوبت کا ۔ باری کا بخار (۲) (۱) مذکر ۔ نوبت بجانے والا ۔ نقارچی (۳) پہرہ دار ۔ سنتری (۴) بڑا خیمہ (۵) شاہی باری دار ۔ دربان ۔

نوبل (نو ۔ بَل) (انگ ۔ NOBLE) (۱) شریف (۲) عمدہ (۳) عالی نفس (۴) فیاض ۔

نوبل پرائز (انگ ۔ NOBLE PRIZE) (مذکر) ایک انعام جو ہر سال یورپ میں سب سے اعلیٰ مصنف اور ماہر طبیعیات کو دیا جاتا ہے ۔

نوتا (نو ۔ تا) (ہ) مذکر ۔ گنوار (۱) نیوتا ۔ وہ نقدی جو بیاہ شادی میں صاحب خانہ کو بطور رسم دی جاتی ہے (۲) بلاوا ۔ طلبی ۔

نوتنا (نَوت ۔ نا) (ہ) بلاوا دینا ۔ مدعو کرنا ۔ بلا بھیجنا ۔

نوتنی (ہ) مؤنث ۔ وہ ضیافت جو شادی کی بابت نیوتا

دینے والوں کو دی جاتی ہے ۔

نوشتاری (نُوشتا ۔ ری) (ع ۔ ف) مذکر ۔ (۱) بلا یا ہنگامہ (۲) باطنی کے لوگ جو فدائی ہوتے کے طور پر کچھ دیتے ہیں ۔

نوٹ (نوٹ) (انگریزی ۔ NOTE) مذکر (۱) ہنڈی ۔ وہ سرکاری کاغذ جو سکّے کی بجائے کام دیتا ہے (۲) یادداشت ۔ پرچہ ۔ چٹھی ۔ رقعہ ۔ ہاتھ کا لکھا (۳) حاشیہ جو کسی کتاب پر چڑھایا جائے ۔ تفسیر ۔ تشریح (۴) دستاویز ۔ سند ۔ تمسک ۔

نوٹ بُک (انگریزی ۔ NOTE BOOK) مؤنث ۔ کتاب ۔ یادداشت ۔ بیاض ۔

نوٹ پیپر (انگریزی ۔ NOTE PAPER) مذکر ۔ چٹھی کا کاغذ ۔ خط لکھنے کا کاغذ ۔

نوٹ کرنا (۱) یادداشت میں لکھنا ۔

نوٹ لینا (۱) یادداشت میں لکھنا ۔ درج یادداشت کرنا ۔ ٹانکنا ۔

نوٹس (نوٹِس) (انگریزی NOTICE) مذکر ۔ اشتہار ۔ اعلان ۔

نوٹس دینا (۱) اطلاع دینا ۔

نوٹیفکیشن (نو ۔ ٹی ۔ فی ۔ کے ۔ شن) (انگریزی ۔ NOTIFI-CATION) مذکر ۔ خبر کا اعلان ۔

نوٹیفائیڈ ایریا (نو ۔ ٹی ۔ فا ۔ ئیڈ ۔ اے ۔ ریا) (انگریزی NOTIFIED AREA) (مذکر) مشتہرہ رقبہ ۔

نوج (نَوج) (۱) (ع) خدا نہ کرے ۔ ایسا نہ ہو ۔ مبادا ۔ خدانخواستہ ۔

نوچ (نُوچ) (۲) نوچنا کا امر ۔

نوچا ناچی (۲) مؤنث ۔ چھینا جھپٹی ۔ کھسوٹا کھسائی ۔

نوچ کھسوٹ (۲) مؤنث ۔ لوٹ مار ۔ دستبرد ۔ غارتگری ۔

نوچنا (۲) کھسوٹنا ۔ پنجہ مارنا ۔ کھرچنا (۲) مُونسنا ۔ لوٹنا ۔ مفلس بنانا ۔ ٹھگنا ۔

نوچنا کھسوٹنا (۲) لوٹنا ۔ مارنا ۔ پنجہ مارنا ۔ چھینا جھپٹی کرنا ۔

نوچی (نُوچی) (۲) مؤنث ۔ بازاری عورتوں کی لونڈی یا بیٹی جس سے وہ کسب کرا کے کھاتی ہیں ۔ کسبی عورت ۔

نُوح (ع) مذکر (۱) نوحہ کرنے والا ۔ رونے والا (۲) ایک مشہور پیغمبر ۔ طوفانِ نوح آپ ہی کے نام سے منسوب ہے ۔

نوحہ (نَو ۔ حَہ) (ع) مذکر (۱) ماتم (۲) مجازاً گریہ وزاری ۔ رونا پیٹنا ۔

نوحہ گر (ع ۔ ف) ماتم کرنے والا ۔ رونے والا ۔ مردے کا بیان کر کر کے رونے اور رلانے والا ۔

نوحہ گری (ع ۔ ف) مؤنث ۔ ماتم ۔ رونا پیٹنا ۔ گریہ وزاری ۔

نَوَد (نَوَد) (ف) نوّے ۔ دس کم سو ۔ ۹۰ ۔

نَودہ ۔ نودھا (نَودہ ۔ نَودھا) (۲) مذکر ۔ نیا پودا ۔ نیا لگایا ہوا باغ ۔

نُور (نُور) (ع) مذکر (۱) روشنی ۔ چمک ۔ تاب (۲) جلوہ ۔ تجلّی (۳) اُجالا ۔ چاندنی (۴) رونق ۔ روپ ۔ چہرے کی چمک دمک ۔

نُور العین (ع) مذکر ۔ آنکھوں کی روشنی ۔ نورِ چشم ۔ بیٹا ۔ لختِ جگر ۔

نُور باف (ع ۔ ف) مذکر ۔ جلاہا ۔ پارچہ باف ۔

نُور بافی (ع ۔ ف) مؤنث ۔ پارچہ بافی ۔ کپڑا بُننے کا کام ۔

نُور برسنا (۱) روشنی کا نمایاں ہونا ۔ چہرے پر رونق ہونا ۔

نُور جہاں (ع ۔ ف) مؤنث ۔ مرزا غیاث کی بیٹی مہرالنساء جو جہانگیر بادشاہ کی چہیتی ملکہ تھی ۔

نُورِ چشم | نُورِ دیدہ (ع ۔ ف) مذکر (۱) آنکھ کی روشنی ۔ (۲) بیٹا ۔ فرزند ۔

نُور چھانا (۱) ہر طرف نور ہی نور ہونا ۔

نُور چھٹکنا (۱) نور کا پھیلنا ۔

نُورِ ظہور کا وقت (۱) مذکر ۔ صبح صادق کا وقت ۔ علی الصبح ۔ پو پھٹے ۔

نُورِ ظہور کے تڑکے (۱) بہت سویرے ۔ اندھیرے منہ ۔ علی الصبح ۔

نُورٌ علیٰ نُور (ع) نور پر نور ۔ ایک سے ایک بڑھ کر ۔ کیا کہنا ہے ۔ سب سے بہتر اور اعلیٰ ۔

نُورِ عین (ع) مذکر ۔ آنکھوں کی روشنی ۔ نورِ چشم ۔ بیٹا ۔ فرزند ۔ نورِ چشم ۔

نُور کے تڑکے (۱) علی الصبح ۔ سورج نکلنے سے پہلے صبح ہی صبح ۔

نُور کے سانچے میں ڈھالنا (۱) نہایت حسین اور خوبصورت بنانا ۔

نُور کے سانچے میں ڈھلنا (۱) نہایت خوبصورت اور حسین ہونا ۔ سراپا نور ہونا ۔

نُورانی (ع) (۱) چمکیلا ۔ چمکدار ۔ منوّر ۔ روشن ۔ گورا ۔

جیسا (۲) روحانی۔ آسمانی۔ ملکوتی۔ ظہورت سے پاک ۔

نورانی چہرہ۔ یا۔ صورت (۱) پاکیزہ صورت۔ روپ والا چہرہ ۔

نورہ (نُو۔رَہ) (ع) مذکر۔ چونہ اور ہڑتال ۔

نوزدہ (نُو۔زَ۔دَہ) (ف) انیس۔ ایک کم بیس۔ ۱۹ ۔

نوش (نُوش) (ف) (۱) پی (۲) پینے والا۔ نوش کرنے والا ۔

نوش جان فرمانا۔ یا۔ کرنا (۱) کھانا تناول فرمانا ۔

نوشِ جاں ہو (۱) موافق ہو۔ راس آئے۔ سازگار ہو ۔

نوش دارو (ف) مؤنث (۱) تریاق۔ زہر مہرہ (۲) (مجازاً) شراب۔ مے۔ صہبا ۔

نوشابہ (نُو۔شَا۔بَہ) (ف) مذکر (۱) آب حیات۔ امرت کا پانی (۲) دارا کی بیٹی جو سکندر سے بیاہی گئی ۔

نوشادر (نُو۔شَا۔دَر) (ف) مذکر۔ ایک سفید رنگ کی کاری دوا جو ایک قسم کا کھار یا نمک ہے ۔

نوشت (نَوِشْت) (ف) مؤنث (۱) تحریر۔ کتاب۔ لکھائی۔ عبارت (۲) دستاویز۔ تمسک۔ خط۔ تحریری سند ۔

نوشت خواند (ف) مؤنث۔ لکھنا پڑھنا۔ لکھت پڑھت ۔

نوشت ہونا (۱) لکھت ہونا۔ دستاویز ہونا۔ تحریر ہونا ۔

نوشتہ (ف) مذکر (۱) لکھا ہوا۔ قلمی (۲) تحریری سند۔ تمسک (۳) تقدیر۔ سرنوشت ۔

نوشتۂ تقدیر (ف۔ع) مذکر (۱) قسمت کا لکھا۔ قسمت (۲) اللہ کی مرضی ۔

نوشتہ دینا (۱) تحریری اقرار دینا ۔

نوشتہ ہو جانا (۱) اقرار نامہ لکھا جانا ۔

نوشیروان (نُو۔شِیر۔وَان) (ف) مذکر۔ ایک مشہور عادل اور انصاف پسند بادشاہ جسے کسریٰ بھی کہتے ہیں ۔

نوشیں (ف) شیریں۔ میٹھا۔ شہد سا ۔

نوع (نَوْع) (ع) مؤنث (۱) قسم۔ جنس۔ بھانت (۲) وضع۔ طرح۔ طور۔ طرز۔ ڈھنگ۔ شکل۔ صورت ۔

نوعیت (ع) مؤنث (۱) قسم (۲) خصوصیت ۔

نوک (نُوک) (ف) مؤنث۔ انی۔ نیش۔ ڈنک۔ چونچ۔ منقار۔ سِرا (۲) (۱) وضعداری (۳) شیخی۔ دون۔ ڈینگ۔ چھیڑ۔ چھیڑ خانی۔ نیش زنی (۴) (۱) عزت۔ ناک (۵) (۱) آن۔ انداز ۔

نوک پلک (۱) مؤنث (۱) آنکھ۔ ناک (۲) آنکھ ناک کی موزونیت۔ بک سک ۔

نوک پلک سے درست (۱) ہر طرح درست۔ آراستہ پیراستہ۔ موزون ۔

نوک جھوک (جھونک) (۱) مؤنث (۱) آوازہ۔ آوازہ۔ طعنہ مہنہ۔ چھیڑ چھاڑ۔ چھیڑ خانی۔ نیش زنی۔ (۲) شیخی ۔

نوک دار (ف) نکیلا۔ انی دار ۔

نوک دُم بھاگنا (۱) دُم دبا کر بھاگنا۔ بے تحاشا بھاگنا ۔

نوک زبان (۱) مؤنث (۱) زبان کی نوک۔ زبان کا سرا (۲) ازبر۔ زبانی یاد ۔

نوکِ زبان کرنا زبانی یاد کرنا۔ حفظ کرنا ۔

نوکِ زبان (۱) زبانی یاد ہونا۔ حفظ ہونا ۔

نوک کی لینا (۱) ڈینگ کی لینا۔ نمود کی لینا۔ فخریہ دعویٰ کرنا (۲) قابلِ فخر کام کرنا۔ استادی کا کام کرنا۔ (۳) وضعداری نباہنا ۔

نوکا جھوکی (جھکی) (۱) مؤنث (۱) چھیڑ چھاڑ۔ طعن و تشنیع۔ آوازہ۔ توازہ (۲) شوخی شرارت ۔

نوکر (نَو۔کَر) (ف) مذکر۔ چاکر۔ ملازم۔ خدمت گار۔ خادم ۔

نوکر آگے چاکر۔ چاکر آگے نوکر (۱) اُس بہانہ جُو ملازم کی نسبت بولتے ہیں۔ جو اپنا کام دوسروں پر ڈالے اور دوسرا اوروں پر ۔

نوکر رکھنا (۱) ملازم رکھنا۔ پیشِ خدمت بنانا ۔

نوکرانی (۱) مؤنث۔ ملازمہ۔ خادمہ۔ ماما ۔

نوکر نوکر کے آگے چاکر چاکر کے آگے کوکر (۱) مثل، کوکر کے آگے بدش کا تار۔ چار یار چاروں بیکار) اس موقع پر بولتے ہیں۔ جب کسی امر کی بدانتظامی دور کرنے کے لیے نوکر رکھے جائیں۔ لیکن بدانتظامی کی اصلاح ہونے کے بجائے پہلے سے بھی زیادہ خرابی اور ابتری پھیل جائے ۔

نوکری (۱) مؤنث (۱) خدمت۔ ٹہل۔ خدمتگاری۔ ملازمت (۲) کام۔ دھندا۔ کاروبار (۳) تنخواہ۔ مشاہرہ ۔

نوکری ارنڈ کی جڑ ہے (۱) نوکری پر بھروسہ نہیں کرنا چاہیئے۔ کیونکہ جس طرح ارنڈ کی جڑ کمزور اور بودی ہوتی ہے۔ اسی طرح نوکری کو بھی کچھ قیام نہیں ؛

نوکری بر طرف۔ روزی ہر طرف (۱) انسان کو ملازمت سے موقوف ہونے پر پریشان نہ ہونا چاہیئے۔ ایک در بند ہزار در کھلتے ؛

نوکری بڑی کیمیا ہے (۱) نوکری کیمیا سے بہتر ہے سوتے جاگتے اٹھتے بیٹھتے تنخواہ چڑھتی رہتی ہے ؛

نوکری پیشہ (۱) مذکر۔ وہ شخص جس کا پیشہ ملازمت ہو نوکری کر کے کھانے والا ؛

نوکری خالہ جی کا گھر نہیں (۱) نوکری کوئی آسان کام نہیں۔ اس میں پابندی لازم ہے ؛

نوکری دینا (۱) فرض ملازمت ادا کرنا۔ ڈیوٹی دینا ؛

نوکری کرنا (۱) ملازمت کرنا۔ کام بجا لانا ؛

نوکری کی جڑ زبان پر ہے (۱) نوکری کا کوئی اعتبار اور بھروسہ نہیں ؛

نوگری = نَوگَری (مؤنث) گنوار بینچی۔ ہاتھوں کا ایک زیور ؛

نَوَل (نَوَل) (ہ) (۱) نیا۔ نوخیز۔ نوعمر (۲) دلربا (۳) نادر۔ کمیاب ؛

نوم (نَوم) (ع) مؤنث۔ نیند۔ خواب ؛

نومبر (نُوم۔ بَر) (انگریزی۔ NOVEMBER) (مذکر) انگریزی سال کا گیارھواں مہینہ ؛

نومی (نَو۔ می) (ہ) مؤنث۔ نویں۔ نہم۔ ہندی مہینے کی نویں تاریخ ؛

نومید (نَو۔ مید) (ف) نااُمید ؛

نومیدی (ف) مؤنث۔ نااُمیدی ؛

نون (نُون) (ہ) مذکر۔ نمک۔ لون ؛

نون (نُون) (ہ) مذکر۔ پنجاب کے راجپوتوں کی ایک گوت ؛

نون (نُون) (ع) مذکر۔ دیکھو "ن" ؛

نون غنّہ (ف) مذکر۔ غیر متحرک نون جو ناک میں بولا جائے اور خوب ظاہر نہ پڑھا جائے ؛

نون قطنی (ف) مذکر۔ وہ چھوٹا سا نون جو کسی تنوین والے حرف کے بعد کوئی ساکن یا مشدّد حرف آنے پر لکھ دیتے ہیں ؛

نون (نُون) (انگریزی۔ NOON) (مذکر) دوپہر۔ نیمروز۔ بارہ بجے ؛

نُونا (نُو۔ نا) (ہ) (۱) جھکنا۔ خمیدہ ہونا (۲) ٹیڑھا ہونا (۳) متواضع ہونا ؛

نُوناچماری (ہ) مؤنث۔ بنگالے کی ایک مشہور جادوگرنی ؛

نُونی (نُو۔ نی) (ہ) مؤنث۔ بچوں کا آلۂ تناسل ؛

نونی (نُو۔ نی) (ہ) مؤنث (۱) کچا گھی۔ مکھن۔ مسکہ (۲) کھار۔ شور ؛

نونی لگنا (ہ) کھار لگنا۔ دیواروں کی مٹی کا شوریت کے باعث جھڑنا ؛

نُونیا (ہ) مذکر (۱) نمک بنانے والا (۲) ایک قسم کا ساگ ؛

نوید (نَوِید) (ف) مؤنث (۱) خوشخبری۔ مژدہ۔ بشارت۔ سندیسا (۲) (۱) تقریب۔ شادی ؛

نویس (نَوِیس) (ف) لکھ ؛

نویسندہ (ف) مذکر (۱) لکھنے والا۔ محرر۔ منشی (۲) مؤلف۔ مصنف ؛

نویسندہ داند کہ در نامہ چیست (ف) مثل۔ لکھنے والا جانتا ہے کہ خط میں کیا ہے۔ کسی چیز کا بنانے والا اس کی تمام اچھائیوں اور برائیوں سے آگاہ ہوتا ہے ؛

نویسی (ف) مؤنث۔ لکھنے کا کام۔ محرری ؛

نَوِل (نَوِل) (ہ) مذکر (۱) بلاوا (۲) نیوتا ؛

نویلا (نَوے۔ لا) (ہ) (۱) نیا۔ تازہ۔ جدید۔ ایجاد کیا ہوا (۲) انوکھا۔ البیلا۔ بانکا۔ عجیب۔ جُدا۔ نرالا۔ سب سے الگ ؛

نویلی (نَوے۔ لی) (ہ) مؤنث (۱) نئی۔ انوکھی۔ نرالی (۲) البیلی۔ بانکی۔ ترچھی (۳) نوعمر۔ اچھوتی۔ کنواری (۴) اجنبی۔ انجان عورت ؛

ن۔ ہ

نہ (نَہ) (ف) نو۔ ایک کم دس۔ ۹ ؛

نہ (نَہ) (ہ) مذکر (ہندو) ناخن۔ وہ ہڈی جو انگلیوں کے آخیر سرے پر ہوتی ہے ؛

نہ (نَہ) (ف) حرف نفی۔ نہیں۔ نا۔ مت۔ لا ؛

نہ آؤ دیکھا نہ تاؤ (ہ) سوچے سمجھے بغیر۔ فوراً کام کر دیا ؛

نہ اِلّا الّذی نہ اَلّا الّذی۔ یا۔ نہ الّذی نہ الّذی (۱) (۱) نہ ادھر کا نہ ادھر کا (۲) مذبذب (۳) ناکارہ۔

بے مصرف۔

نہ ایک ہنستا بھلا نہ ایک روتا (۱) اکیلے نہ خوشی میں بھلا ہے نہ رنج میں۔ تنہائی کسی حالت میں بھی اچھی نہیں۔

نہ اینٹ ڈالئے نہ چھینٹ کھائیے (۱) نہ موری میں اینٹ ڈالو گے۔ نہ چھینٹ پڑے گی۔ نہ بُرا کہو۔ نہ بُرا سنو۔

نہ بانسی بچے نہ لتّا کھائے (۱) نہ زیادہ ہو گا۔ نہ ضائع جائے گا۔

نہ بولی نہ بولی۔ بولی تو ایک پتھر کھینچ مارا (۱) (ص) مغرور اور بدمزاج عورت کی نسبت بولتے ہیں کہ اوّل تو بولتی ہی نہیں۔ اور اگر بولی تو اس تُرش مزاجی سے بولی کہ گویا پتھر ہی کھینچ مارا۔

نہ پوچھو (۱) بیان سے باہر ہے۔ قابل بیان نہیں۔ (کیا کہنا ہے۔ مدح اور ذم دونوں کے لئے بولتے ہیں)۔

نہ ٹھوکنا (۱) خاطر میں نہ لانا۔ نہایت حقیر اور ذلیل سمجھنا۔

نہ جاڑے دھوپ نہ گرمی چھاؤں (۱) (مثل) (ص) خراب مکان یا جگہ۔

نہ جنتی نہ ڈھول بجتا (۱) بدآدمی کی نسبت کہتے ہیں کہ نہ اس کی ماں اُسے جنتی اور نہ اس قدر بدنامی اور رسوائی کی ڈونڈی پٹتی۔

نہ جینے کی شادی نہ مرنے کا غم (۱) (مثل) کسی بات کی پروا نہیں۔ کسی طرح کی اُمنگ باقی نہیں۔

نہ رہے مان نہ رہے منی آخر دنیا فنا فنی (۱) محاورہ۔ نہ آدمی کا غرور رہتا ہے نہ نخوت۔ ایک دن سب فنا ہو جاتے ہیں۔

نہ کتّا دیکھے گا نہ بھونکے گا (۱) نہ دشمن کے سامنے جائیں گے۔ نہ اس کے منہ سے کچھ سنیں گے۔

نہ گائے کے بچھڑا نہ گسائیں کے بھانڈا (۱) دونوں مفلس قلاش ہیں۔ نہ تو کچھ چیز ہی ہے۔ نہ اس کے رکھنے کا سامان۔

نہ گندی گلی جائے نہ کتّا کاٹے (۱) نہ بُروں کے پاس جائے نہ بدنامی اٹھائے۔

نہ گوہ میں اینٹ ڈالو نہ چھینٹ پڑے (۱) محاورہ۔ نہ بُروں کے منہ لگو۔ نہ گالیاں سنو۔

نہ لکھا نہ پڑھا (۱) ان پڑھ۔ بے علم۔

نہ لینا نہ دینا (۱) (۱) نہ فائدہ نہ نقصان (۲) کچھ حاصل نہیں (۳) کوئی تعلق نہیں۔

نہ ماے مرے نہ کالنے کٹے (۱) جو مصیبت کسی طرح دور نہ ہو۔ اس کی نسبت اور جو چیز نہایت مضبوط ہو۔ اس کے حق میں بولتے ہیں۔

نہ منہ میں دانت نہ پیٹ میں آنت (۱) نہایت بوڑھے کی نسبت بولتے ہیں۔

نہ میں کہوں تیری نہ تو کہہ میری (۱) نہ تم دوسروں پر الزام لگاؤ۔ نہ دوسرے تم پر الزام لگائیں۔ نہ تم کسی کا راز کھولو۔ نہ کوئی تمہارا بھید بتائے۔

نہ نام لیوا نہ پانی دیلوا (۱) تن تنہا۔ اکیلی جان۔ وہ شخص جس کے آگا پیچھا کوئی نہ ہو۔

نہ نگلے بنتی ہے نہ اُگلے (۱) دونوں طرح خرابی ہے۔ نہ کرتے ہی بن آتی ہے نہ چھوڑتے ہی۔

نہ نو من تیل ہو گا نہ رادھا ناچے گی (۱) (مثل) نہ اتنا سامان بہم پہنچے گا نہ یہ کام پورا ہو گا۔ کسی کام میں ایسی شرطیں لگانا۔ جن کا پورا ہونا ممکن نہ ہو۔

نہ ہڑ ہڑ نہ کھڑ کھڑ (ہ) (مثل) کوئی جھگڑا نہیں۔

نہ ہم کسی کے۔ نہ ہمارا کو (ہ) مثل۔ نہ ہمارا کسی سے تعلق ہے نہ کسی کا ہم سے (۲) نہ ہم کسی کے اچھے بُرے میں دخل دیتے ہیں۔ نہ ہم پر کچھ عذر آ سکتا ہے۔

نہاد (نِہَادْ) (ف) مؤنث (۱) اصل۔ بنیاد۔ جڑ۔ نیو (۲) پیدائش۔ خلقت۔ نسل (۳) باطن۔ دل۔ اندرونہ (۴) طینت۔ خصلت۔ سرشت۔ طبیعت۔ سبھاؤ۔

نہار (نِہَارْ) (ع) مذکر۔ روز۔ دن۔ یوم۔ صبح سے شام تک۔

نَہار (نَہَارْ) (ف) صبح سے نہ کھائے ہوئے۔ بھوکا۔
نِہار (نِہَارْ) (ا) } صبح کو کچھ دیر تک نہ کھانا۔

نہار توڑنا (۱) ناشتہ کرنا۔ صبح کو کچھ کھانا۔

نہار رہنا (۱) صبح سے بے کھائے رہنا۔ بھوکا رہنا۔

نہار منہ (۲) مذکر۔ وہ شخص جس نے صبح سے کچھ نہ کھایا ہو۔ بے کھائے۔ ناشتے کے بغیر۔

نہار منہ نام نہ لینا (۱) بے کھائے نام نہ لینا۔ ایسے منحوس یا کنجوس کی نسبت بولتے ہیں جس کا صبح ہی صبح نام لینے سے دن بھر فاقہ کرنا پڑتا ہے۔

نَہاری (ف) مؤنث (۱) نہار۔ تھوڑا سا کھانا جو صبح کو

کھاتے ہیں ۔ ناشتا ۔ حاضری ۔ چاشت (۲) ایک قسم کا شوربا اور سالن جو خمیری روٹی کے ساتھ کھاتے ہیں (۳) (۱) گڑ وغیرہ جو گھوڑوں کو کھلاتے ہیں (۴) (۵) خار دار لگام (۶) کانٹے والی دھار ۔

نہاری کھانا (ف) حاضری کھانا ۔ چاشت کے وقت طعام کھانا ۔

نہال (نِہَال) (ف) (۱) تازہ لگایا ہوا درخت (۲) توشک ۔ بستر ۔ گدّا (۳) شکار ۔ صید (۴) (مجازاً) مالا مال ۔ خوشحال ۔ بامراد ۔ کامیاب ۔ بے فکر ۔ خوش و خرّم ۔

نہال کر دینا ۔ یا ۔ کرنا (ف) (۱) مالا مال کر دینا یا کرنا ۔ بھلا چنگا بنا دینا ۔ بھر بھر کر دینا (۲) سیراب کرنا ۔ سرسبز و شاداب کرنا (۳) خوش کر دینا ۔ مراد پر پہنچانا ۔ کامیاب کرنا ۔

نہال نوخن (ف) مذکر ۔ وہ گھوڑا جس کی ایال کے بال نصف دائیں اور نصف بائیں طرف ہوں اسے منحوس خیال کیا گیا ہے ۔

نہال ہو جانا ۔ یا ۔ ہونا (ف) (۱) مالدار ہو جانا ۔ امیر بن جانا ۔ بے پروا ہو جانا ۔ دولت مند بن جانا ۔ (۲) خوش و خرّم ہونا ۔ مراد کو پہنچنا ۔ کامیاب ہونا (۳) سیراب ہونا ۔ تازگی حاصل کرنا ۔

نہالچہ (ف) مذکر (۱) چھوٹی توشک (۲) غالیچہ (۳) گدڑی (۴) بچّوں کا بچھونا ۔

نہالی (ف) مؤنث (۱) بستر (۲) توشک (۳) غالیچہ ۔ لحاف ۔ رضائی ۔

نہاں (نِہَاں) (ف) پوشیدہ ۔ چھپا ہوا ۔ مخفی پنہاں ۔ گپت ۔

نہان (نَہَان) (ہ) مذکر ۔ غسل ۔ اشنان ۔

نہانا (ہ) جسم کو پانی سے دھونا ۔ غسل کرنا ۔ اشنان کرنا ۔

نہانا (نَہانا) (ہ) دودھ دوہتے وقت گائے وغیرہ کی ٹانگیں باندھ دینا ۔

نہانی (ہ) مؤنث ۔ (ہندو) (عو) نہانے کی ضرورت ۔ احتلام ۔ حاجتِ غسل ۔

نہانی ہونا (ہ) (ہندو) (عو) (۱) نہانے کی حاجت ہونا ۔ احتلام ہونا ۔ نہانے کی ضرورت ہونا (۲) کپڑے آنا ۔

نہائی (نِہائی) (ہ) مؤنث ۔ اہرن ۔ سندان ۔ لوہا کوٹنے کا اوزار ۔

نہائی دھوئی پھسل پڑی (ہ) (عو) پوری طرح تیار ہو کر ارادہ موقوف کر دیا ۔

نہایت (نِہایَت) (ع) (۱) حد ۔ انتہا ۔ انجام ۔ انت ۔ آخر (۲) بے حد ۔ بے انتہا ۔ بہت ۔ بکثرت ۔

نہتّا (نِہَتّا) (ہ) بے ہتھیار ۔ غیر مسلح ۔ خالی ہاتھ ۔

نہتّا (نَہَتّا) (ہ) مذکر ۔ ناخن سے کوچنے کا نشان ۔ جانور کے پنجے کا نشان ۔

نہتّے (ہ) مذکر ۔ نہتّا کی جمع ۔

نہج (نَہج) (ع) مذکر (۱) سیدھا راستہ ۔ کشادہ راستہ (۲) ڈھب ۔ طریق ۔ طور ۔ ڈھنگ ۔ قاعدہ ۔

نہد شاخ پر میوہ سر بر زمیں (ف) (مثل) پھل سے بھری ہوئی ٹہنی زمین پر سر رکھ دیتی ہے ۔ باکمال آدمی انکسار اور خاکساری اختیار کرتا ہے ۔

نہر (نَہر) (ع) مؤنث ۔ دریا کی شاخ ۔ آب جو ۔ نالی ۔ نالا ۔ ندی ۔

نہر کاٹنا (ف) دریا سے نہر کاٹنا ۔ دریا سے شاخ نکالنا ۔

نہرنا ۔ نہڑنا (نَہَرنا ۔ نِہُڑنا) (ہ) (پوربی) جھکنا ۔ خمیدہ ہونا ۔ متواضع ہونا ۔

نہرنا (نَہرنا) (ہ) مذکر ۔ ناخن لینے کا آلہ ۔ ناخن گیر ۔

نہرو (نَہرُو) (ہ) مذکر ۔ رشتے کی بیماری ۔ وہ گول تاگا سا جو بدن میں سے نکلتا چلا آتا ہے ۔

نہری (ع) مؤنث ۔ وہ زمین جو نہر کے پانی سے سیراب کی جائے ۔

نہڑانا ۔ نہوڑانا (نِہُڑانا) (ہ) جھکانا ۔ خم کرنا ۔

نہڑنا (نِہُڑنا) (ہ) (۱) خم ہونا (۲) تعظیم کے لئے جھکنا ۔

نہضت (نَہضَت) (ع) مؤنث ۔ کوچ ۔ لدا لدی ۔ اٹھنا ۔ رخصت ہونا ۔

نہضت کرنا (ع) (۱) کوچ کرنا ۔ روانہ ہونا ۔

نہفتہ (نِہُفتَہ) (ف) پوشیدہ ۔ خفیہ ۔ چھپا ہوا ۔ مخفی ۔

نہلا (نَہلا) (ہ) مذکر ۔ تاش یا گنجفے کا وہ پتّا جس پر نو بندیاں ہوتی ہیں ۔

نہلا (نَہلا) (ہ) نہلانا کا امر ۔

نہلانا (ہ) (۱) غسل کرانا ۔ اشنان کرانا (۲) اتھونا (۳) مُردے کو غسل دینا ۔

نہلائی (ہ) مؤنث ۔ غسل کرائی ۔ نہلانے کی اجرت ۔

نہلسٹ (نِہِلِسٹ) (انگریزی۔ NIHILIST.) وہ فرقہ جو کسی بے قانون سلطنت کو نیست و نابود کرنا چاہے ۔

نہلوانا (ف) دیکھو (نہلانا) ۔

نہم (نُہُم) (ف) نو سے نسبت رکھنے والا ۔ نواں حصّہ ۔

نہنگ (نِہَنگ) (ف) مذکّر۔ (۱) مگرمچھ ۔ گھڑیال (۲) (مجازاً) تیغ ۔ تلوار (۳) (ا) تن تنہا ۔ آزاد ۔

نہنگِ اجل (ف ۔ ع) مذکّر۔ موت کا مگرمچھ (مجازاً) ملک الموت ۔ جمِ وُدت ۔ موت کا فرشتہ ۔

نہنگ لاڈلی (ہ) مؤنّث (۱) نری بھولی بھالی ۔ بالکل ناز پروردہ (۲) بالکل ابتر ۔

نہنگ (نِہَنگ) (ہ) (۱) ننگا ۔ برہنہ ۔ عریاں (۲) بے حیا ۔ بے شرم ۔ بے عزّت ۔

نہوت (نَہُوت) (ہ) مؤنّث ۔ لاچاری ۔ مفلسی ۔ تنگدستی ۔ تنگی ۔ غریبی ۔

نہورا ۔ نہوڑا (نہُو ۔ رَا ۔ نہُو ۔ ڑَا) (ہ) مذکّر (۱) منّت سماجت ۔ خوشامد درآمد ۔ عاجزی ۔ عجز و نیاز (۲) احسان رکھنا ۔ منّت رکھنا (۳) مکر ۔ مٹکو ۔

نہورا ماننا (ہ) (ہندو) احسان ماننا ۔ ممنون ہونا ۔ شکر گزار ہونا ۔

نہی (نَہِی) (ع) مؤنّث (۱) ممانعت ۔ منع کرنا ۔ روک ۔ امتناع (۲) وہ حکم جو کسی کو کوئی کام نہ کرنے کے لئے دیا جائے ۔

نہیب (نَہِیب) (ع) مذکّر ۔ خوف ۔ ڈر ۔ ترس ۔ بیم ۔ وحشت (۲) لوٹ ۔ غارت گری ۔

نہیں (نَہِیں) (ہ) مؤنّث ۔ کلمہ نفی (۱) انکار ۔ نہ ۔ نے ۔ لا ۔ نا ۔ نفی (۲) (حرف شرط) ورنہ ۔ وگرنہ ۔

نہیں تو (ہ) وگرنہ ۔ ورنہ ۔

نہیں سہی (ا) کچھ پروا نہیں ۔ کیا ڈر ہے ۔

نہیں کرنا (ہ) انکار کرنا ۔ ناکرنا ۔

ن - ء

نئی (نَئِی) (ہ ۔ مؤنّث) نیا کی تانیث ۔ جدیدہ ۔

نئی اوستھا (ہ) مؤنّث (ہندو) نو عمری ۔ کم سنی ۔ صغر سنی ۔ نابالغی ۔

نئی جوانی (ہ) مؤنّث ۔ نئی اوستھا ۔ نو عمری ۔ صغر سنی ۔ کم سنی ۔

نئی جوانی اور مانجھا ڈھیلا (ہ) (مثل) جو جوان ہو کر بھی چارپائی نہ کس سکے ۔ اس کی نسبت بولتے ہیں ۔ یعنی یہ جوانی اور یہ ایسی کم ہمتی ۔

نئی جوگن کاٹھ کی مندری (ہ) (مثل) نئے شوقین کی ہر چیز نرالی ہوتی ہے ۔

نئی روشنی (ا) مؤنّث ۔ نئی تہذیب ۔ زمانۂ حال کی شائستگی یا علوم و فنونِ جدیدہ ۔

نئی کہانی گڑ سے میٹھی (ہ) (مثل) نئی بات نہایت مرغوب اور دلپسند ہوتی ہے ۔

نئی نائن بانس کی نہرنی (ہ) (مثل) (طنزاً) نئے شوقین کی ہر بات نرالی ۔

نئی نویلی (ہ) مؤنّث (۱) ناتجربہ کار ۔ بھولی بھالی (۲) نئی بیاہی ۔ چند روز کی بیاہی نئی دلہن (۳) انوکھی ۔ نرالی ۔

نئی نویلی نیا ڈھنگ (ہ) (۱) نئے شوقین کی نئی نئی باتیں (۲) نرالی بیوی کے نرالے چھن ۔ انوکھی کے انوکھے ڈھنگ ۔

نئے (نَئے) (ہ) نیا (جدید) کی جمع ۔

نئے پیچ (ا) مذکّر ۔ جوان گھوڑا ۔ وہ گھوڑا جسے پانچواں برس شروع ہوا ہو ۔

نئے جنم سے (ہ) دوبارہ ۔ مر کر پھر سے ۔

نئے سر (سرے) سے (ہ) از سرِ نو ۔ شروع سے ۔ پھر سے ۔ دوبارہ ۔

نئے سرے سے جنم پانا (ہ) دوبارہ زندگی پانا ۔ مر کر بچنا ۔

نئے نواب آسمان پر دماغ (ا) اس نو دولت کی نسبت بولتے ہیں ۔ جو بہت غرور کرے ۔

نئے نو دام پرانے چھ دام (ا) تازہ مال زیادہ قیمت پاتا ہے ۔ نئی چیز کی ہمیشہ زیادہ قدر ہوتی ہے ۔

ن - ی

نی (نِی) (ہ) مؤنّث کی علامت جیسے اونٹ سے اونٹنی ۔

نی (نِی) (پ) (حرف ندا) اری ۔ اے ۔

نے (نَے) (ف) مؤنّث (۱) سرکنڈا (۲) بانسری (۳) حقّے کی نلی ۔

نے ستاں ۔ نیستاں (ف) مذکّر ۔ سرکنڈوں کا کھیت یا جنگل ۔

نے شکر ۔ نیشکر (ف) مذکّر ۔ گنّا ۔ ایکھ ۔ پونڈا ۔

نے۔ نِے (نئے۔ رنِے)، (ف)، (حرف نفی) نہ۔ نہیں ۔
نے (نِے)، (۲) فعل متعدی کی علامت جیسے میں نے کھانا کھایا ۔

نیا (نَیا)، (ص) (۱) انوکھا۔ نرالا۔ عجیب۔ طرفہ (۲) جدید۔ تازہ۔ ابھی کا۔ تربت (۳) نچان۔ اجنبی ۔

نیا بانکا تاڑ کی تلوار (۲)، (مثل) نئے حوصلے والے کی سب باتیں نرالی ہوتی ہیں۔ کم ظرف اپنا ظرف دکھائے بغیر نہیں رہتا ۔

نیا پرانا ہونا (۲) (ہندو)، نیا نہ رہنا۔ کسی کو آئے ہوئے راست گزر جانا (۲) نئے پن کی لذت نہ رہنا ۔

نیا پھل (۲)، مذکر۔ تازہ پھل۔ نورس۔ وہ پھل جو درخت سے پہلے پہل اترا ہو۔ یا وہ پھل جو ابھی چلا ہو ۔

نیا پھل دانت تلے دشمن پاؤں تلے (۱)، نیا پھل کھاتے وقت عورتیں یہ فقرہ اکثر زبان پر لاتی ہیں ۔

نیا حکیم دے اپنجم (۱) ناتجربہ کار سے نقصان ہی ہوتا ہے۔ نیم حکیم خطرۂ جان ۔

نیا خریدار (۱)، مذکر۔ نیا گاہک۔ تازہ خریدار ۔
نیا راگ لانا (۱) (۱) تازہ جھگڑا کھڑا کرنا۔ تازہ فتنہ اٹھانا (۲) کوئی عجیب یا انوکھی بات نکالنا ۔

نیا رنگ لانا (۱) (۱) کسی انوکھی اور عجیب بات کا ظہور ہونا۔ نئی بات ہونا۔ (۲) نیا جھگڑا نکالنا ۔

نیا فتنہ اٹھانا (۱)، نیا جھگڑا کھڑا کرنا۔ تازہ قیامت اٹھانا ۔

نیا کرنا (۲) نئی ترکاری یا پھل یا غلہ کھانا۔ موسم کی چیز پہلے پہل چکھنا ۔

نیا گل کھلانا (۱) تازہ فتنہ اٹھانا۔ نیا شگوفہ چھوڑنا انوکھی اور عجیب خبر اڑانا ۔

نیا مسلمان قصائی کی دکان (۱) جب کوئی شخص نیا مذہب اختیار کرتا ہے۔ تو اس کے اظہار کے لئے اس مذہب کی عام باتیں بغرض شہرت سب سے پیشتر عمل میں لاتا ہے ۔

نیا مُلّا مسجد کو دوڑ دوڑ جائے (۱)، (مثل) جب کوئی نئی بات سیکھتا ہے۔ تو ہر وقت اسی کو گاتا اور جتاتا پھرتا ہے ۔

نیا نو دن پرانا سو دن (۲)، (مثل) (۱) نئی چیز کی بھڑک چند روزہ ہوتی ہے۔ اور پرانی چیز مدت تک رہتی رہتی ہے (۲) نئے آدمی کی قدر چند ہی روزہ ہوتی ہے ۔

نیا نوکر ہرن مارتا ہے۔ یا نیا نوکر ہرن کے سینگ چیرتا ہے (۲) (مثل) نیا ملازم اپنے رسوخ کے لئے چند روز خوب ہی محنت سے کارگزاری دکھاتا ہے ۔

نیا نویلا (۲) (۱) ناتجربہ کار۔ نوخیز۔ نوعمر (۲) بانکا ترچھا جوان (۳) انوکھا آدمی ۔

نیا نیا راج ڈھب ڈھب باج (۲)، (مثل) نئی حکومت بہت اچھا انتظام کرتی ہے ۔

نیابت (نِیا۔ بَت)، (ع)، مؤنث (۱) قائم مقامی۔ نائب ہونا (۲) سفارت (۳) منیمی۔ ایجنٹی ۔

نیار (نِیاڑ)، (۲)، مذکر۔ چرپایوں کا چارہ۔ گھاس پات۔ پولی بھس۔ چری ۔

نیارا (نیا۔ رَا)، (۲) مذکر (۱) (گنوار) جدا۔ الگ۔ علیحدہ۔ (۲) مختلف۔ متفرق (۳) منتخب۔ چھانٹا ہوا۔ انتخاب کیا ہوا (۴) علاوہ۔ بجز۔ ماسوا ۔

نیارا رہنا (۲)، (گنوار) جدا رہنا۔ الگ رہنا۔ علیحدہ رہنا۔ ساتھ رہنا۔ دوسرے گھر میں رہنا ۔

نیاریا (نیا رِ۔ یا)، (۲)، (۱) خاک دھول میں سے چاندی سونا نکال کر الگ کرنے والا۔ مٹی دھو کر چاندی وغیرہ کے ذرے نکالنے والا (۲) بڑا ہوشیار۔ چالاک۔ نہایت چھان بین کرنے والا ۔

نیاز (نِیاز)، (ف) مؤنث۔ (۱) حاجت۔ احتیاج۔ آرزو تمنا۔ (۲) میل۔ خواہش۔ اظہار محبت (۳) انکسار۔ عاجزی۔ مسکینی (۴) پرشاد۔ تبرک۔ تحفۂ درویشاں (۵) (۱) دنیا (۶) (۱) نذر۔ بھینٹ۔ چڑھاوا (۷) (۱) منت۔ التجا (۸) (۱) مذکر۔ ملاقات۔ واقفیت۔ روشناسی ۔

نیاز پیدا کرنا (۱)، رہ و رسم پیدا کرنا ۔
نیاز حاصل کرنا (۱)، ملاقات حاصل کرنا۔ بزرگوں کی ملاقات حاصل کرنا۔ واقفیت بہم پہنچانا ۔

نیاز دلوانا (۱)، فاتحہ دلوانا۔ درود فاتحہ کرنا ۔
نیازِ رسول (ف۔ ع)، مؤنث، آنحضرتؐ کے نام کی فاتحہ ۔

نیاز کرنا (۱) (۱) نیاز دلانا۔ فاتحہ دلانا کسی بزرگ کے نام کا کھانا کرنا (۲) نذر کرنا۔ بھینٹ کرنا۔ قدم چڑھانا۔ نذر پکڑنا۔ قربان کرنا۔ صدقہ کرنا۔ نثار کرنا۔ دینا۔

حوالہ کرنا ۔

نیازمند (ف) (۱) حاجتمند۔ خواہشمند۔ محتاج (۲) آرزومند مشتاق (۳) مطیع۔ فرمانبردار۔ تابع۔ تکبردار (۴) غلام عاجز۔ مسکین (۵) غلام۔ خانہ زاد (۶) تواضع۔ فروتنی ۔

نیازمندی (ف) مؤنث (۱) حاجت۔ حاجتمندی محتاجی (۲) مفلسی۔ افلاس۔ تنگ دستی (۳) اطاعت۔ فرمانبرداری (۴) عاجزی۔ مسکینی۔ فروتنی تواضع (۵) غلامی۔ ملازمت۔ خدمت ۔

نیازا (نیا۔ زا) (ہ) مذکر۔ ڈنڈی۔ عضو تناسل۔ نامرد ۔

نیام (نِیَام) (ف) مذکر۔ تلوار وغیرہ کا میان ۔

نیام سے تلوار اُگل (نکل) پڑنا (۱) تلوار کا خود بخود میان سے باہر آنا ۔

نیاؤ (نیا۔ اُو) (ہ) مذکر (ہندو) انصاف۔ تصفیہ۔ فیصلہ ۔

نیاؤ سبھا (ہ) مؤنث (ہندو) عدالت۔ کچہری ۔

نیاؤ کرنا (ہ) مؤنث (ہندو) انصاف کرنا۔ فیصلہ کرنا۔ جھگڑا چکانا ۔

نیائے (نیا۔ یا) (س) مذکر۔ علم منطق۔ علم مناظرہ۔ علم دلیل ۔

نیائے شاستر (س) مذکر۔ ہندوؤں کی ایک مذہبی کتاب ہے ۔

نیائش (نیا۔ اِش) (ف) مؤنث (۱) نہایت عاجزی کے ساتھ خدا تعالےٰ کی تعریف (۲) دعا۔ گریہ زاری۔ وہ دعا جو بکمال زاری و تضرع کی جائے ۔

نیائک (س) مذکر۔ منطقی۔ معقولی ۔

نیب (نیْب) (ہ) مذکر۔ نیم کا درخت۔ ایک نہایت تلخ درخت ۔

نیبو (نی۔ بُو) (ہ) ایک قسم کا ترش پھل۔ لیموں۔ لیموں ۔

نیبو نچوڑ (ہ) مذکر۔ نیبو نچوڑنے والا (۲) بن بلایا مہمان طفیل۔ طفیلیا۔ خواہ مخواہ کا مہمان۔ مفت خورا ۔

نیپال (نے۔ پال) (ہ) مذکر۔ ایک مشہور آزاد ریاست جو ہندوستان کے شمال میں ہمالیہ پہاڑ پر واقع ہے۔ گورکھے اسی جگہ کے باشندے ہیں ۔

نیپچون (نیپ۔ چیُون) (انگ NEPTUNE) مذکر۔ نظام شمسی کا ایک سیارہ جسے اکتشاف گال نے ۲۳ ستمبر ۱۸۴۶ء کو بمقام برلن دریافت کیا ۔

نیّت (نی۔ یت) (ع) مؤنث (۱) ارادہ۔ قصد۔ عزم۔ مقصد (۲) دلی ارادہ۔ دلی منشا۔ منصوبہ۔ مطلب مراد۔ مدِنظر۔ بچار (۳) فرض (۴) عہد ۔

نیّت باندھنا (۱) اللہ اکبر کہ کر نماز شروع کرنا نماز میں مشغول ہو جانا (۲) ارادہ کرنا۔ منصوبہ کرنا (۳) احرام باندھنا ۔

نیّت بدل جانا (۱) ارادہ پھر جانا۔ منصوبہ ٹوٹ جانا۔ بدنیت ہو جانا ۔

نیّت بد ہونا (۱) نیک نیتی میں فرق آنا۔ ارادہ فاسد ہونا ۔

نیّت بھرنا (۱) دل بھرنا۔ سیر ہونا۔ جی بھرنا۔ سیر چشم ہونا ۔

نیّت ثابت رکھنا (۱) (۱) اپنے ارادے پر قائم اور وعدے پر مستقل رہنا (۲) ایمان ثابت رکھنا ۔

نیّت ثابت منزل آسان (۱) (مثل) جس کا ارادہ اور ایمان مضبوط ہو اس کا کام بھی نہایت آسان ہوتا ہے

نیّت کرنا (۱) (۱) ارادہ کرنا۔ عزم کرنا۔ مضبوط باندھنا۔ دل میں ٹھاننا (۲) احرام باندھنا (۳) عہد باندھنا۔

نیّت گیل برکت (۱) (مثل) (ہندو) برکت نیک نیتی کی ساتھی ہے ۔

نیّت لگی رہنا (۱) خیال لگا رہنا۔ دھیان رہنا ۔

نیّت میں فرق آنا (۱) دل کا ڈانواں ڈول رہنا۔ نیت بگڑنا۔ ناجائز طریقے سے فائدہ اٹھانے کو جی چاہنا ۔

نیّت ہونا (۱) پکا ارادہ ہونا۔ منشا یا منصوبہ بندھنا ۔

نیت۔ نیتی (نیِت۔ نی تِی) (ہ) مؤنث (۱) قاعدہ۔ دستور۔ آئین۔ ضابطہ۔ انتظام۔ قانون (۲) چال چلن۔ راہ و روش۔ طور طریقہ (۳) پالیسی۔ مصلحت نیتی۔ حکمت عملی ۔

نیت شاستر (ہ) مذکر۔ اصول اخلاقی۔ وہ کتاب جس میں علم اخلاق کا بیان ہو ۔

نیتر (نِی تر) (س) مذکر۔ آنکھ۔ نین۔ چشم۔ نین ۔

نیتی (نے۔ تی) (ہ) مؤنث (گنوار) دہی بلونے کی رسّی ۔

نیٹو (نے۔ ٹو) (انگریزی NATIVE) دیسی۔ ملک کا اصلی باشندہ ۔

نیج (نیج) (ہ) مذکر (گنوار) نیجو کا مخفف۔ رسّی ۔

نیجو (نی۔ جو) (ہ) مؤنث (گنوار) رسّی۔ رسن۔ ڈوری۔ پال

بھرنے کی رسّی۔ ریسمان ؛

نیچ (نیچ) (ص) (۱) ادنیٰ۔ کمینہ۔ رذیل۔ سفلہ۔ پاجی۔ کم ظرف (۲) پستی۔ نشیب۔ عمق (۳) نالائق۔ بے جوہر۔ (۴) شودر۔ خدمتی۔ ٹہلوا ؛

نیچ اُونچ (ء) مؤنث۔ اونچا نیچا۔ برائی بھلائی۔ نیکی بدی۔ نشیب و فراز ؛

نیچ ذات ۔یا۔ نیچ قوم (۱) مؤنث۔ ادنیٰ قوم کے لوگ۔ شودر۔ کمینے۔ خدمتی ؛

نیچ ذات ایک نہ ایک اُود ماد (۱) (مثل) کمینے سے ایک نہ ایک فساد ہوتا ہی رہتا ہے ؛

نیچ کمائی (ہ) مؤنث) وہ آمدنی جو کمینے کام کر کے حاصل کی جائے ؛

نیچا (ص) (۱) نشیب۔ پست (۲) عمیق۔ گہرا (۳) کوتاہ۔ ٹھنگنا (۴) کم۔ ادنیٰ۔ اوچھا۔ مدّھم۔ دھیما۔ نرم ؛

نیچا اونچا (ص) نشیب و فراز۔ اُتار چڑھاؤ ؛

نیچا اونچا دیکھنا (ف) (۱) نشیب و فراز دیکھنا۔ اُتار چڑھاؤ دیکھنا (۲) کسی چیز کو اوپر سے نیچے یا نیچے سے اوپر تک دیکھنا ؛

نیچا پڑنا (ف) (۱) دبنا۔ مغلوب ہونا (۲) عاجز ہونا۔ مطیع ہونا۔ (۳) اُبھار کم ہونا (۴) بیٹھنا۔ گرنا ؛

نیچا دکھانا (ف) (۱) زک دینا۔ مغلوب کرنا (۲) داغ لگانا۔ ذلیل کرنا (۳) شرمندہ کرنا (۴) فرود بٹھانا ؛

نیچا دیکھنا (ف) شرمندگی اٹھانا۔ شرمندہ ہونا (۲) شکست کھانا (۳) ذلیل ہونا ؛

نیچا کرنا (ف) مؤنث۔ (۱) جھکانا (۲) نیچے کی طرف کھینچنا ؛

نیچر (نے۔ چر) (انگریزی NATURE) مؤنث فطرت۔ خلقت۔ پیدائش (۲) دنیا۔ عالم۔ موجودات (۳) قدرت۔ قانون قدرت ؛

نیچرل (انگریزی۔ NATURAL) قدرتی۔ فطری ؛

نیچری (ا) مذکر۔ نیچر کو ماننے والا۔ قانون قدرت اور فطرت اللہ پر چلنے والا۔ نئی روشنی کا فرقہ ؛

نیچہ (نے۔ چہ) (ف) مذکر۔ حقّے کی نالی۔ حقّے کی دو نلیاں اکٹھی بندھی ہوئی ؛

نیچہ بند (ف) مذکر۔ نیچہ باندھنے والا۔ نیچہ بنانے والا ؛

نیچہ بندی (ا) مؤنث۔ نیچے باندھنے کا کام ؛

نیچے (ظ) (۱) نشیب میں۔ پستی میں (۲) تلے۔ زیر نگیں۔ (۳) ماتحت۔ زیر فرمان۔ نائب۔ اسسٹنٹ۔ مددگار (۴) مدّھم۔ دھیما (۵) کم۔ گھٹیل۔ ادنیٰ ؛

نیچے اوپر (۱) اوپر تلے۔ ایک پر ایک۔ ایک نیچے ایک اوپر۔ الٹ پلٹ۔ اُتھل پتھل ؛

نیچے اوپر ہو جانا (ف) تہ و بالا ہو جانا۔ الٹ پلٹ ہو جانا۔ اُتھل پتھل ہو جانا ؛

نیچے سُر (ف) مذکر۔ مدّھم سُر۔ نرم آواز ؛

نیچے سُروں (ف) آہستہ آواز سے ؛

نیچے سُروں سے گانا (ف) آہستہ آواز سے گانا۔ گنگنانا ؛

نیچے سے (ظ) (۱) تلے سے (۲) بنیاد سے ؛

نیچے سے اوپر تک (ظ) (۱) سر سے پاؤں تک (۲) اوّل سے آخر تک ؛

نیچے کا پاٹ بھاری ہے (ف) جو زور بردست اور غالب ہے۔ فرماں برداری نہیں کرتی ؛

نیچے کا دھڑ (ف) مذکر۔ بدن کا نچلا حصّہ ؛

نیچے کی سانس نیچے اور اوپر کی سانس اوپر رہ جانا (ف) ہکا بکا رہ جانا ؛

نیچے لانا (ف) پہلوانوں کی اصطلاح میں قابو کر لینا۔ کُشتی میں دبا لینا۔ پچھاڑنا۔ چت کرنا ؛

نیچی (ص) مؤنث (۱) پست۔ نشیب۔ نیچا کی تانیث (۲) ادنیٰ۔ رذیل۔ اوچھی۔ کمینی۔ (۳) ٹھٹیل۔ گھٹیا۔ (۴) تلے کی۔ زیرین ؛

نیچی نظر کرنا (ف) شرم یا لحاظ سے آنکھ اوپر نہ کرنا۔ منہ نہ اٹھانا۔ حیادار ہونا ؛

نیچی نظروں سے دیکھنا (ف) آنکھیں نیچی کر کے دیکھنا ؛

نیچی نظر ہونا (ف) (۱) آنکھ اونچی نہ ہونا۔ نظر اوپر نہ اٹھنا (۲) شرمندہ ہونا۔ لجانا (۳) ممنون ہونا۔ احسان مند ہونا ؛

نیچی نظریں ۔یا۔ نگاہیں (ف) مؤنث۔ شرمیلی آنکھیں۔ شرمگیں آنکھیں ؛

نیچی نیچی نظروں سے دیکھنا (ف) آنکھیں چرا کر دیکھنا۔ شرمائی ہوئی آنکھوں سے دیکھنا ؛

نیر (نیر) (س) مذکر۔ (۱) پانی۔ جل۔ آب۔ ماء (۲) دریا۔ سمندر۔ ندی۔ نالہ ؛

نیّر (نَیْ۔ یَر) (ع۔ مذکر) نہایت روشن ستارہ۔ بے حد چمکتا ہوا ستارہ ؛

نیّرِ اصغر (ع) مذکر۔ چاند۔ چندرما۔ ماہ۔ قمر ٭
نیّرِ اعظم (ع) مذکر۔ سب سے بڑا اور سب سے روشن ستارہ۔ آفتاب۔ سورج ٭
نیّرِ تاباں (ع۔ ف) (مذکر) سورج ٭
نیرنگ (نے۔ رنگ) (ف) مذکر (۱) مکر۔ فریب۔ حیلہ۔ دھوکا۔ دغا (۲) شعبدہ۔ جادو۔ سحر۔ طلسم (۳) چالاکی۔ (۴) عجائبات۔ (۵) ہر شے کا مادہ (۶) کسی تصویر کا خاکہ ٭
نیرنگِ خیال (ف۔ ع) (مذکر) خیال کا طلسم۔ خیال کی عجائب نمائی ٭
نیرنگِ زمانہ یا گردوں (ف) مذکر (۱) زمانے کا افسوں اور شعبدہ (۲) (مجازاً) انقلابِ روزگار ٭
نیرنگ ساز (ف) مذکر (۱) جادوگر۔ ساحر۔ شعبدہ باز۔ (۲) بازیگر (۳) مکار۔ دغا باز۔ فریبی ٭
نیرنگی (ف) (مؤنث) (۱) دغا بازی۔ فریب۔ مکاری (۲) عجائبات۔ جادوگری۔ طلسمات۔ شعبدہ بازی۔ (۳) چالاکی۔ عیاری (۴) متلون مزاجی (۵) تماشا۔ (۶) آرائش ٭
نیرنگیِ زمانہ (ف) مؤنث۔ دیکھو "نیرنگِ زمانہ" ٭
نیرنگیاں (ف) مؤنث۔ نیرنگی کی جمع (۱) چالاکیاں عیاریاں۔ (۲) طلسمات۔ شعبدہ بازیاں ٭
نیرو (نے۔ رُو۔ رَو) (ف) مذکر۔ طاقت ٭
نیّرین (ع) مذکر۔ دو نہایت روشن ستارے۔ چاند سورج۔ مہر و ماہ۔ آفتاب و ماہتاب ٭
نیڑے (نے۔ ڑے) (ہ) (۱) نزدیک۔ دھورے۔ قریب۔ پاس۔ متصل (۲) عنقریب۔ ابھی۔ تھوڑی دیر میں ٭
نیز (نیز) (ف) (حرفِ عطف) بھی۔ اور۔ دیگر۔ ہم ٭
نیزوں (نے۔ زوں) (ف) مذکر۔ نیزہ کی جمع حرفِ جار سے پہلے ٭
نیزوں پانی چڑھ جانا (ہ) طغیانی ہونا۔ چڑھائی بڑھ جانا ٭
نیزہ (نے۔ زہ) (ف) مذکر (۱) بھالا۔ سنان۔ نوک۔ انی (۲) بھالا۔ برچھا۔ برچھی۔ بلم (۳) نکٹ۔ نے۔ ایک قسم کا نرسل۔ قلم کی چھڑ ٭
نیزہ باز (ف) مذکر۔ بلم بردار۔ بھالے کے کرتب جاننے والا ٭
نیزہ بازی (ف) مؤنث۔ برچھا ہلانا۔ بلم کے داؤں پیچ ٭
نیزہ بردار (ف) بلم بردار۔ بھالا بردار
نیزہ ہلانا (ہ) برچھا یا بلم کا پھرانا ٭
نیساں (نے۔ ساں) (ف) مذکر۔ رومیوں کا مہینہ اور اس مہینے کی بارش۔ ہندی میں بیساکھ۔ انگریزی میں اپریل سے ملتا جلتا مہینہ ٭
نیست (نِیْسْت) (ف) (۱) خالی (۲) عدم۔ نابود۔ معدوم۔ فنا ٭
نیست کرنا (ہ) برباد کرنا۔ اُجاڑنا۔ نابود کرنا ٭
نیست و نابود کرنا (ہ) بیخ و بنیاد سے کھودنا۔ بالکل فنا کرنا ٭
نیست و نابود ہونا (ہ) خاک میں ملنا۔ فنا ہونا۔ ناپید ہونا۔ نام و نشان نہ رہنا ٭
نیستی (ف) مؤنث (۱) ناپید ہونا۔ فنا۔ عدم۔ معدومیت (۲) بطلان۔ ناس (۳) مفلسی۔ افلاس۔ ناداری۔ تنگ حالی (۴) نحوست۔ بدنصیبی۔ بداقبالی ٭
نیستی کا مارا (ہ) بدنصیب۔ بداقبال۔ منحوس۔ دلدری ٭
نیستی میں برخورداری (ہ) تنگ دستی میں اولاد ہونا جو باعثِ خرچ ہے ٭
نیش (نِیْش) (ف) مذکر (۱) نوک کی دھار یا تیزی۔ نوک۔ انی۔ (۲) ڈنک۔ خار۔ کانٹا ٭
نیش زنی (ف) مؤنث (۱) ڈنک مارنا (۲) بھانجی۔ برائی۔ بھانجی مارنا۔ کسی کے حق میں برائی کرنا ٭
نیشِ عقرب نہ از پئے کین است
مقتضائے طبیعتش این است (ف) (مقولہ) بچھو دشمنی کے باعث ڈنک نہیں مارتا بلکہ اس کی طبیعت کا تقاضا یہی ہے۔ اس شخص کی نسبت بولتے ہیں۔ جس کی فطرت ہی ایسی ہو کہ لوگوں کو تکلیف پہنچائے ٭
نیشتر (نیش۔ تر) (ف) مذکر۔ دیکھو نشتر ٭
نیشتر لگانا (ہ) (۱) نشتر مارنا (۲) نوک چبھونا۔ صدمہ دینا ٭
نیشن (نے۔ شن) (انگریزی۔ NATION) مؤنث۔ قوم ٭
نیشنل (انگریزی۔ NATIONAL) قومی ٭
نیشنل اسمبلی (انگریزی NATIONAL ASSEMBLY) (مؤنث) قومی مجلس۔ مجلس ملیہ ٭
نیشنلزم (انگریزی - NATIONALISM) مؤنث۔ قوم پسندی۔ قوم پرستی ٭

نیشنلسٹ (انگ۔ NATIONALIST) قوم پرست۔ وطن پرست
نیفہ (ی۔ فہ) (ف۔ مذکر) پاجامے کے گھیر کا وہ حصہ جس میں ازار بند رہتا ہے۔ ازار بند کا غلاف ❖
نیفے میں اڑسنا (نقدی یا کسی اور چیز کو نیفے میں رکھ کر لپیٹ لینا) ❖
نیک (ی۔ ک) (ف) (۱) بھلا۔ اچھا۔ خوب۔ عمدہ۔ نفیس (۲) سعید۔ سعادت مند۔ مسعود۔ سعد (۳) پارسا۔ بھگت۔ پرہیزگار۔ عابد۔ دیندار۔ پاک دامن (۴) رحم دل۔ خدا ترس (۵) خوش خصال (۶) شریف۔ شائستہ۔ مہذب۔ بھلا مانس۔ خوش چلن۔ خوش اطوار ❖
نیک اختر (ف) خوش نصیب۔ نیک بخت۔ بھاگوان۔ خوش طالع۔ خوش قسمت۔ اقبال مند ❖
نیک انجام (ف) (۱) وہ جس کا انجام بخیر ہو۔ وہ شخص جس کا آخیر وقت اچھا ہو (۲) خاتمہ بالخیر۔ عاقبت بخیر ❖
نیک اندیش (ف) خیر اندیش۔ بھلائی سوچنے والا۔ نیک بخت ❖
نیک بخت (ف) (۱) خوش نصیب۔ خوش قسمت۔ بھاگوان۔ بختاور۔ اقبال مند۔ نصیبے والا۔ (۲) پارسا۔ پرہیزگار۔ سیدھا۔ سچا (۳) سعادت مند۔ سپوت ❖
نیک بختی (ا) مؤنث (۱) سعادت مندی (۲) پرہیزگاری پارسائی (۳) بھلائی۔ بھلمنسائی
نیک چلن (ا) وہ شخص جس کا رویہ اچھا ہو۔ نیک بخت۔ بھلا مانس۔ شائستہ ❖
نیک چلنی (ا) مؤنث۔ بھلمنسائی۔ خوش اطواری۔ نیک بختی ❖
نیک خصلت (ا) نیک طینت۔ نیک نہاد۔ ذاتی شریف۔ پاک سیرت ❖
نیک خواہ (ف) وفادار۔ بہی خواہ۔ نمک حلال ❖
نیک صلاح کا پوچھنا کیا (ا) نیک بات میں صلاح مشورے کی ضرورت نہیں۔ نیک کام فوراً کر دینا چاہیئے۔ فارسی میں "در کارِ خیر حاجت ہیچ استخارہ نیست" بولتے ہیں ❖
نیک فال (ا) مؤنث۔ اچھا شگون۔ مبارک فال ❖
نیک قدم (ا) مؤنث (۱) مبارک قدم (۲) جس کا گھر میں آنا مبارک ہو ❖
نیک گھڑی آنا (ا) اچھی ساعت آنا ❖
نیک محضر (ف) (ع) نیک خصلت۔ نیک نہاد۔ نیک طینت ❖
نیک مرد (ف) مذکر (۱) بھلا مانس۔ بھلا آدمی (۲) پارسا۔ پرہیزگار ❖
نیک مزاج (ف۔ ع) اچھے سبھاؤ والا ❖
نیک مزاجی (ف۔ ع) مؤنث۔ اچھا سبھاؤ ❖
نیک منش (ف) نیک خصلت۔ سعادت مند ❖
نیک منظر (ف۔ ع) حسین۔ خوبصورت۔ سوہنا ❖
نیک نام (ف) وہ شخص جس کا نام بھلائی کے ساتھ مشہور ہو۔ نامور۔ نامی ❖
نیک نامی (ف) مؤنث (۱) ناموری۔ شہرت (۲) کارگزاری ❖
نیک نامی کی سند (ا) مؤنث۔ حسن خدمت کا سرٹیفکیٹ۔ کارگزاری کی چٹھی ❖
نیک نہاد (ف) پاک طینت۔ پاک سیرت ❖
نیک نیت (ف۔ ع) اچھے ارادے کا۔ وہ شخص جس کی نیت میں فتور نہ ہو۔ نیک نہاد۔ نیک خیال ❖
نیک نیتی (ع۔ ف) مؤنث۔ خوش نیتی۔ نیک اندیشی ❖
نیک و بد (ف) مذکر (۱) برا بھلا (۲) برائی۔ بھلائی ❖
نیکا (ی۔ کا) (ہ) (ہندی) (۱) اچھا۔ عمدہ۔ بھلا۔ خوب (۲) سہانا ❖
نیکوکار (ف) اچھے کام کرنے والا۔ خوش اطوار ❖
نیکوں (ا) مذکر۔ نیک کی جمع۔ بھلوں۔ اچھوں ❖
نیکوں کو سول اور بدوں کو پھول (ا) (مثل) نیکوں کے ساتھ بدی اور بدوں کے ساتھ نیکی۔ اچھوں سے برائی اور بروں سے بھلائی ❖
نیکوئی (ف) مؤنث۔ بھلائی۔ خوبی۔ عمدگی ❖
نیکی (نی۔ کی) (ہ) مؤنث (۱) بھلی۔ خوب صورت (۲) سہانی (۳) مرغوب۔ دل پسند ❖
نیکی (ف) مؤنث (۱) نیک بختی۔ سعادت مندی (۲) پرہیزگاری۔ پارسائی (۳) خوبی۔ بھلائی۔ عمدگی (۴) کار خیر۔ احسان ❖
نیکی آترے (ا) (عو) (لکھنؤ) خدا کی سنوار ہو۔ دعا نے بد کی بجائے یہ الفاظ تفاؤلاً استعمال کرتی ہیں ❖
نیکی اور پوچھ پوچھ (ا) نیک کام میں شورے کی ضرورت نہیں۔ کار خیر میں صلاح لینے کی کیا حاجت ❖
نیکی بدی (ف) مؤنث (۱) بھلائی برائی (۲) نفع ونقصان

دشمن دوستی و دشمنی •

نیکی برباد گناہ لازم (۱) جہاں نیکی کرنے کے بدلے الٹی برائی حاصل ہو۔ وہاں بولتے ہیں۔

نیکی کر دریا میں ڈال (۲) (مثل) (۱) نیکی کرکے بھلا دینی چاہیئے۔ احسان کرکے جتانا ٹھیک نہیں (۲) جس نیکی کا عوض کچھ نہ ملے۔ اس کی نسبت بولتے ہیں۔

نیکی کر کنوئیں میں ڈال (۲) (مثل) (۱) احسان کرکے ظاہر مت کر۔ بتلائی کر اور بھول جا (۲) نیکی کر اور اس کے بدلے کی امید نہ رکھ •

نیکی کر خدا سے جا ہو (۲) (۱) نیکی کا بدلہ خدا دیتا ہے۔ نیکی کبھی ضائع نہیں جاتی (۲) احسان کرکے اس کے بدلے کی امید نہ رکھو •

نیکی کی جڑ پاتال میں، سدا ہری (۲) نیکی کبھی ضائع نہیں جاتی •

نیکی نیک راہ۔ بدی ایک راہ (۲) (مثل) ہر ایک کو اپنے اچھے برے فعل کی جزا اور سزا ملتی ہے •

نیکی ہی رہ جاتی ہے (۲) بھلائی ہمیشہ قائم رہتی ہے •

نیگ (نیگ) (ہ) مذکر (۱) حصہ۔ بخرہ۔ بانٹا (۲) نذر۔ بھینٹ (۳) بیاہ میں رشتہ داروں کو شادی کا حق یا اپنے خدمتیوں کو انعام جو بطور رسم دیا جاتا ہے۔ (۴) دستور۔ قاعدہ (۵) خاص حق •

نیگ جوگ (ہ) مذکر۔ وہ انعام جو بیاہ شادی کے موقع پر رشتہ داروں اور خدمتیوں کو دیا جاتا ہے •

نیگ دینا (ہ) رسم کے مطابق بیاہ شادی کے موقع پر کچھ نقدی دینا •

نیگ لگانا (ہ) (۱) اچھے کام پر صرف کرنا۔ خوشی کی جگہ خرچ کرنا (۲) ضائع کرنا۔ برباد کرنا۔ ضائع کرنا •

نیگ لینا (ہ) تقریبات پر رشتہ داروں اور کمینوں کا اپنا حق حاصل کرنا •

نیگی جوگی (ہ) مذکر۔ بیاہ شادی کا انعام پانے کے حقدار مستحق •

نیل (نیل) (ع) مذکر (۱) حصول (۲) دسترس •

نیل مرام (ع) مذکر حصول مقصد۔ مقصد پانا •

نیل (نیل) (ف-ہ) مذکر (۱) نیلا رنگ (۲) وسمہ (۳) (ع-ف) مصر کا ایک مشہور دریا۔ جس میں فرعون غرق ہوا تھا۔ (۴) چوٹ کا نشان۔ ضرب کا نشان •

نیل بگڑنا (ہ) (۱) نیل کا حوض خراب ہو جانا (۲) سمجھ اور بے پر کی اڑنا (۳) چلن بگڑنا۔ بے راہ ہونا۔ چال چلن درست نہ رہنا (۴) کم بختی آنا۔ شامت آنا (۵) بے رونق ہونا (۶) عقل نہ رہنا۔ پاگل ہو جانا (۷) بڑا بھاری نقصان ہونا •

نیل پڑ جانا۔ یا۔ پڑنا (۲) جسم پر چوٹ یا ضرب کا نیلا داغ پڑ جانا۔ جسم پر مار کا نشان پڑ جانا •

نیل جلانا (۲) مینہ روکنے کے لئے نیل کا جلانا۔ جہلا سمجھتے ہیں۔ کہ اس طرح بارش کا زور کم ہو جاتا ہے •

نیل ڈھلنا (۲) (۱) مرتے وقت آنکھوں سے آنسو ٹپکنا۔ نزع کا عالم ہونا۔ موت کے آثار پیدا ہونا (۲) بے شرم ہونا۔ لاج نہ رہنا •

نیل کا ٹیکا (ہ) مذکر (۱) بدنامی کا داغ۔ کلنک کا ٹیکا۔ روسیاہی (۲) وہ نیل یا سیاہی کا نشان جو بچوں کے ماتھے یا رخسارے پر نظر بد سے بچنے کے لیئے لگا دیتے ہیں •

نیل کنٹھ (ہ) مذکر ایک خوب صورت پرند جس کی گردن اور پر نیلے ہوتے ہیں •

نیل کلمشی (ہ) مؤنث ایک بوٹی جس کا رنگ نیلاہٹ پر ہوتا ہے •

نیل کی سلائیاں آنکھوں میں پھیرنا (ہ) اندھا کرنا •

نیل کی کوٹھی (ہ) مؤنث۔ نیل بنانے کا کارخانہ •

نیل گائے (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی جنگلی گائے جو ہرن سے مشابہ ہوتی ہے •

نیل گر (ف) مذکر۔ نیل کا کام کرنے والا۔ نیل بنانے والا۔ رنگریز •

نیل گوں (ف) نیلے رنگ کا آسمانی۔ نیلا •

نیل گھوٹنا (ہ) (۱) نیل باریک کرنا۔ نیل کو بلونا (۲) دولتی ڈان بکھرام مچانا •

نیلا (ہ) (۱) نیلگوں۔ نیلے رنگ کا۔ آبی۔ آسمانی۔ کبود۔ (۲) مذکر ایک قسم کا کبوتر •

نیلا پڑ جانا (۲) کالا پڑ جانا۔ نیلگوں ہو جانا •

نیلا پیلا (ہ) زرد اور نیلا۔ زرد و نیلگوں •

نیلا پیلا ہونا (۲) لال پیلا ہونا۔ غصے ہونا۔ خفا ہونا۔ آنکھیں نکالنا۔ بگڑنا •

نیلا تھوتھا (ہ) مذکر۔ توتیائے سبز۔ ایک دوا جو تانبے سے تیار کی جاتی ہے۔ یہ ایک قسم کا زہر ہوتا ہے •

نیلا ڈورا باندھنا (۱) نظرِ بد سے بچنے کے لئے نیلے رنگ کا ڈورا باندھنا ◆

نیلا کر دینا۔ یا۔ کرنا (۱) (۱) نیلا رنگ کرنا (۲) حد سے زیادہ مارنا ◆

نیلام (پُ۔ لا۔ م) (پرتگالی) مذکّر۔ بولی بول کر بیچنا۔ اوکشن ◆

نیلام کرنا (۱) بولی بول کر بیچنا۔ اوکشن کرنا ◆

نیلام گھر (۱) مذکّر۔ وہ جگہ جہاں بولی بول کر چیزیں فروخت کی جاتی ہیں ◆

نیلاہٹ (۲) مؤنّث۔ نیلا پن ◆

نیلم (یُ۔ لَم) (ف) مذکّر۔ ایک قسم کا نیلگوں جواہر۔ ایک قسم کا نیلے رنگ کا قیمتی پتھر ◆

نیلم پری (۱) مؤنّث۔ ایک فرضی پری جو اندر سبھا کے تماشے میں بنا کرتی ہے ◆

نیلوفر (یُ۔ لُو۔ فَر) (ف) مذکّر۔ کنول۔ ایک قسم کا نیلا پھول جو عموماً دواؤں میں استعمال ہوتا ہے ◆

نیلی (۲) مؤنّث۔ نیلے رنگ کی چیز۔ نیلگوں۔ آسمانی۔ آبی ◆

نیلی نیلی آنکھیں کرنا (۱) آنکھیں نکالنا۔ غصّے کی نگاہوں سے دیکھنا۔ خشمناکی اور غضبناکی سے پیش آنا۔ خشمگیں ہونا۔ نہایت غیظ و غضب سے دیکھنا ◆

نیلی گھوڑی (۱) مؤنّث (۱) نیلے رنگ کی گھوڑی (۲) کاغذ کی بنائی اور جامے کے ساتھ سلی ہوئی گھوڑی کی صورت جسے ڈفالی رات کو پہن کر ناچتے کودتے اور چراغ کی روشنی میں ناچتے ہیں ◆

نیلے (۱) مذکّر۔ نیلا کی جمع ◆

نیم (ہندی) (۱) ایک نہایت کڑوا درخت۔ نیب ◆

نیم کی ٹہنی ہلانا (۱) (۱) آتشک میں مبتلا ہونا۔ نیم کی ٹہنی سے زخم کی مکھیاں اڑانا ◆

نیم کی نبولی (۱) مؤنّث۔ نیم کا پھل۔ نمکولی ◆

نیم (نیم) (ف) (۱) آدھا۔ نصف (۲) بیچ۔ میان درمیان۔ مابین ◆

نیم آدمی (ف۔ ع) مذکّر (مراداً) عورت ◆

نیم باز (ف) (۱) آدھی کھلی آدھی بند (۲) نشیلی۔ مخمور ◆

نیم برشت (ف) آدھا بھنا ہوا۔ ادھ پکا سا انڈا کچا ◆

نیم بسمل (ف) آدھا ذبح کیا ہوا۔ گھایل۔ مجروح۔ ادھ مؤا ◆

نیم حرف (۱) تھوڑا سا جاننے والا کچھ پڑھا ہوا۔ حرف شناس جسے پوری تعلیم نہ ہو ◆

نیم جاں (ف) ادھ مؤا۔ نیم مردہ۔ قریب مرگ ◆

نیم جوش (ف) آدھا جوش دیا ہوا۔ آدھا پکا ہوا۔ ہلکا اُبالا ہوا ◆

نیم حکیم (ف۔ ع) مذکّر۔ ناتجربہ کار حکیم۔ عطائی حکیم۔ ادھورا حکیم ◆

نیم حکیم خطرۂ جان نیم ملّا خطرۂ ایمان (ف) (مثل) ناتجربہ کار سے کام بگڑ جانے کا اندیشہ ہوتا ہے ◆

نیم خواب (ف) مذکّر۔ کچی نیند ◆

نیم خوردہ (ف) جھوٹا۔ پس خوردہ ◆

نیم راضی (ف) آدھا رضامند ◆

نیم روز (ف) مذکّر۔ دوپہر ◆

نیم سوختہ (ف) آدھا جلا ہوا ◆

نیم شب (ف) مؤنّث۔ آدھی رات ◆

نیم کار (ف) دوسرے شخص کے اوزاروں سے کام کرنے والا کاریگر جو اپنی مزدوری میں سے اوزاروں کے مالک کو کرایہ یا حصّہ دے ◆

نیم کش (ف) آدھا اندر آدھا باہر۔ وہ تیغ یا تیر جو پورا باہر نہ کھینچا گیا ہو ◆

نیم گرم (ف) غیر گرم۔ وہ پانی جو بہت گرم نہ ہو ◆

نیم گرد سوہن (۱) مذکّر۔ وہ سوہن یا ریتی جو آدھی گول اور آدھی چپٹی ہو ◆

نیم ملّا (ف) (ع) (۱) جو پورا ملّا نہ ہو۔ کچا ملّا (۲) ناقص العلم ◆

نیم (نِیَم) (ہ) مذکّر (ہندو) (۱) اصرار۔ ضد۔ ہٹ۔ آڑ۔ تعصّب (۲) اقرار۔ قول۔ بچن۔ فرض (۳) معمول۔ دستور (۴) رضا۔ قبولیت (۵) روزہ۔ برت (۶) وقت۔ بیلا ◆

نیم پتر (۲) مذکّر (ہندو) اقرار نامہ۔ عہد نامہ ◆

نیم دھرم (۲) مذکّر (ہندو) اچھا چلن۔ تقویٰ۔ زہد۔ پرہیزگاری۔ دینداری (۲) برت۔ روزہ ◆

نیمچہ (نیم۔ چہ) (۲) مذکّر۔ چھرا۔ چھوٹی تلوار۔ خنجر۔ پیش قبض ◆

نیمچہ تاننا۔ یا۔ تولنا (۱) نیمچے کا وار کرنے کے لئے ہاتھ اٹھانا ◆

نیمن (نِی - مَن) (ہ) (ہندی) (۱) مضبوط - گٹھیلا - زور آور قوی (۲) استوار - دیرپا - مستحکم - پختہ - پکا (۳) بھاری - ٹھوس - ٹھکت ◆

نیمہ (نِی - مَہ) (ف) مذکر (۱) آدھا - نصف (۲) جانب - طرف (۳) برقع (۴) ایک قسم کا اونچا یا جامہ ◆

نیمہ آستین (ف) مؤنث - آدھی آستینوں کی مرزئی - جاکٹ - واسکٹ - صدری ◆

نیمی (نے - مِی) (ہ) (ہندی) (۱) ایماندار - پاک دامن - پارسا پرہیزگار (۲) پابند قاعدہ - پابند اوقات (۳) دیانتدار (۴) خلا ترس - صاف باطن ◆

نَین (نَایَن) (ہ) مذکر (۱) آنکھ - چشم - عین - دیدہ (۲) نظر - نگاہ ◆

نَین سکھ (ہ - مذکر) ایک قسم کا نہایت عمدہ اور باریک سوتی کپڑا - خاصہ ◆

نین گنوانا (ہ) (۱) آنکھیں کھونا - اندھا ہونا (۲) محتاج رہونا - اپنی دولت گنوانا ◆

نین متنا (ہ) مذکر - بات بات پر رونے والا ◆

نین متنی (ہ) مؤنث - چڑچڑی - بات بات پر رو دینے والی عورت - ہر بات پر آزردہ اور خفا ہونے والی ◆

نَینا (ہ) مذکر - نین کی تصغیر - آنکھ ◆

نیند (نِیند) (ہ) مؤنث - نوم - خواب ◆

نیند آجانا - یا - آنا (۱) آنکھ لگ جانا - سوجانا ◆

نیند اُچٹ جانا - یا - اُچٹنا (ہ) نیند کا جاتا رہنا آنکھ کھل جانا - جاگ پڑنا ◆

نیند اُڑ جانا - یا - اُڑنا (ہ) نیند کا جاتا رہنا - آنکھ کھل جانا ◆

نیند بھر کر کے سونا (ہ) بے فکری سے سونا - حسب دل خواہ سونا - اپنی نیند سونا ◆

نیند پڑنا (ہ) نیند آنا ◆

نیند جانا (ہ) نیند اُڑ جانا - نیند نہ آنا ◆

نیند حرام کرنا (ہ) سوتے سے جگا دینا - جگانا - سوتے میں دق کرنا ◆

نیند کا ماتا (ہ) مذکر - خواب آلود - نیند بھرا ہوا - مست خواب

نیند کھو دینا (کھونا) سونے نہ دینا - نیند اُڑا دینا ◆

نیندیں ہونا (ہ) خواب آلودہ ہونا - مست خواب ہونا ◆

نیندڑیاں (ہ) مؤنث - نیند کی تصغیر (۲) خواب راحت - سکھ نیند ◆

نیندو (؟) مذکر - بہت ہونے والا ◆

نینو (نے - نُو) (ہ) مذکر - ایک قسم کا سوتی کپڑا جس پر آنکھ کی مانند تارے سے بنے ہوتے ہیں - بیل بوٹے دار کپڑا - پھول دار کپڑا ◆

نیو (نِیُو) (انگ) NEW - نیا ◆

نیو فیشن (انگ) NEW FASHION, (؟) مذکر - نئی طرز ◆

نیو (نِیو) (ہ) مؤنث (۱) بنیاد - بیخ - جڑ - اصل - بنا (۲) شروع - آغاز - ابتدا (۳) قیام - استحکام ◆

نیو جمانا - یا - ڈالنا (ہ) (۱) بنا ڈالنا - بنیاد ڈالنا یا رکھنا - قائم کرنا - گھر بنانا - مضبوطی یا قیام بہم پہنچانا (۲) شروع کرنا - آغاز کرنا (۳) ڈھنگ ڈالنا - نقشہ جمانا (۴) تمہید اٹھانا ◆

نیو کھودنا (ہ) بنیاد کھودنا - جڑ کھودنا ◆

نیوا (نِی - وَا) (ہ) مذکر (۱) بنیاد (۲) خاموشی ◆

نیوا ناس (ہ) مذکر - تباہ و برباد - ستیاناس ◆

نیوتا (نیو - تا) (ہ) مذکر - نوتا - تنبول، بیاہ شادی کے موقع پر نقدی لینے دینے کی رسم ◆

نیوز (نیُوز) (انگریزی) NEWS خبر - اخبار ◆

نیوز ایجنسی (انگریزی) NEWS AGENCY, (مؤنث) محکمہ اطلاع رسانی - خبر رسانی کا دفتر ◆

نیوز پیپر (انگریزی) - NEWS PAPER, مذکر - اخبار ◆

نیوگ (نیوگ) (ہ) مذکر - ہندوؤں میں اولاد حاصل کرنے کے لئے نطفہ لینے کی ایک رسم ◆

نیولا (نیو - لا) (ہ) مذکر - چوہے کی قسم کا ایک بڑا جانور جو سانپ کو مار ڈالتا ہے ◆

نیولی (نیو - لی) (ہ) مؤنث - ہمیانی - روپے رکھنے کی لمبی تھیلی ◆

نیولے (ہ) مذکر - نیولا کی جمع ◆

نیہ (نیہ) (ہ) مذکر - پیار - محبت - موہ - الفت - پریت - عشق ◆

نیہ (نیہا) لگانا (ہ) آنکھ لگانا - محبت کرنا - عاشق ہونا ◆

نیہی (ہ) مذکر - پیار کرنے والا - محبت کرنے والا - چاہنے والا - عاشق

نیہر (نی - ہَر) (ہ) مذکر (نگوار) میکا - عورت کے ماں باپ کا گھر

و

و (واؤ) (ع) مذکر و مؤنث (۱) عربی کا چھبیسواں، فارسی کا تیسواں، ہندی کا انتیسواں اور اردو کا تینتیسواں حرف (۲) ابجد میں اس کے چھ عدد قرار دیئے گئے ہیں ۔

و - ا

وا (ف) (ص) (۱) کھلا ہوا۔ کشادہ۔ جدا۔ الگ پھیلا ہوا (۲) دوبارہ۔ باز۔ دوسری دفعہ۔ پھر پیچھے ۔

وابستگاں (ف) (ذکر) رشتہ دار۔ ایک گھر کے متعلقین۔ کنبے کے ۔

وابستگی (ف۔ مؤنث) لگاؤ۔ سروکار۔ تعلق ۔

وابستہ (ف۔ فیض۔ یم) (ف) (۱) بندھا ہوا۔ پیوستہ (۲) متعلق (۳) رشتہ دار (۴) منسلک ۔

واکرنا (۱) کھولنا۔ باز کرنا۔

واماندگان (ف) واماندہ کی جمع ۔

واماندگی (ف۔ مؤنث) (۱) تھکن۔ تھکاوٹ۔ تھکان۔ (۲) عاجزی ۔

واماندہ (ف) (۱) پس ماندہ۔ باقی رہا ہوا۔ چھوٹا (۲) تھکا ہوا (۳) عاجز ۔

واؤ (۱) مؤنث۔ ہوا۔ باد۔ پون (۲) وہ۔ آس ۔

وا دکا (ع) آہ۔ افسوس ۔

واحسرتا (ع) افسوس۔ حیف ۔

وامصیبتا (ع) ہائے مصیبت ۔

واویلا (ع) (۱) دہائی۔ فریاد (۲) افسوس۔ حیف (۳) رونا پیٹنا۔ نوحہ۔ ماتم ۔

واویلا کرنا (مچانا) (۱) فریاد و فغاں کرنا۔ رونا پیٹنا (۲) دہائی دینا۔ شور مچانا ۔

واسٹ (واٹ) (س) مؤنث (۱) باد۔ ہوا۔ پون (۲) بادی۔ گٹھیا کی ایک بیماری ۔

واپس (ف۔ پَس) (ف) مذکر (۱) ہٹا ہوا۔ لوٹا ہوا۔ الٹا پھرا ہوا۔ (۲) پھیلا ہوا۔ لوٹایا ہوا۔ مسترد (۳) پیچھے۔ الٹا ۔

واپس آنا (۱) پلٹ کر آنا۔ پھر کر آنا۔ پھرنا۔ لوٹنا ۔

واپس کرنا (۱) پھیرنا۔ رد کرنا۔ مسترد کرنا ۔

واپس ہونا (۱) الٹا پھرنا۔ لوٹنا۔ پلٹنا۔ مسترد ہونا۔ مراجعت کرنا ۔

واپسی (۱) مؤنث۔ پھری ہوئی چیز۔ واپس شدہ ۔

واپسیں (ف) اخیر۔ آخرین۔ پچھلا ۔

وارستگان (ف) وارستہ کی جمع ۔

وارستگی (ف۔ مؤنث) چھوٹنا۔ آزاد ہونا ۔

وارستہ (ف) آزاد۔ کھلے بند۔ خودمختار۔ مطلق العنان ۔

وارستہ مزاج (ف۔ ع) آزاد طبع۔ آزاد مزاج۔ بے پروا

وارفتگاں (ف) وارفتہ کی جمع ۔

وارفتگی (ف۔ مؤنث) (۱) بیخودی۔ فریفتگی (۲) اضمحلال۔ تھکن۔ تھکاوٹ ۔

وارفتہ (ف) (۱) آپے سے باہر۔ از خود رفتہ (۲) تھکا ہوا چور۔ مضمحل ۔

واسوخت (ف۔ مذکر) (۱) بیزاری۔ نفرت (۲) ایک قسم کی نظم جو مسدس کی طرز پر لکھی جاتی ہے۔ اس میں محبوب کی شکایت اور اپنے رنج و غم کی کیفیت بیان کرکے اپنی بیزاری کا اظہار کیا جاتا ہے ۔

واسوختگی (ف۔ مؤنث) جلن ۔

واسوختہ (ف) (۱) جلا ہوا (۲) جوشیلا ۔

واگزار (ف) چھوڑ دینا ۔

واگزاشت (ف۔ مؤنث) (۱) چھوڑ دینا (۲) رہائی ۔

واگزاشتہ (ف) (۱) چھوڑا ہوا (۲) واپس دیا ہوا (۳) رہا کیا ہوا ۔

واٹر (واٹر) (انگریزی۔ WATER) (مذکر) پانی۔ جل۔ نار۔ آب ۔

واٹر پروف (انگریزی — WATER PROOF) (مذکر) وہ کپڑا جس پر پانی اثر نہ کر سکے ۔

واٹر ریونیو (انگریزی — WATER REVENUE) (مذکر) محاصل آب رسانی ۔

واٹر سپلائی (انگریزی — WATER SUPPLY) (مؤنث) آب رسانی ۔

واٹرنگ انسپکٹر (WATERING INSPECTOR) (انگریزی۔ مذکر) نہر کا داروغہ ۔

واثق (وا۔ ثِق) (ع) (۱) مضبوط۔ پکا۔ محکم (۲) اہل۔ مستحق ◆

واجب (وا۔ جِب) (ع) (۱) ہمیشہ۔ دائم (۲) لازم۔ ضرور۔ مناسب۔ لائق۔ سزاوار۔ قابل (۳) وہ جو اپنے بقا کے وجود میں دوسرے کا محتاج نہ ہو۔ خدا تعالیٰ (۴) فرض۔ فرض کیا گیا (۵) تنخواہ۔ مشاہرہ۔ ماہانہ (۶) حساب میں وہ کسور جس کی کسر کا عدد مخرج کے عدد سے چھوٹا ہو ◆

واجب الادا (ع) قابل ادا۔ وہ رقم جس کا ادا کرنا واجب ہو ◆

واجب الاذعان (ع) جس کی تعمیل ضروری ہو ◆

واجب الاظہار (ع) قابل اظہار۔ بیان کرنے کے لائق ◆

واجب التسلیم (ع) ماننے کے قابل۔ تسلیم کرنے کے لائق۔ مانا ہوا ◆

واجب التعزیر (ع) قابل سزا۔ سزا کے قابل۔ سزاوار ◆

واجب التعظیم (ع) عزت کرنے کے لائق۔ ادب کے قابل ◆

واجب الرحم (ع) رحم کرنے کے لائق۔ ترس کھانے کے لائق۔ رحم کے قابل ◆

واجب الرعایت (ع) (۱) رعایت کے قابل (۲) قابل معافی۔ قابل عفو۔ معذور رکھنے کے لائق ◆

واجب الزیارت (ع) زیارت کے قابل۔ ملاقات کرنے یا دیکھنے کے لائق ◆

واجب الطلب (ع) قابل مطالبہ۔ وصول کرنے کے لائق۔ مانگنے کے قابل ◆

واجب العرض (ع) (۱) قابل عرض (۲) عرضی۔ تحریری اظہار دعویٰ (۳) وہ شرائط جو قانونی بند و بست کے اختتام پر مالکوں اور کاشتکاروں کے مابین محاصل وغیرہ کی نسبت لکھی جائیں ◆

واجب العرض کھیوٹ (ا) مذکر۔ گاؤں کی مالگزاری کا کاغذ ◆

واجب القتل (ع) قتل کرنے کے لائق۔ مار ڈالنے کے قابل ◆

واجب الوجود (ع) خدا تعالےٰ کی ذات ◆

واجب الوصول (ع) قابل وصول۔ وصول ہونے کے قابل ◆

واجب جاننا (ہ) فرض جاننا۔ لازم سمجھنا۔ ضروری جاننا۔ فرض سمجھنا ◆

واجب و لازم (ع) (۱) ضروری اور فرض۔ ضروری اور لابد (۲) صحیح (۳) ثابت (۴) خاص ◆

واجب ہونا (۱) ضروری ہونا۔ فرض ہونا ◆

واجبات (ع) مؤنث (۱) واجب کی جمع۔ فرائض۔ ضروریات۔ ضروری چیزیں۔ لازمی چیزیں (۲) بقایا (۳) رقم واجب الوصول (۴) چڑھی ہوئی تنخواہیں ◆

واجبی (ع) (۱) بجا۔ معقول۔ درست۔ ٹھیک (۲) لازمی۔ ضروری۔ لابد (۳) لائق۔ مناسب۔ سزاوار (۴) روزینہ۔ وظیفہ ◆

واجبی بات (ا) مؤنث۔ ٹھیک بات۔ درست بات۔ حق الامر ◆

واجبی خرچ (ا) مذکر۔ متوسط اور لازمی خرچ۔ موافق خرچ ◆

واجبی سا (ا) (ہندی) تھوڑا سا۔ قلیل مقدار میں۔ ذرا سا۔ جزوی ◆

واجبی واجبی (ا) تھوڑا سا۔ یونہی سا ◆

واجد (وا۔ جِد) (ع) (۱) پانے والا (۲) وجود دینے والا (۳) محقق (۴) خدا تعالےٰ کا ایک نام ◆

واچ (وَاچ) (انگریزی۔ WATCH) (مؤنث) گھڑی جیبی گھڑی ◆

واچ میکر (انگریزی۔ WATCH MAKER) (مذکر) گھڑی ساز۔ گھڑی بنانے والا ◆

واحد (وا۔ حِد) (ع) (۱) ایک۔ یک۔ مفرد۔ مجرد۔ فرد (۲) اکیلا۔ یکہ۔ یگانہ (۳) صرف۔ تنہا۔ فقط۔ نرالا۔ لا (۴) ذات خدا ◆

واحد العین (ع) ایک آنکھ کا۔ یک چشم۔ کانا ◆

واحد حقیقی (ع) خدا تعالیٰ ◆

واحد شاہد (۱) (ف) خدائے واحد میرا گواہ ہے (۲) واقف۔ محرم۔ واقف اسرار (۳) احسان یا سلوک کرنے والا ◆

واحد شاہد بھی نہیں ہے: بالکل ناواقف اور بےخبر ہیں۔

واحد شاہد ہونا (ا) (۱) واقف ہونا۔ محرم ہونا۔ جاننا (۲) دینا۔ کسی کے ساتھ سلوک کرنا۔ احسان کرنا ◆

وادی (وَا۔ دِی) (ع) (مذکر و مؤنث) (۱) گھاٹی۔ دو پہاڑوں کے بیچ کی زمین (۲) وہ جنگل جہاں نالے یا دریا کے پانی کے بہنے کی جگہ ہو (۳) بیابان۔ صحرا۔ بیابان جنگل (۴) بیابان (۵) مقدمہ۔ معاملہ (۶) ندی۔ نالہ ◆

وادیٔ ایمن (ع) مذکّر مؤنث (۱) وہ جنگل جو کوہِ طور سے جانب راست واقع ہے۔ وہ صحرا جہاں حضرت موسیٰ علیہ السّلام اپنی بیوی کو دردِ زہ میں مبتلا چھوڑ کر آگ کی تلاش میں آگے بڑھے تھے۔ اور پہلے پہل اسی جگہ معراج حاصل ہوئی تھی ٭

وادیٔ مجنوں (ع) مذکّر مؤنث، وہ بیابان جہاں مجنوں پڑا رہتا تھا۔

وادی (وَا - دِی) (ہ) (ع) (۱) عادت (۲) ضد۔ ہٹ ٭

وادی پر آنا (۱) (ع) اپنی عادت پر آنا۔ ضد پر آنا۔ ہٹ پر آنا۔ وار ٭

وار (وَاْر) (ف) (۱) مانند۔ مثل (۲) لائق۔ قابل۔ سزاوار (۳) طرز۔ روش۔ دستور ٭

وار (وَار) (ہ) مذکّر۔ (۱) دن۔ روز۔ سیاہ (۲) زخم۔ گھاؤ (۳) باری (۴) داؤں۔ موقع۔ گھات (۵) حملہ۔ صدمہ۔ ضرب۔ چوٹ (۶) اس طرف۔ ادھر (۷) وارنا کا امر ٭

وار (انگریزی) WAR مؤنث۔ جنگ۔ جدال۔ لڑائی۔ قتال ٭

وار آفس (انگریزی) (WAR OFFICE) (مذکّر) محکمۂ جنگ ٭

وار کونسل (انگریزی) (WAR COUNCIL) مؤنث۔ مجلسِ جنگ۔ وہ مجلس جو جنگ کے متعلق تجاویز سوچے ٭

وار بچانا (ہ) ضرب روکنا۔ حملہ روکنا۔ خالی دینا ٭

وار پار (ہ) ادھر سے ادھر تک۔ اس طرف سے اس طرف تک۔ دونوں طرف۔ آر پار۔ آدھا اِدھر آدھا اُدھر ٭

وار پار ہونا آر پار ہونا۔ ادھر سے اُدھر نکل جانا۔ آدھا اِدھر۔ آدھا اُدھر ہونا ٭

وار پھیر (ہ) مذکّر۔ وہ نقدی جو دولہا دلہن کے سر سے وار کر دی جاتی ہے۔ صدقہ۔ نچھاور ٭

وار چلنا (ہ) ہاتھ بیٹھنا۔ ہاتھ لگنا۔ موقع ملنا۔ داؤں پڑنا ٭

وار خالی جانا (ہ) ضرب نہ پڑنا۔ ہاتھ نہ بیٹھنا ٭

وار کرنا (ہ) (۱) ضرب مارنا۔ حملہ کرنا۔ چوٹ کرنا (۲) چال چلنا دھوکا دینا ٭

وارِ مرداں خالی نہ باشد (ف) مردوں کا وار کبھی خالی نہیں جاتا۔ مردوں کی بات بے اثر نہیں ہوتی ٭

وارا (وَا-رَا) (ہ) مذکّر (۱) بچت۔ کفایت۔ جز رسی (۲) فائدہ نفع۔ منفعت (۳) فائدہ ٭

وارث (وَا-رِث) (ع) مذکّر (۱) میراث لینے والا۔ حقدار۔ مستحق۔ متوفی کے مال سے حصّہ لینے والا (۲) مالک۔ خاوند۔ میاں۔ خصم (۳) (ہ) مددگار۔ حامی۔ معاون ٭

وارثِ بعید (ع) مذکّر۔ کئی پشتوں کا واسطہ رکھنے والا وارث ٭

وارثِ شرطی (ع-ف) مذکّر۔ کسی شرط پہ میراث پانے والا ٭

وارثِ صلبی (ع-ف) مذکّر۔ نسلی وارث ٭

وارد (وَا-رِد) (ع) (۱) وارد کرنے والا (۲) مسافر۔ غریب الوطن (۳) قاصد۔ پیک ٭

وارد و صادر (ع) مذکّر۔ مہمان۔ مسافر ٭

وارد ہونا (ہ) (۱) اترنا۔ نازل ہونا (۲) پہنچنا (۳) داخل ہونا (۴) پیش آنا ٭

واردات (ع) مؤنث۔ واردہ کی جمع (۱) سرگزشت۔ حال احوال۔ حالات (۲) (ہ) سانحہ۔ حادثہ۔ واقعہ۔ وقوعہ (۳) (ہ) دنگا۔ فساد۔ ہنگامہ ٭

وارداتِ خفیف (ہ) مؤنث (قانون) چھوٹا جھگڑا یا واقعہ۔ ادنیٰ فساد ٭

وارداتِ سنگین (ہ) مؤنث (قانون) بھاری وقوعہ۔ سخت حادثہ ٭

وارڈ (وَارڈ) (انگریزی) WARD (۱) مذکّر۔ حفاظت۔ نگہبانی (۲) حلقہ۔ میونسپلٹی کا حصّہ ٭

وارڈ کیپر (انگریزی) (WARD KEEPER) مذکّر۔ نگہبان۔ محافظ۔ چوکیدار ٭

وارڈن (وَارڈن) (انگریزی) WARDEN (مذکّر) (۱) سرپرست (۲) سرکاری عہدہ دار جو بیمانوں اور اوزاروں کی قیمت اور تصدیق کا ذمہ دار ہو ٭

وارن (وَا-رَن) (ہ) مؤنث (۱) صدقہ۔ نچھاور۔ بھینٹ نیاز۔ نذر۔ چڑھاوا۔ قربانی ٭

وارن پھیرن (ہ) مؤنث (ہ) نذر نیاز۔ نچھاور۔ وار پھیر۔ تصدّق ٭

وارنا (ہ) نثار کرنا۔ تصدّق کرنا۔ صدقہ کرنا۔ نچھاور کرنا۔ گرد پھیرنا۔ قربان کرنا۔ بھینٹ چڑھانا ٭

وارنٹ (وَا-رَنٹ) (انگریزی) (WARRANT) مذکّر (۱) گرفتار کرنے کا تحریری حکم نامہ (۲) فرمان۔ طلب نامہ۔ حکم ٭

وارنٹ تلاشی (ہ) مذکّر (قانون) تلاشی کا حکم یا پروانہ ٭

وارنٹ جاری کرنا (ہ) (قانون) کسی کی گرفتاری کا حکم

جاری کرنا ٭

وارنٹ رہائی (۱) مذکر۔ رہائی کا حکم نامہ ٭

وارنٹ گرفتاری (۱) مذکر۔ پکڑنے کا حکم نامہ ٭

وارنش (وَارنِش) (انگریزی ، VARNISH) (مذکر) (۱) روغن (۲) لُک (۳) قلعی ٭

واری (ہ) مؤنث (۱) تصدّق۔ نثار ہونا۔ صدقے قربان (۲) بلہاری۔ قربان جاؤں ٭

واری جانا (ہ) (۱) قربان ہونا۔ نثار ہونا۔ صدقے جانا ٭

واری جاؤں (ہ) کلمۂ خطاب (۱) صدقے جاؤں۔ قربان جاؤں ٭

وارے (ہ) مذکر۔ وارا کی جمع۔ فائدے ٭

وارے نیارے (ہ) مذکر۔ گہرے۔ بھاری نفع یا فائدہ ٭

وارے نیارے ہونا (ہ) گہرے ہونا۔ چاندی ہونا۔ بخوبی فائدہ یا نفع ہونا ٭

واڑ (وَاڑ) (ہ) مؤنث۔ (۱) وہ جگہ جس کے گرد باڑ ہو۔ احاطہ (۲) جگہ۔ مقام (۳) رہنے کی جگہ ٭

واڑا (وَاڑا) (ہ) مذکر (۱) محلّہ۔ کوچہ (۲) ٹولہ ٭

واژوں (وَا۔ژُوں) (ف) (۱) اوندھا۔ سرنگوں (۲) برگشتہ۔ نامبارک۔ منحوس ٭

واژوں بخت (ف) بدنصیب۔ اُلٹے نصیب والا۔ مشوم۔ بدبخت ٭

واس (وَاس) (س) مؤنث (۱) رہنا۔ سکونت (۲) رہنے کی جگہ ٭

واسطات (وَا۔سِطَات) (ع)۔ مذکر۔ چھ دانت کا گھوڑا یا پانچ مہینے کا گھوڑا ٭

واسطت۔ واسطہ (وَا۔سِطَت۔ وَا۔سِطَہ) (ع) (۱) مؤنث (۲) مذکر۔ درمیانی شخص۔ بچولیا۔ ثالث۔ بیچ والا۔ ایلچی۔ قاصد۔ دُوت (۲) مؤنث۔ بیچ والی عورت۔ مشاطہ (۳) (۴) مذکر۔ ربط۔ علاقہ۔ تعلّق۔ لگاؤ۔ مناسبت (۴) (۵) مذکر۔ سبب۔ باعث (۵) (۶) کام۔ سروکار (۶) (۷) غرض۔ مطلب (۷) (۸) وسیلہ۔ ڈھب۔ موقع (۸) (۹) دوستی۔ آشنائی۔ دل لگی۔ محبّت (۹) (۱۰) مباشرت ٭

واسطۃ العقد (ع)۔ مذکر۔ موتیوں کی لڑی یا مالا کے بیچوں بیچ سب سے بڑا موتی ٭

واسطہ پڑنا (۱) سروکار ہونا۔ کام پڑنا ٭

واسطہ پیدا کرنا (۱) وسیلہ بہم پہنچانا۔ ڈھب لگانا۔ موقع نکالنا ٭

واسطہ دینا (۱) شفاعت لانا۔ دُہائی دینا۔ بیچ میں ڈالنا۔

واسطہ ڈالنا (۱) سہم ڈالنا۔ پالا ڈالنا ٭

واسطہ رکھنا (۱) (۱) تعلّق رکھنا۔ علاقہ رکھنا (۲) غرض رکھنا۔

واسطہ ہونا (۱) (۱) تعلّق ہونا۔ نسبت ہونا۔ لگاؤ ہونا (۲) مطلب ہونا۔ غرض ہونا (۳) آشنائی ہونا۔ دل لگی ہونا۔ ڈھب ہونا (۴) سبب ہونا (۵) درمیانی تعلّق ہونا (۶) سروکار ہونا ٭

واسطی (وَا۔سِطِی) (ع)۔ مذکر (۱) شہر واسط سے تعلّق رکھنے والا۔ (۲) ایک قسم کا عمدہ قلم جو شہر واسط سے آتا ہے ٭

واسطے (وَاس۔طے) (ہ) (۱) لئے۔ بجائے (۲) بہ سبب۔ خاطر ٭

وسطے (وَا۔سِطے) (ہ) مذکر۔ واسطہ کی جمع۔ تعلّقات ٭

واسکٹ (ہند) (انگریزی) ویسٹ کوٹ WAIST-COAT) مؤنث۔ فتوحی۔ کُرتی۔ صدری ٭

واسع (وَا۔سِع) (ع) (۱) پھیلنے والا (۲) مذکر۔ خدا تعالیٰ کا ایک نام ٭

واصف (وَا۔صِف) (ع) تعریف کرنے والا ٭

واصل (وَا۔صِل) (ع) (۱) ملنے والا۔ ملاقات کرنے والا۔ شامل ہونے والا (۲) حاصل ہونے والا۔ وصول ہونے والا۔ قابلِ وصول ٭

واصل باقی (ع) مؤنث۔ وصول شدہ اور باقی رقم ٭

واصل باقی نویس (ع۔ ف) مذکر۔ تحصیل کا وہ عہدیدار جو وصول و باقی کا رجسٹر رکھتا ہے ٭

واصل بحق ہونا (۱) خدا کے پاس پہنچ جانا۔ انتقال کرنا۔ مرنا ٭

واصلات (ع) مؤنث۔ واصلہ کی جمع۔ میزان۔ محاصل کی میزان۔ کل وصول شدہ ٭

واضح (وَا۔ضِح) (ع) (۱) روشن (۲) کھلا ہُوا۔ صاف۔ ظاہر۔ عیاں۔ آشکار۔ صریح (۳) مفصل۔ مشرّح ٭

واضح رہے (۱) معلوم رہے۔ پوشیدہ نہ رہے۔ اچھی طرح جان لو ٭

واضح کرنا (۱) ظاہر کرنا۔ جتانا۔ کھولنا۔ صاف کہنا ٭

واضح ہے (۱) ظاہر ہے۔ سب پر روشن ہے۔ سب جانتے ہیں ٭

واضع (وَا۔ضِع) (ع) (۱) وضع کرنے والا۔ بنانے والا (۲) موجد۔ مخترع۔ مجتہد ٭

واضعِ قانون (ع) - مذکر) قانون بنانے والا۔ مقنّن ؏
واعظ (وَا - عِظ) (ع - مذکر) وعظ کرنے والا۔ نصیحت کرنے والا۔ ناصح ؏
وافر (وَا - فِر) (ع) بہت کثیر۔ بافراط۔ کثرت سے ؏
وافی (وَا - فی) (ع) پورا۔ کامل۔ تمام و کمال۔ خاطر خواہ ؏
واقع (وَا - قِع) (ع) (۱) ہونے والا۔ وقوع ہونے والا۔ پیش ہونے والا ؏
واقع میں (۱) حقیقت میں۔ درحقیقت۔ دراصل ؏
واقع ہونا (۱) پیش آنا۔ ظاہر ہونا۔ نمودار ہونا۔ برپا ہونا۔
واقعات (ع) مذکر۔ واقعہ کی جمع۔ حادثے ؏
واقعاتِ غیر مرتّبہ (ع - مذکر) واقعات جو ثابت ہو جائیں۔
واقعاتِ منکشائے الزام (ع - مذکر) الزام پیدا کرنے والے واقعات ؏
واقعہ (ع) مذکر) (۱) وقوعہ۔ سانحہ۔ حادثہ۔ واردات۔ (۲) سرگزشت۔ حال۔ بیتی۔ اجرا۔ خبر (۳) لڑائی۔ کارزار۔ جنگ (۴) موت۔ کال۔ انتقال۔ وفات (۵) سختی۔ حشر۔ آفت ؏
واقعہ نویس (ع - ف) مذکر) وقائع نگار۔ خبر نویس۔ اخبار نویس ؏
واقعہ ہونا (۱) (۱) حادثہ پیش آنا۔ واردات ہونا (۲) مرنا۔ انتقال ہونا ؏
واقعی (ع) (۱) فی الحقیقت۔ درحقیقت۔ دراصل (۲) درست۔ سچ مچ ؏
واقف (وَا - قِف) (ع) (۱) کھڑا ہونے والا (۲) جان پہچان۔ شناسا (۳) ماہر۔ آگاہ۔ ہوشیار۔ خبردار۔ مطّلع ؏
واقفُ الحال - یا - واقفِ حال (ع - مذکر) ہمراز۔ حال احوال سے واقف۔ رازدان ؏
واقف کار (ع - ف) مذکر۔ کام سے واقف۔ کام جاننے والا۔ کاردان۔ تجربہ کار۔ جہاں دیدہ ؏
واقف کاری (ف) مؤنث (۱) جان پہچان۔ شناسائی۔ (۲) تجربہ۔ کاروانی (۳) جانچ پرکھ۔ شناخت ؏
واقفیت (ع) مؤنث (۱) جان پہچان۔ شناسائی (۲) علم۔ خبر۔ آگاہی۔ اطلاع (۳) استعداد۔ علم۔ مہارت۔ (۴) تجربہ۔ شناخت ؏
واقفیت پیدا کرنا (۱) (۱) تجربہ بہم پہنچانا۔ دسترس حاصل کرنا (۲) کسی کام کو جاننا ؏

وال (وَال) (ع) مذکر۔ والا کا مخفف ؏
والا (وَا - لا) (ع) مرکبات میں آتا ہے (۱) بیچنے والا۔ جیسے بسکٹ والا۔ مکھن والا (۲) کام کرنے والا جیسے ناؤ والا۔ گو الا (۳) آقا۔ صاحب۔ مالک جیسے روپے والا۔ گھر والا (۴) باشندہ جیسے کابل والا (۵) مصدر کے ساتھ مل کر فاعل کے معنی دیتا ہے۔ اس صورت میں مصدر کا الف یے سے بدل جاتا ہے۔ جیسے پڑھنے والا۔ کھیلنے والا ؏
والا (وَا - لا) (ف) بلند۔ بالا۔ اونچا۔ عالی۔ بزرگ ؏
والا جاہ (ف) عالی رتبہ۔ بلند مرتبہ والا ؏
والا شان (ف) عالی شان۔ بڑی شان والا ؏
والا قدر (ف - ع) عالی مرتبہ۔ عالی عہدہ ؏
والا مرتبت (ف - ع) بلند رتبے والا ؏
والا نامہ (ف) بڑے آدمی کا خط۔ نوازش نامہ ؏
والا نژاد (ف) اونچے گھرانے والا ؏
والا نگاہ (ف) بلند خیال ؏
والا ہمت (ف) بلند ہمت ؏
والّا (ع) اور نہیں تو۔ ورنہ۔ نہیں تو ؏
والد (وَا - لِد) (ع - مذکر) باپ۔ پدر۔ پتا۔ ابّا ؏
والد ماجد (ع) مذکر۔ بزرگ باپ۔ ابّا جان ؏
والدہ (ع - مؤنث) ماں۔ ماتا۔ امّاں۔ مائی ؏
والدہ ماجدہ (ع - مؤنث) بزرگ ماں ؏
والدین (ع - مذکر) ماں باپ۔ مادر پدر۔ ماتا پتا ؏
واللہ (وَل - لاہ) (ع) خدا کی قسم۔ بخدا۔ اللہ کی قسم ؏
واللہ اعلم (ع) خدا جانے۔ خدا معلوم۔ مجھے خبر نہیں۔ خدا ہی جانتا ہے ؏
واللہ اعلم بالصّواب (ع) خدا ہی بہتر جانتا ہے۔ خدا کو خوب معلوم ہے ؏
واللہ باللہ (ع) جب قسم میں تاکید اور زور دینا منظور ہوتا ہے۔ تو یہ بولتے ہیں۔ جیسے واللہ باللہ مجھے خبر نہیں ؏
والنٹیر (وَا - لَن - ٹیر) (انگریزی VOLUNTEER) (۱) خوشی سے بلا تنخواہ کوئی خدمت اپنے ذمّے لینے والا۔ رضاکار (۲) خصوصاً فوجی سپاہی جو تنخواہ کے بغیر کام کرے ؏
والہ (وَا - لِہ) (ع) عاشق۔ فریفتہ۔ مفتون۔ شیدا ؏
والہانہ (ع - ف) عاشق کی مانند ؏
والی (وَا - لِی) (۱) مؤنث۔ والا کی تانیث ؏

والی (وَا - لِی) (ع) مذکر (۱) خداوند - مالک - آقا - سرتاج حاکم - بادشاہ (۲) دوست - حامی - مددگار (۳) وارث مربی - سرپرست (۴) محافظ - نگہبان ❖

والی وارث (ع) - مذکر - مالک و آقا - مربی - حمایتی پشت پناہ - سرپرست ❖

وام (وَام) (ف) مذکر - قرض - اُدھار ❖

وامق (وَا - مِق) (ع) - مذکر (۱) دوست رکھنے والا - چاہنے والا - دوست - عاشق - طالب (۲) عذرا کا مشہور عاشق ❖

وان (وَان) (ف) مذکر - علامت فاعل - صاحب - والا - دارندہ - جیسے دھن وان - دیا وان - بھاگوان وغیرہ ❖

واو (ع) مذکر و مؤنث (۱) دیکھو "و" ❖

واو عاطفہ - یا - عطف (ع) مذکر و مؤنث (۱) وہ واو جو دو کلموں میں ربط دینے کے لئے آئے ❖

واو مجہول (ع) مذکر و مؤنث (۱) وہ واؤ جس سے پہلے ضمہ خالص نہ ہو ❖

واو معدولہ (ع) (مذکر - مؤنث) وہ واؤ جو لکھنے میں تو آئے مگر پڑھنے میں نہ آئے - جیسے خویش خوش وغیرہ ❖

واو معروف (ع) مذکر و مؤنث) وہ واؤ جس سے پہلے ضمہ خالص ہو - اور خوب ظاہر پڑھنے میں آئے - جیسے دُود - دُز وغیرہ ❖

واہ (وَاہ) (ف) کلمۂ تحسین و آفرین (۱) کیا بات ہے؟ کیا کہنا ہے - سبحان اللہ - آفرین ہے - شاباش مرحبا (۲) مقام حیرت ہے - اچنبھے کی بات ہے (۳) کیا خوب - چہ خوش (۴) حیف - افسوس (۵) خوب - عجیب ❖

واہ پیر علیا مکانی کھیر ہو گیا دلیا (۱) (مثل) بنا بنایا کام بگڑ گیا - کیا کچھ تھا اور کیا ہو گیا ❖

واہ رے (۱) تعجب - توصیف - طنز - تنفر اور تاسف کا کلمہ ❖

واہ کیا بات ہے (۱) طنز و توصیف دونوں موقعوں پر بولتے ہیں ❖

واہ کیا کہنا ہے (۱) کیا بات ہے - سبحان اللہ

واہ وا (۱) واہ واہ کا مخفف ہے - کیا کہنا ہے - کیا بات ہے - سبحان اللہ - شاباش ❖

واہ واہ (ف) کلمۂ تحسین و آفرین - واہ وا ❖

واہ واہ کرنا (۱) تعریف کرنا - مرحبا کہنا - سراہنا ❖

واہ واہ گرگٹ کا بچہ تاتا شاہ (۱) (مثل) ادنیٰ شخص اور یہ عالی دماغی ❖

واہ واہ میاں بانکے تیرے دگلے میں سو سو ٹانکے (۱) (مثل) اس بے سر و سامان مغرور کی نسبت بولتے ہیں - جس کے کپڑوں میں پیوند لگے ہوں - اور وہ اس پر بھی شیخی بگھارے ❖

واہ واہ ہونا (۱) تعریف و توصیف ہونا - شہرت ہونا - نام ہونا ❖

واہب (وَا - ہِب) (ع) بخشنے والا - عفو کرنے والا ❖

واہب الحاجات (ع) حاجتیں پوری کرنے والا - خدا تعالیٰ ❖

واہب العطایا (ع) عطیے دینے والا - خدا تعالیٰ ❖

واہمہ (وَا - ہِمَہ) (ع) مذکر - وہ قوت جس سے جزئیات اور باریک باتیں معلوم ہوں - جو محسوسات سے متعلق ہیں ❖

واہی (وَا - ہی) (ع) (۱) سست - کاہل - ضعیف - ناتواں ناطاقت (۲) (ف) بیہودہ بات - بے مزہ بات (۳) (ر) آوارہ - لغو - بیہودہ - نکما - عیاش ❖

واہی تباہی (۱) (۱) بیہودہ - بے معنی - لغو (۲) آوارہ - (۳) خراب خستہ (۴) اوباش (۵) نکما - بیکار ❖

واہی تباہی بکنا (۱) بیہودہ باتیں کرنا - ژٹل ہانکنا ❖

واہی تباہی پھرنا (۱) آوارہ و سرگرداں پھرنا - خراب خستہ اور دربدر پھرنا ❖

واہی ہونا (۱) (۱) بگڑنا - خراب ہونا (۲) عیاش ہونا ❖

واہی ہے (۱) بے وقوف ہے - پاگل ہے - سودائی ہے ❖

واہیات (ع - مؤنث) واہیہ کی جمع (۱) بیہودہ اور لغو باتیں - مزخرفات (۲) اوباشی - خرافات ❖

وائر (وَا - ئر) (انگ - WIRE) (مذکر) (۱) تار - تار برقی ❖

وائرلیس (انگ - WIRE LESS) (۱) بے تار کا خصوصاً لاسلکی (۲) لاسلکی کا طریقہ یا نظام (۳) لاسلکی پیغام یا چیز (۴) لاسلکی وصول کرنے کی مشین

وائس (وَا - ئس) (انگریزی - VICE) بجائے - قائم مقام - نائب - کسی کی جگہ کام کرنے والا ❖

وائس پریزیڈنٹ (انگریزی VICE PRESIDENT) مذکر - نائب - میر مجلس - نائب صدر ❖

وائسرائے (۱) مہاشی - نائب (انگریزی VICEROY)

ذکر - نائب السلطنت - گورنر جنرل - ملکی لارڈ ۔

وائکاؤنٹ (وا - ئِ - کا - ؤنٹ) (انگریزی VISC-OUNT) مذکر - انگلستان میں ایک درجے کے امراء کا خطاب ۔

وائلن (وا - اِ - لِن) (انگریزی - VIOLIN) مذکر - چکارہ - رباب - سارنگی ۔

وائن (وا - اِن) (انگریزی WINE) مؤنث - شراب - مے - مُل - بادہ - دارُو ۔

وائن گلاس (انگریزی - WINE GLASS) (مذکر) جام شراب - شراب پینے کا گلاس ۔

وائے (وا - اِ) (ع) افسوس تاسّف اور تحسّر وغیرہ کا کلمہ جو درد - آزار - رنج و الم کے اظہار میں زبان پر آتا ہے ۔

وائے تقدیر - قسمت یا نصیب (ف - ع) کلمۂ افسوس - ہائے تقدیر - ہائے قسمت - ہائے نصیب ۔

وایو (وا - یُو) (س) مؤنث - ہوا - باد ۔

وایو کون (س) مذکر - شمال مغربی گوشہ ۔

و - ب

وبا (وَ - با) (ع) مؤنث - موت - مری والی بیماری - متعدی بیماری - وہ بیماری جو ہوا کے خراب ہوجانے سے واقع ہوتی ہے ۔

وبا آنا - یا - پھیلنا (ا) موت عام کا واقع ہونا - مری پڑنا ۔

وبال (وَ - بال) (ع) مذکر (۱) سختی - گراوٹ - بوجھ - بار (۲) عذاب - کئے کی سزا - آفت - مصیبت - بپتا - مری - وبا (۳) ناگوار طبع - عذاب جان ۔

وبال پڑنا (ا) صبر پڑنا - ظلم کا بدلہ ملنا - قہر الٰہی کا نازل ہونا ۔

وبال جان (ع - ف) مذکر عذاب جان - ناگوار طبع - دو بھر ۔

وبال جان ہوجانا (ا) دو بھر ہوجانا - بوجھ معلوم ہونا - اجیرن ہوجانا ۔

وبال دوش (ع - ف) مذکر دو بھر گراں خاطر - بار دوش ۔

و - ت

وتد (وَ - تَد) (ع) مذکر (۱) میخ - کھونٹی کھونٹا (۲) لاٹھی - کھونٹی کا ڈنڈا (۳) (عروض) سہ حرفی لفظ ۔

وَتر (وَ - تَر) (ع) مذکر - کمان کی ڈور یا چلّہ (۲) وہ خط جو دائرے کے کسی حصے کو گھیرے اور قطر سے چھوٹا ہو (۳) وہ خط جو چار ضلعوں کی شکل کے مخالف کونوں کو ملائے (۴) قائم الزاویہ مثلث کا سب سے بڑا ضلع (۵) مثلث کے کسی زاویے کے سامنے کا ضلع ۔

وِتر (وِتر) (ع) (۱) تنہا (۲) طاق (۳) وہ تین رکعتیں جو نماز عشاء میں پڑھی جاتی ہیں ۔

وتیرہ (وَ - تِی - رَہ) (ع) مذکر - طریقہ - شیوہ - راہ - روش - دستور - عادت ۔

و - ث

وثاق (وَ - ثا - اِق) (ع) مذکر - وثیقے ۔

وثق (وَ - ثَق) (ع) مذکر - پتھر وغیرہ کا بت ۔

وثوق (وُ - ثُو - ق) (ع) مذکر (۱) مضبوطی - استواری (۲) اعتبار اعتماد - بھروسہ ۔

وثیقہ (وَ - ثِی - قَہ) (ع) مذکر (۱) مضبوطی - استواری - استحکام (۲) عہد و پیمان - معاہدہ (۳) اقرار نامہ - عہد نامہ - بیع نامہ - دستاویز (۴) پرونوٹ ۔

وثیقہ دار (ع - ف) مذکر - مالک وثیقہ - پرونوٹ کا مالک ۔

وثیقہ نویس (ع - مذکر) پرونوٹ لکھنے والا - گورنمنٹ کی طرف سے لائسنس دار جو اسٹام وغیرہ لکھے ۔

و - ج

وجاہت (وَ - جا - ہَت) (ع) مؤنث (۱) خوبصورتی - خوبروئی - چہرے کا روشن ہونا - چہرے کا رعب (۲) عزت - حرمت (۳) عہدہ - درجہ (۴) حکومت ۔

وَجَب (وَ - جَب) (ع) مؤنث - بالشت - ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے لے کر انگوٹھے تک کا پھیلاؤ - ۱۱ انچ کی لمبائی ۔

وجد (وَ - جْد) (ع - مذکر) (۱) حال - جذبہ - حالت بے خودی سرمستی (۲) نہایت خوشی ۔

وجد کرنا (ا) حال کھیلنا - سرمست ہونا - اچھلنا کودنا - جھومنا ۔

وجد میں آنا (ا) حالت ذوق و شوق میں مست ہونا ۔

وجدان (وِج - دان) (ع - مذکر) (۱) جاننا - دریافت کرنا -

جاسےخفا مد دریافت کرنے کی قوت ◆

وَجَع (وَجَع) (ع) درد کرنا ◆

وَجَع (وَجَع) (ع - مذکر) درد - دُکھ - ٹیس ◆

وَجَع الاسنان (ع - مذکر) دانتوں کا درد ◆

وَجَع الظہر (ع - مذکر) پیٹھ کا درد - کمر کا درد ◆

وَجَع القلب (ع) مذکر - دل کا درد جو نہایت مہلک ہے

وَجَع المفاصل (ع - مذکر) جوڑوں کا درد - گٹھیا ◆

وُجُوب (وُ جُوب) (ع - مذکر) (۱) لزوم - لازم آنا - واجب ہونا (۲) فرض - ضروری - لابُد ◆

وُجُود (وُ جُود) (ع - مذکر) (۱) ہستی - زندگی - حیات (۲) پیدائش (۳) ظہور - نمائش (۴) مادہ - جوہر ◆

وُجُود پانا - یا - پکڑنا (ف) (۱) ہستی میں آنا - پیدا ہونا (۲) ظہور پکڑنا ◆

وُجُود میں لانا (ف) (۱) پیدا کرنا (۲) ظہور میں لانا ◆

وُجُوہ (ع) (مذکر و مؤنث) وجہ کی جمع - اسباب - دلائل - باعث ◆

وجوہات (ع) (مذکر و مؤنث) وجہ کی جمع الجمع - دلیلیں - اسباب ◆

وجہ (وَجہ) (ع - مؤنث) (۱) صورت - شکل - چہرہ (۲) سبب - کارن - باعث - موجب (۳) طریق - طور - طرز - ڈھنگ - اسلوب - دستور (۴) جانب - طرف - رُخ (۵) زر و مال - نقدی - روپیہ - پیسہ ◆

وجہ تحریک (ع - مؤنث) ترغیب کا سبب ◆

وجہ تسمیہ (ع) مؤنث - نام رکھنے کا سبب ◆

وجہ ثبوت (ع - مؤنث) ثبوت کی دلیل - شہادت - گواہی - گواہوں کی پیشی ◆

وجہ قوی (ع - مؤنث) مضبوط سبب - بُرہانِ قاطع ◆

وجہ کافی (ع - مؤنث) پورا پورا ثبوت - کامل ثبوت ◆

وجہ معاش - یا - معیشت (ع - مؤنث) وہ شے جو گزارہ کرنے کا ذریعہ ہو ◆

وجہ معقول (ع) مؤنث - ٹھیک اور درست وجہ ◆

وجہ مُوَجِّہ (ع) مؤنث - پکی دلیل - مضبوط اور مستحکم دلیل ◆

وَجِیہہ (وَ جِیہہ) (ع) (۱) خوبصورت - خوش وضع - خوشرو - حسین (۲) موزون - زیبا ◆

و - ح

وحدانی (وَح - دا - نی) (ف) ایک سے نسبت رکھنے والا ◆

وحدانیت (وَح - دا - نی - یَت) (ع - مؤنث) ایک ہونا - یکتائی - یگانگی - توحید ◆

وحدت (وَح - دَت) (ع) مؤنث - یگانہ ہونا - یکتائی - یگانگی - ایک ہونا - توحید ◆

وحدت ارادی (ع - مؤنث) آدمیوں کا جبر کے بغیر اپنے ارادے سے یک دل ہونا ◆

وحدت الوجود (ع - مؤنث) صوفیوں کی اصطلاح میں تمام موجودات کو خدا تعالیٰ ہی کا وجود ماننا اور وجود ماسوا کو محض اعتباری خیال کرنا ◆

وحدت قہری (ع - مؤنث) وہ وحدت جو بادشاہ کے قہر و غضب سے لوگوں میں حاصل ہو ◆

وحدت نوعی (ع - مؤنث) وہ وحدت جو ایک جنس ہونے کے سبب حاصل ہو ◆

وحدہٗ (وَح - دَہٗ) (ع) وہ اکیلا ہے ◆

وحدہٗ لاشریک لہٗ (ع) وہ اکیلا ہے - اس کا کوئی شریک نہیں (خدا تعالیٰ کی تعریف) ◆

وحش (وَحش) (ع - مذکر) جنگلی چوپائے ◆

وحش و طیر (ع - مذکر) جنگلی چوپائے اور پرندے ◆

وحشت (وَح - شَت) (ع - مؤنث) (۱) رمیدگی - غیر مانوسی - نفرت (۲) رَم - سودا - خفقان - گھبراہٹ - جنون - دیوانگی (۳) جوانیت - جہالت (۴) اُداسی (۵) آوارگی (۶) خوف - ڈر - بھے - ہیبت ◆

وحشت اثر (۱) وہ اثر جس سے وحشت پیدا ہو (۲) ہیبتناک - ہولناک ◆

وحشت انگیز (ع - ف) (۱) ڈراؤنا - ہولناک - مہیب - بھیانک - خوفناک جس سے وحشت پیدا ہو ◆

وحشت برسنا (ف) (۱) اُداسی چھانا (۲) دیوانہ ہونا - ویرانی برسنا (۳) جنون نمایاں ہونا ◆

وحشت زدہ (ع - ف) (۱) حواس باختہ - گھبرایا ہوا (۲) اُداس (۳) خبطی - سودائی - پاگل - مجنون ◆

وحشت ناک (ع - ف) (۱) خوفناک - بھیانک - گھبرا دینے والا ◆

وحشت ہونا (ف) (۱) گھبرانا - پریشان ہونا (۲) خفقان ہونا -

سودا ہونا - جنون ہونا ◆

وحشی (وَح شی) (ع) (صفت) (۱) صحرائی - جنگلی - بن باسی (۲) غیر مانوس ◆ بھڑکنے والا (۳) غیر مہذب (۴) ظالم (۵) مذکر - جنگلی جانور (۶) جنگلی آدمی (۷) اجڈ آدمی ◆

وَحَل (وَحَل) (ع) مذکر و مؤنث - کیچڑ - دلدل - گیلی مٹی وغیرہ ◆

وُحُوش (وُحُوش) (ع) مذکر - وحش کی جمع - صحرائی جانور ◆

وَحی (وَحی) (ع - مؤنث) (۱) پیغام الٰہی - خدا کا حکم جو پیغمبروں پر اترتا ہے (۲) وہ بات جو اللہ تعالیٰ کسی کے دل میں ڈال دے (۳) کتاب الٰہی ◆

وحید (وَحید) (ع) یکتا - یگانہ - تنہا - بے نظیر - لاثانی - فرد ◆

وحید العصر (ع) یکتائے زمانہ ◆

و - د

وداد (وِدَاد) (ع - مؤنث) محبت - دوستی - اتحاد - الفت - اُنس ◆

وداع (وِدَاع) (ع - مؤنث) (۱) رخصت - روانگی (۲) دلہن کی اپنے گھر سے رخصت ◆

ودود (وَدُود) (ع) دوست - محب ◆

ودھوا (وِدھ وَا) (ہ) بیوہ عورت ◆

وِدیا (وِدْ - یا) (س) مؤنث (۱) بِدیا - علم - گیان - فن - ہنر (۲) گیان (۳) سمجھ - ادراک (۴) واقفیت - استعداد ◆

وَدِیعت (وَدی - عَت) (ع - مؤنث) امانت - دھروڑ ◆

و - ر

وَر (ف) (۱) غالب - فائق (۲) بزرگ - بڑا - نامی ◆

وَر رہنا (۱) غالب رہنا - زبر رہنا - فتحیاب ہونا - بازی لے جانا ◆

وَر ہونا (۲) غالب ہونا - فائق ہونا ◆

وَرا - یا - وراے (ع) (۱) پس پیچھے - عقب (۲) پیچھے کی طرف - پس پشت (۳) سوا - ماسوا ◆

وراثت (وِرا - ثَت) (ع - مؤنث) ترکہ - میراث - ورثہ ◆

وراثت نامہ (ع - ف) مذکر - وارث ہونے کی تحریر یا سند ◆

وراثتاً (ع) از روئے وراثت - بطور ترکہ ◆

ورثا (وُرَ - ثا) (ع) مذکر - میراث پانے والے لوگ ◆

ورثہ (وِر - ثہ) (ع) مذکر - ترکہ - مرے کا مال - میراث ◆

ورثہ پانا (۱) ترکہ حاصل کرنا - حق پانا - میراث ملنا ◆

ورثہ قرار (ع - ف) وارث ◆

ورثے میں آنا (۱) ترکے میں آنا - حصے میں آنا - مورث سے حق پہنچنا ◆

وَرد (وَرْد) (ع - مذکر) گلاب کا پھول - گل سرخ ◆

وِرد (وِرْد) (ع - مذکر) (۱) ہر روز کا کام - معمول (۲) وظیفہ جپ - جو روز مرہ بلا ناغہ کیا جائے ◆

وردِ زباں ہونا (۱) زبان پر چڑھنا - ازبر ہونا - زبانی یاد ہونا ◆

ورد کرنا (۱) (۱) معمول باندھنا - عادت ڈالنا (۲) یاد کرنا - ازبر کرنا ◆

وَردی (وَر - دی) (ع - مؤنث) (۱) سپاہ کی پوشاک - فوج کا نشان (۲) وہ باجا جو لشکر میں رات کے دس بجے سو جانے کے لئے اور چار بجے صبح جاگ اٹھنے کے لئے بجتا ہے ◆

وَردی بولنا (۱) (۱) کسی واقعے کی خبر لا کر دینا - رپورٹ کرنا - اطلاع دینا (۲) جاسوسوں اور مخبروں کا آکر کوئی خاص بات بتانا ◆

وردی میجر (ا) مذکر - ایک ہندوستانی فوجی افسر جو فوج کو احکام سناتا اور وردی تقسیم کرتا ہے ◆

ورزش (وَر - زِش) (ف) مؤنث - کسرت - ریاضت ◆

ورزش خانہ (ف - مذکر) وہ جگہ جہاں ورزش کی جائے ◆

ورزش کرنا (۱) کسرت کرنا - ریاضت کرنا - ڈنڑ پیلنا ◆

ورزشی (ف) ورزش کیا ہوا - کسرتی ◆

وَرطہ (وَر - طہ) (ع) مذکر (۱) ہلاکت کا مقام - وہ زمین جہاں رستہ نہ ہو (۲) (مجاز) (۱) بھنور - گرداب - پانی کا چکر ◆

وَرَع (وَرَ - ع) (ع - مؤنث) پرہیزگاری - پارسائی - تقویٰ ◆

ورغلانا (وَر - غلانا) (ف - ہ) ورغلا - نا (۱) بہکانا - پھسلانا - بھڑکانا (۲) اغوا کرنا (۳) پھسلانا - گمراہ کرنا - فریب دینا - دھوکا دینا ◆

وَرَق (وَرَ - ق) (ع - مذکر) (۱) درخت کا پتا - پات (۲) کاغذ کا ٹکڑا - پنا (۳) صفحہ یا تاش کا پتا (۴) چاندی یا سونے کا باریک کُٹا ہوا ٹکڑا (۵) باریک اور چوڑی تراشی ہوئی چیز - قاش ◆

ورق الخیال (ع) مذکر - مؤنث - بھنگ - جسے عوام سبزی یا ٹھنڈائی کہتے ہیں ◆

ورق بکھر جانا (۱) (۱) کتاب کے کاغذوں کا پراگندہ ہونا (۲) تتر بتر ہو جانا (۳) پوشش پھٹ جانا (۴) تباہ و برباد ہو جانا (۵) حواس باختہ ہو جانا - ہوش حواس قائم نہ رہنا (۶) قالب

میں نہ رہنا ۔ بس میں نہ رہنا ۔

ورق ساز (ع ۔ ف) مذکّر ۔ زرکوب ۔ چاندی سونے کے ورق بنانے والا ۔

ورق کوٹنا (ہ) (۱) زرکوبی کرنا ۔ چاندی یا سونے کے ورق بنانا ۔

ورق گردانی کرنا (ا) (۱) کتاب کے ورق الٹنا (۲) کچھ نہ پڑھنا اور یونہی وقت گنوانا ۔

ورق گُل (ع ۔ ف) مذکّر ۔ پنکھڑی ۔

ورقہ (ا) مذکّر (۱) کتاب کا ورق (۲) پشارہ (۳) پتّا ۔

ورکشاپ (ورک ۔ شاپ) (انگریزی ۔ WORK-SHOP) مذکّر (۱) کارخانہ ۔

وَرْلا (وَرْ ۔ لا) (ہ) پار ادھر کا ۔ اس طرف کا ۔ ورے کا ۔

وَرم (وَرَم) (ع) ۔ مذکّر ۔ سوجن ۔ آماس ۔ بیماری یا چوٹ کے سبب جسم کا پھول جانا ۔

وَرنہ (وَرْ ۔ نہ) (ف) نہیں تو ۔ وگرنہ ۔

وُرُود (وُ ۔ رُود) (ع) ۔ مذکّر (۱) اترنا ۔ داخل ہونا (۲) رونق افروزی ۔ تشریف آوری ۔ نزول ۔

ورے (وَ ۔ رے) (ہ) (۱) اس طرف ۔ ادھر (۲) پاس ۔ نزدیک ۔

وَرِید (وَ ۔ رِید) (ع) ۔ مؤنّث ۔ گلے کی موٹی رگ ۔ شہ رگ ۔

و ۔ ز

وزارت (وِ ۔ زا ۔ رَت) (ع) مؤنّث (۱) وزیری ۔ وزیر کا کام (۲) وزیر کا دفتر ۔ مدار المہامی ۔

وُزَرا (وُ ۔ زَ ۔ را) (ع) ۔ مذکّر ۔ وزیر کی جمع ۔

وزن (وَزْن) (ع) ۔ مذکّر (۱) بوجھ ۔ بار ۔ گرانی (۲) اندازہ ۔ تول ۔ جانچ (۳) مقدار ۔ پیمانہ (۴) بحر ۔ شعر کا وزن ۔ (۵) وقعت (۶) عزّت ۔ قدر (۷) امتحان ۔ آزمائش ۔ سنجیدگی ۔ متانت ۔

وزن کرنا (۱) وقعت رکھنا ۔ وزنی ہونا ۔ باوقعت ہونا ۔

وزنی ہونا (ہ) (۱) بوجھ ہونا ۔ گرانی ہونا (۲) متانت ہونا ۔ وقعت ہونا (۳) تلنا ۔ تولا جانا ۔

وزیر (وَ ۔ زِیر) (ع) مذکّر (۱) لغوی معنی ۔ بار برداری کا شریک (۲) دیوان ۔ مدار المہام ۔ کار فرما ۔ منتری ۔ منسٹر (۳) شطرنج کا ایک مُہرہ ۔

وزیر اعظم (ع) ۔ مذکّر ۔ بڑا وزیر ۔ وزیر الملک ۔ چیف منسٹر ۔

وزیرِ تعلیم (ع) ۔ مذکّر ۔ تعلیم کا حاکم ۔ اعلیٰ ۔ ربط و ضبط تعلیم کا مدار المہام ۔ ایجوکیشن منسٹر ۔

وزیرِ مال (ع) ۔ مذکّر ۔ آمدنی و خرچ شاہی کا ناظم ۔ دخل و خرچ اخراجات کا حاکم اعلیٰ ۔ ریونیو ممبر ۔

وزیرِ زراعت (ع) ۔ مذکّر ۔ محکمۂ زراعت کا اعلیٰ حاکم ۔

وزیری (ف) ۔ مؤنّث (۱) وزارت (۲) (مذکّر) ایک قسم کا انجیر (۳) صوبۂ سرحد کے پٹھانوں کی ایک جماعت ۔

وزیرِ سے چنیں شہر یارے چناں (ف) مثل جیسے افسر ویسے ماتحت ۔ دونوں کا حال ابتر ہے ۔

و ۔ س

وسادہ (وِ ۔ سا ۔ دَہ) (ع) ۔ مذکّر ۔ تکیہ ۔

وساطت (وَ ۔ سا ۔ طَت) (ع) مؤنّث ۔ درمیان ہونا ۔ اعتدال (۲) وسیلہ ۔ واسطہ ۔ توسط ۔ توسّل ۔ ذریعہ ۔

وَساوِس (وَ ۔ سا ۔ وِس) (ع) مذکّر ۔ وسواس کی جمع ۔ وسوسے ۔

وسائل (وَ ۔ سا ۔ ئِل) (ع) ۔ مذکّر ۔ وسیلہ کی جمع ۔ ذریعے ۔ واسطے ۔ وسیلے ۔

وَسَط (وَ ۔ سَط) (ع) مذکّر ۔ بیچ ۔ درمیان ۔ کمر ۔ قلب ۔ میان ۔ مرکز ۔

وُسطیٰ (ع) (۱) درمیانی ۔ بیچ کا (۲) بڑا نہ چھوٹا ۔ اوسط درجہ کا ۔ متوسط ۔

وسطی مدرسہ (ع) مذکّر ۔ مڈل سکول ۔ وہ مکتب جہاں مڈل تک تعلیم ہو ۔

وُسعت (وُسْ ۔ عَت) (ع) ۔ مؤنّث (۱) فراخی ۔ کشادگی ۔ چوڑائی ۔ پھیلاؤ (۲) میدان (۳) گنجائش ۔ سمائی (۴) پھیلاؤ ۔ رقبہ ۔ عرض ۔ طول ۔ عمق ۔ جسامت ۔

وسعت دینا (۱) بڑھانا ۔ زیادہ کرنا ۔ فراخ کرنا ۔ پھیلانا ۔

وِسکی (وِس ۔ کی) (انگریزی WHISKY) مؤنّث ۔ ایک قسم کی شراب ۔

وِسل (وِسَل) (انگریزی ۔ WHISTLE) مذکّر ۔ سیٹی ۔

وِسل بجانا (۱) سیٹی بجا کر سپاہیوں یا طلبہ کو قواعد وغیرہ کے لئے تیار کرنا ۔

وَسمہ (وَس ۔ مہ) (ع) ۔ مذکّر (۱) نیل کے پتے جن سے خضاب کیا جاتا ہے (۲) مگکوہ ۔ ابٹن ۔

وَسمہ کرنا یا ۔ لگانا (۱) خضاب کرنا ۔ خضاب کا بالوں میں لگانا ۔

وَسْوَاس (وَس۔ وَاس) (ع۔ مذکّر) (۱) وہم۔ وسوسہ (۲) خوف۔ اندیشہ۔ ڈر (۳) گمان۔ شک۔ شبہ۔ ظن ٭

وسواسی (ع) (۱) وہمی۔ بشکّی ٭

وسوسہ (وَس۔ وَسَہ) (ع) مذکّر (۱) وہم۔ شبہ (۲) ظن۔ بدگمانی ٭

وسیع (وَسِیْع) (ع) فراخ۔ چوڑا۔ کشادہ۔ دور تک پھیلا ہوا۔ بڑا۔ لمبا ٭

وسیع النظر (ع) جس کی نظر وسیع ہو۔ بلند خیال۔ جس کی معلومات بہت زیادہ ہوں ٭

وسیع النظری (ع۔ ف) مؤنث۔ نظر کا وسیع ہونا۔ بلند خیالی۔ کثرت معلومات ٭

وسیلہ (وَسِی۔ لَہ) (ع۔ مذکّر) (۱) ذریعہ۔ واسطہ۔ وساطت۔ توسّط (۲) دستگیری۔ حمایت۔ پشتی۔ اعانت۔ آسرا ٭

وسیلہ پیدا کرنا (ف) (۱) اپنا ولی یا مددگار بہم پہنچانا (۲) ذریعہ نکالنا ٭

وسیم (وَسِیْم) (ع) خوبصورت ٭

و۔ ش

وش (وَش) (ف) مانند ٭

وشاق (وُشَاق) (ت۔ مذکّر) خدمت گار۔ نوعمر غلام ٭

وشنو (وِش۔ نُو) (س۔ مذکّر) ہندوؤں کا دوسرا دیوتا جو مخلوق کی پرورش کرتا ہے ٭

وثوق (وُثُوق) (ع۔ مذکّر) بھروسہ۔ یقین۔ اعتماد ٭

و۔ ص

وصّاف (وَص۔ صَاف) (ع) بہت تعریف کرنے والا ٭

وصال (وِصَال) (ع۔ مذکّر) (۱) ملاقات۔ ملاپ۔ ملنا (۲) وصل۔ ہمبستری (۳) بزرگانِ دین کا انتقال (۴) موت۔ انتقال۔ وفات ٭

وصال ہو جانا۔ یا۔ ہونا (ف) (۱) ملاقات ہونا۔ عاشق و معشوق کا ملنا (۲) صحبت ہونا (۳) انتقال ہونا۔ مر جانا وفات پانا (۴) خاتمہ ہونا۔ انجام ہونا۔ جاتا رہنا ٭

وصایا (وَصَا۔ یَا) (ع۔ مذکّر) وصیّت کی جمع ٭

وصف (وَصْف) (ع۔ مذکّر) تعریف۔ صفت۔ خوبی۔ عمدگی۔ بھلائی (۲) گن۔ خاصیت۔ خو۔ خصلت۔ عادت (۳) کمال۔ ہنر۔ جوہر۔ سلیقہ ٭

وَصل (وَصْل) (ع) مذکّر (۱) ملنا۔ ملاپ۔ میل۔ ملاقات۔ جوڑ (۲) مجامعت۔ صحبت۔ جماع۔ ہمبستری۔ مباشرت ٭

وصل ہونا (ف) (۱) ملاقات ہونا (۲) خوب ملنا۔ پیوستہ ہونا (۳) مباشرت ہونا۔ ہمبستری ہونا ٭

وصلت (ع۔ مؤنث) وصل ٭

وَصلہ (ع۔ ف) ٹکڑا۔ پارہ۔ پارچہ۔ ریزہ۔ دھجی۔ کپڑے یا کاغذ کا ٹکڑا ٭

وصلہ (ع) مذکّر (۱) دیکھو "وُصلہ" (۲) پیوند۔ پیوستگی (۳) خویشی۔ اپنایت ٭

وصلی (وَص۔ لِی) (ع) دو باہم وصل کئے ہوئے کاغذوں کا ورق جس پر خوشنویس قطعہ وغیرہ کی مشق کرتے ہیں۔ مشق کرنے کا موٹا کاغذ ٭

وصول (وُصُول) (ع۔ مذکّر) (۱) کسی چیز کا کسی دوسری چیز کے پاس پہنچنا (۲) حاصل۔ پایا ہُوا۔ رسیدہ۔ پہنچا ہُوا۔ (۳) بیباق۔ جمع ٭

وصول باقی (ع) مذکّر (۱) وہ روپیہ جو وصول نہ ہُوا ہو (۲) رہے ہوئے روپے کا وصول کرنا ٭

وصول پانا۔ یا۔ کرنا (ف) بھر پانا۔ حاصل کرنا ٭

وصولی (وُصُو۔ لِی) (ف) (۱) یافتنی۔ قابل الوصول۔ واجب الوصول (۲) مؤنث۔ قابل وصول روپیہ ٭

وصی (وَصِی) (ع۔ مذکّر) (۱) وہ شخص جس کو وصیّت کی گئی ہو۔ وصیّت پر عمل کرنے والا (۲) سربراہ کار۔ منصرم (۳) حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ سے مراد ہے ٭

وصیّت (وَصِی۔ یَت) (ع۔ مؤنث) سفر کو جاتے یا مرتے ہوئے کا نصیحت کرنا۔ کہ میرے بعد ایسا ایسا کرنا ٭

وصیّت کرنا (ف) مرتے یا سفر کو جاتے وقت کچھ سمجھانا۔ اخیر نصیحت کرنا ٭

وصیّت نامہ (ع۔ ف) مذکّر۔ تحریری وصیّت۔ وہ فہمائش جو مرتے یا سفر کو جاتے وقت لکھ کر دی جائے ٭

و۔ ض

وَضع (وَضْع) (ع۔ مؤنث) (۱) رکھنا۔ ترتیب دینا۔ بنانا (۲) ساخت۔ بناوٹ (۳) طرز۔ روش۔ دستور۔ طور۔ طریق۔ رنگ ڈھنگ۔ چال چلن۔ صورت شکل۔ فیشن (۴) حالت۔ وجہ۔ گت (۵) جننا۔ بچہ دینا۔ اسقاط (۶) بنیاد۔ نیو۔ بنا (۷) مجرا۔ وصول۔ منہا۔ تفریق۔ خارج

(۷) آن۔ انداز۔ ادا (۸) پھبتی۔ موزوں اور چسپاں بات ٭

وضع بدلنا (۱) طرز بدلنا۔ حالت بدلنا۔ عادت اور ڈھنگ میں فرق آنا ٭

وضع حمل (ع) مذکر اسقاط۔ پیٹ گرنا۔ بچہ ہونا ٭

وضع دار (ع۔ ف) (۱) خوش وضع۔ بانکا۔ طرحدار۔ باوضع سجیلا (۲) خوبصورت۔ حسین (۳) پابند وضع۔ اپنی چال اور روش پر قائم و مستقل رہنے والا ٭

وضع داری (ع۔ ف) مؤنث (۱) طرحداری۔ فرض شناسی۔ بانکپن۔ خوبی (۲) خوبصورتی۔ حسن (۳) وتیرہ۔ شعار۔ طریقہ۔ سلیقہ۔ ڈھنگ (۴) ایک دفعہ اختیار کی ہوئی روش کو آخر دم تک نباہنا ٭

وضع کرنا (۱) (۱) مجرا کرنا۔ منہا کرنا۔ حساب سے خارج کرنا وصول کرنا۔ حساب میں لگا لینا۔ کاٹنا۔ نکالنا۔ (۲) ایجاد کرنا ٭

وضع کہے دیتی ہے (۱) صورت سے ظاہر ہے طرز ہی سے معلوم ہوتا ہے ٭

وضع ہونا (۱) (۱) مجرا ہونا۔ کٹنا۔ منہا ہونا۔ حساب میں لگنا۔ نکلنا (۲) ایجاد ہونا ٭

وضعائیں (وَضْ۔ عَا۔ اِیں) (۱) مؤنث (ع) وضع کی جمع وضعیں۔ طرزیں ٭

وضو (وُضُو) (ع) مذکر۔ نماز کے لئے ہاتھ۔ منہ۔ پاؤں وغیرہ بطریق شریعت دھونا۔ طہارت نماز ٭

وضو تازہ کرنا (۱) وضو ہوتے ہوئے دوبارہ وضو کرنا ٭

وضو توڑنا (۱) (۱) بے وضو ہونا۔ طہارت میں فرق لانا (۲) زہد و تقویٰ قائم نہ رہنے دینا ٭

وضو ٹوٹ جانا (۱) وضو جاتا رہنا۔ گوز نکل جانا (۲) (۳) نیت میں فرق آجانا۔ زہد میں فرق آجانا ٭

وضو ٹوٹنا (۱) (۱) وضو کا جاتا رہنا۔ طہارت قائم نہ رہنا (۲) نیت میں فرق آنا (۳) ارادہ یا صلاح بدل جانا ٭

وضو ٹھنڈا۔ یا۔ ڈھیلا ہو جانا (۱) ارادہ سست ہو جانا۔ ارادے میں ضعف آجانا۔ ولولہ جاتا رہنا ٭

وضو کرنا (۱) نماز کے لئے ہاتھ۔ منہ۔ پاؤں وغیرہ دھونا۔ طہارت نماز کرنا ٭

وُضُوح (وُضُوْح) (ع۔ مذکر) (۱) ظہور۔ اظہار (۲) وضاحت۔ صراحت۔ صفائی (۳) ثبوت۔ شہادت ٭

وَضِیع (وَضِیْع) (ع) ادنےٰ۔ کمینہ۔ ہیچ۔ ناکس۔ فرومایہ نالائق ٭

وضیع و شریف (ع۔ مذکر) ادنیٰ اعلیٰ۔ چھوٹا بڑا ٭

و۔ط

وطن (وَطَن) (ع۔ مذکر) (۱) رہنے اور قیام کرنے کی جگہ۔ پیدا ہونے کی جگہ۔ پیدائش گاہ (۲) اپنا ملک۔ اپنا دیس ٭

وطن مالوف (۱) مذکر۔ پیارا وطن۔ وہ جگہ جہاں کے رہنے کی عادت پڑی ہوئی ہو ٭

و۔ظ

وظائف (وَ ظَا۔ اِف) (ع۔ مذکر) وظیفہ کی جمع ٭

وظیفہ (وَ ظِیْ۔ فَہ) (ع۔ مذکر) (۱) وہ چیز جو ہر روز کے لئے مقرر ہو (۲) روزینہ۔ علوفہ۔ تنخواہ۔ طلب۔ درماہہ (۳) پنشن (۴) روزمرہ پڑھنے کی دعا (۵) مدد معاش۔ جاگیر (۶) وہ روپیہ جو طالب علم کو پڑھائی جاری رکھنے کے لئے بطور امداد دیا جائے (۷) کسی بات کی رٹ ٭

وظیفہ بند کرنا (۱) (۱) روزینہ روک دینا۔ علوفہ بند کر دینا (۲) تنخواہ یا سکالرشپ بند کر دینا (۳) پنشن ضبط کرنا ٭

وظیفہ پڑھنا (۱) معمول باندھ کر کچھ دعا پڑھنا۔ معمولی اوراد کا ادا کرنا ٭

وظیفہ خوار (ع۔ ف) مذکر۔ تنخواہ دار۔ روزینہ دار ٭

و۔ع

وعدہ (وَعْ۔ دَہ) (ع۔ مذکر) (۱) اقرار۔ قول و قرار۔ بچن۔ قرارداد (۲) اقرارنامہ (۳) (۱) مرنے کا دن۔ موت کا وقت ٭

وعدہ آپہنچنا (۱) موت کا وقت قریب آجانا ٭

وعدہ برابر (پورا) ہونا (۱) موت آنا۔ قضا آنا۔ زندگی کا وقت پورا ہونا ٭

وعدہ ٹالنا (۱) لیت و لعل کرنا۔ حیلہ حوالہ کرنا۔ اقرار سے بچنا ٭

وعدہ خلاف (ع۔ مذکر) وہ شخص جو اپنے وعدے کا پکا نہ ہو۔ خلاف گر۔ اقرار کا جھوٹا۔ قول کا جھوٹا ٭

وعدہ خلافی (ع۔ مؤنث) عہد شکنی۔ اقرار کے خلاف کرنا۔ بے وفائی ٭

وعدہ شب درمیان (ع۔ ف۔ مذکر) دوسرے دن کا وعدہ ٭

وعدہ شکن (ع۔ ف) دیکھو "وعدہ خلاف" ٭

وعدہ فراموش (ف) اقرار کو بھول جانے والا۔ وعدہ یاد نہ رکھنے والا ٭

وعدہ کرنا (۱) اقرار کرنا۔ قول دینا۔ زبان دینا۔ عہد کرنا ٭

وعدہ لینا (۱) قول لینا۔ عہد لینا ٭

وعدہ وعید (ع۔ مذکر) لیت و لعل۔ ٹال مٹول۔ امروز فردا۔ آج کل۔ حیلہ حوالہ ٭

وعدہ وعید کرنا (۱) ٹال مٹول کرنا۔ لیت و لعل کرنا۔ آج کل کرنا ٭

وعدہ وفا (ع) بات کا پورا۔ قول کا سچا۔ اقرار پورا کرنے والا۔ وعدے کا سچا ٭

وعدہ وفا کرنا (۱) اقرار پورا کرنا۔ قول نباہنا ٭

وعظ (وَعظ) (ع۔ مذکر) (۱) نصیحت۔ پند (۲) مذہبی لیکچر۔ درس۔ بیان مسائل ٭

وعظ کرنا (۱) مذکر (۱) نصیحت کرنا۔ درس دینا۔ تلقین کرنا (۲) مذہبی لیکچر دینا ٭

وعلیکم السلام (وَ۔ عَلَے۔ کُمُس۔ سلام) (ع۔ مذکر) اور تم پر سلامتی ہو ٭

وعید (وَعِید) (ع۔ مذکر) (۱) برائی کا وعدہ۔ سزا دینے کا وعدہ (۲) دھمکی ٭

و۔غ

وغا (وَغا) (ع۔ مؤنث) (۱) لڑائی۔ جنگ (۲) ہنگامہ۔ شور۔ غل (۳) دنگہ۔ فساد ٭

وغیرہ (وَ۔ غے۔ رَہ) (ع) اور اس کے بغیر۔ اور کئی۔ آگے اسی قیاس ٭

و۔ف

وفا (وَفا) (ع۔ مؤنث) (۱) نباہ۔ وعدہ کی تعمیل۔ تکمیل۔ مروت (۲) نباہ۔ ساتھ (۳) دیانت۔ نمک حلالی۔ خیر خواہی۔ عقیدتمندی (۴) نباہ ٭

وفادار (ع۔ ف) (۱) وفا کرنے والا۔ با مروت (۲) سچا۔ صادق۔ صاف (۳) نمک حلال۔ خیر خواہ (۴) دیانتدار۔ راست باز (۵) معتمد۔ معتبر (۶) متدین ٭

وفاداری (ع۔ ف۔ مؤنث) (۱) دیانتداری (۲) مروت (۳) نمک حلالی ٭

وفاشعار (ع) نہایت وفادار۔ جس کی طبیعت اور عادت میں وفا پڑی ہوئی ہو ٭

وفا کرنا (۱) (۱) نباہنا۔ ساتھ دینا (۲) مروت کرنا (۳) وعدہ پورا کرنا (۴) نمک حلالی کرنا۔ خیر خواہی کرنا (۵) اطاعت کرنا ٭

وفات (وَ۔ فات) (ع۔ مؤنث) موت۔ انتقال۔ مرگ۔ اجل۔ قضا ٭

وفات پانا (۱) مرنا۔ فوت ہونا۔ انتقال کرنا۔ دنیا سے گزرنا۔ رحلت کرنا۔ جاں بحق ہونا ٭

وفات شریف (ع۔ مؤنث) (۱) کسی بزرگ دین کی موت یا وصال (۲) حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ٭

وفاق (وِفاق) (ع۔ مذکر) (۱) موافقت۔ سازگاری۔ میل (۲) صلح۔ اتفاق۔ محبت ٭

وفد (وَفد) (ع۔ مذکر) (۱) کسی کا پیغام لے کر کسی کے پاس جانا (۲) نمائندوں کی جماعت ٭

وفق (وَفق) (ع۔ مذکر) (۱) موافق۔ مطابق (۲) موافقت۔ مطابقت ٭

وفور (وُفُور) (ع) کثرت۔ افراط۔ زیادتی۔ بہتات ٭

و۔ق

وقا (وَقا) (ع) نہایت روشن۔ بے حد چمکیلا۔ بہت ہی بھڑکیلا ٭

وقار (وَقار) (ع۔ مذکر) (۱) آرام۔ سکون۔ قرار (۲) بردباری۔ استقلال۔ ثابت قدمی (۳) متانت۔ سنجیدگی (۴) قدر و منزلت۔ جاہ و جلال ٭

وقائع (وَقائع) (ع۔ مؤنث) لڑائی۔ جنگ۔ حملہ۔ یورش۔ دھاوا ٭

وقائع (وَ قا - ءِ ع) (ع - مذکر) وقیعہ کی جمع (۱) خبریں حالات واقعات (۲) حادثے ۔ سانحات ۔ واردات ۔ مصیبتیں (۳) لڑائیاں ۔

وقائع نگار (ع ۔ ف ۔ مذکر) اخبار نویس ۔ نامہ نگار ۔

وقائع نگاری (ع ۔ ف ۔ مؤنث) اخبار نویسی ۔ پرچہ نویسی ۔ نامہ نگاری ۔

وقائع و حوادث (ع ۔ ف ۔ مذکر) واقعات اور حادثے ۔

وقت (وَقْتْ) (ع ۔ مذکر) (۱) زمانہ ۔ عرصہ ۔ ہنگام (۲) موسم ۔ فصل (۳) فرصت ۔ مہلت ۔ موقع ۔ داؤں ۔ گھات (۴) تک ۔ سماں (۵) عمر ۔ زندگی ۔ حیات (۶) باری ۔ نوبت ۔ بار ۔ دفعہ (۷) حالت ۔ گت (۸) مدت ۔ میعاد (۹) (۱) (مجازاً) موت کا وقت ۔ مرگ (۱۰) گھڑی ۔ ساعت ۔ دم (۱۱) برا وقت ۔ مصیبت (۱۲) (۱) دشواری ۔ دقت ۔

وقت آپہنچنا (ف) وعدہ آپہنچنا ۔ موت کا وقت آنا ۔ مرنے کا زمانہ قریب پہنچنا ۔

وقت آجانا (ف) (۱) موسم آجانا ۔ رُت آجانا (۲) کام کا وقت آپہنچنا (۳) مصیبت آجانا (۴) موت آجانا ۔

وقت بد (ت ۔ مذکر) برا وقت ۔ مصیبت کا وقت ۔

وقت برابر ہونا (ف) زندگی کی مدت پوری ہو جانا ۔ موت آجانا ۔

وقت بوقت (ف) بعض اوقات ۔ کبھی کبھی ۔ وقتاً فوقتاً ۔

وقت بیوقت (ف) ہر وقت ۔ ہمیشہ ۔ مدام ۔ برابر ۔ پے در پے ۔ سدا ۔ نت ۔

وقت پانا (ف) موقع یا فرصت پانا ۔ موقع حاصل کرنا ۔

وقت پر (ف) (۱) خاص موقع پر ۔ ضرورت پر ۔ حسب موقع ۔ حسب ضرورت ۔ بروقت (۲) مصیبت پر (۳) لڑائی پر ۔

وقت پر اوسان (بجا) رہنا (ف) مصیبت کے وقت نہ گھبرانا ۔

وقت پر بھاگ جانا ہی مردانگی ہے (ف) (مثل) موقع کے مطابق ہی کام کرنا دانائی اور ہنرمندی ہے ۔

وقت پر پہنچنا (ف) ٹھیک موقع پر آنا ۔ حسب موقع پہنچنا ۔ ضرورت پر پہنچنا ۔

وقت پر کام آنا (ف) ضرورت پر کام آنا ۔ موقع پر کام دینا ۔

وقت پر گدھے کو باپ بناتے ہیں (ف) (مثل) ضرورت یا لاچاری میں ادنیٰ کی بھی خوشامد کرنی پڑتی ہے ۔

وقت پر گولی بچانا (ف) (۱) موقع زد سے بچنا (۲) موقع پر ٹل جانا ۔ وقت پر دغا دینا ۔

وقت پڑنا (ف) (۱) ضرورت پیش آنا ۔ ضرورت ہونا (۲) مصیبت پڑنا ۔ بپتا پڑنا (۳) وقت پیش آنا ۔ مشکل پڑنا ۔

وقت پڑے کو جانیے کو بیری کو میت (ف) (مثل) دوست دشمن کی آزمائش مصیبت کے وقت ہوتی ہے ۔ مصیبت پڑتے ہی معلوم ہوتا ہے کہ کون دشمن ہے اور کون دوست ۔

وقت تنگ ہونا (ف) کسی کام کا وقت تھوڑا باقی ہونا ۔

وقت کاٹنا (ف) وقت گزارنا ۔ دن پورے کرنا ۔ دل بہلانا ۔

وقت کو غنیمت جانیے (ف) موقع کو ہاتھ سے نہیں دینا چاہیے ۔ موقع پر تمام کر لینا چاہیے ۔

وقت کھونا (ف) وقت ضائع کرنا ۔ وقت رائگاں کرنا ۔

وقت کے بادشاہ ہیں (ف) نہایت بے فکر اور بے غم ہیں (۲) حاکم وقت ہیں ۔ ان کے بہت اختیارات ہیں ۔ یہ بہت کچھ کر سکتے ہیں ۔

وقت کے وقت (ف) عین وقت پر ۔ بروقت ۔ عین ضرورت پر ۔

وقت گزر گیا بات رہ گئی (ف) (مثل) کام نکل گیا ۔ شکایت رہ گئی ۔

وقت ناوقت (ف) وقت بے وقت ۔ کبھی کبھی ۔ گاہ بگاہ ۔

وقت نکالنا (ف) (۱) موقع حاصل کرنا ۔ فرصت نکالنا (۲) وقت گزاری کرنا ۔ وقت گزارنا (۳) ضرورت نکالنا ۔

وقت نکل جاتا ہے ۔ بات رہ جاتی ہے ۔ یا وقت نہیں رہتا ۔ بات رہ جاتی ہے (ف) (مثل) کسی کا کام نہیں رکتا ۔ البتہ مصیبت کے وقت جو کام نہ آئے ۔ اس کی بدسلوکی یاد رہ جاتی ہے ۔

وقت واپسیں (ع ۔ ف ۔ مذکر) آخیر وقت ۔ نزع کا وقت (۲) مرتے دم ۔ مرنے وقت ۔ جان کنی کے وقت ۔

وقت وقت کا راگ اچھا ہوتا ہے (ف) ہر

چیز اپنے موقع (و) محل پر اچھی ہوتی ہے ◆
وقت وقت کا راگ (کی راگنی) ہے (۱) جیسا موقع ہو۔ ویسی ہی بات منہ سے ہوتی ہے ◆
وقت وقت کی راگنی (۱) مؤنث۔ موقع موقع کا کام ◆
وقت ہاتھ سے نہ دینا (۱) موقع نہ کھونا ◆
وقتاً فوقتاً (۱) کبھی کبھی۔ حسب موقع۔ اپنے اپنے موقع پر ◆
وقتی (ف) وقت کا۔ زمانے کا ◆
وَقر (وَقْر) (ع۔ مذکر) (۱) گرانی۔ بوجھ (۲) (مجازاً) حلم تمکنت (۳) (۱) عظمت۔ بزرگی۔ بڑائی۔ قدر و منزلت شان و شوکت۔ عزّت۔ آبرو (۴) (۱) مرتبہ۔ رتبہ۔ پایہ۔ درجہ۔ منصب ◆
وقر پانا (۱) عزّت حاصل کرنا۔ درجہ حاصل کرنا ◆
وقر کھونا (۱) بات کھونا۔ عزّت گنوانا ◆
وَقِس عَلیٰ ہٰذا (ع) اور اسی پر اور باتوں کو بھی قیاس کرو ◆
وقعت (وَق۔ عَت) (ع) مؤنث (۱) بلندی۔ اونچائی (۲) (مجازاً) عزّت۔ اعتبار۔ ساکھ ◆
وقعت کھونا (۱) بات کھونا۔ عزّت یا اعتبار نہ رکھنا ◆
وقف (وَقْف) (ع) مذکر (۱) توقف۔ ٹھہراؤ۔ آرام (۲) خدا کے نام پر چھوڑی ہوئی چیز جس کا کوئی خاص مالک نہ ہو۔ رفاہ عام کی چیز جیسے مسجد۔ مندر وغیرہ ◆
وقف اولاد (ع۔ مذکر) وہ شے جو اپنی اولاد کے لئے وقف کر دیں۔ اور دوسرے کو اس میں دخل نہ ہو ◆
وقف کرنا (۱) خدا کے نام پر چھوڑنا۔ رفاہ عام کے لئے چھوڑنا ◆
وقف نامہ (ع۔ ف) مذکر۔ وہ دستاویز جو مال وقف کی بابت اس کے متولی کو لکھ کر دی جائے ◆
وقف ہونا (۱) (۱) جائز ہونا۔ مباح ہونا۔ کسی کی ملکیت نہ ہونا (۲) حصّے میں آنا۔ نذر ہونا ◆
وقفہ (وَق۔ فَہ) (ع۔ مذکر) (۱) ٹھہراؤ۔ قیام۔ سکون (۲) تھوڑی سی دیر۔ ڈھیل۔ مہلت۔ توقف۔ دیر۔ تامل۔ التوا۔ اٹکاؤ (۳) مہلت۔ فرصت۔ چھٹی ◆
وقفہ دینا (۱) مہلت دینا۔ فرصت دینا۔ موقع دینا ◆
قِنا رَبّنا عَذابَ النّار (ع) اور اے ہمارے پروردگار! ہمیں آگ (دوزخ) کے عذاب سے بچا ◆

وقوع (وُ قُوع) (ع۔ مذکر) واقع ہونا۔ ظہور۔ اظہار۔ صدور ◆
وقوعِ جرم (ع۔ مذکر) ارتکاب جرم۔ صدور جرم۔ کسی گناہ کا سرزد ہونا ◆
وقوع میں آنا (۱) ظہور میں آنا۔ ظاہر ہونا۔ واقع ہونا۔ سرزد ہونا ◆
وقوعہ (وُ قُو۔ عَہ) (ع۔ مذکر) (۱) حادثہ۔ سانحہ۔ واردات صدمہ (۲) دنگہ۔ ہنگامہ۔ فساد ◆
وقوف (وُ قُوف) (ع۔ مذکر) (۱) واقفیت۔ اطلاع۔ خبر۔ آگاہی۔ جاننا (۲) ٹھہراؤ۔ کھڑا ہونا۔ شائستگی (۳) (۱) شعور۔ تمیز۔ سلیقہ (۴) لیاقت۔ استعداد (۵) تجربہ۔ مہارت ◆
وقوف پکڑنا (۱) تمیز حاصل کرنا۔ ہوش پکڑنا۔ عقل سیکھنا ◆
وقوف پیدا کرنا (۱) (۱) لیاقت حاصل کرنا (۲) ہنر سیکھنا (۳) شعور سیکھنا ◆
وقوف دار (ع۔ ف) واقف۔ تجربہ کار ◆
وقیع (وَ قِیع) (ع) (۱) بلند (۲) (مجازاً) ذی عزّت ◆

و ۔ ک

وکالت (وَ کا۔ لَت) (ع) مؤنث (۱) اپنا کام دوسرے پر چھوڑنا۔ پیغام رسانی (۲) ایلچی گری۔ نیابت۔ قائم مقامی (۳) ذمّہ داری۔ ضامن ہونا ◆
وکالت کرنا (۱) مختار کاری کرنا۔ ایلچی گری کرنا۔ وکالت کا کام کرنا ◆
وکالت نامہ (ع۔ ف) مذکر۔ قانون) مختار نامہ۔ وہ کاغذ جو وکیل کو کسی کام کے بھگتانے کے لئے لکھ دیں۔ کہ اس میں ہم نے اس کو اپنا وکیل کیا ہے ◆
وکالت نامہ تصدیق ہونا (۱) مختار نامہ پر حاکم کے دستخط ہونا ◆
وکالتاً (ع) وکیل کے ذریعے سے۔ وکیل کی معرفت ◆
وکٹ (وِ کِٹ) (انگریزی۔ WICKET) (اردو) مؤنث) گیند بلّے کی وہ لکڑی جس پر گیند مارتے ہیں ◆
وکٹوریا (وِک۔ ٹو۔ رِیا) (انگریزی۔ VICTORIA) (۱) (لغوی معنی) فتحیاب۔ اقبال مند۔ ملکہ (۲) ملکۂ معظمہ انگلستان ◆
وکٹوریا میموریل انسٹی ٹیوٹ (انگریزی) —

(VICTORIA TECHNICAL INSTITUTE)
(مذکر) لاہور میں ایک مدرسہ ہے جہاں دستکاری اور دیگر صنعتیں وغیرہ سکھائی جاتی ہیں ۔

وکٹوریا کراس (انگریزی) VICTORIA CROSS - (مذکر) ایک اعزازی تمغہ جس پر صلیب کی شکل بنی ہوتی ہے ۔ اور کسی بڑی بہادری کے کام میں بطور انعام بادشاہ کی طرف سے دیا جاتا ہے ۔

وکیل (وَکِیل) (ع) مذکر ۔ مختار ۔ قائم مقام ۔ نائب ۔ پلیڈر ۔ قانون دان ۔

وکیل سرکار (سرکاری) (ع ۔ ف) (مذکر) عدالت فوجداری میں حکومت کی طرف سے پیروی کرنے والا وکیل ۔

وکیل کرنا (۱) اپنا وکیل بنانا ۔ قانونی طور پر اپنا قائم مقام کرنا ۔

وکیل عام ۔ یا ۔ مطلق (ع ۔ مذکر) مختار عام ۔ مختار کل وہ کارندہ جسے ہر امر کا پورا اختیار حاصل ہو ۔

و-گ

وگر (وَگَر) (ف) حرف عطف ۔ اور اگر ۔ اور جو ۔

وگرنہ (ف) اور اگر نہیں ۔ ورنہ ۔

و-ل

ولا (وِلا) (ع) مؤنث محبت ۔ دوستی ۔ اتحاد ۔ ارتباط ۔

ولادت (وِلا ۔ دَت) (ع) مؤنث (۱) بچہ جننا (۲) جنم ۔ پیدائش ۔

ولایت (وِلا ۔ یَت) (ع) مؤنث (۱) دیس ۔ اقلیم ۔ بر اعظم (۲) ایران ۔ افغانستان ۔ انگلستان (۳) ایک بادشاہ کی حکومت ۔ ایک بادشاہ کا ملک ۔ بادشاہت ۔ سلطنت ۔ مملکت (۴) کسی کے کام کی ذمہ داری ۔ کفالت (۵) خدا تعالیٰ سے تقرب ۔

ولایت پانا (۱) ولایت کا درجہ حاصل کرنا ۔ ولی ہونا ۔

ولایت میں کیا گدھے نہیں ہوتے (۱) مقولہ بیوقوف ہر جگہ ہوتے ہیں ۔

ولایتاً (ع) از روئے ولایت ۔ والی وارث کی حیثیت سے ۔

ولایتی (ع) (۱) ولایت کا رہنے والا ۔ پردیسی ۔ اجنبی ۔ غیر ملک کا (۲) (۱) یورپین ۔ یورپ کی پیداوار (۳) بولی نہ سمجھنے والا ۔ وحشی ۔ جنگلی ۔ ناتجربہ کار ۔ انجان ۔ ناواقف (۴) (۱) کابلی ۔ کابل کا رہنے والا ۔ مغل پٹھان (۵) (۱) نہایت مضبوط ۔ زور آور ۔ قوی ہیکل ۔

ولایتی بلی (۱) مؤنث ۔ ایک قسم کی پشم دار بلی جو کابل سے آتی اور نہایت خوبصورت ہوتی ہے ۔

وَلَد (وَلَد) (ع) مذکر لڑکا ۔ پسر ۔ فرزند ۔ بیٹا ۔ پوت ۔

وَلَدُالحرام (ع) مذکر حرامی ۔ فاحشہ عورت کا بچہ ۔ حرام کا جنا ۔

ولدالحلال (ع) ۔ مذکر وہ شخص جو شریعت کے مطابق نکاح ہونے سے پیدا ہوا ہو ۔ اصیل ۔ حقیقی ۔

ولدالزّنا (ع) ۔ مذکر فاحشہ عورت کا بچہ ۔ حرام کا جنا ۔ حرام زادہ ۔

ولدیت (ع) مؤنث ۔ باپ کا نام ۔ خاندان ۔ گھرانا ۔ اصل نسل ۔

ولندیزی گفتگو (۱) مؤنث ۔ ڈینگ کی بات چیت ۔

ولولوں (وَل ۔ وَلوں) (۱) مذکر ۔ ولولہ کی جمع حرف جار سے پہلے ۔

ولولہ (وَل ۔ وَلہ) (ع) مذکر ۔ (۱) شور ۔ غل ۔ غوغا ۔ ہنگامہ (۲) جوش و خروش ۔ جوش عشق ۔ امنگ ۔ ذوق شوق ۔

ولولہ اُٹھنا (۱) جوش پیدا ہونا ۔

ولولے (۱) مذکر ۔ ولولہ کی جمع ۔

ولی (وَلِی) (ع ۔ مذکر) (۱) لغوی معنی ، مالک ۔ آقا ۔ صاحب سردار ۔ سرپرست ۔ محافظ ۔ مربی (۲) دوست ۔ یار ۔ مددگار ۔ متصرف ۔ قابض (۳) محبوب الٰہی ۔ مقرب خدا ۔ بزرگ دین ۔ پیر ۔ مرشد (۵) نیک ۔ پارسا ۔ پرہیزگار ۔ نیک بخت ۔ عارف ۔ عابد ۔ شاکر ۔

ولی اللہ (ع ۔ مذکر) (۱) خدا رسیدہ ۔ مقرب خدا (۲) عابد ۔ زاہد ۔ سالک ۔

ولی جائز (ع ۔ مذکر) ۔ وہ شخص جسے نابالغ لڑکے یا لڑکی یا بالغہ بیوہ کی حفاظت سپرد کی گئی ہو ۔

ولی خنگ ۔ یا ۔ کھنگ ۔ یا ۔ کھنگڑ (۱) مذکر (۱) حاجتی ۔ مددگار ۔ بزرگ ۔ مربی ۔ سرپرست (۲) بناوٹی فقیر ۔

ولی عہد (ع ۔ مذکر) (۱) حاکم وقت (۲) جانشین ۔ وارث ملک ۔ کنور ۔ شہزادہ ۔

ولی قریب (ع ۔ مذکر) نزدیکی سرپرست ۔

ولی کو ولی ہی پہچانتا ہے (۱) مثل ، نیک کو نیک اور برے کو برا پہچانتا ہے ۔

ولی نعمت (ع) مذکر خداوند نعمت ۔ پرورش کرنے والا ۔

ولی نے کیا کام شیطان کا (۱) شریف نے بدمعاشوں کی سی حرکت کی ۔

ولیکن (ف) ولیکن ۔ مگر ۔ الّا ۔ پر ۔ لیکن ۔

وِلیک (وَ لِیک) (ع) ولیکن کا مخفف ۔
ولیکن (وَ لے کِن) (ع) - مگر ۔ الا ۔ لیکن ۔
ولیمہ (وَلی ۔ مَہ) (ع) مذکر ۔ بیاہ کی دعوت ۔ ضیافت نکاح ۔

و - ن

وِن (وِن) (ہ) وہ کی جمع ۔ اُن ۔ جنہوں ۔ ون کو (متروک) ۔
وَنت (س) صاحب ۔ والا ۔ خداوند ۔
وِنہیں (ہ) اُنہیں ۔ اُن کو (متروک) ۔

و - و

وو (وُ) (ہ) ضمیر غائب ۔ وہ کی جمع (متروک)
ووٹ (وُوٹ) انگریزی ۔ VOTE (مذکر) رائے ۔
ووٹر (انگ ۔ VOTER) رائے دینے والا ۔
وون (وُون) (ہ) اس طرح (متروک)
وون کا وونہیں (ہ) بھول کا توں ۔ ویساہی (متروک) ۔
وونہیں (ہ) فوراً فی الفور ۔ تربت ۔ اسی وقت (متروک) ۔
وَوِی (وُو ۔ اِی) (ہ) (ص) (کلمۂ تعجب) اوہی ۔ واہ ۔

و - ہ

وَہ (وَہ) (ف) (کلمۂ تحسین) (۱) واہ ۔ شاباش (۲) کلمۂ افسوس (۳) کلمۂ نفرت ۔
وہ (وُہ) (ہ) ضمیر غائب ۔ وہ حرف جو غائب یا بعید کے اشارے کے لئے بولا جاتا ہے ۔
وہ آنکھیں نہیں رہیں (۱) وہ پہلی سی محبت اور مروت نہیں رہی ۔
وہ بات (ہ) مؤنث ۔ (ص) (۱) معلوم کام کی طرف اشارہ ۔ (۲) جماع ومباشرت کی طرف اشارہ ۔
وہ بات کھینچوں کہ جس کی جڑ دور ہو (۱) سارے عیب ظاہر کردوں جو باعث ذلت و خواری ہو ۔
وہ بات ہو گئی (۱) مجامعت ہو گئی ۔
وہ پانی ملتان گیا (۲) اب موقع جاتا رہا ۔ وہ بات گزر گئی ۔
وہ تو کہئے (ہ) غنیمت ہے ۔ ۔ ۔
وہ دن گیا کہ گھوڑی چڑھا کبا (ہ) (مثل) جس دن یہ عیب دار دولہا بنے گا ۔ وہ دن غارت ہو جائے گا ۔
وہ دن گئے (ہ) وہ زمانہ گیا گزرا ہوا ۔
وہ دن گئے کہ خلیل خاں فاختہ اڑایا کرتے تھے (۱) (مثل) اقبال کا زمانہ گزر گیا ۔
وہ کمل ہی نہیں جس میں تل بندھتے تھے (۱) اب وہ چیز ہی نہیں رہی جس کے سبب لوگ طمع کرتے تھے ۔ وہ حسن نہیں رہا جس پر کوئی عاشق ہو ۔
وہ کون سی کشمش ہے جس میں تنکا نہیں (۱) (مثل) ہر چیز میں کوئی نہ کوئی عیب ضرور ہوتا ہے ۔
وہ نہیں تو اس کا بھائی اور سہی (۱) ایک نہیں ۔ دوسرا سہی ۔ یعنی ایک ہی پر کوئی کام موقوف نہیں ۔
وَہّاب (وَہ ۔ ہاب) (ع) بہت بخشنے والا ۔ خدا تعالیٰ ۔
وَہّابی (ع ۔ مذکر) (۱) وہاب سے نسبت رکھنے والا ۔ وہاب کا پیرو (۲) عبدالوہاب کا پیرو فرقہ جو صوفیوں کا مد مقابل سمجھا جاتا ہے ۔
وہاں (وَ ہاں) (ہ) (۱) اس جگہ ۔ اس مقام پر ۔ اُدھر ۔ اس طرف ۔ اُن کے ہاں ۔
وہاں تک ہنسئے جو رو نہ دے (۱) حد سے زیادہ مذاق اچھا نہیں ۔ ہنسی اتنی کافی ہے جتنی ناگوار نہ گزرے ۔
وہاں گردن ماریئے جہاں پانی نہ ہو (۱) نہایت سخت اور سنگین سزا دینی چاہیئے ۔
وَہب (وَہْب) (ع) مؤنث ۔ عطا ۔ بخشش ۔ سخاوت ۔
وَہبی (ع) بخشا ہوا ۔ عطا شدہ ۔ دیا ہوا ۔
وَہم (وَہْم) (ع) مذکر (۱) وسواس ۔ گمان ۔ شک ۔ احتمال (۲) دماغ کی وہ باطنی قوت جو فاسد خیالات پیدا کرتی ہے ۔
وَہم کی دارو لقمان کے پاس بھی نہیں (۱) وہم کا علاج لقمان جیسا حکیم بھی نہیں کر سکتا ۔ وہم کا کچھ جواب نہیں ۔
وہم کی دارو نہیں (۱) وہم دور کرنے کی کوئی تدبیر نہیں ۔
وہمی (ع) (۱) وہ بات جو وہم سے منسوب ہو ۔ خیالی ۔ قیاسی ۔ گمانی ۔ موہوم (۲) (مذکر) وسواسی ۔ بھرمی ۔ وہ شخص جس کو وہم ہو ۔
وَھُوَ ہٰذا (ع) اور وہ یہ ہے ۔

وہی (ض) وہ ہی ۔
وہی اپنا جو اپنے کام آئے (ض) (مثل) جس سے مطلب نکلے۔ وہی اعزّہ کے برابر ہے ۔
وہی تین بیس وہی ساٹھ (ض) (مثل) وہی من۔ وہی چالیس سیر۔ نتیجہ دونوں کا ایک ہی ہے ۔
وہی مرغی کی ایک ٹانگ (ض) (مثل) اس موقع پر بولتے ہیں۔ جب کوئی شخص جھوٹا ہو۔ اور پرسش و دریافت کے وقت طرح طرح کے حیلوں بہانوں سے اپنی ہی بات کی پچ کئے جائے ۔
وُہی ہم وُہی تم (ض) ہم تم ایک دوسرے کے قدیم واقف کار ہیں ۔
وہیں (وَہیں) (ض) اُسی جگہ۔ اُسی مقام پر ۔
وہیں کا ہو رہنا (ہ) بہت دیر لگا دینا۔ جا کر بیٹھ رہنا۔ مر رہنا ۔
وُہیں (وُہیں) (ض) فوراً۔ فی الفور ۔

و-ی

وی-پی (وی-پی) (انگ . V.P) (ویلیو پے ایبل , VALUE PAYABLE کا مخفف) (مذ) وہ مال جو قیمت دے کر ڈاک خانے سے وصول کیا جائے ۔
وے (وَے) (ض) وُہ کی جمع (متروک) ۔
وِیاکرن (وِیا-کَرَن) (س) مؤنث (۱) ترکیب (۲) تشریح کرنا (۳) صرف و نحو ۔
وید (وِیْد) (س) مذکر۔ کتاب آسمانی۔ ہندوؤں کی مقدس کتاب ۔
وید ابھیاس (س) مذکر۔ وید کی تلاوت۔ وید کا مطالعہ ۔
ویدانگ (س) مذکر۔ وید کے انگ یعنی چھ حصّے ۔
وید ویاس (س) مذکر (۱) ویاس جی کا لقب۔ جنہوں نے وید کو جمع کیا (۲) (لغوی معنی) ویدوں کو پھیلانے اور شائع کرنے والا ۔
وید (وَیْد) (س) مذکر۔ بید۔ حکیم۔ طبیب۔ ہندی طریق پر علاج معالجہ کرنے والا ۔
ویدانت (س) مذکر۔ ویاس جی کا بنایا ہوا شاستر جس میں ذاتِ الٰہی پر بحث کی گئی ہے ۔
ویدانتی (س) مذکر۔ ویدانت کا پیرو۔ ویدانت کا عالم۔

ویدِک (س) (۱) وید پڑھا ہوا برہمن۔ وید کا عالم۔ پنڈت (۲) وید میں لکھا ہوا۔ وید کے مطابق ۔
وَیدک (س) مذکر۔ علم طب۔ علم حکمت ۔
ویدیکی (س) مؤنث۔ سنسکرت کی قواعد کا ایک حصّہ جس میں ویدوں کے ایک حصّے کی تشریح کی گئی ہے ۔
وَیرا (وَے۔رَا) (ہ) مذکر۔ وہ مال جو بادشاہ کی طرف سے رعیّت کے ہاتھ زبردستی چوگنے داموں فروخت کیا جائے ۔
ویراگ (وَے۔ راگ) (س۔ مذکر) بیراگ۔ سنیاس۔ قطع تعلق۔ دنیا کا ترک کر دینا ۔
ویراگی (س) مذکر (۱) بیراگی۔ سنیاسی۔ تارک الدنیا (۲) عابد۔ زاہد۔ مرتاض ۔
ویران (وِی۔رَان) (ف) (۱) اُجڑا ہوا۔ غیر آباد۔ تباہ۔ خراب۔ پامال (۲) اُداس۔ پریشان (۳) غیر مزروعہ۔ بنجر۔ افتادہ ۔
ویران جگہ (ہ) مؤنث۔ غیر آباد اور سنسان مقام ۔
ویران کرنا (ہ) (۱) اُجاڑنا۔ برباد کرنا۔ پامال کرنا (۲) پریشان کرنا۔ پراگندہ کرنا (۳) مسمار کرنا۔ ڈھانا (۴) تتر بتر کرنا۔ بکھیرنا۔ (۵) بستے کو اُجاڑنا ۔
ویران ہونا (ہ) (۱) اُجڑنا۔ تباہ و برباد ہونا (۲) غیر آباد ہونا۔ سنسان ہونا (۳) کھنڈر ہو جانا۔ مسمار ہونا۔ (۴) پراگندہ اور پریشان ہونا۔ تتر بتر ہونا۔ بکھرنا ۔
ویرانہ (ف) مذکر (۱) جنگل۔ اُجاڑ۔ غیر آباد جگہ (۲) اُداسی۔ پریشانی ۔
ویرانہ نشین (ف) جنگل میں بیٹھنے والا ۔
ویرانی (ف) مؤنث۔ اُجاڑپن۔ غیر آبادی (۲) بربادی۔ تباہی۔ خرابی (۳) پریشانی۔ پراگندگی۔ اُداسی۔ (۴) ابتری ۔
وَیرنا (وَیرْنَا) (ہ) مذکر۔ (۱) پھالی۔ ہل کا وہ لوہا جو زمین کھودتا ہے (۲) پھالی سے زمین کھود کر بونا۔ بیج ڈالنا ۔
ویسا (وَے۔سَا) (ض) اُس طرح کا۔ اُس کی مانند ۔
ویسا کا ویسا (ض) دیکھو ویسے کا ویسا ۔
ویسا ہی (ض) اُسی کی مانند۔ اُسی طرح کا۔ ایضاً۔ جوں کا توں۔ بجنسہٖ ۔
ویسٹ (وَیسْٹ) (انگریزی۔ WEST) مغرب۔

مغربی ۔

وَیسٹ منسٹر (انگریزی۔ WEST MINSTER) (مذکر) انگلستان کا ایک شہر جہاں کی خانقاہ مشہور ہے ۔

ویسٹ (ویسٹ) (انگریزی۔ WAIST) (مؤنث) کمر ۔

ویسٹ کوٹ (ویسٹ۔ کوٹ) (انگریزی۔ WAIST COAT) (مؤنث) دیکھو واسکٹ ۔

ویسی (ص) "ویسا" کی مؤنث ۔

وَیسے (ح) (۱) اُس طرح۔ یُوں (۲) مفت۔ یونہی۔ بلاقیمت

وَیسے تو (ح) یوں تو۔ اس طرح تو ۔

ویسے کا ویسا (ص) (۱) جوں کا توں۔ جیسے کا تیسا (۲) ہُو بہو۔ عین بعین۔ بجنسہٖ ۔

ویسے ہی (ح) (۱) اُسی طرح۔ اُسی ڈھنگ پر (۲) مفت۔ بلاقیمت۔ یونہی ۔

ویش (وَیش) (س) (مذکر) سوداگری کا پیشہ کرنے والا۔ تجارت کرنے والا فرقہ ۔

ویشنو (وَیش۔ نُو) (س) (مذکر) (۱) وشن سے منسوب (۲) ہندوؤں کا ایک بڑا فرقہ ۔

ویفر (وے۔ فر) (انگریزی۔ WAFER) (مؤنث) (۱) لفافہ بند کرنے کی ٹکیا جو گوند کی بنی ہوتی ہے (۲) دوا کی بڑی ٹکیا ۔

ویکیشن (وے۔ کے۔ شن) (انگریزی۔ VACATION) (مؤنث) زمانۂ فرصت۔ تعطیل ۔

ویل (ویل) (انگریزی۔ WHALE) (مؤنث) ایک قسم کی بڑی مچھلی جس کی چربی بہت کام آتی ہے ۔

ویلر (وے۔ لر) (انگریزی۔ WALER) (مذکر) (۱) لغوی معنی بہت بڑی چیز یا مضبوط آدمی (۲) ایک قسم کا قدآور گھوڑا جو آسٹریلیا سے آتا ہے ۔

ویلکم (وَیل۔ کم) (انگریزی۔ WELCOME) (مذکر) خوش آمدید۔ مرحبا ۔

ویلیو پے ایبل (وَیل۔ یُو۔ پے۔ اے۔ بل) (انگریزی۔ VALUE PAYABLE) (مذکر) دیکھو وی۔ پی ۔

وینس (وَے۔ نِس) (انگریزی۔ VENICE) (مذکر) اٹلی کے شمال مشرق میں ایک مشہور شہر ۔

ہ

ہ ہے (ع) مؤنث (۱) عربی کا ستائیسواں فارسی کا اکتیسواں۔ ہندی کا تینتیسواں اور اُردو کا چونتیسواں حرف (۲) ابجد میں اس کے پانچ عدد مقرر ہیں۔

ہ - ا

ہا (کا) (ف) مؤنث۔ علامت جمع۔

ہا (کا) (ف) مؤنث۔ حرف "ہ" کا تلفظ۔

ہائے دو چشمی (ف) مؤنث۔ وہ ہائے ہوز۔ جس میں دو آنکھیں سی بنی ہوئی ہوتی ہیں۔ ھ۔

ہائے مختفی (ف) مؤنث۔ وہ ہائے ہوز جو کمل کر نہ پڑھی جائے اور حرف ماقبل کی حرکت کو ظاہر کرے۔

ہائے ملفوظی (ف) مؤنث۔ (وہ ہائے ہوز جو خوب کھل کر پڑھی جائے۔

ہا (کا) (ف) (کلمۂ تاسف) افسوس۔ حیف۔ دریغ (۲) کسی امر کے روکنے اور منع کرنے کے لئے بھی یہ لفظ زبان پر لاتے ہیں۔

ہابوڑا (ہا۔ بوڑا) (ہ) مذکر۔ ایک لوٹ مار کرنے والی قوم۔ لٹیرا۔ قزاق۔ رہزن۔ بٹ مار۔

ہابیل (ہا۔ بیل) (ع) مذکر۔ حضرت آدمؑ کا بیٹا۔ جسے اس کے بھائی قابیل نے مار ڈالا تھا۔

ہات (ہات) (ہ) مذکر۔ ہاتھ کا مخفف۔ عموماً نظم میں استعمال کیا جاتا ہے۔

ہاتف (ہا۔ تف) (ع) مذکر (۱) غیب کی آواز (۲) غیب کی آواز دینے والا فرشتہ۔ سروش۔

ہاتف غیب (غیبی) (ع) مذکر۔ غیب کی آواز دینے والا فرشتہ۔

ہاتھ (ہا تھ) (ہ) مذکر (۱) دست۔ پنجہ (۲) ہتھیلی۔ کف (۳) آدھ گز کی مقدار۔ سر انگشت سے لے کر کہنی تک کا حصّہ (۴) بس۔ قابو۔ اختیار۔ قبضہ (۵) تصرف۔ دخل۔ تعلق۔ دسترس (۶) باعث۔ سبب۔ وسیلہ۔ ذریعہ۔ طفیل۔ بدولت (۷) حفاظت۔ حمایت۔ مدد (۸) وار۔ حربہ۔ حملہ۔ زور۔ چوٹ (۸) داؤں

(۹) قوت۔ طاقت۔ قدرت (۱۰) وجود ہستی۔

ہاتھ آنا (ہ) (۱) ہاتھ لگنا۔ قابو چڑھنا۔ حاصل ہونا۔ ملنا (۲) فائدہ ہونا (۳) قبضہ ہونا۔ تسخیر ہونا (۴) جاننا۔ معلوم ہونا۔

ہاتھ اٹھا اٹھا کر دعا دینا (۱) نہایت آرزو اور شوق کے ساتھ آسمان کی طرف ہاتھ اونچا کر کرکے دعائیں دینا۔

ہاتھ اُٹھا بیٹھنا (ہ) (۱) مار بیٹھنا۔ دست درازی کرنا (۲) دست بردار ہو جانا۔ باز آنا۔ عہد کر لینا توبہ کر لینا۔

ہاتھ اٹھا (اٹھا) کر کوسنا (ہ) آسمان کی طرف ہاتھ بڑھا کر بد دعا کرنا۔ نہایت بد دعائیں دینا۔

ہاتھ اُٹھا لینا (ہ) (۱) دست بردار ہو جانا۔ چھوڑ دینا (۲) ہاتھ مایوس ہو بیٹھنا۔ نا امید ہو جانا۔

ہاتھ اُٹھانا (ہ) ہاتھ اونچا کرنا۔ ہاتھ بلند کرنا (۲) سلام کرنا۔ تسلیم کرنا۔ ماتھے پہ ہاتھ رکھنا (۳) بُری طرح کوسنا۔ بد دعا دینا (۴) دُعا دینا (۵) دُعا مانگنا۔ خدا سے التجا کرنا (۶) فاتحہ پڑھنا۔ دُعائے خیر کرنا (۷) دست بردار ہونا۔ کنارہ کش ہونا۔ باز آنا۔ چھوڑنا (۸) عہد کرنا۔ قسم کھانا۔ توبہ کرنا (۹) ہاتھ علیحدہ کرنا۔ ہاتھ الگ کرنا (۱۰) دست درازی کرنا۔ مارنا۔ پیٹنا (۱۱) مایوس ہونا۔ ناامید ہونا۔

ہاتھ اُٹھنا (ہ) (۱) ہاتھ اونچا یا بلند ہونا (۲) وار ہونا (۳) ہاتھ پھیلنا (۴) الگ ہونا۔ علیحدہ ہونا۔

ہاتھ اوچھا پڑنا (۱) پورا وار نہ بیٹھنا۔ پورا ہاتھ نہ پڑنا۔

ہاتھ اونچا رہنا (ہ) (۱) دست بلند رہنا۔ بول بالا رہنا۔ (۲) دینے کے قابل اور سخی رہنا۔

ہاتھ باندھنا (ہ) (۱) ہاتھ جوڑنا۔ دونوں ہاتھوں کو ملاکر

کرنا (۲) ہاتھ جوڑنا۔ منّت سماجت کرنا (۳) نماز یا تعظیم کے لئے سینے پر ہاتھ رکھنا ✦

ہاتھ باندھے کھڑے رہنا (ف) ادب کے ساتھ حاضر رہنا۔ حکم کا منتظر رہنا ✦

ہاتھ بٹانا (ف، مو) کسی کے کام میں شریک ہونا۔ ملکر کام کرنا ✦

ہاتھ بڑھانا (ف) (۱) ہاتھ لمبا کرنا۔ ہاتھ آگے کرنا (۲) اپنی حد سے بڑھنا (۳) معمول سے زیادہ لینا (۴) دخل بڑھانا ✦

ہاتھ بکنا (ف) (۱) کسی کے ہاتھ فروخت ہونا۔ غلام بکنا (۲) تابع ہونا۔ مطیع ہونا۔ نوکر ہونا ✦

ہاتھ بند ہونا (ف) (۱) ہاتھ تنگ ہونا۔ مفلس ہونا۔ تنگ دست ہونا۔ غریب ہونا (۲) ہاتھ رکا ہُوا ہونا ✦

ہاتھ بہ ہاتھ (ف) (۱) دست بدست۔ ہاتھوں ہاتھ۔ (۲) فوراً ✦

ہاتھ بھر (ف) ایک ہاتھ کے برابر۔ دو بالشت ✦

ہاتھ بھر پور پڑنا (ف) پورا وار پڑنا ✦

ہاتھ بھر جانا (ف) (۱) ہاتھ تھک جانا۔ ہاتھ میں خون اُتر آنا۔ ہاتھ سُن ہو جانا (۲) ہاتھ لتھڑ جانا ✦

ہاتھ بھر کا دل ہو جانا (ف) دل بڑھ جانا۔ ہمّت بڑھ جانا۔ نہایت خوش ہونا ✦

ہاتھ بھر کی زبان ہونا (ف، مو) زبان دراز ہونا۔ گستاخ ہونا ✦

ہاتھ بہکنا (ف) نشانہ چوکنا ✦

ہاتھ بھیجنا (ف) کسی کے ذریعے سے بھیجنا ✦

ہاتھ بیٹھنا (ف) (۱) ہاتھ جمنا۔ خوب مشق ہونا (۲) کاری زخم لگنا ✦

ہاتھ بیچے ہیں کچھ ذات نہیں بیچی (ل) نوکری کی ہے۔ کچھ ناک ضرور نہیں کٹا بیٹھے ✦

ہاتھ پانی لینا (ف) طہارت کرنا۔ آبدست کرنا ✦

ہاتھ پاؤں (ف۔ مذکّر) (۱) دست و پا (۲) بہت کام کرنے والا ملازم ✦

ہاتھ پاؤں بچانا (ف) کمال احتیاط اور ہوشیاری سے کوئی کام کرنا۔ محتاط رہنا۔ کسی الزام یا بدنامی سے بچا رہنا ✦

ہاتھ پاؤں بچائیے۔ موذی کو مٹائیے (اڑ کاٹیے)

(۱) دشمن (حکمت عملی سے کام لے کر دشمن کو کسی بات کا موقع ہی نہ دینا چاہیئے ✦

ہاتھ پاؤں پڑنا (ف) نہایت منّت سماجت کرنا۔ ہاتھوں کو چومنا اور قدموں پر گرنا ✦

ہاتھ پاؤں پھول جانا۔ یا۔ پھولنا (ف) (۱) ہاتھ پاؤں متورم ہو جانا۔ چلنے پھرنے کی طاقت نہ رہنا (۲) حواس باختہ ہونا۔ گھبرا جانا۔ ہکّا بکّا رہ جانا ✦

ہاتھ پاؤں پھیلانا (ف) کام کا بڑھانا۔ کام کو طول دینا ✦

ہاتھ پاؤں توڑنا (ف) (۱) ہاتھ پاؤں کو ضرب شدید پہنچا کر بیکار یا نکمّا کر دینا (۲) حالت نزع میں ہونا۔ (۳) ڈنڑ پیلنا۔ خوب کسرت یا ورزش کرنا ✦

ہاتھ پاؤں ٹوٹنا (ف) (۱) اعضا شکنی ہونا۔ بخار سے پیشتر ہاتھ پاؤں میں درد سا ہونے لگنا (۲) لڑکے کا آثار ہونا ✦

ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہونا (ف) (۱) ہاتھ پاؤں میں گرمی نہ رہنا۔ غشی کا عالم طاری ہونا (۲) مرنے کا وقت قریب ہونا ✦

ہاتھ پاؤں جھوٹے پڑ جانا (ف) ہاتھ پاؤں کا بیکار ہو کر کام نہ کرنا ✦

ہاتھ پاؤں چلنا (ف) (۱) ہاتھ پاؤں کا کام دینا۔ کام کاج کے قابل ہونا۔ (۲) ہاتھ پاؤں کا نچلا نہ رہنا ✦

ہاتھ پاؤں چومنا (ف) نہایت تعظیم و تکریم کرنا۔ ہاتھوں اور پاؤں کو بوسہ دینا ✦

ہاتھ پاؤں دابنا (ف) (۱) چمپی کرنا۔ مشت مالی کرنا (۲) خدمت کرنا ✦

ہاتھ پاؤں رہ جانا (ف) ہاتھ پاؤں کا بے حس و حرکت ہو جانا۔ فالج ہو جانا۔ ادھرنگ ہو جانا ✦

ہاتھ پاؤں سنبھالنا (ف) (۱) ہاتھ پاؤں نکالنا۔ خوب موٹا اور قدآور ہونا (۲) ہاتھ پاؤں قابو میں کرنا۔ ہاتھ پاؤں روکنا ✦

ہاتھ پاؤں سے چھوٹنا (ف) (مو) جننے سے فراغت پانا۔ جن کر تندرست ہو جانا ✦

ہاتھ پاؤں کا ہارنا (ف) ہاتھ پاؤں کا ضعف یا بڑھاپے کے سبب کام نہ دینا ✦

ہاتھ پاؤں کی کاہلی اور منہ میں مونچھیں جائیں (ل)

(مثل) ایک سست آدمی کی نسبت بولتے ہیں۔ جسے اپنے

ہونٹوں پر سے مونچھوں کا ہٹانا بھی بار معلوم ہو۔ ایسی سستی جس سے اپنی ذات کو بھی نقصان پہنچے۔

ہاتھ پاؤں مارنا (ف) (۱) ہاتھ پاؤں چلانا (۲) تڑپنا۔ لوٹنا مضطرب اور بے قرار ہونا (۳) نزع میں ہونا۔ جان کنی کے عالم میں ہونا (۴) جان فشانی کرنا۔ جان توڑ کر کوئی کام کرنا (۵) نہایت کوشش کرنا۔ دوڑ دھوپ کرنا (۶) تلاش و تجسس کرنا (۷) تیرنا۔ شناوری کرنا ٭

ہاتھ پاؤں نکالنا (ف) (۱) موٹا تازہ ہونا۔ قد آور جوان ہونا۔ تنومند ہونا۔ جوان ہونا (۲) گستاخ ہونا۔ بے ادب ہونا۔ سر چڑھنا (۳) آپے سے باہر ہو جانا ٭

ہاتھ پاؤں ہار جانا (ف) (۱) ہاتھ پاؤں میں طاقت نہ رہنا (۲) ہمت ہار دینا۔ دل توڑ دینا ٭

ہاتھ پاؤں ہلانا (ف) (۱) ہاتھ پاؤں کو جنبش دینا۔ جدّ و جہد کرنا۔ کوشش کرنا (۲) محنت مزدوری کرنا ٭

ہاتھ پتھر تلے آنا۔ یا۔ دبنا (ف) نہایت مشکل اور مصیبت میں پھنسنا۔ بے بس ہونا۔ مجبور و ناچار ہونا ٭

ہاتھ پٹھے پر نہ رکھنے دینا (ف) نہایت شوخ ہونا۔ بے حد چالاک ہونا ٭

ہاتھ پر دھرا ہوا ہونا (ف) کسی چیز کا تیار اور موجود رہنا۔ ہر وقت پاس رہنا ٭

ہاتھ پر سرسوں جمانا (ف) کسی سخت اور مشکل کام کو ذرا سی دیر میں انجام دے دینا۔ طلسم اور شعبدہ بازی کر دکھانا ٭

ہاتھ پر سانپ کھلانا (ف) جان جوکھوں کا کام کرنا۔ جان کو خطرے میں ڈالنا ٭

ہاتھ پر طوطا پالنا (۱) ہاتھ پر زخم یا پھوڑے پھنسی کے سبب سے کام کاج چھوڑ دینا۔ زخم اچھا نہ ہونے دینا (۲) اپنا ہاتھ زخمی کر لینا ٭

ہاتھ پر قرآن دھرنا۔ یا۔ رکھنا (ف) قرآن کی قسم کھانا۔ حلف اٹھانا ٭

ہاتھ پر گنگا جلی رکھنا (ف) (ہندو) سخت قسم کھانا۔ حلف اٹھانا ٭

ہاتھ پر ہاتھ دھر کر۔ رکھ کر بیٹھنا (ف) (۱) خالی اور بیکار محض رہنا۔ نکما بیٹھے رہنا (۲) غم میں بیٹھنا۔ مایوس اور نا امید ہو کر بیٹھنا ٭

ہاتھ پر ہاتھ رکھنا (ف) (۱) ہاتھ سے ہاتھ کو مس کرنا (۲) قول دینا۔ قول و قرار کرنا (۳) شرط لگانا۔ بازی بدنا ٭

ہاتھ پر ہاتھ مارنا (ف) (۱) قول دینا۔ عہد و پیمان کرنا (۲) شرط لگانا۔ بازی لگانا ٭

ہاتھ پڑنا (ف) (۱) لوٹ ہونا۔ لٹنا۔ غارت گری ہونا۔ (۲) دست درازی ہونا۔ چھینا جھپٹی ہونا (۳) ہاتھ کی ضرب لگنا۔ وار ہونا (۴) داؤں پڑنا۔ حسب مراد پانسہ پڑنا (۵) بس میں آنا۔ قابو چڑھنا۔ حاصل ہونا (۶) مٹھی میں آنا۔ گرفت میں آنا ٭

ہاتھ پسارنا (ف) مانگنے کے لئے ہاتھ پھیلانا۔ مانگنا۔ گدائی کرنا ٭

ہاتھ پکڑنا (ف) (۱) ہاتھ تھامنا (۲) دستگیری کرنا۔ مدد کرنا۔ سہارا دینا۔ حامی و مددگار ہونا ٭

ہاتھ پکڑ کے لے جانا (ف) (۱) گرفتار کر کے لے جانا۔ ہاتھ تھام کر لے جانا۔ ماخوذ کر کے لے جانا۔ ہتھکڑی ڈال کر لے جانا (۲) رہنمائی کرنا ٭

ہاتھ پورا پڑنا (ف) بھرپور ہاتھ بیٹھنا۔ کاری ضرب پڑنا۔ زور کا ہاتھ بیٹھنا ٭

ہاتھ پہنچنا (ف) دسترس ہونا۔ رسائی ہونا۔ پہنچ ہونا ٭

ہاتھ پھول (مذ) مذکر۔ ایک قسم کا پودا ٭

ہاتھ پھیرنا (ف) (۱) دست مالی کرنا۔ چمکارنا۔ پیار کرنا (۲) لوٹنا۔ ٹھگنا۔ موسنا (۳) بوس و کنار کرنا۔ مساس کرنا (۴) لپٹانا۔ سینے سے لگانا ٭

ہاتھ پھیر (مذ)۔ مذکر۔ قرض ٭

ہاتھ پھیر دینا (ف) قرض دینا ٭

ہاتھ پھیلانا (ف) دست سوال دراز کرنا۔ مانگنا ٭

ہاتھ پھینکنا (ف) (۱) ہاتھ ہلانا۔ ہاتھوں کا وار کرنا۔ ہاتھوں کو گردش دینا۔ پینترہ دینا (۲) لوٹنا۔ موسنا۔ ہاتھ مارنا (۳) جلد جلد کھانے پر ہاتھ مارنا ٭

ہاتھ پیلے کرنا (ف) (ہندو) غریبوں کی طرح بیاہ کرنا ٭

ہاتھ تکنا (ف) کسی کے ہاتھ کی طرف غور سے دیکھنا۔ دست نگر ہونا۔ کسی کا محتاج رہنا ٭

ہاتھ تلنا (ف) ہاتھ کو گرم تیل میں ڈال کر تل دینا۔ اگلے زمانے کی ایک سنگین سزا تھی ٭

ہاتھ تلے (ف) (۱) ماتحت۔ نیابت میں۔ نیچے (۲) قبضے میں۔ قابو میں (۳) قریب۔ نزدیک۔ پاس ٭

ہاتھ تنگ ہونا (ف) روپیہ پیسہ پاس نہ ہونا۔ تنگدست ہونا۔ نادار ہونا۔ مفلس ہونا ♦

ہاتھ توڑ توڑ کر کھانا (ف) مزیدار چیز کھا کر ہاتھوں کو چاٹنا ♦

ہاتھ تھرانا (ف) ہاتھ کا نپنا ♦

ہاتھ ٹوٹیں (ف) (۱) جملۂ بد (۲) خدا کرے ہاتھ کام کے نہ رہیں ♦

ہاتھ جگر یا دل پر رکھنا (ف) ہاتھ سے جگر یا دل کی بے قراری کو دبانا۔ دل تھامنا۔ بے قراری کی علامت ظاہر کرنا ♦

ہاتھ جوڑ کر کہنا (ف) منت سماجت سے کہنا۔ نہایت ادب اور تعظیم سے گزارش کرنا۔

ہاتھ جوڑنا (ف) (۱) نہایت منت سماجت کرنا۔ عجز و انکسار کرنا (۲) معافی مانگنا۔ توبہ کرنا (۳) دور سے سلام کرنا۔ پناہ مانگنا ♦

ہاتھ جھاڑ اُٹھے (ف) سب جُوئے میں ہار کر اُٹھ کھڑے ہوئے۔ مفلس و نادار ہو گئے ♦

ہاتھ جھاڑنا (ف) (۱) ہاتھ کو جھٹکا دینا (۲) ہاتھ خالی کرنا۔ ہاتھ صاف کرنا (۳) ہاتھ مارنا۔ ضرب لگانا۔ وار کرنا (۴) دست بردار ہونا۔ چھوڑنا۔ مایوس ہونا۔ ہاتھ اُٹھانا ♦

ہاتھ جھٹکنا (ف) ہاتھ کو جھٹکا دینا کسی کے ہاتھ کو اپنے جسم سے جھٹکے کے ساتھ ہٹانا۔ ہاتھ چھڑانا ♦

ہاتھ جھلانا (ف) چلنے میں ہاتھ ہلانا۔ ہاتھوں کو ہلاتے ہوئے چلنا ♦

ہاتھ جھلائی (ف) مؤنث (۱) وہ روپیہ جو رہزن لوگ اپنی سرحد سے گزرنے کی بابت مسافروں سے لیتے ہیں (۲) وہ نقدی جو زمیندار یا ملازمانِ سرکار راہ میں مسافروں سے لیتے ہیں ♦

ہاتھ جھوٹا پڑنا (ف) وار خالی جانا۔ نشانے پر نہ بیٹھنا ♦

ہاتھ جھوٹا کرنا (ف) کسی قدر کھانا۔ منہ جھوٹا کرنا ♦

ہاتھ جھوٹا ہو جانا (ف) ہاتھ کا کام سے جاتا رہنا۔ ہاتھ کا زور نہ رہ سکنا ♦

ہاتھ جھول پڑنا (جانا) (ف) ہاتھ لٹک پڑنا۔ ہاتھ کا جوڑ سے جدا ہو کر لٹکنے لگنا۔ ہاتھ نکما ہو جانا ♦

ہاتھ چالاک (ص) (۱) تیز دست۔ پھرتیلا۔ چابک دست۔ جلد جلد کام کرنے والا (۲) چور۔ اُچکا۔ وہ شخص جسے چوری کا لپکا ہو۔ ہاتھ مارنے والا ♦

ہاتھ چالاکی (ا) مؤنث (۱) پھرتی۔ تیز دستی۔ چابک دستی (۲) چوری کی عادت۔ چوری ♦

ہاتھ چٹھی (ا) مؤنث۔ اپنے ہاتھ سے لکھا ہوا خط ♦

ہاتھ چڑھا ہونا (ف) خوب مشق ہونا۔ ہاتھ رواں ہونا ♦

ہاتھ چڑھنا (ف) (۱) دستیاب ہونا۔ ہاتھ لگنا۔ ملنا (۲) ہاتھ کا خوب رواں ہونا۔ ہاتھ کا مشاق ہونا (۳) قابو چڑھنا۔ قابو میں آنا۔ ڈھب پر چڑھنا ♦

ہاتھ چلا (ص) (۱) دیکھو ہاتھ چالاک (۲) ہاتھوں کو جلدی سے استعمال کرنے والا۔ ہتھ چھٹ ♦

ہاتھ چلانا (ف) (۱) دست درازی کرنا۔ مارنے کو ہاتھ بڑھانا (۲) چوری کرنا۔ چُرانا (۳) ہاتھ ہلاتے جانا۔ ہاتھ نچلا نہ رکھنا (۴) ہاتھ سے جلد جلد کام کرنا ♦

ہاتھ چلنا (ف) (۱) فراغبال ہونا۔ خاطر خواہ آمدنی ہونا۔ (۲) ہاتھ مشاق ہونا۔ ہاتھوں کا جلد جلد کام کرنا (۳) دست درازی ہونا۔ مارنے کو ہاتھ اُٹھنا (۴) چوری کی عادت ہونا (۵) ہاتھ پڑنا (۶) ہاتھ کا نچلا نہ رہنا ♦

ہاتھ چلے نہ ہتیاں بیٹھا دے گہتیاں (مثل) کام کاج ہو یا نہ ہو۔ خدا ہر ایک کو بیٹھے بٹھائے روزی دیتا ہے۔ خدا اپاہجوں کو گھر بیٹھے بٹھائے رزق پہنچاتا ہے ♦

ہاتھ چمکانا (ف) (۱) عورتوں کی طرح ہاتھ اُٹھا اُٹھا کر باتیں کرنا (۲) عورتوں اور معشوقوں کا ہاتھ اونچا کر کے انگلیاں خم کرتے ہوئے ہاتھ ہلانا ♦

ہاتھ چومنا (ف) (۱) ہاتھوں کو بوسہ دینا۔ دست بوس ہونا (۲) ہاتھوں کی قدر کرنا۔ ہاتھوں کی داد دینا ♦

ہاتھ چھڑا لینا (ف) ہاتھ گرفت یا قبضے سے نکال لینا ♦

ہاتھ چھوڑنا (ف) ضرب مارنا۔ تلوار لگانا۔ وار کرنا ♦

ہاتھ حمائل رکھنا (ف) کسی چیز کو ہاتھوں کے درمیان اس طرح رکھنا کہ ہاتھ ادھر اُدھر رہیں ♦

ہاتھ خالی جانا (ف) (۱) وار خالی جانا۔ ہاتھ نہ پڑنا۔ نشانہ نہ بیٹھنا (۲) پاسہ نہ پڑنا۔ داؤں حسبِ مراد نہ پڑنا (۳) دنیا سے نامراد جانا ♦

ہاتھ خالی دینا (ف) حریف کی ضرب کو پڑنے نہ دینا ♦

ہاتھ دانتوں سے کاٹنا (ف) اپنی بے وقوفی پر رنج و غصہ کرنا۔ نہایت افسوس کرنا۔ بے حد پچھتانا ♦

ہاتھ دراز کرنا (ف) (۱) ہاتھ بڑھانا۔ ہاتھ آگے کرنا (۲)

ہاتھ پھیلانا (۳) دست درازی کرنا۔ مارنا پیٹنا ؁

ہاتھ دکھانا (ف) (۱) نبض دکھانا (۲) نجومی کو ہاتھ دکھا کر لکیروں کے مطابق احوال پوچھنا ؁

ہاتھ دھرنا۔یا۔رکھنا (ف) (۱) کسی چیز پر ہاتھ لگانا (۲) روکنا۔ پکڑنا۔ قابو کرنا (۳) کسی کی حمایت یا مدد کرنا (۴) کسی عزیز چیز پر ہاتھ رکھ کر قسم کھانا (۵) منع کرنا۔ خاموش کرنا ؁

ہاتھ دُھلانا (ف) (۱) کسی بزرگ یا آقا کے ہاتھوں پر پانی ڈالنا (۲) شادی کے روز ایک رسم کے طور پر دُولہا دُلھن کے ہاتھ پر پانی ڈالنا ؁

ہاتھ دُھلائی (۱) مؤنث۔(ع) ہاتھ دُھلانے کا انعام جو دولہا سے لیا جاتا ہے ؁

ہاتھ دھو (کے) بیٹھنا (ف) (۱) نا اُمید ہو جانا۔ مایوس ہو جانا۔ کھو بیٹھنا۔ چھوڑ بیٹھنا۔ اُمید منقطع کر دینا۔ صبر کر بیٹھنا (۲) قطع تعلق کرنا۔ دست بردار ہو جانا ؁

ہاتھ دھو چکنا (ف) بالکل اُمید۔ چھوڑ بیٹھنا۔ آس توڑ بیٹھنا ؁

ہاتھ دھو رکھنا (ف) نا اُمید ہو جانا۔ مایوس ہو جانا ؁

ہاتھ دھو کر (کے) پیچھے پڑنا (ف) سارے کام چھوڑ کر ایک کام کے سر ہو جانا۔ درپئے آزار ہو جانا۔ پسٹ جانا۔ بالکل پیچھے پڑ جانا ؁

ہاتھ دھونا (ف) (۱) پانی سے ہاتھ صاف کرنا (۲) طہارت کرنا۔ آب دست لینا (۳) درگزرنا۔ مایوس ہونا۔ بے اُمید ہونا۔ اُمید منقطع کرنا۔ صبر کرنا۔ ترک کرنا۔ چھوڑنا۔ کھونا ؁

ہاتھ دے دے مارنا (ف) غصّے یا نزع کی حالت میں ہاتھوں کو متواتر پٹکنا ؁

ہاتھ دیکھنا (ف) (۱) نبض دیکھنا (۲) دست نگر ہونا۔ کسی کے روپے پیسے کا محتاج ہونا (۳) کسی کی قسمت کا حال اُس کے ہاتھ کی لکیریں دیکھ کر بتانا ؁

ہاتھ دینا (ف) (۱) ہاتھ سے ہاتھ ملانا۔ داد دینا۔ داد مانگنا (۲) قول دینا۔ زبان دینا (۳) سہارا دینا۔ مدد دینا (۴) چیچک کے دانوں کا مرجھانا (۵) تحمّل کرنا۔ بجھانا۔ ٹھنڈا کرنا ؁

ہاتھ ڈالنا (ف) (۱) کسی چیز میں ہاتھ دینا (۲) ہاتھ داخل کرنا (۳) دخل دینا۔ کام میں پڑنا۔ کوئی کام اپنے ذمّے لینا (۴) دست درازی کرنا۔ غیر عورت کو چھونا (۵) لُوٹنا۔ غارت گری کرنا۔ (۶) ہاتھ لگانا۔ مس کرنا (۷) کسی کام کو شروع کرنا (۸) علاج شروع کرنا (۹) پکڑنا۔ پکڑنے کا ارادہ کرنا ؁

ہاتھ رُکنا (ف) (۱) کسی کام کے کرنے سے ہچکچانا۔ (۲) وار بچنا ؁

ہاتھ رکھنا (ف) (۱) ہاتھ دھرنا (۲) ہاتھ سے کسی چیز کا منہ بند کرنا۔ روکنا۔ تھامنا (۳) قسم کھانا۔ کسی عزیز شے پر ہاتھ رکھ کر اس کی سوگند کھانا۔ (۴) مدد کرنا۔ سہارا دینا (۵) ہاتھ سے چھونا (۶) بچانا۔ محافظت کرنا ؁

ہاتھ رنگنا (ف) (۱) ہاتھوں میں مہندی لگانا (۲) مال مارنا (۳) رشوت لینا۔ مٹھی گرم کرنا ؁

ہاتھ رواں کرنا (ف) (۱) کسی کام کی ہاتھ سے مشق کرنا۔ ہاتھ صاف کرنا (۲) مارنا۔ قتل کرنا (۳) دھوکا دینا۔ دغا کرنا ؁

ہاتھ رواں ہونا (ف) کسی کام میں مشاق ہونا۔ خوب ہاتھ چلنا۔ ہاتھ میں صفائی آنا۔ ہاتھ صاف ہونا ؁

ہاتھ روکنا (ف) (۱) ہاتھ تھامنا (۲) کفایت شعاری کرنا۔ خرچ کم کرنا (۳) باز رہنا۔ کشمکش ہونا (۴) وار روکنا۔ وار بچانا ؁

ہاتھ سادھنا (ف) ہاتھ صاف کرنا۔ مشق کرنا ؁

ہاتھ سانَنا (ف) ہاتھ بھرنا ؁

ہاتھ سر پر دھر کے۔یا سر پر ہاتھ دھر کے رونا (ف) سر پکڑ کر رونا۔ نہایت افسوس کرنا۔ سر پیٹنا ؁

ہاتھ سر پر رکھنا (ف) (۱) حمایت کرنا۔ مربّی بننا۔ مددگار ہونا۔ حامی بننا (۲) پیار کرنا (۳) کسی کے سر کی قسم کھانا (۴) سلام کرنا۔ ماتھے پہ ہاتھ رکھنا ؁

ہاتھ سمیٹنا (ف) (۱) ہاتھ سکیڑنا۔ ہاتھ بند کرنا (۲) دینے سے ہاتھ روکنا۔ دینا بند کرنا ؁

ہاتھ سُن ہو جانا۔یا۔سو جانا (ف) ہاتھ کا کام نہ دے سکنا۔ ہاتھ میں خون کا حرکت نہ کر سکنا ؁

ہاتھ سے (ف) (۱) ذریعے سے (۲) سبب سے (۳) ذات سے۔ دم سے (۴) قابو سے۔ گرفت سے ؁

ہاتھ سے جاتا رہنا (ف) قابو سے نکل جانا۔ بس میں نہ رہنا۔

ہاتھ سے کھویا جانا (۲) آپے سے باہر ہو جانا۔ از خود رفتہ ہو جانا (۳) مر جانا۔ انتقال کر جانا ۔

ہاتھ سے جانا (ف) (۱) کھویا جانا۔ جاتا رہنا۔ قابو سے نکلنا۔ بس میں نہ رہنا۔ اختیار سے جانا (۲) مر جانا۔ انتقال کر جانا ۔

ہاتھ سے دل پھسلنا (جانا) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا ۔

ہاتھ سے دے بیٹھنا (ف) (۱) کھو بیٹھنا۔ گنوا دینا۔ ضائع کرنا (۲) قابو میں نہ رکھنا۔ قبضہ چھوڑ بیٹھنا ۔

ہاتھ سے دینا (ف) (۱) بخشنا۔ دینا۔ عطا کرنا (۲) چھوڑنا۔ ترک کرنا۔ قبضہ چھوڑنا۔ جانے دینا۔ (۳) کھونا۔ گنوانا۔ ضائع کرنا ۔

ہاتھ سے سلام لینا (ف) سلام کا جواب ہاتھ کے اشارے سے دینا ۔

ہاتھ سے کام نکلنا (ف) (۱) کسی کام کا تجربہ ہونا۔ کوئی کام ہاتھوں سے کیا جانا۔ کوئی کام کر کے دیکھ لینا (۲) کسی کام کا قبضے سے جانا۔ کوئی کام واپس لیا جانا (۳) کسی کے ذریعے سے کوئی کام پورا ہونا۔ کسی وسیلے سے کوئی کام بنتا ۔

ہاتھ (ہاتھوں) سے نالاں ہونا (ف) ہاتھ سے تنگ آنا ۔

ہاتھ سے ہاتھ ملانا (ف) (۱) مصافحہ کرنا۔ باہم ہاتھ میں ہاتھ پکڑ کر تپاک ظاہر کرنا۔ دست بوسی کرنا (۲) کچھ نقدی دینا۔ روپیہ دینا۔ کچھ دینا ۔

ہاتھ سے ہاتھ ملنا (ف) افسوس کرنا۔ بے حد پچھتانا ۔

ہاتھ شل ہو جانا (ہونا) (ف) ہاتھ کا خشک جانا یا کام کرنے کے قابل نہ رہنا ۔

ہاتھ صاف کرنا (ف) (۱) ہاتھ کو مشاق بنانا۔ ہاتھ سے کوئی کام نکالنا (۲) خط سنوارنا۔ مشق کرنا (۳) ہاتھ دھونا۔ ہاتھ پاک کرنا (۴) ہاتھ مارنا۔ قتل کرنا۔ ہلاک کرنا۔ غارت کرنا۔ لوٹنا۔ مال مار کرنا (۵) زک دینا۔ وار کرنا۔ برائی کرنا (۶) خرچ کرنا۔ اڑانا ۔

ہاتھ قبضے پر ڈالنا (ف) تلوار سونتنا۔ تلوار کھینچنا۔ قتل کرنے کا ارادہ کرنا۔ آمادۂ قتل ہونا ۔

ہاتھ قلم کرنا (ف) ہاتھ کاٹنا۔ ہاتھ تراشنا۔ ہاتھ اڑانا ۔

ہاتھ کاٹ دینا (ف) (۱) ہاتھ قلم کر دینا (۲) تحریری اقرار دینا۔ دستاویز لکھ دینا ۔

ہاتھ کاٹنا (ف) (۱) ہاتھ قلم کرنا (۲) افسوس کرنا۔ پچھتانا۔ (۳) نہایت غصے میں اپنے ہاتھوں کو دانتوں میں پکڑنا ۔

ہاتھ کا جھوٹا (ف) مذکر۔ ناراستی پسند۔ جو لے کر نہ دے۔ بد دیانت۔ خائن۔ بد معاملہ۔ بے ایمان ۔

ہاتھ کا دیا (ف) مذکر۔ دان پن۔ خیرات۔ سخاوت۔ بخشش ۔

ہاتھ کا دیا آڑے آئے (ف) کسی وقت کی خیرات کام آئے یعنی خیرات ہی مصیبت کی روک تھام کرتی ہے ۔

ہاتھ کا دیا ساتھ کھانے لگا (ف) کمینے بھی برابری کا دعویٰ کرنے لگے ۔

ہاتھ کا سچا (ف) دیانت دار۔ معتبر۔ اعتبار والا۔ ساکھ والا۔ لین دین کا کھرا۔ صادق ۔

ہاتھ کا میل (ف) مذکر (۱) وہ چرک جو ہاتھ سے اترے (۲) بے اصل چیز۔ بے حقیقت چیز۔ ناچیز (۳) (مجازاً) روپیہ پیسہ۔ مال و زر ۔

ہاتھ کان سے ننگی (ف) مؤنث۔ وہ (عورت) جس نے کوئی زیور نہ پہنا ہو۔ وہ (عورت) جس کے پاس زیور نہ ہو ۔

ہاتھ کانوں پر رکھنا (ف) بالکل لاعلمی ظاہر کرنا۔ ناواقفی اور ناواقفی ظاہر کرنا ۔

ہاتھ کٹ جانا (ف) (۱) ہاتھ میں زخم آ جانا (۲) ہاتھ قلم ہو جانا (۳) تحریر ہو جانا۔ دستاویز ہو جانا ۔

ہاتھ کٹ چکے ہیں (ف) تحریر دے دی ہے۔ تحریر دے چکے ہیں ۔

ہاتھ کرنا (دکھانا) (ف) (۱) حملہ کرنا۔ وار کرنا (۲) بحث کرنا ۔

ہاتھ کشیدہ آسمان دیدہ (ف) (ع) جس کا ہاتھ کہیں اور ہو۔ خیال کہیں اور۔ اس کی نسبت بولتی ہیں۔

ہاتھ کنگن کو آرسی کیا (ف) (مثل) جو چیز آنکھوں کے سامنے ہو اس کے دریافت کرنے کی ضرورت ہی کیا ۔

ہاتھ کو ڑی نہ بازار لیکھا (ف) (مثل) مفلس کا اعتبار کوئی نہیں کرتا ۔

ہاتھ کو ہاتھ پہچانتا ہے (مث) جس سے کچھ لیتے ہیں۔ اسی کو دیتے ہیں ۔

ہاتھ کو ہاتھ نہیں سوجھتا (مث) اندھیرا گھپ ہے بہت سخت اندھیرا ہے ۔

ہاتھ کھانا (ف) وار لگنا۔ وار اٹھانا ۔

ہاتھ کھجلانا (ف) (۱) ہاتھ میں خارش ہونا (۲) ہاتھوں بدمار کھانے کو جی چاہنا (۳) ہاتھ کا نچلا نہ بیٹھنا۔ سہار کھانے کی باتیں کرنا ۔

ہاتھ کھل جانا۔یا۔کھلنا (ف) (۱) ہاتھ کا کام دینے لگنا۔ ہاتھ چلنا (۲) تنگی نہ رہنا۔ روپیہ پیسہ ہاتھ میں آنا۔ کاروبار جاری ہونا (۳) مار پیٹنے کی عادت پڑ جانا ۔

ہاتھ کھینچنا (ف) باز آنا۔ دست بردار ہونا۔ ہاتھ اٹھانا۔ ترک کرنا ۔

ہاتھ کی روٹی (امث) مؤنث۔ ہاتھ سے تیار کی ہوئی روٹی توے پر پکائی ہوئی روٹی ۔

ہاتھ کی لکیریں (ا) مؤنث (۱) ہتھیلی کے نشان (۲) کرم ریکھ جسے نجومی لوگ دیکھ کر آئندہ و گزشتہ باتیں بتاتے ہیں ۔

ہاتھ کی لکیریں مٹنا (ف) (۱) محبت کا جاتا رہنا۔ قرابت یا رشتہ ٹوٹنا (۲) حقداروں کا حق جانا ۔

ہاتھ کی لکیریں نہیں مٹتیں (مث) اپنے کسی طرح غیر نہیں ہو سکتے ۔

ہاتھ کے دو بیر نہ کھانا (ف) (عو) کسی سے نہایت نفرت کرنا۔ متنفر ہونا۔ بالکل خاطر میں نہ لانا ۔

ہاتھ کے طوطے اُڑ جانا (ف) حواس باختہ ہو جانا بیخبر ہو جانا ۔

ہاتھ کے نیچے آ جانا (ف) ہتھے چڑھ جانا۔ قابو میں آ جانا۔ قبضہ ہو جانا۔ مداخلت ہو جانا ۔

ہاتھ گاڑی (امث) مؤنث۔ رکشا۔ پہاڑی بگھی ۔

ہاتھ گلنا (ف) (۱) نہایت سردی لگنے کے باعث ہاتھ کے گوشت کا مر جانا (۲) پھوڑوں یا زخموں سے ہاتھ کے گوشت کا سڑ جانا ۔

ہاتھ گریبان تک جانا (ف) گریبان پھاڑ ڈالنا۔ وحشت کا زور پکڑنا ۔

ہاتھ گلے میں ڈالنا (ف) پیار کرنا۔ باہیں گلے کا ہار کرنا ۔

ہاتھ گھسانا (ف) بے فائدہ محنت کرنا۔ لاحاصل کام کرنا ۔

ہاتھ گھسائی (امث) مؤنث۔ وہ بے فائدہ محنت جس سے کچھ حاصل نہ ہو ۔

ہاتھ گھنگھولنا (ف) پانی وغیرہ میں ہاتھ ڈال کر اسے جلد جلد ہلانا ۔

ہاتھ لا (لانا) (ف) (کلمۂ تعریف) (۱) واہ وا۔ کیا کہنا ہے۔ آفرین ہے۔ مرحبا۔ شاباش (۲) داد لینے کے موقع پر بھی کہتے ہیں ۔

ہاتھ لپک (صف) چور۔ اُچکا۔ اٹھائی گیرا ۔

ہاتھ لگانا (ف) (۱) چھونا۔ مس کرنا۔ ہاتھ پھیرنا (۲) چھیڑنا۔ دست درازی کرنا (۳) مدد کرنا۔ سہارا دینا۔ (۴) کام شروع کرنا (۵) ہاتھ مارنا۔ ضرب لگانا (۶) بازی لگانا۔ شرط بدنا (۷) قول دینا۔ بچن ہارنا (۸) تیرنا۔ ہاتھ مارنا (۹) (عو) مارنا پیٹنا۔ تھپڑ جڑنا ۔

ہاتھ لگائے کملانا (ف) نہایت نازک ہونا ۔

ہاتھ لگانے (سے لگے) میلا ہونا (ف) نہایت سفید اُجلا اور آبدار ہونا۔ نہایت لطیف اور پاکیزہ ہونا ۔

ہاتھ لگنا (ف) (۱) چھوا جانا۔ مس ہونا۔ ہاتھ پھیرنا (۲) ملنا۔ حاصل ہونا۔ ہاتھ آنا۔ دستیاب ہونا (۳) قابو چڑھنا۔ بس میں آنا (۴) سہارا ملنا (۵) کام شروع ہونا (۶) بازی بدنا۔ شرط ہونا ۔

ہاتھ لیا کاسا تو بھیک کا کیا سانسا (مث) (مثل) جب گدائی اختیار کی تو پھر مانگنے میں کیا شرم ۔

ہاتھ مارنا (ف) (۱) ہاتھ لگانا۔ ضرب لگانا (۲) بڑے بڑے نوالے کھانا (۳) چوری کرنا۔ غبن کرنا۔ مال اڑانا (۴) شرط لگانا (۵) رشوت لینا (۶) قبضہ کر لینا۔ قابض ہو جانا (۷) قتل کرنا۔ ذبح کرنا۔ ہاتھ صاف کرنا (۸) اقرار کرنا۔ قول دینا ۔

ہاتھ مال نہ گانٹھ مال میں ڈھونڈتی جات مال (مث) (کہاوت) نہ میرے ہاتھ میں ہنر ہے نہ بدن میں جوہر ہیں تو اپنی (امثل) ذات کے سبب امیر ہوں۔ بے سلیقہ کا اپنی ذات پر گھمنڈ کرنا ۔

ہاتھ ملانا (ف) (۱) ملاقات کے وقت ہاتھ سے ہاتھ مس کرنا۔ مصافحہ کرنا (۲) پنجہ کشی کرنا۔ ہاتھ سے ہاتھ پکڑ کر زور کرنا ۔

ہاتھ ملتے پھرنا (ف) افسوس کرتے پھرنا۔ پچھتاتے

پھرنا ۔

ہاتھ ملتے رہ جانا (رہنا) (ہ) افسوس کرتے رہنا ۔ پچھتاتے رہنا ۔

ہاتھ ملنا (ف) افسوس کرنا ۔ پچھتانا ۔

ہاتھ ملنا (ف) (۱) مصافحہ ہونا ۔ دست بوسی ہونا (۲) نقدی ملنا ۔ بِکری ہونا ۔

ہاتھ منہ پر سے نہیں اترے (ف) ابھی نئی دلہن ہے ۔ شرم حیا کے دن ہیں ۔

ہاتھ میں (ف) (۱) قبضے میں ۔ اختیار میں (۲) ہاتھ کے اندر ۔

ہاتھ میں آنا (ف) (۱) حاصل ہونا ۔ ہاتھ لگنا (۲) قبضے میں آنا ۔ قابو میں آنا (۳) دستیاب ہونا ۔ بہم پہنچنا ۔

ہاتھ میں ٹھیکرا دینا (ف) (۱) بھیک منگوانا ۔ گدائی کرانا (۲) مفلس کر دینا ۔ بھیک منگوا دینا ۔

ہاتھ میں دل رکھنا (ف) ناز برداری کرنا ۔ خاطر داری کرتے رہنا ۔ ہر آرزو پوری کرنا ۔

ہاتھ میں دل لینا (ف) دل خوش رکھنا ۔ راضی رکھنا ۔ دلجوئی کرنا ۔ خاطر داری کرنا ۔ دلدہی کرنا ۔

ہاتھ میں دے روٹی اور سر پر مارے جوتی (۱) (مثل) ایسے کم ظرف کی نسبت بولتے ہیں جو احسان کر کے بار بار جتاتا ہے ۔

ہاتھ میں سُمرنی اور بغل میں کترنی (۱) (مثل) ایسے آدمی کی نسبت بولتے ہیں جو ظاہر میں نیک ہو اور باطن میں دغاباز ۔

ہاتھ میں سنیچر آنا (ف) طالع کا زحل ستارے میں آنا ۔ جو بہت منحوس ہے ۔ نہایت افلاس چھانا ۔ تنگدست ہونا ۔

ہاتھ میں قلم پکڑے کے رہ جانا (ف) لکھتے وقت حیرت سے سوچ میں پڑ جانا ۔

ہاتھ میں لانا بات میں کھانا (ف) جو کمانا سو کھا لینا ایسا مفلس ہونا کہ گھر میں برتن تک نہ رہنا ۔

ہاتھ میں لئے پھرنا (ف) (۱) ہاتھ میں دبائے پھرنا (۲) شہوت میں سخت بیتاب ہونا ۔

ہاتھ میں لینا (ف) کوئی کام اپنے ذمے لینا ۔ آپ انتظام کرنا ۔

ہاتھ میں ہاتھ دینا (ف) (۱) کسی کے سپرد کرنا ۔ سونپنا ۔ (۲) بیاہ دینا ۔ عورت کا مرد سے نکاح کر دینا ۔ (۳) ہاتھ ملانا ۔ مصافحہ کرنا ۔

ہاتھ میں ہنر ہونا (ف) ہاتھ میں جوہر ہونا ۔ ہنرمند یا صاحبِ کمال ہونا ۔

ہاتھ نہ آنا (ف) (۱) پکڑا نہ جانا (۲) قابو میں نہ آنا (۳) حاصل نہ ہونا ۔ کسی چیز کا نہ ملنا ۔

ہاتھ نہ پڑنا (ف) کوئی کام نہ ہو سکنا ۔ کامیابی نہ ہونا ۔

ہاتھ نہ رکھنے دینا (ف) (۱) پاس نہ آنے دینا ۔ ہاتھ نہ لگانے دینا (۲) پروا نہ کرنا ۔ خاطر میں نہ لانا (۳) قابو میں نہ آنا ۔ سمجھنے نہ دینا (۴) کسی طرح راضی نہ ہونا (۵) بدمزاج ہونا ۔ روکھا ہونا ۔

ہاتھ نہ لگے ناک میں پیاز کے ڈلے (۱) (مثل) (عو) کم ظرف اور خفیف سی چیز پر اترانے والے کی نسبت بولتی ہیں ۔

ہاتھ نہ لگانا (ف) (۱) ہاتھ سے نہ چھونا (۲) مارنے سے باز رہنا ۔ زدوکوب نہ کرنا (۳) بچے کو تنبیہ نہ کرنا (۴) خاطر میں نہ لانا ۔ بات نہ پوچھنا ۔

ہاتھ نہ مٹھی بلبلا اٹھی (ف) (مثل) پاس کوڑی نہیں ۔ حوصلہ دکھانے میں یہ گرم جوشی ۔ پاس کچھ نہیں ۔ غصہ ناحق کا ۔

ہاتھا رہاتا، ہاتھا پائی (ف) مؤنث ۔ مارکٹائی ۔ مکا کی ۔ گھمسان گھونسا ۔ دھول دھپا ۔ مار دھاڑ ۔ مار پیٹ ۔ لڑائی بھڑائی ۔

ہاتھا پائی کرنا (ف) مارکٹائی کرنا ۔ دست درازی کرنا ۔

ہاتھا پائی پر لینا (ف) مارکٹائی اختیار کرنا ۔ لپا ڈگی پر اتر آنا ۔ گشتم گشتا ہو جانا ۔ دھینگا مشتی پر آ جانا ۔

ہاتھا جوڑی (ف) مؤنث ۔ ایک مشہور پودا ۔

ہاتھا چھانٹی (ف) مؤنث (۱) بدمعاملگی ۔ دغابازی ۔ بددیانتی (۲) غبن ۔ خورد برد ۔ چوری ۔

ہاتھا ہاتھی (ف) ہاتھ سے ہاتھ تک جانا ۔ ایک کا دوسرے کو دینا ۔ دست بدستی ۔

ہاتھوں (ف) (۱) ہاتھ کی جمع (۲) سبب ۔ باعث ۔ بدولت (۳) ہمدست ۔ دست بدست (۴) ہاتھ سے ۔ ہاتھوں سے (۵) وسیلے سے ۔ ذریعے سے ۔ توسط سے ۔

ہاتھوں اچھلنا (ف) (۱) نہایت تڑپنا ۔ بہت زیادہ بیقرار ہونا (۲) نہایت کودنا ۔ کثرت سے اچھلنا ۔

ہاتھوں چھاؤں رکھنا (کرنا) (ف) نہایت حفاظت سے رکھنا ۔ اپنی حفاظت میں رکھنا ۔

ہاتھوں دل بڑھانا (ف) ہمت بڑھانا ۔ بہت حوصلہ

دلانا ۔

ہاتھوں سے (۱) سبب۔ باعث۔ کارن (۲) ذات سے۔ فعلوں سے۔ ڈھنگوں سے ۔

ہاتھوں کلیجا اچھلنا (ف) نہایت دل دھڑکنا۔ دل کا دھک دھک ہونا۔ دل کا قائم نہ رہنا ۔

ہاتھوں کی لکیریں (۱) مؤنث (۱) ہاتھوں کی ریکھیں (۲) وہ نشان یا نقش جو مٹائے نہ مٹیں (۳) عزیز۔ بھائی قریبی ۔

ہاتھوں کے طوطے اڑجانا (اڑنا) (ف) دیکھو ہاتھ کے طوطے اڑجانا ۔

ہاتھوں مہندی پاؤں مہندی اپنے لچھن اور دو دینے دی (مثل) (۱) آپ مہندی کا شغل کرکے کام سے بچنا۔ اور دوسرے کو کام سونپنا (۲) اپنا عیب دوسروں کے سر تھوپنا ۔

ہاتھوں میں سانپ یا ناگ کھلانا (ف) (۱) سانپ کو ہاتھ میں رکھنا (۲) جان جوکھوں کا کام کرنا۔ مشکل کام کرنا ۔

ہاتھوں ہاتھ (م) (۱) دست بدست۔ ایک ہاتھ سے دوسرے ہاتھ میں۔ بالا ہی بالا۔ اوپر ہی اوپر (۲) فوراً۔ جلد۔ فرصت۔ شتاب ۔

ہاتھوں ہاتھ اڑا کر لے جانا (ف) دست بدست فوراً لے جانا۔ اوپر ہی اوپر لے جانا ۔

ہاتھوں ہاتھ اڑا لینا (ف) فوراً لے جانا۔ دست بدست لے جانا ۔

ہاتھوں ہاتھ اڑ (بک) جانا (ف) جلد بک جانا۔ فوراً بک جانا (۲) بہت جلد صرف ہو جانا۔ فوراً خرچ میں آجانا ۔

ہاتھوں ہاتھ لے جانا (ف) (۱) فوراً لے جانا۔ دیر نہ کرنا۔ جلدی سے لے لینا (۲) نہایت قدر و منزلت سے لے جانا ۔

ہاتھوں ہاتھ لینا (ف) دست بدست لینا۔ فوراً لینا۔ جھٹ پٹ لے جانا۔ اوپر ہی اوپر لے جانا ۔

ہاتھی (ہا۔تھی) (۱) مذکر۔ فیل۔ پیل۔ گج۔ ایک نہایت جسیم اور موٹا جانور ۔

ہاتھی پاؤں (۱) مذکر۔ ایک مرض جس سے پاؤں نہایت موٹا ہو جاتا ہے ۔

ہاتھی پھرے گاؤں گاؤں جس کا ہاتھی اس کا ناؤں (مثل) جس کی چیز ہو۔ اسی کا نام ہوتا ہے۔

اصل میں مالک ہی کی ہوا کرتی ہے ۔

ہاتھی جھولنا (ف) (۱) دروازے پر ہاتھی ہونا (۲) (کنایۃً) بہت دولت مند ہونا ۔

ہاتھی جھومنا (ف) (۱) کسی کے پاس ہاتھی ہونا (۲) گھر میں کنواری لڑکی شادی کے لائق ہونا ۔

ہاتھی چک (۱) مذکر (۱) ایک خاردار پودا جس کی جڑ پکا کر کھاتے ہیں (۲) ایک قسم کی گھاس جو ہاتھی کھاتے ہیں ۔

ہاتھی خانہ (۱) مذکر۔ ہاتھیوں کا طویلہ۔ فیل خانہ ۔

ہاتھی دانت (۱) مذکر۔ ہاتھی کے دانت جن کی اکثر چیزیں بنائی جاتی ہیں۔ دندان فیل ۔

ہاتھی دانت کا چورا (۱) مذکر۔ ہاتھی کے دانتوں کی بنی ہوئی چوڑیاں ۔

ہاتھی سے گنے کھانا (ف) زبردست سے مقابلہ کرنا ۔

ہاتھی کا بوجھ ہاتھی ہی اٹھاتا ہے۔ ہاتھی کا بوجھ ہاتھی ہی سنبھالے (مثل) بڑے کام بڑے ہی حوصلے والا کرتا ہے۔ زبردست سے زبردست ہی نپٹتا ہے ۔

ہاتھی کا پاٹھا (۱) مذکر۔ جوان ہاتھی۔ ہاتھی کا نر بچہ ۔

ہاتھی کا پیر آنکس (مثل) ہاتھی کا استاد آنکس ہے۔ ہتھیار سے زبردست بھی قابو میں آجاتا ہے

ہاتھی کا جنگ ساتھی ۔ کیڑی پا ہن بیڑی (مثل) زبردست تے سب ساتھی ہوتے ہیں۔ اور کمزور کے سب دشمن ۔

ہاتھی کے پاؤں میں سب کے پاؤں (مثل) بڑے آدمی کے سب مطیع اور فرمانبردار ہوتے ہیں (۲) سخی کی کمائی میں سب کا حصہ ہے (۳) امیروں سے غریبوں کو بھی فائدہ پہنچ رہتا ہے

ہاتھی کے دانت (۱) مذکر۔ ہاتھی کے دانت اور خاص کر وہ بڑے دانت جو آگے کو نکلے ہوئے ہوتے ہیں ۔

ہاتھی کے دانت بٹھانا (ف) (۱) ناممکن بات کرنا (۲) بوڑھے طوطے کو پڑھانا ۔

ہاتھی کے دانت دکھانے کے اور، کھانے کے اور (مثل) دکھانے کی چیز اور ہوتی ہے۔ اور کام میں لانے کی اور۔ دنیا کے لوگ ظاہر میں کچھ اور باطن میں کچھ ۔

ہاتھی کے ساتھ گنّے چوسنا (۲) زبردست سے مقابلہ کرنا

ہاتھی کے منہ میں لکڑی پکڑاتے ہیں (۲) زبردست کو مال دے کر واپس لینا چاہتے ہیں

ہاتھی گھوڑے بھاگ گئے گدھا پوچھے کتنا پانی (۲) بڑے بڑے تو حوصلے ہار گئے۔ ادنیٰ کو ابھی حوصلہ باقی ہے ۔

ہاتھی نال (۲) مؤنث۔ ایک قسم کی توپ جسے ہاتھی کھینچتے ہیں ۔

ہاتھی نکل گیا ہے دُم باقی رہ گئی ہے (۱) جہاں سارا کام ہو کر تھوڑا سا باقی رہ جائے۔ وہاں بولتے ہیں ۔

ہاتھی وان (۲) مذکر۔ (۱) فیل بان۔ مہاوت۔ ہاتھی چلانے والا ۔

ہاتھی ہزار لُٹے تو بھی سوا لاکھ ٹکے کا (۲) (مثل) امیر آدمی کیسا ہی غریب کیوں نہ ہو جائے۔ پھر بھی اس کی قدر باقی رہ جاتی ہے ۔

ہاتھی ہے یا امرود (۱) (مثل) اُس موقع پر بولتے ہیں۔ جب کسی شخص نے دو مختلف چیزیں دیکھی ہوں۔ اور ان میں سے ایک چیز کی بابت لوگوں کے پوچھنے پر کہے۔ کہ یا یہ ہے یا وہ ۔

ہاٹ (ہاٹ) (۲) مؤنث۔ ہندی (۱) دکان۔ لین دین کی جگہ۔ سودا بیچنے کی جگہ۔ ہٹ۔ ہٹی (۲) پینٹھ (۳) بازار۔ سودا بکنے کی منڈی (۴) کارخانہ ۔

ہاٹ کرنا (کھولنا) (۲) (ہندی) دکان کرنا ۔

ہاجِر (ہا۔ جِر) (ع) (۱) ہجرت کرنے والا۔ اپنا ملک چھوڑ کر دوسرے ملک میں جا رہنے والا (۲) عرب کا ایک قبیلہ (۳) مکہ میں جا رہنے والا ۔

ہاجِرہ (ہا۔ جِرَہ) (ع) مؤنث (۱) نہایت گرم دوپہر کا وقت۔ گرمی کی دوپہر (۲) حضرت اسمٰعیلؑ کی والدہ ماجدہ ۔

ہاجی (ہا۔ جی) (ع) مذکر۔ ہجو کرنے والا۔ نقال۔ منہ چڑانے والا ۔

ہادِم (ہا۔ دِم) (ع) عمارت کو ڈھانے والا ۔

ہادِم اللذّات (ع) (۱) لذّتوں کو ڈھانے والا (۲) کنایۃً۔ ملک الموت ۔

ہادی (ہا۔ دی) (ع) مذکر۔ رہنما۔ پیشوا۔ ہدایت کرنے والا۔ رہبر۔ پیر و مرشد ۔

ہار (ہار) (۲) مؤنث (۱) شکست۔ ہزیمت۔ مات (۲) تکان۔ ماندگی (۳) ہارنا کا امر ۔

ہار بیٹھنا۔ یا۔ ہار جانا (۲) (۱) بازی دے بیٹھنا۔ مات ہو جانا (۲) شکست کھا جانا۔ پیٹھ دکھا جانا۔ مغلوب ہو جانا۔ عاجز ہو جانا (۳) تھک جانا۔ تنگ ہو جانا۔ ناک میں دم ہو جانا ۔

ہار جیت (۲) مؤنث۔ شکست و فتح۔ نفع و نقصان ۔

ہار جیت کرنا (۲) جُوا کھیلنا۔ داؤں پر لگانا۔ بازی ہارنا۔ یا لینا ۔

ہار دینا (۲) بازی پر لگا کر مات ہو جانا۔ بازی میں دے دینا ۔

ہار کر (کے) (۲) تھک کر۔ مجبور ہو کر۔ مجبوراً۔ آخرکار ۔

ہار کے جھک مار کے (۲) مجبوراً۔ مجبور ہو کے آخرکار ۔

ہار ماننا (۲) تھکنا۔ عاجز ہونا۔ مغلوب ہونا۔ عجز اختیار کرنا ۔

ہار (ہار) (۲) (۱) کرنے والا۔ کرتار۔ فاعل (۲) لائق قابل۔ جوگ جیسے مرنہار۔ جانہار۔ ہونہار ۔

ہار (ہار) (ہ۔ ف) مذکر (۱) پھولوں یا موتیوں کی مالا (۲) تسبیح۔ سمرن۔ مالا۔ (۳) جواہرات کا گلوبند۔ کنٹھ مالا ۔

ہار ڈالنا (۲)، (۱) ہار پہنانا۔ مالا گلے میں ڈالنا (۲) خصم قرار دینا ۔

ہارا (۲) مذکر (۱) تھکا ہُوا۔ تھکا ماندہ (۲) کمزور۔ ضعیف۔ بے دم۔ ناتواں۔ بودا (۳) ہارا ہُوا۔ مات کھایا ہُوا ۔

ہارا جھک مارا سارا جنگل ہمارا (۲) لڑکوں کا ایک کھیل۔ جب کوئی لڑکا ہار جائے تو اس سے یہ فقرہ کہلواتے ہیں ۔

ہار سنگار (۲) مذکر۔ (۱) ایک درخت جس کے پھولوں کی ڈنڈیوں سے زرد اور سنہری رنگ نکالتے ہیں (۲) زیب و زینت ۔

ہارمونیم (ہار۔ مو۔ نیم) (انگریزی HARMONIUM) مذکر۔ ایک قسم کا انگریزی باجا ۔

ہارنا (۲) (۱) بازی میں دینا۔ قمار میں شرط دینا (۲) چوکنا۔ رہ جانا۔ ناکام ہونا (۳) شکست کھانا۔ شکست

ہارنا (۴) تھکنا۔ ماندہ ہونا (۵) عاجز ہونا۔ مغلوب ہونا (۶) تنگ ہونا۔ دِق ہونا ۔

ہارُو (ہا۔رُو) (ہ) ہارنے والا ۔

ہاروت (ہا۔رُوت) (ع) مذکر۔ ایک فرشتہ جو چاہِ بابل میں اوندھا لٹکا ہُوا عذابِ الٰہی میں گرفتار ہے ۔

ہارون (ہا۔رُون) (ع) مذکر (۱) شریر و سرکش گھوڑا (۲) سردار۔ سالارِ قوم (۳) حضرت موسیٰؑ کے بڑے بھائی ۔

ہارے بھی ہراوے جیتے بھی ہراوے (ہ) (مثل) اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو ہر طرح اپنی ہی بات کے لئے قائل کرے ۔

ہارے کو ہتھیار (ہ) (مثل) جب آدمی بالکل ناچار ہو جاتا ہے۔ تو مجبوراً ہتھیار پر نوبت آتی ہے ۔

ہارے کے درجے۔ یا۔ ہارے درجے (ہ) (ع) مجبوراً مجبور ہو کر۔ ناچار ہو کر۔ آخر کار۔ تھک کر ۔

ہاڑ (ہاڑ) (ہ) مذکر (۱) ہڈی۔ استخواں (۲) ڈھانچ۔ ڈھچر۔ پنجر (۳) ہاڑنا کا امر ۔

ہاڑ جوڑا (ہ) مذکر (۱) ٹوٹی ہوئی ہڈیوں کو جوڑنے والا۔ (۲) ایک پودا ۔

ہاڑنا (ہ) (۱) ایک بٹ سے دوسرا بٹ تول کرنا۔ (۲) وزن سے وزن برابر کرنا۔ وزن کا مقابلہ کرنا ۔

ہاشم (ہا۔شِم) (ع۔ مذکر) آنحضرتؐ کے پردادا ۔

ہاشمی (ع) حضرت ہاشمؓ کے ساتھ نسبت رکھنے والا ۔

ہاضم (ہا۔ضِم) (ع) (۱) ہضم کرنے والا۔ پچانے والا۔ (۲) ہضم ہونے والا (۳) تحلیل کرنے والا۔ ملیّن ۔

ہاضمہ (ع) مذکر۔ ہضم کرنے کی قوت۔ پچاؤ۔ تحلیل۔ نضج ۔

ہاکی (ہا۔کی) (انگریزی۔ HOCKEY) مؤنث) ایک کھیل جس میں گیند اور خمیدہ لکڑی سے کھیلتے ہیں ۔

ہال (ہال) (ہ) مؤنث (۱) حرکت۔ جنبش (۲) جھٹکا۔ چال۔ رفتار۔ گردش (۳) (مذکر) لوہے کا وہ چکر جو پہیّے کے گرداگرد چڑھایا جاتا ہے (۴) (مذکر) ہل۔ قلبہ (۵) پتوار (۶) (ا) ابھی۔ ترت۔ فوراً ۔

ہال (ہال) (انگریزی۔ HALL) (مذکر) گول کمرہ۔ بڑا کمرہ۔ بڑا دالان ۔

ہال بازار (انگریزی۔ HALL BAZAAR) ایک بہت بڑا اور مشہور بازار جو امرتسر میں ہے ۔

ہالا (ہا۔لا) (ہ) مذکر (۱) وہ ٹیکس جو ہل پر لگایا جائے (۲) خراب ۔

ہالا ڈولا (ہ۔ مذکر) (عوام) (ع) بھونچال ۔

ہالنا (ہال۔نا) (ہ) ہلنا۔ جنبش کرنا۔ حرکت کرنا ۔

ہالوں (ہا۔لوں) (ہ۔ مؤنث) ایک قسم کے دانے جو اکثر دوا میں کام آتے ہیں ۔

ہالہ (ہا۔لہ) (ع) مذکر (۱) دائرہ۔ کنڈل (۲) چاند کا کنڈل وہ دائرہ جو ابر کے دنوں میں چاند کے گرد معلوم ہوتا ہے ۔

ہالی (ہ) مذکر۔ ہل چلانے والا۔ ہل جوتا ۔

ہالی موالی (ہ) مذکر۔ دیکھو ہالی موالی ۔

ہامان (ہا۔مان) (ع) مذکر۔ فرعون کا وزیر ۔

ہامون (ہا۔مُون) (ع) مذکر۔ میدان۔ بیابان۔ جنگل۔ صحرا ۔

ہامی (ہا۔می) (ہ) مؤنث۔ ہاں۔ اقرار۔ بلے۔ آرے ۔

ہامی بھرنا (ہ) ہاں کرنا۔ اقرار کرنا۔ وعدہ کرنا۔ زبان دینا ۔

ہان (ہان) (س) مؤنث (۱) نقصان۔ ٹوٹا۔ خسارہ۔ ضرر۔ زیان (۲) مصیبت۔ بپتا (۳) کشت و خون۔ خونریزی ۔

ہاں (ہاں) (ہ) (کلمۂ ایجاب) (۱) ہوں۔ ہاں۔ اچھا۔ بھلا (۲) بیشک۔ ضرور۔ یقیناً۔ البتہ ۔

ہاں جی (ہ) (ندا) جی ہاں۔ بیشک۔ بجا ہے ۔

ہاں جی کا نوکر ہونا (ہ) ہاں میں ہاں ملانے سے غرض رکھنا ۔

ہاں جی کیوں نہیں (ہ) (۱) ہو سکتا ہے (۲) (طنزاً) نہیں ہو سکتا ۔

ہاں کرنا (ہ) اقرار کرنا۔ اقبال کرنا۔ منظور کرنا۔ قبول کرنا۔ ماننا ۔

ہاں میں ہاں ملانا (ہ) ہاں جی ہاں جی کرنا۔ بغیر سمجھے بوجھے اقرار کر دینا ۔

ہاں نا کا جواب (ہ۔ مذکر) کوئی جواب اقرار یا انکار ۔

ہاں ہاں (ہ۔ مؤنث) (۱) وعدہ۔ اقرار (۲) منظوری۔ قبولیت (۳) ہرگز (۴) بیشک۔ البتہ (۵) نہ نہ۔ ہرگز نہ ۔

ہاں ہوں (ہ) مؤنث (کلمۂ ایجاب و قبول) اقبال۔ اقرار ۔

انپ جانا (۲) سانس چڑھ جانا ۔ تھک جانا ۔ سانس پھول جانا ؛

ہانپنا (۲) جلد جلد سانس لینا ۔ دم ٹوٹنا ۔ سانس اکھڑنا ؛

انڈا (ہاں ۔ ڈا) (۲) مذکر (گنوار) پھرنے والا آوارہ گروہ ؛

انڈنا (ہانڈ ۔ نا) (گنوار) آوارہ پھرنا ۔ بیکار پھرنا ۔ آوارہ گرد ہونا ؛

انڈی (ہاں ۔ ڈی) (۲) مؤنث (گنوار) پھرنے والی آوارہ گرد (۲) سالن پکانے کا ظرف ۔ کلی ہنڈیا (۳) شیشے کی ہانڈی جس میں روشنی کرتے ہیں ؛

انڈی اُبلنا (۲) (۱) ہانڈی کا جوش کھا کر پانی باہر نکل پڑنا ؛

نڈی پکنا (۲) (۱) دال یا سالن پکنا ۔ کھانا پکنا ۔ ترکاری پکنا (۲) کھچڑی پکنا ۔ چپکے چپکے صلاح مشورہ ہونا (۳) گپ شپ اُڑانا ؛

نڈی پھوڑنا (۲) (عوام) بھانڈا پھوڑنا ۔ افشائے راز کرنا ؛

نڈی چاٹی ہوگی (۲) کسی کی شادی میں مینہ برسے تو اسے مذاقاً کہتے ہیں ؛

نڈی چڑھانا (۲) پکانے کے لئے ہانڈی کا چولہے پر رکھنا ؛

نڈی گرم کرانا (۲) (۱) رشوت دلوانا (۲) فائدہ کرانا ؛

نڈی گرم کرنا (۲) (۱) مفت کا مال لینا ۔ بے ایمانی سے کوئی چیز حاصل کرنا ۔ (۲) رشوت لینا ؛

نڈی میں ہوگا سو ڈوئی میں نکلے گا (۲) جو دل میں ہوتا ہے ۔ وہی زبان پر آتا ہے ؛

نڈی نہ ڈوئی سب پت کھوئی (۲) (مثل) غریبی سے عزت بھی جاتی رہتی ہے ؛

نڈی وال (۲) مذکر (۱) کھانے کا شریک ۔ ساجھی ۔ حصہ دار ۔ پتی دار (۲) رقیب ۔ ایک عورت کے پاس رہنے والے ؛

نس (ہانس) (۲) مذکر (گنوار) سینے سے اوپر اور گردن کے نیچے کی ہڈی ۔ ہنسلی کی ہڈی (۲) گلے میں پہننے کی ہنسلی (۳) ایک آبی پرند ۔ ہنس ؛

نسی (ہاں ۔ سی) (۲) مؤنث (گنوار) (۱) ہنسی ۔ مذاق ۔ دل لگی (۲) (مذکر) حصار کے ضلع میں ایک مشہور شہر ؛

نسی کے گل پھانسی (۲) (مثل) ہنسی دل لگی کی باتیں کرتے کرتے فساد ہو جاتا ہے ؛

ہانک (ہانک) (۲) مؤنث (۱) آواز ۔ پکار (۲) للکار ۔ چلاہٹ ۔ غل ۔ شور (۳) ہانکنا کا امر ۔ (۴) ترنم ۔ زمزمہ ۔ چہچہا ؛

ہانک پکار (۲) مؤنث ۔ غل ۔ شور ۔ غل غپاڑا ۔ غلغلہ ہنگامہ ۔ غوغا ۔ دہائی ؛

ہانک مارنا (۲) پکارنا ۔ آواز دینا ۔ چیخ کر پکارنا ؛

ہانکا ہانک (۲) متواتر ہنکائے یا بھگائے ہوئے ؛

ہانکنا (۲) (۱) چلانا ۔ ہنکانا ۔ دوڑانا ۔ تیز رفتار کرنا (۲) بے سوچے سمجھے کوئی بات زبان سے نکالنا (۳) بڑھانا ۔ ریلنا پیلنا ؛

ہانکے پکارے (۲) علانیہ ۔ سب کے رُوبرو ڈنکے کی چوٹ ۔ کھلم کھلا ؛

ہانگا (ہاں ۔ گا) (۲) مذکر (ع) زور ۔ قوت ۔ طاقت توانائی ؛

ہانگا چھوٹنا (۲) (ع) طاقت نہ رہنا ۔ جسمانی قوت میں فرق آجانا ؛

ہانگی (ہاں ۔ گی) (۲) مؤنث ۔ کپڑے کی چھننی ۔ میدہ چھاننے کی باریک چھلنی ؛

ہاون (ہا ۔ وَن) (ف) مؤنث ۔ اوکھلی ۔ کھرل ؛

ہاون دستہ (ف) مذکر ۔ اوکھلی اور مُوسل ۔ (پنجابی) چٹو وٹا ؛

ہاوہو (۲) مؤنث ۔ (۱) شور و غوغا (۲) آہ آہ ۔ ہائے ہائے ۔ درد اور کراہنے کی آواز ؛

ہاویہ (ہا ۔ وِیَہ) (ع ۔ مذکر) (۱) دوزخ کا سب سے نچلا طبقہ (۲) اندھیرا غار (۳) وہ عورت جس کے بچے مر گئے ہوں ؛

ہاؤ ۔ ہا ۔ آؤ (۲) مذکر (۱) ہُو کرنے والا (۲) بچوں کو ڈرانے کا کاغذی چہرہ (۳) بچوں کو ڈرانے کا ایک فرضی نام ۔ جن ۔ بھوت ۔ دیو ۔ ہوّا ؛

ہاؤ ہاؤ (۲) مؤنث (ع) ہائے پکار ۔ واویلا ۔ پکار (۲) مانگ ۔ طلب ۔ تقاضا ۔ ضرورت ۔ کمی ۔ توڑا ؛

ہاؤ ہاؤ کرنا (۲) (ع) بلبل بلبل کرنا ۔ مانگتے رہنا ؛

ہاہا (۲) مؤنث (گنوار) (۱) چاپلوسی ۔ خوشامد درآمد للو پتو (۲) عجز و انکسار ۔ عاجزی ۔ منت سماجت (۳) عرض معروض ۔ التجا ۔ استدعا ۔ درخواست (۴) ہی ہی ۔ ہنسی ۔ ٹھٹھے کی آواز ۔ ہُوہُو (۵) وہ کلمہ تاکید جو کسی کام سے روکنے کے لئے زبان پر لاتے ہیں ۔ خبردار ؛

ہاہا ٹھٹھی (ہ۔ ۵) مؤنث ہنسی ٹھٹھا۔ ہُولی ◆

ہاہا کار (ہ۔ ۵) مذکر۔ (ہندی) ہائے ہائے۔ گھبراہٹ۔ اضطراب۔ حیرانی۔ سرگردانی۔ ڈر۔ خوف۔ بجے (۲) فتح ہے۔ جے جے کار ◆

ہاہا کرنا (ہ۔ ۵) (گنوار) منت سماجت کرنا۔ قدم کو ہاتھ لگانا ◆

ہاہا کھانا (ہ۔ ۵) (گنوار) پیروں پڑنا۔ بینتی کرنا۔ عاجزی کرنا۔ منت سماجت کرنا۔ خوشامد درآمد کرنا ◆

ہاہا ہوہو (ہ۔ ۵) مؤنث۔ بیہودہ ہنسی اور مذاق۔ ہنسی ٹھٹھا ◆

ہاہا ہی ہی (ہ۔ ۵) مؤنث۔ بیہودہ ہنسی۔ قہقہہ۔ ٹھٹھا ◆

ہاہا ہی ہی کرنا (ہ۔ ۵) ہنسی ٹھٹھا کرنا۔ ہنسنا۔ قہقہہ لگانا ◆

ہائل (ہَ۔ ءِل) (ع) (۱) ہولناک۔ مہیب۔ ڈراؤنا۔ بھیانک۔ دہشت ناک (۲) سخت۔ شدید ◆

ہائلہ (ع) خوفناک۔ ہولناک ◆

ہائی (ہَ۔ اِی) (ہ) مؤنث۔ حالت۔ طور۔ وضع۔ ڈھنگ۔ کیفیت ◆

ہائی (ہا۔ اِی) انگریزی۔ HIGH (۱) بلند۔ اونچا۔ بالا (۲) بڑا۔ اعلےٰ۔ اونچے درجے کا ◆

ہائی سکول (انگریزی۔ HIGH SCHOOL) مذکر۔ بڑا مدرسہ۔ اعلیٰ درجے کا مدرسہ جس میں انٹرنس تک تعلیم ہوتی ہو ◆

ہائی کورٹ (انگریزی۔ HIGH COURT.) (مذکر) عدالت صدر۔ وہ عدالت جہاں سب سے اخیر اپیل ہوتا ہے ◆

ہائے (ہا۔ءِ) (ہ) مؤنث (۱) افسوس۔ دریغ۔ حیف۔ غضب۔ دریغا۔ واویلا۔ آہ (۲) بیماری یا دکھ کی حالت کی آواز۔ ماتم ◆

ہائے اللہ۔ یا۔ ہائے خدا (ا) (عو) اے خدا یا اللہ ◆

ہائے رے (ا) کلمۂ تاسف و درد ◆

ہائے ہائے (ا) (۱) (کلمۂ تاسف) آہ آہ۔ واویلا آہ و زاری۔ آہ و نالہ۔ (۲) پکار۔ مانگ۔ طلب توڑا۔

ہائے ہائے کرنا (ا) (۱) کراہنا۔ آہیں بھرنا (۲) واویلا کرنا۔ غل مچانا (۳) بڑی محنت کرنا۔ کسی کام میں جان مارنا (۴) کسی چیز کے نہ ہونے کی پکار ◆

ہائے ہُو (ا) مذکر۔ واویلا۔ غل۔ شور۔ آہ و نالہ۔ آہ و فریاد۔ چیخ دھاڑ۔ غل غپاڑا ◆

ہائیڈروجن (انگریزی۔ HYDROGEN) مؤنث۔ وہ ہوائے لطیف جو پانی کا ایک جزو ہے ◆

ہ ۔ ب

ہَبَّا ڈبّا (ہَب۔ با۔ ڈَب۔ با) (ہ) مذکر۔ لڑکوں کی شدت کی کھانسی۔ مسان کی بیماری ◆

ہَبْرا (ہَب۔ رَا) (ہ) دانتو۔ بڑے بڑے دانتوں والا۔ بدشکل۔ بدصورت۔ بیڈول۔ بھتا۔ بدوضع ◆

ہبک وہبک (ا۔ مؤنث) (عو) کام کرنے کی چالاکی ◆

ہبل (ہُبَل) (ع) مذکر۔ ایک مشہور بُت جو ایام جہالت میں مکہ میں رکھا ہوا تھا ◆

ہبنق (ہَبَن۔ نَق) (ع) چھوٹے قد کا احمق۔ سڑی۔ باؤلا۔ جانگلو۔ مادھو ◆

ہبوب (ہُبُوب) (ع) مذکر۔ ہوا کا چلنا ◆

ہبوط (ہُبُوط) (ع) مذکر (۱) نیچے اترنا۔ نازل ہونا (۲) پستی۔ زمین۔ نشیب (۳) بیماری کی دوبارہ ہٹ (۴) نقصان ◆

ہبہ (ہِبَہ) (ع) مذکر (۱) عطا۔ انعام۔ بخشش۔ مرحمت۔ عنایت۔ تحفہ۔ عطیہ (۲) دان۔ پُن۔ وقف۔ خیرات ◆

ہبہ استقبالی (ع۔ ف) (مذکر) آئندہ کا ہبہ ◆

ہبہ بحالت مرض (ع۔ ف) (مذکر) بیماری کی حالت میں ہبہ ◆

ہبہ تملیک (ع۔ مذکر) مالک کرنے یا قبضے میں دینے کا ہبہ ◆

ہبہ شرط العوض (ع۔ مذکر) عوض کی شرط پر ہبہ ◆

ہبہ کالعدم (ع۔ مذکر) وہ ہبہ جس میں کوئی شرط محال لگائی جائے ◆

ہبہ مشاع (ع۔ مذکر) مشترکہ چیز کا ہبہ ◆

ہبہ کرنا (ا) (۱) مرحمت کرنا۔ عنایت فرمانا۔ بخشنا (۲) وقف کردینا ◆

ہبہ نامہ (ع۔ ف) مذکر۔ وہ کاغذ یا دستاویز جس میں کسی چیز کے بخش دینے کا اقرار لکھا جائے ◆

ہ - پ

ہَپ ہَپ، (ہ) مؤنث ۔ نگلنے کی آواز ۔ ہڑپ ۔
ہَپ کر جانا (ہ) (۱) کھا جانا ۔ نگل جانا (۲) غصب کر لینا ۔ مار لینا ۔ کسی کا مال ہضم کر جانا ۔
ہَپ ہَپ (ہ) مؤنث ۔ جلد جلد نگلنے کی آواز ۔ پوپلوں کے بولنے کی آواز ۔
ہَپ ہَپ کرنا (ہ) (۱) پوپلوں کی طرح کھانا (۲) بوڑھوں کی طرح منہ سے آواز نکالنا ۔
ہپّا (ہ) مذکر ۔ (۱) پوپلوں کے کھانے کی چیز ۔ نگلنے کی چیز ۔ نرم چارہ (۲) کھچڑی (۳) بچوں کا کھانا ۔
ہپڑ ہپڑ (ہ) مؤنث ، غذا وغیرہ کا جلد جلد کھانا ۔
ہپّو (ہَپ ۔ پُو) (ہ) مذکر ۔ افیون ۔ افیم ۔ افیم کی گولی ۔
ہپّو (ہَپ ۔ پُو) (ہ) مؤنث (۱) پوپلی عورت ۔ نہایت بڑھیا اور پوپلی عورت (۲) نگل جانے والی عورت ۔ ہڑپ کر جانے والی عورت ۔
ہپساتا (ہ) ہانپنا ۔ لمبے لمبے سانس لینا ۔

ہ - ت

ہَت (ہَت) (ہ) کلمۂ تنفّر ، چل دُور ہو ۔ الگ ہو ۔ پرے ہٹ ۔
ہَت تری کی ۔ ہت تری کی ایسی تیسی (ہ) خدا تیرا خانہ خراب کرے ۔
ہِت (ہِت) (ہ) مذکر (۱) سچی دوستی ۔ پیار ۔ محبت ۔ اُلفت ۔ چاہ ۔ اخلاص ۔ پریت (۲) بھلائی ۔
ہِت کار ۔ یا ۔ ہِتکاری (ہ) بھلا کرنے والا ۔ مشفق ۔ سخی ۔ کریم ۔ محسن ۔ فیاض ۔ دھرماتما ۔
ہتّا (ہَت ۔ تا) (ہ) مذکر ۔ (۱) دستہ ۔ موٹھ ۔ قبضہ گرفت (۲) قابو ۔ داؤں (۳) داؤں ۔ وار (۴) ہاتھ کے پاس ۔
ہتّا جوڑی (ہ) مذکر ۔ ایک قسم کا ناچ جس میں ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑتے ہیں ۔
ہتّا (ہتھا) مارنا (ہ) ہاتھ مارنا ۔ چوری کرنا ۔ چرا لینا ۔ مال مارنا ۔
ہتری ۔ ہتھری (ہَت ۔ رِی ۔ ہتھ ۔ ری) (ہ) مؤنث (۱) ہاتھ کی تصغیر یا تحقیر (۲) دستہ ۔ موٹھ ۔

ہتک (ہَتک) (ع) مؤنث پردہ دری ۔ رسوائی ۔ بے حرمتی ۔ بے عزّتی گستاخی ۔ بے ادبی ۔
ہتک آمیز (ع ۔ ف) بے عزّت کرنے والا گستاخانہ ۔
ہتک عزّت کا دعویٰ (ع ۔ مذکر) وہ مقدمہ جو بے عزّتی کی سزا یا ہرجانے کے لئے کیا جائے ۔
ہتو (ہِتُو) (ہ) مذکر ۔ دوست محب ہوا خواہ ۔ ہی خواہ ۔ خیر خواہ ۔
ہتھیانا (ہ) (۱) ہاتھ میں لینا (۲) قبضے پر ہاتھ رکھ کر تلوار ہاتھ میں لینا ۔
ہتوئی ۔ ہتھوئی (ہَتو ۔ ئی ۔ ہتھو ۔ ئی) (ہ) مؤنث ۔ (۱) دستکاری (۲) چالاکی ۔ عیّاری ۔
ہتوڑا ۔ ہتھوڑا (ہَتو ۔ ڑا ۔ ہتھو ۔ ڑا) (ہ) مذکر ۔ لوہاروں کا ایک اوزار ۔ کوٹنے کا آلہ ۔ مار تول ۔
ہتوڑی ۔ ہتھوڑی (ہ) مؤنث ۔ چھوٹا ہتھوڑا ۔
ہتوں سے اکھڑ جانا (اکھڑنا) (ہ) (۱) پتنگ کا ہاتھ پر سے ٹوٹ جانا (۲) جڑ سے اکھڑ جانا (۳) بالکل الگ ہو جانا ۔
ہتھ (ہَتھ) (ہ) مذکر ۔ ہاتھ کا مخفف ۔ دست ۔
ہتھ اُدھار (ہ) مذکر ۔ وہ قرض جو گرو رکھے بغیر دیا جائے ۔ دست گردان قرض ۔
ہتھ اُدھار دینا (ہ) دست گرداں قرض دینا ۔ بغیر گروی رکھے روپیہ دینا ۔
ہتھ پھول (ہ) مذکر ۔ گُل چھڑی ۔ ایک قسم کی آتشبازی جس میں سے پھول جھڑتے ہیں ۔
ہتھ پھیری (ہ) مؤنث (۱) دست مالی ۔ مساس معشوق کے بدن پر ہاتھ پھیرنا (۲) غبن ۔ صفایا ۔ دستبرد (۳) بہت سا کھانا (۴) شعبدہ بازی ۔ ہاتھ چالاکی ۔ چابک دستی (۵) دست بازی ۔ دھول دھپّا ۔
ہتھ پھیری کرنا (ہ) (۱) دست مالی کرنا ۔ ہاتھ پھیرنا ۔ مساس کرنا ۔ معشوق کے جسم کو ملنا دلنا ۔ پیار کرنا ۔
ہتھ چھٹ (ہ) مذکر (۱) چالاک دست (۲) وہ شخص جسے مار بیٹھنے کی عادت ہو ۔ دست دراز ۔ مار بیٹھنے والا ۔
ہتھ رسی (ہ) مؤنث ۔ جلق زنی ۔ مشت بازی ۔
ہتھ کٹی (ہ) مؤنث ۔ وہ ضرب جو پھینکت حریف کے ہاتھ پر مارتا ہے ۔
ہتھ کڑی (ہتکڑی) (ہ) مؤنث ۔ وہ آہنی کڑا یا زنجیر جو مجرم کے ہاتھ میں ڈالی جاتی ہے ۔

ہتھن (۲) مؤنث۔ (۱) دستی۔ کھٹکا۔ کواڑ کی دستی یا موٹھ
(۲) دروازے کی بلّی ٭

ہتھ کنڈا (کھنڈا) (۲) مذکر (۱) ہاتھ کا کرتب۔ ہاتھ کی چالاکی۔ شعبدہ (۲) اپنے ہاتھ کی بنائی ہوئی چیز (۳) چال۔ فریب۔ چالاکی۔ عیّاری (۴) عادت (۵) داؤں پیچ۔ گھات ٭

ہتھ کھنڈے (۲) مذکر (۱) ہتھ کھنڈا کی جمع۔ کرتب۔ ہاتھ کی چالاکیاں۔ شعبدے۔ عیّاریاں۔ چالاکیاں (۲) داؤ پیچ۔ انداز۔ ڈھنگ۔ طور طریق ٭

ہتھ لیوا (۲) مذکر۔ ہندوؤں کی ایک رسم جس میں دولہا دُلھن کے ہاتھ ملا دیتے ہیں ٭

ہتھا (ہتھ۔ تھا)۔ (۲) مذکر۔ دیکھو "ہتّا"

ہتھا مارنا (۲) چوری کرنا۔ چوری سے لینا۔ اُڑا لینا ٭

ہتھ نال (۲) مؤنث۔ ایک قسم کی چھوٹی توپ جسے ہاتھی کی پشت پر لاد دیتے ہیں ٭

ہتھنی (ہتھ۔ نی) (۲) مؤنث (۱) ہاتھی کی مادہ ہتھنی (۲) (مجازاً) بڑی موٹی اور فربہ اندام عورت ٭

ہتھی (۲) مؤنث (۱) دستی۔ موٹھ (۲) گھوڑا صاف کرنے کا برش ٭

ہتھے۔ یا۔ ہتے (۲) مذکر۔ ہتھا۔ یا۔ ہتّا کی جمع ٭

ہتھے چڑھنا (۲) (۱) قابو چڑھنا۔ ہاتھ لگنا۔ داؤ پہ چڑھنا (۲) ہاتھ لگنا۔ ہاتھ کو لگا ہوا ہونا ٭

ہتھے سے اُکھڑنا (۲) (۱) پتنگ کا ہاتھ پر سے ٹوٹنا (۲) جڑ سے جانا (۳) بالکل الگ ہو جانا ٭

ہتھیا (ہتھ۔ تھیا) (۲) مذکر (۱) برسات کے چند روز جن میں سخت بارش ہوتی ہے (۲) سخت بارش ٭

ہتھیار (ہتھ۔ یار) (۲) مذکر (۱) اسلحہ۔ سامان جنگ۔ اوزار جنگ (۲) اوزار۔ کام کرنے کے آلات۔ راچھ ٭

ہتھیار بند (۱) مذکر۔ ہتھیار لگائے ہوئے۔ مسلح ٭

ہتھیار چلانا (۲) ہتھیار کا وار کرنا۔ ہتھیار کی ضرب لگانا۔ جنگ کرنا ٭

ہتھیار ڈال دینا (۲) اپنے آپ کو دشمن کے حوالے کر دینا۔ ہار ماننا۔ شکست تسلیم کرنا ٭

ہتھیار گھر (۲) مذکر۔ ہتھیاروں کے رکھنے کا مکان ٭

ہتھیار لگانا (۲) مسلح ہونا۔ ہتھیار باندھنا ٭

ہتھیا لینا (۲) مار لینا۔ غصب کرنا۔ قبضہ کر لینا۔ کسی پر قابض ہو جانا ٭

ہتھیانا۔ یا۔ ہتیانا (۲) (۱) ہاتھ میں لے لینا۔ (۲) قبضہ کرنا۔ غصب کرنا۔ قابض ہونا۔ مار رکھنا ٭

ہتھیلی (۲) مؤنث (۱) پنجے کا اندرونی حصہ (۲) تالی ٭

ہتھیلی پر سر رکھ لینا (۲) مرنے کو آمادہ ہونا۔ سر سے کفن باندھ لینا ٭

ہتھیلی پر سرسوں جمانا (۲) کوئی کام اس طرح آنا فانا کر دینا جس سے عقل حیران ہو جائے۔ سخت مشکل کام کا نہایت عیّاری اور پھرتی سے کر دینا ٭

ہتھیلی پر سر لئے پھرنا (۲) مرنے کو پھرنا۔ جان ہتھیلی پر لئے پھرنا۔ ہر وقت مرنے کو آمادہ رہنا ٭

ہتھیلی پر سر ہونا (۲) مرنے پر مستعد ہونا۔ مرنے کو تیار رہنا ٭

ہتھیلی پر لئے پھرنا (۲) مستا یا پھرنا۔ شہوت میں مغلوب ہو کر اندھا بنا پھرنا ٭

ہتھیلی پر ہونا (۲) ہاتھ پر رکھ کر پیش کیا جانا یا پیش کرنے کو تیار ہونا۔

ہتھیلی ٹیک (۲) مذکر (بازاری) اوندھا بیلا۔ پلیا عقی ٭

ہتھیلی سلسلانا (۲) ہتھیلی میں ہلکی ہلکی خارش ہونا ٭

ہتھیلی سے ماتھا کوٹنا (۲) حیرت اور حسرت ظاہر کرنا ٭

ہتھیلی کا پھپھولا (۲) مذکر (۱) ہتھیلی کا چھالا۔ پکا پھوڑا (۲) سخت رنج و تکلیف ٭

ہتھیلی کھجانا۔ کھجلانا (۲) (۱) ہتھیلی میں کھجلی ہونا (۲) روپیہ ہاتھ آنے کا شگون ہونا ٭

ہتھیلی میں چور پڑنا (۲) (۱) مہندی کے رنگ میں سفید دھبا پڑ جانا۔ ہتھیلی میں سفیدی رہ جانا۔ (۲) مہندی یکساں نہ لگنا ٭

ہتیا (ہت۔ تیا) (۲) مؤنث (۱) (ہندو) قتل۔ خون (۲) پاپ گناہ (۳) دُکھ۔ عذاب (۴) ادھم ٭

ہتیا گلے باندھنا یا مول لینا (۲) عذاب مول لینا۔ پاپ کمانا۔ تکلیف دہ چیز کو لینا ٭

ہتیار (ہت۔ یار) (۲) مذکر۔ دیکھو "ہتھیار" ٭

ہتیارا (۲) مذکر (۱) ہتیا کرنے والا۔ خونی۔ قاتل۔ جلّاد۔ سفّاک (۲) پاپی۔ بڑا گناہ گار۔ فاسق۔ فاجر (۳) وہ شخص جس کی گردن پر کسی کا خون ہو۔ قاتل (۴) ظالم ٭

ہ - ٹ

ہَٹ (ہَٹ) (ہ) مؤنث (۱) ضد - اصرار - اَڑ - مخالفت - سرکشی (۲) ہٹنا کا امر (۳) مذکر ہاٹ کا مخفف ۔

ہٹ پر آجانا (ہ) ضد پر آجانا - اَڑ جانا ۔

ہٹ دھرم (ہ) احسان فراموش - حق ناشناس - نامنصف - بے ایمان - سخن پرور - ظالم - بدمعاملہ ۔

ہٹ دھرمی (ہ) مؤنث - بے انصافی - حق تلفی - احسان فراموشی - بے ایمانی ۔

ہٹ رکھنا (ہ) اپنی ضد پوری کرنا ۔

ہٹ کرنا (ہ) ضد کرنا - اصرار کرنا - اَڑنا ۔

ہٹا کٹا (ہَٹ - ٹا - کَٹ - ٹا) (ہ) موٹا تازہ - جوان و تندرست - تناور - مضبوط ۔

ہٹانا (ہ) (۱) سرکانا - پرے کرنا - کھسکانا (۲) واپس کرنا - پھیرنا - لوٹانا (۳) ملتوی کرنا - روکنا (۴) پسپا کرنا - شکست دینا ۔

ہٹتال (ہ) مؤنث - دیکھو "ہڑتال" ۔

ہٹری - ہٹڑی (ہَٹ - ری، ہَٹ - ڑی) (ہ) مؤنث - بچّوں کا کھلونا ۔

ہٹکنا (ہٹک - نا) (ہ) (۱) روکنا (۲) جھجکنا - ہچکچانا ۔

ہٹنا (ہ) (۱) سرکنا - پرے ہونا - کھسکنا (۲) شکست کھانا - پسپا ہونا (۳) لوٹنا - واپس ہونا - پھرنا (۴) گائے یا بھینس وغیرہ کا دودھ سے رہ جانا ۔

ہٹوا (ہَٹ - وَا) (ہ) مذکر (پورب) دکاندار ۔

ہٹوان - ہٹوانیا (ہ) - مذکر - دکاندار ۔

ہٹی (ہَٹ - ٹی) (ہ) مؤنث - (پورب) دُکان - ہاٹ - بازار (۲) ضدی - ہٹیلا ۔

ہٹی کٹی (ہ) موٹی تازی - خوب مضبوط اور تنومند ۔

ہٹیلا (ہ) ضدی - ہٹّا - اَڑیل - بات کی پچ کرنے والا ۔

ہٹیلی (ہ) مؤنث - ہٹیلا کی تانیث ۔

ہ - ج

ہجا (ہِجا) (ع) مذکر - حروف کو اعراب سے ظاہر کرنا ۔

ہجر (ہِجر) (ع) مذکر - جدائی - مفارقت - علیحدگی ۔

ہجران (ع - ف) مذکر - جدائی - مفارقت ۔

ہجراں نصیب (ف) مذکر - فراق زدہ - وہ شخص جس کی قسمت میں دوست سے جدا رہنا لکھا ہو ۔

ہجرت (ع) مؤنث - جدائی - مفارقت (۲) چھوڑنا - وطن کو ہمیشہ کے لئے خیرباد کہنا ۔

ہجری (ع) مؤنث - منسوب بہ ہجرت - وہ سنہ جو ہجرت کے زمانے سے شروع ہوتا ہے - یعنی حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا مکۂ معظمہ چھوڑ کر مدینہ منوّرہ کو بحکمِ خدا تشریف لے جانا ۔

ہجڑا (ہِج - ڑا) (ہ) - مذکر - دیکھو "ہیجڑا" ۔

ہجمہ (ہَجْ - مَہ) (ع) - مذکر - چالیس سے زیادہ اونٹوں کا گلہ ۔

ہجو (ہِجو) (ع) مؤنث - (۱) مذمت - برائی - بدگوئی - غیبت - (۲) نظم میں بُرا کہنا ۔

ہجو کرنا (ہ) (۱) مذمت کرنا - بدگوئی کرنا (۲) نظم میں بُرا کہنا ۔

ہجوم (ہُجوم) (ع) مذکر - بھیڑ بھاڑ - انبوہ کثیر - مجمع ۔

ہجوم کرنا (ہ) (۱) بھیڑ کرنا - اژدحام کرنا (۲) ہنگامہ کرنا ۔

ہجے (ہِجے) (ف) مذکر - حرف کو حرف سے اعراب کے ذریعے سے ملا کر لفظ بنانا ۔

ہجے کرنا (ہ) (۱) حرفوں کو جوڑنا اور اعراب سے لفظ ادا کرنا (۲) رُک رُک کر بولنا ۔

ہجے نکالنا (ہ) (۱) ہجے کرنا (۲) مین میکھ نکالنا - عیب نکالنا - سقم نکالنا (۲) حجت کرنا ۔

ہ - چ

ہچ جانا (ہچنا) (ہچ - جا - نا، ہچ - نا) (۱) نشانہ صحیح نہ بیٹھنا ۔

ہچر مچر (ہچر - مچر) (ہ) مؤنث (۱) پس و پیش - ٹال مٹول - بہانہ (۲) جھجک - ہچکچاہٹ (۳) دھکم پیل - جھگڑا - (۴) رکاوٹ - تامّل ۔

ہچر مچر کرنا (۱) پس و پیش کرنا - کشمکش و پیچ کرنا (۲)

تامّل کرنا ٭

ہچک (ہِچَک) (ہ) (۱) ہچکنا کا امر (۲) دھکا۔ جھٹکا۔ ہچکولا (۳) تامّل۔ رکاوٹ (۴) ہچکچاہٹ۔ جھجک ٭

ہچکا (ہِچ۔کا) (ہ۔ مذکّر) (۱) ہچکولا۔ دھکا۔ جھٹکا۔ (۲) اٹکاؤ۔ روک (۳) دفعۃً کسی چیز کا ٹھہر جانا ٭

ہچکا (ہُچ۔کا) (ہ۔ مذکّر) دور کی چرخی ٭

ہچکچانا (ہ) شک کرنا۔ شبہ کرنا۔ وہم کرنا۔ متردّد ہونا۔ آگا پیچھا سوچنا۔ سستی کرنا۔ کاہلی کرنا۔ تامّل کرنا ٭

ہچکچاہٹ۔ ہچکچی (ہ) مؤنّث۔ ہچکچانے کا فعل ٭

ہچکنا (ہ) (۱) جھجکنا۔ (۲) تامّل کرنا۔ رُکنا (۳) بہانہ کرنا ٭

ہچکولا (ہِچ۔ کو۔ لا) (ہ) مذکّر۔ دھکا۔ دھمکا۔ جھٹکا۔ جنبش ٭

ہچکی (ہ) مؤنّث (۱) وہ ہوا جو گلے سے رُک رُک کر نکلتی ہے (۲) وہ حالت جو جان کنی کے وقت ہوتی ہے ٭

ہچکی آنا (ہ) (۱) جان کنی کا وقت ہونا۔ دم ٹوٹنا۔ (۲) آواز کے ساتھ سانس کا رُک کر نکلنا ٭

ہچکی بندھ جانا (ہ) (۱) زیادہ رونے سے سانس رکنے لگنا (۲) جان کنی کے وقت سانس رک کر آنا ٭

ہچکی لگنا (ہ) (۱) کثرتِ گریہ سے سانس رکنے لگنا۔ (۲) دم ٹوٹنا۔ سانس اکھڑنا۔ نزع کا عالم ہونا۔ اخیر وقت ہونا ٭

ہچکیاں (ہ) مؤنّث۔ ہچکی کی جمع ٭

ہچکیاں آنا (ہ) دیکھو "ہچکی آنا" ٭

ہچکیاں بندھ جانا (ہ) دیکھو "ہچکی بندھ جانا" ٭

ہچکیاں لے لیکر رونا (ہ) نہایت شدّت اور کثرت سے رونا۔ اس قدر رونا کہ روتے روتے سانس رُک کر آنے لگے ٭

ہچیچانا (ہ) دیکھو "ہچکچانا" ٭

ہ-د

ہُدا۔ ہدیٰ (ہُدا) (ع۔ مذکّر) ہدایت ٭

ہدّا (ہِد۔دا) (ہ۔ مذکّر) ہدہد کا مخرّب ٭

ہدایا (ہَدا۔یا) (ع۔ مذکّر) ہدیہ کی جمع۔ تحفے۔ نذریں۔ بھینٹ۔ تحائف۔ پیش کشیں ٭

ہدایت (ہِدا۔یَت) (ع) مؤنّث۔ رہنمائی۔ رہبری۔ راہ دکھانا۔ فہمائش۔ راہِ نیک ٭

ہدایت پانا (ہ) سیدھے راستے پر آنا۔ فہمائش پانا ٭

ہدایت کرنا (ہ) رہنمائی کرنا۔ سمجھانا۔ طریقہ بتانا۔ سکھانا ٭

ہدایت نامہ (ع۔ ف) مذکّر۔ دستور العمل۔ قانون۔ وہ رسالہ یا کتاب جس میں کسی امر کی بابت تمام طریقے لکھے ہوں ٭

ہدّا ہدّا (ہَد۔دا۔ ہَد۔دا) (ہ) مؤنّث۔ ایک دوسرے کو للکارنا یا دھمکانا ٭

ہدر (ہَدَر۔ ہَدَر) (ع۔ مذکّر) کسی کے خون کو ڈالنے کو مباح کرنا ٭

ہدف (ہَدَف) (ع۔ مذکّر) نشانہ۔ زد۔ مار ٭

ہدف مارنا (ہ) ٹھیک نشانہ مارنا۔ نشانہ لگانا۔ کوئی بڑا کام کرنا ٭

ہُدہُد (ع) مذکّر۔ کٹھ پھوڑا۔ کھٹ بڑھئی۔ مرغِ سلیمان ایک مشہور خوبصورت پرند جس کے سر پر تاج ہوتا ہے ٭

ہدی (ہَدی) (ع۔ مؤنّث) قربانی کا جانور جو حاجی مکّۂ معظمہ میں لے جاتے ہیں ٭

ہدیہ (ہَد۔یہ) (ع۔ مذکّر) (۱) تحفہ۔ نذرانہ۔ نذر۔ بھینٹ۔ انعام (۲) قیمتِ قرآن۔ کلام اللہ شریف کی قیمت ٭

ہدیہ کرنا (ہ) قرآن شریف فروخت کرنا ٭

ہ-ڈ

ہڈّا (ہَڈ۔ڈا) (ہ) مذکّر (۱) بڑی ہڈّی (۲) گھوڑے کے پچھلے پاؤں کے گھٹنے میں جوڑ کے پاس کی ہڈّی جس سے گھوڑا لنگ کرنے لگتا ہے ٭

ہڈّی (ہَڈ۔ڈی) (ہ) مؤنّث (۱) استخواں (۲) گاجر کے اندر کی سخت چیز ٭

ہڈّی پسلی توڑنا (ہ) خوب مارنا۔ سخت زدوکوب کرنا ٭

ہڈّی ٹوٹنا (ہ) استخواں کا شکستہ ہونا۔ ہڈّی میں ضرب لگنا ٭

ہڈّی چور کرنا (ہ) ہر ہڈّی توڑنا۔ مار مار کر بھُرکس

نکال دینا - خوب زدوکوب کرنا ؛

ہڈے (ا) مذکر ہڈی کی جمع - استخواں ؛

ہڈے موتر سے نکل آنا (۲) (۱) نہایت لاغر اور دُبلا ہو جانا (۲) گھوڑے کے پچھلے پاؤں میں ہڈی اور غدود کا ابھار ہونا - جس سے گھوڑا لنگ کرنے لگتا ہے ؛

ہڈیاں توڑنا (۲) خوب پیٹنا - مار کر بھرکس نکال دینا ؛

ہڈیاں ہلنا (۲) (محاورہ) محنت مزدوری کرنا (۲) زحمت اٹھانا ؛

ہڈیلا (ص) ہڈی دار - استخوانی ؛

ہڈیوں (ا) مؤنث - ہڈی کی جمع جرف جار سے پہلے ؛

ہڈیوں کی مالا ہو جانا (۲) (کنایۃً) سوکھ کر پنجر نکل آنا - ہر ہاسے پُشت نظر آنے لگنا - سوکھ کر کانٹا ہو جانا ؛

ہ - ذ

ہذا (ہا - ذَا) (ع) یہ - ایں ؛

ہذیان (ہَذ - یان) (ع) مذکر (۱) بڑ - بیہودہ گوئی - فضول گوئی (۲) مرض کی بے ہوشی میں باتیں کرنا ؛

ہ - ر

ہر (ہَر) (س) مذکر (۱) شیو - مہادیو (۲) (ا) ہل - قلبہ (۳) وشنو - کرشن (۱) (مجازاً) خدا تعالیٰ - پرمیشر بھگوان (۲)(۴) متنفس شخص ؛

ہر بھجن (ا) مذکر - وشنو کی عبادت - مہادیو کا بھجن ؛

ہر بھجنا (۲) خدا کا نام لینا - مالا جپنا ؛

ہر بھگت (ص) (مذکر) وشنو کی پرستش کرنے والا ؛

ہر کو بھجے سو ہر کا ہو سے - ذات پات نہ پوچھے کوئے (ع) (مثل) جو شخص خدا کی بندگی کرتا ہے وہی اس کا پیارا ہوتا ہے - اللہ کے نزدیک ذات پات کی کوئی قدر نہیں ؛

ہر (ہَر) (ا) ہرنا کا امر ؛

ہر جانا (ا) بازی ہار جانا ؛

ہر (ہَر) (صفت) (۱) ایک ایک - ہر ایک - ہر کس و کس -

کوئی ؛

ہر آن (ا) (۱) ہر طرح (۲) ہر دفعہ ہر وقت - ہر لحظہ - ہر گھڑی ؛

ہر آئینہ (ف) البتہ - ضرور - ناچار - ہر چند ؛

ہر ایک (ا) ہر شخص - ایک ایک - ہر بشر ؛

ہر بار (ف) ہر دفعہ - بار بار - گھڑی گھڑی - نت - آئے دن - سدا - دام - ہمیشہ ؛

ہرجائی (ف) (۱) وہ چیز جو ایک جگہ قرار نہ پکڑے (۲) آوارہ گرد (۳) بے وفا - بے مروت ؛

ہرجائی پن (دپنا) (ا) مذکر (۱) بے مروتی سے اخلاق ہر ایک سے ملاقات رکھنا (۲) عیار پن - عیاری چالاکی ہوشیاری ؛

ہر جگہ (ا) (۱) ہر کہیں - ہر جگہ (۲) ہر موقع پر ؛

ہر جیسے کو تیسا (ا) جیسا کوئی ہوتا ہے - ویسا ہی اُسے آگے مل جاتا ہے ؛

ہر چند (ف) (۱) جتنا کچھ - جس قدر (۲) کتنا ہی - کیسا ہی - بہتیرا ؛

ہر چہ (ف) جو کچھ - کوئی چیز ؛

ہر چہ بادا باد (ف) کچھ ہی کیوں نہ ہو - جو کچھ ہو سو ہو - کچھ ہی ہو ؛

ہر چہ باشد (ف) کچھ ہی کیوں نہ ہو ؛

ہر چہ گیرید مختصر گیرید (ف) (مثل) تھوڑی سی چیز پر قناعت کرو - زیادہ کی ہوس نہ کرو ؛

ہر چیز اپنی اصل کی طرف رجوع کرتی ہے (ا) (مثل) جیسی جس کی اصل ہوتی ہے - اُس کی طبیعت کا میلان اُسی جانب ہوتا ہے ؛

ہر چیز کہ در کانِ نمک رفت نمک شد (ف) (مثل) جو جیسی صحبت میں ہو - ویسا ہی ہو جاتا ہے ؛

ہر حال میں (ا) ہر حالت میں - ہر طرح - بہر حال - ہر صورت میں - ہر چند - بہر کیف ؛

ہر دفعہ (ف - ع) ہر بار - ہر موقع پر - ہمیشہ ہر وقت ؛

ہر دفعہ گڑ میٹھا ہی میٹھا (ا) گڑ کو جب دیکھو میٹھا ہی ہوگا - اچھے کی ہمیشہ اچھائی ہی نکلتی ہے ؛

ہر دلعزیز (ف) سب کا پیارا - عام پسند - وہ شخص جسے آدمی عزیز رکھتے ؛

ہر دم (ف) ہر وقت - ہر گھڑی - ہر لحظہ - ہر لمحہ - ہر آن - ہر دفعہ ۔
ہر دو (ف) دونوں - دونوں کے دونوں ۔
ہر دیگ چمچہ (ا) مذکر (۱) ہرجائی - ہر شخص کے پاس آنے جانے والا (۲) طفیلی - مفت خورا (۳) خوشامدی - (۴) ہر بات اور کام میں دخل دینے والا ۔
ہر روز (ف) روز کے روز - ہمیشہ - سدا - آئے دن - روزمرہ - بلاناغہ ۔
ہر روز عید نیست کہ حلوا خورد کسے (ف) (مثل) ہمیشہ زمانہ یکساں نہیں رہتا ۔
ہر روز نیا کنواں کھودنا نیا پانی پینا (ا) روز کمانا - روز کھانا ۔
ہر سے (ہ) ہر دفعہ - ہر بار ۔
ہر طرف (ف - ع) سب طرف - ہر جانب ۔
ہر فرعونے را موسیٰ (ف) ایک پر ایک غالب ہے ۔
ہر فن مولا (ا) ہر فن جاننے والا - ہر کام میں طاق - جامع استاد ۔
ہرکارہ (ف) مذکر (۱) چٹھی رساں - قاصد - ڈاکیا - نامہ بر (۲) مذکوری - چپراسی (۳) ہر کام کرنے والا پیادہ - اردلی - جاسوس - مخبر ۔
ہر کس بخیال خویش خبطے دارد (ف) (مثل) ہر ایک اپنی رائے کو صحیح جانتا ہے ۔
ہر کس و ناکس (ف) مذکر - ہر ایک - عوام الناس - ادنیٰ و اعلیٰ ۔
ہر کسی سے (ا) ہر ایک سے ہر آدمی سے ۔
ہر کہ آمد عمارت نو ساخت (ف) (مثل) ہر شخص اپنے ہی خیال کے مطابق کام کرتا ہے ۔
ہرگاہ (ف) جب - جس وقت - جس گھڑی - جس حال میں - چونکہ ۔
ہر نوالہ بسم اللہ (ا) ایسے شخص کی نسبت بولتے ہیں جو بے غیرتی اور بے شرمی سے کھانے کی صلاح کے ساتھ ہی بسم اللہ کرکے کھانے کو موجود ہو جائے ۔
ہر وقت (ف - ع) ہر گھڑی - بارہا - ہر موقع پہ - اکثر ۔
ہر اسلوب (ا) (مع) (۱) ہر طرح - ہر حال میں (۲) ضرور - بلاشبہ ۔
ہر ہر (ف) دیکھو ہر ایک
ہر ہفت (ف) مذکر (۱) عورتوں کے سات سنگار (۲) آراستہ - سنگار کئے ہوئے ۔
ہر یک (ف) ہر ایک ۔
ہر یکے را بہر کارے ساختند (ف) (مقولہ) خدا نے ہر ایک کو خاص کام کے لئے بنایا ہے ۔
ہُڑ (ہُڑ) (ہ) مؤنث - پرندوں کے اُڑنے کی آواز ۔
ہُڑا (ہ) مذکر (۱) فوج کا پھیلاؤ (۲) آواز ۔
ہُرّا (ہُر - ا) (انگریزی - HURRAH) مذکر (۱) خوشی کی آواز - مرحبا - شاباش - کیا خوب ۔
ہُڑّا (ہُڑ - ڑا) (ف - مذکر) شور و غل - دہشتناک آواز - خوف (۲) چمک ۔
ہِڑّا (ہِڑ - ڑا) (ہ - مذکر) ہلیلہ - ہڑ ۔
ہرا لگے نہ پھٹکری اور رنگ بھی چوکھا آئے (ہ) (مثل) اس جگہ بولتے ہیں جہاں کچھ خرچ کئے بغیر خاطر خواہ کام نکل آئے ۔
ہرا (ہَ - را) (ہ) (۱) سبز - دھانی (۲) سرسبز - شاداب - تر و تازہ (۳) کچا - آلا - جیسے ہرا پھل ہرا زخم - (۴) سبزی - سبزہ - چری - چارہ ۔
ہرا باغ دکھانا (ا) سبز باغ دکھانا - دھوکا دینا - چکنی چپڑی باتیں بنا کر فریب دینا ۔
ہرا بھرا (ہ) (۱) سرسبز - شاداب - تر و تازہ - زرخیز - بارآور - (۲) کامیاب - بامراد - پھلا پھولا - بچّوں والا ۔
ہرا کچوہ (ہ) بہت ہرا ۔
ہرا ہو جانا (ہ) (۱) سرسبز ہو جانا - سبز ہو جانا (۲) زخم تازہ ہو جانا (۳) خوش ہو جانا - باغ باغ ہو جانا (۴) تھکن اتر جانا - تازہ دم ہو جانا (۵) وصول ہو جانا ۔
ہراس (ہِ - راس) (ف) مذکر و مؤنث (۱) خوف - ڈر - ہَول (۲) (ا) ناامیدی - مایوسی ۔
ہراساں (ف) (۱) ڈرا ہوا - خوف زدہ - ڈرپوک - خوفناک (۲) (ا) ناامید - مایوس ۔
ہراساں ہونا (ا) (۱) ڈرنا - خوف کھانا - دہشت زدہ ہونا (۲) ناامید ہونا - مایوس ہونا ۔
ہَرانا (ہَرا - نا) (ہ) (۱) بازی دینا - مات دینا - سر کرنا -

(۳) شکست دینا۔ مغلوب کرنا (۴) تھکانا۔ مضمحل کرنا ۰
ہراند (ہَرانْد) (ہ) مؤنث۔ کچی ہلدی کی سی بُو۔ کچے مسالے کی بُو ۰
ہرانی جتانی کرنا (۲) (عو) (۱) حیران کرنا۔ دق کرنا۔ ستانا تنگ کرنا۔ عاجز کرنا (۲) امتحان لینا ۰
ہراول (ہَرا۔وَل) (ت) مذکر (۱) وہ تھوڑی فوج جو لشکر کے آگے آگے چلے۔ لشکر کا پیش خیمہ (۲) آگے کی فوج کا سردار ۰
ہر بر نہ جاننا (۱) (محاورہ) دو چیزوں میں فرق نہ کرسکنا۔ قوت تمیز سے بے خبر ہونا۔ قوت تمیز سے بے بہرہ ہونا ۰
ہرلونگ (ہَر۔لونگ) (ہ) مذکر و مؤنث۔ دیکھو "ہڑبونگ" ۰
ہرلونگ مچانا (ہ) دیکھو "ہڑبونگ مچانا" ۰
ہرپھاریوری۔ ہرپھروڑی۔ ہرفاریوڑی (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کا کھٹا پھل ۰
ہر پھر کر (کے) (ہَر۔پھِر۔کَر) (ہ) (۱) تاچار۔ پھر پھرا کے آخرکار۔ آخر کو۔ مجبور ہو کر (۲) بار بار۔ ہر گھڑی۔ ہر دفعہ ۰
ہرتال (ہَر۔تال) (ہ) مؤنث۔ دیکھو "ہڑتال" ۰
ہرتی پھرتی چھاؤں (ہ) مؤنث (۱) آتی جاتی چھاؤں (۲) ایک جگہ یا ایک کے پاس نہ رہنے والی چیز ۰
ہرتے پھرتے (ہ) (۱) آتے جاتے۔ چلتے پھرتے (۲) کبھی کبھی ۰
ہرج (ہَرَج) (ع) مذکر (۱) شورش ہنگامہ۔ دنگا۔ گڑبڑ (۲) خلل۔ نقصان۔ خسارہ ۰
ہرج مرج (ع) مذکر (۱) شورش۔ بلوہ (۲) نقصان۔ خلل ۰
ہرجانہ (ف) مذکر۔ ہرج کرنے کا معاوضہ۔ زر نقصان ۰
ہرجہ (ف) مذکر (۱) نقصان۔ خسارہ۔ ہرج (۲) ہرجانہ ۰
ہردا (ہَر۔دا) (ہ) مذکر (۱) دل۔ من۔ قلب۔ خاطر۔ ضمیر (۲) (مجازاً) جگر۔ کلیجہ ۰
ہردا کھل جانا (ہ) روشن ضمیر ہوجانا۔ غیب دان ہوجانا ۰
ہرداولی (ہ) مؤنث۔ گھوڑے کے سینے کی بھونری ۰
ہردے کرنا (ہ) (ہندو) حفظ کرنا۔ ازبر کرنا۔ یاد کرنا ۰
ہَرزہ (ہَر۔زَہ) (ف) بیہودہ۔ لغو۔ نامعقول ۰
ہَرزہ درائی (ف) مؤنث۔ یاوہ گوئی۔ بیہودہ گوئی بکواس۔ ژاژ ۰
ہَرزہ سرا (ف) بیہودہ گو۔ یاوہ گو ۰
ہَرزہ سرائی (ف) مؤنث۔ بیہودہ گوئی۔ یاوہ گوئی ۰
ہَرزہ گردی (ف) مؤنث۔ بیہودہ پھرنا۔ بے فائدہ پھرنا۔ آوارہ گردی ۰
ہَرزہ گو (ف) مذکر۔ یاوہ گو۔ بیہودہ گو ۰
ہَرَس (ہَرَس) مؤنث۔ ہل کی پھالی ۰
ہَرَسا (ہَر۔سا) (ہ) مذکر۔ صندل گھسنے یا رگڑنے کا پتھر ۰
ہرقل (ہِر۔قِل) (ع۔ مذکر) (۱) ایک قدیم شمالی صورت جو ایک شخص کے مشابہ ہے (۲) روم کا ایک مشہور بادشاہ ۰
ہَرَکھ (ہَرَکھ) (ہ) مذکر (ہندو) آنند۔ شانتی۔ خوشی۔ خرمی ۰
ہَرگِز (ہَر۔گِز) (ف) زنہار۔ کبھی کسی وقت۔ کبھی نہیں ۰
ہرگز ہرگز (ف) کبھی نہیں۔ بالکل نہیں۔ کسی طرح نہیں ۰
ہُرمُز (ہُر۔مُز) (ف) (مذکر) (۱) ہر شمسی مہینے کا اوّل روز جس میں سفر کرنا۔ نیا کپڑا پہننا اور قرض دینا برا خیال کیا جاتا ہے (۲) بہمن و اسفندیار اور نوشیرواں کا ایک بیٹا جو ۵۷۸ء میں گزرا ہے ۰
ہرمزی (ہِر۔مِزی) (ف) مؤنث۔ ایک قسم کی سرخ مٹی۔ ہرمچی ۰
ہَٹا کٹا (ہندو) ہٹا کٹا۔ موٹا تازہ۔ مضبوط۔ قوی۔ زورآور۔ شہ زور ۰
ہزمیجسٹی (ہَز۔مے۔جِس۔ٹی) (انگریزی) HER MAJESTY, ملکہ معظمہ۔ ملکہ علیا۔ بادشاہ بیگم کا خطاب ۰
ہرن (ہِرَن۔ ہِرَن) (ہ) مذکر۔ مرگ۔ چکارا۔ آہو ۰
ہرن کا چوکڑی بھرنا (ہ) ہرن کا چاروں ٹانگیں اٹھا کر کلانچ مارنا۔ ہرن کا زقند مارنا ۰
ہرن کا چوکڑی بھول جانا یا بھول لینا (ہ) گھبرا جانے یا خوف کھانے کے سبب ہرن کا گھبرا کر اپنی معمولی رفتار اور پھرتی کو بھول جانا۔ حواس باختہ

ہو جانا ◆

ہرن کا دھوپ میں کالا ہو جانا (ف) نہایت شدت کی دھوپ پڑنا ◆

ہرن ہو جانا (ف) ہرن کی طرح جلد بھاگ جانا۔ فرار ہو جانا۔ رفو چکر ہو جانا۔ کافور ہو جانا ◆

ہرنا (ہ) مذکر (۱) بارہ سنگا۔ ہرن۔ آہو۔ مرگ (۲) کپڑے دھونے کا پانی (۳) کاٹھی کا اگلا ابھرا ہوا حصّہ ◆

ہرنا (ہ) (۱) پکڑنا۔ تھامنا۔ گرفت کرنا (۲) چھیننا۔ چرانا (۳) جوئے میں کسی چیز کا چلا جانا ◆

ہرنوٹا (ہ) مذکر۔ ہرن کا بچہ۔ غزال ◆

ہرنی (ہ) مؤنث ہرن کی مادہ۔ مادینِ آہو ◆

ہروتی (ہِر‌وَ-تی) (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی بانس کی لکڑی جو نہایت وزنی۔ عمدہ اور ٹھوس ہوتی ہے ◆

ہرَوَل (ہَرَوَل) (ت) مذکر۔ دیکھو "ہراول" ◆

ہَروَل (ہَر-وَل) (ہ) مؤنث۔ زرِ تقاوی جو ہل جوتنے والوں کو بلا سود دیا جاتا ہے ◆

ہرہرانا (ہر-ہرا-نا) (۱) ڈرنا۔ کانپنا (۲) غرّانا (۳) دریا کا شور کرنا ◆

ہرہے (ہَر-ہے) (ہ) مذکر (۱) ہل چلانے والے بیل (۲) شرارتی بیل (۳) آوارہ بیل (۴) بکری۔ گائے بھینس (۵) وحشی۔ جنگلی ◆

ہری (ہَری) (س) مذکر۔ خدا۔ پرمیشر۔ بھگوان ◆

ہری بلوانا (ہ) (۱) خدا کا نام بلوانا (۲) زبردستی مار ڈالنا۔ (۳) زچ کرنا۔ عاجز کرنا ◆

ہری بولنا (ف) (۱) مرتے وقت خدا کا نام لینا (۲) مرنا۔ انتقال کرنا ◆

ہری (ہَری) (ہ) مؤنث (۱) سبز چیز۔ کاہی رنگ کی چیز (۲) سرسبز۔ تر و تازہ۔ شاداب ◆

ہری بھری (ہ) مؤنث۔ سرسبز و شاداب۔ تر و تازہ۔ شاداب ◆

ہری چُگ (ہ) مذکر۔ دولت کا ساتھی۔ وہ شخص جو مطلب پر پیسہ بلائے آ دھمکے ◆

ہری کھیتی گیا بھن گائے۔ منہ پڑے جب جانی جائے (ہ) (مثل) جب تک ہری کھیتی پک نہ جائے۔ گیابھن گائے بچہ نہ دے۔ تب تک بھروسہ نہیں۔ جب کوئی کام انجام کو پہنچ جائے۔

تبھی اطمینان ہوتا ہے ◆

ہَریا (ہَر-یا) (ہ) مذکر (۱) سبز (۲) سرسبز۔ شاداب ہرا بھرا (۳) شاہی جنگل کا نگہبان (۴) جنگلی۔ وحشی ◆

ہریا ہاتھی حاکم چور۔ دونوں کے بگڑے اور نہ ٹھور (ہ) (مثل) جنگلی ہاتھی اور بدنیت حاکم کے بگڑ جانے سے کہیں ٹھکانا نہیں لگتا ◆

ہَریالا (ہ) (ف) (۱) سرسبز۔ شاداب۔ تر و تازہ۔ ہرا بھرا۔ پھلا پھولا۔ بہر والا۔ شگفتہ (۲) نو عمر۔ نوجوان ◆

ہریالی (ہ) مؤنث (گنوار) (۱) سبزی۔ ہریاول۔ سبزہ (۲) سرسبزی۔ شادابی۔ تر و تازگی (۳) ایک قسم کی عمدہ اور باریک گھاس۔ دُوب ◆

ہریالے (ہَر-یا-لے) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کے گیت جو شادی میں گائے جاتے ہیں ◆

ہریانا (ہ) (گنوار) (عو) (۱) ہرا بھرا ہونا (۲) (مذکر) اونچی زمین ◆

ہَرِیاوَل (ہ) مؤنث (۱) سبزی۔ سبزہ۔ طراوت۔ تازگی (۲) سبزہ زار۔ چراگاہ۔ مرغزار ◆

ہریائی (ہ) مؤنث (عوام) ہریاول ◆

ہرے پھر سے (ہ) (عو) ہار پھر کر۔ پھر پھرا کر۔ آخرکار ◆

ہریرہ (ہَرے-رَہ) (ع) مذکر (۱) چھوٹی بلی (۲) بلی کا بچہ ◆

ہریسہ (ہَری-سَہ) (ع) مذکر (۱) ایک قسم کی غذا کہ جو گیہوں کے آٹے۔ گوشت کی یخنی اور دودھ سے پکائی جاتی ہے۔ (۲) (ف) نہایت گلا ہوا۔ گھلا ہوا ◆

ہَریَل (ہَر-یَل) (ہ) مذکر (۱) ایک قسم کا ہرا کبوتر (۲) جنگلی کبوتر کے بیابان میں ایک ہرا پرندہ ◆

ہرے میں آنکھیں ہونا (ہ) (گنوار) امیری کے سبب فضول خرچی کی عادت پڑی ہوئی ہونا ◆

ہریوا (ہَرے-وا) (ہ) مذکر۔ ایک قسم کا طوطا ◆

ہ - ڑ

ہڑ (ہَڑ) (ہ) مؤنث (۱) ہلیلہ۔ ایک قسم کا کسیلا پھل۔ (۲) ایک قسم کی لمبی گھنڈی جو ہڑ سے مشابہ بنائی جاتی یا ازار بند میں گونتھی جاتی ہے ◆

ہڑ (ہَڑ) (ہ) مؤنث۔ استخوان۔ ہڈی ◆

ہڑپھوٹن (ہ) مؤنث - ہڈیوں کا درد - اعضا شکنی ۔
ہڑواڑ (ہ) مؤنث (۱) خاندان کا مدفن (۲) وہ جگہ جہاں اپنے کنبے کے لوگ جمع ہوتے ہیں ۔
ہڑ ہڑ (ہ) مذکر - بے وقوف - نادان - سادہ لوح ۔
ہڑبڑانا (ہڑبڑانا) (ہ) گھبرانا - بوکھلانا - بیقرار ہونا - مضطرب ہونا ۔
ہڑبڑی (ہ) مؤنث (۱) اضطراب - بے قراری - بے تابی - گھبراہٹ (۲) بھاگڑ - ہل چل - افراتفری ۔
ہڑبڑیا (ہ) (۱) مضطر - بے چین - گھبرایا ہوا (۲) جلد باز ۔
ہڑبونگ (ہڑ - بونگ) (ہ) (مذکر و مؤنث) ہنگامہ فساد - کھلبلی - افراتفری - ہل چل - بدعمل ۔
ہڑبونگ مچانا (ہ) غل شور مچانا - اودھم مچانا - اندھیر مچانا - ہنگامہ برپا کرنا ۔
ہڑپ (ہڑپ) (ہ) مؤنث - بغیر چبائے نگل جانا - ایک ہی دفعہ نوالہ اتار جانا ۔
ہڑپ کر جانا (ہ) (۱) نگل جانا - اندر اتار جانا (۲) کھا جانا - غبن کر لینا ۔
ہڑپا (ہ) مذکر - کسی چیز کو ایک ہی دفعہ منہ میں ڈال کر حلق سے اتار جانا ۔
ہڑتال (ہڑ - تال) (ہ) مؤنث (۱) ایک قسم کی زرد زہریلی دھات (۲) کسی ماتم یا حاکم کے ظلم وغیرہ سے تمام بازار بند کر دینا ۔
ہڑتال کرنا (ہ) (۱) دکانیں بند کر دینا - دکانوں کو قفل لگا دینا (۲) حاکم کے ظلم و ستم یا ماتم کی علامت ظاہر کرنا ۔
ہڑتال ہونا (ہ) (۱) دکانیں بند ہونا - بازار بند ہونا (۲) حاکم کے اظہار ظلم یا ماتم میں دکانیں بند ہونا ۔
ہڑجوڑا (ہ) مذکر - ایک پودا جس سے ٹوٹی ہوئی ہڈی جوڑی جاتی ہے ۔
ہڑدنگا (ہڑ - دنگ - گا) (ہ) مذکر (۱) بقول پھوہڑ - بدسلیقہ - بے شعور - بونگا (۲) لڑکوں کا اچھلنا کودنا ۔
ہڑدنگی (ہ) مؤنث (۱) شریر - جھگڑالو - دنگئی (۲) آوارہ - بیہودہ - پھوہڑ - بد سلیقہ ۔
ہڑک (ہڑک) (ہ) مؤنث (۱) لت - عادت - وحشت (۲) باؤلے کتے کا زہر یا اس کا اثر (۳) امنگ شوق - ولولہ ۔
ہڑک اٹھنا (ہ) (۱) باؤلے کتے کی طرح بولنا - اور کاٹنے کو دوڑنا (۲) ولولہ اٹھنا - شوق چڑانا ۔
ہڑک چڑھنا (ہ) باؤلے کتے کے کاٹے کا زہر چڑھنا - سگ دیوانہ کے اثر سے دیوانہ ہو جانا ۔
ہڑکا (ہڑ - کا) (ہ) مذکر - کسی چیز کی جدائی کا غم جس سے بچے بیمار پڑ جاتے ہیں ۔
ہڑکانا (ہ) ترسانا - بھڑکانا - بیدل کرنا - کسی چیز کی جدائی سے رنج دینا - بیدل کرنا ۔
ہڑکائی (ہ) پگلی - دیوانی - باؤلی ۔
ہڑکنا (ہ) (۱) بچوں کا کسی کو یاد کرنا (۲) ترسنا - پھڑکنا - خواہش مند ہونا ۔
ہڑنا (ہڑ - نا) (ہ) (۱) تلنا - (۲) جانچا جانا - پرکھا جانا ۔

ﮧ - ز

ہزار (ہَزار) (ف) (۱) دس سو - ۱۰۰۰ (۲) (و) ہر چند کتنا ہی (۳) (و) بہتیرا - لاکھ (۴) بلبل - ہزار داستان عندلیب (۵) (و) نہایت - بہت - بے حد ۔
ہزار آفتیں ہیں ایک دل لگانے میں (و) ایک عشق کے ساتھ سیکڑوں مصیبتیں ہوتی ہیں ۔
ہزار بار (ف) اکثر - بارہا - ہزار دفعہ ۔
ہزار پا (ف) مذکر - کنکھجورا ۔
ہزار جان سے (۱) نہایت شوق سے - ہزار جانوں سے ۔
ہزار جان سے قربان ہونا (۱) کسی کا بے حد عاشق و فریفتہ ہونا ۔
ہزار چشم (ف) مذکر - کرک - کیکڑا - خرچنگ - سرطان ۔
ہزار حیف (ف) مذکر - ہزار افسوس - نہایت افسوس - حیف صد حیف ۔
ہزار داستان (ف) مذکر (۱) ایک قسم کا بلبل جو ہزاروں بولیاں بولتا اور نہایت خوش الحان ہوتا ہے - گلدم - عندلیب (۲) (۱) خوش گفتار - خوش الحان - خوش بیان ۔
ہزار دوا اور ایک دعا (۱) (مثل) بیمار کا علاج کرنے کے ساتھ ہی اس کے لئے دعا بھی ضرور کرنی چاہیئے اس سے بہت زیادہ فائدہ ہوتا ہے ۔

ہزار ستون (ف) مذکر (۱) وہ محل جو سلطان ناصر الدین محمود نے رائے پتھورا کے قلعہ میں بنانا شروع کیا اور جسے غیاث الدین بلبن نے پورا کیا۔ یہ سنگ خارا کا تھا (۲) وہ عمارت جو سلطان محمد بن تغلق نے جہان پناہ میں لکڑی کی بنوائی تھی ؁

ہزار علاج اور ایک پرہیز (۱) (مثال) بیماری میں دوا دارو کی نسبت پرہیز سے زیادہ فائدہ ہوتا ہے ؁

ہزار گلّا (ف) مذکر (۱) ایک قسم کا لالہ (۲) ایک قسم کا کپڑا ؁

ہزار لاٹھی ٹوٹی ہو۔ تو بھی گھر مار کے باسن تورنے کو بہت ہے (۲) (مثل) ٹوٹا پھوٹا ہتھیار بھی کام کر ہی جاتا ہے ؁

ہزار منہ ہزار باتیں (۱) جتنے منہ اتنی ہی باتیں ؁

ہزار نعمت اور ایک تندرستی (۱) (مثل) تندرستی کے آگے نعمت کی کچھ حقیقت نہیں ؁

ہزار ہاتھ ہیں (۱) بہتیرے ہاتھ ہیں۔ یعنی خدا تعالےٰ دینے پر آئے۔ تو بہتیرے رستے ہیں ؁

ہزارا۔ ہزارہ (ہَزا رَا۔ ہَزا رَہ) (۱) مذکر (۱) گل صد برگ۔ ایک قسم کا گیندا۔ ایک قسم کا لالہ جس کا پھول بہت بڑا ہوتا ہے (۲) ایک قسم کا فوارہ ؁

ہزاروں (ف) ہزار کی جمع ؁

ہزاروں گھڑے پانی کے پڑ گئے (۱) نہایت شرمندگی اور خجالت حاصل ہوئی۔ شرم سے پسینے پسینے ہوگئے ؁

ہزاروں میں (۱) (۱) ہزاروں آدمیوں میں (۲) کھلم کھلا۔ علانیہ۔ (۳) ضرور بالضرور۔ بلا مبالغہ یقینی ؁

ہزارہ (ہَزا۔ رَہ) (ف) مذکر۔ ایک سرحدی پہاڑی قوم اور ایک علاقہ کا نام جو ملک پنجاب کے سرحدی ملک میں واقع ہے ؁

ہزارہا (ف) ہزار کی جمع۔ ہزاروں ؁

ہزارہا تھ (۱) (۱) بلا مبالغہ۔ ضرور بالضرور (۲) کثرت سے۔ بے حد۔ بہت ؁

ہزاری (ف) مؤنث (۱) ہزار سے نسبت رکھنے والا۔ منسوب بہ ہزار (۲) مذکر ہزار آدمیوں کا افسر (۳) وہ شاہی عہدہ جس میں ہزار آدمیوں پر اختیار ہو (۴) ہزار آدمیوں کی پلٹن ؁

ہزاری روزہ (ف) مذکر۔ رجب کی ستائیسویں تاریخ کا روزہ جو نفلی ہے ؁

ہز آنر (ہِز۔ آ۔ نَر) (انگریزی۔ HIS HONOUR.) مذکر۔ حضور اعلیٰ۔ خود بدولت ؁

ہز ایکسیلنسی (انگریزی۔ HIS EXCELLENCY.) مذکر۔ حضور اقدس۔ حضور اعلیٰ۔ نواب۔ گورنر بہادر وغیرہ کو تعظیمی خطاب ؁

ہز ایگزالٹڈ ہائینس (انگریزی۔ HIS EXALTED HIGHNESS) مذکر۔ یہ معزز خطاب سرکار انگلشیہ کی طرف سے صرف نظام دکن کے لئے مختص ہے اقدس مآب ؁

ہِزَبر (ہِزَبْر) (ع) مذکر۔ شیر ببر۔ پھاڑ ڈالنے والا شیر ؁

ہزج (ہَزَج) (ع) مؤنث۔ عروض کی ایک بحر ؁

ہز رائل ہائینس (انگریزی۔ HIS ROYAL HIGHNESS,) مذکر۔ خاندانِ شاہی کے مرد ممبروں کا اعزازی لقب ؁

ہزل (ہَزْل) (ع) مذکر۔ بیہودہ باتیں۔ مذاق۔ تمسخر۔ گالی گلوچ ؁

ہز میجسٹی (انگریزی۔ HIS MAJESTY,) مذکر۔ خطاب صرف بادشاہوں کے نام کے ساتھ لگایا جاتا ہے ؁

ہز ہائینس (انگریزی۔ HIS HIGHNESS) مذکر۔ حضور والا۔ خداوند نعمت ؁

ہز ہولی نس (انگریزی۔ HIS HOLINESS) مذکر۔ روم کے پوپ یا عیسائیوں کے بڑے مذہبی پیشوا کا اعزازی لقب ؁

ہزیمت (ہَزِی۔ مَت) (ع) مؤنث۔ شکست۔ بھاگڑ۔ ہار ؁

ہزیمت اٹھانا (۱) شکست کھانا۔ بھاگنا۔ پسپا ہونا ؁

ہ۔ ژ

ہَشْردہ (ہَش۔ دَہ) (ف) اشارہ۔ دس اور آٹھ۔ ۱۸ ؁

ہشردہ ہزار عالم (ف) مذکر۔ اٹھارہ ہزار طرح

کی مخلوق ۔

ہژدہم (ف) اٹھارھواں ۔

ہ-س

ہَست (ہَسْت) (س، مذکر) (۱) ہاتھ۔ دستہ (۲) ہاتھی کی سونڈ۔ (۳) تیرھواں ستارہ (۴) ہاتھی۔ فیل ۔

ہَست (ہَسْت) (ف، مؤنث) (۱) ہستی۔ قیام۔ وجود۔ ہونا (۲) زندگی۔ حیات۔ زیست ۔

ہست کرنا (۱) موجود کرنا۔ پیدا کرنا ۔

ہست و بود (ف، مؤنث) قیام و وجود۔ حیات و زندگی ۔

ہست و بود کرنا (۱) زندگی بسر کرنا۔ جینا۔ عمر کاٹنا۔ عمر کے دن پورے کرنا ۔

ہست و ممات (ف، مؤنث) جینا مرنا۔ موت زندگی ۔

ہستناپور (ہَسْت ۔ نا ۔ پُور) (۱) مذکر۔ دہلی کا قدیم نام۔ اندرپرست ۔

ہستنی (س، مؤنث) (۱) ہتنی۔ مادہ فیل (۲) کوک شاستر کے مطابق عورتوں کی چار قسموں میں سے ایک قسم جو جوشِ شہوت اور غرورِ حسن کے باعث ہتنی کی طرح جھوم جھوم کر چلتی ہے اور کسی کو خاطر میں نہیں لاتی ۔

ہستی (ہَس۔ تی) (س، مذکر) ہاتھی۔ فیل ۔

ہستی (ف، مؤنث) (۱) وجود۔ قیام۔ موجودگی۔ زیست۔ ہَسْت۔ کائنات (۲) موجودات مخلوقات۔ (۳) حیات۔ زندگی (۴) (۱) حقیقت۔ اصل بساط۔ (۵) (۱) مجال۔ تاب و طاقت (۶) (ف) دولت۔ ثروت (۷) ذات ۔

ہستی جاوداں (ف، مؤنث) ہمیشہ کی زندگی۔ حیاتِ ابدی ۔

ہستی موہوم (ف۔ ع، مؤنث) دو دن کی زندگی چند روزہ زندگی۔ خیالی زندگی ۔

ہسٹری (ہِس۔ ٹری) (انگریزی۔ HISTORY) (مؤنث) تاریخ۔ حالات ۔

ہسٹری شیٹ (انگ HISTORY SHEET) (مذکر) وہ کاغذ جس میں کسی ملزم کا مفصل حال اور اس کے پچھلے جرائم درج ہوتے ہیں ۔

ہسکا (ہِس۔ کا) (۱۔ مذکر) دیکھی نقل۔ ریس۔ مقابلہ۔

برابری ۔

ہ-ش

ہِش (ہِش) (۱) مؤنث (۱) کتے کو دھتکارنے کی آواز (۲) اونٹ اٹھانے کی آواز (۳) پرندوں کے اڑانے یعنی ہکانے کی آواز ۔

ہشاش (ہَش۔ شاش) (۱) نہایت خوش۔ شادمان۔ بشاش

ہشاش بشاش (۱) نہایت خوش۔ باغ باغ ہنستا اور خوش ہوتا ہوا ۔

ہُشت (ہُشْت) (۱) مؤنث۔ کتے بلی کے دھتکارنے کی آواز۔ جھڑکنے کی آواز ۔

ہِشت (ہِشْت) (۱) یہ کلمہ اکثر نفرت ظاہر کرنے یا کسی امر سے روکنے کے طور پر منہ سے بولا جاتا ہے ۔

ہَشت (ہَشْت) (ف) آٹھ۔ ۸ ۔

ہشت بہشت (ف، مؤنث) (۱) آٹھوں بہشت۔ خلد۔ دارالسلام۔ دارالقرار۔ جنت۔ عدن جنت الماویٰ جنت النعیم۔ علیین۔ فردوس (۲) حضرت امیر خسرو دہلوی کی ایک مشہور کتاب جو ان کے خمسہ میں موجود ہے ۔

ہشت پہلو (ف) آٹھ طرف کا۔ آٹھ پہلو کا۔ آٹھ کونا ۔

ہشت منظر (ف۔ ع، مذکر) (۱) آٹھ آسمان (۲) منطقۃ البروج اور آٹھ ستاروں کے گردش کے راستے ۔

ہشتاد (ف) اسّی۔ ۸۰ ۔

ہشتم (ف) آٹھواں۔ آٹھویں ۔

ہُشت مُشت (ف، مؤنث) لات گھونسا۔ جوتی پیزار۔ مارکٹائی ۔

ہُشت مُشت ہونا (۱) جوتی پیزار ہونا۔ مارکٹائی ہونا ۔

ہشتمی ہشتمیں (ف) آٹھواں ۔

ہشکارنا (ہش۔ کار۔ نا) (۱) کتے کو کسی طرف بھونکنے کی ترغیب دینا ۔

ہشکانا (ہش۔ کا۔ نا) (۱) اشتعال دینا ۔

ہشیار (ہُش۔ یار) (ف) ہوشیار کا مخفف (۱) باہوش (۲) سیانا۔ چالاک (۳) عقلمند۔ دانشمند (۴) خبردار آگاہ۔ چوکس۔ متنبہ (۵) لائق۔ قابل۔ مستعد (۶)

بیدار۔ جاگتا ہُوا ٭

ہشیار کرنا (ف) (۱) جتانا۔ آگاہ کرنا۔ خبردار کرنا (۲) جگانا۔ بیدار کرنا (۳) لائق بنانا (۴) پال کر بڑا کرنا ٭

ہشیاری (ف) مؤنث (۱) چترائی۔ ہوش (۲) عقلمندی۔ دانائی۔ احتیاط (۳) چوکسی۔ خبرداری (۴) مستعدی۔ آمادگی (۵) لیاقت۔ قابلیت (۶) بیداری ٭

ہ۔ض

ہضم (ہَضم) (ع) (۱) پچاؤ۔ تحلیل۔ معدے میں کھانا گلنا (۲) (ز) غبن۔ چوری۔ تغلب ٭

ہضم کرنا (ف) (۱) پچانا۔ تحلیل کرنا (۲) مال مارنا۔ داب بیٹھنا۔ ڈکار جانا ٭

ہ۔ف

ہفت (ہَفت) (ف) سات۔ سبع۔ ۷

ہفت اِقلیم (ف۔ ع) مؤنث۔ سات ولایت۔ کل دنیا ٭

ہفت پشت (ف) مؤنث۔ سات پیڑھی۔ سات بنیاد ٭

ہفت خوان رستم (ف) مذکر۔ نہایت مشکل اور کٹھن کام ٭

ہفت زبان (ف) مذکر۔ سات زبانیں جاننے والا ٭

ہفت قلم (ف۔ ع) مذکر (۱) سات مشہور خط (۲) وہ شخص جو سات طرح کے خط لکھنے جانتا ہو ٭

ہفت کشور (ف) مؤنث۔ ہفت ولایت دنیا کی سات بڑی ولایتیں۔ ساری دنیا ٭

ہفت ہزاری (ف) مذکر۔ شاہان مغلیہ کی طرف سے ایک بہت بڑا منصب ٭

ہفت ہیکل (ف۔ ع) مؤنث (۱) سلامتی کے لئے سات دعائیں (۲) سات زمینیں (۳) سات آسمان ٭

ہفتاد (ف) سات دہائے۔ ستر۔ ۷۰ ٭

ہفتاد پشت (ف) مؤنث۔ ستر پیڑھیاں ستر نسلیں ٭

ہفتاد و دو (ف) بہتر۔ دو اوپر ستر۔ ۷۲ ٭

ہفتاد و دو ملت (ف۔ ع) مؤنث۔ مذہباً بہتر فرقے ٭

ہفتم (ف) ساتواں۔ سات سے نسبت رکھنے والا ٭

ہفتہ (ف) مذکر (۱) سات دن کا زمانہ۔ سات دن (۲) سنیچر۔ شنبہ۔ جمعہ کے بعد کا دن (۳) ساتواں دن ٭

ہفتہ دوست (ف) چند روزہ دوست۔ تھوڑے دنوں کا یار۔ وہ شخص جو ہر دم دوستی اختیار کرے۔ اور درحقیقت کسی کی دوستی پر قائم نہ رہے ٭

ہفتے کا گانٹھنا (ف) حریف کی دونوں بغلوں میں سے اپنے ہاتھ نکال کر اس کی گردن کو دونوں ہاتھوں سے جکڑ لینا ٭

ہفت نظر (ہَفت۔ نَظَر) (ف) (ع) چشم بد دُور ٭

ہفوات (ہَفَ۔وَات) (ع) مؤنث۔ بیہودہ باتیں ٭

ہفئی (ہَفئی) (ف) مذکر۔ افعی (۱) ایک قسم کا نہایت زہریلا سانپ (۲) بے حد پھرتیلا۔ نہایت چالاک (۳) (ع) بہت کھانے والا۔ پیٹو ٭

ہ۔ک

ہک (ہُک) (انگ۔ HOOK) مذکر (۱) میخ۔ دیوار میں گاڑنے کی خم دار کیل (۲) اچکن میں گھنڈی کی جگہ لگانے کی کیل ٭

ہک (ہَک) (ہ) ہکا کا مخفف ٭

ہک بک رہ جانا (ہ) حیران و ششدر رہ جانا ٭

ہک تروک (ہ) (۱) بے سمجھے سوچے۔ گھبرا کر (۲) متعجب ہو کر (۳) دفعتہً ٭

ہک دک (ہ) متعجب۔ متحیر ہونا۔ حیران۔ سکتے کا عالم ٭

ہکا بکا (ہَکّا۔ بَکّا) (ہ) متحیر۔ گھبرایا ہُوا۔ سراسیمہ حواس باختہ۔ متعجب ٭

ہکا بکا رہنا۔ یا۔ ہونا (ہ) متحیر ہونا۔ حیران رہ جانا ٭

ہکذا (ہَ۔ کَذا) (ع) اسی طرح ٭

ہکر ہکر کرنا (ہَکَر ہَکَر کَر-نا) (ف) ضعف یا بھوک پیاس کے باعث مشکل سانس لینا ۔

ہکلا (ہَک-لا) (ا) مذکر۔ لکنت کرنے والا۔ وہ شخص جو رُک رُک کر بات کرے ۔

ہکلاپن (ا) مذکر۔ لکنت۔ تتلاہٹ ۔

ہکلا کر بات کرنا (ف) رک رک کر بولنا۔ لکنت سے بات کرنا۔ اٹک اٹک کر بولنا ۔

ہکلانا (ف) لکنت کرنا۔ تتلانا۔ زبان کا لڑکھڑانا ۔

ہکلی (ا) مؤنث۔ ہکلا کی تانیث۔ لکنت کرنے والی عورت ۔

ہ-گ

ہگ (ہَگ) (ف) ہگنا کا امر ۔

ہگ دینا (ف) (۱) خوف سے پاخانہ پھر دینا (۲) رُعب طاری ہونا۔ نہایت ڈر جانا ۔

ہگاس (ہَگا س) (ا) مؤنث۔ پاخانے کی حاجت۔ رفع ضرورت کی خواہش ۔

ہگاسا (ف) پاخانے کا ضرورت مند ۔

ہگاسی (ف) ہگاسا کی تانیث ۔

ہگاسی بطخ (ا) (ہانا سی) (۱) ڈرپوک۔ تھڑدلا (۲) بے چین۔ بیکل۔ مضطرب ۔

ہگانا (ف) پاخانہ پھرانا ۔

ہگتے پادتے جانا (ف) ڈر کے مارے بھاگے ہوئے اور بلا عذر جانا ۔

ہگنا (ف) براز کرانا۔ پاخانہ پھرنا ۔

ہگوڑا (ف) مذکر۔ بار بار ہگنے والا۔ بہت ہگنے والا ۔

ہ-ل

ہل (ہَل) (ف) مذکر۔ قلبہ۔ زمین جوتنے کا آلہ۔ زمین کھودنے کا اوزار ۔

ہل برار (ا) مؤنث۔ ہلوں کی تعداد پر مال گزاری ۔

ہل جوتا (ف) مذکر۔ ہل چلانے والا۔ قلبہ ران ۔

ہل جوتنا (ف) ہل چلانا۔ قلبہ رانی کرنا ۔

ہل چلنا (ف) زمین کا جوتا جانا۔ قلبہ رانی ہونا ۔

ہل دار (ا) مذکر۔ ہل کا مالک ۔

ہل واہا۔ ہلواہا (ف) مذکر (گنوار) ہل چلانے والا۔ قلبہ ران۔ ہالی ۔

ہل (ہِل) (ف) ہلنا کا امر ۔

ہل جانا (ف) (۱) متحرک ہوجانا۔ لرز جانا۔ کانپ جانا۔ تھرا جانا (۲) مانوس ہوجانا۔ خوگر ہوجانا۔ یار بن جانا ۔

ہل کے پانی نہ پی سکنا (ف) نہایت ناتواں اور کمزور ہوجانا ۔

ہل کے پانی نہ پینا (ف) (۱) نہایت سست اور کاہل ہوجانا (۲) اپنے ہاتھ سے کوئی کام نہ کرنا ۔

ہل کے پانی نہ مانگنا (ف) (۱) فوراً مرجانا۔ جنبش نہ کرنا۔ بالکل نہ تڑپنا (۲) پانی مانگنے تک کو نہ ہل سکنا ۔

ہل ہل جانا (ف) گھل مل جانا۔ آپس میں مانوس ہوجانا ۔

ہلا (ہِلا) (ف) ہلانا کا امر ۔

ہلا دینا (ف) لرزاں کردینا۔ زلزلہ ڈال دینا ۔

ہلّا (ہَل-لا) (ف) مذکر (عوام) کام دھندا ۔

ہلّا (ہَل-لا) (ف) مذکر (۱) دھاوا۔ چڑھائی۔ تاخت۔ یورش (۲) غل۔ شور ۔

ہلّا کرنا (ف) حملہ کرنا۔ دھاوا کرنا۔ چڑھائی کرنا ۔

ہلاپتی۔ ہلاچلی (ف) مؤنث۔ بھاگڑ۔ گڑبڑ۔ کھلبلی ۔

ہلاس (ہُلاس) (ف) مؤنث (۱) خوشی۔ شادی۔ شادمانی۔ آنند (۲) ناس۔ نسوار۔ ناک میں سونگھنے کا پسا ہوا سوکھا تمباکو ۔

ہلاس دانی (ا) مؤنث۔ نسوار رکھنے کا چھوٹا سا ظرف ۔

ہلاس لینا (ف) (۱) نسوار سونگھنا (۲) بولینا ۔

ہلاس ہوجانا (ف) (ع) (۱) نسوار کی طرح چٹکی چٹکی کرکے اُڑ جانا (۲) (کنایۃً) خرچ ہوجانا ۔

ہلاک (ہَلاک) (ع) مؤنث۔ (۱) تلف۔ ضائع۔ فنا۔ ہلاکت۔ کال۔ مرگ۔ موت (۲) تباہی۔ بربادی۔ خرابی۔ (۳) (ا) پژمردہ۔ مضمحل ۔

ہلاک خور (ف) مذکر۔ مُردار خور۔ مہتر۔ بھنگی۔ حلال خور ۔

ہلاک کرنا (ف) (۱) مارنا۔ قتل کرنا (۲) تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔ (۳) تھکانا۔ مضمحل کرنا ۔

ہلاک ہونا (ف) (۱) مارا جانا۔ قتل ہونا۔ کشتہ ہونا (۲) برباد ہونا۔ تباہ ہونا (۳) تھکنا۔ مضمحل ہونا ۔

ہلاکت (ع) مؤنث (۱) تلف کرنا۔ موت۔ کال۔ اجل۔ قضا (۲) تباہی۔ بربادی ۔

ہلاکت کا باعث ہونا (ف) (قانون) موت کا سبب ہونا ۔

ہلاکو (ف) (صف) ہلاک کرنے والا ۔ ظالم ۔ جلّاد ۔ سفاک ۔ (۲) منگولی ایک تاتاری بادشاہ جس نے بغداد وغیرہ کو تباہ کیا تھا ۔

ہلاکی (ف) مؤنّث ۔ ہلاکت ۔ موت ۔ تباہی ۔

ہلال (ہِلال) (ع) مذکّر (۱) پہلی رات کا چاند ۔ ماہِ نو (۲) (تشبیہاً) ناخن و ابروئے معشوق ۔

ہلالی (ع) (۱) منسوب بہ ہلال ۔ ہلال کی وضع کا ۔ قوسی ۔ نئے چاند کی مانند (۲) ایک قسم کا تیر ۔

ہلانا (ف) (۱) حرکت دینا ۔ جنبش دینا ۔ چلانا (۲) مانوس کرنا ۔ پرچانا ۔ خوگر کرنا ۔ سدھانا ۔

ہلاہل (ہَلاہِل) (ف) مذکّر (۱) سَم ۔ ایسا زہر قاتل جس کا علاج ہی نہ ہو سکے (۲) (ا) (عو) نہایت کڑوا ۔ نہایت تلخ ۔

ہلبل (ہَل ۔ بَل) (ہ ۔ مؤنّث) (۱) گھبراہٹ ۔ بے چینی (۲) جلدی ۔

ہلبلا (ہ) (۱) بے قرار (۲) ہلبلانا کا امر ۔

ہلبلانا (ہ) گھبرانا ۔ بوکھلانا ۔ جلدی کرنا ۔

ہلبلاہٹ (ہ) مؤنّث ۔ دیکھو "ہلبل" ۔

ہلپھا (ہَل ۔ پھا) (ہ) مذکّر (پورب) چھال ۔ لہر ۔ رَو ۔ ترنگ ۔ ہلکورا ۔

ہلچل (ہ) مؤنّث (۱) بھاگڑ ۔ کھلبلی ۔ افراتفری (۲) بے قراری ۔ گھبراہٹ (۳) بلوہ ۔ بکھیڑا ۔ دنگا فساد (۴) ڈر ۔ خوف ۔

ہلچل پڑنا (ہ) (۱) بھاگڑ مچنا ۔ کھلبلی ہونا (۲) گھبراہٹ ہونا ۔ مضطرب و بے قرار ہونا (۳) بلوہ ہونا ۔

ہلچل ہونا (ہ) گھبراہٹ ہونا ۔ اضطراب ہونا ۔ افراتفری ہونا ۔

ہلدوا ۔ ہلدواوہ (ہَل ۔ دَوَا ۔ ہَل ۔ دَا ۔۔ دَہ) (ہ) مؤنّث ، صندوق وغیرہ بنانے کی زرد لکڑی ۔

ہلدی (ہَل ۔ دی) (ہ) مؤنّث ۔ ایک قسم کی زرد جڑ یا گرہ جو سالن میں رنگت کے لئے ڈالتے ہیں ۔ زرد چوب ۔

ہلدی کی گرہ لے کے پنساری بن بیٹھنا (ہ) (۱) تھوڑی سی پونجی پا کے اپنے آپ کو بڑا دکاندار سمجھنا (۲) تھوڑے سے ہنر پر نازاں ہونا ۔ ناکمل ہونے کے باوجود اپنے آپ کو کامل سمجھنا ۔

ہلدی لگا کے بیٹھنا (ہ) (۱) چوٹ لگنے کا بہانہ کر کے چھپ رہنا (۲) بہانہ کرنا ۔

ہلدی لگا کے بیٹھو گے (ہ) اس کام سے باز آؤ ۔ ورنہ ایسی مار کھاؤ گے کہ ہلدی لگا کر بیٹھنے کی ضرورت پڑے گی ۔

ہلدی لگی نہ پھٹکڑی پٹاخ سے ہو آن پڑی (ہ) (عو) بے مشقت ہی کام بن گیا ۔ بلا کوشش مطلب حاصل ہو گیا ۔

ہلدی لگے نہ پھٹکڑی رنگ بھی چوکھا آئے (ف) (مثل) دیکھو اوپر آگے ...

ہلدیا (ہ) مذکّر (۱) ایک قسم کا زہر جو ہلدی میں پایا جاتا ہے (۲) یرقان ۔ ایک بیماری جس میں تمام جسم زرد پڑ جاتا ہے (۳) زرد ۔ پیلا ۔ یعنی ۔

ہلڑ (ہُل ۔ لَڑ) (ہ) مذکّر ۔ رولا ۔ شور و غل ۔ شور و غوغا ۔ غل غپاڑا ۔ ہنگامہ ۔

ہلڑ مچانا (ہ) شور و غل کرنا ۔ ہنگامہ برپا کرنا ۔

ہلسانا (ہُل ۔ سا ۔ نا) (ہ) (۱) خوش کرنا ۔ جی بہلانا (۲) (عو) بچے کا کھانا ۔ آکسانا (۳) للچانا ۔ شوق دلانا ۔

ہلسائے میں آنا (ہ) اشتعال میں آنا ۔

ہلکا (ہَل ۔ کا) (ہ) سُبک ۔ خفیف ۔ نازک ۔ لطیف ۔ کم وزن ۔ سُبکسار (۲) اوچھا ۔ کم ظرف (۳) کم قیمت ۔ گھٹیا ۔ بے عزت ۔ حقیر ۔ ذلیل (۵) نہایت لطیف ۔ جلد اثر قبول کرنے والا (۶) سُبک وضع (۷) پھیکا ۔

ہلکا پانی (ہ) مذکّر (۱) جلد ہضم ہو جانے والا پانی (۲) وہ پانی جس میں صابون بہت سا جھاگ پیدا کرے ۔

ہلکا پن (ہ) مذکّر (۱) سُبکی ۔ خفت (۲) کمینگی ۔ رذالہ پن (۳) کم ظرفی ۔ اوچھا پن ۔ چھچھورپن ۔

ہلکا پھلکا (ہ) (۱) نہایت کم وزن ۔ نہایت سُبک (۲) نازک ۔ لاغر ۔ کمزور ۔

ہلکا جوڑا (ہ) مذکّر ۔ کم قیمت پوشاک ۔

ہلکا خون یا لہو (ہ) مذکّر (۱) وہ جسے جلد نظر لگے (۲) وہ شخص جو دوسرے کا خون نہ دیکھ سکے ۔

ہلکا رنگ (ہ) مذکّر ۔ پھیکا رنگ ۔

ہلکا کرنا (ہ) (۱) بوجھ اتارنا (۲) لاغر کرنا ۔ دُبلا کرنا (۳) خفیف یا ذلیل کرنا ۔ شرمندہ کرنا ۔

ہلکا ہونا (ہ) (۱) بوجھ اترنا ۔ سُبک ہونا ۔ وزن کم ہونا ۔

(۲) ذلیل ہونا۔ شرمندہ ہونا۔ خفیف ہونا
(۳) تازہ دم ہونا۔ (۴) کم ہونا۔ اُترنا۔ گھٹنا۔
(۵) سبکدوش ہونا۔ بے فکر ہونا۔ (۶) سستانا
آرام لینا (۷) پتلا ہونا۔ رقیق ہونا۔ پھیکا پڑنا ؛
ہلکارنا (ہل۔کا۔ر۔نا) (ہ) کتّے کو شکار پر دوڑانا ؛
ہلکان (ہل۔کان) (ف) (ع) (۱) نیم جان۔ تھکا ماندہ۔
مضمحل (۲) حیران پریشان ؛
ہلکان کرنا (ف) (ع) (۱) مضمحل کرنا۔ تھکا مارنا۔ نیم جان
کر دینا (۲) حیران و پریشان کرنا ؛
ہلکان ہونا (ہ) (۱) تھکنا۔ مضمحل ہونا (۲) سخت پریشان
ہونا۔ حیران ہونا ؛
ہلکم (ہل۔کم) (ہ) مذکر و مؤنث (ع) ہلچل۔ تہلکہ۔
کھلبلی ؛
ہلکورا (ہل۔کو۔را) (ہ) مذکر۔ لہر۔ موج۔ ترنگ ؛
ہلکورے لینا (ہ) لہریں لینا۔ موجزن ہونا۔ لہرانا ؛
ہلکی (ہ) مؤنث۔ ہلکا کی تانیث (۱) تنک۔ کم وزن۔
اوچھی (۲) دھیمی۔ لطیف (۳) گھٹیا۔ ادنیٰ ؛
ہلکی بات کہنا (ہ) اوچھی بات کہنا۔ بے وقعت
و بے کلام کرنا۔ گھٹیا بات کرنا ؛
ہلکی پھلکی (ہ) مؤنث۔ ہلکا پھلکا کی تانیث ؛
ہلکی چوٹ (ہ) مؤنث۔ خفیف چوٹ ؛
ہلکے (ہ) مذکر۔ ہلکا کی جمع ؛
ہلکے بھاری (ہ) (ہندو) (۱) بڑے بننا۔ برائی سر
لینا (۲) ناراضی ظاہر کرنا۔ بگڑنا ؛
ہلکے سے (ہ) ہولے سے۔ آہستگی سے۔ سبک سے ؛
ہلکے لہو سے حل نکلے ہیں (ہ) باوجود نزاکت
و ناتوانی دل چلانے پر تلے ہیں۔ نہایت گستاخ۔
بے ادب اور مغرور ہو گئے ہیں ؛
ہلکے ہلکے (ہ) آہستہ آہستہ ہولے ہولے۔ سبک سبک ؛
ہلگانا (ہل۔گا۔نا) (ہ) لٹکانا۔ آویزاں کرنا۔ معلق کرنا ؛
ہلگت (ہل۔گت) (ہ) مؤنث (ع) عادت۔ لگاؤ۔
خو ؛
ہلگنا (ہلگ۔نا) چمٹے رہنا۔ الجھنا ؛
ہل من مزید (ع) یہ قرآن شریف کا ایک جملہ
ہے کہ جب سب دوزخی دوزخ میں جا چکیں گے
تو دوزخ پکار پکار کر کہے گا۔ کچھ اور بھی ہے
تو لاؤ ؛
ہلنا (ہ) (۱) متحرک ہونا۔ لرزنا۔ کانپنا۔ تھرتھرانا۔
جنبش کرنا (۲) مانوس ہو جانا۔ پرچنا۔ بے
تکلف ہونا (۳) عادی ہونا ؛
ہلندرا (ہلن۔ دَرا) (ع) کھلدلڑی ؛
ہلند (ہلن۔ دَ) (ع) (۱) مضبوط آدمی (۲) وحشی۔
جنگلی ؛
ہلورا (ہلو۔را) (ہ) مذکر (پورب) لہر۔ موج۔ ترنگ ؛
ہلورنا (ہلور۔نا) (ہ) (پورب) بٹورنا۔ اکٹھا کرنا ؛
ہلورے یا ہلوریں لینا (ہ) موجیں مارنا ؛
ہلہ (ہل۔لہ) (ہ) مذکر۔ دیکھو "ہلا" ؛
ہلہل (ہل۔ہل) (ہ) مذکر۔ ایک پودا جو بواسیر کے
لئے بہت مفید ہے ؛
ہلہلا (ہل۔ہلا) (ہ) مذکر (۱) شگوفہ۔ کوئی عجیب یا انوکھی
بات (۲) شوق۔ اُمنگ (۳) بہتان۔ جھوٹی
بات ؛
ہلہلا اُٹھنا (ہ) (۱) جھگڑا کھڑا کرنا۔ شگوفہ پھولنا۔
(۲) کسی کام کے لئے دفعتاً دل چاہنا۔ شوق
چرانا ؛
ہلہلا کر بخار چڑھنا (ہ) ایک ہی دفعہ زور کرکے
بخار چڑھنا۔ زور سے بخار ہونا ؛
ہلہلانا (ہل۔ہلا۔نا) (ہ) کانپنا۔ تھرتھرانا۔ تھرّانا ؛
ہلیلہ (ہ۔لی۔لہ) (ف) مذکر۔ ہڑ۔ ایک دوا ؛

ہ۔م

ہم (ہَم) (ہ) (۱) ضمیر جمع متکلم (۲) کلمۂ تعظیم جو اپنی ذات
کے لئے استعمال کیا جاتا ہے ؛
ہم بھی ہیں وہ بھی ہیں (ہ) ہمارا اور ان کا مقابلہ
ہے۔ دیکھیں کون بڑھتا ہے ؛
ہم پر پھسل پڑے (ہ) ہمیں پر غصہ آتا ہے۔
زبردست کو کچھ نہ کہا۔ ہمیں پر ناحق خفا
ہو گئے ؛
ہم جانیں یا تم جانو (ہ) ہمارے تمہارے
سوا دوسرا کوئی واقف نہ ہو ؛
ہم چوڑے بازار سکڑا (ہ) (مثل) اپنے آپ کو
بڑا اور دوسروں کو چھوٹا سمجھنا۔ ہمارے آگے
دوسرے کی حقیقت نہیں ؛
ہم خوش ہمارا خدا خوش (ہ) (مثل) اس جگہ بولتے ہیں
جہاں کمال رضامندی ظاہر کرنا مقصود ہو ؛

ہم سے آڑتے ہو (و) ہمیں فریب دیتے ہو۔ ہم تو کبھی فریب میں نہ آئیں گے ۔
ہم سے کب چل سکتے ہو (و) ہم تمہارے فریب میں نہیں آ سکتے ۔
ہم کو (ض) ہمیں۔ اپنی ذات کو ۔
ہم کو بیٹے ۔یا۔ بیٹی کرے (و) (کوئی) ہمارا ماتم کرے۔ ہمیں روئے ۔
ہم کون ہیں (و) ہم اس لائق نہیں ہیں۔ ہمیں اس میں کچھ دخل نہیں ۔
ہم نہ کہتے تھے (و) دیکھا۔ جو ہم کہتے تھے۔ وہی ہوا ۔
ہم (ہَم) (ع) مذکر (۱) اندیشہ۔ فکر۔ ملال (۲) قصد۔ ارادہ خواہش (۳) بیماری کا بدن کو مضمحل کر دینا (۴) نہایت بوڑھا (۵) بچے کو لوری دے کر سلانا ۔
ہم (ہَم) (ف) (۱) نیز۔ بھی۔ بلکہ۔ اس کے علاوہ (۲) کام میں شرکت کے لئے۔ فیما بین۔ آپس میں باہدگر۔ ساتھی۔ ساجھی۔ سنگی ۔
ہم آغوش (ف) بغلگیر۔ ہمکنار۔ باہم گلے ملنے والا۔ معانقہ کرنے والا ۔
ہم آغوش ہونا (و) بغل گیر ہونا۔ ہمکنار ہونا۔ گلے لگنا۔ معانقہ کرنا ۔
ہم آغوشی (ف) مؤنث۔ بغلگیری۔ ہم کناری۔ ایک دوسرے سے گلے لگنا ۔
ہم آواز (آہنگ) (ف) (۱) سُر یا راگ میں شریک (۲) متفق الرائے۔ (۳) ساتھی ۔
ہم آورد (ف) سامنے کھڑا ہو کر لڑنے والا۔ مقابل حریف۔ دشمن ۔
ہم بزم (ف) محفل میں شریک ۔
ہم بستر (ف) ایک بستر پہ سونے والا۔ ساتھ سونے والا ۔
ہم بستر ہونا (و) ساتھ ہونا۔ ایک ہی بستر پر سونا۔ صحبت کرنا۔ مجامعت کرنا ۔
ہم پایہ (ف) ہمرتبہ۔ ایک ہی درجہ رکھنے والا ۔
ہم پلہ (ف) (۱) برابر کی ٹکر کا۔ برابر کی جوڑ (۲) برابر کی تار کا۔ برابر فاصلے کا ۔
ہم پہلو (ف) (۱) پہلو کے برابر۔ پہلو بہ پہلو۔ برابر (۲) ساتھی۔ رفیق۔ بندھا۔ وابستہ۔ ہم صحبت ۔

ہم پیالہ (ف) (۱) ایک پیالے میں کھانے والا۔ ساجھی وال۔ دسترخوان کا شریک (۲) گہرا دوست ۔
ہم پیالہ و ہم نوالہ (ف) (۱) ساتھ کھانے پینے والا ہم طعام (۲) گہرا دوست ۔
ہم پیشہ (ف) حریف۔ ایک پیشہ اور ایک ہی کام کرنے والا ۔
ہم تا۔ ہمتا (ف) برابر۔ مثل۔ مانند۔ نظیر۔ شریک ۔
ہم جلیس (ف۔ ع) ہمنشین۔ پاس بیٹھنے اٹھنے والا۔ دلی دوست۔ رفیق۔ ساتھی۔ ہمراز ۔
ہم جماعت (ف۔ ع) ہم سبق۔ جماعت کا یار۔ ہم مکتب۔ کلاس فیلو ۔
ہم جنس (ف۔ ع) ہم ذات۔ یکساں۔ ایک نمونے کا ۔
ہم جولی (ہ) (۱) ہم عمر۔ جو ساتھ کھیلا ہو۔ لنگوٹیا۔ ہم سن۔ برابر کا یا۔ بچپن کا یار (۲) وہ کمسن لڑکی جو ساتھ کھیلنے میں اکثر شریک رہے۔ ساتھ کی کھیل ۔
ہم چشم (ف) برابر والا۔ ہم رتبہ۔ ہم قدر۔ برابر کی ٹکر کا ۔
ہم چشمی (ف) مؤنث۔ برابری۔ ہمسری ۔
ہم چشمی کرنا (و) برابری کا دعویٰ کرنا ۔
ہم داماں (ف۔ مذکر) دیکھو ہم زلف ۔
ہم درد (ف) دکھ درد کا ساتھی۔ ہمدم۔ دردمند۔ غمخوار ۔
ہم درس (ف) ایک ساتھ سبق پڑھنے والا ۔
ہم دست (ف) (۱) ہاتھوں۔ ہمراہ۔ ساتھ (۲) شریک۔ متفق۔ برابر۔ ہم قدر ۔
ہم دگر (ف) باہم۔ آپس میں۔ دونوں ایک دوسرے میں۔
ہم دم (ف) رفیق۔ یار۔ دوست ۔
ہم دوش (ف) ہم قد۔ برابر۔ ہمسر۔ ساتھی۔ برابر کا ۔
ہم دیوار (ف) پڑوسی۔ ہمسایہ ۔
ہم ذات (ف۔ ع) ایک ذات کا۔ ہم قوم ۔
ہم راز (ف) راز دان۔ بھیدی۔ جو اپنا بھید جانتا ہو ۔
ہم راہ (ف) (۱) ساتھ چلنے والا۔ ساتھی۔ ہمرکاب (۲) ساتھ۔ سنگ (۳) (مجازاً) قافلے کا رہنما ۔

ہمراہی (ف، مذکر) (۱) ساتھی۔ ساتھ چلنے والا (۲) یار۔ رفیق ۔

ہمرکاب (ف) (۱) ہم سفر۔ ہمراہ (۲) سواری کے ساتھ سوار ۔

ہم رنگ (ف) ایک رنگ کا۔ ایک طرح کا۔ یکساں۔ یک رنگ ۔

ہمزاد (ف، مذکر) (۱) جو ساتھ پیدا ہوا ہو۔ ہم سن۔ ہم سال (۲) وہ شیطان یا جن جو ہر انسان کے ساتھ پیدا ہوتا اور ہمیشہ ساتھ رہتا ہے۔ سایہ ۔

ہم زانو (ف) پاس بیٹھنے والا۔ پہلو نشین۔ گھٹنے سے لگ کر بیٹھنے والا ۔

ہم زبان (ف) ایک زبان۔ بات کا ساتھی۔ ہم کلام۔ ہم قول ۔

ہم زلف (ف، مذکر) سالی کا خاوند۔ ساڑھو ۔

ہم ساز (ف) دوست۔ یار۔ رفیق ۔

ہمسائی (۱) مؤنث۔ پڑوسن۔ پڑوس میں رہنے والی عورت ۔

ہمسائیگی (ف) مؤنث۔ پڑوس۔ ہم دیواری۔ مکان کی قربت ۔

ہمسایہ (ف) مذکر (۱) پڑوسی۔ پاس کے مکان میں رہنے والا۔ پڑوس کا رہنے والا (۲) پاس کا مکان۔ پڑوس ۔

ہمسایہ ہونا (۱) پڑوس میں آ کر رہنا۔ مکان کے قریب مکان لے کر رہنا ۔

ہم سبق (ف۔ ع) مذکر۔ ساتھ سبق پڑھنے والا۔ ایک ساتھ سبق پڑھنے والا ۔

ہم سخن (ف) (۱) ساتھی شاعر (۲) ساتھ کلام کرنے والا ۔

ہمسر (۱) برابر کا۔ برابر والا۔ ہم رتبہ۔ ہم چشم (۲) جورو۔ منکوحہ ۔

ہمسری (ف) مؤنث (۱) برابری۔ رقابت۔ مقابلہ۔ ہم چشمی (۲) زوجیت ۔

ہمسری کرنا (۱) برابری کرنا۔ مساوات کا دعویٰ کرنا ۔

ہم سفر (ف۔ ع) مل کر سفر کرنے والا۔ سفر کا ساتھی۔ رفیق راہ ۔

ہم سن (ف۔ ع) ہم عمر۔ برابر کی عمر کا۔ ہمجولی ۔

ہم شکل (ف۔ ع) ایک شکل کا۔ ہم صورت ۔

ہمشیر ۔ یا۔ ہمشیرہ (ف) مؤنث۔ سگی بہن۔ خواہر ۔

ہمشیر اخیافی (ف۔ مؤنث) ماں کی طرف سے بہن ۔

ہمشیر رضاعی (ف۔ مؤنث) دودھ بہن ۔

ہمشیرزاد ۔ یا۔ ہمشیرہ زادہ (ف) مذکر۔ بھانجا۔ بہن کا بیٹا۔ خواہر زادہ ۔

ہمشیر علاتی (ف۔ مؤنث) باپ کی طرف سے بہن ۔

ہم صحبت (ف۔ ع) صحبت میں رہنے والا۔ ساتھی۔ پاس اٹھنے بیٹھنے والا۔ مصاحب ۔

ہم صفیر (ف۔ ع) (۱) ہم آواز۔ وہ پرند جو ایک قسم کی بولی بولتے ہوں (۲) (مجازاً) ہمدم۔ ہمرنگ ۔

ہم طالع (ف۔ ع) ہم نصیب۔ ایک جیسی قسمت والا ۔

ہم عصر (ف۔ ع) ہم عہد۔ ایک زمانے کا۔ ایک وقت کا ۔

ہم عمر (ف۔ ع) ہمسن۔ برابر کی عمر کا۔ ہم سال ۔

ہم عنان (ف۔ ع) ہمراہ۔ برابر۔ ساتھی۔ رفیق ۔

ہم عہد (ف۔ ع) ایک زمانے کا۔ ہمعصر۔ ہم زمانہ ۔

ہم قدم (ف۔ ع) ساتھی۔ رفیق۔ ہمراہ۔ ہم سفر ۔

ہم قوم (ف۔ ع) ایک قوم کا۔ ایک ذات کا ۔

ہم کفو (ف۔ ع) ایک ہی خاندان کا۔ ایک ہی کنبے کا ۔

ہم کلام (ف۔ ع) ہم سخن۔ مل کر بات کرنے والا ۔

ہم کلام ہونا (۱) کسی سے بات کرنا۔ بولنا ۔

ہم کلامی (ف۔ ع) مؤنث۔ گفتگو۔ باہم بات چیت کرنا۔ بول چال۔ مکالمہ ۔

ہم کنار (ف) ہم آغوش۔ بغل گیر ۔

ہم مذہب (ف۔ ع) ایک ہی مذہب کا۔ ہم ملت ۔

ہم مرکز (ف۔ ع) وہ دائرے جن کا ایک مرکز ہو ۔

ہم مشرب (ف۔ ع) ایک ہی طریقے یا مذہب کا ۔

ہم مکتب (ف۔ ع) ایک ہی مکتب کا پڑھا ہوا۔ ایک مکتب میں پڑھنے والا ۔

ہم نام (ف) ایک ہی نام کا۔ ہم اسم ۔

ہم نشین (ف) مصاحب۔ پاس کا اٹھنے بیٹھنے والا۔ ہم صحبت ۔

ہم نفس (ف۔ ع) دوست۔ آشنا۔ رفیق۔ ساتھی۔ یار ۔

ہم نوالہ (ف) مذکر۔ ساتھ کا کھانے پینے والا ۔

ہم وطن (ف۔ع) مذکر۔ ایک دیس کا۔ ایک ملک کا۔ ایک شہر کا۔

ہُما (ہُما) (ف) مذکر۔ ایک مشہور پرند جس کی نسبت خیال کیا جاتا ہے کہ یہ جس کے سر پر سے گزر جائے۔ وہ بادشاہ ہو جاتا ہے۔ یہ جانور ہڈیاں کھاتا ہے اور کسی کو نہیں ستاتا۔

ہما بازی کھا بازی پیروں سے بھی دغابازی (۱) (مثل) استاد سے کسے شاگرد کی نہیں چلتی۔

ہمارا (ہَمَا۔رَا) (ہ) (۱) ہم سب کا۔ تمام کا (۲) میرا۔ میری ذات کا۔

ہمارا ذمّہ (۱) ہم سب اس دعوے کے ذمّہ دار ہیں۔

ہمارا سلام ہے (۱) بیزاری ظاہر کرنے کے لئے بولتے ہیں۔

ہمارا کیا ہے (ہ) ہمارا کیا بگڑتا ہے۔ ہمارا کچھ نقصان نہیں۔

ہمارا لہو پئے یا ہمارا حلوا کھائے (ہ) (ع) ہم کو کھائے۔ ہم کو پیٹے۔ ہمیں سے ہے کرے۔ ہمارا مُردہ دیکھے۔

ہماری (ہَمَا۔رِی) (ہ) مؤنث۔ اپنی۔ ذاتی۔ نج کی۔

ہماری بلّی ہمیں سے میاؤں (ہ) (مثل) ہمارا ہی کھلے پئے اور ہمیں پر غرّائے۔

ہماری بندگی پہنچے (۱) ہمارا سلام پہنچے۔ ہم سلام کرتے ہیں۔ ہم باز آئے۔ ہمیں معاف رکھیے۔

ہماری بوٹی کھائے (ہ) (ع) (سخت قسم) دیکھو ہمارا لہو پئے۔

ہماری دادی نے گھی کھایا ہمارا ہاتھ سونگھو (ہ) (مثل) کام کوئی کرے۔ داد کوئی مانگے۔

ہمارے (ہ) ہمارا کی جمع۔

ہمارے بڑے پرائے پردے آزاد کرتے تھے (۱) (مثل) بزرگوں نے خرچ کیا ہم نام چاہتے ہیں۔ جو شخص خود کچھ نہ ہو۔ مگر باپ دادا کے نام پر اترائے۔ اس کی نسبت بولتے ہیں۔

ہمارے فرشتوں کو بھی خبر نہیں (۱) ہم مطلق بے خبر ہیں۔ ہمیں ذرا معلوم نہیں۔ ہم کیا ہمارے کراماً کاتبین بھی بے خبر ہیں۔

ہمارے منہ میں بھی زبان ہے (۱) ہم بھی اس سوال کا جواب دے سکتے ہیں ہم بھی بات کرنے کی قدرت رکھتے ہیں۔

ہمارے ہاں سے آگ لائی نام رکھا بیسندر (۱) (مثل) پرائی چیز پر اترانے والے کی نسبت بولتے ہیں۔ کہ ہماری چیز اور ہمیں سے دینگے۔

ہماسنا (ہَمَاس۔نَا) (ہ) (لکھنؤ) کسی وزنی چیز کو اس کے نیچے کوئی چیز رکھنے کے لئے اٹھانا۔

ہماشما (۱) ادنیٰ و اعلیٰ۔ چھوٹے بڑے۔ اپنے بیگانے۔ سب۔ عام۔ عوام۔

ہمالہ۔ ہمالیہ (ہَمَا۔لَہ۔ ہِمَا۔لِیَہ) (ہ) مذکر۔ ہندوستان کا ایک مشہور شمالی پہاڑ جو دنیا کے سب پہاڑوں سے اونچا اور ہمیشہ برف سے ڈھکا رہتا ہے۔

ہمام دستہ (ہَمَام۔دَس۔تَہ) (۱) مذکر۔ دیکھو ہاون دستہ۔

ہماہمی (ہَمَا۔ہَمِی) (ہ) مؤنث (۱) خود پسندی۔ بڑا بول۔ انانیت (۲) سرزوری۔ زور زوری۔ زبردستی۔

ہُمایوں (ہُمَا۔یُوں) (ف) (۱) مبارک۔ بابرکت۔ مسعود۔ کامیاب۔ بہرہ مند (۲) خاندانِ مغلیہ کا ایک مشہور بادشاہ۔

ہمّت (ہِم۔مَت) (ع) مؤنث (۱) ارادہ۔ عزم۔ قصد (۲) عالی حوصلگی۔ اولو العزمی (۳) جرأت۔ ڈھارس۔ دلیری (۴) شجاعت۔ بہادری۔ طاقت (۵) توفیق۔ دسترس۔

ہمّت باندھنا (۱) جرأت کرنا۔ ڈھارس باندھنا۔ حوصلہ کرنا۔ دل کرنا۔

ہمّت پڑنا (۱) حوصلہ پڑنا۔ جواب ہونا۔

ہمّت کا حامی خدا ہے (۱) (مثل) دیکھو ہمّتِ مرداں مددِ خدا۔

ہمّت کرنا (۱) (۱) دلیری کرنا۔ جرأت کرنا۔ حوصلہ کرنا۔ دل چلانا۔ مردانگی دکھانا۔ ڈھارس باندھنا (۲) سخاوت کرنا۔

ہمّتِ مرداں مددِ خدا (ف) (مثل) کام میں کوشش شرط ہے۔ خدا تعالیٰ ضرور ہی مدد دیتا ہے۔

ہمّت والا (۱) عالی ہمّت۔ عالی حوصلہ۔ جری دلیر۔ بہادر۔ سورما۔ سخی۔ دل چلا۔

ہمّت ہارنا (ہ) جی چھوڑنا۔ ڈھارس نہ رکھنا۔

تھک جانا - حوصلہ نہ رہنا - دل چھوڑنا ۔

ہمتی (ا) (۱) ہمت والا - حوصلے والا (۲) بہادر (۳) سخی

ہمزہ (ہَم - زَہ) (ع) مذکّر - وہ الف جو کھینچ کر یعنی جھٹکے سے ساتھ پڑھا جائے ۔

ہمساداں (ہِم - سا - دَاں) (ا) - مذکّر (ع) جمادی الاخریٰ کا مہینہ ۔

ہمسنا (ہمَس - نا) (۲) کسی جگہ کا چھوڑنا ۔

ہمک (ہمَک) (۲) ہمکنا کا امر

ہمک کر (۲) (ع) مٹک کر - اچھل کر - سینے کو مٹکا کر ۔

ہمک ہمک کے چلنا (۲) (۱) مٹک مٹک کے چلنا پھدک پھدک کے چلنا - اُچک اُچک کر چلنا - اچھل اچھل کے چلنا ۔

ہمکارا (ہَم - کا - رَا) (۲) مذکّر - دیکھو "ہنکارا" ۔

ہمگی ہمگیں (ہمگی - ہمگیں) (ف) تمام - سب سب کا سب ۔

ہمم (ہِمَم) (ع) مؤنّث - ہمّت کی جمع ۔

ہموار (ہَم - وَار) (ف) (۱) برابر - یکساں - سادی (۲) مدام - ہمیشہ - نت - سدا ۔

ہمواره (ف) ہمیشہ - مدام - سدا - دائم - نت - لگاتار ۔

ہمہ (ف) سب - کُل - سارا - جملہ - تمام ۔

ہمہ از وست (ف) (مقولہ) تمام چیزیں اسی (خدا) سے ہیں - کوئی چیز بذات خود موجود نہیں - بلکہ ہر شے اپنی ہستی کے لئے خدا کی حاجت مند ہے ۔

ہمہ اوست (ف) سب کچھ وہ (خدا) ہے - یہ صوفیوں کا قول ہے - جو کہتے ہیں کہ خدا کے سوا کسی شے کا وجود نہیں - یہ خدا ہی ہے - جو مختلف شکلوں میں جلوہ گر ہے ۔

ہمہ تن (ف) بالکل - سر تا پا - تمام - سر بسر - سب کا سب ۔

ہمہ دان (ف) ہر بات سے واقف - ہر علم و ہنر کا جاننے والا - جگت اُستاد ۔

ہمہ دانی (ف) مؤنّث - جگت استادی - ہر کام کی واقفیت ۔

ہمہ صفت موصوف (ف - ع) ساری خوبیوں سے بھرا ہوا - ہر قسم کی تعریف کے قابل ۔

ہمہ نعمت (ف - ع) مؤنّث - (ع) تمام نعمت - تمام عمدہ چیزیں - ہر قسم کی عمدہ چیز ۔

ہمہ نعمت موجود ہے (۱) خدا نے سب کچھ دے رکھا ہے - کسی چیز کی کمی نہیں ۔

ہمہمہ (ہَم - ہَمَہ) (ع) - مذکّر گھوڑے - بیل - شیر وغیرہ کی بھاری آواز ۔

ہمیان ہمیانی (ہَم - یَان - ہِم - یَا - نی) (ف) مؤنّث - روپوں کی پتلی سی تھیلی جو کمر سے باندھتے ہیں ۔

ہمیش (ہَمِیش) (ف) (ع) ہمیشہ ۔

ہمیشگی (ہَمے - شگی) (ف) مؤنّث - قوامت - دوام - قیام - بقا ۔

ہمیشہ (ہمے - شَہ) (ف) دائم - مدام - سدا - نت - آئے دن ۔

ہمیشہ روتے ہی جنم گزرا (۱) سدا مصیبت ہی میں مبتلا رہے ۔

ہمیں (ہمیں) (۲) (۱) ہم سب کو - ہم تمام آدمیوں کو (۲) مجھ کو - میرے تئیں - مجھے ۔

ہمیں پیٹے (۲) (ع) نفرت قسم جو کسی عزیز یا دوست کو دی جاتی ہے - ہمارا ماتم کرے - ہمیں روئے - ہمیں زندہ نہ دیکھے ۔

ہمیں کیا سمجھا ؟ (۱) ہم کو کیا خیال کیا - کیا کچھ ایسا ویسا آدمی پایا ۔

ہمیں بے بے کرے - یا ہم کو بے بے کرے (۲) (ع) دیکھو "ہمیں پیٹے" ۔

ہمیں (ہمیں) (۲) ہم ہی - ہم ہی سب ۔

ہمیں پر کیا ہے (۲) مجھی پر کیا موقوف ہے - ہماری ہی ذات پر موقوف اور منحصر نہیں ۔

ہمیں چوگاں ہمیں میداں ہمیں گوئے (ف) (مقولہ) یا - ہمیں گو - ہمیں چوگاں | ابھی مقابلے کا میدان ہے - ابھی آزمائش ہو جائے ۔

ہ - ن

ہن (ہُن) (۲) مذکّر - (۱) دکن کا ایک طلائی سکّہ (۲) ریزۂ زر ۔

ہن برسنا (۲) روپیہ برسنا - دولت برسنا - نہایت آمدنی ہونا ۔

ہنٹر (ہَن - ٹر) (انگریزی - Hunter) مذکّر (۱) چابک - کوڑا (۲) شکاری ۔

ہنجار (ہَن - جَار) (ف) مذکر - (۱) راہ - راستہ (۲) (مجازاً) طرز - روش - قاعدہ ۔

ہند (ہِنْد) (س - ف) مذکر - ہندوستان - بھارت ورش ۔

ہندسہ (ہِن - دَسَہ) (معرب) مذکر (۱) شکل عدد - رقم - آنک (۲) اقلیدس ۔

ہندسہ دان (ف) مذکر - علم ہندسہ کا واقف - اقلیدس کا عالم ۔

ہندنی (ہِن - دَنی) (ا) مؤنث - ہندو عورت ۔

ہندو (ہِن - دُو) (ف) مذکر (۱) ہندوستان کا رہنے والا - ہند کا باشندہ - ہندوستانی - ہندی (۲) ہندوستان میں رہنے والی ایک قوم جو بتوں کی پرستش کرتی ہے (۳) (ف) چور - رہزن - لٹیرا (۴) (ف) غلام - بردہ - بندہ - کالا - سیاہ فام ۔

ہندوانہ (ہِنْد - وَا - نَہ) (ف) - مذکر - تربوز ۔

ہندوانی (ا) (مؤنث) دیکھو ہندنی ۔

ہندو مسلمان کا چولی دامن کا ساتھ ہے

(ا) (مثل) ہندوؤں مسلمانوں میں قدیم سے اتحاد ہے یہ علیحدہ نہیں ہوسکتے ۔

ہندوستان (ف) مذکر - ملک ہند - آریہ ورت - بھارت کھنڈ - ہند ۔

ہندوستانی (ا) مذکر - (۱) ہند کا باشندہ - ہندوستان میں رہنے والا (۲) اُردو زبان جو تقریباً تمام ہندوستان میں بولی جاتی ہے ۔

ہندی (ف) (۱) ہند سے نسبت رکھنے والا - (۲) ہندوستانی - ہند کا رہنے والا (۳) ہند کی تلوار (۴) ہندوستان کی وہ زبان جو سنسکرت سے نکلی ہے (۵) ہندوستان کی چیز ۔

ہندی کی چندی کرنا (ا) (۱) خوب سمجھانا - آسان کو زیادہ آسان کرنا (۲) خوب چھان بین کرنا - کھود کھود کر پوچھنا (۳) بے فائدہ باتیں بنانا ۔

ہندی کی چندی نکالنا (ا) معنی کے معنی پوچھنا - نکتہ چینی کرنا - بال کی کھال نکالنا - مین میکھ نکالنا - حجت کرنا ۔

ہنڈا (ہَن - ڈَا) (ا) مذکر (۱) بڑی ہانڈی - مٹی کا بڑا برتن - مٹکا - خم (۲) ایک قسم کی گھاس جو پانی کے کنارے ہوتی ہے ۔

ہنڈا بھاڑا (ا) مذکر (پورب) (۱) واپسی کا کرایہ (۲) کرائے کا تصفیہ ۔

ہنڈا کرنا (ا) (ہند) (۱) کسی دیوتا پر مٹھائیوں کے ہنڈے چڑھانا (۲) کسی جاترا سے واپس آکر ضیافت کرنا ۔

ہنڈار (ہَن - ڈَار) (ا) مذکر (پورب) بھیڑیا - گرگ ۔

ہنڈانا (ہَن - ڈَا - نَا) (ا) (۱) گنوار) شہر بدر کرنا - نکالنا - جلاوطن کرنا ۔

ہُنڈاون (ہُن - ڈَا - وَن) (ا) مؤنث - ہنڈی بھیجنے کا کمیشن - ہنڈی کا بٹا - ہنڈی کا محصول ۔

ہنڈکلیا (کلھیا) (ہنڈ - کل ہیا - کلھیا) (ا) مؤنث - بچوں کا کھانا پکانے کا کھیل ۔

ہنڈول (ہِنڈول) (ا) مذکر - ہندی راگوں کا پانچواں راگ ۔

ہنڈولا (ہِنڈ و - لَا) (ا) مذکر - (۱) ہنگورا - جھولنا - پالنا - گہوارہ (۲) برسات کا گیت جو جھولے پر گایا جاتا ہے ۔

ہنڈولا جھولنا (ا) جھولا جھولنا - ہنڈولے میں جھولنا ۔

ہنڈوی - ہنڈی (ہُنڈ - وی - ہُن - ڈی) (ا) مؤنث - چک - کاغذ زر - روپیہ کا رقعہ - وہ رقعہ جو ساہوکار ایک جگہ سے دوسری جگہ روپیہ دینے کے لئے دیتے ہیں ۔

ہنڈی بھیجنا (ا) مہاجن کے ذریعے سے روپیہ بھیجنا - ساہوکار سے روپے کا پرچہ لے کر روانہ کرنا - منی آرڈر بھیجنا ۔

ہنڈی پٹنا (ا) ہنڈی کا روپیہ وصول ہونا ۔

ہنڈی سکارنا (سکھارنا) (ا) ہنڈی کا روپیہ دینا ۔

ہنڈی کرنا (ا) منی آرڈر کرنا - ساہوکار کے ذریعے سے ایک جگہ سے دوسری جگہ روپیہ پہنچانا ۔

ہنڈی کھڑی رکھنا (ا) ہنڈی کو کسی وجہ سے ملتوی رکھنا ۔

ہنڈیا (ہَنڈ - یَا) مؤنث - ہانڈی کی تصغیر (۱) مٹی کی دیگچی - (۲) ترکاری - سالن - لاون ۔

ہنڈیا پکانا (ا) (۱) سالن پکانا - ترکاری پکانا (۲) چرچا کرنا - کھچڑی پکانا ۔

ہنڈیا پکنا (ا) (۱) سالن پکنا - ترکاری پکنا (۲) سازش ہونا - چرچا ہونا - کھچڑی پکنا ۔

ہنڈیا چڑھانا (ہ) دیگچی چولھے پر رکھنا۔ دال سالن یا ترکاری پکنے کو رکھنا ٭

ہنڈیا چڑھنا (ہ) ہنڈیا کا پکنے کے لئے چولھے پر رکھا جانا ٭

ہنڈیا ڈوئی (ہ) (۱) کھانے پکانے کا سامان۔ باورچی خانے کے برتن (۲) گھر کا اسباب۔ متاع۔ اثاثہ۔

ہنڈیا گرم ہونا (ہ) دیکھو "ہنڈیا چڑھنا" ٭

ہنڈیاں (ہ) مؤنث۔ ہنڈی کی جمع ٭

ہنر (ہُنَر) (ف) مذکر (۱) فن۔ کام۔ کاریگری۔ حرفت کمال۔ جوہر۔ صنعت۔ وہ کاریگری جو ہاتھ سے ہو۔ کرتب۔ وصف۔ خوبی (۲) انداز۔ سلیقہ۔ حکمت۔ دانائی ٭

ہنر کی پوٹ (ہ) مؤنث۔ جامع الکمالات آدمی۔ بہتا ہنر مند آدمی ٭

ہنر مند (ف) (۱) باکمال۔ باہنر۔ گنی (۲) دستکار۔ کاریگر۔ صناع ٭

ہنر مندی (ف) مؤنث۔ سلیقہ۔ اُستادی۔ جوہر۔ لیاقت۔ قابلیت۔ کاریگری حکمت۔ دانائی۔ خوبی۔ وصف۔ کمال۔ گُن ٭

ہنرور (ف) ہنر مند۔ باہنر ٭

ہنس (ہَنْس) (ہ) مذکر۔ (۱) ایک قسم کی بط جسے راج ہنس بھی کہتے ہیں۔ (۲) مجازاً روح۔ آتما۔ جان ٭

ہنس راج (ہ) مؤنث۔ ایک قسم کی گھاس جو پانی کے کنارے یا برفانی پہاڑوں پر کثرت سے ہوتی ہے (۲) ایک قسم کی آبی بط۔ قاز (۳) ہندوؤں کا ایک نام ٭

ہنس (ہَنْس) (ہ) ہنسنا کا امر ٭

ہنس مکھ (ہ) (ہ) خوش خلق۔ ہنس مکھ۔ ملنسار ٭

ہنس مکھ (ہ) خوش مزاج۔ خوش طبع۔ خندہ پیشانی۔ شگفتہ رُو ٭

ہنس ہنس کھائیے پھوہڑ کا مال (ہ) (مثل) بے وقوف کی دولت اسے مسخرہ بنا کر کھانی چاہیئے ٭

ہنسا (ہ) مذکر۔ ہنس۔ ایک قسم کی بط۔ قاز ٭

ہنسا (ہِنْسا) (ہ) مؤنث (ہندو) (۱) قتل۔ ذبح۔ خون۔ خونریزی۔ کشت و خون (۲) پاپ۔ گناہ ٭

ہنسا کرنا (ہ) مارنا۔ قتل کرنا۔ جیو ہتیا کرنا ٭

ہنسانا (ہ) (۱) ہنسی دلانا۔ خندہ دلانا (۲) خوش کرنا۔ محظوظ کرنا ٭

ہنسائی (ہ) مؤنث۔ تضحیک۔ ٹھٹھا۔ ہنسی ٭

ہنستا پھول کھلتی کلی (ہ) نازک اور خوش مزاج آدمی جو اکثر مسکراتا اور ہنستا رہے۔ مگر جسے ذرا بھی خلاف طبع بات گوارا نہ ہو ٭

ہنستا چھل (ہ) مذکر۔ دوستی کے پردے میں دشمنی کرنے والا ٭

ہنستی پیشانی (ہ) خندہ پیشانی۔ ہنس مکھ ٭

ہنستے بولتے (ہ) (۱) مذاق کرتے کرتے (۲) باتوں باتوں میں۔ آسانی سے (۳) خوش دلی سے گفتگو کرتے ٭

ہنستے کھاتے کھاتے نستے چوران دونوں کا آیا اور (ہ) (مثل) حاکم کی تمسخرانہ ہنسی اور چور کی کھانسی خرابی کا باعث ہوتے ہیں ٭

ہنستے ہنستے (ہ) (۱) ہنسی ہنسی میں۔ مذاق میں (۲) نہایت ہنسنے سے ٭

ہنستے ہنستے پیٹ میں بل پڑ جانا (ہ) نہایت ہنسنا۔ ہنسی کے مارے لوٹ پوٹ جانا ٭

ہنستے ہنستے لوٹ جانا (ہ) ہنسی کے مارے گر گر پڑنا۔ بہت ہنسنا۔ ہنسی کے مارے لوٹ پوٹ جانا ٭

ہنستے ہی گھر بستے ہیں (ہ) ہنسی ہنسی میں کام بن جاتے ہیں۔ باتوں باتوں میں مطلب نکل آیا کرتا ہے ٭

ہنسلی (ہَنْس لی) (ہ) مؤنث۔ وہ ہڈی جو گردن کے نیچے اور سینے کے اوپر ہے (۲) ایک قسم کا زیور جو گلے میں پہنا جاتا ہے ٭

ہنسلی اتر جانا (ہ) شیر خوار بچے کے گلے کی ہڈی کا اپنی جگہ سے کھسک کر نیچے ہو جانا ٭

ہنسنا (ہ) (۱) خندہ کرنا۔ کھلکھلانا۔ کھلنا (۲) خوش ہونا۔ بشاش ہونا (۳) مذاق کرنا۔ دل لگی کرنا۔ چھیڑ خانی کرنا (۴) ہنسی اڑانا۔ فضیحت کرنا۔ تضحیک کرنا ٭

ہنسنا بولنا (ہ) ظرافت سے دل بہلانا۔ دل لگی کرنا ٭

ہنسوا (ہَنْس وا) (ہ) مذکر۔ (پوربی) دیکھو "ہنسیا" ٭

ہنسوانا (ہ) ہنسنا کا متعدی المتعدی ٭

ہنسوڑ (ہ) ظریف۔ خوش طبع۔ ہنسی باز۔ مسخرہ۔ خوش مزاج ٭

ہنسی (ع) مؤنث (۱) خندہ - ٹھٹھا - قہقہہ (۲) خوش طبعی - مزاح - مذاق - ٹھٹھول - دل لگی - ظرافت تمسخر (۳) تضحیک - استہزاء - رسوائی - فضیحتی (۴) کھیل - نہایت آسان کام ۔

ہنسی اڑانا (ع) مسخرہ بنانا - احمق بنانا - ٹھٹھا اڑانا - تضحیک کرنا - رسوا کرنا - ذلیل کرنا ۔

ہنسی ٹھٹھا (ع) مذکر (۱) ہنسی - مذاق - دل لگی - (۲) ذرا سی بات - کھیل - تماشا - آسان کام ۔

ہنسی خوشی (ع) (۱) خوشی سے - خوش ہو کر خوشی کے ساتھ (۲) تندرست - خیریت کے ساتھ ۔

ہنسی کرنا (ع) (۱) مذاق کرنا - دل لگی کرنا (۲) رسوائی کرنا - بدنامی کرنا - تضحیک کرنا ۔

ہنسی کھیل (ع) ہنسی - ٹھٹھا - ذرا سی بات آسان کام ۔

ہنسی میں (ع) (۱) دل لگی میں - مذاق میں - ٹھٹھے میں ظرافت میں (۲) مذاقاً - تمسخراً ۔

ہنسی میں اڑا دینا (ع) سماعت نہ کرنا - بات پر توجہ نہ دینا - خاطر میں نہ لانا - کسی بات کو مذاق میں ٹال دینا ۔

ہنسی میں پھنسی ہو جانا (ع) ہنسی ہنسی میں بگاڑ ہو جانا - مذاق میں بگڑ جانا ۔

ہنسی ہنسی میں (ع) (۱) دل لگی میں - مذاق میں - مذاقاً - ظرافتاً (۲) بلا وجہ - بلا سبب - یونہی - باتوں باتوں میں ۔

ہنسی ہونا (ع) (۱) مذاق ہونا - دل لگی ہونا (۲) تضحیک ہونا ۔

ہنسیا (ہَن سِ یا) (ع) مذکر - دیکھو "ہسیا" ۔

ہنکار (ہُن کار) (ع) مؤنث (۱) ہاں کی آواز - ہاں - ہامی (۲) پشتی - حمایت ۔

ہنکارا (ہنکاری) (ع) مذکر (۱) ہوں - ہاں - ہنکار (۲) اقرار - اقبال - ہاں کرنے کی آواز ۔

ہنکارا (ہنکاری) بھرنا (ع) ہامی بھرنا - ہاں کرنا (۲) اشارہ کرنا - ہنکانا ۔

ہنکارنا (ع) (۱) ہنکارا بھرنا - ہوں کرنا (۲) اشارہ کرنا - ہنکانا ۔

ہنکانا (ہَن کا - نا) (ع) (۱) پاس سے دور کرنا (۲) کھدیڑنا (۳) مکھیوں کا دور کرنا ۔

ہنکایا جانا (ع) جانوروں کی طرح ہانکا کیا جانا ۔

ہنکرا (ہَن کَ - رَا) (ع) مذکر شکاریوں کا شور و غل کر کے جانوروں کو ہنکا کر اپنے بیٹھنے کی جگہ لانا ۔

ہنگ (ہِنگ) (ف) مذکر (۱) بھاری بھرکم ہونا - تمکین - وقار (۲) ارادہ - قصد (۳) زور - قوت - بل - قدرت (۴) دانا - زیرک - عاقل - خردمند - (۵) لشکر - سپاہ ۔

ہنگام (ہِن گام) (ف) مذکر (۱) وقت - زمان - ایام - زمانہ - موقع (۲) رُت - موسم - فصل (۳) ہنگامہ - گڑبڑ - مجمع - ہجوم - انبوہ - بھیڑ ۔

ہنگامہ (ہِن گا - مَہ) (ف) مذکر (۱) مجمع - انبوہ - ازدحام - بھیڑ - ہجوم (۲) معرکہ - میدان (۳) شورش - بلوہ - فساد - گڑبڑ (۴) شور و غوغا - ہائے ہو - واویلا - چیخم دھاڑ (۵) زور شور ۔

ہنگامہ آرا (ف) (۱) صف آرا - جنگ برپا کرنے والا - (۲) فتنہ برپا کرنے والا ۔

ہنگامہ برپا ہونا (ع) جھگڑا کھڑا ہونا - فساد ہونا - شور مچنا ۔

ہنگامہ پرواز (ف) دیکھو "ہنگامہ آرا" ۔

ہنگامہ پردازی (ف) مؤنث - شورش - بلوہ - دنگہ - فساد - لڑائی - جھگڑا ۔

ہنگامہ گرم ہونا (ع) (۱) حادثات کثرت سے واقع ہونا (۲) خوب زور شور ہونا (۳) افراتفری ہونا ۔

ہنگامۂ قیامت (محشر) (ف + ع) مذکر - قیامت کے روز کا ہجوم ۔

ہنگامہ ہونا (ع) (۱) جھگڑا ہونا - فساد ہونا (۲) اودھم مچنا (۳) زور شور ہونا ۔

ہنگامی (ف) چند روز کا - خاص وقت تک کا ۔

ہنود (ہُنُود) (ع) مذکر - ہندو کی جمع - ہندوستان کے وہ باشندے جو بتوں کی پرستش کرتے ہیں ۔

ہنوز (ہَنُوز) (ف) ابھی تک - اب تک - اس وقت تک - ابھی ۔

ہنوز دلی دور است (ف) مثل - ابھی منزل بہت دور ہے - ابھی اس کام میں عرصہ ہے - ابھی بہت کام باقی ہے ۔

ہنومان (ہَنُو-مان) (ہ-مذکر) ہندوؤں کا دیوتا۔ بندر ✦

ہنہنانا (ہِن-ہِنا-نا) (ہ) گھوڑے کا بولنا ✦

ہنہناہٹ (ہ) مؤنث۔ گھوڑے کی آواز ✦

ہنی مون (ہَنی-مُون) (انگریزی۔ Honey moon) (مذکر) ماہِ زفین۔ ماہِ زفاف۔ شادی کا پہلا مہینہ جس میں دولہا دلہن باہر چلے جاتے ہیں۔ یہ رسم یورپ کے تمام ممالک میں مروّج ہے ✦

ہ - و

ہو (ہو) (ہ) (۱) ہونا کا امر (۲) ہونا کا مضارع (۳) (مؤنث) (گنوار) بلانے کی آواز ✦

ہو آنا (ہ) کہیں جا کر واپس آنا ✦

ہو بیٹھنا (ہ) (۱) ہو جانا۔ بن جانا (۲) (ع) حائض ہو جانا۔ کپڑوں سے ہو جانا ✦

ہو جانا (ہ) (۱) کام بن جانا۔ کام پورا ہو جانا (۲) آ کر چلا جانا۔ مل جانا (۳) لڑائی ہو جانا (۴) لائق ہو جانا (۵) بن جانا (۶) ختم ہو جانا (۷) بھوت پریت کا اثر ہو جانا (۸) انتقال ہو جانا (۹) ذمّے پڑ جانا (۱۰) جمع ہو جانا (۱۱) صرف میں آ جانا۔ خرچ ہو جانا ✦

ہُو (ہُو) (س) (۱) حرفِ ندا و ندبہ (۲) گیدڑ کی آواز (۳) بعض جنگلی جانوروں کی آواز ✦

ہُو (ہُو) (ع) (ضمیر مذکر غائب) وہ ✦

ہُوالاوّل ہُوالآخر (ع) خدا سب سے اوّل اور سب سے آخر ہے ✦

ہُوالشّافی (ع) خدا تعالےٰ شفا دینے والا ہے ✦

ہو (ہُو) (ع) (یا) (مذکر) خدائے تعالیٰ کا اسمِ ذات۔ اللہ کا مخفف ✦

ہو (ہُو) (ف۔ مؤنث) (۱) شوق اور مستی میں منہ سے نکلنے والی وہ (۲) شور۔ غل۔ ہنگامہ (۳) ڈر۔ خوف ✦

ہُو حق (ف۔ع) مؤنث۔ وجد یا مستی کی حالت میں منہ سے نکلنے والا نعرہ ✦

ہُو حق کرنا (ف) (۱) خدا کا نام لینا۔ اللہ اللہ کرنا (۲) شور و غل مچانا۔ مزے اڑانا ✦

ہُو حق ہو جانا (ف) (۱) تباہ و برباد ہو جانا۔ خاک میں مل جانا (۲) فنا فی اللہ ہو جانا (۳) فنا ہو جانا۔ مٹ

جانا۔ ناپید ہو جانا ✦

ہُو کا عالم (ف) مذکر (۱) عالمِ لاہوت (۲) اُجاڑ۔ ویرانہ ✦

ہُو کا مقام۔ یا۔ مکان (ف) مذکر۔ سنسان جگہ۔ جہاں آدمی کو وحشت معلوم ہو ✦

ہُوا (ہُوا) ہونا کی ماضی۔ ہوگیا۔ بنا۔ بن گیا ✦

ہُوا چاہتا ہے (ہ) جلد ہونے والا ہے۔ ضرور ہوگا ✦

ہُوا سو ہُوا (ہ) جو کچھ ہوگیا۔ سو ہوگیا۔ جانے دو۔ خیال نہ کرو ✦

ہُوا کریں (ہ) کچھ پروا نہیں۔ بلا سے۔ ہمیں کیا ✦

ہوّا (ہَوّ-وا) (ہ) مذکر۔ بچوں کو ڈرانے کی فرضی صورت۔ فرضی جن۔ بھوت پریت ✦

ہَوا (ہَوا) (ف۔ مؤنث) (۱) حرص۔ ہوس۔ لالچ (۲) شہوت۔ مستی (۳) آرزو۔ ارمان۔ اشتیاق۔ خواہش۔ تمنّا۔ شوق (۴) (ع) کرۂ باد جو آسمان اور زمین کے درمیان واقع ہے (۵) باد۔ باؤ۔ پون۔ وایُو (۶) بائی۔ پاد۔ باد۔ ریح (ف) (۷) سانس۔ نفس۔ دم (۸) (مجازاً) شدح (۹) (ف) ہلکی چیز۔ لطیف چیز (۱۰) (ف) وباد۔ ہیضہ۔ مری (۱۱) (ف) فنا۔ نیست۔ معدوم ✦

ہَوا اُٹھانا (ف) (۱) پاد مارنا۔ گوز مارنا (۲) رسوا کرنا۔ خاک اُڑانا ✦

ہَوا اُڑ جانا (ف) (۱) تشہیر ہو جانا۔ افواہ ہو جانا۔ چرچا ہو جانا (۲) بات کھل جانا (۳) خاک اُڑ جانا ✦

ہوا اُڑنا (ف) شہرت ہونا (۲) خواہش جاتی رہنا ✦

ہوا باز (ع۔ف) ہوائی جہاز اُڑانے والا ✦

ہوا بازی (ع۔ف) مؤنث۔ ہوائی جہاز اُڑانے کا فن ✦

ہوا باندھنا (ف) (۱) نمود کرنا۔ غرور کرنا۔ اِترانا۔ گھمنڈ کرنا۔ ڈینگ مارنا (۲) جھوٹی بات بنانا (۳) بھرم باندھنا۔ بھرم بنانا۔ ٹیپ ٹاپ دکھانا۔ جھوٹا دعویٰ کرنا (۴) شہرت دینا۔ اعتبار بڑھانا (۵) سماں باندھنا (۶) رعب جمانا (۷) ہوا روکنا ✦

ہَوا بتانا۔ بتلانا (ف) ٹالنا۔ رخصت کرنا۔ ٹال دینا ✦

ہَوا بدلنا (ف) (۱) ہوا میں انقلاب ہونا۔ ہوا پھرنا۔ ہوا میں تغیّر ہونا (۲) زمانے کا رُخ بدلنا۔ حالت بدلنا۔ ڈھنگ بدلنا (۳) تبدیلِ ہوا کے لئے ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا (۴) زمانے کا موافق ہونا (۵) رُت پھرنا۔ موسم پلٹنا ✦

ہوا بگڑ جانا ۔ بگڑنا (ف) (۱) ہوا میں خرابی آجانا۔ ہوا میں کثافت پیدا ہو جانا۔ ہوا کا زہریلا ہو جانا (۲) زمانے کا نا موافق ہو جانا۔ زمانہ پھر جانا (۳) اعتبار اُٹھ جانا۔ بات بگڑ جانا ؎

ہَوا بندھ جانا (ف) دھاک بندھ جانا۔ شہرت ہو جانا۔ نام ہو جانا۔ شہرہ ہو جانا ؎

ہَوا بندھنا (ف) (۱) ہوا بند ہونا۔ ہوا رُکنا (۲) دھاک بندھنا۔ شہرہ ہو جانا۔ ساکھ ہو جانا۔ رعب جمنا۔ (۳) سماں بندھنا ؎

ہوا بوجھ ناپ (ف) مذکر۔ ہوا کا بوجھ ناپنے والا آلہ۔ بیرومیٹر۔ مقیاس الہوا ؎

ہَوا بھر جانا (ف) (۱) ہوا سے پھول جانا۔ کسی چیز میں ہوا کا سما جانا (۲) مغرور ہو جانا۔ اِترا جانا (۳) موٹا ہو جانا۔ پھپس ہو جانا (۴) دیوانہ ہو جانا۔ پاگل ہو جانا ؎

ہَوا بھی نہ دینا (ف) (۱) ذرا بھی نہ دکھانا (۲) خبر تک نہ دینا۔ بالکل پتہ نہ دینا ؎

ہَوا پر اُڑنا (ف) مغرور ہونا۔ اِترانا ؎

ہَوا پر چڑھانا (ف) مغرور کر دینا ؎

ہَوا پر دماغ ہونا (ف) مغرور و متکبر ہونا۔ آسمان پر دماغ ہونا۔ اِترانا۔ نخوت کرنا ؎

ہَوا پرست (ف) (۱) عیاش۔ بیہودہ (۲) ظاہر پرست ؎

ہَوا پر سوار ہونا (ف) (۱) بلند پرواز ہونا (۲) جانے میں جلدی کرنا ؎

ہَوا پر ہونا (ف) (۱) اِترانا۔ فخر کرنا۔ گھمنڈ کرنا۔ (۲) تعدی پر ہونا۔ تیزی پر ہونا (۳) ظاہری ٹیپ ٹاپ ہونا ؎

ہوا پلٹ جانا (ف) (۱) زمانے کا رنگ بدل جانا۔ (۲) نصیبے کا برگشتہ ہو جانا ؎

ہوا پھانکنا (ف) فاقے رہنا۔ بھوکا رہنا۔ صرف ہوا کے سہارے جینا ؎

ہوا پھر جانا (ف) (۱) ہوا پلٹ جانا۔ زمانہ پلٹ جانا (۲) بھلے دن کرنا۔ اقبال کا یاور ہونا ؎

ہَوا چکی (ف) مؤنث۔ ہوا کے زور سے چلنے والی چکی ؎

ہوا چلنا (ف) (۱) ہوا لہرانا۔ ہوا کا رواں ہونا (۲) رواج ہونا۔ رواج پانا۔ رواج پڑنا۔ دستور ہونا ؎

ہوا خلاف ہونا (ف) (۱) بادِ مخالف کا چلنا (۲) زمانے کا موافق نہ ہونا ؎

ہَوا خواہ (ف) مذکر۔ خیر خواہ۔ محب۔ بھلائی چاہنے والا۔ دوست۔ طرفدار ؎

ہَوا خواہی (ف) مؤنث (۱) خیر خواہی۔ وفاداری۔ خیر اندیشی (۲) عشق۔ دوستی۔ محبت۔ الفت ؎

ہَوا دار (ف) (۱) خواہشمند۔ چاہنے والا۔ عاشق۔ طلب (۲) کھلا ہوا۔ وسیع۔ کشادہ۔ ایسا مکان جس میں ہوا خوب آ جا سکے (۳) (ف) تام جھام۔ تخت رواں۔ ایک قسم کی سواری جسے کہار اُٹھاتے ہیں ؎

ہَوا داری (ف) مؤنث۔ خواہشمندی۔ خیر خواہی۔ دوستداری ؎

ہَوا دینا (ف) (۱) ہوا میں رکھنا۔ کسی چیز کو ہوا کھلانا (۲) آگ کو ہوا سے سلگانا۔ آگ کو بھڑکانا (۳) اشتعال دینا۔ اُکسانا۔ فساد کرانا (۴) کبوتروں کو اُڑانا ؎

ہَوا روگی (ف) مؤنث (عو) زکام۔ سردی۔ نزلہ ؎

ہَوا سا (ف) (۱) ذرا سا۔ خفیف سا۔ یونہی سا (۲) ہوا کی مانند۔ ہلکا۔ نہایت تنک۔ لطیف ؎

ہَوا سے اُڑ جانا (ف) نہایت دُبلا پتلا ہونا ؎

ہَوا سے باتیں کرنا (ف) (۱) نہایت جلد باز ہونا۔ نہایت پھرتیلا ہونا (۲) کمال عیار اور چالاک ہونا ؎

ہَوا سے بچ کر نکلنا (ف) نہایت نفرت کرنا۔ پاس نہ پھٹکنا۔ الگ رہنا۔ کسی سے دور بھاگنا ؎

ہَوا سے لڑنا (ف) (۱) خواہ مخواہ لڑنا۔ ہر ایک سے لڑنا حتیٰ کہ ہوا سے لڑنا جس نے کچھ سروکار نہیں۔ راہ چلتوں سے لڑنا۔ نہایت بدمزاج اور تند خو ہونا (۲) بے فائدہ لڑنا۔ ایسی چیز سے لڑنا جس پر غالب آنا ناممکن ہو ؎

ہوا کا تھپیڑا (ف) مذکر۔ ہوا کا جھکڑ۔ ہوا کا زور سے جھونکا ؎

ہوا کا رُخ بتانا (ف) (۱) ٹالنا۔ حیلہ کرنا۔ رخصت کرنا۔ منہ نہ لگانا (۲) کسی چیز کو اُٹھا کر پھینک دینا ؎

ہَوا کا رُخ دیکھنا (ف) زمانے کے موافق کام کرنا۔ زمانے کی رفتار دیکھنا ؎

ہَوا کرنا (ف) (۱) ہَوا دینا۔ پنکھا کرنا (۲) رخصت کرنا۔ چھوڑنا۔ ترک کرنا ؎

ہَوا کھانا (ف) (۱) ہوا خوری کرنا۔ ٹہلنا۔ سیر کرنا۔ سدھارنا ؎

رخصت ہونا ۔

ہوا کھاؤ (ف) چلتے بنو۔ رخصت ہوجاؤ۔ چلتے پھرتے نظر آؤ ۔

ہوا کھونا (ف) وقعت مٹانا۔ ساکھ گنوانا ۔

ہوا کی روٹی (ا) مؤنث۔ نان ہوا۔ ایک قسم کی نہایت پتلی چپاتی ۔

ہوا کے گھوڑے پر سوار ہونا (ف) نہایت تیز وتند اور چست وچالاک ہونا۔ جلد باز ہونا (۲) مغرور ومتکبر ہونا ۔

ہوا لگ جانا (لگنا) (ف) (۱) ہوا کا اثر ہونا۔ ہوا کا جسم سے چھو جانا۔ ہوا کا محسوس ہونا (۲) ہوا کا بُرا اثر کرنا۔ ہوا کے اثر سے جسم کا اکڑ جانا (۳) مغرور ہوجانا۔ اترانا۔ دماغ چل جانا (۴) کسی صحبت کا اثر ہونا۔ مطلق اثر ہونا ۔

ہوا لینا (ف) ہوا کھانا ۔

ہوا مٹھی میں بند کرنا (ف) محنت بے فائدہ اور مشقت لاحاصل کرنا۔ ایسا کام کرنا جو ناممکن اور قریب بہ محال ہو ۔

ہوا میں گرہ دینا (ف) ناممکن اور مشکل کام کرنا۔ کار دشوار کا ارادہ کرنا ۔

ہوا نکلنا (ف) (۱) غرور ڈھیلا۔ شیخی تمام ہونا (۲) دم نکلنا۔ پھونک نکلنا (۳) گوز نکلنا ۔

ہوا نہ رہنا (ف) رونق نہ رہنا۔ جوبن نہ رہنا۔ بہار نہ رہنا ۔

ہوا نہ لگنے دینا (ف) نہایت بچائے اور چھپائے رکھنا۔ ہوا تک کا گزر نہ ہونے دینا۔ پاس نہ پھٹکنے دینا ۔

ہوا وہوس (ف۔ مؤنث) (۱) حرص اور لالچ (۲) عیاشی۔ شہوت پرستی ۔

ہوا ہو جانا (ہونا) (ف) (۱) ہوا کی مانند تیز رفتار ہوجانا۔ ہوا کی سی حالت ہوجانا (۲) دھار کا نہایت تیز ہوجانا (۳) فنا ہوجانا (۴) بہت جلد چلا جانا۔ چمپت ہوجانا۔ رفوچکر ہوجانا ۔

ہواؤ (ہوا۔ اُو) (مذکر) (۱) حوصلہ۔ ہمت۔ دلیری۔ مردانگی (۲) زور طاقت (۳) حجاب۔ پردہ ۔

ہوائی (ہوا۔ ای) (ف) (۱) منسوب بہ ہوا۔ آسمانی (۲) بادی۔ ریحی (۳) چالاک۔ تیز رفتار۔ تیز رو (۴) (ا) آوارہ۔ واہی (۵) (ا) مؤنث۔ ایک قسم کی آتشبازی (۶) (ا) لغویات۔ بیہودہ بات (۷) (ا) افواہ۔ اُڑتی ہوئی بات ۔

ہوائی آنکھ (ا) وہ آنکھ جو ایک جگہ نہ لگے ۔

ہوائی اُڑانا (ف) افواہ مشہور کرنا ۔

ہوائی اُڑنا (ف) (۱) افواہ ہونا۔ جھوٹی خبر مشہور ہونا۔ (۲) منہ فق ہونا۔ چہرے کا رنگ متغیر ہونا ۔

ہوائی تیر (ا) مذکر (۱) آسمانی تیر۔ وہ تیر جو ہوا کے رُخ چلایا جائے (۲) ایک قسم کی آتشبازی جو آسمان کے رُخ چلائی جاتی ہے ۔

ہوائی چھٹنا۔ یا۔ چھوٹنا (ف) (۱) تیر ہوائی چلنا (۲) رنگ ہوائی ہونا۔ رنگ فق ہونا۔ بے حواس ہونا ۔

ہوائی چھوڑنا (ف) آتشبازی چلانا ۔

ہوائی خبر (ا) مؤنث۔ بازاری گپ۔ افواہ۔ بے سروپا بات ۔

ہوائی دیدہ (ف) (ع) (۱) شوخ چشم۔ بے مروت۔ بے دید۔ وہ آنکھ جو ایک طرف نہ ٹھہرے ۔

ہوائیاں (ا) مؤنث۔ ہوائی کی جمع ۔

ہوائیاں اُڑنا۔ یا۔ چھوٹنا (ف) (۱) آتشبازی چلنا (۲) چہرے کا رنگ فق ہونا۔ منہ سفید پڑ جانا۔ منہ فق ہونا ۔

ہوائیں (ا) مؤنث۔ ہوا کی جمع ۔

ہوبہو (ف) بعینہٖ۔ جوں کا توں۔ ٹھیک ٹھیک۔ بجنسہٖ۔ مطابق ۔

ہوت (ہُوت) (ہ) مؤنث (۱) مقدور۔ سرمایہ۔ دولت۔ پونجی۔ شکتی۔ ثروت۔ حیثیت (۲) (ہ) پکارنے کا کلمہ (۳) برتاؤ۔ وسیلہ۔ ذریعہ (۴) لیاقت۔ قابلیت ۔

ہوت کا باپ ان ہوت کی ماں (ہ) (مثل) باپ روپیہ کا ساتھی اور ماں مفلسی کی ۔

ہوت کو دُکھ (؟)، جوت ہے (ہ) ساری رونق روپے کے ساتھ ہے ۔

ہوت والا (ہ) مذکر۔ (ع) دولت مند۔ مالدار۔ غنی۔ تونگر ۔

ہوتا (س) مذکر (۱) ہوم کرنے والا (۲) (ہ) رشتے کا قرابت دار (۳) (پورب) دولت۔ ثروت۔ مقدور (۴) (ف) ہونے والا (۵) ہونا کی ماضی ناتمام ۔

ہوتا رہے گا (ہ) تو ہی ایسا ہوگا۔ تو ہی ہوگا۔ یہی پر یہ بات پڑے گی۔ گالی کے جواب میں

* کلمہ زبان پر لاتے ہیں ؛

ہوتا سوتا (۲) (مذکر) (ع) (۱) متا جیتا۔ رشتے ناتے۔ عزیز۔ خویش۔ (۲) حمایتی ؛

ہوتا ہی ہوگا (۲) دیکھو ہوتے ہی ہوگا ؛

ہوتی آئی ہے (۵) قدیم رسم ہے۔ پہلے سے چلی آتی ہے۔ ہمیشہ کا دستور یہی ہے ؛

ہوتے (۵) (۱) ہوتے ہوئے۔ موجودگی میں۔ زندگی میں۔ سامنے۔ جیتے جی (۲) (مذکر) ہوتا کی جمع۔ رشتہ دار۔ عزیز و اقارب ؛

ہوتے ساتے (۲) ہوتے ہوئے۔ بحالت موجودگی موجود ہونے پر ؛

ہوتے سوتے (۲) مذکر۔ ہوتا سوتا کی جمع۔ خویش و اقارب ؛

ہوتے ہوتے (۵) رفتہ رفتہ۔ آہستہ آہستہ۔ سہج سہج ؛

ہوتے ہی دم توام جو کفن تھوڑا لگتا (۱) (مثل) ایسے شخص کی نسبت بولتے ہیں جس سے سخت نفرت ہو۔ یعنی ایسا شخص پیدا ہوتے ہی مر جاتا تو بہتر تھا کہ زیادہ کفن بھی نہ دینا پڑتا ؛

ہوتے ہی ہوگا (۵) آہستہ آہستہ ہوگا۔ بتدریج ہوگا۔ رفتہ رفتہ ہوگا ؛

ہوٹل (ہُوٹَل) (انگریزی۔ Hotel) مذکر۔ مسافر خانہ۔ وہ جگہ جہاں کھانے اور سکونت کا انتظام ہو ؛

ہوجیو (۱) خدا کرے کہ ہو جائے ؛

ہودج (ہَوْدَج) (ع۔ مذکر) (۱) ہودہ۔ عماری (۲) اونٹ کا کجاوا۔ محمل ؛

ہو چکا (۵) (بطور طنز) (۱) نہیں ہونے کا۔ صبر کرو۔ چھوڑ دو (۲) ہو لیا۔ تمام ہو گیا۔ بن چکا۔ ختم ہو چکا (۳) گزر گیا۔ مر گیا ؛

ہو چکنا (۵) (۱) ختم ہو جانا۔ پورا ہو جانا۔ تمام ہو جانا (۲) خرچ ہو جانا۔ صرف ہو جانا (۳) مر جانا۔ دم نکل جانا (۴) ہو جانا۔ ہونا ؛

ہو رہنا (۵) (۱) کہیں رہ پڑنا۔ گھر بنا لینا (۲) کسی کا ہو جانا (۳) طرفدار ہونا۔ ساتھی ہو جانا۔ بن جانا (۴) کسی کام کا رفتہ رفتہ ہو جانا (۵) کسی قابل ہو جانا۔ کچھ حاصل کر لینا۔ ہو سکنا ؛

ہُوَ وَہُ (ہُوْ۔ دَہْ) (ہندی) ٹھیک۔ بجا۔ درست۔ حق ؛

ہَودَہ (ہَوْ۔ دَہْ) (ا) مذکر۔ ایک قسم کی عماری۔ ہودج۔

(۲) چھوٹا حوض۔ چہ بچہ ؛

ہوری (ہُو۔ رِی) (۲) مؤنث۔ ہندوؤں کا ایک مشہور تہوار۔ ہولی ؛

ہوڑ (ہوڑ) (۲) مؤنث (ہندی) (۱) شرط۔ بازی (۲) داؤ پیچ۔ گھات (۳) قول۔ عہد۔ پچن (۴) ہٹ۔ تکرار۔ ضد (۵) رقابت۔ برابری۔ مقابلہ ؛

ہوڑا ہوڑی (۵) مؤنث (ہندی) (۱) ہٹ و تکرار۔ ضد۔ حجت (۲) مقابلہ۔ برابری۔ سامنا ؛

ہَوَس (ہَوَ س) (ع) مؤنث (۱) مالیخولیا۔ خبط (۲) (ف) شوق۔ اشتیاق۔ آرزو۔ تمنا۔ خواہش (۳) (ف) ادھورا اور جھوٹا عشق۔ ناقص محبت (۴) (ف) لالچ۔ حرص (۵) (ا) شہوت نفسانی خواہش (۶) (ا) حوصلہ (۷) ہر چیز کو جی چاہنا ؛

ہَوَس آنا (۱) ہوس ہونا۔ حرص ہونا۔ شوق ہونا۔ شوق چرانا۔ جی چاہنا۔ لالچ آنا ؛

ہَوَس بجھنا (۱) خواہش رفع ہونا۔ ارمان نکلنا۔ دل کی خواہش پوری ہونا ؛

ہَوَس پرور (ایضاً) (ف) بہت زیادہ حرص رکھنے والا۔ لالچی ؛

ہَوَس کیش (ف) ہوس کرنے والا۔ خواہش کرنے والا ؛

ہو سکنا (۵) ممکن ہونا۔ موقع بننا (۲) امکان میں ہونا ؛

ہو کر رہ (۱) ہو سکے (۱) ضرور۔ لابد ؛

ہَوَس ناک۔ ہَوَسناک (ف) (۱) حرصی۔ لالچی۔ ہوس کا بھرا ہوا۔ مطلب کا خواہاں (۲) پُر شہوت ؛

ہوس نکالنا (۱) ارمان نکالنا۔ آرزو پوری کرنا۔ حوصلہ نکالنا ؛

ہوس نکلنا (۱) آرزو پوری ہونا۔ ارمان نکلنا۔ دل کا حوصلہ نکلنا ؛

ہُوش (ہُوْ سش) (۲) غیر مہذب اور آدمیت سے خارج ؛

ہوش (ہوش) (ف۔ مذکر) (۱) عقل۔ دانش۔ دانائی۔ فہم۔ سمجھ۔ تمیز۔ شعور۔ وقوف (۲) خبر۔ واقفیت۔ آگاہی (۳) روح۔ دل۔ جان۔ قلب (۴) ہوش قوت۔ مدرکہ۔ حافظہ۔ حس۔ یاد ؛

ہوش آنا (۱) (۱) ہوشیار ہونا۔ سنبھلنا۔ شعور آنا (۲) عقل آنا (۳) آپے میں آنا ؛

ہوش اڑا دینا (۱) (۱) گھبرا دینا۔ بے اوسان کر دینا۔

حواس باختہ کر دینا (۲) متحیّر کر دینا - حیرت میں ڈال دینا - بے خود کر دینا ۔

ہوش اُڑانا (ف) بے اوسان کرنا عقل کھونا - گھبرانا ۔

ہوش اُڑ جانا (اُڑنا) (ف) حواس باختہ ہو جانا - گھبرا جانا - عقل ٹھکانے نہ رہنا متحیّر ہو جانا - حیرت میں آ جانا ۔

ہوش پکڑنا (ف) (۱) عقل حاصل کرنا شعور پکڑنا ہوشیار ہونا (۲) سیانا ہونا - سنِ تمیز کو پہنچنا ۔

ہوش پکڑو (ف) عقل کے ناخن لو - ہوش سنبھالو سنبھلو تمیز سیکھو ۔

ہوش جاتے رہنا - یا - جانا (ف) عقل کم ہونا - بے اوسان ہو جانا ۔

ہوش دنگ ہونا (ف) دیکھو ہوش اُڑنا ۔

ہوش سنبھالنا (ف) (۱) بڑا ہونا - سیانا ہونا - بالغ ہونا (۲) تمیز سیکھنا - عقل حاصل کرنا ۔

ہوش کا فور ہونا (ف) دیکھو ہوش اُڑ جانا ۔

ہوش کی بنوانا (ف) عقل پکڑنا - شعور پکڑنا ۔

ہوش کی بنواؤ (ف) عقل پکڑو - بیہودہ باتیں نہ کرو ۔ **ہوش کی خبر لو** ہوش کی دوا کرو - ہوش کی لو - ہوش کے ناخن لو (۱) تمیز پکڑو - عقل کا علاج کرو - وقوف حاصل کرو - (۲) بے تمیزی اور بے عقلی نہ کرو ۔

ہوش گم ہونا (ف) دیکھو ہوش اُڑنا ۔

ہوش مند - ہوشمند (ف) ہوش والا - عقل مند - ذی شعور - خردمند ۔

ہوش مندی - ہوشمندی (ف) مؤنث - ہوشیاری دانائی - عقلمندی - تمیز - شعور - وقوف ۔

ہوش میں آنا (ف) (۱) عقل حاصل کرنا تمیز سیکھنا (۲) آپے میں آنا - سنبھلنا - (۳) ہوشیار ہونا - عبرت پکڑنا ۔

ہوش میں آؤ (ف) عقل سیکھو - تمیز حاصل کرو - عقل سے بات کرو ۔

ہوش نہ ہونا (ف) حواس درست نہ ہونا عشرت نہ ہونا ۔

ہوش والا (ف) مذکّر - ہوشیار تجربہ کار سیانا - باخبر ۔

ہوش و حواس (ف - ع) مذکّر - عقل - تمیز ۔

ہوش و حواس اُڑ جانا (ف) عشرت نہ رہنا - عقل ٹھکانے نہ رہنا - اوسان جاتے رہنا ۔

ہوش ہونا (ف) شدھ ہونا - خبر ہونا - وقوف ہونا شعور ہونا - عقل ہونا - حواس درست ہونا ۔

ہوشیار (ف) (۱) فہیم - دانا - عاقل - واقف - خبردار (۲) عیّار - چالاک (۳) تجربہ کار (۴) جاگتا - بیدار - چوکنا - چوکس ۔

ہوشیار کرنا (ف) (۱) آگاہ کرنا - خبردار کرنا - جتانا متنبّہ کرنا (۲) جگانا - بیدار کرنا (۳) غفلت سے ہوش میں لانا ۔

ہوشیار ہو جانا (ف) (۱) ہوش میں آ جانا - شدھ ہو جانا - (۲) بیدار ہو جانا (۳) چوکس ہو جانا (۴) عقلمند ہو جانا (۵) بڑا ہو جانا - سیانا ہو جانا ۔

ہوشیاری (ف) مؤنث (۱) دانائی - عقلمندی - دانشمندی (۲) خبرداری - چوکسی (۳) دور اندیشی - عاقبت اندیشی (۴) عیّاری - چترائی (۵) احتیاط ۔

ہُوک (ہُوک) (ہ) مؤنث (ع) (۱) وہ درد جو دل یا سینہ میں ٹھیر ٹھیر کے یا یکایک اٹھے - سول - پیڑ - تکلیف - صدمہ (۲) پسلی کا درد - نمونیا (۳) آواز ۔

ہُوک اُٹھنا (ہ) درد ہونا - پہلو میں درد اٹھنا ۔

ہوکا (ہو - کا) (ہ) مذکّر (اکثر) فریاد - دُہائی ۔

ہَوکا - ہوکھا (ہَو - کا - ہَو - کھا) (ہ) مذکّر - خواہش - حرص - ہوس - طمع - لالچ - لوبھ ۔

ہَوکا کرنا (ہ) لالچ کرنا - حرص کرنا - لوبھ کرنا ۔

ہو کر رہنا (ہ) ضرور ہونا - لابد ہونا ۔

ہوکے (ہ) (۱) درمیان سے - پاس (۲) گزرتے ہوئے - ہوتے ہوئے (۳) ہو کر ضرور ۔

ہوگزرنا (ف) گزرے ہوئے زمانے میں ہونا ۔

ہولینا (ہ) ہو جانا - ہو چکنا - تمام ہو جانا ۔

ہو نہ ہو (ہ) (۱) غالباً (۲) یقیناً (۳) ہو یا نہ ہو ۔

ہوگا (ہ) شاید - شک کے مقام پر بولتے ہیں ۔

ہَول (ہوسل) (ہ) مؤنث - دھڑکا - صدمہ ۔

ہَول (ہَوْل) (ع - مذکّر) (۱) خوف - ڈر - خطرہ - اندیشہ - (۲) دل اضطراب - گھبراہٹ ۔

ہول آنا (ف) خوف معلوم ہونا - ڈر لگنا - دہشت آنا ۔

ہول اُٹھنا (ہ) خوف پیدا ہونا - دہشت سے گھبراہٹ ہونا ۔

ہول بیٹھ جانا (ف) ڈر بیٹھ جانا - خوف چھا جانا - دہشت بیٹھ جانا ۔

ہَول پڑنا (ل) (۱) خوف ہونا - دہشت ہونا (۲) اضطراب ہونا - گھبراہٹ ہونا ؛
ہَولِ دِل (ع - ف) (امذکّر) دل کی دھڑکن - اختلاجِ قلب - خفقان ؛
ہول دل ہونا (ل) دھڑکن ہونا - دل دھڑکنا - اختلاجِ قلب ہونا - خفقان ہونا ؛
ہول دلا (ا) مذکّر - بزدل - نامرد - ڈرپوک ؛
ہول دلی (ا) مؤنث (۱) گلے میں ڈالنے کا تعویذ جس سے دل کا خوف دور ہوجاتا ہے (۲) گھبراہٹ (۳) بزدلی ؛
ہول زدہ (ع ف) (۱) خوف زدہ - دہشت کا مارا ہوا (۲) گھبرایا ہوا - مضطرب (۳) ڈرپوک ؛
ہول کھانا (ل) (ف) ڈرنا - دہشت میں رہنا ؛
ہول ناک - ہولناک (ع - ف) خوفناک - خطرناک - ڈراؤنا - مہیب - بھیانک - ہیبت ناک ؛
ہُولا (ہُو - لا) (ا) مذکّر - ہُول - برچھی یا بھالے وغیرہ کی نوک کا صدمہ - بھونک ؛
ہَولا (ہَو - لا) (ا) مذکّر - بھنے ہوئے بوٹ ؛
ہولا کھائے منہ ہاتھ دونوں کالے (ف) مثل - بُرے کام میں بدنامی ہوتی ہے ؛
ہَولا (ہَو - لا) (ف) گھبرایا ہوا - بوکھلایا ہوا ؛
ہَولا جَولی (ا) مؤنث - (۱) گھبراہٹ - اضطراب - بیتابی (۲) بھاگڑ - افراتفری ؛
ہولڑ - ہولڑا (ہو - لڑ - ہو - لڑا) (ا) مذکّر - پیٹ کا بچہ - تُرت کا جنا ہوا بچہ ؛
ہولنا (ہول - نا) (ف) (۱) ہُوکس لگانا (۲) ہاتھی کو چلانا - ہاتھی کو ہانکنا (۳) دھکیلنا - دھکا دینا - ریلنا ؛
ہَولو (ہَو - لُو) (ف) (ع) متلوّن مزاج ؛
ہَولے (ہَو - لے) (ا) مذکّر - بھنے ہوئے یا اُبلے ہوئے ؛
ہولی (ہو - لی) (ا) انگریزی - Holy (ف) مقدّس - پوتر - پاک ؛
ہولی (ہو - لی) (ا) مؤنث (۱) ہندوؤں کا ایک مشہور تہوار جس میں ایک دوسرے پر رنگ چھڑکتے اور خوشی مناتے ہیں (۲) ایک قسم کے گیت جو ہولی کے موسم میں گائے جاتے ہیں (۳) لکڑیوں کا ڈھیر جو ہولی کے روز جلاتے ہیں ؛
ہولی جلانا (ف) ہولی کے دن لکڑیوں کا ڈھیر جلانا ؛
ہولی کا بھڑوا (ا) مذکّر - وہ شخص جسے ہولی کے دن میں رنگ وغیرہ ڈال کر مسخرہ بنایا جائے ؛
ہولی کھیلنا - (منانا) (ف) ہولی کے دن ایک دوسرے پر رنگ چھڑک کر خوشیاں منانا ؛
ہَولے (ہَو - لے) (ف) سبک سے - آہستہ - بتدریج - ہلکے سے ؛
ہَولے ہَولے (ف) آہستہ آہستہ - ہلکے ہلکے - رکا رکا - رفتہ رفتہ - بتدریج - ٹھہر ٹھہر کر ؛
ہوم (ہَوم) (ا) مذکّر - (ہُون) آگ کی پوجا - یگ - ہندوؤں کی ایک رسم جس میں وہ آگ جلا کر منتر پڑھتے اور گھی ڈالتے جاتے ہیں ؛
ہوم (ہوم) (ا) انگریزی - Home (ا) مذکّر گھر - مکان ؛
ہوم ڈیپارٹمنٹ (ا) انگریزی - Home Department (ا) مذکّر - وہ محکمہ جس کے متعلق تعلیم پولیس اور جوڈیشل وغیرہ کا کام ہوتا ہے - محکمۂ داخلیہ ؛
ہوم رول (ا) انگریزی - Home rule (ا) مذکّر - گھر کی حکومت - حکومت خود اختیاری - سوراجیہ ؛
ہوم سکرٹری (ا) انگریزی (Home Secretary) (ا) مذکّر - وزیر داخلہ ؛
ہوم منسٹر (ا) انگریزی - (Home Minister) (ا) مذکّر - دیکھو "ہوم سکرٹری" ؛
ہومیوپیتھک (ا) انگریزی - (Homeopathic) (ا) مذکّر - علاج بالمثل - گرم کا گرمی اور سرد کا سردی سے علاج ؛
ہوں (ہُوں) (ف) ہاں - بیلے - کلمۂ اقرار و اقبال یا اجازت ؛
ہوں ہاں کرنا (ف) (۱) صاف جواب نہ دینا - ٹال مٹول کرنا - آرے پلے کرنا (۲) بچے کا پہلے پہل بولنے لگنا ؛
ہُوں ہُوں (ف) (۱) یہ وہ کلمہ ہے جس سے اقرار و انکار دونوں باتیں ثابت ہوتی ہیں - انکار بمنزلہ اقرار (۲) کسی کام کو رد کرنے کا کلمہ (۳) ہٹ اور ضد کا کلمہ ؛
ہُوں ہُوں کرنا (ف) (۱) ہاں ہاں کرنا (۲) منہ سے ہُوں ہُوں کی آواز نکالنا - (۳) ٹالنا - ٹال مٹول کرنا ؛
ہونا (ف) (۱) پیدا ہونا - جنم لینا (۲) ظاہر ہونا (۳) واقع ہونا - وارد ہونا (۴) موجود ہونا - رہنا (۵) بچہ پیدا ہونا - تولّد ہونا (۶) نزول ہونا - جھڑنا (۷)

پیش آنا - بننا (۸) حاصل ہونا - ملنا - بہم پہنچنا (۹) معلوم ہونا (۱۰) ٹھہرنا - قرار پانا - تسلیم کیا جانا (۱۱) گزرنا - بیتنا ۔

ہونا نہ ہونا (ہ) مذکر - عدم و وجود - ہست و نیست ۔

ہوتا ہواتا (ہ) کسی فعل کا سرزد ہونا ۔

ہونٹ - ہونٹھ (ہونٹ - ہونٹھ) (ہ) مذکر - لب - منہ کے باہر کا اوپر اور نیچے کا حصّہ ۔

ہونٹ پپڑانا (ہ) لبوں کا خشکی یا تشنگی کے سبب نہایت خشک ہو جانا - پپڑی بندھنا ۔

ہونٹ پھٹ جانا (ہ) سردی کی شدّت - منہ پر تمانچہ لگنے یا گر جانے سے ہونٹ میں شگاف پڑ جانا ۔

ہونٹ تک نہ ہلنا (ہ) منہ سے بات تک نہ نکلنا - منہ سے اشارہ تک نہ ہو سکنا ۔

ہونٹ چاٹا کرنا (ہ) کسی خوش ذائقہ چیز کا مزہ یاد کر کے ہونٹوں پر زبان پھیرنا - مزے کا مشتاق رہنا - مزہ لیا کرنا - محو لذّت و لطف ہو جانا ۔

ہونٹ چاٹتے رہ جانا (ہ) لذّت یاد کر کے رہ جانا - مزہ یاد کرتے رہ جانا - ذائقہ نہ بھولنا ۔

ہونٹ چاٹنا (ہ) (۱) ہونٹوں پر زبان پھیرنا (۲) کسی چیز کا ذائقہ یاد کرنا - لذّت لینا - ذائقہ لینا - (۲) ہونٹ چوسنا ۔

ہونٹ چاٹنے سے پیاس نہیں بجھتی (ہ) مثل - تھوڑی سی امداد کا کچھ فائدہ نہیں ۔

ہونٹ چبانا (ہ) (۱) غصّے کی حالت میں ہونٹوں کو دانتوں سے کاٹنا (۲) غصّہ دکھانا - دانت پیسنا ۔

ہونٹ خشک ہونا (ہ) منہ سوکھنا - منہ پر ہوائیاں اڑنا ۔

ہونٹ سی دینا (ہ) منہ بند کر دینا - خاموش کر دینا - چُپ لگا دینا ۔

ہونٹ سی لینا (سینا) (ہ) چُپ ہو جانا ۔

ہونٹ کاٹنا (ہ) (۱) افسوس ظاہر کرنا (۲) جلنا - حسد کرنا ۔

ہونٹ کٹا (ہ) مذکر - کٹے ہوئے ہونٹ والا - یا جس کا ہونٹ خرگوش کی طرح ہو ۔

ہونٹ ملوں تو دودھ نکل پڑے (ہ) ابھی دودھ پیتے بچے ہو - ذرا زور کروں تو پیا ہوا دودھ نکل پڑے ۔

ہونٹ ہلانا (ہ) بات کرنا - بات کہنا ۔

ہونٹل (ہونٹھل) (۱) بڑے بڑے اور موٹے ہونٹوں والا ۔

ہونٹوں (ہ) مذکر - ہونٹ کی جمع - حرفِ جار سے پہلے ۔

ہونٹوں پر چھٹی کا دودھ یاد آجانا (۱) شدید مصیبت میں مبتلا ہونا ۔

ہونٹوں سے دودھ کی بو نہیں گئی (۱) ابھی تک شیر خوار بچے ہو (۲) ابھی نادان ہو (۳) ابھی دودھ پیتے بچے ہو ۔

ہونٹوں کی مسّی پونچھو (۱) بات کرنے کا سلیقہ سیکھو - سلیقے سے بات کرو ۔

ہونٹوں میں مسکرانا (ہ) اس طرح ہنسنا - کہ دانت نہ کھلیں اور ہونٹ ہی ہل کر رہ جائیں ۔

ہونٹوں ہونٹوں میں (ہ) ہونٹوں کے اشارے سے ۔

ہونٹھی (ہونٹوں - ٹھی) (ہ) مؤنث (۱) گھوڑے کا دہانہ (۲) دہانے کی زنجیر ۔

ہونس (ہونس) (ہ) مؤنث (۱) نظرِ بد - ٹوک (۲) رشک (۳) حسد - جلن (۴) عداوت - بیر - بد خواہی - بغض ۔

ہونس سے ریس بھلی (ہ) حسد سے رشک اچھا ہے - عداوت سے رشک بہتر ہے ۔

ہونس کھا گئی (ہ) مؤنث - نظر نے مار ڈالا - نظرِ بد نے اثر کر لیا ۔

ہونس لگ جانا (ہ) نظر لگ جانا - ٹوک میں آجانا ۔

ہونسا سو مو سا (ہ) مثل - حاسد آپ ہی اپنا نقصان کرتا ہے ۔

ہونسنا (ہ) (۱) نظر لگانا - ٹوکنا (۲) جلنا - حسد کرنا (۳) رشک کھانا (۴) بُرائی چاہنا ۔

ہونق (ہَوَنْ - نَق) (۱) دیکھو ہبنق ۔

ہونکنا (ہونک - نا) (ہ) (۱) ہانپنا - سانس پھولنا (۲) شیر کا بولنا - گرجنا ۔

ہونگے پوت تو پوجیں گے بھوت (ہ) اولاد کی امید پر بھوت پریت کی پرستش بھی منظور ہے کچھ نفع ہو تو خدمت بھی کریں - اپنی غرض کو سب کچھ کرتے ہیں ۔

ہونہار (ہونْ - ہار) (ہ) (۱) وہ لڑکا یا پودا جس میں سرسبز ہونے کے آثار پائے جائیں - ہونے والا (۲) نا ٹل ہونے والا - وہ بات جس کا ہونا ازل میں لکھا گیا ہو (۳) اقبال مند - نصیبے والا - لائق - قابل ۔

ہونہار بروے کے چکنے چکنے پات (ہ)

(مثل) صاحب اقبال بچپن ہی سے معلوم ہو جاتا ہے ۔

ہونہار تھی نہیں ہووے چیلوں سے بیس (۴) (مثل) بخیل کنجوس ہو کر رہتی ہے ۔

ہونی (ہو-نی) (۲) مؤنث - ہونے والی پیش آنے والی - تقدیر ۔

ہونے دو (۴) (۱) ہو لینے دو - ہو جانے دو (۲) مت روکو - منع نہ کرو (۳) کیا پروا ہے - کچھ ڈر نہیں ۔

ہونے کے دن آئے (۴) (ع) حیض کے دن آپہنچے - ایام حیض قریب پہنچے ۔

ہونے والا (۴) (۱) ہونہار - ہونے جوگ (۲) پیش آنے والا - ممکن ۔

ہووے (۴) ہو - شود - باشد (متروک) ۔

ہوہا (ہو-ہا) (۲) مؤنث (۱) غل - شور - غوغا - چیخم دھاڑ (۲) ہنسی ٹھٹھے کی آواز - ہاہو (۳) کبوتروں کے اُڑانے کی آواز (۴) ہنگامہ - فساد (۵) دھوم دھام - زور شور ۔

ہوہا کرنا (۴) (۱) غل مچانا - شور مچانا (۲) قہقہہ لگانا - (۳) کبوتر اُڑانا ۔

ہونی ہے نہ ہوگی (۴) (ع) ممکن نہیں - ہرگز نہیں ہوسکتی - یہ بات نہ کبھی ہوئی ہے نہ ہوگی ۔

ہوئے ہیں نہ ہونگے (۴) (۱) ناممکن ہے (۲) محض بے مروت اور بے دید ہیں ۔

ہویدا (ہُوَے-دا) (ف) ظاہر - عیاں - آشکارا - کھلا ہوا - واضح - صاف - صریح ۔

ہ-ٹ

ہٹی (ہٹی) (۲) مؤنث (۱) حیرانی (۲) دھوم - تہلکہ - شور - غوغا ۔

ہٹے (ہیٹے) (۴) دیکھو "ہے" (متروک)

ہ-ی

ہی (ہی) (۴) (۱) فقط - صرف - اکیلا - تنہا - محض (۲) بالکل ذرا - تھوڑا (۳) ضرور (۴) فوراً (۵) ذریعہ - وجہ سے (۶) تخصیص اور تاکید کا حرف ۔

ہی (ہی) (۲) - مذکر دل - من ۔

ہے (ہے) (۴) (۱) ہست حاضر موجود ہونا سے مشتق ۔

ہے (ہے) (۴) (۱) ہائے کا مخفف (افسوس - ہائے ۔

ہے ہے کر کے بیٹھنا (۱) (بیگمات) نوحہ کر کے بیٹھنا ماتم کر کے بیٹھ جانا - کسی کے مرنے کی آرزو کرنا ۔

ہے ہے نہ کھٹے کھٹے (۴) (ع) جھگڑا نہ ٹنٹا - جھک جھک نہ بک بک ۔

ہیا (ہیا) (۲) مذکر (۱) دل - من - چت - کلیجہ - جگر تاب (۲) جرأت - دلیری - حوصلہ ۔

ہیاؤ (ہیا-آؤ) دیکھو "ہیاؤ"

ہیبت (ہے-بت) (ع - مؤنث) خوف - ڈر - دہشت - رعب ۔

ہیبت زدہ (ع-ف) ڈرا ہوا - خوف کا مارا ہوا - خوف زدہ ۔

ہیبت ناک (ع-ف) خوفناک - خطرناک - پرخطر - ڈراؤنا - مہیب ۔

ہیت (ہیئت) (۲) مذکر (۱) سبب - باعث - کارن (۲) لگن - لو - تعلق - عشق - محبت ۔

ہیٹ (ہیٹ) (انگریزی - Hat) مؤنث

ہیٹ (ہیٹھ) (ہیٹ ہیٹھ) (۴) (۱) نیچے - تلے - زیر - تحت (۲) پست - نیچا (۳) اوچھا - ادنیٰ - چھوٹا - سفلہ - کمینہ (۴) ذلیل - خراب ۔

ہیٹا (ہے-ٹا) (۴) (۱) چھوٹا - گھٹیا - ناقص (۲) زیر (۳) کمینہ - سفلہ (۴) پست ہمت - نامرد - کمزور - بزدل - ڈرپوک (۵) ادنیٰ - کم درجے کا - کم تبہ (۶) بودا ۔

ہیٹی (۲) مؤنث - ذلت - سبکی - بدنامی - رسوائی - بے قدری - تحقیر ۔

ہیٹی کرنا (۴) رسوائی کرنا - بے عزتی کرنا ۔

ہیٹی ہونا (۴) ذلت ہونا - سبکی ہونا - نک کٹی ہونا - رسوائی ہونا ۔

ہیجا (ہے-جا) (ع - مؤنث) جنگ - لڑائی - پیدہ - رزم ۔

ہیجان (ہے-جان) (ع - مذکر) (۱) جوش - اُبال (۲) تیزی - شدت - زور - غلبہ ۔

ہیجڑا (ہیج-ڑا) (۲) مذکر (۱) وہ شخص جس کے خصیے اور عضو تناسل کاٹ دیا گیا ہو - خصی - آختہ - (۲) مخنث - ہیز - خوجہ - خواجہ سرا (۳) نامرد ۔

زنخہ ۔ زنانہ (۲) سست ۔ بودا ۔ نامرد ۔ ڈھل ؛

ہیجڑا بنانا (ف) نامرد بنانا ۔ زنخہ بنانا ۔ لڑکے کا عضو تناسل کاٹ کر مخنث بنانا ؛

ہیجڑوں (۱) مذکر ۔ ہیجڑا کی جمع ۔ حرف جار سے پہلے ؛

ہیجڑے (۱) ۔ مذکر ۔ ہیجڑا کی جمع ؛

ہیجڑے کا اللہ میاں نے اٹھنّی کا بھی اعتبار نہیں کیا (۲) مثل ۔ ہیجڑے کا قول اعتبار نہیں ؛

ہیجڑے کے گھر بیٹا ہوا (۲) مثل ۔ ناممکن بات ہو گئی ۔ اچنبھے کی بات ہو گئی ؛

ہیچ (ہیچ) (ف) (۱) معنی ۔ بیطرف ۔ کچھ نہیں (۲) کم ۔ قلیل (۳) نکما ۔ ناکارہ ۔ بیہودہ ۔ ناکارہ خالی (۴) قابلِ نفرت ۔ زبون (۵) (۱) فضول ۔ بیکار ۔ بیہودہ (۶) (۱) کوئی ۔ کچھ ۔ ہیچ پوچ ؛

ہیچمدان (ف) نادان ۔ بے علم ۔ ناواقف ۔ کچھ نہ جاننے والا ؛

ہیچمدانی (ف) مؤنث ۔ نادانی ۔ بے علمی ۔ ناواقفیت ۔ بے ہنری ۔ کچھ نہ جاننا ؛

ہیچ میرز (ف) بے قیمت ۔ ناچیز ؛

ہیچ پوچ (ف) (۱) بے مغز چیز (۲) لغو ۔ بیہودہ ؛

ہیچ کارہ ۔ ہیچکارہ (ف) (۱) نالائق (۲) بے فائدہ ۔ نکما ؛

ہیڈ (ہیڈ) انگریزی ۔ Head (مذکر) (۱) سر ۔ رئیس (۲) سرگروہ ۔ سردار ۔ پیشوا (۳) اعلیٰ ۔ صدر ۔ بڑا ؛

ہیڈ آفس (انگریزی Head Office) (مذکر) بڑا دفتر ۔ صدر دفتر ۔ دفتر اعلیٰ ؛

ہیڈ کلرک (انگریزی ۔ Head Clerk) (مذکر) میر منشی ۔ محرّر اعلیٰ ؛

ہیڈ کوارٹر (انگریزی Head Quarter) (مذکر) صدر مقام ۔ مرجع ۔ صدر ؛

ہیڈ ماسٹر (انگریزی ۔ Head master) (مذکر) صدر مدرس ۔ مدرس اعلیٰ ۔ مدرسہ میں سب سے بڑا استاد ؛

ہیڈرا ۔ (ہیڈرا) (ہیڈ ۔ را) (ہیڈ ۔ کا) (ف) مذکر ۔ (عو) (۱) حال ۔ درجہ ۔ حالت (۲) صورت ۔ شکل (۳) سلیقہ ؛

ہیڈرا جانا (ف) حال بے حال ہونا ؛

ہیڈرا کھونا (ف) بُرا درجہ کرنا ؛

ہیر (ہیر) (س) مؤنث (۱) لکشمی ۔ دولت (۲) خلاصہ ۔ جوہر ۔ ست ۔ مغز ۔ رس (۳) (۲) رانجھا کی معشوقہ جس کا افسانہ زبان زدِ خلائق ہے ۔ (۴) جڑ ۔ اصل ۔ مول (۵) طاقت ۔ زور ۔ قوت (۶) صاف ۔ شفاف ۔ خالص ؛

ہیئر (ہیئر) (انگ Hair) (مذکر) بال ؛

ہیئر ڈریسنگ (انگ Hair dressing) (مذکر) بال سنوارنا ۔ مانگ سنوارنا ؛

ہیئر کٹنگ سیلون (انگریزی ۔ Hair Cutting Saloon) (مذکر) حجام خانہ ۔ نائی کی دکان جہاں بال وغیرہ کاٹے جاتے ہیں ؛

ہیرا (ہی ۔ را) (ف) مذکر (۱) ایک قسم کا بیش قیمت سخت پتھر جس کے کھانے سے آدمی مر جاتا ہے الماس (۲) عمدہ ۔ نفیس ؛

ہیرا آدمی (۱) بھلا مانس آدمی ۔ قابلِ تعریف ۔ سچا آدمی ۔ کھرا آدمی ؛

ہیرامن (۲) مذکر ۔ طوطا ۔ میٹھو ؛

ہیرا ہینگ (ف) مؤنث ۔ عمدہ قسم کی ہینگ ؛

ہیرا پھیری (ہے ۔ را ۔ پھے ۔ ری) (ف) مؤنث (۱) کسی طرف کو لانا اور پھر پھیرنے کو جانا (۲) آنا جانا ۔ آمد و رفت ؛

ہیر پھیر (ہیر ۔ پھیر) (ف) مؤنث (۱) گردش ۔ دورہ ۔ چکّر ۔ انقلاب (۲) راہ کا خم و پیچ (۳) خریدنا اور واپس کرنا (۴) قصور ۔ کمی ۔ کوتاہی (۵) اینچ پیچ ۔ مکر و فریب ؛

ہیر پھیر کی باتیں (ف) مؤنث ۔ مکر و فریب کی باتیں ۔ اینچ پیچ کی باتیں ۔ دھوکے کی باتیں ؛

ہیرنا (ہیر ۔ نا) (ف) (ہندی) (۱) دیکھنا ۔ مشاہدہ کرنا ۔ ملاحظہ کرنا (۲) تلاش کرنا ۔ ڈھونڈنا ۔ جستجو کرنا (۳) شکار کرنا (۴) رگیدنا ۔ پیچھا کرنا ۔ پیروی کرنا ۔ تعاقب کرنا (۵) پکڑنا ۔ گرفت کرنا ۔ مزاحمت کرنا ؛

ہیرو ۔ ہیرو (ہے ۔ رو ۔ ہے ۔ رو) (ف) مؤنث ۔ ایک قسم کے گیت جو گوالے دیوالی کے روز گاتے ہیں ؛

ہیرو ۔ (ہی ۔ رو) انگریزی ۔ Hero (مذکر) (۱) بہادر ۔ شجاع ۔ غازی ۔ سورما (۲) مشہور آدمی (۳) وہ شخص جس پر قصے کا مدار ہو ۔ قصے کی جان ؛

ہیرو ناسٹلجیا (ہیر- وَا) (۲)- مذکّر (۱) وہ حالت جب بچّہ کسی گھر کو یاد کرتا ہے ؛

ہیرو آکرنا (۲) (۱) بچّے کا کسی کو یاد کرنا ؛

ہیروز (انگریزی) Heroes - ہیرو کی جمع ؛

ہیروئن (انگریزی) Heroine - مؤنّث - ہیرو کی تانیث ؛

ہیرے (۵) ہیرا کی جمع ؛

ہیرے کی پرکھ جوہری جانے (۹) (مثل) ہنر کی قدر ہنرمند ہی کرتا ہے - ہنر کو قدردان ہی پہچانتا ہے ؛

ہیرے کی کنی (۹) مؤنّث (۱) ہیرے کی کرچ - الماس کا ریزہ ؛

ہیرے کی کنی کھانا (۲) الماس کا ریزہ کھا کر جان دینا ؛

ہیڑا (ہے - ڑا) (۲) مذکّر - (گنوار) (۱) گوشت - لحم - ماس (۲) شکار (۳) سالن - ترکاری ؛

ہیڑی (۲) مؤنّث - شکاری - صیّاد ؛

ہیز (ہیز) (ف) (۱) ہیجڑا - مخنّث - خواجہ سرا - زنخہ (۲) بزدل - نامرد - بودا - ڈرپوک ؛

ہیزم (ہے - زُم) (ف) مؤنّث - جلانے کی لکڑی - سوکھی لکڑی - ایندھن ؛

ہیزم فروش (ف) مذکّر - لکڑیاں بیچنے والا - لکڑہارا ؛

ہیزم کش (ف) (۱) لکڑیاں اٹھانے والا مزدور - (۲) لکڑیاں کاٹنے والا - لکڑہارا ؛

ہیژدہ (ہَژ - دَہ) (ف) اٹھارہ - ہژدہ - ۱۸ ؛

ہیضہ (ہے - ضَہ) (ع) - مذکّر - دست و قے - ایک متعدی بیماری کا نام جس میں دست و قے ہو کر انسان مر جاتا ہے ؛

ہیضہ پھیلنا (۹) ہیضے کی وبا عام ہو جانا ؛

ہیضہ کر کے مرنا (۱) ہیضے کے باعث انتقال کرنا ؛

ہیضہ کرنا (۱) بدہضمی وغیرہ کے سبب سے قے کرنا - استفراغ کرنا - اُلٹی کرنا ؛

ہیضہ ہونا (۱) تخمہ ہونا - بدہضمی ہونا ؛

ہیک (ہیک) (۲) مؤنّث - ایک قسم کی مچھلی ؛

ہیکڑ (ہے - کڑ) (۲) (۱) زبردست - خودسر - شیخی مارنے والا (۲) موٹا تازہ ؛

ہیکڑی (۲) مؤنّث (۱) زور آوری - زبردستی - سرکشی (۲) شیخی ؛

ہیکڑی جتانا (۲) (۱) زبردستی کرنا - زور دکھانا (۲) اینٹھنا - اکڑ فوں کرنا (۳) دھمکی دینا ؛

ہیکڑی سے - (۲) زبردستی سے ؛

ہیکڑی کرنا (۲) دیکھو "ہیکڑی جتانا" ؛

ہیکل (ہے - کَل) (ع) مؤنّث (۱) صورت یا بت جو کسی ستارے کے نام پر بنایا جائے (۲) مجازاً ستارے کا مندر (۳) بڑے جسم کا گھوڑا (۴) بت خانے کا بڑا مکان (۵) شان و شوکت - عظمت - شکوہ (۶) تعویذ - جنتر - حمائل (۷) صورت - شکل - نقشہ - ڈیل ڈول (۸) علامت - نشان (۹) عدد - ہندسہ (۱۰) تصویر - ہیئت (۱۱) طرح - انداز - اسلوب - وضع قطع - کج دھج (۱۲) جسم - بدن - تن - اندام - قد - قامت ؛

ہیگا (۲) (۱) موجود ہے - حاضر ہے (۲) فرور ہے - بیشک ہے - بلاشبہ (۳) کیا موجود ہے ؟

ہیل (ہَیل) (۲) مؤنّث (گنوار) بھری ہوئی ٹوکری یا ٹوکرا ؛

ہیل (ہیل) (ف) مؤنّث - سفید الائچی - چھوٹی الائچی ؛

ہیلا (ہی - لا) (۲) مذکّر (۱) ریل - دھکیل - دھکا - ٹھیلا (۲) کام کاج (۳) باری - بار - وار - دفعہ - مرتبہ (۴) ٹوکرا - ٹوکری (۵) آواز - ہانک ؛

ہیلا دینا - یا - مارنا (۲) (۱) دھکیلنا - ریلنا - پیلنا - دھکا دینا (۲) ہانک مارنا - پکارنا ؛

ہیلتھ (ہَیلتھ) (انگریزی) Health - صحت - تندرستی ؛

ہیلتھ آفیسر (انگریزی) Health Officer - مذکّر - محکمہ حفظانِ صحت کا حاکم اعلیٰ ؛

ہیلتھ انشورنس (انگریزی) Health Insurance - مذکّر - بیمۂ صحت - تندرستی کا بیمہ کرانا ؛

ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ (انگریزی) Health Department - مذکّر - محکمۂ حفظانِ صحت ؛

ہیل میل (ہیل میل) (۲) - مذکّر (ہندو) ربط ضبط - میل جول - موافقت - پیار - اخلاص - ارتباط ؛

ہیلنا (ہیل - نا) (۲) (گنوار) تیرنا - پیرنا - شناوری کرنا ؛

ہیلے (ہی - لے) (۲) مذکّر (ہندو) (۱) بار - باری - دفعہ (۲) کام کاج ؛

ہیمہ (ہے - مَہ) (ف) مؤنّث - ایندھن ؛

ہیمیا (ہی - میا) (ف) مؤنّث - علم طلسم ؛

ہیِن (ہِین) (س) (۱) گھٹیل - گھٹا ہوا - کم - کوتاہ - چھوٹا (۲) ناقص - ناتمام - ادھورا - خام (۳) کھوٹا (۴) خالی - تہی (۵) فروغ - باطل (۶) بد - برا - ہیٹا - ہیچ (۷) خراب

ہمتا ۔

ہیں (ہَیں) (ع) ہے کی جمع ۔

ہیں (ہِیں) (ح) (۱) کلمۂ تنبیہ و ممانعت - باز آ - خبردار - ہوش کر (۲) استفہام - یا دریافت کرنے کے لئے آتا ہے (۳) برائے تعجب و استعجاب ۔

ہیں ہیں (ح) نہایت تنبیہ و ممانعت اور باز رکھنے کے موقع پر بولتے ہیں ۔

ہینا (ص) (۱) ہیٹا - بے قدر - ذلیل (۲) نکما (۳) شرمندہ - خجل (۴) ہیچ - حقیر (۵) محتاج - غریب مفلس (۶) دبلا لاغر - کمزور ۔

ہینتا (ا) مؤنث - کمی - تخفیف - گھٹت گھٹتی ۔

ہینڈ (ہَینڈ) (انگریزی - Hand) مذکر ہاتھ - دست بدست ۔

ہینڈل (انگریزی - Handle) مذکر - دستہ - موٹھ - قبضہ ۔

ہینسنا (ہِینْس - نا) (ہ) گھوڑے کا ہنہنانا - گدھے کا رینکنا ۔

ہینگ (ہِینگ) (ہ) مؤنث - ایک درخت کا گوند جسے دال میں خوشبو کے لئے ڈالتے ہیں - اسے بادی کے لئے بہت مفید سمجھتے ہیں ۔

ہینگ آئی تو بات لگائی (ف) موقع کھو دیا ۔

ہینگ لگا کر رکھو (ف) (طنزاً) ہوا نہ لگنے دو - بچا کر رکھو ۔

ہینگ لگانا (ف) کسی چیز کو ہینگ کرنا (۲) زک دینا - برا ناچا دکھانا - ذلیل کرنا (۳) سنوارنا - بنانا ۔

ہینگ ہگنا (ف) (۱) پیچش کے مرض میں گرفتار ہونا (۲) سخت بیمار ہونا - بیمار پڑا رہنا (۳) نہایت کمزور و ناتواں ہونا ۔

ہینگا (ہِین - گا) (ہ) مذکر - (گنوار) کھیت میں پھیرنے کا پٹیلا - سہاگا - پٹیلا

ہیو (ہِیو) (ہ) (گنوار) گائے یا ڈھور کے بلانے کی آواز ۔

ہیولا - ہیولی (ہَیُو - لا) (ع - مذکر) ہر چیز کا مادہ - اہیت - اصل (۲) ڈھیر - تودہ - انبار (۳) نقشہ - مسودہ بیڈول - جسم (۴) ڈول - ٹھاٹھ - خاکہ (۵) (ف) نا شائستہ غیر مہذب (۶) لاغر - ضعیف (۷) متلون مزاج - ایک حال یا ایک وضع پر قائم نہ رہنے والا ۔

ہیولائے اول (ع) مذکر جو ہر اول - عقل اول - حضرت جبرئیل علیہ السلام ۔

ہیہات (ہَے - ہات) (ع) (۱) لغوی معنی دور ہو (۲) افسوس - ہائے ہائے ۔

ہیہات ہیہات (ف) غضب ہوا - افسوس - افسوس - وائے وائے - ہے ہے (۲) افسوس صد افسوس - حیف صد حیف - ہائے - افسوس - وائے دریغ - (۳) رونے پیٹنے کی آواز - ہائے ہائے - واویلا (۴) تعجب یا اچنبھے کے موقع پر بولتے ہیں غضب ہوا - تعجب ہے (۴) مؤنث - جھگڑا - ٹنٹا ۔

ہی ہی (ہِی ہی) (ح) مؤنث - ہنسنے کی آواز - ہنسی کی آواز - کھل کھل ۔

ہی ہی ٹھی ٹھی (ف) مؤنث - بیہودہ ہنسی ۔

ہیئت (ہَے - اَت) (ع) مؤنث (۱) ساخت - بناوٹ (۲) شکل - صورت (۳) حالت - کیفیت - طور - طریق - (۴) اجرام فلکی اور زمین کی گردش کشش وغیرہ کا علم ۔

ہیئت اصلی (ت - ف) مؤنث - حقیقی شکل ۔

ہیئت پکڑنا (ف) صورت اختیار کرنا ۔

ہیئت دان (ع - ف) علم ہیئت جاننے والا - نجومی ۔

ہیئت کذائی (ع - ف) مؤنث - موجودہ حالت - مخصوص بری حالت ۔

ی

ی (یاء۔ یے) (ع) اردو کا پینتیسواں۔ فارسی کا بتیسواں۔ عربی کا اٹھائیسواں اور ہندی کا چھتیسواں حرف ہے (۲) ابجد میں اس کے دس عدد فرض کئے گئے ہیں ۔

ی-ا

یا (یا) (ع) (۱) اے۔ اسے۔ جی۔ ارے (۲) (ف) تردید کا کلمہ۔ خواہ۔ چاہو ۔

یا اللہ (الٰہی) (ع) (۱) اے خدا۔ خدایا (۲) کسی کے تعظیم دینے کا کلمہ۔ کلمۂ تعظیم ۔

یا امامؑ یا حسینؑ (ع) (ندا) تعزیے لے کر چلتے ہیں تو یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں ۔

یا بار خدا (ع۔ ف) اے بزرگ و برتر خدا ۔

یا باں شور و شر۔ یا بایں بے نمکی (ف) یا تو اتنا اخلاص تھا۔ یا اب اس قدر بے اعتنائی ۔

یا بسے گوجر۔ یا رہے اوجڑ (۱) (مثل) یا تو اس میں گوجر قوم آباد ہوگی۔ یا ویران رہے گا۔ یہ اس جگہ بولتے ہیں۔ جہاں کوئی شخص اپنی آبادی چاہے اور دوسرے کو آباد نہ ہونے دے ۔

یا بھینسا بھینسوں میں یا قصائی کے کھونٹے پر (۱) (مثل) یا کامیاب ہوئے یا جان گئی۔ یہ کام کرنا ضرور ہے۔ چاہے معاملہ ادھر ہو یا اُدھر ۔

یا تو ہنسا موتی چگے یا لنگھن ہی کر جائے (۱) (مثل) شریف آدمی اگر کھائے گا۔ تو عزت ہی کی روٹی کھائے گا۔ ورنہ فاقے ہی پڑا رہے گا ۔

یا جائے ہزاری یا جائے بازاری (۱) میلے تماشے میں یا تو امیر آدمی جائے۔ کہ میلے کی سیر کرے۔ یا فقیر جائے۔ کہ سیر کرنے کے علاوہ کچھ مانگ بھی لائے ۔

یا خدا تو دے نہ میں دوں (۱) جو شخص نہایت حاسد اور بخیل ہوتا ہے اس کی نسبت بولتے ہیں۔ یعنی یہ شخص ایسا حاسد ہے کہ نہ تو خود ہی کچھ دیتا ہے اور نہ خدا ہی کا دینا گوارا کرتا ہے ۔

یا حملا خیر یا تھ بچا اور پیر (۱) مزدور لوگ جان جوکھوں کا کام کرتے وقت یہ فقرہ زبان پر لاتے ہیں ۔

یا دوست (ع۔ ف) فقیروں کی صدا ۔

یا سکھ نیند سوؤ یا مالا جپو (۱) (مثل) دو کاموں میں سے ایک کام ہو سکتا ہے۔ یا کام کرو یا آرام کرو ۔

یا سووے جوگی اَنْدھوت یا سووے راجا کا پوت (۱) (مثل) یا فقیر آرام سے گزارتا ہے یا امیر ۔

یا علی مدد (ع) جاہل فقیروں کا کلمۂ دعا جو نصرت اور مدد کے لئے زبان پر لاتے ہیں ۔

یا غفور (ع) اے بخشنے والے ۔

یا قسمت یا نصیب (ت) (ندا) (۱) رضا و تسلیم کے مقام پر کہتے ہیں۔ یعنی جو کرے سو مولیٰ۔ مرضی مولا ہمہ اولیٰ۔ توکل بخدا ۔

یا کسی کو کر رہے یا کسی کا ہو رہے (۱) (مثل) یا کسی کو اپنا مطیع کرے یا کسی کا مطیع ہو جائے ۔

یا کھائے گھوڑا۔ یا کھائے روڑا (۱) (مثل) زیادہ اخراجات دو ہی جگہ ہوتے ہیں۔ یا تو گھوڑا رکھنے میں یا مکان بنانے میں ۔

یا لڑے سورما۔ یا لڑے اَن بھول (۱) لڑائی کے لائق دو ہی آدمی ہیں۔ یا تو بہادر یا بیوقوف کیونکہ دونوں لڑنے سے نہیں ڈرتے ۔

یا ہو (ع۔ مذکر) (۱) اے خدا (۲) (ف) ایک قسم کا سفید کبوتر جو "یا ہو" کہتا ہے ۔

یابندہ (یا بن دہ) (ف) پانے والا۔ حاصل کرنے والا سراغی۔ کھوجی ۔

یا بو (یا۔ بو) (ف۔ مذکر) ایک چھوٹے قد کا گھوڑا

یاترا (یات۔ را) (س۔ مؤنث) دیکھو "جاترا" ۔

یابس (یا۔ بِس) (ع) خشک۔ سوکھا ہوا۔ خشک کرنے والا ؛
یاجوج (یا۔ جوج) (ع) مذکر حضرت نوحؑ کا پوتا اور اس کی قوم و اولاد جو طوفانِ نوحؑ کے بعد کوہ البطائی کے شمال میں رہ پڑی تھی۔ یہ لوگ بہت فتنہ انگیز تھے
یاجوج ماجوج (ع) مذکر (۱) دیکھو یاجوج (۲) فتنہ پرداز۔ مفسد شقی
یاد (یا۔ د) (ف) مؤنث (۱) دل۔ قلب۔ خاطر (۲) حافظہ یادداشت (۳) نام رٹنا۔ تسبیح۔ شدید۔ تُسرعت (۴) خیال (۵) ازبر۔ حفظ۔ نوکِ زبان ؛
یاد آنا (ل) (۱) خیال میں آنا۔ ذہن میں آنا۔ یادداشت ہونا (۲) ہنر کا ہونا۔ حرف اٹھنا (۳) معلوم ہونا۔ پتہ لگنا ؛
یاد آوری (ف) مؤنث (۱) یاد کرنا (۲) خط بھیجنا (۳) مزاج پرسی کرنا ؛
یاد اللہ (ف۔ ع) مؤنث (۱) فقراء کا اسلام۔ صاحب سلامت (۲) خدا کی عبادت۔ یادِ خدا۔ بندگی (۳) جان پہچان۔ ملاقات۔ واقفیت ؛
یادِ ایام۔ یادِ ایامیکہ (ف) مؤنث گزشتہ زمانے کی حالت یاد کرنے کے لئے مستعمل ہوتا ہے ؛
یاد بدنا (ہ) بھولی ہوئی چیز کے متعلق شرط لگانا ؛
یاد پڑنا (ہ) یاد آنا۔ خیال میں آنا۔ ذہن میں آنا ؛
یادداشت (ف) مؤنث (۱) یاد رکھنے کا نشان۔ یاد (۲) سفینہ۔ نامچہ۔ نوٹ بک (۳) حافظہ (۴) دوسرا تاکیدی خط۔ یاددہانی ؛
یادداشت میں فرق آنا (۱) حافظہ کمزور ہو جانا ؛
یاد دلانا (ہ) (۱) جتانا (۲) آگاہ کرنا ؛
یاد رب کی خیر سب کی (ہ) مؤنث صدائے فقیر۔ خدا کا نام لیجئے اور سب کا بھلا مناتے ہیں۔ کچھ ہے تو ایسے لوگوں کو بھی دلوائیے ؛
یاد رکھنا (ہ) (۱) خیال رکھنا۔ دھیان رکھنا۔ بھول نہ جانا (۲) سزا دوں گا۔ بدلہ لوں گا۔ سمجھوں گا ؛
یاد رہنا (ہ) دھیان رہنا۔ خیال رہنا۔ حافظے میں رہنا۔ ذہن میں رہنا ؛
یاد رہے (ہ) (۱) بھول نہ جانا (۲) آگاہ کر دیتا ہوں اس کا بدلہ لئے بغیر نہ چھوڑوں گا (۳) ضرور۔ بشرطیکہ یقیناً۔ بہرحال۔ غور سے سنے ؛
یادش بخیر (ف۔ ع) کسی غائب دوست یا عزیز کا ذکر کرتے وقت بطور دعائیہ کلمہ کے یہ الفاظ بولتے ہیں۔ یعنی ہم اس کا نام بھلائی سے لیتے ہیں اور ہر بلا سے اس کی خیریت چاہتے ہیں (۲) اگر کسی دوست کا ذکر ہو رہا ہو اور وہ اتفاقاً آ نکلے۔ تو بھی یہ کلمہ بولتے ہیں ؛
یاد فراموش (ف) مؤنث ایک قسم کی شرط اور بازی جس کا قاعدہ یہ ہے کہ چند آدمی آپس میں قرار دے لیتے ہیں۔ اگر ہم تمہیں کوئی چیز اس وقت عہد بھلا کر دیدیں۔ اور ساتھ ہی لفظ فراموش کہدیں۔ تو تم کو اس کے عوض اس قدر فلاں چیز دینی پڑے گی اور اگر تم نے کہدیا۔ یاد ہے تو تم جیت گئے ؛
یاد فرمانا (ہ) یاد کرنا۔ بلانا۔ بادشاہوں یا امراء کا اپنے کسی ملازم کو طلب کرنا ؛
یاد کرنا (ہ) (۱) بار بار نام لینا۔ رٹنا۔ جپنا (۲) خیال میں لانا۔ حافظے میں لانا (۳) ازبر کرنا۔ حفظ کرنا (۴) سوچنا (۵) ذہن نشین کرنا (۶) بلانا۔ بادشاہوں امراء کا اپنے کسی ملازم کو طلب کرنا (۷) کسی کی محبت اور مفارقت کا خیال کرنا ؛
یاد کرو گے (ہ) (۱) کبھی نہ بھولو گے (۲) پچھتاؤ گے۔ ہاتھ ملو گے ؛
یاد کرے (ہ) (۱) کبھی نہ بھولے (۲) پچھتائے ہاتھ ملے۔ افسوس کرے ؛
یادگار (ف) مؤنث (۱) نشانی۔ آثار۔ علامت (۲) وہ چیز جو کسی دوست کو نشانی کے طور پر دیں (۳) پرانی عمارات۔ آثار الصنادید (۴) تمغہ۔ میڈل۔ ڈپلوما۔ وہ چیز جسے دیکھ کر کوئی یاد آئے (۵) بیٹا۔ پسر۔ فرزند ؛
یادگار زمانہ (ف) مذکر (۱) زمانے میں یاد رہنے والی چیز ؛
یادگاری (ف) مؤنث۔ یادگار سے منسوب ؛
یاد گدگدانا (ہ) کسی کی بار بار یاد آنا ؛
یاد میں ڈوبنا (ہ) کسی کے خیال میں ڈوبنا ؛
یاد میں ہونا (ہ) بلانا ؛
یاد نہ ہو (۲) معلوم نہیں۔ یاد بھی ہے یا بھول گئے ؛
یاد ہونا (ہ) (۱) حفظ ہونا۔ ازبر ہونا۔ دھیان ہونا (۲) ذہن نشین ہونا (۳) دل میں آنا (۴) بلایا جانا۔ طلبی ہونا ؛
یاد ہے (ہ) بخوبی معلوم ہے۔ خوب جانتے ہیں ؛
یار (یا۔ ر) (ف) مذکر (۱) ساتھ دینے والا۔ مددگار۔ ساتھی

حمایتی (۳) دوست۔ آشنا۔ محب۔ رفیق (۴) معشوق۔ محبوب۔ دلبر۔ جانی۔ پیارا (۵) (۱) آشنا۔ بغلی۔ ناجائز تعلق والا ✦

یار باز (ف) (۱) فاحشہ۔ رنڈی۔ قحبہ (۲) بدچلن۔ آوارہ۔ بداطوار ✦

یار باش (ف) یاروں کا یار۔ دوستوں کا دوست۔ ملنسار۔ زندہ دل۔ خوش مزاج (۲) ہرجائی۔ عیاش۔ تماش بین۔ عاشق مزاج ✦

یار بنانا (۱) (۱) دوست بنانا۔ یارانہ گانٹھنا (۲) اپنے مطلب کا کرلینا۔ ڈھب پہ لانا ✦

یار بننا (۱) (۱) دوست بننا (۲) پیار میں آنا (۳) موافق ہونا ✦

یار جانی (ف) مذکر۔ نہایت پیارا اور دلی دوست۔ وہ یار جس پر جان قربان ہو ✦

یار زندہ صحبت باقی (ف، مثل) اب نہیں تو پھر سہی۔ زندگی ہے تو پھر ملاقات ہوگی ✦

یار شاطر (ف۔ ع) (مذکر) چالاک دوست۔ عقل مند دوست۔ وہ دوست جو بار خاطر نہ ہو ✦

یار غار (ف۔ ع) مذکر۔ گہرا دوست۔ پکّا دوست۔ پورا ساتھی۔ رفیق و ہمدم ✦

یار فروش (ف) دوست کی تعریف کرنے والا ✦

یار فروشی (ف) مؤنث۔ دوست کی تعریف و توصیف ✦

یار کرنا (۱) (۱) دوست بنانا۔ یار بنانا (۲) آشنا کرنا (۳) آشنائی کرنا۔ آنکھ لگانا ✦

یار کی یاری سے کام اس کے فعلوں سے کیا کام (۱) (مثل) دوست کی دوستی سے غرض ہے۔ اس کے افعال سے کیا مطلب۔ یہ مثل دوست کے عیبوں پر خیال نہ کرنے کے موقع پر بولتے ہیں ✦

یار لوگ (۱) (۱) ہشیار دوست۔ چالاک یار۔ دوست آشنا (۲) ہم۔ میں ✦

یار مار (۱) یار سے دغا کرنے والا۔ محسن کش۔ دغاباز فریبی۔ عیار۔ مکار ✦

یار مار بنیا پہچان مار چور (۱) (مثل) بنیا دوست سے بھی نہیں چوکتا اور چور صرف مال دار پہچان کر لوٹتا ہے ✦

یار ماری (۱) مؤنث۔ دوست کے ساتھ دغابازی فریب دہی۔ بے وفائی۔ محسن کشی ✦

یار ماری کرنا (۱) دوست بنا کر مارنا۔ یار بن کر دغا کرنا ✦

یار وفادار (ف۔ مذکر) دوست صادق۔ پکّا اور سچا دوست۔ بات کا پورا اور نباہ دینے والا دوست ✦

یار وہی جو بھیڑ میں کام آئے (۱) (مثل) دوست وہ ہے جو مصیبت کے وقت کام آئے ✦

یارا (یا۔ رَا) (ف۔ مذکر) مذکر۔ مجال۔ طاقت۔ قوت۔ تاب۔ مقدور۔ حوصلہ۔ دلیری ✦

یاراں (ف۔ مذکر) یار کی جمع۔ دوستاں۔ محبان۔ احبا۔ احباب ✦

یاراں چوری نہ پیراں دغا (۱) صاف گو اور کھرا آدمی اپنی صفائی جتانے کے موقع پر کہتا ہے یعنی ہم تو حق کی جانب ہو کر سب سے یکساں معاملہ رکھتے ہیں اس میں چاہے کوئی خوش ہو جائے یا ناخوش ✦

یارانہ (ف) (۱) آشنایانہ۔ محبانہ۔ دوستی کے طور پر (۲) مذکر۔ دوستی۔ آشنائی۔ دوستانہ۔ محبت۔ اتحاد ✦

یارانہ ہونا (۱) دوستی ہونا۔ میل ملاپ ہونا۔ دوستانہ ہونا ✦

یارڈ (انگریزی۔ yard) مذکر (۱) صحن۔ چوک (۲) گز۔ پیمانہ ✦

یارو (۱) مذکر۔ یار کی جمع بحالت ندا۔ دوستو۔ محبو ✦

یاروں (۱) مذکر۔ یار کی جمع۔ حرف جار سے پہلے۔ دوستوں۔ محبوں۔ آشناؤں ✦

یاروں کا یار (۱) دوستوں کا ساتھی۔ بڑا یار باش۔ شریک حال۔ ہر دلعزیز۔ یاروں کی ہر بات میں شریک ہونے والا ✦

یاری (ف) مؤنث (۱) مدد۔ معاونت۔ مددگاری۔ دستگیری۔ تائید۔ اعانت۔ حمایت (۲) دوستی۔ آشنائی۔ اتحاد۔ اخلاص ✦

یاری جوڑنا (۱) دوستانہ کرنا۔ باہم دوستی کرنا۔ یارانہ گانٹھنا۔ ہمدم و ہمراز بنانا ✦

یاری دینا۔ مدد دینا۔ دستگیری کرنا ✦

یاری کٹ (کھٹ) کرنا (۱) بچوں کا ایک دوسرے سے دوستی قطع کرنا ✦

یازدہ (یاز۔ دَہ) (ف) گیارہ۔ دس اور ایک۔ ۱۱ ✦

یازدہم (ف) گیارھواں ✦

یاس (یا۔ س) (ع۔ مؤنث) (۱) ناامیدی۔ حرمان۔ مایوسی۔ (۲) خوف۔ دھڑکا۔ اندیشہ۔ خطرہ ✦

یاس کلّی (ع۔ مؤنث) کامل ناامیدی۔ پوری یاس۔ کامل

حرماں نصیبی ۔

یاس ہو جانا (۱) مایوس ہو جانا ۔ نا اُمید ہو جانا ۔ ہمّت ٹوٹ جانا ۔

یاسا (یا ۔ سَا) دت، مذکر ۔ (۱) ماتم (۲) مجازاً قتل ۔ خون ۔ غارتگری ۔

یاسمن ۔ یاسمین (یا ۔ سَمَن ۔ یا سَمِین) (ف) مذکر ۔ ایک قسم کا نہایت خوشبودار پھول چنبیلی ۔

یاسین (مؤنث) (۱) یٰسین ۔ یٰس ۔ لغوی معنی اے سید ۔ سید البشر (۲) قرآن شریف کی ایک سورت جو بحالت نزع مردے کو سناتے ہیں ۔

یاسین سنانا (۱) حالت نزع والے کے سامنے سورۂ یٰسین پڑھنا کہ آسانی سے دم نکل جائے اور وہ خدا کی طرف لو لگائے ۔ پیغامِ موت سنانا ۔

یافت (یا ۔ فت) (ف) (۱) مؤنث ۔ آمدنی ۔ آمد ۔ کمائی ۔ نفع ۔ فائدہ ۔ منفعت (۲) بالائی آمدنی ۔ رشوت ۔

یافتنی (ف) مؤنث ۔ کمانی ۔ قابلِ وصول ۔ لینا ۔

یاقوت (یا ۔ قُوت) (ع) مذکر ۔ ایک قسم کا قیمتی پتھر جو جواہرات کی قسم سے سُرخ ۔ نیلا ۔ زرد یا سفید ہوتا ہے ۔

یاقوت رقم خاں (ع ۔ مذکر) ایک مشہور خوشنویس جو خط نسخ کا بادشاہ اور شہنشاہ دہلی کا نمک خوار تھا ۔

یاقوتِ رُمّانی (ع ۔ ف ۔ مذکر) ایک عمدہ قسم کا نہایت سُرخ رنگ یاقوت جو انار کے دانے سے مشابہ ہوتا ہے ۔

یاقوت لب (ع ۔ ف) (مذکر) لعل لب ۔ معشوق ۔ محبوب ۔ دلبر ۔

یاقوتی (ع) (۱) یاقوت سے نسبت رکھنے والا (۲) ایک قسم کی نہایت مقوّی معجون جس کا جزو اعظم یاقوت ہے (۳) ایک قسم کی نہایت عمدہ لطیف اور لذیذ خوراک جو کھیر کی طرح پکا کر کھاتے ہیں ۔

یال (یال) (ت) مؤنث (۱) گردن ۔ گلا (۲) گھوڑے کی گردن کے بڑے بڑے بال ۔

یامنی (س) مذکر ۔ (۱) مسلمان ۔ محمدی ۔ فرقہ اسلام کے آدمی جنہیں ہندو لوگ ملکش کہتے ہیں (۲) رات ۔ شب ۔ راتری ۔

یاں (یاں) (۱) یہاں کا مخفف ۔ اس جگہ ۔

یانا (یا ۔ نا) (۱) کم سن ۔ چھوٹی عمر کا نادان بچہ ۔

یاوَر (یا ۔ وَر) (ف) مذکر ۔ مددگار ۔ حمایتی ۔ دستگیر ۔

یاوری (ف) مؤنث ۔ مدد ۔ دستگیری ۔ حمایت ۔ سہارا ۔ اعانت ۔

یاوہ (یا ۔ وَہ) (ف) بیہودہ ۔ لغو ۔ پوچ ۔ نامعقول ۔ لچر ۔ بے معنی ۔

یاوہ گو (ف) بیہودہ بکنے والا ۔ نامعقول ۔ ہرزہ درا ۔

یاوہ گوئی (ف) مؤنث ۔ بیہودہ گوئی ۔ واہیات ۔ لغویات ۔ بکواس ۔

یائے تحتانی (ت) مؤنث ۔ چھوٹی "ی" ۔ یائے معروف ۔

یائے معکوس (ع) مؤنث ۔ بڑی "ے" ۔ یائے مجہول ۔

ی ۔ ب

یباب (یَبَاب) (ع) ویران ۔ غیر آباد ۔ خراب ۔ دشت ۔ بیابان ۔ لق و دق جنگل ۔

یبس (یُبس) (ع) مؤنث ۔ خشکی ۔

یبوست (یبُو ۔ سَت) (ع ۔ مؤنث) سوکھاپن ۔ روکھاپن ۔

ی ۔ ت

یتامیٰ (یتا ۔ مَا) (ع ۔ مذکر) یتیم کی جمع ۔

یتیم (یَتِیم) (ع) مذکر (۱) جس کا باپ مر گیا ہو (۲) بن ماں باپ کا (۳) نہایت قیمتی جواہر ۔ بڑا موتی ۔

یتیم الطرفین (ع ۔ مذکر) بن ماں باپ کا ۔ وہ شخص جس کے ماں باپ دونوں مر گئے ہوں ۔

یتیم خانہ (ف ۔ مذکر) بے ماں باپ کے بچّوں کے رہنے کی جگہ ۔

یتیم ہونا (۱) ماں باپ مرنا ۔ لاوارث ہونا ۔

یتیمی (ع) مؤنث ۔ یتیم کی حالت ۔ عالم بے پدری ۔

ی ۔ ث

یثرب (یَث ۔ رِب) (ع ۔ مذکر) عرب کا ایک مقدس شہر ۔ مدینہ شریف ۔

ی ۔ ج

یجروید (یجُر ۔ وید) (س) مذکر ۔ چار ویدوں میں سے ایک ۔

ی-ح

یحییٰ (یَح-یا) (ع- مذکّر) ایک پیغمبر ۔

ی-خ

یخ (یَخ) (ف) مؤنث (۱) برف۔ جمی ہوئی برف (۲) نہایت سرد ۔
یخ بستہ (ف) سردی سے برف کی طرح جما ہوا ۔
یخنی (یَخ-نی) (ف) مؤنث۔ شوربا۔ ابالے ہوئے گوشت کا پانی ۔
یخنی پلاؤ (ف) مذکّر۔ وہ پلاؤ جس میں یخنی ڈالتے ہیں۔ قورمہ پلاؤ کا نقیض ۔

ی-د

ید (یَد) (ع) مذکّر۔ ہاتھ۔ دست ۔
ید اللہ (ع- مذکّر) (۱) خدا کا ہاتھ (۲) حضرت علی کرم ۔
ید بیضا (ع) مذکّر۔ چمکتا ہوا ہاتھ۔ سفید ہاتھ حضرت موسیٰؑ کا وہ جلا شدہ ہاتھ جسے آپ بطور معجزہ بغل میں لے جا کر باہر نکالتے تھے۔ تو آفتاب کی طرح روشن ہو جاتا تھا اور آنکھوں میں چکا چوند آنے لگتی تھی ۔
ید طولیٰ (ع) مذکّر۔ بہت لمبا ہاتھ۔ نہایت دسترس۔ بڑا بھاری ملکہ ۔
ید طولیٰ رکھنا (۱) بڑی مہارت رکھنا۔ زبردست ملکہ ہونا ۔
یدھ (یُدھ) (ہ- مؤنث) لڑائی ۔

ی-ر

یراق (یَ-راق) (ف) مذکّر (۱) لڑائی کا سامان۔ ہتھیار۔ اسلحہ (۲) اسباب و سامان ۔
یرغا یرغہ (یَر-غا-یَر-غہ) (ف) مذکّر۔ تیز رو گھوڑا ۔
یرغمال (یَر-غمال) (ف) مذکّر۔ کفیل۔ جب دو بادشاہوں کی آپس میں صلح و صفائی ہو جاتی ہے۔ تو زبردست بادشاہ دوسرے کے قریبی رشتہ داروں میں سے کسی کو بطور ضمانت اپنے پاس رکھ لیتا ہے۔ تاکہ وہ بادشاہ اس کے سبب سے دغابازی نہ کرے ۔
یرقان (یَر-قان) (ع) مذکّر۔ ایک مرض جس میں مریض کا تمام جسم آنکھیں اور چہرہ زرد ہو جاتا ہے ۔
یرمغان (یَر-مغان) (ف- مذکّر) دیکھو ارمغان ۔

ی-ز

یزد (یَزد) (ف) مذکّر۔ ایران کا ایک شہر جہاں کا کپڑا مشہور ہے ۔
یزدان (یَز-دان) (ف) مذکّر۔ پارسی خالق خیر کو یزدان اور خالق شر کو اہرمن کہتے ہیں۔ خدا۔ اللہ تعالیٰ ۔
یزدانی (ف) خدائی۔ ربانی ۔
یزدی (ف) مؤنث۔ ایک قسم کا کپڑا جو یزد میں بنتا ہے ۔
یزک (یَزَک) (ت) مذکّر (۱) قراول۔ سواروں کی وہ جماعت جو اپنے لشکر سے آگے آگے دشمن کی فوج سے ہوشیار اور خبردار رہنے کے لئے جاتی ہے (۲) روند گشت ۔
یزید (یَزید) (ع) مذکّر۔ حضرت معاویہ کا بیٹا جس نے خلافت کی آڑ میں امام حسینؓ کو میدانِ کربلا میں بھوکے پیاسے شہید کرا دیا تھا ۔

ی-س

یس (یَس) (انگریزی- Yes) ہے۔ ہاں۔ ہوں ۔
یسار (یَسار) (ع) مذکّر (۱) بایاں ہاتھ (۲) بائیں جانب (۳) دولت۔ ثروت ۔
یساول (یَساوَل) (ت) مذکّر۔ نقیب۔ چوبدار۔ قاصد۔ ہرکارہ ۔
یسیر (یَسیر) (ع) (۱) سہل۔ آسان (۲) تھوڑا۔ قلیل۔ چھوٹا۔ (۳) (۱) بن ماں کا ۔
یسین (یا-سین) (ع) مؤنث۔ دیکھو یاسین ۔
یسین پڑھوانا (۱) سورہ یسین کو حالت نزع میں سنوانا تاکہ بیمار کی مشکل آسان ہو اور نزع کی تکلیف سے بچے ۔

ی-ش

یشب (یَشب) (ف- مذکّر) جواہرات کی قسم میں سے

رنگ قیمتی پتھر جو مائل بہ سبزی ہوتا ہے ؛

ی-ع

یعسوب (یَع-سُوب) (ع) مذکر (۱) شہد کی مکھیوں کا بادشاہ۔ نرمکھی (۲) شہد کی مکھیوں کی رانی مکھی ؛

یعقوبؑ (یَع-قُوب) (ع) حضرت یوسفؑ کے باپ ان کا دوسرا نام اسرائیل ہے ؛

یعنی (یَع-نی) (ع) مراد۔ مطلب ؛

ی-غ

یغما (یَغ-ما) (ف) مؤنث۔ لوٹ۔ مالِ غنیمت ؛

یغمائی (ت) مذکر (۱) لٹیرا۔ غارتگر۔ قزاق (۲) تاراج کردہ شدہ۔ تاراج شدہ ؛

ی-ق

یقین (یَقِین) (ع) مذکر (۱) بے شبہ۔ بلاشک۔ ضرور۔ البتّہ ٹھیک (۲) اعتبار۔ اعتماد (۳) گمان۔ ظن (۴) (۵) اطمینان۔ بھروسہ ؛

یقین آنا (ل) اعتبار آنا ؛

یقین جاننا (ل) اعتبار کرنا۔ سچ جاننا ؛

یقین کرنا (ل) اعتبار کرنا۔ سچ جاننا ؛

یقین کے بندے ہو گئے تو سچ مانو گے (ل) اگر تمہیں سچی بات کی شناخت ہوگی۔ تو ہماری بات میں شبہ نہ کرو گے ؛

یقین لانا (ل) اعتبار کرنا۔ باور کرنا۔ سچ جاننا ؛

یقین مانو (ل) سچ جانو۔ درست سمجھو ؛

یقین نہ کرنا (ل) اعتبار نہ کرنا۔ سچ نہ جاننا۔ شبہ کرنا ؛

یقیناً (ع) ضرور۔ بیشک۔ از روئے یقین ؛

یقینی (ل) مؤنث۔ یقین کیا ہوا۔ بلاشبہ۔ گمان و شک سے مبرا ؛

ی-ک

یک (یَک) (ف) ایک۔ اکیلا۔ واحد۔ تنہا۔ جریدہ۔ فرد ؛

یک اسپہ (ف) مذکر (۱) وہ شخص جو ایک گھوڑا رکھتا ہو۔ ایک گھوڑے کا مالک (۲) اکیلا سوار (۳) (مجازاً) آفتاب عالمتاب ؛

یک انار و صد بیمار (ف) (مثل) وہاں بولتے ہیں جہاں چیز ایک ہو اور خواہشمند سیکڑوں ؛

یک بار (ف) ایک بار۔ ایک دفعہ ؛

یک بارگی۔ یک بیک (ف) (۱) دفعتہً۔ اچانک۔ ایک ہی دفعہ۔ یکایک (۲) یکمشت ؛

یک بام و دو ہوا (ف) (مثل) اس موقع پر استعمال کرتے ہیں جب کسی ایک کا عذر ہے پر عمل نہ کیا جائے ؛

یک پشتہ۔ ایک طرف چھپا ہوا کاغذ ؛

یک پیری و صد عیب (ف) (مثل) بڑھاپا سو بیماریوں کے برابر ہے ؛

یک تارا (ف) مذکر۔ ایک تار کا ستار۔ تنبورا (۲) (ل) مؤنث۔ ایک قسم کی باریک ململ ؛

یک تن (ف) ایک شخص ؛

یک جا (ف) ایک جگہ۔ اکٹھے۔ ملے جلے ؛

یک جان (ل) خوب ملا ہوا۔ نہایت آمیختہ۔ شیر و شکر ؛

یک جان دو قالب (ف-ع) نہایت گہرے دوست۔ سچے دوست ؛

یک جان و دو قالب ہونا (ل) نہایت گہرے دوست ہونا ؛

یک جدی (ف-ع) ایک دادا کی اولاد۔ اجدادی۔ موروثی ؛

یک جہت (ف) متفق۔ موافق۔ ہمزبان ؛

یک جہتی (ف) مؤنث۔ یک دلی۔ اتحاد۔ اتفاق۔ دوستی ؛

یک چشم (ف) ایک آنکھ کا۔ کانا ؛

یک چندے (ف) (۱) تھوڑا سا۔ یونہی۔ کچھ (۲) بعض وقت ؛

یک در گیر و محکم گیر (ف) (مثل) ایک ہی جگہ استقلال سے کام کرنا چاہیئے ؛

یک دستی (ف) ایک ہاتھ کا کشتی کا ایک داؤں ؛

یک دگر (ف) ایک دوسرا۔ دونوں مل کر ؛

یک دل (ف) ایک جگر۔ مونس۔ ہمدم۔ ہمراز۔ ہمرنگ ہم زبان ؛

یک ران (ف) اصیل۔ عمدہ (گھوڑا) ؛

یک رخی (ف) (۱) یک طرفہ۔ ایک طرفہ (۲) دونوں طرف سے ایک ہی شکل کا ؛

یک رنگ (ف) (۱) یکساں۔ اندر باہر سے ایک سا (۲) صاف دل۔ صادق۔ مخلص دوست ◆

یک رنگی (ف۔ مؤنث) (۱) ایک طرح کا ہونا (۲) محبت۔ دوستی ◆

یک زبان (ف) (۱) ایک بات بولنے والا۔ بات کا پکا (۲) ثابت قدم ◆

یک ساں۔ یکساں (ف) ایک سا۔ ہموار۔ برابر۔ چورس (۲) مانند۔ ملتا جلتا۔ ہمشکل۔ مشابہ ◆

یک سانی۔ یکسانی۔ یک سانیت۔ یکسانیت (ف۔ مؤنث) برابری۔ مشابہت۔ ایک جیسا ہونا ◆

یک سر (ف) تمام۔ بالکل۔ سراسر۔ محض۔ سارا ◆

یک سر ہزار سودا (ف) مثل۔ جب ایک آدمی بہت سے کاموں میں پھنسا ہوا ہوتا ہے۔ یا اس کے متعلق بہت سے کام ہوتے ہیں تو وہ اپنی کم فرصتی جتانے کو یہ مثل زبان پر لاتا ہے ◆

یک سو (ف) (۱) ایک طرف۔ ایک جانب (۲) ساکن۔ ٹھہرا ہوا (۳) بالکل قطع۔ چکتا (۴) ٹھہراؤ۔ قیام۔ سکون ◆

یک سو کرنا (۱) یکطرفہ معاملہ کرنا۔ چکانا۔ فیصلہ کرنا۔ بالکل طے کرنا ◆

یک سوئی (ف۔ مؤنث) (۱) یک طرفی (۲) قیام۔ استقلال (۳) اطمینان۔ دلجمعی (۴) فرصت ◆

یک شنبہ (ف) مذکر۔ پہلا دن۔ اتوار ◆

یک صدی ذات (ف) مذکر۔ شاہانِ مغلیہ کے زمانے میں ایک منصب تھا۔ جس کے دو لاکھ دام مقرر تھے ◆

یک طرف (ف۔ ع) یک سو۔ ایک جانب۔ الگ جدا۔ علیحدہ۔ تنہا ◆

یک طرفہ ڈگری (۱) مؤنث۔ وہ ڈگری جو مدعی یا مدعا علیہ میں سے ایک کی حاضری اور دوسرے کی غیر حاضری کے وقت ہو ◆

یک فنی (ف) (۱) بے نظیر۔ کامل (۲) کسی ایک فن میں استاد ◆

یک قلم (ع) (۱) بالکل۔ تمام۔ سراسر۔ سرتاسر (۲) ایک ہی دفعہ۔ یک لخت۔ فوراً۔ ضرور ◆

یک گز دو فاختہ (ف) ایک وار میں دو دشمنوں کا کام تمام۔ ایک پنتھ دو کاج ◆

یک لخت (ف) (۱) تمام۔ بالکل۔ سارا۔ سراپا۔ سب۔ تمام و کمال (۲) فوراً۔ دفعتاً ◆

یک لقمہ یکاہی بہ از ہزار مرغ و ماہی (ف) (مثل) تسلی کا تھوڑا سا کھانا دیگر ہر قسم کی غذاؤں سے بہتر ہے ◆

یک لوتا۔ یکلوتا (ہ) (۱) ایک سے نسبت رکھنے والا۔ اکیلا۔ فرد (۲) اپنی ماں کا ایک بچہ۔ اکلوتا ◆

یک مشت (ف) (۱) یک دفعہ۔ ایک ہی دفعہ (۲) اکٹھا۔ مجموعی۔ جملہ۔ کل۔ سب ◆

یک منزلہ (ف) یک منزل والا (مکان) ◆

یک من علم را دہ من عقل باید (ف) (مثل) ایک حصّہ علم کے لئے دس حصّہ عقل کی ضرورت ہے ◆

یک نہ شد دو شد (ف) (مثل) ایک بلا تو تھی ہی۔ دوسری اور پیچھے پڑی ◆

یکتا۔ ایکت۔ یکّا (ہ) (۱) اکیلا۔ واحد۔ تنہا (۲) لاثانی۔ بے مثل۔ بے نظیر۔ انوکھا۔ نرالا (۳) ایک قسم کی گاڑی جس میں ایک گھوڑا جوتا جاتا ہے ◆

یکا یک (ف) (۱) یکبارگی۔ فوراً (۲) ناگاہ۔ دفعتاً ◆

یکتا (ف) (۱) فرد۔ واحد۔ یکہ۔ اکیلا۔ تنہا۔ مجرد۔ طاق (۲) نرالا۔ انوکھا (۳) بے نظیر۔ بے مثل ◆

یکتائی (ف۔ مؤنث) (۱) وحدت۔ وحدانیت۔ توحید (۲) انوکھا پن۔ نرالا پن (۳) بے مثالی۔ بے نظیری ◆

یکم (یکُم) (ف۔ مؤنث) پہلی۔ مہینے کی پہلی تاریخ۔ پہلا ◆

یکنگ (ایکنگ) (ہ) (۱) اکیلا۔ تنہا۔ مجرد (۲) تنہائی پسند ◆

یکہ (یکّہ۔ گنہ) (ف) (۱) دیکھو یکا مد وسعے (۲) (۱) دیکھو یکا ◆

یکہ تاز (ف) مذکر (۱) وہ جری اور بہادر جو اکیلا حریف کے مقابلے پر نکل آئے۔ فوج یا لشکر میں اکیلا گھس جانے والا (۲) جو سوار گھوڑا دوڑانے میں بے مثل ہو ◆

ی۔گ

یگ (یُگ) (س) مذکر (۱) جُگ۔ قرن (۲) جوڑا۔ جفت ◆

یگ (یَگ) (س) مذکر۔ قربانی۔ جگ۔ ہوم۔ پوجا ◆

یگانگت۔ یگانگی (یگا نگت۔ یگانگی) (ف) مؤنث۔

(۱) یگانگت۔ قرابت۔ پاس کی رشتہ داری (۲) اکیلاپن۔ وحدت (۳) توحید۔ یکتائی (۴) اتحاد۔ اتفاق ؛
یگانوں (۱) یگانہ کی جمع۔ حرف جار سے پہلے اپنوں ؛
یگانہ (یگا۔ نَہ) (ف) (۱) اپنا۔ سگا۔ قرابتی۔ رشتہ دار۔ ایک خاندان کا۔ ایک گھرانے اور ایک کنبے کا (۲) اکیلا۔ واحد۔ فرد (۳) بے نظیر۔ بے مثل لاثانی ؛
یگانے (۱) مذکر یگانہ کی جمع۔ اپنے ؛

ی۔ل

یل (یَل) (ف) مذکر (۱) پہلوان۔ شہزور۔ دلاور۔ بہادر۔ شجاع (۲) فربہ۔ موٹا جسیم
یل مثل (ف) خوب موٹا تازہ۔ مسٹنڈا۔ جسیم۔ فربہ اندام ؛
یل (یَلْ) (۲) ایک کلمہ ہے جو فاعلیت کا کام دیتا ہے ؛
یلدا (یَل۔ دا) (ف) (مذکر و مؤنث) اندھیری اور بڑی رات ؛
یلغار (یَل۔ غار) (ت) مؤنث۔ حملہ۔ دھاوا ؛
یلمعی (یَل۔ مَعی) (ع) ذہین اور طباع ؛
یلہ (یَلَہ) (ف) (۱) بے قید۔ آزاد۔ چھوڑا گیا (۲) اکیلا (۳) ٹیڑھا (۴) غلط۔ فضول (۵) (مذکر) رہائی (۶) (مؤنث) بدچلن عورت ؛

ی۔م

یم (یَم) (س) مذکر۔ موت کا فرشتہ۔ ملک الموت عزرائیل ؛
یم۔ یَم (ف) مذکر۔ دریا۔ بحر۔ ندی ؛
یمان۔ یمانی (یَمان۔ یَما۔ نی) (ع) منسوب بہ یَمَن۔ یمن کا ؛
یمن (یُمْن) (ع) مذکر (۱) اقبال مندی۔ کامیابی (۲) سعادت۔ برکت ؛
یمن (یَمَن) (ع) مذکر۔ عرب کا ایک مشہور علاقہ (۲) یہاں کا عقیق اور لعل بہت مشہور ہے۔ سہیل ستارہ بھی اسی جگہ نکلتا ہے ؛
یمنی (ع) یمن سے نسبت رکھنے والا۔ یمن کا ؛
یمین (یَمین) (ع) مذکر (۱) سیدھا ہاتھ۔ دایاں ہاتھ (۲) دائیں طرف (۳) قسم۔ سوگند۔ حلف (۴) طاقت۔ قوت۔ توانائی ؛
یمین الدولہ (ع) مذکر۔ رکن سلطنت۔ ایک معزز خطاب جو امرا کو بادشاہوں کی طرف سے ملتا ہے ؛
یمین ویسار (ع) مذکر (۱) دائیں بائیں۔ چپ و راست (۲) فوج کا دایاں اور بایاں بازو ؛

ی۔ن

ین (یَن) (جاپانی) مذکر۔ ایک سکہ جو تقریباً ڈیڑھ روپے کے برابر ہوتا ہے ؛
ینگ (ینگ) (انگریزی۔ Young) نوجوان۔ چھوٹا۔ نوخیز ؛
ینگ انڈیا (انگریزی۔ Young India) (۱) نوجوان ہندوستان (۲) وہ مشہور انگریزی اخبار جو مہاتما گاندھی کی ادارت میں احمدآباد سے نکلتا تھا ؛
ینگ مین (انگریزی۔ Young man) مذکر۔ نوجوان آدمی۔ نوعمر شخص ؛

ی۔و

یوٹرائن (یو۔ ٹرا۔ اِن) (انگ۔ مؤنث) ایک ماں کی اولاد ؛
یوٹیلیٹی (یو۔ ٹِلی۔ ٹی) (انگ۔ مؤنث) سودمندی ؛
یوحنا (یو۔ حَنّا) (ع) مذکر۔ ایک قسم کا سانپ جس کی بابت مشہور ہے کہ ہزار سال کا ہونے پر جو شکل چاہے اختیار کرسکتا ہے ؛
یورپ (یو۔ رَپ) (انگریزی۔ Europe) مذکر۔ ایک برّاعظم جو مغرب کی طرف واقع ہے۔ ممالک مغرب ؛
یورپین (یور۔ پین) (ہند) (انگ۔ یوروپین) یورپ کا رہنے والا۔ یورپ والوں کی نسل سے ؛
یورش (یُو۔ رِش) (ت) مؤنث (۱) حملہ۔ دھاوا۔ چڑھائی۔ یلغار۔ غلبہ (۲) فساد۔ ہنگامہ۔ بلوہ ؛
یور ہائینس (یو۔ ر۔ ہا۔ ای۔ نس) (انگ۔ Your Highness) حضور والا۔ نواب۔ راجہ یا شہزادے کو خطاب کرتے ہوئے کہتے ہیں ؛
یوریشین (یو۔ ری۔ شین) (انگریزی۔ Eurasian) وہ انگریز جو ہندوستان میں آکر پیدا ہوا ہو ؛
یوسف (یُو۔ سُف) (ع) مذکر (۱) حضرت یعقوبؑ کے

بیٹے جو حسن میں اپنی نظیر نہ رکھتے تھے - عزیز مصر کی بیوی زلیخا اُن پر عاشق ہو گئی تھی (۲) نہایت خوبصورت - نہایت حسین ◆

یوسف ثانی (ع) - مذکّر حضرت یوسفؑ جیسا خوبصورت ◆

یوم (ع) مذکّر (۱) دن - روز - (۲) تاریخ ◆

یوم الحساب (ع) مذکّر - حساب کا دن - روزِ قیامت - روزِ محشر جب لوگوں کے اعمال کا حساب کتاب ہوگا

یوم القیامت - یوم النشور (ع) مذکّر - قیامت کا دن روزِ حشر - قبروں سے نکل کر کھڑے ہونے کا دن ◆

یوماً فیوماً (ع) روز بروز - آئے دن ◆

یومیہ (ع) مذکّر (۱) روزینہ - روز کی مزدوری - دن بھر کی اُجرت (۲) روزمرّہ کا خرچ ◆

یوں (یُوں) (ہ) (۱) اس طرح - بایں طور - ایسا - اس طرز سے اس ڈھنگ سے ◆

یوں بھی دیکھا ووں بھی دیکھ (ہ) (مثل) خوشی دیکھ لی - اب غمی دیکھ - نیز کشی زمانہ کے متعلق کہتے ہیں ◆

یوں بھی سہی (۱) اس طرح بھی منظور ہے ◆

یوں بھی واہ وا اور ووں بھی واہ وا (ہ) دونوں طرح خوب ہے - ہر طرح خوش ◆

یوں تو (ہ) (۱) اس طرح تو - اس ڈھنگ سے تو (۲) ورنہ وگرنہ (۳) کہنے کو تو - دراصل تو ◆

یوں توں کرنا (ہ) (۱) ایسی تیسی کرنا - دشنام دینا - گالی گلوچ کرنا (۲) کوسا کالی کرنا - بددعا دینا ◆

یوں ہی (یونہیں) (ہ) (۱) اسی طرح - اسی طریقے سے - اسی ڈھنگ سے (۲) مفت - بلاقیمت (۳) بے فائدہ - ناحق - بلاوجہ (۴) اتفاقاً - بلا ارادہ (۵) نکمّا - بیکار - خالی - (۶) بلا دقت - آسانی سے - جھٹ پٹ ◆

یوں ہی ٹرخا دیا (ہ) خالی خولی ٹال دیا - ناکامیاب رخصت کیا ◆

یوں ہی سا (ہ) ذرا سا - تھوڑا سا ◆

یوں ہی سہی (۱) اس طرح بھی منظور ہے - ہم یوں بھی خوش ہیں ◆

یوں ہی سا ہے (ہ) (۱) اسی طرح سے ہے (۲) قابلِ اعتبار نہیں - (۳) فضول ہے - بیکار ہے ◆

یونان - یُو - نان (ع) مذکّر - یورپ کا ایک مشہور ملک جہاں بڑے بڑے نامور حکیم گزرے ہیں ◆

یونانی (ع) (۱) یونان کا رہنے والا - یونان کا باشندہ (۲) یونان کا بنا ہوا (۳) مؤنّث، یونان کی زبان ◆

یونائیٹڈ پراونسز (یُو - نا - اِی - ٹِڈ - پَرا - وِن - سِز) (انگریزی - United Provinces) (مذکّر) صوبجاتِ متحدہ ◆

یونائیٹڈ سٹیٹس (انگریزی) United States مذکّر اضلاعِ متحدہ امریکہ ◆

یونائیٹڈ کنگڈم انگریزی - United Kingdom مذکّر انگلستان - سلطنتِ متحدہ ◆

یونس (یُو - نُس) (ع - مذکّر) (۱) ستون - رکن - دین کا رکن (۲) ایک مشہور پیغمبر جو ہود کی اولاد اور قوم بنی اسرائیل کے نبیوں میں سے تھے - خدا کے حکم سے انہیں ایک مچھلی نے اپنے پیٹ میں چالیس روز رکھ کر صحیح سلامت اُگل دیا تھا (۳) ایک ستارہ ◆

یونیورسٹی (یُو - نی - وَر - سِٹی) انگریزی - University (مؤنّث) مدرسہ جامع العلوم جہاں میں جملہ علوم کی تعلیم کی سند ہو - اور فضیلت کے خطاب دیئے جائیں جامعہ اصولِ تعلیم مقرر کرنے والا محکمہ ◆

یونیورسل (انگریزی - Universal) عام - عالمگیر ◆

یونین یُو - نِین - انگریزی - Union (مؤنّث) (۱) اتفاق - موافقت - اتحاد (۲) کلب ◆

یونین جیک (انگریزی - Union Jack) مذکّر (۱) اتحادی جھنڈا - مقامی جھنڈا - ملک کا وہ جھنڈا جس کے نیچے سب قومیں اتفاق سے جمع ہو کر دشمن کا مقابلہ کریں - (۲) سلطنتِ برطانیہ کا جھنڈا ◆

یوہا (یُو - ہا) (ہ) مذکّر - دیکھو یوحی ◆

ی - ہ

یہ (یِہ) (ہ) یہ لفظ اشارۂ قریب کے لئے آتا ہے ◆

یہ اور بات ہے (ہ) یہ بات جدا ہے ◆

یہ بات کہیں اور سہی (ہ) ہم سے گستاخی بے ادبی اور بے تکلفی نہ کرو ◆

یہ بات وہ بات ٹکا دھر میرے ہاتھ (ہ) اس شخص کی نسبت بولتے ہیں - جو ادھر اُدھر کی باتیں کر کے اپنا مطلب نکالنا چاہے ◆

یہ بات ہی کیا ہے (ہ) یہ کوئی مشکل کام نہیں ◆

یہ باتیں ہیں (ہ) یہ لغو باتیں ہیں - یہ صرف باتیں ہی باتیں ہیں ◆

یہ بلا تو قدموں سے لگی ہوئی ہے (۱) (مثل) وہاں بولتے ہیں۔ جہاں کوئی شخص ٹالے نہ ٹلے۔

یہ بھی ایک چال ہے (۱) یہ بھی ایک فریب دینے کا ڈھنگ ہے۔

یہ بھی دام غلاموں کھائے یہ بھی مینگنی کاٹ نکالے (۱) یعنی ہر طرح کا تجربہ ہو گیا۔ اور ہم تمہاری سب چالاکیاں پہچان گئے۔

یہ بھی کسی نے پوچھا کہ تیرے منہ میں کے دانت ہیں (۱) (۱) تمسخر انتظام اور انصاف کی تعریف میں کہتے ہیں نہ کوئی کسی کا مزاحم نہیں (۲) جہاں کسی کی پوچھ گچھ اور خاطر تواضع نہ ہو وہاں بولتے ہیں۔

یہ بھی میرا وہ بھی میرا (۱) جو بے انصافی سے ہر چیز پر ہاتھ مارے۔ اس کی نسبت کہتے ہیں۔

یہ بھی نہ ہوا وہ بھی نہ ہوا (۱) کوئی کام نہ بنا۔

یہ بیل منڈھے چڑھتی نظر نہیں آتی (۱) یہ کام ہوتا دکھائی نہیں دیتا۔

یہ پٹی نہیں پڑھی (۱) یہ سبق نہیں پڑھا ہم اس داؤں میں نہیں آتے۔

یہ تو چڑھا دریا بہتی ہے (۱) (مثل) اس موقع پر کہتے ہیں۔ جب کوئی بات عقل کے خلاف کی جائے۔

یہ تو کبیرہ بھی کہہ گئے ہیں (۱) (معقولہ) یہ مانی ہوئی بات ہے۔

یہ جا وہ جا (۱) فوراً بھاگ گیا۔

یہ کس کا موت ہے (۱) (ع) یہ کس کا نطفہ ہے۔

یہ تو پھنسانے کی چال ہے (۱) ہوشیار اور سیانے کے دام فریب میں لانے کی یہی تدبیر ہے۔

یہ کیا ہے (۱) کلمۂ تعجب (۱) آہ یہ کیا نئی بات ہے (۲) خیر تو ہے۔

یہ گو اور یہ میدان (۱) آ جیئے۔ ابھی مقابلہ ہو جائے۔

یہ منہ اور مسور کی دال (۱) (۱) تم تو اس لائق نہیں (۲) اسی منہ سے کہتے ہو کہ ہم یوں کریں گے۔

یہ وہ گڑ نہیں جو چیونٹیاں کھائیں (۱) یہ ایسا مال نہیں جسے ہر ایک کما سکے۔ ہمارا مال کوئی نہیں کما سکتا۔

یہاں الٹی گنگا بہتی ہے (۱) جہاں کوئی بات خلاف قاعدہ یا دستور ہو۔ وہاں بولتے ہیں۔

یہاں پرندہ پر نہیں مار سکتا (۱) (معقولہ) یہاں تک کوئی نہیں آ سکتا۔

یہاں تک (۱) (۱) اس جگہ تک (۲) اس وقت تک (۳) اس قدر۔

یہاں تمہارے لکھے نہیں لگنے کے (۱) یہاں تمہاری دال نہیں گلنے کی یہاں تمہاری بات نہیں چلے گی۔

یہاں سب کان پکڑتے ہیں (۱) یہاں سب کا سر تسلیم خم ہے۔ یہاں کوئی دعوٰی نہیں کر سکتا۔

یہاں سے (۱) اس جگہ سے۔ اس طرف سے۔

یہاں فرشتوں کے بھی پر جلتے ہیں (۱) یہاں کسی کی رسائی نہیں ہو سکتی۔ یہاں کوئی دم نہیں [illegible]

یہاں کا باوا آدم ہی نرالا ہے (۱) یہاں کی [illegible] عجیب ہے۔

یہاں تمہارا نال تو نہیں گڑا (۱) (مثل) جہاں کوئی اپنا د[illegible] اور استحقاق جتائے۔ وہاں بولتے ہیں۔ یعنی جگہ تمہاری موروثی نہیں۔ جو اس قدر استحقاق جتاتے ہو۔

یہاں نہ وہاں یہ بلا کہاں (۱) (مثل) خانہ بدوش آدمی کے متعلق کہتے ہیں۔

یہاں وہاں کا ذکر (۱) ادھر ادھر کی باتیں۔

یہود (یہُود) (ع) (مذکر) یہودی کی جمع۔ حضرت موسیٰؑ کی امت۔

یہودا (عبرانی) مذکر۔ حضرت یوسفؑ کا سوتیلا بھائی حضرت یعقوبؑ کا چوتھا بیٹا۔

یہودن (۱) مؤنث یہودی کی تانیث۔

یہودی (ع) (مذکر) حضرت موسیٰؑ کی امت کا آدمی۔

یہی (یہی) خاص یہ۔ خصوصاً۔

یہی مار کھانے کی نشانی ہے یہی مار کھانے کے لچھن ہیں (۱) انہیں باتوں پہ پٹتے ہو۔ انہیں کرتوتوں سے مار کھاتے ہو۔

یہیں (یہیں) (۱) اسی جگہ۔ اسی مقام پر (۲) اسی طرف ادھر ہی (۳) اسی دنیا میں۔ اسی جہان میں۔

یہیں کا چھن یہیں کا پن (۱) جو کچھ ہے اسی جگہ کے طفیل ہے۔

ی - ی

یلاق (ترکی) یلاق (مذکر) وہ سرد اور ہوادار مقام جہاں گرمی کے موسم میں جا کر رہیں۔